


اظہار ہے۔ اس میں شک نہیں کہ علوم دینیہ کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار ترقی کے لیے موجود ہے جس کی نسبت سلوک ہر ایک شائق کو چاہیے جادہ سے دل سکتی ہو جس کے ذریعہ وہ اصطلاحات کتب کے علوم و مطالب میں نسبت بھی آسان ہو اس کتاب کے تکمیل پہنچ کے لئے ہم جو سادہ سے ہیں آپ کے ہاتھ میں ہے اردو دان طبقہ کی دسترس میں لانے کی یہ کتاب ہر اس فن کی اردو کتب موجودہ کا ذخیرہ سے، مفسرین و دانوں کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

| | | |
|---|---|---|
| **اردو تفاسیر قرآن کی اردو** | | |
| تفسیر قادری۔ مترجمہ اردو تفسیر حسینی مترجمہ مولوی فرزند علی صاحب کامل دو جلد میں۔ | مفید مصنف کا فخر ہے ویسا ہی بنایا چاہیے تھا | وہ صفحہ کامل چار جلد میں ہے حاصل المتن ہے |
| تفسیر زاد الآخرت۔ نظام الدین پوری تفسیر قرآن کی کمال عمدگی سے اردو کی عبد السلام | حقا سطح کی تمام کوشش سے نہایت نفیس | اول عبارت عربی حدیث کی بعد اسکا ترجمہ اردو میں۔ |
| تفسیر سورۂ اذا زلزلت۔ جدید الطبع۔ | لفظ ملا جسکو جواہر رقم خوشنویس نے لکھا بہت عمدہ چھپا۔ | تحفۃ الاخیار۔ ترجمہ اردو مشارق الانوار نبی مولوی خرم علی۔ |
| تفسیر سورۂ فاتحہ۔ مسمی بہ تحفۃ الاسلام از مولوی اکرام الدین۔ | تفسیر جلالین مع کمالین۔ بمجتبی مجتبائی مطبع عمدہ دہلی۔ | ترجمہ جامع ترمذی۔ ماما المتن جلد اول |
| تفسیر سورۂ یوسف۔ مصنفہ مولوی اشرف | تبیان فی اعراب القرآن۔ مؤلفہ شیخ عبد اللہ بن حسین عبکری محدث مفسر | ترجمہ تفسیر لاہوری۔ یہ ترجمہ تفسیر لاہوری کثیر سطح نے کرایا اور حقوق ترجمہ بحق مطابع محفوظ |
| | | |
| **اردو فارسی** | | |
| تفسیر حسینی از ملا حسین واعظ۔ شہادت | تمام ہوگیا ہو ساتھ میں رسالہ فتح الخبیر | |
| مبتدا اول پوری تفسیر مخطوط۔ | مولانا دلی اللہ دہلوی کا لکھا ہوا ہے۔ | |
| تفسیر اسرار الفاتحہ۔ مقدمۃ المعین ہروی | | |
| **اردو عربی** | | |
| تفسیر بلفظہ فارسی | | |
| | | |
| | | |
|

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي علم القرآن خلق الإنسان علمه البيان

الحمد لله كافي الأنام وواقي الأنام من الآثام الذي بحر علمه زاخر وفضله متواتر وبره متكاثر وصلى الله على سيدنا محمد الذي بعثه بالحق بشيرا ونذيرا وداعيا إلى الله بإذنه وسراجا منيرا وعلى آله وأصحابه الذين هم أعلام الهدى ومصابيح الدجى

# البرهان في علوم القرآن

## مع شرحه الجديد

## المسمى بـ

# معترك الأقران في مبهمات القرآن

المشتمل على جامع البيان لما تضمنه القرآن من أنواع علوم القرآن وجليل البيان عما تشتمل عليه من أصناف الإعجاز وبديع البيان

تأليف

الإمام العلامة المفسر المحدث الأصولي الفقيه النحوي اللغوي البياني

بدر الدين محمد بن عبد الله بن بهادر الزركشي الشافعي

رحمه الله تعالى ونفعنا به وبعلومه آمين

الجزء الأول من البرهان في علوم القرآن للزركشي

4 SEP 1973

M.A.LIBRARY, A.M.U.
U63963

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم لا تاخذہ سنۃ ولا نوم سبحانہ وتعالی عما یشرکون والصلوۃ والسلام علی صفوۃ
اولیائہ وصفوۃ انبیائہ الذی انزل علیہ الکتاب تبیانا لکل شیء وجعلہ [illegible]
عن یمینہ ولا من خلفہ وانزل معہ سبعین الفا من الملائکۃ یستغفرون لمن فی الارض وعلی آلہ واصحابہ خیر امۃ اخرجت للناس تامرون بالمعروف
وتنہون عن المنکر وتومنون باللہ ومن یومن باللہ فقد ھدی الی صراط مستقیم اما بعد فیقول العبد الضعیف المذنب الخاطی
ابو سعید محمد عبد الحق الدھلوی عفی عنہ وعن والدیہ ومشائخہ وجمیع المومنین والمومنات ان اللہ سبحانہ وتعالی
لما خلق الخلق وارسل الرسل وانزل الکتب وشرع الشرائع وبین الحلال والحرام والفرض والواجب والسنۃ والمستحب
والمکروہ والمباح والحسن والقبیح والصحیح والفاسد والحق والباطل والھدی والضلال والرشد والغی والخیر والشر
والنفع والضر والصلاح والفساد والسعادۃ والشقاوۃ والجنۃ والنار والثواب والعقاب والوعد والوعید والمدح والذم
والتحسین والتقبیح والتعدیل والتجریح والتصحیح والتضعیف والتوثیق والتزییف والتصدیق والتکذیب والتحقیق والتلبیس
والتدلیس والتمویہ والتزویر والتزکیۃ والتجریح والتعدیل والتصحیح والتضعیف والتوثیق والتزییف والتصدیق والتکذیب
والتحقیق والتلبیس والتدلیس والتمویہ والتزویر والتزکیۃ والتجریح والتعدیل والتصحیح والتضعیف والتوثیق والتزییف
والتصدیق والتکذیب والتحقیق والتلبیس والتدلیس والتمویہ والتزویر والتزکیۃ والتجریح والتعدیل والتصحیح والتضعیف
والتوثیق والتزییف والتصدیق والتکذیب والتحقیق والتلبیس والتدلیس والتمویہ والتزویر والتزکیۃ والتجریح والتعدیل
والتصحیح والتضعیف والتوثیق والتزییف والتصدیق والتکذیب والتحقیق والتلبیس والتدلیس والتمویہ والتزویر والتزکیۃ
والتجریح والتعدیل والتصحیح والتضعیف والتوثیق والتزییف والتصدیق والتکذیب والتحقیق والتلبیس والتدلیس والتمویہ
والتزویر والتزکیۃ والتجریح والتعدیل والتصحیح والتضعیف والتوثیق والتزییف والتصدیق والتکذیب والتحقیق والتلبیس
والتدلیس والتمویہ والتزویر والتزکیۃ والتجریح والتعدیل والتصحیح والتضعیف والتوثیق والتزییف والتصدیق والتکذیب
والتحقیق والتلبیس والتدلیس والتمویہ والتزویر والتزکیۃ والتجریح والتعدیل والتصحیح والتضعیف والتوثیق والتزییف

قول کہا وہ سچا رہا اور جسنے اسکے ارشاد پر عمل کیا ثواب پایا اور جسنے اسکے موافق حکم دیا انصاف کیا اور جسنے اسکی دعوت مانی اسنے راہ راست پائی۔ رواہ الترمذی والدارمی وغیرہما حدیث عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ مرفوعاً کہ اللہ تعالیٰ کو آسمانوں و زمین و انکے درمیانی چیزوں سب سے قرآن زیادہ محبوب ہے۔ رواہ الدارمی حدیث حضرت ابن اوس رضی اللہ عنہ مرفوعاً کہ جس کسی مسلمان نے بستر پر جاکر سوتے وقت قرآن کی کوئی سورت پڑھی تو اللہ تعالیٰ اسکے ساتھ ایک فرشتہ مُوکل فرماتا ہے کہ کوئی موذی اُسکے قریب نہیں ہونے پاتا یہانتک کہ وہ جاگے جب جاگے۔ رواہ احمد والترمذی حدیث عبداللہ بن عمرو ہیں ہے کہ جسکے سینہ میں قرآن ہے اُسکے اندر نبوت منسلک کی گئی سوائے اتنی بات کے کہ اُسکو وحی نہیں کیجاتی ہے رواہ الحاکم غیرہ معنی یہ کہ نبوت کے افضال میں سے یہ تھا کہ یہ قرآن نازل کیا گیا پس یہ تمام وحی پاک اس حافظ قرآن کے دل میں ہے پس ظاہری صورت کے لحاظ سے تشبیہ فرمائی کہ فرق صرف یہ ہوا کہ انبیاء علیہم السلام جنکو اللہ تعالیٰ نے ازل میں برگزیدہ فرمایا ہے اُنپر دنیا میں وحی بھیجی جاتی ہے پس اُنکے قلب میں کتاب الٰہی عزوجل حاصل ہوتی ہے پس حافظ قرآن میں وحی نہیں مگر وہ چیز موجود ہے پس اسمیں بڑی فضیلت ارشاد فرمائی ۵ حدیث انس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ جس گھر میں قرآن پڑھا جاوے اُسمیں خیر کی کثرت ہوتی ہے اور جسمیں نہ پڑھا جاوے اُسمیں خیر کی قلت ہوتی ہے۔ رواہ البزار حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما میں ہے کہ تین شخص ایسے ہیں کہ جنکو قیامت کے فزع اکبر کا ہول نہ ہوگا اور نہ وہ حساب میں رُوکے جاوینگے بلکہ وہ مشک کے چبوترے پر ہونگے یہانتک کہ خلائق کے نقصان سے فراغت ہو از انجملہ ایک وہ شخص ہے جسنے خالص اللہ تعالیٰ کے واسطے قرآن پڑھا اور اسکے ساتھ ایک قوم کی قیامت کی کہ وہ لوگ اُس سے راضی رہے الحدیث رواہ الطبرانی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں ہے کہ قرآن ایسی تونگری ہے کہ اُسکے بعد محتاجی نہیں ہے اور بدون قرآن کے تونگری نہیں ہے۔ رواہ ابویعلی والطبرانی حدیث عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ میں ہے اگر کسی کھال میں قرآن ہو اسکو آگ نہیں کھائیگی رواہ احمد غیرہ شیخ الاسلام رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ جس مومن کے دل میں قرآن ہے وہ آگ سے محفوظ ہے اور طبرانی نے اسی کے مانند حدیث عصمہ بن مالک و سہل بن سعد رضی اللہ عنہما سے روایت کی اور ابن الانباری نے ذکر کیا کہ حدیث دیگر میں ہے کہ میں نے کچھ ایسی کتاب اُتاری جسکو پانی نہیں دھو سکتا معنی یہ کہ وہ قلوب میں محفوظ کردی کہ اوراق دُھل جانے سے کچھ خطرہ نہیں ہے ترجمہ کہتا ہے کہ اس سے مفہوم ہوا کہ یہ جو اللہ تعالیٰ نے قرآن پاک کے بارہ میں فرمایا انا لہ لحافظون ہم خود اسکی محافظ ہیں یعنی اگلی کتابوں توریت و انجیل کیطرح اسمیں کوئی تحریف نہیں کرنے پاویگا تو حدیث مزبور سے معلوم ہوا کہ منجملہ ارادات حفظ کے یہ کہ صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین رحمہم اللہ تعالیٰ و ما بعد طبقات میں آج تک برابر مومنین کے قلوب میں اسکو محفوظ فرمایا اور یہی معنی حدیث وانا جبلہم فی صدورہم الخ میں ہیں یعنی کتاب سابق میں صحابہ رضی اللہ عنہم کے فضائل میں وارد ہے کہ اُنکی اناجیل اُنکے سینوں میں ہونگی معنی یہ کہ وہ لوگ حافظ کتاب الٰہی عزوجل ہونگے فاحفظہ ۵ حدیث انس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ جسنے قرآن پڑھا کہ اُسکے ساتھ اوقات شب و روز میں قیام کرتا اسکے حلال کو حلال رکھتا اور اسکے حرام کرنے کو حرام رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسکے خون و گوشت کو آگ پر حرام فرماویگا اور اُسکو سفرۃ الکرام البررۃ کا ساتھی فرماویگا حتی کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو قرآن اسکے لیئے حجت ہوگا رواہ الطبرانی فی الصغیر حدیث انس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ قرآن شافع و مشفع و ماحل مصدق ہے جسنے قرآن کو آگے کرلیا اُسکو قرآن جنت کو لیجاویگا اور جسنے اسکو پیچھے کرلیا تو اُسکو جہنم کو لیجاویگا رواہ ابوعبید ۵ حدیث انس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ حاملان قرآن عرفاء اہل الجنۃ ہیں رواہ الطبرانی حدیث انس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ اہل القرآن ہم اہل اللہ و خاصان حق ہیں۔ رواہ النسائی وابن ماجہ والحاکم مراد یہ کہ قرآن مجید کے علم و عمل والے خاصان حق ہیں واللہ تعالیٰ اعلم ۵ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں سے کوئی آدمی بھلا یہ آرزو کرتا ہے کہ جب اپنے گھر میں آوے تو وہاں تین حاملہ اونٹنیاں پاوے یہ اُسوقت عرب کے واسطے نعمت غیر مترقبہ تھی ۵ ہمنے عرض کیا کہ جی ہاں پس ارشاد فرمایا کہ تم میں سے جو کوئی کسی نماز میں جاکر آیات

قرآن پڑھے تو اسکے واسطے نور ہو جسکا ناقہ توانا و قربہ سے بہتر ہے رواہ مسلم وغیرہ حدیث جابر رضی اللہ عنہ مین ہے کہ خیر الحدیث کتاب اللہ رواہ مسلم یعنی کتاب الٰہی سب حدیث سے بہتر ہے کیونکہ وہ نور محض ہے اور سوائے اسکے ہر حدیث اگر خیر و خوب ہو تو مستلزم ثواب ہے ۴ حدیث معاذ بن انس رضی اللہ عنہ مین ہے کہ جسنے فی سبیل اللہ قرآن کی تلاوت کی یعنی جہاد مین بھی تلاوت کی تو وہ صدیقین و شہداء و صالحین کے ساتھ لکھا جائیگا وحسن اولئک رفیقا رواہ احمد حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین وارد ہے کہ جسنے اپنے فرزند کو قرآن پڑھایا وہ بالضرور قیامت کے روز جنت مین تاج پہنایا جائیگا رواہ الطبرانی فی الاوسط حدیث معاذ بن انس رضی اللہ عنہ مین وارد ہے کہ جس شخص نے قرآن پڑھا اور اسکو کامل حاصل کیا یعنی سمجھ لیا اور اسکے موافق عمل کیا تو قیامت کے روز اسکے باپ کو ایک تاج کرامت پہنایا جائیگا کہ اگر وہ دنیا مین ہوتا تو اسکی روشنی نسبت نور آفتاب کے جو گھرون مین ہے بہتر ہوتی پس خود اس شخص کے مرتبہ کی نسبت تمہارا کیا گمان ہے جسنے ایسا عمل کیا رواہ ابوداؤد واحمد والحاکم یعنی دنیا مین آفتاب کی روشنی جیسے گھرون مین بے خلل چمکتی ہے وہ نور تاج اس سے زیادہ منور و بہتر ہوگا اور یہ ظاہر ہے اسواسطے کہ نور آفتاب ہرچند بے نظیر ہے کسی ترکیب سے یہ خوبی میسر نہین آتی ہے پھر بھی اسمین ایک طرح کی ظلمت ہوتی ہے اور نور تاج مزبور سراسر نور و خوشگوار اور محض عالم روحانیت بغیر کدورت ہے واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم ۴ حدیث علی رضی اللہ عنہ مین ہے کہ جسنے قرآن پڑھا اور تہ دل سے استظہار کیا پس اسکے حلال کو حلال رکھا اور اسکے حرام کو حرام رکھا تو اللہ تعالیٰ اسکو جنت مین داخل فرماویگا اور اسکی شفاعت اسکے خاندان کے ایسے دس آدمیون کے حق مین قبول فرماویگا کہ جنکے سب کے حق مین آگ مستحق ہو چکی تھی رواہ الترمذی و ابن ماجہ واحمد حدیث ابوامامہ رضی اللہ عنہ مین وارد ہے کہ جسنے کتاب الٰہی عزوجل کی ایک آیت سیکھی تو یہ بھی قیامت کے روز اسکے روبرو ہنستی ہوئی سامنے آویگی رواہ الطبرانی سبحان اللہ وبحمدہ آسوقت یاس و اضطراب مین یہ دلگار صمیم فالعجب اس سلسلہ رحمت سے قطعی و مستکبر خندان صورت عین حیات ہے اللہم ارزقنا ذلک بالرؤف بفضلک انت مولانا ارحم الراحمین ۴ حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا مین ہے کہ جو قرآن سے ماہر ہے وہ ملائکہ سفرۃ کرام البررۃ کے ہمراہ ہے اور جو قرآن پڑھتا اور اسمین تتعتع کرتا حالانکہ اسپر دشوار ہوتا ہے تو اسکے لیے دو ثواب ہین رواہ البخاری و مسلم حدیث جابر رضی اللہ عنہ مین ہے کہ جسنے قرآن جمع کیا تو اللہ تعالیٰ کے نزدیک اسکے لیے ایک دعائے مستجاب ہے چاہے دنیا مین اسکو جلدی لے اور چاہے اسکو آخرت کے لیے ذخیرہ رکھے رواہ الطبرانی فی الاوسط اور مترجم کے نزدیک یہان جمع قرآن اسکے ظاہر شرعی احکام و تفاسیر کا علم اور ایسی حالت مین طلبہ کو چاہیے کہ اسی کی موافقت عمل تا موت چاہین یا کرام ابرار کی مرافقت مانگین کہ یہ عین مقصود ہے واللہ ذو الفضل العظیم ۴ حدیث ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ مین وارد ہے کہ جو مومن کہ قرآن پڑھتا ہے اسکی مثل مانند ترنج کے ہے کہ مزہ خوشگوار و خوشبو خوشگوار ہے اور جو مومن کہ قرآن تلاوت نہین کرتا اسکی مثل مانند چھوہارے کے ہے کہ اسکا مزہ خوشگوار ہے مگر خوشبو نہین مہکتی ہے اور جو فاجر کہ قرآن پڑھتا ہے اوسکی مثل مانند ریحانہ کے ہے کہ اسکی خوشبو مہکتی مگر مزہ تلخ ہے اور جو فاجر کہ قرآن تلاوت نہین کرتا اسکی مثل جیسے حنظل اندراین یا تھوہڑ کہ مزا تلخ اور خوشبو بھی نہین رواہ البخاری و مسلم اور حدیث حضرت عثمان رضی اللہ عنہ مین ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم مین افضل وہ کہ جسنے قرآن سیکھا اور سکھلایا رواہ البخاری و مسلم اور کلام اللہ تعالیٰ کی فضیلت کل کلامون پر ایسی ہے جیسے اللہ تعالیٰ کی فضیلت اپنی خلق پر ہے رواہ البیہقی مین کہتا ہون کہ حضرت باری تعالیٰ جل شانہ کو کمال الکل ہے اور مخلوق کو شان باری تعالیٰ کے ساتھ مین کوئی نسبت ہی نہین اسی طرح کسی کلام کو قرآن پاک سے کوئی نسبت ہی نہین ہو سکتی ہے التنبیہ اس زمانہ مین بوجہ غلبۂ جہل کے مسلمانون مین یہ نوبت پہونچی کہ اکثر کفار انسے معارضہ کرتے اور کہتے ہین کہ فلان شخص کی عبارات عربیہ نہایت بلیغ ہین پس تمنے جو قرآن پاک کو معجزہ مانا وہ دعوی بلا دلیل ہوا اور یہ بیچارے سوائے غصہ کرنے کے کچھ جواب نہین دے سکتے ہین حالانکہ ان کافرون کا معارضہ محض غلط مغالطہ ہے اور یہ کافر نصرانی یا یہودی وغیرہ عربی فصیح سے محض بے بہرہ ہو کر

ایسا مغالطہ دیتا ہی پس آسان جواب اور تقیم مستدلال یہ ہی کہ ہر زبان کی بلاغت وکمال بلاشبہ وہ جانتا ہی جسکی یہ زبان ہو جیسے سنسکرت کو پنڈت اور فارسی کو ایرانی اور انگریزی کو یورپی وغیرہ پس قرآن مجید کی فصاحت وبلاغت کو عرب سے بڑھکر کوئی نہین سمجھ سکتا اور خوب معلوم ہی کہ عرب کفار فصحاء بلغاء مدتون لڑائیان لڑے حالانکہ انے قرآن مین ادنی سورہ کے مثل بنانے کا معارضہ کیا گیا تھا (فقولہ فاتوا بسورۃ من مثلہ وادعوا شہداءکم من دون اللہ ان کنتم صادقین حتی کہ کہا گیا کہ فاتوا بعشر سور من مثلہ پھر یہانتک کہا گیا کہ فان لم تفعلوا وان تفعلوا یعنی اگر کبھی نہین لاوینگے لاتون بمثلہ ولو کان بعضہم لبعض ظہیرا بلکہ کفار عرب باوجود طراق دعوی فصاحت وبلاغت کے بھی کہتے ہین کہ یہ سراسر جادو ہی تو کھلا ہوا جادو ہی اور شک نہین کہ ان کرورون عرب مین یہودی ونصاریٰ اکثر بت پرست تھے پس اگر لاسکتے یا لاتے ہوتے تو ہر حالت یہ کرتے حالانکہ کہین نشان نہین ملا بلکہ بہت سے اعراب جنکی فصاحت اب تک معروف ہی بارہا کوئی آیت سنتے تو اسکو سجدہ کرتے اور اُنکے ہمقوم کفار کہتے کہ کیا تو صابی ہو گیا تو وہ کہتا کہ نہین قسم لات وعزی کی مگر مین اس کلام کی فصاحت کو سجدہ کرتا ہون پس ہم کہتے ہین کہ یہ قطعی دلیل ہی کہ کرورون عرب قرنا بعد قرن صریح مقر ہوے کہ یہ بشر کی طاقت نہین اور جبتک مسلمان بن رہے تو کہتے کہ یہ خالص جادو ہی تو قطعًا معلوم ہوا کہ قرآن پاک کی فصاحت وبلاغت کا معجزہ قطعی بشہادت کرورون عرب العرباء ہی پھر یہ بیچارہ جاہل زبان عرب ہی کی فصاحت نہین جانتا اسکی جہالت خود اسپر ہنستی ہی اور وہ کس شمار مین ہی فاحفظوہ ہم حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہما ہی کہ جسکے جوف مین قرآن سے کچھ نہین وہ خراب کھنڈل کی مثل ہی رواہ الترمذی والحاکم حدیث ابوذر رضی اللہ عنہ مین ہی کہ اگر تو صبح سے جاکر اللہ تعالی کی کتاب پاک سے ایک آیت سیکھی تو وہ سو رکعات نماز پڑھنے سے تیرے لیے بہتر ہے رواہ ابن ماجہ حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے کتاب الٰہی عزوجل کا علم حاصل کرکے اسکی پیروی کی تو اللہ تعالی اسکو گمراہی سے ہدایت پر لاویگا اور قیامت کے روز اسکو حساب کی بُرائی سے بچاویگا۔ رواہ الطبرانی حدیث ابو فروح الخزاعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ یہ قرآن پاک ایک حبل متین ہی جسکا ایک کنارہ قبضہ پاک عزوجل مین ہی اور دوسرا کنارہ تمہارے ہاتھ مین ہی پس اسکو مضبوط پکڑلو کہ پھر تم کبھی گمراہ نہوگے یا فرمایا کہ پھر تم کبھی برباد نہوگے۔ رواہ ابن ابی شیبہ حدیث علی رضی اللہ عنہ مین ہی کہ حاملان قرآن اُس دن سایۂ الٰہی عزوجل مین ہین جس دن سوائے اسکے سایہ کے کہین سایہ نہین ہی۔ رواہ الدیلمی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ قیامت کے روز صاحب القرآن آویگا پس قرآن جناب الٰہی عزوجل مین عرض کریگا کہ ای رب اسکو آراستہ کر پس اللہ تعالی اسکو تاج کرامت پہنا ویگا پھر عرض کریگا کہ ای رب اسکو مزید عنایت سے سرفراز کر اُسکو رضوان عطا کر پس اللہ تعالی اُس سے راضی ہوگا اور صاحب القرآن کو حکم ہوگا کہ تو تلاوت کرتا اور چڑھتا جا اور ہر آیت کے شمار مین اُسکو حسنات عطا ہونگے۔ رواہ الحاکم اللہ تعالی نے قرآن مین فرمایا ورضوان من اللہ اکبر الآیہ پس جبت سے بھی فضل رضوان الٰہی ہی حدیث عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ مین ہی کہ روزہ وقرآن دونون بندہ کے لیے شفاعت کرینگے۔ رواہ الحاکم حدیث ابوامامہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ تم لوگ قرآن پڑھا کرو کہ وہ قیامت مین اپنے لوگون کے لیے شفیع ہوگا۔ رواہ مسلم واضح ہو کہ قرارت قرآن ایک کرامت خاصہ اہل ایمان ہی حتی کہ یہ ملائکہ کو عطا نہین ہوئی حالانکہ ملائکہ امیدوار ہین کہ آدمیون کی زبان سے سنین۔ ابن الصلاح اس سے ظاہر ہوا کہ قولہ تعالی ان قرآن الفجر کان مشہودا یعنی نماز فجر کی قرارت مین ملائکہ حاضر ہوتے ہین تو انکی آرزوے شنود اسی جہت سے کہ اہل ایمان کی قرارت سے قرآن پاک سنین ہم حدیث ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ مین ہی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ جس شخص کو قرآن کی تلاوت نے میرے ذکر ودعا سے باز رکھا مین اُسکو دعا مانگنے والون سے افضل عطا کرونگا اور کلام اللہ تعالی کی بزرگی جملہ کلامون پر ایسی ہی جیسے اللہ تعالی کی بزرگی تمام مخلوق پر ہی۔ رواہ الترمذی والدارمی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ تم لوگ قرآن کا علم حاصل کرو اور اسکی تلاوت کرو کیونکہ قرآن مجید کی مثال اس شخص کے حق مین جسنے اسکو حاصل کرکے تلاوت وقیام کیا جیسے ظرف

پر از مشک خالص ہی کہ اسکی پاکیزہ خوشبو مین ہر طرف مہکتی ہین اور اس شخص کی مثل جیسے قرآن حاصل کیا مگر سو تا رہتا ہی جسنے ظرف پر از مشک ہی جسکے دہن پر بندش کی گئی ہو رواہ الترمذی والنسائی وابن ماجہ وابن حبان ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ای گروہ اسلام تم کیونکر یہود و نصاریٰ سے پوچھتے ہو حالانکہ تمھاری کتاب جو تمھارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی وہ تر و تازہ ہی کہ تم اسکو تلاوت کرتے ہو حالانکہ وہ خالص ہی جسمین کچھ خلط کا نام نہین ہی اور اللہ تعالیٰ نے تمکو اہل کتاب سے آگاہ کر دیا کہ انھون نے اپنی کتاب کو تبدیل و متغیر کیا اور اپنے ہاتھون لکھکر کہا کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہی بھلا جو ہمارے پاس خالص ہی یہ تمکو ان لوگون سے پوچھنے سے مانع نہین ہی رواہ البخاری حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ نہین جمع ہوئی کوئی قوم کسی بیت الٰہی مین کہ کتاب الٰہی عزوجل کی تلاوت کرتے اور باہم درس دیتے ہین مگر انکا پر سکینت کا نزول ہوتا اور رحمت انکو چھا لیتی ہی اور ملائکہ انکو ہر طرف سے گھیر لیتے ہین اور اللہ تعالیٰ انکا ذکر فرماتا ہی اپنے اہل قرب والون مین رواہ ابوداؤد عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کی حدیث مین ہی کہ تم مین سے کون شخص ہی کہ وہ اس امر کو پسند کرے کہ ہر روز بطحان یا عقیق کو جاکر دو ناقہ بزرگ کوہان بغیر گناہ و قطع رحم کے لایا کرے ہمنے عرض کیا کہ ہم سبھی اس امر کو دل سے پسند کرتے ہین پس فرمایا کہ پھر کیون نہین تم مین سے ہر کوئی صبح کو مسجد مین جاکر کتاب اللہ عزوجل سے دو آیتین سیکھتا یا پڑھتا ہی کہ وہ اسکے لیے دو ناقہ بزرگ کوہان سے بہتر اور تین آیات ایسی تین ناقہ سے اور چار آیات ایسی چار ناقہ سے مع انکے شمار اونٹون کے بھی بہتر ہین رواہ مسلم وابوداؤد و نسائی تعلیم و ترغیب کے طور پر ہی جیسے کہا جاوے کہ کیا تم پسند کرتے ہو کہ ہر روز اس دریا کے کنارے جاکر دو موتی و لعل مثل قیمت بدون کسی کی ہرنی و جور و ظلم کے محض اہطاے حق عزوجل لایا کرے پس کچھ شبہہ نہین کہ دو آیات کا علم و اتقان اس سے ہزار درجہ افضل ہی ہم ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی حدیث مین ہی کہ جسنے کتاب الٰہی عزوجل مین سے کوئی حرف پڑھا اسکے واسطے حسنہ ہی اور حسنہ دس گونہ ہی مین نہین کہتا کہ الٓمٓ ایک حرف ہی بلکہ کہتا ہون کہ الف ایک حرف اور لام حرف اور میم حرف ہی رواہ الترمذی وقال صحیح پس الٓمٓ کی تلاوت مین ۳۰ نیکیان ہین ۳۰ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مستفاد ہی کہ اللہ تعالیٰ عزوجل کسی کی طرف ایسی نظر رحمت نہین فرماتا جیسے خوش آواز سے قرآن پڑھنے والے کیطرف توجہ فرماتا ہی والحدیث فی صحیح مسلم وغیرہ حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ مین ہی کہ قیامت کے روز صاحب قرآن کو ترجم سے ارشاد فرمائیگا کہ تلاوت شروع کر اور درجات منزلت پر عروج کر اور اسی ترتیل سے پڑھ جیسے تو دنیا مین تلاوت کرتا تھا کہ تیرا درجہ عالی تیری تلاوت کے آخر آیت پر ہی رواہ البخاری والترمذی واضح ہو کہ اس باب مین آیات و احادیث و آثار کثیرہ مین اور قدر مذکور مین صاحب عقل کے واسطے کفایت ہی و ما یتذکر الا اولوا الالباب اور صاحبان عقل ہی کو فہم و منفعت حاصل ہوتی ہی قسم دوم وہ احادیث جو خاص خاص سورتون کے بارہ مین وارد ہین اور واضح ہو کہ ہر آیت و سورت کے واسطے علاوہ فضائل عامہ مذکورہ کے انواع خاص و اسرار بالاختصاص ہین لیکن اول تو وہ فہم عوام سے عالی متعالی ہین باوجود یکہ انکے انوار کا ادراک جسکے قلب نورانی ہو جاوے لہذا زیادہ اہتمام اس جانب چاہیے کہ صلاحیت حاصل ہو ورنہ خالی بیان سے انکو کچھ حاصل نہو گا دوم خالی بیان جو اسرار معرفت سے ہو وہ بعضے قلوب مین مضر اسوجہ سے ہوتا ہی کہ فی الحال انکو وہ فہم حاصل نہین اور بدون فہم کے خوف انکار ہی لیکن بقدر فہم ایمان عام کے جو فضائل خاص وارد ہین انکو بیان کیا جاتا ہی الفاتحہ حدیث ابی بن کعب رضی اللہ عنہ مین وارد ہی کہ اللہ تعالیٰ نے توریت یا انجیل کسی مین ام الکتاب کا مثل نہین نازل فرمایا الحمد ہی سبع المثانی ہی رواہ الترمذی والنسائی والحاکم و اضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ولقد اتیناک سبعا من المثانی والقرآن العظیم یعنی اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنا احسان عظیم ظاہر فرمایا کہ ہمنے تجھے سبع المثانی و قرآن عظیم عطا فرمایا ہمارے شیخ عارف قدس سرہ نے مطالب مین ذکر فرمایا کہ قرآن مجید کے واسطے بطون و ظہور جنکا ذکر حدیث شریف کی بعض روایات مین آیا ہی انوار خاصہ ہین کہ اگر بدا اللہ ظہور ہو تو بدون استعداد کے روح پرواز کر جاوے کیونکہ جسنے مین تجانس ہی اور جبھی تحمل ہوتا ہی کہ درجہ بدرجہ بقدر استعداد ظہور ہو اور کمال ظہور آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم کی ذات مبارک کے لیے تھا پس تورینۃ انجیل سے قرآن پاک مین مدارج معارف بہت زیادہ عطا فرمائے بمعنی آنکہ حظ معارف ختم و کامل کردیا اور یہ معنی قولہ تعالیٰ الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی سے مستنبط ہین ولہذا الغنی انبیای سابقین اولوالعزم علیہم السلام کی خواہش تھی پھر حسن بصری رح سے باسناد صحیح روایت ہی کہ اللہ تعالیٰ نے کتب سابقہ کے علوم معارف کو قرآن مین جمع فرمایا یعنی انکو معارف کے ساتھ مین قرآن عظیم کا اکمال کیا اور قرآن مجید کے علوم معارف کو سورۂ فاتحہ مین جمع کیا ولہذا سورۂ فاتحہ کا مثل کسی کتاب سابق مین ممکن نہین ہی فلیتفکروا الی اللہ تعالیٰ المصیر حدیث جابر رض مین ہی کہ قرآن مین بہتر سورۃ الحمد للہ رب العالمین ہی رواہ احمد وغیرہ اور حدیث انس رض مین بروایت بیہقی والحاکم اور حدیث ابوسعید بن المعلی مین بروایت بخاری رح سورۂ فاتحہ کو اعظم القرآن و افضل القرآن فرمایا ہی حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ سورۂ فاتحہ دونہائی قرآن کے موازنہ مین رواہ ابو عبید واضح ہو کہ اس دار فانی مین معرکہ امتحان و محل اختفاء معانی ہی حقائق اشیاء پر اطلاع نہین سوائے اسکے جسکو اللہ تعالیٰ نے مطلع فرمایا ولقد قال تعالیٰ زین للناس حب الشہوات من النساء الآیۃ حالانکہ احادیث کثیرہ مین دنیا کی ظاہری صورت رنگ آمیز و باطنی حقیقت قبیح نفرت انگیز بیان کی گئی لیکن اس قبیح پر اہل القلب مطلع ہوتے ہین اور اہل غرور و کفر اسکی ظاہری صورت پر فریفتہ ہین اسی طرح حسن خوب اعمال صالحہ نماز روزہ وغیرہ کے حقائق مخفی کیے گئے ورنہ امتحانی حکمت باقی نہ رہی کہ اللہ تعالیٰ نے یہ نعمت اسی بندہ کے لیے مخصوص فرمائی کہ اسی کی بندگی کرے پس اگر انکا حسن حقیقی عیان ہوتا اور دنیا کی صورت قبیح کھلی ہوتی تو ہر شخص حسن حقیقی کی طرف راغب ہوتا اگرچہ وہ خالق عزوجل کی بندگی کا مقر بھی نہوتا پس اللہ تعالیٰ نے اپنی حضوری کے مشتاق بندون کے لیے یہ انعام ربانی خاص فرمائی اور یہ وہی بندے ہین جو اس حسن کو بغیر دیکھے اسکی بندگی کے مقر ہین تو یہ انکی صدق عبودیت کی دلیل ہی کیونکہ انھون نے اپنے رب کے حسن حقیقی کو دیکھا نہین تاکہ اسکا اشتیاق متعلقہ ہو پس وہی خالص اپنے رب عزوجل ہی کے رضوان اکبر کے طالب ہین حتی کہ یہ رضوان اکبر الی کرامت ہی جسکا طفیل ضمنی یہ انوار حسن حقیقی اعمال ہین فتفکروا للہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم

**سورۃ البقرہ و سورۃ آل عمران** حدیث النار مین ہی کہ جس گھر مین سورۂ بقرہ پڑھی گئی جب اسکو شیطان سنتا ہی تو وہان سے نکل جاتا ہی رواہ ابو عبید منجملہ اسرار کے یہ کہ اس سورہ مین اسقدر کیفیات سے انوار ہین کہ شیطان جو نور سے بالکل خالی یعنی محض سیاہی و تاریکی ہی وہ بالکل ضد ہی تو جیسے عالم اجسام مین ضدین جمع نہین ہوتی ہین حتی کی گرم و خشک کے ساتھ جب سرد و تر پانی جمع ہوا تو آگ فنا ہوگئی اسی طرح عالم ارواح مین نور سے تاریکی مرجاتی ہی پس شیطان فورًا نکل بھاگیگا کیونکہ تو اسکی جان پر سوہان ہی اسی واسطے جب ہی دل مین یاد الٰہی کا نور آیا اور شیطان کھسک گیا چنانچہ حدیث شریف مین ہی کہ شیطان کی خرطوم آدمی کے دل پر ہوتی ہی حتی کہ جب ہی اسنے اللہ تعالیٰ کی یاد کی تو وہ کھسک کر چھپ گیا اللھم وفقنا للذکر و الشکر و حسن عبادتک مع الایمان والامن والعافیۃ انہ القریب المجیب و علی کل شئی قدیر اور اس باب مین حضرت ابن مسعود و ابوہریرہ و عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہم سے روایات ہین حدیث اس بن سمعان رضی اللہ عنہ مین ہی کہ قیامت کے روز قرآن پاک و اسکے موافق عمل کرنے والے آئے جاوینگے درحالیکہ انکے آگے آگے سورۃ البقرہ و آل عمران ہوگا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونون سورہ کے واسطے تین مثالین فرمائین کہ مین انکو پھر نہین بھولا چنانچہ فرمایا کہ یہ دونون گویا چمکدار ابرہین یا ظلتان جسمین برق چمک رہی ہی یا پرندون کا جھنڈ پر کھولے ہوئے باہم برابر لڑائی مین پس یہ دونون اپنے قاری کے لیے رحمت کی حجت کرینگے رواہ مسلم والترمذی حدیث شریف مین صریح افادت ہی کہ وہان ان حقائق حقہ کا ظہور ہو جائیگا حدیث بریدہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ سورۂ بقرہ لیلو کہ اسکا لینا برکت و چھوڑنا حسرت ہی اور مرد ماہر بطال کو اسکی استطاعت نہوگی اور سورۂ بقرہ و آل عمران سیکھو کہ یہ دونون زہراوین ہین کہ قیامت کے روز اپنے قاری پر سایہ فرما وینگے گویا دونون غمامہ یا غیایتہ یا پرندگان صواف کے اوقوفا یہ لڑائی مین رواہ احمد حدیث سہل بن سعد رضی اللہ عنہ مین ہی کہ ہر چیز کے واسطے ایک سنام ہی یعنی ذروۂ اعلیٰ و چوٹی ہوتی ہی اور قرآن مجید کے سنام یہ سورہ

بقرہ ہی جسنے اسکو اپنی کوٹھری مین دن مین پڑھا تین دن تک شیطان اسمین نہین داخل ہوا اور جسنے اسکو رات مین اپنی کوٹھری مین پڑھا تین
راتون تک وہان شیطان نہین آویگا رواہ ابن حبان وغیرہ حدیث مین ہی کہ جسنے سورۂ بقرہ پڑہی وہ تاج جنت سے سرفراز فرمایا جائیگا رواہ البیہقی
حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جسنے ایک رات مین سورۂ بقرہ و آل عمران کو تلاوت کیا وہ اہل قنوت مین لکھا جائیگا رواہ ابو عبید
یہ حدیث موقوف بمنزلہ مرفوع کے ہی کیونکہ اسمین اجتہاد کو دخل نہین قولا محالہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنکر بیان فرمایا ہی ہم مکحول رحمہ نے روایت
کی کہ جسنے جمعہ کے روز سورۂ آل عمران پڑھی اسپر رات تک ملائکہ درود پڑھتے ہین رواہ البیہقی مرسلا **آیۃ الکرسی** حدیث ابی بن کعب
رضی اللہ عنہ مین ہی کہ کتاب الٰہی مین سب سے اعظم آیت آیۃ الکرسی ہی رواہ مسلم حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ ہر چیز کے واسطے ذروۂ
اعلی و چوٹی ہی اور قرآن کے لیے ذروۂ اعلی سورۂ بقرہ ہی اور اسمین ایک آیت ہی جو آیات کی سردار اور وہ آیۃ الکرسی ہی رواہ الترمذی والحاکم حسن رحمہ سے
مرسل روایت ہی کہ افضل انسان سورۂ بقرہ ہی اور اسمین سب سے بزرگ آیت آیۃ الکرسی ہی رواہ الحاکم بن ابی اسامہ رحمہ حدیث ابوامامہ رضہ مین ہی کہ جسنے
ہر فریضہ کے بعد آیۃ الکرسی پڑھی اسکو جنت مین داخل ہونے سے کوئی چیز مانع نہین سوائے اسکے کہ موت آوے رواہ النسائی وابن حبان حدیث
انس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آیۃ الکرسی چہارم قرآن ہی رواہ احمد **خواتیم البقرۃ** یعنی آمن الرسول سے آخر تک حدیث ابومسعود رضی اللہ
عنہ مین ہی کہ جسنے رات مین آخر البقرہ کی دونون آیات پڑھین تو دونون اسکو کافی ہونگی رواہ البخاری ومسلم والاربعہ حدیث نعمان بن بشیر
رضی اللہ عنہ مین ہی کہ اللہ تعالی نے آسمانون و زمین پیدا کرنے سے دو ہزار برس پہلے ایک کتاب لکھی جسمین سے دو آیتین نازل فرمائین جنکے
ساتھ سورۂ البقرہ کو ختم کیا وہ دو آیتین کسی مکان مین نہین پڑھی جائینگی کسی مکان مین کہ پھر تین رات تک اس سے شیطان قریب ہو سکے رواہ الحاکم
**خاتمۃ آل عمران** یعنی آخری رکوع حدیث عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے آل عمران کو رات مین پڑھا تو اسکے لیے قیام شب
لکھا جائیگا رواہ البیہقی **سورۃ الانعام** حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سورۂ انعام نواجب القرآن ہی رواہ الدارمی وغیرہ اسکی شایعت ابن
ایک گروہ عظیم ملائکہ کا تسبیح کے ساتھ آنا مروی ہی اور انشاء اللہ آویگا **السبع الطوال** حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا مین ہی کہ جسنے سبع الطوال کو
لیا وہ بہتر ہی رواہ احمد والحاکم **سورۂ ھود** حدیث علی رضی اللہ عنہ مین وارد ہی کہ کسی امت کو سورۂ براۃ و ہود و یٰسین و دخان و عم یتساءلون
محفوظ نہین ہوئی ہین رواہ الطبرانی فی الاوسط واسنادہ ضعیف **اخر اسراء** حدیث معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آیۃ الفرقان الحمد
للہ الذی لم یتخذ ولدا و لم یکن لہ شریک فی الملک و لم یکن لہ ولی من الذل و کبرہ تکبیرا **سورۂ کہف** حدیث ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ سے
روایت ہی کہ جسنے جمعہ کے روز سورۂ کہف پڑھی اسکے لیے دونون جمعہ کے درمیان نور روشن ہوگا رواہ الحاکم حدیث ابوالدرداء رضی اللہ عنہ مین
ہی کہ جسنے اول سورۂ کہف سے دس آیات حفظ کین تو وہ دجال سے محفوظ ہوا رواہ مسلم حدیث معاذ بن انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جسنے
سورۂ کہف کا اول و آخر پڑھا اسکے واسطے سر سے قدم تک نور ہوگا اور جسنے کل سورہ پڑھ سکے لیے آسمان سے زمین تک نور ہوگا رواہ احمد
حدیث عمر رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے رات مین قولہ تعالی فمن کان یرجو لقاء ربہ فلیعمل عملا صالحا ولا یشرک بعبادۃ ربہ احدا پڑھا اسکے لیے عدن سے
مکہ تک نور ہوگا رواہ البزار **سورۃ الم السجدۃ** مرسل سعید بن رافع مین ہی کہ آفات کے روز سورۂ الم تنزیل السجدہ آویگا اس
عنوان سے کہ وہ اپنے دونون بازو کے سایہ مین اپنے قاری کو لے لیگا یہ فرماتا ہوا کہ تیرے اوپر کسی کے واسطے کچھ راہ نہین ہی رواہ ابوعبید ابن عمر
رضی اللہ عنہما نے کہا کہ الم تنزیل السجدہ و سورۂ تبارک الملک دیگر سورتون پر ساٹھ درجہ بلند ہین رواہ ابوعبید **سورۂ یٰسین** حدیث
معقل بن یسار رضی اللہ عنہ مین ہی کہ یٰسین قلب القرآن ہی جو شخص اللہ تعالی و دار الآخرت کو چاہتا ہی وہ جب ہی اسکو پڑھیگا البتہ اللہ تعالی

اسکو بخشیگا اور تم اسکو اپنے مردون پر پڑھو رواہ ابو داؤد والنسائی وابن حبان وغیرہم حدیث انس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ ہر چیز کے لیے قلب ہی اور قرآن کا قلب سورۂ یٰسین ہی اور جسنے سورۂ یٰسین پڑھا اللہ تعالیٰ اوسکی قرارت کے ساتھ دس بار قرآن کی قراءت لکھیگا رواہ الترمذی والدارمی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے خالص خدائے عزوجل کے واسطے سورۂ یٰسین کسی رات مین پڑھا تو اللہ تعالیٰ اوسکی مغفرت فرماتا ہی رواہ الطبرانی والدارمی حدیث انس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے ہر رات مین یٰسین پڑھنے پر مداومت کی پھر مرا تو شہید مرا رواہ الطبرانی **سورۃ حٰمٓ** ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہر چیز کا واسطہ لباب ہی رواہ ابو عبید ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حوامیم دیباج القرآن ہی رواہ الحاکم **سورۃ الدخان** حدیث ابوہریرہ مین ہی کہ جسنے حٰمٓ الدخان کسی رات پڑھی تو صبح تک ستر ہزار ملائکہ اسکے لیے استغفار کرتے ہین رواہ الترمذی وغیرہ **المفصلات** ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہر چیز کے واسطے لباب ہی اور مفصلات قرآن کا لباب ہین رواہ الدارمی **سورۃ الرحمن** حدیث علی رضی اللہ عنہ مین ہی کہ عروس القرآن سورۃ الرحمن ہی رواہ البیہقی **المسبحات** عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر رات خواب سے پہلے مسبحات پڑھتے اور فرماتے کہ انمین ایک آیت ہی جو ہزار آیات سے بہتر ہی رواہ احمد وابو داؤد والترمذی والنسائی **الحشر** شیخ ابن کثیر رح نے تفسیر مین لکھا کہ جس آیت کریمہ کی طرف اشارہ فرمایا وہ قولہ تعالیٰ ہو الاول والاٰخر والظاہر والباطن وہو بکل شئ علیم ہی **سورۃ الحشر** حدیث انس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو وصیت فرمائی کہ جب خواب کے لیے اپنے بستر پر جاوے تو سورۃ الحشر پڑھے اور فرمایا کہ اگر تو اس رات مین مرا تو شہید مریگا رواہ ابن السنی حدیث معقل بن یسار رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے صبح ہونے کے بعد آخر سورۃ الحشر سے تین آیات پڑھین تو اللہ تعالیٰ اوسپر ستر ہزار فرشتہ موکل فرماتا ہی جو برابر اسکے لیے استغفار کرتے ہین یہانتک کہ شام ہو اور اگر وہ اس روز مرا تو شہید مرا اور اگر اسنے شام کو یہ آیات پڑھین تو رات مین اسکے لیے یہی منزلت ہی رواہ الترمذی حدیث ابوامامہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے خاتمہ سورۃ الحشر کو رات یا دن مین پڑھا پھر وہ اس رات یا دن مین مرا تو اللہ تعالیٰ نے اسکے واسطے جنت واجب کردی رواہ البیہقی **سورۃ تبارک** حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ قرآن مین سے ایک سورہ ہی ۳۰ آیات ہین جسنے ایک شخص کے واسطے شفاعت کی یہانتک کہ وہ بخشدیا گیا وہ تبارک الذی بیدہ الملک ہی رواہ الاربعۃ وابن حبان والحاکم حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ یہ سورہ مانعہ و منجیہ ہی کہ عذاب القبر سے نجات دیتا ہی رواہ الترمذی اور حدیث ابن عباس مین سورۂ تبارک الملک کی نسبت ہی کہ مجھے آرزو ہی کہ یہ ہر مومن کے قلب مین ہو رواہ الحاکم اور حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے سورہ تبارک الذی بیدہ الملک پڑھا اللہ تعالیٰ اسکو عذاب القبر سے محفوظ فرماتا ہی رواہ النسائی **سورۃ سبح اسم ربک الاعلی** حدیث ابوتمیم رضی اللہ عنہ مین اسکو افضل المسبحات فرمایا رواہ ابو عبید **سورۃ لم یکن الذین کفروا** حدیث اسمٰعیل المزنی رضی اللہ عنہ مین اسکے قرارت والے کی نسبت اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہی کہ تجھے بشارت ہو کہ تجاو جنت مین جہانچاہو کہ تو راضی ہو جاوے رواہ ابو نعیم **الزلزلۃ** حدیث انس رضی اللہ عنہ مین سورۂ اذا زلزلت کی قرارت کو نصف قرآن کا معادل فرمایا رواہ الترمذی **سورۃ العادیات** حسن رح سے مرسل روایت مین سورۂ زلزلت اور سورۂ عادیات مین سے ہر ایک کو نصف قرآن کے معادل فرمایا رواہ ابو عبید **سورۃ الہاکم** حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ مین اسکی قرارت کو ہزار آیات کے برابر فرمایا رواہ الحاکم **سورۃ الکافرون** حدیث انس رضی اللہ عنہ مین اسکو چہارم قرآن کے معادل فرمایا رواہ الترمذی حدیث نوفل رضی اللہ عنہ مین ہی کہ قل یا ایہا الکافرون پڑھکر اسکے خاتمہ پر سورہ کہ وہ شرک سے برات ہی رواہ احمد والحاکم حدیث ابن عباس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ خواب کے وقت اسکی قرارت کو شرک سے نجات فرمایا رواہ ابو یعلی **سورۃ اذا جاء نصر اللہ** حدیث انس رضی اللہ عنہ مین ہی کہ

اذا جاء نصر اللہ کی قراءت چہارم قرآن کے برابر ہی رواہ الترمذی **سورۃ الاخلاص** حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ قل ہو اللہ احد مساوی ثلث القران ہی رواہ مسلم وغیرہ اور اس باب مین ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہی حدیث عبد اللہ بن الشخیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جسنے اپنے مرض الموت مین یہ سورہ اخلاص پڑھا تو وہ قبر مین فتنہ سے اور ضغطہ سے محفوظ ہوا اور قیامت مین اسکو ملائکہ اپنے ہاتھون پر پل صراط سے پار کرینگے رواہ الطبرانی حدیث مین ہی کہ جسنے قل ہو اللہ احد نماز وغیرہ مین سو بار پڑھا اللہ تعالی اسکے واسطے دوزخ سے برات لکھتا ہی الطبرانی حدیث ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ جسنے قل ہو اللہ احد دس بار پڑھا اسکے لیے جنت مین ایک محل بنایا جاتا ہی اور جسنے بیس مرتبہ پڑھا اسکے لیے دو محل اور جسنے تیس مرتبہ پڑھا اسکے لیے تین محل بنائے جاتے ہین الطبرانی اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین وارد ہی کہ جسنے نماز صبح کے بعد بارہ مرتبہ قل ہو اللہ پڑھا گویا اسنے چار مرتبہ قرآن ختم کیا اور اہل زمانہ سے بہتر ہی نسر طیکہ تقوی رکھے الطبرانی فی الصغیر حدیث مین ہی کہ ایک شخص اپنی نماز مین بعد الحمد وسورہ کے قل ہو اللہ احد بھی پڑھا کرتے حتی کہ دوسرون کو نماز پڑھاتے تو بھی اسی طرح پڑھتے حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا گیا آپ نے ارشاد فرمایا کہ اس سے دریافت کرو کہ کیون ایسا کرتا ہی اسنے بتلایا کہ یہ سورہ حضرت باری تعالی کی توحید ہی تو مجھے نہایت محبوب ہی پس آپ سے عرض کیا گیا تو فرمایا کہ اسکو آگاہ کرو کہ اللہ تعالی اسکو محبوب رکھتا ہی کذا فی الصحیح اور روایت ہی کہ جب حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک کو تشریف لے گئے اور رومیون نے مقابلہ نکیا اور آپ نے وہان چند روز قیام فرمایا تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ فلان صحابی نے مدینہ مین انتقال کیا ہی کیا آپ اسکے جنازہ کی نماز پڑھنا پسند فرماتے ہین آپ نے فرمایا کہ ہان پس آپ کھڑے ہوئے اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے جنکی تعداد ستر ہزار تھی آپ کے پیچھے صف بستہ ہوئے حتی کہ آپ نے نماز تمام کی جب سلام پھیرا تو دیکھا کہ سوائے ستر ہزار صحابہ رضی اللہ عنہم کے دو صفین ملائکہ کی ہین ہر صف مین ستر ہزار ملائکہ ہین پس آپ نے جبرئیل علیہ السلام سے فرمایا کہ اسنے یہ مرتبہ کس وجہ سے پایا جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ یا رسول اللہ یہ شخص قل ہو اللہ احد کو بہت محبوب رکھتا تھا جبکہ کہ اٹھتے بیٹھتے اسکو تلاوت کرتا تھا کما فی الصحیح ایضا **تنبیہ** یہان سے معلوم ہوا کہ قرآن مجید کلام الہی ہونے مین اول سے آخر تک برابر ہی اور یہ جو بعض آیات کو بعض آیات پر فضیلت ہی اسکے معنی بوجہ مذکور کے ہین یعنی جس آیت مین مثلا توحید وصفات باری تعالی جل شانہ کا بیان ہی تو وہ ذکر مین مذکور اعلی واجل ہی اور بعض آیات مین مثلا شیطان اور اسکی سرکشی ولعنت یا فرعون واسکی رعونت وغیرہ مذکور ہی پس کلام الہی وذکر پاک ہونے سے نور ہی لیکن مذکور اسمین شیطان وفرعون کو کچھ فضیلت نہین ہی فاحفظہ **سورۃ الفلق وسورۃ الناس** حدیث عقبہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عقبہ رضہ کو فرمایا کہ بھلا مین تجھے ایسی سورتین سکھلاؤن جنکی مثل توریت یا زبور یا انجیل مین اللہ تعالی نے نازل نہین فرمائین عقبہ نے عرض کیا کہ ضرور حضور تعلیم فرماوین آپ نے فرمایا کہ قل ہو اللہ احد اور قل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس رواہ احمد حدیث ابن عباس رض مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر چیز جس سے پناہ چاہنے والون نے پناہ چاہی سب سے افضل تجھے بتلاؤن مین نے عرض کیا کہ جی ہان آپ نے ارشاد فرمایا کہ قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس ہین رواہ احمد حدیث عبد اللہ بن حبیب رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھسے فرمایا کہ تو وقت شام و وقت صبح کے تین مرتبہ قل ہو اللہ احد ومعوذتین پڑھ لیا کر کہ یہ تجھے ہر چیز سے کفایت کرینگی رواہ ابوداؤد والترمذی **التنبیہ** واضح کہ نوح بن ابی مریم اور میسرہ بن عبد ربہ اور بعضے صوفیہ نے ہر سورہ کے فضائل مین اپنی طرف سے روایت بنائی اور جب اہل الحدیث نے انسے مطالبہ کیا کہ تم جنکا نام لیتے ہو انکے ہزارون اصحاب شاگرد اہل تقوی ودیانت مین سے کوئی روایت نہین کرتا ہی تمنے کہان سے پائی تو آخر ان لوگون نے اقرار کیا کہ ہمنے دیکھا کہ لوگ فقہ ابوحنیفہ رح وفتوح الشام

وغیرہ روایت محمد بن اسحق وغیرہ مین مشغول ہین اور تلاوت قرآن نہین کرتے ہین تو ہمنے نیک نیتی سے یہ روایات بخالین شیخ سیوطی رح نے فرمایا
کہ یہ روایات موضوع باطل ہین لیکن واحدی وغیرہ بعض نے اپنی کتب تفسیر مین انکا ذکر کرنے مین بڑی غلطی کی مترجم کہتا ہی کہ کشاف سے تعجب ہی
کہ وہ اعتزال کی بیماری سے صحیح احادیث چھوڑ جاتا اور موضوعات لاتا ہی پھر وہ تو معتزلہ ہی زیادہ عجب علامہ بیضاوی رح سے ہی کہ کشاف کی تقلید مین یہ
موضوعات نقل کرتے ہین اور علامہ خطیب رح نے سراج مین خوب کیا کہ بیضاوی سے نقل کرکے تنبیہ کی کہ یہ روایت موضوع ہی پھر الحمد للہ کہ صحیح روایات
وطریقہ نقل سے جو فضائل ثابت ہوے وہ مذکور ہوے اور انمین کفایت ہی **فصل** واضح ہو کہ قرآن مجید کے واسطے خواص ہین اور بعض کا ذکر
احادیث وآثار مین وارد ہی اور اکثر انمین سے اولیاے صالحین کے تجربہ سے مستند ہین ولیکن خوب واضح ہو کہ یہ الوار وبرکات صدق ایقان وحسن
ایمان وصدق مقال واکل حلال پر مبنی ہین ورنہ بہت سے قرآن کی تلاوت کرنے والے ہین کہ قرآن انکے حلقوم سے نیچے نہین اترتا ہی جیساکہ حدیث
شریف مین آیا ہی اور صالحین کی زبان سے ہر آیت شفا ہی حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ مین ہی کہ تم دو شفا کو لازم کرلو شہد کو اور قرآن کو رواہ ابن
ماجہ وغیرہ حدیث علی رضی اللہ عنہ مین ہی کہ بہترین دوا قرآن ہی رواہ ابن ماجہ حدیث واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک شخص نے
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے درد حلق کی شکایت کی تو آپ نے اسکو قرارت قرآن کا حکم دیا رواہ البیہقی اور اسی کے مانند مرد سینہ مین
ابن مردویہ نے حضرت ابوسعید خدری رض سے روایت کی حدیث جابر رضی اللہ عنہ مین ہی کہ سورہ فاتحہ سواے موت کے سب بیماریون کی دوا ہی
رواہ سعید بن منصور والبیہقی وغیرہ حدیث ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ مین ہی کہ ہم لوگ ایک سفر مین ایک قوم پر اترے اور انھون نے ہماری
مہمانی نہ کی ناگاہ رات کو لونڈی دوڑتی آئی کہ ہمارے سردار کو بچھو نے کاٹا وہ بہت تکلیف مین ہی کیا تم مین سے کوئی جھاڑنا جانتا ہی پس ہم مین سے
ایک شخص کھڑا ہوگیا حالانکہ ہم اسکو جھاڑنے والا نہین جانتے تھے لیکن اسنے کہا کہ تم لوگون نے ہماری مہمانی نہین کی پس مین نہین جھاڑونگا
جبتک تم اجرت نہ ٹھہراؤ پس ان لوگون نے منظور کیا تیس بکریان پس جاکر پھونک دیا کہ وہ اچھا ہوگیا اور انھون نے اجرت بھر پور ادا کی اور ہمنے
کہا کہ ہم آپکو راقی نہین جانتے تھے اسنے کہا کہ واللہ مین نہین جانتا اور مین نے تو صرف سورہ فاتحہ دم کیا پھر ہم لوگون نے اس اجرت کی کھانے سے
تامل کیا حتی کہ مدینہ مین پہونچکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تو آپ نے اجازت دی اور طویل قصہ صحیح بخاری وغیرہ مین مروی ہی حدیث
السائب بن یزید مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فاتحۃ الکتاب کے دم کے ساتھ تعوذ فرمایا کما فی الطبرانی حدیث انس رضی اللہ عنہ مین
ہی کہ جب تو نے بستر پر پہلو رکھا اور سورہ فاتحہ وقل ہو اللہ احد پڑھا تو اسواے موت کے ہر چیز سے محفوظ ہوگیا رواہ البزار حدیث ابوہریرہ رض
مین ہی کہ جس مکان مین سورہ بقرہ پڑھی جاوے اسمین شیطان داخل نہین ہوتا ہی رواہ مسلم حدیث ابی بن کعب رضی اللہ عنہ مین ہی کہ
مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری مین موجود تھا کہ اتنے مین ایک اعرابی آیا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ میرا ایک بھائی بیمار ہی آپ نے فرمایا
کہ کیا بیماری ہی اسنے عرض کیا کہ اسکو لم ہی آپ نے فرمایا کہ اسکو میرے پاس لا پس اعرابی نے لاکر آپکے روبرو رکھا پس آپ نے اسپر پڑھکر پھونکا اسطرح
کہ سورہ فاتحۃ الکتاب اور اول آیہ سورہ بقرہ اور قولہ تعالی وإلهكم إله واحد دو آیتین اور آیۃ الکرسی اور آخر سورہ بقرہ سے تین آیات اور سورہ آل عمران
سے شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو الآیہ اور سورہ اعراف سے ایک آیت ان ربکم اللہ الآیہ اور سورۃ المومنین کا آخر فتعالی اللہ الملک الحق الآیہ اور سورۃ الجن
مین سے ایک آیت وانہ تعالی جد ربنا الآیہ اور سورۃ الصافات سے دس آیات اور آخر سورۃ الحشر سے تین آیات اور قل ہو اللہ احد اور معوذتین
پڑھکر تعوذ فرمایا پس وہ شخص اٹھ بیٹھا گویا کچھ بیمار ہی نہ تھا رواہ عبد اللہ بن احمد فی زوائد المسند باسناد حسن اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ
صدقۃ الفطر کے جنی چور کے قصہ مین جو اپنی محتاجی کے عذر سے چھوٹ جاتا اور ہر بار حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوہریرہ رض سے فرمایا کہ وہ

جھوٹا ہی پھر آویگا اور یہی تین بار حضرت ابوہریرہ رضؓ نے کہا کہ تجھے ضرور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین لیجاؤنگا پس سنے
التجا کی کہ چھوڑ دے اور سکھلایا کہ تو بستر پر جاکر آیۃ الکرسی پڑھ لیا کر کہ برابر تجھپر اللہ تعالیٰ کی طرف سے حافظ ہوگا اور شیطان تجھسے قریب نہوگا
پھر صبح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ وہ خود جھوٹا ہی مگر یہ بات اسنے تجھسے سچ کہی رواہ البخاری اور مترجم نے آیۃ الکرسی
کی تفسیر مین مع دیگر احادیث الباب کے ذکر کیا ہی حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک شخص نے آکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا
کہ مجھے کوئی چیز تعلیم فرمایئے کہ نافع ہو آپ نے فرمایا کہ تو آیۃ الکرسی پڑھ کہ وہ تیری ذات و تیری اولاد کی حفاظت کریگی اور تیرے گھر کی حفاظت کریگی
حتی کہ تیرے گرد گھرون کی حفاظت کرتگی رواہ البغاوی وعن الحسن مرسلا جب بستر پر جاوے تو آیۃ الکرسی پڑھے کہ کید الجن سے محفوظ ہو الدینوری
ابن عباس رضؓ جب تم مین سے کسی کا جانور سرکش ہو تو اسکے کانون مین یہ آیت پڑھے افغیر دین اللہ یبغون ولہ اسلم من فی السموات والارض طوعا وکرہا
والیہ یرجعون البیہقی اور اس باب مین اسقدر کثرت آثار ہی کہ اسکے بیان مین اصل مقصود مین تاخیر ہوگی حالانکہ مترجم نے اکثر اپنے اپنے مواقع تفسیر مین
ذکر کیے ہین **فصل** جب آدمی ایمان سے مستفید ہو کر فیضیات الٰہی عزوجل مین مستقیم ہوا اور اسکے کلام پاک کی تلاوت و اسکے اوامر و نواہی پر عامل
اور اسکے معانی کی ہدایت پر مکر شیطان و نفس سے محترز ہوا تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اسکی جسمانی تاریک حجاب مرتفع ہوتے و انوار روحانی ظہور
کرتے ہین اور اللہ تعالیٰ اسکو اس کتاب پاک سے وہ علم عطا فرماتا ہی جو اسنے نہین سیکھا اور نہ وہ سیکھ سکتا تھا چنانچہ طبرانی کی حدیث مین ہی کہ جب
آدمی نے علم کے موافق عمل کیا تو اللہ تعالیٰ اسکو ایسی چیز کا علم عطا کرتا ہی جو اسنے جانا نہین ہی پس ضرور ہوا کہ آدمی قرآن پاک کے حسب استعداد
تفسیر تاویل و علوم سے واقف ہو واضح ہو کہ تفسیر چار طرح پر ہی ایک وہ کہ عرب اپنی زبان مین جانتے ہین مثلاً قولہ تعالیٰ واوتیت من کل شئی ولہا عرش
عظیم یعنی ملکہ سبا دی گئی ہی ہر چیز سے اور اسکے واسطے تخت بزرگ ہی پس عرب ہر ایک اپنی زبان مین ہر لفظ کے معنی جانتا ہی دوم وہ تفسیر کہ
جسکو علما جانتے ہین اور وہ مثلاً ملکہ کے متعلق حالات ہین اور یہ فہم کہ کل چیز سے یہان مراد اسکی لیاقت کے کل چیزین ہین جو بادشاہون کے
واسطے ہوا کرتی ہین چنانچہ اسکو آسمان یا ستارون وغیرہ مین سے کچھ نہین دیا گیا تھا پس وہ تفسیر اسطرح بیان کرینگے کہ ملکہ سبا اپنے لائق ہر چیز
دی گئی تھی سوم وہ تفسیر کہ بمقتضاے علم خاص اسکے ظاہر معنی جو دو وجہ کو محتمل ہین اسمین سے ایک وجہ باقتران دلیل لیجاوی مثلاً قولہ المطلقات
یتربصن بانفسہن ثلثۃ قروء اور قروء یعنی حیض و طہر مشترک ہی لیکن مثلاً بدلیل حدیث کہ باندی کے طلاق دو ہین اور اسکی عدت دو حیض ہین کما
رواہ الترمذی ظاہر ہوا کہ آیت عدت مین قروء بمعنی حیض ہین پس آزادہ مطلقات تین حیض تک عدت بیٹھین اور اسی قسم سے وہ تفسیر جو علماے
راسخین بمعنی خاص سمجھتے ہین چہارم وہ تفسیر کہ سواے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہین جانتا ہی اور کبھی ایک ہی آیت مین دو وجہت ہوتی ہین ایک وجہت سے
اسکو عام یا علما سمجھتے ہین اور دوسری وجہت سے اسکو سواے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہین جانتا ہی مثلاً جنت کی راحت و خیر ہی کہ قدرت بالغہ الٰہیہ
سے یہ عیش و نعمت ہمکو معلوم و یقینی ہی لیکن اسکی کیفیت و لذت ابھی مخفی ہی اور اسوقت معلوم ہوگی کہ جب فضل الٰہی عزوجل سے یہ نعمت نصیب ہوگی
اور وہ واضح ہو کہ منجملہ اسرار الٰہیہ عزوجل کے جو عقل و حکمت ہین ایک یہ امر کہ عالم تمام جو قبضۂ قدرت حق عزوجل مین ہی اور وہ رائی سے کم حقیقت رکھتا ہی
اسمین سے ہر چیز بذات خود مختار و موثر نہین ہو سکتی ہی بلکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز کو جس صفت و اثر سے چاہتا ہی ظاہر فرماتا ہی صرف اتنی بات ہی کہ
عموماً بندون کے لیے آثار معلومہ مین بیان یہ کہ مثلاً ابر سیاہ نمودار ہوا تو عادت سے تجربہ ہوا ہی کہ جھوم کر پانی برسیگا لیکن مطمئن ہونا چاہیے کہ
قوم فاسق پر اس سے آگ برسے جیسے قوم ہود کے واسطے ہوا اور اسیطرح فلان مہینہ و موسم برسات ہی حالانکہ محتمل ہی کہ اسوقت قطرہ نہ برسے
اگرچہ بادل اٹھے چنانچہ بارہا قحط کے موسم مین لوگون کو تجربہ ہو چکا اور اسی قبیل سے سنگریزہ و درخت ہین کہ انکا نطق و گویائی معروف نہین ہی

لیکن جب اللہ تعالیٰ نے چاہا تو بار ہا متواتر انھوں نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے گواہی دی اور اسیطرح جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے اس عالم کی نظر سے مخفی کر دیا ہی انکا اظہار کسی کے اختیار میں نہیں ہی اور اسی قسم سے غار اصحاب کہف ہی اور اس قسم کے امور بہت معلوم ہیں اور منجملہ انکے بالفعل انکا بیان اسوجہ سے موخر کیا کہ اہل جہالت و کفر اسمیں مرتاب و ورطۂ ضلالت میں پڑینگے حالانکہ بار ہیسوں کی آگ میں کودنے و نظر بد کے تماشے کو دیکھکر اقرار کرتے اور متحیر ہوتے ہیں اور یہ تنبیہ نہیں ہوتی کہ حقیقی حکمت آلہیہ اس سے کہیں اعلیٰ و اشرف و الطف ہی اور اسمیں کچھ وجہ ارتیاب نہیں ہی لیکن جب نور نہو تو تاریکی لازمی ہی واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اس کتاب پاک میں اعجاز بلیغ فرمایا کہ ایک ہی خطاب قدرت میں ہر درجہ کی تعلیم موجود ہی حتی کہ عامی سے لیکر پیغمبر تک ہر ایک درجہ کا آدمی اپنی استعداد کے لائق معانی و معارف سمجھ لیتا ہی پس عامی ابتدا میں یہ جانتا ہی کہ اسمیں صرف یہی معانی ہیں جو میں نے سمجھ لیے پھر جب اسپر عمل سے وہ نور مزید حاصل کرتا ہی تو عجب دیکھتا ہی کہ گویا میں نے یہ آیت ہی نہیں پڑھی تھی اسیواسطے حدیث علی رضی اللہ عنہ میں وارد ہوا کہ لا تنقضی عجائبہ یعنی اسکے عجائب کبھی منقطع نہیں ہوتے ہیں اور بھید یہ کہ اسرار معارف غیر متناہی ہیں پس کسی حد پر انتہا نہیں ہی پس معلوم ہوا کہ یہ اعجاز مقدور بشری سے خارج ہی اور ابتدائے خطاب ایسے طور پر ہی کہ ہر عام اسکو بخوبی سمجھ سکتا ہی اور اسی وجہ سے ہر پیغمبر اسکی قوم کی زبان میں آتا تھا اور یہ دلیل ہی کہ زبان عرب کل قوم عجم پر لازم ہی اور واضح ہو کہ تفسیر کی ضرورت یہ کہ قرآن پاک علم الٰہی ہیں ازل سے معجزہ باقیہ دائمہ تھا لہذا ایسے وقت پر نازل ہوا کہ عرب کو بلاغت و فصاحت میں نہایت غرہ تھا حتی کہ جب نازل ہوا تو اسکی بلاغت و فصاحت کے مقابلہ میں تمام عرب چپ ہو گیا حتی کہ جو ایمان بھی نہیں لائے وہ اسکے سحر کے قائل ہوے پس یہ معلوم کہ وہ تو کلام الٰہی ہی اور سحر کہنا انکی جہالت تھی لیکن یہ بھی معلوم ہوا کہ قرآن اعلای بلاغت و فصاحت پر ہی پس صحابہ رضی اللہ عنہم اسکے ظواہر اور بہت سے دقائق معانی پر خود متنبہ ہوتے اور اللہ تعالیٰ نے انکی ارواح کو کامل طور پر کیا تھا کہ انکی عقول نہایت صافی اور انکے اسرار نہایت وسیع تھے کیا نہیں دیکھتے ہو کہ انھوں نے عجم میں جو مساجد اپنی انظار و ابنیہ سے قبلہ رخ بنائی ہیں آج مہندس کامل انکی ٹھیک جہت پر حیران ہی اور باوجود اسکے بہت سے علوم و دقائق کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرتے تھے اگرچہ ابتدا میں سوال سے منع کیے گئے تھے حتی کہ علوم جمہ و معارف دقیقہ خود انکو منکشف ہوے اور باوجود اسکے بعض امور دریافت کیے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے واسطے تفسیر فرمائی اور واضح ہو اور خوب متنبہ ہو کہ اس زمانہ میں بعض سفہا ہیں کہ بوجہ حماقت کے علوم قرآن کی قدر نہیں جانتے اور قرآن میں دنیا کی آرایش و یہاں کی زندگی و آخرت سے اعراض ڈھونڈتے ہیں بھلا یہ محض حماقت نہیں تو کیا ہی حالانکہ انکو فنائے دنیا کی دلیل قطعی قرآن سے دیکھکر آخرت پر کامل توجہ چاہیے اور اسوقت معلوم ہو تا کہ راہ آخرت نہایت باریک اور بہت ہی دقیق ہی تو وہ اپنی آپ کو نہایت مشکل میں دیکھتا اور اسوقت قرآن میں تفکر و تدبر سے جانتا کہ سبحان اللہ نہایت آسانی سے مجھے نجات دی اور اسوقت جو علوم ظاہر ہونگے انکو جان سے زیادہ عزیز جانیگا کیونکہ جو شخص آگ سے جل گیا اور جان سے مایوس ہوا پھر اسکو ایک کسیر اعظم و تریاق اکبر مل گیا جس سے وہ اس درد و تکلیف سے چھوٹ گیا تو اس سے اس چیز کی قدر پوچھو اور یہ جہلا تو اسوقت کے منتظر ہیں کہ بعد موت کے سب طرف سے آگ گھیرے حالانکہ اسوقت نجات کی کوئی راہ نہیں ہی اور تجھے معلوم ہو چکا کہ قرآن پاک عجیب کلام معجز ہی کہ اسکے معارف کا ادراک عامی سے لیکر پیغمبر تک کے واسطے غیر متناہی ہی لہذا شیخ جوینی رح نے کہا کہ علم التفسیر آسان سخت ہی اور یہ لطیفہ صحیح ہی اور عامی کے واسطے مدارج عالیہ پر ترقی کی سبیل دو طرح ہی اول یہ کہ ظاہر تفاسیر کو سمجھکر عامل ہو اور وقتاً فوقتاً فضل الٰہی عزوجل دیکھتا جاوے حتی کہ اسکا انکشاف شروع ہو اور دوم یہ کہ ظاہر تفسیر سمجھکر عمل کے ساتھ قلب کی حفاظت کرے کہ یہ بہت جلد عروج کا طریقہ ہی بالجملہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی سرعت سیر اب غیر ممکن ہی کیونکہ حضور سرور عالم صلی اللہ

علیہ وسلم کے فیض برکت سے جو انکو حصول ہوتا تھا اب نہین ہوسکتا لیکن فیض مسدود نہین اور حاصل کرنا اسکی راہ ہی اور اللہ تعالی نے اسکو آسان کردیا بقولہ تعالی ولقد یسرنا القرآن للذکر فہل من مدکر اور اللہ تعالی نے لوگون کی توجہ مکرر پر تنبیہ فرمائی بقولہ تعالی افلا یتدبرون القرآن بقولہ تعالی فیکون لہم قلوب یعقلون بہا اور اہل غور کی مدح فرمائی بقولہ تعالی یتفکرون فی خلق السموات والارض ربنا ما خلقت ہذا باطلا اور ظاہر آیات واحادیث بہت کثیر ہین اور اسی علم سے فقہ وحکمت حاصل ہوتی ہی وقال تعالی یوتی الحکمۃ من یشاء ومن یوت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا اور ہمارے زمانہ کے سفہا سے عجب ہی کہ وہ لوگ حکمت کے معنی کو جو فلسفہ ہین مذکور ہین کہ اعیان موجودات کو بقدر وسعت انسانی اور بہ ہمارے زمانہ کے سفہا سے عجب ہی کہ وہ لوگ حکمت کے معنی کو جو فلسفہ ہین مذکور ہین کہ اعیان موجودات کو بقدر وسعت انسانی اور بہ کرنا بڑی جستجو سے لیتے ہین حالانکہ خود اپنی ابتدا وانتہا واپنی ذات سے بے خبر واغاز وانجام سے بے فکر محض گمراہی مین پڑے ہوے چند روز یہ مرجاتے ہین اور جو کچھ دریافت کیا سب طاق پر چھوڑ جاتے ہین حالانکہ وہ بھی اکثر وقیاس تھا کیونکہ علم کے معنی قطعی ہین جیسے کوئی عدد نہین کہ وہ طاق وجفت دونون ہو۔ اور ممکن نہین کہ زید اسی حالت واسی وقت مین موجود ومعدوم دونون ہو۔ حالانکہ انکی دریافت مین یہ بات حاصل نہین ہی خصوصا جو امور معادی ہین کچھ قیاسی استدلال قائم کرتے ہین جنمین سے کوئی دلیل قطعی بدیہی نہین ہی بلکہ جیسے اللہ تعالی نے فرمایا ہی اکثرہم لا یعقلون اور ظنا یتبعون الا الظن اور یہ بھی کہا وجہ ہی کہ یہ جہلا جنکی عالی ہمت صرف حیات دنیا پہ مقصور ہی کیون اکثر پر حملے ہین اور کیون علوم ومعارف حقہ سے بیگانے ہین حالانکہ علماء ربانی جو انکے فلاسفہ وغیرہ فنون سے بیخبر ہین اور وہ علوم الہیہ حقیقیہ سے بھی آگاہ ہین اسکی نظر مین گویا یہی حماقت ان لوگون کی عیان ہی اور وہ انکی جہالت پر تعجب کرتا ہی کیونکہ اعتقادا نہین بلکہ عقلا اسکی نظر مین انکی جہالت عیان ہی اسکی وجہ بیان کرتا ہون جسکو غور سے سمجھ لینا چاہیے واضح ہو کہ اللہ تعالی نے آدمی کو قوائے جسمانیہ وروح خاص سے بحکمت بالغہ مرکب فرمایا پھر قوائے جسمانیہ مین حواس ظاہری وباطنی حرکات دماغی سے اشیا کا ادراک کرتا ہی اور ہر جسم اپنے منافع ومضار کو جانتا اور اپنے حواس سے اسکے اسباب بہم پہونچاتا ہی حتی کہ جانورون مین بھی یہ ادراک موجود ہین کہ بکری اپنے دشمن سے بھاگتی اور شریفہ کبھی نہین کھاتی ہی اور نیز اپنے واسطے نہایت خوب جھونپڑا بناتا ہی کہ جو آدمی کی صناعت سے نہین بن سکتا اور آدمی بھی اپنے حواس کو عمدہ عمدہ اسباب کی صناعت مین کام مین لاتا ہی اور مجموعی حواس ملاکر آدمی مین بہ نسبت جانورون کے زیادہ قوی ومفید ہین اگرچہ بعض حواس بعضے خاص جانورون مین آدمی سے بہتر ہوتے ہین مثلا گدھ کی نظر وشیر کی قوت وغیرہ لیکن مجموعہ حواس سے انسان ہی اوپر غالب ہی چنانچہ وہ ایسے آلات واوزار وکلین بناتا ہی کہ سب جانورون کو مسلح کرلیتا ہی اور روے زمین پر اسی کی حکومت غالب ہی پھر ان حواس کی ترکیب وادراک صرف مادیات سے متعلق ہوتی ہی اسیواسطے یہ اوزار وکلین وفنون ریاضیہ جسقدر ہین عمر مین خوب حاصل ہوتے ہین کیونکہ دماغ مین تروتازگی سے اشکال وصورتون کی ترکیب جتنی ہی بہ نسبت بڑے زیادہ عمر مین جس شخص کو بڑھاپے مین پڑھائی جاوے باوجودیکہ بچون کا ذہن ہی اس بوڑھے سے کہ نہین آتی ہی اور یہ بدیہی مشاہدہ موجود ہی پھر یہ حواس جن سے مادیات کا ادراک ہی جس شخص مین جسقدر قوی ہون اور جسمین انکا تجربہ زیادہ ہو وہ سب مین ممتاز ہوتا ہی اور سب ہی اسمین شریک ہین لیکن یہ خصوص امتیاز بھی ہنوز جانورون مین داخل ہے اور اسکو ایسی ترقی نصیب نہین ہوئی کہ وہ عقل کے مرتبہ کو پہونچے یہان بعض جاہلون کو تعجب ہوگا کہ یہی تو عقل ہے جسکا بیان ہوا اور آدمی مین کوئی عقل دیگر نہین دیکھی ہین کہتا ہون کہ بیشک اللہ تعالی نے جسکو جسم سے عروج نہین دیا وہ عقل سے دیدہ ہی اور عقل تو انوار روح کی قوت اور قلبی حواس ہین اور نور روحی کا ظہور نہین ہوسکتا جبتک حیات حقیقی حاصل نہو کیونکہ جسم درحقیقت مردہ ہی واسکے حواس مذکورہ بیکار ہین لیکن اگر روح کے انوار سے عقل حاصل ہو اور اس عقل کے موافق آدمی اس جسم واسکے حواس سے کام لے تو وہ نعمت غیر مترقبہ

حاصل کرتا ہی جسکی نظیر نہین ہی اور اگر یہ عقل نہین تو جسم اپنے حواس سے صرف اپنی راحت و آرام تن پروری کے اسباب ایک اجل محدود تک کے لیے حاصل کرتا اور تن پروری سے محظوظ ہوتا ہی اور جب اجل محدود آگئی تو یہ تن خوار و اسپر عذاب پائمدار ہو جاتا ہی اور اس حالت مین یہ شخص صرف جسم و اسکے حواس کے احاطہ مین ہی تو ان حواس کا عروج انتہا درجہ مادیات عالم مین لیکن انتہا اسکی نازل ہی کیونکہ جسم اپنے مرکز ثقل کی جانب مائل ہی اور وہ زمین ہی کیونکہ اسکی ترکیب خاک باد آب آتش ہی پس وہ مادیات و اسکے متعلق خواص و حرکات و سکنات سب کیمیاسات و اکحل کو بوجہ طبعی مجاذبت کے مان جائیگا اور اسی مین اسکی رغبت کامل ہی ولہذا وہ ان حواس و اکحل کے بے حقیقت امور کو مان لینے مین دریغ نہین کرتا اور اگر وہ ان حواس سے عروج کر گیا اور حقیقی حیات تک فائز ہوا اور وہ اسطرح کہ اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم پر صدق محبت ایمانی سے ایمان لایا اور حی القیوم سے زندہ ہوا تو وہ عقل کے مرتبہ پر فائز ہوا اسیواسطے اللہ تعالی نے اسکو زندہ فرمایا اور کفار کو مردہ فرمایا قال تعالی یا ایہا الذین امنوا استجیبوا للہ و للرسول اذا دعاکم لما یحییکم الآیہ یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے زندہ کرنے کے امور کی جانب بلاوین تو فورًا مانو پس جب یہ زندہ اور عاقل ہوا تو تاریکی سے خارج ہوتا جائیگا قال تعالی اللہ ولی الذین امنوا یخرجہم من الظلمات الی النور یعنی کہ اسکے تمام جسم کو طاعات کے انوار سے منور فرماتا ہی اور وہ شمع ایمان جو قلب مین روشن ہی تمام جسمانی رگ و ریشہ مین اسکی روشنی فائز ہوتی ہی چنانچہ تفسیر قولہ تعالی اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوۃ فیہا مصباح الآیہ کے تحت مین دیکھو اور قولہ تعالی انس جنا الہ ورا امشی فی الناس الآیہ کی تفسیر مین دیکھو پس یہ عقل ہی کہ جو ایمان کی جانب سے انوار روحانیہ کی روشنی ہی قال تعالی و ما کان لنفس ان تومن الا باذن اللہ و یجعل الرجس علی الذین لا یعقلون چنانچہ شرک و کفر کی پلیدی اللہ تعالی نے ان لوگون پر ڈالی جو عقل نہین رکھتے ہین کیونکہ روئے زمین تمام کافرون سے بھری ہی اور انکی باتون پر غرہ ہو کر وہ سوا ے ان حواس کے عقل کے معنے نہین جانتے ہین بھلا وہ کب اقرار کرینگے کہ انمین عقل نہین ہی کیونکہ قوت حواس کی سوا ے وہ لوگ عقل کی صورت سے کبھی آگاہ نہین ہوے پس یہ بیچارے معذور ہین کہ جس شخص عنین نے کبھی لذت جماع نہین پائی وہ کیا جانے اور جس نے کبھی شیرینی نہین چکھی وہ کیونکر بیان کرے اور اس سے تجھے معلوم ہو گیا کہ آدمی مین کبھی عقل کا نور ہوتا ہی حالانکہ حواس مین قوت نہین ہوتی ہی مثلا جسم ہی ضعیف ہو قال تعالی و من یرغب عن ملۃ ابراہیم الا من سفہ نفسہ یعنی ملت توحید سے وہی منہ موڑیگا جو سفیہ النفس یعنی عقل ہو سیواسطے ابو حنیفہ رح نے استنباط فرمایا کہ معتوہ کبھی سفیہ نہین ہوتا حالانکہ یہ گروہ کافر ہر ایسے شخص کو بے وقوف جانتے ہین جو انکے مانند حواس نرکھتا ہو کیونکہ انکی اصطلاح عقل تو یہی حواس ہین اور بیشک اس شخص کے حواس مین قوت کفر نہین ہی تو وہ بیشک کافرون کی عقل نہین رکھتا حالانکہ بحمد اللہ سبحانہ تعالی وہ حقیقی عقل رکھتا ہی اور معارف حقیقیہ مین وہ اسلیے معذور ہی کہ وہان کسی کافر کا نشان ہی نہین ہی بھر اسکو ان جانورون کے استعجاب و طعن سے کچھ باک نہین ہونا چاہیے و قد قال تعالی و لقد ذرانا لجہنم کثیرا من الجن و الانس لہم قلوب لا یفقہون بہا و لہم اعین لا یبصرون بہا و لہم اذان لا یسمعون بہا اولئک کالانعام بل ہم اضل اولئک ہم الغافلون پس درحقیقت گروہ کفر و شرک جانورون سے بدتر اور بعض غافل لوگ ہین جنکی ہمت دنی صرف اسی حیات دنیاوی مین منحصر ہو لاچار یہین ہی انکا مستقر ہی کیونکہ اس پستی سے عروج نہین اور عقل ندارد کہ اس فنا گاہ کو دیکھین یہ قال تعالی و اضرب لہم مثل الحیاۃ الدنیا کماء انزلناہ من السماء فاختلط بہ نبات الارض الآیہ یعنی ان کافرون کے واسطے حیات دنیا کی مثال یہ کہ جیسے ہمنے آسمان سے پانی نازل فرمایا جس سے زمین کے پیداوار گنجان ہو کے پھر دیر نگذری کہ وہ ہوا مین تنکے اڑے پھرتے ہین اسیطرح آدمیون کی پیدایش و موت مین بہت کم فرق ہی پھر ان لوگون کی ہمت جس چیز کی جانب دنارت سے مائل ہی یہ کچھ بھی عقل ہی اعاذنا اللہ من ذلک الضلال

**فصل** اصحاب عقل سے خطاب ہی کہ اے بندگان حق تم تو کلام ربانی سے مستفید ہو اور عقل کی نعمت سے حکمت حاصل کرو ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حکمت معرفت قرآن ہی کہ اسکے محکم و متشابہ و مقدم و موخر و حلال و حرام و امثال و عبرت سے آگاہ ہو و ابن ابی حاتم قدامن یوت الحکمۃ

ابن عباس نے کہا کہ یعنی تفسیر القرآن کیونکہ تلاوت تو ہر شخص کرتا ہے رواہ ابن مردویہ من طریق جویبر عن ابی الدرداء رضی نے کہا کہ حکمت مع تلاوت و فکر ہے
رواہ ابن ابی حاتم یہی قول مجاہد و ابو العالیہ و قتادہ رحمہ ہے رواہ ابن جریر تال تعالیٰ تلک الامثال نضربہا للناس و ما یعقلہا الا العالمون یعنی ہم سب لوگوں کے
لیے ہم ضرب المثل بیان کرتے ہیں اور سوائے عالموں کے اسکو کوئی عقل میں نہیں لاتا اس آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ لوگ مطلقاً تلاوت کرتے ہیں اسکو
معانی و حقائق تفسیر سے معلوم کرنا علما کو نصیب ہے پس جسنے اسکی تفسیر جان لی وہ زمرۂ علما میں داخل ہے عمرو بن مرہ رحمہ سے روایت ہے کہ جب میں
کسی آیت پر گزرتا کہ جسکی تفسیر مجھے نہیں معلوم ہے تو میں غمگین ہوتا تھا اسواسطے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا وما یعقلہا الا العالمون رواہ ابن ابی حاتم ابن عباس
سے روایت ہے کہ جو شخص قرآن تلاوت کرتا اور اسکی تفسیر نہیں جانتا ہے وہ ایسا ہے جیسے اعرابی شعر پڑھتا رہتا ہے رواہ ابو عبید الہروی اور اسی باب میں
صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین سے کثیر روایات ہیں بالجملہ قرآن الٰہی منبع ہر حکمت و معدن ہر فضیلت ہے اور اسی کی تفسیر جاننا حصول نعمت ہے

**فصل کیفیت تفسیر و آداب مفسر** علما رحمہ نے کہا کہ جو شخص کتاب الٰہی عزوجل کی تفسیر حل کرے تو اولاً اسکو خود کتاب الٰہی سے تلاش کرے کیونکہ جو
ایک جگہ مجمل ہے وہ دوسری جگہ مفسر ہے اور جو ایک جگہ موجز ہے وہ دوسری جگہ مبسوط ہے پھر اگر یہ اسکے ادراک سے باہر ہو تو اسکی تفسیر کو حدیث سے
تلاش کرے کیونکہ حدیث بالکل تفسیر قرآن ہے حتی کہ شافعی رحمہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ حکم فرمایا وہ آپ نے قرآن مجید سے
معلوم کیا ہے بدلیل قولہ تعالیٰ انا انزلنا الیک الکتاب بالحق لتحکم بین الناس بما اراک اللہ الآیہ اور حدیث میں ہے کہ مجھے قرآن مجید اور اسکے مثل عطا کیا گیا
ہے یعنی حدیث جسکو مقدم کہتا ہے کہ عکرمہ نے بحر ابن عباس رضی سے حدیث کے واسطے قرآن سے اصل دریافت کی اور بارہا خود بیان کی چنانچہ انشاء اللہ تعالیٰ
مواقع آیات میں معلوم ہوگا۔ اگر سنت میں نہ پائے تو اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم جو شاہد مشاہد الوحی ہیں انکی تفسیر بمنزلہ مرفوع ہے کما ذکرہ الحاکم رح
شیخ ابو طالب الطبری رحمہ نے اوائل تفسیر میں فرمایا کہ منجملہ شروط مفسر کے یہ ہے کہ اعتقاد صحیح و لزوم سنت پر مستقیم ہو ورنہ جسکے اعتقاد میں نقص ہو اسکو
دنیاوی معاملات میں مامون نہیں کہتے ہیں تو کیونکر دین و اسرار الٰہی میں اسکی بات پر اعتماد ہوگا اور شک نہیں کہ وہ فتنہ برپا کریگا جیسے
باطنیہ و روافض کا حال ہے اقول صاحب کشاف معتزلی نے بارہا ذیل میں بطور ضلالت معتزلہ ایسی خفی تفسیر کی کہ بہت سے عوام
اسمیں دھوکا کھاتے ہیں اور اس زمانہ میں فرقہ نیچریہ ایک فرقہ ہے جو ہر طرح عوام پر اپنا نام و دعوی اسلام ظاہر کرتے اور اعتقاد و اقوال
میں محض ملحد ہیں انکے اعتقادات باطلہ میں سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کمال عقل سے اسوقت کے خیالات کے موافق یہ احکام
جاری کیے اور بہت سے امور ہیں موافق اسوقت کے خیالات کے بیان کیے جو فی الواقع نہیں ہیں جیسے آسمان ندارد ہے اور زمین گرد فتاب
گھومتی ہے اور ملائکہ و جن وغیرہ غیر محسوسات کوئی چیز نہیں ہیں اور یہ سب کفر و الحاد و زندقہ ہے اور بحمد اللہ تعالیٰ مترجم نے آیات کی تفاسیر میں تحقیقات
کی اور انکے اقوال فاسدہ کے بطلان کے لیے علیحدہ رسالہ لکھا ہے اور عجب کہ انہیں سے بعض نے قرآن کی تفسیر کے نام سے الحادی کتاب لکھی
اور اسکی غرض اصلی یہ کہ عوام مسلمانوں کے اعتقاد میں فتور پیدا کرے اعاذنا اللہ تعالیٰ وجمیع المومنین من فتنۃ تلک الدجالۃ اور حدیث
صحیح کا معجزہ صادق آیا کہ بہت سے گروہ میری امت کے ملحدین و مشرکین میں شامل ہو جاوینگے ثم قال الشیخ و از انجملہ مفسر پر واجب ہے کہ وہ اس
تفسیر پر اعتماد کرے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہو یا صحابہ رضی اللہ عنہم یا انکے حاضرین تابعین رحمہم اللہ تعالیٰ سے وارد ہو مترجم
کہتا ہے کہ تبع تابعین مثل سفیان الثوری وغیرہ سے بھی جو قول آیا وہ انکے تقوی و ورع سے اسی پر محمول ہے کہ انھوں نے کسی تابعی سے
بطور وثوق حاصل کیا ہے کیونکہ قرآن مجید میں رائے سے کہنا کبیرہ گناہ ہے ثم الشیخ رحمہ نے کہا کہ جدید قول و محدث و بدعت سے اجتناب کرے
اور اگر اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم متعارض نظر آویں تو انمیں جہانتک جمع کرنا ممکن ہے تو فیق دے مثلاً الصراط المستقیم کے معنی میں سب کے

اقوال کا مرجع ایک ہی معنی کے جانب ہو اگرچہ عبارات مختلف ہیں پس ایسا قول اختیار کرے جسمیں سب داخل ہیں کیونکہ طریقہ قرآن وسنت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم وابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما میں کچھ بھی مخالفت نہیں ہے کیونکہ تمام صحابہ وتابعین متفق ہیں کہ حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی سیرت
عین موافق بسیرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہے پھر انکے بعد جو کچھ فتنہ پیدا ہوا اور وہ بھی آخر زمانہ خلافت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے
شروع ہوا بھر اگر ان اقوال میں موافقت ممکن نہ ہو تو اس باب میں جو تفسیر مسموع مرفوع ہے اسی پر اکتفا کرے اور اگر مرفوع حدیث نہ ہو تو موافق قواعد عربیہ
ان اقوال میں سے کسیکو ترجیح وتقویت دے مترجم کہتا ہے کہ مجھے بعض محققین کا قول درست معلوم ہوا کہ اقوال صحابہ رضی اللہ عنہم میں کہیں تعارض
نہیں ہے اور مترجم نے بہت سے مقامات پر وفاق کا اشارہ کیا لیکن بعض جگہ وہ کا معلوم کرنا ضرور ہے از انجملہ یہ کہ کبھی بعض سلف سے بعض روایت
ثبوت نہیں ہوتی لیکن بعضے متاخرین بحذف اسناد اسکو ذکر کرتے ہیں حالانکہ اسمیں ضعف موجود تھا پھر متاخرین پر اسکا مفہوم دشوار ہوگیا اور
کبھی اسناد صحیح ہوتی ہے لیکن راوی نے اسکے مفہوم میں خطا کی اور اپنی مفہوم کو روایت کیا اور کبھی مفہوم میں خطا نہیں مگر تفسیر مذکور موافق موقع ومحل کے
بطور جواب ہوتی ہے جسکو راوی نے عموما روایت کیا اور کبھی اصل تفسیر بطور نص کے صحیح ہے اور دوسرے عالم سے بطور اشارہ ودلالت کے دوسرے معنی
مروی ہیں حالانکہ ان دونوں میں درحقیقت کچھ منافات نہیں ہے حتی کہ اکثر ایک ہی صحابی سے ایسی دو تفسیریں وارد ہوتی ہیں اور اسی قبیل سے
اسباب نزول میں ہوتا ہے کہ آیت کے نزول کے وقت ایک واقعہ خاص تھا جسکا حکم اس آیت کریمہ سے لیا گیا اور یہ حکم خاص ایک صحابی نے روایت کیا پھر
آیت کریمہ کا حکم قیامت تک جسطرح امت پر لازم ہے وہ دوسرے صحابی نے روایت کیا تو دونوں میں کچھ منافات نہیں ہے از انجملہ تفسیر میں اختلاف
کبھی بربنا ئے لغت عرب بمعنی اجتہاد ہے مثلا قولہ تعالی ثلثۃ قروء پس قروء لغت میں کبھی بمعنی حیض آتا اور کبھی بمعنی طہر آتا ہے پس اول پر آیت کے معنی یہ
ہوئے کہ مطلقہ عورتیں تین حیض تک انتظار کریں اور دوم پر معنی یہ کہ تین طہر تک انتظار کریں از انجملہ ایک مقام پر حکم مطلق ہے مثلا برده آزاد کرنیکا
حکم ہے اور ظاہر ہے کہ برده یعنی لونڈی غلام کبھی کافر وکبھی مومن ہوتا ہے اور کفارہ قتل میں برده مومنہ آزاد کرنیکا حکم دیا پس اگر مطلق کو مقید پر محمول
کریں تو اول مقام پر بھی یہی معنی ہونگے کہ برده یعنی ایمان والا برده آزاد کرو بالجملہ جمیع امور مذکورہ میں وجوہ اجتہاد جاری ہیں وہ اختلافات نہیں ہیں
ورنہ از قبیل تفسیر میں کیونکہ کلام الہی عزوجل کے واسطے کوئی مجتہد یہ نہیں کہہ سکتا کہ کلام کے یہی معنی ہیں از انجملہ نہایت ضروری تنبیہ وہ ہے جو
مترجم نے شروع فصل تفسیر میں بیان کی کہ تفسیر کے چار مراتب ہیں اور یہ معنی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے سعید بن منصور نے سنن میں بسند
صحیح روایت کیے ہیں لہذا کہا گیا کہ متشابہات حروف مانند قولہ تعالی الٓمٓ میں یہ معنی منصوص ہیں کہ لا یعلم تاویلہ الا اللہ اور یہاں وقف کرکے
شروع کیا کہ والراسخون فی العلم یقولون آمنا بہ اور یہی حضرت ابن عباس وغیرہم سے مروی ہے اور باوجود اسکے حضرت ابن عباس رض سے الٓمٓ کی تفسیر
بھی بسند صحیح مروی ہے پس وجہ یہ ہے کہ تاویل کے معنی خاص ہیں یعنی تاویول الیالامر اور یہ ایک قسم تفسیر ہے جسکی نسبت ابن عباس رض نے فرمایا کہ وہ متشابہ
اللہ تعالی کے کوئی نہیں جانتا ہے پس تاویل کی اس معنی پر قرارت میں الا اللہ پر وقف ہے اور دوسرے معنی تاویل کے یہ کہ اللہ تعالی کی مراد کیا ہے معلوم
نہیں لیکن علمائے راسخین اسکے مفہوم سے کچھ اشارات سمجھتے ہیں کیونکہ حدیث میں وارد ہے کہ جسنے علم کے موافق عمل کیا تو اللہ تعالی اسکو ایسی
ایسا علم عطا فرماتا ہے جو اُسنے نہیں جانا اسیواسطے راسخین فی العلم کی تفسیر میں وارد ہوا کہ وہ عالم جسنے اپنے علم کے موافق عمل کیا پس معلوم ہوا کہ
راسخین فی العلم کو بعض علوم اللہ تعالی عطا فرماتا ہے تو الٓمٓ میں بھی انکو بعض معانی کا علم ہوا لہذا ابن عباس رضی اللہ عنہ سے الٓمٓ کی تفسیر میں بھی
روایت صحیح ہے بلکہ بعض اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے پس یہ تاویل نہیں بلکہ تفسیر ہے لہذا ایک قرارت میں بھی وقف فی العلم پر ہے یعنی
لا یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم ثم قولہ تعالی یقولون آمنا بہ الآیہ شروع ہے پس دونوں قول کے موافق آیت کریمہ یوں لکھی جاتی ہے الٓمٓ یعلم

تاویلہ الا اللہ تف والراسخون فی العلم تف یقولون امنا بہ کل من عند ربنا الآیۃ پس دونون قول اپنی اپنی وجہ پر حق ہین اور دونون مین کچھ منافات نہین ہی اور مدار یہ کہ تاویل سے اگر حقیقت مآل مراد ہی تو یہ سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہین جانتا ہی اور اگر تفسیر بمعنے آلہی مراد ہی تو اللہ تعالیٰ یہ کھیدا اپنے بندون مین سے رہ انھین کو عطا فرماتا ہی کہ وہ بعض اسرار سمجھتے ہین جو عوام نہین سمجھتے ہین ولہذا ضرورت ہی کہ تفسیر کے واسطے ایسا عالم ہو جو راسخ فی العلم ہی اور کچھ شک نہین کہ قلب منور و محفوظ مین جب وساوس شیطانیہ و ہواجس نفس کا خطور نہین تو جو علم اسمین حاصل ہو وہ از جانب حق عزوجل تفہیم ہی اور بھید یہ ہی کہ افعال العباد سب مانند بندون کے اللہ تعالیٰ کی مخلوقات ہین تو تفہیم بھی اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے حاصل ہوگی چنانچہ بکریون کے کھیت کھا جانے کے معاملہ مین جو حی کہ حضرت داؤد علیہ السلام کے سامنے پیش ہوا تھا فرمایا ففہمناہا سلیمان یعنی اس واقعہ کا حکم ہمنے سلیمان کو تفہیم فرمایا پس معلوم ہوا کہ باوجود ثبوت حضرت داؤد علیہ السلام کے تفہیم حضرت سلیمان علیہ السلام کو ہوئی حالانکہ یہ داؤد علیہ السلام کے پسر ہین و حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ مین ہی کہ فہم اعطی الرجل فی القرآن یعنی فہم جو آدمی کو کتاب آلہی سمجھنے مین عطا ہوتی ہی کما فی البخاری حتی کہ جب اللہ تعالیٰ نہین چاہتا تو بعض مین کتاب آلہی ہونے سے بھی کچھ نفع نہین پاتا ہی چنانچہ حدیث مین ہی کہ تو نے نہین دیکھا کہ یہود و نصاریٰ ہین کہ انکو توریت و انجیل سے کچھ نفع نہین حاصل ہوتا ہی پس معلوم ہوا کہ مفسر کے شرائط سے یہ کہ قلب صالح رکھتا ہو چنانچہ حدیث صحیح سے ثابت ہی کہ یہ مضغہ جب صلاحیت پر ہوتا ہی تو تمام جسم صالح ہو جاتا ہی اور اسکے فساد سے تمام جسم فاسد ہوتا ہی اور قلب کی اعلیٰ اصلاح یہ کہ اسمین عقائد راسخہ موافق سنت نبوت و اجماع سلف رضی اللہ عنہم ہو کہ یہی نور ربانی ہی اور اسی سے بندہ عالم ربانی ہوتا ہی قال تعالیٰ ولکن کونوا ربانیین بما کنتم تعلمون الکتاب و بما کنتم تدرسون اور خوب متنبہ ہو کر یون تو ہر شخص مدعی ہی کہ مین مومن صادق الایمان ہون لیکن اسکے واقعی حال سے سوائے اللہ تعالیٰ عزوجل کے کوئی آگاہ نہین کیونکہ وہ مخلصین مومنین صادقین کہ جنکو اللہ تعالیٰ نے پسند فرمایا و راضی ہوا ہی نہین معلوم کہ یہ انمین سے ہی یا نہین ہی بلکہ ہم خوب جانتے ہین کہ یہ اس مرتبہ کمال پر نہین ہی لیکن ہم قطعاً جانتے ہین کہ صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے لیے یہ اوصاف کمال قطعی حاصل تھے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انکے واسطے قرآن مین منصوص فرمایا بقولہ اولئک ہم الصادقون و اولئک ہم المؤمنون حقا و رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ اور بکثرت آیات و دلائل واضحہ مثل آفتاب کے روشن ہین تو جس شخص نے اعتقاد مین انسے اختلاف و تغیر نہین کیا وہ بھی قطعاً اعتقاد کی راہ سے اعلیٰ صلاحیت پر ہی پس حاصل یہ نکلا کہ مفسر کی شرط یہ کہ اعتقاد مین سلف صالحین کے مطابق ہو اور اعمال مین تفقہ ہو شیخ رح نے لکھا کہ مقصود بہتری و سداد ہو اور اسمین جہد بلیغ مدنظر رکھے یعنی تفسیر سے غرض اصلاح و نفع اسلام و صلاح مومنین ہو و قال تعالیٰ والذین جاہدوا فینا لنہدینہم سبلنا یعنی جنھون نے ہمارے بارہ مین جہد کیا ہم ضرور انکو اپنی راہون کی ہدایت فرماوینگے مترجم کہتا ہی کہ ان راہون سے مراد ہر شخص کی منزلت اور وصول بقدر مساعدت ازلی ہی جنھین رح نے فرمایا کہ ہر نفس کے واسطے اللہ تعالیٰ تک اسکی راہ خاص ہی ہم شیخ رح نے کہا کہ پھر یہ مقصود اسکو جب ہی خاص کے ساتھ حاصل ہوگا کہ جب وہ شخص مفسر اس دنیا سے دل رغبت ہو ورنہ شیطان اس راغب دنیا کے واسطے کمینگاہ رکھتا ہی کہ مقصود صواب سے روک دے شیخ ابن تیمیہ رح نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جسطرح صحابہ رضی اللہ عنہم پر قرآن پاک تلاوت فرمایا اسیطرح انکو معانی تعلیم فرماتے اور قولہ تعالیٰ لتبین للناس ما نزل الیہم الآیہ مین تلاوت و تعلیم معانی دونون شامل ہین بلکہ تعلیم معانی خصوصا عرب کے واسطے اولی و اقدم ہی اور شیخ ابو عبد الرحمن السلمی نے کہا کہ ہمکو حدیث پہونچی کہ حضرت عثمان و عبد اللہ بن مسعود وغیرہ جو قرآن پڑھاتے تھے وہ خود جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دس آیات پڑھتے تو آگے نہین بڑھتے تھے حتی کہ جو کچھ اسمین علم و عمل ہی سب حاصل کر لیتے چنانچہ انھون نے فرمایا کہ ہمنے علم و عمل ساتھ ہی حاصل کیا ہی لہذا حفظ سورہ مین انکو مدت گزر جاتی تھی مترجم کہتا ہی کہ قولہ تعالیٰ لتبین للناس ما نزل الیہم مین

تنبیہ بلیغ ہو کہ آنحضرت صلعم کو بندون کی تعلیم کا حکم فرمایا اور آپ کی دعوت تمام عرب و عجم سب کے واسطے عام ہو پس عجم کے واسطے یہ تعلیم آپ کی نیابت مین بذریعۂ خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم پوری کی گئی پس قطعا یہ خلافت نبوت و خلافت حقہ تھی پس فرقہ رافضہ سخت جاہل و منکر احکام قرآن ہو ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم مین جب کسی شخص سورۂ بقرہ و آل عمران پڑھ لیتا تو ہماری آنکھون مین بزرگ ہو جاتا تھا رواہ احمد حالانکہ محض حفظ ان سبکو ایک ہفتہ مین بہت آسان تھا ابن عمر رضی عنہ نے آٹھ برس مین سورۂ بقرہ حفظ فرمائی رواہ الموطا یہ تصرف تدبر و تفکر معانی و علوم نفیسہ جو کثیرہ عظیمہ ہین کہ انکی انتہا تک وصول غیر ممکن ہو وقد قال تعالی قل لو کان البحر مدادا لکلمات ربی لنفد البحر قبل ان تنفد کلمات ربی یعنی کہدے کہ اگر تمام سمندر میرے رب عزوجل کے کلمات کے لیے روشنائی ہو جاوے تو میرے رب عزوجل کے کلمات تمام ہونے سے پہلے یہ روشنائی سمندر ختم ہو جاویگا وقد قال تعالی ولو ان ما فی الارض من شجرۃ اقلام والبحر یمدہ الآیۃ بکمال حسن بلا مبالغہ اس معنی مین نص ہو پس جہد تفسیر کے واسطے عمر قلیل ہو اور معنی یہ نہین کہ آٹھ برس مین سورۂ بقرہ پوری کر لی بلکہ معنی یہ کہ اسی قدر پر اکتفا کیا کہ آیندہ سب کا حاصل کرنا چاہیے ہو پس بقدر کفایت لیا جاوے کہ عمر کوتاہ ہو وقد قال تعالی کتاب انزلناہ الیک مبارک لیدبروا آیاتہ یعنے ہمنے تیری جانب یہ کتاب مبارک نازل فرمائی تاکہ اسکی آیات مین تدبر کرین اور مشرکین پر ملامت فرمائی بقولہ تعالی افلا یتدبرون القرآن یعنی قرآن مین صدق دل کیون غور و فکر نہین کرتے ہین اور اللہ تعالی نے اس تدبر کا نتیجہ ان لوگون کے حق مین فرمایا کہ لہم قلوب یعقلون بہا یعنی تدبر کی توفیق پاتے تھے انکے واسطے ایسے قلوب حاصل ہوئے کہ جنکے ذریعہ سے انکو عقل ہوتی مترجم کہتا ہو کہ یہ زندگی ہو بذریعۂ حیات انوار روحی بحیات الحی القیوم اور اسکی توضیح اوپر گذر چکی بالجملہ صحابہ رضی اللہ عنہم جو خلاصۃ الامم اور صفوۃ الانبیا خاتم المرسلین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کیے علم ازل مین مختار و ممتاز ہوئے تھے انکی توجہ تفسیر القرآن کی جانب بشان مذکور بکمال اہتمام راجع تھی اور یہ امر ظاہر ہو کہ آدمی کسی فن طبع غیرہ کی کتاب پڑھتا ہو اسکے شروح و معانی مین اسقدر کوشش کرتا ہو حالانکہ وہ صرف اسی چند روزہ زندگی کے لیے ہو اور بعد الموت کچھ نہین پھر یہ کیونکر ہو گا کہ آدمی عین قرآن مین کوشش نکرے اور خصوص صحابہ رضی اللہ عنہم کی جانب یہ گمان کرنا محض غلطی ہو حالانکہ قرآن پاک عین الحیات و روح مومن و جمل المتین و دنیا مین بطور خفاء اور بعد موت کے عیانا اسکا سرتاج حامی ہو اور اسکے سایۂ عاطفت مین جو سلطنت اسکے مومن کو حاصل ہو گی اس خزانۂ دنیا مین اسکی مثال بتلانا مشکل ہو واضح ہو کہ مترجم نے بفضل الٰہی عزوجل سابق مین ذکر کیا کہ محققین جہم اللہ تعالی کے نزدیک صحابہ رضی اللہ عنہم سے تفسیر مین جو اختلاف منقول ہوا اگرچہ بہت کم ہو وہ بھی درحقیقت اختلاف نہین بلکہ بعضے انہم ہم لوگون کے بوجہ نقص کے ادراک نہین کرتے ہین اور علماء راسخین ادراک کر لیتے ہین اور واضح ہو کہ تفسیر بالرای کبیرہ گناہ ہو اور مثال یہ کہ مثلا قولہ تعالی ثم اورثنا الکتاب الذین اصطفینا من عبادنا فمنہم ظالم لنفسہ ومنہم مقتصد ومنہم سابق بالخیرات باذن اللہ یعنی پھر ہمنے کتاب پاک انکو میراث دی جنکو ہمنے اپنے بندون سے برگزیدہ فرمایا سو بعض انمین سے اپنے نفس پر ظالم ہو اور بعض معتدل ہو اور بعض باذن اللہ نیکیون کے ساتھ سبقت کرنے والا ہو مترجم کہتا ہو کہ اگر کوئی شخص ظالم کی تفسیر کرے کہ وہ ذات نفس و واجبات مین عاصی ہو تو یہ تفسیر جہالت و باطل ہو گی اور صحیح مرفوع مین آیا کہ تینون قسم والے بہتری پر ہین مترجم کہتا ہو کہ خود آیت کریمہ مین فرمایا کہ جنکو ہمنے برگزیدہ فرمایا تو معلوم ہوا کہ نفس پر ظلم بحق شرعی ہو بمصیبت شرعی اور اس کلام معجز کی تفسیر مین جو علوم و حقائق محققہ ہین ایک کتاب کبیر مین آوین اور پھر بھی اپنی کوتاہی پر ندامت ہو گی اور روح مومن اسکی حلاوت و لذت سے پرواز کرے تو عجیب نہین ہو فسبحان اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم وہو العلیم الخبیر

**فصل** طبقات مفسرین کے بیان مین معلوم ہو چکا کہ مرجع تفسیر خود بعض آیات بعض ہو یا حدیث یا تفسیر صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم پس یہان اسی سلسلہ سے طبقات کا بیان ہو واضح ہو کہ صحابہ رضی اللہ عنہم مین دربارہ تفسیر قرآن پاک کے غایت حفظ و احتیاط مرعی تھی اور بدون کمال رعایت کے قرآن پاک

کی تفسیر مین کوئی حرف زبان سے نہین نکالتے تھے حتی کہ بعضے اکابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مجھے کون آسمان اپنے نیچے چھپاویگا اور کون زمین اٹھاویگی اگر مین نے قرآن مین کچھ زبان سے نکالا جسکا مجھے علم حاصل نہین ہوا ہی کما روی فی السنن اور حدیث مرفوع ہی کہ جسنے قرآن مین اپنے رائے سے کہا وہ کافر ہوا۔ الصحاح والسنن سادر طریقۂ تفسیر آیندہ انشاء اللہ تعالی آویگا۔ یہان غرض یہ کہ بوجہ کمال احتیاط وخوف کے اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم سے بہت قلیل تفسیر مروی ہی اور جن صحابہ رضی اللہ عنہم کے تفسیر فرمائی وہ مشہورین دس ہین چارون خلفاے راشدین یعنی حضرت ابوبکر الصدیق وعمر فاروق وعثمان وعلی رضی اللہ عنہم وعبداللہ بن مسعود وعبداللہ بن عباس وابی بن کعب وزید بن ثابت وابوموسی اشعری وعبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہم پھر خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم مین حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما سے قلیل تفسیر کی روایت ہی اسوجہ سے کہ بعد وفات آنحضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مسیلمہ کذاب غیرہ نے دعوی نبوت کیا اور اعراب کوہ وبیابان پھر مرتد ہوگئے اور حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ نے دوبارہ بزور شمشیر ان لوگون کو مسلمان کیا اور وہ عنایات الہی عزوجل جو ان جہادون مین شامل حال ہوئین ایک معجزۂ عظیم صدق رسالت حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وسلم وبرہان قطعی صدق خلافت حضرت صدیق رضی اللہ عنہ ہی اور اعراب مرتدین ایک جماعت عظیم تھے کہ انکو اللہ تعالی نے مغلوب کیا پس حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کا زمانہ خلافت اول تو بہت قلیل قریب دو سال تھا۔ دوم وہ ان مرتدون کے مسلمان کرنے مین صرف ہوا اور بعد اسکے آپ نے عرب کو جہاد شام وعراق پر روانہ فرمایا حتی کہ دمشق تک آپ کی حیات مین فتح ہوا۔ سوم آپ کی حضوری مین اکثر حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم حاضر تھے پس بہت کم بذات خاص تعلیم کی طرف کوئی امر باعث ہوا بلکہ امر اہم خلافت اعلاے کلمۂ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور ازہاق کلمۂ شرک نصرانیت تھا اور اسی طرح حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کے عہد مبارک مین تمام بلاد شام وفارس ومصر وغیرہ فتح ہوے اور کمال عنایت جانب اعلاے کلمۃ اللہ تعالی مصروف رہی۔ حالانکہ خلیفہ برحق رضی اللہ عنہ کی حضوری مین اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم موجود تھے جو لوگون کو تعلیم فرماتے تھے اور اللہ تعالی نے جو فیض عطا فرمایا اس سے دعوت ختم رسالت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بذریعۂ آپ کے خلیفۂ اول ودوم کے تمام ملکون مین پھیل گئی اور اسی طرح مابقی بلاد اسلام خلیفۂ ثالث حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد مبارک مین فتح ہوے اور جو کچھ اللہ تعالی نے قرآن پاک مین وعدہ فرمایا تھا اور حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی تھی پورا کیا لیکن حضرت خلیفۂ چہارم حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حضور مین زمانہ فتن کو ترقی ہوگئی اور خود آپ کو خوارج وروافض سے آگاہی ہوچکی تھی پس باوجود ان مشاجرات کی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حضور مین سائلین علم بہت ہوے کیونکہ زمانہ صحابہ رضی اللہ عنہم قریب گزرنے کے آگیا اور کثرت شہادت سے سرفراز ہوئے پس تابعین کو دریافت سے چارہ نہ تھا و اکثر خطابات خطبہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ یاد دہانی زمانۂ مبارک حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم وتثبت واستقامت کی نصیحت ہی اور یہی خطبات حضرت عمر رضی اللہ عنہ مع مشاورت نظام عدل شریعت ہی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ مین بوجہ فتن متوحشہ کے ضرورت اعلام زائد ہوئی چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فتن کا ذکر کیا اور حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یا امیر المومنین آپ کو ان فتنون سے کیا غرض ہی کیونکہ دروازہ بند ہی حالانکہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہین کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اسطرح جانتے تھے جیسے آج کے پیچھے کل ہونا معلوم ہی اور اسی طرح حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فتح بیت المقدس مین قس نصرانی سے پوچھا کہ تو نے مجھے کیونکر پہچانا کہ مین حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کا خلیفہ دوم ہون حتی کہ تو نے مجھے دیکھکر شہر سپرد کر دیا اسنے عرض کیا کہ ہماری کتابون مین حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاء کے اوصاف وحلیہ موجود ہین پھر آپ نے پوچھا کہ میرے بعد کون خلیفہ ہوگا اسنے کہا کہ ایک شخص آپ کے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل قرابت سے ہوگا اور اسنے سب حلیہ وحالات بیان کیے تو آپ نے کہا کہ رحم اللہ عثمان پھر پوچھا کہ بعد اسکے کون خلیفہ ہوگا پس

آپ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ علیہ بیان کیا اور کہا کہ وہ خون میں پیر تا ہو گا تو آپ نے اُسکے سر پر دھپ ماری اور کہا اوگندے اوگندے تو ندمت کرتا ہی حالانکہ اللہ تعالیٰ علی پر رحم کرے اسنے عرض کیا کہ یا امیر المومنین میری غرض ندمت نہیں ہی بلکہ میری غرض یہ کہ وہ ایسے وقت خلیفہ ہو گا کہ تلوار کھینچی ہونگی اور خون روان ہو گا اور خلیفہ چہارم خود مرد صالح ہو گا تب آپ کا غصہ فرو ہوا۔ پس یہ آثار صریح ہین کہ اُن حضرات کے قلوب مین علم کثیرہ تھے اور کچھ حاجت اُنکے بیان کی نہین تھی اور وہ حاجت زمانۂ خلافت علی رضی اللہ عنہ مین پیدا ہو گئی لہذا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین شہر علم ہون اور علی اُسکا دروازہ ہی۔ الحدیث۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم تک اس مدینہ کا دروازہ کھولنے و علوم معلومہ نکالنے کی ضرورت اس وجہ سے نہین تھی کہ سب مدینہ کے اندر عارف معارف اسرار حقہ آلہیہ تھے کہ افشاء کی حاجت نہ تھی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ مبارک مین دروازہ کھولنے اور ان علوم کو افشا کرنے کی ضرورت پڑی۔ اسی وجہ سے آپ نے تابعین کی استقامت کے لیے بہت سے اخبار ایسے ارشاد فرمائے کہ لوگون کو صدق رسالت و صدق خلافت پر طمانیت ہوئی اور تابعین مین ایمان راسخ ہو بر خلاف عبداللہ بن سبا وغیرہ کے جو از لی مرتد تھے کہ انھون نے بجائے فائدہ کے اُسکو فساد کا آلہ بنایا اور لوگون کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حق مین یہ اعتقاد دلایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ مین اصلی نبوت کا استحقاق تھا اور کبھی کہا کہ آپ مین الوہیت ہی اور اسی قسم سے بہت سے شرک و کفر کے اعتقادات عوام مین پھیلانے شروع کیے اور چونکہ مشیت ایزدی جاری ہو چکی تھی آخر ایک فرقہ اُسکے دام فریب مین مبتلا ہو کر جس جماعت پر لوگ متفق تھے پھٹ کر الگ ہو گیا اور خوارج کی طرح یہ بھی جماعت سے خارج و گمراہی مین مبتلا ہو گئے۔ بالجملہ انھین وجوہ سے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے تفاسیر کی روایات بہت ہین کیونکہ باب رحمت اُسوقت کھلنا مقدر ہو چکا تھا اور یہ فیض رحمت تا قیامت امت کے واسطے کشادہ ہوا اور نہ علم مدینہ تک رہتا اور یہ عجیب صنعت حق عزوجل ہی کہ اللہ تعالیٰ ایک ہی امر پیدا کر کے ایک قوم کے واسطے باعث رحمت کرتا ہی اور وہی امر دوسرے گروہ کے واسطے باعث نقمت و خسارت کرتا ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ خود جہاد فریضہ مین دونون باتین موجود ہین۔ بالجملہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ سے روایات تفسیر بہت ہین۔ ابو الطفیل نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آپ خطبہ پڑھتے اور فرماتے تھے کہ مجھے جو چاہو پوچھو کہ واللہ جو کچھ مجھسے پوچھوگے تمکو بتلاؤنگا اور مجھسے کتاب اللہ پوچھو کہ واللہ جو کوئی آیت نازل ہوئی مگر آنکہ مین خوب جانتا ہون کہ رات مین نازل ہوئی کہ دن مین نازل ہوئی اور پہاڑ مین اتری کہ زمین ہموار مین اتری ہی۔ ابو نعیم نے حلیہ مین ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ قرآن کا نزول سات حرف پر ہوا اور ہر حرف کے واسطے ظاہر و باطن ہی اور علی بن ابیطالب کے نزدیک ظاہر و باطن کا علم ہی۔ سلیمان الاحمسی سے روایت ہی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ واللہ جو کوئی آیت نازل ہوئی مجھے ضرور معلوم ہی کہ کس بارہ مین نازل ہوئی اور کہان نازل ہوئی۔ میرے رب نے مجھے قلب عقول و زبان سئول عطا فرمائی تھی۔ رواہ ابو نعیم۔ پھر واضح ہو کہ باوجود اسکے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے زیادہ روایت ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ شاید اسوجہ سے کہ حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کو اول باغیون پھر خوارج سے قتالی مین زیادہ مشغولی رہی۔ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ والذی لا الہ غیرہ ایسا نہین ہوا کہ کوئی آیت نازل ہوئی مگر آنکہ مجھے ضرور علم ہی کہ کس شخص کے بارہ مین و کہان نازل ہوئی اور اگر مین جانون کہ کوئی شخص مجھسے زیادہ آگاہ بکتاب اللہ تعالیٰ ہی کہ لوگ اسکی خدمت مین سفر کر کے جاتے ہین تو مین جاؤن۔ رواہ ابن جریر وغیرہ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ حبر الامہ و ترجمان القرآن ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن عباس کو دعا دی کہ اللھم فقھہ فی الدین و علمہ التاویل یعنی الٰہی اسکو دین کا فقیہ کر دے اور اسکو تاویل کا علم دیدے۔ اور ایک روایت مین عطاے حکمت کی دعا ہی اور تیسری روایت مین تعلیم حکمت کی دعا ہی۔ اور ابو نعیم نے متعدد روایات درباره ابن عباس رضی اللہ عنہ روایت کین اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابن عباس اچھا ترجمان القرآن ہی۔ رواہ البیہقی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے بھی بزرگان بدر کے ساتھ شامل کرتے

یعنی انکے جلسہ مین داخل کرتے تھے پس شاید بعض نے کچھ اپنے دل مین پایا یعنی ناگوار ہوا تو کہا کہ یہ لڑکا ہمارے ساتھ مین داخل کیا جاتا ہے
حالانکہ ایسے ہمارے لڑکے موجود ہین پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ لڑکا انمین سے ہے کہ تم جانتے ہو پس کس سبب سے مجھے بلا کر انمین داخل
پس مین یہی گمان کرتا ہون کہ مجھے اسواسطے بلایا تھا کہ انکو دکھلاؤن پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آپ لوگ قول اللہ تعالیٰ اذا جاء نصر اللہ والفتح مین کیا
کہتے ہین پس بعض نے کہا کہ ہمکو حکم کیا گیا ہے کہ جب ہمکو نصرت و فتح دے تو ہم حمد و استغفار کا حکم دیا گیا ہے۔ اور بعض نے کچھ جواب نہیں دیا تو فرمایا کہ
ابن عباس تو بھی یہی کہتا ہے۔ مین نے عرض کیا کہ نہین۔ تو فرمایا کہ پھر تو کیا کہتا ہے مین نے کہا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اجل ہے جسکو
آپ کو آگاہ فرمایا یعنی جب آئی اللہ تعالیٰ کی نصرت و فتح تو یہ آپ کی علامت موت ہے پس اپنے رب کی حمد تسبیح کیجئے اور اس سے استغفار کیجئے کہ وہ توبہ ہے
پس عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو تو کہتا ہے وہ ہی مین بھی جانتا ہون۔ رواہ البخاری۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ حضرت عمر رضی اللہ
عنہ نے ایک روز اصحاب رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ آپ لوگ کس شخص کے بارہ مین یہ آیت نازل جانتے ہین ایدود احدکم ان تکون لہ جنۃ من نخیل و اعناب
الآیہ۔ تو انھون نے کہا کہ اللہ تعالیٰ اعلم۔ پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ خشمناک ہو گئے اور فرمایا کہ کہو کہ ہم جانتے ہین یا نہین جانتے ہین پس ابن
عباس رضہ نے عرض کیا کہ میرے دل مین اس آیت کے علم مین سے کچھ ہے تو خوش ہو کر فرمایا کہ ای بھتیجے اسکو بیان کر اور اپنے آپ کو حقیر مت کر پس ابن عباس
نے کہا کہ یہ عمل کے مثل بیان فرمائی گئی ہے حضرت عمر نے فرمایا کہ کس عمل کے مثل ہے پھر فرمایا کہ یہ ایک مرد کی مثال ہے جسنے طاعت الٰہی پر عمل کیا پھر اسکے
واسطے شیطان کو اٹھا دیا گیا کہ اس شخص نے یہانتک معاصی کیے کہ گناہون نے اسکے اعمال غرق کر لیے۔ رواہ البخاری والترجمۃ مختصر اور ابو نعیم
نے اسناد کے ساتھ ابن عباس رض سے روایت کی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک جماعت مہاجرین رضی اللہ عنہم مین بیٹھے پس لیلۃ القدر کا ذکر ہوا پس
ہر ایک کے پاس جو کچھ علم تھا اسنے بیان کیا پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ای ابن عباس تو کیون خاموش ہے تو بھی کلام کر اور تیرے کم عمر ہونے
مانع نہو پس مین نے عرض کیا کہ ای امیر المومنین اللہ تعالیٰ وتر ہے وہ وتر کو محبوب رکھتا ہے چنانچہ اسنے ایام الدنیا سات مین اثر کیے اور انسان کو سات اعضا
مخلوق فرمایا اور ہمارے ارزاق سات سے پیدا کیے اور ہمارے اوپر سات سموات پیدا کیے اور ہمارے تحت مین سات زمینین پیدا فرمائین اور
شدائد مین سے سات عطا فرمائین اور اہل ولایت سے سات کا نکاح حرام کیا اور سات پر میراث کی تقسیم کی اور ہمارے اجسام سے سات اعضا پیدا کیے
لیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات کا طواف فائدہ کیہ وصفا و مروہ ادا کیا اور رمی الجمار سات رکھا پس میری رائے مین لیلۃ القدر بھی اکیس
کے سات آخری راتون طاق مین ہے پس عمر رضی اللہ عنہ خوش ہوئے اور فرمایا کہ واہ اے بچہ کے میرے ساتھ کسی نے موافقت نہین کی۔
ابو نعیم۔ پھر ابن عباس رضی اللہ عنہ سے تفسیر کے روایات بے شمار وارد ہین لیکن اسناد مین طریقہ اعتمادی ملحوظ رکھنا چاہیے **طریق جمیل** جسکو
طرق الاسانید مین طریق علی بن ابی طلحۃ الہاشمی عن ابن عباس ہے۔ احمد بن حنبل نے کہا کہ مصر مین ایک صحیفہ تفسیر روایت علی بن ابی طلحۃ موجود ہے
اگر کوئی شخص خاص اسی کے قصد سے سفر مصر اختیار کرے تو اسکی مشقت بمقابلہ اس نعمت کے کچھ بڑی بات نہوگی۔ ابن حجر نے کہا کہ یہ صحیفہ
ابو صالح ہے اور ابو صالح کاتب لیث رح نے معاویۃ بن صالح عن علی بن ابی طلحۃ عن ابن عباس روایت کیا۔ امام بخاری رح نے صحیح مین ابو صالح کے جہت
سے لیا اور اکثر اسی پر اعتماد کیا اور ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابن المنذر نے بھی اپنے در میانی وسائط سے ابو صالح کے روایات اسناد کین۔ ایک قوم نے
کہا کہ علی بن ابی طلحۃ نے خود ابن عباس سے نہین سنا بلکہ بواسطہ مجاہد یا سعید بن جبیر رح لیا ہے۔ ابن حجر نے کہا کہ جب یہ واسطہ عالم ثقہ معلوم ہو گیا تو کچھ حرج
نہین رہا۔ بالجملہ اسی طریقہ پر ائمہ حفاظ نے اتفاق کیا اور یہ طول طویل تفاسیر جو کہ جویبر عن الضحاک وغیرہ روایات کیجاتی ہین انکی اسانید مین مجہول
لوگ غیر ثقہ ہین۔ **طریق دیگر** ابن جریج رح سے بھی تفسیر مروی ہے جو امام مالک کے طبقہ مین ثقات محدثین سے ہین لیکن روایت محمد بن ثور

وحجاج بن محمد کی ابن جریج رح سے البتہ صحیح ہو ورنہ دیگر اسانید پر وثوق نہیں ہے (طریق دیگر) ابن ابی نجیح عن مجاہد عن ابن عباس۔ یہ بھی قریب الصحۃ ہے (طریق دیگر) عطاء ابن یسار عن ابن عباس۔ یہ بھی قابل حجت ہے۔ (طریق دیگر) ابو صالح نے جو ابن عباس رض کی تفسیر قلیل روایت کی وہ بھی صحیح ہے (طریق دیگر) اسماعیل السدی سے مختلف اسانید سے ابن عباس و ابن مسعود رض سے تفاسیر مروی ہیں اور سدی رح قابل حجت ہیں چنانچہ سدی رح سے ائمہ حفاظ مثل سفیان ثوری وشعبہ وغیرہ نے روایت کی لیکن سدی رح سے جو تفسیر مروی ہے وہ اسباط ابن نصر نے جمع کی اور اسباط کے ثقہ ہونے پر اتفاق نہیں ہے۔ اور واضح ہو کہ ابن جریج رح نے خالص صحیح روایات کا قصد نہیں کیا بلکہ ہر آیت کے بارہ میں جو اقوال ملے انکو جمع کیا ہے۔ (طریق دیگر) مقاتل بن سلیمان نے تفاسیر روایت کیں پس ہر چند کہ مقاتل رح پر ائمہ نے کلام کیا لیکن امام شافعی رح نے اشارہ کیا کہ مقاتل کی تفسیر اچھی ہے اور مقاتل رح نے کبار تابعین کی ملاقات پائی ہے۔ سدی رح کی تفسیر بواسطہ ابو مالک و ابو صالح عن ابن عباس اور بواسطہ مرۃ رح عن ابن مسعود رض و دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم سے ابن جریج رح نے بہت روایات لیں اور ابن ابی حاتم نے تھوڑی روایات لیں اسواسطے کہ انھوں نے التزام کیا کہ جو صحیح اسناد ہو وہ لاویں۔ واضح ہو کہ حاکم نے کتاب مستدرک میں مرۃ عن ابن مسعود رضی اللہ عنہ بہت سی تفاسیر لیں اور انکو صحیح کہا لیکن شیخ ابن کثیر رح نے فرمایا کہ سدی رح کی اس اسناد سے بکثرت ایسے امور مروی ہیں جنمیں غرابت و نکارت ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ یہاں ایک مقدمہ ضروری علیحدہ فصل میں بیان کرتا ہوں **فصل** یہ امر معلوم ہو کہ اللہ تعالی نے قرآن مجید نازل فرمایا اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر (۲۳) سال میں تھوڑا تھوڑا کر کے بسبب وقائع و نوازل اترتا رہا اور مجموعہ کتاب ایکبار کی نزول نہیں ہوا اور اسکا بھید انشاء اللہ تعالی آئندہ معلوم ہوگا۔ اور اور یہ قرآن مجید ہمکو اللہ تعالی نے اپنے محبوب بندوں کے ذریعہ سے پہونچایا اور وہ صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں پس یہ برہان قطعی ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اللہ تعالی کے محبوب و عادل و حجت بندگان خالصین مخلصین سے ہیں کیونکہ ذریعہ سے کتاب مجید ہمکو عطا فرمائی پس اگر خوارج و روافض کا قول باطل دیکھو کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے صرف معدودے چند ایمان پر رہے تو لازم آویگا کہ قرآن بطور متواتر انکو نہیں ملا اسواسطے کہ تواتر قطعی کے واسطے تمام دنیا کے لوگ یہ شرط کرتے ہیں کہ ایسے بے شمار لوگوں نے نقل کیا ہو کہ عقل ان سب کا متفق ہونا محال جانے اور یہ اسی وقت کہ خلفاء راشدین و صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین سب عادل ثقات اللہ تعالی کے محبوب ہوں حتی کہ تمام عالم پر انکا نقل کرنا حجت ہو اور قیامت میں کوئی یہ عذر نہیں کر سکتا کہ ہمکو پروردگار کی کتاب بطور قطعی نہیں پہونچی۔ اور یہ امر معلوم ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مصاحف لکھوا کر تمام ملکوں میں بھیجدیے اور انمیں پر متواتر عمل رہا پس قرآن و ایمان سب ہمکو صحابہ رضی اللہ عنہم سے پہونچا پس قرآن و عقاید تو متواتر ہیں۔ اور قرآن کی باقی تفاسیر متواترات نہیں بلکہ جن صحابہ رضی اللہ عنہم سے تفاسیر منقول ہیں تو ضرور ہے کہ درمیانی ناقلین کو دیکھا جاوے کہ انکے حافظہ میں بھول تو نہ ہو بلکہ انکا ثقہ حافظہ ہونا معلوم ہو۔ کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم اکثر قریب کل کے صرف دل میں تفاسیر کو مثل قرآن کے حفظ رکھتے تھے اور یہی حال تابعین رحمہم اللہ تعالی میں تھا پھر جب آخر زمانہ تابعین میں روافض و خوارج کی ٹکڑیاں نظر آئیں تو اسوقت سے جماعت اعظم کے اہل عدل نے احتیاط کی کہ یہ شخص جو روایت بیان کرتا ہے چھپا ہوا رافضی تقیہ کیے ہوئے تو نہیں ہے لہذا تبع تابعین میں عموماً تصنیف شروع ہو گئی اور انھوں نے پرکھ کر روافض و خوارج کو نکال دیا بلکہ جماعت اعظم جسطرح حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے سب ایک اعتقاد پر ایک دل تھے اور اسی طرح تابعین تھے سوائے بعض ٹکڑیوں کے جو پھوٹکر خارجی یا رافضی ہو گئے پس جماعت اصلی میں بھی اگر راوی کے حفظ میں خرابی ہوتی تو اسکی روایت میں بھی تامل کیا پھر تبع تابعین کے بعد انکے اتباع کے طبقہ نے جو طبقہ چہارم ٹھہرا اس طبقہ والوں نے صحیح و ضعیف کو علیحدہ کر دیا جیسے انکے اوپر طبقہ سوم میں امام مالک نے صحیح موطا تصنیف کی پس طبقہ چہارم میں صحیح بخاری و صحیح مسلم پر اتفاق ہو گیا لیکن بہت سے سنن و مسانید میں صحیح و ضعیف روایات مختلط کبھی رہیں پھر انکے بعد طبقہ پنجم میں

بھی تصانیف ہین پھر طبقہ ششم و مابعد مین بہت کثرت ہوگئی شیخ مشائخنا مولانا ولی اللہ دہلوی نے ان کتب کے چار طبقہ کیے اول موطا
وصحیحین۔ دوم سنن ابوداؤد و ترمذی و نسائی اور کہا کہ مسند احمد بھی اسمین شامل کیا جاوے اگرچہ اسکی بعض روایات مین بہت ضعف
ہی تسوم وہ کتب جو بخاری و مسلم وغیرہ کے ہمعصر یا متقدمین نے بغیر التزام صحت کے تصنیف کین یا التزام صحت کیا مگر وہ کتابین مشتہر نہین
ہوئین مانند مسند شافعی وغیرہ کے اور اسی قسم مین زمانہ مابعد یعنی طبقہ پنجم کے صحیح مجرد کے التزام سے تصانیف ہین حالانکہ مشتہر نہوئین جیسے صحیح
ابن حبان وغیرہ۔ چہارم طبقہ مین وہ کتب ہین جنمین ایسی روایات معلولہ ہین کہ طبقہ متقدمین حتی طبقہ پنجم والون نے بھی انکو روایت نہین کیا
لیکن اس طبقہ ششم وغیرہ نے انکو لیکر جمع کر دیا تو ان روایات پر اعتماد نہین ہوسکتا جبکہ منفرد ہو جیسے مستدرک حاکم و کتب بیہقی و ابن شاہین وغیرہ
اور لکھا کہ ان کتابون مین بہت سے روایات تفسیر و مناقب و مثالب وغیرہ ملتی ہین جنکا نشان طبقات سابقہ مین نہین ہے۔ پس لازم ہے کہ ہر طبقہ کو کتاب
کی روایت کو اپنے موقع پر رکھنا چاہیے۔ **(فصل)** اب پھر رجوع کرو کہ صحابہ رضی اللہ عنہم سے جو روایات کی گئی ہین تو ابن عباس رضہ سے
جن طریقون سے روایات آئین انکا بیان اوپر گزرا۔ اور شیخ ابن کثیرؒ نے مستدرک حاکم کی روایات کو جو سدی رح کی اسناد سے حضرت ابن مسعودؓ
وغیرہ سے مروی ہین کہا کہ ان روایات مین بہت سی نکارت و غرابت ہے یعنی روایت منفرد باخلاف ثقات ہے۔ ابن عباس رضہ سے منجملہ جیسا
طرق کے روایت عطاء ابن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس ہے۔ اسی طرح محمد بن اسحق عن محمد بن ابی محمد عن عکرمہ او سعید بن جبیر عنہ
یہ اسناد حسن ہے۔ **(بیان طرق ضعیفہ بطور اختصار)** روایت کلبی اگر تنہا ہو تو قابل اعتبار نہین ہے۔ اور وہ ابوصالح کے
واسطہ سے ابن عباس سے روایت کرتا ہے اور ابوصالح معتمد ثقہ ہین لیکن کلبی نے جھوٹ کہا یا غلطی کی۔ روایت محمد بن مروان الصغیر ضعیف ہے
روایت مقاتل بن سلیمان ضعیف ہے اور کہا گیا کہ کلبی سے بھی زیادہ ضعیف ہے۔ روایت بشر بن عمارہ عن ابی روق۔ روایت جویبر عن
الضحاک۔ اسواسطے کہ بشر بن عمارۃ و جویبر قابل اعتماد نہین ہین۔ روایت ضحاک عن ابن عباس۔ مین صرف یہ کلام ہے کہ ضحاک بن مزاحم نے
ابن عباس رضہ سے ملاقات نہین پائی لیکن مترجم کے نزدیک ثقہ کا قول معتمد ہے پس ضحاک نے جب اعتماد کیا تب ابن عباس کا قول بیان کیا ورنہ کذب
ہوتا جو ثقہ کی شان نہین ہے جیسے علی بن ابی طلحہ کی روایت ابن عباس مین کہا گیا ہے۔ روایت عوفی عن ابن عباس۔ مین صرف عطیہ العوفی کے
حفظ مین خلل ہے بلکہ ترمذی رح نے بعض مواضع مین روایت عطیہ کو حسن کہا یعنی جبکہ دوسرے طریقہ سے قوت ہوگئی شافعی رح سے منقول ہے
کہ کہا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے تفسیر کی روایات مین فقط قریب تسو حدیث کے ثبوت کو پہونچی ہین۔ **(بیان روایات ابی بن
کعب رضی اللہ عنہ)** ایک نسخہ کبیرہ ابوجعفر الرازی عن الربیع بن انس عن ابی العالیہ عن ابی بن کعب روایت کیا گیا شیخ
سیوطی رح نے کہا کہ یہ اسناد صحیح ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ سیوطی رح نے ابوجعفر الرازی کی توثیق معتمد سمجھی اور یہی ٹھیک ہے چنانچہ کتاب النکاح ترجمہ
ہدایہ مسمی بعین الہدایہ مین مترجم نے مفصل ذکر کیا ہے فاحفظہ۔ پھر واضح ہو کہ سوائے ان صحابہ رضی اللہ عنہم کے دیگر صحابہ مانند حضرت انس
و ابوہریرہ و ابن عمر و جابر و ابوموسی الاشعری وغیرہم رضی اللہ عنہم سے بھی ضعیف قلیل روایات ہین اور عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ
عنہ سے چند روایات متعلق قصص و فتن وغیرہ مروی ہین جنکی بابت ٹھیک بات یہ نظر آتی ہے کہ انھون نے یہ باتین یہود و نصاری سے لین
مترجم کہتا ہے کہ یہی شیخ ابن کثیرؒ نے افادہ فرمایا ہے اور لکھا کہ جہاد شام مین جنگ یرموک کے فتح کے بعد عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو دو زاملہ کتابین
نصرانیون کی ہاتھ آئین اور بہت سے قصص غالبا ان کتابون سے نقل ہوئے حالانکہ اسپر وثوق نہین ہوسکتا ہے خصوص جبکہ انکا تعلق امور
آخرت سے ہو۔ یہ سب تو صحابہ رضی اللہ عنہم کی تفسیر کا ذکر ہوا اور اس سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے نام بھی معلوم ہوگئے اور انسے روایت

کرنے والے تابعین کا نام بھی معلوم ہو گیا اور مترجم نے صحابی کے نام کے ساتھ رضی اللہ عنہ سے بھی اشارہ کر دیا ہے کہ جس سے شناخت ہو جاتا

**(فصل)** طبقۂ تابعین رحمہم اللہ تعالیٰ جو صحابہ رضی اللہ عنہم کے شاگرد ہیں کبھی تو صحابی سے تفسیر روایت کرتے ہیں اور کبھی بدون اسناد کے تفسیر بیان کرتے ہیں لیکن یہ امر متعین ہے کہ انھوں نے علم حاصل کیا کیونکہ رائے سے تفسیر حرام ہے اسواسطے جسمیں اجتہاد کو دخل نہیں وہ بمنزلہ حدیث مرفوع کے ہے کیونکہ لامحالہ انھوں نے کسی صحابی کے ذریعہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد پایا ہے۔ شیخ ابن تیمیہ نے کہا کہ تابعین میں تفسیر کے زیادہ عالم وہ تابعین ہیں جو اہل مکہ ہیں کیونکہ یہ لوگ ابن عباس رضی اللہ عنہ کے اصحاب ہیں جیسے مجاہد بن جبیر و عطاء بن ابی رباح و عکرمہ مولائے ابن عباس و سعید بن جبیر و طاؤس وغیرہم اور اسی طرح کوفہ والے جو عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے اصحاب ہیں اور اسی طرح اہل مدینہ مانند زید بن اسلم و اُنکے پسر یعنی عبدالرحمن بن زید بن اسلم و مالک بن انس۔ ھ۔ واضح ہو کہ عبدالرحمن بن زید بن اسلم کے حفظ میں کلام ہے لیکن امید ہے کہ تفسیر میں انکی روایت معتمد ہے۔ ھ۔ پھر تابعین میں مجاہد رح کو سبقت و تقدم ہے اور کیوں نہو کہ آپ نے (۳۰) مرتبہ قرآن مجید کو ابن عباس رض کو سنایا اور روایت ہے کہ میں نے تین مرتبہ ہر آیت پر توقف کر کے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اُسکے نزول و کیفیت کو دریافت کیا۔ خصیف رح نے کہا کہ مجاہد رح سب میں زیادہ عالم تفسیر تھے۔ سفیان ثوری رح نے کہا کہ جب تمکو مجاہد رح سے صحیح اسناد سے تفسیر پہونچے تو وہ تیرے واسطے کافی ہے۔ ابن تیمیہ نے کہا کہ اسی وجہ سے شافعی و بخاری وغیرہ علماء نے مجاہد رح کی تفسیر پر اعتماد کیا ہے۔ سفیان ثوری رح نے کہا کہ تفسیر کو چار علماء سے لو اور وہ مجاہد و سعید بن جبیر و عکرمہ و ضحاک ہیں قتادہ رح نے کہا کہ عطاء ابن ابی رباح علم مناسک میں زیادہ عالم تھے اور سعید بن جبیر علم تفسیر میں فائق تھے اور عکرمہ علم السیر میں مقدم تھے اور حسن بصری رح علم حلال و حرام میں سابق تھے۔ عامر بن شراحیل جو شعبی کے لقب سے معروف ہیں کہا کہ اب تو کتاب الٰہی کی تفسیر کا کوئی عالم عکرمہ سے بڑھکر نہیں باقی رہا۔ عکرمہ رح نے کہا کہ جو کچھ میں نے تمسے قرآن میں روایت کی وہ سب ابن عباس سے ہی ہے منجملہ اہل سبقت کے حسن بصری عطاء بن ابی رباح و عطاء بن ابی مسلمۃ الخراسانی و محمد بن کعب القرظی ابوالعالیہ و ضحاک و عطیہ العوفی و قتادہ و زید بن اسلم و مرۃ الہمدانی و ابومالک ہیں اور انھیں کے قریب قریب ابی بن انس و عبدالرحمن بن زید بن اسلم و ایک جماعت دیگر ہیں۔ پس سب لوگ تو قدماء مفسرین میں ہیں اور انکے اکثر اقوال ماخوذ از تلقین صحابہ رضی اللہ عنہم ہیں۔ **(فصل)** پھر اس طبقۂ تابعین قدماء کے بعد ایک طبقہ آیا کہ جنھے تفاسیر میں کتابیں تصنیف کیں جنمیں اقوال صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کو جمع کیا جیسے تفسیر سفیان بن عیینہ و وکیع بن الجراح و شعبہ بن الحجاج و یزید بن ہارون و عبدالرزاق و آدم بن ابی ایاس و اسحق بن راہویہ و روح بن عبادہ و عبد بن حمید و سنید و ابوبکر بن ابی شیبہ وغیرہم۔ پس انھوں نے اسناد کے ساتھ اقوال صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کو جمع کیا لیکن بوجہ قلت علم و معرفت کے ضعیف اسانید بھی بغیر تنبیہ کے لکھیں اسواسطے کہ انمیں قوی و ضعیف کی معرفت بخوبی معروف تھی۔ پھر انکے بعد ایک طبقہ آیا کہ جنھوں نے سب سے استیعاب کیا اور بعض نے صرف اسانید صحیحہ کا التزام کیا پس شیخ ابن جریر الطبری رح نے تفسیر مع اسناد تالیف کی اور یہ تفسیر سب سے بڑی تفسیر جامع ہے کہ اسکے مثل نہیں ہوئی پھر ابن ابی حاتم رح نے التزام صحت سند کے ساتھ تالیف کی اور ابن ماجہ و حاکم و ابن مردویہ و ابوالشیخ بن حیان و ابن المنذر وغیرہم نے تالیفات کیں اور ان سب میں اسناد بجانب صحابہ و تابعین و تبع تابعین مذکور ہیں اور ابن جریر رح نے باوجود اسکے ترجیح اقوال و توجیہ کی جانب بھی توجہ فرمائی پھر ایک زمانہ شروع ہوا کہ اسمیں لوگوں نے اسانید حذف کر دیں اور خالی اقوال نقل کرنے لگے جسمیں قوی ضعیف و صحیح و مریض سب خلط ہو گئے پھر اسکے بعد اس سے بھی زیادہ خرابی یہ شروع ہوئی کہ جسکو کوئی مضمون ظاہر ہوا اپنی رائے بھی درج کر دی اور پچھلوں نے اسکو نقل کرنا شروع کر دیا اور یہ نہیں دیکھا کہ اسکی اصل کہاں ہے بلکہ یہ گمان کر لیا کہ شیخ بہت محقق شخص تھا اسنے خواہ مخواہ ایسا ہی قول نقل کیا ہوگا جسکی اصل صحیح ہوگی اور ایسے ہی اقوال پر مدار کار بڑھتا گیا اور یہ نہیں دیکھا کہ سلف صالحین سے اس بارہ میں کیا تفسیر مروی ہے چنانچہ قولہ تعالیٰ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین

کی تفسیر مین مجھے دس اقوال ملے حالانکہ صرف تفسیر مغضوب علیہم کی یہود اور ضالین کی نصاری سے - یہی تفسیر ہی اور یہی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہی جمیع صحابہ و تابعین و اتباع سے ماثور ہی حتی کہ ابن ابی حاتم نے کہا کہ بین اسمین کوئی قول اختلاف درمیان مفسرین کے نہین جانتا ہون - پھر اسکے بعد ایک زمانہ آیا کہ جسنے جس فن و علم مین تبحر حاصل کیا اسنے قرآن مجید کی تفسیر مین اسی فن پر اقتصار کیا مثلاً نحوی کو دیکھو کہ وہ تفسیر لکھنے بیٹھا حالانکہ اعراب و اسکے وجوہ محتملہ بکثرت نکالتا چلا جاتا ہی اور قواعد و مسائل نحویہ لکھتا جاتا ہی قطع نظر اسکے کہ فنون بلاغت و معانی مقصود ہین کلام مجرد کس مرتبہ پر ہی - اسی طرح جسکو تاریخ کے فن مین توغل ہی وہ ہر طرح کے رطب و یابس وغیرہ قصص و تاریخ ہی جمع کرتا جاتا ہی خواہ صحیح ہون یا نہون چنانچہ ثعلبی کی تفسیر مین یہ بہت ملیگا - اسی طرح فقیہ اسمین کتاب الطہارۃ سے آخر تک ابواب فقہ و اصول و ادلہ لکھتا جاتا ہی اور اختلافات مجتہدین کے جوابات و خلافیات لاتا ہی جیسے تفسیر قرطبی مین ہی اور اسی طرح علم کلام و مباحث عقلیہ دالا اسی قسم کے مباحث کہ فلاسفہ کے اقوال و رد و قدح سے بھرتا ہی جیسے امام فخر الدین رازی کی تفسیر کبیر مین ہی حتی کہ بعض محققین نے کہا کہ اسمین سوائے تفسیر کے بہت کچھ موجود ہی - اسی طرح سبتعین کو دیکھو کہ وہ ہر مقام پر اپنی بدعت باطلہ ہی کی بحث لاتا ہی حالانکہ آیت کریمہ کو اس سے کچھ تعلق نہین ہی - شیخ بلقینی رح نے فرمایا کہ مین نے کشاف مین بہت جگہ سے اسکا اعتزال سمجھ لیا مثلاً قولہ تعالیٰ فمن زحزح عن النار و ادخل الجنۃ فقد فاز - یعنی جو شخص آگ سے دور کیا گیا اور جنت مین داخل کیا گیا وہ اپنی مراد پر فائز ہوا - اسکے بعد کشاف لکھتا ہی کہ (جنت سے بڑھکر کون فوز ہوگا) اسکا مطلب یہ کہ دیدار باری تعالیٰ نہین ہی حالانکہ اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک جنت کا فوز اسی وجہ سے کمال مرغوب ہی کہ وہان دیدار باری تعالیٰ شانہ نصیب ہوگا - اسی طرح ملحد کو دیکھو تو وہ آیات الٰہی مین وہ افترا و بہتان باندھتا ہی جو اللہ تعالیٰ و اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین فرمایا - مثلاً قولہ تعالیٰ ان ہی الا فتنتک - یہ نہین مگر تیرا فتنہ - ملحد لکھتا ہی کہ بندون پر انکے پروردگار سے زیادہ مضر کوئی چیز نہین ہے - اسی طرح دیگر اقوال کفر و الحاد ہین - پس ایسے ہی لوگون کی نسبت حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت مین ایک قوم ہوگی جو قرآن کو نشر الدقل کے مانند نثر کرینگے اسکو اسکی تاویل کے خلاف تاویل کرینگے - کمارواہ ابو یعلی وغیرہ - اگر سوال کیا جاوے کہ پھر ہم کون تفسیر معتمد سمجھین تو مین جواب دونگا کہ تفسیر ابن ابو جعفر ابن جریر الطبری المدنی کیونکہ علماء معتبرین جنمین امام نووی بھی ہین سب نے اتفاق کیا کہ اسکے مثل کوئی تفسیر تالیف نہین ہوئی ہی ہذا المخص الاتقان - مترجم کہتا ہی کہ یہ تفسیر ہمارے دیار مین نادر الوجود ہی اور مین نے تفسیر امام ابن کثیر کو دیکھا کہ اس باب مین نفیس ہی اور اکثر روایات مع الاسناد ہین اور جن اسانید کو حذف کیا انکا حوالہ دیا اور خود حافظ الحدیث معتمدین سے ہین چنانچہ کشف الظنون مین اس تفسیر کی تعریف مذکور ہی اور مترجم نے زیادہ اعتماد اسی تفسیر پر رکھا اور عمدہ مطالب کو کتب صحاح و سنن و دیگر تفاسیر مانند معالم التنزیل و سراج المنیر وغیرہ سے ملتقط کیا اور جن قصص و حکایات کی نسبت علماء محققین نے لغویات کا اشارہ کیا ہی انکو ترک کیا کیونکہ صحیح و عین ایمان وہ ہی جو کتاب الٰہی عزوجل مین فرمایا کہ اسی قدر سے کمال نفس متعلق ہی اور جہانتک قوی ثابت ہوئے ہین وہ زائد کیے گئے لیکن کہین کہین سراج کے قصص کسی فائدہ خاص سے منقول ہین جبکہ حتی الوسع انکی تحقیق و تنقید کرلی گئی - اور بعض قواعد ان شاء اللہ تعالیٰ آیندہ مذکور ہونگے - (فصل) اتقان مین فرمایا کہ کلام الصوفیہ کچھ تفسیر نہین ہی - مترجم کہتا ہی کہ اسی واسطے مین نے تفسیر سے علیحدہ کرکے عرائس کی بعض عبارات کو بلفظ اشارات الحقہ ترجمہ کیا - ابن الصلاح نے کہا کہ مین نے شیخ ابو الحسن الواحدی المفسر کی تحریر پائی کہ شیخ ابو عبد الرحمن السلمی نے حقائق التفسیر لکھی پس اگر سلمی رح کا یہ اعتقاد ہو کہ یہ تفسیر ہی تو یہ کفر ہی - ابن الصلاح نے کہا کہ میرا قول یہ ہی کہ صوفیہ مین سے جو لوگ اعتماد کے لائق ہین جب انھون نے کوئی کلمہ کہا تو اسکو تفسیر کے طور پر نہین کہا اور نہ انکا یہ خیال ہی کہ آیت مین یہ مقصود نص ہی ورنہ ملاحدہ باطنیہ کا مذہب ہو جاتا - باوجود اسکے اس سے سکوت بہتر تھا اور کاش یہ لوگ ان فوائد کو علیحدہ

بیان کرتے کیونکہ اسمین ایک طرح کا التباس ہوگیا۔ علامہ نسفی رح نے عقائد مین لکھا کہ نصوص قرآن و حدیث اپنے ظاہر معنی پر ہین اور ظاہر سے پھیر کر ایسے معانی جنکا باطنیہ فرقہ دعوی کرتا ہی محض الحاد ہی مترجم کہتا ہی کہ باطنیہ ملحد ایسے معانی کی جانب تحریف کرتے ہین جو حقیقی یا مجازی کچھ نہین ہین چنانچہ علامہ تفتازانی رح نے لکھا کہ یہ ملحدین مدعی ہین کہ نصوص مین ایسے معانی ہین کہ سوا ہمارے معلم کے انکو کوئی نہین جانتا ہی یعنی دعوی کرتے ہین کہ جس پیر سے بیعت کی ہی وہی انکو خوب جانتا اور تعلیم کرتا ہی اور اس سے ان ملحدون کی غرض یہ کہ شریعت کو بالکل مٹا دین اور یہ لوگ ملحد زندیق ہین۔ ہان محققین مشائخ جو کہتے ہین کہ نصوص سے ظاہر معنی مراد ہین اور باوجود اسکے نصوص مین بعضے ایسے اشارات ہین کہ اسمین اور ظاہر معنی ہین جو مقصود ہین تطبیق ممکن ہی تو یہ قول کمال ایمان و محض عرفان ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ مین نے قدماے مشائخ و اولیاے سلف کے کلمات کو تتبع کیا تو بے شبہہ وہ اشارات عین معرفت ہین بلکہ وہ نصوص سے خود مستفاد ہین لیکن انکے ساتھ ضرور ہی کہ آدمی اپنے قلب سے متوجہ الی اللہ تعالی ہو اور ہوا جس سے جدا ہو اور باوجود اسکے بعضے اشارات کا استفادہ نصوص کثیرہ کے افادات کی ترتیب لطیف کے ساتھ جمع کرنے سے نکلتا ہی اور بعض لطائف کا استفادہ آسان ہی مثلا اللہ تعالی نے ایمان کی خوبی ہر بندہ کی شناخت مین اسطرح رکھی کہ اسکو موت محبوب ہو اور قدماے مشائخ سے ماثور ہی کہ ولی کے واسطے موت نعمت غیر مترقبہ ہی پس اسکا استفادہ بوجوہ متعددہ ہی اول قولہ تعالی قل ان کانت لکم الدار الآخرۃ عند اللہ خالصۃ من دون الناس فتمنوا الموت ان کنتم صادقین۔ اور مذمت فرمائی یہود وغیرہ کی بقولہ۔ یود احدہم لو یعمر الف سنۃ لیکن کمال رحمت سے یہ امر مومنون پر ظاہر منصوص نہین فرمایا کیونکہ قبل کمال کے موت سے کراہت طبعی ہوتی ہی علاوہ برین خوف الہی عزوجل عین ایمان ہی کیونکہ یہ کوئی بندہ تکبر نہین کرسکتا کہ اسکے واسطے دار آخرت ہی بلکہ وہ صرف صحت صادقہ رکھتا ہی۔ سعید بن جبیر رحمہ اللہ تعالی نے حجاج ظالم سے کہا تھا کہ تو میرے قتل سے پریشان ہوگا اور نہ تجھے یہ غرہ ہو کہ تو نے مجھے اچھے قتل کیے کیونکہ وہ لوگ موت کے منتظر تھے۔ اور مترجم کہتا ہی کہ قال تعالی انتم من قضی نحبہ ومنہم من ینتظر۔ اور اللہ تعالی نے فرمایا۔ ولقد کنتم تمنون الموت من قبل ان تلقوہ فقد رایتموہ وانتم تنظرون اور جب اللہ تعالی نے یہودیون کی حرص حیات دنیاوی پر مذمت فرمائی تو ہم لوگون کو گمان لگانا چاہیے۔ وفی الحدیث السعید من وعظ بغیرہ۔ یعنی مرد سعید وہ کہ دوسرے کو دیکھکر نصیحت پاوے۔ ولقد قال تعالی وما الحیوۃ الدنیا الا متاع الغرور۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تمناے موت سے منع فرمایا بدین معنی کہ نیک کی نیکیان زیادہ ہونگی اور بد کار شاید توبہ کی توفیق پاوے پس یہ حکم حق ہی اور کسی کو روا نہین کہ کسی دکھ درد کی وجہ سے موت کی تمنا کرے کیونکہ یہ امر آفت سے بیبا کی ہی کیونکہ مومن خائف موت سے فقط اپنے گناہون و ندامت سے ہراسان ہوتا ہی باوجود جزم اسکے کہ بمغفرت آلہی عزوجل کے ساتھ دار آخرت ہی دار کرامت و عیش ہی اور جو شخص وصول مراد کو اس دار فانی سے نکل جانے پر معلق دیکھے وہ جذب محبت مین آزردہ ہوگا حالانکہ اسمین اور جس شخص کو دکھ درد سے تمناے موت ہی تفاوت علم و جہل ہی اور تفاوت آسمان و زمین ہی پس یہ اشارہ قوی نصوص کے ساتھ آسانی سے مفہوم ہی اور یہان اشارات دقیقہ ہین کہ طول تذکر و تفکر کے ساتھ حاصل ہوتے ہین و ما یذکر الا اولوا الالباب۔ اور یہی محققین حکماے ربانیین ہین بخلاف ملاحدہ باطنیہ کے کہ جو عین وسوسۂ شیطان و نفس مین شیطانی خیالات کے متبع و نصوص کے معانی سے منکر ہین اور خوب جان لینا چاہیے کہ اللہ تعالی نے فرمایا۔ ان الشیاطین لیوحون الی اولیائہم۔ اور باین معنی یہ لوگ اکثر امور سے لوگون کو بدعوی کشف و الہام آگاہ کرتے اور اپنے دام مین پھنساتے ہین حالانکہ عوام یہ نہین جانتے کہ انکو الہام شیطانی ہی اور کوئی شخص نہین پاؤگے جو اپنے قیاسات سے الہام و کرامت مین اور استدراجات شیطانیہ مین اپنی قوت سے فرق کرلے اور اسی جہت سے اللہ تعالی نے ہمکو نہایت آسانی سے فرق کرنیکا طریقہ بتلادیا کہ جو شخص عین اتباع سنت و شریعت پر مستقیم ہو وہ ولی ہی اور بدعت سے خارج ہو ہر چند وہ کرشمہ دکھلاوے ہرگز اسپر ایمان نہ لاؤ کیونکہ صراط مستقیم سے جیبا ہرگز

تو کیونکر جانوگے کہ لطف الٰہی عزوجل سے معذور رکھا گیا ہی یا وہ شیطان کے تابع کرکے مطرود کیا گیا ہی پس جو لوگ لباس صوفیہ مین پھیرتے ہوے
لاکھون مرید رکھتے ہین جب دیکھو کہ وہ شریعت وانباع سنت سے خارج ہی تو ہرگز مطمئن نہو کہ وہ شیطان کی اتباع مین کمال رکھتا اور وحی شیطانی
سے بہت سے استدراجات دکھلاتا ہی اور مترجم نے اس قسم کے چند مدعیون کو دیکھا کہ وہ شریعت مین الحاد اور معانی نصوص سے جاہل اور اقوال
مین تحریف کرتا ہی۔ اعاذنا اللہ تعالی من ذلک۔ ع۔ قال اللہ تعالی ان الذین یلحدون فی آیاتنا لایخفون علینا۔ اسکی تفسیر مین ابن عباس رضی
کہا کہ الحاد آیات یہ کہ کلام الٰہی عزوجل کو بے موقع رکھے۔ رواہ ابن ابی حاتم۔ اور ابن مسعود رضی نے فرمایا کہ ہر آیت کے شان ہی کہ اسکے معانی ایک
قوم نے عمل کیا اور اسکے واسطے ایک قوم آویگی جو اسپر عمل کرے۔ رواہ ابن ابی حاتم۔ مترجم کہتا ہی کہ اسمین حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر عمل کرنے والے
قیامت تک ماضی و مستقبل داخل ہین غیرازینکہ حضرت آدم سے لیکر زمانہ اسلام جو لوگ گزرے جہانتک کسی کا حال معلوم ہوسکتا ہی معتمد وہ
کہ خود قرآن پاک مین بیان ہی اور عجائبات مین سے یہ کہ قرآن پاک کی تاویلات آیات ہر ایک قوم مابعد مین مشاہدہ ہوتی جاتی ہی اور دلیل اسپر یہ کہ خود
حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص اولین و آخرین کا علم چاہے وہ قرآن سے منور ہو۔ ذکرہ فی الاتقان۔ اور بعض نظائر بطور آسان
مثال کے یہ ہین کہ قال تعالی یا ایہا الذین آمنوا ان کثیرا من الاحبار والرہبان لیاکلون اموال الناس بالباطل الآیہ۔ یعنی اللہ تعالی نے مومنون کو خطاب
فرمایا کہ اے اہل ایمان بہت سے علماے یہود اور درویشان نصاری البتہ باطل ذریعہ سے لوگون کے مال کھاتے اور بہکاتے ہین۔ علماء مفسرین نے
کہا کہ مومنین کو احبار و رہبان کا حال اس تنبیہ کے واسطے سنایا کہ تم مین ایسے لوگ نہونا چاہیے۔ حالانکہ اسوقت اہل ایمان مشاہدہ کرتے ہین کہ بہت لوگ
عالم بنے ہوے یہی وتیرہ رکھتے ہین کہ بدعات و منکرات کے ذریعہ سے عوام کو اپنی طرف راغب کرتے ہین اور علماے ربانیین کی نصائح سے انکو بہکاتے
حتی کہ عوام اہل حق کے دشمن ہو جاتے ہین اور اس قسم کے درویشون کو ہر جگہ پاوگے قولہ تعالی واتقوا فتنۃ لاتصیبن الذین ظلموا منکم خاصۃ۔ یعنی ایسے
فتنہ سے بچو جو تم مین سے فقط ظلم کرنے والون ہی کو خاصۃ نہین پہونچیگا۔ یعنی وہ فتنہ جب نازل ہوا تو عام ہوکر ظالم و متقی سب کو گھیر لیگا۔ حضرت
زبیر بن العوام رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی شہادت مین ایک قوم نے ظلم کیا اور اسکے بعد مسلمانون مین فتنہ پھیل گیا
تو حضرت زبیر رضی اللہ عنہ اس آیت کو پڑھکر فرماتے کہ ہم نہین جانتے تھے کہ اسکی تاویل ہم ہی لوگون مین واقع ہوگی یعنی افسوس کرتے کہ ہم سب کو اسوقت
ان ظالمون کو گرفتار کرنا واجب تھا لیکن امر الٰہی قدر مقدور ہی۔ حدیث مین ہی کہ تم لوگ ظالمون کے ہاتھ روکو گے ورنہ اللہ تعالی تم مین پھوٹ پیدا کریگا
حتی کہ تم مین سے مرد صالح دعا کریگا اور قبول نہوگی۔ اور تمام تفسیر کتابون مین دیکھو۔ اسمین تنبیہ ہی کہ اس ملک مین سلاطین و امرا نے ظلم کیا و طرح طرح کے
شہوات پر کمر باندھی اور اسوقت علماے و عوام صالحین نے کچھ نکیا یا وہ نہ مانے آخر سب ہی مغلوب کر دیے گئے حتی کہ کوئی دل متفنن نظر نہین آتے
ہین۔ اسی قسم سے حدیث اشراط الساعۃ مین ہی کہ یون کے چرانے والے عمارات عالیہ مین تطاول کرینگے اور اسوقت صم بکم ملوک الارض ہونگے۔ تاویل
واللہ تعالی اعلم اب نظر آتی ہی کہ اقوام تاتاری نے ملکون پر قبضہ کیا اور دنیاوی آرایش مین مبتلا ہوگئے حتی کہ اسلام جو آخرت کی تعمیر و زراعت تھا
چھوٹا اور دنیا کی جانب مرجع ہوگیا اور اسوقت روے زمین کے بادشاہون کی یہ کیفیت ہی کہ دنیاوی تدابیر و آرایش بہت کثیر مگر اللہ تعالی کی معرفت مین
محض گونگے بہرے ہین اور مؤید اسکی وہ حدیث ہی کہ فرمایا کہ قریب قیامت کے تاتاری تمام روے زمین پر غالب و بکثرت ہونگے اور لوگ انکی اتباع کرینگے۔
اسوقت آنکھون کے سامنے یہ منظر موجود ہی حالانکہ حدیث اسوقت جمع ہوئی کہ نصرانیون کی قلت و ضعف سے کوئی نہین سمجھتا تھا کہ یہ لوگ کیونکر
ایسے عروج پر ترقی کرینگے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین جسطرح ظلم و فسق و فجور اقوام روم وغیرہ مین تھا وہ معلوم ہی اور آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے آگاہ فرمایا کہ اس امت والے بھی یہود و نصاری کی قدم بقدم چلینگے۔ چنانچہ جو لوگ علم تاریخ سے واقف ہین وہ بعینہ مطابق پاتے

ہین کہ جو افعال قبیحہ انمین شائع تھے وہی آخر مسلمانون مین پھیل گئے۔ اور اگر مترجم چاہے تو جو اسنے حدیث سے نقل کیا اسکی آیت قرآن سے سورۂ بنی اسرائیل سے لاوے ولیکن مثال مین قدر مذکور کافی ہی۔ بالجملہ یہ ثابت ہوا کہ قرآن مجید مین آیات کریمہ جیسے اگلون کے حالات مین ہی اسطرح آیات کریمہ قیامت تک قومون کے بیانات ہین اور یہ امر اعجاز سوائے حضرت خلاق العلیم عزوجل کے مقدور بشری نہین ہی اور احادیث گویا تفسیر آیات ہین اور حدیث مین آیا کہ اس امت کے فساد و زوال کے وقت مین یہ لوگ اتباع و طریق سنت چھوڑ کر دیگر ذرائع سے عروج و ترقی کی خواہش کرینگے حالانکہ اس چال سے انکو کچھ حصول نہوگا۔ اصل حدیث سنن ابن ماجہ وغیرہ مین ہی۔ حالانکہ اسوقت تم دیکھتے ہو کہ بالکل یہی مشاہدہ ہی۔ منجملہ علامات کے روایت ہی کہ اسوقت قریب مصر کے ایک شخص اسلام کے واسطے قتال کریگا اور وہ آخر مغلوب ہو جائیگا۔ اور اس روایت مین حاکم مصر کا حلیہ و مذمت مذکور ہوا اور یہ سب مشاہدہ ہو چکا۔ یہ سب آسان نمونہ علم الکتاب ہی۔ اور معلوم ہوا کہ قرآن پاک مین علم اولین و آخرین موجود ہی اور یہ خلاف ظاہر تفسیر نہین ہی۔ ۴ شیخ نے اتقان مین لکھا کہ اس سے قرآن کے علوم غیر متناہی و عجائب بے نہایہ معلوم ہو گئے لیکن پہلے ظاہر تفسیر کا حفظ اور اسپر مستقیم ہونا امر ضروری ہی اسواسطے کہ ظاہر کو محکم کرنے سے پہلے باطن تک پہونچنے کی کوئی امید نہین ہی۔ مترجم کہتا ہی بلکہ دلیل منصوص یہ کہ حدیث مین ہی کہ جسنے عمل کیا اسپر جو جانا تو اللہ تعالی اسکو اسپر امر کا علم دیتا ہی جو اسنے نہین جانا۔ اس سے تحقیق مستفاد ہوا کہ جسنے ظاہر تفسیر پر عمل کیا اسکو تاویلات باطن کا علم حاصل ہوتا ہی۔ اور روایت حدیث کہ قرآن کے واسطے ظہر و بطن ہی۔ اس سے یہی مراد کہ ظاہر تفسیر پر استحکام و استقامت سے تاویلات و علوم باطنہ حاصل ہوتے ہین پس جب کسی شخص کو اول درجہ بطن پر علم ہوا تو یہ بطن اسکے حق مین ظہر ہو گیا یعنی یہ اسکے حق مین ظاہر تفسیر ہو گیا پس جب وہ اس بطن پر مستقیم رہا وہ عمل کیا تو آیندہ اسکو درجہ دوم جو اس سے اعلی ہی ظاہر ہوا اور بعد ظہور کے وہ بھی اس شخص کے حق مین ظہر ہو گیا و علی ہذا القیاس اور مراتب کی کوئی انتہا نہین ہی۔ ۴ شیخ تاج الدین بن عطاء اللہ نے کتاب لطائف المنن مین لکھا کہ مشائخ صوفیہ نے جو کلام الہی عزوجل و احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تفسیر بیان کی اور وہ معانی عجیبہ غریبہ ہین تو یہ ظاہر نصوص سے اعراض نہین ہی بلکہ وہ لوگ کہتے ہین کہ ظاہر معانی بیشک مراد ہین اور باوجود اسکے آیت یا حدیث سے یہ معنی باطن بھی اس شخص کو مفہوم ہوتے ہین جسکا سینہ اللہ تعالی نے کھول دیا۔ ۵ مترجم کہتا ہی کہ بہ معنی مترجم نے بعض اشارات عارفین کو فائدہ کے ذیل مین ترجمہ کیا تاکہ صاحب نصیب اپنے حال کو شریعت و تقوی سے آراستہ کرکے ان معانی کا شائق ہو واللہ سبحانہ تعالی الموفق للسداد۔ ۴ **فصل** اتقان مین نفائس علوم القرآن بہت بسط کے ساتھ ذکر فرمائے جسمین سے مترجم نے بطور لباب لینا ضروری و احسن سمجھا واللہ المستعان۔ واضح ہو کہ قرآن مجید کے اشرف علوم مین سے یہ کہ اسکے نزول و اسباب نزول و ترتیب نزول و نازل مکہ و نازل بمدینہ مع ترتیب نزول ہر مقام اور مکی کا حکم مدنی و برعکس اور مکی کا حکم متعلق بمدینہ و مدنی کا حکم متعلق بمکہ اور مکیہ مشابہ بمدنی و برعکس اور نازل بجحفہ و بیت المقدس یا تبوک و طائف و حدیبیہ اور آیات لیلی و نہاری و صیفی و شتائی وغیرہ جانے اور معلوم کرے کہ کس کلام کے مشابہت مین گروہ بلا کہ آیا کہ نہین اور جانے کہ مکیہ سورتون مین کون آیات مدنیہ ہین اور مدنیہ سورتون مین کون آیات مکیہ ہین یعنی اکثر سورہ کا نزول مدینہ مین ہوا مگر بعض آیات سابق ہین ہجرت سے پہلے مکہ مین نازل ہوئین۔ اور پہچانے کہ کس کلام کو مکہ سے حبش یا مدینہ لے گئے اور کس کلام کو مدینہ سے نقل کیا اور کون کلام مجمل اور کون مفسر تا و کون آیات کے مکیہ یا مدنیہ ہونے مین مجتہدین کے اقوال ہین۔ ۵ بالجملہ انواع کثیرہ متعبدہ ہین لہذا ہر ایک کو نوع علحدہ مین بیان کرنا مناسب ہی۔ **(النوع الاول بیان مکیہ و مدنیہ)** واضح ہو کہ اصطلاح مکی و مدنی داخل قرآن مجید نہین اور نہ آنحضرت صلعم اسواسطے مامور تھے اور نہ اللہ تعالی نے اسکا جاننا امت پر فرض کیا بلکہ اسکا پہچاننا بطریق اجتہاد اور تتبع روایات ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہی کہ قرآن کا نزول مکہ و مدینہ و شام مین ہوا۔ رواہ الطبرانی فی الکبیر۔ شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ شام سے تبوک مراد ہی یعنی جب آپ غزوہ تبوک کو

تشریف لے گئے اور وہاں قرآن مجید نازل ہوا اور وہ پارہ یازدہم کے آیات کثیرہ ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ مکہ و مدینہ سے ان دونوں کی حالت قیام مراد ہے
لہذا اشہر اصطلاح یہ کہ مکیہ وہ سورہ یا آیت جو ہجرت سے پہلے نازل ہوئی خواہ مکہ میں ہو یا طائف وغیرہ سفر میں ہو اور مدنیہ وہ کہ بعد ہجرت سے
نازل ہوئی خواہ مدینہ یا سفر میں اگرچہ مکہ میں ہو۔ و علی ہذا جو تبوک یا حج وغیرہ میں نازل ہوئی وہ مدنی ہے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے قسم کے ساتھ بیان کیا
کہ میں ہر آیت کے سبب نزول کو اور مقام نزول کو جانتا ہوں۔ کما رواہ البخاری۔ پس یہ علم مرغوب ہے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوع روایات
اس باب میں نہیں بلکہ یہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے حفظ پر مبنی ہے۔ پھر اکثر علماء رح اس بارہ میں منقول روایت پر اعتماد کرتے ہیں اور بعضوں نے
سیاق و احکام وغیرہ سے بھی استنباط کیا۔ (بیان کیفیت و مدتیہ) واضح ہو کہ آج کل جس ترتیب سے قرآن مجید تلاوت ہوتا ہے یہی ترتیب لوح محفوظ میں ہے
اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا قطعی اجماع ہے اور اسی پر صحابہ رضی اللہ عنہم کو حفظ تھا اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے سورتوں کو طویل و وسط و قصیر
کے لحاظ سے دوسری طور پر جمع کیا لیکن ترتیب لوح محفوظ میں اس سے کچھ اختلاف مؤثر نہیں ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سورۃ العام پوری اکیلی رات
مکہ میں نازل ہوئی باستثنائے تین آیات قل تعالوا الخ۔ اور اس سے پہلے جو سورہ ہیں (بقرہ و آل عمران و نساء) وہ مدینہ میں نازل ہوئیں اور مکہ میں
نازل ہوا سورۂ اعراف و یونس و ہود و یوسف و رعد و ابراہیم و سورۂ حجر و نحل سوائے آخری تین آیات کے کہ وہ مدینہ میں غزوۂ احد سے واپسی
کے وقت نازل ہوئیں۔ و سورۂ بنو اسرائیل و کہف و مریم و طٰہٰ و انبیاء و سورۂ حج سوائے تین آیات ہذان خصمان مختصمو فی ربہم الخ کے کہ یہ آیات مدینہ
میں نازل ہوئیں۔ و سورۃ المومنین و الفرقان و سورۂ شعراء سوائے آخری پانچ آیات یعنی الشعراء یتبعہم الغاوون الخ کے۔ و سورۃ النمل و
القصص و العنکبوت و الروم و سورۂ لقمان سوائے قولہ ولو ان ما فی الارض من شجرۃ اقلام الخ کے کہ مدینہ میں نازل ہوئیں۔ و سورۃ السجدہ سبا
تین آیات افمن کان مومنا الخ کے۔ و سورۂ سبا و فاطر و یٰسین و الصافات و ص و سورۂ زمر سوائے تین آیات قل یا عبادی الذین اسرفوا الخ کے کہ
وحشی قاتل حمزہ رضی اللہ عنہ کے بارہ میں نازل ہوئیں۔ سورہ تہامی سبعہ حوامیم یعنی ساتوں سورہ حٰمٓ تمامی مکی ہیں۔ سورۂ ق و الذاریات و
طور و النجم و اقتربت و سورۃ الرحمن و الواقعہ و الحدید و سورہ التغابن سوائے چند آیات آخری کے کہ وہ مدینہ میں نازل ہوئیں۔ و سورۃ الملک و
سورۂ ن و الحاقہ و سورہ سال و سورۂ نوح و الجن و المزمل سوائے دو آیات ان ربک یعلم انک تقوم الخ کے۔ و سورۃ المدثر سے آخر قرآن تک بھی
سب مکیہ ہیں سوائے سورۂ اذا زلزلت و اذا جاء نصر اللہ و قل ہو اللہ احد و قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس کے کہ یہ مدینہ میں نازل
ہوئیں اور اسی طرح مدینہ میں نازل ہوا سورۂ انفال و براءۃ و نور و احزاب و سورۂ محمد و الفتح و الحجرات و الحدید و اسکے مابعد کی سورتیں سب سے
تحریم تک کہ یہ سب مدنیہ ہیں۔ رواہ ابو جعفر النحاس باسناد جید رجالہ کلہم ثقات من علماء العربیۃ المشہورین۔ اور بیہقی نے عکرمہ و حسن
بن ابی الحسن سے مرسلاً اور بطریق مجاہد عن ابن عباس موصولاً اسکے معنی روایت کیے۔ (بیان ترتیب نزول) یعنی مثلاً مکیات
سورتوں میں اول کون سی سورت اخیر تک۔ اسی طرح مدنیات میں نزول کی ترتیب کیونکر ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کمال حکمت و عین حکمت سے
اسی ترتیب لوح محفوظ پر جو موجود ہے نازل نہیں فرمایا بلکہ بسبب واقع و ضرورات کے نازل فرمایا اور اسمیں بعضے لطائف اسرار ہیں جو آئندہ
انشاء تعالیٰ بیان ہونگے لہذا تلاوت کی موجودہ ترتیب تو معلوم ہے۔ رہا علم ترتیب نزول تو ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب کسی سورہ کا
ابتداء مکہ میں نازل ہوا تو وہ مکہ میں لکھا جاتا تھا پھر اللہ تعالیٰ جو کچھ چاہتا تو اسمیں زیادت و نحو فرماتا تھا اور قرآن میں سے جو اول نازل ہوا وہ
اقرأ باسم ربک ہے۔ ۱۲ منہ۔ مترجم کہتا ہے کہ طول کے ساتھ ابن الضریس نے بسند ضعیف روایت کیا اور میں نے دو وجہ سے اسکا ترجمہ چھوڑا
ایک یہ کہ اسناد قوی نہیں ہے اور دوم یہ کہ ابتداء کے لحاظ سے سورۂ لکھا گیا جیسا کہ خود ابن عباسؓ سے مروی ہے اگرچہ ابتداء میں چند آیات کا

نزول ہوا پھر باقی تمام سورہ مدینہ مین نازل ہوا پس بلحاظ کثرت کے سورہ مدنی ہی اور بلحاظ ابتدا کے مکی مین شمار ہوگا پس عوام کو خلط ہو جائیگا۔ شیخ ابن الحضار رح نے فرمایا کہ کوئی سورہ مکیہ و مدنیہ نہین مگر آنکہ اسمین سے آیات مستثنی ہین۔ اسکا حاصل یہی کہ سورہ کا مکی یا مدنی نام بوجہ کثرت آیات کے ہی ورنہ مدنی مین سے جو آیات قلیلہ کہ مکہ مین نازل ہوئین انکے لحاظ سے وہ مکیہ ہوگا۔ یا مکیہ سے جو آیات مدینہ مین نازل ہوئین انکے اعتبار سے وہ مدنی ہوگا لیکن اکثر وزائد کے لحاظ سے نام رکھا گیا شیخ ابن الحضار نے کہا کہ (۸۶) سورہ بالاتفاق مدنی ہین اور (۱۲) سورہ کے مکی و مدنی ہونے مین اختلاف ہی اور باقی بالاتفاق مکی ہین۔ (فصل) جن سورتون کے مکی و مدنی ہونے مین اختلاف ہی از انجملہ۔ **الفاتحہ** ابو عبید و فریابی رح نے بسند صحیح حضرت مجاہد رح سے روایت کیا کہ وہ مدنی ہی اور ابن عطیہ نے بھی قول زہری و عطاء وسوادو عبداللہ بن عبید بن عمیر نقل کیا اور طبرانی رح نے بسند صحیح مجاہد رح کے طریق سے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ان ابلیس سن حین انزلت فاتحۃ الکتاب وانزلت بالمدینۃ یعنی جب سورۃ فاتحۃ الکتاب نازل ہوا تو ابلیس ہیچک کر رویا اور وہ مدینہ مین نازل ہوا۔ بعض علماء رح نے کہا کہ شاید آخری جملہ کہ وہ مدینہ مین نازل ہوا، مجاہد رح نے اپنا کلام ملا دیا یعنی ایسے طور پر بیان فرمایا کہ وہ ابوہریرہ رض کے کلام سے مل گیا حتی کہ راوی نے اسکو کلام ابوہریرہ رض سمجھا۔ کیونکہ جمہور علماء کے نزدیک سورۂ فاتحہ مکیہ ہی اس دلیل سے کہ اول تو شرع مین معہود نہین کہ کوئی نماز بغیر فاتحہ ہو۔ دوم یہ کہ قولہ تعالے السبع المثانی والقرآن العظیم۔ کی تفسیر صحیح بخاری وغیرہ مین سورۂ فاتحہ ہی اور آیت کریمہ سورۃ الحجر مین ہی جو بالاتفاق مکیہ ہی تو سورۃ الحجر سے پہلے نزول ہوا جس سے احسان رکھا۔ مترجم کہتا ہی کہ دلیل اول کا ضعف ظاہر ہی اور دلیل دوم کا جواب یہ ہی کہ محققین کے نزدیک سبع مثانی سات سورۂ طوال ہین چونکہ سات سورہ مع باقی قرآن کا علم اس سورۂ فاتحہ مین جمع فرمایا جیسا کہ حسن بصری رح وغیرہ سے بسند صحیح مروی ہی اور من الکمان کے نوع فاصل و مفعول مین بتوضیح مذکور ہی لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ فاتحہ سے تفسیر فرمائی کیا نہین دیکھتے ہو کہ سبع مثانی و قرآن عظیم۔ دونون کی یہ تفسیر ہے اور یہ نہین دیکھتے ہو کہ بالاتفاق آپ نے یہ تفسیر مدینہ منورہ مین فرمائی ہی۔ پس یہ دونون دلائل ضعیف ہین ہان ابتداء مین جو انزکہ ابن عباس رض سے منقول ہی اس سے بھی مدینہ ہونا ظاہر ہوتا ہی کیونکہ سورۂ انعام سے پہلے جملہ سورتون کو مدنی فرمایا ہی۔ بعض علماء نے دونون قول مین اسطرح توفیق دی کہ سورۂ فاتحہ دو مرتبہ نازل ہوا۔ مترجم کہتا ہی کہ جیسے آیت وضوء مین اشکال ہی کہ وہ بالاتفاق سورۂ مدنیہ مین ہی حالانکہ نماز بغیر طہارت کے ماثور نہین ہی۔ اور جیسے یہ زعم کیا کہ سورۂ نساء مکیہ ہی اسکا زعم خلاف حدیث صحیح حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے زعم غلط ہی۔ از انجملہ **سورۃ یونس** بقول مشہور مکیہ ہی۔ ابن عباس رض نے کہا کہ جب آنحضرت صلعم مبعوث ہوئے تو کفار عرب نے تعجب سے انکار کیا کہ اللہ تعالی کے شان اعلی ہی کہ آدمی کو اسکا رسول ہو۔ پس نازل ہوا۔ اکان للناس عجبا الآیۃ۔ رواہ ابن ابی حاتم۔ مترجم کہتا ہی کہ اس قدر صرف ثبوت ہوا کہ مکہ مین نزول شروع ہوا اور یہ منافی نہین کہ زائد سورۃ کا نزول مدینۂ منورہ مین واقع ہوا ہو فافہم۔ **سورۃ الرعد** مجاہد و علی بن ابی طلحہ کی روایت ابن عباس رض مین مکیہ ہی اور روایت اوپر گزری اور دیگر روایات مین مدنیہ ہی اور وفاق یہ کہ باعتبار اکثر آیات کے مکیہ اور بعض آیات مانند قولہ تعالی اللہ یعلم ما تحمل کل انثی الآیہ مدنیات ہین۔ **سورۃ الحجر** از ابن عباس رض مین جو اوپر گزرا مکیہ ہی باستثنائے چند آیات کے اور دیگر آثار مین مدنیہ ہی اور جمہور کے نزدیک اس سورۂ مین آیات مکیہ و مدنیہ مختلط ہین یعنی اکثر کے لحاظ سے مکی یا مدنی نہین کہہ سکتے ہین۔ **سورۃ الفرقان** جمہور کے نزدیک مکیہ ہی اور قول ضحاک مین مدنیہ ہی۔ **سورۃ یٰسین** مشہور یہ کہ اتفاقا مکیہ ہی اور بعض نے قول غریب مدنیہ ہونے کا نقل کیا۔ اسی طرح **سورۃ ص** کا حال ہی۔ جیسے سورۂ محمد و حجرات مدنیہ ہین اور قول غریب مکیہ کا نقل کیا گیا۔ **سورۃ الرحمن** جمہور کے نزدیک مکیہ اور یہی صواب ہی بدلیل روایۃ الترمذی والحاکم دربارۂ حسن جواب الجن حالانکہ قصۂ جن مکہ مین واقع ہوا تھا۔

وعن اسماء بنت ابی بکر قالت سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو یصلی بحوارکین قبل ان یصدع بما یؤمر والمشرکون یسمعون فما سمعت صوتا اکذب منہ رواہ احمد باسناد جید۔ (سورۃ الحدید) بقول جمہور مدنیہ ہی لیکن خلاف نہیں کہ اسمین آیات مکیہ ہین ظاہر وہ ابتدائی ہمن۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے اسلام کا سبب یہ کہ آپ اپنی بہن کے یہان گئے تو ایک صحیفہ دیکھا جسمین اول سورۂ حدید مکتوب تھی اسکو پڑھا اور یہی سبب اسلام ہوا کما رواہ البزار وغیرہ۔ (سورۃ الصف) بقول جمہور مختار و مرجح یہ مدنیہ ہی۔ عبداللہ بن سلام نے کہا کہ ہم لوگ چند اصحاب رضی اللہ عنہم بیٹھے ذکر کرتے تھے کہ اگر ہم جانتے کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک کون عمل زیادہ محبوب ہی تو اسپر عمل کرتے پس اللہ تعالیٰ نازل فرمایا قولہ سبح للہ ما فی السمٰوٰت وما فی الارض وھو العزیز الحکیم یا ایہا الذین آمنوا لم تقولون الخ۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آخر سورۃ تک سنائی۔ رواہ الحاکم وغیرہ۔ (سورۃ الجمعۃ) بقول صحیح وہ کل مدنیہ ہی بدلیل حدیث ابی ہریرہ عند البخاری وقصہ الفضاض بحوالت خطبہ بروایت صحاح۔ (سورۃ التغابن) ایک قول مین صرف آخر مدنیہ ہی اور دوم مین کل مدنیہ ہی۔ (سورۃ الملک) مشہور قول اتفاقی یہ کہ مکیہ ہی وغریب قول مجہول یہ کہ مدنیہ ہی اور صواب اول ہی۔ (سورۃ الانسان) بعض نے آیت واحدہ ولا تطع منہم کو مکیہ کہا اور بعض نے کل مدنیہ۔ (سورۃ المطففین) بروایت نسائی عن ابن عباس مدنیہ ہی والاسناد صحیح۔ پس یہی معتمد ہی۔ (سورۃ الاعلیٰ) بقول جمہور مکیہ ہی بتائید حدیث البخاری عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ اور شاید کہ سفر ہجرت مین نزول ہو۔ (سورۃ الفجر) بقول جمہور مکیہ ہی۔ (سورۃ البلد) اظہر یہ کہ مکیہ ہی یہی سیاق ہی۔ (سورۃ اللیل) بقول اشہر مکیہ ہی اور قصہ اسباب نزول سے مدنیہ ظاہر ہوتی ہی وقیل مختلط۔ (سورۃ القدر) اکثر کے نزدیک مکیہ ہی اور ترمذی وحاکم نے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دکھلایا گیا کہ بنو امیہ آپ کے منبر پر ہین تو آپکو ناگوار ہوا پس نازل ہوا انا اعطیناک الکوثر۔ ونازل ہوا انا انزلناہ فی لیلۃ القدر لیکن مرسل ہی نے کہا کہ یہ حدیث منکر ہی۔ (سورۃ لم یکن) بقول اشہر مکیہ ہی اور مدنیہ کی تائید بروایت ابوجحیفۃ البدری رضی اللہ عنہ کہ ایک سورہ لم یکن نازل ہوئی تو جبرئیل نے آکر کہا کہ یا رسول اللہ آپ کا پروردگار آپ کو حکم فرماتا ہی کہ آپ ابی بن کعب کو یہ سورہ پڑھاوین۔ رواہ احمد۔ اسی دلیل سے شیخ ابن حجر نے جزم کیا کہ مدنیہ ہی۔ مین کہتا ہون کہ سنن وفضائل ابی بن کعب مین جو وارد ہی کہ میرے رب نے مجھے حکم دیا کہ مین تجھپر سورۂ لم یکن پڑھون پس اول دلیل ہے شیخ ابن حجر کے جزم کی کہ مدنیہ ہی۔ مین کہتا ہون کہ سنن وفضائل ابی بن کعب مین جو وارد ہی کہ میرے رب نے مجھے حکم دیا کہ مین تجھپر سورۂ لم یکن پڑھون پس اول ابی بن کعب نے عرض کیا کیا اب عزوجل نے میرا نام لیا آپنے فرمایا کہ ہان پس ابی بن کعب رضی اللہ عنہ رونے لگے۔ (سورۃ الزلزلۃ) مین مکیہ مدنیہ کے دونون قول ہین اور حدیث ابوسعید الخدری بروایت ابن ابی حاتم دلیل ہی کہ وہ مدنیہ ہی۔ (سورۃ العادیات) دونون قول مین سے مدنیہ ہونے کی دلیل سوا ابن عباس رضی اللہ عنہ ہی رواہ الحاکم وغیرہ۔ (سورۃ الہاکم) مختار یہ کہ مدنیہ ہی کیونکہ ابن ابی حاتم نے ابن بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ اسکا نزول انصار کے دو قبائل کے حق مین ہوا جنھون نے تفاخر کیا تھا۔ اور بخاری نے ابی بن کعب سے روایت کی کہ ہم اسکو قرآن مین سے جانتے تھے کہ لو کان لابن آدم واد یاسن فسبب الخ۔ یہانتک کہ سورۂ الہاکم نازل ہوئی۔ اور روایت ترمذی از علی رضی اللہ عنہ در باب عذاب القبر بھی دلیل ہی۔ (سورۃ ارایت الذی) مین بھی دو قول ہین۔ اور مرجح مکیہ ہی۔ (سورۃ الکوثر) صواب یہ کہ مدنیہ ہی بدلیل حدیث مسلم عن انس رضی اللہ عنہ ولہذا رجحہ النووی رح۔ (سورۃ الاخلاص) اسمین دو قول اور دلائل متعارض ہین شیخ سیوطی رح نے کہا کہ میرے نزدیک مدنیہ ہونے کو ترجیح ہی۔ چنانچہ مین نے کتاب اسباب النزول مین بیان کیا ہی۔ (سورۃ الفلق وسورۃ الناس) مختار یہ کہ دونون مدنیہ ہین۔ اسمین اشارہ ہی کہ انکی مکیہ ہونے کی دلیل بھی موجود ہی۔ مین کہتا ہون کہ شیخ سیوطی نے بعض آثار ابتدای القان مین اسکے مؤید روایت کیے ہین۔ (التغابن) بیہقی وابن المحضار نے کہا کہ ہر سورہ مین آیات مدنیہ ہین لیکن بعضے لوگ اسمین صرف اجتہاد پر اعتماد کرتے ہین اگرچہ سلف سے روایت نہو۔

(الضوابط) جنسے مکی و مدنی کی شناخت ہوتی ہو اور بعض محققین نے کہا کہ عند التحقیق یہ ضوابط کلیہ نہین ہین۔ عبداللہ بن مسعود نے کہا کہ جہان یا ایہا الذین آمنوا ہو وہ مدینہ مین اُتارا گیا اور جہان یا ایہا الناس ہو وہ مکہ مین اُترا۔ رواہ الحاکم والبیہقی والبزار۔ اہ زابو عبید نے اسکو علقمہ رح سے جو ابن مسعود رض کے اصحاب مین سے ہین روایت کیا اور میمون بن مہران نے کہا کہ جہان قرآن مین یا ایہا الناس یا بنی آدم ہو وہ مکی ہو اور جہان یا ایہا الذین آمنوا ہو وہ مدنی ہو۔ رواہ ابو عبید۔ ابن الحصار نے اشارہ کیا کہ حدیث عبداللہ بن مسعود رض کی اسناد ضعیف ہو اگرچہ ناسخ منسوخ بیان کرنے والون نے اسپر اعتماد کیا اور مترجم کے نزدیک تلخیص یہ کہ قول عبداللہ بن مسعود رض کی تاویل دو طرح ہو سکتی ہو اول یہ کہ نزول سے معنی متعارف مراد ہون پس وارد ہوگا کہ سورۂ بقرہ مدنیہ ہی حالانکہ اسمین یا ایہا الناس اعبدوا ربکم الذی خلقکم موجود ہو اور سورۂ نساء مدنیہ کے اول ہی مین یا ایہا الناس موجود ہی اسیطرح بہت سی مکیہ سورتون مین یا ایہا الذین آمنوا موجود ہی پس بعض نے زعم کیا کہ یہ ضابطہ کلیہ نہین بلکہ اکثر جزئیون ہی واقع ہوا۔ تاویل دوم یہ کہ مکہ مین یا مدینہ مین نازل ہونے سے یہ غرض کہ اسکا حکم ان لوگون سے متعلق ہی پس اس تاویل پر معنی یہ ہونگے کہ نزول کسی مقام پر ہو یا ایہا الناس اور یا بنی آدم خطاب باہل مکہ ہی اور مترجم کہتا ہی کہ اسوقت مین ابتداء خطاب اہل مکہ کو ہوا اگرچہ تبعاً تو مدینہ کے کافرون کو خطاب ہی لیکن یہ امر ظاہر ہی کہ جہان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بذات شریف خود موجود تھے آپکا اتباع اولاً و بالذات فرض متحتم ہی پس مقصود یہ کہ خطابات قرآنی مین ایہا الناس سے اولاً و بالذات مخاطب اہل مکہ ہین پھر تمام عرب کے بت پرست پھر تمام روے زمین کے کفار ہین اگرچہ اہل ایمان کو خود یہ نصیحت برابر محفوظ رکھنا لازم ہی کیونکہ مومنین تو ایمان ہی لائے پس انھین کو اصل نفع اور وہی برابر ایمان پہنچے رہینگے اور یا ایہا الذین آمنوا خطاب اہل مدینہ کو ہی بمعنی آنکہ یہ خطاب ان لوگون کو ہوا ایمان لائے اور معلوم ہوا کہ ظہور ایمان بغیر متعارفی کے مدینہ مین ہوا اگرچہ ایک جماعت عظیم مکہ مین مسلمان ہو چکی تھی پس اس خطاب سے مومنین متصفین مین اور انھین باوصاف بالذات تو مہاجرین و انصار ہین پھر تمام عرب پھر روے زمین۔ اور یہ تاویل اولی ہی۔ اس سے معلوم ہوا کہ بعض قرآن مکہ مین نازل ہوا اور وہ متعلق باہل مدینہ ہی یعنی مہاجرین و انصار اس سے اولاً مخاطب ہین اور بعض کا نزول مدینہ مین ہوا اور مومنین تو اسپر ایمان لا چکے پس حکم خطاب اولاً متعلق باہل مکہ ہی کیونکہ اہل مکہ پر سبقت و تقدم ایمان لانا واجب تھا اسیواسطے انھین پر اولاً جہاد ہوا۔ (امثلہ متعلقہ ہذا الباب) واضح ہو کہ قولہ تعالی یا ایہا الناس انا خلقناکم من ذکر و انثی۔ نزول مکہ مین بروز فتح مکہ ہوا یعنی بعد ہجرت کے آٹھوین سال جب مکہ فتح ہوا تو وہان یہ آیت نازل ہوئی حالانکہ بنابر اصطلاح مذکور کے یہ آیت مدنیہ ہی۔ اسی طرح قولہ تعالی الیوم اکملت لکم دینکم۔ مقام عرفہ بحجۃ الوداع اور قولہ تعالی ان اللہ یامرکم ان تؤدوا الامانات الآیۃ بحق عثمان بن طلحہ الحجبی بھی نازل بمکہ اور حکماً مدنیہ ہین۔ اور اسکے برعکس سورۂ الممتحنہ کا نزول مدینہ مین مگر حکم متعلق باہل مکہ ہی چنانچہ تفسیر مین قولہ تعالی فی سورۃ النجم الذین یجتنبون کبائر الاثم والفواحش الا اللمم پھر یہ سورہ مکیہ ہی لیکن مشابہ بمدنی ہی کیونکہ فواحش حنین صدوا یوم ہوا حالانکہ حدود کی سزا فقط مدینہ مین ہوئی ہو۔ سورۂ والعادیات اگرچہ مدنی ہی مگر مشابہ بنزول مکہ ہی۔ مثال جو قرآن کہ مکہ سے مدینہ لائے وہ سورۂ یوسف۔ اخلاص و سبح اسم ربک الاعلی ہی۔ مثال جو مدینہ سے مکہ لائے قولہ تعالی یسالونک عن الشہر الحرام قتال فیہ۔ اور آیت الربوا۔ اور ابتداء سورۂ براءۃ وغیرذلک چنانچہ تفسیرون اپنے اپنے مقام پر معلوم ہوگا۔ مثال جو حبشہ کو لے گئے قولہ تعالی قل یا اہل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء الآیات۔ شیخ سیوطی نے کہا کہ ان آیات کو روم سے بھی نجاشی صحت کو پہونچا اور صحیح ہوا کہ جعفر بن ابی طالب نے نجاشی حبشہ کو سورۂ مریم سنائی تھی۔ (النوع الثانی) در بیان حضری و سفری۔ حضر کی حالت مین قرآن کثیر نازل ہوا اور یہ ظاہر ہی پس سفری کی مثالین ذکر کرنا مناسب ہی۔ اول قولہ تعالی واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی۔ کیونکہ سال حجۃ الوداع مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے درخواست کی کہ ہم خلف المقام نماز طواف ادا کرین تب نازل ہوا

(دوم) قولہ تعالیٰ لیس البر بان تاتوا البیوت من ظہورہا۔ عمرہ حدیبیہ میں بروایت ابن جریر عن الزہری۔ (سوم) قولہ تعالیٰ واتموا الحج والعمرۃ للہ۔ چنانچہ ابن ابی حاتم نے صفوان بن امیہ سے حجۃ الوداع میں ایک شخص نے عفرانی لباس کے سوال احرام عمرہ میں روایت کی۔ میں کہتا ہوں کہ مختصر حدیث صحیح مسلم میں موجود ہے۔ (چہارم) قولہ فمن کان منکم مریضا الآیہ۔ بحق کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ در سفر حج بروایت احمد بلکہ صحیحین۔ (پنجم) قولہ تعالیٰ الذین استجابوا للہ والرسول من بعد ما اصابہم القرح الآیہ۔ حمراء الاسد کے مقام پر نازل ہوئی۔ رواہ البیہقی عن ابن عباس باسناد صحیح۔ یعنی غزوۂ احد کے بعد جب آپ لشکر لیکر حمراء الاسد تک گئے۔ (ششم) قولہ تعالیٰ ان اللہ یامرکم ان تودوا الامانات الی اہلہا الآیہ غزوۂ فتح مکہ میں جوف کعبہ کے اندر نازل ہوئی کما رواہ ابن مردویہ اور صحاح میں فتح مکہ میں نزول مذکور ہے۔ (ہفتم) قولہ تعالیٰ اذا کنت فیہم فاقمت لہم الصلوٰۃ الآیہ عسفان میں درمیان ظہر و عصر کے نازل ہوئی کما اخرجہ احمد عن ابی عیاش الزرقی رضہ۔ (ہشتم) قولہ تعالیٰ الیوم اکملت لکم دینکم الآیہ۔ عرفات میں بعد ظہر کے بیوم الجمعہ حجۃ الوداع میں نازل ہوئی کما فی الصحیح عن عمر رضہ۔ (نہم) آیت تیمم کا نزول بیداء یا ذات الجیش میں نازل ہوئی کما فی الصحیح عن عائشہ رضہ۔ (دہم) اذ تستغیثون ربکم الآیہ کا نزول بدر میں ہوا بروایت الترمذی۔ (یازدہم) اول انفال کا نزول بدر سے مراجعت میں ہوا۔ بروایت احمد۔ (دوازدہم) قولہ لو کان عرضا قریبا وسفرا قاصدا لاتبعوک ولکن بعدت علیہم الشقۃ الآیات۔ کا نزول غزوۂ تبوک میں ہوا۔ بروایت ابن جریر۔ (سیزدہم) قولہ لئن سالتہم لیقولن انما کنا نخوض ونلعب الآیہ۔ غزوۂ تبوک کے سفر میں بروایت ابن ابی حاتم۔ (چہاردہم) خاتمۃ النحل کا نزول غزوۂ احد میں جب حضرت حمزہ رضہ کے مشہد پر تھے۔ بروایت بیہقی والبزار لیکن بروایت ترمذی وحاکم بروز فتح مکہ۔ (پانزدہم) قولہ اذن للذین یقاتلون بانہم ظلموا الآیہ۔ بعض نے جانا کہ سفر ہجرت میں نازل ہوا بدلیل آنکہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کی تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ان لوگوں نے اپنے پیغمبر کو نکالا ہے واللہ یہ لوگ اب ہلاک ہونگے پس یہ حکم نازل ہوا۔ رواہ الترمذی عن ابن عباس لیکن مترجم کہتا ہے کہ صحاح میں روایت ہے کہ جب جہاد کا حکم نازل ہوا تو ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں پہلے ہی جانتا تھا کہ یہی ہوگا۔ (شانزدہم) سورۂ انا فتحنا بعد صلح حدیبیہ کے خواہ حدیبیہ یا اسی کے قریب نازل ہوئی کما فی الصحیح۔ (ہفدہم) قولہ سیہزم الجمع ویولون الدبر الآیہ۔ یوم بدر میں نازل ہوئی۔ (ہیزدہم) اذا جاء نصر اللہ۔ اوسط ایام تشریق میں نازل ہوئی پس آپ نے وداع کیا خطبہ معروفہ پڑھا۔ رواہ البیہقی والبزار۔ اور اس باب میں روایات دیگر ہیں۔ **(نوع ثالث)** معرفت لیل ونہار کی اور اسکی مثالیں بہت ہیں اور اکثر قرآن کا نزول دن میں ہوا اور بعض رات میں نازل ہوا چنانچہ (۱) قولہ ان فی خلق السموات والارض واختلاف اللیل والنہار لآیات لاولی الالباب الخ۔ کی تفسیر میں دیکھو کہ رات کو نزول ہوا کما فی صحیح ابن حبان۔ (۲) قولہ یا ایہا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک الی قولہ واللہ یعصمک من الناس۔ رات میں نازل ہوئی۔ رواہ الترمذی والحاکم۔ (۳) سورۂ انعام۔ ابن عباس رضہ نے کہا کہ مکہ میں رات میں نازل ہوئی اس شان سے کہ اسکے ساتھ ستر ہزار فرشتہ تسبیح کرتے ہوئے مشایعت میں تھے۔ رواہ الطبرانی والبیہقی۔ (۴) قولہ تعالیٰ وعلی الثلاثۃ الذین خلفوا حتی اذا ضاقت علیہم الارض الآیہ۔ آخری تہائی رات باقی تھی کہ آیت توبہ نازل ہوئی کما فی الصحیح من حدیث کعب بن مالک رضی اللہ عنہ (۵) سورۂ مریم۔ چنانچہ ابو مریم الغسانی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور میں عرض کیا کہ رات میرے یہاں لڑکی پیدا ہوئی تو فرمایا کہ رات مجھ پر سورۂ مریم نازل ہوئی پس اس لڑکی کا مریم نام رکھ۔ رواہ الطبرانی۔ (۶) آیت حجاب نازل ہونے کے بعد عورتوں کو پردہ کے ساتھ اپنی ضرورات میں نکلنے کی آیت رات میں نازل ہوئی چنانچہ صحیح بخاری میں ام المومنین سودہ رضی اللہ عنہا کے قصہ میں ہے اور چونکہ ازواج مطہرات رات ہی میں بضرورت پاخانہ وغیرہ کے نکلا کرتی تھیں جیسا کہ قصۃ الافک میں حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث صحیح میں ہے۔ (۷) سورۂ انا فتحنا۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ رات مجھ پر ایسی سورت نازل ہوئی کہ جس پر آفتاب چمکتا ہے اس سے زیادہ محبوب ہے

پس سورۂ انا فتحنا تلاوت فرمائی اور تمام حدیث صحیح البخاری میں ہے۔ (۸) سورۂ والمرسلات۔ کہ وہ شب عرفہ یعنی نویں ذی الحجہ کو رات میں غار منیٰ میں نازل ہوئی۔ رواہ الاسماعیلی فی مستخرجہ اور صحیحین میں بدون ذکر شب عرفہ موجود ہے۔ اور اس لمحہ کے اشتدگیر ہیں۔ (التنبیہ) آیۃ الیوم سفر میں وقت صبح کے نازل ہوئی کما فی حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا فی الصحیح۔ آیہ لیس لک من الامر شیٔ او یتوب علیہم الآیۃ۔ بھی صبح میں نازل ہوئی بلکہ یہ عجیب ہے کہ نماز میں نزول ہوا چنانچہ صحیح کی حدیث میں ہے کہ جب نماز صبح کی دوسری رکعت میں آپ جانتے تھے کہ اہل مکہ میں ابوسفیان وغیرہ پر قنوت میں بددعا فرماویں کہ یہ آیت نازل ہوئی جسمیں آپ کو اس سے منع فرمایا گیا۔ (التنبیہ) حاکم نے حدیث جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ زیادہ سچا جواب وہ ہوتا ہے جو دن میں ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھے دن میں وحی کے ساتھ مخصوص فرمایا ہے۔ رواہ الحاکم فی التاریخ۔ اس سے لازم آیا کہ وحی خاصۃً دن ہی میں نازل ہوتی ہے۔ جواب یہ کہ روایت مذکور صحیح نہیں بلکہ منکر قابل حجت نہیں ہے۔ (فائدہ جلیلہ) وحی کبھی ایسی حالت میں نہیں ہوئی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج مطہرات میں سے کسی کے لحاف میں ہوں سوائے حضرت ام المومنین عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے چنانچہ صحاح میں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آگاہ فرمایا کہ عائشہ کے بستر میں کوئی مخصص مجھ پر تکلیف مت دو کہ کسی وجہ کے ساتھ میں مجھ پر وحی نازل نہیں ہوتی سوائے عائشہ کے یہ بھی فضل ہے لیس لک من الامر شیٔ الآیہ کے پے نزول ہوا اور اس سے حضرت ام المومنین صدیقہ رضی اللہ عنہا کی بے مثل فضیلت ظاہر ہے۔ المترجم۔ (نوع آخر) آیات مکرر مثالوں میں سے (۱) کلالہ کی آیہ شریفہ میں دو آیتیں ہیں۔ واحدی نے کہا کہ ان میں پہلی آیت جو سورۂ نساء کے اول میں ہے وہ سرما میں نازل ہوئی اور دوسری آیت جو سورۂ نساء کے آخر میں ہے وہ گرما میں نازل ہوئی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بار بار اس امر عرض نہیں کیا جتنا کہ کلالہ کے بارہ میں عرض کیا اور آپ نے بھی کسی بارہ میں اس قدر زجر نہیں فرمائی حتیٰ کہ آپ نے اپنی انگلی سے میرے سینہ میں چبھائی اور فرمایا کہ اے عمر تجھ کو وہ آیت گرما کافی نہیں ہوئی جو سورۂ نساء کے آخر میں ہے۔ رواہ مسلم۔ اسی طرح مستدرک کی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں اس آیت کو آیۃ الصیف فرمایا۔ رواہ الحاکم۔ اور واضح ہو کہ جو قرآن کہ سفر حجۃ الوداع میں نازل ہوا وہ سب گرما میں شمار ہوا جیسے اولا یہ وہ قولہ الیوم اکملت لکم دینکم۔ وقولہ واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ۔ و آیت دین و سورۃ النصر وغیرہا اسی طرح جو آیات کہ غزوۂ تبوک میں نازل ہوئیں وہ بھی گرما ہی میں اسواسطے کہ غزوہ مذکور شدت گرما میں واقع ہوا تھا۔ (بیان امثلہ صوریہ) یعنی جو سرما میں نازل ہوئیں۔ (۱) قولہ ان الذین جاؤا بالافک الآیات چنانچہ صحیح کی حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا میں وارد ہے کہ سرما میں نازل ہوئی۔ (۲) جو آیات غزوۂ احزاب میں نازل ہوئیں وہ بھی سرما ہی میں کہ حدیث حذیفہ رضی اللہ عنہ میں ثبوت ہے کہ سخت جاڑا تھا کما رواہ البیہقی وغیرہ۔ اور اسی میں مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے نازل فرمایا قولہ تعالیٰ یا ایہا الذین آمنوا اذکروا نعمۃ اللہ علیکم اذ جاءتکم جنود الآیات۔ (نوع خاص صوری) امثلہ فرضی و ذہنی یعنی جو بستر و خواب میں نازل ہوا کیونکہ آپ کا خواب بیداری سے بہتر تھا چنانچہ صحیح و سنن میں احادیث اس باب میں مصرح ہیں بناء خواب انبیاء علیہم السلام وحی ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے ذبح فرزند خواب میں دیکھا اور اسی پر عمل واجب ہوا چنانچہ قرآن مجید میں مذکور ہے۔ (مثال اول) قولہ تعالیٰ واللہ یعصمک من الناس۔ اسی وقت نازل ہوا کہ آپ بستر خواب پر تھے چنانچہ اوپر گزرا۔ (۲) قولہ تعالیٰ وعلی الثلاثۃ الذین خلفوا۔ چنانچہ صحیح میں ہے کہ تعالیٰ آخر رات باقی تھی کہ نزول ہوا درحالیکہ آپ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس تھے۔ یعنی کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا اس حالت میں پاس سے ہٹ جاتی تھیں۔ چنانچہ حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے تصریح فرمائی کہ مجھے۔ (۹) خصال عطا ہوئے۔ از انجملہ ایک خصلت یہ ذکر فرمائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایسی حالت میں وحی نازل ہوئی کہ آپ اپنی ازواج میں سے کسی کے لحاف میں ہوتے پس یہ بھی آپ سے الگ ہٹ جاتی تھی اور میں آپ کے ساتھ

اسی میں رہتی اور آپ پر وحی کا نزول ہوتا تھا۔ راوہ ابو یعلی۔ مترجم کہتا ہے کہ اصل حدیث میں (عند ام سلمہ) کا لفظ ہے اور اسکی دو تفسیریں ہو سکتی ہیں (۱) ام سلمہ کے پاس تھے۔ جیسا کہ ترجمہ کیا گیا۔ (۲) ام سلمہ کے یہاں تھے۔ اور یہ محاورہ معروف ہے جیسے کہتے ہیں کہ فرسی ودیعۃ عند فلان۔ یعنی فلان کے پاس میرا گھوڑا ودیعت ہے یعنی اسکے یہاں ودیعت ہے اور یہ مراد نہیں کہ اس سے ملا ہوا سانتھ ہے پس شاید کہ آپ اسوقت نماز تہجد میں ہوں جب وحی نازل ہوئی حالانکہ آپ اس رات حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تھے۔ اسی طرح واضح ہو کہ خواب میں نزول قرآن کی مثال یعنی درحقیقت ہوں جب وحی نازل ہوئی حالانکہ آپ اس رات حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے یہاں تھے۔ اسی طرح واضح ہو کہ خواب میں نزول قرآن کی مثال یعنی درحقیقت موجود نہیں ہے اگرچہ خواب انبیاء بھی وحی ہوتا ہے۔ امام رافعی رح نے کہا کہ یہ تو صحیح ہے لیکن قرآن مجید کے بارہ میں موجود ہے کہ کل قرآن حالت بیداری میں نازل ہوا ہے۔ المترجم۔ خوابی کی مثال میں کہا گیا کہ سورۃ الکوثر ہے چنانچہ حضرت انس رض سے روایت ہے کہ ایک وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم لوگوں کے درمیان تشریف رکھتے تھے کہ یکایک اغفار کیا پھر مسکراتے ہوئے سر اٹھا کر فرمایا کہ ابھی مجھ پر ایک سورہ نازل کیا گیا پھر بسم اللہ کے ساتھ انا اعطیناک الکوثر تک پڑھی۔ رواہ مسلم۔ اغفاء ایک خفیف اونگھ جیسے سرڈالکر ہوتی ہے۔ رافعی رح نے کہا کہ یہ خواب نہیں بلکہ وہ حالت ہے جو آپ پر وحی کے وقت طاری ہوتی تھی شیخ سیوطی رح نے قول رافعی کو احسن واصح کہا اور بیان کیا کہ رافعی کے قول پر دو وجہ سے پہلے میں خود اسی حدیث سے دلیل لیا۔ مترجم کہتا ہے کہ اس حدیث کو بھی اغفار کی یہی تاویل ظاہر ہوئی تھی کہ یہ حالت وحی کا بیان ہے یعنی آنکہ نزول میں کوئی سختی نہیں ہوئی بلکہ خفیف اغفاء کے ساتھ قلب مستمکن ہو گیا۔ پھر میں نے دیکھا کہ آخر میں امام رافعی رح نے بھی تاویل مختصر ذکر فرمائی ہے فالحمد للہ علی ذالک۔ (نوع سادس) شیخ عبدالحق محدث الدہلوی نے کہا کہ سورہ صافات کی تین آیات یعنی قولہ وما منا الا لہ مقام معلوم الآیات۔ مکیہ یا مدنیہ نہیں ہیں۔ ابن العربی نے کہا کہ شاید مراد یہ کہ آسمان و زمین کے درمیان فضاء میں نزول ہوا۔ شیخ سیوطی رح نے کہا کہ مجھے اسکی کوئی دلیل ظاہر نہیں ہوئی۔ مترجم کہتا ہے کہ شاید بدون روایت کے صرف معانی کے لحاظ سے فرمایا کہ شب معراج میں نزول ہوا ہے کہ وہاں ملائکہ کی طرف سے اللہ تعالیٰ نے وحی فرمائی کہ ہر ایک کے واسطے اسکے رتبہ کا مقام معین ہے کیونکہ شیخ موصوف نے علاوہ تین آیات کی جو تھی آیت زخرف واسال من ارسلنا من قبلک من رسلنا الآیہ۔ اور آخر سورۂ بقر کی دو آیات آمن الرسول الخ کو بھی اسی میں داخل کیا پس قولہ واسال من ارسلنا الآیہ کے معنی یہ کہ پوچھ لے ان لوگوں سے جنکو ہمنے تجھ سے پہلے رسول کر کے بھیجا تھا الخ۔ پس ان رسولوں سے پوچھنا اسی طور پر کہ معراج میں آپ سے مواجہہ ہوا تھا۔ تو وہیں آیت کا نزول ہوا اور شیخ سیوطی رح نے آخر سورۂ بقرہ کا استدلال بحدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ پیش کیا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو معراج میں لے گئے الخ۔ اسمیں مذکور ہے کہ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تین چیزیں عطا ہوئیں (۱) پانچوں نمازیں۔ (۲) خاتمہ سورۂ بقرہ (۳) جسنے آپ کی امت میں سے اللہ تعالیٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں بنایا اسکی مغفرت کما رواہ مسلم۔ واضح ہو کہ اسی طرح تحت زمین نازل ہونے کے معنی بھی صرف مجازی مشابہت کے طور پر ہیں یعنی غار میں نزول ہونا چنانچہ غار منی میں نزول سورۂ والمرسلات۔ بدلیل حدیث البخاری۔ مترجم کہتا ہے کہ غار حرا میں ابتدائے سورۂ اقراء باسم ربک۔ کا نزول صحیح وغیرہ میں معروف ہے حالانکہ وہ زیر زمین کے مشابہ نہیں بلکہ اسکو بالائے زمین کی مثال میں لیا گیا ہے۔ اور مترجم نے اسمیں طول سوا سطے نہیں دیا کہ سوائے ایک لطیفہ معرفت کے اسکا فائدہ بہت کم ہے (نوع ھفتم) اول کیا نازل ہوا۔ صحیح قول یہ ہے کہ سب سے اول سورۂ اقراء کا اول نازل ہوا چنانچہ حضرت ام المؤمنین عائشہ رض کی حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ابتدائے ظہور وحی سے یہ ہوا کہ خواب صادق دیکھنے لگے پس آپ جو کوئی خواب دیکھتے وہ سپیدۂ صبح کی طرح عیان ہو جاتا (یعنی بعینہ ظہور ہوتا تھا) پھر آپکو تنہائی پسند ہو گئی پس آپ حراء پر تشریف لے جاتے پس وہاں چند راتیں عبادت میں مشغول ہوتے اور اسکے لیے توشہ مہیا کر لیتے تھے پھر آپ حضرت خدیجہ رض کے پاس واپس آتے تو پھر خدیجہ رض اتنی ہی راتوں کا توشہ مہیا کر دیتی تھیں یہانتک کہ ناگاہ آپ پر وحی آگئی درحالیکہ آپ غار حرا میں تھے چنانچہ آپ کے پاس فرشتہ آیا (یعنی جبرئیل

علیہ السلام)۔ آخر تک کما فی الصحیحین وغیرہما۔ اور اسمیں نزول اقرا باسم ربک تا قولہ مالم یعلم ہی۔ اور بیہقی و حاکم نے حضرت ام المومنین سے مصرح روایت کی کہ قرآن سے اول اقرا نازل ہوا اور بیہقی نے اسناد کو صحیح کہا۔ اور طبرانی نے بسند صحیح ابو موسی رضی اللہ عنہ سے اور سعید بن منصور نے عبید بن عمیر سے اور ابو عبید نے مجاہد سے یہی روایت کیا ہی۔ اور واضح ہو کہ حدیث جابر رضی اللہ عنہ مین اول نزول یا ایہا المدثر بروایت صحیحین وغیرہ کے معنی یہ کہ سورۂ کاملہ سے اول یہی سورہ مدثر ہی کیونکہ اقرا کا نزول کامل نہین ہوا تھا۔ عمرو بن شرحبیل تابعی نے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام المومنین خدیجہ سے کہا کہ جب مین تنہا ہوتا ہون تو آوازین سنتا ہون پس مجھے خوف ہی کہ یہ کوئی امر ہو (یعنی میرے حق مین ضرر و جان کا خوف ہو) پس حضرت خدیجہ نے کہا کہ معاذ اللہ ہرگز اللہ تعالی آپ کے ساتھ ایسا نہین فرماویگا کیونکہ آپ امانت ادا کرتے اور قرابت سے سلوک کرتے اور سچ بولتے ہین۔ پھر جب حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ آئے تو حضرت خدیجہ نے ابو بکر رضی اللہ عنہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معاملہ بیان کیا اور کہا کہ آپ محمد کو ساتھ لیکر ورقہ بن نوفل کے پاس جاؤ پس ابو بکر رضہ آپ کے ساتھ ہین ورقہ کے پاس گئے اور ورقہ سے یہ حال بیان کیا کہ جب مین تنہا ہوتا ہون تو یا محمد یا محمد کی آوازین سنتا ہون تو مین بھاگ جاتا ہون پس ورقہ نے کہا کہ آپ ایسا نکرین بلکہ ثابت قدم رہین حتی کہ سنیئے کہ وہ کیا کہتا ہی پھر مجھے بھی آگاہ فرمایئے گا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تنہائی مین سنا کہ یا محمد تو کہو بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین آخر تک رواہ البیہقی وغیرہ وہذا مرسل جید۔ بیہقی نے کہا کہ محتمل یہ کہ بعد اقرا و المدثر کے واقع ہوا۔ مترجم کہتا ہی کہ اس سے یہ امر ثبوت ہو گیا کہ سورۂ فاتحہ کا نزول قدیم اور وہ مکیہ ہی اور اسکے ساتھ بسملہ کا بھی نزول ہوا اور توضیح واقعات اسطرح ظاہر ہوتی ہی کہ اول نزول غار حرا مین اقرا کے ساتھ جب آپ خوفناک واپس ہوئے اور خدیجہ رضہ سے واقعہ بیان کیا اور ام المومنین نے آپ کے خصائل حمیدہ سے استدلال کیا کہ اللہ تعالی ایسے نیک شخص کے حق مین آفت نہین مقدر فرماویگا اور وہ آپ کو لیکر ورقہ بن نوفل کے پاس گئین اور ورقہ نے سنکر تشفی دی کہ یہ ناموس اکبر دلیل نبوت ہی کاش مین اسوقت تک اس بوڑھاپے مین زندہ رہتا کہ جب آپکو آپ کی قوم نکالیگی تو آپ کی کامل مدد کرتا۔ ھ۔ جیسا کہ صحیح مین ہی۔ پھر ایک مدت تک وحی منقطع ہونے کے بعد سورۃ المدثر نازل ہوئی پھر یہ واقعہ سورۃ الفاتحہ کا ہوا۔ یہ تو کلام بیہقی کی تفسیر ہی اور ظاہر اسورۃ المدثر سے پہلے سورۃ الفاتحہ کی تعلیم ہوئی پھر سورۃ المدثر مین حکم ہوا کہ اٹھیے اور پیغام الہی سے انذار کیجیے یعنے قوم کو دعوت کیجیے کہ عذاب الہی سے ڈرین۔ ھ۔ یہ مین نے اسواسطے کہا کہ حدیث جابر رضہ مین ہی کہ مدثر کے بعد برابر وحی کا تار ہو گیا۔ پس اسکے بعد آوازسے توحش کے معنی بعید ہین واللہ تعالی اعلم۔ ھ حضرت عائشہ رضہ سے قرطبی نے کہا کہ اول اللہ تعالی نے مفصلات مین سے ایسی سورت نازل فرمائی جسمین جنت و دوزخ کا ذکر ہی پھر اسلام کی جانب لوگ رجوع ہوئے تو احکام حلال و حرام نازل ہوئے۔ کما رواہ البخاری و مسلم۔ شیخ سیوطی نے ذکر کیا کہ معنی یہ کہ اول نازل مین سے یہ سورت ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ میرے نزدیک یہ معنی ہین کہ حرام حلال کے احکام سے اول صرف اعتقادی سورت کا نزول ہوا۔ حاصل یہ کہ اول وعید عذاب اور وعدۂ ثواب سے اعتقاد توحید کی جانب رجوع فرمایا اسکے بعد پنجوقتہ احکام کی فی الجملہ مختلف رکھی۔ اور یہ معنی نہین کہ نزول مین اول یہ ہی کیونکہ اول اقرا کا نزول خود حضرت عائشہ رضہ نے روایت فرمایا ہی فاحفظہ۔ ھ فتح الباری شرح بخاری مین ہی کہ روایات متفق ہین کہ مدینہ مین سب سے اول سورۂ بقرہ کا نزول ہوا۔ سیوطی نے کہا کہ واحدی نے علی بن ابی طلحہ سے روایت کی کہ مکہ مین اول اقرا اور آخر سورۃ المومنون نازل ہوئی اور مدینہ مین اول ویل للمطففین۔ اور آخر مین سورۂ برأۃ نازل ہوئی اور مکہ مین جسمین سورۃ کا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اعلان کیا وہ سورۃ النجم ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اس قسم کے آثار مین وجہ یہ واقع ہوئی کہ موقع و سوال کی راہ سے کیفیت بیان کی گئی ہی جیسے حضرت ام المومنین نے نزول کی راہ سے اول اقرا کی روایت کی پھر ہدایت و ارشاد کی راہ سے اول ایسی سورت مفصل بیان کی جسمین ذکر جنت و دوزخ ہی۔ ھ۔ (فرع) جہاد مین اول آیت بقول ابن عباس رض اذن للذین یقاتلون الآیہ ہی۔ بروایت مستدرک حاکم۔

اور یقول ابو العالیہ قولہ تعالیٰ وقاتلوا فی سبیل اللہ الذین یقاتلونکم الآیہ۔ بروایت ابن جریر مترجم کہتا ہے کہ توفیق یہ کہ اول جائت تو قول ابن عباسؓ ہے اور اسکے مؤید حدیث ابو بکر رضی اللہ عنہ ہے کہ میں پہلے جانتا تھا کہ عنقریب جہاد کا حکم ہوگا۔ کما فی السنن۔ اور احکام جہاد میں شروع بقول ابو العالیہ ہے کیونکہ اس سے یہ حکم نکلا کہ جو لوگ تم سے قتال کریں تو انکے واسطے دوسرا حکم ہے جیسے ترغیب جہاد میں اول آیت یہ ہے ان اللہ اشتری من المومنین انفسہم الآیہ۔ کما فی الکلیل الحاکم۔ حرمت خمر میں اول یسالونک عن الخمر والمیسر الآیہ۔ پھر قولہ تعالیٰ لا تقربوا الصلوٰۃ وانتم سکاری الآیہ۔ پھر قولہ تعالیٰ یا ایہا الذین امنوا انما الخمر والمیسر الآیہ۔ اور تفسیر میں اسکی توضیح آتی ہے ان شاء اللہ تعالیٰ۔ طعام میں اول آیت قولہ تعالیٰ قل لا اجد فیما اوحی الی محرما علی طاعم الآیہ سورۂ انعام میں مکہ میں نازل ہوئی پھر قولہ تعالیٰ وکلوا مما رزقکم اللہ حلالا طیبا الآیہ سورۃ النحل تری۔ پھر مدینہ میں سورۂ بقرہ کی آیت انما حرم علیکم المیتۃ الآیہ۔ پھر سورۂ مائدہ کی آیت حرمت علیکم المیتۃ والدم الآیہ۔ سجدہ کے بارہ میں اول سورہ (یعنی کامل سورہ جسمیں سجدہ ہے) سورۃ النجم ہے۔ رواہ البخاری عن ابن مسعودؓ۔ اس سے معلوم ہوا کہ سورہ اقرا کا اکملہ بعد النجم کے نازل ہوا ہے۔ ہم۔ (نوع ثامن) آخر آیت صورۃ باعتبار نزول کے واضح ہو کہ شیخ ابو بکر بن العربی رحؒ نے کہا کہ اسمیں اعتبار سے ہر ایک نے آخر بیان کیا ہے۔ بعض علماءؒ نے کہا کہ بعض نے آخرا عتبار سورت کے اور بعض نے باعتبار آیت کے پھر آیات میں آخر باعتبار خصوص احکام کے مراد لیا چنانچہ صحیحین میں براء بن عازبؓ سے روایت ہے کہ آخر جو آیت اتری وہ قولہ تعالیٰ یستفتونک قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ۔ اور اخر جو سورہ نازل ہوا وہ براۃ ہے۔ اس روایت میں آخر آیت اس لحاظ سے کہ موارثت میں یہ آخری آیت ہے۔ ابن عباسؓ نے کہا کہ آخر جو آیت نازل ہوئی وہ ربوا کی آیت ہے۔ رواہ البخاری۔ اور بھی حضرت عمر و ابو سعید خدری سے صحیح ہوا اور مراد قولہ تعالیٰ یا ایہا الذین امنوا اتقوا اللہ وذروا ما بقی من الربوا ان کنتم مومنین۔ اور ابن ابی حاتم نے سعید بن جبیر سے روایت کی کہ کل قرآن سے آخری آیت واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ ثم توفی کل نفس ما کسبت وہم لا یظلمون ہے کہ اسکے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نو راتین زندہ رہے۔ اور ابن عباس کی روایت اسکے مانند ہے لیکن اسمیں (۸۱) روز کی زندگی مذکور ہے۔ اور یہی اقرب ہے کیونکہ گزرا کہ نزول حجۃ الوداع میں تھا اور شاید کہ سعید بن جبیرؒ نے۔ تسع لیال کے بجائے تسع فی تسع کہا یعنی (نو روز) اسکو راوی نے تسع لیال کر دیا۔ کیونکہ ابن عباسؓ کی روایت خود سعید بن جبیر کے طریق سے مروی ہے۔ اور ابن جریرؒ نے بطریق زہری عن سعید بن المسیب روایت کی کہ سب سے آخری نزول آیۃ المداینہ ہے۔ ہذا مرسل صحیح۔ یعنی قولہ تعالیٰ یا ایہا الذین آمنوا اذا تداینتم بدین الآیہ۔ شیخ ابن حجرؒ نے کہا کہ قرآن مجید میں آیۃ الربوا و آیۃ واتقوا یوما و آیۃ مداینہ سب متوالی موجود ہیں پس ان آثار میں کچھ اختلاف نہیں ہے اور معنی یہ ہیں کہ سب سے آخری نزول یہ ہوا کہ آیۃ الربوا سے لیکر آیۃ المداینہ آخر تک نزول ہوا۔ مترجم کہتا ہے کہ پھر بھی آخری نزول باعتبار احکام کے ہے جیسے ان روایات میں ربوا میں آخری اور معاملات میں آخری ہونا متفید کیا پس توفیق میں آخری اسکے بعد یہ آیتیں ہیں لقد جاءکم رسول من انفسکم چنانچہ عبد اللہ بن احمد و ابن مردویہ وغیرہ نے ابی بن کعب سے روایت کی۔ اور یہ محمول باعتبار آیات کے ہے۔ اور نظیر پوری سورہ کی ابن عباسؓ نے کہا کہ آخری سورہ اذا جاء نصر اللہ الخ ہے کما رواہ مسلم۔ اور عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے قول میں آخر سورۂ مائدہ واذا جاء نصر اللہ ہے کما فی الصحیحین اور معنی یہ کہ اطعمہ حلال و حرام میں آخر مائدہ ہے اور واضح ہو کہ سلف کے اقوال میں کبھی آخری نزول بدین معنی آیا کہ اسکے بعد کوئی ناسخ نازل نہیں ہوا۔ بیہقی و ابن العربی رحؒ نے جزم کیا کہ اس بارہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی وصی نہیں ہے بلکہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں جسکے نزدیک حفظ و اجتہاد سے جو آخر معلوم ہوا اسنے بیان کیا۔ (نوع تاسع) در بیان سبب نزول۔ یہ نوع نفیس ہے جسمیں بخاری رحؒ کے استاد شیخ علی بن المدینی کی سفر و تصنیف ہے اور واحدی رحؒ و شیخ ابن حجرؒ نے بھی تالیفات فرمائیں اور شیخ سیوطی رحؒ نے کتاب لباب النقول اس باب میں عمدہ تصنیف کی اور اس نوع کے فوائد کثیرہ علماء پر مخفی نہیں ہیں از انجملہ حکم مشروع ہونے کی حکمت اور اسکے متعلق فوائد کثیرہ مفہوم ہوتے

ہین - ازانجملہ کبھی کلام عام ہوتا ہی اور سبب نزول معلوم ہونے سے تخصیص کی دلیل مل جاتی ہی - ازانجملہ شیخ امام ابن قیم العبد وابن تیمیہ نے کہا کہ سبب نزول معلوم ہونا فہم قرآن کے واسطے قوی مدد ہی چنانچہ قولہ تعالی ولاتحسبن الذین یفرحون بما اتوا الآیہ - جسکا حاصل یہ کہ جو لوگ اپنی حرکات پر بغیر فعل شنیعہ کے اترا تے ہین انکو عذاب سے دور مت خیال کر - مروان بن الحکم کی سمجھ مین دشوار ہوا کہ ہم لوگ ایسی حالت اپنے نفوس مین پاتے ہین پس ہم خوفناک ہین کہ عذاب سے نہین بچینگے یہانتک کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بتلایا کہ اہل کتاب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ پوچھا تو انھون چھپاکر جھوٹ بتلایا اور اپنی تعریف چاہی پس اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرماکر انکی تفضیح کی چنانچہ صحیحین مین مفصل مذکور ہی - مترجم کہتا ہی کہ اس سبب نزول سے سمجھ مین آگیا کہ مفاد کلام مجید یہ ہی کہ جس شخص نے شنیع فعل نکیا بلکہ لوگون کے نگاہ مین ایسے طور پر یہ فعل کیا کہ وہ شنیع سمجھے حالانکہ اللہ تعالی عالم الغیب کے نزدیک وہ پوشیدہ نہین ہی پھر یہ شخص جاہل اپنے نفس کے فریب مین آیا اور اسنے لوگون کے استحسان پر اپنے نفس مین خوشی پائی تو وہ عذاب سے دور نہین ہی کیونکہ اسکی غفلت و بداعتقادی تو ظاہر ہوگئی کہ اسنے اللہ تعالی سے خوف نکیا اور یہ نہین سمجھا کہ آخر کار میرا معاملہ میرے نامہ اعمال سے ہوگا اور لوگون کی تحسین سے مجھے کچھ فائدہ نہوگا بلکہ اگر یہ نیک ہوتا اور لوگ اپنی جہالت سے اسکو بد کہتے تو اس سے ہزار درجہ بہتر تھا کہ وہ حقیقت مین بد ہی اور لوگ نیک سمجھتے ہین - اسی قسم سے قولہ تعالی لیس علی الذین آمنوا وعملوا الصالحات جناح فیما طعموا الآیہ - یعنی جو لوگ ایمان لائے وکار ہائے نیک کیے تو جو کچھ انھون نے کھایا پیا اسمین گناہ نہین ہی - بعض نادانون نے سمجھا کہ مومنین صالحین پر جو کچھ کھاوین گناہ نہین ہوتا حتی کہ بعضون نے اپنی جہالت رائج کرنے کے لیے اسکو بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب کیا حالانکہ یہ بہتان کے قریب ہی اور یہ نہین سمجھا کہ جس مومن نے مثلا شراب پی حالانکہ اس سے ممانعت ہی تو اسنے کار نیک کہان کیا حالانکہ اللہ تعالی نے تو عملوا الصالحات کی قید فرمائی ہی پس معنی یہ ہین کہ زمانہ صحابہ رضی اللہ عنہم مین مثلا شراب حرام ہونے سے پہلے جسنے شراب پی تھی اسپر کچھ گناہ نہین ہی چنانچہ سبب نزول مین وارد ہی کہ بعد حرمت شراب کے لوگون نے کہا کہ قبل ازین جو لوگ ہم مین سے شہید ہوے انکا کیا حال ہوگا - پس یہ حکم نازل ہوا پس معنی معلوم ہونے کے بعد کچھ مستفاد ہوا کہ امت مین جس عالم مجتہد کے نزدیک قرآن وحدیث سے مثلا طوطا حلال ثابت ہوا اور اسنے کھایا تو کسی کے نزدیک اسپر کچھ گناہ نہین ہی اور جس مجتہد کے نزدیک وہ ممنوع ظاہر ہوا اور روکھا ہے تو اسپر گناہ ہی اور اسی وجہ سے تم دیکھتے ہو کہ اہل السنۃ والجماعۃ کے نزدیک بالاجماع انکے علماے ربانی وائمہ مجتہدین مثل امام جعفر صادق داود اوزاعی وثوری وابوحنیفہ ومالک وشافعی واحمد وغیرہم سب متبع سنت وجماعت ہین حالانکہ حلال جانورون مین اجتہادی اختلاف ہی لیکن کسی کے نزدیک حلال جاننے والے پر کچھ گناہ نہین ہی اور سب علماے صالحین ہین - اسی قبیل سے قولہ تعالی فاینما تولوا فثم وجہ اللہ - یعنی جدھر پھیرو ادھی طرف جہ اللہ تعالی ہی یعنی قبلہ ہی پس اگر کوئی شخص بغیر غور کے سمجھ لے کہ کعبہ کی جانب خصوصیت نہین بلکہ ہر طرف قبلہ ہی تو خلاف اجماع کے گمراہی ہوجاے اور جب غور سے سبب نزول دیکھا اور دیگر آیات مانند قول جہاں شطر المسجد الحرام پر متوجہ ہوا تو جان لیا کہ آدمی پر فرائض مین استقبال قبلہ فرض ہی اور اسی آیتہ مبارکہ تعالی نے ایک جماعت مسائل کا علم عطا فرمایا یعنی کہ خانہ کعبہ کی جانب استقبال کرنا ایک جہت عبادت ہی ورنہ اس مکان کی عمارت نہو تو بھی قبلہ کی وہی جہت باقی ہی - دوم یہ کہ اللہ تعالی کے واسطے جہت نہین ہی بلکہ اسکے شان پاک جمیع جہات سے پاک ہی اور ہر طرف اسکی عبادت کے واسطے فی نفس الامر یکسان ہی لہذا فاقد سفر یورپ کی جدھر چاہتا ہو پڑھتا ہے چنانچہ صحاح کی احادیث واجماع علماء اسپر دلیل ہی اور اسی طرح جہان آدمی کو جنگل وغیرہ مین قبلہ مشتبہ ہوا اور تحری کی ضرورت واقع ہو تو جزم تحری سے پڑھے اور یہی جہت اسکے واسطے عین قبلہ ہی حتی کہ خطا جاری نہین ہی برخلاف اسکے کہ اگر مقتدی نے عمدا امام سے مخالفت کی تو نماز باطل ہوگی کیونکہ اقتدار مین اسپر موافقت لازم ہی چنانچہ اگر بغیر اقتدار کے اسنے تحری سے دوسری طرف پڑھی تو دونون کی نماز صحیح ہی کیونکہ دوسرے کی نماز مستقل ہی باقتدار نہین ہی چنانچہ تمین الصدایہ مین مدلل دیکھو - اسی قسم سے قولہ تعالی فلاجناح علیہ ان یطوف بہما - یعنی صفا ومروہ کے درمیان

سعی کرنے میں اسپر کچھ گناہ نہیں ہے۔ بظاہر بغیر غور کے آدمی یہ سمجھیگا کہ سعی صفا و مروہ ایسی چیز ہے کہ کرے تو خیر کچھ گناہ نہوگا۔ اور جو شخص غور کرے وہ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ نے صفا و مروہ کو شعائر اللہ فرمایا تو یہ معنی نہیں ہو سکتے ہیں بلکہ یہ کہ شعائر اللہ کی تعظیم میں ثواب ہے اور کافروں کے وہاں بت رکھنے سے شعائر اللہ میں فرق نہوگا تو کافروں کے خیال سے گناہ سمجھو چنانچہ ہمنے سبب نزول میں یہی پایا کہ وہاں کافروں نے بت رکھے تھے اور انھیں کے قصد سے دوڑتے تھے تو اسلام میں صحابہ رضی اللہ عنہم نے گناہ کا خوف کیا پس یہ آیت نازل ہوئی۔ اور منجملہ علوم کثیرہ کے اس سے معلوم ہوا کہ جو امور کہ تعظیم الٰہی عزوجل سے ہیں اگر مشرکوں نے انمیں شرک بنایا ہو تو مشرکوں کا فعل مردود ہے اور شعائر الٰہی عزوجل میں کچھ خلل نہوگا کیونکہ مخلوق کے فعل کا اثر وہاں کچھ نہیں ہو سکتا ہے جیسے خانہ کعبہ میں مشرکوں نے سیکڑوں بت رکھے تھے مگر طواف خانۂ کعبہ وہی تعظیم ہے اور حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ السلام میں مشرکوں نے فرزند کا شرک بنایا تو انکا قول مردود ہے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بحال خود پیغمبر صادق ہیں۔ اسی قسم سے قولہ تعالیٰ قل لا اجد فیما اوحی الی محرما الآیہ۔ کیونکہ بغیر غور کے آدمی سمجھیگا کہ پس حرام غذا صرف انھیں چیزوں میں منحصر ہے جو اس آیت میں مذکور ہیں حالانکہ جسنے قاعدۂ بلاغت سے غور کیا تو سمجھا کہ اللہ تعالیٰ نے اوپر مشرکوں کی مذمت فرمائی کہ انھوں نے حلال الٰہی کو حرام کر لیا اور حرام کو حلال کر لیا پس انکی تردید کے واسطے ایجاز بلیغ یہ کہ اسکا نقض کر دیا جاوے چنانچہ انکی محرمات کو توڑ دیا کما قال الشافعی رحمہ اللہ ترجمہ کہتا ہے کہ انکی تحریم کو توڑا اور تحلیل کو نہیں توڑا انمیں بلاغت یہ کہ اصل میں حلت ہے سوائے ان چیزوں کے جنکو اللہ تعالیٰ نے بندوں کی عبودیت و ثواب کے واسطے عین حکمت بالغہ کے ساتھ حرام کر دیا پس مشرکوں پر شنیع ہوئی کہ اللہ تعالیٰ نے طیبات رزق اپنے بندوں کے واسطے حلال کیے ہیں تو تم حرام کرنے والے کون ہو۔ قال تعالیٰ قل من حرم زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہ والطیبات من الرزق۔ پس اسمیں طیبات رزق کے حرام کرنے والے کو رد کر دیا کہ وہ کون ہے جو حرام کرے لہذا محقق ہوا کہ تحریم کی دلیل شرعی چاہیے اور حلت تو اصل منصوص ہے۔ بالجملہ حاصل قول شافعی رحمہ اللہ یہ ہوا کہ آیت مذکورہ میں حرام چیزوں کا انحصار مقصود نہیں ہے بلکہ مشرکوں کی تحریم توڑ دینے کا قصد ہے۔ آر انجملہ اسباب نزول جاننے میں یہ فایدہ ہے کہ آدمی اپنی گمراہی و جہالت سے قرآن پاک میں بعض خاص لوگوں پر محمول نکرے جیسے مروان بن الحکم نے زعم کیا قولہ تعالیٰ لا تقل لہما اف۔ اور والدین کے واسطے اف کہنے کی آیت کا محل عبدالرحمن بن ابی بکر الصدیق ہیں اور یہ زعم باطل تھا چنانچہ ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا نے سبب نزول بیان فرما کر مروان کا قول رد کر دیا۔ مترجم کہتا ہے کہ اکثر لوگ جنکے قلوب میں کجی و مرض ہے مانند معاند و خوارج کے یوں ہی اللہ تعالیٰ کی آیات میں بیجا افترا کرتے ہیں اور جسکی یہ حالت ہو وہ فہم قرآن سے بے نصیب رہتا ہے۔ ہ۔ (المسئلہ) سوال یہ ہے کہ آیت کا نزول جس سبب خاص میں ہوا کیا اسی معنی خاص کا اعتبار ہے یا نظم کلام کے معنی عام کا اعتبار ہے۔ جواب صحیح ہمارے نزدیک یہ کہ عموم معنی کا اعتبار ہے اگرچہ سبب نزول خاص ہو اور جہاں سبب خاص پر اقتصار ہوا تو یہ کسی دلیل دیگر سے واقع ہوا ہے۔ ابن جریر رحمہ اللہ نے کہا کہ حدثنی محمد بن ابی معشر قال انبانا ابو معشر نجیح قال سمعت سعید المقبری یذاکر محمد بن کعب الخ۔ یعنی سعید المقبری نے محمد بن کعب سے مذاکرہ میں کہا کہ بعض کتب میں آیا کہ اللہ تعالیٰ کی مخلوق میں بعضے ایسے لوگ ہیں کہ انکی زبانیں شہد سے زیادہ شیریں ہیں اور انکے دل ایلوے سے زیادہ تلخ ہیں وہ لوگ بھیڑوں کے بالوں کے لباس پہنتے اور دین کے عوض دنیا کھینچتے ہیں پس محمد بن کعب نے کہا کہ کتاب الٰہی میں اسکی تصدیق موجود ہے قال تعالیٰ من الناس من یعجبک قولہ فی الحیوۃ الدنیا و یشہد اللہ علی ما فی قلبہ وہو الد الخصام۔ سعید المقبری نے کہا کہ یہ آیت تو مجھے معلوم ہے کہ جس شخص خاص کے حق میں نازل ہوئی تھی پس محمد بن کعب نے فرمایا کہ آیت ایک شخص کے بارہ میں نازل ہوتی پھر وہ عام ہوتی ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ معنی یہ کہ جس شخص کے بارہ میں حکم کی ضرورت ہوئی پس آیت نازل ہوئی جس سے معلوم ہوا کہ اس شخص کا حکم یہ ہے اور اسی طرح جو شخص ایسا ہوگا اسکا یہی حکم ہوگا اور مترجم نے اوپر بیان کر دیا کہ قولہ تعالیٰ ولا تحسبن الذین یفرحون بما اتوا الآیہ کس طرح عام ہے اور مروان سے اسکے سمجھنے میں خطا واقع ہوئی اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جو اسکو

اہل کتاب کے بارہ میں محمول کیا اس سے تخصیص مراد نہیں بلکہ بیان سبب نزول سے معالی سمجھا مقصود ہے۔ م شیخ ابن تیمیہ نے کہا کہ اکثر روایات میں صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم سے وارد ہوا کہ یہ آیت اس بارہ میں نازل ہوئی خصوص جب کسی شخص خاص میں ہو مثلاً وارد ہوا کہ خلع کی آیت درباره زوجۂ ثابت بن قیس نازل ہوئی اور آیۃ الکلالہ درباره جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہما نازل ہوئی تو اس سے انکا یہ مقصود نہیں کہ حکم آیت انھیں خاص لوگوں میں مخصوص ہے بلکہ یہ مراد ہے کہ ایسے واقعہ میں یہ حکم آیہ عام ہے چنانچہ فلاں شخص کا جیسا یہ واقعہ ہوا تو یہ آیت نازل ہوئی تھی۔ (التنبیہ) ہاں اگر آیت کا کلام ہی عام نہو بلکہ خاص ہو تو یہ خود ظاہر ہے کہ اسی شخص خاص کے بارہ میں نزول ہے جیسے قولہ تعالیٰ سیجنبہا الاتقی الذی یوتی مالہ یتزکی کیونکہ الاتقی معرفہ خاص ہے اور بالاجماع صحابہ وتابعین متفق ہیں کہ یہ منقبت و مدح شریف خاص حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارہ میں وارد ہوئی اور جس شخص نے زعم کیا کہ آیت عام ہے اسنے غلط کیا اسواسطے کہ اول تو اس آیت میں کوئی صیغۂ عام نہیں ہے اور دوم اجماعا صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم نے خاص ابوبکر رضی اللہ عنہ پر اتفاق کیا حالانکہ وہ خوب سمجھنے والے تھے پس اگر آیت عام ہوتی تو اسمیں ابوبکر رضی اللہ عنہ کے واسطے مدح نہوتی کیونکہ بلا خلاف مدح خاص ہوتی ہے تو آیت سے مخالف ہو جائیگا پس عام سمجھنا قطعاً غلط ہے (فائدہ) اسی سے امام فخر الدین رازی رح نے استدلال کیا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارہ میں اللہ تعالیٰ نے اس امت میں اتقی فرمایا اور دوسری آیت میں آیا کہ ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم یعنی تم میں سے بزرگ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ کہ جو تم میں سب سے زیادہ متقی ہے تو ثابت ہوگیا کہ ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے زیادہ بزرگ ہیں۔ مترجم کہتا ہے کہ توضیح سمجھ لو کہ تقوی کے مراتب ہیں اور انمیں متقی سے لیکر اتقی تک مدارج ہیں جیسے درجۂ نبوت میں نبی سے لیکر خاتم الانبیاء تک مدارج ہیں پس اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بعد انبیاء علیہم السلام کے امت میں اتقی فرمایا اور اتقا کو سب سے بزرگ فرمایا تو ہمکو آگاہ کیا کہ اس امت میں ابوبکر رضی اللہ عنہ سب سے اکرم ہیں اور دوسری آیت میں فرمایا کہ کنتم خیر امۃ اخرجت للناس یعنی اولاد آدم میں یہ امت محمدیہ سب سے بہتر ہے تو ہمنے قطعاً جان لیا کہ سب امتوں میں یہ امت افضل ہے اور اس امت میں ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ افضل ہیں اور یہ واضح ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کسی صحابی دیگر کے واسطے اتقی نہیں فرمایا تو معلوم ہوا کہ تقوی کا اعلیٰ مرتبہ صرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو عطا فرمایا ہے جیسے قصوی نبوت کا مرتبہ اعلیٰ حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرمایا۔ اور اسکے مقابلہ میں اشقی ہے کہ انتہائے شقی کا مرتبہ ابلیس لعین کو دیا اور اسکے بعد اسکے توابع ذریات ہیں حتی کہ آدمیوں میں سے جنھوں نے کفر و شرک و الحاد کیا یہ بھی شقی ہو کر اسکے تابع ہیں چنانچہ قوم صالح علیہ السلام میں سے ناقہ کا قتل کرنے والا اشقی تھا چنانچہ فرمایا۔ اذ انبعث اشقاہا۔ اور یہ معنی حدیث میں بھی منصوص ہیں واضح ہو کہ اتقی مطلقا بعد انبیاء علیہم السلام کے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں اور بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اتقی حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں اور اسی طرح صحابہ رضی اللہ عنہم اپنے اپنے درجہ پر اتقی ہیں پس کل صحابہ رضی اللہ عنہم بہ نسبت باقی امت کے اتقی ہیں اور باقی امت بہ نسبت دیگر امم کے اتقی ہیں اور اللہ تعالیٰ نے جمیع صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو قرآن وحی سے اتقی بتلا دیا اور باقی ہمنے آیات و احادیث دیگر سے نکالا ہے۔ فاحفظہ۔ (التنبیہ) اجماع ہے کہ قرآن مجید کے آیات کا نزول اپنے اپنے اوقات میں ہوا اور وہ اللہ تعالیٰ کی عنایت خاصہ جو اس امت کے اعلیٰ طبقہ پر مبذول تھی بحسب واقعہ اسکا حکم نازل فرمایا اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے جہاں اسکا موقع جعل سورۃ میں ہے بتلایا چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حکم فرماتے کہ یہ آیت جو اسوقت نازل ہوئی ہے فلاں سورۃ کے اس مقام میں لکھو پس اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و آپ کے اصحاب کبار کو قرآن پاک محفوظ تھا اور چونکہ کل سورتیں یکجا مکتوب نہیں تھیں اسی واسطے جب بعد وفات سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل یمامہ مرتد ہوئے اور خالد بن الولید رضی اللہ عنہ نے بحکم حضرت خلیفہ برحق صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے اکابر مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہ کے ساتھ انسے قتال کیا اور آخر اس کثیر جماعت پر اللہ تعالیٰ نے غلبہ دیا و مسیلمہ کذاب مردود مارا گیا تو اسوقت حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ جنگ یمامہ میں قرار قرآن اکثر شہید ہوئے اور مجھے خوف ہے کہ دیگر مواقع میں ایسا ہی

ہو تو قرآن مجید میں سے جاتا رہے لہذا آپ حکم فرماویں کہ قرآن پاک جمع کیا جاوے اور صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے بعد الہام الٰہی عزوجل کے جمع کر کے
یکجا لکھنے کا حکم فرمایا۔ کما فی الصحیح معلوماً۔ بالجملہ یہ شہادت ہے کہ قرآن اسوقت یکجا مکتوب نہیں تھا بلکہ حفاظ صحابہ رضی اللہ عنہم کے سینہائے پاکیزہ پر لکھا تھا۔
اور جبرئیل علیہ السلام ہر سال رمضان مبارک میں نازل ہو کر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قرآن مجید کا دور کرتے تھے حتی کہ سال حجۃ الوداع میں دو بار دور
کیا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سمجھا کہ اس سال میری وفات ہے چنانچہ صحیح میں یہ حدیث مطول موجود ہے۔ م۔ (التنبیہ) واحدی نے کہا کہ
اسباب نزول میں کلام کرنا بدون روایت یا سماع کے حلال نہیں ہے یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم نے نزول کو مشاہدہ کیا اور سماع سے اسباب نزول کو جانا اور
انکے بعد انہیں کی روایات سے علم ہوا۔ محمد بن سیرین نے کہا کہ میں نے عبیدہ رحمۃ اللہ تعالیٰ سے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے اصحاب میں سے ثقہ معتمد ہیں
ایک آیت کو پوچھا تو فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سے تقوی کر پس واللہ وہ لوگ گزر گئے جو جانتے تھے کہ کس سبب میں یہ قرآن نازل ہوا ہے۔ بعض علماء رح نے کہا کہ
صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے بھی بعض کی یہ شان تھی کہ جزم سے نہیں کہتے چنانچہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کے ساتھ جب ایک انصاری نے جناب سرور
عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور میں مخاصمہ کیا اور آپ نے زبیر رضی اللہ عنہ کے موافق حکم دیا اور انصاری اسوقت بمقتضائے بشریت رنجیدہ ہوا تھا کہ
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سخت حکم دیا تو زبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ اسی بارہ میں نازل ہوا قولہ تعالیٰ فلا وربک لا یؤمنون حتی یحکموک
فیما شجر بینھم ثم لا یجدوا فی انفسھم حرجا مما قضیت ویسلموا تسلیما۔ یعنی نہیں۔ قسم ہے تیرے رب کی کہ نہیں مومن ہونگے جب تک یہ نہ کریں کہ جو جھگڑا انمیں واقع ہو اسمیں تجکو حاکم بناویں
پھر جو کچھ تو حکم فرماوے اس سے اپنے دلوں میں تنگی نہ پاویں اور اسکو ایمان سے دل میں مان لیں کما فی الصحیحین وغیرہ۔ پس دیکھو کہ حضرت زبیر رضی اللہ
عنہ نے احتیاط کے ساتھ یوں فرمایا کہ میری دانست یا میرے خیال میں یہ آیت اسی بارہ میں نازل ہوئی ہے۔ حاکم رحمۃ نے علوم الحدیث میں لکھا کہ جو صحابی
کہ وحی و تنزیل میں حاضر ہوا ہے جب سنے کسی آیت قرآن کی نسبت آگاہ کیا کہ یہ آیت اس بارہ میں نازل ہوئی تو یہ قول بمنزلہ حدیث مسند ہے۔ یہی محل
ابن الصلاح رحمۃ نے اختیار کیا چنانچہ صحیح مسلم میں ہے کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہودی کہتے تھے کہ جو مرد اپنی عورت سے الٹا کرکے دُبر یعنی پچھواڑے کی طرف سے
فرج میں جماع کرے تو بچہ احول یعنی بھینگا پیدا ہوگا پس اللہ تعالیٰ نے اسکی تردید میں نازل فرمایا نساءکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم الآیۃ۔ یعنی تمہاری
جوروئیں تمہاری کھیتی ہیں سو جیسے تمہارا جی چاہے انکے پاس آؤ۔ خواہ چت یا پٹ۔ مترجم کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے کلام پاک سے معلوم ہوا کہ عورت سے جماع
کرنے میں کوئی تنگی نہیں رکھی گئی کہ مثلاً چت ہی ہو ورنہ گنہگار ہوگا۔ اور یہود نے بداعتقادی پھیلانی چاہی تھی کہ بچہ احول ہوگا پس اسکو رد کر دیا کہ اللہ
جسطرح چاہے پیدا فرماتا ہے اور اسمیں کسی وضع کو دخل نہیں ہے لیکن یہ حکم دیا کہ ذکر الٰہی عزوجل کے ساتھ نیک نیت اولاد کو مقدم کرو۔ یعنی محض شہوت
مقصود نہو بلکہ اس کھیتی سے اولاد صالح کے امیدوار ہو۔ چونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم مرد و عورتیں کامل الایمان تھی تو انمیں یہ امر ممکن نہیں تھا اور
یہود کے تجربہ میں غالباً ایسا آیا ہوگا اسواسطے کہ یہ قوم صرف شہوت پرست بدکار تھی اور اطباء کے قاعدہ میں مقرر ہوا کہ جماع کے وقت جب چت ہو اور
انزال کی لذت سے مرد عورت کی آنکھیں چڑھ جاویں تو بچہ میں یہ امر ظاہر ہوتا ہے اور پٹ جماع کی صورت میں عورت بروقت انزال کے کبھی ائین طرف اور کبھی
بائیں طرف نگاہ پھیرتی تو بچہ احول ہوگا۔ چونکہ طبیب صرف تن پروری کے قواعد جانتا ہے اور تن پروری کفار ہوتے ہیں جو نفس کی جسمانی شہوات میں
منہمک ہوتے ہیں تو اللہ تعالیٰ انکے حق میں انکی بداعتقادی کی سزا دیتا ہے ورنہ اللہ تعالیٰ ہی پیدا کرنے والا ہے اور کسی شخص یا شکل یا کسی
چیز کو اسمیں کچھ دخل نہیں ہے اور اہل ایمان کا اعتقاد صرف اللہ تعالیٰ کی الوہیت پر ہے اور وہ ایسی شہوت میں منہمک نہیں ہوتے ہیں پس انکی کھیتی سے
اللہ تعالیٰ بندہ مومن پیدا کرتا ہے کیونکہ وہی پیدا کرنے والا ہے۔ یہاں سے معلوم ہوا کہ بعض فرقہ گمراہ جنہوں نے اس آیت سے سمجھا کہ عورت کے پیخانہ
کے مقام میں وطی کرنا جائز ہے وہ شہوت پرست و نجس و بداعتقاد ہے کیونکہ مقصد سے آج تک کسی نے پیدا وار نہیں سنی۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے

بندون کو انکی کھیتیون مین ہر طرح کی اجازت دی اور وہ محل فرج ہی جس سے اولاد کی پیدا وار ہوتی ہی اور اہل السنۃ مین سے بعض نے شاذ قول بعض اہل السنۃ کا نقل کیا حالانکہ باطل و غیر صحیح ہی بلکہ اجماعًا اہل السنۃ کے نزدیک سلف و خلف سب کے نزدیک مقعد بازی حرام ہی حتی کہ اگر کسی نے عورت سے یہ حرکت کی تو اسپر توبہ فرض ہی اور سیاست کی طور پر سزا دیجاویگی اور اگر کسی نے لونڈون سے یہ حرکت کی تو قتل کیا جائیگا۔ کیا نہین سمجھتے کہ عورتون سے حالت حیض مین وطی کرنا بوجہ نجاست کے حرام کیا یہانتک کہ پاک ہوجاوین حالانکہ مقعد کی نجاست انتہای غلیظ ہی تو اسکے قطعی حرام ہونے مین کچھ شبہہ نہین ہی۔ **(الفائدۃ الجلیلۃ)** شیخ ابن تیمیہ رح نے کہا کہ جب صحابی یا تابعی نے کہا کہ یہ آیت اس بارہ مین نازل ہوئی ہی تو کبھی یہ مراد ہوتی ہی کہ اس آیت کا سبب نزول یہ واقعہ تھا۔ اور کبھی یہ مراد ہوتی ہی کہ سبب نزول تو امر دیگر ہی لیکن یہ امر بھی اس آیت کے حکم مین داخل ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اس فائدہ کو یاد رکھنا چاہیئے تاکہ تفسیر مین جو اسباب نزول مذکور ہوئے انمین بعض نے ایک امر سبب نزول بیان فرمایا اور بعض نے امر دیگر فرمایا پس سمجھ لیا جاوے کہ درحقیقت کچھ اختلاف نہین ہی بلکہ ایک نے حقیقی سبب نزول بیان کیا اور دوسرے نے اسکے عام حکم کے تحت مین جو افراد داخل ہین انمین سے ایک فرد بیان کیا ہی۔ **(الفائدۃ)** مترجم کہتا ہی کہ اکثر علماء رح نے کہا کہ آیت مکرر نازل ہوئی اسکے معنی مین بعض نے کہا کہ اس سے تکریم و تشریف کا فائدہ ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ بعض صورتون مین مکرر نزول مین یہ مقصود ہوتا ہی کہ اس آیت مین جو پہلے نازل ہوچکی ہی اسکا حکم مذکور ہی۔ مثال یہ کہ قولہ تعالی ماکان للنبی والذین آمنوا ان یستغفروا للمشرکین الآیہ کے سبب نزول مین ایک تو ابو طالب کے لیے استغفار۔ دوم ایک انصاری کا اپنے والد کے لیے استغفار۔ سوم آنحضرت صلعم کا اپنی والدہ شریفہ کے بارہ مین استغفار کی درخواست کرنا روایات ہین۔ پس ان روایات کے معنی مین وفاق اسطرح ہی کہ دراصل ابو طالب کے استغفار سے ممانعت مین وارد ہوئی اور قولہ ماکان استغفار ابراہیم لابیہ الآیہ شاید پہلے نازل ہوا اور شاید کہ انصاری کے واقعہ مین نزول ہو کیونکہ انصاری نے استغفار ابراہیم علیہ السلام سے استدلال کیا تھا۔ پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے والدہ شریفہ کے لیے دعاء کی درخواست کی یعنی مجھے اجازت دی جاوے تو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے نازل ہوکر یہی آیت تلاوت کردی لہذا یہ روایت نہین کہ آپ پر کیفیت وحی طاری ہوئی تھی۔ واللہ تعالی اعلم۔ م۔ **(التنبیہ)** صحابی نے جو سبب نزول بیان کیا وہ بمنزلہ مسند مرفوع کے ہی اسی طرح جب تابعی فقیہ نے بیان کیا تو وہ بمنزلہ حدیث مرسل ہی حتی کہ ائمہ حنفیہ رح کے نزدیک مانند جمہور علماء کے مقبول ہی اور شافعیہ کے نزدیک جب دوسری روایت مرسل سے تائید ہوجاوے تو مقبول ہی۔ واضح ہو کہ جب سبب نزول مین روایات مختلفہ وارد ہون تو انکے اسانید پر غور کرنا چاہیے پس اگر ایک اسناد صحیح اور دوسری ضعیف ہو تو صحیح پر اعتماد ہی اور اگر دونون اسناد صحیح ہون تو دیکھا جاوے کہ اگر ایک مین صریحہ روایت ہو کہ یہ آیت دربارہ امر ہذا نازل ہوئی ہی اور دوسری مین ایک واقعہ ذکر کیا اور کہا کہ جب یہ واقعہ پیش آیا تو یہ آیت نازل ہوئی پس اصل سبب نزول مین اسی پر اعتماد ہی اور اگر دونون روایتون مین واقعات کے بعد نزول مذکور ہو یعنی ہر ایک روایت مین ایک واقعہ مذکور ہی مثلا قولہ تعالی علم اللہ انکم کنتم تختانون انفسکم فتاب علیکم وعفا عنکم فالان باشروہن الآیہ۔ دربارہ اجازت اکل و شرب تا وقت سحری۔ حالانکہ پہلے صرف خواب تک کھانا و پینا جائز تھا۔ پس سبب نزول مین مذکور ہی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ و کعب بن مالک رضی اللہ عنہ نے رمضان مین اپنی زوجہ سے رات مین وطی کی اور بعد اسکے ہوشیار ہوکر صبح کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا حال ذکر کیا تو یہ آیت نازل ہوئی اور دوسری روایت مین ہی کہ ایک صحابی انصاری دن بھر باغ مین کام کرکے شام کو آئے تو کھانا تیار نہ تھا پس انکی زوجہ اسی انتظام مین گئیں جب تیار کرکے لائین تو یہ سو گئے تھے پس دوسرے روز انکو غش آگیا تب اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی اور معلوم ہی کہ یہ سورہ مدنیہ اور دونون واقعہ بھی مدنی ہین پس اعتماد کیا جائیگا کہ یہ واقعات متصل واقع ہوے اور انکے بعد ہی نزول ہوا تو یہ واقعہ اسکا سبب نزول ہوگیا۔ کیونکہ آیت مین جماع و اکل و شرب دونون کی اجازت سحری تک ہی۔ اور اگر دونون واقعات مین سے ایک مکہ مین اور دوسرا مدینہ مین ہو تو محمول ہوگا کہ

سبب نزول اول ہو اور دوسرے واقعہ کا حکم اس سے نکالا گیا ہو اور اسکی مثال قولہ تعالیٰ ما کان للنبی والذین آمنوا ان یستغفروا للمشرکین ولو کانوا اولی قربی الآیۃ
ہو جیسا کہ اوپر بیان ہوا لیکن شیخ سیوطی رح نے ذکر کیا کہ اگر دونوں روایتوں کی اسناد میں سے ایک اصح ہو تو اسی کو ترجیح ہوگی خصوص جبکہ راوی خود اس واقعہ
میں حاضر ہو اور اسکی مثال یہ کہ یہود سے قریش نے کہلا بھیجا کہ ہم کو کوئی سوال بھیجو کہ ہم محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) سے دریافت کریں پس یہود یوں نے
کہلا بھیجا کہ روح کو دریافت کرو پس نازل ہوا قولہ تعالیٰ ویسئلونک عن الروح قل الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الا قلیلا۔ رواہ الترمذی عن ابن عباس
وصحح۔ اور بخاری رح نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی جس سے ظاہر ہوا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں یہود نے یہ سوال کیا تھا اور آپ
کھڑے ہو گئے پس ابن مسعود رض نے جانا کہ آپ پر وحی کی جاتی ہو پھر سر اٹھا کر یہ آیت پڑھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ آیت کا نزول مدینہ میں ہوا ہو شیخ سیوطی رح
نے کہا کہ روایت بخاری کو ترجیح ہو کیونکہ اسناد قوی و ابن مسعود خود حاضر تھے۔ مترجم کہتا ہو کہ میرے نزدیک صواب یہ کہ سورۂ مکیہ میں یہ آیت موجود ہو
اور اصل نزول بنا بر روایت ترمذی کے مکہ میں ہوا اور مدینہ میں یہود کے سوال کے وقت اللہ تعالیٰ نے مکرر اسی آیت کا حکم بھیجا کہ اسی کو تلاوت کریں
لہذا وحی کے وقت جو غدت آپ پر طاری ہوتی تھی وہ نہیں ہوئی بلکہ کھڑے رہے پھر سر اٹھا کر یہی آیت تلاوت فرمائی اور شیخ ابن کثیر رح نے اس آیت میں مکرر نزول قرار دیا۔
مترجم کہتا ہو کہ مکرر نزول کے معنی بھی میرے نزدیک یہی ہیں کہ اول مرتبہ بطور وحی کے نزول ہوا اور دوسری مرتبہ صرف یاد دلا کر اسی آیت میں حکم شامل
ہونا بتلایا جاتا ہو (تنبیہ) کبھی سبب واحد کے واسطے کئی آیات کا نزول متعدد سورتوں میں نازل ہوا جیسے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے کہا
کہ یا رسول اللہ میں دیکھتی ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے مردوں کا ذکر فرمایا اور عورتوں کا ذکر فضیلت ہجرت میں نہیں ہو تو نازل ہوا قولہ تعالیٰ ان المسلمین و
والمسلمات الآیہ۔ اور نازل ہوا قولہ انی لا اضیع عمل عامل منکم من ذکر او انثی الآیہ۔ رواہ الحاکم۔ (فوائد) اسباب نزول کی قسم میں سے
یہ کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کی زبان پر قرآن نازل ہوا یعنی اللہ تعالیٰ نے قبل نزول کے بعض صحابہ رضی اللہ عنہم کی زبان پر جاری کر دیا اور اصل
اسمیں موافقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہیں چنانچہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے عمر کی
زبان پر حق جاری کر دیا ہو اور عمر کے قلب میں حق رکھدیا ہو۔ ابن عمر رض نے کہا کہ جب کبھی لوگوں میں کوئی واقعہ پیش آیا اور لوگوں نے ایک بات کہی اور عمر رض
نے دوسری بات کہی تو یہی ہوا کہ عمر رض کے قول کے موافق قرآن نازل ہوا۔ رواہ الترمذی اور مترجم نے موافقات عمر رضی اللہ عنہ کو قولہ تعالیٰ واتخذوا
من مقام ابراہیم مصلی کے تحت میں ذکر کیا ہو۔ اور خلاصہ یہ کہ مقام ابراہیم میں مصلی بنانا و حجاب و قولہ عسی ربہ ان طلقکن ان یبدلہ ازواجا خیرا منکن
الآیہ۔ و قید بدر۔ و قولہ تعالیٰ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔ میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے موافق قرآن نازل ہوا۔ عبدالرحمن بن ابی لیلی نے کہا
کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ایک یہودی ملا اور کہنے لگا کہ تمہارے صاحب (یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) جبرئیل کا ذکر کرتے ہیں وہ تو
ہم لوگوں کا دشمن ہو پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جو کوئی اللہ تعالیٰ و اسکے ملائکہ و رسولوں و جبرئیل و میکائیل کا دشمن ہو تو اللہ تعالیٰ ایسے
کافر کا دشمن ہو پس اللہ تعالیٰ نے قولہ تعالیٰ من کان عدوا للہ و ملائکتہ الآیہ۔ نازل فرمائی رواہ ابن مردویہ۔ مترجم کہتا ہو کہ دوسری روایت میں
آیا کہ یہودی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا تھا پس آیت کا نزول ہوا۔ مترجم کہتا ہو کہ دونوں روایتیں متحد ہیں اور ابن مردویہ کی روایات سے
اصل قصہ معلوم ہو گیا کہ یہودی مردود نے در اصل حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہا تھا کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر جبرئیل وحی لاتا ہو اور وہ ہمارا دشمن
ہو ورنہ ہم مسلمان ہو جاتے پس راوی نے مختصر کر کے اسقدر بیان کیا کہ یہود نے کہا کہ جبرئیل ہمارا دشمن وحی لاتا ہو ورنہ ہم اسلام لاتے۔ ہم سعد بن معاذ
رضی اللہ عنہ جو قبیلہ اوس کے سردار ہیں جب انھوں نے سنا کہ حضرت ام المومنین عائشہ رض کے نسبت افک کا قصہ اسطرح بیان کیا گیا ہو تو سعد
رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سبحانک ہذا بہتان عظیم۔ پس جب اللہ تعالیٰ نے برأت کی آیات نازل فرمائیں تو اسمیں سخت زجر و توبیخ فرمائی اور مسلمانوں

بھی ملامت سے جھڑکا بقولہ تعالیٰ لولا اذ سمعتموہ قلتم مایکون لنا ان نتکلم بھذا سبحانک ھذا بہتان عظیم۔ پس حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے اسکی
بین موافقت کی۔ اسی قبیل سے قولہ تعالیٰ ویتخذ منکم شہداء۔ ہی چنانچہ عکرمہ رح سے روایت ہی کہ جب جنگ احد مین اصحاب بھاگ کر مدینہ آئے اور
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر آنے مین دیر ہوئی تو صحابیات عورتین نکلکر جانب احد روانہ ہوئین تاکہ دریافت کرین پس ہر ایک سے پوچھتی تھین اگاہ
اونٹ پر دو شخص آتے تھے پس انسے پوچھنے لگین تو انھون نے بتلایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خیریت سے ہین تو یہ عورتین خوش ہوئین
اور کہنے لگین کہ اب کچھ تردد نہین ہی ویتخذ اللہ من عبادہ الشہداء یعنی بندون مین سے تو اللہ تعالیٰ شہید بنا ویگا۔ اسی قبیل سے حضرت مصعب
بن عمیر رضی اللہ عنہ نے قبل نزول کے بوقت شہادت یہ پڑھنا شروع کیا تھا۔ وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل الآیہ۔ حتی کہ یہ آیت بعد اسکے یون
ہی نازل ہوئی۔ مترجم کہتا ہی کہ بعید واللہ تعالیٰ اعلم یہ ہی کہ حضرت مصعب اسوقت اس دار فناء سے جانب آخرت جاتے تھے اور محض سکون و
ثبات قلب کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے وعدۂ رضوان پر متیقن تھے اور کل صحابہ رضی اللہ عنہم کو جو یقین کمال حاصل تھا اب تمام عمر کی عبادت سے نہین
ہوتا پس ببرکت فیض رسالت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے جو آیت علم الٰہی عزوجل مین تھی اسوقت انکے قلب و زبان پر جاری ہوئی اور یہ حق
صریح تھا جیسے موافقات حضرت عمر رضی اللہ عنہ مین۔ اور مترجم نے ایک اشارہ کیا جسکا ادراک صرف موقنین صادقین مومنین کے قلوب پر ہوگا۔

**(نوع حادی عشر)** مکرر نزول کی نسبت ایک جماعت متقدمین و متاخرین کا قول ہی تاکہ تذکیر و موعظت ہو یعنی یاد دلانا و دل مین اسکے
معنی مثبت کرنا و تفخیم شان مقصود ہی۔ از انجملہ خاتمہ سورۂ نحل و اول سورۂ روم و آیۃ ویسئلونک عن الروح و قولہ تعالیٰ اقم الصلوٰۃ طرفی النہار۔ اور
اسی طرح سورۂ اخلاص کہ مین مشرکون کا جواب تھا اور مدینہ مین یہود و نصاریٰ کا جواب ہوا اور اسی طرح قولہ تعالیٰ ما کان للنبی والذین آمنوا الآیہ۔ اور
اس سب مین حکمت یہ کہ کوئی واقعہ یا سوال ایسا پیش آیا کہ اسمین حکم قرآن نازل ہو حالانکہ قبل ازین ایسی آیت نازل ہو چکی کہ جو اسکے حکم و جواب کو متضمن
ہی پس اللہ تعالیٰ نے بعینہ اس آیت یا سورہ کو وحی فرمایا تاکہ یاد دلانے و فہم کا افادہ ہو۔ مترجم کہتا ہی کہ مترجم نے سابق مین یہی معنی اپنی طرف سے نقل کیے
فالحمد للہ تعالیٰ علی الوفاق۔ م۔ **(نوع ثانی عشر)** بعض قرآن نازل ہوا حالانکہ اسکے حکم کا وقت اسکے بعد پیش آیا۔ مثال یہ کہ مکہ مکرمہ مین
نازل ہوا قولہ تعالیٰ سیہزم الجمع ویولون الدبر۔ اس آیت سے مفہوم ہوا کہ کافرون کا جماؤ منہزم ہوگا اور پیٹھ دیگا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین سوچتا
اپنے دل مین کہتا کہ وہ کون جماعت اور کہان ہی پھر بعد ہجرت کے جب بدر کا روز ہوا اور قریش کا لشکر جرار بھاگا تو مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو انکے
قبہ قبہ مین دیکھا کہ آپ تلوار کھینچے ہوئے انکے تعاقب مین یہ پڑھتے ہین سیہزم الجمع ویولون الدبر۔ پس یہ آیت واسطے واقعۂ بدر کے تھی۔ رواہ البخاری
فی الاوسط۔ قتادہ رح نے کہا کہ مکہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا کہ اللہ تعالیٰ عنقریب لشکر مشرکین کو بھگا دیگا بقولہ تعالیٰ جیشٌ ما ہنالک
مہزوم من الاحزاب۔ پس بدر کے روز اسکی تاویل واقع ہوئی۔ رواہ ابن ابی حاتم۔ اور اسی قسم سے قولہ تعالیٰ قل جاء الحق وما یبدئ الباطل وما یعید
اور قولہ تعالیٰ قل جاء الحق وزہق الباطل الآیہ۔ چنانچہ انکا نزول مکہ مین ہوا اور تاویل خواہ جہاد ہو جیسا کہ ابن مسعود رض سے مروی ہی۔ رواہ ابن ابی حاتم
اور خواہ فتح مکہ ہو کیونکہ فتح مکہ کے روز حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دونون آیات پڑھتے اور بتون کو گراتے تھے کما فی الصحیحین۔ بالجملہ حکم متاخر ہی۔ ابن الحصار نے
کہا کہ اللہ تعالیٰ نے مکہ مین بہت سی مکیات سورتون مین صریح ذکر فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اپنے رسول کو حسب وعدہ غالب فرما دیگا اور اسکا دین سب پر
عالی ہو جائیگا اور بارہا بطور کنایہ و لوازم کے ذکر فرمایا مثلاً مترجم کہتا ہی کہ قولہ تعالیٰ والذین ان مکنہم فی الارض اقاموا الصلوٰۃ واتوا الزکوٰۃ الآیہ۔ اور قولہ
وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنہم فی الارض کما استخلف الذین من قبلہم الآیہ۔ او جیسے قولہ تعالیٰ ہم للزکوٰۃ فاعلون۔ حالانکہ
زکوٰۃ کا فرض ہونا بعد ہجرت کے واقع ہوا ہی۔ اور اسی طرح دیگر شرائع اسلام کا ذکر قبل فرضیت کے مکیہ سورتون مین ہی جیسے سورۂ مزمل مین قولہ

وآخرون یقاتلون فی سبیل اللہ۔ اور قولہ واقیموا الصلوٰۃ وآتوا الزکوٰۃ۔ قسم دوم یہ کہ حکم پہلے جاری ہوا اور کتابت اسکے بعد نازل ہوئی اور اسکی مثالوں میں سے علماء رحمہم اللہ نے بیان کیا کہ (۱) آیۃ الوضوء ہو کہ مکہ میں نماز کے ساتھ وضو کا حکم تھا اور ابن عبد البر رحمہ اللہ نے کہا کہ سوائے جاہل کے کوئی شخص منکر نہیں ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیشہ وضو سے نماز پڑھی ہے اور جمیع اہل السیر متفق ہیں حالانکہ آیۃ الوضوء مع حکم تیمم کے مدینہ میں نازل ہوئی کما فی الصحیح۔ (۲) شیخ سیوطی رحمہ اللہ نے کہا کہ سفر جہاد سے واپسی کے وقت بیداء میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے قلادہ گم ہونے پر صبح کے وقت نازل ہوئی کما فی الصحیح۔ (۳) شیخ سیوطی رحمہ اللہ نے کہا کہ جمعہ کی فرضیت مکہ میں ہوئی حالانکہ آیۃ الجمعہ مدینہ میں نازل ہوئی۔ بدلیل حدیث عبد الرحمن بن کعب کہ جب کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کی آنکھیں جاتی رہیں اور میں انکو جمعہ کی نماز کو لیجاتا تو جب اذان سنتے تو اسعد بن زرارہ رضی اللہ عنہ کے واسطے ترحم سے استغفار کرتے پس میں نے پوچھا تو فرمایا کہ اے فرزند عزیز اسی شخص نے ہمکو اول جمعہ پڑھایا باقبال سکے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے تشریف لاوین۔ رواہ ابن ماجہ۔ (۴) قولہ تعالیٰ انما الصدقات للفقراء الآیۃ کا نزول ہجرت کے نویں سال ہوا حالانکہ زکوٰۃ کی فرضیت تو ابتدائے ہجرت ہی میں ہو چکی تھی۔ توضیح یہ کہ اس آیت میں جہاں زکوٰۃ صرف کیجاوے اسکا بیان ہے حالانکہ زکوٰۃ پہلے سے انہیں راہ میں صرف ہوتی تھی۔ **(نوع ثالث عشر)** بعض سورتیں بطور اکبارگی نازل ہوئیں اور بعض متفرق نازل ہوئیں لیکن اکثر یہی کہ بتمامہا متفرق نازل ہوا چنانچہ اول سورۂ اقرأ ہیں سے ما لم یعلم تک نزول ہوا اور اسکی مثالیں بکثرت ہیں۔ بیان قسم اول کہ یکبارگی نزول ہوا پس اسکی قسمیں ہیں سورۂ فاتحہ و اخلاص و تبت یدا و لم یکن و النصر و سورۂ فلق و سورۂ ناس ہیں بروایت مستدرک عن ابن مسعود و سورۂ براءت ہے اور اسی قسم سے سورۂ صف و سورۂ انعام ہے لیکن ابن الصلاح نے کہا کہ سورۂ انعام کے بارہ میں کوئی اسناد صحیح نہیں ملی اور بعض روایات میں آیا کہ اسکی چند آیات مدینہ میں نازل ہوئیں۔ **(نوع رابع عشر)** بعض قرآن کے وقت نزول میں ملائکہ کی مشایعت تھی اور بعض میں نہیں۔ چنانچہ ابن حبیب و ابن النقیب نے کہا کہ سورۂ انعام کی مشایعت میں ستر ہزار فرشتہ تسبیح پڑھتے تھے اور فاتحۃ الکتاب کے ساتھ میں اسی ہزار فرشتہ اور آیۃ الکرسی کی مشایعت میں تیس ہزار فرشتہ جیسے سورۂ یونس کے ساتھ میں تھے اور آیۃ واسأل من ارسلنا قبلک من رسلنا الآیۃ کی مشایعت میں بیس ہزار فرشتہ تھے اور باقی قرآن بغیر مشایعت کے تنہا جبرئیل علیہ السلام لائے۔ شیخ سیوطی رحمہ اللہ نے کہا کہ ذہبی رحمہ اللہ نے سورۂ انعام کی روایت کی نسبت موضوع ہونے کا شبہہ کیا اور باقیوں کی بات مجھے روایت نہیں ملی لیکن امام احمد نے معقل بن یسار رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سورۂ بقرہ سنام القرآن و ذروہ ہے جسکی ہر آیت کے ساتھ میں اسی فرشتہ نازل ہوا اور آیۃ الکرسی تحت العرش سے لیکر ملائی گئی ہے۔ سعید بن منصور نے سنن میں ضحاک سے روایت کی کہ خواتیم سورۂ بقرہ کو جبرئیل امین نے ایسی شان سے کہ مشایعت میں جسقدر فرشتہ اللہ تعالیٰ نے چاہے ساتھ تھے مترجم کہتا ہے کہ شیخ سیوطی رحمہ اللہ نے یہاں سورۂ فاتحہ و آیۃ الکرسی و خاتمہ سورۂ بقرہ و سورۂ کوثر کے فضائل میں بہت سی صحیح احادیث و روایات ذکر فرمائیں لیکن کسی میں مشایعت کا ذکر نہیں ہے حالانکہ اس نوع میں صرف یہی بیان ہے۔ **(نوع خامس عشر)** قرآن میں بعض وہ معارف ہیں کہ انبیائے سابقین پر نازل ہوئے اور بعض وہ کہ سابق کسی پر نازل نہیں ہوئے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس فرشتہ آیا اور کہا کہ آپکو بشارت ہو کہ دو نور آپکو عطا ہوئے جو کسی نبی کو آپ سے پہلے عطا نہیں ہوئے ایک فاتحۃ الکتاب اور دوم خواتیم سورۂ بقرہ۔ رواہ مسلم فی الصحیح (آخری روایت) اس حدیث میں اہل العلم کے واسطے تنبیہ ہے کہ قرآن مجید کے ہر سورہ و آیت کے ساتھ میں نور معرفت خاص ہے جو خاص بندوں کے واسطے ظاہر ہوتا ہے جب شریعت پر استقامت حاصل ہو۔ مترجم کہتا ہے کہ شیخ سیوطی رحمہ اللہ نے بعض آثار اس قسم کے ذکر کیے جن سے معلوم ہوا کہ انبیائے سابقین کے واسطے بعض آیات خاص تھیں لیکن مترجم کے نزدیک اول تو اس اسناد میں ضعف ہے اور دوم یہ امر مخالف روایات صحیحہ ہے کیونکہ قرآن مجید جامع کتب سابقہ ہے پس کوئی صورت نہیں کہ قرآن سے کچھ باہر ہو پس میرے نزدیک صحیح یہ ہے کہ خصوصیات کی مثال بیان کرنا چاہیے یعنی وہ معارف

توحید جو اللہ تعالیٰ نے مکنون فرمائی تھی کہ خاتم المرسلین محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی اور یہ امر ثابت ہوا کہ محامد و معارف عالیہ ہیں جو آپ کو مقام محمود میں القاء ہونگے۔ م۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سبع طوال میں سے موسیٰ علیہ السلام کو فقط دو سورتیں عطا ہوئیں اور سوائے اسکے کسی نبی کو انمیں سے کوئی عطا نہیں ہوئی۔ رواہ البیہقی۔ مترجم کہتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے واسطے توریت بھی شریعت تھی لہذا یہی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے واسطے معارف ہیں اگرچہ نزول کتابی تو سابق ہو چکا تھا۔ م۔ ابن عباس کی حدیث میں ہے کہ انا للہ وانا الیہ راجعون ہر وقت مصیبت کے جو میری امت کو عطا ہوا ہے کسی امت کو سابق میں عطا نہیں ہوا۔ الطبرانی۔ سبح اسم ربک الاعلیٰ۔ آخر تک صحف ابراہیم و موسیٰ میں موجود ہے۔ رواہ ابن عباس عنہ الحاکم و سعید بن منصور۔ قولہ تعالیٰ ہذا نذیر من النذر الاولیٰ۔ یہ آیات صحف ابراہیم و موسیٰ میں ہیں۔ قولہ تعالیٰ ان ہذا لفی الصحف الاولیٰ صحف ابراہیم و موسیٰ۔ دلیل صریح ہے کہ یہ صحف ابراہیم و موسیٰ میں موجود ہیں کعب احبار سے روایت ہے کہ سورۂ انعام کا شروع یہی توریت کا شروع ہے اور خاتمہ ہود ہی توریت کا خاتمہ ہے اور اس باب میں آثار کثیرہ ہیں اور صحیح الاسناد اکثر اپنے اپنے مقام پر تفسیر میں مذکور ہیں۔

## (نوع سادس و ستین) قرآن مجید نازل ہونے کی کیفیت کے بیان میں

اس باب میں عجائب علوم و اسرار ہیں اور بعض عام فہم امور انشاء اللہ تعالیٰ مذکور ہونگے واضح ہو کہ یہ امر بدیہی ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو معجزۂ دائمی قرار دیا حتی کہ ہر زمانہ میں ہر شخص کے واسطے قرآن پاک معجزہ موجود ہو اسی طرح اسکے نازل فرمانے میں بھی کتب سابقہ سے علیحدہ طریقہ عطا فرمایا۔ ہاں قرآن کے معجزہ ہونے کے واسطے یہ شرط ہے کہ خود زبان عربی میں ہو جیسے عصائے موسیٰ کے اژدھا بن جانے کے لیے یہ شرط تھی کہ آدمی آنکھوں والا ہو اور حضرت عیسیٰ کے پرندہ بنا کر اڑانے میں بھی آنکھیں شرط تھیں ورنہ کیونکر دیکھتا کہ آیا وہ عقلی طور پر استدلال کرتا یعنی باطن سے اندھا نہ تھا غرضکہ ظاہری آنکھیں یا عقلی آنکھیں شرط تھیں اسی طرح قرآن مجید کے واسطے یا تو عربی زبان کی مہارت بلیغ ہو کہ وہ انتہائے بلاغت کو دیکھے یا عقلی آنکھیں ہوں کہ وہ دلیل سے سمجھ جاوے اور دلیل عقلی یہ ہے کہ تمام عرب مجمع مدتوں جان دینے کی لڑائیاں لڑے وہ ہمیشہ اسوقت یہ کہتے رہے کہ قرآن مجید جادو ہے یعنی آدمی کا کام نہیں ہے پھر جب اسلام لائے تو اعجاز کا اقرار کیا جیسے اللہ تعالیٰ کے ساتھ پہلے منکر تھے حالانکہ اللہ تعالیٰ کی وحدانیت بالکل ظاہر ہے پھر جب ایمان لائے تو اقرار کیا پھر یہ لوگ کروروں تھے اور ممکن نہیں کہ اسقدر کروروں ایک مرغلط پر متفق ہو جاویں حالانکہ طائفہ طبقہ بطبقہ سیکڑوں کروڑ برابر اسکے معجزہ ہونے پر متفق ہیں تو عقلاً قطعی دلیل ہے کہ وہ نظم کلام عربی میں درجہ اعجاز ہے اسکے مثل محال ہے۔ م۔ کیفیت نزول میں اصح قول یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ۲۴ تاریخ رمضان کی لیلۃ القدر میں قرآن پاک کو لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر ایکبارگی نازل فرمایا پھر آسمان دنیا سے حسب وقائع و نوازل کے حسب الحکم الٰہی عزوجل تھوڑا تھوڑا نازل ہوتا رہا حتی کہ ۲۳ برس میں پورا کیا گیا۔ یہی معنی حاکم و بیہقی و نسائی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بوجوہ متعددہ روایت کیے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی ولا یاتونک بمثل الا جئناک بالحق و احسن تفسیرا یعنی کفار تیرے پاس کوئی مثل نہیں لاوینگے مگر آنکہ ہم تیرے پاس حق کو اور بہتر تفسیر لاوینگے ابن ابی حاتم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ یعنی مشرکین جب کوئی امر مجید الہی سنتے تو اللہ تعالیٰ اسکے جواب میں امر حق و معرفت حقہ نازل فرماتا تھا ابن ابی شیبہ وغیرہ نے روایت کی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قرآن مجید کو لوح محفوظ سے جدا کر کے آسمان دنیا کے بیت العزۃ میں رکھا گیا۔ طبرانی کی روایت میں ہے کہ رمضان کی لیلۃ القدر میں ایکبارگی آسمان دنیا پر نازل فرمایا۔ یہ سب اسانید صحیحہ ہیں شیخ ابن حجر نے کہا یہی قول صحیح معتمد ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے یہ آیت پڑھی وقرآنا فرقناہ لتقراہ علی الناس علی مکث ونزلناہ تنزیلا یعنی اللہ تعالیٰ نے یہ معنی ارشاد فرمائے کہ ہمنے یہ قرآن تجھے عطا کیا ہم نجم کر کے تاکہ تو اسکو لوگوں پر ٹھہر ٹھہر کے ساتھ تلاوت فرماوے اور ہمنے اسکو احسن طور پر نازل فرمایا۔ مترجم کہتا ہے کہ اس سے تنبیہ ہو گئی کہ قرآن پاک کے اسطرح نازل فرمانے میں کیا خوبی و لطافت ہے۔ حاصل یہ کہ منجملہ اسرار حکمت کے اول تعظیم قرآن۔ دوم اظہار کرامت خاتم المرسلین

سوم تکمیل امت مرحومہ چہارم تثبیت و اتقان پنجم اظہار معجزات ششم تکمیل قوای روحانی ہفتم حفظ اتقانی۔ (توضیح بیان (امر اول) یہ کہ شیخ ابو نصر نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے لوح محفوظ سے اس جملہ کا ملہ کے نزول کے واسطے اہل السموات کو تنبیہ کی جنھوں نے جانا کہ یہ آخری کتاب کامل معجز نازل ہونے والی ہے اور اللہ تعالیٰ نے شیاطین کی راہیں مسدود اور انکے تصرفات باطل کر دیئے کیونکہ جب نور کا ظہور ہوا تو ندھیرا مضمحل ہو گئی پس اگر حکمت الٰہی اسکی شائع کثیر کو مقتضی ہوتی تو وہ دیگر کتب آسمانی کی طرح لکھا ہوا کتاب میں نازل ہوتا لیکن اللہ تعالیٰ نے اسکو توریت و انجیل وغیرہ کتب سابقہ سے امتیاز دیا حتی کہ مجموعاً آسمان دنیا پر نازل کیا اور تنجیماً اسکو زمین پر نازل فرمایا۔ مترجم کہتا ہے کہ نور کلام ربانی خالص بقلب اتقی و اطہر نازل ہوا بدون پردہ ثابت و تحریر کے اور اسکو قلب سلیم سے سمجھو کیا نہیں سمجھتے ہو کہ اگر ایک شخص کے سینہ میں قرآن محفوظ ہو اور دوسرے شخص کے سینہ پر لکھا ہوا قرآن رکھا ہو تو ان دونوں کے انوار و برکات میں بہت فرق ہے۔ اسی سے (امر دوم) سمجھ سکتے ہو کہ نور خالص کے نزول کے واسطے قابلیت بدرجۂ کمال ضرور ہے پس ظاہر فرمایا کہ اس نور کو پردۂ لباس میں اتارنا اخفا ہے لہذا ظاہر فرمایا کہ اتقی قلب پر نور خالص وحی نازل کیا گیا ہے لہذا صحیح میں روایت ہے کہ ہر پیغمبر کو وہ دیا گیا کہ اسکے مثل پر بشر ایمان لایا اور مجھے جو دیا گیا وہ وحی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے وحی فرمائی پس میں امید وار ہوں کہ قیامت کے روز پیروی کرنے والے زیادہ ہونگے۔ مترجم کہتا ہے کہ اس سے دو فائدے مفہوم ہیں اول آنکہ ہر پیغمبر کے واسطے اسکا معجزہ صرف اسی ساعت کے لیے تھا اور کلام پاک کا معجزہ بلباس کتاب تھا تو اسوقت کی امت اسی قابلیت پر مخاطب ہوئی تھی۔ دوم آپ کا معجزہ دائم تا قیامت ہے اور خالص نور ہے تو اس سے خود ظاہر ہے کہ امت کو ابھی اس فہم کی قابلیت عطا ہوئی ہے تو ضرور ہوا کہ جب انہیں معرفت کی قابلیت وسیع ہو تو انہیں بھی علم نافع ہونگے کیونکہ تابع تو در حقیقت وہ شخص ہے کہ عین توحید پر ہو اور الحمد للہ کہ اہل اسلام میں خلوص توحید والے کثرت گزرے ہیں ہاں بعض نام کے تابع کے جیسے یہود و نصاریٰ جسمانی کہ انمیں سے ہر ایک کو آج تک سمجھ میں نہیں آتا کہ اللہ تعالیٰ کے صفات کاملہ جو اہل اسلام بیان کرتے ہیں اسکے معنی کیا ہیں حالانکہ اہل اسلام میں بھی بعض جاہل کے قلب پاکیزہ میں نے دغدغہ وہ معنی موجود ہیں۔ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت مرحومہ جو کہ خیر الامم فرمائی گئی ہے ہر ایک نے اپنی معرفت قلبی سے جان لیا کہ سبحان اللہ ہمارے پیغمبر خاتم النبیین سید المرسلین ایسے کمال اعلیٰ پر ہیں کہ وحی الٰہی میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ نزل بہ الروح الامین علی قلبک باذن اللہ۔ تو آپ ہی کا قلب تھا کہ جسنے اس امانت و نور خالص کو برداشت کیا اللھم صل علی سیدنا و مولانا محمد و آلہ و صحبہ اجمعین۔ اور اس سے صاف واضح ہوا کہ جب نور وحی خاص قلب پر بلا حجاب نازل ہوا تو وہ قلب جمیع مرتبۂ عالیہ پر فائز ہو گا اسکا اندازہ کون کر سکتا ہے کیونکہ کتاب سے نور کا قلب پر ظہور کرنا بدقت و تدریج ہی جسکے واسطے مجاہدہ و مشقت طویل چاہیے اسیواسطے حادیث صحیحہ میں وارد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وحی کے نزول میں شدت برداشت فرماتے تھے۔ پس باوجود اس کمال کے یہ شدت اٹھاتے تو عقل نورانی سے سمجھ دیکھو کہ کتابی لباس سے نور کے ظہور میں کیا مشقت و جہد بلیغ ہے اور وہ بھی بذریعہ اپنے فعل کے ہے۔ لہذا فرمایا۔ کذلک لنثبت بہ فؤادک۔ یعنی کافروں کی جہالت ہے کہ بے عقلی سے انھوں نے چاہا کہ کتاب کیوں نہیں نازل ہوئی اور کمال کو چھوڑ کر نازل کے طالب ہوئے پس اللہ تعالیٰ نے رد کیا کہ ہمنے یوں ہی تنجیماً نازل فرمایا ہے تاکہ اس نور سے تیرے باطن کو تمکن و تثبت عطا فرماویں۔ ظاہر ہے کہ انوار خالص کے ظہور سے قلب کو کس درجہ تثبت حاصل ہو گا حتی کہ لائق معراج کر لیا۔ اس سے (امر سوم) کا بیان واضح ہوا کہ جب قلب پر نازل ہوا اور انھیں انوار کو صاحب نور نے اپنے اصحاب پر تلاوت کیا تو انکے قلوب میں ایک واسطے سے وہ نور منتقل ہوا اور انکے قلوب میں صلاحیت کامل پیدا ہونے لگی۔ اسی واسطے اکابر دیوبند اللہ متفق ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فیض صحبت سے ایک ساعت میں جو کچھ حاصل ہوتا تھا اب نہیں ہو سکتا حتی کہ تمام عمر شب و روز کی عبادت سے آخر میں وہ بات حاصل نہ ہو گی اور اسی پر اہل السنۃ کا کلیۃً متفق ہیں اور یہی احادیث

وآثار مین مصرح ومبین ہی چنانچہ ترجمہ عقائد مقدمہ عین الہدایہ مین مترجم نے مشرح لکھا ہی۔ اب سنو کہ جس شخص نے صفائی قلب و خلوص نور ایقان کے ساتھ
دو رکعت نماز ادا کی تو وہ جس درجہ قبولیت پر فائز ہی دوسرا شخص جسمین یہ نور ایقان و خلوص نہین اسکی ہزار بلکہ دس ہزار رکعت بھی اسکا مقابلہ نہین کر سکتی
ہین۔ اے شخص عاقل ذرا غور کر اہل جنت کو بعد دخول جنت کے کہا جائیگا کہ کچھ اور چاہتے ہو تو اہل جنت حیران ہونگے کہ اب کیا باقی ہی اسوقت حکم
ہوگا کہ یہ نعمت عظمی کہ مین نے اپنا رضوان تمکو عطا کیا کہ کبھی تمپر ناخوشی نہوگی۔ اور اللہ تعالی نے قرآن مین بعد ثواب جنت کے فرمایا ورضوان من اللہ
اکبر یعنی اللہ تعالی کی طرف سے رضوان حاصل ہونا اس سب سے بڑھکر ہی پس رضوان آلہی کا یہ مرتبہ اعلی ہی اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو دنیا ہی مین عطا
کر دیا یقولہ تعالی ساضی اللہ عنھم ورضوا عنہ پس یہ شان کمال انکے واسطے اسی عنوان سے عطا ہوئی۔ اس سے (امر چہارم) کی توضیح معلوم ہوئی
کہ جب کسی عزیز دافر تمیز کی تعلیم مین کامل توجہ ہوتی ہی تو ہر علم و فن سے تھوڑا تھوڑا کر کے روزانہ اسکو تعلیم کرتے ہین اور جب وہ ہر روزہ کے سبق کو محفوظ
کر لیتا ہی اور اچھی طرح سمجھ جاتا ہی اور اسکے دل مین یہ مضمون جم جاتا ہی تو آیندہ سبق دیتے ہین تاکہ وہ دل جما کر لے حتی کہ وہ اس علم مین کامل ہو جاتا ہی
اور اگر ایکبارگی اسکو تمام کتاب القا کر دی جاوے تو اول ہی اچاٹ ہوگا اور ظاہر ہی کہ کیا حاصل کریگا۔ لہذا حدیث حضرت ام المومنین مین وارد ہی کہ
اول مفصلات مین سے ایک سورہ نازل ہوا جسمین جنت و دوزخ کا ذکر تھا پھر جب اسلام کی طرف لوگ دوڑے تو حلال و حرام نازل ہوا۔ اگر اول ہی انپر
ترک و فتی نماز و روزہ و جمعہ و جماعت و زکوۃ و حج و منع غیبت و شراب و تحریم زنا و بیاج وغیرہ احکام کثیرہ نازل ہوتے تو انکی اتباع مین مضمحل ہو جاتے
اور تثبت حاصل نہوتا کیا تم نہین دیکھتے ہو کہ بنو اسرائیل نے حضرت موسی علیہ السلام سے مدت تک معجزات دیکھے اور مدت تک دین نبوت
سے واقف تھے پھر جب انپر ایکبارگی توریت نازل ہوئی تو قبول سے انکار کرنے لگے کما قال تعالی واذ نتقنا الجبل فوقھم کانہ ظلۃ الآیۃ۔ پس واضح ہوا
کہ اللہ تعالی نے طبقہ اعلی کی تکمیل مین ایسی عنایت خاصہ مبذول فرمائی کہ اپنے کلام پاک کے انوار سے بواسطہ اپنے پیغمبر خیر المرسلین صلی اللہ علیہ و
علیہم اجمعین کے تثبت و کمال کامل عطا کیا حتی کہ انکو اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی خلافت سے سرفراز کیا اور بعد انکے یہ خلافت نبوت نہین
رہی بلکہ خلافت سلطنت ہوگئی۔ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے واسطے تین طریقہ سے تثبت عطا فرمایا۔ اول یہ کہ نور کلام کا القا انپر بواسطہ
خیر المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے نور خاص تھا اور دوم ہر موقع نزول آنکے واسطے زیادت ایمان تھا کما قال تعالی زادتھم ایمانا۔ اور سوم یکے بعد دیگرے
فرایض سے نفس متمرن ہو جانا یعنی پہلے قلب مین ہر وقت توحید آلہی کی یاد اور خوف عذاب دوزخ اور امید ثواب جنت مین مع ایمان خاص کے
مشغول ہوا پھر اعمال مین سے ایک فرض کا حکم ہوا حتی کہ اسکے ساتھ انکے نفوس مستقیم و ثابت ہوئے اور جو نور حاصل ہوا تھا وہ بڑھتا گیا اسی طرح جب
یہ ملکہ حاصل ہو گیا تو دوسرا فرض نازل ہوا علی ہذا القیاس جانب ممانعت مین بھی تعلیم فرمائی اور اس سے ہر شخص خیال کر سکتا ہی کہ جو رحمت و عنایت
ازلی بحال قرن اول صحابہ رضی اللہ عنہم مبذول تھی اسکی ہوس آیندہ کسی قرن کو نہوگی وذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم۔
ولہذا حدیث صحیح مین وارد ہی کہ ایک گروہ جہاد کریگا پس پوچھا جائیگا کہ کیا تم مین کوئی شخص ہی جسنے حضرت رسول اللہ خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم
کو دیکھا ہو پس کہا جائیگا کہ ہان تو اسکے واسطے فتح کیا جائیگا پھر ایک گروہ جہاد کریگا تو پوچھا جائیگا کہ کیا تم مین ایسا شخص ہی جسنے ایسے شخص کو دیکھا ہو
جسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہی پس کہا جائیگا کہ ہان پس اسکے واسطے فتح کر دیا جائیگا۔ یہ نص صریح ہی کہ اللہ تعالی نے ازل مین قرن
صحابہ رضی اللہ عنہم وہ امت رکھی تھی جسکو اپنے حبیب خاص خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے مبعوث فرماوے اور اس سے ہر شخص
جسکے دل مین اللہ تعالی نے نور عقل کا دیا ہی انکے شرف و منزلت کو سمجھ سکتا ہی اور جو شخص اس نور عقل سے بے نصیب ہی اور صرف حواس ماشی سے
ادراک چاہے وہ جاہل ہی اور غالبا اپنے قیاسات بیہودہ سے گمراہ ہوگا۔ الحاصل یہود کو توریت یکبارگی عطا ہوئی اور انکا نتیجہ یہ ہوا کہ ابن

عباس رضی اللہ عنہ سے حدیث الفتون میں مروی ہے کہ جب موسیٰ علیہ السلام کا غصہ دور ہوا تو انھوں نے الواح توریت کو لیا اور جو حکم اللہ تعالیٰ نے تبلیغ کے واسطے دیا تھا وہ بنو اسرائیل کو پہونچایا یعنی وظائف عبادات اوامر و نواہی پس یہ امر بنو اسرائیل پر گراں گزرا اور انھوں نے اسکی تعمیل کے اقرار سے سخت مونہی کی حتی کہ اللہ تعالیٰ نے اوپر پہاڑ مثل سائبان کے رفع فرمایا اور وہ انکے سروں کی جانب جھکا حتی کہ انکو اپنی موت نظر آنے لگی تعمیل کے اقرار سے سخت مونہی کی حتی کہ اللہ تعالیٰ نے اوپر پہاڑ مثل سائبان کے رفع فرمایا اور وہ انکے سروں کی جانب جھکا حتی کہ انکو اپنی موت نظر آنے لگی پس سجدہ میں گرے اور اسکی قبولیت کا اقرار کیا۔ رواہ النسائی وغیرہ۔ اور یہی تفسیر ابن ابی حاتم نے ثابت بن الحجاج سے روایت کی اور اسمیں دیگر آثار باسانید صحیحہ مروی ہیں بلکہ مترجم کہتا ہے کہ خود قرآن مجید میں منصوص ہے۔ پھر یہ امر ظاہر ہے کہ اگر احکام آہستہ آہستہ نازل ہوتے تو قبول میں تردد نہ ہوتا۔ اور یہ معلوم ہے کہ جملہ احکام آسانی سے ادا ہو سکتے ہیں اور انکار و تردد صرف شرارت نفس سے ہوتا ہے پس اللہ تعالیٰ نے استطاعت و آسانی زائد کوئی حکم نہیں دیا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر ایک حسرت مزید فرمائی کہ یکبارگی احکام نازل نہیں کیے حالانکہ کافروں کو شیطان نے آبھارا کہ انھوں نے کہا۔ لولا انزل علیہ القرآن جملۃ واحدۃ۔ یعنی یکبارگی قرآن کیوں نہیں نازل ہوا شیطان کی عین تمنا تھی کہ آہستہ نزول کی رحمت عظیمہ سے یہ امت محروم ہو لیکن اللہ تعالیٰ نے اسکو خوار کیا اور کافروں کو جواب دیا کذلک لنثبت بہ فوادک الآیۃ۔ یعنی ہمنے یوں ہی بتدریج نازل فرمایا ہے تاکہ اس سے تیرے قلب و سر یا باطن کی تثبیت فرماویں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تثبیت مقصود ہے تو آپ کے طفیل میں آپکے اصحاب رضی اللہ عنہم کے قلوب و اعضا کی تثبیت حاصل ہے اور اس رحمت عظیم کی قدر وہ شخص پہچانے جو اپنے قلب کی اصلاح میں کچھ مدت سعی کرے اور عوام کے واسطے تو سمجھنے کے لیے ایک نظیر الذہن موجود ہے اور وہ سابق میں مذکور ہوئی کہ حلیۂ علم سے آراستہ ہونے کے لیے اگر اطفال کو آہستہ آہستہ ایک ایک حرف و فقرہ و سبق دیکر تدریج کے ساتھ ترقی کیجاوے تو طفل اس علم میں بدرجۂ کمال پہونچ جائیگا اور اگر یکبارگی القا کر دیا جاوے تو ناقص رہیگا اگر کہا جاوے کہ پھر بعد صحابہ رضی اللہ عنہم کے تو سب کو یکبارگی ملا جواب یہ ہے کہ بعد صحابہ رضی اللہ عنہم کے جو تابعین پیدا ہوئے انھوں نے ابتدا سے ہر طرف سے لا الہ الا اللہ و محمد رسول اللہ کی آواز یقین پائی اور سات برس سے نماز میں لگائے گئے اور سن تمیز سے فراغت کے ساتھ علوم میں مشغول ہوئے اور اپنے زمانہ کے کمال پر فائز ہوئے اور یہ انکے حق میں تدریج ہے اور باوجود اسکے وہ درجۂ کمال جو صحابہ رضی اللہ عنہم کو حاصل ہوا تھا ممکن نہ ہوا اور اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں کی مانند استیعاب میں بھی مراتب لکھے ہیں لہذا حدیث میں وارد ہے کہ تم میں سے جو شخص امور معروفہ کا دسواں حصہ چھوڑے اوس سے پرسش ہوگی اور ایک زمانہ آویگا کہ جسنے دسواں حصہ دا کیا نجات پاویگا اور ایک حدیث میں ہے کہ آج عمل بہتر ہے یعنی تم میں علم حاصل اور عمل کی فراغت ہے اور ایک زمانہ آویگا کہ اسوقت عمل سے علم بہتر ہوگا مترجم کہتا ہے کہ غالباً یہ وقت وہی ہے یا کئی سو برس پیشتر سے شروع ہو چکا کیونکہ علم سے دلائل بینات و صدق نبوت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم آدمی پر آئینہ ہو جاتے ہیں اور تصدیق ہی عین ایمان ہے اور بہت سے بے علم دیکھے گئے کہ وہ اعمال نوافل وغیرہ میں کثرت کرتے حالانکہ جناب باری تعالیٰ میں مناجات نماز سے غافل ہیں یعنی یہ توجہ نہ ہوئی کہ حضور حق عزوجل میں بالحمد باسورۃ سے کیا عرض کیا کیونکہ اسکے معنی نہیں جانتے ہیں اور اکثر لوگ نوافل صدقات میں بہت دیتے ہیں حالانکہ والدین و اقارب بلکہ فرض نفقہ والے محروم ہیں اور بہتیرے ہر کام میں کسی قدر دنیا کا کام مرکوز رکھتے ہیں اور بہت لوگ نوافل امور ادا کرتے اور فرائض چھوڑتے ہیں پس یہ سب بے علمی کا نتیجہ ہوتا ہے جیسے کبھی علم والا اپنی وجاہت و نام و لوگوں کی عقیدت و دنیاوی ہوس میں بدنام ہوتا ہے اعاذنا اللہ تعالیٰ بفضلہ من کل فکر عما لیس بخیر و نسالہ تعالیٰ العافیۃ فی الدنیا والآخرۃ وہو ربی حسبنا اللہ ونعم الوکیل (الوصل) صحیح میں ثابت ہے کہ وحی کبھی مثل صلصلۃ الجرس آتی تھی علما نے کہا کہ یہ آواز فرشتہ کی آمد سے تھی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ ہو جاتے اور حدیث میں ہے کہ ہر بار الہی وحی میں گمان ہوتا کہ گویا میری جان قبض ہو جائیگی۔ صحیح کی روایت میں ہے کہ یہ طریقہ وحی مجھ پر بہت سخت ہوتا ہے۔ حضرت ام المومنین رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ شدت جاڑے میں وحی آتی اور بعد افاقہ کے آپکی پیشانی مبارک سے

اسطرح پسینا جاری ہوتا جیسے فصد کھل گئی ہو۔ کبھی قلب پر القا کیا جاتا۔ شیخ سیوطیؒ نے لکھا کہ شاید یہ پہلی حالت کا بیان ہوا اور شاید طریقہ سوم ہو کہ کبھی آدمی کی صورت میں فرشتہ آیا اور کلام القا کیا کہ اسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حفظ فرماتے تھے جیساکہ صحیح میں ہے اور فرمایا کہ یہ صورت مخبر اسان ہے اور یہاں وجوہ دیگر ہیں جنکا بیان شرح صحیح بخاری میں انشاء اللہ تعالیٰ پاؤگے۔ (فائدہ) ابن ابی حاتمؒ نے سفیان الثوریؒ سے روایت کی کہ انبیاے سابقین میں سے ہر ایک پر بھی وحی عربی ہی میں نازل ہوئی پھر ہر پیغمبر نے اپنی قوم کے واسطے ترجمہ کی۔ مترجم کہتا ہے کہ اسکے معنی یہ ہیں کہ وحی الٰہی عزوجل لوح محفوظ سے عربی میں ہے پھر ہر پیغمبر کے واسطے اسکی قوم کی زبان میں لکھی گئی۔ (فائدہ) ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبرئیل نے مجھے ایک حرف پر پڑھایا پس میں نے مراجعت کی اور برابر میں نے زیادتی چاہی یہانتک کہ سات حرف تک نوبت پہونچی۔ رواہ البخاری و مسلم۔ یعنی ایک طور پر ختم کیا جاتا تھا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب باری تعالیٰ میں درخواست کی کہ میری امت کو آسانی دی جاوے پس دو حرف یعنی دو طور پر ہوا پھر آپ نے زیادتی چاہی حتی کہ سات طور پر ہوا۔ چنانچہ بعض روایات میں مصرح ہے پھر واضح ہو کہ ابتداے ان حرفوں کا مفاد متعلق بتلاوت ہے چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ حارث بن ہشام کو ایک سورہ اپنی قرارت سے کچھ مختلف پڑھتے سنکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پکڑ لے گئے اور عرض کیا کہ یہ دوسری طور پر پڑھتا ہے آپ نے کہا کہ اے عمر اسکی گردن چھوڑ دو پھر فرمایا کہ پڑھ تو حارثؓ نے اسی طور پر جیسے حضرت عمرؓ نے سنی تھی پڑھی۔ آپ نے فرمایا کہ ہاں یوں ہی نازل ہوئی ہے۔ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو حکم دیا کہ پڑھو پس عمر رضی اللہ عنہ نے اپنی قرارت پر پڑھی تو فرمایا کہ ہاں اسی طرح نازل ہوئی ہے پھر فرمایا کہ اے عمر یہ قرآن سات حرف پر نازل ہوا ہے پس جسکو جو میسر ہو وہ پڑھے۔ کما فی الصحیح مترجم کہتا ہے کہ صحابہ تابعین و ما بعد ائمہ مسلمین سب متفق ہیں کہ مصحف مجید میں جو قرارات متواترہ معروفہ ہیں اور وہ تابعین کے وقت سے برابر سات قرارات متواترہ ہیں انکے سواے دوسری قرارت نماز میں نہیں جائز ہے اور تین قرارات دیگر بدرجہ مشہور ہیں پس انکا بھی جواز کہا گیا ہے اور حق یہ کہ تین قرارتیں درحقیقت انھیں سات میں داخل ہیں اگرچہ سب میں ملا کر ہوں۔ ۴۔ حدیث سات حرف میں یہ بھی آیا کہ جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ ہر قرارت شافی کافی ہے جبتک کہ آیۃ عذاب کو رحمت پر یا آیۃ رحمت کو عذاب پر ختم نکرے۔ رواہ احمد باسناد صحیح مترجم کہتا ہے کہ یوں ہی جب تغیر نص ہو جیسے مترجم نے ایک حافظ سے سنا کہ اسنے خطا سے پڑھا یخرجہم من النور الی الظلمات۔ اور اسکے آگے آیت میں پڑھا کہ یخرجونہم من الظلمات الی النور۔ پس نص میں تبدیل ہو گئی کیونکہ آیت یہ کہ یخرجہم من الظلمات الی النور۔ یعنی اللہ تعالیٰ اپنی ولایت سے اپنے بندوں مومنین کو تاریکیوں سے نور میں لاتا ہے۔ اور آگے آیت یوں کہ یخرجونہم من النور الی الظلمات۔ یعنی کافرین جنکو بتوں سے محبت ہے انکے شیاطین انکو نور سے تاریکیوں میں لیجاتے ہیں۔ واضح ہو کہ ابتداے کفر میں کافر ایک تاریکی میں جاتا ہے پھر جب اسپر رہا اور کفر کے موافق عمل کیا تو زیادہ تاریکی میں گیا گویا پہلے کچھ روشنی تھی وہ جاتی رہی اور جیسے تیسرے طبقہ میں گھسا تو دوسرے طبقہ کی جو کچھ روشنی تھی جاتی رہی حتی کہ جب مرا تو محض تاریکی بلا نور ہی اسپر واسطے حدیث میں وارد ہے کہ جہنم نہایت سخت سیاہ و تاریک ہے اور اگر موت سے پہلے وہ ایمان کی طرف پھرا تو تاریکی سے نور کی طرف پھر زیادہ نور پھر اُس سے بھی زیادہ حتی کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے سراپا نور فرماتا ہے۔ کما قال تعالیٰ نور علی نور یہدی اللہ لنورہ من یشاء۔ (نوع سابع عشر) اسماے قرآن۔ واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے عرب کے قصیدہ و دیوان وغیرہا اباطیل ناموں سے مبائن اس کتاب پاک کے نام ذکر فرمائے۔ جیسے کتاب مبین۔ قرآن کریم۔ کلام اللہ۔ نور مبین۔ ہدی رحمۃ المومنین۔ فرقان حق۔ شفاء الصدور۔ موعظہ۔ شفاء المومنین۔ ذکر مبارک۔ علی حکیم۔ حکمۃ بالغہ۔ کتاب حکیم۔ مہیمن۔ حبل اللہ۔ صراط مستقیم بعض علما نے۔ (۵۵) نام بیان کیے جنکو شیخ سیوطیؒ نے استقصاء کیا ہے۔ اور وہ سب قرآن مجید میں خود موجود ہیں۔ کعب احبار رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے کہ توریت میں ذکر ہے کہ اللہ تعالیٰ نے خطاب فرمایا کہ اے محمد میں تجھپر ایک توریت جدید نازل کرنے والا ہوں جو اندھی آنکھیں کھولیگی اور

بہرے کانون کو اور ٹیڑھے دلون کو کھول دیگی۔ رواہ ابن المنذر۔ قتادہؒ نے فرمایا کہ جب موسیٰ علیہ السلام نے توریت الی تو عرض کیا کہ ای رب میں الواح کے علم میں پاتا ہون کہ تیرے بندون میں ایسی امت ہے جنکی انجیلیں انکے سینون میں ہونگی پس ای رب انھین کو میری امت کردے اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ای موسیٰ یہ امت جسکا تو نے اظہار کیا یہ امت احمد ہے۔ رواہ ابن ابی حاتم باسناد صحیح۔ **(فائدہ)** قرآن کی سورتون کے نام کچھ اپنی رائے و قیاس سے نہین ہین اور نہ نام رکھنا جائز ہے بلکہ جو نام معلوم ہین یہ سب صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے ثابت ہوئے ہین اور صحیح مین ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جسمین ابن مسعودؓ نے کہا کہ یہ اس سردار کا مقام ہے جسپر سورۃ البقرہ نازل ہوئی۔ اور خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۃ البقرہ کا نام لینا ثابت ہوا ہے لہذا جمہور علماء کے نزدیک صحیح یہ ہے کہ ان ناموں کو اطلاق کیا جاوے۔ **(فائدہ)** بعض سورتون کے متعدد نام ہین جنسے سورۃ کا شرف ظاہر ہے شیخ سیوطیؒ نے کہا کہ سورۂ فاتحہ کے کچھ اوپر بیس نام مجھے معلوم ہوئے۔ حدیث ابوہریرہ رضی ہے کہ یہ سورۃ ام القرآن و یہ فاتحۃ الکتاب اور یہ سبع مثانی ہے۔ رواہ ابن جریر۔ ۴۔ فاتحۃ القرآن۔ ۵۔ القرآن العظیم۔ ۶۔ ام الکتاب۔ ۷۔ وافیہ کیونکہ یہ پوری پڑھی جاتی اور حمد و ثناء الٰہی اور بندہ کی حاجات کے واسطے وافی ہے۔ ۸۔ الکنز۔ ۹۔ الکافیہ۔ ۱۰۔ اساس۔ ۱۱۔ نور۔ ۱۲۔ سورۃ الحمد۔ ۱۳۔ سورۃ الشکر۔ ۱۴۔ سورۂ حمد اول۔ ۱۵۔ سورۂ حمد قصوی۔ ۱۶۔ الرقیہ کیونکہ بعض صحابہ نے اس سے رقیہ کیا۔ ۱۷۔ شفاء۔ کیونکہ شفاء حاصل ہوئی۔ ۱۸۔ غنائیہ۔ ۱۹۔ سورۃ الصلوٰۃ۔ کیونکہ حدیث مین ہے کہ قسمت الصلوٰۃ بینی و بین عبدی نصفین یعنی سورۂ فاتحہ کی شان مین اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ وہ میرے درمیان و میرے بندے کے درمیان نصفا نصف ہے۔ ۲۰۔ الصلوٰۃ۔ ۲۱۔ سورہ دعاء۔ ۲۲۔ سورۂ سوال۔ ۲۳۔ سورۂ مناجات ۲۴۔ سورۂ تفویض۔ اور شیخ سیوطیؒ نے بعض نام دیگر لکھے ہین۔ اور سوائے فاتحہ کے دوسری سورتون کے ناموں کو انشاء اللہ تعالیٰ موقع تفسیر مین فی الجملہ بیان کیا جائیگا۔ **(نوع ثامن عشر)** خطابیؒ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید اسواسطے جمع نہین فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے نسخ تلاوت و زیادت کا وقت آپ کی حیات تک رکھا تھا اور آپ جانتے تھے کہ جب اسکو کتاب کریم فرمایا ہے تو خود اپنی حفظ و رعایت سے اسکو کتاب محفوظ فرماویگا حالانکہ وہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے سینون مین محفوظ تھا۔ ابن ابی داؤد نے عبد خیر رحمہ اللہ تعالیٰ سے باسناد صحیح روایت کی کہ مین نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے سنا کہ اللہ تعالیٰ ابوبکر پر رحمت فرماوے کہ قرآن جمع کرنے مین سب سے زیادہ ثواب ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پایا کیونکہ ابوبکرؓ نے سب سے پہلے قرآن جمع کیا۔ ابن حجرؒ نے کہا کہ یہ اثر صحیح معتمد ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ اول جمع برابر باقی رہا اور اسی سے عثمان رضی اللہ عنہ نے مصاحف لکھوا کر آفاق مین بھیجدیے اور اول جمع کے وقت اسلام مین زیادہ وسعت نہین تھی اسواسطے کہ اوراق چھوٹے و بڑے و نئے و پرانے سب طرح کے تھے اور بعد اسکے اللہ تعالیٰ نے اسلامی بیت المال معمور کردیا۔ تو اچھے کاغذ پر مصاحف لکھوائے گئے۔ روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بیعت کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ گھر مین بیٹھے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ آپ کی بیعت حضرت علی کو ناگوار ہوئی پس آپ نے حضرت علی کو بلوا کر پوچھا کہ کیا میری بیعت ناگوار ہوئی ہے۔ حضرت علیؓ نے کہا کہ واللہ ہرگز کچھ بھی ناگوار نہین ہے آپ نے پوچھا کہ پھر آپ گھر کیون بیٹھ رہے حضرت علیؓ نے کہا کہ یا خلیفۂ رسول اللہ میرے دل مین خیال آیا کہ کوشش کے ساتھ کتاب الٰہی کو جمع کرون کہ سوائے نماز کے چادر نہ اٹھاؤن پس آپ نے فرمایا کہ آپ کی رائے خوب ہے۔ ابن حجرؒ نے کہا کہ اس اثر کی اسناد ضعیف ہے۔ روایت ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ان رقعات کو تلاش کیا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود املاء فرمائے تھے پس حضرت عمر و زید بن ثابت کو حکم دیا کہ دونون مسجد کے دروازہ پر بیٹھو پس جو شخص دو گواہ لاوے تو اس سے قبول کرو۔ کما رواہ ابن داؤد۔ اسکی اسناد مین سب راوی ثقات ہین۔ مترجم کہتا ہے کہ اسوقت کیفیت یہ تھی کہ تمام عرب مرتد ہوگیا تھا سوائے اصحاب رضی اللہ عنہم کے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو

بسرداری خالد بن الولید کے ان مرتدون سے قتال کے لیے روانہ کیا اور مسیلمۂ کذاب و سجاح کی قومین ساٹھ ہزار سے زیادہ جمع ہوکر لڑین اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی تعداد تھوڑی تھی اور انمین سے جو لوگ شہید ہوے تو قرا بھی شہید ہوے پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے مشورہ سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بعد الہام الٰہی عزوجل کے یہ حکم دیا پس جب صحابہ مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم مع بعض اصحاب یمن و غیرہ کے جو اسلام پر قائم تھے ان مرتدون سے قتال کو گئے تھے تو مدینہ منورہ مین کافی جماعت نہین تھی لہذا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھوائے ہوئے رقاع جہان جہان موجود تھے انکو لوگ لاتے تھے تو یہ اطمینان کرنا منظور تھا کہ یہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لکھوایا ہوا ہی کیونکہ خود اس سے دوسرون نے نقل کیا تھا۔ پس مزید طمانیت کے لیے دو گواہ طلب کیے کیونکہ اب کئی آدمی متفق ہو گئے کہ یہ وہی تحریر ہی جو خود حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھوائی ہی اور ظاہر ہوا کہ فقط حفظ پر اکتفا نہین فرمایا بلکہ لکھوائے ہوئے سے مقابلہ کیا۔ کیا نہین دیکھتے ہو کہ صحاح کی روایت مین ہی کہ آخر سورہ برأۃ فقط خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ کے پاس پائی تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ لکھو کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خزیمہ رض کی اکیلی گواہی کو دو گواہون سے معادل کیا ہی۔ اسکے یہی معنی ہین کہ حفظ تو خود ان لوگون کو حاصل تھی لیکن لکھی ہوئی فقط حضرت خزیمہ رض کے پاس ملی۔ اور کثیر احادیث و روایات مین وارد ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین جب آپ لکھواتے تو شانہ و تختیون و چمڑے کے ٹکڑون وغیرہ پر ہوتا تھا چنانچہ صحاح روایات مین آیا کہ زید رضی اللہ عنہ نے عسب و لخاف و رقاع و قطع ادیم و اکتاف سے جمع کیا۔ عسب جمع عسیب ہ جریدۃ النخل ہی کہ اسکے چوڑی طرف کو لکھا کرتے تھے۔ لخاف جمع لخفۃ بمعنی پتلا پتھر کہ اسپر بھی لکھا کرتے تھے۔ اور بعض روایت مین صحائف ہی اور اسکے بھی یہی معنی ہین۔ رقاع جمع رقعۃ یعنی ٹکڑا و پارہ خواہ چمڑے کا ہو یا کاغذ وغیرہ کا۔ قطع ادیم چمڑے کا ٹکڑا۔ اکتاف جمع کتف یعنی بکری یا اونٹ کا شانہ چنانچہ جب وہ خشک ہو جاتا تو اسپر بھی لکھا کرتے تھے۔ موطا مین ابن عمر رض سے بروایت ابن وہب اور مغازی موسی بن عقبہ مین زہری رح سے باسناد صحیح روایت ہی کہ جب یمامہ کی لڑائی مین مسلمان شہید ہوے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے حفاظ کی وفات سے قرآن جاتے رہنے کا خوف کیا پس جمع کا حکم دیا تو جو کچھ جسکے پاس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا لکھوایا ہوا تھا وہ لایا جاتا تھا یہانتک کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے عہد مین وہ اوراق مین جمع کیا گیا پس اول حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہی نے صحف مین جمع کیا ہی۔ اور اس باب مین روایات صحیحہ متعارفہ ہین۔ پھر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ام المومنین حفصہ رضی اللہ عنہا کے پاس بھیجا کہ صحف مجھے بھیج دیجیے کہ مین اس سے مصاحف لکھوا کر اصل صحف آپکو واپس دونگا چنانچہ یہی ہوا اور شیخ سیوطی رح نے آثار کثیرہ وارد کیے جنمین یہ امر ثابت ہی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے باجماع صحابہ رضی اللہ عنہم بڑے اہتمام سے مصاحف لکھوائے۔ سوید بن غفلہ سے بسند صحیح روایت ہی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ہم لوگون کو جمع کرکے فرمایا کہ مجھے خبر پہونچی ہی کہ قراءت معتدہ مین بعضے لوگ یا ہم کہتے ہین کہ میری قراءت تیری قراءت سے اچھی ہی اور یہ تو قریب کفر کے نوبت پہونچتی ہی پس ہمنے کہا کہ آپ کی کیا رائے ہی تو عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میری رائے ہی کہ ہم لوگ ایک امام لکھوا دین جسپر لوگ متفق ہو جاوین پس ہم سب نے اتفاق کیا کہ یہ اچھی رائے ہی پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جو کچھ کیا وہ ہم سب کی جماعت سے کیا ہی۔ رواہ ابن ابی داؤد۔ پھر قراءت مین زبان قریش مقدم رکھی گئی اور جہان تک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلیم کرنا کسی شخص کے حق مین ثابت ہوا اسکو دور سے بلوا کر اسی کی قراءت پر مدار رہا۔ حارث محاسبی رح نے لکھا کہ لوگون نے مشہور کرنا چاہا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے قرآن جمع کیا ہی حالانکہ یہ غلط ہی بلکہ قرآن تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جمع کیا تھا اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی وقت مین جب عراق و شام وغیرہ کے لوگون مین قراءت کی بابت تفرقہ واقع ہوا تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے باجماع صحابہ رضی اللہ عنہم کے انکو ایک ہی قراءت پر جمع فرمایا۔ مترجم کہتا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین قراءات سبعہ کے واسطے یہ وجہ تھی کہ عرب مین لغات

کثیرہ ہین اور انھین کے حفظ و ابلاغ سے اللہ تعالی کو یہ دین تمام آفاق مین ظاہر کرنا تھا پس انکو اپنے لغات پر آسانی دی گئی چنانچہ بعض روایات مین آسانی ہو اسکی حکمت مصرح ہی پھر جب آفاق مین دین و شریعت کا اعلام ہوگیا تو وہ ضرورت باقی نہین رہی اور اسوقت صحابہ رضی اللہ عنہم نے اجماع کیا کہ جب اختلاف قرارات سے انمین کفر و تفرقہ کا خوف ہو تو انکو قرارت واحدہ پر جمع کردیا فافہم واللہ تعالی اعلم۔ (الفائدۃ) آیات کے ترتیب مین بھی رائے کو کچھ دخل نہین بلکہ صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حصول پر موقوف ہی اور اسپر نصوص متراوف اور اسی پر اجماع موکد ہی قاضی ابوبکر رحمہ اللہ تعالی نے کہا کہ آیات کی ترتیب امر واجب و حکم لازم ہی چنانچہ جبرئیل علیہ السلام وحی کے ساتھ مین یہ حکم لاتے کہ اس آیت یا آیات کو فلان موضع مین رکھو اور ہم سب کے نزدیک بالاجماع ثابت ہی کہ سب قرآن جو اللہ تعالی نے نازل فرمایا اور اسکے مرسوم کا حکم دیا اور اسکی تلاوت نہین اٹھائی ہی وہ اسی مصحف مین ہی جو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے آفاق مین بھیجے اور اسمین کچھ کمی یا کچھ زیادتی نہین ہی اور اسکی ترتیب و نظم موافق ترتیب الٰہی عزوجل ہی اسمین کوئی تقدیم و تاخیر نہین ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اللہ تعالی نے فرمایا انا نحن نزلنا الذکر وانا لہ لحافظون۔ یعنی یہ قرآن ہم ہی نے اتارا اور ہم ہی اسکی حفاظت کرنے والے ہین۔ پس یہ آیت قطعی ہی اور بعد حفاظت الٰہی عزوجل کے ممکن نہین کہ اسمین تغیر ہو سکے پس جسنے کوئی تغیر جانا وہ قرآن سے کافر اور اور اللہ تعالی سے منکر ہی۔ دلیل دوم اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم قطعی ہی حالانکہ ان سب نے اسی پر اجماع کیا اور انھین سے ہمکو دین و قرآن پہونچا ہی پس جسنے انسے اکتفا نکیا وہ سوائے شیطان کے کہین سے نہ پاویگا اور بحمد اللہ کہ سوائے فرقہ غالی رافضہ کے سب امت نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے قرآن لیا۔ دلیل سوم متواتر قطعی ہی اور اسپر سب امت متفق بلکہ جمیع مخلوقات پر حجت لازم ہی اسواسطے کہ متواترات عقلاً قطعیات ہین اور ہمنے بعض شیعہ کی تالیف دیکھی جسمین صریح اقرار ہی کہ یہ قران بغیر کمی و بیشی کے وہی ہی اور اسنے بعض فرقہ شیعہ کا صرف یہ قول نقل کیا کہ بعضی دعائین غیر سبعہ قرآن کے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے واسطے نازل ہوئی تھین اور انکو قرآن سے تعلق نہین ہی۔ پس نص قرآنی و دلیل اجماع و تواتر ثبوت ہوا کہ قرآن مجید بعینہ بحفظ الٰہی عزوجل مطابق لوح محفوظ مرتب ہی اور حدیث عثمان رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر جب کچھ قرآن نازل ہوتا تو آپ اپنے بعض کاتبون کو بلاتے اور فرماتے کہ اسکو فلان سورہ کے اس مقام مین رکھو۔ رواہ احمد و ابوداؤد وغیرہم۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی حدیث ہی کہ ابن الزبیر سے فرمایا کہ ای برادرزادہ مین قرآن مین سے کسی چیز کو اسکے مقام سے متغیر نہین کرونگا یعنی جسطرح جہان جو آیت ہی اسکو اسی طرح لکھو۔ کما رواہ البخاری۔ اور بکثرت نصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قراءت مین وارد ہین کہ سورہ بقرہ و آل عمران و نساء و قد افلح و روم و مرسلات و ہل اتی و الم تنزیل و جمعہ و ق و منافقون وغیرہ سورتین پڑھین پس وہ اسی ترتیب پر تھین اور فضائل سورتون و آیات مین نصوص کثیرہ وارد ہین پس ترتیب خود معلوم ہوا اور ممکن نہین کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اسکے خلاف ترتیب کرین۔ پھر واضح ہو کہ کلام اس ترتیب مین ہی جو لوح محفوظ مین ہی اور جسطرح آیات کی ترتیب کے ساتھ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سورتون کی ترتیب بیان فرمائی تھی اور بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے ترتیب نزول کے لحاظ سے جمع کرنا چاہا اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے تلاوت تہجد سے جمع کیا اور شیخ سیوطی رح نے بہت سے اخبار و آثار مع اقوال ائمہ علماء نقل کیے جنمین دلیل ہی کہ یہ ترتیب سورتون کی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل کی گئی ہی اور مترجم کے نزدیک بھی اصح اور حدیث عثمان رضی اللہ عنہ بھی اسی پر دلالت کرتی ہی جو سورۂ براءۃ کے بارہ مین ہی۔ (نوع تاسع عشر) تعداد سورت و آیات۔ جملہ سورتین (۱۱۴) ہین اور آیات (۶۶۱۶) اور حروف (۳۲۳۷۶۰) اور اکثر اوقات مین نے تفسیر مین ہر سورۃ کی آیات کے ساتھ مین اسکے حروف بھی نقل کیے ہین۔ واضح ہو کہ شیخ سیوطی رح نے بعض [illegible] نقل کیے جنمین بعض سورتین ظاہر ہوتی ہین جو قرآن مجید مین نہین ہین اور اسی طرح بعض آیات و قرارات نقل کین اور تجھے خوب معلوم ہی کہ مصحف عثمان رضی اللہ عنہ پر صحابہ رضی اللہ عنہم کا اجماع ہی پس بعد اسکے

یہ احتمال اس لئے ہے کہ یہ سورتیں قرآن میں سے تلاوت ہیں پس متواتر کے مقابلہ میں سوائے متواتر کے قبول نہیں ہے بلکہ اصل یہ ہے کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنی تالیفات میں بعض تفاسیر جیسی صلوٰۃ الوسطیٰ کی تفسیر صلوٰۃ العصر سے اور بعض احادیث خاص اپنے اپنے موقع پر اور بعض نے آخر میں لکھی ہیں اور راوی نے انکو منجملہ قرآن خیال کرکے روایت کر دیا اور اسی طرح رضاعت کی تفسیر رضاعت شرعی کے ساتھ خمس رضعات لکھی تھی حالانکہ بعد اسکے مطلقاً رضاعت کی تحریم ہو گئی ہاں قراءات میں ممکن ہے اسواسطے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ و صحابۂ اکابر رضی اللہ عنہم نے سب کو ایک ہی قراءت پر جمع کیا تو بعض قراءات سابقہ موجود تھیں۔ **(نوع عشرون)** حفاظ قرآن مجید کے بیان میں حفاظ صحابہ رضی اللہ عنہم بہت کثیر ہیں من جملہ آنحضرت صلعم نے چار کی تفضیل دی جنہیں دو مہاجرین ہیں عبداللہ بن مسعود و سالم مولی حذیفہ اور دو انصاری ہیں معاذ بن جبل و ابی بن کعب۔ چنانچہ عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کی حدیث بخاری میں ہے۔ پھر سالم رضی اللہ عنہ نے جنگ یمامہ میں شہادت پائی اور معاذ بن جبل نے خلافت عمر رضی اللہ عنہ میں اور ابی و ابن مسعود نے خلافت عثمان رضی اللہ عنہ میں انتقال فرمایا رضی اللہ عنہم اجمعین۔ اور غزوۂ بیر معونہ میں ستر صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے جنکو قراء کہتے تھے اور جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں واقع ہوا اور حضرت انس رضی اللہ عنہ نے صرف چار کا جمع کرنا بیان کیا تو اوپر یہ کہ قبیلہ خزرج میں سے صرف چار تھے یا مراد یہ کہ نہایت عمدہ حفظ مع تفسیر کاملہ کے انہیں کو حاصل تھا اور جمع کا لفظ بھی اسی پر دلالت کرتا ہے یعنی قرآن مع تفسیر کا جمع کرنا انہیں میں کامل تھا۔ رہا حفظ تو شیخ سیوطی رح نے احادیث و آثار کثیرہ نقل کیے جس سے صرف ظاہر ہے کہ بکثرت صحابہ رضی اللہ عنہم حفاظ تھے۔ اور منجملہ عورتوں کے ام ورقہ بنت عبداللہ بن الحارث جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل بیت کی عورتوں کا امام بنایا تھا اور فرماتے کہ چلو ایک شہیدہ کی زیارت کریں چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے عہد میں جب ام ورقہ کو اسکے مدبر غلام و باندی نے قتل کرکے کملی میں باندھ دیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سچ فرماتے تھے کہ چلو شہیدہ کی زیارت کریں۔ والحدیث فی الصحیح والتمام فی الطبقات۔ **(الفائدۃ)** ذہبی رح نے طبقات میں ذکر کیا کہ قرآن پڑھانے میں سات صحابہ مشہور ہیں۔ ۱۔ عثمان ۲۔ علی ۳۔ ابی بن کعب ۴۔ زید بن ثابت ۵۔ ابن مسعود ۶۔ ابو الدرداء ۷۔ ابو موسیٰ الاشعری رضی اللہ عنہم۔ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم مانند ابو ہریرہ و ابن عباس و عبداللہ بن السائب رضی اللہ عنہم نے حاصل کیا اور ابن عباس نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے بھی حاصل کیا۔ اور ان لوگوں سے تابعین کی ایک مخلوق نے لیا از انجملہ اہل مدینہ میں سعید بن المسیب و عروۃ بن الزبیر و سالم و عمر بن العزیز و سلیمان بن یسار و عطاء بن یسار و معاذ القاری و عبدالرحمن الاعرج و ابن شہاب الزہری و مسلم بن جندب و زید بن اسلم ہیں اور اہل مکہ میں سے عبید و عطاء بن ابی رباح و طاؤس و مجاہد و عکرمہ و ابن ابی ملیکہ ہیں۔ اور اہل کوفہ میں علقمہ و اسود و مسروق و عبیدہ و عمرو بن شرحبیل و حارث بن قیس و ربیع بن خثیم و عمرو بن میمون و ابو عبدالرحمن السلمی و زر بن حبیش و سعید بن جبیر و ابراہیم نخعی و عامر الشعبی وغیرہم ہیں۔ اہل بصرہ میں سے ابو العالیہ و ابو رجاء و نصر بن عاصم و یحیی بن یعمر و حسن بصری و ابن سیرین و قتادہ وغیرہم ہیں۔ اہل الشام میں سے مغیرہ بن ابی شہاب المخزومی و خلیفہ بن سعد وغیرہم ہیں۔ پھر ایک قوم نے ضبط قراءت و اسکے اہتمام کے واسطے تمام ہمت مصروف کی حتی کہ ایسے امام ہوئے کہ دور دور سے لوگ انکے پاس حاصل کرنے کے لیے آتے تھے۔ چنانچہ مدینہ میں ابو جعفر یزید بن القعقاع پھر شیبہ بن نصاح پھر نافع بن ابی نعیم ہوئے ہیں اور مکہ میں عبداللہ بن کثیر و حمید بن قیس الاعرج و محمد بن محیصن ہیں اور کوفہ میں یحیی بن وثاب و سلیمان الاعمش و عاصم بن ابی النجود پھر حمزہ پھر کسائی ہیں اور بصرہ میں عبداللہ بن ابی اسحق اور ابو عمرو بن العلاء اور عیسی بن عمر اور عاصم الجحدری پھر یعقوب الحضرمی اور شام میں عبداللہ بن عامر و عطیہ بن قیس الکلابی و اسمعیل بن عبداللہ المہاجر پھر یحیی بن الحارث الذماری پھر شریح بن یزید الحضرمی ہیں لیکن اس سب سے سات شخص ائمہ مشہور آفاق ہوئے۔ ۱۔ نافع جنہوں نے ستر تابعین سے جنمیں ابو جعفر ہیں قراءت حاصل کی (یعنی قاری حافظ متبع سنت

عالم ہین ۲- ابن کثیر جنھون نے عبداللہ بن السائب رضی اللہ عنہ صحابی سے حاصل کیا ۳- ابو عمرو بن العلاء جنھون نے ایک جماعت تابعین سے لیا ۴- ابن عامر جنھون نے ابو الدرداء رضی اللہ عنہ اور شاگردان حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے حاصل کیا ۵- عاصم جنھون نے تابعین رحمہم اللہ تعالی سے لیا ۶- حمزہ جنھون نے عاصم و اعمش و ابو اسحق السبیعی و منصور بن المعتمر وغیرہم سے حاصل کیا ۷- کسائی جنھون نے حمزہ و ابو بکر بن عیاش سے لیا اور یہ امام محمد کے خاص زاد بھائی ہین - پھر انھین سات ائمہ کے طریق سے قرا تمام آفاق مین منتشر ہوے اور ہر ایک سے متعدد راویون نے روایات کین چنانچہ نافع سے قالون و ورش - ابن کثیر سے قنبل نے اور بزی نے انکے شاگردون سے - ابو عمرو سے دوری و سوسی بالواسطہ - ابن عامر سے ہشام نے و ابن ذکوان نے بالواسطہ اور عاصم عن ابی بکر بن عیاش و حفص عنہ - اور ہندوستان مین عموما قرات حفص عنہ اللہ معروف ہی حمزہ سے خلف نے و خلاد بالواسطہ کسائی سے دوری و ابو الحارث نے روایات کین - لیکن ہر روایات کثیرہ و فروع عدیدہ سے قرارات مین خلط و خبط واقع ہونے لگا کہ صحیح و سقیم کی تمیز نہین ہوتی تھی پس حمایۃ الامۃ نے قائم ہوکر صحیح و مستقیم و متواتر و مشہور و شاذ کو متمیز کیا پس اول ابو عبیدہ قاسم بن سلام نے پھر احمد بن جبیر کوفی پھر قالون کے شاگرد اسمعیل بن اسحق مالکی پھر شیخ ابن جریر الطبری وغیرہم نے اس باب مین تصانیف کین اور بالبقات القراء کو امام حافظ الاسلام ذہبی پھر ابو الخیر جزری مصنف حصن حصین نے تالیف فرمایا - (نوع حادی وعشرون اسانید قرا) عال اسناد طلب کرنا سنت ہی اور اسکے پانچ مراتب ہین اول یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تک سب سے قریب واسطہ ہو اور وسائط عادل ثقات ہون جنھین ضعف نہو - اور یہ سب سے اعلی مرتبہ ہو اور باقیون کو شیخ سیوطی نے مفصل بیان کیا - (نوع ۲۲-۲۳-۲۴-۲۵-۲۶-۲۷) در بیان متواتر و مشہور و آحاد و شاذ و موضوع و مدرج - واضح ہو کہ قرارات قراء سبعہ رحمہم اللہ تعالی متواترات ہین معنی یہ کہ جیسے قرآن مجید متواتر قطعی ہی اسی طرح یہ قرارات سبعہ بھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کثرت سے متصل ہین کہ یہان وہم و گمان و غیرہ کسی چیز کو دخل نہین بلکہ عقلا قطعی ہین - شیخ ابن الجزری نے فرمایا کہ ہر قرارت جو صحیح اسناد سے ثابت ہوئی اور وہ زبان عربیت سے کسی وجہ پر متوافق ہی اور وہ مصاحف عثمانیہ مین سے کسی مصحف سے بھی موافق ہی تو یہ قرارت صحیحہ ہی پس اسکو رد کرنا یا اس سے انکار کرنا جائز نہین ہی بلکہ یہ قرارت منجملہ سات حروف کے ایک حرف ہی جنکے ساتھ قرآن نازل ہوا - یعنی حدیث مین گزرا کہ قرآن مجید کا نزول سات حروف پر ہوا پس جسکو جو میسر ہو پڑھے - مترجم کہتا ہی کہ جو شخص کچھ زبان عربی سمجھتا ہی اسکے واسطے مین ایک تمہید بیان کرتا ہون جس سے وہ سمجھ جائیگا - تمہید یہ کہ عرب کی زبان واحد ہی لیکن اسمین اعراب ہوتے ہین اور ان اعراب مین بعض لغات مین تفاوت ہی چنانچہ اہل حجاز مکہ مدینہ مثلا بولتے ہین - مازیدٌ قائمًا - اور نواح تمیم مین کہتے ہین - مازیدٌ قائمٌ اور اسیطرح اعاریب مین باہم تفاوت ہی اور اسی طرح بعض الفاظ بعض زبانون مین ایک معنی کے واسطے ہین اور دوسری زبان مین دوسرا لفظ خاص ہی حالانکہ دونون لفظ انمین شائع ہین لیکن بحسب محاورہ و موقع خصوصیت لفظ خاص ہی جیسے اردو کے محاورات سے جو واقف ہو بخوبی سمجھ سکتا ہی - جب یہ امر معلوم ہوا تو شیخ جزری نے کہا کہ قرارت صحیحہ کے واسطے تین امور ہین ایک یہ کہ اسناد صحیح ہو - دوم یہ کہ زبان عربیت مین کسی وجہ پر موافق ہو - سوم یہ کہ جو مصاحف کثیرہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے آفاق مین بھیجے تھے انمین سے کسی مین اس قرارت کی خبر پہونچی ہو - تو یہ قرارت صحیحہ ہی - اسکا قبول کرنا واجب ہی خواہ یہ قرارت ائمہ سبعہ سے متواتر ہو یا ان ساتون کے ساتھ تین قرارات دیگر مین سے کسی مین ہو یا انکے سوا سے کسی صحابی یا تابعی سے ثبوت ہو پس یہ اگر متواتر یا مشہور نہو تو اس سے کم نہین کہ صحیح ہی - اور جب کوئی قرارت ایسی ہو کہ جسمین ان تین باتون مین سے کوئی امر نہو مثلا اسناد صحیح نہو یا وجہ عربیت سے بالکلیہ مخالف ہو یا کسی مصحف مین ثبوت نہو تو ضعیف یا باطل یا شاذ ہوگی خواہ یہ قرارت قراء سبعہ سے بیان کیا جاوے یا انسے اوپر کسی بزرگ سے لائی جاوے اور یہی قول ائمہ تحقیق سلف و خلف کے نزدیک صحیح ہی اور اس سے سلف مین کسی سے

خلاف نہین پایا گیا ہی شیخ ابو شامہ ودانی رح وکی وغیرہم نے اسکی تصریح کی اور ابو شامہ رح نے کہا کہ ہر قرارت پر جو قرار سبعہ کی طرف نسبت کیجاوے مغرور نہوجانا چاہیے کہ اسکو خواہ مخواہ صحیح کہنے لگے اور جزم کرے کہ یون ہی نزول ہوا ہی بلکہ جو ضابطہ کلیہ بیان کیا گیا اسی پر منطبق کرنا ضرور ہی پس صحیح قرارت تو اس ضابطہ سے خارج نہوگی۔ اور صحت کچھ اسی پر موقوف نہین کہ انھین قرار سبعہ سے منقول ہو بلکہ اگر غیرون سے اسی ضابطہ کے ساتھ منقول ہو تو وہ بھی صحیح ہی اور اگر قرار سبعہ رحمہم اللہ تعالی سے اس ضابطہ کے ساتھ نہو تو وہ صحیح نہین ہی کیونکہ اعتماد تو ان اوصاف کے جمع ہونے پر ہی پس جس قرارات مین یہ تینون اوصاف جمع ہون وہ صحیح ہی اور اگر کسی وصف مین خلل ہو تو اعتماد نہین ہی تو مدار ان اوصاف پر ہی اور کسی شخص کی طرف نسبت کرنیکا اعتبار نہین ہی حتی کہ قرار سبعہ وغیرہم مین سے ہر ایک کی قرارت مین اجماعی وشاذ موجود ہی لیکن اتنی بات تجربہ سے معلوم ہوئی کہ قرار سبعہ رحمہم اللہ تعالی کی قرارات مین قرارت صحیحہ اجماعیہ کثرت مین اور شاذ بہت شاذ لہذا جو قرارت کہ ائمہ سبعہ سے منقول ہوتی ہی اسکی جانب میلان بوجہ مذکورہ زیادہ ہوتا ہی۔ مترجم کہتا ہی بلکہ اسکے ساتھ وجہ دیگر بھی عارض ہوئی کہ ان ائمہ کے زمانہ مین انکی شہرت زیادہ ہوئی تو زمانہ مابعد مین لوگون نے انھین کی قرارات کی تلاش کی اور گویا انھین کی قرارت کا ذکر عمومًا رہگیا حالانکہ انمین سے شاذ کے پہچاننے والے زمانہ دراز گزرنے سے مفقود ہوتے گئے حالانکہ انکی شاذ قراءۃ سے دوسرون کی صحیحہ قرارۃ معتمد وصحیح ہی اور واضح رہے کہ یہی امر فقہی مسائل واجتہاد مین واقع ہوا کہ امام ابو حنیفہ ومالک وشافعی واحمد رحمہم اللہ تعالی کے اجتہادات واسکے شاگردون کی کثرت سے آفاق مین انکے اقوال شائع ہوگئے حالانکہ اجتہادات مین جو معنی منصوص ہین کہ مجتہد کبھی خطا کرتا ہی یہ معنی منصوص ضرور ہی کہ انکے اجتہادات مین محتمل ہون ورنہ انکا اجتہاد ہی باقی نرہے کیونکہ اجتہاد کی یہ صفت تو منصوص ہی یعنی اجتہاد وہی جسمین صواب وخطا کا احتمال ہو اور جب یہ صفت باقی نرہے تو فقط صواب یا فقط خطا ہوگا لیکن فقط خطا تو وہ شخص کہے جو ان امامون کے وفور علم سے جاہل ہو اور عین صواب وہ کہے جو انکے اقوال کو نصوص ٹھہراوے اور کافر ہوجاوے پس معلوم ہوا کہ یہان بھی اصل صحیح مقررہ یہ کہ جو استنباط واجتہاد کہ اصول یعنی قرآن وسنت واجماع سے بطریق اجتہاد ہو وہ مسئلہ اجتہادی کا جواب صحیح ہی خواہ ان ائمہ رحمہم اللہ تعالی سے ہو یا کسی مجتہد دیگر مانند سفیان الثوری وغیرہم سے ہو لیکن ایک امر مین قرارت واجتہاد مین فرق ہی وہ یہ کہ قرارات مین تو بلا تقید بقرارات متعددہ کرسکتا ہی اور اجتہادات مین مقلد صرف ایک پر عمل کریگا لیکن واجب ہی کہ وہ یا مین معنی عمل کرے کہ اللہ تعالی نے اہل الذکر سے پوچھ لینے کا حکم دیا تو مین نے ایک مجتہد سے دریافت کرلیا پس اسی پر عمل کرتا ہون اور یہ نہین کہ مین اس قول کے صواب کا غالب گمان رکھتا اور دوسرون کی خطا کا زیادہ گمان کرتا ہون اسواسطے مجھپر یہی قول لینا واجب ہی یہ گمان باطل کذب محض نفس کی خواہش ہی اسواسطے کہ اس شخص عامی کے گمان کا کچھ اعتبار نہین کیونکہ شرع مین اجتہاد کا گمان معتبر ہی جو دلائل شرعیہ سے پیدا ہوا اور یہ شخص جاہل ہی تو اسکا گمان صرف نفسانی گمان ہی اور نفس پر وہ اعتماد کرے جو شیطان کے پھندے مین پڑے پس وہ سب مجتہدون کے ساتھ ادب رکھے اور سچی بات کہے کہ یہ سب اللہ تعالی کے عالم بندے تھے اور وے خود نہین کہہ سکتے تھے کہ میرا اجتہاد صواب اور دوسرے کا اجتہاد خطا ہی بلکہ اجتہاد کے واسطے جو حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا وہی اعتقاد کرتے تھے تو جب وہی یہ گمان نہین کرتے تھے تو یہ بیچارہ انسے مخالف ہوکر یہ گمان کہان سے لایا لہذا حنفیہ وشافعیہ وغیرہ باہم عین خلوص محبت سے ملے رہین اور تعصب شیطانی وسوسہ چھوڑدین واللہ تعالی الہادی الی سبیل الرشاد۔ شیخ ابن الجزری رح نے کہا کہ قرارۃ کے ضابطہ مین یہ جو لکھا کہ زبان عربیت سے کسی وجہ کے ساتھ موافق ہو۔ اس سے یہ مراد کہ زبان عرب جس قاعدہ پر ہی اس سے موافق ہو خواہ افصح ہو خواہ فصیح ہو (صاحب نشر وحصن حصین رح) یعنی افصح ہونا ہرگز ضروری نہین ہی اور اگر اس وجہ مین کسی نحوی نے اختلاف کیا تو دیکھا جاوے گا اگر قرارت ہی شاذ ہو تو ظاہر ہی اور اگر یہ قرارت صحیحہ یا اس سے زائد مشہورہ ہو تو کسی نحوی کا انکار معتبر نہوگا اسواسطے کہ صحیح سند کے ساتھ اماموں کا قبول کرنا اور انمین شائع ہونا یہی رکن اعظم ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ دلیل قطعی اسپر یہ ہی

کہ نحویون نے زبان عرب کے قواعد جسقدر بنائے ہین اور زبان عرب سابق سے موجود اور قرآن مجید پہلے نازل ہوا اور صحابہ رضی اللہ عنہم جسطرح زبان عرب سے جوانکی اصلی زبان ہی اور اسکے بلیغ فصیح محاورات سے واقف تھے وہ وقوف کسیکو میسر نہوگا اگرچہ وہ مابعد نسل عرب سے کیون نہو اسواسطے کہ زبان قدیم محض خالص اور اسوقت مین نہایت فصاحت پر تھی اور زمانہ مابعد مین روم و فارس و مصر وغیرہ کے لوگون کی آمد رفت سے اختلاط شروع ہوا بلکہ مترجم اسوقت کا حوالہ دیتا ہی کہ زبان عرب کے محاورات عام لوگون مین خصوصًا شہرون مین ایسے مختلط ہین کہ فصاحت قدیم سے گویا خارج ہین پس جب یہ معلوم ہوا تو ہم کہتے ہین کہ اس قرارت مشہورہ کو صحابہ رضی اللہ عنہم نے پڑھا اور برابر وہ شائع ہوئی حتی کہ تابعین و اتباع تابعین پس وہ عین بلاغت ہی تو نحوی کو چاہیے کہ جب اسکو معلوم ہوا کہ خالص بلاغت سے یہ قرارت ہی تو وہ اپنے قاعدہ کو اسی کے موافق تصحیح کرے۔ ہم شیخ سیوطی نے کہا کہ اسی اصل اعظم اور کن حکم کی وجہ سے بہت سے نحویون کا قاعدہ جو خلاف بعض قرارات متواترہ تھا قبول ہوا مثلاً قولہ تعالیٰ بارئکم۔ یامرکم مین اسکان کی ایک قرارت مشہورہ ہی اور نحویون کے قاعدہ مین نہین تو نحو کا قاعدہ ناقص سمجھا گیا۔ اسی طرح والارحام۔ بالجر پڑھنا۔ لیجزی قوما۔ بنصب پڑھنا اور قتل اولادہم شرکاءہم۔ مین مضافین کے درمیان فصل کی قرارت۔ یہ سب صحیح ہین اور یہان قاعدہ نحو کو ناقص سمجھا گیا۔ مترجم کہتا ہی کہ مین نے اوپر دلیل قطعی یہان کی کہ عرب عرباء نے جو فصحاء نے اسکو اپنی فصاحت و بلاغت مین قبول کیا حالانکہ انھین پر قرآن کے اعجاز بلاغت کا دعوی تھا تو معلوم ہوا کہ یہ عین فصاحت و بلاغت پر ہی پس پچھلے زمانہ مین نحوی بیچارہ کس منہ سے دعوی کریگا جبکہ اہل کمال و اہل زبان فصحاء نے اسکے دعوی کو رد کر دیا ہم اسی وجہ سے ائمہ قرار رحمہم اللہ تعالیٰ نے نحوی قیاس کو مدار نہین رکھا بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اصح و اقوی طریقہ پر ثبوت ہوا اصل معتمد ہی یعنی انکی قرارات۔ وہ ہین جو صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے انکو پہونچین اور اسی بارہ مین انکو قیاس نحوی کا لحاظ بالکل نہین تھا حتی کہ جب قرارت سلف ثابت ہوئی تو وہی قرارت ہی اور اسی کو لینا فرض متحتم ہی چنانچہ سعید بن منصور نے زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ قرارت سنت متبعہ ہی یعنی یہ کہ قرارت کا طریقہ قیاسی نہین بلکہ طریقہ اتباعی ہی پس جو مصحف و سلف سے ثابت ہوا اسی کی اتباع فرض ہی پس مصحف امام و قرارات مشہورہ سے مخالفت جائز نہین ہی اگرچہ کسی شخص کے ذہن مین کسی آیت مین بجاے ایک کلمہ کے دوسرا کلمہ بقیاس نحوی دلالت کے عمدہ نظر آوے۔ مترجم کہتا ہی کہ جس شخص نے دوسرا کلمہ یہان عمدہ سمجھا یہ اسکی جہالت ہی اور عقل و لیل سفاہت کیونکہ آیت مین جو معنی اسکے نگاہ مین آئے ہین وہ اس اعتبار سے دوسرا کلمہ عمدہ سمجھتا ہی اور سابق مین مترجم نے واضح بیان کیا کہ جہانتک ابتدائی عام فہم ہدایت مقصود ہی وہ عام کے واسطے آسان کر دیا گیا ہی اور قرآن کی ہر آیت مین جو علوم الٰہی عزوجل مندرج ہین انپر بنظر عام نہین ہوسکتی حالانکہ عامی نے جس کلمہ کو عمدہ خیال کیا تھا اس سے ان معانی مین خلل ہوتا ہی پس اگر عامی کی راے ہوتی تو علماے ربانی کو آیندہ ان علوم سے محرومی ہوتی علاوہ برین جب صدق اعتقاد ہی کہ یہ کلام الٰہی عزوجل ہی تو قطعًا معلوم کہ جو کلمہ و طرز بیان آیت ہی وہ نہایت اعلاے کمال پر ہی کیونکہ عزوجل محال ہی تو عالم ربانی مانند تقدیرات الٰہیہ کے خوب سمجھتا ہی کہ تمام جن و انس و ملائکہ مین کوئی نہین کہ جو اس کلمہ کے بجاے اس سے عمدہ لا سکے اور ابھی وہ اسوجہ سے نہین سمجھتا کہ اسکا علم نہایت قلیل ہی اور علم اللہ عزوجل غیر متناہی بعضے مشائخ نے کہا کہ قولہ تعالیٰ وما یعلم جنود ربک الا ہو یعنی ان منکرون کے واسطے اللہ تعالیٰ کی طرف سے وہ امر ظاہر ہوا کہ وہ خیال نہین کرتے تھے۔ یعنی انکے خیال کو بھی انتک رسائی نہین تھی یہ آیت دلیل ہی کہ بعد موت کے علوم ترقی کرینگے۔ مترجم کہتا ہی کہ اسمین بعضے متظافرہ ہین۔ اور حدیث مین گزرا کہ قاری قرآن کے واسطے حکم ہوگا کہ ترتیل و آہستگی سے جسطرح دنیا مین تلاوت کرتا تھا تلاوت کرے اور چڑھے کہ مدارج عالیہ جنت مین آخر آیت پر اسکا درجہ ہی۔ پس جس شخص نے اپنے ناقص خیال سے یہ امر تجویز کیا کہ کوئی عمدہ کلمہ ہوسکتا ہی اس سے زیادہ کی فہمی متصور نہین ہی کہ اسنے نور عقل چھوڑکر صرف خیالات کی پابندی کی اور ہرگز صواب نہ پاویگا۔ ہم شیخ جزری نے کہا کہ کسی مصحف سے موافقت ہونے کے یہ معنی ہین کہ جو مصاحف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے آفاق مین بھیجے ہین

اسمین بعض حکمت تفسیر کے ساتھ قرارت حروف سبعہ سے ایک ہی قرارت پر متفق کرنے مین جو وسعت جاتی رہی تھی اسکا بدل اسطرح دیا کہ بعض قرارات کو باقی رکھا چنانچہ سورہ بقرہ مین قالوا اتخذ اللہ۔ بغیر واو کے مصحف شامی مین ہی اور یہی ابن عامر کی قرارت ہی۔ اور آخر سورہ براۃ مین۔ تجری من تحتہا الانہار۔ یعنی (من) کے ساتھ ابن کثیر رح کی قرارت مین آیا تو یہ مصحف مکی مین موجود ہی۔ اسی طرح تالربر و بالکتاب مصحف شامی مین ہی۔ پس اگر کسی مصحف مین نہو تو اجماعی مصحف سے مخالف قرارت نہین لی جائیگی کہ وہ شاذ ہی۔ واضح ہو کہ ملک یوم الدین۔ جمیع مصاحف مین بغیر الف مرسوم ہی (مالک) پس جب قرارت بجاے مالک کے ملک بمعنی سلطان ثابت ہوئی تو یہ بھی ایک وجہ سے مصحف سے موافق ہی۔ پھر یہ جو ہمنے کہا کہ اسکی اسناد صحیح ہو۔ معنی یہ کہ عادل ضابط ثقہ اپنے مثل سے روایت کرے اسی طرح اوپر تک منتہی ہو اور صحابہ رضی اللہ عنہم کل عادل ثقہ ضابط ہین اور باوجود اسطرح صحت سند کے یہ بھی ہو کہ یہ قرارت اس فن کی ائمہ مین مشہور ہو اور شاذ نہو۔ شیخ ابو شامہ وغیرہ نے ہر قرارت کی نسبت تواتر کی شرط نہین لگائی اور یہ صحیح ہی اسواسطے کہ قرآن کل متواتر ہی اور قرارات متواترہ معروف ہین اور چونکہ اللہ تعالی نے بعض قرارات مین وسعت دی تو ہر قرارت کا تواتر مشروط نہین ہی۔ پھر واضح ہو کہ اگر قرارت بنقل آحاد صحیح ہو لیکن معروف مشہور نہو تو اکثر علماء کے نزدیک اسکو پڑھنا جائز نہین ہی اسکی مثال یہ کہ سند صحیح سے ہمپونچا کہ قولہ یا خذ کل سفینۃ غصبا کو ابن مسعود رضی اللہ عنہ یا خذ کل سفینۃ صالحۃ غصبا پڑھتے یعنی صالحہ کا لفظ بڑھاتے تھے اور معنی واحد ہین لیکن قرارت مشہورہ نہین ہی پس تلاوت و نماز مین اسکو نہ پڑھے اسواسطے کہ شاید آخری دور مین یہ نسخ ہوا یعنی محو کیا گیا ہو اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم کے خلاف ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہان یہ بھی احتمال ہی کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے بطور تفسیر کے آیت کو مع تفسیر کے پڑھدیا اور راوی نے سمجھا کہ انکی قرارت مین یہ کلمہ زیادہ ہی۔ نصیح یہ کہ اس قصہ مین خضر و موسی علیہ السلام مین ہی کہ خضر علیہ السلام نے دو یتیمون کی کشتی کو عیبدار کردیا پھر آخر مین موسی علیہ السلام سے بتلایا کہ آگے ایک بادشاہ ظالم ہی کہ وہ کشتی کو بیگار پکڑتا ہی پس مین نے عیبدار کردی تو مراد یہ کہ درست کشتی کو بیگار پکڑتا ہی پس سفینہ صالحہ پڑھدیا تاکہ معلوم ہو کہ عیبدار کرنے سے فائدہ مترتب ہوا اسواسطے کہ اگر مطلقا کشتی پکڑتا تو وہ عیبدار کشتی بھی پکڑتا اور عیبدار کرنے سے کچھ فائدہ نہوتا اور صالحہ کہنے سے معلوم ہوا کہ وہ ظالم صرف درست کشتی پکڑتا تھا لہذا عیبدار کرنے سے ان یتیمون کی کشتی بچ گئی۔ (التنبیہ) ابو الفضل الخزاعی نے امام ابو حنیفہؒ کی قرارات جمع کین اور اس کتاب کو ابو القاسم الہذلی نے نقل کیا۔ اسکی اسناد ضعیف ہی اور دار قطنی و ایک جماعت نے لکھا کہ یہ کتاب جھوٹ بنائی ہوئی ہی اسکی کچھ اصل نہین ہی۔ اور شیخ سیوطی رح نے موضوعات مین اسی کی شمار کی۔ (تکملہ) رہا بیان مدرج تو اسکے یہ معنی ہین کہ تفسیر بطور پر بیان کی کہ وہ قرآن سے ملی ہوئی ہی پس راوی کو شبہہ ہوا کہ یہ قرارت ہی جیسے قولہ تعالی ولہ اخ او اخت فلکل واحد اسکی تفسیر مین سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے پڑھا ولہ اخ او اخت (من ام) فلکل واحد الآیہ۔ رواہ سعید بن منصور۔ قولہ تعالی لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلا من ربکم۔ ابن عباسؓ نے زیادہ کیا۔ فی مواسم الحج یعنی موسم حج مین اجازت تجارت ہی۔ رواہ البخاری۔ پس ملانے سے مشتبہ ہوتا ہی کہ یہ کلمہ اللہ قرارت ہی۔ قولہ تعالی ولتکن منکم امۃ یدعون الی الخیر و یامرون بالمعروف و ینہون عن المنکر و یستعیضون یا اللہ علی ما اصابہم۔ ابن الزبیرؓ نے قولہ و یستعیضون الخ بطور موعظت تفسیری کے بڑھا دیا حتی کہ راوی نے کہا کہ مجھے نہین معلوم کہ یہ انکی قرارت تھی یا بطور تفسیر زیادہ کیا ہی۔ رواہ سعید بن منصور۔ لیکن ابن الانباری کی روایت مین جزم ہی کہ یہ کلمہ بطور تفسیر بیان فرمایا۔ اور واضح ہو کہ ایک جماعت شاگردون مین سے اگر ایک شخص سمجھا تو اسکی ناسمجھی سے خلط واقع ہوا کیونکہ شیخ نے تو مصحف امام پر اعتماد کیا کہ خواہ مخواہ اسکی آیت سے میرے تفسیری الفاظ علیحدہ ہوسکے لیکن راوی نے اسکو قرارت سمجھ لیا۔ ابن الانباری نے کہا کہ حسن بصری نے پڑھا وان منکم الا واردہا الورود الدخول یعنی تم مین کوئی نہین مگر آنکہ وہ اس جہنم مین وارد ہونے والا ہو۔ وارد بمعنی دخول ہی۔ شیخ رح نے کہا کہ آنورد الدخول یعنی ورود بمعنی دخول ہی۔ یہ کلمہ حسن بصری نے بطور تفسیر کے بیان کیا حالانکہ بعضے راویون نے غلط فہمی یہانتک کی کہ اسکو قرآن مین ملا دیا۔ شیخ ابن الجزری نے کہا کہ صحابہ و تابعین

رضی اللہ عنہم کثرا وقات بعض الفاظ کو تفسیر کے طور پر آیت کے ساتھ ملاتے تھے کیونکہ انکو قرآن کے ساتھ اپنے بیان کے لاحق ہونے میں کچھ
التباس نہ تھا بلکہ بعضے صحابہ رضی اللہ عنہم تو لکھ لیتے تھے۔ مترجم کہتا ہے کہ اسی قسم سے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث ہے کہ اپنے واسطے مصحف
لکھوایا اور فرمایا کہ جب اس آیت پر پہونچی کہ حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطی وقوموا للہ قانتین تو مجھے آگاہ کیجو۔ پس جب آگاہ کیا تو
لکھوایا اور فرمایا کہ جب اس آیت پر پہونچی کہ حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطی وقوموا للہ قانتین تو مجھے آگاہ کیجو۔ پس جب آگاہ کیا تو
لکھوایا۔ والصلوۃ الوسطی صلوۃ العصر وقوموا الخ۔ کما فی الصحیح۔ یہ صریح ہے کہ اس تفسیر کو جو حضرت صلعم سے سنی تھی بطور حفظ کتابت کے یہاں لکھوا دی
کیونکہ انکو آیت میں کچھ التباس نہ تھا۔ لہذا علماء متفق ہیں کہ ما بعد ہر ایک کو حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ وغیرہ نے تنبیہ فرمائی کہ قرآن کو مجرد رکھو
یعنی اسمیں کوئی کلمہ سوائے قرآن کے نہ لکھو حتی کہ علماء رحمہم اللہ تعالی نے اتفاق کیا کہ سورۃ الحمد کے آخر میں (آمین) نہ لکھی جاوے اور اسی طرح
کسی مقام پر وقف و وصل وغیرہ نہیں لکھا جاتا بلکہ بجائے اسکے اشارہ پر اکتفا کیا گیا ہے۔ کیونکہ عوام کو قرآن میں تمیز نہیں ہے۔ (التنبیہ ۱۱)
واضح ہو کہ جو کچھ قرآن سے ہے وہ بالضرور اپنی اصل و اجزا میں متواتر منقول ہونا واجب ہے اور محل و وضع و ترتیب میں بھی تواتر واجب ہے
اسی پر محققین اہل السنۃ متفق ہیں۔ لہذا قرات صحیحہ غیر متواترہ کا پڑھنا نہیں جائز ہے اگرچہ فقہاء نے مشہور قرات سے اعمال و احکام عملی
استنباط کیے کیونکہ عمل نیک کے واسطے تو خبر واحد کافی ہوتی ہے اور یہ تو مشہور ہے لیکن قطعی اعتقاد کے لیئے متواتر ہونا شرط ہے۔ پس جو متواتر
منقول نہو تو اسکی نسبت قرآن ہونیکا یقین قطعی نہیں ہوگا۔ اور چونکہ اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم سے قرآن متواتر منقول ہے تو قطعی حکم ہوا کہ جو اس
اجماع و تواتر میں نہو وہ قطعاً قرآن نہیں ہے۔ اسی وجہ سے مالکیہ و حنفیہ نے کہا کہ ہر سورۃ کے ساتھ بسم اللہ الرحمن الرحیم متواتر نہیں پس
وہ جزو سورۃ نہیں ہے شیخ سیوطی نے فی جواب میں تکلف کیا۔ اور سی قدر جواب کافی ہے کہ ہم اسکو قطعاً قرآن و ہر سورہ کا جزو نہیں کہتے ہیں بلکہ
عمل کرنے کے واسطے ہر سورہ کے اول میں پڑھ لینے کا حکم نکالتے ہیں اور نماز میں بہت سی دعائیں سوائے قرآن کے جائز و مسنون ہیں (التنبیہ)
واضح ہو کہ بعضے صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین سے بعضے اقوال نقل کیئے گئے کہ مثلاً فلان کے نزدیک یہ کلام بھی قرآن سے ایک سورہ تھا
اور فلان کے نزدیک یہ سورہ قرآن میں سے نہیں تھا۔ چنانچہ فخر رازی نے لکھا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سورہ فاتحہ و معوذتین
کی نسبت کہتے کہ قرآن میں سے نہیں ہیں چنانچہ بعض کتب قدیمہ میں مذکور ہے یہ لکھکر کہا کہ اس سے نہایت سخت اعتراض وارد ہوتا ہے
جسکا جواب بہت دشوار ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ ائمہ محدثین جنپر نقول کی تنقید کا مدار ہے از انجملہ ابن حزم و نووی وغیرہ نے کہا کہ
ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے یہ قول صحیح نہیں ہوا اور شیخ ابن حجر نے بروایت احمد و ابن حبان و الطبرانی و البزار وغیرہ نقل کیا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے
معوذتین کے کتاب اللہ میں ہونے سے انکار کیا۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ روایات صرف روایت واحدہ ہیں اور ہر ایک محدث نے اپنی اپنی
کتاب میں نقل کیا لیکن روایت واحدہ ہے اور قرآن کے مصاحف میں اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم حاصل ہے اور وہ متواتر ہے پس متواتر
و اجماع کے مقابلہ میں متواتر چاہیئے تو البتہ کچھ ثبوت ہو اور کہتے ہیں کہ مشہور ہو حالانکہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے ہزارہا شاگردوں
و دیکھنے والوں میں سے کوئی نقل نہیں کرتا سوائے ایک راوی کے حالانکہ آنحضرت صلعم سے روایت کی کہ آپ نے معوذتین کو نماز میں
پڑھا اور خود قرات فاتحہ نماز میں متواتر اور خود سبع المثانی والقرآن العظیم اسی کی تفسیر معروف ہے پھر حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی طرف
اس معنی کی نسبت کرنا عجیب ہے حالانکہ عاصم نے زر بن حبیش سے ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرات روایت کی اور یہ مشہور قرات بلکہ متواتر
ہے اور اسمیں فاتحہ و معوذتین موجود ہیں پس اسکے مقابلہ میں یہ روایت آحاد مذکور باطل ہے اور واضح رہے کہ بہت سے بد باطن لوگوں نے
ایسی روایات وضع کیں جنہیں ثقہ لوگوں کا سلسلہ ملایا اور یہاں یہ احتمال نہو تو اس سے خالی نہیں کہ ان متواترات سے معارضہ

فقط راوی کی غلط فہمی ہے کیونکہ یہ بدیہی کے مخالف ہے اور اسکی مثال ایسی جیسے ریل کے شرکار سے ایک شخص روایت کرتا ہے کہ ہم تعاس گاڑی کو تیز رفتار گھوڑوں سے چلاتے ہیں حالانکہ سوار ہونے والے وحصہ داروں سے متواتر اسکے خلاف ثبوت ہے تو یہ روایت لامحالہ غلط فہمی ہے۔ (التنبیہ) زرکشی رح نے لکھا کہ جمہور کے نزدیک قرارات سبعہ جو اس زمانہ میں موجود ہیں سب متواتر ہیں اور بعض نے کہا کہ مشہور ہیں۔ (التنبیہ) شیخ ابو شامہ وغیرہ نے کہا کہ بعض لوگوں نے زعم کیا کہ حدیث میں جو ہفت حرف مذکور ہیں انسے بھی قرارات سبعہ مراد ہیں اور یہ غلط محض ہے مترجم کہتا ہے کہ یہ تو صحیح ہے لیکن حدیث کے ہفت حرف سے اگر قرارات موافق تیسر قبائل عرب ہو تو یہ امر ظاہر ہے کہ ہر ایک کی آسانی سے اسمیں حصہ آگیا ہوگا لیکن شیخ سیوطی رح نے محامل حدیث وجوہ کثیرہ بیان کیے ہیں اور شک نہیں کہ حدیث کلمۂ جامعہ ہے واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ بالجملہ حدیث کی تفسیر قرارات سبعہ نہیں ہیں ابو عبید رح نے فضائل القرآن میں لکھا کہ تفسیر آحاد وشاذ کی تتبع سے مقصود یہ کہ قرارت مشہورہ کے معانی واضح ہوں جیسے قولہ تعالیٰ فاقطعوا ایدیہما۔ متواتر ہے اور قرارت ابن مسعود رض فاقطعوا ایمانہما۔ یعنی دائیں ہاتھ کاٹو۔ اس سے تفسیر ایدی۔ کی مل گئی کہ دایاں مراد ہے مترجم کہتا ہے کہ چور کی سزا میں ائمہ حنفیہ بدون مشہور کے قرآن پر زائد معنی جائز نہیں رکھتے تو انکے طور پر کہا جاوے کہ قرارت شاذ بمنزلہ خبر الواحد ہے پس جیسے خبر الواحد سے تفسیر مل جاوے تو وہ آیت کی طرف منسوب ہوتی ہے گویا آیت سے دایاں کاٹنا ثابت ہے۔ لیکن مخفی نہیں کہ اسوقت حکم قطعی نہیں ہوتا تو چور کے حق میں دایاں ہاتھ قطع کرنے میں بدون قطعی کے جواز کیونکر ہوا۔ اور میرے نزدیک یوں کہا جاوے کہ سزائے قطع عملاً متواتر ہے تو دایاں کاٹنا مشہور تھا فافہم۔

(نوع ثامن وعشرون) تلاوت میں وقف وابتدا کا بیان۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے کلام سے معلوم ہوا کہ قرآن میں مقامات وقف وابتداء کا جاننا واجب ہے اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے کلام میں برہان ہے کہ اسکے سیکھنے پر صحابہ رضی اللہ عنہم کا اجماع ہے اور ہمارے نزدیک بتواتر اسکا عمل آرہا صحیح ہوا اور سلف صالحین نے اس جانب توجہ کامل رکھی چنانچہ امامون کی نصر بحات اس بارہ میں مشہور معروف ہیں شعبی رح نے کہا کہ جب تو پڑھے۔ کل من علیہا فان۔ تو سکوت مت کر یہانتک کہ۔ ویبقی وجہ ربک ذو الجلال والاکرام۔ پڑھ لے۔ روا ابن ابی حاتم۔ اور مترجم کہتا ہے کہ علماء رحمہم اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اہل عجم کے واسطے وقف تام ولازم وحسن وغیرہ لکھدیے ہیں پس وقف لازم پر تو وقف ہو اور جہاں وقف نہیں ہو وہاں وقف نچاہیے۔ اور جہاں (ج) ہو وہاں وقف ووصل دونوں جائز ہیں۔ اور اسکے اقسام کی تفصیل ایسے لوگوں کے کار آمد نہیں بلکہ غیر معلوم ہے جو عربی نہیں جانتے ہیں۔ م۔ ابن ابی الہذیل نے فرمایا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اس امر کو مکروہ جانتے کہ آیت میں سے کچھ پڑھی جاوے اور کچھ چھوڑی جاوے۔ رواہ سعید بن منصور باسناد صحیح۔ اور سانس ٹوٹنے کا سکتہ جائز ہے لیکن چاہیے کہ دراز بقدر وقف نہو اور جہاں وصل چاہیے وہاں وصل کرے۔ نوع تاسع وعشرون) واضح ہو کہ قرآن حفظ کرنا اس امت پر فرض کفایہ ہے۔ امام حرمین رح نے فرمایا کہ اسمیں یہ ہے کہ تواتر منقطع نہو اور تحریف وتبدیل کا شبہہ نہونے پاوے پس اگر اسقدر کثیر جماعت نے حفظ کر لیا تو باقیوں پر گناہ نہیں ہے اور اسی طرح قرآن پڑھانا وپڑھنا بھی فرض کفایہ وافضل القربات ہے۔ حدیث میں ہے کہ تم میں بہتر وہ جسنے قرآن پڑھا اور پڑھایا۔ کما فی الصحیح۔ اور زمانہ صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم سے برابر یہی چلا آتا ہے **النوع الثلثین** حروف میں سے ہر ایک کے لیے علیحدہ مخرج ہے لیکن بعض حروف باہم متقارب ہیں لہذا قاریوں وقدماء نحویوں کے نزدیک صحیح یہ کہ ستزہ یا سولہ ہیں جنکا مختصر بیان یہ کہ (اول جوف) اور یہ الف وواو ویاء کے لیے جب الف سے پہلے فتحہ اور واو سے پہلے ضمہ اور یاء سے پہلے کسرہ ہو۔ (دوم انتہاء حلق) ہمزہ وہا کے لیے ہے۔ (سوم وسط حلق) عین وحاء مہملہ کے لیے ہے۔ (چہارم اول حلق) غین وخاء نقطہ دار کے لیے ہے۔ (پنجم انتہاء زبان متصل حلق) قاف کے لیے ہے مع اسکے مقام کے اوپر تالو کے (ششم وسط زبان واسکے اوپر تالو) جیم وشین ویاء کے لیے ہے۔ (ہفتم زبان کا کنارہ پائین جانب داڑھ سے متصل) حروف ضاد منقوطہ کے لیے ہے ہشتم شروع

کنارہ زبان (ثالی) حرف لام کے لیے ہی (نہم مخرج لام سے کچھ نیچے) حرف نون کے لیے ہی (دہم مخرج نون کے قریب) حرف راء مہملہ کے لیے لیکن زبان کی
پشت مین دخل زیادہ ہی خصوص جبکہ متحرک یا بھری پڑھی جاوے۔ (یازدہم کنارہ زبان اول واپر کے اگلے دانتون سے چڑھا کر مقابل کے تالو سے)
حرف طاء و تاء و دال کے لیے ہی۔ (دوازدہم درمیان کنارہ زبان اول و نیچے کے اگلے دانتون سے کچھ اوپر) حرف صاد و سین و زاء کے لیے ہی
(سیزدہم ابتدائے زبان کا کنارہ اور اوپر کے اگلے دانتون کا کنارہ) یہ مخرج طاء و تاء و دال کے لیے ہی (چہاردہم پانچے ہونٹ کے اندرونی رخ اور
اوپر کے اگلے دانتون کے کنارہ سے) حرف فاء نکلتا ہی۔ (پانزدہم دونون ہونٹون کے درمیان سے) باء و میم و واو بغیر مدد نکلتے ہین (شانزدہم
غنہ کے لیے بانسہ) ادغام نون و میم ساکن کا مخرج ہی۔ واضح ہو کہ اہل دل و بندگان حق محض خلوص سے خوبی قراءت و ترتیل کے قواعد حاصل کرتے
ہین (**تنبیہ**) جس قاری نے امراء کے واسطے تجوید حاصل کی تاکہ مخلوق کے ہاتھ فروخت کرکے کچھ حقیر دنیا حاصل کرے وہ جہنم مین جلایا
جائیگا۔ واضح ہو کہ لوگون نے قرآن پڑھنے مین جو آگ کی آوازین نکالی ہین اور یہ معصیت شدید ہی اور ایسے ہی لوگون کے حق مین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ لوگ اور جو کوئی انکو پسند کرے انکے دل فتنہ مین ڈوبے ہین۔ (**فائدہ**) قرآن کی تعلیم پر اجرت جائز ہی بدلیل حدیث
بخاری کہ جسپر تم اجرت لو تو احق کتاب اللہ ہی۔ بعض نے کہا کہ ٹھہرانا نہین جائز ہی۔ بعض نے کہا کہ مطلقاً نہین جائز ہی اور یہی قول ابو حنیفہ رح کا ہی تکملہ
عبادہ بن الصامت رضی اللہ عنہ نے اہل الصفہ مین سے ایک کو قرآن تعلیم کیا پس اسنے عبادہ رض کو ایک کمان ہدیہ بھیجی پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ اگر تجھے آگ کا طوق پھنسا خوش آتا ہو تو اسکو قبول کرلے۔ رواہ ابوداؤد۔ مترجم کہتا ہی کہ متاخرین مشائخ نے دیکھا کہ ظالم بادشاہون نے
بیت المال پر غلبہ کرلیا اور عیش و عشرت مین اڑانا شروع کیا اور علماء و حفاظ قرآن اپنی محنت مزدوری پر رہے حتی کہ اگر پڑھانے مین وہ جاوین
تو کھانے کو نہ پاوین پس فتوی دیا کہ تعلیم القرآن کی اجرت جائز ہی کما فی القاضی خان و العالمگیریہ و الدر وغیرہ۔ (**فائدہ**) اللہ تعالی نے قراءت
قرآن کے ساتھ مومنین کو خاص کیا اور یہ کرامت عالیہ ہی اور ملائکہ اسکے سننے کے مشتاق رہتے ہین اور حلقہ ذکر مین حاضر ہوتے ہین۔

## (النوع الحادی والثلثین) آداب تلاوت۔

قرآن کی تلاوت و قراءت مین جہانتک ممکن ہو کثرت کرنا بہت خوب ہی۔ قال تعالی یتلون آیات اللہ اناء اللیل الآیہ۔ حدیث ابن عمر رض مین ہی کہ ایک وہ شخص جسکو اللہ تعالی نے قرآن دیا پس وہ اوقات شب و روز مین
اسکی تلاوت کرتا ہی (الصحیحین) حدیث ابن مسعود رض مین ہی کہ جسنے کتاب اللہ مین سے ایک حرف پڑھا اسکے واسطے ایک نیکی اور دس گونہ ہی اور
مین (الٓمٓ) کو ایک حرف نہین کہتا بلکہ الف ایک حرف اور لام ایک حرف اور میم ایک حرف ہی۔ حدیث ابوسعید الخدری رض مین ہی کہ اللہ عزوجل
فرماتا ہی کہ جس شخص کو قرآن کی تلاوت نے اپنی طرف مشغول کرکے مجھسے دعا و ذکر سے روک لیا ہو مین اسکو سب دعا کرنے والون سے افضل عطا
فرماؤنگا اور کلام الٰہی کا درجہ سب کلام سے اسقدر بلند ہی جیسے اللہ تعالی کا درجہ اپنے مخلوق پر بلند ہی۔ (الترمذی) یعنی کلام الٰہی عزوجل کے
مقابلہ مین کوئی کلام نہین ہو سکتا نہ کوئی دعا ہی کیونکہ اللہ تعالی کی جناب مین کسی مخلوق کو کچھ نسبت نہین ہی۔ م۔ حدیث ابوامامہ رض مین ہی
کہ تم لوگ قرآن پڑھو کہ وہ قیامت مین اپنے پڑھنے والون کے لیے شفیع ہو گا۔ (رواہ مسلم) حدیث عائشہ رض مین ہی کہ جس گھر مین قرآن
پڑھا جاتا ہی آسمان والے اسکو اسطرح باہم دیکھتے ہین جیسے زمین والے ستارون کو باہم دیکھتے ہین۔ حدیث انس رض مین ہی کہ اپنے گھرون کو نماز
و تلاوت قرآن سے منور کرو۔ حدیث نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ مین ہی کہ میری امت کی سب سے افضل عبادت قرآن کی تلاوت ہی۔ (البیہقی)

## (فصل) مقدار تلاوت۔

سلف سے اس بارہ مین مختلف روایات ہین اور انتہاء زیادت کی روایت یہ کہ بعض نے دن مین چار ختم
اور رات مین چار ختم کیے اور اسکے بعد بعض سے شب و روز مین چار ختم اور بعض سے تین ختم اور بعض سے دو اور بعض سے ایک ختم مروی ہی

حالانکہ ابن ابی داؤد نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہ سے ایسے ختم کی مذمت روایت کی چنانچہ مسلم بن مخراق نے پوچھا کہ ام المومنین بعض آدمی رات دن میں دو بار ختم کرتا ہے فرمایا کہ اسکا پڑھنا اور نہ پڑھنا برابر ہے حالانکہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں تمام رات نماز میں قیام کیا اور آپ نے سورۂ بقرہ و آل عمران و نساء پڑھی اور جس آیت رحمت پر آتے تو دعا و رغبت کرتے اور جس آیت عذاب پر آتے تو پناہ مانگتے و دعا کرتے تھے۔ واضح ہو کہ حدیث عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ میں ہے کہ جسنے تین شب و روز سے کم میں قرآن ختم کیا وہ سمجھ نہیں پاتا ہے رواہ ابوداؤد والترمذی وصححہ لہذا علماء کے نزدیک تین روز میں ختم خوب ہے اور اوسط یہ کہ سات روز میں ختم کرے اور یہ بہت خوب اور اسی پر اکثر صحابہ و تابعین کا عمل تھا اور صحیحین میں یہی عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما کو حکم دیا تھا۔ ابن ابی داؤد نے مکحول سے روایت کی کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں قوی لوگ سات روز میں ختم کرتے تھے اور بعض ایک ماہ و بعض دو ماہ اور بعض اس سے زیادہ مدت میں ختم کرتے۔ فقیہ ابواللیث نے بستان میں کہا کہ سال میں دو بار ختم کرنا چاہیے اگر اس سے زیادہ نہو سکے۔ حسن نے ابوحنیفہ رح سے روایت کی کہ جسنے سال میں دو بار ختم کیا تو اسنے قرآن کا حق ادا کیا کیونکہ سال وفات میں جبرئیل علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دو بار دور کیا تھا۔ بعض علماء نے کہا کہ چالیس روز سے زیادہ کرنا مکروہ ہے کیونکہ حدیث عبداللہ بن عمرو میں ہے کہ کسی مدت میں قرآن ختم کیا جاوے فرمایا کہ چالیس روز میں (ابوداؤد) لیکن مترجم کہتا ہے کہ اس سے زیادت میں کراہت نہیں نکلتی ہے کیونکہ سیاق حدیث تو کثرت میں ہے۔ م۔ نووی رح نے کہا کہ مختار یہ کہ مقدار تلاوت و ختم بلحاظ لوگوں کے مختلف ہے پس جس شخص کو لطائف علوم ظاہر ہوتے ہوں وہ صرف اسقدر پڑھے جس سے تدبر و تفکر خوب ہو۔ اسی طرح جو شخص علم پڑھانے وغیرہ میں مشغول ہو وہ اسی قدر پر اکتفا کرے کہ مہمات دینی کا مقصود ہاتھ سے نجاوے اور جس شخص میں یہ بات نہو وہ اسقدر پڑھے کہ ملال اکتانا ظاہر نہو

**(مسئلہ)** قرآن بھولنا کبیرہ گناہ ہے کیونکہ حدیث میں ہے کہ مجھپر میری امت کے گناہ پیش کیے گئے پس میں نے اسمیں اس سے بڑھکر گناہ نہیں دیکھا کہ کسی کو قرآن سے سورۃ یا آیت دی گئی تھی اسنے بھلائی۔ (ابوداؤد وغیرہ) جسنے قرآن پڑھا پھر بھلا یا تو اللہ تعالیٰ سے ملیگا ایسی حالت سے کہ مجذوم ہوگا۔ (ابوداؤد وغیرہ) حدیث میں ہے کہ قرآن کا تعاہد رکھو قسم اسکی جسکے قبضہ میں محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی جان ہے کہ وہ قلوب سے نکل جانے میں اس سے بڑھکر ہے کہ اونٹ اپنے بندان سے نکل جاوے (الصحیحین) مترجم کہتا ہے کہ علماء حنفیہ رح نے کہا کہ بھول جانے کی حد یہ کہ قرآن مجید کو مصحف میں دیکھکر نہ پڑھ سکے کما صرح بہ فی الفتاوی۔ م۔ **(المسئلہ)** تلاوت قرآن کے لیے وضو مستحب ہے کیونکہ حدیث میں ثبوت ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہر ذکر الٰہی عزوجل حتی کہ سلام کے واسطے طہارت پسند فرماتے حالانکہ قرآن مجید کی تلاوت تو سب ذکار سے افضل ہے لیکن بے وضو کے بھی تلاوت جائز ہے کیونکہ سلف سے یہ امر ثبوت ہوا ہے۔ **(المسئلہ)** جنب و حائض یعنی جس آدمی پر طہارت غسل واجب ہو یا جو عورت حالت حیض و نفاس میں ہو اسپر تلاوت حرام ہے اور پوری تفصیل عین الہدایہ وغیرہ میں ہے

**(المسئلہ)** مستحب ہے کہ تلاوت کے واسطے پاکیزہ جگہ میں خشوع کے ساتھ قبلہ رخ ہو کر سکون و وقار کی ہیئت سے بیٹھے اور مسواک سے منھ صاف کرلے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ تمہارے منھ قرآن کی راہ ہیں پس انکو مسواک سے پاکیزہ کرو۔ (البزار باسناد جید وابن ماجہ وقفا) اور قرارت سے پہلے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ لے اور نووی رح نے کہا کہ یہی صیغہ مختار ہے اور اسی کے مانند صاحب الہدایہ کا مختار ہے اور اگر کسی قوم پر گزر ہوا تو انکو سلام کرکے قرارت کرنے لگے اور بہتر یہ کہ تعوذ پڑھ لے۔ جزری رح نے کہا کہ ائمہ قرارت کے نزدیک مختار یہ کہ تعوذ کو جہر سے پڑھے۔ اور ایک جماعت نے کہا کہ آہستہ پڑھے پھر انمیں سے جمہور کے نزدیک آہستہ کے معنی یہ کہ خود سنے اور بعض نے کہا کہ بدون تلفظ کے دلی ذکر مراد ہے۔ سوائے سورہ براۃ کے ہر سورہ کے اول میں بسم اللہ پڑھنا لازم سمجھے کیونکہ بعض علماء کے نزدیک وہ سورہ کی

آیت ہے تو ختم میں خلل ہوگا۔ اگر درمیان سورہ سے پڑھے تو بھی شافعیؒ سے منصوص ہے کہ بسم اللہ پڑھ لے۔ قراءؒ نے کہا کہ بعض مقامات ایسے ہیں کہ وہاں ضمیر بجانب حق تعالیٰ ہے جیسے قولہ تعالیٰ پارہ ۲۵۔ الیہ یرد علم الساعۃ الخ۔ اور۔ وھو الذی انشاء جنات معروشات الآیۃ۔ پس یہاں بسملہ پڑھ لینا موکد ہے کیونکہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کے بعد ہی شروع کرنے میں مبہم ضمیر ناگوار ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ دیگر آداب عین الہدایہ فتاوی ہندیہ کی کتاب الکراہۃ و آداب سے تلاش کرو۔ ۱۲۔ تلاوت کے واسطے مانند دیگر اذکار کے نیت کی ضرورت نہیں ہے۔ ترتیل سنت ہے۔ حدیث ام سلمہ رضی اللہ عنہا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت قرارت صاف صاف حرف حرف ہے۔ (ابوداؤد وغیرہ) حدیث انس رضی اللہ عنہ میں صفت تلاوت مد ہے جیسے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ میں اسم اللہ کھینچکر اور الرحمن دراز کرکے اور الرحیم کشیدہ مد سے (صحیح البخاری) اسی طرح ختم آیت پر دراز کرنا مسنون ہے۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایک نے کہا کہ میں مفصلات کو ایک رکعت میں ختم کرتا ہوں فرمایا کہ اشعار کی طرح روان دوان ہوتا ہے ایک قوم قرآن پڑھینگی جو انکے حلق سے نیچے نہیں اتریگا ولیکن جب دل میں پڑتا ہے تو نفع دیتا ہے۔ (الصحیحین) قیامت میں قاری سے ارشاد ہوگا کہ تلاوت شروع کر اور درجات جنت پر چڑھ اور جیسے دنیا میں ترتیل کرتا تھا اسی طرح ترتیل کر کہ تیرا مقام عالی آخر آیت پر ہوگا۔ (السنن وغیرہ)۔ شرح المہذب میں ہے کہ علماءؒ نے اتفاق کیا کہ قرارت میں افراط کی تیزی مکروہ ہے اور بالاتفاق ایک پارہ ترتیل کے ساتھ پڑھنا دو پارہ غیر ترتیل سے افضل ہے۔ اقول پس شیخ جزریؒ نے جو بعض علما سے نقل کیا کہ دونوں برابر ہیں قول ضعیف خلاف اجماع ہے۔ اور واضح ہو کہ اس زمانہ میں ماہ مبارک رمضان میں تراویح کے ختم میں متخلف طریقے جاری ہیں اور حفاظ بوجہ لالچ مال کے بہت تیزی کے ساتھ تین چار ختم کرتے ہیں گویا اصل مقصود مال ہے حالانکہ اس مبارک وقت میں کہ ثواب حسنات سات سو گونہ زیادہ ہے تو روا نہیں کہ اسکو اتنی حقیر دنیا کے عوض فروخت کیا جاوے لیکن جنھوں نے مال زیادہ درجات ثواب میں اچھے سمجھے وہ امام حافظ محروم ہے ونعوذ باللہ من ذلک اللھم وفقنا لما تحب وترضی وانت الاول الحمید۔ اور بعضے بہت تیزی کرتے اور بعضے رات میں ختم کرتے ہیں حالانکہ مقتدی نظم القرآن سننے ہی سے محروم ہے تو معانی سمجھنے کا کیا ذکر ہے۔ اور احسن و اعلیٰ یہ تھا کہ ترتیل کے ساتھ ایک ختم ہو یا خاص مقتدیوں کے اتفاق و قوت سے دو ختم زائد وقت میں ہوں اور فرائض و وتر کا اہتمام مزید رکھا جاوے اور ہر ایک مقتدی کمزور و اجیر و پیشہ ور کا لحاظ ہو اور ترحم سے انکو خوشدل و عباد اللہ الٰہی میں انکی اعانت کیجاوے تاکہ اہل اسلام کی کثرت و باہم موافقت کا ثواب عظیم حاصل ہو واللہ سبحانہ تعالیٰ اعلم ۱۲۔ حدیث حذیفہ رضی اللہ عنہ میں ہے کہ ایک رات میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز تہجد پڑھی پس آپ نے سورہ بقرہ شروع کرکے پڑھی پھر سورہ نساء پھر سورہ آل عمران آہستہ ترتیل سے پڑھتے جاتے تھے جب آیت تسبیح پر پہونچتے تو تسبیح کرتے اور جب دعا و سوال پر آتے تو دعا کرتے اور جب پناہ مانگنے کی آیت پر پہونچتے تو پناہ مانگتے (صحیح مسلم) اسی کے مانند حدیث عوف بن مالک رضی اللہ عنہ میں ہے۔ (ابوداؤد و نسائی وغیرہ) حدیث میں ہے کہ جب کوئی سورہ والتین والزیتون پڑھے اور آخر آیت یعنی الیس اللہ باحکم الحاکمین۔ پر پہونچے تو کہے دلی وانا علی ذلک من الشاہدین، یعنی میں بھی گواہ ہوں کہ اللہ تعالیٰ احکم الحاکمین ہے۔ اور جو لا اقسم کے ختم پر پہونچے الیس ذلک بقادر علی ان یحیی الموتی۔ تو کہے کہ دلی، یعنی کیوں نہیں یعنی بیشک اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ مردوں کو زندہ کرے اور جو شفعہ والمرسلات کے ختم۔ فبای حدیث بعدہ یومنون۔ پر پہونچے تو کہے۔ آمنا باللہ۔ یعنی ہم اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے۔ (ابوداؤد والترمذی) اور حدیث میں سورہ الرحمن کی قرارت میں فبای آلاء ربکما تکذبان، میں آیا کہ کہے لا بشیء من نعمک ربنا تکذب فلک الحمد۔ یعنی ہمارے پروردگار ہم تیرے بندے کسی نعمت کو نہیں جھٹلاتے ہیں پس تیرے ہی واسطے سب شکر و حمد ہے۔ (الترمذی وغیرہ) واضح ہو کہ اچھی اہل تلاوت وہ ہیں کہ خشوع و خضوع سے پڑھتے ہیں چنانچہ قولہ تعالیٰ ویخرون للاذقان یبکون الآیۃ اور احادیث کثیرہ سے ثابت اور خود ظاہر ہے۔ (مسئلہ) خوش آوازی سے

بطرز عربیہ پڑھنا مستحب ہی۔ (مسئلہ) راگ و لحن سے پڑھنا ہمارے نزدیک و بقول صحیح شافعیہ کے نزدیک حرام و فسق ہی۔ (مسئلہ) قرارت قرآن کا سننا مسنون ہی اور اوسوقت باتین چھوڑ دینا چاہیے کیونکہ اللہ تعالی نے فرمایا واذا قری القرآن فاستمعوا لہ وانصتوا لعلکم ترحمون مترجم کہتا ہی کہ ہمارے علماء کے نزدیک سننا واجب ہی کیونکہ آیت مین جو حکم ہی اسکو وجوب سے پھیرنے کی کوئی وجہ نہین اسلیے شیخ نے آیات سجدہ پر سجدہ کرنا مسنون لکھا اور وہ بھی ہمارے نزدیک واجب ہی اور وہ چودہ مقام ہین سورہ اعراف۔ ورعد۔ نحل۔ آخری بنی اسرائیل۔ مریم۔ حج۔ فرقان۔ نمل۔ الم تنزیل۔ فصلت۔ النجم۔ اذا السماء انشقت۔ اقرا باسم ربک سورہ ص۔ (مسئلہ) تلاوت قرآن اگر نماز مین ہو تو فریضہ سب سے افضل ہی پھر رات مین پھر مغرب و عشاء کے درمیان پھر بعد صبح کے پھر جسوقت چاہے پڑھے۔ ایام مین سے یوم عرفہ پھر جمعہ پھر دوشنبہ پھر پنجشنبہ افضل ہین رمضان کا عشرہ اخیر اور ذی الحجہ کا عشرہ اول افضل ہی جیسے مہینون مین ماہ رمضان افضل ہی ابتدائے شب جمعہ سے شروع کرے اور پنجشنبہ کی رات کو ختم کرے کیونکہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ ایسے ہی کرتے تھے۔ رواہ ابن ابی داؤد۔ اور افضل یہ کہ شروع دن مین یا شروع رات مین ختم کرے کیونکہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ قرآن جسنے اول رات مین ختم کیا تو صبح تک ملائکہ اوسکے حق مین دعا کرتے ہین اگر آخر رات مین ختم کیا تو شام تک ملائکہ اوسکے حق مین دعا کرتے ہین۔ رواہ الدارمی باسناد حسن۔ (مسئلہ) ختم کے وقت اہل و عیال و احباب کو جمع کرنا مستحب ہی چنانچہ طبرانی نے ابن عباس سے اور ابن ابی داؤد نے ایک جماعت تابعین سے ایسا کرنا روایت کیا مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہی کہ سلف رضی اللہ عنہم ختم قرآن کے وقت جمع ہوتے اور مجاہد نے فرمایا کہ اوسوقت رحمت نازل ہوتی ہی اور دعا قبول ہوتی ہی رواہ ابن ابی داؤد۔ اور طبرانی نے عرباض بن ساریہ رضی سے حدیث روایت کی کہ جسنے قرآن ختم کیا اور اسکے واسطے ایک دعا سے مقبول ہی اور بیہقی نے اسکو حدیث انس رضی سے روایت کیا ہی۔ (مسئلہ) ختم کے بعد ہی چاہیے کہ دوسرے دورہ کو شروع کرے کیونکہ ابی بن کعب نے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب قل اعوذ برب الناس تک پہونچتے تو سورہ الحمد پڑھکر سورہ بقرہ کو الم سے اولئک ہم المفلحون تک پڑھ لیتے پھر دعا فرماتے تھے رواہ الدارمی باسناد حسن۔ (مسئلہ) ختم کے وقت سورہ اخلاص یعنی قل ہو اللہ احد تین بار پڑھنا لوگون کا معمول ہی۔ (مسئلہ) قرآن مجید کو کمائی کا پیشہ بنانا مکروہ تحریمی ہی بخاری نے تاریخ کبیر مین بسند صالح یہ حدیث روایت کی کہ جسنے دنیا و ارظالم کے واسطے نسبت سے قرآن پڑھا کہ کچھ رفعت حاصل کرے تو وہ سیر بجائے ہر حرف کے دس لعنت ہونگی (مسئلہ) حدیث صحیحین مین منع ہی کہ آدمی کہے کہ مین فلان آیت بھولا بلکہ یون کہنا چاہیے کہ مجھے بھولائی گئی (مسئلہ) امام ابو حنیفہ و مالک و احمد رحمہم اللہ کے نزدیک میت کو ایصال قرآن کا ثواب پہونچتا ہی اور امام شافعی کے نزدیک نہین پہونچتا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ مالی صدقہ کا ثواب بالاجماع پہونچتا ہی۔ (فصل) واضح ہو کہ زمانہ اسلام سے پہلے فصحاے عرب قرآن کی فصاحت اور بلاغت سے متعجب تھے اگرچہ وہ لوگ ایمان نہ لائے ہون جنکی تعداد ارباب تتبع کو پہونچی تھی پھر زمانہ اسلام مین اکابر علماء و فصحاء و بلغاء نے برابر اوسکی فصاحت کے آگے سر جھکایا اور غایت کوشش و تلاش یہ تھی کہ انتہاے بلاغت کے فنون قرآن سے حاصل کرین پس اعجاز قرآن مین استقدر تواتر کے بعد سواے احمق یا مجنون کے کسیکو کچھ تردد نہین ہو سکتا شیخ سیوطی رحمہ اللہ نے اتقان مین بہت تطویل کے ساتھ وجوہ بلاغات کو جمع کیا جو اکابر بلغاء و فصحاء نے حاصل کیے تھے۔ چونکہ ہر شخص کو جو عربی نہ جانتا ہو اس سے استفادہ نہو گا لہذا مترجم نے ناچار اسکا ترجمہ ترک کیا اور حق یہ ہی کہ ترجمہ اوسکو برداشت بھی نہین کر سکتا۔ (النوع الثانی والثلثین) جاننا چاہیے کہ قرآن مین اللہ عزوجل نے جملہ علوم رحمت جمع فرمائے ہین قال تعالی ما فرطنا فی الکتاب من شئی یعنی ہمنے قرآن مین کچھ کمی نہین رکھی قال تعالی ونزلنا علیک الکتاب تبیانا لکل شئی یعنی ہمنے تجھپر یہ کتاب نازل فرمائی حالانکہ اسمین ہر چیز محمود کا بیان ہی حدیث مین ہی کہ میرے بعد

عنقریب فتنہ واقع ہونگے عرض کیا گیا کہ اونسے نجات کی کیا صورت ہے فرمایا کہ کتاب اللہ عزوجل کو مضبوطی سے لو کہ اسمین تمسے اگلوں پچھلوں کی
خبر اور تمہارے درمیان حکم ہے رواہ الترمذی وغیرہ۔ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جسکو علم نافع مقصود ہو اوسپر لازم ہے کہ قرآن لے رواہ سعید
ابن منصور۔ شافعی رح نے کہا کہ حدیث شرح قرآن ہے سعید بن جبیر نے فرمایا کہ مجھے جب کوئی حدیث پہنچی تو میں نے قرآن میں اوسکا مصداق پایا رواہ
ابن ابی حاتم۔ بعض علماء نے کہا کہ جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا وہ قرآن میں موجود ہے جسنے سمجھا اوسنے سمجھا اور نہ اپنا قصور ہے اور رواہ بیہقی
ملتا ہے جس قدر اوسکی کوشش اور سمجھ ہو پھر صحابہ رضی اللہ عنہم و اکابر مانند خلفاے راشدین و ابن مسعود و ابن عباس رضی اللہ عنہم کے اس علم کے
وارث ہوے حتی کہ اونسے یہ آثار صریح ہین پھر تابعین مجتہدین نے اپنی قوت و ہمت کے لائق حاصل کیا پھر اوسکے بعد ہمتین کم ہوگئین اور علوم آخرین مین
فتور آگیا حتی کہ جو کچھ صحابہ و تابعین نے اوٹھایا تھا اوسکے اوٹھانے سے عاجز ہوتے گئے اور بجاے اوسکے جہل پیدا ہوتا گیا الحاصل قرآن
مجید مین جمیع علوم موجود ہین لیکن جاہل کا انکار بوجہ اپنے جہل کے ہے۔ **(النوع الثالث والثلثین)** بعض خواص آیات کے
بیان مین۔ سابق مین مترجم نے فی الجملہ خواص بیان کیے ہین معاذ رضی اللہ عنہ قرضدار تھے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوکو دعا بتلائی
جسکو صبح و شام پڑھا کرین قال اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء وتعز من تشاء وتذل من تشاء بیدک الخیر انک علی کل
شئی قدیر تولج اللیل فی النھار وتولج النھار فی اللیل وتخرج الحی من المیت وتخرج المیت من الحی وترزق من تشاء بغیر حساب آسکے بعد پڑھین یا رحمن الدنیا
ورحیم الآخرۃ تعطی من تشاء منھما وتمنع من تشاء ارحمنی رحمۃ تغنینی بھا عن رحمۃ من سواک (رواہ الطبرانی) ابن عباس رض سے روایت ہے کہ اگر تم سے کسیکا
گھوڑا سرکش ہو تو اوسکے دونون کانون مین پڑھے افغیر دین اللہ یبغون وللہ اسلم من فی السموات والارض طوعا وکرہا والیہ یرجعون (رواہ البیہقی)
حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ سمندر مین سوار ہو تو پڑھے بسم اللہ مجریھا ومرسٰھا الآیۃ وما قدروا اللہ حق قدرہ الآیۃ غرق سے
محفوظ رہے (رواہ ابن السنی) حدیث انس مین ہے کہ جب اللہ تعالی کسی بندے کو مال و اولاد عطا فرماوے تو پڑھے ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
پس سوائے موت کے نظر بد وغیرہ سے محفوظ رہیگا (رواہ البیہقی) حدیث سعد بن ابی وقاص مین ہے کہ لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من
الظالمین کو جو مسلمان کسی ہم مین پڑھے اللہ اوسکو قبول فرماتا ہے (رواہ الترمذی والحاکم) یعنی وہ اس غم سے چھوٹ جاتا ہے چنانچہ ابن السنی کی روایت
مین مصرح ہے جس شخص کے دل مین سختی ہو وہ لیس کو زعفران سے پیالے مین لکھکر پیئے تو فائدہ ہو (رواہ الحاکم عن محمد بن علی بن الحسین)
جو شخص اپنے دل مین وسوسہ پاوے تو پڑھے ھو الاول والآخر والظاھر والباطن وھو بکل شئی علیم اللہ تعالی نجات عطا فرماویگا (رواہ
ابوداؤد عن ابن عباس) ابن مسعود رض نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سوائے قل اعوذ برب الفلق وقل اعوذ برب الناس کے تعویذ مکروہ
رکھتے تھے (رواہ ابوداؤد والنسائی وابن حبان) **(مسئلہ)** کسی برتن مین آیت قرآن لکھکر مریض کو پلانا حسن بصری و مجاہد و ابو قلابہ و
اوزاعی کے نزدیک مضائقہ نہین اور نخعی رحمہ اللہ کے نزدیک مکروہ ہے شیخ نے کہا کہ ہمارے مذہب مین بھی مضائقہ نہین ہے مترجم کہتا ہے کہ ہمارے
بعض فتاوی مین بھی یہی لکھا ہے۔ **(النوع الرابع والثلاثین)** واضح ہو کہ قرآن کی تفسیر کے واسطے پندرہ علوم کی ضرورت ہے
اور بغیر علم و دلیل کے تفسیر کرنا حرام بلکہ قریب کفر ہے جیسے قولہ تعالی مرج البحرین یلتقیان کی تفسیر مین روافض کہتے ہین کہ دونون سمندر سے
مراد علی و فاطمہ ہین اور قولہ تعالی یخرج منھما اللؤلؤ والمرجان مین لولو سے مراد حسن اور مرجان سے مراد حسین ہین پس یہ ویسا ہی کفر ہے جیسے کسی نے
کہا کہ الٓمٓ مین الف سے اللہ اور لام سے لجھمن اور میم سے رام حالانکہ بلا خلاف یہ کفر ہے پس تفسیر حق کے واسطے ان علوم کی احتیاج ہے اول لغت
تاکہ مفردات کی شرح جانے مجاہد رح نے فرمایا کہ کسی مومن کو حلال نہین کہ تفسیر کتاب اللہ مین کلام کرے جبتک وہ لغات عرب سے واقف نہو

اور اسی کے مانند امام مالک سے مروی ہی مترجم کہتا ہی کہ اس زمانہ میں معتمدین اہل تفسیر پر اکتفا کرنا بہتر ہی لہذا مترجم نے متقدمین اہل سنت پر اکتفا کیا باوجودیکہ حضرت ابن عباس رض سے کلمات کی تفسیر خود مروی ہی دوم علم نحو کیونکہ اعراب کے اختلاف سے معانی بدل جاتے ہین حسن بصری رحمہ اللہ سے ایک شخص نے پوچھا کہ وہ زبان عربی یعنی نحو اسوا سطے طلب کرتا ہی کہ زبان درست اور قرارت ٹھیک ہو تو فرمایا کہ نیک کام ہی (رواہ ابو عبید) سوم علم صرف کیونکہ جو شخص اس سے غافل ہی وہ جہالت کرتا ہی چنانچہ زمخشری نے لکھا کہ قولہ تعالی یوم ندعو کل اناس بامامہم بعض جاہلون نے امام جمع ام بمعنی مان لیا یعنی قیامت مین لوگ اپنی مان کے نام سے پکارے جاوینگے حالانکہ یہ تفسیر اس مقام پر بالکل غلط ہی کیونکہ ام کی جمع امام نہیں آتی ہی چہارم علم اشتقاق کیونکہ مختلف مادہ سے مشتق ہونے مین معانی بدلتے ہین پنجم و ششم و ہشتم علم معانی و علم بیان و علم بدیع ہی زمخشری نے کہا کہ اعجاز کلام اللہ کی تفسیر کرنے والا نجو بی لحاظ رکھے کہ نظم خوب و بلاغت کامل ہے اوسکی تفسیر مخالف نہو ہفتم علم قرارت اور اسکی ضرورت ظاہر ہی ہشتم علم اصول دین تاکہ ظاہر آیات بلیغہ سے جاہل کو بد اعتقادی کا وہم نہو حتی کہ ناواقف لوگ مجسمہ وغیرہ گمراہ ہوگئے دہم علم اصول فقہ تاکہ آیات احکام سے طریقہ شرع و اصول کے موافق حکم نکالے یازدہم علم اسباب نزول اور اس کا فائدہ سابق مین مذکور ہوگیا دوازدہم علم ناسخ و منسوخ تاکہ جو حکم محکم باقی ہی وہ معلوم ہو سیزدہم علم فقہ تاکہ سنت سے مخالفت نہو چہاردہم علم احادیث تاکہ مجمل و مبہم کی تفسیر معلوم ہو ان سب کے بعد پانزدہم علم وہبی ہی چنانچہ حدیث مین آیا کہ جو شخص علم کے موافق عمل کرتا ہی اللہ تعالی اوسکو ایسا علم دیتا ہی جسکو وہ نہین جانتا تھا توضیح یہ ہی کہ جو علوم ابتدا مین سنے حاصل کیے وہ ان قواعد پر مبنی تھے جو مذکور ہوے گویا اوسنے ٹھیک راہ پر قدم رکھا اور آیندہ وہ علوم ہین جو کوئی قاعدہ برداشت نہین کرتے بلکہ وہ افہام الہی عزوجل ہین لیکن وہ کبھی اس اصل سے مخالف نہونگے برخلاف باطنیہ وغیرہ گمراہون کے جو ظاہر شرع سے مخالف امور وہمی خیالی کا دعوی کرتے اور گمراہ ہوتے ہین شیخ ابن ابی الدنیا رح نے فرمایا کہ علوم قرآن ایک سمندر ناپیدا کنار ہی اور یہ چند علوم جو بیان ہوے مفسر کے واسطے بمنزلہ آلات و اسباب ہین یا کہو کہ زینہ سیڑھی ہین کہ بدون انکے وہ تفسیر کی راہ مستقیم مین نہین پہونچیگا حتی کہ بدون انکے اپنی راے کی تفسیر گمراہی ہی اگر کہو کہ علم وہبی آدمی کے مقدور مین نہین ہی اسکا جواب یہ کہ ایسا گمان غلط ہی بلکہ جو علم شریعت دیا گیا اوسکے موافق عمل کرے اور دنیا سے بیزار رہو تو اوسکو یہ نور حاصل ہوگا برہان مین مذکور ہی کہ جسکے دل مین دنیا کی محبت یا بدعت یا منکر ہو یا گناہ پر مصر ہو یا ایمان محقق نہو یا کسی گمراہ و بدعتی کی راے پر اعتماد ہو یا عقل پر بھروسا کرے وہ علوم و اسرار قرآن سے محجوب ہوگا مترجم کہتا ہی کہ عقل سے مراد انسانی حواس ہین اور عقل حقیقی جو انوار روحی و فہم قلب ہی وہ اوسی شخص کو حاصل ہوتی ہی جو ان ذمائم و رذائل سے پاک ہوا گر کہا جاوے کہ لوگ عقل کے یہی معنی جانتے ہین جنکو تمنے حواس کی ترکیب بیان کیا جواب یہ ہی کہ اسکا عقل نام رکھنا کچھ ضرر نہین کیونکہ اہل کفر جنکی یہ شان ہی کہ لہم قلوب لایعقلون بہا آخر وہ قلب نہین رکھتے تو خواہ مخواہ ایسی عقل سے انکار کرینگے پس شیخ کی مراد یہ ہی کہ جو شخص اہل قلب سے نہو وہ ان علوم سے محجوب ہوگا قال تعالی سا صرف عن آیاتی الذین یتکبرون فی الارض بغیر الحق یعنی جو لوگ اس دنیا مین ناحق اتراتے ہین اونکو اپنی آیات سے پھیر دونگا سفیان بن عیینہ رح نے فرمایا یعنی قرآن کی سمجھ چھین لونگا (رواہ ابن ابی حاتم) ابن عباس رض نے کہا کہ تفسیر چار طرح پر ہی اول وہ کہ عرب اپنی زبان مین جانتے ہین دوم وہ ظاہر جسکے نہ جاننے پر کوئی معذور نہین ہی سوم وہ تفسیر جسکو علماء جانتے ہین چہارم وہ تفسیر جسکو سوائے اللہ تعالی کے اور کوئی نہین جانتا ہی (رواہ ابن جریر و سعید بن منصور) شافعی رح نے فرمایا کہ متشابہات کی تفسیر کسی حدیث یا آثار صحابہ یا علماء سے صحیح نہین ہی (ملتقط الاتقان) شیخ امام ابن کثیر رح نے مقدمہ تفسیر مین لکھا کہ اللہ تعالی نے حضرت سرور عالم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو جن و انس کل کی جانب رسول فرمایا لہذا حدیث مین وارد ہی کہ بعثت الی الاحمر والاسود (الصحیح) - مجاہد رح نے تفسیر فرمائی کہ احمر و اسود سے جن و انس مراد ہین - پھر اللہ تعالی نے آپ پر جو

کتاب مجید نازل فرمائی اسکی تعلیم وتفہیم کی جانب کل کو ارشاد فرمایا بقولہ تعالیٰ افلا یتدبرون القرآن ولو کان من عند غیر اللہ لوجدوا فیہ اختلافا کثیرا۔ اور دوسری آیت مین فرمایا۔ کتاب انزلناہ الیک لیدبروا آیاتہ ولیتذکر اولوا الالباب۔ اور دیگر آیات ہین جنمین تعلم قرآن سے غفلت کرنے پر مذمت وانکی بدبختی بیان فرمائی گئی ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ عقل کے نزدیک بھی اس سے زیادہ بدبختی کیا ہوگی کہ ایک شخص کو نعمت بے زوال حاصل کرنے کو کہا جاوے اور وہ اسکو چھوڑکر متاع حقیر جو چند ہی روز مین وبال کے ساتھ زائل ہوجائیگی اختیار کرے جیسے احمق لوگ روپیہ پیسہ کمانے وجمع کرنے مین اسقدر منہمک ومستغرق ہوتے ہین کہ اس نعمت لایزال سے بالکل غافل ومنہ موڑتے ہین اور آخر چند روز کے بعد خالی ہاتھ قبر کے غار مین ڈال دیے جاتے ہین انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ہم۔ پس واجب یہ ہے کہ علم کے ساتھ اس کتاب مجید کے معارف وکمالات سمجھنے وحاصل کرنے مین ہمت کے ساتھ آمادگی کرین اور ہوشیار ہون کہ انکی حالت مانند یہود کے نہو جاوے کہ انھون نے توریت سے منہ موڑا اور قصص وحکایات باہمی فرقون کی عداوات سے تحریف کرنا انکا شیوہ رہگیا اور بالکلیہ دنیا کے جمع کرنے پر متوجہ ہوگئے۔ اللہ تعالیٰ نے مومنون کو اس بدخصلت واتباع شیطانی سے بتاکید منع کردیا ہے قال تعالیٰ الم یان للذین آمنوا ان تخشع قلوبہم لذکر اللہ وما نزل من الحق ولا یکونوا کالذین اوتوا الکتاب من قبل فطال علیہم الامد فقست قلوبہم وکثیر منہم فاسقون۔ یعنی مومنون کے واسطے کیا وہ وقت نہین آگیا کہ ذکر الٰہی اور قرآن حق کے واسطے انکے دل نرم ہون اور انکو اگلے اہل کتاب کے مانند نہونا چاہیے جنکو کتاب دی گئی تھی سو اوپر مدت دراز ہونے کے انکے دل سخت ہوگئے اور انمین بہتیرے فاسق ہین۔ یہ آیت اہل ایمان وعلماے اسلام کے واسطے ہدایت وموعظت بلیغہ ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے اس آیت کریمہ کے بعد متنبہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ زمین کو مردہ ہونے کے بعد زندہ فرماتا ہے۔ یعنی اسی طرح معاصی وغفلت کے بعد اللہ تعالیٰ دلون کو حیات حقیقی سے زندہ کرتا ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ امام اوزاعی وغیرہ سے روایت ہے کہ امت اسلامیہ مین جب خرابی ہوگی تو سلاطین وعلماء ودرویشون سے پیدا ہوگی پس سلاطین تو شرع کی ہتک حرمت وعلانیہ فسق وفجور کرینگے اور علماء مانند علماے یہود کے ہوجائینگے اور درویش مانند رہبان نصاری کے ہونگے۔ یہ علم ماثور اس زمانہ والون کے واسطے بدیہی مشاہدہ ہے جسمین زیادہ توضیح کی ضرورت نہین ہے۔ پس جسکو اللہ تعالیٰ توفیق ایمانی عطا فرماوے اسکو چاہیے کہ ہدایت الٰہی یعنی قرآن مجید کو سمجھکر مضبوطی کے ساتھ صراط مستقیم ہو اور تفسیر قرآن مجید سے علم وفہم حاصل کرے۔ ہم۔ شیخ نے لکھا کہ اگر پوچھا جاوے کہ تفسیر کا عمدہ طریقہ کون ہے۔ جواب یہ کہ اصح واصوب یہ کہ آیات قرآنیہ کی تفسیر خود قرآن سے ہو کیونکہ ایک مقام کی آیات خود دوسرے مقام کی آیات سے تفسیر موجود ہین یعنے مثلاً ایک جگہ اجمالی بلاغت ہے تو دوسرے مقام پر تفصیلی اعجاز موجود ہے۔ ہان اگر تجاوز اسکے سمجھنے مین اشکال ہو تو حدیث شریف سے مدد لے کیونکہ احادیث خود قرآن مجید کی تفسیر ہین کیونکہ احادیث بھی آپ پر وحی ہوئی تھین۔ اسی واسطے حدیث مین فرمایا کہ مجھے قرآن عطا ہوا اور اسکے ساتھ مین اسکے مثل عطا ہوا۔ مترجم کہتا ہے کہ شاید شیطان وسوسہ لاوے کہ خود قرآن ہی مین یہ تفصیل کیون نہوئی تو جواب مین غور سے نظر کرنا چاہیے اور اس تحقیق کو یاد رکھنا چاہیے۔ واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو درجہ کتابت مین نازل نہین کیا بلکہ اپنا کلام پاک بذریعہ جبرئیل علیہ السلام کے حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا اسی واسطے قرآن مجید کے معانی ونظم کلام دونون اعجاز ہین اور تلاوت مین بھی ثواب عظیم ہے اور سابق پیغمبرون پر توریت وانجیل وغیرہ جو نازل ہوئین وہ درجہ کتابت مین نازل ہوئین اور انمین صرف معانی مقصود تھے اسی واسطے شام ویونان وغیرہ کی مختلف زبانون مین تراجم سے بلکہ سریانی وعبرانی کے متعدد اختلافات سے جب باہم فرقون کی عداوت جمع ہوئی تو ہر ایک نے دوسرے کی غلطی ثابت کرنے کو مقامات خاصہ مین ایسی تبدیل وتحریف کی جس سے اسکا مقصود یہ تھا کہ اسکے مخالف فرقہ کی غلطی ثابت ہو حالانکہ اس سے کتاب کا اعتماد مرتفع ہوگیا۔ اور کیونکر اعتماد باقی رہیگا حالانکہ صرف ایک کتب خانہ مین مجلدات کے مقابلہ

دو ہزار غلطیان مخالف نکلین اور متعدد کتب خانون کے مقابلات سے جو غلطیان نکلین انکا مجموعہ حسب تصریح اہل کتاب کے ایک لاکھ سے زائد ہی اور مترجم سے یہ بہت کم مقدار لکھی ورنہ خود یہود و نصاری کی تصریحات اس سے بہت زائد ہین اور انکا دعوی ہی کہ یہ صرف پڑھنے کی غلطی ہوئی ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اچھا وہ کسی طرح ہوئی ہو بہرحال یہ اعتماد باقی نہین رہا کہ اصل مین کیا لفظ تھا اب جاننا چاہیے کہ اللہ تعالی نے قرآن مجید کو نظم و معانی دونون طرح سے اعجاز فرمایا حتی کہ وہ زمانہ صحابہ و تابعین سے برابر امت کے صدور مین حفظ چلا آتا ہی جسمین کچھ اختلاف نہین ہی اسیواسطے اگلی کتابون مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کی صفت مین یہ بھی آیا کہ وہ انکی انجیل انکے سینون مین محفوظ ہوگی۔ پس اللہ تعالی نے اعجاز سے قرآن پاک کو قابل حفظ فرمایا اور اسکی تفسیر مشکلہ کے واسطے سنت سے وحی فرمائی حتی کہ کاملین علماء رحمہم اللہ تعالی بغیر حدیث کے اسکی تفسیر سمجھ سکتے ہین اور کم درجہ والون کے واسطے ضرورت ہی اسی واسطے محققین علماء رحمہم اللہ تعالی کے نزدیک تفسیر کے واسطے حدیث پر توقف نہین ہی یعنی کسی مقام کی تفسیر اس امر پر متوقف نہین ہی کہ بغیر حدیث کے اسکا علم ظاہر ہو اسیوجہ سے شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ اصح طریقہ تفسیر ہی کہ قرآن کی آیات کو خود دیگر آیات قرآنیہ سے تفسیر کیجاوے اور واضح ہو کہ بعض مقام پر تفسیر مجمل کے واسطے مفصل ہی اور بعض مقامات پر ایک معنی کی تفسیر کے لیے دوسرے مقام کا حکم کافی ہی۔ ہم پھر اگر کسی شخص سے آیات کی تفسیر کا ادراک نہو سکے تو وہ حدیث مین تتبع کرے اور حدیث کی اسناد بھی اللہ تعالی نے اسی امت کے واسطے خصوصیت فرمائی ہی کیونکہ اہل کتاب یہود و نصاری مین اسناد ایسے کم تھے کہ بہت سے پریشان قصص و واہیات حکایات بناکر داخل کی گئین اسی واسطے اہل کتاب کے قصص مہملات و واہیہ ہین چنانچہ تفسیر مین انشاء اللہ تعالی بعضے مقامات پر اسی تنبیہ کی غرض سے بعضے حکایات و قصص نقل کیے جاوینگے اور یہ سلسلہ کذب زیادہ تر ان لوگون سے شائع ہوتا ہی جو وعظ گوئی اپنا پیشہ کر لیتے ہین۔ اور وہ عوام کی دلچسپی رونق مجلس کی غرض سے اور کبھی رلانے اور کبھی خوش کرنے کے مطلب سے بہت سی حکایات بناکر یا انمین اپنی طرف سے حسب موقع و محل کمی بیشی کرکے بیان کرتے ہین اور بہت سے عابد و زاہد لوگ اس بلا مین اسوجہ سے مبتلا ہو جاتے ہین کہ وہ اسمین بھلائی خیال کرتے ہین چنانچہ اسکے مفصل وجوہ کو مترجم نے مقدمہ شرح صحیح بخاری شریف مین بیان کیا ہی اور یہ آفت اس امت مین بھی پھیلی اور اب بھی مشاہدہ موجود ہی لیکن اللہ تعالی نے اس امت مین علماء متحققین پیدا کیے جنھون نے ہر ایک بیان کرنے والے سے اسکی بات کو قبول نکیا جبتک اسنے اسناد سے نہین بتلایا کہ اسنے کس بزرگ کے ذریعہ سے پائی تاکہ انتہا پر معلوم ہو کہ یہ کسی صحابی کا قول ہی یا خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان شریف ہی پھر اسپر بھی بعضے ایسے جھوٹے لوگ پیدا ہوے جنھون نے یہ اسناد بھی دروغ بنائی لیکن جب اس شخص کا حال دریافت ہوا کہ عادل نہین ہی اور سوا اسکے کوئی ثقہ شاگردون سے نقل نہین کرتا اور ثابت ہوا کہ یہ شخص تو فلان بزرگ کے شاگردون مین سے بھی نہین ہی پس رد کر دیا گیا۔ غرض کہ نہایت حفظ و اتقان و عدالت و ثقہ حالت کے ساتھ انھون نے حدیث و آثار کو قبول کیا ورنہ رد کر دیا اور اسکا مفصل بیان مع توضیح و مثالون کے مقدمہ شرح صحیح سے حاصل کرو۔ ہم۔ پھر جب قرآن مجید کی تفسیر ہمکو دیگر آیات قرآنی یا حدیث سے حاصل نہوئی تو ہمنے صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال تلاش کیے اور انکو بھی اسی طرح صحیح اسانید کے ساتھ پرکھ لیا پس جب اسناد صحیح سے معلوم ہوا کہ بیشک صحابی نے یہ تفسیر بیان کی تو ہمنے اسپر اعتماد کیا اسواسطے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اول تو خود نزول وحی کے وقت حاضر تھے اور موقع و محل سے واقف تھے دوم فیض برکت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے انکو معارف و اسرار قرآن کے واسطے فہم خاص حاصل تھی اور خود انکے اعمال صالحہ مقبول جناب باری عزوجل تھے۔ سوم اللہ تعالی نے انکے سوا مسلمین کا ملین مقبولین ہونے پر نص فرمائی ہے بقولہ تعالی اولئک ہم المومنون حقا۔ اور بقولہ رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ۔ اور بکثرت آیات انکے کمالات ایمانی کے بارہ مین منصوص ہین اور انکے سوا سے طبقہ مابعد ہین یعنی تابعین

رحمہم اللہ تعالیٰ ہین بلکہ تبع تابعین ہین بھی فی الجملہ نصوص حدیث وارد ہین لیکن کمال یمانی وخصوصیت اعیانی انمین نہین ہی پس اقوال صحابہ و اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم تو نص قرآنی سے مومنین کاملین کے اقوال واجماع ہین اور مترجم نے تحت قولہ تعالیٰ یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ وکونوا مع الصادقین۔ وغیرہ مین توضیح مزید لکھی ہی بالجملہ یہان یہ غرض ہی کہ جب تفسیر آیت وحدیث نہو تو صحابہ رضی اللہ عنہم کے اقوال معتبر ہین خصوص خلفاے اربعہ وباقی عشرۂ مبشرہ وائمہ صحابہ مثل حضرات عبداللہ بن مسعود وابن عباس وابن عمر وغیرہم کے اور سابق مین مترجم نے اتقان سے مفسرین صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم کو نقل کیا ہی۔ شیخ رح نے لکھا کہ ابو عبدالرحمن السلمی رح سے روایت ہی کہ صحابہ رضی اللہ عنہم جو ہمکو قرآن پڑھاتے تھے وہ لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قرآن مجید حاصل کرتے اور جب دس آیات پڑھ لیتے تو آگے نہین پڑھتے یہانتک کہ ان آیات مین جو حکم عمل ہی اسپر عمل کرتے پس فرماتے تھے کہ ہمنے علم وعمل ساتھ ہی حاصل کیا ہی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ دربارۂ تفسیر کے معروف ہین چنانچہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے صحیح اسناد کے ساتھ روایت آئی کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اچھا ترجمان القرآن ابن عباس ہی۔ شیخ رح نے لکھا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ۳۲ھ ہجری مین انتقال کیا حالانکہ اسی زمانہ مین ابن عباس رضی اللہ عنہ کے حق مین یہ مدح فرمائی تھی پھر ابن عباس رضی اللہ عنہ بعد اسکے چھتیس ۳۶ برس تک زندہ رہے پس خیال کرنا چاہیے کہ بعد اسکے اسقدر مدت دراز مین کسقدر معارف وعلوم حاصل کیے ہونگے۔ مترجم کہتا ہی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ زمانہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم مین لڑکے تھے اور بعد آپ کے اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم مہاجرین وانصار مین سے جس جس رگ کے پاس جو علم تھا ہر ایک سے لیکر ابن عباس رضی اللہ عنہ نے جمع کیا علاوہ بریں قرآن مجید کے اسرار حرفاً حرفاً کثرت مزاولت کے بعد کھلتے جاتے ہین چنانچہ سابق مین یہ توضیح گزر چکی ہی اسیواسطے علماء رحمہم اللہ تعالیٰ اسکو اسقدر بار بار تلاوت سے نہین گھبراتے بلکہ شوق روز بروز بڑھتا جاتا ہی۔ م۔ اعمش رح نے ابو وائل سے روایت کی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانۂ خلافت مین موسم حج مین عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کو حاجیون کا سردار مقرر فرمایا تھا پس خطبۂ حج مین ابن عباس رض نے سورۂ بقرہ یا سورۂ نور تلاوت کرکے اسکی ایسی خوب تفسیر بیان فرمائی کہ اگر اسکو نصاریٰ روم اہل ترک ودیلم سنتے تو مسلمان ہو جاتے۔ مترجم کہتا ہی کہ ایسی خوبی سے تفسیر فرمائی کہ توحید مین کسی وسوسہ شیطانی کو دخل کی گنجایش نہین رہی پھر اگر یہ لوگ مسلمان نہوتے تو انکی ازلی بدبختی سے چارہ نہین تھا ورنہ کسی وسوسۂ شیطانی کو مجال باقی نہین رہی۔ م پس معلوم ہوا کہ زیادہ تحقیق سے تفسیر کی تعلیم مین حضرت ابن مسعود وابن عباس رضی اللہ عنہما معروف ہین اسیواسطے اسمعیل بن عبدالرحمن جو بنام سدی رح معروف ہین اور تابعین مفسرین مین سے ہین یہ غالباً انہین دونون صحابہ رضی اللہ عنہم سے تفسیر لاتے ہین اگرچہ بعضی اوقات مین سدی رح نے ابن عباس رض سے بعضے وہ حکایات واقوال نقل کیے جو ابن عباس رض نے یہود وغیرہ اہل کتاب سے سنے تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل کتاب سے انکی روایات لینے مین اجازت دی ہی۔ (کما فی صحیح البخاری) اسیواسطے عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہما نے جنگ یرموک کے جہاد مین نصرانیون سے جو کتابین پائی تھین انمین سے بعض مضامین روایت کیے۔ مترجم کہتا ہی کہ شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ نے یہان ایک مغلطہ کا مع جواب کے اشارہ کیا۔ مسئلہ یہ ہی کہ اگر یہود ونصاریٰ کے علماء نے اپنے یہان کی کتابون سے بیان کیا کہ مثلاً حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے وعظ مین یون بیان کیا ہی کہ دنیا مانند ایک رنگین پرند کے ہی جو مرکز کے اندر سے بدبودار ہوگئی مگر اوپر سے خوشنما ہی کہ ناواقف آدمی اسکی خوبصورتی دیکھکر بے اختیار اسکو لینا چاہتا ہی پھر جب اسکے پر نوچ ڈالے اور اندر سے گندہ بو آئی تو پریشان ہوکر قے کرتا اور پھینک دیتا ہی۔ یہ روایت اگر صحیح ہو تو نصیحت ہی اور دین حق سے کچھ مخالفت نہین ہی اور اگر درحقیقت یہ قول حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے نہین فرمایا تو جس عالم نصرانی نے اسکو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف منسوب کیا اسنے جھوٹ کہا لیکن یہ کلام نصیحت سے خالی نہین ہی پس بہرحال ہمکو اس نصیحت سے فائدہ کے سوا ضرر نہین ہی پس مسئلہ یہ ہوا کہ اگر اہل کتاب یہود ونصاریٰ مین سے

کسی نے کوئی ایسی نصیحت روایت کی جو دین حق سے مخالف نہین ہی یا انبیاے سابقین کا نسبۃً مہ نقل کیا تو کیا انکی روایت لیجاوے اسکا
جواب یہ ہی کہ ابتداء مین حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اس سے منع فرما دیا تھا تاکہ یہودی عالم لوگ جو جھوٹ بولنے
وغیرہ بداعمالیون مین بیباک تھے خواہ مخواہ جھوٹی باتون سے مسلمانون کے خیالات پراگندہ نکرین پھر جب قرآن مجید کامل نازل ہوچکا اور صحابہ
رضی اللہ عنہم انوار ولایات سے درجہ کمال کو پہونچ گئے اور کسی شیطانی مکار کو یہ مجال نہین رہی کہ شیطانی حکایات سے دھوکا دے تو آپنے اجازت
دیدی اور اسوقت اہل کتاب بھی مایوس ہوچکے تھے پس سوائے سچ کے دروغ سے انکو فائدہ بھی نہین تھا لہذا بعضے صحابہ رضی اللہ عنہم نے اہل کتاب
کی روایات وعظ ونصائح وغیرہ مین نقل کین - پھر یہان دو صورتین پیدا ہوئین اول یہ کہ انھون نے یہ بیان کردیا کہ اہل کتاب اس بارہ مین یون بیان
کرتے ہین - دوم یہ کہ انھون نے فقط روایت بیان کی اور اہل کتاب کا نام نہین لیا پس دوسری صورت مذکورہ مین ناواقف کو یہ اشتباہ ہوتا ہی
کہ شاید اس صحابی نے یہ روایت خود حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو لیکن عالم واقف اسکو پہچان لیتا ہی - پس شیخ رح نے آگاہ کیا کہ
سدی رح نے بعض وقات ابن عباس رض وغیرہ سے اہل کتاب کی بعضی روایات نقل کین جو عالم محقق کے نزدیک اہل کتاب کی روایات ہین چنانچہ
شیخ رح نے مواقع تفسیر مین ان روایات کے ساتھ تنبیہ کردی ہی کہ صحابی نے یہ روایت اہل کتاب سے بیان کی ہی - پھر شیخ رح نے روایات اہل کتاب کے
بارہ مین تفصیل ذیل بیان فرمائی - واضح ہو کہ اہل کتاب یہود ونصاریٰ کی روایات صرف اسواسطے لائی جاتی ہین کہ جو امر حدیث سے ثبوت ہوا اسکے
ساتھ مین سابق انبیاء علیہم السلام کی گواہی پر روایت اہل کتاب موجود ہی اور یہ روایات کسی صورت مین کوئی حکم ثابت کرنے کے واسطے نہین
لائی جاتی ہین کیونکہ اہل کتاب کی روایات تین حال سے خالی نہین ہین - اول ایسی روایت ہی کہ جو قرآن مجید یا حدیث صحیح مین آیا اس سے موافق
ہی تو جو امر ثبوت ہوا وہ قرآن یا حدیث سے ثبوت ہوا اور اہل کتاب کی یہ روایت صرف بطور مزید آگاہی کی لی گئی کہ شریعت سابقین مین بھی یہ امر
موجود تھا اور ایسی روایت کی نسبت صدق معلوم ہی - دوم اہل کتاب کی ایسی روایت جو قرآن وحدیث سے مخالف ہو تو یہ صریح کذب معلوم ہی چنانچہ
مثلاً یہود نے اپنے یہان کی کتاب سے نقل کیا کہ عزیر علیہ السلام فرزند خدا تھا پس یہ صریح جھوٹ ہی اور جس شخص نے نقل کیا کہ فلان کتاب مین
لکھا ہی تو شاید وہ نقل مین سچا ہو کہ اس کتاب مین لکھا ہو لیکن دروغ تو اگلون نے باندھا جنھون نے یہودیون مین یہ عقیدہ پھیلایا اور غرض یہ
تھی کہ جب یہودیون نے دیکھا کہ نصرانی تو اپنے یہان خدا کا بیٹا بتلاتے ہین اور یہودی فقط موسیٰ علیہ السلام بندہ رسول کو اوپر لاتے ہین تو نصرانیون کے مقابلہ کے واسطے انھون نے
عزیر علیہ السلام کو خدا کا بیٹا اور جیسے عیسیٰ علیہ السلام سے انکار کرکے یہ لوگ کافر ہوچکے تھے یون ہی اس حرکت سے کہ عزیر علیہ السلام کو بیٹا بنانا یا کہ کفر ہوا جیسے نصرانیون نے بعد ایمان کے
بیٹا اعتقاد کرکے کفر کیا پھر آنحضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے انکار سے کفر شدید مین پڑے اور آیہ سورہ بقرہ کی تفسیر مین معلوم ہوگا کہ عزیر علیہ السلام کی نسبت موقع بہتان
کیونکر ہوا جیسے نصرانیون نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت آسمان پر اٹھائے جانے سے بہتان شیطانی قبول کرلیا اور یہان سے معلوم ہوا کہ جس
قوم نے حضرت الٰہی عزوجل وحدہ لاشریک کی جناب مین ایسے عظیم بہتان سے کچھ باک نکیا تو انکو روایات وقصص وحکایات دروغ مین کچھ بھی ڈر نہین
ہوسکتا ہی لیکن جب وہ نصوص حق سے مخالف ہی تو صریح کذب ہونا ظاہر ہوگیا پس ایسی روایت مردود ہی - سوم اہل کتاب کی ایسی
روایت جسکا قرآن وحدیث مین ذکر نہین آیا یعنی نہ موافق اور نہ مخالف بلکہ سکوت ہی مثلاً نوح علیہ السلام کا نسبۃً مہ مذکور نہین ہی اور یہود کی
کتابون مین اسکا ذکر ہوا تو ایسی روایت کی نسبت ہم کسی جانب قطع نہین کرسکتے ہین بلکہ محتمل ہی کہ سچ ہو جیسے محتمل ہی کہ جھوٹ ہو لہذا ایسی
روایت سے کوئی امر ثابت نکیا جاوے بلکہ ذکر کرکے سکوت ہوگا - شیخ رح نے فرمایا کہ ایسی روایت نقل کرنا اگرچہ جائز ہی لیکن غالباً محض
بیفائدہ ہین اسواسطے کہ انسے کوئی ایسی بات حاصل نہین ہوتی جسکا دین مین کچھ نفع عائد ہو بلکہ اسکے نقل مین علماء اسلام رحمہم اللہ تعالیٰ کو

جب فائدہ نہین تو عوام کو کیا فائدہ ہوگا بلکہ مترجم کے نزدیک عوام کو اس سے ایک طرح کا ضرر عائد ہونیکا وہم ہوا اور وہ اسطرح کہ مثلاً اصحاب کہف رحمہم اللہ تعالیٰ کے نام مین اہل کتاب سے مختلف نقول ہین جیسے عصاے موسیٰ علیہ السلام کس درخت سے تھا اور جن پرندون کو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے زندہ کیا گیا وہ کون کون چڑیان تھین یا ذبح بقرہ مین گاے کا نام یا کس عضو سے مقتول کو مارا کہ وہ زندہ ہوگیا تھا یا کس قسم کا درخت تھا جس سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی یا الواح توریت کس چیز سے تھین وغیرہ مانند اسکے جن امور کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مین مبہم رکھا پس اہل کتاب سے انکے بارہ مین مختلف و پریشان روایات ہین اور اکثر علماے اسلام انکو اپنی کتب تفاسیر مین نقل کرتے ہین جس سے عوام کو دھوکا ہوتا ہے کہ شاید ہمارے یہان ایسے پریشان اقوال ہین حالانکہ واجب تھا کہ انکو اہل کتاب کے نام سے نقل کرتے تاکہ یہ وہم نہوتا۔ پھر واضح ہو کہ اہل کتاب کی روایات نقل کرنے مین جب انکے نام سے ہون تو کیا طریقہ مستحسن ہے۔ جواب یہ کہ انکے مختلف اقوال سب نقل کرنا چاہیے بدلیل آنکہ اصحاب کہف کی تعداد مین کوئی عدد خاص نہین ذکر کیا بلکہ فرمایا بقولہ تعالیٰ سیقولون ثلثۃ رابعھم کلبھم ویقولون خمسۃ سادسھم کلبھم رجما بالغیب ویقولون سبعۃ وثامنھم کلبھم قل ربی اعلم بعدتھم ما یعلمھم الا قلیل فلا تمار فیھم الا مراء ظاھرا ولا تستفت فیھم منھم احدا۔ یعنی اہل کتاب تجھسے کہنے لگینگے کہ اصحاب کہف تین تھے چوتھا انکا کتا تھا اور کہینگے کہ پانچ تھے چھٹا انکا کتا تھا بطور رجم بالغیب کے اور کہینگے کہ سات تھے آٹھوان انکا کتا تھا تو کہدے کہ میرا رب انکے شمار سے خوبی گاہ ہے سوا اصحاب کہف کے بارہ مین تو ان اہل کتاب سے سواے یہ ظاہر کے دریافت کر اور انکے بارہ مین اہل کتاب سے کچھ مت پوچھ۔ یہ آیت دلیل ہے کہ اگر اہل کتاب کے مختلف اقوال لکھنا چاہے تو سب کو نقل کرے ورنہ ترک بہتر ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ اس آیت مین عجیب بلاغت و معالم حکمت ہین۔ توضیح یہ ہے کہ اہل کتاب و مشرکین قریش نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے امتحان کے طور پر اصحاب کہف کا قصہ دریافت کیا کیونکہ وہ ایک پرانا قصہ تھا کہ جسکو بہت سے یہودی خود نہین جانتے تھے اور خصوص عرب کے واسطے تو سواے وحی کے اسکا علم کسی طور پر ممکن نہ تھا پس اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر وحی سے اصحاب کہف کا حال نازل فرمایا کہ اس سے اہل ایمان کو بہت معارف ظاہر ہوے اور اہل کتاب کو انکا جواب مل گیا پھر آخر مین اللہ تعالیٰ نے انکی تعداد نہین فرمائی۔ اسمین یہ حکمت لطیف ہے کہ اہل کتاب باہم عناد سے مختلف ہین بعضے تین اور بعضے پانچ اور بعضے سات تعداد بیان کرتے ہین پس اللہ تعالیٰ نے انکی تعداد صحیح پر اقتصار نکیا تاکہ شیاطین یہود مین سے جو اس سے کم و بیش کہنا تھا وہ اختلاف کرتا اور جب انکے اقوال بیان کیے تو انکو سواے تصدیق کے کوئی چارہ نہوا اور یہ ظاہر ہے کہ انکی تعداد سے کوئی امر مقصود متعلق نہین ہے لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ رضی اللہ عنہم کو اسی بیان مین تعلیم فرمائی کہ لایعنی امور کی طرف توجہ نکرین۔ ہان ایک لطیف اشارہ کردیا کہ تین و پانچ کا قول غلط اور رجم بالغیب ہے تو اشارہ ہوتا ہے کہ غالبا سات کا قول صحیح ہے اور اگر اللہ تعالیٰ فرماتا کہ وہ سات تھے تو ہوسکتا تھا کہ کوئی ایسے امور مین صحیح تعداد تلاش کرکے بیان کرے اسواسطے کہ خود اللہ تعالیٰ نے بیان کی لہذا اللہ تعالیٰ نے اس اعجاز سے تعلیم فرمائی کہ رہا رہنے دو اور تم پوچھو کیونکہ اس امر سے کوئی غرض متعلق نہین ہے لہذا حدیث مین آیا کہ آدمی کی خوبی ایمان سے یہ ہے کہ لایعنی امور چھوڑ دے (الصحیح) سبحان اللہ کلام الٰہی کے فہم مین عجائب ظاہری اسقدر ہین کہ قلوب حیران ہوجاتے ہین پھر اسرار باطنی کی کیفیت قیاس کرو۔ اس آیت کریمہ سے یہ بھی معلوم ہوا کہ تفسیر سے زائد تر اٹھانے والون کو چاہیے کہ امور لایعنی کی تلاش نکیا کرین جتنی کہ جو امور دین و دنیا مین نافع ہون انکو ڈھونڈھین اور سواے اسکے دیگر امور لایعنی سے شمار اصحاب کہف کے یا الواح توریت کس چیز سے تھین یا جس درخت سے موسیٰ علیہ السلام کو تجلی ہوئی کس قسم کا درخت تھا ایسے امور کا تلاش کرنا فضول ہے شیخ رح نے فرمایا کہ جیسے جملہ اقوال کو نقل کرنا مناسب ہے اسی طرح چاہیے کہ اقوال مین سے راجح کی تنبیہ کرے یعنی ان اقوال مین سے

فلان قول راجح یا صحیح معلوم ہوتا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ غالبًا شیخ کی مراد یہ کہ اہل کتاب کے اختلافات حکایات مین سے کسی سے تعرض نکرے اور سوائے اسکے دیگر اقوال مین سے راجح کا اشارہ کرے۔ کیونکہ حکایات بنواسرائیل مین سے کسی قول پر اعتماد نہین بلکہ انکے نقل سے صرف تاریخی طور پر ایک غیر ضروری امر ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہی حتی کہ اگر اسکو بیان نکرے تو کچھ حرج نہین بلکہ اکثر اوقات فضول بیان کا ترک کرنا بہتر ہوتا ہی بلکہ بعض روایات اہل کتاب محض غلط ہوتی ہین جیسے داؤد علیہ السلام کا علیہ یہودیون نے بوجہ عداوت کے بدشکل بیان کیا حالانکہ داؤد علیہ السلام خوبصورت تھے ۱۲۔ شیخ رحمہ نے لکھا کہ پھر جب آیت کی تفسیر خود قرآن مین یا حدیث و قول صحابی مین نہ ملے تو اقوال تابعین رحمہم اللہ تعالی سے لیجاوے اور بہت سے علماء نے اس جانب مرجع قرار دیا ہی اسواسطے کہ تابعین رحمہم اللہ تعالی خاص تلامذہ حضرات صحابہ رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین ہین سفیان الثوری رحمہ نے فرمایا کہ جب تجکو حضرت مجاہد رحمہ اللہ تعالی سے تفسیر پہونچے تو کافی وافی ہی اور اسیطرح ائمہ تابعین مین سعید بن جبیر و عکرمہ و عطاء بن ابی رباح و حسن بصری و مسروق و سعید بن المسیب و ابو العالیہ و ربیع بن انس و قتادہ و ضحاک وغیرہم ہین۔ (التنبیہ) شیخ رحمہ نے لکھا کہ بسا اوقات ائمہ تابعین و تبع تابعین کے اقوال کسی آیت کی تفسیر مین مختلف عبارات سے مذکور ہوتے ہین پس بے علم آدمی سمجھتا ہی کہ انمین باہم اختلافات ہین لہذا وہ اپنے زعم کے موافق اقوال کو بطور اختلاف کے نقل کرتا ہی حالانکہ یہ زعم غلط ہوتا ہی اور سب کی مراد واحد ہوتی ہی لیکن صرف اتنی بات ہوتی ہی کہ بعض نے خود وہ چیز بیان کی جو مقصود ہی اور بعض نے اس چیز کا لازم بیان کیا اور یہ بات معلوم کہ جو چیز لازم ہی وہ بغیر ملزوم کے نہین ہوتی ہی مثلا صفت حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو چھپانے والے یہود و نصاری کو فاسقین کہا گیا پس بعض نے کہا یعنے کافرین مشرکین ہین اور بعض نے کہا کہ یعنے صفت چھپانے والے منکرین ہین پس سمجھ لیا گیا کہ جسنے چھپایا و نمانا وہ کافر ہی۔ (التنبیہ) شیخ رحمہ نے لکھا کہ تبع تابعین مین سے شعبہ بن الحجاج وغیرہ نے کہا کہ جب تابعین رحمہم اللہ تعالی نے آیت کی تفسیر مین اختلاف کیا تو بعض کا قول دوسرون پر حجت نہوگا شیخ رحمہ نے لکھا کہ یہ قول صحیح ہی لیکن جب تابعین سب ایک امر پر اتفاق کرین تو اسکی حجت ہونے مین شک نہونا چاہیے اور اختلاف کی صورت مین دیکھا جاوے کہ جسکا قول موافق حدیث یا قول صحابی یا موافق لغت عرب ہی وہ راجح ہی مترجم کہتا ہی کہ مثلا قولہ تعالی لامستم النساء تمنے عورتون کو ملامسہ کیا۔ پس ملامسہ سے کیا مراد ہی آیا عورتون کا بدن چھونا حتی کہ وضو ٹوٹ جاوے اور تیمم یا وضو کرنا لازم آوے یا مراد جماع ہی کہ اس سے طہارت لازم آوے۔ پس دیکھنا چاہیے کہ محاورہ عرب کیونکر ہی پھر دیکھا جاوے کہ حدیث کیونکر ہی اور اس صورت مین حدیث دونون طرف ہو تو حدیث ہی کی بحث پر مدار ہی۔ چونکہ فقہ مین یہ بحث مع اصول کے مبین ہی لہذا عین الہدایہ ترجمہ ہدایہ سے کامل توضیح حاصل ہوگی اور یہان اسکی تطویل کے باوجود اچھی طرح مفہوم سمجھ مین نہ آویگا البتہ آیات احکام مین طریق استدلال کے ضمن مین ضروری اصول و قواعد کا ذکر آیا ہی ۱۲۔ (فائدہ) مترجم نے سورتہائے مکیہ و مدنیہ کے واسطے ابتدائے مقدمہ مین اتقان سے نقل کیا اور شیخ ابن کثیر رحمہ نے لکھا کہ شیخ ابوبکر بن الانباری رحمہ نے کہا کہ حدثنا اسمعیل بن اسحق القاضی نا حجاج بن منہال نا ہمام عن قتادۃ قال نزل فی المدینۃ الخ۔ یعنی قتادہ رحمہ نے بیان فرمایا کہ مدینہ مین نازل ہوا۔ البقرہ۔ آل عمران۔ النساء۔ المائدہ۔ الرعد۔ النحل۔ الحج۔ النور۔ الاحزاب۔ سورۂ محمد۔ الفتح۔ الحجرات۔ الرحمن۔ الحدید۔ المجادلہ۔ الحشر۔ الممتحنہ۔ الصف۔ الجمعۃ۔ المنافقون۔ التغابن۔ الطلاق۔ یا ایہا النبی لم تحرم اور اس العشر تک۔ اذا زلزلت۔ اذا جاء نصر اللہ۔ پس ان سب کا نزول مدینہ مین ہوا اور باقی قرآن مکہ مین نازل ہوا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ اسناد قوی ہی اور مترجم نے وہان بعض خوائم کی جانب اشارہ کیا ہی (فائدہ) قرآن کی آیات چھ ہزار ہین پھر بعض نے ۶۲۰۴۔ اور بعض نے ۶۲۱۴۔ اور بعض نے ۶۲۱۹۔ اور بعض نے ۶۲۲۵۔ یا ۶۲۲۶۔ اور بعض نے ۶۲۳۶۔ زائد بیان کین۔ عطاء بن یسار تابعی سے روایت ہی کہ کلمات قرآن ۷۷۴۳۹۔ ہین۔ اور حروف قرآن بقول مجاہد (۳۲۱۱۸۰) اور بقول عطاء (۳۲۳۰۱۷۰) ہین اور

جن لوگون نے حجاج ثقفی کے کہنے سے شمار کیا انکے قول پر (۶۶۴۰۳۴) ہین کذا ذکرہ ابن کثیر رح۔ (فصل) مترجم احسن اللہ تعالیٰ الیہ فی الاولی والآخرہ اس تفسیر مین خاص التزامات مرعی رکھتا ہی اور خود اسکو بیان کرنا انسب ہی تاکہ اہل استفادہ خصوص فوائد کے لیے اسی طریقہ کو منضبط رکھین۔ اول تفسیر منقول کے واسطے مترجم نے اسانید صحیحہ سے روایات کو تفسیر امام ابن کثیر و معالم وغیرہ و کتب احادیث سے تتبع کیا اور بلا اسناد اقوال جنکو کتب تفسیر والے بغیر نشان ذکر کرتے ہین انمین یہ تفصیل ہی کہ اگر شیخ امام ابن کثیر کی نقل ہی تو البتہ اعتماد کیا کیونکہ حافظ محدث ہین جیسے شیخ رح نے روایت امام ابن ابی حاتم پر اسوجہ سے اعتماد کیا کہ انھون نے اسناد ثابت کا التزام کیا ہی پس ظاہر ہوا کہ جس روایت کی نسبت کہا جاوے کہ (روا ابن ابی حاتم) یا (اسکو ابن ابی حاتم نے روایت کیا) اسکو معتمد سمجھو اور جن احادیث و آثار کو شیخ رح نے مع اسناد نقل کیا اور اسکی نسبت خود صحیح کہا یا کسی محدث سے نقل کیا مترجم نے اسکی اسناد حذف کرکے صرف تصحیح پر اکتفا کیا کیونکہ صحت اصل مقصود ہی لیکن بعض احادیث کی اسانید بھی بقل کہین اور یہ مخصوص ان احادیث مین ہی جنکی نسبت شیخ رح نے لکھا کہ اسکو امام احمد رح نے منفرد روایت کیا اور وہ صحاح الستہ مین نہین ہی یا کسی دوسری کتاب حدیث سے اسی تفرد کے ساتھ نقل کیا ہی۔ اگر بعض اقوال کسی مقصد خاص کے لیے کسی تفسیر مانند مدارک و سراج وغیرہ سے نقل کیے اور تتبع سے بھی مترجم کو اسکی تخریج نہین ملی تو وہان اشارہ کیا گیا ہی۔ دوم قصص جو اہل کتاب سے منقول ہین اگر شیخ رح یا کسی عالم معتمد نے اس حکایت اہل کتاب کو واہی و مہمل کہا تو بسا اوقات اسکو متروک کیا جبکہ عوام مین مشہور نہو اور اگر عوام مین بذریعہ قصہ خوانون و پیشہ ور واعظون کے مشہور ہو چکا تو ملخص نقل کے بعد اسکے مہمل و موضوع ہونے کا اشارہ کیا اور مقدمہ شیخ امام رح سے اوپر مذکور ہوا کہ اہل کتاب و اسرائیلی حکایات کا نقل کرنا فی الجملہ جائز ہی لیکن اس سے کوئی حکم شرعی کسی صورت مین استنباط نہین کیا جائیگا لہذا مکرر تنبیہ کی جاتی ہی کہ جہان کہین اسرائیلی حکایات مین سے کوئی حکایت مذکور ہو اس سے عقائد اسلام و شرائع احکام سے مخالف کوئی نتیجہ نہ نکالین۔ واضح ہو کہ عقائد و احکام اسلام مین سے یہ امور عین مقصود ہین جنمین سے بعض سے بعض اعلی اور مرتب ہی۔ اول عقائد اسلام اور یہ اعلی و اصل ہی۔ اسواسطے امام اعظم ابوحنیفہ رح کے رسالہ عقائد کا نام فقہ اکبر ہی۔ دوم افعال قلوب و خصائل نفس و مکارم اخلاق کے ملکات اور یہ فقہ اوسط ہی اور سوم اعمال جوارح کے متعلق احکام مانند طہارت و صوم و صلوۃ کی صورت ظاہری و حیض و نفاس وغیرہ کے احکام اور یہ فقہ اصغر ہی اسواسطے کہ اعمال جوارح مین سے کوئی عمل نہین جو فعل قلبی پر متوقف نہو اور وہ نیت ہی چنانچہ اعمال کا مدار بحکم حدیث نیات پر ہی اور نماز مثلا علاوہ نیت عبادات خاصہ کے جب ہی مثمر ثواب ہی کہ قراءت و ارکان قیام و رکوع و سجود وغیرہ کو سمجھ کر ادا کرے چنانچہ حدیث ابوداؤد وغیرہ مین مصرح ہی کہ بندہ کی نماز مین سے اسکے لیے کچھ نہین ہوتا اس مقدار کے جو اسنے تعقل کے ساتھ ادا کی پس نماز کی صورت ظاہری بدون تعقل و فعل قلبی کے رائیگان ہی اور بہت سے افعال قلبی ہین کہ انکا ثواب ملتا ہی حالانکہ ظاہری اعمال مین سے کوئی عمل اسکے لیے شرط نہین ہی مثلا کسی نے دل سے نیت کی کہ آج اللہ تعالی کے واسطے چار رکعت نماز پڑھونگا یا فلان مسلمان کی دستگیری کرونگا یا باہم مسلمانون مین اتفاق و اصلاح کی کوشش کرونگا تو بحکم حدیث صحیح مسلم وغیرہ اسکے واسطے ایک نیکی لکھی جاتی ہی پھر اگر وہ اسکو عمل مین لایا تو اسکے لیے دس نیکیان ہین ورنہ ایک نیکی بہرحال موجود ہی۔ اسیطرح جانب خلاف مین اگر کسی نے دل مین مسلمانون کی جانب سے بحیثیت اسلام عداوت رکھی اور تحقیر کی نگاہ سے دل سے دیکھا اور انکے حق مین خواہی و نفاق چاہا تو وہ مستوجب عذاب ہوا اگرچہ یہ دلی فعل بدون ظاہری ارتکاب کے ہی بقولہ تعالی ان الذین یحبون ان تشیع الفاحشۃ فی الذین آمنوا الآیۃ اس آیت مقدس مین صرف مسلمانون کی بدی کی خواہش پر عذاب کی وعید فرمائی گئی ہی۔ اور اثر معروف مین وارد ہی کہ مومن کی نیت اسکے عمل سے

بہتر ہے۔ بالجملہ یہ امر محقق ہوا کہ دلی افعال کو ظاہری عمل پر ترجیح ہے۔ لہذا مترجم نے تفسیر آیات قدسیہ میں چودہ باتوں کا التزام رکھا۔ التزامات کے شمار سوم میں ان باتوں کا بیان کرتا ہوں۔ اول توحید۔ کیونکہ یہ اصل طاعت ہے اور واضح ہو کہ بعضے لوگوں نے زعم کیا کہ توحید الٰہی سے کے معنی یہ ہیں کہ کسی آدمی کے دل میں خواہ مخواہ ایک وہم جم جاوے حالانکہ یہ وہم باطل ہے بلکہ دلی تصدیق چاہیے اور اگر شیطان اسمیں وہم دلاوے تو لاحول پڑھکر اسکو رد کرے اور دل کو صدق کے ساتھ لا الہ الا اللہ و محمد رسول اللہ پر جاوے اور یہ فعل قلبی کو شامل ہے اسیواسطے جو شخص ایمان لایا اور کلمہ طیبہ کی شہادت کے ساتھ فرایض نماز روزہ و حج زکوٰۃ و جمیع واجبات و سنن ادا کرنے کی نیت کی اسکو ان سب اعمال و افعال کا ایک ثواب مل گیا پھر جب اپنی اپنی اوقات کے پر انکو ادا کریگا تو ہر ایک کا ثواب علیحدہ بھی حاصل ہوگا۔ لہذا عجائب صنائع موجودات کو دیکھکر ہر دم اپنے یقین کو تازہ کرنا سلف صالحین سے منقول ہے لہذا مترجم نے اول توحید اور دوم موجودات میں اللہ تعالیٰ کی وحدانیت کے دلائل بیان کیے ہیں مثلاً قل ہو اللہ احد۔ توحید خالص ہے اور قولہ تعالیٰ اولم ینظروا فی السماء الآیہ میں دلائل توحید ہیں۔ پھر جب توحید دلی تصدیق کا فعل ہے تو شیطان اسمیں وسوسہ ڈالتا اور شکوک لاتا ہے اور احادیث صحیحہ میں شیطان کے وساوس دفع کرنے پر تنبیہ کی گئی ہے پس ان احادیث کو بھی جابجا جمع کیا گیا اور کبھی ایسا کیا کہ سب کو کہا نہیں بلکہ ہر پارہ کی آیات کے ساتھ نئے طور پر افادہ ہے تاکہ ابتداے حال میں مسلمان کو مکرر ہونے سے بے رغبتی نہو اور ہر آیت کے سیاق و مناسبت کے لائق بیان ہے۔ دلائل توحید بیان کرنے میں فلسفی یا متکلمانہ طریقہ متروک کیا بلکہ خالص اہل حق و صدق و صفا کا طریقہ ہے جو سلف صالحین سے ثابت ہے۔ لیکن اسوقت میں بہت سے گمراہوں نے زمین کے آفتاب کے گرد گھومنے اور آسمان کا وجود نہونے وغیرہ پر یقین کر لیا پس مترجم نے انکے خیالات کو تفسیر میں لانا مکروہ جانا اور مقدمہ میں اس بحث کو ختم کرنا موزون خیال کیا لہذا عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ بحث آتی ہے۔ واضح ہو کہ جن لوگوں نے دلائل سے باری تعالیٰ عزوجل کو ثابت کرنا چاہا اہل حق و علماے ربانیین کے نزدیک غلط طریقہ اختیار کیا کیونکہ اسکا خلاصہ یہ کہ "خداے تعالیٰ کو دلیل سے ثابت کرنا" حالانکہ اہل حق کے نزدیک ثابت کرنا وغیرہ جملہ افعال کا خالق اللہ تعالیٰ ہے پس یہ معنی ہو گئے کہ "خداے تعالیٰ کو خداے تعالیٰ کے فعل سے موجود کرنا" کیونکہ بالاتفاق ثبوت اور وجود کے ایک معنی ہیں حالانکہ یہ محض غلط و کفر ہے اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے ذرہ برابر بھی نور عقل دیا ہے وہ خوب جانتا ہے کہ کل عالم کا ثابت کرنے والا موجود کرنے والا اظاہر کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے تو کوئی چیز ایسی ممکن نہیں جو اللہ تعالیٰ کو ثابت کرے۔ پس حق یہ کہ اللہ تعالیٰ کا وجود اور ثبوت بذات خود کل مخلوق سے زیادہ ظاہر ہے بلکہ کمال ظہور اسی کے واسطے ہے اور آنکھوں کا تحمل نہونا اور اندھاپن اس مخلوق کے لیے ہے لہذا فرمایا ہے ھو الاول والآخر والظاہر والباطن الآیہ۔ اور عجائب قدرت الٰہی عزوجل سے یہ ہے کہ بندۂ مومن کو دل سے یقین ہوتا ہے اور یہ معرفت بھی حق تعالیٰ ہی عزوجل کے فعل سے ہے کیونکہ افعال اسی کے مخلوقات ہیں لہذا بدون خلق الٰہی عزوجل کی تصدیق ایمانی کا فعل نہیں پیدا ہوتا ہے قال تعالیٰ وما کان لنفس ان تومن الا باذن اللہ ویجعل الرجس علی الذین لا یعقلون۔ اور بعضے عارفین نے کہا کہ میں نے اسکو اسی سے پایا۔ لہذا قرآن پاک میں وجود کے دلائل نہیں ہیں کیونکہ ابھی ثابت ہوا کہ یہ تو محال غیر ممکن ہے ورنہ شرک متحقق ہو پس اے مومن غافل تجھے اپنے رب عزوجل کے آیات یعنی مخلوقات و مصنوعات پر نظر چاہیے جو تمام آفاق و تیری خود ذات میں موجود ہیں ولہذا قال تعالیٰ سنریھم آیاتنا فی الآفاق وفی انفسھم حتی یتبین لھم انہ الحق الآیہ۔ اور جس شخص نے سرسری زعم میں فلاسفہ کے مانند دلائل قائم کرنے پر کمر باندھی وہ شرک میں پڑ گیا اور کبھی فلاح نہیں پاویگا لیکن بعضے علماے متکلمین نے بھی یہ شیوہ اختیار کیا اور شاید کہ انھوں نے کافروں و فلسفیوں کی ہدایت کے واسطے یہ اختیار کیا ہو۔ اگر یہ بھی مقصود ہو تو بھی مذموم ہے اور بعید یہ ہے کہ اہل الکفر جو ازلی علم الٰہی عزوجل میں گمراہ ہیں انکی پیدایش میں قلب مقفل اور اسپر غلاف ہے جہاں نور وحی نہیں پہونچتا

تو عقل مدار رہا اسواسطے کہ عام لغت مین عقل صرف ظاہری و باطنی حواس اور انکے تجربات کا نام ہی اور حقیقی عقل اس نور کی حیات سے دلی زندگی ہی اور وہ بدون لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کے حاصل نہین ہوسکتی ہی حالانکہ کافر مردہ اور سیاہ چیونٹی کی مثال ہی وقال تعالی لہم قلوب لا یفقہون بہا اور فرمایا ویجعل الرجس علی الذین لا یعقلون۔ پس شرک صرف غیر عاقل پر ڈالا گیا۔ وقال تعالی ومن یرغب عن ملۃ ابراہیم الا من سفہ نفسہ۔ یعنی ملت ابراہیم سے فقط وہی منہ موڑیگا جو اپنے نفس کا سفیہ ہو پس مومن اگر حواس و تجربہ مین ناقص و بھولا بھالا ہو بلکہ دماغ کی چوٹ سے مثل حبان بن منقذ انصاری رضی اللہ عنہ کے مختل ہو کسی صورت مین وہ بے عقل حقیقی نہین ہی۔ مگر عوام کی عقل نہین کہتا ہی اور کافر اگرچہ عوام کی عقل مین یعنی حواس و تجربہ مین کامل ہو درحقیقت وہ بے عقل ہی کیا تم نہین دیکھتے ہو کہ جسنے اپنی ذات کے پیدا کرنے والے خالق عزوجل ہی سے جہالت اختیار کی اس سے زیادہ جاہل و بے عقل کون ہوگا۔ یہ وہم نہو کہ مین نے عقل کے معنی جدید بتلائے ہین۔ ہان شرع الٰہی مین عقل کی حقیقت یہی ہی اور لغت عوام تو لغت کفر ہی اور جب کافر کو بغیر ایمان کے یہ عقل نصیب ہی نہین ہوئی تو وہ بیچارہ بے معنی کہان سے بیان کرے پس تو معنی پر نظر کر اور خالی لفظ کی بحث سے کیا فائدہ ہوگا۔ (مسئلہ) امام ابوحنیفہ رح سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے قسم کھائی ہی کہ اگر فلان مومن سفیہ یعنی بے عقل ہو تو اس شخص کی زوجہ طالقہ ہی پس فتوی دیجیے کہ کیا حکم ہوا آپ نے جواب دیا کہ اسکی زوجہ طالقہ نہین ہوئی کیونکہ مومن سفیہ نہین ہوتا ہی۔ یہ جواب امام رح کے تبحر و وسعت علم و فطانت کی دلیل ہی یہ آپ نے اسی آیت ومن یرغب عن ملۃ ابراہیم الآیہ سے استنباط لطیف فرمایا۔ بالجملہ واضح ہوا کہ ازلی کافر محض بے عقل ہوتا ہی اگرچہ اسنے خود جس چیز کا عقل نام رکھا ایسی عقل مین بہت دانو ہو۔ پھر جبکہ وہ حقیقی عقل سے جو لازم ایمان ہی بالکل محروم ہوا تو اسکے سامنے لاکھ دلائل پیش کیجیے وہ سمجھ ہی نہین سکتا ہی پس وجود باری تعالی پر دلیل لانا جو محال مشرک ہی ہرگز از نکاب محال نکرے لہذا قرآن پاک مین نص فرمایا گیا ہی کہ کفار ازلی کے واسطے اگر کل آیات لاؤ تو بھی وہ لوگ ایمان نہین لاوینگے یہانتک کہ عذاب الیم دیکھین۔ پھر واضح ہو کہ آیات توحید جو مخلوقات مین موجود ہین لطائف صنعت و قدرت و وہ احادیث و آثار کے ساتھ اپنے اپنے موقع پر بموعظت حسنہ مرتبط ہین۔ سوم جہان رسالت کا بیان ہی اسکی حکمت۔ چہارم قطعی دلائل رسالت اور یہ دلائل قاہرہ ہین کہ سوائے غبی و احمق ازلی کے کوئی انکار نہین کریگا۔ اور اسمین مترجم نے موافق فہم عام کے بدون تقریر فلسفیانہ کے صدق و صفا کے ساتھ کلام کیا اور معجزات قاہرہ کا وجود اب بھی موجود ہی اور اگر بسبب صورت اخفا رہا تو اسکے عوض مین اخبار غیب جو اول نہین تھے وہ اسوقت موجود ہین پس تلافی ہوگئی اور بعد اسکے جس کافر نے انکار کیا وہ ازلی مطرود ہی کہ اسکے واسطے کوئی معجزہ و آیت کافی نہین ہی۔ پنجم احکام عبادت خالصہ۔ یعنی صوم و صلوۃ و اذکار الٰہی عزوجل وغیرذلک پس ابواب فقہ مین سے طہارت سے آخر تک جس مسئلہ کا جہان حکم آیا وہ خوبصورت تقریر کے ساتھ مدلل بیان کیا گیا اور تحریر دلائل حنفیہ کے ساتھ دلائل شافعیہ وغیرہم بھی مذکور ہین پھر متعلق باب کے فضائل و فروع فقہ جنکی ضرورت ہی ساتھ ہی مذیل کر دیے گئے تاکہ فائدہ تام حاصل ہو۔ ششم احکام معاشرت دنیا کے متعلق احادیث و آثار تقسیم ہین۔ ہفتم منہیات و انکے ساتھ مکائد نفس و وساوس شیطان کو بھی بیان کیا اور اہل علم کے نزدیک ایمان بڑی نعمت ہی اور شیطان کی عداوت ہمیشہ اسی نعمت کے زوال مین ہی۔ تن مصروف ہی پس وہ ہر طرح کے وساوس کے ساتھ آدمی سے اسکے زوال مین سعی کرتا ہی لیکن اس چور سے اپنی نعمت کے بچانے والے وہی لوگ ہین جو حفاظت خطرات و وساوس کو جانتے ہین اور قرآن پاک مین کمال اعجاز سے ہر ایک کے واسطے حفظ کا طریقہ منصوص ہی اور بھید یہ ہی کہ بقول شیخ جنید رحمہ اللہ تعالی ہر آدمی کی راہ حضرت باری عزاسمہ تک مانند انکی شکل کے دوسرون سے ممتاز ہی اور ہر ایک کا نفس اسکے شیطان کے وساوس قبول کرنے مین علحدہ ہی پس کسی آدمی و فرشتہ کا کام نہین ہی کہ قیامت تک ہر نفس کے مفید طریقہ بیان کر سکے بلکہ فقط حضرت باری تعالی جل شانہ ہی کی شان عالی ہی کہ جو اپنی مخلوقات کے ہر ذرہ سے تا قیامت بعلم محیط آگاہ ہی لہذا ہر نفس کے واسطے

یہ قرآن مجید ہدایت عجیب نعمت بے مثل ہے لیکن جفا کار و جہلا جو شیطان کے متبع و مطیع ہون وراہ مستقیم سے خارج و نعمت ایمان کی قدر سے غافل ہون وہ کہان اس فضیلت کو دیکھ سکتے ہین اور عجب کہ بہت سے منطقی جہلا جو اسلام کے لباس مین عالم کہلاتے ہین حالانکہ شیطان انکے خطرات پر محیط ہی وہ اس نعمت سے منزلون دور پڑے ہین اللھم انت الولی الحمید فانصرنا علی القوم الکافرین ہشتم نصایح و مواعظ کا خوب طریقہ اپنی آیات کی تفسیر مین ہو اور لسان کے واسطے اصل واعظ و ہادی یہی قرآن پاک ہی جسنے اسکی نصیحت قبول کی وہ خوب رہا اور جسنے اسکے سوا کسی کی بات سنی وہ بھٹکا خصوصاً اس زمانہ مین واعظی کے پیشہ والے بہت ہین جو لوگون کے واسطے واعظ بنتے ہین اور اپنے نفس کو بھول چکے ہین اور ایسے غافل پر شیطان مسلط ہی تو وہ قوم کو سوائے بدی کے کیا نصیحت کریگا اور اسکی نصیحت اگر چہ عوام کے کان مین وزہ و نماز کی آواز ہو لیکن مخفی مکر شیطان انکے ادراک سے باہر ہی پس سوائے فساد کے اسکا انجام کبھی بہتر نہو گا اور جسنے قرآن مجید کے مواعظ و نصایح پر کان دھر کر توجہ کی وہ صراط مستقیم کے نور مین آیا اور تاریکی سے خارج ہوا نہم مکارم اخلاق جسکے فضائل اسکے نام سے ظاہر ہین اور خود حدیث مین ہی کہ مین اسیواسطے مبعوث ہوا کہ مکارم اخلاق کی تکمیل کرون۔ کمافی الصحاح۔ اور صدق ایمانی ان مکارم اخلاق کے ساتھ لازم و ملزوم ہی اسیواسطے منافق مین حسن خلق و دینی سمجھ نہین ہوتی ہی۔ کمافی الحدیث اور منافق کی بہ عہدی و بد زبانی وغیرہ حدیث مین مصرح ہی اور خوب جان لینا چاہیے کہ مکارم اخلاق و خصال حمیدہ جس قوم مین ہون اگر چہ وہ کافر ہو دنیا ہی مین اسکے نتائج پسندیدہ سے سرفراز ہوگی پس اگر ایمان کے ساتھ ہون تو کس درجہ کو دست پر پہونچیگا اور جس قوم مین یہ اخلاق گم ہون جنمین سے عدل سرکلمہ ہی تو وہ قوم باہمی نفاق و بد عہدی و بے ایمانی و فسق و فجور بے حیائی و کم ہمتی و ذلت دنیاوی و بزدلی و نامردی وغیرہ سے خوار و ذلیل ہوگی اہل حکمت کا قول ہی کہ سلطنت کفر کے ساتھ قائم رہتی ہی اور ظلم کے ساتھ قائم نہین رہتی ہی۔ ظلم یہ کہ بے محل تصرف کرے حتی کہ اگر کوئی شخص شیر کے مقابلہ مین خالی ہاتھ کھڑا ہو تو یہ شجاعت نہین بلکہ تہور ہی اور وہ نامردی سے بہتر ہی پھر اخلاق سے مانند عدل و علم و حلم و شجاعت و سخاوت وغیرہ کے اور انکے مقابل بداخلاق مانند ظلم و جہل و انتقام عجلت و نامردی و بخل وغیرہ کے مقصود ہین اور قرآن مجید مین انکی تکمیل فرمائی گئی اور یہ جو اس زمانہ کے منافق باہم مجالس مین مانند اہل لکھنؤ کے بتاؤ کرتے ہین جنمین بعض عورتون کے خصائل تک پہونچے ہین یہ سب قابل ذم ہین جبتک اسکے اخلاق مذکورہ کی حد مین نہون دہم عبرت باحوال و حوادث زمانہ ماضی حال لہذا اللہ تعالی نے آدمیون کے واسطے اقسام عبرت کو شب و روز کی گردش و ماہ و سال کی روش سے لیکر آخر تک مصور فرمائی فاعتبروا یا اولی الابصار۔ یازدہم قصص جو عوام کی نظر مین حضرت آدم و حواء کا قصہ یا موسی و فرعون کا تاریخی واقعہ ہو اور اہل علم انکے معارف و اسرار کے عجائبات پر ستر ہا فریفتہ ہین اور حق عزوجل نے انمین کمال حکمت سے استعارہ کو سر فراز کیا اور اسکی مثال بیان کرتے ہین کلام دراز ہو جائیگا اور بحمداللہ سبحانہ تعالی اکثر مواقع مین اسرار منقولات و مستنبطہ سے انتباہ لیا گیا ہی۔ دوازدہم امثال اور انمین بھی حسب مذکور بالا حسن مقال ہی۔ سیزدہم احوال آخرت اور اس باب کی خوبی و لطافت کو ہر مومن سے پوچھیے کیونکہ دار آخرت مومن کا وطن مالوف ہی اور اسکی خبریت دریافت کرنے مین جو رغبت دل کا دامن پکڑتی ہی دنیا کے مسافرون سے معلوم کیجیے جنکو مجازی وطن سے نکلے بہت گذری ہو والی اللہ المصیر چہاردہم اسرار و حقائق یعنی چودھوین کا چاند بیچ سے اندھا ہی۔ مترجم کو ان مقامات مین کلام کرتے ہوئے شرم آتی ہی لیکن جیسا اس نور کی انتہا نہین تو مترجم ضعیف اگر ذرہ کا ہزارواں حصہ بلکہ ستر ہزارواں حصہ اٹھا سکے تو رحمت حق عزوجل سے مایوس نہین ہی اور اہل حق اسی مین مستغرق ہین۔ غافل ابتدا زوق لیاقت مین شاغل ہین۔ (التنبیہ) تفسیر شریف سمجھنے کے واسطے شوق ایمانی و انتقاد شریعت کی کوشش چاہیے تاکہ جواہر معارف سے دامن مالا مال ہو وہ جواہر جنکی مثال مین یہ لعل و زمرد و سنگریزہ سے بدتر ہین اور عجلت نچاہیے

کیونکہ ہمسکی و مکرر نظر سے ہر بات قند مکرر ہو جاتی ہی۔ (فصل) اس زمانہ مین ایک جماعت کثیر بلکہ عموماً مادی خیالات کے لوگ ہین جو
محسوسات سے تجاوز نہین کرتے ہین اور آفتاب کے ذریعہ سے دن اور روشنی ہونا انکے نزدیک غیر واقعی مضمون ہی اسواسطے کہ آفتاب روشنی محسوس
ہی اور علت ہونا غیر محسوس تو یہ انکے نزدیک امر واقعی نہین ہی اور معدہ سے غذا ہضم ہوتا انکی سمجھ سے خارج ہی کیونکہ محسوس صرف جسم معدہ و
طعام ہی اور جسمیت مشترک لہذا ہین نے بعض مادی سے سنا کہ فلان فلسفی نے لکھا ہی کہ انکھ سے دیکھنا و سننا ممکن ہی۔ عجب کہ فلان فلسفی کی
تقلید اسکو کفایت کرتی ہی اور عقل سلیم سے احتراز اور کیون نہو کہ یہ قوم سواے حواس کے عقل سے بے بہرہ ہین اسیواسطے فن ریاضی یعنی اقلیدس
وجبر و مقابلہ و پیمایش و حساب و علم مثلث و علم طبعیات مین انکو غلو و مہارت زیادہ ہی اور اس ملک کے لوگ بوجہ بے علمی و جہالت کے انکی پیروی مین
غریب بھیڑی کی طرح احمقانہ چال چلے جاتے ہین اور سترحم انشاء اللہ تعالی انکی ہدایت کے لیے علحدہ رسالہ تمام توضیح سے لکھیگا اور اللہ تعالی عزوجل
اسکو کامل اور مفید فرماوے۔ آمین۔ اور یہان صرف ان جہلا کے چند خیالات کی تردید منظور ہی۔ (مسئلہ) کیا سطح غیر متناہی ممکن الوجود
ہی۔ یعنی جو چیز کہ ساخت کے قابل ہی کیا بالفعل اسکا وجود غیر متناہی موجود ہو سکتا ہی یا نہین۔ غیر متناہی سے یہ مراد کہ مثلاً اسکا طول کسی حد پر محدود
نہو حتی کہ اگر مہاسنکھ کوس پر کوئی شخص قیامت تک مہاسنکھ صفر ہر منٹ مین بڑھاتا جاوے تو بھی اسکی انتہا نہو بلکہ جسقدر ہر منٹ کے حساب سے
اسنے صدہا برس بلکہ کرورون برس تک بڑھائے ہین اور اب جو عدد ہوا اس عدد کو کرورون برس تک باہم ضرب دیتے ہین اور مجذور کا مجذور کرتے
رہین تو بھی اس سطح غیر متناہی کی حد و مقدار نہوا اور بھید یہ کہ عدد مذکور اگرچہ وسعت شمار سے باہر ہوتا ہم وہ محدود اور متناہی ہی اور یہ سطح غیر محدود مانی
گئی ہی۔ جواب ایسی سطح موجود ہونا بقاعدہ ریاضی باطل ہی۔ اگر نہین مانتے ہو تو فرض کرو کہ ایک سطح غیر متناہی موجود ہی پس ہم کہتے ہین کہ سطح مین
جہان چاہین خط و نقطہ فرض کرین پس ہمنے یہان نقطہ ا فرض کیا جو خط غیر متناہی مین ہی اور برابر گز گز بھر کے فاصلہ پر ب ج وغیرہ
نقاط غیر متناہی ہین پھر ہمنے اس خط کے متوازی دوسرا خط تس فرض کیا جسکا نقطہ تس محاذی ا واقع ہے اور

ا ب ج د

س ص ط ع

برابر اس خط مین بھی گز گز کے فاصلہ پر نقطہ ص۔ ط۔ ع۔ وغیرہ غیر متناہی ہین۔ پھر ہمنے خط س مین سے بقدر تس ص یعنی ایک گز چھوڑ کر
نقطہ ص سے اس خط کو خط ا پر منطبق کیا تو نقطہ ص واقع ہوا ا پر اور ط۔ واقع ہوا۔ ب۔ پر اور ع واقع ہوا ج پر۔ علی ہذا القیاس
برابر انطباق ہوا پھر ہم پوچھتے ہین کہ کیا خط ص برابر خط ا پر منطبق ہو گیا یا دونون خطوط مین کمی بیشی واقع ہوئی۔ پس اگر کہو کہ دونون برابر
منطبق ہو گئے تو یہ محال ہی اسواسطے کہ صریحاً ہمنے خط تس مین سے بقدر تس ص کے کم کر دیا تھا تو لازم آیا کہ کل جزو برابر ہو جاوین اور یہ بدیہی باطل
ہی اور اگر کہو کہ خط تس مین بقدر تس ص کے کمی واقع ہوئی تو کمی کے مقام پر اسکی انتہا ہو گئی اور جب خط تس کی انتہا ہوئی تو خط ا اس سے بقدر
تس ص کے زائد تھا تو اسکی بھی انتہا ہو گئی۔ پس ثبوت ہوا کہ جسکو غیر متناہی فرض کیا تھا وہ باطل ہی بلکہ اسکی انتہا ہی۔ دلیل دوم فرض کرو کہ سطح
غیر متناہی موجود ہی پس ہمنے اسمین نقطہ ا فرض کر کے اس سے دو خط تس اور ص ج سطح فرض کیے جو زاویہ منفرجہ بناتے ہین۔ ا ص
اب ہم کہتے ہین کہ جو فاصلہ درمیان س۔ اور ص۔ کے ہو وہ متناہی ہی یا غیر متناہی ہی پس اگر یہ فاصلہ متناہی ہو تو خطوط س ص و ص متناہی ہین اور یہ بیان
اس سطح غیر متناہی کی حد ہو گئی اور اگر فاصلہ مذکور غیر متناہی ہو تو ماننا پڑیگا کہ ایک غیر متناہی و میان دو گھیرنے والون کے ہو سکتا ہی اور یہ باطل ہے
اسواسطے کہ غیر متناہی غیر محدود ہی۔ دلیل سوم۔ اگر سطح غیر متناہی موجود ہو تو اقلیدس کی تحریر کے موافق اسکے حدود و خطوط ہونگے کیونکہ سطح

کنارے خط ہین پس یہ سطح محدود مخطوط ہی حالانکہ غیر متناہی کبھی محدود نہین ہوتی ہی پس ثابت ہوا کہ سطح غیر متناہی کا وجود ہی متصور نہین ہی

(نتیجۂ اول) جب یہ مسئلہ ثابت ہوا کہ تو دہری مادی کا یہ اعتقاد باطل ہوگیا کہ زمین کے اوپر و چارون جانب خلاے غیر متناہی موجود ہی اور آسمان کا وجود نہین ہی۔ اسکا باطل ہونا چند وجوہ سے بدیہی ہی۔ اول یہ کہ خلاے غیر متناہی کا وجود ہو حالانکہ ابھی ثابت ہوا کہ خلاے غیر متناہی جو سطح غیر متناہی ہی باطل ہی۔ دوم آسمان کا وجود بدیہی موجود ہی کیونکہ پانی و آئینہ مین اسکا عکس بلا تفاوت منعکس ہی اور جبتک جسم ٹھوس نہو تو عکس مرئی نہین ہوتا ہی۔ دہری نے اعتراض کیا کہ دوربین سے ہرگز نظر نہین آتا تو معلوم ہوا کہ نظر خطا کرتی ہی اور یہ تاریکی منتہاے نظر ہی۔ جواب دوربین ہزار دو ہزار دس ہزار کوس سے زیادہ قوت نہین رکھتی حالانکہ آسمان بہت دور ہی۔ اعتراض کیا کہ ستارے نظر آتے ہین۔ جواب علم المناظر مین مقرر ہوا کہ آنکھ کی روشنی اور اس چیز کی نورانیت اصلی یا عارضی سے نظر ہی اور ستارہ خود منور ہی لہذا نظر آتا ہی اور آسمان شفاف آئینہ کی نظیر ہی تو نظر نہین آتا جیسے اندھیری گھٹاٹوپ مین اور کا درخت نظر نہین آتا اور درخت پر چراغ دکھلائی دیتا ہی۔ اعتراض سورج کی روشنی مین نظر آوے جواب کیون اسواسطے کہ شفاف کا ادراک خود سورج مین پوشیدہ ہوجاتا ہی اور آنکھ مین اسقدر قوت نہین ہی۔ اعتراض آخر آسمانون کے بعد تو آپ کے نزدیک بھی خلاے غیر متناہی موجود ہی لہذا ہمکو دوربین سے نظر نہ آیا ہمنے ابھی سے انکار کردیا۔ جواب یہ خیال خبط ہی کہ آسمان کے بعد خلاے غیر متناہی موجود ہی اور ابھی سے خلاف دلیل کے آسمان سے انکار کرنا سطح محال کا اعتقاد باطل اور بدیہی سے انکار ہی۔ اور یہ وہی مثل ہی کہ دہری اپنے مکان کی چھت کے بعد خلاے غیر متناہی کا قائل ہی تو ہم ابھی سے چھت نداردو اسکے مکان کے کھنڈل ہونے کے قائل ہوجاوین۔ (نتیجۂ دوم) جب ثبوت ہوا کہ سطح غیر متناہی کا وجود محال ہی اور آسمان کا وجود بدلائل قطعیہ ثبوت بلکہ محسوس بدیہی ہی کہ دلیل اسکی خفا کو زائل کرتی اور منکر کی علت نظر کو دور کرتی ہی تو یہ بھی ثبوت ہوا کہ نیچرون کا یہ دعوی کہ زمین گرد آفتاب کے حرکت کرتی ہی، محض باطل ہی۔ اور یہان اس دعوی کے باطل ہونے کے واسطے دوسری دلیل موجود ہی۔ اور تقریر دلیل سے پہلے اس فرقہ کے بعض اصول موضوعہ بیان کرنا ضرور ہی۔ اول محیط زمین اوس قوم کے نزدیک پچیس ہزار میل ہی دوم چوبیس گھنٹہ مین زمین کی حرکت محوری صرف ایک بار ہی اور وہی شب و روز ہی سوم زمین سے آفتاب تک ساڑھے نو کرور میل کا فاصلہ ہی۔ چہارم اس فرقہ کا دعوی ہی کہ زمین گرد آفتاب کے ۳۶۵ دن کسرے زائد مین ایک دورہ پورا کرلیتی ہی اور آفتاب جو بطور مرکز ہی اسکے گرد زمین کی گردش سے دائرہ کامل نہین بلکہ ناقص بیضوی بنتا ہی۔ مترجم کو یہان ایک دیگر بیان کرنا ضروری ہی اول یہ کہ جسم کروی جب متحرک ہو پس اگر اسکا محور کسی جگہ جما ہو تو یہ کرہ اسی محور پر چکر کھائیگا بدون اسکے کہ کوئی مسافت طی کرے جیسے چرخہ و چرخ و سلائی کی کل وغیرہ مین گول پہیہ اپنے محور پر چکر آتا ہی اور اگر جما ہوا نہو تو وہ چکر آتا ہوا آگے بڑھیگا جیسے انجن ریل کا پہیہ چکر آتا ہوا آگے بڑھتا اور مسافت طی کرتا جاتا ہی خواہ اس مسافت مستقیم طی کرے خواہ مستدیر خواہ منحنی جیسے اکثر مواقع پر ریل کے پہیے تین قسم کی مسافت طی کرنیکا کام لیا جاتا ہی۔ واضح ہو کہ اگر کرہ مین پرکار کر نیزہ چونک کر کھینچا جاوے تو وہ بدون اپنی مقتضائی حرکت کے کھینچتا چلا آویگا اور اگر اسکو ذاتی حرکت سے روکا نہ جاوے مثلاً نیزہ سے ٹھوکر دیا جاوے تو وہ مستدیر حرکت سے بڑھیگا پس جسم مدور کی حرکت مستدیر ہی۔ حکم دوم۔ ایک ہی جسم پر بوقت واحد مین دو حرکت متضاد جمع ہونا غیر ممکن ہی مراد یہ کہ حرکت مستوی یا مستدیر جہت واحدہ یا متضادہ۔ مین جمع نہونگی جبکہ وقت واحد ہو جب یہ معلوم ہوچکا تو ہم کہتے ہین کہ زمین کا آفتاب کے گرد متحرک ہونا بلا دلیل بلکہ منقوض ہے اور ہمنے بلا دلیل اسواسطے کہا کہ دلیل ایسی تقریر کا نام ہی کہ جسمین تخمینہ و گمان نہو بلکہ قطعی ہو کہ اسمین مخالف احتمال کو گنجایش نہو اور جوابات شکالوہ لازمی ہو جیسے آفتاب چلنے کو دن ہونا لازم ہی پس بعض نیچرون نے استدلال کیا کہ آفتاب جرم کلان ہی تو لازم ہی کہ وہ زمین کے گرد متحرک نہو بلکہ زمین کا جسم صغیر اسکے گرد متحرک ہو لہذا ثابت ہوا کہ زمین اسکے

گرد متحرک ہی اسی طرح کلوب حرکت جہاز وغیرہ کی لایعنی تقریرین ہین کیونکہ عقل قطعی ہین یہ امر لازم نہین کہ صغیر ہمیشہ کبیر کے گرد متحرک ہو کیا نہین
دیکھتے ہو کہ گھڑی مین ایک محور کے پہیہ کے گرد چھوٹے پہیہ حرکت کرتے ہین۔ (تقریر نقض) اگر ہم فرض کرین کہ آفتاب مرکز ہی اور زمین اسکے گرد ۳۶۵
دن مین سالانہ دورہ پورا کرتی ہی تو دو حال سے خالی نہین کہ یا تو محور کے گرد گھومنی کی حرکت سے آگے بڑھتی جاتی ہی جیسے ریل کا پہیہ اپنے محور پر چکر لاتا
اور آگے بڑھ جاتا ہی جس سے مسافت طی ہوتی ہی پس اگر یہ صورت مانتے ہو تو زمین ہر روز و شب مین ایک چکر کھائیگی اور اس چکر سے اسی قدر طی ہو گا
جسقدر کرہ زمین کا محیط ہی اور وہ ۲۵۰۰۰ ہزار میل ہی اور چونکہ سال ۳۶۵ دن مین دورہ پورا ہو جاتا ہی تو آفتاب کے گرد اسنے جو دائرہ بنایا اسکی
مسافت دونون کا حاصل ضرب یعنی ۳۶۵ × ۲۵۰۰۰ = ۹۱۲۵۰۰۰ سے کچھ زائد ہی پس سال مین زمین اسقدر مسافت طی کرتی ہی۔ اب ہم دوسرے
طریق سے اس دائرہ کی مسافت نکالنا چاہتے ہین۔ وہ طریقہ یہ کہ زمین سے آفتاب تک ساڑھے نو کرور میل کا فاصلہ ہی اگر اسکو نصف قطر مانو تو
پورا قطر ۱۹ کرور ہوا اور قطر و محیط مین ۷ و ۲۲ کی نسبت لگانے سے محیط ۵۹ کرور سے زائد ہوا اور اگر دائرہ بنیادی کی کمی رکھو تو پچاس کرور سے
کسی طرح کم ہونا ممکن نہین ہی حالانکہ ہم نے صرف اکیانوے لاکھ بیان کیا ہی یہ محض غلط ہی اگر تم کہو کہ زمین اپنے محور پر مغرب سے مشرق کو حرکت
کرتی ہی اور مختلف جذبات کی وجہ سے وہ شمال کی جانب بڑھکر قطع مسافت سالانہ کرتی ہی اسطرح کہ آفتاب کی کشش اپنی طرف اور زمین کی نفرت
اپنی طرف اور دیگر کروی سیارات کے جذبات اپنی طرف کھینچتے ہین لہذا زمین دائرہ کی شکل مین رواں ہوتی ہی اور ایک منٹ مین اس سے کم مین دو ہزار
میل بڑھ جاتی ہی۔ مین کہتا ہون کہ اول تو یہ امر سننے کے قابل ہی کہ بجذب آفتاب باوجود اس قدر قوت شدید کے جسکے سامنے زمین و سیارات
ہالا کر اس سے زیادہ نہین کہ جیسے مشکے کے مقابلہ مین گولی پھر زمین کی طبیعت کیا مقابلہ کر سکتی ہی اور آندھی کے مقابلہ مین چھروون کے پرون کی ہوا
کیا اثر پیدا کریگی لیکن ہم اس بحث کو چھوڑ کر یہی چند طور سے بطلان ظاہر کرتے ہین۔ اول یہ کہ ہمنے مانا کہ زمین ان مختلف جذبات سے مستقیم
رفتار نہین چل سکتی بلکہ مستدیر صورت مین ہو جاتی ہی لیکن زمین کی ذاتی حرکت مستدیرہ ہی جیسا سنے شمالاً جنوباً مستدیر حرکت کی تو شرقاً غرباً اسی اعتبار
مین محوری حرکت حال ہی جیسا کہ حکم دوم مین مذکور ہو چکا اور زمین کا محور حرکت مجبور نہین کہ اسکو مقتضائے ذاتی سے مغرب کے حالانکہ سامنے کوئی
نیچر صورت اسکو کھینچنے والا نہین ہی اور اگر ہوتی تو بھی غیر منجذ محور مین وہ ذاتی حرکت مستدیرہ سے اسکی جانب رواں ہوتی پس حال ہی کہ
اسپر دونون حرکت متضادہ جمع ہون دوم یہ کہ کرہ زمین خالی نہین بلکہ پانی سے مجموعہ کا نام ہی یعنی قلیل خشکی جسکے سات گونہ سے زائد پانی اس خشکی کے
گرد محیط ہی اور مجموعہ مذکور صرف شرقاً غرباً متحرک اور شمالاً جنوباً منجذب ہی تو کوئی وجہ نہین ہی کہ پانی متصل رہے بلکہ واجب ہی کہ نیچر کی خلاسے غیر متناہی
مین ٹپک جاوے۔ کہا گیا کہ تیزی حرکت سے پانی ٹپکنے نہین پاتا۔ جواب یہ کہ ۲۴ گھنٹہ مین صرف مستدیرہ حرکت ۲۵ ہزار میل ہی نو نی گھنٹہ
ایک ہزار میل کے قریب ہوئی اور وہ اس عظیم جسم کے مقابلہ مین محض سست حرکت ہی اور شمالاً جنوباً البتہ فی لحہ تم ۶۸ ہزار میل مانتے ہو لیکن وہ مستقیم
ہو کر محوری کے ساتھ جمع ہونا محال ہی جیسا کہ ہم ثابت کر چکے علاوہ ازین وہ پانی جانب شمال یا جنوب سے بجاوے کہ وہان حرکت ندارد ہی۔ کہا گیا
کہ ہوا کا بوجھ دبائے ہوئے ہی۔ جواب یہ کہ ان سمندرون پر ہوا کی عنایت مقید ہوئی لیکن برتن کے قلیل پانی پر کچھ اثر نہ ہوا۔ اگر کہو کہ مرکز ثقل سے پانی
حرکت کرتا ہی تاکہ پیالہ سے بہ جاوے اور ہوا نہین روک سکتی۔ جواب دیا جائیگا کہ پانی کا مرکز بالطبع ساحل ہی تو سمندرون کے نزول کو آندھی بھی نہین
روک سکتی ہی۔ مترجم کو افسوس ہوتا ہی کہ ایسے احمقانہ خیالات کو رد کرنے مین زیادہ وقت رائگان کیا جاوے۔ وجہ سوم یہ کہ جب شمالاً جنوباً
ایک لحہ مین ۶۸ ہزار میل سفر ہی تو ہم ایک لحہ مین اسکا امتحان کیئے لیتے ہین اور وہ اسطرح کہ ہمنے توپ سے ایک گولہ جانب آسمان پھینکا
اور وہ گولہ ابتہ مین سے علیحدہ ہو کر اسی خلا مین ہی اور زمین اسی خلا مین متحرک ہی پس اگر وہ گولا ایک لحہ تک ٹھہرا مثلاً چڑھتے اور گرتے اسکا

ایک منٹ صرف ہوا تو زمین اتنی دیر مین ۶۸ ہزار میل پہونچ گئی حالانکہ بالکل دروغ کیونکہ گولا صرف دس پانچ قدم فاصلہ پر گرتا ہی وہ بھی کبھی کبھی چھوڑنے مین کجی اور کچھ ہوا کی مزاحمت کا اثر ہی اور خود ان لوگون نے کیمبرج کالج مین اسکی آزمایش مین ایسا اتزا کیا کہ گرنے مین بہت کم تفاوت ہوا اگر کہو کہ زمین کے گرد کرہ کے ساتھ کرہ ہوا متحرک ہی جواب یہ کہ تمام ہوا ی غلاف یعنے جوف کو طبقہ بہ طبقہ یکسان تعلق ہی اگر کہو کہ زمین کا جذب اس کو کھینچتا ہی تو جواب یہ کہ زمین شمالاً جنوباً ۶۸ ہزار میل سے کم نہین ہی اور جذب مین ہر جگہ یکسان ہی تو مان لیجئے پر بھی عمال مثلاً لندن مین جو گولا چھوڑا وہ ایک منٹ کے بعد کالے پانی کے جزیرہ مین ملتا۔ یہ محض دروغ و مہمل خیالات ہین اور مترجم کو ایسے مہمل خیالات کی ترویج مین وقت رائیگان کرنے پر افسوس ہوتا ہی مگر وائے بر عقل قوم کہ انھون نے علم کو جہل مین یہانتک کمال پیدا کیا کہ نیک و بد کا امتیاز نہین اور غلط و صحیح مین اور حق و باطل مین تمیز نہین کرسکتے بلکہ جانورون کی طرح چرائے جاتے وہانکے جاتے ہین (وساوس شیطانی) سنجا وسواس شیطانی کے جن سے یہ قوم گمراہی مین گلگی پڑتی ہی ایک یہ ہی کہ اپنی سلطنت و حکومت مین انھون نے علم حق چھوڑا اور شاعری مین توغل کیا۔ دنیا پر مطمئن ہوکر آخرت سے منہ موڑا۔ امر معروف و نہی منکر سے ہاتھ اٹھایا اور ظالم کو روکنے کی جگہ اسکا ساتھ دیا اور زنا و فسق و فجور کے ساتھ حلال کا برتاؤ کیا۔ آخر وہ نتیجہ پایا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسی حالت مین فرمایا تھا کہ تمھارے دلون مین باہمی نفاق و عداوت ڈالی جائیگی حتی کہ جو شخص تم مین سے نیک ہوگا اسکی دعا بھی نہ سنوگے۔ (دیکھو تفسیر قولہ تعالےٰ واتقوا فتنۃ لا تصیبن الذین ظلموا منکم خاصۃ) اخلاق شریفہ چھوڑکر رذائل سے متصف ہوئے۔ نامردی کا جامہ پہنا اور عورتون بچون کو پوربی ہنود کی خوشنودی مین قتل کیا جو کبھی جائز نہ تھا اور مردون کے روبرو بیٹھنا دکھلائی کچہریون مین قاضی فاسق و گواہ بدکار کہین جان و مال کی حفاظت کے آثار نظر مین نہ تھے ظلم و فسق و فجور و بددیانتی کا بازار گرم تھا غرضکہ نور ایمان سے اندھے ہوئے بیٹھے تھے کہ اللہ تعالےٰ نے اوپر موجودہ قوم کو حاکم کیا جسنے انکے ظالمانہ ناخن کاٹ دیے۔ اور علم ریاضی کے حواس سے اس قوم کی ترقی جیسے کلون وغیرہ کی ایجاد مین ظاہر ہوئی ہی اپنے حسن انتظام مین واضح ہی جب اس جاہل قوم نے دیکھا تو اپنی جہالت سے نتیجہ نکالا کہ جس قوم کی دانائی اس حد تک ہو وہ جو بات کہے ضرور حق ہوگی لہذا اسکی تقلید مین پورے دہریہ بلکہ پورے احمق ہوگئے کیونکہ سوائے مادہ تقلید کے انمین خود کچھ حواس نہین ہین ورنہ ضرور سمجھتے کہ یہ علمی کے فنون کا کمال صرف قوت حواس و واہمہ کا کام ہی لہذا بچون کو اسمین جلد تر مہارت ہوجاتی ہی جو جوان کو مشکل سے حاصل ہوتی ہی۔ اور معجزات حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم جو معدن نبوت سے صادر ہوئے تھے اب انکا ظہور عیان ہی از انجملہ یہ تم لوگ یہود و نصاریٰ کی طرح بلکہ اسسے بدتر ہوجاؤگے (اسوقت کے یہود و نصاریٰ کے ظلم و بدکاریون کی ایسی ہی کیفیت تھی) اور باہمی نفاق و دینی فساد ہوگا اور علمائی فساد ہونگے۔ دنیا مین منہمک ہونگے۔ نصاریٰ تمام روے زمین پر مال و اولاد مین بکثرت قوت مین اور غالب ہونگے۔ رومی تمکو گالون گالون کرکے نکالینگے۔ ایسے فتنہ ہونگے کہ مرد حلیم حیران رہ جائیگا۔ سلطنت ایسی قومون کو حاصل ہوگی جو عقل کے نور سے اندھے بہرے ہین۔ میری امت کے قبائل مشرکون بت پرستون مین ملتے جاوینگے مہدی رضی اللہ عنہ کے قرب زمانہ مین قریب مصر کے ایک شخص دین کے واسطے لڑیگا مگر آخر پست ہوجائیگا۔ مصر کے حاکم کا حلیہ کوتاہ قد اضلع کرنجا بدکار مذموم آیا ہی مسلمانون کے قبضہ مین سوائے جزیرہ عرب اور قریب مصر کے ایک قطعہ زمین کے کچھ خود مختار نہین رہیگا اور قوم مفسد کے بداخلاق و دیگر معجزات کثیرہ بہت تفصیل کے ساتھ مبین ہین از انجملہ نجل کے موافق کاربند ہونا و خواہش نفس کی پیروی کرنا اور دنیا کو آخرت پر اختیار کرنا اور اپنی اپنی راے پر نازان ہونا۔ کذا فی الصحیح۔ اور یہ سب امور اسوقت معائنہ ہونگے اور اہل ایمان کے واسطے انکی طمانیت یقین کے منور کرنے والے ہین باوجودیکہ انکو یہ رنج بھی ہوتا ہی کہ اسوقت مین یہ بھی اشارت ہی کہ انکی اصلاح نہوگی یہانتک کہ حضرت امام حق مہدی رضی اللہ عنہ پیدا ہون اور قوم کی پیشوائی کرین۔ لیکن امید ہی کہ انمین جماعات اہل صلاح و یقین باقی رہین کیونکہ دین حق عزوجل کی نسبت بشارت ہی

کہ اب ایسا شخص مسلط ہوگا جو انکو استیصال کر سکے اور برابر باقی و حجت میں غالب رہیگا لہذا مترجم بھی بارگاہ حضرت باری تعالے جل شانہ میں امیدوار ہی کہ اللہ تعالے اپنے بندگان صالحین مومنین کے ساتھ مجکو بھی اعتقاد دین حق پر مستقیم فرماوے اور ایمان پر خاتمہ بخیر کرے آمین ثم آمین یارحم الراحمین وصلی اللہ تعالے علی سیدنا و مولانا محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین والحمد للہ رب العالمین۔ پھر واضح ہو کہ مترجم نے آسمان و زمین کے بارہ میں اہل شرک کے خیالات باطلہ کو بدیہی دلائل سے باطل ظاہر کر دیا اور اسقدر بیان انشاء اللہ تعالے اہل باطل کے سکوت و انکے بطلان کے واسطے کافی ہی اور اہل حق کی طمانیت و ایقان کے واسطے وافی ہی اور امید ہی کہ فرقہ نیچریہ میں سے اہل انصاف بھی اپنی ہٹ چھوڑ دینگے تو لامحالہ وہ حق کی جانب رجوع کرینگے اور اللہ تعالے ہم سب کو ہدایت کے ساتھ ایمان عطا فرماوے پھر جب اس تفسیر شریف سے تبحر حاصل ہو تو امید ہی کہ اسرار شریعت منکشف ہوں اور امور حق کی راہ پاویں اور اوہام شیطانی مطرود ہو جاویں (التنبیہ) جس امر حق میں کسیکو وسوسہ شیطانی عارض ہو اسپر فرض ہی کہ اسوقت شیطان کو مطرود کرے یہ یقین کر کے کہ حق یہی ہی لیکن میری سمجھ قاصر ہی پھر اسکو علماے محققین سے حل کرلے (التنبیہ) قرآن مجید میں جو طریق دنیا بسر کرنے کے شرع بین سے ہی وہ محض نادر فقیر سے لیکر سلطان تک کے واسطے عام ہی پس امر دنیاوی میں اسکو غیر زاہد سے مطابق کرے اور امر آخرت میں بزرگ صالحین سے اور امر عقائد میں ہر فرد مستقل ہی اور واضح ہو کہ بعضے سورہ انشاء اللہ تعالے ہر پارہ کے ساتھ الحاق کیے جائینگے تعالے اور ضروریہ کے جنکی ضرورت اکثر مستفیدین کو فہم قرآن پاک میں ظاہر ہی یہ کہ اسم عاد و ثمود وغیرہ کے مقدم و مؤخر قوموں کی ترتیب زمانہ نشین ہے تاکہ قرآن پاک میں جن امتوں کے قصص عبرت مذکور ہیں ہر ایک کے حالات عبرت سمجھنے میں بصیرت حاصل ہو اور اس ذیل میں مخلوق محسوس و غیر محسوس کے بعضے دلائل و آثار کا بھی ذکر آویگا اور تتمہ میں بعضے اکابر سلف و اولیاے خلف و صلحاء امت کے بھی مراتب تقوی و مقامات علیہ و کرامات جلیہ و اقوال حکمت ربانیہ کا نمونہ درج ہوگا تاکہ اہل سعادت انکی اقتدا سے اپنے معاملہ میں اتباع سنت کی رفتار سیکھیں اور دنیا پرست قوم نابکار کی پیروی سے شرم کریں اور جن بزرگوں سے بعض لطائف اشارات بذیل آیات قدسی درج ہوے ہیں بنظر تکریم مطالعہ کریں واللہ تعالے ہو الموفق للصدق والصواب (التنبیہ) در خلافت کا تفصیلی حال جسقدر قرآن پاک و حدیث صحیح میں آیا وہ مقطوع و متیقن ہی اور خوب جان لینا چاہیے کہ ہمکو جسقدر ضرورت ہی وہ اس یقینی نصوص سے حاصل ہی اور زائد قصص تاریخ جنمیں ظاہری الفاظ پر نظر ہو یہ اکثر ایسے لوگوں کے لیے موزون ہی جنکے نفوس اس دار فانی کے فنا و اپنی موت سے غافل ہو کر دنیاوی زندگی کے دل سلامتی سے مطمئن ہو گئے ہیں حالانکہ جسدن آدمی پیدا ہوا اسی دن سے اسنے دنیا کی طرف پیٹھ کی اور آخرت کی طرف منہ کیا تو ہر روز یہاں سے دور اور وہاں سے نزدیک ہوتا جاتا ہی یہ کہو کہ اسی دن سے موت اسکے استقبال کو روانہ ہوتی ہی پھر کسقدر قریب ہی کہ وہ اچانک آجاوے کیونکہ عاقل تو ہر آنے والے کو قریب اور ہر ماضی کو بعید جانتا ہی اور غافل کو ہر دم زمانہ طفولیت یاد ہی حالانکہ کبھی نہ دیکھیگا جب یہ کیفیت ہی تو ان الفاظ قصص و حکایات سے کیا غرض ہی اور معانی الیہ مقصود ہیں تو وہ موت کے بعد خود پیش نظر ہونگے کیونکہ روح پاکیزہ کے لیے کچھ دور و نزدیک کا تفاوت نہیں ہوتا ہی برخلاف اسکے یہ جسم مکدر ایک دیوار کے پار نہیں دیکھتا۔ پھر ہر طرح کی روایات بیان تواریخ سابقین میں لانا خواہ اپنے قلم کو دروغ کا مشاق بنانا ٹھہرا کیونکہ مثلاً حضرت ابراہیم علیہ السلام تک کوئی سلسلہ اسناد نہیں ہی کہ یہ خبر ہمکو فلاں بزرگ سے جنہوں نے فلاں سے اسنے فلاں سے آخر تک حاصل کی بلکہ جن لوگوں نے ایسی روایات کو لکھا جو کتب احادیث میں موجود نہیں ہیں انہوں نے نصاری سے اور نصاری نے یہود سے اور یہود نے اقوام سالفہ سے لیا ہی لیکن اس سلسلہ پر وہ بھی مغرور مت ہو کیونکہ زمانہ اسلام سے پہلے قطعاً بالاتفاق کوئی تاریخ لکھنے کا دستور نہیں تھا چنانچہ یہود نے شروع کر دیا کہ راجاؤں کے یہاں کب بعضے شعرا تھے کہ اگر راجا کی فاش شکست بھی ہوئی تو انھوں نے ایسے بہادرانہ پیرایہ میں بیان کیا کہ ہزار فتح کے برابر ہی پھر کاش اسی قدر ہوتا۔ بلکہ دشمن کے دس سر اور بیس ہاتھ پاؤں کا خیالی تصویر بنایا جیسے کسی شاعر نے شاہ کی تعریف میں حضرت

یوسف علیہ السلام کی قدر بالا کو ساٹھ ہاتھ کہکر اپنے حق مین کفر سمیٹا۔ الغرض چند روز تک یہ کمبخت لوگون کی بیاض زبان پر رہا اور مدت دراز کے بعد لوگون مین سچ مچ یہی خیال جم گئے جیسے ایرانیون کی تواریخ کا کہین وجود نہ تھا لیکن آخری شاہ مجوس یزدگرد نے پاستان نامہ لکھوایا اور خواجہ رستم و دیوسقید و لاکھون دیوان مازندران وغیرہ کے واقعات سے عجائب المخلوقات کا دفتر بنایا اور عجیب حرفت کو ملاحظہ کرو کہ جب شاہزادہ اسفندیار بقابلہ باغی رستم کے قتل ہوا تو شاعران شاہی و خادمان خاص نے اس شکست کے لیے سیمرغ کا تیر گزلانا اور رستم کا روز اول قریب المرگ ہوکر دوسرے روز صاف تندرست ہوجانا وغیرہ خوب گڑھا غرضکہ کوئی سانحہ روزگار اور انقلاب چرخ دوار کبھی واقعی صورت سے کھا پڑھا نہین جاتا تھا اور محققین کے نزدیک ایران و ہندوستان کے قدیم بیانات و حکایات جو اسوقت مذہب و اعتقادات کے پیرایہ مین دفاتر نظم و نثر مین موجود ہین خود صریح دلیل ہین اور یہودیون کے یہان تو باوجود تعلیم نبوت و ہدایت کے گویا اخبار یہود کا آخر تھا کہ اصلی وقائع مین طرح طرح کی نمک مرچ ملاکر عجیب دلچسپ قصہ بناوین اور شاہی قصہ خوان کو سناوین۔ جیسے انھین کے قدم بقدم آخر دیکھو کہ مسلمانون مین داستان امیر حمزہ وغیرہ کس حالت سے شائع ہی کہ لاکھون مسلمان اسکے واقعی ہونے پر دل سے یقین کیے بیٹھے ہین۔ اور اگر اسکو لاکھون نے غلط بھی جانا تو شاہنامہ فردوسی و سام نامہ وغیرہ کے مہملات ہونے پر سوا خاص ہی خاص لوگون کے کمتر ایسے لوگ ہونگے جو کان دھرین حالانکہ خود فردوسی نے یوسف زلیخا کے دیباچہ مین بہت افسوس کیا کہ مین نے عمر عزیز اس لغویت مین برباد کی جسکی اصلیت و بنیاد نہین ہی اور یہ مصرع کہا ؎ دو صد زان نیرزد بیک مشت خاک۔ یعنے اسکی دو سو داستانین ایک مٹھی خاک کے برابر نہین ہین،، اور سچ کہا اسواسطے کہ خاک آخر سچی خاک تو ہی اور وہ تو محض لغو دروغ ہی۔ پھر لکھا کہ اب مین توبہ کے بعد چاہتا ہون کہ سچا قصہ یوسف زلیخا نظم کرکے تلافی کرون۔ رہے نصرانی بیچارے تو انکا مایہ بساط سوائے روایات یہود کے کہان سے آویگا۔ اقوام یورپ جنھون نے تعصب چھوڑا اور لغو تمیت سے منہ موڑا بالاتفاق اقرار کرتے ہین کہ تاریخ کا فن فقط اہل اسلام سے سیکھا گیا ہی اور اقرار کرتے ہین کہ سچی تاریخ جو انھین موجود ہی کسی قوم مین نشان نہین ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ باوجود دیکھنے اور سعی بلیغ کے بھی آجتک وہ صدق نابود ہی۔ کیا نہین دیکھتے ہو کہ اخبارات سے مجموعہ تاریخ ہی۔ یہ نہین سہی بلکہ تاریخ بقیات سے مجموعہ تاریخ ہی حالانکہ جن لوگون کو امور مملکت و علی حکمت سے کچھ بھی واقفیت ہی وہ خزانہ سلطنت کی تاریخ کے سوائے ایک زمانہ کی دیگر تواریخ پر نگاہ حقارت سے دیکھینگے اور جب اسی قرن مین یہ سب تواریخ مشتہر ہون تو خود مخفی تاریخ غیر معتبر ہوجائیگی اگرچہ درحقیقت وہی صحیح ہو۔ پھر تاریخ اہل اسلام سے اقوام یورپ کی مراد خاصۃً وہ تاریخ ہی جو گروہ اعظم اہل السنۃ والجماعۃ مین معروف ہی کیونکہ وہی بہروجہ مادہ صدق ہی اور حدیث اس سے بدرجہا اوثق و احق ہی کیونکہ حدیث صرف ایسی ہی متقی سے قبول کرتے تھے جو دین مین مستقیم اور شاہون کی ملازمت سے دور اور بدعات خروج و تشیع و رفض وغیرہ سے نفور ہو اور وہ وقت تھا کہ بعد وقات مجمع اہل ایمان مین ہر دم بڑھتا تھا حتی کہ زن و فرزند ہر فاسق سے نفرت کرتے تھے حتی کہ صلاحیت دینی مین ہمسری کو نکاح مین اعتبار کرنا پڑا اور راوی کے حالات زندگی سے برابر تفتیش جاری تھی پس جب کبھی شائبہ کذب مفہوم ہوا تو ترک کیا گیا گویا اسوقت کے برعکس معاملہ تھا بلکہ اس زمانہ مین جہل کا غلبہ شدید یہانتک پہونچا کہ فاسق بدکار یہودہ گو اور گانا سننے والا انکے نزدیک ولی کہلاتا ہی حالانکہ وہ لوگ ایسے شخص کو تعزیر و تقید کرتے تھے (تتمہ صفحہ) اکابر صوفیہ کے کلام بلا خلاف متفق ہین کہ ولایت محمدیہ سب سے اعلی ہی یعنے جو بندہ کہ کمال ایقان ایمانی کے ساتھ شرع و سنت پر مستقیم ہو وہ ولی بے نظیر ہی اور کشف و کرامات یہان کوئی چیز نہین چنانچہ سابقین و لاحقین حتی کہ شیخ عارف حضرت مجدد رحمہ اللہ تعالے نے بھی لکھا کہ کشوف رایجوی نمی خرند اور آپکے مانند شاہ غنا اللہ صاحب و غیرہم نے لکھا ہی اور حضرت مولانا شاہ تراب علی صاحب قدس سرہ نے مطالب مین اسی کے مانند لکھا ہی شاہ ابوالحسن نے لکھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اسی مرتبہ مین تھے ہر ایک مرتبہ ولایت مین کامل تھا کہ بالاجماع کسیکے مرتبہ کو غوث و قطب نہین پہونچ سکتا اور وہان کچھ کشف

وکرامت کی تلاش نہ تھی بلکہ رزق حلال کی تلاش کے ساتھ اتباع سنت انکا شعار تھا اسی طرح جو عالم کہ دنیا کی خواہش نفس سے بیزار ہو کر آخرت کا طالب و عالم ربانی ہو وہ اسی مرتبہ میں ہے۔ کل ائمہ صوفیہ متفق ہیں کہ مجذوب جو درحقیقت صالح مجذوب ہو وہ بھی محض بیفائدہ ہے اگرچہ اپنے حق میں معذور ہو۔ اور کرامت احمر و اکسیر اعظم تو ولی اول ہے اور باسوے اسکے اقسام کثیر غیر محصور ہیں لیکن ولایت بعد یقین کامل ایمانی کے ہوتی ہے پس جو کوئی عقائد اہل السنۃ میں ناقص ہو یا مبتدع ہو وہ ولی نہیں اگرچہ عوام کو اس سے کرامت سوجھے بلکہ وہ شیطان کا مسخرہ ہے اور جسکو کرامت سمجھتے ہیں وہ شیطانی استدراج ہے کیا انکو یقین نہیں کہ دجال کے خرق عادات مشہور ہیں۔ اس تنبیہ سے یہ بھی غرض ہے کہ اس زمانہ میں عوام نے اپنے ولی شیطانی پر اعتقاد کرکے نور حق و ولی حقیقی کی شناخت سے اور اولیائے راہ دین کے مراتب پہچاننے سے اندھاپن اختیار کر لیا۔ حالانکہ راویان احادیث بہت معروفین اولیائے محدثین سے تھے۔ خصوص جبکہ صحیح بخاری و صحیح مسلم و اکثر صحاح کی احادیث کثرت طرق سے بدرجۂ شہرت فائز اور تیقن موجود ہے خصوص جبکہ سنہ ۳۰۰ ہجری کے بعد جمیع اولیائے معروفین امت انکی صدق پر اجماع کیے ہیں اور امت محمدیہ کا اجماع ببرکت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے مقبول و مفید تیقن ہے۔ جب یہ امر معلوم ہو چکا تو بیان تاریخ میں جہاں نص قرآنی یا حدیث سے افادہ ہو اسکو بدون جہل و تعصب کے غور سے سمجھو اور جہاں روایت اہل تاریخ یہود و نصاریٰ ہے اسکو بلفظہا روایت یا تواریخ وغیرہ ذکر کیا جائیگا تو ہم اسکی تصدیق یا تکذیب سے دونوں سے احتراز کرتے ہیں کیونکہ اہل کتاب میں مثلاً یہود میں جماعات کثیرہ و طبقات عدیدہ ایسے گذرے جو شریعت توریت پر ٹھیک قائم تھے جیسے سابقین نصاریٰ میں اہل حق گذرے ہیں جو قسطنطین کے متوافق جماعت کے شرک سے بری و پاک تھے لیکن بالیقین ان اقوام میں اسناد کا کوئی سلسلہ نہیں تھا اسوجہ سے جب انمیں اہل علم دنیا پرست ہونے لگے تو انھوں نے امراء و رؤسا کے دل خوش کرنے کے لیے واقعی امور میں نمک مرچ لگانا شروع کیا اور آخر والوں نے تو بڑا غضب کیا کہ بے اصل امور کا قصہ باندھا اور وہ بغیر اسناد کے انمیں قبول ہو گیا جس سے اصلی کتب و جس قصص میں امتیاز متعذر ہوا اور اسکی مثال فرضی کی ضرورت نہیں بلکہ اسی کے مانند مسلمانوں میں بہت سے تواریخ و قصص ہیں۔ تواریخ میں تو بغیر امتیاز کے ہر قسم کی روایات کا مجموعہ ہے اور قصص مانند یوسف زلیخا کے بکثرت اخبار یہود سے مملو ہے بلکہ محض لغو و دروغ قصص و امثال امیر حمزہ کے نام سے شائع ہے لیکن الحمد للہ کہ اس امت کے واسطے اللہ تعالیٰ نے ثقات کی اسناد تعلیم فرمائی لہذا دروغ گویان نے عقل نے غلط کی مجال نہیں پائی حتی کہ ہزاروں بلکہ لاکھوں روایات بنام احادیث بناکر فرقہائے مبتدعین و زنادقہ نے پھیلائیں جنکو علمائے ربانیین نے پرکھکر موضوع بتلادیا اور بکثرت بنانے و گڑھنے والے فرقہ رافضہ میں پھر انسے کم شیعہ پھر انسے کم زیدیہ ہیں اسی طرح مبتدعین نے بناکر اپنا فروغ چاہا مگر دروغ سے فروغ غیر ممکن ہے سوائے ان خوبوں کے جو خود فاسد ہیں قبول کرکے تباہ ہوتے ہیں۔ بالجملہ حق عزوجل نے حفظ شریعت محمدی کے لیے ایک فرقہ میں امر حق کو زر خالص کی طرح مصئون کیا اور خلط نہیں ہوا لہذا بیان تاریخ میں اسکا لحاظ ضرور ہے اور واضح ہو کہ بیان حقائق میں جسطرح ابتدائے مقدمہ میں مترجم نے اہل پنجر وغیرہ کے اوہام فاسدہ کو رد کر دیا ہے اسی طرح ذیل بیان میں بھی تردید و تحقیق مرعی ہوگی اور علاوہ تردید مناسب تھی لیکن بخوف تطویل اسکو ملتوی کرکے تذئیل و تنبیہ پر اکتفا کیا گیا اور واضح ہو کہ سابق میں گذرا کہ اہل کتاب کے روایات جو مخالف نہوں انکا ذکر کرنا جائز ہے اگرچہ تصدیق و تکذیب نہیں کر سکتے اور نہ اسکی بنا پر کوئی حکم شرعی نکال سکتے ہیں اور نہ ہمکو ان غیر ضروری امور کی حاجت ہے بلکہ قرآن مجید و حدیث مبارک خوب کافی شافی ہے علماء نے نقل کیا کہ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے اس زمین میں جن آباد تھے اور اسکی خلقت حکم قولہ تعالیٰ۔ خلق الجان من مارج من نار۔ آتشی راسب سے یاد خان سے ہے جیسے ملائکہ کی خلقت نور سے ہے اور جو فرق نار و نور میں ہے وہی تفاوت بعید جن و ملک میں ہے اور یہ خلقت جنی بنظر فطرت کے صفات خالق عزوجل میں سے مظہر صفات غضبی کے واسطے الیق ہے جیسے خلقت ملائکہ بحسب فطرت مظہر صفات لطافت و طاعت ہے کیونکہ جب ملائکہ میں مادۂ اشتہا نہیں

تو معصیت کا صدور بنظر خلقت محال ہو ہان اگر اللہ تعالے بنظر ابتلا و امتحان انمین سے کسی فرد کو ماہیت سے تبدیل فرماوے تو اسکو اپنے مخالق کا ہر طرح اختیار ہی اور وہ خوب علیم حکیم ہی کیونکہ کسی چیز کی ماہیت منقلب کرنا کسی مخلوق سے ممکن نہین اسیواسطے کیمیا محال ہی کہ چاندی کی ماہیت بدلکر سونا کریسکے سوائے اللہ تعالے کے کہ وہ ہر چیز کی ماہیت اپنے قبضۂ قدرت مین قائم و مسخر رکھتا ہی وھو القاھر فوق عبادہ وھو الحی القیوم۔ اور یہ بھی غیر ممکن ہی کیا تم نہین دیکھتے کہ ساحران موسی باوجودیکہ فن سحر مین کامل استاد تھے فرعون سے خواستگار ہوے کہ اگر ہم غالب ہون تو ہم لوگ ضرور انعام کے مستحق ہونگے۔ پس اگر کسی حیلہ سے وہ تانبے کو سونا بناتے یا کنکریون کو لعل و جواہر کرسکتے تو انکو انعام فرعون کی خواہش نہوتی پھر یہی لوگ میدان مین لاٹھیان و رسیان ڈالکر بہت بڑے اژدہے لائے جنکی ہیبت سے تمام لوگ تھرا ئے قال تعالی سحروا اعین الناس واسترھبوھم وجاء وا بسحر عظیم۔ حتی کہ حضرت موسی علیہ السلام ٹھٹکے کہ دیکھیے اُس پاک پروردگار کو کیا منظور ہی شاید کہ مظہر غضبی کا غلبہ ہو لہذا ارشاد ہوا کہ نہین بلکہ تو ہی غالب کیا گیا ہی اور اپنا عصا ڈال دے یہ عصا حقیقت مین بدلکر اژدہا ہوگیا کہ ساحرون کی تمام لاٹھیان و رسیان نگل گیا اور سب ہیچ اور آخر دست موسی مین پھر وہی عصا ہوگیا اسی وقت ان کامل ساحرون نے یقین کرلیا کہ ہرگز جادو نہین ہوسکتا اور یہ از جانب خالق عزوجل معجزہ ہی کیونکہ انکو علم سحر سے ادراک موجود تھا بخلاف جاہلون کے لہذا تو نے دیکھا کہ فرعونیون کو کچھ بھی نفع نہوا۔ بلکہ فرعون نے جہالت سے کہا کہ موسی تو تم لوگون کا استاد ہی اور یہ کسقدر شدید جہالت تھی۔ آخر ایسے ہی احمق جو اپنے خالق عزوجل کی بدیہی معرفت کا نہین جانتے و محض بے عقل ہوتے ہین یہی جہنم کے لائق ہین اسیواسطے حدیث مین علامات قیامت سے آیا کہ گونگے بہرے روے زمین کے بادشاہ ہونگے یعنے دنیاوی سلطنت کے اسباب مین بڑے دانا مگر معرفت حق مین بالکل جاہل سے بدتر ہونگے الحاصل جن و ملک مین کوئی فطرت قابل تبدیل نہین ہی لہذا ملائکہ جب کہ درات جسمی نہین رکھتے ہین تو سہو و نسیان وغیرہ اُنسے محال ہی اور طاعت انکی جبلت ہی اور جن نے آخر اس زمین مین فساد شدید کیا پھر خالق عزوجل نے اپنے علم قدیم کے موافق آدم علیہ السلام کو جو جامع مظہر صفات غضب و رحمت و جامع لیاقت طاعت و معصیت ہین پیدا فرمایا پس آدم مین نار و نور کا اجتماع ہی۔ اور واضح ہو کہ ابلیس بھی از قسم جن ہی۔ لقولہ تعالی کان من الجن الایۃ۔ اور اس نص سے نکلا کہ ابلیس انکا پدر اول نہین ہی یعنے وہ ابو الجان نہین ہی۔ بیضاوی رح نے زعم کیا کہ جن مین بھی ترکیب عناصر موجود ہی لیکن جوہر ناری غالب ہی اسی وجہ سے غیر محسوس ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ اسکے واسطے ایک عقلی تائید یہ ہوسکتی ہی کہ اناج و گوشت وغیرہ غذاے انسانی ہی جن کے واسطے غذا ہی اور اطبا متفق ہین کہ غذا مشابہ بمعتذی ہوتی ہی تاکہ غذا مذکور مستحیل ہوکر معتذی کا جزو ہو جاوے تو ضرور ہوا کہ ترکیب جن بھی انھین عناصر سے ہی۔ باہر بیان کہ یہی اناج و گوشت غذاے جن ہی تو اس دلیل سے کہ آنحضرت صلعم نے ہڈی سے استنجا منع فرمایا کہ تمہارے برادران جن کی غذا ہی۔ اور قصہ اسلام جن کی روایت صحیحہ مین آیا کہ ان لوگون نے اپنے واسطے غذا کی درخواست کی تو آنحضرت صلعم نے دعا فرمائی کہ جس ہڈی وغیرہ پر گذر ہو انکو اسمین مثل سابق کے غذا میسر ہو گویا وہ کھائی نہین گئی ہی اور وہر لید و گوبر سے انکے جانورون کو دانہ و گھاس حاصل ہو۔ اور نیز بروایت صحیح مین وارد ہی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ رمضان کے صدقۃ الفطر پر مامور ہوے جو جمع کیا گیا تھا ناگاہ رات مین ایک جن چوری کرتے ہوے گرفتار کیا اور اسنے فاقہ عیال کی آہ و زاری کی آخر چھوڑا جب صبح ہوئی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور معجزہ کے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تیرا رات کا چور کیا ہوا جب ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ آپکو معلوم ہی تو عرض کیا کہ یا رسول اللہ اسنے اپنی محتاجی شدید بیان کی جسپر مجھے ترس آیا تو مین نے چھوڑ دیا کیونکہ اسنے عہد کیا کہ پھر ایسا نہین کریگا۔ آپ نے فرمایا کہ وہ جھوٹا ہی پھر آویگا چنانچہ یہی ہوا آخر تیسری بار اسنے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو سکھلایا کہ یہ آیۃ الکرسی پڑھ دے تو کوئی جن قریب نہین ہوسکتا جب ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ اسنے یہ بات تجھسے سچ کہی اگرچہ وہ جھوٹا ہی۔ اور اس قصہ کے مانند تفسیر آیۃ الکرسی مین تلاش کرو پس

معلوم ہوا کہ جنون کی غذا مشارک ہی لیکن یہ لازم نہیں آتا کہ بعینہ جسم عنصری انکی غذا ہو اسواسطے کہ عنصر ناری خود انمین موجود ہی پس شاید اسی معنے مین غذا ہوتا ہو اور یہ بھی معلوم ہوا کہ جنون کو اپنی معاش مین بنی آدم سے غذا وغیرہ حصول ہوتی ہی اگرچہ بذریعۂ تصدی و حرام ہو شاید اسی وجہ سے اسلام لانے والے جنون نے اس سے پرہیز کیا اور اپنے واسطے غذا کی درخواست کی اگر کسی شخص کو وہم ہو کہ آپ تو جن و شیطان کی خلقت بیان کرتے ہین حالانکہ اس زمانۂ قرب قیامت مین علوم دقیق سے جہالت کل ہو گئی اور صرف جسم پروری و حواس جسمانی پر مدار کار ہی حتی کہ ایک فرقہ انسانی صورت و شیطانی سیرت جو سوا ے محسوسات ظاہری کے ہر موجود سے جہالت رکھتے ہین جن و شیطان کے وجود ہی سے منکر ہین - جواب دیا جائیگا کہ آپ امور حق کو بغیر پراگندگی حواس عقلی کے حاصل کرتی جایئے اور عنقریب انشاء اللہ تعالے صحیح دلائل سے آپ کو انکا وجود معلوم ہو جائیگا اور ہمیشہ معاملات کے واسطے اس امر کی ضرورت ہی کہ مقدمات ذہن نشین ہون فانتظرہ - القصہ ابلیس بھی از قسم جن ہی حتی کہ جب وہ بحکم الٰہی عزوجل ملعون ہوا تو اسنے درازی عمر کو واسطے درخواست کی تاکہ قیامت تک زندہ رہے پس اگر وہ ملائکہ مین سے ہوتا تو اس درخواست کے کچھ معنے نہ ہوتے - نہایت فرق یہ کہ ابلیس کے واسطے موت نہین ہی اور شاید یہ خصوصیت ابلیس ملعون ہی کے واسطے ہی اور محتمل ہی کہ خاص اسکی ذریات بھی دائمی ہو لیکن مخلوق در حقیقت جسکے مطیع اعتقاد و اسی کی ذریت ہی پس انسان جن جمیع اہل شرک اسکی ذریات مین کیا نہین دیکھتے ہو کہ بحکم قولہ تعالے - شیاطین الانس والجن الایۃ - مین انسانون کے شیاطین بیان فرمائے بلکہ انکو مقدم کیا کیونکہ آدمی کے واسطے آدمی زیادہ مضر ہی اسواسطے کہ وہ بالطبع اسکی جانب میلان کرتا و اسکی باتون پر کان دھرتا ہی چنانچہ اسوقت مسلمانون کو اعتقادات حقہ سے بہکانے و شک ڈالنے مین اہل شرک ظاہری یہود و نصاری و مجوس و ہنود کا فتنہ چندان مضر نہین ہی جسقدر فرقہ بیخبر متشرع وغیرہ سے ضرر ہی کیونکہ اس فرقے ظاہری صورت اسلام و لباس و نام کے پیرایہ مین اپنی جاہلانہ کفریہ بد اعتقادیون سے بہت سے جاہل مسلمانون کو دائرۂ کفر مین کھینچ لیا اور یہ بدبخت سادہ لوح ظاہری صورت پر فریفتہ ہو کر مطیع ہو گئے نعوذ باللہ من ذلک - یہ کلام بطور جملۂ معترضہ تھا اور مقصود بیان خلقت ہو پس روایت ہی کہ جب جنون نے باہم فساد و فسق کیا تو اللہ تعالے نے انکو پہاڑون و دریاؤن و جزائر مین نکال دیا - شیخ سیوطی رح نے اس روایت پر اعتماد کر کے داخل تفسیر فرمایا پس اگر صحیح ہو تو ابلیس و اسکی ذریات بھی داخل ہونگی لیکن انکو تلبیس کے واسطے اختلاط کی اجازت ہوگی - اور مترجم کے نزدیک یہ اسرائیلی روایات مین سے معلوم ہوتی ہی اور میرے نزدیک تحقیق اسکے خلاف ہی کیونکہ احادیث صحیحہ سے جو امور مستفاد ہوتے ہین وہ اس امر کو مقتضی نہین ہین کہ جن و شیاطین آبادی انسان سے خارج مساکن کہتے ہین چنانچہ سنن وغیرہ مین حشوش یعنے پاخانہ کے واسطے مذکور ہی کہ آن ہذہ الحشوش محتضرۃ یعنے ان مقامات نجس مین خباثت مذکورہ موقت حاضر ہوتے ہین بعض روایات مین ہی کہ یہ مقامات انکے طبخ گندم کے لیے ہین - پس اس حبس مین گھوڑے وغیرہ گندہ مقامات شامل ہین - گھر کے سفید خرد سانپون کے قتل سے منع فرمایا اور حدیث مین سانپ سے اعلام کرنا کہ اگر اس شکل مین جن ہی تو چلا جاوے ورنہ ہم قتل کرینگے پھر تیسری مرتبہ کے بعد مار ڈالے اور حدیث مین سوراخون کے اندر پیشاب کرنے سے منع فرمایا ہی بعض سلف نے کہا کہ کہا جاتا تھا کہ یہ جنون کے مساکن ہین - حدیث مین بعد العصر اور ابتداے غروب مین تحفظ اطفال کا ارشاد بنظر اطلاق شیاطین مذکور ہی اور حدیث معراج کے بعض روایات مین جو بظاہر معراج معروف سے علاوہ ہی جانب زمین نظر کرنے سے ہجوم بحارات کے مانند تاریکی جسکا معنوی سمیت حضرت جبرئیل علیہ السلام نے تلبیس شیاطین کے بعض آثار بیان کیے کہ جب سے بنی آدم اس آسمان کے انوار دیکھنے سے محروم ہین - مترجم کہتا ہی کہ فرقۂ پلید گمراہ مادی کی تقریر کہ آسمان کا وجود نہین کیونکہ اسکو دور بین سے نظر کرنے مین کھنکھیڑے و جھاڑ دار درختون کے اشکال نظر آتے ہین اور آسمان نظر نہین آتا مترجم کو یقین دلاتی ہی کہ ابلیس نے اپنے ریاست پر تسلط پایا ہی حتی کہ حدیث شریف مین جو کچھ مذکور ہی وہی کر خمسہ دکھلایا - واللہ تعالے اعلم - اور حدیث مین پیخانہ جانے مین تسمیہ و تعوذ پڑھنے کی علت یون مذکور ہی کہ جسنے تسمیہ نہین پڑھا تو جن و شیطان سے پردہ نہین ہوتا حتی کہ وہ مقاعد بنی آدم سے مضاجعہ کرتے ہین اور اگر تسمیہ پڑھا تو مستور رہتا ہی اور

لوث نجاست سے بھی حفاظت ہو۔ اور حدیث میں دروازہ بند کرنے میں تسمیہ پر برتنوں کے ڈھانکنے کے احکام وغیرہا سکے معلل ہیں کہ تلبیس شیطان سے حفظ ہو اور واضح ہو کہ اہل العلم جانتے ہیں کہ جانوروں میں سے نجس مؤذیات بھی بسلسلہ تناسلی اسی شیطان کے اسباب آلات ہیں اور حدیث میں جماع زوجہ کے وقت شیطان کے دور ہونے کی دعا بھی حفاظت نفس دادلادہی۔ اور روایت ہی کہ ایک عورت اپنی فرج میں سوزش پاتی تھی اور بعد اسلام کے اسکے ذکر کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ جن کے وطی سے تھا۔ غرضکہ اس بارہ میں احادیث و آثار بکثرت قریب متواتر المعنی ہیں اور مواقع تفسیر میں۔ انشاء اللہ تعالے بیان کافی آویگا۔ بعض علماء اسرار کے نزدیک سوال وجواب نفیس ہی اور وہ یہ ہی کہ طبیعت انسانیہ وجنیہ میں طبعی تضاد ہی حتی کہ مناسبت جنیہ صورۃ جنون ہی اور روایات میں مجنون کے حق میں اسی قسم سے وارد ہوا اور مصرح بحکم قولہ تعالے یتخبطہ الشیطان من المس۔ مس جن کا اور اسی اور صحاح میں عورت مصروعہ کے حق میں اسی قسم کی تصریح آئی ہی یعنے ایک عورت کو مس جن سے صرع تھا اُسنے حضور سرور عالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم میں عرض کیا کہ آپ دعا فرماویں کہ اللہ تعالے مجھے شفا عطا فرماوے آپ نے فرمایا کہ میں تیرے واسطے دعا کروں کہ تجھے شفا ہو اور اگر تو چاہے تو صبر کر اور تیرے واسطے جنت ہی اُس نے عرض کیا کہ میں صبر کرونگی اور میرے واسطے جنت ہو لیکن میں اسقدر چاہتے ہوں کہ اس حالت میں بے پردہ نہ ہوا کروں آپ نے اسقدر کے لیے دعا فرمائی تو وہ آیندہ بے پردہ نہ ہوتی تھی اور لوگ اسکو جنتی کہا کرتے تھے جیسے ایک انصاریہ عورت کی نسبت فرمایا تھا کہ تو شہیدہ رہیگی تو اسکو لوگ شہیدہ کہا کرتے تھے کہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضرت خلیفہ اول و روم اسکی زیارت کے لیے جایا کرتے آخر اسکا انجام یہ ہوا کہ حضرت خلیفہ دوم کے عہد مبارک میں اسکے لونڈی غلاموں نے جن کو اُسنے کہدیا تھا کہ تم میری موت کے بعد آزاد ہو ایک روز رات میں گلا گھونٹ کر مار ڈالا اور بھاگ گئے۔ آخر گرفتار ہو کر قصاص میں قتل ہوے۔ اور مسند دارمی میں ہی کہ سفر میں جاتے ہوے ایک عورت نے راہ میں اپنا بچہ پیش کیا کہ اسکو مس الجن ہی اور پوری حالت بیان کی اور فیض مبارک سے اسنے سیاہ تھکا قی کیا پھر جب آپ لوٹے تو اُسی عورت نے شکر گزاری کی کہ اب یہ بچہ بالکل اچھا ہی اور اسکے نظائر و امثال کثیر ہیں پھر آدمی ان جنون کے ہاتھ سے کیونکر بچتے ہیں اور وارد ہوا کہ وبار کی نسبت مخرالجن فرمایا اور خون استحاضہ کی نسبت رکضۃ الجن فرمایا پھر شیطان بدن انسان میں مانند خون کے رگوں میں ساری ہی اور عداوت ظاہرہ میں کوئی شک نہیں ہی لیکن وخزو رکض و مساس میں اسکو ذاتی قدرت مانند دیگر مخلوقات کے حاصل نہیں ہی اور یہ تسلط باذن اللہ عزوجل ہوا کرتا ہی اور بظائر خود جسم انسانی و آفاق میں بکثرت موجود ہیں از انجملہ ترکیب یا وہ جسم میں خاک باد آب آتش اور انکے مدات خون صفراء سودا و بلغم جو ہر جسم میں محسوس موجود ہیں باوجود شدید تضاد کے غیر ممکن ہی کہ تعدی کرے مگر جب ہی کہ خالق عزوجل کے تصرفات سے اجازت ہو حتی کہ موت کے وقت مادہ ہوا یعنے خون بالکل ہوا ہو جاتا ہی اور صفرا یعنے آگ سے خالی ہو کر بلغم خاک اپنے مرکز خاکی میں گل سڑ کر خاک ہو جاتے ہیں اسی طرح انسانی اقوام میں باوجود وجوہ عداوت کے نفع وضرر کی قدرت ذاتی نہیں ہوتی اور مادی طور پر جو اسباب موانع یہاں محسوس ہوتے ہیں وہاں غیر محسوس موجود ہیں مثلاً حق تعالے نے ہر آدمی کے لیے ملائکہ محافظین رکھے ہیں کہ انکے اثر نوے سے شیطان بجھ جاتی ہی اور بعید یہ ہی کہ دھوان جو مادیات میں محسوس ہوتا ہی سیاہ تاریک ہی اور وہ قوام ذاتی اس شیطان کے واسطے مقوم ہی کیونکہ اسکی پیدائش اسی سے ہوئی اور جس سے ملائکہ کی خلقت ہی بالکل اسکے برعکس ہی اسواسطے مادہ شیطانی جسم طرح بالذات ملازم عصیان ہی حالانکہ اسکے برعکس بالذات مطیع ہیں۔ اور بالعرض بھی عاصی نہیں ہو سکتے اسواسطے کہ عصیان بدون تاریکی نہیں ہو سکتا اور یہ وہاں غیر ممکن ہی بخلاف آدمی کے کہ اسمیں جسم و اسکے متعلق قوائے جسمانیہ کی راہ سے کدورت و تاریکی ہی تو اسطرف سے وہ معاصی قبول کرتا ہی اور اسمیں عقل و روح کی جہت سے نافرمانی نہیں ہو سکتی ہی اور اسی سے پتہ مل گیا کہ عوام اقوام کفار جس چیز کو عقل سمجھتے ہیں یعنے حواس جسمانی مانند قوائے دماغی وغیرہ کے جنکی فکر و غور سے جسم کی ضروریات و آرائش و آسایش کے اسباب حاصل کرنے میں کام لیتے ہیں اور اسکو عقل سے کام لینا خیال کرتے اور جو شخص اسمیں جسقدر زیادہ قوت رکھتا ہو اسکو زیادہ عاقل سمجھتے ہیں

یہ محض غلط ہوا اور اسکی وجہ یہ ہوئی کہ کافر نے تا دم مرگ اپنے آلۂ رسوائے ان حواس کے کوئی معنے نہین پائے جس سے وہ عقل و حواس مین امتیاز کرتا اور نہ یہ عقل کے رہتا اسکو مع قوم کے کبھی مسلم نہ تھا تو وہ بیچارہ سوائے اسکے کیونکر عقل کو پہچانتا کیونکہ عقل تو روح کے ساتھ اس طرح ہے جیسے جسم کے ساتھ حواس ہین اور روح کے ہوسے وہ بوجہ کفر اختیار کرنے کے محروم کر دیا گیا چنانچہ قولہ تعالے ختم اللہ علی قلوبھم الآیۃ - کی تفسیر مین توضیح آویگی - یہان قوم نیچر یہ حواس سے آگے بھی بڑھ کر ہیچ پر پہونچے اور ہمکو حدیث اعجاز سے پہلے ہی آگاہ کر دیا گیا تھا کہ علامات قیامت سے ہوگا کہ گونگے بہرے روے زمین پر سلطان ہونگے مع توضیحات کے جو تم لوگون پر صادق ہین اسواسطے کہ تمھارا یہ قول اگر بدحواسی نہین ہے تو ہم پوچھتے ہین کہ اگر یہان تو اے مدبرہ نہون بلکہ صرف خون کی گیاس ہے تو وہ انگلی مین بھی موجود ہی چاہیے کہ وہ دیکھنے والی و سننے والی و متخیلہ مدرکہ ہو جاوے - بعض نے اقرار کر لیا کہ ہان یہ بات ممکن ہے لیکن اس سے کہا جاوے کہ جب نم معدہ سست ہو گیا مثلاً شراب زیادہ پی گیا کہ اسکی حرارت سے نم معدہ کو تر ہل ہوا تو بھوک کی خواہش ساقط ہی باوجودیکہ اسکی آنکھ مین گیاس مذکور موجود ہی پھر جب قوت کوئی چیز نہین تو خواہش مذکور بدستور ہونا چاہیے - اور جب گیاس مذکور ہی سے بھوک کی خواہش ہے تو خوب پیٹ بھرنے کے بعد بھی بوجہ گیاس کے برابر بھوک موجود رہنا ضرور ہے شاید یہ خلاف تمھارے اس گیاس مین حواس ہین کہ تدبیر سے وہ ضرورت کے وقت خواہش کرتی ہے پھر پیٹ بھر جانے پر اشتہا نہین رہتی اسپر سوا سے وہ گیاس اس طعام کو ہضم کرنے اور غذا لینے کے بعد اسکا بھوک بیفائدہ بذریعہ خواہش پاخانہ کے دفع کر دیتی ہے لیکن اگر اس گیاس مین ایسے حواس موجود ہین تو ہم اسکا نام قوت رکھتے ہین پھر تم ناحق بدحواسی کرتے ہو - اسی طرح ہضم بذریعہ قوے معدہ ہے اور اہل تحقیق اطبا کے نزدیک نفس مدبرہ جسکو اللہ تعالے نے ہر جسم کی تدبیر کے واسطے خلق فرمایا ہے بذریعہ اسکی عادت کے نم معدہ پر سودا گر سے اشتہا کو حرکت ہوتی ہے اور معدہ کے قوے اربعہ اسکو وقت معہود تک روک کر ہضم کر کے فضلہ کو قوت دافعہ کے ذریعہ سے دفع کرتی ہے حتی کہ اگر روکنے والی قوت کمزور ہو تو بغیر ہضم کے طعام نکل جاتا ہے اور اگر دافعہ کمزور ہو تو فضلہ خارج ہونے مین پریشانی ہوتی ہے - اگر ان اوہام کے موافق قوت مودعہ کوئی چیز نہو تو گیاس جزوات واحد ہیہان مختلف افعال کو کیونکر کر سکتی ہے اور زبان کی سطح مین ذوق کی قوت مودعہ سے بذریعہ دریافت ہونا ہے پس اگر گیاس ہے تو سطح جسم بلکہ ہاتھ کی سطح سے ذوق کا ادراک ہو جاوے اور ابتداے لطفہ مین گیاس کیونکر دماغ اور ہاتھ و پانون و سر و ماوہ کے لیے مادہ جدا کرتی اور کیونکر اعضاے مختلف اشکال قائم کر سکتی ہے علاوہ برین یہی گیاس کیونکر ہر فرد بشر کی شکل صورت دوسرے سے متمائز لاتی ہے علاوہ برین جب گیاس مودعہ تمکو اپنی بدحواسی سے مفہوم نہین تو یہی گیاس ہر انسان کیا وجہ کہ لوگون کے طبائع نیکی و بدی کی خواہشون مین مختلف ہین باوجودیکہ گیاس متحد ہی اور دماغ کے اندر جب خون گیاس کے سوائے کچھ نہین تو یہ خیال حافظہ و وہم وغیرہ مختلف امور کیون ہین اور کیون ایک شخص ایک چیز کو خوب و محبوب رکھتا اور دوسرا اسی سے نفرت کرتا ہے اور شک نہین کہ چیزون مین خواہش طبعی امور بدیہی مین سے ہی حالانکہ تمکو محسوس نہین ہوتا اور نہ کوئی مادہ سوائے معمولی مواد کے موجود ہی اگر کہو کہ ہان وہان کوئی امر ہی اگرچہ ہمکو محسوس نہین ہوا تو جواب یہ کہ ہان یہی ہمارا مطلب ہی کہ تم جہالت سے یون مت کہا کرو کہ سوائے مادہ کے کوئی چیز موجود نہین ہی جو مادی نہو باطل ہی کیا نہین دیکھتے کہ قلیل پانی اگر بار یک سوراخ سے عمق دار تک جاوے تو اسمین اس عمق کے اندازے سے قوت پیدا ہو جاتی ہے حتی کہ پہاڑ توڑ کر دیا جاری ہو جاتے ہین اور چھت مین سے دیوار کے اندر چیونٹی کے بل سے جو پانی سماتا ہی تو دور تک پہونچکر دیوار توڑ دیتا ہی حالانکہ دیوار پر صدہا مشک پانی سے یہ کیفیت نہین ہو سکتی ہے پھر اگر یہ خواص طبعیات مین سے نہو تو یہ قوت نہین بلکہ وہی گیاس معاذ اللہ تعالے حماقت کی بھی کوئی حد ہی کہ خود اقرار اور اسی سے انکار - واضح ہو کہ اوہام متخیلہ نے پانی کے حق مین سیلان بجانب مرکز ثقل قرار دیا ہی حالانکہ جب ایک نل کو کنوئین مین ڈالوا اور کسی ڈانٹ کے ذریعہ سے جسکو سطح پانی سے نل کے اندر اوپر کھینچو حتی کہ ہوا کی رسد باقی نہ رہے تو پانی سطح سے نل کے اوپر چڑھیگا حتی کہ یہانتک ڈاٹ چڑھی ہی

اسکے پیچھے پانی چڑھتا چلا آویگا جب چاہو اس کل کے ذریعہ سے پانی روان کرو اور یہ اکثر مقامات پر بنی ہوئی موجود ہین تو اعتراض صحیح وارد ہی کہ اقتضاے طبعی پانی کا یعنے مرکز ثقل کی جانب جمع کرنا یہان ہرگز باقی نرہا اگر عذر کرو کہ خلاء ہو جانے سے پانی چڑھا تو بھی ہمارا مطلب موجود ہی کہ علاوہ مادہ کے قوت ہر صورت مین موجود ہی بلکہ کوئی بات ہو یہ ادراک کیا چیز ہی اگر یہی گیاس خون ہو تو ہر جانور مین موجود ہی اور ہر جانور جانتا ہی کہ پانی ہی نباتات کا سبب ہی اور اگر دماغ انسانی کی خصوصیت ہی تو خاصیت علاوہ گیاس کے مسلم ہی عجب کہ اس فرقہ کی حالت سے بدیہی اقرار و انکار جمع ہو جاتا ہی اور خود اسکا شعور نہین ہوتا مثلاً کہتا ہی کہ جو چیز خلاف عادت پیدا ہو وہ اشیاے خارجی کا اثر ہی۔ پھر جب کہو کہ اثر و قوت امر مسلم ہی تو انکار کرے اور بین الناس کے واسطے قدر کفایت امور سے بیان کردیگے کہ اس فرقہ جاہل کے اوہام رد کرنے کے لیے ہر عاقل صدہا نظائر نکال سکتا ہی اور خوب جان رکھنا چاہیے کہ جن اوہام پر شیطانی تسلط ہی وہ خلاف عقل بہت سے وہمیات کو جو بدیہی الغو و باطل ہین اسطرح قبول کرتے ہین کہ جیسے اہل عقل امور حق کو لیتے ہین اور شاید حکمت بالغہ آلہیہ اسمین یہ ہی کہ اہل حق کو نور عقل و فراست سے ہر وہم باطل گویا آئینہ کی طرح نظر آتا ہی تو فوراً اسکو پہچان جاتے ہین اور اہل باطل چونکہ عقل سے بے نصیب ہین تو انکے لیے امر عقل دریافت کرنیکا کوئی ذریعہ نہین بلکہ وہ فقط عقل ہی جو انمین ندارد ہی تو لامحالہ وہ انکی سمجھ مین ہرگز نہ آویگا اور وہمی ادراک کا ذریعہ خود قوی موجود ہی تو ضرور یہی انکی سمجھ مین سماویگا کیا نہین دیکھتے ہو کہ جاہل گنوار سے جب تمہلات بیان کیے جاوین تو مرغوب طور پر جلد ادراک کرتا ہی اور اگر دقائق حکمت سے توجہ کرو تو وہ اسکو مہمل جانتا ہی کیونکہ ادراک سے عاجز ہی۔ یہی حال ان تمام کفار مشرکین کے واسطے خاصہ لازم ہی کیونکہ اللہ تعالے نے آدمی کو مادی جسم و قوی سے اور روحی نور عقل ملکی سے مرکب فرماکر دار دنیا اور آخرت مین مختار کیا اور ہر ایک کے واسطے لوازم خاص ہین پس اگر اسنے آخرت کو اختیار کیا اور ایمان لایا تو اسکے لوازم سے نور عقل ہی جس سے وہ اپنے مقام کے سامان مہیا کرسکے یعنے معرفت و فہم صفات و حقائق قدرت و حکمت افعال و غیر ذلک تاکہ طاعت ظاہری و باطنی سے اپنا مقام معمور کرے اور اگر اسنے دنیا اختیار کی تو اسکے لوازم سے یہ ہی کہ وہ راہ جس سے نور عقل ظہور کرے مہر کردی گئی اور اوہام و مادیات حواس و شہوات جسم کا دروازہ کھول دیا گیا تاکہ دنیاوی آرایش و اسکے اعتقادات اوہامی مین راسخ ہو اور رغبت دنیا کی طرف راغب ہو کر ہمہ تن اسکے لیے ساعی ہو اور بذریعہ قوت متوہمہ کے اسکی تدبیرات مین کامل ہو تاکہ وہ اپنے دار جہنم کے اسباب جمع کرسکے لہذا جو شخص ازلی کافر ہی وہ اپنے حواس مین کیسا ہی ہوشیار و فائق ہو غیر ممکن ہی کہ وہ عقل و معارف مین سے جو راہ آخرت سے ہین کوئی بھی جان سکے اسواسطے کہ ضرور انکا ادراک بذریعہ عقل ہوگا جس سے یہ محروم ہی بہ مقابلہ اسکے کہ وہ بڑا عاقل ہی۔ مین پہلے ہی تنبیہ کرچکا ہون کہ یہ حواس کی تیزی و تدبیر کو عقل کہتے ہین کیونکہ کفار کو سواے اسکے کبھی عقل کا ظہور ہی نہین ہوا تاکہ وہ امتیاز کرتا اسی وجہ سے وہ بدیہی امور جنکو ضعیف مومن سمجھ جائیگا وہ بڑے ہوشیار کافر کو کبھی سمجھ مین نہ آویگے اور معلوم ہو چکا کہ وہ بیچارہ معذور ہی اگرچہ وہ دنیا اختیار کرکے اس حالت پر پہونچنے مین بدبخت ہی۔ اس تنبیہ سے مقصود یہ کہ اکثر عوام وسوسہ شیطانی سے مشتبہ ہو جاتے ہین کہ فلان شخص باوجود ان قبائح و اوہام کے جیسے امور حق سے منکر ہی تو کیا باعث ہی اور یہ معلوم نہین کہ حالت مذکورہ وہ ہی جو اوپر بیان ہوئی اور نص صریح مین ہی کہ یہ تمام دنیا اگر اللہ تعالے کے نزدیک مچھر کے پر برابر قدر رکھتی ہوتی تو کافر کو اسمین سے گھونٹ بھر پانی نہ ملتا۔ اور حدیث مین ہی کہ تم متنبہ ہو کر سنو کہ یہ دنیا ملعون ہی اور جو کچھ دنیا مین ہی سب ملعون ہی لیکن یاد الٰہی عزوجل اور عالم و علم سیکھنے والا اسمین نہین ہین۔ منجملہ اوہام کفار کے یہ مسئلہ ہی کہ زمین کی خشکی ایک خفیف چپٹے ہوا پر کے گرد کھاری سمندر عمیق بدرجہا کثیر زائد بھرے ہین پھر بھی یہ چپٹ اس مین نہین گلتی ہی اور نہ پانی کسی جانب بہ جاتا ہی۔ کافر وہ بھی کہتا ہی کہ وہ چکر لگاتی ہی تو سوکھ جاتی ہی اور پانی بھی چکر اکر چپٹا رہتا ہی۔ استغفر اللہ عزوجل کافرون کی جہالت بھی مضحکہ ہی۔ تم تعجب نہین کرتے کہ یہ بدبخت کیسے اس باطل عظیم کو دل سے مانتا ہی اور قدرت حق عزوجل مانند سے جانور کی طرح دم اٹھا کر بھاگتا ہی اور اسکا ابطلان مدلل سابق مین بیان کردیا ہی جیسے آثار قدرت حق سے یہ کہ خشکی مین آب شیرین خوشگوار و دلیعت ہی اور پاس ہی متصل سمندر شور تلخ کہ ہرگز دونون مین اتصال نہین ہوتا کما قال تعالی ھذا عذاب فرات وھذا ملح اجاج

وجعل بینھما برزخا وحجرا محجورا۔ یعنے یہ آب شیرین خوشگوار ہی اور یہ شور تلخ ہی اور حق عزوجل نے انکے درمیان مین برزخ و پردہ ممنوع کردیا۔ اور دیگر آیات مین۔ پس یہ عجائب قدرت خالق جل شانہ سے ہی۔ جو کافرون کی سمجھ مین نہین آتی ہی جب تجھے معلوم ہوچکا کہ عالم مین بے انتہا اور غیر محسوس ہین اور جانور حواس کے قیاس نہین ہین اور حسن صنعت خالق عزوجل غیر متناہی ہی تو جن و انسان کا اختلاط ملائکہ کے یہی نظیر قوی و جسیم ہی اور کچھ بھی اوہام باطلہ کو یہان گنجایش نہین ہی اور کسی چیز کا نظر نہ آنا اور جسم کے ذریعہ سے دریافت نہونا ہرگز اسکی دلیل نہین کہ وہ کچھ چیز نہین ہی چنانچہ تحقیق سابق سے معلوم ہوچکا۔

**روایت** ہی کہ جب جن نے بمقتضاے طبع شرارت کے فساد کیا تو اللہ تعالے نے بذریعہ ملائکہ کے انکو پہاڑون و جزائر مین منتشر کردیا مترجم کہتا ہی کہ اس روایت اسرائیلی مین شاید تحقیق یہ کہ اصل مین ملائکہ نے انکو برزخ سے مجور کیا اور غالبا انکے مراکز ان جبال و جزائر مین رکھے اور یہ مراد نہین کہ اس مین مسطورہ سے خارج کردیا کیونکہ صحاح احادیث مین مکہ و مدینہ و تصیبین وغیرہ کے جنون کا ذکر ہی اور وارد ہوا کہ یہ پاخانہ کے مقامات خبائث کے حاضر ہونے کے مقامات ہین اور وارد ہوا کہ ابلیس اپنا تخت پانی پر رکھتا ہی اور اپنے لشکرون کو روانہ کرتا ہی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دجال کی نسبت فرمایا تھا کہ وہ قوم یہود سے ہوگا اور اسکے والدین کا حلیہ اور سابق و لاحق آثار بتلائے اور بہت مفصل اطوار سے آگاہ فرمایا تھا۔ ناگاہ بعد عرصہ کے یہود مدینہ مین ایک لڑکا ہوا جسکے عجائب حالات تھے اور اسکے والدین کا حلیہ و اسکے حالات مطابق فرمان رسالت تھے تو صحابہ رضی اللہ عنہم کو مشاہدہ اعجاز کے بعد اس طفل کی نسبت جو ابن الصائد کہلاتا تھا غالب یہی گمان ہی اور عجیب نکتہ یہ ہی کہ آپ نے ایک حدیث مین مکاشفات نبوت جو وحی ہوتے ہین فرمایا ہی کہ مین نے خانہ کعبہ کے گرد موسیٰ عیسیٰ وغیرہم کو طواف کرتے دیکھا اور دجال کو بھی طواف کرتے دیکھا۔ پھر دیکھو کہ یہی ابن الصائد جب نالغ ہوا تو اسنے حج بھی کیا اور راوین حضرت ابوسعید رضہ سے بہت شکایت کرتا کہ مین لوگون کی بدگمانی سے عاجز ہوکر چاہتا ہون کہ گلا گھونٹ مرون اور تمام حدیث صحیح مسلم وغیرہ مین ہی اور انشاء اللہ تعالے تفسیر مین یہ تمام حدیث اپنے مواقع پر وارد ہونگی یہان اسی قدر اشارہ پر اکتفا کیا جاوے سابجملہ مقدورات الٰہی عزوجل ہر دجال و کفار وغیرہ کی نسبت اسی طرح علم ازل مین ہین جیسے ممنون حق مین ہین اور تمام عالم عجائب ملک و ملکوت سے مالا مال ہی لیکن فرقہ گیاس پر افسوس ہی کہ وہ شیطانی فرقہ مین بھی قیدماری اوہام مین مقید ہین کہ عجائبات سحر و طلسم وغیرہ سے بھی محروم ہین اگرچہ کفر کی طرح یہ امور کفریہ بھی مذموم ہین **روایت**۔ ہی کہ بعد خلقت آدم علیہ السلام کے دس پشت تک توحید الٰہی عزوجل جاری رہی پھر لوگون نے دنیاوی تزینات کی جانب توجہ کی تو اپنے حق مین خود نفرت کرکے اپنے نیک بزرگون کو یاد کرتے آخر انکے نام دروازہ مسجد پر لکھے تاکہ جب دیکھین تو شرم کرین لیکن وہ سٹ جانے کے قریب تھے تو پچھلی پشتون نے تصاویر بنائین تاکہ یادگار رہون شاید اسوقت تصویر بنانا حرام نہوگا باوجود اسکے اس بدعت کا انجام آخری اقوام مین یہ ہوا کہ انھون نے غرض اصلی چھوڑکر ان تصاویر کو نیک و بد کا فاعل بناکر تعظیم و تکریم سے آخر پرستش تک نوبت پہونچائی اور مواقع تفسیر مین آویگا کہ ہرقل شاہ روم کے پاس ایک صندوق تصاویر انبیا علیہم السلام تھا جسکی نسبت اسنے دعوی کیا کہ یہ حضرت آدم کے وقت سے متوارث ہی اگرچہ محتمل ہی کہ سابق زمانہ یہود سے ہو لیکن بالضرور انمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تصویر مبارک بالکل ہو بہو مطابق تھی اور نیز اکثر علماے نصاری کے پاس موجود تھی اور یہ آثار بھی مؤید ہین۔ اور غرض اس تصویر سے امور دیگر تھے برخلاف اس زمانہ کے جہال کے جو محض خوبصورتی تصاویر دیکھتے ہین اسواسطے کہ ایک نبی جو قدرت حق عزوجل سے موجود ہی ایسی بے مثل ہی کہ دفتر معرفت اسکی تہ مین چھپا ہوا ہی اور وہ حقیقت ہی مگر افسوس کفار سے غافل ہوکر اپنے ہاتھ سے بے معنے تصویر پر فریفتہ ہوتے ہین جیسے طفل نادان اصلیات پھل پھول چھوڑکر اور انکی حکمت سے منہ موڑکر کاغذ کے نقلی پھول و مٹی کے کھانون سے کھیلتا ہی اور جسنے یہ غفلت حرام اختیار کی اور لوگون کے واسطے اس غفلت کا دروازہ کھول دیا وہ فساد حقیقی مین پورا ہی۔ **روایت**۔ ہی کہ جب عوام ان تصاویر سے گمان نفع و ضرر جما کر شرک مین مبتلا ہوے تو اللہ تعالے نے نوح علیہ السلام کو دعوت توحید کے لیے بھیجا چنانچہ قرآن مجید مین آویگا پھر حضرت ہود و صالح و ابراہیم و لوط و یونس و اسمعیل و اسحق و یعقوب و یوسف و موسی و ہارون و یوشع و حزقیل و داؤد و سلیمان و زکریا و عیسی و یحیی علیہم السلام بکثرت

انبیاء عرب و شام و مصر و مضافات مین مبعوث ہوے جنکی تعداد صریح کسی نص صحیح مین منقول نہین ہی وقد قال تعالی وان من قریۃ الا خلا فیہا نذیر۔ یعنے کوئی قریہ نہین مگر آنکہ اسمین شرک و کفر سے خوف دلانے والا گذرا ہی۔ اور واضح ہو کہ بنو اسرائیل مین اللہ تعالے نے یعقوب علیہ السلام کی بارہ اولاد مین سے ہر فرزند کی نسل مین ایسی کثرت عطا کی کہ بارہ اسباط مانند قبائل اولاد اسمعیل علیہ السلام کے تمام ملک شام و مصر وغیرہ مین پھیل گئے اور ہر سبط کے اندر اللہ تعالے نے ایک ہی وقت جدا جدا پیغمبر بعد موسی علیہ السلام کے مبعوث فرمایا بلکہ ہر سبط مین متعدد پیغمبر قریہ در قریہ مبعوث کیے اور یہ سب انکی نصیحت و امور مشاجرت مین حکم دیتے لیکن سب اسی کتاب توریت کے پابند تھے جو اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام پر نازل فرمائی تھی اور برابر اسکے حفاظت کرتے کما قال تعالی یحکم بہا النبیون الایۃ۔ یہانتک بنی اسرائیل کے قلوب یہان تک سخت ہوے کہ دنیاوی فسق و فجور مین مبتلا ہو کر احکام شرع متین سے منہ موڑا اور انبیا علیہم السلام کی فرمانبرداری چھوڑی بلکہ ایک فریق نے جو علم دین کا راغب ہوتا تھا واقعات کی صورتین بنا کر احکام پوچھے مثلاً اگر ایسا واقع ہو تو کیا حکم ہی اور اگر مثلاً تاڑی مین نمک ملایا جاے تو کیا حکم ہی اور مانند اسکے بکثرت سوالات کیے پھر احکام نبوت سے اختلاف کیا بلکہ جو واقعہ درحقیقت واقع ہوتا اسمین بھی یہانتک کرید کرتے کہ وہ حکم سخت ہو جاتا تھا چنانچہ سورۂ بقرہ مین انکی قلت معرفت سے بخوبی تنبیہ حاصل ہوگی اسیواسطے حدیث شریف مین وارد ہوا کہ لوگون کے حق مین وہ شخص بہت مضر ہی کہ ایک چیز اصلی اباحت پر حق عزوجل کی رحمت سے مباح تھی پھر اسکے سوال و پوچھ گچھ کرنے سے حرام کردی گئی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ وغیرہ صغیر صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ عنہم کامل المعرفۃ اکابر تھے کہ انھون نے صرف بارہ سوال پوچھے وہ کل قرآن مجید مین نازل فرمائے گئے۔ اور حدیث مبارک مین وارد ہی کہ لوگون کی ہلاکت و بربادی اسی چیز سے ہوگئی کہ انھون نے اپنے انبیا علیہم السلام سے بکثرت سوالات کیے پھر انسے اختلاف کیا۔ بالجملہ حق عزوجل نے روے زمین کے تمام اقوام مین شرک و کفر سے منع کرنے والا اور اسکا عذاب سنانے والا بھیجدیا ہی جنکی تعداد صرف علم الٰہی عزوجل مین منحصر ہی اور ممکن ہی کہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو معلوم ہو لیکن ہم لوگون تک کوئی صحیح روایت قطعی نہین پہونچی اور نہ ہم کو اسکی کوئی ضرورت ہی بلکہ اعتقاد تو یہ ہی کہ اللہ تعالے نے جو کوئی پیغمبر مبعوث فرمایا اور جو کچھ انپر نازل کیا سب حق ہی اور ہم سب پر ایمان لائے خواہ قرآن مجید مین انکا ذکر ہو یا نہو کیونکہ آیت مین صریح ہی کہ انبیا علیہم السلام مین سے بعض کو ذکر فرمایا اور بعض کو نہین۔ پھر جاننا چاہیے کہ جنکو اللہ تعالے نے ذکر فرمایا ہی انکا وجود بذریعہ دلائل کے اسی ترتیب سے معلوم ہوتا ہی جسطرح مترجم نے اوپر ذکر کیے لیکن حضرت عیسی علیہ السلام و یحیی علیہ السلام ایک ہی مصر مین تھے اور حضرت عیسی مانند موسی کے اور یحیی مانند ہارون علیہم السلام کے تھے اور اسی وقت سے توریت کے بعض احکام منسوخ ہوے لیکن یہود نے حمیت و تعصب سے توریت کا نسخ نہایت ناگوار کیا۔ جانا غیر از نیکہ موجودہ کتب انجیل و توریت کے رجمون مین ہی کہ توریت مین پیغمبر آخر الزمان خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات موجود تھین تو حضرت عیسی علیہ السلام سے جب وہ قید خانہ مین تھے پوچھا کہ تم وہی ہو تو انکار کیا اور بعض مین ہی کہ میرے بعد سرخ اونٹ کا سوار پیغمبر آویگا کہ وہ اپنی زبان شریعت سے ٹھیک کرنا قانون کو آگ مین ڈالیگا اور بعض مین ہی کہ مین اسکی جوتی کا تسمہ باندھنے کے لائق نہین ہون۔ مترجم نے تفسیر ثقات علما و اولیا اللہ صالحین کے صحیح روایات سے متعدد مقامات پر صحیح روایات بشارات کا ایک خیرہ ذکر کیا ہی۔ ہر چند کہ قاطع برہان و معجزات قاہرہ قرآن کے بعد کسی چیز کی ضرورت نہین ہی لیکن ابتدا مین اکثر اس نور سے منور نہین ہوتے تو انکی استقامت قلوب کے لیے یہ امور از قبیل حکمت ہین کیا نہین دیکھتے ہو کہ اللہ تعالے نے قصص انبیا علیہم السلام نازل فرمانے مین حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تثبیت القلب فرمایا ہی۔ اور یہ خوب یاد رکھو کہ حق تعالے نے حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین بعض امور خاص امتیاز فرمائے ہین جیسے آپکو خاتم المرسلین علیہ السلام فرمایا اسیطرح آپکو خود ہی تعلیم فرمایا اور آپ کی وحی مین کتاب وغیرہ کا نازل مرتبہ نہین رکھا بلکہ نزول تصدیق وحی بھی اور یہ سابق توریت و انجیل کی بشارات عظیمہ مین مذکور ہی بلکہ باندر روایات مذکورہ بالا کے تصریح ہی کہ اس عظیم الشان پیغمبر علیہ الصلوۃ والسلام کی

زبان شریعت ہوگی اور تصدیق اسکی حدیث الحج مین ہو یعنے جب آپ نے آیت حج تلاوت فرمائی تو ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ کیا یہ ہر سال
ہی آپ نے جواب نہ دیا پھر اسنے تین مرتبہ سوال کیا تو آخر مین فرمایا کہ نہین اور فرمایا کہ اگر مین کہہ دیتا کہ ہان تو تم پر ہر سال فرض ہوجاتا اور اوا نکر سکتے اسیطرح
دوسری حدیث مبارک مین صحابہ رضی اللہ عنہم کو ارشاد کیا کہ جب تک مین تمکو چھوڑون تم مجھے چھوڑدو۔ یعنے پوچھو مت پھر جب تمکو حکم دون تو جہانتک
ممکن ہو بجالاؤ یعنے قصور و اختلاف مت کیجیو اور جب تمکو کسی امر سے منع کرون تو باز رہو۔ اسی سے علماء رحمہم اللہ تعالے نے کہا کہ ممانعات سے باز رہنا
اصل ضروری ہے۔ بالجملہ کمال وصول قرب سے زبان مبارک عین شریعت تھی اور واضح ہو کہ اسکے یہ معنے ہرگز مت سمجھو کہ آپ جو اپنی خواہش سے چاہتے
وہ حکم دیتے تھے۔ حاشا ثم حاشا۔ یہ سمجھنا جہل معرفت ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ آپکی ذات مبارک مین ارادت بشری کا وجود باقی نہ تھا تو آپ کی جبلت پاک عین ارادت
حق عزوجل تھی اسیواسطے حق تعالے نے فرمایا۔ وما ینطق عن الھوی۔ وہ اپنی ارادت سے کوئی بات نہین بولتا۔ ان ھو الا وحی یوحی۔ اسکی
بات سواے وحی کے کچھ نہین ہے۔ پس آپ جو کچھ شریعت ارشاد فرماتے تھے وہ عین وحی الٰہی عزوجل ہوتی تھی اور یہان اہل المعرفۃ سمجھتے ہین کہ یہ مقام نہایت
ہی بلند ہے کہ قطب و غوث وغیرہ اکابر اولیاء اس مقام کے سمجھنے مین کمال تدقیق رکھتے ہین کیونکہ یہ مرتبہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کی معرفت مین آتا تھا اور دوسرے کو
یہان مجال کوتاہی ہے پھر بھلا ہم لوگ عوام اس مقام عالی متعال کو کیا سمجھ سکتے ہین۔ پھر واضح ہو کہ اللہ عزوجل نے اہل انعام کے چار مراتب کیے جنکی راہ پر ثابت
رہنے کے لیے ہم لوگون کو پانچون وقت نماز مین دل سے دعا مانگنے کا حکم ہے بقولہ تعالیٰ اھدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت
علیھم۔ یعنے ہمکو انکی راہ ہدایت فرما جن پر تونے انعام فرمایا ہے۔ اہل انعام چار مراتب ہین بقولہ تعالیٰ اولئک الذین انعم اللہ علیھم من
النبیین والصدیقین والشھداء والصالحین۔ اول انبیاء دوم صدیقین سوم شہداء و چہارم صالحین ہین اور انھین صالحین مین مراتب غوث قطب
و ابدال و اوتاد وغیرہ معروف ہین تو صاحب عقل خود سمجھ سکتا ہے کہ انتہاے مرتبہ صالحین سے اور پر ابتداے مرتبہ شہداء شروع ہوتا ہے اور انتہاے مرتبہ شہداء کا
ابتداے مرتبہ صدیقین ہے پس صدیق کے واسطے شہادت کچھ کمال نہین اسیواسطے تم دیکھتے ہو کہ حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ شہید نہوے اور
باقی عشرہ مبشرہ وغیرہم سب شہید ہوے اور انتہاے مرتبہ صدیقین کے اوپر ابتداے مرتبہ نبوت ہے اور واضح ہو کہ ہر نبوت جس وجہ پر ہے اسی وجہ سے مناسب شان کے
ماتحت مراتب صدیقین و شہداء و صالحین ہونگے حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم افضل المرسلین ہین تو آپ کے امتی صدیق و شہید وغیرہ جمیع انبیاء علیہم السلام
کے صدیقین وغیرہ سے افضل ہین اور واضح ہو کہ ایمان بندہ کا فعل قلب ہے جیسے کفر کافر کا فعل قلبی ہے اور جبر نہین ہے اور خود اختیاری بھی نہین کیونکہ
بالاجماع کوئی اپنے افعال سے بیخبر نہین ہوسکتا لقولہ تعالیٰ اللہ یعلم حیث یجعل رسالتہ۔ یعنے اللہ تعالے اپنے ہی علم پاک سے جانتا ہے
جہان میں رسالت رکھتا ہے اور اسی طرح اہل ایمان کے حق مین فرمایا۔ ما کان لنفس ان تومن الا باذن اللہ۔ یعنے کسی نفس کو یقین پیدا کرنے کی لیاقت
نہین مگر باذن اللہ تعالے۔ پس خوب سمجھ لو کہ معرفت کی مقادیر جو عین نعمت عظمی ہین اللہ تعالے نے وہی اپنی تقدیر سے قلوب کے واسطے مقدر فرمائی
اور وہ افعال طاعت و عصیت کی بنا پر نہین ہے۔ تم نہین دیکھتے کہ نبوت توازل سے ثابت ہے چنانچہ حدیث صحیح مشہور مین ہے کہ میرے واسطے نبوت خاتم النبیین
اوسوقت ہو چکی تھی کہ آدم ہنوز آب و گل مین تھے یعنے جسم آدم کا وجود بھی نہوا تھا اسی طرح مراتب باقیہ مین بھی افعال پر مرتبہ مبنی نہین ہے بلکہ مرتبہ کے موافق
افعال سرزد ہوتے ہین تو اصل یہ ہے کہ اللہ تعالے ہر بندہ کی مقدار انعام و معرفت کو اسکے دل پر نازل فرماتا ہے پھر بندہ کا دل شکر کے ساتھ اس نعمت کو
قبول کرتا ہے اسیواسطے حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کو خطاب صدیق عطا ہوا اور ہنوز افعال کے واسطے زمانہ دراز باقی تھا اور اسی حجت سے جن لوگون نے
اپنی فہم ناقص کے موافق صحابہ رضی اللہ عنہم مین افعال کی راہ سے اپنی شناخت لگانی شروع کی وہ خلط و ضبط مین پڑ گئے اور انکی سمجھ مین نہ آیا کہ کون افضل ہے
اور یہ بربناے قلت معرفت ہے اگرچہ وہ شخص بڑا منطقی محقق مشہور ہو۔ اور اہل المعرفۃ سمجھتے ہین کہ افعال کا نور و قبول بقدر معرفت ہوتا ہے اور انکی

دو رکعت میں تیرہ صد ہزار۔ بلکہ کبھی بیلاکھ انکی دو رکعت سے برابر نہیں ہوسکتی ہیں کیا نہیں دیکھتے ہو کہ صحیح مشہور حدیث میں تنبیہ فرمائی کہ کبھی میرے اصحاب کے بارہ میں زبان درازی مت کیجیو کہ اگر تم اس جوف آسمان و زمین بھر کے سونا خیرات کرو تو انکے آدھ سیر اور جو کے برابر نہیں ہو سکیگا۔ سبحان اللہ جب یہ کیفیت مالی صدقات میں ہو تو معرفتی طاعات میں بھلا کس کی مجال ہو کہ انکی دو رکعت کے برابر اپنی لاکھوں برس کی عمر کی شب و روز عبادت کو لاوے ارے نا سمجھ اسکا یہی بھید ہے کہ وہ حصہ انعام و مقدار اکرام جو خالق جل جلالہ نے انکو عطا کی تھی اسکا کرور واں حصہ تو کہاں سے لاویگا پھر تیری جڑ سے جو پھل نمودار ہوا وہ کہاں اور انکے پانوں کی گرد کہاں۔ مگر جب معرفت نہ ہو تو جو اس بیچارہ کیا کرے۔ اب جاننا چاہیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ابتدائے ظہور نبوت جسکی شان عالی انتہائے مرتبہ صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے پوچھی جاوے ابتدائے بظہور معارف ملکوت تھی حتی کہ آپکا خواب مثل سپیدۂ صبح نمودار ہوتا تھا۔ فایدہ واللہ اعلم وہ مقادیر جو ملکوتیات سے تکلم قضا جاری ہونے والے تھے آپکو معائنہ ہو جاتے تھے حتی کہ آپ نے بیداری میں انوار دیکھنے شروع کیے مترجم کہتا ہے کہ اسکی شرح میں زبان اہل معرفت اسوجہ سے لرزتی ہے کہ جہاں صدیق اکبر رضی اللہ عنہ سے پوچھنے کی ضرورت ہے تو دلی کو دم مارنے کی مجال کہاں ہے پھر مترجم بیچارہ کو نقل کرنے میں بھی خوف ہے لیکن اللہ تعالے سے عفو و مغفرت کی درخواست کے بعد بضرورت نفع اہل ایمان کا نعمت عظمی کی قدر کرین بعض کلمات لکھ جاتا ہے اور حق سبحانہ تعالے عفو فرماوے اور مترجم اہل ایمان سے درخواست کرتا ہے کہ ان مقامات کی فہم بلکہ کرورویں حصہ کی نظیر کی فہم کے لیے اپنے نور روح سے مدد لیں اور اس سے پہلے حق عزوجل کی بارگاہ عزت میں درخواست کریں تاکہ جو ظہور لائق شان حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم تھا اسکو بسرگزا اپنے نفوس پر ہرگز اولیا بلکہ صدیقین کے نفوس پر قیاس نکریں بلکہ وہ ظہور مختص بشان مقدس خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم تھا پھر بعد چھ ماہ کے نزول وحی خفی ہوا۔ وحی کا درجہ و شان بھلا کون بیان کرسکتا ہے لیکن وحی کرامت توصفات فعلیہ بارگاہ عظمت جل سلطانہ سے ہے۔ یہاں نور فراست کی ایک روایت ذکر کرتا ہوں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت و خلافت میں لوگ حاضر تھے کہ اتنے میں ایک شخص آیا بعد اسکے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے خشمناک ہو کر عام طور پر خطاب کیا کہ لوگو کیا حال ہے کہ تم میں سے بعض آدمی یہاں اسطرح آتا ہے کہ اسکی آنکھوں نے زنا کیا ہے پھر اگر بازنہ آوین تو آیندہ میں ضرور مارونگا۔ حال یہ تھا کہ ایک شخص نے راستہ میں ایک اجنبیہ عورت کو بکر نظر شہوت سے دیکھا تھا جب لوگ رخصت ہو گئے تو اسنے بعد توبہ کے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کیا کہ اے خلیفہ رسول اللہ اے امیر المومنین کیا اب بھی وحی آتی ہے آپنے فرمایا کہ وحی اب غیر ممکن ہے لیکن اللہ تعالے اپنے بندوں میں سے جسکو چاہتا ہے فراست عطا فرماتا ہے مترجم کہتا ہے کہ بعد وحی اول کے دو برس چھ ماہ تک وحی ملتوی رہی پھر قولہ تعالے یا ایہا المدثر قم فانذر کا نزول ہوکر متواتر وحی آنے لگی اور حضرت ام المومنین خدیجہ کبری و حضرت ابوبکر و علی و بلال و غیرہم رضی اللہ عنہم ایمان لاتے گئے اور حق تعالے نے جو انعام خاص کے مقادیر ہر ایک کے لیے رکھے تھے وہ ہر ایک کو عطا ہوتے گئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں نے جس کسی پر ایمان پیش کیا تو اسکو کچھ سوچ ہوا سوائے ابوبکر کے کہ بغیر تفکر کے فوراً ایمان لائے (الصحیح) گویا اسوجہ سے کہ پیغمبری کے درجہ سے صدیقیت ملاصق ہے تو معرفت میں کچھ بھی تفکر نہ تھا۔ روایت ہے کہ اہل عراق نے جب بعض ملاحدہ کے بہکانے سے دین میں بدعت اختیار کی اور گمان باندھا کہ اہل بیت اطہار رضی اللہ عنہم کا بھی یہی حال ہے حالانکہ حضرت سیدنا حسین رضی اللہ عنہ کا ساتھ کچھ بھی نہ دیا پھر انمیں سے ایک شخص بخدمت حضرت امام زین العابدین رضی اللہ عنہ حاضر ہو کر اپنے زعم باطل کے موافق کہنے لگا کہ آپ ابوبکر کے بارہ میں کیا کہتے ہیں آپ نے فرمایا کہ تو ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کی نسبت پوچھتا ہے وہ کہنے لگا کہ ہاں آپ انکو صدیق کہتے ہیں پس آپ اٹھ بیٹھے اور قبلہ رخ ہو کر فرمانے لگے کہ ہاں بہت ہی خوب صدیق ہیں ہاں بہت ہی خوب صدیق ہیں اللہ تعالے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو صدیق کہا اب جو کوئی انکو صدیق نہ کہے اللہ تعالے اسکو ایمان میں سچا نکرے اس کلمہ کو تین مرتبہ مکرر فرمایا۔ مترجم کہتا ہے کہ دیکھو یہ شخص جسنے حضرت امام زین العابدین سے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کو سنا تھا وہ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کا دشمن نہ تھا بلکہ مفسد نے اسکی جہالت میں جما دیا تھا کہ انھوں نے اہل بیت رضی اللہ عنہم کو بعض حقوق نہیں دیے ہیں

بھلا اسپر تو حضرت امام رح نے اسقدر غضب و غصہ ظاہر فرمایا پھر ان کو افضل سے آپ کسقدر بیزار ہونگے جو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ سے عداوت باندھتے ہین اور مین نے تو یہ ایک نمونہ لکھدیا حالانکہ جمیع اہل بیت سے اسی کے مانند روایات متواترہ ہین اور سخت تعجب یہان دو طرح ہے اول یہ کہ حضرت حق سبحانہ تعالے کی شان پاک علیم خبیر سے اسقدر جاہل ہین کہ اسنے صدیق اکبر خطاب عطا فرمایا اور تمام عرب و عجم لاکھون کروڑون کو حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کا صدیق حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو بتلایا اور اللہ تعالے ہی اس دین کا غالب کرنے والا تھا مگر اس جاہل کے نزدیک برابر تقیہ رہا اور غلبہ بھی تقیہ کے طور پر ہوا اور تمام اعجاز کا انکار امت سب تقیہ ہی پر ہوا یہانتک کہ تمام ملکون مین اسلام پھیل گیا اور قدرت مین وہی تقیہ و خوف رہا نعوذ باللہ من ذلک اور کیونکر تمام امت کے واسطے یہ ضلالت موافق زعم باطل خوارج و روافض کے روا ہو سکتی تھی۔ دوم یہ کہ متواتر کرورون عرب و عجم بزمانہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے آخر خلافت حفصہ تک برابر ان حضرات کی صدیقیت و عظمت صحابیت پر متفق تھے اور جمیع صحابہ رضی اللہ عنہم انھین کی بیعت مین جہاد کرکے فریضۂ الٰہی ادا کرتے رہے پھر کیونکر ان خوارج و روافض نے اپنے زعم فاسد پر متواتر قطعی سے منہ موڑا اور کسطرح رسالت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر بہتان باندھا کہ حضرت موسی و عیسی و غیرہ علیہم السلام انبیاے اولوالعزم کے اصحاب تو جم غفیر کئی قرون تک برابر کمال ہدایت پر رہے حالانکہ ان گمراہون نے باغوا شیطان مان لیا کہ حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین کے اصحاب سب منافق و گمراہ تھے نعوذ باللہ من ذلک اسواسطے کہ یہ لوگ صرف گنتی کے چند آدمیون کو جنکی تعداد پچاس تک بھی نہین پہونچتی ہدایت پر رکھا اور باقی سب کو گمراہ سمجھا اور یہ سوائے جہالت کفریہ کے کچھ اور ہے کہ متواتر اجماع نصوص قرآن و احادیث سب قطعیات بدیہیات کو چھوڑ کر اپنے ظنون و اوہام کو جو وساوس شیطانیہ ہین اعتقاد بنا لیا۔ مترجم نے درمیان اس بحث کے جو اسواسطے بیان کیا کہ اہل عقل کو لازم ہے کہ جسوقت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوے اسوقت کا نقشہ و کیفیت و عرب کے حالات پیش نظر رکھین تاکہ اس سے فضائل و درجات صحابہ رضی اللہ عنہم و انکے لیئے مثل مراتب عالیات مثل آفتاب کے ظاہر ہون اور قطعا یقین ہو کہ انکے فضائل و درجات کا ایک شمہ بھی حاصل ہونا بعد انکے طبقہ کے محالات سے ہے۔ واضح ہو کہ ملک عرب تمام ایسے اقوام و قبائل سے آباد تھا کہ جنمین اولاد سام بن نوح اصلی عرب تھے فورا اولاد اسمعیل علیہ السلام بھی اصل عرب مین شمار ہو گئے اور یہ سب مختلف بتون کی پرستش کرتے اور بالکل علم سماوی سے جاہل مگر شجاع و دلیر و صدق و عہد و امانت کی حقیت مین معروف و مشہور تھے جو زبان سے کہتے وہی کرتے تھے اور خانۂ کعبہ کی تعظیم کرتے اور تمام قبائل قریش اس خانۂ پاک کے متعلی و مجاور اور اسی جہت سے عرب مین ممتاز تھے اور یہ سب اولاد اسمعیل علیہ السلام ہین اور اللہ تعالے نے اس زمانہ مین قدرت کاملہ سے یہ ظہور رکھا تھا کہ خانۂ کعبہ مین جسنے کچھ بھی بے ادبی کی وہ فورا مبتلاے مصیبت ہوتا تھا چنانچہ پارۂ الم ترکیف کی تفسیر مین فی الجملہ بیان آویگا اور عرب چونکہ ملک بنجستان و خارزار ہے صرف مار السماء یعنے بارش کے پانی پر انکی بسر اوقات تھی وہ بھی جابجا خفیف برستا تھا لہذا مختلف قبائل عرب جو ایک دادا کی اولاد ہوتے تھے اپنے مویشی و مالون کے خیمہ لیے ہوے جس میدان یا وادی یا پہاڑ مین چرائی پاتے وہین چند روز بسر کرتے پھر وہان سے دوسری جگہ جاتے اور موٹا اناج قلیل میسر آتا وہ بھی سیری کے لیے کافی نہ تھا حتی کہ اولاد کو بخوف آنکہ یہ بھی ہمارے منہ کا نوالہ بانٹنے والا پیدا ہوا ہے رحمی سے قتل کر ڈالتے اور جب کسی گروہ کو کمزور دیکھتے تو چھاپہ مار کر لوٹ لیتے اور دوسرا گروہ جو انسے زبردست ہوتا وہ انکو لوٹ لیجاتا اگرچہ یہ لوگ چچا کی اولاد یا قرابتی کیون نہون ہوا اسواسطے کہ جب اپنی ہی اولاد سے دل سخت کر لیا تو دوسرون کا کیا خیال ہوگا اور پانی وہی جو غارون و گڈھون مین بھر جاتا وہی انکے لیے خوشگوار تھا اور وہ بھی کو سو سے بمشکل میسر ہوتا تھا۔ لڑکیون کو ہندوستانی چھتریون کی طرح حمیت مین مار ڈالتے اور بچا نہ پیشاب کے لیے پتھرون پر کفایت تھی پارہا کسی قوم قبیلہ کے اونٹ بد کالے پر باہم قبائل مین رن پڑ جاتا کہ پشتہا پشت طرفین سے ہزارون لاکھون قتل ہوتے اور طرفین سے فصاحت و بلاغت شاعری کے قصائد بہادری کے ظلم ہوتے اور زبان مثل تلوار کے کام دیتی اور یہ فن انہین انکی فصیح زبان خلقی سے خداداد تھا کیونکہ دنیا مین کوئی زبان نہین کہ پ ج ژ گاف ٹ

ڈ۔ ڑ۔ ث۔ ذ۔ ظ۔ ع۔ غ۔ ف۔ ق۔ ک۔ گ۔ ل۔ م۔ ن۔ و۔ ہ۔ ی وغیرہ حروف مکروہ و مخارج ثقیل سے خالی ہو سوائے زبان عرب کے۔ اور ہر قبیلہ اپنے بتوں کے آگے سر جھکاتے تھا اور جنون و بھوتوں کی منت مانتے بلکہ جہان کہین کوئی خوبصورت پتھر پاتے اسکو پرستش کے لیے معبود بناتے۔ بے علم وحشی جاہل نہ انمین کوئی شاہ ہوا نہ رعیت کا قانون۔ نہ طرز تمدن اور نہ ترکیب معیشت۔ قوی انمین بیرحمی سے ضعیف گروہ کو برباد کرتا اور جان و مال ہر حال مین غیر محفوظ و مصئون تھا سوائے چہار ذوالقعدہ ذی الحجہ و محرم کے کہ چار ماہ حرام مین صدق عہد کے ساتھ بیوت جہان چاہو جاؤ۔ علم و کتاب و شریعت کا انھون نے گویا نام بھی نہین سنا تھا۔ ملک یمن مین البتہ کچھ واقفیت تھی اور انمین بسبب تعلقات ایرانی شاہان مجوس کی فی الجملہ معرفت علمی آگئی تھی اور دین حمیر غسان مین بادشاہ بھی ہوئے اور اس سرزمین پر بھی کسری فارس کی طرف سے باذان صوبہ یمن کا حاکم تھا چنانچہ آخر خود و اولاد صحابی ہوگیا حدیث سے ثابت ہے کہ اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نور مبارک حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر ولادت شریفہ تک ہمیشہ نوع انسانی مین سے اشرف فرقہ مین رکھا حتی کہ قریش مین سے عبد المطلب کو اشرف کیا اور انکے دس بیٹون مین سے عبد اللہ کو جو آپ کے والد ماجد تھے خوبصورت و اشرف ممتاز کیا۔ روایت ہے کہ جب ابرہہ بادشاہ مع ہاتھیون کے خانہ کعبہ کو گرانے کے لیے چڑھ آیا اور قریش خوف زدہ ہو کر بھاگنے پر آمادہ ہوے تو عبد المطلب انکو لیکر مع جماعت و اولاد کے کوہ ثبیر پر چڑھ گئے ناگاہ نور نکلکر خانہ کعبہ تک منتہی ہوا ظاہر ہوا اور حضرت عبد اللہ کی پیشانی سے تھا تو آپ نے تسکین دی اور خود دلیری کے ساتھ مع اولاد کے ابرہہ کے پاس گئے وہ انکی ہیبت سے فوراً تخت سے نیچے اترا اور تعظیم دیکر پاس بٹھلایا اور ادب سے کہنے لگا کہ آپ کیا فرماتے ہین آپ نے کہا کہ تیرے آدمی ناحق میرے اونٹ پکڑ لائے ہین اسنے فوراً حکم دیا کہ سب حاضر لاؤ اور آپ رخصت ہونے لگے تو اسنے کہا کہ مجکو آپ سے ایسی ہیبت معلوم ہوئی کہ اگر آپ فرمائے کہ خانہ کعبہ ڈھاون تو بیمن منظور کرتا آپ نے فرمایا کہ نہین اسکی کچھ ضرورت نہین بلکہ اس خانہ کا ایک رب ہے کہ وہ خود اسکی حفاظت فرماتا ہے۔ چنانچہ یہی ہوا کہ جب ابرہہ مع لشکر کے اس ارادہ پر چلا تو اللہ تعالے نے طیر ابابیل کو بھیجا جسنے کنکریون سے تباہ کر دیا۔ صحاح مین ایک صحابی سے روایت ہے جن سے پوچھا گیا تھا کہ آپ بڑے ہین یا حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ تو اس عبارت کو ناگوار سمجھکر فرمایا کہ بزرگی و بڑائی تو خالص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے منحصر ہے اور میرا سن البتہ آپ سے اسقدر زیادہ ہے کہ مین نے طیر ابابیل کے بیٹے کو اخضر محیل دیکھا ہے" مترجم کہتا ہے کہ ظاہراً چار پانچ برس عمر زیادہ ہوگی کیونکہ عام الفیل ہی کے آخر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت شریف سے تمام عالم پر رحمت عظیم کا ظہور ہوا ہے (تنبیہ) عرب نے اس سال واقعہ عجیب کا نام **عام الفیل** رکھا ہے۔ اس زمانہ مین بعضے کور باطن احمق اس واقعہ سے انکار کرتے ہین اور یہ بدیہی عجیب ہے کہ اس احمق کو اتنی سمجھ نہین ہے کہ کرورون عرب اس واقعہ کے شاہد بچشم دید ہین اور اللہ تعالے نے قرآن مین قولہ تعالی الم تر کیف فعل ربك باصحاب الفیل نازل فرمایا کہ ہمنے اصحاب الفیل کو اسطرح طیر ابابیل سے پسپا کیا جیسے جانور کی جگالی کا چبایا ہوا بھس ہوتا ہے۔ اور یہ برابر اب تک کرورون عرب سے متواتر ہو کر سنکھون سے بڑھتا چلا آیا۔ اگر کہو بالفرض یہ امر ہوتا تو عرب و دیگر اقوام یہود و نصاری و مجوس جو عرب مین آباد تھے سب قرآن پاک مین لاریب فیہ پر اعتراض کرتے لیکن وہ لوگ باوجود کفر و شرک کے ایسے ناپاک شرمناک کلام سے اپنے آپ کو رسوا کرنا نچاہتے تھے کہ صریح آفتاب سے انکار کرکے بدنام جھوٹے کہلاوین اور لوگ اوپر ہنسین کیونکہ متواترات محسوسات تو قطعی ہین گویا آج وقوع ہوا۔ صحیح الاسناد روایات مین ہے کہ آپ کی والدہ ماجدہ نے ایام حمل کی کچھ گرانی نہ پائی۔ اور خواب دیکھا کہ مجھسے ایک نور ظاہر ہوا کہ جس سے ملک شام کے مکانات روشن ہو گئے۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ اشارات ہے کہ بعد نبوت کے خلافت نبوت کے بعد جو سلطنت ثبوت ہوتی ہے اسکا مستقر ملک شام ہے چنانچہ توریت وغیرہ اگلی کتابون کی بشارات مین ہے کہ منزل ولادت حضرت خاتم النبیین مقام تہامہ فاران اور وطن ہجرت مقام طیبہ اور انکا ملک مقام شام ہوگا۔ عام الفیل ماہ ربیع الاول بروز دوشنبہ وقت طلوع صبح صادق کے اس نور کمال رحمۃ للعالمین نے ظہور فرمایا اور اہتمام قدرت رب العزۃ ارحم الراحمین جل جلالہ سے اس رات مبارکہ مین ایران کی آگ جو ہزار سال سے کبھی نہین بجھی تھی فوراً سرد ہو گئی اور تمام بت سرنگون ہو گئے تھے اور ستارے ایسا

معلوم ہوتا تھا کہ حرم مکہ سے لگے کہتے ہیں گویا زمین پر اتر آئے گئے۔ سبحان اللہ تعالیٰ۔ گویا اجازت مانگتے تھے کہ قدمبوس ہوں اللھم صل علی سیدنا
فی الدنیا والاخرۃ مولنا محمد رسولک وحبیبک افضل الانبیاء والمرسلین خیر الخلائق اجمعین وعلی آلہ واصحابہ وذریاتہ و
وجمیع الانبیاء والمرسلین اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ اس رات کسری فارس کے محل کے چودہ کنگرے گر پڑے جسکو لوگ استوقت
مین روے زمین پر سب سے بڑا بادشاہ کہتے تھے۔ اور واضح ہو کہ اگر ہم جمیع معجزات وکرامات کو لکھنا چاہے تو بلا مبالغہ کچھ شک نہیں کہ مجلد عظیم ہو جاوے
اور خود تفسیر مین اپنے اپنے موقع پر بکثرت معجزات مذکور ہین جنکو اہل شوق خود ہر مقام سے چنکر جمع کر سکتے ہین اور اسوقت تو مختصر بیان سمجھانا مقصود ہے کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم ہنوز پیدا نہیں ہوے تھے کہ آپ کے والد ماجد سفر شام سے واپس ہوتے وقت مدینہ مین اپنے ماموں کے یہان بیماری سے ٹھہرے اور وہین انتقال
فرمایا۔ بعد ولادت کے آپ نے سات روز تک اپنی والدہ ماجدہ کا دودھ پیا پھر ثویبہ نے جسکو ابولہب نے بروقت بشارت تولد کے آزاد کیا تھا دو دھ پلایا پھر قوم بنی سعد
کی سات عورتین جو قحط کے قرینہ کے بچہ لینے آئین تاکہ اپنے یہان لے جاوین جب وہ چھڑکر لاوین تو فقد جنس انعام پاوین لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یتیم سمجھکر
سب نے تامل کیا سوا ے حضرت حلیمہ سعدیہ کے کہ انھون نے حسن صورت وقبول سیرت پر فریفتہ ہو کر لے لیا اور اسقدر برکات نصیب ہوئین کہ تمام قوم رشک
کرتی تھی چنانچہ اول تو حلیمہ کی سواری نہایت لاغر وسست تھی جب حلیمہ آپ کو لے چلین تو ناگاہ وہ مادہ خر اسقدر خوش رفتار ہو گئی کہ سب سے آگے جاتی تھی
اور حلیمہ کی بکریان نہایت فربہ وآسودہ آتی تھین تو قوم والے اپنے چرواہون سے کہتے کہ ہماری بکریان قحط سے اسقدر لاغر وکمزور ہین تم بھی وہان چراو جہان حلیمہ
کی بکریان چرتی ہین۔ آپ نے کبھی گہوارے پر پیخانہ پیشاب نہین کیا بلکہ اوقات مقررہ تھے اور کبھی بائین چھاتی کا دودھ نہ پیا بلکہ حلیمہ کے پسر کے لیے چھوڑ دیتے تھے
اور بدن مبارک کبھی برہنہ نہوتا بلکہ فرشتے چھپاتے تھے۔ ابن عباس رض سے روایت ہے کہ چاند آپ کے اشارہ سے جھک جاتا اور بہلاتا تھا رصاحوی نے کہا کہ اس
روایت کی اسناد خوب ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ بعض نے اس روایت مین اسوجہ سے تردد کیا کہ اگر ایسا ہوتا تو تمام طائف بلکہ عرب مین مشتہر ہو جاتا۔ مین کہتا ہون کہ یہ خیال
باطل اس بنا پر پیدا ہوا کہ اشیاے عالم محض بے اختیاری سے متغیر ہوا کرتی ہین اور ہماری نظر سب کے ادراک مین کامل ہے حالانکہ بکثرت برابر مشاہدہ جاری ہے کہ ساد ون
بلکہ اہل شعبدہ کی حرکات کا ادراک نہین ہوتا ہے اور حضرت یعقوب علیہ السلام مع جماعت اولاد کے موجود تھے پھر جو ہوا پیراہن یوسف علیہ السلام کی بشارت لائی وہ
فقط یعقوب علیہ السلام کو محسوس ہوئی اور باقی لوگ محروم رہے اور یہ منجملہ اسرار لطیفہ ہے اور ہرگز تجھے جہلا نیچر کی گمراہی مین اپنی برادی نکرنی چاہیے کیونکہ
یہ لوگ مثل جانورون کے سواے خورد ونوش کے کوئی قابلیت انسانی نہین رکھتے بلکہ جانورون سے بدتر ہین۔ پس جب امام صاحب نے روایت کے ہنا کو
حسن کہا اور تحقیق اسرار مین کوئی دغدغہ نہین تو تردید بخیال باطل نہین جائز ہے جب آپ کسی قصبہ مین پہنچے ہوے تو اپنے بھائی رضاعی کے ساتھ جنگل کو بکریان چرانے
تشریف لے جاتے ایک روز تشریف لے گئے تو پسر حلیمہ کو گھر بھیجا اتنے مین دو باز سفید اڑے جاتے تھے دونون دیکھنے لگے کہ ناگاہ ایک نے دوسرے سے
کہا کہ ہو ہو یعنے وہ یہی تو ہے۔ دوسرے نے کہا کہ ہان۔ پس دونون اتر پڑے تو بصورت انسانی تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دبوچ کر سینہ مبارک چاک
کر ڈالا۔ پسر حلیمہ بے اختیار روتا ہوا اپنی ماں کے پاس دوڑا گیا وہ نیک مادر روتی ہوئی دوڑی تو آپ ہوش مین بیٹھے تھے لیکن چہرہ مبارک متغیر تھا اور بیان
فرمایا کہ دو فرشتون نے میرا سینہ چاک کر کے ایک سیاہ مادہ نکال کر پھینکا اور نور عالم قدس سے بھر دیا پھر ٹانکے دیدیے وہ اسیوقت درست ہو گئے حلیمہ یہ سنکے
دیکھا کہ بیشک علامات موجود اور سینہ پر ٹانکون کے نشان ہین یہ ماجرا نہایت متحیر ہو گئی اور آخر اپنے ساتھ لاکر مکہ مین آپ کی والدہ کو سپرد کیا اور یہ حال بیان کیا
لیکن آپ کی والدہ ماجدہ کو کچھ تردد نہوا بلکہ فرمانے لگین کہ مین نے اس فرزند کے معاملہ مین ولادت کے وقت بہت عجائب دیکھے ہین (رواہ الدارمی) روایات
صحیحہ سے معلوم ہوا کہ بعد اسکے دس برس کی عمر مین اور تیسری بار قبل نزول وحی کے اور چوتھی بار شب معراج مین جملہ چار بار سینہ مبارک شق کیا گیا ہے لہذا اس
مبارک کبھی لہو ولعب اطفال کی جانب یا نوجوانون کی شہوات کی جانب مائل نہوا اور عین وحی الٰہی کے متحمل بلکہ آیات کبریٰ ملکوت کے دیکھنے والے ہوے اور آپ کو

اس طریقہ شق الصدر سے عجائب قدرت کا مشاہدہ کرادیا کہ ہر ذرہ قبضۂ قدرت الٰہیہ میں مسخر ہے۔ جب چھ برس کے ہوئے تو والدہ ماجدہ نے مکہ و مدینہ کی راہ میں مقام ابواء میں انتقال فرمایا اور دادا عبد المطلب نے پرورش میں اپنی اولاد سے زیادہ جان نثاری فرمائی دو برس بعد عبد المطلب بھی وفات پائی اور آپ کے چچا ابو طالب نے بکمال محبت و تکریم کفالت کی۔ ہنوز آپ پوری جوانی کو نہ پہونچے تھے کہ مکہ میں قحط شدید ہوا اور ابو طالب نے آکر میدان حرم میں آکر کے اللہ تعالے سے پانی کی دعا مانگی کہ ناگاہ ابر رحمت جوش میں آیا اور اسقدر پانی برسا کہ تمام ساحل سیراب ہوگیا۔ اور تمام قریش آپ کی طلعت مبارک کے نثار گزار ہوئے اور برابر آپ کے اخلاق کریمہ و شمائل حمیدہ پر فریفتہ تھے اور آپ صدق و امانت و دیانت میں آیت الٰہی عزوجل تھے حتی کہ قریش میں صادق امین معروف تھے اور لوگ اپنی ودیعت آپ کے پاس رکھنے میں نہایت بے خطر تھے۔ اور مفلس و یتیم و رانڈوں کی خبر گیری فرماتے ایک مرتبہ ابو جہل نے اعرابی کے اونٹ خریدے اور اسکو دھوکا دیا کہ میں دام دے چکا ہوں اس غریب نے فریاد کی تو آپ اسکے ساتھ تشریف لے گئے وہ لعین نہایت تند ہو کر کہنے لگا کہ محمد حمایتی بنکر آئے ہو اور آپ کے سامنے آگیا ناگاہ لوگوں نے دیکھا کہ وہ اونٹ بھاگا اور کہنے لگا کہ میں ابھی دام دیتا ہوں۔ لوگوں نے اس سے پوچھا تو اسنے کہا کہ مجھے نظر آیا کہ ایک اژدہا منہ پھاڑ کر مجھ پر دوڑا۔ روایت ہے کہ قریب جوانی کے ابو طالب آپ کے کاروبار تجارت سکھلانے کی غرض سے جانب شام لے گئے سرحد شام میں داخل ہوئے تو اتفاق سے بحیرا راہب کے صومعہ کے پاس قیام ہوا اور قوافل کا بھی دستور تھا اسنے صومعہ سے دیکھا کہ سخت دھوپ میں ایک خوبصورت آدمی قطار شتر کو پانی پلا کر لاتا ہے اور ایک ابر رحمت اسپر سایہ کیے ہوئے ساتھ ہے گویا اللہ تعالے نے اسکو مشرف زیارت کرنا چاہا۔ وہ فوراً قافلہ کی طرف آیا اور اسنے دیکھا کہ راہ سے کنکریاں خود ہٹتی ہیں قافلہ والوں نے تعجب کیا کہ آج یہ راہب جو نصاریٰ شام میں معظم و مکرم ہے خلاف معمول ہم پر بہت مہربان ہوا۔ جب آپ آئے تو اسنے سلام کیا اور نام و نشان پوچھکر کہا کہ یہاں اسکا کوئی وارث ہے۔ لوگوں نے ابو طالب کو خبر کی۔ اسنے ابو طالب سے پوچھا کہ یہ لڑکا یتیم ہے۔ کہا کہ ہاں۔ پوچھا کہ باپ کا نام۔ عبد اللہ تھا کہا کہ ہاں۔ پوچھا کہ تم دادا ہو۔ کہا کہ نہیں بلکہ چچا ہوں۔ کہا کہ ہاں۔ اسنے سمجھایا کہ تم کو میرا صدق ظاہر ہوگیا کہ میں نے کیونکر پہچانا اب تم میرا کہا مانو کہ انکو شام میں نہ لیجاؤ اور اس لڑکے کے واسطے ایک شان عظیم ہے اور قافلہ کی ایک دعوت کی۔ ابو طالب نے تمام مال میں فروخت کیا اور قدرت الٰہی سے بہت نفع پایا۔ دوسری مرتبہ پچیس سال کی عمر میں خود قریش کی ایک عورت بی بی خدیجہ کا مال لیکر تجارت کے لیے ملک شام کو تشریف لے گئے اور اور اس مرتبہ نسطورا راہب نے آپ کو علامات نبوت سے پہچانکر صاف بتلایا کہ یہی پیغمبر آخر الزمان ہیں اور نصاریٰ شام و یہود برابر اپنے یہاں کی روایات پر انکے منتظر ہیں اور بہت سے متعصب انکے قتل پر آمادہ ہیں اور وہ لوگ تمام راہبان پر چھوڑے گئے ہیں۔ اس مرتبہ بھی کرامات اعجازی بکثرت وقوع میں آئیں اور ابو بکر رضی اللہ عنہ نے آپکو ابو طالب سے اصرار کے ساتھ میسرہ یا عامر بن فہیرہ کے ساتھ مکہ کو روانہ فرمایا۔ ناگاہ سات سر سبز نصرانی جو اسی راہ پر تھے عرب کے اس قافلہ تک پہونچے اور راہب موصوف نے انکو بعد آہستگی کے سمجھایا کہ تم اس خیال میں کیوں سرگردان ہو اپنے اپنے مقام کو لوٹ جاؤ کیونکہ جیسا اللہ تعالے کو منظور ہے کہ انکو اس آخری امت کا پیغمبر جلیل فرماوے تو بھلا تمہارے یا تمام عالم کی حرکات سے کہیں یہ امر ٹلنے والا ہے۔ حضرت خدیجہؓ کا غلام میسرہ اس سفر میں آپکے ساتھ تھا اسنے بہت سی کرامات معجزات اپنی آنکھوں دیکھے تھے تو جب وہ خدیجہؓ کی خدمت میں آیا تو اسنے سب حال بیان کیا۔ خدیجہؓ نے فرمایا کہ تو بیشک سچ کہتا ہے اسواسطے کہ جب تم لوگ مکہ میں داخل ہوئے تو میں نے بالاخانہ سے خود دیکھا کہ آنحضرت پر پارۂ سفید سایہ کیے تھا۔ میسرہ نے کہا کہ حضور تمام سفر میں یہی حال رہا ہے۔ حضرت خدیجہؓ نے نکاح کی خواہش کی جب ابو طالب آئے اور مطلع ہوئے تو اعیان و اشراف قریش کو لیجاکر نکاح پڑھا۔ حضرت ام المومنین خدیجہؓ سے کئی لڑکے و لڑکیاں ہوئیں۔ از انجملہ کل لڑکوں نے انتقال کیا اور دو لڑکیاں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے نکاح میں دیں اور سب سے چھوٹی حضرت سیدۃ النساء فاطمہؓ کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے

معراج میں دیا۔ حضرت ام المومنین خدیجہ رضؓ نے پوچھا کہ یارسول اللہ میری سابق اولاد جو آپ سے پہلے شوہر سے تھی اسکا کیا حال ہے فرمایا کہ دوزخ میں ہے حضرت خدیجہ بے اختیار رونے لگیں آپنے فرمایا کہ کیوں روتی ہو والدا گر تو انکی صورت دیکھے تو نہایت نفرت سے بھاگے۔ پوچھا کہ پھر جو اولاد کہ آپ سے ہوئی ہے فرمایا کہ وہ سب جنت میں ہیں۔ واضح ہو کہ حضرت خدیجہ رضؓ نے قبل ہجرت کے انتقال فرمایا۔ اور مدینہ میں ایک لڑکا حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ حضرت ماریہ قبطیہ کے بطن سے تولد ہوئے اور حالت رضاعت ہی میں انتقال فرمایا اور آپ نے خبر دی کہ ابراہیم کے لیے جنت میں مرضعہ ہے جو اسکے ایام رضاعت کی تکمیل کرتی ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ حدیث بھی منجملہ اسرار ہے جسکو فہم عوام ادراک نہیں کر سکتی پھر نزول وحی سے پانچ برس پہلے قریش نے خانہ کعبہ از سر نو تعمیر کیا اور حجر اسود رکھنے میں آپ کو حکم مانا چنانچہ آخر پارہ اول میں آویگا۔ پھر قریب نزول الوحی کے تنہائی پسند فرما کر غار حرا میں ایام بسر کرتے پھر جب توشہ ختم ہو جاتا تو گھر آتے اور حضرت خدیجہ دوبارہ توشہ تیار کر دیتی تھیں پھر غار حرا میں تشریف لیجاتے آخر ربیع الاول بروز دوشنبہ وحی اقرا باسم ربک تا علم الانسان نازل ہوئی۔ آپکو وحی کی حلاوت عجیب پہونچی مگر تکلیف بدن بھی شدید ہوئی حتی کہ آپ نے جان کا خوف کیا اور وحی منقطع ہو گئی حضرت خدیجہ آپ کی زبان سے خوف جان سنکر پریشان ہوئیں اور عرب میں کوئی علم نہ جانتا تھا سوائے خدیجہ کے چچازاد بھائی ورقہ بن نوفل کے جو نصرانی ہو گئے تھے اور انجیل و توریت کو عربی میں ترجمہ کیا کرتے پس خدیجہ آپکو ورقہ کے پاس لے گئیں اور ورقہ اس زمانہ میں بڑھاپے میں نابینا ہو گئے تھے پس کہا کہ اے چچا بیٹے چچیرے بھائی تم ذرا اپنے بھتیجے کا حال سنو چنانچہ ورقہ نے سب حال سنکر پوچھا اور آپنے کہا کہ تم اس زمانہ کے پیغمبر ہو اور یہ فرشتہ ناموس اکبر یعنے جبرئیل تھا اور عنقریب تمہاری قوم تمہاری دشمن ہو کر تمکو نکال دیگی۔ اور یوں ہی کفار اپنے پیغمبروں کے دشمن ہوتے آئے ہیں۔ اے کاش میں اس وقت جوان ہوتا کہ جی بھر کے آپ کی مدد میں حاضر رہتا پھر چھ ماہ کے بعد ورقہ کا انتقال ہو گیا۔ مترجم کہتا ہے کہ ورقہ نے کتب سابقہ سے آپکا پیغمبر ہونا معلوم کیا تھا اور آپ کی تسکین کے لیے مدلل بیان کیا کہ یہ دستور پہلے سے چلا آیا ہے پھر دو برس چھ ماہ تک علامات کثیرہ ظہور میں آئے اور بعد اسکے دعوت اسلام کا حکم نازل ہوا بقولہ تعالی یا ایھا المدثر قم فانذر۔ پس عورتوں میں سب سے اول حضرت خدیجہ ایمان لائیں اور آپ حضرت ابوبکر کیطرف چلے اور اور دوست خود حضرت ابوبکرؓ آتے تھے پس جیسے ہی آپنے فرمایا فوراً حضرت ابوبکرؓ نے تصدیق کی اور ایمان لائے اور غلاموں میں سے اول بلالؓ اور اطفال میں سے اول حضرت علیؓ جو آٹھ برس کے تھے ایمان لائے اور غلاموں میں سے اول زید بن حارثہ جو آپکے آزاد کردہ تھے ایمان لائے پھر انکے بعد حضرت عثمان و سعد بن ابی وقاص و طلحہ بن عبید اللہ و آپکے چچازاد بھائی حضرت زبیر بن العوام و یزید بن عمرو بن نفیل رضی اللہ عنہم ایمان لائے۔ پھر وحی نازل ہوئی کہ تم جس بات کے رسول ہو اس کو اعلان سے دعوت کرو۔ جب کفار نے سنا کہ آپکے بت کچھ چیز نہیں ہیں تو سخت دشمن ہو گئے اور حضرت ابوبکرؓ نے آپکے واسطے اپنی جان کو سپرد کیا تھا تو عقبہ بن معیط ملعون نے انکو یہاں تک مارا کہ تمام بدن زخم سے بھر گیا تھا اور بیہوش ہو گئے اور بنی تیم آپکو اٹھا کر گھر لائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خیر و عافیت پوچھی اور جب کہا گیا کہ ان آپ فارقان مکان میں ہیں تو شکر کیا۔ اسی روز دوپہر کو حضرت خدیجہ رضؓ کے روز قتل کر ڈالا حضرت بلالؓ کو امیہ بن خلف جمحی کے غلام تھے جسکے ظلم سے بچنے کے لیے اپنا مال دیکر آزاد کر دیا تھا کہ تپتی ریت پر لٹا کر سینہ پر بڑا پتھر رکھوا دیتا تھا کہ بیہوش ہو جاتے اور وہ کمبخت لات و عزی و ہبل کا کلمہ پڑھواتا مگر حضرت بلالؓ کو جب ہوش آتا تو احد احد کہتے سبحان اللہ کیا اثر مبارک تھا کہ اس نور توحید میں پروانہ کی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سب فدا ہو گئے اور جان و مال کا [illegible] کی رحمت کا ظہور تھا دوسرے اب سو بار چاہے کشتے بھی لاکھوں ان جیسے نہیں ہوتے ۔ نگین کہ گرد پیکر گانم این چنین ۔ گوہر بجاہ کہ رخشد بدانم این چنین۔ آخر امیہ ملعون امیہ بن خلف نے بلالؓ کو غلام خوار سمجھکر لونڈوں کے حوالہ کیا جو گلی در گلی مارتے پھرتے اور وہ بلالؓ وہی احد احد پکارتے آخر حضرت ابوبکرؓ نے اس ظالم کو سمجھایا کہ اجی فروخت کر دے اسنے ملعون سے اپنے زعم میں کئی ہزار درم بے اسنا قیمت کہی حضرت ابوبکرؓ نے فوراً قبول کر لیا کیونکہ

ہوگئی۔ اب اسکو چارہ نہ رہا اور آپنے یہ مال کثیر دیکر بلال رضؓ کو خرید کر اس شرط سے آزاد کیا کہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہا کریں بلال رضؓ نے عرض کیا کہ یہ شرط میری جان کی عین مراد ہے اسی طرح حضرت ابوبکر رضؓ نے اور کئی لونڈی غلاموں کو جو اسلام لانے کے جرم سے قید کرا دیا کیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جان نثاری میں تمام مال سے بخوشی خدمت کی حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض وفات کے خطبہ میں فرمایا کہ مجھے کسیکے مال نے اتنا نفع نہیں دیا جسقدر ابوبکر رضؓ کے مال نے مجھے نفع دیا اور کوئی نہیں رہا کہ میں نے اسکی مکافات نہ کی ہو سوائے ابوبکر رضؓ کے کہ اللہ تعالے آخرت میں جزائے جمیل سے اسکی مکافات فرماویگا اور اگر میں مخلوق میں سے کسیکو خلیل بناتا تو ابوبکر رضؓ ہی کو خلیل بناتا ولیکن میں خلیل اللہ ہوں۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ منزلت علمی بے خلت بدون شرکت ہوتی ہے اور خوب غور کرو کہ یہ مرتبہ خاصہ حضرت ابوبکر الصدیق رضی عنہ کے لیے نہایت اعلی ہے اور اللہ تعالے نے سورہ والضحی واللیل میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت فرمایا۔ وَلَسَوْفَ يُعْطِيكَ رَبُّكَ فَتَرْضَىٰ اور سورہ واللیل اذا یغشی میں حضرت ابوبکر الصدیق رضؓ کی نسبت فرمایا فَسَوْفَ يَرْضَىٰ۔ پس وائے بر حال ان جہال کے جو معارف اسرار در کنار۔ ان نصوص و آیات سے اندھے ہو کر اپنے نفس کی راہ میں ہلاک ہیں۔ بالجملہ کفار کی عداوت بڑھ گئی اور بتوں کی محبت اسقدر انکے نفوس خبیثہ میں جمی کہ تواتر بات بات میں معجزات دیکھتے مگر ایمان نہ لاتے اور عاقل جانتا ہے کہ بتوں کی محبت کا صرف نام ہوتا ہے در اصل نفوس خبیثہ وساوس شیطان کو ملتے ہیں اور ظاہر میں بت یا عیسی کا نام کہتے ہیں لیکن چونکہ نفس سے غافل ہیں تو انکا ادراک شعور نہیں ہوتا اسواسطے بعض سلف نے کہا کہ جسنے نفس کو پہچانا وہ رب عزوجل کو پہچان گیا اور یہ عجیب لطیفہ ہے کہ جاننے والا یہ بھی دیکھتا ہے اور نجانے والا نہیں جانتا کہ مثلاً ہم بیشک عیسیٰ کی محبت میں ایسا کرتے ہیں اور ہم بیشک فلان سے محبت کرتے ہیں حالانکہ قطعاً وہ غفلت نفس میں تاریک جسم کے اندر حیران ہے اور یہ صرف نفسانی تسویل شیطانی ہے اعاذنا اللہ تعالے من ذلک۔ منجملہ معجزات کے یہ کہ عموماً قریش کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بددعا سے بہت خوف تھا چنانچہ آپ کی خدمت میں عتبہ بن ابی لہب نے جو پہلے آپ کا داماد تھا گستاخانہ کلمات کہے تو آپنے بددعا کی کہ الٰہی تو اپنے کتوں میں سے ایک کتا مسلط کر دے۔ ابولہب اسکو لیکر شام کی تجارت کو گیا ایک منزل میں نیستان تھا تو ابولہب بولا کہ بھائی اس راہ سے مت چلو کہ مجھے اپنے بیٹے عتبہ کی بددعا سے مذکور کا خوف ہے لوگوں نے کہا کہ ارے ہم لوگ شیر کو تلوار سے ٹکڑے کرنے والے ہیں اور ہم عتبہ کو درمیان میں کھینچ لیجائینگے۔ چنانچہ رات کو تمام گلو نے اسکو لگا کر بیچ میں عتبہ کو سلایا اور سب طرف سے گھیر کر سوئے رات میں شیر آیا اور عتبہ کا گلا چبا کر خون چوس گیا اور چل دیا۔ واضح ہو کہ خاص اس طور پر مسلط کر کے ہلاک کرنے میں حجت پوری فرمائی ورنہ کوئی کتا پھاڑ ڈالتا۔ کیونکہ وہ لوگ تمام معجزات کو سحر پر محمول کرتے اور یہاں غیر ممکن ہے۔ دوم قافلہ والوں کو پہلے شیر پھاڑتا لیکن وہ تو مسلط تھا۔ باوجود ان معجزات کے پھر بھی یہ جہنمی لوگ سوائے وحی شیطانی کے کسی طرح حق نہیں قبول کرتے تھے اور یہ ہم لوگوں کے لیے تنبیہ حق ہے کہ کروروں کفار کی کثرت دیکھکر کبھی امر حق میں متردد نہوں اور فرمان حق عزوجل یاد کریں کہ یہ لوگ اندھے بہرے گونگے ہیں انکا قلوب راہ نور کی جانب مہر ہے تو حواس جسم سے سوائے خطرات نفس و شیطان کے کچھ ادراک نہیں کر سکتے ہیں اور اسی طرح جو کوئی امر حق میں متردد ہو وہ بھی بدرجہ ان ہی نعوذ باللہ من ذلک۔ جب کافروں نے روز بروز ظہور نبوت سے اپنے عیال و اطفال کو راغب دیکھا اور اہل جنت بلکہ یہ لوگ تو سردار اہل جنت ہیں برابر ایمان لانے لگے تو جن ڈھ لوگوں کے بیٹے ایمان لائے انھوں نے انکے پاؤں میں لوہے کی بیڑیاں ڈالکر قید کیا اور سب نے مجتمع ہو کر عہدنامہ کیا کہ بنو ہاشم سے نکاح بیاہ بلکہ خرید فروخت منقطع کر دو اور قتال کرو حتی کہ ابوطالب آپکو لیکر مع بنی ہاشم و بنی المطلب کے شعب کوہ میں چلے گئے اور دو سال سے زیادہ وہاں تکلیف اٹھائی اور تمام قریش نے عہدنامہ کو چاندی کی ڈبیا میں بند کر کے خانہ کعبہ میں لٹکایا آخر ابوطالب بہت عاجز ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آپ زمانہ ختم ہوا اور کیڑے نے سوائے نام الٰہی کے کہ باقی سب عہدنامہ چاٹ لیا۔ ابوطالب اگرچہ ایمان نہیں لائے لیکن آپ کی حمایت میں گرم ہے ابوطالب نے قریش کو آگاہ کیا اور کہا کہ اگر یہ سچ نہوا تو ہم محمد کو تمہارے حوالہ کرینگے۔ قریش نے منظور کیا اور لکالا تو عہدنامہ کو کل کیڑے کھا گیا لیکن نام الٰہی سلامت رہا

تھا پس قریش نے پھر اپنا قول پورا کیا اور باہم خلط ملط ہوگیا پھر اسکے چند روز بعد ابو طالب نے انتقال کیا اور ہر چند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سعی کی
کہ ایک مرتبہ کلمہ توحید کہدو لیکن مار مار ابو جہل وغیرہ کہتے کہ ابو طالب کیا تم یہ عار گوارا کروگے کہ باپ دادے کا دین چھوڑ دو آخر ابو طالب نے کہا کہ ای بھتیجے قریش
میرے پیچھے طعنہ دینگے کہ ابو طالب موت سے ڈر گیا ورنہ میں تیری آنکھیں ٹھنڈی کرتا اور کہا کہ ہاں میں عبد المطلب کی ملت پر قائم ہوں۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم روتے ہوئے باہر آئے اتنے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے آکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ کا گمراہ چچا مر گیا آپ نے کہا کہ جاکر اسکو گاڑ دے اور
جب واپس آئے تو نہانیکا حکم دیا اور بہت روئے اور چاہا کہ استغفار کریں مگر ممانعت ہوئی چنانچہ تفسیر میں آویگا اور اسی سال حضرت خدیجہ نے انتقال کیا
قریش کفار برابر آزار دینے میں حد سے بڑھتے جاتے تھے کہ ابو جہل نے ایک روز آپ سے گستاخی کی اور آپ مکان پر غمگین تھے کہ حضرت حمزہ بن عبد المطلب
شکار سے آئے اور حال معلوم کرکے فوراً پہنچے اور ابو جہل ملعون کی کمان زور سے ماری وہ بھاگ کر نکل گیا اور ظاہراً اسی کے بعد خود ایمان لائے اہل
ایمان کی کثرت روز کی ایذا کفار سے بہ تنگ ہوکر ہجرت پر آمادہ تھے کیونکہ اسوقت قتال کا حکم نہ تھا اور کفار برابر انکو ذلیل و خوار بناتے اور اکثر مخفیہ پیٹتے تھے
اور اوناسی آدمیوں کا شمار ہو چکا تھا کہ ناگاہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا فرمائی کہ الٰہی اسلام کو عمر بن الخطاب یا ابو جہل سے عزت دے۔ ابو جہل کا
نام لیا اور اسکی کنیت ابو الحکم تھی جسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو جہل سے ٹھیک کیا۔ یہ دعا اللہ تعالیٰ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے حق میں قبول
فرمائی اور دوسرے روز حضرت عمرؓ ایمان لائے درحالیکہ آپ دار ارقم میں تھے صحیح بخاری میں حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ جس روز حضرت عمرؓ
ایمان لائے اُسدن سے ہم لوگ برابر عزت میں ہو گئے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ کفار فجار اہل لات و عزی کی پرستش علانیہ کرتے ہیں اور ہم
وحدہ لاشریک کی بندگی کیوں مخفیہ کریں۔ اور اسیوقت سب کو ساتھ لیکر مسجد الحرام میں آئے اسوقت ایک جماعت قریش موجود تھی حضرت عمرؓ نے دانستہ کہ
جسکو اس تلوار کی دھار دیکھنا ہو وہ متعرض ہو۔ اسی طرح جس دن جانب مدینہ ہجرت کی اُسدن بھی کفار قریش کو ڈانٹا تھا کہ جسکو اپنی جورو بیوہ کرنا اور بچہ
یتیم کرنا منظور ہو وہ متعرض ہو۔ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے خواب دیکھا کہ چاند نے آسمان سے نزول کیا اور جانب مدینہ روانہ ہوا اور ستارے اسکے
گرد ہیں پھر جانب مکہ اس شان سے آیا کہ اسکے گرد ستاروں کا ہجوم کثیر ہے اور مکہ کے تمام گھر اسکے نور سے کم و بیش روشن ہوئے ہیں پھر جانب مدینہ روانہ
ہوکر عائشہ کے حجرہ میں زیر زمین غروب ہوگیا۔ حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے اس صحیح خواب کی مرتبہ تاویل ہے اور معلوم کرلیا از انجملہ ہجرت ہے مترجم
کہتا ہے کہ حضرت عائشہؓ کی عمر چھ برس سے کچھ کم تھی کہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے آہستہ صدیقہ سے فرمایا کہ میں نے خواب میں فرشتہ کو دیکھا کہ
پارۂ حریر سفید پر تصویر لیے ہے۔ میں نے پوچھا تو فرمایا کہ یہ آپ کی زوجہ دنیا و آخرت میں ہے۔ تب میں نے اس قطعہ حریر کو کھولا تو دیکھا کہ وہ تو ہی ہے حضرت صدیقہ
نے عرض کیا کہ اگر اللہ تعالیٰ کی مشیت ہوگی تو اسی طرح واقع ہوگا۔ مترجم کہتا ہے کہ سبحان اللہ اس عمر میں یہ دانائی [illegible] اور کیوں نہ حضرت
سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبوبہ بزوجہ ہونا بھی شان فخیم عظیم ہے۔ حدیث کمال و فضیلت حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا آل عمران میں آویگی۔
قال المترجم پھر واضح ہو کہ اہل کفر کی ایذا رسانی روز بروز بڑھتی جاتی تھی اور کفار فجار کمزور مومنوں کو حضور گیا دیکھ کر طعن و ملامت کیا کرتے دوسری طرف سے
بیدین و قاطع رحم و باپ دادوں سے منحرف و قوم کا دشمن وغیرہ کلمات لایعنی کہتے اور اہل اسلام ہر طرح کی جانی و مالی و بھوک پیاس کی تکالیف اٹھاتے
اور ہر طرف سے عجیب ناگوار کرو بات کا سامنا تھا پس اگر نور معرفت کا ظہور و تجلی نہ ہوتی تو یہ مصائب شدید برداشت کرنا سخت دشوار بلکہ غیر ممکن تھا
اسیواسطے جب حضرت عمار بن یاسر وغیرہ صحابہ کبار سے بعض تابعین نے عرض کیا کہ آپنے زمانہ حضوری پایا اور ہم محروم رہے اگر ہم ہوتے تو اسطرح
جان و مال نثار کرتے۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ ناخوش ہوئے اور فرمایا کہ تم جس عافیت میں ہو غنیمت سمجھکر اسکا شکر کرو کہ وہ سخت محنت کا زمانہ تھا ہر طرف سے
وحشت ناک آوازیں تھیں۔ دین و وحی و رسالت کا نام کبھی نہیں سنا گیا تھا۔ تمام زمانہ مخالف تھا۔ آج تم پیدا ہوتے ہی ہر طرف سے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

کی آواز سنتے ہو تم کیا جانتے ہو کہ اگر تم اسوقت ہوتے تو کس جانب ہوتے اور اس حیرت ناک وقت میں ساتھ دیتے۔ مترجم کہتا ہے کہ بہت خوب فرمایا اور یہ درحقیقت اسوقت کی موجود کیفیت و حالت کا نقشہ بغیر کھینچے اس خیال کو اپنے نفس میں لاتے ہیں اور اگر وہ حالت و قوم کی جہالت و ایذاؤں کی شدت کو سہولت کے ساتھ ذہن میں لائے تو اپنے نفس کو اس سے بدرجہا ہیچ سمجھے کہ جو دعوی کرتے ہیں اور مترجم کو ان روایات حضرت عمار رضی اللہ عنہ وغیرہم سے وقوف ہونے سے پہلے بنظر اپنے مکامۂ نفس کے خود خیال آتا کہ میں ہرگز اس قابل نہ تھا بلکہ یہ شان انھیں حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے وسیلے منحصر تھی پھر جب ان روایات سے وقوف ہوا تو میں نے شکر الٰہی عزوجل ادا کیا اور اس اصل عظیم کو وضع اوہام شیطانیہ خروج و رفض میں ان شاء اللہ تعالے بہت کفایت ہے۔ الحاصل کفار قریش کی عداوت بڑھتی گئی اور حق عزوجل نے اہل ایمان کو بھی وہ نور معرفت عطا کیا اور سرتاپا منور کر دیا کہ ان پر ہر ایذا آسان ہو گئی اور مانند پروانہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نثار تھے اور اس درمیان میں معراج شریف واقع ہوئی اور یہ بھی حکم ہوا کہ آپ اسکو اعلان سے بیان فرماویں۔ ابوجہل وغیرہ ملعونوں نے اسکو مضحکہ بنایا اور بعضے کمباطن جو اسلام کی جانب سمجھا بجھا کر راغب کیے گئے تھے یہ سنتے ہی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اصدق صحابہ سے کہنے لگے کہ ہم تو آپ کے کہنے پر راغب ہوئے تھے اور اب تو آپ کے صاحب یوں معراج بیان کرتے ہیں جو کسی کے قیاس میں نہ آوے۔ حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ارے احمقو ہم تو تصدیق کرتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر آسمان سے ایک دم میں وحی آتی ہے تو اسمیں کیا عجیب ہوا کہ آپ خود تشریف لے گئے لیکن یہ جہال اپنے کافرون کے ساتھ مستحکم ہو گئے باوجودیکہ آپنے معجزات کثیرہ دکھلائے چنانچہ پارہ پانزدہم سُبْحَانَ الَّذِيْ اَسْرٰى۔ کی تفسیر میں مبسوط آویگا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو برکات معراج شریف سے بہت فضائل نصیب ہوئے۔ پھر ایام موسم حج میں شرفاے مدینہ کا ایک گروہ آیا اور اسنے جب آپ کی دعوت اسلام سنی اور قرآن کی حلاوت پائی تو اسلام لائے اور کہنے لگے کہ واللہ یہ طلعت مبارک وہی پیغمبر آخرالزمان ہے جسکے فضائل کو یہودی ہمسے بیان کیا کرتے اور ہمکو ڈراتے تھے کہ اسکا زمانہ آگیا ہے عنقریب ہم لوگ اسکے سایۂ حمایت میں تمکو قتل و خوار کرینگے۔ دوسرے سال گروہ عظیم آیا اور بیعت کر کے شرط کی کہ ہم حضور پر مع اصحاب کے جان و مال فدا کرینگے آپ ہمارے ساتھ چلیں۔ آپنے حکم الٰہی عزوجل کا انتظار بیان کر کے عذر کیا اور ایک صحابی کو تعلیم کے لیے ساتھ کر دیا۔ اور کچھ صحابہ مانند حضرت عثمان مع زوجہ بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جعفر بن ابی طالب و ابوسلمہ وغیرہم رضی اللہ عنہم کی جانب حبشہ ہجرت کر گئے تھے حتی کہ انکی برکات سے بادشاہ حبش مع جماعت کے مسلمان ہو گیا چنانچہ اسکا قصہ تفسیر میں ان شاء اللہ تعالے متفرق مقامات پر آویگا۔ اور اس درمیان میں یکایک حکم ہجرت نازل ہوا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے پہلے سے اسکا سامان کر لیا تھا۔ اور تمام مال نقد سب آپ پر فدا کرنے کے لیے ذخیرہ کر لیا تھا۔ اسوقت عرض کیا کہ حضور کیا ابوبکر ساتھ کی اجازت پاتا ہے فرمایا کہ ہاں۔ چنانچہ قصۂ ہجرت مع فضائل و برکات کے جو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ و حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اس معاملہ میں نصیب ہوئے ہیں اپنے موقع پر آویگا۔ اور درمیان سفر میں بکثرت معجزات عجیبہ ظاہر ہوئے جو بیان ہونگے۔ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بدبخت قریش پر افسوس کیا کہ عنقریب حکم جہاد نازل ہوگا اور گمان فرمایا کہ یہ قوم جو عرب میں اشرف مشہور تھی عنقریب نابود ہو جائیگی پھر حکم جہاد تو بیشک نازل ہوا لیکن حق تعالے نے قریش میں سے ملعونوں کو ہلاک کر کے باقیوں کو اسلام عطا کر کے انکی خصلت وفاے عہد و امانت کو اپنی راہ میں صرف کرنے کی ایسی توفیق دی کہ انکی جانبازی و جہاد سے بر اعظم میں کلمۂ حق بلند ہو گیا اور چونکہ ایک امت کی ہوت کا ضرور ایک وقت مقدر ہے تو صحابہ رضی اللہ عنہم کا طبقہ بھی آخر اپنی منزل مقصود کو جانے والا تھا آخر اللہ تعالے نے انکو اپنی ہی راہ میں شہید کر کے اٹھا لیا۔ حدیث طویل میں یہ بھی فرمایا کہ میرے اصحاب (مثل ستاروں کے ہیں) جب تک اس دنیا میں رہیں میری امت کے واسطے امن ہیں پھر جب چلے جاوینگے تو اس امت پر وعید متوجہ ہوگی جیسے آسمان کے ستارے جب ٹوٹینگے تو آسمان کا وہ وقت آویگا جو وعدہ دیا گیا ہے یعنے قیامت۔ بالجملہ جب آپ نے ہجرت کا حکم دیا تو کفار قریش نے

معارضہ کیا لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک جماعت کے ساتھ جانب مدینہ روانہ ہوئے اور تلوار کھینچکر مہیب آواز سے ڈانٹا کہ آج جسکو منظور ہو کہ اپنی زوجہ کو بیوہ اور اولاد کو یتیم کرے وہ سامنے آوے کفار نے ہیبت سے سکوت کیا اور یہ جماعت مدینہ پہونچ گئی پھر جس وقت حکم آیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے روانہ ہو کر پہونچ گئے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ بھی آپ کے پاس جو ودائع و امانات قریش تھیں ادا کر کے روانہ ہو کر پہونچ گئے اور حکم جہاد نازل ہوا۔ اسوقت انصار اہل مدینہ خود بحالت افلاس تھے اور جماعت مہاجرین رضی اللہ عنہم جو آپ کے ساتھ ہجرت کر گئے تھے اکثر بے مال تھے اور حق عزوجل نے اسی کامل معرفت و تجلی ایمانی پر انکے حق میں اہل و وطن و مال و اولاد کے مفارقت کو آسان فرمایا تھا ورنہ امر ہجرت دشوار ہے۔ اور قطعاً انمیں سے کوئی بھی نفاق کا لگاؤ بھی نہیں رکھتا تھا اور یہ خود بدیہی ہے کہ اسوقت تو جان ہاتھ پر لیکر نکلنا ممکن تھا حتی کہ حضرت بلال و خباب و عمار رضی اللہ عنہم کو بعد ہجرت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کفار نے پکڑ کر اسقدر سخت اذیت دی کہ رو رو کر تھک جاتے ہیں اور سوائے مساعدت سعادت و نور معرفت کے برداشت کا طریقہ نظر نہیں آتا پھر نواح مدینہ کے اعراب میں و مانند ابن ابی بن سلول وغیرہ میں جہاد کے خوف سے نفاق شروع ہوا اور عبداللہ ابن السرح قریشی پہلے تو اسلام پر مدینہ گیا پھر مرتد ہو کر مکہ میں بھاگ آیا آخر فتح مکہ کے روز مسلمان ہو گیا پھر حکم جہاد کے بعد آپ نے مدت تین سو کے قریب آدمیوں کو لیکر قافلہ قریش کا تعاقب کیا اور قافلہ آگاہ ہو کر راہ بدل کر ساحل کی طرف نکل گیا اور قریب ہزار جوان مسلح قریش کا سے نکلکر آپ کے مقابل ہو گئے۔ سبحان اللہ آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کا ایمان عجب کامل تھا کہ سب آپکے حکم پر آمادہ جہاد ہو گئے حالانکہ بہت بے زر و تدبیر سامان تھے اور حق عزوجل نے عظایم معجزات سے قریش کے ابوجہل و عتبہ وغیرہ جماعت کثیر جہنمیوں کو دار البوار بھیجدیا اور صحابہ رضی اللہ عنہم صرف پانچ شہید ہوئے باقی صحابہ جو شوق شہادت میں بھرے ہوئے تھے منظفر منصور آپ کی رکاب میں جماعت کثیر قیدیان قریش کو لیے ہوئے مدینہ واپس آئے چنانچہ تفسیر میں مفصل آویگا۔ امام ابو اسمعیل الازدی نے فتوح الشام میں باسناد صحیح روایت کی جس سے اس بارہ میں صحابہ رضی اللہ عنہم کی معرفت ظاہر ہوتی ہے چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے درباره بیشمار لشکر نصاری کے جو چار لاکھ سے زاید جرار فوج تھی مع کثیر جماعت کے جو نصاریٰ کی حمایت کے لیے شامل ہو گئے تھے حالانکہ مسلمانوں کا لشکر صرف تیس ہزار کے قریب تھا، حضرت ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ کو لفیس جواب خط لکھا ہے۔ اسمیں یہ بھی تحریر فرمایا کہ "ہم لوگ اگر کفار سے اپنی قوت کے بھروسے پر قتال کرتے تو ابتک کبھی کا انھوں نے ہمکو نابود کر دیا ہوتا لیکن ہم تو اپنی طاقت و قوت سے بری ہو کر فقط اپنے حق عزوجل کے حول و قوت پر لڑتے ہیں۔ پھر اگر تم لوگ ان کفار بیشمار سے طاقت مقابلہ نہیں رکھتے ہو تو ہمارا رب عزوجل جسکے بھروسے پر ہم لڑتے ہیں بالکل قہر قادر قاہر محیط ہے" اور لکھا کہ یہ کفار فجار جو جناب باری عزوجل میں شرک کرتے ہیں اللہ تعالے انسے بری ہے اور جس سے اللہ تعالے بری ہو وہ ہیچ و خوار ہے اگرچہ وہ بیشمار ہو اور تم لوگ توحید الٰہی عزوجل پر مطیع و فرمانبردار ہو اور ہمارا رب عزیز ذو الجلال والاکرام ہمارے ساتھ ہے اور اللہ تعالے جسکے ساتھ ہو وہ ہرگز قابل نہیں ہے۔ اور اہل ایمان مجاہدین کو تحریر فرمایا کہ اللہ تعالے کی حضوری میں جانبازی کے ساتھ ان اعداء اللہ پر بیشرانہ حملہ کرو اور ہم لوگ جان چکے ہیں کہ تمھیں غالب و منصور ہو مثل جم کہتا ہے کہ سبحان اللہ عزوجل کہ ان حضرات ابرار خاصان بارگاہ ذو الجلال کے صدق و یقین و حسن ایمان و معارف کا اندازہ ہم لوگوں کی طاقت سے باہر ہے۔ بالجملہ بعد اسکے غزوۂ احد واقع ہوا پھر غزوۂ خندق [illegible] چھٹے سال ہجرت میں قریش کے ساتھ دس برس کے قرار سے صلح کی پھر آپ نے خیبر یہود کو فتح کیا پھر قریش نے بدعہدی کی تو آپنے مکہ فتح کیا اور اعلان کر دیا کہ آیندہ قیامت تک کسیکو مکہ میں قتال جائز نہیں ہے پھر ہوازن وغیرہ پر جہاد فرمایا پھر گروہا گروہ عرب داخل اسلام ہونے لگے پھر آپنے حجۃ الوداع فرمایا اور وہیں سورۂ اذا جاء نصر اللہ نازل ہوئی جو آپ کی وفات شریف کا اشارہ ہے حتی کہ بعد حجۃ الوداع کے بارگاہ قرب میں رب رحیم کی جوار اکرم میں نزول قرار فرمایا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون اللھم صل علی سیدنا ومولانا محمد رسولک وعبدک ونبیک خاتم النبیین وعلی آلہ واصحابہ وجمیع الانبیاء والمرسلین وعباد اللہ

الصالحین اجمعین کما تحب وترضی ربنا وادخلنی برحمتک فی عبادک الصالحین آمین یارب انت ارحم الراحمین واضح ہو کہ
جب سورۂ مبارک اذا جاء نصر اللہ ہین یدخلون فی دین اللہ افواجا۔ سے فوج فوج لوگونکا دین اسلام مین داخل ہونا اعلام فرمایا تو ساتھ
ہی روح حقی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آگاہ فرمایا کہ جیسے گروہا گروہ داخل ہوے اسیطرح گروہا گروہ خارج ہونگے اس حدیث مبارک کا ظہور دو طرح محتمل ہے اول
یہ کہ بعد وفات حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قطعی اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے خلیفہ ہوے اور یہ خلافت اجماعا
قطعی حق ہی۔ تو آپ کی خلافت مین اکثر قبائل عرب سواے اہل مکہ و مدینہ کے مرتد ہوگئے حتی کہ زکوۃ سے انکار کیا حتی کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے
انھین قلیل جماعت مہاجرین وانصار سے اوپر جہاد کیا اور حق عزوجل نے عجیب فتح ونصرت عطا فرمائی کہ چند ماہ مین یہ قبائل بیشمار مقہور ومطیع ہوگئے۔
گویا حق عزوجل نے ان لوگونکا درد وغم دیکھکر رحم عظیم فرمایا کہ اپنے نبی اکرم رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم کی جدائی سے سخت غمناک ویتیم ہو رہے تھے اور
نبوت کی خلافت اور تمام جہان مین اسلام کی دعوت انھین بزرگون کی جانبازی پر رکھی تھی پس فتح ونصرت کی کرامت عظیم دیدی اور یہ برابر فتوح شام وایران
وغیرہ مین متواتر جاری رہی جس سے دو باتین عین حق کے لیے حجت ہوگئین اول صریح حجت یہ کہ خلافت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حق صریح ہو کہ معجزہ پیغمبر
نمونہ یعنے کرامت عطا ہوئی۔ کیونکہ ولی کی کرامت درحقیقت صدق پیغمبر کا معجزہ ہوتا ہی کیونکہ ولی نے اسکی پیروی سے یہ مرتبہ پایا کہ اللہ تعالے نے
اسکے ہاتھ پر کرامت بھیجی۔ دوم یہ جہاد خالص حق مرضی الٰہی عزوجل تھا حتی کہ اللہ تعالے نے تائیدات اعجازی سے نصرت فرمائی اسواسطے کہ تدبیرات
بشری کا یہان کچھ بھی وجود نہ تھا مثلا بنو حنیفہ قوم مسیلمہ کذاب ساٹھ ہزار کے قریب تھی اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی جماعت چار ہزار سے بھی کم تھی اور
اسیطرح بادشاہت مجوس ایران و بادشاہت قیصر روم بہت زبردست سلطنتین تھین حالانکہ کیونکر ان حضرات روحانیین نے بنصرت الٰہی عزوجل انکو
تہ و بالا کر دیا۔ اب مین اصل مضمون کی طرف رجوع کرتا ہون کہ حدیث کا محمل دو وجہ مین سے ایک وجہ شاید یہ قومین ہون جو مرتد ہوگئین تھین حالانکہ
آنحضرت صلعم کے حضور مین اطاعت کر لی تھی۔ لیکن مترجم کہتا ہی کہ یہ خوب موجہ نہین ہی اسواسطے کہ یہ لوگ فورا عنقریب پھر فوج فوج تابع حق ہوگئے
اور حدیث مبارک انکے خروج سے متصور ہو۔ لہذا وجہ دوم اصح ہی کہ یہ آخر زمانہ مین واقع ہوگا اور دوسری حدیث مین بھی آیا کہ قیامت قائم نہوگی یہانتک کہ
میری امت کے قبائل مشرکون مین شامل ہوجاوینگے۔ قبائل یعنے گروہا گروہ اسلام سے بد اعتقاد ہوکر ہر ہر ویسے ویسے غیرہ ہوجاوین بلکہ اسلام مین معتزلہ و
جہمیہ وروافض وخوارج وغیرہ بہت ایسے فرقے ہین کہ حکم ظاہر اسلام مین اگرچہ انکی تکفیر کیجائے جیسے ظاہر مین یزید وغیرہ کی تکفیر سے زبان خاموش رکھتے
ہین ولیکن جب یہ لوگ اتباع سنت سے اسقدر دور ہوگئے اور چھوٹ گئے تو عند اللہ تعالے معلوم نہین کہ حساب آخرت مین انکا کیا حال ہی شاید بعض
انمین سے خارج از ایمان ہون واللہ تعالے اعلم بالصواب۔ بالجملہ جس اعتقاد پر متواتر سلف صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم تھے وہ قطعی دلیل تواتر سے باایمان
تمام برحق ہی کیونکہ متواتر سواد اعظم کی دلیل بدیہی حق ہی پر خلاف خوارج وروافض وجہمیہ وغیرہ کے کہ یہ چھوٹی چھوٹی ٹکڑیان چھوٹ کر خارج ہوگئین اور انمین سے
ہر ایک مدعی ہی کہ سلف اسی اعتقاد پر تھے حالانکہ خوارج وروافض مین تناقض ہی تو لامحالہ ایک باطل ہی پھر انکا دعوی صریح غلط اسواسطے کہ متواتر بدیہی کے
خلاف ہی اور جو متواتر سے مخالف ہو وہ باطل ہی مثلا متواتر ثابت ہی کہ موسی پیغمبر بنی اسرائیل تھے پھر جو کوئی جماعت دعوی کرے کہ نہین بلکہ قبطی قوم مین سے
فرعون کے فرزند تھے تو یہ قطعا باطل ہی۔ پھر حق متواتر بدیہی مطمئن یہی سواد اعظم ہی جو سلف صالحین کے قدم بقدم طریق سنت پر ہی اور ان سب کا اعتقاد
واحد اور قرآن وحدیث انکی اصل واحد ہی پھر اللہ تعالے نے انمین علما بر سلف سے مبعوث فرمائے جیسے بنی اسرائیل مین انبیا ہر قوم مین ہوتے تھے
اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے یہ بھی متواتر ہی کہ مثلا ابوہریرہ خواب سے پہلے وتر کو پڑھ لیتے کیونکہ آنحضرت صلعم نے انکو اسیطرح ارشاد کیا تھا اور دیگر اکابر
بعد تہجد کے پڑھتے پس اعمال ثواب کو قرآن وحدیث سے نکالکر جسطرح سنت معلوم ہو عمل کرو جبکہ تمہاری اصل یہی قرآن وسنت واحد ہی ہان

اس زمانہ میں بعضے جاہل لوگ باہم تعصب کرتے اور خلاف سلف کے چاہتے ہیں کہ رحمت الٰہی کو اہل اسلام پر ضیق کرکے صرف ایکسی چال و طریقہ پر
مجبور کریں تو یہ البتہ جہالت باطل ہی اور انکی جہالت سے اجماع اہل السنۃ والجماعت میں خلل نہیں ہو سکتا ہی اسی وجہ سے حدیث میں آیا کہ میرے صحابہ مثل
ستاروں کے ہیں تم جسکی اتباع کرو ہدایت پر قائم رہوگے لہذا متاخرین متفق ہیں کہ انکی اتباع کرنے والے علماے مجتہدین مانند ابو حنیفہ و مالک و سفیان
الثوری و شافعی و احمد و بخاری و مسلم و غیرہم سب اہل الحق ہیں۔ واضح ہو کہ ایمان اصل نعمت ہی اور یہ اعمال واسطے تزکیہ و طہارت نفس کے ہیں پس ایمان باطنہ
و اخلاق کریمہ تو طہارت قواے باطن ہیں اور اعمال ظاہرہ صوم و صلوۃ مع نیات قلبی کے طہارت جسم و باطن ہیں پس ہر نسبت خالصہ کے ساتھ جو عمل موافق
سنت معلوم ہو یا بتلایا جاوے وہ رحمت الٰہی عزوجل سے مفید تزکیہ نفس و طہارت ہی اور جیسے اسمیں کمال طہارت حاصل ہوتی ہی جہاں تک کسکی وسعت
ہی تو انوار اسرار ظہور کرتے ہیں اور اسیکو لوگ حقیقت و علم باطن نام رکھتے ہیں اسیواسطے مترجم نے بعض اہل اسرار کے کلمات لکھدیے ہیں اور جنکا نام
مبارک ذکر ہوا انکا مختصر نشان مع بیان یہ ہی کہ امام شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے لواقح الانوار میں لکھا کہ طریق تصوف وراہ اولیاء اللہ بالکل قرآن و حدیث پر مبنی ہی اور اسمیں
عمل ظاہر و باطن بروجہ کمال اسطرح ہی کہ ہر دم کے خطرات نفس و اتفاقات ذہنی و ہوا جس سے قلب کو محفوظ رکھے جیسا کہ حضرت سرور عالم صلی اللہ
علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہی اور جو امور کہ ان بزرگوں نے بیان کیے وہ جب ہی مذموم ہو سکتے ہیں کہ صریح قرآن یا حدیث یا اجماع سے خلاف واقع
ہوں اور جب مخالفت نہیں تو انتہاء درجہ یہی نکلا کہ یہ فہم نفیس و ہبی ہی قرآن و حدیث میں کسی بشر کو عطا ہوئی ہی جاہے اسپر عمل کرے اور جو چاہے
باز رہے۔ پھر واضح ہو کہ علم تصوف ایسے علم کا نام ہی جو اولیاء اللہ کے قلوب میں ہوقت منکشف ہوتا ہی جب موافق قرآن و حدیث کے ظاہر و باطن خالص
تمام عمل کرنے سے انکے قلوب نور خاص سے منور ہوتے ہیں پس تصوف تو شریعت پر عمل کرنیکا نتیجہ ہی جیسا کہ عمل خالص بدون شائبہ نفس ہو پس
جسنے دقیق نظر سے دیکھا وہ خوب جانتا ہی کہ علوم اولیا میں سے کوئی اشارہ و معرفت ایسے نہیں ہو علم شریعت سے خارج ہو حالانکہ شریعت ہی
انکو اس درجہ عالی پر پہونچایا ہی شیخ جنید رحمۃ اللہ علیہ نے کہا کہ ہمارا علم بتقلید کتاب و سنت ہی۔ انتہی ملخصا۔ شیخ محی الدین بن العربی رحمۃ اللہ علیہ فتوحات مکیہ میں لکھا
کہ اس قوم کے علوم تک پہونچنے کا طریقہ یہ ہی کہ خالص ایمان کے ساتھ موافق سنت کے متقی ہو۔ قال تعالے۔ ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا الآیۃ
اور فرمایا۔ ولو ان اہل القری امنوا واتقوا لفتحنا علیہم برکات من السماء والارض الآیۃ۔ اور فرمایا واتقوا اللہ ویعلمکم اللہ الآیۃ
اور شک نہیں کہ ایمان و تقوی کے نتیجہ میں جو علم و برکت و رزق و یا وہ وطرح ہو ایکہ تو اس جسم سے متعلق ہی جسکے ذریعہ سے اعمال صالحہ بجالاوے اور
دوم روح سے متعلق ہی جو بعد موت کے باقی ہو اور دوم کی شرافت خود ظاہر ہی پس کوئی وجہ نہیں کہ معارف سے انکار کیا جاوے۔ اور قرآن و حدیث
میں یہ قوم جو اشارات بیان کرتے ہیں انکو ظاہر سے تحریف و تحویل مت سمجھو کیونکہ ظاہر آیت و حدیث کی تفسیر ظاہری ہے انکو انکار نہیں اور یہ عام شریعت ہی
اور یہ لوگ ہرگز نہیں کہتے کہ یہ معنے مقصود و مراد نہیں ہیں بلکہ کہتے ہیں کہ اعجاز قرآنی میں ہر فہم کے لائق معانی و اشارات دیگر ہیں جنکو ہر متقی اپنے
درجہ تقوی کے موافق سمجھتا ہی اور وہ ہرگز ان احکام ظاہر سے خلاف نہیں ہیں جیسے علم شریعت کے تبحر سے عالم کو مرتبہ اجتہاد در بیان آیات
و احادیث کے حاصل ہوتا ہی بلکہ غیر مذکور کا استنباط بذریعہ قیاس معلوم ہوتا ہی پس ظاہر نصوص میں توفیق دیتے ہیں حالانکہ یہ تحریف و تحویل نہیں ہی
اسی طرح معرفت تقوی سے اللہ تعالے کے علوم منکشف فرماتا ہی اور وہ جسم و نفس اور عقل و روح کے عجائب تعلقات ہیں جو فقیہ عالم کی شان ہی جو ہزار
عابد سے زیادہ شیطان پر سخت ہوجاتا ہی۔ انتہی ملخصا ممتلا مترجم کہتا ہی کہ شرح الصدر و تقوی سے بلاشبہہ معارف علوم حاصل ہوتے ہیں اور بکثرت
نصوص سے یہ امر مستنبط ہی جنکی تحریر میں تطویل ہی۔ واضح ہو کہ شیخ شعرانی رحمۃ اللہ علیہ نے لواقح الانوار میں جماعت کثیر علماء تابعین و تبع تابعین و محدثین و اولیاء و صوفیہ
زاہدین کو ائمہ اہل تصوف میں مع حالات و اقوال درج کیا ہی اور غالبا انمیں علما اولیا زاہدین راویان احادیث صحاح ہیں اور میں ان اکابر جہم اللہ

کے نام مبارک یہان مکرر لانیکا فائدہ نہین دیکھتا کیونکہ یہ سب صحیح بخاری و مسلم و باقی صحاح و سنن مین خود مذکور ہین - ہان بعض کو جنسے روایت حدیث بسبب غلبۂ حال کے نہین لی گئی ہو اور صاحب عرائس نے انکے بعض اقوال درج کیے ہین بہت مختصر بیان کرتا ہون اور واضح ہو کہ جو اقوال انکی طرف منسوب ہوے بعض ایسے اقوال بھی ہین جو سند صحیح انسے ثبوت نہین ہوے اور بعض بیشک انکے اقوال ہین لیکن فہم عوام اسکو ادراک نہین کرتی اور نظیر اسکی یہ کہ آیات متشابہات قرآن و حدیث مین حق ہین اگرچہ معتزلی و جہمی نے اسکے معنے نہ سمجھے یا جیسے حضرت آدم علیہ السلام کی نسبت فرمایا عصیٰ آدم ربہ اور آنحضرت صلعم کی نسبت مغفرت ذنوب سابق و لاحق کی تنصیص فرمائی توبہ حق ہی لیکن گمراہ فرقون نے زعم کیا کہ انبیا گنہگار قابل مغفرت ہوتے ہین معصوم نہین ہین حالانکہ یہ گمراہ خود فاجر ہی - اسی طرح مرد متقی کے معنے ٹھیک ہین لیکن سامع کو وہانتک رسائی نہوئی تو اسنے لغو یا غلط معنے لگائے پھر یا تو انکار کیا اور یا اسی گمراہی پر شریعت کا مخالف ہوگیا اور یہ دونون بیہودہ ہین بلکہ اول سے دوم بدرجہا بدتر ہی کیونکہ اول نے غایت یہ کہ قول مذکور چھوڑ دیا بخلاف دوم کے کہ اسنے حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے خلاف کرکے شیطانی طریقہ لیا کہ گمراہ ہوگیا شعرانی رح نے سواے صحابہ و کبار واسطہ تابعین کے صغار و اتباع مین حضرت منصور بن المعتمر و سلیمان الاعمش و جولانی و مکحول و یزید بن ہیرہ و اوزاعی و حسان بن عطیہ و عبد الواحد بن زید و صالح المری و عطاء و عتبہ بن ابان و سفیان الثوری و ابو حنیفہ و مالک و شافعی و احمد و سفیان بن عیینہ و شعبہ و سعد و ابن المبارک و عبد العزیز بن ابی رواد و محمد بن یوسف و ابن اسباط و مسلم بن میمون و ابو بکر بن عیاش و وکیع بن الجراح و عبد الرحمن بن مہدی و محمد بن اسلم الطوسی و محمد بن اسمٰعیل البخاری و جماعت ائمہ محدثین و حضرت فضیل بن عیاض و ابراہیم بن ادہم و بشر بن الحارث الحافی و داؤد طائی و غیرہم جماعت کبار اولیا رفقات علماے محدثین رحمہم اللہ تعالےٰ کو درج کیا جنکی شہرت عام و برکت تام ہی - رہا بیان بعض اکابر جو احادیث کی روایات مین اسطرح معروف نہین ہین انمین سے منجملہ **ذو النون مصری** نام ثوبان بن ابراہیم ۲۴۵ھ مین وفات پائی جنازہ پر اسقدر کثرت تھی کہ لوگون کے پل ٹوٹ جانیکا خوف کیا اور سر پر مندون نے تابوت پر سایہ کرلیا تھا - شاگرد امام مالک ہین - لوگون نے پوچھا کہ حدیث کی روایت مین مشغول نہین ہوتے فرمایا کہ اسکے لیے لوگ موجود ہین اور مجھے اپنے نفس سے فرصت نہین اور افسوس کہ گھنٹون مین نقص آوے - ورنہ علماے حدیث و فقہا اپنے وقت مین سب سے افضل ہوتے - معروف کرخی زاہد مستجاب الدعوات مولاے حضرت علی بن موسی الرضا رضی اللہ عنہم ہین قریب ۲۰۰ھ کے بغداد مین مدفون ہوے - **بشر** بن الحارث الحافی زاہد محدث کبیر الشان معاصر امام احمد ہین ۲۱۷ھ مین انتقال فرمایا - **السری السقطی** اور وقت شاگرد معروف و جنید رح کے ماموں ۲۵۱ھ مین مدفون ہوے - **حارث محاسبی** جامع علوم المتوفی ۲۴۳ھ کہتے کہ جو باطن کو مراقبہ و اخلاص سے درست کرتا ہی اوسکا ظاہر مجاہدہ و اتباع سنت سے آراستہ ہوتا ہی - **داود الطائی** امام کبیر الشان زاہد معروف شاگرد امام ابو حنیفہ رح فقہ معروف ہین - **شقیق بلخی** زاہد یاے معروفین شاگرد ابراہیم بن ادہم و استاد حاتم اصم ہین - **ابو یزید بسطامی** معروف ہین فرماتے کہ آدمی پر علم و اسکی پیروی سے زیادہ دشوار کوئی چیز نہین - فرماتے کہ سواے تجرید توحید کے باقی ہین علما کا اختلاف رحمت ہی المتوفی ۲۶۱ھ **سہل بن عبد اللہ التستری** امام رفیع الشان المتوفی ۲۸۳ھ **ابو سلیمان الدارانی** علوم حقائق و ورع مین کبیر الشان استاد احمد بن ابی الحواری محدث ثقہ المتوفی ۲۱۵ھ **فتح الموصلی** ہمعصر شقیق بلخی و سری سقطی کبیر الشان نقل عنہ الامام ابن کثیر کلمۃ حکمۃ **حاتم اصم** استاد احمد بن خضرویہ المتوفی ۲۳۷ھ **یحیی بن معاذ رازی** امام اوحد الوقت اورع المتوفی ۲۵۸ھ **احمد بن خضرویہ** صاحب الفتوۃ معروف متوفی ۲۴۰ھ **احمد بن ابی الحواری** امام محدث معروف شاگرد ابو سلیمان و سفیان بن عیینہ کہتے کہ دنیا مردار خانہ ہی جسپر کتے جمع ہین یہ کتون سے بدتر ہین المتوفی ۲۳۰ھ **ابو حفص الحداد نیشاپوری** استاد شاہ شجاع کرمانی امام الوقت المتوفی ۲۷۰ھ **ابو تراب نخشبی** اجلہ مشائخ سے المتوفی ۲۴۵ھ **عبد اللہ بن حنیف** زاہد اورع بطریقہ سفیان الثوری جنید بغدادی سید القوم معروف بہ ابو ثور رح المتوفی ۲۹۷ھ **الشیخ ابو بکر الشبلی** شاگرد جنید امام الوقت معروف **ابو عثمان الحیری** شاگرد یحیی بن معاذ رح المتوفی ۲۹۸ھ ہجری

ابو الحسین النوری شاگرد سری السقطی و مصر جانے پر شیخ القوم المتوفی ۲۹۵ھ احمد بن یحیی الجلاء شاگرد ذوالنون ابو محمد رویم بن احمد فقیہ بمذہب داؤد ظاہری اصفہانی المتوفی سنہ ۳۰۳ھ محمد بن الفضل البلخی شاگرد احمد خضرویہ از کبار مشائخ مستجاب الدعوات شعرانی رح نے لکھا کہ مذہب اہل حدیث رکھتے تھے تو فقہاے بلخ نے انکو نکال دیا تو انپر بد دعا کی پھر بلخ سے کوئی بزرگ نہ ہوا المتوفی سنہ ۳۱۹ھ انھیں اکابرین سے ابو بکر الدقاق مصری و سمنون خواص شاگرد سری سقطی و ابو علی الجوزجانی و شاہ شجاع کرمانی در اصل شاہزادہ تھے یوسف بن الحسین الرازی و حکیم ترمذی و ابو بکر الوراق و ابو سعید الخراز و مغربی و جریری و علی بن السہل اصفہانی و ابن عطا و احمد بن محمد و ابراہیم الخواص و ابو بکر الواسطی شاگرد جنید نوری و ابو الحسن الوراق و ابو الحسن الدینوری و ہمشاد دینوری و ابو الحسین السباج و ابو محمد مرتعش و ابو علی الرودباری و ابو یعقوب النہرجوری و ابو العباس الدینوری و ابو القاسم ابراہیم بن محمد النصرابادی شیخ اہل خراسان شاگرد حضرت ابو بکر شبلی و احمد بن عطا الرودباری و ابو عبد اللہ محمد الدینوری السید ابو صالح عبد القادر الجیلانی و ابو مدین المغربی و غیرہم رحمہم اللہ تعالے اساطین حکمت و سادات الاولیا بمقام معرفت ہیں اور ہر ایک نے مقامات معرفت و معاملات بن کلمات حکمت کے ساتھ اہل ارادت کو افادہ فرمایا اور طریقۂ سلوک سنت و آداب طریقت کو سمجھایا ہاے

عجب کہ جماعت کثیر طلبہ کی کفریات یونانیہ و مزخرفات بو علی سینا کی جانب دل دادہ ہیں جو محض جہالت ہے جسکا پڑھنا و پڑھانا عین معصیت عاذنا اللہ تعالے اور اگر کبھی ان کج قلوب کو ان معارف حکمت سے ایک ذرہ نصیب ہو تا تو اپنی تضییع اوقات جہالت پر ہزار نفرین کرتے اور خلوص کے ساتھ معارف قرآنی و حدیث کو کلمات حکمت اولیاء رحمہم اللہ تعالے سے حاصل کرتے۔ اللّٰھُمَّ اھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ اَللّٰھُمَّ اٰمِیْن ھٰذَا اٰخِرُ مَا اَرَدْنَاہُ فِی الْمُقَدِّمَۃِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ وَاٰخِرُ دَعْوٰنَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ

يعلمكم الكتاب والحكمة ويعلمكم ما لم تكونوا تعلمون

مفتاح کنوز اسرار ربانی منشور لامع النور فیوض سبحانی مجموعہ معارف وحقائق وذخیرہ اسرار ودقائق جامع تفاسیر شیخ امام عماد الدین ابو الفداء اسمٰعیل بن عمر بن کثیر القرشی الدمشقی المفسر رحمہ اللہ جو تفسیر امام ابو جعفر محمد بن جریر الطبری وغیرہ اکابر کی تفاسیر کے فوائد کو شامل ہے اور تفسیر بیضاوی وکشاف کی عبارت کی گہری بحثوں سے محفوظ ہے

الموسوم بہ

# تفسیر مواہب الرحمٰن

المشتہر بہ

# جامع البیان

مصنفہ

جامع العلوم الدقایق النقلیہ بحر الفنون المفرعیہ والاصلیہ قاطع شبہات الملحدین دافع مکائد الغابرین حاوی الفضائل مع الفنون اہل عمدۃ الاجلۃ والاماثل المتقدم بالعلم الحنفی والمجد مولانا مولوی سید امیر علی صاحب فتاوی الہند تحریر جہ بالمکیہ بعین السعادۃ ایام ظل العالی بولوم الایام واللیالی مربیہ الانام حسن النظام سے

مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ محسن گنج بی چھپی

اعلان۔ حق تالیف وتصنیف اس کتاب برکت انتساب کا بحق نولکشور پریس محفوظ ومحدود ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی خیر خلقہ محمد وآلہ وصحبہ اجمعین اما بعد علم تفسیر قرآن وعلم
ہی کہ جسپر کمال ایمان ومعرفت موقوف ہی کیونکہ تمام علوم سے اصل مقصود یہ کہ کتاب الٰہی عزوجل مین فہم حاصل کرے تاکہ اعتقادات صحیحہ وصالحہ حسنہ و
اخلاق جمیلہ واعمال شریفہ رضیہ سے آراستہ پیراستہ ہوکر لائق حلول دارالسلام ومنزلت اکرام ہو اور باسوائے اس مقصد کے متاع دنیا وحکام
وروپیہ وآل واولاد کی سعی باطل ہی ہر شخص جانتا ہی کہ جب آنکھ بند ہوئی تو خزانون کے صندوق جو اسنے تمام عمر جانکاہی سے جمع کیے تھے دون ہی
رکھے رہے اور وہ صرف چار گز کفن وتختہ تابوت پر اٹھاکر گور مین دفن کردیا گیا اور وہان صرف نیکی ساتھ ہی جو اسنے علم وعمل سے کمایا اور سوا اسکے
اسکے تو ساری محنت وجانکاہی ومشقت کو خاک مین ملایا کیونکہ یہ دنیا دارفنا ہی اور باقی تو دارالآخرت ہی اور دارآخرت کے لیے زاد وسامان پہچان لینا چاہیے
اور یہ پہچان صرف علم نبوت سے حاصل ہوتی ہی اور وہ علم قرآن مجید ہی جو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کاملہ سے اپنے حبیب خاص محمد مصطفی صلی اللہ
علیہ وسلم کی ختم رسالت سے اس امت پر نازل فرمایا اور اپنے حبیب رحمۃ للعالمین کو حکم یعلمھم الکتاب والحکمۃ سے معلم حکیم جسکے
وصف سے موصوف کیا چنانچہ بالضرورۃ آپ نے عرب کو جو علم کے نام سے واقف نہ تھے ایک بیابانی ملک مین جہان نہ رون ودریاؤن کی تاری
نہین پہونچی اور زراعت وبہتری نظر نہین آتی ریگستان خارزار مین اونٹون وبکریون سے بسر کرتے وتکلیف شدت فلاکت مین مانند خانہ
بدوشون کے ذراذراسی باتون پر باہم جنگ جدال کرتے قوی جو کمزور کو کھاجاتا اور کمزورون کی فریاد پر دوسرا گروہ آکر خون کا پیاسا ہوجاتا اور
بتون کی پرستش وشیطانی اوہام مین گرفتار تھے جنون سے فریاد کرتے وپتھرون پر بتون کی سنتین مانتے اور شعر شاعرون پر نازان تھے اور باہم
ڈھال تلوار سے مسلوک ہوتے تھے لیکن باللہ تعالیٰ فی ان ذمائم افعال کے ساتھ اس قوم مین شرائف خصال مین سے صدق طینت وفاے عہد
وشرافت ذاتی ایسی رکھی تھی کہ اولاد ابراہیم واسمٰعیل بغیر خلط اوراط کے خلوص ہر شرافت پر تھی اور ہر شخص عاقل جانتا ہی کہ کان جواہر سے جو زمانہ کا آلود
برآمد ہو وہ خزف چینی شفاف سے بدرجات افضل ہی حتی کہ اسوقت جو روم وفارس نفیس پوشاک وقیمتی اجسام وعمدہ مکانات مین تھے سب
ناپاک باطن وبداخلاق وخبیث طینت تھے گویا انکی مثال ایسی تھی کہ سونے کی کان مین ریشم کا ڈورا یا جواہر کا ٹکڑا ہی اور عرب اس حالت مین بھی

گویا گوہڑی کا لعل تھے لہذا جب سرور عالم خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت وارشاد مین نور عرفان وعین ایمان سے مشرف ہوئے تو جوہر ذاتی نے ظہور کیا اور بہت ہی جلد عظائم اخلاق واعمال سے متحلی ہوکر تمام عالم کے لیے ہادی کامل ہوگئے کہ ابتک انکی پیروی موجب کمال سعادت ہی اور ہمکو انھین کی بدولت قرآن پاک پہونچا وہ حق معلوم ہوئی پس انھین کی شکرگزاری لازم وانھین کی پیروی پہ قرآن مجید کی معارف جاننا وعمل کرنا فرض متحتم ہی اور انھون نے ہمکو قرآن کے ساتھ اسکی تفسیر سیکھلائی واسپر عمل کرنے کی تاکید فرمائی اور یہ ہمکو طبقۂ تابعین واتباع کے ذریعہ سے متواتر پہونچی پس عمدہ تفسیر وہ ہی جسمین صحابہ رضی اللہ عنہم کی تفاسیر مسند ہین اور انکی ہدایت کے موافق معانی ومدارک مستخرج ہین اور مترجم نے مقدمہ مین ایسی تفاسیر نفیس کا حوالہ دیا اور تفسیر شیخ امام عماد الدین ابو الفداء اسمعیل بن عمر بن کثیر القرشی الدمشقی المتوفی ۷۷۴ھ ہجری گویا لباب تفسیر حضرت امام ابن ابی حاتم عبد الرحمن بن محمد الرازی الحافظ المتوفی ۳۲۷ھ ہجری اور تفسیر امام ابو جعفر محمد بن جریر الطبری المتوفی ۳۱۰ھ ہجری ہی۔ امام نووی رح نے کہا کہ امت نے اجماع کیا کہ مثل تفسیر ابن جریر کے تصنیف نہین ہوئی۔ مترجم نے ان اکابر ائمہ کے افادات کے ساتھ مین بہت سے مفید التزامات کی رعایت کی جنکا ذکر مقدمہ مین مبسوط ہوچکا از انجملہ اس زمانہ کے مشرکین وباطلین کے اوہام ووساوس شیطانیہ کی تردید ہی اور تلبیس پیرایہ سے انکی غلط فہمی وگمراہی کی علت دور کی گئی۔ از انجملہ ہر ضروری ومفید امر جو ادنی درجہ ایمان سے لیکر اعلی درجہ احسان تک مفید ہو درج کیا گیا پس بحمد اللہ سبحانہ تعالی یہ تفسیر جامع افادات ولطائف اشارات از احادیث سید المرسلین صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین وآثار حضرات صحابہ وتابعین رضی اللہ عنہم اجمعین وافادات فقہاے دین وعلماے ربانیین ہی اور ہر امر حق جسکا ثبوت ان اصول صحیحہ سے ہوا اسکے بعد جھوٹے قصص ودروغ روایات کی حاجت نہین اور صادق الایمان ہمکو کذب سے نفرت ہی وہ مین جھوٹ بولنے والے سے سخت متنفر ہوتا ہی اور کیون نہو کہ معارف الٰہیہ ومقامات علیہ کا عروج کسی کاذب کو میسر نہین ہوسکتا بلکہ وہ گمراہی کا باعث ہوتا ہی پس اعتماد بصدق روایات فقہ وروایات علوم حقہ ومعارف الٰہیہ اس تفسیر مین جمع ہین والحمد للہ رب العالمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## سورۃ الفاتحہ

یہ سورہ مبارک بالاتفاق سات آیات ہین جیسا کہ حدیث صحیح سے ثابت ہی پھر جن علماء کے نزدیک بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک آیت ہی تو انکے نزدیک ساتوین آیت صراط الذین انعمت علیہم سے آخر تک ہی اور جنکے نزدیک بسملہ الگ ہی اور الحمد للہ سے شمار ہی تو ساتوین آیت غیر المغضوب علیہم ولا الضالین ہی۔ تو اس سورۂ مبارک کے کلمات پچیس ۲۵ ہین اور حروف ایکسو تیرہ ۱۱۳ ہین۔ یہ سورہ مبارک جامع فضائل وبرکات ودقائق اشارات ہی اور اسکے متعلق بعض احکام خاص مختار ہین جو دوسری سورتون کے واسطے عام نہین ہین بلکہ سورۂ فاتحہ مین علوم کتب سابقہ مع علم قرآن جمع ہی چنانچہ آیندہ معلوم ہوگا اسیواسطے علماء ربانیین کے نزدیک اس سورہ کی تفسیر تمام قرآن مجید کی تفسیر سے مساوی ہی لیکن صاحب دل متحمل چاہیے پھر بھی ہر آیت کے متعلق ضروری تفسیر لکھی اور مترجم نے بھی اسی کی اقتدا کرکے بعنوان فوائد تذییل کی۔ (فائدہ اولی) سورتون کے نامون مین قیاس کو دخل نہین بلکہ شرع نے جو نام بتلایا اسی پر اقتصار ہوگا۔ سورۂ فاتحہ کے نامون کی کثرت اسکی فضیلت کی دلیل ہی چنانچہ شیخ سیوطی رح نے پچیس ۲۵ نام لکھے۔ امام ابن کثیر وغیرہ نے فرمایا کہ اسکو (فاتحۃ الکتاب) اسوجہ سے کہتے ہین کہ اسی سے نماز مین قرات شروع کیجاتی ہی اور اسکو (ام الکتاب) اسواسطے کہتے ہین کہ مصحف مجید مین پہلے لکھی جاتی ہی اور نماز مین پہلے پڑھی جاتی ہی۔ یہ قول امام بخاری رح کی ہی لیکن ابو السعود نے کہا کہ تسمیہ کا مدار فاتحۃ الکتاب پر ہی نہ ابتداے قرات پر۔ مترجم کہتا ہی کہ ابتداے کتاب ہی سے ابتداے قرات ہی خصوص نماز مین زیادہ اہتمام ہی پس قول امام بخاری رح صحیح ہی۔ اسکو (ام القرآن) اسواسطے کہتے ہین کہ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے

فرمایا کہ سورہ الحمد للہ رب العالمین ام القران وام الکتاب والسبع المثانی والقرآن العظیم ہی (الصحیح) اس سے معلوم ہوا کہ اس سورہ کا نام **السبع المثانی** اور **القران العظیم** بھی ہی اور اسکو **سورۃ الحمد** بھی کہتے ہین اور اسکی وجہ ظاہر ہی اور اسکو **الصلوٰۃ** یا **سورۃ الصلوٰۃ** اسوجہ سے کہتے ہین کہ حدیث قدسی مین آیا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا کہ الصلوٰۃ میرے درمیان اور میرے بندے کے درمیان نصفا نصف ہی پس جب میرے بندے نے الحمد للہ رب العالمین کہا تو اوہ سنے میری حمد کی آخر تک (کما فی الصحیح) اور علماء نے اتفاق کیا کہ صلوٰۃ سے سورہ الحمد مراد ہی چنانچہ آیندہ انشاء اللہ تعالیٰ تفصیل آویگی۔ اور حاصل یہ ہی کہ سورہ حمد اللہ تعالیٰ کی تعریف اور اپنی حاجت کی دعا ہی پس ثنا تو اللہ تعالیٰ کے واسطے ہی اور دعا بندہ کے واسطے ہی لہذا وہ اللہ تعالیٰ و بندہ کے درمیان تقسیم ہوگئی اسکو **سورۃ شفا** اسواسطے کہتے ہین کہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت ہی کہ فاتحۃ الکتاب ہر زہر سے شفا ہی (رواہ الدارمی) اسکو **سورۃ رقیہ** اسواسطے کہتے ہین کہ حدیث ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ مین قصہ مذکور ہی کہ ایک شخص نے بچھو کے کاٹے ہوے کو اس سورہ سے جھاڑا کہ وہ اچھا ہوگیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو رقیہ فرمایا چنانچہ فضائل مین انشاء اللہ تعالیٰ آویگا۔ شعبی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اس سورہ کو **اساس القران** فرمایا اور کہا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم سورہ الحمد کی اساس ہی۔ اور سفیان بن عیینہ نے اس سورہ کو (**واقیہ**) کہا۔ اور یحیی بن ابی کثیر نے اسکو (**کافیہ**) کہا۔ کشاف مین مذکور ہی کہ اسکو (**کنز**) بھی کہتے ہین (**فائدہ ثانیہ**) قران مین سے سب سے پہلے سورۂ اقرا کا نزول ہوا اور قول دوم یہ کہ سورۂ مدثر کا نزول ہوا اور قول سوم یہ کہ سورۂ فاتحہ کا نزول ہوا۔ اور بیہقی کی دلائل النبوۃ مین ایک حدیث سے ظاہر ہوتا ہی۔ لیکن شیخ ابن کثیر نے کہا کہ قول اول ہی صحیح ہی یعنی سب سے پہلے سورۂ اقرا کا نزول ہوا (**فائدہ ثالثہ**) فضائل سورۂ فاتحہ کا مختصر بیان مقدمہ مین گذرا۔ امام ابن کثیر نے لکھا کہ ابوسعید بن المعلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مین نماز کی حالت مین تھا کہ مجکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دی پس مین نماز تمام کرکے حاضر ہوا تو آپنے فرمایا کہ تجکو حاضری سے کون امر مانع ہوا مین نے عرض کیا کہ یارسول اللہ مین نماز پڑھتا تھا پس آپ نے فرمایا کہ کیا اللہ عزوجل نے تجکو حکم نہین دیا بقولہ تعالیٰ۔ یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اسْتَجِیْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ لِمَا یُحْیِیْكُمْ پھر فرمایا کہ مسجد سے باہر جانے سے پہلے تجکو قرآن سے اعظم سورہ تعلیم کرونگا پھر آپ میرا ہاتھ پکڑے ہوے باتین کرتے چلے تو مین نے عرض کیا کہ یارسول اللہ آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ مین تجکو قرآن مین سے اعظم سورہ تعلیم کرونگا آپ نے فرمایا کہ ہان وہ الحمد للہ رب العالمین ہی یہی سبع مثانی والقرآن العظیم ہی جو مجکو عطا ہوا ہی۔ (رواہ احمد والبخاری وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ) اور حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے بھی اسی کے مثل روایت ہی جسمین مذکور ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ مین میرا ہاتھ لیا اور فرمایا کہ مجھے امید ہی کہ دروازہ مسجد سے نکلنے سے پہلے تجکو ایسا سورہ تعلیم ہوگا جسکے مثل توریت یا انجیل مین بلکہ قرآن مین نازل نہین ہوا ابی بن کعب نے کہا کہ مین اسی سورہ کی امید پر آہستہ قدم اوٹھاتا تھا پھر جب مسجد کے دروازہ پر پہونچا تو مین نے عرض کیا کہ یارسول اللہ وہ سورہ مجھے تعلیم فرمایا جاوے جسکا وعدہ دیا گیا ہی تو فرمایا کہ تو نماز شروع کرنے مین کیونکر پڑھتا ہی پس مین نے الحمد للہ رب العالمین آخر تک پڑھی تو آپ نے فرمایا کہ وہ یہی سورہ ہی اور یہی سبع مثانی والقرآن العظیم ہی جو مجھے عطا کیا گیا (رواہ مالک) شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ حدیث بھی بظاہر منقطع صحیح ہی۔ اور امام احمد نے اسکو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے متصل روایت کیا اور اسمین یہ زیادہ ہی کہ ابی بن کعب نے عذر مین کہا کہ جی ہان بیشک اللہ تعالیٰ نے آیت مین حکم دیا ہی اور اب مین ایسا کبھی نہین کرونگا۔ (ورواہ الترمذی والنسائی) اور ایک روایت مین ہی کہ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے توریت یا انجیل مین ام القران کے مثل نازل نہین فرمایا اور یہی سبع مثانی ہی اور اسکو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میرے درمیان اور میرے بندے کے درمیان نصفا نصف ہی (رواہ النسائی)

مترجم کہتا ہی کہ اس حدیث مین فقرہ ہی کہ ابوسعید بن المعلی نفل نماز پڑھتے تھے اور اسیطرح ابی بن کعب رضی اللہ عنہ بھی نماز نفل مین تھے پس جبکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دی تو فورًا نماز توڑکر حاضر ہونا واجب تھا کیونکہ یہ فرض ہی اور قاعدہ نکلا کہ فرض کے معارضہ مین نفل نہین باقی رہتی اسیواسطے فقہاء کے نزدیک اصول مین قرار پایا کہ ہر فعل مستحب جو صحیح ثابت ہو جیسا وہ ایسی شان پر ہو کہ اوسکے عمل مین لانے سے بدعات پھیل جائینگی تو اوسکو ترک کرنا واجب ہی اور یہ قاعدہ کلیہ شرع مین بہت مفید ہی جو فتاوی عالمگیری وغیرہ مین مذکور ہی اور اس سے بہت سے احکام مستنبط ہوتے ہین ۔ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہونچا اور آپ اوسوقت پیشاب سے فارغ ہوے تھے تو مین نے کہا السلام علیک یارسول اللہ پس آپنے کچھ جواب نہین دیا پھر مین نے کہا السلام علیک یارسول اللہ پھر آپ نے مجکو کچھ جواب نہین دیا پھر مین نے تیسری بار عرض کیا السلام علیک یارسول اللہ پھر آپ نے کچھ جواب نہ دیا پھر آپ روانہ ہوے اور مین آپ کے پیچھے پیچھے چلا یہانتک کہ آپ مکان مین داخل ہوے اور مین مسجد مین مغموم غمناک ہوکر بیٹھا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم طہارت فرماکر باہر آئے اور فرمایا وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پھر فرمایا کہ ای جابر بن عبداللہ مین تجھے قرآن مین سب سے بہتر سورہ بتلاؤن مین نے عرض کیا کہ ہان یارسول اللہ ضرور فرمائیے تو آپ نے فرمایا کہ الحمد للہ رب العالمین آخر تک پڑھ (رواہ احمد باسناد جید) **مسئلہ** اسکے مانند احادیث دلیل ہین کہ بعض سورون کو بعض پر فضیلت ہی اور یہ قول بہت سے علماء سے منقول ہی اور دیگر علماء کے نزدیک باہم تفاضل جائز نہین ہی کیونکہ کل کلام اللہ تعالی ہی اور تفضیل مین نقص کا وہم ہوتا ہی ۔ قرطبی نے یہ قول ابوالحسن اشعری و ابوبکر باقلانی و ابوحاتم و ابوحیان و یحیی بن یحیی سے نقل کیا اور یہی امام مالک سے ایک روایت ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ تحقیق قول امام ابوحنیفہ رح سے یہ مروی ہی کہ کلام الہی ہونے کی راہ سے سب برابر ہی لیکن بعض سورہ مین حمد و ثناے الہی مذکور ہی جو دوسری سورہ مین نہین ہی تو مذکور کی راہ سے اوسکو فضیلت ہی مثلاً سورۂ قل ہو اللہ احد کو اخلاص توحید کی راہ سے سورۂ تبت یدا پر فضیلت ہی جسمین ابولہب کی بدانجامی مذکور ہی ۔ م ۔ ابوسعید خدری رض سے روایت ہی کہ ہم لوگ ایک سفر مین تھے اور ایک منزل پر ہم لوگ اوترے تو اون لوگون نے ہماری مسافرانہ دعوت کی اتنے مین اس قوم کی ایک لونڈی دوڑتی ہوئی آئی کہ ہمارے سردار کو بچھو نے کاٹا اور ایک روایت مین ہی کہ اوسکی پیشانی پر بچھو نے کاٹا اور ہمارے یہان کوئی جھاڑنے والا اسوقت موجود نہین ہی تو کیا تم مین سے کوئی شخص جھاڑنا جانتا ہی پس ہم مین سے ایک شخص کھڑا ہوگیا جسکو ہم جھاڑنے والا نہین جانتے تھے اور اوسنے کہا کہ ہان مین جھاڑونگا مگر تم لوگون نے ہماری مہمان داری نہین کی تو تیس بکریون سے کم عوض نہین جھاڑونگا پس اوسنے تیس بکریان عوض ٹھہرائین اور جاکر اوسکو جھاڑا تو وہ اچھا ہوگیا اور اوسنے تیس بکریان دین اور ہمکو دودھ پلوایا پھر جب وہ آیا تو ہمنے اوس سے کہا کہ کیا تم جھاڑ پھونک جانتے ہو یا تم جھاڑ پھونک کیا کرتے تھے پس اوسنے کہا کہ مین تو نہین جانتا ہون اور نہ کوئی مین نے جھاڑ پھونک کیا سوے اسکے کہ سورۂ الحمد پڑھ دی پس ہم لوگون نے کہا کہ ان بکریون مین کچھ تصرف نکرو یہانتک کہ ہم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین پہونچین یا ہم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرین پس جب ہم لوگ مدینہ منورہ مین آئے تو یہ حال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا پس آپ نے فرمایا کہ وہ جانتا تھا کہ یہ رقیہ ہی تم لوگ بکریان بانٹو اور اسمین میرا بھی حصہ لگاؤ (رواہ البخاری و مسلم و ابوداؤد) واضح ہو کہ اپنے واسطے حصہ کا حکم سرمو اونکے اطمینان خاطر کے واسطے دیا اور اسی سے نکلا کہ جو کارخیر کہ فرائض و واجبات مین سے نہون اوسمین اجرت لینا جائز ہی ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ایک وقت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے تھے اور آپ کے پاس جبرئیل علیہ السلام بیٹھے تھے کہ ناگاہ آسمان کی طرف سے آواز سنی پس

جبرئیل علیہ السلام نے آسمان کو اپنی نگاہ اوٹھا کر کہا کہ یہ آسمان کا ایسا دروازہ کھلا جو کبھی نہین کھلا تھا پھر اتنے مین ایک فرشتہ اوتر کر
آیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپکو بشارت ہو کہ آپ کو ایسے دو نور عطا ہوے ہین - جو آپ سے پہلے کسی پیغمبر کو نہین
دیے گئے ہین اور وہ فاتحۃ الکتاب اور خواتیم سورۂ بقرہ ہین کہ ان دونون مین سے جو حرف پڑھا جائے نور عطا ہوگا (رواہ مسلم والنسائی)
خواتیم سورۂ بقرہ سے آمن الرسول سے آخر تک مراد ہی - ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے کوئی
نماز پڑھی کہ جسمین ام القران نہین پڑھی تو وہ ناقص ناقص ناتمام ہی پس ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے کہا گیا کہ ہم لوگ کبھی امام کے پیچھے
ہوتے ہین تو ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اوسکو اپنے جی مین پڑھ لے کیونکہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ فرماتے تھے
کہ اللہ عزوجل فرماتا ہی کہ صلوۃ میرے و میان اور میرے بندہ کے درمیان نصفا نصف ہی اور میرے بندہ نے جو کچھ مانگا وہ اوسکے واسطے ہی
پس جب بندہ نے الحمد للہ رب العالمین کہا تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ میرے بندہ نے میری حمد کی اور جب بندہ نے الرحمن الرحیم کہا تو اللہ تعالی
فرماتا ہی کہ میرے بندہ نے میری ثناء کی پھر جب بندہ نے مالک یوم الدین کہا تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ میرے بندہ نے میری تمجید کی یعنی بزرگی کا
اقرار کیا پھر جب بندہ نے ایاک نعبد وایاک نستعین کہا تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ یہ میرے و میان اور میرے بندہ کے درمیان مشترک ہی اور جو میرے
بندہ نے مانگا وہ اوسکے واسطے ہی پھر جب بندہ نے اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھا تو اللہ
تعالی فرماتا ہی کہ یہ میرے بندہ کے واسطے ہی اور بندہ کے لیے وہ ہی جو اوسنے مانگا (رواہ مسلم والنسائی والترمذی وعبد اللہ بن احمد وابن جریر
والبخاری) مترجم کہتا ہی کہ وجہ تقسیم اسطرح ہی کہ الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین یہ تین آیات تو اللہ تعالی کی حمد وثنا و تمجید مین
اور ایاک نعبد وایاک نستعین یہ ایک آیت مشترک ہی اور اہدنا الصراط المستقیم سے آخر تک تین آیات بندہ کے واسطے ہین پس نصفا نصف
ہو گئی اور اس صورت مین اہدنا الصراط المستقیم ایک آیت اور صراط الذین انعمت علیہم دوسری آیت اور غیر المغضوب علیہم ولا الضالین تیسری
آیت - اور واضح ہو کہ کسی روایت مین بسم اللہ الرحمن الرحیم مذکور نہین ہی اور اگر اوسکو شمار کیا جاوے تو نصفا نصف نہین ہوتی ہی کیونکہ اللہ تعالی
کے واسطے چار آیات ہوئی جاتی ہین فاحفظہ م - (مسئلہ) شیخ ابن کثیر نے کہا کہ سوال یہ ہی کہ کیا نماز مین سورۂ فاتحہ متعین ہی یا اسکے
فاتحہ کے دوسری سورہ بھی کافی ہو سکتی ہی اسکا جواب یہ ہی کہ اسمین علماء کے درمیان مین اختلاف ہی امام ابو حنیفہ اور اونکے موافقین صاحب
وغیرہم کے نزدیک سورۂ فاتحہ متعین نہین ہی بلکہ قرآن مین سے جو کچھ پڑھے جائز ہی اور اسپر وہ دلیلین لاتے ہین اول قولہ تعالی فاقرؤا ما تیسر من
القرآن یعنی قرآن مین سے جو میسر ہو پڑھو اسمین سورۂ فاتحہ کی تخصیص نہین ہی دوسری دلیل یہ ہی کہ ایک شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین بری طرح نماز پڑھی تھی
پھر جب آپنے اوسکو تعلیم فرمایا تو ارشاد کیا کہ جب تو نماز کے واسطے کھڑا ہو تو تکبیر کہہ پھر قرآن مین سے جو تجھے میسر ہو پڑھ چنانچہ صحیحین مین یہ قصہ مطول مروی ہی پس اسمین
آپنے سورۂ فاتحہ وغیرہ کی تخصیص نہین فرمائی - مترجم کہتا ہی کہ اس سے صاف ظاہر ہی کہ اگر سورۂ فاتحہ نہ پڑھی تو وہ نماز باطل ہوگی لیکن امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک
سورۂ فاتحہ واجب ہی کہ اوسکے نہ پڑھنے سے نماز ناقص ہوتی ہی حتی کہ اوسکا اعادہ واجب ہی اور بنظر دلیل یہی صحیح وقوی ہی م - شیخ ابن کثیر رح
نے کہا کہ دیگر ائمہ مالک شافعی احمد وغیرہم کے نزدیک نماز کے لیے سورۂ فاتحہ متعین ہی اور اونکی دلیل اول یہی حدیث ہی جو اوپر مذکور ہوئی
کیونکہ اس حدیث مین جسنے سورۂ فاتحہ نہ پڑھی اوسکی نماز کو ناقص فرمایا - مترجم کہتا ہی کہ ناقص ہونے سے لازم نہین آتا کہ باطل ہو جائے اسی واسطے
ابو حنیفہ رح بھی اوسکو ناقص کہتے اور فاتحہ پڑھنا واجب کہتے ہین لیکن دیگر ائمہ نے نماز کو باطل سمجھا اور یہ اونکے نزدیک باطل ہی اسواسطے
کہ جس شخص نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین بری طرح نماز پڑھی تھی جب آپنے اوس سے فرمایا کہ تو نے نماز نہین پڑھی تو صحابہ

رضی اللہ عنہم کو بہت پریشانی ہوئی پھر جب آپنے اوسکو تعلیم فرماکر آخر مین فرمایا کہ ان امور مین سے جو امر مین کمی کریگا وہی تیری نماز مین نقص ہوگا تو یہ سنکر صحابہ رضی اللہ عنہم کو فرحت ہوئی کہ نماز بالکل باطل نہوگی بلکہ نقص ہوگا چنانچہ ترمذی کی روایت مین مصرح مذکور ہی پس معلوم ہوا کہ نقص سے باطل ہونا مراد نہین ہی۔ پھر شیخ ابن کثیر رح نے جمہور ائمہ رحمہم اللہ تعالی کے واسطے دوسری دلیل حدیث عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ ذکر کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے فاتحۃ الکتاب نہین پڑھی اوسکی نماز نہین ہی (کما فی الصحیحین) اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ذکر کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ نماز کافی ادا نہین ہوتی جسمین ام القرآن نہ پڑھی جاوے (رواہ ابن خزیمہ وابن حبان) مترجم کہتا ہی کہ ابوحنیفہ کا بھی یہی مذہب ہی کہ بغیر سورۂ فاتحہ کے نماز کافی ادا نہین ہوتی اور اسیطرح جیسا اوسکا اعادہ واجب ہی گو یہ نماز نہوئی لیکن جو بغیر فاتحہ پڑھی گئی وہ باطل نہین ہی۔ (مسئلہ) کیا سورۂ فاتحہ کل رکعات مین واجب ہی۔ جواب۔ اسمین اختلاف ہی شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ شافعی اور ایک جماعت علماء کے نزدیک ہر رکعت مین واجب ہی اور دیگر علماء نے کہا کہ جس نماز مین جتنی رکعات ہون انمین سے اکثر رکعات مین پڑھ دینا کافی ہی حسن بصری وغیرہ نے کہا کہ صرف ایک رکعت مین کافی ہی شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ امام ابوحنیفہ وثوری واوزاعی کے نزدیک سورۂ فاتحہ پڑھنا متعین نہین ہی بلکہ سوائے اسکے جو کچھ پڑھ دے کافی ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ ابوحنیفہ تو اسکو کافی نہین کہتے ہین چنانچہ اوپر معلوم ہوا ولیکن اونکے نزدیک فرض کی دو رکعتون مین اور نفل کی کل رکعتون مین قرارت فرض ہی ولیکن فرض کی اول دو رکعتون مین واجب ہی وتمام بحث مترجم نے عین الہدایہ مین لکھی ہی۔ (مسئلہ) مقتدی پر قرارت فاتحہ واجب ہی یا نہین اور آمین علماء کے تین قول ہین۔ اول یہ کہ امام کیطرح مقتدی پر بھی واجب ہی کیونکہ احادیث سابقہ مین مقتدی کیواسطے استثناء نہین ہی۔ دوم مقتدی بالکل قرارت نکرے خواہ نماز جہریہ ہو یا سریہ ہو کیونکہ جابر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ جسشخص کا امام ہو تو امام ہی کی قرارت اوسکی قرارت ہی (رواہ احمد) شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ اسکی اسناد مین ضعف ہی اور یہ حدیث کئی طرق سے روایت کی گئی مگر کوئی صحیح نہین ہی اور امام مالک ترمذی نے اسکو جابر رضی اللہ عنہ کا قول روایت کیا۔ مترجم کہتا ہی کہ طرق متعددہ تو درجہ حسن تک پہونچتے ہین اور یہ بھی تائید ہی کہ جابر رضی اللہ عنہ اسی پر فتوی دیتے تھے اور یہی امام ابوحنیفہ اور ایک جماعت علماء کا مذہب ہی اور تمام بحث قولہ تعالی اذا قرئ القرآن فاستمعوا لہ الآیۃ کی تفسیر مین انشاء اللہ آویگی۔ شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ قول سوم یہ ہی کہ جب نماز سریہ ہو یعنی ظہر وعصر تو مقتدی پر قرارت فاتحہ واجب ہی اور اگر نماز جہریہ ہو تو واجب نہین کیونکہ ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہ کی حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ امام ہیواسطے بنایا جاتا ہی کہ اوسکی اقتدا کیجائے پس جبتہ تکبیر کہے تو تم لوگ تکبیر کہو اور جب پڑھے تو خاموش سنو (رواہ مسلم وابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجۃ من حدیث ابی ہریرۃ ایضا) کیونکہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث مین بھی آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام پڑھے تو تم خاموش سنو۔ اور اس حدیث کو امام مسلم نے بھی صحیح کہا ہی۔ ابن کثیر رح نے کہا کہ یہ دونون حدیثین دلالت کرتی ہین کہ یہی قول صحیح ہی اور یہی امام شافعی کا قدیم قول تھا اور یہی امام احمد رح سے ایک روایت ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے یہان سکوت مقتدی کی صریح روایت کی تو یہ دلیل ہی کہ سابق حدیث ابوہریرہ رض جو بغیر فاتحہ کے ناقص نا تمام نماز ہونے کے بارہ مین ہی اوسمین ابوہریرہ نے جو اپنے جی مین پڑھنے کا فتوی دیا اوس سے صاف یہ مراد ظاہر ہوتی ہی کہ سورۂ فاتحہ جو حمد وثناء ودعا ہی اپنے دل سے اوسکو کرتا جاوے کیونکہ یہ دونون باتین دل سے ممکن ہین پس معلوم ہوا کہ مقتدی اگر محض غافل ہو تو محروم ہوگا بلکہ سورۂ فاتحہ اوسکے حق مین بھی اسطرح لازم ہی کہ جیسے امام زبان ودل دونون سے ثناء ودعا کرتا جاتا ہی اوسیطرح مقتدی دل سے حمد ودعا کرتا جاوے کیونکہ غافل کے واسطے

نماز میں سے حصہ نہیں ہوتا بلکہ عاقل کے واسطے بھی نماز میں سے اوسیقدر ہوتا ہے جتنا اوسنے عقل کیا ورنہ غفلت حصہ شیطان ہے جیسا کہ ابوداؤد کی حدیث میں مصرح ہے۔ ۱۲ امام ابن کثیر نے کہا کہ بیان فضائل میں ان مسائل کے ذکر کرنے سے غرض یہ ہے کہ مجمل فضائل سورۂ فاتحہ کے ان مسائل کا اختصاص ہے یہ احکام اسی سورۂ پاک کے ساتھ خاص ہیں۔ حدیث انس رض میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تو بستر پر آوے اور سورۂ فاتحہ و قل ہو اللہ احد پڑھے تو سوائے موت کے ہر بلا سے مامون ہو جاویگا۔ (رواہ البزار) ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فاتحۃ الکتاب ہر بیماری سے شفا ہے (رواہ سعید بن منصور والبیہقی) اور عبدالملک بن عمیر سے مرسل روایت اسکے مانند دارمی میں ہے اور اوسکے راوی ثقات ہیں۔ خارجۃ بن الصلت تمیمی نے اپنے چچا سے روایت کی کہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا پھر جب میں آپ کے پاس سے اپنے وطن کو لوٹا تو ایک قوم پر میرا گزر ہوا جنکے پاس ایک شخص مجنون زنجیروں میں بندھا ہوا تھا پس اون لوگوں نے کہا کہ تمہارے پیغمبر بہت سی خوبیاں لائے ہیں بھلا تیرے پاس اس مجنون کی بھی کوئی دوا ہے تو میں نے تین دن تک اوسپر سورۂ فاتحۃ الکتاب اسطرح پڑھکر دم کی کہ ہر روز صبح و شام پڑھتا اور اپنی انگلیوں کی پور جمع کر کے پھونکتا پس بفضل الٰہی وہ اچھا ہو گیا تو اون لوگوں نے مجھکو سو بکریاں دیں میں پس میں اونکو لیکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے یہ حال ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ اسکو کھا کیونکہ جسنے رقیہ باطل کے ساتھ کھایا اوسنے برا کیا اور تو نے رقیہ حق کے ساتھ کھایا (رواہ احمد وابوداؤد والنسائی وابن جریر والحاکم) حسن رح سے مرسل روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے سورہ فاتحۃ الکتاب پڑھا گویا اوسنے توریت و انجیل و زبور و فرقان پڑھا (رواہ ابوعبید) حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ایک سفر میں اترے اور کسی حاجت کے واسطے روانہ ہوئے تو آپ کے اصحاب میں سے ایک شخص آپ کے پہلو میں ساتھ ہو گیا پس آپ نے توجہ فرما کر اوسے دیکھا اور فرمایا کہ تجھکو افضل القرآن بتلاؤں پھر الحمد للہ رب العالمین تلاوت فرمائی (رواہ الحاکم والبیہقی)۔ (فائدہ رابعہ) جمہور علماء کے نزدیک قراءت سے پہلے تعوذ پڑھنا سنت ہے بدلیل قولہ تعالیٰ۔ فاذا قرأت القرآن فاستعذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ اور جمہور کے نزدیک اسکے معنی یہ ہیں کہ جب قراءت قرآن کا ارادہ کرے تو پہلے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کہے اور بعض نے کہا کہ اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم پڑھے چنانچہ ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز میں کھڑے ہوتے تو تین بار تکبیر کہتے پھر لا الٰہ الا اللہ تین بار کہتے پھر سبحانک اللھم وبحمدک وتبارک اسمک تعالیٰ جدک ولا الٰہ غیرک پھر تین بار لا الٰہ الا اللہ کہتے پھر اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم من همزہ ونفخہ ونفثہ (رواہ احمد وابوداؤد والترمذی والنسائی وابن ماجہ) ہمز کے معنے گلا گھوٹنا اور نفخ کے معنے تکبر کرنا اور نفث سے مراد شعر ہیں۔ اور سعید بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب آپ نماز میں داخل ہوتے تو تین مرتبہ اللہ اکبر کہتے اور تین مرتبہ اللہ اکبر کبیرا والحمد للہ کثیرا والحمد للہ کثیرا اور تین مرتبہ سبحان اللہ بکرۃ واصیلا کہتے پھر اللھم انی اعوذ بک من الشیطان من همزہ ونفخہ ونفثہ کہتے (رواہ ابوداؤد وابن ماجہ) اور حدیث ابوامامۃ الباہلی رضی اللہ عنہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز میں کھڑے ہوتے تو تین بار تکبیر کہتے پھر لا الٰہ الا اللہ تین مرتبہ کہتے اور سبحان اللہ بکرۃ وعشیا تین مرتبہ کہتے پھر اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم من همزہ ونفخہ ونفثہ کہتے (رواہ احمد) اور حدیث ابی بن کعب رضی اللہ عنہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب دو شخصوں میں جھگڑا ہوا حتی کہ غصہ کی وجہ سے ایک شخص کی ناک بدہیئت ہو گئی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے ایسی چیز معلوم ہے کہ اگر یہ کہے تو اس کی یہ حالت جاتی رہے وہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ہے (رواہ ابویعلی والنسائی واحمد وابوداؤد والبزار) اور یہ حدیث معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے بھی مروی ہے (کما فی الترغیب والنسائی) اور بخاری [illegible] حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ سے

روایت کیا ہی) اور رضی یہ ہین کہ غصہ و غضب ایک شیطانی حرکت ہی جسکا مادہ آتشی دھوان ہی اور شیطان اوسکو مغرور کرتا ہی کہ وہ دوسرے کے آزار یا دفع پر قادر ہی حالانکہ سب حول و قوت اللہ تعالی ہی کیواسطے ہی پس جب اوسنے شیطان کی بدی سے پناہ مانگی بالاحول ولا قوۃ الا باللہ کہا تو شیطان بھاگ جائیگا اور وہ شخص اپنے انسانی ہوش مین آجائیگا اسیطرح جب لسان تلاوت قرآن و اوسکے سمجھنے کا قصد کرتا ہی تو شیطان وسوسہ ڈالتا ہی اور کافرون کو امر حق کے برعکس سناتا ہی اسیطرح آدمیون مین بھی شیاطین ہین جو ہر طرح کے اوہام ڈالتے یا اوسکے ساتھ جھگڑا کرنے پر آمادہ ہوتے ہین پس چاہیے کہ اوسوقت اللہ عزوجل سے پناہ مانگے تاکہ ان شیاطین کے شر سے محفوظ رہے اور ابن جریر نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ جبرئیل علیہ السلام جب اول وحی لائے تو پہلے استعیذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم کہلایا پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھائی پھر اقرا باسم ربک الذی خلق پڑھائی شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ اثر غریب ہی اور اسکی اسناد مین ضعف و انقطاع ہی (مسئلہ) جمہور علماء کے نزدیک تعوذ پڑھنا واجب نہین بلکہ مستحب ہی اور عطا ابن ابی رباح کے نزدیک واجب ہی (مسئلہ) شافعی نے کہا کہ تعوذ چاہے آہستہ پڑھے اور چاہے جہر سے پڑھے کیونکہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے آہستہ پڑھا اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جہر سے پڑھا مترجم کہتا ہی کہ امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک تعوذ و تسمیہ دونون آہستہ پڑھے اور اگر اونسے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کہ لیا تو امام ابوحنیفہ و شافعی کے نزدیک کافی ہی اور بعضون نے زیادہ کیا کہ اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم کہے۔ اور سفیان ثوری و اوزاعی نے کہا کہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ان اللہ ہو السمیع العلیم کہے شیخ ابن کثیر نے کہا کہ احادیث صحیحہ جو سابق مین مذکور ہوئین اونکی اتباع اولی ہی (مسئلہ) تمام مین تعوذ پڑھنا صرف تلاوت کے واسطے ہی یعنی جب قرات قرآن کا قصد کرے تب تعوذ پڑھے اور یہی امام ابوحنیفہ و محمد کا قول ہی اور ابو یوسف نے فرمایا کہ نماز کے واسطے پڑھے پس بنا بر قول ابو یوسف رح کے مقتدی اگرچہ قرات نہین کریگا مگر تعوذ پڑھیگا اور نماز عیدین مین تکبیر تحریمہ کے بعد عید کی تین تکبیرون سے پہلے تعوذ پڑھیگا مگر جمہو علماء کے نزدیک تکبیر و ثناء کے بعد قرات سے پہلے پڑھے (نکتہ) تعوذ پڑھنے مین لطافت یہ ہی کہ جو کچھ اوسنے منہ سے لغو و بیہودہ بکا اوس سے منہ کی طہارت ہوجاتی ہی اور وہ تلاوت کلام اللہ کیواسطے پاکیزہ ہوجاتا ہی پھر اسمین اللہ تعالی سے استعانت ہی اور اسمین اللہ تعالی کی قدرت کاملہ کا اظہار اور اپنی عاجزی کا اقرار ہی کہ مجکو اس صریح دشمن باطنی یعنی شیطان سے مقابلہ کرنے کی قدرت نہین بلکہ مین رب عزوجل سے پناہ مانگتا ہون جسنے انسان و شیطان دونون کو پیدا فرمایا پس تمام مخلوق اوسی کے قبضۂ قدرت مین مقہور ہی اور اللہ تعالی نے اپنے موحدین بندون پر شیطان کو قدرت نہین دی ہی پس جب بندہ اپنے رب عزوجل کی پناہ مین آیا تو شیطان خوار ہوکر بھاگ گیا اور جو لوگ کہ اللہ تعالی سے کافر ہین اونپر شیطان مسلط ہوکر ہلاک کرتا ہی اور یہ عجیب لطیفہ ہی کہ جس شخص کو ظاہری دشمن قتل کرے وہ شہید ہوتا ہی اور جسکو یہ دشمن باطنی قتل کرتا ہی وہ مردود کافر ہوجاتا ہی اور چونکہ شیطان نظر نہین آتا لہذا رب عزوجل سے پناہ چاہی جسکو شیطان نہین دیکھ سکتا ہی۔ واضح ہو کہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کے معنے یہ ہین کہ مین اللہ تعالی کی جناب مین اوسکے ملعون مخلوق شیطان سے پناہ لیتا ہون تاکہ شیطان مجکو دین یا دنیا کے کامون مین ضرر نہ پہونچا سکے پس جس بندہ کو اللہ عزوجل نے پناہ دی وہ شیطان کے شر سے محفوظ ہوجاتا ہی اور جسنے اپنے آپ کو غافل کیا اوسپر شیطان مسلط ہوجاتا ہی اور اوسکا قلب مرجاتا ہی۔ ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث مین وارد ہوا کہ ای ابوذر تو نے انس و جن کے شیطانون سے اللہ تعالی کی جناب مین پناہ ڈھونڈھی مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا انس مین بھی شیطان ہین فرمایا کہ ہان (رواہ احمد) اور اللہ تعالی نے فرمایا۔ وکذلک جعلنا لکل نبی عدوا شیاطین الانس والجن یوحی بعضھم الی بعض زخرف القول غرورا۔ اس آیت سے صاف ظاہر ہی کہ انسانون مین بھی شیاطین ہوتے ہین کیونکہ جو شخص متمرد ہو وہ شیطان ہی۔

زید بن اسلم نے اپنے باپ سے روایت کی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ عجمی گھوڑے پر سوار ہوئے تو اوسنے آپ کی سواری مین چکنا و مٹکنا شروع کیا پس آپنے اوسکو مارنا شروع کیا مگر وہ اور زیادہ چکنے و مٹکنے لگا تو آپ اوس پر سے اوتر پڑے اور فرمایا کہ تم لوگون نے مجکو ایک شیطان پر سوار کر دیا تھا کہ مین اوس سے اوترتے اوترتے اپنے قلب سے منکر ہوا۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اسکی سناد صحیح ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ جب ملک شام فتح ہوا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیت المقدس کی فتح کے واسطے تشریف لائے تو سرداران لشکر شام مانند حضرت ابو عبیدہ وغیرہ رضی اللہ عنہم کے استقبال کو گئے اور چاہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اپنا بوڑھا اونٹ اور پیوند در پیوند لباس چھوڑکر یہ نعیمی سفید لباس پہنین اور اس عمدی گھوڑے پر سوار ہون کہ اسمین کافرون کے واسطے ہیبت ہو پس آپ سوار ہوے تو یہ واقعہ ہوا کہ اوسکو شیطان کہکر اوتر پڑے اور معنی یہ ہین کہ اوسکی چمک و کلیل سے دنیاے فانی کی بعض لذات نظر پڑے اور یہ وسیلہ شیطانی تھا لہذا اوسکو چھوڑ دیا اور اوسمین لطیفہ یہ ہے کہ کہ بیت المقدس کے راہب و قس اپنی اگلی کتابون مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صفت اوسی پیوند پارہ کے لباس مین پاتے تھے پس اگر آپ لباس بدلتے تو شاید وہ لوگ نہ پہچانتے حالانکہ اونھون نے آپکو اوسی لباس زہد مین دیکھکر فوراً پہچان لیا اور فوراً مطیع ہوکر قلعہ کا دروازہ کھولکر آپ سے امان مانگی۔ ہم۔ شیخ ابن کثیر رحمہ نے لکھا کہ شیطان کو رجیم اسلئے کہتے ہین کہ وہ مرجوم و مدحور ہے اور جب وہ چوری سے کان لگاکر ملائکہ کی باتین سننا چاہتا ہے تو شہاب ثاقب سے رجم کیا جاتا ہے چنانچہ قولہ تعالی۔ الا من استرق السمع فاتبعہ شہاب مبین وغیرہ آیات کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالی آویگا۔ واضح ہو کہ سورۂ فاتحہ کی فضیلت معلوم ہو چکی اور یہ بھی بیان ہوا کہ تلاوت مین پہلے اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم پڑھے پھر بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے یا کہ حنفیہ کے نزدیک سوائے فرائض نماز کے نوافل مین بہتر ہے کہ اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم من ہمزہ و نفخہ و نفثہ پڑھے اب تسمیہ شروع کیا جاتا ہے

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ تعالی کے نام سے شروع ہے جو نہایت بخشش والا بہت مہربان ہے

شیخ ابن کثیر رحمہ نے لکھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے بالاتفاق کتاب الٰہی یعنے قرآن مجید کو بسم اللہ الرحمن الرحیم سے شروع کیا اور علما متفق ہین کہ سورۂ نمل مین قولہ تعالی۔ انہ من سلیمان و انہ بسم اللہ الرحمن الرحیم مین بسملہ بعض آیت ہے پھر مسئلہ یہ ہے کہ ہر سورہ کے اول مین بسملہ پوری آیت ہے یا آیت کا جزو ہے اور یہ جس سورہ پر لکھی گئی اوسمین شمار ہے یا فصل کے واسطے لکھی گئی ہے پھر وہ سورہ فاتحہ مین بھی فصل کے واسطے لکھی گئی یا وہ سورہ فاتحہ کا جزو ہے۔ شیخ نے لکھا کہ علماء کے اختلافی اقوال کتب فقہ وغیرہ مین دلائل کے ساتھ مفصل مذکور ہین اور سنن ابوداؤد مین باسناد صحیح حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سورتون کا فصل نہین پہچانتے تھے یہانتک کہ آپ پہ بسم اللہ الرحمن الرحیم نازل کی گئی (ورواہ الحاکم ایضا) مترجم کہتا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ نے اسی سے استدلال کیا کہ بسملہ کسی سورہ کا جزو نہین ہے بلکہ وہ فصل پہچاننے کے واسطے اوتاری گئی ہے لیکن امام شافعی رحمہ نے اسکی یہ تاویل کی کہ بیشک وہ پہلے جزو نہ تھی پھر جب اوتاری گئی تو اوس سورہ کا جزو ہو گئی۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ تاویل لطیف ہے لیکن لازم آتا ہے کہ بسملہ نازل ہونے سے پہلے ہر سورہ ناقص تھا اور اسکا التزام کرنا بعید ہے۔ ہم۔ شیخ ابن کثیر رحمہ نے لکھا کہ صحیح ابن خزیمہ مین حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مین سورۂ فاتحہ کے اول بسم اللہ پڑھی اور اسکو ایک ایک آیت شمار کیا۔ ابن کثیر نے کہا کہ اسکی اسناد مین عمر بن ہارون البلخی ضعیف ہے لیکن دارقطنی نے دوسری اسناد کے ساتھ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث سے اسکی متابعت روایت کی۔ مترجم کہتا ہے کہ اسمین یہ تصریح نہین ہے کہ بسم اللہ کو سورۂ فاتحہ مین ایک آیت شمار کیا بلکہ وہ ایک آیت ہے اور ظاہر لفظ بھی اسیکو مفید ہے کیونکہ سورۂ فاتحہ سے پہلے یہ آیت پڑھی تو معلوم ہوا کہ یہ سورہ فاتحہ سے

علیحدہ ہی۔ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ ابن عباس و ابن عمر و ابن زبیر و ابوہریرہ و حضرت علی رضی اللہ عنہم سے منقول ہی کہ سوائے سورۂ برأۃ کے ہر سورہ مین سے بسم اللہ ایک آیت ہی اور یہی قول تابعین مین سے عطاء و طاؤس و سعید بن جبیر و مکحول و زہری رحمہم اللہ تعالی سے منقول ہی اور یہی مذہب عبداللہ بن المبارک و شافعی و اسحق و ابو عبید ہی اور امام مالک ابوحنیفہ و انکے اصحاب نے کہا کہ بسم اللہ سورۂ فاتحہ وغیرہ کسی مین سے آیت نہین ہی۔ اور داؤد ظاہری نے کہا کہ بسم اللہ ایک آیت مستقلہ ہی جو کسی سورہ کا جزو نہین ہی بلکہ ہر سورہ پر لائی گئی ہی اور یہی امام احمد سے ایک روایت ہی اور اسیکو ابوبکر الجصاص الرازی نے ابوالحسن الکرخی سے نقل کیا اور یہ دونون اکابر فقہاء حنفیہ مین سے مترجم کہتا ہی کہ شیخ جصاص و کرخی کے قول سے یہ لازم نہین آتا کہ یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہی بلکہ یہ دونون علما بھی درجہ اجتہاد تک پہونچے ہین پس شاید یہی ان دونون کا مذہب ہوا اور شک نہین کہ یہ مذہب بنظر دلیل قوی ہی اور فقہاء حنفیہ نے اسی قول کو ترجیح دی ہی پس حاصل یہ ہی کہ بسم اللہ ایک آیت مستقل نازل کی گئی جو ہر سورہ پر فصل پہچاننے کے واسطے رکھی گئی ہی جیسا کہ ابوداؤد کی حدیث ابن عباس مین مذکور ہوا اور اس قول پر یہ اعتراض نہین ہو سکتا کہ بسم اللہ اگر قرآن مین سے نہو تو لازم آوے کہ جو چیز قرآن مین سے نہین ہی وہ مصحف مین داخل ہی اور بسم اللہ سورۂ فاتحہ کا جزو نہین ہی اسکی دلیل وہ حدیث ہی جو فضائل فاتحہ مین گزری کہ اللہ تعالی نے سورۂ فاتحہ کو اپنے و رمیان اور اپنے بندہ کے درمیان نصفا نصف قرار دیا اور اوس حدیث مین بسم اللہ کو شمار نہین فرمایا چنانچہ وہان اشارہ کیا گیا ہی اور ابن خزیمہ کی حدیث ام سلمہ رضی اللہ عنہا اگر ثابت ہو تو بھی کچھ اعتراض نہین کیونکہ بسم اللہ ایک آیت مستقلہ ہی اور اس مسئلہ کے واسطے اون احادیث سے بھی استدلال ملیگا جو نماز مین قراءت فاتحہ کے بارہ مین وارد ہی کیونکہ جن احادیث سے ثبوت ہوا کہ مغرب و عشاء و فجر وغیرہ کی نماز جہری مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بسم اللہ کا جہر نہین فرماتے تھے تو صریح ہی کہ یہ سورہ فاتحہ کی آیت نہین ہی ورنہ اسکے کچھ معنی نہین کہ ایک آیت آہستہ پڑھی جاوے اور باقی سورۃ جہر سے پڑھی جاوے لہذا اس مسئلہ کو بیان کر دینا چاہیے (مسئلہ) بسم اللہ کو جہر سے پڑھنا چاہیے یا آہستہ سے شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ جن علماء کے نزدیک بسم اللہ ہر سورۂ فاتحہ مین سے آیت نہین ہی وہ قراءت فاتحہ کے ساتھ بسم اللہ کا جہر نہین کرتے ہین اور جنھون نے کہا کہ وہ ہر سورہ مین سے آیت ہی جیسے امام شافعی وغیرہ تو انمین اختلاف ہی چنانچہ شافعی کہتے ہین کہ فاتحہ و سورہ ہر ایک پر بسم اللہ جہر سے پڑھے اور یہی ایک جماعت صحابہ و تابعین سے منقول ہی اور خطیب نے نقل کیا کہ یہی خلفاء راشدین حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و علی رضی اللہ عنہم سے منقول ہی لیکن یہ نقل غریب یعنی شاذ ہی۔ مترجم کہتا ہی بلکہ صحیح روایات مشہورہ کے خلاف ہی۔ م۔ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ شافعی کی دلیل یہ ہی کہ جب بسم اللہ سورۂ فاتحہ کا جزو ہی تو کل کیطرح اوسکا بھی جہر کرنا چاہیے اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے لوگون کو نماز پڑھائی اور قرأت مین بسم اللہ کا جہر کیا اور بعد فراغت کے فرمایا کہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے زیادہ مشابہ ہون (رواہ ابن خزیمہ و ابن حبان و النسائی) اور اس حدیث کو دارقطنی و خطیب و بیہقی نے صحیح کہا۔ مترجم کہتا ہی کہ اس سے استدلال اسطرح ہوا کہ ابوہریرہ نے اپنی نماز کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے اشبہ کہا حالانکہ بسم اللہ کا جہر کیساتھ تو لازم آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی جہر فرماتے تھے لیکن اشبہ ہونے کے واسطے ہر جزو کی مشابہت شرط نہین ہوتی علاوہ بریں اس سے معمولی طور پر جہر ثابت نہین ہوتا بلکہ غالبا یہ جہر بطور تعلیم تھا تاکہ لوگ جان لین کہ قراءت سے پہلے بسم اللہ بھی پڑھنا چاہیے جیسے فقہاء حنفیہ نے جہر سے آمین کہنے مین یہی تاویل کی چنانچہ آیندہ انشاء اللہ تعالی آویگا۔ م۔ شیخ نے لکھا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نماز کو بسم اللہ الرحمن الرحیم سے شروع کرتے تھے (رواہ ابوداؤد و الترمذی) لیکن ترمذی نے کہا کہ اسکی اسناد ٹھیک نہین ہی اور حاکم نے بعد روایت کے کہا کہ صحیح ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اگر صحیح مان لیجاوے تو شاید بطور تعلیم ہو یا حضرت ابن عباس رض نے

لوگوں کو آگاہ کیا کہ قرأت سے پہلے بسم اللہ پڑھ لینا چاہیے اور اس تاویل کی وجہ آئندہ ان شاء اللہ ظاہر ہوگی شیخ نے لکھا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت پوچھی گئی تو انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت کشیدہ ہوتی تھی پھر انس رضی اللہ عنہ نے بسم اللہ الرحمن الرحیم اسطرح پڑھی کہ بسم اللہ کو مد کیا اور الرحمن کو مد کیا اور الرحیم کو مد کیا (رواہ البخاری) مترجم کہتا ہے کہ یہ تو آپکی قرأت کی مثال ہے اس سے کچھ بھی ثابت نہیں ہوتا کہ آپ نماز میں بسم اللہ جہر سے پڑھتے تھے بلکہ جن آیات کو جہر سے پڑھتے اون میں مقامات مد کی مثال یہ ہے جو بسم اللہ الرحمن الرحیم میں بیان کی پس اس سے جہر بسم اللہ پہ استدلال کرنا بہت بعید ہے اسیطرح شیخ رح نے لکھا کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی قرأت کو مقطع الگ الگ پڑھتے بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین الرحمن الرحیم مالک یوم الدین (رواہ احمد وابوداؤد وابن خزیمہ والحاکم) اور دارقطنی نے کہا کہ اسکی اسناد صحیح ہے مترجم کہتا ہے کہ یہ بھی مثال قرأت ہے شیخ رح نے لکھا کہ دیگر علماء محمدین کا مذہب ہے کہ نماز میں بسم اللہ کو جہر سے نہیں پڑھنا چاہیے اور یہی امر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و چاروں خلفاء راشدین حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و علی و عبداللہ بن مغفل اور ایک جماعت صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے ثابت ہے اور یہی امام ابوحنیفہ و ثوری و احمد کا مذہب ہے کیونکہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی نماز کو تکبیر سے اور قرأت کو الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے (رواہ مسلم) اور حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی اور حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کے پیچھے نماز پڑھی پس یہ لوگ الحمد للہ رب العالمین سے شروع کرتے تھے (رواہ البخاری و مسلم) اور صحیح مسلم کی دوسری روایت میں مصرح ہے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کو نہ اول قرأت میں جہر کرتے اور نہ آخر قرأت میں (الصحیح) اور عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے بھی اسکے مثل روایت ہے حتی کہ اپنے بیٹے کو جہر بسم اللہ کی نسبت کہا کہ یہ بدعت ہے اور کہا کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پیچھے بھی یہاں کوفہ میں قریب پانچ برس کے نماز پڑھی مگر کبھی بسم اللہ کو جہر سے پڑھتے ہوئے نہیں سنا اور یہ روایت سنن میں موجود ہے اور ترمذی نے کہا کہ صحیح ہے ظاہر ہے کہ جب روایات صحیحہ صریحہ موجود ہیں تو یہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و خلفاء راشدین رض کا معمول فعل تھا پس اسکے معارض کوئی روایت معتبر نہیں اور اگر جہر بسم اللہ کسی روایت میں صریح ثابت ہو تو اوسکے یہی معنی ہونگے کہ آپ نے تعلیم کے واسطے جہر کیا واللہ تعالیٰ اعلم

## (فضیلت بسم اللہ الرحمن الرحیم)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بسم اللہ الرحمن الرحیم کو پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کے ناموں سے ایک نام ہے اور یہ نام اللہ تعالیٰ کے اسم اعظم سے اسقدر قریب ہے جیسے آنکھ کی سفیدی و سیاہی میں قربت ہوتی ہے (رواہ ابن ابی حاتم و ابن مردویہ) اور ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عیسیٰ بن مریم کو اونکی ماں نے معلم کو سپرد کیا تاکہ وہ عیسیٰ کو تعلیم کرے معلم نے کہا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھو تو عیسیٰ نے کہا کہ بسم اللہ کیا ہے معلم نے کہا کہ میں نہیں جانتا ہوں پس عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ب بہاء الٰہی س سناء الٰہی م مملکت الٰہی ہے اللہ سب کا معبود مالک ہے الرحمن دنیا و آخرت میں رحمت والا الرحیم خاص آخرت میں رحمت والا (رواہ ابن جریر و ابن مردویہ) شیخ ابن کثیر رح نے فرمایا کہ یہ غریب ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ثبوت نہیں ہوتی مگر شاید سلف میں سے کسی کا قول ہو یا نصرانیوں سے روایت ہو واللہ تعالیٰ اعلم مترجم کہتا ہے کہ شیخ ابومحمد روزبہان شیرازی نے ارشادات عرائس میں بھی بسم اللہ کے اشارات میں اسی روایت کے مانند ذکر کیا پس ظاہر یہ منجملہ اشارات ہے واللہ تعالیٰ اعلم اور بنو اسرائیل میں بسم اللہ زمانہ سلیمان علیہ السلام سے معروف تھی پس شاید کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے معلم کو اوسکے بعض اشارات سے متنبہ کیا ہو شیخ رح نے لکھا کہ بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھپر ایسی آیت نازل کی گئی جو کسی پیغمبر سابق پر سوائے سلیمان کے نہین اتری اور وہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہی (رواہ ابن مردویہ) مترجم کہتا ہی کہ اسکی اسناد مین ابو امیہ عبد الکریم محدثین کے نزدیک ضعیف ہی ۔ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ جب بسم اللہ الرحمن الرحیم نازل ہوئی تو غیم جانب مشرق بھاگا اور ریاح کے جھکوڑون کو سکون ہوگیا اور سمندر کو ہیجان ہوا اور مہائم نے اپنے کان لگائے اور شیاطین کو آسمان سے رجم کیا گیا اور اللہ تعالی نے اپنی عزت و جلال کی قسم کھائی کہ جس کسی چیز پر اوسکا نام لیا جائیگا ضرور اوسمین برکت عطا ہو جائیگی (رواہ ابن مردویہ) ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جس شخص کو یہ آرزو ہو کہ اللہ تعالی اوسکو ملائکہ زبانیہ سے جو انیس ملائکہ عذاب دوزخ ہین نجات دیتوا وسکو چاہیے کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھا کرے کہ اللہ تعالی اوسکے لیے بسم اللہ کے کل حروف مین سے ہر حرف کو ہر زبانیہ سے سپر کر دیگا ۔ اس اثر کو ابن عطیہ اور قرطبی نے ذکر کیا اور ابن عطیہ نے اسکی وجہ یون بیان کی کہ بسم اللہ مین اُنیس حرف ہین اور زبانیہ بھی انیس ہین پس اسکا ہر ایک حرف ایک زبانیہ کے واسطے سپر ہی جیسے حدیث شریف مین ایک مرتبہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مین سمع اللہ لمن حمدہ کہا تو ایک صحابی نے کہا کہ ربنا ولک الحمد حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا فیہ پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد سلام کے فرمایا کہ بیشک مین نے بضع و ثلثین ملائکہ کو دیکھا کہ اس کلمہ پاکیزہ کو لیجانے کے واسطے مبادرت کرتے تھے اور بضع زبان عرب مین تین سے نو تک ہی اور ثلثین تیس ہی پس انتہا اونتالیس ہوئے اور اس کلمہ کے حروف بھی اونتالیس ہین پس ہر حرف کے واسطے ایک فرشتہ ہوا ۔ اسامہ بن عمیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ردیف مین تھا کہ راستے مین سواری نے ٹھوکر کھائی تو مین نے کہا تعس الشیطان یعنی شیطان خوار ہو پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ لفظ مت کہو کیونکہ جب تو یہ لفظ کہیگا تو شیطان پھول کر مکان کے برابر ہو جائیگا اور کہیگا کہ مین نے اپنی قوت سے پچھاڑا بلکہ تو بسم اللہ کہا کر کیونکہ جب تو نے بسم کہا تو وہ خوار ہو کر مکھی کے برابر حقیر ہو جاتا ہی (رواہ احمد و النسائی فی الیوم واللیلۃ وابن مردویہ) شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ یہ بسم اللہ کی تاثیر برکت ہی اسلیے ہر قول و فعل سے پہلے بسم اللہ کہنا مستحب ہی اور خطبہ کے اول مین بھی مستحب ہی کیونکہ حدیث مین آیا کہ ہر امر مقدی بسم اللہ الرحمن الرحیم سے نہ کیا جائے وہ اجذم ہی یعنی جذامی کیطرح مقطوع و بے برکت ہوتا ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ روایت ابو داؤد اربعین نووی وغیرہ مین ہی اور اسلیے باستثنا روایت کو نووی و ابن الصلاح نے صحیح کہا اور اوسکو ابن حبان و ابو عوانہ نے بھی روایت کیا ہی پس ہر ایسے کام کے واسطے جو شرعًا مباح ہی خواہ قول ہو یا فعل ہو بسم اللہ کہنا چاہیے حتی کہ پاخانہ جاتے وقت بسم اللہ کہے چنانچہ اس بارہ مین صحیح حدیث صحیح وارد ہی پھر اگر وہ کام شرعًا مستحب ہو تو بسم اللہ کہنے کی تاکید مزید ہو جائیگی ۔ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ وضو کے اول مین بسم اللہ کہنا مستحب ہی کیونکہ حدیث ابو ہریرہ و سعید بن زید و ابو سعید خدری رضی اللہ عنہم مین وارد ہی کہ اوس شخص کا وضو نہین جسنے اوسپر اللہ تعالی کا نام نہین ذکر کیا (رواہ احمد و اصحاب السنن) اور یہ حدیث حسن ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہی امام ابو حنیفہ رح کا قول ہی ۔ شیخ رح نے لکھا کہ بعضے علماء نے وضو مین بشرط یاد اوسکو واجب کہا ہی اور بعضے علماء نے اسکو مطلقًا واجب کہا ہی اور امام شافعی اور ایک جماعت کے نزدیک ذبیحہ کے وقت بھی بسم اللہ کہنا مستحب ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہی امام ابو حنیفہ رح کا قول ہی بلکہ موکد ہی اور دیگر علماء نے اوسکو واجب کہا مگر بعض نے بشرط یاد اور بعض نے مطلقًا واجب جانا پھر شیخ رح نے اس مقام پر تفسیر کبیر وغیرہ کی بعض روایات نقل کر کے کہا کہ یہ بے اصل ہی لہذا مترجم نے اوسکا ذکر ہی متروک کیا ۔ پھر شیخ نے لکھا کہ کھانے کے وقت بسم اللہ کہنا مستحب ہی کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر بن ابی سلمہ کو کھاتے وقت تعلیم فرمایا کہ بسم اللہ کہہ اور اپنے داہنے ہاتھ سے کھا اور اپنے آگے کی غذا سے کھا (کما فی صحیح مسلم) اور بعض علماء نے اسکو واجب کہا ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ اس نظر سے واجب ہی

مناسب ہی کہ جب بسم اللہ نہ کہے تو شیطان ساتھ کھاتا ہی اور برکت مٹ جاتی ہی چنانچہ سنن ترمذی وغیرہ کی حدیث مین یہ بات ثابت ہی اور اگر ابتدا مین بسم اللہ بھول جاوے تو درمیان مین جسوقت یاد آوے اسطرح کہے کہ بسم اللہ اولہ واٰخرہ جیسا کہ ترمذی وغیرہ کی حدیث صحیح مین ثابت ہی اور واضح ہو کہ بعض احادیث مین وارد ہوا کہ مومن کا شیطان نحیف و نزار و لاغر ہوتا ہی اور کافر کا شیطان موٹا تازہ و قوی ہوتا ہی پس اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بغیر بسم اللہ کہنے کے جو شیطان ساتھ کھاتا ہی شاید یہ وہی شیطان ہو جو ہمزاد ہی اور بعید یہ ہی کہ جسم انسانی کی مثل اسی صورت جسیمہ محسوسہ سے اور اسکے مماثل پیکر ہیولانی ہمزاد سے ہی اور روح نورانی اور اوسکے مماثل پیکر نوری ملکی سے ہی پس انسان جو غذا کھاتا ہی اگر اوسنے ایمان کے ساتھ بسم اللہ کہکر کھائی تو وہ ثمر نورہ برکات طاعت و ذکر آلہی ہوتی ہی جس سے پیکر نورانی قوی ہوتا ہی یعنی نور کی کثرت ہوتی ہی اور اگر کفر کیا یا بسم اللہ چھوڑدی تو وہ غذاے جسمانی ہوکر پیکر ہیولانی کی قوت ہوتی ہی جس سے شر و فساد معصیت حاصل ہوا کرتا ہی کہ وہ غذا ایکان ہو کیونکہ یہ جسم آخر کار فانی ہی پس ہمزاد کے ساتھ کھانے کے یہ معنی ہین جو مذکور ہوے اور شاید کہ شیطان ابلیس و اوسکی ذریت مراد ہو جو ہمزاد سے علیحدہ ہی کیونکہ ابلیس در اصل از قسم جن ہی اور اوسکے واسطے غذا معلوم ہی اور جن جاہلون نے شیطان کا انکار کیا اوسکے پاس کوئی دلیل نہین ہی اور عجب یہ وہمہ تن شیطان کا بندہ بن گیا حتی کہ اوسکی بندگی مین یہ انکار بھی ہی حالانکہ کمال جہالت سے اوسکو خبر نہین اور مقدمہ مین مترجم نے فی الجملہ اشارہ کیا اور انشاء اللہ تعالی اپنے موقع پر اسکی بحث آویگی شیخ رح نے لکھا کہ جماع حلال کے وقت بھی بسم اللہ کہنا مستحب ہی کیونکہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم مین سے کوئی شخص اپنی جورو کے پاس جانا چاہتا ہی اگر اوسوقت یون کہے بسم اللہ اللھم جنبنا الشیطان وجنب الشیطان ما رزقتنا یعنی باسم الہی یہ کام کرتا ہون الہی ہم دونون سے شیطان کو دور رکھ اور جو فرزند تو ہم دونون کو روزی فرماوے اوس سے بھی شیطان کو دور رکھ پھر اگر ان دونون کے درمیان کوئی فرزند مقدر کیا جائیگا تو شیطان کبھی اوسکو مضرت نہین پہونچا سکیگا (الصحیحین) مترجم کہتا ہی کہ جماع کے وقت بسم اللہ کا استحباب اسواسطے کہا کہ مومن کو اس فعل مین بھی اپنی نیک نیتی پر ثواب ملتا ہی کیونکہ خالی شہوت پرستی مثل جانورون کے مقصود نہین ہوتی بلکہ وہ حرام سے اپنی حفاظت اور فرزند صالح کی نیت کرتا ہی چنانچہ حدیث صحیح مین منصوص ہی کہ جب آپ نے اس فعل مین ثواب فرمایا تو بعض صحابہ کہنے لگے کیا رسول اللہ کیا ہم مین سے کوئی اپنی شہوت پوری کرے تو اوسمین بھی ثواب پاوے پس آپنے فرمایا کیون نہین دیکھتے ہو اگر وہ حرام کاری کرے تو عذاب پاوے اونھون نے عرض کیا کہ جی ہان تو فرمایا کہ اسیطرح حلال کام مین ثواب پاویگا کمافی الصحیح (مسئلہ) جس طرح جائز افعال بسم اللہ مستحب ہی اسیطرح اسکے برعکس اگر غیر جائز کامون پر بسم اللہ کہے تو معصیت ہی حتی کہ فقہا نے کہا کہ اگر زنا و حرامکاری یا شراب خواری یا قطعی حرام کھانے پر اوسنے بسم اللہ کہا تو کافر ہو جائیگا چنانچہ فتاوی ہندیہ کی کتاب الارتداد احکام مرتدین مین یہ مسائل مذکور ہین (مسئلہ) اگر کوئی شخص کھانا کھاتا ہو اور دوسرا شخص آیا اور اوسنے کہا کہ آؤ تم بھی کھانا کھاؤ پس اوسنے جواب مین کہا کہ بسم اللہ تو اسکا کیا حکم ہی جواب ہی کہ اگر کہنے والے کو درحقیقت یہی منظور ہی کہ یہ شخص میرے ساتھ کھانے مین شریک ہو جاوے تو اوسکا کہنا بہتر ہی اور اگر اوسکو یہ منظور نہین ہی تو اوسکا قول بیہودہ فضاحت ہی پس اوسکو اس حرکت سے پرہیز کرنا چاہیے رہا وہ شخص جسنے صلاے طعام کے جواب مین بسم اللہ کہا تو ملا علی قاری رحمہ اللہ نے اپنے بعض رسائل مین اور نیز فتاوی وغیرہ مین مذکور ہی کہ اوسنے بجاے اپنے کلام کے بسم اللہ کو وہ ذکر کیا تو یہ معصیت ہی حتی کہ بعض نے کفر کا خوف لکھا بلکہ اوسکو یون کہنا چاہیے تھا کہ مجھے خواہش نہین ہی یا مین نہ کھاؤنگا یا تم کھاؤ اللہ تعالی تمکو برکت دے یا مانند اسکے جو کلمات اوسکا جواب ہو سکتے ہین (مسئلہ) اگر کسی شخص کو دو تین دن گزرے اور اوسنے کھانا نہ پایا یہانتک کہ مضطر ہو گیا

پھر اوسکو مردار کھانا ملا تو ہمارے ائمہ حنفیہ کے اصول پر اوسکو بسم اللہ نہین کہنا چاہیے اسواسطے کہ یہ چیز اپنے حال پر مردار ہی مگر اللہ تعالی نے بقدر بقاے حیات کے کھا لینے مین اوس سے گناہ اوٹھا دیا ہی لیکن بعض مشائخ نے یہ مقدار اوسکے حق مین مباح سمجھی حتی کہ اونکے قول پر بسم اللہ جائز ہے لیکن قول اول ارجح ہی واللہ اعلم ۔ حدیث مین ہی کہ ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مع بعض اصحاب کے کھانا کھاتے تھے کہ اتنے مین ایک اعرابی آکر شریک ہوگیا پس بہت جلد وہ طعام ختم ہوگیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اس شخص نے بسم اللہ نہین کہا اور اگر کہتا تو ہمکو کافی ہوتا (السنن) شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ ابن جریر و ابن ابی حاتم نے بطریق ضحاک عن ابن عباس رض روایت کی کہ اول جو چیز جبرئیل علیہ السلام محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر لائے یہ ہی کہ جبرئیل نے کہا کہ ای محمد کہو استعیذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم پھر کہا کہ کہو بسم اللہ الرحمن الرحیم ۔ ابن عباس رض نے کہا کہ جبرئیل نے جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا اوسکے یہ معنی ہین کہ ای محمد اقرأ باسم ربک یعنی اپنے رب کے نام پاک کے ساتھ پڑھو اور اپنے رب عزوجل کا نام ذکر کرنے کے ساتھ اوٹھو اور بیٹھو ۔ (لفظ ابن جریر) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے کے واسطے ننانوے نام ہین جسنے اونکو حفظ کے ساتھ احصار کیا وہ جنت مین داخل ہوا (الصحیح) اور واضح ہو کہ اللہ تعالی کا نام پاک بھی معظم و مکرم ہی لہذا کتابت و خطبہ وغیرہ مین باسم الٰہی لکھتے ہین اور رہی قسم تو اوسمین اسم اللہ کی قسم معروف نہین ہی کیونکہ قسم کا مدار عرف پر ہی اور عرف مین جیسے واللہ کہتے ہین ویسے والقدوس کے ساتھ قسم معروف نہین ہی اور بعض محققین نے کہا کہ اللہ یہی اسم اعظم ہی کیونکہ اسم ذات جامع صفات ہی اور تعالی نے اوسکو قرآن مین ایک ہزار تین سو ساٹھ جگہ ذکر فرمایا ہی ولیکن سابق مین ابن کثیر سے ایک روایت گزری کہ اسمین اور اسم اعظم مین آنکھ کی سفیدی و سیاہی کے مانند قرب ہی ۔ اور صحیح کی بعض روایات مین مذکور ہی کہ اللہ تعالی کا اسم اعظم لکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ہو الرحمن الرحیم اور شروع آیۃ الکرسی اور شروع آل عمران مین ہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ تفسیر کبیر مین بعض سلف سے نقل کیا کہ اللہ تعالی کے پانچہ ہزار نام ہین ازانجملہ ایک ہزار قرآن مین اور ایک ہزار سنت صحیحہ مین اور ایک ہزار توریت اور ایک ہزار انجیل و ایک ہزار زبور اور ایک ہزار لوح محفوظ مین ہین ۔ مترجم کہتا ہی کہ قولہ تعالی ۔ وللہ الاسماء الحسنی کی تفسیر مین آویگا کہ اسماء الٰہی عزوجل غیر محصور ہین چنانچہ وہان ایک حدیث اس بارہ مین صریح منصوص ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت کبری کے بیان مین جو حدیث صحیحین وغیرہ مین مروی ہی اوس سے بھی یہی ظاہر ہوتا ہی چنانچہ بیان شفاعت مین انشاء اللہ تعالی آویگا ۔ شیخ رح نے لکھا کہ اللہ اسم پاک ہی جو کسی لفظ سے مشتق نہین ۔ اور قرطبی نے اسکو امام شافعی و خطابی و امام محمد و امام حرمین و غزالی وغیرہ ایک جماعت علما سے نقل کیا ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہی صحیح ہی ۔ اور بعضون نے اسکو مشتق گمان کیا چنانچہ ابن کثیر و بیضاوی و رازی و خطیبی نے وجوہ اشتقاق کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا مگر مین نے اسمین زیادہ فائدہ نہ دیکھا اسلیے متروک کیا اور قولہ تعالی ۔ ہل تعلم لہ سمیا ۔ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالی بعض تفصیل آویگی ۔ تفسیر کبیر مین شیخ رازی رح نے لکھا کہ خلائق دو قسم ہین ایک وہ جو بحر معرفت کے کنارے پہونچے اور دوم وہ جو تاریکی حیرت و جہالت مین حیران ہین گویا اپنے عقول و ارواح گم کر بیٹھے اور قسم اول جو معرفت تک واصل ہوے وہ عرصہ نور و فضاے جلال و کبریا مین پہونچکر اس میدان بے انتہا و بحر ناپیدا کنار مین سائر ہین تو معلوم ہوا کہ کل خلائق اوسکی معرفت مین والہ ہین ۔ **(بیان الرحمن الرحیم)** یہ دونون اسم پاک رحمت سے مشتق ہین اور یہ اشتقاق مبالغہ ہی جس سے کمال رحمت کا اظہار ہوا اور ان دونون مین سے الرحمن زیادہ بلیغ ہی اور یہی تفسیر ابن جریر و بعض سلف سے ظاہر ہوتا ہی کہ اسپر علما متفق ہین اور اثر عیسی علیہ السلام جو سابق مین مذکور ہوا کہ الرحمن دنیا و آخرت کی رحمت والا اور الرحیم خاص آخرت کی رحمت والا ہی یہ بھی اسی پر دلالت کرتا ہی اور الرحمن بیشک عربی ہی چنانچہ اہل یمامہ اپنے مسیلمہ کذاب کو رحمن الیمامہ کہتے تھے لیکن قریش اسکو اللہ تعالی کا نام پاک نہین جانتے تھے اسیواسطے جب قریش کے

ساتھ صلح حدیبیہ میں صلحنامہ کا عنوان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نام پاک سے لکھوایا تو سہیل بن عمرو غیرہ نے اس سے انکار کیا وقال تعالے۔ قالوا وما الرحمن انسجد لما تامرنا وزادہم نفورا۔ بھی اسی پر دلالت کرتا ہے کہ وہ لوگ اللہ تعالیٰ کے واسطے یہ نام نہیں جانتے تھے۔ اور عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ میں الرحمن ہوں اور میں نے رحم کو پیدا کیا اور اوسکے واسطے اپنے نام میں سے نام اشتقاق کیا پس جو شخص رحم کو ملائے یعنی صلہ رحمی کرے تو میں اوسکو ملاؤنگا اور جو شخص رحم قطع کرے میں اوسکو قطع کرونگا (رواہ الترمذی وقال صحیح) قرطبی نے کہا کہ یہ مشتق ہونے کی دلیل ہے شیخ ابو علی فارسی نے کہا کہ الرحمن مختص اللہ تعالیٰ کے واسطے ایک اسم ہے جو جمیع اقسام رحمت کو شامل ہے یعنی رحمت صغیر و کبیر و جلیل و حقیر خواہ مومن کے واسطے ہو یا کافر کے واسطے ہو اور خواہ دنیا میں ہو یا آخرت میں ہو عام ہے اور اسم الرحیم خاص مومنوں کے واسطے ہے چنانچہ دنیا میں فرمایا کہ انہ بہم رؤف رحیم۔ اور خصوصیت آخرت کی دلیل وہ حدیث ہے کہ اللہ تعالیٰ کے واسطے سو رحمتیں ہیں جنمیں سے اوسنے ایک رحمت کو مخلوقات میں نازل کیا کہ اوسکی مخلوق آپسمیں رحم کرتی ہے یہانتک کہ بہیمہ اپنے بچہ پر شفقت کرتی ہے اور باقی ننانوے قیامت کے روز اللہ تعالیٰ اپنے مومن بندوں پر ظاہر فرماویگا (الصحاح) شیخ ابن المبارک نے کہا کہ الرحمن اس صفت کی شان ہے کہ اگر اوس سے مانگو تو عطا فرماوے اور الرحیم اس صفت کی شان ہے کہ جو نہ مانگے اوسپر غضب فرماوے۔ ابن کثیر نے فرمایا کہ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ میں وارد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ سے دعا نہ مانگے اللہ تعالیٰ اوسپر غضب فرماتا ہے (رواہ الترمذی وابن ماجہ) بعض شاعروں نے خوب کہا ہے ؎ آدمی ہی ہے کہ مانگو تو برا مانے ہے ۔ خدا ہی ہے کہ نہ مانگو تو خفا ہووے ہے۔ اگر کہا جاوے کہ تمنے الرحیم کو صرف مومنوں کے واسطے رحیم الآخرۃ بیان کیا حالانکہ حدیث کی دعا ماثور میں ہے یا رحمن الدنیا والآخرۃ ورحیمہما پس رحیم دنیا و آخرت بھی ہوا تو مترجم کے نزدیک اسکا جواب یہ ہے کہ مومنوں کے واسطے یہ اسم خاص ہے چنانچہ دنیا میں بھی فرمایا کہ انہ بہم رؤف رحیم لیکن چونکہ مومنوں پر دنیا میں رحیم ہونا عموماً کافروں پر ظاہر نہیں ہوتا ہے بلکہ کفار اپنی معکوس نگاہ میں مومنوں کو دنیا میں جہد و مشقت عبادت کے ساتھ دیکھتے ہیں اور آخرت میں اوسکا قطعی ظہور ہوویگا بلکہ ننانوے رحمت ذخیرہ ملکر پوری سو رحمت کے ساتھ کمال ہوگا لہذا رحیم آخرت ہی کہا شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ عطاء خراسانی سے روایت ہے کہ الرحمن سوائے اللہ تعالیٰ کے کسیکا نام نہیں ہوتا پس الرحیم ملا دیا کہ یہ بھی سوائے اللہ تعالیٰ کے کسیکا نام نہیں ہے (رواہ ابن جریر) حسن بصری سے روایت ہے کہ الرحمن اسم ممنوع ہے (رواہ ابن جریر) ابو العالیہ نے حسن سے اسکی یہ تفسیر روایت کی کہ الرحمن ایسا اسم ہے کہ اسکے ساتھ فقط اللہ تعالیٰ کا نام رکھا گیا اور کسی شخص کی یہ طاقت نہیں کہ اسکو اپنے اوپر رکھے (رواہ ابن ابی حاتم) واضح ہو کہ سورہ فاتحہ کی فضیلت مع تعوذ کے فضائل کے اور بسم اللہ کے فضائل و مسائل کے بیان میں شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ جمہور قراء نے الرحیم کی میم کو کسرہ دیکر الحمد سے ملا دیا۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝

سب تعریف اللہ کو ہے جو صاحب سارے جہان کا بہت مہربان نہایت رحم والا مالک انصاف کے دن کا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۔ سب تعریف ہے اللہ تعالیٰ کے لیے ۔ لِلّٰهِ یعنی جمیع محامد و ثنا ازل سے ابد تک جہان کہیں اور جب انکا وجود ہے یا ہووے سب ذاتی حقیقت میں اللہ تعالیٰ ہی کے واسطے ہیں اور یہ سورہ چونکہ قرآن مجید میں سے ہے لہذا کلام قدیم ہے کہ جسوقت مخلوقات کا وجود ہی نہیں تھا اسیواسطے شیخ ابن جریر نے فرمایا کہ الحمد للہ سے اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات قدس کی ثنا فرمائی اور اسکے ضمن میں البتہ بندوں کو یہ حکم کیا کہ اوسیطرح ثنا کریں گویا بندوں کو حکم دیا کہ کہو الحمد للہ اور چونکہ اسم اللہ جامع صفات ہے لہذا کہا گیا کہ اس کلمہ سے اللہ تعالیٰ کے واسطے جمیع اسماء حسنیٰ و صفات قدسیہ کے ساتھ ثنا ہو جاتی ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ پھر جب جملہ صفات کمالیہ تو (رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ) یعنی

عالمون کا پروردگار ہے۔ ف یہ ایک صفت خاص بندون کی تنبیہ و ترغیب کے واسطے بیان فرمائی اگرچہ اسم اللہ مین یہ صفت بھی شامل تھی
شیخ ابن جریر نے کہا کہ الحمد للہ کے معنی یہ ہین کہ حمد و شکر خالص اللہ تعالی ہی کے واسطے ہی اوسکے سوائے کسی مخلوق کو یا کسی بنائے ہوے معبود کو
بالکل دخل نہین ہی کیونکہ عالمین کی ربوبیت اوسی کے واسطے ہی اسنے اپنے بندون کو اونکی عزیز جان کے مثل کثرت نعمتین عطا فرمائین جنکا احاطہ
و شمار ممکن نہین حتی کہ اونکو طاعت کے واسطے اعضا دیے اور اونکی حفاظت کے واسطے دنیا مین رزق و غذا عطا فرمائی حالانکہ اونکو کوئی استحقاق
نہ تھا اور دیگر اسباب طاعت مہیا فرمائے اور باوجود اسکے کامل مزید احسان یہ کیا کہ انبیا و رسل علیہم السلام اونکی ہدایت کے واسطے بھیجے جنکی
پیروی سے دار السلام جنت مین بیمثال نعمتون کے ساتھ دائمی مقام ہی پس اللہ تعالی کے واسطے اول و آخر اس کل انعام پر حمد ہی مترجم کہتا ہی
کہ اللہ تعالی کا احسان اپنے بندون کے ساتھ اونکے وجود سے پہلے ہوتا ہی کیونکہ کسی مخلوق کو یہ استحقاق نہین کہ وہ پیدا کیا جائے اور شک نہین کہ
ہر شخص اپنی جان کو تمام جہان کی کل نعمتون سے عزیز جانتا ہی پس جان کی نعمت بندہ کے حق مین پہلی نعمت ہی جو اوسکو اللہ تعالی نے عطا فرمائی
پھر اوسکے جسم و جان مین جسکو ایک مجمل نعمت سمجھتا ہی اگر غور سے دیکھو تو بیشمار تفصیلی نعمتین ہین حتی کہ اگر منہ و زبان مین تصور ہو تو طرح
طرح کی غذاؤن اور اونکے مزہ سے محروم ہو اور اگر اوسکی پیدایش مین پیخانہ کا مقام نہو تو سخت درد و تکلیف کے ساتھ تڑپ کر جان دیدے
رایگان کرے اسیطرح اوسکے جسم مین لاکھون رگون کے ذریعہ سے خون کی روانی اور ہر عضو کی غذا حیوانی عجیب حکمت کے ساتھ جاری ہی اور
اعضا بیکار و جسم خشک ہو جائے جیسے بغیر نہرون کی زمین اور بغیر نالیون کی کھیتیان پریٹ ہو جاتی ہین اسیطرح اس خون مین آبی اختلاط او
بخارات بذریعہ نالون کے مسام کے خارج کیا جاتا ہی کہ اگر خارج نہو تو بخار وغیرہ امراض سے ہلاک ہو جائے پس ہر ہر بال و مسام اوسکے واسطے شکر
گزاری کی نعمت ہی اور ہر جوڑ بند بلکہ ہر سانس کی آمد و رفت پر شکر واجب ہی بلکہ ادائے شکر بھی درستی حواس و توفیق آلات پر موقوف ہوا اور یہ خود نعمت
عظیم ہی اور ہر نعمت کا شکر اوسپر فرض ہی لیکن اوسکے ادا سے عاجزی ظاہر ہی پس بندۂ مومن اپنے پروردگار رب العالمین کی نئے انتہا نعمتین
دیکھتا اور اپنی عاجزی کا اقرار کرتا ہی اور اللہ عزوجل ارحم الراحمین جسنے بے استحقاق اوسپر اتنی نعمتین ارسال فرمائین وہ اسکی عاجزی سے خوب
آگاہ ہی پس اپنے بندہ کی طرف سے درحالیکہ بندہ کے دل مین اپنی عاجزی کا یقین ہی اپنی شکر مین یہی کلمہ قبول فرماتا ہی کہ الحمد للہ رب العالمین
حدیث مین ہی کہ اللہ تعالی اپنے ایسے بندہ کو محبوب رکھتا ہی جو ایک نوالہ کھانے تو کہے الحمد للہ اور ایک گھونٹ پانی پیئے تو الحمد للہ کہے (کما فی الحصن)
اور اسی تاویل پر بعض علما نے کہا کہ ہر لقمہ پر الحمد للہ کہنا مستحب ہی اور واضح ہو کہ حمد درحقیقت ثنا ہی دل و زبان کے ساتھ ہی اور چونکہ
اسی سے شکر ادا ہوتا ہی لہذا شیخ ابن جریر نے لکھا کہ جو لوگ زبان عرب جانتے ہین وہ حمد و شکر مین سے ہر ایک کو دوسری کی جگہ بولتے ہین
لہذا الحمد للہ یعنی الشکر للہ یعنی اللہ تعالی ہی کے واسطے شکر ہی پس یہ دونون برابر ہین اور شیخ ابو عبد الرحمن السلمی نے حضرت جعفر صادق
اور ابن عطا صوفی سے یہی نقل کیا اور ابن عباس رض نے فرمایا کہ الحمد للہ ہر شکر گزار کا کلمہ ہی۔ ع **فضیلت الحمد** ابن عباس رضی اللہ
عنہ سے روایت ہی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے اصحاب کی مجلس مین ایک روز حضرت علی رضی اللہ عنہ سے خطاب کیا کہ لا الہ الا اللہ
اور سبحان اللہ اور اللہ اکبر تو ہم لوگون مین معروف ہی بھلا بتلاؤ کہ الحمد للہ کیا ہی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ ایک کلمہ ہی کہ اللہ تعالی
اسکو اپنی ذات پاک کے واسطے پسند و محبوب فرمایا اور اسکا کہا جانا محبوب کہا (رواہ ابن ابی حاتم) یعنی اللہ تعالی محبوب رکھتا ہی کہ اوسکے
بندے الحمد للہ کہین۔ م۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ جب بندے نے الحمد للہ کہا تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ میرے بندے نے میرا شکر
کیا (ابن ابی حاتم) ابن عباس رض نے کہا کہ الحمد للہ تعالی کے واسطے شکر ہی اور یہی اوسکے کمال کا یقین اور اوسکی نعمتون و ہدایت و ایجاد

وغیرہ کا اقرار ہو (ابن جریر و ابن ابی حاتم) حکم بن عمیر رضی سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تو نے الحمد للہ رب العالمین کہا تو اللہ تعالی کا شکر ادا کیا پس وہ تیرے واسطے نعمت بڑھاویگا (ابن جریر) اسود بن سریع رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین نے اپنے رب تبارک و تعالی کے محامد کہے ہین کیا وہ آپکو سناؤن آپنے فرمایا کہ تو آگاہ ہو کہ تیرا رب اپنے حمد کو محبوب رکھتا ہی (رواہ احمد و النسائی) مترجم کہتا ہی کہ ظاہر یہ محامد بطور اشعار تھے تو اس سے ثابت ہو گا کہ حمد و ثنا کے اشعار جائز ہین ولیکن جان کہنا چاہیے کہ ہر شاعر جاہل کو یہ لیاقت حاصل نہین ہی کیونکہ بسا اوقات وہ ایک بات کو تعریف خیال کرتا ہی حالانکہ وہ ادب سے خلاف ہوتی ہی پس حمد و نعت مین کامل ادب لحاظ رکھنا چاہیے اور بعضے جاہل شاعر جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف مین ایسے اشعار کہتے ہین جو دنیاوی بادشاہون کے واسطے کہے جاتے ہین یا معراج شریف مین ایسے سامان بیان کرتے ہین جیسے دنیا مین ممکن ہی یا دنیاوی بادشاہون کے یہان موجود ہی یہ محض بے ادبی قریب کفر ہی نعوذ باللہ من ذلک۔ م۔ جابر بن عبد اللہ رضی نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لا الہ الا اللہ بہت خوب افضل ذکر ہی اور الحمد للہ افضل دعا ہی (ترمذی نسائی ابن ماجہ) مترجم کہتا ہی کہ یہ حدیث حسن ہی اور صحیح ہی کہ الحمد دعا ہی جسکو مقتدی اپنے دل سے بغیر زبان کے ادا کر سکتا ہی۔ م۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے کسی بندے پر کوئی نعمت فرمائی پس اوسنے الحمد للہ کہا تو الحمد اس نعمت سے افضل ہوگی (رواہ البیہقی) یعنی جو نعمت عطا کی وہ اس بندے کو ملی اور جب اوسنے اوسپر شکر کیا تو اسکے نامۂ اعمال مین حمد کا ثواب بنسبت اوس نعمت کے افضل رہا چنانچہ حدیث ابن ماجہ مین مصرح ہی۔ م۔ قرطبی نے اپنی تفسیر مین لکھا کہ نوادر الاصول مین حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر میری امت مین سے کسی کے قبضہ مین تمام دنیا مع اپنی تمام چیزون کے آجاوے پھر وہ الحمد للہ کہے تو الحمد للہ اوس سے افضل ہوگی۔ قرطبی نے کہا کہ اسکے معنے یہ ہین کہ الحمد للہ کہنے کی توفیق اوسپر تمام دنیا کی نعمت سے بہت بڑھکر نعمت ہوا اور اسکی وجہ یہ ہی کہ وہ ثنا الہی اور یہ نعمت فانی ہی کمتر یہ کہ ثواب حمد دائمی رہیگا بلکہ اوسکے طفیل مین نعمت دنیاوی بڑھ جاتی ہی حالانکہ دنیا فانی ہی۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم لوگون سے بیان فرمایا کہ اللہ تعالی کے بندون مین سے ایک بندہ نے کہا کہ ای رب تیرے جلال الوجہ و عظیم السلطان کے واسطے تجکو حمد ہی جیسے تیری شان کے لائق ہی پس فرشتون کو اسکا لکھنا مشکل ہو گیا حتی کہ اونھون نے جناب باری عزوجل مین عرض کیا کہ ای رب تیرے بندے نے ایسا عظیم الشان کلمہ کہا کہ ہم اوسکو لکھنے سے عاجز ہین اللہ تعالی نے فرمایا کہ بندے نے کہا حالانکہ اللہ تعالی خوب جانتا ہی دونون فرشتون نے عرض کیا کہ ای رب اوسنے یون کہا کہ ای رب تیرے جلال الوجہ و عظیم السلطان کے واسطے تجکو حمد ہی جیسی تیری شان کے لائق ہی پس اللہ تعالی نے فرمایا کہ تم اوسکو یون ہی لکھدو جیسے میرے بندے نے کہا یہانتک کہ جب وہ مجھے ملیگا تو مین ہی اوسکا ثواب عطا فرماؤنگا (رواہ ابن ماجہ) شیخ نے لکھا کہ قرطبی نے ایک جماعت علما سے نقل کیا کہ کلمہ لا الہ الا اللہ کہنے سے الحمد للہ رب العالمین کہنا افضل ہوتا ہی کیونکہ اسمین اللہ تعالی کی توحید مع حمد و ثنا ہی اور دیگر علما نے فرمایا کہ نہین بلکہ لا الہ الا اللہ افضل ہی کیونکہ یہ کلمہ درمیان کفر و ایمان کے حد فاصل ہی اور اسی کے واسطے لوگون پر جہاد کیا جاتا ہی حتی کہ جب اونھون نے لا الہ الا اللہ کہا تو مقبول ہو جاتے ہین (کما فی الصحیحین) اور حدیث دیگر مین ہی کہ سب سے افضل کلمہ جو مین نے اور مجھسے پہلے پیغمبرون نے کہا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ہی اور سابق مین حدیث جابر رضی مین گذرا کہ افضل الذکر لا الہ الا اللہ اور افضل الدعا الحمد للہ ہی۔ ترمذی نے کہا کہ حدیث حسن ہی۔ شیخ نے لکھا کہ الحمد مین الف لام استغراق ہی یعنی حمد کے جمیع اجناس و اقسام کل ازل سے ابد تک اللہ تعالی ہی کے واسطے ہین چنانچہ حدیث مین بھی آیا کہ الہی کل حمد تیرے ہی واسطے ہی اور

کل سلطنت تیری ہی واسطے ہی اور کل خیر تیرے ہی ہاتھ مین ہی اور کل امر تیرے ہی جانب راجع ہی آخر تک مترجم کہتا ہی یعنے کل خیر تیرے ہی قبضہ قدرت مین ہی شیخ نے لکھا کہ عالمین جمع عالم ہی اور عالم ہر موجود کو کہتے ہین جسوا سے اللہ عزوجل کے ہی پس بیان اوسکی جمع بیان کرنا باعتبار اقسام مخلوقات آسمانی و زمینی و خشکی و تری و جن و انس وغیرہ ہی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ الحمد للہ رب العالمین کی تفسیر مین کہا کہ حمد اللہ تعالی ہی کے واسطے ہی جسکی یہ کل مخلوقات ہی جو آسمانون مین ہی یا زمینون مین ہی یا انکے اندر یا انکے بیچ مین ہی جسکو ہم جانتے ہین یا نہین جانتے ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ بحکم قولہ تعالی۔ وما یعلم جنود ربک الا ہو۔ کوئی شخص مخلوقات الہی کو نہین جان سکتا لیکن سلف سے اس بارہ مین بظاہر اسرائیلی روایات متعدد وارد ہین چنانچہ شیخ نے بروایت ابو العالیہ اٹھارہ یا چودہ ہزار اور زمین کے ہر گوشہ مین تین ہزار پانچسو نقل کیے بروایت ابن جریر و ابن ابی حاتم ولیکن کہا کہ ایسے کلام غریب کے واسطے دلیل صحیح کی ضرورت ہی اور مترجم کہتا ہی کہ یہی حق ہی حالانکہ کسی حدیث یا آیت مین تعداد مذکور نہین ہی بلکہ صریح آیت سے اوپر معلوم ہوا کہ سوا اللہ تعالی کے کوئی شخص نہین جانتا لیکن یہ ممکن ہی کہ ان روایات مین یہ مراد ہو کہ جہانتک بندون کو علم ہوا اوسکا بیان ہی اور کل مخلوق الہی کا بیان نہین ہو سکتا اور دلیل اسپر یہ ہی کہ ابو العالیہ نے صرف زمین کے عوالم بیان کیے ہین کیونکہ ہر گوشہ مین تین ہزار یا پانچسو کے حساب سے چار دن گوشون مین چودہ ہزار ہوئے اور اگر اٹھارہ ہزار ہون تو ہر گوشہ مین ساڑھے چار ہزار ہوتے ہین لہذا ان روایات کی نقل مین کوئی حرج نہین ہی تاکہ جہانتک معلوم ہوا اوسکی عظمت دیکھکر تمام مخلوقات الہی غیر متناہی پر قیاس کیا جاوے جس سے عظمت و کبریائی الہی کا فور دل مین آوے چنانچہ شیخ نے لکھا کہ سبیع المجمری سے روایت ہی کہ عالمین ہزار امت ہین ان مین سے چھ سو سمندر مین اور چار سو خشکی مین ہین یہ اسی کے مثل سعید بن المسیب سے منقول ہی بلکہ ایک ضعیف اسناد سے حدیث بھی وارد ہی چنانچہ جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت مین ایک سال ٹیڈیون کی قلت ہوئی کہ نظر نہ آئین تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا مگر کچھ پتہ نہ پایا پس غمگین ہو کر ایک سوار جانب یمن دوسرا جانب شام و تیسرا جانب عراق روانہ کیا تاکہ دریافت کرے کہ کہین کچھ ٹیڈیان نظر آئین یا نہین پھر جانب یمن جو سوار گیا تھا واپس آیا اور ایک مٹھی ٹیڈیان لاکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے رکھین جب آپ نے اونکو دیکھا تو تکبیر کہی پھر فرمایا کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ فرماتے تھے کہ اللہ تعالی نے ہزار امتین پیدا فرمائین چھ سو سمندر مین اور چار سو خشکی مین ہین پس ان امتون مین سے سب سے پہلے ٹیڈیان نیست ہونگی اور جب وہ نیست ہونگین تو اسطرح پے در پے آفت نازل ہوگی جیسے لڑی ٹوٹ کر دانے گرتے ہین (رواہ ابو یعلی) لیکن اسکی اسناد مین ابن عیسی الہلالی ضعیف راوی ہی۔ وہب بن منبہ نے کہا کہ اللہ تعالی کی مخلوق اٹھارہ ہزار عالم ہی جنمین سے ایک عالم یہ تمام دنیا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اس سے معلوم ہوا کہ ابو العالیہ کی روایت سابقہ چودہ ہزار یا اٹھارہ ہزار مین فقط ایک عالم کا بیان ہی۔ شیخ رح نے لکھا کہ مقاتل رازی رح نے فرمایا کہ عوالم اسی ہزار ہین۔ کعب احبار نے فرمایا کہ عوالم کی تعداد کو سوا اللہ عزوجل کے کوئی نہین جانتا۔ قرطبی نے ابو سعید خدری رض کا قول نقل کیا کہ چالیس ہزار عالم ہین جنمین سے ایک عالم یہ دنیا مشرق سے مغرب تک ہی۔ زجاج رح نے فرمایا کہ جو کچھ اللہ تعالی نے دنیا و آخرت مین پیدا کیا کل کو عالم کہتے ہین۔ قرطبی نے کہا کہ یہی صحیح ہی کیونکہ حضرت موسی علیہ السلام نے جب فرعون سے رب العالمین کی ماہیت بیان فرمائی تو فرعون نے کہا۔ وما رب العالمین۔ یعنی رب العالمین کون ہی۔ جواب دیا کہ۔ رب السموات والارض وما بینہما۔ یعنی آسمانون و زمینون و انکے مابین کا رب ہی۔ اور عالم مشتق از علامت ہی جو اپنے پیدا کرنے والے پر دلالت کرے کیونکہ عالم جو عجائب حکمت سے مملو ہی اپنے خالق عزوجل کی وحدانیت پر دلالت کرتا ہی پھر رب العالمین کی صفت بیان فرمانے کے بعد۔ الرحمن الرحیم۔ دو صفت بیان فرمائین جنکا بیان بسم اللہ مین گذرا کیونکہ رب کی تربیت مین انعام و سرمایی ہوتی ہی جیسے

معلم کبھی تربیت کے واسطے بچہ کو مارتا ہی تو تفصیل فرمائی کہ رب العالمین کی شان بھی رحمت و عذاب کو شامل ہی لیکن رحمت غالب ہی لہذا الرحمن اور الرحیم دو صیغہ مبالغہ رحمت کے واسطے بیان فرمائے۔ اور حدیث قدسی مین ہی کہ میری رحمت نے میرے غضب پر سبقت فرمائی ہی (کما فی الصحیح) اور خود قرآن مین فرمایا۔ ورحمتی وسعت کل شئی۔ یعنی میری رحمت ہر چیز کو شامل ہی۔ پھر اسکے بعد خوف دلانے کے لیے فرمایا۔ مالک یوم الدین۔ یعنی روز جزا کا مالک ہی۔ ف حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی کے نزدیک جو عقوبت ہی اگر وہ مومن کو پورے طور پر معلوم ہو جاوے تو کوئی اسکی جنت کی طمع نہ کر سکے اور اللہ تعالی کے نزدیک جو رحمت ہی اگر وہ کافر کو معلوم ہو جائے تو کوئی اوسکی رحمت سے ناامید نہ ہو (صحیح مسلم) اور اللہ تعالی نے قولہ تعالی۔ الملک القدوس المؤمن المہیمن الآیہ۔ مین مومن اپنا اسم صفت فرمایا اور اپنے بندہ مومن کا بھی یہی نام فرمایا پس مومن بھی صفت غضبی سے متصف ہوتا ہی تو اوسکو نفس و شیطان کے مقہور کرنے کے واسطے کام مین لاتا ہی تاکہ اللہ تعالی کی زمین سے فتنہ کفر و معصیت مٹ جاوے اور اسیواسطے جہاد مشروع ہی مگر اوسوقت تک کفار توحید الہی پر عبادت کرنے والے کو ایذا دین یا مانع ہون حتی کہ اگر جزیہ و اطاعت کا اقرار کرین تو اونسے تعرض نہین کیا جائیگا بلکہ ترحم کے ساتھ اونکے جان و مال کی حفاظت کیجائیگی کیونکہ جب وہ نہون نے دنیا اختیار کی اور اسکے پیچھے آخرت کا عذاب الٹی گوارا کیا تو دنیا مین کمی ہونیکی اگر چہ اونکی حماقت پر تاسف کیا جاوے کیونکہ اللہ تعالی کا ترحم ہر چیز کے ساتھ ہی حتی کہ حدیث شریف مین آیا کہ اللہ تعالی نے ہر چیز کے ساتھ ترحم فرض کیا ہی پس جب تم کسی جانور کو ذبح کرو تو خوبی کے ساتھ یعنی آہستہ تیز چھری کے ساتھ راحت دو اور جب تم کسی قاتل سے قصاص لینا چاہو تو خوبی کے ساتھ قصاص لو (السنن) صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ کیا ان جانورون مین بھی اجکو ثواب ہی فرمایا کہ ہر جاندار جگر والے کی پرداخت مین ثواب ہی (السنن) اور احادیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک مرتبہ ایک باغ مین داخل ہوئے تو اوسمین ایک خستہ اونٹ نے آپکو دیکھکر فریاد کی پس آپ نے دریافت فرمایا کہ یہ کسکا اونٹ ہی جبکہ وہ حاضر ہوا تو اوسنے فرمایا کہ یہ اونٹ شکایت کرتا ہی کہ مجھسے کام بہت لیا جاتا اور چارہ بہت کم دیا جاتا ہی اوسنے عرض کیا کہ یارسول اللہ یہ میرا اونٹ نہین ہی بلکہ یتیمون کا ہی اس حدیث مین بھی آپ نے جانورون پر ترحم کی تاکید فرمائی۔ اور احادیث مین ہی کہ ایک شخص جاتا تھا پس اوسنے ایک کنوین مین گرا ہوا کتا دیکھا جو زبان نکالے کیچڑ چاٹتا ہی اور پیاس سے مضطر ہی اوسنے اپنا موزہ نکالکر اوسکے ذریعہ سے کتے کو سیراب کیا پس اللہ تعالی نے اسکے شکریہ مین اس شخص کو بخش دیا (البخاری) اور روایت ہی کہ اگلے زمانہ مین ایک فاجرہ عورت تھی اوسنے بھی ایسکے مانند ترس کھا کر ایک کتے کو پانی پلایا تھا پس اللہ تعالی نے اوسوقت کے پیغمبر کو وحی فرمائی کہ مین نے اسکو بخش دیا (الصحیح) اور احادیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک عورت ایک بلی کی وجہ سے جہنم مین داخل ہوئی جسکو اوسنے بند کر دیا تھا نہ اوسکو کھانا دیتی اور نہ چھوڑتی کہ وہ کیڑے مکوڑے کھاوے یہانتک کہ بھوک پیاس سے تڑپکر مرگئی (الصحیح) اور حدیث مین ایسے شخص کی مذمت وارد ہی جو تھوڑی دور جانیوالا ہو جہان بغیر مشقت کے پیدل پہنچ سکتا ہی مگر وہ جانور کو تکلیف دیکر اوسکی پیٹھ پر سوار ہو کر جائے (الترمذی وغیرہ) حدیث مین ہی کہ ارحم الراحمین اونھین بندون پر رحم کرتا ہی جو رحم کرنے والے ہین پس تم زمین والون پر رحم کرو کہ مالک آسمان تمپر رحم فرماویگا (الترمذی وغیرہ) پس ترحم کے بارہ مین احادیث کثیرہ ہین جس سے بندون کے درجات بلند ہوتے ہین اور جو لوگ کسی جاندار کو ایذا پہونچاوین وہ دنیا مین بدکردار ہی کے امتحان مین ڈالے گئے ہین اور اللہ تعالی ہمیشہ اپنے مخلوق کا خالق ہی کوئی مخلوق اوسکے قبضۂ قدرت سے باہر نہین ہو سکتی لیکن موذی بدکردار لوگ اپنے اعمال مین مبتلا ہین جنکے واسطے اللہ تعالی نے قیامت کا دن روز جزا مقرر فرمایا ہی اور اوس دن اللہ تعالی کے حکم سے سب مخلوق کا ظاہری اختیار بھی سلب ہو جائیگا اور وہ فقط اللہ تعالی کی طرف رجوع ہوگا اسیواسطے مالک یوم الدین فرمایا۔ شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ بعض قراء نے ملک یوم الدین پڑھا یعنی بادشاہ روز جزا اور دوسرے قراء نے ملک یوم الدین

پڑھا اور یہ دونون قرأتین صحیح متواتر قرأت سبعہ مین سے ہین ۔ اور زمخشری نے کہا کہ حرمین مکہ و مدینہ کے لوگ مالک پڑھتے ہین ۔ اور ابوبکر بن ابی داؤد نے امام زہری سے مرسل روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و ابوبکر و عمر و عثمان و معاویہ رضی اللہ عنہم کی قرأت مالک یوم الدین تھی ۔ ضحاک نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ مالک یوم الدین کے یہ معنے ہین کہ اس دن کسی شخص کو حکم کی قدرت نہوگی جیسے دنیا مین بادشاہون کو ہوتی ہی ۔ اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی زمین کو مقبوض اور آسمانون کو یمین مین پیچیدہ کرکے فرمائیگا کہ بادشاہ مین ہون وہ کہان ہین جو زمین کے بادشاہ تھے گردن کش کہان ہین متکبر کہان ہین (البیضاوی) اللہ تعالی فرماتا ہی ۔ وخشعت الاصوات للرحمن فلا تسمع الا ہمسا ۔ یعنی اللہ تعالی کے واسطے آوازین پست ہوجاوینگی پس سوائے سنسناہٹ کے کچھ نہین سنا جائیگا ۔ وقال تعالی ۔ لا یتکلمون الا من اذن لہ الرحمن ۔ یعنی جسکو اللہ تعالی نے اجازت دی اوسکے سوائے کسی کو بولنے کی مجال نہوگی ۔ حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ اللہ تعالی کے نزدیک حقیر نام وہ شخص ہی جسکو شاہنشاہ کہا جاوے (البیضاوی) روز جزا مین ہر ذرہ ذرہ نیکی و بدی ظاہر ہوجاویگی چنانچہ فرمایا ۔ فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ و من یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ ۔ پس ہر نیکی و بدی اگرچہ ذرہ برابر ہو آدمی کے سامنے موجود ہوگی لہذا حدیث مین وارد ہی کہ دانا کبیر وہ شخص ہی جسنے اپنے نفس سے دنیا مین حساب کیا اور بعد موت کے لیے کام کیا اور عاجز نادان وہ ہی جو نفس کی خواہش مین پڑا اور اللہ تعالی پر خواہشین باندھین حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم لوگ اپنے نفوس کا حساب کرلو اس سے پہلے کہ تمسے حساب لیا جاوے اور اپنے اعمال نفس تول قبل ان یسکہ کہ میزان مین تولا جاوے اور اوس بزرگ پیشی کے واسطے آراستہ ہو کہ جب ایسے پاک عزوجل کے حضور مین پیش کیے جاؤگے جسپر تمہارے اعمال مین سے کچھ بھی پوشیدہ نہین ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ حساب و وزن اعمال و جزاء افعال کا تفصیلی بیان انشاء اللہ تعالی اپنے مواقع پر آویگا پس ہر عمل شرک ایگان ہی ۔ بعض علماء نے لکھا کہ جب بندہ اس سورہ کی قرأت مین مالک یوم الدین تک پہونچا تو گویا اوسنے لوث و بدیتی چھوڑکر خوف کے ساتھ اخلاص کا اقرار کیا ۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین ۔ تیری ہی ہم عبادت کرتے اور تجھی سے ہم مدد چاہتے ہین ۔ بعض سلف نے فرمایا کہ سورۂ فاتحہ جیسے قرآن کا بھید ہی ویسے ہی سورۂ فاتحہ کا بھید یہ آیت ہی پس ایاک نعبد سے بندہ بدیتی و شرک سے بیزار ہوا یعنی ہم خالص تیری ہی عبادت کرتے ہین پھر چونکہ اسمین بھی اپنی قوت کا دعوی تھا گویا ہمکو یہ قوت حاصل ہی کہ ہم خالص عبادت کرین اور یہ بھی شرک مین داخل ہی لہذا وایاک نستعین سے یہ دعوی بھی چھوڑ دیا یعنی اپنی جانب نسبت کرنے سے بھی بیزار ہوکر تیری ہی جانب تفویض کرتے ہین کہ جو خالص عبادت تجھسے سرزد ہو وہ تیری ہی عین عنایت ہی اور تیری ہی توفیق قوت سے ہوگی ۔ شیخ رح نے لکھا کہ اس مقام پر بندہ نے خطاب کے ساتھ عرض کیا تو گویا بھید یہ ہی کہ جب بندہ حضور آلہی عزوجل مین حاضر ہوا اور اوسنے حمد و ثنا کی اور جانا کہ وہ مالک روز جزا ہی جسپر کوئی ذرہ پوشیدہ نہین ہی تو اپنی اس حالت پر متنبہ ہوکر جان گیا کہ مین اوسکے حضور مین اس طرح حاضر ہون کہ میرے ظاہر و باطن ذرہ ذرہ پر اوسکا علم محیط ہی تو اوسنے اخلاص کی التجا اور توفیق کی دعا کی لہذا عرض کیا کہ ۔

اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوبِ

چلا ہمکو راہ سیدھی راہ اونکی جنپر تونے فضل کیا نہ جنپر غصہ ہوا

عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ ۝

اور نہ بہکے والے

یعنی اوسنے عبادت کے واسطے دعا مانگی کہ ۔ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ ۔ یعنی ہمکو راہ مستقیم کی ہدایت فرما ۔ ف

صراط مستقیم لغت عرب مین ایسی راہ کو کہتے ہین جسمین کچھ بھی نہو پھر یہ لفظ اونکی زبان مین ہر ایسے قول و فعل کے واسطے بھی مستعمل ہوا جو ٹھیک و درست ہو اور ہدایت کے دو معنے آتے ہین ایک رہنمائی جیسے کسی نے دوسرے کو مسجد معلی کا راستہ بتایا کہ تم اس طرح ان نشانات پر چلے جاؤ اور راہ مین فلان فلان مقامات پر فلان فلان قسم کے چور ہین اور اونسے بچنے کی فلان فلان ترکیب ہو اور یہ معنی راہ آخرت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت ہو کہ آپ نے لوگون کو جنت و رضوان الٰہی کا راستہ بتلایا اور اس راہ باریک مین جسمین عقل و حواس کام نہین کرتے ہین پوشیدہ چور ان یعنی شیاطین جن و انس و ذریات ابلیس وغیرہ سے جو خطرات ہین اونسے آگاہ فرمایا اور اسکی وجہ یہ ہو کہ یہ راہ اصلاح قلب و انوار طاعت سے ہوتی ہو لیکن قلب مین جو نور پیدا ہوتا ہو وہ شیطان بندہ کو غافل پاکر ضائع کرتا ہو اور اسکی کیفیت احادیث مین کثرت سے ہو جنکا بیان اپنے اپنے موقع پر انشاء اللہ تعالی آویگا پھر منجملہ آپکی ہدایت کے ایک یہ بھی ہو کہ تم لوگ پانچون وقت نماز فریضہ مین اور دیگر سنن و نوافل مین بھی اللہ تعالی سے ہدایت مانگو کہ اہدنا الصراط المستقیم تو اس سے ہدایت کے دوسرے معنی مراد ہین یعنی مقصود تک پہونچانا پس اگر سوال کیا جاوے کہ جو شخص ایمان لایا وہ صراط مستقیم پر آیا پھر اب کس صراط مستقیم کی درخواست کرتا ہی جواب ترجمہ کے بیان سے نکل سکتا ہی اور اوسکی توضیح سے پہلے دیگر علماء کا جواب نقل کیا جاتا ہی اور وہ یہ ہی کہ ہمکو راہ مستقیم کی ہدایت کر یعنی راہ مستقیم پر برابر قائم رکھ یہ بھی جواب عمدہ ہی اور عوام الی فہم کے لائق ہی اور جواب ترجمہ کی توضیح یہ ہی کہ ایمان و تقوی کے مراتب ہین اور بعض احادیث مین اسکو ایمان و احسان سے تعبیر فرمایا گیا اور زیادہ تفہیم کے واسطے یون سمجھنا چاہیے کہ پہلا مرتبہ خلوص یقین مع ادائے فرائض و واجبات ہی اور یہ مرتبہ اون بندون کے واسطے ہی جنکو عرف مین لوگ اولیاء اللہ کہتے ہین لیکن عوام اسکے ساتھ کچھ کشف و کرامت دیکھا کرتے ہین حالانکہ اکابر اولیاء اللہ رحمہم اللہ کے نزدیک کشف و کرامت کوئی غریب چیز نہین ہی حتی کہ صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم جنکے مثل ہونا غیر ممکن ہی کشف و کرامت کی تلاش نہین کرتے تھے کیونکہ معارف الٰہیہ مین اونکو مراتب عالیہ سے مقام کامل حاصل تھی پھر اس سے اعلی مرتبہ شہادت ہی کہ اپنا جان و مال اللہ تعالی کی توحید بلند ہونے کے واسطے خالص اوسکی رضا مین قربان کیا پھر اس سے اعلی مرتبہ صدیقیت ہی پھر اوس سے اعلی مرتبہ نبوت ہی لیکن نبوت کے اقرار اللہ تعالی نے نازل مین معین فرمائے تھے حضرت محمد خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم فرمائے اور آپ کے بعد قطعا کوئی پیغمبر نہین ہوگا پس کوئی شخص نبوت کے واسطے کوشش نہین کر سکتا لیکن راہ نبوت کی کوشش کرنا اس غرض سے ہی کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ہمراہی نصیب ہو جیسے خاص صحابہ رضی اللہ عنہم کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حضوری نصیب ہی پس جب بندہ نے نعمت ایمان کی رہنمائی پائی تو وہ ہر وقت نمازین اللہ تعالی عزوجل سے بہت عمدہ طریقہ پر حمد و ثنا و اظہار خلوص کے راہ مستقیم پر پہونچائے جانے کی درخواست کرتا ہی اور جو ایک درجہ پر پہونچ گیا وہ اس سے عالی درجہ کی درخواست کرتا ہی الٰہی مجکو راہ مستقیم تک پہونچا دے یعنی۔ صِرَاطَ الَّذِينَ أَنعَمتَ عَلَيهِم اون لوگون کی راہ تک جنپر تو نے انعام فرمایا ہی ف ــــ اور اللہ تعالی نے جن لوگون پر انعام فرمایا اونکا ذکر اس آیت مین ہی۔ اولئک الذین انعم اللہ علیہم من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا یعنی انبیا و صدیقین و شہدا و صالحین یہی بندے ایسے اوکے ہین جنپر اللہ تعالی نے انعام فرمایا اور ہمراہی کے واسطے یہ لوگ کیا خوب ہین۔ یعنی جس بندہ کو انکی رفاقت و انکا ساتھ نصیب ہوا وہ نہایت بلند درجات و فردوس جنات مین بے مثل عیش مین پہونچ گیا کیونکہ اللہ تعالی نے ابتدائی درجہ والون یعنی صالحین کے لیے وہ نعمتین مہیا فرمائی ہین کہ کسی آنکھ نے نہین دیکھین اور کسی کان نے نہین سنین اور نہ کسی بشر کے دل پر اونکا تصور گذرا (کما فی الصحیح) پس جب صالحین کے یہ مراتب ہین تو اعلی درجات کو کون قیاس کر سکتا ہی پس حاصل یہ ہوا کہ بندہ ابتدا مین رہنمائی پاتا ہی اور اسی رہنمائی پر مقصود تک پہونچنے کی کوشش کرتا ہی اور پہونچانا ایک فعل ہی جسکا خالق اللہ عزوجل ہی ہی پس درخواست کرتا ہی کہ الٰہی مین چلتا ہون اور تو ارحم الراحمین ہی تو اپنے فضل سے مجھے صراط مستقیم تک پہونچا دے یعنی اوس

راہ تک جس سے تیرے ایسے بندے پہونچے چنانچہ تونے انعام فرمایا ہی شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صراط مستقیم کتاب الٰہی عزوجل ہی (ابن ابی حاتم وابن جریر ورواہ احمد والترمذی موقوفا) اور یہی عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہی اور ضحاک وہبون بن مہران ابوصالح وابومالک نے ابن عباس رض سے اور مرۃ الہمدانی نے ابن مسعود ودیگر صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی کہ صراط مستقیم دین اسلام ہی اور یہی قول حضرت جابر ومحمد بن الحنفیہ وعبدالرحمن بن زید بن اسلم سے مروی ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ صراط مستقیم درحقیقت یہی اسلام ہی جو قرآن مجید سے ظاہر ہوتا ہی جو اوسنے بذریعہ تعلیم حاصل کیا لیکن یہ تعلیم فقط رہنمائی ہی اور اوسکے موافق پہونچنا اللہ تعالیٰ کی ہدایت سے ہی کیونکہ حدیث میں ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن مجید کی محافظت پر قائم رہنے کی نصیحت فرمائی تو عقلاء صحابہ میں سے ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ آپکے سکا خوف نہ فرماویں کیونکہ ہم پڑھتے ہیں اور ہم اپنی اولاد کو پڑھاوینگے اور ہماری اولاد اپنی اولاد کو پڑھاویگی یعنی یہ سلسلہ برابر باقی رہیگا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تعجب کے طور پر فرمایا کہ میں تجھ فقہاء مدینہ سے جاتا رہا حالانکہ تونے یہ بات کبھی کیا تو نہیں پڑھا کہ ان یہود ونصاریٰ کی اہل میں کتاب ہی پھر کچھ انکو فائدہ دیتی ہی (السنن) یعنی ان لوگوں کی یہ حالت ہی جو اللہ تعالیٰ نے فرمائی۔ کمثل الحمار یحمل اسفارا۔ جیسے گدھا اپنے اوپر کتابوں کا بوجھ لادے ہی الحاصل پڑھکر لفظی بحث وجدال میں اور رعونت کے فخر وافتخار میں عمر برباد کرتے ہیں اور اہتداء وانوار کچھ نہیں پاتے ہیں بلکہ حماقت سے اوسکو دنیا کمانے کا آلہ بناتے ہیں جیسے ہمارے شیخ اعلی اللہ درجاتہ مولوی روم علیہ الرحمۃ کا یہ شعر پڑھا ؎ علم را بر تن زنی مارے بود ۔ علم را بر دل زنی یارے بود۔ اسکا حاصل یہ ہی کہ اگر علم کے ذریعہ سے ایسے افعال جنکا مدار صرف جسمانی زندگی تک ہی تو ایسے عالم کے حق میں اوسکا علم سیاہ سانپ سے بدتر ہی کیونکہ حدیث میں ہی کہ فریق جہنم پر پہلے جہنم کی آگ بھڑکیگی ایک عالم ہی جسنے علم کو بے محل صرف کیا چنانچہ حدیث مذکور آیندہ انشاء اللہ تعالیٰ آویگی جیسے عالم متقی کی فضیلت میں بھی آیات قرآنی آوینگے شیخ رح نے لکھا کہ نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے صراط مستقیم ایک مثل فرمائی یعنے ایک صراط مستقیم بنائی اور صراط کے دونوں جانب دو دیواریں ہیں جنمیں بغیر کواڑ کے دروازہ ہیں اور دروازوں پر پردے لٹکتے ہیں اور صراط کے سرے پر پکارنے والا کہتا ہی کہ اے لوگو سب کے سب اس راہ میں داخل ہو اور ٹیڑھی راہ مت جاؤ اور دوسرا پکارنے والا اس راہ کے بالائی سرے پر موجود ہی تو جب کوئی شخص اس راہ چلنے والوں میں سے ان دروازوں میں سے کوئی دروازہ کھولنا چاہتا ہی تو آواز دیتا ہی کہ اے ہیو قوف یہ دروازہ مت کھولیو کیونکہ اگر اسکو کھولیگا تو اسکے اندر جا پڑیگا پھر اس مثل کا بیان فرمایا کہ یہ صراط تو اسلام ہی اور دونوں دیواریں حدود الٰہی ہیں اور دروازے وہ چیزیں ہیں جنکو اللہ تعالیٰ نے حرام کیا ہی اور صراط کے سرے پر پکارنے والا کتاب الٰہی ہی اور بالائے سرے پر پکارنیوالا ہر مسلمان کے دل میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک واعظ ہوتا ہی (رواہ احمد وابن ابی حاتم وابن جریر والترمذی والنسائی واسنادہ حسن صحیح) حضرت مجاہد رح نے فرمایا کہ صراط مستقیم سے مراد حق ہی عاصم احول رح نے روایت کی کہ حضرت ابوالعالیہ رح نے فرمایا کہ صراط مستقیم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صاحبین حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہیں۔ عاصم رح نے کہا کہ پھر میں نے جاکر حسن بصری رح سے یہ بات بیان کی تو فرمایا کہ ابوالعالیہ نے سچ فرمایا اور بہت اچھی نصیحت فرمائی (رواہ ابن ابی حاتم وابن جریر) شیخ نے کہا کہ یہ سب اقوال صحیح ہیں کیونکہ حدیث میں آیا کہ تم لوگ ان دونوں کی اقتدا کیجیو جو میرے بعد ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما ہیں (البزار وغیرہ) پس جسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور شیخین کی اقتدا کی تو وہ حق کا تابع ہوا اور جو حق کا تابع ہوا وہ اسلام کا تابع ہوا اور جو اسلام کا تابع ہوا وہ قرآن مجید کا تابع ہوا پس سب اقوال صحیحہ متلازمہ ہیں اسیطرح یہ قول جو حضرت عبداللہ بن مسعود رض نے فرمایا کہ صراط مستقیم وہی ہی جسپر ہمنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو چھوڑا

(رواہ الطبرانی) مترجم کہتا ہے کہ یہ قول نہایت عمدہ ہے لہذا امام ابوجعفر بن جریر رح نے فرمایا کہ میرے نزدیک یہی تاویل نہایت اولیٰ ہے شیخ
ابن کثیر نے بھی اسکو پسند کیا پھر لکھا کہ بندہ کو ہر وقت اللہ تعالیٰ سے ہدایت صراط مستقیم کی دعا کرنے کی ضرورت ہے کیونکہ اس سے ثبات قرار
واعمال صالحہ کی توفیق مراد ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ حدیث میں آیا کہ آدمیوں کے قلوب قبضہ قدرت آلہیہ میں ہیں وہ اونکو جدھر چاہتا ہے پھیر دیتا ہے
(الصحیح) لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا میں آیا کہ الٰہی میرے دل کو اپنے دین پر ثابت برقرار رکھیو (الصحیح) پس حاصل یہ نکلا کہ بعد ایمان کے
بندہ جہانتک ممکن ہے اپنے رب عزوجل سے صراط انبیاء وصالحین پر قائم رہکر مقصود تک پہونچنے کی درخواست کرتا رہے کیونکہ رہنمائی کے موافق
پہونچ جانا لازم نہیں ہے کیونکہ پہونچانا بھی اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے پیدا ہوتا ہے اور کسی مخلوق کو کسی چیز کے پیدا کرنے کی قدرت نہیں ہے
حق اور یہی صحابہ وتابعین وجمیع اہل سنت کا اعتقاد ہے اسیواسطے درخواست کرے کہ رہنمائی کے موافق صراط صالحین میں پہونچایا جاوے۔

**غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ** ۔ نہ راہ اون لوگوں کی جنپر تو نے غضب کیا اور نہ راہ اون لوگوں کی جو بھٹکے
ہوئے ہیں۔ ف یعنی الٰہی ہم تجھسے صالحین کی راہ مانگتے ہیں کہ جس طرح تو نے اونکو مقصد پر پہونچا دیا اوسی طرح ہمکو پہونچا دے اور ہم تجھسے
ایسے لوگوں کی راہ سے پناہ مانگتے ہیں جنپر تو نے غضب کیا اور جو گمراہی میں پڑے ہیں شیخ نے لکھا کہ اس آیہ میں کو بدون واو عطف کے بیان
کرنے میں زیادہ تاکید ہے جس سے معلوم ہوا کہ صرف ایک راہ صراط المستقیم مانگتے ہیں جسکے معنی یہ ہیں کہ وہ انبیاء وصالحین علیہم السلام کی راہ ہے
برخلاف راہ مغضوب علیہم وضالین کے پس مغضوب وہ لوگ ہیں جنکی ارادت خراب ہوئی کہ اونھوں نے حق کو جان کر اوس سے منہ موڑا اور وہ یہود
ہیں اور غضب آلہی اونپر لازم ہو گیا چنانچہ قولہ تعالیٰ۔ فباؤ بغضب علی غضب۔ کی تفسیر میں آویگا اور اسی طرح جو لوگ یہودیوں کے مشابہ ہوں وہ
بھی اون میں داخل ہیں اور ضالین سے وہ لوگ مراد ہیں جنھوں نے حق ہی کو نہیں پہچانا اور گمراہی میں بھٹکے پھرتے ہیں اور وہ نصاریٰ ہیں اوسی طرح
جو لوگ نصرانیوں کے مشابہ ہوں وہ بھی انہیں شامل ہیں۔ امام احمد نے عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے
سواروں نے میری قوم پر ہجوم کیا اور میری پھوپھی اور کچھ لوگوں کو پکڑ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے میری
پھوپھی کا حال بیان کیا پس میری پھوپھی نے عرض کیا یارسول اللہ میرا ایلچی دور گیا اور اولاد منقطع ہو گئی اور میں بہت بڑھیا ہوں کہ کسی خدمت کے
لائق نہیں ہوں پس آپ مجھپر احسان کیجئے اللہ تعالیٰ آپ پر احسان فرماوے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تیرا ایلچی کون ہے اوسنے کہا کہ عدی
بن حاتم ہے آپ نے فرمایا کہ وہی جو اللہ ورسول سے بھاگ گیا میری پھوپھی نے عرض کیا پھر آپ مجھپر احسان فرماویں پھر جب آپ واپس ہوئے تو آپ کے
پہلو میں ایک شخص تھا اور میری پھوپھی کی رائے میں وہ حضرت علی رضی تھے اونھوں نے کہا کہ اسی عورت نے سواری مانگ پس اوسنے مانگی تو آپ نے
اوسکے لیئے سواری دینے کا حکم دیا پھر میری پھوپھی وہانسے میرے پاس آئی اور بولی کہ آپ نے ایسا کام کیا جو تیرا باپ نہیں کر سکتا تھا چنانچہ
آپ کے پاس فلان شخص آیا اور اوسکو بھلائی ملی اور فلان دیگر آیا اور اوسنے بھی نیکی پائی پھر میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں
حاضر ہوا اور اوسوقت آپ کے پاس ایک عورت اور دو بچے حاضر تھے عدی نے کہا کہ میں نے غفلت نورانی سے پہچانا کہ یہ کوئی دنیاوی
کسریٰ وقیصر نہیں ہے پس آپ نے فرمایا کہ ای عدی کون چیز تجکو بھگاتی ہے کہ تو لا الہ الا اللہ کہے کیا سوائے اللہ تعالیٰ کے تو کوئی معبود جانتا ہے اور
کون چیز تجکو بھگاتی ہے کہ تو اللہ اکبر کہے کیا تو اللہ عزوجل سے کوئی چیز اکبر جانتا ہے عدی نے بیان کیا کہ میں مسلمان ہو گیا پس میں نے دیکھا کہ آپکا
چہرہ مبارک خوشی سے لہلہانے لگا اور آپ نے فرمایا کہ یہود تو مغضوب علیہم ہیں اور نصاریٰ ضالین ہیں (رواہ احمد والترمذی) اور یہی معنی
عبدالرزاق نے حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے اور ابن مردویہ نے حدیث ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کیے اور

یہی حضرت ابن عباس و ابن مسعود و جماعت صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے مروی ہی حتی کہ شیخ ابن ابی حاتم نے کہا کہ مین نہین جانتا کہ مفسرین کے درمیان اسمین کچھ اختلاف ہو مترجم کہتا ہی کہ جہان تک معلوم ہی یہ اجماعی تفسیر ہی سوا اسکے شیخ سیوطی نے جو نے ایسے تفسیر لکھنے والون سے تعجب کیا کہ جنکو حدیث و آثار کا علم نہین ہی اور اپنی رائے سے معنے لگاتے ہین چنانچہ اس آیت کی تفسیر مین بعض نقص تو بیس سے زیادہ کے اختلافی اقوال نقل کر گیا حالانکہ سلف صالحین جنپر تفسیر کا مدار ہی اون مین کچھ بھی اختلاف نہین کہ جنپر غضب کیا گیا وہ یہود ہین اور جنکو گمراہ فرمایا وہ نصاری ہین مترجم کہتا ہی کہ اگر کہا جاوے کہ جیسے یہود و نصاری کی گمراہی سے بیزاری مقصود ہی اسیطرح جمیع فرقہ کفر مجوس و ہنود وغیرہ کی راہ سے بھی بیزاری مقصود ہی تو یہود و نصاری کی تخصیص سے کیا مطلب ہی اسکا آسان جواب یہ ہی کہ یہ دونون فرقہ باوجود آسمانی کتاب و رسول پانے کے گمراہ ہین یا غضب کیے گئے ہین تو دوسرے بت پرست و آتش پرست وغیرہ بدرجہ اولی گمراہ یا مغضوب علیہم ہین تو وہ بالضرور ان مین شامل ہین کیونکہ جو شخص اندھیری رات کی تاریکی سے پناہ مانگے اور اوسکو پناہ دیجاوے تو قہر کی تاریکی سے بالضرور اوسکو پناہ ملیگی کیونکہ یہ تاریکی اوس سے بدرجہا زائد ہی اور توفیق جواب ہی کہ جب بندہ ایمان لایا اور رہنمائی کے موافق یقین کر کے مقصود اصلی کی طرف چلا تو ایمان لاتے ہی وہ کفر و شرک سے الگ ہو گیا کیونکہ کفر و شرک کے واسطے کوئی آسمانی کتاب نہین ہی پس اوسنے آسمانی کتاب کے موافق ہدایت مانگی لیکن یہود و نصاری ایسے دو فرقہ موجود ہین جنکو آسمانی کتاب کی ہدایت ملی لیکن ہدایت الہی یعنی مقصود تک پہونچانا اونکا نصیب نہوا لہذا اونکی راہ سے پناہ مانگی اور اس سے خوب واضح ہوا کہ جو شخص ایمان لایا و یقین کامل پایا ہر چند کہ وہ علم شریعت مین عالم ہو جاوے تو بھی اسپر فرض ہی کہ اوقات شبانہ روز مین خصوصا پنجوقتی فرائض مین ہر رکعت مین اہدنا الصراط المستقیم سے آخر تک بہت ادب سے دعا مانگتا رہے اور ذرا غور کرو تو معلوم ہو کہ یہی نعمت عظمی ہی جسکے لیے بندہ نے کمال ادب و تملق سے اپنے رب جل شانہ کی حمد و ثنا و اخلاص کا اقرار کیا پھر کمال آرزو سے قبولیت کے وقت اپنی اعلی مراد مانگی اور یہ مراد اسکو ضرور حاصل ہو جاتی ہی کیونکہ حدیث ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ مین روایت ہی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ صلوۃ یعنی سورۂ فاتحہ میرے درمیان اور میرے بندہ کے درمیان مقسوم یعنی نصفا نصف ہی پس اس سورہ کا نصف میرے واسطے اور نصف میرے بندے کے واسطے ہی اور جو کچھ میرے بندے نے مانگا وہ اوسکے لیے حاصل ہی جب بندے نے الحمد للہ رب العالمین کہا تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ میرے بندے نے میری حمد کی اور جب بندے نے الرحمن الرحیم کہا تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ میرے بندے نے میری ثنا کی پھر جب بندے نے مالک یوم الدین کہا تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ میرے بندے نے میری بزرگی بیان کی اور جب بندے نے ایاک نعبد و ایاک نستعین کہا تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ یہ میرے درمیان اور میرے بندے کے درمیان مشترک ہی اور جو کچھ میرے بندے نے مانگا وہ اوسکو عطا ہوا پھر جب بندے نے کہا اہدنا الصراط المستقیم صراط الذین انعمت علیہم غیر المغضوب علیہم ولا الضالین تو اللہ تعالی فرماتا ہی کہ یہ میرے بندے کے واسطے ہی اور جو کچھ میرے بندے نے مانگا وہ اوسکو عطا ہوا (صحیح مسلم وغیرہ) اس سے ایک یہ فائدہ ہی کہ جب سمجھکر سورۂ فاتحہ پڑھے تو مراد کامل حاصل ہوتی ہی کیونکہ اللہ تعالی نے عطیہ دیا اور وعدہ مین خلاف نہین ہی اور فائدہ دوم یہ کہ اول کی تین آیات تو اللہ تعالی کی حمد و ثنا و تمجید ہین اور آخر کی تین آیات بندے کے واسطے ہین اور درمیانی ایک آیت مشترک ہی پس جملہ سات آیات ہین اور اوسکی ابتدا الحمد للہ رب العالمین سے ہی اور بسم اللہ اسمین داخل نہین واللہ تعالی اعلم (مسئلہ) ولا الضالین مین ضاد کا مخرج مشکل ہی کہ وہ اول کنارۂ زبان اور اوسکے متصل داڑھون سے ہی پس اگر اس حرف کا ادا کرنا مشکل ہو تو کیا اسکے مشابہ ظا و زا منقوطہ ہی یا دال بے نقطہ ہی جواب یہ کہ اصل مین ضاد نکالنے کا قصد کرے کیونکہ حرف کی تبدیل جائز نہین ہی لیکن جب اوسنے ضاد کا قصد کیا اور وہ ادا نہوا تو اوسکے مشابہ ظاء منقوطہ نکلے گی جیسا کہ فتاوی عالمگیریہ وغیرہ مین مذکور ہی اور مترجم نے فتاوی ہندیہ و عین الہدایہ مین ترجمہ ذکر کیا ہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ صحیح مذہب

ہو کہ ضاد کی آواز مین خلل ہو کر ظاء منقوطہ کی آواز نکلنا معفو ومعاف ہی کیونکہ ضاد وظاء کا مخرج متقارب ہی تو ایک کو دوسرے کی جگہ نکالنا معاف ہی جبکہ اوس سے ضاد ادا نہو سکے واللہ تعالی اعلم اور بعضون نے یہان ایک حدیث بنائی کہ ضاد ادا کرنے مین مین سب سے مصیبت ہون شیخ نے کہا کہ یہ موضوع بے اصل ہی مترجم کہتا ہی کہ اسیطرح دیگر موضوعات مین کہ ہر اوراد واضح ہو کہ اس سورۂ مقدسہ مین جو سات آیات ہین بہ سبب مدارک عالیہ شامل ہین اسکے کہ اللہ تعالی کی حمد وثنا وتمجید وذکر اسم اللہ واسماء حسنی ہی دوم ذکر معاد وروز قیامت ہی اور سوم اللہ تعالی کے واسطے اخلاص عبادت وثنا اور اسی سے استعانت ہی اور اپنی عجز وبیچارگی ہی جسمین تعلیم ہی کہ الوہیت خالص اللہ تعالی ہی کے واسطے ہی اور اللہ تعالی اپنی ذات وصفات وافعال مین شریک سے پاک ہی چہارم بندون کو ادب عالی کی تعلیم ہی کہ پہلے اللہ تعالی کی حمد وثنا ایسے اسماء صفات کے ساتھ ادا کرین جو رحمت کے نام ہین پھر دعا مانگین اور حدیث مین آیا کہ پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود پڑھین چنانچہ نماز مین بھی آخر مین درود پر ختم کرتے ہین پنجم ارشاد ہی کہ صراط مستقیم سے وصول ہونا ایک مقصد اعلی ہی ششم واصلین اہل انعام کا جوار ڈھونڈھے جو انبیا وصدیقین وشہدا وصالحین ہین اور معلوم ہوا کہ انکو جو بزرگیان حاصل ہین وہ محض انعام الہی عزوجل ہی اور معلوم ہوا کہ انعام دینے والا اور ہدایت سے واصل کرنے والا اللہ تعالی ہی ہی کہ وہی خالق افعال ہی ہفتم اللہ تعالی کے غضب واضلال سے خوف کرکے مغضوب علیہم وضالین کی راہ سے پناہ مانگے اور جس طرح باطن مین پناہ مانگتا ہی اسی طرح ظاہر مین بھی اونکے طریقہ ووضع وخیالات سے پناہ چاہے اسیواسطے گمراہون کی مشابہت حرام ہی اور جب ظاہری شکل مین اونسے مشابہت حرام ہی تو باطنی خیالات مین مشابہت حرام بلکہ کفر ہی اور واضح ہو کہ یہود ونصاری کو توریت وانجیل عطا ہوئی جو ہدایت کے واسطے کافی تھی مگر وہ لوگ مقصد تک نہین پہونچے تو اس سے علما کو بھی عبرت ہونا چاہیے کہ خالی علم پڑھ لینے سے واصل نہین ہوتا بلکہ جب علم کے موافق اللہ تعالی ہدایت فرماوے تو مراد کو پہونچتا ہی ہم عرض مسئلہ جو شخص سورۂ فاتحہ پڑھے اوسکو بعد ختم کے آمین کہنا مستحب ہی اور اسکے معنے یہ ہین کہ ای رب قبول فرمالے بلکہ ہر دعا کے بعد آمین اولی ہی اور نماز مین بھی بعد فاتحہ کے آمین کہے خواہ امام ہو یا مقتدی ہو یا منفرد ہو اور اسمین ائمہ علما متفق ہین سوائے اسکے کہ بعض سے منقول ہی کہ امام نہ کہے لیکن صحیح یہ کہ امام بھی کہیگا پھر جہری نماز مین کیا امام ومقتدی آواز سے آمین کہے یا آہستہ کہے جواب یہ کہ اسمین علما کا اجتہاد مختلف ہی بعض کے نزدیک جہر سے کہے اور بعض کے نزدیک آہستہ کہے لیکن اگر امام کو تعلیم دینا مقصود ہو تو وہ جہر سے کہے تاکہ مقتدیون کو آمین کہنے کا موقع ومحل معلوم ہو جاوے اور اسمین کچھ خلاف نہین ہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ آمین مستحب ہونے کی دلیل حدیث وائل بن حجر رضی اللہ عنہ ہی کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا کہ غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھکر آمین کہی اور اسکے ساتھ اپنی آواز دراز کی اور دوسری روایت مین ہی کہ آواز بلند کی (احمد وابوداؤد والترمذی) اور یہ حدیث حسن ہی اور یہی حضرت علی وابن مسعود وغیرہم سے مروی ہی اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھتے تو آمین کہتے حتی کہ صف اول کے لوگ جو آپ سے متصل ہوتے تھے اوسکو سنتے تھے (ابوداؤد) اور ایک روایت مین یہ زائد ہی کہ اس آواز سے مسجد گونج جاتی تھی (ابن ماجہ والدارقطنی) اور کہا کہ اسکی اسناد بھی حسن ہی اور بلال رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یا رسول اللہ آپ آمین کہنے مین مجھ پر سبقت نہ فرمایا کرین (رواہ ابوداؤد) اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام آمین کہے تب تم بھی آمین کہا کرو کیونکہ جسکا آمین کہنا ملائکہ کے آمین کہنے سے موافق ہو جائیگا تو جو کچھ اوسکے اگلے گناہ ہین وہ بخشے جائینگے (الصحیحین) اور دوسری روایت مین ہی کہ جب تم مین سے کسی نے آمین کہی اور ملائکہ نے آسمان مین آمین کہی پس ایک دوسرے سے موافق ہو گئی تو جو کچھ اوسکے اگلے گناہ ہین معاف ہونگے (صحیح مسلم) بعض علما نے کہا کہ موافقت سے یہ مراد ہی کہ دونون ایک ہی وقت واقع ہون اور بعض نے کہا کہ قبولیت مین دونون یکسان ہون اور

بعض نے کہا کہ اخلاص مین دونون موافق ہون ۔ مترجم کہتا ہی کہ وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی حدیث مین بلکہ ابوداؤد کی حدیث ابوہریرہ رضی مین ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہی کہ جب پڑھتے تب آمین کہتے تھے جسکی آواز صرف اس قدر بلند ہوتی کہ صف اول مین سے جو لوگ متصل تھے وہ سنتے تھے اور احتمال یہ بھی ہی کہ ایک زمانہ تک جبتک تعلیم مقصود تھی تبتک ہر بار پڑھنے مین ایسا کرتے تھے لیکن ظاہر کو چھوڑکر اس احتمال کی طرف جانے کے لیے کوئی دلیل ضرور ہی کیونکہ اہل السنۃ کا اجماع ہی کہ آیات واحادیث اپنے ظاہر پر رہینگی جبتک کہ تاویل کے واسطے کوئی دلیل نہو لیکن یہان ایک دلیل یہ ممکن ہی جو وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کی دوسری روایت مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آمین کہی اور آواز خفی کی (رواہ الترمذی وغیرہ) لیکن ترمذی نے اسکی اسناد و متن مین چار جگہ شعبہ رحمہ اللہ کا سہو بیان فرمایا اور تمام بحث مترجم نے عین الہدایہ مین بیان کی ہی اور سہو پر جزم کرنے کے واسطے کوئی وجہ معتمد نہین ہی ۔ اعتراض دوم یہ کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز پست فرمائی تو وائل رضی اللہ عنہ کیونکر سنی پس لامحالہ یہی ہوگا کہ آپنے آواز مثل سابق کے بلند نہین فرمائی کیونکہ وائل رضی اللہ عنہ اپنے وطن سے اگر چند روز مدینہ مین رہتے پھر واپس جاتے پھر آتے تو حاصل یہ ہوا کہ پہلی مرتبہ جس آواز بلند سے سنا تھا ایکی مرتبہ اوس سے پست آواز پائی اسیواسطے شیخ ابن الہمام نے شرح ہدایہ مین کہا کہ اگر اجتہاد مین فی الجملہ مجھے حصہ ہوتا تو مین اس مسئلہ مین منصوص کے درمیان اس طرح توفیق دیتا کہ اتنی پست آواز سے آمین کہے کہ صف اول مین سے قریب کے لوگ سن لین ۔ لیکن شیخ عینی نے کہا کہ شاید وائل بن حجر بالکل قریب ہون تو آہستہ آمین بھی سن لی ہو ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ توجیہ بعید ہی اسواسطے کہ حدیث مین حکم ہی کہ وہ لوگ مجھسے متصل رہین جو صاحبان حلم وعقل ہین (کما فی الصحیح) تو ظاہر یہ کہ اکابر صحابہ مہاجرین وانصار رضی اللہ عنہم مین سے ایک جماعت آپ کے متصل رہتی تھی تو وائل بن حجر رضی اللہ عنہ کے واسطے ایسی نزدیکی خلاف ظاہر ہی واللہ تعالیٰ اعلم ۔ یہ احتمال ضرور ہی کہ بطور تعلیم ہوا اور رہی صحیحین کی حدیث ابوہریرہ رضی کہ جب امام آمین کہے تو تم بھی آمین کہو تو اسمین دو احتمال ہین ایک یہ کہ امام جب آواز سے آمین کہے تو تم بھی کہو اور دوم یہ کہ جب امام موقع آمین پر پہونچکر آہستہ آمین کہیگا تو اوسوقت تم بھی آمین کہو کیونکہ حدیث ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام ولا الضالین پڑھے تو تم لوگ آمین کہو کہ اللہ تعالیٰ تمہاری دعا قبول فرماویگا (کما فی صحیح مسلم) بلکہ خود ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی صحیح مسلم مین یہی روایت ہی تو ظاہر یہی ہی کہ مقتدیون کے واسطے آمین کا موقع فرمایا اور امام اوسکو آہستہ کہیگا کیونکہ اگر جہر سے کہتا تو ولا الضالین پر کہنے کی ضرورت نہ تھی حتی کہ امام مالک نے اسی حدیث سے یہ نکالا کہ امام آمین ہی نہین کہیگا لیکن صحیحین کی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہ بات معلوم ہوتی ہی کہ امام بھی آمین کہیگا ۔ شیخ رحمہ نے لکھا کہ ہمارے اصحاب مین اختلاف یہ ہی کہ نماز جہریہ مین اگر امام آمین کہنا بھول گیا تو مقتدی جہر سے آمین کہے اور اگر امام نے جہر سے آمین کہی تو قول جدید یہ ہی کہ مقتدی جہر نکرے بلکہ آہستہ آمین کہے اور یہی امام ابوحنیفہ کا مذہب ہی کیونکہ آمین ایک ذکر ہی تو دیگر اذکار کے مانند اوسکا بھی جہر نہوگا اور شافعی کا قول قدیم یہ ہی کہ مقتدی بھی جہر کرے اور یہی امام احمد کا مذہب ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ ائمہ حنفیہ نے جہر کی احادیث کو طریقہ تعلیم پر محمول کیا کیونکہ صحیح مسلم کی حدیث ابوموسیٰ وابوہریرہ رضی اللہ عنہما جو موقع آمین بیان کرنے کے واسطے ہی اوس سے ظاہر یہ کہ امام آہستہ آمین کہیگا تو مقتدی بھی آہستہ آمین کہینگے اور یہ دیگر اذکار سے بھی موافق ہی اور صحابہ رضی اللہ عنہم مین بھی آمین کا اخفاء ماثور ہوا اور آہستہ کہنے مین ہمکو آمین کا استحباب حاصل ہوگیا اور کوئی دغدغہ بھی نہین ہی کیونکہ نماز مین احتیاط کے ساتھ جہر و اخفاء کی روایت ثواب ہوتی ہی پھر مترجم کہتا ہی کہ جس امام کے نزدیک اجتہاد سے آمین کا جہر ظاہر ہوا اوسکو بھی ثواب ملیگا کیونکہ ہمارے جمیع علماء سب اہل السنۃ والجماعۃ مین اور سبکا مذہب ایک ہی قرآن وحدیث ہی پس سبکے واسطے ثواب ہی اور عجب کہ اس زمانہ مین مسلمانون مین آمین کی جہر واخفاء پر باہم نفاق

وفساد ہوتا ہی جو شرعاً حرام ہی اور افسوس کہ یہ لوگ اللہ تعالی کا حکم فریضہ چھوڑتے ہین کیونکہ باہمی الفت واجب تھی اور حق یہ ہی کہ جس امام کے نزدیک آمین کا جہر کرنا ثابت ہوا وہ بھی متبع سنت ہی اور ہر ایک اپنی اپنی نیت پر ثواب پاویگا پس یہان تو کوئی بھی ایسی وجہ نہین ہی جو نفاق کا باعث ہو۔ شیخ رح نے لکھا کہ حضرت عائشہ رضی سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس یہود یون کا ذکر ہوا تو آپ نے فرمایا کہ یہود یونکو حسد کی کوئی آگ اتنا نہین جلاویگی جتنا اونکا حسد ہم پر روز جمعہ کے بارہ مین ہی جو اللہ تعالی نے ہمکو ہدایت کیا حالانکہ اونکو نہین ملا اور جتنا قبلہ کعبہ پر ہی جو اللہ تعالی نے ہمکو ہدایت فرمایا اور وہ بھٹکے اور جتنا اونکو امام کے پیچھے ہمارے آمین کہنے پر ہی (احمد وابن ماجہ) یعنی جمعہ و قبلہ و آمین پر یہود ہم لوگون پر حسد کرکے بہت ہی جلتے ہین اور قولہ تعالی قد اجیبت دعوتکما فاستقیما ولا تتبعان سبیل الذین لا یعلمون۔ کی تفسیر مین آویگا کہ بعض علماء نے اس سے استنباط کیا کہ جو شخص دعا کرے اور دوسرا اوسپر آمین کرے تو وہ بھی دعا کرنے والے کے مثل ہوتا ہی۔ شیخ رح نے کہا کہ یہین سے امام ابو حنیفہ وغیرہ نے نکالا کہ سورۂ فاتحہ دعا ہی تو جب امام کی قرارت کے بعد مقتدی نے آمین کہی تو گویا اوسنے خود سورۂ فاتحہ پڑھی اسیواسطے حدیث مین وارد ہی کہ جس شخص کا امام ہو تو امام کی قرارت ہی اوسکی قرارت ہی (کما رواہ احمد) اور خود بلال رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ یا رسول اللہ آپ آمین مین مجھپر سبقت نفرماوین تو اس سے نکلا کہ نماز جہریہ مین مقتدی پر قرارت نہین ہی واللہ تعالی اعلم۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ استنباط خوب ہی لیکن نماز سری مین مقتدی آمین نہین کہتا تو کیا وہ فاتحہ پڑھیگا۔ اور شیخ ابن کثیر رح اسکے جواب مین کہینگے کہ ہان کیونکہ انکا یہی مذہب ہی اور یہی امام ابو حنیفہ رح سے ایک روایت ہی لیکن مشہور مذہب یہ کہ مقتدی مطلقاً قرارت نہین کریگا اور مترجم کے نزدیک اپنے جی مین پڑھنے کی تاویل ہی کہ دل سے دعا پوری کرے کیونکہ جو شخص نماز کے واسطے کھڑا ہوا اور اسکے کچھ معنی نہین سمجھا تو موافق حدیث ابو داؤد کے اوسکی کچھ نماز بھی نہین ہی شیخ رح نے لکھا کہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب امام نے غیر المغضوب علیہم ولا الضالین پڑھکر آمین کہی پس اہل زمین کی آمین اہل آسمان کی آمین سے موافق ہوئی تو اللہ تعالی بندے کے واسطے اوسکے اگلے گناہ معاف کردیتا ہی اور حنفیہ آمین نہین کہی تو اوسکی مثل یہ ہی کہ ایک شخص نے ایک قوم کے ساتھ جہاد کیا پھر ان لوگون نے قرعہ ڈالا اور اون لوگون کے عہدہ پر آمد ہوئے اور اس شخص کا حصہ نہین نکلا تو اوسنے کہا کہ میرا حصہ کیون نہین نکلا تو اوس سے کہا گیا کہ تو نے آمین نہین کہی تھی (رواہ ابن مردویہ) اس سے بھی معلوم ہوتا ہی کہ مقتدی قرارت نہین کریگا۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ استنباط ظاہر اسوجہ سے ہی کہ امام ہی کی قرارت مولا الضالین تک معتبر فرمائی اور اگر مقتدی پڑھتا ہوتا تو ضرور ہوتا کہ وہ اپنی دعا کے بعد آمین کہتا جیسے امام اپنی قرارت کے بعد آمین کہتا ہی اور یہ استنباط اظہر ہی واللہ تعالی اعلم (تنبیہ) آمین بالاجماع قرآن مجید مین سے نہین ہی کیونکہ وہ مصاحف مین نہین لکھی گئی اور بعض علماء نے بدلیل حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا جو اوپر مذکور ہوئی وربا حسد یہود کے نکالا کہ آمین خاصۃً اسی امت کے واسطے ہی۔ اور واضح ہو کہ اس سورۂ مقدسہ مین رب عزوجل کے واسطے اعظم شان توحید و ثنا و تمجید اور بندے کے واسطے اعظم شان بندگی و اعظم مقصد و انتہا مرجع ظاہر ہوگیا اور یہی عین مراد ہی فالحمد للہ رب العالمین (تنبیہ) بسم۔ لکھنے مین الف حذف کیا جاتا ہی جیسے پڑھنے مین حذف ہی کیونکہ اسکا استعمال کثرت ہوتا ہی اور قولہ تعالی بسم اللہ مجریہا ومرسٰہا۔ اور قولہ تعالی۔ وانہ من سلیمان وانہ بسم اللہ الرحمن الرحیم مین بھی صورتی مشابہت کی وجہ سے حذف ہی اگرچہ یہ صرف ایک مقام پر ہی اور جہان کثرت ہو وہان حذف نہین ہوتا جیسے اقرا باسم ربک۔ اگر کہو کہ جیسے بسم مین کثرت استعمال سے حذف ہی اسی طرح چاہیے کہ باللہ و بالرحمن و بالرحیم مین حذف ہو جواب یہ کہ خط مصحف ایک خط خاص ہی جسکا خط عروضی پر قیاس نہین کرسکتے ہین۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ایک شخص نے بسم اللہ الرحمن الرحیم کو صاف حرفون مین لکھا تو وہ بخشا گیا (رواہ البیہقی) اور یہ قول منزلہ حدیث ہی

کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اپنے قیاس سے ایسا نہیں فرما سکتے ہیں چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اسکے مانند آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا بلکہ اوسمیں بشارت ہی کہ جو شخص اس طرح لکھے وہ بخشا جائیگا۔ (ابو نعیم وابن اشتہ) اور عمر بن عبد العزیز رحمہ اللہ نے اپنے عاملوں کو لکھا کہ تم میں سے جو شخص بسم اللہ لکھا کرے تو الرحمن کو مد کھینچکر لکھا کرے (ابن اشتہ) زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے نزدیک مکروہ تھا کہ بسم اس طرح لکھے کہ سین کے دندانے ظاہر نہوں۔ حضرت عمرو بن العاص رضی کے کاتب نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط میں بسم اللہ بغیر ہدانہ سین کے لکھی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اوس کاتب کو مارا پس جب اوس سے پوچھا گیا کہ تجکو امیر المومنین رضی اللہ عنہ نے کس بارہ میں مارا تو اوسنے کہا کہ مجھے سین کے بارہ میں مارا۔ اور ابن سیرین رحمہ اللہ بھی اسکو مکروہ رکھتے تھے (ابن اشتہ) جس کام پر بسم اللہ کہے اوسی کے موافق وہاں فعل مقدر ہوگا مثلاً بسم اللہ کرکے کھاتا ہوں یا لکھتا یا پڑھتا ہوں جیسے قرآن میں بسم اللہ کے واسطے تلاوت کرنا مقدر ہے (مسئلہ) قرآن مجید کے ختم میں بسم اللہ پڑھنے کی محافظت چاہیے کیونکہ جن علماء کے نزدیک بسم اللہ ہر سورہ کا جزو ہے تو اونکے نزدیک ترک بسم اللہ سے ختم پورا نہوگا اور ہمارے نزدیک بھی نماز میں سورۂ فاتحہ سے پہلے بسم اللہ پڑھ لینا احتیاطاً واجب ہے اور فتح القدیر میں کہا کہ یہی مختار ہے اور طحطاوی میں ہے کہ محققین کے نزدیک سورۂ فاتحہ کے ساتھ دوسرا سورہ ملانے میں بھی بسم اللہ پڑھ لینا مستحب ہے بشرطیکہ شروع سے کوئی سورہ ملاوے۔ (مسئلہ) اگر پچیسویں پارہ الیہ یرد الساعۃ سے شروع کیا تو شروع میں ضمیر بجانب حق عزوجل راجع ہے اور جب اوسنے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھکر اسکو شروع کیا تو ضمیر کے مرجع میں وہم ہوتا ہے لہذا ایسے مقام پر پہلے بسم اللہ پڑھنا مؤکد ہے (السیوطی) حسن بصری رح سے روایت ہے کہ اللہ تعالی نے ایکسو چار صحائف کتب نازل فرمائے اور ان سب کے علوم کو توریت و انجیل و زبور و فرقان میں جمع فرمایا پھر علوم توریت و انجیل و زبور کو فرقان میں جمع کیا پھر علوم فرقان کو مفصل میں جمع کیا پھر علوم مفصل کو فاتحۃ الکتاب میں جمع کیا پس جو شخص فاتحۃ الکتاب کی تفسیر سے آگاہ ہو تو وہ جمیع کتب آسمانی کی تفسیر سے آگاہ ہو گیا (رواہ البیہقی فی شعب الایمان) نسفی رح نے یہ روایت لکھکر بڑھایا کہ پھر علوم فاتحہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم میں جمع کیا اور بسم اللہ کے علوم کو اسکی باء میں جمع کیا اور باء کے یہ معنی کہ جو ہوا وہ میرے ہی ساتھ ہوا اور جو ہوگا وہ میرے ہی ساتھ ہوگا (المدارک) بعض نے کہا کہ باء کے علوم اسکے نقطہ میں جمع ہیں۔ مترجم کہتا ہے کہ ان اسرار کو علماء ربانیین کی سمجھ پر چھوڑنا چاہیے۔ ف بعض اشارات عرائس البیان کا لکھنا بھی مناسب ہے لیکن اوسکی سمجھ کے واسطے کسی مرتبہ تقوی پر پہونچنا ضرور ہے ورنہ عوام کی سمجھ سے بہت سے معارف دقیقہ عالی ہوتے ہیں اور اسکی نظیر یہ ہے کہ جو شخص حساب و پیمائش وغیرہ سے واقف ہو جاوے تو اسکے بعد وہ جبر و مقابلہ و اقلیدس کو سمجھ سکتا ہے اور اگر ابتدا سے کسی دیہاتی یا پہاڑی آدمی کو سمجھانا چاہو تو وہ کسی بیان سے نہیں سمجھیگا لہذا ان مضامین کی تحریر میں یہ شرط ہے کہ جو شخص سمجھے وہ اتنی مدت تک خاموش رہے کہ اوسکا سمجھ حاصل ہو

(سورۃ الفاتحہ) اسکا نام سورہ فاتحہ اسواسطے ہے کہ یہ اسرار کی مفتاح یعنی کنجی ہے حتی کہ جو شخص اسکے انوار تک پہونچا وہ بعض متشابہات کے اسرار پر واقف ہوگا (بسم اللہ الرحمن الرحیم) (ب) جو شخص خودی سے خارج ہوا اوسکے واسطے بقا۔ (س) اہل انس کے لیے نور سنا قدس ہے۔ (م) اہل نعوت کے واسطے کشف ملکوت ہے یعنی جو لوگ ابھی اپنی خودی سے بالکل فانی نہوں مگر صفات حق میں مستغرق ہو گئے تو اونکے واسطے عالم ارواح ملکوتی کا کشف ہو جاتا ہے یہ اسرار تو بنظر صفات ہیں اور بنظر افعال یہ ہے کہ (ب) بر و احسان الٰہی جو اولیاء اعداء کے لیے عام ہے یعنی کافر و مسلمان سب کو یہ احسان شامل ہے مثلاً اشارہ سے آگاہ کیا کہ رزق و اموال دنیاوی میں اللہ تعالی نے اہل ایمان کی خصوصیت نہیں رکھی ہے بلکہ وہ کافروں کو بھی دیتا ہے حتی کہ کفر کے ساتھ سلطنت باقی رہتی ہے مگر ظلم کے ساتھ باقی نہیں رہتی اگرچہ ظالم

مسلمان وضعی کہ اگر کافر کے تسلط مین جان و مال کے خطرہ سے حفاظت ہو تو سلطنت باقی رہنے کے آثار ہین اور اگر مسلمان بادشاہ کی سلطنت
مین جان و مال خطرہ مین ہو مثلاً قاضی رشوت خوار اور گواہ دوآنہ کا جھوٹا مکار و مانند اسکے تو سلطنت قائم نہین رہیگی پس اہل ایمان اس کلام کے
اسرار سے کہ شیطانی سے بچ گئے جو اکثر عوام کو دھوکا دیتا ہی کہ اگر تم حق پر ہوتے تو ساری دنیا تمھارے واسطے جمع کر دیجاتی اور اگر یہ لوگ جو تم
کافر سمجھتے ہو ناحق پر ہوتے تو انکے واسطے حکومت و غلبہ نہوتا یہ وسوسہ اسوجہ سے دور ہو گیا کہ اللہ تعالی کا دنیا دی انعام ہر شخص کے واسطے عام ہی
بلکہ جو لوگ معرفت مین ہوشیار نہین دیکھتے ہین کہ حدیث شریف مین آیا تم لوگ جان رکھو کہ دنیا ملعون ہی اور جو کچھ اوس دنیا مین ہی وہ ملعون ہی سوائے ذکر
آلہی اور دین پڑھنے پڑھانے والے کے (ابن ماجہ وغیرہ) اور حدیث مین ہی کہ اگر اللہ تعالی کے نزدیک دنیا کی قدر ایک مچھر کے پر برابر ہوتی تو اللہ تعالی
اسمین سے کافر کو ایک گھونٹ پانی نہ دیتا (الصحیح) لہذا صحابہ رضی اللہ عنہم باوجود جواہرات و خزائن کے کہ انکو سلطنت فارس و روم و شام و مصر و بربر سے جو ہزارون برس کے جمع کیے ہوئے تھے ہاتھ آئے تو انھون نے اس حقیر مال دنیا کو اچھی طرح نظر اوٹھا کر نہین دیکھا بلکہ حقیقی نعمتہائے
آخرت کے طالب ہوئے اسکی مثال یہ ہی کہ بیوقوف بچہ جسکو ابھی عقل حاصل نہین ہوئی مٹی کے پھول پر فریفتہ ہوتا ہی اور ذی ہوش دانا اسکو بعض
لغو اور رائیگان سمجھتا ہی اسی طرح صحابہ رضی اللہ عنہم اس دنیا کو نجس و خوار سمجھکر بیزار ہوتے اور دل سے موئے آخرت کے طالب تھے پھر اگر کسی شخص کو
دیکھا جاوے کہ وہ کافرون کے مال و متاع کو نعمت اعلی سمجھکر دلی حسد سے دیکھتا ہی تو محض نادانی ہی گویا وہ آخرت و قرآن پر ایمان ہی نہین لایا
جبکہ کافرون کے واسطے عاقبت مین سوائے عذاب شدید کے کچھ نہین ہی حالانکہ یہ بھی مخلوق آلہی ہین تو وہ کیونکر چاہتا ہی کہ نجس و حقیر دنیا بھی انکو
میسر نہ ہو پس یہ نشان ہی کہ اوسکے دل مین آخرت کا اعتقاد ٹھیک نہین ہی لہذا اللہ تعالی نے حقارت دنیا کی تنبیہ فرمائی اور شیخ جرنے یہ اشارہ لکھا
کہ (ب) رزق وغیرہ سے احسان عام ہی۔ (س) سر آلہی خوشنودی خاص کے لیے ہی یعنی مومنین کے واسطے سرور ایمان ہی (م)
محبت آلہی خاص الخاص محبین کے واسطے ہی یہ اشارہ ازراہ فعل تھا پھر ازراہ قبولیت بھی اشارہ ہی چنانچہ (ب) بدر عبودیت یعنی ابتدائے
ظہور عبودیت بندہ مومن مین س سر ربوبیت یعنی مومن پر کشف ربوبیت ہی م منت آلہی جو ازلی مقبولین پر ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ جیسے
اللہ تعالی نے فرمایا۔ بل اللہ یمن علیکم ان ہداکم للایمان یعنی تم لوگ احسان مت جتاؤ بلکہ اللہ تعالی ہی تم پر منت و احسان رکھتا ہی کہ تمکو ایمان
کی ہدایت دی۔ اہل معرفت کے نزدیک ایمان سے بڑھکر کوئی نعمت نہین اور قرآن سے بڑھکر کوئی نعمت نہین چنانچہ حدیث مین ہی کہ جسکو اللہ تعالی
نے قرآن دیا پھر اوسنے دنیا مین کسی شخص کو اپنے سے بڑھکر نعمت والا گمان کیا تو وہ بیوقوف بڑا ناشکرا ہی (السنن) پھر ازراہ کشف کے اسمین
اشارات ہین چنانچہ ب بہای حسن ازل سے جلال عظمت مین ارواح عارفین باقی ہین س سنا ازل سے ہوا رہوبیت مین اسرار
سابقین مسطور ہین م مجد عظمت سے اہل وجد نازان ہین۔ بعض روایت مین آیا کہ ب بہای آلہی ہی س سنا آلہی ہی م مجد آلہی ہی۔
بعض نے فرمایا کہ بسم اللہ یعنی جن چیزون کا وجود ہی یا ہووہ اللہ تعالی ہی کے ساتھ ہی اور فنا بھی اوسی کے ساتھ ہی اور اوسی کی زینت سے
ہر چیز کی خوبی ہی اور اوسی کے معیوب کرنے سے قبیح کو قبیح کہتے ہین شیخ جنید نے فرمایا کہ جب عارفین نے اپنے دلون سے سوائے حق عزوجل کے
سب نکال دیا تو انکو خطاب ہوا کہ بسم اللہ کہو یعنی میرے ہی نام کی جانب منسوب ہو کر اللہ والے ربانی ہو جاؤ اور آدم علیہ السلام سے نسبت
ست لگاؤ۔ بعض نے فرمایا کہ جن بندون پر انوار قرآنی کا انکشاف ہی اگر شروع کتاب پاک باسم اللہ نہوتی بلکہ باللہ ہوتی تو انوار عظمت مین فنا
فنا ہو جاتے اور سوائے انبیاء و اولیاء و صدیقین کے کسی کی بقا ممکن نہ تھی (اللہ) یہ نام پاک اون اولیا کو منکشف ہوتا ہی جو مقام جمع مین
متمکن ہین کیونکہ یہ اسم ذات ہی اور دیگر اسماء حسنی اسم صفات ہین اور معرفت اسم ذات غیر ممکن ہی کہ اسکو سوائے اللہ تعالی کے کوئی نہین

چاہنا اسکا کہنا وسننا و جاننا اوسی کی ذات مین منحصر ہی اور اسمین (۲) اشارہ انانیت و وحدانیت ہی یعنی خود ہی اوسی کی ذات کے واسطے حق ہی اور کسی مخلوق کو خود بینی کی مجال نہین ہی اور یہان دو لام ہین لام اول اشارۂ جمال اور لام دوم اشارہ جلال ہی اور اسکی معرفت سے سوائے اوسکے کوئی آگاہ نہین ہی (۳) اشارہ ہویت لا الہ الا ہو اور اسکی معرفت خود ہی خوب جانتا ہی اور مخلوقات جیسے اسکی ذات پہچاننے سے معذور ہین اسی طرح ان اشارات سے محروم ہین لیکن الف انانیت سے موحدین کے دل پر تجلی وحدانیت فرمائی کہ وہ لوگ ایکیدا اوسی کے واسطے ہوے ہے اور لام اول کی تجلی ازلیت عارفون کے دل پر انفراد ہی یعنی اوسی کے واسطے منفرد ہوگئے اور لام دوم کے جلال سے اسرار تعین بحر عظمت مین غرق ہین اور ہا ہویت سے بندگان مقربین مقام حیرت کمال مین ہین ۔ مترجم کہتا ہی کہ حیرت عوام تو نفاق و کفر ہی و حیرت مقربین کمال معرفت ہی ۔ ۴ ۔ شیخ شبلی رح نے کہا کہ اللہ احد سوائے حق عزوجل کے کوئی کہنے والا نہین ہی کیونکہ کمال عرفان مین بھی حظ روح ہی لا انکہ حقیقت کو حظ کے ساتھ ادراک نہین کر سکتے شبلی رح نے وقت موت کے اللہ کہا تو کہا گیا کہ لا الہ الا اللہ کہو فرمایا کہ اوسکے ساتھ کوئی ضد باقی نہین رکھتا ہون یعنے جسکو کسی غیر کی الوہیت کا وہم ہو تو وہ اوسکو دور کرے اور مین نے اسکا خیال بھی باقی نہین رکھا یعنی اللہ تعالی نے اپنے فضل سے میرے دل مین شرک کا وہم و خیال بھی نہین چھوڑا ۔ بعض علماء نے کہا کہ اللہ ایسا نام پاک ہی کہ اس نام تک رسائی محال ہوگی اور جسکا نام لیوے اوسکی کنہ ذات تک رسائی محال المحال ہی پس مخلوق کو تنبیہ فرمائی کہ ذات و صفات حق کے واسطے شیطانی وسوسہ قبول نکرین جبکہ وہ نام حق سے عاجز ہین ۔ مترجم کہتا ہی کہ حدیث مین آیا شیطان بندۂ مومن کے پاس آکر کہیگا کہ یہ کسنے پیدا کیا اور وہ کس نے پیدا کیا حتی کہ کہیگا کہ اگر انکو اللہ تعالی نے پیدا کیا تو اللہ تعالی کو کسنے پیدا کیا پس جب یہ وسوسہ لاوے تو لا الہ الا اللہ کہنا چاہیے (کما فی الصحاح) یعنی وسوسۂ شیطانی کو دور کرکے توحید الوہیت کا نور دل مین لاوے کہ اوسکی ذات و صفات اس سے اعلی ہی کہ کوئی مخلوق بے حقیقت اوسکا ادراک کر سکے اسلیے جو سے بہت سے احمق گمراہ جو تقدیر مین بحث کرتے ہین سخت احمق ہین کیونکہ تقدیر تو حکمت و علم الہی عزوجل ہی اور یہ دونون صفات عظمت ادراک سے محال ہین تو وہ کیونکر یہ سمجھ سکتا ہی اور عجیب کہ اسمین بحث کرنے والا وہ کافر ہوتا ہی جو ہنوز نور عقل سے محروم ہی اگرچہ وہ اپنے حواس کو اپنے نزدیک عقل سمجھتا ہی حالانکہ عقل مخلوق نے خوب پہچانا کہ مین بیچاری ذرۂ ناچیز کسی طرح حضرت خالق جل جلالہ کے افعال حکمت کا ادراک نہین کر سکتی تو صفات مقدس کا ادراک بالکل محال ہی لیکن اس سے ظاہر ہوا کہ اگر یہ کافر عقل رکھتا ہوتا تو اوسکی عقل خود صاف یہ عاجزی تبلا دیتی اور وہ ایسی واضح و بدیہی بات فورًا سمجھ جاتا حالانکہ یہ بے وقوف خالی جسم خاکی کے حواس پر جانور سے زیادہ حیثیت نہین رکھتا پس اوسپر لازم ہی کہ پہلے صدق ایمان و توحید کے ساتھ نور عقل حاصل کرتا تا کہ یہ مقامات معرفت مین پہونچتا ۔ ۵ ۔ بعض نے فرمایا کہ الف اشارہ وحدانیت ہی پھر لام سے اشارہ کی نفی ہی یعنی کسی مخلوق کو اوسکی جانب اشارہ کی مجال نہین ہی کیونکہ اشارہ وہان محال ہی اور لام دوم سے محو المحو ہی اور ہا مقام جمعیت کا انکشاف ہی ۔ بعض نے لطیفہ لکھا کہ نام الہی مین الف منفرد گویا اللہ تعالی بذات خود تمام مخلوق سے جدا ہی جیسے الف ابتدا مین کسی حرف سے نہین مل سکتا ہی ہان دوسرے حروف اوس سے ملتے ہین جیسے تمام مخلوق کو اوسکی طرف احتیاج ہی ۔ بعض نے فرمایا کہ اسماء الہی مین سے اسم اللہ ہی فقط ایسا نام پاک ہی کہ اس سے حرف حرف ساقط کرو پھر الوہیت باقی ہی چنانچہ اللہ سے الف جدا کرو تو للہ رہا پھر ایک لام جدا کرو تو لہ رہا پھر دوسرا لام جدا کرو تو ہ باقی رہا ۔ مترجم کہتا ہی کہ اشارۂ سابق کا نتیجہ یہ ہی کہ الف منفرد بعد اوسکے محتاج مخلوق کو پردۂ نزول مین اتصال ہی پھر بھی لام ثانیہ پر الف منفرد ہی پس وہ کسی سے نہین ملا اور نہ کوئی اوس سے مل سکتا ہی جیسا کہ عقائد مین مصرح ہی حالانکہ مقام جمعیت نزول مین نصوص آیات و احادیث متشابہات ہین یہی عدل کی راہ مستقیم ہی

حتی کہ درحقیقت وہان اتصال یا انفصال کا تصور ہی محال ہی۔ بعض علمار نے اشارہ ہدایت مین کہا کہ بسم اللہ مین تب باب اسرار ہی
اس رسالت ہی ہم ملک ہی۔ بعض نے فرمایا کہ اسمین اشارہ ہی کہ باسم الٰہی قلوب عارفین نور حیرت مین ہین اور باسم الٰہی عالمون کو معرفت
صفات تک رسائی ہی اور باسم الٰہی مومنون کو آیات وحدانیت مشاہدہ ہین۔ بعض اکابر نے فرمایا کہ بسم اللہ ایک تریاق ہی جو اللہ تعالی نے
مومنون کو زہر شیطانی دور کرنے کے لیے عطا فرمایا حتی کہ دنیا کا زہر اور کھانے و پینے وغیرہ جمیع اشیا مین سے اثر شیطانی کا زہر دور ہو جاتا ہی
مترجم کہتا ہی کہ بسم اللہ کے فضائل و احکام مین مین نے کچھ اشارہ کیا ہی اوسکو یاد کرکے یہ مقام سمجھ سکتے ہو۔ حضرت سہل بن عبد اللہ نے
فرمایا کہ اللہ ہی اسم اعظم ہی جسنے سب اسماء و صفات کو گھیر لیا ہی اور اوسکے الف مین کے درمیان ایک حرف مخفی کہ غیب در غیب ہی یا اسرار ہی
یا حقیقت الحقیقت ہی وہان تک رسائی سوائے اوسکے کسی شخص کو حاصل نہین جو ہر طرح کے میل کچیل سے پاک اور حلال کے سوائے کچھ نہ کھاتا
سے دور اور فرائض ایمان پر اچھی طرح قائم ہی یعنی اتباع شریعت و سنت پر مستقیم ہی۔ بعض نے فرمایا کہ جسنے اللہ تعالی کا نام فقط لفظ و حروف
مین کہا تو اللہ تعالی لفظ و حروف و اوہام سے پاک ہی پھر اوسکی قبولیت محض رحمت ہی کیونکہ جب اوسکی توحید تک حال و قال سے رسائی نہین
تو عین رحمت سے بندون کا عذر قابل پذیرائی ہی۔ روایت ہی کہ شیخ ابو الحسن النوری برابر ایک ہفتہ تک بے خواب و خورش کے حالت جذب مین
اپنے حجرے کے اندر اللہ اللہ کہتے پھرتے تھے جب یہ خبر شیخ جنید رح کو پہونچی تو پوچھا کہ بھلا اوقات نماز کے پابند ہین یا نہین ہین لوگون نے
عرض کیا کہ ہان وہ فائض اپنے اپنے اوقات پر ادا کرتے ہین لیکن کھانے پینے وغیرہ کا کچھ ہوش نہین ہی یہ سنکر شیخ جنید نے فرمایا کہ الحمد
للہ کہ شیطان نے اوسپر بالکل قابو نہین پایا پھر لوگون سے کہا کہ چلو اونکی زیارت کرین شاید ہمسے اونکو یا اونسے ہمکو کچھ فائدہ پہونچے
جب شیخ ابو الحسن کے پاس پہونچے تو دیکھا کہ اوسی حال مین آشفتہ ہین شیخ جنید نے پوچھا کہ کیا حال ہی شیخ ابو الحسن نے کہا جو مین کہتا ہون
وہ تم بھی کہو شیخ جنید نے کہا کہ اس آشفتگی کے کیا معنے ہین ذرا غور کرو کہ اگر تمسے یہ نام پاک کہا جاتا ہی تو تم اسکے کہنے والے نہین ہو اور
اگر اپنے ذوق و شوق سے کہتے ہو تو اسمین نفس کی خوشی پوری کرتے ہو اور نفس کا تمامی اخلاص سے دور ہوتا ہی یہ سنتے ہی شیخ
ابو الحسن جوش سے ہوش مین آگئے اور کہا کہ مین اپنے ادب فرمانے والے کا شکریہ ادا کرتا ہون۔ (الرحمن) رحمت عام ہی چنانچہ اولیاء کے
واسطے اس رحمت سے معرفت اسماء و صفات جمال و جلال ہی اور ابدال و صدیقین کے واسطے اونکے اعلی مرتبہ قرب کمال ہی اور عام
مخلوق کے واسطے فیض خلق ہی جس سے اونکے پیکر جسمانی کی تربیت ہوتی ہی اور مومنون کے واسطے راحت روح ہی اور عارفون کے
لیے فرحت فتوح ہی جیسے اہل محبت کو نزہت اور شایقون کو بہجت اور گنہگارون کو امید مغفرت ہی (الرحیم) خاصان حق کے واسطے
خاص موہبت ہی اور اہل قرب کے واسطے مسرت ہی حتی کہ لغزش والون کے لیے عصاے شفاعت ہی الرحمن سے امن عذاب ہی
اور الرحیم سے فیض ثواب ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ حدیث مین بھی وارد ہوا کہ کسی شخص کو اوسکے اعمال جنت مین نہین لیجاوینگے (کما فی الصحیح)
و قال تعالی۔ نجینا ہ والذین آمنوا معہ برحمۃ منا۔ یعنی ہمنے اوسکو مع اوسکے ساتھی مومنون کے اپنی طرف سے رحمت کے ساتھ مین نجات
دی۔ ابن عطاء رح سے روایت ہی کہ الرحیم مین مودت و محبت ہی۔ واضح ہو کہ اللہ تعالی نے اپنے بندون کے واسطے قبولیت ازلی رکھی ہی
لیکن دنیا مین اوسکا ظہور دو طرح ہوتا ہی ایک یہ کہ بدون ارادت کے جذب ہو جیسے موسی علیہ السلام کے واسطے واقع ہوا کہ وہ آگ
کی غرض سے گئے تھے اور وہان پیغمبری ملی دوم یہ کہ ارادت ہو اور بسا اوقات اسمین فضیلت ہوتی ہی پس الرحمن الرحیم دونون قصاصو کو
محیط ہی (الحمد للہ) اللہ تعالی نے اپنی حمد حقیقی خود ادا فرما کر بندون کی عاجزی ظاہر فرمائی کیونکہ درحقیقت بندہ اوسکی حقیقی حمد و طاعت سے

عاجز ہی اور انکو ادب سکھلایا کہ کوئی مناجات بدون تقدیم حمد کے لائق نہین ہی اور بتلایا کہ اوسکی حمد بندون پر فرض تھی جسکی تعلیم اونپر احسان مزید ہی واضح ہو کہ ادائے حمد کے واسطے تین زبانین ہین ایک زبان جسمانی دوم زبان روحانی سوم زبان ملکی پہلی زبان جسمانی تو عام مومنون کے واسطے ہو کہ دلی تصدیق کے ساتھ انعام واکرام الٰہی کا شکریہ زبان سے ادا کرین زبان روحانی خاصان حق کے واسطے ہی کہ وہ زبان قلب سے بشمار معارف وکرامات اور شکر کرتے ہین اور زبان ملکوتی زبان سری ہی جو خاص الخاص بندون کو مشاہدات قدس ومقامات قرب انس ہین شکر کے لیے حاصل ہوتی ہی پس ان بندون کے شکر مین بھی ایسا ہی عظیم تفاوت ہی جیسا اونکی زبالون ومدارج کرامت مین ہی اور حدیث مین وارد ہوا کہ الٰہی مین تیری ثنا وصفت کا احصار نہین کرسکتا بلکہ تیری شان اوس کمال پر ہی جس طرح تو نے اپنی حمد فرمائی شیخ ابوبکر بن طاہر نے کہا کہ مخلوقات الٰہی مین ایسی کوئی چیز نہین ہی جسکو حمد الہام نہو۔ ابن عطاء نے کہا کہ الحمد للہ کہا اوسنے ہی کو حمد تعلیم کرکے احسان فرمایا بعض مشائخ نے کہا کہ الحمد للہ کے یہ معنے ہین کہ الٰہی یہ تیری ہی شان ہی کہ تیرے سب صفات کمال وافعال محمود ہین رب العالمین واضح ہو کہ عالم کے تین اقسام ہین ایک عالم محسوس یعنے جو حواس سے ادراک کیا جاتا ہی اور اوسکی صفت یہ ہی کہ ایک دوسرے سے بقدرت الٰہی موجود ہوتا اور مرتا ہی پس یہ عالم ایک حال پر نہین رہتا بلکہ متغیر ہوتا ہی۔ دوم عالم جبروت کہ اوسمین ایک بہت محسوس ہی اور دوسری جہت غیر محسوس ہی جیسے جن وغیرہ سوم عالم ملکوت جو ایک نقطہ پیدا ہوا اور نقیر کی پشت کے اپنے حال پر باقی ہی اسیطرح ترکیب انسانی مین بھی تینون اقسام پائے جاتے ہین اسی واسطے انسان کو عالم صغیر کہتے ہین کیونکہ انسان مین جسم ظاہری محسوس فانی ہی اور روح وعقل وارادہ وغیرہ ملکوتی باقی ہی اور سوم کی مثال ادراکات حواس وقوی ہین پھر اللہ تعالیٰ نے ہر قسم کے بندہ کو اوسکے مرتبہ ومقام کے موافق اپنی معرفت عطا فرمائی حتی کہ اہل ارادت کو بقدر ارادہ کے انوار واسرار سے تربیت فرمایا اور اہل محبت کو مناجات وخطاب سے سرفراز کیا اور اہل اشتیاق کو حسن وجمال سے اور اہل عشق کو کشف جمال سے اور اہل عرفان کو مشاہدہ بقاء انس سے اور اہل توحید کو مقام عین الجمع وجمع الجمع سے تربیت فرمایا۔ بعض نے کہا کہ رب العالمین کی تربیت سب سے بہتر یہ کہ اپنی حمد کے ساتھ گویا فرمایا۔ محمد بن علی الترمذی سے منقول ہی کہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا تھا کہ بندون سے پہلے پے در پے نعمتون کا شکر ادا ہونا محال ہی پس بقدر امکان دن رات پانچ وقت نمازون مین الحمد للہ رب العالمین واجب کیا پھر جب اسپر بھی غفلت طاری ہوئی تو غافلون نے یہ بھی چھوڑ دیا۔ بعض نے کہا کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم مین تنبیہ ہی کہ اوسکی کمال رحمت سے ابتدا ہی اور الحمد للہ رب العالمین اشارہ ہی کہ اوسکی طرف انتہا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ شاید اس بزرگ نے اس آیت سے نکالا کہ۔ واٰخر دعوٰھم ان الحمد للہ رب العالمین۔ یعنی جب اہل جنت اپنے مقام کرامت پر پہونچکر مطمئن ہونگے تو آخر کلمہ دعا یہی ہوگا کہ الحمد للہ رب العالمین۔ حارث محاسبی نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے کتاب پاک کو حمد سے شروع کیا تاکہ مومنین ہر کتاب وخطاب نیک کا پہلے حمد سے شروع کیا کرین کیونکہ یہ سب سے بہتر ہی۔ بعض نے کہا کہ جسنے الحمد للہ رب العالمین کہا تو اوسنے حق عبودیت وشکر نعمت ادا کیا۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ حدیث غریب سے بھی ثابت ہی اور اوسکے معنے یہ ہین کہ حقیقی حمد کے سوائے جس طرح حمد کرنا بندہ کے امکان مین ہی اوسنے پورا کیا۔ روایت ہی کہ جب آدم علیہ السلام کو چھینک آئی تو اونھون نے الحمد للہ کہا اس سے حضرت آدم علیہ السلام کی فضیلت ظاہر ہی (الرحمن الرحیم) واضح ہو کہ سورہ الحمد مین یہ کلمہ صرف ایک مقام پر آیا کیونکہ بسم اللہ اسکا جزو نہین ہی اور اگر بقول بعض علما اسکا جزو ہو تو بھی مکرر نہین کیونکہ اسمین اشارہ ہی کہ رحمت بہ نسبت غضب کے بکثرت ہی اور یہ بھی اشارہ ہی کہ جیسے بنام الٰہی شروع کرتا کہ وہ بصفت الرحمن الرحیم ہی اسیطرح حمد کا استحقاق الٰہی بھی ان صفات کے ساتھ ہی کہ وہ رب العالمین والرحمن الرحیم ہی پھر اسکے ساتھ مالک یوم الدین بھی ملادیا تاکہ بندون کو خوف ہو۔ بعض نے کہا کہ الرحمن اسم حقیقت اور الرحیم اسم صفت ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ ظاہر

اسیطرح ہی کہ الرحمن بھی اسم ذات ہی چنانچہ بعض علماء کا یہی مذہب ہی۔ ابراہیم خواص سے روایت ہی کہ جسنے اللہ تعالی کو الرحمن الرحیم پہچانا تو اپنے واسطے رحمت پر متوکل ہو کہ اوسنے دنیا مین عام خلائق پر رزق و عافیت کی مہربانی فرمائی اور اوسکی صفت قدیم مین کچھ تغیر نہین ہوتا تو آخرت مین بھی مغفرت و رحمت کا یقین ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اگر کفار بھی اسپر یقین لاتے تو اونکے واسطے بھی یہی فضیلت حاصل ہوتی لیکن وہ اسپر ایمان نہین رکھتے ہین۔ اور حدیث مین ہی کہ اللہ تعالی فرماتا ہی کہ مین اپنے بندے کے ساتھ اوسی طرح ہون جسطرح وہ میرے ساتھ آرزو رکھتا ہی (الصحیح) لہذا دوسری حدیث مین فرمایا کہ مرتے وقت گناہون کا افسوس اور مغفرت کی قطعی امید جب کسی بندہ کے دل مین جمع ہوتی ہین تو وہ مغفرت سے سرفراز ہوتا ہی (الترمذی) لہذا حدیث دیگر مین تاکید ہی کہ مرتے وقت قطعا مغفرت کا امیدوار ہو جاوے (الصحیح) شیخ جنید رح نے فرمایا کہ رحمت دو طرح ہی ایک رحمت لطافت یعنی کسی شخص پر بوجھ نہ ڈالنا بلکہ نرمی و سہولت کرنا اور دوم رحمت رافت یعنے پیار کے ساتھ برتاؤ کرنا پس الرحمن سے رحمت لطف عام ہی اور الرحیم سے پیار و رافت ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ تمام چیزون کا پیدا کرنے والا کون ہی تو بعض آیات مین فرمایا کہ الرحمن اس سے ظاہر ہی کہ الرحمن کا لطف عام ہر مخلوق کے واسطے ہی اور رؤف رحیم خاص مومنون کے حق مین دنیا و آخرت مین ہی بحکم قولہ تعالی انہ بہم رؤف رحیم۔ پس ہر مومنون کے واسطے دنیا مین عام لطف مین بھی شمول ہی اور خاص رافت بھی ہی جو آخرت مین اونکے واسطے مخصوص ہی۔ (مالک یوم الدین) اسم مالک حاضرین بارگاہ و ساجدین کے لیے امید ہی اور سرکش کافرین کے لیے خوف ہی دنیا مین جو بندے اپنے مالک کی طاعت مین نفس حقیر کی کلفت اوٹھاتے ہین اونکے لیے آخرت مین مشاہدہ و کرامت ہی اہل محبت جو دنیا مین درد و غم کا وبال اوٹھاتے ہین مالک جزائے اونکے لیے جمال و جلال مہیا فرمایا ہی اہل صدق کو اگر دنیا مین صدق کی تلخی برداشت کرنا پڑی تو آخرت مین راحت جنت ہی۔ ابن عطا نے کہا کہ قیامت مین ہر قسم کے لوگون کو اونکی نیت و ہمت کے موافق جزا عنایت ہوگی پس عارفین کے لیے مقام قرب و دیدار ہی اور عابدین کے لیے اونکے کام سے بہتر عیش جنت کا سامان ہی اور بہ درحقیقت مالکیت دنیا کا ظہور ہی یعنی دنیا مین بھی اللہ تعالی ہر ایک چیز کا مالک ہی لیکن کافرون کو نہین سوجھتا مگر آخرت مین ظہور ہوگا کہ اوس مالک نے انکو جہنم کے واسطے پیدا کیا تھا تو دنیا مین بھی مالک کے قبضہ سے نہ چھوٹ سکے و قال تعالی۔ ولقد ذرانا لجہنم کثیرا من الجن والانس لہم قلوب لا یفقہون بہا الآیہ۔ یعنی جہنم کے واسطے ہمنے بہت سے جن و انس پیدا کیے ہین جنکے دل ایسے ہین جنسے کچھ سمجھ نہین پاتے آخر تک چنانچہ آخر مین فرمایا کہ یہ جانورون سے بھی بدتر ہین بخلاف انکے مومنون کے مالک ہونے کا ظہور قیامت مین درجات ہین چنانچہ بعض مشائخ نے کہا کہ وہی عابدین کا مالک ہی کہ اونکو اپنی خدمت عبادت مین لگایا کہ قیامت کے روز عطاے جنت کے ساتھ اسکا اظہار فرمایا اور عارفین کا مالک ہی کہ اونکو تجلی عطا فرمائی اور اہل جد و مجتہدین کا مالک ہی کہ اونکو آیات قدرت پر فریفتہ فرمایا اسی طرح اقسام متقین سے اوسکے قبضہ قدرت مین ہین کہ امتحان دنیا مین ہر ایک کو اوسکے مرکز کیجانب پھیرا اور آخرت مین کافرون کو بھی مشاہدہ ہوگیا جس سے اونکو عذاب کے غم نے گھیرا کہا قال تعالی سیاتیہ الذین کفروا لو کانوا مسلمین۔ چنانچہ اسکی تفسیر مین انشاء اللہ تعالی مفصل بیان آویگا (ایاک نعبد وایاک نستعین) بیضاوی نے لکھا کہ ایاک نصب مین بندہ نے عبادت کا کام اپنی طرف منسوب کیا یعنی ہم تیری ہی عبادت کرتے ہین تو اوسکو وہم ہوتا کہ ایک تو یہ فعل عجیب صادر ہوا دوم تیری قدرت کا شمار ہی تو اسکے بعد ایاک نستعین کہا کہ عبادت بھی بدون تیری توفیق کے ناتمام ہی بلکہ شیخ نے عرائس مین خوب کہا کہ معنے یہ ہین کہ ہم تیری ہی معونت سے اپنی ہستی کے لائق تیری ہی عبادت کرتے ہین وہ بھی اپنی طاقت و قوت سے نہین کر سکتے ہین بلکہ تجھ سے استعانت مانگتے ہین بلکہ مترجم کہتا ہی کہ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہین اور چونکہ ہمارا مالک ہر ایک فعل کا پیدا کرنے والا تو ہی ہی تو تجھ سے استعانت چاہتے ہین کہ تیری توفیق سے ہم مین نیک کام پیدا ہون۔ شیخ نے لکھا کہ اللہ تعالی ہی کے واسطے عبادت جب ہی خالص ہوگی کہ بہ لے کی امید ہو یعنے

عبادت اسواسطے نہو کہ ہمکو جنت ملے یا دوزخ سے نجات ہو۔ مترجم کہتا ہی کہ شیخ ابن کثیر رح نے ایک حدیث نقل کی جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک اعرابی نے کہا تھا کہ مین تو اپنے رب کی عبادت اسلیے کرتا ہون کہ جنت پاؤن اور دوزخ سے بچون اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو منع نہین کیا پس مراد یہ ہی کہ عبادت تو خالص اللہ تعالی ہی کے واسطے ہو اور اسکے ضمن مین ثواب کی امید مضر ہی اور کوئی شخص دوزخ یا جنت کی عبادت نہین کرتا پس حاصل یہ ہوا کہ جو شخص رضاے الٰہی عزوجل کے واسطے عبادت کرے کہ وہ مستحق عبادت ہی اور یہ بھی امید رکھے کہ اوسکی رضامندی سے مجکو دوزخ سے نجات ہوگی اور جنت ملیگی تو مضایقہ نہین شیخ نے کہا کہ خلوص عبادت مین ضرورت ہی کہ دل کی نگہداشت ہو کہ اللہ تعالی کے لیے سجدہ کرنے مین دوسرون کے تصورات نہ گذرین اور اوسی سے مدد چاہے کہ مشاہدہ کا پردہ کھلے تاکہ نفس کے خطرات سے کچھ نجات ہو۔ شیخ سہل رح نے فرمایا کہ معنے یہ ہین کہ تیری ہی ہدایت سے تیری عبادت کرتے ہین اور تجھی سے استعانت چاہتے ہین کہ عبادت مین ہماری دستگیری فرمائی جاوے تاکہ ہم ادا کرسکین۔ انطاکی نے کہا کہ اللہ تعالی کی عبادت چار طور سے ہوتی ہی رغبت سے خوف سے حیا سے محبت سے اور انمین جو عبادت بمحبت ہو افضل ہی پھر وہ جو بخوف ہو پھر وہ جو برغبت راحت ہو۔ شیخ نے کہا کہ عبادت الٰہی بندگان خاص کے واسطے تن کی راحت اور آنکھون کی قوت اور دل کا سرور ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اسیواسطے حدیث مین وارد ہوا کہ میری آنکھون کی ٹھنڈک نماز مین ہی۔ (مسئلہ) کیا عارف سے کسی مرتبہ پر پہونچکر عبادت ساقط ہوجاتی ہی جواب یہ کہ بعض گمراہون نے یہی زعم کیا ولیکن اکابر اولیاء آلہی کے کلمات صریح ہین کہ کبھی ساقط نہین ہوتی ہان بعض نے فرمایا کہ تکلیف ساقط ہوجاتی ہی اور اسکے یہ معنے ہین کہ عام مومنین تو تکلیف نفس کے ساتھ عبادت ادا کرتے ہین اور عارفین بدون تکلیف کے بلکہ راحت کے ساتھ ادا کرتے ہین کیونکہ عبادت انکے واسطے عین راحت ہی (اہدنا الصراط المستقیم) واضح ہو کہ جو بندہ اپنی خواہش پر قائم ہو وہ اپنے نفس کے ساتھ ہی اور جس شخص نے نفس کا ساتھ دیا وہ مذموم جہنمی ہی چنانچہ علامات قیامت مین سے ایک حدیث مین فرمایا کہ اوسوقت حرص مال پر مجبول ہوگا اور خواہش نفس کی پیروی ہوگی اور آخرت چھوڑکر دنیا اختیار کی جاویگی اور ہر شخص اپنے خیالات پر نازان ہوگا یہ ترجمہ حدیث پورا ادا نہین ہوا کیونکہ حدیث ایک کلام جامع ہی جسکا پورا ادا کرنا محال ہی اور اللہ تعالی نے فرمایا۔ افرایت من اتخذ الٰھہ ھواہ۔ یعنی بھلا تو نے ایسے شخص کو دیکھا جسنے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنالیا یعنی خواہش کا فرمان بردار ہوگیا جیسے بندہ کا مومن اپنے رب عزوجل کا فرمان بردار ہوتا ہی کیونکہ اوسنے اپنے نفس کو اپنے رب عزوجل کے واسطے فروخت کردیا بقولہ تعالی۔ ان اللہ اشتری من المؤمنین انفسھم واموالھم الآیہ۔ اور جب اللہ تعالی نے اوسکا نفس خرید لیا تو مومن کی خود کوئی خواہش نہین ہی بلکہ جو اللہ تعالی کی مراد ہی اوسی کی فرمان برداری کرتا ہی اور نفس کو اوسی کام مین لگاتا ہی جسمین نفس کو گوارا ہو چاہے ناگوار ہو پس حاصل یہ ہوا کہ اپنی مراد چھوڑنا اور اللہ تعالی کی مراد پر قائم ہونا یہی ایمان ہی لہذا شیخ نے اہدنا الصراط المستقیم کے اشارہ مین کہا کہ یہ ہدایت کی درخواست ہی یعنی الٰہی جو تیری مراد ہی اوس سے ہمکو آگاہ فرما اور راہ دیدے اسلیے کہ راہ مستقیم وہ روش ہی کہ ارادہ الٰہی کے موافق چلے اور اپنے نفس کا دخل چھوڑدے تاکہ معارف عالیہ تک پہونچے لہذا خلاصہ اشارہ یہ ہوا کہ الٰہی ہمکو اپنی پسندیدہ مراد پر چلا کر ہمارے نفس کے دام یعنی جنت جو محل دیدار ہی عطا فرما۔ مترجم کہتا ہی کہ اس بیان سے وہ امور مجمل ہوگئے لیکن شیخ نے اسمین اجمال کیا کہ شریعت سنت مین اوسی عمل کا صاف بیان ہی اور یہانسے معلوم ہوا کہ اس صراط المستقیم پر چلنے سے مقصود رضاے حق عزوجل ہی کیونکہ یہ راہ جہان ختم ہوئی وہین مقصود حاصل ہی اور اس راہ مین خاک مٹی نہین ہی بلکہ حصول انوار و اسرار کا ذخیرہ ہی جس سے کدورت جسمانی و نجاست طبیعت زائل ہوکر محل قدس و منزلت کے لائق ہوتا ہی یہ انوار و اسرار جب ہی حاصل ہوسکتے ہین کہ حضرت سرور عالم صلی اللہ

علیہ وسلم کے قدم بقدم مانند صحابہ رضی اللہ عنہم کے چلے یا آپکی شریعت پر قائم ہو کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم قمر رسالت کے روشن ستارے ہین کہ انکی اقتدا سے منزل مقصود پر پہونچ جاتا ہی اگرچہ ان ستارون کی طرح ہمہ تن روشن نہو پس ہر ایک کے اجتہادی طریقہ مین نور ہی اور اسی طریقہ پر علماء مجتہدین ہین کہ سب کا مرکز قرآن و حدیث و جماعت صحابہ و اجماع امت ہی اور کوئی اس مرکز سے متفرق و خارج نہین ہوا بلکہ اوسی جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم پر قائم ہین بخلاف روافض و خوارج وغیرہ کے کہ یہ پھوٹ کر نکل گئے اور ہم لوگ بحمد اللہ سبحانہ تعالیٰ راہ سنت و جماعت پر یقین قائم ہین انہیوا سطے ہمارے علماے مجتہدین حضرت جعفر صادق و ابوحنیفہ و مالک و شافعی و احمد و سفیان ثوری و داؤد ظاہری و بخاری و مسلم و سائر ولاحقین سب بالاتفاق حق پر ہین کیونکہ سب کا مرکز قرآن و حدیث و صحابہ رضی اللہ عنہم ہین پس ہر ایک نے بحکم الٰہی جو اجتہاد کیا وہ ثواب موعود کا مستحق ہوا اور انمین کچھ کمی نہوگی ہان فضل الٰہی سے زیادتی کی کوئی انتہا نہین ہی پس خلوص نیت ثواب کے لیے جس پر عمل ہوا اللہ تعالے قبول فرماویگا کیونکہ مقلد جو اپنی شامت اعمال سے جاہل رہا اور اوسنے میراث نبوت یعنی علم قرآن و حدیث مین بیلیاقت حاصل نہ کی تو لا محالہ وہ تقلید کریگا پس اگر بدنیتی سے مختلف اجتہادات لیتا پھرے تو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہی حتی کہ جو بدنیتی سے نماز پڑھی وہ مردود ہوگی پھر ثواب کہان سے پاویگا اور صراط المستقیم کا فائدہ جاتا رہا اور اگر نیک نیتی ہی تو بقدر خلوص کے جس اجتہاد پر عمل کرے ثواب کا ذخیرہ لیکر آگے بڑھے پس ہمارے نزدیک یہ سب موافق شان مومنین کے بھائی بھائی اور راہ حق کے رفیق اور جنت کے ساتھی ہین کیونکہ یہ سب ایک ہی راہ مین ایک ہی مقصد چاہتے ہین جیسے صحابہ رضی اللہ عنہم متفق تھے اور ہر گز اون مین دلی عداوت نہ تھی اور آخر مین اگر کچھ اختلاف ہوا تو وہ صرف اللہ تعالیٰ کے واسطے احکام شریعت پر تھا بدون اسکے کہ ایمانی بغض ہو اور جس شخص کو اللہ تعالیٰ نے نور ایمان عطا فرمایا اوسکو یہ بات روز روشن کی طرح سامنے نظر آتی ہی پھر افسوس اون فرقون کے حال پر ہی جو خوارج و روافض کی طرح جماعت سے پھوٹ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ہو گئے اور شیطان نے اونکو دبا کر مسمار کر دیا۔ اور حدیث مین ہی کہ جو بھٹکا وہ جہنم مین گیا پھر سوائے ان بھٹکے ہوے فرقون کے باقی جماعت متفق چلی آتی تھی لیکن اس زمانہ مین یقین و معرفت مین یہانتک کمی ہوئی کہ لوگون نے ظاہری صورت شریعت اختیار کی اور نور یقین کی کمی مین تاریکی چھائی تو اندھیرے مین اونکو مکر شیطان نظر نہ آیا حتی کہ ان مقلدون نے باہم حنفیہ و شافعیہ کو لڑایا اور ایک دوسرے سے دل مین غبار لانے لگے بلکہ بعض نے ایسے مسائل نکالے جس سے باہم ایک دوسرے کے پیچھے نماز مین تردد کرنے لگے جو دین کا رکن اعظم ہی اس سے بھی بڑھکر اس زمانہ مین مقلدون و غیر مقلدون کا نفاق بدرجۂ عداوت پہونچا جو شرعاً حرام ہی حالانکہ یہ اختلاف چند مستحبات کے پیچھے واقع ہوا پس جہالت غور کے قابل ہی کہ حرام کے مرتکب ہونے مین کچھ تردد نہوا اور یہ بھی نہین سمجھے کہ یہ افعال اور راہ مین ذخیرۂ ثواب حاصل کرکے مقصود تک پہونچنے کے لیے تھے تو انکی یہ مثل ہی کہ دو شخص گھاٹ پر پانی لینے کے واسطے جاتے ہین اور راہ مین باہم سامان پر تکرار کرکے گٹھڑے پھوڑے اور وہین بیٹھکر لڑنے لگے پس ان لوگون کو لازم ہی کہ اپنا یقین آخرت درست کرین تاکہ نور ایمان سے یہ فساد رفع ہو اور اپنی موت کے واسطے سامان مہیا کرین کیونکہ عذاب آخرت و منزل گور سخت خطرناک ہی اللہ تعالیٰ کل عذاب سے نجات عطا فرماوے اور ہم سب کو صراط المستقیم پر چلاوے آمین۔ بعض مشائخ نے فرمایا کہ اہدنا الصراط المستقیم سے دعا کرنے مین مرکوز ہونا چاہیے کہ الٰہی ہمکو راہ معرفت عطا ہو کہ ہم تیری خدمتگذاری پر اچھی طرح قیام کرین۔ اور واضح ہو کہ خلوص سے دعا کرنے والے بندہ کو جب اللہ عزوجل نے صراط المستقیم پر پہونچایا تو راہ شکر و فنائے نفس اور وصول بخدمت اور انقطاع بدعت و نجات شرک خفی و نجات فتنہ حواس سب حاصل ہو جاتا ہی شیخ جنید رح نے فرمایا کہ درخواست ہدایت کا بھید یہ ہی کہ جب بندہ پر ایمان کی معرفت سے صفات قدسیہ کا مشاہدہ طاری ہوا تو انھون نے آداب عبودیت کی درخواست کی تاکہ کامل بندگی سے درجۂ کمال پر فائز ہو۔ شیخ شبلی وغیرہ نے کہا کہ راہ اولیا و اصفیا کی درخواست کی اور وہ

اسلام ہی۔ شیخ حسین رحمہ نے کہا کہ بعد ایمان کے اس درخواست کے یہ معنے ہین کہ جیسے تو نے معرفت توحید عطا فرمائی اسی طرح طاعت توحید عنایت ہو۔ (صراط الذین انعمت علیہم) یعنی جن لوگون پر تو نے معرفت کا انعام فرمایا کہ انھون نے ادب کے ساتھ اچھی طرح خدمت ادا کی انھین کی راہ عنایت ہو اور وہ ایسے لوگ ہین جنکو یقین کامل اور صدق دائم حاصل ہی اور نفس و شیطان کے مکر و مکائد سے آگاہ ہین اور انوار صفات سے متصف ہین اور عبودیت مین انکو استقامت نصیب ہی یہ لوگ انبیا و صدیقین و شہدا و صالحین ہین شیخ ابو عثمان نے کہا کہ انپر انعام اس طرح تھا کہ انکو راہ کے مہلکہ اور نفس و شیطان کے مکر سے آگاہ کیا۔ بعض نے کہا کہ انکو علم معرفت و فقہ اسرار عطا کی گئی حتی کہ انھون نے نعمت سے نظر اوٹھا کر منعم کو پہچانا اور ازلی سعادت پر شکر گذار ہوئے اور اللہ تعالی کی قضا و قدر پر راضی ہوے اور خواہش نفس چھوڑ کر عہد شریعت پر قائم ہوے۔ بعض مشایخ نے فرمایا کہ اہل نعمت وہ لوگ ہین کہ اللہ تعالی نے اپنی رحمت سے انکو نفس کی خودی سے فنا کر کے اپنی طاقت و حیات سے باقی رکھا اور مکر شیطان و نفس اونپر تسلط پانے سے روکا گیا حتی کہ وہ رضوان حق عزوجل تک پہونچے اور انکی صفات مین سے یہ ہی کہ ہر خدمت مین ادب کی حفاظت کرتے ہین اور ظہور انوار شہود کے وقت احکام عبودیت و ادب مین خلل نہین ہوتا۔ (غیر المغضوب علیہم) شیخ ابو عثمان نے کہا یعنی اون لوگون کی راہ سے پناہ ہو جنپر تو نے غضب کیا پس انکے قلوب محفوظ ہے حتی کہ وہ یہودی ہو گئے۔ ابو العباس دینوری نے فرمایا کہ وہ ایسے لوگ ہین کہ وکالت و ولایت الٰہی نے انکو خود انکے بھروسہ پر چھوڑ دیا اور جو کوئی اپنے نفس کے بھروسہ پر چھوڑا گیا وہ برباد گیا۔ مترجم کہتا ہی کہ اسیواسطے حدیث مین دعا سکھلائی کہ الٰہی ہمکو ہمارے نفس کی کفالت مین نہ چھوڑیو کہ وہ ہمکو تجھ سے دور اور بدی سے نزدیک کرے۔ بعض نے فرمایا کہ حرام کمائی والے تو غضب مین گرفتار ہین لیکن جو لوگ حلال کمائی مین اس غرض سے مشغول ہون کہ انکے نفس کی خواہشین پوری ہون تو یہ بھی درحقیقت مکر ہی (ولا الضالین) اور نہ اون لوگون کی راہ جو بھٹک گئے۔ شیخ ابو عثمان کے قول مین ہی کہ اللہ تعالی کے قبضۂ قدرت مین مخلوقات کے قلوب ہین پس جیسا وسلے انکے قلوب کو اپنے حفظ مین نہین رکھا تو کج ہو کر برگشتہ و نصرانی ہو گئے۔ شیخ رحمہ نے کہا کہ جو لوگ طریقۂ سنت سے مخالف ہو کر اپنے اختراعی طریقہ مین پڑے لیکن استدراج کے طور پر عالم سفلی یعنے مادیات مین سے اونپر کشف کیا گیا تو وہ اپنے آپ کو عالی درجہ معرفت مین سمجھے کہ اونسے کرامت سرزد ہوئی حالانکہ وہ شیطانی مکر مین گرفتار ہو کر گمراہ ہین اور درحقیقت معرفت و مشاہدۂ حق سے محجوب ہین اور اپنی خواہشون کے میدان مین بھٹکتے پھرتے ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ اسمین اشارہ ہی کہ کرامت مقبول و استدراج مردود مین امتیاز کرنا ہر شخص کا کام نہین ہی اور عالم سفلیات مین سے کسی امر کی خبر دینا مثلاً فلان شخص نوکر ہو جائیگا یا مسافر آجائیگا یا فلان مقام پر یہ واقعہ ہی یا مانند اسکے دیگر امور کچھ کرامت کی دلیل نہین ہین بلکہ عالم مادیات و شیطانی مین یہ ایسے لوگون کو بھی حاصل ہوتا ہی جو فی الجملہ ریاضت کو جوگیون کی طرح شیطانی طریقہ پر بجالاوین اور یہ بکثرت مشاہدہ مین موجود ہی بلکہ عوام کے واسطے شناخت کا صرف یہ طریقہ ہی کہ جس شخص کی نسبت کرامت کا خیال ہو اوسکو ایک زمانہ تک تجربہ کرین کہ اگر وہ طریق شریعت و راہ سنت پر قائم ہی تو انوار حقیقت سے سرفراز ہی پس یہ امر اوسکی جانب سے کرامت ہی اور اگر وہ شریعت پر قائم نہین ہی تو نور حقیقت حاصل ہونا محال ہی۔ شیخ جنید رحمہ نے فرمایا کہ اللہ تعالی کی جناب مین ہر مومن کے واسطے راہ ہی مگر ہر راہ مسدود ہی کسی طرح نہین کھل سکتی جبتک حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی پر قائم نہو۔ اور شیخ سعدی علیہ الرحمہ کا یہ قول معروف ہی

ع خلاف پیمبر کسی رہ گزید ۔ کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید ۔ یعنی جس شخص نے سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف راہ اختیار کی وہ ہرگز کبھی منزل معرفت تک نہین پہونچیگا اسی واسطے تم دیکھتے ہو کہ روافض و خوارج مین سے کوئی شخص مرتبۂ معرفت پر نہین پہونچا کیونکہ

صریح مخالف سنت ہین اور جو شخص خلاف شریعت وسنت ہو اگر اوسسے کوئی خرق عادت ظاہر ہو تو وہی شیطانی استدراج ہی اور چونکہ وہ شخص مردود ہو کر نفس وشیطان کے حوالہ ہو جاتا ہی تو شیطان اوسکو بہت سے کرشمہ وصور تین دکھلاتا ہی جنکو وہ اپنے زعم باطل مین عالم ملکوتی کا کشف سمجھتا ہی چنانچہ آیندہ مقامات مین انشاء اللہ اسکی توضیح آویگی (تنبیہ) اس سورۂ مبارک کے اول مین ذکر حمد وثنائے الٰہی ہی اور آخر مین گمراہون و مردودون کی راہ سے پناہ مانگنے کا بیان ہی پس اسمین اشارہ ہی کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ مین رجوع کرنا اور اوسکی حمد وثنا اور اپنی عاجزی و دعا کرنا تمام خوبیون کی اصل ہی اور اللہ تعالیٰ کی درگاہ سے منہ موڑ کر نافرمانیان کرنا اور اپنے نفس کی خواہشون کے پیچھے پھرنا تمام بدبختی وگمراہی ہی اللہ تعالےٰ ارحم الراحمین ہم بندون کو اپنی رحمت سے راہ مستقیم راہ انبیاء وصالحین کی ہدایت فرماوے اور اپنی قوت و قدرت کاملہ سے ہمکو ان یہودیون ونصرانیون وتمام کافرون وگمراہون کی راہ سے بچاوے آمین یارحم الراحمین

# سورۃ البقرۃ

قرطبی وسیوطی وغیرہ نے کہا کہ یہ سورہ مدنیہ ہی اور مدینہ مین ایک مدت کے اندر نازل ہوا۔ اور بعض نے کہا کہ مدینہ مین اول یہی سورہ نازل ہوا سوائے آیات ربوا کے یعنے بیاج وسود کے احکام مین جو آیات نازل ہوئین وہ قرآن مین سب سے آخر ہین حالانکہ سورہ بقرہ مین موجود ہین اور اسیطرح قولہ تعالیٰ۔ واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ الآیہ۔ یہ بھی حجۃ الوداع مین یوم النحر کو مقام منیٰ مین نازل ہوا۔ اور اتقان مین مذکور ہی کہ سوہ بقرہ کا نزول بعد ویل للمطففین کے واقع ہوا اور یہ بھی اتقان مین مذکور ہی کہ سورۂ بقرہ جو دو سو چھیاسی یا ستاسی آیات ہین کل مدنیہ ہی سوائے دو آیتون کے اول قولہ تعالیٰ۔ فاعفوا واصفحوا حتی یاتی اللہ بامرہ الآیہ۔ اور دوم قولہ تعالیٰ لیس علیک ہدٰھم الآیہ۔ (الاتقان) اس سورہ کے فضائل مین یہی کافی ہی کہ قرآن مجید کی ترتیب لوح محفوظ کے موافق یہ سورہ تم سب سے مقدم دیکھتے ہو اور اس سے زیادہ معتمد احادیث وآثار صحیحہ ہین جنسے اہل ایمان کے نور کو ترقی اور دل کو فرحت ہوتی ہی چنانچہ امام ابن کثیرؒ نے لکھا کہ حضرت معقل بن یسارؓ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ البقرۃ سنام القرآن اور اسکی چوٹی ہی اسکی ہر آیت کے ساتھ اسّی فرشتے نازل ہوئے اور آیہ۔ اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم۔ عرش کے نیچے سے لیکر اسکے ساتھ ملائی گئی اور فرمایا کہ یٰسٓ قرآن کا دل ہی جو شخص کہ رضائے الٰہی ودار آخرت چاہتا ہو وہ یٰسٓ کو پڑھے تو ضرور اللہ تعالیٰ اوسکی مغفرت فرمائیگا اور تم لوگ یہ سورہ اپنے مُردون پر پڑھا کرو (رواہ احمد وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ) مترجم کہتا ہی کہ جیسے سورۃ البقرہ اسکا نام ہی اسیطرح اس حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ البقرہ بھی نام ہی اور یہی یٰسٓ وسورۂ یٰسٓ مین ہی ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہی کہ ہر چیز کے واسطے سنام ہی اور سنام القرآن سورۃ البقرہ ہی اور اسمین ایک ایسی آیت ہی جو آیات قرآن کی سردار ہی وہ آیۃ الکرسی ہی (رواہ الترمذی) ذروہ یعنی چوٹی اور اسیکے قریب سنام کے معنے ہین۔ حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگ اپنے گھرون کو قبرین مت بناؤ جس گھر مین سورۃ البقرہ پڑھی جاتی ہی اوسمین شیطان داخل نہین ہوتا (رواہ احمد ومسلم والنسائی والترمذی وقال حسن صحیح) اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہی کہ مقابر مین قرأت قرآن نہین ہی اور شاید یہ مراد ہو کہ تم لوگ ایسے مست ہو جاؤ جیسے قبرون کے مردے ہوتے ہین کہ قرآن نہین پڑھتے ہین لیکن اس صورت مین ان لوگون کو تشبیہ دینا لازم آتا ہی یعنی تم لوگ اہل قبور کے مانند مست ہو جاؤ حالانکہ حدیث شریف مین گھرون کو قبورسے تشبیہ ہی لہذا معنے اول اظہر ہین واللہ تعالیٰ اعلم۔ م۔ حضرت انسؓ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس گھر مین سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہی تو جس وقت شیطان اوسکو سنتا ہی تو گھر سے نکل جاتا ہی۔ (رواہ ابوعبید) مترجم کہتا ہی کہ اسکا بھید یہ ہی کہ شیطان سیاہ قلب وتاریکی ہی اور یہ اوسکی ذاتی حالت ہی

اور اس سورۂ مبارک کا نور اوسکی ذات کے واسطے سوہان روح ہی کیونکہ نور سے تاریکی مٹ جاتی ہی ولیکن اوسکی ذات اس قابل نہین ہی تو اوسپر بے فائدہ مرتب ہی۔ ۴م۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضؓ نے فرمایا کہ شیطان جس گھر سے سورۂ بقرہ کی آواز سنتا ہی وہان سے بھاگتا ہی (رواہ النسائی فی الیوم واللیلۃ و ابو عبید و الحاکم) اور عبداللہ بن مسعود رضؓ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین تم مین سے کسی شخص کو ایسی حالت مین نہ پاؤن کہ وہ ٹانگ پر ٹانگ رکھے گیت گاوے اور سورۂ بقرہ کا پڑھنا چھوڑے حالانکہ جس گھر مین سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہی اوس سے شیطان بھاگتا ہی اور سب سے چھوٹا وہ گھر ہی جو کتاب الٰہی سے خالی ہو (رواہ النسائی فی الیوم واللیلۃ وابن مردویہ) اور ابن مسعودؓ سے روایت ہی کہ جس گھر مین سورۂ بقرہ پڑھی جاوے تو سوائے اسکے نہین کہ وہان سے شیطان بھاگتا ہی ایسی بُری حالت سے کہ اوسکی ریح نکلتی جاتی ہی اور فرمایا کہ ہر چیز کے واسطے سنام ہی اور سنام القرآن سورۃ البقرہ ہی اور ہر شی کے واسطے لباب ہوتا ہی اور قرآن کا لباب مفصلات ہین (رواہ الدارمی) اور شعبی نے کہا کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جس شخص نے سورۂ بقرہ کی دس آیات کسی رات مین پڑھین تو اس رات اس گھر مین شیطان داخل نہ ہوگا از انجملہ چار آیات اول سورہ سے اور ایک آیۃ الکرسی اور دو آیتین اسکے بعد اور تین آیتین آخر سورہ سے ہین (رواہ الدارمی) اور دوسری روایت مین یون فرمایا کہ اس رات اس شخص کے پاس یا اسکے اہل و عیال کے پاس شیطان یا کوئی مکروہ چیز نہین آسکتی اور فرمایا کہ جس مجنون پر یہ آیت پڑھی جاوے اوسکو افاقہ ہو جائیگا۔ (الدارمی) مترجم کہتا ہی کہ جنون مس شیطان کی ایک قسم ہی کیونکہ شیطان مادہ دخان ناری سیاہ ہی اور انسانی مادہ اوسکے مخالف ہی تو جب کسی تقدیر الٰہی سے باہم لگاؤ ہوتا ہی تو انسان اس صدمہ سے مجنون ہو جاتا ہی حتی کہ اطباء اوسکے علاج سے عاجز ہین لیکن اگر ایسا شخص ان آیات کو پڑھکر دم کرے جسکے صدق ایمان سے ان آیات کا نور عطا ہو تو اس نور کے صدمہ سے شیطانی اثر دور ہو جاویگا کیونکہ وہ اسکو متحمل نہین ہو سکتا جیسا کہ سابق مین بیان ہوا واللہ تعالیٰ اعلم۔ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر شی کے واسطے سنام ہی اور سنام القرآن بقرہ ہی اور جسنے یہ سورہ رات مین اپنے گھر مین پڑھا تو تین رات تک شیطان اوسمین داخل نہوگا اور جسنے اسکو اپنے گھر مین دن مین پڑھا تو تین دن تک اوسمین شیطان داخل نہوگا۔ (رواہ الطبرانی وابن حبان وابن مردویہ) مترجم کہتا ہی کہ تین راتون مع دن ہین اور تین دن مع راتون ہین اور یہ اوس نور کا بقاے اثر ہے پس جسقدر نور ایقان کے موافق بندہ کو نور تلاوت زیادہ حاصل ہوگا اوسیقدر زیادہ مدت تک شیطان کو مجال نہوگی واللہ تعالیٰ اعلم۔ ۴م۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چند آدمیون کی ایک جماعت کو جہاد کے واسطے بھیجنا چاہا اور اوسپر سردار کرنے کے واسطے ہر ایک کو بلا کر اوس سے قرآن پڑھوایا پس جسقدر جسکو یاد تھا اوس سے سنا یہانتک کہ ایک نوجوان کی باری آئی جوان سب مین چھوٹا تھا تو اوس سے پوچھا کہ ای لڑکے تیرے پاس کیا ہی اوسنے عرض کیا کہ ای رسول اللہ میرے پاس فلان و فلان سورتین مع سورۃ البقرہ ہی تو فرمایا کہ کیا تیرے پاس سورۃ البقرہ ہی اوسنے عرض کیا کہ جی ہان تو فرمایا کہ جا تو ان سب پر سردار ہی۔ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ پھر ان مین سے ایک شخص شریف نے کہا کہ واللہ مجھے سورۂ بقرہ کا علم حاصل کرنے سے کوئی چیز مانع نہین ہوئی سوائے اسکے کہ مجکو یہ خوف ہوا کہ شاید مین اسکے ساتھ قیام نہ کر سکون یعنی رات کو نماز مین اسکی تلاوت نہ کر سکون پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگ قرآن سیکھو اور اوسکو پڑھو کیونکہ جسنے قرآن سیکھا اور اوسکی تلاوت کی اور اوسکے ساتھ قیام کیا یعنی نماز شب مین پڑھا تو اوسکی مثال ایسی ہی جیسے ایک تھیلی مین مشک بھرا ہوا ہی کہ ہر جگہ سے اوسکی خوشبو اڑتی ہی اور جسنے قرآن سیکھا اور وہ اوسکے دل مین محفوظ ہی مگر سوتا ہا تو اوسکی مثال ایسی ہی جیسے ایک تھیلی مین مشک بھرا ہوا ہی مگر اوسکے منہ پر گرہ دی ہوئی ہی (رواہ الترمذی والنسائی وابن ماجہ)

اسید بن حضیرؓ سے روایت ہی کہ ایک وقت ایک شخص رات مین سورہ بقرہ پڑھتا تھا اور اوسکے پاس اوسکا گھوڑا بندھا تھا کہ ناگاہ وہ گھوڑا جولانی کرنے لگا تو وہ شخص پڑھنے سے خاموش ہوگیا تو گھوڑا بھی ٹھہر گیا پھر وہ پڑھنے لگا تو پھر گھوڑا جولانی کرنے لگا پھر وہ خاموش ہوگیا تو گھوڑا بھی ٹھہر گیا پھر وہ پڑھنے لگا تو گھوڑا جولانی کرنے لگا پس اوسنے سلام پھیریا کیونکہ اوسکا بیٹا جسکا نام یحیی تھا اس گھوڑے کے قریب سوتا تھا تو وہ ڈرا کہ شاید اوسکو گھوڑے کا صدمہ پہونچے پھر صبح کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حال بیان کیا۔ مترجم کہتا ہی کہ حضرت اسید بن حضیرؓ کا خود ہی یہ واقعہ ہی لیکن راوی نے نام ظاہر نہین کیا چنانچہ روایت مین ہی کہ جب صبح کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ ای ابن حضیر پڑھتا رہتا ابن حضیر نے عرض کیا کہ یارسول اللہ مجکو یحیی پر خوف ہوا اور وہ گھوڑے سے قریب تھا پس مین سلام پھیر کر اوسکو اوٹھانے گیا پھر مین نے آسمان کو نظر اوٹھائی تو دیکھا کہ مثل ظلہ ابر کے ایک چیز ہی جسمین مثل شمع سفید کے بہت سے چراغ روشن ہین پس وہ بلند ہوا یہانتک کہ پھر مین نے اوسکو نہ دیکھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو جانتا ہی کہ یہ کیا تھا مین نے عرض کیا کہ نہین پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ ملائکہ تھے جو تیری آواز قراءۃ سننے کے واسطے قریب ہوئے تھے اور اگر تو پڑھتا رہتا تو برابر صبح تک رہتے کہ لوگ اونکو دیکھتے اور یہ اونسے پوشیدہ نہوتے (رواہ البخاری وابو عبید) مترجم کہتا ہی کہ ایک روایت مین آپ نے فرمایا کہ یہ سکینت تھا پس اس سے معلوم ہوتا ہی کہ قرآن مجید مین جو سکینہ نازل ہوا کما فی قولہ تعالی۔ فانزل اللہ سکینتہ علی رسولہ الآیۃ۔ تو وہ ایک جماعت ملائکہ ہین واللہ تعالی اعلم۔ اور مجمع البحار مین مذکور ہی کہ تلاوت قرآن مخصوص اہل ایمان کے واسطے ایک نعمت ہی جس سے ملائکہ محروم ہین حتی کہ جب ملائکہ کسی بندہ صالح کو تلاوت کرتے سنتے ہین تو آپسمین کہتے ہین کہ چلد آؤ کہ تمہاری مراد ملی اور نہایت خوشی سے سنتے ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ ملائکہ کا یہ قول ایک حدیث صحیح مین وارد ہی اور حدیث مذکور مین بھی اشارہ ہی کہ نہایت شوق سے صبح تک سنتے رہتے اور پوشیدہ نہوتے چنانچہ بعضے صحابہ دیگر رضی اللہ عنہم کے ساتھ ایسا ہی واقع ہوا چنانچہ شیخ رح نے لکھا کہ امام ابو عبید القاسم بن سلام نے اپنی اسناد کے ساتھ جریر بن یزید سے روایت کی کہ مجھسے بزرگان مدینہ نے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ ثابت بن قیس بن شماس کے گھر مین آج صبح طلوع ہونے تک برابر مصباح چمکتے رہے پس آپ دیکھتے ہین کہ یہ کیا بات ہی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شاید اوسنے سورہ بقرہ تلاوت کی ہو پس بعض لوگون نے جاکر ثابتؓ سے دریافت کیا پس ثابت رضؓ نے بیان کیا کہ ہان مین نے سورہ بقرہ پڑھی تھی شیخ نے کہا کہ یہ اسناد جید لیکن مرسل ہی۔ بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا تھا پس مین نے سنا کہ آپ فرماتے تھے کہ تم لوگ سورہ بقرہ سیکھو کہ اسکا لینا برکت ہی اور چھوڑنا حسرت ہی اور اہل بطالت اسکی استطاعت نہین پاتے ہین (رواہ احمد و ابن ماجہ) اور اسکی اسناد حسن ہی۔ اور ابو امامہ رضؓ کی حدیث صحیح مسلم مین بھی یہ فضیلت مذکور ہی شیخ رح نے لکھا کہ اہل بطالت سے شیطان ساحر مراد ہین۔ ابو لبید نے اپنے چچا سے روایت کی کہ ایک شخص نے سورہ بقرہ و آل عمران پڑھی پس جب اوسنے نماز پوری کی تو اوس سے کعب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ کیا تو نے بقرہ و آل عمران پڑھی تو اوسنے کہا کہ ہان تو فرمایا کہ قسم اوس ذات کی جسکے قبضہ مین میری جان ہی کہ ان دونون سورتون مین اللہ تعالی کا اسم اعظم موجود ہی کہ جب اوسکے ذریعہ سے دعا مانگی جاوے تو وہ فورا قبول کیجاتی ہی تو اوسنے عرض کیا کہ آپ مجھے بتلا دیجیے کعب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ واللہ ہرگز نہین بتلاؤنگا اور اگر تجھے بتلاؤن تو شاید تو ایسی دعا کرے کہ جسکی وجہ سے مین اور تو دونون تباہ ہون (رواہ ابو عبید) ابو امامۃ الباہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ تم لوگ قرآن پڑھو کہ وہ قیامت کے روز اپنے لوگون کے واسطے شافع ہوگا اور تم زہراوین سورہ بقرہ و آل عمران پڑھو کہ یہ دونون قیامت مین آوینگی گویا دو پارہ ابر یا دو چتر ہین یا دو پرواز چڑیون کے

جھنڈ باہم پر ملائے ہوئے ہین کہ اپنی تلاوت کرنے والون کی طرف سے شفاعت وحجت کرینگی پھر فرمایا کہ تم لوگ سورہ بقرہ پڑھو کہ اوسکا لینا برکت اور چھوڑنا حسرت ہی اور اہل بطالت اوسکی استطاعت نہین پاتے ہین (رواہ مسلم واحمد اور یہی معنی حدیث نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ مین بروایت احمد ومسلم وترمذی موجود ہی ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ تمہارے ایک بھائی نے خواب مین دیکھا کہ لوگ ایک پہاڑ کے شگاف اور سخت چڑھائی پر چڑھتے ہین اور اس پہاڑ کی چوٹی پر دو درخت ہرے بھرے آوندیتے ہین کہ بھلا تم مین سے کوئی شخص سورہ بقرہ پڑھتا ہی اور کوئی تم مین سے سورہ آل عمران پڑھتا ہی پس جب کسی شخص نے کہا کہ ہان تو دونون درخت اپنی گودھون سمیت اوس سے نزدیک ہوجاتے ہین تاکہ وہ انسے لٹک جاوے پس اوسکو پہاڑ پر چڑھا لیتے ہین (رواہ ابو عبید باسناد جید) ام الدرداء رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ ایک شخص جسنے قرآن پڑھا تھا اپنے ایک پڑوسی پر حملہ کرکے اوسکو قتل کیا اور خود اوسکے قصاص مین مارا گیا تو قرآن برابر ایک سورہ کرکے اوس سے جدا ہوتا جاتا تھا یہانتک کہ سورہ بقرہ وآل عمران ایک جمعہ تک باقی رہین پھر آل عمران بھی اوس سے جدا ہوگئی اور سورہ بقرہ ایک جمعہ تک ٹھہری پس سورہ بقرہ کو حکم ہوچکا کہ میرے یہان قول بدلتا نہین اور مین بندون کے واسطے کچھ ظالم نہین ہون پس سورہ بقرہ بھی نکل گئی گویا ایک ابر عظیم ہی (رواہ ابو عبید باسند جید) اور شیخ ابو عبید نے اسکے یہ معنے بیان کیے کہ یہ دونون سورتین اوسکے ساتھ قبر مین عذاب دفع کرتی تھین لیکن قاتل کے واسطے حکم الٰہی ہوا خذہ تھا اور وہ ٹل نہین سکتا تو اوسنے چھوڑ دیا واللہ اعلم یزید بن الاسود الجرشی سے روایت ہی کہ جسنے کسی دن سورہ بقرہ وآل عمران پڑھی تو شام تک نفاق سے بری ہوگیا اور جسنے رات مین دونون کو پڑھا تو صبح تک نفاق سے بری ہوگیا اسیو واسطے یزید بن الاسود ہر روز رات دن مین ان دونون سورتون کو بھی علاوہ اپنے وظیفہ معمولی کے پڑھا کرتے تھے (رواہ ابو عبید باسند جید) اور سعید بن جبیر سے روایت ہی کہ حضرت عمر بن الخطاب رضی نے فرمایا کہ جسنے رات مین سورہ بقرہ و آل عمران پڑھی تو ولیا قانتین مین لکھا جائیگا (رواہ ابو عبید) اور واضح ہو کہ سورہ بقرہ منجملہ اون سات سورتون کے ہی جنکو سبع طوال کہتے ہین اور واثلہ بن الاسقع رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بجاے توریت کے مجکو سبع طوال عطا ہوئین اور بجاے انجیل کے مئین عطا ہوئین اور بجاے زبور کے مثانی عطا ہوئین اور باقی مفصلات سے مجکو فضیلت عطا ہوئی (ابو عبید) اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے سبع طوال کو حاصل کیا وہ حبر ہی (ابو عبید واحمد) اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے بھی اسکے مثل روایت ہی (رواہ احمد) اور ابو عبید نے سعید بن جبیر سے قولہ تعالی ۔ ولقد اتیناک سبعا من المثانی ۔ کی تفسیر مین روایت کیا کہ یہ سبع طوال ہین یعنی سورہ بقرہ وآل عمران ونساء ومائدہ وانعام واعراف ویونس ۔ اور مجاہد سے روایت ہی کہ سبع المثانی سبع طوال ہین ۔ اور یہی قول مکحول وعطیہ بن قیس وشداد بن اوس ویحیی بن الحارث وغیرہم کا ہی ۔ فتح ابن کثیر رح نے لکھا کہ سورہ بقرہ بلا خلاف مدنیہ ہی ۔ اور خالد بن معدان سورہ بقرہ کو وسطاط القرآن کہتے تھے ۔ بعض علماء نے کہا کہ اس سورہ مین ہزار اخبار وہزار اوامر وہزار نواہی ہین اور شمار کرنے والون نے اسکی دوسو ستاسی آیات کے کلمات چھ ہزار دوسو اکیس شمار کیے جنکے حروف پچیس ہزار پانچ سو ہین ۔ اور عتبہ بن مرثد نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب کو مقابلہ کفار سے پیچھٹتے دیکھکر پکارا کہ ای اصحاب سورۃ البقرہ اور میرا گمان یہ ہی کہ یہ جنگ حنین کے روز واقع ہوا ۔ مترجم کہتا ہی کہ اوس روز لشکر کی قطار آگے پیچھے تھی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے اصحاب مہاجرین وانصار تھے اور آپ کے آگے مکہ کے نومسلم لوگ تھے جنکے دل مین ہنوز ایمان کے معنے نہین سمائے تھے پس اون لوگون نے خیال باندھا کہ کبھی ہم ہی لوگ قوم ہوازن کو بھگاوین تاکہ یہ فتح ہمارے نام لکھی جاوے اور یہ لوگ دوہزار تھے پس انھون نے پیش قدمی کرکے ہوازن پر حملہ کیا اور ہوازن چارہزار قوم تیراندار تھے جنھون نے اپنے مال ومتاع کو لشکر مین ڈال دیا تھا پس وہ لوگ بھاگے اور وہان موڑ کا راستہ تھا تو نظر سے پوشیدہ ہوگئے اور یہ لوگ لوٹنے مین مصروف

ہوگئے پس انکو کچھ خبر نہوئی یہانتک کہ دوسرے موڑ کی طرف سے ناگاہ ہوازن نے نکلکر انپر حملہ کیا اور تیرون کی بوچھار سے زخمی کردیا پس اوسوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو حکم دیا تو عباس رضی اللہ عنہ نے پکارا ای اصحاب شجرہ اور ایک روایت مین ہی کہ ای اصحاب سورۃ البقرہ پس اون لوگون نے ہر طرف سے دوڑکر آنا شروع کیا شیخ نے کہا کہ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بنو حنیفہ قوم مسیلمہ کذاب پر حملہ کیا تھا جو مرتد ہوگئے تھے مہاجرین و انصار کا لشکر بھیجا اور قوم بنو حنیفہ بہت کثیر تھی اور خالد بن الولید رضی اللہ عنہ سردار تھے اور بنو حنیفہ وغیرہ مین سے بیشمار مرتدین تو یہ کرکے صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ ہوگئے تھے پس جب قتال سخت ہوا تو یہی لوگ بھاگنے لگے پس صحابہ مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم نے باہم پکارنا شروع کیا کہ ای اصحاب سورۃ البقرہ تاکہ مہاجرین و انصار آگاہ رہین کہ اون مین سے کوئی نہین بھاگا یہانتک کہ اللہ تعالی نے اوسکو فتح عطا فرمائی رضی اللہ عنہم اجمعین حضرت عبداللہ بن مسعود رض سے حدیث روایت ہی کہ جسنے آخر سورۃ بقرہ کی دونون آیتین رات مین پڑھین تو وہ اوسکو کافی ہین۔ (الصحاح) یعنے شب بیداری کے بجاے کافی ہین اور انکی فضیلت انشاء اللہ تعالی آخر مین بیان ہوگی جیسے آیۃ الکرسی کے فضائل اپنے موقع پر بیان ہونگے اور حدیث نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آسمان و زمین کی پیدائش سے دوہزار برس پہلے ایک کتاب الہی سے دو آیتین نازل ہوئین جو خاتمہ سورۂ بقرہ ہی پس جس گھر مین تین مرتبہ پڑھی جاوین تو یہ ہوگا کہ پھر شیطان اوس گھر کے پاس نہ پھٹکے (الترمذی) اور صحیح ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز شب مین سورۂ بقرہ و آل عمران سے زیادہ ایک رکعت مین پڑھا اور اس قدر فضائل کافی ہین اور اللہ تعالے ہی اپنے فضل سے موفق ہی۔

## بسم اللہ الرحمن الرحیم

بنام اللہ الرحمن الرحیم شروع ہی

## الٓمٓ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ

یہ کتاب ہی اس مین شک نہین ہی

**الٓمٓ** یعنی الف۔ لام۔ میم۔ کیونکہ حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ مین آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے کتاب الہی مین سے کوئی حرف پڑھا اوسکے واسطے ایک نیکی ہی اور وہ نیکی دس گونہ ہی اور یہ مین نہین کہتا کہ الٓمٓ ایک حرف ہی بلکہ الف ایک حرف ہی اور لام دوسرا حرف ہی اور میم تیسرا حرف ہی (رواہ الترمذی و قال صحیح) خلیل و ابو علی نے کہا کہ ہر ایک پر وقف کیا جاتا ہی اور بجاے الف کے ہمزہ مستعار ہی کیونکہ الف سے ابتدا متعذر ہی۔ **قیس**۔ فرقہ حشویہ نے کہا کہ اسکے کچھ معنی نہین ہین سو یہ قول مردود ہی کیونکہ اللہ تعالے نے مہمل سے خطاب نہین فرمایا حشویہ نے کہا کہ یہ حروف ہین بدلیل حدیث ابن مسعود رض کے جواب دیا گیا کہ یہ مغالطہ ہی کیونکہ حرف سے اصطلاح نحوی مراد نہین جو پچھلے زمانہ مین قرار پائی ہی بلکہ حرف لغوی یعنی کلمہ مراد ہی لہذا مہمل کہنا مردود ہی جب فرقہ مرجیہ نے دیکھا کہ مہمل کہنا ممکن نہین ہی تو اس فرقہ نے کہا کہ ظاہر کے خلاف معنی مراد ہین جیسے مرجیہ فرقہ کے نزدیک عذاب کی آیتون مین فقط دھمکی مراد ہی یہ اعتقاد بھی مردود ہی اسواسطے کہ مرجیہ نے جو معنے قرار دیے وہ موضوع نہین ہین تو معنی حقیقی ندارد ہوئے اور جب معنی حقیقی ندارد ہین تو معنی مجازی بھی ندارد ہین کیونکہ مجاز تو حقیقت کے تابع ہوتا ہی اور رہا یہ کہ خلاف ظاہر ہو جاتا ہے بیان کرے تو قرآن مجید کے لیے یہ بات محال ہی کیونکہ ہر ایک کافر اس قسم کی لغویت بیان کرنے سے عاجز نہوگا۔ مرجیہ نے کہا کہ اگر معنے نہ لیے جاوین تو خطاب مہمل ہوگا جواب یہ ہی کہ خطاب اوسوقت مہمل ہو جب کوئی فائدہ نہ نکلے اور اون آیات متشابہات سے ایمان مقصود ہی چنانچہ اللہ تعالی نے فرمایا۔ فاما الذین فی قلوبہم

زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ ابتغاء الفتنۃ وابتغاء تاویلہ وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم یقولون آمنا بہ کل من عند ربنا وما یذکر الا اولوا الالباب۔ یعنی جن لوگون کے دلون مین کجی ہی وہ قرآن مین سے متشابہ کے پیچھے پڑتے ہین بخواہش فتنہ انگیزی اور بخواہش تاویل متشابہ حالانکہ سوائے اللہ تعالی کے کوئی اوسکی تاویل نہین جانتا اور جو بندے علم ایمان مین مضبوط ہین وہ یہی کہتے ہین کہ ہم اسپر ایمان لائے قرآن مین جو کچھ ہی وہ کل ہمارے پروردگار کی طرف سے ہی اور نصیحت تو وہی حاصل کرتے ہین جو اہل عقل ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ اس سے معلوم ہوا کہ آیات متشابہ سے مومنون کا ایمان لانا مقصود ہی اور اسکی مراد کو اللہ تعالی ہی جانتا ہی۔ اور حدیث حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا مین آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہی آیت پڑھی پھر فرمایا کہ جب تم ایسے لوگون کو دیکھو جو قرآن کی آیات متشابہات کے درپی ہوتے ہین تو جان لو کہ یہی ہین جنکو اللہ تعالی نے زائغ فرمایا ہی پس اون لوگون کو دور رکھو (البخاری وغیرہ) اسیواسطے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک شخص ساکن بصرہ کو جو عذاب قبر وغیرہ کسی متشابہ مین گفتگو کرتا تھا سر پر درّے مارے آخر اوسنے کہا کہ یا امیر المومنین میرا کیا قصور ہی تو فرمایا کہ مین نے تیرے سر کے حواس ٹھیک کیے کہ کیا تو اپنی ہستی سے زائد علم متشابہ مین گفتگو کرتا ہی اور مومنین بصرہ کو لکھ بھیجا کہ اس جاہل کو کوئی اپنے پاس نہ بٹھلاوے۔ مترجم کہتا ہی کہ غالبا تم اس سے سمجھ گئے ہوگے کہ متشابہات صرف الٓمٓ یا الٓمٓرٰ وحٰمٓ مین منحصر نہین ہین بلکہ عذاب قبر کی کیفیت اور شہیدون کی حیات آخرت اور جنت کے کھانے پینے وغیرہ راحت کی کیفیت اور اسیطرح عذاب جہنم کی کیفیت سب متشابہات ہین چنانچہ ایک شخص نے امام مالک رح سے عذاب قبر کی کیفیت پوچھی تو آپ نے کچھ دیر سر جھکایا اوسکے بعد فرمایا کہ کیفیت عذاب قبر تو معلوم ہی اور اوسکی کیفیت اللہ تعالی نے اپنی حکمت مین مخفی فرمائی ہی اور اوسکا پوچھنا جہالت کی بدعت ہی پھر حکم دیا کہ اسکو نکال دو۔ مترجم کہتا ہی کہ مین ایک مثال بیان کرتا ہون کہ ایک پہاڑ مین ایک مادر زاد اندھا پیدا ہوا اور دوسرا عنین پیدا ہوا اور تیسرا تندرست ہی لیکن اوس پہاڑ مین سوائے ساگ پات کے کبھی اوسکو ایسا پھل نہین ملا جسکا مزہ شیرین ہو پھر ایک شہر کا رہنے والا وہان پہونچا اور اندھے سے ملاقات ہوئی پس اوسنے کہا کہ تو اللہ تعالی پر ایمان لاکر تاریکی سے نکل کر نور حاصل کر اوسنے کہا کہ نور کیا چیز ہوتی ہی پس اوسنے اوسکے حق مین سمجھانا دشوار پایا سوائے اسکے کہ سردی گرمی اور مزہ کے ذریعہ سے سمجھاوے اور یہ طریقہ عورہ قصور ہی پھر عنین سے ملا تو وہان عورہ قصور کا بھی طریقہ چھوڑنا پڑا کیونکہ وہ اس کیفیت سے بھی واقف نہین ہی پھر تندرست کے حق مین یہ سب آسان تھا لیکن وہ شہری اوسکی کیفیت سے بالکل واقف نہین ہی پھر ایک دوسرے شہری نے اوسکو آگاہ کیا تو اوسنے اپنے ہادی سے پوچھا کہ ایک شخص بیان کرتا ہی کہ وہان جلیبی برفی قند و شکر نہایت لطیف بامزہ ہین اور مین تو اوس شخص کو جھوٹا سمجھتا ہون مگر آنکہ آپ مجکو کچھ کیفیت سمجھاوین اوس مرد عاقل نے اپنے آپ کو متحیر دیکھا کہ یہ شخص عجب جاہل ہی جو کیفیت کو باتون مین ڈھونڈھتا ہی لیکن اوسنے دوسرے پہاڑ پر لیجاکر ایک پیرا اوسکا کھلایا جاوسنے کبھی نہین کھایا تھا پھر سمجھایا کہ جیسی کیفیت تو نے اسکے مزہ مین پائی اسکو شیرینی کہتے ہین اور یہ شیرینی لطیف ترکیب سے شہرون مین بہت عمدہ بنائی جاتی ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ دار آخرت کی کیفیت ان جاہلون کو کیونکر معلوم ہوسکتی ہی کہ جنھون نے کبھی وہان قدم نہین رکھا ہی اور لا محالہ چند روز کی زندگی کے بعد قطعا جان جائینگے مگر اسقدر بے عقل ہین کہ یہان کفر و شرک و انکار مین مبتلا ہو کر وہان کی عذابی کیفیت دیکھنا چاہتے ہین کہ پھر اوس عذاب سے رہائی کی کوئی راہ نہو گی اور یہ نہین سمجھتے کہ حضرت خالق عزوجل جسکے عجائب قدرت و صنائع حکمت اس دنیا کے پہاڑون جنگلون وکھنڈل غارون و دریاؤن مین بے انتہا ظاہر ہین کہ عقل متحیر ہی بلکہ اوسکے وطن ہی مین ایک گھاس کی پتی اگر خشک ہو تو تمام دنیا مجتمع ہونے سے اوسکا ہرا ہونا غیر ممکن ہی بلکہ اگر وہ اپنے جسم ہی مین خیال کرے تو جو ناخن کٹ گیا وہ جوڑنا محال ہی اور یہ بیان تو ایک صرف تنبیہ و مثال ہی تاکہ خالق عزوجل

کی کمال حکمت و قدرت سے آگاہ ہوں تو صریح عقل یقین دلاتی ہے کہ اللہ عزوجل نے جو کچھ قرآن مجید میں فرمایا وہ حق ہے اور کمال احسان سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہماری ہدایت کے واسطے بھیجا اور آپ نے بدون کسی تعلق دنیاوی کے ہمکو پاکیزہ راستہ بتلایا حتی کہ اہل سعادت و کرامت یعنی صحابہ رضی اللہ عنہم درجۂ قبولیت پر فائز ہوئے جسکی شہادت رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ الآیہ ہے پھر طبقۂ صحابہ رضی اللہ عنہم و اکابر تابعین رحمہم اللہ کے بعد معتزلہ وغیرہ احمق پیدا ہوئے جنھوں نے پہاڑی اندھے وغیرہ کے موافق اپنی رائے لگانی شروع کی کہ یہ کیونکر ہوگا اور وہ کیسے ہوگا اور وہ خوب جانتے ہو کہ ہر دو عالموں کی کیفیات کو کس طرح ان لوگوں کے حواس میں پیدا کر سکتا ہے اسواسطے جب خوارج و روافض وغیرہ پیدا ہوئے اور انھوں نے متشابہات آیات میں کلام کرکے دیدار باری تعالی عزوجل سے انکار کرنا شروع کیا تو سلف صالحین نے انکو پہچان لیا چنانچہ حضرت قتادہ نے فرمایا کہ زائغ یہی حروریہ و سبائیہ ہیں۔ مترجم کہتا ہے کہ حروراء ایک قصبہ ہے جہاں خوارج جمع ہوئے تھے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے لشکر سے نکل کر پہلے پہل اسی مقام پر مخالفت کا جھنڈا اوٹھایا تھا آخر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے امیر معاویہؓ سے لڑائی موقوف کرکے پہلے حروریوں کی جانب قصد فرمایا اور اوسکی وجہ یہ تھی کہ امیر معاویہؓ و شامیوں کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کی فضیلت اور عقائد سنت میں کچھ کلام نہ تھا اگرچہ دنیاوی امور میں رنجش و مخالفت کی وجہ سے بدگوئی کرتے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ہمارے کنبہ سے دشمنی کی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ پر تشدد کرنے والوں سے قصاص نہیں لیتے ہیں بخلاف حروریوں کے کہ وہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نسبت کہتے کہ یہ قرآن سے پھر گئے اور انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو اعمال حسنہ کیے تھے وہ مٹ گئے حتی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان مردود گمراہوں پر حملہ کرکے تباہ کر دیا لیکن حدیث میں ہے کہ جو بدعت نکلیگی وہ قیامت تک نہیں مٹیگی چنانچہ یہ معجزہ صادق ہے کہ اب تک اونکا نشان موجود ہے۔ اور سبائیہ سے مراد فرقۂ عبد اللہ بن سبا یہودی ہے جو ظاہر میں مسلمان ہوگیا تھا اور چاہتا تھا کہ جیسے نصرانیوں نے حضرت عیسی علیہ السلام میں الوہیت اعتقاد کی اسیطرح مسلمانوں میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نسبت یہ اعتقاد پھیلاوے اور اتفاق یہ تھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے خوارج وغیرہ کے معاملہ میں بہت سی غیبی خبریں بطور کرامت اور بطور اخبار غیوب بیان فرمائی تھیں حتی کہ بہت سے اعراب تعجب کرنے لگے کہ وحی نہیں آتی پھر آپ کیونکر یہ باتیں بتلاتے ہیں پس اس یہودی نے موقع پاکر خفیہ لوگوں میں یہ اعتقاد پھیلایا حتی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ خبر معلوم ہوئی تو آپ نے غضبناک ہوکر قتل و جلانے کا حکم دیا مگر وہ منکر فرار ہوگیا اور فارس کے پہاڑوں میں چھپا رہا مگر چند ہی روز کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ ایک خارجی ابن ملجم مردود کے ہاتھ سے شہید ہوئے تب سے سبائیہ فرقہ معروف ہے چنانچہ طبقۂ تابعین رحمہم اللہ میں خوارج کو حروریہ کہتے اور روافض کو سبائیہ کہتے تھے۔ اور بعض سلف نے فرمایا کہ زائغین میں کل بدعتی داخل ہیں جنھوں نے اعتقاد سنت میں بدعت نکالی۔ مترجم کہتا ہے کہ یہی صحیح ہے اور معتزلہ و جہمیہ وغیرہ بہتر فرقہ سب دیدار باری تعالی عزوجل سے منکر ہیں اور اللہ تعالی کا یہ لطف عجیب ہے کہ یہ سب فرقے باہم ایک دوسرے کے نقیض ہیں مثلاً خوارج تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منکر ہیں مگر خلفائے سابقین رضی اللہ عنہم کا اقرار کرتے ہیں اور روافض انکے نقیض ہیں اور اہل سنت والجماعۃ سب سے الگ ہیں بلکہ وہ اصل جماعت بطریقۂ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ رضی اللہ عنہم و تابعین رحمہم اللہ تعالی سواد اعظم صالحین قائم ہوا اور یہ مبتدعہ فرقہ چھوٹ چھوٹ کر اپنی ٹکڑیاں بناتے گئے الحاصل متشابہات کے بارہ میں اہل سنت اوسی اعتقاد پر ہیں جو سلف صالحین سے متواتر چلا آتا ہے۔ (تحقیق المقام) واضح ہو کہ متشابہات دو قسم ہیں اول کلمات مقطعہ مانند الٓمٓ و صٓ و قٓ وغیرہ کے اور دوم وہ آیات جنمیں حالات آخرت کا بیان ہے مگر انکی کیفیت متشابہ ہے مثلاً میزان اعمال الخ قولہ تعالی۔ ونضع الموازین القسط لیوم القیامۃ الآیۃ۔ و عذاب قبر و اکل و شرب جنت وغیرہا نہیں کیفیت کا علم نہیں ہو سکتا پس قسم اول سے

مقصود یہ ہی کہ ایمان لایا جاوے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حق ہین جیسا کہ آیت مین منصوص ہوا اور یہ ایمان لایا جاوے کہ اسکی تاویل سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہین جانتا لیکن جان لینا چاہیے کہ تاویل و تفسیر مین فرق ہی اور اسکا بیان یہ ہی کہ تاویل بھی ایک قسم کی تفسیر ہی اور تفسیر چار قسم ہی چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تفسیر چار وجہ پر ہی ایک وہ تفسیر جسکو عرب اپنی زبان مین جانتے ہین۔ دوم وہ تفسیر جسکے نہ جاننے پر کوئی معذور نہو گا سوم وہ تفسیر جسکو علماء راسخین جانتے ہین۔ چہارم جسکو سوائے اللہ تعالےٰ کے کوئی نہین جانتا ہی حتی کہ جو جاننے کا دعوی کرے وہ جھوٹا ہی۔ اس آخر کو عبد الرزاق نے بسند صحیح روایت کیا۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اسیکے مثل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی نقل فرمایا (رواہ ابن جریر) مثال قسم دوم قولہ تعالیٰ۔ ولسان الذی یلحدون الیہ اعجمی الآیہ۔ یعنی ہر شخص جانتا ہی کہ قرآن عربی ہی۔ اور قسم اول کی مثال جسکو عرب جانتے ہین محاورات عرب ہین جو قرآن مجید مین مذکور ہین حتی کہ اس زمانہ مین بہت سے جہال نصاری قرآن مجید کے غلط معنے بیان کرتے اور بہتان باندھکر لوگون کو دھوکا دیتے ہین۔ قسم سوم کی مثال علماے راسخین کے اجتہادات ہین۔ اور قسم چہارم حروف مقطعہ کی تاویلات ہین پس کبھی عربی زبان جاننے والا یا عالم راسخ ایک آیت کی تفسیر جانتا ہی لیکن تاویل نہین جانتا ہی کیونکہ تاویل کے حقیقی معنی یہ ہین کہ مایؤل الیہ الکلام یعنے انجام کو جو واقع ہو مثلاً حضرت یوسف علیہ السلام نے آفتاب و ماہتاب و گیارہ ستارون کو اپنے لیے سجدہ کرتے دیکھا پس اسکی تفسیر تو معلوم ہی یعنے یہی معنے ہین کہ آفتاب ماہتاب و ستارے سجدہ کرتے ہین لیکن تاویل معلوم نہوئی بلکہ یہ اوسوقت اتنا سمجھا گیا کہ یہ کوئی بزرگی ہی جو یوسف علیہ السلام کو عطا ہوگی پھر جب مصر مین حاکم ہوے اور وہان ماں باپ و بھائیون کو بلوایا اور ملاقات کے وقت ان لوگون نے حضرت یوسف علیہ السلام کو سامنے آنے تعظیم دی اور اونکے سامنے جھکے تو اوسوقت حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا کہ۔ یا ابت ہذا تاویل رویای من قبل یعنے اے میرے باپ یہی میرے خواب سابق کی تاویل ہی۔ اور واضح ہو کہ متاخرین فقہا مین تاویل کی اصطلاح بھی شائع ہوئی کہ ظاہر آیت کو کسی دوسری دلیل کی وجہ سے ظاہر سے پھیرنا مثلاً آیت وضو مین۔ اذا قمتم الی الصلوۃ الآیہ۔ سے ظاہر یہ تھا کہ جب نماز کا قصد کرے تب وضو واجب ہو لیکن حدیث شریف سے معلوم ہوا کہ اگر وضو موجود ہو تو حاجت نہین ہی پس معنے یہ ہوئے کہ جب تم بے وضو ہونے کی حالت مین نماز کا ارادہ کرو تو پہلے وضو کر لو تب کھڑے ہو جب یہ بات معلوم ہو چکی تو جاننا چاہیے کہ قولہ تعالیٰ۔ وما یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم یقولون آمنا بہ۔ اس آیت مین تاویل سے اگر معنے اول مراد لو تو کلمہ الا اللہ پر وقف واجب ہی چنانچہ جمیع علماء اہل سنت اسپر متفق ہین کہ یہ تاویل سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہین جانتا اور اسمین کچھ بھی اختلاف نہین ہی اور اگر تاویل کے دوسرے معنے لو یعنے رسوخ علم سے ایک طرح کا استنباط کرنا تو کلمہ فی العلم پر وقف کرے یعنے ایسی تفسیر کو اللہ تعالیٰ و اوسکے بندگان علماء جانتے ہین اسی واسطے دونون طرح اس آیت کی قراءۃ متواتر ہی۔ اور حضرت ابن عباس و مجاہد و ایک جماعت علماے راسخین سے باسانید صحیحہ روایت ہی کہ متشابہات کی تاویل سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہین جانتا ہی اور انھین ائمہ صالحین سے باسناد صحیحہ بعض اشارات متشابہات بھی روایت ہین چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ (الٓمٓ) الف آلی یعنی نعمتہاے غیر متناہی ہی (لام) لطف آلہی (میم) ملک آلہی ہی۔ اور دوسری روایت ہی کہ الٓمٓ کی تفسیر مین کہا کہ انا اللہ اعلم یعنے مین اللہ خوب جانتا ہون۔ اور تیسری روایت مین کہا کہ الٓمٓ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بواسطہ جبرئیل کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا۔ اور اسی طرح حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ سے بھی بعض اشارات مروی ہین۔ بالجملہ ائمہ علماء کا اجماع ہی کہ متشابہات کی تاویل سوائے اللہ تعالےٰ کے کوئی نہین جانتا لیکن بعضے لطائف اشارات ہین کہ عالم راسخ کی سمجھ مین آتے ہین اور عالم راسخ وہ ہی جو اعتقاد صحیحہ جسپر صحابہ رضی اللہ عنہم تھے بلا تغیر دلی رسوخ کے ساتھ ظاہری اعمال سنت پر مستقیم ہو اور یہ از قسم فراست ہی چنانچہ قولہ تعالیٰ۔ ان فی ذلک لایاٰت

الحروفیین کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالیٰ آویگا منجملہ ان مالف کے شیخ ابن کثیر نے ذکر فرمایا کہ حروف مقطعہ جو اوّل تیس سورتوں میں ہیں بحذف مکرر چودہ حرف ہیں۔ ا۔ ل۔ م۔ ص۔ ر۔ ك۔ ه۔ ی۔ ع۔ ط۔ س۔ ح۔ ق۔ ن۔ جنکا مجموعہ نص حکیم قاطع لسر۔ یعنی یہ حکیم حقیقی کی جانب سے کتاب متضمن اسرار ہی۔ کشاف میں ہی کہ ان چودہ حروف میں غور کیا جائے تو اجناس حروف موجود ہیں چنانچہ مہموسہ و مجہورہ میں سے نصف مہموسہ و نصف مجہورہ ہیں چنانچہ ص۔ ك۔ ه۔ س۔ ح۔ مہموسہ ہیں یعنی دس حروف مہموسہ میں سے پانچ مذکور ہیں اور۔ ا۔ ل۔ م۔ ر۔ ع۔ ط۔ ق۔ ی۔ ن۔ یعنی اٹھارہ حروف مجہورہ میں سے نصف مذکور ہیں۔ اسی طرح قسم شدیدہ و رخوہ میں سے نصف نصف مذکور ہیں چنانچہ۔ ا۔ ق۔ ط۔ ك۔ چار منجملہ آٹھ کے شدیدہ ہیں اور بیس رخوہ میں سے دس یعنی۔ ل۔ م۔ ر۔ ص ه۔ ع۔ س۔ ح۔ ی۔ ن۔ رخوہ ہیں اسی طرح مطبقہ و منفتحہ میں سے نصف نصف ہیں چنانچہ چار مطبقہ میں سے۔ ص۔ ط۔ مذکور ہیں اور چھبیس منفتحہ میں سے بارہ۔ ا۔ ل۔ م۔ ر۔ ك۔ ه۔ ح۔ ع۔ س۔ ق۔ ی۔ ن۔ مذکور ہیں۔ اسی طرح مستعلیہ و منخفضہ میں سے نصف نصف مذکور ہیں چنانچہ چھ مستعلیہ میں سے۔ ق۔ ص۔ ط۔ ہیں۔ اور بائیس منخفضہ میں سے۔ ا۔ ل۔ م۔ ر۔ ك۔ ه۔ ح۔ ی۔ ع۔ س۔ ن۔ مذکور ہیں۔ اور منجملہ چار حروف قلقلہ کے۔ ق۔ ط۔ مذکور ہیں۔ اور تاریخ بخاری و تفسیر ابن جریر و روایت ابن اسحٰق میں باسناد ضعیف بعض یہودیوں سے ایک قصہ آیا کہ انہوں نے ان حروف کے اعداد سے اس امت کی مدت نکالی اور حق یہ ہی کہ ایسے اشارات سے اول تو فائدہ بہت کم ہی دوم یہ کہ کسی قسم کا اعتماد نہیں ہو سکتا پس مختار یہ ہی کہ اس قسم متشابہات کی تاویل سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا ہی اور ہم یقین کرتے ہیں کہ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حق ہی اور اسکے نازل فرمانے میں اللہ تعالیٰ و اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان خاص حکمت و اسرار ہیں جنکو ہمارے عقول نہیں پہونچ سکتے ہیں۔ (**بیان قسم دوم**) یعنی عذاب قبر یا اکل و شرب جنت یا عرش وغیرہ کی کیفیت یا دیدار باری تعالیٰ جل شانہ۔ پس انکی نسبت اعتقاد صحیح یہ ہی کہ یہ حقائق واقعی موجود ہیں اور متواتر احادیث میں صفات حق عزوجل مانند صعود و نزول و ضحک وغیرہ بغیر تاویل منصوص ہیں اور علمائے سلف صالحین رضی اللہ عنہم نے بغیر بیان کیفیت کے اسی طرح ثابت رکھا تو ہم بھی اسی طرح ثابت رکھتے ہیں پھر اگر وہم ہو کہ تم خالق کو مخلوق سے مشابہ کہتے ہو تو جواب یہ کہ ہرگز نہیں کیونکہ ہم ان امور کو صفات الٰہی عزوجل جانتے ہیں اور کسی مخلوق کو اوس سے مشابہ نہیں مانتے ہیں۔ امام راغب نے مفردات میں لکھا کہ عرش کو کوئی لشکر سوائے نام کے ازراہ حقیقت نہیں جانتا ہی یعنی یہ لفظ عربی بمعنی تخت ہی لیکن یہ لازم نہیں آتا کہ اگر مخلوق کو سوائے لکڑی و سونے و چاندی کے تخت کے معلوم نہیں تو یہ تخت بھی سونے کا ہو کیونکہ مخلوق کا علم بہت قلیل ہی جیسے مخلوق کو سوائے محسوسات عالم کے کوئی چیز محسوس نہیں تو یہ لازم نہیں کہ اللہ تعالیٰ بھی انہیں سے ہو۔ تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا۔ اسی طرح مخلوق حقیر کے تصور میں تخت کی جو ہیئت مصور ہوتی ہی وہ عرش نہیں ہی۔ جیسے بعضے جاہلوں نے گمان کیا کہ فلک اعلیٰ ہی یہ بھی گمان غلط ہی بلکہ اوسکی ماہیت سوائے اللہ عزوجل کے کوئی نہیں جانتا ہی پس اس قسم کے متشابہات میں بغیر تشبیہ کے ایمان لانا واجب ہی۔ اس بیان سے معلوم ہوا کہ چار وجہ تفسیر جو حدیث ابن عباسؓ میں مذکور ہیں یہ اقسام باہم جمع ہو سکتے ہیں چنانچہ عرش کی تفسیر اہل عرب اپنی زبان میں جانتے ہیں اور یہ بھی صحیح ہی کہ اسکو سوائے اللہ تعالیٰ کے کوئی نہیں جانتا ہی واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔ **ف**۔ بعض اشارات عارفین میں ہی کہ **الٓمٓ**۔ الف وحدانیت ذات ہی۔ لام۔ ازلیت صفات ہی۔ میم۔ ملک قدیم ہی پس اشارہ ہوا کہ اوسکی ذات واحد سے اوسکے ملک قدیم میں صفات قدس کی حکمت خلق و تقدیر وغیرہ جاری ہیں پس جو شخص موحد متفرد ربانی اور متصف بقدس افاضل ہو وہ ملک قدم کے لوگوں میں سے ہی۔ بعض مشائخ نے کہا کہ الٓمٓ اللہ تعالیٰ و اوسکے رسول علیہ السلام کے درمیان رمز و اشارہ

ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ ہمارے شیخ المشائخ دہلوی نے بھی الحجۃ البالغہ مین بعض معرفت متشابہات کے طرف اشارہ فرمایا ہی اور حاصل یہ کہ اکثر مفسرین کا یہ خیال ہی کہ خاصان حق کو اسکے بعض معارف حاصل ہوتے ہین لیکن وہ قابل بیان نہین ہین اور انکی تاویل سوائے حق عزوجل کے کوئی نہین جانتا ہی فافہم۔ قال تعالی۔ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ فِيْهِ ۛ۔ یہ کتاب ہی اسمین کچھ شک نہین ہی ف۔ ایسی کوئی بات نہین جسمین ریب کو گنجایش ہو کیونکہ صدق مین سوائے طمانینت کے دغدغہ نہین ہوتا ہی چنانچہ حدیث صحیح مین ہی کہ صدق تو طمانینت ہی اور کذب ریب ہی۔ حاصل یہ کہ یہ کتاب جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم تلاوت فرماتے ہین نے ریب معظم ہی کہ یہ اللہ تعالی کی طرف سے حق ہی اسمین کچھ شک نہین ہی۔ اور واضح ہو کہ ریب کبھی تہمت و حاجت کے معنون مین بھی آتا ہی لیکن یہان ریب کے معنے شک ہین اور یہی حضرت ابن مسعود و ابن عباس و ابوالدرداء و مجاہد و سعید بن جبیر و ابو مالک و نافع و عطاء و ابو العالیہ و ربیع بن انس و مقاتل بن حیان و سدی و قتادہ و اسمعیل بن ابی خالد سے مروی ہی حتی کہ امام ابن ابی حاتم نے کہا کہ مین نہین جانتا کہ اسمین کوئی روایت اسکے خلاف ہو سع۔ پھر لا ریب فیہ کے معنے یہ ہین کہ اسکے صدق مین کچھ شک مت کرو یا تمکو شک نکرنا چاہیے گویا اعجاز کلام مین دو صورتون مین انحصار فرمایا اول یہ کہ تمکو نور عقل و فطرت سے اپنے رب عزوجل کا کلام پہچان کر کچھ شک نکرنا چاہیے اور اسکے معارف و ہدایت پہچاننا چاہیے تاکہ کمال حاصل ہو چنانچہ دوسرے رکوع مین اللہ کا بیان فرمایا پھر تیسرے رکوع مین دوسری شق بیان فرمائی بقولہ تعالی۔ وان کنتم فی ریب مما نزلنا علی عبدنا الآیہ۔ یعنی حق تو یہ ہی کہ تمکو شک نکرنا چاہیے پس اوسکے ارشاد ہدایت سے منور ہو جاؤ اور اگر دنیاوی کدورات و شیطانی غلبات سے تمکو اسمین شک ہو تو اسکا دفعیہ بہت آسان ہی کہ تم اسکے مثل ایک سورہ بنا لاؤ اور اوسکے بنانے پر اپنے معبودون وغیرہ کے ساتھ رہکے سب مجتمع ہو جاؤ حالانکہ کسیطرح نہین لا سکوگے تو جان لو کہ یہ اعجاز الٰہی ہی تو بھی شک بالکل نسیت ہو گیا پس شق اول کی تقدیر پر کہ اسمین کچھ شک نہین ہے ارشاد فرمایا۔

هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ

راہ بتاتی ہی طور والون کو جو یقین کرتے ہین بن دیکھا اور درست کرتے ہین نماز اور ہمارا دیا کچھ

يُنْفِقُوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ

خرچ کرتے ہین اور جو یقین کرتے ہین جو کچھ اوترا تجھ پر اور جو اوترا تجھ سے پہلے اور

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۭ اُولٰۗىِٕكَ عَلٰي هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۭ وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ

آخرت کو وہ یقین رکھتے ہین انھون نے پائی ہی راہ اپنے رب کی اور وہی مراد کو پہونچے

هدی للمتقین۔ یعنی یہ کتاب ہادی ہی ایسے بندون کے واسطے جو تقوی رکھتے ہین۔ ف۔ ہادی کے دو معنے آتے ہین جیسا کہ اہدنا الصراط المستقیم کی تفسیر مین گذرا یعنی اللہ تعالی کی ہدایت تو یہ ہی کہ مقصود تک پہونچا دیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یا قرآن کو ہادی کہنا رہنمائی کے معنے ہین غرضکہ جہان دل مین ایمان پیدا کر دینے کے معنے ہون تو وہ سوائے اللہ تعالے کے کسی سے ممکن نہین ہین اور جہان رہنمائی کے معنے ہون پس اگر اللہ تعالی نے فرمایا کہ مین نے رہنمائی کی تو یہ بھی معنے ہو سکتے ہین کہ مین نے رسول و کتاب بھیجے جیسے قولہ تعالی۔ اما ثمود فھدیناھم فاستحبوا العمی علی الھدی۔ یعنی ہمنے ثمود کو ہدایت کی مگر اونھون نے اندھے رہنے کو ہدایت سے پسند کیا۔ تو یہان ہدایت کے یہی معنی ہین کہ اللہ تعالے نے اونکے واسطے حضرت صالح علیہ السلام کو ہدایت کے لیے بھیجا کیونکہ اگر اونکے دل مین ہدایت پیدا کرنے کے معنے ہوتے تو اسکے بعد اندھے رہنے کے کچھ معنے نہ تھے اور اسی معنے مین فرمایا۔ انک لا تھدی من احببت

یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا کہ تو جسکو پسند کرے اوسکو ہدایت نہین کرسکتا۔ حالانکہ راہ کی نصیحت کرنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان تھی تو رہنمائی کی نفی نہین ہی بلکہ یہ معنے ہین کہ تو جسکو چاہے اوسکے دل مین ہدایت پیدا نہین کرسکتا بلکہ یہ اللہ تعالی کی شان ہی پس یہان رہنمائی کے معنے یہ ہین کہ یہ کتاب حق ایسے بندون کے واسطے رہنمائی کرنے والی ہی جو متقی ہین یعنے اللہ تعالی نے اونکی تقدیر مین متقی ہوجانے کو لکھا ہی اور واضح ہو کہ تقوی کا کمتر درجہ یہ ہی کہ شرک سے بچے اور فرائض کی فرمانبرداری کرے لہذا ابن عباسؓ نے کہا کہ متقین یہی مومنون ہین جو شرک سے بچتے اور طاعت الہی پر عمل کرتے ہین اور دوسری روایت مین کہا کہ امور ہدایت ترک کرنے مین عذاب الہی سے ڈرتے ہین پھر تقوی کے مراتب بلند ہوتے جاتے ہین۔ اسی واسطے حسن بصری نے کہا کہ متقین وہ ہین جو حرام سے بچے اور فرائض ادا کیے اور اعلی درجہ یہ ہی کہ ایسا مباح چھوڑدے جسکی نسبت شرع مین کہا جاوے کہ اسمین کچھ مضائقہ نہین بخوف ایسی چیز کے کہ اوسمین مضائقہ ہو۔ چنانچہ ترمذی کی حدیث عطیۃ السعدی رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندہ اس درجہ کو کہ متقین مین شمار ہو نہین پہونچتا یہانتک کہ ایسی چیز چھوڑدے جسمین مضائقہ نہین بخوف ایسی چیز کے جسمین مضائقہ ہی۔ (رواہ ابن ماجۃ) مترجم کہتا ہی کہ شرع مین حرام و مکروہ تحریمی تو ظاہر ہی اور بعض چیزون کی نسبت کہا گیا کہ اسکے استعمال مین مضائقہ نہین ہی تو اس سے ایک اشارہ نکلتا ہی کہ اسمین کچھ مضائقہ کا خوف ہی پس متقی کو چاہیے کہ اسکو ترک کرے اسی طرح فرض و واجب و سنت تو صاف ظاہر ہین اور بعضے اعمال خیر بھی اسی قسم کے ہین جنکی نسبت کہا گیا کہ کچھ مضائقہ نہین مثلاً علمان کے درمیان اوسکے جائز یا ناجائز ہونے مین اختلاف ہو تو متقی کو چاہیے کہ اس کام کو چھوڑکر اسوقت مین کوئی سنت یا مستحب ادا کرے مثلاً محفل عرس کو ایک جماعت علماء منع کرتے ہین لیکن صوفیون نے اسکو منعقد کرنا شروع کیا ہی حالانکہ سلف صالحین مین اسکا وجود نہین تھا پس متقی کو چاہیے کہ اسوقت ظہار سے بیٹھکر درود شریف پڑھے کہ بلا خلاف سب کے نزدیک اوسکی فضیلت بہت زائد ہی اور اسی طرح دیگر امور کو قیاس کرنا چاہیے۔ اور معاذ بن جبلؓ سے روایت ہی کہ قیامت مین لوگ ایک میدان مین جمع کیے جاینگے پھر ایک منادی پکاریگا کہ متقین کہان ہین پس یہ لوگ سایۂ الہی مین بلا حجاب لے لیے جاینگے یعنے انکے واسطے کچھ حجاب نہو گا اور فرمایا کہ متقی وہ قوم ہی جو شرک و بت پرستی سے بچے اور خالص اللہ تعالی ہی کے واسطے عبادت اوائی پس یہ لوگ سایۂ الہی مین جنت کو چلے جاینگے (رواہ ابن ابی حاتم) مترجم کہتا ہی کہ خالص عبادت سے ریا وغیرہ بھی خارج ہوگیا اور واضح ہو کہ اللہ تعالی نے انبیاء کا درجہ الگ رکھا اور امت کا درجہ الگ رکھا ہی پس صالحین امت مین جو کامل تقوی پر پہونچا وہ مرتبہ صدیق تک پہونچا اور صدیقین مین جو کامل ہو وہ نبوت کے قدم تک پہونچا لیکن نبوت کی حد مین داخل نہو گا مگر اپنے پیغمبر علیہ السلام سے متصل ہو گا اسی واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا درجہ چونکہ تمام انبیاء سے افضل ہی اور آپ کے اصحاب حضرت ابوبکر صدیق اکبر اور دیگر اصحاب صدیقین جو آپ کے ساتھ ہونگے وہ درجہ مین بہت اعلی مقام پر ہونگے اگرچہ وہ پیغمبر نہین ہین اسیواسطے بعضے انبیاے سابقین جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے یہ فضائل دیکھتے تھے تو آپکی امتی ہونے کی آرزو کرتے تھے اور سب مدارج آپ کے امتیون کو آپکی برکت اتباع و ہدایت قرآنی سے حاصل ہوئے کہ وہ لوگ متقین کے درجہ تک پہونچے چنانچہ قرآن مین فرمایا۔ ولکن البر من آمن باللہ الآیہ یعنے نیکوکار ایسا شخص ہی جو اللہ تعالی و ملائکہ و کتاب الہی و انبیاء علیہم السلام پر ایمان لاتا ہی اور اللہ تعالی کی محبت پر قرابتیون و یتیمون و مسکینون و مفلس مسافرون و سائلون کو مال دیتا ہی اور گردنین چھوڑانے مین خرچ کرتا ہی اور نماز ٹھیک ادا کرتا اور زکوۃ دیتا ہی اور یہ نیکوکار جب کسی سے عہد کرتے ہین تو پورا کرتے ہین اور حالت سختی و ضرر و حالت جہاد مین صابر رہتے ہین ایسے ہی بندے اللہ تعالی کے معاملہ مین سچے اور یہی متقین ہین۔ اس آیت سے متقین کی پوری صفت معلوم ہوگئی۔ اور شیخ ابن کثیر وغیرہ نے لکھا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابی بن کعب سے پوچھا کہ تقوی کیونکر ہی۔ ابی بن کعب نے کہا

کہ جیسے خار دار راستہ مین چلیے تو یہی کیجیے گا کہ دامن سمیٹ کر کوشش کے ساتھ نکل جائے پس یہی تقوی ہی اور بعض نے یہی معنے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیے اور ابو الدرداء رضی اللہ عنہ نے کہا کہ تمام تقوی یہ ہی کہ بندہ اپنے اللہ تعالے سے خوف حجاب سے بچے اگرچہ ایک ذرہ برابر ہو حتی کہ بعض ایسی چیزین ترک کرے جنکو حلال دیکھتا ہی مگر وہ شبہ حرام کی وجہ سے خوف کرے کہ شاید اوسکے اور اللہ تعالے کے درمیان حجاب ہو اور یہی معنے ایک جماعت صلحاء تابعین سے مروی ہین پس حاصل یہ ہوا کہ یہ کتاب جلیل ایسے بندون کے واسطے رہنمائی فرماتی ہی کہ جو صفت تقوی سے موصوف ہونا چاہتے ہین اور اللہ تعالی نے ایسے بندون کے بعض اوصاف ذکر فرمائے کہ **الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِالْغَيْبِ** یعنے ایسے بندے ہین کہ غیب پر یقین لاتے ہین۔ **ف** غیب اوس چیز کو بولتے ہین جو تیری نظر سے غائب ہو اور یہ بات بلحاظ آدمیون کے مختلف ہوتی ہی چنانچہ امت کے واسطے اللہ تعالی و ملائکہ و کتابون و رسولون و روز قیامت و تقدیر الہی و عذاب قبر و دوزخ و جنت و بعث و حشر و صراط و میزان ان سب پر ایمان بالغیب ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب معراج شریف مین دوزخ و جنت و طوبی و حور و قصور وغیرہ کو دیکھ لیا تو اوسوقت آپ کے واسطے یہ غیب نہین رہا اسی طرح جب اللہ تعالی نے آپکو انکشافات عطا فرمایا اور آپ نے اوسکی خبر دی تو وہ آپ کے واسطے معائنہ ہی اور ہم لوگون کے واسطے غیب ہی جیسے بعضی احادیث مین وارد ہی کہ قریب وفات شریفہ کے آپنے مدینہ منورہ کے بعض ٹیکرون سے صحابہ رضی اللہ عنہم کے واسطے بلا و فتنہ کی خبر فرمائی چنانچہ بعد آپ کے لشکر یزید وغیرہ کے فتنہ واقع ہوئے لیکن جس امر کو اللہ تعالی نے مخفی رکھا تو وہ غیب ہی اسیواسطے قطعی آیات و نصوص مین وارد ہی کہ سوائے اللہ تعالی کے غیب کوئی نہین جانتا ہی اور یہی بالاجماع اہل سنت والجماعۃ کا اعتقاد ہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ حضرت ابو العالیہ سے روایت ہی کہ اللہ تعالی و ملائکہ و کتابون و رسولون و روز آخرت و جنت و دوزخ و حشر یہ سب غیب ہی اور اسپر ایمان لاتے ہین۔ اور یہی حضرت قتادہ سے مروی ہی اور ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم نے اسکو بطور اجمال فرمایا کہ حال جنت و دوزخ وغیرہ جو قرآن مین مذکور اور بندون کی نظر سے غائب ہی وہ سب غیب ہی۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک بار فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ظاہر تھی اور قسم اوس ذات کی جسکے قبضہ مین میری جان ہی کہ غیب سے بہتر ایمان نہین ہی پھر یہی آیت پڑھی الذین یومنون بالغیب آخر تک (رواہ ابن ابی حاتم و ابن مردویہ والحاکم) مترجم کہتا ہی کہ یہ صریح دلیل ہی کہ جن بندون کو اللہ تعالی نے یقین صادق عطا فرمایا اور وہ کشف کے خواہشمند نہین ہین تو اونکے واسطے ثواب زیادہ ہی کیونکہ جنھون نے کشف کی خواہش کی تو اول یہ خوف ہی کہ شاید اس خواہش نفس کی شامت سے شیطانی دخل ہو تو بربادی ہی اور اگر یہ کشف صحیح ہوا تو بھی ایمان غیب کا ثواب جاتا رہا پھر اگر دیکھا جائے کہ اس غیب کا کیا فائدہ ہی تو سوائے اسکے کچھ نہین ہی کہ یقین مین ترازل نہین ہوتا لیکن یقین پیدا کرنا اللہ تعالی ہی کے قبضہ قدرت مین ہی تو معلوم ہوا کہ جن بندون کے دل مین حق سبحانہ تعالے نے بغیر اس کشف کے یقین پیدا فرمایا تو اون کو افضل عطا فرمایا پس چاہیے کہ بندہ اسی کی خواہش کرے اور کشف ناقص کی خواہش نہ کرے ہان اگر بلا خواہش کوئی امر مکشوف ہو تو مضائقہ نہین۔ امام ابن کثیر رح نے ابو جمعہ رض سے روایت کی کہ ہم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صبح کے کھانے مین شریک تھے اور ابو عبیدہ رضی اللہ عنہ بھی ہمارے ساتھ تھے تو عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا ہم سے بھی کوئی بہتر ہین کہ ہم آپ کے ساتھ ایمان لائے اور آپ کے ساتھ جہاد کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہان ایک قوم ہی جو تمھارے بعد آویگی کہ وہ بجز ایمان لاوینگے حالانکہ اونھون نے مجکو نہین دیکھا (رواہ احمد) صالح بن جبیر رح نے کہا کہ ہمارے یہان ابو جمعۃ الانصاری رضی اللہ عنہ تشریف لائے کہ بیت المقدس مین نماز پڑھا کرتے اور اس زمانہ مین رجاء بن حیوہ رضی اللہ عنہ ہمارے یہان تھے پس جب ابو جمعہ بیت المقدس سے نماز پڑھکر نکلے تو ہم لوگ اونکے ساتھ ہو گئے پھر جب آپ نے اپنی منزل کیجانب پھرنا چاہا تو ہم لوگون سے فرمایا کہ تم لوگ جائزہ کے مستحق ہوئے اور تمھارا حق لازم آیا پس مین تمسے ایک حدیث بیان کرتا ہون جو مین نے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی پس ہمنے نہایت خوش ہوکر التجا کی کہ وہ عطا ہو تو فرمایا کہ ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دس آدمی تھے جنمین ایک معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ تھے پس ہمنے عرض کیا کہ یارسول اللہ ہمسے بڑھکر کسی قوم کو ثواب ملیگا کہ ہم لوگ اللہ تعالی پر ایمان لائے اور آپکی اتباع ہمکو نصیب ہوئی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی کا رسول تمہارے درمیان موجود ہی اور آسمان سے وحی آتی ہی تو تمکو کون چیز مانع ہی بلکہ تمہارے بعد ایک قوم آئیگی اونکو کتاب الٰہی دو دفتیون کے بیچ مین ملے گی کہ وہ اوسپر ایمان لاوینگے اور جو کچھ اوسمین احکام ہین اوسپر عمل کرینگے تو اونکے واسطے دونا ثواب ہی (رواہ ابن مردویہ) مترجم کہتا ہی کہ سبحان اللہ اس حدیث شریف مین ہم ناچیز لوگون کے واسطے اسکو ایمان بالغیب قرار دیکر دونا ثواب عطا ہوا لیکن یہ بات ظاہر ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دیدار کی فضیلت اور وہ نور عظیم جو آسمان و زمین کی وسعت سے بڑھکر تھا ہم لوگون کو نصیب نہین ہوا کیونکہ اللہ جل شانہ نے اپنے علم قدیم سے یہ لیاقت خاص صحابہ رضی اللہ عنہم کے واسطے مخصوص فرمائی تھی اور وہ اپنی مخلوق کا علیم ہی حتی کہ حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر آخر تک تمام آدمیون مین سے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اپنے حبیب افضل مرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی صحابت کے واسطے خاص فرمایا اور تعالی۔ وکنتم خیر امۃ الآیۃ سے ہمکو آگاہ کیا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم تمام امم بنی آدم سے افضل ہین اور کیونکر نہ ہوگا اسواسطے کہ افضل المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بھی افضل امم ہونا چاہیے لیکن ہم لوگون کو جان سے امیدوار ہین کہ آپکے اصحاب رضی اللہ عنہم کا دیدار ہمکو نصیب ہوئے تو اسکے واسطے ہمکو اس ایمان بالغیب پر دوچند ثواب عطا فرمایا اور اسکے ساتھ یہ بشارت بھی عنایت ہوئی کہ جو شخص کسی قوم کو محبوب رکھے یعنے ظاہر و باطن اوسکا محب ہو اسطرح کہ اونکے قدم بقدم چلنے کی کوشش کرے اگرچہ اوسکو یہ قوت حاصل نہ ہوگی لیکن حق عزوجل اپنے فضل عظیم سے اونکی معیت عطا فرماویگا چنانچہ حدیث صحیح مین یہ بشارت مصرح ہی تو ہمارے واسطے اس فضل عظیم کو دوچند ثواب سے ملاکر اس لائق فرمایا کہ انشاء اللہ تعالی اونکی معیت نصیب ہو کیونکہ جسقدر ہمارا ثواب ہو وہی دوچند ہوگا حالانکہ ہمارے ثواب مین اور اونکے ثواب مین زمین و آسمان کا تفاوت ہی پس اس بشارت کے معنے سمجھ مین آئے اور یہ وہم شیطانی بھی دور ہوگیا کہ وہ چند ثواب افضل ہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ دوچند ثواب کی روایت حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص و حضرت عمر بن الخطاب و حضرت انس رضی اللہ عنہم سے بھی مروی ہی۔ اور بدیلہ بنت اسلم رضی اللہ عنہا سے روایت ہی کہ مین نے ظہر یا عصر کی نماز مسجد بنی حارثہ مین پڑھی اور اوس زمانہ مین قبلہ بجانب بیت المقدس تھا پس ہمنے ہنوز دو رکعتین پڑھی تھین کہ اتنے مین ایک شخص نے پکارا کہ آگاہ ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جانب خانہ کعبہ استقبال کا حکم ہوا کہ آپ نے جانب خانہ کعبہ نماز پڑھی پس ہم لوگون کی صفین فوراً جانب کعبہ پھر گئین حتی کہ مردون کی جگہ عورتین اور عورتون کی جگہ مرد ہوگئے پس باقی دونون رکعتین ہمنے جانب کعبہ پڑھین پس جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر پہونچی تو آپ نے بشارت فرمائی کہ بیشک یہ وہ لوگ ہین جو غیب پر ایمان لائے (رواہ ابن ابی حاتم) ع۔ اور واضح ہو کہ ایمان بالغیب مقبول ہی اور موت کے وقت جب غرغرہ پر دم آویگا کہ اوسوقت آخرت کا انکشاف ہو جائیگا تو اوسوقت ہر کافر و مومن دیکھ لیتا ہی پس وہ ایمان قبول نہین ہی اور یہ حکمت الٰہی عزوجل ہی اور اسمین ہمارے واسطے یہ بھید کافی ہی کہ اپنے خالق عزوجل کی بندگی سے منحرف نہون کیونکہ جو غیر دیکھے نہین مانتا وہ خالق عزوجل کو نہین پہچانتا اور یہ امر ظاہر ہی کہ ہر ایک چیز کا دیکھنا اوسکی لیاقت پر موقوف ہی چنانچہ اگر کوئی اندھا پیدا کیا جائے اور اوسکو علمی عارف کا وعدہ دیا جائے مگر وہ نہ مانے اور کہے کہ جبتک مین اسکو نہ دیکھون نہ مانونگا تو بیشک وہ جاہل گمراہ رہیگا اور اگر اوسنے ابتدا مین مان لیا تو انتہا مین خود پہچان جائیگا اسیطرح اہل ایمان کا حال ہی کہ وہ رب عزوجل کی کتاب پاک پر اور اوسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد حق پر ایمان بالغیب لاتے ہین۔ وَيُقِيمُونَ الصَّلٰوةَ اور نماز کو قائم کرتے ہین۔ ف

یعنی نماز کو اوسکے فرائض کے ساتھ ادا کرتے ہین ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ نماز کی اقامت یہ ہی کہ اوسکا رکوع پورا کرے اور سجدہ پورا کرے اور اچھی طرح تلاوت کرے اور خشوع و خضوع کے ساتھ نماز مین متوجہ رہے ۔ قتادہ رح نے پڑھا یا کہ اوسکے اوقات اور وضو کی حفاظت رکھے ۔ اور مقاتل بن حیان نے زیادہ کیا کہ التحیات و درود بھی پڑھے ۔ ع ۔ پس متقین کی صفت مین اول ایمان بالغیب ہی اور اوسکے موافق اعمال صالحہ ازانجملہ اقامت نماز ہی لہذا حدیث مین وارد ہوا کہ اسلام و کفر کے درمیان مین نماز فارق ہی (کما فی الصحیح) اور بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب رضی اللہ عنہم کسی عمل کا ترک کرنا کفر نہین جانتے تھے سوائے نماز کے (الصحیح) اور یہ انتہا درجہ کی تاکید ہی کہ جیسے نماز ترک کی گویا وہ کافر ہوا اور اللہ تعالی نے نماز کے ساتھ زکوۃ کو ملایا بقولہ تعالی ۔ وَمِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنفِقُونَ ۔ اور جو کچھ ہمنے اونکو رزق دیا اوسمین سے خرچ کرتے ہین ۔ ف ۔ چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم پر ابتدا سے زکوۃ مفروض ہوئی لیکن اوسکی کوئی مقدار مفروض نہین تھی حتی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کو ہجرت فرمائی تو بھی ابتدا مین آدمی کے خرچ سے جو کچھ فاضل ہو سب صدقہ کر دینا واجب تھا گویا جان و مال دونون کے تعلق سے اونکو منقطع فرمایا اور جہاد اونپر مفروض کر دیا پھر ہجرت کے دوسرے سال تخفیف فرماکر زکوۃ کی مقدار معین فرمائی مثلاً دو سو درم مین سے پانچ درم ہین لیکن سوائے زکوۃ کے مومن پر اوسکی ذات و زوجہ و اولاد کا نفقہ واجب ہی لہذا آیت کی تفسیر مین ابن عباس رض نے کہا کہ مراد یہ کہ اپنے مالون کی زکوۃ دیتے ہین ۔ اور حضرت ابن مسعود و ابن عباس و دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا کہ اپنی زوجہ و اولاد کو نفقہ دیتے ہین ۔ قتادہ رح نے فرمایا کہ اے لوگو یہ اموال تمہارے ہاتھون مین عاریۃ و ودیعت ہین عنقریب تمکو چھوڑ جاوگے پس چاہیے کہ انکو اللہ تعالی کی راہ مین خرچ کرو ۔ شیخ ابن جریر رح نے کہا کہ اللہ تعالی نے متقین کی مدح فرمائی کہ اونکے اموال مین جو حقوق شرعی لازم ہوتے ہین وہ اونکو ادا کرتے ہین خواہ زکوۃ ہو یا نفقہ اہل و عیال ہو کیونکہ جو خرچ شرع مین پسندیدہ ہی وہ لائق مدح ہی مترجم کہتا ہی کہ اسیواسطے حدیث مین فرمایا کہ جسنے دیا تو اللہ تعالی ہی کے واسطے دیا اور روکا تو اللہ تعالی ہی کے واسطے روکا تو اوسنے ایمان پورا کر لیا (کما فی حدیث ابن ماجہ) یعنے اللہ تعالی نے اموال کو بھی امتحان قرار دیا ہی حتی کہ حرام طریقے سے مال حاصل کرنا معصیت ہی اور اگر مال حرام سے ثواب کی نیت کر کے صدقہ دے تو فقہا نے اسکو کفر لکھا ہی پس شرعی طور پر حلال مال حاصل کرنا چاہیے تاکہ زوجہ و اولاد وغیرہ کا نفقہ واجب ادا کرے تو اسکے حاصل کرنے مین تجارت وغیرہ جس ذریعے سے کمائی و محنت اوٹھاوے وہ اوسکے واسطے طاعت و ثواب ہی پھر جو کچھ اپنی ذات پر خرچ کرے وہ صدقہ ہی اور جو کچھ زوجہ و اہل عیال کو کھلاوے وہ بھی نیکی ہی ہے صدقہ ہی چنانچہ صحیحین وغیرہ کی حدیث سعد بن ابی وقاص وغیرہ رضی اللہ عنہم مین مصرح ہی جنکا بیان انشاء اللہ تعالی اپنے موقع پر آویگا ۔ پھر زکوۃ و نفقات واجبہ مین زوجہ واجب فرض کا ثواب ہی پھر اسکے بعد اگر ممکن ہوا اور اوسنے محتاج اقارب یا اجانب کے ساتھ سلوک کیا تو درجہ مستحب کا ثواب ہی اور اگر اوسنے مال کو موموم شرعی کاموں مین صرف کیا جیسے گانے بجانے والون یا بیہودہ شاعرون کو دیا یا مذموم رسوم شادی و میت مین صرف کیا تو گناہ و اسراف ہی اور مسرف کو اللہ تعالی نے اخوان الشیاطین فرمایا ہی پس اہل ایمان کی صفت یہ ہی کہ اپنی جان کو باطنی اعتقادات حق و ایمان سے منور کرتے اور ظاہری جسم کو خوبی نماز مین صرف کرتے ہین اور مال کو موافق حکم الہی کے حقوق واجبہ و مستحبہ مین خرچ کرتے اور شرعی ممنوعات سے روکتے ہین چنانچہ اونکی بزرگی شان کے واسطے اللہ تعالے نے مکرر مدح فرمائی بقولہ تعالی ۔ وَالَّذِينَ يُؤْمِنُونَ بِمَا أُنزِلَ إِلَيْكَ وَمَا أُنزِلَ مِن قَبْلِكَ ۔ اور ایسے بندے ہین کہ یقین لاتے ہین اوس چیز کے ساتھ جو تیرے جانب نازل کی گئی اور جو تجھسے پہلے نازل کی گئی ف پس یہود و نصاری خارج ہو گئے جو دعوی کرتے تھے کہ ہم بھی ایمان لائے اور نماز پڑھتے و زکوۃ دیتے ہین کیونکہ یہودیون نے

تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام و انجیل ہی سے انکار کیا اور نصرانیون نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار کیا تو یہ دونون خارج ہوئے اور ایسے بندے اس مدح کے لائق ہین جو قرآن مجید پر ایمان لائے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اوتارا گیا اور اگلی آسمانی کتابون پر بھی مع کل پیغمبرون کے ایمان لائے اور یہ نہین کیا کہ بعض پر ایمان لاوین اور بعض سے کفر کرین لہذا علماء رحمہم اللہ نے فرمایا کہ آسمانی کتابون کی کوئی تعداد مقرر نکرے کیونکہ یہ امر تحقیقاً نہین معلوم کہ اللہ تعالیٰ نے کس قدر پیغمبر اور کتنے صحائف و کتب نازل فرمائی ہین بلکہ یون کہے کہ اللہ تعالیٰ نے جو کوئی پیغمبر سابق ہین بھیجا جنمین سے حضرت آدم و نوح و ابراہیم وغیرہ علیہم السلام قرآن مین مذکور ہین اور جو نہین مذکور ہین اور جو کچھ اونپر نازل فرمایا ہم سب پر ایمان لائے۔ وَبِالْآخِرَةِ هُمْ يُوقِنُونَ ۔ اور آخرت کے ساتھ یقین رکھتے ہین ف اور آخرت کو مقدم کرنا اشارہ ہی کہ آخرت اونکو اسقدر محبوب ہی کہ گویا آخرت ہی پر یقین کرتے ہین۔ اسیواسطے احادیث و روایات مین وارد ہوا کہ دنیا مومن کے واسطے قید خانہ اور کافر کے واسطے جنت ہی۔ اور کچھ شک نہین متواتر مشہور ثبوت ہوا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کو موت و آخرت نہایت محبوب و مرغوب تھی۔ أُولَٰئِكَ عَلَىٰ هُدًى مِّن رَّبِّهِمْ ۖ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ ایسے ہی بندے اپنے رب کی جانب سے ہدایت پر ہین اور ایسے ہی بندے تو فلاح پانے والے ہین۔ ف ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اپنے رب کی جانب سے ہدایت پر ہین یعنی ایکدم اور استقامت پر ہین اور فلاح سے یہ مراد ہی کہ ہر خیر و خوبی جو چاہی تھی پائی اور ہر بدی و برائی جس سے بھاگے تھے نجات پائی۔ اور واضح ہو کہ اہل کتاب یہود و نصاریٰ مین سے بھی جو لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اونکے واسطے دوچند ثواب ہی۔ چنانچہ صحیحین کی حدیث ابو موسیٰ مین مصرح ہی پس یہ فضیلت عبد اللہ بن سلام و اصحاب نجاشی و تمیم داری و قسطنطین رومی وغیرہم کو حاصل ہی لیکن باہم صحابہ رضی اللہ عنہم مین اس مقام پر نسبت یہ ہی کہ حضرت ابو بکر صدیق و باقی عشرۂ مبشرہ و بعض دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم جو اشراف قریش ہین علم کتاب و نبوت سے واقف تھے اور یہود و نصاریٰ مین سے جو ایمان لائے وہ پہلے سے حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کی صریح بشارات سے آگاہ تھے اور نبوت کے معنے جانتے تھے پس ہر طرح سے انکو سب سے پہلے ایمان لانا چاہیے تھا لیکن حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہم مقدم ہوئے تو اونکے درجات مین بے انتہا فرق ہو گیا اور اسی پر صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کا اجماع ہی اور واضح ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جو بشارات کہ توریت و انجیل مین مع تفصیلی بیانات حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کے یہود و نصاریٰ کے پاس متواتر مشہور موجود تھے حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم کے حلیہ مبارک و حالات مصرح موجود تھے انکا بیان قولہ تعالیٰ۔ الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندہم فی التورۃ والانجیل الآیۃ۔ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالیٰ آویگا۔ اور فضائل و مسائل نماز و زکوٰۃ اپنے اپنے موقع پر آوینگے اور قولہ تعالیٰ۔ فخلف من بعدہم خلف اضاعوا الصلوٰۃ واتبعوا الشہوات الآیۃ۔ کی تفسیر مین آویگا۔ اور واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے جن بندون کے دل مین ایمان پیدا فرمایا اور اونھون نے اپنے رب عزوجل کی الوہیت کا یقین کیا تو وہ مومن ہین اور جنکے دلون نے انکار کیا وہ کافر ہین پھر مومنین جیسے اللہ تعالیٰ پر ایمان لائے اوسی طرح اوسکے احکام بجالاتے ہین لیکن اعمال ادا کرنے سے پہلے بھی وہ مومن ہین کیونکہ ایمان تو یقین جاننا اور دل سے ماننا معتبر ہی کیونکہ خالی جاننا بہت سے علماء یہود و نصاریٰ مین موجود تھا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حق جانتے تھے لیکن انکے قلوب دار آخرت کے یقین سے سخت ہو گئے تھے اور دنیا کی جانب انکا میلان زیادہ تھا پس دنیاوی لالچ و سلطنت وغیرہ کی ہوس مین مانتے نہین تھے پس جسنے حق جانا اور دل سے مانا وہ مومن ہوا پھر جب تک یہ یقین باقی ہر تب تک وہ کسی عمل کی وجہ سے کافر نہوگا اگرچہ کسی بھائی مومن کو عمداً قتل کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ

فرمایا۔ یا ایہا الذین آمنوا کتب علیکم القصاص فی القتلی۔ یعنی مومنون مین قاتل پر قصاص کا حکم دیا اور قصاص تو جب ہی واجب ہوتا ہی جب عمداً قتل کرے تو قاتل ہنوز مومن رہا چنانچہ اسکا بیان آویگا۔ اور اسی طرح قولہ تعالی۔ وان طائفتان من المومنین اقتتلوا الآیۃ۔ یعنی اگر مومنون مین سے دو گروہ باہم قتال کرین۔ ھر۔ تو معلوم ہوا کہ مقاتلہ سے ایمان خارج نہین ہوتا کیونکہ ایمان تو دلی تصدیق ہی بدلیل قولہ تعالی اولئک کتب فی قلوبہم الایمان۔ یعنی اسی صفت کے لوگ ہین جنکے دلون مین اللہ تعالی نے ایمان جمایا ہی۔ تو معلوم ہوا کہ ایمان کا محل دل ہی اور اسی طرح قولہ تعالی۔ وقلبہ مطمئن بالایمان۔ یعنی دل اسکا دل بایمان مطمئن ہی۔ وقولہ تعالی وقالت الاعراب آمنا الی قولہ ولما یدخل الایمان فی قلوبکم۔ یعنی اعراب نے کہا کہ ہم ایمان لائے تو کہدے کہ تم ایمان نہین لائے ولیکن کہو کہ ہم اسلام لائے اور ایمان ابھی تمھارے دلون مین نہین آیا ہی۔ وقولہ تعالی۔ ولم تؤمن قلوبہم۔ اور اس بارہ مین نصوص بہت ہین۔ اور قولہ تعالی۔ اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوۃ فیہا مصباح الآیۃ۔ کی تفسیر مین بھی آویگا کہ قلب مین یہ شمع روشن ایمان ہی پھر جب وہ سینے اعمال صالحہ کیے تو انوار بڑھتے جاتے ہین حتی کہ وہ کمال پر پہونچتا ہی پس کمی وبیشی ازراہ اعمال ہوتی ہی ورنہ نفس ایمان مین اگر کمی ہو تو وہ نفاق یا کفر ہو جاوے اسیواسطے امام شافعی رح وایک جماعت علماء نے سلف صالحین کا اجماع نقل کیا کہ ایمان قول وعمل ہی اور کم وبیش ہوتا ہی۔ اور امام بخاری رح نے ایک ہزار سے زائد علماء سے یہی نقل کیا تو معلوم ہوا کہ کمی بیشی ازراہ قول وعمل ہی۔ اور امام ابوحنیفہ وغیرہ کے نزدیک نفس ایمان مین کمی بیشی نہین ہوتی ہی پس درحقیقت کوئی اختلاف نہین ہی جیسا کہ امام غزالی وغیرہ محققین نے بیان کیا ہی۔ اور یہ جو امام نووی وغیرہ نے کہا کہ مختار یہ ہی کہ نفس تصدیق مین بھی قوت وضعف ہوتا ہی تو اسکا جواب یہ ہی کہ یہ کمی وبیشی نہین ہی بلکہ دل مین جمنے کی کیفیت ہی کیونکہ جسقدر اعمال صالحہ سے جسم کے تمام اعضا مین نورانیت ساری ہوگی اوسیقدر ظلمات نفس کی تاریکی مٹ جائیگی تو کوئی روک نہین رہیگی اور اگر اعمال صالحہ مین کمی ہوئی اور غفلت ومعصیت چھائی تو نور ایمان مستور ہو جائیگا لہذا اوسکی کیفیت مین خلل ہوگا اور اسواسطے کہا گیا کہ اگر نفس تصدیق ہی مین خلل ہو تو اسکو نفاق کہتے ہین پس ایمان مین خلل نہین ہو سکتا۔ ف بعض اشارات عرائس مین ہی کہ قولہ (الذین یؤمنون بالغیب) یعنی جو چیزین گوشت وپوست کی بینائی سے غائب ہین وہ بینائی روح سے اونکے دل پر منکشف ہین اور روح کو وہ غیب جب ہی حاصل ہوتا ہی کہ لطف الٰہی سے آیات الوہیت ظاہر ہون یعنی ابتدا مین آیات وحدانیت سے انکشاف ہوتا ہی جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو تغیرات شمس وقمر سے ان لوگون کا مجعور مخلوق ہونا ظاہر ہوا اور توجہ حق عزوجل کی ہدایت ہوئی پھر ان حواس ظاہری وباطنی کو جو متعلق بمادہ ہین آیندہ قدرت نہین ہوتی حتی کہ مراتب مشاہدہ مین اللہ تعالے روح کے حواس کھولتا ہی جس سے بندہ امور غیبی کی تصدیق کرتا ہی تو وہ میدان غیب مین شاہدہ کرتا ہی اور مرتبہ حق الیقین مین نور قدسی اوسکا قرۃ العین ہو جاتا ہی لیکن حقیقت یقین جب ہی حاصل ہوتی ہی کہ سر باطن بالکل استدلال سے پاک ہو جاوے کہ اوسوقت نور فرقان ظہور کرتا ہی حتی کہ وہ حقائق اشیا پہچان کر نور قدس کو فرق کر لیتا ہی اور حبال مشہودہ مین عالم شواہد اوسکی نظر سے غائب ہو جاتا ہی اور وہ پردہاے غیب مین انوار نے پردگی سے سرفراز ہوتا ہی اور آفتاب اسرار طالع ہو کر برہان ومشاہدہ سے خالص کر لیتا ہی تو حق الغیب کی چمک ظاہر ہوتی ہی اور اوسوقت سر وغیب دلون متحد ہو جاتے ہین حتی کہ سر بعینہ غیب وغیب بعینہ سر ہو جاتا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ جیسے مولوی روم علیہ الرحمۃ نے اشارہ کیا کہ ؎ علم حق در علم صوفی گم شود ۔ این سخن کے باور مردم شود۔ بالجملہ لائق غیب غرق مشاہدہ ہو کر کسی وقت غائب نہین ہوتا۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ تجلیات سری ہین۔ اور حدیث مین بھی آیا کہ بندون کے واسطے حجاب نور ہی اگر ظہور ہو تو سب سوختہ ہو جاوین۔ اور طبرانی کی ایک روایت مین ستر حجاب ہین اور صحابہ رضی اللہ عنہم مین یہ مسئلہ مختلف تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے کل حجاب رفع ہو گئے یا ایک

باقی رہا اور یہی اظہر ہی واللہ تعالیٰ اعلم اور تمام بیان اپنے موقع پر آویگا اور دیگر انبیا علیہم السلام کے واسطے علی قدر مراتب حجاب ہین اور رہے اولیا تو ہر ولی زیر قدم نبی ہی شیخ واسطی نے فرمایا کہ اہل ایمان غیب پر ایمان لائے ہین پھر قیامت مین جب حق عزوجل معاینہ کرینگے تو ایمان و مشاہدہ کا تفاوت معلوم ہوگا۔ مترجم کہتا ہی کہ ایک حدیث مین بھی آیا کہ کشف حجاب کے وقت مومنین درخواست کرینگے کہ اب ہمکو سجدہ کی اجازت ہو تو ارشاد ہوگا کہ مین نے اس دار آخرت مین بندون کو مکلف نہین فرمایا ہی پس جس طرح تم سجدہ کر چکے وہ قبول ہوا (مسئلہ) کیا بعد موت کے علم زیادہ ہوتا ہی یا نہین۔ تو شیخ سمنانی رحمہ اللہ اس سے انکار کرتے تھے اور شیخ ابن العربی اقرار کرتے بحکم قولہ تعالیٰ — وعلمنٰہ من لدنا علما — بعض مشائخ نے کہا کہ قلب غیب ہو اور جن چیزون پر ایمان لایا وہ غیب ہین اور اللہ تعالیٰ غائب کرنے والا ہی پس جب غیب کو غیب سے اتصال ہوا تو خالق غیب پر ایمان حاصل ہوا۔ شیخ نے کہا کہ غیب پانچ گروہ ہین نفوس و ارواح و عقول و قلوب و اسرار انجملہ اہل نفوس اہل تخلفات ہین جنکو سائق قدرت موار و شہوت پر ہانک لیجاتا ہی اور وہ دنیا کی امیدین و خواہشین فانیات ہین جنکی انتہا جہنم کے درکات ہین اور معاملات عقل و روح اعمال صالحہ و عقائد حقہ ہین پس اصحاب عقول تو زاہد ہین جنکا مشرب طاعت و عبادت ہی اور اصحاب قلوب اہل محبت ہین جو ادب کے ساتھ وجد و حال مین قائم ہین اور اصحاب روح عارفین ہین جو مقام توحید کے مراقبہ و انس مین مشغول ہین۔ اور واضح ہو کہ جو اسلام کی شکل مین ولایت کے لمبے چوڑے دعوی کرتے ہین اور لن ترانیان بکتے ہین یہ بھی اصحاب نفوس ہین شیخ ابو یزید نے کہا کہ جس شخص کے ساتھ غیب سے چراغ ہدایت نہو وہ ایمان غیب سے محروم ہی قولہ تعالیٰ — (ویقیمون الصلوٰۃ) پس اوقات نماز کی نگہداشت و انتظار کرتے ہین تاکہ مشکک صفات سے مشام اسرار معطر ہون اور بارگاہ عزت مین اپنی محتاجی ظاہر کرنے کے لیئے آداب عبودیت کے ساتھ حاضر ہو۔ ابن عطا نے فرمایا کہ ان حدود و آداب کے ساتھ اپنے سر قلبی کی حفاظت کیجئے کہ عین حضوری مین سوائے اوسکی مناجات کے کوئی بات یاد نہ آوے — مین کہتا ہون کہ غزالی نے غافل کی مثال مین کہا کہ وہ بے ادب مستحق تکریم نہین بلکہ قابل ملامت ہی جو بادشاہ کے حضور مین باتین کرنے لگا اور بادشاہ اوسکی طرف متوجہ ہی پھر اوس بے ادب نے جو باتین کرنا چاہا ہی منہ پھیر کر مکان کی آرایش و اہل دربار کی صورتین و ہر ایک کی زیبائش دیکھنا شروع کیا اسیواسطے حدیث مین آیا کہ نمازی سے رحمت حق متوجہ ہوتی ہی مگر جب وہ دوسرے خیالات مین پڑ گیا تو اعراض فرماتی ہی۔ پھر اگر وہ متنبہ ہو کر متوجہ ہوا تو پھر رحمت کی توجہ ہوتی ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ رحمت حق عزوجل ہی ورنہ مخلوق بادشاہ تو قتل کرنے پر آمادہ ہو جاتا ہی۔ (ومما رزقناہم ینفقون) یہ لوگ رزق سے الگ ہوتے اور رزاق عزوجل کا تقرب چاہتے ہین کیونکہ جو شخص رزق کی محبت مین پھنسا وہ دور ہوا اور جسنے رازق عزوجل کو چاہا اوسکی سچائی کی پہچان یہ ہی کہ رزق کو چھوڑ دے اور جسنے رزق عطا فرمایا اوسکا تقرب بھی وسیلے ملا اور اسمین یہ بھی فائدہ ہی کہ رازق عزوجل کی صفت قدرت سے فوائد چاہتے ہین حتی کہ دوسرون کو دیتے ہین قولہ تعالیٰ (اولئک علی ہدی من ربہم الایۃ) یہ ہدایت انکو اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے حاصل ہوئی کہ معارضہ شیطان و نفس و ہوا تو اللہ تعالیٰ ہی کی عنایت سے یہ لوگ کروسواس نفس و شیطان سے نجات پاتے ہین اور اپنی مراد پہنچتے ہین یہ تو ایسے بندون کا بیان تھا جو دوزخ سے بچے اور جنت مین پہونچے اور اونکی صفت ایمان کامل و اعمال صالحہ ہی پھر انکے برعکس اہل جہنم کا حال بیان کیا

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝

وہ جو منکر ہوئے برابر ہی اونکو تو ڈرا وے یا نہ ڈرا وے وہ نہ مانینگے

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰى سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓى اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

مہر کردی اللہ نے اوکے دل پر اور اوکے کان پر اور اونکی آنکھوں پر ہی پردہ اور اونکو بڑی مار ہی

واضح ہو کہ کفر چار قسم ہی کفر انکار جو سرے سے اللہ تعالیٰ کو نہ پہچانے دوم کفر جحود جو جان بوجھکر منکر ہو جیسے ابلیس سوم کفر عناد جو پہچانے ومقر ہو مگر نمانے جیسے ابو طالب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صدق نبوت جانی واقرار کیا مگر ملامت کے خوف سے نمانی چہارم کفر نفاق چنانچہ منافقون کا بیان آگے آتا ہی اور اجماع ہی کہ جو شخص انمین سے کسی کفر پر مرے وہ اہل دوزخ مین سے ہی کہ اوسکے واسطے یہی دائمی مقام ہی اور اہل سنت سلف وخلف کا قطعی اعتقاد ہی کہ اللہ تعالیٰ نے جس مخلوق کو پیدا کیا اوسکے انجام مقدر سے آگاہ ہی کیونکہ جہل نجاتا اوسکی شان پاک مین محال ہی لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا کہ۔ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۔ جو لوگ کافر ہوے اونپر برابر ہی کہ تو اونکو ڈرا وے یا نہ ڈرا وے وہ ایمان نہین لاوینگے

ف شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ جن لوگون پر اللہ تعالیٰ نے کفر لکھا ہی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا انذار کرنا یعنی عذاب الٰہی سے ڈرانا اور نہ ڈرانا اونپر مساوی ہی یعنی وہی ایمان نہین لاوینگے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ ان الذین حقت علیہم کلمۃ ربک لایومنون ولو جاءتہم کل آیۃ حتی یروا العذاب الالیم ۔ یعنی جن لوگون پر تیرے رب کا کلمہ ٹھیک پڑا وہ ایمان نہین لاینگے اگرچہ ہر قسم کا معجزہ اونکے پاس آوے یہانتک کہ وہ لوگ عذاب الیم دیکھین ۔ اسیطرح معاندین یہود ونصاریٰ کے حق مین فرمایا ۔ ولئن اتیت الذین اوتوا الکتب بکل آیۃ ما تبعوا قبلتک ۔ یعنی اگر تو اہل کتاب کے پاس صدق نبوت کا ہر معجزہ لاوے تو بھی تیرے قبلہ کی پیروی نہونگے ۔ مترجم کہتا ہی کہ اہل کتاب کے یہان برابر چلا آتا تھا کہ پیغمبر آخر الزمان کے لیے بیت المقدس سے پھیر کر خانہ کعبہ کی طرف قبلہ مقرر ہوگا پس جب مدینہ منورہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے خانہ کعبہ کی جانب استقبال کا حکم ہوا تو یہ بھی یہود ونصاریٰ کے واسطے دلیل کامل تھی لیکن بجاے ہدایت کے اونھون نے لوگون کو بہکانا شروع کیا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اونکی سرکشی وشقاوت کا عوض جہنم لکھا تھا وہ اونکے حق مین پورا ہوا پس اس آیت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے تسلی فرمائی اور مومنون کے واسطے معجزہ ہوا کہ جن لوگون کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تقصیر وحی سے ازلی کافر ہونے کی خبر فرمائی تھی اونمین سے کوئی ایمان نہین لایا ۔ شیخ نے لکھا کہ اسکا حاصل یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد ہوا کہ آپ رسالت الٰہی پہونچا چکے اور اللہ تعالیٰ نے جنت ودوزخ کے واسطے بندے پیدا کیے ہین پس جو لوگ اہل سعادت ہین قبول کرینگے کہ اللہ تعالیٰ اونمین ہدایت پیدا فرمائیگا اور جو لوگ اہل شقاوت ہین وہ سرکشی کرینگے پس اونپر غمناک مت ہو کیونکہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو خوب جانتا ہی ۔ علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ وسلم لوگون کے انکار واختیار دوزخ سے غمناک ہوتے اور حرص کرتے کہ سب لوگ ایمان لاوین اور ہدایت کی پیروی کرین پس اللہ عزوجل نے اس آیت مین آپکو آگاہ فرمایا کہ ایمان وہی لاویگا جسکے واسطے ذکر اول مین سعادت لکھی گئی ہی اور وہی گمراہ ہوگا جسکے لیے ذکر اول مین شقاوت لکھی گئی ہی ۔ سعید بن جبیر نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ اگر لوگون مین سے بعضے کہین کہ ہم سابق کتاب پر ایمان لائے یعنے مثلاً یہود کہین کہ ہم توریت پر ایمان لائے اور نصاریٰ کہین کہ ہم انجیل پر ایمان لائے پھر یہ لوگ قرآن کا انکار کرین تو بے ایمان ہین ہوا سطے کہ توریت یا انجیل جسپر ایمان لانیکا اقرار کرتے ہین حالانکہ اونمین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایمان لانیکا عہد لیا گیا پس اونھون نے کفر جحود کیا تو نہ ڈرانا اور نہ ڈرانا اونکے حق مین برابر ہی کیونکہ یہ جان بوجھ کر انکار کرنے والے ہین ۔ ابو العالیہؒ سے روایت ہی کہ یہ دونون آیتین سرکشان قریش کے حق مین نازل ہوئین جنکے حق مین قولہ تعالیٰ ۔ الم تر الی الذین بدلوا نعمۃ اللہ کفرا

واصلوا قومہم دار البوار جہنم الآیۃ نازل ہوئی ہو مترجم کہتا ہو کہ تفسیر سیوطی کے نزدیک یہ آیت قریش یہود وغیرہ میں سے ہر ایسے کافر کے حق میں نازل ہوئی جو علم الٰہی میں جہنمی ہو۔ اور اس مقام پر عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی سے روایت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ ہم لوگ قرآن مجید پڑھتے ہیں تو اوسکی آیات سے امیدوار ہوتے ہیں پھر پڑھتے ہیں اور بعض آیات آتی ہیں کہ ہم مایوسی کے قریب ہو جاتے ہیں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بھلا ہیں تمکو اہل جنت و اہل دوزخ بتلادوں ہمنے عرض کیا کہ جی ہاں ضرور فرمائیے پس آپ نے الم ذلک الکتاب سے ہم المفلحون تک پڑھکر فرمایا کہ یہ لوگ اہل جنت ہیں تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم امیدوار ہیں کہ ہم لوگ بھی انھیں میں سے ہیں پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان الذین کفروا سواء علیہم سے عذاب الیم تک پڑھکر فرمایا کہ یہ لوگ اہل جہنم ہیں تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم تو یہ لوگ نہیں ہیں آپ نے فرمایا کہ تم لوگ ایسے نہیں ہو (رواہ ابن ابی حاتم) الحاصل اللہ تعالی نے جو لوگ اپنے علم قدیم کے موافق جہنم کے واسطے پیدا فرمائے اونکے قبیح حالات سے مومنین کو منع فرمایا و قال تعالی ولقد ذرانا لجہنم کثیرا من الجن والانس لہم قلوب لا یفقہون بہا الآیہ۔ یعنے ہمنے جہنم کے واسطے بہت سے جن و انس پیدا کیے جنکے دل ایسے ہیں کہ اونسے سمجھتے نہیں ہیں اور اونکی آنکھیں ایسی ہیں جنسے دیکھتے نہیں ہیں اور اونکے کان ایسے ہیں جنسے سنتے نہیں ہیں یہ لوگ مثل جانوروں کے ہیں بلکہ جانوروں سے زیادہ گمراہ ہیں۔ اور معنے یہ ہیں کہ اللہ تعالی نے اونکو فطرت سلیمہ عطا فرمائی اور اپنے آیات قدرت دکھلائی اور سب سے بڑھکر اوسکا وجود ہے کیونکہ سن بلوغ کو پہونچا تو اوسنے اپنے آپکو اپنے خالق عزوجل کا مخلوق پایا اور خالق عزوجل نے بہت بڑا احسان یہ فرمایا کہ اوسکو کتاب و رسول کے ذریعہ سے ہدایت کا طریقہ بتلایا اور شیطان و نفس نے بھی اوسکو دنیا کمانے اور اوسمیں منہمک رہنے کا قانون پڑھایا پس اوسنے ہدایت الٰہی عزوجل سے منہ موڑ کر قانون شیطانی پر عزم کر لیا اور اللہ تعالی کی ہدایت میں طرح طرح کے شکوک پیدا کیے حتی کہ رحمت الٰہی نے توفیق نصرت چھوڑ دی یعنے انبیاء علیہم السلام کے سلسلہ رحمت سے خارج کیا کیونکہ اوس سلسلہ کو قبول نہیں کرتا ہی اور سلسلہ غضبی کو اوسنے قبول کیا جسمیں اللہ تعالی نے اپنی مخلوق ملعون شیطان کو مسلط فرمایا ہی پس جو کچھ اس شخص نے اپنے حق میں اختیار کیا وہی اللہ تعالی نے اوسکو دیدیا اور خوب جان لینا چاہیے کہ جس طرح سلسلہ رحمت کے اکابر انبیا علیہم السلام کو ارشاد و ہدایت کا اختیار ہو مگر کسی کے دل میں ہدایت پیدا کر دینے کا اختیار نہیں ہی اسی طرح سلسلہ غضبی میں شیطان کو بہکانے و وسوسہ ڈالنے کا اختیار ہی اور کسی کے دل میں گمراہی پیدا کرنیکا اختیار نہیں ہو لیکن جب کسی شخص نے جسکو اللہ تعالی نے جنت و اوسکی راہ بذریعہ کتاب و رسول کے بتلائی اور ساتھ ہی جہنم اور بالفعل عیش و شہوات دنیا جو اوسکی راہ ہی بذریعہ شیطان و اونکے وسوسہ کے بتلائی پھر اس شخص نے دنیا و اوسکے شہوات کو اختیار کر لیا تو وہ در بات ابلیس میں داخل ہوا اور حضرت آدم علیہ السلام سے اوسکا سلسلہ منقطع ہو گیا بشرطیکہ وہ علم الٰہی میں اسی حال پر مرے لہذا فرمایا ختم اللہ علی قلوبہم و علی سمعہم۔ مہر کر دی اللہ تعالی نے اونکے دلوں پر اور اونکے کانوں پر۔ و علی ابصارہم غشاوۃ۔ اور اونکی آنکھوں پر موٹا پردہ ہی۔ و لہم عذاب عظیم۔ اور اونکے واسطے عذاب عظیم ہی۔ یعنی آخرت میں اونکے واسطے جو عذاب ہی وہ ایسا سخت ہی کہ کوئی مخلوق اوسکو قیاس نہیں کر سکتا لیکن سمجھنے والا جان جاتا ہی کہ جسکو اللہ عزوجل نے عظیم فرمایا اوسکو مخلوق حقیر کہانتک قیاس کرے چنانچہ ان لوگوں نے حق پروری اور زبانی مزہ کے واسطے خالق عزوجل سے انکار اور اوسکی مخلوق ملعون شیطان کی اتباع کی اور اسپر عزم قوی تھا کہ اگر کروروں برس زندگی ہو تو بھی دین اسلام سے منحرف کریں بلکہ جہانتک ممکن ہو اسلام کو مٹاویں اور اپنے قانون کو پھیلاویں میں اللہ عزوجل نے دائمی جہنم میں رکھا اور اونکا جسم اسقدر موٹا ہو گا کہ ایک کافر کی داڑھ مثل احد

پہلے کے ہوگی اور اسی پر اوسکے تمام جسم کو قیاس کرنا چاہیے اور اونکا روپیہ و اشرفی اونکے جسم مین مثل آگ کے پیوست ہوگا اور جب شدت حرارت سے کھال گر پڑیگی تو فوراً اوسکے مثل پیدا ہو جائیگی اور شدت پیاس مین اونکو گرم حمیم جسکی سوزش سے آنتین کٹ گرین پلاونگے مین کا ہوا پیپ لہو ملیگا حتی کہ اس عذاب سخت کے بیان مین اہل ایمان کے رونگٹے کھڑے ہوتے اور زبان کانپتی ہے اور آئندہ اپنے اپنے مقامات پر انشاء اللہ واضح بیان آویگا! امام ابن کثیر رح نے لکھا کہ قتادہ رح نے اس آیت مین فرمایا کہ ان لوگون نے شیطان کی اطاعت کی تو وہ انپر مستولی ہوگیا پس اللہ تعالی نے اونکے دلون و کانون پر مہر فرمائی اور آنکھون پر پردہ ڈال دیا کہ ہدایت اونکو نظر نہین آتی اور حق اونکو سنائی نہین دیتا اور دل سے سمجھ و عقل نہین ہے۔ مجاہد رح نے فرمایا کہ قلب پر گناہ جسے پس ہر جانب سے محیط ہو کر قلب اوسپر سمٹ گیا تو یہی مہر ہے۔ عبد اللہ بن کثیر رح نے فرمایا کہ مین نے حضرت مجاہد رح سے سنا کہ قولہ تعالی۔ کلا بل ران علی قلوبہم۔ مین فرماتے تھے کہ ران بہ نسبت مہر کے آسان ہے اور مہر بہ نسبت قفل کے آسان ہے اور قفل سب سے سخت ہے۔ اور اعمش رح نے فرمایا کہ ہمکو مجاہد رح نے اپنے ہاتھ سے دکھلایا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم قلب کو مثل ہتھیلی کے کشادہ جانتے تھے پھر کسی بندے نے گناہ کیا تو قلب بھچا اسطرح کہ چھنگلیا کو بند کر دیا پھر جب اوسنے توبہ نہ کی اور زیادہ گناہ کیا تو اوسکے پاس کی انگلی بند کر کے دکھلایا اسیطرح زیادہ ہوتے ہوتے پوری مٹھی بند ہوگئی اور فرمایا کہ اسکو ران کہتے تھے پھر اگر بڑھا تو اللہ تعالی اوسپر مہر کر دیتا ہے (رواہ ابن جریر) قرطبی نے کہا کہ اجماع امت ہے کہ اللہ عزوجل نے کافرون کے دلون و کانون پر بسزائے کفر کے عوض خود مہر فرمائی ہے کما قال تعالی۔ بل طبع اللہ علیہا بکفرہم۔ اور شیخ نے لکھا کہ اس بارہ مین آیات بہت ہین کقولہ تعالی۔ فلما زاغوا ازاغ اللہ قلوبہم یعنے عیسی علیہ السلام کے بعد نصاریون نے توحید کو چھوڑ کر شرک قبیح کا اعتقاد کر لیا حالانکہ یہ بدیہی باطل ہے تو اللہ تعالی فرماتا ہے کہ جب وہ لوگ دین حق سے کج ہوئے تو اللہ تعالی نے اونکے قلوب کج کر دیے۔ مترجم کہتا ہے کہ مین نے اوپر اسکا افادہ کیا ہے کہ اللہ تعالی نے ہدایت انبیاء و اسکا انجام جنت اور اسکے مقابلہ مین قانون شیطان اور اسکا انجام جہنم دونون بندے کے واسطے ساتھ ہی دیدیے پھر اگر اوسنے ہدایت انبیا علیہم السلام کو اختیار کیا تو جو اوسکے لوازم ہین دنیا مین اوسکے ساتھ ہونگے اور آخرت مین بھی سرفراز ہوگا اور اگر اوسنے اتباع شیطان اختیار کی تو اوسکے لوازم اوسکے ساتھ ہونگے جیسے چلتے نہ مین چور کے ساتھ بٹوا ہوتا ہے اسی طرح ہدایت کی راہ اوسکے حق مین مسدود ہوگی حتی کہ انوار روحی و عقل نورانی ظہور نہین کرینگی اور اوسکے معارف و مدارک کچھ نہین سمجھیگا اور جسمانی حواس و ہیولانی ترکیبین اچھی طرح باقی ہین حتی کہ دنیاوی آرائش و اوسکے وسائل مین غالبا اوسکو مومنون سے زیادہ سمجھ ہوگی کیونکہ مومنون نے دنیا اختیار نہین کی بلکہ آخرت کے واسطے ساعی ہین اور کافرون نے دنیائے موجود اور جہنم موعود اختیار کی تو دنیا اونکے واسطے کشادہ کر دی جائیگی اور رہا ملک کا غلبہ تو قیامت تک مسلمانون پر کوئی ایسی قوم غالب نہین ہو سکتی جسکو اونکے استیصال کرنے کی طاقت ہو اور اگر مسلمانون نے دنیاوی زندگی کے لالچ مین موت و جہاد سے خوف کیا تو کفر کے تابع ہو کر چند روزہ زندگی بسر کرینگے یہ تو فضیح مقام ہے واللہ تعالی اعلم پس ثابت ہوا کہ جس شخص نے کفر اختیار کیا تو اللہ تعالی کی طرف سے جو اوسکے لوازم ہین پورے ہوتے ہین حتی کہ اوسکے دل کانون پر مہر کر دی جاتی ہے۔ اور حدیث صحیح مین وارد ہے کہ قلوب فتنے پیش کیے جائینگے پس جس قلب نے اوسکو قبول کر لیا کہ اوسمین سما گیا تو اس قلب مین ایک سیاہ نکتہ پیدا ہوتا ہے اور جس قلب نے اوس سے انکار کیا اور نہ آنے دیا تو اوسمین ایک سپید نورانی نکتہ پیدا ہوتا ہے پس وہ صاف منور ہوتا ہے کہ اوسکو جبتک آسمان و زمین قائم ہین کوئی فتنہ ضرر نہین کرتا اور دوسرا قلب جسنے قبول کیا ہے وہ کالا سیاہ اوندھے کوزہ کی طرح ہو جاتا ہے کہ نہ کسی معروف کو نیک پہچانے اور نہ کسی ممنوع کو بد جانے۔ (کما رواہ مسلم) اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بندۂ مومن نے جب کوئی گناہ کیا تو اوسکے دل مین ایک سیاہ نکتہ پیدا ہوتا ہے پھر اگر اوسنے توبہ کی اور گناہ سے باز آیا تو دل صاف و صیقل ہو جاتا ہے

اور اگر اسنے گناہ مین زیادتی کی تو نکتے بڑھتا جاتا ہی یہانتک کہ تمام قلب پر چھا جاتا ہی اوسیکو ران کہتے ہین جسکو اللہ تعالی نے فرمایا۔ کلا بل ران علی قلوبہم ما کانوا یکسبون۔ (رواہ ابن جریر والترمذی والنسائی وہو حسن صحیح) شیخ ابن جریر نے کہا کہ اس حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آگاہ فرمایا کہ جب آدمی پے در پے گناہ کرتا ہی تو دل پر اوسکی تاریکی چھا کر اوسکو ڈھانک لیتی ہی اور جب قلب صدف گیا تو اللہ تعالی کی طرف سے اوسپر مہر آجاتی ہی پس اوسوقت ایمان داخل ہونے کی کوئی راہ نہین ہوتی اور نہ کفر سے چھٹکارا ہو سکتا ہی پس یہی وہ مہر ہی جو اللہ تعالی نے ختم اللہ علی قلوبہم و علی سمعہم سے بین بیان فرمائی جیسے ظاہری ظروف مین بند کر کے مہر کر دیجاے تو جبتک یہ مہر توڑی نجالے کوئی چیز اوس سے خارج یا اوسمین داخل نہین ہو سکتی ہی اور حضرت ابن عباس و ابن مسعود اور جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم نے قولہ تعالی ختم اللہ علی قلوبہم و علی سمعہم کی تفسیر مین فرمایا کہ پھر اسوقت نہ یہ لوگ سمجھتے ہین اور نہ سنتے ہین اور قولہ۔ علی ابصارہم غشاوۃ۔ مین فرمایا کہ اونکی آنکھو پر پردے ہو جاتے ہین کہ پھر کچھ نہین دیکھتے ہین اس سے معلوم ہوا کہ علی سمعہم پر وقف تام ہی اور ابن جریر نے ابن عباس رض سے بھی روایت کی کہ مہر دلون و کانون پر ہی اور غشاوۃ آنکھو پر ہی اور یہی ابن جریج سے مروی ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اسکے معنے یہی ہین کہ جو امور بذریعہ نور روح و عقل کے حواس قلب سے ادراک ہوتے ہین اور وہ معرفت الٰہی و فقہ آخرت ہین تو اونکی سمجھ غیر ممکن ہو جاتی ہی اور اسیطرح کان یا آنکھ کلام معرفت سننے سے بہرا اور آیات قدرت و آثار وحدانیت دیکھنے سے اندھا ہو جاتا ہی حالانکہ حواس جسم و حواس ہیولانی بہت سے کفار مین نہایت قوی ہوتے ہین اسواسطے تم اس عجائب حکمت الٰہی کو دیکھتے ہو کہ بہت سے مومنین کے نزدیک دلائل قدرت و آثار وحدانیت و اسرار الوہیت بالکل بدیہی ہین حتی کہ جو کوئی انکار کرتا ہی اونکو نہایت تعجب معلوم ہوتا ہی مگر کافرون کے نزدیک یہ باتین کسیطرح سمجھ مین نہین آتی ہین مگر علماے مومنین جانتے ہین کہ اس کافر کمبخت نے یہانتک اپنی نوبت پہونچائی کہ اوسپر مہر ہو گئی پھر جب عقل ہی نورانی نہین ہی تو وہ کیونکر سمجھ سکتا ہی اور یہان سے یہ تحقیق بخوبی یاد رکھنا چاہیے کہ عقل سے مراد وہ نور ہی جو قلب کے انوار سے ظہور کرتا ہی مگر جبتک اوسپر مہر نبوت ہی تک ظہور ممکن ہی لیکن کافرون مین یہ ظہور غیر ممکن ہی تو اونسے اپنی پیدایش سے موت تک کبھی عقل کو نہین جانا لہذا وہ حواس جسمانی و ہیولانی کو عقل سمجھتا ہی کیونکہ اسکے سوا اوسکو اور کچھ معلوم نہین ہوا اور اللہ تعالے نے حیوانی ضروریات حاصل کرنے اور اوسکی تربیت کے لائق ہر شخص کو حواس عطا کیے ہین اور ان حواس کے مناسب قواعد کلیہ بتلا دیے ہین مثلاً جو شخص آگ مین ہاتھ ڈالے وہ جل جائیگا یا پانی پیے تو ٹھنڈک ہوگی اور اسی طرح مادیات کے خواص و آثار طبعی ہین اور اسی طرح دھوین و پانی و دیگر اشیاے مادی کے خواص و آثار دریافت کرنا حواس سے متعلق ہی جنکے ذریعہ سے تجارت و زراعت و غذا و لباس وغیرہ تن پروری کے اسباب اور بہ دی گرمی سے آرام کے وسائل حاصل کرتا ہی اور اللہ تعالے نے ان مادی آثار مین بطور عادت کے ایک ایسا کلیہ کھا ہی جنکو کفار بطور خود مختار جانتے ہین اور اہل عقل و اصحاب ایمان اسکو خالق عزوجل کی قدرت مانتے ہین حتی کہ جب کبھی خاص طور پر اللہ تعالے کو منظور ہوا تو ہر چیز کا اثر ظاہر نہین ہوتا حتی کہ ابراہیم علیہ السلام کے واسطے آگ بجاے سوزش و تکلیف کے راحت و مسرت ہوئی اور حضرت مریم علیہا السلام سے بغیر شوہر کے حضرت عیسی علیہ السلام کا ظہور ہوا اور حضرت موسی علیہ السلام کی لاٹھی سانپ بنجاتی تھی اور کچھ شک نہین کہ یہ اخبار متواتر ہین جنکا انکار غیر ممکن ہی لیکن کافر بذریعہ مادی حواس کے مثل حیوانات یا جمادات کے ہی کہ وہ اونکا ادراک نہین کر سکتا اگرچہ قوت حواس کے ذریعہ سے اوسکی مادی ترکیبات عجیب ہون جیسے بعضے حیوانات کے آثار غریب ہوتے ہین مثلاً بیا بغیر آلات کے جیسا جھونجہ بناتا ہی عمدہ صنعت ہی اور کافرون مین جسطرح حواس ظاہری پر مہر نہین ہوتی اسیطرح پیکر ہیولانی ہر اوجواز جنس شیطانی ہی وہ بھی اسی جسم مادی کے ساتھ لازم ہی تو اوسکے حواس بھی مستور نہین ہوتے ہین اور مادیات مین اوسکے صنایع و ترکیبات بھی عجیب و غریب ہین چنانچہ اللہ تعالے نے ہدہد کی تنبیہ کے واسطے حضرت سلیمان علیہ السلام کا حال بیان فرمایا جس سے ظاہر ہی

کہ حضرت سلیمان علیہ السلام سے باوجود اس نبوت کے بلقیس کا تخت لانے یا محاریب و تماثیل بنانے کی صفت پر وصف نہیں کیا گیا بلکہ معارف نبوت اونکا وصف تھا اور یہ مادی صنائع صرف عفریت واجنہ کی جانب منسوب فرمائے پس حاصل یہ ہوکہ مادیات مین صنائع ترکیبات صرف قوت حواس کی دلیل ہین اور عقل نورانی کی دلیل ہرگز نہین اور خوب معلوم ہوکہ یہ مادیات سب فانی ہین جیسے کسی شاعر نے بہت مشقت سے نہایت نفیس کھلونا یا گھروندا بنایا اگرچہ دیکھنے مین خوبصورت ہو مگر جیسے یہ دیکھنے والی آنکھ ناپایدار ہو اوسیطرح وہ بھی فانی ہو اور کوشش و محنت برباد ہو واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب (فائدہ) اگر کہا جاوے کہ جب یہ لوگ علم الٰہی مین ازلی کافر ہین کہ ایمان نہین لائینگے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا انذار فرمانا بیکار تھا جواب یہ ہوکہ اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطہ دائے رسالت و تعلیم امت پر مدارج نبوت کا ثواب عطا فرمایا اور کسی شخص خاص کی نسبت ازلی کافر ہونا نہین بتلایا بلکہ بطور قاعدہ کلیہ ارشاد کیا کہ جو شخص علم الٰہی مین کافر ہو یعنی اوسنے دنیا اختیار کرکے شیطان کی نصیحت مان لی یہانتک کہ اللہ تعالیٰ نے اوسکے دل پر مہر کردی کہ نور ایمان داخل نہین ہو سکتا تو وہ آپکی نصیحت نہین مانیگا جیسے نوح علیہ السلام کو وحی فرمائی۔ واوحی الی نوح انہ لن یومن من قومک الا من قد آمن الآیہ یعنی نوح کو وحی بھیجی گئی کہ تیری قوم سے جو ایمان لاچکا اونکے سوائے کوئی بھی ایمان نہین لائیگا ۱۲۔ پس ہدایت کرنا حضرت نوح علیہ السلام کے واسطے بلندی درجات تھا اور قوم کفار پر اتمام حجت تھا اسطرح کہ اوپر راہ ہدایت اور اوسکا انجام جنت اور اوسکا اثر نورانیت اوپر پیش کیا گیا مگر اونھون نے اس سے منھ موڑ کر دینا اور کفر اختیار کیا ف ۲۰ بعض اشارات قرآنیہ مین ہو قولہ تعالیٰ (ان الذین کفروا سواء علیہم الآیۃ) جو لوگ خواہشات بشری یعنی تن پروری کے تابع ہوے اوپر حجاب سخت ہی جیسے مثال مین اللہ تعالیٰ نے فرمایا ظلمات بعضہا فوق بعض یعنی جیسے اندھیری رات مین بحر ظلمات کے اندر تہ پر تہ بادل ہو تو ہاتھ سے ہاتھ نہین سوجھتا ہی اسیطرح یہ لوگ حجاب غفلت و حجاب خواہش و حجاب جسمانیت و حجاب نفس و حجاب شیطان مین مبتلا ہوکر نور معرفت سے بالکل منقطع ہوگئے تو اونکو نور ایمان الٰہی سے بہت دوری ہی اور جنکا اونکو نور نظر نہ آوے وہ انھی خواہش نفس کو سرور جانتے ہین پس وہ اسکے دور کرنیکی فکر بھی نہین کرینگے بعض نے اشارہ کیا کہ جو لوگ فقط زبانی ایمان رکھتے ہین اور صوم و صلوٰۃ کو ظاہری صورت پر ادا کرتے ہین وہ نور قلب سے بے نصیب ہوکر مشاہدہ غیب تک نہین پہونچتے ہین تو اللہ تعالیٰ ختم اللہ علی قلوبہم) بعض نے فرمایا کہ معرفت الٰہی بنور الٰہی ہی اور جنھون نے کفر کیا تو وہ اس سے محروم ہین کہ معارف الٰہی کو نور قلب سے پہچانین اور خطاب الٰہی کو کانون سے سنین اور صنائع قدرت کو آنکھون سے دیکھین اسواسطے جو لوگ دلیل سے ثابت کرنا چاہتے ہین وہ محجوب رہتے ہین کیونکہ وہ دلیل سے دلیل پیدا کرنیوالے کو ثابت کرتے ہین پس یہ اوسکے دیکھنے کی مہر ہی۔ ع س ۔ امام ابن کثیر نے لکھا کہ شروع سورہ سے چار آیات تک مومنین کا وصف فرمایا پھر دو آیات مین کافرون کی مذمت بیان فرمائی اور کافرون سے کافر مجاہر مراد ہین یعنے جو لوگ جہر کے ساتھ اپنا کفر ظاہر کرتے اور کسیکو دھوکا نہین دیتے ہین پھر ایسے کافرون کا حال ذکر کیا جو باطن مین کفر رکھتے ہین اور ظاہری زبان سے ایمان کا دھوکہ دیتے ہین اور ایسے لوگ بہت ہین یہ کافر اور دوسرون کے حق مین بھی مضر ہین لہذا اونکے بیان مین بہت توضیح فرمائی حتی کہ اونکے حق مین سورہ براۃ اور سورہ منافقین نازل ہوا اور سورہ نور وغیرہ مین بھی اونکے قبیح افعال کا ذکر ہوا اور یہان بھی اللہ تعالیٰ نے واضح بیان فرمایا بقولہ تعالیٰ۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۘ

اور ایک لوگ وہ ہین جو کہتے ہین ہم یقین لائے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور انکو یقین نہین

يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۚ وَمَا يَخْدَعُوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝

دغابازی کرتے ہین اللہ سے اور ایمان والون سے اور کسکو دغا نہین دیتے مگر آپ کو اور نہین بوجھتے

واضح ہو کہ ایمان جمیع اعتقادات حقہ ہین جو ظاہر و باطن یکسان ہین جیسے اللہ تعالی نے الذین یومنون بالغیب سے چار آیات تک بیان فرمایا ہی اور جب ایمان کے کسی امر ضروری مین انکار ہو تو وہ کفر ہو جائیگا کیونکہ ایمان کے جزو نہین ہو سکتے ہین حتی کہ اگر پیغمبر یا کسی کتاب آسمانی یا ملائکہ وغیرہ کا صاف انکار ہو تو یہ کفر ہی اگرچہ وہ باقی پیغمبرون کا اقرار کرے اور کفر و ایمان مین قطعی ضد و مخالفت ہی اسیواسطے ان الذین کفروا سے جب کافرون کا ذکر شروع فرمایا تو حرف عطف کلام مین نہین آیا کیونکہ مومنون و کافرون مین ظاہر و باطن کوئی وجہ اتصال کی نہین ہی حتی کہ حدیث صحیح سے ثابت ہی کہ ذریات آدم کا جب ظہور ہوا تو ذریات مومنین سفید نورانی ظاہر ہوئین اور ذریات کافرین سیاہ و قبیح ظاہر ہوئین پھر کافرون کی اول قسم پر دوسری قسم منافقین کا عطف فرمایا بقولہ تعالی وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّقُوْلُ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَمَا هُمْ بِمُؤْمِنِيْنَ ۔ اور آدمیون سے بعض ایسا ہی جو کہتا ہی کہ ہم اللہ تعالی اور روز قیامت کے ساتھ ایمان لائے حالانکہ یہ لوگ ہرگز مومن نہین ہین ۔ ف بلکہ خالی زبان سے کہتے ہین اور دلو پر وہی مہر غضب ہی جو قسم اول کے کافرون پر تھی پس باطنی بدبختی مین تو دونون برابر ہین کہ دونون نے دنیا و طریقہ شیطان اختیار کیا لیکن یہ قسم بہ نسبت اول کے بھی بدتر ہی کیونکہ وہ لوگ دھوکا نہین دیتے اگرچہ کفر پہ دلیرانہ لڑتے ہین اور یہ قسم تو حقیر مال دنیا کے پیچھے ڈرتے ہین کہ ہمپر جہاد نکیا جاوے اور جزیہ نہ باندھا جاوے کیونکہ مسئلہ یہ ہی کہ اگر اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر کسی خاص شخص کی نسبت وحی اوتاری کہ یہ شخص منافق ہی تو اوسکے دل کا نفاق معلوم ہو گیا اور یہ صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک ممکن تھا اور بعد آپ کے زمانہ کے ظاہر حال قبول کیا جائیگا لہذا حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کی حدیث مین ہی کہ نفاق کا حکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک تھا اور اب تو اسلام ہی یا کفر ہی (الترمذی وغیرہ) لہذا حدیث مین آیا کہ اسلام یہ ہی کہ زبان سے اقرار کرے کہ اشہد ان لا الہ الا اللہ و اشہد ان محمدا عبدہ و رسولہ اور نماز کو ٹھیک قائم کرے اور زکوۃ ادا کرے یعنی جبکہ واجب ہوا و رمضان کے روزہ رکھے اور خانۂ کعبہ کا حج کرے بشرطیکہ استطاعت ہو ۔ فقہاء نے کہا جو شخص ایسا کرے اوسپر مسلمان ہونیکا حکم دیا جائیگا حتی کہ اگر کوئی فعل لازم اسلام بجالاوے مثلاً جماعت سے نماز ادا کرے تو اوسکے اسلام کا حکم ہو جائیگا اور جو جو مسلمانون کے ساتھ ہوتا ہی مانند نکاح و ذبیحہ کے وہ اوسکے ساتھ ہوگا پھر اگر دل مین یہ اعتقاد نہ رکھتا ہو تو اوسکا حساب خود اللہ تعالی کے یہان قیامت مین ہوگا اور اگر اوسنے ظاہر مین اسلام سے پھرنا چاہا تو مرتد کے حکم مین قرار دیا جائیگا پس یہ منافقین چاہتے تھے کہ جہاد و جزیہ سے بچین اور صحابہ رضی اللہ عنہم جو کچھ مال غنیمت حاصل کرتے تھے اوسمین شریک ہون چنانچہ انکا سبب نزول اس بیان سے معلوم ہوگا جو شیخ ابن کثیر رح نے تفسیر مین لکھا کہ نفاق کے معنے یہ ہین کہ بھلائی ظاہر کرے اور برائی چھپاوے اور اوسکی دو قسمین ہین اول نفاق عملی یعنے درحقیقت وہ دل سے مومن ہی لیکن ایمان کے موافق برتاو نہین رکھتا ہی جیسے حدیث مین ہی کہ منافق کی علامت یہ ہی کہ جب کوئی بات بیان کرے تو دروغ بولے اور جب اوسکے پاس امانت رکھی جاوے تو اوسمین خیانت کرے اور جب کسی شخص سے مخاصمہ ہو تو بدکرداری عمل مین لاوے یعنی اپنے مدعی یا مدعی علیہ کے ساتھ خواہ زبانی گالی گلوچ کرے یا حاکم کے سامنے جھوٹی قسم یا جھوٹی بات کی پیروی کرنے مین بدکردار ہو اور جب کسی سے وعدہ و عہد کرے تو خلاف کرے پس یہ عملی منافق ہی اور یہ بھی گناہ شدید ہی جسکا تفصیلی بیان اپنے موقع پر انشاء اللہ تعالی آویگا حتی کہ ابن جریج رح نے فرمایا کہ منافق کا قول و فعل باہم مخالف ہوتا ہی اور ظاہر و باطن و حاضر و غائب مین مخالفت ہوتی ہی قسم دوم نفاق اعتقادی اور یہ اقسام کفر مین بدتر ہی اور یہ منافقون کے بارہ مین جو آیات ہین اونکا نزول بعد ہجرت کے مدینہ منورہ مین شروع ہوا اور اسواسطے کہ جبتک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مین تھے تب تک نفاق نہین تھا بلکہ برخلاف اسکے بعضے لوگ اسلام لائے مگر

کافرون کی ایذا کے خوف سے دل مین چھپائے رہتے تھے حتی کہ وہ اللہ تعالے کے نزدیک مومن تھے پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کو ہجرت فرمائی تو یہان دو قبیلہ اوس و خزرج و دو بھائیون کی اولاد تھے جو دراصل بنی تھے اور زمانہ جاہلیت مین مشرکین عرب کے موافق بت پرستی کیا کرتے تھے اور یہان تین قبائل یہود رہتے تھے بنو قینقاع اور یہ لوگ خزرج کے شریک تھے اور بنو النضیر و بنو قریظہ اور یہ دونون قبیلے اوس کے شریک تھے اور باہم قبیلۂ اوس و خزرج مین زمانۂ جاہلیت کے موافق جدال و قتال رہتا تھا چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تشریف لانے سے چھ برس پہلے اس قدر سخت قتال ہوا کہ جیل کوون نے مردون کا گوشت کھایا اور اوس واقعہ کا نام یوم البعاث ہی اور اس لڑائی مین یہودی بھی اپنے حلفاء کے شریک رہتے تھے لیکن یہ شرکت بھی کسیقدر دباؤ اور مجبوری کے ساتھ تھی حتی کہ بعضے اوقات اوس و خزرج سے کہا کرتے تھے کہ اب وہ زمانہ قریب ہی کہ ہم لوگ پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے سایۂ حمایت مین ہو کر تم لوگون کو قتل کرینگے اور اوس و خزرج اس گفتگو سے متعجب ہوتے تھے پھر اوس و خزرج بعد اس جنگ شدید کے باہم صلح پر آمادہ ہوے اور چاہا کہ عبد اللہ بن ابی بن سلول کو جو قبیلۂ خزرج مین سے تھا اپنا بادشاہ بناوین اتنے مین حج کا موسم آیا تو قریش سے عہد کے واسطے اوس و خزرج دونون مین سے بارہ آدمی بھیجے گئے وہان انھون نے دیکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے آپ کو تمام قبائل عرب پر پیش کرتے اور راہ حق کی ہدایت فرماتے جب گروہ اوس و خزرج نے دیکھا تو آپسمین کہا کہ یہ تو وہی شخص معلوم ہوتا ہی جسکی نسبت یہود ہمکو ڈرایا کرتے تھے لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو راستہ مین گھاٹی پر لے گئے اور آپ سے علامات دریافت کرکے تحقیق کرلیا کہ بیشک یہ وہی شخص ہی کیونکہ جو علامات یہود بیان کرتے تھے وہ موجود ہین اور اللہ تعالی نے اون لوگون کے دل مین ایمان ڈالا اور اونھون نے دیکھا کہ نور نبوت چمک رہا ہی پس یہ لوگ بجاے قریش سے معاہدہ کرنے کے مسلمان ہوگئے اور مدینہ کو واپس آے اور یہان اوس و خزرج سے بھی عام طور پر اظہار نہین کیا مگر معتمد لوگون سے اظہار کرکے اپنا شریک کیا حتی کہ دوسرے سال بہتر آدمی حج کے بہانہ سے گئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ آپ ہماری تعلیم کے واسطے اپنے اصحاب مین سے کوئی شخص بھیجین چنانچہ آپ نے ایک شخص کو ساتھ کیا جو بنی عبد الاشہل کے باغ مین ان لوگون کو قرآن مجید و ارکان عبادت تعلیم کرتا تھا ناگاہ ایک روز سردار کو خبر ہوئی اور وہ آیا تو اوسکے خوف سے سب لوگ متفرق ہوگئے اور اوسنے صحابی مہاجر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تو کس بات سے لوگون کو بہکاتا ہی اونھون نے چند آیات سنائین جنکی ہیبت سے وہ شخص کچھ دیر سکوت مین رہا اور گھر مین آکر فوراً اپنے ہتھیار و گھوڑا مانگا اور لوگون کو خوف ہوا کہ شاید یہ قتل کرڈالیگا اور اوسکا بھائی بھی منجملہ مومنین کے تھا پس وہ مرد صالح سخت غمناک ہوا اور اوسنے بھی اپنی تلوار اوٹھائی کہ واللہ اگر اسنے صحابی کو قتل کیا تو مین بھی اسکو قتل کرڈالونگا لیکن یہ سردار جو عنایت ازل سے سعید تھا نکلکر ایک طپکے پر آیا اور اوسنے قوم کو آواز دی پس وہ لوگ گروہا حاضر ہوے اور اوسنے کہا کہ تم لوگ مجکو کیسا سمجھتے ہو سبھون نے کہا کہ آپ ہمارے بہتر سردار ہین تب سردار نے کہا کہ مین نے اپنی ذات کے واسطے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اختیار کیا پس جو شخص چاہے میرا ساتھ دے اور جو چاہے اپنی راہ اختیار کرے پس سبھون نے ساتھ دیا اور سردار نے اوٹھکر صحابی رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر بیعت کرلی اور اوس دن مدینہ مین ہر ایک گھر ذکر سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے منور ہوگیا لیکن بہت سے لوگ صرف سردار کے خوف سے ظاہری طور پر مسلمان ہوگئے تھے اور یہودیون نے جب یہ سنا تو اونکی بدبختی نے اونکے دلون مین حسد کی آگ بھڑکائی اور اونھون نے اوس و خزرج کو برعکس علامات سے بہکانا شروع کیا لیکن اوس و خزرج نے اونکی شرارت کو پہچان لیا کہ اب یہ لوگ جھوٹ بول کر ہمکو بہکاتے ہین اور اوس و خزرج مع دونون سردارون کے باہم متفق ہوکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدد گاری پر آمادہ ہوگئے اسیواسطے اوس و خزرج کا نام چھوڑکر انصار انکا نام ہوا یعنے

مددگاران دین الٰہی ہیں اِن لوگون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین درخواست بھیجی کہ آپ یہان تشریف لاوین ہم لوگ جان و مال سے آپکی مددگاری اور آپکے اصحاب کی خدمتگذاری کو موجود ہین شیخ نے لکھا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعد نزول حکم الٰہی کے مکہ سے ہجرت کرکے مدینہ منورہ مین تشریف لائے اور مہاجرین اصحاب رضی اللہ عنہم بھی آگئے تو اوس و خزرج نے آپکے ہاتھ پر بیعت کی اور آپکے اصحاب مہاجرین کو اپنے یہان جگہ دی اور یہودیون مین سے سوائے حضرت عبداللہ بن سلام و اونکے ساتھیون کے کوئی مسلمان نہوا اور اونھون نے پیغمبر آخرالزمان کے اوصاف و علامات کو بدلنا شروع کیا لیکن عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ علماے یہود مین سب سے اشرف مشہور تھے پس اونھون نے اون جھوٹھون کی تردید کی اور یہ جھوٹھ کیونکر چل سکتا تھا جبکہ مدت دراز سے خود یہودیون نے صحیح اوصاف مشہور کر رکھے تھے اگرچہ اوس و خزرج جو نبوت کے معنے سے آگاہ نہ تھے اونکی باتون پر توجہ نہین کرتے تھے شیخ نے لکھا کہ چند روز تک نفاق اسوا سطے شائع نہوا کہ مسلمانون مین ابھی شوکت و قوت نہ تھی بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیون اور مدینہ کے گردوانے بہت سے قبائل عرب سے مصالحہ کرلیا تھا پھر جبکہ اللہ عزوجل نے مقام بدر مین آپکی قلیل جماعت کو فتح دی اور اوسکی صورت یہ ہوئی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے چند آدمیون کو لیکر قریش کا تجارتی قافلہ روکنے کے لیے روانہ ہوے اور چونکہ لڑائی کا قصد ظاہر نہین فرمایا تو قبائل اوس و خزرج مین سے سب لوگ ساتھ نہین ہوے لہذا بہت قلیل جماعت سے جب مقام بدر تک پہونچے تو وہان معلوم ہوا کہ سردار ان قریش بجماعت کثیر مع ساز و سامان کے لڑنے کو آئے ہین اور ناگاہ دونون لشکر مقابل ہوے اور اللہ تعالے نے مومنون کو فتح کا وعدہ فرمایا چنانچہ یہی ہوا کہ قریش کے بہت سے سردار مارے گئے اور بہت سے قید ہوے جب اللہ تعالی نے اہل اسلام کو عزت دی تو وہی عبداللہ بن ابی بن سلول خزرجی جسکو انصار نے اپنا بادشاہ بنانا تجویز کیا تھا اور وہ بوجہ اسلام انصار کے اوس سے محروم رہا اور دل مین جل گیا تھا اوسنے بعد واقعہ بدر کے اپنے خاص لوگون سے کہا کہ اب اسلام چل نکلا پس ظاہر مین وہ مسلمان ہوگیا اور اسیوقت سے اہل مدینہ و اوسکے گردوانے اعراب مین نفاق شروع ہوا لیکن اصحاب مہاجرین رضی اللہ عنہم مین کوئی شخص منافق نہین تھا کیونکہ وہ لوگ اپنا وطن و مال و اولاد چھوڑکر ایسی حالت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کرتے تھے کہ تکلیف و فاقہ روکنے کا کوئی سامان نہ تھا اور اسلام کو کوئی قوت نہ تھی اور قریش و تمام قبائل عرب دشمن تھے اور مسلمانون کو دین چھوڑنے پر گالیان دیتے اور کوئی بھی موافقت نہین کرتا تھا اور یہ وقت نہایت مشکل تھا کہ اللہ تعالے نے جسکو ذرہ برابر بھی عقل دی وہ اوسوقت کی حالت و صورت کو قیاس کرسکتا ہے کیونکہ اس زمانہ مین تو پیدا ہوتے ہی دین الٰہی کی آوازین کانون مین آتی ہین اور کرورون مسلمان نظر آتے ہین پس یہ زمانہ اور وہ زمانہ بالکل مباین تھا پس عاقل صاف جان جائیگا کہ اللہ تعالے نے اصحاب مہاجرین مین جو عظیم نور معرفت رکھا تھا وہی اونکو مال و اولاد و وطن چھوڑنے پر آمادہ کرتا تھا جب یہ بیان ہوچکا تو شیخ رح نے اس آیت قدسی کے سبب نزول مین لکھا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ منافقین قبیلہ اوس و خزرج مین سے بعضے لوگ تھے جو ظاہر مین اسلام کا اقرار کرتے تھے (رواہ محمد بن اسحق) اور یہی قول ابوالعالیہ و حسن و قتادہ و سدی وغیرہم سے مروی ہے شیخ رح نے لکھا کہ اللہ تعالے نے منافقون کے حالات بیان فرمانے مین اسواسطے مزید توضیح فرمائی کہ مومنین صادقین کو اونکے افعال و اقوال سے دھوکا نہو کیونکہ وہ اپنے زعم مین مومن کو فسق و فجور کا مرتکب پاوینگے چنانچہ تم دیکھتے ہو کہ جب کوئی مرد صالح کسی فعل ممنوع کا مرتکب نظر آتا ہے تو اوسکے دیکھا دیکھی بہت لوگ مبتلا ہوجاتے ہین لہذا اللہ تعالی نے تنبیہ فرمائی کہ یہ لوگ زبانی اقرار کرتے ہین اور اونکے دل مین نور ایمانی نہین ہے۔ يُخَادِعُونَ اللَّهَ وَالَّذِينَ آمَنُوا ۔ یہ لوگ دھوکا دیتے ہین اللہ تعالی کو اور اون لوگون کو جو ایمان

لاتے ہین - ف چونکہ انھون نے اللہ تعالی کو نہین پہچانا کہ وہ عالم الغیب والشہادہ ہی تو اپنی جہالت سے گمان کیا کہ جیسے مومنون کے نزدیک ہمارا قول مقبول ہوجاتا ہی ویسے ہی اللہ تعالی بھی آگاہ نہوگا حالانکہ اللہ تعالی خوب جانتا ہی لہذا فرمایا - وَمَا يَخْدَعُونَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ - اور یہ لوگ تو سوائے اپنی ذات کے کسیکو دھوکا نہین دیسکتے ہین - ف کیونکہ ہر چیز کا خالق اللہ عزوجل ہی تو جو کچھ اوسکو منظور ہوگا وہی واقع ہوگا اور ان لوگون کا مکر خود انھین کے حق مین وبال ہی تو مکر کا نتیجہ خود اونھین کی ذات کے واسطے ہوا - وَمَا يَشْعُرُونَ ۝ - حالانکہ یہ لوگ شعور نہین رکھتے ہین - ف یعنی انتہاے جہالت سے ایسی موٹی بات بھی نہین پہچانتے - ابن جریج رح نے کہا کہ کلمہ لا الہ الا اللہ ظاہر کرکے چاہتے ہین کہ اونکے جان و مال محفوظ رہین حالانکہ چند ہی روز کے بعد مرتے ہی و بال عذاب اونپر طاری ہوگا جو ہمیشہ اونپر باقی رہیگا تو خفیف راحت کے پیچھے دائمی رنج اوٹھاتے ہین - بعض نے کہا کہ اللہ تعالی نے اس مقام پر اپنا نام پاک صرف مومنون کی تکریم کے واسطے ذکر فرمایا تاکہ معلوم ہو کہ جسنے مومن کو دھوکا دیا اللہ تعالی اوسکو سزا دیگا - ف ۲ عرائس مین ہی کہ مسلمانون مین سے جو شخص لوگون مین درویش کامل یا عالم فاضل بننے کے واسطے اپنا ظاہر آراستہ کرے اور باطن بد اخلاق ہو تو مسلمانون کو دھوکا دیکر عاقبت خراب کریگا - مترجم کہتا ہی کہ حدیث مین ہی کہ جس شخص نے ایسی چیز کا دعوی کیا جو اوسکو حاصل نہین ہی تو وہ ایسا ہوگا جیسے کسی نے مکر کا جوڑا پہنا - (الصحیح) اور بعض روایات مین ہی کہ اس امت مین بعضے ایسے لوگ ہونگے جو صوف کا لباس پہنکر میٹھی باتین کرینگے لیکن اونکا باطن ایلوے سے زیادہ تلخ ہی اور حدیث مین ثابت ہی کہ جس عالم نے اسواسطے علم پڑھا کہ لوگون مین عالم کہلایا جاوے تو وہ کہلایا جاویگا اور قیامت مین بحکم الہی شیطانی کے بال پکڑکر جہنم مین ڈال دیا جائیگا نعوذ باللہ من ذلک - پھر اللہ تعالی نے ان زبانی مقر و باطنی منکرون کے بیان حال مین توضیح فرمائی بقولہ تعالے

فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيمٌ ۢ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ ۝

اونکے دل مین آزار ہی پھر زیادہ دیا اللہ نے اونکو آزار اور اونکو دکھ کی مار ہی اسپر کہ جھوٹ کہتے تھے

فِي قُلُوبِهِمْ مَّرَضٌ - ان لوگون کے دلون مین روگ ہی - ف اور جسم کے روگ سے دل کا روگ بدرجہا بدتر ہوتا ہی کیونکہ جسم کا روگ تھوڑی تکلیف دیتا اور چند روز بعد زائل ہوجاتا ہی حتی کہ موت کے بعد آدمی جسمی دکھ سے کچھ تکلیف نہین اوٹھاتا ہی اور دل کا روگ ہمیشہ کے لیے جہنم کی آگ مین جلاتا ہی جسم کے روگ مین اگر آدمی صبر کے ساتھ تقدیر الہی پر ثابت قدم رہے تو اللہ تعالی اوسپر رحمت فرماتا اور اوسکے گناہون کا کفارہ ہوجاتا ہی اور دل کا روگ ہمیشہ بدکرداری بڑھاتا اور بارگاہ الہی سے مردود کیا جاتا ہی حضرت ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ اونکے دلون مین روگ یعنے شک و نفاق ہی - اور یہی تفسیر علماے تابعین مجاہد و سعید بن جبیر و عکرمہ و حسن بصری و قتادہ و ربیع بن انس و ابو العالیہ رح سے مذکور ہی - اور واضح ہو کہ کبھی سچے مسلمان مین بھی ریا کا مرض پیدا ہوجاتا ہی وہ بھی نفاق کے قریب ہی کیونکہ منافق ہمیشہ ریا کار ہوتا ہی - چنانچہ طاؤس و عکرمہ رح نے کہا کہ اونکے دلون مین مرض یعنے ریا ہی - عبد الرحمن بن زید بن اسلم نے فرمایا کہ اونکے دلون مین مرض یعنے روگ ہی اور یہ روگ دینی ہی اور مرض جسمی نہین ہی اور یہ منافقین ہین جنہین اسلام کے حقائق مین شک کا مرض پیدا ہوگیا - فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ۚ - پس اللہ تعالے نے اونکے واسطے روگ بڑھا دیا - ف یعنے اونکے روگ پر روگ زیادہ کیا کیونکہ آیات قرآنی کے نزول سے جو نور آیا وہ مومنون نے اپنے دل مین لیا اور اونکے نور پر نور بڑھ گیا چنانچہ فرمایا - فَزَادَتْهُمْ اِيمَانًا وَّهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ - اور اسکے برخلاف منافقون نے دل سے ان آیات سے بھی انکار کیا تو نار یکی

بیماری زیادہ ہوگئی کما قال تعالی۔ واما الذین فی قلوبہم مرض فزادتہم رجسا الی رجسہم۔ یعنے جنکے دلون مین روگ ہی تو آیات قرآنی نے اونکی تاریکی گمراہی پر گمراہی دیکر بڑھائی۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ۔ اور ان منافقون کے واسطے عذاب الیم ہی بوجہ اونکے کذب کے یا بوجہ تکذیب کے۔ ف یکذبون مین دو قرارۃ متواتر ہین اول یکذّبون بضم یا و تشدید ذال مشتق از تکذیب یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و قرآن کو امور آخرت کے بیان مین دل سے جھٹلاتے ہین تو اسکے سبب سے آخرت مین جہنم کا عذاب الیم اوٹھاوینگے اور جملہ اسمیہ سے اشارہ ہی کہ یہ اونکے واسطے مہیا ہی کیونکہ جہنم مثل جنت کے بالفعل مخلوق موجود ہی اور دوسری قرارۃ بفتح یا و کسر ذال منقوطہ بدون تشدید مشتق از کذب ہی یعنے اونکی دروغ گوئی کی وجہ سے اونکے واسطے عذاب الیم ہی کیونکہ زبان سے جھوٹھ بولتے ہین کہ ہم ایمان لائے اور دل مین ایمان نہین ہی تو ظاہری کافرون سے بھی یہ لوگ بڑھ گئے کہ انھون نے دل کفر کے باوجود بندگان خدا کو دھوکا دیا اسی واسطے منافقون کے لیے جہنم کے طبقات مین نیچا طبقہ ہی کما قال تعالی۔ ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار۔ اور اس بیان سے معلوم ہوا کہ خالی کذب اس عذاب الیم کا سبب نہین ہی جیسا زمخشری نے زعم کیا اور بیضاوی نے اوسکی اتباع کی اور دھوکا کھایا کیونکہ زمخشری تو معتزلہ کی بداعتقادی کا تابع ہی کہ جو شخص کسی کبیرہ گناہ کا مرتکب ہو وہ ایمان سے خارج ہوجاتا ہی پس اوسنے آیت کو بھی اسی پر محمول کیا کہ کذب کی وجہ سے یہ لوگ عذاب الیم مین مبتلا ہونگے حالانکہ منافق تو ایمان سے منکر و مکار ہوتا ہی پس وہ تو کفر کی وجہ سے دائمی جہنمی ہی اور واضح ہو کہ کذب درحقیقت ایک قول ہی جو آدمی کی زبان سے نکلتا ہی اور اوسکی برائی اسیوجہ سے ہوتی ہی کہ وہ دوسرے کے حق مین مضر ہوتا ہی اور اوس سے فساد پھیلتا ہی حتی کہ اگر کبھی ایسا موقع پیش آوے جسمین کذب کے ذریعہ سے فساد دور ہو تو وہان کذب مذموم نہوگا بلکہ کبھی مستحب ہوتا ہی مثلاً دو شخصون مین خلاف شرع کے صرف نفسانی رنجش ہی اور اس رنجش کی وجہ سے شرع مین دونون گنہگار ہوتے ہین کیونکہ حدیث مین ہی کہ جب دو مسلمانون مین باہم نفسانیت ہو اور تین دن کے اندر دونون نے مصالحت نہ کی تو اونکے اعمال خیر مرتبہ قبولیت پر چڑھائے نہین جاتے بلکہ رد کیے جاتے ہین یہانتک کہ دونون صلح کرین پھر ایک مرد صالح نے دونون مین ملاپ کا یہی طریقہ پایا کہ ان دونون مین سے ہر ایک سے ملکر یہان کہا کہ تمکو فلان شخص سے ناحق ملال ہی کیونکہ وہ تمہاری تعریف کرتا تھا حتی کہ دونون یہ سنکر ایک دوسرے سے محبت کرنے لگے تو درمیانی آدمی نے نیک کام کیا کہ نفاق دور کیا اور دونون کو اونکی نیکیان مردود ہونے سے بچایا اور کسیکا کچھ نقصان نہین کیا پس یہ کلام کذب مستحب ہی حتی کہ بعض صورتون مین جھوٹھ بولنا واجب ہوجاتا ہی مثلاً حاکم ظالم نے زید کو قتل کے واسطے گرفتار کیا کہ تونے آج رات مین رہزنون کی شرکت کرکے ڈاکہ مارا ہی حالانکہ بکر خوب جانتا ہی کہ زید ایک نیکبخت عالم ہی جو کبھی ڈاکہ مارنے کے نام سے بھی واقف نہین ہی اور خصوصاً آج وہ تمام رات بکر کے یہان مجلس وعظ مین صبح تک وعظ کہتا رہا اور صبح کی نماز کے بعد جب بکر وغیرہ اوسکو گھر تک پہونچانے گئے تو وہ راستہ مین سپاہیون کے ہاتھ مین گرفتار ہوا پس اگر زید کی رہائی کے واسطے یہی طریقہ ہو کہ بکر کو جھوٹھ بولنا پڑے تو اوسکو قتل ناحق سے بچانے کے واسطے بکر کو جھوٹھ بولنا واجب ہی پس زمخشری کا خیال باطل ہی۔ اور حدیث مین ہی کہ جھوٹھ تو ستر اسا گناہ ہوتا ہی سوائے اوس جھوٹھ کے جس سے کسی مسلمان کو شرعی نفع پہونچے یا اوسکے دین سے کوئی آفت دور ہو (الطبرانی فی الاوسط) اور آدمی پر ہر جھوٹھ لکھا جائیگا یعنے گناہ ہی سوائے تین کے ایک یہ کہ آدمی جنگ جہاد مین جھوٹھ بولے اسواسطے کہ لڑائی تو چالاکی ہی دوم اپنی زوجہ کو رضامند کرنے کے واسطے کوئی بات کہدے سوم دو مسلمانون کے بیچ مین جھوٹھ بولکر صلح کراوے۔ ف واضح ہو کہ بہت سے لوگ فقیر کی صورت بناکر بہت سے جاہل مسلمانون کو دھوکا دیتے ہین چنانچہ روایت مین آیا کہ بالون کے لباس پہنکر بیٹھی باتین کرتے ہین حالانکہ اونکے دل ابلیس سے زیادہ

کرتے ہین تو اونکے دل مین بھی یہ روگ ہو کہ مخلوق الٰہی کے نزدیک پیر بنکر اپنی قبولیت سے خوش ہوتے ہین اور بارگاہ الٰہی عزوجل مین مردود ہونے سے بے پروا ہین اسیطرح جسکے دل مین دنیاوی غفلت ہو تو یہ ایک مرض ہی اور جب یہ لوگ اللہ عزوجل کی یاد نہین کرتے ہین تو اپنے نفس سے غافل کیے جاتے ہین جس سے مرض بڑھتا جاتا ہی اسی طرح جو شخص گناہون سے بچنے کی فکر نہ کرے اور توبہ و خوف سے غافل ہو تو بیباک کردیا جاتا اور مرض بڑھ جاتا ہی اسیطرح جو شخص عبادت کرے مگر اپنی عبادت پر نازان ہو تو یہ مرض ہی کہ وہ خوف و خشوع سے محروم ہوکر زیادہ بیمار ہو جاتا ہی اسیطرح جو شخص سوائے حق تعالی و دار آخرت کے دنیاے فانی کی کسی چیز پر دل لگادے تو وہ اوسکے عیب سے اندھا ہو کر زیادہ بیمار ہو جاتا ہی کیونکہ حدیث مین ہی کہ آدمی کو کسی چیز کی محبت اوسکے عیب سے اندھا و بہرا کردیتی ہی۔ شیخ سہل بن عبداللہ نے فرمایا کہ ریا کاری و عجب ایک مرض لاعلاج ہی سوائے اسکے کہ دنیا و مافیہا سے منقطع ہو کر اخلاص کی راہ اختیار کرے اور فرمایا کہ اللہ تعالی کی نعمتون کو نہ پہچاننا یا ناشکری کرنا مرض شدید ہی۔ شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ قرطبی وغیرہ علماء سے پوچھا گیا کہ اس امر مین کیا مصلحت و حکمت تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقون کو قتل نہین فرمایا حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض منافقون کو بعینہ خاص طور پر پہچانتے تھے۔ مترجم کہتا ہی کہ قرآن مجید مین بھی حکم دیا گیا کہ۔ یاایہا النبی جاہد الکفار والمنافقین واغلظ علیہم الآیۃ۔ شیخ نے لکھا کہ ان علماء نے چند جوابات لکھے از انجملہ یہ کہ صحیحین مین ثابت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ مین تیری رائے کے موافق منافقون کو قتل نہین کرونگا کیونکہ مجکو یہ امر ناگوار ہی کہ عرب مین یہ بات مشہور ہو کہ محمد اپنے ساتھیون کو قتل کرتے ہین اسکے معنے یہ ہین کہ اعراب کو قتل منافقین کی حکمت ظاہر نہ کی کیونکہ ہنوز اونمین معرفت شریعت و اسلام نہین آئی تو وہ لوگ اسلام لانے سے باز رہینگے اور جہالت سے یہ سمجھینگے کہ بعضے ساتھی قتل کیے جاتے ہین۔ قرطبی نے کہا کہ ہمارے ملک کے علماء یہی حکمت خیال کرتے ہین جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہت سے لوگون کو تالیف قلب کے واسطے بیت المال سے عطا فرماتے حالانکہ اونکی بداعتقادی کو خوب جانتے تھے اور یہی حکمت بہت سے علماء مالکیہ سے منقول ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اسمین تردد یہ ہی کہ اگر کافرون کی طرح اونپر جہاد کا حکم آگیا ہو تو کچھ شک نہین کہ آپ اوسکو جاری فرماتے پس قتل کا معلوم ہونا کہ اونپر قتل کا حکم نہین تھا چنانچہ حدیث معروف بھی آیندہ آتی ہی۔ از انجملہ یہ مصلحت تھی جو امام مالک نے بیان فرمائی کہ امت کو یہ بات معلوم ہو جائے کہ حاکم موافق طریقہ شریعت کے فیصلہ کریگا اور اگر حاکم کو کسی مقدمہ مین اپنے علم سے کوئی بات معلوم ہو تو اوسکے موافق حکم نہ کریگا۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ مصلحت بھی مختدوش ہی اسواسطے کہ جب وحی الٰہی سے اونکا نفاق معلوم ہو گیا اور بطور معین فلان فلان شخص بتلائے گئے تو اس سے بڑھکر کوئی شہادت نہین ہو سکتی۔ اور بقول قرطبی تمام علماء اس بات پر متفق ہین کہ قاضی اپنے جانے موافق حکم نہین کریگا اور یہان تو شہادت الٰہی اونکے حق مین موجود ہی۔ از انجملہ یہ مصلحت ہی جو امام شافعی نے بیان کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقون کے نفاق کا علم تھا مگر اونکی جانب سے اسلام کا اظہار کرنا قتل سے مانع ہوتا تھا کیونکہ جب وہ سنے اسلام کا اظہار کیا تو اخلاص مشتبہ ہو گیا کیونکہ اسلام سے اگلے گناہ مٹ جاتے ہین اور اوسکی تائید مین یہ حدیث ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجکو حکم دیا گیا ہی کہ لوگون سے قتال کرون یہانتک کہ لا الہ الا اللہ کہین پھر جب اونھون نے یہ کلمہ کہا تو اونھون نے اپنی جان و مال محفوظ کرلیے سوائے اون حقوق کے جو جان و مال سے متعلق ہین اور باقی اونکا حساب اللہ تعالی پر ہی یعنے ظاہر مین اوسپر احکام اسلام جاری ہونگے پھر اگر وہ دل سے بھی معتقد ہین تو اللہ تعالی اونکو ثواب آخرت عطا فرماویگا اور اگر دل مین منافق ہین تو ظاہری احکام دنیاوی نافع نہون گے کیونکہ اللہ تعالی عالم الغیب ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ وجہ قوی ہی لیکن اتنی بات ہی کہ اظہار اسلام سے صرف اونھین منافقون کے حق مین شبہہ ہو سکتا ہی جنکا ازلی منافق ہونا

سیاہی زیادہ ہوگئی کما قال تعالیٰ۔ واما الذین فی قلوبہم مرض فزادتہم رجسا الی رجسہم۔ یعنے جنکے دلون مین روگ ہی تو آیات قرآنی نے اونکی تاریکی گمراہی پر گمراہی دیگر بڑھائی۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ بِمَا كَانُوا يَكْذِبُونَ۔ اوران منافقون کے واسطے عذاب الیم ہی بوجہ اونکے کذب کے یا بوجہ تکذیب کے۔ ف یکذبون مین دو قرارۃ متواتر ہین اول یکذّبون بضم یا و تشدید ذال مشتق از تکذیب یعنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و قرآن کو امور آخرت کے بیان مین دل سے جھٹلاتے ہین تو اسکے سبب سے آخرت مین جہنم کا عذاب الیم اوٹھاوینگے اور جملہ اسمیہ سے اشارہ ہی کہ یہ اونکے واسطے مہیا ہی کیونکہ جہنم مثل جنت کے بالفعل مخلوق موجود ہی اور دوسری قرارۃ بفتح یا و کسر ذال منقوطہ بدون تشدید مشتق از کذب ہی یعنے اونکی دروغ گوئی کی وجہ سے اونکے واسطے عذاب الیم ہی کیونکہ زبان سے جھوٹ بولتے ہین کہ ہم ایمان لائے اور دل مین ایمان نہین ہی تو ظاہری کافرون سے بھی یہ لوگ بڑھ گئے کہ اونھون نے دلی کفر کے باوجود بندگان خدا کو دھوکا دیا اسی واسطے منافقون کے لیے جہنم کے طبقات مین نیچا طبقہ ہی کما قال تعالیٰ۔ ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار۔ اور اس بیان سے معلوم ہوا کہ خالی کذب اس عذاب الیم کا سبب نہین ہی جیسا زمخشری نے زعم کیا اور بیضاوی نے اوسکی اتباع کی اور دھوکا کھایا کیونکہ زمخشری تو معتزلہ کی بداعتقادی کا تابع ہی کہ جو شخص کسی کبیرہ گناہ کا مرتکب ہووہ ایمان سے خارج ہوجاتا ہی پس اونسے آیت کو بھی اسی پر محمول کیا کہ کذب کی وجہ سے یہ لوگ عذاب الیم مین مبتلا ہوئے حالانکہ منافق تو ایمان سے منکر و مکار ہوتا ہی پس وہ تو کفر کی وجہ سے دائمی جہنمی ہی اور واضح ہو کہ کذب در حقیقت ایک قول ہی جو آدمی کی زبان سے نکلتا ہی اور اوسکی برائی اسیوجہ سے ہوتی ہی کہ وہ دوسرے کے حق مین مضر ہوتا ہی اور اوس سے فساد پھیلتا ہی حتی کہ اگر ایسا موقع پیش آوے جسمین کذب کے ذریعہ سے فساد دور ہو تو وہان کذب مذموم نہو گا بلکہ کبھی مستحب ہوتا ہی مثلاً دو شخصون مین خلاف شرع کے صرف نفسانی رنجش ہی اور اس رنجش کی وجہ سے شرع مین دونون گنہگار ہوتے ہین کیونکہ حدیث مین ہی کہ جب دو مسلمانون مین باہم نفسانیت ہو اور تین دن کے اندر دونون نے مصالحت نہ کی تو اونکے اعمال خیر مرتبہ قبولیت پر چڑھائے نہین جاتے بلکہ رد کئے جاتے ہین یہانتک کہ دونون صلح کرین پھر ایک مرد صالح نے دونون مین ملاپ کا یہی طریقہ پایا کہ ان دونون مین سے ہر ایک سے علیحدہ علیحدہ کہا کہ تمکو فلان شخص سے نا حق ملال ہی کیونکہ وہ تمہاری تعریف کرتا تھا حتی کہ دونون یہ سنکر ایک دوسرے سے محبت کرنے لگے تو درمیانی آدمی نے نیک کام کیا کہ نفاق دور کیا اور دونون کو اونکی نیکیان مردود ہونے سے بچایا اور کسیکا کچھ نقصان نہین کیا پس یہ کلام کذب مستحب ہی حتی کہ بعض صورتون مین جھوٹ بولنا واجب ہوجاتا ہی مثلاً حاکم ظالم نے زید کو قتل کے واسطے گرفتار کیا کہ تو نے آج رات مین رہزنون کی شرکت کرکے ڈاکہ مارا ہی حالانکہ بکر خوب جانتا ہی کہ زید ایک نیکبخت عالم ہی جو کبھی ڈاکہ مارنے کے نام سے بھی واقف نہین ہی اور خصوصاً آج وہ تمام رات بکر کے یہان مجلس وعظ مین صبح تک وعظ کہتا رہا اور صبح کی نماز کے بعد جب بکر وغیرہ اوسکو گھر تک پہونچانے گئے تو وہ راستہ مین سپاہیون کے ہاتھ مین گرفتار ہوا پس اگر زید کی رہائی کے واسطے یہی طریقہ ہو کہ بکر کو جھوٹ بولنا پڑے تو اوسکو قتل ناحق سے بچانے کے واسطے بکر کو جھوٹ بولنا واجب ہی پس زمخشری کا خیال باطل ہی۔ اور حدیث مین ہی کہ جھوٹ تو سرتاسر گناہ ہوتا ہی سوائے اوس جھوٹ کے جس سے کسی مسلمان کو شرعی نفع پہونچے یا اوسکے دین سے کوئی آفت دور ہو (الطبرانی فی الاوسط) اور آدمی پر ہر جھوٹ لکھا جائیگا یعنے گناہ ہی سوائے تین کے ایک یہ کہ آدمی جنگ جہاد مین جھوٹ بولے اسواسطے کہ لڑائی تو چالاکی ہی دوم اپنی زوجہ کو رضامند کرنے کے واسطے کوئی بات کہدے سوم دو مسلمانون کے بیچ مین جھوٹ بولکر صلح کراوے۔ ف واضح ہو کہ بہت سے لوگ فقیر کی صورت بناکر بہت سے جاہل مسلمانون کو دھوکا دیتے ہین چنانچہ روایت مین آیا کہ بالون کے لباس پہنکر میٹھی باتین کرتے ہین حالانکہ اونکے دل ہلیوہ سے زیادہ

کرتے ہین تو اونکے دل مین بھی یہ روگ ہی کہ مخلوق الٰہی کے نزدیک پیر بنکر اپنی قبولیت سے خوش ہوتے ہین اور بارگاہ الٰہی عزوجل مین مردود ہونے سے بے پروا ہین اسیطرح جسکے دل مین دنیاوی غفلت ہو تو یہ ایک مرض ہی اور جب یہ لوگ اللہ عزوجل کی یاد نہین کرتے ہین تو اپنے نفس سے غافل کیے جاتے ہین جس سے مرض بڑھتا جاتا ہی اسی طرح جو شخص گناہون سے بچنے کی فکر نہ کرے اور توبہ و خوف سے غافل ہو تو بیباک کردیا جاتا اور مرض بڑھ جاتا ہی اسیطرح جو شخص عبادت کرے مگر اپنی عبادت پر نازان ہو تو یہ مرض ہی کہ وہ خوف و خشوع سے محروم ہوکر زیادہ بیمار ہو جاتا ہی اسیطرح جو شخص سوائے حق تعالی و دار آخرت کے دنیاے فانی کی کسی چیز پر دل لگادے تو وہ اوسکے عیب سے اندھا ہوکر زیادہ بیمار ہو جاتا ہی کیونکہ حدیث مین ہی کہ آدمی کو کسی چیز کی محبت اوسکے عیب سے اندھا و بہرا کردیتی ہی شیخ سہل بن عبداللہ نے فرمایا کہ ریاکاری وعجب ایک مرض لادوا ہی سوائے اسکے کہ دنیا و مافیہا سے منقطع ہوکر اخلاص کی راہ اختیار کرے اور فرمایا کہ اللہ تعالی کی نعمتون کو نہ پہچاننا یا ناشکری کرنا مرض شدید ہی تمت ملخصا شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ قرطبی وغیرہ علماء سے پوچھا گیا کہ اس امر مین کیا مصلحت و حکمت تھی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منافقون کو قتل نہین فرمایا حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض منافقون کو بعینہ خاص طور پر پہچانتے تھے مترجم کہتا ہی کہ قرآن مجید مین بھی حکم ہوا کہ یا ایہا النبی جاہد الکفار والمنافقین واغلظ علیہم الآیۃ شیخ نے لکھا کہ ان علماء نے چند جوابات لکھے ازانجملہ یہ کہ صحیحین مین ثابت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے ارشاد فرمایا کہ مین تیری رائے کے موافق منافقون کو قتل نہین کرونگا کیونکہ مجکو یہ امر ناگوار ہی کہ عرب مین یہ بات مشہور ہو کہ محمد اپنے ساتھیون کو قتل کرتے ہین اسکے معنے یہ ہین کہ اعراب کو قتل منافقین کی حکمت ظاہر نہ ہوگی کیونکہ ہنوز اونمین معرفت شریعت و اسلام نہین آئی تو وہ لوگ اسلام اسلے سے باز رہینگے اور جہالت سے یہ سمجھینگے کہ بعضے ساتھی قتل کیے جاتے ہین۔ قرطبی نے کہا کہ ہمارے ملک کے علماء یہی حکمت خیال کرتے ہین جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہت سے لوگون کو بتالیف قلب کے واسطے بیت المال سے عطا فرماتے حالانکہ اونکی بداعتقادی کو خوب جانتے تھے اور یہی حکمت بہت سے علماء مالکیہ سے منقول ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اسمین تردد یہ ہی کہ اگر کافرون کی طرح اونپر جہاد کا حکم آگیا ہو تو کچھ شک نہین کہ آپ اوسکو جاری فرماتے پس قبل از وقت معلوم ہوا کہ اونپر قتل کا حکم نہین تھا چنانچہ حدیث معروف بھی آیندہ آتی ہی۔ ازانجملہ یہ مصلحت تھی جو امام مالک نے بیان فرمائی کہ امت کو یہ بات معلوم ہوجاوے کہ حاکم موافق طریقہ شریعت کے فیصلہ کریگا اور اگر حاکم کو کسی مقدمہ مین اپنے علم سے کوئی بات معلوم ہو تو اوسکے موافق حکم نہین کریگا۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ مصلحت بھی مخدوش ہی اسواسطے کہ جب وحی الٰہی سے اونکا نفاق معلوم ہوگیا اور بطور معین فلان فلان شخص بتلائے گئے تو اس سے بڑھکر کوئی شہادت نہین ہوسکتی۔ اور بقول قرطبی تمام علماء اس بات پر متفق ہین کہ قاضی اپنے جانسے موافق حکم نہین کریگا اور یہان تو شہادت آلہی اونکے حق مین موجود ہی۔ ازانجملہ یہ مصلحت ہی جو امام شافعی نے بیان کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقون کے نفاق کا علم تھا مگر اونکی جانب سے اسلام کا اظہار کرنا قتل سے مانع ہوتا تھا کیونکہ جب وہ سنے اسلام کا اظہار کیا تو اخلاص مشتبہ ہوگیا کیونکہ اسلام سے اگلے گناہ مٹ جاتے ہین اور اوسکی تائید مین یہ حدیث ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجکو حکم دیا گیا ہی کہ لوگون سے قتال کرون یہانتک کہ لا الہ الا اللہ کہین پھر جب اونھون نے یہ کلمہ کہا تو اونھون نے اپنی جان و مال محفوظ کرلیے سوائے اون حقوق کے جو جان و مال سے متعلق ہین اور باقی اونکا حساب اللہ تعالی پر ہی یعنے ظاہر مین اوسپر احکام اسلام جاری ہونگے پھر اگر وہ دل سے بھی معتقد ہین تو اللہ تعالی اونکو ثواب آخرت عطا فرماویگا اور اگر دل مین منافق ہین تو ظاہری احکام دنیاوی نافع نہون گے کیونکہ اللہ تعالی عالم الغیب ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ وجہ قوی ہی لیکن اتنی بات ہی کہ اظہار اسلام سے صرف اونھین منافقون کے حق مین شبہہ ہوسکتا ہی جنکا ازلی منافق ہونا

معلوم نہ ہو لہذا اسکے ساتھ یہ وجہ ملائی جاوے جو بعض علماء نے بیان کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسواسطے منافقون کو قتل نہین فرماتے تھے کہ اونکی بدولت سے اسلام کو کچھ خوف نہ تھا پھر بعد زمانہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اگر مسلمانون نے کسیکا نفاق جانا تو اوسکو قتل کرالینگے امام مالک رحمہ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین جسکو منافق کہتے تھے آج اوسکو زندیق کہتے ہین شیخ رحمہ نے لکھا کہ زندیق کے قتل کرنے مین علماء کے اقوال تفصیل کتب فقہ مین مذکور ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک مین بذریعہ وحی کے لوگونکا حال معلوم ہوجاتا تھا کہ یہ دل سے مومن ہی اور وہ دل سے منافق اور اس زمانہ مین کسی کے دل پر حکم نہین ہوسکتا بلکہ جسنے زبان سے اسلام ظاہر کیا تو اوسکے اسلام کا حکم دیدیا جائیگا اگرچہ وہ دل سے مومن نہو اور اگر اوسنے کچھ افعال ناشایستہ اختیار کیے تو یہی کہا جائیگا کہ فاسق مسلمان ہی اور اگر کسی نے منافقانہ کلمات کہے تو ظاہر شرع اوسپر یہی حکم لگاوینگی اگرچہ وہ دل سے مومن ہو اور اوسکا یہ قول بطور فسق ہو اور اسیوجہ سے فقہ مین جو اقوال و افعال ایسے مذکور ہین جنکی نسبت فقہاء نے مرتد ہوجانیکا حکم دیا مثلاً کسی نے کہدیا کہ مین شرع وغیرہ نہین جانتا ہون اور مانند اسکے تو بعض فقہاء نے جنمین صاحب بحرالرائق ہین اختیار کیا کہ ایسے شخص کے حق مین کفر کا فتوی نہین دینگے کیونکہ امام ابوحنیفہ وغیرہ ائمہ اہل سنت والجماعۃ سے صریح روایت ہی کہ ہم لوگ کسی ایسے شخص کی تکفیر نہین کرتے جو ہمارے قبلہ کی طرف رخ کرے اور ہمارا ذبیحہ کھاوے۔ مترجم کہتا ہی کہ جنحون نے ارتداد کا حکم دیا ظاہراً اونکا مطلب یہ ہی کہ مثلاً بت کو سجدہ کرنا یا کلام الٰہی کی توہین کرنا بیشک افعال کفر ہین اور جب اوسکے مرتد ہونیکا حکم ہو حالانکہ وہ درحقیقت مرتد نہین ہی تو خواہ نخواہ حاکم اسلام سے توبہ کرکے عذر کریگا اور آئندہ ایسی حرکت سے خوف کریگا اگرچہ اوسنے یہ حرکت بطور دیدہ دلیری و فسق و فجور کے ظاہر کی ہون بخلاف التزام صاحب بحرالرائق وغیرہ کے کہ جب یہ فتوی نہین دیتے تو خوف اوٹھ گیا لہذا متقدمین ہی کا قول اقرب بفقہ ہی واللہ تعالی اعلم (تنبیہ) آیت قدسی جسمین منافقون و کافرون پر جہاد کا حکم ہی اوسمین جہاد سے پوری کوشش مراد ہی اور یہ کوشش دونون فریق مین سے ہر ایک کے مناسب حال عمل مین لائی جائیگی چنانچہ کافرون کے ساتھ بطریق قتال ہی یہانتک کہ وہ لا الہ الا اللہ کہین اور صرف یہ زبانی اقرار قبول کرلیا جائیگا اور منافقین تو یہ کلمہ کہتے تھے پھر اونکے ساتھ قتال کی کوئی راہ نہین ہی بلکہ اونپر جہاد بطور احقاق حق و نصیحت اور اونکی بداعمالیون پر تشنیع ہی اور اوسکو بھی جہاد بولتے ہین۔ چنانچہ حدیث مین ہی کہ سلطان ظالم کے سامنے کلمہ حق کہنا افضل جہاد ہی پس اسیطرح منافقون کو بھی درشتی سے نصیحت کرنا اونپر جہاد ہی شیخ رحمہ نے لکھا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک سے لوٹے تو پہاڑ کی گھاٹی مین غار کے برابر ایک تنگ راستہ تھا اور تاریک رات تھی پس چودہ منافقون نے قصد کیا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ناقہ اس مقام پر پہونچے تو تاریکی مین اوس ناقہ کو چونکا دو تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم گر پڑین پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بذریعہ وحی الٰہی کے حذیفہ رضی اللہ عنہ کو اونکے ناموں سے اور اونکے قصد سے آگاہ فرمایا حتی کہ حذیفہ رضی اللہ عنہ نے بڑھکر گھاٹی پر اون منافقون کو پایا اور انجام یہ ہوا کہ منافق یہ معلوم کرکے بھاگ گئے پس یہ حدیث دلیل ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بذریعہ وحی بہت سے منافقون کو پہچانتے تھے حتی کہ جب سب سے مشہور منافق عبداللہ بن ابی بن سلول مرا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکے بیٹے کی خاطر سے جو سچا مسلمان تھا اپنی قمیص عطا فرمائی اور اوسنے اپنے باپ کی نسبت عرض کیا کہ یارسول اللہ وہ کمبخت منافق مرگیا پس اگر آپ نماز پڑھین تو شاید اوسکے حق مین کوئی نجات ہو پس جب آپ نماز کو کھڑے ہوئے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے سامنے آکر عرض کرنا شروع کیا کہ یارسول اللہ آپ اس منافق پر نماز پڑھتے ہین اور بہت اصرار کیا کہ نہ پڑھین پھر یہ آیت نازل ہوئی کہ۔ لاتصل علی احد منہم مات ابدا الآیہ۔ پس اس آیت سے دو باتین ظاہر ہوئین اول یہ کہ منافقون کو کوئی چیز مفید نہوگی حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز جو مومنون کے واسطے نور عظیم و مغفرت و رحمت ہی اس منافق کے واسطے اللہ تعالے

تعمیل نہ فرمائی اور دوم یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقین بتلادیے گئے تھے کیونکہ حکم آیت کی تعمیل جب ہی ممکن ہو کہ معلوم ہوں تاکہ جب کوئی مرے تو اوسکی نماز نہ پڑھیں اور نہ اوسکی قبر پر کھڑے ہوں پس یہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں بھی معروف تھے اور حضرات مہاجرین وانصار رضی اللہ عنہم سب ہی جانتے تھے قال تعالے

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ اَلَآ

اور جب کہے جاتے ہیں انکو فساد نہ کرو ملک میں کہتے ہیں ہمارا کام تو سنوارنا ہے سن رکھو

اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝

وہی ہیں بگاڑنے والے پر نہیں سمجھتے

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ لَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ ۔ اور جب کبھی اونسے کہا جاتا ہے کہ تم زمین میں فساد مت پھیلاؤ قَالُوْٓا اِنَّمَا نَحْنُ مُصْلِحُوْنَ ۝ ۔ تو کہتے ہیں کہ ہمارا کام تو سنوارنا ہی ہے ۔ ف یعنے ہم تو بالکل اصلاح ہی کرتے ہیں اور ہماری حالت میں فساد بالکل نہیں ہے پس یہ لوگ باطنی کفر کے ساتھ کافروں سے ملے رہتے اور ظاہری اسلام اظہار کرکے مسلمانوں میں ملنا چاہتے اور اسکو اپنی جہالت سے اصلاح سمجھتے تھے حالانکہ اس سے بہت بڑا فساد یہ تھا کہ کافروں کو ظاہر ہوتا کہ اسلام میں کوئی نور نہیں ہے کیونکہ جب یہ شخص جو اسلام میں داخل ہوا برابر معصیت کا مرتکب ہے بلکہ ہماری جانب میل کرتا ہے تو ظاہر ہے کہ ہم لوگ بنسبت مسلمانوں کے بہتر ہیں اور مسلمانوں کو بھی انکی ذات سے ضرر پہونچتا کہ ایک شخص کو بیباک دیکھکر دوسروں کے دل سے خوف مٹ جاتا ہے پس منافق نے دونوں طرف فساد برپا کردیا اور اسکا باعث درحقیقت وہی کفر کی تاریکی وجبلی مکاری ہے ۔ امام ابن کثیر رح کی تفسیر میں ہے کہ ابن عباس و ابن مسعود و دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ یہ منافقوں کا بیان ہے جنسے کہا جاتا ہے کہ تم لوگ زمین میں فساد نہ کرو یعنے کفر و معصیت نکرو ۔ ابو العالیہ نے کہا کہ فساد یہ تھا کہ معاصی کے مرتکب ہوتے تھے کیونکہ زمین و آسمان کی صلاحیت تو اللہ تعالی کی بندگی کے ساتھ ہے اور یہی ربیع بن انس و مجاہد و قتادہ رح کا قول ہے اور مجاہد رح نے فرمایا کہ جب اونسے کہا جاتا کہ یہ معاصی جنکا ارتکاب کرتے ہو مت کرو مثلاً کافروں سے دلی دوستی مت رکھو تو جواب میں کہتے کہ ہم تو بالکل اصلاح ہی کرتے ہیں شیخ ابن جریر رح نے کہا کہ جب منافقوں نے ملک میں رب عزوجل کی نافرمانی پھیلائی اور زمین امور سے ممانعت کی گئی ہے اونکو عمل میں لائے اور فرائض الٰہی کو ضائع کیا اور دین اسلام میں شک پھیلایا اور مسلمانوں کو جھٹلایا اور جب کبھی موقع پایا کافروں کی مدد کی تو یہ سراسر فساد ہے جسکو وہ اصلاح سمجھے چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا ۔ والذین کفروا بعضھم اولیاء بعض الا تفعلوہ تکن فتنۃ فی الارض وفساد کبیر ۔ یعنے کافروں کے فرقہ باہم دلی دوست ہیں اگر تم اونسے دلی دوستی قطع نکروگے تو زمین میں فتنہ و فساد کبیر پیدا ہوگا مترجم کہتا ہے کہ بعض اہل اشارات نے کہا کہ اللہ تعالے نے قلوب کو ماننداٰئینہ بنایا ہے کہ ایک کے دل پر دوسرے کا اثر پیدا ہوتا ہے اسیواسطے حدیث صحیح میں بدوں کی صحبت سے احتراز کا حکم دیا گیا اور کافروں کی دلی دوستی میں اگرچہ کافروں کے دل پر بھی مسلمانوں کا اثر پیدا ہوگا لیکن اوسکا کچھ فائدہ نہیں ہے اور مومنوں کے واسطے ضرر ہے اور اوسکی مثال یہ ہے کہ ایک گڈھے میں پاک پانی بھرا ہے اور اوسکے قریب دوسرے گڈھے میں پیشاب بھرا ہے پس اگر اونکی تہ میں بارک سوراخ کرکے دونوں کو ملادیا جاوے تو پانی کے میل سے پیشاب میں کمی آئیگی لیکن پیشاب کے میل سے پانی نجس ہوجائیگا اسیطرح نجس کافروں میں مسلمانوں کے دلی عکس سے کوئی فائدہ نہوا اور کافروں کے دلی عکس سے مومن کے دل میں نجس عکس پیدا ہوگا جبکہ وہ دلی دوستی رکھتا ہو اور اگر یہ موافقت صرف دنیاوی غرض سے ہو تو کچھ مضائقہ نہیں ہے اور اسیوجہ سے

اللہ تعالیٰ نے منافقوں کی تضحیح میں مومنوں کو زیادہ توضیح دی کیونکہ انکے زبانی دعوی پر مومنین انکے ساتھ دلی دوستی کرینگے بخلاف ظاہری کافروں کے کہ انکی عداوت خفیف ہی بلکہ انکا کفر بھی خفیف ہی کیونکہ کافر اگر اسلام کو سمجھا تو وہ مخلص مومن ہو گیا بخلاف منافقوں کے کہ یہ لوگ زمین میں فساد کرتے اور خیل مکر سے اس فساد کو اصلاح اعتقاد کرتے ہیں اسیواسطے اللہ تعالیٰ نے تاکید فرمایا۔ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَلٰكِنْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ۝ خبردار رہو کہ یہی لوگ مفسد ہیں لیکن شعور نہیں رکھتے ہیں۔ ف زبان عرب میں شعور ایسی چیز کے واسطے ہوتا ہی جو محسوس ہو اور انکا فساد بھی گویا محسوس تھا لہذا مومنوں کو تنبیہ فرمائی کہ انکا فساد اسقدر ظاہر ہی گویا یہی مفسد ہیں ولیکن اپنی جہالت سے اس کھلے ہوئے فساد کو بھی نہیں سمجھتے ہیں ف بعضے لوگ دنیا کی لذت کو دل میں جگہ دیتے ہیں جس سے قلب کا فساد ہوا اور اللہ تعالیٰ نے قرآن میں اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث میں قلب کو زمین سے تشبیہ دی ہی چنانچہ قولہ تعالیٰ ثم قست قلوبکم من بعد ذالک فھی کالحجارۃ الآیۃ کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالیٰ توضیح آویگی پس جو لوگ لذت دنیاوی کی طرف میلان کرتے ہیں وہ اپنے قلب کو بیمار کرتے ہیں اور بسا اوقات ایسے مدعی پیروں سے خرق عادات بھی ظاہر ہوتے ہیں جسکو عوام کرامت سمجھتے ہیں حالانکہ یہ استدراج ہی اور عوام دل و جان سے اونکے تابع ہو کر ایمان کھو بیٹھے ہیں حالانکہ کرامت صرف ایسے شخص میں ہوتی ہی جو راہ ہدایت و طریق سنت پر مستقیم ہو۔ واضح ہو کہ منافقوں نے اپنے قول میں مومنوں پر طنز کیا تھا جب کہا کہ ہم تو اسر اصلاح ہی کرنیوالے ہیں یعنی اگر کچھ فساد ہی تو تمہاری جانب سے ہو پس اللہ تعالیٰ نے مومنوں کی تکریم فرمائی کہ اونکی طرف سے منافقوں کو جواب دیا اور جواب میں کمال بلاغت سے منافقوں ہی کو مفسد ٹھہرایا۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۭ اَلَآ اِنَّهُمْ

اور جب کہے جاتے ہیں ان کو ایمان لاؤ جیسے ایمان لائے سب لوگ کہتے ہیں کیا ہم ایمان لاویں جیسے مسلمان ہوئے بیوقوف سفیہا ہی

هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝

وہی ہیں بیوقوف پر نہیں جانتے

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا كَمَآ اٰمَنَ النَّاسُ ۔ اور جب اونسے کہا جاتا ہی کہ تم بھی ایمان لاؤ جیسے لوگ ایمان لائے۔ ف یعنی جب منافقوں سے کہا جاتا ہی کہ جیسے بزرگ لوگ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اللہ تعالیٰ و ملائکہ و کتابوں و رسولوں و روز قیامت و جنت و دوزخ وغیرہ پر ایمان لائے ہیں اور اللہ تعالیٰ اور اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کرتے ہیں اوسیطرح تم بھی سچے طور پر ایمان لاؤ تو خبیث منافقوں نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو سفیہ یعنے کم عقل قرار دیا۔ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ كَمَآ اٰمَنَ السُّفَهَآءُ ۔ تو کہتے ہیں کہ کیا ہم ایسے ایمان لاوین جیسے سفیہ لوگ ایمان لائے۔ ف یعنی ہم اونکی طرح نہیں مانینگے یہ تفسیر حضرت ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ و تابعین سے ماثور ہی اور اللہ تعالیٰ نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف سے مژدہ و منافقوں کو جواب دیا۔ اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَآءُ وَلٰكِنْ لَّا يَعْلَمُوْنَ ۝ خبردار ہو کہ یہ منافقین ہی خود سفیہ لوگ ہیں ولیکن جانتے نہیں ہیں ف یعنے انکی کمال حماقت یہ ہی کہ اپنی حالت کو بھی نہیں پہچانتے ہیں اسیواسطے بعض لوگوں نے کہا کہ جو شخص اپنے آپ کو نہ پہچانے وہ اپنے رب عزوجل کو بھی نہیں پہچانیگا کیونکہ جو شخص اپنے آپ کو بندہ جانے وہ خالق کو پہچانیگا وکیع و ابن جریر نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جن مفسدوں و جاہلوں کا آیت میں بیان ہی وہ ابھی تک ظاہر نہیں ہوئے شیخ ابن جریر نے کہا کہ سلمان فارسی رضی اللہ عنہ کی یہ مراد نہیں معلوم ہوتی کہ اس قسم کا منافق کوئی ابھی تک نہیں ہوا کیونکہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین منافقون کا وجود معروف ہی اور آیات مین بکثرت مذکور ہی بلکہ اونکی مراد یہ ہی کہ اس امت مین جو منافق پیدا ہونے والے ہین وہ ابھی تجھے نہین دیکھے کہ جب وہ ظاہر ہونگے تو معلوم ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین جو منافق تھے اونسے یہ بدرجہا بدتر ہین مترجم کہتا ہی کہ اس زمانہ مین یہ امر مشاہدہ ہوگیا چنانچہ فرقہ نیچر وغیرہ اون منافقون سے بدرجہا بدتر ہین اور یہ لوگ سچے اعتقاد والون کو پرانے خیالات کے احمق بتلاتے ہین اور الحمد للہ کہ اللہ تعالے نے کلام قدیم ہی مین اپنے علم قدیم کے موافق انکا جواب دیدیا کہ یہی لوگ قطعی سفیہ احمق ہین اور اللہ تعالی کی شہادت سے بڑھکر کوئی سچی شہادت نہین۔ اور جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ والون نے اوسوقت کے اکابر مومنین کو بوجہ فقیری و محتاجی کے سفیہ کہا تھا اسیطرح اس زمانہ کے منافقین نے بھی سچے مسلمانون کو جو بدکارون سے بچکر تنگدستی کی حالت مین ہین بیوقوف قرار دیا ہی حالانکہ صحیح مسلم مین ہی کہ اسلام غریب شروع ہوا اور جیسے شروع ہوا تھا عنقریب ویسی ہی غربت عود کریگا پس غرباء کے واسطے مبارکباد ہی (رواہ مسلم) یہ معجزہ بھی مسلمانون کے واسطے بشارت عظیم ہی۔ اور حدیث مین ہی کہ قیامت کے قریب میری امت کے بہت سے فرقے مشرکون مین ملجائینگے (الصحیح) یہ معجزہ بھی اسوقت صادق ہی۔ اور واضح ہو کہ جسوقت مسلمانون کی فتوحات ہندوستان سے لیکر ملک اندلس و اسپین تک پہونچی تھین تو اوسوقت نصرانی بالکل جانورون کی طرح گمنام تھے کسیکو اونکی ترقی کا گمان بھی نہ تھا لیکن حدیث مین آیا کہ قیامت کے قریب امت اسلام بگڑ جائیگی اور ظلم و فسق و فجور دنیا وی امرائے مین ہوگا اور نصاری کیطرح عاقبت بھول جاوینگے اوسوقت اونپر پے در پے بلائین نازل ہونگی اور اوسوقت نصاری بکثرت اور روسے زمین پر غالب ہونگے اور حدیث مین آیا کہ نصارے روم مسلمانون کو گاجرون مولیون کی طرح کاٹکر نکالدینگے اور حدیث مین ہی کہ خروج دجال کے قریب امت محمدیہ مین سے جدال کے قسطنطنیہ کو کفار فتح کرلینگے اور حدیث مین ہی کہ مسلمانون کے قبضہ مین سوائے جزیرہ عرب کے اور کوئی ملک نہین رہیگا چنانچہ سورۂ اعراف مین انشاء اللہ تعالی تفصیلی بیان آویگا اور اسوقت میری مراد یہ ہی کہ یہ حالت خود موصوفون کے واسطے نور الدین کے معجزات ہین جو اونکے سامنے موجود ہین اور اللہ تعالے ہم سب موصوفون کو ایمان پر ثابت قدم رکھے اور فتنہ گمراہی سے محفوظ فرماکر چند روزہ زندگی کے بعد خاتمہ بخیر فرماوے آمین یا ارحم الراحمین ببرکۃ حبیبک مولانا محمد وآلہ واصحابہ اجمعین۔ ان منافقون کو بھی لازم ہی کہ چند روزہ دنیا کی فریفتہ نہون اور جن خیالات فاسدہ نے اونکو دھوکا دیا مترجم نے مقدمہ مین اونکا بطلان مدلل بیان کیا ہی واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم اور وہ دلائل اگرچہ صریح حق ہین لیکن جو شخص نظر عداوت سے دیکھے اوسکو حق نہین سوجھتا ہی کیونکہ جسنے کفر اختیار کیا اوسکے دل پر غضب ہوجاتی ہی اور یہی منافقون کی حالت ہے۔

وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَاطِينِهِمْ قَالُوا إِنَّا مَعَكُمْ

اور جب ملاقات کرین مسلمانون سے کہین ہم مسلمان ہوے اور جب اکیلے جاوین اپنے شیطانون پاس کہین ہم ساتھ ہین تمہارے

إِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِئُونَ ۝ اللَّهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِي طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُونَ ۝

ہم تو ہنسی کرتے ہین اللہ ہنسی کرتا ہی اونسے اور بڑھاتا ہی اونکو اونکی شرارت مین بہکتے ہوے

اس آیت مین اللہ تعالے نے منافقون کا برتاؤ کافرون و مسلمانون کے ساتھ بیان فرمایا اور یہ بھی منجملہ اونکے افعال قبیحہ کے تھا۔ وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا قَالُوا آمَنَّا ۔ اور جب یہ منافقین اون لوگون سے ملے جو ایمان لائے ہین تو کہتے ہین کہ ہم بھی ایمان لائے۔ قَالُوا یعنے مومنون کے سامنے مومنون کے خوش کرنے کو اور دھوکا دینے کو تقیہ کرتے اور ایمان ظاہر کرتے

ہوں تاکہ اونکے دلیرانہ جہاد سے بچیں اور اہل ایمان جو کچھ مال غنیمت حاصل کرتے ہیں اسمیں سے اپنا بھی حصہ مانگیں۔ وَاِذَا خَلَوْا اِلٰى
شَيٰطِيْنِهِمْ قَالُوْٓا اِنَّا مَعَكُمْ اور جب لوٹ کر اپنے شیاطین کے پاس داخل ہوتے ہیں تو کہتے ہیں کہ ہم تمہارے ساتھ ہیں ف
بیضاوی نے تجویز کیا کہ خلو بمعنی انفراد ہو سکتا ہے یعنے جب اپنے شیاطین یعنے سرداروں کے پاس منفرد اور اکیلے ہوتے ہیں کہ وہاں کوئی مومن نہیں
ہوتا تو اُنسے اظہار کرتے ہیں کہ دین میں ہم درحقیقت تمہارے ساتھ ہیں۔ اِنَّمَا نَحْنُ مُسْتَهْزِءُوْنَ ۔ ہم تو استہزا کرتے ہیں
ف یعنی اگر شیاطین مذکورنے ان دو منہوں سے کہا کہ تم تو مومنوں کے پاس جاکر مسلمان ہوئے ہو اور اُنسے ایمان کا عہد کر چکے
ہو تو انکو اطمینان دلاتے ہیں کہ یہ تو فقط ہمارا استہزا ہے جس سے ہم ان بیوقوف لوگوں کو بناتے ہیں تاکہ اُنسے محفوظ رہیں اور باطن میں ہم تمہارے
ساتھ ہیں۔ ابو مالک نے فرمایا کہ شیاطین سے مراد اونکے سردار و رئیس مانند احبار یہود وغیرہ کے ہیں اور ابن عباسؓ نے کہا کہ منافقوں کے ساتھی
بھی اسمیں شامل ہیں اور دوسری روایت میں ابن عباسؓ نے فرمایا کہ انکے شیاطین دراصل وہ یہودی لوگ ہیں جو مالداری کی وجہ سے انکے سردار بنے تھے
اور اونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت و قرآن پاک میں شک لاتے اور انکو جھٹلانے پر آمادہ کرتے تھے اور اسیکے مانند ایک جماعت
صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم سے روایت ہے شیخ ابن جریرؒ نے فرمایا کہ ہر جنس میں جو سرکش متمرد ہو وہ اوس جنس میں شیطان ہے تو
جیسے جن میں ابلیس شیطان ہے اسیطرح انس میں بھی جو لوگ کفر کی راہ میں مغرور رہوں وہ شیاطین ہیں اور اللہ تعالے نے ہر پیغمبر کے واسطے جیسے
اونکے اولیاء مومنین رکھے ہیں ویسے ہی اوسکے دشمن بھی رکھے ہیں چنانچہ فرمایا۔ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِيٍّ عَدُوًّا شَيٰطِيْنَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ يُوْحِيْ
بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ زُخْرُفَ الْقَوْلِ غُرُوْرًا۔ یعنی اسیطرح ہمنے ہر پیغمبر کے لیے انس کے شیطانوں اور جن کے شیطانوں کو پیغمبر کا دشمن بنایا کہ یہ
شیاطین باہم بعض کو بعضے بیہودہ قول و غرور کو دلوں میں ڈالتے ہیں اس آیت قدسی سے معلوم ہوا کہ آدمیوں میں بھی بہکانے والے
شیطان ہوتے ہیں حتی کہ انکی بدی سے بھی پناہ مانگنا چاہیے چنانچہ ابو ذر رضی اللہ عنہ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ای ابو ذر تو
اللہ تعالے کی جناب میں شیاطین انس و شیاطین جن سے پناہ مانگ ابو ذرؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا آدمیوں میں بھی شیاطین ہیں آپنے
فرمایا کہ ہاں (رواہ احمد) مترجم کہتا ہے کہ جس شخص نے دنیا و قانون شیطانی اختیار کر لیا اور اسپر جزم کیا تو اسکے لوازم میں سے یہ ہے کہ اوسکے دل پر
مہر ہو جاوے کہ نور عقل ظہور نہیں کر سکتا پس جب یہ حالت ہو جاتی ہے تو وہی شیطان ہے پھر اسکا کہنا ہمیشہ اون لوگوں میں اثر کریگا جو از لی بدبخت
ہیں حتی کہ ہدایت و معرفت کی بات کبھی اوسکے دل میں نہیں سماویگی اور اس شیطان کا کہنا فوراً سمجھ جاویگا پس حاصل یہ ہوا کہ منافقین بدبخت
جب مسلمانوں کے پاس سے الگ ہو کر انھیں شیاطین کے پاس اکیلے ہوتے ہیں اور شیاطین اپنی جبلت کے موافق اونکو بہکاتے ہیں تو یہ اونکی بات
سمجھ جاتے اور کہتے ہیں کہ ہم تو تمہارے ساتھ ہیں اور جب یہ ملامت کرتے کہ تم تو مسلمانوں کے پاس عہد کر چکے ہو تو کہتے ہیں کہ ہم تو اُنسے
مسخر کرتے ہیں۔ اَللّٰهُ يَسْتَهْزِئُ بِهِمْ وَيَمُدُّهُمْ فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ۔ اللہ تعالے اونکے واسطے
استہزا فرماتا ہے اور ڈھیل دیتا ہے اونکو اونکی سرکشی میں حالانکہ اندھے پھرتے ہیں۔ ف اور اگر یہ آیت بددعا ہو تو یہ معنے ہونگے کہ
اللہ تعالی اونکے ساتھ استہزا فرماوے اور استہزا الٰہی یہ ہے کہ اونکو ملامت و جھڑکی کے ساتھ سزا دیوے جیسے منافقوں کے واسطے قیامت میں
بعضے آثار اس قسم کے ظاہر ہونگے جس سے ملائکہ و اہل ایمان اون منافقوں سے تمسخر کرینگے مثلاً تاریکی راہ میں جب مسلمانوں کا قافلہ پل صراط کی طرف
چلینگے تو مومنوں کے آگے نور ہوگا اور منافقوں کے واسطے ایک روشنی چمکیگی پس وہ آگے بڑھینگے پھر تاریکی چھا جاویگی کہ کچھ نظر نہ آویگا
اور منافقین آگے بڑھنے سے ٹھٹک رہینگے اور مومنوں سے کہینگے کہ ٹھہر جاؤ ہم تمہارے نور سے اقتباس کریں تو بطور تمسخر جواب دیا جائیگا

کہ پیچھے جاکر تلاش کرو پھر انکے درمیان میں ایک دیوار حائل ہوجائیگی جسکے باطن میں مومنون کی جانب رحمت ہوگی اور ظاہر میں منافقون کی جانب اوسکی طرف سے عذاب آویگا اور بعض علمانے کہا کہ ایسی آیات برسبیل جواب ہین جیسے ایک شخص دوسرے کے ساتھ مکر کرے لیکن مکار کو کوئی فائدہ حاصل نہو تو وہ شخص کہتا ہی کہ میرا ہی مکر اوسپر غالب ہا حالانکہ اوسنے کوئی مکر نہین کیا اور ان علمانے کہا کہ قولہ تعالے مکروا و مکر اللہ واللہ خیر الماکرین ۔ اور قولہ تعالی اللہ یستہزئ بہم ۔ یہ بھی برسبیل جواب ہی یعنے کافرون کے مکر یا استہزا کا نتیجہ کافرون کو حاصل نہین ہوا تو گویا جواب مین کہا گیا کہ ہمارا مکر و استہزا اونپر غالب ہی ۔ اور دیگر علمانے فرمایا کہ استہزا یا خداع یا جیسے اللہ تعالے نے فرمایا فیسخرون منہم سخر اللہ منہم ۔ اور قولہ تعالی نسوا اللہ فنسیہم ۔ اور اسکے مانند دیگر آیات مین جو اللہ تعالی نے فرمایا تو اوسکے معنے یہ ہین کہ اللہ اونکے استہزا پر اونکو سزا دیگا اور اونکے مکر یا اونکے بھول جانے پر اونکو سزا دیگا لیکن اللہ تعالی نے اپنی سزا دینے کو بطور خبر کے بیان کیا تاکہ جس بات پر یہ لوگ سزا کے مستحق ہوئے ہین وہ ظاہر ہوجاوے جیسے اللہ تعالے نے دوسری آیت مین فرمایا جزاء سیئۃ سیئۃ مثلہا یعنی ہر بدکاری کی سزا اوسکے مثل بدی ہی حالانکہ عذاب جہنم کوئی بدی نہین ہی تو یہ امر بطریق مماثلت ہی جیسے کہتے ہین کہ جیسا کرو ویسا پاؤ اور محتمل ہی کہ جو معاملہ کافرون نے مسلمانون کے ساتھ دنیا مین کیا یا اسلام کے ساتھ تمسخر وغیرہ کیا اوسکے مانند آخرت مین کافرون کو بطور عذاب برداشت کرنا پڑیگا چنانچہ حدیث مین ہی کہ جنت کا دروازہ کھولکر منافقون کو بلایا جاویگا حالانکہ وہ حقیقی جنت نہین ہی پھر جب قریب پہونچینگے تو دروازہ بند کرلیا جائیگا اور اسی معنی مین ہی قولہ تعالی فالیوم الذین آمنوا من الکفار یضحکون ۔ مترجم کہتا ہی کہ تحقیق مقام یہ ہی کہ مثلاً قولہ تعالے ۔ مکروا و مکر اللہ واللہ خیر الماکرین ۔ مین مکر کفار یہ تھا کہ کافرون نے حضرت عیسی علیہ السلام کے ساتھ پکا بندوبست باندھا تھا کہ جسکا نتیجہ اونکے زعم مین یہ نکلے کہ حضرت عیسی علیہ السلام قتل ہون اور حواریون کو ظاہر ہوا اور جو شخص اس تصمیم کا منصوبہ باندھے وہ نتیجہ پر جزم کرنے مین درحقیقت احمق ہی اسواسطے کہ خالق افعال اللہ تعالے ہی پس کیونکر معلوم ہوسکتا ہی کہ اللہ تعالی کیا بات پیدا کریگا پس جب یہودیون نے ایک منافق کو اپنے ساتھ ملایا جسنے حضرت عیسی علیہ السلام کا پتہ بتایا تاکہ گرفتار کیا جاوے اوس مکان پر ہجوم کرکے حضرت عیسی علیہ السلام کو پکڑ کر سولی دیدین اور وہ منافق اوس مکان مین گھسا اور باہر نکلکر یہودیون کی دو ٹولی لایا اور پھر اوس مکان مین گھس کر دروازہ کھول دیا کہ تم لوگ آکر گرفتار کرو اور اللہ تعالی نے حضرت عیسی علیہ السلام کو آسمان پر اوٹھا لیا اور اسی منافق کے چہرہ پر عیسی علیہ السلام کی مشابہت ڈال دی پس یہود کی فوج نے گھسکر اس منافق کے حق مین کچھ بھی شک نکیا کہ یہی عیسی علیہ السلام ہین اور فوراً باہر لاکر پھانسی دیدی کیونکہ وہ عیسی علیہ السلام کو جادوگر و دشمن یہود سمجھکر باوجود سخت عداوت کے توجہ کرتے تھے کہ وہ جادو کے ذریعہ سے غائب ہوجائیگا پھر جب صبح کو غور سے دیکھا گیا تو چہرہ بیشک حضرت عیسی علیہ السلام کے موافق تھا مگر باقی جسم مخالف تھا اور اونکا ساتھی منافق درمیان سے گم تھا تو یہ امر یہودیون کے نتیجہ کے بالکل خلاف ہوا کیونکہ اونکا مکر یہ تھا کہ اونکے افعال کا نتیجہ نصرانیون کے خلاف واقع ہو حالانکہ وہ یہودیون کے حمایت اور نصرانیون کے موافق واقع ہوا کیونکر عوام یہ واقعہ دیکھکر حضرت عیسی علیہ السلام کے زیادہ معتقد ہوگئے اور مترجم نے پہلے بیان کیا کہ مکر اسکا نام رکھا جاتا ہی کہ حواس سے پوشیدہ کرکے کسیکے مخالف نتیجہ نکالا جاوے اور یہودیون کے حق مین یہی واقع ہوا اسلئے جب اونھون نے یہ واقعہ دیکھا کہ اونکی تدبیر اونکے خود اونکے حق مین مکر واقع ہوئی تو تین دن کے بعد خفیہ اوس منافق کی لاش اتارکر دور ایک غار مین پوشیدہ کردی کیونکہ عوام کا اعتقاد بڑھتا جاتا تھا کہ یہودی خود مکر مین گرفتار ہوے اور جسم ہرگز حضرت عیسی علیہ السلام کا جسم نہین ہی اسیطرح کافرون کے واسطے جو مکر قدیم یا مکر ازل ہوا جاتا ہی اوسکے یہی معنی ہین کہ کفار اس دنیا نے فانی کے ظاہر پر فریفتہ ہوکر اپنے زعم مین اپنے حق مین بہت بھلائی

اختیار کرتے ہیں مگر مرتے ہی اوسکا نتیجہ اونکے خلاف ظاہر ہوتا ہی اور اسی قسم سے وہ معاملہ ہی جو شیخ عز الدین وغیرہ نے لکھا کہ بعض اعور دجال مسیلمہ کذاب وغیرہ کو ظاہر میں خرق عادات دیے گئے چنانچہ مسیلمہ کذاب جسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب وفات شریف میں اپنی نبوت کا دعوی کیا تھا اوسکے ہاتھ پر بعضے خرق عادات ظاہر ہوتے تھے چنانچہ وہ اپنے آپکو کسی مرتبہ پر سمجھنے لگا بلکہ یقین کر لیا کہ وہ پیغمبر ہی حالانکہ اللہ تعالی ازلی اگر اہوں کو بعضے استدراج دیتا ہی وہ یمدہم فی طغیانہم یعمھون اور کافروں کو انکے سرکشی میں مہلت دیتا ہی کہ متحیر پھرتے ہیں بعضے اپنے اعتقاد پر تو وہ بہت ٹھیک ہیں لیکن درحقیقت راہ معرفت سے دور ہو کر بھٹکتے پھرتے ہیں چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ سنستدرجھم من حیث لا یعلمون واملی لھم ان کیدی متین۔ یعنی ہم درجہ بدرجہ اونکو ایسی راہ سے لیجائینگے کہ وہ جانتے نہیں ہیں اور اونکو ڈھیل دینگے یہ ہماری تدبیر بہت باریک ہی۔ بعض علماء نے کہا کہ اسکی نوبت یہانتک پہونچتی ہی کہ جب اونھوں نے گمراہی میں کوئی پہلو بدعت نکالا تو اوسکے منافع دنیاوی بڑھا دیے جاتے ہیں جسکو وہ اپنے حق میں خوبی و نعمت جانتے ہیں حالانکہ درحقیقت وہ غضب کا سامان ہی قال تعالی۔ ایحسبون انما نمدھم بہ من مال و بنین نسارع لھم فی الخیرات بل لا یشعرون۔ یعنی ہم انکو مال و اولاد سے جو کچھ زیادتی دیتے ہیں تو کیا یہ لوگ خیال کرتے ہیں کہ ہم تیزی کے ساتھ اونکے حق میں نیکیاں پہونچاتے ہیں یعنے یہ خیال باطل ہی بلکہ یہ لوگ شعور نہیں رکھتے ہیں۔ حاصل کلام یہ کہ اللہ جل جلالہ کی بندگی و طاعت میں اگر تکلیف بھی پہونچے تو وہ نعمت عظیم ہی اور کفر و معصیت کی حالت میں جو مال و دولت بلکہ سلطنت بھی ملے وہ بھی درحقیقت عذاب و غضب ہی اور اسمیں بھید یہ ہی کہ اللہ تعالے نے پیغمبر و کتاب کے ذریعہ سے اونکو رہنمائے الہی و ایمان آخر تک کی ہدایت فرمائی اور آدمی کبھی تکلیف کی حالت میں پراگندہ حواس ہو کر ٹھیک بات نہیں سمجھتا ہی تو اونکو وعظ و نصیحت کی مگر جب یہ نہ مانے تو اونکو قحط و تکلیف میں گرفتار کیا کیونکہ آدمی کبھی مال و دولت میں اترا کر حق بات کیطرف کان نہیں لگاتا تو اونکی نافرمانی مدہوش کر دیتی ہی کہ بات اونپر ثابت ہو گئی کہ ان لوگوں نے عزم جزم کر لیا ہی کہ دنیا سے موجود و راہ شیطان کے سوائے اپنے خالق و مولی جل جلالہ کی بندگی و راہ آخرت نہیں قبول کرینگے تو راہ نور بالکل مسدود کر دیگئی اور راہ تاریک جو جسم و حواس سے متعلق ہی اونکے واسطے کھول دیگئی اور جو کچھ دنیا ہی کے پیچھے اونھوں نے سب چھوڑا اور سہو و غفلت سے اسی مایہ حقیر کو اختیار کیا تو یہ دنیا بقدر مقدار اونکو دیدی گئی خصوصا جبکہ وہ اس زمین میں کوآر استہ کرنا چاہیں چنانچہ فرمایا۔ فلما نسوا ما ذکروا بہ فتحنا علیھم ابواب کل شیء حتی اذا فرحوا بما اوتوا اخذناھم بغتۃ فاذا ھم مبلسون۔ یعنی پھر جب اونھوں نے وہ بات بھلا دی جسکی اونکو نصیحت کی گئی تھی (یعنی کفر پر قطعی عزم کر لیا) تو ہمنے اونپر ہر چیز کے دروازے کھول دیے یعنی اونکی دنیاوی خواہشیں پوری کر دیں یہانتک کہ جو کچھ اونکو دیا گیا تھا اوسپر اترائے تو ہمنے اونکو اچانک گرفتار کیا تو ناگاہ وہ لوگ ہر امید سے مایوس ہو گئے۔ یعنے اچانک موت آئی تو اونھوں نے دیکھا کہ سوائے عذاب کے اونکے واسطے کوئی نیکی نہیں ہی۔ اور قولہ فی طغیانھم یعمھون۔ یعنے اپنے کفر میں بھٹکے پھرتے ہیں یہی تفسیر حضرت ابن عباس و ابو العالیہ و مجاہد و قتادہ و ربیع بن انس وغیرہم سے ماثور ہی۔ بعض علماء نے کہا کہ عمی تو آنکھوں کے اندھے پن کو کہتے ہیں اور عمہ دل کے اندھے پن کو کہتے ہیں

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ فَمَا رَبِحَت تِّجَارَتُهُمْ

وہ ہیں جنھوں نے خریدی گمراہی ہدایت کے بدلے سو نفع نہ لائی انکی سوداگری

وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝

اور

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ ایسے ہی لوگ ہیں جنھوں نے ہدایت کے بدلے گمراہی

خریدی ف اور مغفرت کی جگہ عذاب لے لیا۔ فَمَا رَبِحَتْ تِّجَارَتُهُمْ وَمَا كَانُوا مُهْتَدِينَ ۝ پس نہ تو
تجارت نے اونکو کچھ نفع نہ دیا اور نہ یہ لوگ ہدایت پانے والے تھے۔ ف یعنی ہدایت دیکر گمراہی مبادلہ کر لینے کی تجارت مین ان لوگون کو
کچھ فائدہ نہ ہوا کیونکہ اس سے کچھ دیر دنیا مین اونکو سود و شراب وغیرہ کھانے کا فائدہ مل گیا ورنہ آخر مین سخت خسارہ ہوا کہ جہنم سے کبھی نجات نہ ہوگی
اور یہ لوگ اس قابل بھی نہ تھے کہ تجارت مین ہدایت پاوین کیونکہ ابلیس احمق کی تقلید کرتے تھے تو ایسے ٹھگ سے تجارت ممکن نہ تھی جس سے دنیا مین
نقصان نہ پہونچا اور آخرت مین نفع عظیم حاصل ہو جیسے مومنون کو حاصل ہوا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت پر چلتے ہین کیونکہ مومنون و
کافرون کے ڈھنگ مین جو فرق ہے اگر کفار اوسکو ذرا بھی غور کرتے تو اپنی حماقت جان جاتے کیونکہ اگر دار آخرت ہے جیسا کہ مومنین اعتقاد کرتے ہین
تو کافرون و منافقون کے واسطے کہین ٹھکانا نہوگا سوائے جہنم کے اور اگر دار آخرت نہو جیسا کہ کفار اعتقاد رکھتے ہین کہ مرنے کے بعد خاک
ہو جائینگے اور کچھ بھی حساب و ثواب و عذاب نہین ہے تو مومنون کے واسطے کچھ بھی نقصان نہوا کیونکہ دنیا مین بھی نفیس چیزین کھانے پینے مین مومنون کے
واسطے تنگی نہ تھی یہان البتہ سود و بیاج و شراب وغیرہ بہودہ چیزین بیشک مومنون کو نہین ملین تو ایسی غلیظ و ناپاک چیزون کے نہ ملنے سے
کسی نفیس طبیعت کو ملال نہوگا اگر کہا جاوے کہ انھون نے ہدایت کے بدلے گمراہی کو کیونکر خریدا کیونکہ ہدایت اونکے پاس موجود ہی نہ تھی اور اگر
موجود بھی ہوتی تو بھی وہ گمراہی کا عوض نہین ہو سکتی جواب یہ ہے کہ دنیا مقام تجارت ہے تاکہ یہان اپنا جان و مال رضاے الٰہی مین فروخت کرکے
دار آخرت حاصل کرے اور یہ بطریق مجاز ہے اسیواسطے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خریدارون کو یہ خریداری مبارک ہو کہ اونکو
دونون عوض مل گئے یعنے جان و مال بھی درحقیقت انھین کے پاس تھا اور رضاے الٰہی عزوجل بھی حاصل ہو گئی لیکن جب کافرون کو یہ ہدایت
دیگئی اور ساتھ ہی دنیا اور راہ شیطان بھی پیش کی گئی تو اونھون نے ہدایت کو چھوڑ کر گمراہی کو لے لیا اور اللہ تعالیٰ نے اسیکو اونکی حق مین خرید
و فروخت کی تجارت قرار دیا جسمین اونکو سخت خسارہ ہوا اور یہی حضرت ابن مسعود و ابن عباس و ایک جماعت صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم
سے ماثور ہے اور اسمین تنبیہ ہے کہ یہ لوگ اپنے انجام سے اسقدر بے پروائی کرتے ہین کہ کچھ بھی غور نہ کیا اور اتنا بڑا خسارہ اوٹھایا بخلاف اسکے
اگر دنیاے فانی کے واسطے ایک روپیہ کی چیز خریدین تو اسمین ہر طرح نفع و نقصان کا غور کر لیتے ہین۔ مجاہد نے کہا کہ ہدایت کے بدلے گمراہی
لی یعنے ایمان لائے پھر کفر کیا۔ اور قتادہ نے فرمایا کہ ہدایت سے گمراہی کو زیادہ پسند کرکے چھانٹ لیا اور اسیکے مشابہ یہ آیت ہے۔ وَاَمَّا ثَمُودُ
فَهَدَيْنَاهُمْ فَاسْتَحَبُّوا الْعَمٰى عَلَى الْهُدٰى۔ یعنے ثمود کو ہمنے ہدایت دی تو اونھون نے عمایت کو ہدایت پر پسند کیا۔ اور حاصل یہ ہے کہ منافقون نے راہ
مستقیم سے عدول کیا کہ ہدایت سے منھ موڑ کر گمراہی کو اختیار کر لیا گویا کمال حماقت سے لعل کو دیکر ٹھیکری مول لی جسمین اونکو سخت خسارہ
ہوا۔ اور واضح ہو کہ جو فرقہ اسلام لاکر جماعت سے خارج ہو کر گمراہ ہو گیا وہ بھی اسی مین داخل ہے۔ چنانچہ قتادہ رحمہ نے فرمایا کہ بیشک
واللہ تم اونکو دیکھ چکے کہ وہ ہدایت سے نکلکر گمراہی مین چلے گئے اور جماعت سے نکلکر چھوٹے فرقہ مین چلے گئے اور امن سے نکلکر خوف مین
پہونچے اور سنت سے نکلکر بدعت مین داخل ہوے (رواہ ابن جریر و ابن ابی حاتم) مترجم کہتا ہے کہ قتادہ رحمہ نے بظاہر اس سے خوارج و روافض
و معتزلہ مراد لیے ہون واللہ تعالیٰ اعلم۔ بیضاوی وغیرہ نے یہان خرید کی یہ بھی تاویل لکھی کہ اللہ تعالیٰ ہر مولود کو فطرت کی ہدایت پر پیدا کرتا ہے
اور وہ یہی ملت اسلامیہ ہے چنانچہ صحیح کی حدیث ابوہریرہ رضہ مین منصوص ہے پس یہ ہدایت فطرت اونکے پاس موجود تھی جسکے عوض اونھون نے
گمراہی بدل لی۔ چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو بچہ پیدا ہوتا ہے وہ اسی ملت پر پیدا ہوتا ہے اور فرماتے کہ چاہو یہ آیت پڑھو فطرۃ اللہ
التی فطر الناس علیہا الآیۃ۔ پھر وہ اسی فطرت پر رہتا ہے یہانتک کہ اوسکی زبان بولے یعنے بالغ ہو یا سمجھدار ہو پھر اوسکے والدین اوسکو یہودی

یا نصرانی یا مجوسی کر دیتے ہین (کما فی الصحیحین) یعنی اکثر اوقات جب وہ اس قابل ہوتا ہی کہ اپنے خالق عزوجل کی توحید پر اقرار کرے تو جس حالت پر اوسکے والدین ہوتے ہین اوسی اعتقاد پر اوسکو پھیر لیجاتے ہین اور کبھی دیگر اسباب واقع ہوتے ہین مثلاً شیطان اوسکے قلب پر محیط ہوا اور اوسنے مذہب مادی ویچر اوسکو سمجھایا کہ اس دنیا مین تمام مادیات موجود ہین اور یہ آپ ہی آپ خود بخود پیدا ہوتے اور مرتے چلے جاتے ہین اور ہمنے تو جب سے دیکھا یون ہی چلا آتا ہی اور ہین تو اوسکا کوئی خالق نہین نظر آتا پس وہ احمق بھی ایسے ہی بکنے لگتا ہی اور مترجم مقدمہ مین اسکو مدلل مردود کیا ہی۔ **ف** بعضے اشارات عرائس مین ہی کہ بعضے مسلمان زہد وعبادت کے صلہ مین کوئی خرق عادت پاتے ہین تو اسیکو اپنے نفس کے واسطے کمال سمجھکر گمراہی مین پڑجاتے ہین حالانکہ منزلت تو قرب و رفع حجاب ہی پس رضوان الٰہی کے بدلے اپنی خرق عادت کے ذریعہ سے دنیاوی جاہ وقبولیت بدل لیتے ہین حالانکہ اللہ تعالے کے سوائے جو شخص دنیا وما فیہا کو بدلے وہ برباد ہوا کہ عمر بھر رایگان سمیٹا اور آخر یہ فانی بھی ہاتھ نہ آیا کیونکہ وہ فنا ہوجائیگا **عکس** پھر اللہ تعالے نے کافرون و منافقون کی حقیقی خصلت بیان فرماکر اسکو ایک مثل مین تعبیر فرمایا تاکہ مذموم عقلی محسوس ہوجاوے کیونکہ اکثر کم عقل لوگ اپنے وہم کے مرید ہوتے ہین تو محسوس مثال سے بیان کرنا اونکی عقل مین جم جاتا ہی اسیواسطے اللہ تعالے نے قرآن مین امثال بیان فرمائین اور اونکے بعد غور وفکر کرنے کی ہدایت کی چنانچہ منافقون کے واسطے بھی دو مثلین بیان فرمائین اول قولہ تعالے

مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ۚ فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ

اونکی مثال جیسے ایک شخص نے جلائی آگ پھر جب روشن کیا اوسکے گرد کو لے گیا اللہ اونکی روشنی

وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ ۝ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ ۝

اور چھوڑا اونکو اندھیرون مین نظر نہین آتا بہرے ہین گونگے اندھے سو وہ نہین پھرینگے

ان امثال سمجھنے کے واسطے جو شخص کسی قدر ایمان کے موافق اسرار الٰہی کا علم رکھتا ہو وہ بہت خوب سمجھتا ہی لہذا فرمایا۔ وتلک الامثال نضربہا للناس وما یعقلہا الا العالمون۔ یعنے یہ امثال ہم عام لوگون کے واسطے بیان فرماتے ہین حالانکہ انکو وہی خوب سمجھتے ہین جو بندے عالم ہین۔ چنانچہ اس مثل مین اللہ تعالے نے کافرون کی گمراہی خریدنے اور آخر تاریکی مین پڑجانے کی مثل ایسے شخص سے بیان فرمائی جسنے تاریک راستہ مین آگ روشن کرکے اوسکی گرمی و روشنی سے جاڑے وغیرہ کا خوف دور کیا مگر یکایک بجھی تو پھر اصلی خوف مین پڑگیا چنانچہ فرمایا۔ مَثَلُهُمْ كَمَثَلِ الَّذِي اسْتَوْقَدَ نَارًا ان منافقون کی مثل ایسی ہی جیسے کسی نے خواہش کرکے آگ روشن کی **ف** اور اوسوقت اندھیری رات چھائی ہوئی ہی بدلیل آنکہ فرمایا۔ فَلَمَّا أَضَاءَتْ مَا حَوْلَهُ۔ پھر جب آگ کی روشنی نے اوسکا گرد پیش چمکایا۔ **ف** حتی کہ سردی و درندہ وغیرہ جس چیز سے خوف تھا مطمئن ہوگیا ذَهَبَ اللَّهُ بِنُورِهِمْ وَتَرَكَهُمْ فِي ظُلُمَاتٍ لَا يُبْصِرُونَ ۝۔ اچانک اللہ تعالے نے اونکا نور سمیٹ دیا اور اونکو تاریکیون مین چھوڑ دیا کہ کچھ نہین دیکھ سکتے ہین۔ **ف** شیخ ابن جریر نے فرمایا کہ یہی مثل منافقون کی ہی کہ کلمہ ایمان ظاہر کرکے دنیا مین اونھون نے ایک روشنی حاصل کی اور خوف قتل و جزیہ سے مطمئن ہوگئے پھر جب مرے تو وہی کفر کی تاریکی و عذاب قبر و ظلمات آخرت نے ہجوم کیا اور اس مثل مین پہلے ایک شخص کو آگ جلانا مذکور ہوا پھر آخر مین ضمیر جمع لائی گئی اور اسمین کچھ حرج نہین ہی کہ ایک جماعت کی مثال کو ایک شخص کے بیان سے شروع کیا جاوے۔ **ف** شیخ ابن کثیر نے کہا کہ ظاہرا شیخ ابن جریر کو اس مقام پر یہ آیت یاد نہین آئی کہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ذلک بانہم

آمنوا ثم کفروا فطبع علی قلوبھم فھم لا یفقھون ۔ یعنے منافقون کے حق مین یہ بیان اسوجہ سے ہی کہ پہلے وہ لوگ ایمان لائے پھر کافر ہوے تو اونکے دلون پر مہر کردیگئی پس وہ لوگ کچھ نہین سمجھتے ہین ۔ اس سے معلوم ہوا کہ پہلے یہ لوگ ایمان بھی لائے تھے اور اگر کہا جاوے کہ قولہ تعالے وہ ہاسم منافقون سے نکلتا ہی کہ وہ ایمان ہی نہین لائے تو جواب صواب یہ ہی کہ یہ بیان اونکی حالت نفاق کا ہی اور اس سے یہ لازم نہین آتا کہ پہلے وہ لوگ ایمان نہ لائے ہون تو اس مثل کا انطباق اس طور پر ہی جو تفسیر کبیر وغیرہ مین بھی مذکور ہی کہ پہلے ان لوگون نے ایمان لاکر کچھ نور کمایا پھر منافق ہوکر غضب الٰہی اوٹھایا تو وہ نور مٹ گیا پس سخت حیرت مین رہگئے کیونکہ دین کی حیرت سے بڑھکر کوئی حیرت نہین ہی ۔ چنانچہ سدی رح نے اپنی تفسیر مین ابن عباس و ابن مسعود و چند صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کیا کہ قولہ تعالی مثلھم کمثل الذی استوقد نارا ۔ اس مثل کا بیان یہ ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ مین تشریف لائے تو اوس زمانہ مین کچھ لوگ اسلام مین داخل ہوے پھر وہ لوگ منافق ہوگئے تو اونکی مثل ایسی ہوئی جیسے ایک شخص نے تاریک رات مین آگ جلائی اور جب کوڑے کرکٹ وغیرہ کے جلنے سے اوسکا گرد روشن ہوا تو وہ ہر ایک چیز جس سے خوف کرتا تھا پہچاننے لگا پھر وہ اسی حال مین تھا کہ ناگاہ آگ بجھ گئی تو اب اوسکی یہ حالت ہوگئی کہ کسی موذی چیز سے بچنے کا حیلہ نہین رکھتا ہی پس یہی منافق کا حال ہی کہ وہ شرک کی تاریکی مین پڑا تھا پھر مسلمان ہوا تو حلال و حرام اور نیک و بد پہچاننے لگا پھر وہ اوسی حال مین تھا کہ ناگاہ کفر مین پڑگیا تو پھر وہ حلال کو حرام سے اور خیر کو شر سے امتیاز نہین کرسکتا ۔ عوفی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ یہ ایسی قوم کی مثل ہی جو پہلے ہدایت پر تھا پھر ایمان اونسے چھین لیا گیا تو اسکے بعد وہ حدود سے متجاوز ہوگئے پس آگ کی روشنی تو وہ ایمان تھا جسکو زبان سے ادا کرتے تھے پھر آخر مین تاریکی وہ گمراہی و کفر ہی جسکے ساتھ متکلف تھے ۔ مجاہد رح نے فرمایا کہ آگ کی روشنی ان منافقون کے حق مین فقط یہی تھی کہ وہ مومنون و اسلام کی طرف متوجہ ہوتے تھے عطا خراسانی نے کہا کہ یہ منافق کی مثل ہی جو کبھی دیکھتا اور کبھی نہین دیکھتا ہی پھر اوسکے قلب کا اندھا پن چھا لیتا ہی اور اسیکے مانند عکرمہ و حسن و سدی و ربیع بن انس و عبدالرحمن بن زید بن اسلم سے مروی ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ آیت مین فقط ایسی ہی منافقون کا انحصار نہین ہی جو ایمان لائے پھر کافر ہوگئے بلکہ ایسے منافق بھی شامل ہین جنھون نے ابتدا مین صرف زبان سے اسلام کا اظہار کیا تھا اور دل سے ایمان نہین لائے اور اسکی وجہ یہ ہی کہ جن منافقون کی نسبت یہ گمان ہی کہ وہ پہلے ایمان لائے تھے پھر کافر ہوگئے تو درحقیقت نور ایمان اونکے سویدائے دل مین نہین سمایا بلکہ ایک قصد تھا جو حواس مین جاگزین ہوا اور اوس سے ایک روشنی ظاہر ہوئی بخلاف قسم دوم کے کہ اونمین یہ بھی نہ تھا اور وہ درحقیقت دل تصدیق کا نور ان دونون مین سے کسیکو حاصل نہین ہوا اور اس امر مین کچھ تعجب نہونا چاہیے کہ جنھون نے ایمان کا قصد کیا تھا اونکے دل مین تصدیق کیونکر نہوگی کیونکہ انسانی حواس و نفسانی خطرات اسطرح خلط ملط ہوجاتے ہین کہ آدمی درحقیقت اپنی واقعی حالت دریافت نہین کرسکتا چنانچہ بسا اوقات کسی شخص کی دشمنی اپنے دل مین گمان کرتا ہی مگر جب کوئی معاملہ اپنی جان و مال کے خطرہ کا اوسکی جہت پیش آتا ہی تو صاف اوسکی محبت سے گریز کرجاتا ہی کیا تم نہین دیکھتے ہو کہ بحکم قولہ تعالے ولقد کنتم تمنون الموت من قبل ان تلقوہ الآیہ کے صحابہ رضی اللہ عنہم شہادت جہاد کی تمنا رکھتے تھے لیکن جنگ احد مین ایک جماعت نے فرار کیا تو فرق ظاہر ہوگیا کیونکہ کمال وہ ہوتا ہی کہ ظاہر و باطن یکسان ہو حتی کہ عمل بھی موافق ہوتا ہی اسیواسطے ایک جماعت اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم کمال تقوی سے اپنی ذات پر یہ خوف کرتے تھے کہ ایسا نہو کہ ہم مین نفاق کا مادہ موجود ہو لہذا ان آیات قدسیہ مین جو مثل بیان فرمائی وہ ہر قسم کے منافقون کو شامل ہی ۔ اسیواسطے علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے منافقون کے واسطے یہ مثل بیان فرمائی جو زبانی اقرار اسلام کی وجہ سے ایک آگ جلانے والے کی طرح اس قدر روشنی پاتے تھے کہ اہل ایمان اس اقرار کلمہ توحید کی وجہ سے اونکے ساتھ نکاح بیاہ کرتے اور باہم میراث جاری کرتے اور مال غنیمت

ہین سے اونکو حصہ دیتے تھے پھر جب ایسا منافق مرا تو یہ عزت اوس سے چھین لیگئی جیسے آگ جلانے والے کا نور بجھ گیا۔ ربیع بن انس رح نے ابو العالیہ سے روایت کی کہ آگ جبتک جلتی ہی اوسکا نور رہتا ہی اور جب بجھا دیگئی تو جاتا رہا اسیطرح جبتک منافق سے کلمہ اخلاص اشہدان لا الہ الا اللہ واشہدان محمدا رسول اللہ زبان سے کہا تب تک اس کلمہ کی روشنی ملی پھر جب مرا تو تاریکی مین پڑگیا۔ اور عبد الرزاق نے بواسطہ معمر رح کے قتادہ رحمہ اللہ سے روایت کی کہ منافقون کی مثال ہوئی کہ زبانی لا الہ الا اللہ کہنے سے اونکو اتنی روشنی ملی کہ دنیا مین اوسکے ذریعہ سے کھایا پیا اور جان مال سے بچوگئے ہے اور اونکی عورتون سے نکاح کیا گیا اور چونکہ دل سے یہ کلمہ نہ تھا تو جب مرے تب ہی اللہ تعالی نے اونکا نور بجھا دیا اور اونکو تاریکیون مین پڑے ہوئے کہ کچھ نظر نہین آتا ہی اسواسطے کہ منافق کے دل مین اوسکی جڑ نہ تھی اور نہ اوسکے عمل کی حقیقت تھی حسن بصری رح نے کہا کہ تاریکیون مین وہ وقت چھوڑے جائینگے جب مرینگے کیونکہ اوسوقت بدکاریون کی اندھیرا ہجوم کریگا اور تصدیق لا الہ الا اللہ کے موافق کوئی عمل نہین پاویگا مترجم کہتا ہی کہ اہل اشارات کے نزدیک بیان کا نتیجہ یہ ہی کہ جسمانی حیات ایک حکمت الہی عزوجل کے ساتھ بدریعہ لطیف بخارات خون کے ہی اور جب اللہ تعالی کیطرف سے اجل مقدر آئی تو جسم فنا ہو جاتا ہی اور اگر حیات حقیقی موقوفہ جو بہی حیات مین بقا ہوتا ہی اور اگر حیات الہی سے متصف ہوا جو کلمہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ سے حاصل ہوتی ہی تو اوسکے واسطے حیات ہی چنانچہ قولہ تعالی۔ یا ایہا الذین امنوا استجیبوا للہ وللرسول اذا دعاکم لما یحییکم الآیۃ۔ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالی مفصل بیان آویگا پس جب منافق کو حیات حاصل نہ تھی تو مرتے ہی وہ اصلی تاریکی مین مبتلا ہوگا اور یہان زبانی کلمہ اخلاص کہنے سے صرف جسم کے نفع تک اسکا نور حاصل ہوا پس جب جسم فنا ہوا تو اوس نور نے چھوڑ دیا اور زبان دل سے اوسنے کبھی نہین کہا تو نور روحی کے ساتھ اتصال نہین تھا بلکہ دنیا اختیار کرنے کی وجہ سے کافرون کی طرح اوسکے کان و آنکھون و دل پر مہر تھی جسکا بیان اوپر گذرا للہذا فرمایا۔ صُمٌّ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُونَ بہرے گونگے اندھے ہین پس وہ نہین لوٹینگے ف یعنے کلام ہدایت سننے سے بہرے اور اقرار توحید سے گونگے اور آیات حق دیکھنے سے اندھے ہین کیونکہ اونکے دلون پر مہرین ہین پس وہ ہدایت اسلام کی طرف نہین لوٹینگے یعنے توبہ کرکے نصیحت حاصل نہین کرینگے یہ تفسیر ابن عباس و قتادہ و سدی کا خلاصہ ہی ع۔ ف بعض اشارات عرائس مین ہی کہ بعضے مکار لوگ جو ولی و صاحب کرامت بن بیٹھتے ہین حالانکہ اونکو ان مقامات و درجات مین سے خود کچھ حاصل نہین ہوتا ولیکن اولیاء اللہ کے جو حالات سنے ہین اونکی تقلید سے اپنے واسطے بھی دعوی کرتا ہی یعنے درحقیقت کچھ نہین ہی اور بطور نقلی تقلید کے مدعی ہی اور بعد اس دعوی کے عبادت و ریاضت ترک کرتا ہی پس یہ منافق اسی تاریکی مین رہتا ہی چنانچہ جب اوسنے دعوی کی آگ روشن کی تو اوسکا آوازہ دور دور پہونچا اور جاہل لوگ ہر طرف سے اوسکی جانب متوجہ ہوے پھر خواہ دنیا مین یا موت کے وقت یہ آگ بجھی اور وہ عذاب آخرت کی تاریکی مین پڑگیا۔ شیخ ابو الحسن البوراق نے کہا کہ اس آیت کے اشارہ مین ایسے شخص کی حالت موجود ہی جو ہنوز مقام ارادت مین ٹھیک نہین ہوا مگر اوسنے کشف و کرامت کا دعوی کیا اور یہ منافق ہی کہ خلاف باطن کے اپنے آپ کو ظاہر کرتا ہی یا آخرت سے بداعتقاد ہو کر کمالات اولیاء کو جھوٹے تصور کرکے دنیا کی جاہ و منزلت حاصل کرنے مین مشغول ہوا تو مقام ارادت مین جو نور اوسکو ملا تھا جس سے کچھ لوگون مین وہ مشہور ہوا تھا وہ بھی جاتا رہا اور وہ اندھیرے مین شیطان کے حوالہ ہوگیا حتی کہ اب رجوع نہین کرتا ہی اور نہ طبیب کے سامنے اپنی بیماری بیان کرتا ہی۔ بعض نے کہا کہ یہ لوگ قرآن سننے سے بہرے ہین اور اقرار ایمان سے گونگے ہین اور آیات قدرت دیکھنے سے اندھے ہین۔ عس۔ پھر اللہ تعالی نے ان منافقون کے واسطے دوسری مثل بیان فرمائی۔

أَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَاءِ فِيهِ ظُلُمَاتٌ وَرَعْدٌ وَبَرْقٌ يَجْعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ فِي آذَانِهِم ۹

یا جیسے مینھ پڑتا آسمان سے اوس مین اندھیرے اور گرج اور بجلی ڈالتے ہین اونگلیان اپنے کانون مین

مِنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۚ وَاللّٰهُ مُحِيطٌ بِالْكَافِرِيْنَ ۝ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ

مارے کڑک کے ڈر سے موت کے اور اللہ گھیرے ہوئے ہے منکروں کو قریب ہے بجلی کہ اوچک لے اونکی آنکھیں

كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ مَّشَوْا فِيْهِ ۙ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۭ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَذَهَبَ

جب بار چمکتی ہے اوپر چلتے ہیں اوسمیں اور جب اندھیرا پڑا کھڑے رہے اور اگر چاہے اللہ لیجاوے

بِسَمْعِهِمْ وَاَبْصَارِهِمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اونکے کان اور آنکھیں اللہ ہر چیز پر قادر ہے

اللہ تعالیٰ نے یہ مثل دوسری قسم منافقین کے واسطے بیان فرمائی جنکی کیفیت یہ ہوتی ہے کہ کبھی اونکو حق ظاہر ہوتا ہے اور کبھی اوسمیں شک کرنے لگتے ہیں تو حالت شک و کفر میں اونکے قلوب کی مثال ایسی ہے جیسے فرمایا۔ اَوْ كَصَيِّبٍ مِّنَ السَّمَآءِ۔ یا جیسے مینہ سے سماء سے۔ ف پس سماء بیان سحاب ہے کیونکہ سماء ہر وہ چیز جو تیرے اوپر سایہ دار ہو اور اسی جہت سے آسمان کو بھی سماء کہتے ہیں جیسا کہ بیضاوی وغیرہ میں مذکور ہے۔ اور شیخ ابن کثیرؒ نے ایک جماعت صحابہ و تابعین سے نقل کیا کہ صیب مینہ ہے۔ اور ضحاکؒ نے کہا کہ صیب سحاب ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ اس صورت میں سماء سے آسمان مراد ہوگا یعنے جیسے آسمان سے سحاب کیونکہ سحاب کی پیدایش اگر بخارات سے ہو جیسا کہ قولہ تعالےٰ الم تر ان اللہ یزجی سحابا ثم یؤلف بینہ الآیۃ۔ کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالےٰ آویگا تو یہ بخارات بترکیب تولے آسمانی بشکل سحاب ہو جاتے ہیں بہرحال مثال یہ ہوئی کہ جیسے آسمان سے سحاب یا جیسے سحاب سے مینہ۔ فِيْهِ ظُلُمٰتٌ وَّرَعْدٌ وَّبَرْقٌ ۚ وجالیکہ اوسمیں تاریکیاں رعد و برق ہے۔ ف کیونکہ ابر کے بہ برتہ ہجوم سے تاریکی چھا جاتی ہے اور اوسمیں سے رعد گرجنے کی آواز آتی ہے اور تیزی سے برق چمکتی ہے تو اس حالت میں میدان کے چلنے والے خوف کھاتے ہیں۔ يَجْعَلُوْنَ اَصَابِعَهُمْ فِيْٓ اٰذَانِهِمْ مِّنَ الصَّوَاعِقِ حَذَرَ الْمَوْتِ ۭ بوجہ صواعق کے موت کے خوف سے اپنے کانوں میں اپنی انگلیاں دے لیتے ہیں۔ ف تاکہ یہ آواز سخت اونکے کانوں میں نہ آوے ایسا نہو کہ اونکے دل پھٹ جاویں یا حالت متغیر ہو جاوے لیکن آنکھوں پر پٹی نہیں باندھ سکتے کیونکہ لاچار یہ راستہ طے کرنا ہوگا حالانکہ کچھ سوجھتا نہیں ہے اور یہ سمجھ باقی نہیں کہ موت سے خوف بیفائدہ ہے کیونکہ موت کا وقت اللہ تعالےٰ کے نزدیک مقدر ہے۔ وَاللّٰهُ مُحِيطٌۢ بِالْكٰفِرِيْنَ ۝ اور اللہ تعالےٰ تمام کافروں کو محیط ہے۔ ف یعنی اوسکی قدرت میں کل چیزیں متصور ہیں لیکن سوائے کافروں کے کل چیزیں یہ بھی سمجھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سب چیز پر قادر ہے لہذا کافروں کی خصوصیت فرمائی جو جہالت سے ہر چیز کو خود مختار فاعل سمجھتے ہیں اور منافق تو موت کے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں کما قال تعالےٰ یحسبون کل صیحۃ علیہم اور ہر رعد کو اپنی موت ہی خیال کرتے ہیں۔ غرضکہ اس تاریک رات میں جب تہ برتہ بادل سے مینہ گرتا ہے اور بادل گرجتا اور بجلی چمکتی ہے تو رعد کے خوف سے اپنے کانوں میں گویا پوری انگلی ٹھونس لیتے ہیں کہ اونکے دل ہل نجاویں لیکن آنکھیں لاچاری سے کچھ کچھ کھلی رکھتے ہیں حالانکہ راستہ کچھ نہیں سوجھتا۔ يَكَادُ الْبَرْقُ يَخْطَفُ اَبْصَارَهُمْ ۭ قریب ہے کہ برق اونکی بینائیاں اوچک لے۔ ف کیونکہ دہشت و خوف سے بینائی کا مادہ ہی کم ہو گیا کیونکہ وہ جسمی خون سے متعلق ہے اور خوف کی حالت میں خون کی روانی بند ہو جاتی ہے اور قوت بوجہ خوف کے کام نہیں دیتی تو بینائی میں ضعف ہوتا ہے اور برق کی روشنی قوی ہوتی ہے تو خوف ہے کہ وہ اپنی تیزی قوت سے اپنی ہمجنس نور باصرہ کو جذب کر لے پس منافق اس دہشت میں متحیر کھڑے ہیں۔ كُلَّمَآ اَضَآءَ لَهُمْ

مَّشَوْا فِيْهِ طہر بار جب اونکے لیے برق کچھ روشنی کردیتی ہی تو اوسمین چلتے ہین ۔ ف یعنی راستہ سوجھ جاتا ہی تو چند قدم اوٹھاتے ہین ۔ وَاِذَآ اَظْلَمَ عَلَيْهِمْ قَامُوْا ۔ اور جب اوپر تاریکی چھا لیتی ہی تو ٹھٹھک رہتے ہین ۔ ف اس مثال مین اللہ تعالی نے بہت دقیق اسرار کے ساتھ منافقون کی تشبیہ فرمائی اور جامع کلام پاک سے اونکے مختلف وجوہ کے حالات جمع فرمائے ۔ چنانچہ ایک جہت وہ ہی جو نیشاپوری وسیوطی نے بیان کی کہ یہان تشبیہ مفرد بمفرد ہی اور مجموعہ بمجموعہ ہی چنانچہ نزول قرآن کو جو زندگی جاوید ہی اوسکو مینہ سے تشبیہ دی اور قرآن مین جو کفر و نفاق مذموم کا بیان ہی وہ تاریکیان ہین اور اسپر سخت وعید عذاب دوزخ مشابہ برعد ہی اور اوسمین وحدانیت الٰہی و آیات قدرت کے روشن دلائل مشابہ ببرق ہین جنکے سننے سے منافق اپنے کانون مین انگلیان دیتے اور اپنی عورتون کو مارتے اس خوف سے کہ وہ ان آیات کو سنکر ضرور اسلام کی جانب مائل ہوجائینگی حالانکہ اوسکو وہ اپنے نزدیک موت سمجھتے تھے اگرچہ یہ روشن دلیلین اونکے دلون کو ہلا کرنے قابو کرتی ہین پھر جب انمین سے کوئی بات اپنی خواہش کے موافق پاتے تو وہ قدم اسلام پر چلتے پھر جب اونکی خواہش کی تاریکی ہجوم کرتی تو رک جاتے تھے جیسے عراس مین شیخ حسین رح سے نقل کیا کہ جب دینی باتون مین اونکو دنیاوی مراد ملی تو خوش ہوکر مالوف ہوگئے اور جب اونکے حواس کے خلاف کوئی امر جو نور عقل سے دریافت ہوتا ہی طاری ہوا تو مخمول ہوکر ٹھہر رہے ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ تو ایک وجہ کا بیان ہی اور وجوہ دیگر کا بیان امام ابن کثیر رح نے اپنی تفسیر مین بحوالہ سلف صالحین رضی اللہ عنہم نقل کیا ولیکن سمجھ دار کو چاہیے کہ مختصر بیان پر کفایت کرکے اپنی ایمانی سمجھ کے موافق ہر وجہ کو اپنے موقع پر محمول کرے چنانچہ شیخ نے لکھا کہ نفاق جس قوم مین اللہ تعالے نے رکھا وہ قوم نزول و موت سے خوفناک ہوتی ہی کما فی قولہ تعالے ۔ ولکنہم قوم یفرقون اور لکھا کہ برق وہ چمک ہی جو اس قسم کے منافقون کے دلون مین بعض اوقات نور ایمان سے پہونچ جاتی ہی اور برق اونکی بینائیون کو اچک لیتے قریب ہی اسوجہ سے کہ انکی بصیرت کمزور اور ایمان ثابت نہین ہی ۔ ابن عباس رضی نے فرمایا کہ محکمات قرآنی ان منافقون کے مخفی عیوب پر دلالت کرتے ہین اور دوسری روایت مین ابن عباس رضی نے فرمایا کہ کلام حق کی روشنی اسقدر شدید ہی کہ انکی ذاتی بینائی اوچک لے یعنی ذاتی بینائی سے اوہام و شکوک کو پیدا کرتے ہین لیکن جب نور کلام کی شدید روشنی انکے دل پر چمکی تو مانوس ہوکر کچھ دور اتباع کرتے ہین لیکن انکے طور قابل قبول نہین ہین تو پھر وہی شکوک انکے دلون پر گھٹا کی طرح چھا جاتے ہین تو پھر متحیر ہوکر ٹھہر جاتے ہین ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ تو اعتقاد کی جہت مین ہی اور اعمال کی جہت مین بھی یہی حال ہی چنانچہ ابن عباس رضی سے تیسری روایت مین ہی کہ جب منافقون کو عزت اسلام مین سے کچھ پہونچا تو مطمئن ہوجاتا ہی اور جب امر تقدیری سے کوئی تکلیف پہونچی تو منقلب ہوجاتا ہی جیسے اللہ تعالی نے فرمایا ۔ فان اصابہ خیر اطمان بہ و ان اصابتہ فتنۃ انقلب علی وجہہ ۔ اور سعید بن جبیر رضی نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ جب نور اسلام سے روشنی چمکی تو اوسکے موافق ہوگئے پھر جب کفر مین گھسے تو تاریکی مین متحیر کھڑے ہوگئے شیخ نے یہی ایک جماعت صحابہ و تابعین سے نقل کرکے کہا کہ یہی اصح و اظہر ہی اور قیامت مین بھی ان لوگون کا یہی حال ہوگا چنانچہ جب اہل ایمان اپنے نور سے چلینگے تو منافقون مین سے بعض کو کم و بیش مسافت تک نور ملیگا اور بعض بالکل محروم ہونگے غرضکہ منافقون کا نور پایدار نہوگا اور مومن کا نور ثابت و استوار ہوگا اگرچہ قلیل ہو چنانچہ عبداللہ بن مسعود رضی سے روایت ہی کہ مومنین بقدر اپنے اعمال کے نور کے ساتھ صراط پر چلینگے پس انمین سے بعض کا نور مثل پہاڑ کے ہوگا اور بعض کا نور مثل درخت خرما ہوگا اور سب سے کمتر اوس شخص کا نور ہی جسکے انگوٹھے کبھی چمکیگا اور کبھی خموش ہوجائیگا (ابن جریر و ابن ابی حاتم) اور حضرت ابن عباس رضی نے کہا کہ موصنین مین سے کوئی نہین خالی ہوگا جسکو قیامت کے دن کچھ نور نہو اور رہے منافق تو اونکا نور بجھا دیا جائیگا پس اہل ایمان اس سے خوفناک ہوکر دعا مانگینگے کہ ربنا اتمم لنا نورنا ۔ یعنی الٰہی ہمارا نور پورا کردے (ابن ابی حاتم) مترجم کہتا ہی کہ یہ صراط پل جسپر جہنم ہی جو اس سے پار ہوگیا وہ جہنم سے چھوٹ گیا ۔ اور حدیث سے ثابت ہی کہ جمیع انواع

کفر و شرک تو پہلے ہی اپنے اپنے پیشواؤں کے پیچھے جاکر جہنم میں پہونچ جائینگے اور مومنین اس پل صراط کی جانب روانہ ہونگے جنکے پیچھے منافقین بھی ہونگے اور منافقین اس پل سے پار نہونے پاوینگے لہذا ضحاک نے فرمایا کہ دنیا میں جو ایمان ہے وہ قیامت کے دن نور ہوکر ظاہر ہوگا پھر جب لوگ صراط تک پہونچینگے تو منافقوں کا نور بجھا دیا جاویگا پس مومنین یہ بات دیکھکر ڈرینگے اور اپنے پروردگار عزوجل سے التجا کرینگے کہ الٰہی ہمارا نور پورا کردیا جائے شیخ نے لکھا کہ جب یہ بات معلوم ہوچکی تو جاننا چاہیے کہ لوگوں میں چند اقسام ہیں بعض تو مومنین خالص ہیں اور انکا بیان اس سورۂ مبارک کی اول چار آیات میں ہے۔ بعض کفار خالص ہیں جنکا بیان بعد کی دو آیتوں میں ہے بعض منافق ہیں۔ پھر منافق دو قسم ہیں جنکا بیان دونوں مثل میں ہوا پس مثل اول میں خالص منافقوں کا بیان ہے اور مثل دوم میں متردد منافقوں کا بیان ہے جنکا نور کبھی چمکتا اور کبھی بجھ جاتا ہے اور یہ لوگ بہ نسبت خالص منافقوں کے ہلکے ہیں۔ اور واضح ہو کہ سورۃ النور میں قولہ تعالے۔ اللہ نور السموٰت والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح الآیۃ۔ میں بھی انہی تشبیہ مذکور ہے پس کوکب دری کی مثال ایسے مومن کا قلب ہے جو ایمان خالص پر مخلوق ہے اور اوسکو شریعت خالصہ سے مدد پہونچتی ہے جسمیں کچھ کدورت و خلط نہیں ہے۔ اور کفار کی مثال جو اپنے آپ کو کسی منزلت پر سمجھتے ہیں حالانکہ یہ اونکا جہل مرکب ہے اسکے بعد بیان فرمائی بقولہ تعالے والذین کفروا اعمالہم کسراب بقیعۃ یحسبہ الظمان ماء حتی اذا جاءہ لم یجدہ شیئا الآیۃ۔ یعنے ان کافروں کی مثل مانند سراب ہے کہ دور سے پیاسا اوسکو پانی سمجھتا ہے یہانتک کہ جب وہاں پہونچا تو اوسکو کچھ بھی نہ پایا۔ اسیطرح کفار بھی اپنے جہل مرکب کے موافق اپنے اعمال کو مشمر جنت خیال کرتے ہیں حالانکہ وہ کچھ بھی نہیں ہیں پھر اسکے بعد خالص کافروں کی مثال بیان فرمائی بقولہ تعالے۔ او کظلمات فی بحر لجی یغشاہ موج من فوقہ موج من فوقہ سحاب الآیۃ۔ اسیطرح سورۂ واقعہ و سورۂ انسان میں اللہ تعالے نے مومنین کی بھی دو قسمیں بیان فرمائیں پس حاصل یہ نکلا کہ مومنین کی دو قسمیں ابرار و مقربین ہیں اور اسیطرح کافرین کی بھی دو قسمیں اصلی و تبعی ہیں اسیطرح منافقین کی بھی دو قسمیں خالص و متردد ہیں اور واضح ہو کہ کبھی مومن میں اعتقاد کی راہ سے نفاق نہیں ہوتا لیکن اعمال کی راہ سے نفاق ہوتا ہے چنانچہ حدیث عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسمیں تین باتیں ہوں وہ خالص منافق ہے اور جسمیں کوئی ایک ہو اوسمیں نفاق کی شاخ ہے یہانتک کہ اوسکو ترک کرے چنانچہ جب بات کہے تو جھوٹ بولے اور جب وعدہ کرے تو خیانت کرے اور جب عہد کرے تو خلاف کرے (الصحیحین) اور بعض روایات میں چار باتیں ہیں اور چوتھی بات یہ کہ جب مخاصمہ کرے تو بدکاری کا برتاؤ کرے۔ شیخ نے لکھا کہ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ آدمی میں کبھی ایمان کے ساتھ نفاق کی بھی شاخ ہوتی ہے۔ اور حدیث ابوسعید رضی اللہ عنہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قلوب چار ہیں قلب اجرد جسمیں سمع کی لو کیطرح روشن ہے اور قلب اغلف جو اپنے غلاف میں مربوط ہے اور قلب منکوس اور قلب مصفح پس قلب اجرد تو مومن کا دل ہے جسمیں اوسکا نور مانند شمع کافور کے روشن ہے اور قلب اغلف کافر کا دل ہے اور قلب منکوس منافق خالص کا دل ہے جسنے سچا نہ مانا اور قلب مصفح وہ دل ہے جسمیں ایمان کے ساتھ نفاق بھی ہو پس اوسمیں ایمان کی مثال مانند بقول کے ہے جو پاکیزہ پانی سے بڑھتا ہے اور اوسمیں نفاق کی مثال مانند قرحہ کے ہے کہ کچلو ہو و پیپ سے بھرتا ہے پس اس قلب میں دونوں مادہ میں سے جو غالب ہوا اوسیکا غلبہ ہوجاتا ہے (رواہ احمد باسناد حسن) ع۔ مترجم کہتا ہے کہ منافقوں کی قسم اول کے دل پر بھی بالکل مہر نہیں ہوتی بلکہ وہ اوندھا ہوجاتا ہے اگرچہ قلب کافر کے مانند اوسکا انجام بھی خراب ہے اور منافقوں کی قسم دوم کا دل اس قابل ہوتا ہے کہ اگر وہ نیک صحبت مع مردانہ ہمت کے اختیار کرے تو مراد کو پہونچ جاوے لیکن اوسنے اپنے کانوں کو شیطانی باتیں سننے میں لگایا اور حق باتوں سے غافل کیا اور آنکھوں کو بھی آیات عبرت سے ہٹا کر غفلت میں ڈالا تو مانند خالص منافق کے بربادی میں مبتلا ہوا۔ ولو شاء اللہ لذہب بسمعہم وابصارہم ان اللہ علی

کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝ - اور اگر اللہ تعالیٰ چاہے تو اونکے کانون و آنکھون کو اونکی سماعت و بصارت کو نسبت کرے بیشک اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہی - ف سیوطی نے لکھا کہ جیسے اللہ تعالیٰ نے اونکی باطنی سماعت و بینائی معدوم فرمائی ویسے ہی چاہے تو ظاہری سماعت و بینائی کو بھی نسبت فرماوے - ابن عباس رضؓ نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کو جو امر اپنے بندون کے ساتھ از قسم عقوبت یا عفو منظور ہو سب اوسکے قبضۂ قدرت مین ہی پس جب چاہے اونکی سماعت و بینائی زائل فرماوے کیونکہ اونھون نے حق کو پہچاننے کے بعد چھوڑ دیا (تنبیہ) شیخ ابن جریر و قرطبی وغیرہ ایک جماعت مفسرین نے یہان دونون مثالون کو ایک ہی معنے مین محمول کیا یعنے چاہو اندھیرے مین آگ روشن کرنے والے سے منافقون کی مثال دو یا اندھیری رات مین پانی کی گھٹا مین چلنے والے سے مثال دو یعنے دونون مثالین برابر ہین اور یہی زمخشری و بیضاوی وغیرہ کا مختار ہی - اور شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ یہ دو مثالین دو قسم منافقین کیواسطے بیان فرمائی گئین کیونکہ منافقین کے چند اقسام ہین اور ہر ایک کے احوال و اعمال علیحدہ علیحدہ ہین چنانچہ سورہ براۃ مین ہر ایک کے اقوال و افعال کا مفصل بیان ہی - (تنبیہ ثانی) بعض روایات سے ثابت ہی کہ زیر عرش بعض سمندر ہین اللہ تعالےٰ اونسے باران رحمت کے بادل بھیجتا ہی - مترجم کہتا ہی کہ یہی بات بنظر حواس صحیح ہی اسوجہ سے کہ بارش کی کیفیت اور اوسکے آثار اور کثرت و مقدار اور مزہ اسیکو مستدعی ہی اسیواسطے بعض مفسرین نے اسی پر جزم کیا اور اسکا انکار وہی شخص کریگا جو سوائے محسوس کے کسی چیز کا قائل نہین ہی حالانکہ محسوسات مادیات پر انحصار کرنا محض احمق کا کام ہی چنانچہ مقدمہ مین اسکی کافی تردید گذری لیکن جب تک قوی روایت سے یہ امر ثابت نہو تب تک اسپر جزم نہین کر سکتے اگرچہ کوئی امر محال نہین ہی جیسا فرقہ نادیہ مٹی کے پتلون نے قیاس دوڑایا ہی اور چونکہ اونکا قیاس خود غیر محسوس ہی تو اوسکے اعتقاد کے موافق خود باطل ہی - رعد کو بیضاوی وغیرہ فلسفی متکلمین نے لکھا کہ وہ آواز ہی جو ہوا کے جھونکے سے بادلون کے اجرام مضطرب ہونے سے نکلتی ہی اور یہی فلاسفہ کا قول ہی اور یہ غلط ہی یا یون کہا جاوے کہ جیسے مادر زاد اندھے نے دوپہر کے وقت زمین پر ہاتھ رکھا تو کہا کہ یہ گرمی وہ ہی جو دن مین زمین پر ہاتھ رکھنے سے محسوس ہوتی ہی کیونکہ اوسکو آفتاب کی تابش نظر نہین آتی ہی اسیطرح سحاب مین سوائے ظاہری صورت کے جن لوگون کو کچھ معلوم نہین ہوتا وہ اسیطرح اٹکل دوڑاتے ہین حالانکہ بلا خلاف یہ سحاب ایک مخلوق الٰہی ہی اور ہر مخلوق الٰہی مین قوائے ملکی اپنے اپنے اقسام پر ہین اور اسیطرح انتظام الٰہی تمام مخلوقات مین جاری ہی چنانچہ حدیث ابن عباسؓ مین ہی کہ یہودیون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے رعد کو دریافت کیا کہ رعد کیا چیز ہی یعنی یہودیون نے توریت سے لیکر بطور امتحان کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے رعد کو دریافت کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ ملائکہ مین سے ایک ملک ہی جسکے ہاتھ مین مخاریق ناری ہین جسسے سحاب کو جہان اللہ تعالیٰ چاہتا ہی ہنکاتا ہی تو یہودیون نے کہا کہ یہ آواز کیسی ہی جسکو ہم سنتے ہین تو آپ نے فرمایا کہ سحاب کو زجر ہی تا کہ جہان حکم ہو وہان تک پہونچے یہودیون نے کہا کہ آپ نے سچ فرمایا پھر کہنے لگے کہ ہمکو یہ بتلائیے کہ اسرائیل یعنے یعقوب علیہ السلام نے اپنے اوپر کیا چیز حرام کر لی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اونکو عرق النساء کا مرض ہوا تو اونھون نے سوائے اونٹ کے گوشت و اونکے دودھ کے کوئی چیز اس مرض کے مناسب نہین پائی (کہ جس سے اس مرض کے پیدا ہونیکا احتمال ہو) پس اسواسطے اونٹون کا گوشت و دودھ اپنے اوپر حرام کر لیا یہودیون نے کہا کہ آپ سچ فرماتے ہین (رواہ الترمذی وقال حدیث حسن صحیح غریب) اور ابن عباسؓ نے کہا کہ رعد اوس فرشتہ کا نام ہی جو سحاب کو چلاتا ہی اور برق اوسکے تازیانہ نوری کی چمک ہی جس سے سحاب کو زجر کرتا ہی اور یہی اکثر سلف صالحین رضی اللہ عنہم سے منقول اور یہی علماے ربانیین کا قول ہی اور جنھون نے فلاسفہ کی بات مانی کہ بدن ایک سانچہ ہی جو بادلون کی رگڑ سے نکلتی ہی تو جہالت کا ٹانکنے کے سوا کوئی علمی بات نہین پائی - اور واضح ہو کہ صواعق ایک لطیف آگ ہی جو بوقت فرشتہ سے برق ضرب کے جدا ہوتی ہی اور

قولہ تعالیٰ ویرسل الصواعق فیصیب بہا من یشاء الآیۃ کی تفسیر ہیں انشاء اللہ تعالیٰ آویگا۔ اور حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب عد و صواعق کی آواز سنتے تو فرماتے اللھم لا تقتلنا بغضبک ولا تھلکنا بعذابک عافنا قبل ذلک یعنی الٰہی ہمکو اپنے غضب سے قتل نفرمائیو اور اپنے عذاب سے ہلاک نفرمائیو اور اس سے پہلے عافیت عطا کیجیو (رواہ الترمذی) پھر اللہ تعالیٰ نے مومن و کافر و منافق سب کی کیفیت بیان فرما کر اہل کفر کو معرفت الٰہی ایمان کا خطاب کیا بقولہ تعالیٰ

**يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ الَّذِي**

لوگو بندگی کرو اپنے رب کی جس نے بنایا تم کو اور تم سے اگلوں کو شاید تم پرہیزگاری پکڑو جس نے

**جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا وَالسَّمَاءَ بِنَاءً وَأَنْزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجَ بِهِ مِنَ الثَّمَرَاتِ**

بچھونا تم کو زمین اور آسمان عمارت اور اوتارا آسمان سے پانی پھر نکالے اس سے میوے

**رِزْقًا لَكُمْ فَلَا تَجْعَلُوا لِلَّهِ أَنْدَادًا وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝**

کھانا تمہارا سو نہ ٹھہراؤ اللہ کے برابر کوئی اور تم جانتے ہو

واضح ہو کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قرآن میں یا ایہا الناس کا خطاب اہل مکہ کے واسطے ہے اور یا ایہا الذین آمنوا کا خطاب اہل مدینہ کے واسطے ہے (ابن جریر وغیرہ) یہ خطاب بطریق ندا ہے اور بعض محققین نے کہا کہ حضرت ابن عباس رض کا قول کچھ کلیہ نہیں ہے بلکہ اکثر ایسا واقع ہوا ہے کیونکہ سورۂ بقرہ و نساء و حجرات بالاتفاق مدنیہ ہیں حالانکہ انمیں یا ایہا الناس موجود ہے اور بعض نے فرمایا کہ مدنیہ سورۃ میں بھی یہ بات ممکن ہے کہ اہل مکہ کو خطاب کیا جائے کیونکہ جیسے مکہ میں بیٹھکر مکہ والوں کی نصیحت منظور تھی ویسے ہی مدینہ سے بھی اونکی ہدایت مقصود تھی تو سورہ مدنیہ ہونے سے کوئی اشکال نہیں ہو سکتا اور مترجم کہتا ہے کہ یہ سب کلام اس بنا پر ہے کہ جب یہ خطاب نازل ہوا تھا اوسوقت کس لوگوں کو مخاطب کیا گیا تھا اور درحقیقت تو یہ خطاب اہل مکہ و تمام عرب و تمام دنیا کا ہے کہ قیامت تک پیدا ہونیوالوں کو عام ہے جس سے قیامت تک سبکو نصیحت لینا چاہیے کہ۔ **يَا أَيُّهَا النَّاسُ اعْبُدُوا رَبَّكُمُ** ۔ اے لوگو توحید کرو اپنے رب کی۔ **ف** اور اوسکے ساتھ کسی قسم کا شرک نکرو نہ اعتقاد میں نہ صفت میں نہ فعل میں پس اوسکے واسطے عبادت کرو کیونکہ وہی خالق اور وہی منعم ہے۔ **الَّذِي خَلَقَكُمْ وَالَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ** جسنے تمکو پیدا کیا اور اون لوگوں کو پیدا کیا جو تمسے پہلے تھے۔ **ف** پس استحقاق بدلیل یہ کہ سابق و لاحق انسانوں کا جو اشرف مخلوقات ہیں وہی خالق ہے اور یہ احسان انکی جان عطا کرنیکا اسوقت ہوا کہ یہ بالکل معدوم تھے پھر اپنی قدرت کے قبضہ میں انکو زندہ رکھا اور برابر رزق دیا پس الوہیت و عبادت اوسیکے واسطے خاص ہوئی جسنے تمکو پیدا کیا اور تمہاری زندگی باقی رہنے کی فعتیں تمکو عطا فرمائیں پس ظاہر ہے کہ جو خالق و مالک و منعم ہے وہی الوہیت والا مستحق عبادت ہے چنانچہ اول کا بیان یہ کیا۔ الذی خلقکم والذین من قبلکم یعنی اوسنے تمکو اور تمسے اگلوں کو پیدا کیا اور پیدا کرنے والا بہ نسبت مالک کے بدرجہا ظاہر ہے کیونکہ مالک تو کبھی اپنی مثل آدمی کا مالک ہوتا ہے جیسے آدمی اپنے غلام کا مالک کہلاتا ہے اگرچہ حدیث میں منع آیا کہ مالک نکہا جاوے بلکہ آقا وغیرہ کہا جاوے کیونکہ حقیقی مالک اللہ تعالیٰ ہے اور خالق وہی ہے جسنے بعدم سے وجود کیا تو وہ حقیقی مالک ہے اور یہ امر ظاہر ہے کہ خالق ہونیکی قوت و قدرت اوسمیں ہوگی جو خود مخلوق نہو اسیواسطے اہل سنت نے کہا کہ کوئی شخص اپنے افعال کا خالق نہیں ہو سکتا بلکہ اسکے ارادہ کرنے پر اللہ تعالیٰ چاہتا ہے تو وہ کام پیدا کر دیتا ہے اور نہیں چاہتا ہے تو نہیں پیدا کرتا ہے پس ہماری ذات کیا اور ہمارے افعال کا پیدا کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے تو اوسکی توحید و عبادت کرو۔ **لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝** تاکہ تم اپنے آپکو بچاؤ۔

ف یعنی آتش جہنم سے واضح ہو کہ لفظ لعل در اصل امید کے معنے میں آتا ہی تو یہاں ترجمہ یہ ہوا کہ شاید تم اپنے آپکو آگ سے بچاؤ پس وہ اگر اسی معنے امید پر رکھا جاوے تو گویا اللہ تعالے نے ہم لوگوں کو تنبیہ فرمائی کہ تم لوگ توحید الٰہی پر قائم ہو کر امیدوار ہو کہ اللہ تعالیٰ تمکو آگ سے نجات دے پس اسمیں کئی طرح کی معرفت عطا ہوئی اول یہ کہ اعبدوا ربکم کے لفظی معنے "اپنے رب کی عبادت کرو" اس سے مراد ہے اپنے رب کی توحید کرو" چنانچہ یہی تفسیر ابن عباس رضی اللہ عنہ سے صحیح ہوئی دوم توحیدی فرمانبرداری پر ذرہ برابر مغرور نہو بلکہ قبولیت کی التجا کرو اور امیدوار رہو کہ یہی بندگی ہی بیان اول یہ کہ جو عقائد میں مذکور ہی کہ کسی شخص کو یہ طاقت نہیں ہی کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے لائق اوسکی عبادت کر سکے کیونکہ مخلوق سے جو عبادت پیدا ہو وہ بھی مخلوق ہوگی اور اللہ تعالیٰ عزوجل کی شان خالق ہی تو اوسکی بارگاہ کبریائی کے لائق جب خود آدمی نہیں ہی تو آدمی سے جو چیز پیدا ہوئی یعنے عبادت وہ کہان اوسکی بارگاہ کے لائق ہو سکتی ہی اور اوسکی شان عالی میں کسی قسم کی احتیاج نہیں ہی کیونکہ احتیاج تو ایک نقص ہوتا ہی اور اللہ تعالے ہر نقص سے پاک ہی اور اوسکی سب صفات کامل ہیں اسیواسطے اللہ تعالیٰ کی صفت الصمد الغنی الحمید ہی اور اسیواسطے قیامت کے روز تمام انبیا علیہم السلام باوجود کمال طاعت کے نفسی نفسی کہینگے اور اسیواسطے ہر بندہ مومن یہ خوف کرتا ہی کہ اللہ تعالے جو کچھ مواخذہ فرماوے سب صحیح ہی کیونکہ اوسکی بارگاہ کے لائق کوئی عبادت ادا ہونا ممکن نہیں ہی لیکن اللہ عزوجل نے اپنی رحمت سے جو کچھ بندوں سے ممکن تھا یعنے حکم کی فرمانبرداری کرنا اسی پر اکتفا فرمایا چنانچہ جس بندے نے موافق حکم کے روزہ نماز ادا کیا وہ مقبول ہوا اور اس پر مزید رحمت یہ ہی کہ یہ اعمال صالحہ بھی بندوں ہی کو دیدیے حتی کہ ہر ایک شخص اپنے اعمال کے موافق آخرت کے درجات پاویگا پس خلاصہ یہ ہوا کہ کسی شخص کو اوسکے اعمال جنت میں داخل نہیں کرینگے بلکہ اللہ تعالیٰ ہی اپنی رحمت سے اوکی فرمانبرداری قبول فرما کر اوکے واسطے جنت میں داخل ہونے کا حکم دیگا چنانچہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا کہ تم میں سے کسی کو اوسکے اعمال داخل جنت نہیں کرینگے پس صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ یا رسول اللہ کیا آپکو بھی آپ کے اعمال داخل نہیں کرینگے تو فرمایا کہ میں بھی نہیں مگر اسکہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے مجھے ڈھانک لے (صحیحین وغیرہ) پھر جب رحمت الٰہی عزوجل سے فرمانبرداری قبول ہو کر جنت میں جائینگے تو وہاں اپنے اپنے اعمال کے مراتب عالیہ پاوینگے معرفت دوم یہ کہ جب انھوں نے موافق حکم کے فرمانبرداری ادا کی تو کوئی شخص یہ نہیں جان سکتا کہ میں نے خالص نیت کے ساتھ بخشوع وخضوع فرمانبرداری ادا کی یا نہیں لہذا اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندوں کی فرمانبرداری بیان کر کے فرمایا کہ وہم من خشیۃ ربہم مشفقون یعنے اپنے پروردگار کی ناخوشی سے ڈرتے رہتے ہیں پس باوجود فرمانبرداری کے اونکو یہ خوف ہی کہ اونکے اعمال مردود نہو جاویں لہذا یہان ارشاد فرمایا کہ اے لوگو اپنے رب عزوجل کی توحیدی عبادت کرو جسنے تمکو اور تمسے پہلے لوگوں کو پیدا کر دیا شاید تم عذاب الٰہی سے بچو یعنے اوسکی شان کے لائق عبادت نہیں کر سکتے ہو مگر فرمانبرداری جو تمسے ممکن ہو ادا کر کے امید لگاؤ کہ شاید نجات پاؤ اور حدیث میں ثابت ہی کہ اللہ تعالیٰ اس سے اعلی ہی کہ بندہ اوسکی طرف امید لگاوے پھر وہ محروم کیا جاوے اور حدیث قدسی میں ہی کہ بندہ سچے دل سے جو آرزو میری طرف لگاتا ہی میں اوسکی آرزو پر ہوں اور بعض علما نے کہا کہ لفظ لعل یہاں تعلیل ہی یعنی توحیدی عبادت کرو تاکہ تمکو نجات ہو پس بندوں کے سمجھنے کے واسطے یہی کافی تھا کہ اللہ تعالیٰ ہی مستحق عبادت ہی جسنے ہم سب کو پیدا کیا بھر اسکے ساتھ بعد پیدایش کے انعام بھی بیان فرمایا اللہ تعالے الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ فِرَاشًا جسنے تمھارے واسطے زمین کو بچھونا بنایا ف کہ وہ بچھونے کی طرح نرم ہنڈولا ہی نہ تو زلزلہ ہی نہ پتھر کے مانند سخت ہی اور نہ اوسکو ہالا ڈولا آتا ہی کیونکہ پہاڑوں سے اس سخت خاک کو مضبوط کر دیا ہی وَالسَّمَاءَ بِنَاءً اور آسمان کو چھت بنا دیا ف چنانچہ فرمایا وجعلنا السماء سقفا محفوظا وہم عن آیاتہا معرضون یعنی ہمنے آسمان کو محفوظ چھت بنایا حالانکہ کافر لوگ آسمانی آیات قدرت سے منہ موڑے ہیں ۱۲ اور لطف یہ ہی کہ

اسی جہت سے اونکو طرح طرح کے رزق ملتے ہین اور روشنی تاریکی کی راحت راصل ہوتی ہی اور اسکے آیات قدرت کا بیان انشاء اللہ تعالیٰ آویگا ۔
وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۔ اور آسمان سے پانی اتارا پس اوسکے ذریعہ سے طرح طرح کے پھل نکالے حالانکہ وہ تمہارے واسطے رزق ہین ۔ ف یعنی تم اور تمہارے جانور اوس سے رزق پاتے ہو پس جبکہ ہی خالق اور وہی منعم اور وہی رازق ہی اور یہ صفات کمال جب اوسکی ذات پاک مین ہین تو کوئی ذرہ اوسکی قدرت سے خارج بھی نہین ہوسکتا اور جمیع صفات کاملہ اوسمین موجود ہین تو وہی مستحق عبادت ہوا ۔ فَلَا تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ اَنْدَادًا وَّاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۔ پس تم اللہ کے واسطے اندادیت بناؤ حالانکہ تم جانتے ہو ۔ ف ۔ یعنی عقل رکھتے ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ کوئی ضد وند و شریک نہین ہوسکتا یعنی جب تمنے جانا کہ اللہ تعالیٰ خالق و قادر و علیم و حکیم و تمام مخلوقات اوسکے قبضۂ قدرت مین مسخر ہین اور اوسکے زندہ رکھنے سے انکی زندگی قائم ہی تو ممکن نہین کہ کوئی دوسری چیز درمیان مین تصرف کرسکے کیونکہ جو چیز مثلاً اللہ تعالیٰ کے قبضہ مین مسخر ہو اوسپر دوسرے کا تصرف کیونکر وارد ہوسکتا ہی اور دوسرا اپنا تصرف کیونکر لائیگا کیونکہ وہ تو اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہی اور اوسکا تصرف بھی اللہ تعالیٰ ہی کے پیدا کرنے سے پیدا ہوسکتا ہی تو کسی چیز کا درمیان مین دخل ممکن نہین کیونکہ کوئی چیز اللہ تعالیٰ کے قبضۂ قدرت سے تجاوز نہین کرسکتی پھر اوسکو تصرف کرنیکی مجال نہین حاصل ہوسکتی ہی پس اہل شرک کے واسطے نفیس تنبیہ ہوگئی کہ جب تم اللہ تعالیٰ کی شان اعلیٰ پر غور کرو تو صاف جان لوگے کہ غیر فعال آلہی عزوجل کے ایک ذرہ جنبش نہین کرسکتا تو بتون وغیرہ کو اپنا معبود یا متصرف بنانا محض حماقت ہی ۔ (المعرفۃ) اے طالب آلہی عزوجل از قسم ابدال وغیرہ

جو موافق توضیح حضرت سید جیلانی قدس سرہ کے اپنی ارادات سے فانی و محض ارادات حق عزوجل سے باقی ہین تو انکو تقدیرات الٰہی عزوجل مین کچھ اختیار نہین اور نہ خطرات غیر مین پس انکے افعال وہی ہین جو اللہ تعالے چاہے اور کبھی انکی کرامات کے لیئے ظاہر مین خرق عادات پیدا فرماتا ہی پس جسنے انکو خود مختار قادر جانا وہ احمق گمراہ ہی جیسا کہ شیخ ابوالحسن رح نے قصۂ ابراہیم ادہم مین مصرح لکھا ہی پس حق عزوجل ہی خالق و قادر و فاعل مختار ہی کسیکو کچھ بھی پیدا کرنے کی قدرت نہین بلکہ اللہ تعالی ہی اپنے بندگان صالحین سے کرامت پیدا کرتا اور انبیاے کاملین سے معجزات پیدا کرتا ہی (تنبیہ) جس بندے کے دل مین نیک افعال کی نیت پیدا کی گئی تو صحیح مسلم کی حدیث کے مطابق اسکے واسطے ایک نیکی لکھی جاتی ہی اور جس کمال خلوص سے اسکے دل مین شوق و نیت ہی اسی طرح کامل ثواب عطا ہوتا ہی پھر اگر وہ اس نیکی کو عمل مین لایا یعنے خالق عزوجل نے خارج مین اسکو خلق فرمایا تو دس گنہ ثواب سے جہانتک زائد اخلاص وغیرہ ہو لکھا جاتا ہی اسی سے کہا گیا کہ مومن کی نیت اسکے عمل مین لانے سے بہتر ہی۔ اور بدی کا گناہ جب ہی لکھا جاتا ہی کہ عمل مین لاوے۔ مترجم کہتا ہی کہ اگر یہ فعل صرف باطنی ہی مثلاً کسی صالح کی نسبت بدگمانی کرنا تو جب تک خطرہ ہی تب تک کچھ نہین ہی حتی کہ اگر اوسنے خطرہ کو دور کر دیا تو بھی موافق حدیث صحیح کے ایک نیکی لکھی جاتی ہی اور اگر اوسنے اس بدگمانی کو جمالیا تو گناہ کا مرتکب ہو گیا اور اگر یہ فعل خارجی ہی مثلاً شراب خواری تو جب ہی گناہ لکھا جائیگا کہ خارج مین شراب پی لے۔ (تنبیہ) اللہ تعالے نے اس آیت قدسی مین زمین کو فرش پیدا کرنے کا بیان فرمایا پس اگر زمین مستوی ہو تو فرش ہونا ظاہر ہی اور اگر مدور ہو تو بھی امام رازی وغیرہ نے لکھا کہ جرم زمین بنسبت مرئہ جسم انسانی کے بہت کبیر و وسیع ہی پس وہ اوسکے واسطے فرش ہو سکتی ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ تمام قومون نے اس امر پر اجماع کیا کہ خشکی سے پانی ہفت گنہ سے زیادہ ہی پس اللہ تعالی کی قدرت عجیب یہ ہی کہ خشکی کو اسقدر عمیق کثیر سمندر جو محیط ہین نہایت کھاری و تلخ پانی ہی لیکن لطیف حکمت الٰہی عزوجل سے خشکی مین اوسکا اثر ظاہر نہین ہوتا حتی کہ اسکے کنوین و دریا آب شیرین سے بھرے رہتے ہین۔ دوم یہ کہ یہ خشکی کا ڈھیلا اس کثیر پانی مین نہین گلتا بلکہ چھوٹے چھوٹے ٹاپو جو سمندرون کے اندر پائے جاتے ہین بدستور رہتے ہین بلکہ کبھی وہ نہین زیادتی ہو جاتی ہی اور اہل حق کے نزدیک انکی حکمت لطیف قدرت الٰہی عزوجل ہی اور اہل باطل جو کچھ بیہودہ گوئی اس مقام پر کرتے ہین مترجم نے اسکے خیالات حماقت کو مقدمہ مین ذکر دیا ہی (تنبیہ) اللہ تعالے نے آسمان کو محفوظ چھت پیدا کرنیکا بیان فرمایا اور وہ حسی و عقلی دلائل سے قطعاً موجود ہی مگر بعض احمق اس بدیہی سے انکار کرتے ہین جنکی تردید بدلائل قطعیہ مقدمہ مین مذکور ہی اور کچھ شک نہین کہ جو بدیہیات سے منکر ہو اور دلائل عقلیہ کے سمجھنے سے قاصر ہو اوسمین اور جانور مین بہت کم فرق ہی۔ (حکمت) اللہ تعالے نے اس زمین سے انواع ثمرات پیدا کرنیکا بیان فرمایا اور ہر ایک شخص دیکھتا ہی کہ آدمیون و جانورون کی غذا اور دوا کے اناج و پھل و میوہ جات و ترکاریان اسی زمین سے پیدا ہوتی ہین اور یہ بات ظاہر ہی کہ ابتدائی وجود کے واسطے زمین سے خارج آسمان وغیرہ سے کوئی بیج نہین لائے گئے بلکہ اللہ تعالے عزوجل نے حکمت کاملہ کے ساتھ آسمانی پانی و زمینی مٹی کے امتزاج سے ان ثمرات کے اصول پیدا کیے جیسے جسم آدم علیہ السلام کو قدرت کاملہ کے ساتھ پانی و مٹی کے خمیر سے ترکیب دیا پس عجب شان حکمت ہی کہ جسم آدمی کو اسی خاکی ترکیب سے ایجاد فرمایا اور اسی خاک سے اوسکے واسطے عجیب عجیب مختلف شکلون مین طرح طرح کے مزہ و آثار و خواص کے ساتھ غذائین پیدا کین جس سے اس جسم کا بقا ہی اور اسی حکمت کی تعلیم سے طبیبون کو صحت اجسام کے واسطے علاج کی تفہیم ہوئی تاکہ عظیم قدرت الٰہی عزوجل کا شکریہ ادا کرین مثلاً جسم مین رطوبت کا جزو کم ہو کر خشکی سے مرض پیدا ہوا تو جیسا اوسکی غذا مین ایسا پھل دیا جاوے جس سے رطوبت کثیر پیدا ہو کر جزو بدن ہوتی ہی تو اوس یبوست کا علاج ہو جائیگا اسیطرح جسم انسانی کی ترکیب سے سونے چاندی جواہرات و فولاد وغیرہ جمادات مین سے کوئی جزو ضعیف ہوا تو اسی نباتاتی یا جاداتی جزو کو خواہ بطور ہضم یا کشتہ کے جزو بدن کرنے سے صحت حاصل ہو جائیگی اور اسکے ساتھ ہی ہضم وغیرہ

کی قوتوں اور خون و گوشت وغیرہ کی پیدائش آثار اور جسم میں رگوں سے نہروں کا سلسلہ آثار کمال قدرت و صناع حکمت الٰہی عزوجل ہیں پس مشرک کی بدبختی پر افسوس ہے جو ان صنائع و بدائع سے غافل ہو کر باطل شرک کا معتقد ہوتا ہے۔ (تنبیہ ۵) اللہ تعالیٰ نے سمندروں کے کھاری پانی کو اس زمین سے ممنوع فرمایا تاکہ خشکی کے رہنے والے شیریں پانی سے اپنی زندگی میں آرام اوٹھاویں اور جملہ حیوانات و نباتات تندرستی سے زندہ رہیں اور انکی پیدائش ہو پس پانی جب سمندر میں سے نہیں ہے تو ضرور ترکیب سماوی ہے کیونکہ بارش کا پانی تو ایک وقت خاص میں مدد ہوتا ہے حالانکہ زمین کے اندر سے نہایت شیریں چشمے ابلتے ہیں پس یہ پیدائش خاص ہے جو اللہ عزوجل نے پیدا کرتے وقت اس خشکی کے اندر ودیعت فرمایا اور یہ سمندروں سے چوسا ہوا پانی نہیں ہے کیونکہ محض مشہور ہے پس جو شخص قلب سلیم کے ساتھ سمجھے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے انسان کو پیدا کیا حالانکہ وہ محض معدوم تھا اور اسکو کسی قسم کا استحقاق ممکن نہ تھا سوائے اسکے کہ اوسوقت اوسکی ذات ہی معدوم تھی تو کسی قسم کی دعوی استحقاق ممکن نہیں پھر بعد پیدا ہونے کے بعضے احمق مشرکوں کو دیکھو کہ وہ اپنے واسطے استحقاق ثابت کرتے حتی کہ بعضے کہتے ہیں کہ اگر یہ بات نہ ہوتو ہمارے اوپر ظلم ہوگا اور یہ اوسکی حماقت ہے کیونکہ کسی مخلوق کو جب ذاتی استحقاق نہیں ہے تو فعلی استحقاق کہاں سے ہوگا بلکہ خالق عزوجل کا محض احسان ہے جو اوسنے بخشش و پرورش و ذرہ ذرہ کا مالک ہے پس مخلوق سوائے ہر طرح احسان ماننے و شکر کرنے کے ہر گز کسی طرح کی دعوی نہیں رکھتا اور خالق عزوجل جس طرح چاہے تصرف فرماوے کسی مخلوق کو مجال نہیں کہ ظلم کا کلمہ زبان پر لاوے بلکہ اوسپر فرض ہے کہ اپنی ذات سے احسانات الٰہی عزوجل شمار کرنا شروع کرے اور سمجھے کہ ہر سانس کی آمد و رفت اوسپر وہ جدا احسان ہے پھر اوسکی سانسیں تمام ہو جائینگی مگر احسانات الٰہی عزوجل شمار کرنا محال ہوگا پھر اوسپر یہ بہت ہی بڑا احسان ہے کہ اوسکو دائمی نعمت و درجات جنت و مذہب اخلاق و انوار عقول عطا فرمانے کے واسطے اپنے بندگان خاص انبیا علیہم السلام کو اوسکی ہدایت کے واسطے بھیجا جو خالص انکے خیر خواہ ہیں اور کوئی اجر و مال انسے نہیں چاہتے ہیں پس اوتھوں نے انکے کدورات اوہام و وساوس شیطان و خطرات نفس کا ہجوم انکی عقل سے دور فرما کر انکو معرفت حق عزوجل و سبل تکمیل نفس کی تعلیم فرمائی اس طرح کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب حق اپنے پیغمبر افضل الخلق صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرما کر نہایت لطافت کے ساتھ دلائل معرفت سکھلائے از انجملہ یہ ہے کہ تم لوگ مخلوق ہو اور مخلوق کے واسطے خالق بدیہی ہے اور خالق وہ ہوتا ہے جو کسی چیز کا محتاج نہ ہو یا کہ ہر مخلوق ہر ساعت میں اوسکی محتاج ہو اور وہ مخلوق کو عدم سے موجود کرتا ہے پس وہ اوسکے گوشت و پوست و ذرہ ذرہ کا مالک ہوتا ہے پس مخلوق کی ذات کو پیدا کرنا اور حسن حکمت کے ساتھ یہ مخلوق اپنی زندگی بسر کرے اور فنا ہو جاوے یہ اسباب نہایت دقیق ہیں پس اوسکے واسطے الوہیت ہے اور مخلوق کو واسطے اوسکے کسی ذرہ میں مل سکتا پس تعلیم فرمایا کہ اے لوگو تم اپنے رب عزوجل ہی کی الوہیت مان کر اوسکی فرمانبرداری کرو جسنے تمکو اور تمسے اگلوں کو پیدا فرمایا اور اوسی نے تمہارے واسطے ہر طرح زندگی کا رزق دیا پس اپنے خالق عزوجل کی کسی صفت میں یا کسی فعل میں کسی کو شریک نہ بناؤ پھر صفت میں شریک بنانیکی یہ صورت ہے کہ اللہ تعالیٰ عزوجل کے واسطے جو صفات مانند خالق و رازق و علیم وغیرہ وغیرہ ہیں انمیں سے کوئی صفت دوسرے میں سمجھے مثلاً خالق چنانچہ اگر کسی نے اعتقاد کیا کہ فلاں شخص چاہے تو اوسکے بچہ پیدا کرے یا اوسنے سمجھا کہ میں اپنے افعال کا پیدا کرنیوالا خود ہوں تو یہ شرک ہے اسیطرح اگر کسیکو عالم الغیب جانے تو شرک ہے اسیطرح اگر کسی شخص کا حکم بغیر حکم الٰہی کے بے چون و چرا اپنے اوپر فرض سمجھے جیسے نصرانی لوگ اعتقاد کرتے ہیں کہ جو کچھ پوپ چاہے حکم دے اور وہی ہمپر فرض ہے تو یہ شرک ہے چنانچہ قولہ تعالیٰ اتخذوا احبارہم ورہبانہم ارباباً من دون اللہ الآیۃ۔ کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالیٰ آویگا اسی طرح پانی برسانے و ہوا چلانے وغیرہ افعال حکمت آمیز میں اگر کسی چیز کی شرکت سمجھے تو شرک ہے مثلاً اگر فلاں درویش چاہے تو پانی برسے یا وہ چاہے تو جھڑی موقوف ہو جائے تو یہ شخص مشرک ہوگا موت

ہی ہان اگر یہ اعتقاد ہو کہ فلان شخص بدلیل اتباع سنت و شریعت کے ہمارے نزدیک درویش ولی نظر آتا ہی پس اگر وہ رب عزوجل کی بارگاہ
مین عاجزی کرے تو امید ہی کہ اللہ تعالی اوسکی دعا قبول فرماویگا کیونکہ یہ درویش اپنے رب عزوجل کا فرمانبردار ہی اور رب عزوجل اپنے فرمانبردار
بندون کو کرامت عنایت کرتا ہی تو یہ اعتقاد صحیح ہی۔ امام ابن کثیرؒ کی تفسیر مین ہی کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین نے عرض کیا
کہ یا رسول اللہ گنا ہون مین سے کون گناہ عند اللہ سب سے بڑا ہی آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالی کے واسطے توسا بھی بناوے حالانکہ اوسنے تجھے
پیدا فرمایا الحدیث۔ (صحیحین) دوسری حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم مین سے کوئی ہرگز یون نہ کہے کہ
اللہ تعالی اور فلان چاہے (تو ایسا ہو جائے) بلکہ اوسکو یون کہنا چاہیے کہ اگر اللہ تعالی چاہے پھر فلان شخص چاہے (المصباح) یعنی اللہ تعالے
جب کسی کام کو چاہتا ہی تو بغیر کسی سبب ظاہری کے پیدا کرتا ہی ولیکن اللہ تعالے نے جو امتحانی تدبیر کی حکمت جاری فرمائی ہی تو اوسمین عام طریقہ
یہ ہی کہ مثلاً کسی شخص کو سو روپیہ وجہ معاش عطا فرمانا منظور ہی تو کسی مخلوق کے دل مین یہ خواہش پیدا کرتا ہی اور صاحب معاش پر
طلب کا فعل لازم کر دیا ہی پس اوسمین یہ فعل پیدا فرماتا ہی اور کام پورا کر دیتا ہی اور یہ سب امور اوسکے علم سابق سے تقدیر مین جاری ہو چکے ہین
شیخ نے لکھا کہ طفیل بن سخبرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مین نے خواب مین دیکھا کہ چند آدمیون جماعت پر میرا گزر ہوا۔ مین نے پوچھا
کہ تم کون لوگ ہو۔ اونھون نے کہا کہ ہم یہود ہین۔ مین نے کہا کہ تم البتہ ایک قوم تھے اگر تمھارا یہ قول نہ ہوتا کہ عزیر بیٹا اللہ کا ہی۔ وہ لوگ بولے
کہ تم بھی قوم تھے اگر تم یون نہ کہو کہ ماشاء اللہ وشاء محمد۔ یعنی اللہ و محمد صلعم نے چاہا۔ پھر روانہ ہوا اور میرا گذر ایک جماعت پر ہوا کہ جھون نے
کہا کہ ہم نصاری ہین تو مین نے کہا کہ تم البتہ ایک قوم ہوتے اگر تمھارا یہ قول نہ ہوتا کہ مسیح ابن اللہ ہی۔ اونھون نے کہا کہ تم بھی قوم ہو اگر یون نہ کہو
ماشاء اللہ وشاء محمد۔ پھر صبح کو مین نے جس کسی سے کہا ہوا اوس سے کہا ہوا اسکے بعد مین نے حاضر ہو کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ خواب بیان
کیا آپ نے فرمایا کہ بھلا تو نے کسی سے یہ خواب بیان کیا ہی۔ مین نے عرض کیا کہ ہان پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوے اور اللہ تعالے کی
حمد و ثنا کے بعد بیان فرمایا کہ طفیل نے ایک خواب دیکھا اور تم مین سے جس شخص سے بیان کیا اوس سے بیان کر چکا اور تم یہ کلمہ ایسا کہا کرتے تھے
جس سے تمکو منع کرنے سے مجھے ایسے اور ایسے امور مانع تھے اور اب تم لوگ ماشاء اللہ وشاء محمد مت کہا کرو بلکہ ماشاء اللہ وحدہ کہا کرو۔ یعنی فقط
ماشاء اللہ کہو اور کچھ شریک مت کرو۔ رواہ حماد بن سلمۃ و قد اخرجہ ابن مردویہ و ابن ماجہ۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ ایک شخص نے
آنحضرت صلعم سے کہا کہ ماشاء اللہ وشئت۔ یعنی اللہ تعالے نے چاہا اور آپ نے چاہا۔ (تو یہ کام ہوا مثلاً) تو آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ کیا
تو نے مجھے اللہ تعالی کا ہمسر بنایا ہی بلکہ تو فقط ماشاء اللہ وحدہ کہا کر (رواہ النسائی و ابن ماجہ و ابن مردویہ) مترجم کہتا ہی کہ اوسکی اسناد مین ابو جلیح بن
عبد اللہ ابو حجیۃ الکندی راوی ہین کلام ہی اور اصح یہ کہ وہ حسن الحدیث ثقہ ہی۔ شیخ نے لکھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
مشیت سے شرک ارادہ نہین کرتے تھے کیونکہ ایمان توحید بدیہی لیا گیا تھا پھر بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کہ ظاہری
کلمہ بھی ایسی صورت پر نہو جس سے بت پرستون یہود و نصاری کو شبہہ پیدا ہو۔ مترجم کہتا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باب توحید مین اہتمام بلیغ
فرماتے تھے حتی کہ مطرف بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کے وفود مین انکو سید کہنے سے منع فرمایا اور کہا کہ اللہ تعالی ہی سید ہی۔ حالانکہ دوسرون کو
منع نہین فرمایا بلکہ خود حدیث مین ہی کہ مین سید اولاد آدم ہون۔ حاصل یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معرفت قلوبہ عطا ہوئی تھی پس جس قلب
مین ایسے الفاظ سے بارگاہ الہی عزوجل سے غفلت دیکھتے تھے اسکو منع فرماتے تھے اور جنمین توحید باری تعالی کا جزم پاتے اور اللہ تعالی ہی کے
فعل سے بندہ مین مشیت دیکھتے یا اللہ تعالی ہی کے عطا کرنے سے سبب ہونا دیکھتے اوسکو منع نہین فرماتے تھے اسی طرح انبیاء علیہم السلام مین

تفاضل منصوص ہے یعنی اللہ تعالےٰ نے نص فرمایا کہ رسولوں میں ہمنے بعض کو بعض پر فضل عطا کیا ہے لیکن چاہیے کہ ہر پیغمبر کے حق میں فضل الٰہی پر نظر رکھے اور فاضل و مفضول دونوں کی شرافت ملحوظ رکھے اور اگر فضیلت دینا بنظر تعصب ہو جیسے یہودی حضرت موسیٰ کو اور نصرانی حضرت عیسیٰ کو اور مسلم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حمیت و تعصب سے فضیلت دے تو یہ فعل شیطانی ہے اسی لئے حدیث میں منع آیا کہ باہم انبیاء علیہم السلام میں تفاضل نکیا کرو تو یہ ممانعت اسی تعصب کی وجہ سے ہے چنانچہ قولہ تعالیٰ - تلک الرسل فضلنا بعضھم الآیہ کی تفسیر میں آویگا انشاء اللہ نیت و قلب کی حالت معتبر ہے لیکن جو لفظ کہ ظاہر میں شرک کا وہم دلاوے وہ فقہاء کے نزدیک مکروہ تحریمی ہے اگرچہ باطن میں شرک نہو شیخ رحمۃ نے لکھا کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے قولہ تعالیٰ - فلا تجعلوا للہ اندادا - میں فرمایا کہ انداد شرک خفی ہے اور جانا کہ کالا صفا پر اندھیری رات میں چیونٹی کی چال جسقدر مخفی ہوتی ہے شرک مذکور اس سے بھی زیادہ مخفی ہے اور اسکی مثالیں یہ ہیں کہ آدمی کہتا ہے کہ تیری جان کی قسم اور تیرے سر کی قسم - اور کہتا ہے کہ اگر یہ کتا نہوتا تو ہمارے یہاں چور گھستے - اور اگر یہ بطخ نہوتی تو چوروں سے بچاؤ نہوتا - اور کہتا ہے کہ اوپر اللہ تعالیٰ ہے اور تم نیچے ہو - اور کہتا ہے کہ اگر یہ شخص نہوتا تو ہم مر چکے ہوتے یہ سب شرک خفی ہیں - (رواہ ابن ابی حاتم) مترجم کہتا ہے کہ یہ کلام نفیس معرفت ہے اور اسمیں تفصیل یہ ہے جان و سر کی قسم تو قطعاً حرام ہے اور کتا و بطخ وغیرہ کا کلمہ بول چال میں جاری ہے لیکن جو لوگ اہل ایمان ہیں وہ اللہ تعالیٰ کی توحید سے غافل نہیں ہوتے اور مراد یہ کہ اللہ تعالیٰ کی قدرت میرے حق میں جاری ہوئی کہ اسنے میری حفاظت فرمائی جسکا ظاہری عنوان اس بطخ کا شور واقع ہوا اور فاعل حقیقی اللہ تعالیٰ ہے - اسی طرح دیگر کلمات مثلاً چنے کھائے تھے تو پیٹ میں درد ہوا - زید نے مجھے مارا - فلاں دوا سے اچھا ہو گیا - اگر یہ لڑکا شور نہ کرتا تو پڑھ جاتا - پس ان سب صورتوں میں بندہ مومن جملہ امور کو اللہ تعالیٰ عزوجل کے فعل سے جانتا ہے اور وہی مطلب لیتا ہے اور وہ واضح ہو کہ زید سے جو فعل ظلم ظاہر ہوا تو اسکی خواہش فساد پر اللہ تعالےٰ نے اسمیں یہ فعل پیدا کیا جس سے زید میں یہ صفت آئی جیسے کسی شیشہ میں گلاب بھرو تو شیشہ میں یہ صفت ہے نہ بھرنے والے میں - اسی طرح جس شیشہ میں قارورہ رکھا گیا تو شیشہ نجس ہے نہ بھرنے والا - اور رنگریز کے سرخ رنگنے سے کپڑا سرخ ہے نہ رنگریز پھر جب زید میں صفت ظلم آئی حتی کہ وہ ظالم ہوا تو اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے کہ قاضی شرع سے خلاصہ کرو جو زید کو سزا دیگا تاکہ آئندہ یہ خواہش نہو اور ان سطور میں زیادہ تطویل کی گنجائش نہیں ہے بلکہ نور ایمان خود عاقل کر دیتا ہے اور بدون اس نور کے خالی بیان مفید نہیں ہے - حاصل مقام یہ کہ شرک خفی سے احتراز واجب ہے حتی کہ جس شخص نے جانا اور ایمان لایا کہ فرمانبرداری صرف حق عزوجل کے واسطے ہے پس اللہ تعالےٰ نے جس طرح شریعت میں فرمانبرداری ہے خود فرمائی حتی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم والا کبر والدین وغیرہ کی فرمانبرداری سب بحکم الٰہی عزوجل ہے و قد قال تعالیٰ - من یطع الرسول فقد اطاع اللہ - اور اسکے جزئیات بیان کرنے سے کلیہ قاعدہ یہ کہ موافق شریعت سنت کے طاعت الٰہی ہے پھر جسنے خلاف شریعت کے اپنی خواہش نفس کی تابعداری کی وہ شرک خفی میں پڑ گیا حتی کہ اگر عالم و درویش کی تابعداری صرف اسی کے قول کے مستقل سمجھے جیسے یہود و نصاریٰ کرتے تھے اور اب بھی نصرانیوں میں پوپ کو اختیار ہے کہ ماہ صیام کو جب چاہے بدل دے تو یہ بھی شرک ہے چنانچہ قولہ تعالےٰ - اتخذوا احبارھم و رھبانھم ارباباً من دون اللہ الآیۃ - کی تفسیر میں آویگا - پس خلاف شریعت کے کسی شخص کی یا اپنے نفس کی پیروی کرنا بھی شرک خفی ہے - (مسئلہ) جس جاہل نے زعم کیا کہ فلاں بزرگ کے نام کی چوٹی اس بچے کے سر پر ہے تاکہ زندہ رہے ورنہ مر جائیگا - یا جب پیدا ہوتا ہے تو فلاں بزرگ کے نام پر پکارتے ہیں تاکہ زندہ رہے - یہ سب شرک جلی و کفر صریح ہے اور ایسا شخص ایسے اعتقاد سے مرتد ہو کر اسلام سے خارج ہوا اور اسکی جورو کا نکاح باطل ہو گیا - (مسئلہ) قرود یا بڑے دن میں کسی مجوس و نصرانی وغیرہ کو اس دن کی تعظیم کے طور پر ڈالی وغیرہ بھیجا تو مشائخ کبار نے اسکے کفر و ارتداد کا فتویٰ دیا ہے چنانچہ فتاویٰ عالمگیری وغیرہ میں مصرح ہے - واضح ہو کہ ایمان وہ

بڑی لعنت ہی کہ کوئی دولت اسکے پاسنگ میں نہیں آسکتی ہی اور شیطان اسکا قطعی دشمن ہی اور آدمی کے ساتھ آل اولاد اور ہوا و ہوس لگی ہوئی ہیں جو تقدیری آفت و مرض و مصیبت میں ضرور مبتلا ہوتی ہیں اور اسوقت میں طبیعت جسمانی کے جوش حماقت سے آدمی کو مشتعل کرتا ہی کہ شاید وہ تقدیر کا لکھا بدل ڈالیگا اور شرک جلی و خفی کرنے لگتا ہی حالانکہ عقلی نور سے استقامت یہ تھی کہ تقدیر نہیں بدلتی تو شرک میں ایمان کھونا کتنا عظیم و خسارہ شدید ہی پس لازم ہی کہ شرک جلی و خفی سے بچا رکھے اور اللہ تعالی ہی کے جناب میں نماز کے اندر اہدنا الصراط المستقیم الآیۃ سے تمام تضرع التجا لاوے شیخ نے اس مقام پر لکھا کہ آیت مکرمہ کے معنے میں حدیث حارث اشعری رضی اللہ عنہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا کہ اللہ تعالے نے یحیی بن زکریا علیہما السلام کو پانچ کلمات کی وحی بھیجی کہ خود انپر عمل کرے اور بنو اسرائیل کو انپر عمل کرنے کی تاکید فرماوے اور یحیی اس پیغام کی عظمت سے قریب تھا کہ ٹھٹک جاوین پس عیسی علیہ السلام نے یحیی سے کہا کہ تجکو پانچ کلمات وحی کیے گئے کہ خود انپر عمل کرو اور بنو اسرائیل کو انپر عمل کرنے کا حکم دے پس یا تو تم پہونچاؤ یا میں پہونچاؤنگا یحیی علیہ السلام نے کہا کہ اے برادر اگر تم پیغام نکو پہونچانے میں مجھپر سبقت کرو مجھے خوف ہی کہ شاید مجھپر عذاب آوے یا میں زمین میں خسف کیا جاؤن پھر یحیی نے بنو اسرائیل کو بیت المقدس میں جمع کیا پھر بالا خانہ پر کھڑے ہوکر اللہ تعالی کی حمد و ثنا بیان کی پھر کہا کہ اللہ تعالی نے مجھے پانچ کلمات کا حکم دیا ہی کہ میں خود انپر عمل کرون اور تمکو بھی انپر عمل کرنے کی ہدایت کرون اول یہ کہ تم لوگ اللہ تعالی کی عبادت کرو اور اوسکے ساتھ کسیکو شریک مت بناؤ کیونکہ مشرک کی مثال ایسی ہی جیسے ایک شخص نے ایک غلام خالص اپنے مال روپیہ یا اشرفی سے خریدا پھر اوس غلام نے یہ حرکت شروع کی کہ سردار کی روٹی کھاتا اور جو کچھ کماتا وہ دوسرے شخص کو دیتا تو بتلاؤ تم سے یہ بات پوچھتا ہون کہ بھلا تمکو یہ بات پسند آتی ہی کہ تم میں سے کسیکا غلام ایسا ہی ہو اور سمجھ کہ اللہ تعالے ہی نے تمکو پیدا کیا اور اوسی نے تمکو رزق دیا پس تمپر یہی بات فرض ہی کہ اوسکی بندگی کرو اور اوسکے ساتھ کسیکو شریک مت بناؤ دوم یہ کہ میں تمکو نماز کی ہدایت کرتا ہون چنانچہ اوسکے فضائل میں سے یہ ہی کہ اللہ تعالی اپنی وجہ ذوالجلال والاکرام کو بندہ کے مواجہہ میں رکھتا ہی جبتک بندہ کسی دوسری جانب التفات نکرے پس تم لوگ جب نماز پڑھا کرو تو کسی جانب التفات نکیا کرو سوم یہ کہ میں تمکو روزہ کی ہدایت کرتا ہون چنانچہ روزہ دار کی مثال یہ ہی کہ جیسے ایک شخص کے پاس مشک کا منہ ہی اور وہ لوگون کی ایک جماعت میں ہی اور سب کو مشک کی خوشبو پاتا ہی اور تم جان لو کہ روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالے کے نزدیک مشک کی خوشبو سے بہتر ہی چہارم یہ کہ میں تمکو صدقہ کا حکم کرتا ہون چنانچہ صدقہ کی مثال ایسی ہی کہ ایک شخص کو اوسکا دشمن اوسکو قید کرکے لیگیا اور اوسکو طوق و زنجیر کسکر گردن مارنے کیلیے آگے بڑھا اوسوقت اسنے دشمن سے کہا کہ بھلا تم اس بات کو پسند کرتے ہو کہ میں اپنی جان کو فدیہ دیکر تمسے چھوڑا لون پس اوس شخص نے اپنی جان کو اپنی مال کے عوض میں دیدیا یہانتک کہ اپنے آپکو اوسسے چھوڑا لیا یعنی زکوۃ و صدقہ دینے والا بھی اپنے نفس کو عذاب سے چھوڑا لیتا ہی چہارم یہ کہ میں تمکو کثرت کے ساتھ اللہ کی یاد کی ہدایت کرتا ہون اور اسکی مثال ایسی ہی کہ ایک شخص کے پیچھے اوسکا دشمن بہت تیزی کے ساتھ دوڑا تھی کہ اوسکے قابو کوئی مضبوط قلعہ کے اندر آگیا کہ جہانتک دشمن کا قابو نہیں چلتا ہی اور یہی بندہ کو شیطان سے بچنے کا محفوظ اوسوقت ہوتا ہی کہ جب اللہ تعالے کے ذکر و یاد میں مشغول ہو پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بھی تمکو پانچ چیزون کا حکم دیتا ہون جنکا اللہ تعالے نے مجھکو حکم فرمایا ہی اول جماعت دوم سمع سوم طاعت چہارم ہجرت پنجم راہ الٰہی میں جہاد ہی اور جسکو کوئی شخص جماعت میں سے بالشت بھر ایک یا بالشت کے نکل گیا اور نے رشتہ اسلام کو اپنی گردن سے نکال ڈالا مگر آنکہ وہ پھر اپنی جماعت میں لوٹ آوے اور جس شخص نے زمانہ جاہلیت کی پکار سے پکارا وہ بھی جہنم ہی صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اگرچہ وہ روزہ رکھتا اور نماز پڑھتا ہو (تو بھی

اسلام سے خارج اور جہنم میں داخل ہوگا جبکہ جماعت اسلام سے باہر ہو) تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں اگرچہ وہ شخص روزہ رکھتا ہو نماز پڑھتا ہو اور یہ زعم کرتا ہو کہ وہ مسلمان ہے پس تمکو چاہیے کہ مسلمانوں کو انھیں ناموں سے پکارو جن ناموں سے اونکو اللہ تعالیٰ نے پکارا (یعنی مسلمین متقین عباد اللہ رواہ احمد وہذا حدیث حسن) مترجم کہتا ہے کہ جماعت سے مراد یہ ہے کہ جس شان پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مبارک میں صحابہ رضی اللہ عنہم ایک جماعت مجتمعہ تھے اوسی پر متفق رہے اور اوس جماعت سے خارج نہ ہوا اور اس سے معلوم ہوا کہ فرقہ خارجی و رافضی و معتزلہ و جہمیہ و شیعہ وغیرہ جو جماعت سنت سے نکل گئے اونکے حق میں یہ وعید پوری ہے۔ اور سمع سے مراد یہ ہے کہ امام شریعت کا حکم گوش دل سے سنے اور طاعت یہ ہے کہ موافق شریعت کے امام کی فرمانبرداری کرے اور اگر وہ خلاف شریعت کوئی حکم دے تو اوسکی فرمانبرداری ہرگز نہ کرے بلکہ مسلمانوں پر واجب ہے کہ سب متفق ہوکر اوسکو مخالفت شریعت وظلم سے روکیں حتی کہ اگر شامل نہ ہو تو اوسکو معزول کریں چنانچہ قولہ تعالیٰ واتقوا فتنۃ لا تصیبن الذین ظلموا منکم خاصۃ الآیۃ۔ کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالیٰ مفصل آویگا پھر ہجرت ابتداء اسلام میں قبل فتح مکہ کے ہر مسلمان پر بسبب مدینہ فرض تھی اور بعد فتح مکہ کے مدینہ منورہ کی خصوصیت نہیں رہی بلکہ جس مقام پر کہ ان پر احکام اسلام ادا کرنے میں خلل واقع ہو وہاں سے کسی اسلامی سلطنت میں ہجرت کرے اور رہا جہاد فی سبیل اللہ تو وہ ہر زمانہ میں لازم ہے اور حدیث میں آیا کہ جب تم لوگ جہاد چھوڑ کر کھیتی باڑی کی فکر کروگے تو تم پر ذلت طاری ہوگی اور تمہارا دشمن غالب ہو جائیگا اور پے در پے بلائیں نازل ہونگی اور ایک روایت میں ہے کہ بدولت پابندی شریعت چھوڑ کر فساد کریگی اور حیات دنیا کی ہوس میں مبتلا ہوگی اور وہ وقت انہیں ذلت و بلائیں نازل ہونگی پھر یہ لوگ اپنی عزت کے واسطے دنیاوی چال سے کوشش کرینگے حالانکہ ہرگز مراد نہ پاوینگے جبتک کہ اپنی شریعت کی جانب نہ پھریں (ابن ماجہ وغیرہ) مترجم کہتا ہے کہ یہ تجربہ اہل ایمان کے درمیان موجود ہے۔ شیخ جرجانی نے لکھا کہ یہ آیت قدرت و وحدانیت الٰہی عزوجل پر دلیل ہے چنانچہ شیخ رازی وغیرہ سب مفسرین نے اسی آیت سے استدلال کیا اور یہ بات صحیح ہے کیونکہ جتنی موجودات زیر و بالا زمین و آسمان اور اونکی درمیانی مخلوقات مختلف اشکال و رنگ و طبیعت و منفعت و خاصیت وغیرہ موجود ہیں یہ سب امر کی بدیہی دلیل ہیں کہ اونکا خالق عزوجل علم و قدرت و حکمت و اتقان کمال قوت میں بدیہی ہے۔ شیخ رازی نے امام مالک سے نقل کیا کہ امام مالک سے ہارون رشید بادشاہ نے وجود باری تعالیٰ کا استدلال پوچھا تو امام مالک نے فرمایا کہ نوع بنی آدم میں جو ایک ہی شکل پر ہیں باوجود اتحاد و تماثل باہم شخصی امتیاز سے اور مختلف اصناف کی مختلف زبانوں سے اور مختلف آواز و لغات سے ظہور فرمانا۔ امام ابو حنیفہ سے مروی ہے کہ وہ زندیق سے فرماتے تھے کہ تو فرقہ ادیہ کہتا ہے کہ امام سے وجود باری تعالیٰ کی دلیل پوچھی امام نے کہا کہ تم لوگ اپنا حال اس وقت سے لیکر کہ تم بحیثیت امتحان کے وسط میں ہو کہ ایک سوال پیدا کیا ہے میں اوسکی فکر میں ہوں اونھوں نے کہا کہ وہ کیا سوال ہے ہم بھی اوسکو سننا چاہتے ہیں امام نے کہا کہ سوال یہ ہے کہ ایک سمندر میں ایک کشتی ہے جو تمام کالاسباب تجارت لادا ہوا ہے لیکن کشتی کے ساتھ کوئی ناخدا چلانے والا نہیں ہے اور باوجود اسکے کشتی خود بخود آتی جاتی اور سمندر کی موجوں کو پھاڑتی ہوئی اور بڑھ جاتی ہے نکل جاتی ہے اور جہاں ضرورت ہے وہاں سے اپنے تئیں چڑھا لیتی ہے پس اس کشتی میں کیا حکمت ہے جو تم لوگ بیان کرتے ہو اور اس میں کیا کیا منافع ہیں جنکو تم لوگ غور کرنے کے قابل نہیں سمجھتے کیونکہ جسکو ذرا بھی عقل ہے وہ یہ بات نہیں کہہ سکتا امام نے فرمایا کہ پھر کہنچتو یہ نظام موجودات بغیر حکمت باہر کے صانع حکیم خالق عزوجل موجود ہے حالانکہ ایک کشتی کی رفتار بغیر ناخدا کے دیوانگی کا خیال ہے یہ سنکر یہ لوگ چونک پڑے اور اپنے خیالات سے نادم ہوکر توبہ کی اور امام کے ہاتھ پر مسلمان ہو گئے اور امام شافعی نے فرمایا کہ تم لوگ نہیں دیکھتے ہو کہ یہی شہتوت کا پتہ ایک کیڑا کھاتا ہے تو اوس سے ابریشم پیدا ہوتا اور یہی کھا کر شہد کی مکھی سے عسل بنتا ہے اور گائے بکری کے کھانے سے مینگنی نکلتی ہے اور ہرن کھاتا ہے تو اوس سے مشک بنجاتا ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ شیخ نے اسیطرح تفسیر بیانات ایک جماعت ائمہ رحمہم اللہ سے نقل کیے جو اہل عقل کے نزدیک یقینی ہیں اور وجود باری تعالیٰ عزاسمہ بالکل بدیہی ہے لیکن ہمارے زمانہ میں فرقہ ادیہ بہت کثرت کے ساتھ موجود

ہین مگر یہ لوگ اسقدر احمق ہین کہ سوائے حواس کے جو جسم کے لوازم سے ہی حتی کہ جانورون مین بھی یہی حواس موجود ہین ان لوگون مین جانورون سے امتیاز کی عقل کچھ بھی موجود نہین ہی حتی کہ ان لوگون مین بہت زیادہ ہوشیار وہ شخص ہی جسنے کہا کہ مسلمانون کے قوانین عقائد بہت صاف اور بے لگاؤ ہین لیکن وہ کہتا ہی کہ اونکے اللہ کا تصور کسی طرح میرے خیال مین نہین آتا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ جبان مین سے بہت بڑے ہوشیار کی یہ کیفیت ہی تو دوسرون کی حالت کو اہل عقل خود قیاس کر سکتے ہین کیونکہ باوجود اس ہوشیاری کے یہ شخص کچھ بھی متنبہ نہوا کہ آدمی اور اوسکا خیال محض ہیچ کیونکر یہ طاقت رکھتا کہ حضرت باری تعالی اوسکے خیال کے اندر محصور ہو مگر وہ اپنی حماقت سے یہ چاہتا تھا کہ باری تعالی کو جسم محسوس ہی مین مانے معاذ اللہ من ذالک اور یہ کمال حماقت ہی پھر مترجم نے اپنے اپنے موقع کی آیات مین نفیس استدلالات بیان کیے ہین واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم۔ بیضاوی مین ہی کہ وحدانیت الٰہی پہچاننے کا طریقہ یہ ہی کہ جس طرح اللہ تعالی نے اس آیت قدسی مین ان مخلوقات مین اپنی حکمت بالغہ اور ان افعال مین اپنی ملکت کاملہ ظاہر فرمائی اوسکو صحیح فکر کے ساتھ غور کرے اور اس سے یہ معرفت بھی حاصل ہوگی کہ بندہ اپنی عبادت سے مستحق ثواب نہین ہوتا کیونکہ جب اللہ تعالے نے اوسکو پیدا کیا اور زمین و آسمان کے صنائع حکمت و طرائف رحمت والوان ثمرات سے رزق دیا تو بندگی ان انعامون کا شکر ہی جو اوسکو پہلے ہی عطا ہوئین پس وہ تو ایسے مزدور کے مانند ہی جو اپنی مزدوری پہلے ہی لے چکا۔ مترجم کہتا ہی کہ جسوقت ان آیات قدسی کا نزول ہوا اوسوقت جو لوگ مخاطب موجود تھے وہ خواہ اہل مکہ ہون یا مع منافقین وغیرہ ہون بہرحال کلام الٰہی عزوجل تمام لوگون کے واسطے قیامت تک عام نصیحت ہی کہ اے لوگو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول برحق مانو اور اونھین کی ہدایت کے موافق اپنے رب عزوجل کو پہچانو اور اوسی کی بندگی کرو جسنے تمکو پیدا کر کے لطیف حکمت کے ساتھ تمکو رزق عطا فرمایا اور یہ امر قطعی ہی کہ اللہ تعالی کی معرفت جن صفات پاک سے ہوتی ہی اور جو طریق عبادت ہی وہ کسی طرح ممکن نہین سوائے اسکے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاوے اور قرآن مجید کو حق مانے پھر اللہ تعالے نے ایک عجیب حکمت خاص یہ رکھی کہ جیسے اوہام بشری دور کرنے کے واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معجزات دیگر عطا فرمائے ویسے ہی قرآن مجید کو بعینہ دائمی معجزہ فرمایا یعنی عرب کے واسطے قرآن مجید خود معجزہ اور جب عرب کے واسطے وہ معجزہ ہوا تو قیامت تک کل کے واسطے معجزہ ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔

وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ ص وَادْعُوْا

اور اگر تم ہو شک مین اس کلام سے جو اتارا ہم نے اپنے بندے پر تو لے آؤ ایک سورۃ اس قسم کے

شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا وَلَنْ تَفْعَلُوْا

اور بلاؤ جن کو حاضر کرتے ہو اللہ کے سوائے اگر تم ہو سچے ہو پھر اگر نہ کرو اور البتہ نہ کروگے

فَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ وَقُوْدُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ ج اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝

تو بچو آگ سے جسکی چیٹیان ہین آدمی اور پتھر تیار ہین منکرون کے واسطے

ابتداے سورہ مین اللہ تعالے نے ذالک الکتاب لاریب فیہ فرمایا یعنی اس کتاب مین درحقیقت کچھ شک نہونا چاہیے پھر یہان فرمایا۔ وَاِنْ كُنْتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلٰى عَبْدِنَا۔ اور اگر تم اس چیز سے شک مین ہو جو ہمنے اپنے بندے پر اوتاری۔ فف اگر تمکو اس کتاب قرآن مین کچھ شک ہو جو ہمنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی یعنی بدیہی اور عقل کی تو شان یہ ہی کہ یہ کتاب لاریب فیہ ہی کہ کچھ شک نہونا چاہیے اور اگر تمکو اوہام بشری یا وساوس شیطانی سے اسمین کچھ شک پیدا ہو تو

جسمانی اوہام سے منہ موڑ کر ذرہ قلب سلیم کی جانب رجوع کرو تو نور عقل سے قطعاً بدیہی دلیل پاؤ جو شک کو جلا کر خاک کرے اور اوسکا بیان یہ ہے کہ اگر تمکو اس قرآن میں کچھ شک ہو۔ فَاْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِّنْ مِّثْلِهٖ۔ تو اسکے مثل ایک سورہ لاؤ۔ ف کیونکہ شک یہی تھا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ کتاب نہیں ہے بلکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے بنائی ہے تو تم بھی اسکے مثل ایک سورہ بناؤ کیونکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے سوائے اپنے کسی مخلوق معلم کے بار احسان میں تربیت نہیں فرمایا حتی کہ تم خوب جانتے ہو کہ کسی شخص نے بھی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھنا پڑھنا نہیں سکھایا حتی کہ وہ تمھارے نزدیک محض امی ہیں اور تم لوگوں نے پڑھ پڑھا کر فصاحت و بلاغت میں دعوی کمال پیدا کیا ہے پس اگر محمد صلی اللہ علیہ وسلم اسکو اپنی طرف سے بنانے تو تم باوجود دعوی کمال کے اس سے بہتر فصیح و بلیغ بنا سکتے پس ایک سورہ ہی بنا لاؤ۔ وَادْعُوْا شُهَدَآءَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ اور اپنے شہدا کو پکارو جو سوائے اللہ تعالیٰ کے ہیں اگر تم سچے ہو۔ ف ابن عباس رضؓ نے فرمایا شہدا یعنے مددگار لوگ۔ ابو مالک رحؒ نے کہا یعنے دوسری قومیں جو اس کام میں تمھاری مدد کریں۔ بعض سلف نے فرمایا کہ شہدا کے معنے حاضر ناظر یعنے اپنے الٰہ کو پکارو جنکو اللہ تعالیٰ کے مانند حاضر ناظر سمجھتے ہو تاکہ وہ تمھاری مدد کریں حاصل یہ کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت تو تم لوگ تنہا یہ کلام بنانے کا شک کرتے ہو تو تم لوگ مجتمع ہو کر بناؤ بلکہ دوسری قوموں کو اور جنوں کو اور بتوں کو سبکو اپنا مددگار بنا کر اسکے مثل بنا لاؤ اگر تم سچے ہو کہ یہ کلام الٰہی نہیں بلکہ آدمی کا بنایا ہوا ہے۔ شیخ نے لکھا کہ یہ تفسیر بقول مجاہد و قتادہ رح ہے اور اسیکو ابن جریر و زمخشری و رازی نے اختیار کیا اور رازی نے اسکو حضرت عمرؓ و ابن مسعودؓ و ابن عباس رضؓ و حسن بصری و اکثر محققین سے نقل کیا ہے۔ واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے مشرکوں کے لیے یہ دلیل مقابلہ متعدد سورتوں میں سمجھائی چنانچہ سورۂ اسرا میں فرمایا۔ قل ان اجتمعت الانس والجن علی ان یاتوا بمثل ہذا القران لا یاتون بمثلہ ولو کان بعضھم لبعض ظہیرا۔ یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کہدے کہ واللہ اگر انس و جن اس بات پر مجتمع ہوں کہ اس قرآن کے مثل لاویں تو ہرگز اسکے مثل نہیں لا سکتے اگرچہ باہم بعض کے لیے بعض مدد گار ہوں۔ ف۔ اس آیت میں مطلقاً قرآن کا مقابلہ محال بتلایا اگرچہ ایک سورہ یا دس آیات یا ایک آیت ہو اور یہ مکہ میں تنبیہ فرمائی تھی اسیطرح سورۂ ہود و سورۂ یونس وغیرہ میں بھی مکہ ہی میں تنبیہ فرمائی پھر مدینہ منورہ میں بھی یہی تنبیہ فرمائی چنانچہ سورۂ بقرہ مدنیہ میں یہ آیت موجود ہے شیخ رح نے لکھا کہ کفار کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سخت عداوت تھی اور آپ کے دین کے سخت دشمن تھے باوجود اسکے مقابلہ سے عاجز ہوئے۔ رازی وغیرہ نے لکھا کہ یہ لوگ قصۂ رستم و اسفندیار کی حکایتیں لاتے اور ہر طرح سے نور اسلام مٹانا چاہتے تھے باوجود اسکے بلاغت و فصاحت قرآن کے مقابلہ کرنے سے سخت عاجز ہوئے اور تلوار سے اپنا خون بہانا اور اپنی آل اولاد کی گرفتاری اختیار کرنے میں کوئی دقیقہ نہیں چھوڑا مگر مقابلہ سے عاجز ہوئے چنانچہ ولید بن المغیرہ و عمرو بن العاص وغیرہ صنادید قریش عرب سے متواتر روایات موجود ہیں کہ انھوں نے قرآن مجید کی فصاحت و بلاغت میں اعجاز تسلیم کیا حتی کہ بعض اعراب سے منقول ہے کہ اوسنے ایک آیت کو سنکر سجدہ کیا تو اوسکی قوم نے کہا کہ ارے کمبخت تو دین کو چھوڑتا ہے اوسنے کہا کہ واللہ میں دین تو جانتا نہیں مگر اس کلام کی فصاحت کو سمجھتا ہوں حتی کہ ان لوگوں نے عاجز ہو کر کہنا شروع کیا کہ ہذا سحر مبین۔ یعنی یہ تو صاف کھلا ہوا جادو ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ سبحان اللہ اس فصاحت و بلاغت کے باوجود دوسرا اعجاز یہ موجود ہے کہ قولہ تعالیٰ۔ لن تفعلوا۔ سے معجزہ دیدیا کہ ہرگز کبھی مقابلہ نہیں کر سکو گے۔ چنانچہ آج تک قطعاً کسی فصیح بلیغ عربی سے معارضہ کا دعوی مذکور نہیں ہوا پس حاصل استدلال صدق نبوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیشک اللہ تعالیٰ کے رسول خاتم النبیین ہیں کیونکہ یہ قرآن مجید کلام الٰہی عزوجل بلا ریب ہے کیونکہ اگر یہ کلام الٰہی نہ ہوتا بلکہ کلام بشر ہوتا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب محض امی ہو کر اسکو بنا سکتے تو

پڑھے پڑھائے دعوی کمال بلاغت پر ضرور اسکے مثل لا سکتے حالانکہ کروڑوں فصحاء بلغاء عرب خالص نے قطعاً اسکے مقابلہ سے عاجزی کا اقرار کیا تو قطعاً ثابت ہوا کہ یہ کلام بشر نہیں بلکہ بندوں کا عاجز کرنے والا کلام الٰہی ہے اور جب یہ کلام الٰہی ٹھہرا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیشک پیغمبر حق ہیں۔ مفسر جلیل کہتا ہے کہ یہ اعجاز قیامت تک تمام آدمیوں کے واسطے معجزہ خالص موجود ہے اسکا بیان یہ ہے کہ بالاجماع عقلاء جہان کے نزدیک خبر متواتر سے جو بات ثابت ہو وہ قطعی یقینی ہوتی ہے مثلاً متواتر سے شہر قسطنطنیہ کا وجود ثابت ہے اگر چہ زید نے اسکو آنکھوں سے نہیں دیکھا اور خبر متواتر سے حضرت موسی و عیسی علیہما السلام کا وجود ثابت ہے یعنی یہ بات متواتر ہے کہ زمانہ قدیم میں ایک شخص موسی علیہ السلام نے دعوی نبوت کے ساتھ معجزے دکھلائے پس یہ امر قطعی یقینی ہے جسکا انکار ممکن نہیں ہے لیکن اگر کسی نبوت کو نہ مانا یا نہ مانا تو اسکا تو وہی حال ہوگا جو خود اوسکے زمانہ میں پیش آیا کہ بنی اسرائیل نے اونکو پیغمبر مانا اور فرعونیوں نے نہیں مانا اور فرعونیوں نے نہ مانا تو حضرت موسی اونکے وجود سے انکار ممکن نہیں جب یہ بات معلوم ہو چکی تو ہم کہتے ہیں کہ اس سے بیکڑوں کروڑ برس بعد روم و شام سے قرآن مجید متواتر ہے اور قرآن مجید کے اندر یہ امر مذکور ہے کہ قرآن مجید کے مثل کسی فصیح بلیغ عرب سے ایک سورہ لانا ممکن نہ ہوا تو یہ امر قطعی متواتر ہے کہ قرآن مجید ایسی کتاب ہے جسکے مثل ایک سورہ لانا ممکن ہے تو یہ معجزہ بعینہ ویسا ہی موجود ہے جیسا اوس زمانہ میں تھا جب سے وہ نازل ہوا تو ہر شخص کے واسطے یہ حجت ہے کہ اگر اس کتاب میں شک ہو تو اسکی مثل لاؤ تمکو کوئی شخص اسکے مثل لانیکا دعوی نہیں کر سکتا کیونکہ یہ امر متواتر ثابت ہوا کہ اہل کمال فصحاء عرب جو بت پرست و یہود و نصاری وغیرہم تھے انمیں سے کسی نے اسکے معارضہ سے عاجزی ظاہر کی تو اب کوئی شخص جو اپنی اسکا دعوی نہیں کر سکتا اسلیے اللہ جل جلالہ نے اسی کتاب پاک میں ارشاد فرمایا۔ فَإِنْ لَّمْ تَفْعَلُوا وَلَن تَفْعَلُوا فَاتَّقُوا النَّارَ۔ پھر اگر تم مقابلہ نہ کر سکو اور ہرگز کبھی نہیں کر سکو گے تو آگ سے بچو۔ ف۔ یعنی جب تمکو اعجاز کلام سے معلوم ہوا کہ ہم اسکا مقابلہ نہیں کر سکتے بلکہ اللہ تعالے نے گواہی فرمائی ہے کہ ہرگز کبھی معارضہ نہیں کر سکو گے تو قطعاً معلوم ہوا کہ یہ کلام الٰہی ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر حق ہیں تو اب کفر کی وجہ سے عذاب جہنم سے نہیں بچ سکتے پس جب تم جان چکے تو آگ سے بچو اور وہ آگ بھی دنیاوی آگ نہیں ہے بلکہ۔ الَّتِي وَقُودُهَا النَّاسُ وَالْحِجَارَةُ۔ ایسی آگ جسکا ایندھن آدمی اور پتھر ہیں۔ ف۔ یعنی وہ دنیاوی آگ کے مانند نہیں ہے اگر چہ دنیاوی آگ کا کوئی شخص تحمل نہیں کر سکتا بلکہ جہنم کی آگ بہت سخت شدید ہے کہ جو پتھروں آدمیوں سے روشن ہوگی۔ بعض علماء نے کہا کہ پتھروں سے بت مراد ہیں کیونکہ قول تعالے انکم وما تعبدون من دون اللہ حصب جہنم الآیۃ میں اللہ تعالے نے بتوں کو جو عموماً پتھر کے ہوتے ہیں جہنم کا ایندھن بیان فرمایا۔ حق یہ ہے کہ پتھروں میں صرف بتوں کی خصوصیت نہیں ہے بلکہ بتوں کو تو فقط کافروں کی توبیخ و ملامت کے واسطے جہنم میں جھونکے یا جائیگا خواہ وہ پتھر کے ہوں یا لکڑی و پیتل کے ہوں تاکہ اہل عقل کے واسطے ایک لطیف دلیل حاصل ہو کہ کافروں نے ان بتوں کو اپنا معبود بنایا تھا اور جب معبود کسی کام کا نہیں سوائے اسکے کہ وہ جہنم کا ایندھن ہو تو جو کفار کہ ان معبودوں کے بندے بنے تھے اور صریح مقر تھے کہ اونکے معبود اوسے بے انتہا افضل ہیں تو یہ لوگ بدرجہ اولے اسی مقام جہنم کے لائق ہیں اور یہاں جن پتھروں سے جہنم بھڑکے گی وہ کبریتی کے سیاہ بدبودار پتھر ہیں جو اسیواسطے پیدا کیے گئے ہیں چنانچہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے جب آسمان و زمین پیدا کیا تو کافروں کے واسطے گندھک کے یہ پتھر مہیا فرمائے ہیں (ابن جریر و ابن ابی حاتم الحاکم) اور یہی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ اور ایک جماعت صحابہ و مجاہد و ابو جعفر الباقر و ابن جریج و عمرو بن دینار وغیرہم رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔ أُعِدَّتْ لِلْكَافِرِينَ ۝ کی تفسیر میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا کہ پتھر و آگ کافروں کے مہیا کیے گئے ہیں۔ اور مشہور تفسیر ہے کہ یہ آگ کافروں کے واسطے مہیا کی گئی ہے شیخ جلال نے کہا کہ دونوں قول

گویا متحد ہین کیونکہ یہ پتھر اسی آگ ہی کے واسطے مہیا ہین - (تنبیہ) امام ابن کثیر نے لکھا کہ قرطبی نے اپنی تفسیر مین ذکر کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہی کہ آپ نے فرمایا کہ ہر سوذی فی النار ہی اور اسکے دو معنے ہو سکتے ہین ایک یہ کہ جیسے ظلم سے لوگون کو ایذا پہونچائی وہ جہنم مین جائیگا اور دوم یہ کہ جو چیزین ایذا دینے والی ہوتی ہین مانند سانپ و بچھو وغیرہ کے وہ جہنم مین بشکل نار ہی ہونگی تاکہ اہل شرارت کو ہر طرح کا عذاب چکھنا پڑے لیکن قرطبی نے کہا کہ یہ حدیث محفوظ و معروف نہین ہی - مترجم کہتا ہی کہ شیخ ابن کثیر نے اس مقام پر سکوت کیا حالانکہ اس حدیث کی اسناد حسن ہی اور معنی ثانی کی تائید یہ ہی کہ تمام بکھیان سوائے شہد کی مکھی کے جہنم مین ہونگی تو ظاہر یہی مراد ہی کہ ہر ایذا دینے والی چیز جو دنیا مین بشکل حیوانی ہی وہ جہنم مین بشکل نار ہی ہوگی اور سورۂ نحل مین انشاء اللہ تعالی توضیح آویگی (مسئلہ) کتب سماوی جو سابق انبیا علیہم السلام پر مانند توریت و انجیل وغیرہ کے نازل ہوئین وہ جمہور علماء کے نزدیک معجز نہین ہین اسواسطے حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انبیاء مین سے کوئی نبی نہین گذرا مگر آنکہ اوسکو آیات مین سے وہ کچھ دیا گیا کہ اوسکے مثل پر بشر ایمان لایا اور یہ جو مجھے دیا گیا یہ تو خالص وحی ہی جو اللہ تعالے نے مجھے القاء فرمائی پس مین امیدوار ہون کہ قیامت کے روز مین ہی سب پیغمبرون سے زیادہ تابعین والا ہونگا (الصحیحین) مترجم کہتا ہی کہ خالص کلام الہی کا تحمل سوائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عطا نہین ہوا باوجود اسکے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حالت بروقت وحی کے مردے کے مانند ہو جاتی تھی چنانچہ آیندہ اسکا بیان انشاء اللہ تعالے آویگا - اگر کہا جاوے کہ قوم یہود و قوم نصاری کی کثرت معروف ہی حالانکہ حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے تابعین کو زیادہ فرمایا مترجم کہتا ہی کہ تابعین سے یہان شریعت کے بگاڑنے والے مراد نہین ہین بلکہ جو حقیقت مین اپنے پیغمبر کی شریعت پر باعتقاد حق قائم ہون اور یہ بات امت موسی علیہ السلام مین بہ نسبت امت عیسی علیہ السلام کے زیادہ ہی اور فضل آلہی عزوجل سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت بہت زائد ہی رہی یہ یہود و نصاری جو محض منکر ہین ہرگز تابعین موسی و عیسی علیہ السلام نہین ہین - (لطیفہ) مسیلمہ کذاب نے نبوت کا دعوی کیا اور بہت سے اہل یمامہ اوسکے تابع ہوے اور اوس زمانہ مین عمرو بن العاص اسلام نہین لائے تھے اور مسیلمہ کے دعوی نبوت سے پہلے عمرو بن العاص اوسکے دوست تھے پس کسی مقصد کے واسطے قریش نے عمرو بن العاص کو مسیلمہ کذاب کے پاس بھیجا جب وہان پہونچے تو مسیلمہ نے انسے یہ بھی تذکرہ کیا کہ اس زمانہ مین اوس شخص پر کیا نازل ہوا جو تمہارے یہان نبوت کا دعوی کرتا ہی عمرو بن العاص نے کہا کہ مین نے اوسکے اصحاب سے ایک سورہ مختصر فصیحہ بلیغہ سنی ہی پھر سورہ والعصر ان الانسان لفی خسر پڑھکر سنائی پس مسیلمہ نے ایک ساعت سر جھکایا پھر سر اوٹھا کر کہنے لگا کہ ابھی اسکے مثل مجھپر بھی نازل کی گئی ہی عمرو بن العاص نے کہا کہ وہ کیا ہی تو مسیلمہ نے پڑھا یا وبر یا وبر انما انت اذنان و صدر و سائر ک حقر و نقر پھر عمرو بن العاص سے کہنے لگا کہ تمنے دیکھا کہ کیونکر مجھپر نزول ہوتا ہی عمرو بن العاص نے کہا کہ واللہ تو خوب جانتا ہی کہ مین تجکو جھوٹا جانتا ہون ۱۲ - حدیث مین ہی کہ دوزخ کی آگ دنیاوی آگ سے ستر درجہ تیزی و سوزش مین زیادہ ہی (یعنی بکثرت زیادہ ہی) ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہزار برس جلکر سرخ ہوئی پھر ہزار برس جلکر سفید ہوئی پھر ہزار برس جلکر سیاہ ہوگئی پس اب وہ بالکل تاریک سوزان موجود ہی کہ کبھی نہین بجھتی ہی اور ابن مردویہ و بیہقی نے اسکو حدیث انس رضی اللہ عنہ سے مرفوع روایت کیا ہی بیضاوی مین ہی کہ قولہ تعالی - ولن تفعلوا - معجزہ غیب ہی یعنے اللہ تعالے نے اپنے علم غیب سے آگاہ فرمایا کہ ہرگز معارضہ نہین لاسکوگے اور یہی واقع ہوا حالانکہ وہ لوگ بکثرت فصاحت و بلاغت مین معروف تھے اور باوجود اسکے اونکو ہر طرح کا طعنہ دیا گیا کہ لاؤ اور اپنے مددگار بلاؤ اگر تم کچھ بھی سچے ہو حالانکہ بعضے زبانی دروغ بکتے تھے کہ لو نشاء لقلنا مثل ہذا یعنی اگر ہم چاہین تو اسکے مثل بنا سکتے ہین پس سخت طعنہ دیا گیا کہ تم جھوٹے ہو اور یہ عرب کے واسطے ذم نیزہ سے بڑھکر تھا پس حاصل استدلال یہ ہوا کہ صدق نبوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے دائمی معجزہ یہ کافی ہی کہ وہ قرآن معجزہ تلاوت کرتے ہین کہ جسکا مثل لانا محال ہی اور اوسمین علم الغیب کی خبرین موجود ہین جیسے آیات

کہ کبھی اسکا معارضہ نہیں کرسکتے دوم یہ قولہ صلی اللہ علیہ وسلم جس سے لازم آتا ہے کہ یہودی کبھی بادشاہ نہوگا جبتک قانون شریعت قائم ہے ستوم وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامۃ یعنی یہودیوں پر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ماننے والے ہمیشہ غالب رہینگے خواہ وہ اعتقاد حق پر ہونیں یا اعتقاد شرک پر ہونیں چہارم آلم غلبت الروم پنجم قولہ قل للذین کفروا ستغلبون یعنی اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو ان کافروں سے کہدے کہ تم لوگ عنقریب مغلوب ہوجاؤگے ششم قولہ وعد اللہ الذین آمنوا منکم وعملوا الصالحات لیستخلفنھم فی الارض یعنی صحابہ مومنین رضی اللہ عنہم کو خلافت زمین کا وعدہ دیا چنانچہ وہی واقع ہوا ہفتم امت اسلامیہ میں باہم کشت وخون ہشتم شریعت کو علانیہ بگاڑنا غرضکہ اس کثرت سے معجزات ہیں کہ جنکے جمع کرنے کے واسطے ایک کتاب چاہیے انشاء اللہ تعالےٰ اپنے اپنے موقع پر مذکور ہونگے پس معلوم ہوا کہ یہ کتاب آسمانی ہے اور اسکا معارضہ کسی طرح ممکن نہیں ہے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیشک پیغمبر حق ہیں تو جو شخص منکر ہو اوسکے واسطے جہنم کی آگ مہیا ہے لہٰذا حدیث میں آیا کہ جس کسی یہودی ونصرانی نے میری رسالت کو سنا پھر ایمان نہ لایا تو قطعی جہنمی ہوگا (الصحیح) اور جیسے کافروں کے حق میں یہ عذاب شدید ہے اہل طاعت مومنین کے لیے ثواب جمیل چنانچہ فرمایا۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اور خوشی سنا اونکو جو یقین لائے اور کام نیک کیے کہ اونکو ہیں باغ بہتی نیچے اونکے ندیاں

كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ

جب ملے اونکو وہاں کا کوئی میوہ کھانے کو کہیں یہ وہی ہے جو ملتا تھا ہم کو آگے اور اون پاس وہ آویگا

مُتَشَابِهًا وَلَهُمْ فِيْهَا اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّهُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

ایک طرح کا اور اونکو ہیں وہاں عورتیں ستھری اور اونکو وہاں ہمیشہ رہنا

شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ جب اللہ تعالےٰ نے کافروں کا عذاب ونکال بیان کیا تو اوسکے پیچھے مومنین اہل سعادت کا ثواب ارشاد فرمایا۔

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۔ اور بشارت دے اون لوگون کو جو ایمان لائے اور نیک کام کیے

ف ۔ یعنی اللہ تعالےٰ واوسکے کلام ورسول کی تصدیق کی اور حکم کے موافق اعمال صالحہ بجالائے ایسے لوگون کو بشارت دے۔

اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۔ یہ کہ اونکے واسطے باغات ہیں جنکے نیچے نہریں جاری ہیں

ف یعنی جنت کے مکانات ودرختوں کے نیچے نہریں جاری ہیں ۔ حدیث میں آیا ہے کہ یہ نہریں بذریعہ غار ونالہ کے نہیں جاری ہوتی چاہیے کہ دنیا میں ہیں اور نہر کوثر کے بارہ میں وارد ہوا کہ اوسکے کنارے مجوف موتی کے قبہ ہیں ۔ شیخ نے کہا کہ اوسکا کنارا مشک نہ ہو اور اوسکا سنگریزہ مروارید وجوہر ہے ۔ مترجم کہتا ہے کہ اسکی وجہ یہ ہے کہ دنیاوی نہر ومکانات محض بے روح مادیات ہیں جو اپنے مناسب صنع پر بحکمت الٰہی جاری ہیں اور دار الآخرت میں یہ مردگی نہیں ہے اسلیے اسکو دار الآخرت کے لوگ قیاس کرتے ہیں خطا کرتے ہیں بخلاف اہل ایمان کے کہ حیات روحی سے اونکو فہم عقلی حاصل ہے اور وہ یقین کرتے ہیں کہ دوزخ کی طرح جنت بھی برحق ہے اور اوسکے نیچے نہریں جاری ہیں اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ میں آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جنت کی نہریں کوہ مشک کے نیچے سے جاری ہیں (رواہ ابن ابی حاتم) اور یہی قول حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے (ابن ابی حاتم) اور اسمیں ہر طرح کے میوہ جات کی نعمت ہے جو احکام قیاس سے باہر ہے ۔ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ رِّزْقًا قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ

رُزِقْنَا مِنْ قَبْلُ - ہر بار جب جنت مین سے کسی پھل سے رزق دیے جائینگے تو کہینگے کہ وہی ہی جو ہمکو قبل ازین رزق دیا گیا تھا - ف اور یہ ایک قسم کے پھلون مین دوسری کی خوشدلی و تفریح کے واسطے ہی اور یہ بات کئی طور پر ممکن ہی از انجملہ حضرت ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ اہل جنت کے پاس جنت سے ایک قسم کا پھل لایا جائیگا جب اوسکی ظاہری صورت پر نظر کرینگے تو آپسمین یون کہینگے کہ یہ تو وہ ویسا ہی پھل معلوم ہوتا ہی جو اس سے پہلے ہمکو دنیا مین دیا گیا تھا - (السدی) اور یہی تفسیر حضرت قتادہ و عبد الرحمن بن زید بن اسلم سے مذکور ہی اور اسیکو شیخ ابن جریر نے اختیار کیا اور اس تقدیر پر قبل ازین کے معنے یہ ہین کہ دنیاوی زندگی مین ہمکو ایسا ہی پھل عطا ہو چکا ہی اور یہ مشابہت صرف ظاہری صورت مین ہوگی اور باطنی مزہ مین کوئی مناسبت نہوگی تو یہ مقام تفریح ہی اور مترجم کہتا ہی کہ اس سے ظاہر ہوا کہ اہل جنت کے واسطے دنیا مین بھی میوجات کی نعمت ممنوع نہین ہی بلکہ اللہ تعالے نے فرمایا - قل ہی للذین آمنوا فی الحیوٰۃ الدنیا خالصۃ یوم القیامۃ - یعنے دنیا مین مومنون کے واسطے مشترک ہی مگر دنیا مین عیش و عشرت مقصود نہین بلکہ شکر و طاعت ہی اور آخرت مین محض عیش ہی انا للہ - صورت ہی جو حضرت عکرمہ و ربیع بن انس وغیرہما نے بیان کیا کہ اہل جنت کو رزق جنت ایک وقت عطا ہوگا جسکی لذت و مزہ پہچانینگے پھر دوسرے وقت اوسی صورت کا رزق آویگا جسکو دیکھکر کہینگے کہ یہ تو وہی نظر آتا ہی جو ہمکو پہلے دیا گیا ہی حالانکہ اوسکے مزہ مین بہت فرق ہوگا - وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا - اور اہل جنت کو یہ رزق باہم تشابہ دیا جائیگا یعنے صورت مین متشابہ ہوگا مگر مزہ و خوبی مین باہم مفاضلت ہوگی - سعید نے اپنی تفسیر مین حضرت یحیی بن ابی کثیر سے روایت کی کہ اہل جنت مین سے آدمی کے پاس سو نوع کی قابیون مین کوئی چیز لائی جائیگی پس اوسمین سے کھائیگا پھر دوسری قاب مین لائی جائیگی تو کہیگا کہ یہ تو وہی معلوم ہوتی ہی جو ہمکو پہلے عطا ہوا تھا پس ملائکہ کہینگے کہ آپ کھائیے کہ قسم و شکل ایک ہی ہی مگر مزہ مین بہت فرق ہی - اور ابن ابی حاتم نے باسناد قوی حضرت یحیی بن ابی کثیر سے روایت کی کہ عشب جنت زعفران ہی اور اوسکی نشستگاہ مشک کے چبوترے ہین اور غلمان انکے پاس طبق طبق کے نوالہ بار بار لاوینگے پس ایکبار کھانے کے بعد دوبارہ لاوینگے تو اہل جنت کہینگے کہ تم لوگ ابھی اسیکو تو لائے تھے تو غلمان عرض کرینگے کہ نہین آپ کھائین کہ رنگ ایک ہی ہی مگر مزہ مین رنگ رنگ ہین اسواسطے اللہ تعالی نے فرمایا - واتوا بہ متشابہا یعنے بعض سے بعض مشابہ ہوگا اور مزہ مین رنگ رنگ ہوگا (ابن ابی حاتم) اور یہی معنے ربیع بن انس و ابو العالیہ و مجاہد و سدی سے مروی ہین اور یہی ابن جریر نے ایک جماعت صحابہ سے روایت کیا کہ شکل و رنگ مین مشابہت ہوگی اور مزہ مین مشابہت نہوگی - اور سفیان ثوری نے ابن عباس سے روایت کی کہ دنیا مین کوئی چیز ایسی نہین ہی جو جنت کی کسی چیز سے سوائے نام کے مشابہ ہو اور دوسری روایت مین حضرت عبد اللہ بن عباس نے کہا کہ جنت کی چیزون مین سے دنیا مین جو اسے نام کے کچھ نہین ہی (ابن جریر و ابن ابی حاتم) اور عبد الرحمن بن زید بن اسلم نے کہا کہ اسی مشابہت کی وجہ سے اہل جنت وہان جب کہ سیب اور انار کو آتا ہوا دیکھینگے حالانکہ وہ مزہ مین مشابہ نہین ہی - (ابن جریر) مترجم کہتا ہی کہ نعمت جنت و آخرت دنیا مین کسی طرح شناخت نہین ہو سکتی کیونکہ حواس تو صرف اوسی حد تک تجاوز کرتے ہین جو از جنس نظائر ہین حتی کہ جس شخص نے شیرینی کا مزہ کبھی نہ پایا ہو وہ خالی بیان سے ادراک نہین کر سکتا باوجودیکہ مادیات کے نظائر ادراک کر چکا ہی پس نعمت و کیفیت جنت کا ادراک صرف حواس سے کسی طرح نہین کر سکتا کیونکہ حواس تو مادیات کے تابع ہین ہان عقل سے ادراک کر سکتا ہی اسیواسطے اہل ایمان کو ان مقامات کے سمجھنے مین کوئی دشواری نہین ہوتی ہی بخلاف ایک جماعت ملحدین کے کہ وہ طرح طرح کی تاویلین کرتا اور نہین سمجھ سکتا ہی کیونکہ وہ حواس سے ایسی چیز کا ادراک کرنا چاہتا ہی جہان اوسکے حواس معطل ہین اور وجود ہوین پارہ مین مترجم نے اس مقام کو مدلل بیان کیا ہی وہان رجوع کرنا چاہیے - اور واضح ہو کہ دار الآخرۃ ملکوت ندہ ہی اور کوئی چیز وہان مردہ

نہین ہر اسیواسطے اہل ایمان کے خیالات بھی حقیقی اشیا مین حتی کہ اگر اوسنے ہوا مین اوڑتے ہوے گھوڑے کو خیال مین مصور کیا تو وہ حقیقی صورت مین نمایان ہوگا اور جس مقام پر اوسنے سہر کا تصور کیا وہین روان ہوگی کیونکہ صفت حیات نے انمین ظہور فرمایا اور رضوان الٰہی اپنے دائمی مبدول ہر اسیواسطے درختان جنت کی شاخین خود بخود جھکین واوٹھینگی اور جن تختون پر انکا جلوس ہوگا وہ ادب کے ساتھ بدون اسکے کہ ایک دوسرے کی جانب پشت کرے روان ہونگے اور آیندہ انشاء اللہ تعالیٰ تحقیق آویگی۔ وَلَهُمْ فِيهَا أَزْوَاجٌ مُطَهَّرَةٌ۔ اور اہل جنت کے واسطے وہان پاکیزہ ازواج ہین۔ ف یعنے حیض و پاخانہ و پیشاب اور ریٹ و تھوک سے پاک ہونگی بہی حدیث ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہی (الحاکم وابن مردویہ) شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اسکی اسناد مین تامل ہی۔ شیخ سیوطی نے کہا کہ تاریخ مین ابن کثیر نے اسکی اسناد کو حسن کہا ہی۔ اور ایک جماعت صحابہ و تابعین سے یہ تفسیر صحیح ہوئی۔ اور مجاہد وغیرہ نے زیادہ کیا کہ وہ منی و بچہ سے بہی پاک ہونگی۔ اور حضرت جابر بن عبد اللہ رض سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل جنت کہائینگے پیینگے مگر پیشاب نہین کرینگے اور نہ پاخانہ پھرینگے اور نہ ناک سے ریٹ جھاڑینگے اور نہ منہ سے تھوکینگے یعنے ایسی گندگیون سے پاک ہونگے اور اونکو اللہ تعالیٰ کی حمد و تسبیح کا الہام ہوگا جیسے سانس لینے کا الہام ہوتا ہی اونکا طعام صاف ڈکار ہی یعنے صرف یہی فضلہ ہوگا کہ مشک سانس آوے اور اوسکا پسینا مشک ہی یعنے مثل مشک کے خوشبودار ہوگا (صحیح مسلم) غرض وہ ایسی نعمتون مین سرفراز ہونگے جو صرف حواس کے ادراک سے باہر ہین کیونکہ حواس نے کبہی اوسکی نظیر نہین دیکہی مگر عقل اسکو بخوبی پہچانتی ہی اور جو اس کیفیت کو رضوان الٰہی عزوجل کے ساتھہ پاوینگے اونکو مبارکباد ہی اس نعمت کے اثر کے بعد تکلیف کا تصور ہی خارج ہوجائیگا حتی کہ حدیث مین ہی کہ جس شخص نے دنیا مین سخت تکلیفین اوٹھاکر جان دی ہو جب وہ ایکبار نعمت جنت مین غوطہ کہائیگا پھر اوس سے پوچہا جائیگا کہ ای شخص کبہی تجھے تکلیف یاد ہی تو وہ انکار کریگا جیسے اسکے مقابل عذاب جہنم ہی کہ جو شخص نہایت عیش مین بسر کرکے مرا جب وہ جہنم کی ایک لپٹ پاویگا پھر اوس سے پوچہا جائیگا کہ ای شخص کبہی تو نے راحت پائی تو محض انکار کریگا۔ نعوذ باللہ من عذاب جہنم ونسال اللہ تعالیٰ الجنۃ۔ اور نعمت جنت ہر روز متزائد ہی کیونکہ قدرت الٰہی عزوجل غیر متناہی ہی۔ وَهُمْ فِيهَا خَالِدُونَ۔ اور اہل جنت اوسمین ہمیشہ رہینگے ف یہ تمام نعمت ہی۔ سعید بن جبیر نے کہا کہ خالدون یعنے کبہی نہین مرینگے شیخ ابن کثیر نے لکہا کہ اس مقام پر موت سے مامون اور انقطاع سے محفوظ ہونگے نہ اونکو خوف کفر ہی نہ موت کا ڈر ہی بلکہ دائمی نعمت سرمد ہی اور ہم اپنے رب غفور رحیم سے عاجزانہ دعا کرتے ہین کہ ہمکو اہل جنت ہی کے زمرہ مین اوٹھاوے ہمارا رب جواد کریم ہی ہر متمنی کو متناہی آمین یا ارحم الراحمین والحمد للہ رب العالمین۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہی کہ اہل جنت جب جنت مین داخل ہوجائینگے اور دوزخی اپنی دوزخ مین ڈالے جائینگے تو پہلانکے درمیان مین ایک منادی پکاریگا کہ ای اہل دوزخ اب موت نہین ہی اور ای اہل جنت اب موت نہین ہی ہر ایک جس مقام مین ہی ہمیشہ وہین رہیگا۔ (الصحیحین) حضرت عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر دوزخیون سے کہا جائے کہ دنیا مین جسقدر کنکریان و سنگریزے ہین انکی شمار برابر جہنم مین رہوگے تو وہ خوشی کے مارے پہولے نہ سماوین اور اگر اہل جنت سے کہا جائے کہ دنیا وی سنگریزون کے شمار پر جنت مین رہوگے تو غمناک ہوکر گھبرا جاوین ولیکن اونکے واسطے تو ہمیشگی رکہی گئی ہی (الطبرانی وابن مردویہ ابو نعیم) اور حدیث اسامہ بن زید رض مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آگاہ ہو کہ کون ہی جو جنت کے واسطے دامن اوٹھاکر کسنے والا ہو کہ جنت ایسی چیز ہی کہ اوسکے واسطے خطر نہین ہی قسم ہر رب کعبہ کی کہ وہ ایک نور ہی کہ جگمگاتا ہی اور ریحانہ ہی جو لہلہاتا ہی اور قصر پائدار ہی اور نہر لبریز خوشگوار ہی اور انواع ثمرات اپنے رس پر پکے ہین اور زوجات حسینہ جمیلہ اور زیور کثیرہ

ہین وہ مقام ابدی دار السلام ہی اور فواکہ تر و تازہ لہلہاتے ہین الحدیث (ابن ماجہ ابن ابی الدنیا البزار ابن ابی حاتم ابن حبان البیہقی) اور جنہاے جنت کے بیان مین شیخ ابن قیم کی کتاب حادی الارواح نفیس کتاب ہی اور انشاء اللہ تعالی آیندہ آیات مین نعیم جنات کا حسب موقع بیان آنا چاہیگا پھر اس نعمت کے واسطے اصل سامان ایمان ہی کہ جسنے سچے یقین کے ساتھ تا موت یہ نعمت پائی قطعی وہ اہل جنت مین سے ہی یعنے اوسکا اصلی مقام یہی ہی پھر اگر اعمال صالحہ و گناہون سے توبہ کرتا رہا تو اوسے جہنم سے بھی بفضل آہی نجات پائی کیونکہ جہنمی وہ ہی جسنے اللہ تعالی سے انکار و شرک پر اصرار کر لیا تھا حتی کہ مرتے دم تک ایمان نہ لایا تو اوسکا وطن جہنم ہی اور جو ایمان لایا اگر وہ اپنی بدکردار یون کی سزا بھی پاوے تو بھی جہنم اوسکا وطن نہین ہی ۔ حدیث مین ہی کہ ایمان یہ ہی کہ دل سے طے کرے کہ الوہیت کا کوئی مستحق نہین سوے اللہ تعالی کے اور مین (محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ تعالی کا رسول ہون اور اوسنے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہی اور موت کے بعد قیامت مین اوٹھائے جانیکی اور خیر و شر مین تقدیر الہی کی تصدیق کرے (الترمذی) حدیث مین ہی کہ جسمین تین باتین ہون اوسنے ایمان کا مزہ پایا (۱) اللہ تعالی و اوسکا رسول اوسکو سب سے زیادہ محبوب ہون (۲) کسی بندے سے خالص اللہ تعالی ہی کے واسطے محبت کرے جس سے محبت کرے (۳) کفر سے نکلنے کے بعد شرک مین پڑ جانے کو ایسا ہی ناگوار سمجھے جیسے کوئی آگ مین گر کر نکالے جانے کے بعد دوبارہ آگ مین ڈالے جانے کو ناگوار جانتا ہی (الصحیحین وغیرہ) حدیث جابر رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آپ نے فرمایا کہ دو باتین واجب کرنے والی ہین یعنے جو مرا ایسے حال مین کہ وہ اللہ تعالی کے ساتھ کسی چیز کو شریک بناتا تھا تو دوزخی ہوا و واجب ہوا اور جو مرا ایسے حال مین کہ اللہ تعالی کے ساتھ کچھ شریک نہین بناتا تھا تو جنت مین داخل ہوگا (صحیح مسلم) حدیث ابوہریرہ مین ہی کہ آپ نے فرمایا کہ قیامت کے روز میری شفاعت کا مستحق وہ شخص ہی جسنے خلوص دل سے لا الہ الا اللہ کہا (البخاری) حدیث ابوہریرہ مین ہی کہ آپ نے فرمایا قسم اوس پاک کی جسکے قبضہ مین میری جان ہی کہ اس امت مانہ کے لوگون مین سے کوئی بھی یہودی ہو یا نصرانی ہو مجھے سنے پھر جسکے ساتھ مین بھیجا گیا ہون ایمان نہ لاوے یہانتک کہ مر جاوے تو سوائے اسکے کچھ نہین کہ وہ دوزخیون مین سے ہوگا (صحیح مسلم) حدیث ابوہریرہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابوہریرہ تو اللہ تعالی کے ساتھ کبھی شرک نہ کیجیو اگرچہ تو قتل کیا جاوے یا جلا دیا جاوے (الصحیح) حدیث مین ہی کہ آدمی جب اپنا ایمان اچھا کر لیتا ہی تو وہ جو نیکی کرتا ہی وہ دس گونہ سے سات سو گونہ یا زیادہ تک لکھی جاتی ہی اور جو بدی کرتا ہی وہ ایک ہی لکھی جاتی ہی یہانتک کہ مر جاوے (الصحیحین) مترجم کہتا ہی کہ اس مقام سے صحابہ رضی اللہ عنہم کی خوبی ایمان و اسلام کو قیاس کرو کہ جسکے آدھ سیر جو کے مقابلہ مین کسی شخص کا آسمان و زمین کے بھرا و برابر سونا خیرات کرنا قبول نہین فرمایا گیا چنانچہ صحیحین وغیرہ کی حدیث مشہور مین مصرح ہی ۔ حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قولہ تعالی ۔ من شرح اللہ صدرہ للاسلام فھو علی نور من ربہ الآیۃ ۔ کی تفسیر مین فرمایا کہ سینہ مین جب نور داخل ہوتا ہی تو وہ نور کے لیے کھل جاتا ہی صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ اسکی کچھ پہچان ہی آپ نے فرمایا کہ ہان یہ ہی کہ وہ ازعزور یعنی فریب گاہ دنیا سے کنارہ کرنا اور دار خلود یعنی آخرت کی طرف جھکنا اور موت آنے سے پہلے اوسکا سامان مہیا کرنا (البیہقی) حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل جنت کی پہچان مین فرمایا کہ جنتی ہر ضعیف متضعف ہی کہ اگر وہ اللہ تعالی پر قسم کھاے تو اللہ تعالی اوسکو سچا کر دے اور دوزخیون کی پہچان مین فرمایا کہ ہر وہ شخص جو عتل جواظ مستکبر ہی (الصحیحین) ف ۲۰ واضح ہو کہ اہل جنت کے واسطے جسطرح کھانے پینے وغیرہ کی نعمتین ہین اوسیطرح انوار صفات کا ظہور ہی حتی کہ ان انوار کے مقابلہ مین نعمتہاے سابقہ گویا نظر سے ساقط ہو جاتی ہین حتی کہ دیدار باری تعالی سے بڑھکر اہل جنت کو کوئی نعمت معلوم نہوگی اور ان انوار کا ظہور ہر بندے کے واسطے موافق عبودیت ہر یعنے دنیا مین عبودیت کی شان ہر بندہ کے ساتھ موافق شرع کے علاوہ علیحدہ ہوتی ہی مثلا بعد فرائض کے کسی بندے کو تلاوت قرآن مجید مین زیادہ شوق

ہو اور کسیکو درود شریف مین اور کسیکو ذکر مین اور کسیکو آیات قدرت کی فکر مین اور کسیکو تعلیم علم مین اور کسیکو تہجد مین اور کسیکو تضرع کے ساتھ دعا کرنے مین غرضکہ ہر ایک کو معرفت و محبت و قرب و مشاہدہ و ذکر و فکر و مناجات و علم و استغراق وغیرہ مراتب عبودیت مین مقامات ہین اور اسیکے موافق جنت مین نعمت انوار ہین اور موافق کشف دنیاوی کے ان نعمتون مین مشابہت ہوگی شیخ سری سقطی رح نے اشارہ کیا کہ جنکے اسرار قلوب عین توکل و افکار کی نہرین جاری ہین اونکے واسطے جنت مین انوار کی بشارت ہی (یعنی) واضح ہو کہ اہل بیان صورت الفاظ و لہجہ زبان کسی شخص سے قبول نہین کرتے بلکہ انکو عین حکمت معانی و بیان مقصود ہوتی ہی جو مخالف کافرون کے کہ وہ ہر ایسی چیز پر فریفتہ و اسکے لیے ساعی ہوتے ہین جو آخر فانی ہی اور امثال مین اسکا بیان خوب سمجھ مین آتا ہی اسیواسطے اللہ تعالے نے منافقون و مشرکون کے حالات و انجام مین امثال بیان فرمایا تاکہ یہ حقارہ بدیہی مماثلت سے بیدار ہون مگر ان بدبختون نے بجاے نفع کے نقصان اوٹھایا چنانچہ حق عزوجل فرماتا ہی

إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَضْرِبَ مَثَلًا مَا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَيَعْلَمُونَ

اللہ کچھ شرماتا نہین کہ بیان کرے کوئی مثال ایک مچھر یا اوس سے اوپر پھر جو یقین رکھتے ہین سو جانتے ہین

أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ ۖ وَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَيَقُولُونَ مَاذَا أَرَادَ اللَّهُ بِهَٰذَا مَثَلًا ۘ يُضِلُّ بِهِ

کہ وہ ٹھیک ہی اونکے رب کا کہا اور جو منکر ہین سو کہتے ہین کیا غرض تھی اللہ کو اس مثال سے گمراہ کرتا ہی اس سے

كَثِيرًا وَيَهْدِي بِهِ كَثِيرًا ۚ وَمَا يُضِلُّ بِهِ إِلَّا الْفَاسِقِينَ ۝ الَّذِينَ يَنْقُضُونَ عَهْدَ اللَّهِ مِنْ

بہتیرے اور راہ پر لاتا ہی اس سے بہتیرے اور گمراہ کرتا ہی اونہین کو جو بے حکم ہین جو توڑتے ہین قرار اللہ کا

بَعْدِ مِيثَاقِهِ ۚ وَيَقْطَعُونَ مَا أَمَرَ اللَّهُ بِهِ أَنْ يُوصَلَ وَيُفْسِدُونَ فِي الْأَرْضِ ۚ

مضبوط کے پیچھے اور توڑتے ہین جو چیز اللہ نے فرمائی جوڑنی اور فساد کرتے ہین ملک مین

أُولَٰئِكَ هُمُ الْخَاسِرُونَ ۝

اونہین کو آیا نقصان

شیخ سیوطی رح نے لکھا کہ اللہ تعالے نے بتون کے ہیچ ہونے کے مثال لن یخلقوا ذبابا ولو اجتمعوا الایۃ مین بیان فرمائی یعنے سواے اللہ تعالے کے جس کسیکو پکارتے ہین وہ ایک مکھی بھی نہین پیدا کرسکتے اگرچہ سب کے سب جمع ہوجاوین اسیطرح مشرک کرنیوالون کی مثل مکڑی کے جالے سے بیان کی بقولہ تعالی کمثل العنکبوت اتخذت بیتا الآیۃ یعنے مشرکون کا معاملہ مکڑی کے جالے کی مثال ہی یعنی اسکی اصل حقیقت کچھ نہین بلکہ مشرکون کے ذہنی خیالات مین سواے اللہ تعالی کے غیرون کی الوہیت کا اعتقاد جیسا ہوا ہی جیسے مکڑی کے مرتے ہی مٹ جاتا ہی وہ مکڑی کے جالے کی طرح کمزور ہی چنانچہ سورۂ عنکبوت مین اسکی تفسیر آویگی پس یہودیون نے طعن سے کہنا شروع کیا کہ اللہ تعالے نے ان حقیر چیزون کے ذکر سے کیا مقصود رکھا ہی پس اللہ تعالے نے اونکی تردید کے واسطے نازل فرمایا کہ إِنَّ اللَّهَ لَا يَسْتَحْيِي أَنْ يَضْرِبَ مَثَلًا مَا بَعُوضَةً فَمَا فَوْقَهَا اللہ تعالے کچھ شرماتا نہین کہ مثل بیان کرے کوئی ہو مچھر ہو یا اس سے بڑھکر ہو۔ فف شرم کرنا شان الٰہی مین آدمی کی طرح متصور نہین ہی کیونکہ شرم تو دل کے بیٹھنے سے ہوتی ہی لہذا شان الٰہی عزوجل مین استحیاء کے دو معنے لیے گئے ایک یہ کہ حقیقی صفت الٰہی عزوجل ہی جسکی کنہ جاننا غیر ممکن ہی اور وہ اوسکی شان عال کے لائق ہی بخلاف مخلوق کے کہ مخلوق مین البتہ دل کے بیٹھنے کو شرم کہتے ہین اور جو ذات و صفات الٰہی عزوجل سے کوئی چیز مشابہ نہین ہی تو وہان یہ معنے نہین ہین

بلکہ صفات قدیمہ مین سے ہی - دوم یہ کہ حیاء سے مجازًا لازمی معنی لیے گئے کیونکہ حیاء سے آدمی کام ترک کر دیتا ہی تو یہان یہ معنی ہوے کہ اللہ تعالے ترک نہین فرماتا مثل بیان کرنے کو اگرچہ وہ مچھر کے مانند حقیر چیز سے ہو یا اس سے بڑھکر ہو - بعض علماء نے کہا کہ بڑھکر ہی کہ مچھر سے بڑا جانور ہو بعض نے کہا کہ نہین بلکہ حقارت مین بڑھکر ہو یعنے اگر مچھر سے بھی بڑھکر حقیر ہو تو اوسکے ساتھ بھی مثل مترک نہین کرتا کیونکہ اسمین اللہ تعالے کی حکمتین موجود ہین یہی قول حضرت قتادہؓ کا اور مختار شیخ ابن جریر و کسائی و ابو عبید ہی اور یہی اکثر محققین کے نزدیک مختار ہی چنانچہ مچھر سے اوسکا پر زیادہ حقیر ہی - چنانچہ حدیث سہل بن سعد الساعدی رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی کے نزدیک اگر دنیا کی قدر مچھر کے برابر ہوتی تو کافر کو ایک گھونٹ پانی نہ دیتا (الترمذی) اور اسی طرح حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا مین ہی کہ نہین ہوتا کہ کسی مسلمان کو کوئی کانٹا یا اس سے بڑھکر (مثلاً پھانس) لگ جاوے مگر یہی کہ اوسکے واسطے اس صدمہ کے عوض ایک درجہ لکھا جاتا ہی اور اوس سے ایک گناہ محو کیا جاتا ہی (صحیح مسلم) کیونکہ وہ راضی ہو کر اللہ تعالی کی حمد و ثنا کرتا ہی - مترجم کہتا ہی کہ شیخ سیوطی کی تقریر سے معلوم ہوتا ہی کہ آیت کا نزول ان یہودیون کی تردید کے واسطے تھا اور شیخ ابن کثیرؒ نے تفسیر سدی سے نقل کیا کہ حضرت ابن عباسؓ و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم نے فرمایا کہ جب اللہ تعالی نے منافقون کے واسطے سابق کی دو مثلین بیان فرمائین یعنے قولہ مثلہم کمثل الذی استوقد نارا - اور قولہ - او کصیب من السماء الآیہ - تو منافقون نے کہنا شروع کیا کہ اللہ تعالے کی شان اس سے بزرگ ہی کہ وہ ایسی مثل بیان فرماوے تب اللہ تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی - اور عبد الرزاق نے قتادہؓ سے روایت کی کہ جب مکھی و مکڑی کی مثل مذکور ہوئی تو مشرکون نے ان دونون پر اعتراض کیا کہ اسکے ذکر سے کیا مراد ہی تب اللہ عزوجل نے نازل فرمایا - ابو جعفر رازی نے ربیع بن انس سے روایت کی کہ اللہ تعالی نے دنیا کی ضرب المثل ایک مچھر سے بیان فرمائی جسکی کیفیت یہ ہوتی ہی کہ جبتک بھوکا رہتا ہی تو زندہ رہتا ہی اور جب موٹا ہو جاتا ہی تو مر جاتا ہی اسیطرح اہل دنیا کی مثال ہی کہ جب وہ کفر مین اصرار کرتے ہین اور بحکم قولہ تعالی - فلما نسوا ما ذکروا بہ فتحنا علیہم ابواب کل شیء الآیۃ - ہر قسم کی دنیا سے مالا مال کر دیے جاتے ہین اور جب یہ کیفیت ہوتی ہی تو ہلاک کر دیے جاتے ہین اسیکے مانند ابو العالیہ کی روایت ہی - شیخ ابن جریرؒ نے سبب نزول مین سدی کی روایت اختیار کی - ع - مترجم کہتا ہی کہ قتادہؓ کی روایت مین بھی مشرکون سے یہود وغیرہ مراد ہو سکتے ہین تو بھی یہ آیت مدنیہ رہیگی بہرحال یہ تو سبب نزول مین کلام تھا اور حکم آیت ہمیشہ کے واسطے عام ہی کہ اللہ تعالے نے جو چیز مچھر یا اوس سے بھی زیادہ حقیر پیدا فرمائی اوسمین اوسکی قدرت عجیب و حکمت بالغہ ظاہر ہی اور وہ اہل عقل کی عبرت کیواسطے کافی ہی چنانچہ مکڑی و مکھی و مچھر وغیرہ سے اللہ تعالے نے سچی مثلین بیان فرمائی ہین لیکن عبرت اونھین کو حاصل ہوتی ہی جو صاحب عقل ہین چنانچہ فرمایا - فَاَمَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّہِمْ ۚ پس جو لوگ ایمان لائے وہ یقینا جانتے ہین کہ یہ اونکے پروردگار کی جانب سے حق ہی - ف - ٹھیک اپنے موقع پر ثابت ہی کیونکہ حقائق سمجھنے کے واسطے معرفت الٰہی کا علم چاہیے اور یہ مومنون کو حاصل ہی اور جسقدر معرفت زیادہ ہوگی اوسیقدر مثل کے اسرار زیادہ معلوم ہونگے - وَاَمَّا الَّذِیْنَ کَفَرُوْا فَیَقُوْلُوْنَ مَاذَآ اَرَادَ اللّٰہُ بِہٰذَا مَثَلًا ۘ اور رہے وہ لوگ جنھون نے کفر کیا تو وہ کہتے ہین کہ اللہ تعالی نے اسکے ساتھ مثل بیان کرنے سے کیا ارادہ کیا - ف - کیونکہ ان لوگون کو جہالت سے مفہوم آیت نہین سوجھتا ہی - یُضِلُّ بِہٖ کَثِیْرًا وَّیَہْدِیْ بِہٖ کَثِیْرًا ؕ - اللہ تعالے اسکے ذریعہ سے بہتون کو گمراہ فرماتا اور اسکے ساتھ بہتون کو ہدایت فرماتا ہی - ف - سدی نے ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی کہ جنکو ہدایت فرماتا ہی وہ مومنین ہین کہ اونکے نور ہدایت پر اس مثل کی تصدیق سے نور دیگر زیادہ ہو جاتا ہی اور جنکو گمراہ فرماتا ہی وہ منافقین ہین کہ اونکی تاریکی ضلالت مین اس کلام کے انکار سے تاریکی زیادہ بڑھ جاتی ہی -

وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ - اور اللہ تعالےٰ اسکے ذریعہ سے کسیکو گمراہ نہیں کرتا سوائے فاسقین کے - ف - یعنی فاسقوں کو اس نور تک رسائی نہیں دیتا ہے تو وہ بھٹکتے پھرتے ہیں - ابو العالیہ و ربیع بن انس نے کہا کہ فاسقین یہاں منافقین ہیں یعنے منافقین ہی ان آیات کے نور ہدایت تک نہیں پہونچتے ہیں - مترجم کہتا ہے کہ پھر کفار و مشرکین بدرجۂ اولیٰ نہیں پہونچینگے - مجاہد رح نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ فاسقین یہاں وہ لوگ ہیں جنھوں نے پہچان کر کفر کیا - مترجم کہتا ہے کہ اسمیں منافقین اور علماء یہود و نصاریٰ بھی داخل ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حق جانتے مگر دنیاوی لالچ سے نہیں مانتے تھے - قتادہ رح نے فرمایا کہ یہ لوگ حد سے خارج ہو گئے پس اللہ تعالےٰ نے انکو بھٹکا چھوڑ دیا - مترجم کہتا ہے کہ ہر امر حق و سنت صحیحہ سے جو باہر ہو وہ فاسق ہے لیکن فسق کے مراتب ہونگے چنانچہ جو شخص عمل سنت سے خارج ہو وہ عملی بدعتی ہے اور جو شخص اعتقاد سنت سے خارج ہو وہ اعتقادی مبتدع ہے اور جو شخص حرام کا مرتکب ہوا اوسکو اصطلاح میں فاسق کہتے ہیں اور جو شخص عقائد اسلام سے خارج ہو وہ منافق ہے اور اسمیں مشرکین و کفار بھی داخل ہیں کیونکہ عقائد اسلام سے خارج ہیں - چنانچہ ابن ابی حاتم نے سعد بن ابی وقاص رض سے روایت کی کہ گمراہوں سے خوارج مراد ہیں - مترجم کہتا ہے کہ خوارج کی بھی یہی حالت ہے جو اللہ تعالیٰ نے گمراہ فاسقوں کے حق میں بیان فرمائی یعنے الَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ - یعنی گمراہ فاسقین ایسے لوگ ہیں جو اللہ تعالےٰ کے عہد کو اوسکی مضبوطی کے بعد توڑتے ہیں ف - چنانچہ شعبہ نے عمرو بن مرہ سے روایت کی کہ مصعب بن سعد نے کہا کہ میں نے اپنے باپ سے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں تو فرمایا کہ حروریہ ہیں یعنے وہ خوارج ہیں جنھوں نے جماعت اسلام میں سے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ساتھ چھوڑ کر حروراء نہروان میں خروج کیا - امام ابن کثیر رح نے لکھا کہ حضرت سعد بن ابی وقاص سے یہ اسناد اگرچہ صحیح ہو یہ معنی نہیں ہیں کہ نزول آیت کے وقت یہی لوگ مراد تھے بلکہ آیت قدسی کے عام معنی میں جیسے منافقین یہود وغیرہ مشرکین داخل ہیں اسیطرح خوارج بھی داخل ہیں جنھوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ میثاق بیعت پورا ہونے کے بعد توڑ دیا اور جو شخص شرائع اسلام سے خارج ہو وہ فاسق ہے - مترجم کہتا ہے ہر فرقہ جو جماعت اسلام سے خارج ہوا ہمنے مختصر الوردہ و نقض و جہمیہ و نجیریہ وغیرہ کے قیامت تک اسمیں داخل ہیں کیونکہ صفات مذکورین میں سے یہ ہے کہ الذین یوفون بعہد اللہ ولا ینقضون المیثاق والذین یصلون ما امر اللہ بہ ان یوصل و یخشون ربہم ویخافون سوء الحساب - یعنے مومنین ایسے بندے ہیں جو اللہ تعالےٰ کا عہد پورا کرتے اور میثاق کو نہیں توڑتے ہیں اور ایسے بندے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے جس چیز کے ملائے رکھنے کا حکم دیا اوسکو ملائے رہتے ہیں اور اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور قیامت کے برے حساب سے خوف کرتے ہیں (سورۃ الرعد) اور انکے برخلاف منافقین و مشرکین کا حال ہے جو عہد الٰہی کو بعد مضبوطی کے توڑ ڈالتے ہیں - وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ - اور اللہ تعالےٰ نے جسکے ملائے جانے کا حکم دیا اوسکو کاٹتے ہیں - ف - یعنے قرابت کا صلہ رحم نہیں کرتے جیسے اللہ تعالےٰ نے فرمایا - فھل عسیتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض وتقطعوا ارحامکم - یعنے اگر تم متولی بنائے جاؤ تو تمھاری شان سے یہی قریب ہے کہ زمین میں فساد مچاؤ اور اپنے قرابت کا ناتا کاٹو یعنے بیخوف ہو کر خلاف شریعت عمل کرو اور اپنی قرابت میں بجائے صلہ رحم کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالو - حدیث میں ہے کہ عرش الرحمن سے رحم معلق ہے التجا کرتا ہے کہ الٰہی تو نے اپنے نام پاک سے مجھے نام دیا تو جو شخص مجھے ملائے رکھے اوسکو ملائے رہ اور جو شخص مجھے توڑے اوسے ٹکڑے کر دے - الصحیح - مترجم کہتا ہے کہ اسیواسطے جب شیاطین اسلام نے شریعت کو چھوڑ کر باہم قتال کیا تو سلطنت متحدہ کے ٹکڑے ہو کر کفار کا غلبہ شروع ہوا - اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ - ایسے ہی لوگ خسارہ میں ہیں - ف - ابن عباس رض نے کہا کہ ایسا لفظ جب بجائے اہل اسلام کے دوسروں کی جانب منسوب ہوتا ہے تو اوس سے کفر مراد ہوتا ہے اور جب اہل اسلام کی جانب منسوب ہوتا ہے تو اوس سے گناہ مراد ہوتا ہے - مقاتل بن حیان نے کہا کہ یہ خسارہ اوسکو آخرت میں

ہوگا شیخ نے کہا کہ جیسے سورۂ رعد کی آیت میں فرمایا کہ اولئک لھم اللعنۃ ولھم سوء الدار۔ یعنی ایسے لوگوں کے واسطے لعنت اور انھیں کے لیے جہنم ہے پس قیامت میں جب کمال محتاجی کا وقت ہوگا تو اوسوقت لعنت و جہنم انکے حق میں کمال خسارہ ہی نعوذ باللہ من ذلک (تنبیہ) جس عہد شکنی کا ذکر اس آیت میں ہوا اوس سے کون عہد مراد ہی۔ ابو العالیہ نے فرمایا کہ منافقون میں چھ خصلت ہوتی ہیں چنانچہ اگر کونسی علیہ ہوتا ہی تو یہ سب یا کم ظاہر کرتے ہیں کہ جب بات کہتے ہیں تو جھوٹ بولتے ہیں اور جب عہد کرتے ہیں تو خلاف کرتے ہیں اور جب انکے پاس امانت رکھی جاتی ہی تو خیانت کرتے ہیں اور مضبوطی کے بعد اللہ تعالے کا عہد توڑتے اور قرابت کا ناتا کاٹتے اور زمین میں فساد کرتے ہیں اور جب مغلوب ہوتے ہیں تو صرف تین باتیں ظاہر کرتے ہیں کہ جب بات کہتے ہیں تو جھوٹ بولتے ہیں اور جب عہد کرتے ہیں تو خلاف کرتے ہیں اور جب امانت دیے جاتے ہیں تو خیانت کرتے ہیں۔ سدی نے کہا کہ عہد سے وہ عہد مراد ہی جو قرآن میں ہر ایک سے ایمان آیا ہی۔ اور شیخ ابن جریج نے منافقوں کے ساتھ اہل کتاب یہود و نصاریٰ کو داخل کیا جنھے توریت و انجیل میں عہد لیا گیا ہی اور یہی مقاتل بن حیان رح کا قول ہی۔ اور دیگر جماعت نے کہا کہ آیت میں تمام اہل شرک و کفر و نفاق مراد ہیں اور انکا عہد ایک تو وہ ہی جو میثاق ازل میں پشت آدم علیہ السلام سے لیا گیا دوم دنیا کی آیات قدرت و پیغام رسالت ہی کیونکہ ان آیات قدرت کے ساتھ جب خود ہی ایمان توحید فرض تھا تو بعد پیغام رسالت کے نہایت مؤکد ہوگیا اسلیے فرمایا کہ عہد کو بعد مضبوطی کے توڑتے ہیں لہذا فرمایا۔

كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا فَأَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ثُمَّ

تم کسطرح منکر ہوتے ہو اللہ سے اور تھے تم مردے پھر اوسنے تم کو جلایا پھر تم کو مارتا ہی پھر جلاویگا پھر

إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ ۝

اوس پاس اوٹائے جاؤگے

یعنے آیات قدرت و تاکید رسالت کے بعد تم لوگوں سے تعجب ہی کہ كَيْفَ تَكْفُرُونَ بِاللّٰهِ۔ کیونکر تم اللہ تعالے سے کفر کرتے ہو وَكُنْتُمْ أَمْوَاتًا۔ حالانکہ حالت یہ ہی کہ تم مردے تھے۔ ف یعنے تم خوب جانتے ہو کہ تم اپنے ماں و باپ کے اندر نطفہ تھے جسکو حس حرکت نہیں ہی۔ فَأَحْيَاكُمْ۔ پس اللہ تعالے نے تمکو زندگی دی۔ ف شیخ نے لکھا یعنے تم معدوم تھے پھر تمکو موجود کیا۔ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ۔ پھر تمکو موت دیگا پھر تمکو زندگی عطا کریگا۔ ف چنانچہ قولہ تعالے۔ ربنا امتنا اثنتین و احییتنا اثنتین فاعترفنا بذنوبنا الآیۃ۔ میں مذکور ہی یعنے کفار بعد معائنہ عذاب آخرت کے کہینگے کہ الٰہی تو نے ہمکو دو موتیں اور دو حیاتیں دیں سو ہمنے اپنے گناہوں کا اقرار کیا اب یہاں سے نکلنے کی بھی کوئی راہ ہی۔ ف ابن عباسؓ نے فرمایا کہ پہلے مردہ خاک تھے پھر زندہ کیا پھر دوسری موت بوقت اجل ہی پھر قیامت میں دوبارہ زندہ فرمائیگا پس دو موتیں و دو حیاتیں ہوگئیں اور یہی حضرت ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ و تابعین سے منقول ہی۔ ثُمَّ إِلَيْهِ تُرْجَعُونَ۔ پھر اللہ تعالے ہی کی جانب تم لوگ رجوع کروگے۔ ف یعنے پھر وہاں بدون شرک کے توحید و ربوبیت کا اقرار کروگے حالانکہ اوسوقت تمکو کچھ فائدہ نہوگا (تنبیہ) آدمی کی خلقت اپنے ماں و باپ دونوں کے نطفہ سے ہوتی ہی اور یہی حدیث صحیح سے ثابت ہی پس ابعض اہل بدعا کا قول غلط ہی جو گمان کرتے ہیں کہ عورت کی طرف سے سوا [illegible] کے کچھ نہیں ہوتی ہی۔ (فائدہ) حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کی حدیث میں ہی کہ آدمی کی خلقت اپنے ماں کے پیٹ میں چالیس دن نطفہ ہوتی ہی پھر چالیس دن خون کا تھکا ہوتی ہی پھر اتنی ہی مدت میں گوشت کا لوتھڑا ہوتی ہی پھر اللہ تعالے [illegible]

بھیجتا ہی ہوا وسکا رزق وعمر وعمل وشقی یا سعید لکھتا ہی پس اللہ تعالیٰ اوسمین روح پھونکتا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قسم اوس ذات
کی جسکے سوائے کوئی الٰہ نہیں والا نہیں ہی کہ آدمی جنتی لوگون کے کام کرتا ہی (حالانکہ اوسکے حق مین عذاب دوزخ لکھا ہی) یہانتک کہ اوسمین اور
جنت مین ایک ہاتھ کا فرق رہجاتا ہی پھر سابق تقدیر اوسپر غالب ہوتی ہی کہ وہ دوزخیون کا کام کرکے دوزخ مین داخل ہوتا ہی اور آدمی دوزخیون کے
کام کرتا ہی یہانتک کہ اوسمین اور دوزخ مین ایک ہاتھ کا فرق رہجاتا ہی پھر سابق تقدیر اوسپر غالب ہوتی ہی کہ جنتیون کا کام کرکے جنت مین داخل ہوتا ہی
(الصحیحین وغیرہ) اور یہ حدیث تفصیل کے ساتھ بعض مقامات مین اوپر گی انشاء اللہ تعالیٰ اور حدیث جابر مین ہی کہ کوئی بندہ مومن نہوگا یہانتک کہ ایمان لاوے
تقدیر کا تاکہ یقین کرے کہ جو نیکی بدی اوسکو پہونچی وہ ہرگز اوس سے چوکنے والی نہ تھی اور جو اوسکو نہین پہونچی وہ ہرگز اوسکو پہونچنے والی نہ تھی (الترمذی)
ف ۲ اشارات اسرار مین ہی کہ اضلال ہدایت صفت آلہی عزوجل لہذا اضلال اسرار حکمت سے ہی بعض نے فرمایا کہ ایمان گویا دو سمندر ہین کہ بہتے
شیطان ادہر ہوجاتے ہین اور بہت سے ڈوبنے والے ڈوب جاتے ہین اور گناہ اگرچہ صغیرہ ہو بیشک گناہ ہی پھر کبھی آدمی غفلت سے مرتکب ہوجاتا
ہی مگر جانتا ہی اور دوم یہ کہ غفلت جاتی رہی اور بیباک ہوکر گناہ مین کھلا تو یہ بیباکی اصرار ہی جس سے گناہ کبیرہ ہوجاتا ہی حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ
پھر اوسکو یہ بات بھی معلوم ہو کہ اللہ تعالیٰ اوسکے رزق مین کشائش دے اور اوسکی موت مین تاخیر کرے تو اوسکو چاہیے کہ اپنے قرابتیون کے
ساتھ صلہ رحم کا سلوک کرے (البخاری ومسلم والترمذی) قطع رحم بھی گناہون مین سے ہی جسکا فساد دنیا مین پھیلتا ہی حدیث مین ہی کہ باہم چھوٹے ہی نیکیون
کی سوغات لے جاتے ہین (السنن) شیخ نے عرائس مین کہا کہ اصل حیات نور دل ہی اور یہ سب مردہ ہین جب تک غفلت کے بعد معرفت سے زندگی ہوتی ہی
لہذا شیخ شبلی نے کہا کہ تجکو اپنے ساتھ زندہ کیا یعنی بصفت الحی القیوم یعنی مشائخ نے تعجب کیا کہ جمادات سے نباتات بہتر اور نباتات سے حیوانات بہتر
اور حیوانات سے انسان اشرف ہی پھر خالق عزوجل کی توحید مین کسیکو نزاع نہین مگر انسان بخت ناشکرا ہی کہ اسیکو جتلاتا ہی پر بسیار انعام فرمایا ہی کما قال تعالیٰ

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا ثُمَّ اسْتَوَىٰ إِلَى السَّمَاءِ فَسَوَّاهُنَّ سَبْعَ سَمَاوَاتٍ ط

وہی ہی جسنے بنایا تمھارے واسطے جو کچھ زمین مین ہی سب پھر چڑھ گیا آسمان کو تو ٹھیک کیا اونکو سات آسمان

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ

اور وہ ہر چیز سے واقف ہی

ع ۹

اول اللہ تعالیٰ نے بندون کی ذات پیدا کرنا بیان کیا پھر اونکو رزق دینا بیان فرمایا پس یہی دلائل قدرت وحدانیت کے کفر سے مانع ہی یعنی تم کیونکر
اپنے خالق عزوجل سے کفر کروگے حالانکہ اوسنے تمکو عدم سے موجود کیا اور تمھاری زندگی بھر تمکو طرح طرح کا رزق دیا هُوَ الَّذِي خَلَقَ
لَكُمْ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا — وہی ہی جسنے تمھارے واسطے پیدا کیا جو کچھ زمین مین ہی سب کا سب ف اسیواسطے علماء کا
صحیح مذہب یہ ہی کہ اللہ تعالیٰ نے جو کچھ پیدا فرمایا اوسمین اصل اباحت ہی یعنی اصل مین سب مباح ہی پھر جس کسی چیز کی نسبت دلیل خاص قائم
ہو کہ اس چیز کو اللہ تعالیٰ نے حرام کردیا ہی فقط وہی حرام ہوگی اور حلال ہونے کے واسطے دلیل کی حاجت نہین ہی کیونکہ وہ تو
اسی آیت سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے تمام اشیاء کو آدمیون کے نفع کے واسطے پیدا فرمایا ہی پس جبتک کسی چیز کی نسبت بالخصوص حرام
کردینے کی دلیل معلوم نہ ہو تبتک سب مباح ہی چنانچہ کل جانورون کا گوشت حلال ہی سوائے سور وغیرہ کے جنکی حرمت پر دوسری نص
آگئی رہا یہ کہ اونکے حرام کردینے مین کیا حکمت ہی تو علماء نے عوام کی سمجھ کے لائق آسان جواب یہ لکھا کہ فرمانبردار و نافرمان پہچان لیا جائیگا لیکن
درحقیقت اوسمین اسرار حکمت ہین کیا تم نہین دیکھتے کہ نجس خوار سور کے گوشت مین کھانے والے کے نفس مین کیسی بیحیائی و گندگی پیدا

ہوگی جیسے کتوں کے پالنے والے دنیا کے کتے ہین تو جب خالی اوسکی محبت کا یہ اثر ہی تو خدا ئیت کی سیرت بہت مدہم پیدا ہوتی ہی اور اس سلوک کے بیان مین کچھ ذکر انشاء اللہ تعالیٰ آویگا پس جو لوگ اہل عقل ہین وہ ان محرمات کی حکمت مین اللہ تعالیٰ و اوسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی فرمانبرداری کرتے ہین اور خالی زبان و خواہش نفس کے پیچھے اپنے خصائل کو مثل کتے و سور کے خراب نہین کرتے اور جب غور سے دیکھو تو جسکو بکری و ہرن و دنبہ وغیرہ کے نفیس گوشت ملے اگر اوسکو سور و کتے کا گوشت نہ ملا تو وہ کچھ بھی پرواہ کے قابل نہین ہوا وجسکو تیتر و بٹیر وغیرہ کے نفیس گوشت میسر آئے تو اوسکو کوے و گدھا و چیل کے گوشت نہ ملنے پر کچھ حرج نہوگا پس معلوم ہوا کہ حکمت شریعت تعلیم اخلاق جمیل ہی اگرچہ اللہ تعالیٰ جو کچھ روے زمین مین ہی سب انسان کے واسطے پیدا کیا پس کیونکر اوس سے کفر کر سکتے ہین جسنے اونکی ذات کو پیدا کر کے اونکے واسطے زمین کے تمام حیوانات و نباتات و جمادات پیدا کیے جنکو اپنے رزق مین لاتے ہین حتی کہ جاندار جانورون کو مار کر کھاتے ہین پس کیونکر جائز ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے پیدا کیے ہوے جانورون کو کسی غیر کے نام پر ماریں یعنے غیر کی بھینٹ چڑھاوین یا غیر کے نام پر اوسکو قربان کرین اور کیونکر جائز ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے رزق سے پیٹ بھرین اور بتوں کا شکر یہ ادا کرین حالانکہ اللہ تعالیٰ ہی نے اونکے رزق کے واسطے یہ سب زمین اور اوسکا سامان پیدا کیا ۔ ثُمَّ اسْتَوٰٓى اِلَى السَّمَآءِ ۔ پھر جانب آسمان متوجہ ہوا ۔ فَسَوّٰىهُنَّ سَبْعَ سَمٰوٰتٍ ۔ پس اونکو ٹھیک کر کے سات آسمان کیا ۔ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۔ اور وہ ہر چیز کے ساتھ خوب آگاہ ہی ۔ ف ۔ پس جسنے جان دی اور رزق عطا کیا اور اوسکی قدرت اعلیٰ آسمان و زمین کو محیط ہی کہ ایک ذرہ اوسکی قدرت سے باہر نہین ہوسکتا تو اوسکی ناشکری و کفر کیونکر ممکن ہی ۔ آیت قدرتی مین بہت سے فوائد ہین (فائدہ اولیٰ) یہ کہ اصل اشیا مین اباحت ہی جب تک کوئی دلیل حرمت قائم نہو جیسا کہ اثنائے تفسیر مین گذر چکا ۔ (فائدہ ثانیہ) ثم استوی الی السماء علما نے کلام کیا کہ یہان استواء کے کیا معنے ہین کیونکہ زبان عرب مین یہ لفظ کئی معنون مین مستعمل ہوتا ہی ایک یہ کہ قصد و توجہ کرنا اور اوسکے واسطے حرف الی آتا ہی اور وہان بھی موجود ہی پس معنی یہ ہینگے کہ زمین کو پیدا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے آسمان کی پیدائش کا قصد کیا کیونکہ حرف ثم تاخیر پر دلالت کرتا ہی لیکن یہ تاخیر پیدا کرنے سے اوسکا مجمل مادہ مقصود ہوگا اسواسطے یہان مجمل زمین مذکور ہی کیونکہ تفصیل کے ساتھ سات زمینون کا بچھانا بعد پیدائش آسمانون کے ہی دلیل قولہ تعالیٰ ءَاَنْتُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمِ السَّمَآءُ بَنٰىهَا اور جسکو انفسنا و آفاقنا میں دیکھا ہوا ہی ۔ وَالْاَرْضَ بَعْدَ ذٰلِكَ دَحٰىهَا یعنی جو کفار تعجب کرتے تھے کہ وہ بعد موت کے کیونکر پیدا کیے جائینگے گو باعتبار قدرت کے اونکو اللہ تعالیٰ کی قدرت مین شک نہو کیونکہ وہ مگر کیونکر پیدا ہو سکتے ہین پس اونکو طلاست کی جھڑکی دی کہ تم اشد خلقا ہو یا آسمان کی کہ اللہ تعالیٰ نے آسمان کو بنایا اوسکی چوٹی اونچی کر کے اوسکو ٹھیک کیا اور اوسکی رات کو اندھیرا بنایا اور اوسکا دن پیدا کیا پھر اوسکے بعد زمین کو بچھایا اور اوس سے زمین کا پانی و سبزہ نکالا اور پہاڑون کو اوسپر میخ کیا تاکہ تمہارے واسطے اور تمہارے جانورون کے واسطے منفعت ہو ۔ ھ ۔ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ زمین و آسمان کی پیدائش کے بعد زمین کو بچھونا کیا گیا اور اوسکی تفصیل سورۂ حم السجدہ مین ہی جہان فرمایا ۔ اءنکم لتکفرون بالذی خلق الارض فی یومین الآیات ۔ یہ سب تقریر اس بنا پر تھی کہ استوا بمعنے قصد و ارادہ ہی اور ابن عباس سے روایت ہی کہ استوا بمعنے ارتفاع ہی اظہری نے کہا کہ یہ ہوا بجانب آسمان ۔ زمخشری نے کہا کہ استوا بمعنے اعتدال و استقامت ہی یعنی ٹھیک ہمعین کچھ کہی ہو جیسے آدم علیہ السلام کی خلقت مین فرمایا ۔ فاذا سویتہ و نفخت فیہ من روحی فقعوا لہ ساجدین یعنی ملائکہ کو فرمایا کہ جب مین اوسکو مستوی کرون اور اوسمین اپنی روح سے پھونکون تو تم لوگ اوسکے لیے سجدہ مین گر جانیو ۔ ھ ۔ لیکن اوسکے ساتھ حرف الی نہین آتا ہو اور جب ارتفاع و بلندی کے معنے مین ہوتا ہی تو حرف علی آتا ہی جیسے قولہ تعالیٰ ۔ فاذا استویت انت ومن معک علی الفلک ۔ اور جیسے قولہ تعالیٰ لتستووا علی ظہورہ ۔ لہذا یہان جبکہ حرف الی آیا ہی تو معنی اول یعنے قصد ہی مناسب ہین اور اسکو شیخ ابن کثیر نے اختیار کیا ۔ فسوٰھن ۔

واضح ہو کہ آسمانوں کی تعداد سات منصوص ہے اسیطرح زمینوں کا شمار بھی سات ہے اور یہ حدیث میں بھی وارد ہوا چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے کسی دوسرے کی زمین میں سے بقدر ایک بالشت کے ناحق لے لی تو اللہ تعالیٰ قیامت کے روز اسکو ساتوں زمین سے طوق پہنائیگا (الصحیح) پھر بعض روایات میں وارد ہے کہ جیسے ہر دو آسمان کے درمیان پانچسو برس کی راہ ہے اسیطرح ہر دو زمین کے درمیان اسیقدر فصل ہے امام رازی نے تفسیر کبیر میں آسمانوں کے بیان میں فلاسفہ کے اقوال بھی نقل کیے اور اونکے دلائل کو مجروح کرنے کے بعد فرمایا کہ ان خبطیوں کے اقوال نقل کرنے سے مجھے صرف یہ تنبیہ مقصود ہے کہ کسی آدمی کی یہ مجال نہیں کہ آسمانوں و زمینوں کے تعلقات اور اونکی کیفیت و تعداد اپنے حواس کے ذریعہ سے دریافت کر سکے کیونکہ علم تو اسکو کہتے ہیں کہ جو قرار دیا در واقع یہی ہو اور اسکے مخالف کچھ نہ ہو حالانکہ یہ بات کسیطرح ممکن نہیں اور سوائے خالق عزوجل کے کوئی شخص اسکو احاطہ نہیں کر سکتا۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ بات نہایت صحیح اور بالکل بدیہی ہے مگر اس زمانہ میں احمقوں کا ایک فرقہ ہے جو اپنے آپکو فلاسفہ سمجھتے ہیں حالانکہ اونکو فلسفہ میں سوائے اسکل کے کچھ بھی حاصل نہیں ہوا کاش ان لوگوں کو اتنی ہی سمجھ ہوتی جسقدر قدماء فلاسفہ رکھتے تھے حالانکہ انمیں اور ان زمین و آسمان کا تفاوت ہے ان موجودہ لوگوں نے تو فقط اسکل ہی پڑھنے کا فلسفہ نام رکھا ہے حالانکہ قدماء فلاسفہ کی نسبت تو نے دیکھا کہ امام رازی نے کسطرح اونکو خبطی بیان فرمایا پھر امام رازی نے نصیحت کی کہ جب یہاں کوئی عقلی قیاس کام نہیں دیتی ہے تو لا محالہ اسی حد تک اقتصار کرنا چاہیے جہانتک خالق عزوجل نے قرآن یا حدیث سے ہمکو آگاہ فرمایا۔ مترجم کہتا ہے کہ شایستہ آدمی کی تنبیہ کے لیے یہ فکر کافی ہے کہ زمین بہ نسبت آفتاب کے ایک مٹر ہی جو ایک مٹکے کے مقابلہ میں ہو حالانکہ آفتاب کے مانند اگر اس آسمان میں پھیلائے جاویں تو کروروں بیشمار ہوں پھر اس آسمان کے مقابلہ میں زمین کی کوئی نسبت باقی نہیں ہے اور فالق آسمان عزوجل نے آسمانوں کے محیط جو اجرام عرش و کرسی پیدا فرمائے اونکے مقابلہ میں آسمان ایک رائی سے کمتر ہے تو زمین کی نسبت کیونکر شمار ہو پھر یہ زمین جسپر ہم آباد ہیں اسکی نسبت سوائے اسکل و قیاسی باتوں کے تحقیقی و قطعی علم نہیں حاصل کر سکتے اگرچہ بعض اہل اسکل کے قیاسات اس امر کا شبہہ دلاتے ہیں کہ زمین مدور ہے لیکن کوئی قطعی دلیل نہیں ہو سکتی پس آسمان کی کیفیت و تعلقات کیونکر قائم کیے جاویں پھر واضح ہو کہ جسقدر میں اس مخلوقات سماوی کے مقابلہ میں رائی کا ہزارواں حصہ نہیں ٹھہرتی ہے تو انسان بے بنیاد اپنی ہستی کو ملحوظ رکھکے اور عظمت خالق عزوجل اپنے قلب میں مرکوز کرے بشرطیکہ قلب ضعیف اس تحمل کے لائق ہو اور یہ بھی فرمان الٰہی عزوجل ہے کہ اوسنے اس انسان ضعیف المخلوقت کو اپنی معرفت سے سرفراز فرمایا جو ان اجسام عظیمہ میں نہیں ہے لہذا انسان کی تسبیح کو اشرف قرار دیا اور زمین کے حیوانات کو اپنے نام پر اوسکی غذا کر دیا پھر واضح ہو کہ زمین کے بارہ میں حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے تفصیل ثابت نہیں ہے اور نہ اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم سے وارد ہے اور اسکا بھید یہ ہے کہ اصل مقصود علم معرفت و دار آخرت ہے حق تعالیٰ کا ذات و صفات سب کیفیت بھی ظاہر ہو جائیگی بخلاف اسکے اگر معرفت و آخرت سے گم رہا تو زمین کی کیفیت سے اوسکو کچھ فائدہ نہ ہوگا بلکہ ایسا اوقات اندیشہ ہے کہ انسان کی حالت میں بہت سے امور حق سے اندھا منکر ہو جاتا ہے ہاں بنی اسرائیل کی روایات میں البتہ کچھ حالات وارد ہوئے ہیں چنانچہ حضرت کعب احبار نامی جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر مسلمان ہوئے تھے دیگر اہل کتاب سے اسلامیوں نے بھی وہ روایات نقل کیں لیکن کعب احبار وغیرہم ہی یہ باتیں بیان کرتے ہیں جو اونکو اپنے یہاں کتابوں میں ملیں حالانکہ انمیں اسناد اتقان کا سلسلہ نہ تھا چنانچہ مقدمہ میں تصریح گذری لہذا احتمال ہے کہ یہ بیان بزبان انبیاء سابقین علیہم السلام ہو اور محتمل ہے کہ اسرائیلیوں میں سے کسی نے بنائی ہو لہذا ہم جزم نہیں کر سکتے مگر نقل کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا عرش پانی پر تھا اور پانی سے پہلے جو پیدا کیا اوسکے سوائے یہ مخلوقات پیدا نہیں فرمائی تھی پھر جب اس خلق کو پیدا کرنا چاہا تو پانی سے دھواں پیدا کیا وہ پانی کے اوپر بلند ہو گیا اسیواسطے سما اوسکا نام ہوا۔ مترجم کہتا ہے کہ یہی آسمان کا مادہ ہوا اور

بعض احادیث میں آیا کہ آسمان ایک موج مکفوف ہے۔ م۔ پھر اللہ تعالے نے پانی کو خشک کر دیا تو اسکو ایک بخار بنایا پھر اوسکو تہ بتہ پھاڑ کر سینچر و اتوار کے دو دن میں سات زمینیں بنایا پھر زمین کو مچھلی پر رکھا جسکا ذکر ن والقلم میں موجود ہے اور یہ مچھلی پانی میں ہے اور پانی پشت صفاۃ پر ہے اور صفاۃ پشت فرشتہ پر ہے اور فرشتہ ایک صخرہ پر ہے اور صخرہ مذکور ہوا میں ہے جو آسمان یا زمین میں نہیں ہے پھر مچھلی کی جنبش سے زمین کو اضطراب ہوا تو پہاڑوں سے اوسکو بوجھ دیدیا گیا اسی سے پہاڑ افتخار کرتے ہیں پھر زمین میں پہاڑوں کو پیدا کیا اور زمین والوں کی روزی اور درخت پیدا فرمائے اور جو کچھ اسکے واسطے سامان تھا یہ سب منگل و بدھ دو دن میں پیدا کیا پھر آسمان کی جانب قصد فرمایا حالانکہ وہ پانی کا دھواں تھا پس اوسکو ایک آسمان بنا کر تہ پھاڑ کر جمعرات و جمعہ دو دن میں سات آسمان بنائے اور عین جمعہ کے دن آسمان و زمین کی خلقت جمع ہوئی اور اللہ تعالے نے ہر آسمان میں اوسکے امور میں ملائکہ اور سمندر و جبال البر و دیگر اشیا جنکو اللہ تعالے ہی جانتا ہے پیدا فرمایا پھر آسمان دنیا کو کواکب سے مزین فرمایا کہ وہ آسمان کی زینت اور شیاطین سے حفظ ہیں پھر جب اپنی مشیت کے موافق پیدائش سے فارغ ہوا تو عرش پر استوا فرمایا۔ شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ یہاں ابن ابی حاتم و ابن مردویہ نے حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا کہ اللہ تعالے نے تراب سینچر کے روز پیدا کیا اور انوار کے روز اوسنے پہاڑ پیدا کیے اور دوشنبہ کے روز اوسنے درخت پیدا کیے اور مکروہات کو منگل کے روز اور نور کو بدھ کے روز پیدا کیا اور جمعرات کو جانور منتشر فرمائے اور آدم کو جمعہ کے روز بعد عصر کے جمعہ کی آخر ساعت میں جو عصر سے رات تک ہے پیدا کیا (رواہ مسلم و النسائی ایضا) شیخ نے کہا کہ یہ حدیث اگرچہ صحیح مسلم میں موجود ہے اور اسکے رواۃ ثقہ ہیں لیکن یہ حدیث غریب ہے چنانچہ حفاظ حدیث مانند علی ابن المدینی و بخاری وغیرہ نے اسکو کعب احبار کا کلام بیان کیا ہے اور ابوہریرہ رضی نے اسکو کعب احبار ہی سے لیا تھا لیکن اسناد کے بعض راویوں کو وہم ہو گیا تو انھوں نے ابوہریرہ رضؓ کا سننا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کر دیا چنانچہ بیہقی نے اسکو تحقیق اسانید کے ساتھ تحریر فرمایا ہے۔ (فائدہ) خلق لکم۔ میں افادہ ہے کہ سب جو کچھ زمین میں ہے وہ تمھارے نفع کے واسطے ہے اور اصح یہ ہے کہ کل چیزیں کسی نہ کسی نفع میں آتی ہیں حتی خاک و بالو بھی کام میں آتی ہے اور زہر بھی زخم کے کیڑے مارنے کے کام میں آتا ہے اور شراب بھی ایسے طور پر نافع ہے اگرچہ پینے میں بوجہ حرام ہونے کے اللہ تعالی اثر نہیں دیتا۔ چنانچہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالی نے جو چیز تم پر حرام فرمائی اوسمیں شفا نہیں رکھی ہے۔ (السنن) خانہ کعبہ مثل سفید انڈے کے آسمان سے پہلے پیدا ہوا ہے۔ عرائس میں اشارہ ہے کہ کل چیزوں میں نفع یہ ہے کہ سب امتحان و عبرت ہیں اور خالق عزوجل کی دلیل قدرت ہیں پس جو شخص انسے منفرد ہو کر خالق عزوجل پر بھروسا کرے وہ محقق واصل ہے چنانچہ ابن عطار نے فرمایا کہ خلق سب تیرے لیے ہے اور تو اللہ تعالے کے واسطے ہو اور جو شخص انمیں مشغول ہو کر حق تعالے سے غافل ہوا تو وہ مدعی کاذب ہے۔ بعض مشائخ بغداد نے کہا کہ ہر شخص پندہ نصیحت ہے تو ہر طرح کی نعمتیں عطا فرمائیں تاکہ اپنے منعم حقیقی کو پہچانیں شیخ ابن العربی نے کہا کہ عالم سفلی و علوی کی نظیر انسان ہے چنانچہ انسان میں عالم سفلی یہ جسم ہے اور عالم علوی مراتب روحانیات ہیں اور وہ سات ہیں اول ملکوت ارضیہ قوائے نفسانیہ جن ہے دوم عالم نفس سوم عالم قلب چہارم عالم عقل پنجم عالم سر ششم عالم روح ہفتم عالم خفا ہے واضح ہو کہ اللہ تعالے نے ملائکہ کو نور سے پیدا فرمایا پس ان میں کدورات مادیہ و خواہشات نفسانیہ نہیں ہیں لہذا وہ کھانے پینے وغیرہ کی خواہش سے پاک ہیں اور اونکے افعال میں سہو و خلل بھی ممکن نہیں ہے کیونکہ عقل خالص خطا نہیں کرتی اور خطا جب ہی ہوتی ہے کہ اوہام و خیالات ہجوم کر کے عقل پر پردہ کر لیں اسی واسطے اللہ تعالے نے فرمایا لا یعصون اللہ ما امرہم و یفعلون ما یومرون۔ یعنی ملائکہ ایسے بندے ہیں کہ جو اللہ تعالے نے حکم و یا آوے میں نافرمانی نہیں کرتے اور جو حکم دیا جاتا ہے وہی کرتے ہیں یعنے جب فرمایا کہ نافرمانی نہیں کرتے تو شبہہ ہوتا تھا کہ حکم ہی بجالاتے ہیں مگر ممکن ہے کہ بجالانے میں اونسے کام پورا نہ ہو تو نافرمانی نہونے کے باوجود کام پورا نہو اسپس تنبیہ کر دی کہ نہیں بلکہ ٹھیک وہی پورا ہوتا ہے جو حکم دیا گیا کیونکہ اون میں کوئی روک

نہیں ہی اور دوسری خلقت اللہ تعالے نے جانورون کو پیدا کیا جو محض شہوات و بے عقل ہین پس جمعہ کی آخری ساعت مین اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام کو کمال حکمت بالغہ سے جامع پیدا فرمایا کہ اسمین ملکیت و شہوت دونون جمع ہین پس اگر آدمی شہوت کی تبع کرے تو گناہ مین مبتلا ہوگا اور حد سے باہر ہو جائیگا لیکن ہادی عقل توبہ کرکے اوسکو اعتدال پر لاویگی یا حاکم شرع اوسکو انصاف سے سزا دیگا تو صفت غضب عدل و رحمت سبکا ظہور ہوگا پس اس سے ثابت ہے کہ شریعت عین حکم الٰہی ہی اور حاکم اوسکی فرمانبرداری کرتا ہی تو وہ نائب شرع و خلیفہ الٰہی ہی اور ظالم و مخالف مین سے اول صفت غضب اور دوم بصفت رحمت متصف ہوگیا لہذا اللہ تعالے نے جامع اسرار و معارف آیات کو نازل فرمایا

وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا

اور جب کہا تیرے رب نے فرشتون کو مجکو بنانا ہی زمین مین ایک نائب بولے کیا تو رکھے گا اسمین

مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاۗءَ ۚ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۭ قَالَ اِنِّيْٓ

جو شخص فساد کرے وہان اور کرے خون اور ہم پڑھتے ہین تیری خوبیان اور یاد کرتے تیری پاک ذات کو کہا مجکو

اَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

معلوم ہی جو تم نہین جانتے

شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ اس آیت مین آدمیون پر اللہ تعالی کا احسان ظاہر ہی کہ اللہ تعالی نے قبل ایجاد کے ملاء اعلی مین اوسکا ذکر فرمایا کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا۔ وَاِذْ قَالَ رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ ۔ یعنے اے محمد ذکر فرما اور اپنی قوم کو سنا کہ جب تیرے رب نے ملائکہ سے کہا کہ اِنِّيْ جَاعِلٌ فِي الْاَرْضِ خَلِيْفَةً ۔ مین زمین مین خلیفہ پیدا کرنیوالا ہون ۔ شیخ ابن ابی حاتم نے عبد الرحمن بن سابط سے مرسل روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کعبہ سے زمین بچھائی گئی اور پہلے جسنے زمین کا طواف کیا وہ ملائکہ ہین شیخ نے کہا کہ اسکی اسناد مین ضعف ہی۔ سدی نے اپنی تفسیر مین ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی کہ جب اللہ تعالی نے ملائکہ سے فرمایا کہ مین زمین مین خلیفہ بنانے والا ہون تو ملائکہ نے عرض کیا کہ ای رب یہ خلیفہ کیا ہوگا اللہ تعالی نے فرمایا کہ اوسکی ذریات ہونگے جو زمین مین باہم فساد و حسد کرینگے اور آپس مین ایک دوسرے کو قتل کرینگے۔ امام ابن جریر نے کہا کہ اس تاویل پر آیت کے معنے یہ ہونگے کہ مین اپنی جانب سے زمین مین ایک خلیفہ کرنے والا ہون جو میری مخلوق کے درمیان میرے حکم شریعت کے موافق عدل جاری کرنے مین میرا نائب ہو اور یہ آدم علیہ السلام و اونکی ذریات مین سے جو لوگ موافق شریعت کے عدل کے ساتھ حکم کرنے والے ہونگے یہ سب خلیفہ ہین اور رہا فساد و خونریزی کرنا تو یہ خلاف کے سوا سے دوسرے وقت واقع ہوا ہی۔ شیخ سعید ملی نے اسی تاویل کو اختیار کیا ہی لیکن امام ابن جریر نے بعد اسکے لکھا کہ آیت مین تو خلافت سے باہم آدمیون مین نسلاً بعد نسل قائم مقامی ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ثم جعلنا کم خلائف فی الارض من بعدہم ۔ یعنے ان امم ماضیہ کے بعد ہمنے زمین مین تمکو اونکا قائم مقام کیا اسی تفسیر کو امام شیخ ابن کثیر نے اختیار کیا بدلیل قولہ تعالی ۔ ہو الذی جعلکم خلائف الارض ۔ یعنے اللہ ہی ہی جسنے تمکو زمین مین خلیفہ بنایا ہے قولہ تعالی و یجعلکم خلفاء الارض ۔ یعنی اللہ ہی تمکو زمین مین خلفاء بناتا ہی ۔ و قولہ تعالی فخلف من بعدہم خلف ۔ یعنی پھر ان نیک لوگون کے قائم مقام بدکار لوگ ہوے۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ ایک گروہ مفسرین کے نزدیک اس مقام پر خلیفہ سے حضرت آدم مراد ہین۔ اور قرطبی نے اسکو حضرت ابن عباس و ابن مسعود و جمع مفسرین کا قول نقل کیا شیخ نے کہا کہ فقط آدم علیہ السلام کی خصوصیت نہین ہی کیونکہ اگر آدم علیہ السلام کی خصوصیت ہوتی تو آگے ملائکہ کا یہ قول ذکر فرمایا۔ قَالُوْٓا اَتَجْعَلُ فِيْهَا مَنْ يُّفْسِدُ فِيْهَا وَيَسْفِكُ الدِّمَاۗءَ ۔ ملائکہ کہنے لگے کہ کیا تو زمین مین ایسے شخص کو

پیدا کریگا جو وہان فساد کرے اور خون بہاوے ۔ ف ۔ پس یہ آدم علیہ السلام کے حق مین نہین ہوسکتا بلکہ یہ دوسرے لوگون کا فعل ہی تو ملائکہ کی مراد یہ ہی کہ اس جنس مین ایسے لوگ ہونگے جو زمین مین فساد پھیلاوین اور باہم خونریزی کرین ۔ حسن بصری قتادہ نے کہا کہ جب اللہ تعالی نے ملائکہ کو خبر دی تو انھون نے یہ سوال کیا ۔ اور تفسیر سدی مین مذکور ہو چکا کہ ملائکہ نے پہلے یہی دریافت کیا تھا کہ ایک شخص خلیفہ کیونکر ہوگا تو انکو بتلایا گیا کہ اوسکی ذریات باہمی حسد سے فساد و خونریزی کرینگی پس ملائکہ نے دو طور سے جانا ایک یہ کہ اللہ تعالے نے اونکو تصریح کے ساتھ آدمیون کا فساد و خونریزی بتلا دیا تھا اور دوم یہ کہ اونھون نے جنون پر قیاس کیا ۔ چنانچہ مجاہد نے عبداللہ بن عمرو سے روایت کی کہ آدم سے دو ہزار برس پہلے بنو الجان زمین مین بسائے گئے پس اونھون نے فساد و خونریزی کی تو اللہ تعالے نے ملائکہ مین سے ایک گروہ بھیجا جنھون نے اونکو مارا یہانتک کہ سمندرون کے جزیرون مین پہونچایا (ابن ابی حاتم) ابو العالیہ نے کہا کہ یہین سے ملائکہ کہنے لگے کہ جیسے جنون نے فساد و خونریزی کی اسیطرح یہ خلیفہ ہوگا یعنے ہمارے جنون کے اوسکا قائم مقام ہوکر فساد و خونریزی کریگا تو جنون کے مطرود کرنے مین اور اسکے قائم کرنے مین کیا مصلحت ہی ۔ شیخ نے کہا کہ شاید اونھون نے خلیفہ کی لفظ سے بھی یہ معنی نکالے ہون یعنے ترجمہ کہتا ہی کہ یہ اوسوقت ہوسکتا ہی کہ خلافت سے مراد حکومت عدل کی نیابت ہو پھر شیخ نے کہا کہ یہ قول ملائکہ بطور اعتراض نہ تھا اور نہ ہی آدم کے ساتھ حسد تھا جیسا کہ بعضے مفسرین نے وہم کیا ہی کیونکہ ملائکہ کی شان سے یہ دونون بد اخلاق بنص قرآنی دور ہین بلکہ اجازت الٰہی عزوجل کا اشارہ پاکر اونھون نے اس حکمت کو دریافت کیا ۔ مترجم کہتا ہی کہ حاصل یہ نکلا کہ پہلے جن آباد کیے گئے پھر جب اونھون نے فساد و خونریزی کی تو ملائکہ کو بھیجکر نکلوا دیے گئے پھر ملائکہ کو آگاہ کیا گیا کہ دوسرا خلیفہ پیدا کیا جائیگا جسکی ذریات باہم فساد و خونریزی کریگی تو ملائکہ کو ظاہر ہوا کہ جب فساد و خونریزی ہی کرنے والے زمین مین رہے تو جنون کے نکال دینے مین کیا حکمت تھی کہ اونکے قائم مقام خلیفہ رکھا جائیگا جو اوسیطرح فساد و خونریزی کرے ۔ وَنَحْنُ نُسَبِّحُ بِحَمْدِكَ وَنُقَدِّسُ لَكَ ۔ اور حال یہ کہ ہم بندے تیری حمد کے ساتھ تسبیح کرتے اور تیرے واسطے تقدیس کرتے ہین ۔ ف ۔ یعنے عبادت کے واسطے ہم لوگ کافی ہین تو اس مخلوق مفسد مین کیا حکمت ہی ۔ علماء نے کہا کہ ملائکہ نے جب ویسے کہا گیا کہ اوسکی ذریات باہم حسد و خونریزی کرینگی تو اسکو عموم پر محمول کر لیا گویا جنون کیطرح یہ بھی سب کے سب فسادی ہونگے اور ملائکہ نے ظہور آثار کو نہین جانا کیونکہ جنون مین عاجزی و فروتنی نہین ہی کیونکہ حدیث سے ثابت ہی کہ جنون کی پیدائش آتشی نسب سے ہوئی ہی و قولہ تعالے ۔ وخلق الجان من مارج من نار ۔ اسپر نص صریح ہی حالانکہ محل حجت و لوگ ہین جو جناب الٰہی مین عاجز ہین چنانچہ حدیث مین جہنم و جنت کے عرض حال مین آیا کہ جنت نے عرض کیا کہ میری کیا حالت ہی کہ مجھ مین ضعفاء و مساکین داخل ہونگے تو ارشاد ہوا کہ تو میری رحمت ہی تیرے ساتھ اپنے بندون مین سے جسپر چاہونگا رحمت کرونگا (کما فی الصحیح) پس قابل رحمت یہی مسکنت ہی جو انسانی جسم خاکی کے لوازم سے ہی پس ان مین عموم فساد نہ تھا اور ظہور رحمت کے آثار تھے لہذا اللہ تعالی نے ملائکہ کو جواب ارشاد ہوا یہ ہی ۔ قَالَ إِنِّي أَعْلَمُ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۔ اللہ تعالے نے فرمایا کہ جو کچھ مین جانتا ہون وہ تم نہین جانتے ہو ۔ ف ۔ شیخ ابن کثیر نے لکھا یعنے اس خلافت مین جو اسرار حکمت ہی میرے سوائے تم نہین جانتے ہو از انجملہ یہ ہی کہ ان مین اللہ تعالے نے انبیاء و صدیقین و شہداء و صالحین پیدا کیے جنمین عابدین و زاہدین و ابرار و اولیاء و مقربین و علماء عاملین و بندگان خاضعین و محبین ظاہر فرمائے ۔ حدیث مین آیا ہی کہ صبح و عصر کو جو ملائکہ باری سے آتے جاتے ہین جب وہ اعمال صالحہ پہونچاتے ہین تو رب عزوجل دریافت فرماتا ہی کہ تمنے میرے بندون کو کس حال مین چھوڑا حالانکہ اللہ تعالی خوب جانتا ہی تو ملائکہ عرض کرتے ہین کہ جب ہم اونکے یہان گئے تھے تب بھی وہ نماز پڑھتے تھے اور جب ہم آئے تب بھی اونکو نماز پڑھتے چھوڑ آئے ہین ۔ (الصحیح) یہ بھی

گویا اوس جواب کی حکمت ہی ۔ اور حضرت قتادہ رح نے فرمایا کہ ہمسے بیان کیا گیا کہ حضرت ابن عباسؓ کہتے تھے کہ جب اللہ تعالے نے آدم ع کو پیدا کرنا چاہا تو اس سے پہلے ملائکہ نے آپسمین کہا تھا کہ اللہ تعالی کسی مخلوق کو ہمسے زیادہ بزرگ و عالم نہین پیدا فرمائیگا پس آدمؑ کو پیدا کرکے اونکو مطلع کیا اور عالم مین جس جس مخلوق کو دیکھو وہ مبتلاے امتحان ہی چنانچہ آسمان و زمین کے واسطے بھی فرمایا ائتیا طوعا او کرہا قالتا آتینا طائعین ۔ یعنے تم دونون بخوشی خاطر یا ناگواری حاضر ہو ان دونون نے عرض کیا ہم دونون بخوشی خاطر تیری فرمانبرداری مین حاضر ہین (ابن جریر وغیرہ) گویا ملائکہ نے تسبیح بحمدک و نقدس لک سے اپنی تسبیح و تقدیس کو جامع و اشرف خیال کیا تھا ۔ عبد الرزاق نے قتادہ رح سے روایت کی کہ تسبیح تو یہی سبحان اللہ و بحمدہ ہی اور تقدیس سے نماز مراد ہی یہی سدی نے اپنی تفسیر مین ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کیا ۔ اور حدیث ابو ذر رض مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ زبان سے کون بات بولنا افضل ہی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہی کلمہ جسکو اللہ تعالے نے اپنے ملائکہ کے واسطے پسند فرمایا وہ سبحان اللہ و بحمدہ ہی (صحیح مسلم) ۔ مترجم کہتا ہی کہ اس حدیث سے صرف اتنا ثابت ہوا کہ اللہ تعالے نے اس کلمہ پاک سے ملائکہ کو تسبیح کی ہدایت فرمائی لیکن یہ سمجھنا چاہیے کہ جب ملائکہ نے اس کلمہ سے تسبیح کی اور جب انبیاء علیہم السلام نے اس کلمہ سے تسبیح کی تو کلمہ واحد ہی اور تسبیح کرنا دونون مین سے کسکا افضل ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ بیشک اوسکی تسبیح افضل ہوگی جو معرفت صفات مین افضل ہو اور شک نہین کہ ملائکہ جامع صفات رحمت ہین اور انبیاء علیہم السلام جامع صفات جمیع ہین تو جمیع صفات کے حمد و تسبیح بہ نسبت بعض کے افضل حتی کہ یہ محبوب تسبیح اونکو جنت مین بھی الہام ہوگی یعنی بجاے سانس کے تسبیح ہوگی ۔ حدیث مین ہی کہ کسی شخص کو مدح اسقدر محبوب نہین ہی جسقدر اللہ تعالی کو محبوب ہی اسواسطے بندون کو اپنی حمد کا حکم دیا (الصحیح) عبد الرحمن ابن قرظ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شب معراج مین ملائکہ کی تسبیح بلند آسمانون مین سبحان العلی الاعلی سبحانہ و تعالی سنتے تھے (بیہقی) (مسئلہ) قرطبی وغیرہ نے اس آیت سے استدلال کیا کہ خلیفہ مقرر کرنا واجب ہی تاکہ لوگون کے اختلافات و تنازع مین فیصلہ کرے اور مظلوم کی مدد کرکے ظالم سے انصاف لے اور زنا کار وغیرہ پر حدود قائم کرے اور جو لوگ فواحش کے مرتکب ہوتے ہین اونکو سزاے تعزیر سے زجر کرے اور ہر فنی وغیرہ کو روکے اور اسیطرح جمعہ و اعیاد قائم کرے کیونکہ جب ان امور مہمہ کا قائم کرنا واجب ہی حالانکہ انکا قیام بذریعہ امام ہوتا ہی تو امام مقرر کرنا بھی واجب ہوا پھر امامت کبھی بذریعہ تصریح حاصل ہوتی ہی جیسے ایک جماعت اہل سنت نے کہا کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو صریح خلیفہ کیا گیا تھا اور دوسرے گروہ نے کہا کہ خلیفہ بنانے کا اشارہ کیا گیا تھا اسیطرح اگر ایک خلیفہ نے اپنی وفات کے وقت دوسرے کو خلیفہ کیا تو وہ خلیفہ ہو جائیگا جیسے حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کو خلیفہ کیا اسیطرح اگر جماعت صالحین کی مشورت پر خلافت رکھی تو وہ جسکو خلیفہ کرین وہ خلیفہ ہو جائیگا جیسے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے افاضل صحابہ مین سے چھ آدمیون کے مشورہ پر خلافت چھوڑی اور اونھون نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو خلیفہ کیا اسیطرح اگر اہل حل و عقد کسی شخص کے ہاتھ پر بیعت کرنے کے لیے متفق ہوے تو جمہور پر بیعت لازم ہی حتی کہ امام الحرمین نے اسپر اجماع نقل کیا اسیطرح اگر کسی شخص نے بزور شمشیر سلطنت حاصل کی تو احکام شریعت مین اوسکی اتباع لازم ہی تاکہ جماعت اسلام مین شقاق و نفاق نہو پھر امام مین چند صفات ہین چنانچہ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ مذکر آزاد عاقل بالغ مسلمان عادل مجتہد آنکھون سے دیکھنے والا اعضا مین تندرست اور لڑائی کے ڈھنگ سے واقف ہو اور جب اختیار سے مقرر کیا جاے تو قریشی ہونا چاہیے اور مترجم نے مقدمہ عین الہدایہ مین توضیح کے ساتھ بیان کیا ہی شیخ نے لکھا کہ قریش مین سے بنی ہاشم کی اولاد ہونا شرط نہین ہی اور خطا سے معصوم ہونا بھی شرط نہین ہی اور اسمین شیعہ بھی متفق ہین لیکن یہ رافضی مخالفت کرتے ہین ۔ مترجم کہتا ہی عجب ہی کہ ان لوگون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے صرف

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حیات تک رکھا اور آپکے بعد اپنے زعم مین تجویز کیا کہ اوسکا نام ہی نام رہگیا اور وہ دنیا سے مٹ گئی تاکہ مجوس و یہود و نصاری و بودھ و ہنود وغیرہ مین سے جو شخص انکے دھوکے مین آیا وہ قیامت تک گمراہ رہا اسکا بیان یہ ہے کہ بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جسنے امام شریعت تلاش کیا اوسنے روافض کے زعم کے موافق نہین پایا کیونکہ آپکے بعد حضرت ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ غیر معصوم بلکہ روافض کے زعم کے موافق خطاوار تھے اسیطرح بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھی کوئی امام نہین گذرا جو لشکر جہاد کا پیشوا اور سلطنت کی صفات رکھتا ہو بلکہ بعض روافض نے یہانتک غلو کیا کہ ایک شخص امام مہدی پیدا ہوے جو دشمنون کے خوف سے قرآن شریف کو لیکر غار سرمن رائے مین چلے گئے تو کتاب آسمانی بھی گم ہوئی پس اقوام مشرکین مین سے نہ کسی نے امام شریعت پایا اور نہ کتاب الٰہی پائی حالانکہ شریعت موسی و عیسی علیہما السلام مدت تک قائم رہی حتی کہ قرآن مجید مین اللہ تعالے نے بنی اسرائیل پر اپنا یہ احسان ظاہر فرمایا بقولہ تعالے۔ وآتینا ہم ملکا عظیما۔ اور بقولہ تعالے۔ اذ جعل فیکم انبیاء الآیۃ۔ یعنے حضرت موسیٰ نے بنی اسرائیل کو اللہ تعالے کا احسان یاد دلایا کہ اوسنے تم مین انبیا پیدا کیے اور تمکو سلاطین بنایا۔ حالانکہ روافض نے اپنی حماقت سے جو عین وسوسۂ شیطانی ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کو اور کتاب الٰہی کو گم کر دیا نعوذ باللہ من ذلک (مسئلہ) اگر اقالیم وسیعہ ہون تو ہر ایک مین جدا جدا امام جائز ہے یا نہین اسکے جواب مین علمانے تردد کیا اور ابو اسحٰق سرخ کے نزدیک وسعت اقلیم کی صورت مین جائز ہے شیخ ابن کثیر نے کہا کہ جیسے ایک وقت مین بغداد مین خلفاے عباسیہ تھے اور مصر مین خلفاے بنی فاطمہ تھے اور قرطبہ و اندلس مین خلفاے بنی امیہ تھے (فائدہ) جب اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام کا بعد جسم بنانے کے روح پھونک کر زندہ کیا تو ملائکہ کو سجدہ کا حکم دیا پس سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے جسکو ملعون کرکے نکال دیا گیا چنانچہ اوسکا بیان آیندہ انشاء اللہ تعالے آویگا۔

وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ

اور سکھلائے آدم کو نام سارے پھر وہ دکھلائے فرشتون کو کہا بتاؤ مجکو نام

هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ قَالُوْا سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ۭ اِنَّكَ

انکے اگر ہو تم سچے بولے تو سب سے نرالا ہے ہمکو معلوم نہین مگر جتنا تو نے سکھایا تو ہی ہے

اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۝ قَالَ يٰٓاٰدَمُ اَنْۢبِئْهُمْ بِاَسْمَآئِهِمْ ۚ فَلَمَّآ اَنْۢبَاَهُمْ

اصل دانا پختہ کار کہا اے آدم بتادے انکو نام اوسکے پھر جب وہ سنے بتادیے

بِاَسْمَآئِهِمْ ۙ قَالَ اَلَمْ اَقُلْ لَّكُمْ اِنِّيْٓ اَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۙ وَاَعْلَمُ

نام اوسکے کہا مین نے نہ کہا تھا تمکو مجکو معلوم ہین پوشیدے آسمان اور زمین کے اور معلوم ہے

مَا تُبْدُوْنَ وَمَا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝

جو تم ظاہر کرو اور جو چھپاتے ہو

شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ ان آیات مین اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام کی شرافت جس سے ملائکہ پر فضیلت حاصل ہو بیان فرمائی بذریعہ علم یعنے علم سے آدم علیہ السلام کو ملائکہ پر شرف عطا کیا۔ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ كُلَّهَا۔ اور آدم کو اسماء سکھائے سب کے سب نف اور یہ ملائکہ سے سجدہ کرانے کے بعد واقع ہوا۔ ابن عباس رضی نے کہا کہ یہ اسماء یہی ہین جو لوگون مین متعارف ہین یا اللہ انسان چوپایہ زمین و آسمان کو وہ

میدان وخشکی وتری وگھوڑا وگدھا وغیرہ یہ روایت ضحاک ہی اور سعید بن مسیب کی روایت ابن عباس رضی اللہ عنہ مین دیگ و ہانڈی وپیالا وغیرہ کا نام بھی مذکور ہی (ابن ابی حاتم وابن جریر) حضرت مجاہد وسعید بن جبیر وقتادہ وغیرہ سلف صالحین نے بھی کہا کہ ہر چیز کا نام سکھلایا۔ ربیع بن انس رح نے فرمایا کہ ملائکہ کے نام بھی سکھلائے۔ اور حمید شامی رح نے فرمایا کہ ستارون کے نام بھی سکھلائے یعنے زہرہ مریخ مشتری وغیرہ۔ اور شیخ ابن جریر رح نے اختیار فرمایا کہ حضرت آدم علیہ السلام کو اونکی ذریات وملائکہ وغیرہ سب کے نام سکھلائے تھے اور اسمین حکمت یہ تھی کہ اس خلیفہ کو پیدا کرنے مین ملائکہ پر اپنے بعض علم وقدرت کا اظہار فرماوے جو کہتے تھے کہ ہمسے بڑھکر علم والا اللہ تعالے نہین پیدا فرماویگا پس آدم علیہ السلام کو کل اسماء سکھلائے یعنے کل اشیاء جو آدم علیہ السلام سے پہلے پیدا ہوچکی تھین یا ہونے والی تھین سب کی ذات وصفات وافعال صغیر وکبیر سب پیش کرکے سکھلائے شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ یہی صحیح ہی۔ ثُمَّ عَرَضَهُمْ عَلَى الْمَلٰٓئِكَةِ - پھر ان لوگون کو ملائکہ پر پیش کیا ف یعنے حضرت آدم علیہ السلام کی ذریات انبیاء وغیرہم کو مع دیگر اشیاء کے جو انسان کی منفعت کے واسطے مخلوق ہین سب کو پیش کیا اسپر واسطے حضرت ابی بن کعب رض کی قراءۃ مین۔ ثم عرضها علی الملائکۃ آیا ہی یعنے ان اشیا کو ملائکہ پر پیش کیا لیکن متواتر قراءۃ مین یہ لطافت ہی کہ پہلے تو جمیع اسماء سے کل اشیاء کا علم آیا پھر ملائکہ پر پیش کرنے مین اہل عقل کی شرافت اظہار فرمائی گئی کہ۔ عرضهم۔ مین انھین کی جانب ضمیر راجع ہی تاکہ دیگر اشیا انکے تابع معلوم ہون الحاصل پہلے حضرت آدم کو صورت حقیقی ومثالی سے تمام مخلوقات کے نام بتلائے پھر ان مخلوقات کو ملائکہ پر پیش کیا چنانچہ عبد الرزاق نے قتادہ سے اور سدی نے حضرت ابن عباس وابن مسعود وایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی کہ آدم علیہ السلام کو سب مخلوق کے نام سکھلاکر ان مخلوقات کو ملائکہ پر پیش کیا۔ فَقَالَ اَنْۢبِـُٔوْنِيْ بِاَسْمَآءِ هٰٓؤُلَآءِ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ - پھر ملائکہ کو فرمایا کہ تم ان کے نامون سے مجھے آگاہ کرو اگر تم سچے ہو ف حسن وقتادہ رح نے کہا یعنے اگر تم اس بات مین سچے ہو کہ اللہ تعالے سے بڑھکر علم والا نہین پیدا کریگا تو تم اپنے علم سے ان چیزون کی ذات وخواص وافعال بیان کرو۔ مترجم کہتا ہی کہ ملائکہ کا مقولہ مذکور نہین ہی لیکن بلاغت کلام سے سمجھا جاتا ہی اور کلام الٰہی موجز ومعجز ہی۔ اسپر واسطے ضحاک نے ابن عباس رض سے روایت کی یعنے اگر تم اس بات مین سچے ہو کہ اللہ تعالے زمین مین خلیفہ نہین پیدا کریگا بلکہ اس سے بہتر وہ روایت ہی جو سدی نے ابن عباس وابن مسعود وایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی کہ معنے یہ ہین کہ تم ان لوگون کے نام بتاؤ اگر تم اس بات مین سچے ہو کہ اولاد آدم سب کے سب زمین مین فساد وخونریزی کرینگے۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ عمدہ تفسیر ہی کیونکہ ملائکہ نے اپنی تسبیح وتقدیس کا ذکر کیا اور بنی آدم کی نسبت کلیہ فساد وخونریزی کا گمان کیا حالانکہ اگر ان مخلوقات کو جانتے اور اونکے خواص وافعال کو پہچانتے تو اونکو معلوم ہوتا کہ تسبیح وتقدیس انبیاء واولیاء علیہم السلام مظہر جامع صفات ہی اسپر واسطے صحیحین وغیرہ کی احادیث صحاح مین وارد ہی کہ صالحین کی قراءۃ قرآن وتسبیح الٰہی عزوجل کی مجلس مین ملائکہ کمال خوشی سے اپنی مراد حاصل کرنے کو آتے ہین حتی کہ حضرت اسید بن حضیر وثابت بن قیس بن شماس رضی اللہ عنہما کی تلاوت تہجد مین ملائکہ السکینہ مثل پارہ ابر کے جسمین شمعہا سے کافوری روشن ہون بغرض استماع قراءت کے یہانتک قریب ہوے کہ لوگون نے معائنہ کیا اگرچہ اونھون نے یہ نہین جانا کہ یہ کیا چیز ہی حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو آگاہ فرمایا حتی کہ اسید بن حضیر رض کو فرمایا کہ اگر تو گھبراکر تلاوت کو منقطع نکرتا جسکے بعد وہ بلند ہوکر غائب ہوگئے تو برابر صبح تک ساکن رہتے یہانتک کہ لوگ اونکو دیکھتے اس سے ملائکہ کا استغراق ظاہر ہی اور مجمع البحار مین ذکر کیا کہ ملائکہ کو فضیلت تلاوت حاصل نہین ہی شیخ ابن جریر رح نے بھی اسی تفسیر کو پسند کیا اور کہا کہ ملائکہ کو ارشاد ہوا کہ انکے نام بتلاؤ اگر تم سچے ہو کہ اگر مین نے تمہارے سوائے دوسرے کو زمین مین خلیفہ کیا تو اوسکی ذریت مین فساد وخونریزی ہوگی پھر جب تم ان چیزون کے خواص وافعال ہی نہین جانتے ہو جو تمہارے سامنے موجود ہین تو پھر جو چیزین آئندہ موجود ہونگی اونکو بدرجۂ اولی

نہین جانوگے ۔ مترجم کہتا ہی کہ جو چیزین موجود ہین جیسے انکے افعال وخواص ہی سے آگاہی ہونیکے استعمال اور قضایا کیونکر موافق شریعت کے قائم کر سکتے ہین
قَالُوْا سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ۔ ملائکہ عرض کرنے لگے کہ تیری ہی شان پاک ہی ہمکو تو کچھ علم نہین سوائے اسکے جو تونے ہمکو سکھلایا البتہ تو ہی علیم حکیم ہی ف ملائکہ نے اوپکے ساتھ پہلے تسبیح کہی جس سے معلوم ہوا کہ ہر عیب نقص جناب باری عزاسمہ سے دور ہی اور اوسکی شان سراسر خوبی وکمال ہی اور جب اللہ تعالے ہی کسی مخلوق مین علم پیدا کرنا چاہتا ہی تو وہ بیشک جان جاتا ہی جسقدر پیدا کیا اور اوسکے سوائے کچھ نہین جانتا ہی پس ملائکہ و دیگر بزرگ مخلوقات کسی مین یہ قدرت نہین کہ اپنے آپ کسی بات کو جان لیں بلکہ اوسمین علم پیدا کر دینا فقط فعل آلہی عزوجل ہی اسیواسطے حضرت داؤد سلیمان علیہما السلام جب بکریون کے مقدمہ کا فیصلہ کرتے تھے یایا ۔ ففہمناہا سلیمان الآیۃ ۔ یعنے اس واقعہ کی سمجھ ہمنے سلیمان مین پیدا کردی (مسئلہ) کسی بندہ کے واسطے ممکن نہین کہ کسی بات کا علم جب چاہے حاصل کرلے کیونکہ سوائے اللہ تعالے کے فہم وعلم کا پیدا کرنے والا کوئی نہین یہی معنے ہین کہ علم غیب سوائے اللہ تعالے کے کوئی نہین جانتا ہی لیکن انبیا علیہم السلام مین جہانتک علم پیدا کردیا وہ بہت کثیر ہی اگرچہ باہم انبیا علیہم السلام مین مراتب ہین اور اگر خضر پیغمبر نہون تو یہ بھی ثابت ہوگا کہ سوائے پیغمبر کے بعض آدمیون مین ایسا علم پیدا کرتا ہی جو پیغمبر مین نہین ہوتا مگر اس سے خضر رضی اللہ عنہ کی فضیلت حضرت موسی علیہ السلام پر ظاہر نہین ہوتی ہی کیونکہ کمالات تو معارف آلہیہ ہین اور یہ جو خضر رضی اللہ عنہ کو حاصل تھا وہ دنیاوی چیزون مین فعل آلہی جاری ہونیکا علم تھا حالانکہ علم صفات ومشاہدہ ذات اعلی واجل ہی جیسے سلیمان علیہ السلام کو مراتب نبوت کے کمالات تھے مگر تخت بلقیس اٹھالانے کا کام ایک جنی سے لیا گیا جیسے عفریتون سے محاریب وتماثیل ومکانات وقصور عجیب عجیب بنانیکا کام لیا جاتا تھا (فائدہ) ملائکہ نے علیم وحکیم ہونا جناب باری تعالے مین منحصر رکھا اور اوسمین تنبیہ ہی کہ حکمت آلہی عزوجل کو سوائے اوسکے کوئی نہین جان سکتا کیونکہ جاننا خود کسی مخلوق کے اختیار ہی مین نہین ہی تو وہ جب اپنی ماہیت ہی نہین جانتا ہی تو پہ انتہا حکمت آلہی کیونکر پہچان سکتا ہی پس جن جاہلون نے حکم لگایا کہ اگر اللہ تعالے ایسا کرے تو عدل ہی اور ویسا کرے تو ظلم ہی یہ محض جہالت ہی اسواسطے کہ جب وہ حکمت نہین جانتا اور نہ اسکا جاننا ممکن ہی تو یہ حکم لگانا جہالت ہی (مسئلہ دقیقہ) آدمی جن محالات کا تصور کرتا ہی مثلاً باری تعالے کا مثل وغیرذالک تو شامت بیہودگی سے مثل افعال خبیثہ کے اوسمین یہ صورت پیدا کر دیجاتی ہی کیونکہ وہ کسی فعل آلہی کی ماہیت سے واقف ہی نہین ہوسکتا تو صفات وذات اعلی واجل ہین اور محض ممنوع ہی کہ وہان ایسے خیالات آوین واللہ علی کل شئی قدیر ۔ نص محکم ہی والحمد للہ رب العالمین ۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ اکابر اصحاب کے واسطے مجلس علم منعقد فرماتے تھے تاکہ تابعین اسرار معارف سے آگاہ ہون ۔ ابن ابی حاتم نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ ایک دن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت علی و دیگر اصحاب رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ ہمنے لا الہ الا اللہ پہچانا پس سبحان اللہ کیا ہی تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اس کلمہ کو اللہ تعالے نے اپنی ذات پاک کے واسطے پسند فرمایا اور اسکا کہنا محبوب کر دیا ۔ مترجم کہتا ہی کہ اس لطیفہ مین اشارات ہین کہ الوہیت جب کہ ذات باری عزاسمہ مین منحصر ہی تو کسی نقص کو وہان گنجایش نہین ہی چنانچہ قاتل نفس مذموم ہی حالانکہ خود فرمایا ۔ ان ہلک المسیح وامہ ومن فی الارض جمیعا الآیۃ ۔ یعنے اللہ تعالے کے واسطے کون مانع ہی اگر وہ چاہے کہ عیسی مسیح واوسکی مان اور تمام زمین والون کو ہلاک کردے ۔ ھ ۔ پس اوسکی شان اعلی واجل مین کسی فعل کی نسبت ظلم یا نقص کہنے کی گنجایش ہی نہین ہی کیا نہین جانتے ہو کہ اوسکو مخلوق سے کوئی مشابہت نہین ہی لہذا فرمایا ۔ لا یسئل عما یفعل وہم یسئلون ۔ یعنے اللہ تعالے جو کچھ کرے اوس سے پوچھ گچھ نہین ہوسکتی اور یہ بندے ہی ہین جو پوچھے جائینگے ۔ الحاصل جب ملائکہ یہ اشیا پیش ہوئین اور اونھون نے اونکے نامون سے اپنی نادانی کا اقرار کیا اور اصل علم جناب باری عزاسمہ کے واسطے

خاص کیا یعنے خلیفہ پیدا کرنے مین جو حکمت ہو وہ بیشک اللہ تعالے ہی جانتا ہی اور ہم لوگ نہین جانتے تو اللہ تعالے نے حضرت آدم علیہ السلام کی لیاقت ظاہر فرمائی۔ قَالَ يَا آدَمُ أَنبِئْهُم بِأَسْمَائِهِمْ۔ اللہ تعالے نے فرمایا کہ اے آدم انکو انکے نامون سے آگاہ کر۔ اسمین احتمال ہی کہ فقط ملائکہ کو انھین کے نامون سے آگاہ کیا اور یہ بھی احتمال ہی کہ یہ معنے ہون کہ اے آدم ان ملائکہ کو ان سب مخلوقات کے نام سے آگاہ کر و علی ہذا اہل عقل کے واسطے ضمیر مذکور ہی اور غیر عاقل کے تابع ہین اور یہی راجح ہی۔ چنانچہ زید بن اسلم رحمہ نے فرمایا کہ حضرت آدم علیہ السلام نے سب کے نام بتلانے شروع کیے چنانچہ فرمایا کہ تو جبرئیل ہی اور تو میکائیل ہی اور تو اسرافیل ہی حتی کہ تمام اسماء بتلائے یہانتک کہ حقیر چیزون مانند کوے وغیرہ تک بیان کیے۔ اور یہی مجاہد و سعید بن جبیر و حسن و قتادہ سے مروی ہی۔ فَلَمَّا أَنبَأَهُم بِأَسْمَائِهِمْ پھر جب آدم نے ملائکہ کو انکے نامون سے آگاہ کیا ف اور ملائکہ پر آدم علیہ السلام کی فضیلت ظاہر ہو گئی تو اللہ تعالے نے ملائکہ کو خطاب کیا۔ قَالَ أَلَمْ أَقُل لَّكُمْ إِنِّي أَعْلَمُ غَيْبَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَأَعْلَمُ مَا تُبْدُونَ وَمَا كُنتُمْ تَكْتُمُونَ ۝ فرمایا کہ کیا مین نے تمسے نہین کہا تھا کہ مین ہی خوب جانتا ہون غیب سموات و ارض کو اور خوب جانتا ہون جو تم ظاہر کرتے اور جو چھپاتے ہو ف یعنے مین نے تمسے پہلے ظاہر کر دیا تھا کہ غیب ظاہر و خفی سوائے میرے کوئی نہین جانتا ہی۔ ابن عباس رض سے روایت ہی کہ ملائکہ کو اشارہ ہوا کہ تمھارا ظاہر بھی مجھے معلوم ہی اور تمھارے باطن مین جو ابلیس نے چھپایا وہ بھی معلوم ہی۔ ابن جریر رحمہ نے کہا کہ یہ کبر و غرور اگرچہ ملائکہ خود الی مین نہین تھا بلکہ فقط ابلیس مین تھا لیکن جب کوئی قوم مجموعہ ہوتی ہی تو انمین سے بعض کا فعل سب کی جانب مبہم کیا جاتا ہی مثلاً کہتے ہین کہ یہ لشکر بہت تجربہ کار ہی کہ لڑا کھڑا اور مرا و مارا و بھاگا و بھگایا ہوا ہی حالانکہ کل لشکر نہین مرا اسیطرح اس گروہ ملائکہ مین بھی صرف ابلیس ہی نے چھپایا تھا مگر مجمل نسبت فرمایا اور یہی تفسیر سدی مین ابن عباس و ابن مسعود و جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے مذکور ہی کہ جو انھون نے اظہار کیا وہ یہ قول ہی کہ کیونکر ایسا خلیفہ بنایا جائیگا جو فساد و خونریزی کریگا اور جو کچھ انھون نے پوشیدہ کیا اوس سے وہ کبر و غرور مراد ہی جو ابلیس کے دل مین تھا۔ یہی قول سعید بن جبیر و مجاہد و سدی و ضحاک و سفیان ثوری سے منقول ہی اور اسیکو ابن جریر رحمہ نے اختیار کیا۔ ابو العالیہ اور ربیع بن انس و حسن و قتادہ نے کہا کہ جو کچھ ملائکہ نے ظاہر کیا وہ یہی تھا کہ ہم لوگ تسبیح و تقدیس کرتے ہین پھر کیا حکمت ہی کہ ایسی مخلوق خلیفہ ہو جو فساد و خونریزی کریگی اور جو کچھ انھون نے چھپایا وہ یہ قول تھا کہ ہمسے زیادہ عالم و بزرگ کوئی مخلوق نہوگی پھر ملائکہ نے جان لیا کہ اللہ تعالے نے علمیت و کرامت مین آدم کو فرشتون پر فضیلت دی ہی۔ ابن جریر رحمہ نے عبد الرحمن بن زید بن اسلم سے اس قصہ مین روایت کی کہ پھر اللہ تعالے نے ملائکہ کو فرمایا کہ جیسے تم لوگون کو ان اشیاء کے نامون سے علم نہین ہی یون ہی تم خلافت انسانی کی حکمت نہین جانتے ہو اور مین نے تو انکو زمین مین خلیفہ کیا تاکہ بعض فرمان بردار و بعض نافرمان ہون اور سابق علم الٰہی مین جاری ہو چکا کہ وہ جہنم کو جن و انسان سے بھریگا لیکن ملائکہ بیچارے اس علم کو نہین جان سکتے تھے لیکن جب انھون نے آثار سے دیکھ لیا کہ اللہ تعالے نے آدم کو علم و فضیلت عطا فرمائی ہی تو خلافت مین قدرتی حکمت کا اقرار کیا (ملخص ابن کثیر رح)

وَإِذْ قُلْنَا لِلْمَلَائِكَةِ اسْجُدُوا لِآدَمَ فَسَجَدُوا إِلَّا إِبْلِيسَ ط أَبَىٰ وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ

اور جب ہمنے کہا فرشتون کو سجدہ کرو آدم کو تو سجدہ کر پڑے مگر ابلیس نے قبول نکیا اور تکبر کیا اور وہ تھا

مِنَ الْكَافِرِينَ ۝

منکرون مین کا۔

شیخ ابن کثیر رحمہ نے لکھا کہ اس آیت کریمہ مین ایک نعمت عظیمہ کا بیان ہی جو اللہ تعالے نے حضرت آدم اور اونکی اولاد پر مبذول فرمائی ہی چنانچہ آگاہ

فرمایا - وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ - اور بیان کر دے ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم وہ احسان جب ہمنے ملائکہ سے کہا کہ تم لوگ آدم کے واسطے سجدہ کرو - ف - بعض مفسرین نے تنبیہ فرمائی کہ یہاں عطف ترتیبی نہیں ہے یعنے یہ مراد نہیں ہے کہ پہلی آیات میں جو کچھ مذکور ہوا وہ پہلے واقع ہوا تھا اور یہاں جو حکم سجدہ مذکور ہے اوسکے بعد واقع ہوا بلکہ یہ عطف بطور بیان واقعات ہے کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کی خلقت پوری ہونے سے پہلے اللہ تعالے نے ملائکہ کو سجدہ کا حکم دیا تھا بدلیل قولہ تعالی - فاذا سویتہ ونفخت فیہ من روحی فقعوا لہ ساجدین - یعنی پھر جب میں اسکو ٹھیک کر دوں اور اوسمیں اپنی روح سے پھونکوں تو تم اوسکے لیے سجدہ میں گرو - اور یہی قول صحیح ہے - سجدہ لغت میں ذلت کے ساتھ سر جھکانے کو کہتے ہیں اور شرع میں عبادت کے طور پر زمین پر پیشانی رکھنے کا نام ہے اور ایک قسم سجدہ تحیۃ ہے اور وہ تعظیم کے طور پر جھک جانیکو کہتے ہیں پھر یہاں چند مقامات ہیں اول یہ کہ کس قسم کے سجدہ کا حکم ہوا دوم یہ آدم علیہ السلام کے واسطے تھا یا آدم بطور قبلہ قرار دیئے گئے تھے اور اصل سجدہ اللہ تعالے کے واسطے تھا سوم ملائکہ سے کل مراد ہیں یا بعض جماعت خاص مراد ہیں چہارم ابلیس از جنس ملائکہ تھا یا غیر جنس ہے جو کسی حکمت سے ملائکہ کے ساتھ موجود تھا اور قولہ تعالے - وکان من الجن - یعنے ابلیس تو جنوں میں سے تھا - ھ - اس آیت کے کیا معنے ہیں - (بیان مقام اول) امام رازی کے نزدیک مختار یہ ہے کہ پیشانی رکھکر سجدہ کا حکم تھا چنانچہ آدمیوں میں بھی اسلام سے پہلے اگلی امتیں حتی کہ یہود و نصاری وغیرہ بادشاہوں کو اسیطرح تعظیمی سجدہ کیا کرتے تھے اور اس صورت میں سجدہ عبادت و سجدۂ تعظیم کے درمیان صرف نیت کا فرق ہے یعنے اگر معبود سمجھکر سجدہ کیا تو کفر ہوا اور اگر مخلوق مکرم سمجھکر سجدہ کیا تو تحیہ تعظیمی ہے اور بعض نے کہا کہ - اسجدوا لآدم - یعنی اسجدوا الی آدم یعنی آدم کی طرف ہو کر سجدہ کرو تو آدم بمنزلہ قبلہ ہوئے اور اصل سجدہ اللہ تعالی کے واسطے ہوا اور یہ تاویل اسواسطے کی گئی کہ سوائے اللہ تعالے کے غیر کو سجدہ کرنا کفر ہے لیکن یہ تاویل ضعیف ہے اسواسطے کہ غیر کو سجدہ کرنا شریعت اسلام میں دو حکم رکھتا ہے ایک یہ کہ بطور عبادت ہو تو کفر ہے اور دوم یہ کہ بطور تعظیم ہو تو حرام ہے اور یہ اسی امت مکرم کے واسطے ہے ورنہ ابھی معلوم ہوا کہ اگلوں میں تعظیمی سجدہ جائز تھا تو شاید اسی طور پر آدم کے واسطے حکم دیا گیا ہو لیکن اسمیں خلاف نہیں ہے کہ آدم کیواسطے بطور عبادت حکم نہیں تھا پھر تاویل کی کیا ضرورت ہے کیونکہ ظاہر کے خلاف کسی نص کو تغیر دینا جائز نہیں ہے علاوہ بریں اگر اللہ تعالی کے واسطے سجدہ ہوتا تو ابلیس منکر نہ ہوتا حالانکہ اللہ تعالے نے فرمایا - فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِيْسَ ط - پس ان ملائکہ نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے - ف - یعنے ابلیس نے سجدہ نکیا - اَبٰى وَاسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ۝ ابلیس نے انکار کیا اور اپنے جی میں تکبر لایا اور حال یہ کہ وہ کافروں میں سے تھا - ف - یعنے علم الٰہی میں وہ کافر ٹھہر چکا تھا پس اوسکے حق میں وہی اسباب جمع ہو گئے کہ اوسنے انکار و تکبر کیا - اور بعض نے کہا کہ کان من الکافرین - یعنی صار من الکافرین یعنے کافروں میں سے ہو گیا لیکن اوس صورت میں ظاہر کے خلاف تاویل ہوئی اور بہتر تکلف کرنا پڑیگا کہ کافروں میں سے ہو گیا جیسا کہ علم الٰہی میں مقدر تھا اسواسطے کہ ہم پوچھتے ہیں کہ اللہ تعالے کو انجام ابلیس کا علم تھا یا نہیں اگر کوئی شخص کہے کہ نہیں تو یہ بیشک کافر ہے کہ اوسنے اپنے معبود کو جاہل بنایا پس ضرور ہوا کہ اللہ تعالی جانتا تھا تو یہی معنے ہوئے کہ جیسے اللہ تعالے جانتا تھا ویسے ہی ابلیس سے واقع ہوا بالجملہ بعض علماء نے کہا کہ اگر سجدہ اللہ تعالے ہی کے واسطے ہوتا اور آدم فقط قبلہ ہوتے تو ابلیس انکار نکرتا - معترض کہتا ہے کہ جواب تو وہی ہے جو اول مذکور ہوا اور یہ جواب ضعیف ہے اسواسطے کہ قبلہ بھی معظم مکرم ہوتا ہے تو شاید ابلیس نے آدمؑ کو قبلہ بنانے سے تکبر کیا - بس ظاہر یہی ہے کہ آدمؑ کے واسطے سجدۂ تعظیمی کا حکم تھا اور اسیکو شیخ سیوطی رح نے اختیار کیا ہے - معالم میں بغوی نے فرمایا کہ یہی صحیح ہے اور حضرت یوسفؑ کو بھی اونکے والدین و بھائیوں نے یہی سجدہ کیا تھا اور یہی مقام دوم کا بیان تھا - (بیان مقام سوم کہ کل ملائکہ مراد ہیں یا بعض مراد ہیں و بیان مقام چہارم کہ ابلیس داخل ملائکہ بوجہ جنسیت ہے یا بغیر جنسیت ہے) پس ان دونوں مقامات کے بیانات میں اقوال و آثار مختلف ہیں

امام محی السنۃ کے نزدیک اصح یہ ہے کہ ابلیس از جنس ملائکہ تھا اور شیخ سیوطی رح کے نزدیک آثار سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ جیسے بشر کے باپ آدم ہیں اسیطرح جن کا باپ ابلیس ہے بدلیل قولہ تعالیٰ۔ کان من الجن الآیہ۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ ٹھیک نہیں ہے اسواسطے کہ آیت کریمہ کے تو یہ معنے ہیں کہ جن میں سے ابلیس تھا تو جس طرح یوں نہیں بولتے کہ بشر میں سے آدم علیہ السلام تھے اسیطرح اگر وہ جن کا باپ ہوتا تو کان ابوالجن کہا جاتا مگر آنکہ جن سے صفت شرارت لیجاوے یعنے وہ جنس شریر طبیعت میں سے تھا اور یہ بہت تکلف ہے۔ اور امام محی السنۃ کی مراد یہ ہے کہ جن ایک قسم ملائکہ میں سے ہے اور اسی قسم میں سے ابلیس تھا پس محتمل یہ ہے کہ اسی قسم کے کل ملائکہ کو سجدہ کا حکم ہوا ہو یعنے قسم جن کو سجدہ کا حکم ہوا تو سب نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ اور بعض علماء محققین کے نزدیک کل ملائکہ کو مع قسم جن کے سجدہ کا حکم ہوا کیونکہ اللہ تعالےٰ نے دوسرے مقام پر فرمایا ہے فسجد الملائکۃ کلھم اجمعون الا ابلیس الآیۃ۔ یعنے ملائکہ کلھم اجمعین نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے۔ اور بلاغت عرب میں معلوم ہوا کہ جب اس طرح کی تاکید لاتے ہیں تو وہاں صریح ظاہر مقصود ہوتا ہے یعنے مجاز و تاویل کو گنجائش نہیں ہوتی ہے تو ثابت ہوا کہ کل ملائکہ مراد ہیں لیکن ملائکہ کا اطلاق اون ملائکہ پر ہوتا ہے جو نور سے پیدا ہیں اور قسم جن کی پیدائش آتشی ظہور ہے تو جب اشرف ملائکہ کو سجدہ کا حکم دیا گیا تو قسم جن بدرجۂ اولیٰ اسمیں داخل ہو گئے جیسے قولہ تعالیٰ عرضھم علی الملائکۃ۔ کی تفسیر میں معلوم ہوا کہ اہل عقل کے تابع ہو کر بے عقل بدرجۂ اولیٰ داخل ہیں۔ اگر کہا جاوے کہ حدیث میں آیا کہ ملائکہ نور سے پیدا ہوئے اور جن دھوان ملی ہوئی آگ کی لپٹ سے پیدا ہوئے ہیں بلکہ خود قرآن میں فرمایا۔ وخلق الجان من مارج من نار الآیۃ جس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ یہ جن ہیں اور قسم ملائکہ نہیں ہیں جواب دیا گیا کہ شاید یہ قسم ملائکہ کا بیان ہو۔ مترجم کہتا ہے کہ ابن عباس رض سے آئندہ روایت آتی ہے جس سے یہ بات سمجھی جاتی ہے لیکن میرے نزدیک اس تکلف سے روایت مذکور کی تاویل کرنا بہتر ہے بہ نسبت اسکے کہ آیت یا حدیث میں ایسی تاویل کیجاوے جو ضعیف بلکہ صحیح نہیں ہے کیونکہ خود ابلیس کا مقولہ منصوص ہے کہ خلقتنی من نار وخلقتہ من طین۔ اور کچھ خلاف نہیں کہ جن کی پیدائش اسیطرح واقع ہوئی ہے پھر جن اور اس قسم ملائکہ میں کچھ فرق نہ ہوا اور عقائد میں قطعی قرار دیا گیا کہ بحکم قولہ تعالیٰ۔ لا یعصون اللہ ما امرھم ویفعلون ما یؤمرون الآیۃ۔ و دیگر آیات کثیرہ کے قطعی قرار پایا کہ ملائکہ ایک خلقت نورانی خالص از وساوس شیطانی و اوہام جسمانی ہیں کہ اونکے فعل میں خطا نہیں اور حکم الٰہی میں نافرمانی نہیں ہوتی پس یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ ابلیس از قسم ملائکہ ہو اور ایسی نافرمانی کرے جس سے وہ ملعون ہو گیا اور بعض نے جواب دیا کہ شاید فرشتوں کی جو صفت مذکور ہوئی وہ باعتبار اکثر فرشتے اسی صفت پر ہیں۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ بوجہ تخصیص و خلاف عقیدہ قطعی کے بلا دلیل باطل ہے پس صحیح یہ ثابت ہوتا ہے کہ ملائکہ کے ساتھ ابلیس کو بھی سجدہ کا حکم ہوا تھا یا ملائکہ و کل جنوں کو سجدہ کا حکم ہوا پھر ملائکہ نے اپنی خصلت نورانیت کے موافق فرمانبرداری سے سجدہ کیا مگر ابلیس جنی نے نہیں مانا اور جھگڑا کیا اور یہ کہا کہ ابلیس وہاں کیونکر پہونچ گیا تھا تو شہاب ثاقب کی حکمت سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے انکو آسمانوں سے ممانعت نہیں تھی پھر جب بنی آدم علیہ السلام کی حکمت الٰہی جاری ہوئی اور ابلیس ملعون ہو کر مع ذریات کے امتحان و ابتلاء ٹھہرایا گیا تو وہ آسمانوں سے ممنوع ہو گئے بلکہ سعید بن جبیر تابعی رح سے روایت ہے کہ یہ لوگ جنت میں کام کیا کرتے تھے واللہ تعالےٰ اعلم۔ چنانچہ اس مقام پر تفسیر ابن کثیر کی روایات نقل کرتا ہوں لیکن جس طرح میں نے مقدمہ میں توضیح بیان کی ہے اسکا لحاظ رکھنا چاہیے کہ جہاں تک آیات و احادیث صحیح میں وارد ہو وہی معتمد ہے اور آثار جو انکے موافق ہوں وہی صحیح ہیں کیونکہ بعض آثار تو اہل کتاب یعنی یہود و نصاریٰ کی روایات ہیں اور بعض کی اسانید ضعیف ہیں پس عقل و ایمانی سے فہم حاصل کرنا چاہیے شیخ ابن کثیر رح کی تفسیر میں ہے کہ امام ابن جریر رح نے اپنی اسناد کے ساتھ بطریق بشر بن عمارہ عن ابی روق عن الضحاک روایت کی کہ ابن عباس رض نے فرمایا کہ ملائکہ کی ایک قسم جسکو جن کہتے ہیں اسی میں سے ابلیس تھا اور تمام ملائکہ میں سے اسی قسم کی پیدائش نار السموم سے ہوئی ہے اور ابلیس کا نام حارث تھا اور وہ جنت کے خازنین میں سے تھا اور باقی سب ملائکہ کی پیدائش نور

خالص سے ہوئی ہی سوائے اس گروہ جن کے جن میں سے ابلیس ہی۔ ابن عباسؓ نے کہا کہ قرآن میں جن کی خلقت مارج النار سے مذکور ہی اور زبان فرس کو مارج کہتے ہین اور انسان کی پیدائش مٹی سے ہوئی ہی پھر جاننا چاہیے کہ زمین میں جو پہلے بسے وہ جن ہین انھون نے زمین میں فساد و خونریزیان کین اور بعض نے بعض کو قتل کیا پس اللہ تعالے نے ابلیس کو اوسکے گروہ ملائکہ کے ساتھ کہ اونکو بھی جن کہتے ہین زمین کی جانب بھیجا جنھون نے یہان سے جنون کو قتل کرکے پہاڑون و جزیرون مین نکال باہر کیا لیکن ابلیس کو اپنی اس حرکت سے غرور حاصل ہوا کہ جو فعل مجھسے سرزد ہوا وہ کسی نے نہین کیا ہی لیکن اوسکے اس خیال پر سوائے عالم الغیب عزوجل کے کسی فرشتہ کو آگاہی نہین ہوئی پس اللہ تعالے نے اوسکے ساتھی ملائکہ سے جنکو جن کہتے ہین ارشاد فرمایا کہ مین زمین مین ایک خلیفہ پیدا کرنیوالا ہون تو ان ملائکہ نے عرض کیا کہ کیا ایسا خلیفہ پیدا کیا جائیگا جو فسق و فساد کرے جیسے قوم جن نے کیا ہی اور حضور آلہی عزوجل سے ہم لوگ اونھین کی بربادی کے لیے مامور ہوے تھے حالانکہ ہم لوگ تسبیح و تقدیس مین مستقیم ہین پس اللہ عزوجل نے فرمایا انی اعلم مالا تعلمون۔ گویا اشارہ سے متنبہ فرمایا کہ مجھے ابلیس کے دل کا کبر و غرور ظاہر ہی جسکو تم لوگ نہین جانتے ہو یعنے دعوی تسبیح و تقدیس ٹھیک نہین ہی ابن عباسؓ نے کہا کہ پھر اللہ عزوجل نے خلقت آدمؑ کی خاک لینے کا حکم دیا۔ مترجم کہتا ہی کہ اسکا ذکر فوائد کے ذیل مین عنقریب انشاء اللہ تعالے آتا ہی۔ ھ۔ پس اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام کے قالب کو پاکیزہ طین لازب و حماء مسنون سے بنایا اور اپنے ید قدرت سے پیدا کیا اور یہ قالب خاکی چالیس دن تک پڑا رہا اور اس درمیان مین ابلیس اس قالب خاکی کے پاس آکر اپنے پانون سے ٹھوکر مارتا تو اسمین سے کھنکھناہٹ ہوتی اسیکو سلسال کا لفخار فرمایا ہی پھر ابلیس اس قالب کے منہ سے گھستا اور اسفل کی جانب سے نکلتا اور اسفل کی جانب سے گھستا اور منہ کی جانب سے نکلتا تھا اور کہتا کہ تو کچھ چیز نہین ہی اور ناکارہ پیدا ہوا ہی اور اگر مین تجھپر مسلط ہوا تو مین تجھکو تباہ کر دونگا اور اگر تو مجھپر سردار بنایا گیا تو مین ہرگز تیرا کہنا نہین مانونگا پھر جب اللہ عزوجل نے اس قالب مین اپنی روح پھونکی تو یہ سر کی جانب سے شروع ہوئی پس جسقدر اس لطیفہ آلہیہ سے اس قالب مین آتا جاتا وہ فوراً گوشت و خون ہوتا جاتا تھا پھر جب نفخ روحی ناف تک پہونچا تو آدمؑ نے اپنے جسم کی جانب دیکھا اور اونکو ایک قدرت عجیب للسر آئی تو اونھون نے اٹھنا چاہا مگر اوٹھ نسکے اسیواسطے۔ خلق الانسان عجولا۔ آیا یعنی آدمی پیدائش مین جلد باز ہی۔ پھر جب نفخ روحی پورا ہوگیا تو آدمؑ نے چھینک لی اور بالہام آلہی الحمد للہ رب العالمین کہا پس اللہ عزوجل نے فرمایا یرحمک اللہ یا آدم۔ پھر اللہ تعالے نے آسمانی فرشتون کے سوائے فقط ان ملائکہ کو جو ابلیس کے ساتھ تھے آدم کے لیے سجدہ کرنے کا حکم دیا پس ان ملائکہ نے کلہم اجمعین سجدہ کیا سوائے ابلیس کے جسنے انکار و تکبر کیا کیونکہ اسکے دل مین پہلے سے غرور سمایا ہوا تھا چنانچہ اوسنے اپنا قیاس لگایا اور کہنے لگا مین آدم کے واسطے سجدہ نہین کرونگا کیونکہ مین اس سے بہتر ہون اور سن مین زیادہ ہون اور خلقت مین بھی قوی و اشرف ہون کیونکہ اللہ تعالے نے مجھکو آگ سے پیدا کیا اور اسکو خاک سے پیدا کیا حالانکہ خاک سے آگ قوی و بہتر ہی جیسا ابلیس نے سجدہ سے انکار کیا تو اللہ تعالے نے اوسکو ابلاس دیا اور ابلاس کے معنے ہر طرح کی بھلائی سے مایوس کر دینا اسی وجہ سے اوسکا نام ابلیس ہوگیا اور اللہ تعالے نے عقوبت مین اوسکو دائمی ملعون کر دیا پھر اللہ تعالے نے آدمؑ کو سب اسما سکھلائے اور وہ یہی اسماء متعارف آدمی جانور خشکی تری پہاڑ سمندر دریا جھیل گھوڑا ہاتھی گدھا انواع نباتات و جمادات و حیوانات وغیرہ کے نام ہین پھر اللہ تعالے نے ان اشیاء کو اسی گروہ ملائکہ پر پیش کیا جو ابلیس کے ساتھ تھے جنکی پیدائش نار السموم سے ہوئی ہی اور حکم دیا کہ ان چیزون کے نام بتلاؤ اگر تم اس قول مین سچے تھے کہ تمکو معلوم ہی کہ مین زمین مین تمسے بہتر خلیفہ نہین کرونگا پھر جب ان ملائکہ کو معلوم ہوا کہ جو بات ہمنے کہی تھی وہ حضرت عالم الغیب خالق عزوجل کے علم مین عیان ہی جسکی وجہ سے اللہ تعالی ہمپر خشمناک ہی تو اونھون نے اللہ تعالی کی تسبیح کی یعنے تو پاک ہی کہ سوائے تیرے کوئی علم غیب جانتا ہو اور ہم لوگ اپنے قول سے توبہ کرتے ہین اور تیرے سوائے اوسکے کچھ علم نہین جو تو نے ہم مین پیدا کر دیا یعنے ہم پناہ

مانگتے ہین کہ ہمکو کچھ غیب کا دعوی ہو بلکہ علم تیرے ہی عطا کرنے سے ہوتا ہی تو جیسے تو نے آدم علیہ السلام مین علم پیدا کیا اسیطرح جہانتک ہمکو علم دیا ہی اوسکے سوائے ہم کچھ نہین جانتے ہین کتب اللہ عزوجل نے آدم علیہ السلام کو حکم دیا کہ ان لوگون کو اشیاء کے نامون سے آگاہ کرے پھر جب آدم علیہ السلام نے اونکو اسمائے اشیاء سے آگاہ کیا تو اللہ تعالے نے فقط انھین ملائکہ کو جنکا نام جن ہی خطاب فرمایا کہ مین نے تمسے نہین کہا تھا کہ مین ہی آسمانون و زمین کے غیب سے آگاہ ہون کہ سوائے میرے کوئی دوسرا نہین جانتا ہی اور جو کچھ تم ظاہر کرتے یا جو کچھ تم چھپاتے ہو اوسکو مین خوب جانتا ہون یعنے سر و علانیہ مجکو خوب معلوم ہی یعنے تنبیہ فرمائی کہ ابلیس نے جو کچھ اپنے دل مین تکبر و غرور چھپایا تھا وہ مجکو خوب معلوم تھا ۔ھ۔ شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ یہ اخر غریب ہی اور اسمین بعضی باتین ایسی ہین جنکی صحت مین تامل ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ اسناد مین بشر بن عمارہ ابو روق دونون ضعیف ہین جیسا کہ مقدمہ مین مذکور ہی اور ضحاک کی روایت ابن عباسؓ سے محققین کے نزدیک مرسل ہی لیکن اسکے بعض امور کی شہادت تفسیر سدی مین موجود ہی چنانچہ شیخ ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ سدی نے ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کی کہ جب اللہ تعالے نے مخلوقات مین سے جو کچھ منظور تھا پیدا کر دیا تو عرش پر استوا فرمایا پھر ابلیس کو دنیاوی آسمان پر مقرر فرمایا اور یہ ابلیس ایک گروہ ملائکہ مین سے تھا جنکو جن کہتے ہین کیونکہ جنت کے خازن ہونے سے اونکا یہ نام ہو گیا ہی پس ابلیس جب انکا سردار ہوا تو اپنے دل مین کہنے لگا کہ مجکو نورانی ملائکہ پر فضیلت ہی جب ہی اللہ تعالے نے مجکو یہ مرتبہ دیا ہی پس جب اوسکے دل مین غرور آیا جو اللہ تعالے پر پوشیدہ نہین ہو سکتا ہی تو اللہ تعالے نے ملائکہ سے فرمایا کہ مین زمین مین ایک خلیفہ پیدا کرنے والا ہون ملائکہ نے کہا کہ یہ خلیفہ کیا ہو گا تو ارشاد ہوا کہ اوسکی ذریات ہو گی جو زمین مین فساد کرین اور باہمی حسد کر کے ایک دوسرے کو قتل کرین تب ملائکہ نے عرض کیا کہ ای رب کیا زمین مین ایسے لوگ ہونگے جو وہان فساد و خونریزی پھیلاوین حالانکہ ہم لوگ تیری بارگاہ کی تسبیح و تقدیس کرتے ہین ۔ اللہ تعالے نے فرمایا کہ جو کچھ تم نہین جانتے ہو وہ مین جانتا ہون ۔ یہ ابلیس کی حالت کا اشارہ ہی پھر اللہ تعالی نے جبرئیل علیہ السلام کو زمین مین بھیجا کہ زمین سے خاک لے پس زمین کہنے لگی کہ ای جبرئیل مین اللہ تعالی کی پناہ لیتی ہون کہ تو مجھے ناقص یا عیبدار کرے ۔ یہ سنکر جبرئیل لوٹ گئے اور جاکر جناب باری مین عرض کیا کہ ای رب وہ تیری عزت و جلال مین پناہ لیتی ہی جس سے مین کانپتا ہون پس اللہ تعالی نے میکائیل کو بھیجا اور میکائیل سے بھی زمین نے پناہ مانگی تو وہ بھی جناب باری تعالی مین لوٹ کر مثل عرض جبرئیل کے عرض کرنے لگا پس اللہ تعالی نے ملک الموت کو بھیجا اور جب زمین نے اوس سے بھی پناہ مانگی تو اوسنے کہا کہ مین اللہ تعالی کی پناہ لیتا ہون کہ مین بغیر نفاذ حکم الٰہی عزوجل کے واپس جاؤن پس ملک الموت نے کل روے زمین سے ایک مشت خاک اوٹھائی اور ایک ہی جگہ سے نہین لی تو سرخ و سپید و سیاہ سب طرح کی خاک آئی اسیواسطے آدم علیہ السلام کی اولاد مین مختلف رنگ ہین پھر خاک ترکی گئی حتی کہ چپکتا ہوا گارا ہو گیا اسکو طین لازب کہتے ہین پھر اللہ تعالے نے ملائکہ سے فرمایا کہ مین اس طین سے ایک جسم خاکی یعنی بشر پیدا کرنے والا ہون پس جب مین اوسکو ٹھیک کرون اور اوسمین اپنی روح سے پھونکون یعنے اپنی جانب سے روح ڈالون تو تم اوسکے لیے سجدہ مین گر جائیو پھر اللہ تعالی نے اوسکو اپنے ید قدرت سے بنایا تاکہ ابلیس کو تکبر نہو یعنی اللہ تعالی فرماوے کہ تو ایسی چیز سے تکبر کرتا ہی جسکو اللہ تعالے نے اپنے دست قدرت سے پیدا کیا ہی پھر یہ جسم خاکی چالیس صباح پڑا رہا کہ ملائکہ اوسکی طرف گذرتے اور اوسکو دیکھکر گھبراتے تھے اور سب سے زیادہ گھبراہٹ ابلیس کو تھی پس ابلیس نے اوسکو ٹھوکر ماری جس سے کھنکھناہٹ ہوئی اور منہ کی جانب سے گھسکر اسفل کی جانب نکلا اور اسفل کی جانب گھسکر منہ کی جانب نکلا پھر ملائکہ سے کہنے لگا کہ تمکو اس سے کچھ خوف نہ چاہیے کیونکہ اسکا جوف خالی ہی اور اگر مجکو اسپر مسلط کیا گیا تو مین اسکو تباہ کر دونگا یعنے جیسے جنون کو فساد کرنے مین مجکو اونسے قتال کا حکم دیا گیا تھا اگر اسنے فساد کیا اور مجھے تسلط دیا گیا تو مین اسکو بھی

تباہ کردونگا) پھر جب روح پھونکنے کا وقت آیا تو اللہ تعالے نے ملائکہ کو تنبیہ فرمائی کہ جب اسمین روح آوے تو تم لوگ سجدہ کیجیو پھر جب آدم کے سر مین روح سمائی تو اونھون نے چھینک لی پس ملائکہ نے کہا کہ الحمد للہ کہو آدم نے الحمد للہ کہا تو اللہ تعالی نے فرمایا یرحمک ربک یعنے تیرا رب تجھپر رحم فرماوے پھر جب آنکھون تک روح پہونچی تو اونھون نے جنت کے پھل دیکھے پھر جب جوف تک روح پہونچی تو کھانے کی خواہش کرکے اوتھ بیٹھے حالانکہ ابھی پیرون تک روح نہین پہونچی تھی اسیواسطے اللہ تعالی فرماتا ہی۔ خلق الانسان من عجل الآیۃ۔ پھر موافق حکم آلہی عزوجل کے سب ملائکہ نے سجدہ کیا سوائے ابلیس کے کہ اوسنے تکبر کیا اور سجدہ نہین کیا پس اللہ تعالی کا حکم آیا کہ جب مین نے تجھے ایسی چیز کے سجدہ کا حکم دیا جسکو مین نے اپنے ید قدرت سے پیدا کیا ہی تو تو نے سجدہ سے کیون انکار کیا ابلیس نے عرض کیا کہ تو نے مجھے اس لائق نہین بنایا ہی کہ خلافت خاکی کے واسطے سجدہ کرون حالانکہ مین اوس سے بہتر ہون کہ تو نے مجکو آگ سے پیدا کیا ہی پس پھر آلہی پہونچا کہ تو یہان سے نکل تجکو یہان تکبر کرنے کی مجال نہین ہی پس تو یہان سے ذلیل و خوار ہوکر نکل پھر اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام کو کل اسماء سکھلائے پھر ملائکہ پر مخلوق کو پیش کرکے فرمایا کہ تم لوگ انکے نام بتلاؤ اگر تم سچے ہو ملائکہ نے عرض کیا سبحانک لا علم لنا الا ما علمتنا انک انت العلیم الحکیم۔ پھر اللہ تعالی نے آدم کو ارشاد فرمایا کہ ملائکہ کو انکے نام بتلادے پھر ملائکہ سے فرمایا کہ مین نے نہین کہا تھا کہ مین ہی آسمانون و زمین کے غیب کو خوب جانتا ہون اور جو کچھ تم ظاہر کرتے اور جو کچھ چھپاتے ہو اوسکو بھی خوب جانتا ہون پس ظاہر تو یہی قول تھا کہ زمین مین ایسے شخص کو خلیفہ کیا جائیگا جو اوسمین فساد و خونریزی کرے اور پوشیدہ وہ تکبر تھا جو ابلیس نے اپنے دل مین چھپایا تھا۔ امام ابن کثیر رح نے بعد اس روایت کے بیان کیا کہ سدی رح کی یہ تفسیر اس اسناد کے ساتھ ان صحابہ رضی اللہ عنہم کی جانب منسوب ہی اور اسمین بہت سے اسرائیلی اقوال واقع ہوجاتے ہین پس شاید سدی رح وغیرہ نے اسمین ایسے اقوال درج کردیے جو صحابہ رضی اللہ عنہم کا کلام نہین ہی یا بعض صحابہ نے ان اقوال کو کتب متقدمہ سے لیا ہو یعنے جیسے حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص کو فتح یرموک مین نصرانیون کی کتابون کا ایک ذخیرہ مل گیا تھا اور ایسا اوقات اون کتابون کے اقوال لیکر بیان کردیتے تھے۔ اور واضح ہو کہ حاکم نے مستدرک مین اسی اسناد سے بہت سی باتین روایت کرکے کہا کہ یہ اسناد بشرط بخاری ہی شیخ نے کہا کہ حاصل یہ ہی کہ اللہ تعالی نے آدم علیہ السلام کے واسطے ملائکہ کو سجدہ کا حکم دیا اور اوس حکم مین ابلیس بھی اونکے ساتھ داخل ہوگیا اگرچہ وہ بحسب ذات اونمین سے نہین تھا لیکن ظاہری عبادت کے افعال اختیار کرلینے سے اونکے مشابہ تھا اور قولہ تعالی وکان من الجن ففسق عن امر ربہ الآیۃ۔ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالی اس مسئلہ کی تحقیق بیان کرونگا۔ پھر شیخ نے محمد بن اسحق و ابن ابی حاتم و سنیہ وغیرہ کی کتابون سے طاؤس و مجاہد و سعید بن جبیر و ضحاک و صالح کی روایات ابن عباس رض سے اور قتادہ کی روایت سعید بن المسیب سے ذکر کی جسکا حاصل یہ ہی کہ ابلیس ایک قبیلہ ملائکہ مین سے تھا جنکو جن کہتے ہین اور عزازیل اوسکا نام تھا پھر وہ ابلیس ہوگیا پھر امام ابن جریر کی روایت باسناد صحیح حضرت حسن بصری سے بیان کی کہ ابلیس کبھی ملائکہ مین سے نہین تھا بلکہ وہ اصل الجن ہی جیسے کہ آدم اصل الانس ہی اور لکھا کہ یہی عبد الرحمن بن زید بن اسلم کا قول ہی پھر شہر بن حوشب وغیرہ بعض تابعین کے اقوال نقل کیے جنکا حاصل یہ ہی کہ جب بحکم آلہی عزوجل ملائکہ نے زمین کے جنون کو مار کر نکالا تو ابلیس گرفتار ہوا اور اوسوقت صغیر تھا تو تعلیم کے واسطے ملائکہ مین رہا شیخ نے لکھا کہ محمد بن کعب القرظی نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے پیدائش ابلیس کو کفر و ضلالت پر رکھا تھا اگرچہ اوسنے درمیان مین اعمال ملائکہ اختیار کیے پھر انجام کو اپنی خلقت پر چلا گیا۔ قتادہ رح نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے ملائکہ سے آدم علیہ السلام کو سجدہ کرایا تو اللہ تعالے کے واسطے طاعت ہی اور آدم علیہ السلام کے واسطے اکرام و شرافت ہی۔ پھر شیخ نے لکھا کہ بعض علماء کے نزدیک یہ سجدہ تعظیمی تھا اور یہ ملل سابقہ مین جائز تھا جیسے قصہ یوسف علیہ السلام مین ہی اور معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین شام مین آیا تو مین نے نصرانیون کو دیکھا کہ اپنے اساقفہ و علماء کے لیے سجدہ کرتے ہین تو مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ البتہ اسکے سزاوار ہین

اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں اور اگر ہمیں کسی شخص کو سجدہ کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ وہ اپنے خاوند کی عظمت حق کی وجہ سے اوسکو سجدہ کرے ۔ ھ ۔ امام رازی نے اسیکو ترجیح دی اور یہی اظہر و اقوی ہے ۔ قتادہ نے فرمایا کہ ابلیس وہ ہے جسنے آدم علیہ السلام کی جسد کی جب وہ سنے دیکھا کہ اللہ تعالی نے آدم کو یہ کرامت عطا فرمائی ہے پس اوسنے تکبر کیا ۔ فتح نے لکھا کہ حدیث میں آیا کہ وہ شخص جنت میں نہیں جائیگا جسکے دل میں ذرہ برابر تکبر ہو (الصحیح) اور ابلیس کے دل میں تکبر و کفر و عناد اسقدر تھا کہ اسکی وجہ سے وہ اس مرتبہ سے گرا جو اللہ تعالی ۔ وکان من الکافرین ۔ کی تفسیر میں علماء نے کہا کہ وہ علم الٰہی میں کافر تھا اور قرطبی نے اسی کو ترجیح دی ۔ (مسئلہ ۸) جو شخص پیر مگر اوس سے خوارق عادت ظاہر ہوں تو کیا یہ کرامت ہیں اور اوسکے ولی ہونے کی دلیل ہیں جواب یہ ہے کہ قرطبی نے کہا کہ ہمارے صوفیہ کہتے ہیں کہ یہ اوسکی ولایت و کرامت کی دلیل ہیں اور جمہور علماء و مشائخ صوفیہ کے نزدیک ولی ہونے کی دلیل نہیں ہیں ۔ شیخ نے کہا کہ خرق عادت کبھی غیر ولی سے بلکہ فاجر و کافر سے ظاہر ہوتا ہے چنانچہ بعض علماء نے استدلال کیا کہ ابن صیاد کو پانی پر تخت ابلیس لیکر آتا تھا اور ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دل میں دخان کو جو آثار قیامت سے ہے اخفاء کیا تو اوسنے کہا کہ دخ ہے اور جب وہ مسلمہ میں آیا تو اسقدر پھول گیا تھا کہ تمام راستہ گھیر لیتا تھا چنانچہ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے جب اوسکی باتوں پر غصہ ہو کر اوسکا قتل کرنا چاہا تو وہ اسطرح پھول گیا اسطرح مسیلمہ کذاب و دجال کے خرق عادات مشہور ہیں ۔ اور یونس بن عبدالاعلی نے امام شافعی سے سنا کہ لیث بن سعد فرماتے تھے کہ اگر تم کسی شخص کو دیکھو کہ پانی پر چلتا اور ہوا میں اڑتا ہے تو اوس سے دھوکا مت کھاؤ جب تک اوسکی حالت کو قرآن و حدیث پر پیش نہ کرو پس شافعی نے اسکی تصدیق کی ۔ مترجم کہتا ہے کہ اسی پر اکابر ائمہ مشائخ و علما متفق ہیں اور سب کے نزدیک وہی ولی ہے جو شریعت سنت محمدیہ پر قائم ہو (مسئلہ ۹) بیضاوی نے لکھا کہ سلف سے آجتک اہل عقل و دین کے درمیان وجود ملائکہ میں کچھ خلاف نہیں ہے ہاں اس بات میں کلام ہے کہ اونکی حقیقت کیا ہے چنانچہ فلاسفہ یونان گمان کرتے کہ وہ جواہر مجردہ ہیں کہ نفوس ناطقہ سے حقیقت میں مختلف ہیں اور ائمہ اسلام کے نزدیک وہ نورانی ہیں جو بحکم الٰہی مختلف صورتوں میں ظاہر ہو سکتے ہیں مترجم کہتا ہے کہ ملائکہ کو ماننا اور جاننا کہ وہ لوگ حکم الٰہی میں نافرمانی و خطا نہیں کر سکتے ہیں قطعی اعتقاد ہے کہ اس سے انکار کفر ہے اور ہمارے زمانہ میں بعض ملاحدہ نے شیخ محی الدین بن عربی کے قول فصوص الحکم سے استدلال کیا کہ شیخ نے قوای مفیضہ مدرکہ کو ملائکہ کہا ہے لہذا ملائکہ کوئی چیز نہیں ہیں سو ایسے ان قولوں کے مترجم کہتا ہے کہ یہ اوسنے شیخ کی عبارت سمجھنے میں غلطی کی اور دروغ افترا باندھا اور کلام شیخ کے صحیح معنے و صریح تحقیق یہ ہے کہ شیخ نے آدمی کو عالم صغیر بیان کیا اور اوسکی تطبیق میں لکھا کہ اللہ تعالے نے جو تمام عالم پیدا کیا اوسکو مجموعہ تصور کر کے ایک شخص قرار دیا پس جیسے اس عالم مشخص میں ملائکہ نورانی تدبیر امور الٰہی کرتے ہیں مثلاً انبیاء علیہم السلام کے پاس فیض وحی لاتے ہیں اسیطرح شخص انسانی میں اوسکے قوائے مدرکہ ہیں جو واسطہ ہو کر فیض کو عقل تک پہونچاتے ہیں پس تشبیہ ادنی مجازی ہے یعنی جیسے انبیاء علیہم السلام کو فیض وحی بواسطہ ملائکہ پہونچتا ہے اسیطرح نفس انسانی کو فیض وصول ہونے میں یہ قوی واسطہ ہیں پس وجود ملائکہ قطعی ہے اور دنیا میں تمام اہل عقل و دین اسپر متفق ہیں اور قرآن و حدیث میں اور سلف و خلف سے متواتر ہے پس جو چیز عقلاً و نقلاً متواتر ہو اوسکا انکار کفر و حماقت ہے ۔ (تنبیہ) اگر وہم ہو کہ خلیفہ کرنیکی ضرورت تو غائب یا عاجز یا میت کو ہوتی ہے تاکہ نائب اوسکی جگہ کام کرے اور اللہ تعالے لم یزل ولا یزال الحی القیوم ہر نقص و عیب سے پاک عالم الغیب و الشہادہ ہے پھر یہاں خلافت کے کیا معنے ہیں جواب یہ کہ تمنے ایسا خلیفہ و نائب کہاں بیان جسکو خلیفہ کرنے والا اپنے فائدہ کے واسطے مقرر کرتا ہے اور اللہ تعالی غنی حمید ہے تو اوسکے اعمال کسی اپنے فائدہ کے واسطے نہیں ہو سکتے

کیونکہ جو شخص اپنے فائدہ کا محتاج ہو اور شان الوہیت اس سے پاک ہے۔ تعالی اللہ عما یقول کبیرا۔ بلکہ بیان خلافت بفائدہ مخلوق ہے کیونکہ انبیا علیہم السلام کو اللہ تعالی نے خلقت اول ہی میں قلب منورہ قابل پیدا فرمایا اور انکا عہد و میثاق بھی اسطرح خاص ہے تاکہ بواسطے ملائکہ کے قابلیت فطرت کے ساتھ وحی الہی قبول کریں تاکہ مخلوقات کو پیغام الہی پہونچاویں اور چونکہ جنس بشری ہیں لہذا آدمیوں کو افضلیت کامل حاصل ہو سکتا ہے جو فرشتہ سے نہیں ہو سکتا۔ قال تعالی ولو جعلناہ ملکا لجعلناہ رجلا الآیۃ۔ یعنے اگر ہم رسول کو فرشتہ بناتے تو اسکو بھی بشکل آدمی بناتے۔ اور عیانا کسی مخلوق کو تاب نہیں ہے کہ بالمشافہہ کلام کرے کیونکہ یہ جسم کسیطرح اسکو متحمل نہیں ہوتا ہے لہذا فرمایا۔ ماکان لبشر ان یکلمہ اللہ الا وحیا او من وراء حجاب۔ یعنی کسی بشر کو یہ تحمل نہیں ہے کہ اللہ تعالی اوس سے کسیطرح کلام فرماوے سوائے بطور وحی یا پس پردہ۔ اور حدیث ابو موسی میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر خطبہ میں پانچ باتیں فرمائیں کہ اللہ تعالی سوتا نہیں ہے اور نہ اسکی یہ شان ہے اور بندوں کے رزق گھٹاتا بڑھاتا ہے اور دن کے اعمال قبل رات کے اور رات کے اعمال قبل دن کے اوسکی جانب چڑھائے جاتے ہیں اور اللہ کے اعمال قبل دن کے چڑھائے جاتے ہیں اور حق عزوجل کا پردہ نور ہے اگر اوسکو اوٹھاوے تو وجہہ کریم کے انوار انتہا بصر تک جلا دیں (صحیح مسلم وغیرہ) امام بیہقی نے کہا کہ یہ پردہ نور فقط مخلوق کی آنکھوں پر حاوی ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ امام بیہقی کے اشارہ سے ظاہر ہوا کہ یہ حال دنیا میں اہل کمال کا ہے ورنہ کافروں و مشرکوں کی نظروں پر تہ بر تہ سیاہ تاریک پردے ہیں چنانچہ قولہ تعالی۔ او کظلمات فی بحر لجی الآیات کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالی بیان آویگا اور کلام بیہقی کے معنے یہ ہیں کہ اہل کمال کی نظروں پر اللہ عزوجل نے حجاب نورانی رکھے ہیں تاکہ فنا ہونے سے بچ رہیں اور اسی قول پر اکابر اولیا و سلف و خلف متفق ہیں چنانچہ قولہ تعالی۔ اللہ نور السموات والارض الآیۃ۔ کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالی آویگا۔ شیخ علاء سمنانی قدس سرہ نے کہا ؎ قرب اوسکا وصال کہتے ہیں ۔ وصل اوسکا محال کہتے ہیں۔ (مسئلہ) ملائکہ افضل ہیں یا بشر افضل ہیں اسکے جواب میں علماء کے درمیان اختلافات ہیں اور محققین اہل سنت کے نزدیک انبیاء و اولیاء کو ملائکہ پر فضیلت ہے بسبب اسکے ملائکہ سے تعظیمی سجدہ لیا گیا اور حامل علوم نبوت و باب مدینہ حکمت حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کے کلام حکمت میں ہے کہ ملائکہ عین عقل و بہائم محض شہوت ہیں اور آدمی دونوں سے مرکب ہیں پس اگر تابع عقل ہو کر شہوت کو زیر کیا تو معرفت کے درجہ پر ملائکہ سے افضل ہے کیونکہ ملائکہ کو کوئی امر مانع نہ تھا بسبب واسطے اگر کوئی شخص عنین ہو تو اوسکی یہ تعریف نہیں ہو سکتی کہ یہ عفیف پاکدامن ہے بلکہ باوجود مردی کے اگر پاکدامن رہے تو اوسکی تعریف کیجاتی ہے اور اگر آدمی نے شہوت کے تابع ہو کر عقل کو خوار کیا تو وہ بہائم سے بدتر ہے کیونکہ بہائم بے عقلی سے معذور ہے بسبب واسطے اگر ایک اندھا اور ایک آنکھوں والا کنوئیں میں گریں تو اندھے کو چھوڑ کر آنکھوں والے پر ملامت کیجائیگی بسبب واسطے اللہ تعالی نے مشرکوں کو فرمایا۔ اولئک کالانعام بل ہم اضل یعنے یہ لوگ جانوروں کے مثل بلکہ اونسے بدتر گمراہ ہیں اور یہ بات بوجہ متعددہ صحیح ہے از انجملہ یہ بہائم اپنے لائق اپنے رب عزوجل کی تسبیح کرتے اور کسیکو اپنا معبود نہیں بناتے ہیں بخلاف مشرک سرکش کے کہ وہ بے حمیت کسیکو اپنے آپ کو کسی مخلوق کا بندہ بناتا ہے بلکہ بعضے مشرکوں کو دیکھا کہ وہ گائے و سانپ کو بلکہ نباتات میں سے پیپل وغیرہ کو بلکہ جمادات میں سے پتھر وغیرہ کو پوجتے ہیں اور یہ امر قطعی معلوم ہے کہ پوجنے والا جیسا اپنے معبود کا بندہ ہوتا اوس سے بدرجہا بدتر ہوگا پس مشرک و کافر سب قسم کی مخلوقات حیوانات و نباتات و جمادات وغیرہ سے بدرجہا بدتر ہے اگر وہم ہو کہ پھر بعضے یہ دہریہ جو کسیکو معبود ہی نہیں بناتے ہیں اسمیں داخل نہونے کے جواب یہ کہ نہیں بلکہ یہ لوگ ہر قسم کے مشرکوں میں شامل ہیں کیونکہ انھوں نے اپنی شہوت نفس کو معبود بنایا کما قال تعالی۔ افرایت من اتخذ الہہ ہواہ الآیۃ۔ یعنے بھلا ایسے شخص کو تو نے دیکھا جسنے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنایا۔ پس انکی

شہوت نفس جن خوار چیزوں کی جانب جاتی ہے جیسے سور وغیرہ کا گوشت تو یہ لوگ اس سے بدرجہا بدتر ہیں - پھر واضح ہو کہ عوام بشر سے ملائکہ افضل ہیں اور ظاہر خواص بشر میں کامل ہال بیان داخل جنکا مقام دار السلام جنت ہے واللہ تعالیٰ اعلم - (فائدہ) آدم کا لفظ ادیم الارض سے لیا گیا کیونکہ روئے زمین کی خاک سے پیدائش ہے چنانچہ حدیث ابو موسیٰ میں آیا کہ آدم علیہ السلام کو ایک مشت خاک سے پیدا فرمایا جسکو تمام زمین سے مقبوض کیا لہذا اولاد آدم باندازۂ زمین حاصل ہوئے (یعنی صورت و سیرت میں مختلف ہیں) بعضے سرخ و بعضے سپید و بعضے سیاہ و بعضے بیچ بیچ میں ہیں اور بعضے نرم طبیعت و بعضے سخت طینت اور بعضے پاک سرشت و بعضے ناپاک ہیں - (احمد ابو داؤد و ترمذی) اور حدیث حاکم میں ثابت ہوا کہ یہ مٹی مختلف پانیوں سے گوندھی گئی تھی - اور حدیث مرفوع میں ہے کہ آدم علیہ السلام کا قد ساٹھ ہاتھ اور عرض سات ہاتھ تھا (احمد) اور بعض حدیث میں ہے کہ آدم علیہ السلام ایسے پیغمبر تھے جنسے اللہ تعالیٰ نے کلام فرمایا (صحیح مسلم) مترجم کہتا ہے کہ جیسے موسیٰ علیہ السلام سے اللہ تعالیٰ نے کلام کیا اور یہاں سے تجھکو ایک تنبیہ حاصل ہونا چاہیے وہ یہ ہے کہ کعب احبار نے استنباط کر کے کہا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے دیدار و کلام کو حضرت موسیٰ و حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں تقسیم کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو دیدار عطا فرمایا اور موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا اور یہ استنباط ایام حج میں مقام منیٰ میں حضرت ابن عباس رضؓ سے بیان کیا تھا چنانچہ صحیح ترمذی وغیرہ میں موجود ہے لیکن تجھے ابھی معلوم ہو چکا کہ کلام میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خصوصیت نہیں ہے بلکہ حضرت آدم علیہ السلام سے بھی کلام فرمایا بلکہ محققین علماء کے نزدیک معراج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی بلا واسطہ تھی پس معراج وغیرہ کی خصوصیات فقط حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے البتہ خاص ہیں اور دیگر فضائل میں شرکت عام ہے وذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء پس ہمارے شیخ المشائخ حضرت مولانا شاہ عبد العزیز رحمہ اللہ تعالیٰ نے جو بعض رسائل میں لکھا کہ انبیاء علیہم السلام کو جو فضائل جدا جدا دیے گئے وہ سب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے جمع کیے گئے - اسکا یہ مطلب ہے کہ وہ فضائل جمع ہونے کے ساتھ دیگر فضائل خاص کیے گئے ہیں چنانچہ حدیث میں چھ امور کی فضیلت منصوص ہے علمائے جوامع الکلم کہتے ہیں تا راۃ تک نصرت بر رعب زمین کا مسجد و طہور ہونا حلت مغانم و عطاء شفاعت و بعثت عامہ (کما فی الصحیحین وغیرہ) مترجم کہتا ہے کہ ان چھ باتوں کی فضیلت آپ میں بلحاظ تعلق نبوت کے بیان فرمائی ہے کیونکہ علمائے معراج و معجزہ و وحی قرآنی و سید اولاد آدم ہونا اور اول شفاعت و اول دخول جنت و سب سے اعلیٰ مقام جنت جسکا نام وسیلہ ہے دیگر بکثرت فضائل خاصہ صریح ہیں والحمد للہ رب العالمین - ف ۲ معتزلہ نے لکھا کہ ملائکہ نے حکمت خلافت کے سوال میں جلدی کی تو جواب میں تعریض نکلتی ہے کہ جب انکو اللہ تعالیٰ کو علیم حکیم جاننا تھا جس سے لازم ہے کہ اوسکا کوئی کام خالی از حکمت کاملہ نہ ہو تو انکو سوال میں جلدی نہ چاہیے تھی بلکہ غور کرنا چاہیے تھا اور یہاں چند علوم دیگر حاصل ہوتے ہیں اول آنکہ انسان اشرف ہے چنانچہ حدیث میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ جسکو میں نے اپنے ید قدرت سے پیدا کیا اوسپر ایسی مخلوق کو فضیلت نہ دونگا جسکو میں نے کن سے پیدا کیا - (مشکوٰۃ) اگر کہا جاوے کہ کفار بھی آدمی ہیں تو کیا یہ بھی ملائکہ سے افضل ہیں علماء نے جواب دیا کہ انسان فی اکمل الفضل ہے اگرچہ کلیہ نہ ہو - مترجم کہتا ہے کہ میرے نزدیک تحقیق یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو ملائکہ پر شرف دیا اور آدم علیہ السلام ہی اس حدیث کا موضع ورود ہیں پس ہر شخص ابن آدم ہی وہ اس شرافت میں داخل ہے اور یہ فقط انبیاء و اولیاء و مومنین ہیں کیونکہ یہ شرافت بحسب جسم خاکی نہیں ہے بلکہ بحسب علم معرفت ہے اور مومنین بھی سب کے سب اپنے رب عزوجل کو پہچانتے ہیں - رہے کفار و مشرکین تو وہ اعداء اللہ ہیں اور آدم علیہ السلام سے اونکا دائمی انقطاع ہو کر ابلیس ملعون سے لاحق کیا گیا پس آدم علیہ السلام ہمیشہ بلا آباء مع صالحین اولاد کے جنت میں ہونگے جو کبھی جہنم میں نہیں جائینگے اور کفار و مشرکین ابدالآباد جہنم میں ابلیس کے ساتھ رہینگے جو کبھی جنت نہیں دیکھنے پاوینگے کیا نہیں دیکھتے ہو کہ اللہ تعالیٰ نے نوح علیہ السلام کے بیٹے کو کیونکر باپ سے منقطع کیا اور فرمایا کہ یا نوح انہ لیس من اہلک انہ عمل غیر صالح

یعنے ای نوح وہ تیرے گھر والون مین ہرگز نہین ہی اوسکے کام ناکارہ ہین - ھ - پس کفر کی وجہ سے حضرت نوح علیہ السلام سے نسب منقطع کردیا حالانکہ وہ نسبی بیٹا تھا تو معلوم ہوا کہ آدمی وہی ہی جو آدم علیہ السلام کے ساتھ قائم رہا اسطرح کہ ایمان لایا پس اوسکو ملائکہ پر فضیلت حاصل ہی اور جو منقطع ہوکر کافرون کے ساتھ ملحق ہوا وہ شیاطین الانس مین داخل اور مردہ ہی تو وہ اس آیت یا حدیث مین شامل ہی نہین ہی - ہذا ما الہم المترجم واللہ تعالے اعلم والحمد للہ رب العالمین - علم دوم یہ کہ ان آیات سے نکلتا ہی کہ علم کو عبادت پر شرف ہی - مترجم کہتا ہی کہ حدیث مین آیا کہ عالم کی فضیلت عابد پر اسقدر زائد ہی جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی فضیلت آپکی امت پر ہی (کما فی الصحاح) اور اس بارہ مین آیات واحادیث بکثرت ہین - علم سوم یہ کہ خلیفہ جس کام مین نائب ہوا اوسمین دیگر اوصاف سے علم اعلی ہی مترجم کہتا ہی کہ اس سے ظاہر ہی کہ خلافت نبوت مین حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو علم معرفت سب سے زائد تھا اسیواسطے مرتدین عرب پر جہاد کرنے مین صرف حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ حتنا آمادہ ہوے اور باقی جمیع صحابہ متزلزل تھے بدین خیال کہ آنحضرت صلعم نے انکی ہدایت مین زمانہ دراز صرف کیا حالانکہ آخر مین سب صحابہ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صواب رائے کا شکریہ ادا کیا چنانچہ ایک جماعت کثیر صحابہ سے اسکی شہادت صریح موجود ہی اور عجب حکمت الٰہی عزوجل ہی کہ قلیل جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم کو تمام عرب مرتدین پر عجیب فتح ونصرت عطا کی تاکہ یہ بھی اہل حق کے واسطے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی حقیت خلافت پر دلیل ہو جیسے آیت قرآن مین ہی وعدہ دیا تھا کہ عنقریب ہم تمکو زمین مین خلیفہ کرینگے وہ بھی حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما کی خلافت مین پورا ہوا اور نہایت سرعت کے ساتھ سات ہی برس مین عرب وشام وروم وفارس وکابل وکچھ ہند وسندھ وبخارا ومصر وحبش وبربر واسپین تک مسلمانون کے واسطے فتح کیا اگرچہ تھوڑا حصہ بعد سات برس کے فتح ہوا ہی مگر صدق خلافت کی یہ صریح دلیل ہی اور توریت وانجیل کتب سابقہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا وطن ہجرت مقام طیبہ یعنی مدینہ منورہ ہی اور آپکا مقام سلطنت شام مذکور ہی - علم چہارم یہ کہ اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام کو اسماء تعلیم فرمائے پس علم پیدا کرنیوالا اللہ تعالے عزوجل ہی ہی لیکن اوسکو معلم کہنا اسواسطے جائز نہین ہی کہ یہ لفظ مکتب کے معلمون پر معروف ہوگیا - مترجم کہتا ہی کہ بحکم قولہ تعالے - یعلمہم الکتاب والحکمۃ - اور بحکم حدیث کہ بعثت معلما - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حقیقی معلم ہین لیکن اسی وجہ مذکورہ سے آپ پر بھی بے ضرورت یہ لفظ بولنا جائز نہین ہی - علم پنجم یہ کہ اسماء اشیاء تو مختلف زبانون مین ہین پس ہر زبان مین تعلیم ہوئی جس سے ظاہر ہوا کہ یہ زبانین کسی کی اصطلاح نہین ہین بلکہ اللہ تعالے کے واقف کرنے سے آدم علیہ السلام کی ذریات مین جاری ہوئین - مترجم کہتا ہی کہ یہ استنباط لطیف ودقیق ہی اور اس سے حکمت بالغہ الٰہی عزوجل کے متعلق بہت سے علوم نکلتے ہین جنکا بیان طویل اہل ایمان کے فور معرفت پر حوالہ کیا گیا - علم ششم یہ کہ - انک انت العلیم الحکیم - سے معلوم ہوا کہ علم وحکمت وصفت ہین - مترجم کہتا ہی کہ قولہ تعالے - یعلمہم الکتاب والحکمۃ الآیۃ - کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے آویگا - علم ہفتم یہ کہ ملائکہ کے علوم بڑھ سکتے ہین بیضاوی نے کہا کہ فلاسفہ بھی ارضی وسماوی ملائکہ ہین یہ بات جائز کہتے ہین لیکن جن ملائکہ کا نام انھون نے عقول عشرہ رکھا ہی اونھین انکار کرتے ہین - مترجم کہتا ہی کہ عارف خوب جانتا ہی کہ ان فلاسفہ نے ہزارون برس ضائع کیے اور اپنے زمانہ کے انبیاء سے گریز کیا مگر باوجود اس کوشش کے ہنوز معرفت کی راہ مین ایک قدم بھی نہین چلے اگرچہ عوام کی سمجھ مین یہ مقام دشوار ہی لیکن اللہ تعالے خوب جانتا ہی کہ یہی حق ہی پس اگر تجھے ہمت ہی تو راہ سنت پر مستقیم ہو واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم - علم ہشتم یہ کہ آدم علیہ السلام نے ملائکہ کو اسماء اشیاء وتمام اوقات تعلیم فرمائین تو استاذ افضل ہین کیونکہ وہ علم مین زائد ہی - قد قال تعالے - ہل یستوی الذین یعلمون والذین لا یعلمون - یعنی وہ لوگ جو علم الٰہی جانتے ہین اور وہ لوگ جو نہین جانتے ہین بھلا کہین وہ دونون برابر ہو سکتے ہین - علم نہم یہ کہ ان آیات سے قطعا معلوم ہوا کہ اللہ تعالے کل اشیاء وجزئیات کو اونکے حادث ہونے سے پہلے ہر طرح اونکی

ذات وصفات وافعال وناموں سے جانتا ہو حالانکہ جسوقت آدم علیہ السلام کو اوسکے اسمار ذات وصفات وافعال وغیرہ سکھلائے یہ کل چیزیں موجود نہیں تھیں۔ تعلیم دہم یہ کہ قطعاً معلوم ہوا کہ علم الٰہی ہر ایک جزئیات پر حاوی ہو اور اوسکو مفصل و مشخص بروجہ کمال جانتا ہو لہذا جو فلسفی وفرقہ علم جزئیات سے منکر ہو وہ کافر ہو وقد قال تعالیٰ۔ ولا اصغر من ذٰلک ولا اکبر الا فی کتاب مبین۔ یعنے کوئی چیز ذرہ برابر بھی کہیں آسمان یا زمین میں ہو اللہ تعالےٰ سے کسیطرح چھپتی نہیں ہو۔ تعلیم یازدہم یہ کہ تکبر قبیح ہو اور تکبر وہ کہتے ہیں کہ اپنے آپکو اپنے ذاتی استحقاق سے دوسرے سے بڑھکر جانے اور دوسرے کو حقیر جانے پس تکبر دل اعتقاد پر ہو چنانچہ اگر خود بخود علم وغیرہ میں افضل ہو تو اس نعمت پر اللہ تعالےٰ کی حمد کرے اور دوسرے کو حقیر نجانے۔ تعلیم دوازدہم یہ کہ تکبر کافر کردیتا ہو اور اس سے کم نہیں کہ وہ ابتداءً جنت میں نہ جاویگا چنانچہ حدیث قدسی میں ہو کہ جسنے کبریاء وعظمت میں مجھسے جھگڑا کیا اسکو دوزخ میں داخل کرونگا۔ (الصحیح) اور حدیث میں ہو کہ جسکے دل میں رائی کے دانہ برابر تکبر ہوگا وہ جنت میں داخل نہ ہوگا (الصحیح) یعنے ابتداءً نہ جائیگا۔ اور علم سیزدہم یہ کہ حکم آنے پر جلدی کرے۔ اور چہاردہم یہ کہ احکام الٰہی ہو قرآن و حدیث سے ثابت ہیں انمیں قیاس نہ دوڑاوے اور خوض نہ کرے کیونکہ جو حکمتیں انمیں رکھی ہیں وہ معلوم ہونا محال ہو کیونکہ یہ تو وہی جانتا ہو جو اسقدر حکمتوں والا ہو اور وہ کوئی نہیں سوائے اللہ عزوجل کے سبحانہ وتعالےٰ عما یشرکون۔ اور پانزدہم یہ کہ اپنے حال پر ہمیشہ خائف رہے اور اللہ تعالےٰ سے دعا کیا کرے کہ مجھکو اپنی راہ مستقیم پر ثابت قدم رکھیو کیونکہ اعتبار خاتمہ کا ہو کیا صحابہ کو نہیں دیکھتے کہ انکا انتقال حال کیا تھا پھر کہاں کہاں کے انبیاء کے بعد افضل مرے تھے کہ انکے بعد کے تابعین و تبع تابعین و غوث و قطب وغیرہ کوئی انکے مرتبہ کو ہرگز نہیں پہونچ سکتا جیسے کہ صحیح حدیثوں سے ثابت اور عقائد میں مصرح ہو اور نیز حدیث صحیح میں ہو کہ بندوں کے دل اللہ تعالےٰ ہی کے قبضہ میں ہیں جدھر چاہتا ہو پھیر دیتا ہو لہذا حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم اکثر اوقات دعا فرماتے کہ الٰہی میرے دل کو اپنے دین پر ثابت فرمائیو (الصحیح) شیخ عز الدین نے بعض اشارات میں لکھا کہ قولہ تعالےٰ انی جاعل فی الارض خلیفۃ حضرت آدم علیہ السلام کی پیدائش میں سر ہو کہ تکمیل ملائک ہو تاکہ ملائکہ کی طاعت بدرجہ کمال معرفت پر پہونچے اسلیے آدم علیہ السلام کو علم لدنی عطا فرما کر ملائکہ کو تعلیم اسمار کا حکم دیا۔ مترجم کہتا ہو کہ ملائکہ محض مظاہر رحمت ہیں اگرچہ انواع رحمت میں سے بھی صرف طاعت بطیبت پاکیزہ ہو کیونکہ رحمۃ للعالمین صفت حضرت سرور مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہو جیسے مظہر غضبی کی جانب ابلیس کا سلسلہ ہو پس جمیع اسمار وصفات کی قابلیت خلقی ضرور ہو اور وہ حضرت آدم علیہ السلام میں پیدائشی لہذا علم لدنی کی قابلیت اونمیں نہیں تھی اور ملائکہ کی تعلیم جاہ ومال وقتال نہیں ہو کیونکہ بعض قابلیت جس سے صفات غضبی کی معرفت ہو ملائکہ میں موجود نہیں ہو اسیواسطے ملائکہ کے لیے لذات جنات یا مقامات درکات نہیں ہوتا پس یہ وجہ تھی کہ آدم علیہ السلام کو علم لدنی اسمار وصفات عطا ہوا کہ ملائکہ کی تعلیم کے لیے ارشاد ہوا واللہ تعالےٰ اعلم۔ شیخ نے لکھا کہ پیدائش آدم کے وقت ملائکہ کو خبر دینا ایک لطافت ہو جس سے ظاہر ہوا کہ ملائکہ اپنی قابلیت تسبیح وتقدیس میں لطیفہ محبت نہیں رکھتے ہیں بلکہ محض عبادت ہو۔ مترجم کہتا ہو کہ اسیواسطے علماء ہیں کلام ہو کہ ملائکہ کے واسطے دیدار باری عزوجل ہو یا نہیں ہو۔ شیخ نے لکھا کہ ملائکہ کی خواہش تھی کہ اللہ تعالےٰ کو دیکھیں۔ مترجم کہتا ہو کہ اگر یہ خواہش ہو تو نظر محبت نہیں بلکہ بضمن عبادت ہو۔ شیخ نے لکھا کہ اللہ تعالےٰ نے جو ملائکہ کا خالق ہو اپنی مخلوق سے آگاہ ہو کہ اونکو یہ قابلیت نہیں لہذا آدم علیہ السلام کو پیدا کردیا کہ اسکا دیکھنا کیا کرلو۔ مترجم کہتا ہو کہ یا عبادت کے واسطے معبود کو دیکھنا چاہتے تھے۔ شیخ نے لکھا کہ اسکی وجہ یہ تھی کہ اللہ تعالےٰ نے آدم علیہ السلام کو اپنے ید قدس سے پیدا کیا اور صورت قدس پر بنایا اور آئینہ روح اوسمیں ودیعت رکھا کہ جب اس آئینہ میں نظر کریں تو تجلی حق ظاہر ہو۔ مترجم کہتا ہو کہ حدیث صحیح میں وارد ہوا کہ۔ ان اللہ خلق آدم علی صورتہ۔ پس شیخ نے جمہور اہل تصوف کے مانند اسکے یہ معنے لیے کہ اللہ تعالےٰ نے آدم علیہ السلام کو صورت قدس پر پیدا کیا۔ ۵ سر اور اوسکی توجیہ یہ ہو کہ حق عزوجل کے واسطے

تنزیہ ذاتی ہی اور صورت وشکل وہاں محال ہی لیکن تجلیات میں صورت ممکن بلکہ واقع ہی شیخ محمد طاہر نے مجمع البحار میں اسکو مفصل بیان کیا ہی اور
اعادہ بعد قیامت میں بکثرت اس تجلی صوری کا ذکر ہوا ہی پس یہ صورت صریحہ تجلی صوری ہی چنانچہ حدیث میں آیا۔ آتانی ربی فی احسن صورۃ ۔
یعنے میں نے اپنے رب کو بہ صورت خوب صورتی میں دیکھا یہ حدیث طویل آخر تک جامع ترمذی میں موجود ہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ ترمذی نے
اسکو حدیث حسن صحیح کہا ہی حنبلی کہا ہی کہ اسکے ثبوت میں کچھ شک نہیں ہی چنانچہ ابن الجوزی نے علل متناہیہ میں اسکو حدیث ابن عباس معاذ
بن جبل و عبدالرحمن بن عائش وغیرہم رضی اللہ عنہم سے ذکر کیا اور فالیا کل مسانید میں کلام کرنے کے بعد مسند احمد سے نقل کرکے اقرار کیا کہ
اسکی اسناد حسن ہی پھر تجلی صوری پر بواسطے شیخ نے کہا کہ جب ملائکہ حضرت آدم علیہ السلام پر نظر کرینگے تو آئینہ روح سے انکو تجلی صوری نظر
آویگی واللہ تعالیٰ اعلم شیخ نے کہا کہ یہی اسرار حکمت کے شاہد محبت ہی کہ ایک خاص کو اپنے ید قدرت سے پیدا فرمایا کہ اپنی صفات سے مخلع کیا پس
اپنی صفات قہر سے بوجہ اپنی صفات کے محبوب فرمایا پھر تقاضائے قدس کو چہرہ آدم سے اوٹھا کر تمام عالم کو منور فرمایا تب ملائکہ کو اپنی جہالت پر ندامت
ہوئی کہ ہمنے اسکو اپنے قیاس سے خود پسند و خصلت کا دون کہا تھا لیکن جاننا چاہیے کہ ملائکہ کا مقولہ از راہ تحریک اعمال تھا اور آدم علیہ السلام کا
ظہور از راہ احوال تھا تو احوال اہل عبادت اس حس و اصطفائیت سے غافل ہی اور چونکہ انھوں نے بے محل سوال کیا اسواسطے محتاج ہوئے
کہ علم اسماء و صفات کو آدم علیہ السلام سے حاصل کرکے مرتبہ حال سے مقام حاصل کریں بعض نے سجدہ کا نکتہ یوں بیان کیا کہ ملائکہ نے اپنی
عبادت کو مرفع کرامت خیال کیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے علم معرفت سے آدم علیہ السلام کی بزرگی اظہار فرمائی اور اہل عبادت کو اسکے لیے سجدہ کا
حکم دیا۔ مترجم کہتا ہی کہ اسی مقام سے اہل ہند نے لیا کہ مرید کو شیخ عارف کی تعظیم میں حد ادب ملحوظ ہونا چاہیے حتی کہ اگر شیخ عارف صرف فرائض
ادا کرتا ہو اور مرید شب و روز عبادت میں مصروف ہو تو اس عابد پر کوئی مغرور نہیں کہ عارف سے عابد تک ابھی زمین و آسمان کا فرق ہی
عابد شب بیکار و روز راہ سیر عارف دم میں ہوتا تخت شاہ پر انکی دو رکعت و تیری صد ہزار رکعت برابر ہو سکیں ای خاکسار۔ بعض مشائخ
عراق نے فرمایا کہ فلاں فعل کے شرائط ہی کہ اشیاء کو وصل و فصل سے پہچانتا ہو کہ وہاں جدائی و میل کچھ نہیں ہی کیونکہ حادث کو قدیم سے وصل
غیر ممکن ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ مولوی بحر العلوم نے شرح مثنوی میں و دیگر اکابر مشائخ نے مصرح بیان فرمایا کہ حوادث و مخلوقات کسی حال میں بھی
بتقدم نہیں ہو سکتے ہیں حتی کہ جسنے یہ اعتقاد کیا وہ اجہل گمراہ و ائرۂ کفر میں داخل ہو گیا اور فانی فی اللہ و باقی باللہ کی معرفت یہ ہی کہ جب بندہ
قرب نوافل کے مرتبہ پر پہونچتا ہی تو استغراق حق میں اسکو اپنے نفس کا بھی ہوش نہیں رہتا ہی اور اسوقت حق چھا جاتا ہی اور حق عزوجل ہی اسکے
واسطے سمع و بصر و ہاتھ پاؤں ہو جاتا ہی یعنے جیسے عوام اپنے ارادات سے چلتے و قدم اوٹھاتے اور ہاتھ کو کام میں لاتے ہیں اور اپنی خواہش سے
سنتے و دیکھتے ہیں تو اسکے خلاف عارف از خود فراموش ہوتا ہی اور اسمیں ارادات حق ظہور کرتے ہیں پس وہ حق عزوجل کے ارادات سے چلتا پھرتا
اور نماز روزہ وغیرہ ادا کرتا اور وعظ و نصیحت کرتا اور یہ سب بارادت حق عزوجل اس سے ظہور کرتے ہیں حالانکہ وہ خود مستغرق و نابود ہی حتی کہ اس
حالت میں اگر وہ کسی کے حق میں کوئی کلمہ کہتا ہی تو بدون اس شخص کے ہوش کے از جانب حق عزوجل ہوتا ہی حالانکہ ظاہر میں یہی نظر آتا ہی کہ اس
شخص نے بندہ عابد کی یا نکتہ عارف کی۔ اور یہی نظر کرامت ہی اور قرب نوافل کا بیان انشاء اللہ تعالیٰ آویگا اور جسنے یہ مقام سمجھ لیا وہ راہ حق میں
خطرات شیطانیہ سے محفوظ رہیگا اور جسنے نہیں پایا وہی جاہل صوفیوں کے دام فریب میں شکار شیطان ہو جاتا ہی عصمنا اللہ تعالیٰ برحمتہ وصلی اللہ
علی سیدنا محمد و آلہ و صحبہ اجمعین والحمد للہ رب العالمین ۔ م ۔ شیخ نے لکھا کہ ابتداء میں ملائکہ کو صفات آدم علیہ السلام سے نادانی تھی حتی کہ جنکی
کی طرح اسکی مخالفت کو طاعت سمجھتے تھے پھر حضرت حکیم عزوجل نے انکا فی الجملہ اظہار فرمایا حتی کہ آدم علیہ السلام کی تعظیم و طاعت میں عبادت

حق عزوجل ہی اور اس سے انکار لغت ہی۔ شیخ ابو عثمان مغربی نے فرمایا کہ خلق پر اونکے دعووں ہی سے بلائیں آتی ہین کیا نہین دیکھتے ہو کہ جب ملائکہ نے اپنی تسبیح و تقدیس کا دعوی کیا تو کیونکر جہالت مین مبتلا کیے گئے حتی کہ آخر انھون نے اقرار کیا کہ۔ لاعلم لنا الا ما علمتنا۔ یعنے اپنی جہالت کا اقرار کیا۔ شیخ نے کہا کہ تعلیم اسماء مین معرفت افعال و صفات الٰہی کی حکمت مندرج ہی تاکہ اس علم سے مقام حال پر ترقی ہو۔ شیخ ابن عطا نے کہا کہ اللہ تعالے ہی کے واسطے صمد ہی کہ اگر وہ آدم علیہ السلام کو اسماء کی تعلیم نفرماتا تو وہ ملائکہ سے بھی زیادہ عاجز ہوتے۔ شیخ نے کہا کہ جب ملائکہ کے واسطے سجدہ کا حکم ہوا تو یہ ملائکہ کے واسطے آدم علیہ السلام مین سر الٰہی کا انکشاف ہی حتی کہ اونھون نے آدم علیہ السلام پر خلعت صبغۃ اللہ دیکھی اور ابلیس چونکہ غضبی منظر تھا اوسکو یہ کچھ نظر نہین آیا۔

وَقُلْنَا يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا

اور کہا ہمنے اے آدم بس تو اور تیری عورت جنت مین اور کھاؤ اوسمین محفوظ ہوکر جس جگہ چاہو

وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ

اور نزدیک نہ جاؤ اس درخت کے پھر تم بے انصاف ہوگے پھر ڈگایا اونکو شیطان نے

عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ

اُس سے پھر نکالا اونکو وہانسے جس آرام مین تھے اور کہا ہمنے تم سب اترو تم ایک دوسرے کے دشمن ہو

وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ

اور تمکو زمین مین ٹھہرنا ہی اور کام چلانا ایک وقت تک

ان آیات مین اللہ تعالی نے بعد سجدہ ملائکہ کے آدم علیہ السلام کے واسطے کرامت مقام اور تشریف خلافت کی انجام بیان کیا اور آدم علیہ السلام نبی مکلم تھے چنانچہ حدیث ابوذر رضی اللہ عنہ مین بروایت ابن مردویہ مصرح ہی مترجم کہتا ہی بلکہ حدیث صحیح مسلم سے ثابت ہی اور یہی مذہب اہل حق ہی۔ شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ محمد بن اسحق نے کتاب السیر مین تصریح کی کہ ہمکو علماء اہل کتاب تورات وغیرہ کی روایات بذریعہ وہب ابن عباس وغیرہ کے یون پہونچی ہین کہ جب آدم علیہ السلام نے ملائکہ کو اسماء اشیاء سے آگاہ فرمایا تو اوسکے بعد آدم علیہ السلام پر نیند غالب کی گئی پھر اللہ تعالی کی قدرت سے آدم کی پسلیون مین سے بائین پسلی لیکر وہان گوشت بھر دیا گیا اور آدم ہنوز خواب مین تھے کہ اللہ تعالے نے اس پسلی سے حوا کو پیدا کیا کہ وہ اچھی خاصی عورت ہوگئی تاکہ آدم علیہ السلام کو اوسکے ساتھ سکون ہو یہ لوگ بیان کرتے ہین کہ جب آدم علیہ السلام خواب سے جاگے تو اپنے پہلو مین اوسکو بیٹھا دیکھکر فرمایا کہ یہ میرا جوڑا ہی پھر جب اللہ تعالے نے تزویج فرمایا تو آدم علیہ السلام کو خطاب کیا چنانچہ فرمایا بالمشافہ وَقُلْنَا يَا آدَمُ اسْكُنْ أَنْتَ وَزَوْجُكَ الْجَنَّةَ۔

اور ہمنے فرمایا کہ اے آدم تو اور تیری جوڑی جنت مین رہو۔ ف اور یہ حکم بصیغہ امر ہی جسکی تعمیل ایک ساعت رہنے سے پوری ہوسکتی ہی اور اسکے ساتھ یہ بھی حکم دیا۔ وَكُلَا مِنْهَا رَغَدًا حَيْثُ شِئْتُمَا وَلَا تَقْرَبَا هَٰذِهِ الشَّجَرَةَ فَتَكُونَا مِنَ الظَّالِمِينَ اور دونون اس جنت مین سے فراغی کے ساتھ جہان تمھارا جی چاہے کھاؤ اور اس درخت خاص سے قریب نہو تاکہ دونون ظالمین مین سے ہوجاؤگے۔ ف یعنے اگر اس درخت کے قریب جاؤگے تو اپنے نفس پر ظلم کرنے والے ہوجاؤگے اور یہ ممانعت بطور تاکید ہی کیونکہ درحقیقت اس درخت سے کھانا ممنوع تھا نہ اوسکے پاس جانا لیکن محرمات کے پاس جانے سے مبتلا ہوجانیکا خوف ہی لہذا احتیاطاً پاس جانے سے منع فرمایا اسیواسطے حدیث مین آیا کہ حلال صاف ظاہر ہی اور حرام صاف ظاہر ہی اور ان دونون کے بیچ مین امور

مشتبہ ہین جنکو بہت سے لوگ نہین جانتے ہین پس جو شخص مشتبہ سے الگ رہا وہ اپنے دین و آبرو کو بچا لیگیا اور جو کوئی چراگاہ کے گرد پھرتا ہے وہ اوسمین مبتلا ہونے کے قریب ہو جاتا ہے اور آگاہ رہو کہ ہر بادشاہ کے واسطے چراگاہ ہے اور زمین مین اللہ تعالی کی چراگاہ وہ امور ہین جنکو اوسنے حرام کیا ہے (الصحیحین وغیرہ) اور اللہ تعالے نے حوا کا نام نہین لیا جیسے قرآن شریف مین کسی عورت کا نام مذکور نہین ہے سوائے مریم علیہا السلام کے کہ جسکا نام بارہا مکرر مذکور ہے تاکہ نصرانیون کو خفت ہو جو مریم کی نسبت بدگوئی کرتے ہین۔ شیخ نے لکھا کہ محمد بن اسحاق کی روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ جنت مین داخل ہونے سے پہلے حوا کی پیدائش ہوئی ولیکن سدی کی روایت ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم مین آیا کہ جنت سے ابلیس نکالا گیا اور آدم علیہ السلام وہان بسائے گئے لیکن بغیر ساتھی کے تنہا پھرتے تھے کہ ناگاہ اونپر خواب طاری ہوا پھر جب جاگے تو دیکھا کہ ایک عورت اونکے سرہانے بیٹھے ہے پس ملائکہ نے امتحاناً پوچھا کہ بھلا اسکا کیا نام ہے تو آدم علیہ السلام نے فرمایا کہ اسکا نام حوا ہے اونھون نے کہا کہ بھلا کیون تو فرمایا اسواسطے کہ یہ حی سے پیدا ہوئی ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ محمد بن اسحق نے اپنی روایت مین اشارہ کیا کہ یہ اقوال بھی اسرائیلی روایات ہین پھر واضح ہو کہ علماء کے درمیان کچھ خلاف نہین ہے کہ آدم علیہ السلام کی پیدائش زمین مین واقع ہوئی پھر یہان جنت سے مراد کیا وہ جنت ہے جسمین اہل ایمان دار الآخرت مین داخل ہونگے یا جنت سے مراد کوئی باغ دنیاوی ہے اور یہان دونون احتمال ممکن ہین اور شیخ ابن القیم نے حادی الارواح مین دونون کے دلائل نقل کرکے سکوت کیا۔ علامہ ابو السعود نے کہا کہ دلائل نقلیہ متعارض ہونے سے توقف کرنا بہتر ہے لیکن خطیب نے سراج المنیر مین جزم کیا کہ وہ جنت بلند تھی جس سے گرانا واقع ہوا ہے واللہ تعالے اعلم۔ شیخ نے لکھا کہ اللہ تعالے نے جس درخت سے منع فرمایا وہ ایک امتحان حکمت تھا پھر کسی حدیث سے یہ ثابت نہین ہوتا کہ وہ کیا درخت تھا اور سلف سے اس بارہ مین اقوال مختلف ہین چنانچہ سعید بن جبیر و محمد بن قیس و جادہ بن ہبیرہ و شعبی و سدی نے کہا کہ درخت انگور تھا اور یہی سدی نے ابن عباس و ابن مسعود و ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت کیا کہ یہ درخت انگور تھا اور یہودی کہتے ہین کہ وہ گیہون کا درخت تھا اور یہی ابن جریر و ابن ابی حاتم نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بروایت عکرمہ ذکر کیا و عبد الرزاق نے بروایت سعید بن جبیر بیان کیا اور محمد بن اسحاق نے بروایت مجاہد بیان کیا اور ابن جریر نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ ابن عباس رضی نے ابو الجلد کو لکھا تو اوسنے جواب مین لکھا کہ جس درخت سے ممانعت تھی وہ گیہون کا درخت تھا اور جس درخت کے پاس توبہ قبول ہوئی وہ زیتون تھا اور یہی قول حسن بصری و وہب بن منبہ و عطیۃ العوفی و ابو مالک و محارب بن دثار و عبد الرحمن بن ابی لیلی ہے اور محمد بن اسحق نے وہب بن منبہ سے روایت کی کہ وہ گیہون تھا لیکن جنت مین اوسکا دانہ گائے کے گردہ کے برابر اور بکرے سے زیادہ نرم اور شہد سے زیادہ شیرین ہے اور سفیان ثوری نے ابو مالک سے روایت کی کہ وہ درخت خرما تھا اور ابن جریر نے مجاہد سے روایت کی کہ وہ درخت انجیر تھا اور یہی قول قتادہ و ابن جریج ہے۔ ابو العالیہ سے روایت ہے کہ وہ ایسا درخت تھا کہ اوسکی غذا سے پائخانہ آوے۔ عبد الرزاق نے وہب بن منبہ سے روایت کی کہ وہ درخت ایسا تھا کہ جسکو وہی کھاوے جو ہمیشہ زندہ رہے چنانچہ ملائکہ اوسکا پھل کھاتے تھے۔ مترجم کہتا ہے کہ ملائکہ تو کھانے پینے سے بری ہین پس معلوم نہین ہوتا کہ لفظ ملائکہ سے کیا مراد ہے اور ظاہرا یہ اسرائیلی روایت ہے جنکو وہب بن منبہ بکثرت لے لیتے ہین بلکہ علماء تابعین سے مختلف روایات ہین پس شاید اونھون نے اہل کتاب کے اختلافات نقل فرمائے ہین اور خود اس بارہ مین تفسیر نہین فرمائی ہے لہذا امام ابو جعفر بن جریر نے فرمایا کہ قول صواب اس بارہ مین یہ ہے کہ اللہ تعالے نے درختان جنت مین سے ایک درخت [illegible] ممانعت فرمائی تھی اور اوسکے جاننے سے ہماری کوئی غرض متعلق نہین ہے اور نہ اسپر قرآن یا حدیث سے کوئی دلیل قائم ہے پس [illegible] جنت ہو مقصود یہ ہے کہ اللہ تعالے نے بحکمت بالغہ اوسکے کھانے سے منع فرمایا منعقد جم

کہتا ہو کہ جب اوسکے کھانے سے لباس ساقط ہو گیا تو شاید اوسکے کھانے کا اثر ہوا اور شاید نافرمانی کا ضرر ہو — امام رازی نے بھی اسکو صحیح و صواب ٹھہرایا کہ بیان حکمت اسی سے متعلق ہی کہ اللہ تعالیٰ نے انکو درخت خاص سے منع فرمایا مترجم کہتا ہو کہ جمہور علماء کے نزدیک یہ جنت آسمانی تھی اور ابلیس بوجہ آدم علیہ السلام کے ملعون کرکے نکالا گیا تھا تو وہ قیامت تک اولاد آدم کا ایسی قطعی دشمن ہی جیسے دو متضاد کا جمع ہونا محال ہو لہذا اللہ تعالیٰ نے فرمایا ان ہذا عدو لک و لزوجک فلا یخرجنکما من الجنۃ فتشقی یعنی ہمنے آدم سے کہدیا کہ ابلیس تیرا و تیری زوجہ کا دشمن ہی سو تم دونوں کو جنت سے نہ نکالے کہ تو شقی ہو جاوے یعنے مصیبت دنیا مین پڑ جاویگا مترجم کہتا ہو کہ سبحان اللہ حکمت خلافت سے ملائکہ کو آگاہ فرمایا اور آدم علیہ السلام سے یہ عہد لیا — چونکہ شیطان ازلی مردود ہی لہذا اوسکو کسی بدکاری مین کچھ باک نہین ہی پس اوسنے آدم علیہ السلام کو وسوسہ دلایا کہ اگر تم اس دار عافیت مین دوام چاہتے ہو تو مین تمکو ایک درخت بتلاؤن کہ جو کوئی اوسکا پھل کھاوے وہ ہمیشہ یہین رہے پھر اوسنے بھی درخت بتلایا جس سے ممانعت کی گئی تھی اور اللہ تعالیٰ کو درمیان مین یکقسم کھائی کہ مین تمھارا خیر خواہ ہون پنانچہ قرآن مجید مین آویگا اور حضرت آدم علیہ السلام خیال اسنام پاک کی عظمت سے عہد الٰہی بھول گئے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا فنسی ولم نجد لہ عزما — یعنے عزم قوی کے ساتھ عہد یاد نرکھا اور بھول گیا — ھ — چنانچہ درخت ممنوع کا پھل کھالیا جس سے اللہ تعالیٰ نے اونکو جنت سے اوتار دیا — فَأَزَلَّهُمَا الشَّيْطَانُ عَنْهَا فَأَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيهِ شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ اگر ضمیر راجع بجنت ہو تو قراءۃ عاصم رح فَأَزَالَهُمَا کے معنے ہین یعنے پھر دور کردیا اون دونون کو شیطان نے جنت سے پس دونون کو نکال باہر کیا اوس نعمت سے جسمین دونون موجود تھے — ف — یعنی لباس لطیف و منزل شریف و رزق کریم و راحت عمیم سے نکال باہر کرینکا داؤ کھیلا جو پورا پڑا کہ اللہ تعالیٰ نے آدم و حوا علیہما السلام کو جنت سے اوتار دیا اور اگر ضمیر عنہا راجع بجانب درخت ہو اور موافق قول حسن بصری و قتادہ کے أَزَلَّهُمَا مشتق زلل ہو تو معنے یہ ہین کہ پھر شیطان نے ان دونون کو اس درخت سے لغزش دلائی پس ان دونون کو اوس نعمت سے جسمین دونون موجود تھے نکال باہر کیا — وَقُلْنَا اهْبِطُوا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ وَلَكُمْ فِي الْأَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَمَتَاعٌ إِلَىٰ حِينٍ ○ اور ہمنے کہا کہ تم لوگ اوتر و درحالیکہ بعض تمھارے بعض کے دشمن ہین اور تمھارے واسطے زمین مین قرارگاہ و متمع ایک وقت تک ہی — ف — اہبطوا صیغہ جمع ہی جسکے معنے یہ ہین کہ تم لوگ زمین مین اترو پھر یہ مخاطب بعض مفسرین کے نزدیک حضرت آدم و حوا علیہما السلام مع اولاد ہین اور اسیکو شیخ سیوطی نے اختیار کیا یعنے اللہ تعالیٰ نے آدم و حوا علیہما السلام کو بشمول اونکی اولاد کے حکم دیا خواہ ان اولاد مین سے بعض وہان پیدا ہو گئے ہون جیسا کہ بعض علماء کا قول ہی یا علم الٰہی مین موجود ہون تو حاصل یہ ہوا کہ ان ذریات مین باہم بعضے بعضون کے دشمن ہونگے اور باہم ظلم و فساد کرینگے اور ایک وقت تک وہان تمتع پاوینگے یعنے پیداوار زمین سے تا وقت موت اپنی تمتع حاصل کرینگے اور زمین اونکے واسطے قرارگاہ ہی کہ جسمانی زندگی مین زندگی کی قرارگاہ ہوگی اور بعد موت کے زمین اونکے واسطے قبرگاہ ہوگی یہ سب اس بنا پر کہ اہبطوا سے حضرت آدم و حوا علیہما السلام کو مع ذریات خطاب ہوا اور بعض کے نزدیک حضرت آدم و حوا علیہما السلام و ابلیس و سانپ ہین امام ابن کثیر نے لکھا کہ ایک جماعت علماء تابعین مانند سدی و ابو العالیہ و وہب بن منبہ وغیرہ نے اس مقام پر اسرائیلی قصص روایت کیے جنکا حاصل یہ ہی کہ سانپ کے ذریعہ سے ابلیس نے جنت مین داخل ہو کر حضرت آدم و حوا علیہما السلام کو وسوسہ دلایا جسکو ہم سورۂ اعراف مین انشاء اللہ تعالیٰ مبسوط بیان کرینگے — ابن ابی حاتم نے حسن بصری کی اسناد سے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کی حدیث روایت کی کہ اللہ

نے آدم علیہ السلام کو دراز قامت پیدا کیا جسکے سر پر کثرت بال تھے پھر جب انھون نے اوس درخت میں سے کھایا جس سے ممانعت تھی تو لباس گر گیا پس شرمگاہ کھل گئی تو انھون نے جنت میں دوڑنا شروع کیا پس ایک درخت نے انکے بال پکڑ لیے اور دوسری روایت میں ہی کہ انکے بالون سے درخت لپٹ گیا پس اللہ تعالے نے فرمائی کہ اے آدم مجھسے بھاگتا ہی آدم علیہ السلام نے عرض کیا کہ اے رب میں تجھسے نہین بھاگتا ہون بلکہ شرماتا ہون حکم پہونچا کہ اے آدم میرے جوار سے خارج ہو مجھے اپنی عزت و جلال کی قسم ہی کہ یہان وہ شخص نہین رہ سکتا ہی جیسنے میری نافرمانی کی اور اگر میں تیرے مثل اس قدر مخلوق پیدا کرون جس سے ساری زمین بھر جاوے پھر وہ میری نافرمانی کرین تو انکو بھی گنہگارون کے مکان مین بساؤن شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ روایت غریب و منقطع بلکہ معضل ہی حسن بصری نے کہا کہ جنت مین آدم کا ٹھہرنا دن کی ایک ساعت ہوا جو دنیا کے حساب سے ایک سو تیس برس ہوتے ہین (عبد بن حمید) ابن عباس نے کہا کہ نماز عصر سے غروب آفتاب تک آدم علیہ السلام جنت مین رہے (الحاکم) ربیع بن انس نے کہا کہ آدم علیہ السلام جب جنت سے نکلے تو انکے ساتھ درخت جنت سے ایک شاخ تھی اور سر پر وہان کی پتیون کا اکلیل تھا سدی نے کہا کہ آدم وہان سے زمین ہند وستان مین اترے اور انکے ساتھ حجر اسود تھا اور ایک مٹھی جنت کے پتے تھے جنکو انھون نے ہند مین چھڑکا یا اسی سے اکثر خوشبو کی چیزین وہان سے آتی ہین مترجم کہتا ہی کہ مشہور یہ ہی کہ سراندیپ یعنے لنکا کے پہاڑ پر اوترے جو اب تک کوہ آدم کے نام سے مشہور ہی اور بیشک ہند وستان مین یا جین خوشبو دار بکثرت ہین اور حسن بصری نے کہا کہ آدم کا نزول ہند وستان مین ہوا اور حوا جدہ مین اور ابلیس دشت بیسان مین جو سرزمین بصرہ ہی اور سانپ اصفہان مین گرے (ابن ابی حاتم) اور ابو موسیٰ نے کہا کہ جب آدم زمین مین اوترے تو اللہ تعالے نے انکو ہر ضرورت کی صنعت سکھلائی اور تخم جنت کا توشہ دیا (عبد الرزاق) اور واضح ہو کہ اس مقام پر صحیح حدیث ابو ہریرہ رض مین اسقدر وارد ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہترون جس مین آفتاب کو طلوع نصیب ہوا وہ جمعہ کا دن ہی کہ اسی دن آدم علیہ السلام پیدا کیے گئے اور اسی دن جنت مین داخل کیے گئے اور اسی دن وہان سے نکالے گئے (صحیح مسلم و النسائی) اور اس حدیث مین حضرت آدم کا جنت سے نکالا جانا بھی اس دن کے فضائل مین شمار ہوا اسواسطے کہ حضرت آدم علیہ السلام کا نکلنا اسقدر اکابر انبیا و صالحین علیہم السلام کا ظہور ہی اور یہی خلافت الٰہیہ کی حکمت ہی اور واضح ہو کہ ابن عباس رض نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے سانپون کا مارنا اس خوف سے چھوڑا کہ وہ پیچھا کرینگے تو وہ ہمسے نہین ہی کیونکہ ہمنے جب سے انھون سے محاربہ کیا تب سے کبھی صلح نہین کی ہی (ابو داؤد) ابن مسعود نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر قسم کے سانپون کو مار ڈالو جو شخص سانپون کے عوض لینے سے خوف کرے وہ مجھسے نہین ہی سوا ایک قسم کے باریک سانپون کے جو چاندی کی ونڈی کے مانند ہوتے ہین (ابو داؤد) شاید اس سے یہی چھوٹے چھوٹے سانپ مراد ہین جو گھرون مین رہتے ہین جنکو بانبھی بولتے ہین چنانچہ حدیث ابو سعید خدری رض مین بیان ہی کہ ان گھرون مین کچھ بسنے والے ہین پس جب کوئی انمین سے نظر آوے تو تین مرتبہ اوس سے کہدو کہ تمھارے اسطرح ظاہر ہونے مین ہمارا حج ہی پس اگر چلا جاوے تو خیر ورنہ اوسکو قتل کرو کہ وہ کافر ہی اور ایک روایت مین ہی کہ مدینہ مین کچھ جن ہین جو اسلام لائے ہین پھر جب تم اونمین سے کسیکو دیکھو تو اوسکو تین دن تک اعلام کرو پھر اگر اسکے بعد ظاہر ہو تو اوسکو قتل کرو کہ وہ شیطان ہی (ابو داؤد) ان روایات سے مستنبط ہوتا ہی کہ جن و شیطان دونون سانپ کی شکل مین ظاہر ہوتے ہین شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ جب شیطان نکال دیا گیا تھا تو اوسکے واسطے جنت مین سونے دینے کا امکان کیونکر ہوا بعض نے کہا کہ توریت مین آیا ہی کہ وہ سانپ کے منھ مین ہو کر جنت مین گیا اور بعض نے کہا کہ اسمین کوئی محال نہین کہ شیطان جنت مین ہو اور اوسکا وسوسہ جنت مین پہونچے اور یہ بات صرف ان چیزون کی جہالت پر مبنی ہی

حالانکہ تم دیکھتے ہو کہ مسمریزم کے ذریعہ سے لکھنؤ کا آدمی ہزارون کوس کے فاصلہ کا حال بیان کرنے لگتا ہی اور آفتاب کا اثر زمین پر پھیلتا ہی اور انسان کا خیال لاکھون کوس دوڑتا ہی پس جبکہ امر معلوم ہوچکا کہ یہ از قسم مادیات نہین ہی تو اوسکو مادیات پر تصور کرکے حکم لگانا محض بیوقوفی ہی خطیب نے نقل کیا کہ شیطان نے عداوت ذاتی سے چاہا کہ آدم علیہ السلام و اونکی ذریات کے ساتھ عداوت پوری کرے حتی کہ جو حکمت مشیت الٰہی مین جاری ہوئی تھی اوسیکا ظہور ہوتا گیا کہ ابلیس نے سجدہ سے انکار کیا اور ملعون ہونے پر درخواست کی کہ الٰہی قیامت تک میری موت مین مہلت ہو اور یہ بمقتضائے مشیت منظور ہوئی اور اوسنے مصرح اظہار کیا کہ مین آدم علیہ السلام کی ذریات مین سے سوائے ایک گروہ قلیل کے سبکو آدم سے منقطع و برباد کرونگا اور یہ بھی امر مشیت تھا چنانچہ سورۂ اعراف مین انشاء اللہ تعالیٰ واضح بیان آویگا اور حضرت آدم علیہ السلام رحمت الٰہی مین ایسے مستغرق ہوئے کہ باوجود تنبیہ حق عزوجل کے شیطان سے دھوکا کھایا جبھی اوسنے کہا کہ۔ یا آدم ہل ادلک علی شجرۃ الخلد و ملک لا یبلیٰ۔ یعنی اے آدم مین تمکو شجرۃ الخلد اور ایسے ملک کی راہ بتلاؤن جو نیست نہ ہوگا۔ وقاسمہما باللہ انہ لمن الناصحین۔ اور حضرت آدم و حوا علیہما السلام سے اللہ تعالےٰ کے نام کی قسم کھائی کہ وہ قطعی ان دونون کا خیر خواہ ہی۔ ۸۔ چونکہ نام الٰہی کی عظمت درمیان مین آئی اور اسطرح اونکے قلوب پر چھائی کہ بھلا اس نام پاک کی قسم کوئی شخص جھوٹی کھا سکیگا پس اس استنباط پر اعتماد کیا اور صریح عہد الٰہی جو نص محکم تھا بھول گئے کہ یہ شیطان تیرا اور تیری زوجہ کا دشمن ہی خطیب نے نقل کیا کہ حضرت آدم علیہ السلام نے انکار کیا لیکن حوا رضی اللہ عنہا کو شیطان کی باتون سے خوف ہوا کہ تم یہانسے نکالے جاؤگے اسواسطے اس شجرۃ الخلد سے منع کیے گئے ہو پس طمع و ہوس دوام کا وسوسہ طاری ہوا تو پہلے اونھون نے پھل کھایا اور اونکو کچھ ضرر اسوجہ سے نہوا کہ عہد نبوت حضرت آدم علیہ السلام کے ساتھ تھا۔ اور بعض نے کہا کہ حضرت آدمؑ کو شراب پلاکر حضرت حوا نے یہ پھل کھلایا اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ اگر حوا نہوتی تو کبھی کوئی عورت اپنے خاوند کی خیانت نکرتی اور اگر قوم بنی اسرائیل نہوتی تو کبھی گوشت گندہ نہوتا (الصحیحین) روایت ہی کہ جب پھل کھایا تو چاند سا بدن متغیر ہوگیا صرف ناخنون پر نشان باقی رہگئے تھے جب آدمؑ اونکو دیکھتے تو یاد کرکے بہت روتے تھے۔ اور واضح ہو کہ وسوسہ شیطانی نہایت سخت چیز ہی حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شر الوسواس الخناس سے پناہ مانگنے کا حکم دیا اور حدیث مین ہی کہ شیطان آدمی مین رگ و پی خون کی طرح ساری ہوتا ہی (الصحیح)۔ (مسئلہ) فازلہما الشیطان۔ نص صریح ہی کہ آدم علیہ السلام سے یہ خطا بطور لغزش تھی اور قولہ تعالےٰ۔ فنسی ولم نجد لہ عزما۔ نص صریح ہی کہ یہ بطور نسیان صادر ہوئی اسیواسطے علماء نے فرمایا کہ وہانسے نکالا جانا اس خطا کی سزا نہین تھی بلکہ اللہ تعالےٰ نے یہ امر مقدر فرمایا تھا کہ آدم علیہ السلام کے واسطے سکونت جنت صرف اس حد تک ہی کہ یہ پھل کھاوین علاوہ یہ ین گناہ کا مفہوم یہ ہوتا ہی جو عوام مین بمعنے عقوبت جہنم ہے حالانکہ یہ عوام کے واسطے ہی اور جو لوگ درجۂ عالی پر ہین اونکے واسطے غفلت و نسیان پر بھی مواخذہ ہوتا ہی چنانچہ بحکم قولہ تعالےٰ۔ فانساہ الشیطان ذکر ربہ الآیۃ۔ کے حضرت یوسف علیہ السلام بھی نسیان پر ماخوذ ہوے اور یہان توضیح مین ایک مسئلہ کافی ہی اور وہ یہ ہی کہ ایک شخص کا قصد تھا کہ اپنی زوجہ ہندہ کو کہا مین سے فقط ہندہ کو طلاق دیگا اور کہا کو نہین دیگا اور اوسنے کہا سے یہ عندہ بھی کہدیا تھا پھر اوسنے بھولے سے کہا کو تین طلاقین دین تو یہ حکم ظاہر ہی کہ وہ وعدہ خلافی مین گنہگار نہوگا چنانچہ حدیث شریف مین آیا کہ اللہ تعالےٰ نے میری امت سے خطا و نسیان کو مرفوع فرمایا ہی۔ ۸۔ لیکن کہا پر طلاقین واقع ہوجائینگی اسیطرح حضرت آدم علیہ السلام پر بھولنے کا گناہ نہین تھا لیکن اس فعل کے ساتھ جو حکم لازم تھا کہ دنیا مین اتارے جاوین وہ پورا کردیا گیا۔ (تنبیہ) امام ابن کثیرؒ نے امام رازی سے نقل کیا کہ آدمی کو صغیرہ خطا پر بھی خوف کرنا چاہیے کیونکہ وہ نہین جانتا کہ اسکے ساتھ حکم تقدیری کیونکر متعلق ہی۔ فتح موصلی جو اکابر اولیا مین سے معروف ہین کہتے تھے کہ ہم لوگ

اہل جنت مین سے ایک قوم تھے ہمکو ابلیس قید کرکے دنیا مین لایا تو سوائے غم و رنج کے ہمارا کچھ کام نہین ہوسکتا یہانتک کہ ہم اپنے گھر لوٹ جاوین
(تنبیہ) اس مقام سے یہ قاعدہ مستنبط ہوا کہ جب نص صریح موجود ہو تو اوسکے مقابلہ مین استنباط قیاسی جائز نہین ہی کیونکہ آدم علیہ السلام کو صریح اس درخت سے ممانعت کی گئی اور صریح بتلایا گیا کہ شیطان تمہارا قطعی دشمن ہی پس اونکو شیطان کی قسم پر اور اوسکے شجرۃ الخلد بتلانے پر ہرگز اعتماد نہین کرنا چاہیے تھا پس آدمی کو لازم ہی کہ دل سے جناب باری مین رجوع ہوکر وسوسۂ شیطانی سے پناہ مانگے اور شرع کی مضبوط رسی پکڑے رہے اور بغیر دلیل شرعی کے کسیکا قول نمانے اگرچہ قیاس سے کیسا ہی مضبوط نظر آوے فافہم واللہ تعالی ہوالموفق والمعین ف ۲ عرائس البیان مین شیخ نے اس مقام کے اشارات مین لکھا کہ صاحب ارادت کو چاہیے کہ ہر شخص کا کلام نہ سنے اگرچہ وہ مقام معاملہ کے مرد سے ہر ایک معاملہ بتلانے والیکی بات سن لیتا ہی پس شیطان کو اوسکے بہکانے کا موقع ملجاتا ہی حتی کہ شیطان خود کبھی بشکل انسان ہوکر اوسکو گمراہ کردیتا ہی مترجم کہتا ہی کہ یہی تاکید مولوی روم علیہ الرحمۃ نے فرمائی ؎ ای بسا ابلیس آدم روے ہست ۔ پس بہر دستے نباید داد دست ۔ ؎ اکثر ابلیس آدمی کی شکل ہو ۔ پس ہر ایک کے ہاتھ مین مت ہاتھ دو ۔ شیخ نے لکھا کہ اگر وہ شیطان نہو تو بھی بسا اوقات انسان بسیرت شیطان ہوتا ہی کہ جاہل مدعی شریعت الٰہی سے خارج مگر لباس کاملین پہنکر ایسے مقالات سے جو اولیاء اللہ کے کلام مین بیان ہوے ہین جھوٹے دعوی سے عوام کو گمراہ کرتا ہی حتی کہ بسا اوقات مرتے وقت ایمان سے خارج ہوجاتا ہی اور بسا اوقات وہ مرتبہ ارادت سے خارج ہوکر دہریہ و نیچری ہوجاتا ہی اور ان آیات مین تنبیہ ہی کہ کسی چیز کی خواہش کو خلاف شریعت اپنے اوپر غالب نہ کرے کہ یہی خواہش سب فتنون کی جڑ ہی حتی کہ بہت سی خواہشین جو شرع مین مباح ہین وہ بھی مرتبہ تقوی سے گراتی ہین اور مقام قرب و درجات سے محجوب کرتی ہین ۔ مترجم کہتا ہی کہ بعض آیات و احادیث مین قلوب کو زمین سے مشابہ کیا گیا ہی چنانچہ قولہ تعالی ۔ ثم قست قلوبکم من بعد ذلک فہی کالحجارۃ الآیۃ ۔ کے ذیل تفسیر مین انشاء اللہ تعالی توضیح ہوگی ۔ لہذا شیخ نے اس مقام کے اشارہ مین بیان کیا کہ قلوب مین استقرار چاہیے تاکہ متاع انوار سے مقام مشاہدہ حاصل ہو اور لکھا کہ مشاہدہ نہ ہونے کی حالت مین انھین سے زندگی ہوتی ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ مشاہدہ نہونے سے مراد یہ ہی کہ عین دید ار نہو چنانچہ شیخ عبد اللطیف نے شرح فتوحی مین تصریح کی کہ دنیا مین عین مشاہدہ نہین ہی اور یہی محققین علماء و مشائخ کے کلام مین مصرح ہی بلکہ اسی پر اجماع ہی اور دنیاوی حیات مین صرف مشاہدۂ قرب حاصل ہوتا ہی اور مترجم نے مقدمۂ عین الہدایہ مین شرح ملا علی قاری سے یہ مسئلہ مفصل ذکر کیا ہی ۔ عمس ۔ پھر اللہ تعالے نے حضرت آدم علیہ السلام کا عذر و آیندہ جنت مین عود کرنیکا طریقہ بیان فرمایا ۔

فَتَلَقَّىٰ آدَمُ مِن رَّبِّهِ كَلِمَاتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ ۝ قُلْنَا

پھر سیکھ لین آدم نے اپنے رب سے کئی باتین پھر متوجہ ہوا اوسپر بیشک وہی ہی معاف کرنے والا مہربان ہمنے کہا

اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا ۖ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُم مِّنِّي هُدًى فَمَن تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ

تم اترو یہان سے سارے پھر کبھی پہونچے تمکو میری طرف سے راہ کی خبر تو جو کوئی چلا میرے بتانے پر نہ ڈر ہوگا

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ

اونکو اور نہ اونکو غم اور جو منکر ہوے اور جھٹلائین ہماری نشانیان وہ ہین

أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

دوزخ کے لوگ وہ اوسی مین رہ پڑے

جب آدم علیہ السلام سے یہ لغزش واقع ہوئی اگرچہ وہ بطریق نسیان تھی تاہم اونکی شان کے لائق نہ تھی پس آدم علیہ السلام نے جناب باری تعالے مین رجوع کیا چنانچہ عبید بن عمیرؓ سے روایت ہی کہ آدم علیہ السلام نے عرض کیا کہ ای رب یہ خطیہ جو مجھسے سرزد ہوا ہی کیا تو نے میری پیدائش سے پہلے مجھپر لکھدیا تھا یا مین نے اسکو اپنی جانب سے ایجاد کیا ہی فرمایا کہ نہین بلکہ مین نے تیری پیدائش سے پہلے تجھپر لکھا تھا تو آدم علیہ السلام نے عرض کیا کہ پھر جیسے مجھپر لکھا تھا ویسی ہی مجھکو بخش دے چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ فَتَلَقّٰٓى اٰدَمُ مِنْ رَّبِّهٖ كَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَيْهِ ط پھر سیکھ لی آدم نے اپنے رب سے کئی باتین پھر متوجہ ہوا اوسپر۔ فـ یہ قراءت آدم کو رفع و کلمات کو نصب ہی اور ایک قراءت مین آدم کو نصب اور کلمات کو رفع ہی تو معنے یہ ہین کہ پھر آدم کو اوسکے پروردگار کی جانب سے چند کلمات پہونچے سو اللہ تعالے نے اوسپر رجوع کیا یعنی آدم علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی کیونکہ اصل مین توبہ کے معنے رجوع کرنا اور اللہ تعالے کا رجوع کرنا قرآن مجید کی آیات مین صریح واقع ہوا ہی اسی سے محققین علماء نے کہا کہ اللہ تعالے رجوع فرماتا ہی تب بندہ توبہ کرتا ہی۔ سدی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی اسناد کے ساتھ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آدم علیہ السلام نے عرض کیا کہ ای رب کیا تو نے مجھے اپنے ید قدرت سے نہین پیدا فرمایا اللہ تعالے نے فرمایا کہ کیون نہین پھر عرض کیا کیا تو نے اپنی روح سے مجھ مین نہین پھونکا فرمایا کہ کیون نہین پھر عرض کیا کیا میری چھینک پر تو نے نہین فرمایا یرحمک اللہ اور کیا تیرے غضب پر تیری رحمت سابق نہین ہی ارشاد ہوا کہ کیون نہین پھر عرض کیا کیا تو نے میری پیدائش سے پہلے مجھپر نہین لکھا تھا کہ مجھسے یہ خطیہ سرزد ہو فرمایا کہ کیون نہین پس آدم علیہ السلام نے عرض کیا کہ الٰہی اگر مین توبہ کرلون تو کیا مجھے جنت مین لوٹایا جائیگا ارشاد ہوا کہ ہان (رواہ العوفی و سعید بن جبیر و سعید بن مسیب) اور یہی قول سدی و عطیہ عوفی ہی اور یہان ابن ابی حاتم نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے اسی معنے مین مختصر حدیث روایت کی کہ آدم علیہ السلام نے عرض کیا کہ الٰہی اگر مین توبہ کرکے رجوع کرون تو کیا مجھے جنت مین پھیر لیا جائیگا ارشاد ہوا کہ ہان۔ شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ یہ حدیث غریب منقطع ہی۔ ابو العالیہ نے کہا کہ آدم علیہ السلام نے بعد خطیہ مذکورہ کے عرض کیا کہ الٰہی اگر مین توبہ کرکے نیک کام کرون اللہ تعالے نے فرمایا کہ ایسی صورت مین مین تجھے جنت مین داخل کرونگا۔ بعض علماء نے کہا کہ رب عزوجل کی جانب سے جو کلمات پہونچے تھے وہ یہی کلمات ہین۔ اور ابن ابی نجیح نے مجاہدؒ سے روایت کی کہ آدم علیہ السلام کو جو کلمات پہونچے وہ یہ ہین۔ اَللّٰهُمَّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّكَ خَيْرُ الْغَافِرِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ خَيْرُ الرَّاحِمِيْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ وَبِحَمْدِكَ رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ۔ اور اکثر محققین نے کہا کہ شاید یہ کلمات بھی ہون جو مذکور ہوئے ہین اور اصل تفسیر کلمات کی قولہ تعالے۔ قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔ مین منصوص ہی اور یہی مجاہد و سعید بن جبیر و ابو العالیہ و ربیع بن انس و حسن و قتادہ و محمد بن کعب قرظی و خالد بن معدان و عطاء خراسانی و عبد الرحمن بن زید بن اسلم کی تفاسیر مین منقول ہی۔ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝ بیشک اللہ تعالے ہی تواب رحیم ہی۔ فـ جیسے قولہ تعالے۔ الم یعلموا ان اللہ یقبل التوبۃ عن عبادہ الآیۃ۔ یعنے کیا یہ لوگ جانتے نہین ہین کہ اللہ تعالے اپنے بندون کی توبہ قبول فرماتا ہی۔ اور سورۂ نساء مین قولہ تعالی۔ ومن یعمل سوءا او یظلم نفسہ الآیۃ۔ کی تفسیر مین مصرح ہی۔ بیہقی نے حدیث انس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ آدم علیہ السلام کے کلمات یہ ہین۔ سُبْحَانَكَ اَللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔ ھ شیخ سیوطی نے کہا

کہ اصح یہ ہی کہ اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام کو یہ کلمات الہام فرماکے ربنا ظلمنا انفسنا الآیۃ۔ یہ در اصل امام ابن جریرؒ کا قول ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ ان روایات مین موافقت کی صورت ظاہر ہی اسطرح کہ آدم علیہ السلام نے پہلے اپنے نفس کے واسطے تنہا استغفار کیا چنانچہ حدیث اس وغیرہ مین مفرد اپنے واسطے ضمیر مذکور ہی پھر حوا کو ساتھ لیکر استغفار کیا جیساکہ قولہ تعالے۔ قالا ربنا ظلمنا انفسنا الآیۃ۔ کی ضمیر تثنیہ دلیل ہی اگر کہا جاوے کہ تواب بمعنی مبالغہ ہی حالانکہ اللہ تعالی کی جناب مین مبالغہ کیونکر ٹھیک ہوسکتا ہی کیونکہ مبالغہ موجود سے بڑھکر بیان کرنیکو کہتے ہین جواب دیا گیا کہ اللہ تعالے کی صفات کامل ہین تواوبین مبالغہ نہین ہوسکتا۔ پس شیخ سیوطی رحمہ نے فرمایا کہ بندون کی کثرت کی وجہ سے تواب فرمایا جیسے رحیم بھی بندون کی کثرت کی وجہ سے آیا۔ بعض علماء نے کہا کہ تواب رحیم کو جمع کردینے مین توبہ کرنے والون کے لیے عفو کے باوجود رحمت کا وعدہ ہی۔ ف۲ بعض اشارات عرائس مین ہی کہ جب آدم علیہ السلام کے واسطے حکم تقدیری جاری تھا تو یہ خطیہ اونکے ساتھ پیدا ہوا کہ اگر وہ استغفار سے بفضل الٰہی محفوظ تو برقرار رہے لیکن اللہ عزوجل نے اپنے بندون کو رحمت سے مشمول فرمایا چنانچہ آدم علیہ السلام نے ان کلمات سے عذر کیا۔ مترجم کہتا ہی کہ مسئلہ تقدیر عجیب حکمت الٰہی عزوجل ہی جسکی نسبت مین نے بارہا اہل عقل کو تنبیہ کی کہ جب یہ حکمت الٰہی عزوجل کا ظہور ہی تو عقل ضعیف اوسکو کیونکر ادراک کرسکتی ہی اور ہر عاقل جانتا ہی کہ حکمت الٰہی کا ادراک محال ہی تو سوائے جاہل احمق کے کوئی شخص اسکے درپے نہین ہوسکتا اسیواسطے حدیث صحیح مین خوض تقدیر کے بارہ مین بہت شدت کے ساتھ منع فرمایا ہی اور حدیث ابوہریرہؓ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمؑ وموسیٰؑ نے اپنے رب عزوجل کے پاس باہم مرحق کی بابت اپنی اپنی حجت ظاہر کی (یعنی عالم حقیقی مین نہ اس جہان فانی مین) پس آدمؑ نے موسیٰؑ پر غلبہ پایا موسیٰؑ نے آدمؑ سے کہا کہ تم وہ آدم ہو کہ اللہ تعالے نے تمکو اپنے ہاتھ سے پیدا کیا اور تم مین اپنی روح پھونکی اور تمھارے لیے اپنے ملائکہ سے سجدہ کرایا اور تمکو اپنی جنت مین بسایا پھر تمنے اپنی خطیہ سے لوگون کو زمین پر گرایا آدمؑ نے فرمایا کہ تم وہ موسی ہو کہ اللہ تعالے نے تمکو اپنی رسالت و کلام کے لیے برگزیدہ فرمایا اور تمکو الواح عطا کین جنمین ہر چیز کا کھلا بیان لکھدیا اور مناجات کے لیے تمکو اپنی درگاہ سے نزدیک کیا تم بتلاؤ کہ تمنے توریت مین نہین پایا کہ اللہ تعالے نے میری پیدائش سے کس قدر مدت پہلے توریت کو لکھوایا موسیٰؑ نے کہا کہ ہان چالیس برس پہلے لکھوایا تو آدمؑ نے فرمایا کہ کیا تمنے اوسمین نہین پایا کہ آدمؑ نے اپنے پروردگار کا حکم بھلایا تو راہ بھٹک گیا موسیٰؑ نے کہا کہ ہان تب آدمؑ نے فرمایا کہ پھر تم ایسی چیز پر ملامت کرسکتے ہو (یعنی لوگونکا زمین پر اوتارنا میرا فعل بتلاتے ہو) حالانکہ میری پیدائش سے چالیس سال پہلے لکھدیا گیا تھا (صحیح مسلم) واضح ہو کہ اس حدیث مین چالیس سال کی مقدار بربنائے تحریر توریت ہی ورنہ تقدیر خلائق کی تحریر تو پیدائش آسمان و زمین سے ہزارون برس پہلے واقع ہوئی جیساکہ صحیح مسلم کی حدیث عبداللہ بن عمرو مین مذکور ہی اور اصل تقدیر حتی کہ عاجز و چالاک تک جیساکہ عبداللہ بن عمرؓ کی حدیث صحیح مسلم مین ہی وہ علم الٰہی ازلی ہی جسکے واسطے کوئی ابتدا نہین ہی۔ م شیخ رحمہ نے لکھا کہ بعض مشائخ کے نزدیک کلمات یہ ہین۔ ربنا ظلمنا انفسنا الآیۃ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ ہی اصح ہی واللہ تعالے اعلم۔ شیخ نے لکھا کہ بعض مشائخ نے کہا کہ کلمات یہ ہین کہ الٰہی مین نے تیری ہی وجہ سے وسوسہ کا کھایا۔ مترجم کہتا ہی کہ شاید یہ مراد ہو کہ جب ابلیس نے اللہ تعالے کے نام پاک کی جھوٹی قسم کھائی تو آدم علیہ السلام نے اوسکی بات مان لی واللہ تعالے اعلم۔ مترجم کہتا ہی کہ الحمد للہ کہ توبہ کا دروازہ ابھی کشادہ ہی لہذا توبہ کے شرائط و فضائل انشاء اللہ تعالے اپنے موقع پر بیان ہونگے واضح ہو کہ اللہ تعالے نے اولاد آدم علیہ السلام کو اونکی پشت سے مثل چیونٹیون کے نکالا جنمین سے سیاہ صورت کفار تھین و سفید تصویر مومنین تھین اور اونسے اپنی ربوبیت کا اقرار لیا پس سبھون نے اقرار کیا کہ بیشک تو ہمارا پروردگار ہی اور اسیکو میثاق ازل کہتے ہین اور بعضون نے

لکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان ذریات پر ساتون آسمانون و زمینون و حضرت آدم کو گواہ کر لیا۔ بعض آثار مین وارد ہی کہ یہ معاہدہ قبل دخول جنت کے وادی عرفات مین ہوا تھا اور چونکہ مشیت الٰہی متعلق تھی کہ آدم علیہ السلام کی ذریات کو زمین مین خلیفہ کیا جاوے لہذا درخت کا پھل کھانے کی لغزش واقع ہونے کے بعد زمین مین اوتارنے کی حکمت پوری ہوئی اور تمام ذریات کو مکرر تاکید فرمائی۔ قُلْنَا اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا ۚ یعنے ہمنے فرمایا کہ یہانسے تم سب کے سب اترو۔ فَإِمَّا يَأْتِيَنَّكُمْ مِنِّي هُدًى۔ سو اگر تمہارے پاس میری جانب سے ہدایت آوے۔ ف یعنی کتاب الٰہی و رسول آوے تو اوسکو فضل الٰہی سمجھکر کمال شکر واجب ہی کیونکہ کوئی استحقاق بعد عہد مذکور کے اور باوجود عبودیت کے ہرگز لازم نہین ہی۔ فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ پس جسنے میری ہدایت کی پیروی کی تو اوسپر کچھ خوف نہین اور نہ وہ غمگین ہونگے۔ ف یعنے جو ایمان لایا اور طاعت پر عمل کیا تو اوسپر خوف عذاب نہین اور نہ وہ جنت سے محروم ہونے پر غمناک ہونگے کیونکہ جو لغزش کہ حضرت آدم علیہ السلام سے واقع ہوئی وہ معاف کر دیگئی۔ حاصل یہ کہ تمام ذریات مین سے جس فریق نے ہدایت یعنے کتاب و رسول کی پیروی کی اور ایمان لایا تو دنیا مین اوسکو وہی ہو پہنچیگا جو تقدیر ہی مگر آخرت مین وہ غمناک نہو گا باین طور کہ جنت مین داخل کر دیا جائیگا رہا دوسرا فریق جو نمانے تو اوسکو فرمایا۔ وَالَّذِينَ كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ اور جن لوگون نے نمانا اور ہماری نشانیون کو جھٹلایا تو وہی جہنمی ہین اور یہ وہین ہمیشہ رہنے والے ہین ف یعنے جو فرقہ ایمان نہ لایا خواہ وہ نیچر دہریہ ہو یا بت پرست ہو یا حضرت عیسیٰ مین الوہیت کا قائل ہو یا کسی پیغمبر سے منکر ہو یا فرشتہ یا شیطان وغیرہ کسی کے وجود سے یا کسی قطعی اعتقادی بات سے انکار کرے تو یہ سب فرقہ کفر ہین جنھون نے اللہ تعالےٰ کی آیات کو جو آسمانی کتابون مین موجود ہین اور آیات قدرت کو بھی جو عالم مین موجود ہین جھٹلایا تو انکی نسبت فرمایا کہ یہ لوگ اصحاب النار ہین یعنے جہنم ہی سے انکی خصوصیت ہی تو ظاہر ہی کہ وہی اونکا مقام ہی لیکن صریح منصوص فرمایا کہ وے جہنم ہی مین ہمیشہ رہینگے نہ مرینگے اور نہ فنا ہونگے۔ چنانچہ حدیث مین ہی کہ جب اصحاب الجنۃ اپنے مقام جنت مین اور اصحاب جہنم اپنے مقام جہنم مین داخل ہو جائینگے تو موت بشکل سیاہ مینڈھے کے درمیان مین لاکر ذبح کیجاویگی اور پکار دیا جائیگا کہ ای اہل جنت اب ہمیشگی ہی کہ موت نہین ہی اور ای اہل جہنم اب ہمیشگی ہی کہ موت نہین ہی (الصحیح) یہانسے معلوم ہوا کہ جو لوگ مومنین بوجہ گناہ کے جہنم مین سزا پاوین وہ اصحاب جہنم نہین ہین چنانچہ حدیث ابوسعید مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل جہنم جو مخصوص وہین کے لوگ ہین تو یہ لوگ نہ وہان مرینگے اور نہ زندہ ہونگے (یعنی وہ زندگی موت سے بدتر ہی کیونکہ عذاب مین پڑے رہینگے) لیکن گنہگارون مین سے بعض قومون کو بوجہ اونکے گناہون کے آگ پہونچیگی تو انکو اللہ تعالےٰ ایک قسم کی موت دیدیگا حتی کہ جب کوئلہ ہو جاوینگے تب شفاعت کی اجازت ہوگی (صحیح مسلم و ابن جریر وغیرہ) مترجم کہتا ہی کہ شفاعت گنہگارون کے واسطے نصوص قطعیہ و احادیث متواترہ سے ثابت ہی اور جو گنہگار کہ جہنم مین داخل ہونگے اونمین سے بعض اسی حالت مین نکالے جائینگے کہ آگ نے اونکو سیدلیون یا کمر وغیرہ تک جلایا ہو چنانچہ احادیث صحیحہ مین ثابت ہی اور یہ آخری مرتبہ ہی کہ کوئلہ ہو جاوین اور یہین سے بعض علمائے نے نکالا کہ یہان لوگون کے واسطے تیسری موت اور تیسری زندگی ہی۔ آیت مین ہی سے مراد انبیاء و رسول و کتب ہین یہ قول ابو العالیہ ہی اور یہ تفسیر باعتبار ابتدائے وجود آدم سے قیامت تک ہی اور اب اوسکا حصہ صرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم و قرآن مجید ہی اسیواسطے مقاتل بن حیان رح نے فرمایا کہ ہدی سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین۔ اور حسن بصری رح نے

فرمایا کہ قرآن مجید مراد ہی اور دونون قول صحیح ہین اسواسطے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و قرآن مجید دونون متلازم ہین کیونکہ جسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مانا اوسنے قرآن مجید کو مانا اور جسنے قرآن مجید کو مانا اوسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مانا (فائدہ) کلمہ آما۔ دراصل ان ما ہی کہ نون کو میم مین ادغام کردیا گیا ہی اور کلمہ ما تاکیدی ہی اور قرآن مجید مین ہر جگہ اما کے بعد فعل بھی مؤکد بنون تاکید ہی اور یہی قیاس ہی۔ واضح ہو کہ حرف شرط ایسے مقام پر آتا ہی جسکا واقع ہونا ضروری و قطعی نہو مثلاً کہتے ہین کہ اگر زید آیا تو مین خاطر کرونگا اور یون نہین کہتے کہ اگر آفتاب نکلا تو مین خاطر کرونگا بلکہ یون کہتے ہین کہ جب آفتاب نکلیگا تب خاطر کرونگا لہذا یہان یہ سوال ہوتا ہی کہ ہدی یعنی کتاب و رسولون کا بھیجنا تو یقینی تھا پھر اوسکو حرف ان شرطیہ کے ساتھ کیون فرمایا یعنی اسمین کیا بلاغت و حکمت ہی بیضاوی وغیرہ نے جواب دیا کہ اسمین بلاغت لطیفہ یہ ہی کہ اللہ کی ربوبیت اوسکی مخلوق پر بالکل ظاہر ہی باوجود اسکے اوسنے عہد بھی لیا گیا تھا تو کتاب و رسول بھیجنا ضروری نہ تھا لہذا سورہ یوسف مین فرمایا۔ ذلک من فضل اللہ علینا و علی الناس ولکن اکثر الناس لایشکرون۔ یعنی حضرت یوسفؑ نے کہا کہ یہ رسالت و ہدایت ہم لوگون پر اور تمام لوگون پر اللہ تعالیٰ کا فضل ہی ولیکن بہتیرے لوگ شکر نہین کرتے ہین۔ آیت مین کلمہ خوف مرفوع ہی اور حرف لا کی وجہ سے مبنی بر فتحہ نہین چنانچہ لاہم اسپر شاہد ہی کیونکہ لا اگر نفی جنس معرفہ مین عمل نہین کرتا ہی اور چونکہ لاہم کا عطف لاخوف پر ہی تو وہ بھی اسطرح معمول نہوگا علاوہ برین اگر لا نفی جنس ہوتو۔ لاخوف۔ سے جنس خوف بالکل مرتفع ہوگی حالانکہ مومنین سے خوف دنیاوی مرتفع نہین ہی حتی کہ ایمان ہی خود خوف و امید کے درمیان ہی یعنے مومن وہ ہی کہ خوف عذاب سے مطمئن نہو اور امید ثواب سے مایوس نہو کیونکہ عذاب سے نڈر ہونا یا ثواب سے مایوس ہونا دونون کفر ہین پس مومنون سے جنس خوف کی نفی نہین بلکہ مقصود یہ کہ آخرت مین اونکو کچھ خوف نہوگا ہان اگر ہدایت یعنی قرآن و رسول کی پیروی مین قصور ہو جیسے گنہگار مومنون سے ہوتا ہی تو اونکو فی الجملہ قیامت مین بھی خوف ہوگا کیونکہ اونھون نے پیروی پوری نکی لیکن وہ جلد مرتفع ہو جائیگا۔ آیات جمع آیہ کہ دراصل آییہ تھا جسکو خلاف قیاس آیہ کیا یعنے یا کو الف سے بدل کر الف ممدودہ کیا۔ تبیان مین شیخ عکبری نے زعم کیا کہ قیاس اسطرح جاری نہین ہی کیونکہ جہان دو یا جمع ہو اونکو حرف کو بدلتے ہین جواب دیا گیا کہ یہ خلاف قیاس ہی۔ فتلقی کی فا جملہ مفسرہ ہی نہ عطف اسواسطے کہ تاکید سے پہلے معطوف نہین آتا رہا یہ کہ پھر بیچ مین کیون لائے تو جواب یہ کہ اسمین قاعدہ بلیغہ یہ ہی کہ گناہ ظاہر ہونے پر فوراً توبہ کرے اور یہ کہ توبہ خود قابل اہتمام ہے کیونکہ ڈھیل ڈالنا دوسرا گناہ ہی۔ (فائدہ) ان آیات مین چند علوم ہین اول یہ کہ جنت مخلوق موجود ہی دوم آنکہ جنت اوپر ہی اسواسطے آیا کہ یہانسے اوترتے ہین سوم آنکہ توبہ قبول ہوتے ہی جبکہ مع شرائط کے دل سے ہو اور وہ دراصل دلی ندامت ہی چہارم آنکہ توبہ مین جلدی و اہتمام کرنا چاہیے پنجم آنکہ جب کافرون کے واسطے عذاب آخرت دائمی ہی تو معلوم ہوا کہ مومن گنہگار کے واسطے دائمی نہین ہی ورنہ کچھ فرق نہو حالانکہ مومن و کافر مین فرق قطعی ہی۔ (لطیفہ) مومنین جب جنت مین داخل ہونگے تو وہانسے نہین نکالے جاوینگے لیکن حضرت آدم علیہ السلام قبل وفات کے داخل ہوے اور باہر بھی آئے تو معلوم ہوا کہ بعد وفات کے جو داخل ہو وہ نہین نکلیگا (تنبیہ) حدیث مین ہی کہ میری امت سے خطا و نسیان کا گناہ دور کیا گیا ہی۔ السنن۔ یہ آپہی کی امت مرحومہ کی خصوصیت ہی ورنہ ابوالبشر آدم علیہ السلام پر بھول چوک سے عتاب ہوا اور یہ امتحانات الٰہی ہین چنانچہ حدیث مین ہی کہ سب لوگون سے بڑھکر انبیاء علیہم السلام امتحانات مین مبتلا ہوتے ہین پھر جو اونسے نزدیک تر ہین پھر جو اونسے نزدیک تر ہون (یعنے درجہ بدرجہ الترمذی وصحیح) اور ایک روایت مین ہی کہ انبیاء علیہم السلام سب سے بڑھکر مبتلاے امتحان ہوتے ہین پھر علماء پھر صالحین (الحاکم) حدیث مین ہی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہم سے عہد لیا اور بعض کو نصیحت فرمائی کہ امور خیر مین سے کسی فعل کو قلیل نہ سمجھے اور شرعی منکرات مین سے کسی فعل کو حقیر نہ سمجھے

مترجم کہتا ہی کہ اس حدیث کے واسطے شاہد یہ واقعہ بھی ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام نے اس درخت کو عزم کے ساتھ خیال نہین فرمایا اور اس قصہ مین تنبیہ ہی کہ عہد الٰہی پر شکر گزاری کے ساتھ قائم رہے ورنہ اوسکا انجام خراب ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ یہود و نصاریٰ تورییت و انجیل مین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے کے واسطے متواتر عہد لیا گیا لیکن ان لوگون نے بد عہدی کرکے اپنی عاقبت خراب کی

حالانکہ مکرر یاد دلایا چنانچہ فرمایا۔

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِيْٓ

اے بنی اسرائیل یاد کرو احسان میرا جو مین نے کیا تمپر اور پورا کرو قرار میرا

اُوْفِ بِعَهْدِكُمْ وَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنَ ۝ وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا

مین پورا کرون قرار تمھارا اور میرا ہی ڈرر کھو اور مانو جو کچھ مین نے اوتارا سچ بتانا

مَعَكُمْ وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍ بِهٖ ۪ وَلَا تَشْتَرُوْا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۫

تمھارے پاس والون کو اور مت ہو تم پہلے منکر اوسکے اور نہ لو میری آیتون پر مول تھوڑا اور

وَّاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ۝

مجھی سے بچتے رہو

بنی اسرائیل اولاد یعقوب علیہ السلام کیونکہ یعقوب بن اسحٰق بن ابراہیم کو اسرائیل کہتے تھے کیونکہ عبرانی زبان مین اللہ تعالیٰ کا نام ایل اور اسر بمعنے بندہ تو اسرائیل بمعنے عبد اللہ ہی بالجملہ مفسرین متفق ہین کہ بنی اسرائیل اولاد یعقوب ہین اور جن لوگون کو خطاب کیا گیا وہ وہی یہود ہین جو بعثت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین مدینہ مین موجود تھے شیخ عبد الحق نے سیر مین نقل کیا کہ یہان ان یہودیون کی ابتداے سکونت زمانۂ حضرت موسیٰ یا سلیمان علیہ السلام سے ہی کیونکہ جب وہ خانۂ کعبہ کی زیارت کو آئے تو راہ مین یثرب یعنی مدینہ طیبہ مین وہ آثار پائے گئے جو توریت وغیرہ مین پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے وطن ہجرت کے بارہ مین مذکور ہین اور وہی نبوت سے بھی معلوم ہوا لہذا ایک گروہ یہود نے درخواست کی کہ ہم لوگ یہین رہین تاکہ پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت پر ایمان لاوین چنانچہ اونکو اجازت ملی اور یہ لوگ اسی عنوان مین یہان رہتے تھے کہ جب کوئی مرنے لگتا تو وہ اپنی اولاد کو وصیت کرتا کہ اگر تجکو زمانہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم میسر ہو تو میرا سلام عرض کرکے میرا ایمان لانا ظاہر کیجیو حتی کہ اسی وتیرہ پر ایک زمانہ گذر گیا پھر یمن کے عرب دو بھائی اوس وخزرج بھی یہان آکر آباد ہوے لیکن یہودیون کی حالت اسوقت از راہ دیانت خراب ہو گئی تھی حتی کہ یہودیون کی جماعت عظیم ان مینیون پر ظلم کرتی تھی اور آخر اللہ تعالےٰ نے مینیون کی اولاد مین برکت عطا فرمائی اور رفتہ رفتہ اونمین اسقدر کثرت ہو گئی جنھون نے اون یہودیون کا مقابلہ کرکے اونکو زیر کیا پھر ایک زمانہ کے بعد اوس وخزرج کی اولاد مین باہم نفاق پیدا ہوا حتی کہ باہم لڑائیان شروع ہوئین اور یہودی بھی خوشامد مین بعضے اوسیون کے اور بعضے خزرجیون کے تابع ہو گئے لیکن یہ گروہ مینی سب بت پرست تھے اور یہودی اپنے دین پر قائم تھے اور جب کبھی مینیون سے تنگ ہوتے تو بددعا کرتے اور کہتے کہ الٰہی ہمکو پیغمبر آخر الزمان کے طفیل سے ان لوگون کی شرارت سے محفوظ رکھ اور مینیون سے کہتے کہ عنقریب وہ زمانہ آنے والا ہی کہ ہم لوگ پیغمبر آخر الزمان علیہ السلام کے سایۂ حمایت مین ہوکر تمپر جہاد کرینگے پس قبائل مین اس سے تعجب کرتے کیونکہ یہ علم فقط یہودیون کے پاس کتاب توریت وغیرہ مین موجود تھا چنانچہ اللہ تعالےٰ نے یہودیون پر شنیع

فرمائی بقولہ تعالیٰ ۔ وکانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا فلما جاءہم ما عرفوا کفروا بہ فلعنۃ اللہ علی الکافرین ۔ چنانچہ عنقریب اسکی تفسیر آویگی اور یہ دلیل قطعی متواتر ہی کیونکہ اگر یہودی اس ذریعہ سے دعا نہ کرتے ہوتے تو فوراً جھٹلاتے پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت صادق ظاہر ہوئی تو اہل یمن جو کہ مین قریش سے معاہدہ و حج کرنے کے واسطے گئے تھے اول انھون نے یہودیون ہی کے بیان سے پہچانا کہ یہی پیغمبر آخرالزمان ہین جنکے نام سے یہودی ہمکو ڈرایا کرتے تھے پس وہ پہلے ایمان لے آئے جس سے یہودیون کے دلون مین عداوت کی آگ زیادہ بھڑک اٹھی حتی کہ وہ لوگ انکار پر آمادہ ہوگئے اور گروہ مین سے جو صفات و فضائل بیان کیا کرتے تھے برعکس بیان کرنا شروع کیئے مثلاً حلیۂ شریف بدل کر کہنے لگے کہ پیغمبر آخرالزمان تو سیہ فام دراز قد پتلے دبلے ہونگے ولیکن اللہ تعالےٰ نے یہ دولت یمنیون کے حق مین ازل سے لکھی تھی انھون نے یہودیون کی عداوت پہچان لی اور ایمان پر ثابت قدم رہکر انصار کہلائے اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ مین تشریف لائے تو یہودیون نے جان بوجھ کر انکار کیا پس اللہ تعالےٰ نے جو نعمتین حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت سے آگے پیچھے اولاد یعقوبؑ پر نازل فرمائی تھین بدین وجہ کہ وہ دین ابراہیم علیہ السلام پر قائم تھے وہ ان یہودیون کو بھی یاد دلائین چنانچہ فرمایا بقولہ تعالیٰ ۔ یٰبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اذْکُرُوْا نِعْمَتِیَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتُ عَلَیْکُمْ ۔ اے بنی اسرائیل یاد کرو میری اون نعمتون کو جو مین نے تمپر انعام فرمائین ف یعنے تمہارے باپ دادون پر انعام فرمایا کہ انکو عذاب فرعون سے نجات دی اور فرعون کو ہلاک کیا اور انکے واسطے دریا کا راستہ کھول دیا اور جنگل مین جہان بھوک سے مرجاتے من وسلویٰ و آب شیرین پہونچایا و دیگر انعامات کثیرہ جنکا بیان آیندہ انشاء اللہ تعالےٰ آویگا پس اوسی انعام کی بدولت تمہاری نسل پیدا ہوئی پس تم اون نعمتون کو یاد کرو وَاَوْفُوْا بِعَھْدِیْٓ اُوْفِ بِعَھْدِکُمْ ۔ اور پورا کرو میرا عہد مین تمہارا عہد پورا کرونگا ۔ وَاِیَّایَ فَارْھَبُوْنِ ۝ اور مجھی سے امید لگائے ہوے خوف رکھو ۔ ف اور شیطانی وسواس سے کسی غیر سے مت ڈرو کہ جب تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہو جاؤگے تو عوام یہودی تمہاری سرداری چھوڑ کر محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہو جاوینگے پس جو کچھ تمکو نذرانہ دیا کرتے ہین وہ بند ہو جائیگا پس تم حقیر مال کے پیچھے عہد چھپاکر کافر مت بنو اور مجھی سے خوف کرو ایسا نہو کہ جو عذاب بصورت اقوام بنی اسرائیل پر بوجہ نافرمانی کے بندر و سور کی صورت مین مسخ کرنے وغیرہ کا نازل ہوا تھا وہ تمپر بھی نازل ہو جبکہ تم عہد پورا نکرو ۔ فارھبون ۔ در اصل فارہبونی تھا کہ یا وقف آیت پر حذف ہوئی اور نون مکسور ہی جیسے ایای فاتقون شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ اللہ تعالےٰ نے یہودیون کو انعام و ثواب سے رغبت بھی دلائی اور عذاب سے خوف بھی دلایا تاکہ عہد پورا کرین ۔ علماء نے کلام کیا کہ عہد سے کیا مراد ہی حسن بصریؒ نے فرمایا کہ یہ عہد قولہ تعالےٰ لقد اخذ اللہ میثاق بنی اسرائیل وبعثنا منھم اثنی عشر نقیبا وقال اللہ انی معکم لئن اقمتم الصلوٰۃ واتیتم الزکوٰۃ وآمنتم برسلی واقرضتم اللہ قرضا حسنا لاکفرن عنکم سیاٰتکم ولادخلنکم جنات تجری من تحتھا الانہار الآیۃ ۔ یعنے اللہ تعالےٰ نے بنی اسرائیل سے عہد لیا اور اونمین بارہ نقیب مقرر فرمائے اور اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ مین تمہارے ساتھ ہون اگر تمنے نماز ٹھیک قائم کی اور زکوٰۃ دی اور میرے رسولون پر ایمان لائے اور اللہ تعالےٰ کو قرض حسنہ دیا تو بیشک تمہارے گناہون کو تمپر سے کفارہ کردونگا اور ضرور تمکو ایسے جنات مین داخل کرونگا جنکے نیچے سے نہرین جاری ہین ۔ ۵ ۔ مترجم کہتا ہی کہ اس تفسیر کے موافق حضرت عیسیٰ علیہ السلام و حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا یہودیون پر قطعی تھا خصوص حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ایک عہد خاص لیا گیا بقولہ تعالےٰ ۔ واذ اخذ اللہ میثاق الذین اوتوا الکتاب لتبیننہ للناس ولا تکتمونہ الآیۃ ۔ و دیگر آیات صریحہ ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار و صفات لوگون سے بیان کرینگے

اور بالکل نہ چھپاویں اور یہان عہد مذکور سے یہی مقصود ہی کہ آنحضرت صلی اللہ وسلم کی اتباع کریں اسیواسطے شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ دیگر علماء تابعین نے فرمایا کہ یہ عہد وہ ہی جو اللہ تعالے نے توریت مین بہودیون سے میثاق موکد لیا تھا کہ اللہ تعالے عنقریب بنی اسمعیل مین ایک پیغمبر عظیم پیدا فرماویگا کہ تمام قبائل پر اوسکی اطاعت فرض ہوگی یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرماویگا جنکی رسالت تمام جہان پر لازم ہوگی پس جو کوئی اس پیغمبر کی فرمانبرداری کریگا اللہ تعالے اوسکے گناہ بخشیدیگا اور اوسکو جنت مین داخل کریگا اور اوسکو دوہرا ثواب عطا کریگا مترجم کہتا ہی کہ توریت و انجیل مین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک مع فضائل و کمالات و مقام ہجرت و بعض احکام شریعت و صفات امت و اوصاف خلفاء راشدین اور اپنی کمال رحمت و عدہ ثواب عظیم مفصل مذکور اور حضرت موسیٰ و عیسیٰ و دیگر انبیاء بنی اسرائیل سے بتفصیل تمام ماثور ہی حتی کہ جیسے آدمی اپنے بیٹے کو ہر وقت و ہر گھڑی دیکھنے سے بخوبی پہچان جاتا ہی اسیطرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اوصاف و آثار ہر زمانہ و ہر وقت کے پیغمبرون سے بذوا سرائیل کو سنائے و بتلائے گئے تاکہ فورًا پہچان لین اور کچھ بھی تردد نہو لیکن شان الٰہی عجیب حکمت بالغہ ہی کہ باوجود اسطرح پہچاننے کے یہودیون نے گمراہی اختیار کی گویا اس سے مسئلہ تقدیر بدلیل قطعی تعلیم فرمایا کہ ان لوگون نے کسی تردد یا شبہہ کی وجہ سے کفر نہین کیا بلکہ مشیت تقدیر الٰہی اسپر پوری ہوئی تاکہ یہ بھی حجت باقی رہے کہ ہمکو پہچان مین کچھ شبہہ تھا اور اس سے ظاہر ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم شان آپکے خالق عزوجل کی بارگاہ عظمت سے بندون پر کس طرح ظاہر فرمائی گئی ہی کہ انبیاء اولوالعزم و کتب آسمانی کے بیان سے ہر وقت و زمانہ مین عہد و میثاق لیا گیا شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ امام رازی نے انبیاء سابقین علیہم السلام سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات کثیرہ نقل فرمائین مترجم کہتا ہی کہ یہود و نصاری نے ہر چند توریت و انجیل مین تحریف کی لیکن ہزارون کتابون مین تحریف کرتے کرتے زمانہ دراز گذرا اور بہت سے نسخہ مسلمانون کے بھی ہاتھ آگئے مگر جہانتک انکے بادشاہ و عوام کی عداوت شدید سے ممکن ہوا اونھونے صریح بیانات کو بگاڑ کر تحریف کردیا لیکن ہم جانتے ہین کہ بحکم قولہ تعالے۔ الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندہم فی التورٰۃ والانجیل الآیۃ۔ کے قطعًا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت توریت و انجیل مین مذکور ہی بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا مبشرا برسول یاتی من بعدی اسمہ احمد الآیۃ۔ پس صریح نام سے بشارت مذکور ہی چنانچہ آیت سابق کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالیٰ عجیب تفصیل شریف آویگی اور امام رازی وغیرہ نے جو بشارات نقل کیے مع دیگر روایات کے ملخص بیان کرتا ہون حضرت عبداللہ بن عمرو ابن العاص رضی اللہ عنہ نے خط عبرانی و زبان عبرانی سیکھی تھی پس انھون نے روایت کی کہ واللہ توریت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل کثیرہ مین سے بعض وہ ہین جو قرآن مجید مین مذکور ہین پھر اونکو مفصل بیان فرمایا جیسا کہ سنن ترمذی وغیرہ کی روایت مین مذکور ہی اور اسیکے مثل کعب احبار رضی اللہ عنہ سے جو علماء یہود مین سے بہت بڑے عالم تھے مفصل روایت ہی اور وہ بھی سنن ترمذی وغیرہ مین مذکور ہی۔ رازی وغیرہ نے ذکر کیا کہ توراۃ کے سفر اول کی فصل ہشتم مین مذکور ہی کہ جب سارہ نے ہاجر پر غصہ کیا تو ہاجر گھر سے نکلکر بھاگین راہ مین ایک فرشتہ بشکل آدمی انکے سامنے آیا اور کہنے لگا کہ ای ہاجر تم کہان جاتی ہو تو ہاجر نے کہا کہ مین اپنی بی بی سارہ کے پاس سے بھاگی جاتی ہون پس فرشتہ نے کہا کہ نہین تو اپنی مالکہ سارہ کے پاس لوٹ جا اور عاجزی کے ساتھ اوسکی فرمانبرداری مین قائم رہ کہ اللہ تعالے عنقریب تیری کھیتی کی بڑھاوے گا اور کثیر فرماویگا اور تیری نسل کی زیادتی بہت ہوگی پھر تھوڑے ہی دنون بعد تو حاملہ ہوکر ایک بیٹا جنے گی اور اوسکا نام اسمعیل رکھیو اور یہ بات اللہ عزوجل نے اسواسطے تجھپر ظاہر فرمائی کہ تو اپنی جانب سے انقطاع ہونا جانا اور تیری عاجزی سن لی اور اس ذریت مین یہ ایک شخص عین الناس ہوگا اور اوسکا ہاتھ سبھون پر بالا ہوگا اور سبھون کے ہاتھ عاجزی کے ساتھ اوسکی طرف پھیلے ہونگے اور وہ سب بھائیون کے برخلاف اپنے رب عزوجل کا شکر گذار ہوگا امام رازی نے اس سے

اسطرح استدلال کیا کہ یہ بات محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر خاصۃً صادق ہی اسواسطے کہ حضرت اسمعیل علیہ السلام کی یہ حالت نہین ہوئی بلکہ اولاد اسمعیل علیہ السلام مین سے بھی کسیکو یہ ثروت نہوئی کہ بنی اسرائیل کی قومون پر زبردست ہو اور عاجزی کے ساتھ سب کے ہاتھ اوسکی جانب پھیلے ہون حتی کہ وہ لوگ عرب کے جنگلون پہاڑون مین خانہ بدوش کی طرح رہتے تھے اونکو یہ بھی طاقت نہ تھی کہ شام وعراق مین داخل ہون اور یہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہوئی جبکہ وہ لوگ مسلمان ہوئے تو اللہ تعالے نے اونکو روے زمین مین سے اکثر کا مالک کیا اور تمام قومون کے ہاتھ اونھین کیطرف عاجزی کے ساتھ پھیل گئے۔ مترجم کہتا ہی کہ امام رازی نے جو کچھ عبارت بالفعل توریت مین موجود تھی اوسی سے عمدہ استدلال قائم کیا حالانکہ یہ احتمال ضرور ہی کہ یہود ونصاری نے عداوت سے درمیانی فقرہ حذف کردیا ہو جسمین صریح نام محمد صلی اللہ علیہ وسلم مذکور ہو حتی کہ جو شخص غور کرتا ہی اوسکو ربط عبارت سے صاف ظاہر ہوتا ہی کہ جہان یہ فرمایا دو اور یہ شخص عین الناس ہوگا" اس سے پہلے ظاہرا کچھ عبارت نکال ڈالی گئی ہی اور امام رازی نے بہت خوب کیا کہ اگر مان لیا کہ عبارت نکالی نہین گئی تو بھی تصدیق توریت کے واسطے فرض لازم ہی کہ یہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے بشارت ہو کیونکہ بغیر اسکے عبارت صادق نہین ہوتی ہی اور مترجم کہتا ہی کہ اس سے خلفاے راشدین کی بھی بشارت نکل آئی کیونکہ یہ زمانہ خلفاے راشدین کے وقت مین حاصل ہوا حالانکہ اوسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صفات مین سے شمار کیا گیا۔ دلیل دوم سفر پنجم کی فصل گیارہ مین مذکور ہی کہ تمہارا رب تمہارے واسطے میرے مثل ایک نبی تمہارے درمیان تمہارے بھائیون مین سے قائم کریگا اور اسی فصل مین مذکور ہی کہ اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام سے فرمایا کہ مین ان لوگون کے لیے یعنے بنی اسرائیل کے لیے تیرے مثل ایک پیغمبر انکے بھائیون مین سے قائم کرونگا (یعنے بنی اسمعیل مین سے) اور یہ پیغمبر جو کلمات میرے نام کے ساتھ میری طرف سے ادا کریگا تو جو شخص نہین سنیگا مین اوس سے انتقام لونگا۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ بشارت بہت قوی ہی کیونکہ حضرت موسی علیہ السلام کے مثل قوت و شوکت جہاد کسی پیغمبر کو بعد موسی علیہ السلام کے نہین ہوئی کیونکہ سب اسی توریت کے تابع تھے حتی کہ عیسی علیہ السلام بھی اسی کے تابع تھے اور صاف اشارہ ہی کہ یہ پیغمبر موصوف کوئی کتاب مثل توریت وانجیل کے نہین لائیگا بلکہ کلمات الہی اوسکے قلب پر وحی کیے جائینگے جنکو وہ اللہ تعالے کے نام کے ساتھ سناویگا یعنے بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ وحی الہی سناویگا یا اقرا باسم ربک الذی خلق سناویگا پھر وہ بنی اسرائیل مین سے نہین بلکہ اونکے بھائیون بنی اسمعیل مین سے ہوگا کیونکہ اسرائیل یعنے یعقوب علیہ السلام کا کوئی بھائی سوائے عیص کے نہ تھا اور عیص کی اولاد مین سے سوائے ایوب علیہ السلام کے کوئی پیغمبر نہین ہوا پھر ایوب علیہ السلام بھی موسی علیہ السلام سے پہلے ہوگئے تھے تو موسی علیہ السلام کو اونکی بشارت کیونکر دیجاتی پھر یہ بات ظاہر ہی کہ بعد موسی علیہ السلام کے جو پیغمبر ہوا وہ بنی اسرائیل مین سے تھا سوائے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپ البتہ بنی اسمعیل مین سے ہین تو قطعا یہ صفات محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ہین اگر کہا جاوے کہ عبارت مذکورہ مین تو یہ بھی مذکور ہی کہ اللہ تعالی اس پیغمبر کو ان لوگون کے درمیان قائم کریگا تو جواب یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود ونصاری مین قائم ہوکر اونکو ایمان کی تعلیم فرمائی پس جو ایمان لایا وہ اچھا رہا اور جسنے نہ مانا اللہ تعالی نے اوس سے انتقام لیا۔ دلیل سوم یہ کہ سفر پنجم کی فصل بستم مین مذکور ہی۔ ان الرب تعالی جاء من طور سیناء و طلع لنا من ساعیر و ظهر من جبال فاران صف عن یمینه عنوات القدوسین فمنحهم العز وحبهم والی الشعوب وبارک جمیعهم قدوسیة بالبرکة یعنے رب تعالی طور سیناء سے آیا اور ساعیر سے ہمارے واسطے طالع ہوا اور جبال فاران سے ظاہر ہوگیا اور اوسکے دائین سے عنوات قدوسین کی صف باندھی پس اونکو عزت عطا فرمائی اور شعوب قبائل مین اونکو محبوب کردیا اور برکت کے ساتھ پوری قدوسیت کی دعوت فرمائی۔ مترجم کہتا ہی کہ عرب کے جمیع شعوب و قبائل باہم دشمن و خونریز تھے اور اللہ تعالے کی جناب مین شرک و بدگوئی کرتے تھے پھر جب جبال فاران سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ہوا اور صف

قدوسین قائم ہوئی تو آخر جمیع شعوب و قبائل کو صحابہ رضی اللہ عنہم محبوب ہو گئے اور کمال معرفت مین اونکو برکت عطا فرمائی حتی کہ امم سابقہ کے انبیاء علیہم السلام جن علوم معارف کو پہونچتے تھے وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے علماء کو عطا فرمایا۔ امام رازی نے لکھا کہ بالاتفاق جبال فاران یہی ہین جو حجاز مکہ مین ہین اور خود توریت مین یہ بات مذکور ہی کہ اسمعیل نے بیابان فاران مین تیراندازی سیکھی پھر یہ بات سب کو معلوم ہی کہ اسمعیل علیہ السلام نے ایام شیرخوارگی ہی سے مکہ مین سکونت اختیار کی پھر یہ بات معلوم ہی کہ اسمعیل علیہ السلام اسکا مصداق نہین ہو سکتے کیونکہ اسمعیل علیہ السلام کے ایام سکونت مین وہان سوائے جنگلی شکار کے کوئی جماعت بھی اچھی طرح قائم نہ تھی تو عزت کہان سے ہوتی اور خانہ کعبہ کی بنیاد بھی مدت بعد بنا ہوئی تو قدوسین کے ربوات یعنی مساجد کہان سے قائم ہوتین کیونکہ عرب مسجد کا نام بھی نہین جانتے تھے پس کچھ شک نہین کہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے بشارت ہی اور یہودیون نے کہا کہ اسکے یہ معنے ہین کہ طور سیناء و ساعیر و فاران مین آگ لگیگی اور تمام جہان مین منتشر ہو جائیگی۔ مین کہتا ہون کہ ان جہنمیون نے عجیب بے تکے تحریف کے معنے نکالے جو کسی طرح اس کلام سے نہین نکلتے ہین یہ محض جہالت و بددیانتی ہی اور خود کتاب حبقوق مین بیان صریح موجود ہی کہ اللہ تعالی طور سیناء سے آیا اور ساعیر سے طلوع ہوا اور قدس جبال فاران سے ظاہر ہو گیا اگر آسمان بہاء محمد سے کھل جائے اور زمین اوسکی حمد سے بھر جائے تو اوسکے منظر کی شعاع مثل نور کے ہوگی وہ اپنے شہر کو اپنی عزت سے محفوظ رکھیگا اور امیدین اوسکے آگے روان ہونگی اور سباع الطیر اوسکے اجناد کے ساتھی ہونگے حتی کہ آخر مین لکھا وترتوی السہام بامرک یا محمد ارتواء وتخور الارض بالانہار ولقد راءتک الجبال فارتاعت والحرف عنک شؤبوب السیل ونفرت المہادی نفیرًا اور عبا ورفعت ایدیہا وجلا وفرقا وتوقفت الشمس والقمر عن جراہما وسارت العساکر فی برق سہامک ولمعان بیانک تدوخ الارض غضبا وتدوس الامم تجرالاناک ظہرت بخلاص امتک ۔ ھ یہ بیان بالکل صریح ہی اور کتب نصاری مین یون مذکور ہی۔ وظہر من جبال فاران لقد تقطعت السماء من بہاء محمد المحمود وترتوی السہام بامرک المجود لانک ظہرت بخلاص امتک وانقاذ مسیحک ۔ یہ عبارت بھی بالکل صریح ہی اور انقاذ مسیح سے یہ مراد ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسیح علیہ السلام کو کذب یہود و نصاری دونون سے چھوڑایا۔ دلیل چہارم یہ کہ کتاب شعیا کی فصل بائیس مین مذکور ہی کہ مکہ معظمہ کو خطاب کرکے فرمایا کہ اوٹھ اور اپنے چراغ روشن کر کہ تیرا وقت قریب آیا اور کرامت الٰہی تجھپر طلوع کرنے والی ہی کیونکہ اب زمین پر اندھیرا چھا گیا اور امتون پر بدلی چھا گئی اور رب عزوجل تجھپر اشراق فرماویگا اور اپنی کرامت تجھپر ظاہر کریگا تیرے نور کے سایہ مین امتین گروہا گروہ آوینگی اور سلاطین تیری درخشانی مین روان ہونگے تو اپنی آنکھ اوٹھا کر اپنے گرد و پیش پر نظر ڈال کہ یہ لوگ تیرے پاس جمع ہونے والے ہین اور تیرے فرزند دور سے تیری زیارت کو آوینگے کیونکہ قوام القری ہی یہانتک کہ آخر مین فرمایا کہ قیدار کی بکریان لائی جاوینگی اور میری قربان گاہ مین چڑھائی جاوینگی جس سے میرا گھر معمور ہوگا اور اسوقت اپنے بیت حمد کے واسطے ایک حمد نازل کرونگا۔ ھ یہ سب صفات شان مکہ اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیواسطے موجود ہین اور یہ بات بیت المقدس پر کسی طرح صادق نہین آتی۔ دلیل پنجم یہ کہ توریت کے سفر اول مین ہی کہ اللہ تعالے نے ابراہیم علیہ السلام پر وحی فرمائی کہ اللہ تعالے نے اسمعیل کے بارہ مین تیری دعا قبول کی اور مین اوسپر خوب برکت بھیجونگا اور اوسکی اولاد مین سے ایک بزرگ کو امت عظیمہ کے واسطے پیدا کرونگا۔ اس بیان سے صاف ظاہر ہی کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہین کیونکہ سوائے آپ کے کوئی بھی اولاد اسمعیل علیہ السلام مین سے امت عظیمہ کے واسطے نہین ہوا اور خود ابراہیم و اسمعیل علیہما السلام نے بعد فراغت بناے کعبہ کے دعا فرمائی کہ ربنا وابعث فیہم رسولا منہم یتلو علیہم آیاتک ویعلمہم الکتاب والحکمۃ ویزکیہم انک انت العزیز الحکیم ۔ اسیواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرمائے

کہ میں اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہوں اور اپنے برادر عیسیٰ علیہ السلام کی بشارت ہوں - بعض علماء نے بیان کیا کہ خود توراۃ میں مذکور ہی کہ آپکا مولد مکہ ہی اور مسکن طیبہ ہی اور سلطنت شام ہی اور آپکی امت بہت حمد کرنے والی ہونگی - دلیل ششم یہ کہ مسیح نے حواریین سے کہا کہ میں تو جاتا ہوں اور عنقریب تمہارے پاس فارقلیط روح الحق آویگا جو اپنی طرف سے نہیں بولیگا بلکہ وہی کہیگا جو اوس سے کہا جاویگا - رازی نے کہا کہ اسکی تصدیق خود قرآن مجید میں موجود ہی قولہ تعالے - ان اتبع الا ما یوحی الی - مترجم کہتا ہی بلکہ قولہ تعالے - ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی - اور فارقلیط کے دو معنے ہین ایک یہ کہ شافع مشفع آور دوم یہ کہ حق و باطل مین تفریق کرنے والا گویا در اصل فاروق لیط تھا پس لیط کلمہ تحقیق و تاکید ہی - دلیل ہفتم یہ کہ دانیال پیغمبر نے بخت نصر کو بطور وحی کے اوسکا خواب بیان کیا جسکا ذکر سورۂ بنی اسرائیل مین انشاء اللہ تعالے آویگا اور اوسکے آخر مین ہی کہ پھر اس آخر زمانہ مین اللہ تعالے ایک مملکت قائم کریگا جو قیامت تک رہیگی اور وہ شریعت منسوخ نہوگی - اور یہان بکثرت بشارات عجیبہ ہین جنکا بیان آیندہ انشاء اللہ تعالے اپنے اپنے موقع پر آویگا اور ان سب کے مجموعہ سے متواتر یہ بات ثابت ہوتی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت کتب سابقہ مین بتوضیح تمام موجود ہی اور یہود و نصاریٰ سے عہد لیا گیا تھا کہ ان بشارات کو ظاہر کرین اور ہرگز نہ چھپاوین لہذا ان آیات مین اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو اپنی نعمت یاد دلائی جس سے اونکو یقین ہو کہ اللہ تعالے ہی کی قدرت مین سب کچھ ہی پھر تاکید فرمائی کہ میرا عہد وفا کرو یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات ظاہر کرکے خود ایمان لاؤ تو مین اپنا عہد پورا کرونگا یعنے تمکو ثواب کے ساتھ جنت مین داخل کرونگا اور تہدید فرمائی کہ مجھ سے ڈرو یعنے دنیا مین جن امور کا خوف کرتے ہو مثلاً جن عوام یہودیون سے تمکو سالانہ نذرانہ وغیرہ ملتا تھا وہ جاتا رہیگا اور بعد مسلمان ہونے کے فریضہ جہاد مین موت سے ڈرتے ہو اور دنیاوی زندگی پر مرتے ہو یہ سب چھوڑ دو بلکہ حبیب عزوجل نے یہ حکم نازل فرمایا وہ خود متولی بندگان ہی لہذا حکم فرمایا - وَاٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ - اور ایمان لاؤ ایسی چیز کے ساتھ جو مینے نازل فرمائی درحالیکہ وہ تصدیق کرتی ہی اوس چیز کی جو تمہارے ساتھ ہی - ف - یعنے ایمان لاؤ قرآن منزل پر جو توریت انجیل کی تصدیق کرتا ہی - ابو العالیہ نے کہا کہ یہ اسواسطے کہ وہ لوگ توریت و انجیل مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے پاس لکھا ہوا پاتے تھے - مترجم کہتا ہی کہ شاید یہ مراد ہی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا نام و صفات و نشانات شریعت جس طرح توریت و انجیل مین مذکور ہین اونھین کے موافق قرآن مجید نازل ہوا تو یہ تصدیق ہوگئی - شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ مانند قول ابو العالیہ کے مجاہد و ربیع بن انس و قتادہؒ سے مروی ہی حاصل یہ کہ اہل کتاب کے ہاتھ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کے واسطے یہ بہت عمدہ آیت موجود تھی کہ توریت و انجیل مین جو علامات بیان کیے قرآن مجید سے اونکی تصدیق ہوگئی تو اب ایمان لانا فرض متحتم تھا لہذا حکم دیا کہ تم لوگ ایمان لاؤ باین تصدیق - وَلَا تَكُوْنُوْٓا اَوَّلَ كَافِرٍۢ بِهٖ ص - اور تم لوگ اوسکے ساتھ اول کافر نہو جاؤ - ف - بعض نے فرمایا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار کرنے والون مین سے تم لوگ اول نہو کیونکہ تمکو اوسکی شناخت مین وہ علم حاصل ہی جو دوسرون کو نہین ہی یہی ابن عباسؓ و ابو العالیہؒ سے منقول ہی یعنے جنس اہل کتاب مین سے تم اول نہو اور اسیکے مانند حسن و سدی و ربیع بن انس سے مروی ہی اور بعض نے کہا کہ معنے یہ ہین کہ تم لوگ اس قرآن منزل کے ساتھ اول کافر مت بنو - شیخ ابن جریر نے اسیکو اختیار کیا - شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ دونون قول صحیح ہین یعنے جسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار کیا اوسنے قرآن سے انکار کیا اور جسنے قرآن سے انکار کیا اوسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار کیا - شیخ نے لکھا کہ اول کافر سے یہ مراد ہی کہ بنی اسرائیل کے کافرون مین سے تم اول مت ہو اور یہ تاویل اسواسطے کیگئی کہ یہودیون سے پہلے قریش و عرب مین سے بہت سے لوگ کافر ہو چکے تھے پھر ہجرت مدینہ کے بعد یہودیون کو خطاب ہوا لیکن اونھون نے دنیاوی مال و زندگی کی لالچ سے کفر اختیار کیا جسکی بابت اشارۃً پہلے اونکو اپنی نعمتین یاد دلائین اور اپنے سوائے غیر سے خوف رکھنے سے ممانعت کی پھر یہان صریح فرمایا

وَلَا تَشْتَرُوا بِاٰيٰتِيْ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۔ اور میری آیات کے عوض ثمن قلیل مت خریدو ف یعنی میری آیات ورسول پر ایمان لانے کو ہاتھ سے دیکر تمام دنیاے فانی بہت قلیل ہی کہ اوسکی قلت کا اندازہ نہیں ہوسکتا کیا نہیں دیکھتے ہو کہ حدیث صحیح میں وارد ہے سنت فجر پڑھنے کو دنیا ومافیہا سے بڑھکر فرمایا پس جب ایمان کے ایک عمل نفل کی یہ فضیلت ہی کہ وہ دنیا ومافیہا کے برابر نہیں بلکہ بہتر ہی تو عین ایمان کی کیا شان ہوگی اسکو کون قیاس کرسکتا ہی اور یہاں تو یہ حال ہی کہ ان لوگوں کو تمام دنیا ومافیہا بھی نہیں ملتی تھی بلکہ سالانہ عوام یہود یوں وغیرہ سے کچھ غلہ ملتا تھا پس یہاں ایمان کے مقابلہ میں اسکو ثمن قلیل فرمایا تو یہ انکی خواہش کے اعتبار پر ہی اور درحقیقت وہ قلیل ہی حالانکہ وہ قلت بمنزلہ نیست کے شمار میں نہیں آتی ہی پس ایک گونہ ملامت کے ساتھ انکو منع فرمایا کہ یہ ہیچ پوچ مال دنیاوی جو تلف ہوجانیکا نشانہ ہی اسکو لیکر عین ایمان بقرآن ورسول کو مت چھوڑو جیسے کوئی شخص لعل وموتی دیکر ایک مٹھی خاک خریدتا ہی تو وہ احمق اشرف الاخلاق انسان نہیں بلکہ ارذل خلق شیطان ہی ۵ بدین ای فرد مایہ دنیا مخر ۔ جوہر انجیل عیسی مخر ۔ حسن بصری رح نے فرمایا کہ دنیا تمام وکمال بلکہ قلیل مول ہی سعید بن جبیر رح نے کہا کہ دنیا اور اوسکی خواہشیں سب قلیل مول ہیں سدی رح نے کہا کہ اونکی طمع بھی قلیل مول ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ شاید یہ اشارہ ہی کہ دنیاے فانی میں سے انمیں سوائے طمع کے کیا حاصل ہی یعنے اگر کوئی چاہے کہ میں دین چھوڑکر دنیا لیلوں تو یہ صرف اوسکی طمع ہی طمع ہی کیونکہ دنیا میں سے اوسکو اوسیقدر ملیگا جو اوسکو مقدر ہی پس اوس احمق نے اس طمع کے عوض میں دین کو برباد کیا ۔ (تنبیہ) جاننا چاہیے کہ جب بندہ ایمان وشریعت پر مستقیم ہونا چاہتا ہی تو شیطان اوسکو فقر وفاقہ کا خوف دلاتا ہی تاکہ وہ ایمان چھوڑکر فسق وفجور کا مرتکب ہو بدلیل قولہ تعالے الشیطان یعدکم الفقر ویامرکم بالفحشاء الآیہ ۔ لہذا جب کبھی شیطان کا یہ وسوسہ پاوے تو چاہیے کہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل تین بار کہے پس جس چیز کا خوف کرتا ہی اوس سے محفوظ رہیگا جیسا کہ طبرانی وغیرہ کی حدیث میں منصوص ہی بالجملہ اونکو نصیحت فرمائی کہ دنیاے فانیہ قلیل کے پیچھے ایمان مت کھو وَاِيَّايَ فَاتَّقُوْنِ ع اور مجھی سے خوف رکھو ۔ ف کیونکہ اللہ تعالے جب بچانا چاہے تو کسیکا ایک ذرہ نہیں مل سکتا کیونکہ خالق رازق وہی ہی ۔ طلق بن حبیب نے فرمایا کہ تقوی یہ ہی کہ اللہ تعالی سے نور پر امید اطاعت اوسکی طاعت کرے اور اللہ تعالے سے نور پر بخوف عذاب اوسکی معصیت چھوڑے (ابن ابی حاتم) ۔ (مسئلہ) ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس علم سے رضاے الٰہی حاصل ہوسکتی ہی اگر اوسکو فقط اس غرض سے حاصل کیا کہ دنیا کا کوئی اسباب حاصل کرے تو وہ قیامت کے روز جنت کی خوشبو نہیں پاویگا (ابوداؤد) مترجم کہتا ہی کہ اسکے یہ معنے ہیں کہ میدان قیامت میں مومنوں کو خوشبوے جنت پہونچتی رہیگی مگر یہ شخص اس سے محروم ہوگا جیسے حدیث میں آیا کہ جسنے کسی معاہدی کو مارڈالا وہ جنت کی خوشبو نہیں پائیگا اس سے مراد یہ ہی کہ مسلمانوں نے مثلاً کافروں کے ملک فتح کیا اور اون لوگوں سے کچھ جزیہ یا مال صلح مقرر کرکے اونکو امان دی اور امان یہ عہد ہی کہ تم لوگ مال ادا کرتے رہو اور ہم لوگ تمھاری جان ومال کے محافظ رہیں پھر اگر کسی مسلمان نے ان معاہدین میں سے کسیکو ناحق قتل کیا تو وہ میدان قیامت میں جنت کی خوشبو نہیں پاویگا حالانکہ اسکی خوشبو پانچ سو برس کی راہ سے آتی ہی ۔ (مسئلہ) شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ اجرت لیکر علم پڑھانیکا کیا حکم ہی جواب یہ کہ یہاں دو صورتیں ہیں ایک یہ کہ اس شخص پر یہ تعلیم متعین ہوجاوے مثلاً شہر میں دوسرا شخص ہو جو دینی ہی تو ایسی صورت میں اجرت لینا جائز نہیں ہی ہاں اگر بیت المال سے اسقدر نہ ملے جو اوسکے اہل وعیال کے واسطے کفایت کرے تو جائز ہی اور جاننا چاہیے کہ جو شخص تعلیم کرنے میں اپنی کمائی سے منقطع ہوجاتا ہو تو اوسپر پڑھانا متعین نہوگا اور ایسی صورت میں بھی اوسکو اجرت لینا جائز ہی یہ امام مالک وشافعی واحمد وجمہور علماء کا قول ہی بدلیل حدیث ۔ ان احق ما اخذتم علیہ اجرا کتاب اللہ ۔ (کما فی البخاری) مترجم کہتا ہی کہ امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک دینی تعلیم ودینی فعل اذان وغیرہ پر

اجرت لینا جائز نہین ہی بدلیل حدیث ابی بن کعب و عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہما کہ انھون نے اہل صفہ مین سے ایک شخص کو کچھ قرآن پڑھایا تھا پھر اوسنے انکو ایک کمان ہدیہ بھیجی پس انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ نے فرمایا کہ اگر تجھے پسند ہو کہ اللہ تعالے تجکو آگ کی کمان کا طوق پہناوے تو اسکو قبول کرلے پس اونھون نے واپس کردی (رواہ ابوداؤد) شیخ ابوعمر ابن عبدالبر وغیرہ علماے کثیر نے اس حدیث کو محمول کیا کہ جب پہلے اللہ تعالے کے واسطے پڑھایا تو بعد اسکے جائز ہوا کہ ثواب کے بدلے یہ قوس لے لیوے، ان اگر ابتدا سے اجرت ٹھہری ہو تو صحیح ہی کیونکہ اس صورت مین بقدر اجرت کے ثواب مین کمی ہوگی مترجم کہتا ہی کہ مشایخ حنفیہ مین سے بھی ایک جماعت متاخرین نے اس زمانہ مین موافق قول جمہور کے فتوی دیا کہ اجرت لینا جائز ہی کیونکہ مسلمانون کے واسطے بیت المال نہین ہی پس اگر تعلیم قرآن کی اجرت جائز نہو تو علم قرآن اوٹھ جائیگا اور اسی پر تمام ملکون مین عمل درآمد ہی۔

(تنبیہ) قولہ مصدقا لما معکم سے قرآن مجید کو توریت و انجیل کا مصدق فرمایا پس شیخ سیوطی وغیرہ نے تاویل کی کہ توحید و نبوت جو اصل ہی اوسکی تصدیق کرتا ہی اگرچہ بعض احکام شریعت مین جدائی ہو اور شیخ ابن کثیر وغیرہ نے تاویل کی ضرورت نہین سمجھی کیونکہ مراد یہ ہی کہ پیغمبر آخرالزمان کے صفات و نشانات جسطرح توریت و انجیل مین مذکور تھے قرآن مجید اونکی تصدیق کرتا ہی اور یہی علماے تابعین کے کلام سے ظاہر ہوتا ہی اور یہی اظہر و ارجح ہی واللہ تعالے اعلم اور قرآن مجید کی صفت دوسرے مقام پر مہیمن فرمائی کیونکہ یہود و نصاری نے اپنی قساوت قلبی و دیگر ہوا و ہوس کے وجوہ سے ایک مدت پہلے سے آیات الٰہی مین تحریف کردی تھی مثلاً جب اونمین زنا کثرت سے پھیلا تو جب کسی غریب سے زنا سرزد ہوتا تو اوسکو رجم کرتے اور اگر کسی رئیس و مالدار سے زنا سرزد ہوتا تو اوسکو چھوڑ دیتے تھے حالانکہ اکثر اسکے مرتکب یہی مالدار ہوتے تھے اسواسطے اونھون نے کتاب مین تحریف کرکے یہ حکم بنایا کہ جو شخص زنا کرے اوسکا منہ کالا کرکے گدھے پر سوار کرکے مشتہر کرنے کے بعد اوسکو کوڑے مارے جاوین اگر محصن ہو اسیطرح جب اون مین بہتر فرقے مختلف پیدا ہوے اور اونمین باہم اختلاف و تعصب پھیلا تو جس مقام پر کتاب الٰہی مین ایک لفظ کسی فریق کے مفید معلوم ہوتا تو دوسرا فریق اپنے یہان اوس لفظ کو بدل ڈالتا تھا کہ انھین تعصبات و عداوتون سے یہانتک نوبت پہونچی کہ ہزارون بلکہ لاکھون الفاظ مختلف متغیر ہوگئے جسکو موجودہ نصرانیون نے پڑھنے کی غلطی شمار کیا حالانکہ صرف تین سو پچاس نسخون کے قریب مقابلہ کرنے سے کئی لاکھ اختلافات الفاظ برآمد ہوے جنکا اقرار اون بڑے بڑے پادریون نے کیا جو اگر مین معاوی رحمت اللہ صاحب سے مباحثہ کرتے تھے اور یہ اقرار بہت سے فضلاء نصاری نے مولوی رحمت اللہ صاحب نے نقل کیا ہی جسکا انکار غیر ممکن ہی الحاصل کچھ ہی وجہین کیون نہون یہ امر قطعی ثابت ہوگیا کہ توریت و انجیل کے نسخون مین لاکھون الفاظ مین تغیر و اختلاف ہی اور ہندوستان مین جو ترجمہ بنام انجیل پیش کیے جاتے ہین انکا اعتبار نہین ہی علاوہ بریں یہ صرف ایک ہی فریق کے نسخے ہین تو قطعی یہ نتیجہ نکلا کہ کوئی یہودی یا نصرانی جب کوئی نسخہ توریت یا انجیل پیش کرے تو اوسپر ہرگز اعتماد نہین ہوسکتا کیونکہ دیگر نسخون مین ہزارون الفاظ اس سے مخالف موجود ہین تو یہ اعتماد ہی نہین ہوسکتا کہ اصل حکم الٰہی کیونکر ہی اگرچہ ہم یہ مانے لیتے ہین کہ پڑھنے ہی کی غلطی سہی کیونکہ مقصود تو یہ ہی کہ خواہ پڑھنے کی غلطی سے یا عمداً تحریف سے یہ لاکھون الفاظ مختلف ہین تو امر الٰہی معلوم نہین ہوسکتا پس معلوم ہوا کہ یہود و نصاری کے پاس کوئی ایسی کتاب نہین ہی جسکو وہ حکم الٰہی بتلاسکین کیونکہ بسوا ے وحی کے نہین معلوم ہوسکتا کہ ان ہزارون نسخون مین جو لاکھون اختلافات موجود ہین انمین وہ کون لفظ ہی جو اللہ تعالے نے نازل فرمایا اور وہ کون الفاظ ہین جو پڑھنے والون وغیرہ کی غلطی سے پیدا ہوے اور اگر کوئی کہے کہ ہم دوسرے قرائن سے یہ بات دریافت کرسکتے ہین تو ہم کہینگے کہ اسکا نتیجہ یہ نکلا کہ تمھارے قرائن کے موافق اس مقام پر یہ لفظ ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اللہ تعالے کا اوتارا ہوا ہی تو جو شخص تمھارے قرائن پر ایمان لاتا ہوگا وہ مان لیگا

مگر یہ نہیں جان سکتا کہ یہ واقعی اللہ تعالے کا اوتارا ہوا ہی جب یہ بات ثابت ہو گئی تو ہم کہتے ہین کہ اللہ تعالے نے قرآن مجید کو ان کتابون کے واسطے مہیمن کر دیا پس جو عبارت کہ قرآن مجید کے موافق ہو وہ صحیح ہی اور باقی سب تحریف یا پڑھنے والون کی غلطیان ہین یہان سے ثابت ہوا کہ مسلمانون مین سے کسی شخص کو حلال نہین ہی کہ کسی نسخہ توریت یا انجیل سے جو بالفعل موجود ہین کوئی حکم نکالے کیونکہ اللہ تعالے نے جو توریت نازل فرمائی وہ اگرچہ آسمانی کتاب ہی لیکن یہ نسخے جنمین لاکھون اختلاف موجود ہین کسیکی نسبت یہ حکم نہین ہو سکتا کہ یہ آسمانی کتاب ہی اور حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر موسیٰ زندہ ہوتے تو سوائے میری اتباع کے اونکو کچھ چارہ نہوتا (کما رواہ احمد وغیرہم) پس ہمپر اسقدر ایمان لانا فرض ہی کہ اللہ تعالے نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر توریت اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر انجیل نازل فرمائی تھی اور وہ حق ہی لیکن اسوقت یہ یہود و نصاریٰ جو نسخے اپنے پاس سے نکالتے ہین جنمین لاکھون اختلاف ہین اونمین سے کسی کی نسبت ہم یہ یقین نہین کر سکتے کہ یہ وہی توریت و انجیل ہی جو اللہ تعالے نے نازل فرمائی تھی (تنبیہ) یہود و نصاریٰ جنکو آیت ہذا مین خطاب کیا اونکو اول کافر فرمایا کیونکہ پچھلے لوگ اونھین کے تابع ہونگے اسواسطے جس شخص نے اسلام مین سوائے سنت شریعت کے بدعت نکالی اوسپر اوسکا گناہ اور اوسکی پیروی کرنے والونکا بھی گناہ قیامت تک ہوگا حالانکہ اس بدعت پر عمل کرنے والون کے لیے بھی پورا گناہ ہوگا جیسا کہ صحاح سے ثابت ہی ف ۲ واضح ہو کہ اللہ تعالے نے قرآن مجید مین جو کچھ نصائح فرمائے وہ تو اہل ایمان کے واسطے رحمت خاص ہین اور جو کفار و مشرکین کی مذمت بیان کی وہ مومنین کے واسطے عبرت ہی کیونکہ السعید من وعظ بغیرہ - یعنی اہل سعادت مین سے وہ شخص ہی جو دوسرون کو دیکھکر نصیحت پکڑے - لہذا ان آیات مین بنی اسرائیل کو اپنے نعمتین یاد دلاکر کفر و بدعہدی سے تہدید فرمائی جس سے اہل ایمان کے واسطے ہدایت ہی کہ جو لوگ اعمال حاکمہ کرین وہ ان اعمال پر نظر نہ ڈالین بلکہ اللہ تعالے کی نعمتون کو دیکھین کہ جسنے اونکو اشرف المخلوقات و تندرست بناکر توفیق طاعت عطا فرمائی تو یہ اللہ تعالے ہی کی رحمت ہی - بعض مشائخ نے کہا کہ بنی اسرائیل کے واسطے اذکروا نعمتی فرمایا یعنے تم میری نعمت یاد کرو اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے فرمایا - فاذکرونی اذکرکم - یعنی تم مجھے یاد کرو مین تمھین یاد کرونگا اور ان دونون مین بہت بڑا فرق ہی - شیخ سہل بن عبد اللہ نے کہا کہ یہ امت کی فضیلت ایسی ہی ہی جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے فرمایا کذلک نری ابراہیم ملکوت السموات والارض - اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے فرمایا - الم تر الی ربک کیف مد الظل الآیۃ - ترجمہ کتنا ہی کہ حاصل یہ ہوا کہ دونون مقامون پر اللہ تعالے نے اپنے آثار قدرت کو دکھلایا مگر ابراہیم علیہ السلام کے واسطے ملکوت آسمان و زمین سے نظر بجانب مالک عزوجل ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے مالک عزوجل سے نظر بجانب ملکوت ہی اسیطرح بنی اسرائیل کی نظر نعمت سے بجانب منعم عزوجل ہی اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نظر منعم عزوجل سے بجانب نعمت ہی گویا اونکو ذاتی خوبی حاصل ہی اور بنی اسرائیل کو صفاتی خوبی اور وہ بھی شرطیہ ہی چنانچہ فرمایا - کنتم خیر امۃ اخرجت للناس الآیۃ - اور دوسرون کے واسطے فرمایا - ولو آمن اہل الکتاب لکان خیرا لہم الآیۃ - م - قولہ - اوفوا بعہدی - یعنے مقتضائے معرفت کے میرے حکم کی فرمانبرداری کرو تو مقام قرب پاؤگے یا اسرار پر مطلع ہوگے یعنے جیسی پیائمت ہو ویسی منزلت پاؤگے - بعض مشائخ بغداد نے کہا کہ عہد ازل پورا کرو یعنے کسی چیز کی طرف منھ نہ کرو غرضکہ ہر چیز کا عہد اوسکے لائق ہی مثلاً علوم کو چاہیے کہ اوسکے لائق لوگون مین صرف کرے ورنہ زبان بند رکھے تاکہ خزائن اسرار پر مطلع ہو اور طلب رزق مین توکل کرے تاکہ بہ بیسے اوسکی مہمات پوری ہون - ابو سعید قرشی نے کہا کہ آداب شریعت محفوظ رکھے تاکہ قلوب مین نور حقیقت ظاہر ہو - بعض مشائخ عراق نے کہا کہ احکام شریعت پر عبادت کرے تاکہ درجات روحانیت پر پہونچے - شیخ ابو عمر بیکندی نے کہا کہ وفاے عہد امانت ہی یعنے ظاہر

و باطن یکسان ہو پس اخلاص کے ساتھ عمل کرے۔ شیخ سہل بن عبد اللہ نے کہا کہ ایاک فارہبون مقام معرفت و یقین ہے و ایاک فاتقون مقام علم سابق و کرو استدراج ہے شیخ نے کہا کہ تقوی کی ابتدا یہ ہے کہ عالم ناسوت سے بیزار ہو کر عالم لاہوت کی جانب رجوع کرے حتی کہ خوف و امید سب اللہ تعالے ہی کے واسطے ہو۔ بعض نے کہا کہ تقوی چار طرح ہے اول عام کے واسطے شرک سے بچنا دوم خاص کے واسطے گناہ و شرک خفی سے بچنا۔ سوم عارفون کے واسطے غیر سے توسل کی نظر اوٹھانا چہارم اہل تجرید کے واسطے اللہ تعالے کے واسطے اللہ تعالی ہی کی طرف تقوی کرنا مترجم کہتا ہے کہ جیسے حدیث مین آیا۔ اعوذ بک منک۔ یعنے تیرے خشم و غضب سے تیری ہی پناہ ڈھونڈھتا ہون۔ شیخ ابو عبد الرحمن السلمی نے کہا کہ تقوی یہ ہے کہ مخلوق کو ناقص دیکھے یعنے مخلوق خود محتاج ہے کہ اوس سے کچھ نفع و ضرر حاصل ہونا ممکن نہین اگر یہود اسکو سمجھتے تو اللہ تعالے کی نصیحت سے نیکبخت ہو جاتے کہ تم لوگ اللہ تعالے کا عہد پورا کرو اور آیات الٰہی کے عوض دنیا مت لو تو جان لیتے کہ کسی مخلوق کو نفع و ضرر پہونچانے کی طاقت نہین ہے پھر اللہ تعالے نے اہل کتاب کو فرمایا۔

وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَ

اور مت ملاؤ صحیح مین غلط اور یہ کہ چھپاؤ سچ کو جان کر اور کھڑی کرو نماز

وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝

اور دیا کرو زکوۃ اور جھکو ساتھ جھکنے والون کے

اللہ تعالے نے یہودیون کو اونکے مکر شیطانی سے منع فرمایا۔ وَلَا تَلْبِسُوا الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ۔ اور مت خلط کرو حق کو باطل کے ساتھ۔ ف یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے صفات و بشارات کو اپنے ہاتھون سے گڑھے ہوے بہتان مین نہ ملاؤ نہ زبانی و نہ تحریری کیونکہ اون مین سے بعضے لوگ اپنے ہاتھ سے لکھکر کہتے کہ یہ اللہ تعالے کی کتاب ہے رہا یہ امر کہ اصل توریت کو بھی تحریف کرتے تھے یا نہین تو بعض علمانے کہا کہ اوسمین صرف معنے کی تحریف کرتے تھے اور ایک جماعت نے کہا کہ نہین بلکہ عبارت مین بھی تحریف کرتے تھے اور ہمارے یون سے یہ بات بیشک ثابت ہوئی کہ یہ لوگ کتاب مین تحریف کرتے تھے چنانچہ اسکی بحث اوپر گذری اور آیندہ انشاء اللہ تعالے اپنے موقع پر آویگی۔ وَتَكْتُمُوا الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝۔ اور مت چھپاؤ حق کو حالانکہ تم جانتے ہو۔ ف کہ یہ حق ہے یعنے جو علم حق متعلق شریعت اسلام تمہاری توریت مین دیا گیا ہے اوسکو مت چھپاؤ کیونکہ علم کا چھپانا گناہ ہے حتی کہ چھپانے والے کے منہ مین آگ کی لگام دیجاویگی۔ (کما فی الحدیث) پھر حال یہ ہے کہ تم لوگ اسکو حق جانتے ہو تو جان بوجھ کر چھپانا سخت کبیرہ گناہ ہو گیا اور اسکا ضرر شدید ہے کیونکہ اول تو حق چھپانا گناہ دوم جان بوجھکر چھپانا ستوم اپنے نفس کی محرومی کہ دل سے پیغمبر برحق جانا ولیکن ایمان نہ لایا چہارم یہ کہ دوسرون کو نہین بتلایا پنجم یہ کہ دوسرون کو دھوکا دیکر کفر مین ڈالا اور بدعہدی کی اور آیت الٰہی کو کوڑیون کے مول بیچا اور ملک مین فساد پھیلایا۔ ف اس سے اہل ایمان کو بھی عبرت حاصل کرنا چاہیے کہ معاملات الٰہی مین خلط و خبط نکریں حتی کہ کشف کو خیال سے نہ ملادین اور فہم کو وہم سے اور فراست کو قیافہ سے اور الہام کو وسواس سے اور حقیقت کو شک سے اور بندگی کو ربوبیت سے اور حقیقت کو رسم عادت سے اور اخلاص کو ریاکاری سے اور کرامات کو مکاری سے خلط نکریں بلکہ شیخ سہل نے فرمایا کہ امر آخرت کو امر دنیا سے خلط نہ کرے۔ وَأَقِيمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَارْكَعُوا مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝ اور ٹھیک کرو نماز کو اور دیا کرو زکوۃ کو اور جھکو جھکنے والون کے ساتھ۔ ف یعنے نماز پڑھو نماز پڑھنے والون کے ساتھ و الراکعین بالف لام سے معہود صحابہ رضی اللہ عنہم مراد ہین اور حاصل یہ کہ اہل کتاب کو حکم دیا کہ ہمیشہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

ہین شامل ہوکر اونکے ساتھہ اعمال خیر بجالاوین اور پہلے اقیموا الصلوٰۃ سے فرضیت نماز کا حکم دیا یعنے نماز و زکوٰۃ اپنے اوپر فرض سمجھو پھر نماز کو مومنون کے ساتھہ ادا کرو اسیواسطے الصلوٰۃ کو مفرد فرمایا اور اقامت نماز کے یہ معنے ہین کہ خالص اللہ تعالے کے واسطے نیت کرکے طہارت مع شرائط پوری کرے پھر عاجزی و خشوع کے ساتھہ نماز مین داخل ہوکر طریقۂ سنت کے ساتھہ موصوف ہے کہ گویا اللہ تعالے اوسکو دیکھتا ہی پھر اذکار مسنونہ ادا کرکے قرارت پر پہونچے تو ترتیل کے ساتھہ سمجھہ سمجھکر سورۂ الحمد اور اوسکے ساتھہ ایک سورہ دیگر پڑھکر رکوع کرے پھر کم سے کم تین تسبیح یا ایک ہی تسبیح پر ٹھہرے پھر اوٹھکر سیدھا قائم ہوکر پھر ٹھہر کر آہستگی و وقار سے سجدہ مین جاوے اور بقدر رکوع ٹھہر کر سر اوٹھا کر بیٹھے جسکی مقدار ایک تسبیح سے کم نہو اسیطرح تمام نماز کو خشوع و خضوع کے ساتھہ پورا کرے اگر جماعت کا امام اچھی طرح سے ارکان ادا کرتا ہو تو چاہیے کہ ٹھیک ادا کرنیوالا امام تلاش کرین کیونکہ اس آیت مین بھی جماعت سے نماز کا حکم ہی حتی کہ بعض علمانے اس سے جماعت واجب ہونے کی دلیل نکالی لیکن اس سے کم نہین کہ بہت فضیلت و تاکید ہی اور حدیث مین ہی کہ تنہا پڑھنے والے سے جماعت کی نماز ستائیس درجہ زائد ہی (الصحیح وغیرہ) مع المساجدین یا مع المصلین کی جگہہ مع الراکعین فرمایا تاکہ یہود اپنی نماز کو اسوقت بے اعتبار سمجھین کیونکہ اونکی نماز مین رکوع نہین ہی اور وہ تنہا پڑھا کرتے تھے اور حاصل یہ کہ تمھاری نماز کا کچھ اعتبار نہین جبتک تم مومنون کے مخالف ہو اور چونکہ یہودی لوگ حسد بخیل خبیث تھے لہذا زکوٰۃ کی بھی تاکید فرمائی حسن بصری نے فرمایا کہ زکوٰۃ ایک فریضۂ واجبہ ہی کہ بدون زکوٰۃ و نماز کے اعمال کچھ نفع نہین دیتے ہین۔ اور حارث عکلی نے اس سے صدقۃ الفطر مراد لیا (رواہ ابن ابی حاتم) مترجم کہتا ہی کہ شاید یہ مراد ہی کہ حقوق مالی مین صدقۃ الفطر بھی واجب ہی جیسے سوائے زکوٰۃ محتاج قرابتیون کا مانند نفقہ واجب ہوتا ہی واللہ تعالے اعلم پھر فرمایا۔

أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ أَفَلَا

کیا حکم کرتے ہو لوگون کو نیک کام کا اور بھولتے ہو آپ کو اور تم پڑھتے ہو کتاب پھر کیا نہین

تَعْقِلُونَ ۝

عقل رکھتے

شیخ سیوطی نے لکھا کہ یہ آیت علمائے یہود کے حق مین نازل ہوئی جو اپنے مسلمان قرابتیون کو کہتے کہ تم لوگ دین محمد پر ثابت قدم رہو وہ بھی حق ہی تو اللہ تعالے نے اونکو عار دلائی کہ أَتَأْمُرُونَ النَّاسَ بِالْبِرِّ کیا تم حکم کرتے ہو لوگون کو نیکی کا۔ ف یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع پر ثابت قدم رہنے کا۔ وَتَنْسَوْنَ أَنْفُسَكُمْ۔ اور فراموش کرتے ہو اپنے نفوس کو ف کہ خود اوسپر عمل نہین کرتے ہو۔ وَأَنْتُمْ تَتْلُونَ الْكِتَابَ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝۔ حالانکہ تم لوگ کتاب توریت کی تلاوت کرتے ہو سو کیا تم سمجھتے نہین ہو۔ ف۔ کہ اپنے نفوس کو بھول کر عذاب مین ڈالنا کیسی بری حرکت ہی کیونکہ اگر سمجھتے ہوتے تو اس حرکت سے باز آتے۔ اس سبب نزول کو واحدی نے ابن عباس رضہ سے روایت کیا اور اسکا حاصل یہ ہی کہ اے علمائے یہود تم لوگ توریت کے عالم ہوکر لوگون کو بھلائی کا حکم دیتے ہو اور اپنے آپ کو بھولتے ہو حالانکہ توریت مین ایسے شخص کی نسبت لکھا کہ وہ مستوجب عذاب ہی یہ حکم اللہ تعالے نے اسلام مین بھی قائم رکھا چنانچہ قرآن مجید مین فرمایا۔ یا ایہا الذین آمنوا لم تقولون مالا تفعلون کبر مقتا عند اللہ ان تقولوا مالا تفعلون۔ یعنے اے ایمان والو تم کیون ایسی بات کہتے ہو جو نہین کرتے ہو نا خوشی کی راہ سے اللہ تعالے کے نزدیک یہ امر گران ہی کہ ایسی بات کہو جو نہین کرتے ہو۔ مترجم کہتا ہی کہ جو سبب نزول واحدی نے روایت کیا اسمین انحصار کی کوئی وجہ نہین ہی بلکہ یہودیون کی یہ حالت

تھی کہ لوگون کو امور خیر بتلاتے اور خود عامل نہین ہوتے تھے چنانچہ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ قتادہ رح نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کی یہ حالت تھی کہ لوگون کو طاعت الٰہی وتقوی ونیکی کا حکم کرتے اور خود اوسکے خلاف کرتے تھے پس اللہ تعالے نے اس آیت مین اونکو عار دلایا (رواہ عبد الرزاق) اور یہی قول سدی رح کا ہی یعنے ان لوگون نے لوگون کے دکھلانے اور دنیا کمانے کے واسطے علم پڑھا اور خود اوس سے بد اعتقاد ہین - حدیث شریف مین تین گروہ کا بیان ہی جنسے پہلے آگ جلائی جاویگی ازانجملہ ایک گروہ اون عالمون کا ہی جنھون نے دنیا کے واسطے علم پڑھا اور دین کی ہتک کی اور آیندہ انشاء اللہ تعالے قولہ تعالے - یا ایہا الذین آمنوا ان کثیرا من الاحبار والرہبان الآیۃ - اور قولہ تعالے - کانوا لا یتناہون عن منکر فعلوہ الآیۃ - کی تفسیر توضیح آویگی - م - شیخ رح نے لکھا کہ ابن جریر فرماتے تھے کہ اہل کتاب مین منافقین کا یہ حال تھا کہ لوگون کو صوم وصلوۃ کا حکم دیتے اور خود اوسپر عمل نہین کرتے تھے پس اللہ تعالے نے اونکو عار دلایا لہذا مسلمانون کو چاہیے کہ جو شخص دوسرون کو نیکی کا حکم دے تو خود سب سے زیادہ اس کام مین پیش قدم ہو - محمد بن اسحق رح نے اپنی اسناد کے ساتھ ابن عباس رض سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے اہل کتاب کو عار دلایا کہ توریت مین جو تمھارے پاس عہد ثبوت ہی اوس سے کفر کرنے سے لوگون کو منع کرتے ہو حالانکہ توریت مین جو عہد مین نے تمسے لیا کہ میرے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائیو تم اوس سے انکار کرتے اور عہد توڑتے ہو تو اپنے نفوس کو بھولتے ہو - ضحاک رح نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ اے اہل کتاب لوگون کو تم حکم دیتے ہو کہ دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین داخل ہون اور اعمال نماز وغیرہ پر قائم رہین حالانکہ اپنے آپ کو بھولتے ہو - ابن جریر رح نے ابو الدرداء رض سے روایت کی کہ آدمی پورا فقیہ سمجھدار نہین ہوتا جب تک اوسکی یہ شان نہو جاوے کہ اللہ تعالے کے معاملہ مین تمام لوگون کو دشمن کی نگاہ سے دیکھے پھر وہ اپنے نفس کی جانب رجوع کرے تو سب سے زیادہ اوسکا دشمن ہو جاوے - مترجم کہتا ہی کہ مراد یہ ہی کہ شان الٰہی عزوجل کے مقابلہ مین تمام جہان کی کچھ ہستی نہ سمجھے بلکہ جو شخص طاعت الٰہی مین روک ٹوک والا ہو اوسکو دشمن سمجھے پھر اسکے بعد اپنے نفس کو سب سے زیادہ دشمن سمجھے - اور شیخ عوارف رح نے شاید یہین سے لیا چنانچہ لکھا - وما کان تیم لرجل من تعظیم اللہ عزوجل حتی یکون الناس عندہ کالا باعر فی الفلوات تم یہ جع الی نفسہ فیراہا اصغر صاغر - یعنے بندے سے تعظیم الٰہی پوری نہین ہوتی جب تک کہ اوسکے نزدیک لوگون کی قدر ایسی نہو جائے جیسے سیدانون مین سینگنیان پڑی ہوتی ہین پھر وہ اپنے نفس کی جانب متوجہ ہو کر سب نیلون سے زیادہ ذلیل جانے - مترجم کہتا ہی کہ یہ کلام حضرت ابو الدرداء رض کے ارشاد سے زیادہ مشابہ ہی فافہم - م - عبد الرحمن بن زید بن اسلم نے اس آیت کے بیان مین کہا کہ یہودیون کی یہ حالت تھی کہ جب کوئی اونکے پاس آکر ایسی کوئی بات پوچھتا جس مین انکا کوئی حق یا موقع رشوت نہوتا تو اوسکو امر حق کی تاکید کرتے پس اللہ عزوجل نے اونپر تشنیع فرمائی - مترجم کہتا ہی کہ اس سے ظاہر ہوتا ہی کہ یہودی اکثر اپنا حق نکالکر یا رشوت لیکر لوگون کو جھوٹی باتین میٹھی میٹھی بتلاتے تھے اور جب کبھی یہ امید نہین ہوتی تھی تو آدمی کو حکم حق بتلانے اور مثل مشہور ہی کہ حق کڑوا ہوا کرتا ہی اور افسوس کہ اس زمانہ مین بہت سے لوگ جبہ ودستار سے ظاہری صورت مثل عالمون کے بناکر شہر شہر وعظ کہتے پھرتے اور یہودیون کی چال پر چلتے ہین تاکہ لوگون سے مال کماوین اور درحقیقت علم سے بے بہرہ ہین اسیواسطے جہان کہین اللہ تعالے نے کوئی بندۂ عالم پیدا کیا ہی جو دنیا کی راہ سے قلیل معاش وزاہد ہی اور وہ لوگون سے کچھ خواہش نہین رکھتا لیکن راہ حق بتلاتا ہی تو یہ مکار واعظین اوسکی خدمت مین جانے سے لوگون کو روکتے اور بہکاتے ہین کیونکہ اگر وہان جاکر لوگون کو راہ حق معلوم ہو گئی تو انکی رونق بازار جاتی رہیگی - اور حدیث صحیح مین وارد ہوا کہ تم لوگ بھی یہودیون کے قدم بقدم چلوگے - اور حدیث صحیح مین آیا کہ آخر زمانہ مین علما اوٹھائے جائینگے اور لوگ متفق ہو کر کسی جاہل کو اپنا پیشوا بنا وینگے تو یہ جہال اپنی جہالت پر فتوی دیکر خود گمراہ اور لوگون کو گمراہ بنا ئینگے اور سب سے زیادہ عجیب یہ ہی کہ بعضے ایسے لوگ ہین جو معمولی علم کتاب جانتے ہین لیکن کسی تعصب یا حمیت سے باہم علما، وعوام مین منافرت و

عداوت ڈالتے ہین اور یہ امر ظاہر ہی کہ انمین سفاہت و جہالت ہی اور دین کی سمجھ نہین جیسے حدیث صحیح مین منافق کے بارہ مین آیا کہ منافق مین حسن خلق و دینی سمجھ جمع نہین ہوتی ہی اسیطرح یہ بھی دین مین طالب حق و آخرت نہوتے ہے باہمی نفاق و عداوت اسلام کو کمزور اور مشرکون کی نظر مین اسلام کی حقارت کراتے ہین اور یہ نہین سمجھتے کہ یہ نفاق قطعی حرام ہی اور انکی تعصب و حمیت سے غایت یہ کہ کرامت ثبوت ہو پس یہ کون فقہ ہی کہ اسکے پیچھے حرام کا مرتکب ہو بلکہ ضعف اسلام وغیرہ سے محرمات کثیرہ کا ارتکاب لازم آوے ونسال اللہ تعالی الھدایۃ والسداد والی اللہ المصیر م۔ (مسئلہ) شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ تحقیق مقام یہ ہی کہ اللہ تعالے نے یہودیون کو صرف اس بات پر تشنیع دلائی کہ اپنے نفس کو کیون بھولتے ہین اور یہ مراد نہین ہی کہ جس بات کو نہین کرتے اوس بات کی نصیحت کیون کرتے ہین کیونکہ نیکی کی نصیحت کرنا خود نیک کام ہی اور عالم پر یہ بات واجب ہی لیکن عالم کے واسطے بہتر ہی کہ جہانتک ہو سکے خود بھی عوام کا شریک ہو اور علماء سلف و خلف کے دو قول مین سے اصح قول یہی ہی کہ عالم کو نصیحت کرنا واجب ہی اگرچہ وہ خود یہ کام نہ کرتا ہو۔ ہان بعض کا یہ قول ہی کہ جو شخص کسی معصیت کا مرتکب ہو وہ دوسرے کو اس سے منع نکرے لیکن یہ قول ضعیف ہی بلکہ صحیح یہ ہی کہ اگر عالم کسی ممنوع شرعی کا مرتکب ہو تو یہ گناہ ہی پھر اگر دوسرے کو دیکھکر منع نکرے حالانکہ اوسپر منع کرنا واجب تھا تو یہ دوسرا گناہ ہی۔ مالک رح نے ربیعہ سے روایت کی کہ مین نے سنا کہ سعید بن جبیر فرماتے تھے کہ اگر شرع مین یہ حکم ہوتا کہ کوئی شخص نیک کام کی نصیحت نکرے اور بدکاریون سے منع نکرے یہانتک کہ اوسمین کوئی برائی باقی نرہے تو لازم آتا کہ دنیا مین کوئی کسیکو نیک کام کی نصیحت نکرے اور نہ برائی سے روکے امام مالک رح نے فرمایا کہ یہ بہت سچ فرمایا کیونکہ ایسا کون شخص ہے جسمین کوئی برائی نہو مترجم کہتا ہی کہ اگر کوئی وہم کرے کہ شاید یہ غرض ہو کہ جس بدی کا خود مرتکب ہی اوس سے منع نکرے اور دیگر ممنوعات سے البتہ منع کرے یہ وہم لغو ہی اسواسطے کہ اگر ایک شخص نماز نہین پڑھتا لیکن زنا نہین کرتا تو گمان ہی پس صحیح یہی ہی کہ منع کرنا اوسپر علحدہ واجب ہی۔ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ ہان یہ بات ضرور ہی کہ عالم سے جان بوجھ کر گناہ کا مرتکب ہونا سخت شدید ہی اسیواسطے جندب ابن عبداللہ رضی اللہ عنہ کی حدیث مین ہی کہ جو عالم کہ دوسرون کو نیکی سکھلاتا اور خود نہین کرتا ہی اوسکی مثال مانند شمع کے ہی جو لوگون کو نور دیتی اور خود جلتی ہی (رواہ الطبرانی وہو حدیث غریب) مترجم کہتا ہی کہ مسلمانون کے سلطان پر نماز پڑھانا اور اونکو نصیحت کا خطبہ سنانا واجب ہی حتی کہ دور دراز ملکون مین وہ اپنا نائب مقرر کریگا مگر بہت سے سلاطین ظالم مانند حجاج وغیرہ کے ایسے گذرے کہ یہ کام بھی وہ لوگ دنیا ہی کے واسطے کرتے تھے۔ م۔ حدیث انس بن مالک رض مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس رات مجھے معراج مین لے گئے تو مین گذرا ایک قوم پر ہوا کہ آگ کی قینچیون سے اونکے ہونٹ کاٹے جاتے تھے مین نے پوچھا کہ یہ کون لوگ ہین تو ملائکہ کہنے لگے کہ آپکی امت مین سے یہ لوگ خطیب ہین جو اہل دنیا مین سے تھے کہ لوگون کو نیکی کا حکم کرتے اور اپنے نفوس کو بھولتے حالانکہ قرآن مجید تلاوت کرتے تھے (رواہ احمد وعبد بن حمید وابن مردویہ وابن حبان وغیرہم) اور حدیث ہمام رض مین ہی کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ فرماتے تھے کہ قیامت کے روز آدمی کو لاکر دوزخ مین ڈالا جاویگا تو اوسکی انتڑیان گر پڑینگی وہ اونکے ساتھ آگ مین چکر اتا پھریگا جیسے گدھا اپنی چکی گھماتا ہی پس دوزخی اوسکے گرد ہجوم کرکے کہینگے کہ ای فلان تجھے یہ کیا مصیبت پہونچی کیا تو ہمکو نیک باتون کی نصیحت اور بدکامون سے ممانعت نہین کرتا تھا وہ کہیگا کہ ہان تمکو نصیحت کیا کرتا تھا اور خود نہین کرتا تھا اور تمکو منع کرتا تھا اور خود کیا کرتا تھا (رواہ احمد والبخاری) حدیث انس رض مین ہی کہ اللہ تعالے قیامت کے روز بے علمون سے جسقدر معاف کریگا اوسقدر عالمون سے نہین معاف کریگا (امام احمد) اور بعض آثار مین وارد ہی کہ جاہل کو ستر بار معاف کیا جائے تو عالم کو ایکبار معاف کیا جائے کیونکہ عالم و جاہل برابر نہین ہی اور حدیث مین ہی کہ اہل جنت مین سے کچھ لوگ جھانکیں گے بعضے دوزخیون کو کہینگے کہ تم دوزخ مین کیونکر آئے حالانکہ واللہ ہمنے

توجہت ہین اونمین باتون سے جگہہ پائی جو ہمنے تمسے سیکھی تھین پس یہ لوگ کہینگے کہ ہم کہتے تھے اور کرتے نہین تھے (ابن جریر و ابن عساکر) ایک شخص نے ابن عباس رض سے آکر کہا کہ مین چاہتا ہون کہ لوگون کو نیک نصیحت کرون اور بدی سے منع کرون ابن عباس رض نے فرمایا کہ تو اس درجہ تک پہونچ گیا اوسنے کہا کہ امید تو کرتا ہون آپ نے فرمایا کہ اگر قرآن مجید کی تین آیات سے تجکو سوائی کا خوف نہو تو البتہ یہ کام کر اوسنے عرض کیا کہ وہ کیا ہین فرمایا کہ ایک یہ کہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ اتامرون الناس بالبر وتنسون انفسکم الآیۃ۔ تو بھلا اس بات مین تو مستحکم ہوگیا اوسنے کہا کہ نہین اور آپ دوسری آیت فرمائیے تو ابن عباس رض نے کہا کہ قولہ تعالے۔ لم تقولون ما لا تفعلون کبر مقتا عند اللہ الآیۃ۔ تو بھلا تو اسمین مستحکم ہوا اوسنے کہا کہ نہین اور آپ تیسری آیت فرمائیے ابن عباس رض نے کہا قول شعیب علیہ السلام وما ارید ان اخالفکم الی ما انھکم عنہ الآیۃ۔ یعنی جس چیز سے مین تمکو منع کرتا ہون اوسکے خلاف عمل کرنا نہین چاہتا ہون۔ تو بھلا تو نے اس آیت کو مستحکم کیا اوسنے عرض کیا کہ نہین ابن عباس رض نے فرمایا کہ پھر پہلے اپنے نفس سے شروع کر (ابن مردویہ) ابن عمر رض کی حدیث مین ہی کہ جیسے لوگون کو کسی قول یا عمل کی جانب بلایا حالانکہ خود اسکا عامل نہین ہی تو وہ برابر اللہ تعالے کی ناخوشی کے سایہ مین رہیگا یہانتک کہ باز رہے یا اپنی نصیحت کے موافق خود عمل کرے (الطبرانی وفی اسنادہ ضعف) ابراہیم نخعی رح کہتے کہ مجکو تین آیتون کی وجہ سے وعظ کہنا گوارا نہین ہوتا پھر وہی تین آیات یہان کہین جو حضرت ابن عباس رض کی روایت مین گذرین (ابن کثیر) پھر جس مادۂ مذمومہ کی وجہ سے علماے یہود کی یہ حالت تھی اللہ تعالے نے اوسکی تہذیب و علاج کیجانب اشارہ فرمایا بقولہ تعالے

وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۚ وَاِنَّهَا لَكَبِيرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخٰشِعِينَ ۙ الَّذِينَ

اور قوت پکڑو محنت سہارنے سے اور نماز سے اور البتہ وہ بھاری ہی گراونہین پر جنکے دل پگھلے ہین جنکو

يَظُنُّونَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَيْهِ رٰجِعُونَ ع

خیال ہی کہ اونکو ملنا ہی اپنے رب سے اور اونکو اوسی طرف اوٹنے جانا

یہان دو قول ہین ایک یہ کہ آیت مین خاص یہودیون کو خطاب ہی دوم یہ کہ یہودی و غیر یہودی سب کو عام خطاب ہی پس اگر علماے یہود کے واسطے خطاب خاص ہو تو اوسکی وجہ یہ ہی کہ علماے یہود کو اپنے عالم ہونیکا غرور چھایا اور دنیاوی وجاہت و حرص مال نے اونکے دل کو سیاہ کیا یعنے غرور علم سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے اور آپ سے راہ حق سیکھنے کو عار سمجھتے تھے باوجودیکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل عظیمہ و افضل انبیا و حبیب اللہ ہونے کو توریت سے جانتے تھے حتی کہ یہ علم یہودیون کے حق مین وبال عظیم ہوا اور دوم یہ کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر خود ایمان لاتے تو عوام یہود بھی ایمان لاکر صحابہ مین داخل ہوجاتے پس ان عالمون کی سرداری جاتی رہتی غرضکہ یہ دو مادۂ خبیث ان یہودیون کے اندر پیدا ہوئے لہذا اللہ تعالے نے انکو صبر و صلوۃ سے استعانت کا حکم فرمایا بقولہ تعالے۔ وَاسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلٰوةِ ۚ۔ اور تم لوگ صبر و صلوۃ کے ساتھ استعانت چاہو۔ فشیخ سیطی رح نے ذکر کیا کہ صبر سے روزہ مراد ہی کیونکہ وہ خواہشون کو توڑ دیتا ہی یعنے اس سے سرداری و مال کی خواہش ٹوٹ جاویگی اور نماز کا اسواسطے حکم فرمایا کہ اس سے بارگاہ الٰہی مین خشوع و خضوع پیدا ہوتا ہی تو علم کا غرور جاتا رہیگا یعنے کتابون کے نقوش سمجھنے کا جاہلانہ غرور دور ہوگا اور اگر یہ خطاب عام ہی تو ہر ایک کے واسطے یہی حکم ہی کہ امر آخرت مین صوم و صلوۃ سے استعانت لینا چاہیے اور اسی قول پر اب اعتماد کیا جائیگا شیخ ابن کثیر رح لکھا کہ اللہ تعالے نے اپنے بندون کو جو دنیا و آخرت کی بھلائی چاہتے ہین صبر و صلوۃ کے ساتھ استعانت کا حکم دیا چنانچہ مقاتل بن حیان نے

کہا کہ معنیہ ہین کہ تم لوگ آخرت طلب کرنے کے واسطے فرائض نماز پر صابر رہنے سے استعانت چاہو اور جملہ فرائض مین سے نماز کو خاصۃً مصرح بیان کیا تاکہ نماز کی عظمت و خوبی معلوم ہو گویا یون فرمایا کہ جمیع فرائض الٰہی پر اسطرح قابو ڈھونڈھو کہ نفس کو صبر کرنے پر مشاق کرو یعنے کسی تکلیف و ناگوار بات کے وقت نفس گھبرا کر خارج نہو جاوے بلکہ اوسپر ثابت قدم رہا ہے اور صبر کے افراد مین سے یعنے جہان صبر کی زیادہ ضرورت ہی ایک روزہ بھی ہو اسیواسطے مجاہد رح نے فرمایا کہ صبر سے یہان روزہ ہی۔ قرطبی وغیرہ نے کہا کہ اسیوجہ سے ماہ رمضان کو ماہ صبر کہتے ہین چنانچہ حدیث شریف مین بھی یہ اطلاق آیا ہی۔ اور مسلم کے ایک اصحابی سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدھا صبر روزہ ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ معنے یہ ہین کہ روزہ ایسی طاعت ہی کہ گویا نصف صبر سے ادا ہوتی ہی جیسے حیا کی نسبت فرمایا کہ وہ نصف ایمان ہی حالانکہ دوسری حدیث مین آیا کہ حیا ایک شاخ ایمان ہی تو معنے یہی ہین کہ حیا سے امور ایمان کل ٹھیک رہتے ہین گویا حیا ہی کل ایمان ہی بعض نے فرمایا کہ صبر سے مراد یہ ہی کہ گناہون سے اپنے آپ کو روکے رہے۔ مترجم کہتا ہی کہ اسیواسطے بعض محققین نے کہا کہ صبر یہ ہی کہ اپنے نفس کو گناہون سے روکے اور عبادات پر قائم رکھے اور یہ تفسیر جامع و پسندیدہ ہی اور منجملہ عبادات کے افضل نماز ہی اسیواسطے نماز کو خاصکر بیان کیا۔ حضرت عمر رضؓ نے فرمایا کہ صبر دو طرح ہی ایک تو مصیبت کے وقت صبر کرنا اور یہ خوب ہی اور اس سے بہتر وہ صبر ہی جو ایسی چیزون کے چھوڑنے مین ہو جنکو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا ہی (ابن ابی حاتم) اور اسیکے مانند حسن بصری سے مروی ہی۔ اور سعید بن جبیر سے مالک بن دینار زاہد نے روایت کی کہ صبر یہ ہی کہ جو کچھ بندہ کو مصیبت پہونچے اوسمین وہ اللہ تعالےٰ کے واسطے اعتراف کرے اور اللہ تعالےٰ ہی سے اوسکے ثواب کا خواستگار رہو اور کبھی آدمی کسی مصیبت مین مبتلا ہوتا ہی جسمین گھبرا جاتا ہی مگر اوسکی دلیری و مردانگی کی وجہ سے اوسکی طرف سے سوائے صبر کے کچھ نظر نہین آتا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ سبحان اللہ صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کے معارف کسقدر بلند تھے کہ وہ کلمات اب ہم لوگون کے واسطے لعل و گوہر سے بہتر ہین اور قول سعید بن جبیر رح - انا للہ وانا الیہ راجعون - کی تفسیر ہی اور معرفت بلند جو اسکے اندر مضمر ہی وہ نہایت بہتر ہی - واللہ یہدی من یشاء حضرت ابو العالیہ نے فرمایا کہ طاعت الٰہی پر نفس کے صبر سے مدد چاہے اور جان لینا چاہیے کہ یہ صبر بھی طاعت الٰہی ہی (ابن ابی حاتم) شیخ ابن کثیر نے کہا کہ نماز کی خصوصیت اسواسطے فرمائی کہ بحکم قولہ تعالےٰ - ان الصلوٰۃ تنہی عن الفحشاء والمنکر الآیہ - کے نماز ایسی چیز ہی کہ فواحش و منکرات سے روکتی ہی۔ حضرت حذیفہؓ کی حدیث مین ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی امر گران ہوتا تو آپ فوراً نماز کی جانب مبادرت فرماتے تھے۔ (احمد ابو داؤد و ابن جریر) چنانچہ غزوۂ احزاب مین جب ہزارون مشرکین عرب مدینہ پر ٹوٹ پڑے تو آپ اوس رات نماز مین مصروف تھے جیسا کہ محمد بن نصر المروزی نے کتاب الصلوٰۃ مین روایت کی اور حضرت علیؓ نے کہا کہ ہمنے غزوۂ بدر کی رات مین اپنے آپ کو دیکھا کہ سب سوتے تھے سوائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپ نماز پڑھتے و دعا کرتے یہانتک کہ صبح ہو گئی (محمد بن نصر ایضاً باسناد صحیح) حضرت عبد اللہ بن عباسؓ سفر مین تھے کہ اونکو انکے بھائی قثم بن عباس کے وفات کی خبر پہونچی تو انا للہ وانا الیہ راجعون کہکر راستہ سے ایک طرف اونٹ بٹھا کر دو رکعت نماز پڑھی جنمین دیر تک بیٹھے رہے پھر اوٹھکر یہی آیت واستعینوا بالصبر والصلوٰۃ پڑھتے ہوئے اونٹ کی طرف گئے عبد نے ابن جریج سے روایت کی کہ صبر و صلوٰۃ اللہ تعالےٰ کی رحمت حاصل ہونے کے ذریعہ ہین وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ - اور یہ نماز بیشک بھاری کام ہی۔ ف یعنے ہرچند کہ بہت ہلکا فعل ہی لیکن اللہ تعالےٰ نے اسمین ایک شان رکھی ہی کہ وہ کافرون و منافقون پر بہت ثقیل معلوم ہوتی ہی کہ کوئی اسکو آسان نہین سمجھتا - اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ - سوائے خاشعین کے کہ اونپر بھاری نہین ہوتی ف ابن عباسؓ نے فرمایا کہ خاشعین وہ لوگ ہین جنھون نے آیات الٰہی کو سچا جانا و دل سے مانا۔ مجاہد رح نے فرمایا یعنے جو سچے مومن ہین ابو العالیہ نے کہا یعنے

جو عذاب الٰہی سے خوف رکھتے ہین منقاتل نے کہا یعنے جو لوگ بارگاہ الٰہی مین تواضع کے ساتھ حاضر ہین ضحاک نے کہا کہ نماز سب پر ثقیل ہی سوائے ایسے لوگون کے جو خضوع وخشوع کے ساتھ اللہ تعالی کی بندگی کرتے اور اوسکے وعدہ ووعید کو سچا مانکر اوسکے عذاب سے ڈرتے اور اوسکے ثواب کے امیدوار ہین حاصل یہ کہ اونکی صفت یہ ہی کہ اَلَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوْا رَبِّهِمْ وَاَنَّهُمْ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ ○ - ایسے بندے جو یقین رکھتے ہین کہ وہ اپنے پروردگار سے ملنے والے ہین اور وہ اوسی کی طرف لوٹ جانے والے ہین ف یعنے جانتے ہین کہ قیامت مین اوٹھائے جائینگے اور اوسی کی مشیت پر چھوڑے جائینگے کہ جو چاہے حکم فرماوے تو اوسپر نماز وروزہ کی عبادت آسان ہی - (تنبیہ) قرآن مجید مین یظنون - فرمایا حالانکہ بالاتفاق مفسرین کے نزدیک اسکے معنے گمان غالب کے نہین بلکہ یقین کے ہین اور قرآن مجید مین بہت جگہ ظن بمعنے یقین آیا ہی کقولہ تعالے - ورای المجرمون النار فظنوا انهم مواقعوها الآیۃ - وقولہ تعالے - انی ظننت انی ملاق حسابیہ حتی کہ مجاہد رح نے فرمایا کہ قرآن مین جہان ظن آیا وہ بمعنی یقین ہی - (ابن جریر باسناد صحیح) مترجم کہتا ہی کہ گویا اسمین نکتہ یہ ہی کہ آدمی جس کام کی نسبت یقین کرتا ہی وہ درحقیقت گمان ہی اسواسطے کہ خالق تو اللہ تعالے عزوجل ہی پس اسکا یقین صرف اسکے گمان پر ہی واللہ تعالے اعلم - اور حدیث مین ہی کہ اللہ تعالے قیامت کے روز بندے سے فرماویگا کیا مین نے تجھے جوڑا نہین دیا کیا تجھے مکرم نہین کیا میرے واسطے گھوڑے و اونٹون کو مسخر ومطیع نہین کردیا اور کیا تجھے سردار بنا کر چین کرتا نہین چھوڑا پس یہ عرض کریگا کیون نہین یعنے بیشک تو نے یہ سب انعام فرمایا پس اللہ تعالے فرماویگا کہ کیا تیرا ظن یہ تھا کہ تو مجھسے ملنے والا ہی یعنے تجھے اسکا یقین تھا پس وہ عرض کریگا کہ نہین تو اللہ تعالے فرماویگا کہ جیسے تو نے مجھے بھلایا آج مین تجھے بھلاؤنگا (الصحیح) بیضاوی نے کہا کہ ظن بمعنے توقع ہی یعنے ملاقات الٰہی کی توقع رکھتے ہین - رازی نے کہا کہ ملاقات کنایہ موت ہی اور توقع بمعنے انتظار ہی یعنے موت کے منتظر رہتے ہین جیسے صحابہ رضی اللہ عنہم کے حق مین فرمایا منهم من قضی نحبه ومنهم من ینتظر - اور ایسے لوگون پر نماز اسواسطے گران نہین ہوتی ہی کہ جس چیز کی توقع رکھتے ہین اوسکے مقابلہ مین یہ مشقت ہیچ ہی بلکہ نماز مین اونکو مناجات الٰہی عزوجل حاصل ہوتی ہی اسیواسطے حدیث مین آیا کہ قرة عینی فی الصلوة - یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہاری دنیا مین سے مجھے تین چیزین محبوب کی گئی ہین عورت وخوشبو اور سب سے بہتر میری آنکھون کی ٹھنڈک نماز مین ہی (النسائی والحاکم وغیرہ) ف کفر سے ایمان مین داخل ہونے کے واسطے صبر وصلوة سے استعانت ہی تاکہ ایمان حاصل ہو پھر بعد ایمان کے صبر وصلوة سے بھی مراتب حاصل ہوتے ہین چنانچہ اشارات عرائس مین ہی کہ مقامات قرب کے واسطے صبر سے مدد چاہے اور مشاہدات کے لیے نماز سے مدد چاہے اسی طرح جسمانیات پاک کرنے مین صبر سے مدد دے اور تربیت روحانیات مین نماز سے مدد چاہے تاکہ حقائق حاصل ہون جیسا کہ ابن عطار نے بیان کیا شیخ ابوعثمان نے کہا کہ غفلت چھوڑکر یاد کی حفاظت کے واسطے صبر وصلوة سے مدد لینا چاہیے یعنے جہانتک نماز مین داخل یا نماز کے انتظار مین ہی تو یاد مین رہیگا اور شیطان اپنی غفلت کا تصرف اوسپر نہین کرسکتا - بعض عراقیون نے زیادہ اشارہ کیا کہ رضوان الٰہی حاصل ہونے کے واسطے سوائے اللہ تعالے کے سب چیز چھوڑنے سے مدد چاہو ادب کے ساتھ نماز مین حاضر ہو اور ہدایت کی درخواست کرو تاکہ اللہ تعالے تم مین معرفت پیدا کرے - بعض نے کہا کہ مرد حق کا روزہ یہی ہی کہ ماسوائے حق کے کل چیزون سے اپنے آپ کو روکین جیسے عوام کا روزہ یہ ہی کہ صبح سے شام تک اپنے آپ کو کھانے پینے وجماع سے روکین اسیطرح کاملون کو نماز مین مناجات الٰہی سے غذائے روح ہی اور یہ نہین لوگون کو حاصل ہی جنکا نفس محبت مین بھرا اور خشوع وخضوع مین آراستہ ہو اور نماز کا رکن اصلی یہی ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ اللہ تعالے نے نماز کو خاشعین ہی کی طرف راجع فرمایا شیخ ابوعثمان مغربی نے کہا کہ نماز اونہین کی شان ہی جنکا قلب ہیبت وجلال الٰہی مین حیران ہی جیسے کافرون ومنافقون کے دل دنیا مین مست

ہین حیران ہوتے ہین - بعض نے کہا - یظنون - اسواسطے فرمایا کہ عوام مومنین بھی شامل ہین جنکو حق الیقین حاصل نہین ہے بلکہ تیقن حاصل ہے
پھر جب بنی اسرائیل نماز اور روزہ سے تیقن حاصل کرین تو اعتقادات الٰہی و اعتقادات آخرت پر جمین لہذا انکو مکرر تفصیلی نصیحت فرمائی بقولہ تعالیٰ

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى

اے بنی اسرائیل یاد کرو احسان میرا جو مین نے تم پر کیا اور وہ جو مین نے تم کو بڑا کیا

الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا

جہان کے لوگون سے اور بچو اوس دن سے کہ کام نہ آوے کوئی شخص کسی کے ایک ذرہ اور قبول نہو اوسکی طرف سے

شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝

سفارش اور نہ لین اوسکے بدلے مین کچھ اور نہ اونکو مدد پہونچے

اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو سابق مین روے زمین کے لوگون پر فضیلت دی اور انھین مین انبیا و رسول بھیجے چنانچہ فرمایا - ولقد اخترناہم علی علم علی العالمین - یعنے ہمنے اپنے علم پر بنی اسرائیل کو تمام عالمین پر برگزیدہ فرمایا - یعنی اونکے زمانہ کے تمام اہل عالم سے بنی اسرائیل کو چھانٹ کر معرفت و عبادت کے واسطے موافق علم ازل کے منتخب فرمایا حتی کہ سوا ے بنی اسرائیل کے یورپ و افریقہ و امریکہ بلکہ فارس و ایشیا کی قومین سب دنیا ہی کے واسطے خوار رہین اور معرفت کی فضیلت صرف بنی اسرائیل کو عطا فرمائی اور یہ بہت بڑی نعمت ہے لہذا یاد دلایا کہ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ اے اولاد یعقوب یاد کرو میری نعمت کو جو مین نے تمپر انعام فرمائی اور یہ کہ مین نے تمکو تمام عالمین پر فضیلت دی - قال ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہودیون مین سے ایک گروہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آیا تو آپنے فرمایا کہ اے یہود تم جانتے ہو کہ اسرائیل یعقوب ہے تو کہنے لگے کہ ہان واللہ ہم جانتے ہین پس آپ نے نظر اوٹھا کر کہا کہ الٰہی تو گواہ رہیو (رواہ ابوداؤد الطیالسی) ابو العالیہ نے کہا کہ عالمین سے اونکے زمانہ کے اہل عالم مراد ہین کیونکہ ہر زمانہ کے واسطے عالم ہین پس بنی اسرائیل کو اپنے زمانہ کے عالمین پر فضیلت عطا ہوئی کہ انھین مین انبیا و رسول بھیجے گئے اور اللہ تعالے نے اپنی کتاب نازل فرمائی اسیکے مانند مجاہد و ربیع بن انس و قتادہ و اسمعیل بن ابی خالد سے مروی ہے - شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ یہی تفسیر ٹھیک ہے کہ وہ لوگ اپنے ہی زمانہ کے عالمین پر فضیلت دیے گئے تھے کیونکہ کل امتون سے افضل امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے بدلیل قولہ تعالے - کنتم خیر امۃ اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنہون عن المنکر وتومنون باللہ الآیۃ - کیونکہ یہ آیت صریح محکم ہے کہ انسانی گروہ مین جو لوگ پیدا کیے گئے سب مین یہ امت بہتر و افضل ہے اور حدیث معاویۃ بن حیدۃ القشیری رضی اللہ عنہ مین آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگون سے امتون کا انتمار ستر پورا ہوتا ہے اور ان سب مین تمہاری امت بہتر اور اللہ تعالے کے نزدیک زیادہ بزرگ ہے (السنن والمسانید) قرطبی و رازی نے نقل کیا کہ بعض علما کے نزدیک بنی اسرائیل کی امت مین انبیا بکثرت ہین اور توریت و زبور و انجیل تین کتابین اونکو ملین تو اس امت سے اونکو سب پر فضیلت ہے - شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ قول کچھ معقول نہین ہے اسواسطے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ازمنہ پہلے گزرے وہ سب انبیا بنی اسرائیل سے افضل ہین اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اونکے بعد ہوے اور آپ تمام مخلوق و جمیع انبیا سے افضل و سید اولاد آدم ہین پس یہی ٹھیک ہے کہ بنی اسرائیل کو اپنے زمانہ کے عالمین پر فضیلت ہے - پھر چونکہ باپ دادون کی فضیلت سے اولاد کو شرافت ملتی ہے اسموجب یہود کو اسپر فخر تھا لہذا اللہ تعالے نے اونکو یہ نعمتین و فضیلت یاد دلاکر اور توریت وغیرہ پر یقین دلاکر تنبیہ و تہدید فرمائی کہ -

وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا - اور ڈرو اوس دن سے کہ کوئی نفس کسی دوسرے کو کچھ کفایت نہین کریگا - ف یعنے بغیر رضاے آلہی کے کوئی کسی کے کام نہ آویگا اور وہ روز قیامت ہی پس یہین یہودیون کو تنبیہ فرمائی کہ تمہارے باپ دادون کو جو فضیلت حاصل ہی وہ یہی کتاب یعنے نبوت ہی اور خود کتاب نبوت مین مصرح موجود ہی کہ بغیر رضاے آلہی کے کوئی کسی کے کچھ کام نہ آویگا لیکن کلام کو بحسب اصل مطلق فرمایا کہ کوئی کسیکے کام نہ آویگا اسواسطے کہ یہ لوگ بیوقوفی سے بندون کی نسبت یہ خیال کرتے کہ اونکو بخشوانیکا مجاز ہی اور یہ نہین سمجھتے تھے کہ بغیر رضاے آلہی کے اوس دن کسیکو بولنے کی مجال نہوگی لقولہ تعالے - لا یتکلمون الا من اذن لہ الرحمن یعنی کچھ نہین بول سکینگے سواے اسکے جسکو رحمن عزوجل نے اجازت دی - ف تو درحقیقت یہی ہی کہ اللہ تعالے کی رحمت پر مدار ہی اور کسی بندہ کو دوسرے کے کام آنیکا کچھ اختیار نہین ہی لہذا فرمایا کہ تم لوگ روز قیامت سے ڈرو کہ جس دن کسیکو دوسرے کے کام آنیکا کچھ مجاز نہین ہی قال تعالے لکل امرء منہم یومئذ شان یغنیہ یعنی اس خوفناک منظر قیامت کے روز ہر شخص کی ایک حالت ہوگی کہ وہ اوسکو سب سے بے پرواکریگی - اور فرمایا - ولا تزر وازرۃ وزر اخری - اور کسی گناہ اوٹھانے والے نفس کو دوسرے کے گناہ اوٹھانیکا مجاز نہوگا - حتی کہ فرمایا - یا ایہا الناس اتقوا ربکم واتقوا یوما لا یجزی والد عن ولدہ ولا مولود ہو جاز عن والدہ شیئا - یعنی اے لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو اور اوس دن سے خوف کرو کہ باپ اپنی اولاد کے کچھ کام نہ آویگا اور نہ اولاد - ف - تو جب بنی اسرائیل کو دل مین یہ یقین ٹھیک ہوتو نہایت خوف کے مارے رضاے آلہی ڈھونڈھین اور بدکاریون و بے ایمانیون سے ڈرین اور شفاعت و فدیہ پر بھی بھروسا نہ کرین چنانچہ صریح فرمایا - وَلَا يُقْبَلُ مِنْهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا يُؤْخَذُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ○ اور کسی نفس سے سفارش قبول نہوگی اور نہ اوس سے فدیہ لیا جائیگا اور نہ وے مدد کیے جائینگے - ف یعنے جب بدون رضا و اجازت آلہی عزوجل کے کسیکو بولنے کی مجال نہین ہی تو سفارشی ندارد ہی رہا فدیہ پس اول تو کسیکو وہان کوڑی بھی میسر نہوگی اور اگر فرض کرو کہ میسر ہی تو کسی کافر سے زمین بھر سونا قبول نہوگا کما قال تعالے - فان یقبل من احدہم ملء الارض ذہبا ولو افتدی بہ الآیۃ - اور اسیطرح فرمایا - لو ان لہم ما فی الارض جمیعا ومثلہ معہ لیفتدوا بہ من عذاب یوم القیامۃ ما تقبل منہم ولہم عذاب الیم - اور اس سے مراد یہ ہی کہ کسی طرح فدیہ قبول نہوگا اگرچہ بفرض محال اوسکو زمین و آسمان بھر میسر ہو کما قال تعالے - وان تعدل کل عدل لا یؤخذ منہا - یعنی کل فدیہ جو کچھ دے قبول نہوگا الحاصل عدل سے مراد فدیہ ہی یہی تفسیر حدیث ابن جریر مین منقول ہی اور یہی جمہور صحابہ و تابعین سے ماثور ہی اور رہا مددگاری کرنا تو کسکو یہ طاقت ہی کہ حمایت و مددگاری کرکے عذاب آلہی سے چھوڑا دے حاصل یہ ہی کہ قیامت کے دن صرف حکم آلہی و رضاے حق عزوجل پر مدار ہی وہان فدیہ ہی اور نہ سفارش ہی اور نہ رشوت ہی اور نہ حمایت ہی اگر کہا جاوے کہ قولہ تعالے - لا یقبل منہا شفاعۃ کے معنے یہ ہین کہ کسی نفس سے شفاعت قبول نہوگی اس سے ظاہر ہوتا ہی کہ وہان سفارش ہوگی مگر قبول نہوگی حالانکہ وہان کوئی سفارشی نہوگا کما قال تعالے - فما لنا من شافعین - یعنے کفار کہینگے کہ ہمارا آج کوئی سفارش کرنے والا ہی نہین ہی - تو اسکے واسطے سفارشی مع سفارش دونون مفقود ہین ہان اس سے یہ البتہ نکلتا ہی کہ مومنون کے واسطے سفارشی ہونگے کیونکہ کفار تو غضب آلہی کے ذیل مین ہین اور مومنین اگرچہ گناہگار ہون شیطانی نہین ہین بلکہ رحمت آلہی کے سایہ مین ہین تو اللہ تعالے اپنی رحمت سے اونکے واسطے سفارش کی اجازت فرماویگا کیونکہ کسی بندہ بزرگ کو بولنے کی طاقت اوسوقت تک نہین ہی کہ اجازت نہو اور جب اللہ تعالے اجازت دے تو وہ اپنے امتیون کی بلکہ بھائیون کی سفارش کرینگے پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے یہ اجازت ہونا قطعی ثابت ہی چنانچہ قولہ تعالے - عسی ان یبعثک ربک مقاما محمودا الآیۃ - وغیرہ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے مفصل آویگا حتی کہ جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء علیہم السلام کے سردار ہین اسیطرح آپکی شفاعت کبری تمام امتون کے واسطے عام ہوگی لیکن اسکا مدار بھی برضاے آلہی عزوجل ہی بدلیل قولہ تعالے -

الا من اذن له الرحمن ورضی له قولا الآیۃ - کیونکہ اس سے ثابت ہی کہ انبیاء و صالحین اور سی شخص کے حق مین شفاعت فرماوینگے جسکے واسطے کلام کرنا اللہ تعالے کو پسند ہوا اور یہ بات ایمان پر مبنی ہی یعنے آدمی اگرچہ گنہگار ہو لیکن ایمان کی راہ سے اوسکے دل مین لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا یقین صادق ہو تو وہ انشاء اللہ تعالی مستحق شفاعت ہی اور بعضل اعمال اس قسم کے ہین کہ وہ یقین صادق کی دلیل ہین جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کرنا و مانند اسکے دیگر اعمال جن پر اپنی شفاعت کی بشارت فرمائی ہی جیسے اسکے برعکس بعض اعمال کو شرع نے کفر کی علامت قرار دیا ہی جیسے کسی بت وغیرہ کو سجدہ کرنا یا مشرکون کی طرح زنار باندھنا یا شرع کی توہین کرنا وغیرہ جو کتب فقہ کے باب ارتداد مین مذکور ہین پس چاہیے کہ ایمان کو شرک وغیرہ سے محفوظ رکھے اور دل مین یقین صادق رکھے تاکہ شفاعت کا مستحق ہو پھر اللہ تعالے نے بنی اسرائیل پر

منجملہ احسانات کثیرہ کے بعض تفصیلی احسانات کا اشارہ فرمایا بقولہ تعالی -

وَاِذْ نَجَّيْنَاكُمْ مِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ

اور جب چھوڑایا ہمنے تمکو فرعون کے لوگون سے دیتے تھے تمکو بڑی تکلیف ذبح کرتے تھے تمہارے بیٹے

وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ ۭ وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ ۝ وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ

اور جیتی رکھتے تمہاری عورتین اور اس مین مدد ہوئی تمہارے رب کی بڑی اور جب ہمنے چیرا تمہارے واسطے دریا کے ساتھ دریا

فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝

پھر بچادیا تمکو اور ڈبو دیا فرعون کے لوگون کو اور تم دیکھتے تھے

وَاِذْ نَجَّيْنَاكُمْ - یعنے واذکروا اذ نجینا کم یعنے اور یاد کرو جب ہمنے تمکو نجات دی - فَ یعنے ای بنی اسرائیل وای یہود جو تمہین ہمنے تمپر فرمائین انکو یاد کرکے شکر کرو از انجملہ یہ نعمت یاد کرو کہ جب ہمنے تمکو نجات دی - مِنْ اٰلِ فِرْعَوْنَ - آل فرعون سے فَ یعنے ہمنے تمکو آل فرعون سے چھوڑایا اور آل فرعون کل وہ لوگ ہین جو فرعون کی قوم قبط اور اوسکے تابع تھے اور زبان عرب مین یہ محاورہ شائع ہی کہ جو لوگ کسی شخص کے تابع و مطیع ہوتے ہین وہ اوسکی آل کہلاتے ہین اور انمین فرعون بھی داخل ہی تو حاصل یہ ہوا کہ تم لوگ وہ نعمت یاد کرو کہ جب ہمنے تمہارے باپ دادون کو فرعون و اوسکے ارکان سلطنت و قوم قبط سے چھوڑایا - يَسُوْمُوْنَكُمْ سُوْٓءَ الْعَذَابِ - درحالیکہ چکھاتے تھے تمکو بڑی تکلیف - فَ جسکا تھوڑا بیان یہ ہی - يُذَبِّحُوْنَ اَبْنَآءَكُمْ وَيَسْتَحْيُوْنَ نِسَآءَكُمْ - تمہارے لڑکون کو ذبح کرتے اور تمہاری لڑکیون کو زندہ چھوڑتے تھے - فَ یعنے فرعون کے حکم سے اگر بنی اسرائیل کے یہان لڑکا پیدا ہوا تو وہ قتل کیا جاتا تھا اور اگر لڑکی پیدا ہوئی تو وہ چھوڑ دی جاتی تھی اور بنی اسرائیل ایک مدت سے اس عذاب سخت مین مبتلا تھے لیکن وہ دین ابراہیم علیہ السلام پر قائم تھے اور فرعون کی خدائی نہین مانتے تھے حالانکہ اس امتحان سخت کو اوٹھاتے تھے -

وَفِيْ ذٰلِكُمْ بَلَآءٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ عَظِيْمٌ - حالانکہ تمہارے اس معاملہ مین تمہارے رب کی جانب سے بلاء عظیم تھی - فَ بلاء کے معنے زبان عرب مین نعمت و امتحان دونون آتے ہین لہذا اگر آیت مین بلاء بمعنی نعمت ہی تو یہ معنے ہونگے کہ تمہارے اس معاملہ مین کہ تمکو عذاب فرعون سے نجات دیدی تمہارے پروردگار کی طرف سے بڑی نعمت ہی یہی تفسیر ابن عباسؓ و مجاہد و ابو العالیہ و ابو مالک و سدی و غیرہم سے مروی ہی اور شیخ ابن جریر نے بھی یہی تفسیر بیان فرمائی اور حاصل یہ کہ ای بنی اسرائیل تم اللہ تعالے کی اس نعمت عظیم کو یاد کرو کہ تمہارے باپ دادون کو اونکی قتل اولاد سے جو فرعونیون کے ہاتھ سے ہوتی تھی نجات دی تاکہ تم لوگ پیدا ہوے - اور اگر بلاء بمعنے محنت و تکلیف ہی تو

معنے یہ ہین کہ تمھارے باپ دادے اللہ تعالے کے اس امتحان عظیم مین دین توحید پر قائم رہے کہ اللہ تعالے نے اوپر فرعونیون کو مسلط کردیا تھا جو لڑکون کو قتل کرتے اور لڑکیون کو چھوڑتے تھے حالانکہ اللہ تعالے نے اونسے یہ بہت بڑا امتحان لیا تھا مگر فضل الٰہی سے وہ دین توحید پر قائم رہے حتی کہ اللہ تعالے نے اونکو سلطنت مصر و شام و ملک عظیم عطا فرمایا و بحکم قولہ تعالے ان مع العسر یسرا ہر تکلیفون کے بعد راحت ہی بنی اسرائیل کو سلطنت عظیم نصیب ہوئی - قرطبی نے کہا کہ جمہور علماء نے یہی تفسیر کی ہی اور اس صورت مین موجودہ یہودیون کو تنبیہ ہوگی کہ تم لوگ اسقدر نا خلف ہو کہ توریت کی فرمانبرداری و محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا صرف حقیر مال و جاہ دنیا کے پیچھے چھوڑتے ہو حالانکہ تمھارے باپ دادے اس بلاء عظیم مین دین توحید و عہد الٰہی عزوجل پر قائم رہے حتی کہ اللہ تعالے نے اوپر اپنی نعمتین نازل فرمائین اور فرعون کی سلطنت چھین کر اونکو دیدی اور اوسکے ساتھ مین ملک شام کا بھی بادشاہ کیا اور وہ اس طرح ہوا کہ جب وہ لوگ اس عذاب پر قائم رہے اور فرعون نے حضرت موسی علیہ السلام کی رسالت کو کسیطرح نمانا تو اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو حکم دیا کہ بنی اسرائیل کو لیکر راتون رات بجانب ملک شام بھاگ جا حالانکہ اس سے پہلے حضرت موسی علیہ السلام نے بارہا فرعون سے درخواست کی کہ بنی اسرائیل کو اس تکلیف غلامی سے چھوڑ کر میرے ساتھ کردے تاکہ مین اونکو اونکے باپ دادون کے ملک یعنے شام کو لیجاؤن لیکن اوسنے نہین مانا اور اگر اللہ تعالے چاہتا تو ایک مچھر سے فرعون کا سر کچلوا سکتا لیکن اللہ تعالے نے اپنی آیات قدرت دکھلانے اور بنی اسرائیل مین یہ عقیدہ مضبوط کرنے کے واسطے کہ ہر کام کا نتیجہ اللہ تعالے ہی پیدا کرتا ہی اور دریا کا بہنا اور ہوا کا چلنا اور آگ کا جلانا اللہ تعالے نے اپنے قبضۂ قدرت مین معطل رکھا ہی حتی کہ جب چاہے اسکو بدل دے لہذا حضرت موسی علیہ السلام کو راتون رات بنی اسرائیل کو لیکر جانب شام بھاگنے کا حکم کیا حتی کہ یہ لوگ بھاگتے بھاگتے بحر قلزم کی بالائی شاخ پر پہونچے اور یہ سمندر اس مقام پر دو فرسخ یا کم چوڑا تھا لیکن گذرنا کسیطرح ممکن نہ تھا اور فرعون نے صبح کو لشکر جرار لیکر بنی اسرائیل کا تعاقب کیا اور قریب پہونچ گیا تب اللہ تعالے نے بنو اسرائیل کو اس سمندر مین راستہ دیدیا کہ یہ لوگ پار ہوگئے اور فرعونیون نے بھی اسی راہ سے فرعون کے پیچھے اترنا چاہا پس وہ بیچ سمندر مین مع لشکر غرق ہوگیا تاکہ بنی اسرائیل کو اپنی قدرت کاملہ سے ایک نمونہ دکھلاوے چنانچہ اس نعمت عظیمہ کو بھی یاد دلایا بقولہ تعالے وَاِذْ فَرَقْنَا بِكُمُ الْبَحْرَ فَاَنْجَيْنٰكُمْ وَاَغْرَقْنَآ اٰلَ فِرْعَوْنَ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝ اور یاد کرو جب ہمنے تمھارے سبب سے یا تمھارے لیے سمندر کو پھاڑ دیا پس ہمنے تمکو نجات دیدی اور آل فرعون کو ہمنے غرق کردیا حالانکہ تم آنکھون دیکھ رہے تھے - ف سیوطی رح نے مقدمات مین لکھا کہ یہ سمندر بحر قلزم ہی جسکو عرب ابو خالد کہتے ہین یہی قیس بن عبادہ سے روایت ہی نیز حاکم کہتا ہی کہ امام ابن کثیر و خطیب و غیرہ مفسرین نے بحر قلزم ہی لکھا ہی اور مین نے کسی محقق مفسر کو نہین دیکھا کہ اوسنے دریاے نیل لکھا ہو پس جس نیچری نے جہالت سے مفسرین پر طعن کیا کہ یہ لوگ نادانی سے دریاے نیل مین فرعون کا غرق ہونا بیان کرتے ہین یہ خود اس نیچری کی نادانی ہی کہ اوسنے بوجہ بے علمی کے فارسی شاعرون کے شعر مین ایسا مضمون پاکر گمان کیا کہ مسلمانون کے علماء مفسرین کا یہی قول ہوگا اور اگر عربی جانتا ہوتا تو یہ بہتان نہ باندھتا عمرو بن میمون جو کبار تابعین سے ہین و دیگر علماء روایت کرتے ہین کہ جب موسی علیہ السلام بنو اسرائیل کو ساتھ لیے ہوے سمندر پر پہونچے تو وہ بھرا ہوا تھا اور اوسکے پار جانے کی کوئی راہ نہ تھی پس یوشع بن نون نے (جو بعد موسی علیہ السلام کے پیغمبر ہوے ہین) حضرت موسی علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ کے پروردگار نے آپ کو کہ ہر حکم دیا ہی حضرت موسی علیہ السلام نے سمندر ہی کی جانب اشارہ کیا پس یوشع نے سمندر مین اپنا گھوڑا ڈالدیا جب وہ کنارہ پر پہونچے تو سمندر کے تھپیڑے سے پھر کنارے آگئے غرض کہ تین بار ایسا ہی واقع ہوا اور بنی اسرائیل نے گھبرانا شروع کیا اتنے مین فرعونیون کا لشکر نظر آیا اور بنو اسرائیل نے کہنا شروع کیا کہ اب ہم پکڑے گئے

تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جھڑکا اور کہا۔ کلا ان معی ربی سیھدین الآیۃ۔ یعنے ہرگز نہین کہ میرے ساتھ میرا پروردگار ہی وہ عنقریب میرے واسطے کوئی راہ دیگا۔ پس اللہ تعالے نے وحی فرمائی۔ ان اضرب بعصاک البحر الآیۃ۔ یعنی موسیٰ علیہ السلام کو حکم دیا کہ اپنے عصا کے ساتھ دریا کو مار مترجم کہتا ہی کہ اسوقت تک وحی مین تاخیر ہونے کی لطافت ظاہر ہی۔ پس موسیٰ علیہ السلام نے بنواسرائیل کے بارہ قبائل کے لیے سمندر مین بارہ جگہ پاس ہی پاس عصا مارا۔ فانفلق فکان کل فرق کالطود العظیم۔ پس سمندر پھٹ گیا کہ ہر ٹکڑا مثل کوہ عظیم کے کھڑا ہو گیا۔ بعض روایات مین آیا کہ ہر فرق کے درمیان سوراخ تھے جس سے ہر راستہ والے دوسرون کو دیکھتے جاتے تھے اور بحکم آلہی درمیانی کیچڑ خشک ہو گیا کما قال تعالے فاضرب لھم طریقا فی البحر یبسا لا تخاف درکا ولا تخشی۔ یعنے اسرا وہ بالیس و خشک سے پار ہو جاؤ درحالیکہ تمکو گرفتاری فرعون کا خوف نہین ہی۔ پس تمام بنی اسرائیل انھین خشک راہون سے سمندر کے پار ہو گئے اور فرعون دوسرے کنارے پہونچ گیا اور اوسکے وزیر ہامان ملعون نے اوسکو غرہ دلایا کہ موسیٰ زور ساحری اس شان سے پار ہوا پس تو بقوت خدائی اوتر چل فرعون اگرچہ پار جانا نہین چاہتا تھا لیکن حمیت سے شرم کھا کر اسی خشک راہ مین گھوڑا ڈال دیا اور بحکم آلہی ابھی تک یہ راستے خشک موجود تھے کما قال تعالے۔ واترک البحر رھوا انھم جند مغرقون۔ جب یہ لوگ گھسکر ان راہون پورے ہوے تو اللہ تعالے نے سمندر کو اپنے مطبق کر دیا اور بنواسرائیل دوسرے کنارے ہر اسان و خائف کھڑے ہوے دیکھ رہے تھے حتی کہ جب یہ سب غرق ہو گئے تو بھی بعضے بنی اسرائیل پر خوف طاری تھا حتی کہ اللہ تعالے کے حکم سے دریا نے فرعون کا جسم ناپاک کنارے پھینکدیا بشیر بہ قولہ تعالے۔ الیوم ننجیک ببدنک الآیۃ۔ تب بنواسرائیل مطمئین ہوے اور یہ مقام قریب طور سینا تھا اور روز عاشورا محرم کا واقعہ ہی پس موسیٰ علیہ السلام نے اس دن شکر آلہی عزوجل کا روزہ رکھا اسیواسطے حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ مین تشریف لائے تو دیکھا کہ یہودی صوم عاشورا رکھتے ہین پس اونسے دریافت کیا تو اونھون نے کہا کہ یہ عاشورا ایک واقعہ مبارک ہی کہ اللہ تعالے نے اس روز بنی اسرائیل کو فرعون سے نجات عطا فرمائی تھی پس موسیٰ علیہ السلام نے اس روز شکریہ کا روزہ رکھا تھا تو ہم بھی رکھتے ہین پس آپ نے فرمایا کہ موسیٰ کے ساتھ ہم احق ہین نہ تم پس آپ نے عاشورا کا روزہ خود رکھا اور لوگون کو حکم دیا (احمد بخاری مسلم) مترجم کہتا ہی کہ ظاہر روایت سے شبہہ ہوتا ہی کہ صوم عاشورا شروع ہونیکا یہی سبب واقع ہوا تھا حالانکہ یہ بات نہین ہی کیونکہ دیگر احادیث صحیحہ مین وارد ہی کہ قریش صوم عاشورا رکھتے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی قبل ہجرت کے مکہ سے رکھتے تھے اور واضح ہو کہ مفصل قصہ موسیٰ علیہ السلام کی تفصیل انشاء اللہ تعالے سورہ شعراء وغیرہ کی تفسیر مین آویگی اور یہان مجمل بیان یہ ہی کہ جیسے بادشاہ فارس کو کسری اور بادشاہ روم کو قیصر اور بادشاہ چین کو خاقان کہا کرتے ہین اسی طرح شاہ مصر کا لقب فرعون ہوتا تھا اور دراصل یہ قوم قبط ہی جو عمالقہ کی نسل سے ہی پس جب یوسف علیہ السلام مصر مین آئے اور اوسوقت جو فرعون یعنے بادشاہ مصر تھا وہ مسلمان ہوا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے والدین مع گیارہ بھائیون کے مصر مین عزت کے ساتھ رہے اور اللہ تعالے نے اونکی نسل مین برکت عظیم عطا فرمائی اور فرعون یوسف مر گیا تو اوسکے بعد کسی بادشاہ نے اسلام قبول نکیا بلکہ بت پرستی کیا کرتے تھے اور بنواسرائیل کے دشمن تھے حتی کہ یہ فرعون بادشاہ ہوا جس پر حضرت موسیٰ علیہ السلام بھیجے گئے بعض کہتے ہین کہ یہ فرعون یوسف کے بعد ہی بادشاہ ہوا ہی بہرحال اس کمبخت نے خدائی کا دعوی کیا اور امام رازی کے خیال مین یہ شخص فلسفی تھا جنکا خیال یہ ہی کہ ہر نوع کے حیوانات مین اوسکا رب النوع ہوتا ہی جسکی تربیت سے اس نوع کی بقا ہوتی ہی پس فرعون کے ناپاک دماغ مین جم گیا کہ قبطیون کا رب النوع کبیر مین ہون اور اوسنے قبطیون کے واسطے چھوٹے آلہہ مقرر کیے تھے اسیواسطے وارد ہوا قولہ تعالے۔ یذرک وآلھتک الآیۃ۔ یعنی قبطیون نے فرعون سے شکایت کی کہ تو نے کیون موسیٰ کو چھوڑ دیا کہ وہ تجکو اور تیرے الہہ کو چھوڑتا ہی۔ بالجملہ اس فرعون نے بنی اسرائیل کو جو دین توحید یعنی دین ابراہیم علیہ السلام پر

قائم تھے سخت خوار و ذلیل بنایا تاکہ دین توحید سے پھریں اور کمال حماقت سے نفیس باغات بنام جنت بنائے اور ایک طرف عذاب خانہ بنام جہنم بنایا اور اونکے درمیان مین نہایت باریک پھسلونگا راستہ رکھا جسکا نام پل صراط رکھا غرضکہ زمانۂ یوسف علیہ السلام سے جو حالات دین توحید مین اللہ تعالے کے عذاب و ثواب کے اوسنے سنے تھے تو اپنی الوہیت کا دعوی کرکے اوسیکی نقل بنانی شروع کی اور یہ اوسکی جہالت قابل مضحکہ ہے اور اس سے زیادہ قبطیون کی حماقت قابل تعجب ہے جو اوسپر ایمان لاتے تھے اور بنی اسرائیل مین ظاہر احضرت یوسف علیہ السلام کے اخبار نبوت سے یہ علم چلا آتا تھا کہ اللہ تعالے بنی اسرائیل مین جب ایسا اور ایسا وقت آویگا تب ایک پیغمبر پیدا کریگا جس سے مصریون کا کفر برباد و فرعون ہلاک ہوگا اور اللہ تعالے بنی اسرائیل کو سب کا وارث کریگا چونکہ یہ واقعہ انہی فرعون خبیث کی گردن پر تھا لہذا اوسکو خوف پیدا ہوا اور اوسکے نجومیون نے بھی آگاہ کیا کہ بنی اسرائیل مین ایک لڑکا ہوگا جو تیری ہلاکت کا باعث ہوگا پس اوسنے بنی اسرائیل کے حق مین یہ حکم دیا کہ لڑکے قتل ہون لڑکیان چھوڑی جاوین مگر اللہ تعالے نے حضرت موسی علیہ السلام کو اوسیکے گھر مین بہت ناز و نعمت سے پرورش کرایا تاکہ ایک آیت قدرت ہو کہ جو کچھ اللہ عزوجل نے مقدر فرمایا وہ کسی بندے کے ٹالے سے نہین ٹل سکتا اگرچہ فرعون ہو جب موسی علیہ السلام جوان ہوے تو اونکے ہاتھ سے ایک قبطی مردود قتل کرایا تاکہ یہ مصر سے نکلکر مدین مین شعیب علیہ السلام کے پاس پہونچے اور اونکی لڑکی سے شادی کرکے بعد دس برس کے مصر کی جانب چلے اور راہ مین وادی مبارک مین نبوت سے سرفراز ہوکر بنی اسرائیل کی خلاصی اور فرعون کی ہدایت کے لیے مبعوث ہوے اور اونکی معیت مین اللہ تعالے نے ہارون علیہ السلام کو پیغمبر نائب مقرر کیا اور ایک مدت تک فرعونیون کو عصاے موسی و ید بیضا و ساحرون سے مقابلہ اور طوفان باران و ٹاڈی و قمل و ضفدع و خون وغیرہ معجزات و آیات قدرت دکھلائین مگر وہ کسیطرح ایمان نلائے بلکہ فرعون کو اوبھارا کہ تو نے موسی کو چھوڑ دیا کہ نہ وہ تجھے مانتا ہے اور نہ تیرے مقرر کیے ہوے آلہہ کو مانتا ہے اور ملک مین فساد پھیلاتا ہے - یہ بدبخت لوگ دین توحید و عدل کو فساد کہتے تھے فرعون نے پھر تکبر کی راہ سے قہر دکھلایا کہ بنی اسرائیل کے لڑکے مقتول و لڑکیان چھوڑنی شروع کین اور بنی اسرائیل پر سخت مصیبت پیش آئی حتی کہ اونھون نے حضرت موسی علیہ السلام سے شکایت کی مگر آپ نے بحکم الہی اونکو صبر کی نصیحت فرمائی اور کہا کہ عنقریب اللہ تعالے تمہارے دشمن کو ہلاک کریگا اور تمکو زمین کا وارث کریگا تاکہ تمہارے اعمال ملاحظہ فرماوے پھر جب فرعون نے دیکھا کہ مجھے کچھ خوف نکرنا چاہیے کہ مین نے برابر اونکے بال بچے قتل کیے اور حضرت موسی علیہ السلام سے کچھ نہ ہوسکا تو اوسکا تکبر زیادہ ہوگیا چنانچہ اللہ تعالے نے آگاہ فرمایا کہ اوسنے یون کہا - ذروني اقتل موسی - یعنی پس اب مجھے چھوڑو کہ مین موسی ہی کو قتل کرون اور اوسکی قوم والون نے پہلے ہی اقرار کیا تھا بلکہ موسی علیہ السلام سے کہا کہ - فہاتا تنا من آیۃ لتسحرنا بہا فما نحن لک بمومنین - یعنی موسی علیہ السلام کے کل معجزات کو جادو پر محمول کیا اور ایمان سے قطعی الہی انکار کردیا اور فرعون کے ساتھ قتل موسی علیہ السلام پر راضی ہوے پس اللہ عزوجل نے ان بدبختون سے انتقام لیا حضرت موسی علیہ السلام کو حکم پہونچا - ان اسر بعبادی لیلا انکم متبعون - یعنی راتون رات میرے بندون کو لیکر روانہ ہو بیشک تمہارا تعاقب کیا جائیگا - پس تعاقب قوم فرعون بدکار شروع کردیا تھا کہ جا کر جہنم مین غرق ہون کہتے ہین کہ حضرت موسی علیہ السلام نے چھ لاکھ بیس ہزار ایسے بنو اسرائیل ساتھ لیے تھے جو بالغ کی لائق تھے اور فرعون نے تعاقب کے واسطے شہرون سے لشکر جمع کرنے گویا اوسکے غرق ہونیکا حکم ہوگیا تھا کما قال تعالے - فارسل فرعون فی المدائن حاشرین ان ہولاء لشرذمۃ قلیلون وانہم لنا لغائظون وانا لجمیع حاذرون - گویا اپنے لوگون کو اوبھارتا ہوا لایا پس حضرت موسی علیہ السلام کو سمندر پر حکم ہوا کہ - ان اضرب بعصاک البحر - یعنی اپنے عصا کے ذریعہ سے سمندر کو مار - چنانچہ آپ نے مارا - فانفلق فکان کل فرق کالطود العظیم - پس پھٹ گیا تو ہر فرقہ مثل بڑی پہاڑی کے کھڑا ہوگیا - اور یہ حکم اوسوقت پہونچا کہ جب فرعون مع لشکر قریب پہونچ گیا تھا - فلما تراءی الجمعان قال اصحاب

موسیٰ انا لمدرکون - یعنے جب دونوں فریق آپسمین ایک دوسرے کو دیکھنے لگے تو موسیٰ کے ساتھیون نے کہا کہ ہم پکڑ لیے گئے اوسوقت حکم ہوپنچا کہ عصا سے دریا کو مار و جب بنی اسرائیل پار ہو گئے تو پھر انکو فرعون کا خوف چھایا ہوا تھا حتی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام سے دعا چاہی کہ فرعون پار ہونے پاوے مگر پہلے ہی حکم ہوپنچا - واترک البحر رہوا انہم جند مغرقون - یعنے اے موسیٰ سمندر کو ایسا ہی چھوڑ دے کہ فرعونی گروہ غرق ہونے والے ہین چنانچہ جب بیچ سمندر مین پہونچے تو سب کے سب غرق ہو گئے - مترجم کہتا ہی کہ اس معجزہ مین تنبیہ ہی کہ ہر چیز مین جو خاصیت رکھی گئی وہ بقدرت الٰہی اُسی طور پر جاری رہتی ہی جب تک اللہ تعالے چاہے ورنہ جس طور پر وہ چاہتا ہی اوسیکے قبضۂ قدرت مین جاری ہوتی ہی چنانچہ پانی جو ہمارے حواس مین سیال چیز ہی بحکم الٰہی مثل پہاڑ کے قائم ہو گیا جیسے قیامت مین گناہگارون کا پسینا کسیکے ٹخنون تک اور کسیکے گھٹنون تک اور کسیکے حلق وغیرہ تک قائم ہوگا اور بعض ملحد جو معجزات انبیا علیہم السلام سے منکر ہی مگر مسلمانون کے نام سے اسلام کا دھوکا دیتا اور کہتا ہی کہ جب موسیٰ علیہ السلام بحر قلزم پر پہونچے تو اوسمین جوار بھاٹا تھا پس اوتار کے وقت حضرت موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ ضرب بعصاک البحر اور اسکے معنے مین تحریف کر کے کہتا ہی کہ اپنا عصا لیکر سمندر مین چلے جاؤ یعنے ضرب کو زمین پر چلنے کے معنے مین کہتا ہی اور یہ محض غلط ہی اور کیون نہو کہ اس شخص کو زبان عربی مین صرف ونحو کی بھی لیاقت نہین ہی تو فصاحت وبلاغت کیونکر جانے اور معانی کلام کیونکر سمجھیگا لہذا اوسکی غلطی بیان کرنے مین آسمان وجہون سے جواب دیتا ہون اور ان وجوہ کو ہر شخص عام وخاص بخوبی سمجھکر اس ملحد کی تحریف سے آگاہ ہو جائیگا اول یہ کہ اللہ تعالے نے اس کلام کو یعنے - واذ فرقنا بکم البحر الآیۃ کو بنی اسرائیل پر نعمت عظیم کا احسان رکھنے کے طور پر بیان فرمایا کہ اونکو سمندر سے نجات دی اور فرعون کو غرق کر دیا پھر اگر یہ واقعہ اسطرح ہوتا جیسے ملحد بیان کرتا ہی تو اسمین انعام واحسان کی کون سی وجہ پائی جاتی ہی کیونکہ جب جوار بھاٹا آیا تھا تو پانی کے اوتارین موسیٰ علیہ السلام چلے گئے اور جب فرعون گھسا تو پانی چڑھاؤ ہو گیا تو وہ ڈوب گیا ڈوم یہ کہ - فرقنا بکم البحر تو ٹکڑے ٹکڑے فرق کر دینے کے معنے مین ہی حالانکہ اس ملحد کی تقریر پر فرق بالکل نہین ہوا سوم یہ کہ ضرب کے معنے چلنے کے جہان آتے ہین وہان حرف فی لازم ہی جیسے قولہ تعالے - واذا ضربتم فی الارض - وغیرہ مین ہی چہارم سمندر سے عبور کرنا کہلاتا ہی اور سمندر مین چلنا فصیح زبان عرب کے علاوہ اردو وغیرہ کسی زبان مین بھی نہین بولتے ہین پنجم چلنے کے معنے ہوتے تو وہ فانفلق فکان کل فرق کالطود العظیم" کا کچھ بھی ربط نہین ہی کیونکہ اوسکے طور پر یہ معنے ہوتے ہین کہ اپنا عصا لیکر چل پس دریا ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا کہ ہر ٹکڑا مثل بڑی پہاڑی کے قائم ہوا اور ہر شخص جانتا ہی کہ اسکو کچھ بھی ربط نہین ہی اور اس جاہل نے زعم کیا تھا کہ اضرب کی جزا فانفلق ہی اور اعتراض کیا کہ اسپر فا نہین آتی ہی اور یہ محض جہالت ہی کیونکہ معنے یہ ہین فضرب فانفلق یعنے موسیٰ نے مارا تو سمندر پھٹ کر الخ اور اس جاہل کو دوسرے مقام کی آیت نہین سوجھی یعنے قولہ تعالے - فقلنا اضرب بعصاک البحر فانفجرت منہ اثنتا عشرۃ عینا - دیکھو یہان ضرب کے معنے یقینی مارنے کے موجود ہین اور - فانفجرت پر فا داخل ہی یعنے اے موسیٰ اپنے عصا سے پتھر کو مار پس اوس سے بارہ چشمے جاری ہوے - پس یہی معنے ہین فضرب فانفجر حالانکہ یہان اس جاہل سے یہ کہنا ممکن نہین کہ ضرب کے معنے چلنے کے ہین کیونکہ یہ معنے ہو جاوین کہ اپنا عصا لیکر پتھر پر چل پس اوسمین سے بارہ چشمے جاری ہوے اور اگر وہ اسکا قائل ہو کہ عصا لیکر پتھر پر چلنے سے بارہ چشمے جاری ہو گئے تو یہ بھی ایک معجزہ ہی پھر اوسکا صحیح طور پر معجزہ واقع ہونے سے کیون انکار ہی ششم یہ کہ اگر جوار بھاٹے کی وجہ سے پانی اوتر گیا تھا تو موسیٰ علیہ السلام اس دلدل مین کیونکر گھس سکتے تھے کیونکہ ایسے سمندر مین دلدل کی وجہ سے خواہ عصا ہو یا نہو گذر غیر ممکن ہی اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کا عصا اس کثیر جماعت بنی اسرائیل خصوصاً عورتون وبچون کے واسطے کیونکر کافی ہوا ہفتم جوار بھاٹے کا دعوی محض غلط ہی اسواسطے کہ جمیع اہل ہیئت متفق ہین کہ جوار بھاٹا عمیق وعریض سمندرون مین آتا ہی اسیواسطے جھیلون وتالابون مین نہین آتا ہی اور کسی نے اسمین خلاف نہین کیا ہی چنانچہ یورپینون ویونانیون وغیرہ سب کی کتابون مین یہ بات مصرح ہی اور خود قرآن

مجید میں اس راستہ کے یابس وخشک ہو جانیکی تصریح موجود ہی جو ہم پہلے لکھ چکے المختصر جب بنی اسرائیل پار ہو گئے تو انھوں نے فرعون کے خوف سے دعا چاہی کہ سمندر پھر عمیق پُر ہو جاوے تاکہ فرعون اوترنے نپاوے لیکن حکم الٰہی پہونچا کہ یہ خواہش مت کر - واترک البحر رہوا انہم جند مغرقون - اور سمندر کو اسی حالت پر ٹھہرا رہنے دے کہ یہ گروہ فرعونی ڈوبنے والے ہین - یعنی ہم انکو غرق کرینگے - رہوا ملحد کہتا ہی کہ اسکے یہ معنے ہین کہ آہستہ آہستہ بہنے دے یہ تحریف محض غلط ہی کیونکہ یہ شخص خود مقر ہی کہ بحیرۂ قلزم کی شمالی کھاڑی تھی اور یہ بہنے والا دریا نہین تھا تو یہان آہستہ بہنے کے کیا معنے ہین اور کبھی کہتا ہی کہ یہ معنے ہین کہ تیز قدم بڑھا کر نکل جاوے یہ بھی حماقت ہی کہ اوسنے اپنی جاہلانہ زبان پر قیاس کیا جو ہرگز زبان عرب کا محاورہ نہین ہی اور جو شخص کچھ بھی زبان عرب سے وقوف رکھتا ہی اوسکے حق مین اس شخص کی تحریف سے کچھ خوف نہین ہی بلکہ خوف تو ایسے لوگون کے حق مین ہی جو زبان عرب نہین جانتے ہین اور رہتا رہا یہ ہی کہ مسلمانون مین باہمی نفاق بلکہ نور ایمان کم ہونے سے تعصب و عداوت کثیر پھیل گئی اور علماء یہود کی طرح صرف کتابی بحث و جدال کی عونت باقی ہی اور معجزۂ حدیث مبارک کے موافق حرص دنیا کا جوش بڑھا ہوا اور ہوا وہوس کی اتباع چڑھی ہوئی اور علم دین سے محض جہالت پھیلی ہوئی ہی ایسی حالت مین یہ فرقۂ ملحدین جو دین کی تخریب مین فرعون سے منتاب اور دنیا کی ہوس مین یہود سے بڑھکر ہی ظاہر مین مسلمان بنکر عوام جاہلون کو سخت دھوکا دیتا ہی خصوصًا اون جاہلون کو جو دار آخرت کو امید معدوم جانتے اور دنیا کے مال و دولت کو اقدر تصور کرتے ہین اور اسی کی توقیر اونکی نظرون مین چھائی اور جانورون کی طرح اونھون نے اسیکو اپنی عمر کی کمائی اور اسیکو سرمایۂ انسانی سمجھا ہی تو جب یہ لوگ اس فرقۂ ملحدین کی دنیاوی وجاہت و ظاہری شوکت دیکھتے ہین تو یقین کر لیتے ہین کہ بھلا ان لوگون کی عقل مین خطا ہو سکتی ہی جیسے فرقۂ الحاد نے اہل یورپ کی عجیب عجیب ریاضی صنعتین و کلین و دنیاوی انتظام و زمین کی پیداوار سونا و چاندی حاصل کرنے کے عمدہ تدبیرین دیکھکر یقین کر لیا کہ جیسی یہ تدبیرین سمجھے ہین ان لوگون کے حواس کامل ہین ویسے ہی اللہ تعالے کے معارف و صفات مین بھی اگر کچھ ہوتا تو یہ کبھی غلطی نکرتے تو ضرور یہ ہونا یا نیچر ہونا ہی ٹھیک بات ہی اور یہ کمینہ پن و دنی ہمتی حد سے بڑھی ہوئی ہی اور اگر عالی ہمتی و قلب عاقل و جوہر پاکیزہ ہوتا تو اس بے انتہا مخلوقات الٰہی مین اس مٹر برابر زمین و اوسکے تمام اموال و جواہرات کو ہیچ سمجھتے اور دنیاوی زندگی کو مثل حباب کے ناپایدار جانتے اور آخری معاملہ پروردگار سے یقین کرتے تو نور بصیرت و عقل سلیم سے سمجھتے کہ علم عین معرفت الٰہی عزوجل ہی اور اس ہستی بے اعتبار کے بعد انجام کار دار الآخرۃ کی ہستی پائدار اس اشرف المخلوقات انسان کے واسطے درختون و مکانات کی پائداری سے بڑھکر ضروری ہی - ونسال اللہ الہدایۃ والثبات علی الایمان ونعوذ باللہ من الضلال ومن تلبیس ابلیس الکمال وحسبنا اللہ نعم الوکیل والحمد للہ رب العالمین ! اور مسلمانون کے فرقۂ مقلد و غیر مقلد بلکہ وہابی و بدعتی بلکہ سُنی و شیعہ سبکو لازم ہی کہ یہود و خیالات و کمینہ اختلافات و دنیاوی ہوسات کو عالمانہ وقار و یقین آخرت کی نظر سے دیکھکر دور کرین اور نفاق ظاہری سے اسلام کو طعن و تشنیع کا نشانہ نہ بناوین اور باہمی جدال دور کرین واللہ تعالی ہوالموفق والمعین والی اللہ المصیر وانا للہ وانا الیہ راجعون - (تنبیہ) اللہ تعالے نے جو احسانات حضرت موسی علیہ السلام کے زمانہ مین بنی اسرائیل پر فرمائے اونکا احسان ان یہودیون پر رکھا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین تھے تو اہل اسلام کو سعادتمندی سے عبرت و نصیحت لینا چاہیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت مبارک سے بہت بڑا احسان فرمایا کہ اونکو جہالت و ضلالت سے نکالکر درجہ علم و معرفت پر پہونچایا ورنہ فرعون کی طرح ضلالت مین ڈوب جاتے کما قال تعالے - وکنتم علی شفا حفرۃ من النار فانقذکم منہا الآیۃ - اور باہمی نفاق و اختلافات سے نکال کر سب کو یک دل و متحد بنایا کما قال تعالے - والف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا الآیۃ پس اس نعمت کا شکریہ اوپر حتمی واجب ہی کہ دنیا کو وسیلۂ آخرت بناوین اور علم و عمل سے متحد ہو کر دار الآخرت سنوارین کیونکہ اونکو قرآن عظیم عطا فرمایا ہی کہ جسمین اگلون و پچھلون کے آثار و انجام عین نصیحت ہین کیا نہین دیکھتے کہ بنی اسرائیل پر شرک گوسالہ کی بابت وعطائے توریت کا احسان رکھا

وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ

اور جب ہمنے وعدہ کیا موسیٰ سے چالیس رات کا پھر تمنے بنالیا بچھڑا اسکے پیچھے اور تم

ظٰلِمُوْنَ ۝ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى

بے انصاف ہو پھر معاف کیا ہمنے تمکو اس پر بھی شاید تم احسان مانو اور جب ہمنے دی موسیٰ کو

الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝

کتاب اور چکوتی شاید تم راہ پاؤ

اہل تاریخ نے روایت کی کہ جب بنی اسرائیل کو مصر سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ نکلنے کا حکم ہوا تو بنی اسرائیل نے جشن شادی کے بہانہ سے قبطیون کا بیش قیمت زیور عاریت لیا تھا اور درحقیقت یہ اونکو واسطے خوشی تھی کہ فرعون سے نجات پاوین اور ملک شام مین جاوین پھر جب فرعون مع لشکر کے دسوین محرم کو بحر قلزم مین غرق ہوا اور بنی اسرائیل نے نجات پائی تو حضرت موسیٰ علیہ السلام بجانب شام بڑھے اور انکا گذر ایک قوم عمالقہ پر ہوا جو گاے کی شکل کے بت پوجتے تھے اور بعض روایات مین آیا کہ فرعون نے بھی اپنی قوم کے واسطے اپنی نیابت مین گاے کی شکل کے بت بنوائے تھے تو شاید ان لوگون نے قبطیون ہی کی تقلید کی ہو بہرحال بنی اسرائیل مین سے بعضے احمق جاہلون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا کہ اجعل لنا الٰھا کما لھم آلھۃ - یعنے ہمارے لیے بھی ایسا ہی ایک معبود بنوا دو جیسے انکے معبود ہین - حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اونکی جہالت پر افسوس فرماکر انکو جھڑکا اور وعدۂ الٰہی عزوجل کے منتظر ہوے کہ بعد غرق فرعون کے کتاب آسمانی عطا ہو جسپر بنی اسرائیل عمل کرین پس اللہ تعالے نے اول ایک ماہ کے روزہ کا حکم فرمایا اور ابھی تک وہ زیورات جو بنی اسرائیل نے فرعونیون سے لیے تھے انکے پاس موجود تھے اور چونکہ وہ حربی کافرون کا مال تھا تو وہ مال غنیمت کے حکم مین ہوا لیکن مال غنیمت کسی امت سابق کو حلال نہین ہوا بلکہ یہ فضیلت صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے واسطے خاص ہے جیساکہ صحاح کی احادیث صحیحہ مین صریح منصوص ہے پس وہ سب مال واسباب ایک گڑھے مین ڈال کر جلایا گیا - بعض تفاسیر مین مذکور ہے کہ بنی اسرائیل مین ایک شخص سامری تھا جو سوناری کا پیشہ کرتا تھا اور اسکی پیدایش کی کیفیت یہ مذکور ہے کہ جس زمانہ مین فرعونیون کے ہاتھ سے بنی اسرائیل کے بچے قتل ہوتے تھے تو بنی اسرائیل کی عورتین وضع حمل کے وقت جنگلون و غارون مین چلی جاتین پھر اگر لڑکی پیدا ہوئی تو اوسکو وہین چھوڑ آتی تھین تاکہ اگر اونکے پیچھے درندہ کھا جاوے تو اس سے بہتر ہے کہ اونکی آنکھون کے سامنے اوسکو فرعونی ذبح کرین لیکن جنکو اللہ تعالے بچانا چاہتا تھا وہ وہان بھی پرورش پاتے تھے اور بنی اسرائیل روایت کرتے ہین کہ جبرئیل علیہ السلام سے اونکو دودھ ملتا تھا چنانچہ سامری بھی اسیطرح سے پرورش ہوا اور اسرائیلی کہتے ہین کہ وہ جبرئیل علیہ السلام کو جس شکل مین اوسکے پاس پرورش کے لیے آتے تھے پہچانتا تھا اسیواسطے اوسنے غرق فرعون کے وقت نشان قدم کی خاک اوٹھالی تھی اور چونکہ وہ علم آخرت کا اثر رکھتی تھی لہذا جب اوسنے بنی اسرائیل کی حماقت دیکھی کہ وہ لوگ بت پرستی کے واسطے گوسالہ مانگتے ہین تو اوسکے دل مین یہ شرارت سوار ہوئی کہ اوس خاک سے جو نشان جبرئیل علیہ السلام سے اوٹھائی ہے گوسالہ بناوے کہ وہ عالم آخرت کے اثر سے جاندار کے مانند آواز کریگا چنانچہ جب موسیٰ علیہ السلام ایک مہینہ کے روزہ رکھنے اور توریت لانے کے لیے کوہ طور کی طرف گئے تو اوسنے یہان اسی گوسالہ کا سوانگ بنایا اور اللہ تعالے نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی میعاد مین دس دن زیادہ کر دیے چنانچہ فرمایا - واذ وعدنا موسیٰ ثلثین لیلۃ واتممناھا بعشر الآیۃ - پس بعد ایک مہینے کے اکثر بنی اسرائیل کو شیطانی اوہام نے گھیرا اور اونھون نے سامری کے کہنے سے گوسالہ کی پرستش کرنی شروع کی اور ہارون علیہ السلام کا کہنا نہ مانا سوا بارہ ہزار آدمیون کے کہ یہ حضرت ہارون علیہ السلام

کے ساتھ ہے حاصل یہ کہ جب موسی علیہ السلام کوہ طور کے جنگل میں گئے تاکہ تیس رات روزہ وعبادت میں صرف کرکے مناجات وعطائے کتاب کے لیے کوہ طور پر جاویں تو یہاں سامری نے اوسی قبطیوں کے زیور سے جو ایک گڑھے میں جلا دیا گیا تھا ایک بچھڑا بنایا اور اوسکے پیٹ میں اثر جبرئیل کی خاک ڈالی تو وہ بولنے لگا۔ کما قال تعالے۔ فاخرج لہم عجلا جسدا لہ خوار الآیۃ۔ اور سامری نے بنی اسرائیل سے کہا کہ یہی تمہارا اور موسی کا پروردگار ہے لیکن ہارون علیہ السلام نے اونکو بہت سمجھایا کہ اے لوگو یہ اللہ تعالی کی طرف سے ایک امتحان ہے اور حضرت موسی علیہ السلام صرف ایک مہینہ کے واسطے گئے ہیں تم اونکو آتے دو جب تیس دن گذر گئے اور حضرت موسی علیہ السلام نہیں آئے کیونکہ اللہ تعالے نے اونکی میعاد میں دس راتیں زیادہ کردیں تو بیوقوف اسرائیلیوں نے جنھوں نے پہلے ہی سے حضرت موسی علیہ السلام سے گوسالہ کی شکل کے بت مانگے تھے جلد بازی کی اور سامری نے بہکایا کہ تمہارا اور موسی کا پروردگار تو یہ ہے اور موسی علیہ السلام بھٹک کر کوہ طور کی طرف گئے اسلیے وہ اب نہیں آئے پھر ان بیوقوفوں نے حضرت ہارون کا بھی کہنا نہیں مانا اور اوسکی عبادت میں مصروف ہوگئے اور اللہ تعالے کی نعمتوں کا شکر بجالانے کے بجائے شرک کرنے لگے پس اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت کے یہودیوں کو جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن کی قدر نہیں کرتے تھے یاد دلایا اور فرمایا۔ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰٓى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً۔ اور ایک قراءۃ میں۔ وعدنا۔ بدون الف ہی یعنے اور یاد کرو جب ہمنے موسی کو چالیس راتوں کا وعدہ دیا۔ ف یعنے پہلے تیس رات پھر دس بڑھاکر پوری چالیس راتوں کا وعدہ دیا تاکہ اونکے گذرنے پر توریت عطا فرمائی جاوے جسمیں ہدایت ونور ہے پس موسی علیہ السلام موافق وعدۂ الٰہی کے کوہ طور کے غار میں روزہ رکھنے وعبادت کرنے کے واسطے گئے۔ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ۔ پھر تمنے اوسکے بعد گوسالہ کو بنالیا۔ ف یعنے پھر تمنے بجائے شکرانہ کے سامری کے ڈھالے ہوئے گوسالہ کو موسی علیہ السلام کے چلے جانے کے بعد اپنا معبود بنالیا۔ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝ حالانکہ تم ظلم کرنے والے تھے۔ ف یعنے اپنی جانوں پر سخت ظلم کرنے والے تھے کہ تمنے معبود کو بے مثل ایک جسمانی مخلوق جانور گوسالہ کے واسطے صرف کیا حالانکہ وہ تمسے بدتر چیز ہے باوجودیکہ تمنے حضرت موسی علیہ السلام سے توحید سیکھی اور آیات قدرت الٰہی عزوجل کو فرعونیوں کے مقابلہ میں معائنہ کیا اور صفات الٰہی سبحانہ تعالے کو جان لیا تھا کہ وہ بے مثل وبے مانند کسی مخلوق سے مشابہ نہیں ہے اور تمام مخلوقات اوسکے قبضۂ قدرت میں مسخر ہیں اوسنے تمکو فلق البحر سے پار کیا اور فرعون کو غرق کیا پھر بھی تمنے بجائے شکر کے شرک سے ظلم عظیم کیا لیکن ہمنے پھر بھی تمپر احسان فرمایا۔ ثُمَّ عَفَوْنَا عَنْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ پھر اس معاملہ کے بعد بھی ہمنے تمکو عفو فرمایا تاکہ تم شکر گذار ہوجاؤ۔ ف یعنے بعد ظلم عظیم کے ہمنے ایک طریقہ سے تمہاری توبہ قبول فرمائی تاکہ تم ناشکری چھوڑدو اور شکر گذار ہو۔ اسرائیلی کہتے ہیں کہ ماہ ذیقعدہ موسی علیہ السلام کی میعاد تھی پھر ذی الحجہ کے دس دن ملاکر تکملہ کیا گیا پھر چالیس راتیں پوری ہونے کے بعد جب موسی علیہ السلام کوہ طور پر مناجات کے واسطے حاضر ہوئے تو توریت عطا ہوئی لیکن حضرت موسی علیہ السلام کو فرمایا کہ وہاں ہمنے تیری قوم کو تیرے بعد امتحان میں ڈالا اور سامری نے اونکو بہکا دیا ہے چنانچہ تفصیلی قصہ انشاء اللہ تعالے آویگا اور توبہ کا بیان بھی آیندہ آیت میں آتا ہے۔ (فائدہ) امام ابن جریر ودیگر مفسرین نے تصریح کی کہ جب فرعون کی ہلاکت دسویں محرم کو ہوئی اور مناجات دسویں ذی الحجہ کے ختم پر ہوئی تو ہلاکت فرعون ومناجات میں گیارہ مہینے کا فرق ہوا اور اسوقت تک بنی اسرائیل کوہ طور کے نواح میں مقیم تھے نہ ملک شام میں آئے اور نہ مصر کو لوٹے اور ابن عقیل نے تفسیر میں لکھا کہ یہ لوگ مصر سے نکلنے کے بعد پھر مصر میں نہیں گئے اور بیضاوی نے کشاف زمخشری کے تابع ہوکر وہم کیا کہ مصر میں لوٹ جانے کے بعد اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو مناجات وعطائے توریت کا وعدہ دیا۔ (نکتہ) علماء نے فرمایا کہ چالیس راتوں کی تعیین میں اشارہ ہے کہ دن کیطرح

رات بھی عبادت کے لیے مقصود ہی اور موسی علیہ السلام ان دنون مین روزہ رکھتے اور راتون مین عبادت کرتے تاکہ بدن بھی پاک ہو جاوے اور فرشتہ صفت ہو کر مناجات کی لیاقت آجاوے اور مہینے سے حساب نہین فرمایا کیونکہ وہ کبھی ۲۹ کبھی ۳۰ دن کا ہوتا ہی حالانکہ چالیس کا شمار پورا ہونا ضرور ہی اور یہین سے اکثر مشائخ نے چلّہ نکالا ہی یہ سمجھکر کہ چالیس راتون کی عبادت کو نفس کے پاکیزہ ہونے مین ایک دخل خاص ہی مترجم کہتا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ و تابعین سلف و خلف صالحین رضی اللہ عنہم سے چلّہ کی کوئی روایت ثابت نہین ہوئی اور شک نہین کہ مجاہدہ و ریاضت جائز ہی لیکن بعضے عوام اس طرح چلّہ کھینچتے ہین کہ بعد چلّہ کے اوس مٹھ سے مردہ کے مانند نکالے جاتے ہین اور روئی کے گالے وغیرہ سے منہ مین دودھ ٹپکا کر پالے جاتے ہین اور ظاہر ہی کہ ایسی حالت مین صوم و صلوٰۃ بالکل متروک ہوگی اور یہ حرکت خلاف سنت و خلاف سلف صالحین و جمیع امت ہی ہان سلف و خلف مین بہت سے بزرگ گذرے ہین جو قریب ایک ہفتہ کے بدون غذا کے صرف نماز و ذکر و تسبیح پر بسر کرتے تھے پس انھین ائمہ دین و بزرگان یقین فرشتہ خصال کی اقتدا حاصل کرنا کمال ہی اور انکی مخالفت مذموم ہی ف ۲ اشارات عرائس مین ہی کہ اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو اس میعاد مین صوم و صلوٰۃ و خلوت کے ساتھ بشری عادت و طبیعت و رسوم سے پاک کیا تاکہ انوار خطاب کی لیاقت ہو اسیواسطے طالبان معرفت کے لیے چلّہ ایک سنت ہوگیا کیونکہ بعد اس میعاد کے موسی علیہ السلام مین کلام قدیم سننے کی لیاقت ہوگئی (تنبیہ) آیت مفید امور ہی اول یہ کہ شرک ایک ظلم ہی جس سے مشرک ظالم ہو جاتا ہی و قد قال تعالے ان الشرک لظلم عظیم دوم یہ کہ دین و کتاب الٰہی بڑی نعمت ہی و قال تعالے الیوم اکملت لکم دینکم و اتممت علیکم نعمتی الآیۃ یعنی آج مین نے تمھارے لیے تمھارا دین کامل کیا اور تمپر اپنی نعمت پوری فرمائی ۱۲ پس اسکا شکر واجب اس طرح ادا کرے کہ قرآن و شریعت پر یقین و عمل مستقیم ہو اور شرک سے قطعًا پرہیز کرے سوم یہ کہ ہمجنس کی شرارت سے بچے یعنے آدمی کے واسطے آدمی بھی شیطان سے زیادہ مضر ہی پس اوسکے قول و فعل کو غور سے دیکھے اگر وہ اللہ تعالے و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موافق کہے تو اوسکی بات مانے اور اگر مخالف ہو تو اوسکو جھوٹا و گمراہ جانے ورنہ خود برباد ہوگا جیسے سامری کے کہنے سے بنی اسرائیل گمراہ ہوگئے تھے چہارم یہ کہ جو چیز خلاف عادت واقع ہو اوسکو کرامت ہی نہ سمجھنا چاہیے کیونکہ سامری نے جو بچھڑا بنایا وہ بولتا ہوا جسم تھا حالانکہ وہ کرامت نہین بلکہ فتنہ تھا جسکے ماننے سے بنی اسرائیل مبتلاے ضلالت ہو گئے پنجم اگر شرک کرکے مرتد ہو جانیکے بعد مشرک نادم ہو کر توبہ کرے تو اوسکی توبہ قبول ہوتی ہی ششم چاہیے کہ ہدایت کو کتاب الٰہی عزوجل سے تلاش کرے یعنے قرآن مجید و حدیث شریف مین جو شریعت الٰہی مقرر ہی اوسیکو ہدایت سمجھے اور جو اس سے خارج ہو وہ گمراہی ہی اور اس ہدایت پر شکر کرے چنانچہ اللہ تعالے نے بنی اسرائیل پر احسان رکھا اور فرمایا۔ وَاِذْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ وَالْفُرْقَانَ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ۝ اور یاد کرو اس نعمت کو جب ہمنے موسی کو کتاب اور فرقان عطا فرمائی تاکہ تم ہدایت حاصل کرو۔ ف کیونکہ جسنے ہدایت سے راہ سنت حاصل کی وہ رضوان جنت مین داخل عیش پر پہونچا تو یہ بہت بڑے شکر کا مقام ہی اور کتاب سے مراد توریت ہی اور اوسیکا نام فرقان اسواسطے فرمایا کہ اوسکے ذریعہ سے حق و باطل مین اور حلال و حرام مین اور کرامت و جوگ مین اور ولی و شیطان مین فرق کیا جاتا ہی اور فرقان در اصل مصدر مانند رجحان و غفران کے ہی اور قرآن مجید کا نام بھی اسی وجہ سے فرقان ہی۔ آیت مین بعض علماء نے کہا کہ کتاب سے مراد توریت ہی اور فرقان سے مراد عصا و ید بیضا وغیرہ معجزات ہین کیونکہ عصاے موسیٰ سے دعوی نبوت و سحر مین فرق ہوگیا واللہ تعالے اعلم بالصواب حاصل یہ کہ اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو توریت عطا فرمائی تاکہ بنی اسرائیل اوس سے اعتقاد صحیح و اعمال صالحہ کی ہدایت پاوین اور یہ جہالت مٹ جاوے کہ موسی علیہ السلام سے بت پرستون کی طرح کوئی معبود بنائے جانے کی درخواست کرین یا ایسے فعل مین مبتلا ہون جو بجاے ثواب کے عذاب ہی یا ایسے فعل مین

عمر رائگان کریں کہ جسمین بہت قلیل ثواب ملیگا حالانکہ کثیر ثواب کا فعل موجود ہی کیونکہ شیطان بنی آدم کا دشمن ہی تو جہانتک ممکن ہی وہ ثواب کا کام نہین کرنے دیگا اور اگر کوئی شخص آمادہ ہوا تو افعال مین سے ایسے فعل پر آمادہ کرتا ہی جسمین ثواب قلیل ہو حتی کہ اوس فعل مین ایسی نیت بگاڑتا ہی کہ محنت برباد ہو پس علم شریعت عین ہدایت ہی۔

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ

اور جب کہا موسی نے اپنی قوم کو ای قوم تمنے نقصان کیا اپنا یہ بچھڑا بنا کر

فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ فَتَابَ

اب تو یہ کرو اپنے پیدا کرنے والے کی طرف اور مار ڈالو اپنی جان یہ بہتر ہی تمکو اپنے خالق کے پاس پھر متوجہ ہوا

عَلَيْكُمْ ۭ اِنَّهٗ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ

تمپر برحق وہی ہی معاف کرنے والا مہربان

جب اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو کوہ طور پر بنی اسرائیل کے گمراہ ہو جانے سے آگاہ فرمایا اور موسیٰ علیہ السلام توریت لیے ہوے بنی اسرائیل کے پاس پہونچے تو نہایت غضبناک تھے اور گوسالہ کو جلا کر خاک کیا اور سامری کو خوار کیا کہ وہ دیوانہ کی طرح لامساس کہتا پھرتا تھا اور بنی اسرائیل اپنی گمراہی پر افسوس کرنے لگے کما قال تعالے۔ ولما سقط فی ایدیہم ورأوا انہم قد ضلوا قالوا لئن لم یرحمنا ربنا ویغفر لنا الآیۃ یعنے بنی اسرائیل جب نادم ہوے اور اونھون نے جانا کہ وہ گمراہ ہو چکے ہین تو کہنے لگے کہ اگر ہمارے رب نے ہمپر رحم نکیا اور نہ بخشا تو خوار ہونگے پھر اللہ تعالے نے اونکی توبہ قبول فرمائی اگرچہ صدق یقین ظاہر ہونے کے واسطے جان کا قتل کرنا شرط کیا کیونکہ جس شخص کو دار آخرت کا یقین واثق ہو تو جیو دسکو مغفرت کا وعدہ دیا جاوے تو وہ اس دار فانی کو چھوڑ کر دار آخرت کو پسند کریگا اور یہ بھی ایک نعمت عظیم ہی لہذا ان یہودیون کو یاد دلایا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین موجود تھے تاکہ اپنے باپ دادون کا صدق یقین دیکھین چنانچہ فرمایا وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ۔ اور یاد کرو جب موسیٰ نے اپنی قوم سے کہا۔ ف یعنے جن لوگون نے گوسالہ کو پوجا تھا جب وہ نادم ہوے تو موسیٰ علیہ السلام نے اونسے کہا کہ یٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ۔ ای قوم تمنے اپنی جانون پر ظلم کیا بسبب معبود بنانے گوسالہ کے۔ ف یعنے تمنے گوسالہ کو معبود بنا کر اپنی جانون پر شرک کے ساتھ ظلم عظیم کیا۔ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ۔ پس تم لوگ اپنے خالق کی جانب توبہ کرو۔ ف کیونکہ اوسنے تمکو پیدا کیا حالانکہ تمنے غیر کو معبود بنایا پھر یہ توبہ زبانی نہین تھی بلکہ توبہ اسطرح کرو کہ۔ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ۭ۔ اپنی جانون کو قتل کرو۔ ف یعنے اپنی جانون کے قتل پر راضی ہو جاؤ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ ۭ یہ بات تمہارے واسطے تمہارے خالق کے نزدیک بہتر ہی ف پس یہ لوگ راضی ہو گئے یہان شان الٰہی دیکھنے کے قابل ہی کہ ہارون علیہ السلام صرف چند روز تامل کرنے کو کہتے تھے کہ ابھی گوسالہ پرستی مین جلدی نکرو یہانتک کہ موسی علیہ السلام آجاوین مگر بنی اسرائیل نے نمانا اور حضرت موسی علیہ السلام نے جان دینے کا حکم سنایا وہ مان لیا کما قال تعالے۔ واتینا موسیٰ سلطانا مبینا۔ یعنے ہمنے موسی کو کھلا ہوا غلبہ عطا فرمایا۔ چنانچہ یہ لوگ قتل پر راضی ہو گئے سعید بن جبیر نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے حکم بھیجا کہ ان لوگون کی توبہ یہ ہی کہ ان مین سے جو شخص اپنے باپ و بیٹے سے ملے اوسکو تلوار سے قتل کر ڈالے اور کچھ پروا نکرے کہ اس مقام پر اوسنے کسکو قتل کیا پس ان سب لوگون نے توبہ کی جنکی شناخت حضرت موسی و ہارون علیہما السلام پر مخفی تھی حالانکہ اللہ تعالے اونکے

گناہوں پر مطلع تھا پس وہ لوگ اپنے گناہوں کا اقرار کرکے حکم کی فرمانبرداری کی پس اللہ تعالے نے قاتل مقتول دونوں کو بخش دیا (ابن جریر و ابن ابی حاتم) اور اس روایت میں مراد یہ ہے کہ قاتل وہ لوگ قرار دیے گئے جنھوں نے گوسالہ نہیں پوجا اور مقتول وہ ہیں جنھوں نے گوسالہ پوجا چنانچہ عکرمہ رحمہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جب یہ حکم آیا کہ قتل نفس اونکی توبہ ہے تو جن لوگوں نے گوسالہ پوجا تھا اونکو خبر دیگئی پس وہ لوگ حکم الٰہی کے واسطے سر جھکا کر بیٹھے اور جنھوں نے گوسالہ نہیں پوجا تھا وہ تلوار لیکر اوٹھے اور اوسوقت ایک تاریکی چھا گئی پس انھوں نے گوسالہ پرستوں کو قتل کرنا شروع کیا یہانتک کہ تاریکی دور ہوئی۔ اور سدی کی روایت میں ہے کہ موسی و ہارون علیہما السلام نے دعا کی کہ اے رب بنی اسرائیل مٹے جاتے ہیں پس اللہ عزوجل نے رفع قتل کا حکم دیا۔ مجاہد رح کی روایت میں ہے کہ جب اللہ تعالے نے وحی فرمائی کہ اچھا میں نے اسیقدر سزا پر کفایت فرمائی تو موسی علیہ السلام نے اپنا کپڑا اچھینکا پس وہ تاریکی دور ہوئی اور اون لوگوں نے اپنے خنجر ڈال دیے حالانکہ ستر ہزار قتل ہو چکے تھے (ابن جریر و ابن ابی حاتم) زہری رح نے بیان فرمایا کہ جب یہ لوگ قتل ہوتے تھے تو موسی و ہارون علیہما السلام ہاتھ اوٹھائے تھے یہانتک کہ جب اللہ تعالے نے توبہ قبول فرمائی تو قتل سے ہاتھ کھینچے گئے اور ہتھیار ڈال دیے گئے پھر موسی علیہ السلام مقتولین کو دیکھکر غمناک ہوے پس اللہ تعالے نے وحی فرمائی کہ اے موسی کس چیز پر غم ہے کیونکہ جو لوگ مقتول ہوے وہ میرے یہاں زندہ اور رزق پاتے ہیں اور جو لوگ باقی رہے ہیں نے اونکی توبہ قبول فرمائی جبکہ وحی پہونچی تو موسی علیہ السلام و بنو اسرائیل بہت خوش ہوے (رواہ ابن جریر باسناد حسن) اور محمد بن اسحق نے اسطرح روایت لکھی کہ جب موسی علیہ السلام نے گوسالہ جلا کر دریا میں پھینکدیا تو اپنی قوم میں سے کچھ لوگوں کو چھانٹ کر مقام مناجات کو نکلے اور یہ وہی لوگ ہیں جنکو صاعقہ نے گرفتار کیا پھر اوٹھائے گئے پھر موسی علیہ السلام نے بنی اسرائیل کے واسطے توبہ کی درخواست کی لیکن اللہ تعالے نے قبول توبہ سے انکار فرمایا سوائے اس بات کے کہ اپنے نفسوں کو قتل کریں محمد بن اسحق نے کہا کہ بجکو روایت پہونچی کہ اون لوگوں نے موسی علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہم لوگ حکم الٰہی پر صبر کرینگے پس موسی علیہ السلام نے حکم دیا کہ جنھوں نے گوسالہ نہیں پوجا وہ اون لوگوں کو قتل کریں جنھوں نے گوسالہ پوجا ہو پس یہ لوگ میدانوں میں بیٹھ گئے اور دوسروں نے تلواریں کھینچکر اونکو قتل کرنا شروع کیا پھر جو لوگ بچے موسی علیہ السلام کی جانب دوڑنا شروع کیا اور عفو کی درخواست کی پس اللہ تعالے نے توبہ قبول فرمائی اور موسی علیہ السلام کو حکم بھیجا کہ اون لوگوں سے تلوار اوٹھا لیں (رواہ عبد الرحمن بن زید بن اسلم) نے کہا کہ جب موسی علیہ السلام اپنی قوم کے پاس واپس آئے اور ستر آدمی تھے جنھوں ہارون علیہ السلام کے ساتھ اس گوسالہ سے جدائی اختیار کی تھی پس موسی علیہ السلام نے اون لوگوں سے کہا کہ اپنے رب عزوجل کے مقام وعدہ پر چلو پس اونھوں نے عرض کیا کہ اے موسی کیا کچھ توبہ نہیں ہے آپ نے فرمایا کہ توبہ تو ہے ولیکن یہی ہے کہ وہ اپنی جانوں کو قتل کریں یہی اونکے حق میں بہتر ہے پس ان پاک لوگوں نے تلواریں کھینچیں اور گناہگار لوگوں نے گردنیں جھکائیں اور اللہ تعالے نے سیاہ بادل کا ٹکڑا بھیجدیا کہ اوسکی تاریکی میں قتل کریں حتی کہ آدمی اپنے باپ و بھائی کو قتل کرتا مگر نہیں پہچانتا تھا اور آپسمیں پکارتے جاتے تھے کہ اللہ تعالے ایسے بندے پر رحم کرے جو بیصبر کیے یہانتک کہ رضاے الٰہی حاصل ہو پھر اللہ تعالے نے توبہ قبول فرمائی یعنے جو مقتول ہوے اونکو شہید رکھا اور جو باقی رہے اونکو عفو کیا لہذا فرمایا۔ فَتَابَ عَلَيْكُمْ إِنَّهُ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ پس اللہ تعالے نے تمھاری توبہ قبول فرمائی بیشک وہ توّاب رحیم ہے۔ ف ان روایات تفسیر سے ظاہر ہوا کہ جن لوگوں نے گوسالہ پوجا تھا سب قتل نہیں ہوے بلکہ ستر ہزار قتل ہونے پائے تھے کہ اللہ تعالے نے زبانی توبہ کو قبول فرمایا حالانکہ سب لوگوں کا یقین آخرت اس وجہ سے درست تھا کہ سبھی مقتول ہونے کے واسطے گردن جھکائے تھے بلکہ جو مقتول ہوے اونکے واسطے بہت بڑی بشارت ہے کہ وہ بیشک مغفور اور امتحان سے باہر ہو گئے کیونکہ جو شخص دنیا میں زندہ موجود رہے وہ خوفناک ہے اور نہیں جانتا کہ آئندہ اوسپر کیا حکم ہوا اللہ تعالے سب اہل ایمان کا خاتمہ بخیر کرے۔ ف۲ بعض اشارات عرائس میں ہے کہ ان

آیات میں اہل ایمان کے واسطے تنبیہات ہین چنانچہ قولہ تعالے۔ انکم ظلتم انفسکم باتخاذکم العجل تمنے تمثال شیطانی کو مشاہدۃ الرحمن پر اختیار کیا اور یہ ظلم عظیم ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ شیخ کے کلام مین خود مفید اشارہ ہی کہ دنیا مین مشاہدۃ الرحمن یعنے کشف قرب جو اولیاء اللہ کو حاصل ہوتا ہی وہ بغیر تمثال بے جہت ومکان ہی کیونکہ اللہ تعالے جگہ و جہت وتمثال وتشبیہ سے پاک ہی کہ اوسکے مثل کوئی چیز نہین ہی پس اگر کسی شخص نادان کو کوئی تمثال دھوکا دے تو وہ کہ شیطان ہوگا اوس سے پناہ مانگے جیسے غوث الامۃ سید عبد القادر جیلانی علیہ الرحمۃ کو پیش آیا چنانچہ یہ حکایت مترجم نے خاتمہ سورۂ روم کی تفسیر مین بیان کی ہی۔ م۔ بعض مشائخ نے کہا کہ ہر انسان کا جسم اپنی خواہش نفسانی مین پکڑا ہی جسنے اوسکی خواہشون کی پیروی کی وہ اوسکو معبود بنانے والا ٹھہرا کیا نہین دیکھتے ہو کہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ افرایت من اتخذ الٰھہ ہواہ۔ یعنے تو نے اوسکو دیکھا جسنے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنالیا۔ اسیواسطے بعض احادیث و آثار مین مصرح وارد ہی کہ سب سے زیادہ تیرا دشمن یہ تیرا نفس ہی جو دونون پہلو کے بیچ مین ہی اسیواسطے قتل نفس یہ ہی کہ شریعت سے اوسکو خارج نہونے دے۔ مترجم کہتا ہی کہ بعضے جہال صوفیہ قتل نفس کے یہ معنے سمجھتے ہین کہ کھانے پینے سے جسم کو لاغر کرے حالانکہ قتل نفس یہ ہی کہ نفس کی خواہشون کو شرع سے خارج نہونے دے اور جسم کے کمزور کرنے سے صرف اتنا فائدہ ہوتا ہی کہ بعض خواہشین کم ہوجاتی ہین لیکن اگر ایک شخص کمزور خلاف شرع خواہش پوری کرے تو ہنوز وہ نفس کا بندہ ہی اور اگر ایک شخص پُرزور اپنے نفس کو شرع سے خلاف نہ کرنے دے تو وہ اللہ تعالے کا بندہ ہی اور یہی معنے شیخ ابن منصور دواسطی وفارس رحمہم اللہ تعالے سے بنا بر بیان شیخ کے نکلتے ہین۔ م۔ بالجملہ اس آیت سے ظاہر ہوا کہ حضرت موسی علیہ السلام کے زمانہ مین جن لوگون نے گوسالہ پوجا اللہ تعالے نے اوپر احسان عظیم فرمایا کہ اونکو قتل سے باقی رکھا تاکہ جو یہودی موجود ہین پیدا ہوے اور اللہ تعالے نے اونکو حسن توبہ کی توفیق عطا فرمائی کہ وہ اللہ تعالے کے فرمان پر جان دینے کے لیے راضی تھے پس جو لوگ موجود ہین انکو چاہیے کہ اللہ تعالے کی نعمتون کو یاد کرین اور احکام توریت کے موافق محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاوین پھر اللہ تعالے نے کوہ طور پر عمدہ جماعت بنی اسرائیل کو بعد موت کے زندہ کرنے کی نعمت یاد دلائی۔

وَاِذْ قُلْتُمْ يٰمُوْسٰى لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى نَرَى اللّٰهَ جَهْرَةً فَاَخَذَتْكُمُ

اور جب تمنے کہا اے موسی ہم یقین نکرینگے تیرا جب تک نہ دیکھین اللہ کو سامنے پھر لیا تمکو

الصّٰعِقَةُ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۝ ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝

بجلی نے اور تم دیکھتے تھے پھر اوٹھا کھڑا کیا ہمنے تمکو مرگئے پیچھے شاید تم احسان مانو

جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو کئی بار میقات طور سینا کے واسطے بلایا چنانچہ اول مرتبہ وہ ہی جب توریت عطا فرمانے کے واسطے بلایا تھا اور اسکے بعد بنی اسرائیل نے خواہش کی کہ ہم لوگون کو ظاہر ہوجاوے کہ یہ سب احکام آلہی ہین تو موسی علیہ السلام انکی پسند کے ستر آدمی ایک میقات کے واسطے ساتھ لے گئے تاکہ یہ لوگ خود سنین لیین اور ایک مرتبہ گوسالہ پرستی سے توبہ کے معاملہ مین عذر کرنے کے لیے ستر آدمی گئے پھر ان ایات مین ساتھیون کا مرنا پھر زندہ ہونا مذکور ہی تو اہل تاریخ و روایات نے اختلاف کیا کہ یہ میقات توریت مین واقع تھا یا گوسالہ کی توبہ مین واقع ہوا تھا اگرچہ اس سے کوئی حکم متعلق نہین ہان یہ امر سب کے نزدیک بالاتفاق ہی کہ جنھون نے دیدار الٰہی کی درخواست کی تھی یہ درخواست کوہ طور ہی کے مقام پر تھی پس بعضے مورخین وصاحب کشاف وبیضاوی کے نزدیک یہ میقات توریت کا واقعہ ہی اور اوسکا خلاصہ یہ کہ بعد غرق فرعون کے جب اللہ تعالے نے توریت عطا فرمانیکا وعدہ دیا اور ایک مہینہ اور دس روز مقرر کیے تو بنی اسرائیل نے کہا کہ یا نبی اللہ ہم مین سے بھی اچھے لوگ آپ کے ساتھ جاوین تاکہ خدائے تعالے کا کلام سنکر ہمکو گواہی دین کہ توریت کلام

الٰہی ہی جب سامری نے سنا کہ اللہ تعالے کے پیغمبر یہ لوگ گواہی چاہتے ہین تو اوسکو خوب یقین ہو گیا کہ سخت احمق ہین اور اوسنے گوسالہ بنانیکا
قصد مصمم کر لیا پھر موسی علیہ السلام نے بنی اسرائیل مین سے ستر آدمی چنے ہوے ساتھ لیے کما قال تعالے - واختار موسی قومہ سبعین رجلا
لمیقاتنا الآیۃ - پھر ایک چلّہ روزے و عبادت مین بسر کرنے کے بعد جب کوہ طور پر چڑھے تو موسی علیہ السلام سب سے آگے پہونچے اور حق سبحانہ
تعالے داتاے علیم نے فرمایا کہ موسی تو اون لوگون سے پہلے کیون آیا موسیٰ نے عرض کیا کہ پروردگار وہ لوگ بھی میرے قدم بقدم آتے ہین کما فی قولہ
تعالے - ہم اولاء علی اثری و عجلت الیک رب لترضی الآیۃ - یعنی مین تیری رضا حاصل ہونے کے لیے جلدی حاضر ہوا - پھر انکو امتحان قوم
و گمراہی سے آگاہ فرما کر ایک ابر سفید مین گھیر لیا پھر بعد مناجات کے ابر کھل گیا تو اون لوگون نے حضرت موسی علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہم بھی
کلام آلٰہی سنین تو گواہی پوری ہو پس اونھون نے کلام آلٰہی سنا لیکن کہنے لگے کہ ہم نہین مانین گے جب تک کہ آنکھون سے نہ دیکھین قرطبی نے
کہا کہ یہی صحیح ہی اور شیخ ابن کثیر نے اسی کو اظہر ٹھہرایا واللہ تعالیٰ اعلم - اور امام ابن جریر و بغوی و سیوطی وغیرہ نے بروایت محمد بن اسحٰق اسکو
دوسری میقات قرار دیا جو گوسالہ پرستی سے توبہ کے متعلق ہی اور اوسکا خلاصہ یہ ہی کہ جب توبہ مین قتل موقوف فرمایا تو حضرت موسی علیہ السلام
کو حکم دیا کہ اپنی قوم کے ستر آدمی لیکر میقات پر آوین تاکہ وہ لوگ گوسالہ پرستی سے معذرت کرین پس موسی علیہ السلام نے عمدہ عمدہ ستر آدمی
چنے اور اونکو پاک صاف کر کے میقات پہ لے گئے اور ابر سفید نے گھیر لیا اور ان لوگون کو بھی ابر مین داخل کیا تو یہ سجدہ مین گر پڑے اور حالت
مناجات مین حضرت موسی علیہ السلام کے چہرے پر ایسا نور آجاتا تھا کہ کسیکو دیکھنے کی تاب نہین ہوتی تھی لہذا درمیان مین ایک پردہ
ہو گیا اور انھون نے بھی احکام آلٰہی کو سنا لیکن بعد ختم مناجات کے موسی علیہ السلام سے کہا کہ ہم یون نہین مانین گے یہانتک کہ اللہ تعالے
کو عیانا آنکھون دیکھین چنانچہ اللہ تعالے نے اس آیت مین بیان فرمایا - وَاِذْ قُلْتُمْ یٰمُوْسٰی لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰی
نَرَی اللّٰهَ جَهْرَةً - اور یاد کرو جب تمنے کہا تھا کہ ای موسی ہم تیری تصدیق نہین کرینگے یہانتک کہ ہم اللہ تعالے کو آنکھون دیکھ
لین - ف یعنے تم لوگ وہ واقعہ یاد کرو کہ جب تمہارے باپ دادون نے بجاے شکر و تعظیم کے حضرت موسی علیہ السلام سے ایسا گستاخی
کا کلمہ کہا تھا کہ ہم تیری تصدیق نہین کرینگے جب تک اللہ تعالے کو آنکھون نہ دیکھین جسکو تم قطعًا مانتے ہو - فَاَخَذَتْكُمُ الصّٰعِقَةُ
وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ○ پس تمکو صاعقہ نے گرفتار کیا درحالیکہ تم آنکھون دیکھتے تھے - ف ربیع بن انس نے کہا کہ انھون نے
ایک آواز سخت سنی کہ مصعوق یعنے مردہ ہو گئے اور اصل صعق ایسی غشی ہی جو مردہ کے مانند ہو لیکن یہان موت مراد ہی بدلیل قولہ تعالے -
ثُمَّ بَعَثْنٰكُمْ مِّنْ بَعْدِ مَوْتِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ○ پھر ہمنے تمکو تمہاری موت کے بعد اوٹھایا تاکہ تم شکر گذار ہو
ف یہ دلیل ہی کہ وہ لوگ مر گئے تھے لیکن جبکہ صاعقہ آواز تھی تو - انتم تنظرون - کے یہ معنے ہین کہ تم دیکھتے تھے اس واقعہ کو جو تم پر نازل ہوا اور ابن جریر نے سدی سے
روایت کی کہ صاعقہ ایک آگ تھی جو آسمان سے نازل ہوئی جسنے اونکو جلا دیا و علی ہذا تنظرون کے یہ معنے ہین کہ تم لوگ اس آگ کو آنکھون دیکھتے تھے جو تم پر نازل ہوئی اور
عروۃ بن زبیر نے کہا کہ بعضے بیہوش ہو کر مر گئے اور بعضے دیکھتے رہے (ابن کثیر) بیضاوی مین ہی کہ اگر صاعقہ آگ تھی تو خود آگ کو دیکھتے تھے اور اگر صاعقہ آواز تھی تو اوسکا
اثر دیکھتے تھے جیسے بولتے ہین کہ دیکھتے ہی دیکھتے یہ حال ہوا - سیوطی رح نے کہا یعنے تم لوگ یہ حال آنکھون دیکھتے تھے سدی و محمد بن اسحٰق نے بیان کیا کہ جب
اونکو صاعقہ نے گرفتار کیا تو حضرت موسی علیہ السلام کھڑے ہو کر رونے لگے اور اللہ تعالے سے دعا کرنے لگے کہ آلٰہی مین بنی اسرائیل سے کیا کہونگا کہ
ہزارون وہان مارے گئے اور جو کچھ اچھے اچھے چھانٹے گئے تھے وہ یہان ہلاک ہوئے - ولو شئت اہلکتہم من قبل وایای اتہلکنا بما فعل السفہاء منا
ان ہی الا فتنتک الآیۃ - آلٰہی اگر تو چاہتا تو انکو پہلے ہی ہلاک کرتا اور مجکو بھی اور کیا تو ہمکو ایسے کام پر ہلاک فرماویگا جو ہم مین سے بیوقوفون نے

کیا ہی یہ تو بیر ہی امتحان ہی ۔ ۸ ۔ پھر اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام پر وحی فرمائی کہ یہ ستر بھی انھین لوگون مین سے ہین جنھون نے گوسالہ کو معبود بنایا تھا پھر اللہ تعالے نے اونکو زندہ فرمایا اور وہ ایک ایک کرکے زندہ ہونا شروع ہوئے حتی کہ ایک دوسرے کو دیکھتے جاتے تھے کہ کیونکر زندہ ہوتے ہین ۔ ربیع بن انس نے کہا کہ انکا مرنا موت مقدر نہین تھا بلکہ بطور سزا دہی کے واقع ہوا پھر زندہ کیے گئے تاکہ قدرت الٰہی معائنہ کرین اور اپنی موت مقدر پوری کرین اور یہی قتادہ رح کا قول ہی ۔ ابن جریر نے محمد بن اسحق سے روایت کی جسمین مذکور ہی کہ انکو صاعقہ رجفہ نے گرفتار کیا خلاصہ مفاد آیت یہ ہی کہ تم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانے مین ناشکری کرتے اور بیجا سوال کرتے ہو جیسے باپ دادون نے حضرت موسی سے سوال کیا تھا کما قال تعالے ۔ فقد سالوا موسی اکبر من ذلک فقالوا ارنا اللہ جہرۃ ۔ یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسکین فرمائی کہ مشرکون کافرون کے اس سوال سے غمگین مت ہو کہ تجھسے تو یہی سوال کیا حالانکہ موسی سے اس سے بڑھکر سوال کیا تھا جب کہا کہ ہمین اللہ تعالے کو آنکھون دکھاوے فصل اشارات عرائس مین ہی کہ ان لوگون نے موسی علیہ السلام کی تقلید مین مشاہدہ نہین بلکہ معائنہ کی درخواست کی حالانکہ انکو مشاہدہ کی بھی لیاقت نہ تھی لہذا تجلی غضبی مین جل گئے لیکن رحمت سابقہ سے بدعاے موسی علیہ السلام اونکو زندہ فرمایا تاکہ بعد موت کے زندہ ہونے کی شہادت ادا کرین ورنہ موسی علیہ السلام پیغمبر کی بات کے واسطے کسی شہادت کی ضرورت نہین ہی پس جو شخص بغیر استعداد کے مشاہدہ طلب کرے اوسکا یہی انجام ہی مترجم کہتا ہی کہ استعداد حاصل ہونا اتباع شریعت پر موقوف ہی اور اوسکی توضیح یہ ہی کہ جب بندہ ایمان لاتا ہی تو شمع ایمان قلب مین روشن ہوتی ہی پھر جب اعمال صالحہ کے نور سے مدد پہونچتی ہی تو تمام اعضا منور ہو جاتے ہین جنکی تفصیل تحقیق تعالی ۔ یوقد من شجرۃ مبارکۃ زیتونۃ لا شرقیۃ ولا غربیۃ یکاد زیتہا یضیئ ولو لم تمسسہ نار نور علی نور الآیۃ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے آویگی اور اس استعداد کے بعد اوسکو مشاہدہ کی لیاقت حاصل ہوتی ہی اور بدون اسکے شیطانی ہوسات ہین جسمین اکثر جاہل صوفی گرفتار ہو کر برباد ہوتے ہین ۔ اور لالکائی نے کتاب السنۃ مین روایت کی کہ اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو وحی فرمائی کہ اے موسی کسی زندہ کو طاقت نہین کہ مجکو دیکھے مگر آنکہ وہ مر جائیگا اور تر خشک ہو جائیگا (درمنثور للسیوطی) پھر جب بعد استعداد کے مشاہدہ مین یہ کیفیت ہی تو بنی اسرائیل نے بہت بے ادبی کی کہ آنکھون سے دیکھنے کی درخواست کی حالانکہ سورۂ اعراف مین آویگا کہ موسی علیہ السلام باوجود شان نبوت کے اسکے متحمل نہین ہوے ۔ بعض مشائخ بغداد نے فرمایا کہ جسنے بغیر حرمت کے مشاہدہ چاہا محروم ہوا اور جسنے حرمت کے ساتھ مشاہدہ چاہا اوسپر عظمت چھا گئی ۔ مترجم کہتا ہی کہ مشاہدہ کی تو یہ کیفیت ہی کہ بغیر حرمت کے محروم اور باوجود حرمت کے خود رفتہ ہو جاتا ہی تو جسنے معائنہ کا دعوی کیا وہ سخت بے ادب ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ موسی علیہ السلام معائنہ کی تاب نہین لائے اور بنی اسرائیل نے خواہش کی تو صاعقہ سے جلائے گئے غرض دنیا مین معائنہ کی کوئی راہ نہین ہی اور جو شخص دعوی کرے جھوٹا ہی چنانچہ ملا علی قاری رح نے شرح عقائد مین مصرح لکھا ہی مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے خاصۃً شب معراج مین دیدار کا قول بعض صحابہ و تابعین سے ماثور ہی اور اسمین اختلاف بھی مشہور ہی جو شرح عقائد مین مذکور ہی

واللہ تعالے اعلم بالصواب ۔

وَظَلَّلْنَا عَلَيْكُمُ الْغَمَامَ وَأَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَىٰ كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ

اور سایہ کیا ہمنے تمپر ابر کا اور اوتارا تمپر من اور سلوی کھاؤ ستھری چیزین جو دین ہمنے تمکو

وَمَا ظَلَمُونَا وَلَٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝

اور ہمارا کچھ نقصان نہ کیا پر اپنا ہی نقصان کرتے رہے

واضح ہو کہ اللہ تعالے نے بعد ہلاک فرعون و نزول تورات کے بنی اسرائیل کا انتظام درست فرمایا اور ملک مصر و قبطیون کے باغات مکانات کا

بنی اسرائیل کو وارث فرمایا چنانچہ قبطیوں و فرعونیوں کی بے شمار جنتوں کا بیان فرمایا بقولہ تعالےٰ - کم ترکوا من جنات وعیون وزروع ومقام کریم و اورثناہا قوما آخرین - چنانچہ وہ بنی اسرائیل کی وراثت میں آگئے لیکن مفسرین میں اختلاف ہے کہ جو لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ نکلے تھے وہ لوٹ کر مصر میں آئے یا نہیں کیونکہ انکو شام کی زمین مقدس میں آباد ہونیکا حکم تھا بالجملہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کھڑے ہوکر بنی اسرائیل کو اللہ تعالےٰ کی نعمتیں یاد دلائیں چنانچہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا - یاقوم اذکروا نعمۃ اللہ علیکم اذ جعل فیکم انبیاء وجعلکم ملوکا وآتاکم مالم یوت احدا من العالمین - یعنی موسیٰ علیہ السلام نے کہا کہ ای قوم تم اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی نعمتیں یاد کرو کہ اوسنے تم میں انبیا بنائے اور بلوک بنادیا اور تمکو وہ کچھ دیا جو عالمین میں سے کسیکو نہیں دیا ہے - بعد اس نصیحت کے انکو ملک شام میں داخل ہونے و جہاد کرنے کی ترغیب دی کما قال تعالےٰ یاقوم ادخلوا الارض المقدسۃ التی کتب اللہ لکم ولا ترتدوا علی ادبارکم فتنقلبوا خاسرین - یعنے ای قوم تم زمین مقدس میں داخل ہو جو اللہ تعالےٰ نے تمہارے واسطے لکھی ہے اور الٹے پانوں پھر نہ پھرو کہ لوٹکر خاسرین میں سے ہو جاؤ - چنانچہ بنی اسرائیل چلے لیکن جب انکو معلوم ہوا کہ ملک شام میں بڑے بڑے قد آور عمالقہ بستے ہیں تو بزدل ہوکر داخل ہونے سے انکار کیا ہرچند حضرت موسیٰ علیہ السلام نے انکو نصرت الٰہی و فتح کی بشارت دی مگر یہ لوگ فرعونیوں کی ماتحتی میں ایسے بزدل ہو گئے تھے کہ لڑنے سے مطلق انکار کیا حتی کہ اللہ تعالےٰ نے چالیس سال تک انپر شام میں داخل ہونا محروم کردیا اور یہ لوگ مصر واپس جانا چاہتے تھے وہ بھی ممنوع کردیا کہ اسی تیہ یعنے جنگل میں حیران پھریں کما قال تعالےٰ فانہا محرمۃ علیہم اربعین سنۃ یتیہون فی الارض الآیۃ گویا کہ یہ کہا کہ یہ بزدل لوگ جو فرعونیوں کی ذلت کے عادی ہو گئے ہیں گذر جاویں اور انکی اولاد باقی رہے جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمان نبوت میں بھی ابوجہل و ابولہب وغیرہ ایمان نہ لائے جنمیں بت پرستی رچ گئی تھی لیکن اللہ تعالےٰ نے انکو باوجود سرکشی کے ہلاک نہیں فرمایا کیونکہ اوسنے انکی اولاد میں صالحین مقدر فرمائے تھے اسیطرح ان اسرائیلیوں کو بھی اسی جنگل میں محبوس کیا کہ ہرچند کوشش کرتے تھے مگر نہیں نکل سکتے تھے حتی کہ بھوک پیاس سے مرنے لگے آخر حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا فرمائی تو اللہ تعالےٰ نے بمحض انکو سامان معیشت عطا فرمایا جسکا احسان ان آیات میں مذکور ہے کما قال تعالیٰ وظللنا علیکم الغمام - یعنے یاد کرو اس نعمت کو کہ ہمنے تمپر غمام کا سایہ کیا - ف غمام جمع غمامہ کیونکہ وہ آسمان کو مع یعنے مستور کرتا ہے اور وہ ابر سپید تھا جس سے تیہ میں سایہ کردیا تاکہ یہ لوگ حرارت آفتاب سے محفوظ رہیں (رواہ النسائی عن ابن عباس رض) اور یہی ابن عمر رض و ربیع بن انس و ضحاک و سدی سے منقول ہے (ابن ابی حاتم) امام ابن جریر نے کہا کہ دیگر علماے سلف نے بیان فرمایا کہ یہ غمام بنسبت تمہارے ابر کے زیادہ ضخیم و خوشگوار تھا - ف مجاہد رح نے فرمایا کہ یہ غمام صرف انہیں لوگوں کو حاصل ہوا ہے (ابن ابی حاتم) اور ابن جریج کی روایت میں ہے کہ جنگ بدر کے روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مدد کو بھی ملائکہ اسی غمام میں آئے تھے (سنید) پس اللہ تعالےٰ نے اوپر غمام کا سایہ کیا اور روشنی کے واسطے روایت ہے کہ رات کو ایک عمود بلند قائم ہو جاتا تھا جس سے تمام تیہ روشن رہتا تھا رہا کھانے پانی کا بیان تو وہ آیندہ آیات میں مذکور ہے چنانچہ کھانے کی نسبت فرمایا - وانزلنا علیکم المن والسلوی ط - اور ہمنے تمپر من وسلوی اوتارا ف شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ من کے بارہ میں عبارات مفسرین مختلف ہیں چنانچہ علی بن ابی طلحہ نے حضرت ابن عباس رض سے روایت کی کہ من ایک چیز تھی جو درختوں پر گرتی تھی اور یہ لوگ صبح کو جاکر جسقدر چاہتے تھے کھاتے تھے مجاہد رح نے فرمایا کہ گویا وہ ایک قسم کا گوند ہے اور عکرمہ نے کہا کہ گاڑھے شیرہ کی شکل میں اوس کی طرح گرتی تھی سدی نے کہا کہ زنجبیل کے درخت پر پڑتی تھی قتادہ رح نے کہا کہ اسی تیہ میں برف کی طرح گرتی تھی جسکا رنگ دودھ سے زیادہ سفید اور مزہ شہد سے زیادہ شیریں تھا وہ طلوع فجر سے طلوع آفتاب تک گرتی جسمیں سے آدمی اسی روز کی قدر کفایت

لے لیتا حتی کہ اگر زیادہ لیتا تو بگڑ جاتی تھی ہان جمعہ کے روز البتہ جمعہ و سنیچر دو روز کے واسطے لیتا تھا جو سنیچر کو نہین بگڑتی تھی کیونکہ سنیچر اونھون نے عبادت کے واسطے اختیار کیا تھا جسمین معیشت کے واسطے نہین اوٹھتے تھے مترجم کہتا ہی کہ شاید اس لائق بھی تھی کہ پانی مین گھول کر پی جاوے چنانچہ ربیع بن انس نے کہا کہ وہ شہد کے مانند تھی جسکو پانی مین گھولکر پیتے تھے لیکن وہب بن منبہ کا قول ہی کہ وہ باریک میدہ کے مانند روٹی تھی اور ابن جریر نے شعبی سے روایت کی کہ یہ تمہارا شہد اوس من کے ستر جزو مین سے ایک جزو ہی شیخ ابن کثیر نے اس مقام پر طرق کثیرہ کے ساتھ یہ حدیث ذکر کر ہی کہ کماۃ بھی منّ مین سے ہی اور اوسکا پانی آنکھ کے واسطے شفا ہی (بخاری مسلم ترمذی نسائی ابن ماجہ وغیرہم) اور حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ مین سے کچھ لوگون نے کہا کہ کماۃ تو زمین کی چیچک ہی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حدیث فرمائی (الترمذی والنسائی) اور حدیث ابوسعید رضی اللہ عنہ مین اسقدر زیادہ ہی کہ عجوہ جنت سے ہی (النسائی) مترجم کہتا ہی کہ مشہور یہ کہ کماۃ یہی ہی جسکو کھنبی یا دھرتی کا پھول کہتے ہین اور حدیث انس رضی اللہ عنہ مین وارد ہی کہ بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے ذہن دوڑایا کہ قولہ تعالے۔ کشجرۃ خبیثۃ اجتثت من فوق الارض مالہا من قرار الآیۃ۔ مین شاید یہی کھنبی مراد ہی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کماۃ تو منّ مین سے ہی اور اسکا پانی آنکھ کے واسطے شفا ہی اور عجوہ جنت سے ہی اور اسمین زہر سے شفا ہی۔ (ابن مردویہ) رہا بیان سلوی تو ابن عطیہ نے کہا کہ مفسرین کا اجماع ہی کہ وہ پرند ہی لیکن مہدوی طبری نے کہا کہ اجماع کا دعوی نہ کرنا چاہیے اسواسطے کہ مورج و جوہری وغیرہ بعض نے کہا کہ وہ شہد ہی مترجم کہتا ہی کہ جن لوگون نے شہد کہا شاید اونھون نے سلوان قریہ کی جانب پر شہد منسوب ہی اوسکو بیان کیا ہی اور آیت مین وہ سلوی مراد ہی جو وہان نازل ہوا پس شاید مفسرین متفق ہون کہ آیت مین سلوی پرند ہی واللہ تعالے اعلم۔ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ سلوی ایک پرند تھا جو مشابہ سماني کے تھا۔ مترجم کہتا ہی کہ سماني مشہور یہ کہ یہی لوا ہی جو بٹیر کی قسم سے ہی اور یہی قول سدی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ و ابن مسعود رضی اللہ عنہ و ایک جماعت صحابہ سے روایت کیا اور ابن ابی حاتم نے بسند جید ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ سلوی یہی سماني ہی اور یہی مجاہد و شعبی و ضحاک و حسن و عکرمہ و ربیع بن انس رحمہم اللہ تعالے سے مروی ہی اور عکرمہ سے دوسری روایت یہ کہ سلوی ایک جنتی پرند سے مشابہ تھا جو گر گر بڑا ہوتا ہی اور قتادہ نے کہا کہ سلوی ایک پرند مائل بسرخی تھا جو ہولے جنوب اونکے پاس لاتی اور آدمی ایک روز کی مقدار اوسمین سے ذبح کر لیتا اور اگر زیادہ رکھتا تو وہ بگڑ جاتا تھا سوائے روز جمعہ کے کہ سنیچر کے واسطے جو کچھ رکھ لیتے وہ نہین بگڑتا تھا۔ وہب بن منبہ نے کہا کہ سلوی ایک پرند ہوتا ہی کہ اوسکا موٹا تازہ کبوتر کے مشابہ ہوتا ہی اور ایک روایت مین وہب نے کہا کہ بنو اسرائیل نے موسی علیہ السلام سے گوشت کی درخواست کی (بعض روایت مین ہی کہ ہم منّ کی شیرینی سے اکتا گئے آپ دعا کرین کہ ہمکو گوشت ملے) تو اللہ تعالے نے فرمایا کہ مین اونکو بہت ہلکا گوشت دونگا (تاکہ اونکے دل نرم ہون) پس اللہ تعالے نے ہوا کو حکم دیا کہ وہ سلوی اونکے مساکن مین اوڑا لائی اور سلوی یہی سماني ہی پس وہ میل در میل طول و عرض مین بچھا دیتی اور ایک نیزہ اونچائی ہوتی تھی اور حکم تھا کہ ایک ہی روز کے واسطے لیوین مگر اونھون نے خیانت کر کے اوسکو جمع کیا تو گوشت سڑنا شروع ہوا۔ مترجم کہتا ہی کہ حدیث شریف مین بھی آیا کہ۔ لولا بنو اسرائیل لم تخنز اللحم یعنے اگر بنی اسرائیل نہوتے تو گوشت گندہ نہوتا (صحیح مسلم) الحاصل اللہ تعالے نے اونکو بغیر محنت و مشقت کے لطیف غذا من و سلوی عنایت فرمائی تاکہ سایۂ غمام مین شکر ادا کرین اور فرمایا۔ كُلُوا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ۔ کھاؤ طیبات رزق سے جو ہمنے تمکو عطا کیا ہی اگر طیبات بمعنے حلالات کے ہے تو تاویل یہ ہوگی کہ سماني کو ذبح کر کے کھاؤ اور مردار نہ کھاؤ یا منّ کو ذخیرہ اور گوشت کو گندہ مت کرو کیونکہ اونکو جو چیز میسر تھی وہ کل حلال تھی یا اضافت بیانیہ ہو یعنے یہ رزق جو ہمنے تمکو عطا کیا کہ وہ حلال ہی اسمین سے کھاؤ اور اگر طیبات بمعنے لذیذ ہی تو اضافت بیانیہ ہی یعنے اس رزق مین سے جو کہ لذیذ ہی کھاؤ بہرحال یہ حکم بطور عبادت نہین ہی بلکہ بطور اباحت و احسان ہی جیسے کوئی شخص اپنے

غلامون کو غذاے لطیف کا ڈھیر دیکر کہے کہ لو عزیز و اس غذاے لطیف سے خوب کھاؤ پھر اوپر معلوم ہوا کہ اونھون نے من و سلوی کا ذخیرہ کرکے برباد کیا جس سے یہ نعمت منقطع ہوگئی جیسا کہ شیخ سیوطی رح نے لکھا یا اونھون نے قدر نہ کی بلکہ گیہون و مسور و لہسن و پیاز وغیرہ مانگا چنانچہ آیندہ آویگا یا بقول شیخ ابن کثیر رح ان لوگون کو شکر کرنے و فرمانبرداری کا حکم تھا انھون نے اوسمین مخالفت کرکے ظلم کیا قال تعالے۔ وَمَا ظَلَمُونَا وَلٰكِنْ كَانُوا أَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝ ۔ اور ہمارا کچھ نقصان نہین کیا بلکہ یہ لوگ اپنی ہی جانون پر ظلم کرتے تھے۔ ف کیونکہ سرکشی نافرمانی کرنیکا وبال انھین پر پڑتا تھا اور نہایت آرام سے جو غذا اونکو ملتی تھی اوسکو چھوڑکر گیہون جو مسور و پیاز وغیرہ کے واسطے محنت کرکے تکلیف اوٹھانا اونھین پر لازم آیا۔ ابن عباس رض سے روایت ہی کہ اللہ تعالے نے جو لباس اونکو عطا فرمایا اوسمین واضح کرامت دیدی کہ وہ پھٹتا نہ تھا اور نہ میلا ہوتا تھا اور بچون کے بدن کے موافق بڑھتا جاتا تھا۔ پانی کا بیان تو سدی رح کی روایت مین ہی کہ جب اونھون نے پانی مانگا تو اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو حکم دیا کہ اپنے عصا سے پتھر کو مارو تو اوسمین سے بارہ چشمے جاری ہوے چنانچہ آیندہ انشاء اللہ تعالے یعنے قولہ تعالے واذ استسقی موسی لقومہ۔ کی تفسیر مین اسکا بیان آویگا۔ (تنبیہ) علماء نے فرمایا کہ تیہ کے اندر قید ہونا بنی اسرائیل کے واسطے سرکشی کی سزا تھی اور موسی و ہارون علیہما السلام کے واسطے رحمت تھی اور حدیث صحیح سے ثابت ہی کہ ہارون علیہ السلام نے تیہ مین انتقال فرمایا اور اونکے ایک سال کے بعد موسی علیہ السلام نے بھی انتقال کیا اپنے انتقال کے وقت حضرت موسی علیہ السلام نے دعا کی کہ الٰہی مجکو بیت المقدس سے اسقدر نزدیک کردیا جاوے جتنی مسافت کہ پتھر پھینکنے کی ہوتی ہی یعنے اگر بیت المقدس سے کوہ تین مین پتھر پھینکا جائے تو وہان گرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر مین وہان ہوتا تو اونکی قبر بتلاتا جو سرخ ٹیلے کے پاس ہی۔ (کما فی الصحیح) اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے شب معراج کو جاتے ہوے موسی علیہ السلام کو اپنی قبر مین نماز پڑھتے دیکھا تھا اس سے ظاہر ہوتا ہی کہ وہ ٹیلہ بیت المقدس سے مدینہ کی جانب واقع ہی پھر اس میعاد کے اندر بنی اسرائیل مین سے بھی سب وہ لوگ مرگئے جنکی عمر بیس برس سے زیادہ تھی اور باقی نوجوان بچے رہگئے جن پر حضرت یوشع علیہ السلام پیغمبر ہوے جنھون نے اونکو ساتھ لیکر کفار عمالقہ پر جہاد کیا یہانتک کہ اونکو بالکل برباد کردیا کیونکہ اوسوقت جہاد مین یہ حکم تھا کہ بعد فتح کے کفار یا تو ایمان لاوین ورنہ بالکل قتل کردیے جاوین چنانچہ انبیاء بنی اسرائیل مین یہ حکم توریت دو ہزار برس تک برابر جاری رہا پھر جب حضرت عیسی علیہ السلام پیغمبر ہوے تو منجملہ اون احکام کے جو انجیل مین منسوخ کیے گئے یہ حکم جہاد بھی ہی اور باقی احکام توریت بدستور حضرت عیسی علیہ السلام کی شریعت مین بھی جاری رہے (تنبیہ) اونٹ کا گوشت اور دودھ اور چربی و شراب کا حرام ہونا اور جہاد کا فرض ہونا شریعت انجیل مین منسوخ ہوا اگر تعجب ہی کہ موجودہ نصرانی منسوخ ہونے کے معنے نہین جانتے اور قرآن مجید پر بعض احکام منسوخ ہونے کا اعتراض کرتے ہین اور کہتے ہین کہ منسوخ ہونا جائز نہین ہی کیا اللہ تعالے پہلے نہین جانتا تھا جو ایک حکم دیا پھر منسوخ کیا حالانکہ ان نادانون سے کوئی شخص پوچھے کہ توریت تم پر فرض ہی اور کتاب الٰہی مانتے ہو پھر کیا نہین جانتے ہو کہ یہ احکام منسوخ ہوگئے اور بیشک تم نہین جانتے ہو کیونکہ تمکو نسخ کے معنے ہی نہین معلوم ہوے بلکہ نسخ تو عین علم الٰہی کی دلیل ہی جسپر کوئی بات پوشیدہ نہین ہی پس وہ سنے اپنے علم غیب سے جانا کہ یہ حکم جو بالفعل دیا گیا ہی اسکے بعد میری قدرت مین فلان وقت آویگا جب مین بندون کی دوسری حالت قائم کرونگا تو اوسوقت کے واسطے یہ دوسرا حکم ہوگا پس پہلا حکم اوسنے اپنے علم سے ایک مدت تک کے واسطے دیا تھا جب وہ مدت گذری تو دوسرا حکم دیا جو اسکے علم مین سابق سے موجود تھا اور بندون کو اسکی حکمت کبھی ظاہر و کبھی مخفی ہوتی ہی مثلاً عیسی علیہ السلام کی شریعت مین حکم جہاد منسوخ ہونے کی بعض حکمت یہ ظاہر ہی کہ نبوت عیسی علیہ السلام صرف بنو اسرائیل سے مخصوص تھی اور وہ لوگ معنی نبوت سے خوب واقف تھے تو انپر جہاد کی کوئی

ضرورت نہ تھی اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے بعض انجیل موجودہ مین یہ بشارت موجود ہی کہ جسکا خلاصہ یہ کہ میرے بعد محمود مقدس آویگا جسکی جوتی کا تسمہ باندھنے کی میری لیاقت نہین ہی وہ مختار ہوگا نابکارہ لوگون کو پھٹک کر تلوار سے آگ مین ڈالیگا ۔ ۵ ۔ یہ بشارت خاص محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے قطعًا ظاہر ہی کہ عرب کی جوتیان تسمہ دار ہوتی ہین اور آپ محمد محمود و مختار ہین کہ جہاد سے آپ نے نابکار کفار کو فنا کیا ۔ والحمد للہ رب العالمین ۔ (تنبیہ) جب معلوم ہوچکا کہ حضرت موسیٰ و ہارون علیہما السلام نے تیہ مذکور مین انتقال کیا تو ظاہر ہوا کہ جب بنی اسرائیل نے من و سلوی جمع کرکے ناشکری کی تو اس ناشکری پر من و سلوی کا آنا موقوف نہین ہوا تھا جیسا کہ شیخ سیوطی رح نے گمان کیا ہی کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا ۔ واذ قلتم یا موسیٰ لن نصبر علی طعام واحد الآیۃ ۔ چنانچہ عنقریب اسکی تفسیر مین ظاہر ہوگا کہ اونھون نے اپنی خواہش سے من و سلوی کی تبدیل چاہی تھی حتی کہ اونکو مصر یعنے ایک شہر مین جانیکا حکم ہوا جہان اونکو من و سلوی موقوف ہوا اونکی خواہش کی چیزین مسور و جو و پیاز وغیرہ ملینگی اور چونکہ یہ خطاب موسیٰ علیہ السلام کو ہی تو یہ بھی معلوم ہوا کہ وہ شہر بیت المقدس کے قریب نہین تھا کیونکہ بیت المقدس مین یہ لوگ بعد موسیٰ علیہ السلام کے داخل ہوے ہین اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ مصر مذکور اسی تیہ کے احاطہ مین تھا بشرطیکہ تیہ مذکور سے نکلنے کی اجازت ہو اور شاید کہ مصر سے ملک معروف مراد ہو تو ثابت ہوگا کہ پھر یہ لوگ بیت المقدس و شام سے محروم کرکے مصر کو واپس بھیجے گئے لیکن یہ بات صحیح نہین ہی کیونکہ جب موسیٰ علیہ السلام کا انتقال اسی جنگل مین ہوا تو صحیح یہی ٹھہرا کہ شہر مذکور بھی اسی جنگل کے احاطہ مین تھا اور یہ تحقیق یاد رکھنا چاہیے تاکہ آیندہ تفسیر آیات مین تحقیقی مدد حاصل ہو واللہ تعالے الموفق والحمد للہ رب العالمین بالجملہ اس تیہ مذکور مین گرفتار کرکے بنی اسرائیل کو عجائب آیات قدرت دکھلائین اور اونکا یقین معرفت الٰہی ان دلائل قدرت سے کامل ٹھیک کردیا تھا باوجود اسکے اونھون نے آیندہ بعض نافرمانیان کین اسیواسطے شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ بنو اسرائیل نے مصر مین بمقابلہ فرعون کے عجائب آیات قدرت کا معائنہ کیا اور نجات بحر قلزم و غرق فرعون مین غرائب معجزات دیکھے اور تیہ مذکور مین طرح طرح کی کرامات مشاہدہ کین باوجود اسکے یقین باطن مین تزلزل ہو جاتا تھا اور یہین سے سرور عالم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کی فضیلت دیگر انبیاء کے اصحاب پر ظاہر ہی کیونکہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے ساتھ جہاد کی خطرات و قلیل جماعت سے بہت کثیر مشرکین پر جہادات کرتے حالانکہ بھوک پیاس کی شدائد و تکلیفات اوٹھاتے مگر کمال معرفت و یقین مین اسقدر مرتبہ عالی رکھتے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جناب مین تعنت و سرکشی در کنار کبھی خلاف ادب بھی نہین کیا بلکہ کبھی بدون آپکی مرضی کے کوئی سوال بھی نہین کیا چنانچہ غزوۂ تبوک مین باوجود سخت گرمی و محتاجی قحط و سفر دور دراز کے ساتھ حاضر رہے حالانکہ جب طعام کے سخت محتاج تھے حتی کہ ایک چھوہارہ کئی آدمی باری باری سے اپنے منھ مین چوستے تھے کبھی طعام کا سوال نکیا حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی اپنی زبان مبارک سے سب کے زاد راہ طلب فرمائے اور اس لشکر نے جب وہ جمع کیے تو صرف ایک گز کے درمیان جمع ہوے جتنی وسعت مین ایک بکری بیٹھ جاتی ہی پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ چاہی دعا فرمائی اور ایک چادر سے ڈھنک دیا کہ اوسکے نیچے سے یہ لوگ اپنے اپنے تھیلے و ظروف بھر لے گئے اور پانی کے سخت محتاج ہوے تو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ہی ایک لوٹا طلب فرمایا جسمین چند قطرات پانی تھا پھر اوسکے منھ پر اپنا مبارک ہاتھ رکھکر جھکایا کہ لشکر والون نے اوس سے وضو کیا اور اپنی اپنی مشکین بھر لے گئے حتی کہ جانورون کو بھی سیراب کیا ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ کمال معرفت برکت کمال نبوت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تھی کہ آپ کے دیدار مبارک سے جو نور ایمان اونکے قلوب مین آتا تھا بکمال قبولیت و رحمت الٰہی عزوجل اسقدر کامل تھا کہ ہزارون برس کی طاعت و عبادت کے ساتھ بھی کسی زمانہ مین ممکن نہین وذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم اور کیون نہو کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم افضل الخلق محبوب رب العالمین صلوٰۃ الانبیاء والمرسلین

خیر الخلق اجمعین ہین تو آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم بھی تمام پیغمبرون کے اصحاب سے افضل ہین اسطرح آپ کی حقیقی امتی بھی دیگر انبیا علیہم السلام کی حقیقی امتیون سے زائد ہونگے بلکہ بجمیع انبیا کی مجموعہ امتون سے سہ چند زائد ہونگے والحمد للہ رب العالمین - پھر اللہ تعالے نے موجودہ یہودیون کی تہدید کے واسطے انکے بزرگون کی نافرمانی پر جو عذاب کیا وہ بھی یاد دلایا تاکہ انعام و تہدید دونون سے انکو تنبیہ کی جاوے کہ اگر یہ لوگ توبیت کا عہد ترک کرکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہ لاوینگے تو قیامت تک انپر غضب الٰہی کی حجت پوری ہوگی -

وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا وَّادْخُلُوا

اور جب کہا ہمنے داخل ہو اس شہر مین اور کھاتے پھرو اوس مین جہان چاہو فراوان ہوکر اور داخل ہو

الْبَابَ سُجَّدًا وَّقُوْلُوْا حِطَّةٌ نَّغْفِرْ لَكُمْ خَطٰيٰكُمْ وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

دروازے مین سجدہ کرکر اور کہو گناہ اوترے تو بخشین ہم تمکو تقصیرین تمہاری اور زیادہ بھی دینگے نیکی والون کو

فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ فَاَنْزَلْنَا عَلَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا

پھر بدل لی بے انصافون نے بات سوائے اوسکے جو کہہ دی تھی پھر اوتارا ہمنے بے انصافون پر

رِجْزًا مِّنَ السَّمَآءِ بِمَا كَانُوْا يَفْسُقُوْنَ ۝

عذاب آسمان سے اونکی بے حکمی پر

شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ قریہ سے بقول صحیح ایلیا بیت المقدس مراد ہی اور لکھا کہ جب بنی اسرائیل ملک مصر سے موسی علیہ السلام کے ساتھ نکلے اور اونکو ملک شام مین جو زمین مقدس میراث یعقوب علیہ السلام ہی داخل ہونیکا حکم ہوا کہ عمالقہ پر جہاد کرکے اونکو مسلمان کرین یا نکالین یا قتل کرڈالین اور خود ملک شام مین داخل ہوکر آباد ہون مگر اونھون نے نامردی کی حتی کہ ایک مدت تک جنگل مین پھنسے رہے اور اسی جنگل مین بنی اسرائیل کے بوڑھے لوگ مع موسی و ہارون علیہما السلام کے انتقال کرگئے اور بعد موسی علیہ السلام کے یوشع علیہ السلام پیغمبر ہوئے تو اونھون نے بعد چالیس سال کے تیہ سے نکلکر بنی اسرائیل کے نوجوان تقیہ جماعت لیکر عمالقہ پر جہاد کیا اور اللہ تعالے نے فتح دی حتی کہ اونھون نے جمعہ کے روز قریب غروب آفتاب کے ایلیا بیت المقدس کو فتح کیا اور اسی مقام پر آفتاب غروب ہوا جاتا تھا اور سنیچر کا دن داخل ہونے کا خوف تھا حتی کہ یوشع علیہ السلام نے دعا کی اور آفتاب ٹھہر گیا تاکہ فتح پوری ہوگئی اور اونھون نے جماعت عمالقہ کو قتل کرڈالا پھر آفتاب غروب ہوا اور بنی اسرائیل کو حکم ہوا کہ تعظیم کے ساتھ اس قریہ مین داخل ہون چنانچہ فرمایا - وَاِذْ قُلْنَا ادْخُلُوْا هٰذِهِ الْقَرْيَةَ - اور جب ہمنے حکم دیا کہ تم لوگ اس قریہ مین داخل ہو - فَكُلُوْا مِنْهَا حَيْثُ شِئْتُمْ رَغَدًا - پس یہانسے جو کچھ چاہو وسعت کے ساتھ کھاؤ - ف یعنے تم پر کچھ ممانعت نہین ہی یہان ہر طرح کے اناج و میوہ جات کثیرہ تمہارے واسطے مباح ہین - وَادْخُلُوا الْبَابَ سُجَّدًا - اور داخل ہو دروازے مین درحالیکہ تم سجدہ کرتے ہوے ہو - ف یعنے رکوع کی طرح جھکے ہوے ہو یہی عوفی و سعید بن جبیر نے ابن عباس رض سے روایت کی (ابن جریر و ابن ابی حاتم و الحاکم) اور یہ مجاز متعین ہی اسواسطے کہ سجدہ کی حالت مین چلنا ممکن نہین ہوتا بلکہ سجدہ کا اطلاق دونون معنے پر آتا ہی یعنے جھک جانیکو بھی سجدہ کہتے ہین اور سر زمین پر رکھنے کو بھی سجدہ کہتے ہین گویا ابتدا سجدہ جھکنا اور انتہا سجدہ زمین پر سر رکھ دینا ہی اسیواسطے جب ہماری شریعت مین سوائے اللہ تعالے کے غیر کے واسطے بطور تکریم بھی سجدہ حرام ہی تو سلام کی حالت مین جھکنا بھی ممنوع ہی جیسا کہ حدیث مین مصرح ہی پس یہان سجدہ کے یہی معنے متعین ہین جسکے ساتھ

پہلنا ممکن ہو حاصل یہ کہ اونکو حکم دیا گیا تھا کہ ملک شام فتح ہونے پر اللہ تعالیٰ کا شکر کرو اس طرح کہ قصبۂ بیت المقدس کی جانب باب ایلیا سے داخل ہوتے وقت اللہ تعالیٰ کے لیے رکوع کرتے ہوئے جاؤ وَقُوْلُوْا حِطَّةٌ۔ اور کہتے جاؤ حِطَّةٌ۔ ف یعنے الٰہی ہم سے ہمارے گناہ حط فرما۔ یہی قول حسن و قتادہ ہی اور ابن عباس رضؓ نے کہا کہ حطۃ یعنے مغفرۃ۔ مترجم کہتا ہی کہ اسکا بھی یہی حاصل ہی یعنے اللہ تعالیٰ نے اونکو حکم دیا کہ سجدہ کرتے ہوئے یہ کہتے جاؤ کہ الٰہی ہمارے خطایا سے حط فرما یعنے مغفرت فرما۔ نَغْفِرْ لَكُمْ خَطَايَاكُمْ۔ تو ہم تمہاری خطائین بخشدینگے وَسَنَزِيْدُ الْمُحْسِنِيْنَ۔ اور محسنین کے واسطے ہم مزید فرماوینگے۔ ف یہان دو معنے ہین اول یہ کہ جو لوگ تم مین سے مرتبہ احسان پر پہونچے ہین یعنے اونکی خلوص عبادت بسزائے کشف و مشاہدہ ہی جیسا کہ صحیحین کی حدیث ابن عمر رضی اللہ عنہما مین مرتبۂ احسان کے یہ معنے منصوص ہین تو حاصل یہ ہوگا کہ جو لوگ تم مین سے مرتبۂ احسان پر پہونچے ہین اونکے خلوص و صفائے نیت پر ثواب مزید و کشف جمیل عطا ہوگا۔ دوم یہ کہ محسنین نیکوکار کے معنے مین ہون تو اونکے واسطے ترغیب دی گئی کہ جب تم لوگ اس حکم کی فرمانبرداری کروگے کہ سجدہ کرتے ہوئے حطۃ کہتے ہوئے داخل ہو تو تم لوگ محسنین ہوجاؤگے اور ہم ایسے محسنین کے واسطے مزید فرمائینگے کیونکہ حکم قولہ تعالیٰ لئن شکرتم لازیدنکم۔ ہر شکر گذار کے واسطے اللہ تعالیٰ نعمتون مین زیادتی فرماتا ہی خصوص جبکہ یہ لوگ گناہون سے پاک ہوگئے تو انکے اعمال کا ثواب بڑھ گیا پس اونکو وعدہ فرمایا کہ تمہاری اس شکر گذاری پر تمہارے واسطے ثواب جمیل فتوحات دیگر حاصل ہونگے اسیواسطے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فتوحات حاصل ہوتی تھین تو جناب الٰہی عزوجل مین آپکا خضوع و خشوع بڑھتا جاتا تھا چنانچہ سورۂ اذا جاء نصر اللہ والفتح۔ مین بھی تسبیح و استغفار کا حکم ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے روز بھی غسل فرماکر آٹھ رکعت نماز پڑھین۔ بعضے کہتے ہین کہ یہ نماز چاشت تھی اور بعضے کہتے ہین کہ نہین بلکہ نماز فتح تھی و یہی راجح معلوم ہوتا ہی اسیواسطے ان علماء کے نزدیک مستحب ہی کہ جب سلطان کسی ملک کو فتح کرے تو داخل ہوتے ہی آٹھ رکعت شکرانۂ فتح ادا کرے چنانچہ حضرت سعد بن ابی وقاص نے جب دار السلطنت کسریٰ کو فتح کیا تو آٹھ رکعت نماز شکرانہ پڑھی و امام ابن کثیر نے کہا کہ صحیح یہ ہی کہ ہر دو رکعت کے درمیان سلام پھیرے اور بعض کے نزدیک کل یہ الامر الذی امر بہ الذین من بنی اسرائیل کو بطور شکرانہ یون حکم دیا تھا کہ بیت المقدس مین داخل ہوتے وقت تعظیم کی صورت مین رکوع کرتے ہوئے اور زبان سے حطۃ کہتے ہوئے داخل ہون تاکہ ہم اونکی خطائین معاف کرین اور اونکے حق مین نعمت زیادہ کرین لیکن اونکو بجائے مغفرت و ثواب کے گیہون وغیرہ کی خواہش زیادہ تھی۔ مترجم کہتا ہی کہ ایسا معلوم ہوتا ہی کہ شاید جنگل سے جب آبادی مین بھی بھیجے گئے تو بھی وہان گیہون وغیرہ نہین ملے تھے کیونکہ اونھون نے مسور و لہسن و پیاز وغیرہ مانگا اور من و سلوی کو اوس سے مبادلہ کرلیا تو شاید گیہون وغیرہ ممنوع ہو جسکی خواہش بڑھی ہوئی تھی کہ بجائے مغفرت کے اوسکو مانگنے لگے کما قال تعالیٰ۔ فَبَدَّلَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا قَوْلًا غَيْرَ الَّذِيْ قِيْلَ لَهُمْ۔ پس بدل ڈالا اون لوگون نے جنھون نے اپنی جانون پر ظلم کیا تھا بات کو سوائے اوسکے جو اونسے کہی گئی تھی۔ ف یعنے اونسے سجدہ کرتے ہوئے حطۃ کی درخواست کرنے کو کہا گیا تھا سو اونھون نے اوسکو بدل ڈالا چنانچہ حدیث ابوہریرہ و ابن عباس رضی اللہ عنہما مین ہی کہ بیٹھکر چوتڑون کے بل کھسکتے ہوئے اور حبۃ فی شعرۃ کہتے تھے (بخاری و ترمذی نسائی ابوداؤد) براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے کہا کہ سفہاء الناس یہ یہودی ہین کہ اونسے کہا گیا تھا کہ اس دروازے مین سجدہ کرتے ہوئے یعنے بحالت رکوع داخل ہو اور حطۃ یعنے مغفرۃ کہو مگر یہ لوگ چوتڑون کے بل کھسکتے چلے اور بجائے حطۃ کے حنطہ نے شعیرہ کہتے تھے یعنے سرخ گیہون ملین جنمین جو ملے ہون۔ مترجم کہتا ہی کہ زبان عبرانی زبان عرب سے بہت مشابہ ہی چنانچہ عبرانی مین حطہ یعنے حط و مغفرت ہی جیسے عربی مین یہی معنے لیے جاتے ہین اور جیسے عربی مین گیہون کو حنطہ کہتے ہین ویسے ہی عبرانی مین کہتے ہین اور یہی تفسیر جماعت صحابہ

سلم
انتہی بالفاظہ من صحیح مسلم
سقط من الناسخ ما بین القوسین

تابعین سے مروی ہی پس جب اونھون نے ایسے مقام تعظیم مین ایسی بے ادبی کی تو اللہ تعالے نے اونکو فوراً سزا دی چنانچہ فرمایا۔ فَأَنزَلْنَا عَلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا رِجْزًا مِّنَ السَّمَاءِ بِمَا كَانُوا يَفْسُقُونَ ۝ پس ہمنے نازل کیا اون لوگون پر جنھون نے ظلم کیا تھا آسمان سے رجز بوجہ اونکے فسق کرنے کے۔ ف یعنے فرمان سے باہر ہوکر یہ لوگ ظالم ہوے تو ہمنے ان لوگون پر آسمان سے رجز یعنے عذاب اوتارا اور یہ طاعون تھا سیوطی رح نے لکھا کہ اس طاعون مین ستر ہزار یا کم ہلاک ہوے نووی نے لکھا کہ طاعون ہر ایسی وبا کو کہتے ہین جو عادتی امراض کے خلاف ہو اور اوسمین بہت سے لوگ مبتلا ہوجاوین مترجم کہتا ہی کہ طاعون عمواس جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت مین ملک شام مین پھیلا تھا وہ ایک انہ مٹر برابر نکلتا تھا جسمین نہایت شدت سے سوزش والتہاب ہوتا تھا اور کبھی اوسکا گرد سیاہ پڑجاتا تھا اور وہ قاتل ہی۔ اور حدیث سعد بن مالک و اسامہ بن زید و خزیمہ بن ثابت مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ طاعون ایک رجز عذاب ہی جسکے ذریعہ سے تمسے اگلے لوگون کو سزا دیگئی ہی (الصحیحین وغیرہ) اور حدیث حبیب بن ثابت مین ہی کہ جب تم کسی زمین مین طاعون کی خبر سنو تو وہان مت جاؤ اور اگر تم وہان موجود ہو اور اوسوقت یہ طاعون پھیلے تو وہان سے بوجہ طاعون کے مت نکلو (کما فی الصحیحین) علماء نے لکھا کہ شاید شیطان وسوسہ ڈالویگا کہ وہ نکلنے سے بچ گیا یا وہان آنے سے مبتلا ہوگیا حالانکہ انکار تقدیر کفر ہی۔ اور حدیث صحیح سے ثابت ہی کہ کوئی مرض متعدی نہین ہوتا ہی اور یہی حق صحیح ہی امام نووی نے لکھا کہ احادیث دیگر سے ثابت ہی کہ اللہ تعالے نے طاعون کو اس امت کے واسطے رحمت کردیا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ امام ابو اسمعیل الازدی نے فتوح الشام مین بسند صحیح اسکو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اور یہی حق صریح ہی۔ (تنبیہ) ہان یہ امر یاد رکھنا چاہیے کہ اللہ تعالے نے اس جسم کے ساتھ تصوری خواص کا دخل مقدر فرمایا ہی چنانچہ جزم و دہشت کے ساتھ جو تصور انسان پر طاری ہوجائیگا بتقدیر الٰہی جسم مین وہی حالت پیدا ہونے لگتی ہی اور اطباء محققین بھی اسی پر متفق ہین حتی کہ اگر ایک شخص تندرست کو یہ خوف بیٹھ جائے کہ اوسکو دق ہوگئی ہی تو آخر اوسکو دق ہوجائیگی اور چاند گہن کے وقت اگر حاملہ عورت کو کٹا ہوا چاند دیکھکر خوف بیٹھ جائے تو کمزور حمل پر اسکا اثر طاری ہوگا حتی کہ اوسکے اطراف مین سے کوئی عضو مقطوع ہوگا اور اگر سفید کبوتر کے انڈے کو سیاہی لگا دین اور اوسکے سامنے سیاہ کبوتر کی شکل بنا دین کہ سیتے وقت برابر اوسکی نگاہ پڑتی رہے تو بچہ مین اثر ہوجاتا ہی اسیواسطے جذامی سے دور رہنے کا حکم ہی کہ اوسکا خوف و تصور بیٹھ جاتا ہی اور علی ہذا کل امراض مین یہی حکم ہی واللہ تعالے اعلم بالصواب اور پارہ بستم مین قصہ موسی علیہ السلام مین یہ اثر مدلل مذکور ہی بالجملہ اللہ تعالے یہودیونکو یاد دلاتا ہی کہ اللہ تعالے کی نعمتون پر بیوقوفی سے ناشکری کرنا اونکا شیوۂ قدیم ہی جیسے تیہ مذکور مین اونکو دھوپ سے سایہ اور رات مین دھنسی اور تن کا کپڑا اور کھانے مین من وسلوی دیا آخر اونھون نے ناشکری کی چنانچہ جس طرح اونکو پانی دیا وہ معجزہ بیان کرنے کے ساتھ اونکی ناشکری بھی بیان فرمائی بقولہ تعالے

وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ فَقُلْنَا اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۖ فَانفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا

اور جب پانی مانگا موسی نے اپنی قوم کے واسطے تو کہا ہمنے مار اپنے عصا سے پتھر کو پھر بہ نکلے اوس سے

عَشْرَةَ عَيْنًا ۖ قَدْ عَلِمَ كُلُّ أُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ۖ كُلُوا وَاشْرَبُوا مِن رِّزْقِ اللَّهِ

بارہ چشمے پہچان لیا ہر قوم نے اپنا گھاٹ کھاؤ اور پیو روزی اللہ کی

وَلَا تَعْثَوْا فِي الْأَرْضِ مُفْسِدِينَ ۝ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نَّصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ

اور نہ پھرو ملک مین فساد مچاتے اور جب کہا تمنے ای موسی ہم نہ ٹھہرینگے ایک کھانے پر

وَاحِدٍ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنْبِتُ الْأَرْضُ مِنْ بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا

سو پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو نکال دے ہمکو جو اوگتا ہی زمین سے زمین کا ساگ اور ککڑی اور گیہون

وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا ۖ قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ ۚ اهْبِطُوا

اور مسور اور پیاز بولا کیا تم لیا چاہتے ہو ایک چیز جو ادنی ہی بدلے ایک چیز کے جو بہتر ہی اترو

مِصْرًا فَإِنَّ لَكُمْ مَا سَأَلْتُمْ ۗ

کسی شہر مین تو تمکو ملے جو مانگتے ہو

واضح ہو کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے بارہ بیٹے تھے اور ہر بیٹے کی نسل کو سبط کہتے پس موسی علیہ السلام کے ساتھ بارہ اسباط تھے عصاے موسی مشہور ہی اور اوسکے بارہ مین اسرائیلی روایات ہین شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ بعض روایت مین ہی کہ وہ درخت جنت کا تھا اور اوسکا طول دس ذراع بقدر قامت موسی علیہ السلام کے تھا اور دونون کا ن کیطرح اوسمین دو شعبے تھے جو اندھیرے مین چمکتے تھے اور اوسکا نام علیق تھا سراج و معالم مین کہا کہ یہ ابن عباسؓ کا قول ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ ابن عباسؓ نے بھی اسرائیلی روایات نقل فرمائی ہین اور مقاتل نے نقل کیا کہ اوسکا نام نبقہ تھا اور آدم علیہ السلام اوسکو جنت سے ساتھ لائے تھے اور وہ انبیاء علیہم السلام مین متوارث چلا آتا تھا یہانتک کہ شعیب علیہ السلام کو پہونچا شیخ ابن کثیرؒ نے نقل کیا کہ اس پتھر کی نسبت بھی یہی روایت ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام جنت سے ساتھ لائے تھے اور وہ متوارث ہوکر شعیب علیہ السلام کو پہونچا انھون نے مع عصا کے موسی علیہ السلام کو دیدیا اور بعض روایت مین ہی کہ ایک فرشتہ حضرت شعیب علیہ السلام کو امانت دے گیا تھا اور جب حضرت شعیب اپنی لاٹھیون مین سے موسی علیہ السلام کے دینے کے واسطے ہاتھ ڈالتے تو ہر بار یہی عصا ہاتھ آتا تھا اور بنی اسرائیل سے یہان دیگر روایات بھی ہین جنکی نقل کرنے مین کوئی فائدہ نہین ہی صرف اسقدر یقینی ہی کہ وادی ایمن مین حصول نبوت کے وقت موسی علیہ السلام نے انبساط حق عزوجل کے وقت عرض کیا کہ یہ میرا عصا ہی مین اسپر ٹیک دیتا ہون چنانچہ آخر تک سورۂ طٰہٰ وغیرہ مین انشاء اللہ تعالے آویگا اور اوسی مین اللہ عزوجل نے اژدھا بنانے کا معجزہ رکھا تھا اسی جہت سے وہ عصاے معروف ہوگیا بالجملہ جب تیہ مذکور مین بنی اسرائیل پانی کے محتاج ہوئے تو موسی علیہ السلام سے درخواست کی کہ دعا کرین چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا وَإِذِ اسْتَسْقَىٰ مُوسَىٰ لِقَوْمِهِ ۔ اور یاد کرو جب موسی علیہ السلام نے اپنی قوم کے واسطے پانی مانگا۔ ف یعنے جناب باری تعالے مین التجا کی کہ من وسلوی کی طرح ان بیاسون کو پانی بھی عطا ہو تو اظہار کمال قدرت الٰہی کیا گیا تاکہ ان لوگون کا اعتقاد درست ہو فَقُلْنَا اضْرِب بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ۖ۔ پس ہمنے فرمایا کہ اپنے عصا کے ساتھ پتھر کو مار۔ ف۔ یہ وہی عصا ہی جسکا ذکر اوپر ہوا اور رہا پتھر تو ابن عطیہ نے کہا کہ مفسرین کے نزدیک بلا خلاف مربع پتھر تھا کہ جب موسی علیہ السلام اوسکو مارتے تو اوسکے ہر جانب سے تین چشمے ٹپکنے لگتے تھے اور جب اون لوگون کو پانی کی حاجت پوری ہو جاتی تو خشک ہو جاتے تھے زمخشری نے بعد اس روایت کے زیادہ کیا کہ بنی اسرائیل آپسمین کہنے لگے کہ اگر یہ پتھر گم ہو جائے تو ہم لوگ پیاسے مرنے لگین پس اللہ عزوجل نے وحی فرمائی کہ صرف پتھر سے کلام کرین اور عصا نہ ماریں تاکہ ان لوگون کو سمجھ حاصل ہو یون ہی ابن کثیرؒ کے نسخے مین مذکور ہی اور مترجم کہتا ہی کہ شاید صحیح عبارت یہ ہی کہ بنی اسرائیل آپسمین کہنے لگے کہ اگر یہ عصا گم ہو جاوے تو ہم لوگ پیاسے مرنے لگین اور شاید کہ وحی مین یہ ہو کہ ہر ایک پتھر سے کلام کرین کہ پانی نکلیگا تاکہ ان لوگون کو معلوم ہو کہ یہان نہ عصا کی ضرورت ہی اور نہ کسی پتھر کی خصوصیت ہی اور زمخشری نے لکھا کہ حسن

بصری سے روایت ہی کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام جس پتھر کو چاہتے مارتے کسی پتھر کی خصوصیت نہ تھی اور کہا کہ یہ امر بنظر کمال معجزہ مناسب ہی اور اسمین اظہار قدرت زائد ہی پس اس تقدیر پر معنے یہ ہوے کہ ای موسیٰ اپنے عصا سے کسی پتھر کو مار پس الحجر مین الف لام جنس ہی اور اسرائیلی روایات سے ظاہر ہوتا ہی کہ الف لام معرفہ ہی یعنے وہ پتھر معین تھا چنانچہ حدیث الفتون مین ابن عباس رض سے منقول ہی کہ لشکر بنی اسرائیل کے درمیان ایک مربع پتھر رکھدیا گیا تھا اور موسیٰ علیہ السلام کو حکم ہوا کہ اسی پتھر کو مارین کہ اسکے ہر طرف سے تین چشمے ٹپکنے لگے اور بارہ اسباط مین سے ہر سبط کو جس چشمے سے اوسکو پانی ملنا چاہیے بتلا دیا گیا (نسائی و ابن جریر و ابن ابی حاتم) اور عطیۃ العوفی نے کہا کہ اونکے واسطے ایک پتھر بیل کے سر برابر معین کر دیا گیا تھا کہ اوسکو اپنے ساتھ رکھتے تھے جب کسی منزل مین اوترتے تو موسیٰ علیہ السلام کے عصا مارنے سے وسمین سے بارہ چشمے جاری ہوتے تھے پھر جب اس منزل سے روانہ ہوتے تو پانی خشک ہو جاتا اور اوسکو لادکر ساتھ لیجاتے۔ عطاء خراسانی نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کے ساتھ ایک پتھر تھا جو ہارون علیہ السلام کی حفاظت مین رہتا تھا جب پانی کی ضرورت ہوتی تو موسیٰ علیہ السلام اوسمین عصا مارتے تھے اور حضرت قتادہ رح نے فرمایا کہ یہ پتھر کوہ طور سے تھا۔ مترجم کہتا ہی کہ ان روایات کے موافق ایسا ظاہر ہوتا ہی کہ جب نزول توریت کے بعد جہاد شام کا حکم ہوا تو ان میدانون مین پانی کے اہتمام کے واسطے اللہ تعالے نے اونکو یہ پتھر دیا ہو لیکن ظاہر سیاق کلام اس امر کو مقتضی ہی کہ یہ معمولی بات نہ تھی بلکہ جب اس جنگل مین پھنسے اور پانی کے محتاج ہوے تو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ابتدائی درخواست فرمائی واللہ تعالے اعلم اور بعض نے کہا کہ یہ وہی پتھر ہی جسکے ذریعہ سے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے بنی اسرائیل کی بدگمانی دور کیگئی تھی جسکا بیان قولہ تعالے۔ فبراہ اللہ مما قالوا و کان عند اللہ وجیہا الآیۃ۔ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے آویگا اور یہان سے ایک تنبیہ یاد رکھنا چاہیے کہ اس پتھر کا واقعہ زمانۂ قیام مصر مین ہوا اگر یہ وہی پتھر ہو کیونکہ تیہ مذکور ہین موسیٰ علیہ السلام نے انتقال فرمایا فاحفظہ۔ زمخشری نے نقل کیا کہ جب موسیٰ علیہ السلام اس پتھر کو مارتے تو پانی جاری ہوتا تھا اور جب پانی کی ضرورت نہوتی تو آپ پھر عصا مارتے کہ وہ خشک ہو جاتا تھا و اللہ تعالے اعلم۔ مترجم کہتا ہی کہ اس صورت مین اظہار قدرت کی تکمیل زائد ہی کیونکہ اوسی سے پانی جاری ہوا اور اوسی سے منقطع ہوا تو یہ محض قدرت الٰہی عزوجل ہی الحاصل جب موسیٰ علیہ السلام نے پانی کی درخواست کی تو اللہ تعالے نے حکم کیا کہ اپنے عصا کو پتھر پر ماریں پس موسیٰ علیہ السلام نے حکم کی تعمیل فرمائی اور پتھر کو عصا مارا۔ بعض نے لکھا کہ بارہ دفعہ مارا جیسا کہ سراج مین عطاء سے منقول ہی۔ فَانْۢبَجَسَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ط۔ پس یہ نکلے اوسمین سے بارہ چشمے۔ ق اور سورۂ اعراف مین۔ فَانْۢبَجَسَتْ۔ ہی جسکے معنے یہ ہین کہ پسیج کر ٹپکنے لگے۔ زمخشری و امام ابن کثیر و خطیب و غیرہ نے لکھا کہ اسکے معنے یہ ہین کہ پہلے اوسمین سے ٹپکنا شروع ہوتے پھر کثرت ہوکر روان ہو جاتے اسپر اسطے خطیب و غیرہ نے لکھا کہ اوفق یہ ہی کہ یہ چشمے روان ہوکر ہر سبط بنی اسرائیل کے یہان پہونچتے تھے جس سے ہر سبط کو اپنا چشمہ معلوم ہو جاتا تھا چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ قَدْ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشْرَبَهُمْ ط پہچان لیا ہر گروہ نے اپنا گھاٹ۔ ف یعنے ہر سبط بنی اسرائیل کو اپنا چشمہ بخوبی معلوم ہو گیا جہان سے وہ پانی لیوین۔ اظہار ہو گیا کہ اونکو کھانا کپڑا پانی سایہ روشنی سب اپنے فضل سے عنایت فرمائین اور ارشاد فرمایا کہ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا مِنْ رِّزْقِ اللّٰهِ وَلَا تَعْثَوْا فِى الْاَرْضِ مُفْسِدِيْنَ ۝ تم لوگ اللہ تعالے کے رزق سے کھاؤ اور پیو اور مفسد ہوکر زمین مین فساد مت پھیلاؤ ف اور فساد کے اقسام ہین از انجملہ یہ کہ اعتقاد توحید مین وسوسۂ شیطان قبول کرکے مثلاً موسیٰ علیہ السلام سے معبود مقرر کرنے کو کہا اور اعمال مین نافرمانیان کرین مثلاً احکام توریت قبول کرنے سے انکار کیا یا جہاد سے پہلوتہی کی اور چونکہ

چالیس برس تک اونپر داخل شام حرام کردیا تھا لہذا اسوقت یہ تاکید نہین فرمائی کہ جاؤ جہاد کرو (تنبیہ) اضرب بعصاک الحجر۔ حکم بصیغہ امر ہی اور۔ فانفجرت۔ بفار تعقیب فعل موسی علیہ السلام پر ہی یعنے فضرب فانفجرت یعنے حکم کے موافق موسی علیہ السلام نے پتھر کو مارا پس چشمے جاری ہوے اور بعینہ اسکی نظیر قولہ تعالے۔ اضرب بعصاک البحر فانفلق الآیۃ۔ واقع ہوئی ہی یعنے اپنے عصا کے ساتھ سمندر کو مارا پس موسی علیہ السلام نے مارا تو وہ پھٹ گیا قولہ۔ تعثوا۔ مشتق از عثی بمعنے فساد کرنا تو۔ لاتعثوا۔ کے معنے تم فساد مت کرو پس قولہ مفسدین بطور تاکید کے حال واقع ہی آپ جاننا چاہیے کہ جب بنی اسرائیل نے موسی علیہ السلام کے ساتھ جہاد کرنے مین نافرمانی کی تو اللہ تعالے نے اونکو ہلاک نہین کیا کیونکہ قدرت الٰہی یہ ہی انکی نسل سے فرمانبردار مومنین مقدر فرمائے تھے پس انکو کھانے پینے کو دیا جو بغیر محنت و مشقت انکو حاصل ہوتا تھا اور جس شخص کو فنائے دنیا و بقائی آخرت کا یقین ہی اوسکو فارغ البال بندگی کرکے درجات کے حاصل کرنے کا بہت اچھا موقع ہی جبکہ فسادی نکرین اور اس نعمت کی قدر نکرنا بھی فساد مین داخل ہی لیکن ان لوگون نے آخر اس پر صبر کیا اور رحمت الٰہی دیکھو کہ اللہ تعالے نے اوسکو بھی معاف فرمایا چنانچہ اس احسان کو یاد دلایا بقولہ تعالے۔ وَإِذْ قُلْتُمْ يَا مُوسَىٰ لَن نَّصْبِرَ عَلَىٰ طَعَامٍ وَاحِدٍ اور یاد کرو جب تمنے کہا اے موسی ہرگز ہم ایک ہی طعام پر صبر نہین کرینگے۔ ف ایک ہی طعام سے اونکی یہ مراد تھی کہ ہر روز ہمکو یہی من و سلوی ملتا ہی اگرچہ درحقیقت یہ دو طعام ہین۔ فَادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُخْرِجْ لَنَا مِمَّا تُنبِتُ الْأَرْضُ مِن بَقْلِهَا وَقِثَّائِهَا وَفُومِهَا وَعَدَسِهَا وَبَصَلِهَا۔ سو پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو کہ نکال دے ہمکو جو اوگتا ہی زمین سے زمین کا ساگ اور ککڑی اور گیہون اور مسور اور پیاز۔ ف۔ ابن مسعود رض کی قرارت مین بجاے فوم کے ثوم واقع ہوا یعنے لہسن اور ابن عباس و مجاہد و ربیع بن انس و سعید بن جبیر نے کہا کہ فوم بمعنی لہسن ہی اور دیگر مفسرین نے کہا کہ فوم بمعنی گیہون ہی اور یہی ابن عباس سے دوسری روایت ہی اور ابن عباس رض نے کہا کہ یہی بنی ہاشم کی زبان ہی اور جوہری نے صحاح لغت مین یہی معنے لکھے ہین پس یہ کل قریش کی زبان ہی اور قرطبی نے عطاء و قتادہ سے نقل کیا کہ فوم ہر ایسے اناج کو کہتے ہین جس سے روٹی پکائی جاوے حسن بصری رح نے فرمایا کہ ان لوگون نے نعمت الٰہی کی ناشکری کی اور جس لائق تھے وہی چیزین مانگین مترجم کہتا ہی کہ ان چیزون کو جسم خاکی و زبان کے مزے مین دخل ہی تو یہ لوگ لطافت نورانیت کی بنسبت مادی کدورت کی جانب زیادہ میل کرتے تھے واللہ تعالے اعلم اور من و سلوی مین حلواء کی لطافت مناسب نورانیت ہی بدلیل آنکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حلاوت کو زیادہ پسند فرمایا ہی چنانچہ حدیث مین ہی کہ آپ حلواء و شہد کو پسند فرماتے تھے (بعض اصحاح) اور سلوی لطیف گوشت پرندہی سیواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دست کا گوشت زیادہ پسند فرماتے تھے اور حضرت ام المومنین عائشہ رض نے بیان فرمایا کہ آپکی پسندیدہ گوشت ذراع کو صرف اسوجہ سے تھی کہ وہ لطیف ہوتا ہی اور جلد گل جاتا اور ہضم ہو جاتا ہی (کما فی الصحیح) پس اونھون نے اشرف کو چھوڑکر ادنی کو اختیار کیا لہذا حضرت موسی علیہ السلام نے انکی اس پسند پر انکار فرمایا۔ قَالَ أَتَسْتَبْدِلُونَ الَّذِي هُوَ أَدْنَىٰ بِالَّذِي هُوَ خَيْرٌ ط۔ کہا کیا تم لیا چاہتے ہو ایسی چیز کو جو ادنی ہی بدلے ایسی چیز کے جو بہتر ہی۔ ف یعنے موسی علیہ السلام نے اونکی رائے کا عیب اونکو بتلایا کہ تم لطیف بابرکت رزق الٰہی کو جو بے محنت و مشقت تمکو ملتا ہی جسکے ساتھ تم ہر طرح درجات آخرت حاصل کرنے کے واسطے فارغ البال ہو اور اوسکا فرہ و لطافت مناسب نورانیت ہی اسکو چھوڑکر ادنی درجہ کی چیزون کو مانگتے ہو جو صرف اسی جسمانی زبان کے مزے سے متعلق ہین حالانکہ یہ جسم عنقریب فانی ہو جائیگا باوجود اسکے حاصل کرنے مین مشقت و تکلیف اوٹھاؤگے اور عبادت سے مجبور رہوگے پس اپنی رائے ناقص سے کیونکر اوسکو پسند کرتے ہو لیکن اونھون نے نہانا اور آخر

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا فرمائی تو حکم الٰہی پہونچا کہ اِهْبِطُوا مِصْرًا فَاِنَّ لَكُمْ مَا سَاَلْتُمْ - اوتروکسی شہر مین تو تمکو ملیگا جو مانگتے ہو - ف - مصر کے اصل معنے شہر کے ہین اور یہ ایک خاص ملک کا بھی نام ہی جہان فرعون حاکم تھا اور وہین سے بنی اسرائیل نکلکر آئے تھے لیکن عربی زبان مین اوسکو ایسے مقام منصوب مین جیسے آیت مین واقع ہوا ہی مصرد دن الصد لکھتے ہین اب دیکھا جاوے کہ آیت کریمہ مین مصر سے کیا مراد ہی یعنے خاص ملک مصر یا بمعنے شہر ہے - شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ جو مصاحف حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم لکھوائے سب مین مصرًا تنوین کے ساتھ بالف لکھا ہوا ہی اور یہی جمہور سلف وخلف کی قرأۃ ہی یعنے قراءات متواترہ بھی اسی پر متفق ہین حتی کہ امام ابن جریر نے کہا کہ اجماع مصاحف کی دلیل سے مین جائز نہین رکھتا ہون کہ کوئی شخص - اہبطوا مصر بغیر الف وتنوین پڑھے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے بھی اسکی تفسیر مین کہا کہ معنے یہ ہین کہ شہرون مین سے کسی شہر مین اوترو (ابن ابی حاتم) اور اسیکے موافق سدی وقتادہ وربیع بن انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہی لیکن ابن جریر نے فرمایا کہ ابی بن کعب وابن مسعود رضی اللہ عنہ کی قرأۃ مین مصر بغیر الف ہی اور ابو العالیہ وعکرمہ سے اور ایک روایت ربیع بن انس سے وارد ہوئی کہ اس سے مراد مصر فرعون ہی پھر ابن جریر نے کہا کہ (مصرًا) بتنوین الف کی صورت مین بھی محتمل ہی کہ مراد مصر فرعون ہو کیونکہ کبھی قرأۃ مین اوسکو تنوین دیدیتے ہین جیسے قواریرا مین قواریرًا کی بھی قرأۃ آئی ہی پھر شیخ ابن جریرؒ نے توقف کیا اور کہا کہ شاید مصر فرعون مراد ہو یا شہر دیگر مراد ہو امام ابن کثیرؒ نے کہا کہ یہ تردد ٹھیک نہین ہی بلکہ حق یہ ہی کہ شہر دیگر مراد ہی جیسے ابن عباس رضی اللہ عنہ وغیرہ نے تفسیر فرمائی ہی کیونکہ موسیٰ علیہ السلام نے اون لوگون سے کہا تھا کہ جو کچھ تم مانگتے ہو یہ کوئی نفیس چیز قابل تردد نہین ہی بلکہ جس کسی شہر مین اوترو ملیگی - مترجم کہتا ہی کہ شیخ ابن کثیرؒ نے جو اختیار کیا کہ سوائے مصر کے دوسرا شہر مقصود ہی تو یہ محل تحقیق ہی چنانچہ معلوم ہوگا اگرچہ شیخ ابن کثیر کے نزدیک راجح یہ کہ بنی اسرائیل پھر مصر مین داخل نہین ہوے گویا استدلال کیا کہ اللہ تعالے نے بسبب نافرمانی کے بنو اسرائیل پر چالیس سال تک زمین مقدس یعنے شام مین داخل ہونا حرام فرمایا اور حدیث صحیح سے یہ بات ثابت ہی کہ موسیٰ وہارون علیہ السلام نے اسی تیہ مذکور مین انتقال فرمایا پس اگر یہان مصر فرعون مراد ہو تو لازم آوے کہ یہ لوگ تیہ مذکور سے نکلکر ملک مصر مین گئے حالانکہ یہ درخواست وقصہ منصوص موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہی اور معلوم ہوگیا کہ موسیٰ علیہ السلام مصر نہین گئے بلکہ اسی تیہ مذکور مین کسی شہر صغیر مین اوترے اور اسکی وجہ یہ ہی کہ یہ تیہ مذکور اپنے مضافات مین بہت سے دیہات وقصبات کو شامل تھا لیکن چھ لاکھ لشکر کثیر اس قابل نہین تھا کہ وہ کسی شہر خاص مین اوتارا جاوے تاکہ وہان دانہ چارہ کا قحط پڑجاوے لہذا وہ لوگ تیہ مین رہے اور مضافات کے دیہات وقصبات سے نزدیک ہوکر ان چیزون کی کاشت وتردد سے یہ غذائین حاصل کین اور اسی تیہ مین موسیٰ وہارون علیہما السلام نے انتقال فرمایا لیکن عند التحقیق ایسا معلوم ہوتا ہی کہ ہلاک فرعون کے بعد بنو اسرائیل ایک مرتبہ ملک مصر مین گئے کیونکہ قصۂ بقرہ وقتیل کا زندہ ہونا ودیگر واقعات اس امر پر دلالت کرتے ہین اگرچہ مصر سے آکر تیہ مذکور مین پھسنے کے بعد مصر کو واپس نہ گئے ہون واللہ تعالے اعلم ف ۲ واضح ہو کہ جس طرح عالم محسوس مین ہر ایک کے مشارب علیحدہ مخصوص ہین مثلاً موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اسباط بنی اسرائیل مین سے ہر ایک نے پانی مین سے اپنا مشرب پہچان لیا تھا اور جیسے افعال واحوال مین ہر ایک کے مشارب ہوتے ہین جیسے کسی کا مشرب تجارت ہی اور کسی کا صناعت ہی اور کوئی شاعری ہی اور کوئی خوشنویسی حتی کہ شاعری مشارب بھی علیحدہ علیحدہ ہوتے ہین چنانچہ اہل فصاحت شعرا مین معروف ہین اسیطرح عالم آخرت مین لوگون کے مشارب علیحدہ علیحدہ ہوتے ہین مثلاً بعضے اہل عبادت ہین اور بعضے اہل علم ومعرفت ہین اور یہ باعتبار صفات قدس وافعال الٰہی عزوجل کے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہین حتی کہ اہل علم مین سے بھی ہر شخص کے واسطے مشرب اجتہاد وتقلید علیحدہ علیحدہ ہوتا ہی شیخ جنیدؒ نے

فرمایا کہ الطرق الی اللہ بعدد انفاس الخلائق چنانچہ سابق مین یہ روایت پوری مذکور ہوچکی ہی شیخ نے لکھا کہ یہ حضرت باری تعالیٰ عزوجل کی جناب مین ہر ایک کی نسبت خاص ہی بعضے مقام حیرت مین ہین اور بعضے مقام مشت مین اور بعضے مقام وصلت مین اور بعضے مقام فنا مین اور بعضے مقام بقا مین اور بعضے مقام جلال وجمال مین اور بعضے مقام حیرت اور بعضے عالم ملکوت و بعضے مشاہد قدس و بعضے باغ انس مین اپنی اپنی سیر کے مقام توقف پر متفاوت ہین اور ہر ایک کے واسطے ہادی تقدیر نے اوسکا بھانے والا رکھا ہی وہی اوسکا مشرب ٹھکانا ہی اور ابتدائی تفصیل مخلوقات مین دو طرح پر ہی جس سے دو فریق پیدا ہوگئے ہین اول وہ کہ جسکا مشرب نفس امارہ ہی جو اس عالم محسوسات پر فریفتہ اور یہین سے پانی لیتا ہی پس یہ لوگ اہل کفر و اہل دنیا ہین اگرچہ کافرون کے مشارب بھی بکثرت مختلف واقع ہوے ہین لیکن کل اسی گھاٹ مین خوار ہونگے تو اونکی تفصیل مین وقت رائگان کرنا بیفائدہ ہی اور فرقہ دیگر وہ ہین جو انقلاع قلب سے عقلی مشارب ملکوت مین ہین جنکی کچھ تفصیل اوپر بیان ہوئی اور وہ سب اپنے اپنے مقام پر بہتر ہین لیکن اونکے درمیان بھی تفاوت زمین و آسمان ہوجاتا ہی پس جنکا مشرب وانتہا عالم آخرت ہی اونمین اور جنکا مشرب بہ عنوان حق و وصلت ہی دونون مین بہت بڑا تفاوت ہی اور سورہ اعراف مین انشاء اللہ تعالےٰ اسکی تحقیق و توضیح آویگی (تنبیہ) امام رازی نے لکھا کہ بعضے فلاسفہ اس مقام پر انکار کرتے ہین کہ ایک چھوٹے سے پتھر سے کیونکر بارہ نہرین جاری ہوسکتی ہین امام رازی نے لکھا کہ شاید اس احمق کو آیات قدرت مین کچھ بھی غور نصیب نہین ہوا کیا نہین دیکھتا ہی کہ بعضے پتھر یہ خاصیت رکھتے ہین کہ بال کرا دیتے ہین اور بعضون پر ڈورا باندھکر چلاؤ تو آگ اثر نہین کرتی ہی اور مقناطیس جذب کرتا ہی پھر کیون محال ہی کہ یہ پتھر زمین سے پانی جذب کرکے بھاوے یا ہوا جذب کرکے پانی بناوے مترجم کہتا ہی کہ مین نے مقدمہ مین تنبیہ کردی اور یہان بھی دو دلیلین بیان کرتا ہون (اول) یہ کہ بنی اسرائیل چھ لاکھ سے زائد تھے جنپر یہ معجزہ طاری ہوا اور توریت مین اسکا احسان رکھا گیا پھر اوسوقت سے برابر بنی اسرائیل کی نسل ہوتی گئی اور نقل متواتر چلی آئی تو متواتر قطعی کا انکار کرنا بالکل باطل ہی پس اس امر کا اقرار ضروری ہی کہ یہ محسوس واقعہ بیشک واقع ہوا تھا اور عصاے موسیٰ بیشک اژدھا ہوجاتا تھا اور توضیح یہ ہی کہ گذری انبیاء و بادشاہ صرف بخبر متواتر ثابت ہوتے ہین مثلاً حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کا وجود بدلیل متواتر ثابت ہی اور شرط تواتر یہ ہی کہ اول یہ امر قسم محسوسات ہو نہ از قسم اعتقاد دوم یہ کہ جن لوگون کے سامنے وجود ہوا ہو وہ اس کثرت سے ہون کہ عقلاً دروغ پر متفق ہونا باطل ہو سوم یہ کہ یہ تواتر کسی زمانہ مابعد مین کم نہو پس حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کا وجود و عصاے موسیٰ و ید بیضا کا معجزہ اور پتھر سے پانی جاری ہونا یہ سب محسوسات قطعاً متواتر ہین کہ جس سے کوئی کافر بھی انکار نہین کرسکتا ہی رہا یہ امر کہ وہ پیغمبر تھے تو یہ امر محسوس نہین ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ جسوقت موجود تھے اوسوقت مین بھی فرعون وغیرہ نے انکار نبوت کیا تھا اسیطرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا وجود دنیاوی قطعی متواتر ہی حتی کہ یہود بھی اس سے انکار نہین کرتے ہین اگرچہ اونکے نبی ہونے سے انکار کرتے ہین اور واضح رہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا دعوی الوہیت متواتر نہین ہی کیونکہ اول تو یہ غیر محسوس چیز دوم یہ عقیدہ نصرانیون نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے تین سو برس پیچھے جب قسطنطین بادشاہ روم نے سب کو جمع کرکے حکم دیا تھا کہ اختلاف چھوڑ کر ایک قول پر قائم ہون تب سے نکالا ہی حتی کہ جن علماے نصاریٰ نے اس عقیدہ پر دستخط نہین کیے وہ بیچارے سخت عذاب سے قتل کیے گئے تھے بالجملہ یہ امر ثابت ہوگیا کہ ان معجزات کا واقع ہونا قطعی ہی تو منکر کو اسکے انکار کی مجال نہین ہان اگر گنجایش ہی تو صرف اسقدر ہی کہ یہ معجزہ نہین تھا جیسے نیچری انکار کرتے ہین بلکہ دعویون نے اوسی زمانہ مین انکار کرکے جادو قرار دیا تھا (دلیل دوم) یہ کہ انکار کرنے والے دو قسم ہین اول وہ کہ اللہ تعالےٰ عزوجل کو خالق عالم مانتے ہین تو اونپر حجت قطعی یہ ہی کہ خالق عالم کی قدرت

ہر چیز مین کمال ہی اور اگر نسانے تو لازم آویگا کہ وہ مجبور و ناقص ہی اللہ اوس سے بالاتر کوئی الوہیت والا ہی جو کسیطرح مجبور نہو اور ہر چیز پر اوسکا قبضہ و تسخیر ہر وقت موجود ہی ورنہ لازم آویگا کہ مخلوقات کی چیزین خود مختار و اوسکے قبضہ سے باہر ہین پس معلوم ہوا کہ جیسے اوسنے بڑے بڑے پہاڑون سے پانی جاری کیا اور یہ حکمت اوسنے محسوس عادت رکھی ہی اسیطرح اوسکا اختیار ہی کہ چھوٹے پتھر سے پانی جاری کرے اور یہ خلاف عادت بطور معجزہ ہی اور تعلق بامہیت اوسکے اختیار مین ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ عصاے موسی علیہ السلام اژدھا ہوجاتا تھا دوم فرقہ منکرون ہی جو اللہ تعالے سے منکر ہی اور اپنے آپ کو و دیگر مخلوقات کو اتفاقی خود رو گھاس کے مانند تبلاتا ہی اور کہتا ہی کہ یہ ہمارے تو موجود ہین اور ہم اسکی ابتدا انتہا نہین جانتے حالانکہ باوجود اس جہالت کے ہر چیز کی نسبت اسباب قائم کرتے ہین یعنے یہ چیز اوس سبب سے ہوتی اور وہ چیز اس سبب سے ہوئی تو جب ہمنے ان واقعات کا وجود قطعی ثابت کردیا تو اوسپر لازم ہی کہ انکے اسباب بیان کرے کیونکہ انکے وجود سے انکار کرنا ممکن نہین ہی اور جب وہ انکے اسباب بیان نہین کرسکتا تو اسیکو معجزۂ قدرت کہتے ہین اور مقدمہ مین مترجم نے مدلل انکا باطل ہونا بیان کردیا ہی جنکا اعادہ اس مقام پر بہت طول ہوگا صرف اسقدر تنبیہ کافی ہی کہ جب اوسکے نزدیک کوئی چیز نے سبب نہین ہوتی ہی تو لازم آئیگا کہ ان مخلوقات کا سبب کسی مقام پر منتہی ہو ورنہ غیر متناہی باطل ہی تو انتہا خالق عزوجل پر لازم ہی کیونکہ ہمنے مقدمہ مین مدلل ثابت کردیا کہ محسوسات غیر متناہی نہین ہوسکتے ہین اور جب یہ مخلوقات اپنی ذات مین ناقص ہین تو دوسرے کے پیدا کرنے کی قدرت بھی نہین رکھ سکتے کیونکہ جب اپنی ذات کا نقصان دور نکر سکے تو دوسرے کا پیدا کرنا اور اوسکا مادہ موجود کرنا بدیہی باطل ہی اور زیادہ تحقیق مقدمہ مین دیکھو القصہ جب بنی اسرائیل نے من و سلوی اور اس نفیس پانی و نفیس نعمتون پر صبر نکیا اور زمین کی ترکاریان وغیرہ مانگنے لگے تو انکو آبادیون سے قریب جاکر کاشتکاری وغیرہ کی اجازت دی گئی اور یہ ناشکری اوسپر لازم کیگئی کہ اونھون نے عزت چھوڑکر ذلت اختیار کی اور اللہ تعالے نے اونکے باپ دادون کو حضرت موسیٰ و یوشع انبیاء بنی اسرائیل کی اتباع مین عالمین پر فضیلت عنایت کی تھی اور ملک شام و یمن و مصر وغیرہ سلطنتین اونکے سپرد فرمائین پھر اونمین ایسے ناخلف پیدا ہوے کہ اونھون نے توحید الہی چھوڑکر سخت دلی اختیار کی اور طاعت و عدل چھوڑکر انبیاء و صالحین کی قبرین پوجنے لگے حتی کہ اللہ تعالے نے ہر قوم و قبیلے و ہر شہر مین ایک ہی وقت مین بکثرت انبیاء مبعوث فرمائے جو اونکو برابر نصیحت کرتے اور اونکے خاص خاص علماے زاہد جو دنیا نہین چاہتے تھے بلکہ خالص اللہ تعالے کے واسطے نصیحت کرتے تھے اونکے دشمن ہوگئے بلکہ یہانتک نوبت پہونچی کہ جو کوئی دین توحید کی نصیحت کرتا اوسکو گمراہ سمجھتے بلکہ یہانتک نوبت پہونچی کہ انبیاء و صالحین کو قتل کرنے لگے چنانچہ اللہ تعالے نے اونکا انجام بیان فرمایا بالقولہ تعالے

وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ق وَبَآءُو بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوا

اور ڈالی اونپر ذلت اور محتاجی اور لائے غصہ اللہ کا یہ اسپر کہ وہ تھے

يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ط ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ع

نہ مانتے حکم اللہ کے اور خون کرتے نبیون کا ناحق یہ اس سے کہ بے حکم تھے اور حد پر نہ رہتے تھے

یعنے اللہ تعالے نے حضرت موسی و دیگر انبیاء علیہم السلام کی برکت سے بنی اسرائیل کو عزت و ثروت عطا فرمائی لیکن ناشکری کی خصلت نے آخر اونمین یہانتک نوبت پہونچائی کہ صریح شرک و نافرمانیان کرنے لگے اور انبیاء و صالحین کو قتل کرنے لگے تو اللہ تعالے نے اونکی فضیلت سلب کی اور فرمایا۔ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ ۔ اور ٹھپا دیدی گئی اونپر ذلت و مسکنت۔ ف یعنے ذلیل ہوے اور مسکین بنا اس طرح اونپر مضروب کردیا گیا جیسے روپیہ و اشرفی پر ٹھپہ ہوتا ہی کہ جہان کہین یہودی پایا جاوے اوسکے ساتھ ذلت

ومسکنت لازم ہوگی چنانچہ حسن و قتادہ رحمہ نے فرمایا کہ یہانتک ذلت پہونچی کہ مجوس فارس نے اونسے جزیہ لیا اور نصرانیون نے مغلوب کیا یہانتک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سچے ماننے والے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ رضی اللہ عنہم نے اونکو اپنے تحت حکومت مین لیکر جزیہ پہ رکھا (عبد الرزاق) مترجم کہتا ہی کہ فارس کے مجوسی ان یہودیون سے سخت برتاؤ کرتے تھے اور نصارائے روم بھی بوجہ دشمنی کے انکو ذلیل و خوار کرتے تھے یہانتک کہ جب صحابہ رضی اللہ عنہم نے نصارا و مجوس کو مغلوب کیا تو اونپر سے مصیبت کچھ کم ہوئی اگرچہ ذلت و مسکنت جو انکے ساتھ لازمی ہی بدستور باقی رہی۔ ابو العالیہ و ربیع بن انس رحمہ نے فرمایا کہ مسکنت سے مراد محتاجی ہی علماء نے کہا کہ محتاجی کے ٹھیکرے دیے جانے سے مراد یہ کہ جب تم کسی یہودی کو دیکھو تو اوسکی صورت سے ظاہر ہوگا کہ بہت مسکین ہو اگرچہ وہ بہت مالدار ہو اور اسکی وجہ یہ ہی کہ بخل اونکے ساتھ لازم ہوگیا۔ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ۔ اور کمائے غصہ اللہ کا۔ ف ضحاک و سعید بن جبیر رضہ کہا یعنے اللہ تعالے کیطرف سے غضب کے مستحق ہوے۔ ربیع بن انس رحمہ نے کہا کہ غضب الٰہی اونپر طاری ہوگیا ابن جریر نے کہا یعنے ان حرکات کا آخری مرجع غضب الٰہی ہوا۔ مترجم کہتا ہی کہ مظاہر غضب الٰہی وہی لوگ ہین جو کفار ہون پس ظاہر ہوا کہ جو شخص یہودیون مین سے اپنے بدکار باپ دادون کی تحسین پر قائم رہے وہ رحمت ایمان سے محروم ہوگا لہذا تم دیکھتے ہو کہ یہودیون مین سے بہت ہی کم مسلمان ہوے بخلاف نصاری کے کہ انمین بکثرت مسلمان ہوے۔ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ النَّبِيّٖنَ بِغَيْرِ الْحَقِّ یہ اسی جہت سے کہ یہ لوگ آیات الٰہی کا انکار کیا کرتے اور انبیا کو ناحق قتل کیا کرتے تھے۔ ف یعنے اسکو سزاے شدید مت سمجھو بلکہ اونکا گناہ عظیم دیکھو کہ اللہ تعالی کی آیات قدرت و معجزات نبوت و آیات کتابی یعنے توریت سے پے در پے کفر کرتے جاتے اور انبیا علیہم السلام کو ناحق قتل کرتے اسیواسطے ہمنے اونکو ذلت و مسکنت اور نزول غضب کی سزا دی۔ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ مین ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوا تو مین نے پایا کہ مالک بن مرارہ رہاوی رضی اللہ عنہ اپنی حالت عرض کر رہے ہین کہ یا رسول اللہ آپ جانتے ہین کہ مجکو جسقدر اونٹ عطا ہوے ہین یعنے فضل الٰہی سے انکی تعداد بہت ہی پھر بھی میرا دل نہین چاہتا کہ کسیکو دو تسمون کے ساتھ مجھپر فضیلت حاصل ہو تو کیا یہ بغاوت نہین ہی یعنے حد سے تجاوز کرنے مین داخل ہی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ بغاوت نہین کہلاتی ہی بلکہ بغاوت یہ ہی کہ اللہ تعالے کی نعمت پر اتراوے اور حق کی توہین کرے اور لوگون کو اپنی نظر مین خوار سمجھے (رواہ احمد) یعنے حق کو رد کرے اور لوگونکو اپنی نگاہ مین خوار سمجھے لہذا جب بنو اسرائیل نے اس بغاوت کا ارتکاب کیا تو اللہ تعالے نے اونکی ذلت آخرت کے ساتھ اونکی دنیاوی ذلت بھی ملائی چنانچہ تم کبھی نہ پاؤگے کہ کوئی یہودی بادشاہ ہو اور اونکی کوئی جماعت صاحب قوت و منعت قائم ہو اور یہ ذلت بمقابلہ اونکے گناہ کے بہت کم ہی کیونکہ قتل پیغمبر بہت کبیرہ و شدید ہی اسیواسطے حدیث ابن مسعود رضہ مین وارد ہی کہ قیامت کے روز سب سے بڑھکر عذاب اوس شخص کو ہوگا جسکو کسی پیغمبر نے قتل کیا یا اوسنے کسی پیغمبر کو قتل کیا ہو اور اوس شخص کو جسنے گمراہی کی پیشوائی کی اور دوسرے شخص کو جسنے موتین بنائیں (رواہ احمد) مترجم کہتا ہی کہ اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ ابی بن خلف کو سخت عذاب ہوگا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قتل کرنے کے واسطے جنگ احد مین بڑی آمادگی سے دوڑا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو قتل کر دیا تھا اور اسیطرح ابو جہل ان گمراہونکا پیشوا بنا تھا جیسے وہ اپنی قوم کا پیشوا تھا اور واضح ہو کہ کسی پیغمبر کو قتل کرنا سوائے ناحق کے کبھی حق نہوگا پھر آیت مین یہودیون کی فضیحت کے واسطے مصرح بیان فرمایا کہ انبیا کو ناحق قتل کرتے ہین اور حضرت عبد اللہ بن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ ایکبار بنی اسرائیل نے تین سو پیغمبرون کو ایک دن قتل کیا اور اوسی دن آخر وقت اونکی ترکاریون کا بازار لگایا (ابو داؤد الطیالسی) مترجم کہتا ہی کہ یہ بات متواتر ثابت ہی کہ یہودیون مین ایک ہی وقت مین

ہر ہر محلہ و قریہ و ہر ہر قوم مین متعدد پیغمبر ہوتے تھے جنپر اللہ تعالے کی وحی آتی تھی لیکن یہ سب کتاب توریت کے تابع ہوتے تھے پس یہ لوگ شہوات دنیا مین ایسے منہمک ہوے کہ بادشاہ کے اتفاق سے یا بادشاہ کے حکم سے مانند یحیی علیہ السلام اور اونکے باپ زکریا علیہ السلام وغیرہ کے انھون نے ایک وقت مین اس قدر کثیر پیغمبر قتل کر ڈالے اور بعض مفسرین نے زیادہ کیا کہ جب یہ کیفیت ہوئی تو پہاڑون و جنگلون سے عابدون و زاہدون کی ایک جماعت کثیر نے آکر انکو سمجھایا اور ڈرایا کہ تم لوگون نے بہت بڑا گناہ کیا ہے اب بھی توبہ کرو ورنہ عذاب الہی نازل ہوگا پس اون لوگون نے ان سب کو بھی قتل کر ڈالا اور انھین واقعات سے شاہ روم جو فلسفی اعتقاد پر تھا اوپر مسلط ہوا اور دوبارہ شاہ ایران جو مجوسی تھا اوپر مسلط کیا گیا۔ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ ۝ یہ عذاب اسی سبب سے کہ وہان نافرمانی کرتے اور حد سے تجاوز کرتے تھے۔ ف ان آیات سے موجودہ یہودیون کو تنبیہ فرمائی کہ تم لوگ بھی ہمیشہ ذلت و خواری مین رہوگے کیونکہ تم عہد توریت کے موافق عیسی علیہ السلام کا اقرار نہین کرتے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہین لاتے ہو کیونکہ جو لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اونھون نے عیسی علیہ السلام کی نسبت سچا اقرار کیا حتی کہ یہود و نصاری کا بہتان دور ہوا اور یقین کیا گیا کہ عیسی علیہ السلام رسول برحق تھے جو بغیر باپ کے پیدا ہوے پس یہودنے جو بہتان حضرت مریم کی نسبت بدکاری کا لگایا اور عیسی علیہ السلام کی نسبت جادوگری کا لگایا انعوذ باللہ من ذلک اور جو بہتان نصرانیون نے بیٹا ہونیکا لگایا معاذ اللہ منہ یہ سب بہتان دور ہو گئے اور تعجب ہے کہ اس زمانہ مین بہت سے نصرانی یہ بہتان لگاتے ہین کہ عیسی علیہ السلام کی پیدایش یوسف نجار کے نطفہ سے ہوئی اور یہ کفر و بے شرمی ہے نعوذ باللہ منہا۔ ف ۲ بعض اشارات عرائس مین ہے کہ قولہ تعالے واذ قلتم یا موسی لن نصبر علی طعام واحد الآیۃ یہ لوگ شہوات طبیعت مین گرفتار تھے اور اوسکے مناسب طعام مانگتے تھے اسیوجہ سے ان لوگون نے طعام اہل روحانیت پر کفایت نہ کی مترجم کہتا ہے کہ اہل طبیعت سے اونکی مراد یہ ہوتی ہے کہ اللہ تعالے نے انسان مین ترکیب روحانی و جسمانی رکھی ہے پس جسم کے متعلق حواس و قیاس سے خواہشات فانیہ ہین کیونکہ جسم خود فانی ہے لیکن جسم کے فنا ہونے کے بعد تعلق روحی جدا ہو جاتا ہے اگرچہ ایک قسم کا لگاؤ باقی رہتا ہے اور تعلق روحانی کے حواس و خواہشات موافق عقل ہین اسیواسطے کمالات حاصل کرنے کے لیے بقاے جسم ضروری ہے چنانچہ شرع مین خودکشی کرنا بھی منع ہے شیخ نے لکھا کہ اللہ تعالے نے جیسی اونکو نعمتین عطا فرمائین ویسی ہی آزمائش بھی پوری کی لہذا جب اونھون نے نافرمانی کی تو اللہ تعالے نے طعام روحانی کی لذت اونسے دور کردی یہانتک کہنے لگے کہ ہم اس طعام پر صبر نہین کر سکتے اسیواسطے لازم ہے کہ اللہ تعالے کی نعمت کو شکریہ کے ساتھ قائم رکھے ورنہ اللہ تعالے اوسکی حالت کو متغیر کر دیتا ہے چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسہم۔ یعنے جو نعمت کسی قوم کے ساتھ ہو اللہ تعالے اوسکو تغیر نہین فرماتا یہانتک کہ وہی لوگ خود اپنی حسن نیت و اخلاص کو بدل ڈالین۔ یعنے اللہ تعالے نے جس قوم کو جو نعمت عطا فرمائی جبتک وہ لوگ شکریہ نعمت پر قائم رہتے ہین تو اللہ تعالے اوسمین تغیر و کمی نہین فرماتا پھر جب وہ اوسکو بدلتے ہین اور شرع الہی پر قائم نہین رہتے بلکہ ظلم و فسق و فجور کرتے ہین تو اللہ تعالے اوس نعمت کو متغیر فرماتا ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ مسلمانون کو یہ معاملہ خود اپنے بادشاہون و قومون مین دیکھ لینا چاہیے شیخ جمل نے لکھا کہ بعض مشائخ نے فرمایا کہ آدمی دو طرح کے ہوتے ہین ایک وہ ہین کہ اللہ تعالے نے اونسے تدبیر دور فرمائی یعنے عنایت الہی خود اونکے واسطے مدبر ہے اور ان لوگون کی حالت یہ ہے کہ اختلاف سے علحدہ اور ہر رنج و خوشی مین تقدیر الہی کے پابند ہین۔ مترجم کہتا ہے کہ اونکی کیفیت یہ ہے کہ ہر ساعت مین وہ جسم نورانی کے موافق جسم خاکی کی تکمیل معارف عقل کے موافق کرتے رہتے ہین اور جسمانی تدبیر اللہ تعالے کی تقدیر پر چھوڑتے ہین اور قسم دوم وہ ہین جو اپنے پسند کی تدبیر پر چھوڑے گئے ہین یعنے اپنے اختیارات کے

موافق ہر ایک تدبیر کو پسند کرین حتی کہ کبھی ایک بات کو چاہتے ہین کبھی دوسری بات کو چاہتے ہین حتی کہ کبھی اس پسندیدگی و تدبیر مین ایسی ہی ضبط و خطا کرتے ہین کہ برباد ہو جاتے ہین جیسے بنی اسرائیل نے رزق روحانی چھوڑ کر رزق جسمانی ساگ پات پسند کیا کیا نہین دیکھتے ہو کہ موسی علیہ السلام نے کیونکر اوپر انکار کیا کما قال تعالے - اتستبدلون الذی ہو ادنی بالذی ہو خیر اور کیون نہین کہ اونھون نے مقربین کا کھانا چھوڑ کر شہوت پرستون کا کھانا پسند کیا پچھ واعظی رح نے فرمایا کہ ان لوگون نے من و سلوی جو کسیکو میسر آوے بغیر تکلیف کے اللہ تعالے کی جانب سے انکو ملتا تھا چھوڑ دیا اور اپنے نفوس کی پیروی کی اور جو کچھ طبیعتین چاہتی تھین وہ مانگا - مترجم کہتا ہی کہ ائمہ حکما سے یعنی عارفین ربانی سے ایک حکمت منقول ہی کہ آدمی کبھی رضائے الٰہی عزوجل مین اپنے اختیار و پسند کو دخل نہ دے یعنے ضرورت کے موافق حواس سے تدبیر کرے اور جو کچھ نتیجہ میسر آوے اوسپر راضی رہے اور یہ ہوس کرے کہ بجاے اسکے اگر ایسا ہوتا تو بہتر تھا کیونکہ وہ نہین جانتا کہ ایسا ہونے کی حالت مین کیا پیش آویگا ہان اللہ تعالے سے ثبات یقین و استقامت دین کی درخواست کرتا رہے اور جو کچھ حکیم عزوجل مقدر فرمایا اوسپر بخوشی راضی ہو بدلیل آنکہ حضرت یوسف علیہ السلام نے جب بھائیون کے نزغہ مین پڑے تو اللہ تعالے سے انکے مکر سے حفاظت چاہی اور اسکے ساتھ بلا اور آفتی بھی پسند کی جیسے - رب السجن احب الی مما یدعوننی الیہ - یعنے یہ عورتین جو مجھسے خواہش کرتی ہین اسمین مبتلا ہونے سے مجھکو قید خانہ زیادہ محبوب ہی - حالانکہ قید خانہ مین جاکر گھبرانے لگے لیکن وہان صبر کرنا بھی انھین کی شان نبوت کا کام تھا چنانچہ سورہ یوسف کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے آویگا و اللہ تعالے و ملائکتہ و انبیاء علیہم الذلۃ و المسکنۃ - اللہ تعالے نے سرکشی کی عقوبت مین موجودات سے پہلے اونپر شیطان کی پیروی کی وجہ سے ذلت کا داغ دیدیا تھا اور دنیا کی محبت کا لباس پہنایا کہ جس سے وہ آخرت سے بخیل تھے کہ رضاے الٰہی و آخرت کی جانب رجوع نہین کرتے تھے - بعض مشائخ نے فرمایا کہ اونکی مسکینی حرص دنیا کے لباس مین ہی اور ذلت اس مال دنیا کی بخیل کے پیرایہ مین ہی - عس - اگر کہا جاوے کہ کیا بنی اسرائیل سب اسی قسم کے ناکارہ لوگ تھے جواب یہ ہی کہ ہر قوم مین اکثر اعتبار ہوتا ہی پس اکثر اوقات اونمین جاہلون کا غلبہ زیادہ ہوتا تھا جس سے فسق و فجور بڑھ جاتا تھا ورنہ جواد نہین اولیاء و صالحین گذرے وہ بھی بہت ہین قال تعالے

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَادُوا وَالنَّصَارَىٰ وَالصَّابِئِينَ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ

یون ہی جو لوگ مسلمان ہوے اور جو لوگ یہودی ہوے اور نصاری اور صابئین جو کوئی ایمان لایا اللہ پر اور

الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

اور کام کیا نیک تو اونکو ہی اونکی مزدوری اپنے رب کے پاس اور نہ اونکو ڈر ہی

وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

اور نہ وہ غم کھاوین

اس آیت کی تفسیر مین مفسرین کے دو قول ہین ایک یہ کہ اسمین موجودہ قومون کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانیکا بیان ہی اور اوسکا حاصل یہ ہی کہ - إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا - جو لوگ ایمان لاے - ف - یعنے جن لوگون نے اسوقت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہا کہ اونکا نام مسلم یا مومن کہلایا خواہ اونے دل سے کہا ہو یا منافق ہو - وَالَّذِينَ هَادُوا - اور وہ لوگ جو یہودی بنے ہین - ف - یعنے اپنے آپ کو شریعت موسی علیہ السلام و توریت پر قائم و یہودی کہتے ہین - وَالنَّصَارَىٰ - اور جو نصاری کہلاتے ہین - ف - یعنے اپنے آپ کو تابع عیسی علیہ السلام و شریعت توریت و انجیل کہتے ہین - وَالصَّابِئِينَ - اور وہ لوگ جو صابئین کہلاتے ہین - ف - غرض کہ اسوقت مین یہ فرقے جو مومنین و یہود و نصاری و صابئین کہلاتے ہین

انکا انجام یہ ہی کہ انہیں ہے۔ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ جو کوئی سچا یقین لایا اللہ تعالے اور روز قیامت کا اور نیک کام کیا تو اونکے لیے اونکے پروردگار کے یہان اونکا ثواب ہی اور اونپر خوف نہین اور نہ وی غمگین ہونگے۔ ف یعنے ان فرقون مین سے جو کوئی ایسا ایمان لایا جو اللہ تعالے کے نزدیک مقبول ہی اور وہ فقط اسی طور سے ہوگا کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کو سچے دل سے مانے تو وہ آخرت مین بیخوف وغم ہوگا خلاصہ یہ کہ سابق مین جو پیغمبر جو شریعت ہوتا وہ اب بالکل منسوخ ہی پس اب جو شخص محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا وہی اللہ تعالے کے یہان مقبول ہوگا وہ زبانی منافق بننے یا یہودی و نصرانی و صابی ہونے سے کچھ فائدہ نہین ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ تفسیر ایک قول ہی لیکن اس تفسیر کے موافق دہریہ و بت پرست وغیرہ کسی کا ذکر نہین ہی حالانکہ مقصود تو یہ ہی کہ اب دنیا مین خواہ کافر بت پرست ہو یا دہری ہو یا کسی پیغمبر و شریعت کا منکر ہو اگر وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو سچے یقین سے مانے اور توحید قرآن کے موافق آخرت پر یقین لاکر نیک کام کرے تو اوسکے واسطے آخرت مین خوف سے نجات و بلند درجات ہین۔ دیگر علماء کے نزدیک اس آیت کے معنے یہ ہین کہ زمانہ سابق مین ہر پیغمبر کے واسطے ایک زمانہ تھا اور اوس زمانہ تک اوسی پیغمبر کی شریعت مقبول تھی جیسے اس زمانہ مین قیامت تک محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت پر فاتحہ ہی پس زمانہ موسی علیہ السلام مین جو یہودی درحقیقت اللہ تعالے و روز قیامت پر ایمان لایا اور زمانہ عیسی علیہ السلام مین جو نصرانی درحقیقت ایمان لایا اور اب زمانہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین جو کوئی درحقیقت مومن ہوا اوسکے واسطے آخرت مین نجات و درجات ہین چنانچہ شیخ ابن کثیر نے بیان فرمایا کہ اللہ تعالے نے پہلی آیات مین عام طور پر یہودیون کی نافرمانیان و ہتک حرمت و قتل انبیاء علیہم السلام کے افعال قبیحہ و نزول غضب الٰہی بیان فرماکر اس آیت مین آگاہ فرمایا کہ اگلی امتون مین بھی جس یہودی یا نصرانی یا صابی نے سچے دل سے اللہ تعالے و روز قیامت پر یقین کیا جیسے اس زمانہ مین جو لوگ مومن کہلاوین اگر سچے دل سے اللہ تعالے و روز قیامت پر یقین لاوین تو اونکے واسطے آخرت مین خوف و غم نہین ہی کیونکہ یہ لوگ اولیاے الٰہی ہین اور اللہ تعالے نے فرمایا۔ الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون۔ آگاہ رہو کہ بیشک اولیاء الٰہی کا یہ مرتبہ ہی کہ اونپر خوف نہین اور نہ وی غمگین ہونگے۔ یعنے آخرت مین اونکے لیے بیخوف درجات بلند ہین۔ ابن ابی حاتم نے بسند جید روایت کی کہ مجاہد نے بیان فرمایا کہ سلمان رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اون راہب نصرانیون کا ذکر کیا جنھون نے مجکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب راہ بتلائی تھی یعنے عرب مین ایک پیغمبر آخرالزمان پیدا ہونے والے ہین اور نشانات سے اونکا یہی زمانہ معلوم ہوتا ہی پس تم عرب مین جاؤ اگر تم اونکو پاجاؤ تو تمھاری نہایت خوش قسمتی ہی اور مین نے اون لوگون کی عبادت کا بھی ذکر کیا تب یہ آیت نازل ہوئی۔ ان الذین آمنوا والذین ہادوا والنصاری والصابئین الآیہ۔ مترجم کہتا ہی کہ اس قول صحیح کے موافق آیت کی تفسیر یہ ہی کہ۔ ان الذین آمنوا۔ جو لوگ اس زمانہ مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اور ان مین مخلص و منافق دونون شامل ہین یا جو اسوقت مین بت پرست وغیرہ مومن ہوجاوین۔ والذین ہادوا۔ اور جو حضرت موسی علیہ السلام کے وقت مین یہودی کہلائے۔ والنصاری۔ اور جو حضرت عیسی علیہ السلام کے وقت مین نصاری کہلائے۔ والصابئین۔ اور جو اپنے پیغمبر کے وقت مین صابئین کہلائے۔ تو ان مین صرف زبانی کہلانے کا کچھ اعتبار نہین ہی بلکہ اونکا حکم یہ ہی کہ۔ من آمن باللہ والیوم الآخر۔ جو اللہ تعالے و روز قیامت پر ایمان لایا۔ وعمل صالحا۔ اور نیک کام کیا۔ یعنے دل سے ایمان لایا و شریعت کی فرمانبرداری کی۔ فلہم اجرہم عند ربہم ولا خوف علیہم ولا ہم یحزنون۔ تو اونکے واسطے اونکے پروردگار کے نزدیک اونکا ثواب ہی اور آخرت مین اونپر خوف نہین اور نہ وی غمگین ہونگے۔ شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ یہودیون کا ایمان یہ ہی کہ اونھون نے توریت و سنت موسی علیہ السلام کو مضبوط پکڑا پھر جب عیسی علیہ السلام ہوئے تو عیسی علیہ السلام

سے انکار نہیں کیا اور جسنے انکار کیا وہ تباہ ہوا کیونکہ اوسوقت شریعت موسیٰ علیہ السلام جاتی رہی تھی پھر جو عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لاکر فرقانی ہوے تو اونکا ایمان یہ تھا کہ اللہ تعالےٰ وحدہ لاشریک ہی اور عیسیٰ علیہ السلام بندۂ پیغمبر ہین اور اوسنے شریعت انجیل کے موافق توریت پر بھی عمل کیا یہانتک کہ جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم آئے تو جسنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع نکی وہ برباد ہوا شیخ نے لکھا کہ یہود تمام بوجہ یہود یعنی توبہ کرنے ہی کیونکہ جب اونھون نے مخالفت سے توبہ کی تو باہم یہود مشہور ہوے بعض نے کہا کہ حضرت یعقوب علیہ السلام کے بڑے بیٹے کا نام یہودا تھا تو اونھین کی نسبت یہودی کہلاتے ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ شاید اونھین کی جانب نسبت پھیل جانے کی یہ وجہ ہوئی ہو کہ بنی اسرائیل مین سلطنت اولاد یہودا مین رہی تو سلطان کی خوشامد سے لوگ اپنے کو یہودی کہنے ہونگے جیسے سعدی شیرازی علیہ الرحمۃ نے جنکا نام مصلح الدین تھا اپنے بادشاہ ابوبکر سعد کی جانب نسبت کرکے اپنا تخلص سعدی رکھا اور ابوعمرو بن العلاء نے کہا کہ تہوّد بمعنی تحرک ہی یعنے ہلنا کیونکہ یہ لوگ توریت پڑھتے وقت ہلتے جاتے تھے۔ مترجم کہتا ہی کہ سراج مین لکھا کہ یہودی یہ دعوی کرتے تھے کہ اللہ تعالےٰ نے جسوقت توریت نازل کی تو زمین و آسمان کو جنبش و حرکت ہوئی اسی سبب سے یہ لوگ توریت پڑھتے وقت ہلا کرتے تھے۔ شیخ نے لکھا کہ جب حضرت عیسیٰ علیہ السلام مبعوث ہوے تو بنی اسرائیل پر اونکی اتباع و نصرت واجب ہوئی تو جسنے نصرت کی وہ نصاری کہلایا کما قال تعالیٰ۔ قال الحواریون نحن انصار اللہ۔ اور بعض نے کہا کہ یہ لوگ قریۂ ناصرہ مین بسے اسلیے نصاری کہلائے اور یہی قول قتادہ و ابن جریج و روایت ابن عباسؓ ہی پھر جب اللہ تعالےٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو خاتم النبیین تمام بنی آدم کی جانب بھیجا تو تمام یہود و نصاری و عرب و عجم سب پر آپکی اتباع فرض ہوئی کہ آپ پر ایمان لاوین اور اللہ تعالےٰ نے آپکی بشارت جمیع اقوام کو اونکے پیغمبرون کے ذریعہ سے پہونچائی تھی اور آپ کے امتیون کا نام مومنین رکھا کیونکہ انکے ایمان بہت قوی ہین اور اسوجہ سے کہ یہ لوگ انبیاے سابقین و حالات آخرت پر ایمان لائے ہین۔ باہمان فرقہ صابئین تو انمین اختلاف ہی چنانچہ مجاہد و عطاء و سعید بن جبیر و حسن بصری سے روایت ہی کہ یہ لوگ ملۂ دین ہین اور ابوالعالیہ و ربیع بن انس و سدی و ابوالشعثاء جابر ابن زید اور ضحاک و اسحٰق بن ابویسر نے کہا کہ یہ لوگ اہل کتاب مین سے زبور پڑھتے ہین اسیواسطے امام ابوحنیفہؒ و اسحاقؒ نے کہا کہ اونکا ذبیحہ کھانے و اونکی عورتون سے نکاح کرلینے مین مضائقہ نہین ہی اور ابن جریر نے حسن بصریؒ سے روایت کی کہ زیاد کو خبر پہونچی کہ صابئین پانچون نمازین بجانب قبلہ پڑھتے ہین تو اوسنے چاہا کہ انسے جزیہ موقوف کرے پھر اوسکو خبر پہونچی کہ یہ لوگ ملائکہ کی پرستش کرتے ہین۔ ابوجعفر رازی نے کہا کہ مجھے خبر پہونچی کہ یہ لوگ زبور پڑھتے اور قبلہ رخ نماز پڑھتے اور ملائکہ کی پرستش کرتے ہین اور یہی قتادہؒ سے روایت ہی ابن ابی حاتم نے ابوالزناد سے روایت کی کہ صابئین ایک قوم ہی جو عراق کے متصل قریہ کوثی مین رہتے ہین اور یہ لوگ جمیع انبیا کو مانتے اور سال مین تیس دن روزہ رکھتے ہین اور مین کی جانب متوجہ ہوکر پانچ نمازین ہر روز پڑھتے ہین۔ وہب بن منبہ نے کہا کہ یہ لوگ لا الٰہ الا اللہ جانتے ہین اور انہان کوئی کفر نہین نکالا اور اونکے واسطے کوئی شریعت بھی نہین ہی اور یہی قول عبدالرحمن بن زید سے مروی ہی اور خلیل نے کہا کہ وہ لوگ اپنے کو دین نوح علیہ السلام پر سمجھتے ہین۔ قرطبی نے ذکر کیا کہ بعض علماء کے بیان سے یہ نکلتا ہی کہ وہ لوگ لا الٰہ الا اللہ کہتے ہین اور باوجود اسکے نجوم مین تاثیر قدرتی اعتقاد کرتے ہین اسیواسطے ابوسعید اصطخری نے اونکے کفر کا فتوی دیا اور امام رازی نے کہا کہ یہ لوگ کواکب کو قبلۂ عبادت سمجھتے ہین یا اونکا یہ اعتقاد ہی کہ اللہ تعالےٰ نے اس عالم کی تدبیر ان کواکب کے سپرد فرمائی ہی اور یہی قول کسرانیون کا کہلاتا ہی جنکی ہدایت کے واسطے ابراہیم علیہ السلام مبعوث ہوے تھے۔ شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ سب اقوال مین اظہر یہ ہی کہ یہ لوگ صرف لا الٰہ الا اللہ کہتے ہین اور وہ ان اقوام یہود و نصاری و مجوس و مشرکین کسی مین سے نہین ہین اسیواسطے مشرکین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو صابی کہتے تھے۔ مترجم کہتا ہی بلکہ آیت قدسی کی تفسیر مجتباے سے یہ بات معلوم ہوتی ہی کہ وہ لوگ اپنے وقت مین کسی پیغمبر حق پر ایمان لائے تھے اور قول امام رازیؒ سے مستنبط ہوتا ہی کہ یہ لوگ دین ابراہیم علیہ السلام پر ہین اور ظاہر

یہ معلوم ہوتا ہو کہ ابراہیم علیہ السلام ابتدا مین اعتقاد توحید تعلیم فرماتے تھے اور ظہور شریعت سے پہلے اونھون نے بابل سے ہجرت فرمائی پس شاید اونھون نے بشارت ابراہیم علیہ السلام سے شریعت محمدی علیہ الصلوٰۃ والسلام سیکھی پھر زمانہ دراز گذرنے کی وجہ سے ممکن ہو کہ بعضے اون مین سے ستارے پوجنے لگے ہون جیسے نصرانیون نے بعد عیسی علیہ السلام کے صلیب کو پوجنا شروع کیا پس ظاہر یہی معلوم ہوتا ہو کہ صابی ایک فرقہ اہل دین مین سے ہو اگرچہ پچھلے زمانہ مین مشرک ہوگیا ہو اور یہی آیت قدسی کی تفسیر سے ظاہر ہوتا ہو پھر مین نے پایا کہ شیخ بن تیمیہ نے منطقین کے رد مین ایسکے مانند فرمایا ہی لہذا بالقبول امام ابو حنیفہؒ و اسحق بن راہویہؒ کے اونکا ذبیحہ جائز اور اونکی عورتون سے نکاح حلال ہووے اور صاحبین کے نزدیک نہین جائز ہی اور شاید اسکی وجہ یہ ہو کہ اونکے تدین شریعت مین اختلاف کی وجہ سے شبہہ پیدا ہوا تو احتیاطاً حلت کا فتوی نہین دیا جائیگا واللہ اعلم۔ (فائدہ) حدیث مین ہو کہ تین شخص ایسے ہین جنکے لیئے اجر دوہرا ہی ایک اہل کتاب جو اپنے نبی پر ایمان لایا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لایا تو اوسکو دوہرا ثواب ملیگا اور دوم وہ مملوک جسنے اپنے مولی کا حق خدمت ادا کیا اور اللہ تعالے کا حق عبادت بھی ادا کیا تو اسکے لیے دوہرا ثواب ہی سوم وہ شخص جسکے تحت مین لونڈی تھی اسنے اوسکو ایمان و اسلام اچھی طرح سکھلایا پھر اوسکو آزاد کرکے اوس سے نکاح کرلیا تو اوسکو دوہرا ثواب ہی اور حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگلی امتون کی نسبت تمہاری بقا قیامت تک مثلاً اتنی ہی سی ہی جیسے عصر سے غروب آفتاب تک کا وقت اور تورریت والون یعنی یہود کو تورریت دیگئی پس انھون نے عمل کیا یہانتک کہ دوپہر دن آیا پھر عاجز ہوگئے پس ایک ایک قیراط اپنی اجرت دیے گئے پھر انجیل والون یعنے نصاری کو انجیل دیگئی سو انھون نے نماز عصر تک عمل کیا پھر عاجز ہوے پس ایک ایک قیراط اپنی اجرت دیے گئے پھر ہم لوگ قرآن عطا کیے گئے سو ہمنے غروب تک عمل کیا پس ہم دو دو قیراط عطا کیے گئے اسپر پہلے دونون اہل کتاب نے کہا کہ اے پروردگار یہ لوگ دو دو قیراط دیے گئے اور ہم ایک ایک قیراط دیے گئے حالانکہ ہمنے انسے زیادہ کام کیا تو اللہ عزوجل نے فرمایا کہ کیا مین نے تمہاری اجرت مین تمکو کم کردیا تو انھون نے کہا کہ نہین تو فرمایا کہ پھر یہ میرا فضل ہی جسکو چاہتا ہون دیتا ہون (البخاری و الترمذی وصححہ) پھر اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو دوسری بد عہدی اور اپنی نعمت یاد دلائی بقولہ تعالے

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ

اور جب لیا ہمنے تمسے اور اونچا کیا تم پر پہاڑ پکڑو جو ہم نے دیا زور سے

وَّاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ ۚ فَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ

اور یاد کرو جو اوسمین ہی شاید تمکو ڈر ہو پھر تم پھر گئے اسکے بعد سو اگر نہوتا فضل اللہ کا

عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

تمپر اور اوسکی مہر تو تم خراب ہوتے

شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو عہد میثاق یاد دلایا یعنے جب اللہ تعالے نے اونکو تورریت بھیجی اور اونھون نے اوسکے احکام دیکھے تو اوسکے قبول کرنے سے انکار کیا اور کہا کہ ہم اسکو نہین لینگے پس اللہ عزوجل یاد دلاتا ہی وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ اور یاد کرو جب ہمنے تمسے عہد لیا قف یہ عہد اگرچہ حضرت موسی علیہ السلام کے ساتھی بنی اسرائیل سے لیا گیا تھا اور خطاب اسنے ان یہودیون کو کیا گیا جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین موجود ہین کیونکہ یہ لوگ اپنے باپ دادون کے افعال پر فخر کرتے اور عقیدہ رکھتے تھے کہ قیامت تک اونکی اولاد مین سے کوئی عذاب جہنم مین گرفتار نہوگا اور اگر عذاب ہوا تو صرف گنتی کے سات روز عذاب ہوگا

جتنے دن کو سالہ پورا ہوجاگیا تھا تو یہ لوگ اپنے باپ دادوں کے ساتھ اپنے آپ کو ہر عہد و میثاق و عذاب و ثواب میں داخل کرتے تھے لہذا انکو خطاب فرمایا کہ تم وہ وقت یاد کرو جب تمھارے باپ دادوں سے ہمنے عہد لیا کہ توریت پر قائم رہین اور اونھون نے قبول کرنے سے انکار عذر کیا کہ یہ احکام بہت سخت ہین تو عذر مقبول نہوا۔ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۔ اور ہمنے تمھارے اوپر طور کو بلند کیا ف طور ہر ایسے پہاڑ کو کہتے ہین جسپر سبزہ ہو اور خاص اوس پہاڑ کا بھی نام ہی جسپر موسی علیہ السلام کو مناجات ہوئی اور یہان احتمال ہی کہ بطور اعجاز قدرت کے یہی پہاڑ انکے سر پر بلند کیا گیا جیسا کہ ابن عباس و مجاہد و عطاء و عکرمہ و حسن و ضحاک و ربیع بن انس وغیرہم نے بیان فرمایا۔ مترجم کہتا ہے کہ توریت بھی کوہ طور پر عطا ہوئی اور اوسی کے نواح مین یہ لوگ پڑے ہوے تھے تو ظاہر یہی ہی کہ اسی پہاڑ کو اونپر بلند فرمایا اور حکم ہوا۔ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ ۔ لو اس کتاب کو جو ہمنے تمکو عطا کی قوت۔ ف یعنے بعزم قوی و جزم فرمانبرداری اس توریت کو لو۔ وَاذْكُرُوْا مَا فِيْهِ ۔ اور جو کچھ اسمین ہی اوسے نصیحت حاصل کرو۔ ف ۔ یعنے اسکے معارف و حقائق سے آراستہ ہو اور اس سے اخلاق ظاہر و باطن درست کرو۔ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝ ۔ شاید تم عذاب سے بچو۔ ف یعنے امید رکھو کہ اس طرح طاعت و معرفت سے اللہ تعالے تمکو عذاب سے نجات عطا فرماویگا۔ لعلکم تتقون ۔ کے یہ معنے ہین کہ ایسا کرو تاکہ تم عذاب سے بچو سدی رح نے فرمایا کہ جب اونھون نے انکار کیا تو اللہ عزوجل نے پہاڑ کو حکم دیا جو انکے سر پر آیا اور قریب تھا کہ اونپر گر پڑے پس گھبرا کر سجدہ مین گر پڑے اور ایک آنکھ کے کنارے سے دیکھتے رہے تو اللہ تعالے نے رحم فرمایا اور عذاب دور کر دیا لہذا یہود اسیطرح سجدہ کرتے ہین کہ ایک طرف آنکھ کھلی رکھتے ہین اور کہتے ہین کہ واللہ یہی سجدہ خوب ہی جس سے اللہ تعالے نے عذاب دور کیا تھا۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ معجزۂ قدرت قطعی ثابت ہی اس دلیل سے کہ قرآن مجید مین متواتر منقول ہی اور قرآن مجید مین جس وقت نازل ہوا تو یہودیون کی مذمت کے طور پر نازل ہوا حالانکہ اوسوقت لاکھون یہودی موجود تھے اور کسی نے اسکا انکار نہین کیا کیونکہ خود یہودیون مین حضرت موسی علیہ السلام کے وقت سے برابر متواتر منقول ہی پس کسیکو انکار کی مجال نہین ہوسکتی اور اس سے آیات قرآنی کا لطف ظاہر ہوا کہ اللہ تعالے نے آیات قدرت اس طور پر نازل فرمائین کہ گویا وہ اس امت مین واقع ہوئی ہین کیونکہ اگر اسوقت کوئی قوم نافرمان بنا کر اونپر یہ پہاڑ اسطرح سایہ کیا جاتا تو وہ بھی ویسا ہی قطعی ہوتا جیسا نقل متواتر قطعی ہی اور ہمارے زمانہ مین بعض نیچریون نے جب دیکھا کہ اس نقل متواتر کا انکار ممکن نہین ہی تو اوسکے معنے مین تحریف کی اور کہا کہ ورفعنا فوقکم الطور سے یہ مطلب ہی کہ یہ لوگ ایک پہاڑ کے نیچے کھڑے کیے گئے تھے اور وہان حکم دیا گیا تھا کہ تم توریت کو مانو تو گویا پہاڑ انکے اوپر تھا جیسے بولا کرتے ہین کہ ہم لوگ پہاڑ کے نیچے پہونچے۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ بہتان صریح و کذب باطل ہی کیونکہ اول تو اللہ تعالے نے دوسرے سورہ مین فرمایا۔ واذ نتقنا الجبل فوقهم کانه ظلة وظنوا انه واقع بهم خذوا ما اتيناكم بقوة واذكروا ما فيه لعلكم تتقون ۔ یعنے جب ہمنے پہاڑ اوٹھا کر اونکے اوپر بلند کیا گویا وہ سائبان ہی اور اونھون نے یقین کیا کہ یہ اونپر گرنے والا ہی آخر تک۔ یہ صریح ہی کہ وہ آیت قدرت کے طور پر اپنے مقام سے اوٹھا کر اونکے سر پر بطور چھتر یا ظلہ ابر کے آیا تھا اور ڈرتے تھے کہ اوپر ڈال دیا جاویگا دوم یہ کہ اسیطرح یہود مین متواتر منقول ہی جسطرح ہمنے بیان کیا تو متواتر مین اس نیچر کی تحریف محض باطل ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ خالی پہاڑ کے نیچے کھڑے ہونے مین کیا خوف و تہدید ہی اور جب یہود مین اسی کیفیت کے ساتھ متواتر منقول ہی تو اسکی تحریف کیونکر رائج ہوسکتی ہی اسپر مستزاد جب قرآن مجید نازل ہوا تو لاکھون ان یہودیون مین سے کسی نے انکار نکیا باوجودیکہ یہ اونکی مذمت تھی کیونکہ متواترات کا انکار کسی سے

ممکن نہین ہی اور اسکے سچ ہونے مین کسیکو شک نہین ہوسکتا سوائے ایسے ہی لوگون کے جو دن دوپہر کو آفتاب سے منکر ہین القصہ اللہ تعالے نے یاد دلایا کہ ای یہود دیکھو توریت تمپر نازل کی گئی اور وہ عین ہدایت و نور تھی پھر تمنے اوسپر عہد کرنے مین اسقدر جھگڑا کیا کہ آخر تم پر ایک پہاڑ بلند کیا گیا تب تمنے اقرار کیا حالانکہ یہ تمھاری سفاہت تھی کہ تمنے عین ہدایت کو لینے مین اسطرح انکار کیا واضح ہو کہ جب اونھون نے توریت کو قبول کیا تو ایک مدت تک بہت لوگ صلحاء و علماء اسی عہد پر قائم رہے حتی کہ اونمین انبیاء و صالحین گذرے ۔ ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۔ پھر تمنے اسکے بعد پیٹھ پھیری ۔ ف اور توحیدی عہد و میثاق توریت سے خلاف کرنے لگے لیکن اللہ عزوجل نے حضرت داؤد و سلیمان و اونسے پہلے شموئیل وغیرہ انبیاء علیہم السلام بھیجکر اونکو نصیحت فرمائی اور اللہ تعالے نے اپنی رحمت سے پھر اونکی جماعت مجتمع اور کلمہ بلند رکھا جیسے امت اسلامیہ مین ہر صدی مین بمنزلہ انبیا بنی اسرائیل کے علماے صالحین ہوتے ہین جو اونکو راہ توحید سمجھاتے رہتے ہین پھر اگر عوام سمجھ جاوین اور یا نہین تو یہان لینا چاہیے کہ اللہ تعالے کی رحمت ہی چنانچہ بنی اسرائیل پر احسان رکھا اور فرمایا لَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ لَكُنْتُمْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ اور اگر اللہ تعالے کا فضل و اوسکی رحمت نہوتی تو تم لوگ خاسرین مین سے ہوجاتے ف یعنے دنیا ہی مین عذاب سے ہلاک ہوکر آخرت کی خواری مین مل جاتے واضح ہو کہ بنی اسرائیل مین اونکی تنبیہ کے واسطے بہت ایسے امور واقع ہوتے تھے جس سے اونکو تنبیہ و تہدید ہے چنانچہ روایت ہی کہ جب بنی اسرائیل مین سے کوئی شخص گناہ کرتا تو صبح کو اوسکے دروازے پر لکھا ہوا ملتا کہ فلان شخص نے رات کو ایسا گناہ کیا ہی مترجم کہتا ہی کہ شاید یہ بعضے خاص گناہون کے بارہ مین تھا اور عموماً ہر گناہ مین نہین تھا یا خاص اہل بیت المقدس یا علماء کے ساتھ خاص ہو واللہ اعلم اسیطرح بعض بدکارون کی نسبت منقول ہی کہ اوسکو دفن کرکے آئے تو دوسرے روز دیکھا کہ اوسکو زمین نے نکال پھینکا ہی پھر اوسکو دفن کیا تو پھر بھی ہوا اسیطرح بار بار ایسا واقع ہوا آخر لوگون نے لاچار ہوکر اوسکو پہاڑ مین ڈال دیا غرض کہ جب کوئی قوم ایسا گناہ کرتی تھی جس سے شریعت کی ہتک حرمت ہو کر عوام مین فساد پھیلے تو ایک تنبیہ کردیجاتی تھی جس سے لوگون کو تہدید ہو اور اسی قسم سے اصحاب السبت کا قصہ ہی جو زمانہ داؤد علیہ السلام مین واقع ہوا اور وہ یہود یون مین متواتر منقول بلکہ اونکی مذمت کے طور پر قرآن شریف مین مذکور ہی چنانچہ فرمایا

وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ الَّذِيْنَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُوْنُوْا قِرَدَةً

اور جان چکے ہو جنھون نے تم مین زیادتی کی ہفتے کے دن مین تو ہمنے کہا ہوجاؤ بندر

خٰسِئِيْنَ ۝ فَجَعَلْنٰهَا نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝

پھٹکارے پھر ہمنے وہ دہشت رکھی اوس شہر سے دور رہنے والون کو اور پیچھے والون کو اور نصیحت رکھی ڈر رکھنے والون کو

جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کے ساتھ ببرکت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے ایک نظر رحمت رکھی تھی کہ اوس زمانہ کے اہل عالم پر اونکو فضیلت دی اور اونمین ہدایت آخر تک کے اسباب قائم رکھے حتی کہ موسی علیہ السلام پر توریت نازل فرمائی اور وہ برابر بنی اسرائیل مین حضرت عیسی علیہ السلام تک بھی نصرانیون پر قائم رہی باستثناء چند احکام کے جو انجیل مین منسوخ کیے گئے تھے پھر بعد موسی علیہ السلام کے یوشع علیہ السلام پیغمبر ہوے پھر کالب یوقنا و حزقیل پھر بنی اسرائیل کے بت پرست ہوجانے کے بعد الیاس و یسع وغیرہ علیہم السلام پیغمبر ہوتے آئے لیکن اکثر بادشاہون کی فرمانبرداری مین فساد شریعت ہوتا تھا حتی کہ داؤد علیہ السلام مع بادشاہت کے پیغمبر ہوے

اور انکے محمد مین تمام بنی اسرائیل بزور سلطنت مطیع ہوے اور جس سرکشی سے انبیا علیہم السلام کو قتل کرتے تھے اوسکی خوب سزا پائی اور
انکے زمانہ مین شام کے پچھم جانب سمندر کے کنارے شہر ایلہ مین قریب اسی ہزار آدمی کے رہتے تھے جنکی بڑی تجارت مچھلیان تھین اور سنیچر کے
روز اللہ تعالے نے اپر عبادت مفروض کردی تھی کہ سوائے عبادت کے کوئی کام نکرین چنانچہ شہر ایلہ والون پر سنیچر کے روز مچھلیون کا
شکار بھی حرام تھا پھر اللہ تعالے نے عجائب قدرت سے بنی اسرائیل کو عبرت دلانی چاہی تاکہ سوائے نافرمان کے دل سے بھی مسلمان ہون
پس اسی شہر والون کو امتحان مین مبتلا فرمایا اور اوسکا واقعہ یہ ہوا جو یہودیون مین متواتر چلا آتا ہی اور اللہ تعالے نے سورۂ اعراف مین مفصل
بیان فرمایا بقولہ تعالے - واسئلھم عن القریۃ التی کانت حاضرۃ البحر اذ یعدون فی السبت اذ تاتیھم حیتانھم یوم سبتھم شرعا ویوم لا یسبتون لا تاتیھم
کذلک نبلوھم بما کانوا یفسقون - یعنے یہودیون سے سمندر کے کنارے والے قریہ کا حال دریافت کرلے کہ اونکا کیا حال گذرا جبکہ سنیچر کی تعظیم
مین فرمان سے بڑھ چلتے تھے جب اونکی تعظیمی دن سنیچر کو مچھلیان پانی پر کُدی ہوئی آتین اور جب ہفتہ نہوتا تو نہین آتین یون ہین متواتر رہتا
ہم انکی نافرمانیون پر انکی آزمایش کرتے تھے - چنانچہ اس مقام پر بنی اسرائیل کو مختصر یاد دلاکر تہدید فرمائی بقولہ تعالے - وَلَقَدْ عَلِمْتُمُ
الَّذِينَ اعْتَدَوْا مِنْكُمْ فِي السَّبْتِ فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ - اور قطعًا تم خوب جانتے
ہو اون لوگون کو جنھون نے تم مین سنیچر کی بیحرمتی کرنے مین حد سے تجاوز کیا سو ہمنے اونسے کہدیا تم لوگ ملعون بندر ہو جاؤ ف
پس یہ لوگ بندر ہوگئے تھے جو تین دن تک سر پٹک کر مرگئے دیکھو اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کے ایک فرقہ مین نازل کیا اور اوسکا علم
متواتر ہونے کے واسطے قطعی کردیا اور اپنے فضل سے پچھلی امتون کو اس عذاب سے محفوظ رکھا مگر متواتر ہونے کی وجہ سے اسکے حق مین بھی
ویسی ہی عبرت ہی جیسے اوس زمانہ والون کے واسطے عبرت تھا کیونکہ متواترات قطعی ہوتے ہین اسیواسطے فرمایا فَجَعَلْنَاهَا
نَكَالًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهَا وَمَا خَلْفَهَا وَمَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِينَ - پس ہمنے اس واقعہ کو دہشت ناک عبرت کردیا
وہان کے روبرو والون کے لیے اور اوسنے پچھلے والون کے لیے اور عمدہ نصیحت کردیا پرہیزگارون کے لیے ف کیونکہ جنکی قسمت
مین پرہیزگاری ہی وہی اس سے نصیحت پکڑتے ہین ورنہ بدبختون کو تو کوئی نصیحت کارگر نہین ہوتی ہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ اللہ تعالے
نے ان یہودیون کو جو توریت کا عہد میثاق چھوڑکر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہین لاتے تھے قطعی واقعہ سے تہدید فرمائی کہ تم لوگ
اوس قریہ کا حال خوب جانتے ہو جسنے توریت کا عہد میثاق دربارۂ تعظیم سنیچر کے چھوڑدیا اور سنیچر کے دن مچھلیون کا شکار کھیلا تو اللہ
تعالے نے اونکو شکل انسانی سے مسخ کرکے بندرون کی شکل کردیا سدی و قتادہ رح نے کہا کہ وہ لوگ اہل ایلہ تھے اور واضح ہو کہ بالاتفاق یہودیون کے
نزدیک یہ لوگ بندر کی شکل ہوگئے تھے لیکن ابن ابی حاتم و ابن جریر نے بسند جید حضرت مجاہد رح سے روایت کیا کہ انکی ظاہری صورت بندر نہین
ہوئی بلکہ انکے قلوب مسخ ہوگئے تھے - مترجم کہتا ہی کہ امام رازی و ابن کثیر خطیب وغیرہ جمیع علما و مفسرین نے اس روایت کو سنی اوی کا
وہم بیان کیا کیونکہ قطعی آیات و متواتر روایات کے خلاف ہی مترجم کہتا ہی کہ ظاہر احضرت مجاہد رح نے اصل ضرر مسخ بیان کیا ہوگا کہ ظاہری
صورت کا مسخ ہونا کوئی ایسی چیز نہین ہی بلکہ اصل خوفناک یہ ہی کہ قلوب مسخ ہوکر بند رہوگئے جیسے کمثل الحمار یحمل اسفارا مین
تہدید ہی کہ عقل سلب ہوکر حمار کی کیفیت ہوجاتی ہی پس راوی نے وہم کیا کہ حضرت مجاہد رح کا یہ مطلب ہی کہ اون لوگون کی ظاہری صورتین مسخ
نہین ہوئی تھی حالانکہ یہ وہم ہی قال تعالے - بل لعنہ اللہ وغضب علیہ وجعل منھم القردۃ والخنازیر وعبد الطاغوت الآیۃ - عوفی نے ابن عباس رض سے
روایت کی کہ انمین سے جو ان لوگ تو بندر ہوگئے اور بڈھے لوگ سور ہوگئے تھے - قتادہ رح نے کہا کہ پہلے مرد و عورتین تھے پھر دوم دار جنم ہوا

ہوگئے جو بندروں کی بولی بولتے تھے - محمد بن اسحق نے اپنی اسناد کے ساتھ ابن عباس سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے بنی اسرائیل پر ہفتہ مین
ایک دن خالص عبادت کے لیے فرض کیا تو اونھون نے جمعہ چھوڑکر سنیچر اختیار کیا پھر اونھون نے عہد و میثاق الٰہی مین نافرمانیان کین
تو اللہ تعالے نے اونکو استحان مین ڈالا اور یہ ایک قریہ قریب مدین کے تھا جو سمندر کے کنارے واقع ہی پھر جب سنیچر کا روز ہوتا تو چھوٹی
بڑی مچھلیان بکثرت سمندر پر منہ نکالتی تھین اور جب سنیچر کا روز گذر جاتا تو نہین معلوم کہ سمندر کی تہ مین کہان چلی جاتی تھین اور بیخود آنے
واسطے عبرتناک واقعہ تھا اسپر ایک زمانہ دراز گذر گیا تو ایک روز انمین سے ایک شخص نے سنیچر کو ایک مچھلی پکڑکر تاگے سے باندھی اور دریا مین
چھوڑکر منہ سے وہ تاگا باندھ دیا پھر جب اتوار کا روز ہوا تو اوسکو پکڑکر کھینچ لیا اسیطرح اوسنے دوسرے سنیچر کو بھی ایسا ہی کیا اور رفتہ
رفتہ لوگون کو اوسکا حال معلوم ہوا تو اونھون نے بھی اسیطرح خفیہ یہ حرکت کرنی شروع کی اور اسپر ایک زمانہ دراز گذر گیا اور اللہ تعالے
نے ہنوز اوپر کوئی عقوبت نہین نازل فرمائی تب تو یہ لوگ دلیر ہوگئے اور انھون نے علانیہ پکڑکر بازار مین بیچنی شروع کین جب سب لوگون نے
دیکھا تو اونمین تین فریق ہوگئے ایک فریق ان شکار کرنے والون کے ساتھ ہوا اور دوسرے فریق نے ان سے نفرت کی اور انکے ساتھ
میل جول ترک کیا اور تیسرے فریق نے انکو منع کرنا شروع کیا ہرچند یہ لوگ منع کرتے تھے وہ نہین مانتے تھے حتی کہ خاموش گروہ نے ان منع
کرنے والون سے کہا کما قال تعالے لم تعظون قوما اللہ مہلکہم او معذبہم عذابا شدیدا یعنے تم لوگ کیون ایسی قوم کو نصیحت کرتے ہو جنکو
اللہ تعالے ہلاک کرنے والا یا سخت عذاب کرنے والا ہی - یہ بات اونھون نے اس فرقہ کے ہٹ کرنے پر اپنے گمان کے موافق بیان کی حالانکہ
علم الٰہی مین یہ ہین واقع ہوا تھا غرض کہ اس گانون کے اسّی ہزار آدمیون مین کے تین گروہ مین سے ایک نے صریح سنیچر کی بے حرمتی کرنی
شروع کی کہ سنیچر کو بے تکلف مچھلیان پکڑکر بیچنے و کھانے لگے اور بارہ ہزار آدمیون کے گروہ نے اونکو بتاکید شدید منع کرنا شروع کیا اور
تیسرے گروہ نے سکوت کیا مگر اونکے اس فعل کو دل سے بُرا جانا پھر جب بیباک گروہ نے نصیحت کرنے والون کا کہنا نہ مانا تو اونھون نے کہا کہ
واللہ ہم تمہارے ساتھ ایک گانون مین نہین رہینگے پس اونھون نے درمیان مین سے دیوار کھینچ لی اور بیباکون نے سمندر کی جانب اختیار
کی پھر ایک روز نصیحت کرنے والا گروہ اپنے دروازون سے نکلکر کھیتی باڑی و بازارون کے کام کاج کو آئے تو بدکارون مین سے کسیکو نہ
پایا اور اونکی جانب سے سوائے ناگوار آوازکے اور کوئی آواز بھی نہین سنائی دیتی تھی پس ناصحین نے درمیانی دیوار سے جھانکا اور کچھ لوگون نے
اونکے دروازے جاکر کھٹکھٹائے مگر دروازے نہ کھلے اور دیوار پر جھانکنے سے معلوم ہوا کہ وہ بندر ہوگئے اور بندرون کی طرح چیچیا کر روتے ہین
اور اپنی جگہ سے ہل نہین سکتے ہین - امام ابن کثیر نے اس مقام پر سلف صالحین رضی اللہ عنہم کے آثار نقل فرمائے جنمیں سے یہ بات ظاہر ہو
کہ مجاہد سے جس راوی نے یہ روایت نقل کی کہ یہ لوگ باطن مین مسخ ہوئے ظاہر مین مسخ نہین ہوئے تھے یہ کسی راوی کا وہم ہی جسنے حضرت
مجاہد کا قول نہین سمجھا چنانچہ ابن عباس رض نے فرمایا کہ جب یہ فریق درمیانی دیوار سے جدا ہوگئے تو ایک عرصہ تک اسی حال پر رہے اسکے بعد
ایک روز منع کرنے والا گروہ نکلکر اپنے راستون و بازارون و مسجدون مین آیا اور وہان اوسنے بیباک گروہ مین سے کسیکو نہ پایا تو آپسمین
کہنے لگے کہ شاید اونمین کوئی معاملہ پیش آیا ہی تو چلکر دیکھین کہ کیا بات ہی پھر اونکے دروازون کو جاکر بند پایا کیونکہ جب وہ لوگ گھرون کو آئے
تھے تو اپنے اپنے دروازے بند کر لیے تھے پھر صبح کو یہ لوگ بندر ہوگئے تو وہ کواڑے اوسیطرح بند پڑے رہے پھر جب ان لوگون نے
اونکی حالت دیکھی تو بندر ہوجانے کے باوجود آدمی جسکو پہچانتا تھا بعینہ اوسکو اس حالت مین بھی پہچانتا تھا حالانکہ وہ بندر کی صورت
مین تھا اور عورتین بندریا کی صورت مین تھین اور بچے بھی بندرون کی صورت مین ہوگئے تھے ابن عباس رض نے فرمایا کہ واللہ اگر منع کرنے

والے لوگ منع نکرتے تو وہ بھی بندر ہو جاتے ضحاک نے بھی ابن عباس رضہ سے اسیکے مانند روایت کیا سدی نے کہا کہ اللہ تعالے نے یہود پر سنیچر کی تعظیم فرض کردی تھی کہ اوس دن سوائے عبادت کے کوئی کام نکریں پھر سمندر کے کنارے ایک گانون تھا جو نافرمانیون کی سبب سے آزمایش مین ڈالا گیا کہ سنیچر کے روز سمندر سے مچھلیان اپنا سر نکالتین اور پانی کی سطح پر اوتراتی رہتی تھین اور جب سنیچر کا دن گذر جاتا تو سب پانی کی تہ مین بیٹھ جاتین اور کوئی مچھلی نظر نہ آتی یہانتک کہ پھر سنیچر کا دن آتا تو پھر اوسیطرح بکثرت ظاہر ہوتی تھین آخر ایک شخص نے سمندر کے کنارے ایک حوض بنایا اور سمندر تک ایک نالی کاٹی تو سمندر کی لہر سے مچھلیان اس حوض مین گرتین اور نکل نہین سکتی تھین پھر وہ دوسرے روز جاکر پکڑ لاتا تھا اور اوسکی خوشبو اوسکے پڑوسیون کو پہونچتی تو آخر اونھون نے پتہ لگا کر یہ بات دریافت کی اور رفتہ رفتہ اون لوگون نے بھی مچھلیان پکڑنی شروع کین جب اونکے علماء کو خبر ہوئی تو اونھون نے لوگون کو جھڑکا اور ڈرایا کہ اللہ تعالے سے خوف کرو تو اونھون نے کہا کہ ہمنے تو انکو اتوار کے روز پکڑا ہی فقہاء نے فرمایا کہ نہین یہ حیلہ بازی تمکو جائز نہین لیکن ان لوگون نے اپنی رائے کو دخل دیا اور علماء کا کہنا نہ مانا سوائے ایک گروہ کے جنھون نے اجتناب کیا پھر اہل طاعت نے کہا کہ واللہ ہم تمھارے ساتھ ایک گانون مین نہ رہینگے پس اونھون نے گانو کا بٹوارہ کرکے درمیان مین ایک دیوار قائم کی پھر ایک روز اہل طاعت اپنے دروازون سے نکلے تو کافرون کا دروازہ نہین کھلا آخر مسلمانون نے دیوار پر چڑھ کر دیکھا تو ناگاہ نظر آیا کہ وہ لوگ بندر ہو گئے ہین مجاہدؒ نے ابن عباس رضہ سے روایت کی کہ جن لوگون نے سنیچر کی بے حرمتی کی تھی وہ اکہارگی بندر ہو گئے پھر یہ لوگ سب مر گئے اور کسی مسخ شدہ کی نسل نہین رہی ضحاک نے ابن عباس رضہ سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے اونکی بد کردارییون کی وجہ سے کہ اونھون نے فرمان الٰہی کی بے حرمتی کی تھی بندر کردیا پھر سوائے تین دن کے زیادہ زندہ نہین رہے اور فرمایا کہ کوئی مسخ شدہ قوم تین دن سے زیادہ زندہ نہین رہی اور نہ اونسے کھایا اور نہ پیا اور نہ اوسکی نسل ہوئی اور یہ بندر و سور تو مخلوق پیدا کرنے ہی کے وقت اللہ تعالے نے پیدا فرمائے تھے اور اس قوم کو اللہ تعالے نے اپنی قدرت دکھلانے کے واسطے بندرون کی صورت مین ہلاک کیا اور اللہ تعالے قادر مختار ہی کہ جب کبھی جس کسی شخص کے واسطے چاہے اسیطرح صورت بدل سکتا ہی یہ روایات صریح ہین کہ یہ لوگ ظاہر و باطن دونون طرح مسخ ہو گئے تھے اور یہی صحیح ہی شیخ ابن کثیر رحؒ نے کہا کہ اسمین کامل عبرت و نصیحت ہی کہ بہتیرے حرمت سے باز رہین اور جن چیزون کو اللہ تعالے نے حرام فرمایا ہی اوسکو حلال کرنے مین حیلہ بازی نکریں تاکہ اونپر بھی یہی بلا طاری نہو۔ مترجم کہتا ہی کہ بعض احادیث سے معلوم ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت و دعا و رحمت الٰہی سے اس امت پر ظاہری صورت یا عام تباہی کا عذاب نہین آئیگا کیونکہ اسکے بعد کوئی دوسری امت آنے والی نہین ہی جسکے واسطے نصیحت ہو بلکہ قیامت متصل ہی جس مین اونکا فیصلہ کر دیا جائیگا لیکن دوسری احادیث مین آیا کہ اس امت مین بھی خسف و مسخ ہی یعنے کچھ لوگ زمین مین دھنسا دیے جاوینگے اور کچھ مسخ کیے جاوینگے (السنن) اور حدیث مین آیا کہ ایک خسف بجانب مشرق اور ایک خسف بجانب مغرب اور ایک خسف جزیرۂ عرب مین ہوگا (السنن وغیرہ) اسمین علماء سے دو تاویلین منقول ہین ایک یہ کہ جب قیامت قائم ہونے کے آثار شروع ہو جاوینگے اور قرآن مجید اوٹھالیا جاویگا اوسوقت خسف و مسخ واقع ہوگا لیکن مترجم کہتا ہی کہ اس تاویل مین تردد ظاہر ہی اسواسطے کہ جب شریعت مفقود ہو جاوے تو اوسوقت اس امت مین تہدید نہو گی بلکہ حضرت ام المومنین عائشہ رضہ کی حدیث مین ہی کہ خانہ کعبہ پر چڑھائی کرینگے حتی کہ جب بیداء مین آوینگے تو زمین مین دھنسا دیے جاوینگے حضرت ام المومنین رضہ نے پوچھا کہ اگرچہ بیچ کے لوگ زبردستی پکڑکے لائے ہون تو فرمایا کہ وہ لوگ اپنی نیتون پر اوٹھائے جاوینگے (البخاری) اس سے ظاہر ہی کہ اوسوقت شریعت و صلاحیت باقی ہوگی ۔ تاویل دوم یہ ہی کہ اس امت مین جاہلیت شریعت مین مسخ ہوگا لیکن مسخ دو طرح ہوتا ہی اول یہ کہ ظاہر و باطن دونون مسخ ہو جاوے لیکن حدیث اول سے

ظاہر ہوا کہ اس امت میں ظاہری عذاب نہو گا تو یہ مسخ باطنی ہی لہذا ایک جماعت کثیر مشائخ کشف و شہود سے منقول ہو کہ اونھوں نے بعض روافض و خوارج کو گدھے و بندر و سور کی شکلوں میں دیکھا چنانچہ تاریخ امام یافعی و ملا جامی میں یہ روایت مذکور ہیں اور امام غزالی علیہ الرحمۃ نے کتاب الاحیا میں اسکے تحقیق اسرار کا اشارہ فرمایا ہی اور جس شخص نے روافض و خوارج وغیرہ کے خیالات کو نظر تحقیق سے ملاحظہ کیا وہ مفسد یہود یون و نصرانیون سے انکی مشابہت کامل پاتا ہی اور حدیث معروف میں خود تہدید موجود ہی کہ اس امت والے بھی یہود و نصاری کے قدم بقدم ہو جائینگے پس یہ بات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قرن مبارک سے بہت قریب واقع ہوئی پس حاصل یہ ہوا کہ اللہ تعالے نے جو بات فرض فرمائی اوسکی ہتک حرمت سے پرہیز کرے اور وبال مسخ سے خوفناک ہو اور اوسمین حیلہ بازی کو دخل نہ دے اسیواسطے جماعت کثیر علماء نے شراب کو سرکہ کرنے سے پرہیز کیا اور اسیطرح کسی حکم تغیر کرنے کے واسطے شرعی حیلہ کرنا حرام ہی مثلاً بعضے لوگ رہن کی منفعت اوٹھانے مین ہو در حقیقت ربا حرام ہی حیلہ بازی کرتے ہین اور بعضے لوگ زکوۃ ساقط کرنے کے واسطے حیلہ نکالتے ہین اور یہ سب خوفناک خلاف تقوی ہی پس چاہیے کہ ایسے حیلہ سے پرہیز کرے

قال ابو عبد اللہ بن بطۃ حدثنا احمد بن محمد بن مسلم حدثنا الحسن بن محمد بن الصباح الزعفرانی حدثنا یزید بن ھارون حدثنا محمد بن عمر عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا ترتکبوا ما ارتکبت الیھود فتستحلوا محارم اللہ بادنی الحیل ۔ یعنی ابو عبد اللہ بن بطہ نے اپنی اسناد کے ساتھ روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگ اوسکے مرتکب نہو جسکے مرتکب یہود ہوے پس ادنی حیلہ کے ساتھ محارم الٰہی کو حلال کرنے لگو (ابن کثیر) ہان احکام شریعت مین سے آسان و سہل کا اختیار کرنا جائز بلکہ مستحب ہی کیونکہ حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی امت کے واسطے نرم و آسان پسند فرماتے تھے کیونکہ سختی اختیار کرنا ایک وسوسہ شیطانی ہی تاکہ آخر وہ چھوڑ بیٹھے اور احکام الٰہی مین حیلہ بازی کرنا نفس کا مکر و خیانت ہی جس سے دنیا و آخرت مین رسوائی ہوتی ہی چنانچہ بنی اسرائیل مین ایک شخص نے دنیاوی مال کے پیچھے جو در حقیقت اسیکی میراث تھا بے صبری کرکے حیلہ بازی سے اپنے مورث کو مار ڈالا اور اوسکا نتیجہ یہ ہوا کہ دنیا مین بھی خوار و محروم ہوا اور عاقبت کا خوف عذاب باقی رہا اور اوسکے ساتھ کچھ لوگون نے دین کے معاملہ مین اپنے اوپر سختی اوٹھائی آخر اوسکی مشقت مین مبتلا ہوے چنانچہ اللہ تعالی نے اس متواتر واقعہ کو جسمین عجیب قدرت توحید کا بیان بھی شامل ہی عبرت و نصیحت و تحقیق ایمان توحید کے واسطے بیان فرمایا بقولہ تعالے

وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً ۭ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا ۭ

اور جب کہا موسی نے اپنی قوم کو اللہ فرماتا ہی تمکو کہ ذبح کرو ایک گائے بولے کیا تو ہمکو پکڑتا ہی ٹھٹھے مین

قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۭ

کہا پناہ اللہ کی اس سے کہ مین ہون نادانون مین بولے پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو کہ بیان کردے ہمکو وہ کیسی ہی

قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ ۭ عَوَانٌۢ بَيْنَ ذٰلِكَ ۭ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ۝

کہا وہ فرماتا ہی کہ وہ ایک گائے ہی نہ بوڑھی اور نہ بن بیائی میانہ ہی لڑکے بیچ اب کرو جو تمکو حکم ہی

قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۭ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاۗءُ ۙ فَاقِعٌ

بولے کہ پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو کہ بیان کردے ہمکو کیسا ہی رنگ اوسکا کہا وہ فرماتا ہی وہ ایک گائے ہی زرد ڈھڈا

لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ۝ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَهَ

رنگ اوسکا خوش آتی ہی دیکھنے والون کو بولے پکار ہمارے واسطے اپنے رب کو بیان کردے ہمکو کس قسم مین ہی گایون مین شبہہ پڑا ہی

عَلَيْنَا ۭ وَاِنَّآ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ لَمُهْتَدُوْنَ ۝ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا ذَلُوْلٌ

ہمکو اور ہم اللہ نے چاہا تو راہ پالینگے کہا وہ فرماتا ہی وہ ایک گائے ہی محنت والی نہین

تُثِيْرُ الْاَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ ۚ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيْهَا ۭ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ۭ

کہ باہتی ہو زمین کو یا پانی دیتی ہو کھیت کو بدن سے پوری ہی داغ کچھ نہین اوس مین بولے اب لایا تو ٹھیک بات

فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ۝

پھر اوسکو ذبح کیا اور لگتے نہ تھے کہ کرینگے

واضح ہو کہ اس قصہ مین بھی آیات قدرت و دلائل معرفت بہت ہین اور جسقدر قرآن مجید مین مذکور ہوا اور آیندہ دو آیات مین ابتدائے قصہ اور اوسکا نتیجہ مذکور ہوگا اسقدر بیان قطعی ہی امام ابن کثیر نے لکھا کہ زیادہ تفصیل مین کوئی حکم دینوی یا معرفت اعتقادی کی ضرورت نہ تھی ورنہ اللہ تعالے بیان فرماتا تو ہمکو تفصیل کی کوئی حاجت نہین ہی لیکن بعض علماے سلف سے تفصیلی روایات مین شیخ نے کہا کہ یہ تفصیلی روایات جو حضرت عبیدۃ السلمانی و ابو العالیہ و سدی رحمہم اللہ تعالے سے بلکہ حضرت ابن عباس رضہ سے بھی مروی ہین ظاہر ایہ یہود و نصاری کی کتابون سے ماخوذ ہین اور انکے نقل کرنے مین کوئی مضائقہ نہین ہی اگرچہ ہم اونکی تصدیق یا تکذیب نہین کرتے جب تک کہ وہ حق صریح سے مخالف نہون پھر شیخ نے ہر ایک کی روایت کو علحدہ علحدہ بیان فرمایا لیکن مترجم کے نزدیک یہ مناسب معلوم ہوا کہ اس تکرار کو حذف کرکے روایات کا لباب لے لیا جاوے امام ابن کثیر نے کہا کہ اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو ان آیات مین اپنی نعمت یاد دلائی کہ حشر قیامت مین مردون کو زندہ کرنے کا نمونہ قدرت اونکو بقرہ کے قصہ مین دکھلایا کہ ایک مقتول نے زندہ ہوکر اپنا قاتل بتلایا۔ مترجم کہتا ہی کہ سراج وغیرہ مین مذکور ہی کہ اس واقعہ مین تین حکمتین شامل تھین ایک یہ کہ بنی اسرائیل مین سے بعضے لوگون کے دلون مین تردد تھا کہ قیامت مین کیونکر مردے زندہ ہونگے دوم یہ کہ بنی اسرائیل مین ایک شخص صالح رہتا تھا اور اوسکے پاس ایک گائے کا بچہ مادہ تھا اوسنے مرتے وقت اپنی نابالغ اولاد کو دیکھکر اپنی نیک بی بی کے مشورہ سے اس بچھیا کو ایک جنگل مین اللہ تعالے کی امانت مین چھوڑ دیا اور اس نیک عورت نے اپنے یتیم بچہ کی پرورش کی یہانتک کہ وہ جوان ہوا تو وہ بھی ایسا صالح نکلا کہ اپنی بوڑھی ماں کی بہت خدمت گذاری کرتا تھا مترجم کہتا ہی کہ حدیث صحیح مین گذری امتون مین سے ایک شخص کا حال مذکور ہی کہ اوسکے پاس ایک گائے تھی جس پر اوسکی بسر اوقات تھی اور وہ اپنی والدہ کی بہت خدمتگذاری کیا کرتا تھا حتی کہ اوسکی والدہ جب دودھ پیکر سیر ہو جاتی تھی تب باقی وہ اپنے بال بچون کو دیتا تھا چنانچہ ایک روز اوسکو آنے مین دیر ہوئی کہ اوسکی والدہ سو گئی اور وہ دودھ دوہکر اپنی والدہ کے سرہانے بیٹھا رہا جب یہ جاگے تب اوسکو پلاکر بال بچون کو دے اور اوسکے بچے بھوک کے مارے اوسکے پیرون کے پاس بلبلاتے تھے مگر وہ برابر بیٹھا رہا یہانتک کہ صبح ہوگئی (کمافی الصحیح) مترجم کہتا ہی کہ شاید یہ وہی شخص ہو یا کوئی دوسرا شخص ہو بہرحال ایک روز اوسکی ماں نے کہا کہ تیرے باپ نے فلان جنگل مین ایک گائے بحفاظت الٰہی ودیعت رکھی ہی تو اسکو اسی امانت کے ساتھ لے آ تو اوسنے جاکر امانت الٰہی عزوجل کا واسطہ دیا تو دیکھا کہ جنگل سے ایک گائے نہایت تندرست و توانا جسکا رنگ زرد خوشنما بیداغ چمکیلا تھا فرمانبردارون کی طرح اوسکے پاس آکر کھڑی ہوگئی اور وہ اوسکو اللہ تعالے کے نام پر لیکر روانہ ہوا راہ مین بقدرت الٰہی وہ گائے بولی کہ اے مردنیکوکار اپنی ماں کے خدمتگذار کیون پیدل چلتا ہی مجھپر سوار ہو لے اوسنے یہ سنکر تعجب کیا اور کہا کہ اے نیک جانور مجھکو میری ماں نے یہ حکم نہین دیا کہ مین تجھپر سوار ہون اوسنے کہا کہ تو نے خوب کہا اور اگر تو مجھپر سوار ہو جاتا تو پھر تیری اطاعت مجھپر لازم نہوتی اور مین چھوٹکر جنگل مین پہونچتی پھر جب وہ اپنی ماں کے پاس لایا تو اوسنے اجازت دی کہ اسکو بازار مین فروخت

کرکے اپنے اہل و عیال کی پرورش مین مدد حاصل کرے لیکن اگر کچھ دام لگین بغیر میرے مشورہ کے نہ بیچیو پس یہ لگیا اور ناگاہ ایک شخص لاجسنے کچھ دام لگائے تو اوسنے کہا کہ بہتر ہین اپنی ماں سے دریافت کرون اوسنے کہا کہ بغیر مشورہ کے مین دو چند دام دیتا ہون اسنے نہ مانا غرض کہ کئی روز تک ایسا ہی اتفاق ہوا کہ وہ بغیر مشورہ کی شرط پر دام بڑھاتا جاتا تھا آخر اسکی ماں نے پہچانا اور کہا کہ آج تو اوس سے کہیو کہ ای بندۂ خدا تو ہمکو اس گاے کے بارہ مین کیا مشورہ دیتا ہی یعنے اس نیک بڑھیا نے پہچانا کہ یہ کوئی فرشتہ ہی یا اولیاء الٰہی مین سے کوئی بندہ ہی پس اوس شخص نے کہا کہ اپنی ماں سے میرا سلام کہیو اور تاکید کیجیو کہ اس گاے کو اپنے پاس رکھے یہانتک کہ غنیمت بنی اسرائیل کو اسکی ضرورت ہوگی تو اسکے برابر دام لیکر بیچیو۔ مترجم کہتا ہی کہ امام ابن کثیرؒ نے ابن ابی حاتم و ابن جریر و عبد بن حمید کی تفسیر سے حضرت عبیدۃ السلمانی کی روایت اور آدم بن ابی ایاس کی تفسیر سے ابو العالیہ کی روایت اور ابن جریر کی تفسیر سے ابن عباسؓ کی روایت نقل فرمائی جنکا حاصل یہ ہی کہ بنی اسرائیل مین ایک شخص بہت مالدار تھا اور اوسکے کوئی اولاد نہ تھی بلکہ اوسکے بھتیجے کے سوائے اوسکا کوئی وارث بھی نہین تھا اور یہ بھتیجا محتاج تھا اور ابن عباسؓ کی روایت سے معلوم ہوتا ہی کہ بھتیجے کئی بھائی تھے جو آپسمین کہنے لگے کہ کاش یہ مرجاتا تو ہمکو میراث مین اتنا مال ملجاتا جس سے ہماری محتاجی جاتی رہتی آخر شیطان نے آکر اونکو مشورہ سوجھایا کہ تم لوگ رات مین اوسکو مار کر دوسرے گانون کے ڈانڈے پر ڈال دو تاکہ تمکو میراث مین سب مال بھی ملے اور اسکی دیت بھی دوسرے گانون والون سے تمھارے ہاتھ آوے اور توریت مین قسامت کا حکم تھا کہ جب دو گانون والون کے درمیان مقتول پایا جاوے اور قاتل دریافت نہو حتی کہ وہ لوگ پچاس قسمین کھالین جنکے گانون سے مقتول زیادہ قریب ہی کہ واللہ ہمنے اسکو قتل نہین کیا اور ہم اسکا قاتل بھی نہین جانتے ہین تو سب اہل قریہ ملکر اوسکی دیت ادا کرتے تھے پس ان لوگون نے یہی کیا کہ رات مین اوسکو قتل کرکے لیشتارہ باندھکر دوسرے گانون کے دروازہ پر ڈال آئے اور صبح کو اوٹھکر واویلا و شور و غوغا مچایا کہ اونکا چچا مفقود ہی آخر ڈھونڈھتے ڈھونڈھتے دوسرے گانون کے دروازہ پر پایا اور دیکھا کہ اوس گانون والے اس بیچارے مقتول پر جمع ہوکر افسوس کرتے تھے کہ ناگاہ ان لوگون نے ہجوم کرکے اوس گانون والون پر دعوی کیا کہ تمھین لوگون نے ہمارے چچا کو قتل کیا ہی اون لوگون نے انکار کیا اور اپنی برات پر قسمین کھانے لگے لیکن ان لوگون نے ایک طومار باندھکر اونھین لوگون پر الزام قائم کیا۔ مترجم کہتا ہی کہ سراج وغیرہ مین مذکور ہی کہ ان لوگون نے دیت سے بھی انکار کیا حتی کہ دو چند دیت سے بھی زیادہ ہوس کرنے لگے لیکن ان آثار مین صرف اسقدر مذکور ہی کہ جب انھون نے دوسرے گانون والون پر الزام لگایا تو دونون طرف کے لوگ ہتھیار بند ہوکر لڑنے پر آمادہ ہوے لیکن ان مین سے صاحبان عقل نے متفق ہوکر کہا کہ آپس مین کیون خونریزی کرتے ہو حالانکہ رسول اللہ یہ سامنے موجود ہین انسے چلکر کیون نہین دریافت کرتے ہو پس سب متفق ہوکر حضرت موسی علیہ السلام کے پاس حاضر ہوے اور بقیصور گانون والون نے عرض کیا کہ ہم لوگون کو ایک دیت دینے مین کوئی دقت نہین ہی لیکن اسکے بھتیجے ہمپر الزام لگاتے ہین سو ہمکو شرم آتی ہی کہ یہ الزام ہمپر ہمیشہ قائم رہیگا اور مقتول کے سبط والے ہمسے دشمنی کرینگے لہذا ہم چاہتے ہین کہ آپ اللہ تعالے سے دعا فرمائین کہ قاتل کا نام دریافت ہو پس موسی علیہ السلام نے جب دعا فرمائی تو وحی الٰہی سے گاے ذبح کرنیکا حکم آیا چنانچہ ان آیات مین یاد دلایا وَاِذْ قَالَ مُوْسٰی لِقَوْمِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَذْبَحُوْا بَقَرَةً اور یاد کرو جب موسی نے اپنی قوم سے فرمایا تھا کہ اللہ تعالے تمکو حکم فرماتا ہی کہ تم لوگ ایک گاے ذبح کرو۔ قَالُوْٓا اَتَتَّخِذُنَا هُزُوًا۔ قوم والے کہنے لگے کہ کیا آپ ہمکو ٹھٹھول بناتے ہین ف یہ اونکا کلام نے ادبی مین شامل تھا کہ اونھون نے پیغمبر خدا علیہ السلام کے کلام کو ٹھٹھول سمجھا اگرچہ اونھون نے قاتل کا نام پوچھا تھا لیکن اس حکمت کے منتظر رہتے کہ گاے ذبح کرنے کا حکم ہوا تو اسمین کوئی حکمت ہوگی ورنہ اسکو حسن ادب سے عرض کرتے اور یہ

کہنا گستاخی تھا کہ آپ ہمسے ٹھٹھول کرتے ہو کیونکہ یہ پیغمبر کی شان نہیں ہی لہذا موسیٰ علیہ السلام نے سخت انکار کیا قَالَ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ اَكُوْنَ مِنَ الْجٰهِلِيْنَ ۔ موسیٰ نے کہا کہ مین اللہ تعالے سے پناہ چاہتا ہون کہ مین جاہلون سے ہوجاؤن ۔ ف یعنے مین جاہل نہین ہون کہ ٹھٹھول کرون کیونکہ ایسے موقع پر ٹھٹھول کرنا جہالت ہی ۔ ابن عباس رض وایک جماعت تابعین نے کہا کہ اگر یہ لوگ کسی گائے کو لیکر ذبح کر دیتے تو آسانی سے کفایت ہوجاتی اور فرمانبرداری مین بھی جلدی کرنے کا ثواب پاتے لیکن انھون نے جب یہ جانا کہ حکم لازمی ہی ۔ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا هِيَ ۔ تو کہنے لگے کہ ہمارے واسطے اپنے رب تعالے سے دعا کیجیے کہ وہ ہمارے واسطے ظاہر فرماوے کہ یہ گائے کیا ہی ۔ ف یعنی اسکا سن کیا ہوگا پس ان لوگون نے فرمانبرداری مین جلدی چھوڑکر سختی و دیر کرنا شروع کی ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہانتک سختی کی کہ ایسی گائے بتلائی گئی جو سوائے اوس بیکرد کے کسیکے پاس نہ تھی جو اپنی والدہ کی بہت خدمتگذاری کرتا تھا اور سوالات مین یہانتک تاخیر کی کہ مقتول پٹکر خاک ہوگیا اور اسمین حکمت الٰہی کا نمونہ مضمر ہی جو تھوڑے غور سے ظاہر ہوجاتا ہی بالجملہ جب انھون نے گائے کی عمر پوچھی ۔ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ لَّا فَارِضٌ وَّلَا بِكْرٌ عَوَانٌ بَيْنَ ذٰلِكَ فَافْعَلُوْا مَا تُؤْمَرُوْنَ ۝ موسیٰ نے کہا اللہ تعالے فرماتا ہی کہ یہ ایسی گائے ہی کہ نہ ایسی بوڑھی ہی جسکی نسل منقطع ہو اور نہ ایسی چھوٹی ہی کہ بزنگ نہ پہونچی ہو بلکہ دونون کے بیچ بیچ مین ہی پس جو تمکو حکم دیا جاتا ہی اسکو پورا کرو ۔ ف ابن جریر نے بسند صحیح ابن عباس رض سے روایت کی کہ اگر یہ لوگ کوئی کمتر گائے لیکر قربانی کر دیتے تو انکو کافی ہوجاتی ولیکن انھون نے تشدد کیا تو اللہ تعالے نے بھی اوپر سخت کر دیا یہی قول عبیدۃ السلمانی و سدی و مجاہد و عکرمہ و ابو العالیہ و دیگر علماے تابعین سے مروی ہی اور ابن جریج نے جو تبع تابعین مین سے ہین بوجہ کمال وثوق کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نسبت کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کو تو کمتر گائے ذبح کرنے کا حکم دیا گیا تھا لیکن جب انھون نے تشدد کیا تو اللہ تعالے نے اوپر سخت کر دیا اور واللہ اگر یہ لوگ انشاء اللہ تعالے نہ کہتے تو قیامت تک انکو نہ کھلتی ۔ فارض ۔ ایسی گائے جو اسقدر بڑھیا ہوگئی ہو کہ اوسکے جننے کی امید نہ ہو اور بکر ۔ وہ بچھیا جو گابھن ہوئی ہو یہ قول ابو العالیہ و سدی و مجاہد و عکرمہ و عطیہ عوفی و عطاء خراسانی و وہب بن منبہ و ضحاک و حسن و قتادہ رحمہم اللہ ہی اور یہی حضرت ابن عباس رض سے مروی ہی اور ابن عباس رض نے فرمایا کہ "عوان" وہ کہ کبیرہ و صغیرہ کے درمیان ہو اور یہ ان چار بابون مین نہایت عمدہ جوانی کا وقت کہلاتا ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ اس مرتبہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اونکو مصرح تاکید فرمائی یعنے ۔ فافعلوا ما تومرون ۔ جو تمکو حکم دیا گیا اسکو پورا کرو ۔ پس دیکھنا چاہیے کہ صیغۂ امر اذبحوا ۔ تو پہلے ہی سے تاکید تھا کیونکہ صیغۂ امر سے حکم دینا وجوب ہی پھر اسپر بکرر وجوب ہوا کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے پھر بصیغۂ امر فرمایا کہ ۔ فافعلوا ۔ لیکن پھر بھی ان لوگون نے نہین کیا بلکہ ۔ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَّنَا مَا لَوْنُهَا ۔ قوم والے کہنے لگے کہ آپ ہمارے واسطے اپنے رب تعالے سے دعا کیجیے کہ ہمارے لیے بیان فرماوے کہ اس گائے کا کیا رنگ ہی ۔ ف پس پہلے تو اوسکا سن دریافت کیا تھا اب اوسکا رنگ دریافت کیا ۔ قَالَ اِنَّهٗ يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ صَفْرَاءُ فَاقِعٌ لَّوْنُهَا تَسُرُّ النّٰظِرِيْنَ ۝ موسیٰ نے کہا اللہ تعالے فرماتا ہی کہ یہ جوان گائے بزنگ زردی کہ اوسکا رنگ چٹکیلا ہی کہ دیکھنے والون کو سرور دیتا ہی ۔ ف یعنے دیکھنے والون کو بھلا معلوم ہوتا ہی یہ قول سدی و ابو العالیہ و قتادہ و ربیع بن انس ہی اور وہب بن منبہ نے کہا کہ اوسکے کمال پر نظر کرنے سے ایسا خوش معلوم ہوتا ہی کہ گویا آفتاب کی شعاع نکلتی ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ اسکا رنگ غایت شوخی سے ایسا چٹکیلا تھا کہ اوسپر دوسرے رنگ کی لہر معلوم ہوتی تھی کیونکہ زردی یا سبزی جب نہایت شوخ ہوتی ہی تو مختلف طور پر روشنی پڑنے سے کبھی سیاہی اور کبھی چمک کی سپیدی اور کبھی دوسری چیز کے عکس پر سرخی کی جھلک بھی معلوم ہونے لگتی ہی اسیواسطے

حسن رح کی روایت مین سیاہی مائل اور ابن عباس رض کی سفیدی مائل آیا اور شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ توریت مین سرخی مائل مذکور ہی شیخ نے کہا کہ اسکی یہی وجہ ہی کہ اوسکی زردی ایسی گہری تھی کہ کبھی وہ سیاہی یا سرخی مائل نظر آتی تھی مترجم کہتا ہی کہ اپنی چمک کی وجہ سے کبھی سفیدی مائل نظر آتی تھی اور یہان ایک تنبیہ یہ ہی کہ بعد اس واقعہ کے توریت نازل ہوئی ہی تو لامحالہ یہ واقعہ مصر مین ہوا ہوگا واللہ تعالے اعلم۔ ابن عباس رض سے روایت ہی کہ جو شخص زرد جوتیان پہنے وہ جب تک پہنے رہے برابر سرور مین رہیگا۔ ع۔ بالجملہ گائے کا سن و رنگ بیان ہوگیا پھر بھی اس قوم نے سوال نہ چھوڑا۔ قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّكَ يُبَيِّنْ لَنَا مَا هِيَ إِنَّ الْبَقَرَ تَشَابَهَ عَلَيْنَا وَإِنَّا إِنْ شَاءَ اللَّهُ لَمُهْتَدُونَ ۝ کہنے لگے کہ ہمارے لیے اپنے رب تعالے سے دعا کیجیے کہ ہمین صاف بتلادے کہ وہ کیا ہی کہ گائین تو ہمپر مشتبہ ہوگئی ہین اور اللہ تعالے نے چاہا تو ہم مقصد پر پہونچ جائینگے۔ ف حدیث مین ہی کہ اگر ان شاء اللہ تعالے نہ کہتے تو وہ قیامت تک نہ کھلتی (ابن جریر وغیرہ) امام ابن کثیر رح نے کہا کہ حدیث غریب ہی اور اظہر قول ابو ہریرہ رض ہی بیضاوی نے یہان ایک فائدہ دقیق نکالا کہ اللہ تعالے نے پہلے حکم دیدیا تھا پھر یہان ان شاء اللہ تعالے کہا گیا تو معلوم ہوا کہ اللہ تعالے جسکو حکم دیتا ہی وہ حکم بھی اللہ تعالے کی مشیت پر رہتا ہی اور اللہ تعالی کا ارادہ و مشیت اگرچہ قدیم ہی مگر بندے کے فعل سے متعلق ہوا کرتی ہی تو تعلق البتہ حادث ہی یعنی ازلی ارادۂ الٰہی جسوقت کے واسطے تھا جب وہ چیز پیدا کرتا ہی تب اوسکے ساتھ متعلق ہوتا ہی الحاصل اس سوال مین اون لوگون نے دریافت کیا کہ متوسط عمر کی زرد رنگ گائین بہت ہوتی ہین تو ہمکو یہ بتلانا چاہیے کہ وہ چرائی کی گائے ہی یا کھیتی باڑی کی چنانچہ موسی علیہ السلام نے دعا فرمائی جب حکم آیا تو اونکو بلایا۔ قَالَ إِنَّهُ يَقُولُ إِنَّهَا بَقَرَةٌ لَا ذَلُولٌ تُثِيرُ الْأَرْضَ وَلَا تَسْقِي الْحَرْثَ۔ موسی علیہ السلام نے کہا کہ اللہ تعالے فرماتا ہی کہ وہ گائے ایسی ہی کہ ذلول نہین کہ زمین جوتتی ہو اور نہ کھیتی سینچتی ہی۔ ف ذلول جو کام سے مذلل یعنے کام کی محنت مین دبی ہوئی ہو اور اثارۃ الارض زمین جوتنا و گوڑنا پس غیر ذلول ہونے کی یہ تفسیر ہی کہ زمین جوتتی نہین اور کھیتی سینچتی نہین ہی اور اسکے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ مُسَلَّمَةٌ لَا شِيَةَ فِيهَا۔ یعنے مسلمہ ہی کہ اوسکے بدن مین کوئی نقص نہین ہی ف اور نہ اوسمین کوئی داغ ہی یعنے سوائے اوسکے رنگ خالص کے کسی دوسرے رنگ کا داغ نہین ہی۔ قَالُوا الْآنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ۔ کہنے لگے کہ اب آپ حق کو لائے۔ ف قتادہ رح نے کہا یعنے اب آپ نے پورا بیان فرمایا مترجم کہتا ہی کہ یہ بھی گویا بے ادبی کی تعریض ہی کہ پہلا بیان صاف نہ تھا حالانکہ در اصل اونکی سمجھ ہی تھی ورنہ کلام نبوت بہت صاف تھا اور یہان سے یہ معرفت نکل آئی کہ امتی لوگ جب کلام نبوت پر فہم سلیم کے ساتھ عمل کرین تو اللہ تعالے قبول فرمائیگا اسیواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو آسانی کا حکم دیا اور حکم الٰہی کو اپنے اوپر سخت کر لینے سے بہت منع فرمایا ہی چنانچہ حضرت معاذ بن جبل و ابو موسی اشعری کو جب اہل یمن کے یہان بھیجا تو یہ بھی فرمایا کہ دو لیسّرا ولا تعسّرا، یعنے تم آسانی دیجیو اور سختی مت کیجیو (الصحاح) اور یہ حکم بہت سی احادیث مین وارد ہی القصہ روایات سلف مین وارد ہی کہ جب ان لوگون نے یہ حکم پایا تو ایسی گائے کی تلاش مین پھرنے لگے ایک شخص کے پاس ایسی گائے جسمین یہ تمام صفات موجود ہون اوسی مرد صالح کے پاس ملی جو اپنی ماں کی خدمتگذاری مین باوجود محتاجی کے اپنے بال بچون پر ترجیح دیکر ثابت قدم رہتا تھا اور اللہ تعالے نے دنیا مین بھی اوسکو اس کار نیک کا کچھ عوض دینا چاہا حالانکہ اہل المعرفت پہچانتے ہین کہ جو وہ رکعت سنت کا ثواب تمام دنیا و مافیہا سے بہتر ہو تو خدمت والدین جو اللہ تعالے نے فرض فرمائی ہی اوسکا ثواب تمام دنیا و مافیہا کیونکر ہو سکتی ہی پس معنے یہ ہین کہ اللہ تعالے نے چاہا کہ وہ دنیا مین آسانی کے ساتھ خدمت کرے پس ان لوگون نے وہ گائے اس جوان صالح سے طلب کی اور اوسوقت کی قیمت کے موافق دوگنی چوگنی قیمت دینی چاہی مگر اوسنے منظور نہین کیا آخر اون لوگون نے موسی علیہ السلام سے شکایت کی

تو اوسنے حضرت موسی علیہ السلام سے عرض کیا کہ اگر حکم نبوت ہی تو یہ گائے حاضر ہی آپنے فرمایا کہ تمہین تجکو ہر طرح اختیار ہی اور اسرائیلی روایات مین یہ بات واردہی کہ ایک فرشتہ نے بشکل آدمی سامنے ہوکر پہلے ہی اوسکو آگاہ کردیا تھا جیسے دیجانے جاتا تھا کہ تو ابھی اس گائے کو مت فروخت کیجیو یہانتک کہ بنی اسرائیل مین ایک مقتول کے واسطے حضرت موسی علیہ السلام کے حکم سے یہ گائے خریدی جائیگی خبردار تو اوسکو اوسکی کھال بھر سونے سے کم مت دیجیو غرضکہ اس شخص نے اوسکی قیمت مین اوسکی کھال بھر اشرفیان مانگین اور کسی طرح اس سے کم نکیا آخر دونون قومون نے لاچار ہوکر اوسکو اوسکی کھال بھر سونا دیکر خریدا فَذَبَحُوهَا وَمَا كَادُوا يَفْعَلُونَ ۝ پھر اس گائے کو ذبح کیا حالانکہ ذبح کرتے نہین لگتے تھے ف یعنے اسقدر گران ثمن تھا کہ اوسکی مشقت سے قریب تھا کہ نافرمانی کرین امام ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ محمد بن کعب محمد بن قہیم وابن جریج نے یہی وجہ بیان کی کہ گرانی ثمن کی وجہ سے ذبح کرتے نہین معلوم ہوتے تھے پھر شیخ نے لکھا کہ یہ تفسیر اس مقام پر معقول نہین ہی اسواسطے کہ ثمن کی گرانی تو صرف اسرائیلیون کے بیان سے معلوم ہوئی ہی چنانچہ ابوالعالیہ سدی نے نقل کیا اور عوفی نے ابن عباس رضہ سے روایت کی اور عبیدۃ السلمانی و مجاہد و وہب بن منبہ و ابوالعالیہ و عبدالرحمن بن زید بن اسلم نے کہا کہ ان لوگون نے اس گائے کو بعوض مال کثیر خریدا شیخ نے کہا کہ اس سے صرف مال کثیر معلوم ہوتا ہی اور یہ لازم نہین آتا کہ اوسکی کھال بھر سونا ہو اور عبدالرزاق نے بسند صحیح حضرت عکرمہ سے روایت کی کہ اس گائے کے دام فقط تین اشرفیان تھین ظاہر یہ بھی اسرائیلیون ہی سے لیا گیا مترجم کہتا ہی کہ شیخؒ کی مراد یہ ہی کہ ثمن یا دام وہی کہلاتے ہین جو بائع و مشتری کے درمیان قرار پاوین اور جو اسکی بالذات اصلی ہوتی ہی وہ قیمت کہلاتی ہی تو جب معلوم ہوا کہ ثمن تین اشرفیان تھین تو ظاہر ہوا کہ دس درم کی گائے جب تین اشرفیون کو خریدی گئی تو درحقیقت بہت دام دیے گئے لیکن یہ ایسی گرانی نہین ہی جسکی وجہ سے تعمیل حکم سے باز رہتے بلکہ صحیح وصواب اس مقام پر وہ تفسیر ہی جو ضحاک نے ابن عباس رضہ سے روایت کی ہی کہ فذبحوہا وما کادوا یفعلون یعنی اون لوگون نے ذبح کردیا مگر اونکے ارادہ سے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ یہ کام نکرینگے کیونکہ اونکی مراد یہ تھی کہ ہم ذبح نکرین یعنے اسقدر سوال وجواب سے اونکی غرض یہ نہین تھی کہ حکم کی تعمیل بہت خوبی کے ساتھ ادا ہو بلکہ یہ سوال وجواب سرکشی کا بہانہ تھا کہ اونکو گائے ذبح نکرنا پڑے اور یہ غرض نہ تھی کہ جو حکم ہی اوسکو بہت خوبصورتی سے ادا کرین مترجم کہتا ہی کہ شیخ ابن کثیر کی تحقیق بہت نفیس ہی کیونکہ اگر گرانی ثمن کی علت نکہی جاوے جیسا کہ شیخ سیوطی وغیرہ نے اختیار کیا ہی تو لازم آتا ہی کہ تفسیر آیت کے سمجھنے کے واسطے بیان اسرائیلی کی ضرورت ہی کیونکہ جبتک اسرائیلی بیانات سے یہ امر ثابت نہو کہ اوسکا ثمن اسقدر گران تھا تبتک آیت کی تفسیر سمجھ مین نہ آویگی اگر کہا جاوے کہ گائے کا یہ قصہ بنی اسرائیل مین برابر متواتر چلا آتا ہی اور یہ بات مشہور سے زیادہ متواتر ہی تو جواب یہ ہی کہ اصل واقعہ تو بیشک متواتر ہی پھر اگر یہ بھی مان لیا جاوے کہ اوسکا ہر جزو تفصیلی بھی متواتر ہی تاہم وہی لوگ اسکو سمجھ سکتے ہین جنکو اس متواتر کا علم ہوا اور یہ بات تمام عرب و عجم کے واسطے لازم نہین ہی پس صواب وہی ہی جو شیخ ابن کثیرؒ نے اختیار فرمایا ہی

(مسئلہ) شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ اس آیت سے جانورون کی بیع سلم صحیح ہونے پر استدلال کیا گیا کیونکہ بنی اسرائیل کی گائے ان صفات و قیود سے متعین ہوگئی یا اوسکے قیود سے معرفت پوری ہوگئی اور جانورون کی بیع سلم صحیح ہونے کے واسطے اسیقدر کافی ہی کہ جانور کی شناخت ہو جاوے اور یہی امام مالک و اوزاعی و لیث بن سعد و شافعی و احمد و جمہور علماے سلف و خلف کا قول ہی بدلیل حدیث آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ کوئی عورت اپنے خاوند کے آگے کسی عورت کے اوصاف اس طرح بیان نکرے کہ گویا یہ مرد اوس عورت کو دیکھتا ہی۔ (الصحیحین) کیونکہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ اوصاف بیان کرنے سے اس قابل ہو جاتا ہی کہ گویا وہ نظر کے سامنے ہی اور بدلیل حدیث دیگر جسمین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل خطا و شبہہ عمد کی دیت مین اونٹون کے اوصاف بیان فرمائے۔ (کما فی السنن) اور امام ابو حنیفہ و سفیان ثوری

دیگر علماء کو نہ سنے کہا کہ حیوانات میں بیع سلم نہیں صحیح ہے کیونکہ حیوانات کے حالات منضبط نہیں ہو سکتے ہیں اور تھوڑے سے فرق میں ازراہ قیمت کے بڑا تفاوت ہو جاتا ہے اور یہی قول حضرت عبداللہ بن مسعود و حذیفہ بن الیمان و عبدالرحمن بن سمرہ وغیرہ رضی اللہ عنہم سے مروی ہے۔

ع - ف (۲) مترجم کہتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے گائے کا قربانی کرنا ثابت ہے چنانچہ حجۃ الوداع میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ازواج مطہرات کی جانب سے گائے کی قربانی کی اور اللہ تعالے کے نام پر قربانی کرنے میں جو جانور زیادہ نفیس و گران ہو وہ بہتر ہے اور اونٹ کے بہ نسبت گوشت میں گائے افضل ہے لیکن ہندوستان کے مسلمان دو فریق ہیں بعضے تو گائے کی قربانی بوجہ گرانی و نفاست کے کرتے ہیں اور اسمیں ثواب زائد ہے اور بعضے بوجہ آسانی کے بھی کرتے ہیں کیونکہ ایک گائے میں سات آدمیوں کی شرکت جائز ہے اور اسمیں فقراء و مساکین کا نفع مزید ہے اسواسطے کہ انکے حصہ میں گوشت زیادہ ملتا ہے پس ادائے فرض کے ساتھ میں یہ نیت بھی خوب ہے لیکن اس زمانہ میں ہندوؤں میں بعضے فریق اس قسم کے ظاہر ہوئے جو مسلمانوں کے ساتھ گائے کی قربانی میں شدید مناقشہ و مجادلہ کرنے لگے اور جب انصاف کے ساتھ غور کیا جاوے تو یہ بیفائدہ فساد و شرارت طبیعت پر مبنی ہے کیونکہ اس حالت میں جبکہ انگریزی حکومت ہے اور وہ نوع آزادی پر مبنی ہے تو ہر فریق کو لازم تھا کہ اپنے اعتقاد کے موافق اپنے افعال کو ٹھیک رکھے پس اہل ہنود کو زیبا نہیں کہ وہ انگریزی فوجوں کی غذا گاؤ بند کریں یا مسلمانوں کو انکے احکام شریعت سے مانع ہوں جیسے مسلمانوں کو روا نہیں ہے کہ ہندوؤں یا نصرانیوں کو سور یا اعلان کلمہ شرک سے بطور مجادلہ مانع ہوں یا شراب کو عموماً لانے یا فروخت کرنے سے مانع ہوں ہاں ہاں باہمی مصالحہ مقتضی ہے کہ اگر درحقیقت ہندوؤں کو کسی مقام پر گائے کے ذبح ہونے سے نفرت ہوتی ہو تو اونسے ہٹا کر ذبح کیا جاوے باوجودیکہ ہندوؤں کو یہ قطعی علم ہے کہ روزانہ غذائے فوج کے واسطے یا غذائے عام کے واسطے اس جانور کا ذبح کرنا جاری ہے پس انکے واسطے اسیقدر احتیاط کافی ہے کہ وہ اپنی نظر سے اپنے مقام سے ہٹا دیں جہاں دوسری قوموں کو اوسکے ذبح کی ضرورت ہو یا باہمی مصالحت کے ساتھ مسلمان اپنا ثواب فضلیت و منفعت فقراء چھوڑ دیں اور جائے اسکے بکری وغیرہ ذبح کریں کیونکہ باہمی ہندوؤں و مسلمانوں میں یہ نزاع کمال بے تہذیبی و جہالت و بدبختی کی دلیل ہے اسیواسطے فریقین عقلاء کو لازم ہے کہ نامردی کے ساتھ باہم لاٹھی پھینکنے سے اپنے سر نہ پھوڑیں جسکی بے تمیزی ایسی کھلی ہوئی ہے کہ اسکے واسطے کسی دلیل کی بھی ضرورت نہیں ہے اور اس کشت و خون میں طرفین میں سے کسی کے واسطے بھی شجاعت و دلیری کا گمان نہیں ہو سکتا بلکہ قطعی جہالت و نامردی کی دلالت ہے کیونکہ بزدل کتا اپنے گھر ہی والوں کو کاٹتا ہے اور نامرد زنانہ اپنے ہی پانوں میں کلہاڑی مارتا ہے فافہم (فائدہ) جنگ بدر کی فتح کے بعد صحابہ رضی اللہ عنہم نے سرداران قریش میں سے جو قید ہوئے تھے بجائے قتل کے فدیہ لینا اختیار کیا اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے پیغام پہونچایا کہ دو باتوں میں سے افضل اختیار کرو ایک یہ کہ ان سرداران کفر کو قتل کرو دوم یہ کہ انکا فدیہ لیکر انکو چھوڑ دو اور سال آیندہ میں جس قدر چھوڑو گے اونھیں کے عوض پر تمہاری جماعت سے قتل ہونگے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مشورہ لیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور بعض انصار نے انکو قتل کر دینا اختیار کیا اور حضرت ابوبکر و دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم نے چاہا کہ سال آیندہ میں شہید ہوں اور یہ لوگ فدیہ لیکر چھوڑ دیے جاویں اسی رائے کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اختیار فرمایا لیکن اللہ تعالے نے بعد اسکے جو آیات نازل فرمائیں اونسے عتاب ظاہر ہوا بیشک مناسب یہ تھا کہ صنادید کفار کو قتل کر دیا جاتا لیکن مقدر الٰہی نہیں بدلتا ہے پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ میرے گرد کائیں ذبح کی ہوئی ہیں اور آپ نے تلوار ہلائی تو اوسکا پیالا ٹوٹ گیا لیکن پھر وہ بدستور درست ہو گئی تو آپ نے تعبیر فرمائی کہ میرے اصحاب شہید ہونگے اور میرے اہل بیت میں سے کوئی شخص شہید ہوگا پھر اللہ تعالے نے بہتری فرمائیگا چنانچہ یہی ہوا کہ جنگ احد میں بتعداد قلیل از صحابہ رضی اللہ عنہم شہید ہوئے اور حضرت حمزہ بن عبدالمطلب شہید ہوئے چنانچہ انشاء اللہ تعالے مفصل بیان آویگا اور اس سے

معلوم ہوتا ہی کہ جسم انسانی کی تعمیر گائے سے ہوتی ہی لہذا صاحب عرائس وغیرہ نے اشارہ سے نکالا کہ انسان کو چاہیے کہ مردہ کی حیات حاصل ہونے کے واسطے اپنے نفس کو قربان کرے اور نفس کا قربان کرنا یہ ہی کہ اس جسم کی خواہش کو غور کرے اگر وہ خلاف شریعت کے خواہش کرتا ہی تو اوس خواہش کو قطعاً ترک کرے حتی کہ نفس کو اپنی خواہشوں سے مردہ کردے اور کل خواہشیں وہی قائم رکھے جو شرع مین جائز ہین اور اوسکو مردہ بناکر شریعت کے قابو مین دیدے کہ وہ اوس سے فرائض و واجبات احکام کی تعمیل کراوے اور اگر اوسکی خواہشین موافق شریعت ہوجاوین تو وہ کمال انسانی پر فائز ہونا شروع ہوگا حدیث مین ہی سب سے بڑھکر تیرا دشمن تیرا نفس ہی جو دونون پہلو کے بیچ مین ہی۔ پس معلوم ہوا کہ پہلے اسی کو مارڈالنا چاہیے اور یاد رکھو کہ جسنے اس نفس کو اللہ تعالے کے وسطے مارڈالا یعنے اللہ تعالے کے ہاتھ فروخت کردیا حتی کہ وہ سوائے رضائے الٰہی کے اپنی خواہش پر نہین چل سکتا ہی تو یہ درحقیقت موت نہین ہی بلکہ موت سے بچکر زندہ جاوید ہوگیا اور جسنے اس نفس کو پالا وہ خالی جسم حیوانی ہی جو مرتے ہی فنا ہوجائیگا اور یہ شخص عذاب جہنم مین جلیگا اور جسنے نفس کو اپنی خواہشون سے مارڈالا اور اوامر و احکام الٰہی پر مستقیم ہوگیا وہ زندہ ہوکر نور فراست و مشاہدۂ غیب تک پہونچا

(تنبیہ) اکابر مشائخ متفق ہین کہ نفس ایک ہی پس بعضے ناواقفون نے جو تین نفس بیان کیے کہ ایک نفس امارہ اور دوسرا نفس لوامہ اور تیسرا نفس مطمئنہ ہی یہ اونکی غلط فہمی و نادانی ہی بلکہ درحقیقت یہ نفس کے صفات ہین چنانچہ کافرون کے نفس کی صفت نفس امارہ ہی اور یہ صفت نفس کے واسطے لازمی ہی کہ وہ ہمیشہ بدکامون کے واسطے حکم دیتا ہی لہذا حضرت یوسف علیہ السلام نے فرمایا۔ وما ابرئ نفسی ان النفس لامارۃ بالسوء الآیۃ۔ اور دعاء حدیث مین وارد ہی اللھم لاتکلنی الی نفسی الخ یعنے الٰہی مجھ میرے نفس کی کفالت مین نچھوڑ یو کیونکہ اگر تو مجھکو میرے نفس کی کفالت مین چھوڑیگا تو وہ مجھکو بھلائی و نیکی سے دور کریگا اور بدی و جہنم سے نزدیک کریگا۔ ھم چنانچہ سورۂ مریم مین قولہ تعالیٰ لایملکون الشفاعۃ الا من اتخذ عند الرحمن عھدا الآیۃ۔ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالیٰ یہ دعا پوری آویگی پھر جب ایمان کے ساتھ آدمی نے نفس کو معصیات الٰہی پر ملامت کرکے مستقیم کیا تو اوسکی صفت نفس لوّامہ ہی چنانچہ قولہ تعالیٰ۔ ولا اقسم بالنفس اللوامہ۔ کی تفسیر مین آویگا اور جب دار آخرت کے ساتھ مطمئن ہوا تو اس نفس مطمئنہ کا بیان قولہ تعالے۔ یاایتھا النفس المطمئنۃ ارجعی الآیۃ۔ کی تفسیر مین آویگا۔ بعض تابعین یا ذوالنون مصری کا قول ہی کہ من عرف نفسہ فقد عرف ربہ۔ جسنے اپنے نفس کو پہچانا اوسنے اپنے رب عزوجل کو پہچان لیا۔ پس قتل نفس سے یہ غرض نہین ہی جو بعضے نادان سمجھتے ہین کہ اوسکو کھانے پینے وغیرہ سے بند مردہ کرے کیونکہ یہ گمراہ راہبون کا طریقہ تھا جیسا جوگیون مین معمول ہی اور اللہ تعالے نے راہبون کی مذمت فرمائی بقولہ تعالے۔ رہبانیۃ ابتدعوھا ماکتبناھا علیھم الآیۃ۔ یعنی انھون نے رہبانیت اپنی طرف سے بدعت نکالی ہمنے اوپر یہ حکم نہین بھیجا تھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی نفی شدید فرمائی کہ۔ لارہبانیۃ فی الاسلام۔ یعنی اسلام مین رہبانیت کی جنس ہی نہین ہی۔ اور حدیث مین ہی۔ ان لنفسک علیک حقا۔ بیشک تیرے نفس کا تجھپر حق ہی۔ اور اس حدیث صحیح کی تفسیر و تنصیص سے خود نکلتا ہی کہ کھانا و پینا و نکاح و حقوق اہل و عیال و حقوق مہمان وغیرہ داخل طریقۂ عبادت ہین کیونکہ مومن کے کل افعال بنیت اتباع شریعت کے داخل عبادت ہین پس قولہ تعالے۔ وما خلقت الجن والانس الا لیعبدون۔ یعنے ہمنے جن و انس کو عبادت ہی کے واسطے پیدا کیا۔ پس خالص مومنین کے کل افعال حتی کہ خواب و استراحت داخل عبادت ہین کیا نہین دیکھتے ہو کہ حدیث سعد مین مصرح ہی کہ جو لقمہ تو اپنی جورو کے منہ مین دے یعنے اوسکو نفقہ پہونچاوے تو اوسمین تیرے لیے نیکی ہی (کما فی الصحیحین) وقد قال صلی اللہ علیہ وسلم نعم المال الصالح للرجل الصالح یعنی مرد نیک کے واسطے مال نیک خوب چیز ہی (صحیح مسلم) کیونکہ وہ اوس سے مرضیات الٰہی بدون ہوس دنیا و تن پروری کے حاصل کرتا ہی حتی کہ اوسکی حفاظت لازم ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ فرمایا۔ من قتل دون مالہ فھو شھید۔ یعنے اپنے مال حلال کے ناحق چھینے جانے مین جو مارا جاوے وہ شہید ہی اور اللہ تعالے نے جس طرح انبیاء علیہم السلام

کو حکم فرمایا تعالے - یا ایہا الرسل کلوا من الطیبات واعملوا صالحا الآیۃ - سے طیبات کھالے اور اعمال نیک بجالانیکا حکم دیا اسی طرح اہل ایمان کو بقولہ تعالے - یا ایہا الذین آمنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم واشکروا للہ ان کنتم ایاہ تعبدون - اکل طیبات و اعمال صالحہ کا حکم دیا پھر کوئی شخص دیکھے کہ جب وہ عمدہ غذاؤں کے بعد اپنے نفس کو قابو مین نہین رکھ سکتا تو تقلیل کرے اور برابر اعمال صالحہ پر قائم ہو یہانتک کہ بد اخلاق و ذمیمہ خصال زائل و مضمحل ہوتے جاوین اور اخلاق کریمہ و صفات شریفہ ظہور کرتی جاوین اور اسکے واسطے اللہ تعالے سے ہدایت و صبر و صلوۃ کی درخواست کرے کیونکہ نفس مکار ہی - شیخ نے یہ لکھا کہ کبھی وہ عبادت کے لباس مین ظاہر ہو کر آدمی کو اپنی خوبی دکھلاتا ہی یعنی آدمی دیکھنے لگتا ہی کہ میرا نفس تو عبادت پر قائم ہی اور یہ نہین خیال کرتا کہ اللہ تعالے کی ہدایت ہی پس جب ہی اوسنے نفس کو خوبی کی نظر سے دیکھا کہ اندھیرا چھا گیا اسیواسطے اہل حق اپنے نفس کو نیکی مین بھی متہم رکھتے ہین اور ہمیشہ اللہ تعالے کی رحمت پر نظر رکھتے ہین کہ اوسکی عنایت سے مین نے یہ کار خیر پایا ورنہ نفس مجکو برباد کرتا - عس - القصہ بنی اسرائیل نے گائے ذبح کرنے مین فرمانبرداری سے گریز و تعلل کیا یہانتک کہ آخر یہ نوبت پہونچی کہ جب سب حیلے ساقط ہوے تو بمجبوری وہ گائے ذبح کی پھر اللہ تعالے نے ابتدا قصہ اعلان قدرت یاد دلایا بقولہ تعالے -

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَاْتُمْ فِيْهَا ۭ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝

اور جب تمنے مارڈالا تھا ایک شخص پھر لگے ایکدوسرے پر دھرنے اور اللہ کو نکالنا اوسکو جو تم چھپاتے تھے

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ

پھر ہمنے کہا مارو اوس مردے کو اس گائے کا ایک ٹکڑا اسی طرح جلاوے گا اللہ مردے اور دکھاتا ہی تمکو اپنے نمونے

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

شاید تم بوجھو

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا - اور یاد کرو جب تمنے ایک نفس کو قتل کر ڈالا تھا - فَ یعنے تم مین سے بعض نے ایک نفس کو خفیہ مارڈالا اور بنی اسرائیل مین اسکا واقعہ اس طرح مشہور ہی کہ بھتیجون نے اپنے لاولد چچا کو مال کے واسطے مارڈالا تھا جیسے اوپر قصہ مذکور ہوا - فَادّٰرَاْتُمْ فِيْهَا - پھر تمنے اوسکے بارہ مین اختلاف کیا - فَ سببی نے کہا ادارأتم - ای اختلفتم - اور یہی ابن ابی حاتم نے مجاہد سے روایت کیا ابن جریج نے کہا یعنے تم مین دو فریق ہو گئے ہر ایک نے دوسرے پر قتل کا الزام لگایا - وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۝ حالانکہ جسکو تم چھپاتے ہو اللہ تعالے اوسکو نکالنے والا ہی - فَ یعنی اللہ تعالے ضرور ظاہر فرمادیگا کہ کون قاتل ہی چنانچہ اوسنے گائے ذبح کرائی اور ہنوز قاتل کی تعیین مین بھی - آیا کہ گائے کے ذبح کرنے سے اوسکی بدکاری کیونکر ظاہر ہوگی - فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا - پس ہمنے حکم دیا کہ تم اس مذبوحہ گائے مین سے بعض ٹکڑے کے ساتھ اس قتیل کو مارو - ف اور بنی اسرائیل مختلف روایتین کرتے ہین کہ دم کی ہڈی یا زبان وغیرہ کسی ٹکڑے سے مارا تھا اور بھکو اسکی تفتیش کرنے کی کوئی ضرورت نہین ہی کیونکہ یہ تو اعجاز قدرت تھا تو جس ٹکڑے سے مارتے وہ زندہ ہو جاتا - ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اونھون نے گائے کے ایک ٹکڑے سے مقتول کو مارا تو وہ اوٹھ بیٹھا اس حالت سے کہ اوسکی رگون سے خون جاری تھا حالانکہ اوسکو قتل و دفن ہوے ایک مدت دراز گذر چکا تھا پھر اوسنے پوچھا کہ کس نے تجکو مارا ہی اوسنے کہا کہ مجکو فلان شخص نے قتل کیا ہی سدی نے کہا کہ اپنے بھتیجے کا نام بتلایا ابو العالیہ نے فرمایا کہ نام بتلانے کے بعد بدستور سابق مردہ ہو گیا تفسیر جمع کرتا ہی کہ اسمین اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو مراۃ زندہ کرنے کی قدرت آنکھون دکھلائی اور یہ بات بنی اسرائیل مین متواتر ثابت ہی پس کسی شخص کو اسمین

مجال انکار نہیں ہو اور نہ کوئی شخص تاویل کر سکتا ہو کیونکہ جو امر محسوس متواتر ثابت ہو اوسمین کسی تاویل کی گنجایش نہیں ہوتی ہو لہذا اللہ تعالے نے تشبیہ فرمائی - كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى - یوں ہی اللہ تعالیٰ زندہ فرمائیگا مردون کو - ف یعنے جیسے اس مقتول کو زندہ کر دیا اوسی طرح اللہ تعالے قیامت مین مردون کو زندہ کریگا پس بنی اسرائیل کو آنکھون دکھا دیا تاکہ اونکو حشر قیامت مین شک نہ رہے - وَيُرِيكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ اور اللہ تعالے تمکو اپنی آیات قدرت دکھلاتا ہی تاکہ تم سمجھ حاصل کرو - ف شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ اللہ تعالے نے اس سورہ مین پانچ مقام پر آیات قدرت احیاء دکھلانے کا ذکر فرمایا - (۱) ثم بعثناکم من بعد موتکم لعلکم تشکرون - (۲) اس قصہ مین - (۳) قولہ تعالے - الم تر الی الذین خرجوا من دیارہم وہم الوف حذر الموت الآیۃ - (۴) قولہ تعالے او کالذی مر علی قریۃ وہی خاویۃ علی عروشہا الآیۃ - (۵) ابراہیم علیہ السلام وانکے چار پرندون کا قصہ - یہ تو خصوص جاندارون کے دوبارہ زندہ کرنے کے مقامات ہین اور اللہ تعالے نے دلائل آیات سے بھی احیاء موتی کو ظاہر فرمایا چنانچہ خشک زمین کو نباتات سے ہرا کرنا - اور حدیث ابو رزین العقیلی مین ہی کہ مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ احیاء موتی کس کیفیت سے ہوگا تو فرمایا بھلا تو خالی وادی مین کبھی گذرا ہی مین نے عرض کیا کہ جی ہان آپ نے فرمایا کہ پھر تو اوسی وادی مین لیٹے وقت گذرا ہی جب وہ سبزہ زار ہو مین نے عرض کیا کہ جی ہان فرمایا کہ یون ہی نشور قیامت واقع ہوگا (رواہ ابو داؤد والطیالسی) (تنبیہ) قولہ تعالے - واللہ مخرج ما کنتم تکتمون - جملہ اسمیہ ہی جو دلالت کرتا ہی کہ اللہ تعالے کی یہ شان ہمیشہ کے واسطے ہی لہذا مسیب بن رافع فرماتے تھے کہ کوئی آدمی اگر سات کوٹھریون کے اندر کوئی نیکی کرے تو اللہ تعالے اوسکو ضرور ظاہر فرماویگا اور اگر سات کوٹھریون کے اندر کوئی بدی کرے تو اللہ تعالے اوسکو بھی ظاہر فرماویگا اور اسی آیت سے استدلال کیا (ابن ابی حاتم) مترجم کہتا ہی کہ وجہ استدلال یہ کہ آیت جملہ اسمیہ ہی جو دوام و استمرار پر دلالت کرتا ہی یعنے اللہ تعالے کی شان پاک یہی ہی کہ وہ اظہار فرماتا ہی - شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ کسی صحیح روایت سے یہ بات ثابت نہوئی کہ کس جزو سے قتیل کو مارا تھا پس اسکی تعیین کرنا بیفائدہ ہی مترجم کہتا ہی کہ شیخ سیوطی نے دُم کی ہڈی جسکو دُمغزہ کہتے ہین یا زبان کو بیان کیا ظاہرا اونکے نزدیک یہ امر بظاہر مرجح ہوگا ورنہ درحقیقت اس بارہ مین کوئی روایت صحیح نہین ہی - (مسئلہ) شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ اس قصہ مین مذکور ہی کہ جب مقتول مذکور زندہ ہوا اور اوس سے پوچھا گیا کہ تجھے کس نے قتل کیا ہی اوسنے بیان کیا تو مقتول مذکور کا یہ قول قبول ہوا اسی سے امام مالک کے مذہب پر استدلال کیا گیا کہ اگر مقتول قریب المرگ سے پوچھا جاوے کہ تجھکو کس نے قتل کیا اور وہ بیان کرے کہ مجھے فلان شخص نے قتل کیا ہی یا اوس سے پوچھا جاوے کہ کیا تجھکو فلان شخص نے قتل کیا اور وہ سر کے اشارہ سے کہے کہ ہان تو اوسکا قول قبول ہوگا کیونکہ غالبا وہ ایسی حالت مین سوائے سچ کے جھوٹ نہین کہیگا اور اس بارہ مین ایک حدیث بھی وارد ہوئی ہی جب کہ ایک یہودی نے زیور کے لالچ سے ایک جاریہ انصاریہ کا سر دو پتھرون کے درمیان کچل دیا تھا اور لوگون نے اس جاریہ کو ایسی حالت مین پایا کہ اوسمین ایک من باقی تھی تو اوس سے پوچھا گیا کہ کیا تجھے فلان شخص نے قتل کیا اور کیا فلان و فلان شخص نے قتل کیا یہانتک کہ جب اوس یہودی کا نام لیا تو اوسنے سر سے اشارہ کیا کہ ہان پس یہودی مذکور اوسکے قصاص مین قتل کیا گیا اس طرح کہ اوسکا سر بھی دو پتھرون کے درمیان رکھکر کچل دیا گیا اور جمہور علماء نے اس بارہ مین قتیل کا قول قبول نہین کیا اور اس حدیث کی دیگر روایات مین آیا کہ جب وہ یہودی گرفتار ہوا تو اوسنے اقرار کیا کہ مین نے اسکو قتل کیا ہی پس وہ قصاص مین قتل کیا گیا اور واضح ہو کہ دونون پتھرون کے درمیان سر کچلنا بطور سیاست و تہدید تھا کیونکہ دوسری حدیث مین وارد ہی کہ لا قود الا بالسیف - یعنی تلوار ہی سے قصاص لیا جاوے اور اسکی اسناد حسن ہی اور نیز حدیث صحیحین مین آیا کہ جب تم قصاص لو تو ترحم و خوبی کے ساتھ قصاص لو - یہ بھی

مقتضی ہی کہ تلوار سے گردن کاٹ دیجاوے اور یہی امام ابو حنیفہ کا قول ہی اور دیگر ائمہ کے نزدیک جس طرح قاتل نے مارا ہو اوسی طرح قتل کیا جاوے جیسے یہودی مذکور قتل کیا گیا واللہ تعالے اعلم (تنبیہ) بنی اسرائیل مین مقتول کو ابتدا زندہ نکرنے مین بہت سے فوائد تھے (۱) یہ کہ قربانی کرنے اور حکم واجبی ادا کرنے مین تقرب الٰہی حاصل ہو (۲) اوس یتیم کو جو زر و گاے کا مالک تھا اور اپنی مان کا بہت خدمتگذار تھا دنیا مین فراغت و نفع کثیر حاصل ہو (۳) بھاری داموں کی قربانی افضل ثابت ہو (۴) لوگون کو معلوم ہو کہ تاثیر دینے والا فقط اللہ تعالے ہی ہی وہ جس چیز مین جو اثر چاہے پیدا کر سکتا ہی اور یہ ظاہری اسباب فقط نشانات قدرت ہین انمین خود کوئی اثر نہین ہی (۵) لوگون کو تنبیہ ہو کہ اپنے نفس کو اللہ تعالے کی فرمانبرداری مین قتل کرین جو اونکو فرمائی مین قتل کرنا چاہتا ہی اور ایسے زمانہ مین کہ اوس سے بچپن دور ہوا اور ہنوز بڑھاپا نہین آیا ہی بلکہ عین جوانی ہی اور اسکو خدمت الٰہی مین مصروف کرے (۶) نفس کو دنیاے فانی حاصل کرنے مین مذلل یعنے خوار کرے (۷) شرک و کفر کے لوث سے پاک ہو کہ اوسمین سوواے صبغۃ اللہ یعنے رنگ توحید کے دوسرا رنگ نہو (۸) باہمی مخاصمہ اسطرح دفع کرے کہ نفس کو طاعت الٰہی مین قربان کرے اور باہمی مخاصمہ اس طرح ہوتا ہی کہ نفس مذکور اپنی خواہش دنیا مین آدمی کو مار ڈالتا ہی کیونکہ کفر و بدکاری وغیرہ موت حقیقی ہی پس نفس مذکور درحقیقت اس شخص کے واسطے قاتل ہی پھر اس قاتل سے قصاص لینے مین عقل و وہم باہم جھگڑا کرتے ہین چنانچہ عقل سلیم اس نفس کو امر آخرت و انجام کار مین لاتی ہی اور وہم اوسکو بقدر غلبہ کے دفع کرتا ہی اور چاہتا ہی کہ نفس جھوٹا ہے پس چاہیے کہ باہمی مخاصمہ چھوڑکر نفس کو فرمان الٰہی کے موافق اوسکے جسم گاؤ کو قتل کرے یعنے طاعت الٰہی مین لگاوے اور نفس کی خواہش سے چھوڑا دیوے تاکہ قصاص سے حیات حاصل ہو کما قال تعالے ولکم فی القصاص حیوۃ یا اولی الالباب الآیۃ۔ (ملخص البیضاوی وغیرہ) بالجملہ اس واقعہ مین اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو معارف و آیات قدرت دکھلائین پھر بھی وہ مفسد ہوے چنانچہ فرمایا۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۚ وَإِنَّ

پھر تمہارے دل سخت ہوگئے اس سب کے بعد سو وہ جیسے پتھر یا اون سے بھی سخت اور

مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْأَنْهَارُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ

پتھرون مین تو وہ بھی ہین جن سے پھوٹتی ہین نہرین اور اون مین تو وہ بھی ہین جو پھٹتے ہین اور نکلتا ہی اونسے

الْمَاءُ ۚ وَإِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝

پانی اور اون مین تو وہ بھی ہین جو گر پڑتے ہین اللہ کے ڈر سے اور اللہ نے خبر نہین تمہارے کام سے

اللہ تعالے نے یہودیون کو ملامت فرمائی کہ تمنے مردہ مقتول زندہ کرنے و دیگر معجزات و آیات الٰہی کو اپنی آنکھون دیکھ لیا۔ ثُمَّ قَسَتْ قُلُوبُكُمْ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ ۔ پھر تمہارے دل سخت ہوگئے بعد اسکے ف یعنے بعد معائنہ و مشاہدہ ان آیات کے تمہارے دل نرم نہوے۔ فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ أَوْ أَشَدُّ قَسْوَةً ۔ پس تمہارے دل مانند پتھر کے یا سختی مین اوس سے بڑھکر ہین۔ ف یعنے سخت ہوجانے مین تمہارے دل مانند پتھر کے ہین جو کبھی موم کی طرح نرم نہین ہوتا ہی یا پتھر سے بھی بہت سخت ہی اور یہ بیان بطور شک نہین ہی کیونکہ اللہ تعالے کی شان مین شک کرنا محال ہی بلکہ مراد یہ ہی کہ جو شخص ان لوگون کے حال سے واقف ہو وہ انکے دلون کو پتھر سے تشبیہ دے یا اس سے بڑھکر لوہے وغیرہ سے تشبیہ دے بیضاوی و مکی نے کہا کہ یہ بطور اختیار ہی یعنے چاہو انکے دلون کو پتھر سے تشبیہ دیا اوس سے بڑھکر سخت قرار دو اور خلاصہ یہ ہی کہ سخت تشبیہ مثل پتھر کے تھی لیکن ان لوگون کے دلون کو اس سے

بھی زیادہ تصور کرنا چاہیے کیونکہ پتھروں سے تشبیہ کامل نہیں ہے اگرچہ بہت سخت تصور کیجاتی ہے۔ وَاِنَّ مِنَ الْحِجَارَةِ لَمَا يَتَفَجَّرُ مِنْهُ الْاَنْهٰرُ حالانکہ پتھروں میں سے بعض ایسا ہے جس سے نہریں جاری ہوتی ہیں۔ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ۔ اور پتھروں میں سے بعض وہ ہے جو شق ہو جاتا پس اوس سے پانی نکلتا ہے۔ وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَهْبِطُ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ اور پتھروں میں بعض وہ ہے جو خوف الٰہی سے گر پڑتا ہے۔ فَپس یہودیوں کے دل اس سے بھی سخت ہیں کہ امر حق کے واسطے نرم نہیں ہوتے ہیں (رواہ ابن اسحٰق عن ابن عباسؓ) اور عوفی نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ جب اوس گائے کے ٹکڑے سے مقتول کو مارا اور وہ جئے زندہ ہو کر بتلایا کہ میرے بھتیجوں نے مجھکو قتل کیا ہے پھر بدستور مردہ ہو گیا تو انکو آیات الٰہی کے واسطے نہایت نرم دل ہونا چاہیے تھا کہ انھوں نے قدرت عظیمہ کو مشاہدہ کیا مگر بجائے اسکے یہ حال ہوا کہ جب مقتول مذکور پھر مردہ ہو گیا تو ان لوگوں نے جھٹلانا شروع کیا کہ واللہ ہمنے تو نہیں مارا ہے لیکن یہ قبول نہ ہوا اور وہ لوگ قصاص میں قتل کیے گئے اور میراث سے محروم ہوے پس اللہ عزوجل نے متنبہ فرمایا کہ یہ قلوب پتھر سے بھی زیادہ سخت ہیں کیونکہ بعضے پتھروں سے بحکم الٰہی عزوجل دریا جاری ہوتے ہیں اور بعضے شق ہو جاتے ہیں اور بعضے بخوف الٰہی عزوجل گر پڑتے ہیں حالانکہ ان قلوب میں کچھ بھی اثر نہ ہوا کہ یہ لوگ عہد الٰہی کو جھٹلانے لگے۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ اُن یہودیوں کے واسطے بھی تنبیہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں موجود تھے کہ باوجود ان آیات قدرت و نصوص توریت کے جو قطعی متواتر ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہیں لاتے بلکہ عہد توریت میں تحریف کرتے تھے لہذا تہدید فرمائی۔ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ○ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالےٰ اوس سے کچھ بھی غافل نہیں ہے فَ بلکہ موافق مشیت ازل کے چند دن تمکو عذاب میں تاخیر دی گئی ہے حالانکہ دوام آخرت کے مقابلہ میں یہ تاخیر نہایت ہی قلیل ہے۔ ابن ابی حاتم نے یحیی بن یعقوب سے روایت کی کہ جن پتھروں سے نہریں جاری ہوتی ہیں فرمایا کہ یہ گریہ وزاری کی کثرت ہے اور جن پتھروں سے پھوٹکر پانی بہتا ہے فرمایا کہ یہ رونے کی قلت ہے اور جو پتھر کہ خوف الٰہی سے گر پڑتا ہے فرمایا کہ یہ غیر آنسوؤں کے قلب کا رونا ہے (ابن ابی حاتم) اس روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ پتھروں میں یہ بات حقیقی طور پر جاری ہے اور بعضے لوگوں نے گمان کیا کہ پتھر کی نسبت خوف الٰہی بطور مجاز ہے لیکن امام رازی و قرطبی وغیرہ ائمہ علماء نے فرمایا کہ یہ گمان غلط ہے بلکہ اللہ تعالےٰ نے تمام مخلوقات میں ہر جنس کے واسطے اپنی معرفت کی فہم پیدا فرمائی ہے اور یہی سلف و خلف اہل سنت کا مذہب ہے کہ عاقلوں کے سوائے دیگر حیوانات و نباتات و جمادات سب چیزوں میں اللہ کی طرف سے ایک علم ہے جس سے ہر ایک مخلوق اپنے خالق عزوجل کو پہچانتی و تسبیح کرتی ہے اور اس مخلوق کے سوائے دوسری مخلوق میں دوسرے طور پر معرفت ہے اور اس پر آیات و نصوص قطعیہ شاہد ہیں اول قولہ تعالےٰ۔ انا عرضنا الامانۃ علی السموٰت والارض والجبال فابین ان یحملنہا واشفقن منہا الآیۃ۔ دوم قولہ تعالےٰ۔ ائتیا طوعا او کرہا قالتا اتینا طائعین الآیۃ۔ سوم قولہ تعالےٰ تسبح لہ السموٰت السبع والارض ومن فیہن۔ چہارم قولہ تعالےٰ۔ وان من شیء الا یسبح بحمدہ ولکن لا تفقہون تسبیحہم انہ کان حلیما غفورا۔ پنجم قولہ تعالےٰ۔ والنجم والشجر یسجدان۔ ششم قولہ تعالےٰ۔ ولم یروا الی ما خلق اللہ من شیء یتفیؤ ظلالہ عن الیمین الآیۃ۔ ہفتم آیہ سجدہ شمس و قمر ہشتم قولہ تعالےٰ۔ ولو انزلنا ہذا القرآن علی جبل لرایتہ خاشعا متصدعا من خشیۃ اللہ۔ نہم قولہ تعالےٰ۔ الم تر ان اللہ یسبح لہ من فی السموٰت والارض والطیر صافات کل قد علم صلوتہ وتسبیحہ الآیۃ۔ دہم قولہ تعالےٰ وسخرنا مع داؤد الجبال یسبحن والطیر۔ و دیگر آیات کثیرہ ہیں مانند شہادت اعضاء وغیرہ کے اور حدیث میں کوہ اُحد کی نسبت آیا کہ یہ پہاڑ ہمکو دوست رکھتا ہے اور ہم اسکو دوست رکھتے ہیں (الصحیح) اور ابوجہل مردود کے ہاتھ میں کنکریوں نے آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم کی صدق رسالت پر گواہی دی اور زہر ملی ہوئی بکری نے آپکو آگاہ کیا کہ مجھ مین زہر ملا ہوا ہی اور جنگل کے ایک درخت سے گواہی طلب کی تو وہ پھاڑتا ہوا آیا اور گواہی ادا کرکے چلا گیا اور ایک مرتبہ میدان مین قضاے حاجت کے واسطے دو درختون کو طلب فرمایا تو دونون حاضر ہوے اور چھک کر پردہ وسایہ کر لیا اور ایک باغ مین اونٹ نے آپ سے اپنی محنت و بیدکھی کی شکایت کی اور ایک شخص کے اونٹ نے آپکو سجدہ کیا شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ خبر متواتر مشہور ہی کہ ستون حنانہ آپ کے فراق مین بچے کی طرح رویا اور صحیح مسلم کی حدیث مین ہی کہ مین مکہ مین ایک پتھر پہچانتا ہون جو ایام بعثت مین مجھے سلام کیا کرتا تھا۔ علماء نے کہا کہ یہ سوا ے حجر اسود کے ایک پتھر قریب مکان حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے واقع تھا اور حدیث حضرت علی رضی اللہ عنہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہم لوگ مکہ کے نواح مین نکلے سو ہم پہاڑون و جنگلون مین جس درخت و پتھر کی طرف گذرتے تو ہر ایک کہتا کہ السلام علیک یا رسول اللہ (الدارمی وغیرہ) اور حضرت ابوبکر و عمر کو لیکر پہاڑ پر گئے تو اوسکو جنبش ہوئی اپس آپ نے ٹھوکر مار کر فرمایا کہ ٹھہر رہ کہ تجھ پر فقط نبی و صدیق و شہید ہی اور صحیحین وغیرہ کی بیگرا حادیث مین اس کثرت سے نصوص وارد ہین کہ بمنزلہ متواتر ہین تقضا ذاتی نے تواضع مین عدم کیا کہ آفتاب کیونکر سجدہ کریگا کیونکہ سجدہ تو زمین پر پیشانی رکھنے کو کہتے ہین اور آفتاب کی پیشانی نہین جسکو زمین پر رکھے۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ گمان نا سمجھی کی وجہ سے پیدا ہوا کیونکہ آدمی کے سجدہ کرنے کے بیشک یہی معنے ہین کہ وہ زمین پر سر رکھے ورنہ ہر چیز کے واسطے اوسکے لائق سجدہ ہی اور حدیث ابوذر رض مین صریح وارد ہی کہ آفتاب جاکر زیر عرش سجدہ کرتا ہی پھر اوسکو حکم ہوتا ہی کہ جا کر وہین سے طلوع کر سے جہان سے نکلتا ہی (الترمذی حسن صحیح) بالجملہ اہل سنت کے نزدیک ہر چیز کے واسطے تسبیح و صلوۃ معلوم ہی اگرچہ اوسکی کیفیت سے ہم واقف نہین اور یہی اہل سنت کا مذہب ہی۔ (مسئلہ) امام رازی نے تفسیر واحدی سے نقل کیا کہ سلف صالحین علماے محققین کے نزدیک ان اشیاء مین انکی جنس کے انبیاء ہین اور اس کے واسطے لطیف استدلال فرمایا کہ اللہ عزوجل فرماتا ہی۔ ما من دابۃ فی الارض ولا طائر یطیر بجناحیہ الا امم امثالکم الآیۃ۔ صریح ہی کہ زمین کے ہر قسم کے چرند و جانور و ہر قسم کے پرند بھی انسانون کے مثل امتین جداگانہ ہین اور حدیث شریف مین ہی کہ ایک پیغمبر نے ایک درخت کے نیچے نزول کیا جہان چیونٹیون کے جھنڈ تھے پس ایک چیونٹی نے کاٹ کھایا تو اوسنے اپنا اسباب اوٹھوا کر چیونٹیون کے قریات جلا دینے کا حکم کیا پس اللہ تعالے نے وحی فرمائی کہ ایک چیونٹی کے کاٹنے سے تمنے ایک امت کو جلا دیا جو تسبیح کرتی تھی اور اگر قصاص تھا تو ایک ہی چیونٹی سے لیا گیا ہوتا (صحیح مسلم) پس معلوم ہوا کہ چیونٹیان بھی ایک امت ہی پھر اللہ تعالے نے فرمایا۔ وان من امۃ الا خلا فیہا نذیر الآیۃ صریح ہی کہ ہر امت مین پیغمبر بھیجا گیا تو ثابت ہوا کہ ان امتون مین بھی پیغمبر ہین اسی واسطے علماے نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت تمام مخلوقات عالم کے واسطے عام ہی یہ استدلال نہایت لطیف ہی لیکن جن لوگون کی عقل پر حواس و اوہام غالب ہین اونکو ان آیات مین تردد ہوتا ہی اور یہ اونکی جہالت و بیماری ہی (فائدہ) آیت سے ثابت ہوتا ہی کہ دل ہی کی سختی و بگاڑ سے آدمی کی صلاحیت بگڑ جاتی ہی اسی واسطے حدیث مین آیا کہ بدن مین ایک مضغہ ہی جبکہ وہ صلاحیت پر ہوتا ہوتا ہی تو تمام جسم صالح ہوتا ہی اور جبکہ وہ بگڑتا ہی تو تمام جسم مین فساد ہو جاتا ہی آگاہ رہو کہ وہ دل ہی (الصحیح) اور حدیث مین ہی کہ الٰہی میرے قلب کو اپنے دین پر قائم رکھ۔ قرآن مجید مین فرمایا۔ ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ہدیتنا الآیۃ یعنے الٰہی ہمارے دلون کو ہدایت کے بعد کج نہ فرمائیو۔ ۸ سر اور یہ قلوب ہر دم تحت قدرت الٰہی مین ہین ہر طرح پھیرتا ہی پھیرتا ہی۔ (کما فی الصحیحین) اور حدیث شریف مین ہی کہ اللہ تعالے تمہاری صورتون کو نہین دیکھتا بلکہ تمہارے دلون کو دیکھتا ہی۔ (کما فی الصحیح) اس سے نکل آیا کہ کامون کا مدار نیت پر چنانچہ حدیث مین خود منصوص ہی کہ۔ انما الاعمال بالنیات (کما فی الصحاح) شیخ ابن العربی نے آیت مین اشارہ کیا کہ قلوب کا طرح ہین

ایک وہ دل کہ نور الٰہی سے منور اور اوسمین مستغرق ہو گیا پس اس سے علم کی نہرین جاری ہوئین کہ جسنے ان نہرون سے پیا وہ ہمیشہ کے لیے زندہ ہی اور یہ قلوب ویسے ہین جیسے خاصان خدا کے ہین جو درجون مین سب سے آگے ہین یعنے مانند انبیاء علیہم السلام وانکے اصلی اولیاے کاملین رضی اللہ عنہم اور انھین کی طرف اس کلام سے اشارہ فرمایا۔ وان من الحجارۃ لما یتفجر منہ الانہار الآیۃ۔ دوم وہ دل ہی کہ اسنے ان علوم سے ایک حظ حاصل کر کے جمع کیا اور اسکو حفظ کیا اور اس سے فہم و استنباط کیا اور پھیلایا کہ اس سے لوگون نے نفع پایا اور یہ مثل علماء راسخین کے دلون کی ہی اور اسی کی طرف اشارہ کیا اس کلام سے۔ وان منہا لما یتشقق فیخرج منہ الماء مترجم کہتا ہی کہ یہ علماے مجتہدین محکماے ربانیین ہین آور سوم وہ دل ہین کہ خاشع و مطیع ہوے جیسے مسلمانون مین سے زاہدون پرہیزگارون کے دل ہین اور انکی طرف اس کلام سے اشارہ فرمایا۔ وان منہا لما یہبط من خشیۃ اللہ۔ اور اسکا ادنی حال یہ ہی کہ احکام الٰہی کے لیے بدل مطیع ہوتے ہین جو انکو انکے منزل پر پہونچا دینگے پھر اب ایک چوتھا دل باقی رہا جسکو علم کا اثر تک نہین پہونچا اور نہ وہ خوف الٰہی سے نرم ہوا بلکہ ہدایت سے مایوس اور غرور مین بھرا اور نفس کی خواہشون سے مرا اور سرکشی مین پورا ہی سو عالم مین جتنی چیزین محسوس موجود ہین کسی سے اسکی مثال نہین ہو سکتی کیونکہ یہ سب چیزین جو اللہ تعالے انکو حکم کیا قبول کرتی ہین سو لوہے سے اسکی مثال کیا ہو سکتی ہی کہ وہ تو ظاہر پگھل جاتا ہی اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ مثل اس ہدایت و علم کی جسکے ساتھ اللہ تعالے نے مجھے بھیجا ہی ایسی ہی جیسے ایک مینہ پر بہت پانی نفع دینے والا برسا سو اس مین مین بعضے ٹکڑے تو پاکیزہ ہین جنھون نے اوس پانی کو قبول کیا اور پی لیا اور بہت ہری ہری گھاس و بیوہ و اناج وغیرہ اگایا اور اوس مین مین سے بعضے ٹکڑے اجدب ہین کہ اسنے پانی کو اپنے پاس بھر رکھا سو اس سے اللہ تعالے نے لوگون کو نفع دیا کہ لوگون نے اوس سے پیا و پلایا اور کھیتی سینچی اور ایک ٹکڑا چٹیل میدان کہ نہ وہ پانی روک رکھتا ہی نہ گھاس اگاتا ہی الی آخر الحدیث سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اخیر کے تینون قلبون کو بیان فرمایا اور اول انمین سے قلب محمدی ہی قال المترجم جاننا چاہیے کہ افضل تمام قلوب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قلب شریف ہی پھر درجہ بدرجہ دیگر انبیاء علیہم السلام کا پھر امت مین سے قلوب اس نوع کے نہین ہو سکتے جو انبیاء علیہم السلام کے ہین ولیکن صفت مین انکے مشابہ ہوتے ہین پس قلب محمدی سے ایسے قلوب مراد ہین جو آپ کے قلب مطہر مقدس سے مشابہ ہون جیسے ولایت محمدی سے مراد یہ ہی کہ جسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم پر ولایت حاصل ہوئی اور وہ افضل اولیاے وقت ہوتا ہی حتی کہ شان معرفت مین اعلی ہی اگرچہ ان عبادت مین دوسرے لوگ زائد اجتہاد و محنت کرنے والے ہون کیونکہ وہ احکام سنت پر اپنے کثیر ازواج و اولاد کے ساتھ ہدایت و ارشاد مین کامل ہوتا ہی اور اسی پر کلمات اولیاے امت متفق ہین واللہ تعالے اعلم بالصواب۔ اور حدیث ابن عمر رض مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سواے ذکر الٰہی کے زیادہ کلام نکیا کرو کیونکہ کثرت کلام کی جو سواے ذکر الٰہی کے ہو دل کو سخت کرتی ہی اور لوگون مین اللہ تعالے سے بہت دور ہونے والا وہی شخص ہی جسکا دل سخت ہو۔ (الترمذی) اور حضرت انس رض کی حدیث مرفوع مین ہی کہ چار چیزین شقاوت سے ہین ایک آنکھ کا پتھرانا دوم دل کا سخت ہونا تیسرے امید کی رسی دراز ہونا چوتھے دنیا پر حرص (البزار) ع۔ اور آیت مین اشارہ ہی کہ باہمی صورت سالم رہنے کے باوجود باطن مسخ ہو جاتا ہی جیسے ان موجودہ یہودیون وغیرہ مین حالت ہی لہذا اللہ تعالے نے مومنون کو ان یہودیون کے حال سے متنبہ فرمایا مع انکے برادر دینی یعنے منافقون کے قال تعالی

أَفَتَطْمَعُونَ أَن يُؤْمِنُوا لَكُمْ وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ مِّنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ

اب کیا تم مسلمان توقع رکھتے ہو کہ وہ مانین تمھاری بات اور ایک لوگ تھے اون مین کہ سنتے کلام اللہ کا

ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ وَإِذَا لَقُوا الَّذِينَ آمَنُوا
پھر اوسکو بدل ڈالتے ہیں بوجھ لینکر اور اونکو معلوم ہی اور جب ملتے ہیں مسلمانون سے
قَالُوا آمَنَّا ۚ وَإِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ إِلَىٰ بَعْضٍ قَالُوا أَتُحَدِّثُونَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْكُمْ
کہتے ہیں ہم مسلمان ہوے اور جب اکیلے ہوتے ہیں ایک دوسرے پاس کہتے ہیں تم کیون کہہ دیتے ہو اونسے جو کھولا ہی اللہ نے تمپر
لِيُحَاجُّوكُمْ بِهِ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ أَوَلَا يَعْلَمُونَ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا
کہ جھگڑا وین تمکو اوس سے تمہارے رب کے آگے کیا تمکو عقل نہین کیا اتنا بھی نہین جانتے کہ اللہ کو معلوم ہی جو
يُسِرُّونَ وَمَا يُعْلِنُونَ ۝
چھپاتے ہین اور جو کھولتے

ان آیات مین بھی اللہ تعالے نے یہودیون کے بعض عیوب بیان فرمائے کہ یہ لوگ اپنے باپ دادون کے معتقد اور اونھین کی حماقت کے ثناخوان ہین۔ أَفَتَطْمَعُونَ أَنْ يُؤْمِنُوا لَكُمْ سو کیا تم آرزو رکھتے ہو کہ یہ موجودہ لوگ تمہاری بات مانینگے۔ وَقَدْ كَانَ فَرِيقٌ مِنْهُمْ يَسْمَعُونَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ يُحَرِّفُونَهُ مِنْ بَعْدِ مَا عَقَلُوهُ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۝ حالانکہ ان مین سے ایک فریق ایسا تھا جو کلام الٰہی کو سنتے تھے پھر بعد اوسکے سمجھ لینے کے اوسکو تحریف کرتے تھے حالانکہ وہ جانتے تھے۔ ف یعنے انکے بزرگون مین سے حضرت موسی علیہ السلام کے ساتھ ایک گروہ تھا اور وہ گروہ علماء تھا کہ اونکی یہ حالت تھی کہ کلام الٰہی کو سمجھ لیتے یعنے توریت کو اچھی طرح سنکر سمجھ لیتے پھر جان بوجھکر تحریف کرتے تھے اور یہ لوگ اونھین کی تقلید کرتے ہین تو جسکے اوائل کی یہ حالت تھی اواخر مقلدین سے تم کیونکر ایمان کی طمع رکھتے ہو یعنے انسے کچھ طمع مت رکھو کہ یہ لوگ شریر طینت و خبیث جبلت ہین پھر جاننا چاہیے کہ قولہ۔ ان یومنوا لکم۔ مین ایمان سے تصدیق یعنے بات مان لینا مراد ہی یا ایمان شرعی مراد ہی پس اگر ایمان شرعی مراد ہو تو۔ افتطمعون۔ کا خطاب دراصل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ہی اور لفظ جمع یا تو بطور تعظیم ہی یا صحابہ رضی اللہ عنہم کو بھی اسوجہ سے شامل کرلیا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے تلقین کرتے تھے اور حاصل یہ ہوگا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کیا آپ یا مع آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کے ان یہودیون سے یہ طمع رکھتے ہین کہ یہ لوگ آپ پر ایمان لاوینگے حالانکہ یہ لوگ اپنے باپ دادہ ون کے مقلدین جنمین سے ایک فریق کی یہ کیفیت تھی کہ وہ لوگ کلام الٰہی کو سنکر سمجھ لینے کے بعد جان بوجھکر تحریف کرتے تھے یعنے کسیطرح کا عذر نہ تھا کہ سمجھے نہون یا بھول کر معنے بدل گئے ہون اور یہ سخت بیباکی و کفر ہی۔ اور اگر یا تو مان لینے کے معنے ہین تو یہ خطاب صحابہ رضی اللہ عنہم کو بھی ٹھیک ہی یعنے تم ایسی قوم سے اپنی بات ماننے کی کیونکر امید کرسکتے ہو جسکے بزرگون مین سے ایک فریق ایسا تھا کہ وہ اللہ تعالے کی بات مین عمدًا تحریف کرتا تھا۔ یہ سب اس بنا پر کہ۔ قد کان فریق منہم۔ زمانہ گذشتہ کا حال ہو اور کبھی ایسا کلام زمانہ موجود کے واسطے بھی بولا جاتا ہی تو یعنی بھی ہو سکتے ہین کہ تم ان عام یہودلون سے ایمان کی امید کیونکر رکھ سکتے ہو جبکہ انمین سے ایسا ایک فریق ہی یعنے انکے احبار علماء کا ایک فریق ایسا ہی کہ وہ توریت کو سنکر سمجھ بوجھکر تحریف کرتا ہی حالانکہ متواتر سن چکے کہ وہ اللہ تعالے کا کلام ہی رہا یہ امر کہ کلام الٰہی مین یہ لوگ لفظ و معنے دونون بدلتے تھے یا فقط معنے بدلتے تھے یا اصل توریت کو چھپاکر دوسری کتاب لکھکر کہتے تھے کہ یہ اللہ تعالے کی کتاب ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ بات ظاہر ہی کہ جسنے اپنی لکھی ہوئی کتاب کو اللہ تعالے کی کتاب بتلایا اور یہ افترا کفر باندھا تو

ایسے شخص سے کیونکر امید کر سکتے ہو کہ اوسنے کتاب الٰہی کو نہین بدلا کیونکہ جب اس کفر مین اوسکو ڈر نہین ہو تو اوس کفر مین بھی ڈر نہو گا بلکہ خود اللہ تعالے نے فرمایا۔ یحرفون الکلم عن مواضعہ۔ یعنے کلمات توریت کو اپنے ٹھکانے سے متغیر کرتے ہین۔ تو کچھ شک نہین کہ توریت مین تحریف کرتے تھے اب رہا یہ کہ خالی معانی مین تحریف کرتے تھے تو یہ خیال صرف اس وجہ سے پیدا ہوا کہ اللہ تعالے نے حکم دیا۔ قل فاتوا بالتورٰۃ فاتلوہا ان کنتم صادقین یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا کہ ان یہودیون کو حکم دے کہ اگر تم اپنے دعوی مین سچے ہو تو توراۃ یہان لاکر پڑھو۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر توریت کے الفاظ بدل ڈالے ہوتے تو اوسکے پڑھنے سے کیا فائدہ ہوتا۔ مترجم کہتا ہے کہ اونھون نے ہر مقام نہین بدل ڈالا تھا علاوہ اسکے عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ جو سب علماے یہود مین سے افضل و زبردست عالم تھے وہ مسلمان ہو چکے تھے تو اونکے سامنے یہودیون کی تحریف کچھ کارگر نہین ہو سکتی تھی اور مترجم کہتا ہے کہ اوسوقت کوئی حالت ہو لیکن اس زمانہ مین تو بخوبی ثابت ہو گیا کہ نصرانیون مین سے ہر فرقہ نے انجیل کو اپنی مراد کے موافق بدل ڈالا اور یہی غالب حال توریت کا ہو گیا کیونکہ توریت انجیل کے نسخون مین صرف تین سو سینتالیس کے قریب ایک ہی کتب خانہ کے نسخے ملانے مین کئی ہزار الفاظ کا اختلاف موجود ہے تو کسی صورت سے یہ معلوم نہین ہو سکتا کہ اصل مین کیا لفظ تھا پس حکم الٰہی قطعاً گم ہو گیا اسواسطے اہل اسلام مین یہ امر جائز نہین ہے کہ توریت و انجیل سے کوئی امر ثابت کرین مگر یہود و نصاری کو قائل کرنے کے واسطے علماء کو نظر کرنا جائز ہے اب یہان بعض آثار سلف کو تفسیر شیخ ابن کثیر سے ملخص کیا جاتا ہے اور چونکہ وہ مین نے اوپر نقل کر دیے ہین لہذا ہر روایت کو اپنی وجہ پر محمول کرنا چاہیے۔ محمد بن اسحق نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی کہ اس آیت مین اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و آپ کے اصحاب مومنین رضی اللہ عنہم کو یہودیون کے ایمان سے مایوس کر دیا اور یہ فریق جسنے کلام الٰہی کو بدلا یہ وہی لوگ ہین جنھون نے حضرت موسی علیہ السلام سے دیدار باری تعالے کی درخواست کی تھی محمد ابن اسحق نے کہا کہ مجھسے بعض اہل علم نے بیان کیا کہ ان لوگون نے حضرت موسی علیہ السلام سے عرض کیا کہ ہم لوگون کو دیدار باریتعالی میسر نہین ہو سکتا لیکن آپ درخواست کرین کہ ہم لوگ کلام الٰہی سن لین پس حضرت موسی علیہ السلام کی درخواست پر اللہ تعالے نے حکم دیا کہ اچھا یہ لوگ روزہ رکھین اور طہارت سے کامل ہون پس جب موسی علیہ السلام میقات پر گئے تو انکو بھی اپنے ساتھ لے گئے اور جب پارۂ ابر سفید آیا تو حضرت موسی علیہ السلام نے انکو سجدہ کا حکم دیا پس یہ لوگ سجدہ مین گر پڑے اور اونھون نے بھی احکام الٰہی سنے پھر جب بنی اسرائیل کے پاس آئے تو جو کچھ سنا تھا اوسکو متغیر کر کے بیان کیا۔ ع۔ اور خطیب نے لکھا کہ جو کچھ سنا تھا وہ بیان کرنے کے بعد اپنی طرف سے اسقدر ملا دیا کہ جہانتک تمسے ہو سکے عمل کرو ورنہ کچھ حرج نہین ہے۔ پس مترجم کہتا ہے کہ اس روایت پر لازم آتا ہے کہ کلام الٰہی کی خصوصیت موسی علیہ السلام کے ساتھ نہو بلکہ دوسرون نے بھی کلام الٰہی سنا ہو حالانکہ اسکا کوئی قائل نہین ہے شیخ ابن کثیرؒ نے جواب دیا کہ یہ بات نہین لازم آتی کیونکہ جس طرح موسی علیہ السلام نے سنا تھا شاید اوس طور پر انھون نے نہ سنا ہو جیسے قولہ تعالے وان احد من المشرکین استجارک فاجرہ حتی یسمع کلام اللہ الآیۃ۔ یعنے یہ معنے ہین کہ اگر مشرکون مین سے کوئی شخص تجھسے پناہ مانگے تو اوسکو پناہ دیدے یہانتک کہ وہ کلام اللہ سنے پس اوسنے کلام اللہ سنا اسی طرح فریق بنی اسرائیل نے بھی کلام الٰہی سنا ہو گا۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ محل نزاع ہے اسواسطے کہ اون لوگون نے یہ درخواست نہین کی تھی کہ ہم لوگ آپکی زبان سے کلام الٰہی سنین کیونکہ یہ امر تو اونکو پہلے ہی سے ممکن بلکہ حاصل تھا پس ظاہر ہے کہ محمد بن اسحق نے جن اہل علم سے یہ روایت سنی وہ یہودی لوگ ہونگے جنکا نام ظاہر نہین کیا ہے پس یہ اسرائیلیون کی روایات اونکی نادانی کی حکایات ہین واللہ تعالے اعلم اور اصل بات یہی ہے کہ حضرت موسی علیہ السلام سے توریت کے کلمات سنکر سمجھ لینے کے بعد تحریف کرتے تھے چنانچہ قتادہؒ نے فرمایا کہ یہ احبار یہود کا حال تھا جو توریت سنکر خوب سمجھ لینے کے بعد تحریف کرتے تھے اسیطرح مجاہدؒ نے فرمایا کہ یہ یہودیون کا بیان ہے اور اونمین سے ایک فریق اسواسطے فرمایا کہ جو لوگ توریت کو سنتے و سمجھتے تھے وہ احبار ہی تھے یعنے کل یہود اسواسطے

نہین فرماتے کہ اصل مین سمجھنے و تحریف کرنے والے صرف وہی لوگ تھے جو علماء و احبار کہلاتے تھے تو یہ ایک فرقہ ہوا اسواسطے فرمایا کہ اون مین سے ایک فرقہ ایسا تھا ابو العالیہ نے فرمایا کہ یہ یہودیون کی نسبت ہی جن پر اللہ تعالے نے توریت مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت و زنی محصن کو سنگسار کرنے کے احکام نازل فرمائے مگر اونھون نے عمداً تحریف کر دیے ابن زید نے کہا کہ ابن وہب نے کہا کہ ابن زید نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے یہودیون پر توریت نازل فرمائی تو بجاے شکر کے ان لوگون نے حرام کو حلال کیا اور حلال کو حرام اور حق کو باطل اور باطل کو حق کرنا شروع کیا اور اوسکی صورت یہ ہوئی کہ جب کوئی حق دار کچھ رشوت لیکر آتا تھا تو اوسکے واسطے کتاب اللہ مین سے حق فتوی دیدیتے تھے اور جب کوئی جھوٹا مدعی رشوت لاتا تو رشوت لیکر اوسکے موافق فتوی دیدیتے تھے مترجم کہتا ہی کہ یہ قول جید و عمدہ ہی چنانچہ قولہ تعالے ان کثیرا من الاحبار والرہبان لیاکلون اموال الناس بالباطل الآیۃ - کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالی انکا واضح بیان آویگا اور اوسکے موافق آیت کے یہ معنے ہوے کہ اللہ تعالے نے مومنون کو آگاہ فرمایا کہ تم ان عوام یہودیون سے ایمان کی کیا توقع رکھوگے جبکہ ان مین سے پڑھے لکھون کی یہ کیفیت ہی کہ سخت دل ہوکر حقیر مال دنیا کے پیچھے کلام الٰہی کی تحریف کرتے ہین کیونکر انکے دل مین آخرت کا یقین و عذاب الٰہی کا خوف نہین ہا ہی پس یہ ظاہر مین توریت کے ماننے والے بنتے ہین مگر باطن مین انکے قلوب سخت ہوکر غضب الٰہی مین پڑگئے ہین تو تم لوگ انسے ایمان کی توقع مت رکھو اور جو کوئی ان مین سے بظاہر مسلمان ہوا وہ بھی منافق ہی - وَاِذَا لَقُوا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قَالُوْٓا اٰمَنَّا - اور جب یہ لوگ اہل ایمان سے ملتے ہین تو کہتے ہین کہ ہم ایمان لائے اور ہم کیونکر ایمان لاوین حالانکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیشک عربی پیغمبر ہین اور انھین کے نام کے طفیل سے ہم لوگ تھوڑا زمانہ ہوا کہ تم لوگون پر فتحمندی کی دعا مانگا کرتے تھے اور حکم توریت کے موافق خود انکے منتظر تھے (محمد بن اسحق عن ابن عباس) وَاِذَا خَلَا بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ اور جب ایک دوسرے کے پاس اکیلے ہوتے ہین - ف تب یہ اقراری لوگ ظاہر کرتے ہین کہ ہمنے تو مومنون سے صرف ظاہر مین ایمان کا اقرار کر دیا ہی اور دل سے ہم لوگ مومن نہین ہین - غرضکہ یہ منافقین جب اپنے پڑھے لکھے گدھون کے پاس اکیلے ہوتے ہین تو انکے خوش کرنے کو اظہار کرتے ہین کہ آپ لوگ مطمئن رہین کہ ہم دل سے مومن نہین ہین - قَالُوْٓا اَتُحَدِّثُوْنَهُمْ بِمَا فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ لِيُحَآجُّوْكُمْ بِهٖ عِنْدَ رَبِّكُمْ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ۝ وہ لوگ کہتے ہین کہ بھلا تم اونسے ایسی باتین بیان کر دیتے ہو جو اللہ تعالے نے تمپر کھول دی ہین تاکہ وہ لوگ اللہ تعالے کے سامنے تمپر حجت قائم کرین سو کیا تم سمجھتے نہین ہو ف کہ تمھارے اس فعل سے تمپر عذاب کی حجت قائم ہوجائیگی خلاصہ یہ کہ منافقون کو انکے احبار جو گدھون کی طرح اپنے اوپر کتابین لادے تھے ایک بات مین ملامت کرتے ہین کہ تم دنیاوی مصلحت سے ایمان ظاہر کرتے ہو اور دل سے نہین مانتے ہو تو یہ خوب ہی لیکن تم انسے یہ باتین کیون ظاہر کرتے ہو کہ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) بیشک پیغمبر حق ہین اور ہم کو توریت مین انھین پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہی اور ہم مدت سے انکے ظہور کے منتظر تھے اور زمانہ جاہلیت مین ہم انھین کے فضائل تمسے بیان کیا کرتے تھے اور انھین کے نام پاک کا واسطہ و وسیلہ دلاکر اللہ تعالے سے تمپر فتح و نصرت کی دعائین کیا کرتے تھے - بالجملہ منافقین تو مسلمانون سے خوشامد کے لیے یہ باتین اظہار کرتے تھے اور یہان سے جاکر جب اپنے احبار سے اپنا نفاق ظاہر کرتے تو وہ لوگ انکو ملامت کرتے کہ تم یہ باتین اونسے کیون ظاہر کرتے ہو کیا سمجھتے نہین ہو کہ وہ لوگ انھین باتون سے اللہ تعالے کے نزدیک تمپر حجت قائم کرینگے کہ انھون نے جان بوجھکر کفر کیا ہی تو ہم تم سب کے سب عذاب مین گرفتار ہونگے - مترجم کہتا ہی کہ یہ لوگ اپنی سمجھ کا دعوی کرتے تھے حالانکہ اسقدر سخت احمق تھے چنانچہ اللہ تعالے نے انکو جھڑکا اور فرمایا اَوَلَا يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ۝ کیا یہ نہین جانتے ہین کہ اللہ تعالے تو ہر چیز جسکو وہ لوگ چھپاتے اور جسکو ظاہر کرتے ہین سب جانتا ہی ف پس اللہ تعالے نے اپنے علم غیب سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اونکی خفیہ

باتون سے آگاہ فرمایا اور یہی اونکے واسطے دلیل ہوگیا کہ اللہ تعالے اونکی خفیہ و ظاہر سب باتون کو جانتا ہی ولیکن یہود ایک قوم احمق تھے جو اپنی بیوقوفی سے صفات باری تعالی کو نہین سمجھتے تھے حتی کہ علماے محققین نے بیان فرمایا کہ یہودی قوم مجسمہ ہی چنانچہ اونکے اعتقادات مین سے ایک یہ ہی کہ اللہ تعالے نے چھ دن تک مخلوقات کو پیدا کیا اور ساتوین دن سنیچر کو استراحت کے لیے پاؤن پھیلا کر عرش پر لیٹا اور یہ اونکا کفر و جہالت ہی بلکہ اللہ تعالے کے واسطے جسمانی صورت بیان کرتے ہین۔ تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا۔ اسیواسطے ان کمبختون کا گمان تھا کہ خفیہ باتون کو اللہ تعالی نہین جانتا ہی اور باوجود ان تمام معجزات کے جو حضرت موسی علیہ السلام کے ساتھ واقع ہوئے اور باوجود معارف توریت کے یہ لوگ ویسے ہی احمق و ناسمجھ ہین اسیواسطے اللہ تعالے نے بقولہ تعالے کمثل الحمار یحمل اسفارا الآیۃ۔ مین اونکے عالمون کو ایسے گدھے سے مثال دی جسپر کتابین لدی ہون اور اسی جہالت کی وجہ سے گمان کرتے تھے کہ اللہ تعالی اونکی پوشیدہ باتون کو نہین جانتا ہی حالانکہ اللہ تعالے خوب جانتا ہی جسکو وہ چھپاتے ہین یعنے ظاہر مین ایمان لاتے ہین اور باطن مین نہین رکھتے اور اون کے احبار ان منافقون سے کہتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت و نبوت جو تمہاری کتاب مین مذکور ہی اور تمپر ایمان لانیکا عہد لیا گیا ہی وہ تم لوگ مومنون سے کیون ظاہر کرتے ہو کیونکہ اگر ایسا کروگے تو یہ لوگ تمہارے رب عزوجل کے نزدیک تمپر حجت قائم کرینگے یہی ابو العالیہ و قتادہ وغیرہ علماے تابعین سے مروی ہی اور ایک روایت مین مجاہد سے آیا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو قریظہ کے قلعہ کا محاصرہ فرمایا تو بعض صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا کہ اے بیت پرستو اور اے بندر و سور کے بھائیو ہمارے حکم پر اوترو پس اونکے احبار نے آپسمین کہنا شروع کیا کہ یہ تمہاری ہی باتین ہین کہ تمہین نے اونکو آگاہ کیا ہی تاکہ تمپر قیامت کے روز حجت قائم ہو اور یہ اونکی جہالت کفر تھی جسکو اللہ تعالے نے رد فرمایا کہ کیا اللہ تعالے کے عالم الغیب ہونے کو نہین مانتے ہین پھر اللہ تعالے نے عوام و خواص یہودیون کی تفصیلی مذمت بیان فرمائی بقولہ تعالے

وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ

اور ایک اون مین ان پڑھے ہین خبر نہین رکھتے کتاب کی مگر باندھ لی اپنی آرزوئین اور اون پاس نہین مگر اپنے خیال سو خرابی ہی اونکو جو

يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَٰذَا مِنْ عِندِ اللَّهِ لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا

لکھتے ہین کتاب اپنے ہاتھ سے پھر کہتے ہین یہ اللہ کے پاس سے ہی کہ لیوین اوسپر مول

قَلِيلًا ۖ فَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا يَكْسِبُونَ ۝

تھوڑا سو خرابی ہی اونکو اپنے ہاتھ کے لکھے سے اور خرابی ہی اونکو اپنی کمائی سے

اُمیون۔ جمع اُمّی جس شخص کو لکھنا نہ آتا ہو یہی قول ابو العالیہ و ربیع و قتادہ و ابراہیم نخعی وغیرہم ہی اسیواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو امی کہتے ہین اور یہ آپ کے حق مین معجزہ کاملہ ہی کما قال تعالی ما کنت تتلو من قبلہ من کتاب ولا تخطہ بیمینک اذا لارتاب المبطلون یعنی قبل بعثت نبوت کے تو کوئی کتاب نہین پڑھتا تھا اور نہ اوسکو اپنے دائین ہاتھ سے لکھ سکتا تھا کہ ایسا ہوتا تو اہل بطالت شک کرتے۔ یعنے اہل کفر و نفاق کو کوئی وجہ شک کی باقی نہین چھوڑی گئی حتی کہ خاتم النبیین کو رسمی لکھنا پڑھنا نہین سکھلایا تاکہ کفار کا یہ وہم بھی باطل ہو کہ جو وحی بیان کرتے ہین شاید یہ پہلے سے لکھ پڑھ کے جانا ہو پس یہ صریح دلیل ہی کہ جو کچھ آپ بیان فرماتے ہین وہ وحی الٰہی عزوجل ہی اور یہی نکتہ تھا کہ حضرت موسی علیہ السلام کے وقائع کثیرہ وحی فرمائے جو خاصتہ یہودی دشمنون کے پاس تھے اور وہ تفصیلی لکھے ہوے تھے تاکہ شیطانی وہم بالکل دور ہو پھر اُمّی یا تو منسوب بجانب اُم یعنے ماں ہی کیونکہ ماں کے پیٹ سے نے لکھا پڑھا پیدا ہوتا ہی یا منسوب بجانب امت عرب ہی جو لکھے پڑھے نہین ہوتے تھے اسیواسطے حدیث شریف مین آیا انا امۃ امیۃ لا نکتب ولا نحسب یعنے ہم لوگ امی امت ہین کہ لکھتے نہین اور حساب نہین جانتے ہین۔ ان آیات

ہین اللہ تعالےٰ نے یہود کی دو قسمین فرمائین ایک احبار جو لکھتے پڑھتے ہین تو وہ اللہ تعالیٰ پر افترا باندھتے ہین دوم بے پڑھے عوام جو اونکی تقلید مین بغیر علم اور تحقیق کے صرف زبانی خیالات پر جمے ہوے جھوٹی باتین اعتقاد کرتے ہین چنانچہ فرمایا۔ وَمِنْهُمْ أُمِّيُّونَ لَا يَعْلَمُونَ الْكِتَابَ إِلَّا أَمَانِيَّ۔ اور ان یہودیون مین سے بعضے امی ہین جو کتاب کو نہین جانتے سوائے جھوٹی باتون کے۔ ف یعنی یہودیون مین سے جاہل و بے پڑھے فریق کا یہ حال ہی کہ کتاب توریت تو جانتے نہین ہین لیکن جھوٹی باتین اپنے احبار سے سیکھی ہین جنکا علم نہین رکھتے۔ وَإِنْ هُمْ إِلَّا يَظُنُّونَ ۝ اور یہ لوگ گمان ہی گمان رکھتے ہین ف کیونکہ توریت سے علم حاصل ہونے کی اونکو کوئی راہ نہین ہی لیکن احبار سے سنکر اعتقاد کرلیا کہ توریت مین لکھا ہی کہ ہین یہودی قیامت تک رہینگے اور کسی یہودی کو سات دن سے زیادہ عذاب نہوگا اگرچہ کیسا ہی گناہگار ہو اور جو شخص محصن نا کرے اوسکا منھ کالا کرکے گدھے پر سوار کرکے پھراؤ پھر اوسکو دُرّہ مارو اور مانند اسکے بہت سی جھوٹی باتین سنکر اعتقاد کرلین کہ یون ہی توریت مین مذکور ہین حالانکہ انکے احبار نے عربی یا عبرانی زبان مین اپنی طرف سے کتابین بنائین اور بیحیائی سے اوسمین لکھدیا کہ توریت مین اسطرح مذکور ہی حالانکہ جو کچھ توریت مین مذکور تھا اوسکو بدل ڈالا مثلاً توریت مین پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات و حلیہ مبارک اسطرح مذکور تھا کہ شرگین آنکھین گدازبدن نکلتا ہوا میانہ قد خوبصورت چہرہ لہرداز خوبصورت بال ہونگے آخر تک بہت تفصیل سے صفات مذکور ہین تو انھون نے بجاے اوسکے دبلا پتلا لمبا قد کرنیلی آنکھین سیدھے بال والا لکھدیا اور یہ بھی مرد یا عورت کے زنا کرنے مین رجم یعنے پتھرون سے سنگسار کرنیکا حکم تھا اور انھون نے بجاے اوسکے منھ کالا کرنا لکھدیا تاکہ عوام یہودیون کے پیرِ مغاں بنے بیٹھے رہین اور عوام جہال اونکو نذرانہ دیا کرین حالانکہ انھون نے حقیر دنیا کے پیچھے اپنی عاقبت برباد کی لہذا اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ ثُمَّ يَقُولُونَ هَٰذَا مِنْ عِندِ اللَّهِ لِيَشْتَرُوا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا۔ پس ویل یعنے عذاب شدید ہی اون لوگون کے لیے جو اپنے ہاتھون کتاب کو لکھتے ہین پھر کہتے ہین کہ یہ اللہ کی طرف سے ہی تاکہ اسکے عوض حقیر دام لیوین۔ ف پس لکھکر اللہ باندھنا گناہ عظیم و کفر تھا اور اوسکے عوض جو مال لیا یہ بھی حرام خبیث ہوا۔ فَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا كَتَبَتْ أَيْدِيهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُم مِّمَّا يَكْسِبُونَ ۝ سو خرابی ہی اونکو اپنے ہاتھون کی کتاب بنائی سے اور خرابی ہی اونکو اپنی کمائی سے ف یعنے دونون طرح مستحق ویل ہین چنانچہ بنائی ہوئی کتاب سے مستحق ویل ہوے اور جو مال اوسکے عوض کمایا اوس سے بھی مستحق ویل ہین۔ عطاء ابن یسار نے فرمایا کہ ویل جہنم مین ایک وادی ہی کہ اگر اوسمین پہاڑ ڈالے جائین تو گل جائین اور ابن ابی حاتم نے حضرت ابوسعید خدری سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جہنم مین ویل ایک وادی عمیق ہی کہ کافر اوسکے قعر تک پہونچنے سے پہلے چالیس خریف تک گرتا چلا جائیگا (رواہ الترمذی) اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ویل ایک کوہ آتشی ہی اور یہی یہودیون کے حق مین موعود ہوا کیونکہ اونھون نے توریت مین تحریف کی اور اپنی خواہش کے موافق گھٹایا بڑھایا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نام محو کرنا چاہا اسیواسطے اللہ تعالےٰ نے اوپر غضب فرمایا (ابن جریر) سدی نے کہا کہ احبار یہود اپنے ہاتھون سے کتابین لکھکر عوام کے ہاتھ بیچتے اور کہتے کہ یہ اللہ تعالےٰ کی نازل کی ہوئی کتاب ہی پس اسکے عوض ثمن قلیل حاصل کرتے تھے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے وعظ فرمایا کہ اے گروہ مسلمین کیونکر تم اہل کتاب سے کوئی بات پوچھتے ہو حالانکہ قرآن آپکی جو تمھارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوا بے میل خالص کتاب ہی اور اللہ تعالےٰ نے تمسے بیان فرمایا کہ اہل کتاب نے کتاب آپکی کو متغیر و متبدل کردیا اور اپنے ہاتھون سے کتابین بنائی ہین تاکہ اوسکے عوض ثمن قلیل حاصل کرین پس جو علم آپکی تمھارے پاس آیا کیا وہ تمکو اس امر سے مانع نہین ہی کہ تم اہل کتاب سے کوئی بات پوچھو اور واللہ ہمنے نہین دیکھا کہ اونمین سے کوئی شخص تمسے ایسی بات پوچھتا ہو جو تمھارے یہان نازل کی گئی ہی (رواہ البخاری)

حسن بصریؒ نے فرمایا کہ اگر تمام دنیا و مافیہا ملے تو وہ بھی ثمن قلیل ہی (مسئلہ) مصحف مجید فروخت کرنا جائز ہی یا نہیں شیخ سیوطی رح نے درمنثور میں ایک جماعت سلف سے آثار نقل کیے کہ انھوں نے اسی مقام کی آیت سے نکالا کہ مکروہ ہی کیونکہ ثمن قلیل کے عوض فروخت لازم آتی ہی اور دیگر جماعت سلف سے آثار نقل کیے کہ مکروہ نہیں ہی کیونکہ ثمن قلیل کے عوض فروخت کرنا یہ ہی کہ کتاب الٰہی عزوجل سے منہ موڑ کر ثمن قلیل حاصل کرے اگر چہ تمام دنیا و مافیہا ہو حالانکہ جسنے مصحف مجید لکھکر فروخت کیا وہ قرآن سے منہ نہیں موڑتا ہی بلکہ وہ اپنی محنت سے کتاب الٰہی کو لوگوں میں پھیلاتا ہی مترجم کہتا ہی کہ یہی قول اظہر ہی واللہ تعالیٰ اعلم حتی کہ اگر ایک شخص نے مصحف مجید لکھکر اپنے پاس رکھا مگر وہ کتاب الٰہی پر عمل نہیں کرتا بلکہ حرام طور پر رشوت لیتا ہی تو وہ کتاب الٰہی کو ثمن قلیل کے عوض بیچنے والا ہی۔ پھر اللہ تعالےٰ نے یہودیوں کا ایک افترا و بہتان نقل فرمایا بقولہ تعالےٰ

وَقَالُوا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَةً ۚ قُلْ أَتَّخَذْتُمْ عِندَ اللَّهِ عَهْدًا

اور کہتے ہیں ہمکو آگ نہ لگے گی مگر کئی دن گنتی کے تو کہہ کیا لے چکے ہو اللہ کے ہاں سے قرار

فَلَن يُخْلِفَ اللَّهُ عَهْدَهُ أَمْ تَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ مَا لَا تَعْلَمُونَ ۝

تو البتہ خلاف نہ کریگا اللہ اپنا قرار یا جوڑتے ہو اللہ پر جو معلوم نہیں رکھتے

شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ یہودیوں نے اپنی ذات کے واسطے بہت سے جھوٹے دعوی باندھے تھے چنانچہ محمد بن اسحٰق نے سیف بن سلیمان عن مجاہد عن ابن عباس روایت کی کہ یہود یہی کہتے تھے کہ دنیا کی عمر کل سات ہزار برس ہی اور ہم لوگ ہر ہزار برس کے پیچھے ایک دن صرف گنتی کے سات دن دوزخ میں رہینگے پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا۔ وَقَالُوا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا مَّعْدُودَةً۔ اور یہود کہتے ہیں کہ ہمکو آگ نہیں چھوویگی مگر گنتی کے کئی روز۔ ف اور امام ابوبکر بن مردویہ نے حضرت ابوہریرہ سے روایت کی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر فتح کیا تو آپ کے واسطے ایک بکری پکاکر بھیجی گئی جسمیں زہر ملا ہوا تھا مترجم کہتا ہی کہ صحیحین وغیرہ کی حدیث میں آیا کہ جب آپ کھانے بیٹھے تو آپ نے فرمایا کہ یہ بکرے مجھسے کہتی ہی کہ آپ مجھے نہ کھائیے کیونکہ مجھ میں زہر ملا ہوا ہی پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ یہاں جو کچھ یہود ہیں انکو جمع کرو پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا جداعلی کون شخص ہی کہنے لگے کہ فلان شخص ہی آپ نے فرمایا کہ تم جھوٹ بولتے ہو بلکہ تمہارا باپ فلان شخص ہی کہنے لگے کہ بیشک آپنے سچ کہا پھر آپ نے فرمایا کہ اے یہود اگر تم سچ بولو تو میں تمسے کچھ کہوں کہنے لگے کہ اب ہم سچ ہی بولینگے آپ فرماویں ورنہ جسطرح جداعلی کے بتلانے میں آپنے ہمارا دروغ جان لیا اسیطرح اس بات میں بھی آپ جان لینگے آپ نے فرمایا کہ اچھا دوزخیوں کو بتلاؤ یعنے تمہارا کیا اعتقاد ہی تو کہنے لگے کہ ہم بہت قلیل چند ایام اوسمیں رہینگے پھر بجاے ہمارے آپ لوگ ہونگے سو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا خوار پڑے رہو کہ واللہ ہم کبھی اوسمیں تمہارے قائم مقام نہونگے پھر آپ نے فرمایا کہ بھلا سچ بولو گے اگر میں تمسے کچھ پوچھوں کہنے لگے کہ جی ہاں آپ نے فرمایا کہ سچ بتلاؤ تمنے اس بکری میں زہر ملایا ہی کہنے لگے کہ جی ہاں آپنے فرمایا کہ تمکو ایسا کرنے پر کس چیز نے آمادہ کیا ہی کہنے لگے کہ ہمنے خیال کیا کہ اگر آپ پیغمبر ہیں تو آپ کو ضرر نہوگا ورنہ ہم لوگ نجات پاوینگے (احمد بخاری نسائی) عکرمہؒ نے فرمایا کہ یہود نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا کہ ہم لوگ سوائے چالیس روز کے جہنم میں نہیں رہینگے اور اوسکے بعد جہنم میں بجاے ہمارے دوسری قوم داخل کیجائیگی اونکی مراد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے صحابہ رضی اللہ عنہم تھے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ سے اونکا سر ٹھونکا کہ ہرگز نہیں بلکہ تم ہی اوسمیں ہمیشہ دائم رہوگے کوئی تمہاری نیابت نہیں کریگا پس اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی وقالوا لن تمسنا النار الا ایاما معدودۃ۔ بظاہر اس سے معلوم ہوتا ہی کہ یہی واقعہ سبب نزول ہی مگر تحقیق یہ ہی کہ اس آیت میں اونکے قول کی

تردید ہی چنانچہ ضحاک نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ یہودی گمان کرتے ہین کہ اونھون نے توریت مین یہ لکھا پایا کہ جہنم کے دونون کناردن کے درمیان چالیس برس کی راہ ہی یہانتک کہ شجرۃ الزقوم تک پہونچین جو اصل الجحیم مین جما ہوا ہی اور ان یہودیون نے دعوی کیا کہ ہم لوگ تو اوسیقت تک عذاب پاوینگے کہ شجرۃ الزقوم تک پہونچین پھر جہنم جاتی رہیگی اور یہی اللہ تعالے نے آگاہ فرمایا کہ۔ قالوا لن تمسنا النار الا ایاما معدودۃ۔ یعنے یہودی کہتے ہین کہ ہمکو آگ نہین چھوویگی سوائے ایام معدود کے۔ قتادہ رح نے فرمایا کہ یہودی کہتے تھے کہ صرف اتنے دن ہمکو عذاب ہوگا جتنے دن ہمنے گوسالہ پوجا اللہ تعالے نے اوسکو رد فرمایا۔ قُلْ اَتَّخَذْتُمْ عِنْدَ اللّٰهِ عَهْدًا فَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ عَهْدَهٗ کہ۔ یعنے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان بدبختون سے کہدے کہ کیا تمنے اللہ تعالے کے نزدیک کوئی عہد لیا ہی تاکہ ثابت ہو کہ اللہ تعالے اپنے عہد کے خلاف نہین فرمائیگا۔ یعنے تو باوجود تمھارے شرک و کفر و گناہون کے تمپر بوجہ عہد کے عذاب نہوگا حالانکہ خوب جانتے ہو کہ کوئی عہد نہین ہی۔ اَمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔ بلکہ تم لوگ اللہ تعالے پر ایسی بات کہتے ہو جو جانتے نہین ہو۔ یعنے اللہ تعالے پر کذب و افترا باندھتے ہو کیونکہ جو امور اللہ تعالے کے علم مین ہین اونکے معلوم ہونے کی کوئی صورت نہین سوائے وحی الہی کے جو کتاب الہی و پیغمبر پر نازل ہو پس یہودیون کو صرف وہی بات کہنی چاہیے تھی جو توریت مین ہو ولیکن جب اس قوم پر اللہ تعالے کا غضب آیا تو اوسنے بیباکی سے اللہ تعالے پر بہتان باندھا جو کفر ہی اور اگر غور کیا جاوے تو یہ محض حماقت ہی کیونکہ اگر درحقیقت یہ لوگ جہنم مین چند ہی روز رہنے والے ہوتے تو بھی سے کہنا بیفائدہ کفر و جرم ہی اور اگر درحقیقت یہ نہین ہی تو دعوی سے کیا فائدہ ہوگا کیونکہ عاقل کا یہ کام نہین ہی کہ ایسی بات کہے کہ اگر سچ ہو تو کوئی فائدہ نہین اور اگر جھوٹ ہو تو کفر و جہنم مین پڑے حالانکہ خود جھوٹ کی دلیل موجود ہی کہ وحی الہی سے یہ بات ثابت ہوتی اوسکو اپنے قیاس سے بیان کرتے ہین پھر ایسے کافرون کے واسطے دائمی جہنم خود ثابت ہی مترجم کہتا ہی کہ افسوس یہ ہی کہ اس زمانہ مین مسلمانون مین بھی بہت ایسے لوگ پیدا ہوئے جو ایمان سے بیخوف ہو کر اسی قسم کے دعوی کرتے ہین حالانکہ کسی حدیث یا آیت سے کوئی دلیل نہین رکھتے ہین پس معجزہ حدیث شریف صادق آیا کہ تم لوگ یہود و نصاری کے قدم بقدم چلوگے پس اہل اسلام کو لازم ہی کہ امور غیب مین سے بلا دلیل کسی بات کا دعوی نکرین اور یہودیون کے حال سے عبرت حاصل کرین جب تک کہ حکم الہی نہ ہو کیونکہ اللہ تعالے نے اونکو جھٹکا اور رد فرمایا بقولہ تعالے۔

بَلٰى مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً وَّاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ

کیون نہین جسنے کمایا گناہ اور گھیر لیا اوسکو اوسکے گناہ نے سو وہی ہین لوگ دوزخ کے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ

وہ اوسمین رہ پڑے اور جو یقین لائے اور عمل کیے نیک وہ لوگ ہین جنت کے

هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ ع

وہ اوسمین رہ پڑے

جاننا چاہیے کہ زبان عرب مین استفہام مثبت کے جواب مین لا اور نفی کے جواب مین بلی آتا ہی جبکہ تردید مقصود ہو مثلاً یہودی نے کہا کہ کیا ہم جنت مین جائینگے تو جواب لا یعنے نہین جاؤگے اور اگر اوسنے کہا کہ کیا یہودی دوزخ مین نہین جائینگے یا یہودی نے کہا کہ ہم دوزخ مین نہین جائینگے تو جواب بلی آئیگا کیون نہین یعنے ضرور دوزخ مین جاؤگے چنانچہ جب یہودیون نے کہا کہ سوائے ایام معدودہ کے ہمکو دوزخ کی

آگ نہین چھوئیگی تو اللہ تعالے نے رد فرمایا۔ بَلٰی۔ یعنے کیون نہین ضرور تمکو دوزخ کی آگ لگیگی۔ ف پھر انکا حال بطور کلیہ بیان فرمایا۔ مَنْ كَسَبَ سَيِّئَةً۔ جس شخص نے بدی کمائی ف حتی کہ یہ نوبت پہونچائی جو یہود کی حالت ہی۔ وَاَحَاطَتْ بِهٖ خَطِيْٓـَٔتُهٗ۔ اور اوسکی خطاؤن نے اوسکو گھیر لیا۔ ف حتی کہ اوسمین نیکی نہین سمائی کیونکہ جب خطیئات سب طرف سے گھیر لیتی ہین تو قلب کشادہ نہین رہتا بلکہ سیاہ ہوکر بند ہوجاتا ہی پھر اوسمین ایمان نہین سماتا ہی بلکہ اگر ایمان لایا ہو تو کافر ہوجاتا ہی کما قال تعالے۔ ثم کان عاقبۃ الذین اساؤا السوآی ان کذبوا بایات اللہ۔ یعنے جو لوگ بید ھرک بدکار بان کر چلے اونکا انجام کار یہ ہوا کہ اللہ تعالے کی آیتون کو جھٹلانے لگے یعنے کافر و مشرک ہوگئے۔ فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝ پس ایسے لوگ تو جہنمی ہین وہی اوسمین ہمیشہ پڑے رہینگے۔ ف حسن بصری رح نے فرمایا کہ جس بدکاری پر اللہ تعالے نے آگ کی وعید فرمائی وہ خطیئہ ہی۔ ابن عباس رض و مجاہد رح نے فرمایا کہ خطیئہ یہان شرک ہی مترجم کہتا ہی کہ جسکو سب طرف سے خطیئہ نے گھیر لیا ہو اوسکا انجام کفر ہی کیونکہ ایمان تو بہت بڑی نیکی ہی پس اگر باقی ہوتا تو سب طرف سے خطیئہ نہ گھیرتی اسیواسطے محمد بن اسحق نے بالاسناد حضرت ابن عباس رض سے روایت کی کہ یہ یہودیون کو خطاب ہی یعنے جسنے تمہارے مانند اعمال کیے اور تمہاری طرح کفر کیا حتی کہ بدکاری نے اوسکو گھیر لیا تو اوسکے واسطے کوئی نیکی نہین ہی اسیواسطے ابن عباس و ابو وائل و ابو العالیہ و مجاہد و عکرمہ و حسن و قتادہ و ربیع بن انس نے کہا کہ اوسکے قلب کو شرک نے گھیر لیا۔ ع اس سے معلوم ہوا کہ اگر ایمان باقی ہو اور گناہون کی یہ نوبت نہ پہونچے کہ وہ دل کو گھیر لین جیسے گنہگار مسلمون کا حال ہوتا ہی تو وہ ہرگز دوزخی نہین یعنے ہمیشہ دوزخ مین نہین رہیگا کیونکہ جب ایمان باقی ہی تو ضرور ثابت ہوا کہ خطیئہ نے اوسکو احاطہ نہین کیا۔ م۔ شیخ محی الدین بن العربی رح نے اشارہ کیا کہ یہودی اپنی حماقت سے گناہ کو ظاہری فعل محدود سمجھتے تھے اور یہ نہین جانتے تھے کہ گناہ اپنی شامت سے دل مین جمکر محیط ہوجاتا ہی جس سے ملکۂ راسخ پیدا ہوجاتا ہی اور اسی سبب سے جب گناہون کی انتہا یہانتک پہونچی کہ محیط ہوکر کفر مین داخل کرین تو وہ دائمی دوزخ مین رہتا ہی کیونکہ ملکۂ راسخ دائمی ہوتا ہی کیونکہ اگر ایسا نہوتا تو ثواب بھی ہمیشہ کے لیے جنت کا باعث نہوتا پس انصاف یہ ہی کہ جب کسی کے دل کو خطیئات نے محیط ہوکر سیاہ کردیا اور وہ جم گیا جیسے کپڑے پر سیاہ رنگ جم جاتا ہی کہ وہ کپڑے کو اصلی حالت پر کبھی نہین آنے دیتا ہی تو کافر ہمیشہ کے لیے اپنے لائق مقام پاویگا اور وہ جہنم ہی جیسے کسی نے ایمان و طاعت سے دل مین ملکۂ نورانی حاصل کیا تو یہی اوسکے قلب کے واسطے اصل ہی چنانچہ فرمایا۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ اور جو لوگ ایمان لائے اور اونھون نے کارہاے نیک کیے تو ایسے ہی لوگ جنتی ہین وہی اوسمین ہمیشہ رہینگے۔ کیونکہ ایمان اونہین ملکۂ راسخ ہی تو کبھی خارج نہین ہوسکتے ہین (تنبیہ) عبد اللہ بن مسعود رض نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تم لوگ حقیر گناہ کو ایسے ہوشیار و خبردار رہو کہ وہ آدمی کے گرد جمع ہوکر اوسکو ہلاک کرتے ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی مثال بیان فرمائی کہ جیسے کوئی قوم کسی جنگل مین اترتی ہی تو ہر آدمی جنگل سے ایک ایک لکڑی لاکر ڈال دیتا ہی کہ وہ انبار کثیر ہوجاتا ہی (رواہ احمد) یعنے اگر اوسمین آگ لگجاوے تو تمام جنگل جل جاوے۔ ف بعض اشارات عرائس مین ہی کہ منجملہ آدمی کی خطیئات کے یہ بھی ہوتا ہی کہ آدمی اپنی طاعت مین یا کاری و عجب و غرور پیدا کرتا ہی حتی کہ وہ طاعت اوسکے حق مین معصیت ہوجاتی ہی حالانکہ وہ شخص وسوسۂ شیطانی سے اپنے واسطے فخر سمجھتا ہی کہ اوسنے اللہ تعالے کی عبادت ادا کی اور جو لوگ اہل ایمان و طاعت ہین وہ اللہ تعالے کی بندگی کو محال جانتے ہین اور جو عبادت ادا کرتے ہین اوسکو فقط حکم کی فرمانبرداری جانتے ہین اور اوسمین بھی ہزار قصور سے خوفناک ہین اور جو کچھ میسر آیا اوسکو اپنے حق مین نہیت

الٰہی سمجھتے ہیں۔ م س۔ پھر اللہ تعالےٰ نے یہود کی بعضی بد کاری و بدعہدی بیان فرمائی بقولہ تعالےٰ

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ ۖ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا وَّ

اور جب لیے لیا قرار بنی اسرائیل کا بندگی نہ کریو مگر اللہ کی اور ماں باپ سے سلوک نیک اور

ذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا وَّاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ ۭ

قرابت والے سے اور یتیموں سے اور محتاجوں سے اور کہیو لوگوں سے نیک بات اور کھڑی رکھیو نماز اور دیتے رہیو زکوٰۃ

ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْكُمْ وَاَنْتُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝

پھر تم پھر گئے مگر تھوڑے تم میں اور تمکو دھیان نہیں

ان آیات میں بنو اسرائیل کو دوسری بد عہدی یاد دلائی کہ اللہ تعالےٰ نے توریت میں جن احکام شریعت پر عمل کرنے اور جن امور سے باز رہنے کا عہد لیا تھا بنو اسرائیل نے عمداً توڑ دیا ع۔ کیونکہ بنو اسرائیل ملک شام پر مسلط ہونے کے بعد زمانۂ حضرت داؤد علیہ السلام سے پہلے بت پرست و مشرک ہو گئے تھے۔ م س۔ ظاہراً انکی بت پرستی اپنے اکابر کے ساتھ شرک ہو گا واللہ تعالےٰ اعلم غرض کہ اہل ایمان کی تنبیہ کے ساتھ بنی اسرائیل کو یاد دلایا بقولہ تعالےٰ۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ۔ اور یاد کرو جب ہمنے بنی اسرائیل سے عہد لیا۔ ف یعنی توریت میں بنی اسرائیل سے عہد لیا اور اونسے کہا کہ۔ لَا تَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ۔ ف امام ابن کثیر و حمزہ و کسائی کی قراءۃ۔ لا یعبدون بیاء تحتیہ ہے یعنے یہ لوگ کسی کی عبادت نہ کرینگے سوائے اللہ تعالےٰ کے۔ اور امام نافع و ابو عمرو و ابن عامر و عاصم کی قراءۃ۔ لا تعبدون بتاء فوقیہ ہے یعنے۔ تم لوگ کسی کی عبادت نہ کروگے سوائے اللہ تعالےٰ کے۔ مراد یہ کہ تم لوگ شرک مت کیجیو چنانچہ ایک قراءۃ شاذہ میں۔ لا تعبدوا۔ آیا ہے اور متواتر قراءۃ میں صیغۂ نہی کو بطور خبر بیان کرنے میں یہ بلاغت ہے کہ گویا تم لوگ اس عہد کے ایسے پابند ہو جاؤ گے کہ تمہارا یہ حال بیان کیا جاوے کہ یہ ایسے لوگ ہیں کہ کبھی شرک نہیں کرینگے (السیوطی وغیرہ) اور شاید کہ یہ عہد کا بیان ہو یعنے ہمنے توریت میں بنی اسرائیل سے عہد لیا کہ یہ لوگ سوائے اللہ تعالےٰ کے دوسرے کی عبادت نہ کرینگے ع۔ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا۔ یعنے و بالوالدین احسانا۔ یعنے اپنے والدین کے ساتھ خوب برتاؤ کرینگے یا کروگے جیسا چاہیے۔ ف یعنے اونکی خدمتگذاری و فرمانبرداری میں کچھ دریغ نہیں کرینگے پس والدین کے ساتھ دو احساناً، ملحق کرکے بہت تاکید فرمائی اگرچہ یہ احسان دوسروں کے ساتھ بھی مقصود ہے چنانچہ فرمایا۔ وَذِى الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنِ۔ اور احسان کرینگے یا کروگے صاحبان قرابت کے ساتھ اور یتیموں اور مسکینوں کے ساتھ۔ ف یعنے والدین کے ساتھ ان لوگوں کے بھی حقوق و صلۂ رحم کا لحاظ رکھیں اور یہ بھی حکم دیا۔ وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا۔ اور لوگوں سے قول نیک کہو۔ ف یعنے لوگوں کو نیک باتیں بتلاؤ اور بری باتوں سے روکو اور اوپر مہربانی کرو۔ سیوطی نے لکھا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں بھی لوگوں سے سچے اوصاف بیان کرو۔ وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ۔ اور نماز کو ٹھیک قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ ف اگرچہ عبادت الٰہی میں یہ دونوں طاعت بھی داخل تھیں لیکن زیادہ اہتمام کے واسطے انکو صریح علیحدہ بیان فرمایا شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ اول حکم توحید تو تمام انبیاء علیہم السلام کی ہدایت اجماعی ہے کما قال تعالےٰ۔ وما ارسلنا من قبلک من رسول الا نوحی الیہ انہ لا الہ الا انا فاعبدون۔ یعنے ہمنے تجھسے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا مگر اوسکو یہی وحی کرتے رہے کہ سوائے میرے کوئی الوہیت والا نہیں ہے پس تم لوگ میری ہی عبادت کرو۔ پس سب سے پہلے اپنا حق بیان فرمایا جو سب سے احق و اعظم ہے پھر دوم حقوق مخلوق بیان فرمائے

جنمین حق والدین اشرف ہی لہذا اللہ تعالے اپنے حق کے ساتھ بندہ کے لیے حق والدین شامل فرماتا ہی کما قال تعالے۔ وقضی ربک الا تعبدوا الا ایاہ وبالوالدین احسانا۔ یعنی فرض کردیا تیرے رب نے کہ تم لوگ کسی کی عبادت نکرو سوائے رب عزوجل کے اور نیکی کرو اپنے والدین کے ساتھ اچھی طرح وقال تعالی۔ ان اشکرلی ولوالدیک۔ یعنے میری شکرگذاری کرو اور اپنے والدین کی۔ ھ۔ اور حدیث ابن مسعود رضی اللہ عنہ مین ہی کہ مین نے پوچھا یارسول اللہ سب سے افضل کون کام ہی آپ نے فرمایا کہ نماز کو اپنے وقت پر ادا کرنا مین نے پوچھا کہ اسکے بعد کون کام ہی تو فرمایا کہ ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنا پھر مین نے عرض کیا کہ اسکے بعد کون کام ہی تو فرمایا کہ اللہ تعالے کی راہ مین جہاد کرنا۔ (الصحیحین) حدیث مین ہی کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ سب سے اول کون شخص ہی جسکے ساتھ مین سلوک و خدمتگذاری کرون فرمایا کہ تیری ماں ہی اوسنے عرض کیا کہ پھر اوسکے بعد کون شخص ہی فرمایا کہ پھر تیری ماں ہی اوسنے عرض کیا کہ پھر کون ہی فرمایا کہ پھر تیرا باپ ہی پھر درجہ بدرجہ جو تجھسے زیادہ قریب ہو یعنے ازراہ نسب کے زیادہ قرب رکھتا ہو (الصحیح) اسیواسطے علماء نے فرمایا کہ حسن وخدمتگذاری مین باپ پر ماں مقدم ہی کیونکہ وہ عورت ہی جو بذات خود مال حاصل کرنے کے لائق نہین ہوتی بخلاف باپ کے کہ وہ اپنی قوت بازو سے مال کماتا ہی اور حکم کی فرمان برداری ماں پر باپ مقدم ہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ یتامی ایسے نابالغ بچے ہین جنکا باپ نہو اور مساکین ایسے لوگ ہین جنکو قدر کفایت نہ ملتا ہو مترجم کہتا ہی کہ امام ابوحنیفہ رح کے نزدیک مسکین وہ ہی جسکے پاس کچھ نہو چنانچہ مصارف زکوۃ مین اسکی تفصیل انشاء اللہ تعالے آویگی اور لوگون سے نیک بات کہنے مین بقول حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے امر معروف ونہی منکر بھی داخل ہی یعنے لوگون کو ثواب کے کام بتلانا اور بدکاریون سے منع کرنا اور اونکی بدگوئی سے چشم پوشی کرنا غرض کہ ہر خلق جو اللہ تعالے کے نزدیک پسند ہو اسکو شامل ہی اور حضرت ابوذر رض سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شرع مین جو امور نیک قرار دیے گئے ہین اونمین سے کسی کو حقیر مت سمجھیو اور اگر تجھے کچھ نہ ملے تو یہی کیجیو کہ اپنے مسلمان بھائی سے خندہ پیشانی ملیو (احمد مسلم ترمذی) اور حدیث مین امور خیر مین مالی سلوک بدرجہ اولی شامل ہی پس حاصل معنے یہ ہین کہ آدمی اگر اپنے پڑوسی یا دوستون کو بھیجنے کے واسطے ایک ایک چھوہارہ پاوے تو اسکو بھیجنے مین بھی دریغ نکرے اور حقیر نہ سمجھے پس جب کوئی بھیجے اوسکے واسطے بدرجہ اولی یہ حکم ہی کہ اپنے بھائی مسلمان کی طرف سے جو کچھ اوسکو پہونچا اگرچہ جلی کٹی ہو یعنے پائے بھی نہون بلکہ جلی ہوئی کھری ہو تو اوسکو بھی حقیر نہ سمجھے بلکہ خوشی سے قبول کرے چنانچہ دوسری حدیث مین ہی کہ کوئی عورت اپنی پڑوسن بہن سے کسی معروف خیر کو حقیر نہ سمجھے اگرچہ جلی کٹی ہو (الترمذی) پھر اگر سلوک کے واسطے کچھ بھی میسر آوے تو یہی اوسکے واسطے نیکی ہی کہ جب اپنے بھائی سے ملاقات ہو تو خندہ پیشانی سے پیش آکر اوسکا دل خوش کرنا ثواب ہی اور چونکہ آیت مین عموماً لوگون سے نیک کلام کرنیکا حکم ہی کوئی خصوصیت اہل اسلام کے ساتھ نہین ہی لہذا اسمین وہ امر بھی داخل ہی کہ اپنے گھر سے نکلتے وقت راہ مین جو کوئی ملتا اگرچہ یہودی یا نصرانی ہوتا اوسکو سلام کرتے تھے تو پوچھا گیا کہ آپکی یہ کیا شان ہی کہ آپ یہود و نصاری کو سلام کرتے ہین فرمایا کہ اللہ تعالے فرماتا ہی۔ وقولوا للناس حسنا۔ تو مین اونسے بھی سلام خوب کلام کرتا ہون ابن ابی حاتم نے اسکو روایت کرنے کے بعد کہا کہ اسیکے مانند عطاء خراسانی سے مروی ہی شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ سنت معروفہ یہ ہی کہ یہود و نصاری کو سلام کرنے مین پیش قدمی نکرے مترجم کہتا ہی کہ بضرورت جواز ہوگا جیسا کہ فتاوی کی کتابون مین بھی اشارہ کیا گیا ہی واللہ تعالے اعلم بالحال ان امور کے واسطے بنو اسرائیل یا مامور ہوے اور اونھون نے قبول کیا پھر بعد عہدی کی چنانچہ اللہ تعالے فرماتا ہی ثُمَّ تَوَلَّيْتُمْ إِلَّا قَلِيلًا مِّنكُمْ وَأَنتُم مُّعْرِضُونَ ۝ پھر تم لوگون نے پیٹھ پھیری باستثناء قلیل کے تم مین سے درحالیکہ تم اعراض کرنیوالے تھے۔ سیوطی وغیرہ نے فرمایا کہ ثم تولیتم الا قلیلا منکم سے وہ لوگ مراد ہین جو ان ہی دیون کے

باپ دادے تھے جو بالفعل موجود ہین اور اُنتم معرضون - سے یہ لوگ مراد ہین جو بالفعل موجود ہین پس حاصل ہوگا کہ تمھارے باپ دادون نے بھی عہد الٰہی سے پیٹھ پھیری اور تم لوگ بھی عہد توریت سے منھ موڑتے ہو - بیضاوی نے کہا کہ موجودہ یہودی چونکہ اپنے باپ دادون کی تقلید پر قائم تھے اور اونکے افعال کو پسند کرتے تھے تو تغلیبا سب کو شامل کرکے خطاب فرمایا کہ پیٹھ پھیر کر تم لوگ انکار پر ثابت قدم ہو اور خلاصہ یہ ہوا کہ بدعہدی ان لوگون کی جبلت ہی حالانکہ انکو چاہیے کہ عہد الٰہی پر قائم رہین تاکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاوین اور اسمین اہل اسلام کو تنبیہ ہی کہ یہودیون کی طرح قرآن مجید کے عہد میثاق سے برگشتہ نہون ورنہ یہودیون کی طرح غضب مین گرفتار ہونگے (تنبیہ) علم بلاغت مین کبھی غائب اور کبھی مخاطب کرنے کی خوبی صنعت مفصل مذکور ہی اور اوسکی تفصیل کا یہان موقع نہین ہی لیکن جو شخص بول چال کے اثر کو سمجھتا ہی وہ خود غور کرنے سے لطافت پہچانیگا چنانچہ شروع آیت - واذ اخذنا میثاق بنی اسرائیل - مین بنی اسرائیل کو خطاب نہین کیا یعنے یون نہین فرمایا کہ ہمنے تمسے عہد لیا پھر - لا یعبدون - کی قرأۃ بھی بصیغہ غائب ہی اور - لا تعبدون - بصیغہ خطاب ہی گویا بالفعل خطاب کرکے عہد لیا جاتا ہی پھر قولہ تعالے ثم تولیتم - اور - انتم - مین خطاب کیا گویا اون لوگون کو پیش کرکے تقنیع و ملامت فرمائی پس اسکو غور کرو اور وہی خوب سمجھیگا جو زبان کی بلاغت جانتا ہی پھر اللہ تعالے نے ان یہودیون کی دوسری بدعہدی بیان فرمائی بقولہ تعالے -

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ

اور جب لیا ہمنے قرار تمھارا نہ کروگے خون آپسمین اور نہ نکال دوگے اپنون کو اپنے وطن سے

ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ ۝ ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ وَتُخْرِجُوْنَ

پھر تمنے اقرار کیا اور تم مانتے ہو پھر تم وہ ایسے ہی خون کرتے ہو آپس مین اور نکال دیتے ہو

فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ ۭ وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ

اپنے ایک فرقے کو اونکے وطن سے چڑھائی کرتے ہو اون پر گناہ سے اور ظلم سے اور اگر وہ آوین تم پاس

اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ ۭ اَفَتُؤْمِنُوْنَ بِبَعْضِ

کیسیکے قید مین پڑے تو اونکی چھڑائی دیتے ہو اور وہ بھی حرام ہی تمپر اونکا نکال دینا پھر کیا مانتے ہو تھوڑی

الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ ۚ فَمَا جَزَآءُ مَنْ يَّفْعَلُ ذٰلِكَ مِنْكُمْ اِلَّا خِزْيٌ فِي

کتاب اور منکر ہوتے ہو تھوڑی سے پھر کچھ سزا نہین اوسکی جو کوئی تم مین یہ کام کرتا ہی مگر رسوائی

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَيَوْمَ الْقِيٰمَةِ يُرَدُّوْنَ اِلٰٓى اَشَدِّ الْعَذَابِ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا

دنیا کی زندگی مین قیامت کے دن پہونچائے جاوین سخت سے سخت عذاب مین اور اللہ بے خبر نہین

تَعْمَلُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۠ فَلَا يُخَفَّفُ

تمھارے کام سے وہی ہین جنھون نے خرید کی دنیا کی زندگی آخرت دیکر سو نہ ہلکا ہوگا

عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝

اونپر عذاب اور نہ اونکو مدد پہونچیگی

جاننا چاہیے کہ مدینہ مین پانچ قبائل رہتے تھے قبیلہ اوس و قبیلہ خزرج اور یہ دونون بت پرست تھے اور یہی دونون پیچھے ایمان

لائے اور اللہ تعالے نے ان کو صحابہ انصار رضی اللہ عنہم قرار دیا لیکن زمانہ جاہلیت مین قبل اسلام کے باہم دونون قبیلون مین بکثرت جدال وقتال رہتا تھا اور باقی تین قبائل یہود تھے جن مین سے بنو قینقاع وبنو النضیر دونون ملکر قبیلۂ خزرج کے ہم قسم ومددگار تھے اور تیسرا قبیلہ بنو قریظہ تھا کہ وہ قبیلہ اوس کا ہم قسم ومددگار تھا لیکن مجموعی طور پر تینون قبائل یہود دونون قبیلۂ اوس وخزرج سے مغلوب رہتے تھے اسیواسطے کبھی کبھی لاچار ہوکر اونکو دھمکاتے کہ ہماری توریت مین پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت پاک مذکور ہے اور اونکے پیدا ہونے کے علامات بہت قریب ہین پس تم لوگ چندروز ہمکو ذلیل کرو پھر تو ہم اونکے سایۂ حمایت مین تمکو قتل وخوار کرینگے لیکن اوس وخزرج بت پرست جاہل تھے کہ وہ نبوت کے معنے نہین جانتے تھے تو یہودی لوگ جب پیغمبر آخرالزمان کے صفات وفضائل بیان کرتے کہ ایسی شکل ہوگی اور اونکی شریعت مین ایسے ایسے احکام ہونگے اور اللہ تعالے اونکو غالب کرکے دین مستقیم قائم فرمائیگا اور مانند اسکے دیگر اوصاف بیان کرتے تو یہ سنکر اوس وخزرج کے لوگ تعجب کرتے تھے لیکن یہودیون کو ذلت دینے سے باز نہین آتے تھے تو یہودی بددعا کرتے کہ الٰہی ہمکو پیغمبر آخرالزمان کے طفیل مین فتح دے اور مغلوب ہوکر بنو قینقاع وبنو نضیر نے قبیلۂ خزرج سے اور بنو قریظہ نے قبیلۂ اوس سے تحلیف کرلی اور جب دونون مین لڑائی ہوتی تھی تو ہر فریق یہودی اپنے حلیف کے ساتھ ہوکر قتال کرتا اور قتال مین دوسری طرف والے یہودیون کو قتل بھی کرتا اور جس فریق کو غالب ملتا وہ دوسرون کے گھر لوٹتا وجلاتا اور نکال باہر کرتا اور طرفین مین بہت سے قید ہوجاتے تھے اور جب لڑائی تھم جاتی تو سب یہودی ملکر فدیہ دیکر قیدیون کو چھوڑاتے تھے اور توریت مین بھی اوپر یہی حکم تھا کہ بنی اسرائیل مین سے جس کسیکو قیدی پاوین اوسکو جس طرح ممکن ہو چھوڑاوین اور باہم جدال وقتال نکرین اور نہ کسی بنی اسرائیل کی خانہ ویرانی کرین چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ لَا تَسْفِكُوْنَ دِمَآءَكُمْ وَلَا تُخْرِجُوْنَ اَنْفُسَكُمْ مِّنْ دِيَارِكُمْ - اور یاد کرو جب ہمنے تمہارا عہد لیا کہ تم اپنون کا خون نہ بہاؤگے اور اپنون کو اونکے گھرون سے باہر نکروگے ف یعنے اللہ تعالے ان یہودیون کو فرماتا ہے یاد کرو کہ جب ہمنے تمہارے باپ دادون سے توریت مین عہد لیا تھا کہ بنی اسرائیل آپسمین باہم خونریزی نکرین اور کسی فریق پر چڑھائی کرکے اونکی خانہ ویرانی نہ کرین - ثُمَّ اَقْرَرْتُمْ - پھر تمنے اس عہد کا اقرار کیا - ف یعنے تمہارے باپ دادون نے اس عہد کو مانا (السیوطی) یا تم لوگون نے خود اس عہد کو تسلیم کیا - وَاَنْتُمْ تَشْهَدُوْنَ اور حال یہ کہ تم لوگ شہادت دیتے ہو - ف یعنے یہ گواہی دیتے ہو کہ تمہارے باپ دادون سے ایسا عہد لیا گیا جو توریت مین مذکور ہے یا تم لوگ اس بات کو دل سے حق جانتے ہو کہ تمہارے بزرگون سے یہ عہد لیا گیا تھا اور اوپر معلوم ہوا کہ یہ بھی عہد لیا گیا تھا کہ جب کسی بنی اسرائیل کو کسی کافر دشمن کی قید مین پاؤ تو اوسپر جہاد کرکے یا فدیہ دیکر چھوڑاؤ اور اب تم لوگ اس بات پر ناز کرتے ہو کہ تم اپنے باپ دادون کی تقلید پر قائم اور توریت کے عامل ہو - ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ - پھر تم لوگ اے یہودیو اپنے نفوس کو قتل کرتے ہو - ف یعنے اے یہودیو تم اپنا حال دیکھو کہ تم اپنے آپسمین والون کو قتل کرتے ہو - وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ اور اپنون مین سے ایک فریق کو اونکے گھرون سے نکالتے ہو - ف یعنے غلبہ کرکے اونکی خانہ ویرانیان کرتے ہو - تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ اور حالانکہ گناہ وظلم کے ساتھ اونپر چڑھائی مین مددگاری کرتے ہو - ف یعنے اپنون مین سے ایک فریق کی خانہ ویرانی کرنا کسی شرعی حکم کے موافق نہین بلکہ ظلم ومعصیت کے طور پر اور وہ بھی خود نہین بلکہ کافرون کی مدد کرکے اونپر چڑھا لاتے ہو پس یہ صریح عہد توریت کے مخالف ہے کیونکہ تمسے توریت مین عہد لیا گیا تھا کہ اپنون کو قتل نکرین اور نہ اونکی خانہ ویرانی کرین پس تم لوگ باوجود اقرار وشہادت کے عہد الٰہی سے صریح مخالفت کرتے ہو - وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ - اور اگر وہ لوگ تمہارے پاس قیدی آتے ہین تو باہم

فدیہ گذاری کر لیتے ہو۔ ف یعنے ملکر فدیہ دیکر اونکو چھوڑا لیتے ہو یعنے یہودیون کا ایک فریق جس دشمن کے ساتھ مدد گار ہوتا اگر اسنے دوسری جانب کے مدد گار یہودیون مین سے کسیکو قید کیا تو اوسکو فدیہ دیکر چھوڑا لیتے مین یہ یہودی خود بھی شریک ہو جاتے تھے اور جب پوچھا جاتا کہ ابھی تو تم انکو لڑائی مین قتل کرتے تھے اور انکی خانہ ویرانی کروائی پھر اب چھوڑانے مین انکی طرف سے فدیہ دیتے ہو تو کہتے تھے کہ ہمارے اوپر توریت مین یہی حکم فرض کیا گیا ہے اللہ تعالے فرماتا ہے۔ وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ إِخْرَاجُهُمْ۔ حالانکہ شان یہ کہ تم لوگون پر ان قیدی یہودیون کا نکالنا بھی حرام کیا گیا تھا ف۔ تو جب ان یہودیون سے کہا جاتا کہ پھر تم اونسے لڑتے کیون ہو تو کہتے کہ ہمکو شرم معلوم ہوتی ہے کہ ہمارے ہم سوگند اس لڑائی مین ذلیل ہون پس معلوم ہوا کہ اس خیال کے پیچھے یہ حکم الٰہی چھوڑ دیا کہ آپسمین کسی فریق سے قتال نکرو اور نہ اونکی خانہ ویرانی کرو اور رہا فدیہ سے چھوڑانیکا حکم تو العیذ بالله لے لیا غرض کہ جو حکم ناگوار معلوم ہوا اوسکو ترک کیا اور چونکہ یہودی مالدار زیادہ تھے اور زیر غلبہ کرکے دوسرے فریق کے اموال لوٹ لیے تھے تو فدیہ دینے کا حکم اختیار کر لیا اللہ تعالے تشنیع فرماتا ہے بقولہ تعالے۔ أَفَتُؤْمِنُونَ بِبَعْضِ الْكِتَابِ وَتَكْفُرُونَ بِبَعْضٍ۔ پس کیا تم تھوڑی توریت پر ایمان لاتے ہو اور تھوڑی توریت سے انکار کرتے ہو ف کیونکہ توریت مین جیسے فدیہ دیکر چھوڑانے کا حکم تھا اسی طرح یہ بھی حکم تھا کہ کسی یہودی فریق سے قتال ہے کرو اور نہ اوسکی خانہ ویرانی کرو مگر اسکو نہین مانا۔ فَمَا جَزَاءُ مَنْ يَفْعَلُ ذَٰلِكَ مِنْكُمْ إِلَّا خِزْيٌ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا۔ پس تم مین سے جو کوئی یہ کام کرتا ہے اوسکی سزا سوائے اسکے کچھ نہین کہ دنیاوی زندگی مین خوار ہو۔ ف چنانچہ بنو قریظہ تو آخر کو خواری کے ساتھ قتل کیے گئے اور اللہ تعالے نے قبیلہ اوس ہی کو مسلط کرکے اونھین کے ہاتھون قتل کرایا جنکی مدد گاری مین حکم الٰہی کی نافرمانی کرتے تھے اور باقی دونون فریق یہود یعنے بنی نضیر و بنی قینقاع جانب شام نکال دیے گئے اور وہان اونپر خواری کے ساتھ جزیہ باندھا گیا پس اللہ تعالے نے ان کمبختون کے حق مین دنیا مین یہ سزا دی اور فرمایا۔ وَيَوْمَ الْقِيَامَةِ يُرَدُّونَ إِلَىٰ أَشَدِّ الْعَذَابِ۔ اور قیامت کے روز سخت تر عذاب کی جانب پھیرے جائینگے۔ ف یعنے اسی عذاب دنیا پر کفایت نہوگی بلکہ قیامت کا عذاب جو اونکو دیا جائیگا وہ بہت سخت ہے۔ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ۔ اور اللہ تعالے تمہارے کام سے کچھ غافل نہین ہے۔ ف اس مقام پر اونکو سخت تہدید و جھڑکی کے واسطے مخاطب بنا کر فرمایا کہ تم لوگ ہوش مین رہو جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالے اوس سے غافل نہین ہے بلکہ اوسنے کافرون کے واسطے اپنی مشیت مین ایک مہلت رکھی ہے کہ موت تک اوسکو پورا کرینگے حالانکہ یہودی احمق باوجود توریت کے اللہ تعالے کی شان مین جسمیت کا اعتقاد کرتے تھے پس اپنے افعال کو شخصی خیال کرتے تھے چنانچہ اوپر بھی قولہ تعالے۔ اتحدثونهم بما فتح الله عليكم الآیۃ کی تفسیر مین تنبیہ کی گئی ہے۔ پس یہ نتیجہ اوسی غضب الٰہی کا تھا جو حضرت عیسی علیہ السلام و حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کفر کرنے اور احکام الٰہی کی توہین کرنے سے یہودیون پر طاری ہوا تھا حالانکہ اونکے پاس توریت موجود تھی اور اہل عرب باوجودیکہ بے علم و بت پرست تھے لیکن اللہ تعالے نے اونکی عقل صاف رکھی تھی چنانچہ جب فتح مکہ کے روز عکرمہ رضی اللہ عنہ جو ابوجہل لعین کے بیٹے تھے جدہ کی جانب بھاگے تاکہ کشتی مین سوار ہو کر حبش وغیرہ کسی ملک کو چلے جاوین تو جب کشتی روانہ ہوئی تو ناخدا نے پکارا کہ طوفان کے آثار معلوم ہوتے ہین پس ہر ایک شخص اللہ تعالے سے دعا مانگے لیکن سوائے اخلاص الٰہی عزوجل کے یہان کسی دوسرے سے فریاد نکرے حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ نے جب ہی یہ سنا تو ناخدا سے درخواست کی کہ مین کچھ بھول گیا ہون مجھکو کنارہ پر اوتار دے جب اوسنے اوتار دیا تو اپنی بی بی سے کہا کہ جب سمندر مین اللہ تعالے وحدہ لاشریک ہے تو خشکی مین بھی وہی وحدہ لاشریک ہے پھر بغیر سمجھے ایمان کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حاضر ہو کر کلمہ توحید ادا کیا اور بہت صدق دل سے ایمان لائے اور

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت مین جہاد شام مین شہادت پائی سبحان اللہ تعالےٰ شانہ کہان وہ باپ ابوجہل ملعون اور کہان یہ بیٹے شہید مقبول رضی اللہ تعالےٰ عنہ بالجملہ یہوقوف یہودیون کو تہدید فرمائی کہ اے احمقو تم اللہ تعالےٰ کو غافل جانو بلکہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالےٰ خوب جانتا ہی اور یہ مہلت اوسکی حکمت مشیت ہی جسکا ادراک کسی مخلوق کی طاقت نہین ہی پس اگر نیکبختی چاہتے ہو تو ان بد اعتقادیون بد اعمالیون کو چھوڑو اور عہد توریت کے موافق حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک ہاتھ پر ایمان لاکر سایۂ رحمت مین داخل ہو اور غضب سے نجات پاؤ ورنہ اللہ تعالےٰ غنی حمید ہی اور قوی عزیز ہی پس تمھین دنیا مین خوار و عاقبت مین فی النار رہوگے (تنبیہ) تظاہرون - مین دوسری قراءۃ تظاہرون مشدد ظا مضموطہ ہی دراصل تتظاہرون تھا کہ تا کو ظا سے بدل کر ادغام کیا گیا - اساری - دوسری قراءۃ مین اسری اور دونون جمع اسیر یعنے قیدی ہین - تفادوہم - دوسری قراءۃ مین تفدوہم بمعنی فدیہ دیکر قید سے چھوڑانا - قولہ - وہو محرم علیکم - مین ہو - ضمیر شان ہی اور یہ جملہ مستعمل بقولہ - وتخرجون فریقا منکم من دیارہم ہی اور قولہ تظاہرون علیہم بالاثم والعدوان - درمیان مین جملہ معترضہ ہی اور قولہ - وما اللہ بغافل عما تعملون - مین ابن کثیر و نافع کی قراءۃ یعملون بیا تحتیہ ہی - (تنبیہ) اللہ تعالےٰ نے یہودیون پر تشنیع فرمائی کہ کتاب الٰہی مین سے بعض پر ایمان لاتے اور بعض سے کفر کرتے ہین کیونکہ اگر ایک لفظ سے بھی عمدًا انکار کرے تو کفر ہی اگر کہا جاوے کہ یہودکے قبائل اپنے آپ کو قتل نہین کرتے اور نہ گھرون سے نکالتے تھے حالانکہ فرمایا - لا تسفکون دماءکم ولا تخرجون انفسکم جواب یہ کہ جو لوگ متحد ہوتے ہین ان مین ہر ایک کے حق مین دوسرے کی جان بمنزلہ اپنی جان کے ہوتی ہی لہذا ترجمہ یہ ہوا کہ تم لوگ اپنون کے خون نہ بہاؤ اور نہ اپنون کو نکالو اور امام ابن کثیر رح نے لکھا کہ اسکی مثال اوپر گذر چکی بقولہ تعالےٰ - فاقتلوا انفسکم - یعنے بنی اسرائیل کو گوسالہ پرستی کی توبہ مین حکم دیا کہ اپنے نفوس کو قتل کرو حالانکہ قتل کی صورت یہی تھی کہ جنھون نے گوسالہ نہین پوجا وہ پوجنے والون کو قتل کرتے تھے اور اسکا بھید یہ ہی کہ جو لوگ ملت واحدہ پر ہون وہ بمنزلہ ایک جان کے ہوتے ہین جسکی غالب و قوی ہوتے ہین جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مومنین کی مثال فرمائی کہ مومنین اپنی مودت و مواصلت و باہمی ترحم مین بمنزلہ ایک جسم کے ہین چنانچہ جب جسم واحد مین سے کسی عضو مین درد ہوتا ہی تو تمام جسم بخار و بیخوابی سے معاون ہو جاتا ہی (القصہ) محمد بن اسحق نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ جب اوس و خزرج کے درمیان لڑائی ہوتی تو یہودیون مین سے فرقہ نضیر نکلکر خزرج کے ساتھ ہوتا اور فرقہ قریظہ نکلکر اوس کے ساتھ ہوتا اور قتال مین اپنے بھائی یہودیون کو بھی قتل کرتے اور اونکے گھر اور جائداد لوٹتے اور قید کراتے حالانکہ توریت اپنے ہاتھون مین لیے ہوئے اوسکے احکام جانتے تھے اور رہا قبیلہ اوس و خزرج یعنے جو بعد ایمان لانے کے انصار کہلاتے ہین تو یہ لوگ اسوقت بت پرستی کرتے تھے نہ جنت جانتے نہ دوزخ اور نہ حشر جانتے نہ قیامت اور نہ کسی کتاب آسمانی کے قائل تھے جسمین حلال و حرام پہچانتے پھر جب لڑائی تھم جاتی تو یہودی لوگ اپنی توریت کی تصدیق بیان کرتے اور طرفین سے جو یہودی قید ہوتے تو بلکر اونکا فدیہ دیکر اونکو اوس و خزرج سے چھوڑا لیتے تھے حالانکہ بت پرستون کی مدد کرکے آپسمین بہت سے یہودیون کو قتل کر چکے اور اونکے گھر اور جائداد لوٹ چکے پس اللہ عزوجل نے ان آیات مین اوپر تشنیع فرمائی کہ کیا تم لوگ تھوڑی توریت پر ایمان لاتے ہو کہ قیدیون کو فدیہ دیکر چھوڑاتے ہو اور تھوڑی توریت سے کفر کرتے ہو کہ اہل شرک کی مدد کرتے اور ایک فریق یہودیون کو قتل کرتے اور اونکے گھر اور جائداد لوٹتے ہو حالانکہ دنیا کی خواہش سے یہ فعل کرتے ہو سدی رح نے روایت کی کہ فریقین سے جب کوئی یہودی قید ہوتا تو دونون ملکر اوسکا فدیہ دیکر چھوڑاتے اور سدی رح نے عبد خیر رحمہ اللہ تعالےٰ سے روایت کی کہ ہم لوگون نے سلمان بن ربیعۃ الباہلی کی سرداری مین بلنجر مین جہاد کیا اور آخر بعد محاصرہ کے شہر کو فتح کر لیا اور بہت سے کفار مرد و عورتین قید کیے (اور اس شہر مین بکثرت یہودی رہتے تھے اور اسکے قریب راس الجالوت نامی یہودی بہت مالدار تھا) پھر عبد اللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے سات سو درم کو ایک یہودیہ قیدی خریدی اور راس الجالوت

کی طرف گذرے تو اوس سے کہا کہ ای راس الجالوت یہان تیرے دین کی ایک عورت قیدی ہی بھلا تو اوسکو مجھسے خریدیگا کہنے لگا کہ ہان عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین نے اوسکو سات سو درم کو خریدا ہی راس الجالوت بولا کہ مین آپکو سات سو درم نفع دونگا یعنے چودہ سو درم کو خریدونگا عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مین نے تو قسم کھائی ہی کہ اوسکو چار ہزار درم سے کم نہ بیچونگا راس الجالوت بولا کہ پھر مجھے اوسکے خریدنے کی کوئی حاجت نہین ہی (عبداللہ بن سلام علماے یہود مین سے بہت بڑے دست مشہور معروف عالم تھے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ مین تشریف لاتے ہی مسلمان ہو گئے تھے) پس عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ای راس الجالوت تو اس عورت کو خریدیگا یا جس دین کا معتقد ہی اوس سے کفر کریگا اور فریب بازی کرکے اوسکے کان مین توریت کی وہ آیت پڑھی جسمین حکم ہی کہ ہر یہودی جس بنی اسرائیل کو مملوک پاوے تو یہی واجب ہی کہ اوسکو خرید کر آزاد کرے (مشہور ہی کہ یہودیون مین کوئی توریت کا حافظ نہ تھا سوا سے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ کے) جب عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس طرح اوسکو آیت توریت سنائی تو وہ چونک کر پوچھنے لگا کہ کیا تم عبداللہ بن سلام ہو انھون نے کہا کہ ہان پھر وہ گیا اور چار ہزار درم ادا کیے پھر عبداللہ رضی اللہ عنہ نے دو ہزار اسمین سے لیکر دو ہزار اوسکو پھیر دیئے آدم بن ابی ایاس نے اپنی تفسیر مین بسند صحیح حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ عبداللہ بن سلام کا گذر کوفہ مین ہوا تو انھون نے راس الجالوت کو دیکھا کہ عرب نے جو یہودیہ عورتین قید کی تھین اونمین سے جن عورتون کے ساتھ عرب نے جماع نہین کیا تھا اونکو خریدتا ہی یعنے اپنے زعم مین فدیہ دیکر چھوڑاتا ہی اور جن عورتون سے عرب نے جماع کر لیا اونکو چھوڑتا نہین یعنے اونکو فدیہ دیکر نہین چھوڑاتا ہی تو عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ای راس الجالوت تیرے پاس جو کتاب ہی اوسمین تو حکم لکھا ہی کہ سب کو چھوڑاوے امام ابن کثیر نے کہا کہ ان آیات قدسیہ کا مفاد یہودیون کی مذمت ہی کہ وہ لوگ زبان سے توریت کی صحت کا دعوی کرتے اور اوسکے احکام کی گواہی دیتے مگر اوس سے مخالفت کرتے تھے اسی واسطے یہودی اگر توریت نقل کرتے ہین تو اونکی نقل پر کچھ اعتماد نہین ہی کیونکہ اونکی خیانت قطعی ظاہر ہی اور اونھون نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا حلیہ مبارک و صفات و مقام بعثت و مقام ہجرت و نعت شریعت وغیرہ جو کچھ اونھون نے توریت مین سے نکال ڈالا اور انبیا سابقین علیہم السلام کی بشارات جو دربارہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم متواتر متوارث چلی آتی تھین اونکو چھپایا تبھی گروہ یہودیون کی تصدیق نہین ہو سکتی مترجم کہتا ہی کہ اسی طرح نصرانیون نے بھی تحریف کرکے صریح بشارات احمد نکال ڈالین اور دروغ دعوی کیا کہ انمین موجود نہین ہین لیکن بعض نسخے انجیل و توریت کے بعض راہبون کے پاس سے دستیاب ہوے جو قسطنطنیہ و ہرقل وغیرہ کے خوف سے ملک فارس وغیرہ کے غاروں پہاڑون مین چھپے تھے تو اونمین وہ بشارات صریح موجود ہین اور اگر کوئی جواب کہے کہ اونھون نے تحریف کر دیے کیونکہ اول تو حضرت عیسی علیہ السلام کے دو سو برس بعد قسطنطین شاہ روم نے تمام نصرانیون کو جمع کرکے مسیح ابن اللہ کے عقیدہ پر متحد کرا دیے اور جنھون نے انکار کیا وہ مقتول و خوار ہوے سوا سے معدودے چند کے جو دور دراز پہاڑون و غارون مین چھپے اور وہ مجوس فارس سے بھی خوفناک تھے تو کثیر نسخہ انجیل انکے پاس ہے اور باقی نسخون مین کمیٹی کی راے سے خوب خوب تحریف کی گئی اور جو عقیدہ قرار دیا اسی کے واسطے صریح الفاظ مین تصریح کی اور اپنے زعم باطل مذہب عیسی کو ابن اللہ ٹھہرایا تو دین کو دائمی بنایا اور تمام عبارات اسی معنی مین تحریف کیین۔ واضح ہو کہ تحریف کرنے مین یہودیون سے نصرانی بہت بڑھے ہوے ہین اور ان تحریفات کی صدہا مین رہی حتی کہ یوحنا مین و دیگر فرقہاے نصاری مین ہر ایک نے اپنی موافق تائید مین اور مخالف کی تردید مین تحریف کا دقیقہ نہین چھوڑا اور عجب یہ کہ ۳۹۲ع کے اخبارات مین روس کی جانب سے حکم جاری ہوا تھا کہ قرآن مجید مین سے آیات جہاد نکال ڈالی جاوین لیکن اللہ تعالے نے محفوظ رکھا۔ ف دیکھنا چاہیے کہ بنی اسرائیل کے واسطے اللہ تعالے نے ظاہری قید جسمانی سے چھوڑانے و فدیہ کرنیکا حکم دیا حالانکہ قید باطنی سے چھوڑانا بدرجہ اولی مقصود ہی اسیواسطے بعض اشارات عرائس مین ہی کہ جو لوگ مصنوعات ظاہری کے قیدی ہون یعنے دنیا کی چیزون مین انکے دل لگے ہون

تو اونکو ان مصنوعات سے چھوڑا کر صانع عزوجل کی طرف لاؤ کیونکہ نفس غافل ان مصنوعات دنیاوی مین گرفتار ہو کر صانع عزوجل کو بھول جاتا ہی اور اسی طرح ہر ایک درجہ بدرجہ قیدی ہی یہانتک کہ سب تعلقات کو چھوڑ کر حق عزوجل کے واسطے ہو جاوے پس مصنوعات کی قید سے چھوڑانیکا فدیہ یہ ہی کہ آسمان و زمین و اوسکے عجائب کی خلقت مین تفکر کرے کما قال تعالے ۔ یتفکرون فی خلق السموات والارض ۔ پس صانع قدرت کی مخلوقات مین جو شخص گرفتار ہو اوسکو چھوڑا کر صنعت الٰہی کی طرف لاوے پھر جبکہ وہ صنعت یعنے افعال الٰہی مین پابند ہو تو صنعت فعل سے چھوڑا کر صفت قدرت کی جانب لاوے اور اسی طرح جو شخص غیب قلب مین گرفتار ہو تو اوسکو انوار غیب کی طرف چھوڑا لاوے شیخ ابو عثمان نے فرمایا کہ اگر گناہون کا قیدی ہو تو اوسکو توبہ سے چھوڑاوے اور شیخ واسطی رحمہ نے فرمایا کہ اگر اپنے نیک افعال کے عجب و غرور مین گرفتار ہو تو اوسکو اللہ تعالے کے انعامات و توفیق سے چھوڑاوے یعنے اوسکو راہ بتلاوے کہ درحقیقت اوسکے فعل خیر کی کوئی ہستی نہین ہی کیونکہ جو کچھ دیا اوسنے کیا وہ اللہ تعالے کے انعام قدرت و حسن توفیق کا ثمرہ ہی ورنہ اوس سے کچھ نہو سکتا شیخ جنید رحمہ نے فرمایا کہ اگر علائق دنیا مین گرفتار لوگ آوین تو اونکو اسباب و تعلقات سے قطع کرکے حق عزوجل کی طرف لاؤ کیونکہ اللہ تعالے نے ممنوع فرمایا کہ کسی ایسے قلب پر تجلی فرمائے جو سوائے حق تعالے کے کسی غیر سے متعلق ہو ۔ مترجم کہتا ہی کہ گرفتاران سببی سے مطلب یہ ہی کہ ان لوگون کے ذہن مین جم گیا کہ ہر ایک چیز کا حصول و وجود بغیر ان اسباب کے نہین ہو سکتا جو اللہ تعالے نے دنیا مین جاری کیے ہین حتی کہ وہ ان اسباب کو مؤثر سمجھتے ہین اور ہنوز اونکی سمجھ مین نہین آیا کہ موثر صرف اللہ تعالے ہی اور یہ ظاہری اسباب صرف امتحانی ہین اسمین خود کوئی تاثیر نہین ہی اور کسی فعل الٰہی کے واسطے یہ شرط بھی نہین ہین حتی کہ اگر اللہ تعالے چاہے تو بدون ان اسباب کے پیدا فرماوے لیکن اوسنے اپنی حکمت سے ایک امتحانی سلسلہ رکھا ہی پس جو لوگ ان اسباب کو موثر سمجھین حتی کہ کسی شخص کو یا کسی ولی کو موثر جانین تو یہ عبادت و کفر ہی بعض بغدادیون نے فرمایا کہ اگر ایسے لوگ پاؤ جو اپنے افعال و صفات مین گرفتار ہین تو اونکو اپنے قید نفس سے چھوڑا کر اللہ تعالے کے حسن صنعت و قدرت مین گرفتار کرو ۔ مترجم کہتا ہی کہ ان سب کا مآل کار یہی ہی کہ سوائے حق عزوجل کے غیر کی قید تعلق مین نہو حتی کہ جو شخص دنیا کے پھندے مین مستقل ہو وہ کافر ہی حتی کہ بنی اسرائیل کو جسم فانی کی قید سے بھی چھوڑایا لیکن اونھون نے احکام الٰہی کو دنیا کے پیچھے کھیل بنایا گویا دنیاوی زندگی پر پھر وسا کر بیٹھے لہذا فرمایا ۔ اُولٰٓئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا بِالْاٰخِرَةِ ۔ اسی صفت کے لوگ ہین جنھون نے دنیا کی زندگی کو آخرت کے عوض خریدا ۔ ف یعنے آخرت کو چھوڑ کر دنیا ہی پر بھروسا و اطمینان کیا تو آخرت مین انکے واسطے سوائے جہنم کے کچھ نہو گا ۔ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْصَرُونَ ۝ پس اونپر سے عذاب تخفیف نہ کیا جائیگا اور نہ یہ لوگ نصرت دیے جائینگے ۔ ف یعنے دار الآخرۃ مین اونکے واسطے سوائے جہنم کے کوئی ٹھکانا نہین ہی اور وہ محل عذاب ہی تو وہان عذاب مین ایک لحظہ تخفیف نہو گا اور نہ وہان کوئی مددگار ممکن ہی جو انکو عذاب سے چھوڑاوے اور یہ سب نتیجہ اونکو صرف دنیا کی محبت سے حاصل ہوا اسیواسطے حدیث مین ثابت ہی کہ دنیا کی محبت ہر خطا کاری کی جڑ ہی ( ابو داؤد و رزین ) اور اسکی اسناد مین کچھ کلام ہی لیکن یہ معنے بعض حدیث صحیح مین ثابت ہین اور اسکا حاصل یہ ہی کہ جب دنیا کی محبت دل مین سمائی تو خطائین سرزد ہونے کے اسباب پیدا ہو جاتے ہین حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث مین ہی کہ دنیا ملعون ہی اور جو کچھ دنیا مین ہی سب ملعون ہی سوائے یاد الٰہی عزوجل اور جو کچھ اوسکی محبت مین ہو اور عالم و متعلم کے ( الترمذی ) یعنے دنیا مین یہ چار چیزین البتہ ملعون نہین ہین ایک عالم اور دوم علم سیکھنے والا اور سوم ہر ایسی چیز جو اللہ تعالے کی بندگی مین مدد کرے جیسے نیک عورت جسکی ذات سے یاد الٰہی مین مدد ملے یا اولاد کی پرورش ہو نیت ثواب یا دینی دوست یا کتاب الٰہی و دیگر کتب شریعت و مساجد وغیرہ چہارم ذکر الٰہی کہ یہ سب سے افضل ہی ۔ حدیث سہل بن سعدؓ مین ہی تو

کہ اگر اللہ تعالے کے نزدیک دنیا کی قدر ایک مچھر کے برابر ہوتی تو وہ کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی نہ دیتا (ترمذی وغیرہ) لیکن کافروں کو اگر دیکھا جاوے تو آخرت مین جو اونکے واسطے عذاب شدید ہی اوسکے مقابلہ مین یہ دنیا اونکے لیے جنت ہی چنانچہ حدیث ابوہریرہؓ مین ہی کہ کافر کے واسطے یہ دنیا جنت ہی اور مومن کے واسطے قید خانہ ہی (صحیح مسلم و ترمذی) اس سے یہ ظاہر ہوگیا کہ مومن کے واسطے آخرت محل کرامت و آسائش ہی اور واضح ہو کہ بہت سے لوگ دنیا کے معنے نہین سمجھتے ہین تو اوسکا مختصر بیان یہ ہی کہ مال متاع و جورو واولاد کے کوئی نام دنیا نہین ہی بلکہ جو شخص ایمان لایا اوسنے جان لیا کہ دار الآخرت اوسکا اصلی وطن ہی اور دنیا مین وہ ایک وقت تک اسواسطے رکھا گیا ہی کہ اس امتحان کے مقام پر ایمان لاوے اور اپنی جان و مال کو اللہ تعالے کی شریعت کے ہاتھ فروخت کرے اور اسکے معنے یہ ہین کہ مال کو اسی دنیا مین رہنے کے واسطے خواہش نکرے بلکہ اللہ تعالے کے حکم کے موافق آخرت کے ثواب کے لیے حاصل کرکے خرچ کرے اور فسق و فجور و خواہش نفس مین اسراف نکرے حتی کہ جورو و بچون کو نیک نیتی سے کھانا دینا ثواب ہی کیا یہ نہین سمجھتے ہو کہ ان لوگون کا نفقہ واجب ہی اور فقیرون کو خیرات کرنا مستحب ہی حالانکہ مستحب سے واجب کا ثواب زیادہ ہوتا ہی اور زناکاری و بدکاری سے بچنے کے واسطے نکاح کرنا سنت و ثواب ہی تو جلال نی وجہ کے پاس جانا کیونکر ثواب نہوگا جبکہ حرام عورت کے پاس جانا گناہ و عذاب ہی پس مومن اپنے مال کو اپنی خواہش نفس مین خرچ نہین کرتا بلکہ آخرت کے واسطے اوسکو خرچ کرکے ثواب حاصل کرتا ہی اسیطرح اوسنے اپنی جان کو بھی فروخت کیا چنانچہ حکم الٰہی عزوجل کے موافق اوسکو نیک کام مین لگاتا ہی کہ نماز و روزہ و جہاد وغیرہ جو کام اوسپر فرض ہی یا اوسمین ثواب و رضاے الٰہی ہی اوسکے ادا کرنے مین کچھ تساہل نہین کرتا حتی کہ سردی مین وضو کرکے نماز پڑھتا ہی اور اپنے نفس کی ناگواری پر خیال نہین کرتا کیونکہ وہ اپنے نفس کو خواہش شیطانی و دنیا سے چھوڑا کر شریعت کے ہاتھ فروخت کرچکا ہی پس حاصل یہ نکلا کہ جسنے جان و مال کو اللہ تعالے کی رضامندی آخرت کے واسطے کردیا وہ دنیا کی قید سے چھوٹا اور جسنے آخرت و رضاے الٰہی کو چھوڑکر اپنے جان و مال کو اپنی خواہش حیات دنیا کے واسطے رکھا وہ دنیا کے معون مین شامل ہی اور آخرت کو بیچکر دنیا خریدنے والا ہی پس اگر کسی مومن کے پاس مال و دولت کثیر ہو لیکن وہ اپنی جان و مال کو رضاے الٰہی و دار الآخرت کے واسطے جزم کرے اور دنیا پر مطمئن نہو اکہ اسکو مسافر خانہ سمجھکر دار الآخرت کو اپنا اصلی وطن سمجھے تو وہ مومن صالح ہی چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بہت مالدار تھے اور اللہ تعالے کے واسطے اپنی جان سے جہاد کیا اور مال بھی اللہ تعالے کی راہ مین بہت خرچ کیا حتی کہ مکرر سہ کرر اللہ تعالے کی طرف سے جنت کی بشارات حاصل کین تو تونگری کچھ ضرر نہین ہی بشرطیکہ اسکے بہت سے کافرون کو دیکھو کہ دنیا مین خستہ و خوار پھرتے ہین لیکن بندے رضاے الٰہی کو اور دار آخرت کو نہین چاہتے بلکہ دنیاوی زندگی پر بھروسا کرتے ہین پس دنیا مین بھی مقدر سے زیادہ نہین ملا اور آخرت مین بھی برباد ہونگے اگرچہ آخرت کا اونکو یقین نہو اور جو شخص اس تمام بیان مین غور کرے وہ بخوبی جان جائیگا کہ مومن کے تمام افعال سونا جاگنا کھانا پینا وغیرہ اوسکی حسن نیت سے سب ثواب ہی مین داخل ہین اور کافر کے کل افعال اگرچہ وہ صدقہ و خیرات ہون اوسکی بدنیتی سے سب دنیاے ملعون ہی ہین نعوذ باللہ من الکفر والضلال پھر اللہ تعالے نے اس سے بھی زیادہ یہودیون کے افعال بد کا بیان فرمایا جس سے ظاہر ہو کہ یہ لوگ اپنی ہوا و ہوس کے بندے تھے

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسَى الْكِتٰبَ وَقَفَّيْنَا مِنْ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ وَاٰتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ

اور ہمنے دی موسی کو کتاب اور پیچھے بھیجے اوسکے پیچھے رسول اور دیے عیسی مریم کے بیٹے کو معجزے صریح

وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ

اور قوت دی اوسکو روح پاک سے پھر بھلا جب تم پاس لایا کوئی رسول جو نہ چاہا تمہارے جی نے تم تکبر کرنے لگے

فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ ۝

پھر ایک جماعت کو جھوٹھلایا اور ایک جماعت کو مار ڈالتے

شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ اللہ تعالے نے ان آیات مین بنی اسرائیل کی سرکشی وعناد اور انبیاء علیہم السلام سے مخالفت وتکبر کرنا اور درحقیقت اپنی خواہشون کی پابندی کرنا بیان فرمایا بقولہ تعالے۔ وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوسَى الْكِتٰبَ ۔ اور ہمنے موسی کو بیشک کتاب عطا فرمائی۔ ف یعنے توریت عطا کی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ پھر یہودیون نے اس کتاب پاک کو تحریف وتبدیل کیا اور اسکے احکام کی مخالفت کی اور اپنی خواہش کے موافق بہت سے معانی بدل ڈالے لیکن اللہ تعالے نے متواتر انبیا پیچھے جنھون نے توریت کی محافظت رکھی چنانچہ فرمایا۔ وَقَفَّيْنَا مِنْ بَعْدِهٖ بِالرُّسُلِ ۔ اور ہمنے موسی کے بعد رسولون کو پے در پے بھیجا۔ ف یعنے موسی علیہ السلام کے نشان قدم پر یکے بعد دیگرے برابر رسول بھیجے جو احکام توریت کی پابندی کرتے تھے بلکہ ایک ہی وقت مین ہر قبیلے وشہر کے واسطے جدا جدا رسول ہوتے تھے لیکن شریعت سب کے واسطے متحد تھی کما قال تعالے۔ انا انزلنا التوراۃ فیھا ھدی ونور یحکم بھا النبیون الذین اسلموا للذین ھادوا والربانیون والاحبار بما استحفظوا من کتاب اللہ وکانوا علیہ شھداء۔ غرض کہ برابر اسی شریعت توریت پر عمل کرنے والے انبیاء علیہم السلام کو اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کے بعد قدم بقدم بھیجا اور اوسوقت تک برابر توریت محفوظ رہی لیکن آخر مین یہودیون نے انبیاء علیہم السلام کو قتل کرنا شروع کیا اور توریت مین تحریف کرنے لگے یہانتک کہ اللہ تعالے نے عیسی علیہ السلام کو آخر مین بھیجا اور انجیل دیکر توریت کے بعض احکام مانند جہاد وحرمت گوشت شتر وشراب وغیرہ کو منسوخ فرمایا لیکن اسکے ماننے کے واسطے معجزات کی بھی حاجت تھی لہذا فرمایا۔ وَاٰتَيْنَا عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ ۔ اور ہمنے عیسی بن مریم کو بینات عطا کیے۔ ف یعنے کھلے ہوے معجزات دیے۔ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوحِ الْقُدُسِ ۔ اور روح القدس سے اوسکی تائید فرمائی۔ ف ابن عباس رض نے کہا کہ منجملہ معجزات عیسی علیہ السلام کے یہ تھا کہ باذن اللہ تعالے مردہ کو زندہ کرتے اور مادرزاد اندھے وکوڑہی وغیرہ کو اچھا کرتے اور مٹی کا پرندہ بناکر اوسمین پھونکتے تو وہ اوڑ جاتا اور بنی اسرائیل کو اونکے گھرون کے کھانے پینے وذخیرون سے آگاہ کرتے سیوطی نے لکھا کہ روح القدس یعنے جبرئیل اونکے ساتھ رہتے تھے جہان جاتے وہان ساتھ جاتے تھے اور جبرئیل علیہ السلام کو بوجہ پاکیزگی وطہارت کے روح القدس یعنے مقدس روح فرمایا پس اگر یہودی لوگ حضرت عیسی علیہ السلام کے تابع ہوتے تو بہت آسانی پاتے کیونکہ بہت چیزین جو توریت مین یہودیون پر حرام کی گئین تھین وہ اللہ تعالے نے انجیل مین حلال کردی تھین اور اللہ تعالے نے حضرت عیسی علیہ السلام کی نیابت مین حضرت یحیی بن زکریا علیہما السلام کو پیغمبر کیا لیکن بنی اسرائیل کے بادشاہ نے اونکو قتل کیا اور عیسی علیہ السلام کے سخت دشمن ہوگئے حالانکہ توریت مین دیگر انبیاء علیہم السلام کی بشارت تھی کہ خاتم المرسلین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل ومحامد صریح مذکور تھے لیکن یہودیون نے دین الٰہی ودار الآخرت سے سخت دلی کرلی اور اپنی خواہش نفس کے بندے بن گئے اور انبیاء علیہم السلام کے ساتھ سخت بے ادبی کا برتاؤ کیا کیونکہ دین حق اونکی خواہش نفسانی کے مخالف ہوتا تھا چنانچہ اللہ تعالے نے تشنیع فرمائی بقولہ تعالے۔ اَفَكُلَّمَا جَآءَكُمْ رَسُولٌ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُكُمُ اسْتَكْبَرْتُمْ ۔ پھر کیا ہر بار جب کوئی رسول تمھارے پاس ایسی چیز لایا کہ اوسکو تمھارے نفوس نہین چاہتے تھے تو تمنے اوسکے ماننے سے تکبر کیا۔ ف اور یہ تکبر خالی انکار ہی نہ تھا بلکہ بہت گستاخی کی۔ فَفَرِيقًا كَذَّبْتُمْ ۔ پس ان رسولون مین سے ایک فریق کو تمنے جھوٹا بنایا۔ ف بلکہ اوسوقت کی حالت غور کرکے دیکھو کہ ادھر ایک فریق کو تو جھٹلاتے ہو۔ وَفَرِيقًا تَقْتُلُونَ

اور دوسرے فریق کو قتل کرتے ہو۔ قف تقتلون۔ بصیغۂ مضارع جس سے زمانۂ حال مراد ہی اسیواسطے فرمایا کہ اوس حالت کو اپنے پیش نظر کرکے دیکھین کہ کس قدر نامعقول حرکت کر رہے تھے یعنے گویا اوس حالت کو دیکھ رہے ہین کہ پیغمبرون کو قتل کرتے ہین حالانکہ یہ بہت ہی سخت گناہ ہی کہ پیغمبر محض خیر خواہی کے ساتھ انکو سمجھاتے اور آگ دوزخ سے بچاتے تھے اور اونھین کو یہ لوگ قتل کرتے تھے صرف اتنی بات پر کہ وہ انکی نفسانی خواہش کے خلاف احکام لائے تھے اور چاہتے تھے کہ یہ لوگ عذاب جہنم سے نجات پاوین اسیواسطے حدیث مین آیا کہ جہنم مین سب سے سخت عذاب اوس شخص کو ہوگا جسکو کسی پیغمبر نے قتل کیا ہو یا اوسنے کسی پیغمبر کو قتل کیا ہو (الصحیح) اور علما نے اختلاف کیا کہ اس مقام پر روح القدس سے کیا مراد ہی چنانچہ ابن عباس رض سے روایت ہی کہ روح القدس وہ اسم اعظم جسکے ساتھ عیسی علیہ السلام مردہ کو زندہ کرتے تھے (ابن ابی حاتم) اور یہ روایت ضحاک عن ابن عباس منقطع ہی لیکن ابن ابی حاتم نے کہا کہ اسیکے مانند سعید بن جبیر سے مروی ہی اور قرطبی نے اسکو حضرت عبید بن عمیر سے بھی نقل کیا اور ابن ابی نجیح نے کہا کہ ملائکہ کے حافظین مین روح ہی اور ربیع بن انس نے کہا کہ روح القدس یعنے روح اللہ ہی اور یہی قول کعب احبار ہی اور عوفی نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ قدس بمعنے پاکیزہ ہی اور زمخشری نے نقل کیا کہ خود عیسی روح اللہ کا نفس پاکیزہ مراد ہی اور ابن زید نے کہا کہ روح سے مراد انجیل ہی جیسے قرآن مجید کی نسبت فرمایا۔ وکذالک اوحینا الیک روحا من امرنا۔ (کما رواہ ابن جریر) لیکن شیخ ابن جریر نے کہا کہ اس مقام پر صحیح وصواب تاویل یہ ہی کہ روح القدس سے جبرئیل مراد ہی مترجم کہتا ہی کہ تائید جبرئیل مناسب طہارت عیسی علیہ السلام باذن الٰہی عزوجل جمع ہوئی تو یہ سب باہم متلازم ہین اسیواسطے ہر ایک سے تفسیر ہوسکتی ہی اگرچہ جہت تفسیر علیحدہ ہوگی پس فی الحقیقت کوئی اختلاف نہین ہی اور اظہر یہی کہ روح القدس جبرئیل ہین امام ابن کثیر نے کہا کہ اسپر دلیل یہ ہی کہ حضرت عبداللہ بن مسعود و ابن عباس رض و محمد بن کعب و اسماعیل ابن ابی خالد و سدی و ربیع بن انس رض علیہ عوفی و قتادہ نے فرمایا کہ اس مقام پر روح القدس سے جبرئیل مراد ہین اور اللہ تعالے نے فرمایا۔ نزل بہ الروح الامین علی قلبک لتکون من المنذرین۔ اور حدیث ابوہریرہ و عائشہ رضی اللہ عنہما مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حسان بن ثابت رض کے واسطے مسجد مین منبر رکھا تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے کافرون کی ہجو کرتے اور اونکا جواب دیتے تھے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الٰہی تو حسان بن ثابت کی روح القدس سے تائید فرما جیسے وہ تیرے پیغمبر کی طرف سے کافرون کی ہجو کا جواب دیتا ہی (البخاری والبوداؤد والترمذی وقال حسن صحیح) اور حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد کی جانب گذرے کہ وہان حسان ابن ثابت مسجد مین شعر پڑھتے تھے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حسان رض کو ترچھی نگاہ سے دیکھا پس حسان نے کہا کہ مین تو مسجد مین اوس زمانہ مین شعر پڑھتا تھا جب مسجد مین آپ سے بہتر موجود تھے پھر ابوہریرہ رض کی طرف ملتفت ہوکر کہا کہ مین تمکو اللہ تعالے کی قسم دلاتا ہون کہ آپنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے سنا ہی کہ اے حسان میری طرف سے جواب دے الٰہی تو روح القدس سے اسکی تائید فرمائیو پس ابوہریرہ رض نے کہا کہ ہان بیشک مین نے سنا ہی (الصحیحین) اور بعض روایات مین ہی کہ حسان رض کو فرمایا کہ تو مشرکون کی ہجو کر اور جبرئیل تیرے ساتھ ہی اور حضرت ابن مسعود رض کی حدیث مین ہی کہ روح القدس نے میرے دل مین پھونک دیا کہ کوئی جاندار نہین مریگا یہانتک کہ اپنا رزق و اپنی عمر پوری کرلے پس تم لوگ اللہ تعالے سے تقوی رکھو اور طلب رزق مین اجمال کرو (صحیح ابن حبان) پس ان روایات سے معلوم ہوتا ہی کہ روح القدس جبرئیل ہین مترجم کہتا ہی کہ اس سے ایک بہت بڑا فائدہ ہوا کہ جبرئیل علیہ السلام کی معیت سے فیض علمی ایک خاص طور پر ہوتا ہی اگر کہا جاوے کہ جبرئیل علیہ السلام تو جمیع انبیاء علیہم السلام کے ساتھ ہوتے ہین حتی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا سے حسان بن ثابت رض کے ساتھ ہوگئے اگرچہ حسان رض کے ساتھ اوسیوقت تک رہتے تھے جب تک حسان رض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے ہجو کفار کی تردید کرتے تھے چنانچہ

روایت صحیح مین مصرح ہی پس سوال یہ ہی کہ حضرت عیسی علیہ السلام کی خصوصیت کیون فرمائی کہ ہمنے اوسکو جبرئیل سے تائید فرمائی تھی جواب یہ ہی جو شیخ سیوطی نے ذکر کیا کہ جبرئیل علیہ السلام حضرت عیسی علیہ السلام کے ساتھ رہتے تھے جہان جاتے تھے وہان ساتھ جاتے تھے مترجم کہتا ہی کہ شاید اسکا بھید یہ تھا کہ حضرت عیسی علیہ السلام کو مردہ زندہ کرنے اور لاعلاج امراض سے تندرست کرنیکا معجزہ عطا ہوا تھا اور اوسکی ضرورت غیر معین اوقات مین ہوتی تھی لہذا جبرئیل کی معیت عطا ہوئی تھی اور واضح ہو کہ حضرت عیسی علیہ السلام کے ساتھ ایک کرامت خاص کا ظہور آیندہ بھی ہوگا یعنی جبکہ امت محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام سے فتنۂ دجال دور کرنے کے واسطے عنقریب نازل ہونگے اور وہ یہ ہی کہ اونکی سانس سے ایک میل تک کافرون پر بروتی چھا جائیگی اور دجال ایسا گلیگا جیسے پانی مین نمک گلتا ہی اور غالبا یہ کمال بعد زمانۂ عروج کے پیدا ہوا کیونکہ ابتداے بعثت مین یہودی کافرون کی یہ کیفیت نہین ہوتی تھی اور غالبا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالے نے کمالات عطا فرمائے کہ معیت جبرئیل کی حاجت نہ تھی سواے ابتداء کے کیونکہ صحیح روایت سے یہ بات ثابت ہی کہ ابتداء مین تین برس تک جبرئیل ساتھ رہے اگر کہا جاوے کہ آپ تو جبرئیل علیہ السلام کی صورت سے بھلگتے تھے جواب یہ ہی کہ وہ صورت اصلیہ تھی جو آپکی کامل استعداد کی وجہ سے آپ کو دکھلائی جاتی تھی اور جبرئیل کے ساتھ ہونے کے واسطے اصلی صورت بلکہ ظاہر ہونے کی ضرورت نہین ہی اسیطرح حضرت عیسی علیہ السلام کو بعد عروج آسمانی وحصول کمال کے دوبارہ نزول کے وقت جبرئیل علیہ السلام کی ضرورت نہوگی کیونکہ کسی حدیث مین دوبارہ نزول کے بعد جبرئیل علیہ السلام کی معیت معلوم نہین ہوئی واللہ تعالے اعلم الحاصل اللہ تعالے نے یہودیون کی مذمت فرمائی کہ کمالات روحی واستعداد دارالآخرت کو نہین چاہتے تھے بلکہ دنیا وخواہش نفس کے تابع تھے اور اونہین کے مقلدین جو اب موجود ہین اونکی بھی یہی حالت ہی کہ محض خواہش نفس کے پابند ہین اور حکم الٰہی کو اور اللہ تعالے کے انبیاء علیہم السلام کو محض بے قدری کے ساتھ ترک وقتل کرتے تھے پس دیکھو کہ اوپر کی آیات مین فرمایا تھا کہ عہد توریت کے خلاف یہ لوگ اپنون مین سے ایک فریق کو قتل کرتے اور اونکی خانہ ویرانی کرتے ہین اور ان آیات مین فرمایا کہ یہ قوم ایسی بدکار ہی کہ اپنی قوم والے درکنار رہے دیکھو تو کہ یہ لوگ اپنی خواہش نفس کے پیچھے انبیاء علیہم السلام کو جھٹلانے وقتل کرتے رہے ہین حالانکہ انبیا علیہم السلام انکی خواہشون مین سے سواے حرام خوری وحرام کاری کے کسی عمدہ بات سے نہین روکتے تھے اور کمال خیرخواہی سے انکے حق مین چاہتے تھے کہ دنیاے فانیہ مین سے ہر لطیف عمدہ چیزون کو لیوین اور ایسے طرز پہ چلین کہ دارالآخرت مین انکی نعمت دائمی برقرار رہے اور شدید عذاب جہنم اور پیپ لہو سے بچ جاوین پس نہایت کمینہ وبدطینت وہ شخص ہی جو نیک خیرخواہ کے ساتھ بدی پر آمادہ ہو بلکہ جانی دشمن ہو جاوے اور اس سے اہل ایمان کو نصیحت وعبرت حاصل کرنا چاہیے کیونکہ حدیث شریف مین ہی کہ نیک بخت وہ ہی جو دوسرے کا حال دیکھکر نصیحت پکڑے پس اہل ایمان پر فرض ہی کہ اپنون کو قتل یا خانہ ویرانی نکرین لیکن افسوس ہی کہ مصر وشام وایران وہندوستان کے سلاطین اسلام باہم خانہ جنگیان کرتے رہے اور فسق وفجور مین کسی حاکم کی تابعداری نکرین اور اپنی خواہش نفس کو حکم الٰہی وشریعت کے تابع کرین برعکس اور افسوس کہ اس زمانہ مین یہودی عالمون کے مانند مسلمانون مین بہت سے لوگ عالمون کی صورت بنکر عوام کو اونکی خواہش نفس وترغیب حیات دنیاوی کے مسائل بتلاتے ہین اور ادھر اودھر کی مہمل کتابون کا حوالہ دیتے ہین پس عوام کو یاد رکھنا چاہیے کہ جسنے انکے خواہش نفس کے موافق مسئلہ بتلایا جس مین شریعت الٰہی عزوجل سے مخالفت ہی تو اوسکو اپنے حق مین زہر اور بتلانے والے کو دشمن سمجھین اور حیات دنیاوی کو چند روزہ مسافرخانہ خیال کرکے دارالآخرت کی فکر کرین اور وہان کے عذاب سے نجات حاصل ہونے کی لیاقت تلاش کرین کیونکہ جس شخص سے اللہ تعالے ناراض ہو تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وانبیاء وصالحین کوئی بھی اوسکی سفارش نکرینگے کیونکہ اللہ تعالے کے مقبول بندے تو اوسیکی خوشی کے موافق کلام کرینگے۔ (تنبیہ) اللہ تعالے نے یہود ونصاری کو حضرت موسی وعیسی علی نبینا وعلیہما السلام

ذریعہ سے معجزات باہرہ دکھلائے اور چونکہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وقت میں جادو کا بہت رواج تھا اسلئے
ایسے معجزات دیے جس سے جادو رہوا اور جو لوگ جادو میں کمال رکھتے ہیں فوراً پہچان جاویں کہ یہ معجزۂ الٰہی ہے اور جادو سے ہرگز ممکن نہیں ہے اور
حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جبکہ جالینوس وغیرہ طبیبوں کا زور تھا کوڑھی و اندھے بلکہ مردے تندرست و جلانے کے معجزات دیے جس سے طبیب عاجز
ہو جاوے لیکن یہودیوں کی بیوقوفی دیکھو کہ وہ ان حقائق کو کچھ بھی نہ سمجھے حالانکہ یہ معجزات عالم سفلی کے مادیات میں سے ہیں تو عالم علوی یا دقائق
عقل نورانی کو یہ کودن لوگ کب سمجھ سکتے ہیں اور یہ رحمت خاص و کمال اختصاص سرور ازل سے حضرت عالم الغیب عزوجل نے اسی امت محمدیہ علی صاحبہا
الصلوٰۃ والسلام کے واسطے کمالات معرفت کی راہ سے مقدر فرمایا تھا اسیواسطے اس امت کو جمیع امم سے بہتر فرمایا ہے بقولہ تعالےٰ کنتم خیر امۃ
اخرجت للناس الآیۃ۔ چنانچہ اس آیت کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالےٰ توضیح آویگی پس عالم سفلی کے معجزات کے ساتھ شق القمر و معراج اکبر وغیرہ کمال
معرفت کے معجزات عطا فرمائے اسی وجہ سے اس امت کے معارف و مدارج عرفان بہت بلند ہیں کیا نہیں دیکھتے ہو کہ بعد ختم نبوت حضرت سرور عالم صلی اللہ
علیہ وسلم کے اس امت کے واسطے انبیاء کا آنا ممکن نہ تھا پس اللہ عزوجل نے علماء ربانیین کو اسکا قائم مقام فرمایا چنانچہ حدیث علماء امتی کانبیاء
بنی اسرائیل۔ جو باسانید کثیرہ مروی ہے یہ معنے صحیح ہے کہ جیسے بنی اسرائیل میں انبیاء علیہم السلام تجدید و تذکیر کے واسطے بھیجے جاتے تھے اسیطرح
حدیث میں آیا کہ اس امت میں ہر قرن پر اللہ تعالےٰ ایسا شخص مبعوث فرمائیگا جو اس قرن والوں کے لیے دین کی تجدید فرماوے یعنے احکام قرآن و
سنت و معرفت ایمان انکو یاد دلاوے (کما فی سنن ابن ماجہ وغیرہ) اور اس سے ظاہر ہوا کہ اس امت میں اللہ تعالےٰ نے قاعدہ کی معرفت
بلند رکھی ہے و علماء و اولیاء کے معارف ارجمند ہیں جسکی لیاقت یہود و نصاریٰ کو نہیں دی گئی تھی اسیواسطے تم دیکھتے ہو کہ اہل ایمان جن معارف توحید پر
بفضل اللہ سبحانہ تعالےٰ آسان سمجھ کے ساتھ یقین کرتے ہیں وہ یہود و نصاریٰ کے بڑے دانشمندوں کے سمجھ میں نہیں آتے ہیں چنانچہ جسنے یورپی
حکماء کے اقوال دیکھے یا سنے ہیں وہ بخوبی سمجھ سکتا ہے کہ بیچارے کس عاجزی سے بیان کرتے ہیں کہ وہ مسلمانوں کے عقاید دربارۂ الوہیت بہت صاف
و پاکیزہ ہیں لیکن میں جہانتک غور کرتا ہوں تو یہ لوگ جس طرح خدائے تعالےٰ کا اعتقاد رکھتے ہیں بغیر شکل و صورت و جسمیت وغیرہ کے یعنے ہر طرح
کے عیوب و نقائص و خیالات سے پاک اعتقاد کرتے ہیں وہ میرے خیال میں کسی طرح نہیں آتا،، مترجم کہتا ہے کہ خالق و مخلوق میں یہ شخص امتیاز
نہیں کر سکتا اور یہ امر ظاہر ہے کہ اسکے تصور مخلوق میں جو مخلوقات غیر محسوس ہیں وہ متصور نہونگی پھر سخت عجب ہے کہ وہ خالق کو مخلوق غیر محسوس
بھی نہیں بلکہ مادی محسوس کی شکل میں بنا کر اپنے چھوٹے سے دماغ میں لانا چاہتا ہے اور جسکو ذرا بھی عقل ہو وہ اس بیوقوفی سے نہایت تعجب کریگا
حالانکہ عوام مومنین اپنے قلوب نورانی سے حق عزوجل کو ماورائے محسوسات و غیر محسوسات کے بالیقین جانتے ہیں پس انکو معرفت میں کچھ شک
نہیں ہے اور نہ انکی معرفت اس امر پر موقوف ہے کہ حضرت خالق جل شانہ کو مخلوق بلکہ محسوس صورت و رنگ کے لباس میں لاکر کافروں کی طرح تصور
باندھیں بلکہ وہ خوب سمجھتے ہیں کہ ہماری عقل بلکہ تمام عالم کو یہ مجال نہیں ہے کہ خالق عزوجل کو تصور میں لاوے بلکہ اوسکا تصور محال ہے اور مخلوق میں
جو چیز متصور ہو کر پیدا ہو وہ مخلوق ہے اور خالق عزوجل اس سے پاک و برتر ہے تعالی اللہ عما یشرکون پس غور کرو کہ جب انکے بڑے دانشمند کی
یہ حالت ہے تو عوام کو کیا قیاس کیا جائے اور جب اہل ایمان میں سے معرفت عوام کی یہ شان ہے تو انکے علماء کی معرفت کس مرتبہ عالی پر ہوگی والحمد للہ
رب العالمین اور اسکا بھید یہ ہے کہ یہ معرفت متعلق بادراک روح ہے جس سے ان حواس جسمانی کو کچھ مناسبت نہیں ہے پھر اگر اللہ تعالےٰ نے لطیفۂ سری یعنی
یعنے قلب پر مہر متین فرمائی تو انوار وحی سے معرفت ہو سکتی ہے جبکہ بندہ نے اس دنیائے فانی سے بیزار ہو کر دار الآخرت و جوار جنت کا جزم کیا
ہو اور اگر کسی شخص نے اس سے کفر کیا حتی کہ مہر کر دی گئی تو اس معرفت کی کوئی راہ نہیں ہے جیسے تمنے فرعونیوں کے ایک بڑے دانشمند کا قول سن لیا

اور اوس بیچارے نے کوئی نئی بات نہین نکالی بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین یہودیون کی نافہمی کی بھی یہی کیفیت تھی کیونکہ اوسکا بیان مین نے بتلادیا تو یہ بندہ دنیا کیونکر سمجھیگا اور اسی قسم کے جوابات دیگا چنانچہ اللہ تعالے نے یہودیون کے بارہ مین نازل فرمایا۔

وَقَالُوا قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۚ بَل لَّعَنَهُمُ اللَّهُ بِكُفْرِهِمْ فَقَلِيلًا مَّا يُؤْمِنُونَ ۝

اور کہتے ہین ہمارے دلپر غلاف ہی یون نہین لعنت کی ہی اللہ نے اونکے انکار سے سو کم یقین لاتے ہین

چونکہ یہودی غضب مین گرفتار اور مہر قلبی کی وجہ سے حیات دنیا کی حرص اور کفر آخرت وعناد نبوت مین استوار تھے کسی بیان معرفت کو نہین سمجھتے تھے بلکہ ہمیشہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کا معاندانہ جواب دیا۔ وَقَالُوا قُلُوبُنَا غُلْفٌ ۔ اور کہنے لگے کہ ہمارے دل تو غلاف ہین ۔ ف غلف جمع اغلف وہ شخص جسکا ختنہ نہوا ہو پس یہ کنایہ ہی کہ دل اوپر سے منڈھے ہین مؤید اسکا قولہ تعالے قلوبنا فی اکنۃ الآیۃ۔ ہی چنانچہ ابن عباس رضہ نے غلف کو اکنۃ سے تفسیر فرمایا (ابن اسحق) اور مجاہد وسدی وقتادہ نے کہا کہ ان لوگون کی مراد یہ تھی کہ ہمارے قلوب پر غلاف چڑھا ہی تو ہم تمھاری بات نہین سمجھتے ہین اور ابن عباس رضہ نے غلف بضم لام پڑھا ہی اور معروف قرارۃ مین بسکون لام ہی تو شاید تخفیف کے واسطے لام ساکن کردیا گیا ہو اور ابن جریر نے حدیث حذیفہ رضہ جسمین چار قسم کے قلوب کا ذکر ہی بیان روایت کی جن مین سے ایک قسم قلب اغلف مغضوب علیہ ہی اور وہ قلب کافر ہی۔ ۸ ۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ ان کافرون کی مراد یہی تھی کہ تمسخر کے طور پر کہتے کہ ہم لوگ علماے توریت یعنے زبردست عالم ہین حالانکہ تمھاری بات نہین سمجھتے تو ہمارے دلون پر غلاف ہی اور بعض علما نے کہا کہ غلف سے اونکی مراد یہ تھی کہ اونکے قلوب تھیلے ہین یعنے دعوی کرتے تھے کہ ہمارے قلوب مانند اناج وخرما کے گون وتھیلون کے علوم سے بھرے ہوے ہین تو اب ہمکو تمھاری تعلیم کی حاجت نہین گویا دعوی کرتے کہ باوجود اس علم کے جو ہم سمجھے ہین یہی ٹھیک ہی اور تمھارا بیان ٹھیک نہین تو اوسکو ہم نہین سمجھتے اللہ تعالے نے رد فرمایا کہ یہ اونکا گمان باطل ہی۔ بَل لَّعَنَهُمُ اللَّهُ بِكُفْرِهِمْ ۔ بلکہ اللہ عزوجل نے انکی کفر کی وجہ سے انکو ملعون کردیا ہی۔ ف یعنے انکے قلوب قہر کیے ہوے ملعون ہین تو اونمین معارف حق کا ظہور نہین ہوسکتا ہی۔ فَقَلِيلًا مَّا يُؤْمِنُونَ پس بہت ہی قلیل ایمان لاتے ہین۔ ف جیسے سورۂ نساء مین فرمایا۔ وقولہم قلوبنا غلف بل طبع اللہ علیہا بکفرہم فلا یؤمنون الا قلیلا۔ بعض علما نے فرمایا یعنے بہت قلیل باتون کی تصدیق کرتے مثلاً حضرت موسیٰ وتوریت وغیرہ کا اقرار کرتے ہین حالانکہ بہت سے امور سے منکر ہین تو یہ ایمان اونکو کچھ نافع نہوگا کیونکہ ایمان نور مجموع ہی اسکے ٹکڑے نہین ہوسکتے ہین پس اگر توریت پر ایمان لائے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتے۔ بعض نے کہا یہ محاورہ مقام نفی پر بولا جاتا ہی مثلاً وقل ما رایت مثل ہذا قط، یعنے بہت ہی کم تو نے کبھی ایسا دیکھا ہوگا یعنے کبھی نہین دیکھا ہوگا ع۔ پس مراد یہ ہوئی کہ ان لوگونکا ماننا صرف زبان تک متوقف ہی اور دل مین ساری نہین ہوتا کیونکہ یہ لوگ اپنے نفس کے پابند ہین چنانچہ توضیح فرمائی بقولہ تعالے

وَلَمَّا جَاءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ وَكَانُوا مِن قَبْلُ

اور جب اونکو پہونچی کتاب اللہ کی طرف سے سچا بتاتی اون پاس والی کو اور پہلے سے

يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ فَلَمَّا جَاءَهُم مَّا عَرَفُوا كَفَرُوا بِهِ ۚ فَلَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الْكَافِرِينَ ۝

فتح مانگتے تھے کافرون پر پھر جب پہونچا اونکو جو پہچان رکھا تھا اوس سے منکر ہوے سو لعنت اللہ کی منکرون پر

واضح ہو کہ قولہ تعالے۔ فقلیلا ما یؤمنون۔ سے شاید کسی شخص کو شبہہ ہوتا کہ شاید یہ لوگ قلیل ایمان بھی رکھتے ہین تو یہ شبہہ رفع ہوگیا

دو طرح اول یہ کہ ایمان یہان صرف لغوی معنے مراد ہی کیونکہ اونکو لعنت فرمائی تو ایمان شرعی و لعنت جمع نہین ہو سکتے ہین جیسے قولہ تعالے و ما یؤمن اکثرہم باللہ الا وہم مشرکون پس معنے یہ ہوے کہ بعض کتاب پر ایمان لاتے ہین جیسے اوپر فرمایا افتؤمنون ببعض الکتاب اور شرع کی راہ سے یہ درحقیقت کفر ہی دوم یہ کہ اس آیت مین اونکے کفر کی تصریح فرمائی بقولہ تعالے۔ وَلَمَّا جَاءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ۔ اور جب اونکے پاس اللہ تعالے کے یہان سے کتاب آئی جسکی صفت یہ ہی کہ جو کچھ اونکے پاس ہی اوسکی تصدیق کرنے والی ہی۔ ف یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے انکو قرآن مجید حاصل ہوا جو بیان و بشارت توریت سے صریح موافق و مصدق ہی تو کفر کرنے لگے وَكَانُوا مِن قَبْلُ يَسْتَفْتِحُونَ عَلَى الَّذِينَ كَفَرُوا حالانکہ پہلے انکی یہ کیفیت تھی کہ کافرون پر فتح کی دعا مانگتے تھے۔ ف کہ الٰہی ہمکو پیغمبر آخرالزمان کے طفیل سے ان کافرون پر فتح دے۔ فَلَمَّا جَاءَهُم مَّا عَرَفُوا كَفَرُوا بِهِ۔ پھر جب یہ رسول مع اس کتاب کے انکے پاس آیا جو انھون نے پہلے پہچانا اوس سے منکر ہو گئے۔ ف یعنے صریح پہچان کر انکار کرنے لگے اور کہنے لگے کہ ہم نہین پہچانتے ہین۔ فَلَعْنَةُ اللَّهِ عَلَى الْكَافِرِينَ۔ تو کافرون پر اللہ تعالی کی لعنت ہی۔ ف مترجم کہتا ہی کہ اللہ تعالے نے اس طرح سخت تشنیع کے ساتھ لعنت فرمانے مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صدق نبوت پر دائمی معجزہ رکھا کیونکہ جس قوم کو اس طرح سخت شدید لعنت کی گئی اگر وہ لوگ پہلے زمانہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے نام پاک سے کافرون کے ساتھ استفتاح نکرتے تو اسوقت یہ لاکھون یہودی بلکہ نصرانی بلکہ بت پرست سب دشمن جانی اسکا صریح انکار کرتے حالانکہ متواتر ثابت ہی کہ اونھون نے سر جھکایا اور کچھ انکار نکر سکے سوائے اس امر کے کہ وہ پیغمبر آئندہ پیدا ہونگے جنکا ذکر توریت مین ہی اور اس سے یہ بھی صاف معلوم ہو گیا کہ توریت مین پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر مفصل تھا اور یہودی لوگ اونکے نام سے استفتاح کیا کرتے تھے لیکن بعد ظہور کے انصاریون کے حسد و عداوت سے اور دنیاوی ریاست مٹ جانے کے خوف سے کافر ہو گئے پھر یہ دعوی کرنے لگے کہ دین یہودی ہمیشہ تک قیامت تک دائم ہی ابن کثیر نے لکھا کہ جب مشرکین سے قتال ہوتا تو کہتے کہ عنقریب پیغمبر آخرالزمان مبعوث ہونگے تو اونکے ساتھ ہم تمکو قوم عاد و ارم کی طرح قتل و برباد کرینگے چنانچہ عاصم بن عمر بن قتادہ انصاری نے اپنی قوم کے بزرگون سے روایت کی کہ واللہ یہ آیات ہم انصاریون اور ہمارے پڑوسی یہودیون کے بارہ مین نازل ہوئین اور ہمنے زمانہ جاہلیت مین ایک مدت تک یہودیون کو مقہور کر لیا تھا تو یہودی ہمسے کہتے کہ ایک پیغمبر پیدا ہونے والے اور اونکی پیدایش کے آثار سب ظاہر ہو گئے ہین تو ہم اونکے ساتھ ہو کر تمکو قوم عاد و ارم کی طرح نیست و برباد کرینگے پھر جب اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش سے مبعوث فرمایا اور ہم لوگون نے آپکی پیروی کی تو یہودی جلکر انکار کرنے لگے (محمد بن اسحق) اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے یہودی لوگ اطفیل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قبیلہ اوس و خزرج پر فتح مانگا کرتے تھے پھر جب اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو قریش عرب مین سے مبعوث فرمایا تو یہودیون نے حسد و عداوت سے انکار کرنا شروع کیا اور جو کچھ آپکے صفات بیان کرتے تھے سب سے منکر ہو گئے تو معاذ بن جبل و بشر بن براء بن معرور اور داؤد بن سلمہ نے یہودیون سے کہا کہ اے یہودیو تم اللہ تعالے سے ڈرو کہ ابھی چند روز ہوے کہ تم لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نام سے ہم لوگون پر فتح مانگتے تھے حالانکہ ہم لوگ اوسوقت مشرکین تھے اور تم لوگ ہمسے کہا کرتے تھے کہ وہ عنقریب مبعوث ہونگے اور یہی صفات بیان کرتے تھے جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین اسوقت موجود ہین تو بنی نضیر کے یہودی عالم نے جسکا نام سلام بن مشکم تھا انسے کہنے لگا کہ یہ شخص تو ایسی کوئی چیز نہین لایا جس سے ہم پہچانین اور یہ وہ شخص نہین ہی جسکا ہم تمسے ذکر کرتے تھے پس اللہ تعالے نے یہ آیات نازل فرمائین (ابن اسحق) اور اسکے مانند مجاہد و ابو العالیہ وغیرہ سے مروی ہی۔ خلاصہ قصہ یہ ہی کہ جب توریت نازل ہوئی اور بنی اسرائیل ایمان لائے اور اسمٰعیل پیغمبر

آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم و اُنکی امت مرحومہ کے فضائل اور یثرب یعنے مدینہ مین انکا ہجرت کرکے آنا وغیرہ مفصل مذکور تھا اور نیز حضرت موسیٰ علیہ السلام سے معلوم کیا تو اہل ایمان بہت شوق مین آئے پھر جب حضرت موسیٰ علیہ السلام کی وفات کے ایک مدت بعد بخت نصر نے ملک شام کو پامال اور بیت المقدس کو خراب کیا تو اس حادثہ مین سوائے دیار عرب کے انھون نے کوئی جگہ جانے کی راہ نہ پائی اور انکے علماء و اہل علم جو آگاہ تھے کہ پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم ایسے ایسے ایک قصبہ مین جسکو ذات النخل کہتے ہین ہجرت فرماوینگے تو یہان اس صفت کا گانون ڈھونڈھتے رہے آخر یثرب پر گذر ہوا تو اسکو اس صفت کا پاکر اسمین رہ پڑے پس اولاد ہارون علیہ السلام سے ایک جماعت یہان اور ایک جماعت خیبر مین رہنے لگی اور قبل اسکے عمالقہ اس سرزمین مین تھے جو جہاد بنی اسرائیل مین بعد فتح ملک شام کے ہلاک کیے گئے تھے اور یہود یہان بڑے کروفر سے رہتے تھے یہان تک کہ اوس و خزرج جو اولاد یعرب بن قحطان سے ملک سبا کے رہنے والون مین سے تھے یہان آئے اور انھون نے یہود کو بعد اسکے کہ یہود کے ہاتھون ظلم سہتے تھے ایک مدت پیچھے زیر کیا اور خوب سزا دی تو یہودی دعا کرتے کہ اے پروردگار ہمکو بنی آخرالزمان سے جلد مدد دے اور اوس و خزرج اسکو سنکر تعجب کرتے کہ یہ کیا بات ہے اور یہودی انسے کہتے کہ وہ ایسے ایسے نبی عظیم ہونگے اور ہم تمکو انکی حمایت مین ہلاک کرینگے اور یہ یہودی دو گروہ قریظہ و نضیر باہم متفق تھے آخرکار اوس و خزرج مین نفاق ہوا اور قریب سو برس تک باہم قتال رہا اور یہود انسے اسطرح ہم سوگند ہوگئے تھے کہ جیسے اوپر گذرا اور قریب ہجرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اوس و خزرج مین باہم ایسا سخت معرکہ ہوا جسکا نام یوم البعاث[1] ہے کہ بڑے بڑے سرکش سردار دونون طرف سے مارے گئے حضرت انس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ ایک حکمت و حسن تقدیر الٰہی تھی (کما فی الصحیحین) پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو اوس و خزرج نے تصدیق کی اور یہودیون نے انکو بہکانا شروع کیا لیکن یہود کی باتون نے فائدہ نہ دیا اور اولاد اوس و خزرج پہلے مسلمان ہوئے اور یہودی حسد و عداوت سے بدبخت ہوگئے سو یہی اس آیت مین اشارہ ہے۔ وکانوا من قبل یستفتحون علی الذین کفروا۔ اور استفتاح مین سین استقفال تو طلب کے واسطے ہے اور فتح اسکے کھولنا و لیکن علی الذین کے علی سے معنے مدد کو متضمن ہے لہذا یستنصرونہ سے تفسیر کی گئی اور ما عرفوا کی تفسیر ما عرفوہ سے کیونکہ انکا علم اس درجہ موکد ہوگیا تھا کہ مثل معرفت و دریافت حواس کے ہوگیا تھا اور مروی ہے کہ ان یہودیون کے آباء و اجداد جو مدینہ مین آباد ہوئے تھے اپنی موت کے وقت اپنی اولاد کو وصیت نامہ مفصل پتہ و نشان سے لکھ جاتے کہ پیغمبر آخرالزمان کی بعثت پر جنکے یہ اوصاف ہین انکے تابع ہونا جیسے انکو زندگی مین نصیحت کیا کرتے تھے پس بعثت کا علم انکے نزدیک مثل معرفت کے تھا اور قولہ تعالیٰ فلعنۃ اللہ علی الکافرین ای فلعنتہ اللہ علیہم پس بجاے ضمیر کے اسم ظاہر فرمایا کہ یہین انکی تقبیح ہے اور یہ دلالت ہے کہ اپنے لعنت کا سبب انکا کفر ہی پس الکافرین کا الف لام عہد کا ہوگیا اور جائز ہے کہ الف لام جنس کا ہو اور یہ لوگ پہلے انمین داخل ہین اسلیے کہ کلام انھین مین ہے اور باقی کافر اسمین بالتبع داخل ہین اور معلوم ہو چکا کہ یہودیون نے خواہش نفس کے پیچھے عداوت و طرح جمائی اول یہ کہ پیغمبر آخرالزمان کا وجود قریش عرب سے کیون ہوا اور یہود مین سے کیون نہ ہوا۔ دوم یہ کہ اوس و خزرج جن سے خار کھاتے تھے پہلے ہی مسلمان ہوگئے لیکن ایسی سرکشی سے انھون نے خود اپنے آپ کو برباد کیا چنانچہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔

بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ

بُرے مول خرید کیا اپنی جان کو کہ منکر ہوئے اللہ کے اوتارے کلام سے اس ضد پر کہ اوتارے اللہ اپنے فضل سے

عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۚ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ ۭ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝

جس پر چاہے اپنے بندون مین سو کما لائے غصہ پر غصہ اور منکرون کو عذاب ہے ذلت کا

[1] بعاث یوم البعاث مدینہ کے ایک موضع کا نام ہے

مجاہد رضی اللہ نے فرمایا کہ یہودیون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صفات پاک کو چھپایا حالانکہ اونسے عہد لیا گیا تھا کہ ظاہر کرین پس اونھون نے اپنی جان کے واسطے حق چھوڑکر باطل اختیار کیا اور سدی رح نے فرمایا کہ یہودیون پر واجب تھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق و تائید و مددگاری کرین لیکن جب اونھون نے دیکھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور عرب و قریش سے ہوا ہی تو اونکو نہایت گران گذرا اور حسد و بغاوت سے اونھون نے کفر اختیار کیا پس اللہ تعالے نے فرمایا۔ بِئْسَمَا اشْتَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ اَنْ يَّكْفُرُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ۔ بہت بُری چیز ہی جسکی عوض خریدا اونھون نے اپنی جانون کو کہ کافر ہوے اللہ تعالے کے اوتارے کلام سے۔ ف سدی رح نے کہا یعنے بری چیز ہی وہ جسکو اپنی جانون کے واسطے اونھون نے عوض لیا اور اوس پر راضی ہو گئے اور وہ کلام الٰہی سے کفر ہی۔ ع۔ کشاف و بیضاوی و سیوطی وغیرہ نے کہا کہ قولہ بئسما اشتروا بہ انفسہم ان یکفروا۔ کی تقدیر یہ ہی بئس الشئی شیئا اشتروا بہ حظ انفسہم کفرہم بما انزل اللہ۔ یعنے یہودیون نے اپنے کفر کو بہتر سمجھا لیکن اللہ تعالے فرماتا ہی کہ درحقیقت وہ چیز بہت بری ہی جسکے عوض اونھون نے اپنی جانون کا حصہ خریدا وہ آیات الٰہی سے کفر ہی اور اسکی علت یہ بیان فرمائی۔ بَغْيًا اَنْ يُّنَزِّلَ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ۔ بوجہ بغاوت اس امر کے کہ اللہ تعالے اپنے فضل سے اپنے بندون مین سے جسپر چاہے اوتارے ف یعنے اونکے کفر کا سبب یہ حسد و بغاوت ہی کہ اللہ تعالے نے اپنے فضل سے پیغمبر آخرالزمان کو عربی نسل سے کیون پیدا فرما کر قرآن مجید نازل فرمایا حالانکہ یہ اللہ عزوجل کی جناب مین سخت بے ادبی و گستاخی ہی کیونکہ اللہ تعالے قادر مختار ہی اور وہ اپنے علم ازل سے ہر ایک چیز کو مقدر فرماتا ہی پس اللہ تعالے کی جناب مین اعتراض کرنا مذموم ہی اور حسد کرنا مذموم دیگر اور آیات الٰہی سے کفر کرنا مذموم دیگر اور عہد الٰہی توڑنا مذموم دیگر پس اونھون نے اول عہد توریت کو ضائع کیا اور عیسی علیہ السلام سے کفر کیا پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے عداوت و وحی الٰہی سے انکار و توریت مین تحریف کردی۔ فَبَآءُوْ بِغَضَبٍ عَلٰى غَضَبٍ پس غضب پر غضب کمالے۔ ف اور غضب کی تنوین تعظیم ہی یعنے غضب عظیم پر غضب عظیم کمایا۔ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ۔ اور کافرون کے واسطے عذاب اہانت کرنے والا ہی۔ ف یعنے ایسا عذاب ہی کہ جسمین اہانت و خواری بھری ہوئی ہی شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ ان لوگون نے تکبر کیا تھا لہذا اسکے مقابلہ مین اونکو خواری کا عذاب دیا گیا چنانچہ عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کی حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جن لوگون نے تکبر کیا وہ لوگ قیامت کے روز آدمی کی صورت مین چیونٹیون کی طرح میدان قیامت مین ڈالے جاوینگے اور انکی خواری کی وجہ سے ہر شئی اونپر چڑھیگی یہانتک کہ جہنم کے قید خانہ مین جسکا نام بولس ہی داخل کیے جاوینگے پس اونپر نار الانیار چھاویگی اور دوزخیون کے پیپ و لہو سے جس وادی مین گارا ہو جائیگا وہی انکو پلایا جاویگا۔ (رواہ احمد) اور اسکے شواہد سنن ترمذی وغیرہ مین موجود ہین۔ ع۔ مترجم کہتا ہی کہ آیت قدسی مین ظاہر غضب پر غضب کمانے سے یہ مراد ہی کہ یہ لوگ سراسر غضب الٰہی کماتے گئے اور شاید پہلا غضب وہ ہو کہ آیات الٰہی کا انکار کرتے اور انبیاء علیہم السلام کو قتل کرتے تھے کما قال تعالے۔ فباؤ بغضب من اللہ ذلک بانہم کانوا یکفرون بآیات اللہ ویقتلون النبیین بغیر الحق الآیۃ۔ پس ہمکو معلوم ہوا کہ پہلا غضب اس جگہ سے شروع ہوا اور دوسرا غضب یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کفر و قرآن سے انکار کیا اور یہ بھی متضمن ہی کہ عہد توریت و اوسکی آیات سے انکار ہوا اور جاننا چاہیے کہ عذاب مہین مین اشارہ ہی کہ کافرون کو جو عذاب دیا جاتا ہی وہ اونکی ذلت و خواری کے واسطے ہی بخلاف اسکے بعضے گنہگار مسلمانون کو جو جہنم مین ڈالے جاوینگے اونکا عذاب غرض اہانت نہین ہی بلکہ اسواسطے کہ گناہون کی نجاست سے پاک ہو جاوین اسیواسطے حدیث سے ثابت ہوا کہ انکی صورتین مسخ ہونگی اور نہ عذاب کی حالت مین نہ چھوڑے جاوینگے بلکہ ہر ایک بقدر اپنے گناہون کے آتش جہنم سے پاک کرکے نکالا

جاویگا اور واضح ہو کہ سابق مین مکرر تنبیہ گذری کہ یہودی در حقیقت توریت پر ایمان نہین رکھتے تھے بلکہ اللہ تعالے کو بھی یہ لوگ نہین پہچانتے تھے کیونکہ عموماً یہود و نصاریٰ ہی قولہ مجسمہ ہین وقد قال تعالے۔ قاتلوا الذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الآخر الآیۃ۔ پس یہ صریح تخصیص ہے کہ یہود و نصاریٰ نے جو تصویر اپنے ذہن مین گڑھی اوسیکو اپنا اللہ تصور کرکے اوسپر ایمان لائے حالانکہ اللہ تعالے قطعاً تصورات سے پاک ہی چنانچہ انشاء اللہ تعالے اسکی تفسیر مین آویگا اسی طرح یہودی دعوی کرتے کہ ہم توریت پر ایمان لائے ہین لیکن اللہ تعالے نے ان آیات مین جو آیندہ بیان ہوتی ہین صریح اونکے دعوی کو ایسے طور پر رد فرمایا کہ بندے بھی اوسکو بخوبی سمجھ سکتے ہین کما قال تعالے۔

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَيَكْفُرُوْنَ بِمَا وَرَآءَهٗ

اور جب کہیے اونکو مانو اللہ کا اوتارا کلام کہین ہم مانتے ہین جو اوترا ہمپر اور وہ نہین مانتے جو پیچھے آیا اوس سے

وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ ۗ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُوْنَ اَنْۢبِيَآءَ اللّٰهِ مِنْ قَبْلُ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ

اور وہ اصل تحقیق ہی سچ بتاتا اون پاس والے کو کہہ پھر کیون مارتے رہے ہو نبی اللہ کے پہلے سے اگر تم ایمان رکھتے تھے

وَلَقَدْ جَآءَكُمْ مُّوْسٰى بِالْبَيِّنٰتِ ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَنْتُمْ ظٰلِمُوْنَ ۝

اور آچکا تمہارپاس موسی صریح معجزے لیکر پھر تمنے بنالیا بچھڑا اوسکے پیچھے اور تم ظالم ہو

وَاِذْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَكُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَكُمُ الطُّوْرَ ۭ خُذُوْا مَآ اٰتَيْنٰكُمْ بِقُوَّةٍ وَّاسْمَعُوْا

اور جب ہمنے لیا قرار تمہارا اور اونچا کیا تم پر پہاڑ پکڑو جو ہمنے تمکو دیا زور سے اور سنو

قَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَيْنَا ۤ وَاُشْرِبُوْا فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ ۭ قُلْ بِئْسَمَا

بولے سنا ہمنے اور نہ مانا اور رچ رہا اون کے دلون مین وہ بچھڑا مارے کفر کے تو کہہ برا کچھ

يَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِيْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

سکھاتا ہی تمکو ایمان تمہارا اگر تم ایمان والے ہو

یہودیون کی یہ حالت تھی کہ اونکو ایمان قلبی و دعوی لفسانی مین تمیز نہ تھی اور اسکا بھید یہ ہوتا ہی کہ جب کسی قلب پر مہر ہوتی ہی تو وہ قلبی تصدیق و نور ایمان کی کیفیت سے واقف ہی نہین ہوتا تو یہ سمجھتا ہی کہ زبانی اقرار ہی ایمان ہی جیسے منتر جم نے عقل کی کیفیت بیان کی کہ وہ نور روحانی ہی اور کفار جب اوس سے محروم ہوتے ہین تو حواس باطنی کو عقل سمجھتے ہین اور حقیقت عقل سے کبھی واقف نہین ہوتے ہین تو رسول بھی اس سے انکار کرتے ہین کہ عقل کوئی دوسری چیز نہین ہی اسیطرح جس قلب مغضوب مین نور ایمان داخل ہی نہین ہوا وہ زبانی دعوی کو اور حواس کی تصدیق کو ولی یقین سمجھتا ہی اور اہل اسلام کو بھی عبرت حاصل کرنا چاہیے کہ اونکا یقین مثل یہود و نصاریٰ کے نہو جو اپنے یقین مین یہی سمجھتے تھے کہ ہم توریت و انجیل پر ایمان لائے حالانکہ اللہ تعالے کے نزدیک اونکا یقین اونکے دلون مین نہین تھا بلکہ اندرونی حواس تک گیا تھا اور یہ مقام بہت مشتبہ ہوتا ہی اسیواسطے بہت سے اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم اس سے خوفناک ہوتے تھے (کما رواہ البخاری وغیرہ) لہذا اللہ تعالے نے عبرت کے واسطے یہودیون وغیرہ کا حال بیان فرمایا بقولہ تعالے وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ ۔ اور جب ان لوگون سے کہا جاوے کہ جو اللہ تعالے نے نازل فرمایا اوسکے ساتھ ایمان لاؤ۔ قال الشیخ ابن کثیر رح لکما یعنے جب یہودیون اور اونکے مانند نصرانیون سے کہا جاتا ہی کہ اللہ تعالے نے جو قرآن کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا اوسکو مانو اور اوسکی پیروی کرو حالانکہ وہ توریت و انجیل کی بشارت

کے بالکل موافق ہی۔ قَالُوا نُؤْمِنُ بِمَا أُنْزِلَ عَلَيْنَا۔ تو کہتے ہین کہ جو ہمپر نازل کیا گیا ہم اسکو مانتے ہین ف چنانچہ یہودی کہتے ہین کہ ہم توریت کو مانتے ہین اور نصرانی کہتے ہین کہ ہم انجیل کو مانتے ہین۔ وَيَكْفُرُونَ بِمَا وَرَاءَهُ۔ اور اسکے ماسوائے سے منکر ہوتے ہین ف ای وہم یکفرون بما وراءہ۔ یعنے حال یہ کہ ماسوائے اس کتاب کے جو انکے پیغمبر پر نازل کی گئی ہی سب سے انکار کرتے ہین۔ گویا تعصب و حمیت ہی کیونکہ اللہ تعالے کی بندگی مین لازم ہی کہ جو کچھ اللہ تعالے نے نازل فرمایا کل مانے اور سب کو حق جانے اگرچہ اعمال ادا کرنے مین وہی شریعت ہوگی جو اپنے پیغمبر پر مقرر کی گئی ہی اسواسطے کہ اللہ تعالے نے اپنی حکمت بالغہ سے ہر زمانہ و قوم کے واسطے احکام عبودیت و درجات معرفت خاص کیے ہین یعنے اصل توحید تو قطعًا متحد ہی لیکن اس اصل پر فروع اعمال خاص خاص ہین اور یہ حکمت دقیق فی الجملہ علماء راسخین سمجھتے ہین اور جو تمام قرآن کی تفسیر غور سے پڑھے وہ بھی سمجھ جائیگا انشاء اللہ تعالے لہذا مومنین امت محمدی جمیع انبیاے سابقین و کتب و صحف انکے کو بھی حق جانتے ہین لیکن توریت و انجیل کے جو ترجمہ اسوقت ان یہود و نصاری کے پاس موجود ہین انسے اسواسطے سکوت کرتے ہین کہ اول تو یہ ترجمہ ہین کہ معلوم نہین انکے مترجمون نے کہان غلطی کی اور کہان نہین دوم توریت عبرانی و انجیل سریانی اگر کما ینبغی ترجمہ کیا ہو تو یہ قوم اسقدر بیباک ہین کہ اپنے اعتقاد کے خلاف ہو اور اللہ تعالے نے ہمکو آگاہ فرمایا کہ اہل کتاب نے کتب الٰہی مین تحریف کی اور اپنے ہاتھون کتابین لکھکر لوگون سے کہا کہ یہ اللہ تعالے کی کتاب ہی لہذا ہمنے ان لوگون سے بیزار ہو کر اعتقاد کیا کہ اللہ تعالے نے جو کچھ موسی و عیسی علیہما السلام پر نازل فرمایا تھا یعنے توریت و انجیل وہ حق ہی اور قطعًا امین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت مذکور تھی اور سب صحف انبیاے سابقین و زبور داؤد علی نبینا و علیہم الصلوٰۃ والسلام حق ہین برخلاف یہود و نصاری کے کہ سب سے انکار کرتے ہین اور دعوی کرتے ہین کہ توریت یا انجیل پر ایمان لاتے ہین حالانکہ قطعًا توریت و انجیل مین حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعثت عامہ اور نزول قرآن کا ذکر ہو جسپر ایمان لانا اپنپر قطعًا فرض ہی پس کہان توریت یا انجیل پر ایمان ہوا جبکہ انھون نے قرآن مجید سے کفر کیا۔ وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِمَا مَعَهُمْ حالانکہ قرآن مجید حق ہو درحالیکہ وہ اس کتاب کی تصدیق کرتا ہو جو ان لوگون کے پاس ہو ف اور جبکہ صلی اللہ علیہ وسلم عبرانی یا سریانی بلکہ لکھنا پڑھنا نہین جانتے تھے تو لامحالہ یہ قرآن وحی الٰہی ہی جسمین توریت و انجیل کے موافق تصدیق موجود ہی پس یہود و نصاری کے لیے قطعی معجزہ ہی کہ انکی توریت و انجیل مین کو ریتھا اسی طرح نازل ہوا تو یہ وہی قرآن ہی جسکی بشارت موجود ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا الذین آتیناہم الکتاب یعرفونہ کما یعرفون ابناءہم الآیۃ یعنی جن لوگون کو ہمنے کتاب عطا فرمائی وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم و قرآن کو اسطرح کامل پہچانتے ہین جیسے اپنے فرزندون کو پہچانتے ہین۔ لیکن جان بوجھکر انکار کیا تو اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ۔ قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُونَ أَنْبِيَاءَ اللَّهِ مِنْ قَبْلُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ ۝ تو کہدے کہ پھر پہلے سے تم لوگ کیون انبیاء الٰہی کو قتل کرتے رہے ہو اگر تم ایمان والے ہو ف یعنے جو کوئی پیغمبر کو نہیں بلکہ قتل کر ڈالے تو وہ اشد کافر ہی اور یہودیون نے بکثرت پیغمبرون کو قتل کر ڈالا حتی کہ حضرت زکریا و یحیی کو قتل کیا اور حضرت عیسی علیہ السلام کو بھی اپنے گمان مین قتل کیا شیخ ابن جریر نے کہا کہ جب یہودیون نے دعوی کیا کہ توریت جو ہمارے پاس ہی ہم اسپر ایمان رکھتے ہین حالانکہ وہ مین پیغمبر و صالحین کے قتل سے سخت ممانعت ہی تو آنحضرت صلعم کو حکم دیا کہ ان یہودیون کو عار دلاوین کہ توریت پر تم کہان ایمان لائے جبکہ تم پہلے سے انبیاء اللہ کو قتل کرتے تھے حالانکہ وہ لوگ اسی توریت کی تعلیم کرتے تھے پھر اگر دعوی کریں کہ وہ معجزات نہین لائے تو اسکو بھی دفع فرمایا بقولہ تعالی وَلَقَدْ جَاءَكُمْ مُوسَى بِالْبَيِّنَاتِ وہ بیشک تمھارے پاس موسی مع معجزات کے آیا تھا ثُمَّ اتَّخَذْتُمُ الْعِجْلَ مِنْ بَعْدِهِ وَأَنْتُمْ ظَالِمُونَ ۝ پھر تمنے اوسکے پیچھے گوسالہ کو معبود بنا لیا حالانکہ تم ظالم تھے ف یعنے یہ معجزات و آیات قدرت عصا و ازدہا وغیرہ بکثرت تمنے موسی علیہ السلام سے دیکھ لیے پھر اوسکے بعد

کہ گوسالہ کو معبود بنانا یہ ہوا کہ موسی علیہ السلام کے کوہ طور پر چلے جانے کے بعد تمنے گوسالہ کو معبود بنا لیا حالانکہ اسکے بعد تمکو تنبیہ

کیگئی اور تمہارا کوسالہ تمہاری آنکھوں کے سامنے جلا کر سمندر میں پھینکا گیا اور تمکو توریت دیکھی تب بھی تمکو اوسکے قبول کرنے میں دل سے انکار
ہا چنانچہ فرمایا۔ وَاِذْ اَخَذْنَا مِیْثَاقَکُمْ وَرَفَعْنَا فَوْقَکُمُ الطُّوْرَ۔ اور یاد کرو جب ہمنے تمہارا عہد لیا اور تمپر کوہ طور بلند
کیا۔ ف یعنے توریت قبول کرنے کے واسطے تمسے عہد لیا اور جب تمنے توریت کے احکام دیکھکر انکار کیا تو جبرئیل نے بحکم الٰہی ایک پہاڑ
اوکھاڑ کر تمہارے سروں پر بلند کیا اور اللہ تعالےٰ نے حکم دیا کہ۔ خُذُوْا مَآ اٰتَیْنٰکُمْ بِقُوَّۃٍ وَّاسْمَعُوْا۔ جو کچھ ہمنے تمکو دیا ہی اسکو دل سے
کوشش کے ساتھ لو اور حکم کو اچھی طرح سنو۔ ف اور اگر ایسا نکرو گے تو یہ پہاڑ تمپر ڈال دیا جائیگا پس جب بنی اسرائیل کے دل میں تیقن ہوا کہ نہ ماننے کی
صورت میں ایسا ہی ہوگا تو لاچار ہوکر سجدہ میں گرے۔ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَعَصَیْنَا۔ اور کہنے لگے کہ ہمنے سنا اور نافرمان ہوے ف
یعنے ظاہر میں تو یہ کہا کہ ہمنے سنا تاکہ یہ عذاب اوٹھا دیا جاوے گویا اللہ تعالےٰ کو دھوکا دیتے تھے حالانکہ وہ عالم الغیب ہی چنانچہ اوسنے ظاہر کردیا کہ اوو
دل میں عصیان تھا اگرچہ ظاہر میں فرمانبرداری کا سننا بیان کرتے تھے۔ وَاُشْرِبُوْا فِیْ قُلُوْبِهِمُ الْعِجْلَ بِكُفْرِهِمْ۔ حالانکہ کفر
کی وجہ سے اونکے دلوں میں بچھڑا رچ گیا تھا۔ ف یعنے جیسے اسفنج پانی کو چوس لیتا ہی اسی طرح اونکے خالی دلوں نے بچھڑے کی محبت چوس لی
تھی کیونکہ کفر کی شامت سے اللہ تعالےٰ نے نور ہدایت نہیں دیا اور بجاے اوسکے بچھڑے کی محبت بھر گئی اور واضح ہو کہ یہ حرکات ان یہودیوں کے باپ
دادوں نے کیے جو اسوقت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن پر ایمان لانے سے انکار کرتے تھے اور اپنے باپ دادوں کی تقلید پر راضی ہوکر کہتے
کہ ہم توریت نہ چھوڑینگے اور اپنے باپ دادوں کے قدم بقدم چلے جاوینگے پس اللہ تعالےٰ نے اونکے باپ دادوں کے کفریات یاد دلائے اور پھر آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ۔ قُلْ بِئْسَمَا یَاْمُرُكُمْ بِهٖٓ اِیْمَانُكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ کہدے کہ تمہارا ایمان جس چیز کے ساتھ
تمکو حکم دیتا ہی وہ بہت بد چیز ہی اگر تم مومن ہو۔ ف شیخ ابن کثیر رح نے لکھا یعنے جو ایمان تم لائے ہو وہ زمانۂ قدیم میں تمہارے باپ دادوں کو اور
زمانۂ حال میں تم لوگوں کو یہی حکم دیتا ہی کہ تم آیات الٰہی سے کفر کرو اور انبیاء علیہم السلام سے مخالفت کرو پھر سب سے بڑا کفر یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ
وسلم کو نمانو اور قرآن کو جو بنجانبہ تمہارا کیسا ایمان ہی جسکے تم مدعی ہو شیخ سیوطی نے لکھا کہ اللہ تعالےٰ نے تشنیع فرمائی کہ تم اپنے زعم میں توریت پر
ایمان لائے ہو تو یہ کیسا ایمان ہی کہ تمکو کوسالہ کی محبت اور آیات الٰہی کے انکار اور قتل انبیاء علیہم السلام کا حکم دیتا ہی یعنے یہ لوگ مومن نہیں تھے
کیونکہ ایمان مقتضی نہیں کہ کوئی شخص کوسالہ پوجے یا انبیاء علیہم السلام کو قتل کرے پس حاصل یہ ہوا کہ جس طرح تمہارے باپ دادے توریت پر ایمان کا
دعوی کرکے مانتے ہے انکار کرتے اور انبیاء علیہم السلام کو قتل کرتے اور بچھڑا پوجتے تھے کہ ہرگز مومن نہ تھے اسیطرح تم لوگ بھی توریت پر ہرگز ایمان نہیں
لائے ہو کیونکہ اگر تم لوگ توریت پر ایمان لاتے حالانکہ توریت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان فرض کیا گیا ہی تو وہ ہرگز مقتضی نہ تھا کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم اور قرآن سے کفر کرو پس تم محض جھوٹے ہو اور تمہارے دل میں کچھ ایمان نہیں ہی سوائے کفر کے جو کہ تمکو بد باتوں کا حکم کرتا ہی۔ اور
اسی کفر کے آثار میں سے یہ تھا کہ دار الآخرت و جنت کو خالص یہودیوں کے واسطے قرار دیتے اور انھیں کی دیکھا دیکھی نجران کے نصرانیوں نے
بھی یہی دعوی کرنا شروع کیا کیونکہ ان دونوں مرتد قوموں میں باہم چوٹیں چلا کرتی تھیں چنانچہ جب یہودی کوئی ایسی بات کہتے جس سے اپنا فخر
نکالتے تو نصرانی بھی اوسکے مانند کہنے لگتے تھے جیسے یہ قول کہ سوائے یہود کے جنت میں نہیں جائیگا تو نصرانی کہنے لگے کہ سوائے نصاری
کے کوئی جنت میں نہیں جائیگا اور جب نصرانیوں نے اپنے یہاں یہ کفر نکالا کہ مسیح ابن اللہ ہی تو یہودیوں نے اپنے یہاں بھی نکالا کہ عزیر ابن اللہ ہی
اور انکے بے ادب دلوں کو کچھ خوف نہ آیا کہ جناب باری جل شانہ کی شان عظمت و کبریائی میں کس طرح بے تمیزی سے کفر کرتے ہیں لہذا حق تعالےٰ نے
ان کفار جھوٹوں کی تکذیب کے واسطے نہایت خوب کلام پاک فرمایا

قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ

تو کہہ اگر تمکو ملتا ہی گھر آخرت کا اللہ کے یہان الگ سوائے اور لوگون کے تو تم مرنے کی آرزو کرو

اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

اگر سچ کہتے ہو اور یہ آرزو کبھی نہ کرینگے جس واسطے آگے بھیج چکے ہین ہاتھ اونکے اور اللہ خوب جانتا ہی گنہگارون کو

وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰي حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ اَحَدُهُمْ

اور تو دیکھے اونکو سب لوگون سے زیادہ حرص جینے کی اور شریک پکڑنے والون سے بھی ایکایک چاہتا ہی

لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهٖ مِنَ الْعَذَابِ اَنْ يُّعَمَّرَ ۭ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ

کہ عمر پاوے ہزار برس اور کچھ اوسکو سرکا نہ دیگا عذاب سے اتنا جینا اور اللہ دیکھتا ہی

بِمَا يَعْمَلُوْنَ ۝

جو کرتے ہین

محمد بن اسحق نے بالاسناد حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی کہ جب بے ایمان قوم یہود نے اللہ تعالے پر کذب وافترا باندھا کہ وعدۂ توریت موسی علیہ السلام سے جنت خالص یہودیون کے واسطے ہی اور دوسرون کے واسطے نہین ہی تو اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ

قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ

کہدے کہ اگر اللہ تعالے کے یہان خالص تمہارے ہی واسطے دار الآخرت ہی بدون دوسرے لوگون کے تو تم لوگ

كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ کہ موت کی تمنا کرو اگر تم سچے ہو وف کیونکہ جسکے واسطے دار الآخرت جنت ہو اور اوسکی نعمتین بے مثال ہین اور اوسکی راحت وعیش دائمی پائدار ہی تو جس شخص کے واسطے وہ قطعی خالص ہو وہ قطعاً اوسکی تمنا کریگا اور اس سے مقصود یہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان یہود سے کہین کہ تم اپنے دعوی کے موافق دعا کرو اور ہین بھی تمہاری موت کے واسطے دعا کرون اگر تم اپنے دعوی مین سچے ہو تو اسپر راضی ہو جاؤ اور اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے معجزہ قرار دیکر اپنے علم غیب سے یہودیون کا انکار بھی بتلا دیا بقولہ تعالے۔ وَلَنْ يَّتَمَنَّوْهُ اَبَدًا بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اور کبھی ہرگز موت کی تمنا نہین کرینگے بوجہ اون بدکاریون کے جو اونکے ہاتھون نے پہلے ہی پہونچائی ہین وف یعنے جو کفر وبدکاریان وتحریف توریت وقتل انبیاء وکفر بقرآن خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہ اعمال قبیحہ وارتداد صریحہ اونکے ہاتھون سے سرزد ہو چکے ہین جو اونکے حق مین موجب جہنم ہونا ہی جسسے یہ لوگ کبھی موت کی تمنا نہین کرینگے اور یہی ہوا چنانچہ ابن عباسؓ نے بیان فرمایا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہودیون کو فرمایا کہ آؤ موت کے واسطے دعا کرو کہ فریقین مین سے جو شخص جھوٹا ہو اوسپر واقع ہو تو یہودیون نے مہلت مانگی کہ اے ابو القاسم تامل فرمایئے کہ ہم اپنے کام مین غور کرلین پھر آپسمین کہا کہ تم لوگ خوب جانتے ہو کہ یہ شخص پیغمبر ہی پس جمع ہو کر آئے اور اس سے انکار کیا اور کہا کہ ہمارے واسطے ہمارا دین اور آپکے واسطے آپکا دین ہی ابن عباسؓ نے کہا کہ اگر یہودی اسکی تمنا کرتے تو روے زمین پر کوئی یہودی باقی نہ رہتا بلکہ مر جاتا ضحاک نے بھی ابن عباسؓ سے روایت کی کہ تمنائے موت سے یہی مراد ہی کہ موت کی دعا مانگو (ابن اسحق) عبد الرزاق نے بھی ابن عباسؓ سے روایت کی کہ اگر یہود تمنائے موت کرتے تو سب مر جاتے اور ابن ابی حاتم نے بھی یہی مضمون حضرت ابن عباسؓ سے روایت کیے شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ اسانید صحیح ہین اور ابن جریر نے اپنی اسناد کے ساتھ ابن عباسؓ سے روایت کی کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر یہود موت کی تمنا کرتے تو سب مر جاتے اور جہنم مین اپنے اپنے ٹھکانے دیکھ لیتے اور اس حدیث کو امام احمد نے بھی مسند مین روایت کیا ہی شیخ ابن کثیر نے کہا کہ آیت کی یہی تفسیر متعین ہی کہ یہودیون سے لعنت اور مباہلہ کہا گیا تھا کہ آؤ بد دعا کرو کہ تم مین اور اہل اسلام مین جو کوئی جھوٹا ہو وہ مر جاوے اور یہی معنی

حضرت قتادہ و ابو العالیہ و ربیع بن انس سے مروی ہین مترجم کہتا ہی کہ اسکے ساتھ جب یہودیون سے پہلے یہ کہدیا کہ تمکو قطعی یقین ہی کہ دار الآخرت خالص تمہارے ہی واسطے ہی اور تم اسکو توریت مین سے اپنا ایمان بیان کرتے ہو پس اگر تمکو ایمان ہی تو تم موت کی تمنا کرو ورنہ جھوٹے ہو پس یہ یہود کے بے ایمان ہونے کے واسطے بالکل صریح ہو گیا اور سورۂ جمعہ مین بقولہ تعالے۔ قل یا ایہا الذین ہادوا ان زعمتم انکم اولیاء للہ من دون الناس فتمنوا الموت الآیۃ۔ بہت مصرح بیان فرمایا ہی پھر جب یہودیون نے باوجود دعوی ایمان کے اس سے انکار کیا تو صریح ثابت ہو گیا کہ جس امر کی نسبت ایمان و یقین کا دعوی کرتے ہین درحقیقت اوسکا یقین نہین کہتے ہین لہذا فرمایا۔ وَاللّٰہُ عَلِیْمٌ بِالظّٰلِمِیْنَ۔ اور اللہ تعالے تو ظالمون کو خوب جانتا ہی۔ ف ظالم وہ ہی جسنے اپنے نفس پر ظلم کیا مترجم کہتا ہی کہ نفس پر ظلم دو طرح پر ہوتا ہی ایک بنظر آخرت اور دوم بنظر دنیا پس بنظر آخرت ظلم یہ ہی کہ نفس کو جنت و رضاے الٰہی سے محروم کرے یا اوسکو عذاب جہنم کے واسطے پیش کرے پس اگر جنت سے محروم کیا تو وہ اس طرح ہی کہ شرک و کفر اختیار کرے اسیواسطے فرمایا بقولہ تعالے ان الشرک لظلم عظیم۔ کیونکہ مشرک و کافر ہو کر جنت و رضاے الٰہی سے بالکل محروم ہو جاتا ہی اور اگر اوسنے شرک نہ کیا بلکہ گناہون مین مبتلا ہوا تو وہ حال سے خالی نہین یا اوس سے توبہ کرلی اور وہ توبہ قبول ہوئی تو جس وقت تک اوسنے فسق و فجور مین عمر کھوائی یہ زمانہ رائگان گیا تو نفس پر ایک قسم کا ظلم ہوا باوجود اس خوف کے کہ شاید توبہ قبول نہو کیونکہ توبہ ہر شخص کی قبول ہوتی ہی لیکن اوسکے شرائط و دلی ندامت ضرور ہی اور اگر معاذ اللہ اوسکی توبہ قبول نہوئی تو ایمان کے ساتھ آخرت مین شفاعت و عفو کی امید ہی جیسے بدون توبہ کے مرجانے کی صورت مین ہی پھر اگر تقدیر الٰہی سے اوسکو شفاعت نصیب نہوئی تو بقدر گناہ کے جہنم مین رہیگا تاکہ اس گناہ سے پاک ہو کیونکہ اللہ تعالے نے اہل ایمان کو اہل جہنم نہین کہا بلکہ اہل جنت قرار دیا الحاصل یہودیون کے حق مین ظلم عظیم یعنے کفر ہی کہ اوسنے اپنے نفس پر ظلم عظیم کیا کہ اوسکو دائمی جہنمی کردیا۔ ھ۔ امام ابن جریر نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے اس آیت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو معجزۂ واضحہ کے ساتھ مدینہ کے یہودیون پر غلبۂ تامہ عطا فرمایا اور اونکے احبار و علماء کو صریح فضیحت کیا جس سے عوام عرب اونکے دام مکر و فریب سے چھوٹ گئے جیسے نصاری کے ایک فریق اہل نجران کو جو عیسی علیہ السلام کے بارہ مین دروغ بکتے تھے اسیطرح فضیحت فرمایا چنانچہ آیندہ ہوگا انشاء اللہ تعالے۔ اور اسکی صورت یہ ہوئی کہ فریق یہود کو حکم دیا کہ اگر تم سچے ہو تو موت کی تمنا کرو کیونکہ اس سے تمہارا کچھ ضرر نہین ہی اسواسطے کہ جب تم اس دعوی مین سچے ہو کہ توریت پر تمہارا ایمان کامل ہی اور دار الآخرت و قرب منزلت و رضوان جنت سوائے ہم لوگون کے فقط تمہارے ہی واسطے خاص ہی تو تمنا سے موت سے تمہارا صدق ظاہر ہو جائیگا کہ تمکو اللہ تعالے یہ نے مثال عیش عطا فرماویگا اور اگر تمنے اس امر سے انکار کیا تو لوگون کو بخوبی ظاہر ہو جائیگا کہ تم لوگ جھوٹے ہو اور ہم سچے ہین کہ تمہاری تمنا سے موت سے تمپر موت ٹوٹ پڑیگی لیکن یہودیون نے اس سے قطعی انکار کیا کیونکہ وہ لوگ خوب جانتے تھے کہ خود جھوٹے و مفتری ہین اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خوب پہچاننے کی باوجود انکار کرتے ہین اور عمدا توریت چھوڑکر توریت مین آپ کے جو فضائل کاملہ موجود ہین اونکو چھپاتے ہین اور غضب الٰہی کا اثر اونپر طاری ہی کہ موت سے گھبراتے ہین لہذا اللہ تعالے نے بطور معجزہ کے اونکی باطنی حالت سے آگاہ فرمایا بقولہ تعالے۔ وَلَتَجِدَنَّہُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰی حَیٰوۃٍ وَمِنَ الَّذِیْنَ اَشْرَکُوْا۔ اور بیشک تو ان یہودیون کو زندگانی دنیا پر سب لوگون سے زیادہ حریص پاویگا اور اون لوگون سے بھی زیادہ جو مشرک بنے ہین۔ ف مشرکون سے مراد عرب کے بت پرست و عجم کے مجوس و ہندو ہین (کما رواہ ابن ابی حاتم و الحاکم) کیونکہ بت پرستون کے نزدیک دار الآخرت و قیامت کوئی چیز نہین ہی تو وہ زندگانی دنیا ہی کو بہت غنیمت سمجھتے ہین اور اسیکے قریب مجوسیون کی کیفیت ہی مگر باوجود اسکے اونکے دل مین مرنے کے بعد عذاب کا دغدغہ نہین ہی بخلاف یہودیون و جمیع منافقون کے کہ انکو بعد مرنے کے بھی

بداعمالیون سے عذاب کا منعت و غدغہ ہی اسیواسطے یہ لوگ تمنا کرتے ہین کہ جب تک جیتے رہین بہت غنیمت ہی کہ عذاب سے بچین کیونکہ کافر کے واسطے دنیا جنت ہی۔ يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ ۔ انمین سے ہر کوئی چاہتا ہی کہ کاش وہ ہزار برس عمر دیا جاتا ف حسن بصری نے فرمایا کہ منافقون مین سے ہر ایک یہ تمنا کرتا ہی کہ ہزار برس زندہ رہتا دیگر علما نے فرمایا یعنے یہود مین سے ہر ایک کو ہزار برس عمر کی تمنا ہی امام ابن کثیر نے کہا کہ یہی سیاق ظاہر ہی اور حضرت ابن عباس و مجاہد و سعید بن جبیر و ابو العالیہ نے کہا کہ مراد یہ ہی کہ ان مشرکون یعنے بت پرستون و مجوس مین سے ہر ایک چاہتا ہی کہ کاش وہ ہزار برس عمر پاوے ابن عباس نے کہا کہ مراد درازی عمر ہی جیسے مجوس فارسی بولتا ہی کہ کاش دہ ہزار سال زیستم مجاہد نے فرمایا کہ بدکاریون نے انکو دنیا کی زندگی کا لالچ دلایا مترجم کہتا ہی کہ اس صورت مین معنے یہ ہوے کہ یہ بت پرست و کفار ہزارون برس کی زندگی کا لالچ کرتے ہین تو یہودی و منافق انسے بھی زیادہ زندگی کا حریص ہی کیونکہ اسکو عذاب کا بھی غدغہ ہی تو چاہتا ہی کہ جب تک زندہ رہے غنیمت ہی کہ عذاب سے چھوٹا ہے وَمَا هُوَ بِمُزَحْزِحِهِ مِنَ الْعَذَابِ أَنْ يُعَمَّرَ ۔ حالانکہ نہین ہی وہ کہ دور کریوالا ہو اسکو عذاب سے عمر دراز دیا جانا ف ابن عباس رضی اللہ عنہ و ابو العالیہ نے فرمایا یعنے عمر دراز دیا جانا اوسکو عذاب سے چھوڑانے والا نہین ہی عبد الرحمن بن زید نے کہا یعنے اگر اوسکو ابلیس کی طرح عمر طویل دیجاوے تو بھی اوسکو کیا فائدہ ہوگا جبکہ وہ کافر ہی ابن عباس نے فرمایا کہ یہودیون کو بت پرستون سے بھی زیادہ زندگی کی ہوس اسوجہ سے تھی کہ بت پرست تو اپنے اعتقاد کفر مین حشر و قیامت کا یقین ہی نہین رکھتا تھا تو وہ عمر کو صرف دنیا کی لذت کے واسطے پسند کرتا تھا اور موت کے بعد عذاب سے نہین ڈرتا تھا بخلاف یہودی کے کہ اوسکو اپنی بدکاریون کی وجہ سے عذاب کا خوف ہی تو وہ بت پرستون سے بھی زیادہ زندگی کا حریص ہی وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۔ اور اللہ خوب دیکھتا ہی جو یہ کرتے ہین ۔ ف پس انکی بداعمالیون کی سزا قطعی پہونچنے والی ہی ۔ (مسئلہ) موت کی تمنا کرنا جواب محققین کے نزدیک اگر دنیا کی محنت و مشقت یا مصیبت کے جزع و فزع پر موت کی تمنا کرے تو ممنوع ہی اسیواسطے حدیث مین موت کی تمنا سے منع فرمایا کہ تم مین کوئی موت کی تمنا نہ کرے کیونکہ اگر بدکار ہو تو شاید اوسکو توبہ و اعمال صالحہ کی توفیق حاصل ہو اور اگر نیکوکار ہی تو امید ہی کہ اوسکی نیکیان بڑھین (الصحیح) محققین نے کہا کہ اگر شوق آخرت مین موت کی خواہش کرے یا حفاظت ایمان کے واسطے آرزو کرے تاکہ جو نعمت ایمان اوسکو بالفعل حاصل ہی اوسکو سلامت لیجاوے ایسا نہو کہ آیندہ کسی فتنہ مین مبتلا ہو تو یہ ممنوع نہین ہی چنانچہ دعاے یوسف علیہ السلام مین فرمایا ۔ توفنی مسلما و الحقنی بالصالحین الآیۃ ۔ اور اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قرب وفات کی حدیث مین ہی ۔ اللھم الرفیق الاعلی (الصحیحین) اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے خواب مبارک کی حدیث مین منجملہ دعا کے یہ کلام ہی ۔ واذا اردت بعبادک الفتنۃ فاقبضنی الیک غیر مفتون ۔ یعنے اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی خواب مین جو دعا تعلیم فرمائی اوسمین ہی "الٰہی جب تو اپنے بندون کو فتنہ مین ڈالنے کا ارادہ فرمائے تو مجھے بغیر ابتلا فتنہ کے اپنے پاس مقبوض فرمائیو" (الترمذی و احمد باسناد حسن او صحیح) اور امام ابو اسمعیل الازدی نے باسناد صحیح حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ و ایک جماعت صحابہ رضی سے روایت کیا کہ نصارا ے شام و مجوسان فارس کو فرمایا کہ تم پر جہاد کرنے ایسی قوم آئے ہین کہ جس قدر تمکو دنیاوی زندگی محبوب ہی اوس سے بڑھکر اونکو موت محبوب ہی (فتوح الشام) اور اللہ تعالے نے صحابہ رضی اللہ عنہم کی صفت مین فرمایا ۔ فمنہم من قضی نحبہ و منہم من ینتظر و ما بدلوا تبدیلا الآیۃ ۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ باغیان خوارج کے مقابلہ مین لشکر علی کے دونون صفون کے درمیان غبار اڑتا پھرتا تھا تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا حضرت یہ تو لڑنے والون کی وضع نہین ہی تو فرمایا اے فرزند تیرے باپ کو یہ پروا نہین کہ تیرا باپ موت پر جا گرا یا موت اوسپر آپڑی اور جس صبح کو آپ نے ابن ملجم ملعون کے ہاتھ سے شہادت پائی اوس رات کو بار بار دیکھتے اور پوچھتے

تھے کہ صبح ہوئی اور یہ کمال اشتیاق ہی۔ حدیث میں موت کے وقت کہا۔ حبیب جاء علی فاقة لا افلح من ندم۔ یعنے عین آرزو کے وقت حبیب آیا جو اسپر نادم ہوا وسکا بھلا نہو۔ مترجم کہتا ہی کہ امام ابو اسمعیل نے اسیکے مثل حضرت معاذ بن جبل رضی سے روایت کیا باسناد صحیح اور جنگ صفین میں حضرت عمار بن یاسر رضی فرماتے تھے الآن الاقی الاحبہ۔ محمد او حزبہ۔ وہ وقت آیا کہ میں اپنے محبوبوں سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے یارون سے ملونگا چنانچہ شہید ہوگئے رضی اللہ عنہ اور امام بخاری علیہ الرحمۃ کا موت کی دعا کرنا اور انتقال فرمانا مشہور ہی اور اکابر رضی اللہ عنہم سے اشتیاق آخرت و تمنائے موت کی روایات بکثرت ہین اور کیون نہو کہ دنیا دار فانی و مقام حجاب ظلمانی ہی کہ وہ مومن کے واسطے قید خانہ ہی پس رحمت و مغفرت الٰہی کے ساتھ موت نہایت محبوب ہی ان ربی غفور رحیم۔ (مسئلہ) جب حضرت موسی علیہ السلام نے دیدار باری تعالے کی درخواست کی تو حکم آیا کہ۔ لن ترانی ولکن انظر الی الجبل فان استقر مکانہ فسوف ترانی یعنے تو مجھے نہین دیکھیگا ولیکن پہاڑ کی طرف دیکھ پھر اگر وہ اپنی جگہ ٹھہرا رہا تو عنقریب تو مجھے دیکھیگا پس یہ آیت خود دلیل ہی کہ دیکھنا مانند شریک باری تعالے کے محال نہین تھا اگرچہ اسوقت حضرت موسی علیہ السلام سے اسکا تحمل ممکن نہ تھا کیونکہ جسم فانی مین اس تحمل کی طاقت نہین ہی چنانچہ سورۂ اعراف مین انشاء اللہ تعالے بکثرت دلائل آوینگے اور یہان مقصود بیان یہ ہی کہ سوائے اہل السنۃ کے باقی فرق اسلامیہ نے دیدار باری تعالے محال سمجھکر استدلال کیا کہ۔ لن ترانی۔ مین کلمہ لن جو نفی دائمی ہوتا ہی وارد ہوا تو یہ دلیل ہی کہ کبھی نہین دیکھ سکتے ہین اسکا جواب ہی کہ لن تو اس حیات کی نفی دائمی ہی بدلیل آنکہ اس آیت مین یہودیون کو فرمایا کہ۔ لن یتمنوہ ابدا بما قدمت ایدیہم۔ یعنے ہرگز موت کی تمنا نہین کرینگے بلکہ کلمہ ابدا سے تاکید بھی مذکور ہی کہ ہرگز کبھی تمنا نہین کرینگے حالانکہ یہ نفی فقط اسی دنیا تک دائمی ہی کیونکہ جہنم مین موت کی تمنا کرنا صریح منصوص ہی چنانچہ فرمایا۔ یا لیتہا کانت القاضیہ۔ ای کاش موت آجاتی۔ اور فرمایا۔ یا مالک لیقض علینا ربک۔ یعنے جہنم کے خازن سے جسکا نام مالک ہی درخواست کرینگے کہ ای مالک تم دعا کرو کہ تمہارا پروردگار ہمکو موت دیدے۔ اس سے صاف معلوم ہوا کہ لن کی نفی سے یہ مراد نہین ہوتی ہی کہ علم الٰہی و آخرت تک نفی ہی بلکہ دوام دہر جو محدود ہوا وسکی دائمی نفی ہوتی ہی حتی کہ یہود کی تمنا دائمی حیات دنیا تک منتفی ہی اور یہ بحث سورۂ اعراف مین انشاء اللہ تعالے زیادہ توضیح کے ساتھ آویگی ف۲ بعض اشارات عرائس مین ہی قولہ تعالے۔ ولتجدنہم احرص الناس علی حیوۃ۔ جب قلب پر غفلت و شہوت کا پردہ ڈھک جاتا ہی تو اوسکی ترقی صرف مادیات تک رہتی ہی اور مادیات کا تلذذ اسی جسم تک ہی لہذا بقاے جسم کی حرص زیادہ ہوجاتی ہی اسیواسطے بوڑھے آدمی کی بدانجامی کے آثار مین سے حدیث شریف مین آیا کہ بوڑھا پے مین دو چیز جوان ہوتی ہی ایک زندگی اور مال کی حرص بڑھ جاتی ہی شیخ محمد ابن الفضیل نے فرمایا کہ جمیع اہل شرک و کفر زندگی دنیا پر حریص ہوتے ہین اور یہ مرتد منافق یہود ان سب سے زیادہ حریص تھے پس مومنین کا حال انسے مخالف ہونا چاہیے یعنے لقاے الٰہی و موت کا مشتاق ہو تاکہ غیب کا کشف ظہور ہو اور مقام انس تک رسائی ملے اور وحشت کا پردہ دور ہو اور حدیث مین ہی۔ من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ۔ اور جب حضرت بلال رضی کی موت کا وقت ہوا تو اونکی بیوی نے کہا کہ واحزناہ یہ ہماری بڑی مصیبت و غم کا سامنا ہی حضرت بلال رضی نے کہا کہ اری چپ چپ۔ واطرباہ بلقاء الاحبہ۔ اب بڑی خوشی کا وقت ہی کہ اپنے محبوبون سے ملاقات نصیب ہوگی واضح ہو کہ موت کے وقت جان نکلنا ایک تکلیف شدید ہی لیکن اہل شوق کو یہ کلفت آسان ہوجاتی ہی اور اسواسطے اہل ایمان مین سے بہت پاکیزہ لوگو پر سختی کی جاتی ہی کہ بالکل پاک و مطہر جاوین اور یہ سختی بالکل کفارہ ہوجاوے اور چونکہ عالم سکرات امر شدید ہی اسیواسطے حدیث مین دعا آئی کہ الٰہی سکرات کے وقت اعانت فرما اور حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے کہ ای لوگو اگر خدا کی راہ مین شہید نہو تو بستر پر مرو گے اور قسم اوس پاک کی جسکے قبضہ مین ابن ابی طالب کی جان ہی کہ سر پر ہزار تلوارین کھانا مجھے بستر پر جان دینے سے آسان ہی۔ شیخ واسطی نے کہا کہ موت اس

عالم سے بیداری ہی تو جو شخص اس بیداری سے محجوب ہی وہ اپنے مردہ ہونے کی خرابی سے آگاہ نہوا اور یہ مردگی کی خرابی تیرے دل مین کیا اثر کریگی جبکہ تو موت سے ڈرتا ہی بعض محققین نے کہا کہ حیات دنیا ایک گران خواب ہی کہ جب مرکر بیدار ہوگا تو خواب مین بدکاری کی تاویل بہت پشیمانی ہی نعوذ باللہ من ذالک - مترجم کہتا ہی کہ جب افعال قبیحہ کی شامت سے قلب پر غلاف ہوجاتا ہی تو ملک آخرت و نعمت حقیقی کی لذت موہوم ہوجاتی ہی اور کدورت جسمیت غالب ہوکر دنیا کی چاہت بڑھ جاتی ہی اسیواسطے عالم دنیا و اوسکی مکدر مادیات اور شیطان و اوسکے موسات و ذریات سے مانوس ہوجاتا ہی اور انبیاء و صالحین و آخرت و ملائکہ مقربین سے انکار و عداوت پیدا ہوجاتی ہی کیونکہ کدورات و نورانیات مین ضدیت ہی اسیواسطے حمیت یہودیون نے حضرت جبرئیل سے عداوت پیدا کرلی اور اللہ تعالے نے اوسکے عوض یہودیون کو دشمن بنایا چنانچہ فرمایا۔

قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ

تو کہہ جو کوئی ہوگا دشمن جبریل کا سو اوسنے تو اوتارا ہی یہ کلام تیرے دل پر اللہ کے حکم سے سچ بتاتا اوس کلام کو جو اوسکے آگے ہی

وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَرُسُلِهِ وَجِبْرِيلَ

اور راہ دکھاتا اور خوشی سناتا ایمان والون کو جو کوئی ہوگا دشمن اللہ کا اور اوسکے فرشتون کا اور رسولون کا اور جبریل

وَمِيكَالَ فَإِنَّ اللَّهَ عَدُوٌّ لِّلْكَافِرِينَ ۝

اور میکائیل کا تو اللہ دشمن ہی اون کافرون کا

شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ امام ابن جریر نے فرمایا کہ علماے تفسیر متفق ہین کہ یہ آیت یہودیون کے رد مین نازل ہوئی ہی جبکہ اونھون نے یہ کہا تھا کہ جبرئیل ہمارا دشمن ہی اور میکائیل ہمارا دوست ہی پھر خصوص سبب مین البتہ روایتین مختلف ہین بعض نے کہا کہ یہودیون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے آپکی نبوت کے بارہ مین جھگڑا کیا تھا چنانچہ ابن عباس رض سے روایت ہی کہ یہودیون مین سے ایک گروہ نے حاضر ہوکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ ہم آپ سے چند سوال کرنا چاہتے ہین جنکو سوا ے پیغمبر کے کوئی نہین جانتا ہی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کچھ تمھارا جی چاہے مجھسے پوچھو ولیکن میرے واسطے وہ عہد دو جو حضرت یعقوب نے اپنی اولاد سے لیا تھا کہ اگر مین تمسے ٹھیک بتلادون اور تم اوسکو پہچان لو تو مسلمان ہوجانے مین میری متابعت کروگے پس کہنے لگے کہ بیشک ہم آپ کے واسطے یہ عہد دیتے ہین پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اچھا پوچھو تو کہنے لگے کہ ہم چار باتین پوچھتے ہین اول یہ فرمائیے کہ اسرائیل نے نزول توراۃ کے زمانہ سے پہلے کس چیز کو اپنے اوپر حرام کیا تھا اور دوم یہ فرمائیے کہ عورت و مرد کی منی کیونکر ہوتی ہی اور اوس سے لڑکا یا لڑکی کیونکر پیدا ہوتی ہی سوم یہ فرمائیے کہ توریت مین جس نبی امی کی صفت مذکور ہی وہ کیا صفات ہین اور یہ فرمائیے کہ ملائکہ مین سے کون اوسکا ولی ہی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونسے اللہ تعالے کا عہد لیا کہ آگاہ کرنے پر وہ لوگ متابعت کرینگے پس اونھون نے عہد میثاق دیا تو آپ نے فرمایا کہ مین تمکو اللہ تعالے ہی کی قسم دلاتا ہون جسنے موسی پر توریت نازل فرمائی تم جانتے ہو کہ یعقوب نے اسرائیل کو ایک مرض شدید لاحق ہوا اور یہ بیماری دراز ہوئی پس اونھون نے اللہ تعالے کے واسطے نذر کی کہ اگر اللہ تعالے اونکو اس مرض سے صحت عطا فرماوے تو وہ ایسا کھانا و پینا جو اونکو زیادہ مرغوب ہی اللہ تعالے کے واسطے چھوڑینگے اور وہ اونٹ کا گوشت اپنے کھانے مین زیادہ محبوب رکھتے اور اونٹ کا دودھ پینے مین زیادہ مرغوب رکھتے تھے پس کہنے لگے کہ واللہ ٹھیک فرمایا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان کی طرف نظر اوٹھا کر فرمایا کہ آئی تو اوپر گروہ یہود پھر آپ نے فرمایا کہ مین تمکو اللہ تعالے ہی کی قسم دلاتا ہون جسکے سوا ے کوئی الوہیت والا نہین ہی جسنے موسی پر توریت نازل فرمائی بھلا تم جانتے ہو کہ مرد کا پانی گاڑھا سفید ہی اور عورت کا پانی رقیق زرد ہی

پس ان دونون مین سے جو پانی بحکم الٰہی عزوجل اوپر ہوجاتا ہی بچہ ویسیکے مشابہ ہوتا ہی اور وہی ہوتا ہی یعنے اگر مرد کی منی عورت کی منی کے اوپر ہوجاتی ہی تو بحکم الٰہی عزوجل بچہ نر ہوتا ہی اور اگر عورت کی منی مرد کی منی کے اوپر ہوجاتی ہی تو بحکم الٰہی وہ بچہ مادہ ہوجاتا ہی اور ویسیکے مشابہ ہوتا ہی جسکا غلبہ ہوا کہنے لگے کہ واللہ سچ فرمایا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الٰہی تو گواہ رہیو اور فرمایا کہ مین تمکو اللہ تعالی ہی کی قسم دلاتا ہون جسنے موسی پر توریت نازل فرمائی بھائی تم جانتے ہو کہ یہ نبی امی جو توریت مین مذکور ہی اوسکی یہ صفت ہی کہ اوسکی آنکھین سوتی ہین اور دل نہین سوتا یہ کہنے لگے کہ واللہ سچ فرمایا پھر کہنے لگے کہ اب آپ یہ فرمائیے کہ ملائکہ مین سے آپکا ولی کون ہی پس اسی بات پر یا تو ہم لوگ آپ سے متفق ہونگے یا جدا ہوجائینگے پس آپ نے فرمایا کہ میرا ولی جبرئیل ہی اور اللہ تعالے نے کوئی پیغمبر کبھی نہین بھیجا مگر آنکہ جبرئیل ہی اوسکا ولی رہا تو کہنے لگے کہ اب ہم ضرور آپ سے جدا ہونگے اور اگر ملائکہ مین سے سوائے جبرئیل کے اور کوئی آپکا ولی ہوتا تو ہم آپ کی تصدیق کرتے اور آپ کے تابع ہوتے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پھر تم جبرئیل کی تصدیق کیون نہین کرتے ہو تو کہنے لگے کہ جبرئیل ہمارا دشمن ہی پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا۔ قُلْ مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّجِبْرِيلَ - کہدے کہ جو شخص جبرئیل کے واسطے دشمن ہو۔ ف تو وہی اپنی عداوت مین جل مرے اور جبرئیل کا کچھ نقصان نہین ہی۔ فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ - کہ جبرئیل نے اس قرآن کو تیرے قلب پر بحکم الٰہی اوتارا ف کچھ اپنی طرف سے نہین اوتارا تو یہ کلام الٰہی ہی۔ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ - درحالیکہ یہ قرآن اوس کلام کی تصدیق کرنے والا ہی جو اوسکے سامنے موجود ہی۔ ف یعنے اگلی کتابون توریت و انجیل کی تصدیق کرتا ہی وَهُدًى وَبُشْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ۝ اور درحالیکہ وہ مومنون کے واسطے ہدایت و بشارت ہی۔ ف یعنے گمراہی سے ہدایت کرنے والا اور جنت کی بشارت دینے والا ہی کیونکہ اس دنیا مین اللہ تعالے نے جنت و دوزخ کی راہ ایسے طور پر رکھی ہی کہ کسی شخص کو اپنی سمجھ سے یہ مجال نہین ہی کہ جنت کی راہ دریافت کرسکے بلکہ خواہ مخواہ بھٹکتا رہیگا تو اللہ تعالے نے قرآن نازل فرمایا تاکہ بھٹکنے سے بچکر ٹھیک راہ پر چل سکے کیونکہ حدیث مین ہی کہ جنت ایسی چیزون سے گھری ہوئی ہی جو نفس پر شاق ہین اور جہنم ایسی چیزون سے گھری ہوئی ہی جو نفس کی خواہش ہین پس اگر نفس کی سمجھ پر چھوڑا جاوے تو وہ خواہ مخواہ ایسی ہی چیزون مین گھسیگا جو اوسکو مرغوب ہین حالانکہ وہ جہنم تک پہونچا دینگی تو قرآن مجید واسطے ہدایت کے بھیجا تاکہ بھٹکنے سے بچ جاوین پس جسنے اوسکی پیروی کی تو اوسکو سیدھا کیا وہ کہ وہ خواہش کو چھوڑکر عقل کی راہ پر آیا جسکی انتہا جنت ہی تو اوسکو بشارت حاصل ہوئی جیسے کافرون کو جو نہین مانتے ہین مانند یہود وغیرہ کے اونکو وعید عذاب ہی اور یہودیون پر یہ پھٹکار جو جبرئیل علیہ السلام کی عداوت پر واقع ہوئی اسمین جبرئیل ہی کی خصوصیت نہین ہی بلکہ اللہ تعالے نے فرمایا مَنْ كَانَ عَدُوًّا لِّلَّهِ - جو کوئی اللہ تعالے کا دشمن ہو۔ ف اس طور کہ خالق عزوجل سے انکار کرے جیسے فرقہ دہریہ و نیچر وغیرہ ہی یا اللہ تعالے کے صفات و شرائع وغیرہ کا انکار کرے وَمَلَائِكَتِهِ اور جو کوئی اللہ تعالے کے ملائکہ کا دشمن ہو۔ وَرُسُلِهِ - اور اللہ تعالے کے رسولون کا دشمن ہو۔ ف خواہ وہ رسول سابق ہون یا بالفعل ہون۔ وَجِبْرِيلَ وَمِيكَالَ - اور جبرئیل و میکائیل کا دشمن ہو۔ ف جیسے یہودی کہتے تھے غرض کہ جو انکا دشمن ہو وہ کافر ہی۔ فَإِنَّ اللَّهَ عَدُوٌّ لِّلْكَافِرِينَ ۝ - تو اللہ تعالے کافرون کا دشمن ہی ف پس اونکو سزا دے جہنم دیکر اس حدیث ابن عباسؓ کو جسمین مناظرہ یہود یونکا سبب مذکور ہی ابن جریر و امام احمد و محمد بن اسحق نے روایت کیا اور ابن اسحق کی روایت مین اسقدر زیادہ ہی وہ کہ پھر یہودیون نے کہا کہ آپ ہمکو روح سے آگاہ فرمائیے، مترجم کہتا ہی یعنے روح القدس کو پوچھا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین تمکو اللہ تعالے اور اوسکے انعامات کی جو بنی اسرائیل پر کیے ہین قسم دلاتا ہون کہ بھلا تم جانتے ہو کہ وہ جبرئیل

ہی اور وہی میرے پاس وحی لاتا ہی تو کہنے لگے کہ ہان واللہ یہ تو ٹھیک ہی مگر وہ ہمارا دشمن ہی کہ وہی ہمپر قحط و خونریزی لایا اور اگر یہ نہوتا تو ہم آپکی پیروی کر لیتے پس اللہ تعالے نے یہ آیات نازل فرمائین - قل من کان عدوا لجبریل الآیۃ - ۱۲ - اور امام احمد نے دوسری اسناد کے ساتھ بطریق سعید بن جبیر روایت کی جسمین یہ تصریح ہی کہ یعقوب علیہ السلام کو عرق النسا کی بیماری تھی تو انھون نے اونٹ کا گوشت و رسکا دودھ اسکے مناسب پاکر اپنے اوپر حرام کر لیا اور یہ بھی مذکور ہی کہ جب انھون نے سنا کہ جبرئیل وحی لاتے ہین تو کہنے لگے کہ یہی لڑائی و قتال و قحط و عذاب لاتا ہی اور اگر میکائیل ہوتا تو البتہ ہم ایمان لاتے کہ وہ باران رحمت و فراخی و پیداوار لاتا ہی پس یہ آیت نازل ہوئی (رواہ الترمذی والنسائی) اور اسیکے مانند کہ یہود نے کہا جبرئیل ہمارا دشمن ہی حضرت مجاہد و قاسم وغیرہ سے مروی ہی اور امام بخاری نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ مین تشریف لائے اور عبد اللہ ابن سلام نے آپ کے آمد کی خبر سنی اور اوسوقت وہ اپنی زمین مین کام کر رہے تھے وہان سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یارسول اللہ مین آپسے تین باتین پوچھتا ہون جنکو سوائے پیغمبر کے کوئی نہین جانتا ہی اول یہ کہ علامات قیامت مین سے اول کون ہی دوم اہل جنت کا اول طعام کیا ہوگا سوم کیا بات ہوتی ہی کہ بچہ اپنی ماں یا باپ پر کھینچتا ہی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے اسکا علم نہ تھا مگر ابھی ابھی جبرئیل نے مجکو آگاہ کیا عبد اللہ نے کہا کہ کیا جبرئیل آپکو آگاہ کیا آپ نے فرمایا کہ ہان تو عبد اللہ نے کہا کہ یہ تو ملائکہ مین سے یہودیون کا دشمن ہی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیات سنائین - قل من کان عدوا لجبریل الآیۃ - اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کی علامات مین سے پہلی علامات یہ ہی کہ ایک آگ پیدا ہوگی جو لوگون کو مشرق سے مغرب کو ہانکے گی اور اہل جنت کا پہلا طعام جگر ماہی کا زائدہ ہی اور جب مرد کی منی عورت کی منی سے سبقت کرتی ہی تو لڑکا مرد کے مشابہ ہوتا ہی اور اگر عورت کی منی سبقت کرتی ہی تو اوسکے مشابہ ہوتی ہی عبد اللہ نے کہا کہ اشہد ان لا الٰہ الا اللہ وانک رسول اللہ پھر عبد اللہ نے عرض کیا یارسول اللہ یہود بہت مفتری قوم ہی اگر وہ لوگ میرے اسلام سے آگاہ ہو جائینگے تو مجھپر بہتان باندھینگے پس آپ پہلے دریافت کر لین اتنے مین یہودی آئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا کہ عبد اللہ بن سلام تم مین کیسا شخص ہی کہنے لگے کہ وہ بہت بہتر ہی اور بہتر کی اولاد ہی اور ہمارا سردار ہی اور ہمارے سردار کا بیٹا ہی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر وہ مسلمان ہو جاوے تو کہنے لگے کہ اللہ تعالے اوسکو اس سے محفوظ رکھے معاذ اللہ وہ کیون مسلمان ہوگا پس عبد اللہ بن سلام اندر سے نکل آئے اور کہنے لگے کہ مین بیشک گواہی دیتا ہون کہ لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ جب یہودیون نے یہ سنا تو کہنے لگے کہ یہ ہم مین بدتر شخص ہی اور بدتر کی اولاد ہی اسکا کچھ اعتبار نہین اور عیوب بیان کرنے لگے عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یارسول اللہ مین اسی بات سے خوف کرتا تھا (رواہ البخاری و مسلم) ابن جریر نے کہا یہ اون علماء کی دلیل ہی جو کہتے ہین کہ یہودیون کے مناظرہ مین آیت نازل ہوئی اور دیگر علماء نے کہا کہ یہ مناظرہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دربارہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واقع ہوا تھا چنانچہ شعبی نے روایت کی کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا کہ مین یہودیون کے مدارس مین جاتا تھا اور تعجب سے سنا کرتا تھا اور مجھے اچھا معلوم ہوتا تھا کہ کس خوبی کے ساتھ توریت تصدیق قرآن کرتی ہی اور قرآن تصدیق توریت کرتا ہی ایک روز اون یہودیون نے مجھسے کہا کہ اے ابن الخطاب آپکے ساتھیون مین آپسے زیادہ کوئی ہمکو محبوب نہین ہی مین نے پوچھا کہ یہ کیون تو کہنے لگے کہ آپ ہمارے پاس آتے ہین اور دوسرے نہین آتے ہین مین نے کہا کہ مین آتا ہون تو مجکو نہایت خوش معلوم ہوتا ہی کہ توریت تصدیق قرآن کرتی ہی اور قرآن تصدیق توریت کرتا ہی اتنے مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا گذر اوس طرف سے ہوا تو یہود مجھسے کہنے لگے کہ اے ابن الخطاب یہ آپ کے صاحب جاتے ہین آپ انسے جاکر ملیے پس مین نے اون یہودیون سے کہا کہ مین تمکو اللہ عزوجل کی قسم دلاتا ہون جسکے سوائے کوئی معبود نہین ہی اور جسنے تمپر رعایت فرمائی اور جسنے تمسے توریت مین عہد لیا ہی بھلا تم یہ جانتے

ہو کہ یہ رسول اللہ ہیں تو اوسکے جواب میں یہ لوگ خاموش ہو رہے پس ان لوگوں میں جو سب سے بڑا عالم تھا اوسنے یہودیوں سے کہا کہ ابن الخطاب نے تمکو بہت سخت قسم دلائی ہے پس چاہیے کہ کچھ اونکو جواب دو تو کہنے لگے کہ آپ ہی ہم سب میں عالم و بزرگ ہیں آپ ہی جواب دیں تو مجھسے کہنے لگا کہ آپنے جب ہمکو ایسی سخت قسم دلائی تو ہم کہتے ہیں کہ بیشک رسول اللہ ہیں تب میں نے کہا کہ جب تم جانتے ہو کہ وہ رسول اللہ ہیں تب اب تم برباد ہو کہنے لگا کہ ہم برباد نہونگے میں نے کہا کہ یہ کیونکر حالانکہ تم جانتے ہو کہ وہ رسول اللہ ہیں پھر پیروی تصدیق نہیں کرتے ہو ضرور تباہ ہوگے تو کہنے لگا کہ ہم اسواسطے تباہ نہونگے کہ ملائکہ میں سے بعضے ہمارے دوست ہیں اور بعضے دشمن ہیں اور ان پیغمبر کے ساتھ ملائکہ میں سے وہ فرشتہ ولی کیا گیا ہے جو ہمارا دشمن ہے تب میں نے پوچھا کہ تمھارا کون فرشتہ دشمن اور کون دوست ہے تو کہنے لگے کہ جبرئیل ہمارا دشمن ہے اور میکائیل ہمارا دوست ہے اور کہنے لگے کہ جبرئیل سخت دل فرشتہ ہے کہ وہ تنگی و تکلیف و عذاب لاتا ہے اور میکائیل نرم دل فرشتہ ہے کہ وہ رحمت و فراخی و آسانی لاتا ہے تو میں نے کہا کہ پروردگار عزوجل کے نزدیک دونوں کا کیا مرتبہ ہے کہنے لگے کہ ایک داہنی طرف ہے اور دوسرا بائیں طرف ہے تو میں نے کہا قسم اوس ذات کی جسکے سوا کوئی معبود نہیں ہے یہ دونوں فرشتے مع اوس پاک عزوجل کے جسکے نزدیک ان دونوں کا مرتبہ ہے سب ہی تو اوسکے دشمن ہونگے جو انمیں سے کسیکا دشمن ہوا اور سب ہی تو اوسکے دوست ہونگے جو انکا دوست ہوا اور جبرئیل سے ایسا نہیں ہو سکتا کہ ایسے شخص کا دوست بنے جو میکائیل کا دشمن ہے اور میکائیل سے یہ نہیں ہو سکتا کہ ایسے شخص کا دوست بنے جو جبرئیل کا دشمن ہے یہ کہکر میں اوٹھا تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جاکر یہ حال بیان کروں پس جب میں آپ کے پاس پہونچا تو آپ بنی فلان کے دروازہ سے باہر آتے تھے پس آپنے مجھسے فرمایا کہ اے ابن الخطاب ابھی چند آیات نازل ہوئیں جو میں تجکو سناؤں پس آپنے سنایا۔ من کان عدوا لجبریل فانہ نزلہ علی قلبک باذن اللہ الآیۃ پس میں رونے لگا اور عرض کیا کہ میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں کہ میں تو آپ سے خبر بیان کرنے آیا تھا حالانکہ میں دیکھتا ہوں کہ حضرت سمیع بصیر عزوجل نے پہلے ہی سے آپ کو آگاہ فرما دیا۔ (وقد رواہ ابن ابی حاتم عن الشعبی وابن جریر وعبد الرزاق عن قتادہ وآدم بن ابی یاس عند وقد رواہ ابن ابی حاتم وابن جریر عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن عمر بن الخطاب رض) امام ابن کثیر رح نے کہا کہ اسمیں نکتہ یہ ہے کہ جو کوئی کسی ولی سے دشمنی کرتا ہے تو اللہ تعالے اوس سے دشمنی فرماتا ہے چنانچہ حدیث ابوہریرہ رض میں آیا کہ اللہ تعالے فرماتا ہے کہ جسنے میری کسی ولی سے دشمنی کی تو اوسنے میرے ساتھ لڑائی کی مبارزت کی (النجاری) چنانچہ جب یہودیوں نے حضرت جبرئیل سے دشمنی کی تو اللہ تعالے نے غضب فرمایا اور قرآن میں یہ آیات نازل فرمائیں جو قیامت تک یہودیوں پر لعنت ہیں ابن ابی حاتم نے کہا کہ مجھسے میرے باپ ابوحاتم نے روایت کی کہ مجھسے احمد بن ابی الحواری نے روایت کی کہ مجھسے عبد العزیز بن عمیر نے روایت کی کہ ملائکہ میں جبرئیل کا نام خادم اللہ ہے احمد نے کہا کہ میں نے اس حدیث کو ابوسلیمان الدارانی سے بیان کیا تو جنبش سے لرزنے لگے اور اونکے سامنے کچھ لکھے ہوئے کاغذ تھے اونکی طرف اشارہ کرکے کہا کہ ہر شے سے مجھے یہ حدیث زیادہ محبوب ہے مترجم کہتا ہے کہ ابوسلیمان دارانی و احمد بن ابی الحواری بھی متصوفین اولیاے معروفین میں سے علماے ثقات ہیں (کما فی التقریب) اور احمد بن ابی الحواری سے صحاح میں روایات ہیں اور واضح ہو کہ سبب نزول کی دونوں روایات میں توفیق یہ ہے کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ مع ایک جماعت صحابہ کے آپ سے پہلے آگئے تھے پھر جب آپ تشریف لائے تو اوسکے قریب سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے یہودیوں کا مباحثہ ہوا اور یہ آیات نازل ہوئیں پھر عبد اللہ بن سلام اوسوقت آئے کہ جب آپ مسجد قبا سے درمیان مدینہ میں آگئے تھے چنانچہ صحیح بخاری کی روایت حضرت انس رضی اللہ عنہ میں جو اوپر مذکور ہوئی ہے کہ آپنے عبد اللہ بن سلام کو یہ آیات سنائی تھیں پھر اوسکے بعد احبار یہود مجتمع ہو کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور مباحثہ پیش کیا جیسا کہ عبد اللہ بن عباس رض کی روایت میں مذکور ہے جو سب سے پہلے گذری فافہم واللہ تعالے اعلم بالصواب

(فائدہ) ابن جریر و طبرانی نے عکرمہ سے اور بخاری نے تعلیقاً روایت کی کہ جبر و میکائیل و اسرافیل و اسرافیل بمعنے بندہ و عبد ہیں اور ایل اسمہ پس

جبرایل ومیکایل وسرافایل واسرائیل بمعنے عبداللہ ہی اور جبریل مین چار قراتین مشہور ہین اول جبرایل وزن سلسبیل بقرارۃ حمزہ وکسائی دوم جبرِیل بروزن تعلیل قرارۃ ابن کثیر ہی سوم جبرِ ل بروزن واصل چہارم باقیون کی قرارۃ جبرئیل بروزن منذیل ہی اور میکال بوزن میعال قرارۃ ابوعمرو اور حفص ہی اور اکثرون کی قرارۃ میکائیل بوزن اسرافیل ہی اور یہ اسماء بوجہ عجمہ ومعرفہ ہونے کے غیر منصرف ہین لیکن اعتراض کیا گیا کہ جب ترکیب مین عبداللہ کے معنے ہین تو منصرف ہونا چاہیے اور جواب یہ کہ یہ عجمی نام ہی اور عبداللہ کی ترکیب عربی ہی۔ (مسئلہ) بعض نے زعم کیا کہ آیت مین ملائکہ کو رسولون سے مقدم کرنے مین ملائکہ کی فضیلت نکلتی ہی جواب نہین بلکہ رسولون سے عداوت بوجہ وحی کے جو ملائکہ لاتے ہین بحکم الٰہی عزوجل پس اسی ترتیب سے ذکر ہوا اور اگر ترتیب بطور فضیلت ہوتی تو جبرئیل ومیکال سے رسول افضل ہوتے اور رسولون سے ملائکہ افضل ہوتے حالانکہ یہ باطل ہی اور لازم آتا کہ اللہ تعالے نے ملائکہ پر اپنی فضیلت کی ترتیب فرمائی حالانکہ ملائکہ وغیرہ کسی مخلوق کو حضرت باری تعالے عزوجل سے کوئی ترتیب نہین ممکن ہی اور تمام تفصیل کلمۃ الحق مین ہی ہم شیخ سیوطی رح نے لکھا کہ جب خیبر کے یہودی ابن صوریا نے جو اون مین بڑا عالم مشہور تھا اور درحقیقت اوسپر غضب الٰہی نازل ہوا تھا وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہنے لگا کہ ہم لوگ خود بڑے عالم ہین اور آپکے پاس کچھ نہین لیجئے جسکی ہم پیروی کرین تو نازل ہوا قولہ تعالے

وَلَقَدْ اَنْزَلْنَا اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ۚ وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۝ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا

اور ہمنے اوتاری تیری طرف آیتین واضح اور نہین منکر ہونگے اونسے مگر وہی جو بیحکم ہین کیا اور جبین بار باندھین گے

عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۭ بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ وَلَمَّا جَاۗءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ

ایک قرار پھینکدیگے اونکا ایک جماعت اون مین بلکہ وہ اکثر یقین نہین کرتے اور جب پہونچا اونکو رسول اللہ کی طرف سے

مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ ۙ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَاۗءَ ظُهُوْرِهِمْ

سچا بتاتا اون پاس والی کو پھینکدی ایک جماعت نے کتاب پانے والون مین کتاب اللہ کی اپنی پیٹھ کے پیچھے

كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰي مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۚ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ

گویا کہ اونکو معلوم نہین اور پیچھے لگے ہین اوسکے جو پڑھتے شیطان سلطنت مین سلیمان کے اور کفر نہین کیا سلیمان نے

وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ ۭ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَي الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ

لیکن شیطانون نے کفر کیا لوگون کو سکھاتے سحر اور اوسکے علم کے جو اوترا دو فرشتون پر بابل مین ہاروت

وَمَارُوْتَ ۭ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ اَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ ۭ فَيَتَعَلَّمُوْنَ

اور ماروت پر اور وہ نہ سکھلاتے کسی کو جب تک نہ کہدیتے کہ ہم تو ہین آزمایش کو سو تو کافر ہو پھر اونسے سیکھتے

مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ ۭ وَمَا هُمْ بِضَاۗرِّيْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۭ

جس چیز سے جدائی ڈالتے ہین مرد مین اور اوسکی عورت مین اور وہ اوس سے بگاڑ نہین سکتے کسی کا بغیر اذن اللہ کے

وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۭ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰىهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ

اور سیکھتے ہین جس سے اونکو نقصان ہی اور نفع نہین اور جان چکے ہین کہ جو کوئی اسکا خریدار ہو اوسکو آخرت مین نہین

مِنْ خَلَاقٍ ۭ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ ۭ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝ وَلَوْ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا

کچھ حصہ اور بہت بری چیز ہی جس پر بیچا اپنی جان کو اگر اونکو سمجھ ہوتی اور اگر وہ یقین لاتے

وَاتَّقَوْا لَمَثُوْبَةٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ خَيْرٌ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ۝

اور تقویٰ کرتے تو ثواب اللہ کے یہاں سے بہتر تھا اگر وہ سمجھ جاتے

امام ابن کثیرؒ نے لکھا کہ اللہ تعالےٰ نے قرآن مجید میں وہ معارف حقائق نازل فرمائے جو اگلی کتابوں میں اوتارے نہ تھے کہ معارف و اسرار الٰہی میں سے احمق یہود یوں نصرانیوں نے جو کچھ اپنی سمجھ کے موافق تحریف کر ڈالا تھا اوسکو اللہ تعالےٰ نے قرآن مجید میں محقق کیا پھر ان معارف سے علاوہ قرآن عظیم کے بلند معارف وہ بیان فرمائے جنسے یہود و نصاریٰ کو کچھ خبر نہ تھی لہذا فرمایا۔ وَلَقَدْ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ بیشک ہمنے تیری جانب آیات واضحات نازل فرمائیں ۔ ف یعنے جنکی معرفت اہل ایمان کے واسطے بہت واضح ہو کہ تیری نبوت صحیح دلیل ہیں کیونکہ جو شخص امی محض ہو کر ایسی آیات لاوے جو لب لباب توریت و انجیل ہو جسکے واسطے مدت دراز تک علمائے یہود و نصاریٰ کوشش کر کے فخر کرتے ہیں حالانکہ ان معارف بلند تک نہیں پہونچتے تو یہ اونکے حق میں قطعی دلیل نبوت تھی جیسے ساحران موسیٰ علیہ السلام کے حق میں معجزۂ عصا قطعی دلیل ہوگیا حالانکہ آیات قرآنی تو صالحین عرب کے واسطے بسبب اعجاز بلاغت کے بلند معارف ہدایت کے قطعی دلیل ہوا پس اس سے کون انکار کر سکتا ہے لہذا فرمایا وَمَا يَكْفُرُ بِهَآ اِلَّا الْفٰسِقُوْنَ ۔ اور ان آیات سے کوئی انکار نہیں کرتا سوائے ایسے لوگوں کے جو فاسق ہیں ف یعنے طاعت الٰہی و ایمان سے خارج ہیں محمد بن اسحٰقؒ نے روایت کی کہ ابن عباسؓ نے کہا کہ ابن صیبا کانی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ آپ ہمارے پاس کوئی ایسی نشانی نہیں لائے جس سے ہم پہچانیں کہ آپ پیغمبر آخر الزمان ہیں تو اللہ تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی اور مالک بن صیف یہودی نے کہا کہ آپ کے بارہ میں کوئی بھی عہد ہمسے توریت میں نہیں لیا گیا ہے پس اللہ تعالےٰ نے نازل فرمایا۔ اَوَكُلَّمَا عٰهَدُوْا عَهْدًا نَّبَذَهٗ فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ ۔ اور کیا ہر بار جب انھوں نے عہد باندھا تو انمیں سے ایک فریق نے اوسکو توڑ دیا ف کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کو خوبی پہچانتے تھے کما قال تعالےٰ ۔ یعرفونہ کما یعرفون ابناءہم ۔ یعنے پیغمبر آخر الزمان کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے خوبی شناخت میں اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں ۔ بلکہ عبداللہ بن سلام رضؓ نے کہا کہ اپنے بیٹے میں مجھے یہ شبہ بھی ہو سکتا ہے کہ شاید اوسکی ماں نے فجور کیا ہو اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شناخت میں مجھے یہ بھی تردد نہیں تھا (البخاری) بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝ بلکہ بہتیرے انمیں سے ایمان ہی نہیں لاتے ہیں ف حسن بصریؒ نے فرمایا کہ نے ایمانوں کی یہی کیفیت ہے کہ آج عہد کرتے اور کل توڑتے ہیں سدیؒ نے کہا کہ اسی سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان نہیں لاتے ہیں مترجم کہتا ہے یعنے توریت کو قرآن کے موافق پایا تو توریت کو چھوڑ دیا پھر قرآن پر بھی ایمان نہیں لاتے ہیں چنانچہ فرمایا وَلَمَّا جَآءَهُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ نَبَذَ فَرِيْقٌ مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ كَاَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ اور جب اونکے پاس اللہ تعالےٰ کی طرف سے ایسا رسول آیا کہ وہ ایسی کتاب کی تصدیق کرتا ہے جو اونکے پاس موجود ہے تو جن لوگوں کو کتاب دیگئی تھی اونمیں سے ایک فریق نے کتاب الٰہی کو اپنے پیٹھوں کے پیچھے ڈال دیا گویا وہ جانتے ہی نہیں ہیں ۔ ف سدیؒ نے فرمایا کہ جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان اہل کتاب پر آئے تو اہل کتاب نے توریت و انجیل کو قرآن مجید سے مقابلہ کیا پس قرآن سے یہ دونوں کتابیں موافق پڑیں تو انھوں نے سابق کتابوں کو بھی چھوڑ دیا یعنے توریت و انجیل کے میثاق و عہود بھلا دیے اور ایسے ہو گئے کہ گویا وہ ان کتب آسمانی و اونکے عہد میثاق کو جانتے ہی نہیں ہیں مترجم کہتا ہے کہ زیادہ تر تحریف نصرانیوں میں پھیل گئی چنانچہ جو شخص انکے حالات و سوانح ایام سے واقف ہے وہ خوبی جانتا ہے کہ ان لوگوں نے قسطنطین کے عہد میں

محض اتفاق رائے سے عقائد کی کتاب اور سلطنت کے قوانین بنائے اور اس سب کی بنیاد اس عقیدہ پر تھی کہ الوہیت ایک معنے ہیں کہ وہ تین اقنوم یعنے عیسیٰ داؤد کی ماں روح القدس سے قائم ہیں اور یہ اول جہالت تھی کہ جسنے بہت بڑی خرابی ڈالی اول تو یہ بمعنی مہمل ہیں دوم اس مہمل کی تمام قوانین جو مبنی ہوے سب مہمل ہوے سوم دین الٰہی بالکل مفقود ہوگیا اور شیطان مسلط ہوگیا اور اپنے مقام پر انشاء اللہ تعالےٰ اسکی توضیح بلیغ آئیگی رہے یہود تو اونمیں اگرچہ تحریف اسقدر شدید نہ تھی لیکن جو تحریف کیگئی اوسنے بنیاد بگاڑدی کہ انھوں نے خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے عہود و مواثیق نکال ڈالے گویا اپنے ایمان کا سر کاٹ دیا اور اس طرح غضب الٰہی میں گرفتار ہوے کہ حق کے بیچ معاند ہوگئے گویا وہ کتاب الٰہی جانتے ہی نہیں تھے۔ وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ ۔ اور اوس چیز کی پیروی کرلی جو ملک سلیمان پر شیاطین پڑھتے تھے۔ ف اور وہ سحر و جادہ تھا چنانچہ آیندہ بیان مترجم سے اسکی تحقیق و توضیح اس طرح ہوگی کہ ہر ذی عقل بخوبی سمجھ جائیگا اور یہاں مقصود آیت قدسی یہ ہے کہ اہل کتاب نے معارف نبوت و کتاب الٰہی کو چھوڑ کر وہ امر اختیار کیا جسکا نتیجہ آخرت میں عذاب شدید ہے اور دنیا میں بھی سوائے خسارت یا فساد کے کوئی فائدہ نہیں حتی کہ اگر اوسکے ذریعہ سے تمام دنیا مل جاتی تو بھی بمقابلہ عذاب آخرت و اتباع شیطان کے بالکل ہیچ و باطل تھی حالانکہ دنیا میں سے بھی بہت ہی خفیف ملا اور وہ بھی نجس و حرام طریقہ سے ملا اسی واسطے اللہ تعالےٰ نے اس قوم احمق کی تشنیع فرمائی کہ اونھوں نے کتاب الٰہی کو چھوڑا اور اتباع حمت و سفالی درجات آخرت و حمت اور مکارم اخلاق و سبیل نورانیت سے منھ موڑا اور بجاے اسکے دو چیزوں کی اتباع کی اول وہ کہ جسکو شیاطین عہد ملک سلیمان پر تلاوت کرتے اور دوم وہ کہ جو بابل میں ملکین پر نازل ہوا تھا پس اول کا بیان یہ ہے جو عوفی نے ابن عباس رض سے روایت کیا کہ اللہ تعالےٰ نے سلیمان علیہ السلام کو جن و انس و حکومت عطا فرمائی اور یہ سلطنت اونکی حیات تک قائم رہی لیکن درمیان میں چند روز کے واسطے اللہ تعالےٰ نے لوگوں کو امتحان میں ڈالا اور سلیمان علیہ السلام کے پاس ایک انگوٹھی تھی اوسمیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکمت عجیبہ تھی پس وہ انگوٹھی چند روز کے واسطے مفقود کیگئی تو اونکی حکومت میں اختلال واقع ہوا اور اس درمیان میں جن و انس کا ایک گروہ متردد ہوکر اپنے نفس کی خواہشوں میں پڑگیا اور شیاطین نے اونکو کلمات سحر سکھلائے پھر جب اللہ تعالےٰ نے سلیمان علیہ السلام کو وہی حکومت عطا فرمائی تو آپ اس قوم کی کتابوں پر مطلع ہوے اور اون سبکو چھین کر اپنے تخت کے نیچے دفن کرادیا لیکن آدمیوں کو یہ حال معلوم نہ تھا پھر جب سلیمان علیہ السلام نے انتقال فرمایا تو شیاطین نے لوگوں کو ان کتابوں پر مطلع کیا جب اونھوں نے کھود کر نکالیں تو شیاطین نے اونسے کہا کہ سلیمان کو یہی کتاب حاصل ہوئی تھی جس سے وہ آدمیوں و جنوں پر حکومت کرتے تھے مترجم کہتا ہے کہ اس بارہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی روایت ثابت نہیں ہوئی تو ابن عباس رض نے ان حکایات و روایات کو بنی اسرائیل سے حاصل کیا ہوگا اور بنی اسرائیل کی روایات اس بارہ میں مختلف ہیں چنانچہ ابن ابی حاتم کی اسناد سے سعید بن جبیر کی روایت اسطرح وارد ہوئی کہ سلیمان علیہ السلام کے وزیر آصف (کہا گیا کہ یہ شخص جن میں سے مرد صالح تھا) اسم اعظم معلوم تھا اور یہ شخص بحکم سلیمان علیہ السلام ہر ایک تحریر لیکھتا اور تخت کے نیچے دفن کردیتا تھا بعد وفات سلیمان علیہ السلام کے شیاطین نے ان تحریرات کو نکالا اور اونکے درمیان میں جادو و کلمات کفر لکھے اور لوگوں سے کہا کہ سلیمان علیہ السلام اسی پر عمل کرتے تھے جب بنی اسرائیل نے وہ کلمات کفر دیکھے تو جاہلوں نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی تکفیر شروع کی اور برہ گوئی کرنے لگے کہ یہ شخص بذریعہ سحر کے ہمپر حاکم ہوا اور ہمکو اس طرح مجبور کر رکھا تھا اور یہودیوں نے یہی سحر سیکھنا شروع کیا اور یہودیوں میں برابر حضرت سلیمان علیہ السلام کی تکفیر جاری رہی بلکہ اونکے باپ داؤد علیہ السلام کو بھی ساحر و کافر کہا کرتے تھے یہانتک کہ اللہ تعالےٰ نے جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا تو جیسے آپ کے ذریعہ سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام و اونکی والدہ مریم رضی اللہ عنہا سے یہودیوں کی بدگوئی

والزام دور کیا اسیطرح حضرت داؤد وسلیمان علیہما السلام بھی یہودیون کا بہتان دور کیا چنانچہ فرمایا۔ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَ لٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ۔ اور سلیمان نے کبھی نہین کفر کیا ولیکن شیاطین نے کفر کیا حالانکہ وہ لوگون کو سحر سکھلاتے تھے۔ ف اگر شیاطین سے ابلیس اوسکی ذریات مراد ہو تو بیان بطریق مقابلہ ہی کیونکہ ابلیس تو پہلے ہی سے کافر ملعون ہی وہ کچھ سحر سکھلانے سے کافر نہین ہوا اگر جو لوگ سلیمان علیہ السلام کی نسبت تکفیر کرتے تھے اونکی تردید مین فرمایا کہ سلیمان نہین کافر ہوا بلکہ شیاطین ہوے جو لوگون کو سحر تعلیم کرتے تھے اور ابن جریر نے سعید بن جبیر کے طریق سے ابن عباس رض سے روایت کی کہ سلیمان علیہ السلام جب بیخایہ جانا چاہتے یا کسی جورو کے پاس جانا چاہتے تو اپنی بی بی جرادہ کو اپنی انگوٹھی دیدیتے تھے پھر جب اللہ تعالے نے سلیمان علیہ السلام کو اوس بلیہ مین مبتلا کرنا چاہا جسمین مبتلا ہوے تھے تو ایسا ہوا کہ ایک دن سلیمان علیہ السلام نے جرادہ کو اپنی انگوٹھی دی پھر سلیمان ع کی صورت مین ایک شیطان آیا اور جرادہ سے وہ انگوٹھی مانگ لی جب اوسنے پہنی تو انس و جن اوسکے مطیع ہو گئے پھر سلیمان علیہ السلام نے آکر اپنی انگوٹھی مانگی تو جرادہ نے کہا کہ تو سلیمان نہین ہی تو جھوٹا ہی پس سلیمان علیہ السلام نے جان لیا کہ یہ ایک امتحان الہی ہی پھر شیاطین نے ان ایام مین سحر و کفر کی کتابین لکھکر تخت سلیمان کے نیچے دفن کردین (پھر آصف کو معلوم ہوا کہ یہ سلیمان نہین ہی چنانچہ اسم اعظم و توریت کی قراءت سے وہ بھاگ کر دریا مین چھپا اور ایک مچھلی کے ذریعہ سے حضرت سلیمان علیہ السلام کو وہ انگوٹھی پھر مل گئی اور بدستور بادشاہ رہکر تریپن برس کی عمر مین انتقال کیا) پھر جب سلیمان علیہ السلام کا انتقال ہو گیا تو شیاطین نے لوگون کو یہ کتب سحر نکلوادین حتی کہ لوگون نے سلیمان علیہ السلام کی تکفیر کرنی شروع کی یہانتک کہ اللہ تعالے نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اور یہ آیت اوتاری جس سے سلیمان علیہ السلام کی برات ہوئی (ابن جریر) مترجم کہتا ہی کہ ان روایات مین تردد ہی اول یہ کہ شیطان بصورت سلیمان کیونکر بن سکتا ہی دوم یہ کہ ہمین یہ مذکور ہی کہ خود شیطان نے تخت کے نیچے سحر کو دفن کیا تھا اور اوپر کی روایت مین معلوم ہوا کہ سلیمان علیہ السلام نے خود اون لوگون کی کتابین دفن فرمائی تھین بہرحال یہودیون کی روایات پر ہمکو اعتماد نہین ہی لیکن اتنا معلوم ہی کہ زمانہ سلیمان علیہ السلام مین شیاطین نے لوگون کو سحر تعلیم کیا تھا اور یہ بات ممکن ہی کہ سلیمان علیہ السلام نے اونکو چھین کر مدفون کر دیا ہو اور امام ابن جریر نے باسناد صحیح عمران بن الحارث سے روایت کی کہ بعد شہادت حضرت علی رض کے ہم لوگ ابن عباس رض کے پاس بیٹھے تھے یعنے جس زمانہ مین حضرت ابن عباس رض طائف مین تھے کہ اتنے مین ایک شخص آیا تو آپنے فرمایا تو کہانسے آتا ہی اوسنے کہا کہ مین عراق سے آتا ہون آپنے فرمایا کہ عراق مین کہانسے آتا ہی اوسنے کہا کہ مین کوفہ سے آتا ہون تو آپ نے پوچھا کہ کیا خبر ہی اوسنے کہا کہ مین لوگون کو اس حال مین چھوڑ آیا ہون کہ اونمین یہ افواہ پھیلی ہوئی ہی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ پھر نکلنے والے ہین یہ سنکر حضرت ابن عباس رض کے چہرے پر ملال و کفر ارتداد کے آثار ظاہر ہوے کہ پھر اوس شخص سے فرمایا کہ ای بے پدر اس بارہ مین تیرا کیا قول ہی اور تجھے یہ سمجھ نہین ہی کہ اگر ہم لوگون کو اس بات کا کچھ شعور ہوتا تو ہم حضرت علی رضی اللہ عنہ کی بیوہ عورتون کو نکاح نکرتے اور نہ اونکی میراث تقسیم کرتے پھر فرمایا کہ ای لوگو مین تمسے اس شیطانی وسوسہ کا بھید بیان کرون کہ شیاطین تلے اوپر زنجیرہ کی طرح لٹک کر آسمان تک جاتے ہین اور وہان چوری سے کان لگاتے ہین (یعنے ملائکہ کے بیانات سنتے ہین) تو کوئی اونمین سے کلمہ حق لے بھاگتا ہی (اور وہ کسی نیک ایمان شخص کے دل مین جو ولی ہونیکا مدعی ہوتا ہی ڈال دیتا ہی) پس جب بات اوس سے تجربہ کر لی جاتی اور سچ ہوتی ہی تو پھر شیطان اسکے ساتھ تین سو جھوٹ ملاتا ہی پس وہ لوگون کے دلون مین سما جاتی ہین یعنے لوگ اس شخص کی سب باتون کو اگرچہ وہ خلاف شرع ہون سچ ماننے لگتے ہین یعنے کہنے لگتے ہین کہ اوسنے فلان بات کیسی سچ کہی تھی بیشک یہ ولی ہی اور جب یہ ولی ہی تو جو کچھ کہتا ہی وہ بھی سب سچ ہی تو عالم لوگ

جن باتون کو کہتے ہین وہی خود غلط کہتے ہونگے چنانچہ سلیمان علیہ السلام کے وقت مین اسیطرح شیاطین نے کیا حتی کہ لوگون نے ذخیرہ جمع کرلیا پھر اللہ تعالے نے سلیمان علیہ السلام کو اطلاع دی تو انھون نے ان کتابون کو لیکر اپنے تخت کے نیچے مدفون کردیا پھر جب سلیمان ع نے وفات پائی تو شیطان رہزن اوٹھ کھڑا ہوا اور لوگون سے کہا کہ بھلا مین تمکو ایسا خزانہ بتلاؤن کہ جسکے مثل کبھی حاصل نہین ہوا ہی پھر تخت کے نیچے سے نکلوایا اور کہا کہ دیکھو یہ سحر ہی پھر برابر اقوام یہود ان کتابون سے نقل کرتے آئے حتی کہ یہ بھی اوسیکا بقیہ ہی جو اہل عراق باہم بیان کرتے ہین یعنے وہی شیطانی کذبہ ہی (رواہ ابن جریر والحاکم) اور اسیکو شیخ سیوطی رح نے اختیار کیا ہی اور مترجم کہتا ہی کہ اہل عراق کا یہ عقیدہ بوجہ عبداللہ بن سبا یہودی کے واقع ہوا جسنے ان باتون سے روافض کو گمراہ کیا ہی کیونکہ عبداللہ بن سبا درحقیقت یہودی تھا جو ظاہر مین عبادت وغیرہ ظاہر کرکے ولی بن بیٹھا تھا اسیواسطے ابن عباس رض نے اس آیت یعنے۔ واتبعوا ما تتلوا الشیاطین۔ سے اشارہ کیا اور اس روایت کی توضیح وہی جو امام ابن کثیر نے سدی رح سے روایت کی کہ زمانہ سلیمان علیہ السلام مین شیاطین اپنے معمول کے موافق آسمان تک چڑھ جاتے اور باتین سننے کے مقامات پر چوری سے بیٹھتے پس زمین مین موت وزندگی وغیرہ کے جو واقعات ہونے والے تھے اونکے بارہ مین ملائکہ کے بیانات سنتے اور وہان سے یہ خبر لاکر اپنے تابعین کاہنون کو بتلا دیتے یعنے جو لوگ ولی ہونے کے مدعی ہوتے تھے حالانکہ درحقیقت امر آخرت سے بے ایمان ہوتے تھے اونکے دل مین ڈالتے پس یہ مدعی اوسکو لوگون سے بیان کرتا تو لوگ ویسا ہی پاتے جیسا اوسنے بیان کیا پس عوام لوگ اونپر غیب دانی کا اعتقاد کرلیتے تھے یعنے اونکے ولی ہونیکا یقین کرلیتے تھے پھر یہ جھوٹے مدعی اس کلمہ حق کے ساتھ سینکڑون باتین سحر وباطل وغیرہ کی جو دین کے خلاف ہین شامل کرلیتے یعنے یہ دروغ باتین بھی شیطان انمین القا کرتا تھا پس لوگ اون باتون کو اپنی بیاضون وکتابون مین لکھ لیتے تھے رفتہ رفتہ بنی اسرائیل مین یہ بات پھیل گئی کہ جن لوگ غیب جانتے ہین جب سلیمان علیہ السلام کو یہ اطلاع ہوئی تو آپ نے ان سب کتابون کو جمع کرکے ایک صندوق مین بند کرکے اپنے تخت کے نیچے دفن کرادیا اور شیاطین مین سے کسیکو یہ طاقت نہ تھی کہ تخت سلیمان علیہ السلام سے قریب ہو ورنہ جل جاتا تھا اور حضرت سلیمان علیہ السلام نے منادی فرمائی کہ اگر مین نے کسیکو سنا کہ وہ یہ بات بیان کرتا ہو کہ شیاطین علم غیب جانتے ہین تو مین اوسکی گردن مارونگا پھر جب سلیمان علیہ السلام نے انتقال فرمایا اور وہ علما بھی جاتے رہے جو سلیمان علیہ السلام کے حکم سے واقف تھے اور اونکے بعد ایسے لوگ پیدا ہوے جنکو علم نہ تھا تو شیاطین نے موقع پایا اور آدمیون کی صورت بنکر لوگون کے پاس آئے اور خاصتہً جاہل فرقہ کو گھیر کر اونسے کہا کہ تم لوگ سلطنت کے امرا ہو اور ہم تمکو ایسا خزانہ بتلاوین کہ جب تک دنیا قائم ہی تم اوسکو کھاتے رہو پس اونھون نے بہت شکر گذاری سے قبول کیا تب اونھون نے بتلایا کہ اس تخت سلیمانی کے نیچے کھودو اور خود ایک کونے مین کھڑا رہا تو اونھون نے کہا کہ تم بھی شریک ہوکر مدد کرو مگر اوسنے سنا نا اور کہا کہ مین یہین رہونگا اور تمھارے سامنے موجود ہون اگر نہ نکلے تو مجھے مار ڈالنا آخر جب اونھون نے وہ تمام مکان ونفیس عمارت ضائع کی تو نیچے سے یہ کتابین برآمد ہوئین پس اس شیطان نے جو انسان صورت تھا لوگون سے کہا کہ سلیمان علیہ السلام اسیکے ذریعہ سے جن وانس وچرند وپرند پر سلطنت کرتے تھے پھر وہ غائب ہوگیا تو لوگون نے جانا کہ یہ شیطان تھا اور یہ بات لوگون مین پھیل گئی کہ سلیمان علیہ السلام جادوگر تھے اور یہ کمبخت اونکو کافر کہنے لگے اور بنو اسرائیل نے ان کتابون کو لیکر سحر وغیرہ کفریات کی پیروی کرلی اور کتاب الٰہی عزوجل سے منھ موڑا یہان تک کہ جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوے تو یہودیون نے مخاصمہ کیا اور کہنے لگے کہ دیکھو یہ تو سلیمان کو انبیاء مین بیان کرتے ہین حالانکہ وہ تو ایک ساحر تھا پس اللہ تعالے نے انکو مردود فرمایا کہ۔ ماکفر سلیمان ولکن الشیاطین کفروا یعلمون الناس السحر۔ ربیع بن انس رحمہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ قوم یہود نے ایک مدت تک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

توریت کے امور مین سے بہت سے امور پوچھے اور جب کوئی بات پوچھتے تو اللہ تعالے اسکا علم تحقیق نازل فرماتا جس سے یہودی بے بہرہ تھے تو آپسمین کہنے لگے کہ بیشک یہ شخص تو ہمسے زیادہ ہمارے علوم کو جانتا ہی پھر ان لوگون نے سحر مین مخاصمہ کیا اور اللہ تعالے نے یہ آیات نازل فرمائین - واتبعوا ما تتلوا الشیاطین الآیہ - اور شیاطین نے ایک کتاب سحر و کہانت وغیرہ کی لکھکر تخت سلیمان علیہ السلام کے نیچے دفن کردی تھی اور سلیمان علیہ السلام کو اس غیب کا علم نہ تھا چنانچہ جب آپنے انتقال فرمایا تو شیاطین نے لوگون سے یہ کتاب نکلوا کر دعوی کیا کہ سلیمان نے اسکے ذریعے سے لوگون پر غلبہ پایا تھا پس یہودیون نے اسکی اتباع کی اور سلیمان علیہ السلام کی تکفیر کیا کرتے تھے یہانتک کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکو آگاہ کیا اور اسیکے مانند حضرت مجاہد و سعید بن جبیر و محمد بن اسحق سے مروی ہی اور ابن جریر نے شہر بن حوشب سے روایت کی کہ سلیمان علیہ السلام کی غیبت مین شیاطین سحر لکھا کرتے تھے چنانچہ اونھون نے ایک کتاب لکھی جسکا عنوان یہ تھا کہ یہ اسرار علم خاص ہین جنکو آصف بن برخیا نے بادشاہ سلیمان بن داؤد کے لیے تحریر کیا پھر اوسمین اس قسم کی باتین لکھین کہ جو شخص ایسا ایسا قصد رکھتا ہو اوسکو چاہیے کہ صبح کو آفتاب کی طرف منھ کرکے اتنی مرتبہ یہ کلمات پڑھے اور جس شخص کی یہ مراد ہو اوسکو چاہیے کہ آفتاب کی طرف پیٹھ کرکے یہ کلمات پڑھے غرضکہ اسی قسم کے کلمات کفر و باطل لکھکر تخت سلیمان علیہ السلام کے نیچے دفن کردیے پھر جب سلیمان علیہ السلام نے انتقال کیا تو ابلیس بصورت آدمی ہوکر لوگون مین کھڑا ہوا اور کہنے لگا کہ تم لوگ خوب یاد رکھو کہ سلیمان کوئی پیغمبر نہ تھا اور تمنے کسی پیغمبر کو نہین سنا کہ وہ بادشاہ ہوا اور اوسکی تسخیر مین جن و انس ہون اور پیغمبر کو دنیا کی بادشاہی سے کیا مطلب ہی بلکہ وہ بہت بڑا ساحر تھا جس سے اوسنے چرند و پرند و جن و انس کو مسخر کرلیا تھا پس تم اس سحر کو سلیمان کے اسباب مین تلاش کرو آخر اونکو تخت کے نیچے کھودنے کی راہ بتلائی پس جب ان لوگون نے تخت کے نیچے کھودا تو ایک کتاب نکلی پس ارکین سلطنت جو حمقا ہوتے ہین کہنے لگے کہ واللہ یہ شخص سچ کہتا تھا یہ تو بیشک جادو ہی اور اسیکی وجہ سے سلیمان نے ہم سبکو مطیع و مقہور کرلیا تھا پس مومنون نے کہا کہ نہین تم جھوٹے ہو بلکہ وہ پیغمبر صادق تھے ولیکن عوام یہودیون نے اسی سحر شیطانی کی اتباع کی یہانتک کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مبعوث ہوے تو یہودیون نے کہنا شروع کیا کہ اس پیغمبر کو دیکھو کہ حق و باطل کو ایک ہی مین ملاتا ہی اور انبیا کے بیان مین سلیمان کا نام لاتا ہی حالانکہ سلیمان تو ایک جادوگر تھا جو اپنے جادو کے زور سے ہوا پر اڑتا پھرتا تھا پس اللہ عز وجل نے یہودیون کو رد فرمایا اور یہ آیات نازل فرمائین اور اسیکے مانند ابن جریر نے ابو مجلز سے اور ابن ابی حاتم نے حسن بصری سے روایت کیا ہی اور حسن بصری نے یہ بھی فرمایا کہ جادو تو حضرت سلیمان علیہ السلام سے پہلے موجود تھا لیکن اسکی اتباع صرف اسیوقت کی گئی شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ صحیح ہی اور مراد یہ ہی کہ سابق مین موسنین عقلا اس سحر سے نفرت کرتے تھے حتی کہ عہد سلیمان علیہ السلام کے بعد سے یہودیون نے باتباع شیطانی اوسکی تتبع و تلاش کی بعض علما نے کہا کہ اسیوجہ سے تم دیکھتے ہو کہ بکثرت یہودیون مین سحر پایا جاتا ہی چنانچہ ایک یہودی خبیث نے جسکا نام لبید بن اعصم تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر سحر کیا چنانچہ صحیحین وغیرہ مین یہ قصہ مفصل مذکور ہی اور اوسکا خلاصہ یہ تھا کہ اوسنے آپکی کنگھی کے بال لیکر گیارہ گرھین دیکر مذکر خرما کے جوف طلع مین رکھا اور بیر ذی اروان سے ایک خرما کا درخت اوگا تھا اوسکے گابھے مین رکھا اور اسکا اثر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر صرف اسقدر ہوتا تھا کہ بعض امور جو آپنے درحقیقت نہین کیے وہ آپکو متخیل ہوتے تھے کہ گویا آپنے کرلیے ہین مثلاً ازواج مطہرات کے پاس نہین گئے مگر متخیل ہوتا تھا کہ گویا گئے ہین یہانتک کہ اللہ تعالے نے بذریعہ ملائکہ کے آپکو آگاہ فرمایا تو آپنے جاکر درخت کے گابھے سے نکالا اور قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس پڑھتے گئے پس اوسکا سحر باطل ہوگیا لیکن آپنے اوس یہودی کو کوئی سزا نہین دی اور تمام حدیث صحاح مین ہی پس یہودیون نے ایک تو اوس سحر کی اتباع کی جو شیاطین نے ملک سلیمان پر پڑھا تھا اور دوم جسکی اتباع کی وہ ہی جو اللہ تعالے نے فرمایا - وما انزل علی الملکین

ببابل هاروت وماروت - اور پیروی کی اوس چیز کی جو دونون فرشتون پر بابل مین اوتاری گئی جنکا نام ہاروت وماروت تھا -
ف اور قرطبی وغیرہ نے کہا کہ یہ معنے اس صورت مین ہین کہ - ما انزل - مین - ما - موصولہ ہو جسکا عطف - ماتتلو الشیاطین - پر ہو لیکن ٹھیک
یہ ہو کہ ما نافیہ ہو اور اسکا عطف - ما کفر سلیمان - پر ہو تو اس صورت مین معنے یہ ہونگے کہ نہین کفر کیا سلیمان نے اور نہین اوتارا گیا جادو ملکین پر و
لیکن شیاطین کفر کرتے پھر لوگون کو سحر سکھلاتے بابل ہاروت وماروت مین اور ابن جریر نے باسناد ضعیف ابن عباسؓ و ربیع بن انس سے روایت کی
کہ - ما انزل علی الملکین - یعنے اللہ تعالے نے سحر نہین اوتارا - اس سے معلوم ہوتا ہو کہ ما نافیہ ہو اور ہاروت وماروت بدل الناس ہو یعنے شیاطین
زمین بابل مین لوگون کو یعنے ہاروت وماروت کو سحر سکھاتے تھے شیخ ابن جریر نے بھی اس تاویل کو نقل کیا شیخ ابن کثیر نے کہا کہ ابن ابی حاتم نے
عطیہ سے روایت کی کہ - ما انزل علی الملکین - یعنے اللہ تعالے نے جبرئیل ومیکائیل پر جادو نہین اوتارا اور ابن ابی حاتم نے عبد الرحمن بن ابزی سے
روایت کی کہ انکی قرارت مین ملکین بکسر لام تھی جسکی تفسیر داؤد وسلیمان ہے یعنے دونون بادشاہون داؤد وسلیمان پر کچھ نہین اوتارا اور ابو العالیہ نے
کہا کہ ان دونون پر سحر نہین اوتارا گیا یعنے یہ دونون ایمان و کفر سمجھاتے تھے پس سحر کفر ہی تو اس کفر سے دونون بہت منع کرتے تھے شیخ ابن جریر نے
بعد اس تاویل بیان کرنے کے اسکو رد کرنا شروع کیا اور کہا کہ ٹھیک یہی ہو کہ ما موصولہ ہو اور معنے یہ ہین کہ بابل مین ہاروت وماروت دونون
بادشاہون پر جو کچھ اوتارا گیا یہودیون نے اوسکی پیروی کی یہ اوس صورت مین کہ ملکین بکسر لام یعنے بادشاہ ہو اور اگر بفتح لام یعنے فرشتہ ہو جیسے
معروف قرارت ہی تو سبیعادی وغیرہ نے محمول کیا کہ یہ دونون بادشاہ بوجہ صلاحیت کے فرشتہ خصلت تھے اور محققین مفسرین انکو حقیقی فرشتہ
کے معنے مین لیا اور کہا کہ درحقیقت یہ دونون فرشتے تھے لیکن جیسا انھون نے دعوی کیا کہ اگر ہم لوگون مین آدمیون کی طرح سے عقل وشہوت ہوتی
تو ہم لوگ نافرمانی نکرتے پس اللہ تعالے نے اپنی قدرت کاملہ سے امتحانا اونکی ماہیت کو بدل دیا جیسے عصاے موسی کی ماہیت بدل کر اژدہا
کر دیجاتی تھی پس وہ فرشتے باعتبار ماہیت سابقہ کے تھے اور شاید بعد گذرنے دنیا کے قیامت مین پھر فرشتے کر دیے جاوین یا آدمی رہین واللہ تعالے
اعلم پس حاصل یہ ہوا کہ یہودیون نے اوس جادو کی بھی اتباع کی جو بابل مین دونون فرشتون ہاروت وماروت پر بغرض امتحان اوتارا گیا تھا پس فرشتون کے
حق مین تو یہ امتحان تھا کہ آدمیون کی طرح فسق وفجور مین مبتلا نہون اور آدمیون کے حق مین یہ امتحان تھا کہ دونون سے جادو نہ سیکھین -
وما یعلمان من احد حتی یقولا انما نحن فتنة فلا تکفر - اور یہ دونون کسیکو بھی نہین سکھلاتے
تھے یہانتک کہ دونون اوس سے کہدیتے کہ ہم تو فتنہ ہین پس تو کفر مت کر کیونکہ اس عالم مین اللہ تعالے نے بعضے اقوال وافعال
مین ایک تعلق خاص رکھا ہی جسکی مزاولت سے خرق عادات ظاہر ہوتے ہین اور جس طرح ملائکہ وشیاطین غیر محسوس ہین اسیطرح یہ تعلقات بھی
غیر محسوس ہین اور اہل سنت سلف وخلف کے نزدیک بالاجماع یہ آثار بعض صورتون مین انسانی موت تک نوبت پہونچاتے ہین اور بعض حالتون مین
صرف نظر بندی ہوتی ہی مثلا نظر آتا ہی کہ جادوگر نے اپنا ہاتھ کاٹ ڈالا یا ماش پھینکے اور وہ بشکل سانپ نظر آنے لگے یا ٹھیکریان ہاتھ مین لین اور وہ
روپیہ واشرفیان نظر آتی ہین چنانچہ انشاء اللہ تعالے توضیح آویگی اور یہ تعلقات جن وشیاطین ہین لیکن ایسے تعلقات کا جاننا بدون تعلیم کے
ناممکن ہی پس اللہ تعالے نے ان فرشتون کو امتحان وفتنہ قرار دیا تھا اور یہ تعلقات اونکو بتلا دیے تھے اور چونکہ ان آثار کا ظہور بعد مناسبت کے
ہوتا ہی لہذا دونون فرشتے بتلا دیتے تھے کہ اپنے قلب کو منکوس بنا مناسبت خبیث مت کر کیونکہ بعد اسکے ایمان سے محروم ہو جائیگا لیکن ان
بختون نے دنیا کے پیچھے ایمان کھونا قبول کیا اور اوسے سیکھنے پر اصرار کیا - فیتعلمون منهما ما یفرقون
به بین المرء وزوجه - پس اون دونون سے یہ لوگ ایسی بات سیکھتے جسکے ذریعہ سے آدمی اور اوسکی جورو مین پھوٹ

والین ف یعنے اس قسم کا جادو سیکھتے تھے جسکے ذریعہ سے شوہر و زوجہ مین لڑائی کراوین اور دونون کو ضرر پہونچاوین جیسے آجکل فحش لوگ کیا کرتے ہین اور یہ اب بھی جاری ہی اور یہ ایک لطیف بھید ہی کہ ان اقوال و افعال کے پیچھے اللہ تعالے یہ اثر پیدا کرتا ہی جیسے محسوسات مین کسی شخص کا گلا دباوے تو اللہ تعالے اوسکا اثر موت پیدا کرتا ہی پس فرق صرف محسوس و غیر محسوس مین ہی ورنہ ہر صورت خالق اللہ عزوجل ہی چنانچہ فرمایا۔ وَمَا هُمْ بِضَارِّينَ بِهِ مِنْ أَحَدٍ إِلَّا بِإِذْنِ اللَّهِ ۔ اور یہ لوگ اسکے ذریعہ سے کسیکو بھی ضرر پہونچانیوالے نہین تھے مگر باجازت الٰہی ف یعنے جیسے عالم محسوسات مین اللہ تعالے نے اپنی خلق کے آثار رکھے ہین اسیطرح ان غیر محسوسات مین بھی اوسکے ارادہ و مشیت سے ہوتا ہی اگرچہ ساحر کو مانند کافر کے یوجہ کفر کے قدرت الٰہی نظر نہ آوے ۔ وَيَتَعَلَّمُونَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ ۔ اور یہ لوگ ایسی چیز سیکھتے جو انکو مضر ہوگی اور کچھ نافع نہوگی ۔ ف کیونکہ شیاطین کی مددگاری ساحر کے ساتھ اسی صورت مین رکھی گئی کہ ساحر و شیاطین مین مناسبت تام ہو جاوے تو ساحر نے طہارت دنیاوی و مکارم اخلاق و کرامت ظاہر و باطن چھوڑکر اور ایمان و عبادت آخرت سے منہ موڑکر اگر ایسی چیز حاصل کی جس سے شوہر و زوجہ مین تفریق کرے تو بخت برباد ہوا اور سوائے ضرر کے کچھ بھی نفع نہوا خصوص جبکہ کتاب الٰہی کو چھوڑکر یہ جہالت اختیار کی ۔ وَلَقَدْ عَلِمُوا لَمَنِ اشْتَرَاهُ مَا لَهُ فِي الْآخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۔ اور خوب جان چکے تھے کہ جسنے ایمان دیکر اس کفر کو خریدا اوسکے لیے آخرت مین کوئی حصہ نہین ہی ۔ ف لہذا امام الحرمین نے کہا کہ سحر اوسکے ہاتھ سے ظاہر ہوگا جو پلید فاسق ہو اور اوسکے ہاتھ سے جو خرق عادت ظاہر ہو وہ از قبیل سحر ہی اور امام مالک ایک جماعت نے فرمایا کہ سحر کفر و ساحر کافر ہی اور خطیب نے کہا کہ امام احمد کے نزدیک بھی مطلقا یہی حکم ہی اور امام شافعی کے نزدیک اگر اوسکو حلال جانے یا اوسمین کوئی ایسا قول یا فعل اعتقاد کرنا پڑے جو کفر ہی تو کفر ہی اور حنفیہ کے نزدیک فتح القدیر مین مذکور ہی کہ سحر سیکھنے یا کرنے سے ساحر کی تکفیر کیجاے خواہ وہ اوسکے حرام ہونیکا معتقد ہو یا نہو اور وہ قتل کیا جاوے اور مدارک مین شیخ ابو منصور ماتریدی سے منقول ہی کہ اگر ایسا سحر کرے کہ اوسمین شرط ایمان سے جو چیز لازم آوے اوسکی تردید ہو تو کفر ہی ورنہ نہین اور خانیہ مین ہی کہ اگر ساحر اوسکو تجربہ کے واسطے عمل مین لاوے معتقد نہو تو تکفیر نہوگی رہا قتل کردینا بالاجماع واجب ہی یہ تو سزاے دنیاوی ہی اور آخرت کی بربادی ظاہر ہی ۔ وَلَبِئْسَمَا شَرَوْا بِهِ أَنْفُسَهُمْ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۔ اور جس چیز کے عوض انھون نے اپنے نفوس کو خریدا وہ بہت بری ہی کاش یہ لوگ جانتے ہوتے ۔ ف کہ بہت برا سودا کرتے ہین ۔ وَلَوْ أَنَّهُمْ آمَنُوا وَاتَّقَوْا لَمَثُوبَةٌ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ خَيْرٌ لَوْ كَانُوا يَعْلَمُونَ ۔ اور اگر یہ لوگ ایمان لاتے اور تقوی حاصل کرتے تو بیشک اللہ تعالے کی طرف سے ثواب بہت بہتر تھا کاش یہ لوگ اسکو جانتے ہوتے ۔ ف اور حدیث ابن مسعود مین وارد ہی کہ جو شخص کسی کاہن یا ساحر کے پاس آیا یا اوسکے قول کی تصدیق کی تو اوسنے قرآن مجید سے کفر کیا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اوتارا گیا ہی (الحاکم و البزار باسناد صحیح) حدیث عمران بن حصین رض مین ہی کہ جسنے تطیر کیا یا اپنے لیے تطیر کرایا یا کاہن کے پاس گیا یا اپنے لیے بھیجا یا سحر کیا یا کرایا یا گرہ باندھی یا کاہن کے پاس جاکر اوسکے قول کی تصدیق کی تو جو کچھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اوتارا گیا اوس سے منکر ہوگیا (البزار) صفوان بن سلیم سے مرسل روایت ہی کہ جسنے تھوڑا یا بہت سحر سیکھا تو اللہ تعالے سے جدا ہونے کا آخری وقت ہی (عبد الرزاق) کاہن وہ ہی جو ستارہ وغیرہ سے آیندہ زمانہ مین ہونے والی بات جاننے کا دعوی کرتا ہی پس اسکی بعضی صورتین کفر ہین ورنہ حرام ہونے مین کچھ تامل نہین اور اوسکی اجرت حرام ہی (کمافی الصحیح) اور نجوم وہ ہی جو خاص کر ستارون ہی کے ذریعہ سے غیب دانی کا دعوی کیا جاوے اور رمل یا کنکریان یا جو یا دیگر شعبدہ بھی اسی حکم مین ہی جبکہ اسکے ذریعہ سے غیب کا دعوی ہو اور اوسکی اجرت بھی حرام ہی جیسا کہ روضۂ نووی اور اشباہ مین

ہی اور رہا حیلہ گروشعبدہ باز جو ہاتھ کی چالاکی یا دواؤن کے ذریعہ سے کرشمہ کرتے ہین بیضاوی نے کہا کہ اسکو سحر کہنا مجاز ہی اور وہ مذموم نہین
ہی مترجم کہتا ہی کہ شاید بیضاوی کا یہ مطلب ہی کہ وہ سحر کے برابر مذموم نہین ہی کیونکہ امام نووی وغیرہ نے تصریح کردی کہ یہ بھی حرام ہی اور لکھا کہ مال کی جہالت سے دھوکا نہ کھانا چاہیے
اگرچہ بظاہر وہ اہل علم مین سے کہلاتا ہو اور یہ جو حدیث مین آیا کہ انبیاء مین سے ایک پیغمبر خط کھینچتا تھا تو جسکا خط اوسکے موافق ہو تو ٹھیک ہی اس حدیث سے جواز ثابت نہین
ہوتا کیونکہ اوسکے خط سے موافقت معلوم ہونا محال ہی تو حدیث مین تعلیق بمحال ہوئی جیسے کہا جاوے کہ اگر فرشتہ ہوجاوے تو اوسکو اڑکر پورہ روزہ رکھنا
جائز ہی اور مترجم نے مقدمہ عین الہدایہ کے عقائد مین یہ مسئلہ مفصل لکھا۔ ان آیات سے معلوم ہوا کہ یہودیون نے انبیاء علیہم السلام کی کتابون توریت
وزبور کو جزودان مین بند کرکے بالاے طاق رکھدیا جیسے ہمارے زمانہ مین لوگ قرآن شریف واحادیث سے ایسا ہی برتاؤ کرتے ہین اور اوس شیطانی
جادو کے پیچھے پڑے جو شیاطین نے عہد سلطنت سلیمان علیہ السلام مین سکھلایا یا جو بابل کے ملکین سے سیکھا گیا جیسے ہمارے زمانہ مین لوگ علمیات
بے معلوم بلکہ شیطانی جادو سیکھا کرتے ہین قولہ تعالے ولکن الشیاطین کفروا محتمل ہی کہ شیاطین حقیقی مراد ہون یعنے سلیمان علیہ السلام سحر سے
پاک تھے اور یہودیون کا دعوی غلط ہی بلکہ شیاطین ہی کے کفر کی یہ حرکت تھی اور محتمل ہی کہ شیاطین حقیقی مع شیطان خصلت آدمیون کے جو شیاطین
الانس کہلاتے ہین دونون مراد ہون کیونکہ جن آدمیون نے سیکھایا یہ بھی لوگون کو سکھلاتے تھے اور بابل ایک مقام ہی جسکی تعیین مین اختلاف
واقع ہوا بعض نے کہا کہ مراد مغرب ہی ہین کہتا ہون کہ بلاد یورپ مین جادو کے خیالات بکثرت جاری تھے بعض نے کہا کہ نصیبین اور بعض نے کہا کہ
نہاوند اور بعض نے کہا کہ کوہ دماوند اور سابق روایت ابن عباس رض وقول ابن مسعود رض سے ظاہر ہوتا ہی کہ زمین کوفہ ہی اور بعض نے کہا کہ سواد عراق
مین ایک شہر ہی شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ بابل عراق مراد ہی کیونکہ حضرت علی رض کا گذر بابل سے ہوا تو موذن نے اذان عصر کی اجازت چاہی تو
آپ نے اجازت ندی یہانتک کہ وہان سے نکل گئے تب اجازت دی اور بعد نماز کے فرمایا کہ مجھے میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا
کہ زمین مقبرہ مین نماز پڑھون اور مجھے منع فرمایا کہ زمین بابل مین نماز پڑھون کیونکہ وہ زمین ملعونہ ہی (رواہ ابوداؤد وابن ابی حاتم) اور ابوداؤد
نے بعد روایت کے سکوت کیا تو معلوم ہوا کہ یہ حدیث حسن ہی اور اوسمین نماز مکروہ ہی جیسے قوم ثمود کی بستی مین مکروہ ہی جہان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے صحابہ رضی اللہ عنہم کو منع فرمایا کہ تم لوگ اس قوم معذبین کے وہان مت جاؤ الا اس حالت سے کہ تم اللہ عزوجل کے خوف سے
روتے ہوے ہو کیونکہ اللہ تعالے غنی حمید ہی وہ کچھ پروا نہین کرتا ہی چنانچہ گیارھوین پارہ مین غزوہ تبوک کی تفصیل مین انشاء اللہ تعالی آویگا
شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ علماے ہیئت کے نزدیک بابل کی بلندی بحر اقیانوس یا بحر ظلمات سے ۱۱۳۱ گز
درجہ ہی واللہ تعالے اعلم خطیب وغیرہ نے لکھا کہ بابل اسکا نام اسوجہ سے ہوا کہ نمرود ملعون نے جب علیہ السلام سے خوف کھایا اور دیکھا کہ آگ
سے وہ نکلا ایک روپان بھی نہین جلا یا تو آیندہ ابراہیم علیہ السلام کے ساتھ تعرض کرنے سے دل مین دہشت بیٹھ گئی اور اوسنے دیکھا
کہ ایسی حالت مین لوگ خواہ مخواہ دین ابراہیم کے جانب رجوع کرینگے تو فرعون کی طرح علیہ بازی کی کہ ایک مکان بلند بناؤ جسپر چڑھکر
آلہ ابراہیم سے مقابلہ کرون تاکہ اس حیلہ سے لوگون کو ایک مدت غیر محدود تک دین حنیف سے روکے اور اوسنے بیابان بابل کو مکان کے واسطے
منتخب کیا اور اس لاٹ کے بلند بنانے مین ایک مانہ دراز گذرا اگرچہ وہ کئی کوس تک بلند ہوگئی لیکن اوسکو آسمان سے کیا مناسبت تھی ناگاہ
حق عزوجل نے اوسپر بجلی گرائی جسکے صدمہ سے معمارون کے کلیجے پھٹ گئے اور کوسون کے فاصلہ پر جو آبادیان واقع تھین اونکے دماغون مین
اسقدر صدمہ پہونچا کہ زبانین بلبلانے لگین اور آیندہ مزدور مفقود ہوگئے کیونکہ ایک دوسرے کی بولی نہین سمجھتا تھا اسی سبب سے بابل وبکا
نام ہوا اور یہان احمق یہودیون نے یہ روایت گڑھی کہ اللہ تعالے نے اونکی زبانون مین فرق ڈال دیا تاکہ ایسا نہ ہو کہ یہ لوگ اس بلندی پر چڑھکر

اللہ تعالےٰ کے بھید سے واقف ہو جاوین حتی کہ اونھون نے اسکو اپنی کتاب مین درج کر دیا بلکہ اونھین کے قدم بقدم نصرانیون نے بھی اپنی کتابون مین لکھ لیا پس ان مجسمہ فرقون کو دیکھو جنکو معرفت الٰہی سے کچھ بھی حصہ نہین ہی اور نور عقلی اگر کم تھا تو باریک سمجھ بھی نہین ہی کہ فلاسفہ سا تھین کے مانند حواس ہی کی کوئی باریک بات کہتے بلکہ محسوس و موٹی و بھدی باتین کہتے ہین اور چونکہ زیادہ سمجھ نہین ہی اسیوجہ سے باریک باتون سے انکار کرتے ہین اسیواسطے اس مانہ مین ان لوگون نے عموماً یہ فتنہ پھیلایا کہ سحر کوئی چیز نہین ہی اور اس خیال مین بہت سے احمق مبتلا ہو گئے اور عنقریب اس بارہ مین تحقیق لطیف آویگی ۔ (تفسیر قولہ وما انزل علی الملکین ببابل الخ) پہلے اشارہ گذرا کہ اس کلمہ کی تفسیر مین وجوہ اختلاف بربناے اعراب کلام ہین ۔ اول عطف ما انزل ۔ یا تو ۔ ما تتلوا الشیاطین ۔ پر ہی یا ۔ ما کفر سلیمان ۔ پر ہی ۔ اور ملکین بفتح لام بمعنی فرشتہ یا بکسر لام بمعنی بادشاہ ہی اور قوی وجوہ مین سے اگر عطف ما کفر سلیمان پر ہو تو یہ معنے ہوے کہ ان لوگون نے کتاب الٰہی کو بالاے طاق چھوڑکر اعراض کیا اور اس سحر کی اتباع کی جو عہد سلطنت سلیمان علیہ السلام مین شیاطین خفیہ طور سے لوگون کو پڑھاتے اور اوسکی صورت یہ تھی کہ شیاطین آسمان کی بلندی پر چڑھکر ملائکہ کی باتون مین سے آیندہ واقعات سن بھاگتے اور یہ شان الٰہی عزوجل اپنی مخلوقات پر بروجہ امتحان جاری ہی ورنہ کفر و شرک و شیطان کا وجود ہی باقی نہ رکھتا اور یہ مسئلہ مکرر بتوضیح گذر چکا ہی لہذا شیاطین بھی سن بھاگتے اور آدمی بد باطن کے دل مین جو در واقع متبع شیطان ہوتا ہی یہ واقعہ القا کرتے چنانچہ جب اسکے کہنے کے موافق واقع ہوتا تو یہ لوگ اسکی کرامت کے قائل ہو جاتے اور اس حیلہ سے شیطان اسکی زبان سے بہت سے باطل و کفر و شرک کے رقیہ و سحر پھیلاتا اور چونکہ عوام کو اسکی کرامت کا اعتقاد تھا خصوص قوم یہود وغیرہ حمقاء بہت جلد ان باتون کو جو خلاف توحید و عقائد حقہ تھین قبول کر لیتے کیونکہ یہ لوگ تو کتاب الٰہی عزوجل کو بالاے طاق ہی چھوڑ بیٹھے اور ذوق توحید و علم کتاب سے پہلے ہی محروم ہو چکے تھے اور جو کوئی عالم باقی بھی رہا وہ بشدت مغلوب و مقہور کیا جاتا اسواسطے کہ ان جہال نے تو ولی کے ذریعہ سے شیطانی دام مین قدم رکھا تھا تو عالم کو اسواسطے دشمن بناتے کہ وہ اولیاء سے منکر ہی اور خود جہالت کفر سے ولی و شیطان مین فرق نہین کر سکتے تھے اور خوب معلوم ہی کہ اپنی اٹکل سے جب آدمی ساحر و نظر بند کے کرشمہ مین متحیر ہوتا ہی تو بھلا شیطان کے کرشمہ مین جو اس آدمی کے ذریعہ سے ظاہر کرے کیونکر امتیاز کریگا اور اللہ تعالےٰ نے مومنون کو جعل المتین کے ذریعہ سے امتیاز بتلایا تھا یعنے جانچ لو کہ وہ راہ مستقیم شریعت پر اگر مستقیم پاؤ تو وہ مرد صالح ہی اگرچہ وہ کرشمہ نہ دکھلاوے اور اگر اس سے خارج ہو تو گمراہ ہی اگرچہ ہزار کرشمہ دکھلاوے لیکن ان جاہلون نے جب شرع قویم سے اور کتاب الٰہی عزوجل سے منہ موڑا تو کیونکر جانین خصوص جبکہ بجاے علم توحید کے یہ عقیدہ انھین جم گیا کہ علم درویشی وہ علم ہی کہ کتاب الٰہی و سنت پیغمبر سے باہر ہو وہ فقط سینہ بسینہ ہی ۔ اب غور کرو کہ اس جہالت و گمراہی کا کیونکر انسداد ہو کہ حق عزوجل و پیغمبر صادق و اصحاب و تابعین رضی اللہ عنہم نے تو کمال اہتمام سے مؤکد فرمایا کہ کتاب الٰہی عین ہدایت ہی اسکو مضبوط پکڑے رہو کبھی گمراہ نہوگے لیکن انھون نے بالکل برعکس اعتقاد کیا کما قال تعالےٰ ۔ ولما جاءہم رسول من عند اللہ مصدق لما معھم نبذ فریق من الذین اوتوا الکتاب کتاب اللہ وراء ظھورہم کانھم لا یعلمون و اتبعوا ما تتلوا الشیاطین علی ملک سلیمان ۔ پس ان لوگون نے ہر طرح کے وساوس شیطانی سے آخر یہی کیا کہ کتاب الٰہی کو چھوڑا و منہ موڑا اور ایک آدمی کو اپنی پہچان سے لی بناکر اسکے وہ اقوال قبول کیے جو خلاف کتاب و سنت تھے اور وہ در حقیقت شیطانی تلاوت اس شخص کے قلب پر تھی ۔ اور اسکا انجام تریہ ہوتا ہی کہ اللہ تعالےٰ و اسکے رسول سے منکر ہو جاتا ہی چنانچہ یہود یون کو شیطان نے پڑھایا کہ سلیمان ساحر تھا پس اللہ تعالےٰ نے رد فرمایا کہ ۔ کفر سلیمان ۔ اور ۔ ما انزل علی الملکین ۔ یعنے نہ پیغمبر پر سحر نازل ہوا اور نہ ملائکہ جبرئیل و میکائیل پر نازل ہوا یہ تقریر بنا بر عطف دوم ہی اور اگر عطف اول ہو تو معنے یہ ہین کہ انھون نے کتاب الٰہی عزوجل کو چھوڑکر اوس جادو کی اتباع کی جو شیاطین نے عہد سلیمان مین لوگون کو سکھایا

اور جو انھون نے بابل کے ملکین ہاروت و ماروت سے سیکھا - ملکین - اگر یکسر لام بمعنی فی و بادشاہ ہو چنانچہ ابن عباسؓ کی روایت ہی کہ وہ دو جادوگر تھے اور اگر ملکین - بفتح لام بمعنے دو فرشتہ ہو تو محتمل ہی کہ اونھین دونون بادشاہون کو بوجہ ذاتی تقوی و پرہیزگاری کے فرشتہ کہدیا اور محتمل ہی کہ درحقیقت یہ دونون آسمانی فرشتہ ہون جو امتحان کے واسطے ماہیت انسانی مین بدل دیے گئے ہون اور یہ اللہ تعالے کی قدرت پر بھی آسان ہی جیسے عصاے موسی علیہ السلام کسی وقت اژدہا کر دیا جاتا تھا پھر بدل کر لکڑی کا عصا کر دیا جاتا تھا اور چونکہ ان دونون فرشتون کو بابل مین ماہیت بدلنے کے بعد بادشاہت کی حالت مین رکھا گیا تھا اسیواسطے اونکو دو بادشاہ کہا گیا اور چونکہ ماہیت بدلنے کے بعد وہ دونون انسانی خلقت مین جدا جدا کیے گئے تھے یعنے اونکو حکم دیا گیا تھا کہ جو کوئی سیکھے اوسکو جادو سکھلاوین لیکن پہلے بہت منع کرین کہ یہ فتنہ ہی اور تو سیکھنے سے کافر ہو جائیگا اور یہی قول ٹھیک معلوم ہوتا ہی واللہ تعالے اعلم لیکن بیضاوی رح نے کہا کہ یہ جو روایت آئی کہ ہاروت و ماروت دو فرشتے تھے کہ اللہ تعالے کی طرف سے امتحان کے لیے سحر سکھلانے کے لیے اتارے گئے تھے اور دونون مثل آدمی کے کر دیے گئے اور اونمین شہوت مرکب کر دی گئی پس انھون نے ایک عورت زہرہ سے تعرض کیا جسنے اونکو گناہون اور شرک پر برانگیختہ کیا اور خود اونکی تعلیم سے آسمان پر جا کر مسخ ہو کر ستارہ ہو گئی، بیضاوی نے کہا کہ یہ یہودیون کی حکایات ہین اور ظاہر اسکو اگلون نے اسکو بطور رمز بیان کیا ہی، شیخ الاسلام زکریا نے کہا کہ رمز سے یہ مراد ہی کہ عقل و نفس مطمئنہ دو فرشتے ہین اور زہرہ نفس امارہ ہی اور آسمان کا چڑھنا اوسکی موت ہی مترجم کہتا ہی کہ یہ تاویل ضعیف ہی بلکہ شیخ محی الدین بن عربی نے فرمایا کہ جسم انسانی مین اسکی تاویل یہ ہی کہ عقل نظری و عقل عملی دو قوت ملکیہ ہین جو نفس ناطقہ جسمانی سے متعرض ہو کر سینہ کی چاہ تاریک مین قید ہین اور بمقتضاے طبیعت دونون نے گناہ و شرک کی جانب میل کیا لیکن نفس ناطقہ نے اونسے نصیحت حاصل کر کے مبدا اعلی یعنے عقل کلی کی جانب رجوع کیا مترجم کہتا ہی کہ یہ تاویل معقول ہی اور اس سے یہ لازم نہین آتا کہ یہ آیت قدسی کی تفسیر ہی امام بغوی و بیضاوی کا معتمد یہی معلوم ہوتا ہی کہ ہاروت و ماروت دو آدمی متقی و پرہیزگار فرشتہ خصلت تھے جو امتحانًا جادو سکھلانے کے واسطے متعین ہوے اور جادو اونکو الہام کیا گیا لیکن شیخ ابن حجر رح نے فرمایا کہ یہ قصہ متعدد طرق سے مسند احمد و صحیح ابن حبان و سنن بیہقی وغیرہ مین مرفوع ہی اور حضرت علی و ابن مسعود و ابن عباس وغیرہم سے باسانید صحیحہ مروی ہی، شیخ سیوطی رح نے کہا مین نے اس قصہ کو علیحدہ رسالہ مین لکھا ہی اور بیضاوی نے جو اسکو رمز پر محمول کیا تو شاید ان روایات پر وقوف نہین ہوا تو اسکو مستبعد خیال کیا مترجم کہتا ہی کہ بعید خیال کرنے کی وجہ یہ ہی کہ اگر فرشتہ معصوم نہو تو انبیاء علیہم السلام پر جو کچھ وحی لاتا ہی اوس سے اعتماد اوٹھ جاوے لیکن بیضاوی رح نے اچھی طرح غور نہین کیا کیونکہ اصل قصہ کا حاصل یہ ہی کہ ملائکہ نے بنی آدم کے گناہون پر طعن کیا اور بمقتضاے شہوت سے اونکو معذور نہین رکھا پس اللہ تعالے نے امتحانًا انمین سے دو فرشتون کی ماہیت بدل دی پس جب اونکی ماہیت بدل گئی تو وہ فرشتے کے حکم مین باقی نہین رہے پس کوئی وجہ اعتراض نہین ہی مترجم کہتا ہی کہ اس زمانہ مین جو احمق معترض ہوتے ہین وہ دو طرح پر معترض ہین اول یہ کہ جادو کوئی چیز نہین ہی دوم یہ کہ بابل مین تلاش کرنے سے ان دونون فرشتون کا وجود نہین ملتا ہی اور یہ دونون امر دلیل ہین کہ اعتراض کرنے والے محض جاہل ہین چنانچہ پہلے اس بارہ مین روایات سلف ذکر کرنے کے بعد انشاء اللہ تعالے کلام آویگا اور حق اس مقام پر یہ ہی کہ جو شخص عقل و فطنت رکھتا ہو اگر سمجھ جائے تو بہتر ہی ورنہ آیات آلہی عزوجل سے منکر ہو کر کافر بنے چنانچہ قاسم بن محمد رح نے فرمایا کہ خدا یہ دونون ہاروت و ماروت دو شخص ہون یا وہ فرشتے ہون جو سحر کی تعلیم کرتے تھے بہرحال مین اپنے رب عزوجل کے کلام پر ایمان لایا ہون (رواہ ابن جریر) شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ بہت سے علماے سلف کا مذہب یہ ہی کہ یہ دونون درحقیقت آسمانی دو فرشتے تھے جو زمین مین اتارے گئے تھے - (ذکر احادیث و آثار) عبداللہ بن عمرؓ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے

کہ جب اللہ تعالےٰ نے آدمؑ کو زمین میں اتارا تو ملائکہ نے کہا کہ آپکی تو زمین میں ایسے شخص کو خلیفہ بناویگا جو زمین میں فساد و خونریزی کرے حالانکہ ہم لوگ تیری تسبیح کرتے ہیں تو اللہ تعالےٰ نے فرمایا جو میں جانتا ہوں وہ تم نہیں جانتے ہو ملائکہ نے کہا کہ بنی آدم سے ہم زیادہ مطیع ہیں تو اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ اچھا تم اپنوں میں سے دو فرشتے منتخب کرو جنکو ہم زمین پر اوتارین پھر دیکھو کیسی حرکات کرتے ہیں تو انھوں نے ہاروت و ماروت کو منتخب کیا پس یہ دونوں زمین پر اوتارے گئے اور ایک عورت زہرہ نہایت خوبصورت انکے واسطے تمثل ہوئی پس ان دونوں نے اوسکی درخواست کی تو اوسنے انکار کیا مگر ایک شرط سے کہ وہ عورت جو شرک کرتی تھی وہی کلمہ کہیں لیکن دونوں نے کلمہ شرک سے انکار کیا اوسنے کہا کہ پھر سوا کی بھی کوئی صورت نہیں ہے پھر چند روز کے بعد ایک لڑکا ساتھ لیے ہوئے آئی تو پھر ان دونوں نے اوس سے درخواست کی اوسنے کہا کہ یہ کیونکر ہو سکتا ہے جب تک کہ تم اس لڑکے کو قتل نکرو مگر ان دونوں نے اوسکے قتل سے انکار کیا پھر وہ اس لڑکے کے ساتھ واپس چلی گئی پھر ایک مدت کے بعد آئی اور وہ لڑکا بھی مع شراب کے اوسکے ساتھ تھا پھر ان دونوں نے اوس سے درخواست کی تو اوسنے کہا کہ یہ نہیں ہو سکتا یہانتک کہ تم شراب پیو تو ان دونوں نے شراب کو آسان سمجھکر پی لیا اور نشہ کی حالت میں اس عورت سے اختلاط کیا پھر فضیحت سے خوفناک ہو کر اوس لڑکے کو قتل کر ڈالا پھر جب ہوش میں آئے تو عورت نے کہا کہ تمنے آخر اوس لڑکے کو قتل کیا اور جس سے انکار کیا تھا وہی پیش آیا پھر اللہ تعالےٰ نے ان دونوں فرشتوں کو عذاب دنیا و عذاب آخرت میں مختار کیا تو ان دونوں نے عذاب دنیا اختیار کر لیا (رواہ احمد و ابن حبان فی صحیحہ) شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ اسکی اسناد کے سب راوی ثقات ہیں سوائے موسیٰ بن جبیر کے کہ وہ البتہ مستور الحال ہے اور اس روایت میں منفرد ہے لیکن ابن مردویہ نے موسیٰ بن مرجبس سے اوسکی متابعت روایت کی مترجم کہتا ہے کہ تقریب میں اسکو بھی مستور الحال لکھا ہے اور ابن جریر نے سعید بن داؤد کے طریق سے نافع سے روایت کی کہ میں سفر میں ابن عمرؓ کے ساتھ تھا ایک روز رات میں مجھسے دو تین مرتبہ پوچھا کہ ستارہ حمراء نکلا یا نہیں میں نے کہا کہ نہیں پھر جب نکل آیا تو میں نے کہا کہ وہ ستارہ نکل آیا تو آپنے فرمایا کہ لا مرحبا بہ ولا اہلا تو میں نے عرض کیا کہ سبحان اللہ آپ ستارہ کے حق میں ایسا فرماتے ہیں تو اپنے ربّ عزوجل کا سامع و مطیع ہے ابن عمرؓ نے کہا کہ میں نے تو وہی کہا ہے جو آنحضرت صلعم سے سنا ہے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ ملائکہ نے اپنے رب عزوجل سے عرض کیا کہ اے پروردگار تو بنی آدم کی خطاؤں پر تحمل فرماتا ہے اور انکو عذاب نہیں فرماتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ میں نے انکو امتحان میں مبتلا کیا ہے اور تمکو عافیت دی ہے ملائکہ نے عرض کیا کہ اگر ہم اونکی جگہ ہوتے تو تیری نافرمانی نکرتے اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ اچھا تم اپنوں میں سے دو فرشتے اختیار کر دو پس انھوں نے بہت کوشش سے ہاروت و ماروت کو چھانٹا۔ مترجم کہتا ہے کہ اس روایت میں سعید بن داؤد صاحب تفسیر میں کلام کیا گیا ہے۔ شیخ ابن کثیرؒ نے کہا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ روایت عبداللہ بن عمرؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں بلکہ کعب احبار سے لی ہے چنانچہ عبدالرزاق نے اپنی تفسیر میں بجائے نافع کے سالم بن عبداللہ ابن عمرؓ سے روایت کی کہ میرے باپ نے کعب احبار سے روایت کی کہ ملائکہ نے اللہ تعالےٰ کے حضور میں بنی آدم کے گناہوں کی مذمت کی تو اوسنے کہا گیا کہ تم اپنوں میں سے دو فرشتوں کو چھانٹو پس انھوں نے ہاروت و ماروت کو چھانٹا اور اللہ تعالیٰ نے دونوں کو حکم دیا کہ تم کچھ شرک نہ کیجیو اور نہ زنا کیجیو اور نہ شراب پیجیو اور فرمایا کہ آدمیوں کے پاس میں رسول بھیجتا ہوں اور میرے تمہارے درمیان میں کوئی رسول نہیں ہے کعب نے کہا کہ جس دن دونوں اوتارے گئے تھے واللہ اوس دن شام نہیں ہونے پائی تھی کہ انھوں نے وہ کام پورے کیے جنسے منع کیے گئے تھے (ورواہ ابن جریر و ابن ابی حاتم) اور اوسکی اسناد اصح و اثبت ہے اور اوسکے سب راوی صحیح بخاری کے راوی ہیں اور نافع کی بہ نسبت سالم خود زیادہ اثبت ہیں تو معلوم ہوا کہ اس روایت کا مدار کعب احبار پر ہے جو حضرت عمرؓ کے ہاتھ پر ایمان لائے اور سابق میں علمائے یہود میں سے بہت بڑے عالم تھے اور کعب احبار بلاشک اس قصہ کو کتب یہود سے نقل کیا پھر شیخ ابن کثیرؒ نے آثار نقل فرمائے چنانچہ ابن جریر نے باسناد جید حضرت علی رضؓ سے روایت کی

کہ زہرہ ایک خوبصورت عورت فارسی تھی جسنے ملکین ہاروت و ماروت کی حضور مین اپنا مخاصمہ پیش کیا یعنے کسی معاملہ مین نالش کی پس
ان دونون نے اوسکی خوبصورتی پر عاشق ہوکر وصال کی درخواست کی تو اوسنے انکار کیا مگر اس شرط سے کہ اوسکو وہ بات سکھلاوین جسکے
کہنے سے آسمان پر چڑھ سکے تو ان دونون نے اوسکو یہ کلام سکھلایا پس وہ آسمان پر چڑھی لیکن مسخ کرکے تارا کردیگئی شیخ ابن کثیر رحمہ نے کہا
کہ اسکے راوی تو ثقات ہین مگر یہ روایت شاذ ہی اور ابن ابی حاتم و ابن مردویہ نے بھی حضرت علی رضی سے ما انزل علی الملکین کی تفسیر مین روایت کیا
کہ یہ دونون آسمانی فرشتے تھے بلکہ حضرت علی رضی سے مرفوع روایت کیا زہرہ کو اللہ تعالے لعنت کرے کہ اوسی نے ہاروت و ماروت دونون فرشتون کو
امتحان مین ڈالا شیخ ابن کثیر رحمہ نے کہا کہ یہ دونون روایتین منکر و غیر صحیح ہین واللہ تعالے اعلم اور ابن جریر نے ابن مسعود و ابن عباس رضی اللہ
عنہما سے روایت کی کہ جب زمین مین آدمیون کی کثرت ہوگئی اور اونھون نے نافرمانیان کین تو ملائکہ زمین و پہاڑون نے بددعا کی کہ الٰہی انکو
مہلت نہ دی جاوے اور غارت کیے جاوین پس اللہ تعالے نے ملائکہ کو وحی فرمائی کہ مین نے تمہارے دلون سے شہوت و شیطان کو دور کیا ہی اور
آدمیون کے دلون مین شہوت و شیطان کو ڈال دیا ہی اور اگر شہوت و شیطان تمہارے دلون مین ڈالا جاتا تو تم بھی ایسا ہی کرتے پس ملائکہ نے
آپسمین باتین کین کہ اگر ہم لوگ مبتلا ہوتے تو کبھی اللہ تعالے کی نافرمانی نہ کرتے پس اللہ تعالے نے ملائکہ کو وحی کی کہ تم ملائکہ مین سے اکیلا
نہین بلکہ دو شخصون کو چھانٹو پس اونھون نے ہاروت و ماروت کو چھانٹا اور وہ دونون زمین مین اوتارے گئے اور یہان اہل فارس مین سے ایک
عورت خوبصورت کی صورت مین جسکو بیدخت کہتے تھے زہرہ اوتاری گئی پس یہ دونون اوسکے ساتھ مبتلاے گناہ ہوگئے اور ملائکہ کی یہ کیفیت تھی
کہ اہل ایمان کے واسطے مغفرت مانگتے تھے کما قال تعالے یستغفرون للذین آمنوا الآیۃ پھر جب ہاروت و ماروت سے یہ گناہ سرزد ہوا تو اہل زمین
کے واسطے عذاب سے پناہ مانگنے لگے کما قال تعالے یستغفرون لمن فی الارض الا ان اللہ ہو الغفور الرحیم پھر ہاروت و ماروت کو عذاب
دنیا و عذاب آخرت مین مخیر کیا گیا تو اونھون نے عذاب دنیا کو اختیار کرلیا (ابن جریر) اور اوسکی اسناد مین علی بن یزید بن جدعان ہین اگرچہ کلام
کیا گیا لیکن صحیح یہ کہ وہ حسن الحدیث ہی اور ترمذی نے اوسکی حدیث کو حسن کہا اور ابن ابی حاتم نے مجاہد سے روایت کی کہ مین حضرت عبد اللہ
بن عمر رضہ کے ساتھ سفر مین تھا کہ ایک رات اپنے غلام سے کہا کہ دیکھ ستارہ حمرا طلوع ہوا ہی یا نہین پھر اوسکے حق مین کہا کہ لا مرحبا ولا اہلا ولا حیاہا اللہ
اور یہی وہ عورت ہی جسنے ہاروت و ماروت کو فتنہ مین ڈالا اور واقعہ یہ ہوا کہ ملائکہ نے کہا کہ ای رب کیونکر آدمیون کو مہلت دیتا ہی جو باہم خونریزی کرتے
اور حرام کے مرتکب ہوتے اور زمین مین فساد کرتے ہین تو اللہ تعالے نے فرمایا کہ مین نے اونکو مبتلاے محنت کیا ہی اور اگر تمکو اس امتحان مین
مبتلا کرون تو تم بھی وہی کرنے لگو جو بنی آدم کرتے ہین ملائکہ نے عرض کیا کہ ای رب ہم ایسا نہ کرینگے تو حکم ہوا کہ اچھا تم ملائکہ مین سے دو شخصون کو
چھانٹو پس اونھون نے ہاروت و ماروت کو چھانٹا اور اللہ تعالے نے اونکو فرمایا کہ مین تمکو زمین مین اوتارتا ہون اور عہد دیتا ہون کہ تم میرے ساتھ
شرک نہ کیجیو اور نہ زنا کیجیو اور نہ خیانت کیجیو پس یہ دونون زمین مین اوتارے گئے اور اللہ تعالے نے اپنے شہوت ڈالی اور انکے واسطے زہرہ بہت
خوبصورت عورت کی شکل مین اوتاری گئی پس ان دونون نے عاشق ہوکر اوسکو لبھایا تو اوسنے کہا کہ میرا دین دوسرا ہی اور وہی میرے پاس
آسکتا ہی جو میرے دین پر ہو پس ان دونون نے کہا کہ تیرا کیا دین ہی تو اوسنے کہا کہ مین مجوسیہ ہون تب آپسمین کہنے لگے کہ یہ تو شرک ہی ہم اسکو
نہ کرینگے اور وہ چلی گئی پھر چند روز کے بعد ان سے متعرض ہوئی پس ان دونون نے اوس سے وصال کی درخواست کی تو اوسنے کہا کہ مجھے
تمہاری خاطر منظور ہی لیکن میرا شوہر ہی اور مین اس بات سے ڈرتی ہون کہ وہ اس بات سے آگاہ ہوجاوے پس تم مجھے ایسی بات بتاؤ کہ
کہ جس سے مجھے آسمان پر لیجا تو آخران دونون نے اوسکے دین کا اقرار کیا اور اوس سے جو چاہتے تھے وہ فعل کیا اور اوسکو آسمان پر لیگئے

لیکن ان دونون کے پر کٹ گئے اور زمین پر گرے اور زہرہ انسے لے لیگئی اور یہ دونون خائف و نادم ہوکر زمین پر رہنے لگے اور اس زمانہ مین ایک پیغمبر تھا جو ہر دو جمعہ کے بیچ مین دعا کیا کرتا تھا اور جمعہ کو اوسکی قبولیت ہوتی تھی تو یہ دونون کہنے لگے کہ آؤ چلکر اوس پیغمبر کے پاس درخواست کرین تاکہ وہ ہمارے لیے اللہ تعالے کی درگاہ مین توبہ مانگے پس ان لوگون نے جاکر اوس پیغمبر سے درخواست کی تو اوسنے کہا کہ اہل زمین کیونکر آسمانیون کے لیے توبہ کی دعا مانگین ان لوگون نے عرض کیا کہ ہم لوگ مبتلاے امتحان کیے گئے تھے تو پیغمبر نے فرمایا کہ تم لوگ جمعہ کے دن آؤ پس جب جمعہ کے روز یہ لوگ گئے تو کہا کہ تمھارے بارہ مین مجکو کچھ جواب نہین ملا پس یہ لوگ دوسرے جمعہ کو آئے تو فرمایا کہ تمھارے بارہ مین حکم الٰہی پہونچا کہ تم لوگ عذاب دنیا و عذاب آخرت مین سے کوئی امر اختیار کرو پس اگر دنیا مین عافیت چاہتے ہو تو آخرت مین عذاب ہوگا یا عذاب دنیا اختیار کرو اور آخرت مین تم اللہ تعالے کے حکم پر ہوگے پس ان دونون مین سے ایک نے کہا کہ ابھی دنیا مین سے تھوڑا حصہ گذرا ہے دوسرا بولا کہ ای کمبخت پہلی بات مین مین نے تیرا کہنا مانا تھا اور اب تو میرا کہنا مان کیونکہ عذاب آخرت دائمی ہے تو اوسکے ساتھ اس عذاب دنیا کو کوئی نسبت نہین جو ایک دن زائل ہو جائیگا دوسرا بولا کہ اگر ہم عذاب دنیا اختیار کرین تو بھی قیامت مین اللہ تعالے کے حکم پر ہین اور یہ معلوم نہین کہ کیا حکم ہو پس دوسرا بولا کہ مجکو قوی امید ہے کہ جب ہمنے آخرت کے خوف سے عذاب دنیا اختیار کیا اور اللہ تعالے خوب جانتا ہے تو ہمپر دونون عذاب جمع نہین فرمائیگا پس دونون نے عذاب دنیا اختیار کیا پس یہ دونون ایک آتشی کنوین مین آہنین زنجیر کے ساتھ لٹکائے گئے امام ابن کثیر نے کہا کہ اس روایت کی اسناد جید ہے پس یہی صحیح ہے کہ عبد اللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس بیان کو کعب احبار وغیرہ کی روایات اسرائیلیہ سے لیا ہے اور مرفوع حدیث ہونے سے یہ اصح و اثبت ہے اور رہا یہ امر جو ان روایات مین مذکور ہے کہ زہرہ بشکل عورت حسینہ نازل کیگئی اور یہی حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کیا گیا تو یہ روایت نادر و غریب ہے اور ظاہر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس عورت کی خوبصورتی کی وجہ سے اوسکو زہرہ سے تشبیہ دی گئی چنانچہ ابن ابی حاتم نے عبد اللہ بن عباس رضی سے روایت کی کہ بعد آدم علیہ السلام کے جب لوگ کفر و معصیات مین مبتلا ہوئے تو ملائکہ سماوی نے جناب باری تعالے مین عرض کرنا شروع کیا کہ ای رب تعالے یہی وہ عالم ہے جسکو تو نے اپنی عبادت و طاعت کے لیے پیدا فرمایا تھا حالانکہ یہ لوگ کفر و قتل و حرام کاری و حرامخوری و چوری و شراب خوری وغیرہ مین مبتلا ہو گئے پس ملائکہ نے اوپر بددعا کرنی شروع کی تو ارشاد ہوا کہ وہ لوگ غیب مین ہین لیکن ملائکہ نے یہ عذر بھی آدمیون کی نسبت قائم نہ رکھا پس حکم ہوا کہ تم لوگ اپنون مین سے دو فرشتے اختیار کرو پس اونھون ہاروت و ماروت کو چھانٹا پس وہ دونون زمین پر اوتارے گئے اور اون دونون مین شہوت مرکب فرمائی گئی جیسی آدمیون مین ہوتی ہے اور حکم دیا گیا کہ سواے اللہ تعالے کی عبادت کے شرک مت کیجیو اور نہ کسی نفس محترم کو قتل کیجیو اور نہ حرام مال کھائیو اور زناکاری و چوری و شراب خواری سے بھی منع کر دیا گیا پس یہ لوگ ایک مدت تک زمین مین توحید الٰہی عزوجل پر عبادت کرتے اور لوگون مین عدل و انصاف سے حکم فرماتے رہے اور یہ زمانہ حضرت ادریس علیہ السلام کا وقت تھا اور اس زمانہ مین ایک عورت نہایت خوبصورت تھی جسکی خوبصورتی کو عورتون کے درمیان ایسی فضیلت تھی جیسی زہرہ کو تمام کواکب مین ہے ایک مرتبہ یہ دونون اس عورت سے دوچار ہوے اور اوسکے میٹھی میٹھی لبھانے والی باتین کرکے وصال کی خواہش ظاہر کی تو وہ انکار کر گئی الا اس شرط پر کہ دونون اوسکا دین قبول کرین تو ان دونون نے پوچھا کہ تیرا کیا دین ہے تو اوسنے ایک بت نکال کر کہا کہ مین اسکی پرستش کرتی ہون جب ان لوگون نے اس شرک جلی کو دیکھا تو خاموش ہو کر چند روز ضبط کیا لیکن جوش شہوت پھر ان دونون کو اوسکے پاس لے گیا لیکن اوسنے پھر اوسی شرط سابق پر اصرار کیا لیکن یہ بھی مضبوطی کے ساتھ انکار کرکے واپس آئے مگر جوش شہوت نے اونکو تھوڑا یہانتک کہ پھر اوسکے لبھانے کے واسطے گئے جب اوسنے دیکھا کہ یہ لوگ بہت آمادہ ہین

تو کہنے لگی کہ تم تین باتون مین سے ایک بات اختیار کرو یا تو اس بت کی عبادت کرو یا اس شخص کو قتل کرو یا میرے ساتھ شراب پیو آخران لوگون نے شراب خواری کو آسان سمجھکر شراب پی اور جب شراب کے نشہ مین محمو ہوئے تو اس عورت سے زنا کیا پھر وہان ایک شخص سے ڈرے کہ شاید اسکے فجور سے لوگون کو آگاہ کرے پس اوسکو ناحق قتل کرڈالا پھر جب نشہ سے ہوش مین آئے اور اپنی بدکرداریون سے واقف ہوے تو چاہا کہ آسمان کو اوڑجاوین لیکن اسکی قوت نپائی اور اونکے درمیان مین روک کردیگئی اور جب ملائکہ آسمانی نے اونکو دیکھا کہ کیسی ناگوار معصیات مین گرفتار ہوے ہین تو اونھون نے سخت تعجب کیا اور پہچانا کہ جو شخص پردۂ غیب مین ہوا اوسکو خوف کم ہوتا ہی پھر اوسکے بعد اہل زمین کے واسطے استغفار کیا کرتے تھے چنانچہ اسی افادہ کے واسطے نازل ہوا قولہ تعالے ۔ والملئکۃ یسبحون بحمد ربہم ویستغفرون لمن فی الارض ۔ پھر ان لوگونکو اختیار دیا گیا کہ عذاب دنیا و آخرت مین سے ایک کو پسند کرین تو اونھون نے عذاب دنیا کو پسند کیا پس وہ دونون بابل مین رکھے گئے کہ برابر اونپر عذاب ہوتا ہی (و قد رواہ الحاکم وصححہ) بقیہ ابن کثیر رحمہ نے کہا کہ زہرہ کے بارہ مین یہ قول اقرب ہی کہ وہ حسن مین مشابہ زہرہ تھی لیکن ابن ابی حاتم نے دوسری اسناد کے ساتھ ابن عباس رض سے روایت کی جسمین یہی قصہ اس طرح مذکور ہی کہ فرشتون نے آدمیون کی معصیات دیکھکر جناب باری تعالی مین عرض کیا کہ یہ لوگ بہت فسق و فجور مین مبتلا ہین تو حکم ہوا کہ تم لوگ اپنون مین سے تین فرشتہ اختیار کرو پس اونھون نے تین فرشتے چھانٹے تاکہ اون مین آدمیون کی شہوت مرکب کی جاوے اور زمین مین توحید کے ساتھ عبادت کرین اور لوگون کے درمیان عدل کے ساتھ حکم کرین اور شراب خواری و قتل نفس محترم و زناکاری و بت پرستی وغیرہ فجور سے منع کردیا گیا لیکن تینون فرشتون مین سے ایک فرشتے نے اپنے آپ کو اس عہد سے چھوڑالیا پس وہ فرشتے بعد ترکیب شہوت کے زمین مین اوترے پھر یہان ایک عورت ناہیہ نام جو اپنے وقت مین حسن و جمال مین مشہور تھی انکے سامنے ہوئی اور بیتاب ہوکر دونون نے اوسکے نفس کی خواہش کی مگر اوسنے یہ شرط لگائی کہ شراب پیو اور میرے بت کو سجدہ کرو اور میرے اس لڑکے کو قتل کرو پس کہنے لگے ہم تینون کو سجدہ نہین کرینگے لیکن آخر شراب پی اور مستی مین عورت سے زناکاری و بت پرستی کا ارتکاب کیا اور نصیحت کے خوف سے اوس نفس محترم کو بھی قتل کرڈالا حالانکہ زہرہ نے اونسے وہ کلمات توحید و مدح سیکھ لیے تھے کہ جنسے آسمان کو اوڑجاوے پس وہ مسخ کرکے انگارہ کردیگئی اور ان دونون کو سلیمان علیہ السلام نے کہلا بھیجا کہ عذاب دنیا و آخرت مین سے ایک اختیار کرو پس انھون نے عذاب دنیا اختیار کیا اور آسمان و زمین کے درمیان لٹکائے گئے ۔ شیخ ابن کثیر رحمہ نے کہا کہ یہ روایت غریب منکر ہی اور عبد الرزاق نے باسناد صحیح عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ تابعی سے روایت کی کہ ہاروت و ماروت دو فرشتے تھے جو اسوا سطے اوتارے گئے تھے کہ لوگون مین عدل کے ساتھ حکم کرین اور اسکی وجہ یہ تھی کہ ملائکہ نے آدمیون کے حاکمون سے تمسخر کیا یعنے اونکو ظالم و فاسق ٹھہرایا پھر ان دونون فرشتون کے پاس ایک عورت اپنی فریاد لائی کہ آخر اوسکے حسن پر فریفتہ ہوکر اوسکے ساتھ فجور مین مبتلا ہوئے پھر چاہا کہ آسمان کو اوڑجاوین لیکن روک دیے گئے اور عذاب دنیا و آخرت مین مختار کیے گئے آخر اونھون نے عذاب دنیا اختیار کیا ۔ ھ ۔ معمر نے قتادہ رح سے روایت کی کہ یہ دونون سحر سکھلاتے تھے اور اونسے عہد لیا گیا تھا کہ کسیکو نہ سکھلاوین جب تک اوس سے یون نہ کہین کہ ہم لوگ تو فتنہ یعنے امتحان کیے گئے ہین پس تو کفر مت کر ۔ ھ ۔ اور اسباط بن محمد نے سدی رح سے روایت کی کہ ہاروت و ماروت کا قصہ یہ ہی کہ اونھون نے اہل زمین کے احکام پر طعن کیا تھا تو اونسے کہا گیا کہ ہمنے بنی آدم کو دس قسم کی شہوات دی ہین کہ اونھین کی وجہ سے نافرمانیان کرتے ہین ہاروت و ماروت نے عرض کیا کہ الٰہی اگر یہ شہوات ہم مین رکھی جاوین پھر ہم لوگ زمین مین اوتارے جاوین تو کبھی ہم تیری نافرمانی نہ کرینگے تو حکم ہوا کہ اچھا اوترو اور ہمنے تمکو یہ دسون شہوات دیدین اور جاکر لوگون مین حکم کیا کرو پس دنیا و مدت کے بابل مین اوتارے گئے پس ان

دونون کا دستور تھا کہ دن بھر حکم و تعلیم کرتے اور شام کو آسمان پر اوڑ جاتے پھر صبح کو زمین پر آجاتے تھے یہانتک کہ ایک روز انکے پاس ایک عورت نامشی آئی جو اپنے شوہر پر فریاد کرتی تھی یہ دونون اوسکے حسن کو دیکھکر فریفتہ ہو گئے اور اس عورت کا نام عربی مین زہرہ ہی اور زبان نبطی مین زہرت ہی اور زبان فارسی مین ناہید ہی پس ہاروت و ماروت مین سے ایک نے کہا کہ یہ عورت تو میرے دل کو نہایت فریفتہ کرتی ہی دوسرا بولا کہ مین خود تجھسے یہی کہنا چاہتا تھا مگر شرم سے نہین کہا پس وہ سنے کہا کہ بھلا اوس سے وصال کی خواہش کرین تو دوسرے نے کہا کہان لیکن اللہ تعالے کے عذاب سے چھوٹنے کی کیا صورت ہی تو اوسنے کہا کہ اللہ تعالے ارحم الراحمین ہی پھر جب وہ اپنے شوہر پر مقدمہ لائی تو ان دونون نے اوس سے وصال مجبور کی درخواست کی تو وہ بولی کہ مین اس طرح نہین مانونگی جب تک کہ تم میرے شوہر پر حکم بد و پس ان دونون نے اوسکے موافق اوسکے شوہر پر حکم دیدیا اور اس عورت نے ایک کھنڈل مین وسنے وعدہ کیا جہان دونون وہان جمع ہوے تو اوسنے کہا کہ اسطرح تو مین نہ مانونگی جب تک کہ تم دونون مجھے وہ کلمات نہ سکھلاؤ جنکے ذریعہ سے تم آسمان پر چلے جاتے اور اوتر آتے ہو پس ان دونون نے اوسکو وہ کلمات سکھلائے پس وہ آسمان کو اوڑ گئی لیکن بتقدیر الٰہی وہ کلمات بھول گئی جس سے اوترتے تھے تو وہین رہگئی اور اللہ تعالے نے اوسکو مسخ کرکے کوکب نے ہرہ کردیا چنانچہ عبداللہ بن عمر جب اوسکو دیکھتے تو لعنت کرتے تھے اور کہتے کہ اسینے ہاروت و ماروت کو فتنہ مین ڈالا تھا پھر جب رات ہوئی تو ہاروت و ماروت نے چاہا کہ آسمان پر جاوین تو انکو یہ قدرت حاصل نہوئی اور اونھون نے جان لیا کہ ہم لوگ تباہ ہوے اور اونھون نے عذاب دنیا اختیار کیا اور بابل مین لٹکائے گئے اور لوگون کو اپنے کلمات سحر سکھلایا کرتے تھے ۔ھ۔ شیخ ابن کثیر رح نے مجاہد رح سے بھی اسیکے مانند طویل روایت لکھی اور آخر مین ہی کہ جب یہ دونون مایوس ہوے تو ایک آدمی کے پاس گئے اور کہا ہمنے سنا ہی کہ ملائکہ تجکو بھلائی کے ساتھ یاد کیا کرتے ہین پس تو ہمارے واسطے سفارش کر پس اوسنے انسے دو روز کا وعدہ کیا اور تیسرے روز شفاعت قبول ہوئی اور دونون کو عذاب دنیا و عذاب آخرت مین اختیار دیا گیا پس اونھون نے عذاب دنیا اختیار کیا ۔ھ۔ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ ہاروت و ماروت کے قصہ مین ایک جماعت تابعین مانند حضرت مجاہد و سدی و حسن بصری و قتادہ و ابو العالیہ و زہری و ربیع بن انس و مقاتل بن حیان وغیرہم سے روایات ہین اور متقدمین و متاخرین اہل تفسیر مین سے بکثرت لوگون نے اس قصہ کو نقل کیا ہی لیکن کچھ شک نہین ہی کہ یہ تفصیل بیانات صرف بنی اسرائیل سے سنی ہوئی روایات ہین اور اس بارہ مین کوئی حدیث صحیح مرفوع جسپر اعتماد ہو موجود نہین ہی اور قرآن مجید مین جو مجمل حال دربارۂ ہاروت و ماروت کے مذکور ہوا وہ کچھ اس تفصیل کو مستدعی نہین ہی پس ہم یقین کرتے ہین کہ قرآن مجید مین جو کچھ اللہ تعالے نے ذکر فرمایا اور جو کچھ اوس سے مراد ہی وہ سب حق ہی اور ہمارا اعتقاد صرف اسیقدر پر تمام ہوتا ہی کہ ان لوگون نے کتاب الٰہی کو چھوڑکر اوس سحر کی اتباع کی جو بابل مین ہاروت و ماروت پر بطور امتحان نازل کیا گیا تھا حالانکہ وہ دونون اپنا فتنہ ہونا اور کفر سے پرہیز کرنا بتلاتے تھے باوجود اسکے ان لوگون نے نمانا پھر شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ اس مقام پر ایک عجیب و غریب اثر وارد ہوا ہی جسپر متنبہ کرنا مناسب سمجھتا ہون قال الامام ابو جعفر ابن جریر رحمہ اللہ اخبرنا الربیع بن سلیمان انا ابن وہب اخبرنی عبد الرحمن بن ابی الزناد حدثنی ہشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ انہا قالت قدمت علی امرأۃ من اہل دومۃ الجندل الخ یعنے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ وفات سے قریب مین دومۃ الجندل کے لوگون سے ایک عورت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تلاش کرتی ہوئی آئی تاکہ امر سحر کی چند باتین دریافت کرے جنمین وہ اتفاق سے پڑگئی تھی ولیکن اوسنے سحر کے موافق کوئی کام نہین کیا تھا عروہ نے کہا کہ میری خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مجھسے فرمایا کہ اے میری بہن

لڑکے جب اس عورت نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نپایا تو روتی تھی اور ایسی زار زار روتی تھی کہ مجکو بھی اوسپر رحم آتا تھا اور وہ کہتی تھی
کہ مجھے نہایت خوف ہی کہ مین برباد ہوگئی کیونکہ میرا شوہر تھا وہ کہین پردیس چلا گیا اور میرے پاس ایک بڑھیا آئی تو مین نے اوس سے
اس امر کی شکایت کی وہ کہنے لگی کہ جو مین بتلاؤن تو ویسا ہی کرے تو تیرا شوہر آجاویگا تو مین نے کہا کہ مین ضرور ایسا ہی کرونگی وہ کہنے
لگی کہ اچھا تو تیار رہ مین رات کو آونگی جب رات ہوئی تو وہ دو سیاہ کتے لیکر آئی اور ایک پر آپ سوار ہوئی اور کہنے لگی کہ دوسرے پر تو سوار ہوجا
پھر پلک مارنے کی دیر تھی کہ مین نے آنکھ کھولی تو اپنے آپکو بابل مین کھڑا دیکھا اور ناگاہ نظر اوٹھا کر کیا دیکھتی ہون کہ دو شخص اپنے پانون کے
بل لٹکے ہوے ہین وہ مجھسے کہنے لگے کہ تو کیون آئی ہی مین نے اوس بڑھیا کے کہنے سے کہا کہ مین سحر سیکھنے آئی ہون تو کہنے لگے کہ ہم
فتنہ ہین پس تو کفر مت اختیار کر اور یہانسے اپنے گھر لوٹ جا لیکن بڑھیا کے سکھلانے سے مین نے انکار کیا اور کہا کہ مین ضرور سیکھونگی تو کہنے
لگے کہ اچھا اس تنور مین جاکر پیشاب کر جب مین گئی تو ڈر کے مارے مین نے پیشاب نکیا اور اونکے پاس لوٹ آئی وہ دونون کہنے لگے کہ تو نے
یہ کام کیا مین نے جھوٹ موٹ کہدیا کہ جی ہان تو کہنے لگے کہ بھلا تو نے کیا دیکھا مین نے کہا کہ مین نے کچھ بھی نہین دیکھا تو اونھون نے مجھسے
کہا کہ تو نے ہرگز یہ کام نہین کیا ہی اور اب بھی تو اپنے ملک کو لوٹ جا اور کفر مت اختیار کر مین نے پھر نہ مانا اور یہی کہا کہ مین سیکھونگی
تو کہنے لگے کہ پھر اسی تنور مین جاکر پیشاب کر جب مین تنور پر گئی تو میرے رونگٹے کھڑے ہوگئے اور مجکو خوف معلوم ہوا اور پھر مین اون
دونون کے پاس لوٹ گئی اور کہا کہ مین نے یہ کام کر لیا اونھون نے کہا کہ پھر تو نے کیا دیکھا مین نے کہا کہ مین نے تو کچھ نہین دیکھا وہ دونون کہنے لگے
کہ تو جھوٹی ہی تو نے یہ کام ہرگز نہین کیا اور اب بھی تو اپنے شہر کو لوٹ جا اور کفر مت اختیار کر کیونکہ تو اپنے معاملہ مین ٹھیک معلوم ہوتی ہی
پھر مین نے نہ مانا اور اون دونون سے کہا کہ مین ضرور سیکھونگی تو اونھون نے کہا کہ اس تنور مین جاکر پیشاب کر اس مرتبہ جاکر مین نے اوس
تنور مین پیشاب کر دیا پس جب ہی مین نے اوسمین پیشاب کیا تو دیکھا کہ مجھ مین سے ایک سوار مسلح نکلکر آسمان کو چلا یہانتک کہ میری
نظر سے غائب ہوگیا پھر مین اون دونون کے پاس آئی اور کہا کہ مین نے وہ کام کر لیا اونھون نے کہا کہ پھر تو نے کیا دیکھا مین نے کہا کہ مجکو
یہ نظر آیا کہ مجھ مین سے ایک سوار مسلح نکلکر جانب آسمان چلا اور یہانتک اونچا ہوا کہ میری نظر سے غائب ہوگیا یہ سنکر کہنے لگے کہ تو
سچی ہی اور یہ تیرا ایمان تھا جو تجھسے نکلکر چلا گیا اور اب تو یہانسے روانہ ہو پھر مین نے اوس بڑھیا سے کہا کہ واللہ مجھے تو کچھ نہین معلوم
اور نہ ان دونون نے کچھ مجھسے کہا وہ کہنے لگی کہ نہین بلکہ تجکو سحر حاصل ہوگیا اور اب تو جس چیز کا ارادہ کریگی وہ ہوجائیگا اچھا تو یہ بالی
لیکر اسکے دانے بطور زراعت کے بوڈالے پس مین نے اونکو بویا اور کہا کہ اوگو تو وہ سب اگے اور مین نے کہا کہ بالیان نکل آوین تو ناگاہ سب
بالیان نکل آئین پھر مین نے کہا کہ تم خشک ہوجاؤ تو وہ سب خشک ہوگئے پھر مین نے کہا کہ تم پس جاؤ تو وہ سب پس گئے پھر مین نے کہا
کہ روٹیان پک جاؤ تو روٹیان پک گئین پھر جب مین نے دیکھ لیا کہ مین جس چیز کو چاہتی ہون وہ ہوجاتی ہی تو مین نے اوسکو لا اصل دیکھا
اور مجھپر ندامت طاری ہوئی کہ مین نے ایمان کھوکر اسکو پایا پھر کہنے لگی کہ یا ام المومنین واللہ مین نے کچھ نہین کیا اور نہ مین کبھی کچھ کرونگی اس قسم
کو ابن ابی حاتم نے بھی اسیطرح یہانتک روایت کرکے اسقدر زیادہ روایت کیا کہ پھر مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ
عنہم سے اس معاملہ کو دریافت کیا حالانکہ اوسوقت بکثرت صحابہ رضی اللہ عنہم موجود تھے لیکن سب خاموش ہوگئے اور نجانا کہ اس بارہ
مین اس عورت کو کیا جواب دین لیکن ابن عباس رضی اللہ عنہ یا ابن عباس رضی اللہ عنہ کے پاس سننے والے کسی شخص نے ام المومنین حضرت عائشہ
رضی اللہ عنہا سے کہا کہ کاش آپ کے والد زندہ ہوتے یعنی یہ معرفت اونکے واسطے خاص تھی۔ ہشام کہتے ہین کہ آج اگر ہمارے پاس

وہ آتی تو ہم ضرور اوسکو کچھ فتوی دیدیتے۔ ابن ابی الزناد کہتے تھے کہ ہشام فرمایا کرتے تھے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم تقوی وخوف الٰہی مین بدرجۂ کمال تھے اور ہمارا زمانہ یہ ہی کہ اگر اب ایسی عورت آوے تو ہم اوسکے حق مین ضرور کوئی فتوی دین اور یہ نے علمی کا تکلف ہی امام ابن کثیرؒ نے کہا کہ اس روایت کی اسناد جید ہی اور اسی اثر سے بعض لوگون نے استدلال کیا کہ ساحر کو یہ قدرت ہوجاتی ہی کہ وہ اعیان کو بدل دے کیونکہ اوسنے بالی بوئی یہانتک کہ اوسکی روٹی پکائی اور دیگر علمانے کہا کہ ساحر کو یہ قدرت ہرگز نہین حاصل ہوتی ہی بلکہ یہ صرف تخیلات ہین مترجم کہتا ہی کہ یہی قول صحیح ہی کہ ساحرون کو قلب اعیان کی طاقت نہین ہوتی ہی کیونکہ ساحران فرعون نے کہا تھا کہ۔ ان لنا لاجرا ان کنا نحن الغالبین۔ یعنی اگر ہم ہی غالب ہون تو ہمارے لیے اجرت ضرور ہوگی چنانچہ فرعون نے اسکو قبول کیا اور اسکے ساتھ یہ بھی بڑھایا کہ علاوہ اجرت المعام کے تمکو اپنا مقرب بھی بناؤنگا پس اگر ساحرون کو قلب اعیان کی قدرت حاصل ہوتی تو وہ فرعون سے انعام کیون مانگتے بلکہ تمام جہان کے کنکر پتھرون کو لعل وجواہرات سونا بنا لیتے حالانکہ یہ بالضرور باطل ہی۔ لیکن سحر محض تخیلات ہی نہین ہین اور جسطرح نفوس انسانی بلحاظ ایمان وقوت ملکیہ کے اور باعتبار انواع کفر وقوائے شیطانیہ کے مختلف باختلاف کثیرہ ہوتے ہین اسی طرح سحر کا اثر بھی انکے کون پر مختلف واقع ہوتا ہی چنانچہ ترکیب حروف وزبانی الفاظ سے اجسام انسانی مین طرح طرح کے آثار ظاہر ہوتے ہین مثلاً حمیر یعنے گدھا اگر کسی رذیل شخص کو کہو تو اسمین وہ اثر نہین ہوتا جو کسی شریف آدمی کو کہا جاوے اور اسی ح م ی ر۔ کی ترکیب مختلفہ سے آثار مختلفہ ہین مثلاً ح ی م۔ رحیم۔ غایت مستحسن ہی اور۔ م ی ح۔ مریح۔ دوسرے معنے واثر دیتا ہی اور جو لوگ مدارک اسرار مین کسی قدر فائق ہین اور دنیاوی افعال اعراض مانند صوم وصلوۃ وغیرہ کو اور مانند کلمات تسبیح وتہلیل وتمجید وتحمید کو صرف مخیل نہین جانتے بلکہ یہ امور دار الآخرت وواقع ہین حقائق جوہریہ ہین حتی کہ فضائل قرارت قرآن ونماز وصوم وغیرہ کی احادیث صحیحہ مین تصریح بلیغ موجود ہی کہ انکے حقائق حقیقیہ ہین تو یہ لوگ خوب سمجھتے ہین کہ جسطرح ان امور خیرات کے واسطے حقائق نورانیہ ملکیہ ہین اسیطرح کلمات سحر کے ساتھ حقائق شیطانیہ ہین اور جب ساحر سیکھنے والے نے انکو اپنے وجود مین بر غبت خود دخل دیدیا تو بالضرور قوائے ملکیہ خارج ہونگے جو اکتساب سے حاصل ہوتے ہین مانند ایمان وغیرہ کے بخلاف خلقی قوائے ملکیہ کے کہ اونکو اذیت ہی جیسے حواس ظاہرہ مین ناک کو کان کو خوشبو ونفیس لطیف آواز سے فرحت ہوتی ہی اور ہر عطر جو خارج سے ہو برعکس بدبو لگانے سے زائل ہوجائیگا لیکن قوائے حواس صرف اذیت کے ساتھ ایک وقت تک زندہ رہینگے پس جن احمقون نے خیال کیا کہ سحر فقط اوہام مین یہ ان لوگون کے وہم کا قصور ہی پھر تجھے کچھ تردد نہونا چاہیے کہ ہر خیر وشر کے خلق وایجاد مین کسی بندہ مخلوق کو کچھ طاقت نہین سوائے اسکے کہ مخلوق صرف ظرف ہی تو اسکے اندر بذریعہ ظاہر کلمات وغیرہ کے اللہ تعالے جب چاہتا ہی پیدا فرماتا ہی فافہم۔ شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ ابو جعفر رازی نے ربیع بن انس عن قیس بن عبادؓ سے روایت کی کہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ جب ہاروت وماروت کے پاس کوئی شخص سحر سیکھنے آتا تو اوسکو سخت ممانعت کرتے اور کہتے کہ ہم تو فقط امتحانی ہین تو کفر مت اختیار کر اور یہ اسوجہ سے تھا کہ ان دونون کو بھلائی وبرائی وکفر وایمان کا علم حاصل تھا تو اونکو معلوم تھا کہ سحر بھی کفر ہی پھر جب وہ کسی طرح نہ مانتا تو اوس سے کہتے کہ فلان فلان جگہ جا پھر جب وہان جاتا تھا تو اوسکو شیطان نظر آتا تھا اور وہ اوسکو سحر سکھلاتا تھا پھر جب شیطان نے اوسکو سحر سکھلایا تو اوس سے ایک نور نکلکر آسمان کو چڑھتا تھا اور جب وہ اس نور کو دیکھتا تھا تو حسرت سے چلاتا تھا اور حسن بصریؒ نے بھی فرمایا کہ ہان بیشک یہ دو فرشتہ سحر سکھلانے کے واسطے اوتارے گئے تھے کیونکہ اللہ تعالے نے بندون کے واسطے امتحان چاہا تھا پس ان دونون سے کہدیا تھا کہ کسی کو سحر نہ سکھلاوین جبتک کہ اونہین سے یہ نہ کہدین کہ ہم فتنہ ہین پس تو کفر مت کر (ابن ابی حاتم) اور عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہی کہ جو شخص کسی ساحر یا کاہن کے پاس آیا پس جو کچھ اوسنے کہا اوسکی تصدیق کی تو جو کچھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اوتارا گیا اوس سے کفر کیا (رواہ البزار باسناد صحیح اور واضح ہو کہ اوس زمانہ کے

لوگ ہاروت وماروت سے ایسی چیزین سیکھتے تھے جس سے شوہر و زوجہ مین پھوٹ ڈالین اور ظاہر ہی کہ یہ حرکت شیطانی ہی چنانچہ جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان اپنا تخت پانی پر رکھتا پھر اپنے چھوٹے چھوٹے لشکرون کو بھیجتا ہی یعنے آسیونکو گمراہ کرنے کو بھیجتا ہی پھر اوسکی درجابت مین سے وہ شیطان زیادہ مرتبہ والا ہوتا ہی جو آکر اوس سے کہے کہ مین نے فلان شخص کو نہ چھوڑا یہانتک کہ اوسکے اور اوسکی زوجہ کے درمیان تفریق کی پس گلے سے لگاکر اوسکو اپنے قریب بٹھلاتا ہی اور کہتا ہی کہ تو بہت اچھا ہی (الصحیحین) اور اسکی وجہ یہ ہی کہ باہمی پھوٹ سے بہت خرابیان پیدا ہوتی ہین اسیواسطے حدیث مین آیا کہ باہمی فساد ہی نیکیونکا مونڈنے والا ہی اور کلمات سحر کے ذریعہ سے یہ نفاق زیادہ جم جاتا تھا حتی کہ باذن اللہ تعالے دونون مین جدائی واقع ہو جاتی تھی حتی کہ اگر اللہ تعالے کو کسی شخص کے حق مین یہ مرز منظور نہوتا تو انکا سحر کچھ کام نکرتا تھا۔ (مسئلہ) ایک جماعت سلف نے کہا کہ ساحر کافر ہوجاتا ہی اور یہ امام احمد سے ایک روایت ہی اور دیگر جماعت سلف نے کہا کہ اگر وہ کفر کا اعتقاد کرے تو کافر نہوگا ولیکن اوسکی سزا یہ ہی کہ اوسکی گردن ماردی جاوے چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمان لکھا کہ ہر ساحر مرد و عورت کو قتل کردو چنانچہ تین ساحر قتل کیے گئے (البخاری و شافعی و احمد) اور یون ہی ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ عنہا پر اونکی ایک باندی نے سحر کیا تھا اونھون نے اوسکے قتل کا حکم دیا۔ امام احمد رح نے فرمایا کہ تین صحابہ رضی اللہ عنہم سے قتل ساحر کی روایت ثابت ہی اور جندب الازدی رض سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ساحر کی حد یہ ہی کہ تلوار سے مار دیا جاوے (رواہ الترمذی) لیکن اسمٰعیل بن مسلم ضعیف راوی ہی اور صحیح یہ ہی کہ یہ جندب رضی اللہ عنہ کا قول ہی شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ طبرانی نے اسکو دوسری اسناد سے بھی مرفوع روایت کیا اور متعدد اسانید سے روایت کیا گیا کہ ولید بن عقبہ کے پاس ایک ساحر تھا جو اوسکے سامنے تماشہ کیا کرتا چنانچہ اپنے سامنے ایک لڑکا بٹھلاکر اوسکی گردن مارتا اور لوگون کو معلوم ہوتا کہ اوسکی گردن الگ ہوگئی پھر اوسکو ایک آواز دیدیتا تو اوسکا سر اوسکے دھڑ سے ملجاتا تھا تو عوام لوگ کہنے لگتے کہ سبحان اللہ اسکو خوب کمال حاصل ہی یہ تو مردے زندہ کرتا ہی اور وہان صحابین مہاجرین مین سے ایک بزرگ تھے جب اونھون نے سنا تو جاکر یہ تماشہ دیکھا پھر دوسرے روز اپنی چادر مین تلوار چھپائے ہوئے لے گئے اور جب ساحر وہ دونے یہ تماشہ کیا تو تلوار سکاکر اوسکو قتل کردیا اور فرمایا کہ اگر یہ سچا تھا تو اپنکو زندہ کرے اور یہ آیت پڑھی۔ اتاتون السحر وانتم تبصرون لیکن ولید بن عقبہ ایک فاجر حاکم تھا وہ غصہ ہوگیا اور اوسپے یہ الزام لگایا کہ بغیر میرے پوچھے اسکو قتل کردیا پس اوسنے قید کیا پھر چھوڑ دیا (الطبرانی و نحوہ لابوبکر الخلال) اور امام شافعی نے فرمان حضرت عمر رض حکم حفصہ رضی اللہ عنہا کو جسمین قتل ساحر کا حکم ہی ایسے سحر پر محمول کیا جسمین شرک ہو مترجم کہتا ہی کہ جملہ اقوال مین سے اقوی یہ ہی جو ہمارے مشایخ حنفیہ نے اختیار کیا کہ اگر ساحر اوسپر عمل کرے تو قتل کردیا جاوے کیونکہ سحر تو کبھی کلمات خبیثہ سے خالی نہین ہوتا ہی واللہ تعالے اعلم۔ (مسئلہ) امام رازی نے نقل کیا کہ معتزلہ وجود سحر سے منکر ہین بلکہ جو شخص سحر کا قائل ہو کبھی اوسکو کافر بتلاتے ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ یہی ملحدین نیچریہ کا خیال ہی اور علماے اہل سنت کے نزدیک سحر صحیح ہی خواہ وہ نظر بندی ہو یا اوسکی کوئی دوسری حقیقت ہو اس سے کچھ بحث نہین ہی غیر از نیکہ سحر کے واسطے ایک ماہیت ہی حتی کہ ساحر سے ہوا مین اوڑنا ثابت ممکن ہی مترجم کہتا ہی کہ امام غزالی وغیرہ ایک جماعت صالحین نے بعض اکابر سے حکایت کی جس سے ظاہر ہوتا ہی کہ شیاطین اوسکو ہوا مین اوڑاتے پھرتے ہین حتی کہ اگر اوسکے قریب کوئی ایسا بزرگ گذرا جسکے سامنے شیاطین نہین ٹھہر سکتے ہین تو اوسکو چھوڑ بھاگنے سے یہ شخص گر پڑیگا چنانچہ اسکی حکایات معتمد ائمہ علما سے معروف ہین مترجم کہتا ہی کہ اس زمانہ مین عوام دہریہ و نیچریہ وغیرہ مین وہ عین بلانے کا مشہور ہی اور یہ فتنہ شیاطین ان جاہلون کے واسطے سخت و شدید ہی اور حدیث شریف مین وارد ہوا کہ آخر زمانہ مین شیاطین بشکل انسانی آکر گمراہون کی پیروی کرنے اور بد اعتقادی کے اندر منہمک ہونے کی تاکید و تلقین کرینگے۔ اور تحقیق مقام یہ ہی کہ آدمی کی ترکیب عجیب مین اللہ تعالے عزوجل نے روح و نفس ملکیہ رکھا جو مخفی

ہوا اور جسم و پیکر ہیولانی رکھا لیکن جسم محسوس تو ظاہر ہی اور پیکر ہیولانی بھی لمہ شیطانی بالکل اسی جسم سے مماثل ہی سوائے اسکے کہ وہ چھونے سے ملموس نہیں ہوتا اور اگر آنکھوں کے مقابل ہو تو بعینہ یہی مجسم آدمی نظر آویگا - پھر موت کے بعد روح و لمہ ملکی الگ ہو جاتا ہی اور یہ جسم و لمہ شیطانی جو طبقۂ زمین میں ہی انہیں سے جسم بنکر خراب ہو جاتا ہی - اب سنو کہ حدیث میں انسانی ترکیب بلکہ ملکی و بلکہ شیطانی موجود ہی اور حدیث دیگر میں آیا کہ ہر آدمی کے ساتھ ایک شیطان مخلوق ہوتا ہی اور حدیث میں آیا کہ جب مومن مرتا ہی تو اسکا شیطان بھی مدفون و مقید رہتا ہی کہ اسکو حرکت و انتقال کی وسعت نہیں ہوتی ہی اور کافر کا شیطان آزاد پھرتا ہی یہانتک کہ قیامت کے روز وہ بھی زنجیر میں مسلسل ہو کر داخل جہنم کیا جائیگا جب یہ امر معلوم ہوا تو جسقدر حکایات ان جمقار ملاحدہ نے دربارۂ روحوں کے بیان کیں اور اپنی حماقت سے انکو روح سمجھے عین مکر شیطانی میں برباد پڑے ہیں اور درحقیقت یہ وہی شیطان ہی جو انکو فلان شخص معروف کے بعینہ صورت میں نظر آتا ہی اور انکو عین گمراہی میں انہماک تعلیم کرتا ہی لہذا اگر ممکن نہیں کہ کسی مومن ولی معروف کی روح کو انمیں سے کوئی طلب کر سکے پس اہل ایمان کو چاہیے کہ اپنے عقائد معارف کو بحفظ الٰہی عزوجل محفوظ رکھیں اور مزید اطمینان یہ ہی کہ ہر مدعی سے اہل ایمان کے ولی معروف میں سے جو شریعت و طریقت پر کامل تھا مطالبہ کریں بشرطیکہ خود اس کو اس کے فیض صحبت سے اچھی طرح پہچانتے ہوں کہ ہرگز یہ خباثت اسکے ہمزاد کو نہیں بلا سکتے ہیں[۱] - اے اہل ایمان و اسلام یہی قرآن پاک و حدیث مبارک عین معرفت بلند کمال ارجمند ہے تم اسپر مضبوط مستقیم رہو اور ہر فتنہ سے اپنی نعمت ایمان کو محفوظ رکھو ورنہ اس سے تجاوز محض گمراہی و ضلالت ہی جو بعد موت کے صاف بلکشف ہو جائیگی اور اسوقت سوائے حسرت و وبال کے کچھ حاصل نہوگا اور عجب کہ تم معجزات احادیث و آیات کو دیکھتے ہو جنمیں تمہارے واسطے تمام فتن معضلہ یعنی گمراہ کرنے والے فتنہائے عجیبہ کی جو قیامت تک مضر ایمان پیدا ہونگے تصویر کھینچ دی گئی پھر بھی تم ان فریبوں وغیرہ کے دھوکے میں پڑو - نعوذ باللہ من الضلال ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العزیز الحکیم (تتمہ) اہل السنۃ کے نزدیک اگرچہ سحر کی ماہیت و حقیقت موجود ہی لیکن ساحر کو کچھ پیدا کرنے کی قدرت نہیں ہی غیر از یکہ جب ساحر سے یہ کلمات خبیثہ صادر ہوتے ہیں تو اللہ تعالے نے جو آثار مقدر فرمائے ہیں انکو پیدا کرتا ہی حتی کہ کبھی بعض اجسام میں موت پیدا ہوتی ہی لہذا قال تعالی - وما ہم بضارین بہ من احد الا باذن اللہ - اور عورت مذکورہ جو بابل سے سیکھ آئی اور آیت مقام و حکایات کثیرہ اس امر کی دلیل ہیں کہ سحر کی حقیقت موجود ہی - (مسئلہ) امام رازی رح نے زعم کیا کہ سحر سیکھنا اس نظر سے کہ سحر و معجزہ میں فرق پہچانے قبیح نہیں ہی کیونکہ معجزہ پہچاننا واجب ہی تو سحر جس سے پہچان ہو کیونکر قبیح ہوگا اور اسی پر محققین نے اتفاق کیا ہی شیخ امام ابن کثیر رح نے اسکو قطعا رد کر دیا کہ آیات قرآنیہ و حدیث صحیح صریح اسکی شناعت کرتی ہیں اور وہ کون محققین ہیں جنھوں نے سحر کی خوبی پر اتفاق کیا ہی حالانکہ کسی ایک محقق سے بھی نص موجود نہیں ہی بالجملہ مفصل رد کر دیا اور صواب کیا پھر شیخ امام ابن کثیر رح نے فرمایا کہ ابو عبداللہ الرازی نے پھر اسکے بعد سحر کی آٹھ قسمیں بیان کیں مترجم کہتا ہی کہ میں انکو بنظر بعض فوائد کے مختصر بیان کرتا ہوں (قسم اول) سحر کلدانیین و کشدانیین ہی جو سبع سیارہ کی پرستش کرتے اور انھیں کی طرف سے خیر و شر کی پیدائش خیال کرتے ہیں اور حضرت ابراہیم علیہ السلام انھیں کو مسلمان کرنے اور انھیں کی تردید کرنے کے واسطے بھیجے گئے تھے اور ابن خلکان نے آفتاب و ستاروں وغیرہ کی تسخیر کا طریقہ اور انکی مہوتی و لباس اور پرہیز و پڑھنے کے کلمات وغیرہ مفصل نقل کیے ہیں اور گمان یہ ہی کہ اوسنے صرف ان لوگوں کے باطل خیالات سے پرہیز کے واسطے ان چیزوں کا بیان کر دیا ہی (قسم دوم) سحر اصحاب اوہام و تصورات قویہ مترجم کہتا ہی کہ یہی مسمریزم ہی جو اس زمانہ میں معروف ہی یعنے تصورات کو اسقدر قوی کرتے ہیں کہ اوسکا اثر بیہوش کرنے وغیرہ میں کمزور پر واقع ہو جاتا ہی جیسا کہ اس زمانہ میں اکثر لوگ اس سے واقف ہیں صاحب فتح نے لکھا کہ امام رازی نے وہم کی تاثیر پر اس طرح دلیل قائم کی کہ اگر زمین پر پل رکھا ہو تو اوسپر سے چلنا ممکن ہی اور اگر نہر کے مانند کسی چیز پر

ہو تو نہین ممکن ہی اور جیسے اطبا نے اتفاق کیا کہ جسکو نکسیر کا مرض ہو وہ سرخ چیزون کو نہ دیکھے اور جسکو مرگی کا مرض ہو وہ چمکتی وگھومتی چیزین نہ دیکھے اور یہ صرف اسلیوجہ سے ہو کہ اوسکے ذہن مین اوہام جم جاتے ہین مترجم کہتا ہی کہ تحقیق دلیل جسمین اطبا و فلاسفہ بھی متفق ہین میرے نزدیک اسطرح ہی کہ اللہ عزوجل نے اس جسم مین طبعی قوت مدبرہ رکھی ہی اور یہ بطور عادت ہی جیسے آگ مین جلانے اور پانی مین ٹھنڈا کرنے کے افعال بطور عادت جاری ہین اور اطبا نے بیان کیا کہ طبیعت مدبرہ صرف بدن سے متعلق ہی اور اوسکو عقل سے ارتباط نہین ہی چنانچہ اگر کسی عضو مین درد یا دکھ ہو یا وہان کوئی زخم لگ جاوے تو طبیعت مدبرہ اوس طرف حفاظت کے لیے خون چڑھا لیجاتی ہی حالانکہ یہ عقلاً مضر ہی کیونکہ جب وہ خون چڑھا لیجاوے تو ورم پیدا ہو جائیگا اسیواسطے جہانتک ممکن ہی درد کو تسکین دیتے ہین خصوصاً ایسے مقام پر جہان ورم ہو جانے مین خوف شدید ہی پھر جب طبیعت مذکورہ کو کسی تصور کا عادی کیا جاوے مثلاً یہ تصور کیا کہ میرا ازار بالکل فلان شخص مین سما رہی ہو گیا حالانکہ اس تصور کے وقت اوسکو کسی دوسری چیز کا خیال نہ ہے حتی کہ اپنے نفس کا بھی خیال محو ہو جاوے تو یہ تصور موثر نظر آتا ہی حتی کہ اگر کوئی عورت حاملہ چاند گہن سے خوفناک ہو کر اوسکے تصور مین مستغرق ہو جاوے تو اوسکے بدن مین جو سب سے کمزور عضو ہو اوسپر اوسکا اثر واقع ہو گا اور وہ بچہ ہی چنانچہ اکثر اوقات اوسکا کوئی عضو کٹا ہوا ہوتا ہی چنانچہ یہ استدلال بتوضیح تمام سابق مین مذکور ہوا حتی کہ اسی تصور کے ذریعہ سے سلب امراض کا عمل جاری ہی اور یہ کرامت کی دلیل نہین بلکہ قوت تصور کی دلیل ہی اسیواسطے اکثر کافرون کو حاصل ہوتا ہی اور اسپر طب کے بہت سے قواعد مبنی ہین امام رازی نے لکھا کہ اسی قاعدہ پر نظر بد کا اثر ہی امام ابن کثیر نے لکھا کہ ہان نظر بد ٹھیک ہی کیونکہ حدیث مین ہی کہ نظر ٹھیک ہی اور اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت کرتی تو نظر ہی ہوتی (الصحیح) پھر امام رازی نے کہا کہ نفس انسانی کبھی قوی ہوتی ہی اور کبھی ضعیف ہوتی ہی پس اگر کمزور ہو تو اوسکو ایسے اسباب کی ضرورت ہوتی ہی جیسے مسمریزم والے جمع کرتے ہین اور اگر قوی ہوتی ہی تو اوسکو کچھ حاجت نہین ہی اور اوسکی تحقیق یہ ہی کہ اگر نفس کو اس بدن سے تعلق کم رہا اور اوسکا جذب عالم آسمانی کی جانب زیادہ ہو گیا تو گویا وہ ایک روح سماوی کے مانند ہو جاتا ہی تو اوسکا اثر ان مادیات عالم پر سخت واقع ہوتا ہی اور اگر نفس کا تعلق اس اجساد بدنیہ سے زیادہ ہو تو وہ بوجہ کمزوری کے کوئی تصرف نہین کر سکتا ہی امام ابن کثیر نے کہا کہ یہ بیان احوال ہی اور وہ دو قسم پر ہی کبھی تو حال صحیح باتباع سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و استقامت شریعت و تقوی ہوتا ہی اور یہ اس امت کے صالحین کے واسطے کرامات ہی دوم وہ حالت جو فاسقین فاجرین خلاف شریعت کو حاصل ہوتا ہی اور یہ کرامت کی دلیل نہین بلکہ استدراج و لعنت ہی چنانچہ دجال ملعون کے حالات و خوارق عادات بکثرت احادیث صحیحہ مین وارد ہوے حالانکہ وہ صرف استدراج و لعنت ہی (قسم سوم) وہ سحر ہی جو قوای ارضیہ یا تمائم وغیرہ سے استعانت کرنے پر ہوتا ہی اور اسیکو عزائم و تعویذات و تسخیرات کہتے ہین مترجم کہتا ہی کہ یہ جنہ و شیاطین دو قسم ہین ایک وہ جو زندہ از قسم جن موجودہین خواہ مسلمان ہون یا کافر ہون اور اس سحر سے جو اثر پیدا ہوتا ہی وہ مسحور کے جسم پر محسوس ہوتا ہی اور چونکہ وہ احساس ہوائی ہین تو جب انکو جذب بالائی مقصود ہوتا ہی تو مسحور کبھی ہلکا ہو کر اوڑنے کے مانند ہو جاتا ہی اور کبھی جذب سفلی کی وجہ سے بہت بھاری ہو جاتا ہی جیسے خواص ہوا مین یہ باتین معلوم ہو سکتی ہین دوم وہ ہمزاد ہین جو کافرون کی موت کے بعد زندہ چھوڑ دیے جاتے ہین کیونکہ شیطان وا وسکی ذریات کے واسطے تا قیامت موت نہین ہی بخلاف دیگر اجنہ کے پھر یہ ہمزاد جو چھوٹے پھرتے ہین بالکل اوسی شکل کا ہوتا ہی جس جسم کا ہمزاد ہو سوائے اسکے کہ اگر اوسکو ٹٹولو تو کوئی چیز نہین ہی جیسے تم آئینہ مین بعید یہی صورت دیکھتے ہو مترجم کہتا ہی کہ انھین ہمزادون کی وجہ سے آج کل ایک جماعت کفار نے جو معارف حقیقیہ سے گمراہ ہین روحین بلانے کا دھوکا کھایا اور ان لوگون کے حال پر نہایت افسوس ہی کہ راتون کو تصورات اور دنون کو خیالات مین تمام تکلیفات کے ساتھ بریاضات شدیدہ برباد کرتے

لہ احبنہ جمع جن جو ہلاوہ لفظ جو ہوتا اسکے کلمہ کی گئی ہو

اور انھین ہمراہیون کے چکر مین گمراہ ہوکر آخر بعد موت کے جہنم مین تکلیف اوٹھاوینگے اور اوسوقت حسرت سے پچتاوینگے امام رح نے لکھا کہ ان نفوس ارضیہ سے کرشمۂ سحر بہت جلد حاصل ہوجاتا ہی کیونکہ انمین مناسبت وقرب خود موجود ہی (قسم چہارم) انواع تخییلات وشعبدات ہین اور یہ درحقیقت سحر نہین ہی بلکہ ہاتھون کی چالاکی ہی اور بسا اوقات اسکے ساتھ کچھ دواؤن کی ترکیب شامل ہوتی ہی لیکن یہ ایسی چیز ہی کہ اہل فطانت اسکو آسانی سے پہچان لیتے ہین (قسم پنجم) ترکیبات کل وغیرہ عجائبات ہین امام رازی نے کہا کہ اس قسم مین صرف خیالات صحیح اور فن یا ترکیبات کیمیائی جاننے کی ضرورت ہی چنانچہ اسی سے ساعتی صندوق یعنے گھڑی وعلم جر ثقیل وغیرہ بنائے گئے ہین مترجم کہتا ہی کہ یہ بھی فن سحر مین داخل نہین ہی (قسم ششم) بعض خواص ادویہ کی ترکیب مانند مغناطیس ونحیرہ کے عجائب کرشمہ لانا اور یہ بھی درحقیقت سحر نہین ہی (قسم ہفتم) تعلیق قلبی اور یہ اس طرح ہی کہ چالاک آدمی نے بیوقوف کمزور کو ہولناک امور سوجھائے کہ جن میرے تابع ہین یا مین اسم اعظم جانتا ہون حتی کہ وہ خوفناک ہوکر اوسکا مطیع ہوا پھر اوسوقت ساحر نے اپنا اثر ڈالا مترجم کہتا ہی کہ یہ بھی کچھ سحر نہین ہی بلکہ وہمی قسم تصوری ہی بلکہ مترجم کہتا ہی کہ بسا اوقات مرد احمق اپنے آپ کو کسی شخص کے اعتقاد مین سپرد کردیتا ہی حتی کہ اوسکے اعتقاد کے موافق نیکی وبدی اوسپر طاری ہوتی ہی اگرچہ وہ اوسکو حماقت سے اپنے معتقد علیہ کی کرامت سمجھتا ہی حتی کہ اگر اوسکا خیال ولی شریعت سے خارج اور ایمان سے بے بہرہ ہی تو یہ بھی اپنا ایمان کھوکر خسر الدنیا والآخرۃ ہوجاتا ہی اسیواسطے بزرگون نے نصیحت کی کہ ہر شخص کا معتقد نہوجاوے ونعوذ باللہ من الضلالۃ (قسم ہشتم) مکر خفی کے افعال ہین جنکو اکثر احمق سمجھتے نہین ہین امام ابن کثیر رح نے کہا چونکہ لغت مین سحر اوسکو کہتے ہین جسکا سبب ظاہری دقیق ومخفی ہو اسیواسطے امام رازی نے ان اقسام کو سحر مین داخل کیا اور اسی لحاظ سے کفار عرب بھی قرآن مجید کو بوجہ کمال بلاغت ولطافت کے سحر کہتے تھے اور اسی تاثیر کی وجہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض بیان کو سحر فرمایا مترجم کہتا ہی کہ شیخ الصوفیہ امام محی الدین بن العربی رحمہ اللہ تعالے نے تحقیق سحر مین کلام لطیف بیان فرمایا ہی جو سورۂ طٰہٰ کی تفسیر مین بتمامہ انشاء اللہ تعالے آویگا جسکا خلاصہ یہ ہی کہ قوائے علوی وقوائے سفلی کی ترکیب سے متعدد انواع حاصل ہوتے ہین بعض طلسم ہین وبعض حقیقی آثار سحر ہین ۸ مترجم کہتا ہی کہ جن لوگون نے سحر کو نہین پہچانا انھون نے صرف ترکیب ادویہ یا دستی چالاکی مشعبدہ کو سحر خیال کیا اور یہ بالبداہتہ باطل وخلاف مشاہدہ ہی اور اسکا باعث حمقا رادین کا موٹا خیال ہی حالانکہ مسمریزم کی کیفیت صریح مشاہدہ ہی اور عموماً اہل بنارس کے ہنود واہل اسلام وموجودہ نصاری جانتے ہین کہ وہان آگ کی خندق مین جو لوگ کودے انکو آگ سے ایک خاص وقت تک کچھ ضرر نہین ہوا اور چونکہ اس معرکہ مین عموماً جسکا جی چاہے کودتا تھا تو کسی ترکیب دوائی وغیرہ کا احتمال نہین ہی اور سانپ پکڑنے مین منتر معروف ومتداول ومتواتر ہی جنکا انکار محض بدحواس احمق کا کام ہی اور مقدمہ مین مترجم نے توضیح کامل لکھی ہی (مسئلہ) جو شخص سحر سیکھے وعمل مین لاوے شیخ ابن کثیر رح نے کتاب الاشراف سے نقل کیا کہ بالاجماع سحر حق ہی سوائے قول ابوحنیفہ رح کے کہ وہ نے حقیقت کہتے ہین مترجم کہتا ہی کہ یہ نقل غلط ہی کیونکہ امام ابوحنیفہ رح سے معتزلہ نے یہ قول نقل کیا اور یہ افترا ہی بلکہ امام رح سے اہل السنۃ علماے رح نے موافق جمہور نقل کیا کیا نہین دیکھتے ہو کہ خود شیخ نے نقل کیا کہ جو شخص سحر سیکھکر عمل مین لاوے وہ امام ابوحنیفہ ومالک واحمد کے نزدیک کافر کیا جاوے اور شافعی رح نے کہا کہ اس سے تفصیل پوچھی جاوے پس اگر اسنے موجب کفر بیان کیا مثلاً اہل بابل کی طرح کواکب سبعہ سے تقرب اور ہر طرح کی قدرت پر تصرف بیان کیا تو وہ کافر ہی اسی طرح اگر اسکی اباحت کا اعتقاد کیا تو کافر ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ شیخ ابو منصور ماتریدی شیخ الحنفیہ نے کہا کہ یہی معقول ہی کہ کلمات سحر واسکے اعتقادات مین موجب کفر دیکھکر کافر ہونے کا حکم دیا جاوے۔ رہا یہ کہ خالی سحر کرنے سے قتل کیا جاوے تو مالک واحمد نے کہا کہ ہان اور امام ابوحنیفہ وشافعی نے منع کیا ہان اگر کسی معین کو سحر سے قتل کیا وثبوت ہوا تو بالاجماع قتل کیا جاوے اور کتاب الاشراف مین جمہور کے نزدیک اسکو بطور حد سزاے

قرار دیا سوائے قول شافعی رح کے کہ بطور قصاص کے قتل ہو اور لکھا کہ امام ابو حنیفہ و مالک و احمد رح کے نزدیک ساحر کی توبہ قبول نہیں اور شافعی رح کے نزدیک قبول ہے ساحر کافر بھی امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک مثل ساحر مسلمان کے قتل ہو اور عورت ساحرہ بغیر قتل کے محبوس کی جاوے اور ائمہ ثلثہ کے نزدیک لبید بن الاعصم یہودی ساحر قتل نہیں کیا گیا تو کافر ساحر قتل نہ ہوگا اور عورت مثل مرد کے ہے (مسئلہ) ساحر سے اپنا سحر دور کرنے کی درخواست کی جاوے امام بخاری رح نے سعید بن المسیب رح سے نقل کیا کہ ہاں اور شعبی رح نے کہا کہ نشرہ میں مضائقہ نہیں ہے لیکن حسن بصری رح نے اسکو مکروہ کہا۔ قرطبی رح نے وہب رح سے نقل کیا کہ بیری کی سات پتیاں لیکر دو پتھروں کے درمیان کچل کر پانی پلایا جاوے اور اسپر آیۃ الکرسی پڑھکر مسحور کو تین گھونٹ پلا کر باقی سے نہلایا جاوے تو سحر دور ہوگا۔ قرطبی رح نے کہا کہ جو شخص اپنی زوجہ سے بند ہو گیا اسکے واسطے یہ عمدہ علاج ہے شیخ رح نے کہا کہ اس بارہ میں سب سے عمدہ علاج قراءت قل اعوذ برب الفلق و قل اعوذ برب الناس اور آیۃ الکرسی ہے کہ آیۃ الکرسی بھی شیطان کو مسلوب کرنے والی ہے۔ انتہی۔ مانی تفسیر ابن کثیر ملخصاً امام غزالی رح نے کہا کہ سحر ایک نوع دقیق ہے جو خواص جواہر جانکر اور مطالع نجوم میں حساب لگا کر انکے موافق جسپر سحر کرنا مقصود ہوتا ہے اسکی صورت بنا کر وقت خاص کے منتظر رہتے ہیں اور اسکے ساتھ چند کلمات کفر فحش جو خلاف شرع ہیں ملا کر کام کرتے ہیں جن کلمات سے شیاطین سے استغاثہ ہوتا ہے اور حق عزوجل نے عادت قدرت جاری فرمائی ہے کہ ایسی حالت میں مسحور میں عجیب و غریب حالت پیدا ہوتی ہے۔ الخ۔ سحر بھی منجملہ کبائر عظیمہ کے شرک سے ملحق ہو کر حدیث میں مذکور ہوا ہے (کما فی الصحیحین) اب مترجم کہتا ہے کہ ان آیات قدسیہ کی تاویل میں دو قول مذکور ہوئے۔ اول یہ کہ ہاروت و ماروت دو بادشاہ یا حاکم تھے جو بابل میں لوگوں کو سحر سکھلاتے اور چونکہ تقوی و طہارت و علم سے متصف تھے تو فرشتہ فضلت ہونے سے ملکین کہلائے اور سحر کے کفر ہونے کو جانکر لوگوں کو اس سے منع کرتے تھے۔ قرطبی رح و ابو السعود و بیضاوی وغیرہم نے اسی پر جزم کیا۔ مترجم کہتا ہے کہ اس تاویل پر نظم بلیغ کلام میں خلل ہوتا ہے باوجود اسکے یہ سوال ہے کہ پھر آخر وہ لوگ کیوں سحر تعلیم کرتے تھے اور جواب ہو سکتا ہے کہ شاید انکو امتحاناً یہ حکم آلہی عزوجل ہو لیکن کچھ خلاف نہیں کہ وہ دونوں کچھ پیغمبر نہیں تھے۔ تاویل دوم یہ کہ حق عزوجل نے موافق تقدیر ازلی کے ہاروت و ماروت کے دعوی پر جو ملائکہ سے تھے کہ اگر ہم آدمی ہوتے تو کبھی گناہ نہ کرتے ان دونوں کو ماہیت ملکیہ سے قلب کر کے ماہیت بشری میں کر دیا حتی قیامت تک فرشتہ کی ماہیت سے محروم ہو کر دنیا میں آرے گئے اور ایک عورت زہرہ سے مبتلا ہے فحش ہو کر عذاب کیے گئے اور انکو اس حالت میں سکھلانے کا فتنہ بنایا گیا چونکہ معارف صحابہ رضی اللہ عنہم بہت بلند تھے تو انھوں نے اسکو حضرت صلعم کی طرف نسبت نہیں فرمایا تاکہ عوام جو اسرار آلہیہ سے جاہل اور دائرہ حواس میں محبول ہوتے ہیں نے سمجھی سے منکر نہ ہو جاویں۔ پھر اس بارہ میں روایات باسانید صحیحہ وارد ہیں حتی کہ شیخ امام حافظ ابن حجر رح نے صحت پر جزم کیا اور شیخ زکریا انصاری رح نے اسی کو حق جانا کما فی الخطیب اور شیخ ابن حجر المکی رح نے زواجر میں بہت خوب جوابات سے بیضاوی و رازی وغیرہ کو رد کر دیا جو اس قصہ کو فقط یہودیوں کی ساخت سمجھتے اور عقلاً و نقلاً سے بعید جانتے ہیں۔ مترجم کہتا ہے کہ جس شخص کی سمجھ اس قابل نہ ہو اسکو چاہیے کہ یہاں یوں اعتقاد کرے کہ جو کچھ مراد آلہی عزوجل ہے میں اسپر ایمان لایا اور در حقیقت عارف اسرار کے نزدیک یہاں کچھ بھی استبعاد نہیں بلکہ عجائب اسرار قدرت ہیں از انجملہ یہ کہ اللہ تعالے جسطرح حقائق کو زندہ ظاہر اور مردہ مخفی کرتا ہے اسی طرح زندہ میں سے جسکو چاہتا ہے مثل قوائے عقلی و روحی کے مخفی کر دیتا ہے کہ اسپر کسی بشر کو اطلاع غیر ممکن ہے لہذا جن حمقا نے تعجب کیا کہ بابل میں باوجود تلاش کے پتہ نہیں ملتا ہے یہ عجیب حماقت ہے کہ اسکو اپنے نفس میں عقل و روح تلاش کرنے سے پتہ مل گیا کہ وہ غیر کو تلاش کرتا ہے۔ پھر واضح ہو کہ زہرہ مذکورہ ظاہراً ہی ستارہ ہے کہ جب ملائکہ مذکورین کی ماہیت تبدیل کی گئی جیسے عصائے موسی کی ماہیت تبدیل کی جاتی تھی اور تینوں ملائکہ میں سے ایک نے عہد سے اغالہ کیا اور دونوں ہاروت ماروت اتارے گئے تو وہ حاکم کیے گئے اسیواسطے

زارت ملکین ہی اور دوسری زارت ملکین بمعنی دو فرشتہ ہی اور انکے فتنہ کے لیے زہرہ ستارے کو قلب فرما کر بشکل فارسی عورت کے اوتارا گیا پھر جب دعوی ملکین باطل ہوچکا تو یہ ستورہ زہرہ کردی گئی اور محتمل ہی کہ جیسے فرشتون کی تقلیب ہوا اسی طرح عورت کی تقلیب یہ ستارہ ہوہو بہرصورت انمین سے کوئی امر ایسا نہین ہی جسکی نظیر خود موجود نہو سوائے کوتاہ نظری کے یہان کچھ بھی بعید نہین ہی اور ہر ایک امر اس عالم علوی وسفلی مین عجائب حکمت مرابط سے منتظم ومربوط ہی پس جسنے عالم ارضی مین سے بعض امور محسوسہ جانکر تمام جہان کو اسی پر قیاس کیا وہ قطعی احمق ہی حالانکہ قطعاوہ کچھ بھی یقینی حالات ماہتاب تک نہین جانتا اور نہ اسکو ان نے شمار ستارون کی حکمت وماہیت وآثار کا علم یا گمان ہی - پھر جب یہ ملکین معذب ہوے تو ایک خاص بعید سحر کے تعلیم کے لیے مع تفہیم فتنہ کفر کے مامور ہوے چنانچہ جسنے تعلیم سحر تلاش کیا وہ انکو پاگیا ورنہ نہین فافہم واللہ تعالے اعلم بالصواب - (تنبیہ) اہل ایمان قطعاً وجود روح اور پردہ جسم کے قولے ملکیہ اور ہر مردہ کفر پر دائمی عذاب القبر اور ہر مردہ مومن پر دائمی راحت قبر وغیرہ کے معتقد حقیقی ہین تو بابل مین انکی نظر سے بعید ہونے کی کوئی وجہ نہین ہی - جادو مین بذات خود مثل اشیاء دیگر کے کوئی تاثیر نہین بلکہ موثر حقیقی اللہ تعالی ہی - قولہ او انہم آمنوا واتقوا الآیۃ دلیل ہی کہ ساحر کی توبہ قبول ہی بلکہ ساحران فرعون کی توبہ قبول ہونا معلوم ہی اور مسلمان بھی اگر مرتد ہوگیا تو اسکی توبہ قبول ہی خطیب نے کہا کہ جسنے عدم قبول توبہ کو اسلے غلط کہا - جواب یہ کہ توبہ قبول ہی مگر ساحر کی توبہ متمثل ہی واللہ تعالے اعلم - پھر واضح ہو کہ اللہ تعالے نے یہود وغیرہ کو انعامات سے یاد دلایا اور انکی حرکات کفریہ سحر وشرک توریت وایمان آخرت پر ملامت کی مگر بجاے نفع کے - ان منضوب علیہم مین غذاے نورانی مضر ہوتی گئی اور قدرت الہیہ کا اعجاز ٹھیک ہوا کہ یہ لوگ غضب علی غضب مین مبتلا ہین حتی کہ رسول اللہ صلعم کے حق مین بدگوئی کرنے کے مواقع تلاش کرنے لگے اسطرح کہ عرب اپنی زبان مین (راعنا) ایسے موقع ادب پر بولتے ہین جیسے ہم لوگ کسی بزرگ سے عرض کرتے ہین کہ وہ حضور ذرا میری طرف ترحم کی نظر فرماوین، لیکن یہود خبیث نے اپنی زبان مین اسکو بدگوئی کا کلمہ ٹھہرایا تھا لہذا اللہ تعالے نے یہودیون پر لعنت بگیڑ ڈالی اور اہل ایمان کو ادب تعلیم فرمایا بقولہ تعالے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا ۗ وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝

اے ایمان والو تم نہ کہو راعنا اور کہو انظرنا اور سنتے رہو اور منکرون کو دکھ کی مار ہی

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ

دل نہین چاہتا اون لوگون کا جو منکر ہین کتاب والون مین اور شرک والون مین کہ اوترے تمپر کچھ نیک بات

مِّنْ رَّبِّكُمْ ۗ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

تمہارے رب سے اور اللہ خاص کرتا ہی اپنی مہر سے جسکو چاہے اور اللہ بڑا فضل رکھتا ہی

خطیب نے سراج المنیر مین لکھا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے حال پر توجہ دلانا چاہتے تو ادب سے لفظ راعنا کہا کرتے یعنے آپ ہماری مراعات فرمائیے اور یہودی اپنی زبان مین اس لفظ کو بدگوئی وحماقت کے معنے مین استعمال کیا کرتے تھے پس ان مخبثون نے ناگوار کلمہ کہنے کا موقع پایا - اور ظاہر یہ لفظ زبان عبرانی یا سریانی مین - راعنا - تنوین تھا بمعنے احمق جیسا کہ صحیح بخاری مین موجود ہی کیونکہ رواۃ بخاری حفاظ کے نزدیک راعنا تنوین محفوظ ہی مگر یہودی اسطرح زبان مروڑ کر کہتے کہ تنوین اچھی طرح ظاہر نہوتی تھی کما قال تعالے - راعنا لیا بالسنتہم وطعنا فی الدین الآیۃ خطیب نے لکھا کہ سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ جو انصار کے قبیلہ اوس کے سردار تھے بعض لغت یہود پہچانتے تھے ناگاہ اونھون نے یہود سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کلمہ کہتے سنا تو غضبناک ہوکر یہودیون سے فرمایا کہ اے ملعونو اگر مین نے پھر تمسے کبھی یہ کلمہ سنا تو واللہ تمھاری گردن مارونگا پس یہودی خوفناک ہوکر کہنے لگے کہ ہماری کوئی خطا نہین ہی کہ آپ سب لوگ بھی ادب سے یہی کلمہ آنحضرت صلی اللہ

علیہ وسلم کے خطاب میں استعمال کرتے ہیں پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا۔ یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا
اے ایمان والو تم لوگ راعنا نہ کہا کرو۔ ف تاکہ یہود یوں کی زبان درازی کی جڑ کٹ جاوے اور یہودیوں سے قول و فعل میں مشابہت نہ رہے
وَقُوْلُوا انْظُرْنَا۔ اور تم لوگ انظرنا کہا کرو۔ ف یعنے ہمارے حال پر نظر فرمائیے پس اس حال میں دو فائدہ ہوئے اول یہ کہ یہود سے
مشابہت نہیں رہی دوم یہ کہ اللہ تعالےٰ نے مشتبہ و موہم کلمات سے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان کو پاک رکھا حالانکہ یہودی لفظ راعنا
جس سے راعنا مشتق ہوتا ہے اپنے بزرگوں کی شان میں بولا کرتے اور اوس سے رعایت ہی کے معنے لیتے جیسے اسمع غیر مسمع کہتے اور اس سے یہ
مراد لیتے کہ ہماری بات سنو درحالیکہ خدا تمکو بری بات نہ سنا وے۔ لیکن اسکے یہ بھی معنے ہو سکتے ہیں کہ سنو حالانکہ تمکو سننا نصیب نہ ہو جیسے یہودی بولتے کہ
سمعنا وعصینا۔ اور اس سے مراد لیتے کہ ہمنے حکم آپکا سنا اور شیطان کی نافرمانی کی لیکن اسکے یہ بھی معنے ہو سکتے ہیں کہ ہمنے سنا مگر نہ مانا تو جب کبھی یہودی
ضعیف اپنے کسی شیطان سے خطاب کرتے تو اچھے معنے مراد لیتے اور جب اپنی شیطانیت کے رفیق اہل حق سے خطاب کرتے تو دوسرے معنے مراد
لیتے تھے پس اللہ عزوجل نے ان سب امور سے منع فرمایا چنانچہ سورۃ النساء میں انشاء اللہ تعالےٰ آتا ہے اور یہاں بھی راعنا سے منع کرکے انظرنا کہنے کا
حکم دیا اور فرمایا۔ وَاسْمَعُوْا یعنے تم لوگ حکم آپکی دل سے سن لو ف یعنے تمہارا ایمانی مقولہ صرف یہی ہو کہ سمعنا یعنے ہمنے دل سے سنا
پس اسمیں یہودیوں پر تعریض ہے کہ تم سمعنا وعصینا ملاتے یا اسمع غیر مسمع ملاتے تھے چنانچہ اللہ تعالےٰ نے یہودیوں کی خباثت کا حال بیان
فرمایا بقولہ تعالےٰ من الذین ہادوا یحرفون الکلم عن مواضعہ ویقولون سمعنا وعصینا واسمع غیر مسمع وراعنا لیا بالسنتہم وطعنا فی الدین۔ اور اسکے بعد
فرمایا۔ ولو انہم قالوا سمعنا واطعنا واسمع وانظرنا لکان خیرا لہم واقوم ولکن لعنہم اللہ بکفرہم الآیہ۔ یعنے اگر یہ لوگ کہتے کہ ہمنے سنا اور ہم فرمانبردار ہوئے
اور کہتے کہ اسمع یا انظرنا۔ تو یہ امر انکے حق میں بہتر و اقوم ہوتا لیکن انکے کفر کی وجہ سے اللہ تعالےٰ نے اوپر لعنت فرمائی ہے۔ ۱۲۔ اس سے معلوم ہوا کہ
سمعنا کے ساتھ عصینا ملانا اور اسمع کے ساتھ غیر مسمع ملانا ان ملعونوں پر لعنت تھا پس اللہ عزوجل نے اہل ایمان کو صرف سمعنا
کی اجازت فرمائی تاکہ یہود ملعونوں سے مخالفت ہو جسکے حق میں اللہ تعالےٰ فرماتا ہے۔ وَلِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔ اور ان کافروں کے
واسطے عذاب الیم جیسا ہے ف کافرین سے یہود مراد ہیں امام ابن کثیرؒ نے لکھا حاصل یہ کہ اللہ تعالےٰ نے مومنوں کو قول و فعل میں کافروں کے
ساتھ مشابہت رکھنے سے منع فرمایا اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں قیامت کے روبرو تلوار کے ساتھ
بھیجا گیا ہوں تاکہ اللہ تعالےٰ وحدہ لاشریک کی عبادت کیجاوے اور میرا رزق میرے نیزہ کے سایہ میں رکھا گیا ہے اور جو شخص میرے حکم کی مخالفت کرے
اوسی پر ذلت و خواری ڈالی گئی ہے اور جو شخص کسی قوم کے ساتھ مشابہت کرے وہ اسی قوم میں سے ہے (رواہ احمد) اور تشبہ کی روایت سنن ابی داؤد
میں بھی موجود ہے پس اس حدیث میں صاف تصریح ہے کہ جو امور ہماری شریعت میں مشروع نہوں اونمیں کسی کافر قوم کے ساتھ مشابہت کیجاوے خواہ اقوال
ہوں یا افعال ہوں اور خواہ کھانا پینا ہو یا لباس ہو خواہ شادی کے رسوم ہوں یا موت کے رسوم ہوں مترجم کہتا ہے کہ امام ابن کثیرؒ نے جو اس
حدیث شریف سے استنباط کیا وہ مومنوں کے واسطے موعظت حسنہ ہے کہ اپنی شادی وغمی وغیرہ کے رسوم میں احتیاط رکھیں کہ کوئی امر ایسا نہو جو یہود
و نصاریٰ و مجوس و ہنود وغیرہ اقسام کفار سے مشابہ ہو اگرچہ بظاہر اپنی رائے سے اوسکو بدعت حسنہ خیال کرتے ہوں کیونکہ کردہ بدعت حسنہ بھی ہو
تو مشابہت کفار کی وجہ سے بدعت سیئہ ہو جاوے فافہم۔ ۱۲۔ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے آکر حضرت
عبداللہ سے عرض کیا کہ مجھے آپ کچھ وصیت فرمائیے تو آپ نے فرمایا کہ جہاں قرآن مجید میں اللہ تعالےٰ نے یا ایہا الذین آمنوا سے خطاب فرمایا
وہاں تجھے چاہیے کہ کان دھرکر سن کہ وہ یا تو کوئی امر خیر ہوتا ہے جسپر عمل کرنیکا حکم دیا گیا ہے یا کسی امر بد سے منع کیا گیا ہے۔ (ابن ابی حاتم) عطاء رحمہ اللہ تعالےٰ ۱۰

نے فرمایا کہ انصار رضی اللہ عنہم کی زبان تھی کہ راعنا کہا کرتے جسکے مراد ہوتی کہ تم ہماری بات سنو اور مجاہد رحمہ نے فرمایا یعنے تم ہمسے سنو ہم تمسے سنین ابو صخر رحمہ نے فرمایا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی شخص پیچھے سے پکارتا تو اس لفظ سے آواز دیتا پس اللہ تعالے نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم و تکریم کے واسطے یہ لفظ غیر مناسب قرار دیکر مومنون کو اس سے منع فرمایا شیخ ابن جریر نے کہا کہ اسکی وجہ یہ ہو کہ لفظ مذکور مشتبہ تھا جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انگور کو کرم کہنے سے منع کر دیا اور فرمایا کہ کرم تو مومن کا دل ہو اور جیسے غلام کو اپنا عبد کہنے سے منع فرمایا یعنے سب اللہ تعالے ہی کے عبد ہین اسیطرح راعنا وغیرہ مشتبہ الفاظ کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین کہنے سے منع فرمایا مترجم کہتا ہی کہ اس سے بھی وہ فائدہ حاصل ہا جو امام ابن کثیر رحمہ نے نکالا کہ قوم کفار سے مشابہت بھی منع فرمائی اسیواسطے کافرون کی دلی دشمنی سے آگاہ کیا تاکہ مسلمانون کو انکی مشابہت سے قطعی نفرت ہو جاوے (قولہ تعالے) مَا يَوَدُّ الَّذِينَ كَفَرُوا کسی طرح چاہتے نہین وہ لوگ جو منکر ہوے ہین مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ اہل کتاب مین سے وَلَا الْمُشْرِكِينَ اور نہ مشرکین ف عرب و مجوس وغیرہ یعنے کفار خواہ اہل کتاب مین سے ہو جو دو نصاری ہون یا عرب و عجم کے بت پرست وغیرہ ہون کوئی نہین چاہتے ہین کہ أَنْ يُنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِنْ خَيْرٍ مِنْ رَبِّكُمْ تمپر تمہارے رب کی طرف سے خیر اتاری جاوے ف یعنے نہین چاہتے کہ اللہ تعالے تمپر وحی نازل فرما کر سرفراز کرے (السیوطی) پس مشرکین عرب تو وحی کے قائل نہین تھے لیکن جہالت سے حسد کرتے کہ بنی ہاشم مین ایک پیغمبر ہو جسکی طرف سب کے ہاتھ پھیلے ہون چنانچہ ابو جہل کہتا تھا کہ بنو ہاشم نے فضائل و افتخارات حاصل کیے آخر ہمنے بھی کوشش کی کہ انکے برابر ہون اور پوری جہد و جد سے جب ہم انکے ساتھ اس درجہ پر پہونچے کہ جیسے اہل کی گوئی جوڑی ہوتی ہی تو اب انھون نے دعوی کیا کہ ہم مین ایک پیغمبر ہی پھر ہم کہان سے برابری کر سکتے ہین تو واللہ ہم اسکو ہرگز نہین مانینگے چنانچہ قولہ تعالے۔ فانہم لا یکذبونک ولکن الظالمین بآیات اللہ یجحدون۔ کی تفسیر مین توضیح آویگی۔ اور مشرکین و کفار اہل کتاب کو یہ حسد تھا کہ آج تک اولاد ابراہیم علیہ السلام مین سے صرف اولاد اسحق و یعقوب مین نبوت چلی آئی اگرچہ وہ صرف دنیا کے ایک فرقہ بنی اسرائیل کے ساتھ مخصوص تھی اور اب اولاد اسمعیل یعنے عرب قریش مین سے ایک عظیم الشان پیغمبر ہوا جسکی عظمت نبوت و کمالات امت کا غلغلہ تمام امم سابقہ و کتب سالفہ سے چلا آتا ہی جسکی نبوت تمام جہان کے واسطے عام ہوگی پس حسد سے نہین چاہتے تھے کہ وہ عرب کی قوم سے ہو۔ وَاللَّهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهِ مَنْ يَشَاءُ ط وَاللَّهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ حالانکہ اللہ تعالے اپنی رحمت کے ساتھ جسکو چاہتا ہی مخصوص فرماتا ہی اور اللہ تعالے فضل عظیم والا ہی ف پس اسنے اپنی فضل عظیم سے اولاد اسمعیل مین سے حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو ختم نبوت اور تمام جہان پر رسالت کے ساتھ مختص فرمایا۔ پس جو کوئی حسد کرے وہ جل مرے کیونکہ حق عزوجل قادر مختار ہی اسکی حکمت و مشیت مین کسی مخلوق کو دخل کی مجال نہین ہی۔ اسمین تنبیہ ہوئی کہ اہل ایمان کسی دشمن کافر سے دلی محبت نہ رکھین یعنے قلب مین کافر کی دوستی کو داخل نہ کرین اور نہ اسکے ساتھ قول و فعل مین مشابہت پیدا کرین کیونکہ یہ کفار بھی دل سے اہل ایمان کے امور ایمانی مین دشمن ہین جیسے شیطان انکے ایمان کا دشمن ہی اس دلیل سے کہ قولہ تعالے۔ مایود الذین۔ مین ود کی نفی ہی اور ود تمنائے دلی کے ساتھ محبت کو کہتے ہین تو معلوم ہوا کہ دلی آرزوے محبت کے ساتھ یہ کفار نہین چاہتے ہین کہ مومنون کو خیر پہونچے اور خیر درحقیقت وہ ہی جو ایمان سے متعلق ہی اور وحی اسمین اصل اصول ہی کیونکہ وحی نبوت ہی سے ایمان و جمیع خیرات حاصل ہوئین (تنبیہ) یہان سے مستنبط ہوا کہ اہل کفر کی وساطت سے دنیا حاصل ہونا بغیر خسارہ ایمانی غیر ممکن ہی کیونکہ دنیا کی چیزون اوسیوقت تک خیر ہوتی ہین کہ وہ کمالات آخرت کا ذریعہ ہون مگر کفار و شیاطین اسکے دشمن ہین تو جب کوئی شخص محض دنیا کے واسطے حاصل کرے وہ آخرت سے خرابی مین پڑیگا اگرچہ اس زمانہ مین بہت سے لوگ ہوس کرتے ہین۔ (الفوائد)

فائدہ اول۔ خیر کے تین معنے ہین وحی و علم دین و نصرت الٰہی اور بیضاوی نے کہا کہ یہان ایسے معنے عام لیے جاوین جو سبکو شامل ہون اور شیخ سیوطی نے فقط وحی سے تفسیر کی کیونکہ یہی قول حضرت علی و مجاہد ہی اور ابن عباس نے کہا کہ خیر یعنے اسلام مترجم کہتا ہی کہ یہ عام معنے کو شامل اور رائے بیضاوی کے واسطے دلیل ہی فائدہ دوم۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین جب عنادا وغیرہ لفظ مشتبہ سے یہودیون کو جھڑک کر کافر و مستحق عذاب الیم فرمایا تو معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین حتی کہ آپ کے کسی قول و فعل کی نسبت کوئی اہانت کا کلمہ کہے تو وہ بدبخت اپنے ایمان سے ہاتھ دھوئے حتی کہ بعض علمانے فرمایا کہ اوسکی توبہ قبول نہوگی بلکہ قتل کیا جاوے بعض علمانے تفسیر فرمائی کہ اس سے یہ مراد ہی کہ اگر وہ سخت نادم ہوکر جناب باری تعالے مین توبہ کرے تو امید ہی کہ اللہ تعالے آخرت مین اوسکو مومن اوٹھاوے لیکن دنیا مین اوسکی توبہ یہی رکھی گئی کہ قتل کیا جاوے جیسے بنی اسرائیل کی توبہ بقبول تھی مترجم کہتا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان پاک و اقوال و افعال و سنت سب مین کمال ادب لحاظ رکھے اور شاعرون کے اشعار سے پرہیز کرے کہ یہ لوگ اپنی جہالت سے بعض اشعار کو مدح خیال کرتے ہین حالانکہ وہ بے ادبی ہوتی ہی جس سے خوف کفر ہی۔ فائدہ سوم۔ نبوت اختصاص الٰہی عزوجل ہی جو اوسنے اپنی رحمت سے ازل مین مقدر فرمایا تھی کہ اگر کوئی شخص اسکو تقوی پرہیزگاری و عبادات کا نتیجہ سمجھے تو کافر ہی بلکہ اللہ تعالے نے جنکو اپنے علم ازل مین بغیر مقدر فرمایا اونکو تقوی و عبادت مین بھی مرتبہ نبوت عطا کیا تھا یعنے اونکی عبادت و تقوی بھی اوسقدر کی شان نبوت کے لائق تھا اور اونکے ساتھ قبولیت الٰہی بھی خاص تھی اور وہ اسلام و ایمان مین نہایت اعلی طبقہ ہی کہ اوسکے بعد مراتب امت یعنے مراتب صدیقین پھر شہدا و پھر صالحین واقع ہوے ہین اور آخری درجہ صالحین سے جو گناہ ہو وہ البتہ محاسبہ جہنم کے لائق ہوتا ہی بخلاف انبیاء علیہم السلام کے کہ اگر بالفرض اونسے گناہ ہو تو وہ درجہ صدیقین کی طاعت کے برابر ہی لیکن انبیاء علیہم السلام خود گناہ سے معصوم ہین اگر کوئی لغزش ہو بھی تو وہ اونکی شان کے مقابلہ مین لغزش ہی اسی وجہ سے کہا گیا کہ حسنات الابرار سیات المقربین یعنے جو امور کہ ابرار و متقین سے طاعت شمار ہوتے ہین وہ مقربین کے مرتبہ مین گویا گناہ ہین اسواسطے مقام کو اور یقین سے اچھی طرح سمجھو جو ہمین رہتے ہین عند عین ناسمجھی سے گمراہ ہوے ہین کہ بے ادب لوگ مدارج قرب و ادب سے جاہل رہے اور اپنی رعونت نفس سے دھوکا کھایا کہ شہدا و صدیقین بلکہ انبیاء علیہم السلام سے بشریت کا مقابلہ کیا اور یہ توفیق سے محرومی ہی اسیطرح جو کوئی اپنے نفس مین مبتلا رہے وہ ہمیشہ معارف سے دور و محروم ہوکر خیالات و اوہام مین مشتبہ ہوجاتا ہی چنانچہ یہود و نصاری کو کتب سابقہ مین تنبیہ کردی گئی تھی کہ وہ رسول اعظم و اکمل جو خاتم النبیین اور تمام جہان پر رسالت کے لیے بھیجا جائیگا وہ کلام حق و احکام نبوت کو اپنی زبان سے ادا فرمائیگا بلکہ اسکے ساتھ کامل فضائل بیان کیے تھے حتی کہ بعض فضائل ظاہرہ سے یہ مفہوم ہوتا تھا کہ مقبول و مردود کرنا اوسکے اختیار مین دیا گیا یعنے اوسکا کلام عین وحی الٰہی ہوگا چنانچہ قرآن مجید مین بھی شان حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے منصوص ہی پھر صاف ظاہر ہوا کہ احکام شریعت مین نسخ و تبدیل جو بمقتضاے حکمت الٰہیہ ہے بدرجہ اولی اوسکے اختیار مین ہی یعنے اوسکی زبان وحی عین شریعت ہوگی اور یہ کمال بزرگی شان نبوت ہی لیکن یکبارگی یہودی و بعضے نصرانی جو توفیق سے محروم ہوے وہ کہنے لگے یہ کیا بات ہے کہ پیغمبر اپنی امت کو بعض حکم دیتے ہین پھر منسوخ کردیتے ہین

پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا تو فرماتے ہین

مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ

جو منسوخ کرتے ہین ہم کوئی آیت یا بھلا دیتے ہین تو بھیجتے ہین اوس سے بہتر یا اوسکی برابر کیا تجکو معلوم نہین کہ اللہ ہر چیز پر

قَدِيْرٌ ۝ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ

قادر ہی کیا تجکو معلوم نہین کہ اللہ ہی کو سلطنت ہی آسمانون اور زمین کی اور تمکو نہین اللہ کے سوا کوئی

## وَلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ

کوئی حمایتی اور مدد والا

واضح ہو کہ نسخ کے چار معنے آتے ہین اول نقل او تناسخ جیسے نسخ الکتاب یعنی ایک کتاب سے دوسری کتاب مین نقل او تناسخ دوم بمعنی تحویل جیسے تناسخ میراث کیونکہ مورث سے تحویل ہوکر وارث کو پہنچتی ہی سوم بمعنی مٹانا و دور کرنا کقولہ تعالے۔ فینسخ اللہ مایلقی الشیطان۔ یعنے جو کچھ شیطان القا کرتا ہی اوسکو اللہ تعالے مٹا دیتا ہی چہارم بمعنے تبدیل چنانچہ فرمایا۔ واذا بدلنا آیۃ مکان آیۃ الآیۃ۔ اور یہی نسخ شرعی یہان مراد ہی کہ اللہ تعالے نے اپنے علم قدیم مین ایک حکم کو ایک وقت کے واسطے رکھا پھر جب دوسرا وقت آیا تو اوسکو تبدیل فرمایا اور اسمین اسرار رحمت و وفائق حکمت ہین لہذا فرمایا۔ مَا نَنْسَخْ مِنْ اٰيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِّنْهَآ اَوْ مِثْلِهَا۔ یعنے اگر ہم کوئی آیت نسخ کرتے یا اوسکو بھلاتے ہین تو اوس سے بہتر یا اوسکے مثل لاتے ہین۔ ف ایک قرارۃ متواتر مین۔ ننسہا۔ کی جگہہ۔ نسأہا۔ آیا جسکے معنے تاخیر ہین یعنے یا ہم اوسکو موخر کرتے ہین۔ تاخیر سے مراد یہ کہ اوسکی تلاوت اوٹھائی اور اوسکا حکم باقی رکھا یا لوح محفوظ سے نزول مین تاخیر دی۔ حاصل یہ ہوا کہ اللہ تعالے نے جس آیت کو تبدیل فرمایا اسطرح کہ قرارۃ باقی رہی اور تعمیل حکم کو بدل دیا جیسے قولہ تعالے۔ الئٰن خفف اللہ عنکم وعلم ان فیکم ضعفا۔ یا جیسے فرمایا۔ فاعفوا واصفحوا حتی یاتی اللہ بامرہ۔ یعنے تم لوگ کافرون کی طعن و بدگوئی کو ابھی عفو کرو اور اوس منہ موڑو یہانتک کہ اللہ تعالے اپنا حکم لاوے۔ چنانچہ آیت جہاد سے اسکو تبدیل فرمایا یا اوسکو نسیان کر دیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ رضی اللہ عنہم مین سے کسیکو بالکل یاد نرہا اور یہ معجزۂ عجیب تھا پس اسکی تلاوت و حکم دونون اوٹھا لیے گئے یا صرف تلاوت اوٹھائی اور حکم مین تاخیر دی جیسے قولہ تعالے۔ الشیخ والشیخۃ اذا زنیا فارجموہا نکالا من اللہ واللہ عزیز حکیم یعنے بوڑھا مرد و بوڑھی عورت اگر زنا کرین تو اونکو سنگسار کرو کہ اللہ تعالے کی طرف سے عقوبت ہی اور اللہ تعالے عزیز حکیم ہی پس اسکا حکم باقی ہی اور تلاوت منسا یعنے موخر ہوگئی پس خواہ تبدیل ہو یا بغیر تبدیل کے نسیان یا تاخیر ہو بہرحال اللہ عزوجل بہتر یا اوسکے برابر لاتا ہی۔ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ کیا تو جانتا نہین کہ اللہ تعالے ہر چیز پر قادر ہی ف تو وہ جب چاہے ایک حکم سے بہتر حکم دے کہ جسمین کثرت ثواب و مصلحت و سہولت بہت ہو یا مشقت مین اوسکے مثل ہو اور وفائق حکمت و تکمیل نفس مین اکمل ہو پس جیسے سابق مین احکام توریت مین سے جہاد و حرمت شراب و چربی وغیرہ احکام کثیرہ کو انجیل مین منسوخ فرمایا اسیطرح حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی جی سے قرآن عظیم مین سے جسوقت جو حکم چاہا او اپنی حکمت بالغہ و مشیت کاملہ کے موافق منسوخ فرمایا کیونکہ یہ احکام تو اپنی مخلوقات مین تصرف ہی کہ جسطرح چاہا اپنی بندگی کے واسطے حکم فرمایا اور کسکی مجال ہی کہ اوسپر اعتراض کر سکے۔ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کیا تو نے نہین جانا کہ اللہ تعالے ہی کے واسطے آسمانون و زمین کی سلطنت ہی ف پس وہ اپنی حکمت و رحمت سے جسطرح چاہتا ہی اپنی مخلوقات مین تصرف فرماتا ہی اور ان حکمتون سے آگاہ ہونا بطور کمال غیر ممکن ہی مگر فی الجملہ بعض حکمتون سے آگاہ ہونے کے واسطے یہ احمق یہودی و نصرانی کچھ لیاقت نہین رکھتے ہین ہان صحابہ صالحین و ائمہ مومنین البتہ کچھ سمجھتے ہین چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے واسطے ابتدا مین سوائے اعتقاد توحید کے شرائع کثیرہ کچھ نہین رکھے کیونکہ اہل عرب تو معنے توحید و نبوت سے بالکل واقف نہ تھے تو غایت رحمت سے اول اونکو معنے توحید سکھلائے جب وہ معرفت توحید کو سمجھ گئے اور اعتقاد اونکے دلون مین جم گیا تو دو رکعت نماز وہ بھی ایک وقت مقرر فرمائی تاکہ ادب و اطمینان سے سمجھکر ادا کرین اسی طرح رفتہ رفتہ جمیع شرائع تعلیم فرمائے تاکہ بہت آہستگی سے بتدریج اونکے نفوس بدرجۂ کمال پہونچے جیسے آدمی اپنے پیارے فرزند کو تسلی کے ساتھ جمیع علوم پڑھاتا ہی حتی کہ اگر یکبارگی اوسکو معانی دقیقہ کا سبق پڑھاوے تو اوسکو کچھ نہ آوے پس صاف ظاہر ہی کہ اگر جمیع شرائع یکبارگی

نازل ہوتے تو یہ کمال جانا رہتا کیا تم نہیں دیکھتے ہو کہ بنی اسرائیل کو بعد ایک مدت دراز کے پوری توریت دیگئی تو اوسکے قبول کرنے سے منکر ہوے اس سے معلوم ہوگیا کہ نسخ مین کیسے دقائق حکمت موجود ہین اور یہ جو بعض یہود و نصاری نے یہودگی سے گمان کیا تھا کہ حکم بدلنا تو تذبذب ہی کہ کبھی ایک حکم دیا پھر ایک حکم دیا تو اسکا جواب یہ ہی کہ تذبذب نہین بلکہ علم الٰہی کی دلیل ہی کہ اوسنے ایک وقت کے واسطے جو حکم دیا وہ برابر اوسوقت تک رہا اور اللہ تعالے جانتا تھا کہ فلان وقت دوسرا حکم ہی پس جس زمانہ مین جو حکم تھا وہ بھی اوسوقت کے واسطے حق و باقی ہی پس نسخ و تبدیل درحقیقت اہل ایمان کے واسطے اللہ تعالے کی نعمت ہی کہ جس سے صحابہ رضی اللہ عنہم کی تکمیل فرمائی حتی کہ اونکے قلوب قوی بعض احکام کے متحمل ہوے مثلاً حکم تھا کہ روزانہ سوا سے قدر کفایت کے باقی سب صدقہ کرین اسیطرح کافرون کے مقابلہ مین چاہے جسقدر کثیر ہون منہ نہ موڑین وغیرذالک لیکن ظاہر ہی کہ پچھلی امت اس تحمل کے لائق نہ تھی تو اونکے واسطے نہایت آسانی فرمائی کہ مال مین سے بھی جو ضرورت و اشتغال سے بالکل فاضل ہو اوسمین سے بھی فقط چالیسوان حصہ زکوۃ مفروض فرمائی اور کافرون کے مقابلہ سے بھی جب دو چند سے زائد ہون معذور رکھا اسی طرح اپنی ولایت سے ہر طبقہ کے مناسب پرورش فرمائی اسیواسطے خطاب فرمایا۔ وَمَا لَكُمْ مِنْ دُونِ اللَّهِ مِنْ وَلِيٍّ وَلَا نَصِيرٍ۔ اور سوا اے اللہ تعالے کے تمہارے واسطے کوئی متولی نہین اور نہ ناصر ہی۔ فف پس ہم لوگون پر اسکی شکرگذاری واجب ہی (مواقع نسخ و کیفیت نسخ) امام ابن کثیر رح نے لکھا کہ امام ابن جریر نے فرمایا کہ نسخ صرف اونھین آیات مین ہوتا ہی جو امر و نہی و حرام و مباح احکام مشروعات ہین یعنے اللہ تعالے کی توحید و صفات ہین یا اخلاق کریمہ مین نسخ نہین ہوسکتا اسی طرح قرآن مین جو اخبار سابقین ہین یا احوال آخرت ہین مانند وعدہ ثواب و وعید عذاب کے انمین بھی نسخ غیر ممکن ہی پھر نسخ کی کیفیت اسطرح تھی کہ کبھی بالکل بھلا دیا گیا چنانچہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہی کہ دو بھائی مسلمان ہوے اور اونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سورہ پڑھایا پس دونون رات کی نماز مین اوسکی تلاوت کیا کرتے تھے ایک دن ایسا اتفاق ہوا کہ رات مین جب دونون نماز کے واسطے کھڑے ہوے تو اس سورہ مین سے ایک حرف بھی نہ پڑھ سکے (آخر اونھون نے دوسری سورتون سے اپنی نماز پڑھی) پھر صبح کو دونون روانہ ہوکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آئے (اور خوفناک ہوکر) دونون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا حال عرض کیا تو آپ نے فرمایا کہ ڈرو مت کہ یہ سورہ منسوخ کی گئی و بھلادی گئی ہی (رواہ الطبرانی و ابو بکر بن الانباری) قتادہ رح نے فرمایا کہ اللہ تعالے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو جو کچھ چاہتا بھلا دیتا اور جو کچھ چاہتا تبدیل فرماتا تھا (عبدالرزاق) اور اسیکے مانند حسن بصری رح سے روایت ہی (ابن جریر) اور اسیکے مانند حضرت ابن عباس رض نے تفسیر فرمائی (ابن ابی حاتم) اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حضرت عمر رض فرماتے تھے کہ ہم مین علی رضی اللہ عنہ فیصلہ قضایا مین سب سے بہتر ہین اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہ قراءۃ مین سب سے بہتر ہین حالانکہ ابی بن کعب رض کا یہ قول ہم چھوڑتے ہین کہ جو ابی رض کہا کرتے ہین کہ مین نے جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہی اوسکو نہین چھوڑون گا حالانکہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ مانَنْسَخْ مِنْ آيَةٍ اَوْ نُنْسِهَا نَاْتِ بِخَيْرٍ مِنْهَا اَوْ مِثْلِهَا۔ (رواہ احمد و البخاری) اور معنے یہ ہین کہ ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو آیات ایسی سنین جنکی تلاوت منسوخ کیگئی لیکن بھولائی نہین گئی ہین تو ابی بن کعب رض اونکے پڑھنے پر بھی آمادہ ہین اگرچہ مصحف مین داخل نہ کرین لیکن اس ترک کے خیال سے نہین چھوڑتے کہ مین نے اونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے سنا تھا تو یہ امر اگرچہ ابی رض کے واسطے مضر نہین ہی کیونکہ وہ خود ناسخ و منسوخ کو پہچانتے ہین لیکن تابعین کے حق مین مضر ہی کہ وہ اوسکو مصحف مین سے گمان کرینگے لہذا حضرت عمر رض نے خاصۃً تنبیہ فرمائی مترجم کہتا ہی کہ نسیان کے طور پر نسخ ہونے کی دوسری مثالین بھی موجود ہین از انجملہ گیارھوین پارہ مین جہان اقسام منافقین کی فضیحت مذکور ہی تو ابتدا مین منافقون کے نام بھی بیان کیے گئے تھے پھر اللہ تعالے نے بھلا دیے چنانچہ وہان ابن عباس رضی اللہ عنہ سے صریح روایت

آویگی اور واضح ہو کہ ناسخ و منسوخ کے چند اقسام ہین اول یہ کہ لفظ و معنی دونون منسوخ ہوے چنانچہ نسیان کی مثالون مین ظاہر ہی اور نیز حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی روایت مین ہی کہ۔ کان فی ما انزل عشر رضعات معلومات۔ یعنے جو اتارا گیا اسمین دس رضعات معلومہ تھین۔ یعنے دس بار دودھ پلانے سے حکم رضاعت کا ثابت ہوتا تھا (کما فی الصحیحین) حالانکہ اسکا لفظ بھی منسوخ ہی اور معنی بھی منسوخ ہین دوم یہ کہ حکم منسوخ مگر تلاوت باقی ہی اور اسکی بعض مثالین اوپر گذرین اور نیز قولہ تعالے۔ واللاتی یاتین الفاحشۃ من نسائکم۔ یعنی جو روون کی زنا کاری پر مار پیٹ کر کے الگ پڑی پھوڑنے کا حکم تھا پھر سورۂ نور کی حد زنا کی آیت نازل ہو کر یہ حکم منسوخ ہو گیا۔ سوم یہ کہ حکم باقی مگر تلاوت منسوخ ہوتی ہی جیسے قولہ الشیخ والشیخۃ اذا زنیا الایۃ۔ اور بعض علماء نے قسم اول کو جائز نہین رکھا ہی بدلیل ظاہر قولہ تعالے۔ نات بخیر منہا او مثلہا۔ یعنے ویسا یا اوس سے بہتر آنا ضرور ہی اور جواب اسکا وہی حدیث حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا ہی جو اوپر گذری اور نیز بہتری کچھ اسمین منحصر نہین ہی کہ دوسری آیت ہی آوے بلکہ بندون سے تکلیف دور کرنا جسپر اونکی شکر گزاری ہو یہی بہتر ہی مترجم کہتا ہی کہ کبھی حکم بدون تفصیل کے منسوخ ہو جاتا ہی جیسے معراج مبارک مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی امت پر پچاس وقت کی نمازون کا حکم ہوا لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سفارش سے اللہ عزوجل نے نسخ فرما کر صرف پانچ وقت کی رکھین تمام ابن جریر نے فرمایا کہ آیت مین اگرچہ اللہ تعالے نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کو بطریق خبر کے اپنی عظمت سے آگاہ فرمایا لیکن اس سے یہودیون کو جھوٹا و خوار بنانا بھی ظاہر ہی کیونکہ یہودی اس بات سے انکار کرتے تھے کہ توریت کے احکام منسوخ ہون اسواسطے حضرت عیسی علیہ السلام کی نبوت سے انکار کرتے تھے کیونکہ حضرت عیسی علیہ السلام نے انجیل الہی سے توریت کے بعض احکام منسوخ کیے اگرچہ باقی توریت اونپر بھی بدستور لازم ہی اور یہ یہودیون کی محض عداوت تھی کیونکہ عقلاً کچھ بھی محال نہین ہی کہ اللہ تعالے اپنے بندون کو جس طرح چاہے حکم فرماوے اور اللہ تعالے پر یہ واجب نہین ہی کہ ایک ہی طرح کا حکم سب بندون پر لازم رکھے اور کیونکر کوئی شخص نسخ کا انکار کر سکتا ہی کیونکہ یہ تو یہودیون سے بہتون پہلے کتب سابقہ و شرائع سابقہ مین واقع ہو چکا کیونکہ حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی اولاد مین لڑکا و لڑکی کا باہم نکاح کرنا جائز تھا حالانکہ بعد اسکے بھائی بہن کا نکاح منسوخ ہو گیا اور اسیطرح حضرت نوح علیہ السلام کے اسسے بعد طوفان کے کشتی سے نکلکر جمیع حیوانات کا کھانا جائز تھا حالانکہ بعد اوسکے بعض جانور منسوخ ہوے اور اسیطرح حضرت یعقوب علیہ السلام اور اونکی اولاد کو ایک وقت مین دو بہنون کا نکاح مین رکھنا حلال تھا حالانکہ بنی اسرائیل مین بعد نزول شریعت توریت کے ممنوع ہو گیا اور اسیطرح حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اپنے فرزند کے ذبح کرنے کا حکم ہوا تھا لیکن یہ کام پورا کرنے سے پہلے منسوخ کر دیا گیا اور اسی طرح گوسالہ پوجنے والے بنی اسرائیل کو قتل نفس کا حکم ہوا پھر سنو سب قتل نہوے تھے کہ اللہ تعالے نے یہ حکم منسوخ فرمایا اور اسی طرح بہت سی مثالین ہین جو یہودیون پر حتمی لازم ہین اور خود انکا اقرار کرتے ہین اور اسی طرح توریت و انجیل مین حضرت خاتم النبیین کی بشارت اور اونکی متابعت شریعت کا حکم قطعی موجود ہی پس ظاہر ہی کہ شریعت سابقہ منسوخ ہو گی مترجم کہتا ہی کہ یہ کلام خوب و صحیح قاہرہ ہی لیکن نصرانیون سے تعجب ہی کہ یہودیون کے ساتھ ملکر کہنے لگے کہ ہان نسخ نہین ہو سکتا ہی حالانکہ یہودیون نے انکو جاہل ملزم بنایا اس طرح کہ جب نسخ نہین ہو سکتا ہی تو انجیل و نبوت حضرت عیسی علیہ السلام دونون کا دعوی غلط ہو گا کیونکہ شریعت انجیل مین بہت سے احکام توریت منسوخ ہو گئے مانند وجوب جہاد و حرمت شراب و گوشت شتر و چربی وغیرہ پس نسخ صحیح و قطعاً واقع ہونا چلا آیا ہی اور اللہ تعالے اپنی حکمت بالغہ سے اپنے بندون پر اپنی مشیت کے موافق جن افعال سے چاہتا ہی عبادت مقرر فرماتا ہی کیونکہ اللہ تعالے کی معرفت و توحید صفات و اخبار آخرت مانند ثواب و عذاب۔ قابل نسخ نہین ہین اور یہی اصل ہین اور انمین جمیع انبیاء علیہم السلام متفق ہین پس طریقہ عبادت اور کھانے پینے کے حرام و حلال مین البتہ اپنی مشیت کے موافق بندون کو مختلف طور سے بندگی کرنے کا حکم فرمایا اور یہ اپنی مخلوقات مین تصرف یعنی حکمت ہی (فائدہ) مترجم کہتا ہی کہ قولہ تعالے۔ نات بخیر منہا او مثلہا۔ یعنی مثل سے مراد ثواب و عبودیت

ہو اگرچہ حکمت الٰہیہ میں ناسخ و منسوخ ہر ایک سے مصلحت خاص متعلق ہو اور نظم قرآنی کی مثلیت مراد نہیں ہو چنانچہ بعض نے یہی وہم کر کے دعوی کیا کہ قرآن مجید کا حکم سنت نبوت یعنے حدیث سے منسوخ نہیں ہو سکتا اور یہ قول باطل ہو اور تمام اہل سنت متفق ہیں کہ آیت قرآن کا نسخ جس طرح دوسری آیت قرآن سے ہو اسی طرح حدیث سے ہوتا ہے لیکن مالکیہ و شافعیہ و حنبلیہ کے نزدیک قوی اسناد صحیح ہونا کافی ہو توضیح یہ ہو کہ قرآن مجید تو متواتر ثابت ہو اور احادیث شریف اگر متواتر یا مشہور اسناد سے ہو تو پھر تو بلا خلاف یقین ہو گا کہ یہ حدیث بیشک آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی اور چونکہ حدیث بھی وحی الٰہی ہو تو اس سے بالاتفاق آیت قرآن کا نسخ جائز ہو اور اگر اسناد مشہور یا متواتر نہ ہو بلکہ اس سے کم اگر اسناد صحیح ہو تو بھی مالکیہ و شافعیہ و حنبلیہ کے نزدیک ناسخ ہو سکتی ہو اور حنفیہ کے نزدیک نہیں اور یہی بعض مالکیہ کا قول ہو اور منہاج البیضاوی کی شرح میں لکھا کہ امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک قیاس سے بھی نسخ جائز ہو مترجم کہتا ہو کہ یہ مشہور اصول حنفیہ کے خلاف ہو اور صحیح یہ تفصیل ہو کہ اگر قیاس منصوص العلت ہو جیسے قولہ تعالے۔ یسئلونک عن المحیض قل ہو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض الآیۃ سے معلوم ہوا کہ حیض میں جماع کی ممانعت اس علت سے ہو کہ یہ گندگی کی حالت ہو تو جب یہ علت قطعی معلوم ہو گئی تو ہر ایسا جماع جسمیں گندگی ہو قطعاً حرام ہو گا جیسے زوجہ کے ساتھ لواطت کرنا قطعی حرام ہو کیونکہ وطی حیض سے بھی زیادہ نجس ہو۔ اجماع الامۃ سے بالاتفاق نسخ جائز ہو اور قطعی جماع صحابہ رضی اللہ عنہم ہو کیونکہ مومنین کا اجماع شرط ہو اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا مومن ہونا قطعی معلوم ہو بدلیل قولہ تعالے اولئک ہم المومنون حقا۔ اور قولہ تعالے۔ اولئک ہم الصادقون۔ اور قولہ تعالے۔ اولئک ہم المفلحون۔ اور قولہ تعالے۔ رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ۔ اور قولہ تعالے۔ محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء علی الکفار رحماء بینہم الآیۃ۔ پس صحابہ رضی اللہ عنہم کا اجماع تو قطعی ہو مسلمین کا اجماع ہی۔ بعضوں نے کہا کہ شیخ ابن حزم نے اجماع کے قطعی ہونے سے انکار کیا لیکن صحیح یہ کہ ابن حزم کو قطعیت سے انکار نہیں ہو بلکہ شیخ مذکور کہتا ہو کہ قوم جن کے مسلمان بھی صحابی ہیں حالانکہ اجماع میں انکا موجود ہونا روایت نہیں ہو (ذکرہ الشیخ ابن حجر فی الاصابۃ) لیکن شیخ ابن حزم کا قول مذکور رد ہونے پر اجماع ہو پھر سوائے صحابہ رضی اللہ عنہم کے جو اجماع واقع ہوے وہ قطعی نہیں ہیں ف ۲ واضح ہو کہ قرآن پاک عین تکمیل صفات ہو اور یہ حقیقی شان حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم تھی کیا نہیں دیکھتے ہو کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق عظیم یہی قرآن ہو (کما فی الصحیح) یعنے آپ کے اخلاق کریمہ میں موافق القرآن مجید ہیں اسی طرح صحابہ رضی اللہ عنہم درجہ بدرجہ حتی کہ جس قدر قرآن مجید سے توافق زیادہ ہوا اسیقدر خصال رذیلہ زائل ہو کر اخلاق کریمہ پیدا ہوتے ہیں اور یہ عین صفات قدسیہ الٰہی عزوجل سے تشبیہ ہو لہذا شیخ عارف رح نے قولہ تعالے۔ ما ننسخ من آیۃ۔ کے اشارہ میں کہا کہ ہر مرتبہ و مقام کے لائق صفات بشریہ سے اللہ تعالے بذریعہ اپنے کلام پاک کے زائل فرما کر صفت نورانی عطا فرماتا ہو اور یہ تبدیل برابر جاری رہتی ہو یہانتک کہ کمال حاصل ہو اور چونکہ کلمات الٰہیہ غیر متناہی ہیں بدلیل قولہ تعالے ولو ان ما فی الارض من شجرۃ اقلام والبحر یمدہ من بعدہ سبعۃ ابحر ما نفدت کلمات اللہ یعنی اگر زمین کے کل درخت کوئی ہوں سب قلم بن جاویں اور سمندر سیاہ دوات ہو جاویں اور ایسے سات سمندر دیگر اوسکے ساتھ شامل ہوں تو بھی کلمات الٰہی کم ہوں۔ ھ۔ پس عطاے معارف کی بھی کوئی انتہا نہیں ہو لہذا بعض نے فرمایا کہ اہل قبولیت جنمیں صلاحیت جنت دیگئی وہ بھی اہل جنت میں کیونکر گھبراوینگے کہ وہاں نے انتہا ترقیات نعمت و مدارج معرفت بڑھتے چلے جائینگے اور یہ ترقی تو اہل سعادت کے واسطے حیات دنیا سے شروع ہوتی ہو حتی کہ ایک حالت سے ترقی کر کے بلند حالت پر پہونچتا جاتا ہو اور یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے بھی تھا مگر فرق یہ ہو کہ امتیوں کے لیے تو اپنے منازل میں ترقی ہو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ابتداء حال وہ تھا کہ صدیقین کا انتہاے عروج اوسکے متصل ہوتا ہو مگر اوس حد میں داخل

نہین ہوتا ہی پس آپ کے مدارج آپ کی شان نبوت مین ترقی کرتے حتی کہ معراج بھی ایک مرتبہ تھا قال تعالے۔ دنی فتدلی فاوحی الی عبدہ ما اوحی۔ اور عالی مدارج کو اللہ تعالے ہی جانتا ہی۔ عقل سلیم واضح ہو کہ ہر عارف عاقل خوب سمجھتا ہی کہ انسان اپنے مدارج نفس کے ترقیات مین کبھی راہ نپاوے اگر ہدایت الٰہی بشرع رسالت اوسکی دستگیری نفرماوے تو پھر آدمی کی کیا مجال ہی کہ وہ حکمت آیہ کے نسخ و تبدیل وغیرہ مین سوالات کرے کیونکہ جو شخص مثلاً دنیا مین شاہی اصول حکمت سے واقف ہو وہ موقع ادب سے مناسب سوال کرسکتا ہی حالانکہ یہ معاملات صرف انھین حواس سے متعلق ہین جنھین سب آدمی برابر ہین پھر بھی وزیر سلطنت بازاری کی فہم و فراست مین بڑا فرق ہی تو مدارج آخرت و تعلیم نبوت مین جہان اور شاہ ایک بازاری کی برابر بھی حیثیت نہین رکھتا ہی کیونکہ کوئی شخص سوالات کرسکتا ہی بلکہ وہان یہی راہ ادب ہی کہ اللہ تعالے و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم و رضا پر ہمہ تن اپنے آپ کو سپرد کردے لہذا اللہ تعالے نے اپنے خاص بندون کو اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین حسن ادب کا لحاظ رکھنا چاہیے سکھلایا اور اپنے دشمنون شیاطین انس و جن کے فریب و وسوسہ سے نجات کا قاعدہ بتلایا کما قال تعالی

أَمْ تُرِيدُونَ أَنْ تَسْأَلُوا رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسَىٰ مِنْ قَبْلُ ۗ وَمَنْ يَتَبَدَّلِ الْكُفْرَ

کیا تم مسلمان بھی چاہتے ہو کہ سوال شروع کرو اپنے رسول سے جیسے سوال ہو چکے ہین موسی سے پہلے اور جو کوئی اختیار لیوے

بِالْإِيمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ ۝ وَدَّ كَثِيرٌ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُمْ

بدلے یقین کے وہ بھولا سیدھی راہ سے دل چاہتا ہی بہت کتاب والون کا کسی طرح تمکو پھیر کر

مِنْ بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّارًا ۚ حَسَدًا مِنْ عِنْدِ أَنْفُسِهِمْ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ

مسلمان ہوے پیچھے کافر کردین حسد کرکر اپنے اندر سے بعد اسکے کہ کھل چکا اونپر

الْحَقُّ ۖ فَاعْفُوا وَاصْفَحُوا حَتَّىٰ يَأْتِيَ اللَّهُ بِأَمْرِهِ ۗ إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝

حق سو تم درگذر کرو اور خیال مین نہ لاؤ جب تک بھیجے اللہ اپنا حکم اللہ اللہ ہر چیز پر قادر ہی

وَأَقِيمُوا الصَّلَاةَ وَآتُوا الزَّكَاةَ ۚ وَمَا تُقَدِّمُوا لِأَنْفُسِكُمْ مِنْ خَيْرٍ تَجِدُوهُ عِنْدَ اللَّهِ ۗ

اور کھڑی رکھو نماز اور دیتے رہو زکوۃ اور جو آگے بھیجوگے اپنے واسطے بھلائی وہ پاؤگے اللہ کے پاس

إِنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ۝

اللہ تمھارے کام دیکھتا ہی

امام ابن کثیر نے لکھا کہ اللہ تعالے نے اس آیت قدسیہ مین ایسی باتین پوچھنے سے منع فرمایا جنکا ابھی وقوع نہین ہوا ہی جیسے قولہ تعالے۔ یا ایہا الذین آمنوا لا تسئلوا عن اشیاء ان تبد لکم تسوکم الآیۃ۔ یعنے اے ایمان والو بکثرت اشیاء کے احکام مت پوچھو کہ اگر تمھارے لیے ظاہر کردیے جائینگے تو تمکو برائی پہونچاوینگے حالانکہ جس زمانہ مین قرآن نازل ہورہا ہی اگر اسوقت پوچھوگے تو تمھارے واسطے احکام ظاہر کیے جاوینگے کیونکہ اللہ تعالے نے اشیاء کو اصلی اباحت پر رکھا ہی کما قال تعالے۔ خلق لکم ما فی الارض جمیعا۔ پس ہر ایک طرح کا انتفاع مباح فرمایا یا استثناء اون چیزون کے جنکو ممنوع کردیا اور یہ کمال رحمت سے بندون پر آسانی ہی اور پوچھنے مین یہ ضرر ہی کہ شاید وہ حرام کردی جاوے تو پھر کوئی عذر مسموع نہوگا اسیواسطے حدیث مین آیا کہ مسلمانون کے حق مین وہ مسلمان سب سے زیادہ مجرم ہی جسنے ایسی چیز کو دریافت کیا جسکی بابت کوئی نص حرام کرنے والی نہین تھی پھر وہ اسکے پوچھنے سے حرام کردیگئی (الصحیح) اور اسی حیث سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کثرت سوال کو مکروہ و

معیوب رکھتے تھے چنانچہ صحیحین کی حدیث ملا عمد مین مروی ہی اور حدیث مغیرہ بن شعبہؓ مین آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لوگون کو باہمی قیل وقال اور بربادی مال اور کثرت سوال سے منع فرماتے تھے (الصحیحین) اور دوسری حدیث مین فرمایا کہ جب تک مین تمکو چھوڑون تم مجھے چھوڑو یعنے اوسکی بابت حکم مت پوچھو کیونکہ تمسے اگلی امتین اسی عادت سے تباہ ہوئین کہ اپنے انبیاء سے بکثرت احکام پوچھے پھر مخالفت کی پس تمکو جب مین کسی امر کا حکم دون تو جہانتک ممکن ہی اوسکو عمل مین لاؤ اور اگر کسی بات سے منع کرون تو اوس سے باز رہو (صحیح مسلم) اور یہ حدیث آپنے اوسوقت فرمائی کہ جب لوگون کو ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالے نے تمپر حج فرض کیا ہی پس ایک شخص نے سوال کیا کہ کیا ہر سال فرض کیا ہی اور اوسنے بار بار پوچھا یہانتک کہ تین بار آپ خاموش رہے پھر فرمایا کہ نہین یعنے ہر سال فرض نہین ہی اور اگر مین کہتا کہ ہان تو تم پر ہر سال فرض ہوجاتا اور اگر ہر سال فرض ہوتا تو تمسے ادا نہوتا (الصحیح) یہ حدیث بھی دلیل ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ تعالے نے لسان شریعت عطا فرمائی ہی جیسا کہ کتب سابقہ مین آپکی صفات مین مذکور ہوا ہی انس رضی اللہ عنہ کہتے تھے کہ ہم لوگ تو سوال سے منع کردیے گئے تھے تو ہمکو تمنا ہوتی تھی کہ اعراب مین سے کوئی سمجھدار آدمی آکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ پوچھے تو ہم بھی سن لین (السنن) اور براء بن عازبؓ سے اسیکے مانند روایت ہی اور کہا کہ ہمکو کوئی بات پوچھنی ہوتی تو سال گذر جاتا اور ہم بوجہ ہیبت کے نہین پوچھ سکتے تھے (ابو یعلی) اور حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین ایک ہیبت عظیم چھائی ہوئی تھی (کمافی الصحیحین) حتی کہ ہرقل قیصر روم کی طرف سے اور پرویز کسرے فارس کی طرف سے جو ایلچی آئے تھے اونپر اسقدر ہیبت سوار ہوئی کہ کانپنے لگے اور لڑکھڑاتی ہوئی زبان سے پیغام ادا کیا (کمافی السیر) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے بہتر قوم نہین دیکھی کہ اونھون نے صرف بارہ مسئلے پوچھے کہ وہ سب قرآن مجید مین مذکور ہین (البزار) مترجم کہتا ہی کہ اسکے معنے یہ ہین کہ قرآن مجید کلام الٰہی عزوجل قدیم ہی تو جو کچھ کلام الٰہی عزوجل مین ازل سے واقع ہوا تھا وہی صحابہ رضی اللہ عنہم نے سوال کیا پس اونکی فضیلت کاملہ ظاہر ہی کہ اونکے وہی سوال ہین جو کلام الٰہی مین تلاوت کیے جاتے ہین پس اسکو سمجھو کہ یہ کلام ابن عباس رضی اللہ عنہ نہایت لطیف دقیق متین ہی پس یہ کرامت تو صحابہ رضی اللہ عنہم کے واسطے خاص ہی اور چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام جہان کے واسطے رسول ہین تو اسمین مومنین و کافرین سب شامل ہین مگر کافرون پر علاوہ مذمت کفر کے یہود کا سوال کرنے کا بھی عیب ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا فَقَدْ سَأَلُوا مُوسَىٰ أَكْبَرَ مِن ذَٰلِكَ فَقَالُوا أَرِنَا اللَّهَ جَهْرَةً یعنی اہل کتاب آپ سے سوال کرتے ہین کہ اونپر آسمان سے کوئی کتاب اوتار لائیے (اس یہود کے سوال سے تعجب کیجیے) انھون نے تو موسی سے اس سے بھی بڑھکر سوال کیا تھا کہ کہنے لگے کہ ہمکو کھلے کھلے اللہ تعالے کو آنکھون دکھلا دیجیے رہا اور محمد بن اسحق نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ یہودی رافع بن حریملہ اور وہب ابن زید نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اگر آپ آسمان سے کوئی کتاب ہمارے لیے اوتار دیجیے اور یہان نہرین جاری کردیجیے تو ہم آپکو مان لین پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا۔ أَمْ تُرِيدُونَ أَن تَسْأَلُوا رَسُولَكُمْ كَمَا سُئِلَ مُوسَىٰ مِن قَبْلُ بلکہ تم چاہتے ہو کہ اپنے رسول سے ویسے سوال کرو جیسے موسی سے قبل اسکے سوال کیا گیا تھا۔ چنانچہ موسی سے کہا کہ ہمارے لیے بھی انھین لوگون کے بت کے مانند ایک خدا بنا دو اور کبھی کہا کہ ہمکو عیانًا اللہ تعالے کو دکھا دو اور مانند اسکے یہود نے سوالات کیے اسیطرح ان یہودیون نے بھی عناد و سرکشی سے معجزات عظیمہ و قطعی دلائل ثبوت چھوڑکر یہود کے سوالات شروع کیے جیسے کفار مکہ کی بھی یہی کیفیت تھی چنانچہ مجاہد رح نے فرمایا کہ کفار قریش نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ ہمارے واسطے اس کوہ صفا کو سونے کا کردیجیے تو آپ نے فرمایا کہ اچھا مگر شرط یہ ہی کہ جیسے بنی اسرائیل کے واسطے مائدہ آسمانی تھا ویسے ہی یہ سونے کا پہاڑ تمہارے واسطے ہوگا تو قریش نے اس سے انکار کیا اور لوٹ گئے

سدی و قتادہ رح سے بھی اسیکے مانند مروی ہی - ع - مترجم کہتا ہی کہ بنی اسرائیل نے آسمان سے طعام پختہ مانگا تھا تو یہ شرط ہوئی کہ اچھا بھیجا جائیگا لیکن اگر ناشکری سے ذخیرہ کیا گیا تو عذاب سخت دیا جائیگا پس انھوں نے منظور کر لیا لیکن امتحان میں پورے نہ اترے تو نافرمانی سے مسخ کر کے سور کر دیے گئے جو چیخ چیخ کر مر گئے چنانچہ سورہ مائدہ میں انشاء اللہ تعالے آویگا - واضح ہو کہ قریش کو یہ سوال غالباً یہودیوں وغیرہ نے سکھلایا تھا اسیواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونسے وہی شرط لگائی جو نزول مائدہ میں تھی اور چونکہ یہودیوں سے قریش نے مائدہ والوں کا انجام سنا تھا لہذا خوفناک ہو کر نامنظور کیا علامہ بیضاوی وغیرہ نے لکھا کہ ام تریدون - میں - ام متصلہ یا منقطعہ ہی لیکن متصلہ جب ہی ہو سکتا ہی کہ اس سے پہلے ہمزۂ استفہام ہو جیسے بولتے ہیں اھو زید ام عمرو یعنے کیا وہ زید ہی کہ عمرو ہی پس یہاں کہا گیا کہ - الم تعلم - میں جو ہمزہ ہی وہی کافی ہی اور معنے یہ ہیں کہ کیا نہیں جانتے ہو کہ اللہ تعالے مالک قادر ہی وہی احکام جس طرح نسخ و تبدیل وغیرہ سے چاہتا ہی جاری کرتا ہی اور یہاں کہ کر کے رسول سے سوال کرتے ہو - جیسے یہود نے موسیٰ سے سوال کیا - مراد یہ کہ مسلمانوں کو ارشاد کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مضبوط رہیں اور کافروں و مشرکوں کے شبہہ ڈالنے سے سوالات میں نہ پڑیں جیسے موسیٰ کی قوم نے شیطانی وسوسہ سے بیجا سوال کیے آخر گمراہ ہوے پس تمھیں اتنا سمجھنا کافی ہی کہ جب اللہ تعالے مالک آسمان و زمین ہی تو وہ جو کچھ نسخ و تبدیل کرے بہت خوب و عین حکمت و تمام مصلحت ہی مترجم کہتا ہی اس تقریر بیضاوی رح پر - رسولکم - سے اپنا مانا ہوا رسول مراد ہو گا کیونکہ یہ خطاب صرف مومنوں کو ہوا کہ تم اپنے رسول سے بیجا سوال نکرو اور اگر یہ کافروں کو ملامت ہو جیسے تقریر ابن کثیر رح سے ظاہر ہوا کہ کفار یہود و مشرکین قریش کی مذمت ہے تو - رسولکم - کے یہ معنے ہونگے کہ اس طبقۂ امت کے واسطے جو رسول بھیجا گیا ہی کیونکہ یہ لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول مانتے نہیں تھے لیکن درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس طبقۂ امت کے واسطے جو قیامت تک ہی رسول برحق ہیں - بیضاوی نے حاشیہ میں کہا کہ صاحب مفتاح کے نزدیک یہاں - ام - متصلہ نہیں ہی کیونکہ اوسکے بعد مفرد ہوتا ہی علامہ عکبری نے اعراب القرآن میں کہا کہ - ام - یہاں منقطعہ ہی اسواسطے کہ - الم تعلم - میں جو ہمزہ ہی وہ اس موقع میں نہیں ہی اسیکو سیوطی رح نے اختیار کیا کیونکہ - الم تعلم - خطاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی یا آپ بھی داخل ہیں کیونکہ معنے یہ ہیں کہ کیا تو نے نہیں جانا کہ اللہ تعالے ہی کے واسطے ملک سموات والارض ہی - ام تریدون - میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل نہیں ہیں پس اگر متصلہ ہو تو خلاصہ یہ کہ الم تعلم ذلک ام تریدون السوال یعنے کیا تو نہیں جانتا یہ قدرت الٰہی یا تم لوگ یہ بیجا سوال کرتے ہو - ظاہر ہی کہ یہ تقدیر نہیں بنتی ہی پس یہاں ام منقطعہ بمعنے بل کے ہی یعنے یہاں سے دوسرے کلام کی طرف رجوع ہی گویا فرمایا کہ نسخ و تبدیل احکام میں کچھ شبہہ نہیں ہو سکتا کیونکہ کون شخص یہ بات نہیں جانتا کہ آسمان و زمین کا مالک اللہ تعالی ہی وہ جو چاہے اور جسطرح چاہے حکم کرے تو تم لوگ ایمان لانے کے لیے پوچھ گچھ نہیں کرتے ہو بلکہ تمھارا ارادہ یہ ہی کہ اپنے وقت کے رسول سے بھی ویسے ہی بیہودہ سوال کرو جیسے قوم موسیٰ نے موسیٰ علیہ السلام سے سوال کیے تھے - اسمیں تنبیہ ہی کہ جو شخص ایسی جہالت کر کے اپنی عاقبت برباد کرے حالانکہ وہ دلائل قطعیہ سے حق پہچان گیا وہ بدبخت شقی ہی - وَمَنْ يَتَبَدَّلِ الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ فَقَدْ ضَلَّ سَوَاءَ السَّبِيلِ - اور جسنے ایمان کے عوض کفر کو بدل لیا تو وہ سیدھی راہ سے گمراہ ہوا - ف کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارات نبوت و دلائل معجزات قدرت اور بات بات میں معجزات اس بات کے واسطے قطعی آیات و دلالات ہیں کہ آپ بلاشبہہ پیغمبر حق و خاتم النبیین ہیں تو ایمان صریح موجود ہی پھر اسکو چھوڑ کر کفر لینا و بیجا سوالات و عداوت و حسد کرنا عین گمراہی ہی اور عجب کہ یہ بدبختی زیادہ تر یہودیوں میں تھی جنکے پاس باوجود علم کے آپ کی نبوت کے دلائل قطعی موجود تھے حالانکہ یہ لوگ علاوہ اپنی گمراہی کے حسد سے مومنوں کو بہکاتے

اور چاہتے کہ گمراہ ہو جاویں لہذا اللہ تعالے نے اہل ایمان کو اونکی شیطانیت سے متنبہ کر دیا چنانچہ فرمایا۔ وَدَّ كَثِيرٌ مِّنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَوْ يَرُدُّونَكُم مِّن بَعْدِ إِيمَانِكُمْ كُفَّارًا حَسَدًا مِّنْ عِندِ أَنفُسِهِم مِّن بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمُ الْحَقُّ ۔ بہتیرے اہل کتاب نے دلی خواہش سے تمنا کی کہ کاش ایسا ہوتا کہ تم لوگون کو تمھارے ایمان کے بعد موڑ کر کفار کر دیتے بوجہ ایسے حسد کے جو اونکے نفوس کی جانب سے اوبھارا ہی بعد از انکہ اونکو حق ظاہر ہو چکا۔ ف یعنے اللہ عزوجل کی توریت و انجیل وغیرہ کتب انبیا سابقین مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل نبوت و احکام امت ایسی تفصیل کے ساتھ مذکور تھے کہ یہود و نصاری نے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و آپ کے اصحاب و کتاب یعنے قرآن مجید سے مقابلہ کیا تو امر حق بالکل کھل گیا اور کچھ بھی شبہہ باقی نرہا مگر اونکو حسد نے جان بوجھکر انکار پر آمادہ کیا مترجم کہتا ہی کہ شاید کسی روایت مین یہ نہین مذکور ہی کہ پیغمبر آخرالزمان محض امی ہونگے اگرچہ آپ کی بشارت سے یہ بات ظاہر ہی کہ آپ اولاد اسمعیل علیہ السلام سے ہونگے لیکن یہودیون نے اپنے فہم ناقص کے موافق حضرت داؤد علیہ السلام کی بعض عبارت سے یہ نکال رکھا تھا کہ نبی اسرائیل ہی مین نبوت دائمی ہی حالانکہ یہ اونکی غلط فہمی تھی اور تمام انبیا علیہم السلام نے موافق توریت کے بشارت دی تھی کہ زمین تہامہ سے پیغمبر آخرالزمان پیدا ہون گے اور تہامہ بالاتفاق یہی زمین حجاز ہی جسمین مکہ و مدینہ واقع ہی اور خصوصًا ان یہودیون کو جو عرب مین رہتے تھے کچھ بھی شک نرہا کہ تہامہ سے مبعوث ہونے والے پیغمبر آخرالزمان یہی ہین ضحاک نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ یہودیون نے جو اپنے علم پر مغرور تھے دیکھا کہ پیغمبر آخرالزمان جنکے اسقدر فضائل مذکور ہین ایک امی ہین جو اونکی تمام توریت سے خبر دیتے ہین اور تمام انبیاء اور اونکی کتابون اور امتون کا بیان کرتے ہین جو اونکو بھی نہین معلوم ہی اور توریت اونکی تصدیق کرتی ہی تو بجاے صدق ایقان کے صدق انکو آمادہ کیا کہ جان بوجھکر انکار کرنے لگے عکرمہ نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ یہود کے عالمون مین سے حیی بن اخطب اور ابو یاسر کو سب سے زیادہ عرب پر حسد تھا کہ اللہ تعالے نے جس پیغمبر آخرالزمان کے اسقدر فضائل پہلی کتابون مین بیان فرمائے اوسکی خصوصیت عرب سے ہوئی حالانکہ یہ بے پڑھی قوم ہی پس یہ دونون سب سے زیادہ حسد کرکے جہانتک ممکن تھا عرب کو ایمان سے بہکاتے تھے (محمد بن اسحق) مترجم کہتا ہی کہ یہ دونون سخت جاہل تھے کہ جب اونکو معلوم ہو چکا کہ پیغمبر آخرالزمان کی بعثت عرب مین واقع ہوئی تو معلوم ہوا کہ یہی تقدیر الٰہی ہی پھر اس بیہودہ تدبیر سے سوائے اپنی بربادی کے کیا فائدہ تھا ظاہر اوہی صحیح ہی جو بعض علمانے فرمایا کہ یہودی قوم مجسمہ تھے جو مسائل معرفت کو نہین سمجھتے تھے لیکن مترجم کہتا ہی کہ ظاہر ایسی یہودی ایسے ہون ورنہ جو شخص تقدیر سے منکر ہوا وسکا ایمان ہی درست نہین ہو سکتا حالانکہ قوم موسی علیہ السلام مین بہت سے علماے صالحین و اولیا گذرے ہین وہ کیونکر تقدیر سے منکر ہو سکتے ہین اسیطرح قوم عیسی علیہ السلام مین بھی بہت سے صالحین گذرے کہ وہ بالفرض ایمان تقدیر پر قائم تھے حالانکہ بالفعل جو نام کے نصرانی ہین تقدیر سے بالکل منکر ہین پس یہی ان یہودیون کا حال تھا جو بوجہ جہالت کے کتابی الفاظ اپنے آپکو عالم سمجھتے اور سخت غلطی سے بیجا کوشش کرتے کہ پیغمبر آخرالزمان کی نبوت قوم عرب سے نہو اور تفسیر ابن عباس رضی سے معلوم ہوا کہ حیی بن اخطب اور اوسکا بھائی ابو یاسر انصارین کافر حاسدون مین سے تھا اور کعب بن مالک رضی نے کہا کہ ایک یہودی کعب بن الاشرف جو کہ شاعری سے بھی کیا کرتا تھا اوسکے حق مین بھی یہ آیت نازل ہوئی ہی (ابن ابی حاتم) ع۔ معالم مین اس مقام مین یون قصہ مذکور ہی کہ جب جنگ احد مین مسلمانون نے بوجہ نافرمانی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شکست پائی تو یہودیون نے حضرت حذیفہ الیمان و عمار بن یاسر رضی اللہ عنہما کو بہکانا شروع کیا کہ اگر تم لوگ دین حق پر ہوتے تو کیون شکست پاتے اور اگر تم ہمارے دین کیطرف رجوع کرو تو زیادہ ہدایت پاؤگے پس عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم لوگ واقف ہو کہ عہد شکنی کا کیا حکم ہی تو کہنے لگے کہ عہد توڑنے کا بہت بڑا گناہ ہی پس عمار رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین نے تو اللہ تعالے سے عہد

کرلیا کہ جب تک زندہ رہون تیرے دین اسلام اور تیرے رسول حق محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے نہین پھرونگا لیکن تم لوگ بد عہد ہو کہ اللہ تعالے کے عہد توریت سے پھر گئے حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ مین تو اس بات پر راضی ہو چکا کہ اللہ تعالے میرا رب ہی اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم میرے پیغمبر ہین اور اسلام میرا دین ہی اور قرآن میرا پیشوا ہی اور کعبہ میرا قبلہ ہی اور مومنین میرے بھائی ہین اور کفار میرے دشمن ہین پھر دونون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہو کر یہ حال بیان کیا تب یہ آیت اوتری - ودکثیر من اہل الکتاب لو یردونکم من بعد ایمانکم کفارا حسدا من عند انفسہم من بعد ما تبین لہم الحق - پھر اسکے بعد اللہ تعالے نے اہل ایمان کو کفار کی گستاخیون سے اعراض کا حکم فرمایا بقولہ تعالے **فَاعْفُوا وَاصْفَحُوا حَتّٰى يَأْتِيَ اللّٰهُ بِأَمْرِهٖ** - پس تم لوگ عفو کرو اور درگذر کرو یہانتک کہ اللہ تعالے اپنا حکم لاوے - ف پس اہل ایمان نے صبر کیا یہانتک کہ اللہ تعالے نے حکم بھیجا کہ اپر جہاد کرو یعنی اہل کتاب پر بھی جہاد کرو لیکن اتنی تخفیف فرمائی کہ اگر یہ لوگ مطیع ہو جاوین تو انسے جزیہ قبول کرلو حالانکہ مشرکین بت پرست عرب سے جزیہ قبول نہین ہوتا ہی لہذا حضرت ابن مسعود رض و ابن عباس رض و ایک جماعت سے مروی ہی کہ اس آیت کا حکم منسوخ ہو گیا بقولہ تعالے - وقاتلوا الذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الآخر ولا یحرمون ما حرم اللہ ورسولہ ولا یدینون دین الحق من الذین اوتوا الکتاب حتی یعطوا الجزیۃ عن ید وہم صاغرون - **ص** - لیکن ایک جماعت فقہا و مفسرین نے یہان منسوخ کا حکم دینا تسلیم نہین کیا اور یہ حجت پیش کی کہ اللہ تعالے نے عفو و درگذر کرنے کا مطلق حکم نہین دیا بلکہ یون حکم دیا کہ عفو درگذر رہیانتک کہ وہ حکم الہی آوے تو اللہ تعالے نے ایک وقت تک خود ہی محدود فرمایا تھا اور اصطلاح مین اسکو نسخ نہین کہتے ہین مترجم کہتا ہی کہ ہان حضرت ابن مسعود و ابن عباس و غیرہ رضی اللہ عنہم نے بھی آپ لوگون کی نسخ اصطلاحی مراد نہین رکھی ہی کیونکہ اوسوقت تک یہ اصطلاح بھی نہین تھی پس ان صحابہ رضی اللہ عنہم کی غرض یہ ہی کہ جب اہل کتاب پر جہاد کرنے کا حکم آیا تو عفو و درگذر کرنیکا حکم مرتفع ہو گیا اور اللہ تعالے نے اسی مین مسلمانون کو امید دلائی ہی کہ کہ اہل کتاب کی ایذا تم سے دور کیجائیگی حالانکہ اسکا فائدہ کبھی نہ ملا بقولہ تعالے - **لتسمعن من الذین اوتوا الکتاب من قبلکم ومن الذین اشرکوا اذی کثیرا** الآیۃ - گویا اشارہ ہی کہ تمکو اپنے نفس کے اوہام دور کرنے کے واسطے ضرور بہت سی ایذا ان مشرکون و اہل کتاب سے سننا پڑیگی تاکہ تمہارا نفس مغرور نہو کہ ایمان کی وجہ سے ہمکو استحقاق نجات ہی بلکہ اللہ تعالے عزوجل ہی کا احسان مانو کہ ہم لوگ ایمان پر ثابت قدم رہینگے اگرچہ کفار سے ہمکو ایذا پہونچے کیونکہ یہی خلوص توحید ہی کہ نفس کے واسطے کوئی کام نہو بلکہ خالصا اللہ تعالے کے واسطے ہو حتی کہ جب اسمین کامل ہوئے یعنی خطرات نفس سے چھوٹ گئے تو اللہ تعالے نے انکو ایذاے کفار سے نجات دی اور جہاد کا حکم دیکر سب کافرون کو خوار کیا - **اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ** - بیشک اللہ تعالے ہر چیز پر قادر ہی ف پس اسوقت اہل ایمان کے واسطے مخالفت نفس مین یہ بھی موجود تھا کہ باوجود اس حالت کے اس بات کا یقین کامل رکھین کہ اللہ تعالے جب چاہے ان کافرون کو خوار کرے اور بالفعل اونکو چھوڑ دینا عین حکمت اور خود ہمارے واسطے مصلحت ہی کیونکہ احکام الہی عین حکمت و مصلحت ہین چنانچہ یہان حکم دیا کہ تم لوگ عفو کرو اور درگذر کرو اور یہ بھی حکم دیا کہ - **وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ** - اور ٹھیک قائم رکھو نماز اور ادا کرو زکوۃ - ف پس مال سے انکے نفوس کے منقطع کیا اور ٹھیک نماز پر قائم کرنے سے وسوسہ نفس زائل کیا کیونکہ جسکے نفس مین وسوسہ ہو کہ آخرت کوئی چیز نہین ہی تو وہ بالفعل نماز مین تکلیف نہین اوٹھائیگا اسیواسطے حکم دیا کہ علاوہ فرائض کے ہر ایک طرح کی نیکی جو ممکن ہو عمل مین لاؤ - **وَمَا تُقَدِّمُوْا لِاَنْفُسِكُمْ مِّنْ خَيْرٍ تَجِدُوْهُ عِنْدَ اللّٰهِ** - اور اپنے نفوس کے واسطے جو تم پہلے پہونچا رکھو اوسکو اللہ تعالے نے یہان پاؤگے ف پس تمہارا نفس باتباع عقل کے خود خوش ہو کہ یہ اوسیکے واسطے بھلائی ہی کہ اس دار فانی مین جو کچھ نیکی کرکے لیگیا وہ آرام کے ساتھ

وہان پاویگا پس چاہیے کہ نفس محض اخلاص کے ساتھ نیکی مین سرگرم رہے۔ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ۔ جو کچھ تم کرتے ہو البتہ اللہ تعالےٰ خوب دیکھتا ہی ف اور کوئی چیز اوسکے دیکھنے مین حائل یا مانع نہین ہوسکتی حتی کہ تمھارا دل واوسکا باہر وہ اللہ تعالےٰ کے سامنے ہی چاہے جہان ہو حتی کہ بعض احادیث مین آیا کہ اندھیری تاریک رات مین کوہ صفا کے غار مین چیونٹی کی چال حضرت حق عزوجل کے سامنے ہی اسیواسطے بعض مشائخ نے کہا کہ دیکھو شیطان تمھاری رگون مین خون کی طرح جاری ہی تو ایسے نزدیک متصل دشمن سے کون بچ سکتا ہی سوائے اوس شخص کے جو ایسے حامی سے پناہ لے کہ وہ اس سے بھی قریب ہی اور وہ اللہ عزوجل ہی مترجم کہتا ہی کہ یہ بہت نفیس کلام ہی ورنہ شیطان خود اس قدر قریب جاوی اور خود انسان کا نفس بھی اوسکے وساوس قبول کرنے والا یعنے خود اپنی جان کا دشمن یعنے نہایت احمق ہی بلکہ آدمی اپنی جنس کے آدمیون یعنی کافرون کی جانب میلان کرتا ہی اور جنسیت کی وجہ سے اونکا ضرر شدید ہی حتی کہ آدمی کو مجوس سانپ سے ضرر ہی اور اس سے بڑھکر یہود و نصاریٰ سے ضرر ہی اور اس سے بڑھکر اسلام کی شکل مین مبتدعین خوارج و روافض و شیعہ و معتزلہ وغیرہ سے ضرر ہی اور اس سے بڑھکر اہل سنت کے عملی مبتدعین سے ضرر ہی مگر صحابہ رضی اللہ عنہم کے وقت مین یہ اعتقادی بدعتی یعنی خوارج و روافض و شیعہ وغیرہ نہین تھے مگر یہود و نصاریٰ و منافقین موجود تھے اور وہ طرح سے اہل ایمان کو دھوکا دیتے تھے لیکن صحابہ رضی اللہ عنہم مین حسن صنعت الٰہی عجیب تھی جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان بھی انبیاء علیہم السلام مین عجیب ہی کیونکہ باوجود امی ہونے کے معرفت علم الٰہی و علم اولین و آخرین مین سب سے اکمل ہین اسطرح صحابہ رضی اللہ عنہم بھی جمیع امم ماضیہ سے اکمل ہین و منجملہ فتنہ کفار کے فرمایا

وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ؕ تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ ؕ قُلْ هَاتُوْا

اور کہتے ہین ہرگز نجاویگے جنت مین مگر جو ہونگے یہود یا نصاریٰ یہ آرزوئین باندھ لین ہر ایک نے کہدیا تم لاؤ

بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ بَلٰى ۗ مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ مُحْسِنٌ فَلَهٗۤ اَجْرُهٗ

سند اپنی اگر تم سچے ہو کیون نہین جسنے تابع کیا منھ اپنا اللہ کے اور اور وہ نیکی پر ہی اوسی کو ہی مزدوری اوسکی

عِنْدَ رَبِّهٖ ۪ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ وَقَالَتِ الْيَهُوْدُ لَيْسَتِ النَّصٰرٰى

اپنے رب کے پاس اور نہ ڈر ہم اوپر اور نہ اونکو غم ہی اور یہود نے کہا نصاریٰ نہین

عَلٰى شَيْءٍ ۖ وَّقَالَتِ النَّصٰرٰى لَيْسَتِ الْيَهُوْدُ عَلٰى شَيْءٍ ۙ وَّهُمْ يَتْلُوْنَ الْكِتٰبَ ؕ كَذٰلِكَ

کچھ راہ پر اور نصاریٰ نے کہا یہود نہین کچھ راہ پر اور وہ سب پڑھتے ہین کتاب اسیطرح

قَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ ۚ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا

کہی اون لوگون نے جنپاس علم نہین اونھین کی سی بات اب اللہ حکم کریگا اون مین دن قیامت کے جس بات مین

كَانُوْا فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ۝

جھگڑتے تھے

اللہ تعالےٰ نے تنبیہ فرمائی کہ یہود و نصاریٰ اپنے خیالات مین مغرور ہین چنانچہ ایک گروہ یہود و نصاریٰ نے اپنے اپنے غرور پر دعوی کیا جیسا اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ وَقَالُوْا لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى۔ اور کہتے ہین کہ جنت مین ہرگز داخل نہوگا سوائے اوسکے جو یہودی یا نصرانی ہو ف یعنے یہودی تو دعوی کرنے لگے کہ جنت مین سوائے

یہودی کے کوئی داخل نہوگا اور نصرانی کہنے لگے کہ سوائے نصرانی کے کوئی داخل نہوگا حالانکہ یہ لوگ اسقدر بیعقل ہین کہ کلام کا مفہوم اچھی طرح نہین سمجھتے کہ آخر اس گفتگو سے کیا لازم آتا ہی کیونکہ جب سوائے یہودی و نصرانی کے کوئی داخل جنت نہوتو انبیاے سابقین اور اونکی امتین محروم ہوئین مثلاً جب یہودیون نے کہا کہ سوائے یہودی کے کوئی بھی جنت مین نہ جائیگا معاذ اللہ لازم آیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جنت مین نجاوین اور جب نصرانی نے یہ دعوی کیا تو اوس پر بھی یہی لازم آیا حالانکہ یہ محض دروغ و حماقت ہی لہذا فرمایا۔ تِلْكَ أَمَانِيُّهُمْ۔ یہ تو اونکی نفسانی خواہشین ہین۔ ف کوئی عقلی یا شرعی بات نہین ہی چنانچہ یہود و نصاری مین سے ہر ایک نے دعوی کیا کہ نحن ابناء اللہ و احباؤہ۔ یعنے ہم لوگ تو بنزلۂ فرزندان آلہی و محبوبان آلہی ہین شیخ ابوالعالیہ رح نے فرمایا کہ یہ لوگ نشۂ نفس مین مست ہوکر جناب آلہی عزوجل مین دروغ دعوی باندھتے تھے۔ یہی قتادہ و ربیع بن انس رح کا قول ہی حالانکہ ان لوگون کو چاہیے تھا کہ بغیر وحی کے جناب باری تعالے مین بہتان باندھکر عاقبت برباد نکرتے لہذا رد فرمایا بقولہ تعالے۔ قُلْ هَاتُوا بُرْهَانَكُمْ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ۔ یعنے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگون سے کہدے کہ اپنی حجت و دلیل لاؤ اگر تم سچے ہو۔ ف قتادہ نے کہا اپنے گواہ لاؤ۔ ابوالعالیہ مجاہد و سدی و ربیع بن انس نے کہا برہان یعنے حجت و دلیل لاؤ یعنے جو دعوی کرتے ہو محض نفسانیت ہی اسپر کوئی دلیل حق موجود نہین ہی اسیواسطے آدمی کو چاہیے کہ کسی کار ثواب یا عذاب مین اپنی راے سے ہرگز حکم نکرے اگرچہ وہ فعل اوسکی راے میں اچھا نظر آتا ہو جب تک کہ اوسپر کوئی دلیل شرعی قائم نہو اسیواسطے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جو شخص اپنے آپکو اپنے دعوے سے جنتی سمجھے وہ جہنمی ہی مترجم کہتا ہی کہ جہنمی ہونے کی دلیل یہ ہی کہ مومن وہ ہی جو عذاب جہنم سے خائف ہو حالانکہ یہ شخص نڈر ہوگیا اور اللہ تعالے نے نڈر کو کافر فرمایا اسی طرح اگر دوسرے شخص کو جو مسلمان ہی کسی بدفعلی کی وجہ سے قطعی جہنمی سمجھے تو اوسکے حق مین خود کفر ہی حتی کہ کسی زندہ کافر کو بھی قطعی جہنمی نہین کہہ سکتے ہین کیونکہ شاید وہ ایمان لاوے غرضکہ جو امور اللہ تعالے کے علم مین ہین اونکا حکم لگانا ہرگز نچاہیے حالانکہ یہ یہود و نصاری ایسے احمق و بیہودہ تھے کہ اپنے واسطے جنت کا حکم لگاتے تھے بلکہ دوسرون کے واسطے جہنمی ہونیکا بھی حکم لگاتے تھے کہ سوائے یہودی نصرانی کے جنت مین کوئی نہین جائیگا اللہ تعالے نے رد فرمایا ہی۔ بَلَىٰ۔ کیون نہین ف یعنے جس بندے کو اللہ تعالے نے قبول کیا اور اپنے فضل سے چاہا وہ جنت مین جاویگا پھر اوسکا مجمل کلیہ فرمایا۔ مَنْ أَسْلَمَ وَجْهَهُ لِلَّهِ۔ ہر شخص جسنے اللہ تعالے کے واسطے اپنا چہرہ جھکایا۔ ف سعید بن جبیر رح نے کہا یعنے خالص اللہ تعالے وحدہ پر ایمان لایا۔ وَهُوَ مُحْسِنٌ۔ درحالیکہ وہ محسن ہو۔ ف سعید رح نے فرمایا یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع مین شریعت حق پر قائم ہو۔ شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ قبولیت کے واسطے دو شرطین ہین ایک یہ کہ خلوص ہو دوم یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت ہو۔ مترجم کہتا ہی کہ ظاہر آیت قدسی عام ہی اس طرح کہ توحید خالص ہو اور کسی پیغمبر آلہی سے انکار نہو اور کسی اعتقاد حق و حکم ضروری سے منکر نہو اور اپنے پیغمبر پر ایمان لایا ہو حتی کہ حضرت نوح و ہود و ابراہیم وغیرہ انبیاء علیہم السلام کی امتین اپنے اپنے وقت مین جو مخلص و مومن تھین اسمین داخل تھین حتی کہ حضرت موسی علیہ السلام کے وقت مین جو ایمان والے ٹھیک تھے داخل ہین پھر جب عیسی علیہ السلام کی نبوت ہوئی تو جسنے عیسی علیہ السلام سے انکار کیا وہ کافر ہوکر خارج ہوا اسیطرح حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک مین جو کوئی یہودی یا نصرانی کہ آپ پر ایمان نہ لایا وہ کافر ہی۔ شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ جو عمل بتوحید خالص اور موافق شریعت نہو وہ قبول نہین ہی اسیواسطے حدیث عائشہ مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے ایسا عمل کیا جسپر ہمارا حکم نہین ہی تو وہ مردود ہی (صحیح مسلم) مترجم کہتا ہی کہ اب حاصل یہ ہوا کہ ہر وہ شخص جو توحید آلہی عزوجل اور ان صفات قدسی پر ایمان لایا جو اوسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سچی نبوت مان کر حاصل ہوتے ہین اور موافق آپکی شریعت کے عمل کیا

تو وہ قابل عیب ہی چنانچہ حق تعالی نے فرمایا۔ فَلَهُ أَجْرُهُ عِندَ رَبِّهِ۔ تو ہر ایسے شخص کے واسطے اوسکے رب عزوجل کے یہان اوسکا ثواب ہی ف لیکن سوائے صحابہ رضی اللہ عنہم کے کہ اونکے واسطے خاص بشارت دیدی گئی ہی باقی کسی شخص کو یہ سمجھنا روا نہین ہی کہ مین ایسا ہی نیکوکار ہون بلکہ اللہ تعالے کی درگاہ پاک مین خوف و امید کے ساتھ باوجود ہر طرح کے نیک کامون کے التجا و آرزو لاوے کہ حضرت ارحم الراحمین عزوجل اوسکے اعمال صالحہ کو قبول فرماوے کیونکہ اللہ تعالے ہی اپنے نیک بندون کو جانتا ہی بلکہ بدبختون کی پہچان معلوم ہوگئی کہ یہود و نصاری کی طرح مغرور و جنتی ہونے کے مدعی و مدار ہوتے ہین سو لامحالہ نیک بخت و سعید بندے وہی ہونگے جو باوجود اس طرح کی نیکوکاریون کے خائف اور امید وار ہون اور اپنے اعمال کی طرف نگاہ نکرین بلکہ اللہ تعالے کے عالم الغیب ہونے سے ڈرین نہین معلوم اوسکے علم مین یہ ہمارا عمل کس طرح واقع ہوا اگر اوسکے فضل و رحمت پر امیدوار ہون اور رب ارحم الراحمین فرماتا ہی۔ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ۔ اور ایسے بندون کو خوف نہین اور نہ وے غمگین ہونگے ف یعنے دنیا مین جو غم و رنج کہ تقدیری ہووے تو ہو پہونچیگا لیکن یہ لوگ تو اپنے سچے گھر یعنے آخرت کے غم مین پڑے رہتے ہین گویا اللہ تعالے نے اسی غم کو مکافات کر دیا پھر آخرت مین نہ اوپر خوف رکھا اور نہ کچھ غم ہو رب ارحم الراحمین امین سنہ ترجم کو مع جمیع مومنین کے انھین بندون کے ساتھ محشور فرماوے آمین یا ارحم الراحمین شیخ سیوطی رح نے لکھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین نجران کے نصاری آئے اور مدینہ کے یہودی بھی جمع ہوے اور باہم دونون فریق نے مناظرہ کرنا شروع کیا تو یہودیون نے کہا کہ سوائے یہود کے کوئی بھی جنت مین نہ جائیگا اور نصاری نے اسکے جواب مین کہا کہ سوائے نصرانیون کے کوئی بھی جنت مین نہ جائیگا پس دونون فریق مین باہم طول کلام ہوا چنانچہ ابن جریر نے ابن عباس رض سے روایت کیا۔ بعض مفسرین نے کہا کہ محسن کا اطلاق صحیح اعتقاد سے شریعت حق کے موافق خالص عمل کرنے والے کو بھی کہتے ہین اور احسان ایک مرتبہ بھی ہی یعنے اول درجہ اسلام ہی پھر اگر وہ ایمان تقلیدی کے ساتھ ہوا تو مومن ہی ورنہ منافق ہی پھر جب ایمان پر ثابت قدم ہوا تو مرتبہ احسان ظاہر ہوتا ہی اور اسیکو صوفیہ مرتبہ حقیقت کہتے ہین حدیث مین آیا کہ اسلام یہ ہی کہ تو گواہی ادا کرے کہ لا الہ الا اللہ و محمد عبدہ و رسولہ اور رمضان کے روزے رکھے اور زکوۃ دے اور استطاعت ہو تو حج کرے اور ایمان یہ ہی کہ دل سے اللہ تعالے و اوسکے فرشتون و رسولون اور کتابون اور روز قیامت کی تصدیق کرے اور دل سے سچ مانے کہ بھلائی و برائی کی تقدیر سب اللہ ہی کیطرف سے ہی یعنے تقدیر پر ایمان لاوے اور احسان یہ ہی کہ تو اللہ تعالے کی عبادت اس طرح کرے کہ گویا اوسکو دیکھتا ہی پس اگر تو نہین دیکھتا تو وہ ضرور تجھے دیکھتا ہی (الصحیح والسنن) پس محتمل ہی کہ آیت مین یہی مرتبہ مراد ہو (تقلیبیہ) قولہ۔ فلہ اجرہ عند ربہ۔ مین ضمیر مین واحد بجانب لفظ من راجع ہین کیونکہ لفظ من واحد ہی لیکن اسکے معنے جمع ہین کیونکہ ہر شخص جسکی یہ صفت ہو سبکو شامل ہی سو واسطے۔ لاخوف علیہم ولاہم یحزنون۔ مین اسی ضمیر کو جمع کر دیا مترجم کہتا ہی کہ گویا نکتہ بلاغت یہان یہ ہی کہ اگر۔ فلہ اجرہ۔ کی جگہ۔ فلہم اجرہم عندربہم۔ ہوتا تو شاید اشتباہ ہوتا کہ سب نیکون کے واسطے اللہ تعالے کے یہان ایک مشترک مجموعی ثواب ہوگا پس ضمیر واحد سے تنصیص فرمائی کہ ہر ایک کے واسطے بقدر اعمال و حسن نیات کے علاحدہ علاحدہ ثواب ہوگا کیونکہ یہان قوجہ اسی شے کی جانب تھی لیکن اسمین ایک یہ شبہہ ہو سکتا تھا کہ شاید آخرت مین خوف و غم بھی ہر ایک سے موافق اوسکے اعمال کے دور ہو تو حضرت حق عزوجل نے۔ لاخوف علیہم ولاہم یحزنون۔ مین سبکو مشترک کر دیا کہ درجات اگرچہ موافق اعمال کے ہون لیکن خوف و غم دور ہونے مین سب یکسان ہین حتی کہ نیچے درجہ والے کو اونچے درجہ والون کو دیکھکر کچھ بھی غم نہ ہوگا کیونکہ روح محل حسد نہین ہی فافہم واللہ تعالے اعلم بالصواب

ف۲ شیخ عرائس رح کے بعض اشارات مین ہی کہ قولہ تعالے۔ بلی من اسلم وجہہ للہ۔ سے اوسوقت مستقیم ہوتا ہی کہ انعام الہی سے نظر اوٹھاکر منعم

عزوجل میں نسبت ہو درحالیکہ اپنے معاملات میں بھی محسن ہو کہ اپنے اعمال سے نظر دور کرکے حق عزوجل کو دیکھے اس صفت سے کہ خود فانی ہو تو اوسکے واسطے لقائے حق ہوگا اور اوسکو خوف فراق نہوگا اور نہ حجاب و پردار سے حزن و ملال لاحق ہوگا مترجم کہتا ہے کہ اللہ تعالےٰ ہی کے واسطے گردن جھکانا جمیع اعتقادات و اعمال میں مسلم ہو پس اپنے نفس کو انعام الٰہی میں دیکھے اور اوسمیں ایمان و طاعات کا خالق اوسکو جانے حتی کہ اپنے آپ کو درمیان سے خارج و گم پاوے تو عین صفات الٰہی عزوجل کا بقا ہو فافہم بعض نے کہا کہ محسن وہ شخص ہے کہ اپنے اعمال و وجوہ کو ریا و شرک خفی سے پاک کرے مترجم کہتا ہے کہ شروع سورہ میں شرک خفی کے وجوہ بیان ہوئے ہیں از انجملہ یہ کہ اگر زید نے چنے چبائے اور پیٹ میں درد ہوا تو اس جانب نظر دوڑانا کہ چنے چبانے سے درد ہونے لگا نظر شرک خفی ہے بلکہ فعل الٰہی عزوجل اور اوسکے حسن صنعت پر نظر کرے غایت یہ کہ درد ہونے سے نظر تنبیہ دوڑاوے کہ نفس کی خواہش میں بغیر نیت صحیح کے چنے چبانے کا ثمرہ حاصل کرنا میرے حق میں تادیب ہے لیکن یہ جب ہی حاصل ہوتا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اوسکے قلب پر مہر نہ رکھی ہو اسیطرح اگر عمرو نے بکر کو مارا تو اوسکی مار پر عین نظر قدرت رکھنا شرک خفی ہے۔ بعض نے کہا کہ اللہ تعالےٰ کے واسطے اسلام الوجہ یہ ہے کہ اپنے منہ کو غیر کی بندگی سے آزاد کرے مترجم کہتا ہے یعنے اوسکا نفس جس جس وجوہ و جہات کی جانب اوسکو پھیرے اوسمیں سوائے بندگی حق عزوجل کے نفس یا غیر کی طاعت منظور نہو مثلاً نفس نے اوسکو کھانے کی طرف پھیرا تو اس طرف منہ کرنے میں اوسکو نفس کی خواہش و لذت پر عمل کرنا مقصود نہو بلکہ غور کرے کہ وہ کس واسطے کھاتا ہے پس اگر اوسکو نفس کی خواہش نظر آوے تو ترک کرے اور اگر یہ غرض ہو کہ اس کھانے سے کسی عبادت الٰہی کی قوت حاصل ہو تو کھاوے اور اوسمیں وجوہ کثیرہ ہیں مثلاً ایک شخص مزدوری سے اپنی اجرت پیدا کرکے بال بچوں کو کھلاتا اور عبادات کے فرائض و واجبات ادا کرتا ہے اور باقی حالت سے تندرست ہے تو وہ ایسی غذا اور اسقدر کھاوے کہ اپنی مزدوری کے کام سے اور طاعات سے عاجز نہو جاوے اور اگر اوسنے اس سے زیادہ مقدار کرنے میں یہ نیت کی کہ اچھی قوت سے کام کرسکے تو جائز ہے مگر ثواب نہوگا اور اگر اوسکی تندرستی میں فرق ہو اور اوسنے اچھی غذا اسی نیت سے تجویز کی تاکہ کام سے عاجز نہو یا کوئی عالم ہے کہ ضعف دماغ کے خیال سے اوسنے لطیف غذا کھائی تاکہ پڑھنے پڑھانے سے عاجز نہو تو مضائقہ نہیں بلکہ ثواب پاویگا علی ہذا القیاس سونا جاگنا اور اٹھنا بیٹھنا شادی بیاہ نوکری چاکری ملاقات محبت وغیرہ جمیع جہات نفس میں اس شخص نے نیت طاعت الٰہی و اتباع شریعت مضمر رکھی تو اوسنے اپنے آپکو اللہ تعالےٰ کے واسطے آزاد کرلیا اور اگر روپیہ و اشرفی وغیرہ خواہشات نفس کا قصد کیا تو وہ مذموم ہے حتی کہ حدیث شریف میں آیا۔ تعس عبد الدینار والدرھم۔ اور اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ افرایت من اتخذ الٰھہ ھواہ۔ سو جو نفس کی جہالت پر چلا اوسنے نفس کو معبود بنایا اور جسنے خواہش نفس سے اپنے آپکو آزاد کیا اوسکے حق میں اسلم وجہہ للہ۔ صادق آیا۔ م۔ قولہ تعالےٰ۔ و ھو محسن۔ یعنے طاعت الٰہی کو احسان کے طریقہ آداب سے بجا لاتا ہے اور یہ توفیق رضائے الٰہی عزوجل ہے قولہ تعالےٰ۔ لاخوف علیھم ولاھم یحزنون ظاہر ہے کہ جب وہ لوگ جنت میں داخل ہوئے تو یہ بہجت بھی اونکے نفس کی نہ تھی پس وہاں بھی اللہ تعالےٰ ہی کی بہجت حاصل ہوئی لیکن عین حتی کہ اوس سے بڑھکر کوئی نعمت نہیں۔ شیخ ابن عطاء رحمہ نے فرمایا کہ جسنے اپنا طریقہ و اپنا منہ و اپنی مراد و اپنا قصد و اپنی تدبیر سب کو اللہ تعالےٰ ہی کے واسطے کردیا تو اوسکے واسطے کوئی حجت نرہی جو اللہ تعالےٰ کے واسطے نہو اور سوائے حق عزوجل کے کہیں اوسکی نظر نہوگی۔ شیخ عبد العزیز مکی نے کہا کہ یہ ایسے بندہ مخلص کا بیان ہے جو اپنے رب عزوجل کے آداب عبودیت میں تعظیم جلال کا لحاظ رکھتا ہے اور اوسنے اپنے قلب کو اللہ تعالےٰ ہی کی محبت کے واسطے خالص کیا کہ وہ اوسمیں محسن یعنے کامل ہے۔ سعید بن جبیر رحمہ نے فرمایا کہ قولہ تعالےٰ۔ لاخوف علیھم یعنے آخرت میں اونکے واسطے کچھ خوف نہیں ہے اور قولہ تعالےٰ۔ ولاھم یحزنون یعنے موت سے غمگین نہونگے۔ محمد بن اسحٰق نے ابن عباس

سے روایت کی کہ جب نصارائے نجران مدینہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آئے (یہ لوگ جہاد سے ڈر کر صلح کرنے آئے تھے اور آخر جزیہ دینا منظور کیا اور علمائے یہود بھی ان نصرانیون کے پاس آئے اور ان دونون فریق نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ہی باہم مناظرہ کرنا شروع کیا اور اوسکی نوبت یہانتک پہونچی کہ رافع بن حرملہ یہودی نے نصرانیون سے کہا کہ تم لوگ جس حالت پر ہو وہ کچھ نہین ہو اور اوسنے عیسی علیہ السلام اور انجیل سے انکار وکفر کیا اور نصارائے نجران مین سے ایک نے یہودیون سے کہا کہ تم جس حالت پر ہو یہ کچھ نہین ہو اور اوسنے حضرت موسی علیہ السلام کی نبوت اور توریت سے انکار وکفر کیا پس اسی بارہ مین اللہ عزوجل نے نازل فرمایا۔ وَقَالَتِ الْيَهُودُ لَيْسَتِ النَّصَارَىٰ عَلَىٰ شَيْءٍ اور یہودیون نے کہا کہ نصاری کسی چیز پر نہین ہین ف یعنے نصاری کسی ایسی چیز پر نہین ہین جو کسی شمار پر ہو کیونکہ عیسی علیہ السلام وانجیل سے منکر ہوے حالانکہ توریت مین عیسی علیہ السلام کی تصدیق موجود ہے۔ وَقَالَتِ النَّصَارَىٰ لَيْسَتِ الْيَهُودُ عَلَىٰ شَيْءٍ اور نصاری نے کہا یہودی کسی چیز پر نہین ہین ف یعنے ایسی چیز پر نہین ہین جسکا کچھ شمار ہو کیونکہ حضرت موسی علیہ السلام وتوریت سے منکر ہوگئے حالانکہ انجیل مین حضرت موسی علیہ السلام کی تصدیق موجود اور احکام توریت اونپر لازم ہین باستثناء بعض احکام کے جو انجیل مین منسوخ ہوگئے ہین۔ وَهُمْ يَتْلُونَ الْكِتَابَ۔ حالانکہ یہ لوگ کتاب کی تلاوت کرتے ہین ف یعنے یہودی اپنی کتاب توریت پڑھتے ہین جسمین حضرت عیسی علیہ السلام کی تصدیق موجود ہے اور نصرانی اپنی کتاب آسمانی انجیل پڑھتے ہین جسمین حضرت موسی علیہ السلام کی تصدیق موجود ہے پھر بھی نفسانیت سے انکار وکفر کرتے ہین۔ كَذَٰلِكَ قَالَ الَّذِينَ لَا يَعْلَمُونَ مِثْلَ قَوْلِهِمْ۔ اسی طرح اون لوگون نے جو نہین جانتے ہین انھین کے قول کے مثل کہا ف یعنے مشرکین عرب مجوس جو علم نہین رکھتے ہین انھین یہود ونصاری کے مثل ہر ایک اہل دین کو کہنے لگے کہ وہ کچھ نہین ہے پس ان سب لوگون کے احکام اپنی اپنی نفسانیت پر مبنی ہین۔ فَاللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كَانُوا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ۝ پس اللہ ہی عزوجل ان لوگون مین قیامت کے روز ایسی چیز مین فیصلہ فرماویگا جسمین یہ لوگ اختلاف کرتے تھے ف یعنے یہ لوگ دین کے بارہ مین جسقدر جھوٹ واختلاف کرین اسکا فیصلہ قیامت کے روز اللہ تعالی ہی فرمائیگا جبکہ یہ لوگ راہ حق نہین لیتے ہین۔ اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے نے ان لوگون کو جھڑکی وتہدید فرمائی حالانکہ دین یہود ودین نصاری حق ودین منسوخ ہو چکے تو اب یہ سچ ہے کہ یہود ایسی راہ پر نہین ہین کہ جسکا کچھ شمار ہو اور علی ہذا القیاس نصاری بھی ایسی راہ پر نہین ہین جو شمار کے قابل ہو جواب یہ ہے کہ ہان یہ تو سچ ہے مگر ان لوگون نے امر حق عزوجل کی پابندی نہین کی تاکہ اوسکو منسوخ جانتے ورنہ قرآن مجید پر ایمان لاتے پس ان لوگون کا تو یہی مقصود تھا کہ نفسانیت کے ساتھ اللہ تعالے کے پیغمبرون وکتابون کو جھٹلاوین حتی کہ ہر فریق چاہتا تھا کہ دوسرے کے پیغمبر وکتاب سے بالکل انکار کرے حالانکہ اگر وہ منسوخ بھی مانتے تو بھی یہ جائز نہین ہے کہ سابق کے کسی پیغمبر یا آسمانی کتاب سے انکار کرے بلکہ یہ انکار تو کفر ہے کیا نہین دیکھتے ہو کہ مومنین جمیع پیغمبرون وکتابون کو برحق مانتے اور جو کوئی کسی ایک پیغمبر سے بھی منکر ہو اوسکو کافر جانتے ہین اور یہی اعتقاد خود آیات قرآنی مین محکم ہے سیوطی رح نے لکھا کہ ان لوگون کے درمیان قیامت مین حکم الٰہی یہ ہے کہ جو حق پر ہو اوسکو جنت مین داخل کرے اور جو باطل پر ہو اوسکو جہنم مین داخل کرے مترجم کہتا ہے کہ شاید یہ مراد ہے کہ دین موسی علیہ السلام مین جو لوگ حق پر تھے یعنے قبل عیسی علیہ السلام کے حضرت موسی علیہ السلام کی سچی اتباع پر تھے وہ جنتی ہین پھر عیسی علیہ السلام کی نبوت کے وقت جو لوگ حضرت عیسی علیہ السلام پر ایمان لائے اور موسی علیہ السلام کی نبوت سے بھی منکر نہین ہوے وہ حق پر ہین پھر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت پر جو لوگ آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اور کسی پیغمبر سابق سے بھی منکر نہیں ہوئے تو وہ جنتی ہیں اور اسکے ماسوائے سب گمراہ ہیں لیکن بیضاوی وغیرہ نے فرمایا کہ ان اختلاف کرنے والوں میں چونکہ کوئی فریق بھی حق پر نہ تھا تو انمیں حکم الٰہی یہی کہ ہر ایک کے لائق اوسکا عذاب مقرر فرمائے اور معالم وغیرہ میں لکھا کہ حسن بصری سے روایت ہے کہ ان جھگڑالو فریقوں میں اللہ تعالے کا حکم یہ ہے کہ اونکا جھوٹ ظاہر کرکے اونکو آگ میں داخل کرے شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ امام ابن جریر کے نزدیک یہ آیت ہر ایسے لوگوں کے حق میں عام ہے جو دین کے بارہ میں اختلاف کرتے ہیں پس اللہ تعالے نے اونکے واسطے قیامت کا دن اپنے فیصلہ عدل کے لیے مقرر فرمایا جسمیں ذرہ برابر ظلم نہیں ہے جیسے سورۂ حج میں فرمایا۔ ان الذین آمنوا والذین ہادوا والصابئین والنصاری والمجوس والذین اشرکوا ان اللہ یفصل بینہم یوم القیامۃ ان اللہ علی کل شیء شہید۔ یعنے مومنین و یہود و صابئین و نصاری و مجوس و مشرکین کے درمیان اللہ تعالے فیصلہ فرماویگا۔ ۵۔ (تنبیہات) - اول - اہل کتاب کی مذمت فرمائی کہ یہ لوگ باوجود تلاوت کتاب کے اس طرح نفسانیت کے پابند ہیں کہ اللہ تعالے کے پیغمبروں و کتابوں کو جھٹلاتے ہیں اور جہلا کے ساتھ یوں فرمایا کہ انمیں کے قول کے مانند بے علم مشرکین نے بھی ہر اہل دین کو جھٹلایا تو اس سے اہل کتاب کی مذمت شدید ظاہر ہوئی کہ باوجود علم کتاب کے ایسے ہی بے علم جاہل ہیں جیسے مشرکین عرب و مجوس تھے کیونکہ یہ لوگ کتاب کے پابند نہیں بلکہ نفس کے پابند ہوئے اور نفس کی پابندی میں دونوں برابر ہیں۔ تنبیہ دوم - اللہ تعالے نے سوائے اون لوگوں کے جنکے پاس توریت یا انجیل تھی باقی سب کو لا یعلمون فرمایا یعنے بے علم ہیں حالانکہ مجوس فارس کو دیکھو تو سلطنت کے قوانین و صنعت و حرفت خوب جانتے تھے اور روم کے لوگ طب یونانی فلسفہ وغیرہ خوب جانتے تھے باوجود اسکے جب اونکو جاہل فرمایا تو معلوم ہوگیا کہ ان فنون کو دین سے لگاؤ نہیں ہے بلکہ انکا جاننے والا بلحاظ دین کے جاہل ہے اور یہ بھی ثابت ہوا کہ ان فنون کے علم سے اس قابل نہیں ہوتا کہ اوسکو علم کہا جاوے کیونکہ علم درحقیقت وہی ہے کہ جس سے اپنے آغاز و انجام کا علم ہو اور یہ جب ہی ہو سکتا ہے کہ اپنے خالق عزوجل کو پہچانے اور اوسکے حقوق جانے اور اپنا مخلوق و بندہ ہونا پہچان کر اپنی عبودیت کے آداب معلوم کرے تاکہ شیطانی راہوں سے ممتاز ہو اور یہ بعطائے عقل نورانی ہے اور فنون فلسفہ و ریاضیات وغیرہ سے یہ کچھ بھی نہیں حاصل ہو سکتا حتی کہ وہ عقل سے معذور ہو کر صفائے حواس ظاہری و باطنی کو جو فلسفہ کا نتیجہ ہے عقل سمجھنے لگتا ہے لہذا ایک جماعت کثیر علماے حنفیہ و مالکیہ و شافعیہ و حنبلیہ نے کتب فلسفہ پڑھنے پڑھانے کو حرام لکھا ہے اور مولانا روم علیہ الرحمۃ نے سچ فرمایا ؎ علم دین فقہ است و تفسیر حدیث ۔ ہر کہ خواند غیر ازین گرد خبیث ۔ یعنے ؎ علم دین ہے فقہ و تفسیر حدیث ۔ جو پڑھے اسکے سوا ہووے خبیث ۔ اور کچھ شک نہیں کہ جو لوگ فلسفہ پڑھتے اور دینی استدلال کے نام سے اوسکو کام میں لاتے ہیں اول تو ابتدائی عقائد حقہ کو ان ہی دلائل سے کبھی ثابت نہیں کر سکتے بلکہ شک و نفاق میں گرفتار ہو کر برباد ہو جاتے ہیں اور اگر کوئی ثابت قدم بھی رہا تو ان فنون کی شامت سے وہ ایسے جہل مرکب میں گرفتار رہتا ہے کہ معانی معرفت سے محروم ہو جاتا ہے اعاذنا اللہ عزوجل و طلبہ میں سے جو لوگ اس فلسفہ کی شیرینی میں منہمک ہو جاتے ہیں اوسکا ترک ناگوار سمجھتے ہیں لیکن اگر معارف سنت سے آگاہ ہوتے تو اوسکو عین جہالت بالبداہت سمجھتے واللہ الہادی الی سواء السبیل۔ تنبیہ سوم - فنون صرف و نحو و معانی و بیان و زبان عرب بدلیل اقتضاء جائز ہے کیونکہ یہ آلات واسطے قرآن و حدیث کے ہیں سو یہ فنون جو معاش دنیا کے واسطے حاصل کیے جاتے ہیں مانند طب وغیرہ پس اگر دین میں مضر نہوں جیسے طب تو روا ہے بلکہ اگر طب سے غالبۃ اوجہ احسن علاج کرے تو ثواب ہے اور اگر مضر ہو تو جائز نہیں ہے جیسے رمل وغیرہ کہ حرام ہیں سوا فن منطق یعنے قواعد کلیہ جسمیں استدلال کا طریقہ معلوم ہوتا ہو اوسکا جائز ہونا ظاہر ہے لیکن متاخرین میں جو منطق رائج ہو گئی جسمیں فلسفہ خلط ہو گیا وہ مکروہ ہے سوا ہے فنون ریاضی مانند جبر و مقابلہ و حساب پہاڑ

وطبعیات جیسے ریل و کلین وغیرہ ایجاد کرنے کی مدد ہوتی ہو اور آلات جنگ بنائے جاتے ہین تو انہین بذات خود کوئی مضائقہ نہین ہی بلکہ دینی طور پر کام مین لانا مشروع ثواب ہو گویا انکی مثل لطیف غذا ہی چنانچہ پلاؤ زردہ وغیرہ اچھا ہو لیکن اگر کسی بیمار کو کھلایا جاوے تو مہلک ہی اسی طرح ان فنون سے اگر دنیا پر بھروسہ اور اوسکی آرائش مقصود ہو تو مہلک ہی واللہ تعالے اعلم بالصواب۔ تنبیہ چہارم۔ حدیث مین ہی کہ سب سے بڑھکر تیرا دشمن بھی تیرا نفس ہی جو تیرے دونون پہلو کے بیچ مین ہی (الصحیح) اسیواسطے اکابر علما نے فرمایا کہ جو شخص اپنے نفس کی راہ چلے اوسنے اپنے نفس کو معبود بنا کر اپنے آپ کو اوسکا بندہ بنایا اور وہ راہ حق و عدل سے خارج ہو گیا۔ یہ سچ ہی چنانچہ ان یہود و نصاری کو دیکھو کہ یونکر اپنی نفسانیت کے تابع ہو کر اللہ تعالے و اوسکے رسولون و کتابون سے منکر ہوے بلکہ یہود و نصاری کی دشمنی یہانتک بڑھی کہ یہودی جو اپنے غلبہ کی حالت مین بیت المقدس کو قبلہ بنائے تھے جب نصاریون نے غلبہ پایا تو خاص وہ مقام صخرہ جو یہودیون نے قبلہ بنایا تھا ممنوع کیا اور یہانتک اوسکی ہتک کی کہ اوسمین کوڑا ڈالا غرضکہ فریقین کی جانب سے حرمات الٰہی کا ہتک جاری رہا چنانچہ اللہ تعالے نے کلام قدیم مین اوسکا فصل ذکر فرمایا بقولہ تعالی

وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ أَنْ يُّذْكَرَ فِيهَا اسْمُهٗ وَسَعٰى فِي خَرَابِهَا

اور اوس سے ظالم کون جسنے منع کیا اللہ کی مسجدون مین کہ پڑھے جاوین وہان نام اوسکا اور دوڑا اونکے ویران کرنے کو

أُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَنْ يَّدْخُلُوهَآ إِلَّا خَآئِفِيْنَ ۚ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّ

ایسون کو نہین ہوتا کہ پیٹھین اونمین مگر ڈرتے ہوے اونکو دنیا مین ذلت ہو اور

لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

اونکو آخرت مین بڑی مار ہو

واضح ہو کہ اس آیت کی شان نزول مین مفسرین کے دو قول ہین پس مترجم کو یہان ان دونون مقام بیان کرنا چاہیے از آنجملہ دو مقام تو یہی دونون قول ہین اور مقام سوم یہ کہ اس آیت کا حکم کیونکر ہی کیونکہ یہ امر مقدر بیان ہوگا کہ سبب نزول سے معرفت یہ غرض ہوتی ہی کہ کس واقعہ پر اللہ عزوجل نے یہ حکم نازل فرمایا لیکن یہ حکم آیت ہین نازل ہوا وہ اپنے عام معنے سے قیامت تک باقی ہی پس مفسرین کے دو قول یہ ہین کہ یہ اون رومی نصرانیون کی تفضیح ہی جنھون نے بیت المقدس کو خراب کیا یا مشرکین مکہ پر تشنیع ہی جنھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و آپ کے اصحاب کو سال حدیبیہ مین خانہ کعبہ کے عمرہ سے روکا (مقام اول) اللہ تعالے نے رومی نصرانیون پر تشنیع فرمائی جو اپنے آپکو منصور کہتے کہ ہم حضرت عیسی علیہ السلام پر ایمان لائے اور اونکی مدد کی بخلاف یہودیون کے تھی کہ اپنے زعم باطل کے موافق دعوی کرتے ہین کہ یہودیون نے حضرت زکریا یحیی علیہما السلام کو قتل کرنے کے بعد حضرت عیسی علیہ السلام کو بھی قتل کیا حالانکہ رومی نصرانیون نے تابو پاکر یہودیون کو قتل اسیر کرنے کے علاوہ یہودیون کی عداوت کے بہانہ سے توریت جلائی جو کلام آلہی تھا اور بیت المقدس اوجاڑا جو قبلہ تھا چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ أَنْ يُّذْكَرَ فِيهَا اسْمُهٗ الخ اور ایسے شخص سے بڑھکر کون ظالم ہوگا جسنے مساجد آلہی کو اس امر سے منع کیا کہ اون مین اللہ تعالے کا نام پاکی کیا جاوے فَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ الخ ابن عباس سے روایت کی کہ یہ لوگ نصاری ہین (ابن جریر) مجاہد نے فرمایا کہ یہ نصرانی ہین یعنی رومی نصاری ہین جنھون نے بیت المقدس مین کوڑا ڈالا اور یہودیون کو اوسمین نماز پڑھنے سے روکا وَسَعٰى فِي خَرَابِهَا اور دوڑا اوسنے مساجد آلہی کے خرابہ پیہے اہانت کرنے مین کما قال السدی نصاری نے بخت نصر مجوسی شاہ بابل کی مدد کی تاکہ اوسنے حملہ کرکے یہودیون کو قتل اور بیت المقدس کو خراب کیا (عبد الرزاق) اور سعید بن ابی عروبہ نے قتادہ سے روایت کی کہ ان نصرانیون کو یہود کی دشمنی نے آمادہ کیا کہ انھون نے بیت المقدس کی بربادی کے واسطے بخت نصر مجوسی کی مدد کی سدی رح نے

فرمایا کہ بیت المقدس کی بربادی میں نصرانیوں نے بخت نصر مجوسی کی مدد کی یہانتک کہ اوسنے بیت المقدس کو اجاڑ کر اوسمیں گندگی و کوڑا ڈالنے کا حکم جاری کیا اور یہ فقط اسواسطے تھا کہ یہودیوں نے یحیی علیہ السلام کو قتل کیا تھا۔ ایسکے مانند حسن بصری سے روایت ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ مفصل حال حضرت یحیی کے بیان میں آویگا انشاء اللہ تعالے۔ حاصل یہ کہ ان رومی نصرانیوں سے بڑھکر کوئی ظالم نہیں ہے جنھوں نے بیت المقدس وغیرہ مساجد الٰہی کو اسطرح برباد کیا کہ وہاں اللہ تعالے کا ذکر نہوسکے اور اوسکی بربادی میں کوشش کی۔ اُولٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ اَنْ يَّدْخُلُوْهَآ اِلَّا خَآئِفِيْنَ ۚ حالانکہ ایسے لوگوں کو روا نہ تھا کہ ان مساجد میں داخل ہوں سوائے اس ہیبت کے کہ خوف کرتے ہوے ہوں فی یعنے کمال تعظیم سے وہاں خائف ہوکر قدم رکھنے کے سوائے انکو جانے کی لیاقت نہیں تھی تو سخت بدبختی و قساوت قلبی ہے کہ اسکو اجاڑنے اور کفار سے اجڑوانے میں مدد کریں۔ اور بعض نے فرمایا کہ یہ اللہ تعالے کی طرف سے حکم مقدر ہے چنانچہ کعب الاحبار نے فرمایا کہ نصاری کو بیت المقدس پر غلبہ ہوا تو انھوں نے بیت المقدس کو برباد کردیا پھر جب اللہ تعالے نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا تو یہ آیت نازل فرمائی پس لازم آیا کہ دنیا میں کوئی نصرانی نہو گا مگر اوسکی یہی حالت ہیگی کہ جب وہ بیت المقدس میں داخل ہوگا تو خوفناک داخل ہوگا۔ سدی نے فرمایا کہ اب دیکھو کہ روے زمین پر آج کوئی نصرانی نہیں ہے مگر آنکہ اوسکی یہی حالت ہے کہ بیت المقدس میں داخل ہوتے وقت اپنی موت یا جزیہ سے خوف کرتے ہیں (مقام دوم) عبد الرحمن بن زید نے فرمایا کہ یہ شفیع جو مشرکین مکہ ہیں جنھوں نے سال حدیبیہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خانہ کعبہ میں عمرہ ادا کرنے سے روکا تھا حتی کہ باہم صلح واقع ہوئی اور اوسمیں فرمایا کہ اس بیت العتیق سے کوئی شخص نہیں روکا جاتا تھا حالانکہ آدمی اپنے بھائی یا باپ کے قاتل سے ملتا تو اوسکو بھی نہیں روکتا تھا مشرکین مکہ کہنے لگے کہ ہم تو ایسے لوگوں کو نہیں آنے دینگے جنھوں نے بدر کے روز ہمارے باپ چچا اور بھائیوں کو قتل کیا اور ابن زید رح نے کہا کہ مسجد الحرام کے خراب کرنے میں انکی کوشش یہ تھی کہ اونھوں نے آبادی مسجد سے روکا کہ اوسمیں عمرہ ادا نہ کیا جاوے (ابن جریر) اور عکرمہ یا سعید بن جبیر نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ قریش نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد الحرام میں خانہ کعبہ کے پاس نماز سے روکا تو اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَّنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰهِ اَنْ يُّذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ الآیۃ۔ (ابن ابی حاتم) امام ابن جریر نے دونوں قولوں کی روایت کے بعد قول اول کو اختیار کیا اس دلیل سے کہ قریش نے خانہ کعبہ کی تخریب میں کوشش نہیں کی بلکہ رومی نصرانیوں نے البتہ بیت المقدس خراب کرنے کی کوشش کی تھی۔ امام ابن کثیر رح نے قریش کی کوشش بھی خانہ کعبہ کے اجاڑنے میں ثابت کرکے کہا کہ میرے نزدیک یہی قول دوم ظاہر ہے اس وجہ سے کہ نصرانیوں نے اگر یہودیوں کو بیت المقدس میں نماز پڑھنے سے منع کیا تو ایسے وقت منع کیا کہ یہودیوں سے نصرانی زیادہ ٹھیک تھے کیونکہ اسوقت میں یہودیوں سے ذکر الٰہی مقبول نہ تھا ایسے کہ یہ لوگ حضرت داؤد و عیسی علیہما السلام کی زبان سے ملعون ہو چکے تھے۔ مترجم کہتا ہے کہ تحقیق واللہ اعلم یہ ہے کہ اللہ تعالے نے یہودیوں کے ذمائم بیان کرنے کے بعد نصرانیوں کی نفسانیت اور حضرت موسی علیہ السلام و توریت سے انکار اور بیت المقدس کی بربادی بیان فرمائی کیونکہ رومی نصرانیوں کا منع کرنا اور بیت المقدس کو خراب کرنا ظاہر و باطن دونوں طرح سے تھا کیونکہ اونھوں نے یہودیوں کو خالص نماز ہی سے منع کیا تھا۔ معالم میں ہے کہ طیطروس بن اسپاسیانوس رومی اور اوسکے ساتھیوں نے یہودیوں کو قتل و قید کیا اور توریت جلائی اور بیت المقدس کو اجاڑ دیا یعنے بیت المقدس میں سے خاص وہ مقام جسکو صخرہ کہتے ہیں اور وہ یہودیوں کا قبلہ تھا اسقدر خراب کیا کہ اوسمیں سور ذبح کرائے اور کوڑا و گندگی ڈالی تو اونھوں نے ظاہر و باطن دونوں طرح سے خراب کیا اور اس قابل نہ رکھا کہ اوسمیں نام الٰہی ذکر کیا جاوے برخلاف قریش کے کہ اونھوں نے خانہ کعبہ کے عمرہ سے درحقیقت نہیں روکا بلکہ ظاہری عداوت سے روکا کیا نہیں دیکھتے ہو کہ صلح سے دوسرے سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے

مکہ خالی کر دیا کہ تین روز تک عمرہ ادا کریں مگر جس سال منع کیا تھا وہ بیشک معنوی خرابی تھی بلکہ مکہ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو نکالنا اور وہاں بتوں و شرک کو پھیلانا بھی معنوی خرابی ہی ہے بواسطے اللہ تعالے نے فرمایا۔ وما لھم الا یعذبھم اللہ وھم یصدون عن المسجد الحرام وما کانوا اولیاءہ ان اولیاءہ الا المتقون الآیۃ۔ اور ظاہر ہے کہ مشرکوں سے کسی مسجد کی آبادی نہیں ہو سکتی ہے کما قال تعالے۔ ما کان للمشرکین ان یعمروا مساجد اللہ شاہدین علی انفسھم بالکفر الآیۃ۔ یعنے مشرکین جب اپنی ذات پر کفر کی شہادت دیتے ہیں تو مساجد الٰہی کی آبادی انکی لیاقت سے نہیں ہے و قال تعالے۔ انما یعمر مساجد اللہ من آمن باللہ والیوم الآخر الآیۃ۔ یعنے مساجد الٰہی کی آبادی وہی بندہ کرتا ہے جو اللہ تعالے و روز قیامت پر ایمان لایا۔ ۱۲ پس جب اہل ایمان کو مسجد الحرام سے نکالا تو اوسکی آبادی مٹانے میں کوشش کی کیونکہ مساجد کی آبادی اوسکے ظاہری صورت درست کرنے اور اوسکے نقش و نگار کرنے سے نہیں ہوتی ہے بلکہ معرفت توحید کے ساتھ اوسمیں شرع الٰہی قائم کرنے سے ہوتی ہے اور واضح ہو کہ رومی نصرانیوں نے اگرچہ غلبہ پایا لیکن موسیٰ نے تمام نصرانیوں کو جمع کر کے اللہ تعالے کی تثلیث اور عیسیٰ علیہ السلام کے بیٹا کہنے کا قول سب نصرانیوں میں شائع کیا چنانچہ آل عمران کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالے آویگا۔ پس جس شہر کے پاس مفسدین جمع ہو گئے تھے وہ بھی یہودیوں کے مثل یا قریب ہو گیا پھر مترجم کہتا ہے کہ بیت المقدس کے خراب کرنے والے قسطنطین یا طیطوس اوسکو ظاہری عمارت و باطنی تعمیر دونوں طرح سے خراب کر چکے اور قریش نے اگر خانۂ کعبہ کی تعمیر چھوڑی تو صرف معنوی خرابی کی سو ہا مساجد الٰہی سے منع کرنا تو یہ بھی نصرانیان روم کی طرف صریح واقع ہوا اور قریش کی طرف سے قصداً منع نہ تھا بلکہ ضمناً منع لازم آیا پس مترجم کے نزدیک قوی وہ قول ہے جو امام ابن جریر نے اختیار فرمایا کہ آیت قدسی کا اقوی مصداق نصاریٰ روم ہیں۔ **(مقام سوم)** اس آیت قدسی کا حکم تمام ایسے لوگوں کو شامل ہے جو مساجد الٰہی کو خراب کریں خواہ اسطرح کہ اوسکی ظاہری عمارت بھی گرا دیں یا فقط اوسمیں اہل ایمان کو نماز و ذکر سے روکیں پس اگر کسی قبیلے سے روکیں تو اللہ عزوجل نے اونکے حق میں اہانت مقدر فرمائی چنانچہ امام ابن کثیر نے لکھا کہ جب نصرانیوں نے بیت المقدس کے مقام صخرہ کی اہانت کی جسکو یہود نے قبلہ بنایا تھا تو نصرانیوں پر شرعی و تقدیری ذلت طاری ہوئی کہ ہمیشہ جب بیت المقدس میں داخل ہوتے ہیں تو خوفناک داخل ہوتے ہیں۔ مترجم کہتا ہے کہ اون بات اب بھی مشاہدہ ہے اسیطرح جب قریش نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خانۂ کعبہ سے روکا تو اونپر ذلت و خواری آئی چنانچہ اونھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دس برس کے واسطے صلح ٹھہرائی لیکن اللہ تعالے نے اس صلح کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے فتح فرمایا چنانچہ سورت انا فتحنا نازل ہوئی اور اسی رات کو ہرقل شاہ روم نے دیکھا کہ ختنہ کرنے والی امت کی بادشاہت ہو گئی چنانچہ چند ہی روز کے بعد قریش نے اوقتل کی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جہاد کر کے مکہ فتح کر لیا اور جب حج کا زمانہ آیا تو منادی کرا دی کہ آئندہ اس بیت العتیق سے کوئی مشرک نہ جائے امام ابن کثیر نے لکھا کہ اسی طرح جب یہود نے اللہ عزوجل کی نافرمانیاں کیں حتی کہ بیت المقدس میں انبیاء کے خون بہائے اور ان مردہ انبیاء کو زندہ کہا تو یہ نافرمانی سب سے بڑھکر ہوئی یعنے قریش سے بڑھکر نصرانیوں کا فعل تھا اور نصرانیوں سے بڑھکر یہودیوں کی حرکت تھی تو اللہ عزوجل نے ابن عباس رضی اللہ عنہ کے واسطے مناسب عقوبت مقدر فرمائی۔ لھم فی الدنیا خزی ولھم فی الاخرۃ عذاب عظیم۔ یہود یوں کو اوسمیں نماز پڑھنے ان لوگوں کے واسطے دنیا میں خواری ہے اور اونکے واسطے آخرت میں عذاب عظیم ہے۔ قتادہ نے فرمایا کہ نصرانیوں نے بیت المقدس کو بخت نصر مسلمانوں کو بشارت ہے کہ عنقریب سب قسم کے مشرکین بت پرست و مجوس اور کافرین یہود و نصاریٰ سب ذلیل ہوں گے۔ ۱۲ منہ

تعالے نے یہ وعدہ پورا فرمایا اور مشرکین تو مسجد الحرام سے ممنوع ہوئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانے سے موسیٰ کی مدد کی سو ہی سرح نے عمر رضی اللہ تعالے عنہ نے اپنے عہد خلافت میں جزیرۂ عرب سے تمام یہود و نصاریٰ کو جو اسلام نہیں لائے

بزرگی وطہارت ہی کہ اوسکے گرد بجاست کفر ہو۔ اور ایک جماعت نے تفسیر فرمائی کہ نصرانیون کی خواری بالکلیہ اس دنیا مین اوسوقت ہوگی جب امام مہدی علیہ السلام پیدا ہوکر جہاد کرینگے جبکہ اونکی عمر چالیس سال کی ہوجائیگی یہ قول سدی عکرمہ و وائل بن داؤد ہی۔ اور قتادہ رحمہ نے فرمایا کہ خاصتہ روسیونکی خواری اس طرح کہ یہ لوگ مطیع ہوکر جزیہ ادا کرین۔ امام ابن کثیر نے کہا کہ دنیاوی کی خواری مین ہر طرح کی خواری شامل ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ جو شخص دنیا پر مطمئن ہوکر اسی کے مال و دولت کمانے و جمع کرنے مین مبتلا ہوجاوے وہ خود خوار کیا گیا ہی اگرچہ اوسکو چند روز کے بعد اپنا انجام بد نظر آوے امام احمد نے کہا کہ اخبرنا الہیثم بن خارجۃ اخبرنا محمد بن ایوب بن مدیرۃ بن جلس سمعت ابی یحدث عن لبیب بن ابوطالب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدعوا اللھم احسن عاقبتنا فی الامور کلھا واجرنا من خزی الدنیا وعذاب الاخرۃ۔ یعنے الٰہی سب کامون مین ہمارا انجام نیک کیجیو اور ہمکو خواری دنیا و عذاب آخرت سے چھوڑا دیجیو۔ ابن کثیر نے کہا کہ یہ حدیث حسن ہی اور کسی صحاح ستہ مین نہین ہی (تنبیہ) بہر تقدیر خواہ مسجد بیت المقدس یا مسجد الحرام کسی ایک مسجد کی نے ادبی ہوئی لیکن اللہ تعالے نے مساجد اللہ اسواسطے فرمایا کہ جسنے مسجد لمبلہ کی تعظیم چھوڑی اوسنے بدرجہ اولی تمام مساجد کی تعظیم چھوڑی جیسے کسی نے ایک نیک مرد کو ایذا دی تو کہتے ہین کہ اس سے بڑھکر کون ظالم ہی جو نیکون کو ستاوے۔ یہ زیادہ بلیغ ہی جیسے بنی اسرائیل پر حکم لکھا تھا کہ جسنے ایک کو ناحق قتل کیا گویا اوسنے کل کو قتل کیا کیونکہ نفس محترم کا احترام توڑدیا (مسئلہ) قولہ تعالے۔ ماکان لھم ان یدخلوھا الا خائفین۔ سے نکلتا ہی کہ مشرکونکا مسجد مین داخل ہونا جائز ہی اور یہی امام ابوحنیفہ و بخاری وغیرہم کا مذہب ہی اور حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ثمامہ بن اثال کو مسجد مین باندھا تھا درحالیکہ وہ مشرک تھا پھر تین روز کے بعد کھول دیا لیکن وہ تھوڑی دیر کے بعد نہاکر آیا اور مسلمان ہوگیا (البخاری) اور فتح مکہ مین بھی قبل داخل ہونے کے حکم بھیجدیا تھا کہ جو کوئی ابوسفیان کے گھر مین چلا جاوے یا خانہ کعبہ مین چلا جاوے یا اپنا دروازہ بند کرلے یا ہتھیار ڈال دے تو وہ بیخوف ہی۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ خانہ کعبہ مین مشرک کا داخل ہونا جائز ہی لیکن یہ بات ظاہر ہی کہ یہ لوگ اپنے طور پر خانہ کعبہ کی تعظیم کرتے تھے امام مالک کے نزدیک مطلقا منع ہی کیونکہ مشرک نجس ہی شافعی کے نزدیک مسجد الحرام مین کافر کا جانا منع ہی اور دیگر مساجد مین اگر کوئی حاجت ہو اور کوئی مسلمان اجازت دے تو جائز ہی۔ پھر واضح ہو کہ مساجد صرف نام الٰہی کی تعظیم سے مکرم ہین ورنہ اللہ تعالے کے واسطے کسی جگہ سے کوئی خصوصیت نہین ہی وہ ہر مخلوقات کے لگاؤ سے پاک ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ یہود یون کی بدکاریون سے بخت نصر مجوسی کو مسلط فرمایا کہ اوسنے یہودیون کو قتل و غارت کیا اور بیت المقدس گرایا پھر اوسکے بعد جب رومی نصاری مسلط ہوے تو اونھون نے صخرۂ بیت المقدس مین بوجہ عداوت یہود کے کوڑا ڈالا اور مدت دراز تک یہی حالت رہی یہانتک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خود تشریف لیجاکر بیت المقدس کو فتح کیا اور جب بیت المقدس مین داخل ہوے تو یہ حالت دیکھکر اپنی چادر بچھائی اور کوڑا بھر کر پھینکنا شروع کیا اور جب بعض مومنین نے چاہا کہ آپ کو اوس تکلیف سے بچاوین تو آپ نے فرمایا کہ تم بھی اپنے ثواب کو حاصل کرو حتی کہ مسلمانون نے ملکر ایک دم مین سب صاف کردیا اور آپ نے بیت المقدس کی تعمیر کا حکم دیا۔ مترجم کہتا ہی کہ امام مہدی علیہ السلام کے واسطے جو آثار وارد ہوے ہین ازانجملہ یہ ہی کہ دنیا ظلم و جور سے بھر جاویگی اور نصرانی اوسوقت بکثرت ہونگے اور اکثر روے زمین پر غالب ہونگے اور رومی یعنی نصارے قوم روم ملکر مسلمانون کو گانون گانون کرکے نکال دینگے اور آخر قسطنطنیہ فتح ہوجائیگا اور سلطان مقام شام مین لڑائی مین شہید ہوجائیگے پھر مدینہ منورہ سے امام مہدی رضی اللہ عنہ نکلکر جہاد فرمائینگے اور اللہ تعالے برابر اونکو فتح عنایت کریگا اور یہی زمانہ خروج دجال کے واسطے مقرر ہی اگر کوئی پوچھے کہ امام مہدی رضی اللہ عنہ سے پہلے مسلمانون کی کیا کیفیت ہوگی تو مجھے تفصیل بیان کرنے کی ضرورت نہین ہی بلکہ جو کیفیت

سامنے موجود ہو یہی معجزات و روایات بین مذکور ہو یعنے فسق و فجور علانیہ ہونا شراب خواری شرع کی ہتک حرمت بدعات کی کثرت اور خصائل نیک چھوڑکر بدخصال کی شدت مسجدونکا نقش و نگار دہان دنیاوی باتین جاہلون کو پیشوا بنا کر اونکے احکام پر عمل کرنا طریق سنت چھوڑکر مشرکون کے طریقہ پر کوشش کرنا تاکہ ترقی حاصل ہو گرد آکر وہ مسلمانون کا دین سے خارج ہوکر مشرکون مین شامل ہونا متبعین سنت غربا مین اسلام باقی ہونا ماں باپ کی نافرمانی دوستون سے ملاپ آمانت مین خیانت دولت کا ڈول کی طرح گھومنا مزامیر کا رواج بکثرت بخل خواہش نفس کی پابندی آخرت چھوڑکر دنیا اختیار کرنا ہر شخص کا اپنی رائے پر نازان ہونا جہالت کی کثرت اور مانند اسکے بہت سی علامات دیگر ہین جنکا بیان طول ہو اور جو کچھ بیان ہوا یہ علاوہ کتب حدیث کے صرف صحاح ستہ مین موجود ہین جو تیسری صدی مین تصنیف ہوئین جسوقت ہر طرف مسلمانون ہی کا غلبہ تھا پس اہل ایمان کے واسطے عین معجزات طمانینت ہین اور حدیث مین یہ بھی آیا کہ جو ایسے وقت مین سنت پر قائم ہو جبکہ امت فاسد ہو جائیگی تو اوسکے لیے سو شہید کا ثواب ہی (السنن) اور یہ بھی حدیث مین آیا کہ فساد امت کے وقت سنت پر قائم رہنے والا ایسی حالت مین ہوگا جیسے چنگاری پکڑے ہو (بعض السنن) پھر واضح ہو کہ بیت المقدس ہو یا خانہ کعبہ ہو ہر ایک کو اللہ تعالے نے اپنی بندگی کے واسطے ایک جہت مقرر فرمایا ہی ورنہ اللہ تعالے کے واسطے کوئی جانب خصوصیت نہین ہی قال تعالے

وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ فَاَيْنَمَا تُوَلُّوْا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

اور اللہ ہی کی ہی مشرق اور مغرب سو جس طرف تم منھ کرو وہان ہی متوجہ ہو اللہ بر حق اللہ گنجایش والا سب خبر رکھتا ہی

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خانہ کعبہ کا قبلہ ہونا محبوب رکھتے تھے اور مکہ معظمہ مین کعبہ کو سامنے کرکے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے تھے پھر جب مدینہ مین ہجرت فرمائی تو یہ ممکن نہوا بلکہ شام کی طرف جانب صخرۂ بیت المقدس نماز پڑھنے کا حکم ہوا چنانچہ سولہ یا سترہ مہینہ تک پڑھتے رہے اور آپ چاہتے کہ قبلہ بجانب کعبۂ ابراہیم ہو اور اللہ تعالے نے اسکو منظور فرماکر خانۂ کعبہ کی جانب تحویل فرمائی تو یہود نے طعن کیا کہ انکا کوئی قبلہ معلوم نہین کبھی بیت المقدس کی طرف متوجہ ہوتے ہین اور کبھی خانہ کعبہ کی طرف تو یہ آیت اتری اور یہ عکرمہ سے مروی ہی اور اصح قول کے موافق واللہ اعلم بات یہ تھی کہ مدینہ مین آنے کے بعد اللہ تعالے نے یہود کی تالیف قلوب اور انپر حجت الٰہی پوری ہونے کے لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا تھا کہ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھین چنانچہ ایسا ہی ہوا پس ہدایت کی جگہ انکو گمراہی نے گھیرا اور لگے طعن کرنے جیسا کہ مذکور ہوا اور ابن عمرؓ سے مروی ہی کہ سفر مین نماز نفل سواری پر جدھر وہ چلے پڑھنے کے جواز مین اتری چنانچہ سعید بن جبیر نے ابن عمرؓ سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی سواری پر نفل پڑھتے جدھر وہ متوجہ ہوتا درحالیکہ آپ مکہ سے مدینہ کو آتے تھے پھر ابن عمر نے یہ آیت پڑھی ۔ وللہ المشرق والمغرب الآیۃ ۔ اور ابن عمر نے کہا کہ اسی مین یہ آیت اتری ہی (مسلم والنسائی والترمذی وقال حدیث حسن صحیح) اور قتادہ نے کہا کہ یہ آیت منسوخ ہی بقولہ تعالے فول وجھک شطر المسجد الحرام الآیۃ ۔ (اخرجہ الترمذی ایضا) اور مسئلہ یہ ہی کہ سفر مین اگر اونٹ مثلاً مشرق کی طرف جاتا ہو حالانکہ قبلہ مغرب کی طرف ہو جیسا کہ ہمارے یہان سے ہی اور وہ نفل نماز ادا کرنا چاہے تو باوضو یعنے طہارت نماز کے ساتھ نیت کرے پھر اسکو مشرق کیطرف چلنے دے اور نماز کو تمام کرے اور رکوع و سجدہ اشارہ سے کرے اور فرض نماز اس طرح نہین جائز ہی بلکہ اتر کر پڑھے اور سواری پر نفل پڑھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بہت مروی ہی اور نیز مروی ہی کہ وتر سواری پر پڑھتے تھے اسی سے صاحبین و دیگر ائمہ کے نزدیک وتر سنت ہی اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک واجب ہی پس شاید کہ سوا فریضہ کے واجب و سنت سب اس طرح جائز ہو اگرچہ اسمین کلام کیا گیا ہی قائل اور اسکا ربط ماقبل سے بعض علما نے یون بیان کیا کہ بیت المقدس یا خانہ کعبہ سے منع کرنے کو کافرون نے ابطال غیر و انسداد جانا حالانکہ بیت المقدس و بیت الحرام

فقط قبلہ یعنے جہت استقبال ہی کہ جس طرف ہوکر نماز پڑھین ولیکن یہ نہین ہی کہ اللہ تعالے کی عبادت کے لیے باین معنی وہ جہت ہو کہ غیر سے عبادت نہین ہوسکتی بلکہ اللہ عزوجل کا علم ہر جگہ ویسا ہی ہی جیسا بیت المقدس وکعبہ کی طرف توجہ کرنے مین ہی اور اسمین ان جاہلون کی مخالفت کا اشعار ہی اور مسلمانون پر رحمت ہی کہ ہمنے اجازت بھی دیدی اور نیز اشارہ ہی کہ نماز کے لیے وہ جگہ بھی مخصوص نہین اور یہ العام خاص کر اس امت مرحومہ کو بواسطہ نبی الرحمۃ صلی اللہ علیہ وسلم کے حاصل ہوا کہ اللہ تعالے نے آپ کے واسطے ہر جگہ جہان چاہین نماز ادا کرین وصحیح حدیث مین ہی کہ۔ جعلت لی الارض کلہا مسجدا۔ یعنے میرے واسطے مخصوص معوالے اور انبیاء کے تمام زمین مسجد قرار دیگئی (البصحین) یعنے جہان چاہون نماز پڑھون اور یہ معنے نہین کہ تمام زمین کے لیے مجبور وہی رعایت واجب ہین جو مسجد کے واسطے ہوتی ہین اور یہ خصوصیت آپ کی مقابلہ دیگر انبیاء کے ہی کیونکہ اورون کے واسطے کوئی نہ کوئی جگہ خاص کردیجاتی تھی خواہ وہ ہمیشہ کے واسطے یا چند روز کے واسطے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیات مین سے جو اگلی کتابون مین بھی پہچان کے نشان کے طور پر مذکور ہی یہ ہی کہ جہان نماز کا وقت آجائیگا وہین وہ ادا کر سکینگے اللہ تعالے نے فرمایا۔ وَلِلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ۔ اور اللہ تعالے ہی کے واسطے مشرق اور مغرب ہی۔ ف یعنے شمال وجنوب ومشرق ومغرب جسقدر جہات ہین سب اللہ تعالے ہی کے واسطے ہین اور اوسکی ذاتی خصوصیت کسی مقام سے نہین ہی بلکہ ہر طرف اللہ تعالے کی حکمت وقدرت موجود ہی اور اگر اوسکی فرمانبرداری کے ساتھ کسی جہت توجہ ہو تو اوسی طرف اللہ تعالے کی رحمت پاوے جیسے اوسکی نافرمانی مین کافر ومشرک جس طرف توجہ کرتا ہی اوسی طرف غضب الٰہی پاویگا اگرچہ اوسکو معلوم نہو کیونکہ مومنین اپنے نفس کے واسطے کسی جانب توجہ نہین کرتے خصوصًا نماز مین لہذا اونکو آگاہ کیا کہ جس طرف توجہ کرو اللہ تعالے کی رحمت پاؤگے کیونکہ ہر جہات مشرق ومغرب وغیرہ اللہ تعالے ہی کے واسطے ہین۔ فَأَيْنَمَا تُوَلُّوا فَثَمَّ وَجْهُ اللّٰهِ پس جہان کہین تم لوگ متوجہ کرو یعنے متوجہ ہو وہین وجہ اللہ ہی۔ ف یعنے وہین قبلہ الٰہی موجود ہی۔ یہ تفسیر امام ترمذی نے حضرت مجاہد سے روایت کی۔ اِنَّ اللّٰهَ وَاسِعٌ عَلِيمٌ اللہ تعالے وسعت والا علم والا ہی ف یعنے اوسکی رحمت ومغفرت وسیع اور اوسکا علم محیط ہی پس جدہر تم اللہ تعالے ہی کے واسطے توجہ کرو اوسی طرف اللہ تعالے کی جہت وقبلہ پاؤ اور وہ خوب جانتا ہی دیکھتا ہی تو وہین تمکو ثواب ورحمت عطا فرماویگا امام ابن کثیر نے لکھا کہ اس آیت قدسی مین اللہ تعالے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وآپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو جنھون نے ہجرت سے کعبہ کو چھوڑا تھا بشارت وتسلی فرمائی کہ جب تمنے اللہ تعالے کے واسطے ہجرت کی تو جہان کہین جدھر توجہ کرو تمھارے واسطے وہی جہت قبلہ ہی اور وہی رحمت کعبہ ہی کیونکہ اگلے مفسرین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت المقدس کی جانب نماز پڑھتے تو کعبہ کو اپنے سامنے کرلیتے تھے پھر جب کہ چھوڑا تو صرف بیت المقدس کا استقبال باقی رہا پس اللہ تعالے نے اس آیت سے اونکی تسلی فرمائی پھر آپ نے مدینہ منورہ مین سولہ یا سترہ مہینے جانب بیت المقدس نماز پڑھی لیکن آپ پسند کرتے تھے حتی کہ اللہ تعالے نے آپکو خاص کعبہ کی جانب متوجہ فرمایا چنانچہ شروع پارہ دوم مین آتا ہی۔ ابن عباس رضی نے کہا کہ جہانتک ہمسے بیان کیا گیا ہی اوس سے یہی معلوم ہوتا ہی کہ پہلے پہل قبلہ ہی کے بارہ مین نسخ ہوا ہی (ابو داؤد) اور آیت سے یہ بھی ثابت ہوا کہ قبلہ صرف جہت عبادت ہی یعنے اللہ تعالے نے اپنی فرمانبرداری دیکھنے کے واسطے بندون کو ایک جانب متوجہ فرمایا تاکہ اوس سے آخرت منکرین اور آیت مین تنبیہ کی کہ اللہ تعالے کی بندگی مین جدھر توجہ کرو اوسیطرف قبلہ الٰہی رحمت پاؤگے یعنے اللہ تعالے کو جہت کعبہ سے کوئی خصوصیت نہین ہی (مسئلہ) اسی مقام سے ائمہ حنفیہ نے کہا کہ خانہ کعبہ کی عمارت کو قبلہ ہونے مین کچھ دخل نہین ہی بلکہ وہ مقام ہی خواہ عمارت ہو یا نہو حتی کہ اگر عمارت کے واسطے سجدہ کرنے کا قصد کرے تو کفر کا خوف ہی لہذا اگر عمارت کعبہ منہدم ہوجاوے مدا فاللہ تعالے

تو بھی قبلہ ہے مگر باقی ہے بلکہ ابن الزبیرؓ وغیرہ نے تو کعبہ کی عمارت بنائی چنانچہ اسکا ذکر انشاء اللہ تعالے عنقریب آتا ہے۔ پھر شیخ رحمہ اللہ نے لکھا کہ عکرمہ نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ قولہ تعالے۔ فثم وجہ اللہ یعنے جدھر مشرق یا مغرب ہیں توجہ کرو ادھر قبلہ الٰہی ہے اور اسیکے مانند مجاہدؒ سے روایت ہے شیخ رحمہ اللہ نے کہا کہ ظاہر اثر ابن عباسؓ دلالت کرتا ہے کہ یہ آیت درباۂ نسخ قبلہ نازل ہوئی۔ ابن ابی حاتم نے کہا کہ اسیکے مانند ابو العالیہ و حسن بصری و عطا خراسانی و عکرمہ و قتادہ و سدی و زید بن اسلم سے روایت ہے کہ یہ آیت درباۂ نسخ قبلہ ہے۔ امام ابن جریر رحمہ اللہ نے کہا کہ ایک جماعت دیگر کے نزدیک اس آیت کا نزول خانۂ کعبہ کی طرف توجہ فرض ہونے سے پہلے واقع ہوا تاکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کو معلوم ہو جاوے کہ نماز میں جس جانب توجہ کرینگے اوسی طرف وجہ اللہ پاوینگے کیونکہ کسی جگہ کی مجال نہیں کہ وہ اللہ تعالے کو محیط ہو بلکہ اللہ تعالے ہی کا علم جمیع اشیا کو محیط ہے پھر اسکے بعد اللہ تعالے نے خانۂ کعبہ کی جانب توجہ کو حتمی کر دیا۔ اور تیسری جماعت علما نے کہا کہ یہ آیت اسواسطے نازل ہوئی کہ اللہ تعالے نے سفر میں سواری پر نوافل پڑھنے کی اجازت عطا فرمائی چاہے جس طرف توجہ ہو یعنے مثلاً قبلہ بجانب مغرب ہے اور یہ شخص بجانب مشرق جاتا ہے تو سواری پر نفل کی نیت کرے اور اشارہ سے رکوع و سجود کرتا جاوے اور اسی طرح حالت خوف میں جسطرف موقع پاوے اوسیطرف اوسکا قبلہ ہے۔ سعید بن جبیر نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ ابن عمرؓ کا اونٹ جسطرف جاتا اوسی طرف نماز پڑھتے جاتے اور بیان کرتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایسا ہی کرتے تھے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما اس آیت۔ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ۔ کی یہی تاویل بیان کرتے تھے (رواہ مسلم والترمذی والنسائی وابن ابی حاتم وابن مردویہ) اور اصل حدیث صحیحین میں بدون تاویل آیت کے مروی ہے۔ اور ابن عمرؓ سے جب نماز خوف کا حال پوچھا جاتا تو اوسکو بیان کرنے کے بعد کہتے کہ اگر اس سے زیادہ خوف ہو تو سوار یا پیدل خواہ کعبہ کا رخ ہو یا نہ ہو اکرین۔ نافع نے کہا مجھے ایسا ہی یاد پڑتا ہے کہ اسکو ابن عمرؓ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے تھے۔ (مسئلہ) سواری پر نفل جائز ہے خواہ ایسا سفر ہو جسمیں قصر نماز جائز ہے یا اس سے کم ہو۔ یہی قول ابی حنیفہؒ و مشہور قول شافعیؒ و ابو یوسف وغیرہ ہے اور اسمیں امام مالکؒ و اونکے اصحاب نے اختلاف کیا ہے وطن سفر میں سواری پر نفل پڑھنا تو ابو یوسف و ابو سعید الاصطخری و ابو جعفر الطبری نے جائز مختار رکھا بلکہ امام ابو جعفر الطبری نے تو پیدل کے واسطے بھی وطن میں جائز رکھا۔ پھر امام ابن جریر رحمہ اللہ نے کہا کہ جماعت چہارم کے نزدیک یہ آیت ایسے لوگوں کے حق میں ہے جنکو جنگل و تاریکی وغیرہ کی وجہ سے جہت قبلہ معلوم نہ ہو اور اونھوں نے تحری سے مختلف جہات میں نماز پڑھی تو اللہ تعالے نے اونکے واسطے اجازت دیدی کہ تم سب کی نماز جائز ہے پھر عامر بن ربیعہؓ سے روایت کی کہ ہم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ میں اندھیری رات میں ایک مقام پر اترے تو آدمیوں نے پتھروں کی آڑ بنا کر نماز پڑھی پھر جب صبح ہوئی تو ہمنے دیکھا کہ ہم لوگوں نے قبلہ کے سوا دوسری جانب نماز پڑھی پس ہمنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم لوگوں نے غیر قبلہ کی جانب نماز پڑھی یہ آیت نازل ہوئی (ابن جریر و ترمذی و ابن ابی حاتم و اسنادہ ضعیف) اور جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم لوگوں کا ایک سریہ بھیجا تو ہمنے وہاں رات میں سخت تاریکی کی وجہ سے قبلہ نہ پہچانا اور ہمنے غیر قبلہ کی جانب خطوط کھینچکر نماز پڑھی پھر جب صبح ہوئی تو معلوم ہوا کہ یہ خطوط بجانب غیر قبلہ ہیں پس جب ہم واپس آئے تو اوسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا مگر آپ خاموش رہے پس اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی (ابن مردویہ و دارقطنی و رواہ ابن مردویہ عن ابن عباس ایضاً فی الاسناد مقال) پھر ابن جریرؒ نے فرمایا کہ پانچویں جماعت علما کا یہ قول ہے کہ یہ آیت درباۂ نجاشی بادشاہ

مصر کے نازل ہوئی چنانچہ اپنی اسناد کے ساتھ قتادہ رح سے مرسل روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمہارا ایک بھائی مر گیا پس تم لوگ اوسپر نماز پڑھو (یعنے مدینہ منورہ مین غائبانہ اوسپر نماز پڑھو) پس صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ کیا ایسے شخص پر نماز پڑھین جو مسلمان نہین تھا تو نازل ہوا قولہ تعالے - وان من اہل الکتاب لمن یومن باللہ وما انزل الیکم وما انزل الیہم خاشعین للہ لا یشترون بایات اللہ ثمنا قلیلا الآیۃ خاتمۃ آل عمران - قتادہ رح نے کہا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ وہ تو قبلہ کی جانب نماز نہین پڑھتا تھا پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا - وللہ المشرق والمغرب فاینما تولوا فثم وجہ اللہ الآیۃ - ابن کثیر رح نے کہا کہ یہ روایت غریب ہے مترجم کہتا ہے کہ اسکے راوی سب ثقات اثبات ہین لیکن تفرد کی وجہ سے بیشک غریب ہے اور واضح ہو کہ نجاشی بادشاہ حبش صدق دل سے مسلمان ہو گیا تھا حتی کہ جو صحابہ وہان ہجرت کر گئے تھے وہ لوگ بعد مرنے کے اوسکی قبر سے نور دیکھتے تھے اور آپسمین اسکا ذکر کیا کرتے تھے جیسا کہ حضرت ام سلمہ رض سے باسناد صحیح مروی ہے پھر صحابہ رضی اللہ عنہم نے جو یہ کہا کہ مسلمان نہین تھا ظاہر اس گمان سے کہا کہ اوس وقت ہجرت فرض تھی حالانکہ وہ ہجرت کرکے مدینہ نہین آیا اور اوسکا عذر یہ ہو سکتا ہے کہ اوسکے ساتھ انتظام سلطنت متعلق تھا اور اوسکے عمائد سلطنت بھی مسلمان ہو گئے تھے تو اوسکے ذمہ سے ہجرت کی فرضیت ساقط ہو گئی تھی بخلاف ہرقل بادشاہ روم کے کہ جب اوسکی سلطنت والے مسلمان نہین ہوے تو اوسپر ہجرت کرنا فرض تھا حالانکہ وہ ایلچیون کو بھیجتا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دحیہ کلبی رضی اللہ عنہ کو بھیجا تو اسنے بھی اپنے اسلام کا اقرار کیا اگرچہ ہمکو اوسکی نسبت بھی اسلام کا گمان ضرور رہتا کیونکہ ہجرت ترک کرنے سے صرف کبیرہ گناہ لازم آویگا لیکن ابن حبان وغیرہ کی صحیح روایت مین وارد ہوا کہ جب مقام تبوک مین اوسنے اپنا ایلچی واپس اپنا عریضہ بھیجا تھا اور کچھ سونا بطور نذر بھیجا تھا اور کہلا بھیجا کہ مین حضور پر ایمان لایا ہون تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ جھوٹا ہے یہ اپنی نصرانیت پر باقی ہے چنانچہ اسکی تفصیل انشاء اللہ تعالے اپنے مقام پر آویگی رہا یہ کہ جو صحابہ رضی اللہ عنہم نے عرض کیا کہ وہ قبلہ کی جانب نماز نہین پڑھتا تھا تو شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ بعض علماء نے جواب دیا ہے کہ اوسکو خانہ کعبہ کی جانب قبلہ کی تحویل کا حکم پہونچنے نہین پایا تھا کہ اوسنے انتقال کیا - اور قرطبی نے اسکو قتادہ رح سے نقل کیا ہے مترجم کہتا ہے کہ نجاشی پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز پڑھنا صحیح روایات صحاح سے مرفوع ثابت ہے لیکن ان روایات مین صحابہ رضی اللہ عنہم کا سوال کرنا و نزول آیات کا کچھ ذکر نہین ہے شیخ نے لکھا کہ قرطبی نے یہان یہ مسئلہ لکھا کہ اسی سے ایک جماعت علماء کے نزدیک غائب میت پر نماز جنازہ جائز ہے شیخ قرطبی رح نے کہا کہ ہمارے اصحاب مالکیہ کے نزدیک یہ واقعہ بطور تشریع کے عام نہین تھا بلکہ یہ تین وجہ سے مخصوص ہے مترجم نے کہا کہ ائمہ حنفیہ کے نزدیک بھی خاص ہے اول یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے نجاشی کے جنازہ سے پردہ اوٹھا دیا گیا تھا حتی کہ جب آپنے نماز پڑھی تو وہ آپ کے سامنے موجود تھا دوم یہ کہ جب نجاشی کے پاس کوئی مسلمان نہ تھا جو اوسکے جنازہ کی نماز پڑھے تو آپنے اوسکی نماز پڑھی اور اسیکو ابوبکر بن العربی نے اختیار کیا لیکن قرطبی نے اعتراض کیا کہ یہ بات بہت بعید ہے کہ ایسے بادشاہ مسلمان کی قوم مین سے کوئی اوسکے پاس مسلمان نہو لیکن امام ابوبکر بن العربی نے خود اسکا یہ جواب دیدیا ہے کہ شاید اونکے نزدیک میت پر نماز مشروع نہو اور یہ جواب جید ہے مترجم کہتا ہے کہ جید اس وجہ سے ٹھہرایا کہ یہ طریقہ نماز کا صرف اسلام مین خاص ہے اور حبش تک ہنوز حکم نہین پہونچا تھا کیا نہین دیکھتے ہو کہ اسکو نسخ قبلہ کی خبر نہ پہونچی وجہ سوم یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بادشاہ پر اسواسطے نماز پڑھی تاکہ دوسرے بادشاہون کی تالیف قلب ہو واللہ تعالے اعلم - مترجم کہتا ہے کہ بہرحال نجاشی کے حق مین یہ فضیلت ظاہر ہے اور اسکی وجہ بھی ظاہر ہے کیونکہ اوسنے سلطنت دنیا کا کچھ خیال نہ کیا پس یہ امر مشکور ہے کیا نہین دیکھتے ہو کہ احبار یہود نے باوجود عالم ہونے کے ایک خفیف خیرات کے پیچھے جو

وتکو عام یہودیون سے ملتی تھی اسلام لانا چھوڑ دیا باوجودیکہ اونکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صدق نبوت ہر طرح توریت سے یقینی معلوم ہوگئی تھی پھر بادشاہ بجا شی کو کس قدر فضیلت ہی کہ اوسے سلطنت کی پروا نکی لہذا اللہ تعالے نے اوسکو یہ کرامت عطا فرمائی کہ اپنے پیغمبر خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز سے مشرف فرمایا اور بعض احادیث صحاح سے ثابت ہوا کہ آپ کی نماز سے اللہ تعالے میت کی قبر مین نور عظیم نازل فرماتا ہی پس اگر دوسرے بادشاہون کو سمجھ ہوتی تو وہ اس نعمت عظمی کو جان دیکر حاصل کرتے لیکن اونھون نے دنیا لی جو مرتے ہی فنا ہوگئی نعوذ باللہ من شرور انفسنا ومن سیئات اعمالنا شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ یہان حدیث ابو ہریرہ مناسب ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہل مدینہ واہل شام واہل عراق کے واسطے درمیان مشرق ومغرب کے قبلہ ہی (ابن مردویہ ونحوہ الترمذی وابن ماجہ وقال الترمذی حسن صحیح) مترجم کہتا ہی کہ اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ قبلہ کا استقبال کرنے مین یہ شرط نہین ہی کہ ضرور ایسے طور پر کھڑا ہو کہ اگر اوس سے ایک خط کھینچا جائے تو ٹھیک خانہ کعبہ پر متصل ہو بلکہ جس جہت مین خانہ کعبہ ہی وہ جہت ٹھیک ہو مثلاً ہندوستان سے خانہ کعبہ جانب مغرب واقع ہی اور زیادہ درستی یہ کہ کسی قدر جنوب کی جانب جھک جاوے لیکن اگر کوئی شخص سیدھا مغرب کی جانب کھڑا ہوگیا تو کافی ہی بشرطیکہ استقبال قبلہ کی نیت ہو اور اہل مدینہ وعراق وشام والون کے واسطے یہی جہت ہی جو حدیث مین منصوص ہی چنانچہ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کہ جب تو مغرب کو اپنے دائین طرف کرے اور مشرق کو بائین طرف کرے تو انکے بیچ مین قبلہ ہی جبکہ تو قبلہ کا استقبال کرے یعنے بنیت استقبال ہو (الترمذی) اور یہ آپنے اہل مدینہ اور اونکے رخ والون کے واسطے فرمایا وعلی ہذا اہل ہند مین سے جب کسی نے شمال کو دائین اور جنوب کو بائین کیا تو انکے درمیان مین قبلہ ہی ولیکن بہتر یہ ہی کہ جہانتک ہو سکے ایسے طور پر جہت ٹھیک کرے کہ مصلی سے قبلہ تک خط مستقیم ہو اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے کابل تک اپنے زمانہ مین ملک فتح کیے اور قبلہ کی جانب محراب بنائین پس وہ محراب نہایت ٹھیک ہین مترجم کہتا ہی کہ یہان فلسفی وہمیون کے واسطے عجیب تنبیہ ہی کہ دیکھو صحابہ رضی اللہ عنہم ان فنون ہیئت وریاضی وغیرہ مین عمر برباد نہین کرتے تھے بلکہ معرفت قلبی حاصل کرتے تھے جسکی کہ شان یہ تھی کہ ٹھیک خط مستقیم پر محراب بنائی جہان بڑے بڑے مہندس حیران ہین اور علم درحقیقت یہی علم ہی جو حواس قلب ومعرفت عقل سے حاصل ہوا اور یہ نہین ہی کہ جو جسم کے فانی حواس مین مرتکز ہو کہ یہ تو عنقریب اسی جسم کے ساتھ خاک ہو جائیگا اور علم معرفت جب ہی حاصل ہوتا ہی کہ عین اتباع شریعت وسنت وطریقت پر بغیر قیل وقال کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے قدم بقدم چلے اور یہی ہر سعید ازلی کو نصیب ہی ورنہ بدبخت شقی تو ہمیشہ اوہام وشکوک مین گرفتار ہو کر یقینیات سے بھاگتا ہی اور عجب کہ شیطانی اوہام پر جم جاتا ہی نعوذ باللہ من الضلال ف۲ بعض اشارات عرائس مین ہی کہ قولہ تعالے۔ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ۔ یعنے جدھر منھ کرو وہین جہت آلہی واوسکا قبلہ موجود ہی۔ جیسے یہ توجہ حواس جسم وحواس جسمانی سے ہوتی ہی اسیطرح قلب وحواس روحانی سے ہوتی ہی پس اگر قبلہ کی جانب حواس جسمانی وجسم سے متوجہ ہوا اور اسکے ساتھ ہی قلب وحواس قلبی متوجہ ہوا تو دونون جمع ہو گئے اور کبھی فقط توجہ جسمانی ہوتی ہی اور وہ دو طرح ہی ایک کہ منافق ہو اور دوم یہ کہ دنیا کی ہوسات مین غافل ہو جیسے سالب پہنے تسبیح دل مین گاؤ خر اس ترکی تسبیح کا کیا ہوا تر ہو اور کبھی جسمانی توجہ نہین ہوتی اور دلی توجہ موجود ہوتی ہی چنانچہ اگر ایک شخص مشرق کی جانب سفر مین جاتا ہی اور سواری پر نماز نفل پڑھتا جاتا ہی تو وہ اپنے رب عزوجل کی طرف متوجہ ہی اگرچہ جسم ظاہر بجانب مشرق ہو اسی طرح جسنے کسی مومن صالح کی زیارت مین خالص اللہ تعالے کے واسطے قصد کیا تو وہ اللہ تعالے ہی کی جانب متوجہ ہی اگرچہ کسی جانب جاتا ہو۔ اسی طرح اشارہ ہی کہ اسرار کی آنکھون سے جدھر دیکھو ادھر انوار مکاشفہ موجود ہین اسی طرح ان موجودات کو اگر بطور مخلوقات ومصنوعات کے دیکھو کہ یہ چیز خوبصورت ہی اور یہ چیز بدصورت ہی تو غفلت ولغویت ہی اور اگر اس نظر سے دیکھو کہ یہ کوئی چیز اپنی طاقت وقدرت مین نہین بلکہ صانع عزوجل کی صنعت ہین تو وہ مین قدرت آلہی عزوجل

مشابہ ہی اور یہ کشف فعلی ہی اور اس سے خاص لوگون کو کشف صفت کا نور بھی حاصل ہوتا ہی واضح ہو کہ ہر مشہود مین موافق استعداد اور محل کے مشابہ ہوتا ہی یعنے اگر مثلاً اونٹ ہو تو اوسمین تنبیہ فرمائی کہ افلا ینظرون الی الابل کیف خلقت۔ اور اگر آسمان و زمین کے عجائب قدرت دیکھو تو اوسکی نسبت فرمایا۔ لآیات لاولی الالباب۔ اور بعض مین فرمایا۔ لآیات لقوم یعقلون۔ اور بعض مین فرمایا۔ حتی یتبین لہم انہ الحق۔ پس انسانی مشابہت مین کمال مزید ہی بواسطے انسانی تسبیح بھی اکمل ہی اسیوجہ سے چرند و پرند جو اپنے رب عزوجل کی تسبیح کرتے ہین باوجود اسکے اجازت فرمائی کہ انسان اونکو اللہ تعالے کے نام پر ذبح کرکے کھاوے لہذا اگر کھانے والے نے کفر کیا تو یہ اوسکے حق مین وبال شدید ہی مگر تسبیح الٰہی بوجہ کمال موجود ہی اور یہ بھید اکثر عوام کی سمجھ سے باہر ہی اور یہی بھید تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہ نسبت قبلہ بیت المقدس کے خانہ کعبہ کا قبلہ زیادہ پسند فرماتے تھے اسیوجہ سے علمانے کہا کہ حقیقت قبلہ نامعلوم ہی اور اسی حیثیت سے انبیاء علیہم السلام اسی کے گرد طواف کرتے ہین چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر اوقات بعضے انبیاء کا طواف بیان فرمایا چنانچہ صحاح کی احادیث مین بیان آیا ہی اور انشاء اللہ تعالے اپنے موقع پر کچھ بیان آویگا پس بندہ سالم چاہیے جو اس دنیاے حقیر سے ہمت اوٹھاکر معالی درجات کی جانب کوشش کرے واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم۔ شیخ نے کہا کہ جسنے نظر جسم سے دیکھا اوسکا قبلہ ظاہری ہی اور اسی حالت مین اگر ترقی کے ساتھ نظر قلبی و عقلی سے متوجہ ہوا تو اوسکا قبلہ آیات ہین اور اگر زیادہ عروج ہی کہ روح کی آنکھ سے دیکھا تو قبلہ اوسکا صفات ہین۔ ابن منصور نے کہا کہ جہان تو توجہ کرے وہین جا مد ہی اور جہان گم ہی وہین گم ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ حدیث مین آیا کہ نمازی جب تک سمجھ سے متوجہ رہتا ہی تو رحمت الٰہی سے مواجہہ ہوتا ہی اور جب خیالات مین پڑجاتا ہی تو رحمت سے اعراض ہوتا ہی پھر جب متوجہ ہو جاتا ہی تو پھر توجہ پاتا ہی (کما فی السنن) بعض مشائخ نے کہا کہ اللہ تعالے کی طرف تیری توجہ تیری صدق نیت ہی اور اوسکی جانب سے یہ ہی کہ تو اپنے نفس سے سمجھ کے ساتھ ادھر اودھر مائل ہونے سے حد پر قائم رہ اور ہر چیز کو اوسکی ضد کے ساتھ باندھ دے اور خود اکیلا منفرد ہو جا۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ کلام لطیف ہی جسکے واسطے لطیف سمجھ درکار ہی واللہ تعالے ہوالموفق۔ اسیواسطے جو لوگ حد پر قائم نہین رہے وہ قبلہ نمائی سے تکلف اوہام شیطانی مین پڑگئے اور طرح طرح کے بہتان باندھنے لگے کیونکہ یہی مقتضاے حواس جسمی ہی جبکہ وہ نفس عقلی سے منقطع ہو جاوین چنانچہ ان لوگون کی ٹھیک گمراہی کے بعض اوہام کو حق عزوجل نے بیان فرمایا بقولہ تعالے

وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ ؕ بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ ۝

اور کہتے ہین اللہ رکھتا ہی اولاد وہ سب سے نرالا ہی بلکہ اوسکا مال ہی جو کچھ ہی آسمان اور زمین مین سب اوسکے آگے دبے ہوئے

بَدِيْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

نیا نکالنے والا آسمان اور زمین کا اور جب حکم کرتا ہی ایک کام کو تو یہی کہتا ہی اوسکو کہ ہو وہ ہوتا ہی

اللہ تعالے نے اپنی وحدانیت الوہیت ذات و صفات کا اعتقاد بندون پر فرض کیا بلکہ اگر انھون نے یہی نہ پہچانا تو اپنے خالق عزوجل کو بالکل نہ پہچانا اور جس مخلوق نے اپنے خالق کو نہ پہچانا وہ بدتر گمراہ ہی پس اہل ایمان صحیح معرفت سے پہچانتے ہین کہ خالق عزوجل جمیع صفات کمال سے موصوف ہی اور کسی مخلوق سے مشابہ نہین اور نہ کوئی مخلوق اوس سے مشابہ ہو سکتی ہی اور وہ جسم و جہت و شکل و صورت وغیرہ اور ہر ایسی چیزون سے جو مخلوق ہین یا مخلوق کے تصور و خیال و قیاس و گمان و وہم مین آتی ہین سب سے پاک ہی کیونکہ مخلوق کے تصور اور وہم مین آویگا وہ اس مخلوق کے اندر مخلوق ہوا اور اللہ تعالے جبکہ خود مخلوق کی مشابہت سے پاک ہی تو جو چیز کہ اس مخلوق کے خیال مین آوے اوس سے بدرجہ اولی پاک ہی اسیواسطے اوپر تنبیہ فرمائی کہ اللہ تعالے کے واسطے کوئی جہت نہین ہی بلکہ قبلہ تو اوسنے اپنے بندون کے لیے

بندگی کی بہت معین فرمائی ہو پس جو شخص اسطرح ایمان لایا وہ تو اللہ تعالے پر ایمان لایا اور جو اس راہ سے بھٹکا تو وہ اپنے تصورات پر ایمان لایا کیونکہ جو کچھ اوسکے تصور مین بندھا اوسیکو اوسنے اپنا خدا بنایا جیسے نصارٰی نے تصور باندھا کہ مسیح بیٹا ہو اور انکی دیکھا دیکھی یہود گمراہون نے بھی اپنے یہان عزیر کو بیٹا بنایا اور انکی باتین سُنکر عرب کے مشرکون نے ظاہر اسطور طعن کے لفظ ملائکہ کو مؤنث دیکھکر کہنے لگے کہ یہ اللہ تعالے کی بیٹیان ہین گویا یہود و نصاری کو احمق بنایا کہ یہ لوگ اللہ کے پیغمبر بتلاتے ہین پھر کہتے ہین کہ اللہ کا بیٹا ہی تو جب بیٹا ہو سکتا ہو تو بیٹیان بھی ہونگی تو پھر ملائکہ کو بیٹیان کہو۔ مترجم کہتا ہو کہ اس سے عرب کی ذاتی صفاے عقل ظاہر ہو اور یہود و نصاری کی حماقت بھی ظاہر ہو کیونکہ یہود تو علاوہ عزیر کو بیٹا کہنے کے کمبخت کہا کرتے کہ اللہ تعالے نے چھ دن تک سب مخلوقات پیدا کی جب تھک گیا تو ساتوین دن تخت عرش پر جا لیٹا اور یہ ان ملعونون کی حماقت شدید و کفر قبیح ہو غرضکہ یہود و نصاری نے اپنے تصور مین خدا کے معنے متصور کیے اور اوسیکو خدا سمجھا کہ جسکا بیٹا وغیرہ ہو پس انمین اور بت پرستون مین صرف یہ فرق تھا کہ بت پرستون نے تو ظاہر مین وہ صورت بنائی اور یہود و نصاری نے تصور مین بنائی بلکہ عرب کے بت پرست تو اللہ تعالے کو اسقدر پاک کہتے کہ اپنا وہان لگاؤ غیر ممکن جانتے تھے تو نیک بندون کی صورت بناکر اوسکے واسطے سے رسائی سمجھتے اور یہ بھی شان الٰہی سے جہالت و کفر ہی اور یہ یہود و نصاری تو اپنے ذہن مین خدا ے تعالے کی تصویر بناتے ہین یعنے جو صورت انھون نے خیال کی اوسیکو خدا سمجھے چنانچہ بعضے نصریون نے کہا کہ اہل اسلام کا اعتقاد بہت صاف و پاکیزہ ہی لیکن وہ لوگ جو کچھ خدا کے معنے بیان کرتے ہین وہ میرے خیال کے باریک تصور مین بھی نہین آتا ہی۔ مترجم کہتا ہو کہ یہ عجب حماقت ہو کیونکہ وہ چاہتا تھا کہ جو امر اوسکے دماغ مین پیدا ہو وہ خدا ہو پس تعجب ہو کہ یہ بدیہی دلیل اوسکے سمجھ مین نہ آئی کہ جو چیز مخلوق ہو یا مخلوق کے اندر اوسکے خیال وغیرہ مین پیدا ہو یہ سب سے مخلوق ہوگی تو یہ خالق کیونکر ہو سکتی ہو اسیواسطے بعض علماے عارفین نے کہا کہ ہر تصور جو تیرے خیال مین آوے اللہ تعالے اوس سے پاک ہو اور یہانسے ثابت ہو گیا کہ یہود و نصاری وغیرہ تمام فرقہاے گمراہ صرف زبان سے خدا کا اقرار کرتے ہین اور اس لفظ کے معنے وہ لیتے ہین جو وہ انھون نے اپنے تصور مین باندھے یعنی نصرانی اوسکو خدا کہتا ہی کہ جو عیسی کا باپ ہو یا کہو کہ جسکا کیسی بنایا ہو یہ طرح یہودی کو سمجھو اسیطرح مشرکین عرب اوسکو خدا سمجھتے تھے کہ جسکی مخلوقات مین لات و عزی وغیرہ اپنی مرضی کے موافق اپنے پوجنے والون کو رزق و آل و اولاد دیتے پھر چاہے اللہ تعالے کو آگاہ کرے یا نکرے اسیطرح مجوسی سمجھتا کہ خدا وہ ایزد ہی کہ اوسکی مخلوقات مین اہرمن اوسکا دشمن حملہ کرکے تباہ کرتا ہی اور آگ کو پوجتے تھے اسیطرح بہت سے گمراہ قدیمین ہندگون کی قبرون کی پرستش و تعظیم اسی اعتقاد پر کرتے کہ یہ چاہے تو ہمکو اولاد و رزق و نوکری دیدے کیونکہ جو کچھ یہ کریگا اللہ تعالے اسکو نہین روکیگا گویا اوسکو اور اپنے آپ کو اللہ تعالے کے قبضہ سے باہر سمجھتے تھے جیسے بعضے جاہل اس شیطان کو خود مختار تصور کرتے ہین اور انمین سے کوئی بھی اللہ تعالے پر ایمان نہ لایا اور زبانی لفظ کہنے سے کچھ فائدہ نہین ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ جب نصرانی نے کہا کہ ای میرے خدا مجکو رزق دے اور اوسکی مراد یہ ہی کہ او عیسی کے باپ مجکو رزق دے یا یہودی کی مراد یہ ہی کہ ای عزیر کے باپ مجکو رزق دے تو اوسنے اپنی خیالی تصویر کو پکارا اسیواسطے اللہ تعالے نے فرمایا۔ وما دعاء الکافرین الا فی ضلال۔ اور اسیواسطے تم دیکھتے ہو کہ یہود و نصاری کی نسبت صاف فرمایا کہ یہ لوگ اللہ تعالے پر ایمان نہین لاتے ہین بقولہ تعالے۔ وقالوا الذین لا یؤمنون باللہ ولا بالیوم الآخر ولا یحرمون ما حرم اللہ ورسولہ ولا یدینون دین الحق من الذین اوتوا الکتاب الآیۃ۔ یعنے ان اہل کتاب یہود و نصاری پر جہاد کرو جو اللہ تعالے پر ایمان نہین لاتے آخر تک۔ ھ۔ اور یہان اونکا مقولہ کفر نقل فرمایا۔ وَقَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا۔ اور کہتے ہین کہ اللہ تعالے نے فرزند بنایا ف چنانچہ نصرانی تو عیسی علیہ السلام کی نسبت بہتان باندھتے اور یہودی اونکی دیکھا دیکھی حضرت عزیر علیہ السلام کی نسبت

اور بعضے ملائکہ کو بیٹیاں کہکر ایسا کلمہ کفر و افترا بکتے ہین جس سے آسمان و زمین تھرّاتے ہین کما قال تعالے تکاد السموات یتفطرن منہ وتنشق الارض وتخر الجبال ہدا ان دعوا للرحمن ولدا۔ یعنے قریب ہی کہ آسمان ٹکڑے ٹکڑے ہو جائین اور زمین پارہ پارہ ہو جاوے اور پہاڑ گر پڑین اس کلمہ سے کہ یہ لوگ حق عزوجل کے واسطے فرزند پکارین۔ ۱۲ - پس اس آیت مین یہود و نصاری و مشرکین عرب وغیرہ سب پر رد ہی جنھون نے ایسا ناگوار کلمہ کہا۔ سُبْحَانَهٗ - پاک ہی اللہ عزوجل فـ ایسے افترا و کلمات کفر و بے ادبیون سے جو ان کمبختون کی زبان سے نکلتا ہی بَلْ لَّهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ - بلکہ اللہ تعالے ہی کے واسطے ہی جو کچھ آسمانون اور زمین مین ہی فـ سب اوسکی ملک و مخلوق ہین وہی انکا خالق ہی اور وہی انکو رزق عطا فرماتا ہی اوسی نے ہر ایک کی تقدیر و اندازہ مقدر فرمایا اور سب اوسکے قبضۂ قدرت مین مسخر ہین اور وہی انمین جسطرح چاہتا ہی تصرف فرماتا ہی پس سب ہی تو اوسکے مخلوق و مملوک بندے ہین۔ كُلٌّ لَّهٗ قٰنِتُوْنَ سب ہی تو اوسکے لیے سر جھکائے ہین فـ اور کل مخلوقات اس امر کو اچھی معرفت سے جانتی ہی سوائے انس و جن کے کہ حکمت کاملۂ الٰہی سے جو بندے مومن ہین وہ تو دیگر مخلوقات سے بھی زیادہ اس معرفت کو پہچانتے ہین لیکن جو انمین کافر ہین اونکے حواس سمجھتے نہین اور یہ اونکا امتحان صرف موت تک ہی پھر یہ بھی پہچان جائینگے چنانچہ فرمایا۔ ان کل من فی السموات والارض الا آتی الرحمن عبدا۔ یعنے آسمانون و زمینون مین جو کوئی ہی سب ہی حضرت حق عزوجل کے حضور مین بندہ بنے ہوئے حاضر ہونگے ۱۲ - پس حضرت خالق عزوجل جسکا وحدہ لاشریک ہی نہ اوسکی نظیر ہی نہ شبیہ ہی نہ مثل ہی نہ مانند ہی تو پھر اوسکا فرزند کہان سے آیا۔ حدیث مین آیا کہ بدگوئی سنکر حلم فرمانے والا اللہ تعالے سے بڑھکر کوئی نہین کہ نالائق بندے اوسکے واسطے فرزند بناتے ہین حالانکہ اللہ تعالے اونکو رزق و عافیت دیے جاتا ہی (البخاری و مسلم) اور یہ کلمہ جناب باری عزوجل کی شان مین شتم یعنے دشنام ہی چنانچہ صحیحین کی حدیث ابوہریرہؓ مین مصرح ہی کیا نہین سمجھتے ہو کہ اگر کوئی شخص بادشاہ کو چار کا خطاب دے تو بھلا یہ اوسکے حق مین خطاب ہی یا دشنام ہی پھر اس سے زیادہ غور کرو کہ بادشاہ و چار در حقیقت دونون آدمی ہین اور یہان حضرت باری تعالے جل شانہ اور مخلوق مین ہرگز برابری کیسی کہ مشابہت بھی نہین ہی پھر ذرا سمجھو کہ یہ کسقدر سخت کلمہ ہوا جو شان حق عزوجل سے کسیطرح مناسبت ہی نہین کھتا۔ قولہ کل لہ قانتون۔ سدی رحمہ نے کہا کہ سب اوسکے واسطے مطیع ہین۔ مجاہد رحمہ نے کہا کہ بالکل مطیع ہین کہ حق عزوجل نے جب فرمایا کہ انسان ہو جاتو وہ ہو گیا اور جسکی نسبت فرمایا کہ گدھا ہو جا وہ ہو گیا اور کافر کا سایہ سجدہ مین رہتا ہی ایسکو ابن جریر رحمہ نے اختیار کیا اور بعض سلف نے قانتین۔ یعنے نماز پڑھنے والے اور عبودیت کا اقرار کرنے والے اور خالص بندے وغیرہ بیان کیا پس شیخ ابن کثیر رحمہ نے کہا کہ اسکی تحقیق یہ ہی کہ قنوت دو طرح ہوتا ہی کہ ایک شرعی طاعت ہی اور دوم تقدیری طاعت مترجم کہتا ہی کہ اللہ تعالے نے کل مخلوقات کے واسطے اپنی تقدیر مقدر فرمائی پس ہر مخلوق اوسی تقدیر پر اپنے اعمال کماتے ہین بعض مشائخ نے کہا کہ نافرمانی کے معنے یہ سمجھتے جاتے ہین کہ زید تو چاہتا تھا کہ اوسکا غلام یہ کام کرے مگر غلام نے اپنی قوت سے نافرمانی کرکے دوسرا کام کیا اور زید چاہتا تھا کہ اوسکا گھوڑا آہستہ دلکی چال سے چلے مگر اوسنے نافرمانی کی اور غالب ہو کر تیز لے بھاگا کہ اوسکو گرا دیا پھر کیا کوئی شخص حضرت خالق عزوجل کی جناب مین کسی مخلوق کی نافرمانی مین یہ معنے سمجھتا ہی ہرگز نہین یا نہ بعض احمق کافر ہو جاوے اسواسطے کہا گیا کہ جسے حق طاعت جو لائق جناب باری تعالے ہو غیر ممکن ہی اس سے بڑھکر نافرمانی کرنا محال ہی بلکہ نماز و روزہ وغیرہ احکام الٰہی مین بندونکی کمائیان ہین پس بندۂ نمازی روزہ دار نیکوکار تو مطیع و فرمانبردار کہلاتا ہی اور جسنے فسق و فجور و بدکاریان کمائین وہ عاصی نافرمان کہلاتا ہی اور سبھون کی کمائیون کو پیدا کرنے والا وہی عزوجل وحدہ لاشریک ہی پس سب ہی اوسکے واسطے قانتین مطیعین ہین ہا جو کچھ حکمت بالغۂ الٰہیہ کا بھید یہان متعلق ہی وہ مخلوق کے اندازہ علم سے باہر ہی کیونکہ وہ علم باری تعالے عزوجل کا طور ہی اور علم صفت باری تعالے ہی تو مخلوق سے اوسکا ادراک کرنا محال ہی اواسکو مترجم نے کم پہان کیا ہی

پس مومن عاقل تو بلور معرفت پہچانتا ہی اور کافر جاہل صرف جدال کرتا ہی اور قبضۂ قدرت آلہیہ سے کوئی خارج نہین ہی۔ بَلْ لَهُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ وہی آسمانون وزمین کا پیدا فرمانے والا ہی۔ ف ۔ اوسی نے ان سب کو عدم سے ظاہر فرمایا پس اوسی نے ان تمام اشیا کو اپنی وحدانیت پر دلیل بنایا اور اوسی نے مسیح عیسی علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا فرمایا (ابن جریر) پس جس نصرانی نے فقط اتنی بات پر کہ عیسی علیہ السلام کو بغیر باپ کے پیدا کیا ہی فرزند ہونے کا بہتان لگایا وہ عجب جاہل ہی۔ خطیب نے لکھا کہ نصارا سے روم کے جہاد مین ایک عالم قید ہو گئے پس نصرانیون نے اس قیدی عالم سے مباحثہ کیا اور یہی دلیل پیش کی تو عالم ربانی نے جواب دیا کہ پھر تم لوگ حضرت آدم علیہ السلام کی نسبت سب سے پہلے بیٹا ہو جانیکے قائل ہو جاؤ گے کہ وہ بغیر ماں باپ کے پیدا ہوے اور بالکہ نوانی کے حق مین اس سے بھی زیادہ کوئی کلمہ کہو گے کہ وہ نہ کو مونث ہونے سے اور کھانے پینے و پیشاب پاخانہ وجورو بچے وغیرہ سے بھی پاک ہین اور جبرئیل نے ایک دم مین تختہ قوم لوط اولٹ دیا یہ جواب سنکر ان احمقون کو شرم آئی اور خاموش ہو گئے اور یہ بات ظاہر ہو گیا ان اوہام پر ایسا کفر قبیح و شرک صریح اختیار کرنا جو عقلا و نقلا محال ہی سوائے بدبختی کے کچھ نہین ہو سکتا ہی کیونکہ قدرت الٰہی عزوجل اس سے بہت عظیم ہی کہ حضرت عیسی علیہ السلام کی طرح ہزارون بغیر باپ کے پیدا فرماوے بلکہ بغیر ماں باپ کے پیدا فرماوے وہ سب طرح قادر ہی۔ وَاِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۔ اور جب کسی امر کا ارادہ فرماتا ہی تو اوس سے یہی فرماتا ہی کہ ہو پس وہ ہو جاتا ہی ف ۔ پس اوسکی کمال قدرت وعظمت خالقیت کے واسطے اسباب و مادہ مخلوقاتی کی ضرورت نہین ہی اور جس جاہل نے مخلوقاتی قیاس دوڑائے وہ محض احمق ہی کہ خالق کو مخلوق پر قیاس کرتا ہی اسلیے فرمایا۔ ان مثل عیسی عند اللہ کمثل آدم خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون ۔ یعنے اللہ تعالے کے نزدیک عیسی کی مثل ایسی ہی جیسے آدم کہ اوسکو مٹی سے پیدا کر کے فرمایا کہ ہو جا پس وہ ہو گیا۔ ھذا ۔ بالجملہ اس آیت قدسی مین چار وجہ سے ان گمراہون کی تردید ہو گئی جو راہ حق سے بھٹک کر قیاسات ضلالت سے فرزند کہنے لگے کیونکہ جو نور حق سے محروم ہو جاتا ہی وہ تاریکی اوہام کے سوائے کچھ نہین پاتا ہی تعالا محالا اوسی قدر سمجھیگا جہانتک ان اوہام کی رسائی ہی پھر اسلے تم تعجب سے دیکھوگے کہ صریح عقلی دلیل حق سمجھنے و ماننے مین متردد و مشکوک ہوگا اور محض وہمی گمانی یا طل بات کو یقین کر لیگا۔ وجوہ اربعہ یہ ہین اول ۔ سبحانہ پس جبکہ اوسکو ہر نقص سے تنزیہ و پاکی ہی تو جورو و بیٹا اور جو مادی ناقص کی حاجت و لوازم ہین سب سے پاک ہی اور دوم ۔ بل لہ ما فی السموات والارض ۔ یعنے جو چیز آسمان و زمین مین ہی وہ سب اوسکی ملکیت و مخلوق و بندے ہین اور ملکیت ہونے و اولاد ہونے مین باہم منافات ہی۔ اور سوم ۔ کل لہ قانتون ۔ یعنے ہر ایک سے جو ارادہ کیا جاوے وہ اسکا مطیع ہی اور اوسکی ربوبیت کا مقتضی ہی پس اولاد ہونے کے منافی ہی اور اسی آیت سے فقہا نے کہا کہ جو شخص اپنی اولاد کو خریدے تو اوسکی طرف سے آزاد ہو گی خواہ وہ آزاد کرے یا نکرے اسلیے کہ اللہ تعالے نے ملکیت ثابت کر کے اولاد کی نفی کی ہی تو ثابت ہوا کہ ملکیت اولاد کے ساتھ جمع نہین ہوتی ہی چہارم بدیع السموات والارض ۔ یعنے اللہ تعالے نے ان سب چیزون کو نیا پیدا فرمایا اور بیٹا تو باپ کا بجنس و ہم نوع و ہم صفت بلکہ جزو شخصی ہوتا ہی۔ (تنبیہ) قولہ اذا قضی امرا ۔ یعنے اذا اراد قضاء امر پس مراد یہ کہ جو امر علم الٰہی مین موجود ہی جسے اوسکے جاری کرنے کا ارادہ فرماتا ہی تو وہ کن سے موجود ہو جاتا ہی۔ قولہ ۔ فیکون ۔ جمہور کے نزدیک بالرفع یعنے فھو یکون پھر ظاہر کلام یہ ہی کہ کلمہ کن سے خطاب ہوتا ہی اگرچہ اسکی ضرورت نہین بلکہ ارادۂ الٰہی سے ہر چیز موجود ہو جاتی ہی جیسے اللہ تعالے نے آسمان و زمین و غیرہ کو چھ دن مین پیدا فرمایا حالانکہ اگر چاہتا تو معا موجود ہو جاتا ف ۲ ۔ اشارات عرائس مین ہی قولہ تعالے ۔ بدیع السموات والارض ۔ اسمین بعض آیات قدرت کا بیان ہی جنمین فعل حق عزوجل کے انوار اہل تفکر کے واسطے تسکین دیتے ہین چنانچہ فرمایا۔ یتفکرون فی خلق السموات والارض ربنا ما خلقت ہذا باطلا ۔ یعنے پیدایش آسمان و زمین مین عجائب صنعت الٰہی کو دیکھکر اوسکی حقیقت قدرت کا اقرار کرتے ہین کہ اے رب عزوجل تو نے یہ باطل نہین پیدا کیا اسی سے بعض مشائخ نے کہا کہ صنع الٰہی ہر مصنوع کے واسطے صانع

ہی اور ہر مخلوق کے واسطے خالق ہی اور اوسکی صنعت کے واسطے کوئی علت نہین ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اس سے دو فائدے بیان فرمائے اول یہ کہ صنعت الٰہی عزوجل کی عظمت اوسکے مصنوعات سے حاصل کرے اور عین صنعت جو صفت الٰہی ہی اوسکی کنہ کے تصور مین نہ پڑے کیونکہ جو کچھ تصور مین آویگا وہ اوسکا گڑھا ہوا بت ہوگا دوم یہ کہ اس مقام پر وسوسہ شیطانی ملا ہوا ہی جس سے بچنوں پر پہرہ رکھے چنانچہ خاص کاملون پر شیطان قابو پاکر اونکو موجودات کی علتین تلاش کرنے مین منہمک کرتا ہی حتی کہ زمین کی علتین بڑھاتا ہوا آسمان تک لیجاتا ہی خصوص اون لوگون کو جو فلاسفہ کی حماقتون مین پڑے ہین کہ آسمان کی پیدایش کیونکر ہوئی پس وہ خود شیطان کو اپنے اوپر قابو دیتے ہین چنانچہ حدیث مین آیا کہ آدمی کے پاس شیطان آکر کہتا ہی کہ اس چیز کو کس نے پیدا کیا اور وہ چیز کسنے بنائی یہانتک کہ کہتا ہی کہ پھر تیرے رب کو کسنے پیدا کیا تو جب یہانتک پہونچے تو چاہیے کہ اللہ تعالے سے پناہ مانگے۔ (البیضاوی) اور وسوسے ڈالنے مین خود شیطان کافی ہی اور کافر و فاسق فلاسفہ وغیرہ اوسکی ذریات ہین اور واضح ہو کہ اثبات وحدانیت مین دلائل پیش کرنے کے لیے بہت لوگون نے دھوکا کھایا حتی کہ امام رازی علیہ الرحمۃ نے اسمین عمر کا ایک حصہ برباد کیا لیکن یہ خود وسوسہ شیطانی ہی کیونکہ خالق عزوجل نے انسان اور اوسکی عقل و دلائل وغیرہ سبکو اثبات و ایجاد فرمایا تو جو چیز اوسکے سوا ہی وہ سب اوسکی ایجاد و اثبات سے قائم ہی پس ممکن نہین کہ کوئی چیز اوسکا اثبات کرسکے کیونکہ اثبات تو ایک قسم کا ایجاد ہی اور یہ خالق عزوجل کی شان کے واسطے محال ہی چنانچہ مقدمہ مین بھی تحقیق کردیا گیا اور واضح ہو کہ وحدانیت الٰہی عزوجل خود اسقدر بدیہی ظاہر ہی کہ ظہور بھی اوسیکی مخلوق ہی پھر جس اندھے کو یہ نسوجھا تو اوسکے واسطے دلیل قائم کرنا محض فضول ہوگا حتی کہ اوسکو معجزات انبیاء علیہم السلام کفایت نہین کرسکتے قال تعالی

وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَا اٰيَةٌ ؕ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ

اور کہنے لگے جنکو علم نہین کیون نہین بات کرتا ہمسے اللہ یا ہمکو آوے کوئی آیت اسی طرح کہہ چکے ہین ان سے

قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ ؕ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ ؕ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ ۝

اگلے انھین کی سی بات ایک سے ہین دل بھی اونکے ہمنے بیان کردین نشانیان واسطے اون لوگون کے جنکو یقین ہی۔

مفسرین کے یہان تین اقوال ہین چنانچہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ رافع بن حریملہ یہودی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ اگر آپ رسول ہین تو اللہ تعالے ہمسے کہدے تاکہ ہم سن لین یا کوئی ایسی نشانی آوے (محمد بن اسحق) مجاہد رحمہ اللہ نے کہا کہ یہ نصرانیون کی گفتگو تھی (ابن ابی حاتم وغیرہ) اسیکو شیخ ابن جریر رحمہ اللہ نے اختیار کیا کیونکہ سیاق آیات انھین یہود و نصاری کے حق مین ہین۔ ابو العالیہ و ربیع بن انس و قتادہ و سدی رحمہم اللہ نے کہا کہ یہ کفار عرب کا قول تھا جو اللہ تعالے نے فرمایا۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ لَوْلَا يُكَلِّمُنَا اللّٰهُ اَوْ تَاْتِيْنَا اٰيَةٌ۔ اور جو لوگ علم نہین رکھتے ہین اونھون نے کہا کہ اللہ تعالے کیون نہین ہمسے کہتا یا ہمارے پاس کوئی آیت آوے ف یعنے اللہ تعالے ہمسے کہدے کہ محمد ہمارا رسول ہی (القرطبی) یا ہمارے پاس کوئی معجزہ آوے جسسے ہم لوگ نبوت کو قطعی سمجھ لین اور یہ درحقیقت اون لوگون کی ہٹ دھرمی تھی کیونکہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات نہایت کثرت کے ساتھ واقع ہوے گویا آپکی ذات مبارک خود معجزہ تھی درخت و پتھر و کنکر وغیرہ صریح باواز بلند السلام علیک یا رسول اللہ کہکر آپ کو سلام کہتے تھے اور شق القمر یعنے چاند دو ٹکڑے ہوجانا و مانند اسکے آسمانی معجزات جو آپ کو عطا ہوے وہ بے مثل ہین کیونکہ عالم سفلی و مادی مین مانند عصاے موسیٰ وغیرہ کے کافرون کو جادو کا شبہہ بھی ہوسکتا تھا اور آسمانی چیزون مین سحر کا دخل بالکل غیر ممکن ہی چنانچہ ساحرین بلا خلاف اسکا اقرار کرتے ہین اور باوجود ان معجزات کے کافرون نے آیت مانگی یہ محض عناد و حسد تھا اور ایسے معاندین کفار کو معجزات نہین دکھلائے جاتے ہین کیونکہ رسول و ہدایت بھیجنا تو اللہ عزوجل

کی طرف سے احسان ہی حالانکہ یہ معاندین اپنا احسان رکھنا چاہتے تھے پس جو لوگ ازلی کافر ہوں اونکے حق میں اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ وان یروا کل آیۃ لایؤمنوا بہا یعنے اگر کل معجزات دیکھ لیں تو بھی ہرگز ایمان نہیں لائینگے۔ سو اسطے اللہ تعالےٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ۔ قل انما الایات عند اللہ۔ یعنے تو کہدے کہ آیات تو اللہ تعالےٰ کے اختیار میں ہیں۔ یعنے مجھے کوئی اختیار نہیں ہے۔ وانما انا نذیر مبین اور میں تو صاف ڈر سنانے والا ہوں۔ یعنے ہدایت کے واسطے کافی معجزات پہونچ گئے جو اہل سعادت کو نافع ہوے اور بدبختوں پر حجت ہو گئے اب کسی آیت کی ضرورت نہیں واضح ہو کہ شیخ ابن کثیرؒ و سیوطیؒ نے یہی اختیار کیا کہ اس قول میں مشرکین عرب مراد ہیں اور مترجم کہتا ہے کہ قول ابن عباسؓ و مجاہدؒ جو بھی صحیح اسناد سے ثابت ہے پس تحقیق واللہ اعلم یہ معلوم ہوتا ہے کہ عرب نے یہ قول اس معنے میں کہا کہ یہ لوگ معنے نبوت ہی نہیں جانتے تھے تو اونکی مراد یہ تھی کہ اللہ تعالےٰ ایسے کلام کرے کہ میں نے پیغمبر بھیجا ہے اور یہودی و نصرانیوں کی غرض یہ تھی کہ بیشک ایک پیغمبر خاتم المرسلین مبعوث ہونگے پس اگر وہ تم ہی ہو تو اللہ تعالےٰ ہمسے کہدے تو ہم مان لیں پس قول ابن عباسؓ و مجاہدؒ بھی ٹھیک ہے اور اللہ تعالےٰ نے ان یہودیوں نصرانیوں کو باوجود توریت انجیل جاننے کے لایعلمون اسواسطے فرمایا کہ آنحضرت صلعم کا نام پاک مع حلیۂ مبارک و علامات نبوت کے اسقدر توضیح کے ساتھ توریت و انجیل میں موجود تھا کہ اونکی معرفت میں کچھ تردد کا مقام ہی نہ تھا لہذا انکو جاہل فرمایا کہ کتاب الٰہی پر عمل نہ کرتے یا عمداً جاہل بنتے یا آخرت سے بداعتقاد ہو کر جہالت کی باتیں کرتے پس اللہ تعالےٰ نے ان سبکو ایکبار رد کر دیا اور فرمایا۔ كَذٰلِكَ قَالَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّثْلَ قَوْلِهِمْ۔ اسی طرح ان لوگون کے قول کے مثل اون لوگون نے کہا تھا جو اُنسے پہلے تھے ف یعنے اگلے انبیا کی قوموں نے بھی اپنے پیغمبرون سے یون ہی سرکشی کی تھی کہ کیا کہ اگر ہمسے اللہ تعالےٰ کہدے کہ تم رسول ہو تو ہم مانین جیسا کہ بنی اسرائیل نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا۔ لن نؤمن لک حتی نری اللہ جہرۃً۔ یعنی ہم ہرگز تیری تصدیق نہیں کرینگے یہانتک کہ اللہ تعالےٰ کو کھلی آنکھون دیکھین۔ تَشَابَهَتْ قُلُوْبُهُمْ۔ ان لوگون کے قلوب باہم متشابہ ہین ف یعنے موجودہ کفار عرب یہود و نصاریٰ کے دل اور اگلے پہلون کے دل باہم کفر و عناد و سرکشی مین متشابہ واقع ہوے ہین قال تعالےٰ۔ کذلک ما اتی الذین من قبلہم من رسول الا قالوا ساحر او مجنون۔ یعنے اسیطرح ان موجودہ لوگون سے پہلے والون کے پاس کوئی رسول نہین آیا مگر آنکہ اون لوگون نے بھی یہی کہا کہ ساحر ہی یا مجنون ہی۔ ھدیٰ پیش پڑے دل کسی آیت و معجزہ سے ایمان نہ لاوینگے کیونکہ جسنے انکو پیدا کیا وہ خوب جانتا ہی اسیطرح ایسے بندون کو بھی جانتا ہی جنکے قلب سلیم ہین چنانچہ فرمایا۔ قَدْ بَيَّنَّا الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يُّوْقِنُوْنَ۔ ہمنے تو آیات ایسی قوم کے واسطے ظاہر کر دین جو یقین رکھتے ہین ف یعنے صدق رسالت پر ایسے معجزات دیدیے کہ اسکے بعد کسی آیت کی ضرورت نہین ف بعض اشارات عرائس مین ہی کہ قولہ تعالےٰ۔ وقال الذین لایعلمون لولا یکلمنا اللہ الآیۃ انھون نے قلب سلیم سے کلام اللہ کو نہ سنا تو طپانچہ گمراہی سے انکے کان بہرے پڑ گئے اور نیز انھون نے گمان کیا کہ ہم ایسے لوگون سے ہین جو اللہ تعالےٰ کے خطاب کے لائق ہین اور مقام مشاہدہ سے جاہل تھے حالانکہ انھون نے اپنے گمان مین بہت خطا کی اسلیے کہ انکو درمیانی واسطہ دیکھنے کی طاقت نہوئی یعنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات نہ دیکھ سکے اور نہ آپکا خطاب انکی سمجھ مین آیا تو جب یہ حال تھا تو حضرت ذوالجلال سے خالص خطاب کیونکر سن سکتے تھے اور واسطےؒ کے معنے کو بزبان حق یون تقریر کیا کہ مین نے ایسے کلام کیا جبکہ مین نے اپنے اپنا کلام اُتارا سو کیا سمجھے اور کون سی امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھکر ہی اور حال یہ کہ مین نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ظاہر کیا قال المترجم یہ نکتہ شریف ہی اہل اسرار نے کہا کہ قرآن مجید کے معنے قدیم ہین اور وہ ان الفاظ کے پردہ مین موجود ہین پس جب لیاقت کو پہونچا تو وہ ظہور کرتے ہین اور قرآن کے ظہر و بطن کی حد بیشک کو بغیر تاویل کے انھین معنے پر محمول کیا اور سابق مین مترجم نے اشارہ کیا کہ شاید آثار مشہود کے واسطے جدا جدا مستعد ہین پس اہل دل کے واسطے حد بیشک

سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم ایسے شاہد تھے کہ آپ سے جو شاہدہ حق حاصل ہوتا تھا وہ کسی سے ممکن نہیں گویا شاہد ہونے کے لیے کامل فرد تھے اسی واسطے حضرت عزوجل نے فرمایا۔ انا ارسلناک شاہدا ومبشرا ونذیرا وداعیا الی اللہ باذنہ وسراجا منیرا۔ اور اس آیت کریمہ میں آیات ہیں ان لوگوں کے واسطے جو خلق سموات وارض میں فکر کرتے ہیں متفکر۔

## اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۙ وَّلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ

ہمنے تجکو بھیجا ہی ٹھیک بات لیکر خوشی اور ڈر سنانے کو اور تجھسے پوچھ نہیں دوزخ والوں کی

جب مشیت الٰہی بعض مخلوقات کے حق میں جہنمی ہونے کے واسطے مقدر ہوئی تو اوسسے ایمان لانا کسی طرح ممکن نہیں ہی اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مثل خاتم المرسلین وافضل الخلق اجمعین کو پاوین لیکن اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی فرمائی بقولہ تعالے اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ بِالْحَقِّ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا۔ ہمنے تجکو حق کے ساتھ بشیر ونذیر بھیجا ف حق سے مراد قرآن ہی کقولہ تعالے بل کذبوا بالحق لما جآءہم۔ یعنے ان کافرون نے حق کو جھٹلایا جبانکے پاس آیا۔ ھ اور یہی ابن عباس رضی سے روایت کیا گیا ہی۔ اور شیخ سیوطی رح نے ہدی مراد لیا یعنے قرآن وحدیث جامع شریعت اور یہ بھی صحیح ہی گویا یہ قرآن کی تفسیر ہی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں بشیر ہون یعنے جنت کی بشارت سنانے والا اور دوزخ سے نذیر یعنے ڈر سنانے والا (محمد بن اسحق) یعنے جو شخص ایمان لایا اوسکے حق میں جنت کی بشارت سنانے والے ہین اور جسنے کفر کیا اوسکو عذاب جہنم کا ڈر سنانے والے ہین وَلَا تُسْـَٔلُ عَنْ اَصْحٰبِ الْجَحِيْمِ ۝ اور تو اصحاب جہنم سے نہین پوچھا جائیگا ف یعنے جو لوگ کفر کرکے جہنمی ہوئے اونکی پوچھ کچھ تجھسے نہو گی بلکہ خالق عزوجل خود دیکھتا بھالتا ہی یہ گویا بشیر ونذیر ہونے کی تاکید ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صرف پیغام الٰہی پہونچانے والے ہین رہا بندون کا ماننا یا نہ ماننا تو اسکا حساب حضرت خالق عزوجل خود فرماویگا اور جنھون نے نہ مانا وکفر کیا اونکے واسطے قطعی جہنم ہی تو اونکے سمجھانے کا ثواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ہوگا کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اونکی ہدایت مین کچھ کمی نہین فرمائی۔ واضح ہو کہ لاتسئل مجہول کی قرأت ہی اور حضرت ابی بن کعب رض سے۔ لا تسئل مروی ہی اور معنے واحد ہین لیکن ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے لن تسئل وارد ہوا اور اسکے معنے بھی وہی ہین اگرچہ اسمین تاکید زائد ہی یعنے جہنمیون کی پوچھ کچھ تجھسے ہرگز نہو گی کقولہ تعالے۔ فانما علیک البلاغ وعلینا الحساب یعنے تجیر تو صرف پیغام پہونچانا ہی اور انکا حساب سو وہ ہمارے ذمہ ہی۔ ھ۔ جیسے فرمایا لست علیہم بمصیطر۔ یعنے تو ان لوگون پر کچھ محافظ نہین مقرر کیا گیا ہی۔ ایک قرأت یہان دوسری بھی ہی وہ۔ لاتسال عن اصحاب الجحیم یعنے بصیغہ نہی معروف یعنے تو جہنمیون کا حال مت پوچھ۔ گویا جہنمی ہونے کے بارہ مین آپ کو سعی وسفارش سے منع فرمایا یعنے جو لوگ یہود ونصاری مین سے ایسے حالات پر تھے جنکا نمونہ اوپر مذکور ہوا ہی اونکے بارہ مین ایمان کی دعا کرنے سے منع فرمایا اور یہان ایک عجیب روایت ہی قال عبد الرزاق اخبرنا الثوری عن موسی بن عبیدۃ عن محمد بن کعب القرظی قال قال رسول اللہ۔ ھ۔ یعنے عبد الرزاق نے باسناد مذکور کے ساتھ محمد بن کعب القرظی سے مرسل روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز فرمایا کہ کاش مجھے معلوم ہوتا کہ میرے والدین کا کیا حال ہوا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ ولا تسال عن اصحاب الجحیم یعنے جہنمیون کے بارہ مین کچھ مت پوچھو۔ پس آپ نے بعد اسکے کبھی والدین کا ذکر نہ کیا یہانتک کہ وفات فرمائی (رواہ ابن جریر من طریق موسی بن عبیدۃ وقال حدثنا القاسم قال حدثنا الحسین عن حجاج عن ابن جریج عن داؤد بن ابی عاصم مرسلا) اور شک نہین کہ موسی بن عبیدہ راوی ضعیف ہی۔ قرطبی نے بھی قول ابن عباس رض سے نقل کیا اور کہا کہ اسکے معنے یہ ہین کہ جیسے محاورہ مین کہا کرتے ہین کہ فلان شخص کا کچھ حال مت پوچھو یعنے وہ تمھارے خیال سے زیادہ

قرأت یہان دوسری بھی ہی وہ۔ لاتسال عن اصحاب الجحیم یعنے بصیغہ نہی معروف یعنے تو جہنمیون کا حال مت پوچھ۔ گویا جہنمی ہونے کے بارہ مین آپ کو سعی وسفارش سے منع فرمایا یعنے جو لوگ یہود ونصاری مین سے ایسے حالات پر تھے جنکا نمونہ اوپر مذکور ہوا ہی اونکے بارہ مین ایمان کی دعا کرنے سے منع فرمایا اور یہان ایک عجیب روایت ہی قال عبد الرزاق اخبرنا الثوری عن موسی بن عبیدۃ عن محمد بن کعب القرظی قال قال رسول اللہ۔ ھ۔ یعنے عبد الرزاق نے باسناد مذکور کے ساتھ محمد بن کعب القرظی سے مرسل روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک روز فرمایا کہ کاش مجھے معلوم ہوتا کہ میرے والدین کا کیا حال ہوا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ ولا تسال عن اصحاب الجحیم یعنے جہنمیون کے بارہ مین کچھ مت پوچھو۔ پس آپ نے بعد اسکے کبھی والدین کا ذکر نہ کیا یہانتک کہ وفات فرمائی (رواہ ابن جریر من طریق موسی بن عبیدۃ وقال حدثنا القاسم قال حدثنا الحسین عن حجاج عن ابن جریج عن داؤد بن ابی عاصم مرسلا) اور شک نہین کہ موسی بن عبیدہ راوی ضعیف ہی۔ قرطبی نے بھی قول ابن عباس رض سے نقل کیا اور کہا کہ اسکے معنے یہ ہین کہ جیسے محاورہ مین کہا کرتے ہین کہ فلان شخص کا کچھ حال مت پوچھو یعنے وہ تمھارے خیال سے زیادہ

پڑھی ہوئی حالانکہ ابن جریر نے کہا کہ محمد بن کعب وغیرہ سے جو یہ قول مروی ہے یہ وہم ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارہ میں کوئی شک نہیں ہو سکتا تھا اور قرارت وہی ہے جو جمہور صحابہ و تابعین سے ماثور ہے۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ وجہ تو نہیں ہو سکتی کیونکہ شاید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اپنے والدین کے حق میں استغفار کا قصد کیا اوسوقت ایسا کہا ہو پھر جب آپکو معلوم ہوا تو سکوت کیا جیسا کہ صحیح کی حدیث میں ایک شخص کو فرمایا کہ ان ابی وابا ک فی النار۔ علاوہ بریں یہ روایت صحاح ستہ میں نہیں ہے اور قرطبی نے کہا کہ میں نے اپنی کتاب التذکرہ میں بیان کر دیا کہ اللہ تعالے نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے والدین کو اتنی دیر کے واسطے زندہ فرمایا کہ وہ دونوں آپ پر ایمان لائے پھر بدستور مردہ ہو گئے اور یہ جو آپنے فرمایا کہ ان ابی وابا ک فی النار۔ یعنے میرا اور تیرا باپ دوزخ میں ہے۔ تو یہ اوسوقت فرمایا تھا کہ جب تک اونکا ایمان متحقق نہیں ہوا تھا مترجم کہتا ہے کہ شیخ سیوطی نے اس مسئلہ میں ایک خاص رسالہ لکھا اور روایات کو مستکمل جمع کیا ہے لیکن شیخ ابن کثیر نے کہا کہ والدین کے زندہ ہو کر ایمان لانے کی روایت صحاح ستہ یا کسی معتمد کتاب میں نہیں ہے اور طبقۂ متاخرین کی کتابوں میں آئی اور اوسکی اسناد بھی ضعیف ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ اسی طرح ملا علی قاری حنفی نے بھی اسکے مانند اعتراض کیا اور سیوطی کے رسالہ کا رد لکھا۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ مسئلہ کسی اصول اعتقادی یا فروع عملی سے کچھ بھی متعلق نہیں ہے۔ اسی کا شمار جامنیں سے سکوت کیا جاتا اور یہ مقام سخت خوف و عبرت کا مقام ہے اور جب افضل ارحم الراحمین بطفیل حبیبہ صلی اللہ علیہ وسلم اس مترجم کا خاتمہ ایمان صادق پر نہیں ہوا تو اس سخت کا ملحق عزوجل کا کچھ اندازہ ہو نہیں سکتا کہ جو اس مترجم بیچیز کے ساتھ رحمت فرمائی گئی اور ہر ایک اہل ایمان کے واسطے اس نعمت ایمان کی شان غور کرنی فرض ہے کہ وہ اس ایمان کی بدولت کس مرتبہ پر ہے اور اگر ہم لوگ اسکی شکریہ میں طہارت کر کے ایک سجدہ میں اپنی تمام عمر ختم کریں تو بھی عہدہ برآ ہونے سے عاجز اور قاصر ہونگے کہ اوٹھاویں سبحان اللہ عزوجل کہ ایسے ناچیز بندوں کو بطفیل اپنے حبیب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے اس نعمت سے سرفراز فرمایا جسکا شکر ادا کرنا غیر ممکن ہے اللھم لک الحمد نعمتک علینا بفضلک العظیم وانت ارحم الراحمین واللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین۔ شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ امام احمد نے باسناد صحیح عبداللہ بن عمرو بن العاص سے روایت کی کہ اونسے عطا بن یسار نے پوچھا کہ آپنے بحکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم زبان عبرانی سیکھ لی؟ آپ مجکو بتلائے کہ توریت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت کیونکر ہے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ہاں واللہ جیسے قرآن میں اللہ تعالے نے آپ کی صفات بیان فرمائیں اس سے بڑھکر توریت میں آپکی صفات اس طرح مذکور ہیں کہ اے میرے نبی میں نے تجکو شاہد و مبشر و نذیر و امیوں کا حرز بھیجا اور تو میرا بندہ اور میرا رسول ہے میں نے متوکل تیرا نام رکھا تو سخت زبان نہیں اور نہ سخت دل ہے اور نہ بازاروں میں آواز بلند کریگا اور نہ بدی کے عوض بدی دیگا بلکہ عفو و مغفرت فرماویگا اور میں اوسکو ہرگز اپنے پاس نہیں بلاؤنگا یہانتک کہ ٹیڑھی راہ کو سیدھا کر دوں یعنی طور کہ لوگ لا الٰہ الا اللہ کہنے لگیں پس میں اوسکے ذریعہ سے اعین عمیا و اذان صم و قلوب غلف کو کھول دونگا (رواہ البخاری والترمذی) اور بخاری نے ثابت فرمایا کہ یہ حدیث بدرجۂ مشہور ہے اور فرمایا کہ اسکو عطا رح نے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے بھی روایت کیا۔ مترجم کہتا ہے کہ عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ اعاظم علماے یہود میں سے معروف و مشہور ہیں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ میں تشریف لاتے ہی آپ پر بڑے شوق سے ایمان لائے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اونسے پوچھا کہ اللہ تعالے نے قرآن میں فرمایا۔ یعرفونہ کما یعرفون ابناءھم۔ یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو علماے یہود و نصاری اس طرح پہچان لینگے جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں پس یہ کیونکر ہوا تو عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کہ واللہ میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے ہی پہچان لیا یعنے بوجہ صفات توریت کے میں نے فوراً پہچان لیا بلکہ بیٹے سے بڑھکر پہچانا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ کیونکر ہوا عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ اسوجہ سے کہ مجھے اپنے بیٹے کے حق میں یہ بھی شک ہو سکتا ہے

کہ شاید اوسکی ماں نے در پردہ کوئی فجور کیا ہو اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین کچھ بھی شبہہ نہو احضرت عمرؓ نے فرمایا کہ شاباش ای عبد اللہ تجکو مبارک ہو (الصحیح) واضح ہو کہ کعب احبار بھی زبردست علماء یہود مین سے تھے حتی کہ احبار اونکا لقب ہوا یعنے جامع علماے گویا جو کچھ علماے یہود کو حاصل ہوا اون سبکا مجموعہ انکو حاصل تھا اور یہ بھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاتھ پر ایمان لائے۔ حافظ ابو بکر بن مردویہ نے حدیث عبد اللہ بن عمرو بن العاص مذکور روایت کر کے عطاء سے روایت کیا کہ عطاء نے کہا کہ پھر مین کعب الاحبار کے پاس گیا اور مین نے اونسے توریت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صفات کو دریافت کیا تو واللہ اونھون نے حرف بحرف وہی بیان کیا جو حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی نے بیان کیا تھا سوائے اتنی بات کے کہ کعب احبار نے اپنی زبان کے موافق اعینا عمیا وآذانا صمیا وقلوبا غلفا۔ کہا مترجم کہتا ہی کہ اسکو امام ترمذی نے بھی روایت کیا ہی اور عمدہ توضیح قولہ تعالے۔ یجدونہ مکتوبا عندہم فی التورٰیۃ والانجیل الآیۃ۔ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے آویگا اور مین کہتا ہون کہ خبردار کوئی شخص ان اردو وغیرہ ترجمون پر جو آجکل توریت وانجیل کے نام سے یہود ونصاری لاتے ہین ہرگز اعتماد نکرین کیونکہ قطعی آیات ومشاہیر روایات کے مقابلہ مین انکی تحریف وتبدیل بخوبی کھل گئی ہی اور عنقریب معلوم ہوگا کہ ہرقل شاہ روم نے فوراً پہچانا اور تمام نصاراے شام وروم کا عالم سردار ضغاطر فوراً ایمان لایا اگرچہ لعینون نے اوسکو اسقدر مارا کہ وہ شہید ہوگیا اور اوسکے مانند ابن قناطر نے بھی اسی طرح ایمان کے ساتھ جان دی پھر جب لشکر اسلام نے ملک شام پر جہاد کیا تو ہزارون علماء واحبار نصاری اسلام لاکر اہل اسلام کی حمایت مین آگئے کہ یہ وہ لوگ ہین کہ جنکو اللہ تعالے نے قبول فرمایا ورنہ بدبخت کا کوئی علاج نہین ہی ونعوذ باللہ من الضلال وقال تعالے

وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى

اور ہرگز راضی نہونگے تجھسے یہود اور نہ نصاری جب تک تابع نہو تو اونکے دین کا تو کہہ جو راہ اللہ کا وہی راہ ہی

وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ

اور کبھی تو چلا اونکی پسند پر بعد اس علم کے جو تجکو پہونچا تو تیرا کوئی نہین اللہ کے ہاتھ سے حمایت کرنے والا

وَّلَا نَصِيْرٍ اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ اُولٰٓئِكَ يُؤْمِنُوْنَ

اور نہ مددگار وہ لوگ جن کو ہم نے دی ہے کتاب پڑھتے اس کو پڑھنے کا حق یہی لوگ ایمان لاتے

بِهٖ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ع ۱۴

اسکے ساتھ اور جسنے انکار کیا اس سے سو یہی لوگ ہین خسارہ والے

بعض نے لکھا کہ ان آیات مین مقصود یہ ہی کہ یہود ونصاری مین سے جو لوگ کتاب حق یعنے توریت وانجیل کی تعظیم وپابندی کرتے ہین اونکو توانجیل وتوریت ہی کی بشارت کافی ہی اور ہر ایک معجزہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دیکھتے ہین اونکے واسطے فریب طمانینت ہی اور باسوا اونکے جنھون نے توریت وانجیل ہی سے منھ موڑا اور اپنی ہوا وہوس کی پابندی اختیار کی تو وہ اپنی خیالی باتون سے نہین ہٹینگے لہذا فرمایا۔ وَلَنْ تَرْضٰى عَنْكَ الْيَهُوْدُ وَلَا النَّصٰرٰى حَتّٰى تَتَّبِعَ مِلَّتَهُمْ۔ یہود ونصاری تجھسے کبھی راضی نہونگے یہانتک کہ تو اونکی ملت کی پیروی کرے۔ ف یعنے یہ معجزات وآیات جنپر ہٹ کرتے ہین کچھ اسواسطے نہین ہین کہ ان آیات ومعجزات دیکھنے کے بعد یہ لوگ راہ حق کی جانب رجوع کرینگے بلکہ انکا مقصود محض تعنت وعناد ہی اور یہ راہ حق کی پابندی نہین چاہتے بلکہ جو راہ اونھون نے اپنے خیالات

کے موافق اختیار کی اوسی کج راہ کو چاہتے ہین پس اگر اس گمراہی مین اونکی موافقت کرے تو راضی ہونگے حالانکہ وہ عین گمراہی ہے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بلاغت کے ساتھ آگاہ فرمایا کہ آپ ایسی چیزون کی خواہش چھوڑ دیجیے جس سے یہ لوگ موافق ہوکر راضی ہوجاوین بلکہ رضاے الٰہی عزوجل کی پیروی فرمائیے اور جو پیغام رسالت آپ کو دیا گیا وہ پہونچا دیجیے (ابن جریر) لہذا فرمایا۔ قُلْ اِنَّ هُدَى اللّٰهِ هُوَ الْهُدٰى۔ کہدے جو راہ اللہ دکھاوے وہی راہ ہے۔ ف یعنے ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو کہدے کہ جس ہدایت پر اللہ تعالے نے مجکو بھیجا وہی تو حقیقی ہدایت ہے اور وہ دین اسلام ہے اور ماسوائے اسکے جو کچھ تم بیان کرتے یا سمجھتے ہو سب گمراہی ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ ہدی اللہ تعالے نے جمیع عقائد و شرائع کو شامل ہے اور ہو الہدی سے انحصار فرمایا تاکہ ظاہر ہو کہ ماسوا اوسکے جو کچھ ہے سب گمراہی ہے۔ قتادہ رح نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے یہ طریقہ مناظرہ حق کے واسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم کو تعلیم فرمایا کہ اسی طریقے کے ساتھ جمیع گمراہون سے مباحثہ فرماوین اور قتادہ رح نے فرمایا کہ ہمکو خبر پہونچی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت مین سے ہمیشہ ایک گروہ حق پر مقاتلہ کرتا ہوا غالب رہیگا کہ جو کوئی اونسے مخالف ہو وہ اونکو کچھ ضرر نہین پہونچا سکیگا یہانتک کہ حکم الٰہی عزوجل آوے شیخ ابن کثیر رح نے فرمایا کہ یہ حدیث تو صحیحین مین عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مرفوع متصل صحیح موجود ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ امر حق پر قتال کرنا دو طرح ہوتا ہے اوّل تلوار سے جہاد کرنا اور دوم دلائل سے جہاد کرنا پس قتادہ رح نے یہان اسکو دلائل سے جہاد کرنے پر محمول کیا۔ ترمذی وغیرہ نے بعد روایت کے ایک جماعت ائمہ سے نقل کیا کہ یہ گروہ یہی علماے حدیث کا گروہ ہے جو حدیث کے ذریعہ سے گمراہون کو رد کرتے ہین۔ مترجم کہتا ہے کہ صحیح کی روایت مین آخری جملہ اس طرح واقع ہوا کہ جو کوئی اس گروہ کی مدد گاری نکرے تو بھی اونکو کچھ مضر نہوگا اور وہ برابر غالب رہینگے یہانتک کہ جب امر الٰہی عزوجل واقع ہوگا تو بھی وہ غالب ہونگے۔ مترجم کہتا ہے کہ امر الٰہی سے ظاہرا حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ کا زمانہ مراد ہے اور روضح ہو کہ اس سے یہ لازم نہین آتا کہ تلوار سے جہاد کرنے والا گروہ نہو بلکہ دونون فریق کو شامل ہے تو اس بشارت سے یہ معلوم ہوا کہ زمانہ امام مہدی و نزول حضرت عیسی علیہما السلام تک دین اسلام مین ضرور ایک فرقہ ایسا ہوگا کہ جب وہ حق اسلام کے واسطے قتال کرینگے تو برابر غالب رہینگے اور ایسا فرقہ بھی ہوگا جو حجت کے ساتھ غالب رہے اور خلاصہ یہ کہ دین اسلام مانند ملت یہود و نصاری کے متغیر و محرف ہوکر خلط و ضبط نہوگا کہ کالعدم ہوجاوے کیونکہ ملت یہود و نصاری اسطرح متغیر و محرف ہوگئی تھی کہ کسی طرح امر حق دریافت نہین ہوسکتا تھا پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور معجزہ کے آگاہ فرمایا کہ دین اسلام مین یہ بات نہوگی یعنے اگرچہ امت اسلامیہ بگڑ کر معاصی و بدعات مین مبتلا ہوجاوے اور ۷۳ فرقے ہوجاوین لیکن انمین ایک فرقہ ضرور صحیح سنت پر ثابت قدم رہیگا اور روے زمین پر کفار و مبتدعین مین سے کوئی اونکو مغلوب نہین کرسکتا اگرچہ سب متفق ہوجاوین تو بھی وہ مغلوب نہونگے اگرچہ فرقہاے اسلام مین سے کوئی اس فرقہ حق کا مددگار نہو اور یہ لوگ برابر باقی و غالب رہینگے یہانتک کہ حضرت مہدی و عیسی علیہما السلام کا زمانہ آوے کیونکہ زمانہ عیسی علیہ السلام مین بقوت قہری تمام روے زمین کے کفار ربقۂ اسلام مین داخل کیے جائینگے پس قتادہ کا مطلب یہ ہے کہ حجت الٰہی عزوجل یعنے قرآن عین معجزہ ہے تو بعد اس آیت کے کوئی یہودی یا نصرانی جو اسکے سواے طلب کرے وہ گمراہی ہوگی تو یہود و نصاری پر صریح حجت قائم ہوگئی کہ تم لوگ توریت و انجیل کو چھوڑ کر اپنی اہواء کے متبع ہو۔ اہواء۔ جمع ہوی یعنے خواہش نفس و گمان باطل اور جب ان لوگون کی ملت صرف اہواء ٹھہری تو اوسکی اتباع غیر ممکن ہے لہذا بطور فرض کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا کہ اگر تو ان لوگون کو راضی کرنا چاہتا ہے تو یہ لوگ کسی طرح راضی نہونگے سواے اس طریقہ کے کہ تو انکی اہواء کی پیروی کرے۔ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ اَهْوَآءَهُمْ بَعْدَ الَّذِيْ جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ اور اگر تو بعد اس علم کے جو تجھے حاصل ہوچکا ہے ان لوگون کے اہواء کی پیروی کرے تو اللہ تعالے

کی طرف سے تیرے واسطے کوئی ولی نہوگا اور نہ کوئی ناصر ہوگا ف یعنے بعد اس علم نبوت کے جو تجکو حاصل ہوچکا ہی اگر بفرض محال تو ان گمراہوں کی پیروی کرے تو اللہ تعالے کی طرف سے تیرا کوئی مددگار و ناصر نہوگا۔ چونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم افضل المرسلین خاتم النبیین خالص معصوم تھے اور معصوم رکھنا اللہ تعالے کی طرف سے ہوتا ہی تو ان گمراہون کی پیروی آپ کی جانب سے غیر ممکن تھی پس آپ کی امت کے واسطے تنبیہ ہی کہ جب اوسکو امر حق کا علم حاصل ہوگیا تو وہ یہود و نصاری کی طرح تابع اہواء نہو افسوس ہی کہ اسلام مین اہواء کے پابند بہت فریق ہوگئے جیسے خوارج کہ اونھون نے یہودیون کی مشابہت سے خلیفۂ برحق حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے انحراف کیا اور قرآن و سنت کو چھوڑکر اپنے خیال و گمان کے دلائل نکالکر حضرت سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی شان مین گستاخی کی حالانکہ جمیع صحابہ رضی اللہ عنہم بالاجماع حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضل و کمال کے قائل تھے اور معاویہ رضی اللہ عنہ واوسکا گروہ اگرچہ آپسے لڑا لیکن اونمین سے کوئی بھی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فضائل و کمالات کا منکر نہ تھا بلکہ ایک مسئلہ اجتہادی مین اختلاف کرتے تھے۔ اسیطرح خوارج کے مانند فرقہ روافض نے اہواء نصاری کی مشابہت مین حضرت علی رضی اللہ عنہ کی شان مین یہانتک غلو کیا کہ خلفاء سابقین رضی اللہ عنہم کی تکفیر کرنے لگے حالانکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ مع جمیع صحابہ رضی اللہ عنہم کے اونکے فضائل و کمالات کے قائل ہین اور قرآن مجید و احادیث صحیحہ صریح اونکی بزرگی پر ناطق ہین۔ کاش یہ لوگ صرف اعتقاد شیعہ تک رہتے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کو جمیع صحابہ رضی اللہ عنہم پر فضیلت دیتے ہین اور جمیع صحابہ رضی اللہ عنہم کی بزرگی کے قائل ہین اور ترتیب خلافت مین کچھ مناقشہ نہین کرتے بلکہ یون کہتے ہین کہ پہلے خلفائے ثلثہ رضی اللہ عنہم کو خلافت عطا ہوئی تاکہ آیندہ سلسلہ بحق حضرت علی رضی اللہ عنہ باقی رہے یہ قول اگرچہ خلاف اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم کے بدعت ہی مگر اوسقدر بدتر نہین ہی جسقدر یہود و نصاری کے قدم بقدم چلنے والون نے راہ مستقیم سے انحراف کیا اسیطرح فرقۂ معتزلہ و جہمیہ وغیرہ نے کفار فلاسفہ کی مشابہت مین سواد اعظم سے انحراف کرکے دوسری راہ اختیار کی حالانکہ ان سب پر واجب تھا کہ ہدی اللہ عزوجل پر ثابت قدم رہتے اور عدل پر قائم رہتے اور بہت پھونک پھونک کر قدم رکھتے کیونکہ اسی صراط المستقیم کی حقیقت وہ پل صراط ہی جو جہنم پر قیامت مین قائم ہوگا کہ وہ بال سے زیادہ باریک ہی۔ اسیطرح دنیا مین راہ حق و عدل پر قائم رہنا بہت باریک ہی کہ اگر ذرا بھی تجاوز کیا تو گمراہی مین قدم پڑیگا۔ (مسئلہ) آیت مین قولہ تعالے حتی تتبع ملتہم۔ لفظ ملت کو مفرد فرمایا حالانکہ یہ یہود و نصاری کی ملتین ہین لیکن یہ ملتین سب کی سب ہی کفر ہین اور کفر باوجود ملتہائے مختلفہ کے ایک ہی ملت کفر ہی جسکی عقوبت دائمی جہنم ہی جیسے کافرون کے واسطے قولہ تعالے لکم دینکم۔ مین ایک ہی دین فرمایا اور یون نہین فرمایا کہ۔ لکم ادیانکم پس اسی مقام سے بہت فقہاء نے استدلال کیا کہ کافرون کی مشترکی ملتین سب ایک ہی ملت ہین اور اس سے یہ مسئلہ نکلا کہ اگر ایک خاندان مین بعضے یہودی و بعضے نصرانی اور بعضے مسلمان ہون تو مسلمان کفار مین باہم میراث جاری نہوگی بخلاف باقیون کے کہ اونمین میراث جاری ہوگی اگرچہ بعض یہودی و بعض نصرانی ہون کیونکہ کفر تو ایک ہی ملت ہی اور یہی مذہب ابو حنیفہ و شافعی ہی اور امام مالک نے کہا کہ کافرون مین بھی جب ملتین مختلف ہون تو باہمی توارث جاری نہوگا اور ایک حدیث مین بھی ایسا ہی وارد ہی اور امام احمد سے دو روایتین ہین ایک قول موافق قول ابو حنیفہ اور دوم موافق مالک ہی (ابن کثیر شرح) الحاصل یہود و نصاری وانکے مانند جو فرقہ اپنی ہوا و ہوس کا تابع ہوجاوے اور کتاب اللہ کی چھوڑے اوسکو کوئی معجزہ و کرامت کافی نہوگا اور وہ حق پر ایمان لانے سے ہمیشہ متردد ہوگا پس اوسکے واسطے کسی معجزہ کی تدبیر مفید نہوگی اسیواسطے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ان گمراہون کے منہ مانگے معجزات طلب کرنے سے روک دیا اور فرمایا۔ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ ایسے بندے جنکو ہمنے کتاب عطا فرمائی۔ یَتْلُوْنَهٗ حَقَّ تِلَاوَتِهٖ درحالیکہ وہ اس کتاب کو جس طرح تلاوت کا حق ہی پڑھا کرتے ہین۔ اُولٰٓئِكَ یُؤْمِنُوْنَ بِهٖ۔ تو ایسے ہی صفت والے بندے ایمان لاتے ہین۔ ف

اور اونکو کوئی شک و انکار نہیں ہوتا اور نہ اپنے اہواء کے پابند ہوتے ہیں۔ واضح ہو کہ یہ آیت قدسی اپنے اعجاز بلاغت کے ساتھ خوب جامع ہو سکا بیان یہ ہو کہ کتاب الٰہی توریت و انجیل و قرآن مجید ہی پس یہود میں سے جو لوگ توریت کو جس طرح تلاوت کا حق ہو پڑھتے تھے و آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و قرآن مجید پر بدون شک و تردد کے ایمان لائے جیسے عبداللہ بن سلام و کعب احبار وغیرہ اور اسیطرح نصاریٰ میں سے جو لوگ انجیل کو بدون تحریف و تبدیل کے حق طور پر پڑھتے تھے وہ فوراً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے جیسے بادشاہ حبش اور روہان کے علماء نصاریٰ و ضغاطر رومی وغیرہ اسیطرح صحابہ رضی اللہ عنہم جو قرآن مجید پر ایمان لائے وہ کبھی منافقون وغیرہ کی طرح مشکوک نہیں ہوتے پس یہ آیت قدسی جامع ہو اسیواسطے معمرؒ نے حضرت قتادہؒ سے روایت کی کہ یہ لوگ سچے یہود و نصاریٰ ہیں (عبدالرزاق) اور یہی عبدالرحمن بن زید بن اسلم کا قول ہو اور اسیکو شیخ ابن جریرؒ نے اختیار کیا۔ اور سعیدؒ نے حضرت قتادہؒ سے روایت کی کہ یہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت ہو اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ حق تلاوت یہ ہو کہ جب ایسی آیت پر پہونچتے ہیں جسمیں جنت کا ذکر ہو تو اللہ تعالےٰ سے جنت مانگتے ہیں اور جب ایسی آیت پڑھتے ہیں جسمیں دوزخ کا ذکر ہو تو اللہ تعالےٰ سے عذاب جہنم سے پناہ مانگتے ہیں (ابن ابی حاتم) مترجم کہتا ہو کہ جن بندوں کی یہ کیفیت ہو وہ احکام الٰہی پر بالضرور عامل ہونگے۔ ھ۔ ابوالعالیہ نے فرمایا کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے تھے کہ قسم اوس پاک کی جسکے قبضہ میں میری جان ہو کہ کتاب الٰہی کا حق تلاوت یہ ہو کہ اوسکے حلال کو حلال رکھے اور اوسکے حرام کو حرام رکھے اور جسطرح اللہ تعالےٰ نے نازل فرمایا اوسی طرح پڑھے اور کلمات کو اپنی جگہ سے تحریف کرے اور بے موقع اوسکی تاویل نکرے (عبدالرزاق) اور یہی حضرت قتادہؒ و منصور بن المعتمر نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کیا اور یہی سدیؒ نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کیا (ابن ابی حاتم) اور یہی حسن بصری و عکرمہ و عطاء و مجاہد و ابوزین و ابراہیم نخعی کا قول ہو اور اسکا حاصل یہ ہو کہ جسنے قرآن مجید کی اتباع پوری کی اوسنے حق تلاوت ادا کیا چنانچہ سفیان الثوری نے اپنی اسناد کے ساتھ عبداللہ ابن مسعودؓ سے یہی معنے روایت کیے اور ابوموسیٰ اشعریؓ نے کہا کہ جس شخص نے قرآن کی اتباع کی تو وہ اوسکو لیجاکر باغ جنت میں اوتارے گا (قرطبی وغیرہ) شیخ ابن کثیرؒ نے کہا حاصل یہ ہو کہ یہود و نصاریٰ میں سے جسنے توریت و انجیل کی سچی اتباع کی تو خواہ مخواہ موافق بشارت توریت و انجیل کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائیگا لہذا فرمایا۔ قل یا اہل الکتاب لستم علیٰ شیٔ حتی تقیموا التورٰۃ والانجیل۔ یعنے کہدے کہ ای اہل کتاب تم تو کسی چیز پر نہیں ہو جب تک کہ توریت و انجیل پر ٹھیک قائم نہو۔ ھ۔ اور فرمایا۔ الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندہم فی التورٰۃ والانجیل یعنے یہ مرتبہ اونھیں بندوں کا ہی جو فرمانبرداری کرتے ہیں رسول نبی امی کی جسکو اپنے پاس توریت و انجیل میں لکھا پاتے ہیں۔ ھ۔ اور فرمایا۔ الذین اٰتینٰہم الکتاب من قبلہ ہم بہ یومنون۔ یعنے قرآن مجید سے پہلے یعنے جن لوگوں کو کتاب عطا فرمائی وی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاتے ہیں۔ ھ۔ کیونکہ جو کتاب پر ٹھیک قائم ہو وہ کتاب کی کسی آیت سے منکر نہوگا اور جو کچھ اللہ تعالےٰ نے حکم فرمایا اوسپر ایمان لاویگا۔ **وَمَنْ يَّكْفُرْ بِهٖ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ** ۝ اور جو کوئی اس قرآن سے یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے منکر ہو تو ایسے ہی لوگ خوار ہونے والے ہیں۔ ف چنانچہ فرمایا۔ ومن یکفر بہ من الاحزاب فالنار موعدہ۔ یعنے ان گروہوں میں سے جو کوئی اس سے منکر ہو تو جہنم اوسکا ٹھکانا ہو۔ ھ۔ اور اس سے بڑھکر کون خواری ہوگی کہ جہنم میں دائمی برباد ہو اور حدیث میں ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم اوس پاک کی جسکے قبضہ میں میری جان ہو کہ اس امت میں کوئی یہودی یا نصرانی جو مجھسے سنے پھر مجھپر ایمان لاوے تو سوائے اسکے کچھ نہوگا کہ وہ جہنم میں جاوے (الصحیح)

(تنبیہ) شیخ سیوطیؒ نے لکھا کہ قولہ تعالےٰ الذین اٰتینٰہم الکتاب یتلونہ حق تلاوتہ الآیۃ۔ کا سبب نزول اہل حبش کے نصاریٰ ہیں مترجم کہتا ہو کہ معنی میں مذکور ہو کہ یہ آیت بقایائے اہل کتاب کے حق میں نازل ہوئی جنکو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انجیل میں بشارت دی تھی کہ

میرے بعد ایک پیغمبر آویگا جسکا نام احمد ہوگا چنانچہ قرآن مجید میں بھی مصرح ہے پس وہ لوگ اسی ایمان پر نسلاً بعد نسل چلے آئے یہانتک کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ظہور ہوا تو جو لوگ انجیل کے سچے اعتقاد پر باقی تھے وہ آپ پر ایمان لائے۔ ظاہر اس اجمال کی تفصیل وہی ہے جو شیخ سیوطی رح نے ذکر فرمائی کہ کفار مکہ کے ایذا دینے کی وجہ سے صحابہ رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت نے ملک حبش کی جانب ہجرت فرمائی اور وہان کے بادشاہ کا نجاشی لقب تھا اور اوسکا نام اصحمہ تھا اور کفار مکہ نے اوسکے یہان تحفے دیدیا لیکر سفارش بہیجی تاکہ بادشاہ ان لوگون کو اپنے یہان سے نکال دے مگر اوسنے نمانا بلکہ ان لوگون کو بلاکر اطمینان دلایا کہ تم لوگ یہان بے کھٹکے رہو اور ان لوگون سے حال دریافت کیا اور مہاجرین مین حضرت جعفر بن ابی طالب یعنے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بھائی بھی تھے پس انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت اور اپنے ایمان لانے کا سب حال بیان کیا تو اوسنے درخواست کی کہ جو کلام آلہی اوپر نازل ہوا ہو وہ پڑھو پس جعفر رضی اللہ عنہ نے سورہ مریم تلاوت کی جسکو سنکر بادشاہ مع اون علماء کے جو موجود تھے رونے لگے اور کہا کہ یہ کلام بالکل ویسا ہی ہے جیسا حضرت عیسیٰ پر نازل ہوا تھا اور کہا کہ بیشک یہ وہی پیغمبر ہین جنکی بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے انجیل مین دی ہے اور اوسنے اپنی طرف سے چالیس آدمی واسطے تحقیق حال کے بھیجے اور اوسوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت فرماکر مدینہ مین آئے تھے پس وہ لوگ مکہ سے مدینہ مین آئے اور خدا پہچان کر بغیر بحث و جدال کے مسلمان ہوے اور بادشاہ کی طرف سے بھی پیغام پہونچایا کہ مین آپ پر ایمان لایا اور کاروبار ملک کی وجہ سے حاضر نہین ہوسکتا ہون اور نیابت کے طور پر بیعت کی حالانکہ اللہ تعالے نے پہلے ہی آیت نازل فرمائی کہ الذین آتیناہم الکتاب الآیۃ اور یہی نجاشی بادشاہ ہے کہ جب اوسنے انتقال کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور خبر غیب کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو آگاہ فرمایا کہ تمھارے بھائی نجاشی نے انتقال کیا تو اوٹھو کہ اوسکے جنازہ کی نماز پڑھین چنانچہ میدان مین جاکر اوسکے جنازہ کی نماز پڑھی۔ علماے حنفیہ وغیرہ نے کہا کہ اللہ تعالے نے اوسکا جنازہ آپ پر کشف فرمایا تھا چنانچہ سابق مین یہ مسئلہ مفصل بیان ہوا ہے اور حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا وغیرہا سے جو حبش مین ہجرت ہجرت کرگئے تھے اس بادشاہ کے فضائل مین سے یہ بھی روایت ہے کہ ہم لوگون مین باہم تذکرہ ہوا کرتا تھا کہ جب سے یہ بادشاہ مرا برابر اوسکی قبر پر ایک نور دیکھا جاتا تھا

(استناد صحیح) پھر اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو مکرر تنبیہ فرمائی بقولہ تعالے۔

يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا

اے بنی اسرائیل یاد کرو احسان میرا جو مین نے تمپر کیا اور وہ کہ بڑا کیا تمکو سارے جہان پر اور بچو اوس دن سے کہ نہ

تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ وَّلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّ

کام آوے کوئی شخص کسی شخص کے ایک ذرہ اور نہ قبول ہو اوسکی طرف سے بدلا اور نہ کام آوے اوسکو سفارش اور

لَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ۝

مدد پہونچے

اکثر اہل تفسیر مانند بقاعی وغیرہ نے خیال کیا کہ اللہ تعالے نے اول سورہ مین بنی اسرائیل کو نعمتین یاد دلائین پھر درمیان مین اونکے عیوب بدکاریان مذکور ہوکر طول ہوگیا لہذا یہان مکرر انعامات کو یاد دلایا۔ اور حرانی سے نقل کیا کہ اس سے آخر خطاب کو اول سے التیام ہوگیا۔ ھ۔ لیکن بعض علماء نے اس توجیہ کو تکلف خیال کیا۔ امام ابن کثیر رح نے فرمایا کہ اس سے بنی اسرائیل کو اس امر کی تاکید فرمائی کہ حضرت خاتم النبیین جامع کمالات الرسول النبی الامی پر ایمان لاوین جنکی صفت اپنی کتابون مین پاتے ہین اور جنکی بابت عہد لیا گیا ہے اور یہی اوپر انعامات کثیرہ کا ذریعہ ہوا پس اپنے پیچھے بھائیون عرب پر حسد نکرین کہ خاتم المرسلین کو اللہ تعالے نے عرب مین سے پیدا کیا اور تکذیب و مخالفت سے باز آوین اور اللہ تعالے کی نعمتون کو یاد کرین لہذا فرمایا۔ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ اذْكُرُوْا نِعْمَتِيَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتُ عَلَيْكُمْ وَاَنِّيْ فَضَّلْتُكُمْ

عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۔ اے بنی اسرائیل یاد کرو میری اون نعمتون کو جو مین نے تمپر انعام فرمائین اور اس بات کو کہ مین نے تمکو عالمین پر فضیلت دی
ف یعنے تمھارے زمانہ کے عالمون پر تمکو فضیلت عطا فرمائی پس ان نعمتون کا نتیجہ یہ ہی کہ شکر گذاری کے ساتھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاؤ
کیونکہ تمھارے جمیع انبیا علیہم السلام و صالحین سب ایمان لا چکے اور وہ سب اللہ تعالے کے مطیع اور اوسکی رضامندی کے خواہان تھے حالانکہ
تم نافرمانی کرتے ہو پس یہ گمان ہرگز مت کرو کہ جو لوگ اپنے رب عزوجل کی خوشی چاہتے ہین وہ اوسکی نافرمانی کرنے والون سے راضی ہون یا سفارش
کرین بلکہ قطعًا اونکے دشمن ہو جاوینگے لہذا فرمایا ۔ وَاتَّقُوْا يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْـًٔا ۔ اور ڈرو ایسے دن سے
کہ کوئی نفس کسیکو ایک ذرہ کام نہ آویگا ف کیونکہ کوئی نفس خود مختار نہین ہی جب تک اللہ عزوجل نچاہے اور نیک بندے اپنے
رب عزوجل کے خلاف رضا ہرگز کچھ نہین چاہینگے ۔ وَّلَا يُقْبَلُ مِنْهَا عَدْلٌ ۔ اور کسی نفس سے فدیہ قبول نہوگا ف حالانکہ اوس
دن فدیہ میسر ہی نہین ہی اور اگر میسر بھی ہوتا یا کسی احمق نے اعتقاد کر لیا کہ مجھے میسر ہوگا تو بھی زعم توڑ دیا کہ کچھ بھی فدیہ قبول نہوگا لیکن شیطان
نے یہودیون کے دل مین جما دیا تھا کہ تم لوگ چاہو جیسی بداعمالیان کرو تمھارے باپ دادون مین انبیا علیہم السلام گذرے ہین وہ تمھاری سفارش
کرینگے جیسے نصرانیون کے ذہن مین اس سے بھی زیادہ جما یا کہ عیسی علیہ السلام تم لوگون کی بدکاریون کا کفارہ ہو گئے حالانکہ یہ ایسے احمقون کے
خیالات ہین جنکو معرفت الٰہی مین سے ذرہ بھی نصیب نہین ہی لہذا صریح تہدید فرمائی ۔ وَلَا تَنْفَعُهَا شَفَاعَةٌ وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ
اور نہ کسی نفس کو کوئی سفارش نفع کریگی اور نہ وہ مدد پہونچائے جاوین ف کیونکہ کفر کے ساتھ سوائے عذاب جہنم کے جنت حرام ہی تو سفارش
بیکار ہی دسیوا سطے دوسری آیت مین فرمایا ۔ فما لنا من شافعین ۔ یعنے کفار کہینگے کہ ہمارے واسطے سفارشیون مین سے بھی کوئی نہین ہی پس
یہان عظمت و جبروت الٰہی عزوجل کا حکم دیا کہ کوئی سفارش کام نہ آویگی یعنے درحقیقت سفارش ہی نہوگی لیکن اگر کسی نے وہم شیطانی سے اسکو
اپنے دل مین جما یا تو قطعا وہ سفارش مردود ہی رہی نصرت و مددگاری تو خود ظاہر ہی کہ بھلا کس بندہ کی مجال ہی کہ حکم الٰہی عزوجل یعنے کافرون کے
واسطے عذاب کا حکم روکنے پر کافرون کا مددگار بنے حالانکہ تمام مخلوق اوسکے قبضۂ قدرت مین مسخر ہی ۔ (مسئلہ) معتزلہ اسی آیت سے
کہتے ہین کہ کسی نفس کو شفاعت نصیب نہوگی چاہیے ہی کہ بیشک کوئی نفس اپنے اختیار سے شفاعت ہی نہین کر سکتا تو مفید ہی کیا ہوگی لیکن اسمین
اسرار کی نفی نہین ہی کہ اگر اللہ تعالے کسیکو شفاعت کی اجازت دے تو وہ قبول نہوگی بلکہ اللہ تعالے کی اجازت سے جو شفاعت ہو وہ رحمت اور نافع
ہی رہا یہ امر کہ اللہ تعالے کسی بندۂ مکرم کو شفاعت کی اجازت فرماویگا یا نہین تو اسکو قطعی متواترات سے معلوم ہوا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے
واسطے اللہ تعالے نے شفاعت کبری و شفاعت خاصہ کا وعدہ دیا ہی اور وعدۂ الٰہی مین کبھی خلاف نہین ہوتا لہذا فرمایا ۔ ولا یشفعون الا لمن
ارتضی ۔ یعنے سفارش نہین کرینگے مگر ایسے بندے کے واسطے جسکے حق مین اللہ تعالے کی رضامندی ہی ۔ ھ ۔ اور جب کفار کے حق مین شفاعت
محض بیکار فرمائی تو معلوم ہوا کہ یہ شفاعت صرف مومنین کے واسطے خاص ہی پس اگر ایسا بندۂ مومن ہو جو بخشا گیا تو اوسکے حق مین یہ شفاعت
عظمی اوسکے درجات بلند ہونیکو مفید ہوگی کیونکہ حدیث مین ہی کہ جنت مین سو درجات ہین ہر ایک درجہ سے دوسرے درجہ تک اتنا فرق
ہی جتنا زمین و آسمان مین ہی (الصحیحین) اور اگر مومن گنہگار ہی تو اوسکی مغفرت ہوجائیگی کیونکہ اصل ایمان ہی اور یہ اعمال تابع ہین تو وہ اصل ایمان
مین سچا تھا اگر اعمال مین گنہگار ہوگیا پس حق عزوجل نے اپنی رحمت سے عفو فرمایا ۔ (نکتہ) چونکہ طاعت و عبادت الٰہی عزوجل کا حق ادا
ہونا غیر ممکن ہی تو انبیا علیہم السلام اوس دن نفسی نفسی کہینگے اگرچہ حکم الٰہی کی فرمانبرداری مین سب پورے ہین لیکن بخوف عظمت و جلال
الٰہی عزوجل اوس دن مواخذہ کا ادب کرینگے کیونکہ بندہ کی یہ شان نہین ہی کہ اوسکی عظمت کے مقابلہ مین دلیر ہو کیونکہ وہ قادر مختار ہی جو چاہے

کرے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے مغفرت کاملہ عطا فرمائی بقولہ تعالے لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر پس آپ کو قطعاً مواخذہ سے بری کردیا لہذا آپ ہی شفاعت پر قیام فرماوینگے (تنبیہ) اسلامیہ فرقہائے مبتدعین نے گمان کیا کہ پیغمبروں سے بھی گناہ ہوتے ہیں حالانکہ یہ معارف آلیہ میں جہالت ہے ؎ چون ندیدند حقیقت رہ افسانہ زدند بلکہ یہ معالی درجات کے آداب میں اور شان پاک خالق عزوجل کے لائق عبادت حاضر کرنا محال ہے کیونکہ بشر حادث ہے اور بشر کی عبادت حادث درحادث ہے اور حضرت القدس سبحانہ تعالے تعلق حوادث سے پاک ہے پس وہ کسکی شان کے لائق عبادت غیر ممکن ہے اور سابق میں بھی یہ تحقیق مذکور ہوئی ہے اور قولہ تعالے ومن یعص فانک غفور رحیم الآیۃ کی تفسیر میں دیکھو پس بلحاظ ایسے معاصی کے جنکی سزا جہنم ہو انبیاء علیہم السلام معصوم ہیں پھر واضح ہو کہ اپنی اسرائیل و بنی اسمعیل کی نسل حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہے حالانکہ اللہ تعالے نے اونکی اولاد میں سے کافروں کو عہد سے خارج فرمایا تو بنی اسرائیل کا اعتماد باوجود کفر کے باطل ہوا قال تعالے

وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ؕ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ؕ

اور جب آزمایا ابراہیم کو اوسکے رب نے کئی باتوں میں پھر اوسنے وہ پوری کیں فرمایا میں تجکو کرونگا سب لوگوں کا پیشوا

قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ؕ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ۝

بولا اور میری اولاد میں بھی کہا نہیں پہونچتا میرا قرار بے انصافوں کو

اللہ تعالے نے اس آیت میں ابراہیم علیہ السلام کا شرف یاد دلایا جبکہ توحید میں ابراہیم علیہ السلام کو امام بنایا پس جو شخص حضرت ابراہیم علیہ السلام کی جانب منسوب ہو اوسکی نسبت جب ہی ٹھیک ہوگی کہ اونکی توحید پر قائم ہو چنانچہ فرمایا۔ وَاِذِ ابْتَلٰٓى اِبْرٰهٖمَ رَبُّهٗ بِكَلِمٰتٍ فَاَتَمَّهُنَّ ۔ اور جب ابراہیم کو اوسکے رب نے چند کلمات کے ساتھ امتحان فرمایا پس ابراہیم نے اونکو پورا کیا ف یعنے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان مشرکین عرب و یہود و نصاریٰ کو جو ابراہیم علیہ السلام کی جانب نسبت لاتے ہیں تذکیر و نصیحت سنا دیجیے کہ جب اللہ تعالے نے ابراہیم علیہ السلام کو چند احکام دیکر امتحان فرمایا پس ابراہیم علیہ السلام نے اونکو پورا کیا۔ قَالَ اِنِّىْ جَاعِلُكَ لِلنَّاسِ اِمَامًا ۔ تو رب عزوجل نے فرمایا کہ میں تجکو لوگوں کے واسطے امام بنانے والا ہوں ف اور یہ حکم تقدیر سابق ہے جو اللہ تعالے نے ازل میں کہی تھی لیکن اوسکا ظہور اس طرح ہوا کہ ابراہیم علیہ السلام کو بعد توحید کے احکام شریعت دیے اور وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پورے کر چکے تو اب خطاب بھیجا پس ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کا شمول چاہا۔ قَالَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِىْ ۔ ابراہیم نے عرض کیا اور میری ذریت سے ف یعنے میری اولاد میں سے بھی امام بنائے جاوینگے چونکہ ابراہیم علیہ السلام نے تمام اولاد کے واسطے خطاب کو عام کیا ظاہرا غایت توجید سے اونکے ذہن میں کفار کا خیال بھی نہ ہوگا کہ ذریت کافر پیدا ہونگی پس اونھوں نے مطلق ذریت کے واسطے درخواست کی تو حکم تفصیلی ہوا یعنے۔ قَالَ لَا يَنَالُ عَهْدِى الظّٰلِمِيْنَ ۔ اللہ تعالے نے فرمایا کہ میرا عہد تو ظالموں کو نہیں پہونچتا ف یعنے عہد امامت تیری اولاد میں سے کافروں کو نہیں پہونچیگا پس اولاد ابراہیم علیہ السلام میں سے جو لوگ کسی عہد الٰہی سے کافر ہوئے وہ خارج ہو گئے جیسے یہود نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے کفر کیا پھر یہود و نصاریٰ دونوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کفر کیا یا مشرکین عرب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو نہ مانا تو یہ سب خارج ہو گئے لہذا فرمایا۔ ما کان ابراہیم یہودیا ولا نصرانیا ولکن کان حنیفا مسلما الآیۃ۔ بخلاف انکے جو لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے اونکو شامل رکھا بقولہ تعالے۔ ان اولی الناس بابراہیم للذین اتبعوہ وہذا النبی والذین آمنوا واللہ ولی المؤمنین چنانچہ اسکی تفسیر میں انشاء اللہ تعالے آتا ہے۔ رہا یہ بیان کہ وہ کلمات جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیے گئے تھے کیا کلمات ہیں مترجم کہتا ہے کہ یہاں تو اللہ تعالے نے کلمات کا

تعلق مقصود نہین کہا ہو بلکہ ظاہر فرمایا کہ ابراہیم علیہ السلام نے حق توحید کے ساتھ اونکو پورا کیا خواہ وہ کوئی کلمات ہون کیونکہ اللہ تعالے جس زمانہ مین جو حکم فرماوے وہی شریعت ہو تو ان کلمات کے بجالانے سے ہمارا کوئی مطلب نہین ہو کیونکہ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واسطے شریعت تھے اور شریعت بدل جاتی ہو اور توحید نہین بدلتی ہو پس ہمکو شریعت پر عمل کرنا چاہیے جو بالفعل حکم دی گئی ہو اور اوسی طرح پوری کرنی چاہیے جسطرح ابراہیم علیہ السلام نے پوری کی لیکن علماے مفسرین نے اون کلمات کی بھی تفتیش فرمائی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کو دیے گئے تھے تاکہ اوسکے ضمن مین کوئی فائدہ حاصل کرین لیکن وہ کلمات بعض تو متعلق فرائض وہ واجبات ہین و بعض متعلق فطرت و سنن ہین و بعض متعلق معارف دین لہذا ابن عباس رض سے اس بارہ مین مختلف روایات ہین چنانچہ قتادہ رح نے کہا کہ ابن عباس رض کہتے تھے کہ اللہ تعالے نے ابراہیم علیہ السلام کو مناسک حج تعلیم فرمائے (عبد الرزاق) اور طاؤس رح نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ طہارت کے دس احکام دیے لہ انجملہ پانچ سر مین اور پانچ بدن مین ہین پس سر کے پانچ احکام مین مونچھون کا اچھی طرح کترانا اور کلی کرنا اور ناک مین پانی ڈالنا اور مسواک کرنا اور بال مونڈانا یا بال ہون تو ناک نکالنا اور بدن کے پانچ یہ ہین کہ ناخن کترانا اور زیر ناف کے بال مونڈانا اور ختنہ کرنا اور بغل کے بال اوکھاڑنا اور پیخانہ و پیشاب کے اخر کو پانے سے دھونا (عبد الرزاق) اور اسیکے مانند سعید بن المسیب و مجاہد و شعبی و نخعی و ابو صالح سے مروی ہو (ابن ابی حاتم) اور اسیکے قریب حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دس خصلتین از قسم فطرت ہین مونچھین پستا اور داڑھی چھوڑنا اور مسواک کرنا اور ناک مین پانی ڈالنا اور ناخن کترنا اور انگلیون کے جوڑ صاف کرنا اور بغل کے بال اوکھاڑنا اور زیر ناف کے بال مونڈنا اور پانی سے استنجا کرنا۔ راوی نے کہا کہ دسوین بات مین بھول گیا اور شاید وہ کلی کرنا تھی (صحیح مسلم) اور حدیث ابو ہریرہ رض مین ختنہ کرنا مذکور ہو (کما فی الصحیحین) اور ابن عباس رض سے خنیس صنعانی کی روایت مین آیا کہ ختنہ دسوے زیر ناف صاف کرنا و ناخن کترنا اور مونچھین کترنا اور مسواک غسل جمعہ اور مناسک حج مین سے طواف و سعی صفا و مروہ و رمی الجمار و افاضہ عرفات (ابن ابی حاتم) عکرمہ نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ احکام دین مین جو شخص مبتلا کیا گیا سوا ے ابراہیم علیہ السلام کے کوئی پورا نہین اترا (ابن کثیر) ظاہرا ابن عباس رض نے انبیاء علیہم السلام کا استثنا کر لیا ہو۔ عکرمہ نے کہا کہ ابن عباس رض نے فرمایا کہ شرائع اسلام تیس سہام ہین (از انجملہ دس کا ذکر سورۂ برأۃ کی آیت التائبون العابدون الآیہ مین ہو اور دس کا ذکر اول سورۂ قد افلح المومنون و سورۂ سال سائل بعذاب واقع مین ہو اور دس کا ذکر سورۂ احزاب قولہ تعالے ان المسلمین والمسلمات الآیۃ مین ہو پس ان سبکو ابراہیم علیہ السلام نے پورا کیا اسواسطے اللہ تعالے نے فرمایا ابراہیم الذی وفی الآیۃ۔ (الحاکم ابن جریر ابن ابی حاتم) اور ابن عباس رض سے آیا کہ جن کلمات کے ساتھ اللہ تعالے نے ابراہیم علیہ السلام کو امتحان فرمایا یہ ہین کہ اللہ تعالے کے واسطے اپنی قوم کو چھوڑ کر ہجرت کرین اور نمرود ملعون سے حجت توحید پر مناظرہ کرین باوجودیکہ اوسکی جانب سے آگ مین ڈالنے کا خوف تھا حالانکہ ابراہیم علیہ السلام نے اس ہول عظیم کی کچھ پروا نکی پھر مہمانداری پر صبر کرنے کا حکم دیا پھر اپنا فرزند ذبح کرنے کا حکم دیا اور ہر بات مین ابراہیم علیہ السلام نے بدون خلاف کے طاعت کی (ابن ابی حاتم) حسن بصری رح کہا کرتے تھے کہ واللہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے خوب صبر کیا کہ پہلے کواکب و شمس و قمر مین امتحان کیا اور پہچان لیا کہ میرا رب عزوجل دائم قائم ہو اور شرک سے بیزار ہوے پھر آگ سے امتحان لیا ثوابت رہے پھر وطن و قوم چھوڑ کر ملک شام مین ہجرت کا حکم دیا تو ہوے پھر ختنہ کرنے و ذبح فرزند کا حکم دیا تو پورا کیا (ابن جریر و اختصرہ عبد الرزاق) مجاہد رح نے کہا کہ ابراہیم علیہ السلام سے رب عزوجل نے امتحان لیا اور فرمایا کہ مین تجکو امام بنانا چاہتا ہون عرض کیا کہ بہت اچھا اور میری ذریات مین سے بھی امام بنائیے فرمایا کہ ظالمون یعنے کافرون کو میرا عہد نہین پہونچیگا عرض کیا کہ خانہ کعبہ کو لوگون کا مرجع بنا دیجیے فرمایا کہ ہان عرض کیا کہ اسکو امن بنا دیجیے فرمایا کہ ہان عرض کیا کہ مجکو اور

مقام ابن ۱۲

اسمعیل کو اور ہماری ذریت مین سے ایک گروہ کو مسلمان بنا دیجیے فرمایا کہ ہان عرض کیا کہ اہل مکہ کو ثمرات سے رزق دیجیے جو انمین سے اللہ تعالیٰ پر ایمان لایا فرمایا کہ ہان (ابن ابی حاتم و ابن جریر) سعید بن مسیب فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی ہین جنسے پہلے ختنہ کیا اور پہلے مہمانداری کی اور پہلے ناخن کترے اور پہلے مونچھین کترین اور یہی پہلے بوڑھے ہوئے ہین پھر جب بوڑھاپا دیکھا تو عرض کیا کہ یہ کیا ہی حکم ہوا کہ وقار ہی عرض کیا کہ اسی سے میرا وقار بڑھا دیجیے (المؤطا وغیرہ) شیخ ابن جریر نے کہا کہ کلمات کی جو تفاسیر مذکور ہوئین شاید یہ سب ہون یا بعض ہون مگر کسی پر خاص جزم نہین ہو سکتا ہی۔ ابن کثیر نے کہا کہ اقوی یہ ہی کہ جمیع امور مذکورہ کو شامل ہی اور آیت مین دلیل ہی کہ ابراہیم علیہ السلام کی ذریت مین ظالم کفار بھی ہونگے پس وہ لوگ اس قابل نہین ہین کہ پیشوا بنائے جاوین بحکم قولہ تعالے۔ وجعلنا فی ذریتہ النبوۃ والکتاب الآیۃ۔ صاف معلوم ہوا کہ بعد ابراہیم علیہ السلام کے جو پیغمبری و کتاب آئی وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہی کی اولاد مین ہوئی (فائدہ) حدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ مین مرفوع روایت ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اسّی برس کی عمر مین قدوم مین ختنہ کیا (الصحیحین) اور شاید قدوم یہی آلہ معروف ہو جسکے ذریعہ سے ختنہ کیا۔ م۔ رزین نے کی روایت سے معلوم ہوتا ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دو سو برس کی عمر پائی۔ قریش مین دستور تھا کہ قریب بلوغ ختنہ کرتے تھے اور عورتون کے ختنہ کی روایت مرفوع جو سنن ابوداؤد و رزین مین ہی اوسکو ابوداؤد نے ضعیف کہا۔ فتاوی مین ہی کہ عورتون کا ختنہ مکرمت ہی۔ آیات سے جو شرائع نکالے گئے اونکو بعض علما نے تفصیل وار بیان کر دیا کہ سورۂ برأۃ مین توبہ و عبادت و حمد و سیاحت و رکوع و سجود و امر معروف و نہی منکر و حفاظت حدود الٰہی و ایمان ہی سورۂ احزاب مین اسلام و ایمان و قنوت و صدق و صبر و خشوع و تصدیق و روزہ و حفاظت فرجگاہ و ذکر الٰہی ہین۔ اور سورۂ مومنون مین ایمان و خشوع نماز و پرہیز لغو و زکوۃ و حفاظت شرمگاہ و عہد و امانت و محافظت نماز ہی۔ ابراہیم لفظ عجمی ہی اور بقول صحیح وہ آزر کے بیٹے ہین اور اونکی پیدایش صوبۂ اہواز کے مقام سوس مین واقع ہوئی اور بعض نے حرانی کہا ولیکن اونکے باپ اونکو نمرود بن کنعان کی دار السلطنت بابل مین لے گئے۔ امام اوس شخص کو کہتے ہین جسکی اقتدا کیجاوے۔ بیضاوی نے کہا کہ آیت مین دلیل ہی کہ انبیاء علیہ السلام قبل نبوت کے بھی گناہون سے محفوظ ہوتے ہین ف۲ اشارات عرائس مین ہی کہ خاصان حق مانند ابراہیم علیہ السلام کے ازل ہی مین خطاب خاص سے سرفراز ہوتے ہین اور دنیا مین بھی وہی حکام مرجع و ہی ہوتا ہی اگرچہ امتحان مین ڈالے جاوین اور منجملہ امتحانات ابراہیم علیہ السلام کے ایک مقام التباس تھا کما قال تعالے۔ کذلک نری ابراہیم ملکوت السموات والارض۔ پھر اسکا انجام تمکین تھا بدلیل قولہ تعالے۔ ولیکون من الموقنین۔ اور ابراہیم علیہ السلام نے کہا۔ انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض الآیہ۔ بعض مشائخ نے کہا کہ امت کے واسطے یقین کامل ہونا پہلا درجہ ایمان ہی پھر اسکے بعد ولایت مین ترقی ہوتی ہی لہذا کہا گیا ہی ولایت اور صلاحیت تو دور ہے پہلے تو مومن ہوا ہی۔ لمعات۔ شیخ ابو عثمان نے کہا کہ امام وہ ہی جو ظاہر مین پیشوا ہے اور جو نسبت اوسکو بارگاہ عزوجل مین حاصل ہی اوسمین کچھ خلل نہو جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مبارک سے ظاہر ہی اور قولہ تعالے۔ لا ینال عہدی الظالمین صریح نص سے بتلا دیا کہ جو موہبت عظمی کہ حق تعالے کیطرف سے انبیا و اولیا کو حاصل ہوتی ہی وہان سبب و نسب کی جڑ کٹی ہی ورنہ ابراہیم علیہ السلام کی کل ذریات کو قبولیت حاصل ہوتی کیونکہ قبولیت جن بندونکو عطا ہوئی وہ ازل ہی مین عطا ہوئی جبکہ ابھی طاعت بلکہ وجود ہی نتھا تو سبب و نسب کیونکر ہو سکتا تھا۔ جعفر صادق سے روایت ہی کہ جو شخص محبت و مشاہدۂ الٰہی سے مڑکر کسی جانب راحت و سکون پاوے وہ ظالم ہی عمس۔ بعض نے فرمایا کہ منجملہ کلمات کے یہ بھی ہین جو آیندہ آیات مین مذکور ہین کما قال تعالے۔

وَإِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ وَأَمْنًا وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ إِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى

اور جب ٹھہرایا ہمنے یہ گھر کعبہ اجتماع کی جگہ لوگون کی اور پناہ اور کر رکھو جہان کھڑا ہوا ابراہیم نماز کی جگہ

عوفی نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ قولہ تعالےٰ - وَاِذْ جَعَلْنَا الْبَيْتَ مَثَابَةً لِّلنَّاسِ - اور جب ہمنے بیت کو لوگون کے واسطے مثابہ کر دیا ف - یعنے یہ فصیحت کر کہ تم یاد کرو وہ وقت جب ہمنے خانۂ کعبہ کو لوگون کے لیے مرجع بنا دیا کہ خانۂ کعبہ سے مومنون کی آرزو کبھی سیر نہین ہوتی لوٹ جاتے ہین پھر شوق سے اوسکی جانب جوع کرتے ہین اسیکے مانند علی بن ابی طلحہ نے روایت کی ہے (ابن جریر) ابن ابی حاتم نے بذریعہ مجاہد کے اسیکے مانند ابن عباس رض سے روایت کیا اور کہا کہ یہی ابو العالیہ و عطاء و حسن وغیرہ سے مروی ہے - اور عکرمہ و قتادہ وغیرہ نے فرمایا کہ بیت اللہ لوگون کے واسطے مثابہ یعنی جمع ہونے کی جگہ ہے اور وہ مقام امن ہے حتی کہ زمانۂ جاہلیت مین مکہ کے گرد جو شہر و مقامات تھے وہان کے لوگ آپسمین کشت و خون کرتے لیکن اہل مکہ سے کوئی تعرض نہین کرتا تھا اور کبھی پردیسی آدمی کیسکے باپ کو مار کر حرم مکہ مین چلا آتا تھا پھر مقتول کا بیٹا اپنے باپ کے قاتل کو یہان پاتا لیکن کچھ بھی جنبش نہین دیتا تھا اور اسیکے مانند ایک جماعت تابعین سے روایت ہے - ابن کثیر نے کہا کہ ان روایات کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے بیت اللہ کا شرف بیان کیا کہ اللہ تعالےٰ نے اوسمین یہ قدرتی آیات و شرعی آیات رکھی ہین از انجملہ یہ کہ وہ لوگون کے واسطے مرجع شتیٰ و ملتقیٰ ہے حتی کہ مومنون کی روحین اوسکی جانب محبت سے جھکتی ہین اور اگر ہر سال اوسکا طواف کرین تو بھی اونکا دل سیر نہین ہوتا ہے چنانچہ دعاے خلیل اللہ علیہ السلام مین ہے کہ - فاجعل افئدۃ من الناس تھوی الیھم - ابن عباس رض نے کہا کہ - من الناس - صرف بعض یعنے مومنین کہے اور کل نہین کہے - اور اللہ تعالےٰ نے فرمایا - فیہ آیات بینات مقام ابراھیم ومن دخلہ کان آمنا - یعنے بیت اللہ مین آیات بینات ہین مقام ابراہیم ہے اور جو کوئی اوسمین آگیا وہ مامون ہو گیا - ھ - اس مقام کی آیت مین بھی حکم دیا - وَاتَّخِذُوا مِن مَّقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى - اور مقام ابراہیم کو مصلی بناؤ ف مقام ابراہیم کی دو تفسیرین روایت کی گئی ہین چنانچہ مجاہد نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ مقام ابراہیم تمام حرم ہے - (ابن ابی حاتم) دوم مقام ابراہیم ایک پتھر ہے جسپر اونکے قدم کا نشان ہے چنانچہ عطاء نے کہا کہ مین نے ابن عباس رض سے سنا کہ آیت مین جو مقام ابراہیم مذکور ہے وہ تو یہی مقام ابراہیم ہے جو مسجد الحرام مین ہے اور اس سے زیادہ تمام حج بھی مقام ابراہیم شمار ہوتا ہے پھر عطاء نے اسکی تفصیل بیان کی کہ عرفات مین وقوف کرنا اور وہان نماز ظہر و عصر کو جمع کرنا اور مشعر الحرام و منی و رمی الجمار و صفا و مروہ کے درمیان سعی ہے (ابن ابی حاتم) سعید بن جبیر نے کہا کہ مقام ابراہیم ایک پتھر ہے جو اللہ تعالےٰ نے رحمت قرار دیا پس ابراہیم علیہ السلام اوسپر کھڑے ہوئے اور اسمعیل علیہ السلام انکو پتھر ہو پہنچاتے تھے - سدی نے کہا کہ نہین بلکہ اس پتھر پر بٹھلا کر حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اونکی بہو یعنے زوجہ اسمعیل علیہ السلام نے نہلایا - شیخ ابن کثیر نے کہا کہ قرطبی نے اسکا ضعیف کہا کیونکہ سعید بن جبیر نے فرمایا کہ اگر ایسا ہوتا تو اونکے پانون مختلف واقع ہوتے لیکن دیگر علماء نے اسی قول کو ترجیح دی ہے - ابن ابی حاتم نے جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع مین طواف سے فراغت فرمائی تو عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول یہی تو ہمارے جد اعلیٰ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا مقام ہے آپ نے فرمایا کہ ہان تو عرض کیا کہ پھر ہم اسکا مصلی بناوین پس اللہ عز و جل نے نازل فرمایا - واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی (رواہ ابن مردویہ وغیرہ) یہ مضمون تو صحیحین کی احادیث مین ثابت ہے چنانچہ خود عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مین اپنے رب عز و جل سے تین باتون مین موافق پڑا ایک تو مین نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہم لوگ مقام ابراہیم کو مصلی بناوین پس نازل ہوا قولہ تعالےٰ واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی - الحدیث (البخاری و مسلم وغیرہ) شیخ ابن کثیر نے بعد ذکر روایات کے کہا کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مقام ابراہیم سے یہی مراد ہے جو مسجد الحرام مین ہے اور یہ ظاہر ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام دیوار کعبہ کو اونچی کرتے تو اوسی پتھر پر کھڑے ہوتے اور اسمعیل علیہ السلام نیچے سے پتھر پہونچاتے تھے اور اس پتھر مین حضرت ابراہیم علیہ السلام کے نشان قدم بہت ظاہر تھے لیکن لوگون کے چھونے سے اوسکے نشان کچھ مٹ گئے ہین باوجود اسکے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ تک بہت واضح نشان موجود تھا چنانچہ حدیث انس رضی اللہ عنہ مین مسجد مین موجود ہے

(ابن وہب) شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ مقام ابراہیم پہلے دیوار کعبہ سے ملحق تھا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے زمانہ میں جبکہ جمیع صحابہ متوافر موجود تھے اوسکو ہٹاکر اس مقام پر کیا جہاں اب موجود ہی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود خلفا راشدین میں سے ہیں بلکہ وہ خلیفہ سابقین میں سے جنکے حق میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ میرے بعد تم لوگ ان دونوں کی اقتدا کیجیو جو میرے بعد ابوبکر و عمر ہیں ۔ اور حضرت عمر رض ہی کے موافق اس مقام پر نماز کے واسطے قرآن مجید نازل ہوا اسیواسطے صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے کسی نے دیوار سے ہٹانے میں انکار نہیں کیا عطاء و مجاہد وغیرہ نے کہا کہ اول اسکو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہی دیوار سے ہٹاکر یہاں رکھا جہاں بالفعل موجود ہی (عبدالرزاق) **مسئلہ** خلف المقام بعد طواف کے دو رکعت پڑھنا ائمہ حنفیہ و مالکیہ کے نزدیک واجب ہیں اور شافعیہ و حنبلیہ کے نزدیک مستحب ہیں ۔ **فائدہ** بعض اشارات عرائس میں ہی کہ بیت اللہ امیدواروں کا مرجع اور خائفوں کا مامن ہی کیونکہ اللہ تعالے کی اس میں آیت ہی جس سے خائف کو سکون ہوتا ہی اور ظالم کو جرأت نہیں ہوتی اور امیدواروں کو حسن تجلی سے سکون ہوتا ہی ۔ بعض نے کہا کہ مقام طہارت ہونے سے سکون و رحمت طاری ہوتی ہی اسیواسطے آگے فرمایا ۔

وَعَهِدْنَآ إِلَىٰٓ إِبْرَٰهِـۧمَ وَإِسْمَٰعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِينَ وَٱلْعَٰكِفِينَ

اور کہدیا ہمنے ابراہیم اور اسمعیل کو کہ پاک رکھو گھر میرا واسطے طواف والوں کے اور اعتکاف والوں کے

وَٱلرُّكَّعِ ٱلسُّجُودِ ﴿١٢٥﴾ وَإِذْ قَالَ إِبْرَٰهِـۧمُ رَبِّ ٱجْعَلْ هَٰذَا بَلَدًا ءَامِنًا وَٱرْزُقْ أَهْلَهُۥ

اور رکوع کرنے والوں کے اور سجدہ والوں کے اور جب کہا ابراہیم نے اے رب کر اسکو شہر امن کا اور روزی دے اوسکے لوگوں کو

مِنَ ٱلثَّمَرَٰتِ مَنْ ءَامَنَ مِنْهُم بِٱللَّهِ وَٱلْيَوْمِ ٱلْءَاخِرِ ۖ قَالَ وَمَن كَفَرَ فَأُمَتِّعُهُۥ

میوے جو کوئی ان میں یقین لاوے اللہ پر اور پچھلے دن پر فرمایا اور جو کوئی منکر ہی اوسکو بھی فائدہ دونگا

قَلِيلًا ثُمَّ أَضْطَرُّهُۥٓ إِلَىٰ عَذَابِ ٱلنَّارِ ۖ وَبِئْسَ ٱلْمَصِيرُ ﴿١٢٦﴾ وَإِذْ يَرْفَعُ إِبْرَٰهِـۧمُ

تھوڑے دنوں پھر میں اوسکو قید کرلاؤنگا دوزخ کے عذاب میں اور بری جگہ پہونچنا ہی اور جب اوٹھانے لگا ابراہیم

ٱلْقَوَاعِدَ مِنَ ٱلْبَيْتِ وَإِسْمَٰعِيلُ ۖ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّآ ۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلسَّمِيعُ ٱلْعَلِيمُ

بنیادیں اس گھر کی اور اسمعیل اے رب قبول کر ہم سے تو ہی ہی اصل سنتا جانتا

رَبَّنَا وَٱجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِن ذُرِّيَّتِنَآ أُمَّةً مُّسْلِمَةً لَّكَ ۖ وَأَرِنَا

اے رب اور کر ہمکو حکم بردار اپنا اور ہماری اولاد میں بھی ایک امت حکم بردار اپنی اور بتا ہمکو

مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَآ ۖ إِنَّكَ أَنتَ ٱلتَّوَّابُ ٱلرَّحِيمُ

دستور حج کرنے کے اور ہمکو معاف کر تو ہی ہی اصل معاف کرنے والا مہربان

اللہ تعالے نے خانہ کعبہ کی پاکی میں نشان قدرت و نشان شریعت کو جمع فرمایا کیونکہ حالور وہاں بیٹ و نجاست نہیں کرتے اور آدمیو نہیں بھی کوئی ایسا نہیں گذرا اور باوجود اسکے حکم فرمایا بقولہ تعالے وَعَهِدْنَآ إِلَىٰٓ إِبْرَٰهِـۧمَ وَإِسْمَٰعِيلَ أَن طَهِّرَا بَيْتِىَ لِلطَّآئِفِينَ وَٱلْعَٰكِفِينَ وَٱلرُّكَّعِ ٱلسُّجُودِ ۔ اور ہمنے ابراہیم و اسمعیل کو حکم فرمایا کہ میرے بیت العتیق کو طواف کرنے والوں کے لیے اور اعتکاف کرنے والوں کے لیے اور رکوع و سجود کرنے والوں کے لیے پاک رکھو

یعنے نجاست وگندگی مین سے کچھ بھی اوسکو نہ پہونچے یہ تفسیر حسن بصری رح ہی۔ ابن جریج نے کہا کہ مین نے عطا رح سے پوچھا کہ یہان عہد کے کیا معنے ہین فرمایا کہ حکم دیا اور یہی عبد الرحمن بن زید بن اسلم کا قول ہی۔ شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ محاورۂ عرب مقتضی ہی کہ یہان اس سے وحی مراد ہو یعنے ہمنے ابراہیم واسمعیل کو وحی فرمائی۔ ابن عباس رض نے کہا کہ پاک رکھو یعنے بتون سے پاک رکھو۔ مجاہد وسعید بن جبیر نے کہا کہ بتون وفحش کلام وکلمۂ کفر وبہتان اور ہر قسم کی گندگی سے پاک رکھو۔ عبید بن عمیر وابو العالیہ وسعید بن جبیر ومجاہد وعطا وقتادہ نے کہا کہ توحید کے ساتھ اسکو شرک سے پاک رکھو (ابن ابی حاتم) مترجم کہتا ہی کہ اس تفسیر پر وحی کا حاصل یہ ہوگا کہ حضرت خلیل اللہ علیہ السلام کے وقت سے حکم الٰہی محکم چلا آتا ہی کہ بیت اللہ کو شرک ونجاسات سے پاک رکھا جائے پھر جو شخص اسمین بت لایا اور شرک پھیلایا یا اوسی نے حکم الٰہی سے مخالفت کی اور سنت ابراہیم علیہ السلام سے پھر گیا اسیواسطے حدیث مین ہی کہ مین نے عمرو بن لحی کو دیکھا کہ وہ جہنم مین اپنی آنتین اوجھ کے ساتھ گھماتا پھرتا ہی جیسے چکی کو گدھا گھماتا ہی اور اسی نے پہلے سانڈ چھوڑنے کی رسم نکالی اور اسی طرح جو شخص پہلے بت لایا اوسکو بھی آپ نے جہنم مین دیکھا۔ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ طواف کرنے والے تو معروف ہین لیکن سعید بن جبیر نے کہا کہ طائفین وہ لوگ ہین جو پردیس سے زیارت بیت اللہ کے لیے آوین اور عاکفین وہ لوگ جو مکہ مین رہتے ہین۔ اور عطا نے کہا کہ جو شخص پردیس سے آکر مکہ مین مجاور ہو وہ عاکفین مین سے ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ پھر جو شخص وہین رہتا ہو اوسکا نام مجاور ہی۔ اور وکیع نے اپنی تفسیر مین ابن عباس رض سے روایت کی کہ جو شخص مسجد الحرام مین بیٹھے وہ عاکفین مین سے ہی یعنے معتکف ہی اور ثابت البنانی رحمہ اللہ نے عبد اللہ بن عبید بن عمیر سے کہا کہ مین امیر مکہ سے کہنے والا ہون کہ جو لوگ مسجد الحرام مین سوتے ہین اونکو روکا جائے کیونکہ وہ احتلام سے جنب ہو جاتے اور ریاح وغیرہ سے حدث ہو جاتا ہی تو عبد اللہ بن عبید نے کہا کہ ایسا مت کر اسواسطے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے انکا حال پوچھا گیا تھا تو آپ نے فرمایا کہ یہ لوگ عاکفین ہین (ابن ابی حاتم وعبد بن حمید باسناد صحیح) شیخ نے کہا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ثابت ہوا کہ جس زمانہ مین ابن عمر رض بالغ کو آرے تھے تو مسجد نبوی مین سویا کرتے تھے (کما فی الصحیح) ابن عباس رض نے کہا کہ جو شخص مسجد الحرام مین نماز پڑھے وہ کالمسجود مین ہی لیکن اسکی اسناد ضعیف ہی۔ ابن جریر رح نے کہا کہ اللہ تعالے نے بتون اونکی عبادت وشرک سے پاک رکھنے کا حکم دیا اور اسکا حاصل یہ ہی کہ بنا کعبہ خالص توحید الٰہی عزوجل کے واسطے ہو (مسئلہ) طواف افضل ہی یا وہان نماز پڑھنا جمہور علما نے کہا کہ نماز مطلقاً افضل ہی اور امام مالک رح نے کہا کہ جو لوگ پردیس سے آوین اونکے لیے طواف افضل ہی۔ شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ آیت مین مشرکین عرب یہود ونصاری سب کی تردید ہی کیونکہ مشرکین تو اوسمین بت پرستی کی نجاست پھیلاتے تھے اور یہ عہد ابراہیم علیہ السلام سے مخالفت تھی اور یہود ونصاری نے اسکا چرچہ نہین کیا باوجودیکہ حضرت ابراہیم واسمعیل علیہما السلام کی فضیلت جانتے ہین مگر کچھ بھی اقتدا نہ کی حالانکہ حضرت موسی وغیرہ انبیاء نے قبلۂ کعبہ کا حج کیا ہی۔ شیخ نے لکھا کہ مسجدون کے پاک رکھنے کا حکم اسی آیت سے لیا گیا ہی اور ساتھ ہی احادیث کثیرہ بھی وارد ہین پھر شیخ ابن کثیر نے صحیحین وغیرہ سے وہ احادیث نقل کین جسسے ثابت ہوا کہ مکہ حرم محترم ہی اور اوسکا درخت کاٹنا جائز نہین اور وہان کے وحشی جانور صید کو ہنکانا جائز نہین اور وہان گرا ہوا لقطہ کسیکو حلال نہین ہی کہ اوٹھاوے سوائے ایسے شخص کے جو اس غرض سے اوٹھاوے کہ شناخت کرا کے مالک کو پہونچا دے پھر تحقیق یہ ہی کہ اللہ تعالے نے آسمانون وزمین کے پیدا کرنے کے وقت سے مکہ کو حرم محترم قرار دیا اور اسیکے موافق حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بھی اسکو بلد الحرام کیا یعنے حکم الٰہی پہونچا دیا پس اسمین قتال وغیرہ جائز نہین ہی اور فتح مکہ کے روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمایا کہ میرے واسطے صرف ایک ساعت کے لیے اجازت دی گئی تھی پھر وہ بدستور حرام ہو گیا اور آپ نے تنبیہ فرمائی کہ آیندہ اگر کوئی شخص یہان اس دلیل سے قتال کرنا چاہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وہان قتال کیا ہی تو تم لوگ اوس سے کہیو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تو اللہ تعالے نے اجازت دی تھی اور تمکو کوئی اجازت نہین ہی چنانچہ احادیث

صحیحین مین مصرح ہو اور حدیث جابر رضی مین ہو کہ مکہ مین کسیکو ہتھیار اوٹھانا حلال نہین ہو (صحیح مسلم) لہذا فرمایا۔ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ رَبِّ اجْعَلْ هٰذَا بَلَدًا اٰمِنًا۔ اور ذکر کر جب ابراہیم نے کہا کہ ای رب اسکو امن کا شہر کردے۔ ف جو کوئی اسمین داخل ہو امون ہو جاوے۔ وَارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرٰتِ۔ اور اسکے لوگون کو پھلون سے رزق دے۔ ف لیکن چونکہ اسکے لوگون مین سے بعضے کافر بھی ہونگے اور ابراہیم علیہ السلام کو اللہ تعالے نے متنبہ فرمایا تھا کہ ظالمون کافرون کو میرا عہد نہین پہونچیگا تو ابراہیم علیہ السلام نے کمال ادب کے ساتھ رزق کی دعا مین بھی کافرون کو نکال ڈالا اور کہا۔ مَنْ اٰمَنَ مِنْهُمْ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ۔ انمین سے ایسے شخص کو جو اللہ تعالے و روز قیامت پر ایمان لایا۔ ف یعنے مکہ کے لوگون مین سے اونکو ثمرات کا رزق عطا فرما جو اللہ تعالے و روز قیامت پر ایمان لاوین۔ لیکن اللہ تعالے نے رزق مین کافرون کو شامل رکھا۔ قَالَ وَمَنْ كَفَرَ فَاُمَتِّعُهٗ قَلِيْلًا ثُمَّ اَضْطَرُّهٗۤ اِلٰى عَذَابِ النَّارِ وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ۝ اللہ تعالے نے فرمایا اور جسنے کفر کیا تو اوسکو تھوڑے دنون تک تمتع عطا کرونگا پھر اوسکو مجبور کرکے عذاب دوزخ مین لاونگا اور وہ برا مرجع ہو۔ ف یعنے جب ابراہیم علیہ السلام نے حسن ادب سے دعاے رزق مین سے کافرون کو نکالا یعنے کافرون کے واسطے رزق کی دعا نہین فرمائی بلکہ یہی کہا کہ مومنون کو عطا کر تو گویا مومنون کے حق مین قبول فرماکر یعنی کہا کہ ہان مومنون کو عطا کرونگا اور کافرون کو بھی چند روز تک اونکی زندگی بھر رزق دونگا پھر ان سرکشون کو جبرًا مجبور کرکے دوزخ مین ڈالونگا چنانچہ یہ بات ظاہر ہو کہ ہر شخص موت سے لاچار ہوکر آخرت مین جاتا ہی اگرچہ زندگی مین منکر ہو پھر تنبیہ فرمائی کہ دوزخ بہت برا مرجع ہی یعنے کفار اپنی شامت سے دنیاے فانی کو چھوڑکر جہان لوٹ جائینگے وہ ٹھکانا بہت برا ہی۔ ابن عباس رضی نے کہا کہ ابراہیم علیہ السلام ثمرات مکہ کو تو صرف مومنون ہی کے واسطے مخصوص فرماتے تھے لیکن اللہ عزوجل نے نازل فرمایا کہ مین کافرون کو بھی کچھ رزق دونگا کیونکہ یہ نہین ہوسکتا کہ مین مخلوق کو پیدا کرکے اوسکو بے رزق چھوڑ دون لیکن یہ مدت قلیل ہوگی تو پھر اوسکی سرکشی کے موافق اوسکو عذاب النار کی جانب مجبور کرونگا پھر ابن عباس رضی نے یہ آیت پڑھی۔ كُلًّا نُّمِدُّ هٰۤؤُلَآءِ وَهٰۤؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا۔ یعنی فریق مومنین و فریق کافرین ہر ایک کو عطاء الٰہی مین سے مدد دینگے اور تیرے پروردگار کا عطیہ ممنوع نہین ہو۔ ھ۔ اسیواسطے حدیث مین آیا کہ بدگوئی سننے مین اللہ تعالے سے بڑھکر کوئی صابر نہین ہو کہ یہ لوگ اوسکے لیے فرزند بتلاتے ہین حالانکہ وہ انکو رزق و عافیت دیتا ہی (البیضاوی) اور حدیث مین ہو کہ اللہ تعالے ظالم کو مہلت دیتا ہی پھر جب اوسکو گرفتار فرماتا ہی تو وہ چھوٹ نہین سکتا ہی اور یہ آیت پڑھی۔ كَذٰلِكَ اَخْذُ رَبِّكَ اِذَاۤ اَخَذَ الْقُرٰى وَهِيَ ظَالِمَةٌ اِنَّ اَخْذَهٗۤ اَلِيْمٌ شَدِيْدٌ۔ یعنے تیرے پروردگار کی گرفت یون ہی ہی جب وہ ظالم قریات کو بحالت اونکے ظلم کے گرفتار فرماتا ہی بیشک اوسکا گرفتار کرنا سخت و دردناک ہی۔ ھ۔ (الصحیح) اور ثابت ہو کہ مومن کو اوسکے جان و مال مین آفات پہونچتی رہتی ہین جو اوسکے گناہون کا کفارہ ہوجاوین حتی کہ وہ دنیا سے پاک نکلتا ہی اور کافر و منافق مانند درخت صنوبر کے جب اوکھڑتا ہی تو یکبارگی جڑ سے جاتا ہی (کما فی الصحیح) وَاِذْ يَرْفَعُ اِبْرٰهٖمُ الْقَوَاعِدَ مِنَ الْبَيْتِ وَاِسْمٰعِيْلُ۔ اور ذکر کر جب ابراہیم اس ہیت کی نیو یا دیوارین اوٹھاتا تھا اور اسمعیل ف کیونکہ اسمعیل علیہ السلام بھی پتھر و گارے سے مدد پہونچاتے تھے اور جیسے نیک بندون کا قاعدہ ہوتا ہی کہ اپنے اعمال مردود ہوجانے سے ڈرتے رہتے ہین یہ دونون بزرگ پیغمبر بھی بناتے اور دعا کرتے جاتے کہ رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ ای رب ہمسے قبول فرما تو ہی اچھا سننے والا جاننے والا ہی۔ ف کہ بندون کی دعائین سنتا اور اونکے اخلاص بندگی کو جانتا ہی وہیب ابن الورد جب اس آیت کو پڑھتے تو روتے اور کہتے کہ خلیل اللہ عمارت بیت اللہ اوٹھاتے پھر بھی خوفناک ہین کہ شاید قبول نہو (ابن ابی حاتم) شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ اللہ تعالے نے مومنین صادقین کا یہی حال بیان فرمایا بقولہ۔ والذین یوتون ما اتوا وقلوبہم وجلۃ

الآیۃ یعنے راہ الٰہی مین صدقات دیتے حالانکہ اونکے دل ٹھہرتے کہ ایسا نہو جو قبول نہو اور یہی حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا مین بروایت صحیح وارد ہی۔ بعض مفسرین نے کہا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام تو بنیاد اوٹھاتے تھے اور اسمعیل علیہ السلام یہ دعا کرتے جاتے تھے لیکن صحیح یہ ہی کہ دونون بنیاد اوٹھاتے اور دونون دعا کرتے تھے اور تتمۂ دعا یہ ہی۔ رَبَّنَا وَاجْعَلْنَا مُسْلِمَيْنِ لَكَ وَمِنْ ذُرِّيَّتِنَا أُمَّةً مُسْلِمَةً لَكَ وَأَرِنَا مَنَاسِكَنَا وَتُبْ عَلَيْنَا إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ۔ ہمارے رب اور ہم دونون کو اپنی خدمت کے واسطے مطیع کرلے اور ہم دونون کی ذریات مین سے بھی ایک امت کو اپنے واسطے مطیع کرلے اور ہمکو ہمارے مناسک دکھلا اور ہمپر مغفرت سے رجوع فرما بیشک تو رجوع فرمانے والا رحیم ہی ف یہ گرچہ دعاے اول کا تتمہ ہی لیکن درمیان مین ربنا (ہمارے رب) بڑھانے مین اپنے رب عزوجل کے ترحم کی آرزو ہی اسیواسطے دعا مین مستحب ہی کہ جتنی باتین ہون یہ اور یہ آخر تک ان سب کے بیچ مین عزوجل کی حمد وثنا اور اپنی بندگی کا اشارہ لاوے مثلاً ای رب میرے مین بہت گنہگار ہون اپنے گناہون کا معترف ہون مجھے اپنے فضل ورحمت سے بخش دے اور ای رب میرے مین ضعیف عاجز ہون اپنی طاقت وقوت کے گمان سے بیزار ہون تیری ہی حول وقوت پر بھروسا کرتا ہون تو ہی مجھے اپنی قوت سے اپنی خدمت مین قبول کرلے اور ای رب میرے مین اپنی ذات سے اس لائق نہین ہون مگر تو اپنے فضل ورحمت سے مجھے اپنے نیک بندون کے ساتھ ملادے اور یہ طریقہ سورۂ بقرہ وسورۂ آل عمران کے آخری رکوع مین انشاء اللہ تعالے خود معلوم ہوجائیگا اور یہان مسلمین سے مطیعین مراد ہی کیونکہ اون دونون کو ایمان نبوت حاصل تھا تو رفع درجات کے واسطے خدمات وطاعات کی دعا فرمائی اور یہ دلیل ہی کہ خالق افعال حق عزوجل ہی جیسے ایمان کو بندے کے دل مین پیدا کرنے والا بھی وہی حق سبحانہ تعالے ہی اور یہان اس نکتۂ لطیف پر غور کرنا چاہیے کہ اولاد اسمعیل علیہ السلام مین سے ایک امت مومنہ کے لیے اہتمام عجیب فرمایا کہ اونکے واسطے اول خانہ کعبہ بنوایا اوسکے بعد دو پیغمبرون سے یہ دعا کرائی اور چونکہ خانۂ کعبہ کو تمام مساجد پر شرف حاصل ہی تو جس امت مسلمہ کے واسطے اس بیت اعظم کو قبلہ بنایا اوسکی شرافت خود سمجھ لینا چاہیے اور یہ قیاس نہین ہی بلکہ حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر ناظور مبارک اپنے حق مین فرمایا ہی کہ ہمیشہ اللہ عزوجل نے مجکو دو فریق مین سے بہتر فرقہ مین رکھا یعنے آپکا نطفۂ مبارک ہر زمانہ مین ایسی قوم مین منتقل ہوتا آیا جو اللہ تعالے کے نزدیک سب سے بہتر تھا پس حضرت اسمعیل واسحق علیہما السلام مین سے حضرت اسمعیل افضل ہین چنانچہ قولہ تعالے۔ تلک الرسل فضلنا بعضهم على بعض الآیۃ۔ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے مدلل آویگا لیکن یہ مسئلہ اسواسطے اجمالاً مذکور کیا جاتا ہی کہ عوام لوگ دوسرے پیغمبر کی نسبت کوتاہ نظر سے دیکھتے ہین حالانکہ کسی پیغمبر کی شان مین ذرا سی بھی نقص کی نگاہ کرنا کفر ہی لہذا اوپر فرض ہی کہ جب اسطرح دو پیغمبرون مین ذکر آوے تو پہلے مفضول کو کمال تعظیم نبوت کی نظر سے دیکھین گویا آفتاب کامل ہی پھر جب ایسے افضل پیغمبر بتلایا جائے تو قدرت الٰہی کی راہ سے خوشی وتعجب کے ساتھ سبحان اللہ کہین اور عظمت حق عزوجل کے تحت مین نیست ہوجاوین کہ حضرت خالق عزوجل کی شان کبریائی وہ ہی کہ جسنے اپنے بندون مین ایسے ایسے بزرگ پیدا فرمائے جنکی شان ہمارے قیاس سے باہر ہی۔ بالجملہ یہ امت مسلمہ ایک مدت تک اولاد اسمعیل علیہ السلام سے چلی آئی پھر وہ لوگ مشرک ہوگئے پھر اللہ عزوجل نے حضرت خاتم النبیین محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرماکر اس دعاے ابراہیم و اسمعیل علیہما السلام کو کامل فرمایا کیونکہ اگلی آیت مین اس دعا کا تتمہ۔ ربنا وابعث فیهم رسولا منهم یتلوا علیهم آیاتک الآیۃ مخصوص بیشان ہی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی چنانچہ شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ خانہ کعبہ بھی اللہ تعالے کے نزدیک بلد الحرام لکھا ہوا مقدر تھا جیسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھی اللہ تعالے کے نزدیک خاتم النبیین مکرم تھے باوجودیکہ آدم علیہ السلام کا قالب خاکی بھی ہنوز تیار نہین ہوا تھا چنانچہ حدیث صحیح مین

مصرح و مشہور ہی اور دعاے ابراہیم یعنے ربنا وابعث فیہم رسولا منہم الآیۃ - مین محقق مذکور ہی لہذا صحابہ رضی اللہ عنہم نے جب آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے آپکی ابتداے شان کو پوچھا تو آپ نے فرمایا کہ مین اپنے پدر اعلی حضرت ابراہیم کی دعا ہون اور اپنے برادر عیسی بن مریم کا بشری ہون
در جیب مین پیدا ہوا میری والدہ نے ایک نور دیکھا جس سے شام کے مکانات روشن ہو گئے (ابن کثیر) مترجم کہتا ہی کہ بچپن مین جب حضرت سرور
عالم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حلیمہ سعدیہ کی رضاعت مین تھے اور آپ جنگل کی جانب مع فرزند حلیمہ یعنے رضاعی بھائی کے تشریف لے گئے
اور آپ نے برادر رضاعی کو کسی مقصد سے گھر بھیجا تو آپنے دیکھا کہ دو پرند سفید اُرتے آتے ہین پس ایک نے کہا کہ یہ وہی تو ہین دوسرے نے کہا کہ ہان
پس دونون اوتر پڑے حالانکہ وہ دونون فرشتے تھے اور اونھون نے آپکا سینہ شق کرکے اوسمین سے حظ شیطان نکال ڈالا اور نور سے معمور کر دیا اور
جب برادر رضاعی آیا تو آپ کو سب طرح تندرست پایا لیکن شق الصدر کا نشان ظاہر تھا اور آپکا چہرہ کسیقدر متغیر تھا پس اوس مرد سعید نے
اپنی والدہ حلیمہ سے ذکر کیا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی حال بیان کر دیا حضرت حلیمہ نے متردد ہو کر آپ کو ہمراہ لیکر مکہ معظمہ مین لاکر آپکی
والدہ ماجدہ کے سپرد کر دیا اور یہی عذر بیان کیا تو آپ کی والدہ ماجدہ کو اس بات سے کچھ بھی تعجب نہوا بلکہ فرمایا کہ ہان مین نے تو اسکی پیدائش کے
وقت عجب نور دیکھا کہ مجھے ملک شام کے قصور نظر آتے تھے (رواہ الدارمی) رہا یہ امر کہ شام کے قصور خاصۃ ظاہر ہونے مین کیا حکمت تھی تو
عنقریب انشاء اللہ تعالے بیانکیا جائیگا اور چونکہ شیخ امام ابن کثیر نے اس مقام پر حضرت اسمعیل علیہ السلام کا یہان بہنا بروایت بخاری
بیان کیا اور بیشک اوسکا ذکر موزون ہی لہذا مترجم چاہتا ہی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کا بھی مختصر حال ابتدا سے بیان کرکے اس روایت صحیح سے
مربوط کرے چونکہ مقدمہ مین اور نیز ان آیات کی تفسیر مین فی الجملہ ذکر ہو چکا ہی تو اوسکے اعادہ سے تطویل دنیا بیفائدہ ہوگا پس مختصر بیان یہ ہی کہ
بعض مورخین نے لکھا کہ قدیم زمانہ مین بابل تا بغداد بہت زرخیز ملک شاہ نمرود بت پرست کی سلطنت مین تھا جو حماقت سے خدائی کا دعوے
کرتا تھا اوسکو نجومیون نے آگاہ کیا کہ امسال تیری سلطنت مین ایک لڑکا پیدا ہوگا جس سے تیرا زوال ہوگا لہذا نمرود نے ہر مولود کو قتل کرنا
شروع کیا حضرت ابراہیم علیہ السلام کی والدہ نے یہ دیکھکر پہاڑ کے غار مین وضع حمل کے بعد چھوڑ دیا کہ آنکھون کے سامنے قتل ہونے سے
بہتر ہی کئی دن کے بعد بیتاب ہوکر وہان رونے لگیں تو دیکھا کہ بچہ زندہ پڑا ہوا انگلیان چوستا ہی اللہ تعالے نے انکو اسی طرح رزق دیا اور دونون
ایسا بڑھتے جیسا کوئی بچہ سالون پڑھتا ہی حتی کہ ایک برس کے بعد باہر آکر عجائب قدرت الہی مین فکر کرنے لگے پہلے تارا پھر چاند پھر سورج کو
خدا مانا لیکن ہر ایک اپنی حالت سے متغیر ہوکر ڈوب گیا تو پہچانا کہ یہ سب مخلوقات ہین اور میرا رب وہی ہی جو ان سب کا خالق ہی بعض نے
کہا کہ نہین بلکہ انکی والدہ انکو غار کے اندھیرے سے نکال کر گھر لائین چونکہ پندرہ برس کے جوان معلوم ہوتے تھے تو کسی نے انکو سال گذشتہ
کی پیدائش بتجانا آخر جب چالیس برس مین نبوت ہوئی تو اپنی قوم کو دیکھا کہ ستارے پوجتے ہین تو اونکی فہمائش کے واسطے ایک ستارہ کو
چمکتا ہوا دیکھکر فرمایا کہ یہی رب ہی جب وہ صبح کو نابود ہوا تو چاند کو رب بنایا وہ بھی غروب ہوا تو کہا کہ سورج سب سے بڑا ہی پھر جب وہ بھی ڈوبا
تو حجت قائم کی کہ ایسی متغیر و ڈوبنے والی چیزین کیونکر رب ہوسکتی ہین بلکہ رب وہی ہی جسنے سب کو پیدا کیا - مترجم کہتا ہی کہ انکی قوم کثر تعین
ستارہ پرست تھے چنانچہ صابئین کے بیان مین ذکر ہو چکا ہی اسیطرح یہ لوگ اون ستارون کے موافق بت بنا کر انپر ارباب النوع و معبود
سمجھتے تھے اور سال مین ایک روز عید کے لیے جنگل مین جمع ہوتے اوس دن فہمائش کا موقع پاکر لوگون سے کہا کہ مین بیمار ہون جب لوگ
باہر گئے تو اونکے بت خانہ مین گھسکر تبر سے سب چھوٹے بتون کے ہاتھ پانون توڑ ڈالے اور بڑے بت کی شکل بگاڑ دی اور تبر اوسکے گلے مین
رکھدیا جب یہ لوگ آئے اور یہ حال دیکھا تو غوغا ہوا کہ یہ کسنے کیا آخر چرچا ہوا کہ وہ جوان جسکا نام ابراہیم ہی وہی انکے عیوب بیان کیا کرتا تھا

آخر انکو پکڑ کر لے گئے تو آپ نے فرمایا بلکہ انھیں میں سے بڑے بت نے کیا ہی پس تم انسے پوچھو اگر بول سکتے ہوں (مطلب تھا کہ اسی بت کی شامت نے ایسا کرایا اگرچہ یہ ظاہر ہی کہ خود بت کیونکر کرتا اسیواسطے فرمایا کہ انسے پوچھو اگر بولتے ہیں) کہنے لگے کہ یہ تو خوب معلوم ہی کہ یہ بول نہیں سکتے ہیں فرمایا کہ پھر تم ایسی چیزوں کو اپنا خدا بناتے ہو کہ جسکو بولنے کی بھی طاقت نہیں اور جو اپنی ذات پر سے مار پیٹ دور نہ کرسکا وہ تمکو کیا نفع و ضرر پہونچا دیگا یہ سنکر شرمائے اور راہ ضلالت سے نور توحید کی جانب جھکے لیکن ازلی کافروں کے قلوب پر مہر ہوتی اور راہ بند ہوتی ہی پس نور نہ پایا و نکسوا علی رؤسہم - یعنے سر کے بل اوندھے ہو گئے اور کہنے لگے کہ تم ہمکو ہمارے باپ دادوں کے دین سے پھیرنا چاہتے ہو حضرت نے فرمایا - انتم و آباؤکم فی ضلال مبین - یعنے تم اور تمہارے باپ سب ہی کھلی گمراہی میں پڑے ہو - نمرود بولا کہ اصلی معبود میں ہوں اور یہ تو میرے تابعین ہیں اور میں کیا نہیں کرسکتا ہوں جو تمہارا خدا کرسکتا ہی حضرت نے فرمایا کہ میرا پروردگار تو زندگی و موت دیتا ہی نمرود احمق نے دو قیدیوں کو بلایا جنمیں ایک بری تھا اور دوسرا پھانسی کے قابل تھا پس بے خطا کو پھانسی دیدی اور جو پھانسی کے قابل تھا اوسکو چھوڑ دیا اور کہنے لگا کہ دیکھو میں بھی زندگی و موت دیسکتا ہوں حضرت نے اوسکو سخت احمق دیکھکر فرمایا کہ میرا رب تو آفتاب کو مشرق سے نکالتا ہی بھلا تو اوسکو مغرب کی طرف سے تو نکال پس یہ کافر مبہوت ہو کر رہگیا اور ابراہیم علیہ السلام نے لوگوں کو دعوت توحید فرمائی مگر وہ نصوں نے بجائے ایمان کے نمرود سے بتوں کا قصاص چاہا اور متفق ہوے کہ اپنے بتوں کی مدد کرو اور ابراہیم کو آگ میں جلا دو کہ یہ اپنے خدا کی بہشت پر مغرور ہی پس نمرود نے بہت بڑا لکڑیوں کا انبار جمع کرکے آگ لگائی کہ جسکا شعلہ پہاڑ تک بلند ہوتا حتی کہ پرند اوپر سے نہیں اڑسکتا تھا تو کسیکو اوسکے قریب جانے ہی کی مجال نہیں تھی حیران ہوے کہ ابراہیم کو اسمیں کیونکر ڈالیں آخر کار پہاڑ پر گوپھن لگا کر اوسمیں بٹھا کر پھینکنا چاہا یہ حال دیکھکر ملائکہ آسمان و زمین تھرائے کہ ای رب عزوجل اپنے بندۂ صالح ابراہیم علیہ السلام پر رحم فرما حکم ہوا کہ اچھا جاؤ جو کچھ ابراہیم مدد مانگے اوسکو مدد پہونچاؤ یہ سنکر بڑی خوشی سے باری باری بڑے بڑے ملائکہ آئے کہ حکم ہو ہم پانی سے یہ آگ بجھا دیں کیسینے کہا کہ ہوا سے یہ آگ نمرودیوں پر ڈالیں مگر آپ نے سکوت کیا آخر جبرئیل علیہ السلام نے اخلاص کیا کہ آپ کیوں نہیں کہتے تاکہ میں یہ تختہ لوٹا دوں آپ نے فرمایا کہ ای جبرئیل مجھے تمہاری حاجت نہیں ہی کیونکہ میرا رب عزوجل کافی ہی یہ آواز سنکر ملائکہ آپ کے کمال یقین پر تعجب کرنے لگے لیکن جبرئیل علیہ السلام نے عرض کیا کہ اچھا آپ اپنے رب عزوجل ہی سے مدد مانگیں آپ نے فرمایا کہ ای جبرئیل کیا وہ میرے حال کو نہیں جانتا ہی جبرئیل نے کہا کہ کیوں نہیں تو فرمایا کہ پھر اوسکا جاننا میرے واسطے بہت کافی ہی اتنے میں کافروں نے آپکو پھینکا تو حضرت رب عزوجل جسکے قبضۂ قدرت میں تمام کائنات مسخر ہی اوسکا حکم پہونچا کہ ای آگ تو ابراہیم کے واسطے خنک خوشگوار ہو جا پس وحی سنے ابراہیم علیہ السلام کو اپنی گود میں لے لیا اور لوہے کی زنجیر و بند و سب پانی کر دیے اور حضرت ابراہیم علیہ السلام اوس گلزار میں تخت پر علیٰ بہشتی پہنے نماز میں مشغول ہوے کیونکہ کافروں نے آپکو برہنہ کرکے آگ میں پھینکا تھا روایت ہی کہ چالیس روز میں دھوان نمرود ہوا اور انگارے ہو گئے تو نمرود اپنے محل کے کوشک پر سیر دیکھنے چڑھا اور اوسکا دل خائف تھا ناگاہ دیکھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نماز میں مشغول ہیں یہ ہولناک منظر دیکھکر قریب تھا کہ بیہوش ہو کر گرے آخر سنبھل کر غور کیا تو معلوم ہوا کہ بیشک ابراہیم علیہ السلام ہیں اور آواز دیکر باہر بلایا حضرت ابراہیم علیہ السلام اون انگاروں کو طے کرتے ہوے باہر آئے نمرود خوفناک متحیر ہو کر عرصہ تک گھر سے باہر نہیں نکلا اور سوچتا تھا کہ اسلام لاؤں لیکن بخبثی سے اوسکا نفس بھپتا آخر کار ابراہیم علیہ السلام سے کہا کہ تمہارا رب بیشک زبردست بادشاہ ہی میں اوسکے واسطے قربانی کرونگا حضرت ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تک تو کفر نہ چھوڑے تیری طاعت قبول نہو گی - روایت ہی کہ اوسنے چار ہزار گائیں قربانیاں کیں نمرود سے پوشیدہ تھوڑے لوگ ایمان لائے از انجملہ حضرت لوط علیہ السلام جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بھتیجے تھے اور حضرت سارہ جو انکے چچا کی بیٹی تھیں

مسلمان ہو گئے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ سے نکاح کر لیا جب نمرود کو کچھ خفیہ حال معلوم ہوا تو اوسنے حکم دیا کہ تم میری باشاہی سے تباہ کروگے تم یہان سے نکل جاؤ آپنے بحکم الٰہی عزوجل ہجرت اختیار کی اور چلتے وقت اپنے باپ سے کہا کہ میرے ساتھ چلو میں تمکو راہ راست بتلاؤنگا اوسنے نہ سمجھا یا مگر اوسنے ازلی بدبختی سے جواب دیا کہ ای ابراہیم تو میرے بتون کی بدست اور مجکو بہکانے سے درگذر ورنہ میں تجھے پتھرون سے مار ڈالونگا اور میرے تیرے درمیان مدت تک جدائی ہے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ میں تمھارے واسطے دعا کرونگا کیونکہ میرا رب مجپر بہت مہربان ہے اور حضرت لوط نے کہا کہ میں ایمان لایا اور اپنے رب عزوجل کی جانب ہجرت کرتا ہون اور حضرت سارہ بھی ساتھ ہو گئیں حضرت ابراہیم علیہ السلام مع سارہ کے جاتے جاتے ملک مصر میں پہونچے وہان کے بادشاہ فاسق نے سنا کہ ایک مسافر کے ساتھ نہایت حسین عورت ہے تو اوسنے اپنے آدمی بھیجے اگر اوسوقت ظاہر کیا جاوے کہ ابراہیم علیہ السلام شوہر ہین تو شاید وہ فاسق انکو قتل کرا کے حضرت سارہ کو طلب کرتا لہذا آپنے حضرت سارہ سے کہا کہ تو میری دینی بہن ہے اور اس ملک میں بجز میرے اور تیرے کوئی مسلمان نہین ہے پس میں لوگون سے یہی کہتا ہون کہ میری بہن ہے پس وہ لوگ حضرت سارہ کو لیجانے آئے کہ یہان کا بادشاہ بلاتا ہے تاکہ حال دریافت کرے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے صبر کیا اور نماز میں مشغول ہو گئے ادہر حضرت سارہ جب اس بادشاہ کے یہان پہونچین تو اوسنے بظاہر حال دریافت کیا اور تنہا مکان میں مکر کا قصد کیا حضرت سارہ نے اللہ تعالے سے پناہ مانگی کہ ناگاہ اس شاہ فاسق کو مرگی نے دبوچا جسکے صدمہ سے اوسکی آنکھین نکل آئین اوسنے اشارہ سے کہا کہ میرے حال پر رحم کر میں پھر ایسا نہین کرونگا لیکن جیسا وس حالت سے چھوٹا تو پھر تھوڑی دیر کے بعد مکر کا قصد کیا اور ایکمرتبہ اول سے بھی زیادہ بدتر کیفیت ہوئی اور اوسنے پھر عاجزی کی اور بعد رہائی کے پھر وہی مکر کا قصد کیا اور اس مرتبہ قریب المرگ ہو گیا اور بہت عاجزی سے جب نجات پائی تو فوراً حکم دیا کہ یہ کوئی جنیہ ہے اور خوف سے ہاجرہ یا آجرہ نامی کنیز انکے حوالہ کی اور کہا کہ ہمارے ملک سے ان سب کو خارج کرو۔ کہتے ہین کہ آجرہ بھی کوئی بزرگ زادی تھی اور فاسق مذکور اسپر بھی قادر نہین ہوتا تھا لہذا اسنے جنیہ سمجھکر دونون کو نکال دیا حضرت سارہ رضی اللہ عنہا وہان سے واپس آئین تو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے سلام پھیرا تو اون سے بیان کیا کہ اللہ تعالے نے مکر کافر کو مردود کیا اور یہ آجرہ خدمتگاری کے واسطے حاصل ہوئین اور تمام واقعہ بیان کیا اور شاہ فاسق کے سپاہیون نے حکم پہونچایا کہ تم لوگ یہان سے نکل جاؤ ورنہ قتل کیے جاؤ گے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام وہان سے واپس ہو کر ملک شام میں قریب فلسطین کے اترے اور اللہ تعالے نے انکی زراعت میں برکت عطا فرمائی اور گائے بکریان بکثرت ہو گئین اور اپنے مہمان نوازی فرض فرمائی اور یہین سے لوط علیہ السلام کو دیہات سدوم کی جانب وارد کیا کہ بنیابت ابراہیم علیہ السلام کے لوط علیہ السلام وہان پیغمبر ہوے اور بعد ہجرت حضرت ابراہیم علیہ السلام کے جو حال نمرود کا ہوا وہ اپنے موقع پر بیان ہوگا پھر حضرت سارہ رضی اللہ عنہا نے ایک روز حضرت ابراہیم علیہ السلام سے کہا کہ مجھسے تمھاری اولاد نہین ہوئی اگر چاہو تو آجرہ کو تمھین بخش دون حضرت نے اسکو منظور کیا اور اوسسے حضرت اسمعیل علیہ السلام پیدا ہوے لیکن آخر مین حضرت سارہ کو رشک ہوا تو چاہا کہ اپنی نظر سے دور کرین۔ بعض نے کہا کہ اللہ تعالے نے انکو زمین مکہ مین پہونچانے کا حکم دیا صحیح بخاری مین ابن عباس رضی سے روایت ہے کہ عورتون مین سے جسنے پہلے پٹکا باندھا وہ مادر اسمعیل علیہ السلام ہین کہ اونھون نے اسواسطے پٹکا باندھا تھا کہ سارہ رضی اللہ عنہا پر اثر حمل ظاہر نہو پھر ابراہیم علیہ السلام اونکو اور اسمعیل علیہ السلام کو اپنے مقام شام سے لیکر چلے حالانکہ اسمعیل علیہ السلام اوسوقت دودھ پیتے تھے پس اونکو لاکر بیت العتیق کے پاس ایک درخت کے نیچے جو زمزم سے اوپر کو اعلاے مسجد مین تھا بٹھا دیا یعنے اوس زمانہ مین صرف اس درخت کا نشان تھا اور مکہ مین اذنون کوئی آدمی نہ تھا اور نہ یہان پانی تھا پس ان دونون کو وہان بٹھا کر ایک مشک پانی اور ایک تھیلی چھوہارے کی رکھی اور منہ موڑ کر جانب شام روانہ ہوے تو حضرت آجرہ اونکے پیچھے چلین اور کہنے لگین کہ

ای ابراہیم آپ ہمکو کہان چھوڑے جاتے ہین کہ اس وادی مین نہ کوئی چیز ہی اور نہ کوئی مونس و غمخوار ہی آجرہ نے یہ کلمہ بار بار کہا مگر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کچھ جواب نہ دیا تب پوچھا کہ اللہ تعالے نے کیا آپ کو یہ حکم دیا ہی فرمایا کہ ہان تو آجرہ نے کہا کہ اچھا آپ تشریف لیجائیے اللہ تعالے ہمکو ضائع نہین فرماویگا جب ابراہیم علیہ السلام نکلکر ثنیۃ الوداع تک پہونچے (اور آپکو بتلادیا گیا تھا کہ یہین بیت العتیق ہی) تو طائف کعبہ کی طرف منھ کرکے دعا مانگی کہ الٰہی مین نے اپنی بعض ذریات کو بے زراعت وادی مین تیرے بیت الحرام کے پاس بسایا ہی پھر جانب شام فلسطین روانہ ہوگئے اور اس بیابان مین آپ مین آجرہ رضی اللہ عنہا تنہا رہتین اور جب تک اس مشک مین پانی رہا پیا کرتی تھین پھر جب پانی چک گیا تو پیاس غالب ہوئی اور لڑکے کا دم بھی تلے اوپر ہونے لگا آجرہ نے آنکھون سے یہ حالت دیکھنا گوارا نکیا اور کوہ صفا کو سب سے نیچا پہاڑ پاکر چڑھین اور جنگل مین دور دور نظر ڈالی مگر کوئی نظر نہ آیا پھر صفا سے اوتر کر وادی سے دامن اوٹھاکر مروہ کی جانب دوڑین جیسے مرد پریشان دوڑتا ہی حتی کہ مروہ پر چڑھکر نظر کی تو کوئی نظر نہ آیا اور سات مرتبہ یہی حالت ہوئی۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ اسیوجہ سے لوگ ان دونون کے درمیان سعی کرتے ہین پھر جب آجرہ کو مروہ پر تھین تو ناگاہ ایک آواز سنی تو اپنے جی مین کہا کہ ٹھہر ٹھہر کان لگائے تو وہی آواز سنی تب کہا کہ تو نے آواز سنائی اگر مدد گار ہی تو میری مدد کر پس ناگاہ جبرئیل علیہ السلام کو وہان دیکھا جہان چاہ زمزم ہی پس جبرئیل علیہ السلام نے اپنی ایڑی یا پر سے یا بازو سے وہ مقام کھودا یا آجرہ نے اوسکو بطور حوض بنانا شروع کیا اور اوسکا پانی لیکر مشکیزہ مین بھرتی تھین جلانکہ بعد اوبلنے کے وہ جوش کرتا تھا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ اسمعیل علیہ السلام کی والدہ پر اللہ تعالے رحم کرے کہ اگر وہ اوسکو بہتا چھوڑتین تو زمزم ایک عمیق چشمہ ہوجاتا ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ پھر آجرہ نے پانی پیا اور اپنے فرزند کو پلایا اور فرشتہ نے اونسے کہا کہ تم اپنے ضائع ہونیکا خوف نکرو کہ یہان بیت اللہ ہی جسکی عمارت یہ لڑکا اور اسکا باپ بناویگے اور اللہ تعالے اپنے بندون کو ضائع نہین فرماتا ہی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ بیت العتیق اوس زمانہ مین ٹیلہ کی طرح زمین سے بلند تھا اور جب سیل آجاتی تو اوسکے دائین بائین ہوکر نکل جاتی تھی پھر جب سے وہ زمانہ یہی حال رہا یہانتک کہ قبیلہ جرہم کے کچھ لوگ یا ایک خاندان جرہم کے لوگ جانب کداء سے آکر اسفل مکہ مین اوترے یہ راہ مین پرندون کو دیکھا تو اونھون نے دیکھا کہ آلفہ پرند اوڑتے ہین تب آپسمین کہنے لگے کہ یہ پرند تو پانی کے گرد اوڑا کرتے ہین اور ہم تو ہمیشہ اس وادی مین آئے اور کبھی پانی نہین پایا پس اونھون نے ایک یا دو آدمی دوڑائے کہ ناگاہ اونھون نے دیکھا کہ پانی کا ایک چشمہ ہی جسے اونھون نے یہ خوشگوار پانی پایا اور دیکھا کہ پانی کے پاس آجرہ مادر اسمعیل ہین تو اونسے عرض کیا کہ اگر آپ ہمین اجازت دین تو ہم بھی اس پانی کے پاس اوترین آجرہ نے کہا کہ اچھا لیکن اس پانی مین تمھارا حق نہوگا کہنے لگے کہ یہ ہمکو منظور ہی ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ یہ اتفاقی بات تھی کہ مادر اسمعیل خود چاہتی تھین کہ یہان کوئی مونس ہو پھر جرہمیون نے اپنے گھر والون کو بلایا وہ سب آکر یہین اوترے یہانتک کہ مکہ مین اونکے چند گھر ہوگئے اور یہ لڑکا بڑا ہوا تو جوانی مین اون سب سے افصح و اعجب تھا اور اونھین سے زبان عربی سیکھی پھر آجرہ نے انتقال فرمایا حالانکہ جرہم نے اپنی لڑکی حضرت اسمعیل کو بیاہ دی تھی اسکے بعد ابراہیم علیہ السلام دیکھنے آئے (مشہور یہ کہ اٹھارہ برس کے بعد آئے تھے) جب گھر مین پہونچے تو اسمعیل علیہ السلام کو نپایا اور اپنی بہو سے پوچھا تو اوسنے کہا کہ ہمارے واسطے رزق تلاش کرنے گئے ہین (تیر سے شکار مارلاتے تھے) پھر ابراہیم نے اس عورت سے بسر اوقات کا حال پوچھا تو اوسنے عرض کیا کہ ہم لوگ بری طرح سختی و تکلیف مین ہین یعنے اپنی بسر اوقات کی شکایت کی ابراہیم نے فرمایا کہ جب تیرا شوہر آوے تو کہیو کہ ایک بوڑھے نے سلام کہا کہ اور یہ کہہ گیا ہی کہ اپنے دروازہ کی چوکھٹ بدل دے پھر جب اسمعیل آئے تو جیسے کسیکو آہٹ مل جاتی ہی اپنی زوجہ سے پوچھا کہ کیا کوئی آیا تھا بولی کہ ہان ہمارے یہان ایک ایسا بوڑھا آیا تھا

اور ہمسے تمہارا حال پوچھا تو ہمنے کہدیا اور ہمسے کبار وقات کو پوچھا تو مین نے کہا کہ ہم لوگ سختی و تکلیف مین ہین اسمعیل علیہ السلام نے کہا کہ تجھے کچھ وصیت کی ہی کہنے لگی کہ ہان مجھے کہا کہ تو اپنے شوہر کو سلام کہیو اور اوس سے کہیو کہ اپنے دروازہ کی چوکھٹ بدل دے اسمعیل نے کہا کہ یہ میرے باپ ہین اور مجکو حکم دیا کہ مین تجھے جدا کردون پس اوسکو طلاق دیکر اوسکے گھر والون مین بھیجدیا پھر جرہم مین سے دوسری عورت سے نکاح کیا اور ابراہیم علیہ السلام ایک مدت تک نہین آئے پھر جب اللہ تعالے نے چاہا تب آئے اور اسمعیل کو نپایا اور اونکی بی بی یعنے اپنی بہو سے پوچھا تو اوسنے کہا کہ ہمارے واسطے رزق تلاش کرنے گئے ہین فرمایا کہ تم لوگ کس حال مین ہو وہ بولی کہ ہم اچھی طرح آسایش مین ہین اور اللہ تعالے کا شکر بیان کیا آپ نے کھانے پانی کو پوچھا تو اوسنے عرض کیا کہ گوشت و پانی ہماری غذا ہی آپنے دعا کی کہ الہی انکے گوشت و پانی مین برکت دے (اور ایک روایت مین ہی کہ اوسنے خدمتگذاری سے ایک پتھر پر بٹھلا کر سر دھلایا اور نہلایا) ابن عباس رضی نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ اس زمانہ مین اہل مکہ کے یہان اناج نہ تھا اور اگر ہوتا تو ابراہیم علیہ السلام اوسمین بھی برکت کی دعا فرماتے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوائے مکہ کے اگر کہین کوئی شخص خالی گوشت و پانی پر اکتفا کرے تو موافق نہونگے پھر ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا کہ جب تیرا شوہر آوے تو اوسکو سلام کہیو اور حکم دیجیو کہ اپنے دروازے کی چوکھٹ قائم رکھے پھر جب اسمعیل علیہ السلام آئے تو پوچھا کہ کیا تمہارے یہان کوئی آیا تھا زوجہ نے کہا کہ ہان ایک بزرگ نورانی صورت آئے تھے اور اونکی تعریف بیان کی پھر تمہارا حال پوچھا تو مین نے بیان کیا پھر ہماری بسر اوقات دریافت کی مین نے کہا کہ ہم لوگ اچھی طرح ہین اسمعیل نے پوچھا کہ تجھے کچھ وصیت فرمائی کہا کہ ہان وہ تمکو سلام کہہ گئے اور حکم دیگئے کہ اپنے دروازہ کی چوکھٹ قائم رکھیو فرمایا کہ یہ میرے باپ ہین اور وہ چوکھٹ تو ہی کہ مجھے حکم دیگئے کہ تجھے اپنے نکاح مین رکھون پھر چند روز تک ابراہیم علیہ السلام نہین آئے پھر جب اللہ تعالے نے چاہا تب آئے اور اوسوقت اسمعیل علیہ السلام ایک درخت کے نیچے جو زمزم کے قریب تھا اپنے تیر درست کرتے تھے پھر جب اسمعیل علیہ السلام نے دیکھا تو کھڑے ہوگئے اور جس طرح باپ اپنے بیٹے کے ساتھ یا بیٹا اپنے باپ کے ساتھ کرتا ہو وہ سب اسم پورے کیے پھر فرمایا کہ ای اسمعیل اللہ تعالے نے مجھے ایک کام کا حکم دیا ہی اسمعیل نے کہا کہ آپ حکم رب عزوجل پورا فرمایئے آپ نے فرمایا کہ تو میری اعانت کریگا کہا کہ جی ہان فرمایا کہ اللہ تعالے نے مجھے حکم دیا ہی کہ مین اس بلند ٹیلے پر بیت بناؤن پس دونون نے قواعد بیت کو اونچا کرنا شروع کیا پس اسمعیل علیہ السلام تو پتھر لاتے تھے اور ابراہیم علیہ السلام اوسکو بناتے جاتے تھے جب عمارت اونچی ہوئی تو اسمعیل نے یہ پتھر لاکر رکھا اور ابراہیم اوسپر کھڑے ہوکر بنانا شروع کیا اور اسمعیل پتھر لاتے اور دونون کہتے جاتے تھے۔ ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم۔ یہانتک کہ اوسکا دور پورا کیا۔ (رواہ عبد بن حمید و ابن ابی حاتم و ابن جریر وغیرہم) اور بخاری کی دوسری روایت مین اسیکے مانند مذکور ہی اور اوسمین آیا کہ جب آجرہ نے کہا کہ تم مجھے کس پر چھوڑتے ہو تو ابراہیم نے فرمایا کہ اللہ کے بھروسہ پر پس آجرہ نے کہا کہ مین اپنے رب عزوجل کے بھروسہ پر راضی ہون اور اس روایت مین ہی کہ جبرئیل علیہ السلام نے اپنی ایڑی زمین پر ماری تو پانی ابل آیا اور اس روایت مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مکہ کی برکت بدعاے ابراہیم علیہ السلام ہی۔ شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ یہ روایت آئی ہی کہ ابراہیم علیہ السلام براق پر سوار ہوکر سرعت کے ساتھ مکہ مین ان لوگون کی زیارت کو آتے تھے پھر شام مین لوٹ جاتے تھے شیخ ابن کثیر رح نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت سے ذکر کیا کہ ابراہیم علیہ السلام اول ہی مرتبہ بیت بناکر اسمعیل و اونکی والدہ کو چھوڑ گئے تھے اور شاید مراد یہ ہی کہ وہان پتھر رکھکر احاطہ کے مانند بنا گئے ہون۔ اور دوسری روایت ابن جریر مین ہی کہ حجر اسود کو جبرئیل علیہ السلام نے آسمان سے لاکر دیا اور ابن ابی حاتم نے کعب احبار سے روایت کی کہ زمین کی پیدایش سے چالیس برس پہلے اللہ تعالے نے بیت العتیق کو پانی پر مثل جھین کے پیدا

کیا اور بیچ میں سے زمین بچھائی گئی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کی روایت ابن جریر و قول سدی وغیرہ میں ہے کہ ریح الخجوج نے حضرت ابراہیم کو بیت العتیق کی جگہ بتلائی اور سدی رحمہ اللہ نے کہا کہ حجر اسود تو جنت سے آدم علیہ السلام ساتھ لائے تھے اور جبرئیل نے ہند سے لاکر ابراہیم علیہ السلام کو سپرد کیا اور امام احمد کی روایت ابن عباس رضی اللہ عنہ میں ہے کہ قواعد البیت پہلے سے موجود تھے پھر ابراہیم علیہ السلام نے اونکو بلند کیا اور عبد الرزاق کی روایت عطاء میں ہے کہ اللہ تعالے نے ایک یاقوت جنت کو مقام بیت العتیق میں اتارا جو طوفان میں اوٹھا لیا گیا۔ اور عبد الرزاق نے عطاء سے روایت کی کہ بنائے کعبہ پانچ پہاڑوں حرا و طور زیتا و طور سینا و جودی و احد سے ہے اور یہ بنا آدم علیہ السلام تھی اور اسی پر ابراہیم علیہ السلام نے بنایا ابن کثیر رحمہ اللہ نے کہا کہ یہ اسناد اگرچہ صحیح ہے لیکن اسمیں بعض نکارت ہے اور بخاری رحمہ اللہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حطیم منجملہ بیت اللہ کے ہے لیکن قریش نے جب خانہ کعبہ بنایا تو تنگی خرچہ کی وجہ سے اوسکو قواعد ابراہیم سے کم کر دیا اور اگر تیری قوم کا زمانہ کفر سے قریب نہوتا تو میں توڑ کر بناتا اور اسکے واسطے باب شرقی و باب غربی بناتا اور اسکی چوکھٹ زمین سے برابر کرتا (رواہ مسلم و غیرہ) ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے رکنین متصل حجر کا استلام اسیواسطے چھوڑا کہ قواعد ابراہیم پر بیت کی بنیاد نہیں ہے (الصحیحین) **(ذکر بنای خانہ کعبہ)** بعد بنائے ابراہیم علیہ السلام کے ابرہہ نے ہاتھیوں کا لشکر لیکر خانہ کعبہ گرانے کا قصد کیا جب یہ پہونچا تو قریش بہت پریشان ہوے اور عبد المطلب اوسکے پاس گئے تو اوسکو عبد المطلب سے ہیبت معلوم ہوئی اور عبد المطلب نے اوس سے بیان کیا کہ اس خانہ کا ایک رب ہے وہی اوسکی حفاظت فرماتا ہے اور اوسکے پاس سے چلے آئے پھر اللہ تعالے نے طیر ابابیل کو مسلط کیا کہ اونکی کنکریوں سے ہاتھی مع لشکر ہلاک ہوگئے اور اسی سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیدائش ہوئی پھر جب آپکی عمر پینتیس ۳۵ برس کی تھی یعنے نبوت سے پانچ برس پہلے قریش نے چاہا کہ سیل وغیرہ سے خانہ کعبہ کی بنیاد سست ہوگئی ہے اوسکو گرا کر دوبارہ بناوین۔ محمد بن اسحق نے بیان کیا کہ قریش اوسکی چھت بھی بنانا چاہتے تھے مگر اوسکے گرانے سے خوفناک تھے اور بلندی صرف قد آدم تھی تو اوسکو بلند کرنا چاہتے تھے اور اسکی وجہ یہ واقع ہوئی کہ خانہ کعبہ کے چڑھاوے کا خزانہ جوف کعبہ کے گھتے میں رہتا تھا اوسکو بعض لوگوں نے چورا لیا اور یہ خزاعہ کے آزاد کیے ہوے دو یک نام غلام کے پاس پایا گیا تھا پس قریش نے اوسکا ہاتھ کاٹ ڈالا اور لوگ کہتے ہیں کہ دو یک خود چور نہ تھا بلکہ چوروں نے اوسکے پاس رکھدیا تھا۔ ابن اسحق نے بیان کیا کہ تاجران روم میں سے ایک شخص کی کشتی مقام جدہ میں ٹوٹ گئی تو اوسکی لکڑیاں پڑی ہوئی تھیں اون لکڑیوں کو لیکر قریش نے چاہا کہ چھت بناوین اور مکہ میں ایک قبطی بڑھئی رہتا تھا جسنے اونسے وعدہ کیا کہ میں پاٹنے کا سامان درست کردونگا لیکن کعبہ کے گھتے میں سے روز ایک سانپ نکلکر دیوار پر بیٹھتا اور قریش اوس سے خوفناک ہوتے تھے کیونکہ جو شخص اوسکے قریب جاتا وہ پھن پھیلا کر منہ پھاڑ کر دوڑتا اسیطرح چند روز گذر گئے ناگاہ وہ اپنے معمول کے موافق دیوار پر بیٹھا تھا کہ اوسپر ایک پرند ٹوٹا اور پنجہ میں دبا کر لیگیا تب قریش نے کہا کہ ہمکو امید ہے کہ اللہ تعالے ہمارے کام سے راضی ہے کیونکہ اسوقت ہمارے پاس لکڑی کا سامان بھی موجود ہے اور بڑھئی بھی مل گیا اور اللہ تعالے نے سانپ کے بھی دور کر دیا پس سب لوگ اوسکے بنانے پر متفق ہوے تو عبد اللہ بن وہب بن عمرو بن عائذ بن عبد بن عمران بن مخزوم نے جاکر ایک پتھر اوکھاڑا لیکن وہ اوسکے ہاتھ سے چھوٹکر پھر اپنے مقام پر گرا تو اوسنے قریش سے کہا کہ تم لوگ اس عمارت میں سوائے پاکیزہ کمائی کے کچھ بھی داخل نکرنا حتی کہ اسمیں زنا یا سود یا کسی آدمی کا ظلم سے لیا ہوا مال نہو پھر قریش نے کعبہ کے ٹکڑے بانٹ لیے پس دروازہ کی جانب بنی عبد مناف اور بنی زہرہ نے لیا اور رکن اسود سے رکن یمانی تک بنی مخزوم نے لیا اور اونکے ساتھ چند قبائل قریش مل گئے اور پشت کعبہ واسطے بنی سہم و بنی جمح کے قرار پائی اور جانب حجر واسطے بنی عبد الدار بن قصی اور بنی اسد بن عبد العزی بن قصی اور بنی عدی بن کعب بن لوی کی قرار پائی لیکن لوگوں نے

اوسکے گرانے سے خوف کیا تو ولید بن المغیرہ نے کہا کہ پہلے مین پیشبندی کرتا ہون پس اوسنے کدال لیکر ایک پتھر گرایا اور یہ کہتا جاتا تھا کہ سوائے بہتری کے ہمارا ارادہ نہین ہی پھر لوگون نے اس رات انتظار کیا کہ دیکھین کیا ہوتا ہی اگر ولید کو کچھ صدمہ پہونچا تو نہین گراوینگے ورنہ ہم جان لینگے کہ اللہ تعالے ہمارے فعل سے راضی ہی پھر صبح کو ولید بدستور اپنے کام پر پہونچا اور گرانا شروع کیا تب لوگون نے بھی گرانا شروع کیا یہانتک کہ بنیاد ابراہیم علیہ السلام تک نوبت پہونچی تب وہان ایک سبز پتھر نکلا جو دانت کی طرح آپسمین دور تک چپٹا ہوا چلا گیا تھا ابن اسحق نے کہا کہ بعض راویون نے مجھسے بیان کیا کہ جو شخص گراتا تھا اوسنے دو پتھرون کے درمیان اوزار ڈالکر جدا کرنا چاہا تو پتھر کی جنبش ہونے سے تمام مکہ ہل گیا تو لوگون نے اسکو ویسا ہی چھوڑ دیا پھر قریش کے ہر گروہ نے اسکے بنانے کے واسطے علحدہ علحدہ پتھر جمع کیے پھر بنایا یہانتک کہ حجر اسود تک عمارت پہونچ گئی پس حجر اسود کو اوٹھا کر رکھنے مین تمام قبائل عرب نے مخالفت کی ہر قبیلہ چاہتا تھا کہ مین ہی اسکو اوٹھا کر رکھون یہانتک کہ گفتگو طویل ہوئی اور لوگ قتال کے واسطے آمادہ ہوے حتی کہ بنو عبدالدار و بنو عدی بن کعب بن لوی نے ایک خون بھرے پیالہ مین ہاتھ ڈبوئے اور باہم موت پر معاہدہ کیا یعنے دونون لڑکر مر جائینگے اسیواسطے قریش نے انکو نوشخوار کہنا شروع کیا غرضکہ چار یا پانچ روز تک قریش اسی حال پر رہے پھر مسجد مین اتفاق کرکے یہ مشورہ قرار دیا کہ جو شخص اس مسجد مین پہلے آوے وہی تم مین فیصلہ کرے اور اوسکے فیصلہ پر راضی ہو جاؤ پس صبح کو سب سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوے جب قریش نے آپکو دیکھا تو کہنے لگے کہ بیشک یہ امین ہین ہم انکے فیصلہ پر راضی ہین اور سبھون نے آپکے سامنے یہ مقدمہ پیش کیا تو آپ نے فرمایا کہ ایک کپڑا لاؤ جیسے لوگ لائے تو آپ نے حجر اسود کو اوٹھا کر اوس چادر مین رکھا پھر فرمایا کہ ہر قبیلہ اسکے ایک کونے کو پکڑلے اور سب لوگ اوٹھا کر اپنی جگہ پر پہنچا دو پھر جب یہ لوگ اوس مقام تک لے گئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود کو اوٹھا کر اپنے ہاتھ سے رکھا۔ مترجم کہتا ہی کہ بعض روایت مین ہی کہ آپ نے قریش سے فرمایا کہ تم سب قبائل ملکر مجکو وکیل کرو بالجملہ قریش اس فیصلہ پر بہت راضی ہوے ابن اسحق نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت مین خانہ کعبہ اٹھارہ ہاتھ تھا اور قباطی لباس اوپر پہنایا جاتا تھا پھر اسکے بعد لباس برود پہنایا گیا پھر حجاج بن یوسف نے اوسکو پہلے پہل دیباج پہنایا۔ شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ برابر اسی عمارت قریش پر باقی رہی یہانتک کہ عبداللہ بن الزبیر رض کے زمانہ خلافت مین سنہ ستاسٹھ ہجری کے بعد کچھ منہدم ہوا پس ابن الزبیر رضی اللہ عنہ نے جسطرح اپنی خالہ ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث مین سنا تھا اوسطرح موافق قواعد ابراہیم کے بنایا کہ حجر و حطیم کو اوسمین داخل کرلیا جسکو قریش نے بوجہ کمی نفقہ کے خارج کردیا تھا اور اوسکا ایک دروازہ شرقی اور دوسرا غربی اسطرح بنایا کہ زمین سے ملصق ہی پھر جب عبداللہ بن الزبیر رض نے شہادت پائی تو حجاج مذکور نے بعد حکم عبدالملک بن مروان کے اوسکو توڑ کر بنائے قریش کے موافق بنایا کیونکہ عبدالملک بن مروان کو یہ حدیث نہین پہونچی تھی پھر جب عبدالملک کو تحقیق ہوا کہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ حدیث تحقیقا روایت فرمائی ہی تو کہنے لگا کاش مجکو پہلے خبر پہونچتی تو جو کچھ ابن الزبیر نے برداشت کیا تھا اوسی پر چھوڑتا (کما رواہ عبدالرزاق و مسلم وغیرہما) پھر اسکے بعد جب خلفاے عباسیہ مین سے مہدی و ہارون الرشید کا زمانہ ہوا تو انھون نے امام مالک و دیگر علماء رحمۃ اللہ علیہ سے اس بارہ مین مشورہ کیا کہ خانہ کعبہ موافق بناے ابن الزبیر رض کے بناوین تو امام مالک رح نے مشورہ دیا کہ ایسا مت کرو کہ آیندہ سلاطین اوسکو کھیل بناوینگے کہ ہر ایک اوسکو توڑ کر اپنی خواہش کے موافق بنانا شروع کریگا لہذا مہدی و رشید نے اوسکو اپنے حال پر چھوڑ دیا (ذکرہ القاضی النووی) ابن کثیر رح نے کہا کہ ظاہر یہ ہی کہ برابر اسی حال پر رہیگا یہانتک کہ قیامت کے سامنے آخر زمانہ مین جب وے زمین پر کوئی مسلمان نہ رہیگا تو حبشہ مین سے ذوالسویقتین اوسکو بالکل منہدم کریگا جیسا کہ صحیحین کی حدیث مین ثابت ہی واللہ اعلم یہ امر یاجوج و ماجوج کے خروج کرنے و ہلاک ہونے کے بعد ہوگا کیونکہ حدیث ابوسعید خدری رض مین آیا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خروج یاجوج و ماجوج کے بعد بھی خانہ کعبہ کا حج و عمرہ کیا جائیگا (صحیح البخاری) اگر کہا جاوے کہ اسمعیل و

علیہما السلام نے باوجود تحقیق ایمان و نبوت کے یہ دعا فرمائی۔ کہ ربنا واجعلنا مسلمین لک۔ تو اسکے کیا معنے ہین جواب یہ ہو کہ مسلم سے لغوی معنے مطیع و مخلص مراد لیے اور خود ہر چند مطیع و مخلص تھے لیکن تبرک کے طور پر اپنے اخلاص و طاعت کے ذیل مین اپنی ذریات مین سے ایک امت کے واسطے دعا کی بقولہ۔ ومن ذریتنا امۃ مسلمۃ لک۔ یعنے ہماری ذریت مین سے بھی ایک گروہ کو اپنی طاعت کے واسطے مخلص فرما اور ابن ابی حاتم نے سلام بن ابی مطیع سے روایت کی کہ دونون پیغمبر اگرچہ مسلم تھے لیکن ادب کے ساتھ جناب باری تعالے مین اسلام و اخلاص پر ثابت رہنے کی دعا فرمائی عکرمہ نے کہا کہ جب دونون پیغمبرون نے دعا کی کہ ہم دونون کو اپنے واسطے مسلم فرما تو اللہ تعالے نے فرمایا کہ مین نے قبول کیا اور جب دعا کی کہ ہماری ذریات مین سے بھی ایک امت کو مسلمہ فرما تو اللہ تعالے نے فرمایا کہ مین نے قبول کیا۔ شیخ ابن جریر نے کہا کہ ذریات سے عرب وغیرہ سب کا شمول مراد ہو کیونکہ ذریات ابراہیم علیہ السلام مین اولاد اسحق علیہ السلام بھی ہین لیکن حضرت سدی سے روایت ہو کہ مراد عرب ہین۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اولاد ابراہیم جو اسحق علیہ السلام سے پیدا ہوئی اسکے اسلام کی نفی نہین ہو مگر اس مقام پر سیاق با اولاد اسمعیل ہو گویا اولاد اسمعیل کے لیے دعا فرمائی اسیواسطے آیندہ آیت مین۔ ربنا وابعث فیہم رسولا منہم الآیہ۔ مین ایک رسول معظم کا اشارہ ہو اور بالاتفاق اس سے حضرت سرور عالم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہین چنانچہ عنقریب بیان آتا ہو۔ مترجم کہتا ہو کہ تمام ذریات کے واسطے اسلام کی دعا نہین فرمائی کیونکہ قولہ تعالے لاینال عہدی الظالمین۔ سے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو اشعار ہو چکا تھا کہ ذریات مین سے بعض ظالم مشرک ہونگے لہذا التجا کی کہ جملہ مین سے ایک امت کو شرک وغیرہ سے مخلص فرما کر مسلمہ کر دے۔ واضح ہو کہ اولاد صالح بھی نعمت غیر مترقبہ ہو کیا نہین دیکھتے کہ وہ ایسے وقت کام آتی ہو کہ انسان مجبور و معذور ہو۔ حدیث مین ہو کہ جب آدمی مرجاتا ہو تو اسکا عمل منقطع ہو جاتا ہو سوائے تین کے ایک صدقہ جاری (مانند وقف وغیرہ کے جو برابر جاری رکھا جاوے) اور دوم علم جس سے انتفاع حاصل کیا جاوے اور سوم فرزند صالح جو اسکے لیے دعا کرتا رہے (صحیح مسلم من حدیث ابی ہریرۃ) اگر کہا جاوے کہ قولوا ارنا مناسکنا (ہم کو ہمارے مناسک دکھلا) سے کیا مراد ہو۔ عطا نے کہا یعنے ہمکو مناسک کا علم دیدے۔ مجاہد نے فرمایا مناسک مراد لین۔ مترجم کہتا ہو کہ مجاہد نے مناسک مین مذابح کو شامل کیا ہو یا اعمال حج سب درحقیقت اپنے ارکان کی قربانی ہین لہذا شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ مانند قول مجاہد کے عطاء و قتادہ سے بھی روایت ہو اور سعید بن منصور نے بسند جید روایت کی کہ جب ابراہیم علیہ السلام نے مناسک دکھلانے کی دعا کی تو جبرئیل علیہ السلام آکر ابراہیم علیہ السلام کو بیت اللہ پاس لائے اور کہا کہ قواعد اٹھائیے پھر ہاتھ پکڑ کر صفا کو لے گئے اور کہا کہ یہ شعائر اللہ مین سے ہو پھر وہان سے مروہ پر لائے اور کہا کہ یہ شعائر اللہ مین سے ہو پھر وہان سے منا کو لے گئے جب مقام عقبہ پر پہونچے تو درخت کے قریب شیطان کو کھڑا دیکھکر فرمایا کہ تکبیر کہکر اسکو مارو پس ابراہیم علیہ السلام نے تکبیر کہکر اسکو رمی کیا پھر ابلیس ہٹ کر جمرۃ الوسطی کے پاس کھڑا ہوا پھر جب جبرئیل و ابراہیم علیہما السلام وہان پہونچے تو ابراہیم سے کہا کہ اسکو تکبیر کہکر رمی کرو پس انھون نے تکبیر کہکر رمی کی تو ابلیس خبیث چل دیا حالانکہ وہ چاہتا تھا کہ حج مین کچھ دخل پیدا کرے مگر اوسنے قابو نپایا پھر جبرئیل علیہ السلام ابراہیم علیہ السلام کو لیکر مشعر الحرام پر آئے اور بتلایا کہ یہ مشعر الحرام ہو پھر ابراہیم علیہ السلام کو لیکر عرفات پر آئے اور کہا کہ جو کچھ مین نے دکھلایا وہ تمنے معرفت کے ساتھ پہچانا تو ابراہیم نے کہا کہان۔ یہ کلمہ تین مرتبہ کہا (سعید بن منصور) اور اسیکے مانند ابو مجلز و قتادہ سے مروی ہو۔ ابوداؤد الطیالسی نے اپنی اسناد کے ساتھ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جب ابراہیم علیہ السلام کو مناسک دکھلائے گئے تو سعی صفا و مروہ کے درمیان اونسے شیطان معارض ہوا لیکن ابراہیم علیہ السلام نے سبقت فرمائی پھر جبرئیل علیہ السلام اونکو لیکر منی مین آئے اور کہا کہ یہ لوگون کے اوترنے کی جگہ ہی پھر جب جمرۃ العقبہ پر پہونچے تو شیطان متعرض ہوا تو اوسکو سات کنکریون سے مارا کہ وہ چلدیا پھر ابراہیم کو لیکر حضرت جبرئیل جمرۃ الوسطی پر آئے

تو پھر شیطان متعرض ہوا پہلے وسکو سات کنکریون سے مارا کہ وہ چلدیا پھر اونکو جمرۃ القصوی پر لائے تو پھر وہان شیطان متعرض ہوا پھر اوسکو سات کنکریون سے مارا تو بھاگ گیا پھر ابراہیم علیہ السلام کو لیکر مزدلفہ مین آئے اور کہا کہ یہ مشعر الحرام ہی پھر لیکر عرفہ مین آئے اور کہا کہ تمنے معرفت پائی یہی عرفہ ہی (الطیالسی) (تنبیہ) حدیث مین ہی کہ حجر اسود سفید تھا اوسکو بنی آدم کی خطاؤن نے سیاہ کیا۔ (الصحیح) سراج مین ہی کہ اللہ تعالی نے موضع بیت کو زمین کی پیدائش سے دو ہزار برس پہلے پیدا کیا پس وہ پانی پر سفید تھا پھر اوسکے نیچے زمین پھیلائی گئی اور جب اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام کو زمین پر اوتارا تو اونکے رفع وحشت کے واسطے بیت المعمور کو جو ایک یاقوت کا ہی جسکے دو دروازہ شرقی و غربی زمرد سبز کے ہین جنت سے اوتارا اور وہ اسی مقام پر تھا جہان بیت اللہ ہی اور آدم علیہ السلام کو حکم دیا کہ مین نے تیرے لیے ایک بیت اتارا ہی تو اوسکے گرد طواف کیا کر جیسے میرے عرش کے گرد طواف کیا جاتا ہی اور اوسکے پاس نماز پڑھ جیسے میرے عرش کے گرد نماز پڑھی جاتی ہی اور اوسمین حجر اسود اوتارا جو سفید تھا پھر زمانۂ جاہلیت مین حائضہ عورتون کے چھونے سے سیاہ ہو گیا پھر آدم علیہ السلام نے زمین ہند سے ایک فرشتہ کی رہبری مین پیادہ اس بیت کے حج کا قصد کیا اور وہان پہونچکر مناسک کو ادا کیا۔ ابن عباس رض سے روایت ہی کہ آدم علیہ السلام نے ہند سے پیادہ چالیس حج ادا کیے۔ پھر یہ بیت تا طوفان نوح علیہ السلام یونہی رہا پھر اللہ تعالے نے حکم طوفان کے ساتھ اسکو چوتھے آسمان پر اٹھا لیا اب ہر روز اسمین ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہین جنکو دوبارہ اوسمین آنے کی نوبت نہین حاصل ہوتی اور حجر اسود کو حضرت جبرئیل علیہ السلام نے کوہ ابو قبیس مین مامون رکھا حتی کہ جب ابراہیم علیہ السلام نے بنایا تو اونکو عطا کیا گیا۔ روایت ہی کہ بعد ابراہیم علیہ السلام کے قوم عمالقہ نے عمارت کعبہ کو بنایا پھر جرہم نے پھر قریش نے اور جب قریش نے بنایا تو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بھی پتھر لانے مین شریک تھے۔ مترجم کہتا ہی کہ آپ اپنے کاندھے پر پتھر لاتے تو آپ کے چچا حضرت عباس بن عبد المطلب نے فرمایا کہ ای فرزند اگر تو بھی دوسرون کی طرح اپنی ازار اپنے کاندھے پر ڈال لیتا تو راحت ہوتی (قریش مین برہنگی کا لحاظ کم تھا) پس آپنے اونکے کہنے سے ایسا ہی کیا پس ستر کھولنا تھا کہ آپ غش کھا کر گرے اور آنکھین آسمان کی طرف پتھر گئین پس جلدی سے آپ کا بدن مبارک ڈھانکا گیا تو آپ کو ہوش آیا پھر آپکو کسی نے برہنہ نہین دیکھا (رواہ الدارمی وغیرہ) قولہ رتب علینا۔ اسی مین توبہ کی درخواست بطریق تواضع و تعلیم ہی یا بطور شکر ہی جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ اللہ تعالے نے آپکے واسطے اگلے و پچھلے گناہ معاف فرمائے پھر آپ کیون اسقدر مشقت اوٹھاتے ہین تو فرمایا کہ کیا مین بندہ شاکر نہ ہون مترجم کہتا ہی کہ توبہ درحقیقت رجوع الی عزوجل ہی یعنی اللہ تعالے اپنی رحمت سے اپنے بندہ پر توجہ فرمائے توبہ ہر شخص کے واسطے نعمت ہی اور اسمین گناہ ہونا ضرور نہین ہی بلکہ اگر گناہ ہون تو عفو ہو جائینگے اور اگر نہون تو درجات بلند حاصل ہونگے ف۲ بعض اشارات عرائس مین ہی قولہ تعالے ربنا واجعلنا مسلمین لک۔ واضح ہو کہ اسلام ظاہر و باطن بر وجہ کمال یہ ہی کہ جیسے اعضاے ظاہرہ خدمت خالق عزوجل مین جھکے ہون اسیطرح حواس باطنہ بھی اوسکی جانب رجوع ہون تو ایسی حالت مین جمیع صفات بندہ تابع فرمان حق عزوجل ہو جائینگے اور ہر صفت کے واسطے حضرت خالق عزوجل کی صفات ہین مثلاً ترحم و حلم جب ہی ٹھیک ہین کہ جب بندہ کا ترحم و حلم موافق ترحم و حلم آلہی عزوجل ہو تو کمال اسلام کا حاصل یہ ہوا کہ بندہ کی صفات خارج ہون و صفات حق عزوجل ثابت ہون تاکہ اسکو فنا سے درجۂ بقا حاصل ہو حضرت جنید رحمہ اللہ نے کہا کہ ظاہری اسلام یہ ہی کہ دوری و مسافت ساقط ہو جائے جس سے یاد و طاعت مین کوئی کلفت باقی نہین رہتی یعنے یہ طاعت بتکلف نہین بلکہ بہ محبت و شوق ہوتی ہی۔ شیخ فارس رح نے کہا کہ منجملہ اسلام کے یہ ہی کہ اسباب و حیل و تدابیر سے نظر ساقط ہو اور جمیع تابع فرمان حق ہو واللہ تعالے اعلم اور تتمہ دعایہ ہی۔

رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَ

اے رب ہمارے اور اوٹھا اون مین ایک رسول او نھین مین کا پڑھے اون پر تیری آیتین اور سکھاوے اونکو کتاب اور

الْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ ۚ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝ ع ۱۵

پکی باتین اور اونکو سنوارے توہی ہی اصل زبردست حکمت والا

شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی ذریات مین سے ایک امت مسلمہ کے ساتھ اونکے حق مین یہ بھی دعا فرمائی کہ رَبَّنَا وَابْعَثْ فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْهُمْ یعنے ہمارے پروردگار ایک عالی اور بھی یہ ہی کہ ان ذریات مین ایک رسول اونھین مین سے مبعوث فرمائیو ف یعنے وہ رسول کسی غیر قوم مین سے نہو بلکہ اسی قوم مین سے ہو جسکی شان یہ ہو کہ۔ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِكَ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُزَكِّيهِمْ ان ذریات پر تیری آیات کو تلاوت کرے اور اونکو کتاب و حکمت تعلیم فرماوے اور اونکو پاکیزہ کرے ف یعنے شرک و کفر وغیرہ نجاسات جہنم سے پاک کرے اور نیز ہر قسم کی نارت سے پاک کرے جو جنت کے لائق نہین ہی چنانچہ بداخلاقیان و ظلم و فسق و فجور وغیرہ بداعمال سے پاک کرے۔ إِنَّكَ أَنتَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ بیشک تو عزیز حکیم ہی ف عزیز غالب جسکو کوئی چیز مانع نہو پس اللہ عزوجل کی جناب مین دعا کے ساتھ یہ ثنا کی کہ تو عزیز غالب ہی کہ جو چاہے کرے تجھے کوئی چیز مانع نہین ہی پس ہم بندون کی دعا قبول کرنے مین ہمکو پورا بھروسا ہی کہ اگر تیری حکمت عالی کے ساتھ یہ دعا قابل قبولیت ہو تو ضرور قبول ہوگی کیونکہ جو کچھ تو چاہے وہ واقع ہوتا ہی کیونکہ کوئی چیز ایسی نہین ہو سکتی جو تجکو مانع ہو اسیواسطے حدیث صحیح مین آیا ہی کہ جب تم لوگ اللہ تعالے سے دعا مانگو تو قبولیت کا یقین کرتے رہو کیونکہ جناب باری تعالے کو کوئی چیز مانع نہین ہو سکتی ہی (الصحیح) یعنے بندہ جب کوئی دعا مانگے تو ہرگز یہ خیال نکرے کہ یہ دعا کیسی ہوگی کیونکہ باری تعالے جل شانہ کی قدرت عالی مین کوئی چیز گران نہین ہی کیونکہ جو کچھ وہ چاہے فوراً ہو جاوے اور جس بندے کو چاہے جس لائق کردے لہذا حدیث مین ہی کہ آپ نے جنت الفردوس کی تعریف فرمائی کہ وہ سب سے اعلی ہی پھر صحابہ کو ارشاد فرمایا کہ جب تم لوگ اللہ تعالے سے جنت مانگو تو جنت الفردوس مانگا کرو (الصحیح) کیونکہ جس بندہ کو اللہ تعالے نے جنت الفردوس عطا فرمائی تو یہ اوسکے قبضۂ قدرت مین ہی اور جب اوسنے جنت الفردوس دی تو اوسکو جنت کے لائق کردینا بھی اوسکے اختیار مین ہی اسیواسطے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے حمد و ثنا کی کہ اے رب تو عزیز حکیم ہی ہماری دعا قبول کرلے۔ ابوالعالیہؒ سے روایت ہی کہ جب حضرت ابراہیم و اسمعیل علیہما السلام نے یہ دعا کی تو حکم ہوا کہ تیری دعا قبول کی گئی اور یہ آخر زمانہ مین ہوگا۔ ابی سدی و قتادہؒ سے روایت ہی۔ شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ یہ دعا مستجاب موافق تقدیر آلہی عزوجل کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق مین واقع ہوئی کہ آپ کو اللہ تعالے نے نسل ابراہیم علیہ السلام سے پیغمبر خاتم النبیین تمام عرب و عجم یعنے کل بنی آدم و جن سب کے واسطے مبعوث فرمایا حتی کہ جو آپ پر ایمان نلاوے اوسکو جہنمی کیا کیونکہ معرفت قبولیت و پاکیزگی جنت تو آپ ہی کی تعلیم حکمت پر منحصر فرمائی پس جو شخص آپ پر ایمان نہ لایا وہ جاہل ناپاک ہا تو جنت ایسے ناپاک جاہلون کا ٹھکانا نہین ہی۔ عیاض بن سارہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مین تو اللہ تعالے کے نزدیک اوسوقت خاتم النبیین تھا جب جسم آدم خاک گوندھی ہوئی مٹی تھا اور مین تمکو ابتدائے حال سے آگاہ کرون کہ مین اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہون اور اپنے برادر عیسی علیہ السلام کی بشارت ہون اور اپنی والدہ کا خواب ہون جو اونھون نے دیکھا تھا اور پیغمبرون کی مائین یہی دیکھتی ہین (رواہ احمد) خواب سے مراد یہ ہی کہ آپ کی ولادت مبارک سے کچھ پہلے آپ کی والدہ ماجدہ نے خواب مین دیکھا کہ مجھسے نور ظاہر ہوا جس سے ملک شام کے مکانات روشن ہوگئے۔ شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ مراد یہ ہی کہ اللہ تعالے کے نزدیک میرا خاتم النبیین ہونا تقدیر ازل سے متحقق تھا

جبکہ آدم علیہ السلام کا جسم خاکی تیار بھی نہین ہوا تھا پھر اس تقدیر کو اول جس شخص نے ظاہر کیا وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام ہین - مترجم کہتا ہی کہ بظاہر اس عاجز نے اگرچہ ابراہیم علیہ السلام کے صاف نام نہین لیا لیکن غالبًا اپنے امتیون کو آپ کے فضائل و شرائع سے آگاہ فرمایا تھا اور صابیہ و کشرانیہ جہان حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بعثت ہوئی ہی وہ لوگ برابر خانہ کعبہ کی طرف نماز پڑھتے اور سال مین ماہ رمضان کا روزہ رکھتے تھے کہ یہی قبلہ ابراہیم و قبلہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی - شیخ نے کہا کہ اوسوقت سے برابر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر امتیان نبوت مین معروف و مشہور رہا حتی کہ توریت و انجیل مین نازل کیا گیا حتی کہ بنی اسرائیل کے خاتم انبیاء یعنے حضرت عیسی علیہ السلام نے تصریح تصیح نام بیان فرمایا چنانچہ بنی اسرائیل مین کھڑے ہوکر خطبہ پڑھا اور کہا کہ مین اللہ تعالے کی جانب سے تمہارے واسطے رسول ہون درحالیکہ کتاب توریت کی جو میرے سامنے موجود ہی تصدیق کرنے والا ہون اور تمکو ایک رسول مکرم کی خوشخبری سنانے والا ہون جو میرے بعد آویگا جسکا نام مبارک احمد ہی - ھذا اور یہ امر برابر متواتر ثابت ہی اور کثیر جماعت بادشاہ حبش و قیصر روم وغیرہم نے برابر اسکی گواہی دی حتی کہ اب کسی شخص کو توریت و انجیل کے بنائے ہوئے ترجمے لاکر مجال انکار نہین باقی رہی - شیخ نے لکھا کہ علما نے بیان کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی والدہ ماجدہ نے ایام حمل مین یہ خواب دیکھا کہ انھمے ایک نور ظاہر ہوا کہ جس سے مکانات شام روشن ہوگئے آپکی والدہ نے یہ خواب اپنی قوم سے بیان کیا اور وہ ادنمین شائع و مشتہر ہوگیا علما نے کہا کہ ملک شام کی خصوصیت مین اشارہ ہی کہ ملک شام مین آپکی نبوت مستقر ہوگی - مترجم کہتا ہی کہ کتب سابقہ مین اس طرح مذکور ہی کہ مقام ظہور حجاز اور مقام ہجرت طیبہ ہوگا اور ملک آپ کا شام ہوگا یعنے ہر نبوت کے بعد جو سلطنت ہوتی ہی وہ ملک شام مین ہوگی - شیخ نے لکھا کہ اسیواسطے آخر زمانہ مین ملک شام ہی تمام اہل اسلام کا مرکز ہوگا اور وہین حضرت عیسی جامع مسجد دمشق کے سفید منارہ شرقی پر نازل ہونگے اسیواسطے حدیث صحیحین مین آیا کہ میری امت مین سے برابر ایک گروہ حق پر غالب رہیگا جو کوئی اونکی شرکت نکرے یا جو اونکی مخالفت کرے وہ اونکو کچھ بھی ضرر نہین پہونچا ویگا یہانتک کہ حکم الہی آوے درحالیکہ وہ اسی طرح غالب ہونگے (الصحیحین) اور وہ لوگ شام مین ہونگے (صحیح البخاری) ابن عباس نے فرمایا - ویزکیہم - یعنے طاعت توحید و اخلاص کے ساتھ اونکو پاک فرماوے - قتادہ نے کہا کہ حکمت - یہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہی - ابن قتیبہ نے کہا کہ حکمت جب ہی حاصل ہوتی ہی کہ علم کے ساتھ عمل کو جمع کرے - بالجملہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے دونون بیٹون اسمعیل و اسحق کی نسل کے واسطے ایک پیغمبر عام کی دعا فرمائی جو اونکو تعلیم حکمت فرماوے اور یہ سوائے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی پر صادق نہین آتا ہی کیونکہ انبیاے بنی اسرائیل صرف نسل اسحق علیہ السلام کے واسطے مخصوص تھے اور ملت ابراہیم علیہ السلام صرف حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے خاص ہوئی نسل ابراہیم علیہ السلام مین سے کسیکو انکار کی مجال نہین ہی اور سابق مین بشارت گذری کہ اسی پیغمبر کی جانب تمام نسل ابراہیم کے ہاتھ پھیلے ہونگے لہذا فرمایا

وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ ۭ وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا

اور کون پسند نہ رکھے دین ابراہیم کا مگر جو بیوقوف ہو اپنے جی سے اور ہمنے اوسکو خاص کیا دنیا مین

وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ ۙ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اور وہ آخرت مین نیک ہی جب اوسکو کہا اوسکے رب نے حکم بردار ہو بولا مین حکم مین آیا جہان کے صاحب کے

وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ۭ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ

اور یہی وصیت کر گیا ابراہیم اپنے بیٹون کو اور یعقوب اے بیٹو اللہ نے چن کر دیا ہی تمکو دین پھر نہ مرو

اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

مگر مسلمان ہو کر

جب یہ بات متعین ہوئی کہ ذریات ابراہیم علیہ السلام تابع توحید ابراہیم علیہ السلام ہین اور یہ امر بھی بکرر بیان ہوچکا کہ توحید ایسی چیز نہین ہے جسمین نسخ جاری ہو تو ملت ابراہیم علیہ السلام تمام ذریات پر لازم ہے لہذا فرمایا۔ وَمَنْ يَّرْغَبُ عَنْ مِّلَّةِ اِبْرٰهٖمَ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ۔ کوئی نہین کہ ملت ابراہیم سے منہ موڑے سوائے اوس شخص کے جو اپنے نفس سے سفیہ ہو یعنے اوسنے اپنے نفس کو نہ پہچانا کہ وہ مخلوق ہے اور اللہ عزوجل اوسکا خالق ہے بلکہ اوسنے کفر و شرک کیا تو کافر و مشرک ہی ملت ابراہیم علیہ السلام سے بیزار ہوگا اور یہ قطعی انحصار ہے کہ مومن کبھی سفیہ نہین ہوتا ہے اور کافر ہمیشہ سفیہ ہوتا ہے کیونکہ اس سے زیادہ احمق کون ہوگا جسنے اپنے خالق عزوجل کو نہ پہچانا لہذا یہود و نصاری بدرجۂ اولی ملت ابراہیم علیہ السلام سے خارج ہین کیونکہ جس احمق نے کہا کہ مسیح ابن اللہ ہے یا عزیر ابن اللہ ہے اوسنے پروردگار تعالے شانہ کو نہ پہچاننے کی حماقت ہی نہین کی بلکہ بجاے توحید کے اوسنے باری تعالی کی شان مین بدگوئی کی ہے جبکہ اوسمین مخلوق کی صفات ثابت کیے چنانچہ سابق مین اسکی توضیح بیان ہوچکی ہے کہ یہ سخت بدگوئی ہے یہین سے بعض علماے تابعین نے استنباط کیا کہ جو شخص اپنے نفس سے جاہل نہو بلکہ اوسکو پہچان لے تو وہی اپنے رب عزوجل کو پہچان لیگا۔ خطیب وغیرہ نے ذکر کیا کہ جب اوسنے نفس کو مخلوق و مجبور جانا تو خالق عزوجل کو پہچانا اور جب اوسنے تمام مخلوقات کو اپنے مثل مخلوق و محتاج دیکھا تو وہ شرک سے بیزار ہوا اور اوسنے خالق عزوجل کو مشابہت مخلوق سے پاک و برتر دیکھا اور اللہ تعالے ہی کے واسطے جمیع صفات کمال کا اقرار کیا اور یہی معنے۔ قل ہو اللہ احد کے ہین جو معین نعت ہے اور اوسکی توضیح بہت طولات چاہتی ہے بالجملہ یہ ہے کہ ملت توحید یعنے ملت ابراہیم علیہ السلام سے وہی منہ موڑیگا جو اپنے نفس سے جاہل سفیہ ہے اس سے ظاہر ہوا کہ یہود و نصاری سفہا، احمق اور ملت ابراہیم سے خارج ہین اسیواسطے اللہ تعالے نے فرمایا۔ ما کان ابراہیم یہودیا ولا نصرانیا ولکن کان حنیفا مسلما۔ یعنے ابراہیم کچھ یہودی نہین تھے اور نہ نصرانی تھے ولیکن حنیف مسلم تھے۔ اور یہان فرمایا وَلَقَدِ اصْطَفَيْنٰهُ فِي الدُّنْيَا۔ اور ہمنے ابراہیم کو دنیا مین برگزیدہ فرمایا ف یعنے نبوت اور خلت عطا فرمائی اور اونکی ذریات مین قیامت تک نبوت دی۔ وَاِنَّهٗ فِي الْاٰخِرَةِ لَمِنَ الصّٰلِحِيْنَ۔ اور وہ آخرت مین صالحین سے ہے۔ ف پس یہ نعمت کامل ہے کیونکہ سفہاے یہود و نصاری اپنی دنیاوی ثروت کی وجہ سے اپنے آپ کو اچھا سمجھتے ہین جیسے بہت سے مشرکون بت پرستون کو یہ وہم ہوتا ہے اوس نے ذکر دیا کہ نعمت وہ ہے جو آخرت مین قبولیت ہو پھر اللہ تعالے نے ابراہیم علیہ السلام کے صفات اسلام کو بیان فرمایا اِذْ قَالَ لَهٗ رَبُّهٗٓ اَسْلِمْ۔ یعنے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ذکر کر جبکہ ابراہیم سے اوسکے پروردگار نے فرمایا کہ اسلام لا۔ ف یعنے اطاعت و فرمانبرداری کر تو ابراہیم نے صرف یہی نہین کہا کہ اچھا بلکہ نہایت خوشی سے عرض کیا۔ قَالَ اَسْلَمْتُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ کہا کہ مین رب العالمین کے واسطے اسلام لایا ف یعنے سراپا مین نے اپنے آپ کو اپنے رب عزوجل کے سپرد کردیا جو رب العالمین ہے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ یہ بات امتحان ہوگئی کہ جب آگ مین ڈالے گئے تو کسی فرشتہ سے مدد نہ مانگی۔ ابو السعود نے کہا کہ اسمین اشارہ ہے کہ اسی خوبی کے ساتھ حاضر ہونے سے اونکو مراتب عالیہ حاصل ہوے۔ مترجم کہتا ہے کہ بعض کے نزدیک قولہ تعالے۔ اذ قال لہ۔ متعلق اصطفینا کے ہے یعنے ہمنے ابراہیم کو برگزیدہ فرمایا جب وہ حکم کے موافق اس خوبی سے اسلام لایا لیکن مترجم کے نزدیک یہ صاحب کشاف وغیرہ معتزلیون کا فریب ہے کہ اوسنے اس ترکیب سے چاہا کہ یہ امر ثابت ہوجاوے کہ تقدیر سابق کوئی چیز نہین ہے بلکہ اب ایسا کرنے سے یہ مرتبہ حاصل ہوا ہے حالانکہ اہل حق کے نزدیک ازل مین اونکو نبوت و خلت کے واسطے برگزیدہ فرمایا تھا جسکا ظہور دنیا مین ہوا پس حق یہی ہے کہ آیت کے یہ معنے ہین کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان جاہلون کو نصیحت فرمائیے جو ملت ابراہیم سے منحرف ہین اور دروغ دعوی کرتے ہین حالانکہ

ابراہیم علیہ السلام کی یہ شان تھی کہ جب اونسے پروردگار عزوجل نے توحید خالص کو فرمایا تو خوشی اونھون نے رب العالمین کے واسطے سر جھکایا پس ملت ابراہیم علیہ السلام پر وہی ہو جو اسیطرح عمل کرے کیونکہ ابراہیم علیہ السلام نے مانند یعقوب علیہ السلام کے اپنی اولاد کو بھی تاکید فرمائی یعنے نسل ابراہیم علیہ السلام مین یہ طریقہ مستمر چلا آیا چنانچہ فرمایا۔ وَوَصّٰى بِهَآ اِبْرٰهٖمُ بَنِيْهِ وَيَعْقُوْبُ ۔ اور ابراہیم نے اپنے بیٹون کو اس ملت کی وصیت فرمائی اور یعقوب نے ف پھر اسرائیل یعنے یعقوب کے بیٹے تو معلوم ہین اور ابراہیم علیہ السلام نے اپنے بیٹون کو وصیت فرمائی حالانکہ دو بیٹے اسمعیل و اسحق معروف ہین اور یعقوب پسر اسحق بھی بقول مشہور حضرت سارہ و ابراہیم کی حیات مین پیدا ہوے کیونکہ حکم قولہ تعالے فبشرناہا باسحق ومن وراء اسحق یعقوب ۔ یعنے ہمنے سارہ کو بشارت اسحق کی اور وراء اسحق کے یعقوب کی سنائی ۔ پس ظاہر یہ مراد ہی کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے پسر اسمعیل و اسحق کو اور اپنے پوتے یعقوب کو اس ملت توحید پر قائم رہنے کی وصیت فرمائی پھر یعقوب نے اپنی وفات کے وقت اپنے بارہ بیٹون کو اسی ملت توحید کی وصیت فرمائی وصیت کا بیان ہی کہ۔ يٰبَنِيَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۔ اے میرے بیٹو خوب جان لو کہ اللہ تعالے نے تمہارے واسطے اس دین کو چن دیا ہی پس تم کسی حالت پر انتقال نہ کیجیو سوائے اس حالت کے کہ تم مسلمان ہو ف یعنے مرتے مرتے اسی دین پر قائم رہیو اور کبھی نہ پھریو یہانتک کہ تمہاری جان نکل جاوے کیونکہ جس حالت پر آدمی مرتا ہی اوسی حالت پر اوٹھایا جائیگا اور واضح ہو کہ یہ وصیت خیر ہی اور بیان تقدیر نہین ہی پس جو شخص اس طرح نصیحت کرنے مین بندے کی خیر خواہی کا قصد کرے وہ اپنے ثواب سے مستفید ہوگا اگرچہ وہ شخص جسکو نصیحت کی گئی اسپر قائم نہ رہے کیونکہ تقدیر مین اگر کوئی شخص جنتی ہی تو اوسپر آخر مین جنت کے کام آسان ہو جاتے ہین بخلاف اسکے اگر دوزخی ہی تو آخر مین اوسپر دوزخ کے کام آسان ہو جاتے ہین چنانچہ حدیث شریف مین ہی کہ آدمی اہل جنت کے کام کرتا ہی یہانتک کہ اوسکے اور جنت کے درمیان فقط ایک ہاتھ کا فرق رہتا ہی پس تقدیر اوسپر غالب ہوتی ہی اور اہل دوزخ کے کام کرکے جہنم مین داخل ہوتا ہی اور آدمی دوزخیون کے کام کرتا ہی یہانتک کہ اوسمین اور دوزخ مین ایک ہاتھ کا فرق رہجاتا ہی کہ اوسپر تقدیر غالب ہوتی ہی پس اہل جنت کے کام کرکے جنت مین داخل ہوتا ہی (الصحیح) بالجملہ ابراہیم و اسمعیل و اسحق و یعقوب و اسباط سب ہی اس ملت توحید پر قائم تھے اور برابر اسی ملت کی وصیت کرتے تھے اور یہ یہودیت و نصرانیت بعد ان انبیاء علیہم السلام کے پیدا ہوئی ہی کیونکہ یہودی بعد نزول توریت کے ایک مدت پیچھے پیدا ہوے اور نصرانی بعد زمانۂ عیسی علیہ السلام کے ظاہر ہوے جیسے ملت اسلامیہ مین فرقۂ خوارج و روافض وغیرہ بعد قرون آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم و قرون صحابہ رضی اللہ عنہم کے ظاہر ہوے ہین لہذا یہود و نصاری کا یہ دعوی کہ ہم لوگ ملت ابراہیم پر ہین بالکل یہود کہتے کہ ابراہیم بھی یہودی تھے اور نصرانی کہتے کہ ابراہیم بھی نصرانی تھے یہ سب محض افترا و کذب ہی چنانچہ رد فرمایا۔

اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوْبَ الْمَوْتُ اِذْ قَالَ لِبَنِيْهِ مَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ بَعْدِيْ قَالُوْا نَعْبُدُ

کیا تم حاضر تھے جبوقت پہنچی یعقوب کو موت جب کہا اپنے بیٹون کو تم کیا پوجو گے بعد میرے بولے ہم بندگی کرینگے

اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۚ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ

تیرے اور تیرے باپ دادون کے رب کو ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق وہی ایک رب اور ہم اوسی کے حکم پر ہین

تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ ۚ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ ۚ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

وہ ایک جماعت تھی گذر گئی اوسکا ہی جو کما گئے اور تمہارا ہی جو تم کماؤ اور تم سے پوچھ نہین اونکے کام کی

ابن کثیر رح نے لکھا کہ اللہ تعالے نے مشرکین عرب پر جو اولاد اسمعیل علیہ السلام ہین اور بنی اسرائیل پر جو اولاد یعقوب علیہ السلام ہین یہ حجت قائم فرمائی

کہ - اَمْ كُنْتُمْ شُهَدَآءَ اِذْ حَضَرَ يَعْقُوبَ الْمَوْتُ کیا تم لوگ حاضر تھے جب یعقوب کی موت آئی - ف پھر تم کیونکر کہتے ہو کہ یعقوب نے مرتے وقت اپنی اولاد کو یہودی ہو جانے کی وصیت فرمائی تھی تم محض جھوٹے ہو تم اوسوقت موجود نہ تھے - اِذْ قَالَ لِبَنِيهِ مَا تَعْبُدُونَ مِنْ بَعْدِي - جب یعقوب نے اپنے بیٹوں سے کہا کہ میرے بعد تم کسکی عبادت کروگے - قَالُوا نَعْبُدُ اِلٰهَكَ وَاِلٰهَ اٰبَآئِكَ - بیٹوں نے کہا کہ ہم لوگ عبادت کرینگے تیرے پروردگار کی اور تیرے آباء کے پروردگار کی - ف آباء باپ دادون کو کہتے ہین اور چچا بھی بمنزلہ باپ ہوتا ہی چنانچہ حدیث مین ہی کہ عم الرجل صنو ابیہ - یعنے آدمی کا چچا اوسکے باپ کی گودہ کا جوڑا ہی (کما فی الصحیح) لہذا ان لوگون نے آباء کے بیان مین کہا - اِبْرَاهِيمَ وَاِسْمٰعِيلَ وَاِسْحٰقَ - یعنے ابراہیم واسمعیل واسحق ف کیونکہ یعقوب علیہ السلام کے باپ اسحاق ہین اور چچا اسمعیل ہین اور دادا ابراہیم علیہم السلام ہین پس کہا کہ ہم لوگ اوس پروردگار کی بندگی کرینگے جو تمہارا اور تمہارے آباء ابراہیم واسمعیل واسحق کا پروردگار ہی پھر تاکید فرمائی - اِلٰهًا وَّاحِدًا یعنے ہم لوگ پروردگار وحدہ لاشریک کی عبادت کرینگے جو تم سبکا پروردگار ہو ف پھر شبہہ ہوتا تھا کہ شاید یہ بطور تقلید ہو تو کہا کہ یہ تقلیدی نہین ہی بلکہ تحقیق ہی - وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُونَ - اور ہم تو اوسی رب عزوجل کے واسطے مومن مخلص ہین - ف چونکہ اسوقت ہین حضرت یعقوب علیہ السلام مصر مین وارد تھے جہان یوسف علیہ السلام کو وزارت حاصل تھی لیکن سوائے بادشاہ کے اکثر قوم قبط بت پرست تھے گویا بنی اسرائیل نے اپنے باپ اسرائیل علیہ السلام کو اطمینان دلایا کہ ہم لوگ ہمارا اسلام پر مستقیم رہینگے یا بجملہ حضرت یعقوب علیہ السلام نے صرف اخلاص توحید کی وصیت کی اور یہودیت کے بارہ مین کچھ ذکر نہین کیا حالانکہ یہودیت تو عرصہ دراز کے بعد زمانہ موسی علیہ السلام سے پیدا ہوئی تو یہودیون کا یہ کہنا محض غلط ہی کہ یعقوب نے اپنے بیٹون کو یہودی ہونے کی وصیت کی تھی - مترجم کہتا ہی کہ شیخ سیوطی نے جلالین مین یہ سبب نزول ذکر کیا لیکن اپنی کتاب لباب النقول مین کہا کہ مین نے کسی کتاب مسند مین یہ قول نہین پایا اور بیضاوی نے بھی یہ اعتراض کیا کہ یہان استفہام انکاری نہین بنتا ہی کیونکہ اس دعوی کے واسطے اونکا حاضر ہونا ضروری نہ تھا کیونکہ ممکن ہی کہ خبر متصل پہونچی ہو لہذا تحقیق مقام یہ ہی کہ اوپر کی آیت مین یہ بیان تھا کہ ابراہیم نے اپنے بیٹون کو توحید اسلام کی وصیت فرمائی اور یعقوب نے بھی یہی وصیت فرمائی - ام کنتم شہداء اذ حضر یعقوب الموت الخ - یعنے بلکہ یعقوب کی موت کے وقت تو تم لوگ یعنے تمہارے باپ دادے خود حاضر تھے جب اونھون نے اپنے بیٹون کو یہ وصیت فرمائی تو معلوم ہوا کہ یہی اسلام سب نبیا علیہم السلام کی ملت واحدہ ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا - وما ارسلنا من قبلک من رسول الا نوحی الیہ انہ لا الہ الا انا فاعبدون یعنے تجسے پہلے ہمنے کوئی رسول نہین بھیجا مگر آنکہ ہم اوسکو یہی وحی بھیجتے رہے کہ کوئی الوہیت والا معبود نہین ہی سوائے میرے پس تم لوگ میری ہی عبادت کرو - ھ - آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم گروہ انبیاء مین جو علاتی اولاد ہین کہمارا دین واحد ہی اور شریعتین جدا جدا (کما فی الصحیح) اگر کہا جاوے کہ موت حاضر ہونے کے وقت یعقوب علیہ السلام نے کیونکر وصیت فرمائی جواب یہ ہی کہ اللہ تعالے جب کسی پیغمبر کو وفات دینا چاہتا ہی تو اوسکو دنیا مین رہنے یا آخرت مین آنے کا اختیار دیتا ہی (کما فی الصحیح) لہذا جب یعقوب علیہ السلام کو یہ اختیار دیا گیا تو اوسوقت اونھون نے وصیت فرمائی (مسئلہ) اگر زید مرا اور اوسکا باپ موجود نہین ہی اور اوسکا دادا موجود ہی تو وہ بجاے باپ کے میراث پاویگا چنانچہ اس آیت مین اللہ تعالے نے ابراہیم علیہ السلام کو اباء مین شمار کیا حالانکہ وہ یعقوب علیہ السلام کے دادا ہین اور یہی مذہب حضرت ابوبکر الصدیق وام المومنین عائشہ وقول حسن بصری وملاؤس وعطاء وایک جماعت سلف وخلف ہی اور یہی ابو حنیفہ کا مذہب ہی اور باقی فقہاء کے نزدیک دادا اوسکے بھائیون کا شریک ہوگا اور یہ بھی ایک جماعت صحابہ وتابعین کا قول ہی (تنبیہ) قولہ تعالے - الہا واحدا - بدل الکل ہی جیسے قولہ تعالے - بالناصیۃ ناصیۃ کاذبۃ - مین ہی - پھر یہود اپنی جہالت سے دعوی کرتے

تھے کہ یہ لوگ ہمارے باپ دادے ہین تو ہماری یہ اعمالیون سے ہمکو بچاوینگے پس اللہ عزوجل نے اونکا زعم تکذیب دیا اور فرمایا تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ یہ ایک امت تھی کہ گذر گئی۔ لَهَا مَا كَسَبَتْ۔ جو کچھ اس امت صالحہ نے کمایا وہ اونہین کے واسطے تھا۔ ف پس تمکو اونکی نیکیون سے نفع نہین ہوگا نہ اونکی طرف نسبت لگانے سے کوئی فائدہ ہی۔ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ۔ اور تمہارے واسطے خاص کر وہی ہوگا جو تمنے کمایا۔ ف پس اگر تمنے اپنے اعمال مین رضاے الٰہی عزوجل کا وسیلہ پایا ہی تو ممکن ہی کہ بحکم قولہ تعالے۔ الحقنا بہم ذریتہم الآیۃ۔ کہ اولیاء کے ساتھ لاحق کیے جاوین جیسے حدیث صحیح مین آیا المرء مع من احب۔ آدمی اوس شخص کے ساتھ ہوگا جسکے ساتھ محبت رکھتا تھا۔ (الصحیح) یعنے ایمانی محبت جسکے ساتھ رکھتا ہوا وسکے ساتھ کر دیا جاویگا اگرچہ اعمال مین اوسکے برابر نہو چنانچہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہا کرتے تھے کہ بعد ایمان کے صحابہ رضی اللہ عنہم کو اتنی خوشی کسی چیز سے حاصل نہین ہوئی جتنی اس حدیث مبارک سے ہوئی اور فرمایا کرتے تھے کہ مجھے حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما سے محبت ہی اگرچہ میرے اعمال اونکے مثل نہین ہین (رواہ الترمذی) لیکن یہ سب وسوقت حاصل ہوگا کہ اوسنے ایمان توحید مین خلاف نکیا اور یہ سب محض فضل الٰہی عزوجل ہی اور یہود و نصاری نے توحید و اسلام چھوڑکر حضرت عیسی علیہ السلام و حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کفر کیا پس یہ لوگ منقطع ہوگئے اور اس آیت مین اون لوگون کا رد ہی جو اپنے نیک بزرگون پر تکیہ کرکے خود فسق و فجور مین مبتلا ہو جاتے ہین اور یہ تکیہ کرنا عزیز قریب کفر ہی جبکہ اپنے باپ دادون کو اپنے بچانے مین قادر سمجھنے لگتے ہین کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ان لیس للانسان الا ما سعی۔ یعنے آدمی کے واسطے وہی ہی جو اوسنے کوشش کرکے کمایا ہو۔ پھر اگر اوسنے اپنی کوشش سے اسقدر کمایا ہو جس سے اوسکی مغفرت ہو جاوے تو البتہ اللہ تعالے نے وعدہ فرمایا کہ اون ذریات کو اونکے آباء صالحین کے ساتھ لاحق کرینگے پس یہود و نصاری جب کفر و شرک مین مبتلا ہوگئے تو اس لائق نہین رہے کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ الآیۃ۔ یعنے اللہ تعالے اس امر کو نہین بخشتا کہ اوسکے ساتھ شرک کیا جاوے۔ تو معلوم ہوا کہ جب یہ لائق مغفرت نہین تو لائق شفاعت و لحاق بھی نہین ہی لہذا ان مشرکون کو فرمایا۔ وَلَا تُسْـَٔلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ۔ اور جو کچھ وہ لوگ کرتے تھے اوس سے تم لوگ نہین پوچھے جاوگے۔ ف پس صاف معلوم ہوگیا کہ تم انکی نیکیون سے نفع نہ پاؤگے اور نہ وہ تمہاری بدکارہون کے ذمہ دار ہونگے بلکہ ہر ایک اپنے اپنے اعمال کا ساتھی ہی کما قال تعالے۔ وکل انسان الزمناہ طائرہ فی عنقہ الآیۃ۔ یعنے ہمنے ہر آدمی کے ساتھ اوسکا نامۂ اعمال لازم کر دیا کہ وہ کبھی جدا نہو گا اور فرمایا۔ ولا تزر وازرۃ وزر اخری۔ یعنے کوئی گناہگار دوسرے کے گناہ نہین اوٹھاویگا۔ پس حاصل نکلا کہ میدان قیامت مین اول تو اسلام و کفر مین امتیاز ہوگا پس حضرت ابراہیم و اسمعیل و اسحق و یعقوب و اسباط و دیگر انبیاء علیہم السلام سب اپنے اپنے سایہ مین ہونگے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے جو لواء الحمد عطا کیا جائیگا جمیع انبیاء مع آدم علیہم السلام کے اوسکے سایہ مین ہونگے پھر اوسکے بعد جو لوگ ایمان پر مرے ہین اگرچہ وہ گنہگار ہون وہ بھی انبیاء علیہم السلام کی تبعیت مین رکھے جائینگے اور جو لوگ کفر و شرک مین مبتلا ہوے خواہ اسطرح کہ وہ اسلام ہی نہین لائے جیسے نمرود و فرعون و اونکی قومین یا اسلام سے نکلکر مشرک و مرتد ہوگئے جیسے یہود و نصاری وغیرہ تو یہ سب خارج کرکے شیطان کے ساتھ کیے جائینگے کیونکہ کافر و مشرک کے واسطے کوئی حساب و کتاب نہین ہی اگرچہ قصاص و سزا ہو پس یہ لوگ بلا حساب کے جہنم مین بھیجے جائینگے اور جو لوگ کہ انبیاء علیہم السلام کے تابع رہے ہین اونمین بعضے گروہ مثل چاند و سورج کے بغیر حساب کے جنت مین بھیجے جائینگے مگر سب سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے ایسی امتی داخل ہونگے کیونکہ حدیث مین آیا کہ اللہ تعالے نے جنت کو سب پر ممنوع کیا ہی یہانتک کہ مین داخل ہون (الصحیح) پھر دوسرا گروہ اہل ایمان وہ ہی کہ بعد حساب کتاب کے مغفور ہو یعنے اللہ تعالے کے نزدیک وہ مغفور ہی تو اونکے سامنے صرف نامۂ اعمال پیش کیا جائیگا اور

حساب مین کچھ مناقشہ نہوگا پھر یہ لوگ اگرچہ اعمال کی راہ سے نیچے درجہ کے لائق ہون لیکن اللہ تعالے بذریعہ شفاعت و اپنے فضل کے انکو انکے بزرگون کے ساتھ لاحق فرمائیگا یا تیسرا گروہ جو حساب کے مناقشہ مین پڑا تو وہ نہین سے بہتیرے بذریعہ شفاعت انبیاء و صالحین و ملائکہ کے عفو فرمائے جاوین اور بعضون کے گناہ بذریعہ آگ کے پاک کیے جاوین لیکن بہرحال یہ لوگ جنتی ہین اور دوزخی نہین ہین اور بعد مغفرت کے امید ہو کہ یہ بھی اپنے بزرگون کے ساتھ لاحق ہون خواہ کل یا بعض۔ بہرحال ایمان انہین اصلی مدار ہے پس جو لوگ کہ اسلام و توحید سے غافل ہوکر کفر و شرک مین مبتلا ہو جاتے ہین وہ جب مغفور ہی نہون تو ہرگز اپنے بزرگون کے ساتھ لاحق نہین ہو سکتے بلکہ یہ لوگ تو صالحین سے منقطع ہو کر مشرکین و کفار مین داخل ہو گئے تو انکا پیشوا وہی انکا بزرگ ہے نعوذ باللہ من الکفر و الضلال (تنبیہ) حضرت ابراہیم علیہ السلام کے بیٹے بقول مشہور دو ہین۔ اسمعیل و اسحٰق اور مقاتل نے مدین و مدائن کو زیادہ کیا اور بعض نے کہا آٹھ اور بعض نے کہا چودہ مگر یعقوب انکے پوتے یعنے اسحٰق کے بیٹے ہین اور اونکے بیٹے بارہ ہین روبیل و شمعون و لاوی و یہوداہ و یشجر و زبولون و ذولی و نفتالی و جاد و اشیر بنیامین یوسف واللہ تعالے اعلم ف۲ عرائس مین ہے کہ ابراہیم علیہ السلام کا اسلام یعنے اپنے آپ کو تسلیم و تفویض کرنا یہانتک پورا ہو گیا تھا کہ جب فرزند کے ذبح کا حکم دیا گیا تو اوسکو پورا کیا اور فرزند کا اسلام بھی کامل تھا کہ اپنی گردن جھکائی اور وہ اسمعیل علیہ السلام تھے لہذا جو شخص اقتدا کرے اوسکا اسلام جب ہی ٹھیک ہوگا کہ غیر حق کا لگاؤ چھوڑے اور جو چیز حق سے مانع ہو اوس سے منہ موڑے اور امر قضا و قدر کے آگے سر جھکائے اور نفس سرکش سے مقابل ہو کہ اوسکو مخالفت سے محفوظ رکھے اور خلق خدا پر شفقت کرے اور دینی بھائیون کے ساتھ صادق ہو اور اونکے ساتھ انصاف کا برتاؤ کرے اور کسی سے معارضہ نکرے اور نہ بدلہ لے اگرچہ حق پر ہو اگر کہا جاوے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی وصیت مین اسمعیل و اسحٰق اونکے بیٹون کے ساتھ مین اونکے پوتے یعقوب بھی داخل تھے بلکہ یعقوب نے اپنے بیٹون کو خود اسلام کی وصیت فرمائی پھر کیا بعید تھا کہ حضرت یوسف علیہ السلام کی جدائی مین کہا کہ یا اسفی علی یوسف۔ جواب دیا گیا کہ یہ بھائی تعلق کے لحاظ سے نہ تھا کیونکہ اہل ایمان کی شان ہے کہ اونکو سب سے زیادہ اللہ تعالے سے محبت ہے کما قال تعالے۔ والذین آمنوا اشد حبا للہ الآیۃ پھر شان نبوت اس سے بہت بلند ہے کیا نہین سنتے ہو کہ یعقوب علیہ السلام نے یوسف علیہ السلام کے دوسرے بھائی بنیامین کو گم کرنے کے بعد یہ کلمہ فرمایا تھا حالانکہ جب فرزندی مین اونکو شامل نہین کیا پس مقام اسرار مین یہ خاص بھید فقط یوسف علیہ السلام کے ساتھ تھا اور نہ اونکی محبت خالص اللہ عزوجل کے واسطے کامل تھی اور اسلام مین وہ اپنے دادا ابراہیم علیہ السلام کی وصیت پر قائم تھے واللہ تعالے اعلم مترجم کہتا ہے کہ تمام مدارک آیات و تحقیق اسلام سمجھ لینے کے بعد صاف متحقق ہو گیا کہ یہود و نصاری کو یعنے اسلام سے کچھ بھی حصہ نہین ہے اور بنی اسرائیل کے نسب پر مغرور ہونا عین جہالت ہے اسیواسطے حدیث مین وارد ہوا کہ آخرت مین جسکے عمل نے کوتاہی کی اوسکا نسب کچھ کام نہ آویگا۔ مترجم کہتا ہے کہ اس مقام پر یہ تحقیق یاد رکھنا چاہیے کہ خود اسلام و ایمان بھی عمل پس اگر اسلام صحیح ہوتا تو آخرت مین جہنم سے نجات پاویگا کیونکہ اسلام و ایمان کے لفظ یہ معنے نہین ہین کہ دل مین کسی چیز کا یقین بیٹھ جاوے کیونکہ یہ تو نے اختیاری ہوتا ہے اسمین آدمی کے فعل کا کچھ دخل نہین ہے کیا نہین دیکھتے ہو کہ بہت سے یہود و نصاری کے دل مین صاف بیٹھ گیا تھا کہ محمد صلعم سچے پیغمبر ہین حالانکہ وہ کافر جہنمی ہے جبکہ اونھون نے انکار کیا پس ایمان کے واسطے یہ ضرور ہے کہ اپنے دل مین یقین جماوے اور امور غیبی پر ایمان لاوے اگر اوسکا نفس اوسکے ساتھ جھگڑا کرے اور شک ڈالے مگر وہ ہمیشہ اپنے نفس کو مارے اور دل اعتقاد کو مضبوط رکھے اور واضح ہو کہ یہ کیفیت بھی چند ہی روز رہتی ہے پھر جب دل منور ہو گیا تو خود ہی اوسکو حق نظر آنے لگتا ہے اور اوس روشنی مین کہ شیطان و نفس خود ہی تباہ ہو جاتا ہے پس معلوم ہوا کہ دل کو حق پر جمانا ہی اسلام ہے اور یہ فعل قلبی بہت اعلی فعل ہے بلکہ جب دل سے یقین لایا اور دل کو اسی پر جمایا تو فعلا قصدا کیا کہ جو کچھ فرائض و واجبات اسلام ہین

سبکو اپنے اپنے وقت پر ادا کرونگا اور جسقدر ممنوعات ہین سب سے باز رہونگا تو اس نیت کے موافق اوسنے تمام شرائع اسلام ادا کر لیگا
ثواب پایا اور تمام ممنوعات سے بچنے کا ثواب پایا پھر جب اوسپر کسی نماز فرض کا مثلاً وقت آیا اور اوسنے ادا کی تو دس گونہ سے لیکر سات سو گونہ یا زیادہ تک ثواب پائیگا
پس معلوم ہوا کہ اسلام لانا خود بھی عمل ہی حتی کہ اگر اسلام صحیح ہو لیکن شامت نفس سے بدکاریون مین مبتلا ہو کر مرا اگر دل مین یقین اسلام ٹھیک کیا تو وہ دائمی جہنمی نہوگا
بلکہ خواہ عفو کیا جاوے یا بدکاریون کی سزا پاکر چھوٹے بہرحال وہ اہل جنت مین سے ہی کیونکہ اوسکے ساتھ عمل ایقین موجود ہی یہ خلاصہ یہود و نصاریٰ و منافقین
کے کہ اونمین ایمان نہین ہی تو عمل بھی ندارد ہی اور تعجب ہی کہ باوجود اسکے لوگون کو اپنی گمراہی کی جانب بلاتے تھے کما قال تعالیٰ

وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ تَهْتَدُوا ۗ قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

اور کہتے ہین ہو جاؤ یہود یا نصاریٰ تو راہ پاؤ تو کہہ نہین ہمنے پکڑی راہ ابراہیم کی جو ایکطرف کا تھا اور شریک والون مین

معالم مین ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ یہ آیت قدسی مدینہ کے یہودیون کعب بن الاشرف و مالک بن ضیف و وہب بن یہود و ابو
یاسر بن اخطب وغیرہ کے حق مین اور نصارائے نجران یعنے عاقب وغیرہ کے حق مین نازل ہوئی جنمین سے ہر ایک اپنی حقیت کا دعوی کرتا تھا
مترجم کہتا ہی کہ بات یہ واقع ہوئی کہ نجران کے نصاری مدینہ مین آئے اور یہودی بھی آکر مجتمع ہوے پس پہلے تو دونون فریق نے باہم مخاصمہ کیا حتی کہ
یہودیون نے نصرانیون کی تکفیر کی اور عیسی علیہ السلام و انجیل سے انکار کیا اور اسکے جواب مین نصرانیون نے یہودیون کی تکفیر کی چنانچہ سابق مین مفصل
مذکور ہوا ہی اور ظاہر ہی کہ انکے قلوب پر شیطان و کفر مستولی تھا پس انھون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین لیری کی چنانچہ محمد بن اسحق نے
باسناد وجید کے ساتھ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ ابن صوریا یک چشم نے جو خیبر کے یہودیون کا عالم تھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہنے
لگا کہ ہم لوگ جس مذہب پر ہین اوسکے سوائے کوئی ہدایت نہین ہی اور صحابہ رضی اللہ عنہم سے اوسنے کہا کہ تم بھی اسکو مانو تو ہدایت پاؤ
نصارائے نجران نے اسکے معارضہ مین اپنے حق مین ایسا ہی بیان کیا پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا - وَقَالُوا كُونُوا هُودًا أَوْ
نَصَارَىٰ تَهْتَدُوا - یعنے ان گمراہون نے کہا کہ تم لوگ یہودی ہو جاؤ یا نصرانی ہو جاؤ تو ہدایت پاؤگے - ف مراد یہ ہی کہ یہودیون نے
کہا کہ یہودی ہو جاؤ تو ہدایت پاؤگے اور نصاری نے کہا کہ نصرانی ہو جاؤ تو ہدایت پاؤگے پس اللہ عزوجل نے ان دونون گمراہون کو ایک مین شامل
کرکے رد کر دیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ - قُلْ بَلْ مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا - کہدے کہ نہین بلکہ ملت ابراہیم کی جو
حنیف تھا - ف شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ تقدیر کلام یہ ہی کہ - بل نتبع ملة ابراہیم حنیفا - اور دوسرون نے کہا کہ بل اتبعوا ملة ابراہیم حنیفا
یعنے اونکے قول سے انکار کیا کہ اوس سے ہدایت نہین پاؤگے بلکہ اتباع کرو ملت ابراہیم حنیف کی تو ہدایت پاؤ - مترجم کہتا ہی کہ
یعنی زیادہ بلیغ ہی کہ اسمین زیادہ خصوصیت نہین فرمائی بلکہ تحقیق کر دیا کہ تم لوگ دعوی ہدایت مین جھوٹے ہو اور ہدایت وہی ہی
جو حضرت عالم الغیب عزوجل نے حکم دیا کہ ملت ابراہیم کی اتباع کرو پس ہم لوگون نے اوسکی اتباع کر لی پس جو کوئی اوسکی اتباع کریگا وہی ہدایت پر
ہوگا کیونکہ حنیف یعنے مستقیم و ہمہ تن جانب حق اسی ملت ابراہیم کی صفت ہی اور خود ابراہیم علیہ السلام بھی اسی صفت پر تھے وَمَا
كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ - اور ابراہیم کچھ بھی مشرکین مین سے نہ تھا - ف پس شرک و کفر کبھی ملت ابراہیم مین داخل نہوگا اور یہ ان
یہود و نصاری پر تعریض ہی کہ ابراہیم علیہ السلام نے دین توحید سے مرتبہ خلیل اللہ پایا اور برابر اپنے بیٹون کو اسکی وصیت فرمائی اور اونکے بیٹے
پوتون نے برابر اسکی تاکید فرمائی پس تم لوگ جو کھلے ہوے مشرکین مین سے ہو بالکل ملت ابراہیم سے خارج ہو گئے کیونکہ وہ بالکل مشرک نہ تھے
اور تم بالکل مشرک ہو - ابو قلابہ نے فرمایا کہ حنیف وہ ہی جو اول سے آخر تک سب نبیون پر ایمان لاوے (ابن کثیر) ابو امامہ سے

مرفوع روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں سہل ملت حنیفیہ کے ساتھ بھیجا گیا ہوں (احمد و سنن) اور فرمایا کہ سہل ملت حنیفیہ اللہ تعالے کو محبوب ہی (احمد و ادب المفرد للبخاری وغیرہ) اسیواسطے صحابہ رضی اللہ عنہم کی صفات میں وارد ہوا کہ ایمان اونکے دلو نمیں بہاڑسے زیادہ بھرا ہوا تھا مگر آسانی دینے والے نے تکلف لوگ تھے (کما رواہ الدارمی) اسی مقام سے کہا گیا کہ بعضے لوگ جو بوجہ وہم وغیرہ کے اپنے اوپر سختی لیتے ہین وہ نادانی سے شیطان کو اپنے اوپر قابو دیتے ہین اور اسیواسطے علماے حقانی نے ایسے اوہام سے سخت ممانعت فرمائی ہی اور واضح ہو کہ جو شخص ابتدا سے انتہا تک جمیع رسولون پر ایمان لایا اوسنے اپنے دین کو خالص اللہ تعالے کے واسطے کر دیا اور معرفت سے آگاہ ہو گیا پس وہ شرک سے بیزار ہو گا لہذا اللہ تعالے نے اہل ایمان کے واسطے آیندہ ایک حکم صاف مصرح نازل فرمایا جس سے تمام مشرکون و گمراہون کے وساوس سوختہ ہو گئے اور کسیکو وسوسہ ڈالنے کی مجال نہین رہی چنانچہ یہود و نصاریٰ وغیرہ کو رد کرنے کے بعد حکم فرمایا بقولہ تعالے

قُولُوا آمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْنَا وَمَا أُنْزِلَ إِلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ

تم کہو ہم نے یقین کیا اللہ تعالے کے ساتھ اور جو اوتارا گیا ہماری طرف اور جو اوتارا گیا ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق اور یعقوب

وَالْأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَمَا أُوتِيَ النَّبِيُّونَ مِنْ رَبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ

اور اوسکی اولاد کی طرف اور جو کچھ ملا ہی موسیٰ اور عیسیٰ کو اور جو کچھ سب پیغمبرون کو دیا گیا ہی اپنے رب کی طرف سے ہم انکے درمیان مین

أَحَدٍ مِنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ ۝

کسی پیغمبر مین بھی تفریق نہین کرتے ہین اور ہم تو اُسی کے حکم پر گردن جھکائے ہین

اللہ تعالے نے پہلے تو مومنون کو ملت ابراہیم کا حکم دیا اور نصرانیون و یہودیون کو اس سے خارج کر دیا اور تعریض فرمائی کہ ملت حنیفیہ ابراہیم علیہ السلام سے یہ یہود و نصاریٰ کیونکر خارج ہو سکتے کہ یہ لوگ تو مشرک ہین حالانکہ ابراہیم علیہ السلام کچھ بھی مشرک نہین تھے پھر یہودیون و نصرانیون کے خارج ہونے کی توضیح و ازاح کی ضرورت نہین بلکہ مومنون کو حکم دیا کہ اپنا عقیدہ حقہ جو عین ملت ابراہیم ہی ظاہر کرین تاکہ خود یہود و نصاریٰ خارج ہون اور اس سے عقیدۂ حق بھی ظاہر ہو گیا پس یہ بلیغ اعجاز ہی کہ اصل مقصود یعنی ایمان مومنین کی تحقیق ہو گئی اور درمیان سے اہل باطل مانند یہود و نصاریٰ و مشرکین عرب کے خارج ہو گئے اور آیندہ انمین سے جسکو راہ راست کی ہدایت و توفیق ہو وہ خود ادراک کرلے اور بالتبع اسمین بکثرت فوائد ہین چنانچہ فرمایا۔ قُولُوا آمَنَّا بِاللّٰهِ۔ تم کہو کہ ہم لوگ ایمان لائے اللہ تعالے کے ساتھ وصف اور بیان مجمل کے کہ ہمنے دل سے مان لیا کہ بیشک اللہ تعالے وحدہ لاشریک ہمارا اور سب کا رب اپنی ذات و صفات کے ساتھ حق ہی اور بیشک محمد صلی اللہ علیہ وسلم اُسکے بندہ و رسول حق ہین اور جو کچھ اللہ تعالے نے نازل فرمایا سب حق ہی کیونکہ کسی شخص کا ایمان وحدانیت صحیح نہین ہوتا جب تک کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صدق رسالت کو یقین نکرے کیونکہ حدیث ابن عباس رض مین وفد عبد القیس کے بارہ مین آیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو چار باتون کا حکم دیا از انجملہ اول یہ کہ اللہ تعالے وحدہ پر ایمان لاوین پھر آخر مین فرمایا کہ یہ تمنے جانا کہ اللہ وحدہ پر ایمان کیا ہی انھون نے عرض کیا کہ اللہ و رسول ہی کو خوب علم ہی فرمایا کہ یہ کہ۔ اشہدان لا الہ الا اللہ وان محمدا عبدہ و رسولہ۔ پس ثابت ہوا کہ توحید الٰہی کے یہ معنے نہین کہ اللہ تعالے کو ایک کہے یعنے جیسے گنتی مین ایک دو کا شمار ہوتا ہی کیونکہ شمار و گنتی تو اللہ تعالے نے مخلوق فرمائی ہی تو اسکی ذات پاک کو ایک کی گنتی کیونکر لاحق ہو سکتی ہی بلکہ معنے ہین کہ وہ اکیلا الوہیت والا ہی یعنے الوہیت سواے اللہ تعالے کے کسی فرد کے واسطے نہین ہی پس جمیع صفات حق عز و جل اُسی کے لیے خالص رکھے تو لا محالہ رسول مبعوث کرنا اُسی کے افعال الوہیت سے ہی پس جسنے کسی رسول کا انکار کیا اُسنے الوہیت توحید الٰہی سے انکار کیا تو وہ

کافر مشرک ہو اور جسنے کسی مخلوق کو نفع یا ضرر پہونچانے والا مستقل جانا وہ مشرک ہو گیا جیسے یہود نے اپنے انبیاء و اولیاء کی نسبت اور نصاریٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت خیال کیا لہذا مشرک ہوئے بلکہ یہود ہی بوجہ کفر عیسیٰ علیہ السلام کے اور نصاریٰ بوجہ انکار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے الوہیت سے کافر ہو گئے۔ حتی کہ اس زمانہ میں جو کوئی مسلمانوں میں سے جاہلانہ اعتقاد کرے وہ خارج ہو جائیگا اگرچہ وہ کسی ولی معروف کی نسبت اعتقاد کرے کیونکہ ولی مقبول تو خالص بندہ حق عزوجل ہی تو وہ ایسے مشرک سے خود بیزار ہو گا جیسے عیسیٰ علیہ السلام ان مشرک نصرانیوں سے بیزار ہیں۔ پھر یہاں ایمان تفصیلی اسطرح ہی کہ اللہ تعالے و ملائکہ و انبیاء و کتب و روز آخرت و جنت و دوزخ وغیرہ جمیع حقائق کا اعتقاد کرے۔ پھر یہاں بمقابلہ یہود و نصاریٰ کے بعض وہ امور ذکر فرمائے جنکے انکار سے یہ لوگ کافر و مشرک ہو کر ملت حنیفیہ سے خارج ہو گئے تھے اور یہ تو معلوم ہو چکا کہ جو کوئی اللہ تعالے پر ٹھیک ایمان لایا وہ اسکی کمال الوہیت پر ایمان لایا لہذا جب اہل اسلام کو حکم دیا کہ کہو ہم اللہ تعالے کے ساتھ یقین لائے تو جمیع حقائق اسمیں آ گئے حتی کہ تقدیر بھی قطعاً حق ہی اور وہی ہمارے افعال کا بھی مثل ہمارے خالق عزوجل ہی۔ اور یہ وہم نہو کہ آدمی تو زنا و چوری وغیرہ کرتے ہیں۔ جواب یہ کہ جب بندہ نے زنا کاری کمانی چاہی تو اسکے عزم پر اللہ تعالے اسمیں یہ فعل پیدا کر دیتا ہی جیسے بندے کے عزم میں آرزو کرتے ہیں تو اللہ تعالے دیدیتا ہی پھر یہ بندہ چور و زانی ہو گیا جیسے رنگریز نے کپڑا سرخ رنگا تو وہ رنگریز گلگوں نہیں بلکہ کپڑا رنگوانی ہوتا ہی اسی طرح اللہ تعالے خالق ہی اور مخلوق اس وصف نیک یا بد سے متصف ہوتا ہی۔ پس ہم یقین لائے اور وسوسۂ شیطانی کو دور کیا اور دل صاف خالص جمایا کہ اللہ تعالے وحدہ لاشریک ہی۔ تو جمیع عقائد حقہ پر یقین لائے۔ پھر اسکے ساتھ بعض امور جنکے انکار سے یہود و نصاریٰ کافر مشرک ہو کر خارج ہو گئے تھے بیان فرمائے کہ۔ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا۔ اور یقین لائے اس چیز پر جو ہمارے جانب نازل فرمائی گئی ف۔ اور وہ قرآن مجید ہی اور حدیث بھی اسمیں اسوجہ سے شامل ہی کہ وہ بھی بوحی خفی نازل ہی پس ہم ایمان لائے کہ جو کچھ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہماری طرف لائے سب حق ہی وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ۔ اور ساتھ ہی یقین لائے اس چیز پر بھی جو اتاری گئی ابراہیم و اسمعیل و اسحٰق و یعقوب و اسباط کی جانب ف۔ اسباط جمع سبط جسکا اطلاق اکثر پوتوں پر ہوتا ہی اور یہاں اولاد یعقوب علیہ السلام کی نسل مراد ہیں جو خود حضرت ابراہیم و اسحٰق کے پوتے پروتے بھی ہوئے۔ بہرحال یہ لوگ اسباط کہلاتے ہیں شیخ سیوطی رح نے کہا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام پر دس صحیفہ نازل ہوئے تھے شیخ ابن کثیر رح نے لکھا کہ ابو العالیہ و ربیع و قتادہ رح نے فرمایا کہ اسباط بارہ اولاد یعقوب ہیں اور ہر ایک کی اولاد میں ایک گروہ کثیر ہوا تو ہر گروہ کو سبط اور ان سبکو اسباط کہنے لگے۔ مترجم کہتا ہی کہ اس بنا پر حضرت یعقوب کے ہر بیٹے کی نسل کو سبط کہتے ہیں۔ خلیل رح نے کہا کہ بنی اسرائیل میں اسباط اسی طرح کہلاتے ہیں جیسے بنی اسمعیل میں قبائل عرب کہلاتے ہیں اسیکے مانند امام بخاری کا قول ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ آیت میں ظاہر یہ ہی کہ جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام پر وحی صحائف نازل ہوئی اسی طرح حضرت اسمعیل و اسحٰق و یعقوب و انکی اولاد اور پوتوں پر بھی نزول ہوا ہو اور حضرت موسیٰ علیہ السلام سے پہلے بھی انمیں انبیاء کا ہونا محتمل ہی اور قول موسیٰ علیہ السلام بھی مشعر ہی کہ۔ اذ جعل فیکم انبیاء الآیۃ یعنے نعمت الٰہی یاد کرو کہ اسنے تم میں انبیا کیے اور محتمل ہی کہ آیندہ کے لیے ہو اور سابق میں بارہ اولاد یعقوب ہوں۔ پھر واضح ہو کہ اسباط بنی اسرائیل کا ذکر کیا اور قبائل بنی اسمعیل کا ذکر نہیں تو یہ دلیل ہی کہ حضرت اسمعیل کی جانب وحی کا نزول ہوا پھر قبائل عرب میں کوئی پیغمبر نہیں گذرا یہانتک کہ اللہ تعالے نے حضرت خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو انمیں سے مبعوث فرمایا۔ بالجملہ جو کچھ اللہ تعالے کسی پیغمبر پر نازل فرمایا ہم سب پر ایمان لائے اور انمیں سے خاص طور پر حضرت موسیٰ و عیسیٰ کی تصریح فرمائی بقولہ تعالے۔ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى۔ اور ہم اسپر بھی یقین لائے جو موسیٰ و عیسیٰ کو دیا گیا۔ ف کہ وہ اللہ تعالے کی طرف سے حق ہی اور موسیٰ علیہ السلام کو کتاب توریت دی گئی اور ساتھ میں جو کچھ وحی ہوئی وہ بھی

بین داؤد علیہ السلام کو زبور عطا ہوئی لیکن کہا گیا کہ زبور صرف حمد و ثنا ہی جسکو داؤد علیہ السلام خوش الحانی سے ادا کرتے تھے اسیواسطے جب حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کی تلاوت قرآن کو نماز تہجد میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خفیہ جا کر سنا تو فرمایا کہ اسکو مزامیر آل داؤد سے ایک مزمار عطا ہوا ہے۔ اور احکام تو اوسوقت بھی برابر وہی واجب تھے جو توریت میں نازل ہوے اور برابر توریت کا حکم مستمر رہا یہانتک کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مبعوث ہوے تو اسوقت انجیل نازل ہوئی جسمیں بعض احکام توریت منسوخ کیے گئے اور باقی احکام توریت محکم رہے اسیواسطے نصاریٰ توریت کو عہد عتیق اور انجیل کو عہد جدید کہتے ہیں اور جو احکام کہ توریت میں سے اسوقت منسوخ ہوے از انجملہ حرمت شراب و چربی و گوشت شتر وغیرہ ہے کہ یہ انجیل میں حلال کر دیے گئے اور جہاد کا حکم منسوخ ہو گیا حالانکہ برابر دو ہزار برس تک بنی اسرائیل میں جاری رہا۔ شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ سلیمان بن حبیب نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے ہمکو یہی حکم دیا کہ ہم توریت و انجیل کے حق ہونے پر ایمان لاویں اور یہ نہیں حکم دیا کہ ہم انکے احکام پر عمل کریں مفسر ہم کہتا ہے کہ جمیع اہل اسلام اسی پر متفق ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے جو توریت و انجیل نازل فرمائی تھی وہ بیشک کتاب الٰہی اور حق ہے ولیکن جو ترجمہ کہ زبان اردو یا فارسی وغیرہ میں اسوقت ہمکو دیے جاتے ہیں ہم انکی تصدیق یا تکذیب کچھ نہیں کرتے ہیں کیونکہ جب یہود و نصاریٰ سے کتاب الٰہی میں تحریف کرنا بدلائل قاطعہ ثابت ہو چکا تو ہم نہیں کہہ سکتے کہ کون حکم اصلی اور کون محرف ہے بلکہ اسوقت خود یہود و نصاریٰ کو بھی یہ تحقیق نہیں معلوم ہے اور ہزارون الفاظ میں جو اختلاف معنوی موجود ہے اسکی نسبت وہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ پڑھنے والون کی غلطی ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ اچھا وہ پڑھنے والون ہی کی غلطی سہی لیکن آخر یہی نتیجہ نکلا کہ یہ نہیں معلوم ہو سکتا کہ اصل کون لفظ اور کیا حکم ہے پس جب یہ حال ہے تو ہم کے پاس ایسی کتاب ہو کہ جسمیں یہ معلوم ہو سکے کہ اصلی حکم کیا ہے تو یہی شریعت کا مٹنا کہلاتا ہے اور خود نصاریٰ منتظر ہیں کہ بعد عیسیٰ علیہ السلام کے ایک روح مقدس آنے والا ہے تو وہ ہمکو انصاف سے دیکھنے اور جاننے کہ وہ یہی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مع شریعت حقہ قرآن مجید ہیں۔ بہرحال ہم ایمان لاتے ہیں کہ جو کچھ موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام کو عطا ہوا تھا حق ہے۔ وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ ۚ اور ایمان لاتے ہیں کہ جو کچھ پیغمبرون کو انکے رب عزوجل کی طرف سے عطا ہوا ہے سب حق ہے۔ قتادہ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے مومنون کو حکم دیا کہ اللہ تعالےٰ پر ایمان لاویں اور اللہ تعالےٰ کی سب کتابون اور رسولون کی تصدیق کریں حضرت مقدل بن یسار رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگ توریت و زبور و انجیل پر ایمان لاؤ لیکن قرآن مجید تم کو کافی ہے۔ (رواہ ابن ابی حاتم) خلاصہ یہ کہ بمنظر اختلاف یہود و نصاریٰ کے حضرت ابراہیم سے لیکر حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک بعضے انبیا علیہم السلام کو مفصل بیان فرمایا پھر جمیع انبیا علیہم السلام کو مجمل ذکر کیا تو ہم ان سب پر ایمان لاتے ہیں۔ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ ۔ انمیں سے کسی ایک میں بھی تفریق نہیں کرتے ف اور کسی پیغمبر یا کتاب آسمانی کو نہیں جھٹلاتے ہیں۔ کیونکہ الوہیت خالص اللہ تعالےٰ کے واسطے ہے پس سب سے جمیع انبیا علیہم السلام کو کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ کے ساتھ بھیجا اور احکام عملی میں البتہ اپنی حکمت و مشیت کے ساتھ ہر عہد میں اسکے موافق احکام دیے اور یہ اسکو ہر وقت اختیار ہے۔ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ ۔ اور ہم سب تو اسی کے واسطے مخلص مطیع ہیں ف وہ جو کچھ چاہے حکم فرماوے مثلاً شریعت توریت میں شراب حرام تھی پھر انجیل میں مباح کی گئی پھر شریعت اسلام میں بعد ہجرت مدینہ کے ایک مدت گذرے اسکو حرام کر دیا۔ اس آیت قدسی سے معلوم ہوا کہ اسلام ہی عین شریعت ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام تھی کہ ہر حال میں اللہ تعالےٰ کے حکم پر گردن جھکانا اور جمیع انبیا و کتب پر ایمان لانا اور ہم اسی شریعت پر ہیں اور یہی اللہ تعالےٰ نے حکم فرمایا برخلاف مشرکین عرب کے کہ انھون نے صریح بت پرستی کی اور نبوت سے انکار کیا اور برخلاف یہودون کے کہ انھون نے باوجود تحریف توریت شرک وغیرہ کے صریح نفی یہ کی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام و حضرت

خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور انجیل و فرقان سے کفر کیا اور یہ خلاف نصرانیوں کے کہ باوجود شرک قبیح و بہتان صریح و تحریف کے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار کیا بلکہ یہودی و نجرانی نصاری نے باہم ایک دوسرے کی تکفیر و تضلیل کی تو یہ سب ملت ابراہیم علیہ السلام سے خارج ہیں اور الحمد للہ کہ ہم لوگوں کو جسطرح اللہ تعالے نے حکم فرمایا ہم ایمان لاتے ہیں کہ اللہ تعالے الوہیت و الاوحدہ لاشریک لہ ہے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالے کے بندے رسول ہیں جو کچھ انپر نازل کیا گیا قرآن و وحی خفی سب حق ہے اور جو کچھ ابراہیم و اسمعیل و اسحق علیہم السلام و جمیع انبیاے بنی اسرائیل و جمیع انبیا حضرت آدم سے لیکر آخر تک خواہ ہمکو انکا نام معلوم ہو یا نہ معلوم ہو سب حق ہیں اور جو کچھ جس پیغمبر پر اللہ تعالے نے نازل فرمایا ہو سب حق ہے ہم کسی میں تفریق نہیں کرتے کہ بعض پر ایمان لاوین اور بعض سے کفر کریں یا قرآن مجید کے بعض حکم کو مانیں اور بعض سے انکار کریں جیسے یہود و نصاری نے کیا ہے بلکہ ہم بغیر تفریق کے سب پر ایمان لاتے ہیں اور ہم اللہ تعالے ہی کے واسطے دین کو خالص کرنے والے ہیں اللہ تعالے نے اہل ایمان کو ارشاد فرمایا کہ ان یہود و نصاری کو جو باہم تکفیر کرتے ہیں ہی سناؤ اور دیکھو کیا کرتے ہیں


فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ ۖ فَسَيَكْفِيكَهُمُ

پھر اگر وہ لوگ یقین لائے اسی پر جسپر تم یقین لائے ہو تو بے شک راہ راست پر آگئے اور اگر انھوں نے منہ موڑا تو سیکے سوائے کچھ نہیں کہ وہی پھوٹ میں پڑے ہیں سو عنقریب تیری طرف سے

اللَّهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ۝ صِبْغَةَ اللَّهِ ۖ وَمَنْ أَحْسَنُ مِنَ اللَّهِ صِبْغَةً ۖ وَنَحْنُ لَهُ عَابِدُونَ ۝

اللہ تعالے انکو کفایت کریگا اور وہی خوب سننے والا جاننے والا ہے ہم نے لیا رنگ اللہ کا اور وہ کون ہے جو اللہ تعالے سے بہتر ہو رنگ میں اور ہم تو اسی کے عبادت توحید کرنے والے ہیں

یہ خطاب بھی مومنون کو عطا ہوا اور اسمیں انکی تقویت و فضیلت اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی و معجزہ اخبار غیب ہے چنانچہ فرمایا۔ فَإِنْ آمَنُوا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهِ فَقَدِ اهْتَدَوْا۔ پھر اگر انھون نے بعینہ اسی کو یقین کیا جو تمنے یقین کیا ہے تو راہ پا گئے ف یعنے اگر یہود و نصاری نے جو باہم ایک دوسرے کی تکفیر کرتے ہیں اور راہ حق سے یعنے راہ مستقیم سے دائین بائین پھوٹ نکلے ہیں بالکل اسی طرح مانین جیسے تمنے یقین کیا ہے تو راہ راست پر آگئے اور ٹھیک راہ اختیار کی حاصل یہ کہ اگر یہود و نصاری نے اللہ تعالے کے سب رسولون و سب کتابونکا اقرار کیا تو راہ راست پائی وَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا هُمْ فِي شِقَاقٍ۔ اور اگر انھون نے منہ موڑا تو یہ لوگ شقاق ہی میں پڑے ہیں ف یعنے راہ مستقیم سے ایک شق میں یہودی جاتے ہیں اور ایک شق دیگر میں نصرانی جاتے ہیں چنانچہ حدیث معراج میں ایک روایت میں مذکور ہے کہ جب آپ روانہ ہوے تو راہ راست کے دائین شق سے ایک شخص نے دو مرتبہ پکارا کہ ای محمد راستا ادھر میری طرف ہے جبرئیل نے کہا کہ آپ چلے چلیں اور اسکو کچھ جواب نہ دین پھر آگے بڑھکر راہ سے بائین شق میں ایک شخص سے آواز دی کہ ای محمد ادھر میری طرف راہ ہے جبرئیل نے کہا کہ آپ چلے چلیں اور کسیکو جواب نہ دین پھر بڑھکر ایک عورت حسینہ جمیلہ نظر پڑی تو جبرئیل نے فرمایا کہ چلے چلیے اور اسکی طرف التفات نہ فرمائیے پھر جبرئیل علیہ السلام نے بتلایا کہ وہ راہ سے دائین شق والا یہود تھا کہ اپنی طرف بلاتا تھا اور بائین طرف والا نصاری ہے اور یہ عورت دنیا ہے رواہ الطبرانی مرسلا من طریق محمد بن عبد الرحمن بن ابی لیلی۔ مترجم کہتا ہے کہ صحیحین کی بعض احادیث میں خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خط مستقیم کے دائین بائین لکھوا کر کھینچکر فرمایا کہ مستقیم تو راہ حق ہے اور یہ کج راہیاں ضلالت ہیں۔ م۔ ابو العالیہ رح نے فرمایا کہ شقاق یعنے فراق میں پڑے ہیں ابن عباس رض و عطاء رح نے کہا کہ شقاق یعنے خلاف و منازعت میں ہیں۔ معالم۔ بعض نے لکھا کہ آمنوا بمثل ما آمنتم بہ۔ میں کاف مثل زائد ہے اور معنے یہ ہیں کہ۔ فان آمنوا بما آمنتم بہ۔ یعنے جس چیز کے ساتھ تم ایمان لائے ہو اگر اسی چیز کے ساتھ یہ لوگ ایمان لاوین تو راہ راست پاوین۔ معالم و تبیان میں کہا کہ یہی قراءت ابن عباس رض ہے اور کمالین میں کہا کہ یہ قراءت ابن مسعود رض ہے۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ مومنین کا اعتقاد عین اسلام ہے اور یہ لوگ مثل



اسلام کے کہان پاوینگے بلکہ بعینہ اسلام پر اعتقاد کرین۔ کشاف و بیضاوی وغیرہ نے کلمہ مثل کو بغیر تاکید کے بھی حجت تعجیز قرار دیا یعنی اس سے ان لوگون کو عاجز ٹھہرانا منظور ہی اور حجت کی تقریر یہ ہی کہ تمام انبیاء سابقین و انکی امتون سے متواتر چلا آتا ہی کہ انمین دین توحید ہی تھا کہ الوہیت الہی عزوجل کے ساتھ ایمان لاوین مع اس اعتقاد کے کہ اللہ تعالے کے سب رسول خواہ سابق ہون یا لاحق ہون اور سب کتابین و احکام کل برحق ہین اور جب یہ متواتر ثابت ہوا تو یہی حق اور یہی ملت ابراہیم و اسمعیل و اسحق و اسباط و موسی و عیسی ہی پس اہل اسلام قطعا اسی ملت پر ہین پس تم لوگ اگر اسکے مثل لاؤ تو البتہ ہدایت پر ہو حالانکہ یہ امر معلوم ہی کہ اسکا مثل ندارد ہی بلکہ خود یہی ایک صراط المستقیم ہی تو یہ لوگ مثل کہان سے لاوینگے پس جب ہی حق پر ہونگے کہ بعینہ اسلام لاوین اور اپنے دعوے و انکار سے توبہ کرین۔ شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ یہ حجت جمیع فرقہاے گمراہ پر ہی خواہ یہود و نصاری ہون یا عرب کے بت پرست جو اپنے آپ کو ملت ابراہیم و اسمعیل پر سمجھتے تھے۔ فان تولوا فانما ہم فی شقاق۔ یعنے پھر اگر بعد اس حجت واضحہ کے عین اسلام سے منہ موڑین تو یہ لوگ راہ حق سے پھوٹ کر مخالف حجت مین پڑے ہین پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی فرمائی کہ ان مخالفون کی کچھ پروا مت کیجیو کیونکہ اللہ تعالے ہی تمام مخلوقات پر قاہر ہی اور انکا فی الحال چھوڑ دینا کچھ اسوجہ سے نہین کہ معاذ اللہ یہ لوگ قبضہ قدرت باہر سے باہر ہین بلکہ ارادہ الہی انکے حق مین یون ہی متعلق ہی کما قال تعالے۔ انما یرید اللہ ان یعذبہم بہا فی الحیوۃ الدنیا وتزہق انفسہم وہم کافرون۔ یعنے اللہ تعالے کی ارادت کاملہ متعلق ہی کہ ان لوگون کو اس دنیاوی زندگی مین بھی بوجہ مال و اولاد دنیاوی کے عذاب مین ڈالے اور اسی کفر کی حالت مین انکی جانین کھینچی جاوین۔ ھ۔ تو اپنے وقت تک جب تک انکو چھوڑیگا پھر آخر اپنے خاتم النبیین صلی اللہ علیہ کے دین حق کو سب پر غالب فرماویگا لہذا فرمایا۔ فسیکفیکہم اللہ وہو السمیع العلیم۔ پس عنقریب اللہ تعالے تیرے لیے انکو کفایت فرماویگا اور وہی خوب سننے جاننے والا ہی ف یعنے عنقریب تجکو انپر فتح و نصرت کے ساتھ غالب فرماویگا چنانچہ یہی ہوا کہ ہجرت کے تیسرے سال مین آپ نے یہود کے فرقہ بنی نضیر کو ملک شام کی جانب نکالدیا اور آخر حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت مین وہان بھی انپر خواری کا جزیہ باندھا گیا اور ہجرت کے پانچوین سال غزوہ احزاب سے فراغت کے بعد آپ نے ہنوز کمر نہین کھولی تھی کہ آپکو بنی قریظہ پر جہاد کا حکم ہوا حتی کہ یہ مغرور لوگ مجبور ہوکر خوف کے مارے حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کے حکم پر اترے اور سعد رضی اللہ عنہ نے یہ حکم دیا کہ سواے عورتون بچون کے سب قتل کیے جاوین۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بشارت دی کہ اے سعد تمنے حکم الہی عزوجل کے موافق پایا اور نصاراے نجران سب مطیع ہوے چنانچہ سورہ آل عمران مین انکا عجیب واقعہ انشاء اللہ تعالے بیان ہوگا۔ اس آیت مین آنحضرت صلعم کے واسطے معجزہ واضحہ ہی جیسے سورہ آل عمران کی آیت مین قل للذین کفروا ستغلبون وتحشرون الی جہنم الآیۃ۔ مین بھی صاف معجزہ ہی جب ان مدعی احمق یہودیون نے کہا تھا کہ اے محمد آپ نے قریش کے چند اوباش کو جو فن جنگ سے واقف نہین ہین مغلوب کیا تو یہ کچھ نہین ہی کیونکہ کبھی ہمارا مقابلہ ہو تو معلوم ہو کہ مرد ہین لوگ ہین پس آپ کو حکم ہوا کہ ان لوگون سے کہدیجیے کہ اے کافرو عنقریب تم لوگ مغلوب ہوکر جہنم کو محشور کیے جاؤگے۔ ھ۔ اور اللہ تعالے سمیع علیم ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے محض خیر خواہی سے ان لوگون کے حق مین دین و دنیا کی بہتری چاہی اور خود دنیا محض ہیچ ہی تو دائمی حیات و نعیم جنت مین پہونچانے کی کوشش بلیغ فرمائی حالانکہ اسکے جواب مین ان بدکارون کی طرف سے بدگوئی و عداوت کا عوض تھا پس اللہ تعالے نے اپنی صفت پاک۔ سمیع علیم سے تسکین فرمائی اور یہ ہر عادل نیکوکار کے واسطے مقام تسکین و مسرت ہی کہ حق عزوجل اسکے افعال و اقوال کا سمیع علیم ہی تو رحمت سے محروم نہین۔ اور اسکے مخالفین کے اقوال و افعال کا سمیع علیم ہی تو وہ لوگ بالضرور اپنی سزا کو پہونچینگے۔ اور یہان ایک نکتہ ہی کہ اللہ تعالے نے آپ کو یہود و نصاری دونون پر فتح و نصرت و غلبہ اسلام کی بشارت دی حالانکہ نصرانیون پر یہ غلبہ حضرت ابوبکر و عمر و عثمان

رضی اللہ عنہم کی خلافت میں پورا ہوگیا تو ان مامون کے غلبہ کو عین آپکا غلبہ قرار دیا اسیواسطے حضرات خلفاے راشدین رضی اللہ عنہم کی خلافت بالاجماع خلافت نبوت ہی نہ خلافت سلطنت۔ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں اسلامی باغیون سے قتال کا حکم تعلیم کردیا گیا (تنبیہ) روایت ہی کہ ایک روز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک باغ میں تشریف لے گئے اور تلاش کرکے صحابہ رضی اللہ عنہم پہونچے اور پہلے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ایک سوراخ سے داخل ہوے اتنے میں آپ نے فرمایا کہ جو شخص پہلے آوے اسکو جنت کی بشارت دے اور ایک روایت میں ہی کہ میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے لیے اجازت چاہی تو آپنے فرمایا کہ اجازت دے اور اسکو جنت کی بشارت دے پھر عمر رضی اللہ عنہ آئے تو فرمایا کہ اجازت دے اور ایک بلوی پہونچیگا کہ اسپر جنت کی بشارت دے الحدیث (الصحیح وغیرہ) اور وقت وفات شریف عثمان رضی اللہ عنہ کو بلاکر مخفیہ فرمایا اور عثمانؓ کا رنگ متغیر ہوتا جاتا تھا کما فی الصحیح وغیرہ۔ یہ سب اس بلوہ کا اشارہ ہی جو باغیون نے آپکے زمانہ خلافت میں اٹھایا تھا حتی کہ آپ شہید ہوے اور صحیح حدیث میں ہی کہ آپنے حضرت عثمانؓ کو ایک مرتبہ فرمایا کہ اگر اللہ تعالے تجھے کبھی یہ خلعت خلافت پہناوے اور لوگ چاہیں کہ تو اسکو اوتار دے تو اسکو اوتار دے (السنن وغیرہ) حضرت عثمانؓ نے محاصرہ بلوہ میں استقدر اظہار کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھسے ایک عہد لیا کہ میں اسپر صابر ہون (بعض الصحاح) اور روایت پہونچی کہ جس رات صبح ہوتے شہید ہوے ہین تو اول باغیون پر حجت قائم کی اور اُنسے قسم لی کہ تم جانتے ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فلاں فلاں وفلاں بشارات جنت دی ہین۔ باغیون نے ہر ایک پر اقرار کیا کہ اللھم نعم۔ یعنے ہان بیشک واللہ صحیح ہی۔ پھر یاد دلایا کہ میں آنحضرت صلعم کے ساتھ مع حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہم کے تھا کہ پہاڑ کو جنبش ہوئی تو آپ نے اسکو ٹھوکر ماری اور فرمایا کہ بس تجھپر نبی وصدیق اور دو شہید ہین تو پہاڑ ٹھہر گیا۔ باغیون نے کہا کہ ہان واللہ ٹھیک ہی پس آپنے باواز بلند تکبیر کہی اور فرمایا کہ واللہ یہ لوگ مجھپر گواہی دیتے ہین کہ میں شہید ہون (الصحیح وغیرہ) پھر بعد عشا کے خفیف خواب کے بیدار ہوکر لوگون سے کہا کہ اسوقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مجھے اپنی حضوری کی بشارت دیتے ہین (باسناد صحیح) حتی کہ آخر رات شہید ہوے تو اسوقت مصحف مجید آپ کی گود مین تھا حتی کہ قطرۂ خون ٹپک کر قولہ تعالے۔ فسیکفیکھم اللہ الآیۃ پر گرا یہ کرامت ظاہر ہوئی چنانچہ اہل بغاوت بعد چند سے انواع محنت کے بعد مارے گئے باوجودیکہ کسی سے ظاہری قصاص نہین لیا گیا کیونکہ اہل بغاوت نے جب حضرت سیدنا علی رضی اللہ کی اطاعت کرلی تو اب گذشتہ حرکات پر انسے مواخذہ نہین لیا جاتا ہی۔ ابن ابی حاتم نے کہا کہ مجھے یونس بن عبد الاعلی نے پڑھ سنایا کہ ہمکو ابن وہب نے خبر دی کہ ہمسے زیاد بن یونس نے فرمایا کہ نافع بن ابی نعیم نے بیان فرمایا کہ بعضے خلفا نے میرے پاس مصحف عثمان رضی اللہ عنہ اس غرض سے بھیجا کہ میں اسکی جلد وغیرہ مرمت کردون۔ زیاد نے کہا کہ میں نے حضرت نافع سے عرض کیا کہ لوگ کہتے ہین کہ عثمان رضی اللہ عنہ جسدم شہید کیے گئے یہ مصحف انکی گود مین تھا حتی کہ فسیکفیکھم اللہ الآیہ پر انکا خون ٹپک پڑا۔ تو نافع نے فرمایا کہ واللہ میری ان دونون آنکھون نے اس آیت پر یہ خون مبارک دیکھا لیکن مجھپر اتنا واضح نہ تھا۔ مترجم کہتا ہی کہ حاصل تفسیر یہ ہوا کہ اہل ایمان کو اللہ تعالے نے یکرنگ توحید کا حکم دیکر ارشاد کیا کہ یہود ونصاری وغیرہ یا تو یہی رنگ توحید اختیار کرینگے یا اللہ تعالے اسکو کفایت فرماویگا۔ نصرانیون سے اصطباغ شرک قبول نکیا یعنے جبکبھی نصرانی ہوا تو مختلف ملتون مین سے جس فرقۂ نصاری مین داخل ہوا وہ لوگ اسکو اپنے رنگ مین اصطباغ دیتے تھے لیکن ہر ایک شرک مین اصل ہی لہذا مومنون نے موافق حکم الہی عزوجل کے رنگ شرک سے بالکل جدائی کرلی چنانچہ فرمایا۔ صِبْغَةَ اللّٰهِ۔ یعنے صبغنا اللہ صبغۃ۔ اللہ تعالے نے ہمکو رنگ دیا یکرنگ توحید ف یہ جملہ قولہ امنا باللہ کا مضمون ہی اور قولوا۔ کے تحت مین داخل ہی اسیواسطے حذف فعل واجب ہی کیونکہ ایمان توحید کا یہی حاصل متعین ہی کہ رنگ توحید کے سوا کچھ داغ شرک نہو۔ اور حاصل ہوا کہ تم لوگ کہدو کہ اللہ تعالے نے ہمکو رنگ توحید الہی سے یکرنگ کردیا۔ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰهِ صِبْغَةً اور اللہ تعالے سے بہتر کون اصطباغ دینے والا ہی ف کوئی نہین پس نصرانیت یا یہودیت کا اصطباغ باطل ومنکر وافعی ہی۔ وَنَحْنُ

الٰہ عابدون ۔ اور ہم تو اللہ تعالےٰ ہی کے لیے عبادت کرنے والے ہین ف کسی کو اسکے ساتھ شریک نہین لاتے بخلاف مشرکین یہود و نصاریٰ وغیرہ کے ۔ یہ بھی ۔ قولوا ۔ کے تحت مین داخل و مربوط ہی یعنے کہو کہ ہم تو اللہ تعالےٰ ہی کے واسطے مخلص موحد ہین پس صبغۃ اللہ منصوب بربنائے مفعول مطلق ہو کہ وہ جملہ آمنا باللہ ۔ کا حاصل ہی اور یہی قول امام سیبویہؒ اور اسی کو زمخشریؒ نے کشاف مین اختیار کیا اور اسکی خوبی خود ظاہر ہی لہذا دیگر اقوال کو مترجم نے ترک کر دیا اور امام ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ ابن عباس و مجاہدؒ نے کہا کہ صبغۃ اللہ سے مراد فطرت الٰہی ہی یعنے دین توحید فطری کہ وہ بیرنگ صاف بدون داغ ہی ۔ اور اسیکے مانند ۔ ابو العالیہ و عکرمہ و ابراہیم نخعی و حسن و قتادہ و ضحاک و عطیہ و ربیع و سدی وغیرہم سے مروی ہی ۔ ھ ۔ اور یہ تشبیہ لطیف ہی کہ جیسے کپڑے پر رنگ ہوتا ہی اسیطرح ہر ملت والے پر اسکے دین کا رنگ ہوتا ہی مترجم کہتا ہی کہ مؤید اسکا قولہ تعالےٰ ۔ لباس التقوی ذلک خیر ذلک من آیات اللہ الآیۃ ۔ یعنے لباس تقوی ہی بہتر ہی اور وہ آیات الٰہی سے ہی ۔ ھ ۔ مترجم کہتا ہی کہ آیۃ سے لباس تقوی ہر کافر و فاسق کو نظر نہین آتا جو آیات الٰہی سے الدھے ہوتے ہین ؎ مومن صادق کی پیشانی کا نور ۔ کب چھپا رہتا ہی پیش ذی شعور ۔ یہ نور بعد موت کے عموماً ظہور کریگا جسکے آگے چاند سورج کی روشنی بے حقیقت ہی ۔ اور حدیث مین لباس تقوی کی توضیح آئی ہی اور انشاء اللہ تعالےٰ لباس التقوی کی تفسیر مین احادیث و آثار کا ذکر آویگا ۔ اور واضح ہو کہ طفیل بن عمرو الدوسی رضی اللہ عنہ ذی النور کے جن مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الٰہی اسپر اسکا نور ظاہر کر دے تو انکی پیشانی سے مانگ تک ظہور ہو گیا کہ اندھیری رات مین انکو کسی چاند کی ضرورت نہ تھی لیکن طفیل رضی اللہ عنہ نے جو صادق الایمان تھے عرض کیا کہ یا رسول اللہ شاید لوگ داغ کا شبہہ کرین تو آپ نے جانبین مین اشارہ کیا تو وہ دونون کیسو پر تھا ۔ اسیو اسطے ذی النور لقب ہو گیا ۔ معالم مین ہی کہ ابن عباس نے فرمایا کہ نصاریٰ مین دستور ہی کہ جب انمین لڑکا پیدا ہو کر سات روز کا ہوتا ہی تو شریعت توریت کی عقیقہ و ختنہ کے بجاے اسکو زرد رنگ مین جسکو آپ معمودیہ کہتے ہین غوطہ دیکر رنگتے ہین کہ اب نصرانی ہو گیا پس اللہ عزوجل نے رد فرمایا کہ یہ ظاہری رنگا ہوا مقبول نہین بلکہ مقبول وہ ہی جو دین الٰہی عزوجل سے منور ہو اور وہ اسلام ہی ۔ ھ ۔ حاصل یہ کہ اللہ تعالےٰ نے مومنون کو حکم دیا کہ تم ان خیالی دعوے والون سے کہو کہ ہمکو اللہ تعالےٰ نے ایسے رنگ سے رنگا جو مثل تمہارے رنگنے کے نہین ہی اور وہ طہارت اسلام سے سپید رنگ ہی جسپر حضرت نوح و ہود و ابراہیم و اسمعیل و اسحق و یعقوب و غیرہ انبیا علیہم السلام گذرے ہین ۔ ابن ابی حاتم و ابن مردویہ نے اپنی اپنی تفسیر مین اور ضیاءؒ نے مختارہ مین ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ بنو اسرائیل نے حضرت موسی علیہ السلام سے پوچھا کہ کیا آپ کا پروردگار رنگ دیتا ہی ۔ حضرت موسیٰؑ نے فرمایا کہ تم ایسے کلمات سے ڈرو پس اللہ تعالےٰ نے وحی فرمائی کہ تو کہدے کہ ہان میرا رب عزوجل رنگتا ہی پیسرخ و سفید و سیاہ و کل رنگ میرے ہی رنگنے سے ہین ۔ اور اللہ تعالےٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر قولہ صبغۃ اللہ و من احسن الآیۃ ۔ شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ ابن مردویہ نے اسکو مرفوع حدیث روایت کیا لیکن ابن ابی حاتمؒ کے روایت مین ابن عباسؓ کا قول ہی اور یہی اشبہ ہی بشرطیکہ اسناد صحیح ہو ۔ مترجم کہتا ہی کہ گویا اشارہ ہی کہ اسناد مین تردد ہی ۔ بعض علماےؒ نے کہا کہ ما معمودیہ کی تردید تو فقط نصاریٰ سے متعلق ہو گی حالانکہ یہ کلام تو یہود بلکہ مشرکین عرب کی بھی تردید ہی مترجم کہتا ہی کہ اسکے دو جواب ہو سکتے ہین ۔ اول یہ کہ تردید کا ہر جملہ ضرور نہین کہ دونون سے متعلق ہو ۔ دوم صبغۃ اللہ سے درحقیقت رنگ مراد نہین بلکہ مقصود تشبیہ ہی یعنے تم لوگ تو اپنے رنگ مین ہو جو اللہ تعالےٰ و اسکے رسولون سے مخالف ہی حتی کہ تم مین سے نصرانیون نے ما معمودیہ کو سچے نصرانی ہونے کی رسم نکالی ہی اور ہم لوگ اپنے اللہ تعالےٰ کے رنگ سے موحد و خالص مطیع ہین تو یہ بطور تشبیہ ہو اور اس استعارہ کی تقریر مفتاح و شرح مطول مین مفصل مذکور ہی پس ہم لوگ اس فطرت پر ہین جسپر انبیاء علیہم السلام گذرے ہین اور تم اپنے خیالی رنگ پر مشرک ہو لہذا آیندہ آیت مین انکے اس خیال کی تردید فرمائی کہ تم اپنے خیال مین حضرت ابراہیم و اسمعیل و اسحق و یعقوب

واسباط کو اپنے رنگ یہودیت یا نصرانیت پر کہتے ہو حالانکہ اللہ تعالے خوب جانتا ہی کہ تم جھوٹے ہو بلکہ ہر شخص پر ظاہر ہی کیونکہ یہودیت تو بعد تورات کے اور نصرانیت بعد زمانۂ عیسی علیہ السلام کے ظاہر ہوئی حالانکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام وغیرہ بہت مقدم گذرے ہین (تنبیہ) کچھ شک نہین کہ اللہ تعالے سب رنگون کا حقیقی خالق ہی لیکن بالاجماع اسپر رنگریز کا اطلاق کرنا روا نہین ہی اسوجہ سے کہ بول چال مین یہ لفظ ایک حقارت کے معنے مین پیشہ رذیل ہوگیا ہی ف۲ شیخ الصوفیہ محقق محی الدین بن العربی جنکی نسبت کہا گیا کہ وہ ایمان فرعون کے قائل ہین حالانکہ درحقیقت یہ غلط فہمی ہی انھون نے ایمان نافع مین کلام نہین کیا جیسے کوئی کہے کہ تمام کفار قیامت مین یا موت کے وقت ایمان لاتے ہین تب روح نکل جاتی ہی تو یہ صحیح ہی حالانکہ وہ ایمان نافع نہین ہی بالجملہ اس گفتگو کو چھوڑکر مین اس شیخ کے کلام کو اس مقام پر ملخص نقل کرنا چاہتا ہون شیخ نے کہا کہ صبغۃ اللہ کے معنے یہ ہین کہ ہمکو اللہ تعالے نے اپنے رنگ سے رنگ دیا۔ بات یہ ہی کہ ہر اعتقاد و مذہب والے کا باطن اسکے اعتقاد و مذہب کے موافق رنگین ہوتا ہی جیسے طریقۂ اجتہاد والے کا مقلد اپنے امام کے رنگ پر رنگین ہوگا اور جیسے فلاسفہ اپنے اوہام سے مصبوغ ہین جنکو عقل سمجھتے ہین غرضکہ ہر فرقہ اپنے رنگ اعتقاد پر ہی اور موحدین خاصۃ اللہ تعالے ہی کے رنگ سے منور ہین جس سے خوب رنگ نہین ہی یعنے درحقیقت یہی رنگ مقبول ہی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان اللہ خلق الخلق فی ظلمۃ فحرش علیھم من نورہ فمن اصاب من ذلک النور اھتدی ومن اخطأہ ضل۔ یعنے اللہ تعالے نے خلق کو اسکی تاریکی مین پیدا فرمایا پھر اپنے نور سے چھڑکا تو جس خلق کو اس نور سے کچھ پہونچا اسنے راہ پائی اور جو کوئی چوک گیا وہ گمراہ ہوا رواہ احمد والترمذی (المشکوۃ وغیرہ مترجم) پس یہی نور یہان مراد ہی جسکو رنگ فرمایا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہانتک شیخ ابن العربی رح کا کلام تمام ہوا اور شیخ رکن الدین رح نے عرائس مین اس سے نور صفات کا اشارہ لیا ہی اگرچہ یہ حاصل کلام شیخ ابن العربی کا بھی ہی۔ چنانچہ شیخ نے عرائس مین کہا کہ یہ رنگ صفت خاصہ ہی جسپر آدم علیہ السلام کو پیدا کیا اور حدیث مین ہی کہ ان اللہ خلق آدم علی صورتہ۔ یعنے اللہ تعالے نے آدم کو اسکی صورت پر پیدا کیا۔ ھ۔ پس یہی لباس صورت خاصہ ہی نور رنگ فطرت سے تعبیر کیا گیا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اکابر مشائخ کے نزدیک خلقت انسانیہ جامع مظاہر صفات ہی حتی کہ صفات رحمت وغضب دونون مین پس جسنے موافق فرمان الٰہی عزوجل کے دونون مین عدل رکھا وہ صراط مستقیم مین ہی رنگ الٰہی عزوجل ہی اور جسنے مظہر غضب کو خالص کر لیا خواہ عمداً سرکشی سے ہو جیسے یہود مین غضب پر غضب ہی یا جہالت سے ہو جیسے نصاری مین ضلالت ہی تو یہ راہ مستقیم سے خارج ہوکر گمراہ ہین۔ اور اوپر رنگ نفس ہی اور واضح ہو کہ ہماری خلق آدم جو صحیحین مین واقع ہی ائمہ علما اسکی تاویل مین مرجع ضمیر جانب آدم ٹھہراتے ہین یعنے اللہ تعالے نے آدم کو آدم کی صورت پر پیدا کیا یعنے جیسی صورت پر پیدا کیا جو آخر آدم کی صورت ہوئی اور مشائخ اسمین صفت خاصہ کے معنے لیتے ہین یعنے صورت ایک صفت خاصہ ہی جسکا رنگ ظاہر ہین ہیئت و شکل ہی اور وجہ یہ کہ آدم علیہ السلام کے واسطے کوئی صورت سابق نہین تھی کہ جس صورت پر پیدا کیا ہو۔ پھر مشائخ وائمہ علما دونون متفق ہین کہ یہ صورت جو بمعنے تصویر و شکل ہی اس سے اللہ تعالے پاک ہی کیونکہ اسکی شبیہ و مثال محال ہی پس جیسے خلقت بیدی الآیہ یا قولہ تعالے۔ ھو السمیع البصیر یا قولہ ید اللہ فوق ایدیہم الآیہ وغیرہ مین ید و سمع و بصر سے یہ اعضاء جسمی مراد نہین بلکہ متاخرین علماء تاویل بعید کرتے ہین اور متقدمین و سلف صالحین رضی اللہ عنہم یہان صفات حق عزوجل مراد لیتے ہین اسیطرح صورت کا اطلاق ایک صفت خاصہ پر ہی اور مؤید اسکے واسطے دوسری روایت صحیحین بحدیث ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ہی کہ جب کوئی تم مین سے اپنے بھائی سے مارپیٹ کرے تو اسکے چہرہ کو محفوظ رکھے یعنے اسکے بگاڑنے سے اجتناب کرے کیونکہ اللہ تعالے نے آدم کو علی صورتہ پیدا فرمایا ہی (رواہ مسلم) یہان ظاہر ہی کہ اگر ضمیر راجع بجانب آدم ہو اور یہی شکل مراد ہو تو تعلیل غیر مفید ہوئی جاتی ہی۔ اور جو تاویلین بیان کی گئین ہین غایت تکلف ہین اسیواسطے اکثر علماے رح نے اسکو احادیث صفات متشابہ مین داخل کیا ہی اور یہ خود

مؤید کلام مشائخ ہی۔ بلکہ مشائخ تو خود ہی اسکو متشابہات مین داخل کرتے ہین۔ اور امام احمد وغیرہ کی روایت مین آیا کہ۔ ان اللہ خلق آدم طولہ ستون ذراعا فی سبعۃ اذرع عرضا۔ یعنے اللہ تعالے نے آدم کو پیدا کیا اس صفت سے کہ آدم کا طول ساٹھ ہاتھ اور عرض سات ہاتھ تھا۔ ھ۔ اسکو بیان سابق سے منافات نہین ہی کیونکہ یہ بھی ظہور صفت کا بیان ہی۔ بالجملہ مشائخ و ائمہ علماء رحمہم اللہ تعالے مین درحقیقت کچھ اختلاف نہین ہی کیونکہ مشائخ کبھی ہرگز نہین کہتے کہ حق تعالے عزوجل کے واسطے صورت بمعنی شکل و ہیات ہی بلکہ صفت خاص ہی جسکا ظہور ان مخلوقات مین بطریق صورت ہی اور علماء رحمہم اللہ تعالے بھی صفات آلہیہ سے انکار نہین کرتے ہین اور اس سے یہ بھی معلوم ہوگیا کہ حدیث کے یہ معنے "کہ اللہ تعالے نے آدم کو آدم کی صورت پر پیدا کیا" بلاخلاف معنے صحیح ہین لیکن مشائخ نے اسمین معنے دقیق کا اشارہ کیا جسکا ظہور اس مظہر آدم مین بشکل و صورت ہوا ہی اور یہان سے معلوم ہوا کہ حق عزوجل نے امت محمدی کے علما کو کس شان کے ساتھ سداد و صواب پر مستقیم فرمایا ہی کہ حفظ شریعت کے ساتھ معنی حقیقت جمع ہین اور اسکی نظیر عالم آخرت مین جنت کی نعمتین ہین کہ باغ و حور و قصور و اکل و شرب کی نعمتون کے ساتھ یہ بھی فرمایا کہ۔ فلا تعلم نفس ما اخفی لہم من قرۃ اعین الآیہ۔ یعنے کسی نفس کو نہین معلوم جو اسکے لیے اسکی آنکھون کی ٹھنڈک مخفی رکھی گئی ہی۔ ھ اور حدیث مین آیا کہ وہ ان نعمتون کو نہ آنکھ نے دیکھا اور نہ کان نے سنا اور نہ کسی بشر کے دل پر خطور ہوا، اور دونون صحیح ہین اسی طرح یہان بھی دونون معنے صحیح۔ بالجملہ مشائخ نے اللہ تعالے کی صفت خاصہ کا ظہور آدم کے ظاہر مین بروجہ صورت فرمایا۔ اور باطن مین رنگ قلبی ہی جسکے ظہور پر ملائکہ کے لیے سجدہ کا حکم دیا۔ مترجم کہتا ہی کہ تجلیات صوری سے کوئی انکار نہین کرسکتا لیکن عوام کو بہت احتیاط سے ہونا چاہیے کہ ہوش بجا رکھنا واجب ہی یعنے تجلی صوری کو بمعنی تشکل نہ سمجھین بلکہ ظہور تجلی بلحاظ اس صفت خاصہ کے جسکا نام صورت ہی اور جسکا مظہر آدم مین بطریق شکل ہی اور دلیل یہ کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین نے اپنے رب عزوجل کو نہایت خوب صورت مین دیکھا، تمام حدیث جامع ترمذی مین ہی وقال حدیث حسن و فی نسخۃ صحیح۔ اور ابن الجوزی نے مسند احمد سے نقل کرکے کہا کہ اسکی اسناد حسن ہی۔ کما فی العلل المتناہیہ۔ یہ خواب مین دیکھا تھا اور خواب انبیاء علیہم السلام تحقیق عین الوحی ہی۔ پس معنے یہ کہ اس صفت صورت کی تجلی مین دیکھا۔ اور اسی طرح احوال قیامت کے متعلق حدیث مین ہی کہ حکم ہوگا کہ ہر امت اپنے پیشوا کے پیچھے روانہ ہو۔ حتی کہ سب چلے جاوینگے سوائے مومنین کے تو اللہ تعالے اپنے تجلی فرماویگا اور کہیگا کہ تم لوگ کیون نہین اتباع کرتے۔ جیسے لوگون نے کہا۔ مومنین کہینگے کہ نہین ہمارا تو یہی مقام ہی یہانتک کہ ہمارا رب عزوجل آوے پھر اپنے دوبارہ تجلی فرماویگا اور بعد سوال و جواب کے فرماویگا کہ اچھا۔ مین تمہارا رب ہون۔ مومنین اس تجلی کو نہین پہچانینگے تو کہینگے کہ معاذ اللہ ہم تو اپنے رب عزوجل کے منتظر رہینگے۔ پھر اپنی معروف تجلی فرماویگا تو مومنین سجدہ مین گر پڑینگے۔ ھ۔ چنانچہ قولہ تعالے یوم یکشف عن ساق الآیہ۔ وغیرہ کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے حدیث مزبور بالترجمہ نقل ہوگا۔ پس اہل السنۃ جو اہل الحق اہل المعارف ہین سب اسرار تجلیات پر متفق ہین پس جیسے حضرت باری تعالے کی صفت قدس و کمال کا نام صورت ہی تو اسی صفت قدس کا مظہر آدم مین ظاہر و باطن ہی پس ظاہر تو یہ شکل ہی اور اسمین مومن و کافر سب مشترک ہین اور باطن جو رنگ فطرت و نورانی لباس ہی جو قلب پر خلعت ہی لیکن مطلع ظہور یہ مظہر صورت ظاہری نہین بلکہ باطنی ہی اسی واسطے حدیث مین آیا کہ اللہ تعالے تمہاری شکلون و مالون کو نہین دیکھتا بلکہ تمہارے دلون و اعمالون کو دیکھتا ہی۔ ھ۔ (صحیح مسلم وغیرہ) شیخ نے لکھا کہ پھر دونون صفتین جنکے ساتھ اللہ تعالے نے آدم کو اختصاص دیا تھا انکی اولاد مین میراث پایا چنانچہ اسکو انبیاء و اولیا علیہم السلام نے پایا۔ مترجم کہتا ہی کہ مومنین کل اولیاء ہین اور صرف انہین کی خصوصیت اسوجہ سے ہوئی کہ میراث آدم تو انہین کو ملیگی جو آدم کی ذریات ہون کیا نہین دیکھتے ہو کہ میراث مین دینی اتحاد شرط ہی حتی کہ کافر کی میراث بھی اسکے مومن اولاد نہین پاتے ہین چنانچہ ابو طالب کے چار بیٹے تھے طالب و عقیل و علی و جعفر۔ اور جسوقت ابو طالب نے انتقال کیا تو جعفر و علی رضی اللہ عنہما مومن تھے لہذا طالب و عقیل نے ابو طالب کی میراث پائی اور حضرت علی و جعفر نے کچھ نہین پایا اگرچہ بعد ایک مدت کے عقیل بھی مسلمان ہوگئے جب

یہ معلوم ہوا تو آدم علیہ السلام کی اولاد مین جو لوگ کافر و مشرک و یہود و نصاری ہوکر توحید سے خارج ہوے تو آدم علیہ السلام سے منقطع و میراث سے محروم ہوکر اپنے پیشوا ابلیس کے اتباع مین داخل ہوے - کیا تمنے نہین دیکھا کہ نوح علیہ السلام کا پسر کافر کیونکر نکالا گیا حالانکہ نوح علیہ السلام نے التجا کی کہ رب وہ میرا بیٹا ہی تو حکم ہوا کہ "انہ لیس من اہلک انہ عمل غیر صالح" یعنے وہ تیری آل مین سے نہین کیونکہ مشرک بدکار ہی - اسی طرح کفار جب ذریات آدم سے خارج ہوے تو اس میراث سے محروم ہوگئے اور فقط انبیا علیہم السلام و مومنین رحمہم اللہ تعالے نے حسب حصہ اس میراث کو پایا اور جیسے ظاہری ترکہ کی تقسیم خود حق تعالے نے اپنے حکم پر رکھی ہی کہ قرآن مین حکم نازل کردیا اسی طرح اس ترکہ باطنی مین خالص اپنا اختیار رکھا حتی کہ عالم کو قدرت نہین کہ اپنی اولاد کو عالم کرلے اور ولی کو قدرت نہین کہ اپنی اولاد کو ولی کردے بلکہ اکثر اوقات دوسرون کو خلافت نصیب ہوتی ہی بلکہ بسا اوقات ولی کی اولاد جاہل بدکار ہوجاتی ہی اور کافر فاجر کے نطفہ سے پیغمبر صالح خلیل اللہ پیدا ہوتا ہی اور یہ شان حق ع و جل ہی پہان کسی مخلوق کی مجال نہین کہ دم مارے - شیخ رح نے کہا کہ یہ بات اسطرح ہی کہ حق ع و جل نے ازل ہی مین ارواح کو پیدا فرماکر اپنے قبضہ قدرت مین کشف جلال و جمال سے مشرف فرمایا اور یہ عطا نور اپنی مشیت کے موافق بروجہ استعداد دیا - مترجم کہتا ہی کہ پھر جسکو نور نہین ملا وہ یہان گمراہ ہوا چنانچہ حدیث ان اللہ خلق الخلق فی ظلمۃ فالقی علیہم من نورہ الحدیث (رواہ احمد والترمذی) مین بیان ہوچکا اور عجائب قدرت سے بغور دیکھو کہ باوجود مشابہت شکل کے باطن مین باہم آسمان و زمین کا تفاوت ہی بلکہ غور کرو کہ موسی علیہ السلام اور فرعون ملعون مین مباینت ہی - اسیواسطے اہل الحق نے مکرر تنبیہ کی کہ یہ شکل جسمانی و اسکے متعلق احکام کا کچھ اعتبار نہین ہی حالانکہ ایک جماعت شیعہ نے دھوکا کھایا اور فرقہ رافضیہ کو برپا کیا - شیخ رح نے کہا کہ اسی لباس نور سے خصائص علوم و معارف کا ظہور ہی اور یہی بندگان مخلصین بیرنگ توحید و فردانیت مین رداء کبریائی کے تحت مین مستور ہین کہ کسی غیر مین الوہیت کا نام و نشان بھی ثابت نہین کرتے اور حق ع و جل ہی کی وجہ ذوالجلال مین فانی اور اوسی کے کمال مین ساکن و خوشوقت ہین تو اوپر رنگ صفات ظاہری اور رنگ ذات باطنی سے خلعت فطرت و توحید ہی - مترجم کہتا ہی کہ خلاصہ یہ نکلا کہ ارواح اہل سعادت کو بحکم قولہ تعالے - ولقد کرمنا بنی آدم - کے ازل ہی مین نور صفات سے منور فرمایا اور یہی رنگ حقیقت انہین اس دار دنیا مین ظاہر ہوا جیسے اہل شقاوت اس سے محروم ہوکر یہان ہر ایک اپنے خیالی رنگ سے رنگ پر رنگ ہین اور اہل سعادت مین ظہور بشرف اتباع اسلام ہی گویا یہی رنگ ہی - حارث محاسبی رح نے کہا کہ جس شخص کا باطن رنگ خلاص توحید سے آراستہ ہوتا ہی اسکا ظاہر پابندی شریعت و اتباع سنت کے مجاہدہ سے پیراستہ ہوتا ہی برخلاف مشرکین و یہود و نصاری کے کہ اپنے اوہام کے اتباع مین دعوی دروغ کرتے

قُلْ أَتُحَاجُّونَنَا فِي اللَّهِ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ وَلَنَا أَعْمَالُنَا وَلَكُمْ أَعْمَالُكُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُخْلِصُونَ ۝ أَمْ تَقُولُونَ

کہ کیا تم ہمارے ساتھ جھگڑتے ہو شان الہی مین حالانکہ وہ ہمارا رب ہی اور تمہارا رب ہی اور ہمارے لیے ہمارے اعمال ہین اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہین اور ہم تو اسی کے لیے مخلص ہین یا تم لوگ کہتے ہو کہ

إِنَّ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطَ كَانُوا هُودًا أَوْ نَصَارَىٰ قُلْ أَأَنْتُمْ أَعْلَمُ

ابراہیم اور اسمعیل اور اسحق اور یعقوب اور اسباط یہ سب یہود یا نصاری تھے تو کہدے کہ کیا تم زیادہ جانتے ہو

أَمِ اللَّهُ ۗ وَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهُ مِنَ اللَّهِ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝ تِلْكَ أُمَّةٌ قَدْ

یا اللہ تعالے اور اس شخص سے بڑھکر کون ظالم ہوگا جسنے وہ گواہی چھپائی جو اسکے پاس اللہ تعالے کیطرف سے موجود تھی اور اللہ تعالے غافل نہین اس سے جو تم کرتے ہو یہ ایک امت تھی کہ

خَلَتْ ۖ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَلَكُمْ مَا كَسَبْتُمْ ۖ وَلَا تُسْأَلُونَ عَمَّا كَانُوا يَعْمَلُونَ ۝

گذر چکی اس امت کے لیے ہی جو اسنے کمایا تھا اور تمہارے لیے وہ ہی جو تم نے کمایا اور تم سے اسکا سوال نہوگا جو وہ لوگ کرتے تھے -

واضح ہو کہ یہان اکثر اہل تفسیر متاخرین نے ایک سبب نزول بیان کیا ہی جسکی نسبت شیخ سیوطی رح نے لباب النقول مین لکھا کہ مین نے اسکو کسی کتاب

حدیث و آثار مین نہین پایا اور نہ کسی ایسی تفسیر مین دیکھا جسمین یہ روایات اسباب نزول کے لیے اسانید لاتے ہین یعنے مانند تفسیر امام ابن ابی حاتم و تفسیر ابن جریر وغیرہ کے مترجم کہتا ہی کہ اسیواسطے شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اسکو اپنی تفسیر مین ذکر نہین کیا لیکن محی السنۃ رحمہ اللہ نے معالم مین البتہ ذکر کیا اور ابتداے معالم مین مجمل اسانید کا حوالہ دیدیا ہی تو غالبًا انھین مین سے کسی اسناد کے ساتھ پہونچی ہوگی اور شیخ سیوطی رحمہ اللہ باوجود اس قول لباب النقول کے اپنے تکملہ جلالین مین اس شان نزول کو بیان کردیا کہ اس آیت کا سبب نزول یہ ہی کہ یہودیون نے مسلمانون سے کہا کہ ہمکو کتاب الٰہی (توریت) تمسے اول ملی اور ہمارا قبلہ (بیت المقدس) بھی تمسے مقدم ہی اور ہمین لوگون یعنے بنی اسرائیل ہی مین انبیا ہوتے آئے اور عرب مین کوئی پیغمبر نہین ہوا پس اگر محمد صلعم پیغمبر ہوتے تو ہمین مین سے ہوتے۔ پس اللہ تعالے نے یہ آیات نازل فرمائین یعنے کیا تم اللہ تعالے کی شان مین ہمسے جھگڑتے ہو کہ وہ کہین سوا اسکے تمہارے پیغمبر نہین کرسکتا ہی یا تمسے انبیاے سابقین ابراہیم و اسمعیل آخر تک سب کو یہود یا نصاری مین سے ٹھہرایا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی شہادات صریحہ کو تمنے چھپایا اور خود ابراہیم و اسمعیل و غیرہم علیہم السلام کے موحد ہونے کو چھپاکر یہود و نصاری بنایا۔ مترجم کہتا ہی کہ سبب نزول دو طرح کا ہوتا ہی۔ اول یہ کہ ظاہر آیت سے جو مفہوم ہی سبب نزول معلوم کرکے کچھ تغیر خواہ نفس کلام یا حکم یا نوع حکم مین ہو یعنے ورنہ تو کلام کے یہی معنے ہین جو سبب نزول معلوم ہوکر ظاہر ہوے لیکن پہلے سمجھنے مین ذہن خطا کرتا تھا قسم دوم یہ کہ جو ظاہر آیات ہو وہی سبب نزول سے ظاہر ہو پس قسم اول کے واسطے تو اسناد صحیح ہونا ضرور ہی اور قسم دوم مین فی الجملہ چشم پوشی جائز ہی اور یہان محتمل ہی کہ یہود و نصاری کے سابق مخاصمہ سے جو قولہ۔ قالوا کونوا ہودا او نصاری تہتدوا الآیۃ۔ سے معلوم ہوا ہی اسکے بعض روایات مین اجمال زائد ہو یا اس سے مفہوم ہو لیکن معالم وغیرہ سے سبب نزول فقط یہودیون کا مقولہ مذکور ہی حالانکہ آیت مین یہود و نصاری دونون کا رد ہی۔ شاید یہود مدینہ کے ساتھ مین نجرانی نصاری بھی یون ہی مدعی ہون۔ یا بطور شمول کے نصاری کا مقولہ در بارہ حضرت ابراہیم و اسمعیل و غیرہم علیہم السلام کے رد کردیا گیا۔ پھر جب مان لیا جاوے کہ یہی سبب نزول ہوا اور یہود نے مسلمانون سے یہ مکر باندھا تو مترجم پہلے ان مکارون کے کلمات کا صدق و کذب ظاہر کرتا ہی۔ اول انھون نے کہا کہ ہم کو توریت پہلے عطا ہوئی ہی۔ مین کہتا ہون کہ ہان چنانچہ خود حدیث مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم لوگون کی نسبت یہ سب سے پیچھے ظاہر کیے گئے و آخرت مین سب سے سابق ہین بجز اسکے کہ یہود و نصاری کو کتاب ہمسے پہلے دی گئی۔ کما فی الصحیحین و غیرہما۔ مگر یہودیون کو اس دعوی مین کچھ فضیلت کی وجہ نہوئی اسواسطے کہ بلا خلاف یہودی و نصرانی خود ایک پیغمبر آخر الزمان کے منتظر ہین اور انکار تو انھون نے حضرت محمد صلعم سے یہی کیا کہ وہ پیغمبر آپ نہین ہین بلکہ وہ ہم مین سے ہوگا۔ پھر خوب معلوم ہی کہ خود اسکے افضل ہونے کے معتقد ہین تو کھل گیا کہ اول کتاب والون کو اسپر فضیلت کچھ نہوگی۔ پس یہ محض تعصب و نفسانیت کا دعوی تھا۔ دوم انھون نے دعوی کیا کہ ہمارا قبلہ بیت المقدس مقدم ہی۔ یہ محض دروغ ہی اسواسطے کہ خانۂ کعبہ قبلۂ ابراہیم بلکہ آدم سے بھی اقدم ہی اور خود توریت وغیرہ مین منصوص ہی۔ سوم یہ دعوی کیا کہ عرب سے کوئی پیغمبر نہین ہوا محض فریب ہی اسواسطے کہ حضرت ہود و صالح کی قوم عرب بلکہ اس قوم کے کھنڈل تک موجود تھے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ وغیرہ نے عرب سے دس انبیا شمار فرمائے ہین اور یہان عرب اولاد اسمعیل علیہ السلام سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی اور عجب کہ نصرانی بھی منکر ہین کہ قریش اولاد اسمعیل نہین ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ کہتے ہوے شرم نہ آئی کہ جسکو ذرہ برابر بھی عقل ہو وہ اس دروغ پر نفرت کریگا اسواسطے کہ عرب مین نسب ایک جزو اعظم تھا اور کرورون عرب سیکڑون قبائل اپنے نسب کے شاہد موجود تھے تو اسقدر متواتر قطعی کو اجنبی آدمی کا جھٹلانا خود اسکے بدیہی دروغ کی قطعی دلیل ہی جیسے کوئی کاذب مدعی ہو کہ عیسی تو مریم رضی اللہ عنہا کے پسر نہین تھے۔ چہارم انکا دعوی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پیغمبر ہوتے تو بنی اسرائیل مین سے ہوتے۔ مین کہتا ہون کہ اپنے منہ میان مٹھو بھلا اسپر کوئی دلیل ہی کہ بنی اسرائیل کے سوا بنی اسمعیل سے ہونا غیر ممکن ہی یا اللہ تعالے پر دروغ باندھا ہی اور تمام بشارات توریت و انجیل مین

تحریف کرکے بھلا دیا کہ صریح بنی اسمٰعیل سے مقام حجاز سے ظہور ہوگا اور خانہ کعبہ سے نور حق باعلان ظاہر ہوگا اسیواسطے حق عزوجل نے ان جھوٹوں کو رد فرمایا بقولہ تعالے۔ قُلْ اَتُحَآجُّوْنَنَا فِی اللّٰهِ۔ کہدے کہ کیا تم شان آلہی مین ہمسے مخاصمہ کرتے ہو ف حالانکہ وہ رب القوۃ قادر قوی عزیز حکیم ہی جسطرح چاہتا ہی اپنی مخلوقات مین تصرف کرتا ہی اور اسیکے قبضۂ قدرت مین برابر تمام مخلوقات مسخر ہی جسکو چاہتا ہی مختار و برگزیدہ فرماتا ہی اور جسکو چاہتا ہی نصرت و توفیق سے محروم فرماکر خوار کرتا ہی لہذا تمام بندے جب اسیکی مخلوقات ہین تو سب ہی اسیکے فضل کے امیدوار رہین۔ وَهُوَ رَبُّنَا وَرَبُّكُمْ۔ وہی ہمارا رب ہی اور تمہارا رب ہی ف پس ہم تم دونون اسیکے بندے اور اسیکے قضا و قدر مین مسخر ہین۔ ہر ایک بندہ اسکی بندگی مین مطیع و مقہور ہی لَنَآ اَعْمَالُنَا۔ ہمارے لیے ہمارے اعمال ہین ف ہم امیدوار ہین کہ اگر اسیکے فضل و رحمت سے ہمارے اعمال و ہماری بندگی قبول ہو تو وہ ہمکو اپنی رحمت سے سرفراز فرمائے۔ کیونکہ اسیکی خدمت پر بھروسا کرتے ہین۔ وَلَكُمْ اَعْمَالُكُمْ۔ اور تمہارے لیے تمہارے اعمال ہین ف اور جب تم راہ حق نہین مانتے ہو تو ہم تمہارے اعمال سے بری ہین چنانچہ دوسری آیت مین فرمایا۔ فان کذبوک فقل لی عملی ولکم عملکم انتم بریون مما اعمل وانا بری مما تعملون۔ یعنے اگر یہ لوگ تجھے جھٹلاوین تو کہدے کہ میرے واسطے میرا عمل ہی اور تمہارے لیے تمہارا عمل ہی تم میرے عمل سے بری ہو اور مین تمہارے عمل سے بری ہون۔ ۵۔ جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کا حال بیان فرمایا وحاجہ قومہ قال اتحاجونی فی اللہ الآیۃ۔ اور ظاہر ہی کہ جس شخص نے کسی ایک پیغمبر سے انکار و کفر کیا تو وہ اپنے نفس کا بندہ بنکر مشرک و کافر مردود ہوا پس اسکا عمل کب قابل ہی کہ مومن اس سے بیزار ہوکر پناہ مانگے اسیواسطے ان لوگون کے اعمال سے پناہ مانگی سمجھو کہ معاذ اللہ انکے اعمال کس درجہ پر خبیث ہین۔ اور فقط اپنے اعمال اپنے واسطے رکھے اور کہا۔ وَنَحْنُ لَهٗ مُخْلِصُوْنَ۔ اور ہم تو اللہ تعالے ہی کے لیے اخلاص کرنے والے ہین ف اُسی وحدہ لاشریک کی عبودیت کرتے ہین اور اُسکے ساتھ کسیکو شریک نہین بناتے ہین نہ اعتقاد مین اور نہ اعمال مین۔ پھر تمنے کیونکر زعم کیا کہ ہم لوگ ہدایت پر نہین ہو سکتے ہین سوائے یہود یا نصاری کے حالانکہ تم دونون توحید اخلاص نہین رکھتے بلکہ مشرک ہو پس کیا تمنے مخلوق ہوکر اللہ تعالے پر حکم لگانا شروع کیا۔ اَمْ تَقُوْلُوْنَ اِنَّ اِبْرٰهٖمَ۔ یا تم کہتے ہو کہ ابراہیم ف بعض مفسرین نے کہا کہ یہان (اَمْ بمعنے (بَلْ) ہی یعنے بلکہ تم لوگ کہتے ہو کہ ابراہیم۔ ۵۔ اور حاصل یہ ہوگا کہ تم لوگ ہمسے ہی انکار نہین کرتے بلکہ ابراہیم وغیرہ علیہم السلام پر بھی افترا باندھتے ہو۔ یا تم اخلاص توحید سے منحرف ہی نہین ہو بلکہ جان بوجھکر کتاب آلہی مین بھی تحریف کرتے و افترا باندھتے ہو کہ ابراہیم وغیرہ علیہم السلام یہود یا نصاری تھے بعض مفسرین نے کہا کہ۔ اَمْ۔ معادلۂ ہمزہ۔ انتحاجونا۔ واقع ہوا یعنے کیا تم ہمسے شان آلہی مین جھگڑا کرتے ہو یا کہتے ہو کہ ابراہیم۔ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ اور اسمعیل و اسحٰق ف یعنے ابراہیم کے فرزند کلان اسمعیل جنکی اولاد قریش عرب و بنو تمیم ہین اور ابراہیم کے فرزند خرد اسحٰق وَيَعْقُوْبَ۔ اور یعقوب ف فرزند اسحٰق جنکا نام اسرائیل بھی ہی جنکے بارہ بیٹے ہوے اور ہر بیٹا مع اپنی نسل کے ایک سبط کہلاتا ہی۔ وَالْاَسْبَاطَ۔ اور اسباط ف جمع سبط یعنے اولاد یعقوب۔ غرضکہ تم کہتے ہو کہ یہ سب پیغمبر علیہم السلام۔ كَانُوْا هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى۔ یہ سب یہود تھے یا نصاری تھے ف یعنے تم مین سے یہودی کہتے ہین کہ یہ سب یہودی تھے حتی کہ کہتے ہین کہ یعقوب نے اپنے بیٹون کو یہودیت کی وصیت فرمائی تھی اور نصاری کہتے ہین کہ نہین بلکہ یہ سب نصرانی تھے۔ قُلْ ءَاَنْتُمْ اَعْلَمُ اَمِ اللّٰهُ۔ کہدے کیا تم دانا تر ہو یا اللہ تعالے ف ہرگز نہین بلکہ اللہ تعالے ہی دانا علیم خبیر ہی۔ اور اُسی نے ہمکو آگاہ فرمایا کہ ابراہیم دین اسلام توحید پر تھا اور مرتے وقت اپنے بیٹون کو اسی کی وصیت کی اور یعقوب نے اپنے بیٹون کو سخت تاکید کی اور یہی برابر انکا دین مستمر ہی۔ پھر ایک مدت بعد جب موسیٰ علیہ السلام کا زمانہ گذرا تو یہودی ظاہر ہوے اور انمین بھی گروہ اسلام تو مشرک پر نہین تھا۔ پھر شرک پھیلا حتی کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اخیر پیغمبر بنی اسرائیل سے منکر ہو گئے کیونکہ انھون نے حکم حق پہونچایا

اور انجیل سے بعض احکام توریت منسوخ کیے تو لازم تھا کہ حکم حق پہچانتے اور ایمان لاتے مگر منکر ہو گئے حتی کہ ان کافرون نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی کفر کیا۔ یہ ہے نصرانی تو عیسی علیہ السلام کے بعد یہانتک بھٹکے کہ انکو الوہیت مین شریک بنانے لگے اور باہمی تعصب یہودیت و نصرانیت مین مبتلا ہو کر فسق و فجور کے مرتکب ہوے اور دین کو بھی ایک کھیل بنایا اور تمام راہ حق و معارف توحید سے گم ہو گئے۔ یہ سب تاریخ صاف بدیہی ہے تو عجب دروغ تھا کہ حضرت ابراہیم وغیرہ علیہم السلام کو یہودی یا نصرانی بناتے تھے لہذا حق عزوجل نے تشنیع فرمائی وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَتَمَ شَهَادَةً عِنْدَهٗ مِنَ اللّٰهِ ط اور ایسے شخص سے بڑھکر کون ظالم ہے جو ایسی گواہی چھپاوے جو اسکے پاس اللہ تعالے کی طرف سے موجود ہے۔ حسن بصری وغیرہ نے فرمایا کہ یہود و نصاری توریت وغیرہ مین پڑھتے تھے کہ اللہ تعالے کے نزدیک دین پسندیدہ وہی ہے جو دین اسلام ہے یعنے وہ خالص توحید جسپر ابراہیم علیہ السلام تھے اور پڑھتے کہ خاتم النبیین محمد رسول اللہ ہین جنکا حلیہ یہ ہے اور انکے صفات یہ ہین اور انکی بزرگیان یہ ہین اور انکے بعد چار خلیفہ ہونگے جنکے اوصاف یہ ہین اور انکی امت کے اوصاف یہ ہین چنانچہ مترجم انشاء اللہ تعالے آثار و احادیث کو قولہ تعالے الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندہم فی التوراۃ و الانجیل الآیۃ کے تفسیر مین لاویگا۔ اور یہ لوگ پڑھتے کہ ابراہیم و اسمعیل و اسحق و یعقوب و اسباط خاص توحید پر تھے تو صاف معلوم ہوا کہ یہودیت و نصرانیت انکے القاب نہین تھے بلکہ مترجم کہتا ہے کہ یہودیت و نصرانیت تو بعد حضرت موسی و عیسی علیہما السلام کے ان لوگون نے ایجاد کی پھر ابراہیم علیہ السلام بھلا کیونکر یہودی یا نصرانی ہوتے۔ حسن بصری رح نے کہا کہ یہ لوگ باوجود اس نص صریح و شہادت فصیح کے جسپر ایمان لانے کا دعوی کرتے تھے اس شہادت الہی تعالے کو چھپاتے تھے۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ لوگ صرف شہادت الہی تعالے و عہد اعلان کو فقط چھپاتے ہی نہین تھے بلکہ اسکے ساتھ مین برعکس شہادت دیتے تھے۔ چنانچہ اسلام توحید جسپر حضرت ابراہیم وغیرہم علیہم السلام تھے انکو یہودی و نصرانی بتاتے اور صفات حضرت خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کو برعکس بتلاتے تھے حالانکہ باوجود اس گناہ عظیم کے اس مکر شیطانی کو کچھ فروغ نہین ہوا چنانچہ سابق مین یہ قصہ مفصل مذکور ہوا کہ انصار مدینہ رضی اللہ عنہم نے یہود کو تشنیع کی کہ پہلے تم لوگ خود ہمسے پیغمبر آخر الزمان صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل بیان کرتے تھے اب تم کو کیا ہوا کہ انکار کرتے ہو تو کہتے کہ یہ وہ پیغمبر نہین ہین بلکہ انکی شکل یہ ہوگی یعنے برعکس سیہ فام وغیرہ بیان کیا تو انصار نے فرمایا کہ ارے کمبختو تم نے تو اس زمانہ مین کہا تھا کہ انکا چہرہ مثل چاند کے ہوگا حالانکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک گویا اسمین سورج روان ہے اور اب تم اسطرح دروغ بکتے ہو۔ بالجملہ یہودیون وغیرہ نے باوجود چھپانے کے برعکس اظہار کیا اور یہ سب سے بڑا ظلم ہے یعنے اپنے نفس کو انتہاے طبقہ جہنم مین ڈالا نعوذ باللہ من ذلک (مسئلہ) حدیث مشہور مین وارد ہے کہ جسنے ہمارے اس دین مین ایسی بات نکالی جو اسمین سے نہین ہے تو وہ مردود ہے۔ کما فی الصحیحین حتی کہ حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک قوم کو دیکھا کہ مسجد مین جماعت سے بیٹھے اور ایک کہتا کہ سبحان اللہ۔ کہو سب لوگ شمار پر کہ لیتے پھر اسی طرح الحمد للہ وغیرہ کہتے تو آپ نے اُنسے فرمایا کہ اے لوگو ابھی آنحضرت صلعم کے برتن نہین ٹوٹے کہ تمنے یہ بدعت نکالی۔ انھون نے کہا کہ یا حضرت ہمنے تو اس سے سوا بہتری کے کچھ ارادہ نہین کیا تھا۔ آپ نے فرمایا کہ اگر تمہارے اسکے لیے گناہ شمار کرکے استغفار کرتے تو مین تمہارے واسطے ضامن تھا پھر آپنے اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل بیان کیے اور فرمایا کہ پس جس چیز کو مومنون نے خوب دیکھا وہ اللہ تعالے کے نزدیک خوب ہے اور بعض روایات مین ہے کہ جسکو انھون نے برا جانا وہ اللہ تعالے کے نزدیک بُری ہے۔ رواہ الدارمی وغیرہ۔ اس روایت مین دلالت ہے کہ آپ نے مومنون کے لفظ سے انھین صحابہ رضی اللہ عنہم کو مراد لیا ہے اور یہی صحیح ہے۔ کیا نہین دیکھتے ہو کہ جن لوگون کو منع فرمایا تھا یہ بھی تو مومنون مین شمار تھے مگر انکی رائے کا کچھ اعتبار نہین کیا کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم تو خیر الامۃ اور اللہ تعالے کی شہادت سے مومنین صادقین تھے اور دوسرون کا حال کون جانتا ہے چنانچہ اسی روایت مین مذکور ہے کہ راوی نے کہا کہ پھر مین نے انھین لوگون مین سے دیکھا کہ ایک سال کے بعد یہ لوگ خوارج کے ساتھ مقتول ہوے۔ اعاذنا اللہ تعالے من ذلک۔ اور حدیث مین ہے کہ جسنے مجبر دروغ باندھا وہ اپنا

ٹھکانا جہنم میں بنائے۔ (صحیحین وغیرہ حدیث قریب متواتر ہے) فقہا نے لکھا کہ اگر کسی نے کہا کہ اللہ تعالے نشاید ہے کہ یہ بات اسطرح ہو، حالانکہ وہ جانتا ہے کہ یہ اسطرح نہیں ہے تو وہ کافر ہوا۔ الفتاوی۔ حدیث میں ہے کہ حضرت سیدۃ النساء فاطمہ رضی اللہ عنہا کے حق میں فرمایا کہ اللہ تعالے کا تقوی اختیار کرو دین میں تجھے حکم الٰہی عزوجل کی کفایت نہیں کرسکتا ہوں چنانچہ حدیث انشاء اللہ تعالے اپنے موقع پر ترجمہ ہوگی۔ اور مراد یہ کہ شرک سے بیزار ہو کہ خالص توحید ضرور ہے ہاں بعد ایمان و اسلام کے البتہ گناہوں کے لیے رحمت الٰہی عزوجل سے شفاعت ہے چنانچہ سابق میں مفصل تحقیق مذکور ہوئی ہے۔ اب دیکھنا چاہیے کہ یہ یہود و نصاری کس قدر بیباک تھے جو مدعی ہوتے کہ ہمارے اکابر انبیاء و صالحین علیہم السلام ہمارے واسطے کفارہ ہو گئے اور وہ ہمکو ہر حالت میں بچا لینگے پس پیغمبروں سے معارضہ و اللہ تعالے پر افترا اور ہر طرح کے فواحش و کبیرہ کرنے میں بے تکلف دلیر ہو گئے۔ اللہ تعالے نے سخت تہدید فرمائی بقولہ تعالے وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ۝ یعنے تمہارے اعمال سے اللہ تعالے کچھ بھی غافل نہیں ہے۔ ف یعنے خوب دیکھتا و جانتا ہے تو عنقریب تمکو اسکی سزا دیگا یہ تہدید شدید ہے کہ جس سے مومنوں کے رونگٹے کھڑے ہوتے اور وہ خوف سے تھرتے ہیں حالانکہ یہ بیباک یہود و نصاری اسطرح مغرور ہو کر اپنے اکابر کو خادم مختار بنا کر کفر کا اعتقاد کرتے تھے لہذا ارشاد فرمایا تِلْكَ اُمَّةٌ قَدْ خَلَتْ۔ یہ ایک امت تھی جو گذر چکی ف یعنے حضرت ابراہیم و اسمعیل و اسحق وغیرہم علیہم السلام ایک گروہ خالص بندگان الٰہی سبحانہ تعالے سے تھا اور وہ گذر چکے۔ لَهَا مَا كَسَبَتْ۔ وہ انہیں کے لیے ہے جو انھوں نے کمایا ف پس تمکو انکے اعمال سے کچھ نہیں مل سکتا۔ حتی کہ مشرکین عرب جو حضرت ابراہیم و اسمعیل علیہما السلام پر مغرور ہو کر اپنے آپ کو انکی راہ پر جانتے تھے اگرچہ انکا یہ دعوی تو نہیں تھا کہ وہ ہمارے واسطے کفارہ ہیں مگر سفارشی جانتے تھے تو انکو بھی تنبیہ ہو گئی کہ تم اس گذری امت سے بہت مت کرو کیونکہ انھوں نے جو کچھ کیا وہ انکے ساتھ ہے۔ وَلَكُمْ مَّا كَسَبْتُمْ۔ اور تمہارے لیے وہ ہے جو تمنے کمایا ف حتی کہ یہ اعمال تمسے جدا نہونگے۔ وَلَا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اور تمسے نہیں پوچھا جائیگا اس فعل سے جو وہ لوگ کرتے تھے ف حتی کہ اگر کسیکا باپ مثلاً فاسق فاجر تھا اور بیٹا ایمان پر صالح ہوا تو کیا وہ خوفناک ہے کہ اُس سے قیامت میں اسکے باپ کے اعمال فجور کی پرسش و گرفت ہوگی حتی کہ اسکے کافر چچا یا جد اعلی کے کفر سے یہ بھی جہنم میں ڈالا جائیگا نہیں۔ ہرگز نہیں۔ بلکہ تم جواب دینے کو مستعد ہو کہ آہی میں تو اسوقت موجود بھی نہیں تھا جب جد اعلی نے کفر کیا تو مجھے معاف فرما یہ خود صاف ظاہر ہے۔ ہاں۔ اب تم سمجھ دیکھو کہ بالکل اسی طرح وہ بھی تمہارے اعمال سے نہیں پوچھے جاوینگے۔ کیونکہ وہ تو اسوقت موجود بھی نہیں ہیں جب تم ایسے فسق و فجور و کفریات کے مرتکب ہو۔ پس اصل تمہارا معاملہ حضرت باری تعالے عزوجل سے ہوگا پس شیطان کا وسوسہ چھوڑو اور ذرا غور کرو جب تمہارے اعمال کفر و شرک ہیں تو بغیر حساب کے سیدھے جہنم کو بھیجے جاوگے۔ ارے کیا یہ نہیں دیکھتے ہو کہ اگر خالی بزرگوں پر مدار ہوتا تو حضرت آدم علیہ السلام سب کے بزرگ ہیں پھر کوئی کافر بھی جہنم کو نہ جاتا۔ اگر بزرگوں ہی پر مدار ہوتا تو حضرت نوح اپنے کافر پسر کو دنیا ہی میں غرق سے بچا لیتے پھر بھلا ہو سکتا کہ قیامت میں کیونکر کوئی کسیکو بچا سکتا ہے۔ ہاں۔ جب بندہ اپنے رب عزوجل پر ایمان خالص رکھتا ہے یعنے اللہ تعالے و ملائکہ و کل انبیاء و کل کتابوں و آخرت کو برحق جانتا و مانتا ہے حتی کہ اللہ تعالے کے پسندیدہ دین اسلام سے ظاہر و باطن منور ہو کر حق تعالے کو پسندیدہ ہو چکا لیکن کمزوری نفس و جہالت سے گناہ میں مبتلا ہو گیا تو قطعاً وہ بے حساب دائمی جہنمی نہیں ہے تو وہ کافروں سے الگ ہوا لیکن خوفناک حیران اپنے رب ارحم الراحمین کی جناب میں امیدوار مغفرت ہوگا تو امید ہے کہ ارحم الراحمین کی رحمت خاص اسکی دستگیری فرماوے اور حضرت سرور عالم رسول اکرم حبیب اعظم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو اسکی شفاعت کا اشارہ ہو یا بعد آپ کے انبیاء و صالحین علیہم السلام میں سے کسیکا اشارہ ہو۔ پس الوہیت خالص مختص بشان پاک حضرت خالق ذوالعظمۃ والکبریاء ذوالجلال والاکرام ہے ایک ذرہ بھی کسی میں الوہیت نہیں ہے جو کوئی اسمیں شک کرے کافر مردود ہے اور بندگان حق مقبولان بارگاہ کبریائی حضرات انبیاء و صدیقین و شہداء و صالحین علیہم الصلوۃ والسلام اپنے رب ارحم الراحمین کے سایہ رحمت میں ایسے محل عزت و مرتبہ کرامت میں مشرف ہیں کہ کوئی ہمکا اندازہ

نہین کرسکتا اور یہ تمام دنیا و ما فیہا جب کہ ملعونہ و خوار ہی تو مترحم کی حیرانی دیکھو کہ کس چیز سے مثال لاوے فسبحان الذی اعطاہم مالا یدرک العقول ولا یصل الیہ الاوہام یہ اسی پاک جل جلالہ کے واسطے حد بے انتہا ہی جسنے انکو وہ مرتبہ عطا کیا کہ کسی عقل ادراک کی مجال نہین اور کسی وہم کو وہانتک پہونچنے کی سبیل نہین ہی۔ اللّٰھم رب ارحم الراحمین ادخلنی معہم برحمتک یا حی یا قیوم یا احد الصمد یا اللہ الذی لا الہ الا انت بدیع السموات والارض ذا الجلال والاکرام وانت علی کل شئی قدیر والحمد للہ رب العالمین (التنبیہ) ان آیات مین اللہ تعالے نے مومنون کو ذمائم اخلاق یہود و نصاری و مشرکین سے بہت کچھ بتلائے اور آیندہ بھی معلوم ہونگے اور حدیث صحیح مین وارد ہی کہ تم لوگ بھی ان یہود و نصاری کے قدم بقدم چلوگے یہانتک کہ اگر وہ لوگ کسی گوہ کے بل مین گھسے ہون تو تم بھی گھسوگے۔ اور ایک روایت مین ہی کہ حتی کہ جسنے انمین سے اپنی ماں سے علانیہ زنا کیا تم مین بھی وہ ہوگا جو اسیطرح کرے (السنن وغیرہ) اور حدیث سے مستنبط ہی کہ تم بھی دنیا مین تنافس کرکے ہلاک ہوگے۔ پس اہل ایمان و اسلام خصوصًا علماء کو لازم ہی کہ پھونک پھونک کر قدم رکھین اور وہ اختلاف و تعصب جو یہود و نصاری مین تھا چھوڑین اور قولہ تعالے یا ایہا الذین آمنوا ان کثیرا من الاحبار والرہبان لیاکلون اموال الناس بالباطل الآیۃ مین مومنون کو خطاب فرمایا کہ اے مومنو بہت سے احبار یہود اور رہبان نصاری کو دیکھو کہ لوگون کے اموال بطور باطل کھاتے ہین۔ قولہ تعالے یہ بہت شدید ہی کہ جیسے یہ لوگ ہین تم مت ہو جو افسوس کہ اسلام مین بھی رشوت قاضی و مفتی کا بازار گرم ہوا اور عالم و درویش بنکر باطل طریقے سے مال کھاتے ہین اور دین کی آڑ مین اسقدر اختلاف کثیر کیا کہ بہتیرا اوقات کافر ان کو اپنے دہان پنج و سکر بناتے ہین۔ یا للہ العجب یہ مقام ہی کہ اہل ایمان کے رونگٹے کھڑے ہوتے ہین فی ما ہم فیہ من اخلاق گویا کرائم ہین۔ جہالت فخر ہی۔ ایمان قلبی کا علم تو اللہ تعالے ہی کو ہی مگر اعمال ایسی قوم کے مانند ہین جنکو آخرت پر یقین نہین ہی۔ جدال فی الخصومۃ جسپر سخت ممانعت تھی وہ ہنر و نفس پرستی کی اصل ہی ؎ علم را بر دل زنی یارے بود ۔ علم را بر تن زنی مارے بود

اور حدیث شریف مین تنبیہ فرمائی کہ اے ان یہود و نصاری کے پاس کتاب موجود ہی پھر کچھ بھی اس سے نفع پاتے ہین (بعض السنن) بلکہ اول ایمان خود ناپید ہو اور دنیا سے دل اٹھا کر آخرت محبوب ہوا اور کہ تریہ کہ آخرت بہتر سمجھے تو ہین آیت قرآن حدیث کی قدر کرے اور نور ایمانی کی لیاقت و جذبہ ہم خود ہماری ہو اور تمام فرقہ اہل السنۃ جنکا شعار قرآن حدیث ہی متحد ہون بلکہ بلند عین معتزلہ و شیعہ غیرہ کے ساتھ بھی عداوت کفری باقی نہ رہے اور انشاء اللہ تعالے مسئلہ مبارکہ کے خاتمہ تو ضیح کے ساتھ اصول

بیان ہونگے واللہ تعالے ہو الموفق للصدق والصواب والحمد للہ رب العالمین۔ تم الجزء الاول ویتلوہ الثانی بفضل اللہ تعالے

سنن ابی داؤد - منجملہ صحاح ستہ ایک یہ بھی ہے بہ صحت تمام ہر چہار جلد کامل دو جلد مین از امام سلیمان بن اشعث سجستانی رحمہ معروف جدید الطبع -

دلائل الخیرات - با ترجمہ فارسی و اسماے متبرکہ و خواص اسماء حسنے معروف -

زاد السبیل الی الجنۃ والسلسبیل - ذخیرۂ احادیث مولانا غلام یحیی -

عناصر الخیرات - با ترجمہ اردو از حکیم ناصر علی صاحب آروی بے غلط درود کا مجموعہ

## فقہ اردو

غایۃ الاوطار - ترجمہ اردو درمختار مترجمہ مولوی خرم علی و مولوی محمد احسن کامل چار جلد مین -

راہ نجات - ضروری مسائل نماز و روزہ وغیرہ -

مفتاح الجنۃ - از مولوی کرامت علی جونپوری -

حقیقۃ الصلوٰۃ - مع رسالۂ بے نمازان -

ترجمۂ فتاوی عالمگیری - کامل ہر چار جلد مع مقدمہ یعنے جلد اول مترجمہ مولانا احتشام الدین و مابقی ہر سہ جلد مع مقدمہ مترجمۂ مولانا امیر علی -

کشف الحاجات - ترجمۂ اردو مالابدمنہ از مولوی محمد نور الدین -

نور الہدایہ ترجمۂ شرح وقایہ اردو ہر چہار جلد یکجائی مطبوعۂ نظامی -

ہزار مسئلہ - شامل ہفت رسالہ (۱) ہزار مسئلہ (۲) مسائل ثمانیہ (۳) صدوی مسئلہ (۴) مناجات بدرگاہ باری تعالے (۵) حلیۂ شریف (۶) نور نامہ (۷) چہل مسائل - مولفہ مولوی عبد اللہ بن عبد السلام -

شرع محمدی منظوم - مسائل فقہیہ از محمد خان قندھاری -

تنبیہ الغافلین - مسائل دینیہ -

حیرت الفقہ - مسائل مشکلۂ فقہ از مولوی ابراہیم حسین بنگلوری -

جواب السائلین - بطور استفتا -

کنز الدقائق - اردو ترجمہ از مولوی محمد سلطان خان -

چہل مسائل فقہ - از مولوی ابراہیم حسین بنگلوری -

اشرف المسائل - از مولوی اشرف علیخان -

رسالہ تجہیز و تکفین میت - از محمد عمر -

## فقہ فارسی

ہدایہ - پیشانی پر اصل عربی اور تحت مین ترجمہ فارسی مع شرح از علماے کلکتہ جو مدت سے متداول ہر دو مجلد کامل -

شرح سفر السعادت - از مولانا عبد الحق دہلوی معروف -

حج المحج - مسمی بہ غایۃ المشہور از ملا محمد شاہ -

تذکرۃ الجمعہ - احکام جمعہ از مولوی عبد السلام

تبیان - در حکم تمباکو و حقہ از ملا معین الدین

بدائع منظوم - مسائل فقہ بنظم فارسی از ملا ناظم علی رح -

نام حق - مشہور درسی از شیخ شرف الدین بخاری -

مائۃ مسائل - سو مسائل از مولانا احمد اللہ رحمہ اللہ -

شرح وقایہ فارسی - مع حاشیہ ملتقی الابحر از شاہ عبد الحق محدث دہلوی -

مسلک المتقین - مرغوب علماے ولایت از مولوی الہ یار خان -

فتاوی برہنہ - جامع ابواب فقہ از مفتی نصیر الدین -

قدوری - مترجمۂ مولانا ابو القاسم -

شرح فارسی مختصر وقایہ - از عبد الرحمن جامی

کنز فارسی - از مفتی نصیر الدین کرمانی محشے مع فرہنگ -

مالابد منہ - از قاضی ثناء اللہ رحمہ اللہ مع وصیت نامہ -

شرح مختصر وقایہ کورمیری - از مولانا جلال الدین سمرقندی -

رسالۂ تنبیہ الانسان - در حلت و حرمت چاولان -

رسالۂ قاضی قطب - ذکر ایمان و ارکان -

## فقہ عربی

ابو المکارم - شرح مختصر وقایہ از عبد اللہ بن محمد معروف -

برجندی - شرح مختصر وقایہ از مولانا عبد العلی برجندی معتبر شرح -

جامع الرموز - شرح مختصر وقایہ از ملا شمس محمد قہستانی متداول -

فتح القدیر حاشیہ البنن بقلم جلی ہدایہ اور بقلم خفی

فتح القدیر از امام کمال الدین بن الہمام نہایت مستند و باعظمت شرح مشہور و معروف اور آخر مین تکملہ زین الدین آفندی کامل چار مجلد ضخیم جدید الطبع۔

ہدایہ۔ حاشیہ جدید نہایت عمدہ زوائد و فوائد پر منشی مولانا محمد حسن سنبھلی مرحوم ہر چہار جلد کامل دو مجلدات مین بشرح ذیل۔

۱۔ جلد اولین عبادات۔

۲۔ جلد آخرین معاملات۔

فتاوائے عالمگیری۔ ہر چہار جلد کامل درسی جلد

ہدایہ مع شرح الکفایہ۔ از سید جلال الدین کرلانی بہت معروف و مستند متداول چار جلد مین اس شرح ہدایہ پر حاشیہ بہت مستند لکھے گئے ہین بہ تفصیل ذیل۔

ایضاً جلد اول و ثانی تا آخر کتاب النکاح۔

ایضاً جلد سوم و چہارم تا آخر کتاب۔

فتاوی قاضیخان مع سراجیہ۔ از امام قاضی حسن بن منصور قاضی خان مستند معتمد معروف متداول دو مجلد کامل۔

شرح وقایہ۔ از امام صدر الشریعۃ جلی قلم مع کامل حاشیۂ ذخیرۃ العقبی یوسف ابن جنید چلپی داخل درس تقطیع کلان خوشخط و صحیح۔

شرح وقایہ خرد۔ مع دائرہ ہندیہ متوسط قلم۔

ذخیرۃ العقبی۔ حاشیۂ شرح وقایہ از یوسف بن جنید چلپی متداول معروف۔

اشباہ و النظائر۔ مع شرح حموی معروف مستند متداول۔

ملا مسکین۔ از بیوع تا وصایا بمنشی جدید۔

کنز الدقائق۔ بمنشی متداول درسی کتاب

منتخلص الحقائق۔ شرح کنز الدقائق مشہور متداول۔

عینی شرح کنز الدقائق۔ بمنشی ہر چہار جلد مستند معروف متداول دو مجلدین۔

(۱) جلدین اولین عبادات مین۔

(۲) جلدین آخرین معاملات مین۔

مختصر وقایہ بمنشی۔ از امام صدر الشریعۃ درسی متداول۔

عمدۃ البضاعۃ۔ فی مسائل الرضاعۃ از مولوی تراب علی مرحوم۔

فدوری بمنشی۔ تالیف امام ابو الحسن درسی متداول۔

## اخلاق و تصوف اردو

جامع الاخلاق۔ ترجمۂ اخلاق جلالی۔

تہذیب النفوس۔ از سید فخر الدین حسین۔

باب دانش۔ مؤلفہ مولوی محمد کریم بخش۔

اوقات غزنیری۔ از سید غلام حیدر خان۔

ترجمۂ عوارف المعارف۔ کامل دو جلد مین مترجمۂ مولانا ابو الحسن فرید آبادی۔

خزینۂ دانش۔ ہوشمندی کی تعلیم از مولوی محمد کریم بخش۔

بستان تہذیب۔ جامع اخلاق و ادب مرتبۂ نواب حاجی محمد عزیز علیخان بہادر فیروز جنگ

بحر الحقیقت۔ اصلاح نفس مین۔

النجیات۔ اخلاق و موعظت مین مصنفۂ منشی کاشتا پرشاد۔

کیمیائے حکمت۔ حصۂ اول بیان شرائط علم و ادب۔

نجات المومنین۔ ذکر کرامات حضرت شاہ نجابت اللہ۔

تہذیب الاخلاق۔ مولفۂ مولوی نجم الحق۔

پیر اہن یوسفی۔ اردو ترجمہ مثنوی مولانا روم کا نظم شعر بہ شعر اور حاشیہ پر اردو مین حاصل مطالب مع فوائد تصوف۔ کامل دو جلدین بتفصیل ذیل۔

(جلد اول) ترجمۂ دفتر ۱ و ۲ و ۳۔

(جلد دوم) ترجمۂ دفتر ۴ و ۵ و ۶۔

اخلاق رضی۔ مصنفۂ قاضی محمد رضی۔

شجرۂ معرفت بمنشی۔ منتخبات مثنوی مولانا روم مترجمۂ سید غلام حیدر صاحب۔

تحفۂ سروری۔ نظم آداب عبادت جملہ اعضا از مفتی غلام سرور۔

کنز الاسرار۔ ترجمہ اردو نظم شاہ بو علی قلندر قدس سرہ ہموزن مثنوی از مولوی سید غلام حیدر خان۔

چشمۂ فیض۔ نظم ترجمہ اردو پندنامۂ عطار کلام عارف کامل حضرت شیخ فرید الدین قدس سرہ از مولوی عبد الغفور خان بہادر۔

مذاق العارفین۔ ترجمۂ احیاء علوم الدین عربی ہر چہار کامل در دو مجلد۔

تہذیب احسانی۔ مولفۂ حکیم احسان علی۔

يعلمكم الكتاب والحكمة ويعلمكم ما لم تكونوا تعلمون

مفتاح كنوز اسرار ربانى منشور لامع النور فيوض سبحانى مجموعہ معارف وحقائق وذخيرہ اسرار ودقائق جس كو حبر بحر شيخ امام عماد الدين ابو الفداء اسمٰعيل بن عمر بن كثير القرشى الدمشقى المتوفى سنہ ۷۷۴ھ جعفر محمد بن جرير الطبرى وغيرہ اكابر ائمہ كے ساتھ مرتبہ سے فيض الغفار كى عنايت كى گئى ہے عماد دين ايمان

المسوم بہ

# تفسير مواهب الرحمٰن

المشتہر بہ

# جامع البيان

مصنفہ

حبر العلوم النقلية بحر الفنون الفرعية والاصلية قاطع شبہات الملحدين دافع مكائد المعاندين جامع الفضائل والفضول عمدة الافاضل المتفرد بالعلم المحقق والحبر المدقق مولانا مولوى سيد اميد على صاحب فتاوى الندوة تغمدہ الله بغفرانہ وجعل الجنة مثواہ ورضوانہ

مطبع فاروقى منشى نولكشور واقع لكھنؤ بتحسين وخوبى چھپى

اعلان۔ حق تالیف وتصنیف اس کتاب برکت انتساب کا بحق نولکشور پریس محفوظ ومحدود ہے۔

اطلاع۔ اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جسکی فہرست جسکے معاینہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب سے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی ارزان ہی اسمین بعض کتب اردو و فارسی و عربی کی درج کرتے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اُس فن کی اگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

## تفاسیر قرآن اردو

تفسیر قادری۔ مترجمۂ اردو تفسیر حسینی مترجمۂ مولوی فخر الدین صاحب کامل دو جلد مین۔

تفسیر زاد الآخرت۔ نظم مین پوری تفسیر قرآن کی کمال عمدگی سے از مولوی عبد السلام

تفسیر سورۂ اذا زلزلت۔ جدید الطبع۔

تفسیر سورۂ فاتحہ۔ مسمی بہ تحفۃ الاسلام از مولوی اکرام الدین۔

تفسیر سورۂ یوسف۔ سہ مصرعہ از مولوی اشرفعلی پنجسورہ مترجم۔ با ترجمۂ اردو۔

## ایضاً فارسی

تفسیر حسینی از ملا حسین واعظ۔ متعارف متداول پوری تفسیر خوشخط۔

تفسیر اسرار الفاتحہ۔ مصنفۂ ملا معین ہروی در تصوف۔

## ایضاً عربی

تفسیر بے نقط فیضی۔ مسمی بہ سواطع الالہام علم کے سر کا تاج لیجیے جو کتاب خزانہ اکبری شہنشاہ اکبر مین گوہر نایاب مخفی تھی اپنے خزانہ کی زینت کیجیے عجب صنعت ہی بالکل بے نقط اسپر عجیب بلاغت و سلاست پھر مبتدا و خبر اور شرط و جزا کی اصطلاح بے نقط۔ فرعون و قارون کا نام بے نقط۔ روایت کا ترجمہ بے نقط

شہنشاہ ہند کا عزت کرنا واقعی بجا تھا اور فیضی مصنف کا فخر زیبا ویسا ہی پایا جیسا سنا تھا مطبع کی تمام کوشش سے نہایت نفیس نسخہ ملا جسکو جواہر رقم خوشنویس نے لکھا بہت عمدہ چھپا۔

تفسیر جلالین مع کمالین۔ بہ تحشی جدید مطبوعۂ دہلی۔

تبیان فی اعراب القرآن۔ مؤلفۂ شیخ عبد اللہ بن حسین عکبری محدث مفسر نحوی۔ متوفی ۶۱۶ھ اس فن کی کوئی کتاب ہند مین طبع نہوئی۔ غلط فہمی سے خلاصۃ الکشاف نام درج ہوگیا ہی سامنے مین رسالۂ فتح الخبیر مولانا ولی اللہ دہلوی کا لگا ہوا ہی۔

درر النظیم۔ خواص و تاثیرات آیات و سور نماے قرآنی مولفۂ قاضی ابو الحسن المصری

توریت۔ بزبان عربی ترجمہ بلفظہ اصل کے اسکے نیچے فارسی ترجمہ موجود تھا اور اردو ترجمہ بصرف زر خطیر مطبع ہذا کی طرف سے اضافہ ہوا۔

فتح الخبیر۔ مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی مطبوعۂ غیر۔

## احادیث اردو

مظاہر حق۔ ترجمۂ مشکوۃ المصابیح مترجمۂ جناب مولانا محمد قطب الدین دہلوی مرحوم

سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ مَا وَلَّاهُمْ

فرمائیگا کہ کہینگے بیوقوف لوگ کا سے پھیر گئے مسلمان

عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا ۚ قُلْ لِلَّهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ۚ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ

اپنے قبلہ سے جسکو قبلہ تھا وہ کا اللہ کا مشرق اور مغرب جسکو چاہے

إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ وَكَذَٰلِكَ جَعَلْنَاكُمْ أُمَّةً وَسَطًا لِتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى

سیدھی راہ اور اسی طرح کیا ہم نے تمکو امت عدل تاکہ تم گواہ ہو

النَّاسِ وَيَكُونَ الرَّسُولُ عَلَيْكُمْ شَهِيدًا ۗ وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا

لوگوں پر اور رسول ہو تم پر گواہ اور نہیں کیا تھا جسکو قبلہ جسپر تھا

إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ ۚ وَإِنْ كَانَتْ لَكَبِيرَةً إِلَّا

مگر اسلئے کہ معلوم کریں کون تابع رہیگا رسول کا اور کون پھر جائے گا اُلٹے پاؤں اور بیشک وہ بات بھاری ہوتی

عَلَى الَّذِينَ هَدَى اللَّهُ ۗ وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُضِيعَ إِيمَانَكُمْ ۚ إِنَّ اللَّهَ بِالنَّاسِ

مگر ان لوگوں پر جسکو ہدایت کی اللہ نے اور نہیں تھا اللہ ایسا کہ ضایع کرے تمہارے ایمان کو بیشک اللہ لوگوں پر

لَرَءُوفٌ رَحِيمٌ

شفقت والا مہربان ہے

واضح ہو کہ اہل ایمان کے قلوب کو خالص اللہ تعالیٰ کی توحید اور قولہ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ الآیہ کے تحقیق علماء کرنے کے لیے اپنی عبادت میں بیت المقدس کیطرف متوجہ کیا بعض علماء نے تسلیم کیا کہ ہجرت سے پہلے ہی حکم ہوا تھا اور بعض نے کہا کہ نہیں بلکہ ہجرت کے بعد حکم ہوا اور اسمیں دقیق اسرار ہیں جو علماء ربانیین کی سمجھ پر چھپے رہے اور یہ دیکھو کہ ہر طرف موڑو اللہ تعالیٰ ہی کا قبلہ ہے دیکھو سا بہ ہر طرف حق تعالیٰ کو سجدہ کرتا ہے اور نفل نمازیں جدھر جارہے سواری پر اشارہ سے نماز پڑھا جاوے تاکہ کسی چیز کا پابند نہ ہو جسکو حق تعالیٰ نے چند روز کے واسطے دیا تھا پھر تحقیق کر دیا کہ بطرح توریت و انجیل میں آگاہ کیا ہے پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ جانب کعبہ ہوگا خانۂ کعبہ کی بجانب کو دائمی قبلہ ٹھہرایا اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو پہلے سے آگاہ کیا کہ عنقریب سفہاء جنکو معرفت حق تعالیٰ سے کچھ حاصل نہیں ہے ضرور اعتراض کرینگے جبکہ نازل فرمایا سَيَقُولُ السُّفَهَاءُ مِنَ النَّاسِ عنقریب لوگوں میں سے سفہاء کہینگے کہ سفہاء جمع سفیہ وہ ہر ایسے جو بے بہتان باندھنے والے کو کہتے ہیں جو جان بوجھکر اسکے برخلاف کہے اور قاموس و کشاف میں کہا کہ خفیف عقل والا تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ مراد یہاں عرب کے مشرک ہیں (الزجاج) اور زجاج نے کہا کہ یہود کے بچے لکھے ہیں اور سدی نے کہا منافق لوگ ہیں اور شیخ ابن کثیر نے کہا کہ آیت ان سب لوگوں کے حق میں عام ہے۔ اور محمد بن اسحاق نے بسند ابن عازب سے روایت کی کہ لوگوں میں سے سفہاء نے اور وہ اہل کتاب ہیں یوں کہا۔ مَا وَلَّاهُمْ عَنْ قِبْلَتِهِمُ الَّتِي كَانُوا عَلَيْهَا کس چیز نے مسلمانوں کو اس قبلہ سے جسپر قائم تھے یعنی بیت المقدس سے پھر جانے کا کیا باعث ہوا پس اللہ تعالیٰ نے بہ آیت اتاری (محمد بن اسحاق)

وسنفور کامل چار جلد مین ہر حامل المتن نے
اول عبارت اول حدیث کی بعینہ اسکا ترجمہ
اردو مین۔
تحفۃ الاخیار۔ ترجمۂ اردو مشارق الانوار ترجمہ
مولوی خرم علی۔
ترجمۂ جامع ترمذی۔ حامل المتن جلد اول
مترجمہ مولوی فضل احمد انصاری ولاہوری
لاہوری۔ یہ ترجمہ نفیس بصرف زر کثیر مطبع
نے کرایا ہے اور حقوق ترجمہ بحق مطبع محفوظ
و محدود ہین۔
ایضاً۔ جلد دوم حسب مراتب بالا۔

| حدیث فارسی |
|---|
| اشعۃ اللمعات حامل المتن شرح مشکوٰۃ از |
| مولانا محدث عبدالحق دہلوی چار مجلدات مین |

| ایضاً عربی |
|---|
| تیسیر الوصول الی احادیث جامع الاصول |
| از شیخ عبدالرحمن بن علی یمنی معروف۔ |
| جامع ترمذی۔ امام ابوعیسیٰ در صحاح ستہ |
| مین سے معروف مع رسالہ اصول حدیث و رجال |
| و شمائل ترمذی جدید۔ |
| قسطلانی۔ شہاب الدین قسطلانی کی شرح |
| صحیح البخاری مسمی بارشاد الساری معروف |
| بہ قسطلانی دس مجلدات مین پوری ستہ |

بطریق علی ابن ابی طلحہ کے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ سے ہجرت کرکے مدینہ مین آئے تو اللہ تعالیٰ نے انکو حکم کیا کہ بیت المقدس کے رخ نماز پڑھا کرین پس یہود خوش ہوے اور آنحضرت صلعم نے کچھ اوپر دس مہینہ بیت المقدس کا استقبال کیا اور آپ قبلہ ابراہیم یعنے کعبہ کو دوست رکھتے تھے پس اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے اور آسمان کو نظر اُٹھاتے پس اللہ تعالیٰ نے اُتارا فولوا وجوہکم شطرہ پس اس سے یہود نے شک کیا اور کہا ما ولہم عن قبلتہم التی کانوا علیہا پس اللہ تعالیٰ نے اُتارا قل للہ المشرق والمغرب اور فرمایا فاینما تولوا فثم وجہ اللہ الآیہ (اسنادہ صحیح سیوطی) براء بن عازبؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت المقدس کیطرف سولہ مہینہ یا سترہ مہینہ نماز پڑھی مگر آپ کو خوش آتا تھا کہ قبلہ آپکا خانہ کعبہ کی طرف ہو اور آپ نے خانہ کعبہ کیطرف اول نماز عصر پڑھی پھر ایک مرد جسنے آپ کے ساتھ نماز پڑھی تھی نکلا پس ایک مسجد والون کی طرف گذرا درحالیکہ وے لوگ جانب شام رکوع مین تھے پس اسنے کہا کہ مین گواہی دیتا ہون کہ البتہ مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جانب مکہ نماز پڑھی پس وہ لوگ جس ہیئات پر تھے خانہ کعبہ کی جانب گھوم پڑے اور کچھ لوگ شہید ہو چکے تھے کہ جنھون نے بیت المقدس کیطرف نماز پڑھی قبل اسکے کہ خانہ کعبہ کی طرف تحویل کیجاوے اُنکے حق مین ہم نجانتے تھے کہ کیا کہین تو اللہ نے اُتارا وما کان اللہ لیضیع ایمانکم ان اللہ بالناس لرؤف رحیم۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اس باب مین احادیث بہت آئی ہین معالم مین ہی کہ یہ آیت یہودیون و مکہ کے مشرکون کے حق مین اُتری جنھون نے بیت المقدس سے کعبہ کی طرف قبلہ کے تحویل مین طعن کیا تھا پس یہود نے مشرکین مکہ سے کہا کہ محمدؐ اپنے امر مین متردد ہو کر اپنی پیدائش کے مقام کیطرف مشتاق ہوے اور تمھارے شہر کی طرف توجہ کرتے ہین اور وہ تمھارے دین کیطرف پھر آنے والے ہین اور سیقول بمعنی عنقریب کہینگے اسمین آیندہ کے حال کی خبر قبل وقوع ہی پس یہ اخبار بالغیب ہی اور یہی اکثر مفسرون کا قول ہی اور من الناس موضع نصب مین الضمار سے حال ہی اور ما بمعنی ای شی بتدا اور ولہم خبر اور یہ جملہ سیقول سے موضع نصب مین ہی اور چونکہ یہ مقولہ ان سفہار کی زبان سے حکایت ہی لہذا ولہم بضمیر نقل فرمایا اگرچہ مرجع مذکور نہین ہی اور مرجع نبی صلی اللہ علیہ وسلم مع مومنین ہین اور کانوا علیہا مین حذف مضاف ہی ای علی استقبالہا۔ یا۔ علے اعتقادہا اور مراد اس قبلہ سے بیت المقدس ہی اور قبلہ بروزن فعلہ از مقابلہ ہی کیونکہ نمازی اسکا مقابل ہوتا اور وہ نمازی کا مقابل ہوتا ہی پھر جب سفہار نے ایسا کہا تو اللہ تعالیٰ نے انکو رد کرتے ہوے فرمایا قُلْ لِّلّٰهِ الْمَشْرِقُ وَالْمَغْرِبُ ط کہدے کہ اللہ تعالیٰ ہی کے لیے مشرق و مغرب ہی ف یعنی مشرق و مغرب و شمال و جنوب سب جہتین اسی کی ہین اسکی خصوصیت ذاتی کسی مقام سے نہین کہ دوسری جگہ اسکے قائم مقام نہو سکے بلکہ اعتبار اسکے حکم بجا لانے کا ہی نہ خصوص مقام کا اور روایت علی بن ابی طلحہ کی ابن عباسؓ سے جو اوپر مذکور ہی دلالت کرتی ہی کہ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ الآیۃ بھی انھین کے رد مین اُتری ہی اور ابن عمرؓ سے روایت ہی کہ سواری پر نفل نماز پڑھتے تھے جس طرف متوجہ ہوتے یہ آیت اُتری ہی (الصحیح) تو یہ منافی نہین اور تحقیق اسکی ترجمہ مقدمہ مین مذکور ہی يَهْدِي مَنْ يَّشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝ جسکو چاہتا ہی راہ مستقیم کی ہدایت دیتا ہی ف یعنی اسکو مقصود تک پہونچا دیتا ہی۔ مراد یہ کہ صحابہ رضی اللہ عنہم انھین مین ہین جنکو واصل حق فرمایا بدلیل قولہ تعالیٰ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا ط اور یون ہی ہم نے تم کو امت وسط بنا دیا تاکہ تم لوگون پر گواہ بنو اور رسول تم پر گواہ ہو ف یعنی جیسے ہم نے تمکو راہ مستقیم کی ہدایت دیدی اسیطرح ہم نے تمکو عادل صادق کر دیا۔ بعض نے کہا کذلک ای جس طرح ہمنے تمکو وسط الارض یعنے کعبہ کی طرف ہدایت کی اسیطرح


تمکو امت وسط بنا دیا اور اسمین اشارہ ہو کہ کعبہ کیطرف استقبال کی اجازت پہلے پہل ابھی فرمائی ہو اور عنقریب اسکا مفصل بیان آتا ہو
بیضاوی مین ہو جیسے ہم نے تمھارا قبلہ سب قبلون سے افضل قرار دیا تمکو سب سے افضل کیا اور وسط دراصل ایسی جگہ کا نام ہو جسکی
مساحت سب طرف سے برابر ہو جیسے دائرہ مین مرکز ہوتا ہو پھر یہ لفظ اچھی خصلتون کے لیے استعارہ کر لیا کیونکہ وہ بھی افراط اور
تفریط یعنے حد سے بڑھ جانے اور گھٹ جانے کے بیچ مین ہین جیسے سخاوت کہ وہ اسراف اور بخل کے بیچ مین ہو پھر یہ لفظ ہر ایسے
شخص پر اطلاق کیا گیا جو ایسی اچھی خصلتون سے متصف ہو اور یہ لفظ واحد و جمع و مذکر و مونث کے واسطے برابر ہو یعنی اسی لیے
امتہ کی جو لفظاً مونث ہو وسطاً صفت آیا انتہی پس وسط اور عدل و انصاف الفاظ مترادفہ ہین لہذا مفسر سیوطی رح نے امۃ وسطا کے
خیارا عدولا سے تفسیر کی قال تعالے وکنتم خیر امۃ اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنہون عن المنکر الآیۃ یعنے تم سب امتون سے
افضل ہو اور یہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے حق مین صریح ہو کہ وہ سب امتون سے بہتر اور نیکو کار و نیکو خصال تھے اور یہین سے کہا گیا کہ
جو کوئی مثل فرقہ رافضی کے صحابہ رض کو جنکا خلیفہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپکے اصحاب مین ہونا معروف ہو فاسق و کافر
جانے وہ مرتد کافر ہو اور یہی اصح ہو اور بیضاوی مین ہو کہ اسی سے استدلال کیا گیا کہ صحابہ کا اجماع حجت ہو کیونکہ جس امر پر وہ
متفق ہوے اگر وہ باطل ہو تو انکے عادل ہونے مین رخنہ ہوتا ہو اور انکا عادل ہونا قطعی ہو پس جسپر وہ متفق ہوے وہ حق یقینی
ہو مین کہتا ہون کہ بیضاوی نے اسکو منہاج مین اچھی تحقیق سے بیان کر دیا ہو وقولہ لتکونوا شہدا ء علی الناس یعنے تاکہ تم لوگ قیامت
مین لوگون پر گواہ ہو یعنے تمکو خیار عادل اسواسطے ہم نے بنا دیا ہو تاکہ تم قیامت مین لوگون پر گواہ ہو اس بات کے کہ انونے
رسولون نے انکو پہونچا دیا جو اللہ تعالے کا پیغام تھا - اور امام احمد نے ابو سعید خدری رض سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے دن نوح ع کو بلا کر کہا جائیگا کہ کیا تو نے پہونچا دیا پس کہیگا کہ ہان تو اسکی قوم بلائی جائیگی پس انسے
کہا جائیگا کہ کیا تمکو پہونچا دیا پس وہ لوگ کہینگے کہ ہمارے پاس کوئی ڈر سنانے والا نہین آیا پس نوح سے کہا جائیگا کہ کون تیری
گواہی دیتا ہو پس کہیگا کہ محمد اور اسکی امت - فرمایا کہ پس یہی ہو قول اللہ تعالی کا وکذلک جعلنا کم امۃ وسطا - آپ نے فرمایا کہ
وسط وہی عدل ہو پس تم لوگ بلائے جاؤگے پس تم نوح کے واسطے گواہی دوگے پھر مین تمپر گواہ کیا جاؤنگا - اس حدیث کو بخاری
و ترمذی و ابن ماجہ و نسائی نے بھی روایت کیا اور نسائی کی روایت مین زیادہ ہو کہ پھر کہا جائیگا کہ تمنے نوح کا پیغام پہونچانا کیونکر
معلوم کیا تو تم کہوگے کہ ہمارے پاس ہمارا نبی صلی اللہ علیہ وسلم آیا پس اسنے ہمکو خبر دی کہ رسولون نے البتہ پیغام حق پہونچا دیا
جابر بن عبد اللہ رض نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ فرمایا قیامت کے دن مین اور میری امت خلائق پر مطلع ہونگی پھر
لوگون مین سے کوئی ایسا نہین جو ہم سے قریب نہ آویگا اور کوئی پیغمبر جسکو اسکی قوم نے جھٹلایا اسکے حق مین یہی ہوگا کہ ہم اسکے واسطے
گواہی دینگے کہ اسنے اپنے پروردگار عزوجل کا پیغام ان لوگون کو پہونچا دیا ابن کثیر اور خلاصہ مضمون ان روایات کا یہ ہو کہ اللہ
تعالی قیامت کے روز اگلون و پچھلون سب کو ایک میدان مین جمع فرماویگا پھر ہر امت کے کافرون سے کہا جائیگا کہ تمکو ڈر سنانے والا
نہین پہونچا تو کہینگے ما جاءنا من بشیر ولا نذیر نہین آیا ہمارے پاس کوئی خوشخبری سنانے والا اور نہ ڈر سنانے والا جیسا کہ اللہ تعالی نے
کتاب مجید مین ذکر فرمایا ہو پس ان امتون کے انبیاء علیہم السلام سے مطالبہ کیا جائیگا کہ گواہ لاؤ اور اللہ تعالی ان سب کو خوب جانتا ہو
لیکن یہ ان کافرون پر حجت تمام کرنا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم و آپکی امت کی بزرگی ظاہر فرمانا ہو پس جب انبیاء سے اس امر کے

گواہ مانگے جائینگے کہ تمنے پہونچایا حالانکہ اللہ تعالیٰ دانا تر ہی تو وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کی امت کو گواہ دینگے پس آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم و آپ کی امت حاضر ہو کر گواہی دینگے تو امتوں کے منکر کافر کہینگے کہ یہ لوگ ہمارے بعد آئے ہین انھون نے کہانسے جانا کہ ان رسولون نے پہونچایا ہی پس امت محمد صلعم سے یہ سوال کیا جائیگا تو یہ جواب دینگے کہ اللہ تعالیٰ نے جو اپنی سچی کتاب اپنے سچے رسول صلے اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمائی اسکے اخبار سے ہمنے جانا ہی پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے آپ کی امت کا حال پوچھا جائیگا پس آپ انکی تزکیہ و عدالت کی گواہی دینگے اور یہی اللہ تعالیٰ نے فرمایا فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشہید وجئنا بک علی ہولاء شہیدا الآیۃ اگر کہا جاوے کہ آیت مین علیکم شہیدا فرمایا اور للکم شہیدا نہین فرمایا حالانکہ یہ گواہی تو ان صحابہ رض کے واسطے ہی اور اُنکے اوپر نہین ہی کیونکہ مراد اللہ تعالیٰ کی بالاتفاق یہی ہی کہ ان کافرون پر جیسا انھون نے کیا ہی سچا الزام ثابت کیا جائیگا پس گواہون کے واسطے عدالت ثابت ہوگی نہ یہ کہ گواہون پر کوئی گواہی دیجاوے تو جواب یہ ہی کہ یہان جسکے واسطے گواہی دی ہی اُسپر گواہ مثل ایک نگہبان کے ہی اسواسطے لفظ علی کے ساتھ فرمایا جسمین ایک بلندی مرتبہ وعلوشان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی جیسے فرمایا واللہ علی کل شئی شہید حالانکہ کل شی مین انبیاء و اولیاء و ملائکہ و صالحین سب ہین ۔ الرسول کا الف لام عہد کا ہی اور مراد خاتم النبیین اکرم الاولین والآخرین محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین ۔ جاننا چاہیے کہ یہان سے ثابت ہی کہ گواہ عادل ہون اور گواہون کی عدالت اسپے لوگون سے لیجاوے جو ثقہ ہون اور ظاہر کلام سے نکلتا ہی کہ گواہون کی گواہی پر قاضی کچھ جرح نہ کریگا بلکہ مدعا علیہ جرح کرے تب اُنکی عدالت ثابت کیجائیگی اور یہی امام ابوحنیفہ رح کا ایک قول ہی اور قاضی اپنے علم پر فیصلہ نہ کریگا اور گواہ لانا مدعی پر واجب ہی جب مدعا علیہ منکر ہو اور گواہ کو جائز ہی کہ سچی خبر سے معلوم کرکے گواہی دے اگرچہ معائنہ نہ کیا ہو اور ضرور نہین کہ گواہ یہ تفصیل کرے کہ مین نے معائنہ سے گواہی دی یا خبر وغیرہ سے معلوم کرکے اور یہی اصح مذہب حنفیہ ہی اور جاننا چاہیے کہ یہان سے ثابت ہی کہ صحابہ رضی اللہ عنہم سب عادل ہین جو شخص ان مین سے کسی پر جرح کرے ایسی جو انکی عدالت کے برخلاف ہو وہ مبتدع گمراہ ہی اور اگر انمین سے کسی نے دین کے مسائل مین اللہ تعالیٰ اور اُسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام سے مسئلہ نکالا اور اُسمین وہ چوک گیا اُس سے اجتہاد مین چوک ہوئی تو یہ اسکی عدالت کے لیے کچھ بھی منافی نہین ہی اور ہو سکتا ہی کہ صحابی نے ایک خبر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی حالانکہ وہ اپنے موقع پر نہین مگر اسنے جسطرح جانا اسیطرح بیان کیا ہی پس یہ بالکل جرح نہین ہی مثلاً بعض صحابہ نے روایت کیا کہ حج مین آنحضرت صلعم نے مکہ کو جاتے ہوے بیدا کی بلندی پر پڑھتے وقت تلبیہ کہا اور آواز بلند کی پس اسنے جیسا سنا ویسا روایت کیا اور دوسرے صحابی نے روایت کی کہ احرام کے بعد ہی تلبیہ کہا تو یہ صحیح ہی حاصل کلام یہ ہی کہ صحابہ رض سب عادل ہین اور اُنکے فضائل و کمالات بہت بڑھکر ہین جیسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل و کمالات انبیاء علیہم السلام کی نسبت بہت اعلیٰ و افضل ہین ایسے ہی آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کے فضائل اس تمام امت اور انکی تمام امتون کی نسبت بہت افضل ہین پس فرقہ رافضی و فرقہ خارجی دونون نے شیطان کی پیروی کی اور دین سے گمراہ ہوے اور ابن کثیر نے تفسیر مین ذکر فرمایا ہی کہ حاکم نے مستدرک مین اور ابن مردویہ نے جابر بن عبداللہ رض سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بنی سلمہ مین سے ایک شخص کے جنازہ پر تشریف لائے اور مین آپ کے پہلو مین تھا پس صحابہ رض مین سے بعضون نے کہا کہ واللہ یا رسول اللہ البتہ اچھا مرد تھا اور عفیف مسلمان تھا اور انھون نے اُسکی ثنا کی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو اسی قدر بات کہ جتنی تو جانتا ہی تو کہنے والے نے عرض کیا کہ چھپی باتون کا تو خدا ہی دانا ہی اور ہمنے تو وہی کہا جو ہمکو اُسکے حال سے ظاہر ہوا وہ یہی ہی پس نبی صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا کہ واجب ہوئی پھر بنی حارثہ میں سے ایک شخص کے جنازے پر حاضر ہوئے اور میں آپ کے پہلو میں تھا پس بعضے صحابہؓ نے کہا کہ یا رسول اللہ یہ شخص (یعنی جنت واجب ہوئی) برا آدمی تھا البتہ یہ شخص سخت دل فحش بکنے والا تھا اور اسپر اسلام کے برخلاف باتیں بیان کیں تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض سے کہا کہ تو بات اتنی ہی کہ جتنی تو جانے پس کہنے والے نے عرض کیا کہ چھپی باتوں کا تو خدا ہی دانا تر ہے اور ہمنے تو وہی کہا جو ہمکو اسکے حال سے ظاہر ہوا وہی ہے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ واجب ہوئی ۔ پھر مصعب بن ثابت راوی نے کہا کہ اس بیان پر محمد بن کعب القرظی راوی نے کہا کہ سچ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر پڑھی یہ آیت وکذلک جعلناکم امۃ وسطا لتکونوا شہداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شہیدا ۔ حاکم نے کہا کہ صحیح الاسناد ہے اور امام احمد نے اپنے اسناد سے ابو الاسود سے روایت کی کہ کہا میں مدینہ میں آیا پس ایسے حال میں وارد ہوا کہ وہاں مرض پھیلا تھا اور لوگ بہت مرتے تھے پس میں عمر بن الخطاب کے پاس بیٹھا پھر وہاں سے ایک جنازہ گذرا پس اس میت پر بھلائی کی تعریف کی گئی تو فرمایا عمرؓ نے کہ واجب ہوئی پھر دوسرا جنازہ گذرا پس اسپر برائی بیان کی گئی تو عمرؓ نے کہا کہ واجب ہوئی پس ابو الاسود نے کہا یا امیر المومنین کیا واجب ہوئی تو فرمایا کہ میں نے ویسا ہی کہا جیسا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی مسلمان کہ چار آدمی اسکے لیے بھلائی کی گواہی دیں اللہ تعالیٰ اسکو جنت میں داخل کریگا ۔ کہا حضرت عمرؓ نے کہ ہم لوگوں نے عرض کیا اور تین تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور تین بھی ۔ کہا حضرت عمرؓ نے پس ہم نے عرض کیا اور دو تو حضرت صلعم نے فرمایا اور دو پھر ہم لوگوں نے ایک ہی کی گواہی دینے کو نہیں پوچھا ۔ ایسا ہی اسکو بخاری و ترمذی و نسائی نے بھی روایت کیا ہے ۔ اور ابن مردویہ و ابن ماجہ نے ابو زہیر ثقفی سے اور امام احمد نے عبد اللہ بن عمرؓ سے روایت کی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ دور نہیں کہ تم جان لو اپنے بھلوں کو برے لوگوں سے ہم لوگوں نے کہا کہ کس چیز کے ساتھ یا رسول اللہ تو فرمایا کہ بھلی تعریف کیے جانے اور بری تعریف کیے جانے سے تم لوگ زمین میں اللہ تعالیٰ کے گواہ ہو ۔ جاننا چاہیے کہ نفاق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ پھیل رہا تھا اور بعضے لوگ (یعنی خاص صحابہ رضی اللہ عنہم) فقط ڈر سے مسلمان بنے تھے اور بعضے ظاہر میں مسلمان اور دل میں درحقیقت متردد تھے کہ اگر اسلام حق ہے تو حضرت چند روز میں غالب ہو جاوینگے پس اسوقت وہ پکے نہ تھے منتظر تھے اور مجازاً ان لوگوں پر بھی صحابی کا اطلاق آیا ہے پھر وہ زمانہ ہنوز نہ آیا تھا کہ انکو یقین کامل حاصل ہو کہ وہ مر گئے اور تمام تحقیق اپنے مقام پر مذکور ہے یہ مقام تفسیر کیطرف رجوع کرنے کا ہے قولہ تعالیٰ

وَمَا جَعَلْنَا الْقِبْلَةَ الَّتِي كُنْتَ عَلَيْهَا إِلَّا لِنَعْلَمَ مَنْ يَتَّبِعُ الرَّسُولَ مِمَّنْ يَنْقَلِبُ عَلَىٰ عَقِبَيْهِ ط اور جس قبلہ پر تو پہلے تھا اسی کو ہمنے قبلہ نہیں بنایا مگر اسی واسطے کہ ہم جانیں ہر ایسے کو جو رسول کی اتباع کرتا ہے اسسے جو اپنی ایڑی کے بل پھر جاتا ہے ف یعنی ثابت قدم مومنوں کو منافقوں سے امتیاز کریں اسمیں دو مقام ہیں مقام اول یہ کہ القبلۃ التی کنت علیہا سے کون قبلہ مراد ہے اور مقام دوم یہ کہ الا لنعلم من یتبع الخ سے اللہ تعالےٰ کے جاننے سے کیا مراد ہے پس ہم اللہ تعالیٰ کی توفیق سے دونوں کو بیان کرتا ہوں (مقام اول) مفسر سیوطی رح نے القبلہ سے خانہ کعبہ مراد رکھا اور جعل (موافق بعض مفسرین) بمعنے صیر متعدی بدو مفعول لیا پس مفعول اول القبلۃ اور مفعول دوم مقدر جسکی صفت التی کنت علیہا ہے یعنی الجہۃ التی کنت علیہا یعنے نہیں بنایا ہمنے قبلہ وہی جہت جسپر تو تھا ۔ اور مقصود یہ ہے کہ ہم نے ایسا ایسا نہیں کیا مگر اس جاننے کے واسطے یعنی اس جاننے ہی کے واسطے ایسا کیا پس معنی یہ ہیں اور نہیں کر دیا ہمنے تیرے لیے قبلہ اب اسی جہت کو جسپر تو پہلے تھا اور وہ کعبہ تھا اور یہ بنا بر اس قول کے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم

جب مکہ مین تھے تب کعبہ کیطرف نماز پڑھتے تھے اور اسمین دوسرا قول یہ ہی کہ مکہ مین بھی صخرہ بیت المقدس کیطرف پڑھتے تھے اور اسکا بیان آتا ہی پس مفسر رح نے قول اول اختیار کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کعبہ کی طرف مکہ مین پہلے پہل نماز پڑھا کرتے تھے پھر جب مدینہ مین ہجرت کرکے آئے تو سولہ یا سترہ مہینہ تک یہودیون کی تالیف قلوب کے واسطے بیت المقدس کیطرف نماز پڑھنے کا حکم دیا گیا اور ظاہر سے بھی یہی ہی کیونکہ آپ خانۂ کعبہ کا طواف کرتے تھے کمافی الصحاح اور روایت علی بن ابی طلحہ سے جو ابن عباس سے اوپر گذری یہی معلوم ہوتا ہی کہ مدینہ مین آنے کے بعد بیت المقدس کیطرف استقبال کا حکم جدید ہوا اور نیز تالفاً للیہود کی وجہ بھی اسی پر شاہد ہی کیونکہ علت مذکورہ ماحکم ہی اور وہ کعبہ مین نہ تھی کیونکہ وہان کے سب لوگ مشرک تھے اور یہی بعض نے اختیار کیا ہی اور اسپر وارد ہوتا ہی کہ نسخ دو مرتبہ واقع ہوا اول کعبہ سے بیت المقدس کی طرف پھر بیت المقدس سے بیت اللہ کی طرف فافہم - اور شیخ ابن کثیر نے تفسیر مین کہا کہ حاصل یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صخرہ بیت المقدس کیطرف استقبال کرنے کا حکم پہلے پہل ہی اسیطرح دیا گیا تھا کہ جب مکہ مین تھے تو دونون رکنون کے درمیان نماز پڑھتے کہ کعبہ آپ کے سامنے ہوتا اور آپ صخرۂ بیت المقدس کا استقبال کرتے پھر جب مدینہ مین آئے تو دونون مین جمع کرنا متعذر رہا پس اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بیت المقدس کیطرف توجہ کرنے کا حکم دیا قال المترجم محصول یہ ہی کہ القبلہ سے مراد بیت المقدس ہی اور تقدیر عبارت یون ہی وما جعلنا القبلۃ التی کنت علیہا قبلۃ لک الا لنعلم الخ یعنے نہین کر دیا تھا ہمنے بیت المقدس جسکی طرف تو نماز پڑھتا تھا تیرے لیے قبلہ مگر اسی واسطے کہ ہم جان لین اسے آخرہ یعنی اصل قبلہ تیرا تو وہی بیت اللہ ہی مگر چند روز کے واسطے جو ہمنے بیت المقدس کو تیرے لیے قبلہ کر دیا تھا تو اس جاننے کے لیے کیا تھا اور ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ قرآن مین جو اول نسخ ہوا وہ قبلہ ہی اور کہا ابن عباسؓ نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مین بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے اور کعبہ آپ کے سامنے ہوتا اور مدینہ مین ہجرت کرنے کے بعد بھی سولہ مہینہ ایسا ہی کرتے رہے پھر اللہ تعالیٰ نے آپ کو کعبہ کی طرف پھیر دیا اور شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اس قول ابن عباس کے مانند جمہور مفسرین کا قول ہی قال المترجم اور وہ جو ابن عباس سے علی ابن ابی طلحہ نے روایت کی کہ مدینہ مین آنے کے بعد آپ کو بیت المقدس کے استقبال کا حکم دیا گیا تو اسکا جواب یہ ہی کہ خالی بیت المقدس ہی کی طرف استقبال کرنے کا بدون اسکے کہ کعبہ آپ کے سامنے ہو کیونکہ دونون کا جمع ہونا متعذر ہو گیا تھا اور مکہ مین امامت جبریل بجانب کعبہ حدیث مین بھی یہ تاویل ہو سکتی ہی کہ کعبہ سامنے تھا اور اصل استقبال بیت المقدس کا تھا اور ہجرت کے وقت جو آپ فراق کعبہ سے روئے وہ مخصوص انوار و فیوض خانہ کعبہ کی وجہ سے تھا بالجملہ ابن عباس اور جمہور مفسرین کے نزدیک ابتدا مین اور بعد ہجرت کے مدینہ مین سولہ یا سترہ مہینہ تک آپ بیت المقدس کیطرف استقبال کرتے تھے ولیکن ان علماء نے اسمین اختلاف کیا ہی کہ مکہ مین آپ کو بیت المقدس کے استقبال کا حکم ہوا تھا یا آپ نے اجتہاد سے ایسا کیا تھا اسمین دو قول ہین ابن کثیر نے کہا کہ قرطبی نے اپنی تفسیر مین عکرمہؓ و ابو العالیہ و حسن بصری سے نقل کیا کہ بیت المقدس کی طرف توجہ آنحضرت علیہ السلام نے اپنے اجتہاد سے کی تھی اور مقصود یہ ہی کہ مدینہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا استقبال بیت المقدس کیطرف اسی حال پر قریب ڈیڑھ برس کے مستمر رہا اور ظاہر قول ابن عباس سے معلوم ہوتا ہی کہ مدینہ مین آپ کو حکم ہوا تھا اور اول نسخ قرآن بھی اسی پر دلالت ہی اور اسپر دوبارہ نسخ ہونا بھی لازم نہین آتا ہی اور شیخ ابن حجر نے اسی کو اختیار کیا ہی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بیت المقدس کا استقبال کرتے ولیکن تضرع و دعا کرتے کہ کعبہ کی طرف جو قبلہ ابراہیم علیہ السلام تھا متوجہ کیے جاوین پس اللہ تعالیٰ نے قبول فرمایا اور خانہ کعبہ کیطرف جو بیت عتیق و بیت اللہ ہی توجہ کا حکم دیا پس آنحضرت



صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ پڑھا اور لوگون کو اس سے آگاہ فرمایا اور پہلی نماز جو کعبہ کیطرف پڑھی وہ نماز عصر تھی جیسا کہ روایت صحیحین مین پہلے گذرا اور نسائی کی روایت مین ابو سعید بن المعلی سے آیا ہی کہ وہ ظہر تھی اور کہا کہ مین اور میرے ساتھی نے اول کعبہ کی طرف نماز پڑھی ہی اور شیخ سیوطی رح نے مقدمہ اتقان مین اسکو شرح بیان کیا ہی اور ابن کثیر نے فرمایا کہ اکثر مفسرین وغیرہ نے ذکر کیا کہ قبلہ کی تحویل آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر اُس حال مین نازل ہوئی کہ آپ ظہر کی دو رکعتین پڑھ چکے تھے اور یہ مسجد بنی سلمہ مین واقع ہوا اسی لیے اُسکو مسجد القبلتین کہنے لگے اور حدیث نویلہ بنت مسلم مین ہی کہ اسکے پاس یہ خبر آئی درحالیکہ وہ ظہر کی نماز مین تھے پس پھر گئے اسطرح کہ مرد لوگ عورتون کی جگہ ہو گئے اور عورتین مردون کی جگہ ہو گئین ذکرہ الشیخ ابو عمر بن عبد البر النمری اور اہل قبا والون کو دوسرے روز کی نماز فجر تک خبر نہین ہوئی جیسا کہ صحیحین مین ابن عمر رض سے روایت آئی ہی کہ اس بیچ مین کہ لوگ مسجد قبا مین صبح کی نماز مین تھے کہ ایک آنے والا آیا اور کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر رات کو قرآن اُترا اور البتہ اُنکو حکم دیا گیا ہی کہ کعبہ کا استقبال کرین پس سبھون نے کعبہ کا استقبال کیا اور اُنکے منھ شام کی طرف تھے پس گھوم پڑے کعبہ کیطرف - شیخ ابن حجر نے فرمایا کہ اگلے کچھ دن رہے پر رات کا اطلاق مجازا واقع ہوا ہی - ابن کثیر نے فرمایا کہ اسمین دلیل ہی کہ ناسخ کا حکم بھی سے لازم ہوتا ہی کہ جب سے اسکا علم حاصل ہو اگرچہ اسکا نزول پہلے ہو لیا ہو کیونکہ مسجد قبا والون کو عصر و مغرب و عشا گذشتہ کو اعادہ کرنے کا حکم نہین کیا گیا واللہ اعلم اور جب ایسا واقع ہوا تو منافقون و یہودیون کو شک و گمراہی نے گھیرا اور جسکی اللہ تعالیٰ نے پہلے خبر دی کہ سیقول السفہاء من الناس ما ولٰھم عن قبلتھم التی کانوا علیھا - ویسا کہنے لگے جیسا کہ اوپر بیان گذرا پس قولہ تعالےٰ وما جعلنا القبلۃ التی کنت علیھا الخ کے یہ معنے ہین کہ اے محمد ہم نے پہلے تمہارے لیے بیت المقدس کو قبلہ کیا پھر اُس سے کعبہ کی طرف پھیر دیا یہ اسی واسطے کیا تاکہ ہم معلوم کرین کہ کون تیری اتباع کرتا اور اطاعت کرتا ہی اور جدھر تو استقبال کرے تیرے ساتھ استقبال کرتا ہی اور کون اُلٹے پاؤن دین سے پھر کر مرتد ہو جاتا ہی (مقام دوم) یہ کہ اللہ تعالیٰ کا علم ازلی ہی اور وہ ہر چیز کو اُسکے وقوع سے پہلے جانتا ہی پس یہان جو فرمایا الا لنعلم تاکہ ہم جان لین اس سے کیا مراد ہی کیونکہ اللہ کا جان لینا ایسا واقع ہونے پر نہین ہی اسکا جاننا کسی چیز کی فعلیت نہین ہو سکتا پس اسکا جواب کئی وجہ سے دیا گیا اول وہ جو ابن عباس سے مروی ہی کہ قولہ الا لنعلم ای الا لنمیز اہل الیقین من اہل الشک یعنی تمہارے واسطے کہ تمیز کر دین ہم ایمان والونکو منافقون شک والون سے یعنی تاکہ ظاہر ہو جاوے تمیز مطیع کی عاصیون نافرمانون سے اور یہی ہمارے شیخ مفسر سیوطی رح نے ذکر کیا ہی پس یہان مجازا تمیز پر علم کا اطلاق کیا بعلاقہ سبب و مسبب کیونکہ علم سبب ہی اور تمیز مسبب ہی اور شیخ ابو حیان نے کہا کہ یہان مین کے ساتھ علم کا متعدی ہونا بھی اسی کا مؤید ہی اس واسطے کہ علم کا لفظ مین سے متعدی نہین ہوتا الا اسی صورت مین کہ علم بمعنی تمیز ہو اور بیضاوی مین ہی کہ یہ مثل قولہ تعالےٰ لیمیز اللہ الخبیث من الطیب کے ہی اور اسی کی شاہد ہی وہ قرأت جس مین لنعلم کی جگہ لیعلم بصیغہ غائب مجہول پڑھا گیا ہی کیونکہ بربنائے مجہول ہونا اس امر کا شاہد ہی کہ یہ مقصود نہین کہ اسکو ایک ہی شخص معین جانے بلکہ جانا چاہا یعنی ہر شخص جسکو جاننے کی لیاقت ہی اسکو جان لے اور یہ ظاہر ہی کہ یہ جبھی ہو گا کہ اللہ تعالیٰ خارج مین سچے جمے رہنے والون مین اور جھوٹے ڈھل مل یقین والون مین اسطرح تمیز کر دے کہ کسی پر پوشیدہ نہ رہے - دوم یہ معنی ہین تاکہ جان لین ہم اسکو حادث موجود ہونے کے ساتھ بھی اگرچہ علم ازلی واقع تھا سوم لنعلم ای لنمتحن تاکہ ہم امتحان مین مبتلا کرین مترجم کہتا ہی کہ یہ غیر ظاہر توجیہ ہی - چہارم لنعلم ای لعلم ظہور رازی نے کبیر مین فرمایا یعنے وہ علم جس سے ثواب و عذاب متعلق ہوتا ہی کیونکہ جسکا اللہ تعالیٰ لعلم غیب عالم ہی اس سے ثواب و عذاب

لہ یعنی یہ علم تمیز مین اسوقت داخل ہو گا جب کہ ظاہر ہو جاوے

نہین بلکہ اسی سے متعلق ہوتا ہی جو پائے جانے کے ساتھ ہی اور معنی یہ ہوے کہ تاکہ جانین ہم وہ جاننا جس کے موافق عمل کرنے والا ثواب یا عذاب کا مستحق ہوتا ہی اور اسی کی نظیر ہی قولہ تعالی ولما یعلم اللہ الذین جاہدوا منکم ویعلم الصابرین ۰ مترجم کہتا ہی کہ مفسر سیوطی رح نے بھی علم ظہور سے تفسیر کی اور شاید مراد یہی معنے ہون جو رازی نے ذکر فرمائے ہین تیسرا لنعلم ای لیعلم الرسول والمومنون تاکہ رسول صلعم اور مومنین جان لین ولیکن اپنی طرف علم کی نسبت کرلی کیونکہ یہ لوگ اُسکے خاص بندے ہین ششم لنعلم ای فعلنا فعل من یرید ان یعلم یعنی ہمنے ایسا فعل کیا جیسا وہ شخص کرتا ہی جو جاننا چاہتا ہی پس یہ کلام بر سبیل تمثیل ہی تفسیر ابن کثیر مین ہی لیظہر حال من یتبعک ویطیعک ممن ینقلب علی عقبیہ مرتدا عن دینہ یعنے تاکہ ظاہر ہو حال اسکا جو تیری اتباع واطاعت کرے ایسے سے جو اُلٹے پاؤن پھر جاوے یعنی اپنے دین سے مرتد ہوجاوے وقولہ وَاِنْ كَانَتْ لَكَبِيْرَةً اِلَّا عَلَى الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ ۔ اور یہ محنت بیشک بڑی ہی سواے ان لوگونکے جنکو اللہ تعالی نے ہدایت دی ف یہ ان مخففہ ہی در اصل انہا تھا اور ضمیر راجع بجانب مدلول جملہ ماقبل ہی ای ہذہ الفعلۃ یعنے پھیر دینا قبلہ کا بیت المقدس سے کعبہ کی طرف اور لکبیرۃ کا لام ہی ان مخففہ و نافیہ مین فرق کرتا ہی - اور بعض نے نافیہ لیا اور لام بمعنی الا - ہے لیکن شیخ عکبری نے رد کردیا کہ یہ خلاف لغت وقیاس ہی اور بعضے اہل تفسیر نے اشارہ کیا کہ انہا کانت ای ان التحویل یعنی الصلوۃ الیہا پس معنی یہ ہونگے کہ نماز اس قبلہ کیطرف بھی ان مرتدون پر ثقیل تھی الا انہین پر ثقیل نہ تھی جنکو اللہ نے ہدایت کی یعنے اُنکے دلون کو تیری تصدیق کیواسطے کھول دیا کہ جو کچھ رسول لایا وہ سب حق ہی اسمین شک کو گنجائش نہین اور یہ یقین دے دیا کہ اللہ تعالی جو چاہتا ہی کرتا ہی اور جو حکم چاہتا ہی دیتا ہی اسکو اختیار ہی کہ اپنے بندون کو جس امر کے واسطے چاہے مکلف کرے اور جو چاہے نسخ کرے ہر ایک مین پوری حکمت موجود ہی بلکہ جب آیت اُترتی ہی تو اُنکا ایمان بڑھتا ہی چنانچہ فرمایا فاما الذین آمنوا فزادتہم ایمانا بخلاف منافقون کے کہ وہ اپنے اوہام کے پابند جب کوئی امر پیدا ہوا پھر گئے اور جب آیۃ آئی منکر ہوکر گمراہ ہوے کما قال تعالی واما الذین فی قلوبہم مرض فزادتہم رجسا الی رجسہم پس چونکہ یہ امر عظیم تھا کہ اسمین بہتیرے کچے مرتد ہوگئے لہذا اس واقعہ مین جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق واتباع مین ثابت رہے اور بلا شک وشبہہ کے جدھر اللہ تعالے نے حکم کیا پھر گئے وہ سرداران صحابہ مین سے ہین اور بعضے اسطرف گئے ہین کہ السابقون الاولون من المہاجرین والانصار جنکو اللہ تعالی نے فرمایا ہی وہ یہی لوگ ہین جنھون نے دونون قبلہ کی طرف نماز پڑھی ہی اور بخاری نے اس آیہ کی تفسیر مین ابن عمر رض سے روایت کی کہ اس بیچ مین کہ لوگ مسجد قبا مین صبح کی نماز مین تھے کہ ایک شخص آیا اور کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر رات قرآن اُترا ہی اور انہ آنحضرت صلعم کو حکم دیا گیا کہ کعبہ کا استقبال کرین پس فورا لوگون نے کعبہ کا استقبال کیا کہ اُسکی طرف سب متوجہ ہوگئے اور ترمذی وسلم کی ایک روایت مین ہی کہ مسجد قبا والے صحابہ رکوع مین تھے پس اسی ہیات پر وہ کعبہ کی طرف گھوم پڑے درحالیکہ وہ رکوع مین رہے اور یہ دلیل ہی کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اللہ تعالی واُسکے رسول کے فرمانبرداری واتباع مین کمال ہی ثابت قدم تھے رضی اللہ عنہم اجمعین پھر منافقون ویہودیون نے مومنون کو شک ولانا شروع کیا تو نازل ہوا قولہ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ۰ اور اللہ تعالی کی شان نہین کہ تمہارے ایمان یعنے نمازون کو ضایع فرمادے - اللہ تعالی تو لوگون پر رؤف رحیم ہی ف معالم مین مذکور ہی کہ حیی بن اخطب یہودی اور اُسکے لوگون نے مومنین سے شک ڈالنے کو کہا کہ تم ہمین بتلاؤ کہ تمہاری نماز بیت المقدس کیطرف کیسے تھی اگر ہدایت تھی تو تم اُس سے پھر گئے

جنکے دلون مین مرض تھا اُنکو آیت نے اور پلید کردیا اور جنکے دلون مین ایمان تھا اُنکو آیت نے اور پاک کردیا

اور اگر گمراہی تھی تو تمنے اللہ تعالیٰ کا گناہ سمیٹا اور جو تم مین سے بیت المقدس کیطرف نماز پڑھنے کی حالت مین مرا ہو وہ گمراہی پر مرا پس
مومنین نے جواب دیا کہ ہدایت وہی ہو جسکا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا اور گمراہی وہی ہو جس سے ممانعت فرمائی پس جب یہ ایمان کا جواب پایا
تو ملیس سے بولے کہ تمھارے پاس ان لوگون کے حق مین کیا شہادت موجود ہو جو بیت المقدس کیطرف نماز پڑھنے کے زمانہ مین
مرے ہین اور حال یہ گذرا تھا کہ خانہ کعبہ کی طرف تحویل کا حکم آنے سے پہلے مسلمانون مین سے اسعد بن زرارہ و ابو امامہ قبیلہ بنی النجار
سے اور براء ابن معرور قبیلہ بنی سلمہ سے اور دیگر لوگ شہید ہو چکے تھے پس ان لوگون کے قرابتی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے
اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے قبلہ ابراہیم کیطرف پھیرا پس ہمارے ان بھائیون کا کیا حال ہوگا جو بیت المقدس
کیطرف نماز پڑھتے تھے اور اسی حال مین مر گئے پس اللہ تعالیٰ نے اُتارا وما کان اللہ لیضیع ایمانکم یعنے صلوتکم الی بیت المقدس
یعنی تمھاری نماز کو جو بیت المقدس کیطرف تھے۔ اور بخاری مین براء ابن عازب سے روایت ہو کہ ایک قوم نے استقبال کیا تھا جو بیت المقدس
کیطرف نماز پڑھتے تھے پس لوگون نے کہا کہ انکا حال اس معاملہ مین کیا ہوگا پس اللہ تعالیٰ نے اُتارا وما کان اللہ لیضیع ایمانکم اور بخاری
کی دوسری روایت براء مین ہو اور تھے کچھ لوگ کہ مر گئے تھے بیت المقدس کے قبلہ ہونے کے حال پر قبل اسکے کہ کعبہ کیطرف تحویل ہو
پس ہم نہین جانتے تھے کہ انکے حق مین کیا کہین پس اُتارا وما کان اللہ لیضیع ایمانکم الآیۃ اور ترمذی نے اسکو ابن عباس سے روایت کیا
اور صحیح کہا اور مانند اسکے امام احمد و عبد بن حمید و ابن جریر و ابن المنذر و ابن حبان و طبرانی و حاکم نے ابن عباس سے روایت کی ہو اور
قرطبی نے اپنی تفسیر مین کہا کہ علماء اس بات پر متفق ہین کہ یہ آیت ان لوگون کے حق مین اُتری جو مر گئے درحالیکہ بیت المقدس کیطرف نماز
پڑھتے تھے۔ پس نماز کو ایمان فرمایا اس لیے کہ اسمین ایمان کی ضروریات نیت و قول و عمل سب موجود ہین اور تفسیر ابن کثیر مین ہو کہ محمد بن
اسحاق نے ابن عباس سے روایت کی کہ قولہ وما کان اللہ لیضیع ایمانکم ای بالقبلۃ الاولی یعنے پہلے قبلہ کی طرف تمھارے ایمان کو اور
اپنے نبی پہلے اللہ علیہ وسلم کی تصدیق و اتباع کرنے کو دوسرے قبلہ کیطرف توجہ کرنے مین ضائع نہ کریگا بلکہ کل ثواب عطا کریگا
قولہ ان اللہ بالناس لرؤف رحیم ۝ مین مراد الناس سے خاصہ مومنین ہین بالف لام عہد بقرینہ لرؤف رحیم پس رؤف مبالغہ از مصدر رافت
اور رحیم مبالغہ از مصدر رحمت ہو اور اول بہ نسبت ثانی کے زیادہ بلیغ ہو جیسے مصدر اسکا بہ نسبت دوسرے کے مصدر کے مبالغہ رکھتا ہو کیونکہ
رافت بمعنی شدت رحمت ہو پس اگر کہا جاوے کہ پھر بلیغ سے ابلغ کیطرف ترقی ہونی مناسب تھی یعنے رحیم مقدم ہوتا تو مفسرون نے مانند دیگر
مفسرین کے جواب کا اشارہ کر دیا کہ فاصلہ کی رعایت سے رحیم کو موخر کیا یعنی صراط مستقیم کے مناسب لرؤف رحیم رکھا لیکن رؤف تمام قرآن
مین رحیم سے مقدم ہو لہذا باوجود اسکے انمین معنوی مناسبت بھی ہو وہ یہ ہو کہ رافت ایک خاص رحمت مین مبالغہ ہو یعنی ضرر دور کرنے
مین اور رحمت عام ہو لیکن چونکہ دفع ضرر ایک امر اہم ہو لہذا رؤف مقدم کیا گیا یہان بلکہ تمام قرآن مین اور حدیث مین رافت و رحمت الٰہی
کی ایک تمثیل بادنیٰ مناسبت بیان ہوئی ہو چنانچہ صحیح مین روایت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قیدی عورتون مین سے ایک عورت کو
دیکھا جسکا بچہ اسکے پاس سے جدا ہو گیا تھا وہ عورت اپنے بچہ کو تلاش کرتی پھرتی اور قیدیون مین سے جو کوئی بچہ پاجاتی اسکو لیکر اپنے سینہ سے لگا لیتی
پھر جب اُس عورت نے اپنا بچہ تلاش کر پایا تو اپنے سینہ سے ملا کر بھیج لیا اور اپنی چھاتی اُسکے منہ مین دیدی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا کہ بھلا تم جان سکتے ہو کہ یہ عورت اپنے بچہ کو آگ مین ڈال دینے والی ہو درحالیکہ وہ قدرت رکھتی ہو کہ اسکو آگ مین نہ ڈالے تو صحابہ نے
عرض کیا کہ نہین یا رسول اللہ تو فرمایا کہ پس قسم ہو اللہ کی البتہ اللہ تعالیٰ اپنے بندون پر اس عورت کے اپنے بچہ پر مہربان ہونے سے

زیادہ مہربان ہو ف عرائس البیان میں ہے کہ قولہ تعالیٰ وما جعلنا القبلۃ التی کنت علیہا الا لنعلم من یتبع الرسول ممن ینقلب علی عقبیہ جو لوگ مرتد ہوئے انکے ساتھ حال یہ ہوا کہ امتحان ہونے کے وقت جبکہ چاہیے یہ تھا کہ خط تسلیم پر جھکاتے اور امر کو امر مین مشاہدہ کرتے جیسے اچھے لوگون نے کیا تھا ان مرتدون کو موڑا اور مکر قدم سے انکو اسطرف پھیر دیا کہ یہ فعل کے دیکھنے مین پڑ گئے حالانکہ اس سے ارادہ متعلق تھا اور یہ بات اس وجہ سے تھی کہ علم قدم کے اسباب ظاہر ہو جاوین اور انکے علم قدیم مین یہ بات پہلے ہو چکی تھی کہ یہ لوگ گمراہی کے میدانون مین کفر کو لاوے ہوے خاک چباتے پھرینگے اور بعض نے کہا کہ یہان الا لنعلم جو فرمایا یہ خطاب لوگون کے عقلون کی مقدار پر ہے کیا تو نہین دیکھتا کہ آخر آیت مین اسکی علت صاف فرمائی کہ وما انت بتابع قبلتہم اور نہین ہے تو کسی طور انکے قبلہ کا تابع ہونے والا یہ اپنی طرف سے اپنی صنعت و حکمت کا احکام ہے یعنے مضبوطی کا اظہار ہے یعنی آخر مین اپنی صنع محکم و مضبوط کا اوصاف بیان کر دیا کہ جو علم الٰہی و اسکی تقدیر مین منضبط و جاری ہو چکا ویسا ہی ضرور واقع ہوگا پس یہان جو فرمایا کہ الا لنعلم تاکہ ہم جان لین یہ لوگون کی سمجھ کے موافق انسے خطاب مقصود ہے اور یہان خاص حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہے اور آپ کو علم اولین و آخرین بدرجہ کمال تھا پس وہان صاف کہہ دیا اور بات ٹھیک یہی ہے کہ بول چال اور محاورات تمام بندون کی تعلیم و فہمائش مین اسی طور پر واقع ہوے جن سے ماوس ہین اور جو انکی عقلون سے باہر نہین کیا نہین دیکھتے کہ حدیث مین ہے کہ لوگون سے انکی عقل کے موافق باتین کرو اور صحابہ رض جو پہلے تمام عرب کے مانند جاہل تھے انکو ابتدا مین بلند خطاب نہ کیے گئے بلکہ چندے آداب و کلام سے لائق فیض کر کے جب انوار سے پر کر دیا تو خود انکی آنکھین ہو گئین یعنے صفات الٰہی کے ساتھ دیکھنے سننے لگی اور پہلی وہی آنکھین جانی رہین کیا تم نے توجہ نہین کی کہ حدیث مین آیا ہے کہ صحابہ رض اللہ عنہم اپنے حالات زمانہ جاہلیت کے خاص جلسہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور مین بیان کرتے اور ہنستے یعنی کمال خوشی سے جب انکی حالت اور رب کی حالت مین فرق دیکھتے تھے پھولے نہ سماتے اور ہنستے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکے ساتھ مسکراتے تھے پھر اللہ تعالیٰ نے اسپر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر احسان رکھا کہ قبلہ قدم و محل رحمت انکی جانب متوجہ فرمایا بقولہ تعالیٰ

قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ

ہم دیکھتے ہین پھیر پھیر جانا تیرا منھ آسمان مین سو البتہ پھیر دینگے تجھکو جس قبلہ کیطرف تو راضی ہوگا اب پھیر منھ اپنا طرف

شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ شَطْرَهٗ ۭ وَاِنَّ الَّذِيْنَ

مسجد احترام کے اور جس جگہ تم ہوا کرو پھیرو منھ اسکی طرف اور جنکو ملی ہے

اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۭ وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ

کتاب البتہ جانتے ہین کہ یہی ٹھیک ہے انکے رب کیطرف سے اور اللہ بیخبر نہین ان کاموں سے جو کرتے ہین

ف قرطبی رح نے کہا کہ علماء مفسرین کہتے ہین کہ یہ آیت سیقول السفہاء سے پہلے اتری ہے اور معالم مین ہے کہ یہ آیت اگرچہ تلاوت مین پیچھے ہے مگر معنی مین پہلے ہے کیونکہ یہی شروع قصہ ہے کما قال تعالیٰ قَدْ نَرٰی تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ البتہ ہمنے تیرے چہرہ کو آسمان مین منقلب بہت دیکھا ف یعنی بار بار بکثرت بطور اشتیاق کے آسمان کی جانب نظر اٹھانا اس امید پر کہ اب شاید وحی آوے کہ جانب قبلہ اعظم و اقدم کعبہ کے منھ کرو ہم نے اسکو بہت دیکھا لہذا ہمنے تجھکو جانب قبلہ محبوب راجع فرمایا۔ واضح ہو کہ شیخ مفسر رح نے اختیار کیا کہ (قولہ قد نرے) تحقیق کے لیے ہے اور اسی کا موید ہے کہ نری بلفظ مستقبل ہے اور تبیان علکبری مین تصریح کی کہ

مراد اس سے ماضی ہے یعنی قد رأینا اور یہ ماضی و مستقبل بلحاظ بندوں کے ہے ورنہ جناب باری تعالیٰ میں سب حاضر ہے اور صاحب کشاف و بیضاوی نے کہا کہ قد نری بمعنی یعنی بکثرت ہمنے دیکھا اور کہا کہ قد واسطے تقلیل کے موضوع ہے مثل رب کے مگر دونوں تکثیر کے لیے آتے ہیں بطور استعارہ کہ لفظ کو ہر دو نقیضین میں سے ایک کے واسطے استعارہ کیا پس دفع ہو گیا اعتراض ابوحیان کا کہ مضارع کے ساتھ قد بمعنی کثرت موضوع نہیں ہے خواہ مضارع سے معنی ماضی مراد ہوں یا نہوں حالانکہ خود کہا کہ قد بمعنی بکثرت کو سیبویہ و ابن ہشام نے ذکر کیا ہے اور اسکو زمخشری نے اختیار کیا پھر بہان - قد - کو بمعنی تقلیل اس وجہ سے نہ لیا کہ جسنے ایک مرتبہ اپنی نظر آسمان کو اٹھائی اسکو یہ نہیں کہتے کہ تقلب بصرہ الی السماء بلکہ یہ جبھی کہتے ہیں کہ بار بار ایسا کیا ہو پس کثرت کے معنی لفظ تقلب سے سمجھے گئے ہیں جو تقلیب کا مطاوع ہے چنانچہ بولتے ہیں کہ قلبتہ فتقلب یعنی میں نے اسکو تقلیب کیا تو وہ متقلب ہو گیا یعنے پھیرا تو پھر گیا - پس تقلیب پھیرنا اور تقلب پھیرنے پر پھر جانا - فی السماء آسمان میں بحذف مضاف ای فی جہۃ السماء اسلیے کہ تقلب آسمان میں نہیں تھا اور معنی یہ ہیں کہ البتہ ہم نے دیکھا تجھے بکثرت اپنا منہ پھیرتے ہوئے یا بار بار اپنا منہ پھیرتے آسمان کیطرف - فلنولینک الخ یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اکثر ایسا کرتے تھے کہ بشوق استقبال کعبہ یہ انتظار وحی کے شاید اب اس کا حکم آجاوے بار بار منہ بجانب آسمان اٹھاتے گویا آپ کے پاک دل میں یہ توقع پڑ گئی تھی کہ اللہ پاک مجھے کعبہ کیطرف متوجہ کر دیگا اور یہ شوق اس وجہ سے تھا کہ وہ قبلہ ابراہیم علیہ السلام ہے جو حنیف مسلم تھے یہودی و نصرانی نہ تھے اور خانہ کعبہ سب سے مقدم قبلہ ہے اور عرب والوں کے ایمان لانے کا زیادہ باعث ہے اور عرب ہی اس دولت لازوال سے سرفراز ہوئے کیونکہ یہودی تو غضب الٰہی میں گرفتار ہو چکے تھے چنانچہ ابتدای سورہ میں گزرا پس بیت المقدس کو قبلہ کرنے میں انکا ایمان مقصود نہ تھا بلکہ امر محبت الٰہی عزوجل سب طرح پوری کی گئی جس سے انپر غضب مکرر ہو گیا اور نصاریٰ حنفیہ نہا بل گمراہ تھے لیکن انکو بیت المقدس سے ہٹ نہ تھی بلکہ جو نصاریٰ بکثرت اسلام لائے وہ بخوشی خانہ کعبہ کیطرف راجع ہوئے چنانچہ سورۂ آل عمران میں انشاء اللہ تعالیٰ بیان آویگا - بالجملہ آنحضرت صلعم اصل قبلہ کے لیے حکم الٰہی عزوجل کے منتظر رہتے اور کمال شوق میں بار بار نظر اوپر اٹھاتے - اور اسمیں آپ کے کمال ادب کا بیان ہے کہ انتظار کرتے رہے اور سوال نہ کیا لیکن تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ علی ابن ابی طلحہ نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ اول جو چیز قرآن سے نسخ ہوئی وہ قبلہ ہے اور بات یہ ہوئی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مدینہ کو ہجرت فرمائی اور مدینہ کے رہنے والے بیشتر یہودی تھے پس آپ کو اللہ تعالیٰ نے حکم کیا کہ بیت المقدس کا استقبال کریں پس یہودی خوش ہوئے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بضعہ عشر یعنی سولہ یا سترہ مہینہ بیت المقدس کیطرف نماز پڑھی حالانکہ آپ چاہتے تھے کہ میرا قبلہ وہ ہو جو قبلہ ابراہیم ہے پس اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے اور آسمان کیطرف نظر اٹھاتے پس اللہ تعالیٰ نے اتارا قد نری تقلب وجہک فی السماء تا قولہ فولوا وجوہکم شطرہ الآیہ پس اس سے یہود نے مکاری و فریب کا دھوکا کیا اور کہا - ما ولٰھم عن قبلتھم التی کانوا علیھا - پس اللہ تعالیٰ نے اتارا قل للہ المشرق والمغرب اور فرمایا فاینما تولوا فثم وجہ اللہ - اور فرمایا اللہ تعالیٰ نے - وما جعلنا القبلۃ التی کنت علیھا الا لنعلم من یتبع الرسول ممن ینقلب علی عقبیہ الآیہ - اور اس روایت سے ثابت ہے کہ یہ آیت پہلے اتری ہے کیونکہ - ما ولٰھم عن قبلتھم التی کانوا علیھا - مربوط ہا قبل یعنی سیقول السفہاء من الناس - ہے پس وہ پیچھے اتری لیکن اس صورت میں سیقول اخبار بالغیب کیونکر ہوگا جیسا کہ ہماری مفسر سیوطی رح وغیرہ نے پہلے بیان کیا ہے پس توجیہ یہ ہے کہ آیۃ تحویل یعنی قد نری تقلب وجہک الآیہ پہلے اتری اور اسکی عمل کے بعد ہنوز یہودیوں وغیرہ نے طعن و ارتیاب نہ کیا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے سیقول السفہاء الخ اتارا کہ وہ انکی طعن کا جواب ہو جاوے پس یہ اس نوع کا قرآن ہوگا جو سبب واقع ہونے سے پہلے اترا فافہم اور اس

روایت سے ہو بھی نکلتا ہے کہ قولہ تعالیٰ وما جعلنا القبلۃ التی الی آخرہ کے یہ معنی ہیں کہ اصل قبلہ تیرا خانہ کعبہ ہے اور چند روز کے واسطے جو ہم نے بیت المقدس کو تیرا قبلہ کیا وہ اسی واسطے تاکہ ظاہر ہو جاوے حال سچے مومنین کا کچے جھوٹے منافقین وغیرہ سے کہ ایسے لوگ اُلٹے پاؤں پھر کر مرتد ہو جاوینگے فافہم بالجملہ تکریر الٰہی عزوجل اپنے حبیب مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کیطرف کس شان عظمت سے ہے کہ فرمایا ہمنے بار بار تیرا انقلاب دیکھا فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا پس ہم تجھ اسے قبلہ کیطرف متوجہ کرتے ہیں کہ تو اسکو پسند کرتا ہے فا دیکھو کیسے نکرے بانگی مراد عطا فرمائی اور آپ کی خوشی پوری کی۔ لنولین ہمزہ اور واؤ اگر یہ ماخوذ از ولایت ہے بمعنی تصرف کرنا اور قابو پانا پس معنے یہ ہیں کہ البتہ قابو دلا دینگے ہم تجھکو اسکی طرف استقبال کرنے کا یا ماخوذ از دنو ہے بمعنی نزدیک ہونا اور بولتے ہیں کہ ولیہ ای نزدیک ہوا اس سے اور ولیتہ ایاہ از باب تفعیل بمعنی میں نے اُسکو نزدیک کر دیا پس معنی یہ ہوئے کہ البتہ کر دینگے ہم تجھکو کہ نزدیک ہو گا تو کعبہ سے لیکن نفس کعبہ سے نزدیکی چونکہ خود مقصود نہیں لہذا مضاف حذف ہو گا یعنے نزدیک ہو گا تو جہت کعبہ سے اور قول مفسر انحو لنک از تحویل ظاہر ابیان مراد ہے ولیکن قبلۃ بتقدیر الی قبلہ ہو گا کیونکہ حوّل متعدی بمفعول ثانی بدون الی کے متضمن معنی تصییر ہوتا ہے اور یہاں یہ مراد نہیں کہ ہم تجھکو قبلہ کر دینگے بلکہ ہم تجھکو یعنی تیری توجہ کو تحویل کر دینگے طرف قبلہ کے فافہم اور جسنے کہا کہ یہ ماخوذ از تولی ہے اُسنے سہو کیا فتدبر بالجملہ اسمیں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیواسطے بشارت ہے اور اسمیں حضرت سرور عالم صلعم کی طمانیت طیبہ وکمال علو مرتبہ ظاہر ہے کہ حضرت صلعم کا شوق جو اس قبلہ کی طرف کو پیدا ہوا وہ ایسا تھا کہ اللہ تعالیٰ کی مشیت حرفیہ وحکمت کاملہ کے موافق واقع ہوا پس اللہ تعالیٰ نے اُسکا فرض حکم دیدیا بقولہ تعالیٰ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ پس متوجہ کر دے منھ اپنا طرف مسجد حرام کے فا اسمیں خود اشارہ ہے کہ یہ نماز کی حالت میں واقع ہوا اور قرینہ اسکا بیان آتا ہے اور یہی اسکا قرینہ ہوا کہ حکم کو حالت نماز کے ساتھ مقید بیان نہ کیا اگرچہ مراد یہی ہے کہ حالت نماز میں اپنا منھ کعبہ کیطرف پھیر اور یہ نہیں مراد ہے کہ ہر وقت نماز وغیر نماز میں اسی طرف منھ رکھ اگرچہ اسنے پر تو دلیل عقلی سے بھی تخصیص ہو گی کہ نماز وغیر نماز سب حالت میں یہ حکم مراد نہیں ہے اصول الفقہ کی بحث سے یہ بات ثابت ہو گئی ہے کہ یہاں قول وجہک میں صیغہ امر ایک مرتبہ تعمیل کرنے سے پورا ہوتا ہے لیکن جیسے نماز برابر کرر ہر روز مستمر ہوتی ہے اسیطرح استقبال قبلہ بھی ہر نماز میں دائمی مستمر حکم ہے پھر شطر المسجد الحرام بروایت ابن عباس رض کے میزاب الرحمۃ ہے (ابن مردویہ) اور یہی قول عبداللہ بن عمرو بن العاص ہے (رواہ ابن ابی حاتم والحاکم) بیضاوی میں ہے کہ شطر در اصل اسکو کہتے ہیں جو شئی سے جدا ہو پس شطر الشئی وہ ہے جو اس شئی سے جدا ہو پھر شئی کیجانب میں مستعمل ہوا اگرچہ جدا ہو اور میں کہتا ہوں کہ کئی معانی میں اسکا استعمال آیا ہے چنانچہ بعض نے نقل کیا کہ بمعنی ناحیہ وجہت آیا ہے اور بمعنی بعض مطلقا اور بمعنے نصف شئے کما قیل فی شطر اللیل اور یہ کہتے ہیں کہ شطر الیہ ای اقبل۔ پھر جاننا چاہیے کہ شطر المسجد سے یہاں کعبہ مراد ہے اور قرطبی نے نقل کیا کہ اجماع ہے کہ جو شخص کعبہ کو معائنہ کرتا ہے اسپر عین کعبہ کا استقبال فرض ہے اور اجماع ہے کہ جسکی آنکھ سے کعبہ کا معائنہ نہیں یعنی غائب و دور ہے اسپر استقبال جہت کعبہ فرض ہے ابن کثیر نے لکھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے شطر سے جانب کعبہ لیا (رواہ الحاکم) اور یہی قول ابو العالیہ ومجاہد وسعید بن جبیر وقتادہ وربیع بن انس وغیرہم اکثر علماء ہے۔ میں کہتا ہوں کہ مشاہدہ کرنے والے پر عین کعبہ کا استقبال فرض ہونے پر تو ائمہ اربعہ کا اجماع ہے اور جس شخص کے پیش نظر کعبہ نہیں اسمیں امام ابو حنیفہ وامام احمد کا مذہب یہ ہے کہ اسپر جہت کی رعایت فرض ہے اور زمخشری نے کشاف میں کہا کہ مسجد الحرام کعبہ اور کعبہ مکہ کہنے میں دلیل ہے کہ دور والے پر کعبہ کے رخ کی رعایت واجب ہے نہ عین کعبہ کی اور شافعیہ میں اختلاف ہے چنانچہ عراقیون وقفال نے کہا کہ یہ اصابت عین کعبہ ہے اور اکثر خراسانیون نے کہا کہ جہت کعبہ ہے اور

احیاء العلوم مین اُسی کو ترجیح دی اور یہی بیضاوی نے اختیار کیا اور امام مالک رح کے نزدیک یون ہی کہ کعبہ تو اہل مسجد الحرام کا قبلہ ہی اور مسجد الحرام اہل حرم کا قبلہ ہی اور حرم قبلہ دنیا ہی اور بیہقی نے ابن عباس سے مرفوعاً روایت کی کہ بیت یعنی خانہ کعبہ اہل مسجد کا قبلہ ہی اور مسجد اہل حرم کا اور حرم میری امت کے اہل مشارق و مغارب کا قبلہ ہی۔ قرطبی نے اسکو ابن جریج کی اسناد سے حدیث ابن عباسؓ سے ذکر کیا۔ اور یہی ابن عباسؓ کا مذہب بھی مروی ہی اور دوسرون نے کہا کہ قبلہ یہی کعبہ ہی بدلیل حدیث کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ کے روبرو دو رکعتین پڑھین اور کہا کہ یہی قبلہ ہے (الصحیحین)۔ قال المترجم میزاب کعبہ عمر بن زیاد الکندی نے علی بن ابی طالبؓ سے روایت کی کہ قولہ فول وجہک شطر المسجد الحرام یعنی تو اسکے سامنے متوجہ ہو (الحاکم) اور حدیث براء ابن عازب رضی اللہ عنہ مین گزرا کہ جسنے آنحضرت صلعم کے ساتھ نماز پڑھکر راہ مین ایک مسجد والون کو خبر دی کہ مین نے نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مکہ کیطرف پس پھر گئے وہ لوگ جیسی ہیات پر تھے بیت یعنی کعبہ کیطرف کہنا قال المترجم یعنے طرف کعبہ مراد ہی نہ عین کعبہ۔ اور ابو سعید بن المعلی سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین ہم اگلے وقت مسجد کیطرف جایا کرتے پس اسمین نماز پڑھتے پس ایک روز ہم گذرے درحالیکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منبر پر تھے پس مین نے کہا کہ البتہ کوئی نئی بات پیدا ہوئی ہی پس مین بیٹھ گیا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی قد نری تقلب وجهك في السماء فلنولينك قبلة ترضاها یہانتک کہ آیت سے فارغ ہوئے پس مین نے اپنے ساتھی سے کہا کہ آؤ ہم تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے منبر سے اُترنے سے پہلے دو رکعتین پڑھ لین تاکہ ہمین سب سے اول اسطرف پڑھنے والے ہو جاوین پس ہمنے پوشیدہ ہوکر دو رکعتین پڑھ لین پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُترے اور اُس دن کی ظہر کی نماز لوگون کو پڑھائی (رواہ النسائی و روی ابن مردویہ عن ابن عمرؓ) پھر مشہور یہ ہی کہ پہلے نماز جو حضرت صلعم نے کعبہ کیطرف پڑھی وہ نماز عصر ہی اسی سے اہل قبا کو خبر پہونچنے مین نماز صبح تک دیر ہوئی تو یکہ بنت مسلم سے روایت ہی کہ ہمنے ظہر یا عصر کی نماز مسجد بنی حارثہ مین بیت المقدس کیطرف پڑھنا شروع کی پس دو رکعتین پڑھی تھین کہ اتنے مین ایک شخص یہان کرنے والا آیا جسنے ہم لوگون کو کہا کہ البتہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیت الحرام کا استقبال کیا ہی پس ہم سب پھر پڑے حتی کہ عورتین مردون کی جگہ پر آگئین اور مرد عورتون کی جگہ پر ہو گئے پس ہم نے باقی دو رکعتین بیت الحرام کیطرف استقبال کرکے پڑھین پھر بنی حارثہ کے ایک شخص نے مجھ سے بیان کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم لوگون کے حق مین فرمایا کہ یہی ایسے لوگ ہین جو غیب پر ایمان لاتے ہین۔ (ابن مردویہ) عمارہ بن اوس سے روایت ہی کہ ہم لوگ بیت المقدس کیطرف نماز مین رکوع مین تھے کہ ایک پکارنے والے نے دروازے پر سے پکارا کہ البتہ قبلہ پھیر دیا گیا کعبہ کیطرف۔ کہا کہ پس مین گواہی دیتا ہون اپنے امام پر کہ گھوم پڑا وہ اور دیگر مرد مقتدی و لڑکے کعبہ کیجانب کو درحالیکہ یہ سب رکوع مین تھے (ابن مردویہ) بالجملہ ان روایات سے کعبہ کیطرف استقبال ثابت ہی۔ اور یہی سیوطی کی تفسیر سے ظاہر ہی پھر جاننا چاہیے کہ کعبہ کی طرف تحویل واقع ہونے کے وقت مین فی الجملہ روایات ہین چنانچہ اکثرون کے نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ مین آنے کے سترھوین مہینہ پر آدھا ماہ رجب گذرا تھا کہ دوشنبہ کے روز بعد زوال کے جنگ بدر واقع ہونے سے دو مہینہ پہلے درحالیکہ آپ اپنے اصحاب کو مسجد بنی سلمہ مین ظہر کی نماز پڑھاتے تھے اور دو رکعتین پڑھ چکے تھے کہ کعبہ کیطرف تحویل کا حکم آیا پس آپ نماز ہی مین پھر گئے اور میزاب کعبہ کا استقبال کیا اسی وجہ سے یہ مسجد بنی سلمہ مسجد القبلتین کے نام سے مشہور ہوئی ہی اور بعض روایات سے ظاہر ہوتا ہی کہ نماز ظہر سے پہلے حکم آیا اور بعض سے معلوم ہوتا ہی کہ ظہر و عصر کے درمیان حکم ہوا اور توجیہ یہ ہی کہ مسجد بنی سلمہ مین عین نماز مین حکم ہوا پھر آپ نے بعد نماز کے منبر پر آیات سنائین پھر نماز عصر پڑھی اور کبھی عصر کو بنام ظہر بولتے ہین جیسے مغرب کو عشاء اول کہتے ہین واللہ تعالیٰ اعلم۔ پھر آپ کے ساتھ آپ کی جمیع امت کو حکم دیا بقولہ تعالیٰ۔ قاحیث

یہ یعنی اول پڑھی جسکو نماز عصر اور موصول نے صلعم پڑھا جیسا کہ ۳۳

مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ اور تم لوگ جہان کہین ہو تو اپنے چہرون کو مسجد الحرام کی جانب متوجہ کرو ف یعنے نماز مین اور یہ خطاب امت کو ہی پس پہلے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب مین خاص فرمایا جسمین سب پر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بزرگی کا اظہار ہی اور نیز آپ کے رغبت کا جو قبلہ ابراہیم کیطرف تھی ایجاب ہی پھر خطاب کو عام کرکے فرمادیا تاکہ تصریح ہو جاوے کہ حکم عام ہی اور کعبہ کیطرف استقبال کرنے کے حکم مین تاکید بھی ہو جائے اور امت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت پر آمادگی ہو جاوے کہ مرضی الٰہی عزوجل اسی مین ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم و طریقہ پر مستعدی سے چلین پس فرمادیا کہ حیث ما کنتم یعنے تم لوگ جہان کہین ہو خشکی مین یا سمندر مین اور کعبہ سے پورب یا پچھم یا اُتر یا دکھن یا کسی جہت و طرف مین ہو تمپر واجب ہی کہ کعبہ کی جہت کا استقبال کرو۔ اور اوپر بیان ہوا کہ یہی امام ابوحنیفہ و امام احمد و اکثر شافعیہ کا مذہب ہی کہ جو لوگ خانہ کعبہ سے دور ہون اُسکو آنکھ سے نہ دیکھتے ہون اُنپر عین کعبہ کا استقبال واجب نہین حتی کہ مصلّی سے خانہ کعبہ تک خط مستقیم ضرور خانہ کعبہ تک منتہی ہو بلکہ جہت کعبہ کا استقبال واجب ہی کہ جس سمت کعبہ ہی اسی طرف استقبال کعبہ کی نیت کرے اور اسمین وسعت ہی چنانچہ ابوہریرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ ما بین المشرق والمغرب قبلۃ۔ یعنے مشرق و مغرب کے درمیان قبلہ ہی اخرجہ الترمذی و قال حدیث حسن صحیح اور یہ صریح ہی کہ جہت مراد ہی نہ اصابت عین کعبہ اگرچہ نیت استقبال کعبہ کی ہر حال مین ہو گی پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو مشرق و مغرب کے درمیان قبلہ فرمایا یہ اہل مدینہ اور تمام ان لوگون کے واسطے ہی جو خانہ کعبہ سے شمال یعنی اُتر کیطرف ہین اور ہمارے ملک ہندوستان مین مابین شمال و جنوب کے پچھم رُخ کو قبلہ ہی اور جہت کسی قدر اس صوبہ اودھ اور اُسکے سیدھ والے ملکون سے دکھن کیطرف جھکی ہوئی ہی اور عبداللہ بن المبارک نے اہل مرو کے لیے تیامن اختیار کیا کما رواہ الترمذی۔ شیخ رح نے لکھا کہ اسی حکم سے ہر نماز مین خانہ کعبہ کا استقبال فرض ہی اور اسمین سے کچھ مستثنیٰ نہین سوائے سفر کی نفلون کے کہ سواری پر جدھر وہ جاتی ہو پڑھتا جاوے اگرچہ دل بجانب کعبہ ہو اور سوائے مسایفۃ قتال کی صورت کے اور تحری سے نماز پڑھنے والے کے کیونکہ تحری کبھی خطا ہوتی ہی مترجم کہتا ہی کہ عین قتال مین ہمارے فقہا حنفیہ کے نزدیک نماز نہین ہی اور واضح ہو کہ جب کسی کو قبلہ معلوم نہو تو جدھر اسکے دلی تیقن مین واقع ہو وہی اُسکے لیے عین قبلہ ہی تو معلوم ہوا کہ اسکا قبلہ خاصۃ جہت کعبہ معظمہ نہین ہی بلکہ وسعت ہی کہ بحکم قولہ اینما تولوا فثم وجہ اللہ۔ لیکن تصدیقی بجانب کعبہ ہونا چاہیے فافہم (مسئلہ) مالکیہ نے اسی آیت سے استدلال کیا کہ مصلی اپنے سامنے دیکھتا رہے نہ اپنے سجدے کی جگہ کو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا فول وجہک شطر المسجد الحرام پس سامنے نظر ہونا چاہیے کہ یہی توجہ جانب مسجد الحرام ہی۔ اور اگر وہ اپنے سجدے کی جگہ نظر ڈالیگا جیسا مذہب امام ابوحنیفہ و شافعی و احمد ہی تو ضرور ایک طرح کی جھکاو کی طرف تکلف کرنے کا محتاج ہوگا اور یہ پوری طرح کھڑے ہونے کے منافی ہی۔ اور بعضون نے کہا کہ مصلی اپنے قیام کیحالت مین اپنے سینہ کی طرف نگاہ رکھے اور شریک القاضی رح نے کہا کہ مصلے اپنے قیام کی حالت مین اپنے سجدے کی جگہ پر نگاہ رکھے جیسا کہ جمہور نے کہا ہی اس واسطے کہ اسمین خضوع بلیغ اور خشوع زائد ہی اور اسمین ایک حدیث بھی آئی ہی اور رہا اپنے رکوع کیحالت مین سوا اپنے قدمون کی جگہ پر نگاہ رکھے اور اپنے سجدے کیحالت مین اپنی ناک کی جگہ پر اور بیٹھنے کی حالت مین اپنی گود پر نظر رکھے۔ (ابن کثیر) بالجملہ جب اللہ تعالیٰ نے آنحضرت صلعم کو خانہ کعبہ کیطرف متوجہ فرمایا تو وہ بشارت و عبارت پوری ہوئی کہ خاتم المرسلین پہلے بیت المقدس کیطرف پھر خانہ اقدس اقدم کعبہ کی طرف متوجہ کیے جانیگے لہذا فرمایا وَإِنَّ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَيَعْلَمُونَ أَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَبِّهِمْ اور البتہ جن لوگون کو کتاب آسمانی دی گئی وہ خوب جانتے ہین کہ یہ تحویل قبلہ تو برحق ہی ف یعنی اپنے موقع پر ٹھیک ہی سدی رح سے مروی ہی کہ اہل کتاب سے ہود

مراد ہین اور کتاب سے توریت ہی کیونکہ توریت مین تحویل کا مفصل حال نازل ہوا تھا اور سعالم مین مذکور ہی کہ یہودیون نے کہا کہ یہ تحویل قبلہ کچھ بات نہین سوائے اسکے کہ تم اپنے دل سے نکالتے ہو پس کبھی بیت المقدس کا استقبال کرتے ہو اور کبھی خانہ کعبہ کا اور اگر تم ہمارے قبلہ پر ثابت رہتے تو ہمکو امید ہوتی کہ تم وہی نبی ہو جسکا ہم انتظار کرتے ہین مترجم کہتا ہی کہ یہ خبیث لوگ اس کلام سے عرب کو دھوکا دیتے اور گمراہ رکھتے تھے۔ علمارنے کہا کہ اہل کتاب لفظ عام ہی جو علماے یہود و نصاری دونون کو شامل ہی اور لفظ کتاب بھی شامل توریت و انجیل ہی اور بقول سدی رح معنے یہ ہین کہ یہود جنھون نے کعبہ کیطرف استقبال کرنے کو انکار کیا خوب جانتے ہین کہ اللہ تعالیٰ اس نبی حق یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تھوڑے ہی دنون بعد کعبہ کیطرف متوجہ فرماویگا کیونکہ انکی کتابون مین اُنکے انبیاء علیہم السلام سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم وآپ کے امت کی نعت وصفت وخصائص کرامت وکمالات شریعت سب موجود تھے ولیکن حد سے پوشیدہ کرتے تھے ضمیر (انہ) راجع ہی مدلول کلام سابق کیطرف یعنی کعبہ کیطرف تحویل ہونا اور بیت المقدس کا استقبال منسوخ ہوجانا اور قولہ من ربہم صفت الحق ہی یعنی الحق الثابت من ربہم اور شاید سدی رح نے اُسی سے نکالا کیونکہ یہ توریت مین نازل کیا گیا تھا لیکن مترجم کہتا ہی کہ توریت تو نصرانیون پر بھی فرض ہی سوائے چند احکام مانند جہاد و حرمت شراب و گوشت شتر وغیرہ کے کہ یہ البتہ انجیل کے ذریعہ سے منسوخ کیے گئے اور باقی احکام توریت اُنپر لازم رکھے گئے تو وہ نصرانیون پر بھی لازم ہی۔ الحاصل یہود و نصارے کے کتاب پڑھے ہوے خوب جانتے ہین کہ پیغمبر آخرالزمان صلعم کی صحی نشانی ہی کہ وہ کعبہ کی جانب متوجہ کیے جائین لیکن شیطانی حسد و عداوت سے جھوٹ انکار باندھتے ہین لہذا تہدید کی بقولہ تعالیٰ **وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا يَعْمَلُوْنَ** ۝ اور اللہ تعالیٰ کچھ بھی غافل نہین ان حرکات سے جنکو تم کرتے ہو **ف** ای یہود یا ای یہود و نصرانیو۔ اور اگر تم کو اللہ تعالیٰ کے جاننے مین شک ہی تو بدتر جاہل ہو۔ یہ بنا بر قرارت ابن عامر و حمزہ و کسائی رح تعملون۔ تا فوقیہ خطاب ہی اور بعض نے کہا کہ خطاب اہل ایمان کو بطور بشارت ہی یعنی ای مومنو تم جو کچھ تابعداری کرتے ہو اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہی وہ تمکو اجر عظیم عطا فرماویگا۔ لیکن قوی تفسیر یہ کہ یہود و نصارے کو تہدید شدید ہی جیسے دوسری قرارت یعملون بیا تحتیہ جو قرأت جمہور مین ہی کہ جسکے یہ معنی ہوے کہ اللہ تعالیٰ کچھ بھی غافل نہین ان حرکات سے جو یہ لوگ کرتے ہین پس ان منکر یہودیون و نصرانیون کے واسطے تہدید و وعید عذاب ہی اور معنی یہ ہین کہ اللہ تعالیٰ پر سہو و غفلت کا وہم نہین مگر ثواب یا عذاب مین تاخیر ایک میعاد تک ہی اور نیز یہود کو جو منکر ہین دنیا و آخرت مین عذاب دیگا پس یہ یہودیون کے حق مین سخت تہدید ہی **(مسئلہ)** استقبال کعبہ مین عمارت کا قصد نہ کرے کیونکہ عمارت کوئی چیز قبلہ نہین ہی بلکہ وہ مقام قبلہ ہی خواہ عمارت پیش نظر ہو یا نہو **(مسئلہ)** علماے مجتہدین نے جن مسائل مین اجتہاد کیا اُنمین کسی جانب غلطی کا حکم نہین ہوسکتا جیسے کسی جانب قطعی صواب کا حکم نہین ہوسکتا ہی اسی واسطے بقول امام جصاص رازی رح کے حنفیہ و شافعیہ و مالکیہ و حنبلیہ باہم ملکر ایک دوسرے کے پیچھے نماز پڑھین اگرچہ شافعی امام رح نے مثلاً خون نکلنے سے وضو نہ کیا ہو بخلاف اسکے اگر قبلہ مخفی ہوا اور امام نے تحری سے ایک طرف قبلہ لیا اور مقتدی کی تحری برعکس واقع ہوئی تو نماز باطل ہی کیونکہ یہان تحری کی جہت اُسکا قطعی قبلہ ہی مگر جبکہ اندھیری رات مین اقتدار کی اور مقتدی کو اختلاف معلوم نہوا تو نماز ہوگئی اور مترجم نے عین الہدایہ مسئلۃ التحری مین مفصل بیان کیا ہی۔ **ف** بعض اشارات عرائس مین ہی کہ قولہ تعالیٰ قد نری تقلب وجہک فی السماء الآیۃ واضح ہو کہ عالم اصغر انسانی مین خود نظائر قبلہ حق و سماء کے بطناً بعد بطنٍ موجود ہین اور اسکو ارباب کمال مقام قرب مین بروجہ حال جانتے ہین جہان مقال کام نہین کرتا اور اشارات کا مقاد سہولت طی منازل ہی چنانچہ مقدمہ مین گزرا پس اس مقام پر اشارت ہی کہ چشم سری کو آسمان ہویت مین عین قبلہ کی

طلب مین متوجہ دیکھا تاکہ مشاہدۂ چشم دیدار قبلۂ قربت خاص حاصل ہو اور صفت کا زوال صفت مین اور خطاب خاص کا سننا گوش خاص مین نصیب ہو جس سے عین الجمع کا مقام سب وجہ سے تمام ہو قال المترجم خلاصہ یہ ہے کہ سر باطن یعنے سرّ السرّ سے یہ خواہش ہوئی کہ حضرت ذات عزوجل اسکا قبلہ ہو اور بالعیان مشاہدہ رہے وہ اسطرح پر کہ صفت امکان صفت قدم مین سٹ جاوے تاکہ سماع ازل سے کلام حق کا استماع نصیب ہو کیونکہ اس خطاب ازل کا سماع بصفت ازل ہے نہ بگوش امکانی اسلیے کہ وجوب کی صفت کو امکان نہین اٹھا سکتا ہے اسلیے صفت امکان کے زوال کی خواہش کی کہ حضرت اوتعالی متکلم اور سمیع و بصیر ہے پس خطاب قدیم خاص کا سننا بھی سمع قدیم خاص سے چاہا اور اس خواہش کا نتیجہ یہ کہ ہر طرح سے مقام عین الجمع حاصل ہو جاوے۔ واضح ہو کہ یہ مقام نسبت بسرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہے اور آپ بندۂ خاص افضل الخلق بالاختصاص ہین لہذا کسی فرد بشر کو اس قرب مین اور اک کی مجال نہین ہو سکتی ہے لیکن اولیاے امت مین سے جنے دیدار مشاہدہ کا اطلاق کیا تو یہ مراد نہین کہ وعدۂ آخرت کے مانند عیاناً حاصل ہو بلکہ حجاب النور سے ظہور بچشم باطن ہے چنانچہ خود شیخ رحمۃ اللہ تعالی نے قولہ انوابہ متشابہا۔ کے تحت مین اس مشاہدہ کو بیان کر کے کہا کہ آخرت مین جب دیدار موعود دیکھینگے تو ویسا ہی پاوینگے جیسا کہ کشف و مشاہدہ مین دیکھ چکے تھے پھر یہان مراد تقلب سے حرکت سرّی اور توجہ سے سرّ مذکور اور فی السماء سے مقام ہویت جو محل حصول عین الجمع و مشاہدہ ذات ہے فتدبر اشارات ہین واللہ تعالی اعلم (ام) بعض مشایخ نے کہا کہ پہلے اللہ تعالی نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو آگاہ کر دیا کہ تو ایسی جگہ ہے جہان تجکو حق عزوجل دیکھتا ہے یعنی قدم نرسے فرما دیا تاکہ ہوشیار رہین اور جو آداب کہ حضرت حق عزوجل کے لائق ہین انمین سے آراستہ رہین چنانچہ یہی حسن آداب دیکھو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آسمان کیجانب نظر اٹھائی اور درخواست نہ کی اور اسی نظر پر انکی مراد پوری کی گئی قولہ تعالی فلنولینک قبلۃ ترضاہا اشارہ ہے کہ ہم تجکو خوش کرینگے کہ قبلہ حق کشف فرماوینگے تاکہ پھر خطرات نفس سے بالکلیہ نجات ہو قال المترجم کیونکہ جب توجہ بقبلہ حق عین مرضی ہے تو پھر توجہ بخواہش نفس کی کوئی راہ نہین رہی اور یہ اشارہ ہے کہ جس شخص نے کسی جانب توجہ کی وہ اسکا قبلہ ہے اور اس توجہ مین جو خواہش مقصود ہے وہی اسکا معبود ہے اگرچہ حکم الشرک اسمین سے صرف کھلے ہوئے ظاہر سے متعلق ہوتا ہے اور تفصیل یہ کہ توجہ جسمی بجانب قبلہ کعبہ ہے حتی کہ اگر کوئی عمداً ترک کرے جانب بیت المقدس یا مزار ولی وغیرہ استقبال کرے تو بوجہ صاف ظہور کے تکفیر کیا جائیگا اور اگر طواف کعبہ کیطرح کہین طواف کرے تو امام نووی و ملا علی قاری وغیرہ نے مناسک مین خوف کفر کی تصریح کی اور باطنی توجہ و اقبال کسی چیز کی جانب دیکھا جاوے کہ اگر وہ بحکم شریعت و رضاے حق عزوجل ہے تو رضاے حق اسکا قبلہ مقصود اور حق عزوجل معبود ہے اور اگر دنیا وغیرہ مقصود ہو تو یہ بسبب فعل کے کبھی گناہ و کبھی شرک خفی ہوگا اور اسکا اثر خرابی قلب ہے اعاذنا اللہ تعالی فافہم۔ (ام) اسمین یہ بھی اشارہ ہے کہ مین قبلہ ہون جدہر تو توجہ کرے تاکہ تو میری طلب مین عالم وجود مین بلا جہت ہو جاوے یعنی تجھے معلوم ہو کہ طلب الٰہی سبحانہ تعالی کسی جہت سے متعلق نہین بلکہ خود بلا جہت ہو جانا ہی وصال ہے اس سے اللہ تعالی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ادب سکھلایا تاکہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد تمام و کمال سوا ے حضرت باری عزوجل کے امر دیگر نہو۔ اور بعض نے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد پوری کرنے مین انکو آگاہ فرمایا کہ تیری مراد ہماری مراد سے مخالف نہین واقع ہوئی اس لیے کہ ہماری مراد یہی تھی کہ ہم تجھکو کعبہ کیطرف پھیر دین اور اسی پر تجھے ثابت رکھین اور پہلے سے ہمنے اسکو تیرے لیے اور تیری امت کے لیے قبلہ کر دیا تھا تاکہ تو جان لے کہ تیری پسند ہماری پسند سے متوافق ہے قولہ تعالی فول وجہک شطر المسجد الحرام۔ حرام بمعنی ممنوع اور مسجد الحرام اس وجہ سے کہلاتی ہے کہ اسمین قتال ممنوع ہے یا کہ ظالمون کی تعرض سے ممنوع ہے

اپنے سینہ کے مراقبہ کی طرف اپنا منہ پھیر کیونکہ وہی انوار حقائق کی مسجد ہی اور وہ وسواس و تعلقات کے غبار سے ممتنع ہی اور اسی مین قلب ہی اور وہی کعبۂ انس ہی اور اسی مین آیات بینات برہان حق عزوجل ہی۔ قال المترجم یعنے کعبۂ ابراہیم کی نسبت اللہ تعالے نے فرمایا۔ فیہ آیات بینات مقام ابراہیم الآیۃ۔ اسمین کھلی نشانیان مقام ابراہیم ہی پس اشارہ کیا کہ آیات مین میرے آثار ہین اور آثار مین میری صفتون کے انوار ہین لہذا جہاں ظاہر جب متوجہ کعبہ معظمہ ہو تو آیات بینات کے پردہ مین ظہور دیکھے پس ظاہری آنکھ تو ان نشانیون سے پر نور ہی اور چشم باطن سے صفات کا مشاہدہ حاصل ہی مترجم کہتا ہی کہ اسی دیدار سے احادیث صحاح و آثار مین حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا شوق بجمال کعبہ و حزن فراق ہجرت مذکور ہی۔ بعضے عراقیون نے فرمایا کہ کعبہ کی طرف بدن سے متوجہ ہونے مین تنویر جسم و قالب ہی اور قلب سے مشاہدہ مین استغراق ہی کیونکہ تن کے واسطے جیسے کعبہ کو قبلہ کر دیا ہی اسی طرح بندے کے قلب کے لیے ظہور قبلہ ہی واضح ہو کہ کعبہ بنظر ظاہر ایک مکان ہی کہ مکانیت کی راہ سے اسکو التباس ہی اور باطن مین اسکے انوار و آیات ہین جنکا اشارہ قولہ تعالے۔ فیہ آیات بینات مقام ابراہیم الآیۃ۔ ہی و اہل مکاشفہ مختلف ہین کہ کعبہ اشرف ہی یا موضع مزار شریف و اسیطرح موضع مزار شریف افضل ہی کہ عرش اور مترجم نے خاتمہ زیارات حج عین الہدایہ مین لکھا ہی اور آیندہ ان شاء اللہ تعالے اسمین بھی آویگا شیخ ابن العربی نے شہادہ مین کہا کہ قولہ تعالے۔ قد نری تقلب وجہک فی السماء۔ ای آسمان روح کے مقام جمع مین وحدت کے اندر مستغرق ہونے اور حق کے ساتھ خلق سے محجوب ہونے کے وقت در حالیکہ وزر نبوت اور مقام دعوت خلق نجیر گران تھا بسبب اسکے کہ تیرا التفات کثرت کی طرف نہ تھا اور ابتدائے حال مین فنا کے بعد بقا حاصل ہونے پر خلق کی طرف رجوع ہونا تجھپر مشکل تھا کہ تمکن سے پہلے حق کی طرف توجہ بہت قوی تھی۔ فلنولینک قبلۃ ترضاہا یعنے البتہ کر دینگے ہم تیرے رخ کو کہ نزدیک ہو گا قبلہ قلب سے اس طرح کہ سینہ کھول دینگے جیسے فرمایا۔ الم نشرح لک صدرک و وضعنا عنک وزرک الذی انقض ظہرک۔ پس تیرا ایسا قبلہ ہی کہ تجکو پسند آویگا اسلیے کہ یہان تفصیل کی صورت مین جمع حاصل ہی اور یہان کی کثرت سے وحدت مین کچھ حجاب نہین ہوتا ہی پس تو اس قبلہ کو ضرور چاہیگا کیونکہ مشاہدہ وحدت باقی ہونے کے باوجود تو مخلوق کو حق عزوجل کی طرف ہدایت کر سکتا ہی۔ قولہ تعالے۔ فول وجہک شطر المسجد الحرام یعنے اپنے سینہ کی طرف جو کھول دیا گیا ہی اور ممنوع کیا گیا کہ اس تک نفس کے صفات ردیہ اور ہوائے نفس و شیطان نہین پہونچ سکتے ہین قولہ تعالے۔ وحیث ما کنتم۔ یعنے تم جہان کہین ہو ای ایمان والو اور مقام تحقیق حاصل کرنے والو خواہ مشرق روح مین ہو یا مغرب نفس مین ہو قولہ تعالے۔ فولوا وجوھکم ای اپنے منہ پھیرو اسکی جانب تاکہ اگر روح کے روشن مقام مین ہو تو تم پر نیک کامون کا حکم دینا اور برے کامون سے منع کرنا آسان ہو اور اگر مغرب نفس مین ہو تو اپنے حال و مقام سے ترقی کرنا اور خواہش نفسانی و شیطانی سے محجوب ہونے سے بچنا آسان ہو انتہی کلامہ۔ مترجم کہتا ہی کہ اسمین بعضے جلی افادات مین سے اول یہ ہی کہ بندہ کو آرزوے خیر کی خواہش مین جو قرآن یا حدیث مین منصوص معلوم ہو ادب سے جانب آسمان نظر اٹھانا کہ قبول فرمائی جاوے جائز ہی۔ دوم قبلہ کعبہ حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا محبوب قبلہ ہی اور اسکا بیان فصل قولہ تعالے۔ وللہ علی الناس حج البیت الآیۃ۔ مین فی الجملہ آویگا سوم اس آیت مین قطعی دلیل ہی کہ اہل کتاب علماے یہود و نصاری کے پاس اس امت کے قبلہ کعبہ کے تحقیقی حالات تھے کیونکہ قرآن مجید نازل ہوا تو انہین سے کسی نے اس سے انکار نکیا اور قرآن مجید اب تک بر متواتر ہی تو گویا آج ان لوگون سے کہا گیا کہ کمبختو تم جان بوجھکر انکار کرتے ہو اور وہ چپ ہین تو یہ معجزہ حجت قطعی ہو گیا کہ بشارت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم زمانہ سابق سے متواتر موجود تھی۔ لیکن اللہ تعالے نے گروہ علماے یہود و نصاری کی ازلی بدبختی کو بیان فرمایا بقولہ تعالے

وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ۚ وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ ۚ وَمَا

اور اگر تو لاوے کتاب والون پاس ساری نشانیان نہ چلینگے تیرے قبلہ پر اور نہ تو مانے اونکا قبلہ اور نہ

بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ ۚ وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ ۙ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ ۝

انمین ایک مانتا ہو دوسرے کا قبلہ اور تو پہر اگر چلا انکی پسند پر بعد اس علم کے جو تجکو پہنچا تو جبھی تو ہو کا ظالمون مین

ف ہر بیخبوت ازلی کو ضرور عجب ہوگا کہ وائے بر حال یہود و نصاریٰ کہ کس قدر دنیاوی فریب مین مغرور ہوے کہ باوجود علم آثار نبوت حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے دنیا کو چھوڑ کر آپ کی اتباع سے جو بیشک دیا چھوڑ کر آخرت کے درجات دائمی کی کرامات مین منکر ہوگئے اور آخر چند روز کے بعد خواہ مخواہ ملک ابدیت کے قبضۂ قہر مین جان دینی پڑی امام ابن کثیر رحمۃ نے لکھا کہ اللہ تعالےٰ خبر دیتا ہی کہ یہودیون نے کیونکر کفر و عناد کیا اور اپنے علم سے برخلاف منکر ہوگئے یعنے شان رسول صلی اللہ علیہ وسلم مین صدق نبوت و قطعی افضلیت کو پہچانکر اسکی مخالفت کرتے تھے اور اللہ تعالےٰ اپنی سلطنت کبریائی و عظمت الوہیت کی حکمت بالغۂ تقدیری سے آگاہ فرماتا ہی کہ جن پر اسنے کفر مقدر فرمایا اگر اسکے لیے ہر طرح ہزار دلیلین کوئی قائم کرے تو بھی ہرگز اتباع نکرینگے اور اپنی باطل خواہش نہ چھوڑینگے جیسے فرمایا۔ ان الذین حقت علیہم کلمۃ ربک لا یؤمنون ولو جاءتہم کل آیۃ حتی یروا العذاب الالیم۔ یعنے وہ لوگ جنپر ٹھیک ہولیا کلمہ تیرے پروردگار کا ہرگز ایمان نہ لاوینگے اگرچہ انکے پاس ہر معجزہ آوے یہانتک کہ عذاب دردناک دیکھین اسی طرح یہان فرمایا۔ وَلَئِنْ أَتَيْتَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ بِكُلِّ آيَةٍ مَا تَبِعُوا قِبْلَتَكَ ط یعنے اگر اہل کتاب کے پاس تو بالفرض کل معجزات لاوے تو بھی وہ تیرے قبلہ کی اتباع نکرینگے

ف مترجم کہتا ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ تو عین قبلۂ حق ہی پس جب یہ یہود و نصاریٰ اسکو نہ مانین تو لامحالہ اللہ تعالےٰ سے منہ موڑ کر دوسری جانب اپنا خدا بنا وینگے پس قطعاً کافر ہین۔ قولہ لئن۔ بلام قسم و حرف ان شرطیہ ہی اور قولہ ما تبعوا الخ جواب قسم و جزاے شرط دونون کو محتمل ہی لیکن لام معین ہی کہ جواب ہی (سیوطی بیضاوی عکبری وغیرہم) مراد اوتوا الکتاب سے یا تو فقط یہود ہین یا عام یہود و نصاریٰ ہین اور یہ اول ہی کہ لفظ عام ہی اور کتاب جنس ہی توریت و انجیل پر صادق ہوگی فاقہم اور کل آیۃ یعنے ہر معجزہ و حجت و برہان اور معنے یہ کہ کعبہ کے قبلہ برحق ہونے پر اگر تو ہر حجت و برہان لاوے تو بھی تیرے قبلہ کا اتباع نہ کرینگے پس ما تبعوا ای لا یتبعوا پس وہ ماضی معنی مستقبل ہی اور چونکہ لفظ ماضی تھا لہذا ماد آفضل ہوا اور اسی وجہ سے جواب قسم پر سے فاء حذف ہوئی اور فراء نے کہا کہ ان اس مقام پر بمعنی لو ہی اسیواسطے ما اسکے جواب مین آیا اور یہ بعید ہی اسواسطے کہ ان واسطے زمانۂ مستقبل کے اور لو واسطے ماضی کے ہی پھر ما تبعوا بلفظ ماضی اسواسطے فرمایا کہ اسکا وقوع متحقق تھا جیسے اتی امر اللہ فلا تستعجلوہ۔ مین ہی یعنے آگیا امر الٰہی (قیامت) پس تم اسکو مانگنے مین جلدی مت کرو۔ یعنے قیامت چونکہ قطعی آویگی لہذا نہایت قرب اور تحقیقی وقوع سے کہدیا کہ پک مارتے تو آتا ہی جیسے فرمایا۔ وما امر الساعۃ الا کلمح بالبصر قیامت کا معاملہ تو گویا پلک مارنے کا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ دار الآخرۃ کی مدت کو دنیا کے انتہا کے مقابلہ مین یہ چند روزہ زندگی دنیاوی پلک مارنے سے بھی بہت کم ہی جسکو عقل کا ذرہ بھی ملا وہ صاف سمجھ سکتا ہی پھر جب ما تبعوا جواب قسم ہوا تو جزاے شرط کہان ہی جواب یہ کہ یہی جملہ جو جواب قسم ہی قائم مقام جواب شرط ہوگیا اور معنے یہ ہین کہ انھون نے تیرا قبلہ کسی شبہہ کی وجہ سے نہین ترک کیا جو دلیل روشن و حجت واضح سے زائل ہوجاوے بلکہ انکی مخالفت تیرے ساتھ محض مکابرہ و عناد ہی کیونکہ تیرے حق ہونے اور کعبہ کی طرف پھیرے جانے کو وہ لوگ اپنی کتاب سے بخوبی جانتے تھے تو انکا منکر ہونا انکی تقدیر مین غضب الٰہی عزوجل کے حجاب ہین۔ پھر مراد اس خبر دینے سے یہ نہین ہی کہ تیری متابعت بالکل نہ کرینگے یعنے متابعت کی نفی بتاکید مقصود نہین بلکہ مراد یہ ہی کہ حجت و برہان انمین بالکل تاثیر نہین کریگی اسواسطے کہ وے لوگ تو جانتے ہی ہین اور حجت واضح تو اوسکو مفید ہوتی ہی جسکو کچھ شبہہ پڑگیا ہو اور انکا انکار شبہہ سے نہین بلکہ عناد سے ہی تو معجزہ واضح انکو نہ فائدہ کریگا بلکہ وہ چیز فائدہ کریگی جو انکے مرض عناد کو زائل کردے اور یہ سوائے خالق عزوجل کے کسیکے اختیار مین نہین ہی حالانکہ اسنے تنبیہ فرمائی کہ ہمنے یہودیون کو قیامت تک غضب پر غضب مین خوار و رسوا کیا ہی نعوذ باللہ من غضبہ تعالےٰ و قولہ تعالےٰ۔ وَمَا أَنْتَ بِتَابِعٍ قِبْلَتَهُمْ اور تو کبھی بھی انکے قبلہ کا تابع ہونے والا نہین ہی ف یہ کلام بظاہر نفی ہی اور محاورہ مین نہی تکریمی کی جگہ بھی بولتے ہین جیسے کسی مکرم سے کہو کہ آپ مہربانی سے ایسا نہین کرینگے یعنے مت کیجیو پس یہان احتمال ہی کہ بمعنے نہی ہو یعنے اللہ تعالےٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو انکے قبلہ کی اتباع سے ممانعت کردی اور احتمال ہی کہ اپنے ظاہر پر ہو اور مقصود یہ ہی کہ جیسے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طمع انکے اسلام سے قطع کردی کہ یہ لوگ علم خالق عزوجل ہین ایمان لانے والے

نہین ہین اسی طرح کافرون کی طمع بھی قطع کردی حتی کہ کافرون نے جان لیا کہ اس حکم کے بعد کبھی وہ ہمارے قبلہ کی طرف رجوع نہ کرینگے کیونکہ حکم استمراری ہی بلکہ امام ابن کثیرؒ نے خوب فرمایا کہ حق عزوجل نے آگاہ فرمایا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے پروردگار کی متابعت مین بہت مضبوط اور شدید ہین اور جیسے وہ لوگ اپنی باطل خواہشون کے اوپر اڑے ہین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اللہ تعالی کی فرمانبرداری و اطاعت و مرضیات کے بجوبی تمام پابند ہین اور یہ صریح اخبار ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سب حالون مین سے کسی حال مین بھی ان کافرون کی خواہش کی پیروی نہین کرتے تھے جیسے کافرون نے جہالت سے وہم کیا تھا کہ ہمارے قبلہ کے لیے بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے تھے تو اللہ تعالے نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی دائمی شان سے اہل ایمان وغیرہ سب کو اسوجہ سے نہ تھا کہ وہ یہود کا قبلہ ہی بلکہ یہ فقط اللہ تعالے کے حکم کی فرمانبرداری تھی **وَمَا بَعْضُهُمْ بِتَابِعٍ قِبْلَةَ بَعْضٍ** اور یہ بعض س ... ہی نہین ف بلکہ اپنی مختلف راے و ہوسات کے بندہ ہین پھر اللہ تعالے نے تحذیر کی اور ڈرایا ایسے عالم کو جو اپنے علم سے خلاف کرے اسلیے کہ عالم پر حجت بہ نسبت غیر عالم کے زیادہ قائم ہوتی ہی لیکن آپ کی امت کے علما سب آپ کے روے سہارک کے دیکھنے والے ہین اور سب بدل و جان آپکے تابع ہین لہذا اللہ تعالے نے آپ کو مخاطب کرکے فرمایا۔ **وَلَئِنِ اتَّبَعْتَ أَهْوَاءَهُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَكَ مِنَ الْعِلْمِ إِنَّكَ إِذًا لَمِنَ الظَّالِمِينَ** ۝ یعنے بقسم اگر بعد اس علم کبیر کے جو تیرے پاس آچکا ہی تو ان گمراہون کی خواہشون کی پیروی کرے تو بیشک اب تو ظالمون سے ہی ف یہ تو قطعا معلوم ہی کہ آپ پیغمبر افضل الانبیا معصومین سے ہین بھلا جیسے بے عزوجل نے آپ کو محفوظ فرمایا تو آپ کے حق مین خطاب مذکور صرف یون ہوا کہ اگر بفرض محال تو کبھی ایسا کرے لیکن آپ کی امت کے علما البتہ سمجھ کر جو شمار ہوے اور جناب باری تعالے مین ہر وقت التجا کرنے لگے کہ الٰہی سبحانہ تعالے ہم بندون کو بطفیل اپنے حبیب معصوم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس امر سے محفوظ فرمایا جاوے کہ ہم کسی حال مین بھی کبھی کافرون مگراہون کے اہوا کی پیروی کرین۔ واضح ہو کہ یہ کلام بہت بلیغ تاکید ہی جیسے ماتبعوا کا کلام بھی بلیغ ہی لیکن یہ جملہ بہ نسبت ماتبعوا قبلتک کے کئی وجہ سے زیادہ موکد ہی ازانجملہ یہ جملہ اسمیہ ہی اور اسمین اہم مکرر ہی پھر اظہار فرمایا کہ کفار اپنی مختلف خواہشون کے بندے ہونے سے باہم مختلف ہین بقولہ تعالے وما بعضهم تابع قبلة بعض۔ اور یہ لوگ باہم بعض تابع قبلۂ بعض دیگر نہین ہین ف کیونکہ جب نفس کے بندہ ہین تو اختلاف لازم ہی اور اسمین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے تسلی ہی کہ انکا عناد کچھ حضرت صلعم کے ساتھ مخصوص نہین ہی بلکہ انکی حالت یہ ہی کہ ایک دوسرے کے قبلہ کی اتباع نہین کرتے کیونکہ یہودی تو صخرۂ بیت المقدس کا استقبال کرتے اور نصاری مطلع الشمس کا استقبال کرتے ہین پس جیسے انکی آپسمین موافقت نہین ویسے تیرے ساتھ موافقت کی امید نہ کرنی چاہیے کیونکہ ہر ایک اپنی خواہش نفس پر اڑا ہی اور جاننا چاہیے کہ قبلۂ نصاری مطلع شمس ہونے کی کشاف و بیضاوی وغیرہ مفسرین نے تصریح کی ہی مگر بعض کتب مین ہی کہ قبلۂ عیسیٰ بھی بیت المقدس تھا مترجم کہتا ہی کہ یہی بات ٹھیک ہی کیونکہ توریت مین حکم قبلہ برابر نصرانیون پر لازم رہا اور انجیل مین نسخ نہین ہوا لیکن امت عیسی نے اپنی اپنی راے سے احکام نکالے ہین لیکن شیخ ابن القیمؒ نے بدایع الفوائد مین لکھا کہ اہل کتاب کا قبلہ کچھ اللہ تعالی کی وحی و وقف کردہ نہ تھا بلکہ مشورہ و اجتہاد سے تھا پس نصاری کے واسطے تو کچھ شک نہین کہ اللہ تعالے نے انجیل وغیرہ انکو مشرق کے استقبال کا حکم نہین دیا اور وہی اقرار بھی کرتے ہین کہ مسیح کا قبلہ وہی ہی جو بنی اسرائیل کا قبلہ یعنے صخرہ ہی اور یہ قبلہ مشرق ہمارے واسطے ہمارے پیشواؤن (پوپ) نے مقرر کردیا ہی پس وہ یہود کے ساتھ اس امر پر متفق ہین کہ اللہ تعالے نے بیت المقدس کا استقبال اپنے رسولون مشروع نہین کیا اور رہے یہود تو توریت مین صخرہ کے استقبال کا حکم نہین ہی بات یہ تھی کہ وہ تابوت آسمانی کی طرف پڑھتے اور جہان جاتے تابوت کو ساتھ لیجاتے اور ہر جگہ نماز نہین پڑھتے تھے پس اسکو رکھکر اسکی طرف نماز پڑھتے پھر جب اترتے تو اسکو صخرہ پر رکھدیتے اور اسکی طرف نماز پڑھتے اور پچاس نمازین انپر فرض تھین پھر جب وہ تابوت اٹھا لیا گیا تو انھون نے اسکی جگہ کی طرف نماز پڑھنی شروع کی مترجم کہتا ہی کہ فرعون کے عہد مین بنو اسرائیل کو حضرت موسی علیہ السلام سے حکم الٰہی ملا کہ اجعلوا بیوتکم قبلا الآیہ چنانچہ اعراف مین منصوص ہی پس

سلسلۂ تابوت ایک صندوق آسمانی تھا جسکا ذکر توریت مین ہی

بکواس تفتیش سے کوئی فائدہ نہیں لیکن یہ معلوم ہو کہ یہ لوگ صخرۂ بیت المقدس کا استقبال کرتے تھے اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے نے ایک قبلہ فرمایا کہ ۔ ما انت بتابع قبلتہم ۔ پھر تو انکے قبلہ کا تابع نہیں حالانکہ تم ان روایات سے انکے دو قبلہ بتلاتے ہو تو جواب یہ ہو کہ اب چونکہ دونوں باطل ہو گئے ہیں تو دونوں یکسان ہیں لہذا ایک ہی فرمایا یا قبلۂ نصاریٰ بھی دراصل وہی ہو جو بنی اسرائیل کا قبلہ تھا لہذا قبلۂ واحد فرمایا اور ما بعضہم بتابع قبلۃ بعض یعنے امر قبلہ میں وہ آپسمیں ایک دوسرے کی پیروی نہیں کرتے بلکہ خواہش نفسانی سے اپنا اپنا قبلہ بناتے ہیں مترجم کہتا ہو کہ ظاہر امر یہ رضی اللہ عنہا نے بحکم قولہ تعالے ۔ فلنولینک قبلۃ ترضاہا الآیۃ کے مشرق کی جانب مکان کر لیا تھا تو نصاریٰ نے اسی جانب مطلع الشمس مشرق کو قبلہ بنا لیا تاکہ یہود سے مخالفت ہو کیونکہ باہم دونوں فریق میں اسوجہ سے عداوت سخت کا باعث موجود ہو کہ یہودی حضرت عیسیٰ و مریم کے حق میں کوئی دشمنی نہیں چھوڑی تو دوستان عیسیٰ علیہ السلام ایکیم ۔ یعنے وہ لوگ جسپر ٹھیک ہو لیا کل تیرے دشمن ہیں وقولہ تعالے ۔ ولئن اتبعت اہواءہم الآیۃ ۔ میں حرف ان شرطیہ ہو جسمیں شرط ہی کہ مشروط کھیں اسی طرح یہاں فرمایا اسی چیز پر شرط نہیں ہوئی لیکن جاننا چاہیے کہ حرف ان کبھی ایسے جملہ پر داخل ہوتا ہی جسکے واقع ہونے کی امید ہو شک کے ساتھ جیسے ۔ ان ایدک زید کان خیرا لک ۔ اگر زید تیری مدد کریگا تو تیرے واسطے بہتری ہو حالانکہ زید کی مدد ممکن ہو اور کبھی ایسے جملہ پر داخل ہوتا ہی جس سے مراد محض فرض و تقدیر ہوتی ہو یعنے اگر بالفرض ایسا ہو تو ایسا ہو گا جیسے کوئی کہے کہ آسمان قبل قیامت کے نہیں ٹوٹیگا ورنہ سب کے سب مر جاوین پھر کسی احمق نے کہا کہ شاید ٹوٹ پڑے تو جواب دینے والے نے کہا کہ اگر بالفرض ایسا ہو تو بیشک سب کے سب مر جینگے اور اسی طرح یہاں فرمایا کہ اگر بالفرض تو انکی باطل خواہشوں کی پیروی کرے تو تو ظالمین سے ہو گا اور قولہ تعالے ۔ من بعد ما جاءک من العلم تاکید ہی پس درحقیقت یہ تحذیر ہی تمام لوگون کو جو اپنے علم سے خلاف کرین بخواہش نفسانی اور بعض مفسرین نے کہا کہ یہ خطاب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اور مراد انکی امت ہی معنے یہ ہین کہ اگر تم لوگ بعد اس علم کے جو تمکو وحی الٰہی سے جو اسنے اپنے رسول پر بھیجی ہی حاصل ہو چکا پھر باطل خواہشوں کی پیروی کروگے تو تم ظالمین سے ہوگے اور حضرت کو خطاب کیا تاکہ تاکید بلیغ ہو جاوے کہ اگر بالفرض انبیاء بھی ایسا کرین تو وہ بھی ایسے ہی ہین اور بیضاوی نے فرمایا کہ اسمین اللہ تعالے نے تہدید کو بتاکید بلیغ فرمایا اول لام آیا جو توطیہ قسم ہو دوم قسم مضمر سوم حرف تحقیق یعنے انک مین ان ۔ چہارم ترکیب از جملہ اسمیہ پنجم خبر پر لام ای لمن اور ششم الظالمین پر الف لام جو استغراق کا ہی اور نیز ظالمین مین سے کر دیا کہ استغراق سے ایہام تمام انواع ظلم سے ظالم ہونے کا ہی ہفتم علم حاصل ہونے کے بعد کہنے سے تاکید بغرض تعظیم حق معلوم اور تحریض اتباع حق و تحذیر از متابعت ہوا و تشنیع بصدور گناہ از انبیاء اسپر اسطے کہا گیا کہ انبیاء سے گناہ صادر ہونا محال ہو کہ وہ معصوم ہین اور یہی قطعی حق اجماعی ہو اور اذا حرف ہی اور نون اسمین اصلی ہی اور جواب ہی مین مستعمل ہوتا ہی اور یہاں اسکا کچھ عمل نہین کیونکہ اسکا عمل فعل مین ہوتا ہی اور یہاں فعل نہین ہو ذکرہ الکبیری ۔ واضح ہو کہ عالم سے گناہ کی شناعت آیندہ اپنے موقع پر بکثرت آویگی ۔ پھر حاصل یہ معلوم ہوا کہ یہودی و نصرانی وغیرہ کوئی عالم ہو جب اسنے دنیا کی طرف دل جمایا اور شیطان اسپر مسلط کیا گیا تو وہ کتابون کا بوجھ لادنے والا گدھا ہوتا ہی بقولہ تعالے ۔ کمثل الحمار یحمل اسفارا ۔ حتی کہ امت اسلامیہ بعد فساد کے جاہل سے بدتر عالمون کی پیروی کرنے لگی حتی کہ انکی شناعت اقوال و افعال بھی اللہ تعالے سے پناہ مانگنے کی ضروری چیز ہو گئی اور معجزۂ حدیث شریف صادق آیا کہ یہ لوگ بھی یہود و نصاریٰ کے قدم بقدم بگڑ کر بہتر سے تہتر فرقہ ہو جاوینگے اور احادیث و آیات مین جو کیفیات حرکات یہود و نصاریٰ کے عالمون کے منقول ہین وہ عبرت ہین حتی کہ انھون نے دنیا کے لالچ مین حضرت افضل المرسلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع چھوڑ دی اور اس سے زیادہ عجب ہم لوگون پر ہو کہ قرآن و حدیث اور بخوبی تمام جاننے کے بعد کسطرح مرتد کے مانند پھرے جاتے ہین اللھم اعذنا من الزیغ بعد الایمان و ثبتنا علی دینک الحق و سنۃ نبیک سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ اجمعین ۔ پھر اللہ تعالے نے اسوقت کے پہلے اہل کتاب علماے یہود و نصاریٰ کا حال بیان فرمایا جنھون نے اپنی جان دی اور آپ کی شہادت کھلم کھلا ادا کی جیسے ابن قنا طرومی عالم نصرانی رضی اللہ عنہ سو من صادق ہو گئے جنکو خبیث نصرانیون نے مار ڈالا اور جیسے عبداللہ بن سلام یہودی زبردست عالم تھے جو فوراً ایمان لائے اور یہودیون نے

دشمنی سے انکو چھوڑ دیا دعوی نبوت پر حق تعالے نے انکی مدح میں نازل فرمایا

اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ ؕ وَاِنَّ فَرِیْقًا مِّنْهُمْ لَیَكْتُمُوْنَ

جنکو ہم نے دی ہے کتاب پہچانتے ہیں اس رسول کو جیسے پہچانتے ہیں اپنے بیٹوں کو اور ایک فرقہ انمیں سے چھپاتے ہیں

الْحَقَّ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ ۝ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِیْنَ ۝

جان کر حق کو حالانکہ وہ جانتے ہیں حق وہی ہے جو تیرا رب کہے پھر تو نہ ہو شک لانے والوں میں سے

ع ۱۷

فرمایا کہ بیت المقدس کی طرف آپکا متوجہ ہونا چھ سات مہینے ہوا کی بیان کی۔ گویا دیدہ و دانستہ اپنے پاؤں میں کلہاڑی ماری۔ یہ دلیل ہے کہ انکے دلوں میں کیسی سختی آگئی تھی کہ آخرت کو بیچ نہیں مگر بعضے دیگر کے تائید حال علیہم العمر فقست قلوبہم الآیہ۔ یعنے زمانہ دراز گزرنے سے دل سخت پڑ گئے اور یہی قیامت کا حال ہوتا ہے حتی کہ مسلمانوں کی کیفیت آخر یہی ہوئی جیسے حدیث شریف میں خود خبر دی گئی ہے۔ اسی طرح اہل کتاب نے باوجود صریح اخبار و بشارات کچھ نفع نہیں پایا اور پیغمبر خاتم المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار کیا چنانچہ حق تعالے نے فرمایا۔ اَلَّذِیْنَ اٰتَیْنٰهُمُ الْكِتٰبَ یَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا یَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ۔ جن لوگوں کو ہمنے کتاب سابق دی تھی وہ اسکو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں ف الذین اسم موصول ہے جس سے مراد علماے اہل کتاب ہیں خواہ عام یہود و نصاری جیسا کہ بعض علما نے کہا یا فقط علماے یہود جیسا کہ دوسروں نے کہا اور بعضے یہ ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کل علماے توریت و انجیل پہچانتے ہیں۔ وَاِنَّ فَرِیْقًا مِّنْهُمْ لَیَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ یَعْلَمُوْنَ۔ مگر انمیں سے ایک فریق چھپاتا ہے حق کو حالانکہ خوب جانتے ہیں ف بعض نے زعم کیا کہ موصول سے مراد مومنین اہل کتاب ہیں مثل عبداللہ بن سلام و انکے ساتھیوں کے گویا کتاب انھیں کو دی گئی کیونکہ یہ اس سے بہرہ مند ہوے اور دوسرے کمثل الحمار یحمل اسفارا۔ مانند گدھے کے ہیں کہ کتابیں لادے ہوں کیونکہ وہ اس سے کچھ نفع نہیں پاتا ہے لیکن اس صورت میں اظہر یہ ہوگا کہ۔ من الذین اتیناہم الکتاب۔ تقدیر ہو کیونکہ آگے منہم کی ضمیر ادھم راجع ہے فافہم اور قولہ یعرفونہ۔ اسکی ضمیر مفعول میں اختلاف ہے زمخشری و بیضاوی و نسفی وغیرہ ایک جماعت نے کہا کہ یعرفونہ ای یعرفون محمدا اگر کہا جاوے کہ مرجع مذکور نہیں ہے تو بیضاوی وغیرہ نے جواب دیا کہ اگرچہ سابق میں ذکر نہیں مگر دلالت کلام سے مرجع متعین ہے اور نیز مرجع میں یہاں کچھ تردد و التباس نہیں ہے اور بعض نے جواب دیا کہ نہیں بلکہ بلفظ الرسول دو مرتبہ پہلے ذکر آگیا ہے اور بیضاوی وغیرہ کی مراد یہ ہے کہ اس خاص کلام میں جو شان نبی صلی اللہ علیہ وسلم میں وارد ہے پہلے مرجع نہیں مذکور ہے کہا گیا کہ۔ یعرفونہ ای یعرفون نبوتہ۔ یہ مجاہد و قتادہ وہ ایک گروہ اہل علم سے نقل کیا گیا۔ قال المترجم نبوت کی طرف ضمیر مذکور بلا تاویل کیونکر راجع ہوگی اگرچہ بطریق بیان معنے صحیح ہے کہ۔ یعرفونہ ای یعرفون محمدا بکونہ نبیا حقا۔ قول سوم یہ کہ یعرفونہ ای یعرفون امر الرسول باتباعہ ف۔ چنانچہ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں کہا کہ اللہ تعالے خبر دیتا ہے کہ علماے اہل کتاب جو چیز محمد صلی اللہ علیہ وسلم لائے اسکی صحیح ہونے کو ایسا جانتے ہیں جیسے انمیں سے ہر ایک اپنے بیٹے کو پہچانتا ہے اور عرب والوں کا قاعدہ تھا کہ کسی چیز کے صحیح ہونے کی مثال یوں ہی بیان کرتے تھے چنانچہ حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کے ساتھ ایک چھوٹا لڑکا دیکھکر پوچھا کہ یہ تیرا بیٹا ہے اسنے عرض کیا کہ ہاں یا رسول اللہ آپ کے سامنے ہیں آپنے فرمایا کہ آئین۔ یہ تو تجھ چھپ سکتا ہے اور نہ تو اسپر پوشیدہ ہو سکتا ہے قال المترجم شیخ ابن کثیر نے مرجع عام لیا یعنے سب جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لائے ازاں جملہ تحویل قبلہ بھی ہے اور بعض نے تحویل قبلہ صحیح ہونے کی طرف ضمیر پھیری اور مولف فتح البیان نے کہا کہ اسی طرف مفسرین کی ایک جماعت گئی ہے اور صاحب کشاف نے قول اول کو ترجیح دی اور میرے نزدیک یہ اخیر قول یعنے تحویل قبلہ کی طرف ضمیر راجع ہونا قول راجح ہے انتہی مترجم کہتا ہے بلکہ راجح وہی قول اول ہے چنانچہ قولہ تعالے کما یعرفون ابنا ہم اسپر شاہد ہے قرطبی نے کہا کہ عمر سے روایت کیا جاتا ہے کہ انھوں نے عبداللہ بن سلام سے

ف یعنے جو رسول اللہ اور سارا دین جانتے ہیں

کہا کہ بھلا تو نے پہچانا محمد کو جیسا کہ تو اپنے فرزند کو پہچانتا ہی تو عبداللہ نے کہا کہ ہان بلکہ اس سے بڑھکر اور سراج وغیرہ مین نقل کیا کہ عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ عبداللہ بن سلام سے کہا کہ یہ پہچان کیونکر تھی تو عبداللہ نے کہا کہ ای عمر البتہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھتے ہی پہچان لیا جیسے مین اپنے فرزند کو پہچانتا ہون بلکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا پہچان لینا اپنے بیٹے کے پہچاننے سے زیادہ بڑھکر تھا تو عمرؓ نے کہا کہ یہ کیونکر تو عبداللہ نے کہا کہ اسلیے کہ مجھے محمد صلعم مین کسیطرح کا شک ہی نہین ہی کہ یہ وہی پیغمبر ہین جنکی بشارت توریت مین ہی اور رہا میرا فرزند تو شاید کہ اسکی ماں نے خیانت کی ہو تو عمرؓ نے کہا کہ ای ابن سلام اللہ تعالے تجھے توفیق کثیر عطا فرماوے کہ البتہ تو نے تصدیق کی ہی مترجم کہتا ہی کہ یہ حدیث تو صحیح بخاری وغیرہ کی روایت سے موجود ہی پھر ظاہر ہی کہ صحابہؓ مین معنے آیت کے اسی طرح تھے اور ضمیر راجع بجانب محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی نہ بجانب نبوت اور نہ بجانب تحویل قبلہ ولیکن چونکہ سبب نزول پر نص نہین ہی لہذا یہ حدیث بمنزلہ سبب نزول کے بسبب راجح ہونے امر اول کے ہوگی اور باقی داخل نزول ہین واللہ اعلم اور مؤلف فتح البیان نے خلاف بلاغت قول کو مرجح ٹھہرایا پھر بھی عجب ضبط کیا چاہیے لکھا۔ یعنے یعرفون ان القبلۃ المصروفۃ الیہا ثابتۃ کما یعرفون اولادہم قال ابن سلام لقد عرفت حین رآنی کما اعرف ابنی وانا بمحمد اشد معرفۃ حالانکہ قول ابن سلام رضی اللہ عنہ صریح دلیل قول اول ہی۔ اور یہ تقریر خبط سے خالی نہین پھر جاننا چاہیے کہ بیٹون کی خصوصیت کی اور اولاد نہین فرمایا اسواسطے کہ بیٹا اپنے باپ کے زیادہ ساتھ رہتا ہی اور بہت دل کو لگا ہوتا ہی اور قولہ۔ وان فریقا منہم الخ۔ یعنے اور جو ایسے یقین کرنے والون کے وہ لوگ حق کو چھپاتے ہین یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت کو جو انکی کتاب مین ہی پوشیدہ کرتے ہین اور انکے نعت سے یہ بھی مذکور ہی کہ وہ بیت المقدس و کعبہ دونون کی طرف نماز پڑھینگے پھر یہ اشد گناہ ہوگا کہ جانکر چھپاتے تھے۔ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُوْنَنَّ مِنَ الْمُمْتَرِيْنَ۔ حق تو تیرے رب کی طرف سے ہی پس تو شکیون مین سے مت ہو فہ یہ نہین کہا کہ شک مت کیجیو۔ کیونکہ آدمی کبھی شکی ہوتا ہی مگر شک نہین کرتا۔ زیادہ بلیغ یہ کہ تو شکیون کی قسم سے مت ہو جیو۔ الحق مبتدا ہی معنے یہ ہین کہ حق یہی ہی جو اللہ تعالے کی طرف سے ثابت ہوا جسپر تو قائم ہی اور وہ نہین جو نافرمان کافر لوگ بکتے ہین پس تو شک کرنے والون کی قسم ہی سے نہو اور یہ شک سے پوری عمارت ہی جو چہ اگرچہ شک نہی ہی ولیکن بصورت خبر ہی اور لاتمترن بصیغہ نہی اسیواسطے نہ فرمایا کہ مقصود کمال عمارت ہی یہ خطاب اگرچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی مگر مومنین کو تعلیم ہی کہ انکو ثابت کرایا اور جمایا کہ جو رسول صلی اللہ علیہ وسلم لائے یہی حق ہی کہ پروردگار کی طرف سے ثابت ہی جسمین بالکل شک و شبہہ نہین ہی۔ اگر کہا جاوے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شک نہ تھا پس ممانعت کیونکر فرمائی ہی تو جواب یہ کہ ممترین کا مصدر امترا یمتری مری یعنے شک حاصل کرنا پس معنے یہ ہین کہ شک مت لینا تو موجود ہونا ثابت ہی نہین ہی۔ اگر کہا جاوے کہ حضرت اسکے محل ہی نہ تھے کیونکہ اللہ تعالے نے آپ کو معصوم کیا تھا تو جواب یہ کہ یہ تنبیہ اور امت کو تعلیم ہی جیسا کہ بیان ہوا لہذا آیندہ امت کو خطاب ہی۔

وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اور ہر کسی کو ایک طرف ہی کہ منھ کرتا ہی اُس طرف سو تم سبقت چاہو نیکیون کو جس جگہہ تم ہوگے کرلاوے گا اللہ اکٹھا بیشک اللہ ہر چیز کرسکتا ہی

یہ آیت مضمون سابق کی تقریر و توضیح ہی کہ ہر قبلہ والا دوسرے کے قبلہ کی اتباع نہین کرتا ہی۔ وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيْهَا۔ اور ہر ایک کے لیے ایک جہت ہی وہ اُسی جہت کیطرف منہ کرنے والا ہی وقت اسی کا متولی ہی۔ فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرٰتِ ۭ۔ پس تم لوگ بھلائیون کی طرف سبقت حاصل کرو فی کہ یہان اصل مین خواہ کسی جہت اسلام سے ہون جبکہ امر توحید پر استقامت ہوا اور اجالی رسم کی پابندی فضول ہی کیونکہ مرجع اللہ تعالے کی طرف ہی۔ اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يَاْتِ بِكُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا ۭ تم جہان کہین ہوگے اللہ تعالے تم سب کو لاویگا اور ہر ایک کو اسکے اعمال کا نتیجہ پہونچاویگا۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اللہ تعالے ہر چیز پر قادر ہی فہ تو اسکی توحید پر مستقیم ہوکر عمل کرو حتی کہ جو کچھ وہ حکم کرے وہی حکم ہی بعضون نے کہا کہ مقصود یہ ہی کہ قبلہ کے بارہ مین جھگڑا نکرنا چاہیے تاکہ جو امر اس سے بڑھکر اہتمام کا ہی یعنے خیر و طاعات کیطرف جلدی کرنا وہ ہاتھ سے نجاتا ہے اور اظہر یہ مراد ہی کہ ہر قوم کے لیے ایک جہت ہی جسکی طرف وہ اللہ تعالے ہی کے واسطے

اللہ تعالے کی شریعت سمجھکر منھ کرتا ہی اور جانتا ہی کہ یہ حکم الٰہی کی فرمانبرداری ہی پس کسیکو اسمین جھگڑا لائق نہین ہی پھر جب یہ امر متعین ہوا کہ سب کے سب قوم محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین تو قبلہ وہی ہوگا جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا قبلہ ہی کیونکہ آپکی رسالت اور دعوت عام ہی پس یہ کلام مانند دلیل واضحی فہمائش ہی اللہ تعالی کی طرف سے کہ جو غور نظر سے دیکھے وہ اس سے نور پاوے ۔ حاصل یہ ہی کہ ہر قبلہ والا جب یہی سمجھکر دوسرے کے قبلہ کی طرف منھ نہین کرتا کہ یہ جہت جسپر مین ہون اللہ تعالے نے مشروع کردی ہی اور دوسرے کے لیے دوسری جہت مشروع کی ہی پس مرجع اسکا حکم الٰہی ہی اور اللہ تعالے نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اب حق کے ساتھ بھیجا جسکو اہل کتاب بخوبی جانتے ہین تو جس قبلہ کا آپکو حکم کیا وہی سب کا قبلہ ہی اور غرض قبلہ سے مرضیات الٰہی و طاعات ہین تو اسمین تردد و تامل بیجا ہی ۔ بیکیان کماؤ جدھر پاؤ پس قولہ ۔ لکل ای لکل امۃ جیسا کہ مفسر نے کہا اور تنوین لکل کی عوض اضافت ہی اور یہ خبر مبتدا محذوف ہی ۔ وجہۃ ۔ مبتدا موخر ہی اور یہ مصدر ہی بمعنے متوجہ الیہ یعنے جسکی طرف توجہ کیجاوے جیسے خلق بمعنے مخلوق اور یہان مراد قبلہ ہی کہ اسکی طرف توجہ کیجاتی ہی اور قیاس سے لفظ جہت مثل عدۃ وزنۃ ہی لیکن وجہۃ اپنی اصل پر آیا پس واو زائد نہین ہی اور یہ مصدر محذوف الزوائد ہی اسواسطے کہ فعل اسکا توجہ یا ۔ اتجہ ۔ اور مصدر بزوائد توجیہ یا اتجاہ ہی مگر وجہۃ سے فعل مستعمل نہوا جیسے وعدۃ سے وعد آیا ہی کرہ العکبری ۔ اور ضمیر ہو ۔ راجع بجانب کل امۃ ہوا ۔ بعض نے کہا کہ جائز ہی کہ بجانب اللہ تعالے راجع ہو اگرچہ لفظ مین مذکور نہین ہی یعنے اللہ تعالے نے اسکو قبلہ کردیا ہی لیکن یہ تکلف ہی علاوہ ازین اوپر مذکور ہوا کہ قبلہ نصاری و یہود بحکم الٰہی نہین بمعنے آنکہ منصوص نہین ہی اور بعض نے کہا کہ خطاب مسلمانون ہی اور معنے یہ ہین کہ مسلمانون مین سے ہر قوم کے واسطے ایک جہت بجانب کعبہ ہی ای مشرق والون کی جہت بجانب کعبہ مغرب رخ اور مغرب سے شرق رخ علی ہذا شمالی و جنوبی مگر اصح یہ ہی کہ خطاب عام ہی جیسا کہ عنقریب معلوم ہوگا اور مولیہا ۔ ای مولی الیہا ۔ اور ضمیر مونث بجانب جہت ہی استعدی بنفسہ ہی اور یہ ایک مفعول ہوا اور دوسرا مفعول محذوف ہی ای وہ گروہ پھیرنے والا ہی اپنا منھ اس جہت کو اور ابن عامر کی قرأۃ مین ہو مولاہا ہی پس مولّی بصیغۂ مفعول ہی اور معنے یہ ہین کہ وہ فریق پھیرا ہوا ہی اس جہت کو خواہ بطور حق یا بطور باطل کیونکہ اکثرون نے اپنے زعم سے ایک جہت مقرر کرلی ہی جیسے نصاری کہ انکا قبلہ مطلع شمس ہی مترجم کے نزدیک عیسائیون کو مصر کی طرف عافیت ملی اور وہان سے بیت المقدس بجانب مشرق ہی پس جہت وہی تھی جو پیچھے متبعون کی جہالت سے مطلع شمس ہوگئی یا حضرت مریم نے مکان شرقی لیا تھا وہ مطلع شمس پڑتا تو نصرانیون نے صلیب کی طرح اسکو قبلہ بنالیا واللہ اعلم اور تفسیر ابن کثیر مین ہی کہ عوفی نے ابن عباس سے روایت کی ۔ دلکل وجہۃ ۔ مراد اوس سے مختلف دینون والے لوگ ہین اللہ تعالے فرماتا ہی کہ ہر گروہ کے واسطے ایک قبلہ ہی جسکو اسنے پسند کر رکھا ہی اور اللہ تعالے کا قبلہ وہی ہی جسطرف مومنون نے توجہ کی اور شیخ ابو العالیہ نے فرمایا کہ یہود کے واسطے ایک قبلہ ہی کہ وہ اس جہت کو اپنا منھ پھیرتے ہین اور نصرانیون کا ایک قبلہ ہی کہ وہ اسطرف اپنا منھ پھیرتے ہین اور تمکو ای امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبلہ کی ہدایت کی کہ وہی قبلہ ہی اور مجاہد و عطاء و ضحاک و ربیع بن انس و سدی سے اسی کے مانند ہی مترجم کہتا ہی کہ اس سے ظاہر ہوا کہ یہ خطاب مسلمانون کو ہی اور معنے یہ ہین کہ ہر قوم نے ایک ایک جہت پسند کر رکھی ہی کہ اس طرف منھ کرتا ہی اور اللہ تعالے کے نص فرمانے سے کسی نے راہ نپائی کیونکہ انھون نے ایک جہت نکالی اور وہی اپنے لازم کی گئی جیسے یہود نے سنیچر کا دن عبادت کے لیے چھانٹا تھا جمعہ نہ پایا اگرچہ تحقیق جمعہ تھا پس تم ای امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سچے قبلہ کی طرف اللہ تعالے کی نص سے ہدایت کیے گئے پس جیسے تم افضل قبلہ کی طرف ہدایت کیے گئے تمکو چاہیے کہ خیرات کی طرف سبقت کرو اور خیرات جمع خیرۃ یعنے ہر چیز مین سے جو افضل ہو یعنے افضل قبلہ کے مانند ہر افضل عبادت و نیکی کی طرف سبقت کرو ۔ اگر کہا جاوے کہ الخیرات الف لام استغراق کے ساتھ ہی پس جمیع خیرات کی فرمانبرداری لوگون سے کہان ممکن ہی تو جواب یہ ہی کہ معنے یہ ہین کہ جمیع موجود ہین انکی طرف سبقت کرو خواہ سب ادا کرسکو یا نہین اور سب ادا کرنیکا حکم نہین بلکہ انکی طرف سبقت کرنیکا حکم ہی اور ابن زید نے فرمایا کہ مراد اصلحہ ہین اور چونکہ ہر سبقت کرو

ہیں یہ اشارہ ہو گیا کہ موت مقدر کم و زیادہ نہیں اور رخصت کہ ہی تو موت آنے سے پہلے جلدی کرو فما سبقت ما بعد خوب ظاہر ہو گئی کہ اپنا کو تو یات
بکم اللہ جمیعا۔ یعنے کلام کا بیان حالت بعد موت کی طرف کھینچ گیا اور ظاہر آیت سے شافعی کی دلیل ہو کہ اول وقت نماز فریضہ ادا کرنا افضل ہو اور حق یہ ہو کہ اس
یہ نہیں نکلتا ہو قاتم۔ یہ تو اس صورت میں کہ خطاب مسلمانوں کو ہو اور اگر خطاب عام ہو جیسا کہ تفسیر ابن کثیر میں مذکور ہو تو مجاہد اور حسن بصری نے فرمایا
کہ ہر قوم کو حکم دیا کہ کعبہ کی طرف پڑھا کریں۔ قال المترجم یعنے اللہ تعالے نے عام خطاب فرمایا کہ ہر قوم نے اپنی اپنی ایک جہت مقرر کر لی اور اسی پر چلا ہو انکو چاہیے
کہ جو قبلہ اللہ تعالے مقرر فرماوے اسی کی طرف سمت کریں کہ وہ استقبال کعبہ ہو کہ ہر قبلہ سے افضل ہو اور ڈریں کہ وہ جہاں کہیں ہونگے اللہ تعالے انکو جمع کریگا
یعنے خواہ انکے اجزا مجتمع ہوں یا متفرق ہوں خواہ موافق ہوں یا مخالف ہوں سب کو حشر کر کے محشر میں جمع کریگا کیونکہ ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ پس جب
ہر چیز پہ قادر ہو تو موت دینا اور زندہ کر کے جمع کرنے پر بھی قادر ہو و قال ابن کثیر حضرت ابن عباسؓ و ابو جعفر باقر و ابن عامرؒ نے مولا پڑھا ہو اور یہ آیت شبیہ ہو
قولہ تعالے۔ لکل جعلنا منکم شرعۃ و منہاجا و لشاء اللہ لجعلکم امۃ واحدۃ ولکن لیبلوکم فیما اتاکم فاستبقوا الخیرات الی اللہ مرجعکم جمیعا۔ یعنے ہر ایک گروہ کے واسطے
تم میں سے ہمنے راہ و طریق کر دیا ہو اور اگر چاہتا اللہ تعالے تو تمکو ایک ہی امت کر دیتا ولیکن نکیا تاکہ تمکو امتحان کرے اس چیز میں جو تمہارے پاس آئی پس سبقت کرو
خیرات کی طرف۔ تم سب کے لوٹ جانے کی جگہ اللہ تعالے ہی کی طرف ہو قال المترجم یہ مؤید تفسیر ثانی ہو فی عرائس البیان ہیں ہو کہ قولہ تعالے ولکل وجہۃ
ہو مولیہا فاستبقوا الخیرات اپنا کو نوایات بکم اللہ جمیعا ظاہر روح کے واسطے وجودات و حقیقت صفات کی طرف ایک ایک راہ ہو اور ہر ایک کا ایک ایک
قبلہ ہو پس ارواح قدسیہ کا قبلہ عین الایمان ہو اور ارواح جلالیہ کا قبلہ خالص صفات ہیں اور ارواح غزہ کا قبلہ عین القدم ہو اور ارواح بقائیہ کا قبلہ عین الابد ہو
اور ارواح شائقہ کا قبلہ انوار المشاہدہ ہو یعنے جو روحیں شوق الٰہی میں بھری ہوئی ہیں انکی توجہ مشاہدہ کے انوار پر رہتی ہو جیسے بلند درجہ والوں کی ارواح کی توجہ
ذات یا صفات خالص پر رہتی ہو اور ارواح صوفیہ کا قبلہ حسن الصفات ہو اور ارواح روحانیہ کا قبلہ غیبیہ کے باغات ہیں اور قولہ ہو مولیہا۔ یہ ارواح روحانیہ اپنے
قبلہ کی طرف قصد کرنے والی اور الوہیت اور عبدیت کے مقام کی طرف مجذوب ہیں اور انمیں سے ہر ایک کے واسطے ایک مطلع و منبع ہو پس بعض ارواح تو ایسی
ہیں یعنے بالکل انمیں درجہ فنا ہیں اور بعضی فنا میں کہ شوق میں بھری ہوئی اور بعضی عاشقہ ہیں اور بعضی مونسہ ہیں یعنے انس سے پُر ہیں اور بعضی فانیہ ہیں
یعنے اپنے سے فنا ہیں اور بعضی باقیہ ہیں یعنے فنا ہو کر بقاے قدم سے باقی ہیں اور بعضی صاحیہ ہیں یعنے شوق و جذب کے نشہ سے بعد فنا ہونے کے بقاے
قدم سے باقی ہو کر ہوش میں ہیں اگرچہ عوام پہلا نہیں بلکہ بقاے قدم کا ہوش ہو اور بعضی سکرہ ہیں یعنے ہنوز نشۂ عشق میں بے ہوش ہیں یعنے ادب
الٰہی کے مقامات اور مشاہدات معاینات کے کشف ہونے کے خوف سے اور غیب کے علوم سے باادب ہو کر خوفناک و بیہوش ہیں قال المترجم یہ ایسا ہی جیسے
اللہ تعالے نے فرمایا و تری الناس سکاری و ما ہم بسکاری ولکن عذاب اللہ شدید۔ یعنے قیام قیامت سے تو لوگوں کو دیکھیگا بیہوش حالانکہ نہیں ہیں وہ
نشہ میں ولیکن عذاب اللہ تعالے کا سخت ہو۔ اور جیسے فرمایا ہم من خشیۃ ربہم مشفقون۔ اور وہ نیک بندے اپنے پروردگار کے خشم سے لرزتے ہیں یعنے
باوجودیکہ وہ قابل خشم کیے جانے کے نہیں اور نہ اپر خشم کیا گیا مگر مقتضاے قدر و عظمت جبروت ہو فافہم قولہ۔ فاستبقوا الخیرات سب سے اعلی مقام فنا بقا
و تجرید ہو اور وہ انمیں کو حاصل ہو جو اتباع سنت پر مستقیم ہیں اور قولہ۔ اینما تکونوا یات بکم اللہ جمیعا اہل معرفت میں سے خواص لوگ اور عوام باقیوں کی روحیں
جو ازل میں موجود ہو کر خطاب کی گئی تھیں بایں طور کہ انکو عالم صفات کی سیر میسر ہوئی ہو تو وہ اپنی مقادیر ازل کے موافق حضوری میں پہونچینگی قولہ۔ ان اللہ علی کل
شئی قدیر۔ پس قادر ہو اس بات پر کہ ثابت کرنے والوں اور ثابت قدم رہنے والوں کی ارواح کے لیے مقام استقامت سے شرافت عطا کرے۔ اقول حاصل
یہ کہ اہل استقامت کا مرجع اور قبلہ صرف ذات باری وہ حدت ہو اور یہ جب ہی حاصل ہوتا ہو کہ پہلے ابتدائی ایمان معرفت حاصل ہو پھر طبیعت و نفس کے
خصلتوں جسمی سے نکلتا جاوے اور میں آتا جاوے اور ہر حال میں حرکات الٰہی کا ظاہر و باطن لحاظ رکھے حتی کہ کسی چیز کی طرف توجہ نکرے کہ وہی قبلہ ہو جاوے

لہذا آئندہ ارشاد فرمایا بقولہ تعالےٰ

وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ ۗ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ

اور جس جگہ سے تو نکلے منہ کر طرف مسجد الحرام اور یہی تحقیق ہے رب کی طرف سے اور اللہ نے خبر نہیں

عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ

تمہارے کام سے اور جہاں سے تو نکلے منہ کر طرف مسجد الحرام کے اور جس جگہ تم

فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ

ہو کرو منہ کرو اوسیکی طرف کہ وہ ہے لوگوں کو تمہارے جھگڑنے کی جگہ مگر جو ان میں سے بے انصاف ہیں سو اونسے مت ڈرو

وَاخْشَوْنِي وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ كَمَا أَرْسَلْنَا فِيكُمْ رَسُولًا مِنْكُمْ يَتْلُوا

اور مجھ سے ڈرو اور اسواسطے کہ پورا کروں تم پر نعمت اپنی اور شاید تم راہ پاؤ جیسا بھیجا ہے ہم نے تم میں رسول تمہیں میں کا پڑھتا ہوا

عَلَيْكُمْ آيَاتِنَا وَيُزَكِّيكُمْ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝

تمہارے پاس آیتیں ہماری اور تمکو سنوارتا اور سکھلاتا کتاب اور تحقیق باتیں اور سکھاتا تمکو جو تم نہ جانتے تھے

فَاذْكُرُونِي أَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوا لِي وَلَا تَكْفُرُونِ ۝

تو یاد رکھو مجھے میں تمہیں یاد رکھونگا اور میرا شکر کرو اور ناشکری مت کرو۔

واضح ہو کہ پہلے حضور میں قبلہ جانب کعبہ متعین ہوا پھر اب سفر میں بھی وہی قبلہ حکم کر دیا بقولہ تعالےٰ۔ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ اور جہاں سے تو نکلے اپنا منہ مسجد الحرام کی طرف متوجہ کر۔ بعض نے ذکر کیا کہ ظاہر یہ ہے کہ من یہاں ابتدائیہ ہے یعنے جہاں سے اور اقرب یہ کہ من بمعنی فی یعنے فی ای مکان سافرت یعنے جس جگہ تو سفر میں ہو وقال العکبری یعنی۔ یہاں شرط کے لیے نہیں ہو سکتا کیونکہ اسکے ساتھ ما نہیں ہوا اور شرط کے لیے جیسا ہوتا ہے پس یہ متعلق ہوگا۔ فَوَلِّ۔ کے اور مسجد الحرام خاص کعبہ کی مسجد کا نام ہے جسکی بنا پوری ہو چکی ہے اور شطر بمعنے جہت و نصف و کچھ کم وغیرہ کئی معنے میں ہے اور یہاں میزاب کعبہ کی طرف منہ کرنا یعنے رخ کرنا مراد ہے اور یہ اس مسئلہ کے منافی نہیں جو امام ابو حنیفہ کا مذہب ہے کہ مصلی اپنے سجدہ کی جگہ پر نظر رکھے جیسا کہ اوپر گذرا پھر بالاتفاق استقبال کعبہ کا فرض ہے حالانکہ یہاں مسجد الحرام فرمایا تو اور کعبہ ہے الحاصل سفر میں مثل حضر کے استقبال کعبہ فرض ہے لیکن یہ فرائض میں سے جماعی ہے اور سفر میں جانور سواری پر ہر طرف نفل پڑھنا یا خوف کی حالت یا ازدحام جنگ کی حالت کا حکم اس سے باحادیث مشہورہ مستثنیٰ ہے جیسا کہ اوپر بیان ہوا قولہ تعالےٰ۔ وَإِنَّهُ لَلْحَقُّ مِنْ رَبِّكَ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ اور یہی تیرے رب کی طرف سے حق ہے اور اللہ تعالےٰ کچھ غافل نہیں جو کرتے ہیں یا تم کرتے ہو ف انہ کی ضمیر بجانب قول ہے جو قول کے ضمن میں مذکور ہے اور لتحق میں لام تاکید ہے اور من ربک۔ یا تو حال ہے متعلق کائنا یا الحق الکائن من ربک صفت واقع ہے تعملون اگر بصیغۂ خطاب ہے تو معنی وہ جو تم کرتے ہو، ای ایمان والو پس تمکو بڑا ثواب دیگا اور بڑا ثواب بمعنے اسواسطے کہا کہ جملہ میں تاکید سخت ہے جو اس امر کو متضمن ہے کہ ثواب عظیم ہے جیسے یعلمون بصیغۂ غائب کی صورت میں معنی ہیں کہ وہ جو منکر لوگ کرتے ہیں، یعنے انکا قبلہ وطعن اور حق چھپانا وغیرہ پس انکو عذاب سخت دیگا پھر فرمایا تو اللہ تعالےٰ وَمِنْ حَيْثُ خَرَجْتَ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۖ وَحَيْثُ مَا كُنْتُمْ فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ اور جہاں سے تو نکلے تو اپنا منہ مسجد الحرام کے رخ متوجہ کر اور تم لوگ جہاں ہو تو اپنے چہروں کو اسی کے جانب پھیرو ف۔ جاننا چاہیے کہ اللہ تعالےٰ نے اسکو مکرر فرمایا

بلکہ تیسری مرتبہ حکم ہوا پس علمائے مفسرین نے اس تکرار کی حکمت سمجھنی بیان کرنے میں اختلاف کیا ہے اگرچہ اسپر سب کا اتفاق ہے کہ قرآن مجید میں کوئی کلمہ اس طرح مکرر نہیں کہ اسکا فائدہ نہ ہو اور یہاں جو مکرر کا اطلاق کیا وہ مجاز اسنظر ظاہری تکرار ہے بعض نے کہا چونکہ یہ پہلا نسخ تھا جو اسلام میں واقع ہوا جیسا کہ ابن عباس وغیرہ سے صریح مذکور ہو چکا اور یہودی وغیرہ نسخ سے جاہل تھے اور سوائے ذکی عادت کے اسکے فوائد سے کم لوگ آگاہ ہوتے ہیں پس فتنہ میں پڑ جاتے ہیں اور شبہہ پڑ جاتا ہے پس اسکو اول مرتبہ فرمایا تو یکایک دل میں خیالات و اوہام کا اٹھ پڑا اور بھیڑے شبہہ میں پڑے سوائے انکے جنکو معرفت حاصل ہو گئی تھی اور ہدایت الٰہی سے انکا یقین بجانب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک حال خاص کے ساتھ پورا اور قلب سلیم انکو حاصل تھا پھر بیچ میں وہ امور بیان فرمائے جنسے امر دین اور امر قبلہ کی سمجھ حاصل ہو اور اہل کتاب جو عناد سے بہکاتے تھے انکا فتنہ فرو ہو اور ظاہر ہو جاوے کہ یہ حکم لنزل و تحقیقی کلی کتابوں میں مذکور تھا پھر وہی حکم مکرر سہ کرر فرمایا تاکہ پورا سننے سے جو خلجان ہو وہ بھی دور ہو جاوے اور بیضاوی میں ہے کہ اللہ تعالے نے اس حکم کو مکرر ثمین فرمایا بلکہ ہر آیت کی علت الگ الگ ہے کیونکہ اللہ تعالے نے تحویل قبلہ کی لیئے بیت المقدس سے کعبہ کی طرف پھیر دینے کی تین علتیں بیان فرمائیں ایک تو اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی پوری کرنے کو اسکی تکریم کے لیے چنانچہ فرمایا قد نری تقلب وجهك في السماء فلنولينك قبلة ترضاها پس یہ علت ہے فول وجهك شطر المسجد الحرام الی آخرہ کی جیسا کہ فول کی فا اسپر شاہد ہے اور دوم اپنی عادت پاک اسطرح جاری ہونے کو کہ ہر بات والے کو ایک طرف استقبال کرنے کا حکم دے چنانچہ فرمایا ولكل وجهة هو موليها الخ پس مومنوں کو کعبہ کی طرف اصلی استقبال کا حکم دیا اور اپنے اس بزرگ قبلہ کی طرف ہدایت کرنے کا پورا احسان رکھا اور اسکے ضمن میں نسخ کو مشروع کیا اور امت پر کمال آسانی کی اور غیب کی خبر دی کہ اگلی کتابوں میں مذکور ہے چنانچہ فرمایا فاستبقوا الخيرات سوم مخالفوں کی حجت دفع کرنے کو جیسا کہ لئلا يكون للناس عليكم حجة سے واضح ہے یہاں بات اتنی ہے کہ اول دونوں جگہ علت کو مقدم کیا اور تیسری جگہ معلول کو مقدم کیا اور علت کو پیچھے بیان فرمایا جسکے بیان میں اعجاز نظم ظاہر ہے پس ان تینوں علتوں کے بیان کے ساتھ ہر دفعہ اسکے معلول کو بھی ساتھ بیان فرما دیا جیسے کہ ایک مدلل کے چند دلائل ہوتے ہیں اور ہر دلیل کے ساتھ اسکے مدلول کو اس غرض سے ساتھ بیان کر دیتے ہیں کہ سمجھنے والے خوب سمجھ لیں اور ذہن میں جم جاوے باوجود اسکے بیان تاکید یہ بات بھی پائی گئی کہ نسخ کے ساتھ ہے اور نسخ سرسری نظر والوں کے فتنہ و شبہہ میں پڑنے کی چیز ہے پس اور زیادہ لائق تھا کہ ہر علت کے بیان کے ساتھ اسکے معلول کا ذکر مکرر کیا جاوے اور بار بار اعادہ کیا جاوے تاکہ وحشت والوں کی وحشت دور ہو مترجم کہتا ہے کہ یہ کلام بیضاوی جو میں نے تشریح کے ساتھ نقل کیا ہے کلام متین و اچھا ہے اور اول توجیہ اس توجیہ کا جزو ہو گئی اور اسی کے قریب ہے جو ابن کثیر نے بعض سے نقل کی کہ ہر جگہ چونکہ اس کلام کو اپنے ماقبل یا مابعد سے سیاق کی راہ سے ایک جدید تعلق تھا اسلیے بار بار فرمایا چنانچہ اول فرمایا قد نری تقلب وجهك في السماء فلنولينك قبلة ترضاها تا قوله وان الذين اوتوا الكتاب ليعلمون انه الحق من ربهم وما الله بغافل عما يعملون پس اس مقام پر تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خواہش قبول کرنے کی وجہ سے ذکر فرمایا اور حکم دیا کہ جس قبلہ کی طرف تو یہود کو محبوب رکھتے اور چاہتے ہو اس طرف توجہ کرو اور دوم فرمایا ومن حيث خرجت فول وجهك شطر المسجد الحرام وانه للحق من ربك وما الله بغافل عما تعملون پس اس مقام پر ذکر کیا تاکہ معلوم ہو کہ یہ اللہ تعالے کی طرف سے حق ہے اور پہلے مقام سے جو ظاہر تھا کہ وہ رسول صاحم کی مرضی کی موافقت سے تھا اسپر اور ترقی ہو گئی کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پسند ایسی خوب ہے کہ وہ اللہ تعالے کی پسند و رضا سے موافق ہو گئے کہ اللہ تعالے نے بھی ازل سے پسند کر رکھا ہے اور سوم جو ذکر فرمایا اسمیں حکمت قطع حجت مخالفان ہے کہ یہود اپنے قبلہ کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے استقبال کی حجت لاتے حالانکہ اپنی کتابوں کے ذکر سے جانتے تھے کہ رسول صاحم عنقریب کعبہ کی طرف پھیرے جاوینگے جو قبلہ ابراہیم ہے اور یوں ہی مشرکین عرب کی حجت قطع ہو گئی کہ قبلہ دیرینہ سے آپ قبلہ ابراہیم کی طرف متوجہ ہوئے جنکی ملت پر ہونے کے مدعی تھے اور خود مشرکین عرب اس قبلہ کی تعظیم کرتے اور انکو حضرت صلعم کا اسطرف استقبال کرنا خوش معلوم ہوا پس اس قطع حجت کی حکمت بیان کرنے کے سیاق میں حکم کو مکرر کر دیا قال المترجم یہ توجیہ خوب ہے خدا بہتر جانتا ہے بیضاوی ہو

یا اس طرز سے ہو ولیکن فرق بعض الفاظ اس سے ظاہر ہوا کہ اول میں یوں فرمایا۔ فول وجہک شطر المسجد الحرام اور دوم وسوم میں فرمایا۔ ومن حیث خرجت فول وجہک الخ۔ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ فخر الدین رازی نے تفسیر کبیر میں یوں توجیہ کی کہ اسکا نزول چند احوال پر ہے پس اول اس شخص کے واسطے ہے جو کعبہ کے پاس حاضر ہو اور دوم اسکے واسطے جو کعبہ سے اوٹ مکہ میں ہو اور سوم اسکے واسطے جو مکہ سے باہر ہو۔ اور قرطبی نے کہا کہ اول اس شخص کے واسطے جو مکہ میں ہو اور دوم اس شخص کے واسطے جو دیگر شہروں میں ہو اور سوم اس شخص کے لیے جو سفر میں نکلا ہو اور قرطبی نے اسی توجیہ کو ترجیح دی ہے قال المترجم مجھے ان دونوں توجیہوں میں تامل ہے کیونکہ اول کا نزول بالاتفاق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے استقبال کعبہ کے واسطے ہوا بلکہ بعض روایت کے موافق نماز کی حالت میں ہوا جیسا کہ اوپر گذرا اور اسمیں کوئی خلاف نہیں کہ آپ اسوقت مدینہ منورہ میں تھے پھر یہ توجیہ کیونکر ہو سکتی ہے اور مفسر سیوطی رح نے یہ اختیار کیا کہ اول تو حکم حضر بیان کرنے کے لیے نازل ہوئی اگرچہ حضر وسفر دونوں کو شامل عام ہے ولیکن تصریح کر دی پس دوسری مرتبہ حکم سفر بیان کرنے کے واسطے نازل ہوئی یعنے معلوم ہو جاوے کہ حکم سفر وحضر یکساں ہے اور اسپر ایک قرینہ لفظ خرجت موجود ہے کہ صریح نص ہے اور حیث بیان ظرف مکان کے لیے ہے اور تیسری مرتبہ کے نزول کو مفسر رح نے تاکید پر محمول کیا اور تاکید کی توجیہ کما لعین میں یوں مذکور ہے کہ تاکید کے لیے اسوجہ سے کہ فرمایا کہ یہ اول النسخ ہے جو اسلام میں واقع ہوا تھا جیسا کہ ابن عباس رض وغیرہ نے تصریح فرمایا ہے اور نسخ مظنہ وشبہہ ہے پس سزاوار ہے کہ بار بار اسکی تاکید کیجاوے اور پے در پے اسکا ذکر کیا جاوے قال المترجم یہ توجیہ تتمہ تقریر بیضاوی ہے اور وہاں چسپاں ہے لیکن یہاں خوب چسپاں نہیں ہے کیونکہ مفسر کا بیان ہے کہ یہ سفر کے بارہ میں آئی تاکہ حکم سفر وحضر یکساں ظاہر ہو جاوے پھر۔ ومن حیث خرجت فول وجہک شطر المسجد الحرام وحیث ما کنتم فولوا وجوہکم شطرہ۔ کو تاکید کے لیے مکرر فرمایا اور ظاہر ہے کہ یہ تکرار نسخ نہیں بلکہ تکرار حکم سفر ہے پس اولی میرے نزدیک یہ ہے کہ قول مفسر کی یہ توجیہ کیجاوے کہ دوسری بار جو تساوی حکم سفر وحضر کے واسطے۔ ومن حیث خرجت فول وجہک شطر المسجد الحرام وانہ للحق من ربک وما اللہ بغافل عما یعملون۔ فرمایا تھا اُس سے صرف حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سفر میں بھی کعبہ کی طرف استقبال کا حکم صریح ثابت ہوتا تھا اور امت کے واسطے تصریح نہ تھی لیکن چونکہ امت والے قبلہ میں آپ کے تابع تھے لہذا اُنکے واسطے بھی سفر وحضر کا حکم ضمناً یکساں ثابت تھا پھر تیسری بار تصریح کر کے اس امر کی تاکید کر دی کہ امت والے استقبال قبلہ میں حضر وسفر دونوں میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تابع ہیں بلکہ بیان علت سے عظیم فائدہ ہے کما سیاتی اور میرے اس بیان سے مفسر پر بھی یہ وارد نہیں ہوتا کہ جیسے انھوں نے اول کو بیان حکم حضر پر اور دوم کو بیان حکم تساوی سفر وحضر پر محمول کیا ویسے سوم کو امت والوں کے لیے تصریح حکم سفر پر کیوں نہیں محمول کیا کما لا یخفی پھر جاننا چاہیے کہ تمام توجیہات جو اس مقام پر مفسرین نے بیان کی ہیں جنکو امام رازی نے اپنی چوڑی تقریر سے نقل کیا ہے اُن سب میں یہی تین توجیہیں عمدہ ہیں اور میرے نزدیک یہ سب توجیہیں ایسی ہیں کہ بجائے خود مکرر بیان فرمانے کی حکمت کے لیے کافی اور باہم منافی نہیں ہیں پس اول یہ ہے کہ مکرر بیان کی حکمت کے لیے ان سب کا مجموعہ ایک توجیہ بیان کیجاوے ولیکن اصل توجیہ یہ ہو جو مفسر نے بیان کی ہے اور اقتران معلول بیان ہر علت بحسب اقتضائے سیاق ماقبل وما بعد ورفع وحشت بیان مکرر وغیرہ فوائد زوائد میں اور اس بیان سے بخوبی معلوم ہو گیا کہ اسکا نام تکرار رکھنا محض بنظر سرسری وسطحی ہے کیونکہ یہاں تکرار نہیں ہے بالجملہ آپ کے ساتھ مومنوں کو عموماً حضر وسفر میں برابر استقبال قبلہ کا حکم فرما کر اسکی علت سے آگاہ فرمایا بقولہ تعالے۔ لِئَلَّا يَكُونَ لِلنَّاسِ عَلَيْكُمْ حُجَّةٌ إِلَّا الَّذِينَ ظَلَمُوا مِنْهُمْ فَلَا تَخْشَوْهُمْ وَاخْشَوْنِي وَلِأُتِمَّ نِعْمَتِي عَلَيْكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝ تاکہ تم لوگوں پر جاہلوں کا کوئی حجت نہ رہے سوائے انمیں سے ایسے جاہلوں کے جنھوں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے پس تم اُنسے مت ڈرو اور مجھی سے خوف رکھو اور تاکہ میں تم پر اپنی نعمت پوری کروں اور تاکہ تم ہدایت حاصل کرو۔ فائدہ جاننا چاہیے کہ یہ فولوا وجوہکم کی تعلیل ہے یعنے تم لوگ جہاں کہیں ہو سفر وحضر میں اپنا منہ کعبہ کی طرف پھیرو تاکہ لوگوں کی حجت تم پر ثابت نہ ہو یعنے یہودی یا مشرک کسی کی حجت تم پر نہ چلے پس نفی اسکی ہے کہ تم پر حجت نہ چلیگی یعنے ایسی حجت نہ ہوگی جو تم پر چل سکے اور حجت جاہلانہ کی نفی نہیں ہے قال العکبری لئلا یکون لام متعلق بمحذوف ہے۔ ای فعلنا ذلک لئلا یکون اور حجت اسم یکون اور للناس اسکی خبر ہے اور علیکم درحقیقت حجت ہے چونکہ مقدم کیگئی

تو بنا بر حالیت کے منصوب ہوگئی اور یہ جائز نہیں کہ حجت کے متعلق ہو تاکہ یہ لازم نہ آوے کہ مصدر کا صلہ مصدر پر مقدم ہوگیا مترجم کہتا ہے کہ شاید مقدم کرنے میں یہی حکمت ہے کہ موخر ہونے کی تقدیر پر متعلق حجت ہو سکتا تھا اور متعلق ہونے سے معنے فاسد کا وہم ہوتا ہے پس وہ اصل صفت حجت ہے اور یہ حجت اسطرح تھی کہ یہودی کہتے کہ ہمارے دین کا انکار کرتے ہیں اور ہمارے قبلہ کا اتباع و استقبال کرتے ہیں یعنے پس استقبال کعبہ سے یہ حجت باقی نہ رہی اور مشرکین حجت لاتے کہ ملت ابراہیم کے مدعی ہیں اور انکے قبلہ کا یعنے کعبہ کا استقبال نہیں کرتے ہیں اور ہر عاقل اس امر کو جانتا ہے کہ ان گمراہوں کی یہ حجت درحقیقت حجت نہ تھی یعنے ایسی دلیل نہیں جس سے حق غالب ہو کیونکہ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھنا بحکم الٰہی اگر ہوتو اس سے یہ کیونکر لازم ہوا کہ یہود کی کفریہ باتوں کی تصدیق کرے حضرت عیسیٰ کا تحقیقی یہی قبلہ تھا حالانکہ انھیں یہود گمراہوں کی ہدایت کو آئے تھے اور علی ہذا ملت ابراہیم کے اتباع سچے مسلمان اللہ تعالےٰ کے حکم کے فرمانبردار ہونے میں ہی جدھر متوجہ فرماوے اسی طرف بسر و چشم متوجہ ہو جاویں قبلہ تو اسکے حکم کی پابندی پر ہے اگر دن میں ہزار طرف متوجہ ہونے کا حکم دے تو اسلام یہ ہے کہ فوراً اوسکے حکم پر متوجہ ہو جاوے اور یہی ملت ابراہیم ہے قبلہ ابراہیم کے اتباع کی انمیں کیا منتر ہی پس درحقیقت یہ حجت نہ تھی جیسا کہ مفسرؒ نے مجادلہ سے اسکی تفسیر کرکے اشارہ کر دیا ہے و لیکن چونکہ یہ لوگ اس سمجھی کی تقریر کو حجت کی جگہ پر لاتے تھے لہذا حجت فرمایا اور نیز بات یہ ہے کہ ان گمراہوں کے نزدیک تو یہ حجت ہی تھی پس انکے اعتقاد پر بھی اسکو دور کیا تاکہ اسے سمجھیں اور راہ پر آویں کہ مقصود اصلی ہدایت ہے اور شیخ ابن کثیر کی تقریر سے فی الجملہ حجت کی صورت یہ نکلتی ہے کہ للناس مراد اہل کتاب ہیں پس وہ لوگ اپنی کتابوں سے جانتے تھے کہ امت محمدی کی صفت سے یہ ہوگا کہ وہ کعبہ کی طرف توجہ کیا کرینگے پس جب تک یہ بات نہ ہوتی تو بسا اوقات وہ مسلمانوں پر حجت لاتے کہ تم وہ لوگ نہیں ہو جو پیغمبر آخر الزمان کی امت ہونگے اسلیے کہ انکی تحقیقی صفت ہے کہ وہ کعبہ کی طرف توجہ کرینگے یا یوں کہ امت محمدی ہمارے ساتھ قبلہ میں شریک نہ ہونگے تم وہ لوگ نہیں ہو تو یہ حجت اصلی ہے اور وہ بھی منقطع ہوگئی۔ اور شیخ ابو العالیہؒ نے فرمایا کہ للناس سے مراد اہل کتاب مع مشرکین عرب ہیں چنانچہ انہوں نے کعبہ کی طرف توجہ ہونے کے وقت اہل کتاب بولے کہ یہ پیغمبر اپنے باپ کے گم اور قوم کے دین کی طرف مشتاق ہوا اور عرب والے کہنے لگے کہ عنقریب ہمارے دین کی طرف رجوع کرینگے جیسا کہ ہمارے قبلہ کی طرف پھرے۔ شیخ ابن ابی حاتم نے کہا کہ اسی کے مانند مجاہد و عطاء و ضحاک و ربیع بن انس و قتادہ و سدی سے مروی ہے قال المترجم اس تفسیر سے ظاہر ہوا کہ حجت کا اطلاق محض مجادلہ کرنے و طعن وغیرہ پر بھی جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا حاجہ قومہ۔ یعنے ابراہیمؑ سے اسکی امت نے جھگڑنے کی گفتگو کی۔ قال اتحاجونی فی اللہ و قد ہدان۔ بولا کیا تم مجھسے اللہ تعالیٰ میں جھگڑتے ہو حال یہ کہ اسنے مجھے راہ دی ہے۔ قال المترجم بلکہ شاید یہ حجت یعنے مجادلہ عام ہے کہ جو ہر طرح روکنے و باز رکھنے کو شامل ہو اور سالم میں مذکور ہے کہ بعض نے کہا کہ الا الذین۔ استثناء منقطع ہے یعنے لکن الذین ظلموا یحاجونکم بالباطل یعنے جو لوگ ظالم ہیں وہ تمسے باطل گفتگو کے ساتھ مجادلہ کرینگے جیسے اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ مالہم بہ من علم الا اتباع الظن۔ یعنے علم نہیں لیکن ظن کی پیروی ہے ایسا ہی یہاں کہ حجت نہیں مگر مجادلہ باطل ہے قولہ تعالےٰ۔ فلا تخشوہم و اخشونی۔ یعنے انکے طعنوں سے خوف نہ کرو کیونکہ اس سے تمکو ضرر نہیں اور مجھی سے ڈرو کہ میرے حکم کے خلاف نہ کرو اور نیز میری فرمانبرداری سے رہنمائی حاصل ہونے پر میں ہی حجت و نصرت پر قادر ہوں تمکو اپنے غالب کر دونگا اور گویا یہ اشارہ ہے کہ اس قبلہ کا حج و طواف نہ حاصل ہونیکا خوف نہ کرو کیونکہ کعبہ اس وقت میں قریش کے مشرکوں کے قبضہ میں تھا پس اشارۃ نصرت و غلبہ ہے اور قولہ تعالےٰ لاتم نعمتی علیکم و لعلکم تہتدون۔ یہ عطف ہے لئلا یکون پر یعنے میں نے تمہارے لیے استقبال کعبہ جو مشروع کیا تو اسلیے کہ شریعت کو سب وجہ سے تمہارے لیے پورا کروں اور شاید کہ راجح صاحب کشاف کے نزدیک یہ ہے کہ مقدر پر عطف ہے گویا یوں ہے۔ واخشونی لاوفقکم و لاتم نعمتی علیکم یعنے مجھی سے ڈرو تاکہ تمکو توفیق دوں اور تاکہ تم پر اپنی نعمت پوری کروں جیسا کہ احمدؒ نے سعید بن جبیر سے نقل کیا کہ مسلمان پر نعمت پوری نہیں ہوتی والا جب ہی کہ جنت میں داخل ہو اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ تمام نعمت یہ ہے کہ اسلام پر موت آوے قال المترجم اس اثر کو ترمذیؒ نے اپنی سنن سے روایت کیا ہے گویا تائید ہے مقدر پر عطف ہونے کی واللہ تعالےٰ اعلم و قولہ لعلکم تہتدون۔ ای لکی تہتدوا الی ما ضلت عنہ الامم۔ یعنے تاکہ

تم پاجاؤ اسکو جس سے اور امت والے تھکے اور وہ کعبہ کی طرف استقبال ہی۔ اور لعل وعسی کا لفظ اللہ تعالے کی طرف سے یعنے تحقیق ہوتا ہی ذکرہ البغوی اور اسمین اشارہ ہی کہ لعل دراصل علل ہی قولہ تعالے۔ كَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْكُمْ رَسُوْلًا مِّنْكُمْ۔ جیسے بھیجا ہم نے تم مین ایک رسول اعظم تمھین مین سے بھیجا ف یہ تشبیہ کمال نعمت پوری کرنے مین ہی چنانچہ معالم مین مذکور ہی کہ یہ کاف تشبیہ بعض نے کہا کہ اپنے ماقبل کی طرف رجوع کرتا ہی اور معنے یہ ہین۔ لاتم نعمتی علیکم کما ارسلنا فیکم۔ یعنے تاکہ تمپر اپنی نعمت کاملہ پوری کرون جیسے مین نے تم مین رسول بھیجا۔ اور ابن جریرؒ نے کہا کہ ابراہیم علیہ السلام نے دو دعائین چاہی تھین ایک یہ کہ۔ ربنا واجعلنا مسلمین لک ومن ذریتنا امۃ مسلمۃ لک۔ اور دوسری یہ کہ۔ ربنا وابعث فیھم رسولا منھم۔ پس اللہ تعالے نے یہ رسول بھیجا وہ کیسا بزرگ جسکے لیے دو پیغمبرون بزرگ نے دعا مانگی وہ خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور دوسری دعا کی قبولیت پایی۔ اور کہا ابراہیم کی ذریات سے ایک گروہ کو مسلمان کردے تو فرمایا جیسے ابراہیمؑ کی دعوت رسول بھیجنے کی پوری کی ویسے ہی ابراہیم کی دعا دوسری پوری کرون کہ تمکو اسکے دین کی ہدایت کرون اور تمکو مسلمان بنادون اور اپنی نعمت تمپر اسطرح پوری کردون کہ ملت حنیفیہ ابراہیم کے شرایع تمھارے لیے بیان کردون اور مجاہد وعطاء وکلبی نے کہا کہ جیسا اپنے ماقبل سے متعلق ہی اور وہ قولہ تعالے۔ فاذکرونی اذکرکم۔ ہی اور معنے یہ ہین کہ۔ کما ارسلنا فیکم رسولا منکم فاذکرونی الآیۃ۔ یعنے جیسے مین نے تم مین ایک رسول تمھین مین کا بھیجکر انعام کیا پس شکر اتم مجھے یاد کرو قال المترجم اور یہی قول ابن عباس سے ظاہر ہوتا ہی اور عنقریب بیان ہوگا اور بغوی نے کہا کہ یہ خطاب اہل مکہ وعرب کو ہی یعنے جیسے بھیجا تم مین رسول تمھین سے بھیجا ای گروہ عرب قال المترجم اور مفسر رحؒ کے نزدیک مختار وہ ہی جو ابن جریرؒ سے منقول ہوا کہ لام کے متعلق ہی اور کما ارسلنا مین ما مصدریہ ہی ای کارسالنا یعنے۔ لاتم نعمتی علیکم ببیان الشرائع کارسالنا فیکم الرسول۔ یعنے تاکہ تمپر اپنی نعمت کو شرائع ملت حنیفیہ بیان کرکے ویسے ہی پوری کردون جیسے مین نے تم مین رسول موصوف باین اوصاف بھیجکر نعمت پوری کی اور اولی یہ کہ نعمت کی تفسیر ہدایت علے ابراہیم ہو جیسے ابن جریرؒ نے کہا اور دعا کو نعمت سے تعبیر کیا کیونکہ جسکی دعا تھی وہ بڑی نعمت ہی اور رسولا۔ کی تنوین تعظیم ہی اور نکرہ اسوجہ سے رکھا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی متعین ہین کیونکہ مخاطبین کے معلم وہی ہوے اور منکم صفت رسولا ای کائنا منکم اور مایعدہ کے عمل (یعنے رسول معظم) صفت ہین یا حال ہین یعنے قولہ تعالے یَتْلُوْا عَلَيْكُمْ اٰيٰتِنَا یعنے درحالیکہ وہ رسول معظم تمپر ہماری آیات کو تلاوت کرتا ہی ف جیسے توریت وانجیل مین اسکی صفت مذکور ہی کہ خاتم النبیین کی زبان وحی شریعت ہوگی یا اس رسول معظم کی صفت یہ ہی کہ وہ تمپر ہماری آیات تلاوت کرتا۔ وَيُزَكِّيْكُمْ اور وہ تمکو پاک کرتا ہی ف نجاست بت پرستی وکفر یہودیت ونشرک نصرانیت سے پھر اعلی مراتب معرفت کے لیے پاک کرتا ہی۔ وَيُعَلِّمُكُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ۔ اور تمکو کتاب وحکمت تعلیم کرتا ہی ف جس سے پاکیزگی ملتی ہی وہ قرآن وحدیث ہی بقول قتادہؓ۔ وَيُعَلِّمُكُمْ مَّا لَمْ تَكُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ۔ اور تمکو وہ چیز سکھلاتا ہی جو تم نہین جانتے تھے ف کیونکہ معرفت حق بدون اس تعلیم کے ملنا غیر ممکن ہی حتی کہ اگر فرض کرو کہ کسیکو آفتاب مل جاوے تو یہ ممکن ہی لیکن معرفت بدون اسکے ملنا غیر ممکن ہی پس معرفت تمام دنیا وآخرت بلکہ ہزار بار اپنی جان سے بہتر ہی۔ جاننا چاہیے کہ ان دونون آیتون سے عرب کی فضیلت ظاہر وباہر ہی لیکن انہین سے وہ لوگ خارج ہونگے جو مسلمان ہوگئے بقولہ تعالے۔ لاینال عہدی الظالمین۔ بلکہ وہ لوگ غیر عرب والون سے بھی بڑے ہونگے اگرچہ مسلمان نہون اسلیے کہ زوال نعمت اولا اپنے تھا جسکو انھون نے ایسا اعاذنا اللہ تعالے قولہ تعالے۔ فَاذْكُرُوْنِيْٓ اَذْكُرْكُمْ وَاشْكُرُوْا لِيْ وَلَا تَكْفُرُوْنِ ۝ تو تم یاد رکھو مجکو مین یاد رکھون تمکو اور احسان مانو میرا اور ناشکری مت کرو فَاذْكُرُوْنِيْٓ یاد کرو مجکو ف نماز سے اور تسبیح سے اور اسکے مانند باتون سے اَذْكُرْكُمْ۔ مین تمھین یاد رکھونگا۔ ف بعض نے کہا کہ اسکے معنے یہ ہین کہ مین تمکو ثواب دونگا فی الحدیث عن اللہ من ذکرنی فی نفسی ذکرتہ فی نفسی ومن ذکرنی فی ملا ذکرتہ فی ملا خیر من ملائہ۔ اور حدیث مین اللہ تعالے عزوجل کا فرمان مذکور ہی کہ اللہ عزوجل نے فرمایا کہ جسنے مجھے یاد کیا اپنے جی مین تو مین بھی اسکو اپنے نفس مین یاد کرتا ہون اور جسنے مجھے ایک جماعت مین یاد کیا تو مین بھی اسکو ایک جماعت مین جو اسکی جماعت سے اچھی ہی یاد کرتا ہون (الصحیحین)۔

وَاشْكُرُوا لِي۔ اور میرا شکر کرو ف یعنے شکر کرو میری نعمت کا اسطرح کہ میری فرمانبرداری کرو۔ وَلَا تَكْفُرُونِ۔ اور میری ناشکری مت کرو ف یعنے ناشکری نہ کرو میری اس طرح کہ نافرمانی کرو یہ تین آیتیں جنکا خاتمہ یہ آیت ہو اُن لوگون کے لیے جو مقام ذکر و شکر و تفکر مین ہین خواہ ابتدا مین ہون یا اس مقام کے انتہا مین بہت نعمت ہین چنانچہ اکابر کے بیان کو فی الجملہ مین ذکر کرتا ہون اس سے طالبان حق انشاء اللہ تعالے نفع پاوینگے پس اول اسکی تفسیر کی طرف رجوع کرتا ہون۔ اوپر بیان ہوا کہ بعض کے نزدیک قولہ تعالے۔ کما ارسلنا فیکم۔ مین کاف تشبیہ متعلق بما بعدای فاذکرونی ہی و قال العکبری محققین کی ایک جماعت نے کہا کہ تقدیر عبارت یون ہی۔ فاذکرونی کما ارسلنا۔ پس بنا بر اس کما ارسلنا منصوب ہوگا اور صفت ذکر واقع ہوگا ای فاذکرونی ذکرا مثل ارسالی اور فاذکرونی ایسے تعلق سے مانع نہوگی جیسا کہ باب شرط سے مانع نہین ہوتی ہی اور ما مصدریہ ہی قال ابن کثیر اسمین اللہ تعالے اپنے بندگان مومنین کو وہ نعمتین یاد دلاتا ہی جو انپر انعام فرمائی ہین جنمین سب سے بڑی یہ نعمت ہی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو رسول کر کے مبعوث فرمایا کہ انپر اللہ تعالے کی کھلی آیات روشن پڑھتے ہین اور پاک کرتے ہین انکو اخلاق رذیلہ اور نفسون کے میل کچیل اور زمانہ جہالت کے افعال سے اور انکو کفر و جہالت کے اندھیرے سے ایمان و ہدایت کی روشنی مین نکالے لاتے ہین اور سکھاتے ہین انکو کتاب کہ وہ قرآن ہی اور حکمت کہ وہ سنت ہی اور سکھاتے ہین انکو وہ باتین جو نجانتے تھے پس زمانہ جاہلیت مین وہ جاہل سفیہ تھے جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے ایسے اولیاء اللہ ہوے کہ تمام دنیا کے لوگون سے باعتبار علم کے بہت عمیق اور باعتبار درستی قلب کے سب سے بہتر اور تکلف مین بہت قلیل یعنے بناوٹ سے کچھ نہین بلکہ اصلی حالت ایسی ہی ہوگئی اور زبان کے بہت سچے چنانچہ اور جگہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیہم رسولا منہم یتلو علیہم آیاتہ و یزکیہم الآیہ۔ اور جن لوگون نے اس نعمت کی قدر نہین پہچانی انکی مذمت مین فرمایا۔ الم تر الی الذین بدلوا نعمت اللہ کفرا و احلوا قومہم دار البوار جہنم یصلونہا و بئس المصیر۔ کیا تو نہین دیکھتا ان لوگونکو جنھون نے بدل ڈالا اللہ تعالے کی نعمت کو ناشکری سے اور لا ڈالا اپنی قوم کو ہلاکت کے گھر جہنم مین کہ اسمین پہونچینگے اور یہ جا پڑنے کی بری جگہ ہی۔ ابن عباس رض نے فرمایا کہ نعمۃ اللہ سے مراد محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین لہذا اللہ تعالے نے مومنون کو اس نعمت کے اقرار کرنے پر ندب کیا اور ارشاد فرمایا کہ اس نعمت کے مقابلہ مین ذکر و شکر کرین اور فرمایا۔ فاذکرونی اذکرکم و اشکروا لی و لا تکفرون۔ اور مجاہد رح نے تفسیر قولہ۔ کما ارسلنا فیکم رسولا منکم۔ مین کہا کہ فرماتا ہی کہ جیسے مین نے یہ کیا پس تم مجھے یاد کرو۔ و فی البیضاوی فاذکرونی۔ بالطاعۃ اذکرکم بالثواب یعنے بندے کا اللہ تعالے کو یاد کرنا بلطاعت ہی اور اللہ تعالے کا بندے کو یاد کرنا یہ ہی کہ اسکو ثواب عطا فرماوے اور تفسیر کبیر وغیرہ مین ہی کہ ذکر کبھی زبان سے ہوتا ہی مانند تسبیح و تحمید وغیرہ اذکار ماثورہ کے اور کبھی قلب سے ہوتا ہی اور وہ فکر کرنا اللہ تعالے کی وحدانیت مین اور اسکی عجائب صنعت و دلائل قدرت مین۔ اور کبھی جوارح سے ہوتا ہی اور وہ مستغرق ہونا ان کامون مین جنکا حکم دیا گیا ہی مثل نماز وغیرہ تمام طاعات کے جنمین جوارح کو دخل ہی۔ اور تفسیر ابن کثیر مین ہی کہ حسن بصری رح نے اسکی تفسیر مین کہا فاذکرونی۔ یاد کرو مجھے ان باتون کے بجالانے سے جو مین نے تمپر فرض کیین ہین۔ اذکرکم۔ مین یاد کرونگا تمکو وہ چیز دینے سے جو مین نے تمھارے لیے اپنے اوپر واجب کر لی ہی۔ اور سعید بن جبیر نے کہا کہ فاذکرونی اذکرکم۔ مین مجازات کے معنے ہین اور کہا کہ۔ فاذکرونی۔ یاد کرو مجھے میری طاعت کے ساتھ یاد کرونگا مین تمکو اپنی مغفرت کے ساتھ اور ایک روایت مین ہی اپنی رحمت کے ساتھ۔ اور ابن عباس رض سے اسکی تفسیر مین مذکور ہی کہ انھون نے بیان کیا کہ اللہ تعالے کا تمکو یاد کرنا بہت عظیم ہی بہ نسبت تمھارے اللہ تعالے کو یاد کرنے کے مترجم کہتا ہی کہ ان اقوال سے مجازات کے معنے تو ثابت ہوتے ہین یعنے تم مجھے یاد کرو مین تمکو جزا و بدلا و ثواب دونگا مگر ہمارے مفسر رح کے نزدیک کسی قدر یہ تاویل دور ہوتی ہی اور شاید وجہ یہ ہی کہ کثرت سے احادیث مین اللہ تعالے کا بندے کو ذکر کرنا وارد ہوا ہی اور ذکر مین جو زبان و قلب کی شرط ہی وہ اُس ذکر کے لیے ہی جو بندہ کرتا ہی اور اللہ تعالے کا ذکر کرنا بندے کو وہی خوب جانتا ہی کہ وہ کیونکر ہی لہذا یہ تاویلین جو مذکور ہوئین اگرچہ تفسیر مین ولیکن یہ قطع و جزم کر لینا کہ۔ اذکرکم۔ سے یہی مراد ہی نہین چاہیے بلکہ یہ ایمان لانا چاہیے کہ اللہ تعالے بندے کو یاد فرماتا ہی اگرچہ اسکی کیفیت نہین معلوم

جیسا کہ آیات صفات مین ہی اور منجملہ احادیث کے جو اللہ تعالے کے بندے کو ذکر کرنے مین آئی ہین ایک وہ جو مفسر رحمہ اللہ نے لکھی اور دوسری روایت بخاری مین و مسند امام احمد وغیرہ مین قتادہ عن انس سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ۔ قال اللہ عزوجل یا ابن آدم ان ذکرتنی فی نفسک ذکرتک فی نفسی وان ذکرتنی فی ملاء ذکرتک فی ملاء من الملائکۃ او قال فی ملاء خیر منہ وان دلوت منی شبرا دلوت منک ذراعا وان دلوت منی ذراعا دلوت منک باعا وان اتیتنی تمشی اتیتک ہرولۃ۔ اور بغوی کی روایت مین عن الحسن عن انس زیادہ ہی وان سالتنی اعطیتک وان لم تسالنی غضبت علیک۔ اور ایک روایت بغوی من طریق البخاری عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ تعالے انا عند ظن عبدی بی وانا معہ اذا ذکرنی فان ذکرنی فی نفسہ۔ پھر آخر تک مثل حدیث قتادہ عن انس روایت کی اور بغوی نے ابوہریرہ سے روایت کی قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول اللہ عزوجل انا مع عبدی ما ذکرنی وتحرکت بی شفتاہ اخرجہ البخاری ومسلم اور بخاری کی روایت قتادہ مین ہی کہ قتادہ نے فرمایا کہ اللہ تعالے بہت قریب ہی بندہ سے اپنی رحمت کے ساتھ قال المترجم یعنے اللہ تعالے کی قربت بعنے رحمت الٰہی کی قربت ہی اور حضرت ابوموسی اشعری سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مثال اس شخص کی جو یاد کرتا ہی اپنے پروردگار کو اور جو نہین یاد کرتا ہی ایسی ہی جیسے زندہ اور مردہ اخرجہ البخاری ومسلم اور عبداللہ بن بشر مازنی سے روایت ہی کہ ایک اعرابی آیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور عرض کیا کہ یارسول اللہ کون عمل سب مین افضل ہی تو فرمایا کہ تو دنیا چھوڑے ایسے حال مین کہ تیری زبان اللہ تعالے کی یاد سے تر ہو۔ اور ابن ابی حاتم نے بکحول سے روایت کی کہ مین نے ابن عمرؓ سے پوچھا کہ آپ کیا کہتے ہین کہ ناحق قاتل نفس اور شراب خور و چور و زنا کار یاد کرے اللہ تعالے کو اور اللہ تعالے نے فرمایا۔ فاذکرونی اذکرکم۔ تو ابن عمرؓ نے جواب دیا کہ جب ایسا شخص اللہ تعالے کا ذکر کرے تو اللہ تعالے اسکو اپنی لعنت سے یاد کرتا ہی یہانتک کہ یہ شخص چپ ہووے۔ قال المترجم یہ محمول ہی کہ ایسے مرتکب گناہ نے حالت گناہ مین اللہ تعالے کا ذکر کیا تو مستوجب لعنت ہوا اور اسپر اتفاق ہی کہ مثلاً شراب پینے پر بسم اللہ الرحمن الرحیم کرنا کفر ہی اگر عمداً ہو۔ قولہ واشکروا لی ولا تکفرون۔ الحمد کی تفسیر مین شکر کی تفصیل گذر چکی اور فراء نے کہا شکر تک و شکرت تک۔ ایک ہی ہی اور ابن عطیہ نے کہا کہ دوم یعنے استعمال بلام افصح و اشہر ہی اور شکر ہی پہچاننا احسان کا اور بیان کرنا اور تفسیر ابن کثیر مین زید بن اسلم سے روایت ہی کہ موسی علیہ السلام نے کہا کہ اے پروردگار مین تیرا شکر کیونکر کرون تو پروردگار تعالے نے موسی کو کہا کہ تو مجھے یاد کر اور نہ بھول پس جب تو نے مجھے یاد کیا تو تو نے شکر کیا اور جب تو مجھے بھولا تو تو نے کفر کیا یعنے ناشکری کی اور حسن بصری و ابوالعالیہ و سدی و ربیع بن انس نے فرمایا کہ البتہ اللہ تعالے یاد کرتا ہی اسکو جو اللہ تعالے کو یاد کرے اور نعمت بڑھا دیتا ہی اسپر جو اسکا شکر کرے اور عذاب دیتا ہی اسکو جو اسکے ساتھ کفر کرے اور بعضے سلف سے فی قولہ تعالے اتقوا اللہ حق تقاتہ۔ مروی ہی کہ یہ تقوی اس طرح ہی کہ اللہ تعالے کی اطاعت کرے پس اسکی نافرمانی نہ کرے اور اللہ تعالے کو یاد کرے پھر نہ بھولے اور اسکا شکر کرے پس کفران نعمت نہ کرے قال المترجم حسن بصری و ابوالعالیہ وغیرہ سے جو قول روایت کیا وہ ماخوذ ہی قولہ تعالے اذ تاذن ربکم لئن شکرتم لازیدنکم ولئن کفرتم ان عذابی لشدید۔ اور ابورجاء العطاردی سے روایت ہی کہ ہم لوگ منتظر تھے کہ عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نکلے اس حیات سے کہ انبر تجرؓ کی ایک مطرف تھی جو پہنے اس سے پہلے انکے بدن پر نہین دیکھی اور نہ اسکے بعد دیکھی پس فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص پر اللہ تعالے نے اپنی نعمت سے انعام کیا تو اللہ تعالے اس امر کو دوست رکھتا ہی کہ اپنے بندے پر اپنی نعمت کا اثر دیکھے اخرجہ الامام احمد ترجم کہتا ہی کہ نعمت الٰہی کے اظہار کی غرض سے عمدہ پوشاک جو شرع مین مباح ہی پہننا مستحب ہی لیکن اسی وقت تک کہ اسکی محبت دل مین نہ سماوے اور نہ عجب و فخر اور نہ اسکے لیے کوشش کرنی ہو بہ تکلف ورنہ روا نہین ہی فافہم اور پوشیدہ نہین کہ ذکر کے باب مین احادیث بہت ہین اور حدیث صحیح مین یہ مضمون ہی کہ بھلا وہ شخص ہی جسنے تنہائی مین اللہ تعالے کو یاد کیا پس اسکی آنکھون سے آنسو جاری ہوے اور ذکر کے اقسام و انواع موافق حالات ذکر کرنے والے کے متفاوت ہین قولہ تعالے۔ فاذکرونی اذکرکم واشکروا لی ولا تکفرون ۱۲ یاد کرو مجھے زبان

اسرار سے میں تمھین اس طرح یاد کرونگا کہ اپنے انوار تم پر کشف کرونگا اور خالص بندگی کرنے سے میرا شکر کرو اور ادراک معرفت سے میری جناب مین کفر نہ کرو قال المترجم یعنے یہ زعم نہ کرو کہ مین نے معرفت حاصل کی اسلیے کہ جو شخص جانے کہ مین نے پہچانا وہ جاہل ہی مجھے یاد کرو اس طرح کہ خلق سے اعراض کرو مین تمھین یاد کرونگا اس طرح کہ درمیان سے دوری اٹھا دونگا اور شکر کرو میرا جہدل اشباح اور نہ کفر کرو مجھسے بتعذیب ارواح قال المترجم بہدل الشباح یعنے تن بدن کو میری طاعات و عبادات مین خرچ کرو اور ارواح کو عذاب مین ڈال کر میری نعمت کی ناشکری و کفر نہ کرو اور یہ اس بنا پر ہی کہ تن کا پالنا روح کا مارنا ہی پس جسنے اپنے تن کو پالا اور ناز و نعمت مین رکھا اسکو عبادات و طاعات کی مشقت مین نہ ڈالا اسلیے جیون جیون تن پروری کی روز بروز روح کو مارتا اور عذاب دیتا گیا یا یہ مراد ہی کہ جو تن پروری مین رہا اور خدا سے غافل رہا اسلیے عاقبت مین اپنی روح کو عذاب مین ڈالا ولیکن اول ارجح ہی رہی یہ بات کہ اسمین کفران نعمت کیونکر ہی تو بات یہ ہی کہ آدمی کا بدن وحیات وسیلہ لماعات و تحصیل کمالات ہی اسکے حواس کو بجاے خود رکھکر اس سے روح کے کمالات بتدریج ظاہر کیے جاتے ہین جیسے جیسے یہ بتدریج کامیدہ ہوتا ہی ویسے ویسے روح درجہ بدرجہ اپنے کمالات سے متصف و ظاہر ہوتی ہی اور ہر چیز مین متعلقات بدن کے یہ کیفیت ہی کہ اسکا زوال موجب زوال و نقصان کمال روح ہی لہذا اسلام مین رہبانیت منع اور نکاح سنت و کھانے و پینے کے لیے بغرض تحصیل عبادات و قوت تن کمائی کرنا بھی عبادت اور غذا اسقدر کہ بدن کو عبادت پر قوت دے ثواب اور نہ کھانا نہ پینا اور پے در پے روزہ رکھنا جس سے حواس مختل ہون یا آدمی ہلاک ہو حرام ہی اور جسنے احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم و آیات کتاب مجید مین نیک نظر کی وہان مدارج کو خوب جانتا ہی پس جب اسنے بدن سے یہ کام نہ لیا اور روح کو کمال تک نہ پہونچایا بلکہ برعکس کیا تو ظلم کیا حالانکہ شکر منعم واجب تھا پس ناشکری کی اور امام غزالی نے اربعین مین ہر جزو بدن کے کام اور انکے صرف کا طریقہ مفصل بیان کیا ہی فارجع الیہ راویہ یاد کرو تم مجھے زمانۂ غفلت مین یاد کرونگا مین تمکو اپنی رحمت نازل کرنے کے ساتھ اور شکر کرو میرا اس طرح کہ تمھارا مقصد یہی ہے کہ اللہ تعالے کی زیادتی و رضامندی حاصل کرین اور مجھسے کفر نہ کرو اسطرح کہ بشریت کی خرابیان عمل مین لاؤ قال المترجم زمانۂ غفلت سے مراد وہ وقت ہی جسوقت عادت کے موافق انسان کو غفلت ہوتی ہی مثلاً عالم شباب جوانی یا ہر روز رات کا وقت کہ نیند کے مزے مین غرق ہوتا ہی اور بشریت کی برائیان یہ ہین کہ بشر جو عقل و شہوت سے مرکب ہی اسمین سے شہوت کی خواہشین پوری کرے جو سراسر گناہ ہین اور عقل کی موافقت بالکل لحاظ نہ رکھے یا اس طرح لحاظ رکھے کہ وہ مثل نہ لحاظ رکھنے کی ہی فافہم اور نیز یاد کرو مجکو ساتھ دیکھنے میری یاد کے اپنے کو ازل مین قبل اسکے کہ تم میری یاد کرو تو یاد کرونگا مین اپنے آپ کو تمھارے لیے ایسے ذکر سے جو میرے لیے لائق ہی اسلیے کہ تمکو یہ طاقت نہین ہی کہ تم مجھے میری حقیقت ذات و صفات سے یاد کرسکو اور کیونکر حادث چیز جسمین حدوث کی صفت ہی وہ صفات قدم کو ذکر کرسکتی ہی حال یہ ہی کہ زبان مین اسکی تعریف سے گونگی ہین اور آنکھین اسکے جمال کو پانے سے پتھرائی ہوئی ہین اور اسرار قلبی اسکی عظمت کی کنہ کو پہونچنے سے فانی ہین اور میرا شکر یون کرو کہ شکر ادا کرنے کی عاجزی کا اقرار کرو اور میرے ساتھ یون کفر نہ کرو کہ اپنے مجھے یاد کرنے کو دیکھو اسلیے کہ میرا یاد کرنا تمپر واجب ہی مگر تمھارا یہ دیکھنا کہ تمنے مجھے یاد کرلیا یہ کفر خفی ہی۔ واسطی نے فرمایا کہ ذکر کی حقیقت یہ ہی کہ ذکر سے اعراض کرے اور اسکو بھول جاوے اور جسکو ذکر کیا ہی اسکے ساتھ قائم ہو قال المترجم یہ مطلب نہین ہی کہ ذکر چھوڑ دے کہ یہ تو سخت گناہ ہی بلکہ مراد یہ ہی کہ ہر دم کے ذکر کو یہ بھی نہ سمجھے کہ دریا سے قطرہ بھی ادا ہو پس ایسے ذکر کا وجود ہی کیا ہو لہذا حقیقت ذکر الٰہی چھوڑ یہان جب مجاز بھی دریا سے قطرہ نہین ہی تو عاجزی کے ساتھ اس ذکر کا عذر بیان کرے اور جسکا ذکر کیا یعنے حق عزوجل پر نظر رکھے کہ اسیکا کرم امید گاہ ہی۔ بعضے عراقیون نے فرمایا کہ قولہ۔ فاذکرونی اذکرکم۔ ظہور رحمان کا مظاہر مین ہی حق عزوجل کی طرف سے باعث ہوتا ہی اور بیان اسکا ذکر کرنا تمکو یہی باعث ہو اگر وہ تجھے ذکر نہ فرماتا تو تجھے کبھی اسکے یاد کی توفیق نہ ہوتی۔ اور بعض نے فرمایا کہ معنے یہ ہین کہ یاد کرو مجھے اپنی کوشش و طاقت بھر تاکہ مین اپنے آپکو خود یاد کرنے کو تمھارے ذکر مین ملا دون پس تمھارے لیے ذکر کا ثبوت ہو اور اہل حق حقیقت ذکر اسکو کہتے ہین کہ ذکر کرنیوالا

ہر چیز کو سوائے اسکے جسکا ذکر کرتا ہی بھول جاوے حتی کہ ذکر کو بھی تاکہ جسکا ذکر کرتا ہی اسمیں مستغرق ہو پس اسکے تمام اوقات سب ہی ذکر ہو جاوین اور یہ شعر پڑھا ؎ لا لانی انساک اکثر ذکرک ۔ ولکن ہذا کل بحری لساننا ۔ یعنے یہ نہین ہی کہ مین تجھے بھول کر بہت تجھے یاد رکھتا ہون لیکن بات یہ ہی کہ اسپر میری زبان خود بخود چلی جاتی ہی ۔ اور بعضے بعد اویون نے فرمایا کہ ذکر ایک عذاب ہی اسلیے کہ یہ غفلت کا رانہ نا ہی اور جب تک غفلت نہو تو ذکر کے معنے کیا ہونگے قال المترجم مطلب یہ ہی کہ اہل غفلت کے اندر جو غفلت ہی اسکے لیے عذاب یعنے موجود ہونے اور بے جگہ چلے آنے کی سزا یہ ذکر ہی کہ جب ذکر کام مین لایا گیا تو غفلت اسکے جاری ہونے سے بھاگ گئی اور یہ مطلب نہین ہی کہ آدمی کے واسطے ذکر ایک عذاب ہی خاصکر ۔ اور اہل خراسان مین سے بعضے متاخرین نے فرمایا کہ کیسے ذکر کیا جاسکتا ہی حق عزوجل ایسی عقلون کے ذکر سے جو بنائی ہوئی ہین اور ایسے اوہام سے جو مطبوعہ ہین اور کیسے ذکر کیا جائیگا زمانہ کے ساتھ وہ پاک و بے مانند جو زمانہ سے پہلے تھا اس شان سے جیسے وہ اب بھی ہی اسواسطے کہ حق عزوجل ہر مذکور سے پہلے ہی اور بعض نے فرمایا کہ معنے یہ ہین کہ مجھے ہمیشہ برابر یاد کرو تاکہ میرے ساتھ تمہارے دل مطمئن ہون کیونکہ اللہ تعالے فرماتا ہی ۔ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب ۔ یعنے آگاہ رہو کہ اللہ تعالے کی یاد سے دل مطمئن ہوتے ہین ۔ اور بعضون نے کہا کہ پورا ذکر جب ہی کہ مذکور کا کہ تجھے یاد کرنا میرے لیے ہمیشہ یاد کرنے کے ساتھ شاہد ہو کہ اللہ تعالے نے فرمایا ہی ۔ فاذکرونی اذکرکم ۔ قال المترجم یعنے اللہ تعالے نے جب یہ فرمایا کہ تم مجھے یاد کرو مین تمھین یاد کرونگا تو تیرے ہمیشہ یاد کرنے کے ساتھ گواہی حق عزوجل کی تجھے یاد کرنے کو پورا کرتی ہی اور فرمایا یہ معنے ہون کہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ تم مجھے یاد کرو مین تمھین یاد کرونگا تو تیرے دوام ذکر کے حق عزوجل کا تیرے ذکر کے لیے شاہد ہونا ہی تیرے ذکر کو پورا کرنا ہی یعنے تیرا ذکر اس سے ذکر ہو سکتا ہی اگرچہ خالی تیری طرف منسوب ہونے سے تو وہ کچھ بھی نہین ہی واللہ تعالے اعلم ۔ شیخ ابن عطاء نے فرمایا کہ معنے یہ ہین کہ تم مجھے یاد کرو اس شان کی حیثیت سے کہ مین ہون مین تمکو یاد کرونگا اس شان کی حیثیت سے کہ مین ہون اور تم مجھے اس مقام کی راہ سے کہ تم ہو یاد نہ کرو کہ جسکا یہ نتیجہ ہی کہ تمھارا یاد کرنا مجھسے پرے ہی منقطع ہو جائیگا قال المترجم شاید مراد یہ ہی کہ یون کہو ۔ انت کما اثنیت علی نفسک ۔ تو ویسا ہی جیسا تو نے خود اپنا وصف بیان کیا ہی اور لا الہ الا اللہ و دیگر اذکار مرویہ ماثورہ اسی قبیل سے ہین اور اپنی رسائی عقل سے جو وصف بیان کرو گے وہ کبھی اس شان کے مانند کے لائق نہوگا پس بالکل نہ پہونچیگا اور دور ہی قطع ہو جائیگا واللہ اعلم ۔ اور بعضون نے کہا کہ تم مجھے یاد کرو میری توحید کے ساتھ مین تمھین یاد کرونگا اپنی نقار و وعدہ عطا کرنے کے ساتھ اور تم مجھے یاد کرو میری بندگی کرنے سے مین تمھین یاد کرونگا درجات عطا کرنے سے اور تم مجھے یاد کرو توبہ کرنے کے ساتھ مین تمھین یاد کرونگا بمحبت اور تم مجھے یاد کرو نعمت سے مین تمھین یاد کرونگا اس نعمت کے بڑھا دینے سے ۔ اور تم مجھے یاد کرو اپنی خوشی کی حالتون مین مین تمھین یاد رکھونگا تمھاری سختی کی حالتون مین ۔ اور بعضون نے فرمایا کہ یاد کرنے والون کے کئی مرتبہ ہین چنانچہ ایک تو ایسے لوگ ہین کہ انھون نے اللہ تعالے کو اپنی بولتی زبانون اور عارف دلون سے یاد کیا یہانتک کہ یاد کرنے کی حلاوت انکو حاصل ہوئی اور ایک قوم وہ ہین جنھون نے اللہ تعالے کو خالص نیت کے کامون اور پسندیدہ طاعتون سے یاد کیا حتی کہ اپنے آپکو بھول گئے اسلیے کہ وہ وہان پہونچ گئے جہان اُنکے دل اڑ کر پہونچے اور ایک قوم وہ ہین جنھون نے اللہ تعالے کو اپنے حالات کے ساتھ ذکر کیا یہانتک کہ وہ حیا کے سمندر مین جا پڑے کیونکہ انکی نظر اس ذکر پر پڑی جو اللہ کے مولی نے انکو ازل مین یاد فرمایا تھا اور انھون نے اسکے ذکر کو اپنے اوپر ابد تک باقی دیکھا پس انھون نے اپنے ذکر کے دونون طرف دو بڑے ذکر عظیم دیکھے پس شرم سے پانی پانی ہو گئے پس اپنا ذکر انکے تئین ایک ہوائی ہو گیا قال المترجم اہل عرفان کے مقامات و حالات مختلف کے موافق انکے ذکر کے درجات بھی مختلف ہین کبھی زبان سے کبھی دل سے کبھی سر سے کبھی سر السر سے مطابق درجات روحی کے اور اکثر اکابر نے تصریح کر دی کہ جسوقت ذکر کہ زبان و دل کو اس سے خبر نہین ہوتی اور جسوقت ذاکر کو اس سے آگاہی نہین ہوتی اور یہ ایسا امر ہی کہ خاموش اپنی دل یاد سے سب پر قیاس

کرسکتا ہو ورنہ واصل قم عبارت ہی فافہم واللہ اعلم

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ ۝ وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ

اے ایمان والو قوت پکڑو ثابت رہنے سے اور نماز سے بے شک اللہ ساتھ ہے ثابت رہنے والوں کے اور نہ کہو جو کوئی

يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ وَلَٰكِن لَّا تَشْعُرُونَ ۝

مارڈالا جاوے اللہ تعالے کی راہ میں کہ مردے ہیں نہ بلکہ وہ زندے ہیں لیکن تم کو خبر نہیں

جب اللہ تعالے نے ذکر وشکر کا حکم فرمایا تو بمقتضائے لطف صبر کے خصلت استعانت کے لیے ارشاد کیا بقولہ تعالے۔ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ ۚ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ۔ اے ایمان والو چاہو صبر ونماز کے ساتھ اللہ تعالے صابروں کے ساتھ ہی ف صلوۃ کی طرف ہدایت کی کہ وہ جامع ذکر وشکر وصبر وخصائل خیر ہی۔ اور ابن کثیر نے کہا کہ اسلیے کہ بندہ یا تو نعمت کی حالت میں ہوگا پس اسپر شکر کریگا یا تنگی میں ہوگا پس اسپر صبر کریگا چنانچہ حدیث میں ہی کہ ایماندار کا حال خوب ہی کہ اللہ تعالے اسکے لیے کوئی بات جاری نہیں فرماتا مگر کہ اسمیں اسکے لیے بہتری ہی ہوتی ہی پس اگر اسکو خوشی پہونچے اور اسنے شکر کیا تو اسکو ثواب ملا اور اگر برائی پہونچی پس اسنے صبر کیا تو اسکو ثواب ملا اور اللہ تعالے نے یہ ظاہر کردیا کہ مصائب وتکالیف برداشت کرجانے کے لیے سب سے عمدہ صبر وصلوۃ کا اختیار کرنا ہی جیسا کہ اوپر بھی گذرا قولہ تعالے واستعینوا بالصبر والصلوۃ وانہا لکبیرۃ الا علی الخاشعین۔ اور حدیث میں بھی ہی کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی امر ناگوار پیش آتا تو نماز کی طرف مبادرت فرماتے تھے اور صبر دو ہیں ایک تو حرام اور گناہ کی چیزیں ترک کرنے پر صبر کرنا اور دوسرا مبر طاعتوں اور فرضوں پر ہو اور یہ دوسرا ہی زیادہ ثواب کا ہی اسواسطے کہ یہی چیزیں مقصود ہیں اور رہا تیسرا صبر یعنے مصیبتوں وسانحوں پر صبر کرنا سو وہ بھی واجب ہی اور عبدالرحمن بن زید بن اسلم نے فرمایا کہ صبر دو باب میں ہی ایک صبر کرنا اللہ تعالے کے واسطے ان امور کے ساتھ جنکو وہ پسند فرماتا ہی پس ان امور کی درستی میں قوی ہے اگرچہ نفس بدن پر یہ گران گذرے اور دوم صبر کرنا اللہ تعالے کے واسطے ان امور کے ترک میں جنکو وہ مکروہ فرماتا ہی اگرچہ نفسانی خواہشیں ان امور کی طرف کھینچیں پس جو شخص اسطرح دونوں صبروں پر قائم ہووہ البتہ صابروں میں سے ہی جنکا انجام سلامتی ہی انشاء اللہ تعالے اور علی بن الحسین یعنے امام زین العابدین علیہ السلام سے روایت ہی کہ جب اللہ تعالے سب لوگوں اگلوں پچھلوں کو جمع کریگا تو ایک پکارنے والا آواز دیگا کہ صبر والے لوگ کہاں ہیں تاکہ وہ جنت میں حساب سے پہلے داخل ہوں فرمایا کہ پھر آدمیوں میں سے کچھ گروہیں اٹھینگی پس فرشتے انسے ملینگے اور کہینگے کہ کہاں جاتے ہو اے بنی آدم پس یہ لوگ جواب دینگے کہ جنت کو تو بولینگے کہ اور حساب سے پہلے ہی تو کہینگے کہ ہاں تو فرشتے کہینگے کہ تم ہو کون تو جواب دینگے کہ ہم صابر لوگ ہیں تو کہینگے کہ تمہارا صبر کیا تھا تو جواب دینگے کہ ہمنے اللہ تعالے کی بندگی بجالانے پر صبر کیا اور اللہ تعالے کی معصیت چھوڑنے پر صبر کیا یہانتک کہ ہمکو اللہ تعالے نے وفات دی تو فرشتے کہینگے کہ تم ایسے ہو جیسا کہتے ہو جنت میں داخل ہو یہ جنت کا مقام ایسے کام کرنے والوں کا اچھا ثواب ہی قال ابن کثیر اس کلام امام زین العابدین علیہ السلام کے واسطے شاہد ہی قول اللہ تعالے کا۔ انما یوفی الصابرون اجرہم بغیر حساب۔ یعنے یہی بات ہی کہ بھرپور دیے جاوینگے صبر والے اپنی اجرت بغیر حساب کے اور سعید بن جبیر نے کہا کہ صبر یہ ہی کہ جو اللہ تعالے کی طرف سے بندہ کو پہونچا مانند دکھ وغیرہ کے اسکو اللہ تعالے کے واسطے اٹھاوے اور اللہ تعالے کے پاس اپنے ثواب کی امید رکھے اور کبھی آدمی باوجود کرارے ہونے کے گھبرا جاتا ہی کہ سوائے صبر کے کوئی چارہ نہیں دیکھتا۔ قال المترجم علمانے کہا کہ صبر یہ ہی کہ اللہ تعالے کے واسطے اپنے نفس کو ان چیزوں پر روکے سے ہے جو نفس پر گران گذرتی ہیں خواہ وہ طاعات وعبادات کی مشقت میں ہو یا ممنوع چیزوں سے نفس کی خواہشوں کے روکنے میں ہو یا مرگ اعزہ واقارب وتلف اموال وغیرہ مصیبتوں میں ہو اور جزع وفزع سے باز رہے۔ اور حدیث میں ہی کہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کو ایک قبر پر زاری کرتے دیکھا تو فرمایا کہ صبر کر اسنے نہ پہچانا اور کہا کہ اپنا راستہ لے کہ پھر مصیبت ہی پھر جب اس سے کہا گیا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے تو حاضر ہوئی اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں نے آپکو نہ پہچانا میں اب صبر کرتی ہوں تو فرمایا کہ صبر پہلے وقت تھا یعنے اب ثواب صبر کچھ نہیں ہے اور جاننا چاہیے کہ مصیبت چاہنا مکروہ ہے کیونکہ وہ محل امتحان ہے جسمیں ہر ایسے ویسے کے حق میں خوف فتنہ ہے اور حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے دعا میں صبر مانگا تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ اے شخص تو اللہ تعالے سے عافیت طلب کر کہ قوتے اس سے مصیبت مانگی ہے پس آدمی ہمیشہ اللہ تعالے سے عافیت طلب کرے اور اگر مقدر سے اسکو مصیبت پہونچے تو تقدیر اللہ عزوجل جانکر اسپر مضبوطی سے صبر کرے اور تحقیق فرمایا ان اللہ مع الصابرین پس اسمیں مصیبت میں صبر کرنے والوں کے لیے تسکین ہے کہ جسکے ساتھ اللہ تعالے ہوئے اسکے حال کے ساتھ مدد و نصرت الٰہی شامل ہو وہ کسی سختی سے نہ گھبرائیگا اگرچہ پہاڑ کے مانند ہو اور یہ معیت یعنے مدد و نصرت الٰہی شامل حال ہونا متقیوں و نیکوکاروں و صابروں کے ساتھ مخصوص ہے اور علم و قدرت سے ساتھ ہونا تو ہر نیک و بد کے حق میں عام ہے جیسے اللہ تعالے نیکوں کے ساتھ علم و قدرت سے ہے کہ انکے حال سے داناہے ویسے ہی بدوں کے حال سے بھی داناہے ۔ واسال اللہ العافیۃ فی الدنیا والآخرۃ لی ولسائر المسلمین ۔ اور اس آیت میں اشارہ کیا کہ جہاد و غیرہ میں مضبوط رہیں اور نیز اشارہ ہے کہ مجاہدہ عبادات خصوص نماز میں نفس کے ساتھ زیادہ سخت ہے بہ نسبت کافروں کے ساتھ لڑائی میں جہاد کرنے کے لہذا صحیح ہوا کہ کافروں کے ساتھ لڑائی جہاد اصغر ہے اور عبادات میں بھرپور قائم رہنا جہاد اکبر ہے اور نیز اسمیں اشارہ ہے کہ نماز سب نیکیوں سے بڑھکر ہے اور اسمیں ایک خاصیت ہے کہ جو اسپر پورا قائم ہوا وہ سب نیک کاموں میں پورا اتریگا اور جو اسمیں کچا ہے وہ سب میں خام ہے اسی لیے جہاد میں نماز سے مضبوطی حاصل کرنیکو فرمایا و قولہ تعالے ۔ وَلَا تَقُولُوا لِمَنْ يُقْتَلُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتٌ بَلْ أَحْيَاءٌ ۔ اور جو شخص کہ اللہ تعالے کی راہ میں مقتول ہوا ان لوگوں کو مردے مت کہو بلکہ وہ زندے ہیں ۔ ف پس لمن یقتل فی سبیل اللہ متعلق قول ہے اور اموات مفعول ہے ای ہم اموات اور ضمیر ہم راجع بجانب من باعتبار معنے ہے یعنے ہر کوئی جو اللہ تعالے کی راہ میں شہید ہو اسکو میت نہ کہو اسواسطے میت بلفظ مفرد نہیں فرمایا تاکہ یہ وہم نہ ہو کہ مخصوص کسی کے واسطے ہے اگرچہ فصیح تھا کما قالہ العکبری اور قولہ بل احیاء ای بل ہم احیاء جیسا کہ مفسر نے تقدیر کی اور اشارہ کیا کہ لفظ احیاء عطف اموات پر نہیں ہے اور بل مضراب ہے لا تقولوا سے کیونکہ معنے یہ نہیں ہیں کہ لا تقولوا اموات بل قولوا احیاء بلکہ یہ مقصود ہے کہ انکے زندہ ہونے کو ثابت و ظاہر فرمایا جاوے یعنے شہید لوگ زندہ رہتے ہیں مردے نہیں ہیں انکو مردہ مت کہو اگرچہ اس سے یہ خود ثابت ہے کہ انکو زندہ کہنا بھی صحیح ہے اور عکبری نے کہا کہ قولہ بل احیاء ای بل قولوا ہم احیاء ۔ اور یہ جید نہیں ہے کیونکہ لوگوں سے شہدا کو زندہ کہلانا مقصود نہیں بلکہ انکے زندہ ہونے کی خبر دینا مقصود ہے قال ابن کثیر اللہ تعالے خبر دیتا ہے کہ شہید لوگ اپنی برزخ میں زندہ ہیں رزق دیے جاتے ہیں اور معالم میں مذکور ہے کہ بدر کے شہیدوں کے حق میں اتری اور وہ چودہ شخص تھے انمیں سے چھ آدمی مہاجرین کے اور آٹھ آدمی انصار کے اور جو شخص اللہ تعالے کی راہ میں شہید ہوتا لوگ اسکو کہتے کہ فلان مرگیا اور اس سے دنیا کی لعنت و لذت جاتی رہی پس اللہ تعالے نے اتارا و لا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات الآیہ ۔ قال المترجم یہ سبب نزول اگر صحت کو پہونچا تو اسکے کہنے والے منافق و مشرک ہونگے جیسا کہ بعض حواشی بیضاوی میں ہے کہ یہ ردہ ہے مشرکوں کا جو کہتے کہ محمد کے ساتھی بے فائدہ اپنے آپکو قتل کراتے اور دنیا کے عیش چھوڑ جاتے ہیں ورنہ اہل ایمان دنیا کی زندگی کے واسطے ایسا نہ کہتے اور حدیث میں ہے کہ عیش کا وجود نہیں مگر آخرت ہی میں ای اللہم میرے بخشدے مہاجرین و انصار کو الحدیث فی صحیح البخاری وغیرہ اور اللہ عزوجل نے صریح فرمایا ۔ ومنہم من قضی نحبہ ومنہم من ینتظر ۔ یعنے صحابہ میں سے بعضے تو وہ ہیں کہ اپنے نحب کو پورا کر چکے یعنے شہید ہو گئے اور بعضے وہ ہیں کہ منتظر ہیں ۔ قال ابن کثیر صحیح مسلم میں آیا ہے کہ شہیدوں کی روحیں سبز چڑیوں کے پوٹوں میں جنت میں جہاں چاہتی ہیں کھاتی پھرتی ہیں پھر ایسی قندیلوں میں آجاتی ہیں

جو عرش کے نیچے لٹکتی ہین پس ظاہر ہوا اپنے پروردگار تعالے اپنی شان کا ظاہر ہونا اور فرمایا کہ تم کیا چاہتے ہو تو یہ شہدا بولے کہ ای ہمارے پروردگار اور ہم کیا چاہینگے حال یہ ہے کہ تو نے ہمکو وہ دیا ہے جو اپنے مخلوق مین کسیکو نہین دیا پھر پروردگار نے اسی مانند اپنا اعادہ فرمایا پس جب انھون نے دیکھا کہ ہمسے پوچھا ہی جاتا ہے تو کہا کہ ہم چاہتے ہین کہ تو ہمکو دار دنیا مین پھر لوٹا دے پس ہم تیری راہ مین لڑین یہانتک کہ دوبارہ قتل ہون یہ انکی خواہش اسوجہ سے تھی جو انھون نے اللہ کی راہ مین شہید ہونیکا ثواب دیکھا پس اللہ تعالے فرماتا ہے کہ یہ تو مین نے لکھدیا ہے کہ وہ پھر دار دنیا مین لوٹائے نجاوینگے قال المترجم علمائے کہا کہ سبز چڑیون کے پوٹون مین ہونے سے یا تو یہ مراد ہے کہ قالب انکے سبز چڑیان ہو جاتی ہین یا یہ مراد ہے کہ وہ خود اس صورت کے بن جاتے ہین جیسے فرشتہ بصورت آدمی ہو جاتا ہے اور میرے نزدیک حق یہ ہے کہ اسکی کیفیت و تاویل اللہ و رسول کو معلوم ہے چونکہ آدمی اسکی نظیر سے دنیا مین واقف نہین لہذا اسکی کیفیت سے واقف نہین ہو سکتا اور یہ حق ہے اور اسپر ایمان فرض ہے اور منکر اسکا جاہل مردود ہے اور یہ شہید جسکا یہ درجہ ہے حدیث مین آیا ہے کہ جو فقط اسواسطے لڑا کہ اللہ تعالے کا کلمہ بلند ہو یعنے دنیا کا مال وغیرہ یا دلیری دکھانا وغیرہ کوئی مقصد نہو صرف یہی نیت ہو کہ اللہ تعالے کا نام بلند ہو اور کفر و شرک کا فساد دور ہو اور یہ جو اللہ تعالے کا پوچھنا مذکور ہے اس سے ان لوگون کا اطمینان ہے کہ اس نعمت سے کبھی خارج نہ کیے جاوینگے اور دار محنت و الم مین نہ ڈالے جاوینگے واللہ اعلم آور واضح ہو کہ حدیث مین ہے کہ شہید کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہین سوائے قرض کے اعاذنا اللہ منہ اور یہ جو حدیث مین ہے کہ جنت مین جہان چاہتے ہین کھاتے پھرتے ہین فنا یہ ان نیکون کے راہ خدا جہاد مین اپنے نفس کو حبس کرنیکا بدلا ہے کہ یہان اسکو بجبر قید کیا مگر چونکہ شہادت مقدر تھی شہید ہوا پس وہان وہ چھوٹا ہوا ہے اور یہی اسکے لیے مزید کرامت ہے ورنہ نیک ایمان والون کی روحین سب طائر جنت ہین چنانچہ ابن کثیر نے اصح حدیث نقل کی کہ امام احمد نے امام شافعی سے انھون نے امام مالک سے انھون نے زہری سے انھون نے عبد الرحمن بن کعب بن مالک سے انھون نے اپنے باپ حضرت کعب بن مالک سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نسمۃ المومن طائر تعلق فی شجر الجنۃ حتی یرجعہ اللہ الی جسدہ یوم بعثہ یعنے مومن کی روح ایک طائر ہے جو درخت جنت سے متعلق ہے یہانتک کہ حسب دین اللہ تعالے صبعوث کریگا اسکو اسکے بدن مین لوٹا دیگا قال المترجم اسناد اس حدیث کی بہت جید ہے واللہ اعلم اور ابن کثیر نے فرمایا کہ اس حدیث مین عام موتون کے لیے بھی زندہ ہونے کی دلالت ہے اگرچہ قرآن مجید مین شہیدون کو خاص کرکے انکی تکریم و بزرگی ظاہر کرنے کو ذکر فرمایا قال المترجم انبیاء علیہم السلام بالاتفاق زندہ ہین بلکہ انکے بدن پاک کو زمین نہین کھا سکتی ہے حالانکہ وہ قرآن مین منصوص نہین اور وہ بہ نسبت شہدا و صدیقون کے اولے ہین فافہم - قولہ تعالے - وَلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ - لیکن تم نہین جانتے ہو - وہ جس حال مین ہین اور مفسر سیوطی نے لا تشعرون کو لا تعلمون سے اسواسطے تفسیر کی کہ شعور کا استعمال ان امور مین ہوتا ہے جو حواس سے دریافت کیے جاوین اور یہان ادراک حال کی نفی ہے جو علم کے استعمال کا مقام ہے ولیکن شعور کو اللہ تعالے نے جو اس مقام پر فرمایا اسمین اشارہ ہے کہ اہل حق و صاحب دل کے نزدیک انکی اس زندگی کا حال ایسا ظاہر ہے کہ جیسے حواس سے دریافت کرنے کی چیز ظاہر ہوتی ہے پس ادراک بشعور قلبی ہے جس سے یہ لوگ بے بہرہ تھے آیا نہین دیکھتے کہ اہل حق کے عقائد مین سے یہ بات ہے کہ شہدا زندہ ہین اور انبیا علیہم السلام کا جسم پاک تک باقی ہے اور بیضاوی نے فرمایا کہ اسمین تنبیہ ہے کہ انکی زندگی جسم کے ساتھ کی زندگی کے مانند نہین اور نہ اس جنس سے ہے جو حیوانات مین محسوس ہوتی ہے یعنے اسی لیے ان گمراہون کو جو مثل جانورون کے صرف حواس ظاہری کے پابند ہین اسکا شعور نہین ہوتا ہے اور بعضے محشیون نے تنبیہ کی توجیہ بیان کی کہ جبلا تکے لیے زندگی ایسی حالت مین ثابت کی کہ بدن مٹ گیا اور ترکیب جاتی رہی اور مزاج باطل ہوا تو تنبیہ کی کہ انکی زندگی بدن کے ساتھ کی زندگی کے مانند نہین ہے قال المترجم میرے نزدیک یہ تنبیہ لفظ لا تشعرون بجاے لا تعلمون کے استعمال سے ہے جیسا کہ مین نے اشارہ کیا اور حاصل یہ ہے کہ چونکہ تم لوگ انکی ارواح مثل جانے کے بعد انکے بدنون کو ظاہری نظر سے دیکھتے ہو تو اپنے مردہ و نیست ہو جانے کا حکم کرتے ہو حالانکہ درآنحالیکہ

وہ ایسے نہیں ہیں بلکہ کامل زندگی سے زندہ ہیں جیسا کہ شہداء اُحد کے حق میں فرمایا۔ ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا بل احیاء عند ربہم یرزقون فرحین بما اتاہم اللہ من فضلہ الآیۃ۔ یعنے اور نہ خیال کرتو اُن لوگوں کو جو قتل کیے گئے اللہ کی راہ میں مردے بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے پروردگار کے پاس رزق دیے جاتے ہیں درحالیکہ دل خوش ہیں اُس چیز سے جو اللہ تعالےٰ نے انکو اپنے فضل سے کرامت کی تا آخر آیت پس وہ لوگ زندہ ہیں ایسی زندگی سے اگرچہ جن سے روح باہر ہو جانے کی راہ سے اُنکو مردہ کہا جاسکتا ہو اور حسن بصری سے روایت ہے کہ شہید لوگ اللہ تعالےٰ کے نزدیک زندہ ہیں انکے رزق الٰہی روحوں پر پیش کیے جاتے ہیں پس انکو خوشی و فرحت پہونچتی ہے جیسے فرعون اور اسکے ساتھیوں پر صبح و شام آگ پیش کی جاتی ہے پس انکو درد و تکلیف پہونچتی ہے قال المترجم فرعون اور اسکے ساتھیوں پر آگ پیش کیے جانے سے مقابلہ و مثال مراد نہیں بلکہ دلیل کے مانند ہے کہ فرعونیوں پر صبح و شام آگ کا سامنا ہونا نص قرآنی سے ثابت ہے پس اہل کرامت پر نعمت کا پیش ہونا ثابت ہے جیسے امام مالک نے قولہ تعالےٰ وللہ ملک السموات والارض۔ یعنے کافر کے لیے آسمان و زمین میں کوئی نہیں دیا اس قول الٰہی سے استدلال کیا کہ اس سے ثابت ہوا کہ ایمان والے موحد کے مرنے پر آسمان و زمین رہتا ہے اور البتہ حدیث صحیح سے یہ صحیح ثابت ہوا ہے اور باجملہ آیات و احادیث سے بخوبی یہ امر ثابت ہے کہ وہ لوگ بالفعل زندہ ہیں اور بعض معتزلہ وغیرہ نے جو تاویل کی کہ احیاء کے معنی یہ ہیں کہ قیامت میں زندہ کیے جاوینگے تو یہ تاویل مہمل مردود ہے کچھ جاننا چاہیے کہ کعب بن مالک کی مرفوع حدیث میں ہے کہ شہیدوں کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہیں اسکو امام احمد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا کہ حدیث صحیح ہے اور عبدالرزاق نے اپنی مسند میں روایت کی کہ سپید پرندوں کی صورت پر ہیں اور قتادہ سے روایت ہے کہ ہم لوگوں کو یہ خبر پہونچ گئی ہے کہ سپید پرندوں کی صورت پر ہیں اور ابن ابی حاتم و بیہقی نے ابوالعالیہ سے روایت کی کہ سبز پرندوں کی صورت پر ہیں قال المترجم ان روایتوں میں کوئی تناقض نہیں کیونکہ مختلف حالتوں پر ہیں اور اوپر گذرا کہ انکی تاویل و تحقیق علم الٰہی میں ہے کچھ جاننا چاہیے کہ گروہ معتزلہ کے نزدیک روح ایک عرض ہے کہ بدون بدن کے اسکا قیام نہیں جب بدن سے نکلی نیست ہو گئی اور یہ بڑی جہالت ہے بلکہ کفر ہے اگر تاویل نہ کیجاوے اور میرے گمان میں شاید معتزلہ ایسا نہ کہتے ہوں بالجملہ کوئی فرقہ کہے قاضی بیضاوی رحمہ اللہ نے اسکو رد کر دیا کہ ان نصوص میں دلیل ہے کہ روحیں سب جوہر ہیں جو بذات خود قائم ہیں جسموں پر موقوف نہیں اور یہ بدن جو محسوس ہوتا ہے اس سے غیر ہیں اور بعد موت کے بھی انکو ادراک رہتا ہے یعنے دکھ درد و خوشی و نعمت جو حال انکو پہونچے اسکا ادراک ہوتا ہے اور وجہ دیہ ہے کہ روح کے لیے حیات ثابت کی کہ جو عرض ہے پس اگر روح جوہر نہو اور عرض ہو تو عرض کے ساتھ عرض کا قائم ہونا لازم آویگا اور یہ باطل ہے کہ قیام العرض بالعرض کا بطلان اپنے موقع پر ثابت ہو لیا ہے قال المترجم ان عقلی دلیلوں کی طرف رجوع کرنا اور انہیں سے تمسک ہونا ایمان بالغیب کے خلاف ہے مومن صادق کو لازم ہے کہ یوں کہے کہ جو اللہ و رسول نے فرمایا حق ہے چاہے قیام عرض بالعرض باطل ہو یا نہو یعنے مدار عقلی دلیل پر نہیں بلکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم و سلف امت سے ثابت ہونے پر ہے پس جواب وہ ہے جو بیضاوی وغیرہ نے ذکر کیا کہ روح کا مدرک باقی رہنا یہی صحابہ و تابعین رضی اللہ عنہم کا مذہب ہے اور اسی پر آیات و احادیث ناطق ہیں ف ۲ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالےٰ ولا تقولوا لمن یقتل فی سبیل اللہ اموات ای جو شخص کہ عشق کی راہ میں شوق کی تلوار سے قتل ہو اسکو مردہ مت گمان کرو بلکہ وہ انسانی حیات کے فنا ہونے کے بعد ربانی حیات سے زندہ ہیں قال المترجم شیخ نے اس آیت سے یہ اشارہ نکالا کہ قتل سے قتل عشقی کی طرف اشارہ ہے اور جان لینا چاہیے کہ اسمیں ظاہری جسم سے روح جدا ہونے کی بھی ضرورت نہیں ہے پس جو شخص کہ راہ عشق میں قتل ہوا یعنے اپنی خودی سے فنا ہو گیا تو اسکو جو بقا حاصل ہوتی ہے وہ لقاے حق سے بقا ہے اور بقاء انسانی سے فنا ہے اور مراد عشق سے وہ نہیں جو یونانی حکما یا فلسفی اطبا اپنی اصطلاح میں مراد لیتے ہیں بلکہ یہ ایک ربانی چیز ہے جسکی ماہیت سے اکابر بھی بالتحقیق آگاہ نہیں ہیں چنانچہ بعض نے کہا کہ صفت آلہی ہے اور بعض نے عبارت از ذات آلہی عزوجل لی بالجملہ تحقیق نہیں اور مولوی روم علیہ الرحمہ نے بھی کہا ؎ آفتاب آمد دلیل آفتاب ۔ گر دلیلت باید از وی رو متاب اور اگر الفاظ سے استدلال کیا جاوے تو شیخ کے کلام میں عشق کی راہ میں قتل ہونا راہ خدا میں معلوم ہے اور مولوی روم نے کہا

ع عشق آن بگزین کہ جملہ انبیا ۔ یافتند از عشق او کار و کیا ۔ یعنے باضافت اور یہ دلیل مغائرت ہی اور بحر العلوم نے شرح مثنوی مین دونون قول کی تفصیل کی ہی اور سید ھی راہ یہ ہی کہ اسمین بحث لغو ہی خود عارف اپنے عرفان سے محمو ہوتا ہی یہ خالی باتین جاننے سے فافہم لیکن یہان اتنی تنبیہ ضرور ہی کہ محبت و عشق ان اکابر کے نزدیک قریب قریب ہین اور اقسام محبت ہم اپنے موقع پر شرح و بیان کرینگے انشاء اللہ تعالے اور مستدین موحد ایمان دار پر واجب ہی کہ کبھی عشق الٰہی کا مدعی نہو کیونکہ یہ رتبہ عشق محض عرفان ہی اور عارف مدعی در واقع جاہل ہی اور شبلی رح سے منقول ہی کہ جو شخص حق عزوجل کا محب و عاشق ہی وہ دنیا کی ہر چیز سے تنہا و مجرد ہو جاتا ہی کہ ظاہر حال محتاج و مفلس بے نوا ہوتا ہی اور جو شخص کہ حق عزوجل کے نزدیک محبوب ہی وہ قتل کیا جاتا ہی اور مترجم کہتا ہی کہ شاید یہ مخصوص ہی بمقتضاے وقت فافہم واللہ اعلم اور محب و محبوب کا اطلاق باشتقاق کلام پاک و حدیث سرور اعظم صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوتا ہی کمالا یخفی اور جاننا چاہیے کہ لوگ صوفی مشرب اس مقام پر اپنے آپکو بتکلف مخلوقات کا عاشق بتاتے اور بہتر تصور کرتے ہین حالانکہ یہ عین گمراہی ہی مولوی رومی رح نے فرمایا ع عشق آن شود کہ در دم بود ۔ ابن خار خرون گندم بود ۔ اور کمال جہالت سے یہ لوگ مولوی کا کلام ع عشق من گرزین سر و گر زان سرست ۔ عاقبت ما را بدان سر رہبرست ۔ دلیل لاتے ہین اور اسکے معنے سمجھے نہین جیسا کہ ہم اسکی تحقیق انشاء اللہ بیان کرینگے اور یہ نہین دیکھتے کہ مولوی رح علیہ الرحمۃ نے صاف کہدیا ع عاشق صنع خدا باشد نہ عاشق مصنوع ۔ او کافر بود و عاشق بتان شرع متین پر اپنی عاقبت خراب کرینگے ان لوگون کے لیے ع زان طرف کہ عشق می آید فرود ۔ بوحنیفہ شافعی درسے کرد علی الاتکہ یہ بے محل ایراد کمال نادانی ہی یہ نہین جانتے کہ بالاتفاق ان اکابر نے تصریح کردی کہ عشق جسکی تعریف ہی محض اللہ عزوجل کا فضل ہی جسکو عطا فرماوے پس منتظر رہو عنقریب اسکی زیادہ توضیح ہوگی انشاء اللہ تعالے قال الشیخ تولہ تعالے ۔ ولکن لاتشعرون ۔ سوا اسکے تمکو انکی حیات کا شعور نہین کہ تم تو وجود و عدم کے درمیان مین قید ہو اور وہ لوگ قدم کے بقاے کے ساتھ ہمیشہ کے لیے باقی ہین اور جسنے اپنے نفس کو چار مقام سے ذبح کیا تو اسکو چار لباس حاصل ہوتے ہین چنانچہ جسنے اپنے حرص کے سر کو جو اسکو دنیا کے ساتھ تھی مذبح[1] تفریق مین کاٹ دیا اور اپنی امید کے سر کو جو اسکو اپنے زندہ موجود رہنے کے ساتھ تھی مقطع[2] تجرید مین کاٹ دیا اور اپنی ریاست کے سر کو جو اسکو مخلوق کے ساتھ تھی منحر[3] توحید مین کاٹ دیا اور اپنی خواہش کا سر جو اسکو دار آخرت کی طرف تھی مقتل تحقیق مین کاٹ دیا یعنے آدمی کا مقصد حقیقی دار آخرت یعنے جنت وغیرہ نہین بلکہ رضاے حضرت خالق عزوجل ہی تو جسنے ان چار مقام سے اپنے نفس کو ذبح کیا اسکی روح کو اللہ تعالے چار مقام مین چار لباسون سے پیراستہ کرتا ہی ایک تو اسکو مقام مکاشفہ مین نور معرفت کے لباس سے آراستہ کرتا ہی اور دوم مقام مشاہدہ مین صفاے محبت کے لباس سے پیراستہ کرتا ہی اور سوم مقام قربت مین فنا و وصل کے لباس سے آراستہ کرتا ہی اور چہارم مقام فنا البت مین کشادگی و غلبے کے ساتھ انوار انانیت کے لباس سے آراستہ فرماتا ہی اور جب وہ شخص اس صفت پر ہو گیا تو موت کی سکرات سے اسنے نجات پائی اور صفتون کے باقی ہونے کے ساتھ زندہ ہو گیا ۔ قال المترجم یعنے انکے زندہ ہونے کی تحقیق یہ ہی جو بیان ہوئی یہ اور بعضون نے فرمایا کہ اسواسطے کہ وہ لوگ مقتول فی اللہ ہین اور جو شخص مقتول فی اللہ ہو وہ بیجان آنی زندہ ہوتا ہی ولکن لاتشعرون ۔ اگر جسنے جہاد کی طرف تدبیر کی آنکھ سے دیکھا نہ رضامندی کی آنکھ سے تو وہ اسکو نہین جانتا ہی قال المترجم شاید مراد یہ ہی کہ جہاد کی طرف دو وجہ سے نظر ہوتی ہی ایک یہ کہ یہ تدبیر ہی یعنے کما قال تعالے ۔ وقاتلوا حتی لاتکون فتنۃ ویکون الدین للہ ۔ یعنے جہاد کرو یہانتک کہ نہ رہے فتنہ اور ہووے دین واسطے اللہ تعالے کے ۔ پس جسکی نظر اسی پر ہی وہ اس سے شعور نہین رکھتا اور جسکی نظر مین جہاد کے ضمن مین رضاے حق عزوجل ہی کہ مجلس فراق سے قریۂ وصال مین آجاوے وہ اس بعید کو جانتا ہی اور اسکی طرف بھی اشارات موجود ہین ۔ عکس پھر راہ حق مین جسنے جان و مال فدا کیا وہ مرتبۂ عالی پر پہونچا لیکن یہ دعوی سے پورا نہوگا بلکہ حق تعالے نے امتحان مین ڈالا چنانچہ فرمایا ۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ ۗ وَبَشِّرِ

اور البتہ ہم آزماوینگے تمکو کچھ ایک ڈر سے اور بھوک سے اور نقصان سے مالون و جانون و میوون کے اور خوشی سنا

الصّٰبِرِيْنَ ۝ الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ ۙ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ

ثابت رہنے والوں کو جو ایسے ہیں کہ جب پہونچے انکو کچھ مصیبت کہیں ہم اللہ کا مال ہیں اور ہمکو اسیطرف پھر جانا ایسے لوگ ہیں

عَلَيْهِمْ صَلَوٰتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ ۟ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ

انھیں پر ثنا خاصیں ہیں انکپر پروردگار کی اور مہربانی اور وہی ہیں راہ پر

اس آیت میں تفسیری علوم و مقامات اور حقائق کے اشارات ہیں پس اول ہم تفسیر کیطرف رجوع کرین قال تعالے وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْاَمْوَالِ وَالْاَنْفُسِ وَالثَّمَرٰتِ ؕ اور البتہ ہم تمکو امتحان کرینگے کچھ خوف و بھوک سے اور نقص کرنے مالون و جانون و پھلون سے قولہ لنبلونکم معطوف ہی قولہ یا ایہا الذین امنوا پر مگر عطف مضمون ہی اور دونون مضامین مین ربط یہ ہی کہ اول مین صبر سے حوت لینا اور دوسری مین صبر کے مقامات کا بیان ہی قال فی السراج اور لام واسطے جواب قسم کے ہی تقدیر عبارت یون ہی واللہ لنبلونکم اور مضارع بلام و نون تاکید مبنی ہی اور معنے لنبلونکم کے لنختبرنکم ہین اور اختبار بمعنے امتحان ہین پس قول مفسر فننظر اتصبرون ام لا یعنے پھر ہم دیکھینگے کہ تم صبر کرتے ہو یا نہین، یہ نتیجہ اس امتحان کا ہی اور یہان تاویل ضرور ہی اسواسطے کہ اللہ تعالے کو کوئی چیز ازل سے ابد تک ایسی نہین جسکو نجانتا ہو پس اسکا امتحان اپنے جاننے کے واسطے نہین ہو سکتا کیونکہ قبل اسکے دانا ہی پس کہا گیا کہ لنختبرنکم کے معنے یہ ہین کہ تمھارے ساتھ وہ برتاو کرین جیسا امتحان لینے والا کرتا ہی یعنے البتہ مصیبت پہونچاوینگے ہم تمکو پہونچانا ایسے شخص کا جو تمھارے حال کا امتحان لینا چاہے کہ تم بلا پر صبر کرتے ہو اور قضا پر صابر رہتے ہو وقال فی السراج الابتلاء اظہار المطیع من العاصی۔ یعنے امتحان ابتلا سے مقصود یہان یہ ہی کہ فرمانبردار و نافرمان مین تمیز ہو جاوے ذکرہ فی المعالم اور قولہ بشیء من الخوف آ تنوین یہان تقلیل کے واسطے ہی ای بشیء قلیل پس قلیل جو فرمایا تو بہ نسبت اس مصیبت کے ہی جس سے انکو بچالیا تاکہ انپر ہلکی معلوم ہو اور انکو بتادیا کہ اس مصیبت مین حکمت الٰہی انسے جدا نہین ہی یا قلیل بہ نسبت اس مصیبت کے فرمایا جو انکے دشمنون کو آخرت مین پہونچیگی اسواسطے کہ وہ سخت ورد و مصیبت ہی کہ اللہ تعالے اس سے ہم مسلمانون کو بچاوے پس جو مصیبت و درد دنیاوی ہی سب اسکی نسبت بہت آسان ہی اور قبل وقوع کے انکو خبر اسلیے دیدی تاکہ نفس کو اچانک مصیبت پہونچنا سخت ناگوار نہو اور نیز یہ خیال ہو کہ رحمت الٰہی نیکو کارون سے قریب ہوتی ہی پھر یہ مصیبت کیونکر پہونچی اور معالم مین ہی کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ خوف سے یہان خوف دشمن مراد ہی اور جوع سے قحط اور نقص اموال سے اموال تلف ہونے سے خواہ مواشی ہون یا روپیہ وغیرہ یا اور چیز خواہ مرنے سے ضائع ہون یا چوری و آگ لگ جانے وغیرہ سے وقال العکبری من الاموال صفت محذوف ہی تقدیر یون ہی نقص شیئا من الاموال کیونکہ نقص مصدر متعدی بمفعول ہی اور مفعول حذف کیا گیا اور اخفش کے نزدیک روا ہی کہ من زائدہ ہو اور جائز ہی کہ نقص کی صفت ہو ای نقص بالشیء من الاموال اور یہ جو اموال کی تفسیر عام کی گئی اولی ہی بہ نسبت اسکے کہ اموال جمع مال بمعنے گلہ شتر لیا جاوے اور قرینہ والانفس سے بھی خلاف پڑتا ہی کیونکہ مقابلہ مال بمعنے عام کا نفس سے ہی اور مفسر سیوطی رح نے نقص الانفس کو عام لیا کہ خواہ بقتل ہو یا بامراض ہو یا بموت ہو اور امام ابن کثیر نے تفسیر مین کہا کہ نقص من الاموال ای بعض مال جاتے رہنے سے والانفس یا عزیز دوست احباب و اقارب کے مرنے کے اور مفسر کے کلام مین موت سے مراد عام ہی اور قولہ والثمرات ای نقص ثمرات آور ثمرات جمع ثمرہ بمعنے پھل پس اگر حقیقی معنے مراد ہین تو مقصود یہ ہوگا کہ پھلون کی پیداوار مین کمی آویگی جیسا کہ رجاء بن حیوۃ سے مروی ہی کہ لوگون پر ایک زمانہ آویگا کہ درخت خرما مین ایک ہی چھوارا آویگا یا یہ مقصود ہوگا کہ پھلینگے مگر جوانج سے تباہ ہو جاوینگے اور جوانج جمع جائحہ کی وہ آسمانی آفت جو پھلون کو پہونچتی ہی جس سے وہ سب خراب ہو جاتے ہین اور ثمرات بھی منجملہ مال کے ہین پس بنابر مذکور کے اموال پر ثمرات کا عطف بطریق عطف خاص پر عام ہوگا اور بعضون نے اسی وجہ سے ثمرات کو اولاد کے معنے مین لیا اور معالم مین مذکور ہی کہ امام

شافعی رح سے روایت ہے کہ انھوں نے اس آیت کی تفسیر میں کہا کہ خوف سے مراد خوف اللہ تعالے اور جوع سے مراد روزہ رمضان اور نقص اموال سے زکوۃ وصدقات اور نقص انفس سے امراض اور نقص ثمرات سے موت اولاد مراد ہے اسواسطے کہ آدمی کی اولاد اسکے دل کا پھل ہوتی ہے پھر بیہقی نے اپنی اسناد سے ابوسنان رضی سے روایت کی کہ میں نے اپنے بیٹے سنان کو دفن کیا اور ابوطلحہ خولانی قبر کے کنارے پر تھے پھر جب میں نے نکلنا چاہا تو انھوں نے میرا ہاتھ پکڑکر نکال لیا اور فرمایا کہ کیا میں تجھے خوشخبری نہ سناؤں پس یہ خوشخبری سنائی کہ ضحاک بن عبدرب نے ابوموسی رضی اللہ عنہ سے مجھسے روایت کی کہ ابوموسی نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آدمی کا فرزند مرتا ہے تو اللہ عزوجل اپنے ملائکہ سے فرماتا ہے کہ تمنے میرے بندے کا فرزند قبض کرلیا وہ عرض کرتے ہیں کہ ہاں پھر فرماتا ہے کہ تمنے اسکے دل کا پھل قبض کرلیا وہ عرض کرتے ہیں کہ ہاں پھر فرماتا ہے کہ پھر میرے بندے نے کیا کہا تو عرض کرتے ہیں کہ اسنے استرجاع کیا یعنے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا اور تیری حمد کی تو فرماتا ہے کہ اسکے لیے جنت میں ایک گھر بناؤ اور بیت الحمد اسکا نام رکھو (الترمذی) قال المترجم یہ قرینہ اس تفسیر کا ہے اور یہ تفسیر جو شافعی رح سے تفسیر مذکور ہے اسپر قبل واقعہ کے اللہ تعالے کا خبر دینا بھی دلالت کرتا ہے ولیکن شیخ ابن کثیر رح نے بعض مفسرین سے یہی تفسیر نقل کرکے کہا کہ وفی ہذا نظر واللہ اعلم اور جس پر یہ ہے کہ تفسیر عام ہے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اور جو شافعی رح سے مذکور ہے وہ داخل تفسیر ہے فافہم بالجملہ یہ سب امور ایسے ہیں کہ ایسی چیزوں سے اللہ تعالے اپنے بندوں کا امتحان فرماتا ہے پس جو انا للہ وانا الیہ راجعون صبر ہوا اسپر عذاب دنیاوی یا اخروی آتا ہے اور جسنے صبر کیا وہ ثواب پاتا ہے چنانچہ فرمایا **وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ** ۔ ای علی ما یصیبہم من المکروہ یعنے خوشخبری دے صابروں کو اس چیز پر جو انکو مکروہ پہونچا **خَوْف** یعنے جسکو وہ گرانی سے اٹھائے قال التفتازانی یہ عطف ہے لنبلونکم پر مگر یہ عطف مضمون پر مضمون ہوا اور معنے یہ ہیں کہ ابتلا تمھارے لیے ثابت ہوا اور اسیطرح بشارت تمکو ثابت ہے مگر مخصوص اسکو جسنے صبر کیا پھر صابروں کو بیان فرمایا کہ کون لوگ ہیں پس کہا **الَّذِيْنَ اِذَآ اَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْٓا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ** ۔ اور اسی لیے شیخ سیوطی رح نے ہم الذین کی تقدیر سے اشارہ کیا کہ الذین مرفوع ہے اور صابرین کی صفت نہیں ہے اور وجہ یہ ہے کہ اگر صفت قرار دیا جاوے تو بشارت مذکور ایسے صابروں کے واسطے مخصوص ہوجائیگی حالانکہ انا للہ وانا الیہ راجعون کہیں حالانکہ بشارت عام صابروں کے واسطے ہے پھر قولہ بشر الذین میں کسکو حکم ہے کہ بشارت دے جواب یہ کہ بشارت دینے کا خطاب یا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے اور آپ کی تبعیت میں اوروں کو ثابت ہوا اور یہی راجح ہے یا مراد ہر وہ شخص ہے جو بشارت دینے کی صلاحیت رکھتا ہو پھر مصیبت کسکو کہتے ہیں جواب یہ کہ مصیبت شامل ہے ہر مکروہ کو جو کہ انسان کو پہونچے خواہ چھوٹا ہو یا بڑا ہو کیونکہ ابوداؤد نے اپنی مراسیل میں روایت کیا کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ کل ما ساء المومن فہو مصیبۃ ۔ یعنے ہر ایسی چیز جو مسلمان کو ناگوار پیش آوے وہ مصیبت ہے اور طبرانی نے ابوامامہ سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جوتی کا قبار ٹوٹ گیا پس آپ نے انا للہ وانا الیہ راجعون کہا تو صحابہ نے عرض کیا کہ یہ مصیبت ہے یا رسول اللہ تو فرمایا کہ جو مومن کو پہونچے اس چیز سے کہ اسکو مکروہ جانے وہ مصیبت ہے اور لفظ اذا اصابتہم مصیبۃ میں اشارہ ہے کہ مصیبت پہونچنے کے وقت ہی یوں کہے اور حدیث میں بھی صحیح ہوا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الصبر عند الصدمۃ الاولی ۔ یعنے صبر وہی ہے جو صدمۂ اولی کے وقت ہو اگرچہ استرجاع کا ثواب بعد اسکے بھی ملتا ہے جیسا کہ عنقریب آتا ہے قال البیضاوی صبر فقط زبان سے استرجاع کہنے پر نہیں ہے بلکہ زبان دل دونوں سے ہو یا ایسا طور کرے وہ جسکے لیے پیدا کیا گیا ہے اسکو تصور کرے اور یقین کرے کہ وہ پروردگار کیطرف رجوع کرجانیوالا ہے اور اللہ تعالے نے جو اوپر نعمتیں بھیجی ہیں انکو یاد کرے تاکہ اسکو معلوم ہو کہ جو پس پردہ باقی ہیں وہ صدگونہ اس چیز سے زائد ہیں جو اس سے پھیر لی گئی ہے پس اسکے نفس پر یہ مصیبت آسان ہوگی اور قضاء کے واسطے سر جھکا دیگا اور جس شخص نے خالی زبان سے یہ لفظ کہی اور دل میں ثبوت نہیں تو یہ قبیح ہے اور معنے انا للہ وانا الیہ راجعون ۔ کے یہ ہیں کہ ہم واسطے اللہ تعالے کے ہیں یعنے اسی نے ہمکو پیدا کردیا اور ہم اپنے بندے و مملوک ہیں اور ہم اسیکی طرف پھر جانے والے ہیں پس جو شخص اسکو دل سے تصدیق کریگا اوپر کوئی چیز گران نہ گذرے گی اور طبرانی و ابن مردویہ نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میری امت کو ایک ایسی چیز دی گئی ہے جو اگلی

استرجاع

امتوں میں سے کسی امت کو نہیں دی گئی تھی اور وہ یہ کہ میری امت والے مصیبت کے وقت انا للہ وانا الیہ راجعون کہتے ہیں کیا تو نے قول یعقوب علیہ السلام کا یوسفؑ کے گم ہو جانے کے وقت نہیں سنا کہ کہا یا اسفی علی یوسف۔ اور یہ روایت سعید بن جبیر سے انکا قول بھی مروی ہے قال البیضاوی جس چیز کے ساتھ بشارت ایسے لوگوں کو دی گئی وہ بیان نہیں ہے محذوف ہے کیونکہ اسپر دلالت کرتا ہے قولہ تعالے۔ اولئک علیہم صلوات من ربہم ورحمۃ واولئک ہم المہتدون۔ ابن عباس رضؓ سے مروی ہے کہ صلاۃ یہاں بمعنے مغفرت ہے اور ترمذی رحؒ نے حضرت سفیان الثوری وغیرہ سے نقل کیا کہ صلوۃ اللہ تعالے کی طرف سے رحمت ہے۔ اور کشاف میں ہے کہ صلوۃ بمعنی رحمت و تعطف ہے پس بجائے رافت کے یہ لفظ رکھا گیا اور صلوۃ ورحمت کے درمیان جمع کیا گیا جیسے رافت ورحمت ورؤف ورحیم۔ اور معنے یہ ہیں کہ اپنے رافت بعد رافت ہے اور رحمت بعد رحمت ہے اور بیضاوی نے کہا کہ صلوات کو جمع فرمایا اس تنبیہ کے واسطے کہ اسکے انواع واقسام بہت ہیں اور رحمت سے مراد لطف واحسان ہے۔ وقال ابن کثیرؒ پس اللہ تعالے نے جو کچھ انکو استرجاع کہنے والے کا اعتقاد مضبوط رکھنے پر عطا کیا اسکی خبر دیدی اور فرمایا۔ اولئک علیہم صلوات من ربہم ورحمۃ۔ یہ اپنے اللہ تعالے کی طرف سے تعریف ہے اور سعید بن جبیرؒ نے فرمایا کہ اسکو عذاب سے بیخوف کر دیا اور فرمایا۔ واولئک ہم المہتدون۔ مفسر سیوطیؒ نے اتقان میں فرمایا کہ افظ رحمت قرآن مجید میں چودہ معانی کے واسطے آیا ہے اور یہاں مراد نعمت ہے اور یہ قول جیّد ہے جیسا کہ متدبر پر پوشیدہ نہیں ہے اور مہتدون راہ یافتہ ہیں طرف حق وصواب کے۔ قال ابن کثیرؒ اور حضرت امیر المومنین عمر بن الخطاب نے فرمایا کہ نعمت العدلان ونعمت العلاوۃ۔ یعنے بھلے اچھے ہیں دونوں عدل اور بھلی اچھی ہے علاوہ پس اولئک علیہم صلوات من ربہم ورحمۃ۔ دونوں عدل ہیں اور اولئک ہم المہتدون علاوہ ہے اور علاوہ وہ بار جو دونوں گونوں کے بیچ میں بڑھتی رکھ دیا جاتا ہے پس ایسے اچھے یہ لوگ ہیں کہ اپنا ثواب دے گئے اور اسپر اور بڑھتی دیا گیا قال المترجم اور اسمیں اشارہ ہے کہ ثواب اسقدر زیادہ دیا گیا کہ مثل بوجھ کے ہے اور تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ مصائب کے وقت۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ کہنے کے ثواب میں بہت احادیث آئی ہیں چنانچہ امام احمدؒ نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی کہ ایک روز ابو سلمہ رضی اللہ عنہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے آئے اور کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک بات سنی جس سے میں بہت خوش ہوا کہ آپنے فرمایا کہ مسلمانوں میں سے کسیکو کوئی مصیبت نہیں پہونچتی کہ وہ اس مصیبت کے وقت استرجاع کرے پھر کہے کہ۔ اللہم اٰجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منہا۔ یعنے ای میرے رب پناہ دے تو مجھے میری مصیبت میں اور میرے لیے اسکے پیچھے تو اس سے بہتر کر دے جو مجھسے جاتا رہا مگر اللہ تعالے اسکے ساتھ ایسا ہی کرتا ہے۔ کہا ام سلمہؓ نے کہ میں نے اس سے یہ حدیث حفظ کر رکھی تھی پھر جب ابو سلمہؓ نے وفات پائی تو میں نے اس مصیبت میں استرجاع کیا اور کہا۔ اللہم اجرنی فی مصیبتی واخلف لی خیرا منہا پھر میں نے اپنے دل کی طرف رجوع کی اور کہا کہ مجھے ابو سلمہؓ سے بہتر کہاں سے ملیگا پھر جب میری عدت کے دن پورے ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے پاس آنے کی اجازت مانگی اور میں اسوقت اپنے ایک چمڑے کو دباغت کرتی تھی پس میں نے قرظ سے اپنے ہاتھ دھو ڈالے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو آنے کی اجازت دی اور آپ کے بیٹھنے کو ایک چمڑے کا گدا جسکے اندر لیف خرما بھرا تھا ڈال دیا پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسپر بیٹھے پس آپ نے اپنے واسطے مجھے خطبہ کیا پھر جب آپ کہہ چکے تو میں نے کہا کہ یا رسول اللہ مجھے کیا ہے کہ آپ کی طرف رغبت نہ ہووے ولیکن میں ایسی عورت ہوں کہ مجھ میں سخت غیرت بھری ہے پس مجھے خوف معلوم ہوتا ہے کہ آپ مجھسے کوئی ایسی بات دیکھیں جسکے سبب مجھے اللہ تعالے عذاب کرے اور میں ایسی عورت ہوں کہ سن بھی میرا آچکا اور میں عیال دار ہوں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ جو تو نے غیرت کا حال بیان کیا تو قریب ہے کہ اسکو اللہ تعالے دور کر دیگا اور یہ جو سن کا ذکر کیا تو میرا سن بھی اتنا ہی پہونچا ہے جتنا تیرا ہے اور یہ جو تو نے عیال کا ذکر کیا تو تیرے عیال وہ میرے عیال ہونگے پس ام سلمہؓ نے اپنے آپ کو حضرت کے سپرد کیا پس حضرت نے ام سلمہؓ سے نکاح کیا پھر ام سلمہؓ نے بعد کو بیان کیا کہ مجھے اللہ تعالے نے ابو سلمہؓ سے بہتر بدلے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ

وسلم کو دیا۔ اور صحیح مسلم رح کی روایت میں ام سلمہ رض سے اس حدیث میں اختصار کے ساتھ استرجاع کا حکم یوں مروی ہے کہ میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سنا پس شاید کہ ابوسلمہ رض سے پہلے سنا تھا پھر خود بھی حضرت سے سنا یا پوچھ لیا ہو اور امام احمد نے حضرت حسین بن علی رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں ہے کوئی مسلمان مرد یا عورت کہ کسی مصیبت میں مبتلا ہو پس اسکو یاد کرے اگرچہ اسکا زمانہ دراز گذر چکا ہو پس اسکے واسطے از سر نو استرجاع کہے مگر یہ کہ اللہ تعالے اسکو ایسا کرنے پر نئے سر سے ویسا ہی اجر دیگا جیسا کہ مصیبت پہونچنے کے روز اسکو اجر دیا تھا اور ابن ماجہ نے اسکو اپنے سنن میں بھی بسند جید حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے اور امام احمد نے من طریق حماد بن سلمہ عن ابی سنان روایت کی کہ ابوسنان نے کہا کہ میں نے اپنا ایک بیٹا دفن کیا اور میں ہنوز قبر کے اندر تھا کہ ابوطلحہ خولانی نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے باہر نکال لیا اور مجھسے کہا کہ کیا میں تجھے بشارت نہ دوں تو میں نے کہا کہ ہاں بشارت دو تو کہا کہ مجھسے حدیث بیان کی ضحاک بن عبدالرحمن بن عرزب نے ابوموسی رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ اے ملک الموت تو نے میرے بندے کا فرزند قبض کیا تو نے اسکا قرۃ العین و اسکے دل کا پھل قبض کیا تو ملک الموت نے عرض کیا کہ ہاں تو اللہ عزوجل نے فرمایا کہ بندے نے کیا کہا تو ملک الموت نے عرض کیا کہ تیری حمد کی اور استرجاع کیا تو اللہ عزوجل نے فرمایا کہ اسکے واسطے جنت میں ایک گھر بناؤ اور بیت الحمد اسکا نام رکھو اور امام احمد نے اسکو من طریق عبداللہ بن المبارک روایت کیا جسمیں یوں ہی مذکور ہے اور ایسا ہی ترمذی نے سوید بن نصر عن ابن المبارک اسکو روایت کیا اور کہا کہ حدیث حسن غریب ہے اور ابوسنان کا نام عیسی بن سنان ہے۔ اور امام بغوی نے اپنی اسناد سے ابوہریرہ رض سے مرفوعا روایت کی کہ جسکے ساتھ اللہ تعالے خیر چاہتا ہے اسکو کچھ مصیبت دیدیتا ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ کے طریق سے ابوہریرہ رض سے مرفوعا روایت کی کہ نہیں پہونچتا ہے مسلمان کو نصب سے اور نہ وصب سے اور نہ ہم سے اور نہ حزن سے اور نہ اذی سے اور نہ غم سے حتی کہ ایک کانٹے سے جو اسکو چبھ جائے مگر کہ اللہ تعالے اس مصیبت کے بدلے اسکے گناہوں کو کفارہ کر دیتا ہے اور حضرت ابوہریرہ سے مرفوعا روایت کی کہ ایک عورت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی جسکے لم تھا پس اسنے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ میرے لیے اللہ تعالے سے دعا فرماویں کہ اللہ تعالے مجھے اس سے شفا دے تو فرمایا کہ اگر تو چاہے تو میں تیرے لیے اللہ تعالے سے دعا کروں کہ تجھے شفا دے اور اگر تو چاہے تو صبر کر اور تجھ پر کچھ حساب نہیں تو وہ عورت بولی بلکہ میں صبر کرتی ہوں اور مجھ پر حساب نہ ہو۔ اور ابوہریرہ سے مرفوعا روایت کی کہ مومن مرد اور عورت کو برابر بلاء اسکی جان و مال و اولاد میں پہونچتی رہتی ہے یہانتک کہ وہ ملتا ہے اللہ تعالے سے ایسے حال میں کہ اسپر اسکے گناہوں میں سے کچھ نہیں ہوتا ہے اور سعد بن ابی وقاص سے مرفوعا روایت کی کہ مومن کا بھلا حال ہے کہ اگر اسکو بھلائی پہونچے تو اسنے اللہ تعالے کی حمد و شکر کیا اور اگر اسکو مصیبت پہونچی تو اللہ تعالے کی حمد کی اور صبر کیا پس مومن اپنی ہر بات میں اجر دیا جاتا ہے یہانتک کہ اس لقمہ کا بھی اسکو ثواب ملتا ہے جو اپنی عورت کے منہ میں دیتا ہے ف۲ شیخ نے عوارف البیان میں کہا کہ قولہ تعالے ولنبلونکم بشیء من الخوف الجوع ونقص من الاموال الانفس الثمرات خوف اس مقام پر سات قسام سے ہے ایک نفس سے خوف دوم شیطان سے سوم کفار سے چہارم دوزخ سے پنجم فراق وطن سے ششم خوف جاہ و مقام و تعظیم و اجلال اہل زمان کی تفصیل اسطرح ہے کہ خوف نفس و طبیعت کی نامردی ہے جو بشریت کی کمزوری سے گوندھی ہوئی ہے جسکو بندگی کے مقام پر پہنچنے کے امتحان کے لیے اللہ عزوجل کا قہر ہیجان میں لاتا ہے تاکہ اسکی بشریت کی رعونتوں سے اسکی محبت کی سچائی ظاہر ہو جاوے اور بندے پر خوف اسکی تمام عمر میں زائل نہیں ہوتا اسلیے کہ یہ اسکے نفس کی صفت ہے اور نفس ہمیشہ جہالت کا اور اپنے مولی کے وعدوں و عید کی سچائی پہچاننے کی قلت کا ٹھیا ہے الا جب ہی ایسا نہیں ہوتا ہے کہ صفت یقین کی ساتھ اپنے کی آنے کی روشنی میں اسکو حقیقت حال منکشف کر دے اور غالب اس مقام میں خطرات رہتے ہیں اور اس خوف نفس کی تفصیل یہ ہے کہ اسکو رفیق چاہیے رہنے کا ناحق خوف کرنا ہے اور مجاہدہ سے اسکی نفرت کرنا یا خوف ہوتا ہے اور آخرت کے معاملات میں اللہ تعالے کے وعدوں میں اسکے بضرر ہونے کا خوف ہے۔ رہا وہ خوف جو شیطان کی طرف سے ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ یہ دشمن ایسے بندے کو جو حق کا طالب ہے اسکو دنیا ترک کرنے میں واہی فقیری اور

امراض دور کرنا اور مجاہدہ کرنے میں تلف نفس کا اور دنیا کے باندر رہتے جاتے رہنے کا خوف دلاتا ہی اور یہ اللہ تعالے کی طرف سے اپنے نیک بندوں کے لیے امتحان ہی تاکہ انکے لیے وہ ثواب دے جو اپنے دشمن سے انکے لڑنیکا بدلا اپنے کرم سے مقرر فرمایا ہی اور انکی سچی نیتیں اپنے مقامات میں ظاہر ہوں جیسا بنی اپنی نیت کے موافق ہر ایک کا مقام دوزخ میں ہو اور رہا خوف کفار کا تو وہ اسطرح ہی کہ اگر لڑائی میں قتل ہوے تو صورت زائل ہو جائیگی اور زندگی منقطع ہو جائیگی اور چوٹ اٹھانے میں صورت بگڑ جائیگی اسواسطے کہ انسان اپنی زندگی کو بہت چاہتا ہی اور اپنی موت سے بھاگتا ہی پس اللہ تعالے اسکو کافروں کے خوف سے امتحان دیتا ہی تاکہ ظاہر ہو جاے کہ کون شخص ملاقات الٰہی کو اپنی زندگی سے زیادہ چاہتا ہی جیسا کہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ فتمنوا الموت ان کنتم صادقین یعنے پس تمنا کرو موت کی اگر تم سچے ہو۔ اور رہا خوف دوزخ کا تو وہ نفس امارہ کے لیے لگام ہی کہ اگر ایسا کیا تو قہر حق کی سخت گرفت میں گرفتار ہوگا اور یہ خوف لگا ہوا ہی تاکہ آداب و افعال میں کوتاہی نہ کرے اور بڑے اخلاق سے دور رہے اور عوارض بشری اور طبیعت کی پلیدی اور شہوتوں کی تندی اور کبیرہ گناہوں میں پڑنے کی مجبوری سے بچے اور نیز اللہ تعالے نے اسکو دوزخ کا خوف دیکر امتحان کیا اسلیے کہ دوزخ کا خوف بھی ان پردوں میں سے ایک پردہ ہی جو بندہ اور پروردگار عزوجل کے درمیان میں قال المترجم اشارہ یہ ہی کہ بندہ کا خلوص اللہ تعالے کے واسطے جب ہی تمام ہو کہ اسکے واسطے عبادت کرے بلکہ اسکا ہو رہے جسمیں کوئی لگاؤ کسی قسم کا کسی چیز کی طرف نہو پس جب ایک شخص نے دوزخ کے خوف سے عبادت کی تو اسکی بندگی میں ایک داغ یہ رہا کہ اسکے جسنے خالص رضاے الٰہی کے واسطے عبادت کی اور یہ مرتبہ آخر میں حاصل ہوتا ہی کیونکہ اول میں اللہ تعالے و اسکے رسول کی تصدیق کی کہ جنکو انہوں نے فرمایا ہی کہ نیکوکاروں کو جنت اور بدکاروں کو دوزخ ہی اور یہ امر واقعی ہی پھر اسکو صفات الٰہی کی تعلیم سے اصل حقیقت لا الہ الا اللہ معلوم ہوئی اور یہی مقام شہادت سری کا ہی پس ملکوتیت کا مقام عبادت بدون خوف دوزخ ہی کیونکہ وہ شہوتوں سے بالکل پاک ہی پس انکی عبادت و خوف محض جلال ذات عزوجل کے واسطے خالص ہی فافہم۔ اور رہا خوف فراق تو یہ خوف بندوں کے دلوں میں جب تک وہ دنیا میں موجود ہیں برابر لگا رہیگا قال المترجم یعنے نیک بندوں کو یہ خوف برابر رہتا ہی کہ ایسا نہو کہ کوئی امر خلاف ادب سرزد ہو جس سے وہ صراط مستقیم سے مردود کر دیے جاویں اور ولی و نزدیک ہونیکا مرتبہ جو انکو ایمان لانے سے حاصل ہوا ہی اس سے دور کر دیے جاویں اور یہ خوف اپنے اپنے مرتبہ پر ہی چنانچہ جو لوگ کم پایہ ہیں انکو کم خوف ہی اور جس قدر ایمان کامل اور تقرب زائد ہی اسیقدر انکو خوف بے انتہا ہی اور حدیث میں ہی کہ مزہ ایمان کا اسی نے پایا جو اسکے جلتے رہنے سے ایسا خوفناک ہو جیسے وہ شخص جو آگ سے نکالا گیا پھر آگ میں ڈالے جانے سے ڈرتا ہی اور امام بخاری کے متعلق روایت کا مضمون یہ کہ بہت سلف ایسے تھے کہ اپنے اوپر یہ خوف کرتے تھے کہ ہم منافق تو نہیں ہیں اور اس باب میں ایک جماعت سلف کی حکایات ہیں اور جنید رحمۃ اللہ سے حکایت ہی کہ ایک بھوکے پیاسے کتے کو روٹی پانی دیا اور وہ کہنے لگے کہ اگر جنید کا خاتمہ بخیر ہو تو وہ اس کتے سے بہت اچھا ہوگا اگر خدانخواستہ بیایمان دنیا سے جاوے تو وہ اس کتے سے کہیں بدتر ہوگا کہ باوجود اس نجاست کے کتے کو آگ میں نہ ڈالینگے اور حدیث میں آیا ہی کہ بنی اسرائیل میں ایک فاحشہ عورت تھی جسنے اسی طرح بدحال کتے کو غذا دی تو وہ اپنے وقت کے پیغمبر کی زبان پر بخشی گئی اور دوسری حدیث میں ہی کہ ایک عورت جسنے ایک بلی کو بند کر کے نہ پانی مارڈالا تھا عذاب میں گرفتار ہوئی بالجملہ یہ خوف فراق بڑا خوف ہی قال الشیخ اور یہ اللہ تعالے کی طرف سے بڑا امتحان ہی تاکہ مراد کی طلب کرنے میں اپنی جان تک صدقہ کرنے سے کوشش کریں اور تمام مخلوقات سے الگ ہو جاویں تاکہ بدون صفات نفسانی اور عوارض بشری کے امن کے مقام میں پہنچ جاویں۔ رہا خوف حجاب تو وہ اسطرح ہی کہ عنایت ربانی رعایت کے ساتھ اہل محبت کے اسرار کو ہیجان و حرکت میں لاتی ہی تاکہ وہ لوگ درحالیکہ اس خوف سے بھرے ہوتے ہیں اس عنایت سے حق عزوجل کیطرف بھاگتے ہیں کیونکہ وہی جانتے ہیں کہ ہم لوگ اس بات سے حق عزوجل کی طرف سے امتحان کیے گئے ہیں۔ رہا خوف تعظیم و اجلال تو مشاہدہ کے مقام میں مکاشفہ والوں کے لیے حق عزوجل کی طرف سے امتحان ہی تاکہ ظاہر ہو جاوے کہ وہی لوگ مقام انبساط میں صدمہ صمدیت کی حالت میں اور نعت عزت کے ساتھ

قہر کبریائی کی صورت مین مخلوقات سے باز رہتے ہین یا نہین اور رہا خوف جوع یعنے بھوک سو یہ ایسا ہی کہ اللہ تعالے اس سے اپنے اولیاء کا امتحان فرماتا ہی تاکہ انکو بشریت کی کدورتون اور طبیعت کے میل کچیل سے پاک کرے اور انکے نفسانی پردون کو جلادے جو انکے دلون کے اور اسرار آخرت کے درمیان پڑے ہین حالانکہ یہ اسرار آخرت ایسے ہین کہ ظاہری آنکھون کے دیکھنے سے پوشیدہ ہین پس یہ خوف جوع انپر لازم کردیا تاکہ انکے تینون کے عنوان سے انکی رضاے آلہی کی سچی چاہ کھل جاوے اور نیز اس جوع کی حقیقت اس مقام پر عارفون کے نزدیک قلب کی بھوک ہی جو غذاے وصال کی نہ رہنے کے وقت مشاہدہ کی خواہش سے پیدا ہوتی ہی پس انکو اپنے مشاہدہ کی طرف بھوکا کردیا اور اپنے شوق کی پیاس سے انکے جگر جلادیے تاکہ وصال کو چاہتے ہوے جبروت کے خیمون کے دروازون پر جلد آوین اور عالم ملکوت سے انوار قدم مین جل جاوین - اور رہا نقص اموال تو یہ نقصان اس چیز کا ہی جو انھون نے اپنے مالک کے ساتھ تجارت کرنے مین حاصل کیا یعنے بلند درجے اور مقامات اور حالات کیونکہ حقیقت سے عارفون کا مآل یہی ہی قال المترجم فرمایا اللہ تعالے نے ان اللہ اشتری من المومنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ - البتہ خریدا اللہ نے مومنون سے انکے مالون و جانون کو اس عوض پر کہ انکے واسطے جنت ہی اور بعض محققین نے فرمایا کہ جنت سے جو ظاہر نعمتون کا تبادر ہوتا ہی اسکے مقابلہ مین فرمایا ورنہ جنت مین اعلی نعمت رضاے آلہی ہی قلت حدیث مین یہ مضمون ہی کہ آخر مین ان نعمتون کے بعد اہل جنت سے فرماویگا یعنے حق عزوجل کہ تمھارے لیے یہ نعمت ہی کہ مجھ سے راضی ہوا کبھی غصہ نہونگا اور اس سب سے بڑی نعمت دیدار آلہی ہی - اور قولہ الحسنی وزیادۃ - کی تفسیر مین متواتر اخبار و آثار سے دیدار آلہی ثابت ہی فافہم - رہا نقص النفس سو یہ نقصان نفس مطمئنہ کا ہی حقیقی یقین کرنے مین مشاہدہ قربت تک پہونچ جانے سے معاملہ آخرت مین نعت فرصت کے ساتھ اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ نفس امارہ کا نقصان مراد ہو کہ وہ اپنی الفت کی چیزون سے ٹوٹے مین رہے اور اپنے حق مین یہ نقصان کرے کہ مولی نے جو اپر احسانات کیے ہین انکو نہ دیکھے اور خود جس شخص مین ہی اسکو پروردگار کی طاعت مین مجاہدہ کرنے سے رنج مین ڈالے اور رہا نقص ثمرات سو یہ ثمرات یعنے پھل ان درختون کے ہین جو کرامات عالیہ اور مقامات و درجات سنیہ کے بلند درخت ہین اور یہ سب امتحانات اللہ تعالے کی طرف سے اپنے اولیاء کے حق مین اسوقت ہوتے ہین جب وہ ازلیت کے جنگل اور وحدانیت کے میدانون مین اپنے اسرار سے سیر کرتے اور مقامات طے کرتے ہین پس انکو ان امور مذکورہ سے امتحان فرمایا تاکہ مشاہدہ حق عزوجل کی طلب مین انکا سچا ارادہ ظاہر ہوجاوے اور اس سے یہ ہوتا ہی کہ سچے شوق کی آگ اور بھڑک اٹھتی ہی اور جذبۂ حق کی خوشبودار ہوا اور وصل کی ٹھنڈی ہلکی ہوا انکو لیے جاتی ہی پس حال یہ ہو جاتا ہی کہ وہ لوگ اپنے مقصود کی طلب مین اس آگ مین جلکر فنا ہوجاتے ہین اسلیے کہ حقیقت قربت حاصل ہونے کی شرط یہ ہی کہ سابقین و مقتصدین کی روحین جلال مشاہدہ کے انوار مین جل جاوین - قولہ تعالے - وبشر الصابرین - یعنے بشارت دیدے صابرون کو کہ میرے امتحان مین پورے اترنے کے بعد وے اپنے مقصود کو پاجاوینگے - قولہ تعالے الذین اذا اصابتھم مصیبۃ - یعنے ان مصیبتون مین سے جب کوئی مصیبت انکو پہونچی تو میرے قہر سے بھاگے بھی تو میرے لطف کی گود مین اور انھون نے اپنی جانون کو مجھے سونپ دیا کہ جو چاہون وہ انکے حق مین حکم دون اور یہی اللہ عزوجل نے اپنے خاص بندون کی حکایت فرمایا - قالوا انا للہ وانا الیہ راجعون - شافعی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ خوف یہان دشمن کا خوف ہی اور جوع سے رمضان کی بھوک ہی اور نقص اموال یہ زکوۃ ہی اور نقص انفس بیماریان ہین اور ثمرات و دیگر صدقات ہین اور بشر الصابرین یعنے خوشخبری دیدے جنت کی انکے ادا کرنے پر صبر کرنے والون کو قولہ تعالے - اولئک علیھم صلوات من ربھم ورحمۃ - یعنے انپر مشاہدہ حق تعالے کے انوار کی برکتین ہین اور انسے امتحان دور ہونے کی رحمت ہی قولہ تعالے - واولئک ھم المھتدون راہ پائے ہوے ہین مقام امن کی طرف خالص نور قدس وصان جملہ انس مین حالانکہ اس سے پہلے اس مقام سے اوٹ مین پڑے تھے مفصل - بالجملہ اللہ تعالے اپنے بندگان صالحین کو انواع مصائب مین امتحان فرماتا ہی اور یہ درحقیقت اسکے قبضہ

قدرت کی تطورات ہین تاکہ صدق ظاہر ہو اور یہ عادت قدیمی متوارث ہو حتی کہ حضرت ابراہیمؑ کو آزمایا کہ اپنی عمر کے اکلوتے فرزند حضرت اسمعیلؑ کو قربت العتیق کے بے آب وگیاہ مقام مین ڈال جاوین اور انھون نے بھی کیا اور حضرت آجرہ انکی والدہ نے اللہ تعالے پر بھروسا کیا حتی کہ اسمعیلؑ پیاس سے تڑپ کر جان دینے لگے اور اسوقت اس مقام متبرک کے مشاعر قدرت سے کچھ آگاہی نہ تھی حتی کہ انھون نے صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا شروع کیا اور اللہ تعالے نے اس سعی کو مشکور فرما کر مشروع کر دیا اور مصیبت کو اس نعمت عظیمہ سے بدل دیا اور کل خوف دور ہو گیا اور چونکہ صحابہ انصار رضی اللہ عنہم اس حال سے واقف نہ تھے تو انھون نے بتون کے خیال سے حج مین صفا و مروہ کی سعی کو گران جانا تو اللہ تعالے نے آگاہ فرمایا کہ تم پر یہ شرع ایک امتہ صالحہ کی مصیبت کے بعد رحمت کاملہ سے مشروع ہوئی ہے قال تعالے

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ ۖ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا

صفا اور مروہ جو ہین نشانی ہین اللہ کی پھر جو کوئی حج کرے اس گھر کا یا زیارت تو گناہ نہین اسپر کہ طواف کرے ان دونون ہین

وَمَن تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ

اور جو کوئی شوق سے کرے کچھ نیکی تو اللہ قدردان ہے سب جانتا

جاننا چاہیے کہ خانہ کعبہ بیت عتیق ہے کہ حضرت آدمؑ نے اسکا حج کیا اور حضرت ابراہیمؑ کے بعد سے لوگ برابر اسکا حج کرتے تھے اور حضرت موسیٰؑ نے بھی اسکا حج کیا ہے پس اسکا بیت اللہ عزوجل ہونا کبھی نہین گیا کہ بیت المقدس قبلہ ہونے کی حالت مین بھی باقی تھا بخلاف بیت المقدس کے کہ اب اسکا طواف نہین جائز ہے پس حضرت ابراہیمؑ کے بعد جب لوگ برگشتہ ہوے تو انھون نے حج مین جاہلیت کی بہت سی باتین شامل کر دین جس سے یہ تمیز نہ رہی کہ کون اصلی مناسک ہین اور کون رسوم جاہلیت ہین از انجملہ صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا بھی مسلمانون پر مشتبہ ہوا پس اللہ تعالے نے بیان کر دیا کہ یہ دونون شعائر اللہ سے ہین حیث قال عزوجل ۔ إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِن شَعَائِرِ اللَّهِ ۔ البتہ صفا و مروہ تو شعائر الٰہی سے ہین ۔ ف یعنے معالم تعظیم ہین اگرچہ بت پرستون نے بجاے توحید کے یہان بت رکھے اور انکی تعظیم و ارادی پس تم لوگ بتون کو دور کر کے بدستور تعظیم الٰہی عزوجل ادا کرو ۔ فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ أَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ أَن يَطَّوَّفَ بِهِمَا ۔ پس جو کوئی حج کعبہ کرے یا عمرہ کرے تو اسپر گناہ نہین کہ ان دونون کا طواف کرے ۔ ف امام احمد نے مسند مین من طریق الزہری عن عروہ عن عائشہؓ روایت کی کہ عروہ نے کہا کہ مین نے حضرت عائشہؓ سے کہا کہ آیا آپ دیکھتی ہین کہ اللہ نے فرمایا کہ ۔ ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ فمن حج البیت او اعتمر فلا جناح علیہ ان یطوف بہما ۔ پس واللہ کسی پر گناہ نہین کہ ان دونون کے درمیان طواف نہ کرے تو حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ اے میری بہن کے لڑکے تو نے بڑی بری بات کہی کیونکہ اگر آیت مین یہی مراد ہوتی جو تو نے تاویل کی ہے تو یون ہوتا کہ فلا جناح علیہ ان لا یطوف بہما ۔ پس تحقیق بات یہ ہے کہ انصار لوگ مسلمان ہونے سے پہلے مناط طاغیہ کے لیے اہلال کرتے جسکو پوجتے تھے جو کہ مشلل کے پاس رکھا تھا اور جو کوئی اسکے واسطے اہلال کرتا تھا وہ گناہ جانتا کہ صفا و مروہ کے درمیان سعی کرے پس انھون نے بعد اسلام کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکو دریافت کیا اور کہا کہ یا رسول اللہ ہم لوگ جاہلیت کے زمانہ مین صفا و مروہ دوڑنا گناہ جانتے تھے پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ فمن حج البیت او اعتمر فلا جناح علیہ ان یطوف بہما ۔ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونون کے درمیان طواف کرنیکو شرع مقرر فرما دیا ہے پس کسیکو روا نہین ہے کہ ان دونون کے درمیان طواف کو چھوڑے ۔ اس حدیث کو بخاری و مسلم نے بھی روایت کیا ہے اور زہریؒ کی ایک روایت مین ہے کہ مین نے یہ حدیث شیخ ابوبکر بن عبدالرحمن بن الحارث بن ہشام سے بیان کی تو انھون نے کہا کہ البتہ یہ علم ہے کہ مین نے اسکو نہین سنا اور مین نے چند اہل علم سے سنا جو بیان کرتے تھے کہ لوگ سوا رافع کے گوش

جنکا ذکر حضرت عائشہ نے فرمایا ہی یوں کہتے کہ ان دونوں پتھروں کے درمیان ہمارا طواف کرنا امر جاہلیت مین سے ہی اور دوسرون نے جو انصار مین سے تھے یون کہا کہ ہمکو تو بیت اللہ کے طواف ہی کا حکم دیا گیا ہی اور ہمکو صفا و مروہ کے درمیان طواف کا حکم نہین دیا گیا ہی پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ شیخ ابوبکر بن عبدالرحمن بن الحارث نے کہا کہ پھر شاید یہ آیت ان لوگون اور ان لوگون دونون فریق کے حق مین اتری ہی اور امام بخاری نے عاصم بن سلیمان سے روایت کی کہ مین نے انس بن مالک سے صفا و مروہ کو پوچھا تو کہا کہ ہم لوگ جانتے تھے کہ یہ امر جاہلیت سے ہی سو جب نزول اسلام آیا تو ہم اسکے درمیان سعی کرنے سے رک رہے پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا کہ ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ اور قرطبی نے اپنی تفسیر مین ابن عباس سے روایت کی کہ شیاطین جاہلیت مین صفا و مروہ کے درمیان پھیلے رہتے اور ان دونون کے درمیان بت رکھے تھے جنکو جاکر مسح کرتے پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو لوگون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ان دونون کے بیچ مین طواف کرنے کو دریافت کیا تب یہ آیت اتری قال المترجم شاید کہ سبب نزول اس آیت کا یہ سب سوال ہوے ہین اور مفسر سیوطی نے مقدمہ مین بیان کیا ہی کہ ایک آیت کے سبب نزول کئی واقع ہو سکتے ہین پس ایسی آیتون مین سے یہ بھی ہو واللہ اعلم اور معالم مین ہی کہ صفا جمع صفاۃ مثل نواۃ و نوی و حصاۃ و حصی وغیرہ۔ و قال ابو البقا اسکا الف مبدل از واو ہی لقولہم صفوان۔ اور لغت مین اسکے معنے چکنا کڑا پتھر اور مروۃ واحد ہی اسکی جمع مروات و مروآتی ہی اور معنے اسکے نرم پتھر ہین آور بعض نے کہا کہ دونون کے لغوی معنے ایک ہین اور لغوی نے کہا کہ یہان اللہ تعالے نے ان دونون لفظون سے وہ پہاڑ مراد لیے ہین جو کہ ہین اس نام سے معروف ہین بسبب اسطے الف لام داخل ہوا ہی اور شعائر جمع شعیرۃ بمعنے علامت پس جو جگہ ایسی ہو جس سے اللہ تعالے کی طرف تقرب ہوتا ہی مثل دعا و نماز و قربانی وغیرہ کے وہ شعیرہ ہی لہذا طواف و وقوف و قربانی کی جگہین سب شعائر اللہ ہین اور شعائر سے مراد یہان وہ مناسک ہین جنکو اللہ تعالے نے اپنی طاعت کے لیے اعلام مقرر دیا ہی پس صفا و مروہ انھین مناسک مین سے ہین کہ انکا طواف کرنا طاعت و تقرب ہی اور قرطبی نے ذکر کیا کہ صفا کو مذکر فرمایا کیونکہ آدم علیہ السلام کے کھڑے ہونے کی جگہ ہی اور مروہ کو مونث کیا کہ حوا علیہا السلام کے کھڑے ہونے کا مقام ہی اور اس بیان بالا سے کچھ حاجت نہین رہتی ہی کہ تقدیر کلام مین طواف الصفا والمروۃ یا سعی الصفا والمروۃ لی جاوے کما قال ابو البقا قائل اور تفسیر ابن کثیر مین ہی کہ اللہ تعالے نے ظاہر فرمادیا کہ صفا و مروہ کے درمیان طواف منجملہ شعائر اللہ کے ہی اس چیزون مین سے ہی جنکو اللہ تعالے نے حضرت ابراہیم کے لیے مناسک حج مین مشروع کر دیا تھا اور اوپر حدیث ابن عباس مین گذر چکا ہی کہ اس طواف کی اصل حضرت ہاجر والدہ اسمعیل علیہ السلام سے ماخوذ ہی کہ جب حضرت ابراہیم ان دونون کو یہان چھوڑ گئے اور یہان کوئی نہ تھا اور انکے پاس جو دانہ پانی تھا سب خرچ ہو گیا اور حضرت ہاجر کو اپنے فرزند کے تلف ہونیکا خوف ہوا تو وہ صفا و مروہ کے درمیان نہایت متردد و مضطر و خائف اور اللہ تعالے کی جناب مین محتاجی کے ساتھ ملتجی و دعوتی تھین یہانتک کہ اللہ تعالے نے رحم سے انکی سختی و تکلیف و غربت کو دور کیا پس جو شخص ان دونون کے بیچ مین دوڑے اسکے پیش نظر اپنی فقیری و ذلت و محتاجی اس امر کے ساتھ ہو کہ اللہ تعالے اپنے کرم سے اسکو راہ راست کی ہدایت کرے اور اسکے دل کو صلاحیت دے اور گناہ عفو کر دے اور یہ خصلتین اس سے دور کر دے اور اپنی مرضی پر ثابت رکھے قال المترجم مفسرین نے کہا کہ اہل اسلام کا اسپر اجماع ہی کہ صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا مشروع ہی مگر اختلاف اسمین ہی کہ رکن ہی یا واجب ہی یا مستحب ہی پس شافعی نے کہا کہ رکن ہی یعنے ایسا واجب ہی کہ اسکے جاتے رہنے سے حج نہوگا اور کسی طرح جبر نقصان نہین ہو سکتا اور دلیل انکی وہ حدیث ہی کہ جسمین آیا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے تم پر یہ سعی لکھدی ہی اسکو بیہقی و امام احمد و ابن المنذر و ابن قانع و ابن سعد نے حبیبہ بنت ابی تجراۃ سے روایت کیا اور طبرانی نے ابن عباس سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ اللہ تعالے نے تم پر سعی لکھدی ہی پس سعی کرو اور مسلم وغیرہ نے عائشہ سے روایت کی کہ حضرت عائشہ نے کہا کہ مجھے اپنی عمر کی قسم کہ نہ پورا کیا اللہ تعالے نے حج اسے شخص کا جسنے صفا و مروہ کے بیچ مین سعی نہ کی اور نہ ایسے شخص کا عمرہ کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ

اور نیز حدیث حضرت عائشہ ہے جو سبب نزول کے بیان میں گذری اور یہی مذہب مشہور امام مالک کا اور ایک روایت امام احمد سے ہے قال المترجم بعض نے کہا کہ - فلا جناح پر ختم کلام اور علیہ ان یطوف سے شروع ہے ذکرہ ابو البقا پس اسمیں بھی دلیل ہے کہ یہ طواف اسپر واجب ہے مگر محققین نے اس طرح قرارت پر طعن کیا ہے انمیں سے شیخ ابن الجزری ہیں اور حق یہ ہے کہ تقدیر کلام یوں ہے - فلا جناح علیہ ان یطوف بہما - اور اس تقدیر پر اس کلام سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جسنے حج یا عمرہ کیا اسپر صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنے میں گناہ نہیں ہے یعنے وہ مختار ہے اور چونکہ بالاتفاق یہ سعی مباح نہیں ہے اور نیز اللہ تعالے نے فرمایا کہ من شعائر اللہ - تو یہ سعی مندوب و مستحب ہوگی جیسا کہ مذہب ابن عباس رضؓ و انس رضؓ و ابن عمر رضؓ کا ہے اور امام احمد و مالک سے ایک روایت میں و ثوری و شعبی و ابن سیرین سے یہی قول مذکور ہے اور بیضاوی نے کہا کہ یہ قول ضعیف ہے اسواسطے کہ گناہ کی نفی اس جواز پر دلالت کرتی ہے جو معنے وجوب میں داخل ہے پس اس سے وجوب باطل نہیں ہوتا ہے کیونکہ کہا جاتا ہے کہ واجب ہے حرام نہیں ہے اور امام ابو حنیفہ رحؒ سے بعضوں نے استحباب کا قول نقل کیا مگر اصح ہمارے نزدیک یہ ہے کہ امام ابو حنیفہ رحؒ نے کہا کہ وہ واجب ہے رکن نہیں ہے چنانچہ اگر اسکو عمداً یا سہواً ترک کیا تو قربانی دیکر جبر نقصان ہو سکتا ہے اسلیے کہ آیت تو مستلزم خبر ہے اور حضرت عائشہ و انس رضؓ سے جو سبب نزول مروی ہے اس سے بھی وجوب نہیں ثابت ہوتا ہے ہاں وہ حدیث جو شافعی وغیرہ نے روایت کی دلیل واجب ہے لیکن چونکہ خبر آحاد ہے اس سے رکن ہونا نہیں ثابت ہو سکتا ہے کیونکہ رکن تو قطعی دلیل سے ثابت ہوتا ہے پس اگر مان لیا جاوے کہ حدیث مذکور [illegible] قطعی ہے تو بحسب دلالت قطعی نہیں جس سے رکن ہونا ثابت نہیں ہوتا پس ہمنے آیت و حدیث کو جمع کرکے کہا کہ صفا و مروہ کے درمیان طواف کرنا واجب ہے مگر ایسا واجب کہ اگر فوت ہو جاوے تو قربانی دیکر جبر نقصان کر دیا جاسکتا ہے اور حج و عمرہ تمام ہو جائیگا پس مذہب شافعی کے معارض ہے قول اجلہ صحابہ مثل ابن عباس و ابن عمر و انس رضؓ وغیرہ کا جیسا کہ ظاہر ہوا - پھر جاننا چاہیے کہ یہ سعی پہلے صفا سے شروع کرے جیسا کہ صحیح مسلم کی حدیث طویل جابر رضؓ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب طواف بیت سے فارغ ہوئے تو رکن کی طرف پھر آئے اور اسکو استلام کیا پھر باب صفا سے نکلے اور پڑھتے جاتے تھے - ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ - پھر فرمایا کہ میں اسی سے شروع کرونگا جس سے اللہ تعالے نے شروع کیا ہے یعنے صفا سے اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ نسائی کی روایت میں ہے - ابدأوا بما بدأ اللہ بہ - یعنے تم لوگ اس سے شروع کرو جس سے اللہ تعالے نے شروع کیا ہے قال المترجم اور مفسر سیوطی رحؒ نے اسکو بھی دلیل وجوب میں شامل کیا شاید یہ ابن استدلال کہ جسکا شروع کرنا واجب ہو وہ چیز بدلیل اقتضاء خود واجب ہوگی اور یہاں صفا سے شروع کرنا بدلیل صیغۂ امر وجوب کے واسطے ہے واجب ہوا تو طواف واجب ہے اور یہ غایت توجیہ ہے وفیہ تامل - اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم جو صفا و مروہ کے طواف کو جاتے ہوئے ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ - پڑھتے جاتے تھے انمیں جو یہ تنبیہ و اظہار تھا کہ ان دونوں کی سعی بسبب شعائر اللہ ہونے کے ہے نہ بسبب بتوں کے کیونکہ پہلے ان دونوں پر بت تھے جیسا کہ ابن عباس کے اثر سے ثابت ہوتا ہے پس اساف و نائلہ یہ دونوں انمیں سے مشرکوں کے نزدیک بڑے ہونگے اور شعبی رحؒ نے کہا کہ صفا پر اساف تھا اور مروہ پر نائلہ تھی اور جاہلیت میں لوگ طواف میں انھیں دونوں کو چومتے جاتے تھے پس بعد اسلام کے ان دونوں کے درمیان طواف کرتے سے رکے پس یہ آیت اتری - اور بعض نے ذکر کیا کہ اساف مرد کی صورت اور نائلہ عورت کی شکل تھا اور یہ دونوں قریش کے بت تھے اور انکو عمرو بن لحی نے یہاں لاکر رکھا تھا اور محمد بن اسحاق نے کتاب السیر میں ذکر کیا کہ اساف و نائلہ عورت و مرد تھے اور قریش میں بہت نیک مشہور تھے ان دونوں نے کعبہ کے اندر باہم زنا کیا پس مسخ کرکے پتھر کر دیے گئے پس قریش نے انکو کعبہ کے سامنے رکھدیا تھا تاکہ لوگ انکو دیکھکر عبرت پکڑیں پھر جب زمانہ دراز گذر گیا تو ذریات اولاد انکی پرستش کرنے لگے پھر دونوں کو صفا و مروہ پر اٹھا لائے اور یہاں نصب کیا اور صفا و مروہ کی سعی میں انھیں کو استلام کرتے تھے - اگر کہا جاوے کہ اس سے تو دلیل ہے کہ - فلا جناح علیہ ان یطوف بہما - سے اللہ تعالے نے انکے اس خیال کو دفع کیا جو سمجھتے کہ صفا و مروہ کی سعی جہالت اور گناہ ہے سو فرمادیا کہ گناہ نہیں ہے اور وجوب سعی اپنے حال پر رہا تو

جواب یہ ہے کہ بان یسب اس حجت کے جو وجوب پر لائی جاتی ہے تاکید ہے اور رکن کی دلیل سوائے اس حدیث صحیح کے اور نہیں اور ہمنے بیان کر دیا کہ اسکی سند باوجود صحت کے ظنی ہے لہذا رکن ہونا ثابت نہوگا پس واجب ہونا ثابت ہوا اور بعض نے کہا کہ عدم وجوب کی دلیل آخر آیت بھی ہے کہ فرمایا ہے وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَإِنَّ اللَّهَ شَاكِرٌ عَلِيمٌ۔ اور جسنے نیکی کو رغبت سے ادا کیا تو اللہ تعالے شاکر علیم ہے قرطبی نے یہ استدلال ذکر کیا یعنے ۔ ومن تطوع بالسعی بینہما۔ اور خیرا صفت مصدر محذوف ہے اور تطوع نفل ہوتا ہے تو وجوب نہوا اور جواب یہ ہے کہ طوع بمعنے انقیاد ہے اور عرف میں تطوع وہ امر ہے کہ جسکو اپنی رغبت سے بجالاوے ایسے امور میں سے جو اسپر واجب نہیں کما ذکرہ فی الکبیر پس یا تو یہ معنے ہیں کہ فعل طاعۃً فرضًا کان او نفلًا یعنے طاعت کا فعل کیا خواہ فرض ہو یا نفل ہو یا یہ معنے ہیں کہ زاد علی ما فرض علیہ من حج او عمرۃ۔ یعنے جو اسپر حج یا عمرہ فرض ہے اسپر اور زیادہ کیا اور حج و عمرہ میں سعی مذکور واجب ہے پس تطوع نہوئی اور تقدیر کلام بلا ضرورت مسلم نہیں ہے فافہم فی العرائس قولہ تعالے ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ۔ صفا و مروہ دونوں مخصوص بانوار تجلی ہیں کیونکہ حضرت علیہ السلام نے فرمایا۔ جاء اللہ من سیناء و استعلن لساعیر واشرق من جبال فاران۔ یعنے آیا اللہ تعالے سیناء سے اور ظاہر ہوا ساعیر سے اور چمکا فاران کے پہاڑوں سے۔ اور یہ دونوں آفتاب عزت کے اشراق سے متلبس ہیں اور جو شخص ان دونوں پر چڑھا اسکو چاہیے کہ ان دونوں میں لباس قدرت کا نور حال مشاہدہ کے نور میں مستغرق ہو کر دیکھے اور ان دونوں پر نظر کمال کر بشریت کی کدورتوں سے پاک ہو جاوے اور صفای معرفت کے ساتھ اسمیں اچھے اخلاق ظاہر ہوں۔ اور نیز صفا و مروہ کے ذکر میں مراد ملکوت اور جبروت کی طرف اشارہ ہے اسلیے کہ صفا و مروہ دونوں مکہ کے واسطے حجاب ہیں اور مکہ حجاب ہے حرم کا اور حرم حجاب ہے بیت اللہ کا اسی طرح خیمہ حضوری تک پردے ہیں۔ اور نیز صفا کا اونچا مقام ان عارفوں کے چڑھنے کا پہاڑ ہے جو مشاہدہ طلب کرنے کی غرض سے اپنی ارواح کو نور معرفت سے صاف کرنا چاہتے ہیں اور مروہ کا مقام ان اہل دل کے چڑھنے کا پہاڑ ہے جو معاملہ آخرت کے طلب میں اور جزا و ثواب حاصل کرنے کے واسطے اپنے اشباح یعنے صورتوں کو ندامت کے آنسوؤں سے پاک کرنا چاہتے ہیں۔ اور نیز صفا اشارہ ہے اول سے اور مروہ اشارہ ہے ابد سے کیونکہ یہ دونوں شعائر اللہ تعالے سے ہیں۔ اور نیز صفا روح ہے اور مروہ قلب ہے۔ اور بعض اکابر نے فرمایا کہ جو شخص حج و عمرہ کرنے میں صفا پر چڑھا اور اسکا سر واسطے اللہ تعالے کے صاف ہوا تو شعائر حج میں سے اسپر کچھ بھی ظاہر نہوا اور جو شخص مروہ پر چڑھا اور حقائق مغیبات میں سے اسکو کچھ نظر نہ آیا اسکے لیے شعائر حق سے کچھ نہ کھلا اور بعض نے فرمایا کہ صفا حضرت حق عزوجل کے پڑوس میں پہونچنے کا مقام ہے سو جو وہاں پہونچکر مضافات حق کے واسطے خالص نہوا اسکو جان لینا چاہیے کہ حج میں اسکی کوشش برباد اور وقت ضائع ہوا۔ شیخ ابو عبد الرحمن السلمی نے کہا میں نے منصور بن عبد اللہ سے سنا کہ کہتے تھے میں نے ابو القاسم سے سنا کہتے تھے کہ میں نے ابو جعفر سے سنا کہ وہ علی بن موسی الرضا عن ابیہ عن جعفر روایت کرتے تھے کہ حضرت جعفر صادق نے فرمایا کہ صفا وہ روح ہے کیونکہ وہ مخالفتوں کی پلیدی سے صاف ہوتی ہے اور مروہ نفس ہے کیونکہ وہ اپنے مولی کی خدمت میں قائم ہونے میں مروت کا برتاؤ کرتی ہے اور فرمایا کہ صفا وہ صفائے معرفت ہے اور مروہ وہ مروت عارف ہے قال المترجم جاء اللہ من سیناء الی آخرہ جو حدیث کی لفظ سے نقل کیا یہ روایت اسرائیلیات ہے اور مرفوع ثابت نہیں ہے توریت یا انجیل میں ایسے اور یہ اشارات ہیں اور اسی توریت سے بشارت نبوت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ثابت ہوتی ہے اور سیناء سے مراد کوہ طور موسیٰ اور ساعیر کوہ شام عیسیٰ اور فاران کوہ مکہ ہیں چنانچہ سابق میں مفصل ذکر ہوا ہے اور کتب توریت و انجیل میں فاران سے ظہور نبوت خاتم المرسلین صلوات اللہ علیہم اجمعین مصرح مذکور تھا اور یہی صفا و مروہ بھی ہیں جنکو شعائر الٰہی فرمایا ولیکن یہود نے چھپایا لہذا اللہ تعالے نے فرمایا

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلْنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالْهُدَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا بَيَّنَّاهُ لِلنَّاسِ فِي الْكِتَابِ

جو لوگ چھپاتے ہیں جو کچھ ہمنے اوتارا صاف حکم اور راہ کے نشان بعد اسکے کہ ہم انکو کھول چکے لوگوں کے واسطے کتاب میں

اولٰئک یلعنھم اللہ ویلعنھم اللٰعنون ۝ الا الذین تابوا واصلحوا وبینوا فاولٰئک اتوب

انکو لعنت دیتا ہے اللہ اور لعنت دیتے ہیں سب لعنت دینے والے مگر جنھوں نے توبہ کی اور سلوکیا اور بیان کردیا تو انکو معاف کرتا ہوں

علیھم وانا التواب الرحیم ۝

اور میں ہوں معاف کرنے والا مہربان

شیخ ابن کثیر وغیرہ کی تفسیر میں ہے کہ جو شخص ایسی چیزوں کو چھپاوے جسکو اللہ تعالے نے پیغمبروں کے ساتھ بھیجا ہے یعنے کھلی دلیلیں جو مقاصد صحیحہ پر دلالت کرتی ہیں اور نیک ہدایتیں جو قلوب کی اصلاح کے لیے کافی ہیں انکو جو شخص چھپاوے اسکے لیے یہ سخت وعید ہے کہ۔ ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینٰت والھدٰی من بعد ما بینّٰہ للناس فی الکتاب اولٰئک یلعنھم اللہ ویلعنھم اللٰعنون۔ جو لوگ ان بینات وہدی کو چھپاتے ہیں جو ہمنے نازل فرمائیں بعد ازانکہ ہمنے انکو کتاب سابق میں بیان کردیا ایسے ہی لوگ ہیں جنکو اللہ تعالے لعنت کرتا اور سب لعنت کرنے والے لعنت کرتے ہیں ۔۔۔ حتی کہ فلاں پہاڑوں کے فضائل جو قطعًا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت عظیمہ میں بیان نہیں کرتے ہیں شیخ ابو العالیہ وایک جماعت سلف نے کہا کہ یہ آیت اہل کتاب کے حق میں اتری جنھوں نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت کو چھپایا پس اہل کتاب میں یہود ونصاری دونوں شامل ہیں کہ صفت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چھپانے میں دونوں شریک ہیں اگرچہ یہود اس مذمت کے زیادہ لائق ہیں کیونکہ انکی کتاب میں صفت مشرح تھی اور انھوں نے سوائے اسکے دیگر احکام مثل آیۃ رجم وغیرہ کے بھی چھپائے تھے اور شاید اسی سے مفسر سیوطی رحمۃ اللہ نے یہود کو مخصوص کیا پھر اصح یہ ہے کہ یہ آیت ہر ایسے شخص کے واسطے عام ہے جو علم حق کو چھپاوے اسواسطے کہ اعتبار عموم لفظ کا ہے خصوص سبب کا نہیں کما تقرر فی الاصول اور حدیث میں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت ہے کہ جس سے کوئی علم پوچھا گیا اور اسنے چھپایا تو قیامت میں آگ کی لگام سے لگام دیا جائیگا اور یہ حدیث کئی طریق سے روایت کی کہ بعض کی بعض تقویت کرتا ہے اور صحیح میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ کیا تم کہتے ہو کہ ابوہریرہ نے اکثار کیا یعنے حدیثیں بہت روایت کرتا ہے اور قسم ہے اللہ تعالے کی کہ اگر کتاب اللہ تعالے میں ایک آیت نہ ہوتی تو میں کسی سے کچھ حدیث نہ بیان کرتا اور پڑھی۔ ان الذین یکتمون ما انزلنا من البینات الآیۃ۔ اور صحیحین میں حدیث دیگر بھی ہے پس یہ تقویت ظاہر ہے کہ حکم آیت عام ہی قال المترجم عام ہونے سے اگر یہ مراد ہے کہ مسلمان اگر علم کو چھپاوے تو مستحق لعنت ہوگا تو دلائل اسکے واسطے شاہد نہیں اور نیز حدیث ابوہریرہ میں یہ مذکور ہے کہ قیامت میں اسکے منہ میں آگ کی لگام دیجائیگی اور اگر یہ مراد ہے کہ مطلق مذمت میں سب شامل ہیں گو نوع عذاب میں فرق ہو تو اسمیں کوئی شبہہ نہیں ہے اگر کہا جاوے کہ حضرت ابوہریرہ جنھوں نے حدیث کتمان علم روایت کی خود بھی چھپایا ہے چنانچہ بخاری میں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دو وعاء علم یاد کیے ایک تو میں نے تم میں پھیلا دیا اور دوسرا اگر اسکو میں تم میں پھیلاؤں تو میرا ٹرخرا کاٹا جاوے تو جواب یہ ہے کہ نہ چھپانے کا حکم انھیں علوم میں ہے جو بینات وہدی ایسے ہوں کہ اللہ تعالے نے انکو لوگوں کے واسطے ظاہر فرمایا ہو جیسا کہ کہا ہے کہ یکتمون ما انزلنا من البینات والھدی من بعد ما بیناہ للناس فی الکتاب۔ اور جو ایسا نہ ہو اسکے چھپانے میں مضائقہ نہیں خصوص جبکہ قتل کا خوف ہو اور یہیں سے معلوم ہوا کہ اکابر شراح نے جو اس حدیث ابوہریرہ میں دوسری دعاء علم کی تاویل میں کہا کہ وہ فتن ومشاجرات تھے ایک تحقیق ہے اور ابوہریرہ بھی ایسا علم رکھتے تھے اور حضرت عمر بھی جانتے تھے جیسا کہ کنایات سے انکی گفتگو باہمی ورباب شہادت عثمان رضی اللہ عنہ وترقی فتنہ تا قیامت کی حدیث بخاری سے واضح ہوا اور وہ جو بعض عوام صوفیہ نے اسکو علم حقیقت پر محمول کیا ہے ضعیف ہے کما لا یخفی اگر کہا جاوے کہ الکتاب سے تو حدیث یا انجیل ہوگی یہود ونصاری دونوں کے حق میں عموم کیونکر ہو سکتا ہے تو جواب یہ ہے کہ کتاب اسم جنس ہے اور الف ولام آنے سے وہ شامل جمیع کتب ہو گیا اور

سلوکیا اور بیان کردیا تو انکو معاف کرتا ہوں جو توبہ سے پہلے مرتد ہوئے تھے

بعض نے کہا کہ مراد توریت ہی جاننا چاہیے کہ ہمین اختلاف ہی کہ علوم دین کا ظاہر کردینا فرض کفایہ ہی کہ بعض کے اظہار سے باقیون کے ذمہ سے ساقط ہوجاوے اور کوئی نہ ظاہر کرے تو سب گناہگار ہونگے یا فرض عین ہی کہ ہر جاننے والے پر اظہار کرنا فرض ہی اور اصح یہ ہی کہ بعض کے اظہار سے اگر حال اسکو پاسکتے تو پوشیدہ کرنے کے وعید نہ ہیگی پھر جاننا چاہیے کہ اہل کتاب جنکے حق مین یہ آیت ہی بڑا چھپایا اور کفر اختیار کیا اسی سے اللہ عزوجل نے فرمایا اولئک یلعنہم اللہ ویلعنہم اللاعنون ۔ پس اللہ تعالے کی لعنت تو یہ ہی کہ انکو رحمت سے دور کردیا اور مراد رحمت خاصہ آخرت ہی اور جسکو چاہے دنیا مین بھی راندے اور لاعنون سے تفسیر مین اختلاف ہی پس ابو العالیہ و ربیع بن انس و قتادہ نے کہا کہ مراد ملائکہ و مومنون ہین پس مومنون مین پس مسلمان انسان و جن دونون داخل ہونگے اور بصیغہ عقلاء جمع ہونا بھی اسیکے مؤید ہی اور یہی قول راجح کا ہی اور ابن علیہ نے اسیکو ترجیح دی ہی اور ابن عباس رض سے روایت ہی کہ لاعنون سے مراد سوائے جن و انس کے سب ہین پس صیغہ عقلاء سے جمع ہونا بسبب تغلیب ملائکہ کے ہی اور اسیکے مؤید ہی وہ حدیث جو براء بن عازب رض نے روایت کی کہ ہم لوگ ایک جنازہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے پس حضرت صلعم نے فرمایا کہ کافر کی دونون آنکھون کے بیچ مین ایک سخت ضرب ایسی ماری جاتی ہی کہ اسکو ہر دابہ سوائے جن و انسان کے سنتا ہی پس ہر دابہ جسنے اسکی آواز سنی اس کافر میت کو لعنت کرتا ہی پس یہی ہی قول اللہ تعالے کا اولئک یلعنہم اللہ ویلعنہم اللاعنون ۔ یعنے زمین کے دواب ۔ رواہ ابن ابی حاتم و ابن ماجہ و ابن المنذر ۔ اور مجاہد رح نے فرمایا کہ جب زمین مین خشک سالی ہوتی ہی تو بہائم کہتے ہین کہ یہ آدمیون کے گناہون کی وجہ سے ہی اللہ تعالے آدمیون مین سے نافرمانون پر لعنت کرے پس ان لعنت کرنے والون کی لعنت کے یہی معنے ہین کہ اللہ تعالے سے دعا کرتے ہین کہ اپنے لعنت کرے امام ابن کثیر رح نے فرمایا کہ غور سے دیکھو کہ حدیث مین آیا ہی کہ عالم کے واسطے ہر چیز استغفار کرتی ہی یہانتک کہ چونٹیان اپنے سوراخون مین اور مچھلیان دریاؤن اور پرندے ہوا مین پس یہ یہودی و نصاری کے عالم لوگ بخلاف علماء کے ہین کہ انپر اللہ تعالے و ملائکہ و لوگون کی لعنت ہی ۔ پھر یہ لعنت یا تو بزبان مقال ہی یا بزبان حال ہی اور شیخ ابو العالیہ سے روایت ہی کہ یہ قیامت کے دن ہوگی قال المترجم اصح یہ ہی کہ یہ لعنت بنابر تفسیر ابن عباس رض کے ہر ایک جاندار کی طرف سے تحقیقی ہی اگرچہ بعض کا ہمکو شعور ہی اور بعض کا نہین ہی اور اسکی تحقیق ہم سخت تفسیر قولہ تعالے و آن منہا لما یہبط من خشیۃ اللہ بیان کرچکے ہین فتذکر پھر اللہ تعالے نے ان یہود و نصاری کے علم چھپانے والون سب مین سے انیسون کو استثنا کیا جنھون نے توبہ کی پس فرمایا ۔ اِلَّا الَّذِیْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَبَیَّنُوْا فَاُولٰٓئِکَ اَتُوْبُ عَلَیْہِمْ وَاَنَا التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۔ سوائے ان کتابوالون کے جنھون نے توبہ کی اور اصلاح کی اور صاف بیان کردیا تو ایسے بندون پر مین رجوع فرماتا ہون اور مین تواب رحیم ہون ف اس استثنا مین اختلاف ہی کہ متصل ہی یا منقطع ہی جیسا کہ شیخ ابو البقا نے ذکر کیا کہ بعض نے کہا کہ استثنا متصل ہی اور مستثنی منہ وہ ضمیر ہم فی قولہ یلعنہم ہی اور بعض نے فرمایا کہ استثنا منقطع ہی اور بسبب کہ جنھون نے چھپایا تھا وہ قبل توبہ کرنے کے لعنت کیے گئے اور استثنا راجع ہی اس بیان کی طرف کہ توبہ کرنے والون کی توبہ قبول ہوئی اور سوا نہین ہی کہ چھپانے والون مین سے ایک قوم پر لعنت نہین کی گئی قال المترجم تحقیق یہ ہی کہ استثنا متصل ہی اور چھپانے والون مین سے جنکا انجام مردود اور جنکا منفور ہوگا سب علم الٰہی مین تھا خاتمہ آمرتنا ہوا سے مراد یہ ہی کہ انھون نے ہر کفر و شر کو بدعا سے توبہ کی جنمین سے امر حق کا چھپانا بھی ہی کیونکہ خالی چھپانے سے توبہ کرلینے سے لعنت اپر سے نہ جائیگی جب تک کہ ایمان نہ لاوین اور ہر ایسی چیز سے توبہ کرین جس سے توبہ کرنا واجب ہی دفع لعنت کے لیے اور اسی سے فرمایا و اصلحوا یعنے اپنے اعمال ظاہری و اعمال باطنی نیک کیے اور جو خرابی کر ڈالی تھی اسکا تدارک کرلیا اور منجملہ مفسدات کے کتمان حق تھا اسی سے فرمایا و بینوا ۔ یعنے جو انھون نے امر حق کو چھپایا تھا اسکو خوب صاف صاف ظاہر کردیا تو وہ اس جزا و ثواب کے مستحق ہوے کہ ۔ فاولئک اتوب علیہم ۔ یعنے ایسے لوگون کی توبہ قبول کرتا ہون اور یہ محض صفت رحمت و قبولی کا مقتضا ہی اسی لیے فرمایا و انا التواب

سلہ دواسے چھوڑ دی جو حذف رہے جس پر ہمکو تنبیہ کرنا تھا کہ ہم نے

الرحیم اور یہ صفت مخصوص اسی امت مرحومہ نبی الرحمہ علیہ الصلوٰۃ والسلام پر ظاہر ہوئی کہ دلی ندامت و بیان سے توبہ ہی شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ اگلی امتوں میں سے ایسے لوگوں کی توبہ اسطرح نہیں قبول ہوتی تھی اور اس کلام میں دلالت ہے کہ جو شخص کسی بدعت یا کفر یا شرک کی دعوت کر چکا ہو اگر اسنے سچی توبہ کی اور مرد صالح ہو گیا اور پہلے کی غلطی کو ظاہر کر دیا تو اللہ تعالےٰ اسکی توبہ قبول فرماویگا اور جو مرتے دم تک کافر رہے اسکا انجام بیان فرمایا بقولہ جل

**اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ کُفَّارٌ اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ**

جو لوگ کافر ہوئے اور مر گئے اسی حال میں کہ وہ کافر تھے انہیں پر لعنت اللہ کی اور فرشتوں کی اور لوگوں کی سب کی

**خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یُخَفَّفُ عَنْھُمُ الْعَذَابُ وَلَا ھُمْ یُنْظَرُوْنَ**

رہیں گے اوسمیں نہ ہلکا کیا جائیگا انپر سے عذاب اور نہ انکو فرصت ملیگی

واضح ہو کہ توحید ایمان صرف ایک امر مستقیم ہے اور وراے توحید کے بیشمار راہیں کفر ہیں جیسے دو نقطے کے بیچ میں خط مستقیم صرف ایک ہو سکتا ہے اور خطوط غیر متناہی نکلتے ہیں لیکن سبب کفر ہیں اسیواسطے کہا گیا کہ کفر ملت واحدہ ہے۔ بالجملہ بیشمار راہیں کفر پر جو کوئی مر گیا اسکا انجام یہ ہے۔ **اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَھُمْ کُفَّارٌ** یعنی جو لوگ کافر ہوئے اور اسی حالت پر مرے کہ کافر تھے ف بیضاوی نے اشارہ کیا کہ آیت میں حق چھپانے والے کافر مراد ہیں چنانچہ بیضاوی نے تفسیر میں کہا ای من لم یتب من الکاتمین حتی مات۔ یعنے حق چھپانے والوں میں سے جسنے توبہ نہ کی یہانتک کہ مر گیا۔ ھ۔ شاید یہ تخصیص اس نظر سے ہوگی کہ ماقبل کے ساتھ خوب منتظم ہو ورنہ کوئی وجہ تخصیص کی نہیں جیسا کہ اوروں نے کہا کہ کافر خواہ حق چھپانے سے ہوئے یا اور وجہ سے اور یہی کلام مفسر سیوطی سے ظاہر ہے اور یہی ارجح ہے اسلیے کہ معنے کی راہ سے شامل تر ہے اور اس فصول کے ساتھ ماقبل سے منتظم ہونا خود ظاہر ہے۔ قولہ وھم کفار جملہ حالیہ ہے اور واو حالیہ ہے اور رمخشری نے کہا کہ اسکا حذف شنا ذہے۔ بالجملہ جس کسی کافر نے مرتے دم تک توبہ نکی **اُولٰٓئِکَ عَلَیْھِمْ لَعْنَۃُ اللّٰہِ وَالْمَلٰٓئِکَۃِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ**۔ تو یہی لوگ ہیں کہ انپر اللہ تعالےٰ و ملائکہ و جمیع لوگوں کی لعنت ہے ف یہ جملہ اسمیہ خبریہ واقع ہے اور یہ دوام و استمرار پر دلالت کرتا ہے کہ لعنت مذکور اس حالت پر مرنے والوں سے کبھی الگ نہوگی بخلاف اوپر کی آیت کے کہ اسمیں یلعنھم اللہ۔ بجملہ فعلیہ فرمایا کہ اسکی دلالت وقوع پر ہے باوجود اسکے تاکید شدید فرمائی بقولہ تعالےٰ **خٰلِدِیْنَ فِیْھَا لَا یُخَفَّفُ عَنْھُمُ الْعَذَابُ وَلَا ھُمْ یُنْظَرُوْنَ** یہ لوگ ہمیشہ اسمیں رہینگے انسے عذاب تخفیف نہوگا اور نہ وہی لوگ مہلت دیے جاوینگے ف یہاں چند مقام ہیں اول لعنت کیونکر ہے دوم سب آدمیوں میں یہ کفار خود داخل ہیں یا نہیں سوم ضمیر خالدین فیھا۔ فی اللعنۃ یا فی النار۔ اور بیان یہ ہے کہ خدا تعالےٰ کی لعنت کرنے کے یہ معنے ہیں کہ پھٹکارا اور اپنی رحمت سے دور کر دیا اور یہ سوائے خدائے تعالےٰ کے اور کسی سے ممکن نہیں ہے اور فرشتوں و تمام لوگوں کی لعنت کرنے کے یہ معنے ہیں کہ یوں بددعا کریں کہ اللہ تعالےٰ ایسے کافر پر لعنت کرے اور شیخ ابو العالیہ و قتادہ سے روایت ہے کہ یہ قیامت کے روز واقع ہوگا کہ قیامت کے روز کافر پکڑا جائیگا پس اللہ تعالےٰ اسپر لعنت کریگا پھر ملائکہ اسپر لعنت کرینگے پھر سب آدمی اسپر لعنت کرینگے۔ اور اس آیت سے استدلال کیا گیا کہ کسی خاص معین زندہ کافر پر لعنت کرنا نہیں جائز ہے اسواسطے کہ اسکا حال اوسکے وفات کے وقت معلوم نہیں اور ایک جماعت علماء اسی طرف گئی ہیں کہ معین زندہ کافر لعنت نکیا جاوے مگر مطلق کافر پر لعنت کرنا علی العموم روا ہے اسمیں کوئی خلاف نہیں ہے اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اور انکے بیٹے کے خلفاء و ائمہ اسلام قنوت وغیرہ میں مطلقاً کافروں پر لعنت کیا کرتے تھے اور اگر کہا جاوے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے معین کافروں پر نام بنام لعنت فرمائی ہے تو اسکا جواب یہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو وحی سے معلوم ہوا تھا وہ اور کسیکو معلوم نہیں ہو سکتا ہے علاوہ ازیں اللہ تعالےٰ نے آپکو اس سے منع بھی کر دیا جیسا کہ آیندہ تفسیر تولہ لیس لک من الامر شیٔ میں آویگا اور بعض نے کہا کہ کافر معین کے

لعنت کرنا بھی ظاہر پر عمل کرکے جائز ہی بیشک اسکے ساتھ قتال کرنا جائز ہی اور اسیکو فقیہ ابوبکر بن العربی نے اختیار کیا ہی۔ اور قرطبی نے فرمایا کہ کافر پر لعنت کرنا کفر سے زجر کرنے کے طریق پر نہیں ہی بلکہ یہ اسکے کفر کی جزا ہی اور اسکے قبیح کفر کا اظہار ہی خواہ کافر عاقل ہو یا مجنون ہو اور سلف میں سے ایک جماعت نے فرمایا کہ کافروں میں سے جو مجنون ہو گیا یا مر گیا اسپر لعنت کرنیکا کچھ فائدہ نہیں ہی نہ بطور جزا کے اور نہ بطور زجر کے اور کہا کہ اس قول کی دلالت یہ ہی کہ آیت کریمہ میں اس امر کا خبر دی ہی کہ اللہ تعالے و ملائکہ و سب لوگ ایسے کافروں پر لعنت کرتے ہیں اور آیت کریمہ میں لعنت کرنیکا حکم نہیں دیا ہی شیخ ابوبکر بن العربی مالکی نے فرمایا کہ گنہگار معین پر لعنت کرنا بالاتفاق نہیں جائز ہی کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حضور میں ایک شراب خور کئی بار لایا گیا اور ہر بار اسپر حد مارے جاتی تھی پس ایک شخص نے کہا کہ اللہ تعالے اسپر لعنت کرے کسقدر بار بار لایا جاتا ہی پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اپنے بھائی پر شیطان کے مددگار نہ ہو اور حدیث صحیحین میں ہی اور بعض روایت میں ہی کہ فرمایا کہ اسکو لعنت مت کر کیونکہ وہ اللہ و اسکے رسول کو دوست رکھتا ہی اور اسی سے بعض نے استدلال کیا کہ جو شخص اللہ و رسول کو دوست نہ رکھتا ہو مثلاً کوئی کافر کوہ معین ہو تو اسپر لعنت کرنا جائز ہی۔ اور تولہ والناس اجمعین۔ یعنے لوگ سب کے سب اور اسمیں یہ وہم ہوتا ہی کہ اللہ تعالے نے والناس اجمعین فرمایا حالانکہ ناس میں مسلمان و کافر سب شامل ہیں اور کافر کے دین والے کافر کو لعنت نہیں کرتے ہیں اور نیز ناس اجمعین میں وہ کافر خود شامل ہی حالانکہ اپنے آپ کو لعنت نہیں کر سکتا ہی اور اسکا جواب کئی وجہ سے دیا گیا اول آنکہ کل مراد ہیں لیکن یہ قیامت میں ہوگا جیسا کہ ابوالعالیہ قتادہ سے اوپر گذرا دوم آنکہ الناس اجمعین سے مراد خاص وہ لوگ جنکے لعنت کرنیکا اعتبار ہی اور وہ مومنین ہیں یہ ایک روایت قتادہ سے بھی ہی اور یہی حضرت ابن مسعود رض سے مروی ہی اور اس صورت میں یہ کلمہ عام اور مراد خاص ہی اور تائید قول اول یہ ہی کہ اللہ تعالے نے آگاہ فرمایا کہ یلعن بعضکم بعضا۔ یعنے یعنے کافر دوسروں کو لعنت کرینگے اور فرمایا کہ۔ کلما دخلت امۃ لعنت اختہا۔ یعنے ہر بار جب ایک گروہ آگ میں داخل ہوگا تو اپنے مماثل گروہ پر لعنت کریگا۔ تو عموم آنکہ اکثر کی طرف سے لعنت ہونے پر کل کی طرف سے تغلیباً لعنت کا اطلاق ہی بوجہ اسکے کہ اکثر کا حکم اکل پر بھی ہوگا یا سب نے لعنت کی چہارم آنکہ وہ لوگ ظالمون و کافروں پر لعنت کرتے ہیں حالانکہ وہ بھی ظالم و کافر ہیں پس جیسے وہ ظالم و کافر پر لعنت کرتے ہیں تو اپنے آپکو لعنت کرتے ہیں قال الاستر جم اولی یہ ہی کہ اجمعین تاکید مفردات ہی یعنے اللہ تعالے کی اور ملائکہ کی اور لوگون کی سب کی لعنت ہی پس الناس سے مراد اہل ایمان ہیں بنابر آنکہ الف لام عہد کا ہی اور بعض نے جواب دیا کہ لعنت کرنے سے مراد عام ہی کہ بزبان مقال ہو یا بزبان حال ہو پس بزبان حال ہر کافر دوسرے پر بلکہ اپنے اوپر لعنت کرتا ہی اور بعض نے حق جواب کی طرف یوں اشارہ کیا کہ معنے یہ ہیں کہ اپنے اللہ تعالے و ملائکہ و لوگون کی سب کی لعنت ہی یعنے ایسے کافر جو کفر پر مرے ہیں وہ اس طرح لعنت کے مستحق ہیں خواہ وہ اپنے اوپر اپنی زبان سے یا اپنے ساتھیون پر اپنی زبان سے لعنت کریں یا نہ کریں پس یہ کلام ایسا ہی ہے گویا فرمایا کہ اپنے افراد لعنت کے تمام و کمال ہیں اور وہ قدرت الٰہی میں واقع و متحقق ہیں فافہم اور قولہ تعالے۔ خالدین فیہا۔ ضمیر مونث فیہا کی لعنت کی طرف راجع ہی یا نار کی طرف راجع ہو مگر اس صورت میں اضمار قبل الذکر ہوگا جسپر لعنت ہونا دلالت کرتا ہی پس یہ تہویل و تخویف و تعظیم شان کے طور پر ہی اور قولہ تعالے ولا ہم ینظرون۔ یہاں ینظرون یا تو انظار سے ہی یا نظر سے ہی اور نظر یا تو بمعنے دیکھنے کے ہی یا بمعنے انتظار ہی پس شیخ ابوالعالیہ نے فرمایا کہ لا ہم ینظرون ای لا یمہلون لیعتذروا الی انکو مہلت ندی جائیگی تاکہ عذر کریں اور حضرت ابن عباس رض سے اسی کے مانند روایت ہی یعنے تاخیر و مہلت نہ دیے جاوینگے اور بعض نے فرمایا کہ لا ہم ینظرون یعنے انکی طرف نظر رحمت سے نہ دیکھا جائیگا اور مفسر سیوطی رح نے تاویل ابن عباس رض کو اختیار فرمایا اور انظار بمعنے امہال لیا اور حق یہ ہی کہ کفار جو کفر پر مرے حیات دنیا ہی میں خود اپنے اوپر لعنت کرتے تھے سوائے اسکے کہ انکے حواس لعنت کو ادراک نہیں کرتے ہیں اور قیامت میں انکی زبان ہاتھ پانون وغیرہ سب اپنے لعنت کی گواہی دینگے حتی کہ مرتے ہی ظہور ہو جائیگا اور کفر خود امر شدید ہی اگر اللہ تعالے کی شان ارحم الراحمین نہ ہوتی مخلوق

عذاب سے نہین بچ سکتی اور اسکے جامع کمال صفات ہین طاعت و معصیت کو دخل نہین اور الوہیت کسی فرد مین سوائے حق تعالے کے محال قطعی ہی لہذا اسم اعظم کی صفت سے تنبیہ فرمائی یقول تعالے

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

اور معبود تمہارا اللہ واحد ہی نہین کوئی معبود مگر وہی رحمن ورحیم ہی

شان نزول شیخ سیوطی رح نے لکھا کہ لوگون نے عرض کیا کہ ہمارے رب عزوجل کا وصف فرمائیے تو نازل ہوا قولہ تعالے۔ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ۔ تمہارا الٰہ واحد ہی اسکے سوائے کوئی الوہیت والا نہین وہی الرحمن الرحیم ہی ف اور یہی مقام مین مذکور ہی اور خطیب وغیرہ نے اسی کی پیروی کی اور سراج مین کہا کہ جب کفار قریش نے کہا کہ ای محمد وصف کرو ہمارے لیے اپنے پروردگار کو اور نسبت بیان کرو ہمارے لیے تو سورۂ اخلاص یعنے قل ہو اللہ احد اور یہ آیت اتری الہکم الٰہ واحد آور واحدہ وہ ہی جسکا نظیر نہو اور شریک نہو اول یعنے واحد سے یہان یہ مراد نہین جو معروض وحدت ہو کہ اللہ تعالے اس سے برتر ہی کہ کوئی چیز اسکو عارض ہو اور نیز وحدت وغیرہ عددی عوارض کیات کے اوصاف ہین پس اللہ تعالے کے واحد ہونے کے وہ معنے نہین ہین جو اور چیزون کے واحد ہونے مین تصور کیے جاتے ہین کہ اس چیز کو وحدت گھیرے ہوے ہی جو تثنیہ و جمع کے مقابل ہوتی ہی بلکہ یہ مراد ہی کہ اسکی ذات پاک ایسی ہی کہ کوئی اسکا نظیر نہین اور اپنی صفات مین فرد ہی کہ کوئی چیز اسکے مشابہ کسی وجہ سے نہین اور اپنے افعال مین واحد ہی کہ کوئی اسکے ساتھ شریک نہین اور یہی فقہا کبر ہین امام اعظم سے مروی ہی اور شرح مثنوی مین ملا بحر العلوم رح نے ذکر کیا ہی اور اکابر اہل تصوف نے ایک اور معنے بیان کیے ہین جو اپنے مقام پر مذکور ہونگے۔ قال البیضاوی و الحکم خطاب عام ہی یعنے مسلمانون و کافرون سب کیطرف خطاب ہی اور مراد یہ ہی کہ تمہاری طرف سے عبادت کیے جانے کا مستحق الٰہ واحد ہی پس کافرون کے بت وغیرہ اگرچہ الٰہ بنائے ہوے تھے مگر وہ کوئی مستحق عبادت نہ تھے بلکہ بہتان باطل تھے اور یہ ورحقیقت الٰہ کے معنے ہین کہ جو مستحق عبادت ہو اسیواسطے بیضاوی رح نے حرف ای سے تفسیر کی اور یہ قوجیہ نہین ہی جیسا کہ بعض نے وہم کیا پس کافرون نے جو اپنے بتون وغیرہ کو الٰہ قرار دیا اسمین نام رکھنے مین غلط کیا جیسے کوئی اندھے کو انکھیارا کہنے لگے اور معنے مین غلط کیا کہ غیر مستحق کو مستحق بنا لیا۔ قال الاکبری الٰہ خبر ہی اور واحد اسکی صفت اور مقصود بیان صفت ہی اسواسطے کہ الہکم واحد مفید ہی آور مسند یا محل ہوا اللہ احد اور بعض محققین نے کہا کہ واحد اور احد ایک معنے مین ہین۔ اور قولہ لا الٰہ الا ہو۔ یہ اللہ عزوجل کی وحدانیت کی تقریر ہی اور لا کے تحت مین الوہیت کی نفی سے بالکل الٰہ کی نفی ہوئی الا ہو۔ استثنا سے فقط اللہ عزوجل کی الوہیت ثابت رہی پس اس سے یہ وہم بھی دفع ہو گیا کہ شاید الٰہ موجود ہون اگرچہ مستحق عبادت نہون تو فرمایا کہ کسی کا وجود ہی نہین ہی اور ابو البقا نے ذکر کیا کہ الا ہو مستثنی موضع رفع مین ہی اور لا الٰہ کے موضع سے بدل ہی کیونکہ لا الٰہ کا موضع یعنے لا مع اپنے معمول کے موضع ابتدا مین ہی پس مرفوع المحل ہی پس بدل بھی مرفوع المحل ہی اور اگر موضع نصب مین ہوتا تو الا ایاہ ہوتا اور یہ ایک لطیف نکتہ ہی کہ آلہ ہونے کا مقام فقط اللہ عزوجل کا ہی اور غیر اس مقام سے نفی کیا گیا ہی۔ الرحمن الرحیم۔ ان دونون پاک ناموں کی تفسیر اول سورۂ فاتحہ مین گذری اور مقدمہ مین مفصل بیان ہی اور یہ دونون یا تو الہکم کی خبر دوم وسوم ہین یا مبتدا ے محذوف کی خبر ہین ای ہو الرحمن الرحیم اور یہی مفسر سیوطی رح نے اختیار کیا ہی اور الا ہو۔ مین مستثنی سے صفت نہین ہو سکتے ہین اسواسطے کہ ضمیر کا وصف نہین آتا اور نہ ضمیر سے کسی کا وصف کیا جاتا ہی اور اس سے خبر بھی نہین ہو سکتی ہین اسواسطے کہ مستثنی اس مقام پر جملہ نہین ہی ذکرہ الکبری اور بیضاوی مین فرمایا کہ ایراد ان دونون پاک ناموں کا وحدانیت پر دلیل دینے کے مانند ہی کیونکہ جب اللہ تعالے اصول و فروع چھوٹی وبڑی سب نعمتون کا مولی ہی اور جو چیز سوائے اللہ تعالے کے ہر دو یا تو نعمت ہی یا وہ ہی جسکو نعمت دی گئی تو کوئی منعم نہ ٹھہرا پس اسکے سوائے کوئی بھی مستحق عبادت نہین ہی اور حدیث مین اسماء پنجہ بن اسکن رض سے

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ کا اسم اعظم ان دو آیتوں میں ہے۔ الٰھکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمٰن الرحیم اور الٓمٓ اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم اس حدیث کو ابن ماجہ و دارمی و ابو داؤد و امام احمد و ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ صحیح ہے اور کچھ بیان اسکا اول ماعون میں گذرا۔ غفر بیانی تفسیر تعالےٰ واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان الآیہ۔ میں اشارہ آتا ہے۔ اور حضرت انس سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ متمرد جنوں پر کوئی چیز زیادہ سخت ان آیتوں سے نہیں جو سورہ بقرہ میں ہیں والٰھکم الٰہ واحد لا الٰہ الا ھو الرحمٰن الرحیم۔ اسکو دیلمی نے روایت کیا ہے پھر الوہیت اسی شیطانوں پر ہے

خالق عزوجل و مقتدر جل شانہ کی ہے کہ اسی نے دلیل و برہان کو پیدا کیا اور اسی نے معرفت کو پیدا کیا اور اسی سے مخلوقات کا وجود ہوا چنانچہ فرمایا۔

**اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا**

آسمان اور زمین کے پیدا کرنے میں اور رات دن ایک دوسرے کے پیچھے بدلتے آنے میں اور کشتی جو لیکر چلتی ہے دریا میں جس

**یَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ**

چیز سے لوگوں کے کام آوے اور جو اللہ نے اتارا آسمان سے پانی پھر زندہ کیا اس سے زمین کو اسکے مرے پیچھے اور پھیلائے

**فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ**

اوسمیں سب قسم کے جانور اور ہواؤں کے پھیرنے اور ابر کے پھیرنے میں جو حکم کا تابع ہے درمیان آسمان اور زمین کے ان میں نشانیاں ہیں

**لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۝**

عقلمند لوگوں کو۔

اس آیت کا شان نزول بھی مفسر سیوطی و معالم وغیرہ نے یہ بیان کیا کہ جب مشرکوں نے حضرت باری تعالےٰ کے اوصاف مقدس کو سنا کہ وہ واحد فرد لاشریک لہ الرحمٰن الرحیم ہے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تعجب کرکے دلیل مانگی پس یہ آیت اتری۔ **اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ** آسمانوں و زمین کی پیدائش میں **وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ** اور رات دن کے ایک دوسرے کے پیچھے آنے میں۔ **وَالْفُلْكِ الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ** اور کشتیوں میں جو لوگوں کی نافع چیزیں لیکر سمندر میں چلتی ہیں۔ **وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا** اور اس معاملہ بارش میں کہ اللہ تعالےٰ نے آسمان سے پانی اتارا پس اس سے زمین کو بعد مردگی کے زندہ کیا۔ **وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ** اور زمین میں ہر قسم کے جاندار پھیلائے۔ **وَتَصْرِیْفِ الرِّیٰحِ** اور ہواؤں کے پھیرنے میں۔ **وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ** اور بادل میں جو آسمان زمین کے درمیان تسخیر میں ہے بالجملہ ان جمیع آثار میں **لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ**۔ بیشک دلالات قدرت ہیں ایسی قوم کے واسطے جو سمجھ رکھتے ہیں ہے بر خلاف بیعقل کافروں کے جو اپنے حواس جسمی کے مردگی میں بے عقل ہو کر اسکا عقل نام رکھتے ہیں تو انکو کچھ نہیں سوجھتا اور کچھ بھی غور سے نہیں پاتے۔ بالجملہ اللہ عزوجل نے توحید کے ذکر کے بعد اسپر واضح دلیل بیان فرمائی اور وہ آٹھ باتیں ہیں جو اس آیت میں مذکور ہیں اور اس دلیل کے ساتھ ہیں کہ انکے ظاہر سے کھلی زمین ہیں کہ عوام و خواص سب پر نظر انصاف سے دیکھکر و صانعیت الٰہی پر یقین کر سکتے ہیں اور خواص اسمیں جسطرح اپنی انظر عقلی و علمی سے غور کرتے ہیں انکو عجیب عجیب قدرت و کمال کے دلائل ملتے ہیں اور یہ منجملہ معجزات قرآن سے ہے اور وہ آٹھ باتیں یہ ہیں اول خلق السموات والارض۔ دوم تعاقب اللیل النہار۔ سوم روانی کشتی و جہاز دریا و سمندر میں۔ چہارم آسمان سے پانی اتارنا۔ پنجم اس سے زمین کو زندہ کرنا۔ ششم اسمیں اسکے سبب جانداروں کو پھیلانا۔ ہفتم تصریف ریاح۔ و ہشتم تسخیر سحاب۔ پس ان میں ایک ہی مثلاً پیدائش آسمان و زمین ہی پر غور کیجئے دلیل ایسی ہے کہ کسی عقل والے نے آج تک اسکا انکار نہیں کیا

اور حقیقت اسکی کسی پر منکشف نہوئی خواہ فلاسفہ متقدمین ہوں یا متاخرین سب اسکی حقیقت و ماہیت سے عاجز ہیں اور کمال فلاسفہ کا انکے قول پر یہ تھا کہ موجودات کو بترتیب وجودی انواع کے ساتھ مع علت معلوم کریں مثلاً سب سے اول عقل اول پھر عقل دوم و فلک اول بعلت عقل اول پھر عقل سوم و فلک دوم بعلت عقل دوم اسیطرح عقل دہم اور فلک نہم تک پھر عقل دہم نے تمام زمین و ما فیہا کو پیدا کیا یہ قول ہر چند کہ انکی جہالت اور محض گمان ہی جسکو وہ تحقیق و علم جانتے ہیں مگر ہماری مراد اس وقت اسی قول نقل کرنے سے یہ ہی کہ جب کہا جاتا ہی کہ پھر عقل دہم نے گیارھویں عقل اور دوسویں آسمان کو کیوں نہیں پیدا کیا تو کہتے ہیں کہ یہ ہم نہیں جان سکتے اسکو سوائے حق عزوجل کے کوئی نہیں جانتا اور حکمت تو اسیقدر رہی کہ جو موجودات ہی ہم اسکی ترتیب و علت کو اپنی عقل سے پاویں و دریافت کریں اور یہ ہم نہیں جانتے کہ ایسا کیوں ہوا اور ویسا کیوں نہوا پھر جب کہا جاتا ہی کہ کنہ حقیقت آسمان کی کیا ہی تو کہتے ہیں کہ آسمان تو دور ہا ایک گھاس کی جنس فصل ذاتی بھی معلوم ہوتا دشوار ہی - یہ تو حال ہی پھر بھی یہ لوگ اور انکے مانند بہت انسے بڑھکر جاہل فرقہ ہیں جو اپنے گمان پر اڑتے ہیں اور حق بات جسکو اللہ تعالے و اسکے رسول نے فرمایا ہی چھوڑتے ہیں ایک ادنی بات یہ ہی کہ وہ اپنی حکمت کو علم قرار دیتے ہیں یعنے جو باتیں حکمت میں مذکور ہیں وہ ضروریوں ہی ہیں جیسے ثابت کی گئیں یا جنکو کہا گیا کہ یوں نہیں ہیں وہ درواقع یوں نہیں ہیں اب ہم کہتے ہیں کہ فلاطون کہتا ہی کہ جسم محض صورت جسمانیہ ایک جزو ہیولی کوئی جزو نہیں اور ارسطو والے کہتے ہیں کہ جسم مرکب ہی صورت اور ہیولی دو جزو سے پس ہم یقینا جانتے ہیں کہ یا تو ہیولی ہوگا جیسا کہ فلاطون کہتا ہی یا ہوگا جیسا ارسطو کہتا ہی اور یہ نہیں ہوسکتا کہ ہو اور نہ ہو بھی پس قطعا معلوم ہوا کہ ان دونوں میں سے ایک جھوٹا ہی پس حکمت کے یہ معنی کہاں ہے کہ قطعی و یقینی ہی اور یوں ہی ہی جیسے کہا گیا و ابو علی بن سینا نے شفا میں حکمت و علم و یقین میں کہا کہ یہ ہوا نہ لیس الا کذا - حالانکہ یہ غلط ٹھہرا پس برادر اسلام کو فرض ہی کہ اس خیالات میں اپنی اوقات ضائع نہ کرے اور جو اللہ عزوجل اور اسکے رسول برحق صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور ثابت صحیح الروایۃ معلوم ہوا اسپر تہ دل سے یقین کرے اور جس بات سے اللہ عزوجل نے اپنے دلائل قدرت و کمال میں فکر کرنے کو ارشاد کیا ہی اسمیں غوض کرے اور عجائب قدرت کی باریکیاں و علم حق سے فیض پاکر خوش ہو چنانچہ اس آیت میں اللہ عزوجل نے دلائل توحید کو بقدر کفایت ارشاد کیا اور مدارک بیضاوی میں ہی کہ روایت میں آیا کہ خرابی اسکی جسنے اس آیت کو پڑھا اور اسمیں تفکر نکیا اور حدیث صحیح میں ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم تہجد کے وقت اٹھے اور مسواک وضو سے پہلے پڑھتے رہے بالجملہ اگر ان آٹھوں وجوہ میں سے ایک پر بھی شیطانی وسوسے سے چھوڑکر غور کرے تو اسکو علم ربانی حاصل ہو کہ اسکا پیدا کرنے والا وہی حق سبحانہ جامع اوصاف کمال ہی باوجود اسکے اسمیں عجیب عجیب علوم مندرج ہیں جو اوپر منکشف ہوں انشاء اللہ تعالے پھر سموات کو جمع فرمایا اور ارض کو واحد تو کہا گیا کہ اسلیے کہ آسمان کئی طبقات ہیں اور طبقہ کے احکام جدا ہیں لہذا جمع فرمایا اور زمین طبقہ واحدہ ہی اور رد کر دیا گیا کہ زمین کے بھی وہی سات طبقے ہیں چنانچہ فرمایا ومن الارض مثلہن پھر توجیہ کی گئی کہ یہ زمین کے طبقات مثل پیاز کے تہ بتہ ہیں کچھ آبادی وغیرہ نہیں پس مثل طبقات آسمان کے نہیں ہوے بلکہ طبقہ واحدہ کے مانند ہوے اور یہ بھی رد کیا گیا کہ حاکم نے من طریق ابی الضحی عن ابن عباس روایت کی جسکا حاصل یہ ہی کہ ہر طبقہ زمین میں آبادی ہی اور ہر طبقہ کا آدم مانند ہمارے آدم کے اور موسی مانند ہمارے موسی کے اور عیسی مانند ہمارے عیسی کے اور محمد مانند ہمارے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہی اور حاکم نے کہا کہ اس حدیث کی اسناد صحیح ہی اور ہمارے مفسر نے تدریب الراوی شرح تقریب النواوی میں کہا کہ میں حاکم کی اس حدیث کو صحیح کہنے سے تعجب کرتا تھا یہانتک کہ میں نے بیہقی کو دیکھا کہ انھوں نے کہا کہ اسکی اسناد تو صحیح ہی لیکن یہ اول ہی راوی پر شاذ ہی یعنے فقط ابو الضحی اسکے ابن عباس سے راوی ہیں مجھے کوئی انکا متابع نہیں معلوم ہوا انتہی اور ابن المنذر وغیرہ نے اسکو دوسری وجہ سے بھی ابن عباس سے روایت کیا ہی پس ابو الضحی کی متابعت موجود ہی اور چونکہ نصوص قرآن و حدیث سے یہ امر ثابت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مخلوق عالم سے افضل و اکرم ہیں اور یہ طبقات بھی منجملہ عالم کے ہیں کیونکہ عالم ماسوائے ذات باری عزوجل ہی پس یہاں مانند سے مراد مشابہت ہی اس امر میں کہ اسی طور سے اسمیں انبیا ہیں جیسے ہم میں گذرے ہیں اور مانند سے

مثل و یکسان مراد نہیں ہے پھر جسکے جواب میں تم نے ذکر کیا کہ قطعی نصوص سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا مطلقاً افضل از خلق عالم ہونا جیسا ثابت ہے ویسا ہی دلالت و اشارت سے بکثرت معلوم ہوا اور یہاں تخصیص کرنا میرے نزدیک جہالت ہے۔ اور بیضاوی نے کہا کہ آسمان کو اسواسطے جمع فرمایا کہ وہ سب اجناس مختلفہ ہیں ہر آسمان دوسرے آسمان سے غیر جنس ہے اور زمین کی جنس واحد یعنے خاک ہے اور اسکے جمع کی حاجت نہیں کہ محسوسات میں اعظم مخلوق آسمان ہے جب اسکو متعدد پیدا کردیا جو لفظ جمع سے ظاہر ہے تو زمین سے ہزاروں ہو سکتے ہیں حاجت جمع بیان کرنے کی کچھ نہیں ہے اور یہاں ثابت ہوا کہ آسمان طبقات متعدد موجود ہے محض منتہائے نظر نہیں ہے جیسا کہ اسوقت کے بعضے ملاحدہ سے مسموع ہوتا ہے اسلیے کہ استعمال عرب میں خلق کو معدوم و ناپید کیطرف نسبت نہیں کرتے ہیں۔ اور مترجم نے مقدمہ میں اسکو دلیل عقلی و ریاضی سے مدلل کردیا ہے اور آسمان میں جو نشانی قدرت ہیں منجملہ انکے یہ ہے کہ اسکو بلا ہنڈنی ستون کے اپنے حال پر معلق کردیا اور ہوا میں سورج و چاند و تارے وغیرہ جڑ دیے اور زمین میں منجملہ اسکی نشانیوں کے اسکا پانی اپنی جگہ سے سائل نہیں ہوتا اور سمندر سے جانب بالا یا زیر نہیں بہہ جاتا ہے اور اسپر خاک بچھی ہے جسمیں پہاڑ و دریا و کانیں و جواہر و اشجار و انہار کثیرہ ہیں۔ اور یہاں سے نکلا کہ پانی کی طرح قیامت میں پسینے کا ایک حال پر رہنا بمشیت ایزدی ہے جیسے سمندر کے پانی میں مشاہدہ ہے۔ قولہ و اختلاف اللیل والنہار۔ اختلاف اس مقام پر اس محاورہ سے ہے کہ اختلف فلان فلانا ای خلفہ ہوا زید عمرو کا اور اختلاف ضد اتفاق یہاں نہیں ہے پس اختلاف اللیل والنہار کے معنے یہ ہوئے کہ باہم ایک دوسرے کا خلیفہ ہوتا ہے بایں طور کہ ایک جاتا ہے اور دوسرا اسکے پیچھے آتا ہے اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے۔ وھو الذی جعل اللیل والنہار خلفۃ۔ ای وہی اللہ پاک ہے جسنے کردیا رات اور دن کو خلفہ ای خلیفہ ہو جاتا ہے انمیں سے ہر ایک بعد دوسرے کے۔ اور عطاؓ نے فرمایا کہ روشنی و تاریکی اور زیادتی و نقصان میں ان دونوں کا اختلاف مراد ہے اور اس بنا پر اختلاف ضد اتفاق ہوگا۔ اور ابن الخطیب نے فرمایا کہ میرے نزدیک اسمیں تغیری وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں جیسے زمانہ میں مختلف ہوتے ہیں ویسی جگہوں میں بھی مختلف ہوتے ہیں کیونکہ جو شخص زمین کو گول کہتا ہے پس جو ساعت تو مقرر کرے وہ زمین کے کسی مقام پر صبح ہوگی اور یہی ساعت دوسرے مقام پر ظہر ہوگی اور تیسرے مقام پر عصر ہوگی اور کہیں مغرب اور کہیں عشا ہوگی۔ اور یہ اسوقت ہے کہ ہمنے طول کی راہ سے بلاد مختلفہ کو لیا اور اگر عرض کی راہ سے بلاد مختلفہ کو اعتبار کریں تو جس ملک کا عرض جانب شمال سے زیادہ ہوگا اسکی گرمی کے ایام بڑھکر ہونگے اور جاڑے کے ایام کم ہونگے پس ملکوں کے طول و عرض کی راہ سے شب و روز میں ایسے مختلف حالات ایک امر عجیب ہے۔ کما قالہ الکرخی اور لیل جمع لیلۃ کی ہے اور لیالی اسکی جمع الجمع ہے اور نہار جمع نہر کی ہے اور لیل کو نہار سے مقدم کیا اسواسطے کہ وہ اقدم ہے جیسا کہ فرمایا۔ وآیۃ لھم اللیل نسلخ منہ النہار۔ یعنے نشانی ہے انکے لیے رات کہ کھینچتے ہیں ہم اس سے دن کو۔ اور یہ بات بریں کہ ظلمت مقدم ہے نور پر یہی قول صحیح ہے اور دوسرا قول یہ ہے کہ نور مقدم ہے ظلمت پر۔ اور اس اختلاف سے ایک فائدہ نکلتا ہے وہ یہ ہے کہ جو رات ہے وہ آیا اپنے اگلے دن کے تابع ہے یا پچھلے دن اسکا تابع ہے پس اول قول کے موافق پچھلے دن اسکا تابع ہوگا اور دوسرے قول کے موافق اگلے دن کے تابع ہوگی پس یوم عرفہ پہلے قول کے موافق اصل سے مستثنیٰ ہوگا کیونکہ اپنے پیچھے والی رات کا تابع ہے اور دوسرے قول پر اصل کے موافق ہے۔ اور طلوع فجر سے غروب شمس تک کے درمیان نہار ہے اور نضر بن شمیل نے کہا کہ شروع نہار کا طلوع شمس سے ہے اور اس سے پہلے نہار میں سے شمار نہیں ہے اور یہی تغلب نے زجاج کا قول کہا ہے۔ اور ابن الانباری نے زمانہ کی تین قسمیں کی ہیں ایک محض رات کہ غروب آفتاب سے طلوع فجر تک ہے دوم محض نہار کہ طلوع آفتاب سے غروب تک ہے اور سوم مشترک درمیان لیل و نہار کہ طلوع فجر سے طلوع شمس تک ہے کیونکہ کچھ تاریکی رات کی رہتی ہے اور کچھ دن کی روشنی ہو جاتی ہے اور یہ اصطلاح اہل لغت کے موافق بیان ہوا اور شرع میں روزے کے واسطے بالاتفاق نہار کا اعتبار طلوع فجر سے تا غروب آفتاب ہے اور صدقہ فطر کے واسطے اگر طلوع فجر کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے لڑکا پیدا ہوا تو فقہ میں اسکا کلام معروف ہے۔ قولہ والفلک التی تجری فی البحر بما ینفع الناس۔ لفظ فلک بضم اول وسکون دوم جمع ہے اور اسکے معنے بڑی کشتیاں اور اسکا مفرد و جمع ایک ہی لفظ پر ہے پس فرق یوں بیان کیا گیا کہ اسکا واحد بروزن قفل ہے اور جمع بروزن اُسُد جمع اسد للمتحیین اور اسی سے بعض نے

کہا کہ واحد فلک بھی بروزن اسد کہ جمع تکسیر ہے اور یہ غیر منصرف فی اللغۃ بقیاس ہے اور یہ روا نہیں ہے اور محققین کے نزدیک فرق واحد و جمع میں باعتبار ضمہ کے ہے یعنے جو ضمہ کہ فاء کو واحد میں ہے وہ غیر ضمہ جمع ہے اور اسکی دلیل یہ ہے کہ جمع کا ضمہ سین میں بھی ہوتا ہے جسکا واحد معدوم نہیں مثل اسد و کتب کہ واحد اسکا اسد بفتحتین و کتاب ہے ذکرہ الکبیر و البیضاوی ۔ اور ضمی میں ہے کہ ساکن العین ایسے الفاظ میں فرع مضموم العین کی ہے پس اصل میں فُلک بضمتین ہوگا اور کسی بعض فقہ ارۃ میں آیا ہے اور فلک کی تانیث باعتبار جمع سے کہ بمعنے سفینہ ہے یا بوجہ جمع ہونے کے ذکرہ البیضاوی اور بعض نے کہا کہ کبھی اسکو مذکر لاتے ہیں کما فی قولہ فی الفلک المشحون ۔ اور کبھی مؤنث کما فی قولہ والفلک التی تجری فی البحر ۔ وقولہ حتی اذا کنتم فی الفلک و جرین بہم ۔ ولیکن یہ قول ہم ہے اسلیے کہ اول مثالوں میں لفظ مفرد ہے اور دوم و سوم میں جمع ہے پس تذکیر بوجہ افراد کے اور تانیث بوجہ جمع کے ہو سکتی ہے پھر نشان قدرت اسمیں یہ ہے کہ کشتی باوجودیکہ گران بار ہوتی ہے اسباب آدمیوں وغیرہ سے پھر پانی پر رواں ہوتی اور نہیں ڈوبتی ہے اور یہ اللہ تعالے کی نجات سے ہے اور اسکی قدرت کاملہ کا ظہور ہے ورنہ ایک کنکری ڈوب جاتی ہے اور بما قولہ بما ینفع ۔ موصولہ ہے مصدریہ نہیں ہے علی ما قیل ۔ اور قولہ وما انزل اللہ من السماء من ماء ۔ پہلا من ابتدائیہ اور دوسرا بیان موصول ہے بغوی نے کہا کہ سماء سے مراد سحاب ہے کہ اللہ تعالے اسمیں پانی پیدا کرتا ہے پھر اس سے نازل فرماتا ہے اور بعض نے کہا کہ آسمان مراد ہے کہ اسمیں پیدا کرکے پھر سحاب میں اتار کے پھر زمین کو نازل فرماتا ہے اور سراج میں کہا کہ ہمارے شیخ قاضی زکریا نے فرمایا کہ اخبار میں یوں ہے کہ سحاب توجنت کے پھل اور درخت سے ہے اور بحیرہ عرش کے پنچے کے سمندر سے ہے مترجم کہتا ہے کہ اس بارہ میں حدیث صحیح میں کچھ نہیں آیا البتہ اسرائیلی روایات ہیں اور کلام اسمیں پہلے گذر چکا اور ماء سے مراد مطر ہے کہ جو اللہ تعالے کے حکم سے عالم کی زندگی کا اور پیداواری نباتات و ارزاق کا باعث ہے ۔ فاحیا بہ الارض بعد موتہا ۔ موت سے مراد زمین کا خشک ہو جانا اور بیجان اسکو موت فرمایا پس حیاء سے مراد یہ کہ زمین میں نباتات اُگائے یا اسکی تروتازگی ہے اور یہ انزل پر عطف ہے اور قولہ بث فیہا من کل دابۃ ۔ ابن عباس رضی نے فرمایا کہ دابہ سے مراد ہر جاندار ہے جو رو ے زمین پر چلے خواہ کوئی مخلوق ہو آدمی یا جانور یا کیڑے پتنگے وغیرہ جنکی صورتیں مختلف و رنگ و زبانیں جدا جدا باوجود کثرت بیشمار کے اور باوجود اسکے کہ آدمی مثلاً ایک اصل کی طرف راجع ہیں پھر بھی ہر مرد کی صورت امتیازی موجود ہے جو عقل میں نہایت عجیب ہے اور یہ عطف ہے احیا پر کیونکہ احیاء ارض اور بث الدواب دونوں اسی مطر کے سبب سے ہیں اور کشاف میں کہا کہ ظاہر یہ ہے کہ وہ انزل پر عطف ہے اور شیخ ابو حیان نے فرمایا کہ انزل پر اسکا عطف صحیح نہیں اور نہ احیا پر بلکہ صواب یہ ہے کہ یہاں موصول محذوف ہے ای و ما بث فیہا ۔ اور کہا کہ اسمیں ایک زیادہ فائدہ یہ ہے کہ یہ ایک مستقل نشانی ہو جاتی ہے اور موصول کا حذف کرنا کلام عرب میں شائع ہے ۔ قولہ وتصریف الریاح والسحاب المسخر بین السماء والارض ۔ ریاح جمع ریح بمعنے ہوا اور یہ لفظ مذکر و مؤنث دونوں بولا جاتا ہے اور تصریف ریاح سے مراد اسکو اسکے چلنے کے رخ سے بدل دینا مثل پوروائی و پچھیاؤ و اتری و دکھنی کر دینا جسکو عربی میں قبول و دبور و شمال و جنوب کہتے ہیں اور اسی قبول یا الفتح کو صبا کہتے ہیں و حدیث میں ہے کہ نصرت بالصبا و ہلکت عاد بالدبور ۔ یعنی مدد دیا گیا صبا سے اور ہلاک کی گئی قوم عاد ہوائے دبور سے اور شمال بروزن اکرم جو اتر کیطرف سے چلے اور جنوب اسکے برعکس ہے اور بعض نے کہا کہ صبا وہ ہوا ہے کہ دو ہواؤں کے بہنے کے بیچ سے چلے اور ابن عباس رضی سے مروی ہے کہ ریح و ہوا اللہ تعالے کے لشکر سے بڑے گروہ میں اور حدیث میں ہے کہ ربیع کی ہوا بدنوں کے ساتھ وہی کرتی ہے جو درختوں کے ساتھ کرتی ہے اور ابی بن کعب سے مروی ہے کہ قرآن میں جہاں ریح سے کوئی لفظ ہے وہ رحمت ہے اور جہاں ریح ہے وہ عذاب ہے اور ہوا کو برا کہنے سے ممانعت میں احادیث وارد ہیں اور سراج میں ہے کہ صبا و شمال و جنوب میں بشارت ہے اور دبور وہی ریح عقیم ہے اور بعض نے کہا کہ ریاح آٹھ ہیں چار رحمت کے واسطے وہ مبشرات و ناشرات و ذاریات و مرسلات ہیں اور یہ کلام مجید میں مذکور ہیں اور چار عذاب کی ہیں وہ خشکی میں عقیم و صرصر اور دوتری میں عاصف و قاصف اور یہ بھی قرآن میں مذکور ہیں اور ریح میں نشان یہ ہے کہ وہ بے رنگ جسم لطیف ہے کہ نہ دکھلائی دیتا اور نہ ہاتھ میں آتا ہے اور باوجود اسکے اسمیں انتہا کی طاقت ہے کہ جڑ سے پیڑ تبھرا کھاڑ ڈالتی ہے اور سنگین عمارتیں

ٹھہرا دیتی ہوا اور باوجود اسکے وہ زندگی کا سبب ہی کہ اگر ایک طرفۃ العین معدوم ہو تو ہر ذی روح مرجاوے اور جو چیز زمین پر ہی سڑ جاوے۔ اور لفظ ریح کہکر وحدت دونون آتا ہی اور سحاب یعنے نعیم مسخر ہی درمیان آسمان زمین کے پس بعض نے کہا کہ مسخر ہونا یہ کہ جہان چاہا اسکو بھیجدیا اور بعض نے کہا کہ ہوا ن بنداون کے اسکا درمیان مین چلنا بھی اسکا مسخر ہونا ہی و اقوال تسخیر کے معنے تو معلوم ہین یہ دونون باتین اور اسکے سوائے اور اطاعت و فرمانبرداری کی باتین سب اسمین داخل ہین اور سحاب مین نشانی یہ ہی کہ باوجودیکہ وہ اس کثرت سے پانی کو شامل ہی کہ بڑے بڑے دریا اس سے رواں ہوتے ہین پھر بھی آسمان و زمین کے درمیان نے روک ٹوک چلا رہتا ہی اور پانی تھامے رہتا ہی اور اسمین اور طرح طرح کی نشانیان ہین جو ادنی فکر سے ظاہر ہوتی ہین پس یہ سب انواع دلایل حضرت خالق واجب قادر مختار وحدہ لاشریک لہ پر دال ہین اور حق وہ ہی جو اکابر سے منقول ہی کہ حق ہر وہ چیز ہی جو دلیل ہی اور امام اعظم رح نے اشارہ کیا کہ اگر انبیاء علیہم السلام نہ بھیجے جاتے تو کوئی شخص اس امر مین معذور نہ رکھا جاتا کہ مین نے اپنے خالق کو نہ پہچانا فتفکر قولہ آیات لقوم یعقلون۔ یعنے اللہ سبحانہ کی وحدانیت اور کمال صفات کی طرف دلالتین و نشانیان ہین ایسے شخص کے لیے جو آنکھ سے دیکھتا اور نورانی عقل سے فکر کرتا ہی جو اوہام کا پابند نہین اور اٹکلون پر نہین چلتا ہی اور بیضاوی وغیرہ مین ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہی کہ ویل ہی اس شخص کے لیے جسنے اس آیت کو پڑھا اور اسمین فکر نہ کی۔ اور لفظ یہ ہین۔ ویل لمن قرأہ الآیۃ فجہا۔ شیخ ولی الدین عراقی نے فرمایا کہ مجھے اس روایت پر وقوف نہین حاصل ہوا یعنے کسنے روایت کی اور کیسی روایت ہی اور ہمارے مفسر نے فرمایا کہ اس لفظ سے یہ روایت نہین مروی ہوئی اور کہا کہ حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مجھپر اس رات اتاری گئی آیتہ۔ ان فی خلق السموات والارض و اختلاف اللیل والنہار لآیات لاولی الالباب۔ پھر فرمایا ویل لمن قرأہا ولم یتفکر فیہا۔ ای ویل ہی اس شخص کے لیے جسنے اسکو پڑھا اور اسمین فکر نہ کی شیخ اوزاعی سے پوچھا گیا کہ تفکر کی حد کیا ہی تو فرمایا کہ پڑھے اس آیت کو درحالیکہ اسکو سمجھتا جاوے انتہی و بیضاوی نے کہا کہ اسمین علم کلام و اسکے جاننے والون کے حق مین اس آیت سے بزرگی نکلتی ہی یہ تو بیضاوی رحمۃ اللہ کا اجتہاد ہی اور امام شافعی رح نے فرمایا کہ آدمی اگر اپنے پروردگار سے ہر گناہ کو لاکر سوائے شرک کے تو اس سے بہتر ہی کہ علم کلام کے ساتھ اس سے ملے اور امام ابو یوسف رح نے کہا کہ علم کلام والے کے پیچھے نماز مکروہ ہی اور امام احمد سے حارث محاسبی کے حق مین اسی قسم سے مروی ہی اور ایک جماعت ائمہ سے اسکی مذمت مروی ہی شیخ ابن کثیر نے اپنی تفسیر مین مع اسانید نقل کیا کہ حافظ ابن مردویہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ قریش کے لوگ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا کہ ای محمد ہم چاہتے ہین کہ دعا کرو کہ تمہارا پروردگار صفا پہاڑ کو ہمارے لیے سونے کا کردے کہ ہم اسکے عوض گھوڑے و ہتھیار خریدین اور تمہارے ساتھ ہوکر لڑین تو آپ نے فرمایا کہ میرے ساتھ واثق عہد کرو کہ اگر مین نے پروردگار سے دعا کی اور اسنے تمہارے لیے صفا کو سونے کا کردیا تو تم ضرور ایمان لاؤگے پس انھون نے واثق وعدہ کیا پس آپ نے دعا کی پس جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہا کہ پروردگار عزوجل نے انکو صفا پہاڑ کو سونے کا کردیا اس شرط پر کہ اگر یہ تیرے اوپر ایمان نہ لاوینگے تو انکو ایسا عذاب کریگا جو تمام عالم مین کسی کو نہین کیا پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عرض کیا کہ نہین میرے پروردگار بلکہ تو انکو اور مجھے چھوڑدے مین انکو روز بروز دعوت و نصیحت کرونگا پس اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری۔ ان فی خلق السموات والارض و اختلاف اللیل والنہار والفلک التی تجری فی البحر بما ینفع الناس الآیۃ۔ اور ابن ابی حاتم نے دوسری وجہ سے جعفر بن ابی المغیرہ سے اسکو روایت کیا ہی اور آخر مین اسقدر زیادہ کیا اور کیونکر وہ لوگ تجھسے صفا کا سوال کرتے ہین حالانکہ وہ آیتون مین ہین جو اس سے بڑھکر ہی اور ابن ابی حاتم نے عطا رح سے روایت کی کہ مدینے مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اتری والہکم الہ واحد لا الہ الا ہو الرحمن الرحیم تو کفار قریش نے مکہ مین کہا کہ کیونکر سب لوگون کو الہ واحد کافی ہوگا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ ان فی خلق السموات والارض و اختلاف اللیل والنہار والفلک التی تجری فی البحر بما ینفع الناس تا قولہ لآیات لقوم یعقلون پس اس سے وہ جانینگے کہ وہ الہ واحد ہی اور وہ ہر چیز کا معبود ہی اور ہر چیز کا خالق ہی اور وکیع بن الجراح نے ابو الضحی سے روایت کی کہ جب یہ آیت اتری۔ والہکم الہ واحد الآیۃ۔ تو مشرکون نے کہا کہ اگر ایسا ہی تو ہمکو کوئی آیت دو

پس اللہ عزوجل نے اُتارا۔ ان فی خلق السموٰت والارض واختلاف اللیل والنہار لآیٰت لقوم یعقلون۔ اور آدم ابن ابی ایاس نے دوسری وجہ سے اسکو ابو الضحیٰ سے روایت کیا ہے۔ قال العکبری اس آیت میں کوئی وقف تام نہیں ہے **فصل** شیخ نے عرائس میں ذکر کیا۔ قولہ ان فی خلق السموٰت والارض۔ ای آسمان و زمین کے تمہی طور پر ایجاد کرنے میں نور صفات کا نور افعال میں ظہور ہے پس نور افعال کا ظہور آیات کے مقام میں ہے اور نیز آسمان اشارہ ہے روح کی طرف اور زمین اشارہ ہے قلب کی طرف۔ قولہ واختلاف اللیل والنہار۔ یعنے ان دونوں کی کمی اور زیادتی اور دونوں کے آنے اور جانے میں بقیاس طلوع آفتاب معرفت کے یعنے لیل و نہار ظاہری اشارہ ہے دلیل بین باطن کے بایں طور کہ جیسے نہار اس آفتاب کے طلوع سے اور لیل اسکے غروب سے ہوتی ہے ویسے ہی معرفت کا آفتاب جب قربت کے مطلع سے نکلتا ہے تو وہ نہار حقیقی ہے اور جب مشاہدہ جلاتے رہنے سے نکرت چھا جاتی ہے اور ڈوب جاتا ہے تو وہی رات ہے۔ اور نور وصل جاتے رہنے سے ہجر کی تاریکیاں چھا جانے سے رات ہے اور اہل محبت کے دلوں میں تجلی حق عزوجل کے انوار چمکنے سے اس تاریکی کا زائل ہو جانا ہی روز روشن ہے اور نیز اشارہ ہے کہ بسط اور انبساط کے دیکھنے سے اپنے حالات کو اسی پر قیاس کرو۔ مترجم کہتا ہے کہ احوال بھی تصرفات قدرت میں کسی ولی کے اختیاری نہیں ہیں چنانچہ سعدی علیہ الرحمہ نے فرمایا ؎ بگفت احوال ما برق جہان است ۔ دمے پیدا و دیگر دم نہان است۔ والفلک التی تجری فی البحر بما ینفع الناس۔ شیخ نے اشارہ کیا کہ فلک قلب عارف ہے اور بحر دریائے قدم و ابد ہے اور بما ینفع معرفت کے موتی اور الناس مریدین ہیں اور حاصل مضمون یہ ہے کہ عارفین کا حال انکے قلوب کا قدم و ابد کے سمندروں اور دریائے صفات میں جاری ہونا ہے پس غرض یہ ہے کہ ذات کے سمندر میں غوطہ لگا کر تہ سے معرفت کے موتی نکال لاویں جو مریدوں کے تمام اصطرح آویں کہ آیات ماکونیہ میں صفات جبروتیہ کو مشاہدہ کریں۔ قولہ وانزل اللہ من السماء من ماء فاحیا بہ الارض بعد موتہا۔ عارفوں کے واسطے نصیحت ہے اس تفکر میں جو اللہ تعالیٰ نے قربت کے آسمان سے باران مشاہدہ نازل فرما کر ایسے قلوب مردہ کو جو قربت و مشاہدہ نہ پانے سے مر گئے تھے زندہ کر دیا۔ تمہید شیخ نے اس کلام میں عارفوں کے قلوب کو عالم ملکوت کی سیر میں بجا نے اپنے مقامات کی راہ سے متفرق ہیں لطائف خطاب سے سرفراز فرمانا ہے۔ قولہ وتصریف الریاح والسحاب المسخر بین السماء والارض۔ عارفوں کو تصریف ریاح اور تسخیر سحاب میں معارف مشاہدہ خاص ہیں مترجم کہتا ہے کہ کفار مردہ دان چیزوں کو بے جان خیال کرتے ہیں اور سورۃ الرعد میں اللہ تعالیٰ بیان آویگا قولہ آیات لقوم یعقلون۔ ای بصیرت کی باتیں جاننے والوں کے لیے صفات قدرت کی نشانیاں ہیں بایں طور کہ انکی عقل کی آنکھیں عجیب حکمتوں سے کچھ دریافت کر جاتی ہیں لیکن کفار کچھ نہیں پہچانتے اور مخلوقات کو معبود بنا کر انکے شکر گذار و نہایت عاشق بن جاتے ہیں لہذا اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ؕ وَلَوْ يَرَى

اور بعضے لوگ ہیں جو پکڑتے ہیں اللہ کے برابر اور وں کو انکی محبت رکھتے ہیں جیسے محبت اللہ کی اور ایمان والوں کو اس سے بڑھی ہے محبت اللہ کی اور کبھی دیکھیں

الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۞ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ

بے انصاف اس وقت کو جب دیکھینگے عذاب کہ زور سارا اللہ کو ہے اور اللہ کی مار سخت ہے جب الگ ہو جاویں جنکے

اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ۞ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا

ساتھ ہوئے تھے اپنے ساتھ والوں سے اور دیکھیں عذاب اور ٹوٹ جاویں انکے سب ڈھب کے علاقے اور کہینگے ساتھ پکڑنے والے کاشکے ہمکو

كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ؕ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ ؕ وَمَا هُمْ

دوسری بار زندگی ہو تو ہم الگ ہو جاویں انسے جیسے یہ الگ ہو گئے ہم سے اسطرح دکھاوے گا اللہ انکو کام انکے افسوس لانے کو ان کو

بِخٰرِجِيْنَ مِنَ النَّارِ ۞

نکلنا نہیں آگ سے

ع ۱۴

پہلے اللہ عزوجل نے وحدانیت الٰہی کو پھر اسپر دلیل کو ذکر فرمانے کے بعد ان لوگون کا حال بیان کیا جو مشرک ہین بقولہ تعالےٰ وَمِنَ النَّاسِ
مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۔ اور آدمیون مین سے ایسا ہی جو سوائے اللہ تعالےٰ کے انداد بناتا ہی جنکے
ساتھ اللہ تعالےٰ کے مانند محبت کرتا ہی ۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۔ اور جو لوگ ایمان لائے وہ سب سے زیادہ شدید محبت اپنے اللہ
تعالےٰ کے ساتھ رکھتے ہین ف پس کفار قابل لعنت ہین جو رب عزوجل کو چھوڑکر مخلوقات پر فریفتہ ہین آخر قیامت مین یہ سب باطل ہوگا اور عذاب شرک
مین پڑینگے ۔ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ۔ اور
اگر جانتے وہ لوگ جنھون نے شرک کیا جب عذاب دیکھینگے کہ قوت کل اللہ تعالےٰ ہی کے واسطے اور اللہ تعالےٰ شدید العذاب ہی ف تو ہرگز دنیا مین شرک
نکرتے کیونکہ جنکو انداد بنایا وہ محض مجبور مخلوق ہی جو قیامت مین ظاہر ہوگا ۔ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا وَرَاَوُا الْعَذَابَ
وَتَقَطَّعَتْ بِهِمُ الْاَسْبَابُ ۔ جب بیزار ہونگے وہ لوگ جو پیشوا متبوع بنائے گئے تھے ایسے لوگون سے جو انکے تابع بنے تھے درحالیکہ یہ لوگ
عذاب دیکھینگے اور انمین باہمی سبب کٹ جائیگا ف یہ وقت پیروی کرنے والون پر حسرت وندامت کا ہوگا ۔ وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً
فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ۔ اور تابعداری کرنے والے باہم کہینگے کہ کاش ہمارے لیے لوٹنا ہوتا تو ہم بھی ان لوگون سے بیزار کر لیتے جیسے انھون نے
ہمسے بیزار کیا ف پھر تمنا کرینگے کہ کاش ایکبار ہم دنیا مین بھیجدیے جاتے تو ہم بھی ان سردارون سے بیزار کر لیتے جیسے آج انھون نے ہمسے کیا حالانکہ یہ لوگ
جھوٹے ہین پھر اس جسم مین گرفتار ہوکر یہی کرتے ۔ كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرٰتٍ عَلَيْهِمْ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِيْنَ
مِنَ النَّارِ ۔ یون ہی اللہ تعالےٰ ان کافرون کو انکے اعمال شرکیہ کفریہ کو حسرتین دکھلاتا ہی اور یہ لوگ گئے باہر ہونیوالے نہین ہین ف بلکہ یہ حسرت علاوہ عذاب ہی
واضح ہو کہ قولہ من دون اللہ مین دون بمعنے غیر ہی اور انداد جمع ند کی بمعنے نظیر ہی اور مفسر سیوطی نے اصنام یعنے بتون سے تفسیر کی یعنے سوائے اللہ تعالےٰ
کے بتون کو شریک لائے اور بیضاوی مین ہی کہ بعض نے کہا کہ انداد بمعنے وہ سردار لوگ جنکی اطاعت کرتے تھے اسوجہ سے کہ آگے فرمایا ہی کہ اِذْ تَبَرَّاَ الَّذِيْنَ اتُّبِعُوْا مِنَ الَّذِيْنَ
اتَّبَعُوْا ۔ حالانکہ بیزاری کرنا بتون سے منصور نہین اور جو کوئی سوائے حکم الٰہی کے کسی کی بات مانے اسنے اسکو اپنا رب بنایا چنانچہ قولہ تعالےٰ اتخذوا
احبارہم ورہبانہم ارباباً من دون اللہ ۔ مین بیان آویگا ۔ اور شاید مراد عام ہی خواہ بت ہون یا ایسے لوگ ہون جنکی فرمانبرداری خلاف حق تعالےٰ بدون حکم
شرعی اختیار کی تھی بلکہ وہ چیز مراد ہی جو اللہ تعالےٰ سے مشغول کردی اور بجو بنہم سے مراد یہ ہی کہ تعظیم وخضوع مین مثل حب اللہ کے انکے ساتھ برتاؤ کرتے ہین
اور کحب اللہ مصدر مضاف بجانب مفعول ہی اور فاعل ضمیر راجع بجانب ان کافرون کے ہی اور مراد یہ ہی کہ یہ کافران انداد سے ایسی ہی محبت کرتے ہین جیسے
اللہ تعالےٰ سے محبت کرتے ہین یعنے محبت واطاعت مین اللہ تعالےٰ اور انداد کو برابر رکھتے ہین اور بعض نے کہا کہ کحب اللہ ای کحب المومنین لہ ۔ یعنے بتون کو اللہ
مانتے ہین جیسے مومنین اپنے رب تعالےٰ کے لیے محبت وخضوع کرتے ہین ۔ اور بیضاوی مین ہی کہ محبت حب ۔ بالفتح سے بمعنے میل قلب ہی پھر دل کے سیاہ
لقطہ کے واسطے جسکو حبۃ القلب کہتے ہین مستعار لیا پھر اس سے حب بالضم کو ماخوذ کیا کیونکہ وہ دل مین اس لقطہ تک پہونچی اور انمین جم بیٹھی ہی
اور بندے کی اللہ تعالےٰ سے محبت کرنے کے معنے یہ ہین کہ اللہ تعالےٰ کی طاعت کا ارادہ کرے اور اسکی مرضیات حاصل کرنے پر قصد رکھے اور اللہ تعالےٰ کا
بندے کے ساتھ محبت کرنے کے یہ معنے ہین کہ اسکی کرامت کا ارادہ فرماوے اور اپنی طاعت مین اسکو لگاوے اور معاصی سے بچاوے اور حق یہ ہی کہ محبت
صفت الٰہی سبحانہ تعالےٰ ہی ۔ اور اشد جیسا بیضہ اتم تفضیل ہی ای اشد مین انکی انداد کو چاہنے کی نسبت یا انکے اللہ تعالےٰ کو چاہنے کی نسبت کیونکہ وہ لوگ
بھی اللہ تعالےٰ کے مقر تھے اور سختی کے وقت اسی کی طرف رجوع کرتے تھے اور یہی وجہ ہی کہ مسلمان انکی نسبت اشد ہوتے ہین کہ یہ کسی حال مین اللہ تعالےٰ سے
غافل نہین کرتے ہین اور صحیحین مین عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہی کہ مین نے کہا یا رسول اللہ کون گناہ سب سے بڑا ہی فرمایا یہ کہ تو اللہ تعالےٰ کا ند بناوے

حالانکہ اسنے تجھے پیدا کیا ہی - وقولہ لو یری الذین ظلموا - مفسر سیوطی رح نے تفسیر ہین نری بتاء فوقیہ قرارۃ اہل شام کی اختیار کی ہی پس وہ آنکھ کا دیکھنا ہوگا اور خطاب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یا ہر مخاطب کو ہوگا اور معنے یہ ہین کہ اگر دیکھیگا تو ای محمد ان لوگون کو جنھون نے انداد بنا کر اپنے اوپر ظلم کیا ہی تو البتہ امر عظیم دیکھیگا - جواب لو محذوف ہی اور بعض نے کہا کہ ان القوۃ للہ جمیعا - یہی جواب ہوای اگر دیکھے تو ای محمد ان ظالمون کو انکے عذاب دیکھنے کی حالت مین تو تو جانے کہ قوت اللہ تعالے ہی کے واسطے ہی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اگرچہ اسکو جانتے تھے لیکن خطاب آپکو کیا گیا اور مراد آپ کی امت والے ہین - اور اہل مکہ کی قرارۃ بیاے تحتانیہ ہی اور معنے یہ ہین کہ اگر دیکھین وہ لوگ جنھون نے ظلم کیا دنیا مین عذاب آخرت کو تو البتہ جان لین جس دم دیکھین کہ قوت واسطے اللہ تعالے ہی کے ہی سب کی سب - اور یہ ابو عبیدہ کی تفسیر ہی اور نحاس نے کہا کہ اہل تفسیر اسی قول پر ہین اور اس تفسیر کی بھی رویت بمعنے رویت بصر یعنے آنکھ کا دیکھنا ہی آور مبرد رح نے کہا کہ جو تفسیر ابو عبیدہ نے فرمائی وہ جید نہین ہی کیونکہ عذاب کی تقدیر یا بین طور کہ - لو یری الذین ظلموا العذاب ضروری ہی پس گویا اسکی سی بات ہوگئی حالانکہ اسکا اللہ تعالے نے واجب کیا ہی پس احسن یہ ہی کہ یری بمعنے تعلم لیا جاوے اور تقدیر عبارت یون ہو - ولو یری الذین ظلموا ان القوۃ للہ ای لو یعلمون حقیقۃ قوۃ اللہ وشدۃ عذابہ - اور جواب لو محذوف ہی ای لتبینوا ضرا تحاد ہم الاندادہ - یعنے اگر مشرکین جان لین کہ حقیقت مین قوت کل اللہ تعالے ہی کے واسطے ہی اور اسکا عذاب شدید ہی تو انکو کل جانے کہ انداد یعنے شریک بنانا نہایت سخت مضر ہی - اور اذ یہان بمعنے اذا ہی سو واسطے کہ اذ موضوع ہی گذشتہ کے واسطے اور یہان مستقبلا شدید داخل ہوا اس اعتبار سے کہ یہ چیزین متحقق ہونے مین ایسی یقینی ہین کہ مثل ماضی کے ہین گویا واقع ہوگئین - اور یرون - بہ بنا معروف مجہول کی قرارۃ ہی اور یہ بناے مجہول ابن عامر کی قرارۃ از زارۃ ہی اور بعضون نے ان القوۃ - مین ان بکسورہ پڑھا ہی اور قوت سے یہان قوت مراد نہین بلکہ قدرت آلہیہ و غلبہ مراد ہی - اور جمیع در اصل فعیل از جمع ہی اور شاید وہ اسم جمع ہی اسیواسطے کبھی مفرد اسکے پیچھے آتا ہی مثل قولہ نحن جمیع منتصر - اور کبھی جمع مثل جمیع لدینا محضرون اور حال قرار دیے جانے سے اسکو نصیب ہوتا ہی اور کبھی کل کے معنے پر تاکید آتا ہی اور مثل کل کے شمول پر دلالت کرتا ہی اور یہ بات قلت مین مجتمع ہونے پر دلالت نہین کرتا ہی - اور قولہ ان اللہ شدید العذاب - بیضاوی نے کہا کہ یا تو جملہ مستانفہ ہی یا قول یہان مضمر ہی اور بعض نے کہا کہ ما قبل پر عطف ہی اور فائدہ اسکا تہویل ہی کیونکہ اللہ تعالے کے ساتھ قوت کی حضوصیت ہونا شدت عذاب کو واجب نہین کرتا ہی اسواسطے کہ جائز ہی کہ باوجود قدرت ہونے کے اسکو ترک کرے اور عفو کرے اور جب تصریح کی کہ شدت عذاب ہے گا تو خوف جم گیا - قولہ اذ تبرأ الذین اتبعوا - یہ اذ بدل ہی پہلے اذ سے یعنے اذ یرون العذاب سے - یعنے جب دیکھینگے انداد بنانے والے عذاب کو جبکہ یہ حال ہوگا کہ بیزاری کرینگے متبوع جنکو انداد بنایا تھا اپنے تابعین سے اور چونکہ متبوع لوگون کا عذاب دیکھنا اوپر نہ کہا تھا اسیواسطے وہان اوا دہ فرمادیا کہ وہ لوگ بھی شدت عذاب کو معائنہ کرینگے - تفسیر ابن کثیر مین ہی کہ بیزاری کرینگے ایسے لوگون سے حالانکہ جو انکو دار دنیا مین پوجتے تھے پس دیکھینگے تبرأنا الیک ما کانوا ایانا یعبدون - ہم نے تیری طرف کو بیزاری کی ان حقیقون سے یہ نہ تھے ہمکو پوجتے - اور کہینگے سبحانک انت ولینا من دونہم بل کانوا یعبدون الجن اکثرہم بہم مومنون - تو پاک ہی تو ہی ہمارا مولی ہی نہ وہ لوگ بلکہ یہ لوگ تو جنون کو پوجا کرتے اور انمین اکثر ہین کہ جنون پر یقین لاتے ہین - یعنے چونکہ عبادت غیر کی ایک سخت خوفناک چیز ہی پس حالانکہ باوجود عصمت کے خوف کھاوینگے اور اپنی طرف اس نسبت باطل سے بھی چڑینگے اور جنون کی طرف بات ڈال دینگے - یعنے پاک ہی تو تو ہی ہمارا ولی ہی یہ لوگ نہین ہین بلکہ یہ لوگ تو جنون کو پوجتے تھے اور اکثر انمین کے جنون پر ایمان لاتے تھے - اور جن بھی انسے بیزار ہونگے اور انکی عبادت سے انکار کرینگے چنانچہ فرمایا - ومن اضل ممن یدعو من دون اللہ من لا یستجیب لہ الی یوم القیامۃ وہم عن دعائہم غافلون واذا حشر الناس کانوا لہم اعداء وکانوا بعبادتہم کافرین - اور کون بڑھا گمراہ ہی ایسے شخص سے جو پکارے غیر خدا کو ایسے کو جو قیامت تک اسکو اجابت نہ کرسکے اور وہ لوگ انکی پکار سے غافل ہین اور جب سب لوگ حشر کیے جاوینگے تو وہ ان لوگون کے دشمن ہونگے اور انکی عبادت

کرنے سے انکار کرنے والے ہونگے۔ اور فرمایا۔ واتخذوا من دون اللہ آلہۃ لیکونوا لھم عزا کلا سیکفرون بعبادتھم ویکونون علیھم ضدا۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا۔ انما اتخذتم من دون اللہ اوثانا مودۃ بینکم فی الحیوۃ الدنیا ثم یوم القیامۃ یکفر بعضکم ببعض ویلعن بعضکم بعضا ومأوکم النار وما لکم من ناصرین اور اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ ولو ترٰی اذ الظالمون موقوفون عند ربھم یرجع بعضھم الی بعض القول یقول الذین استضعفوا للذین استکبروا لولا انتم لکنا مؤمنین قال الذین استکبروا للذین استضعفوا انحن صددناکم عن الھدی بعد اذ جاءکم بل کنتم مجرمین وقال الذین استضعفوا للذین استکبروا بل مکر اللیل والنھار اذ تامروننا ان نکفر باللہ ونجعل لہ اندادا واسروا الندامۃ لما راوا العذاب وجعلنا الاغلال فی اعناق الذین کفروا ھل یجزون الا ما کانوا یعملون۔ تا آنکہ شیطان تک انکار کریگا کہ میں نے تمکو بلایا تمنے قبول کرلیا تم مجھے ملامت نہ کرو بلکہ اپنے آپکو ملامت کرو چنانچہ کلام مجید میں مذکور ہے اور قتادہؓ سے بھی مروی ہے کہ شیاطین ہونگے کہ انسانوں سے بیزاری کرینگے اور بعض نے کہا کہ مشرکین کے سردار اپنے تابعوں سے بیزاری و دوری کرینگے وحق یہ ہے کہ یہ عام ہے جیسا کہ شیخ ابن کثیر کی تفسیر سے ظاہر ہوتا ہے۔ قولہ تقطعت بھم الاسباب۔ بھم بمعنے عنھم ہے جیسا کہ تفسیر میں ہے اور شیخ ابو البقاء نے کہا کہ باء سببیہ ہے ای بسبب کفرھم یعنے انکے کفر کے سبب سے۔ اور اسباب جمع سبب ہے اور لغت میں ایسی شئی کو کہتے ہیں جسکے ساتھ کوئی چیز کھینچی جائے پھر ایسی چیز کو جو دوسری کو کھینچے سبب کہنے لگے پس یہاں اطلاق سبب کا مجازا ہے اور معنے یہ ہیں کہ ٹوٹ گئے انسے حیلہ و اسباب خلاصی کے کہ آگ سے نجات کا کوئی سبب بنے ملے۔ اور عطاء نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ انھوں نے اسباب کی تفسیر مودت سے کی یعنے آپس کی دوستی اور ایسا ہی ابن ابی نجیح کی روایت میں مجاہد سے مروی ہے۔ اور نیز ابن عباس سے روایت ہے کہ کہا یہ منازل ہیں اور نیز کہا کہ یہ ارحام ای ناتے ہیں اور بعض نے کہا کہ یہ اعمال ہیں اور روایت مودت کی اصح ہے یعنے قیامت میں کافروں جنوں وانسوں سے مودت و دوستی سب منقطع ہوجائیگی۔ قولہ لو ان لنا کرۃ۔ کرۃ پہلے حال کی طرف عود کو کہتے ہیں اور لو یہاں تمنا کے واسطے ہے ای یا لیت لنا کرۃ۔ کا شکے ہمارے واسطے دنیا میں ایک دفعہ لوٹنا ہوتا اور اسی واسطے فاء جواب میں آئی کر فرمایا۔ فنتبرأ منھم کما تبرءوا منا۔ یعنے ہم بیزار و دور رہتے ان لوگوں اور انکی عبادت سے پس انکی طرف التفات نہ کرتے۔ بلکہ اللہ تعالےٰ وحدہ لاشریک کی عبادت کرتے حالانکہ وہ لوگ اسمیں بھی جھوٹے ہیں قال تعالےٰ۔ ولو ردوا لعادوا لما نھوا عنہ وانھم لکاذبون۔ اور اگر وہ پھیرے جاتے تو بھی ضرور عود کرتے انھیں کاموں کے کرنے پر جنسے ممانعت کی گئی اور البتہ وہ جھوٹے ہیں۔ قولہ کذلک یریھم اللہ اعمالھم حسرات علیھم۔ ای مانند اس عذاب کے دکھلانے کے دکھلائیگا انکو اللہ تعالےٰ انکے اعمال کو حسرت انپر۔ پس یریھم ازارۃ ہے ای دکھلاتا اور یہ دیکھنا اگر آنکھ سے ہو تو حسرت علیھم کو نصب بنا بر حال ہونے کے ہے جیسا کہ مفسر سیوطی رحمہ اللہ نے ذکر کیا اور اگر قلبی دیکھنا ہو تو ازارۃ کا ثانی مفعول ہے۔ اور معنے یہ ہیں کہ انکے اعمال فاسدہ اللہ تعالےٰ انکو دکھلائیگا پس وہ انپر حسرتیں و ندامتیں ہونگی یا یہ معنے کہ اللہ تعالےٰ انکو اعمال صالحہ جو انپر واجب کیے تھے جنکو انھوں نے ترک کیا دکھلاویگا پس یہ انپر حسرت و ندامت ہوگی۔ اور حسرت اس غم کو کہتے ہیں جو کسی چیز کے ندارد ہونے پر ہو اور کل اعمال کفار کوئی بھی قابل ثواب نہیں ہے اگرچہ دنیا میں بعض افعال کی جزا انکو دیدی گئی پس قابل آخرت کوئی نہیں اور فرمایا اللہ تعالےٰ نے۔ وقدمنا الی ما عملوا من عمل فجعلناہ ھباءً منثورا۔ اور فرمایا۔ مثل الذین کفروا بربھم اعمالھم کرماد اشتدت بہ الریح فی یوم عاصف الآیۃ۔ یعنے جن لوگوں نے اپنے پروردگار سے کفر کیا اعمال انکے مثل راکھ کے کہ جسکو تیز ہوا والے دن میں ہوا کے جھونکے اڑا دیتے ہیں۔ اور یہ فرمایا۔ والذین کفروا اعمالھم کسراب بقیعۃ یحسبہ الظمآن ماءً الآیۃ۔ اور جو لوگ کافر ہوئے اعمال انکے مثل سراب کے ایک چٹیل میدان میں کہ پیاسا اسکو دور سے پانی خیال کرے۔ اور فرمایا۔ لا یقدرون علی شئی مما کسبوا وا اللہ لا یھدی القوم الکافرین نہ قادر ہونگے کسی چیز پر اسمیں سے جو انھوں نے کمایا اور اللہ نہیں ہدایت کرتا قوم کافرین کو۔ اور قولہ وما ھم بخارجین من النار۔ جملہ اسمیہ ہے جو استمرار دوام پر دلالت کرتا ہے حالانکہ وہ لوگ ابھی دوزخ میں نہیں ہیں پس مفسر سیوطی رحمہ اللہ نے جواب دیا کہ مراد دوام و استمرار اسوقت سے ہے کہ جب داخل ہوجاوینگے بقرینہ آنکہ

خروج کسی شی سے اسمین داخل ہونے کی فرع ہی پس بعد داخل ہونے کے کبھی خارج نہونگے اور دراصل یہان جملہ فعلیہ ہی دائمیہ جو ان عن البقاء تاکہ جملہ فعلیہ پر جملہ فعلیہ کا عطف مناسب ہو ولیکن جملہ اسمیہ کی طرف اسواسطے عدول ہوا کہ دوام واستمرار دلالت کرے پس اسمین دلیل واضح ہی کہ کفار ہمیشہ دوزخ مین رہینگے اور ترکیب سے ظاہر ہی کہ یہ مخصوص کفار کے واسطے بسبب ضمیر ہم اور خبر مشتق ہونے کے جیساکہ علم بلاغت مین مقرر ہوا فافہم ف ۲ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالی وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَتَّخِذُ مِنْ دُونِ اللَّهِ أَنْدَادًا اسناد کا لفظ ہر ایسی شی پر واقع ہی جو بندہ کو اپنے مالک کی خدمت سے مانع ہوا از انجملہ نفس و ہوی ہی کہ جسنے نفس و ہوی کے تابع ہوکر اسکے حکم پر چلنا شروع کیا اور اللہ عزوجل کی خدمت سے باز رہا تو اسکو اللہ عزوجل کا ندو نظیر بنالیا نعوذ باللہ منہ چنانچہ اللہ عزوجل نے فرمایا افرایت من اتخذ الٰہہ ہواہ کیا تو نے دیکھ لیا اس شخص کو جسنے اپنا معبود بنالیا اپنے ہوی کو۔ از انجملہ خلق ہی کہ ریاست کی خواہش سے اسکی فکر مین پڑتے ہین یعنے خلق کو اپنا مسخر بنانے کی فکر کرتے ہین تاکہ وہ لوگ ہمکو بزرگ جانین اور ہم انکے رئیس و سردار بنین۔ اور از انجملہ دنیا و شیطان ہی کہ حصول دنیا کی فکر مین خالق سے باز رہتے ہین اور شیطان اپنے فریب مین لاکر انکو باز رکھتا ہی پس جسکی جہت سے خدمت الٰہی سے باز رہا اسکو اسنے گویا ندّ بنایا معاذ اللہ منہ۔ قال تعالے يُحِبُّونَهُمْ كَحُبِّ اللَّهِ دوست رکھتے ہین انکو مثل دوست رکھنے اللہ تعالے کے اسوجہ سے کہ انکو معرفت الٰہی کا مزا اور اسکی محبت کی لذت نہین حاصل ہوتی ہی اور اسکے مشاہدہ کا نور نہین دیکھتے ہین اور اسکے وصال و قرب کے حقائق سے محروم ہین اور باوجود اسکے ان لوگون کی محبت خلق سے ایک محبت معلوم ہی یعنے مطلب کی محبت ہی کیونکہ اگر اپنے محبوبون سے اپنی مراد نہین پاتے تو ایسے بھاگتے ہین جیسے لڑائی مین تلوار کے سامنے بھاگنے والا ہوتا ہی قال تعالے وَالَّذِينَ آمَنُوا أَشَدُّ حُبًّا لِلَّهِ۔ کیونکہ اہل ایمان توحید نے اسکا خطاب الست بربکم سابق ازل مین خاص کانون سے سنا ہی اور امتحانات واقع ہونے سے پہلے اسکے جلال کو مشاہدہ کیا ہی پس انکے دلون مین خطاب اور مشاہدہ کی لذت باقی رہیگی پس امتحان کی تلخی پاکر اسکو حق عزوجل کیطرف سے اس طرح قبول کرتے ہین کہ اپنے حظوظ نفسانی چھوڑتے اور اپنی جانین اسپر سے نثار کرتے ہین اور اپنے محبوب کے بارہ مین اپنے سچے وعدون کو وفا کرتے ہین۔ اور قاسم رحمہ اللہ نے فرمایا کہ معنے قولہ تعالے۔ ومن الناس من یتخذ الآیۃ کے یہ ہین کہ منجملہ ان لوگون کے جنکو ہمنے مخاطبت ایمان کے وقت خطاب خاص سے نکالا ہی چند قومین ایسی ہین کہ اپنی خواہشون کو انھون نے اپنا معبود بنالیا اسی کی بندگی کرتے اور اسیکو چاہتے ہین اور جو لوگ ایمان والے ہین وہ اللہ عزوجل کو ایسا چاہتے ہین کہ جتنا وہ قومین اپنی خواہشون کو چاہتی ہین اس سے کہین بڑھا ہوا ہی کیونکہ ایمان والے تو بلا کر اللہ تعالے کی طرف سے نعمت جانتے ہین اور اپر پے در پے بلاؤن کا آنا انکو اپنے پروردگار کی محبت سے نہین روکتا ہی بلکہ اس سے انکی محبت بڑھتی ہی اسواسطے فرمایا۔ والذین آمنوا اشد حبا للہ۔ اور شیخ شبلی رح نے کہا کہ جسنے اللہ تعالے کی محبت کا دعوی کیا اور اسکی یاد سے ایک پلک مارتے بھولا تو وہ ٹھہرا اور اللہ تعالے پر بہتان باندھنے والا ہی پس اسکے ساتھ وہی کیا جائیگا جو مفتری کے ساتھ کیا جائیگا۔ حضرت جعفر صادق رض نے فرمایا کہ اللہ تعالے اپنی مخلوقات پر اس امر سے مباہات کرتا ہی کہ ایمان والے اسکو اشد محبت سے چاہتے ہین اور اشارہ فرماتا ہی کہ بندگی کرنے والے جن طریقون سے بندگی کرتے ہین ان سب مین سے محبت خاص طریقہ ہی۔ شیخ ابن عطا نے کہا کہ مومنون نے دوست رکھا اللہ تعالے کو بوجہ دوست رکھنے اللہ تعالے کے اور اللہ تعالے کی دوستی امر باقی ہی کہ کبھی زائل نہین ہوسکتی پس مومنون کی دوستی بھی بمقدار حسب اللہ تعالے باقی ہوگئی۔ قال المترجم بعجل کاربنے فرمایا کہ دوستی حق عزوجل مومنون کے حق مین سابق ہی اسیواسطے فرمایا یحبہم ویحبونہ۔ اے اللہ تعالے انکو دوست رکھتا ہی اور وہ دوست رکھتے ہین اللہ تعالے کو یعنے اپنے دوست رکھنے کو مقدم ذکر فرمایا اور محبت کا اطلاق متعدد معنون پر آتا ہی اور ترقی محبت اور اسکی انتہا کو عشق کہتے ہین اور اللہ تعالے کا بندے کو محبوب کہنا نصوص مین بہت وارد ہی ولیکن اللہ تعالے پر عاشق وغیرہ الفاظ کا اطلاق منع کیا گیا ہی اور اسی طرح معشوق کا اطلاق بھی ممنوع ہی اور

یہی صحیح ہے اور ظاہر دلیل ممانعت اس امر کو مقتضی ہے کہ ایسا کھانے والا حرام کا مرتکب ہوگا اب بایں امر کہ محبت الٰہی یعنے بندے کو اللہ تعالے کا محبوب رکھنا اسکے معنے کیا ہیں پس اکثروں کے نزدیک یہ ہیں کہ اسکو اپنی مرضیات و طاعات میں رکھکر جنت میں داخل فرماوے اور ثواب جمیل عطا کرے اور بندے کا اللہ تعالے کو دوست رکھنے کے معنے یہ ہیں کہ اسکے حکم سے نہ پھرے اور ماں و باپ و اولاد تمام جہان سے اسکے حکم کو ترجیح دے جیسا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنے فرزند کو ذبح کرنا حکم الٰہی قبول کیا اور جاننا چاہیے کہ محبت کی چار قسمیں ہیں محبت طبعی اور محبت حیوانی اور محبت نفسانی اور محبت ایمانی پس محبت طبعی مقتضائے جزئیت بدن ہوتی ہے مثل باپ بیٹے و اولاد و اقارب کے باہمی محبت کے کہ وہ کبھی زائل نہیں ہوتی جیتے جی بدن کے قیام کے ساتھ ہے پس یہ جو حدیث میں ہے کہ تم میں سے کوئی مسلمان نہ ہوگا جب تک میں اسکے نزدیک اسکے باپ بیٹے اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب نہوں اس سے طبعی محبت مراد نہیں اور نہ طبعی محبت دور کرنیکا اسمیں حکم ہے اسواسطے کہ طبعی محبت تو آدمی کے اختیاری نہیں بلکہ ایمانی محبت مراد ہے کہ آپکے فرمان کو سب پر مقدم رکھے جیسا کہ آگے آتا ہے اور محبت حیوانی جسکو محبت شہوانی بھی کہتے ہیں منشا اسکا بدن کی قوت شہوانیہ ہے کہ مثل جانوروں کے آدمی میں یہ قوت غالب ہوکر طرح طرح کی خواہشوں میں مبتلا کرتی ہے اور سب سے بڑھکر یہ کہ اسکو خوبصورت عورتوں وغیرہ کی طرف رغبت ہوتی ہے اور کبھی اس درجہ بڑھ جاتی ہے کہ مجنون و خبطی ہوجاتا ہے اور امام غزالی علیہ الرحمہ وغیرہ نے اسکی پہچان یہ فرمائی ہے کہ ایسے شخص کی نظر اپنے محبوب کی خوبصورتی اور جسم کے سڈول ہونے پر زیادہ ہوتی ہے اور اگر ایسے شخص کا مادہ منی جو محرک اس قوت کا ہے کم ہوجاوے یا کم کردیا جاوے تو کمی ہوجاتی ہے اور بڑھاپے میں بالکل زائل ہوجاتا ہے اور یہ بڑی بدتر بلا ہے ایسا شخص گدھے و پلید جانوروں کے مثل بلکہ ایسے بدتر ہے اور محبت نفسانی کا منشا روح دماغی ہے جو باعث حرکات ہے اور یہ بھی ہرچند کہ بدن سے متعلق ہے مگر بہت کم اور ایسے شخص کی نظر اپنے معشوق کے سڈول جسم پر نہیں ہوتی بلکہ اسکی صفات اخلاق پر ہوتی ہے جیسے آواز خوش اور خوش سلیقہ اگرچہ وہ صورت میں بھونڈا ہو اور اسکو اپنے معشوق کے دیکھنے سے اتنی ہی خوشی ہوتی ہے جسقدر آب روان و سبزہ زار کے دیکھنے سے ہوتی ہے اور ایسے شخص کو معشوق کے جسم و ہاتھ پاؤں و آنکھ ناک پر کچھ بھی نظر نہیں ہوتی ہے اور اسکو بعضے اہل تصوف ابتدائے حال میں عمل میں لاتے تھے تاکہ روح صاف ہو لیکن شناخت حق و باطل کی اسمیں اکثر شہوت پرستوں سے اٹھ گئی اور انھوں نے منشائے شہوت سے اسمیں فرق نہیں کیا اور گمراہ ہوئے اور بعضے اکابر نے یہاں ایک محبت روحی لکھی ہے اور یہ وہ ہے جسکی طرف حدیث صحیح میں اشارہ ہے کہ روحیں ازل میں ایک جھنڈ لشکر تھیں جنمیں وہاں الفت ہوئی تھی انمیں یہاں الفت ہے اور جنمیں وہاں انجان پن تھا وہ یہاں بھی اجنبی ہیں اور یہ تحقیق سے قریب ہے اور سچی محبت ایمانی اور وہ ایک چیز ہے کہ اسکو سوائے حق عزوجل کے کوئی نہیں جانتا ہاں اسکا اثر جن لوگوں میں پیدا ہوتا ہے وہ جانتے ہیں اور اکابر میں تو یہاں تک کلام ہے کہ یہ صفات حق میں سے ہے بالجملہ ابتدا اسکی یہ ہے کہ بندہ احکام شرعی و حکم خدا و رسول پر خوب ثابت ہوتا ہے پھر اس مضبوطی پر اسکا شوق بڑھتا جاتا ہے پھر جوش ہوجاتا ہے ولیکن محض خاموش رہے اور محل اسکا قلب ہے اور اس حالت سے رفتہ رفتہ ترقی کرکے وہ نور جو الممن شرح اللہ صدرہ کی تفسیر ہے تمام جوارح و اعضا میں ساری ہوتا ہے اور اسوقت میں تمام اعضا خود بخود فرمان الٰہی عزوجل کے کاربند ہوتے ہیں اور من اجد رجوع کرکے وہ قرار گاہ میں قرار پکڑتا ہے تاکہ موت آوے اور یہی محبت ہے جو ایمان کے مقام پر مذکور ہے اور اکابر نے اسی کی تعریف کی ہے واستقم واللہ اعلم بالصواب

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِي الْاَرْضِ حَلٰلًا طَيِّبًا وَّلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ ۭ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ

اے لوگو کھاؤ زمین کی چیزوں میں سے جو حلال ہے ستھرا اور نہ چلو قدموں پر شیطان کے وہ تمہارا دشمن ہے

مُّبِيْنٌ ۝ اِنَّمَا يَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْۗءِ وَالْفَحْشَاۗءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَي اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ

صریح وہ تمکو برے کام اور بیحیائی ہی کا حکم کریگا اور یہ کہ جھوٹ بولو اللہ تعالے پر جو تمکو معلوم نہیں

واضح ہو کلوا جمع مخاطب امر ہی واحد اسکا کُل جو دراصل اُکل تھا پس پہلا ہمزہ وصل کا اور دوسرا فاء کلمہ ہی ولیکن عرب نے فاء کلمہ کو حذف کر دیا پس ہمزہ وصل سے استغنا حاصل ہوا کیونکہ ما بعد متحرک ہی اور یہ حذف اس مقام پر قیاسی نہیں ہی اور سوائے کل خذ کے اور کہیں نہیں ہوا ہی۔ اور حلالاً مفعول کلوا ہی پس۔ من واسطے ابتدائے غایۃ کے متعلق۔ کلوا۔ سے ہوگا کما ذکرہ المحقق التفتازانی اسواسطے کہ من تبعیضیہ موضع مفعول میں ہو پس معنی یہ ہوئے یٰاَیُّهَا النَّاسُ كُلُوْا مِمَّا فِی الْاَرْضِ حَلٰلًا طَیِّبًا ای بعض ما فی الارض حلالا طیبا۔ یعنے اے لوگو تم بعض چیز میں سے حلال طیب کھاؤ۔ ۸۔ اور مفسر سیوطی رحمۃ نے مانند اوروں کے حلالاً کو حال قرار دیا یعنے اے لوگو جو زمین میں ہی اس سے کھاؤ درحالیکہ حلال طیب ہی اور کشاف میں کہا کہ من واسطے تبعیض کے ہی اسواسطے کہ کل جو زمین میں ہی وہ حلال نہیں ہی۔ وَلَا تَتَّبِعُوْا خُطُوٰتِ الشَّیْطٰنِ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِیْنٌ۔ اور نشان قدمہائے شیطان کی پیروی مت کرو وہ تمہارا کھلا دشمن ہی۔ وہ تمکو ہرگز راہ راست پر نہیں لیجائیگا اور جب تم خلاف شرع الٰہی تعالے کے قدم اوٹھاؤگے فوراً گمراہی میں پڑ جاؤگے کیونکہ شیطان خود ملعون ہی تو تم بھی اس دشمن کے پیچھے جاتے ہو۔ اِنَّمَا یَاْمُرُكُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ وَاَنْ تَقُوْلُوْا عَلَی اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ۔ وہ شیطان تو تمکو برابری وفحش ہی کا حکم کریگا اور یہ حکم کریگا کہ تم اللہ تعالے پر ایسی بات کہو جو تم نہیں جانتے ہو ف مثلاً فلان چیز حرام اور فلان حلال ہی اور یہ اللہ تعالے پر افترا ہی اور یہی خطوات شیطان کی اتباع ہی خطوات جمع طاء اور بسکون طاء بنا بر تخفیف کے ہر دو قراءۃ ہیں اور خطوہ بالفتح مصدر اور بالضم وہ چیز جو ہر دو قدم کے درمیان ہو اور انہ لکم۔ میں ان مکسورہ کی قراءۃ بالغ ہی اسواسطے کہ جملہ خبریہ ہوتا ہی اور شیطان کے حال سے آگاہی دینا مراد ہوتا ہی بخلاف ان مفتوحہ کے کیونکہ اس صورت میں تقدیر کلام یہ ہوگی کہ اسکی اتباع مت کرو۔ لانہ لکم عدو مبین۔ اسواسطے کہ وہ تمہارا کھلا دشمن ہی حالانکہ اسکی اتباع مطلقاً ممنوع ہی اور الشیطان سے یہاں جنس مراد ہی اور واحد مراد نہیں ہی اور ان تقولوا۔ موضع جر میں عطف ہی بالسوء پر یا ہی بان اضمار اذکرہ العکبری پھر جاننا چاہیے کہ حکم آیت تو عموماً کل کافرون ومومنون کے واسطے اتباع شیطان سے ممانعت ہی لیکن اسمیں اختلاف ہی کہ یہ آیت کسکے حق میں اتری پس بیضاوی میں ہی کہ ایک قوم کے حق میں اتری جنھوں نے اپنے اوپر رفیع طعام ولباس اپنے اوپر حرام کر لیا تھا بدون قصد تورع کے اور یہ قول مرجوح ہی بلکہ بخلاف مشہور کے ان لوگوں کے حق میں وہ آیت اتری جو سورۂ مائدہ میں ہی یعنے یا ایہا الذین آمنوا لا تحرموا طیبات ما احل اللہ لکم۔ اور اس آیت کے باب میں راجح ومشہور قول یہ ہی کہ یہ ایک قوم کفار بنی ثقیف وخزاعہ وعامر بن صعصعہ وبنی مدلج کے حق میں اتری کہ انھوں نے کھیتی وچوپاؤں میں سے مثل بحائرہ وسوائب کے اپنے اوپر حرام کر رکھا تھا اسی سے یہاں یا ایہا الناس سے خطاب فرمایا ذکرہ القرطبی اور مفسر سیوطی رحمۃ نے اسیکو اختیار کیا اور سوائب جمع سائبہ کی نر جانور جو بتوں کے نام پر چھوڑ دیئے کہ اسپر سوار ہونا وغیرہ حرام جانتے تھے جسکو ہندوستان میں سانڈ کہتے ہیں اور ہندو چھوڑ دیا کرتے ہیں ولیکن اگر کوئی شخص عمدہ لباس وکھانا بھی پہنے اوپر حرام کرے اور اعتقاد کرے تو وہ بھی اسمیں داخل ہی کیونکہ اعتبار عموم لفظ کا ہی نہ خصوص سبب کا۔ اور طیب اس مقام پر مستلذ ہی جیسا کہ مفسر رحمۃ نے باتباع شافعی وغیرہ اختیار کیا اور وہ ہر چیز کہ لوگ اسکو لذیذ جانیں پس اس صورت میں طیبًا صفت مقیدہ یا حال ہوگا اور امام مالک وغیرہ نے کہا کہ وہ حلال ہی پس گمان کیا گیا کہ وہ حلالاً کی تاکید ہوئی الا آنکہ کہا جائے کہ طیب وہ کہ ہر شبہہ سے طاہر ہو جسکو شرع نے پاکیزہ رکھا ہی پس یہ خاص مستلذات ہی پر نہیں ہی اور حلالاً میں۔ من۔ تبعیضیہ ہی یعنے۔ بعض ما فی الارض۔ اسلیے کہ یہ قطعاً معلوم ہی کہ زمین کی چیزوں میں سے بعض کا کھانا مثل سنکھیا وغیرہ کے نہیں جائز ہی اگرچہ پاک ہی اور جو چیز کھانے کی ہی اسمیں بھی ہر ایک کا کھانا روا نہیں ہی۔ اور کلوا للبیعۃ امر فرمایا پس کہا گیا کہ امر میں جو وجوب وندب ہی وہ اباحت سے کہ واسطے ہو سکتا ہی چنانچہ اگر بقائے زندگی کے لیے ہو تو اسقدر کھا لینا واجب ہی جس سے جان نہ نکل جاوے اور اگر مہمان کے ساتھ ہو تو اسکا ساتھ دینا مستحب ہی اور اسکے سوا میں مباح ہی اور بعض محققین نے کہا کہ سیری سے زیادہ کھانا حرام ہی اور بعض نے کہا کہ اس آیت میں دلیل ہی کہ زمین میں جو اعیان

اشیاء میں جسکے بابت کوئی نص نہیں ہو اصل انکے حق میں حلت ہی یہانتک کہ کوئی حکم اسکے خلاف کے مقتضی ہو یعنے جب کسی دوسری دلیل سے معلوم ہو کہ
فلاں چیز منع ہی یعنے وہ اباحت سے خارج ہو جائیگی اور اکثر دن نے یہ حکم قولہ تعالے - ہوالذی خلق لکم ما فی الارض جمیعا - سے نکالا ہی اور یہ اظہر ہی متاثل
ہونا اس سے ثابت ہی کہ حلال کا حرام کرنا حرام بلکہ کفر ہی جیسے برعکس اور صحیح مسلم کی حدیث میں ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے فرماتا ہی کہ
ہر مال جو میں نے عطا کر دیا ہی اپنے بندون کو وہ انکے واسطے حلال ہی اور اسی حدیث میں ہی کہ اور میں نے اپنے بندون کو حنیف پیدا کیا پس شیطان
انکے پاس آیا اور انکو انکے دین سے پھیرا اور جو میں نے انکے لیے حلال کیا تھا وہ انپر حرام کر دیا اور ابن مردویہ نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ قولہ تعالے
یا ایہا الناس کلوا مما فی الارض حلالا طیبا الآیۃ - حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پڑھی گئی پس سعد بن ابی وقاص نے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ یا
رسول اللہ میرے لیے اللہ تعالے سے دعا کیجیے کہ اللہ تعالے مجکو مستجاب الدعوۃ کر دے تو فرمایا کہ اے سعد پاک کر اپنا مطعم تو مستجاب الدعوۃ ہو جائیگا
قسم اس ذات کی جسکے قبضہ میں محمد کی جان ہی کہ آدمی اپنے پیٹ میں حرام لقمہ ڈال لیتا ہی کہ اس سے چالیس روز تک کچھ قبول نہیں کیا جاتا ہی اور
جو کوئی بندہ ایسا ہو کہ حرام و سود سے اسکا گوشت پیدا ہوا ہو تو دوزخ کی آگ اسکے واسطے اولی ہی اور عنقریب دوسری حدیث تفسیر قولہ اجیب
دعوۃ الداع اذا دعان - میں آتی ہی اور - قولہ - لا تتبعوا خطوات الشیطان - زجاج نے کہا یعنے طرق الشیطان - شیطان کی راہین - اور ابو عبیدہ نے کہا
کہ محقرات گناہ یعنے جن گناہون کو حقیر سمجھا جاوے - اور مفسر سیوطی رح نے اختیار کیا کہ خطوات الشیطان یعنے تزیین الشیطان یعنے ہر بری بات جسکو
آنکھون میں زینت کے ساتھ دکھلاوے اور یہ قول سعید بن جبیر کا ہی اور قتادہ و سدی نے کہا کہ جو اللہ تعالے کا گناہ ہی وہ خطوات شیطان سے ہی - اور
شعبی نے کہا کہ ایک شخص نے نذر کی کہ اپنے بیٹے کو قربانی کریگا پس مسروق رض نے اسکو فتوی دیا کہ ایک مینڈھا ذبح کرے اور فرمایا کہ یہ خطوات الشیطان سے
ہی اور ابو مجلز نے کہا کہ یہ گناہون کی نذرین ہین اور ابن ابی حاتم نے روایت کی کہ ابن مسعود رض کے پاس کھیرے اور نمک آیا پس آپنے کھانا شروع کیا اور قوم
مین سے ایک شخص لگ ہو گیا تو ابن مسعود رض نے فرمایا کہ اپنے دوست کو بھی دو تو اوسنے کہا کہ میرا جی نہیں چاہتا تو فرمایا کہ کیا تو روزہ دار ہی اوسنے کہا کہ
نہیں تو پوچھا کہ پھر تیرا کیا حال ہی اوسنے کہا کہ میں نے نذر کی ہی کہ کھیرے کبھی نہ کھاؤنگا تو ابن مسعود رض نے فرمایا کہ یہ خطوات الشیطان سے ہی تو کھا اور اپنی قسم کا
کفارہ ادا کر دے اور ابن عباس رض سے روایت ہی کہ فرمایا جو قسم یا نذر کہ غصہ میں ہو وہ خطوات شیطان سے ہی اور کفارہ اسکا کفارۂ قسم ہی قال المترجم اور
شافعی وغیرہ نے اسکو عام لیا کہ مثل طلاق وغیرہ میں بھی جو حالت غصہ میں ہو اور ہمارے نزدیک طلاق واقع ہو جائیگی آیا نہیں دیکھتے کہ مانند قول ابن عباس رض
بعض معاملہ میں ابن عمر رض سے بھی روایت ہی حالانکہ طلاق میں ابن عمر واقع ہو جانے کی روایت کرتے ہین پس مراد یہان وہ چیزین ہین جو ندر معصیت وغیرہ ایسی
ہون کہ کسی ایسے عقد کو زائل نہ کرین جسمین حد[1] وہزل یکسان ہی فافہم - اور خطوات الشیطان کے بارہ مین جو اقوال مذکور ہوے یہ سب شامل ہونا کچھ بعید
نہین ہی اور قولہ - مبین - یعنے بین العداوۃ یعنے شیطان کھلی ہوئی عداوت والا ہی - اشارہ ہی کہ مبین از ابان ہی بین - یعنے لازم ہی متعدی نہیں اگرچہ باب انفعال
ہی قال البیضاوی یعنے ظاہر العداوۃ ان لوگون کے نزدیک ہی جنکی آنکھین ہیں اگرچہ جن لوگون کو گمراہ کر دیتا ہی انکے ساتھ موالات دوستی ظاہر کرتا ہی یعنے
انکو اندھے پن سے یہی بداقبالیان جو شیطان کی پیروی ہمیشہ اچھی معلوم ہوتی ہین تو شیطان سے دوستی سمجھتے ہین حالانکہ اسنے دشمنی سے انکو اپنے ساتھ
جہنمی کر لیا اسیواسطے اللہ تعالے نے فی قولہ اولیاء ہم الطاغوت ہین اسکو کافرون کا ولی اور دوست کہا ہی اور قولہ - انما یامرکم بالسوء والفحشاء وان تقولوا علی اللہ
ما لا تعلمون - یعنے شیطان تو تمکو بدی و فحش ہی کا حکم دیتا ہی الخ - یہ بیان اسکی عداوت کا ہی اور زمخشری نے یہان اشکال پیش کیا کہ امر مقتضی علو ہی یعنے
حکم دینے والا بلند مرتبہ و حاکم ہوتا ہی حالانکہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ ان عبادی لیس لک علیہم سلطان - البتہ میرے بندون پر تجکو علو حاصل نہیں ہی اور
بیضاوی نے جواب دیا کہ امر یہان استعارہ ہی یعنے انکے واسطے تزیین کرتا یعنے بدی کو سنوار کر خوبصورت دکھلاتا اور انکو بدکاری پر برانگیختہ کرتا ہی یعنے

[1] صحیح لیکن جو حد کو قسم اور نذر کے ساتھ ملحق کرتے ہین وہ اسکو ہزل کے ساتھ ملحق کرینگے

شیطان انکے واسطے تزئین کرتا اور انکو گناہ پر آمادہ کرتا ہی پس اسیکو جائز یا امر کہ فرمایا کہ امر کو اس معنے کے واسطے مستعار لیا اور یہ اسواسطے کہ ان لوگون کی سفاہت بیان کیجاوے کہ اپنے دشمن کے مطیع ہو جاتے ہین گویا مامور ہین اور اسواسطے کہ ان لوگون کی تحقیر ہو کہ بندگان شیطان ہین اور بعض نے جواب دیا کہ امر کو بمعنے جواز کے لینے کی کوئی حاجت نہین اسواسطے کہ امر درحقیقت طلب فعل کے واسطے ہی اور اسمین شک نہین کہ شیطان جنکو اغوا کرنا چاہتا ہی انسے یہی فعل چاہتا ہی اقول امر فقط طلب فعل نہین ورنہ دعا بھی اسمین داخل ہوگی حالانکہ وہ قسم علیحدہ ہی پس حکومت کے طور پر طلب فعل ہونا امر ہی۔ اور سوء مصدر ساء یسوء ہ ای اسکو غمگین کیا پھر اس چیز پر اطلاق کیا گیا کہ جسکو عقل انکار کرے کیونکہ وہ بھی عاقل کو غمناک کرتی ہی تو فحشاء در اصل وہ کہ دیکھنے مین بدشکل ہو پھر ان معانی مین مستعمل ہوا جو قبیح ہون اور یہان مراد وہ چیزین ہین جنکو شرع نے قبیح بتلایا ہی اور ابن عباس سے روایت ہی کہ سوء وہ کہ جسمین حد مقرر نہین ہی اور فحشاء وہ کہ جسمین حد مقرر ہی اور ظاہر قولہ تعالے۔ قل انما حرم ربی الفواحش ما ظہر منہا وما بطن۔ دلالت کرتا ہی کہ فحشاء وہ ہی کہ حرام ہو اور بعض نے کہا کہ ہر وہ چیز جس سے شرع نے نہی فرمائی وہ فحشا مین سے ہی اگرچہ مکروہ ہو۔ اور قولہ ان تقولوا عطف ہی بالسوء پر یعنے حکم کرتا ہی تمکو کہ اللہ تعالے پر وہ چیز جو تم نہین جانتے ہو۔ شیخ ابن جریر نے کہا کہ مراد وہ چیز ہین جو انھون نے بحیرہ وسائبہ وغیرہ کو حرام کرکے شرع قرار دیا تھا پس جو حلال و حرام بغیر علم ہو وہ سب اسمین داخل ہی بلکہ جو بلا علم شرعی ہو اسی حکم مین ہی۔ قال البیضاوی اسمین دلیل ہی کہ ظن کا اتباع بالکل منع ہی یعنے ظن باعتبار لفظ عرف کے علم کا مقابل ہی پس مالا تعلمون مین وہ بھی داخل ہی اور چونکہ یہان اعتراض وارد ہوتا ہی کہ مجتہد کے اجتہادات مبشیر ظنی ہین حالانکہ انپر عمل کرنا قطعاً واجب ہی تو قاضی رحمہ اللہ نے اسکی دفع مین کہا جسکا حاصل یہ ہی کہ مجتہد کا اجتہاد جسکی طرف سے وہی ہوا اسکے طریقہ تحصیل کے درمیان ظن ہی پھر چونکہ اجتہاد مجتہد پر عمل کرنا بالاجماع واجب ہی تو یہ مظنون معلوم ہوگیا اور ظن منقلب ہوکر علم ہوگیا کذا قیل مین کہتا ہون کہ اس سے اعتراض مندفع نہین ہوتا اسلیے کہ محصول یہ ہوا کہ ظن کا اتباع سرے سے ممنوع ہی اور ظن مجتہد کی اتباع پر اجماع ہی اور یہ بات جیسی ہی تو خود دیکھتا ہی اور غایۃ توجیہ یہ کہ مظنون مجتہد اپنے طریقہ تحصیل سے مظنون تھا پھر حصول کے بعد دلیل اجماع کی دلالت سے کہ اسپر عمل واجب ہی معلوم ہوا کہ وہ حکم اللہ ہی ورنہ اسپر عمل کرنا واجب نہ تھا اور جو حکم اللہ تعالے ہی وہ قطعی اور علم ہی پس اتباع مجتہد اتباع علم ہی ذکرہ فی شرح المنہاج اور مین کہتا ہون کہ اسمین بھی نظر ہی اسواسطے کہ وجوب عمل سے اسکا حکم اللہ تعالے ہونا لازم نہین بلکہ اسپر عمل کرنا حکم اللہ تعالے ہی اور یہ اللہ تعالے کی طرف سے بندون پر بنظر رحمت خاص آسانی ہی کہ وہ تحقیقی حکم اللہ تعالے کے حاصل کرنے کے مکلف نہین کیے گئے جو انکے حیطہ امکان سے خارج ہی اور پوشیدہ نہین کہ ایک واقعہ مین متناقض دو اجتہاد ممکن بلکہ واقع ہین مثل الوتر واجب عند مجتہد والوتر لیس بواجب عند آخر پس حکم اللہ تعالے لامحالہ ایک ہوگا علی ما ہو الصحیح اگرچہ اعطاء ثواب دونون پر ہی پس ظاہر ہوا کہ عمل مظنون مجتہد پر واجب ہونا اس امر کو مستلزم نہین کہ وہی حکم اللہ تعالے ہی اور نہ یہ کسی نے نہین کہا کہ مظنون مجتہد قطعی ہی مطلقاً بلکہ مظنون مجتہد حق عمل مین قطعی ہی اگرچہ فی نفسہ ظنی ہو۔ جاننا چاہیے کہ تعلق ظن و علم کا اس سناد سے ہی جو طرفین قضیہ کے درمیان ہی یعنے آگہ یہ بات یون ہی یا یون نہین ہی نہ نفس طرف سے مگر مانند اس طور کہ یہ عین موجود ہی یا نہین ہی اور یہ بھی اسی سناد ہوگئی پس جواز و عدم جواز مرجع ظن و علم کا ہی اور جواز سے مراد عام شامل فرض و واجب و مستحب و مباح ہی اور عدم جواز سے مراد عام شامل حرام و مکروہ تحریمی و مکروہ ہی پس جو یہ کہا گیا کہ اولوتر واجب تو ظن اسکے وجوب مین ہی اور جب کہا گیا کہ حکم الاجماع قطعی تو علم اوسکے قطعی ہونیکا ہی پھر علم تو ہر طرح قطعی ہی اعتقاد مین بھی اور عمل مین بھی اسکے مقتضا پر اور ظن حق اعتقاد مین ہمیشہ ظن ہی کیونکہ وہ نفس ظن ہی اور حق عمل مین کبھی باوجود اعتقاد ظن کے اسپر عمل قطعی ہوتا ہی مثل عمل بمقتضاے مظنون مجتہد کہ حکم اجماع واجب ہی پھر آیہ کریمہ مین الیل ہی کہ اتباع مظنون بالکل ممنوع ہی چنانچہ کافر لوگ بحیرہ وسائبہ وحرث و انعام کی نسبت ظنی حکم کا کہ شیطان کی پیروی مین گمراہ ہوے کیونکہ مثلاً سانڈ کا گوشت کھانا اور اسپر سوار ہونا حرام ہی یہ کافرون کا قول بلیل

ظن تھا بدون کسی علم کے اور اہل ایمان جو مظنون مجتہد کی پیروی کرتے ہین وہ بدلیل ظن نہین بلکہ بدلیل اجماع ہی جو قطعًا علم ہی پس کا فرقہ دلیل ظن کے پیرو تھے اور اہل ایمان دلیل علم کے پیرو ہوے باوجودیکہ مظنون مجتہد فی نفسہ ظنی ہی اور چونکہ یہ حق عمل مین ہی لہذا ایسا ہونا ممکن ہوا بخلاف اعتقاد کے کہ اسمین نہین ہوسکتا اسیواسطے کہا گیا کہ قیاس و اجتہاد حق اعتقاد مین نہین جاری ہی یعنے آنکہ مظنون کی طرف مودی ہو کیونکہ وہ ہر طرح ظن ہی ہی یہ یعنے ترتیب مقدمات کہ یہ تو علم مین بھی جاری ہی کیا تو نہین دیکھتا کہ توحید کا اثبات باوجود نتیجہ ترتیب مقدمات کے قطعی ہی اور ہمچنین نتیجہ شکل اول بعد ثبوت ہر دو مقدمات کے قطعی حاصل ہوتا ہی پھر جب یہ معلوم ہوا تو جاننا چاہیے کہ اتباع مظنون مجتہد کا جواب جو علامہ بیضاوی وغیرہ نے دیا کہ مودای اجتہاد مجتہد ظن مستند بمدرک شرعی ہی پس اسکا وجوب قطعی ہی اور ظن اسکے طریق مین ہی اس سے انکی مراد یہ ہی کہ مجتہد نے اجتہاد سے جو حکم واجب یا مستحب یا حرام نکالا ہی اسمین پیروی اسکے ظن کی اسکے اجتہاد کے موافق عمل کرنے مین نہین بلکہ پیروی حکم اجماع کی ہی کہ عمل بمقتضاے اجتہاد مجتہد واجب ہی اور یہ حکم اجماع قطعی ہی جیسا کہ کہا کہ اسکا وجوب قطعی ہی پس جسنے یہ گمان کیا کہ یہ مظنون قطعی ہوگیا اسنے دھوکا کھایا فلیتامل

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا ۭ اَوَلَوْ كَانَ

اور جب انکو کہیے پیروی کرو اسکی جو نازل کیا اللہ نے کہین نہین ہم چلینگے اسپر جسپر پایا ہمنے اپنے باپ دادون کو بھلا اگر چہ

اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْـــًٔا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ

انکے باپ دادے نہ عقل رکھتے ہون کچھ اور نہ راہ کی خبر

نزول اس آیت کا مشرکین کے حق مین ہی جنکا حکم کیا گیا کہ ظن کو چھوڑکر قرآن مجید و آیات الٰہی کا اتباع کرین مگر انھون نے نہ مانا اور تقلید کی طرف جھک پڑے قال تعالے۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَآ اَلْفَيْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا۔ اور جب ان کافرون سے کہا جاوے کہ جو اللہ تعالے نے اتارا اسکی پیروی کرو تو کہتے ہین نہین بلکہ ہمنے جسپر اپنے باپ دادون کو پایا اسکی اتباع کرینگے ف فعلی ہذا ضمیر لہم راجع الناس کی طرف ہی جو یا ایہا الناس کلوا الآیۃ۔ مین مذکور ہی نہ اس الناس کی طرف جو قولہ ومن الناس من یتخذ من دون اللہ انداداً الآیۃ۔ مین مذکور ہی جیسا کہ صاحب سراج نے وہم کیا ہی پس یہ آیت متصل ماقبل ہی اور مقتضاے ظاہر اس صورت مین خطاب تعالی اذا قیل لکم ولیکن انکو مخاطب کرنے سے عدول اسواسطے کیا تاکہ دلالت ہو کہ یہ لوگ غایت حماقت سے جانورون کی طرح قابل خطاب نہین ہین گویا عاقلون کی طرف التفات کرکے فرمایا کہ تم ذرا ان احمقون کو تو دیکھو کہ کیسا جواب دیتے ہین البیضاوی اور محمد بن اسحق نے عکرمہ یا سعید بن جبیر کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی کہ یہ آیت ایک گروہ یہود کے حق مین اتری کہ انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کی طرف دعوت کی پس بولے کہ۔ بل نتبع ما الفینا علیہ اٰبآءنا پس اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی ابن کثیر اور بغوی نے کہا کہ ابن عباس سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کو اسلام کی دعوت کی پس رافع بن خارجہ و مالک بن عوف نے کہا کہ بل نتبع ما الفینا علیہ آباءنا پس اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری اور اس تقدیر پر یہ جملہ مستانفہ ہوگا اور لہم کی ضمیر ان غیر مذکورین سے کنایہ ہوگا اور شاید کہ قلوب یہود و مشرکین ہو ب ان بعض وجوہ مین یکسان تھے۔ یعنے باپ دادون کی اتباع پر اڑنا اور انھین کی تقلید جمنا اور حق کی طرف توجہ کرنا اور نہ ماننا پس اکتفاءً اذکر الناس ضمیر لہم راجع کردی اسواسطے کہ یہود بھی بعض ما احل اللہ کی تحریم اور اتباع ظن کرتے تھے۔ اور قولہ بل نتبع ما الفینا علیہ اٰبآءنا مین بل راضراب کے لیے ہی ای لا نتبع ما انزل اللہ یعنے جو اللہ تعالے نے اتارا اسکی اتباع نہین کرینگے۔ اور ایک قصہ سے نکلکر دوسرے قصہ کی طرف جانے رجوع کے واسطے نہین ہی اور مفسر سیوطی رح نے لا کی تقدیر کرکے اسی طرف اشارہ کردیا اور الفینا۔ یعنے وجدنا متعدی بیک مفعول اور کبھی متعدی بدو مفعول ہوتا ہی اور یہان دونون باتون کو محتمل ہی پس مفعول اول آباءنا ہی اور علیہ حال ہی یا مفعول ثانی ہی اور

یا والفینا جو لام کلمہ ہووے در اصل واو ہی تھا - اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَهْتَدُوْنَ - یعنے اور کیا وے لوگ باپ دادوں کی پیروی کیے جائینگے اگرچہ انکے باپ کچھ عقل نہ رکھتے ہون اور نہ راہ پاتے ہون ف واو حالیہ ہی اور ہمزہ استفہام رد و تعجب ہی ولیکن واو سے مقدم کر دیا گیا کیونکہ اسکے واسطے صدر کلام ہی اے آتیبعونہم ولو کانوا کذا - کیا انکا اتباع کرینگے حالانکہ وہ ایسے ہون اور ابو البقا و بیضاوی و غیرہ کہا کہ جواب لو محذوف ہی بر تقدیر یکہ واو عاطفہ ہووے ای اولو کان آباؤہم جیئتہ عن امر الدین غیر مہتدین الی الحق لاتبعوہم - یعنے اگر انکے باپ دادے امر دین سے جاہل ہون حق بات کی راہ نہ پاتے ہون تو بھی انھین کی اتباع کرینگے - اور بیضاوی نے کہا کہ بر تقدیر واو حالیہ ہونے کے جواب کی احتیاج نہین کیونکہ شرط جب ہی حال ہو سکتی ہی کہ معنے شرطیت کے اس سے نکال لیے جاوین و بہ جزم ابو السعود - اسلیے کہ مقصود اس سے تعمیم احوال ہی اور مفسر سیوطی نے کہا کہ یتبعونہم کی تقدیر سے کفایت کر دی - اور لا یعقلون شیئا - ای شیئا من امر الدین ای امر دین مین سے کوئی شی نہین سمجھتے تھے - اور مطلقاً امر دین نہین کیونکہ وہ لوگ امور دنیا مین سے بہت کچھ جانتے تھے پس لفظ عام وارد فرمایا اور مراد خاص ہی - اگر کہا جاوے کہ اسمین دلالت ہی کہ آیت کا نزول بحق مشرکین ہی نہ یہود اسواسطے کہ آباء یہود حضرت موسیٰ و دیگر انبیاء کی اتباع مین بہت کچھ امور دین سے جانتے تھے تو جواب یہ کہ مراد آباء سے وہ ہین جنکو ان کہنے والون نے پایا جیسا کہ خود بولے کہ الفینا علیہ آبائنا اور وہ انکی پہلی پشت ہین نہ سابقین اور یہ پہلے دو چار پشت والے اجہل تھے علاوہ برین اللہ تعالے نے لا یعقلون فرمایا ای امور دین مین انکو سمجھ نہ تھی پس اگر اقوال کے شنا سا ہون بھی تو کیا ہوتا ہی - قال البیضاوی اسمین (یعنے خال کہ تا ہا اقوال جانتے ہون) ایسے شخص کے واسطے تقلید کرنے سے ممانعت ہی جو نظر اور اجتہاد پر قدرت رکھتا ہو اور راہ دین مین غیر آدمی کا اتباع کرنا کسی لیل سے یہ جائز نہین ہی مثل انبیا علیہم السلام کے اتباع کرنے یا مجتہدین فی الاحکام کی اتباع کرنے کی تو یہ در حقیقت تقلید نہین بلکہ جو اللہ تعالے نے اتارا اسکی اتباع ہی - فعلی ہذا تقلید یہ ہوئی کہ احکام دین مین غیر کا قول بلا دلیل مان لینا اور یہ معنے تقلید کے ائمہ مجتہدین کی اتباع مین نہین پائے جاتے ہین مگر ان لوگون کے حق مین جو باوجود کلی یا جزوی قدرت نظر کے نظر نہین کرتے اور تقلید کرتے پس عوام مسلمین جو کچھ قدرت نظر نہین رکھتے وہ تو بری ہین اور ماخوذ وہ ہین جو فی الجملہ قدرت نظر رکھتے ہین اور بعض مشائخ نے ٹھیک کہا کہ عامی پہ یہی واجب ہی کہ وہ کسی مفتی سے فتوی لیکر اسپر عمل کرے تاکہ ثواب حاصل ہو اور ہر مفتی جبکہ وہ مفتی قرار پایا ہی اسکے واسطے کافی ہی کہ وہ اسکے فتوے کے موافق عمل کرنے مین عند اللہ تعالے ماجور ہوگا اور یہی یہان مقصود ہی فافہم اگر کہا جاوے کہ کافرون نے تو یہ کہا تھا کہ ہم اسکی اتباع کرتے ہین جسپر ہمارے باپ دادے تھے کیونکہ وہ ہمسے زیادہ علم والے اور دانا تھے اور اللہ تعالے نے اسکو رد کر دیا کہ انکی اتباع کیے جاوینگے اگرچہ وہ لوگ کچھ نہ جانتے اور نہ راہ پر ہون - تو جواب یہ ہی کہ اللہ عزوجل نے مختصر جواب پر معنے ایسا فرما دیا جو ادنی غور سے سمجھ مین آسکتا ہی تاکہ یہ پورے بیوقوف سمجھ لین اور امام رازی نے اس جواب کی تقریر کو یون بیان کیا کہ اس جواب کی تقریر کئی وجہ سے ہی اول آنکہ مقلد سے کہا جاوے کہ تو اس بات کا اقرار کرتا ہی کہ کسی آدمی کی تقلید کے واسطے یہ شرط ہی کہ یہ جان لے کہ یہ شخص محق یعنے حق پر ہی یا یہ شرط نہین ہی پس اگر تو اس امر کا اقرار کرتا ہی کہ ہان یہ شرط ہی تو تجکو کسی شخص کی تقلید جائز ہونے سے بعد اس امر کے معلوم ہوگا کہ تو جان لیوے کہ یہ شخص محق ہی پھر تو نے اسکا محق ہونا کیونکر معلوم کیا اگر کسی دوسری تقلید سے یہ بات معلوم کی تو دوسری جس شخص کی تقلید کی ہی اسکا محق ہونا کیونکر معلوم کیا اگر اسکو بھی تیسرے کی تقلید سے معلوم کیا تو اسمین بھی یہی کلام ہوگا حتی کہ سلسلہ کبھی ختم نہوگا یا تسلسل جا ویگا اور بے انتہا سلسلہ ہونا باطل ہی اور اگر تو نے اسکا محق ہونا اپنی عقل سے معلوم کیا ہی تو پھر عقل خود کافی ہی تقلید کی حاجت نہین - اور اگر تو نے کہا کہ جواز تقلید کے لیے یہ شرط نہین کہ جسکی تقلید کرے اسکا محق ہونا بھی جانے تو ایسی صورت مین تو نے اسکی تقلید جائز رکھی اگرچہ وہ شخص مبطل ہو پس تو اسکی تقلید پر خود نہین جانتا ہی کہ مین حق پر ہون یا باطل پر ہون - دوم آنکہ اچھا تیرا ہی کہنا مانا کہ یہ شخص جو پہلے زمانہ مین گذرا اس بات کا عالم تھا لیکن اگر ہم تجھ سے کہین کہ یہ پہلے زمانہ کا شخص اس بات کو نہ جانتا تھا اور نہ اسنے اس بات مین کوئی مذہب اختیار کیا تھا تو بہر حال تجھے یہی کہنا پڑیگا

کہ تو اس بات میں غور و نظر کرکے اپنا مذہب اختیار کرے پس لامحالہ غور و نظر کی طرف رجوع صحیح ٹھہرا تو ایسا ہی یہاں ہے تسوم آنکہ اگر تو نے کسی اپنے اگلے شخص کی کسی مسئلہ میں تقلید کی تو ہم پوچھتے ہیں کہ اس شخص نے اس مسئلہ کو دلیل سے جانا تھا یعنے تقلید کرکے جانا تھا یا بلا تقلید پس اگر اسنے بھی تقلید کرکے جانا تھا تو وہی دور یا تسلسل لازم آویگا جو اول تقریر میں گذرا اور اگر اسنے بلا تقلید کے دلیل سے جانا تو تب تو نے اپنے اوپر اسکی تقلید واجب کی ہو تو تجھ پر بھی واجب ہوا کہ اسکو دلیل سے حاصل کرنہ تقلید سے کیونکہ اگر تو نے اسکو تقلید سے حاصل کیا بدون دلیل کے باوجودیکہ اس شخص متقدم نے اسکو دلیل سے حاصل کیا تھا تو تقلید سے تو اسکا مخالف ہوا پس ثابت ہوا کہ تحول تقلید ایسا ہے کہ اسکا ثبوت خود اسکی نفی کرتا ہے پس جو چیز ایسی ہو وہ باطل ہے اور اللہ تعالے اس آیت کو اتباع خطوات شیطان سے زجر کرنے کے بعد جو ذکر فرمایا تو اسی تنبیہ کے واسطے کہ وساوس شیطان کی پیروی میں اور تقلید کی پیروی میں کچھ فرق نہیں ہے اور اسمیں قوی دلیل اس بات کی موجود ہے کہ نظر کرنا اور استدلال کرنا واجب ہے اور جو چیز بلا دلیل شرعی کے دل میں آوے اسپر اعتماد کبھی نہ کرے اور اسکا تابع نہ ہو اور جو چیز کہ شخص غیر کے اسپر بلا دلیل اعتماد نہ کرے انتہی کلامہ۔ مترجم کہتا ہے کہ اس بات پر سب اہل اسلام متفق ہیں کہ اعتقادات میں تقلید حرام ہے اور جو اعتقاد کہ تقلید سے ہو وہ کچھ نہیں ہے پس جو شخص یہ اعتقاد کرے کہ چونکہ فلان شخص نے اعتقاد کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبی برحق تھے لہذا میں بھی اسکے اعتقاد کی تقلید پر یہ اعتقاد کرتا ہوں تو یہ لغو اور وہ کافر ہے اور وہ مومن نہ ہوگا جب تک خود یقین نکرے اور جسنے کچھ تقلید کو روا رکھا ہے تو فقط مسائل فروعیہ میں روا رکھا ہے سو اسکا مآل کچھ نہیں اسواسطے کہ کسی کے حق میں حسن عقیدت سے تقلید کر لینا عوام کے واسطے ہے اور جو شخص دلائل کو دیکھ سکتا ہے اسکو بلا دلیل مان لینا نہیں چاہیے جیسا کہ پہلے گذرا اور اسی پر بیضاوی نے جزم کیا ہے فافہم۔ پھر اللہ تعالے نے ان کافروں کے واسطے ایک مثل بیان کی اور فرمایا۔

وَمَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً ۭ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ

اور مثال ان منکروں کی جیسے مثال ایک شخص کی کہ چیخ پکارتا ہے ایسی چیز کو جو سنتے نہیں مگر پکارنا اور چلانا بہرے گونگے اندھے ہیں

فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۝

سو انکو عقل نہیں

مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا۔ ان لوگوں کی مثل جو کافر ہیں۔ كَمَثَلِ الَّذِيْ يَنْعِقُ بِمَا لَا يَسْمَعُ۔ جیسے مثل اس شخص کے جو چلا کر ایسی چیز کو آواز دیتا ہے جو کچھ سنتا نہیں۔ اِلَّا دُعَآءً وَّنِدَآءً۔ سوائے پکار و ندا کے ف یعنے اسکو فقط آواز سنائی دیتی ہے سوائے اسکے کچھ نہیں سمجھتا اور یہ جانوروں کا حال ہے۔ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ۔ بہرے گونگے اندھے ہیں تو یہ کچھ نہیں سمجھتے ہیں ف مثل الذین کفروا۔ مبتدا اور کمثل الذی ینعق۔ اسکی خبر ہے اور نعق ینعق ونعیق کہا بلند آواز دینا اور بہا پر با موحدہ واسطے تعدیہ کے ہے کیونکہ نعق لازمی ہے یقال نعق الموذن بلند آواز سے بولا موذن اور نعق بالفتح بلند آواز سے بکریوں کو ہانکنا۔ پس ما موصولہ ہے اور مفسرین کے تفسیر آیت میں چند اقوال ہیں بنا بر یکہ تشبیہ مفرد ہے یا تشبیہ مرکب کیونکہ مثل الذین کفروا کی طرف تو حرف کفار مذکور ہیں اور کمثل الذی ینعق بما لا یسمع۔ کی طرف ناعق اور منعوق بہا۔ دو مذکور ہیں یعنے ایک آواز سے پکارنے والا اور دوسری وہ چیز جسکو پکارا ہے پس شیخ ابو البقاء نے ذکر کیا کہ کلام میں حذف مضاف ہوا ہے مثل داعی الذین کفروا۔ یعنے مثال بلانے والے کی ان لوگوں کو جو کافر ہوئے راہ راست کی طرف جیسے مثال پکارنے والے کی بکری کے گلہ کو۔ اور یہ اسواسطے مقدر کیا گیا تاکہ تشبیہ ٹھیک ہو پس ہمیں کی طرف بلانے والا مثل ناعق کے اور کافر لوگ مثل بکریوں کے ہیں سیبویہ نے کہا کہ ہر گاہ اللہ تعالے نے کافروں اور انکی راہ کی طرف بلانے والے کو بکریوں اور انکے پکارنے والے کے ساتھ تشبیہ دی ہے تو ہر دو شی میں سے ایک کو دوسرے سے

مقابلہ کر دیا بہ دون تفصیل کے باعتماد فہم سننے کے۔ اور نیز سیبویہ نے کہا کہ کافروں کی تشبیہ ناعق کے ساتھ نہیں بلکہ منعوق بہا یعنے ناعق نے جس چیز کو آواز دی ہے اور ان بہائم کے ساتھ جو نہیں سمجھتے ہیں اقول اس تقدیر پر ظاہر ہوتا ہے کہ تشبیہ متعلق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان کرنی منظور ہے حالانکہ مقصود استقباح حال کفار ہے اور اس سے اولیٰ بسبب المعنی تو یہ ہے کہ مشبہ بہ کیطرف تقدیر کیجاوے ای مثل الذین کفروا کمثل بہائم الذی ینعق پس اسمیں تشبیہ کافروں کی بہائم سے ہوا اور معنے یہ ہیں کہ کافر لوگ جسمیں اپنی تقلید میں منہمک ہونے کے جو انکو نصیحت کی جاتی ہے اسپر کان ہی نہیں دھرتے اور جو ایسے تقریر کیجاتی ہے اسپر غور ہی نہیں کرتے پس وہ اس معاملہ میں مثل چوپاؤں کے ہیں کہ چرواہا انکو آواز دیتا ہے پس وہ آواز سن لیتے ہیں اور اسکا مقصود نہیں جانتے اور ندا کو محسوس کرتے ہیں اور معنے نہیں سمجھتے ہیں۔ کذا قال البیضاوی اور ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ قولہ تعالےٰ ومثل الذین کفروا ای جس حال گمراہی و ضلالت و جہالت میں کافر پڑے ہیں انکی مثال جیسے چلتے ریوڑ و گلے چوپاؤں کے کہ چرواہا اسکو پکارتا ہے کہ راہ پر چلاوے مگر وہ اسکا کہنا نہیں سمجھتے حالی اسکی آواز سنتے ہیں اور ایسا ہی شیخ ابو العالیہ و مجاہد و عکرمہ و عطاء و حسن بصری و قتادہ و عطاء خراسانی و ربیع بن انس رحمہم اللہ سے مروی ہے اور معنے اس تقدیر کے یہ ہیں کہ یہ تمثیل ہے کہ کافر لوگ اپنے باپ دادے کے ظاہر حال کے اتباع میں بدون حقیقت حال سے واقف ہونے کے ایسے ہیں جیسے چوپائے کہ آواز سنتے ہیں اور جو اس سے مقصود ہے وہ نہیں سمجھتے ہیں پس تحمل اول اور اسمیں فرق یہ ہے کہ اول میں تو انکی تشبیہ بہائم سے اس امر میں کہ جو انکو القاء کیا جاتا ہے وہ نہیں سمجھتے ہیں اور اسمیں انکی تشبیہ بہائم سے اس بات میں کہ وہ اپنے باپ دادوں کی اتباع ظاہری سے ایسے جاہل ہیں جیسے بہائم ہوتے ہیں۔ اور قطرب نے کہا کہ مثال کافروں کی اپنے بتوں کو پکارتے ہیں ایسی ہے جیسے چرواہا اپنے گلہ کو پکارتا ہے حالانکہ وہ جانور یہی نہیں جانتے کہ کہاں ہیں اور شیخ ابن جریرؒ نے اسیکو اختیار کیا ہے اور عبد الرحمن بن زید بن اسلمؒ نے کہا کہ مثال کافروں کی اپنے پتھر کے معبودوں کو پکارنے میں ایسے ہی ہے جیسے رات میں چیخنے والا کہ اسکی صدا خود اسکو آواز دیتی اور ایسی چیز کو آواز دیتا ہے جو نہ سنے اور جواب وہ دیتا ہے جسکی کچھ حقیقت نہیں ہے پس یہ سب چار اقوال ہوئے جنمیں اول و دوم قریب المعنے ہیں اور سوم و چہارم قریب المعنے ہیں مگر بیضاوی نے اخیر کے دونوں قولوں پر اعتراض کیا کہ خواہ تشبیہ مفرد لیجاوے یا مرکب لیجاوے اس تشبیہ کے جواز کی کوئی صورت نہیں ہے اسواسطے کہ مشبہ بہ کو مشبہ سے وجہ تشبیہ میں اقوی ہونا واجب ہے حالانکہ کافروں کے بت تو بہ نسبت بہائم کے ناسمجھی میں بہت بڑھے ہوئے ہیں پس وقع ہو گیا جو بعض نے کہا کہ بتوں کا نہ سننا کچھ مضر نہیں کیونکہ تمثیل مرکب ہے اور ایسا ہی شیخ ابن کثیرؒ سے اسپر اعتراض کیا کہ اولیٰ نہیں اسواسطے کہ بت کچھ نہیں سمجھتے ہیں اور نہ سنتے اور نہ انمیں حیات ہے فافہم اور قولہ صم ای ہم صم مفسر سیوطیؒ نے اشارہ کیا کہ خبر مبتدائے محذوف ہے بیضاوی وغیرہ نے کہا کہ مرفوع علی الذم ہے اور معنے یہ ہیں کہ حق بات سننے سے بہرے اور کہنے سے گونگے اور راہ حق سے اندھے اور لایعقلون مراد اس سے عقل دین کا جاتا رہنا ہے یعنے امر دین کو نہیں سمجھتے ہیں قال المترجم یعنے عقل نورانی نہیں رکھتے بلکہ حواس کہنے ہیں جو آخرت سے بالکل بے بہرہ ہیں پھر فرمایا۔

**یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ**

ای ایمان والو کھاؤ ستھری چیزیں جو روزی دیں ہم نے تمکو اور شکر کرو اللہ کا اگر تم اسکے بندے ہو

بعض نے کہا کہ یہ حکم تاکید ہے قولہ تعالےٰ یا ایہا الناس کلوا مما فی الارض حلالاً طیبا الآیۃ۔ کی اور بیان مومنین کو خاص کر دیا کہ لوگوں میں سے افضل نوع ہیں اور حق یہ ہے کہ سابق کی آیت میں بحائر و سوائب کے حرام جاننے والوں کو اعلام حلت طیبات مقصود تھا اور اسمیں ارشاد اکل حلال ہے بقولہ تعالےٰ

**یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَیِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَ اشْكُرُوْا لِلّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ اِیَّاهُ تَعْبُدُوْنَ**

ای ایمان والو ہمنے جو کچھ طیبات سے تمکو دیا ہے کھاؤ اور اللہ تعالےٰ کا شکر کرو اگر تم اسی کی بندگی کرتے ہو۔ قال بعض کہا کہ اکل سے مراد ایمان

نفع اٹھانا ہو اسی نفع انہیں چیزوں سے اٹھاؤ جو حکم شرع میں جس طور سے حلال ہو اور ظاہر یہ ہو کہ کھانے سے یہی عادت کے موافق کھانا مراد ہو اور عمر بن عبد العزیز سے روایت ہو کہ آیت میں طیبات سے پاک کمائی مراد ہو خصوصیت پاک طعام کی نہیں ہو اور ضحاک نے کہا کہ رزق حلال مراد ہو اور اسی کو مشعر ہو کہ شیخ ابو البقاء نے کہا کہ کلوا کا مفعول محذوف ہو ای کلوا رزقکم۔ اور امام احمد و مسلم و ترمذی و ابن المنذر و ابن ابی حاتم نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے طیب ہو نہیں قبول کرتا مگر طیب کو اور اللہ تعالے نے حکم دیا مومنوں کو جس چیز کا حکم دیا اپنے رسولوں کو چنانچہ فرمایا۔ یا ایہا الرسل کلوا من الطیبات و اعملوا صالحا انی بما تعملون علیم۔ اور فرمایا یا ایہا الذین آمنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم۔ پھر ذکر کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ آدمی طول سفر کرتا ہو پراگندہ گرد آلودہ اپنے ہاتھ آسمان کو اٹھاتا ہو یارب یارب حالانکہ اسکا کھانا حرام ہو اور لباس حرام سے اور حرام کھایا ہو تو کہاں اسکی دعا قبول ہو گی۔ اور ثابت ہوا کہ عبادت کے قبول ہونے کے واسطے اکل حلال و لباس حلال شرط ہو اور کہا گیا ہو غذا سے حرام سے چالیس دن تک عبادت مقبول نہیں ہوتی ہو اور یہ سب اس حرام میں ہو کہ کھلا ہوا ہو اور عالمگیری و غیرہ میں مذکور ہو کہ علما نے فرمایا کہ اس زمانہ میں آدمی کو یہی اجب ہو کہ جسکو کھلا حرام دیکھے اور جان لے اس سے اجتناب کرے اور تقوی یہ ہو کہ شبہات سے بالکل پرہیز کرے واللہ اعلم و قولوا شکرا للہ۔ انہیں شکر ادا نہیں فرمایا بلکہ شکر سے غیبت کیطرف التفات کیا واسطے تفخیم شان کے اور یہاں مراد واسطے وجوب کے ہو کیونکہ شکر تعالے واجب ہو اور حدیث میں ہو سبحان اللہ و بحمدہ میزان کو بھر دیتی ہو یا تو شکر سے یہاں مراد زبانی شکر ہو یا یہ مراد ہو کہ جو نعمتیں اللہ عزوجل نے بندے کو کرامت فرمائی ہیں سب کو اسکی خدمت میں اسکے حکم کے موافق صرف کرے مثلاً آنکر تلاوت کلام مجید میں اور پانوں مسجد میں جانے وغیرہ میں اور مثل اسکے عبادات مفروضہ خاصہ و عامہ میں اور ظاہر یہی یعنے مراد ہیں اور قولوا ان کنتم ایاہ تعبدون مفعول کو تخصیص کے واسطے مقدم فرمایا اسی عبادت کے واسطے تم اسکو مخصوص کرتے ہو کہ وہی معبود ہو اسکے سوائے کوئی نہیں ہو اور بعض نے کہا ای اگر تم عارف ہو اللہ تعالے اور اسکی نعمتوں کے تو نعمتوں پر اسکا شکر کرو۔ شکر انہی جملہ حقوق ہو اور حروف شرط یہاں امر مشکوک کے واسطے نہیں ہو بلکہ تحریص اور برانگیختہ کرنے کے لیے ہو جیسا کہ مقدمہ میں بیان ہوا جیسے کوئی اپنے بیٹے سے کہے کہ اگر تو میرا بیٹا ہو تو اس کام کو پورا کر دے پس ایسا ہی یہاں ہو۔ اور بیہقی وغیرہ نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے فرماتا ہو کہ میں اور جن و انسان ایک بناء عظیم میں ہیں پیدا میں کرتا ہوں اور میرا غیر عبادت کیا جاتا ہو اور رزق میں دیتا ہوں اور غیر شکر کیا جاتا ہو۔ پھر جاننا چاہیے کہ شکر گذاری کا نفع بندوں ہی کی طرف راجع ہوتا ہو کہ اللہ تعالے نے وعدہ فرمایا ہو کہ شکر کرو گے تو زیادہ نعمت ملیگی **قال الشیخ** قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے۔ یا ایہا الذین آمنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم۔ طیبات وہ چیزیں ہیں جو سابق علم ازل میں اپنی رضا اور خوشنودی کے ساتھ اہل ایمان کے واسطے تقسیم کر دیں یعنے انکی قسمت میں کر دیں یعنے انکا ایسی معاش جسکا تناول کرنا انکے حق میں کسی حال میں مذموم نہیں اور یہ وہ تفرس ہو جسکو ایمان دار آدمی کام میں لاتا ہو کہ وقت حاجت کے وقوع واقعہ سے پہلے نور ایمان سے فراست سے دریافت کر لیتا ہو **قال المترجم** مراد وہ نور مکاشفہ ہو جس سے اولیاء اللہ تعالے مکرم کیے گئے ہیں جیسے حضرت یعقوب علیہ السلام نے بوے یوسف علیہ السلام کو مصر کی دوری سے سونگھ پایا تھا۔ اور نیز طیبات وہ چیزیں ہیں جو مومن کو اللہ تعالے کے مرضیات کی طرف رغبت دلاویں مانند معاملات سنیہ اور اخلاق حمیدہ کے اور مانع نفس و متابعت شہوت ترک کرنے کے اور نیز طیبات وہ چیزیں کہ غیب سے بدون آدمیوں کی کاریگری کے حاصل ہوں کیونکہ جسمیں آدمیوں کی کاریگری لگی وہ لگاؤ سے خالی نہیں ہیں **قال المترجم** پس پیدا وار زمین و پھل وغیرہ ایسے ہی ہیں بخلاف طعام اور اسکی ترکیبی لذت کے اور نیز طیبات وہ شہوت سے نہ کمائی گئی ہوں اور اسکے نتیجہ حکمت و عبادت حاصل ہو **قال المترجم** یعنے غذا اگر تن پروری کے واسطے کھائی تو کچھ نہیں اور اگر غذا بغرض قوت عبادت کھائی تو وہ طیبات سے ہو۔ اور نیز طیبات وہ کہ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر کھائی گئی ہوں اور بدعت کے طریقہ پر نہوں۔ اور نیز طیبات اشارہ ہو ذکر حق عزوجل کی طرف بشرطیکہ اسمیں ذکر مخلوق کا میل نہ ہو اور ایسا پاکیزہ ذکر حق

وہ غذائے روح اسطرح ہو کہ روح بقوت وجود پرواز کرے اور صفات کے باغوں میں دیدار حق بوصف وصل کرے۔ اور شیخ ابو عبد الرحمن سلمی نے فرمایا کہ طیبات رزق یہ ہو کہ بینائی کے وقت استعمال کرے کہ نفس باقی رہے تاکہ ادائے فرائض پورے طور پر ہو اور یہ مقدار وہی ہو کہ کسی حال میں اس کھانے کے پیچھے نقصان نہیں ہوتی ہے۔ قولہ تعالےٰ واشکروا للہ ان کنتم ایاہ تعبدون۔ اسی شکر کرو اللہ تعالےٰ کا اپنی معرفت کے ساتھ مشکور پر اگر تم اسیکو عبادت کرتے ہو بشرط معرفت اسواسطے کہ معبود بنانا بدون معرفت نہیں صحیح ہو اور یہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے اخبار ہے یعنے بشرط معرفت سے مخصوص اسیکی عبادت کرنے پر شکر گزاری اللہ تعالےٰ کی طرف سے بندوں کو عادی ڈالنا ہے اور سعادتمند کو تنبیہ ہے تاکہ جان لیں کہ شکر سزاوار نہیں مگر اسیکو جسنے پیدا کیا اور رزق دیا اور موت دی اور زندگی دی ہے اور یہاں اللہ یا عبادت کو ساتھ شکر نعمت کے واسطے تعریب بنعم عظیم کے کہ اسکی نعمت کا شکریہ معرفت کے ساتھ عبادت کرکے ادا کرے۔ انتہی کلامہ۔ رزق حلال کے ارشاد کے بعد بیان فرمایا کہ یہ چند ہی گنتی کی چیزیں منجملہ تمام چیزوں کے حرام کردی ہیں پس فرمایا

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ ۖ فَمَنِ اضْطُرَّ

یہی حرام کیا ہے تمپر مردہ اور لہو اور سور کا گوشت اور جسپر نام پکارا گیا اللہ کے سوا پھر جو کوئی لاچار ہو

غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ

نہ بے حکمی کرتا ہو نہ زیادتی تو اسپر گناہ نہیں اللہ تعالےٰ بخشنے والا مہربان ہے

إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةَ۔ تحریم تو یہی مردار ہے ف یعنے مردار کا کھانا کیونکہ کھانے ہی میں گفتگو ہے اور اسی طرح آئندہ چیزوں میں بھی کھانا حرام ہے اور اسمیں سے مچھلی و ٹیڈی استثنا ہے وَالدَّمَ۔ اور خون ہے۔ ف مراد خون مسفوح جو رگوں سے نکلکر روانی ہے جیسے کہ احکام میں مذکور ہے وَلَحْمَ الْخِنْزِيرِ۔ اور سور کا گوشت ف اور جب گوشت نجس ہے تو باقی اسکے سب اجزا سے بالوں تک نجس ہے اور بعض نے کہا کہ ضرورت والوں کے لیے سور کے بال سے کوچی بنانا جائز ہے وَمَا أُهِلَّ بِهِ لِغَيْرِ اللَّهِ۔ اور جس چیز کے ساتھ غیر اللہ کا نام پکارا گیا ف یعنے سوائے اللہ تعالےٰ کے غیر کے لیے ذبح کیا گیا اور نام پکارنا اسواسطے فرمایا کہ بت پرست بتوں کے نام سے پکارتے اور ذبح کے وقت بتوں کا نام لیتے تھے فَمَنِ اضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ۔ پھر جو کوئی مضطر ہو اور حالیکہ باغی و عادی نہیں تو اسپر گناہ نہیں ہے اللہ تعالےٰ غفور رحیم ہے ف باغی و عادی سے یا تو سلطان سے بغاوت اور مسلمانوں پر عدوان یعنے زیادتی مراد ہے اور یہی امام شافعی کا قول ہے اور قیاس سے ہر بدکار مسافر مانند بھاگے ہوئے غلام کے اور جو ظالمانہ مال وصول کرنے جاتا ہو وہ بھی باغی و عادی میں شامل ہیں اور یا مراد باغی سے وہ کہ حلال چھوڑکر حرام کی خواہش کرے اور عادی وہ کہ اضطرار کے وقت حد سے تجاوز کرکے پیٹ بھرے اور یہی امام ابو حنیفہ وغیرہ کا قول ہے تو سرا یک مضطر کو ایسے وقت میں جان رکھنے کی قدر جائز ہے جبکہ خواہش حرام یا اس مقدار سے تجاوز نکرے اور واضح ہو کہ آئندہ ایک قراءۃ میں بصیغہ ہے۔ پس ما کافہ ہے اور حرم کا فاعل اللہ تعالےٰ ہے اور ایک قراءۃ میں بالرفع ہے پس ما بمعنی الذی ہوگا اور المیتۃ خبر ان ہے والمعنی ان الذی حرم علیکم المیتۃ الی آخرہ اور ایک قراءۃ میں حُرِّمَ بصیغہ مجہول ہے پس المیتۃ بالرفع ہوگا مگر جائز ہوگا کہ ما بمعنی الذی اور المیتۃ خبر ان ہو یا ما کافہ اور المیتۃ مفعول مالم یسم فاعلہ ہو اور سوائے وجہ اول کے حصر اور صورتوں میں ظاہر نہیں مگر ترکیب مفید قصر حرمت ما استحلوہ ہوگی اور المیتۃ در اصل مشدد یا ر ہے بر وزن فیعلۃ اور داوی ہے اسی مبہوتہ پس تشدید کی قراءۃ علی الاصل ہے اور جسنے تخفیف سے پڑھا اسنے واو کو جو عین کلمہ ہے حذف کیا مانند سید و ہین کے کہ در اصل سیید و ہیّن بتشدید یا ر ہین۔ اور دم میں ام کلمہ یا ر تھا جو غیر علت حذف کیا گیا اور خنزیر کا نون اصلی ہے بر وزن مانند عفریت

اور بعض نے کہا نون زائد ہی یا خوذ از خور اور غیر باغ منصوب علی الحال ہی اسواسطے کہ استثنا جب ہوسکتا ہی کہ الا اسکے قائم مقام ہوسکے ذکرہ الکبری وغیرہ پھر جاننا چاہیے کہ کلا نما موضوع ہی واسطے حصر کے ای جو اسکے ساتھ مذکور ہین انھین کو اسطے حکم ثابت کرتا ہی اور غیر سے نفی کرتا ہی پس یہ ہوگا کہ حرام ہونا انھین چیزون مین منحصر ہی جو میتۃ و دم و لحم خنزیر و ما اہل لغیر اللہ مذکور ہین۔ پس اگر کہا جاوے کہ اور بہت چیزین حرام ہین جو اسمین مذکور نہین پھر حصر کیونکر ہوگا تو جواب یہ ہی کہ اصل وضع استثنا کی قصر قلب کے واسطے ہی پس کفار نے جو ان سب چیزون کو مع دیگر اشیا کے حلال ہونیکا اعتقاد کیا تھا تو بلغ طور پر قصر قلب کے ساتھ انحصار کرکے رد کیا کہ جن چیزون کو تمنے حلال کر رکھا ہی انمین سے اتنی ہی چیزین حرام ہین یا جواب یون یا جاوے کہ حالت اختیاری پر حرمت مقصور کرنا مراد ہی گویا یون کہا گیا کہ تمپر یہی چیزین حرام کی گئی ہین جبتک کہ تم ان چیزون کی طرف مضطر نہو۔ پس حاصل یہ ہی کہ حصر مطلقا مراد نہین ہی بلکہ یا تو ان سب چیزون مین سے جنکو انھون نے حلال کر رکھا تھا یا حالت اختیار کی نسبت کرکے قصر ہی اور خون کو بھی عرب حلال جانتے اور کھاتے تھے چنانچہ ہنڈیون مین جمع کر لیتے پھر اسکو بھونکر کھاتے تھے۔ پھر جاننا چاہیے کہ مردار وہ ہی جسمین سے روح مفارقت کرگئی بدون اسکو ذکاۃ دیے ہوے یعنے شرع کے موافق بسم اللہ کہکر ذبح نہین کی گئی پس امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک اگر عمدا بسم اللہ کو ترک کیا تو وہ بھی مردار ہی اور امام شافعی سے مشہور یہ ہی کہ تسمیہ ہر مومن کے دل مین ہی اگر عمدا اسنے نہ بھی پڑھا ہو تو جائز ہی بالجملہ یہ اتفاقی ہی کہ جسمین جانور کی ذکاۃ نہوئی ہو وہ مردار ہی خواہ خود بخود مرگیا یا گلا گھٹنے سے مرا یا پٹکنے سے یا اونچائی سے گرکر یا دوسرے جانور کے سینگ وغیرہ مارنے سے یا درندے کے مار ڈالنے سے مرا ہو اور جمہور نے اس عام مین سے دریائی صید کو مخصوص کیا ہی کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ واحل لکم صید البحر وطعامہ۔ چنانچہ عنقریب انشاء اللہ تعالے آویگا۔ اور نیز حدیث عنبر کی حضرت جابر رض کی روایت سے صحیح مین موجود ہی اور مسند امام احمد و مؤطا و سنن مین ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بحر کے حق مین فرمایا ہوا الطہور ماؤہ الحل میتتہ۔ یعنے اسکا پانی طہور ہی اور اسکا مردار حلال ہی پس ظاہر ہوا کہ المیتۃ سے مراد بیان خشکی کا مردار ہی یا مع دریائی مردار کے جو مشابہ اسکے ہو۔ اور شافعی و ابن ماجہ و دارقطنی و احمد و حاکم و ابن مردویہ نے ابن عمر رض سے مرفوعا روایت کیا کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ہمارے لیے دو میتہ اور دو خون حلال کیے گئے ہین پس دو میتہ تو ٹڈی اور مچھلی ہین اور دو خون وہ کلیجی اور تلی ہی۔ اور یہ حدیث از قبیل مشہور ہی اسواسطے ہمارے علماے حنفیہ کے نزدیک کتاب اللہ پر اس سے زیادتی جائز ہوئی اور نیز قولہ احل لکم صید البحر عام ہی کہ صید زندہ اور مردہ دونون کو شامل ہی پس اس تخصیص کے ساتھ حدیث اسکا بیان ہوکر خود آیت سے تخصیص ہوگی فافہم اگر کہا جاوے کہ جو گائے بکری مثلا ذبح کی گئی اور اسکے پیٹ مین سے بچہ مرا نکلا تو وہ کھانا جائز ہونا چاہیے کیونکہ حدیث مین ہی کہ جنین کی ذکاۃ وہی اسکی مان کی ذکاۃ ہی تو علماے اسکا جواب دیا کہ یہ حدیث مشہور نہین بلکہ آحاد ہی پس اس سے زیادتی نہین جائز ہی۔ اور یہ جواب کچھ قوی نہین اسواسطے کہ اصول مین مقرر ہوچکا ہی کہ جب عام ایک مرتبہ مشہور سے تخصیص یافتہ ہوچکا ہو تو پھر آحاد سے بھی اسکی تخصیص جائز ہوتی ہی۔ پھر اکثر اہل علم کے نزدیک دریائی جانور سب زندہ و مردہ کا کھانا جائز ہی اور بعض اہل علم کے نزدیک دریائی جانورون سے جنکا مشابہ خشکی کے جانورون مین سے حرام ہو وہ حرام ہین اور ابن حبیب نے دریائی سور کے حق مین توقف کیا اور ابن القاسم نے کہا کہ مین اوس سے بچتا ہون اور اسکو حرام نہین جانتا ہون اور صحیح بنا بر قول بعض اہل علم کے وہ حرام ہی اور مانند اسکے ہی ہمارے علماے حنفیہ کے نزدیک ابن کثیر نے اپنی تفسیر مین ذکر کیا کہ میتہ جانور کا دودھ یا پرند کا انڈا جو اسکے تھنون یا پیٹ مین ہو وہ شافعی وغیرہ کے نزدیک نجس ہی کیونکہ اسکا جزو ہی اور امام مالک کی ایک روایت مین وہ طاہر ہی مگر مجاورت سے نجس ہوا اور اسیطرح میتہ کے الفحہ مین خلاف ہی اور مشہور یہ ہی کہ وہ انکے نزدیک نجس ہی مگر خود اپنے اوپر اعتراض وارد کیا کہ صحابہ نے جو مجوس کا پنیر کھایا ہی پس قرطبی نے اسکا یہ جواب دیا کہ یہان قلیل دودھ اسمین خلط ہی اور کثیر کے ساتھ قلیل نجاست عفو ہی۔ پھر دم سے مراد دم مسفوح ہی یعنے جو جاری ہوکر روان ہو جیسا کہ سورۂ انعام کی آیت مین اودما مسفوحا۔ فرمایا پس مطلق کو مقید پر محمول کیا جائیگا۔ اگر کہا

جاوے کہ حدیث مشہور ہین جو آیا کہ ہمارے واسطے دو خون حلال کیے گئے کلیجی اور تلی سو یہ دونون دم مسفوح نہین بلکہ بستہ خون کے لوتھڑے ہین پس وہ حرام ہین سے سرے سے نہین ہین تو جواب یہ ہی کہ یہ تخصیص عام سے نہین بلکہ اظہار عدم حمل بر عام ہی فافہم اور علما متفق ہین کہ حرام دم مسفوح ہی اور جو گوشت کے ساتھ مخلوط ہو وہ بالاجماع حرام نہین قالہ القرطبی اور حدیث مین حضرت عائشہؓ کی روایت ہی کہ وہ گوشت پکاتی تھین پس خون کی زردی ہانڈی پر چھا جاتی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سکو بلا انکار کے کھاتے تھے پس خشکی کی مردار اور بعض دریائی مردار جو مشابہ ہو خشکی والی سے اور دم مسفوح اپر حرام ہین اور اسیطرح اپر سور کا گوشت حرام فرمایا پس یہان اور سورہ انعام کی آیہ مین لحم خنزیر فرمایا ہی اور ظاہر گوشت کو مخصوص بیان فرمانا بنظر کل کے ہی اسواسطے کہ تقدیر حرم علیکم المیتۃ آنکہ حرم علیکم اکل المیتۃ پس ایسا ہی بعد مین ای اکل لحم الخنزیر یا سیلیے کہ اکل الخنزیر نہین کہا جاتا ہی مگر مجازا یعنی اکل لحم الخنزیر رہی اسکی چربی تو وہ لحم کے حکم مین ہی یا گوشت غالب ہونے کے تابع کر دیا یا گوشت اسکو شامل ہی اور مفسر نے کہا کہ گوشت کو بخصوص اس نظر سے بیان کیا کہ معظم مقصود یہی ہی اور باقی اجزا اسکے تبع ہین اور قرطبی نے ذکر کیا کہ امت کا اجماع ہی کہ سور کی چربی مثل اسکے گوشت کے حرام ہی اور نیز فرمایا کہ امت کا اجماع ہی کہ سور کے سب اجزا سے بیتک حرام ہین سوائے اسکے بالون کے کہ انکو خرازت کے کام مین لایا جاتا ہی پھر ہمارے نزدیک اور جمہور کے نزدیک سور نجس العین ہی اور امام مالک سے مشہور ہی کہ وہ طاہر ہی جیسے اور حیوان اور شافعی کے اس مسئلہ مین کہ سور برتن مین منہ ڈال دے دو قول ہین جدید قول یہ ہی کہ اگر کوئی نجاست اور نہ لگی ہو تو اسکا حکم مثل کتے کے ہی کہ سات بار دھوڈالے اور قدیم قول یہ ہی کہ ایکبار دھوڈالنا کافی ہی اور صحیح قول جمہور ہی واللہ اعلم اور نیز حرام کر دیا اپنے وہ ذبیحہ جسپر نام غیر اللہ تعالے کا پکارا گیا ہو اور اہلال آواز بلند کرنے کو کہتے ہین اور چونکہ وہ لوگ ایسا کیا کرتے تھے جیسا کہ مفسر وغیرہ نے ذکر کیا ہی لہذا بطور واقعہ کے بیان کے فرمادیا اور مراد یہ ہی کہ جس ذبیحہ پر غیر اللہ تعالے کا نام ذکر کیا گیا ہو وہ حرام ہی پس اگر بت پرست وغیرہ نے ذبیحہ پر اپنے کسی بت کا یا لات وعزی کا یا ملائکہ یا جن وغیرہ کسی ایسے کا جسکو مانتا پوجتا ہی ذکر کیا یا مجوسی یعنے آتش پرست نے آگ کا نام ذکر کیا تو یہ اور مثل اسکے جتنے ذبیحہ ہین سب قطعًا حرام ہین اور اسیطرح اللہ تعالے عزوجل کے سوائے کسی کی تقرب کی نیت سے ذبح کرنا حرام ہی چنانچہ فتاوے عالمگیری مین یہ شرط مع مسائل مذکور ہی اور قرطبی نے ابن عطیہ کی روایت سے حسن بصری رحمہ اللہ سے نقل کیا کہ اُنسے دریافت کیا گیا کہ ایک عورت نے اپنی گڑیون کی شادی رچائی اور اسمین اونٹ ذبح کیے تو اسکا گوشت کھانا کیسا ہی فرمایا کہ نہین کھایا جائیگا اسواسطے کہ وہ تصویر کے لیے ذبح ہوے ہین اور نیز قرطبی نے حضرت عائشہؓ سے روایت وارد کی کہ حضرت عائشہؓ سے دریافت کیا کہ عجم والے اور مجوسی لوگ اپنی عیدون مین ذبح کرتے ہین پس اسمین سے مسلمانون کو ہدیہ بھیجتے ہین اسکا کھانا کیسا ہی تو فرمایا کہ جو اس دن کے واسطے ذبح کیا جاوے اسمین سے مت کھاؤ یا ان کے بھیجے ہوے کھاؤ میوون کو کھاؤ اور ابی حاتم نے مجاہد سے روایت کی کہ قولہ ۔ ما اہل بہ لغیر اللہ ۔ کہا کہ ای ما ذبح لغیر اللہ ۔ یعنے جو غیر اللہ کے واسطے ذبح کیا گیا ۔ اور بغوی نے بھی معالم مین اسکی تفسیر مین کہا ای ما ذبح للاصنام والطواغیت ۔ یعنے جو جانور کہ اصنام وطواغیت کے واسطے ذبح کیا گیا اور تفسیر شیخ پوری مین ہی کہ علمائے نے فرمایا کہ اگر کسی مسلمان نے کوئی ذبیحہ ذبح کیا اور اسکے ذبح کرنے مین اسکا مقصود اللہ تعالے کے سوائے کسی اور کا تقرب ہو تو وہ شخص مرتد ہو گیا اور ذبیحہ اسکا ویسا ہی حرام ہی جیسا مرتد کا ذبیحہ ہوتا ہی مترجم کہتا ہی کہ یہی ائمہ حنفیہ کی معتمد کتب الفقہ مین مصرح ہی اور صاحب الروض شافعی نے فرمایا کہ اگر کسی شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ذبح کیا تو کافر ہوا ۔ اب یہان سے ہر دیندار قیاس کر سکتا ہی کہ جب سوائے اللہ تعالے عزوجل کے سید عالم واکرم الخلق صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے ذبیحہ نہین جائز ہی تو اور کسی نبی وولی کے واسطے کبھی نہین روا ہو سکتا ہی اور جب یہ حال ہی تو جو لوگ شیخ صدو یا خبیث چیزون کے واسطے ذبح کرتے ہین وہ اپنے کافر و مرتد ہونے سے ڈرین اور یہ ذبیحہ حرام ہی اور صاحب تفسیر احمدی نے جو اس مقام پر تساہل کیا وہ سخت خطا ہی اللہ تعالے ہمکو اور انکو عفو کرے اور بخشدے اور یہ جو بعضے لوگون کو وہم ہوا کہ مہمان کے لیے ذبح کرتے ہین جواب یہ کہ اگر اسکے تقرب کے لیے

ذبح کرین تو مرتدہ کافرین کما فی الفتاوی بلکہ یہ تو مہمان کی ضیافت کے لیے اللہ تعالے کے نام پر ذبح ہوتا ہی جیسے روز بازار مین ہزارون جانور ذبح ہوکر
فروخت ہوتے ہین خواہ بازار سے منگالو یا خود اللہ تعالے کے لیے ذبح کرکے اس سے گوشت مہیا کرلو جیسے مسلمانون مین طریقہ جاری ہی کہ حج مین قربانی کرتے
ہین اور اللہ تعالے نے اسکے تقرب کے صلہ مین رحم کیا کہ جانور کی جان اسکی قربت مین ہلاک ہوئی اور تمکو اسکا گوشت حلال کیا بلکہ قربانی مین ہر بال کے عوض
نیکی عطا فرمائی پھر جانتا چاہیے کہ جس چیز کے مانند جو فتوے کسی کتاب آسمانی کی پیروی کرنے کی طرف منسوب نہین ہین اگر وہ غائبانہ ذبح کرکے گوشت لاوین یا
فروخت کرین تو اسکا کھانا حرام ہی اور اگر کسی مسلمان نے سامنے ذبح کرکے انکو دیدیا اور معلوم ہی تو اسکو کھا سکتے ہین اور رہے یہود و نصاری جو پیروی توریت
انجیل کی طرف منسوب ہین سو انکے ذبیحہ مین اختلاف ہی بعضے اسمین گئے ہین کہ حلال ہی کیونکہ قولہ تعالے وطعام الذین اوتوا الکتاب حل لکم عام ہی اور
ذبیحہ مرد ہی سے پیدا تفاق ہی بلکہ طعام کا اطلاق پکے ہوے پکے سب کھانے پر ہوتا ہی اگرچہ ذبیحہ کے ساتھ قطعی یقین نہین ہو سکتا اور خصوص اس زمانہ
مین جبکہ علی العموم یہ معلوم ہی کہ یہ نصاری مُردار مرغی وغیرہ کھاتے ہین اور یہی انکے ذبیحہ کا دستور ہی اور امام ابو حنیفہ و مالک و شافعی سب متفق ہین
کہ اگر انھون نے اسم اللہ تعالے کے سوا سے ذبح کیا تو حرام ہی پس اگر نہ معلوم ہو کہ کیونکر ذبح کیا تو اس صورت مین بھی حرام ہوگا واللہ تعالے اعلم اور تمام بحث
معین الہدایہ ملا زین جم مین ہی پھر اللہ تعالے عزوجل نے حالت اضطرار و مخمصہ مین ان حرام چیزون کو بھی شروط طور پر حلال فرمادیا چنانچہ فرمایا فمن اضطر غیر باغ
ولا عاد فلا اثم علیہ یعنی فمن اضطر غیر باغ ولا عاد فما کلہ فلا اثم علیہ اور اضطرار یہ ہی کہ کسی شی کیطرف ایسا مجبور ہو جاوے کہ بدون اسکے چارہ نہ پاوے پس
یا تو اضطرار اس طور سے ہوگا کہ بھوک سے اپنی جان تلف ہونیکا خوف کرے یا کوئی شخص اسپر زبردستی کرے اور زبردستی مین جبھی اضطرار معتبر ہوگا
کہ وہ شخص عضو یا جان تلف کردینے پر آمادہ ہو پس اگر اسکو دوام ہو تو جائز ہی کہ ان محرمات مین سے سیر ہو کر کھالے اور اسمین خلاف نہین اور اگر نادر طور سے
ایسا واقع ہو تو قول امام ابو حنیفہ اور اصح قول شافعی مین کہا کہ صدرق کھالے جس سے جان بچے الا آنکہ زبردستی کرنے والا اسکو زیادہ کھانے پر مجبور
کرے اور امام مالک نے کہا کہ سیری کی قدر بھی روا ہی اور غیر باغ ولا عاد مین اختلاف ہی چنانچہ کہا کہ غیر باغ ولا عاد یعنے قاطع الطریق نہو اور نہ امام
المسلمین سے باغی ہوا ہو اور نہ عدوان یعنے معصیت الٰہی کے واسطے نکلا ہو تو ایسے شخص کو رخصت ہی کہ اسمین سے تناول کرے اور جو شخص باغی ہو کر
نکلا یا عادی ہی اور معصیت الٰہی مین جاتا ہی تو اسکو رخصت نہین ہی اگرچہ وہ ان چیزون کی طرف مضطر ہوا خرجہ سعید بن منصور فی سننہ عن مجاہد اور ایسا ہی
سعید بن جبیر سے مروی ہی اور یہی شافعی کا قول ہی جیسا کہ مفسر سیوطی نے بیان کیا اور یہی امام احمد کا قول ہی اور ایک روایت مین سعید بن جبیر سے اور
مقاتل بن حیان نے کہا کہ غیر باغ یعنے اسکو حلال جاننے والا نہو اور سدی نے کہا غیر باغ اسکے کھانے مین اپنی خواہش پوری کرنا نچاہتا ہو اور آدم
بن ابی ایاس نے اپنی تفسیر مین عطا خراسانی سے روایت کی کہ انھون نے کہا کہ میتہ مین سے لیکر بیان نہ کرے تاکہ خواہش سے کھانے کے لائق ہو جاوے اور
نہ اسکو پکاوے اور اسمین سے نہ کھاوے مگر ایک لقمہ کھاوے اور اپنے ساتھ اسمین سے اتنا رہنے دے کہ اسکو رزق حلال تک پہونچا دے پھر جب رزق حلال
پہونچ جاوے تو اسکو پھینک دے اور یہی فرمایا کہ لا عاد ای لا یجد ما یحل الا الحرام اسکے ساتھ تجاوز نہ کرو حلال سے اور ابن عباس سے روایت ہی اخرجہ ابن ابی شیبہ
منہا یعنے اس سے سیر ہو کر کھاوے اور سدی نے عدوان کی تفسیر اس سے بیان کی اور ابن عباس سے روایت ہی کہ غیر باغ ولا عاد فرمایا کہ غیر باغی ہو میتہ
مین اور نہ عادی ہو اسکے کھانے مین اور یہی قول امام ابو حنیفہ اور جمہور کا ہی اور انھون نے بغی کے یہ معنے بیان کیے کہ دوسرے مضطر پر اپنے نفس کو
ترجیح دے اسطرح کہ تنہا اسکو کھا جاوے پس دوسرا مضطر مر جاوے اور لا عاد مین عدوان سے یہ مراد ہی کہ قدر حاجت سے تجاوز کرے اور وہ صدر مق
ہی جس سے جان بچے اور قتادہ نے کہا کہ غیر باغ ای بمیتۃ مین یعنے اسکے کھانے مین کہ حلال سے تجاوز کرے حرام کی طرف حالانکہ اسکو حرام نہ کھانے کی
[illegible] اور قرطبی نے مجاہد سے نقل کیا کہ فمن اضطر یعنے جو شخص مجبور کیا گیا اسپر بدون اپنے اختیار کے اقول یہ محتمل دونون وجوہ اضطرار کو ہی

یعنے بھوک نے اسکو مجبور کیا یا کسی نے اسپر زبردستی کی بقصد آنکہ اگر نہ مانیگا تو مار ڈالینگا ولیکن اکرہ کی لفظ سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ فقط زبردستی سے مجبور کیا جانا مراد ہی شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ اگر مضطر نے میتہ کو اور غیر کے طعام کو پایا اور یہ طعام ایسا ہی کہ اگر مضطر اسکو کھالے تو ہرگز نہیں اور نہ مالک طعام کے حق مین ایذا ہی تو مضطر کو بلا خلاف اکل میتہ نہین روا ہی پھر اگر اسنے ایسی حالت مین طعام غیر کھالیا تو آیا اسپر ضمان قیمت یا مثل لازم آویگی یا نہین تو اسمین امام مالک سے دو روایتین ہین ایک مین تاوان لازم ہوگا اور دوسری مین نہین حکاہ القرطبی پھر سنن ابن ماجہ سے روایت پیش کی کہ عباد بن شرحبیل رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم لوگون کو ایک سال مخمصہ پہونچا پس مین مدینہ مین آیا پھر وہان ایک چہار دیواری کے باغ مین جسمین کھجتی بھی تھی آیا اور مین نے اسمین سے ایک بالی توڑ کر اسکو ملکر دانہ نکالکر کھالیا اور نیز اسمین سے توڑ کر اپنی چادر مین رکھ لیا پس کھیت والا آیا اور میرا کپڑا چھین لیا پس مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور مین نے آپکو اس حال سے خبر دی پس آپ نے اس شخص سے کہا کہ تو نے اسکو کھانا نہ دیا جبکہ وہ بھوکا تھا اور نہ اسکو سکھلایا جبکہ وہ جاہل تھا پھر اسکو حکم دیا کہ اسنے میرا کپڑا مجھے پھیر دیا اور میرے واسطے ایک وسق طعام یا نصف کا حکم دیا شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ اسناد اس حدیث کی صحیح قوی جید ہی اور اس حدیث کے شواہد بہت ہین از انجملہ حدیث عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ لگے ہوے پھل کا کیا حکم ہی تو فرمایا کہ حاجتمند نے اگر اسمین سے اپنے منہ سے کچھ لے لیا بدون اسکے کہ جھولی بھرے تو اسپر کچھ الزام نہین ہی تا آخر حدیث اقول صحیح مسلم مین بھی اسی مضمون کی حدیث موجود ہی اور ایک حدیث سے ثابت ہی کہ جھوڑنا اور ڈھیلے مارنا نہین چاہیے ہی قال المترجم علماے حنفیہ نے اسمین تاویل کی ہی اور اسکو جائز نہین کہا ہی بدون اضطرار کے اور شاید یہ منظور اسکے کہ طباع عوام مائل بفساد و تعدی ہین واللہ اعلم۔ اور جاننا چاہیے کہ سہل بن عبداللہ نے کہا کہ غیر باغ اسی جماعت کو چھوڑنے والا نہو ولا عاد اسی مبتدع مخالف سنت نہو پس بدعتی کے واسطے ضرورت کے وقت ان چیزون مین سے تناول حلال نہین کیا اور مسروق رح نے فرمایا کہ جو شخص مضطر ہوا یعنے اس حالت کو پہونچا کہ اگر میتہ یا دم یا گوشت سور مین سے نہ کھاوے تو ہلاک ہو جاویگا مگر اسنے نہ کھایا یہانتک کہ مر گیا تو دوزخ مین داخل کیا جائیگا کیونکہ اسنے اپنے تئین اپنے آپ ہلاک کیا اور یہ قول دلالت کرتا ہی کہ مخمصہ اضطرار کے وقت ان محرمات مین سے تناول کرنا رخصت ہی نہین بلکہ عزیمت ہی یعنے ضرور کھالیوے وقال ابو الحسن الطبری رفیق الغزالی وہو الصحیح عندنا ولیکن ظاہر سیاق اسکی رخصت پر دلالت کرتا ہی وہو قول اکثر اہل العلم اور مقاتل بن حیان نے قولہ فلا اثم علیہ ان اللہ غفور رحیم۔ مین کہا یعنے اسپر کچھ گناہ نہین اللہ تعالے غفور رحیم ہی اس چیز کے حق مین جو اسنے اضطرار مین کھالیا ہی اور بہکو یہ حکم پہونچا ہی واللہ اعلم کہ تین لقمہ سے زیادہ نہ کھاوے اور سعید بن جبیر نے کہا کہ غفور ہی اس چیز کا کہ اسنے حرام سے کھالیا اور رحیم ہی کہ اسنے اضطرار کے وقت حرام کو حلال کر دیا قال الشیخ فی العرائس فی حقائق قولہ تعالے فمن اضطر غیر باغ ولا عاد فلا اثم علیہ۔ جو شخص میدان حقیقت مین سیر کرنے والا ہوا اس صفت کے ساتھ کہ ظہور معرفت کے وقت اسکی روح ناطقہ دریاے ازلیت مین پیرتی پھرتی ہی اور اسکے نفس امارہ کا تار مین عشق و محبت کی آگ مین جل گیا اور اسکو خوف ہوا کہ سطوات عظمت مین وہ تتر بتر ہو جائیگا تو مضطر ہو کر اسکو روا ہی کہ محقرات دنیاوی مین سے کچھ تناول کرے تاکہ صورت باقی رہے ناچار عارف پر واجب ہی کہ جب تک وہ مقام عبودیت اور عجز بشریت مین موجود ہی مخلوقات مین سے نیک چیزون کی طرف انس پیدا کرے باین معنے کہ عالم شواہد سے انوار الوہیت کو اقتباس کرے قولہ ان اللہ غفور۔ اہل معرفت کے واسطے حادث ہونے کی تہمت کو نور ازلیت کے پردے سے ڈھانکنے والا ہی رحیم رحیم ہی انکے ساتھ باین طور خاص کہ انکو انسانیت کی تاریکیون سے نکال کر نور صمدیت مین پہونچا دیتا ہی۔

إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ

جو لوگ چھپاتے ہین جو کچھ نازل کی اللہ نے کتاب اور لیتے ہین اسپر مول تھوڑا وہ نہین کھاتے

فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝

اپنے پیٹ مین مگر آگ اور نہ بات کریگا انسے اللہ قیامت کے دن اور نہ ستھرا کریگا انکو اور انکو دکھ کی مار ہی

یہ آیت یہود کے عالمون کے حق مین اتری جنکو عوام یہودیون نے اپنا سرگروہ مقرر کر رکھا تھا اور جو وہ کہتے تھے وہی مانتے تھے اور سالانہ اپنی کھیتی باڑی مین سے انکے واسطے کچھ مقرر کر رکھا تھا اور یون ہدایا و تحفے وکھانے بھیجتے تھے اور امید رکھتے تھے کہ جونہی آخرالزمان ہوگا وہ ہمین مین سے ہوگا پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم عرب مین اشرف قبیلہ بنی ہاشم سے مبعوث ہوے تو ان عالمون کو خوف ہوا کہ عام یہودی جیسا انکے تابع ہو جاوینگے تو ہماری سرداری جاتی رہیگی اور جو ہمکو ملتا ہی کچھ نہ ملیگا پس بدباطنی سے انھون نے کتاب توریت مین سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت ولعت کو بدل ڈالا چنانچہ آپکا رنگ صبیح لکھا تھا اسکو کالا لکھدیا پھر اسکو اپنے تابعون پر یون ہی ظاہر کیا تو جب انھون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ملایا تو بڑا فرق پایا اسلئے جو ایمان نہین لاتے تھے پھر اکثر کا تو یہ قول ہی کہ انھون نے آخر اصل کتاب توریت مین سے بگاڑ دیا تھا اور بعض کا قول ہی کہ اسکی نقل کرتے اور آسمین بدل ڈالتے تھے اور صحیح یہ ہی کہ آخر کار انھون نے آپ کے صفات کی آیتین دوسرے مقام پر اور نبیون کے ساتھ ملادین باوجود اسکے کہ نقل نسخون مین بدلی بھی تھی لہذا اللہ تعالے نے تہدید فرمائی بقولہ تعالے - إِنَّ الَّذِينَ يَكْتُمُونَ مَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنَ الْكِتَابِ - جو لوگ چھپاتے ہین کتاب کو جو اللہ تعالے نے اتاری ف یہ یہود ہین جو کتاب توریت کو چھپاتے جسمین محمد صلعم کی صفت تھی اور اپنے ہاتھ سے جھوٹ لکھکر کہتے کہ یہ توریت ہی وَيَشْتَرُونَ بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا - اور کتاب حق کے عوض قلیل مال خریدتے ہین ف یعنے چھپانے سے یہ غرض کہ انکے سفلہ جہال انکو سردار سمجھکر کچھ مال دیا کرتے تو حق بیچکر یہ مال لیتے ہین کیونکہ ظاہر کرتے تو سب مسلمان ہو جاتے پھر انکو سردار نہ بناتے اور نہ کچھ نذرانہ دیتے پس انھون نے حق بیچکر کھانا شروع کیا - أُولَٰئِكَ مَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ إِلَّا النَّارَ - ایسے لوگ اپنے پیٹون مین کچھ نہین کھاتے سوائے آگ کے ف کیونکہ اس مال حرام کھانے کا یہی انجام ہی وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ - اور قیامت کے روز اللہ تعالے انسے کلام نہین فرماویگا اور نہ انکو پاک کریگا اور انکے لیے عذاب سخت دکھ دینے والا ہی ف کلام نکرنا ازراہ غضب ہی اور پاک نکرنا گناہون کے دناس یعنے میل کچیل سے یعنے جہنم کہتا ہی کہ اس سے نکالا کہ گنہگار مومنون کو گناہون کے میل کچیل سے پاک فرماویگا کیونکہ صفت مذمت اسی طور پر انکے حق مین پوری ہی کہ مومنین گنہگار پاک کیے جاوین - وقولہ الا النار استثناء مفرغ ہی اسی وہ اوپر عذاب نار واجب کریگا پس جو انھون نے کھایا اسکو نار کہا کیونکہ انجام کار اسکا آگ کی طرف ہی اور یہی اکثر مفسرین کا قول ہی اور بعض محققین نے کہا کہ یا کلون سے مراد یوم قیامت مین ہی اور آگ کھانے سے مراد حقیقی آگ کھانا ہی یعنے وہ لوگ اپنے اس چھپانے اور بجاے اسکے منہ سے دروغ کہکر رشوت کھانے پر قیامت مین آگ کھانے سے سزا دیے جاوینگے اسیواسطے قولہ فی بطونہم زیادہ کیا تاکہ دلالت کرے اور تاکید ہو اس امر کی کہ یہ کھانا حقیقۃ ہوگا کیونکہ کبھی مجازا بھی بولتے ہین کہ اکل فلان ارضی - فلان شخص میری زمین کھا گیا یعنے پیداوار و حاصلات اسکی و لیکن یون نہین کہتے کہ اکل فلان ارضی فی بطنہ - ای فلان شخص میری زمین اپنے پیٹ مین کھا گیا اور اسی کے مثل ہی قولہ تعالے - ان الذین یاکلون اموال الیتامی ظلما انما یاکلون فی بطونہم نارا و سیصلون سعیرا - اور حدیث صحیح مین ہی کہ - ان الذین یاکل او یشرب فی آنیۃ الذہب والفضۃ انما یجرجر فی بطنہ نار جہنم - جو شخص کھاتا یا پیتا ہی سونے و چاندی کے برتن مین وہ یہی ہوگا کہ اپنے پیٹ مین دوزخ کی آگ بھرتا ہی یعنے قیامت مین اسکے پیٹ مین آگ بھری جائیگی - قولہ لا یکلمہم اللہ - شیخ ابن جریر نے کہا کہ معنے یہ ہین کہ نہ کلام کریگا انسے ایسا کلام جو انکو خوش آوے اور نہ ایسا کلام جو رنج دے مثل قولہ تعالے اخسئوا فیہا ولا تکلمون - اور یہی ہمارے مفسر کے کلام سے ظاہر ہی اور بعض نے کہا کہ روز قیامت مین اللہ تعالے سب خلق سے کلام فرماویگا

کہ مومنین کو اسکے کلام سے سرور و خوشی از حد ہوگی اور کافرون کو رنج و غم ہوگا پس یہان مراد کلام نہ کرنے سے مراد رحمت کا کلام نہ کریگا اور اللہ تعالے کا انسے کلام نہ کرنا یہ کنایہ ہے کہ اللہ تعالے کا غضب انپر اتریگا اور اللہ تعالے انسے راضی نہو گا۔ قولہ لا یکلمہم الایۃ یہم من انس الذنوب و انس بفتحتین میل کیسا ہی انکو گناہون کے میل سے پاک نہ کریگا اور نہ جاج رحمۃ نے کہا کہ انکی نیکو کاری کے ساتھ تعریف نہ فرماویگا اور بعض نے کہا کہ انکے اعمال خبیثہ کی اصلاح نہ کریگا یا انکو پاک ٹھکانے جگہ نہ دیگا۔ اور جاننا چاہیے کہ حدیث مین بعضے گناہگارون کے واسطے بھی ایسا ہی کچھ آیا ہے چنانچہ حدیث ابوہریرہ مین تین شخص بیان ہین بوڑھا زناکار و ملک کذاب اور عائل مستکبر یعنے حاجتمند متکبر پس فرق یہ ہے کہ جیسے کافر و گنہگار دوزخ کے جانے مین شریک ہین ولیکن گناہگار نکالے جاوینگے اور کافر نہین ویسے ہی اس عتاب و غضب مین شرکت ہے کہ کافرو کے واسطے دائمی ہے اور گناہگار ایسے لوگون کے واسطے کسی حد تک موافق انکے جرم کے یہ عتاب رہیگا پھر مرتفع کردیا جائیگا فافہم واللہ اعلم۔

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ ۚ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى

وہی ہین جنھون نے خریدی گمراہی بدلے راہ کے اور عذاب بدلے مغفرت کے سو کیا سہارہے انکو

النَّارِ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ ۗ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي

آگ کی یہ اسواسطے کہ اللہ نے اتاری کتاب سچی اور جنھون نے کئی راہین نکالین کتاب مین وہ

شِقَاقٍ بَعِيدٍ ۝

ع ۱۲ ۱۹

ضد مین دور پڑے ہین

واضح ہو کہ یہود کا جرم سخت تھا کہ غضب پر غضب طاری ہوا لہذا آیت مذمت کو مکرر بمعنی غضب فرمایا بقولہ تعالے۔ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الضَّلَالَةَ بِالْهُدَىٰ۔ انھین بدکاردن نے ہدایت کے بدلے گمراہی کو خریدا ف یعنے مبادلہ کرلیا جیسے خرید فروخت مین ہوتا ہے اور یہ دنیا مین کیا۔ وَالْعَذَابَ بِالْمَغْفِرَةِ۔ اور عذاب کو بدلے مغفرت کے ف یعنے آخرت کے لیے مغفرت کے بدلے عذاب لے لیا کیونکہ اگر نہ چھپاتے اور ظاہر کرتے تو مغفرت و رضوان انکے لیے موجود تھا تو اسکو چھوڑ کر عذاب لیا یعنے اپنا جنت کا گھر چھوڑ کر اسکے عوض مین جہنم کا گھر لے لیا۔ حالانکہ عذاب کیونکر برداشت ہوگا معاذ اللہ منہ۔ پھر جب گھر کا مبادلہ بطور خرید واقع ہوا تو جنت مین کچھ تعلق ہی نہ رہا جیسے بیع مین معمول ہے تو جہنمی گھر ہمیشہ کے لیے ہوگیا تو یہ نہایت سخت بے انتہا شدید ہوگیا لہذا فرمایا۔ فَمَا أَصْبَرَهُمْ عَلَى النَّارِ۔ یہ لوگ کسقدر سخت صبر کرنے والے آگ پر ہین ف یعنے تعجب سے دیکھو کہ عذاب النار برداشت کرنے مین یہ لوگ کتنے دلیر ہین۔ حالانکہ اللہ تعالے جانتا ہے کہ یہ لوگ خبیث بھلا دلیر کیا ہونگے ولیکن سفہاء احمق ہین جنکو اللہ تعالے نے مردود کردیا ہے کہ اس عذاب شدید مین دائمی جھونک دیا۔ ذَٰلِكَ بِأَنَّ اللَّهَ نَزَّلَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ وَإِنَّ الَّذِينَ اخْتَلَفُوا فِي الْكِتَابِ لَفِي شِقَاقٍ بَعِيدٍ۔ یہ پھٹکار کا عذاب شدید اسوجہ سے ہے کہ اللہ تعالے نے کتاب (توریت) اتاری حالانکہ جن لوگون نے کتاب مین پھوٹ ڈالی ہے بیشک شقاق بعید مین ہین ف یعنے راہ کتاب صراط المستقیم سے پھٹ کر بہت دور ہوگئے ہین۔ اگر کہا جاوے کہ قولہ اشتروا الضلالۃ۔ مین خرید سے کیا مراد ہے جواب یہ کہ مراد اشتراء سے یہان لے لینا اور اختیار کرلینا ہے حقیقی معنے اشتراء کے مراد نہین ہین اسواسطے کہ یہ چیزین اول تو اعیان نہین دوم بالہدی کی بابت داخل ثمن ہے اور ثمن مشتری کے پاس ہونا چاہیے حالانکہ انکی ملک مین ہدایت کبھی نہ تھی اور خرید مین بلاغت مزید یہ کہ جیسے بیع کے بعد تعلق نہین رہتا ہے اسی طرح ان لوگون کو ہدایت و مغفرت و جنت سے کچھ بھی تعلق نہین رہا اور یہ خرید یہان دنیا مین کرچکے اور دنیا کی قید اسلیے بڑھائی تاکہ یہ جملہ اور آگے والا جملہ مکررنہون یعنے ظاہر ہوجاوے کہ اول جملہ مین بلا

کرنا دنیا میں مراد ہے اور دوسرے میں عاقبت میں۔ قولہ بالمغفرۃ۔ یعنے مغفرت اس تقدیر پر کہ نہ چھپاتے اور ایمان لاتے تو موجود تھے پس اسی مغفرت سے بدلا کر لیا اور حاصل یہ کہ وہ لوگ حق بات کو جانتے تھے ولیکن انھوں نے چھپایا حالانکہ اسکے ظاہر کرنے میں ہدایت تھی اور چھپانے میں گمراہی اور عذاب ہے۔ قولہ فما اصبرہم علی النار۔ سیوطی رحمہ نے کہا کہ پھر کس چیز نے انکو آگ پر صابر کیا۔ ابو البقاء نے کہا کہ ما موضع رفع میں ہے اور کلام تعجب ہے کہ اس سے اللہ تعالے نے موصوفوں کو تعجب دلایا ہے اور اصبرہم میں ضمیر ہے جو ما کی طرف عائد ہے اور یہی مفسر سیوطی رحمہ نے ذکر کیا ہے اور یہ قول جمہور کا ہے جن میں سے حسن بصری و مجاہد بھی ہیں اور معنے یہ ہیں کہ متعجب ہوں مخاطب ان لوگوں کے حال سے جو بے پروائی سے ایسی باتیں کرتے ہیں جنسے عذاب دوزخ واجب ہوتا ہے پس گویا انھوں نے ان باتوں کے ارتکاب میں آتش دوزخ پر صبر کر لیا۔ اگر کہا جاوے کہ مانکرہ ہے مبتدا نہیں ہو سکتا ہے تو جواب دیا گیا کہ وہ باعتبار اصل کے تامہ ہے اور اسکی تنکیر واسطے تہویل کے قرار دی گئی پس مخصص ہو گیا جیسے شر اہر ذا ناب میں ہے ای شر عظیم اور جائز ہے کہ ما استفہامیہ اور ما بعد خبر ہو یا موصولہ اور ما بعد صلہ اور خبر محذوف ہو ای الذی اصبرہم علی النار شئی عظیم۔ اور زجاج (اول دلائل) نے نقل کیا کہ اسکے معنے ما ابقاہم علی النار ہیں جیسے عرب بولتے ہیں ما اصبر فلانا علی الحبس ای ما ابقاہ فی الحبس اور بعض نے کہا کہ معنے یہ ہیں ما اقل جزعہم من النار پس آگ سے انکا کمتر جزع میں ہونا یہی صبر قرار دیا اور کسائی و قطرب نے کہا کہ معنے یہ ہیں کہ ما اجرأہم علی عمل اہل النار پس صبر سے مراد دوام عمل موجب نار ہے یعنے ہمیشہ برابر ہی کام کرتے ہیں جس سے آگ میں پڑیں اور ما استفہامیہ ہونے کی صورت میں یہ معنے ہیں کہ کس چیز نے انکو صبر دلایا اہل دوزخ کے کام کرنے پر اور اولی یہ کہ یوں تفسیر کیجاوے کہ کس چیز نے انکو صبر دلایا ایسے کاموں پر جو جزاے جہنم واجب کرتے ہیں اور یہی قول ابن عباس و سدی و عطاء و ابو عبیدہ کا ہے اور مراد استفہام سے تعجب ہے۔ قولہ ذلک بان اللہ نزل الکتاب بالحق۔ زجاج رحمہ نے کہا کہ ذلک الامر ہو العذاب۔ اور مفسر رحمہ نے آیت سابق سے لیا ای اکل نار وغیرہ اور یہی تفسیر قول زجاج کی بھی ہو سکتی ہے اور اخفش نے کہا کہ اسم اشارہ کی خبر محذوف ہے ای ذلک معلوم بسبب ان اللہ نزل الکتاب کو بعض نے کہا کہ توریت مراد ہے پس اس صورت میں فاختلفوا فیہ جو سیاق کلام کے موافق مفسر رحمہ نے مقدر کیا ہے اس اختلاف سے مراد یہ ہو گی کہ کچھ توریت پر ایمان لائے اور کچھ توریت کو چھپا کر کفر کیا اور بعض نے کہا کہ بایں طور کہ کچھ اپنے معنے و مراد پر رکھا اور کچھ بدل دیا اور اسمیں تحریف کر دی۔ بالجملہ یہ تہمت احوال یہود بد مآل ہے اور بعض نے کہا کہ قرآن مراد ہے پس یہ دوسری وجہ انکے معذب ہونے کی ہو گی کہ توریت میں یوں تحریف و کتمان کیا اور قرآن پر ایمان نہ لائے پس اگر اختلاف کرنے والے یہود قرار دیے جاویں جیسا کہ بعض نے کہا ہے تو اختلاف یہ کہ بعض کتاب آسمانی پر ایمان لائے اور بعض پر نہیں قال المترجم یہ اس صورت پر ہو سکتا ہے کہ الکتاب کا الف لام جنس کا ہو یعنے کتب آسمانی نازل شدہ میں سے بعض پر ایمان لائے اور بعض سے کفر کیا اور الف لام عہد سے قرآن مراد لیکر اختلاف یہود اسمیں یہ تھا کہ موافق توریت کے جو ہو وہ مسلم اور دیگر نہیں مسلم رکھتے اور جو انکی خواہش نفسانی کے موافق ہوتا جیسے بجاے رجم کے کالا منہ کر کے پھرانا اگر حکم دیا جاوے تو قبول کریں ورنہ نہیں اور بعض علماء نے کہا کہ اختلاف کرنے والے کفار قریش ہیں بعض نے کہا جادو ہے اور بعض نے کہا کاہنوں کی سی باتیں اور بعض نے کہا اگلے لوگوں کی داستان ہے اور اس صورت میں بیان یہود میں عام اختلاف کے عذاب میں دوسروں کو شامل کر دیا مع ان لوگوں کے جنکا بیان ہے اور یہ کمال بلاغت ہے فافہم۔ پھر غور کرو کہ ابتداے پارہ میں تحویل القبلہ جو حق تھا یہود نے اسی سے بہکانے کا فتنہ برپا کیا تو اللہ تعالے نے یہودیوں پر ان آیات میں غضب اتارا اور انکی بدکاریوں و بد انجامی کو سخت تہدید سے ظاہر کر دیا پھر اہل حق کو اور نیز ان لوگوں کو جو یہود کی جانب کان لگا کر بھٹکتے تھے تنبیہ فرمائی کہ قبلہ صرف ایک جہت عبادت ہوا سمیں اس قدر تردد کیوں ہے بلکہ اصل معرفت کی جانب توجہ کرو بقولہ تعالے۔

لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَالْمَلَائِكَةِ

نیکی یہی نہیں کہ منہ کرو طرف مشرق کے یا مغرب کے لیکن نیکی وہ ہے جو کوئی ایمان لاوے اللہ پر اور پچھلے دن پر اور فرشتوں پر

وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ ۚ وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى وَالْيَتٰمٰى وَالْمَسٰكِيْنَ وَابْنَ السَّبِيْلِ

اور کتاب پر اور نبیون پر اور دیوے مال اسکی محبت پر ناتے والون کو اور یتیمون کو اور محتاجون کو اور راہ کے مسافرون کو

وَالسَّآئِلِيْنَ وَفِي الرِّقَابِ وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا ۚ

اور مانگنے والون کو اور گردنین چھڑانے مین اور کھڑی رکھے نماز کو اور دیا کرے زکوٰۃ اور پورا کرنے والے اپنے اقرار کو جب قول کرین

وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ ۗ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا ۗ وَ

اور ٹھہرنے والے سختی مین اور تکلیف مین اور وقت لڑائی کے وہی لوگ ہین جو سچے ہوے اور

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ۝

وہی ہین جو بچاؤ ہین آسنے

یہود و نصاریٰ نے گمان باندھا اور مسلمانون کو جھکایا کہ قبلہ اصلی ہمارا نیکی ہی کیونکہ اُسپر سختی تھی کہ ہر جگہ نماز نہین پڑھ سکتے تھے تو اللہ تعالےٰ نے رد کر دیا بقولہ تعالےٰ لَيْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ نیکی یہ نہین کہ مشرق و مغرب کی طرف اپنے منہ پھیر کر وف نماز کی حالت مین یا ایسے منہ پھیرنے سے وہی عارف نہین ہو سکتا کہ یہ تو جانور بھی کر سکتا ہے وَلٰكِنَّ الْبِرَّ وف لیکن نیکی یعنے نیکی والا چنانچہ ایک قرارۃ مین بھی البار یعنے نیکو کار وہ شخص ہے کہ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ جو ایمان لایا اللہ تعالےٰ کے ساتھ وف کہ وہ وحدہ لاشریک ہے وَالْمَلٰٓئِكَةِ اور ملائکہ کے ساتھ وف کہ وہ اللہ تعالےٰ کے بندے نوری مطیع ہین گناہ نہین کر سکتے اور جبرئیل علیہ السلام وحی لائے وَالْكِتٰبِ اور کتاب پر وف یعنے جنس کتاب الٰہی پر تو جمیع کتب آگئین کہ یہ کتاب اللہ تعالےٰ کی طرف سے حق ہین وَالنَّبِيّٖنَ اور پیغمبرون کے ساتھ وف باستغراق جمیع پیغمبرون پر ایمان لایا اور کسی سے بھی کفر و انکار نکیا اور یہ مستلزم ہے کہ تقدیر و جمیع امور آخرت پر ایمان لایا - وَاٰتَى الْمَالَ عَلٰى حُبِّهٖ ذَوِي الْقُرْبٰى اور مال کو باوجود محبت مال کے قرابتیون کو دیا وف یا محبت الٰہی پر مال کو دیا اپنی قرابتیون کو کیونکہ کمال ایمان یہی کہ اللہ تعالےٰ ہی کے واسطے محبت ہو جس سے ہو اور دینا و نہ دینا اسی کے واسطے ہو کما فی حدیث ابن ماجہ والصحیح وَالْيَتٰمٰى اور یتیمون کو دیا وف جنکے باپ قبل بلوغ کے مر گئے ہین وَالْمَسٰكِيْنَ اور مساکین کو دیا وف جنکے پاس کچھ نہین یا قدر کفایت نہین ہوا اور حدیث مین ہے کہ گداگر مسکین نہین جسکو نوالہ دو نوالہ دو کھجور ٹال دیتے ہین بلکہ وہ مسکین ہے کہ قدر کفایت عیال نہ پاوے اور سائل نہ ہو اور نہ اسکے حال سے خبرداری ہو کہ خبر گیری کی جاوے - وَابْنَ السَّبِيْلِ اور مسافر کو دیا - وَالسَّآئِلِيْنَ اور سوال کرنے والون کو دیا وف کہ اسکا حق ہے اگرچہ گھوڑے پر آوے کما فی حدیث ابن ماجہ - وَفِي الرِّقَابِ اور گردنین چھڑانے مین دیا خواہ مکاتب ہون یا کافرون کے نیچے مین قید ہو گئے ہون - وَاَقَامَ الصَّلٰوةَ وَاٰتَى الزَّكٰوةَ اور اسنے نماز قائم کی اور زکوٰۃ ادا کی - وف یعنے مفروضہ زکوٰۃ جیسے پہلے اخراجات نفل تھے - وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عٰهَدُوْا اور اپنے عہد کو ادا کرنے والے جب وہ عہد کرین وف خواہ اللہ تعالےٰ سے جیسے عہد ایمانی و نذر یا لوگون سے جیسے معروف ہین - وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَآءِ اور ایسے ممدوح بندے کہ صبر کرنے والے ہین محتاجی کی سختی مین - وَالضَّرَّآءِ اور بیماریون مین - وَحِيْنَ الْبَاْسِ اور وقت سختی قتال جہاد کے وف ان حالتون مین صابر رہتے ہین اگرچہ سختی پہونچے - اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ایسے بندے ہین جو سچے نکلے اور ایسے ہی بندے ہین جو متقین ہین وف یعنے ایمان مین سچے اور اللہ تعالےٰ کے متقی بندے ہین - واضح ہو کہ شیخ ابو البقا نے ذکر کیا کہ قولہ تعالےٰ لیس البران تولوا - ایک قرارۃ مین برفع البر ہی بنا بر یہ کہ وہ اسم ہو اور ان تولوا خبر ہو اور یہ قوی کہا گیا بنظر اینکہ اسم ان بمنزلہ فاعل کے اور خبر بمنزلہ مفعول کے ہو اور اصل یہ ہو کہ فاعل مقدم مفعول پر ہو اور ایک قرارۃ مین البر منصوب ہے خبر

مقدم اور ان تولوا اسم موخر ہے اور یہ قوی ہے بدین نظر کہ ان تولوا بہ نسبت البر کے اعرف ہے کیونکہ اسکا وصف نہیں لایا جاتا اور البر کا وصف آتا ہے اور رہا تعین جہت
قولہ تعالے۔ فما کان جواب قومہ الا ان قالوا الآیۃ۔ بنصب (جواب) کی قرأۃ کو قوی کہا گیا ہے اور قبل بکسر قاف و فتح باء موحدہ یعنے جہت ہے اور وہ ظرف واقع ہے
اور قولہ ولکن البر بین لکن بتشدید نون و نصب البر اور بتخفیف نون و رفع البر دونوں قرأتیں ہیں اور چونکہ بر مصدر ہے وہ۔ من آمن باللہ الی آخرہ نہیں ہو سکتا
پس تقدیر کی گئی ہے تین وجہ سے اول وجہ یہ کہ بر یہاں اسم فاعل ہے از بر یبر فہو بار اور اصل اسکی بربر مثل فکہ تھی اور اس صورت میں بغیر تقدیر کے قرارۃ مائہ
بتشدید الراء یعنے نیکی کرنے والا سے موافقت ہو گی اور جائز ہے کہ البر مصدر لیکر بطریق مبالغہ محمول ہو یا تقدیر کلام۔ اور دوم یہ کہ تقدیر یوں ہے ولکن ذا البر
من آمن اور یہی مفسر سید علی رح نے تقدیر کی تاکہ موافق ہو قرارۃ النصب کے اور سوم یہ کہ خبر بر مضاف مقدر ہو ای ولکن البر بر من آمن۔ یعنے ولیکن نیکی
اس شخص کی ہے کہ جو ایمان لایا الی آخرہ۔ اور الکتاب بلفظ مفرد جائز ہے کہ جنس ہو یہ بدین نظر قوی ہے کہ وہ در اصل مصدر ہے مثل خطاب کے اور جائز ہے کہ
جمع سے واحد پر اکتفا کیا حالانکہ جمع مراد ہے اور وجہ یہ ہے کہ فقط ایک کتاب پر ایمان لانا کافی نہیں بلکہ تمام آسمانی کتابوں پر ایمان واجب ہے یعنے آنکہ وہ سب
حق ہیں اور شاید کہ فقط قرآن مراد ہو جس سے تمام آسمانی کتابوں کی تصدیق حاصل ہے اور واحد لانیکا نکتہ یہ ہو گا کہ ایمان مذکور اعتقاد مع عمل ہے اور
چونکہ اور کتابیں عمل کی راہ سے منسوخ ہیں صرف قرآن مجید پر عمل ہے پس یہی ایک کتاب دونوں باتوں کے واسطے کافی ہے کہ اسپر عمل مقصود یہی ہے اور اعتقاد
حقیت تمام کتب منزلہ اللہ اس سے حاصل ہے۔ علی یہ موضع نصب میں بنا بر حالیت کے اور ضمیر راجع بمال ہے یا باسم اللہ تعالے یا بجانب متصدق خود یا بجانب
ایتاء و سیاتی الکلام فیہ اور ذوی القربی منصوب بفعل آتی ہے نہ بمصدر لیکن اگر مصدر میں ضمیر راجع بجانب متصدق ہو تو جائز ہے کہ ذوی القربی اسکا مفعول
ہو اور ابن السبیل لفظ میں واحد اور معنی میں جنس ہے یا واحد بجائے جمع کے ہے آور فی الرقاب بحذف مضاف ای فی فک الرقاب یا تخلیص الرقاب یا عتق الرقاب اور
طرف متعلق آتی سے ہے۔ قولہ والموفون۔ اسکے مرفوع ہونے کے تین وجہ بیان ہوئے ہیں ایک یہ کہ من آمن پر معطوف ہے جو بقوت الموصون ہے پس یوں ہوا کہ
ولکن البار الموصون والموفون۔ دوم یہ کہ وہ خبر مبتدا سے محذوف ہے ای وہم الموفون اور ان دونوں وجہوں پر الصابرین کو نصب تقدیر اعنی ہو گا اور معنی کی رو سے
وہ من پر معطوف ہے لیکن تکریر صفات سے نصب جائز ہوا اور ذوی القربی پر معطوف نہیں ہو سکتا تاکہ معطوف و معطوف علیہ میں جو صلہ کے حکم میں ہے
یعنے الموفون سے فصل لازم نہ آوے اور سوم یہ کہ الموفون معطوف ہے آمن کی ضمیر پر اور طول کلام بجائے تو کید ضمیر کے ہو گیا اور اس وجہ پر الموفون داخل
صلہ ہے پس سزا ہے کہ الصابرین کو نصب خواہ بتقدیر اعنی ہو یا بالعطف بر ذوی القربی ہو اور حین البأس ظرف متعلق الصابرین سے ہے۔ اب رہا کلام اس آیت
کریمہ کی تفسیر میں پس شیخ ابن کثیر رح نے تفسیر میں ذکر کیا کہ عوفی نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ انھوں نے اس آیت کی تفسیر میں فرمایا کہ معنے یہ ہیں کہ نیکی
یہ نہیں ہے کہ تم نماز پڑھو اور عمل نہ کرو پس جبکہ تحویل کی گئی کعبہ سے طرف مدینہ کے یعنے وہاں ہجرت واقع ہوئی اور نازل ہوئے فرائض و حدود پس حکم کیا اللہ
تعالے نے فرائض کا اور اوپر عمل کیا گیا۔ اور ضحاک و مقاتل سے بھی ایسیکے مانند مروی ہے اور اس تقدیر پر یہ خطاب مومنوں کو ہے اور ارادہ یہ ہے کہ اصلی مقصود
اللہ تعالی کی فرمانبرداری اور اسکا حکم بجا لانا ہے پس نیکی یہی ہے کہ اسکے فرائض و حدود پر کاربند ہو اور مشرق یا مغرب کی طرف منہ کرنا یہی نیکی نہیں ہے خصوص
جبکہ بغیر حکم الٰہی ہو پس قولہ ان تولوا وجوہکم قبل المشرق والمغرب۔ یعنے یہ نیکوکاری یہی نہیں ہے کہ قبلہ کی طرف منہ پھیر جاوے اور اسمیں تعریض ہے یہود و نصاری
کہ انھوں نے بیت المقدس سے خانہ کعبہ کی طرف قبلہ تحویل ہونے کے وقت بہت گفتگو کی تھی اور ہر ایک اپنے اپنے قبلہ پر لڑا اور اسکو مبالغہ سے بڑھاتا اور
تعریف کرتا تھا پس اللہ تعالے نے رد کر دیا کہ یہ جہالت بسبب بے ایمانی کے ہے کہ یہی نیکی سمجھی حالانکہ نیکی اللہ تعالے کی فرمانبرداری ہے اور یہ اس امر پر دلالت
نہیں کرتا کہ یہود و نصاری کے رد کے واسطے اتری ہے جیسا کہ مفسر سید علی رح نے ذکر کیا لیکن شیخ ابو العالیہ سے روایت ہے کہ انھوں نے کہا کہ یہود شمال
کرتے بجانب مغرب اور نصاری جانب مشرق کا استقبال کرتے پس اللہ تعالے نے فرمایا لیس البران تولوا وجوہکم قبل المشرق والمغرب۔ فرماتا ہے

کہ یہ کلام ایمان کا ہی اور حقیقت اسکی عمل ہی آور حسن بصری و ربیع بن انس سے منقول ہی کہ وہی قبلہ ہی اور یہی قول قتادہ ہی اور اسمین باوجود اسکے کہ یہ سبب نزول پر نص نہین ہی یہ داخل ہی کہ نصاری مطلع شمس کا استقبال کرتے اور شاید مراد یہ ہو کہ ملک حبش مین انکو امن ملنے سے جہت مشرق پر بیت المقدس کا استقبال کرتے جو آخر جہالت سے مطلع شمس ہوگیا بہرحال اسکی تو وجہ ہی اور یہود مغرب کا استقبال نہین کرتے تھے کیونکہ مدینہ سے بیت المقدس بجانب شمال ہی نہ بجانب مغرب اور غایت جواب اسکا یہ ہو سکتا ہی کہ اصل عروج یہود کا بیت المقدس کے مشرقی ملکون مین تھا جو شاہ بخت نصر کے غارت کرنے کے بعد برباد ہوا اور وہ لوگ عرب وغیرہ مین پریشان ہوے واللہ اعلم - اور ایک قوم نے کہا کہ یہ آیت عام ہی اہل اسلام اور یہود و نصاری سب کو شامل ہی اور اس صورت مین معنے یہ ہونگے کہ نیکی اسی مین منحصر نہین کہ کسی قبلہ کی طرف منہ کرو لکن البر من آمن باللہ و الیوم الآخر والکتاب الی آخرہ اور بعض تفاسیر مین ہی کہ کہا گیا کہ اسکا سبب نزول یہ ہی کہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا ایمان کا پس آپ نے یہ آیت پڑھی یہانتک کہ اسکو ختم کیا پھر یہی سوال کیا پھر آپ نے یہی آیت پڑھی پھر یہی سوال کیا پھر یہی آیت پڑھی اور فرمایا کہ نشان ایمان یہ کہ جب تو نیکا کام کرے تو تیرا دل اسکو محبوب رکھے اور جب تو برا کام کرے تو تیرا دل اسکو مبغوض رکھے اخرجہ ابن ابی حاتم اور کہا کہ ابن ابی حاتم نے اس حدیث کو صحیح کہا ہی قال المترجم بر تقدیر صحت حدیث کے ہر علم والا اس بات کو جان لیگا کہ یہ سبب نزول نہین ہی کیونکہ سبب نزول تو آیت کے نازل ہونے سے مقدم ہوتا ہی اور اسکی تحقیق مقدمہ مین بیان ہو چکی ہی پھر شیخ ابن کثیر نے ابن ابی حاتم کی اسناد سے مجاہد کے طریق سے حضرت ابوذر سے یہ حدیث وارد کی اور کہا کہ یہ حدیث منقطع ہی اسواسطے کہ مجاہد نے ابوذر کو نہین پایا کیونکہ وہ قدیم سے مر چکے تھے پھر ابن مردویہ کی اسناد سے قاسم بن عبدالرحمن کے طریق سے ابوذر سے روایت وارد کی کہ ایک مرد نے ابوذر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ ایمان کیا ہی تو ابوذر نے یہ آیت پڑھ دی لیس البر ان تولوا وجوھکم یہانتک کہ ختم کیا پس اس شخص نے کہا کہ مین نے برّ کو آپ سے نہین پوچھا تھا پس ابوذر نے فرمایا کہ ایک شخص حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور جو تو نے مجھسے سوال کیا اسنے وہی حضرت صلعم سے سوال کیا پس آپ نے اسکو یہی آیت پڑھ سنائی پس اسنے راضی ہونے سے انکار کیا جیسا تو نے راضی ہونے سے انکار کیا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو کہا کہ مومن جب نیکی کرتا ہی تو اسکو خوشی ہوتی ہی اور اسکے ثواب کی امید رکھتا ہی اور جب برائی کرتا ہی تو اس سے غمگین ہو جاتا ہی اور اسکے عذاب کا خوف کرتا ہی - ابن کثیر نے کہا کہ یہ روایت بھی منقطع ہی - بالجملہ اقرب یہ ہی کہ یہ معنے ہین کہ نیکوکاری یہی نہین کہ کسی طرف متوجہ ہونا اپنے نزدیک دارومدار سمجھو اور کام و عمل کچھ نہ کرو بلکہ نیکوکار وہ ہی کہ ایمان لایا ساتھ اسکے اور روز آخرت کے الی آخرہ - مجاہد نے کہا اے ولیکن نیکوکاری وہ ہی جو اللہ عزوجل کی طاعت سے دلون مین ثابت ہوئی اور ضحاک نے کہا اے ولیکن برّ و تقوی یہ ہی کہ ادا کرو فرائض اعمال کو پورا ٹھیک جس طور سے ادا کرنا چاہیے - اور ثوری نے کہا کہ یہ سب الوان برّ کو بجالاؤ اور بعض نے کہا کہ برّ سے مراد یہان ایمان و تقوی ہی - قولہ اٰتی المال علی حبہ - بعض نے کہا کہ ضمیر حبہ کی مرجع مفہوم متضمن کیطرف ہی ای اٰتی سے جو ایتاء مفہوم ہوا اور معنے یہ کہ وہ مال دینے کو چاہتا ہوا اور اسپر اسکا دل خوش ہوتا ہو - اور بعض نے کہا کہ مال کی طرف ہی ای اسنے مال دیا باوجود اسکے دوست رکھنے کے ای مال کے دوست رکھنے کے باوجود اسکو دیدیا چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون - ای ہرگز نہ پہونچوگے نیکی کو یہانتک کہ خرچ کرو اس چیز سے کہ محبوب رکھتے ہو اور وجہ سابق مین باشارہ بیان ہوئی یعنے تاکہ ذوی القربی اسکا مفعول واقع ہو کیونکہ جب متعدی بیک مفعول ہو سکتا ہی اور بعض نے کہا کہ ضمیر راجع باسم اللہ سبحانہ ہی یعنے اسنے مال ان لوگون کو جو آیت مین مذکور ہین خالص اللہ تعالے کی محبت مین دیا جیسے فرمایا ویطعمون الطعام علی حبہ مسکینا الآیہ ای کھلاتے ہین اللہ تعالے کی محبت مین طعام کو مسکین اور یتیم و اسیر کو اور یہ بحسب المعنی اقوی ہی - حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ انھون نے اسکی تفسیر مین کہا کہ یوں درحالیکہ وہ تندرست خواہشمند ہو زندگی کی امید رکھتا ہو اور فقر سے خوف کرتا ہو اور حاکم نے ابن مسعود سے اسکو مرفوعا روایت کیا

ابن کثیر رح نے اپنی تفسیر مین ذکر کیا کہ قولہ اٰتی المال علی حبہ ای دے المال اسکو درحالیکہ وہ اس مال کو چاہتا اور اسمین رغبت رکھتا ہو اور یہی تفسیر صحیح ہو اسکی
ابن مسعود و سعید بن جبیر وغیرہ سلف و خلف سے مروی ہی جیسا کہ صحیحین مین حضرت ابوہریرہ سے مرفوعا روایت ہی کہ افضل صدقہ یہ ہی کہ تو صدقہ کرے درحالیکہ
تو تندرست حریص ہو امید رکھتا ہو غنی کی اور خوف کرتا ہو فقر کا اور حاکم نے مستدرک مین حدیث شعبہ و ثوری سے ابن مسعود سے روایت کی کہ کہا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے وآتی المال علی حبہ یہ کہ تو دیوے اسکو درحالیکہ تو تندرست حریص ہو امید رکھتا ہو زندگانی کی اور خوف کرتا ہو فقیر ہو جانے کا حاکم
کہا کہ شیخین کی شرط پر صحیح ہی اور مین کہتا ہون کہ وکیع نے اعمش سے اور سفیان نے زبید سے اسکو ابن مسعود سے موقوفا روایت کیا اور یہی اصح ہی اور مراد
اس آیہ سے صدقہ کرنا خدا کی راہ مین بغیر اسکے کہ اسپر فرض و واجب ہو یعنے غیر کی نیت سے صدقہ کرنا سوائے زکوٰۃ کے بقرینہ ذکر زکوٰۃ و رمایہ اور قبل
زکوٰۃ کے وہ واجب تھا اب جو نہین مگر عمدہ تطوع ہی اور میت کے ثواب پہونچانے مین بھی مالی خیرات کا ثواب پہونچنا بالاتفاق ہی اور اسکے حق مین حدیث
مین آیا کہ اتقوا النار ولو بشق تمرۃ بچو آگ سے اگرچہ ایک پارہ چھوہارے کے سبب ہو۔ چونکہ چھوارے عرب مین بہت ہوتے تھے وہان ضرب المثل تھا
جیسے ہندوستان مین ایک نوالہ روٹی کے سبب سے اور اسی کے حق مین فرمایا الصدقۃ تطفی غضب الرب۔ صدقہ کرنا پروردگار کے غصہ کو ٹھنڈا کرتا
ہی اور یہ کنایت ہی مغفرت کرنے اور رحمت متوجہ ہونے سے اور اقسام صدقہ بہت ہین اور از انجملہ راہ خدا یعنے جہاد کے صدقہ مین ایک مرتبہ فرمایا
تھا کہ جسنے اس جیش عسرت کا سامان کر دیا اسکے لیے جنت ہی پس حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے یہ سنکر فوراً سامان تیار کر دیا اور مستحق جنت ہوے
دو وجہ سے ایک تو خود خیر ہی دوم بڑھکر یہ کہ حضرت نے صاف فرما دیا اور یہ حدیث صحاح مین ہی اور جسکے پاس مال نہو اسکو بھائی مسلمان کو طریق
اسلام کی نصیحت کرنا اگر یہ بھی نجانتا ہو تو کشادہ پیشانی اس سے ملنا اور سائلون کی راہ سے کنکر ہٹا دینا بھی صدقہ ہی اور اللہ تعالے عزوجل نے چند
اقسام کو یہان ذکر فرمایا اول ذوی القربی یعنے قرابت والے اور ناتے والے یعنے جو شخص خیرات کرنا چاہے اسکے قرابت والے اور مراد وہ قرابت دار ہین
جو حاجتمند ہون اور تاکید یہان نہین فرمائی اسلیے کہ یہان التباس نتھا ہر شخص جانتا ہی کہ صدقہ محتاج فقیر کے لیے ہی اور دیگر اقسام سے ذوی القربی
ناتے دار محتاجون کو مقدم فرمایا اسلیے کہ انکو دینے مین دو ثواب ہین ایک تو صدقہ اور دوسرے صلۂ رحم ہی چنانچہ حدیث مین ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ صدقہ دینا مسکین کو ایک صدقہ ہی اور ناتے دار محتاج کو دو ہین ایک صدقہ اور ایک صلۂ رحم۔ اخرجہ ابن ابی شیبہ و الامام احمد و الترمذی
وحسنہ والنسائی و ابن ماجہ و الحاکم و البیہقی فی سننہ من حدیث سلمان بن عامر الضبی۔ اور صحیحین مین حضرت عبداللہ بن مسعود کی بی بی زینب نام سے
روایت ہی کہ انھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ بھلا میرا تصدق کرنا اپنے شوہر پر اور ان یتیمون پر جو میری گود مین ہین میری طرف
سے صدقہ سے کافی ہو گا تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ تیرے لیے دو اجر ہین ثواب صدقہ کا اور ثواب قرابت کا۔ اور دوسری روایت مین ہی کہ انھون نے
کہا کہ یا رسول اللہ عبداللہ بن مسعود تنگدست آدمی ہین پس آیا ایسا کرون پھر یہ حدیث ذکر کی اور ام کلثوم بنت عقبہ سے روایت ہی کہ انھون نے سنا
کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ ناتے دار محتاج پر صدقہ کرنا سب سے افضل ہی اس حدیث کو طبرانی نے روایت کیا اور حاکم نے اور کہا کہ صحیح ہی اور
بیہقی نے اپنی سنن مین روایت کیا ہی۔ دوم الیتامی جمع یتیم یعنے ناتے دار محتاجون کے بعد یتیمون کو صدقہ دینا افضل ہی جو محتاج ہون پھر اگر ناتے دار یتیم
محتاج ہو تو وہ سب سے افضل ہی اور یتیم وہ نابالغ لڑکا یا لڑکی ہی جسکا باپ نہو اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ اللہ تعالے نے کہ
ساتھ احسان کرنیکا حکم دیا ہی اور یتیم وہ لوگ ہین کہ انکا کوئی کمانے والا نہین اور حال یہ ہی کہ انکے باپ دادا مر گئے ہون
کاور نہین ہین اور عبدالرزاق رح اسنے کہا انبانا معمر عن جویبر عن الضحاک عن النزال بن سبرہ عن علی عن النبی صلی
ہونیکا حکم بعد بالغ ہونے کے نہین ہی اور خلاصہ کلام یہ ہی کہ لڑکا یا لڑکی نابالغ جسکا باپ مر گیا اور وہ محتاج ہو پس

بالغ نہین کما لے
لم یعنے یتیم
نل ہو اور

پیمر کو صدقہ دینے و خیر گیری کے فضائل میں احادیث ہیں اور سلف صالحین اسکو بڑی بات جانتے تھے سوم مساکین اور یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے کھانے و پہننے و رہنے کی ضروریات میں اتنا نہ پاویں جو انکو کافی ہو پس انکو اتنا دیا جاوے کہ انکی اس حاجت کو بند کرے اور مراد یہ نہیں ہے کہ جو اتنا نہ دے سکے وہ انکو نہ دے بلکہ یہ غرض ہے کہ انکو تونگر کر دینا مقصود نہیں پس جو جس سے ہو سکے انکو دے اور صحیحین میں حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسکین یہ در دراز دن پر پھرنے والے نہیں ہیں جنکو چند لقمہ چھوارا دو چھوارے لقمہ دو لقمہ پھیر دیتے ہیں ولیکن مسکین وہ ہے کہ اتنا نہیں پاتا جو اسکو بے پروا کر دے اور نہ اسکے حال سے یہ چرچا جاتا ہے پس ایسے ہی شخص کو صدقہ کیا جاوے و سیاتی فی قولہ لا یسئلون الناس الحافا چہارم ابن السبیل وہ مسافر ہیں ہو اور اسکا نفقہ و خرچہ ہو چکا پس اسکو اسقدر دیا جاوے جو اسکو اسکے گھر تک پہونچا دے اور اسیطرح جو شخص کسی نیک سفر کا قصد رکھتا ہو اسکو بھی آمد و رفت کا خرچہ دینا ثواب ہے اور اس حکم میں مہمان بھی داخل ہے جیسا کہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ ابن السبیل وہ مہمان ہیں جو مسلمان کے یہاں اترا کرتے ہیں اور ایسا ہی کہا ہے مجاہد و سعید بن جبیر و ابو جعفر باقر و حسن بصری و قتادہ و ضحاک و زہری و ربیع بن انس و مقاتل بن حیان نے ایسا ہی ذکر کیا شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اور مصارف زکوۃ کے آیت میں انشاء اللہ تعالے زیادہ بیان آویگا پنجم السائلین جمع سائل اسی سوال کرنے مانگنے والا اور یہ وہ لوگ ہیں جنکو ضرورت نے مجبور کیا کہ سوال کریں پس بڑے ثواب کی بات ہے کہ جو کچھ ہو سکے انکو دیوے اور اسکے ظاہر حال پر انکو کرے چنانچہ امام احمد و ابو داؤد نے حضرت حسین بن علی علیہم السلام سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سائل کا حق ہے اگرچہ وہ اپنے گھوڑے پر آوے اگر کہا جاوے کہ سوال حرام ہے تو جواب یہ ہے کہ بلا احادیث باب سے یہ ثابت ہوا کہ سوال حرام ہے اور انمیں بہت احادیث وارد ہیں سوائے سوال ایسے شخص سے جو صاحب سلطنت ہو یا حالت ایسی ہو کہ اسمیں سوال کرنے کے بدون چارہ نہو اسیطرح علماء نے کہا اگر کچھ کہ کہا اگر کچھ کہ کہا اگر کچھ کہ

فرض ہونے کے بعد منسوخ ہوگیا چنانچہ حدیث میں ہے کہ منسوخ کردیا زکوۃ نے ہر صدقہ کو اخرجہ الدارقطنی والبیہقی اور معنے یہ ہیں کہ زکوۃ فرض ہونے سے ہر صدقہ کا واجب ہونا منسوخ ہوگیا اور بعض روایت میں ہے کہ مال میں کوئی حق نہیں سوائے زکوۃ کے اور معنے اسکے بھی یہی ہیں کہ حق واجب نہیں ہے اور یہی ہمارے علما اور جمہور علما کا قول ہے۔ قولہ واقام الصلوۃ واٰتی الزکوۃ۔ اسی تمام کرو انکے افعال و ارکان نماز کے اسکی اوقات میں رکوع و سجود و طمانیت و خشوع وغیرہ کے ساتھ شرعی پسندیدہ طور سے شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ قولہ۔ واٰتی الزکوۃ۔ اسمیں احتمال ہے کہ مراد اس سے زکوۃ نفس ہو اسے نفس کو اخلاق رذیلہ سے پاک کیا مثل قولہ تعالے۔ قد افلح من زکاہا و قد خاب من دسہا۔ اور جیسے کہ موسی علیہ السلام نے فرعون سے کہا تھا۔ ہل لک الی ان تزکی و اہدیک الی ربک فتخشی۔ اور جیسے اللہ تعالے نے زکوۃ نہ دینے والے مشرکوں کے حق میں ویل فرمایا ہے۔ یعنے ویل ہے واسطے مشرکوں کے جو کہ نہیں دیتے اپنے نفس کی زکوۃ یعنے نفس کو کفر و شرک و غیرہ اخلاق خبیثہ سے پاک نہیں کرتے ہیں کیونکہ مشرک اس زکوۃ مفروضہ مالی کے دینے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور احتمال ہے کہ اس سے زکوۃ مالی مراد ہو جیسا سعید بن جبیر و مقاتل بن حیان کا قول ہے۔ قولہ والموفون بعہدہم اذا عاہدوا۔ یعنے وفا سے عہد انکی شان ہے خواہ اللہ تعالے سے عہد ہو یا بندوں سے ماننداللہ تعالے۔ یوفون بعہد اللہ ولا ینقضون المیثاق اور اسکے برعکس منافقوں کی صفت ہے جیسا کہ صحیح حدیث سے ثابت ہوا کہ منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات بیان کرے تو جھوٹ بولے اور جب عہد کرے تو خلاف کرے اور جس چیز میں امین کیا جاوے اسمیں خیانت کرے اور دوسری حدیث میں ثابت ہوا کہ جب بات کرے تو جھوٹ بولے اور جب اقرار کرے تو اسمیں غدر کرے یعنے خلاف وعدہ کرے اور جب مخاصمہ کرے تو بدزبانی کرے بعض نے کہا کہ واو عہد سے یہ ہے کہ جو عہد واللہ تعالے نے مقرر کیے ہیں اپنے شخصی یک قائم رہے اور اسکی فرمانبرداری کی جاوے اور بعض نے کہا کہ نذر وغیرہ مراد ہے اور بعض نے کہا کہ وعدوں کا پورا کرنا اور قسم میں سچا رہنا امور داخلہ میں داخل کرنا مراد ہے قال المترجم یہ قول اس بنا پر ہے کہ حدیث میں جو منافق کی نشانیاں ہیں انکے برعکس ہو جو وعدے معنے عہدی اور وہ ان سے مذکورہ میں ہے۔ قولہ والصابرین فی الباساء والضراء وحین الباس۔ نصب صابرین علی المدح ہے اور باساء سے مراد شدت فقر اور ضراء سے حالت بیماری اور حین الباس اے حال قتال یعنے دشمنان دین سے بھڑنے کے وقت لڑائی میں صبر کرنے والے۔ ابن کثیر نے کہا کہ یہ تفسیر قول ہے ابن مسعود و ابن عباس و ابو العالیہ و مرۃ ہمدانی و مجاہد و سعید بن جبیر و حسن و قتادہ و ربیع بن انس و سدی و مقاتل بن حیان و ابو مالک و ضحاک وغیرہم سلف و خلف کا۔ اور بعض نے ذکر کیا کہ باساء و ضراء بروزن فعلاء دونوں اسم ہیں کہ انکا فعل نہیں آیا ہے کیونکہ دونوں اسم ہیں نعت نہیں ہیں اور الصابرین منصوب علی المدح آیا اور اپنے ماقبل پر عطف نہ کیا گیا تاکہ ان شدائد میں صبر کی فضیلت ظاہر ہو شیخ ابو علی فارسی نے کہا کہ جب مدح یا ذم کے واسطے چند صفات ذکر کیجاویں اور کسی میں اعراب مخالف کردیا جاوے تو یقین ہے اور اسکو فن بیان میں قطع کہتے ہیں کیونکہ مالوف میں تغییر دینا سامع کی ترغیب کرا اور مزید اہتمام شان کی دلیل ہے اور راغب نے کہا کہ صبر چونکہ ایک وجہ سے فضائل کا مبدا ہے اور ایک وجہ سے جامع فضائل ہے اسواسطے کہ کوئی فضیلت نہیں باقی ہے مگر کہ صبر کا اسمیں اثر بلیغ ہے پس اعراب کو متغیر کرکے اس مقصد پر تنبیہ کردی واللہ اعلم۔ اولئک الذین صدقوا و اولئک ہم المتقون۔ یعنے یہ لوگ جو ان صفات کے متصف ہیں کہ اقرار ایمان و عہود کو پورا کرتے ہیں سچے ہیں کہ کسی حالت آسانی و سختی میں نہیں پھرتے اور کسی امر خوف میں انکے قدم نہیں کانپتے ہیں بسبب اسکے کہ ایمان و نور انکے دل میں پورا اثر کرگیا اور یہی لوگ متقی ہیں کہ کفر و شرک اور تمام رذیلتوں کی پلیدی سے جو اللہ عزوجل کو ناپسند ہیں اپنے تئیں بچا لیا اور مکرر اولئک لانے میں انکی شان کی بڑائی کا اظہار ہے اور ضمیر ہم فاصل لانے میں اشارہ ہے کہ تقوی انحصار میں منحصر ہے اور امام واحدی نے فرمایا کہ ان اوصاف کے بیچ میں واو عاطفہ سب جگہ لانے میں اشارہ ہے کہ ابرار میں سے ہونے کے واسطے شرط ہے کہ ان سب اوصاف کا جامع ہو پس جسنے انمیں سے ایک کو پورا کیا وہ ابرار سے موصوف ہونیکا مستحق نہیں ہے بعض نے کہا کہ یہ خصوص انبیاء علیہم السلام کے واسطے ہے غیر شان یہ اوصاف

مجمع ہیں ہوسکتے ہیں اور یہ قول کہ یہ ہیں ہو کہ تمام مومنین کے واسطے ہو انسوا سطے کہ تخصیص پر کوئی دلیل نہیں ہو اور تحقیق یہ ہو کہ ان دو صافتوں میں بھی مراتب ہیں پس اسکے واسطے دو قسمیں ہیں پارۂ اعلیٰ تو انبیا علیہم السلام کے درمیان بحسب مراتب بلکہ بحسب شخص شخص منقسم ہو کہ انتہائے درجہ کمال حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہی بر وجہ مجموعی اور پھر درجہ بدرجہ دیگر انبیا علیہم السلام میں ہو اور پارۂ ادنیٰ چار قسم ہی ایک قسم صدیقین کو دوسری شہدا کو تیسری صالحین کو چہارم عامۂ مومنین کو اور بعد انکے غیر کمال کے درجہ میں وہ مومنین ہیں جو اپنے ایمان میں ناقص ہیں واللہ تعالےٰ اعلم۔ وقال الشیخ فی العرائس لبیان الحقائق قولہ تعالےٰ۔ والموفون بعہدہم اذا عاہدوا۔ ای وفا کرنے والے اس عہد کے جو انہوں نے ازل میں جناب باری عزاسمہ سے کیا تھا اس طور پر وفا کرتے ہیں کہ عبودیت کے مقام میں معارضہ نہیں کرتے اور معرفت کے مقام میں اسرار حق کے سبب سے منہ پھیرتے ہیں قال المترجم یہ ایک عہد آلہی کی توضیح ہی اور یہ مراد نہیں ہی کہ بس یہی عہد پورا کرتے ہیں۔ اور بعض نے فرمایا کہ عہد پورا کرنے سے یہ مراد ہی کہ حدود واللہ تعالےٰ نے مقرر کر دیئے ہیں یعنے فرائض و واجبات و منہیات و محرمات کے اپنے سمجھے ہوئے ہیں اور جو موجود ہی اسپر راضی ہیں اور جو نہیں اسپر صابر ہیں۔ قولہ والصابرین فی البأساء والضراء وحین البأس۔ یعنے حقائق کے انکشاف کے وقت نفس کے معارضہ کرنے پر اسکے حملے کے صدمات دفع کرنے میں اور مکاشفات ترغیبی اور ترہیبی میں خطرات اور طائل آنے کے وقت نفس کے اوپر منہ کے بل گرنے میں اور ابواب قلب پر قہری تجلیاں اسکے رذائل دور کرنے کے لیے آنے کے وقت نفس کے ادھر ادھر راہیں ڈھونڈھنے میں تاکہ قلب کو ناشائستہ عوارض بشریت سے بھرا ہی رکھے یہ لوگ صبر کرتے ہیں اور مضبوط رہتے ہیں اور خطرات دفع کرتے ہیں

سچے رہنا بھی ایسا صبر ہی کہ صادق لوگ ہی اس سے مخصوص ہیں کہ امتحان کی سختیوں میں وہ رضاے حق طلب کرنے پر جمے رہتے ہیں

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثَى بِالْأُنْثَى

اے ایمان والو حکم ہوا تمپر بدلا برابر مارڈالے گیوں میں صاحب کے بدلے صاحب اور غلام کے بدلے غلام اور عورت کے بدلے عورت

فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَاءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

پھر جسکو معاف ہوا اسکے بھائی کی طرف سے کچھ تو چاہیے مرضی پر چلنا موافق دستور کے اور ادا کرنا اسکو نیکی سے یہ آسانی ہوئی تمہارے رب کی طرف سے اور مہربانی

فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ

پھر جو کوئی زیادتی کرے بعد اسکے تو اسکو دکھ کی مار ہی اور تمکو قصاص میں زندگی ہی اے عقلمندو شاید تم بچتے رہو

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِصَاصُ فِي الْقَتْلَى۔ ای ایمان والو تم پر مقتولون میں قصاص لکھا گیا ف فرض کیا گیا باین طور کہ الْحُرُّ بِالْحُرِّ وَالْعَبْدُ بِالْعَبْدِ وَالْأُنْثَى بِالْأُنْثَى۔ آزاد بمقابلہ آزاد کے اور غلام بمقابلہ غلام کے اور عورت بمقابلہ عورت کے ف اور قاتل اس جرم سے کافر نہیں ہو جاتا بلکہ مقتول کا بھائی رہتا ہی چنانچہ فرمایا فَمَنْ عُفِيَ لَهُ مِنْ أَخِيهِ شَيْءٌ فَاتِّبَاعٌ بِالْمَعْرُوفِ وَأَدَاءٌ إِلَيْهِ بِإِحْسَانٍ۔ پس جسکو اپنے بھائی کے خون سے کچھ عفو کیا گیا تو بطور معروف دستگیر ہونا اور خوبی سے ادا کرنا واجب ہو ف حتی کہ اگر مقتول کے ورثہ میں سے بعض نے کچھ عفو کیا تو قصاص جاتا رہا تو دیت کے لیے وارثوں کو جو مستحق ہیں معروف طور سے دستگیر ہونا و مطالبہ کرنا چاہیے اور قاتل کو ادا کرنے میں بھی جہانتک ممکن ہی خوبی سے ادا کرے اور بھائی کہکر مہربانی دلائی کہ آخر یہ قاتل جاہل اپنے مقتول کا بھائی ہی تو رحم کی نظر رکھو جہانتک ممکن ہو عفو بہتر ہی۔ ذَٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِنْ رَبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ۔ یہ امر تمہارے رب کی طرف سے تخفیف و رحمت ہی ف ورنہ قصاص ہی فرض رہتا۔ فَمَنِ اعْتَدَىٰ بَعْدَ ذَٰلِكَ۔ پھر جسنے اسکے بعد حد سے تجاوز کیا ف مثلاً بعد عفو و دیت کے وارث نے قاتل کو قتل کیا۔ فَلَهُ عَذَابٌ أَلِيمٌ۔ تو اسکے لیے عذاب الیم ہو ف دنیا میں قصاص اور آخرت میں جہنم ہو۔ وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيَاةٌ يَا أُولِي الْأَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ

تتقون ۔ اور اے صاحبان عقل تمہارے لیے قصاص (مشروع کرنے) میں زندگی ہے تاکہ تم بچو اور قتل سے باز آؤ اس آیت میں اللہ تعالے فرماتا ہے کہ اے ایمان والو تم پر قصاص کے معاملہ میں برابری و یکسان ہونا فرض کر دیا گیا ہے تمہارے مرد آزاد کے مقابلہ میں مرد آزاد قصاص ہے اور تمہارے غلام کے مقابلہ میں غلام تمہارا اور تمہاری عورت کے مقابلہ میں عورت ہے اور اس میں تجاوز نہ کرو اور حد سے نہ بڑھو جیسے تم سے اگلے لوگوں نے اس معاملہ میں حکم اللہ تعالے کو بدل ڈالا اور سبب نزول اس آیت کا قریظہ و نضیر دو فرقہ گروہ یہود کے واقع ہوئے اور بات یہ ہوئی تھی کہ زمانہ اسلام ہونے سے کچھ پہلے بنو نضیر نے بنو قریظہ سے لڑائی کی اور انکو مقہور کر دیا پھر یہ قرار پایا تھا کہ بنو نضیر میں سے کوئی اگر بنو قریظہ میں سے کسی کو قتل کرتا تو نضیری اسکے عوض قتل نہ کیا جاتا بلکہ ستر وسق خرما اسکا فدیہ دیدیا جاتا اور اگر قرظی کسی نضیری کو قتل کرتا تو وہ اسکے عوض قتل کیا جاتا اور اگر اسکا فدیہ قبول کیا جاتا تو قرظی کی دیت سے دونی دیت یعنے دو سو وسق خرما دینا پڑتا پس اللہ تعالے نے قصاص میں انصاف و برابری کا حکم دیا گویا منع کیا کہ اس حکم میں ان مفسدوں کی راہ پر مت چلو جو اللہ تعالے کے حکم کو اپنی خواہش نفسانی سے بدل ڈالتے ہیں ۔ ذکرہ ابن کثیر فی التفسیر اور البغوی نے معالم میں ذکر کیا کہ یہ قول قتادہ و مقاتل بن حیان کا ہے کہ یہ واقعہ درمیان قریظہ و نضیر کے تھا ۔ اور شعبی و کلبی سے مبہم نقل کیا کہ وہ گروہ عرب کے درمیان ایسا واقعہ تھا اور سعید بن جبیر نے کہا کہ اوس و خزرج کے درمیان تھا ۔ اور شیخ ابن کثیر کی تفسیر میں ہے کہ ابن ابی حاتم نے عبد اللہ بن لہیعہ کے طریق سے عطاء بن دینار سے سعید بن جبیر سے روایت کی کہ انھوں نے تفسیر قولہ تعالے ۔ یا ایہا الذین آمنوا کتب علیکم القتال فی القتلی میں کہا کہ یعنے جب عمداً قتل کرے تو آزاد کے بدلے آزاد سے قصاص ہے اور بات یہ تھی کہ عرب میں سے دو بڑے قبیلے زمانہ جاہلیت میں اسلام سے کچھ پہلے لڑے تھے پس انکے درمیان قتل و جراحات واقع ہوئیں یہاں تک کہ انھوں نے غلاموں و عورتوں کو بھی قتل کیا تھا پس بعض نے بعض سے بدلا نہ لیا تھا یہاں تک کہ مسلمان ہو گئے اور ان دونوں گروہ میں سے ایک کو دوسرے پر سامان و مال میں زیادہ دسترس تھی پس زیادہ دسترس والوں نے قسم کھائی کہ ہم راضی نہ ہونگے جب تک یہ ہو کہ ہمارے غلام کے بدلے انمیں کا آزاد قتل کیا جاوے اور ہماری عورت کے بدلے انمیں کا مرد قتل کیا جاوے پس انمیں کے حق میں نازل ہوا الحر بالحر والعبد بالعبد والانثی بالانثی اور یہ نسخ ہے اسکا قولہ تعالے النفس بالنفس الآیہ ۔ ہے اور علی بن طلحہ نے ابن عباس رضی سے فی قولہ تعالے الانثی بالانثی کی تفسیر میں روایت کی کہ یہ باتا یعنے عورت کا بمقابلہ عورت ہونا یوں تھا کہ وہی لوگ عورت کے قاتل مرد کو قصاص میں نہیں قتل کرتے تھے لیکن مرد کو بمقابلہ مرد کے قتل کرتے تھے اور عورت سے بمقابلہ عورت کے قصاص کرتے پس اللہ تعالے نے اتارا قولہ النفس بالنفس والعین بالعین ۔ پس قتل عمد کی صورت جو آدمی انمیں کے آزاد تھے وہ قصاص میں برابر قرار دیے گئے کہ قتل نفس میں انکے مرد اور عورتیں برابر ہیں اور ایسے ہی نفس سے کم جرم میں بھی برابر ہیں یعنے مرد اگر عورت کا قاتل ہو تو قصاص میں قتل کیا جاوے اور مملوک لوگ آپس میں قتل نفس و کم او نفس میں مرد و عورت برابر قرار دیے گئے اور ایسا ہی ابو مالک تابعی جلیل سے روایت ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے بقولہ النفس بالنفس الآیہ ۔ سے قال المترجم اور یہی قول امام ابو حنیفہ کا ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے آیہ مائدہ سے و سیاتی الکلام علیہ جاننا چاہیے کہ کتب اس مقام پر بمعنے فرض ہے جیسا کہ اول سورہ میں اسکے معانی کو ذکر کیا اور مقدمہ میں زیادہ توضیح ہے اور بعض نے کہا کہ کتب اشارہ اس کتاب کی طرف ہے جو لوح محفوظ میں واقع ہوئی ہے اور قصاص بمعنے مساوات اور مماثلت ہے یعنے قاتل کو مقتول سے مماثل و مساوی کرنا خواہ حقیقۃً یا حکماً اور اسی سے کہا گیا کہ قتل و دیت و جراحت سب میں مساوات ہونا چاہیے پس قاتل کو بالکل اسی طرح قتل کیا جاوے جسطرح اسنے قتل کیا یعنے وصف و فعل میں مساوات ہو اور یہی قول امام مالک و شافعی کا ہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک حکم حدیث نہیں قصاص مگر تلوار سے ، یعنے قاتل کو قصاص میں فقط تلوار سے قتل کرینگے اگرچہ اسنے کسی چیز سے قتل کیا ہو اور یہی امام احمد سے ایک روایت ہے پس مماثلت و صفاً کی یہ صورت ہے کہ مقتول مرد آزاد ہو تو قاتل مرد آزاد سے قصاص لیا جاوے جیسا کہ اللہ تعالے نے فرمایا اور عدم مماثلت وصفی اس طرح کہ دونوں میں تفاوت ہو مثلاً آزاد نے

اگر غلام کو قتل کیا تو آزاد سے قصاص نہ لیا جاوے کیونکہ جرم میں زیادت ہو اور مماثلت فعلاً کی یہ صورت ہو کہ قاتل نے جو فعل مقتول کے قتل میں کیا ویسا ہی اسکے ساتھ کیا جاوے مثل ڈبو دیا تو قصاص میں ڈبویا جاوے اور اگر دو پتھروں کے بیچ میں کچل ڈالا تو قاتل بھی یوں ہی مارا جاوے چنانچہ صحیحین میں ایک یہودی نے ایک جاریہ کو اسطرح کچلا تو وہ یوں ہی کچلا گیا، پس اگر اسطرح مر گیا تو خیر ورنہ اسکی گردن کاٹ دی جائیگی یہ سب قول امام مالک و شافعی و احمد کے موافق ہے اور امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک حجت یہ حدیث ہے کہ قصاص نہیں مگر تلوار سے (واسنادہ حسن - ن) اور ایک روایت امام احمد سے بھی یہی ہے پھر چونکہ اللہ تعالےٰ نے حر کو بمقابلہ حر بیان فرمایا تو مفہوم ہوا کہ بمقابلہ عبد نہیں قصاص ہوگا اور یہی مفہوم مخالف ہے جسکو شافعیہ اعتبار کرتے ہیں مگر جبکہ قیاس اسکے خلاف نہ ہو یعنے قیاس مقدم بمفہوم مخالف ہے اور اسی سے دفع ہوا کہ قولہ العبد بالعبد - میں مفہوم مخالف یہ تھا کہ غلام بمقابلہ آزاد مقتول کے نہ مارا جاوے حالانکہ یہ خلاف ہے اور وجہ دفع ہونے کی ظاہر ہے کہ قیاس صریح دلالت کرتا ہے کہ جب غلام بمقابلہ غلام کے قصاص میں قتل کیا جائیگا تو آزاد کو قتل کرنے کی صورت میں بدرجۂ اولیٰ قتل کیا جائیگا اور اسیطرح الانثیٰ بالانثیٰ میں مفہوم مخالف نہیں معتبر ہے یعنے عورت بمقابلہ مرد کے قتل نہ کیجاوے اسوجہ سے کہ اجماع منعقد ہے کہ عورت اگر مرد کو قتل کرے تو قصاص میں قتل کیجاوے پس اس بیان سے ظاہر ہوا کہ قولہ الحر بالحر والعبد بالعبد والانثیٰ بالانثیٰ ہر سہ مقابلات میں سے مفہوم مخالف سے استدلال شافعیہ فقط قولہ الحر بالحر میں ہے کہ حر نہ قتل کیا جاوے بمقابلہ عبد کے اور باقی میں بسبب مخالفت قیاس و اجماع کے مفہوم مخالف معتبر نہیں ہے یہ دلالت کرتا ہے کہ آزاد جو بمقابلہ غلام کے قتل نہ کیا جاوے تو فقط مفہوم مخالف سے ہے پس یعنے مفہوم مخالف کو حجت ہی نہیں قرار دیا اسکے نزدیک یہ حکم ثابت نہ ہوگا اور یہی امام ابو حنیفہ کا قول ہے کہ آقا سوائے اپنے غلام کے اگر کسی غلام کو قتل کرے تو عمد میں قصاص ہو اور حق یہ ہے کہ یہاں مفہوم مخالف سے بھی استدلال ٹھیک نہیں ہے یہ نہیں دیکھتے کہ بیضاوی نے باوجود شافعی مذہب ہونے کے کہا کہ یہ آیت نہیں دلالت کرتی اس بات پر کہ آزاد بمقابلہ غلام کے قتل نہ کیا جاوے کیونکہ مفہوم مخالف تو وہیں معتبر ہوتا ہے جہاں تخصیص کی کوئی غرض سوائے اختصاص حکم کے ظاہر نہ ہو اور یہاں الحر بالحر میں یہی نہیں کہ حر کی قصاص کے واسطے حر کی قید ہے بلکہ اسکی غرض اور ظاہر ہوتی ہے جو ہم نے بیان کر دی یعنے سبب نزول دلالت کرتا ہے کہ غرض یہ ہے کہ تعدی نکلوا دو آزادوں میں باہم اور غلاموں میں باہم مساوات ثابت کر دینا مقصود ہے پس مفہوم مخالف نہیں معتبر ہو سکتا ہے - پھر بیضاوی نے کہا کہ مالک و شافعی نے جو آزاد کا بمقابلہ غلام کے خواہ اسکا ہو یا غیر کا ہو قصاص میں قتل کیا جانا منع کیا ہے تو اس حدیث کی وجہ سے جو حضرت علی رض سے روایت ہے کہ ایک شخص نے اپنے غلام کو قتل کیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو کوڑے مارے اور ایک سال کے واسطے اسکو شہر سے نکال دیا اور نیز حضرت علی رض سے روایت کی گئی ہے کہ سنت سے یہ ثابت ہے کہ قتل نہ کیا جاوے مسلمان قصاص میں کسی ذمی کو قتل کرنے سے اور نہ قتل کیا جاوے آزاد بمقابلہ غلام کے اور اس دلیل سے کہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نہیں قصاص لیتے آزاد سے بمقابلہ غلام کے اور یہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے روبرو تھا اور کسی سے اسکا انکار منقول نہیں ہے اور اس دلیل سے کہ آقا نے اگر اپنے غلام کا شلا ہاتھ توڑ دیا تو آقا سے قصاص نہ لیا جائیگا پس کم از نفس میں جب قصاص نہیں تو اسی قیاس پر قتل نفس میں بھی بدرجۂ اولیٰ قصاص نہیں ہے **قال المترجم** یہی مذہب جمہور کا ہے کہ آزاد سے بمقابلہ غلام کے قصاص نہیں - جاننا چاہیے کہ صورت مسئلہ یہ ہے کہ آزاد مسلمان نے مسلمان غلام کو عمداً قتل کیا پس دو صورتیں ہیں یا تو قاتل اسکا آقا ہے یا اجنبی ہے پس جمہور کا مذہب یہ ہے کہ آقا ہو یا اجنبی ہو کسی سے بمقابلہ غلام کے قصاص نہیں لیا جائیگا اور امام ابو حنیفہ رح نے کہا کہ اجنبی نے اگر قتل کیا تو قصاص لیا جائیگا پھر جمہور کے قول کی دلیل جو اس آیت سے استدلال مفہوم مخالف ہے اسکا تو حال معلوم ہو چکا کہ مفہوم مخالف سے استدلال غیر مسلم اور اگر مان لیا تو بھی یہاں نہیں جیسا کہ بیضاوی نے کہا پھر جو بیضاوی نے حدیث نقل کی کہ آقا نے اپنے غلام کو قتل کیا اور قصاص نہ لیا گیا تو یہ امام ابو حنیفہ کے قول کے مؤید ہے اور ما دون النفس میں نفس کا قیاس

مع الفارق ہی بالجملہ مجھے کوئی قوی دلیل نہین معلوم ہوتی الا آنکہ دارقطنی نے روایت کی کہ لا یقتل حر بعبد یعنے کوئی آزاد بمقابلہ غلام کے قتل نکیا جاوے اور اس حدیث کے ثبوت مین کلام ہی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے خود یہی مذہب مروی ہی جیسا کہ قول ابو حنیفہ کا ہی امام ابن کثیر وغیرہ نے نقل کیا کہ مذہب ابو حنیفہ و انکے اصحاب کا یہ ہی کہ آزاد قتل کیا جاوے بمقابلہ غلام کے جبکہ اسکا مالک نہو اور اگر مالک نے اپنے غلام کو قتل کیا تو بالاجماع قصاص نہین اور اجماع خود حجت ہی اور دلیل انکی آیت سورہ مائدہ ہی ای قولہ تعالے النفس بالنفس الآیۃ - پس یہ عام ہی اور یہی مذہب ہی ثوری و ابن ابی لیلی و داؤد کا اور یہی مروی ہی حضرت علی و ابن مسعود و سعید بن المسیب و ابراہیم نخعی و قتادہ و حکم سے اور یہی اقوی ہی اور بیہقی نے اعتراض کیا کہ آیت مائدہ تو حکایت اس امر کی ہی جو توریت مین تھا کیونکہ فرمایا و کتبنا علیہم فیہا ان النفس بالنفس الآیہ - پس جو قرآن مین ہی اسکا ناسخ نہین ہو سکتا اور جواب ہی کہ جو شریعتین ہمسے پہلے ہم تفسیر ابن کثیر سے نقل کر چکے ہین کہ ابن عباس وغیرہ سے صحیح روایت ہی کہ الحر بالحر کا حکم جو یہان مذکور ہی وہ سورہ مائدہ کی آیت سے منسوخ ہی اور نیز قصاص اطراف کے واسطے یہی آیت حجت ہی پس ہمارے اوپر مشروع ہی اور نیز حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ المسلمون تتکافأ دماؤہم - یعنے مسلمانون مین سب کے خون برابر ہین اور فرض مسئلہ یہ ہی کہ غلام مسلمان کو ایک مسلمان آزاد نے قتل کیا عمداً پس بحکم حدیث قصاص لازم ہوا فافہم - جمہور کے نزدیک مسلمان نہ قتل کیا جاوے بمقابلہ کافر کے کیونکہ صحیح بخاری مین حضرت علی سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لا یقتل مسلم بکافر - ابن کثیر نے کہا کہ کوئی حدیث اور کوئی تاویل اسکے مخالف نہین صحیح ہی آور امام ابو حنیفہ نے کہا کہ النفس بالنفس عام ہی شامل ہی کافر کو بھی مگر ایسے کافر کو جسکا خون معصوم ہو یعنے شرع نے اسکو محفوظ کر دیا ہو اور وہ ذمی ہی جو مسلمانون کے عہد مین ہی پس اگر ذمی کو عمداً ناحق قتل کیا تو قصاص مین قتل کیا جائیگا اور حدیث محمول ہی کہ جب مسلمانون نے کسی حربی[1] مستامن کو قتل کیا تو قتل کیا جائیگا - اور دلیل یہ کہ قرآن کی آیت قطعیہ مین عام بھی قطعی ہی جب تک کہ کسی قطعی نص سے تخصیص نہو اور یہان تخصیص قطعی نہین بلکہ حدیث خبر آحاد ہی تو عام مقدم ہی کیونکہ جمع کرنا غیر ممکن ہی لیکن تامل ہی کہ نفس مستامن کی تخصیص کی گئی لہذا میرے نزدیک اسمین اقوی مذہب جمہور کا ہی واللہ اعلم - اس آیت سے حسن و عطا نے استدلال کیا کہ مرد بمقابلہ عورت کے قتل نکیا جائیگا اور بعض نے ذکر کیا کہ یہی مذہب امام شافعی و مالک و ثوری و ابو ثور کا ہی ابن کثیر نے فرمایا کہ جمہور انکے برخلاف ہین بدلیل آیۃ مائدہ کے اور بدلیل قولہ علیہ السلام المسلمون تتکافأ دماؤہم و بدلیث نے کہا کہ اگر مرد نے اپنی جورو کو قتل کیا تو خاصۃ جورو کے قصاص مین قتل نکیا جائیگا - مین کہتا ہون کہ صحیح یہ ہی کہ مرد سے بمقابلہ عورت کے قصاص لیا جائیگا جیسا کہ جمہور کا مذہب ہی - ابن کثیر نے فرمایا کہ چاروں مشہور امامون اور جمہور ائمہ کا مذہب یہ ہی کہ اگر ایک جماعت نے ایک شخص کو قتل کیا تو اس ایک کے بدلے سب قتل کیے جاوینگے اور حضرت عمر نے جبکہ ایک طفل کو سات آدمیون نے قتل کیا تھا اور قصاص مین آپ نے ساتون کو قتل کیا تو فرمایا کہ اگر تمام اہل صنعا مین اسکے قتل مین شریک ہوتے تو مین سب کو قتل کرتا اور مترجم نے اس روایت کو عین الہدایہ مین مع طول قصہ کے بیان کیا ہی - پھر صحابہ مین سے کسی نے اسکا خلاف نہین کیا پس یہ بمثل اجماع کے ہو گیا مگر امام احمد سے ایک روایت مین آیا ہی کہ ایک نفس کے عوض ایک ہی قتل کیا جاوے جماعت نہین قتل کی جائیگی اور ابن المنذر نے کہا کہ یہی اصح ہی - قولہ تعالے فمن عفی لہ من اخیہ شیء فاتباع بالمعروف و اداء الیہ باحسان مین من شرطیہ یا موصولہ سے کون مراد ہی اسمین دو قول ہین اول آنکہ من سے مراد قاتل یا جانی ہی اور اخیہ سے مراد مقتول ہی یعنے جس قاتل مجرم کے واسطے اسکے بھائی سے کچھ عفو کیا گیا پس مضاف مقدر ہوگا ای من دم اخیہ - اور یہی واحدی و سیوطی نے ذکر کیا ہی اور ایک قاتل کو عفو کرنے سے سب اسکے مستحق ہو جائینگے - یا اخیہ سے مراد وارث مقتول ہی اور ضمیر راجع بجانب من ہی اور اس صورت مین حذف مضاف کی ضرورت نہین اور معنے یہ ہین کہ مراد اخیہ ای من جہۃ الوارث اولی - آور شیء عبارت ہی خون مقتول سے اور معنے یہ ہین کہ قاتل و مجرم جبکہ عفو کیا گیا اسکے لیے جانب وارث مقتول سے کچھ خون جو

[1] حربی وہ کافر جو دار الحرب کا رہنے والا ہو اور ذمی وہ کافر جو دار الاسلام کا رہنے والا ہو

کسنے کیا ہی اور اس تقریر پر اعتراض کیا گیا کہ شئی مفعول بہ واقع ہوتا ہی حالانکہ عفی لازمی ہی اور جواب دیا گیا کہ عفی بمعنے ترک ہی چنانچہ علم اللغۃ میں ہی کہ عفوت الشیء بمعنے ترکتہ اور مفسر سیوطی رح نے اسی طرف اشارہ کیا بقولہ بان ترک القصاص منہ یعنے عفی یہاں بمعنے ترک ہی اور زمخشری نے اسکو رد کیا کہ عفا الشیء بمعنے ترک نہیں ثابت ہوا بلکہ اعفاہ بمعنے ترکہ آیا ہی اور بیضاوی نے بھی زمخشری کا اتباع کیا اور کہا کہ یہ ضعیف ہی میں کہتا ہوں کہ ضحاک رح نے حضرت ابن عباس سے روایت کی کہ قولہ فمن عفی لہ من اخیہ شی ای فمن ترک لہ من الدیۃ شیا یعنے اخذ الدیۃ بعد استحقاق الدم وذلک العفو۔ یعنے جس شخص کے لیے اسکے بھائی سے کچھ ترک کیا گیا یعنے استحقاق قصاص کے بعد اسنے دیت لی اور یہی عفو ہی۔ ذکرہ الحافظ ابن کثیر پس اس سے بڑھکر بیضاوی رح کو کیا شہادت درکار ہی اور کشاف تو معتزلی ہی حالانکہ یہ روایت منقطع اس معتزلی حنفی پر حجت صریح ہی کہ عفی بمعنے ترک ہی وکفاک بہذا شاہدا فافہم۔ اور زمخشری نے کہا کہ شئی مفعول مطلق ہی ای شیئا من العفو گویا یوں کہا گیا فمن عفی لہ عفو اور مجاہد نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ عفو یہ ہی کہ قبول کرے دیت کو قتل عمد میں اور ایسا ہی ابو العالیہ و مجاہد و زید بن اسلم و سعید بن جبیر و عطاء و حسن و قتادہ و مقاتل بن حیان سے مروی ہی ذکرہ ابن کثیر رح اور شئی کی تنکیر سے یہ تقیید مفعول بہ ہونے کے یا مفعول مطلق لانے سے بہر حال یہ فائدہ حاصل ہوتا ہی کہ اگر خون مقتول میں سے کچھ عفو کیا گیا یا وارثوں میں سے بعض نے عفو کر دیا تو قاتل سے قصاص ساقط ہو جانے میں بمنزلہ عفو تمام کے ہی حتی کہ باقی وارثوں کو خواہ مخواہ دیت ہی مل سکیگی۔ قولہ دوم آنکہ من سے ولی مراد ہی اور راجح یہی مراد قاتل ہی اور معنے یہ نکلتے ہیں کہ ولی جب قصاص سے عفو کی طرف مجرم کا کہ دیت لیوے تو قاتل کو اختیار ہی کہ چاہے اسکو قبول کرے یا اپنے آپکو قصاص میں مقتول ہونے کو سپرد کرے شیخ ابن کثیر رح نے ذکر کیا کہ امام مالک نے بنا بر روایت مشہور ابن القاسم کے اور امام ابو حنیفہ اور شافعی نے اور ایک قول میں امام احمد رح نے کہا کہ ولی مقتول کو جب اسنے دیت پر عفو کیا تو بدون رضامندی قاتل کے اختیار نہیں ہی یعنے دیت پر عفو کرنا قاتل پر جب ہی لازم ہی کہ وہ قبول کرے اور باقی علماء نے کہا کہ ولی مقتول کو دیت پر عفو کر دینے کا اختیار ہی اگرچہ قاتل راضی نہ ہو مترجم کہتا ہی کہ یہی ابو حنیفہ رح سے روایت ہی اور قولہ ادا الیہ باحسان میں ادا کرنا مطلوب سے ہی چنانچہ حاکم نے مجاہد کے طریق سے ابن عباس رض سے روایت کی کہ قولہ ادا الیہ باحسان میں کہا کہ ادا کرے مطلوب یعنے جس سے مطالبہ ہو وہ احسان ادا کرے اور ایسا ہی سعید بن جبیر و مجاہد بن زید و حسن و قتادہ و عطاء خراسانی و ربیع بن انس و سدی و مقاتل نے کہا ہی ذکرہ ابن کثیر اور تفسیر بقول اول ظہر و ارجح ہی اور حاصل معنے یہ ہیں کہ قاتلوں میں سے جس شخص کے واسطے ولی مقتول کی طرف سے یا بعض مقتول سے کچھ عفو ہوا دیت پر تو دیت کے طالب پر واجب ہی اتباع بمعروف یعنے سختی بہت نہ کرے اور وصول کرے اور مطلوب یعنے قاتل پر واجب ہی کہ بدون مگڑے پن کے اسکو ادا کرے کیونکہ اسنے احسان کر کے اسکو قصاص سے معاف کر دیا پس اسکو یہ عوض چاہیے کہ خوبصورتی سے دیت اسکو ادا کرے۔ اگر کہا جاوے کہ یہاں اتباع اور ادا مذکور ہی واجب ہونا کہاں سے ثابت ہوا تو جواب یہ ہی کہ یہ مصادر مرفوع مذکور ہوئے ہیں اور جہاں مصدر مرفوع ہی وہ واجب کے واسطے ہی چنانچہ ابن عطیہ رح نے فرمایا کہ واجبات کی سبیل یہ ہی کہ مصدر کو مرفوع لایا جاوے جیسے یہاں اور جیسے قولہ فامساک بمعروف او تسریح باحسان۔ یعنے معاملہ طلاق میں ذکر فرمایا ہی قولہ عفی لہ میں لام سے تعدیہ ہوا تا کہ عفی لفظ کے نفع کے لیے ہی اور اس آیت میں دلیل ہی دو باتوں پر اول یہ کہ قتل عمد کرنے والا کافر نہیں ہو جاتا ہی اور فاسق مومن رہتا ہی کیونکہ اللہ تعالے نے قاتل کو بعد قتل کرنے کے اسپر قصاص واجب ہونے کی حالت میں ایمان کا خطاب کیا اور کہا حالانکہ قتل عمد و عدوان بالاجماع کبیرہ گناہوں سے ہی پس ثابت ہوا کہ کبیرہ گناہ کرنے والا مومن رہتا ہی اور نیز اللہ تعالے نے قاتل اور ولی مقتول یا مقتول کے درمیان اخوۃ ایمانی ہونا ثابت رکھا اور مراد اس سے ایمان کا بھائی ہونا کیونکہ ہر قاتل مقتول ہمیشہ سگے بھائی نہیں ہوا کرتے ہیں پس اگر قاتل کا ایمان باقی نہ رہتا تو کیونکر بھائی ہو سکتا تھا پس ثابت ہوا کہ قاتل مومن رہتا ہی اور نیز اللہ تعالے نے قاتل سے عفو کرنے کی طرف ندب کیا اور عفو کرنا مومن قاتل سے لائق ہی نہ کافر سے دوم آنکہ قاتل سے عفو کرنا مندوب ہی کیونکہ اخیہ کا لفظ ذکر فرمایا جسمیں تعطف ہی ای تا کہ نرم ہو جاوے اور ترس کھا کر اس احمق کو

عفو کرے سے جاننا چاہیے کہ عفو کرنے والے فقط مقتول کے وارث ولی ہونگے پس جمہور کا مذہب یہ ہے کہ ہر وارث خواہ مرد ہو یا عورت ہو عفو کر سکتا ہے اور حسن بصری و قتادہ و زہری و ابن شہرمہ و لیث و اوزاعی وغیرہ ایک جماعت اسطرف گئے ہیں کہ عورت نہیں عفو کر سکتی ہے ذکرہ ابن کثیر قولہ ذلک تخفیف من ربکم و رحمۃ اللہ تعالے فرماتا ہے کہ یہ جو دیت کا لینا قتل عمد میں تمہارے لیے مشروع کیا گیا یہ اللہ تعالے کی طرف سے تم پر تخفیف اور رحمت ہے بہ نسبت اسکے جو تم سے اگلی امتوں پر لازم تھا کہ یا تو قتل لازم تھا یا عفو لازم تھا چنانچہ سعید بن منصور نے روایت کی حدثنا سفیان عن عمرو بن دینار اخبرنی مجاہد عن ابن عباس فرمایا کہ بنی اسرائیل پر فرض لازم کر دیا گیا تھا قصاص و ہرگز دیت مقتولوں کے اور انمیں عفو جائز نہ تھا پس اللہ تعالے نے اس امت کے واسطے فرمایا کتب علیکم القصاص فی القتلی الحر بالحر و العبد بالعبد و الانثی بالانثی فمن عفی لہ من اخیہ شئی پس عفو یہ ہے کہ قتل عمد میں دیت لینا قبول کرے اور یہ تخفیف ہے بہ نسبت اسکے جو تم سے اگلی امتوں بنی اسرائیل پر تھا فاتباع بالمعروف و ادا الیہ باحسان (اسنادہ جید) اور اس حدیث کو بہتیروں نے عمرو بن دینار سے روایت کیا اور ابن حبان نے بھی اپنی صحیح میں اسکو عمرو بن دینار سے روایت کیا اور ایک جماعت نے اسکو مجاہد کے طریق سے ابن عباس سے اسکے مانند روایت کیا ہے اور قتادہ نے کہا کہ قولہ ذلک تخفیف من ربکم و رحمۃ اللہ تعالے نے اس امت پر رحم کیا اور انکے واسطے دیت حلال کر دی اور ان سے پہلے کسیکے واسطے نہیں حلال فرمائی تھی پس اہل توریت کے اوپر قصاص یا عفو تھا اور دیت وجہ نہ تھا اور اہل انجیل پر عفو ہی تھا کہ وہ انپر فرض کر دیا گیا تھا اور اس امت کے واسطے قصاص عفو و ارش ہے اور اسی کے مانند سعید بن جبیر و مقاتل بن حیان اور ربیع بن انس سے مروی ہے ہکذا ذکرہ ابن کثیر فی التفسیر اور مفسر سیوطی وغیرہ نے اسکے یہ معنے بیان کیے کہ ذلک یعنے قصاص اور عفو علی الدیۃ دونوں میں جواز کر دینا آسانی ہے مترجم کہتا ہے کہ تینوں باتیں خال عفو بدون دیت بھی ذکر کرنا چاہیے تھا خواہ تفسیراً یا روایۃً کما لا یخفی قولہ فمن اعتدی بعد ذلک فلہ عذاب الیم اللہ تعالے فرماتا ہے کہ جسنے دیت لینا قبول کرنے کے بعد قاتل کو قتل کر ڈالا تو اسکے واسطے اللہ تعالے کی طرف سے عذاب شدید ہے اور دینے والا ہے ایسا ہی ابن عباسؓ و مجاہدؒ و عکرمہؒ و عطاءؒ و حسن بصریؒ و قتادہؒ و ربیع بن انسؒ و سدیؒ و مقاتلؒ سے مروی ہے کہ اس اعتدی سے وہ مراد ہے جو دیت لینے کے بعد قتل کر ڈالے اور عبد الرزاق و ابن ابی شیبہ و امام احمد و ابن ابی حاتم و بیہقی نے ابو شریح خزاعیؓ سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس سے قتل صادر ہو گیا یعنے عمداً تو ولی مقتول کو اختیار ہے کہ تین باتوں میں سے ایک اختیار کرے یا تو قاتل سے قصاص لے یا اسکو عفو کرے اور یا اس سے دیت لے اور اگر کوئی چوتھی بات کا قصد کرے تو اسکے دونوں ہاتھ پکڑو اور جس شخص نے اسکے بعد عدوان و ظلم کیا اسکے واسطے دوزخ کی آگ ہے کہ اسمیں مدتوں رہے اور قتادہؒ نے حسن بصری کے واسطے سے سمرہؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے دیت لینے کے بعد قاتل کو قتل کیا میں اسکو عفو نہیں کرونگا یعنے اس سے دیت قبول نہ کرونگا بلکہ اسکو قتل ہی کرونگا اور عذاب الیم کی یہی تفسیر کی گئی کہ مراد یہ ہے کہ عفو نہ کیا جاوے اور اس سے دیت قبول نہ کیجاوے بلکہ قصاص میں قتل کیا جاوے اور بعض نے کہا کہ عذاب آخرت مراد ہے اور یہی اول ہے اور حدیث ابو شریح الخزاعی رضی اللہ عنہ اسپر دلالت کرتی ہے پس حاصل یہ ہے کہ عدوان اسطرح ہے کہ دیت لیکر پھر قاتل کو قتل کرے یا عفو کرکے پھر اسکو قصاص میں قتل کرے اور علماء نے اختلاف کیا کہ جسنے دیت کے بعد قاتل کو قتل کیا اسکا کیا حکم ہے تو شافعی و مالک و ایک جماعت علما اسطرف گئے ہیں کہ وہ ایسا ہے جیسے ابتداءً قتل کیا کہ اسکے ولی کو اختیار ہے چاہے قصاص لے یا عفو کر دے اور یہ ظاہر حدیث سمرہ رضی اللہ عنہ سے جو اوپر بیان ہوئی خلافاً ہے اور حدیث کو ابو داؤد و ابن جریر و ابن المنذر وغیرہ نے قتادہ سے منقطعاً و موصولاً روایت کیا ہے اور قتادہ و عکرمہ و سدی نے کہا کہ عذاب اسکا یہ ہے کہ البتہ قتل کیا جاوے اور حاکم و ولی کو عفو کا اختیار نہ ہوگا اور حسن بصری نے کہا کہ اسکا عذاب یہ ہے کہ دیت واپس کر دے فقط اور اسکا گناہ آخرت پر ہوگا اور یہ بنظر ظاہر آیت ہے اور عمر بن عبد العزیز نے کہا کہ اسکا امر مفوض برائے امام المسلمین ہے کہ جو اسکے حق میں دیکھے وہ کرے اور یہ قول شدید نظر

حدیث لا اُعافی ہی یعنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو فرمایا کہ مین عفو نکرونگا تو اس سے استنباط ہوا کہ یہ امام کی راے پر ہی اور اگر حتمی ہوتا تو لا عفو فرماتے ولیکن حدیث ابو شریح الخزاعی مین اسکی تشریح موجود ہی فافہم اور ابو حنیفہ کا ظاہر مذہب یہ کہ وہ قصاص مین قتل کیا جاوے ۔ عقود الدریہ ص ۲۱۲

قولہ والقصاص حیوۃ ۔ ابو السعود رح نے اپنی تفسیر مین بیان کیا کہ یہ حکم مذکور کے محاسن کا بیان ایسی وجہ بدیع پر فرمایا کہ اسکی انتہا نہین چنانچہ قصاص اسکی ضد یعنے حیات کا محل قرار دیا وحیات کو نکرہ فرمایا تاکہ دلالت کرے کہ اس جنس مین ایک نوع حیات کی ایسی عظیم ہی کہ اسکا وصف نہین ہو سکتا اور بات یہ ہی کہ وہ لوگ بعوض ایک کے ایک جماعت کو قتل کرتے تھے یعنے قاتل یا اسکے بیٹے یا باپ بھائی وغیرہ کو جہان تک پاتے قتل کرتے چلے جاتے تھے پس انمین فتنہ منتشر ہوتا تھا جیسا کہ بیان سبب نزول سے واضح ہوا پس قصاص مشروع کرنے مین ان سب سے سلامتی حاصل ہی اور معنے یہ ہین کہ اس حکم مین جو تمھارے لیے مشروع کیا گیا بقا وحیات عظیم ہی اسواسطے کہ آدمی جب جانیگا کہ دوسرے کو ناحق قتل کرنے مین قصاص مین بھی قتل کیا جاویگا تو قتل کرنے سے باز رہیگا اور اس مہلکہ مین پڑنے سے بچا گیگا پس گویا نفوس انسانیہ کی حیات ہوا اور یہ نوع جنس بلاغت سے بلیغ ورفیع ہی کہ قصاص کو جو موت ہی باعتبار مآل کار کے حیات قرار دیا یعنے اس خوبصورتی سے بیان فرمایا کہ قصاص جو موت ہی باعتبار مآل کے لوگون کے حق مین حیات ہوگیا ۔ بیضاوی رحمہ اللہ نے تفسیر قولہ ولکم فی القصاص حیوۃ ۔ مین کہا کہ یہ کلام انتہا کی فصاحت وبلاغت ہی کہ ایک شی کو اسکی ضد کا محل قرار دیا اور قصاص کو معرفہ فرمایا اور حیوۃ کو نکرہ تاکہ دلالت کرے کہ اس جنس حکم مین ایک نوع حیات کی عظیم ہی اور یہ اسوجہ سے کہ جب قاتل کو مقتول کی عوض قصاص مین قتل کیا جانا معلوم ہوگا تو وہ قتل سے باز رہیگا پس قصاص سبب ہوا دو جانون کی زندگی کا اور اسوجہ سے کہ وہ لوگ قاتل کے سوا سے دوسرے کو اور واحد کے عوض ایک جماعت نے گناہ کو قتل کرتے تھے پس انمین فتنہ جوش کرتا تھا پس جب قاتل ہی سے قصاص لیا گیا تو باقی سلامت رہے اور یہ انکی زندگی کا سبب ہوا اور بعض نے کہا کہ اس زندگی سے آخرت کی زندگی مراد ہی کیونکہ قاتل سے جب دنیا مین قصاص لے لیا گیا تو آخرت مین اس سے مواخذہ نہوگا ۔ اور یہ تفسیر دو وجہ سے اولی نہین اول آنکہ کتب علیکم مین خطاب عام یعنے قاتل وغیر قاتل سب کو شامل ہی اور اس صورت مین لکم فی القصاص کا خطاب مخصوص بقاتلین ہوگا جسپر کچھ شاہد نہین ہی دوم آنکہ خلاف تفسیر سلف ہی ابن کثیر نے ذکر کیا کہ شیخ ابو العالیہ نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے قصاص کو حیات قرار دیا کیونکہ بعضے لوگ کہ قتل کا قصد رکھتے ہون یہ خوف مانع ہوگا کہ قصاص مین مقتول ہونگے اور ایسا ہی مجاہد اور سعید بن جبیر وابو مالک وحسن بصری وقتادہ وربیع بن انس ومقاتل سے مروی ہی ۔ اور قولہ یا اولی الالباب مین مخصوص کامل عقل والون کو اسواسطے خطاب فرمایا کہ قصاص کی حکمت مین تامل کرکے اسکے فوائد کو سمجھین اور الباب جمع لب کی یعنے خالص ہر چیز پھر اس عقل پر اطلاق کیا گیا جسمین ہوا وہم کا میل نہو ف ۲ شیخ نے عرائس مین کہا کہ جب نفوس ظلم کرین قلوب پر تو اس قصاص مین انکو قتل کرڈالنے مین زندگی ہی یعنے نفس امارہ مقتول ہونے سے روح مقدس زندہ ہوگی پس جب تم اسپر کاربند ہوگے کہ تمنے نفس کے جرمونکی دیت لینی شروع کی تو مہلکات قہر سے نجات پاوگے ۔ شیخ جنید رح فرمایا کہ صابرین کی تین علامتین ہین جو اسکی ذات مین پہچانی جاتی ہین اول یہ کہ جب اسکے نفس کے خطوظ موجود ہون تو اپنے آپ کو ضبط کرے ۔ دوم یہ کہ اللہ تعالے کی طاعتون مین اسوقت ضرور داخل ہو جبکہ نفس اس سے بچھڑنے کا خواہشمند ہو اور سستی دلاوے ۔ سوم یہ کہ حکم اترنے کے وقت قلب ساکن رہے ۔ یعنے کوئی حکم الٰہی اسکے دل پر گران نہو ہر حکم کے وقت طمانینت وسکون سے رہے ھ ۔ واضح ہو کہ آیت قصاص نظر بہ ثبت حیات صرف نفوس امارہ کے لیے مانع ہی جو ناحق قتل کرنے مین دلیر ہوت پس حیات کا لالچ دلون سے اٹھا دیا کہ وصیت فرض ہی اور موت مفروض تو حیات آخرت کی خواہش بدرجہ اتقوی چاہیے لہذا آیت قدسی کو نازل فرمایا ۔

كُتِبَ عَلَيْكُمْ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ

حکم ہوا تمپر جبہ حاضر ہو کسیکو تم مین موت اگر کچھ مال چھوڑے یہ کہ دلوا مرے ماں باپ کو اور رشتے والون کو

بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ ۝

دستور سے ضرور ہی پرہیز گارون کو

كُتِبَ عَلَيْكُمْ تمپر فرض کی گئی۔ إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ جبکہ تم مین سے کسی کی موت حاضر ہو ف یعنے موت کے سامان آثار ظاہر ہون اپنے گمان سے اگرچہ پھر مرے إِنْ تَرَكَ خَيْرًا اگر چھوڑے ف یعنے مال صالح جو خیرات ثواب کا ذریعہ ہو حاصل آنکہ جب کسیکی موت کے آثار ظاہر ہون تو بشرطیکہ ترکہ مال بھی چھوڑنا نظر آوے اسپر فرض کیگئی الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ وصیت واسطے والدین و اقربا ؤن کے بطور معروف ف اس طور کہ تہائی سے زائد مین وصیت نکرے بلکہ حد تہائی تک ہو اور کسی تونگر کے منہ دیکھی وصیت نہو کہ اسکے لیے زیادہ حصہ سے یا میراث کو جیسا اسوقت دستور ہی اسکے موافق معروف ہی کیونکہ آیت میراث آیندہ نازل ہوئی ہی۔ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ یہ وصیت کرنا حق لازم کر دیا گیا متقیون پر ف کیونکہ جسنے شرک سے توبہ کی وہ متقی ہوا تو مسلمان ہی پر فرض ہی۔ اس سے معلوم ہی کہ مشرکون پر پہلے ایمان ہی پھر جب ایمان لاوے تو وہ مسلمان ہوگئے اب پنجگانہ احکام مین اور یہی ابو حنیفہؒ کا قول ہی سیوطیؒ نے کہا کہ وصیت کا فرض ہونا آیت میراث سے منسوخ ہوگیا یعنے قولہ تعالے۔ يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ الآیۃ۔ اور ترمذیؒ نے حدیث روایت کی کہ وارث کے لیے وصیت نہین ہی (الترمذی) ماں باپ اور بعضے اقربا سب وارث قرار پاگئے ہین۔ اس آیت مین دو مقام ہین اول باعتبار ترکیب نظم کے آور دوم باعتبار معنے و قصہ آیت کے بیان اول یہ ہی کہ کتب یہان بمعنے فرض ہی اور یہ فعل مجہول ہی اور مفعول مالم یسم فاعلہ اسکا الوصیۃ ہی اور کتبت اسلیے نہین فرمایا کہ فعل اور الوصیۃ کے درمیان فصل ہی یا الوصیۃ بمعنے الایصاء ہی یعنے وصیت کرنا اور یہی تاویل مذکر یہان اولی ہی کیونکہ آگے فرمایا فمن بدلہ اور ضمیر مذکر اسکی طرف راجع ہی جب ایسا واقع ہو تو وہ ایجاب مقتضائے کتاب پر متوجہ ہوگا پس اس تعبیر مین اشارہ ہی کہ وہ انزل مین مکتوب ہوا ہی مفسر سیوطیؒ نے اذا کو الوصیۃ مذکور سے متعلق کیا اور اسکو امین عامل قرار دیا اور محققین کے نزدیک جب مصدر کا عامل ظرف ہو تو مصدر پر اسکا مقدم ہونا روا ہی اور اگر اذا شرطیہ ہو تو قولہ الوصیۃ اسکے جواب پر دلالت کرتا ہی اور ظاہر یہی ہی کہ اذا اور ان دونون شرطیہ چونکہ مستدعی جواب تھے لہذا الوصیۃ کو موخر کرکے ان دونون کے جواب سے استغنا کیا گیا کیونکہ الوصیۃ دال ہی جواب پر لیکن چونکہ الوصیۃ جواب اذا ہی پس اسکا جواب محذوف ہی مقام دوم یعنے کلام اسکے معنے مین پس جاننا چاہیے کہ کتب علیکم یعنے فرض علیکم ہی جیسے کتب علیکم القصاص علیہ ہی اور بعضون نے کہا کہ بمعنے مستحب ہی اور شیخ ابن کثیرؒ نے کہا ہر دو قول مین سے اصح یہ ہی کہ یہ حکم واجب تھا اور حضور موت سے مراد یہان موت کے اسباب و علامات ظاہر ہونا مانند خوف کے بیماری یون وغیرہ کے اور یہ مراد نہین کہ موت کے معائنہ کے وقت کیونکہ اسوقت تو وہ وصیت کرنے سے عاجز ہوگا اور قولہ۔ ان ترک خیرا وہ مالا یعنے خیر کی تفسیر مال سے کیگئی یعنے مال چھوڑا اور یہ قول ابن عباسؓ کا ہی اور یہی مجاہد و عطا و سعید بن جبیر و ابو العالیہ و عطیہ العوفی و ضحاک و سدی و ربیع بن انس و مقاتل و قتادہ وغیرہم سے مروی ہی کما ذکرہ ابن کثیر پھر علما مین اختلاف ہی کہ مقدار اس مال کی کیا ہی جسمین وصیت واجب ہو پس ہری سے روایت ہی کہ خیر ہر مال قلیل و کثیر کو کہتے ہین پس ہر ایک مین وصیت واجب ہی اور اکثرون کا قول یہ ہی کہ خیر کا اطلاق مال کثیر ہی پر ہوتا ہی پس قلیل مین وصیت واجب نہوگی پھر اسمین اختلاف ہی کہ کثیر کس مقدار سے ہی بعض نے کہا جو سات سو دینار سے زائد ہو اور بعض نے کہا ہزار دینار ہو اور بعض نے کہا پانچ سو دینار سے زائد ہو اور بعض نے کہا کہ ساٹھ دینار اور اس سے زائد مال کثیر ہی اور بعض نے کہا پانچ سو سے ہزار تک اور بعض نے کہا جو عیال سے فاضل ہو وہ کثیر ہی کذا قیل شیخ ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ علماے سلف مین سے بعض نے کہا کہ وصیت مثل میراث کے مشروع ہی خواہ مال قلیل ہو یا کثیر ہو اور اکثر کہنے

والون نے کہا کہ وصیت جب ہی ہی کہ جب مال جلیل چھوڑا ہو پھر مال کثیر کی مقدار مین اختلاف ہوا چنانچہ ابن ابی حاتم نے عروۃ ابن الزبیر سے روایت کی کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے کہا گیا کہ قبیلہ مین سے ایک شخص مر گیا اور اسنے تین سو یا چار سو دینار چھوڑے مگر کچھ وصیت نہین کر گیا تو فرمایا کہ اسمین کچھ نہین اور اللہ تعالے نے تو یہ فرمایا ان ترک خیرا۔ یعنے اسمین کوئی گناہ نہین ہوا کیونکہ اللہ تعالے نے تو وصیت اسوقت واجب کی کہ جب مال کثیر چھوڑا ہو۔ اور نیز ابن ابی حاتم نے عروہ ابن الزبیر سے روایت کی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ میری قوم مین سے ایک شخص کے پاس اسکی عیادت کو تشریف لے گئے پس اس شخص سے کہا گیا کہ تو وصیت کر پس حضرت علی نے اس سے کہا کہ اللہ تعالے نے تو یہی فرمایا ان ترک خیرا الوصیۃ اور تو نے تو کچھ خفیف سا مال چھوڑا ہی پس اسکو اپنی اولاد کے واسطے رہنے دے۔ اور حاکم نے ابن عباس سے روایت کی کہ ان ترک خیرا مین کہا کہ جسنے ساٹھ دینار نہ چھوڑے اسنے خیر نہین چھوڑا یعنے اتنا مال نہین چھوڑا جسکو خیر کہین اور حاکم نے کہا کہ طاؤس نے فرمایا کہ اسنے خیر نہین چھوڑا جسنے اسّی دینار نہین چھوڑے اور قتادہ نے کہا کہ کہا جاتا تھا کہ خیر ہزار درہم سے اوپر ہے مین کہتا ہون کہ حاصل یہ ہوے کہ واجب کیا گیا تم پر وصیت کرنا جبکہ تم مین سے کسی پر موت کے اسباب ظاہر ہون بشرطیکہ اسنے مال کثیر چھوڑا ہی حالت یہ ہو کہ مرجانے پر مال کثیر چھوڑے تو اسپر واجب ہی وصیت کرنا واسطے والدین واقربین کے بطور معروف اور وصیت در اصل کسی شی کا حکم کرنا حیات مین خواہ بعد موت کے اور یہان مراد اس سے موت کے بعد کسی شی کا حکم کرنا اور اسمین اختلاف ہی کہ وصیت کرنا واجب ہی یا غیر واجب ولیکن اسمین سب کا اتفاق ہی کہ اگر اسپر قرضہ ہو یا کسی کی ودیعت اسکے پاس ہو یا نہ ہو اسکے تو ادائے قرضہ و ودیعت وغیرہ حق غیر کی وصیت کر دے کہ فلان کو اسکا قرضہ ادا دیا جاوے اور ودیعت پھیری جاوے اور وہ فلان فلان مال عین ہی حتی کہ مجہول چھوڑ مرنے مین ضامن ہو جائیگا اور ہمنے پہلے شیخ ابن کثیر سے نقل کیا کہ ہر دو قول مین سے اصح یہ ہی کہ وہ واجب ہی اور ظاہر سیاق اسکے واسطے شاہد ہی جیسے ظاہر لفظ کتب علیکم شاہد ہی لیکن آیندہ غیر واجب لکھا۔ اور اسمین اختلاف ہی کہ یہ آیت محکم ہی یا منسوخ ہی اور اسی پر مدار اس امر کا ہی کہ وصیت واجب ہی یا مستحب ہی جیسا کہ عنقریب ظاہر ہوگا پس ایک جماعت اسطرف گئی ہین کہ یہ محکم ہی اور کہتے ہین کہ یہ اگرچہ عام ہی مگر معنے اسکے خاص ہین اور والدین سے مراد وہ ہین جو وارث نہین ہوتے مثل والدین کافرین کے اور جو حالت رقیت مین ہین یعنے کسی مملوک ہین اور اقربین سے سوائے وارثون کے باقی لوگ ناتے دار مراد ہین اور ابن المنذر نے کہا کہ اجماع کیا ان سب عالمون نے جنسے دین مین قول حفظ رکھا جاتا ہی کہ وصیت ان والدین کے واسطے جو کہ میراث نہین پاتے اور ان اقربا کے واسطے جو وارث نہین ہوتے ہین مشروع ہی اور بہت سے اہل علم نے کہا کہ یہ آیت منسوخ ہی آیۃ مواریث سے اور اس حدیث سے کہ لا وصیۃ لوارث رواہ الترمذی اور اسپر اعتراض کیا گیا کہ آیۃ میراث اسکی معارض نہین ہی کیونکہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہی کہ وارثون کو ترکہ مین سے اس قدر سہام مفروضہ بعد وصیت کے ملینگے پس اس سے ان حقوق کی نفی نہین ہوتی جو وصیت سے انکے واسطے ثابت ہوے ہون۔ بیضاوی نے کہا بلکہ آیۃ میراث اس وصیت کی مزید تاکید کرتی ہی کیونکہ وہ دلالت کرتی ہی کہ وصیت مطلقا میراث پر مقدم ہی پھر کہا کہ اور حدیث مذکور منجملہ آحاد کے ہی اور اگر امت نے اسکو قبول کر کے لیا ہی تو اس سے وہ متواتر مین ملحق نہوگی یعنے یہ آیت وصیت تو قطعی ہی اور حدیث مذکور آحاد سے ظنی ہی پس اس سے قطع کا نسخ نہین ہو سکتا اور اگر کوئی کہے کہ امت نے اسکو قبول کیا ہی تو اسکا جواب دیدیا کہ امت کے قبول کرنے سے وہ متواتر تو ہو ہی نہین سکتی متواتر سے ملحق بھی نہین ہو سکتی تاکہ قطعی کے قریب ہو کر ناسخ ہو سکے اور بیضاوی رحمہ اللہ نے منہیہ مین کہا کہ جو شخص نسخ کا قائل ہی اوسکے نزدیک تعارض کی وجہ یون ہی کہ یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہی کہ جس شخص پر موت کے اسباب ظاہر ہون اسپر واجب ہی کہ والدین اور ناتے دارون کے حصے معین کر دے پس حصص کا معین کرنا اللہ تعالے نے بندون کے سپرد کر دیا تھا پھر آیۃ میراث مین اللہ تعالے نے جب حصص خود معین کر دیے تو وہ تفویض جاتی رہی پس یہ نسخ ہوگا

اسواسطے کہ ایک حکم شرعی کی انتہا پچھلے کسی حکم سے ظاہر کرنا بھی نسخ ہی انتہی وقال غیرہ اسکی نظیر یہ ہی کہ ایک شخص نے دوسرے کو ایک کام کا
وکیل کیا پھر خود اس کام کا متولی ہوا اور خود ہی کیا تو اس سے حکم وکالت کا منتہی ہو جائیگا اور وکالت ساقط ہو جائیگی قال المترجم نسخ اسکا ثابت
مواریث سے نصًا بقول ابن عباس رض وغیرہ ثابت ہوا جیسا کہ عنقریب ظاہر ہوگا اور حدیث مذکور کو ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ حدیث حسن ہے
اور ابوداود نے ابوامامہ سے روایت کیا اور اسمیں ہی کہ میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ حجۃ الوداع میں فرماتے تھے اور عمرو بن خارجہ سے
ترمذی ونسائی نے روایت کی اور حضرت انس رض سے ابن ماجہ نے روایت کی اور جابر رض اور عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ سے دارقطنی نے روایت کی
اور بعض ائمہ نے اسکی صحت کی تصریح کی اور امام شافعی رح نے فرمایا کہ یہ متن متواتر ہے اور صاحب کشف نے کہا کہ ظہور عمل میں یہ متواتر کی قوت میں ہے
پس ظاہر ہوا کہ بیضاوی نے جو اس حدیث سے نسخ جائز ہونے میں کلام کیا ہے وہ فاسد ہے قال الشیخ الحافظ ابن کثیر فی تفسیرہ - یہ آیہ کریمہ
والدین واقربین کے لیے امر بوصیت کو متضمن ہے اور یہ وصیت دو قولوں میں سے اصح قول کے موافق آیہ میراث اترنے سے پہلے واجب تھی پھر جب
آیہ مواریث اتری تو یہ وصیت منسوخ ہوگئی اور جو حصص میراث مقدر ہوئے ہیں وہ اللہ تعالے کی طرف سے فریضہ ہوگئے کہ اسکو وہ لوگ
حتمًا بدون وصیت کے اور بدون احسان موصی کے لے لینگے اسیواسطے اس حدیث میں آیا جو سنن وغیرہ میں عمرو بن خارجہ سے روایت ہی کہ میں نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درحالیکہ آپ خطبہ پڑھتے تھے سنا کہ فرماتے تھے کہ اللہ تعالے نے عطا کیا ہر حقدار کو اسکا حق پس نہیں وصیت
ہو واسطے کسی وارث کے اور امام احمد نے ابن سیرین سے روایت کی کہ حضرت ابن عباس رض بیٹھے پھر پڑھی سورۂ بقرہ یہانتک کہ پہونچے اس آیت
ان ترک خیرا الوصیۃ للوالدین والاقربین - پس فرمایا کہ منسوخ ہوگئی یہ آیت اور ایسا ہی سعید بن منصور نے اسکو روایت کیا ہی اور حاکم نے اسکو
مستدرک میں روایت کرکے کہا کہ بخاری ومسلم کی شرط پر صحیح ہی - اور علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے فی قولہ الوصیۃ للوالدین والاقربین بتحقیق کی
کہ ابن عباس رض نے کہا کہ پہلے یہ تھا کہ والدین کے ساتھ کوئی اور وارث نہیں ہوتا تھا مگر اقربین بطور وصیت کے پس اللہ تعالے نے میراث کی
آیت اتاری پس حصہ والدین کی میراث بیان کردی اور برقرار رکھا اقربین کی وصیت کو تہائی مال میت سے قال المترجم ابن عباس رض سے تفسیر کی
روایت میں طریق علی بن ابی طلحہ اثبت ہی اور بخاری رح نے اسی پر اعتماد کیا - پھر ابن کثیر رح نے ذکر کیا اور ابن ابی حاتم نے من طریق عطاء الخراسانی عن
ابن عباس روایت کی کہ قولہ الوصیۃ للوالدین والاقربین - میں کہا کہ اس آیت کو منسوخ کیا اس آیت نے للرجال نصیب مما ترک الوالدان والاقربون
والنساء نصیب مما ترک الوالدان والاقربون مما قل منہ او کثر نصیبا مفروضا - پھر ابن ابی حاتم نے کہا کہ ابن عمر وابو موسی وسعید بن المسیب
وحسن البصری ومجاہد وعطا وسعید بن جبیر ومحمد بن سیرین وعکرمہ وزید بن اسلم وربیع بن انس وقتادہ وسدی ومقاتل بن حیان وطاؤس وابراہیم النخعی
وشریح وضحاک وزہری سے روایت ہی کہ ان بزرگوں نے فرمایا کہ آیہ وصیت کی منسوخ ہی اسکو نسخ کیا ہی آیہ میراث نے قال المترجم یہ جان لینا چاہیے
کہ علی بن ابی طلحہ کی روایت ابن عباس سے ظاہر ہوا کہ آیہ میراث نے والدین کا حصہ مفروض کردیا اور اقربین کے حق میں وصیت بحال خود باقی رہی
پس ہماری اصطلاح متاخر کے موافق آیہ میراث اسکی مفسر یا مخصص لبعض افراد ہوئی ناسخ نہیں ہوئی مگر سلف کبھی ایسی صورت میں بھی نسخ کا اطلاق
کرتے ہیں پس روایت ابن سیرین از ابن عباس اور روایت علی بن ابی طلحہ از ابن عباس بدین معنے دونوں متفق ہیں پھر ابن کثیر رح نے فرمایا کہ امام
فخر الدین رازی سے تعجب ہی کہ کیونکر اسنے اپنی تفسیر کبیر میں ابو مسلم اصفہانی سے نقل کیا کہ یہ آیت منسوخ نہیں ہی بلکہ آیہ میراث اسکے واسطے تفسیر
واقع ہوئی ہی اور معنے یہ ہیں کہ کتب علیکم ما اوصی اللہ من توریث الوالدین والاقربین من قولہ یوصیکم اللہ فی اولادکم - اور کہا کہ یہی قول اکثر مفسرین
وفقہاے معتبرین کا ہی تو قول یہ واقعی عجیب بلکہ غلط ہی کیونکہ اسطرح تفسیر آیت میراث سے کسی دوایک کا قول ہی اور وہ درحقیقت بیان وصیت ہی

جیسا کہ بیضاوی کے کلام سے واضح ہی پھر شیخ رازی نے کہا کہ انہین سے بعض علماے نے کہا کہ یہ آیت منسوخ ہی ان لوگون کے حق مین جو وارث ہوتے ہین اور ثابت ہی ان لوگون کے حق مین جو وارث نہین ہوتے ہین اور یہ مذہب ابن عباس و حسن و مسروق و طاؤس و ضحاک و مسلم بن یسار و علا بن زیاد کا ہی - ابن کثیر نے فرمایا اور مین کہتا ہون کہ یہی قول سعید بن جبیر و ربیع بن انس و قتادہ و مقاتل کا ہی ولیکن ان لوگون کے قول پر اسکو ہماری اصطلاح متاخرین مین نسخ نہین کہینگے اسواسطے کہ یہ آیہ مواریث نے فقط بعض اُن افراد کے حکم کو جنپر عموم آیہ وصایۃ دال تھی رفع کیا ہی اسواسطے کہ اقربین تو اُن سب کو شامل ہی جو وارث نہین ہوتے ہین اور جو وارث ہوتے ہین پس آیہ میراث نے انھین بعض کا حکم رفع کیا جو اقربین مین سے حصہ معین کے وارث ہوتے ہین اور جو نہین وارث ہوتے ہین انکے حق مین وصایت کا حکم ویسا ہی باقی رہا جیسا تھا پھر ابن کثیر نے فرمایا کہ یہ بات تو انھین بعض کے قول پر حاصل ہو سکتی ہی جو کہتے ہین کہ وصایت کا حکم ابتداے اسلام مین مستحب تھا یہانتک کہ وہ منسوخ ہوئی یعنے اس قول پر کہا جا سکتا ہی کہ آیہ میراث سے وارث ہونے والون کے حق مین منسوخ ہوئی اور غیر وارثون کے حق مین مستحب باقی رہی اور رہا جو لوگ کہتے ہین کہ وصایت کا حکم واجب تھا اور یہی سیاق آیت سے بھی ظاہر ہو تو انکے قول پر یہی متعین ہوگا کہ آیہ وصایت آیہ میراث سے منسوخ ہوگئی جیسا کہ اکثر مفسرین و فقہاے معتبرین نے فرمایا ہی اسواسطے کہ والدین اور اقربین کے واسطے جو وارث ہوتے ہین وصیت کا واجب ہونا تو بالاجماع منسوخ ہی بلکہ ممنوع ہی جیسا کہ حدیث متقدم سے ثابت ہی کہ اللہ تعالے نے عطا کیا ہر حقدار کو حق اسکا پس نہین وصیت ہو واسطے کسی وارث کے پس ثابت ہوا کہ آیۃ المیراث ایک حکم مستقل ہی اور اللہ تعالے کی طرف سے اہل فروض و عصبات کے واسطے وجوب ہی جس سے اس وصایت کا حکم بالکل رفع ہو گیا اور باقی رہے وہ اقربین جنکے واسطے میراث نہین ہی تو انکے لیے مستحب ہی کہ تہائی مال سے وصیت کر دے جیسا کہ آیت سے بھی نکلتا ہی اور بدلیل اس حدیث کے جو صحیحین مین ابن عمر سے مروی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا - ماحق امرء مسلم له شئ یوصی فیه یبیت لیلتین الا ووصیته مکتوبة عنده - یعنے جس مسلم کے پاس ایسی کوئی چیز ہو جسمین وصیت کریگا تو اسکو سزاوار نہین کہ دو رات گزارے مگر اس حالت سے کہ اسکی وصیت اسکے پاس لکھی ہوئی ہو - ابن عمر نے فرمایا کہ جب سے مین نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سنا ہے سے مجھپر کوئی رات نہین گذری مگر اس حال مین کہ میری وصیت میرے پاس تھی" مترجم کہتا ہی کہ حدیث مین "کوئی چیز ہو جسمین وصیت کریگا" یہ کلمہ جامع ہی کہ ودیعت و امانت وغیرہ کل کی وصیت لکھی رکھے اور مسطور رہو - پھر اقارب کے ساتھ نکوئی و احسان کرنے مین حدیثین و آیات بہت ہین - قولا بالمعروف - اللہ تعالے نے یہان مقدار نہین فرمائی کہ کس مقدار سے وصیت کرے بلکہ میت کی راے پر مفوض رکھا پھر جب آیہ میراث مین خود حصص مقرر و مقدر فرما دیے تو اب یہ وصیت غیر وارثون کے حق مین مستحب ہی پس اسپر اتفاق ہی کہ میت کو تہائی مال سے زائد مین وصیت کا اختیار نہین ہی اب تہائی مال سو اسمین بھی اتفاق ہی کہ اگر کل تہائی کی وصیت کر دی تو جائز ہی ولیکن مستحب یہ ہی کہ اس سے کم ہو بدلیل اس حدیث کے جو صحیحین مین ثابت ہوئی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سعد بن ابی وقاص کی عیادت کو تشریف لے گئے اور اس حدیث مین ہی کہ سعد نے کہا یا رسول اللہ میرے پاس مال بہت ہی اور وارث میرا کوئی نہین سواے میری ایک دختر کے سو بھلا مین دو تہائی مال کی وصیت کر دون آپ نے فرمایا کہ نہین پھر عرض کیا کہ نصف مال کی وصیت کر دون فرمایا کہ نہین پھر عرض کیا کہ تہائی مال کی وصیت کر دون فرمایا کہ تہائی خیر اور تہائی بہت ہی کیونکہ تو اگر اپنے وارثون کو تونگر چھوڑ جاوے تو اس سے بہتر ہی کہ تو انکو محتاج چھوڑے کہ وہ لوگون کے سامنے ہاتھ پھیلاوین اور تو نہین خرچ کریگا کوئی نفقہ جس سے تو ثواب و رضاے حق چاہتا ہو مگر کہ تجکو اسمین ثواب دیا جاویگا یہانتک کہ جو تو اپنی جورو کے منہ مین دیگا اسمین بھی ثواب ہی اخرجہ مالک وغیرہ و بعض اصحاب السنن ایضا و صحیح بخاری مین ابن عباس سے روایت ہی کہ اگر لوگ تہائی سے کمی کرکے چوتھائی پر آتے تو بہتر تھا کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ تہائی خیر اور تہائی بہت ہی اور حضرت علی سے مروی ہی کہ فرمایا کہ اگر پانچوین حصہ کی وصیت کروں تو میرے نزدیک زیادہ پسند ہی چوتھائی کی وصیت کرنے سے اور اگر چوتھائی کی وصیت کروں تو میرے نزدیک تہائی کی وصیت سے زیادہ پسند ہی

اور جسنے تہائی کی وصیت کردی اسنے کچھ باقی نچھوڑا اور بعض نے کہا کہ چھٹے حصہ یا پانچوین حصہ یا چوتہائی کی وصیت کرے آور بالمعروف کا لفظ شامل ہی کہ مقدار مشروع وحد شرع سب کو لحاظ رکھے چنانچہ ابن ابی حاتم نے حسن بصری سے روایت کی کہ بمعروف امی غیر منکر طور پر اسی سے مفسر سیوطی رح نے کہا کہ تہائی سے نہ بڑھاوے اور غنی کو تفضیل نہ دے اور ہمارے نزدیک اگر تہائی سے زیادہ کی وصیت کی تو تہائی سے جسقدر زائد ہی اسمین روا نہوگی اگر وارثون نے اجازت نہی فافہم پس آیت وصیت کا حاصل یہ ہوا کہ سابق مین دینی برادری پر مہاجرین و انصار باہم وارث ہوتے اور اقربا نہین پاتے تھے چنانچہ ابو داؤد کی حدیث زبیر بن العوام مین مصرح ہی تو اسوقت اللہ تعالے نے آیت وصیت سے والدین واقربا کے لیے وصیت کا حکم دیا پھر آیت میراث نازل ہوکر موالات منسوخ ہوئی اور یہ وصیت بھی منسوخ ہوگئی لیکن جمہور علماے رح کے نزدیک غیر وارثون کے حق مین تہائی سے کم وصیت مستحب ہی جیسے میت کو کار خیر کے لیے وصیت کرنے کا اختیار ہی اور تہائی تک جائز ہی - واضح ہو کہ - موصی وصیت کرنے والا اور موصیٰ بتشدید صاد بھی کہتے ہین اور یہی حمزہ و کسائی کی قرارت ہی جنکے لیے وصیت ہوا نکو موصی لہم - اور جس شخص کو اپنا قائم مقام کیا وہ وصی کہلاتا ہی - اگر کہا جاوے کہ میت جب مر گیا تو کیا معلوم کہ جنھون نے وصیت سنی تھی وہ کیا کرین پس اللہ تعالے نے ارشاد فرمایا بقولہ تعالے

فَمَنْ بَدَّلَهُ بَعْدَ مَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ ۝ فَمَنْ خَافَ مِنْ

پھر جو کوئی اسکو بدلے بعد اسکے کہ سن چکا تو اسکا گناہ انھین پر جنھون نے اسکو بدلا - بیشک اللہ ہی سنتا جانتا پھر جو کوئی ڈرا

مُوصٍ جَنَفًا أَوْ إِثْمًا فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ ۝

وصیت کرنے والے کی طرفداری سے یا گناہ سے پھر انمین صلح کروادی تو اسپر گناہ نہین اللہ بخشنے والا مہربان ہی -

جب وصیت کرنے والا ٹھیک وصیت کرکے مرا یا اوسنے وصیت کو بطور معروف نکیا پھر دیکھا جاویگا کہ سننے والون نے ٹھیک وصیت کو بدل ڈالا یا منکر وصیت کو ٹھیک کیا تو فرمایا - فَمَنْ بَدَّلَهُ بَعْدَ مَا سَمِعَهُ فَإِنَّمَا إِثْمُهُ عَلَى الَّذِينَ يُبَدِّلُونَهُ إِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ پھر جسنے اسکے بعد سننے کے اسکو بدل ڈالا تو یہ گناہ انھین پر ہی جو ایسا کو بدلتے ہین اللہ تعالے سمیع علیم ہی وصف موصی کا قول سنتا ہی اور بدلنے والون کو بھی جانتا ہی تو وہ سزا دیگا خواہ گواہ نے بدلے ہو یا جسکو وصی مقرر کر گیا - وصیت سننے سے مراد یہ کہ جان چکا ہو حتی کہ زید نے مرتے دم بکر کو اپنا وصی مقرر کیا اور وہ حاضر نہین ہی تب جب لوگون نے اسکو خبر دی تو وہ قبول کرنے پر وصی ہو جائیگا - یہ اسوقت کہ موصی نے معروف وصیت کی تھی - فَمَنْ خَافَ مِنْ مُوصٍ جَنَفًا - پھر جسنے موصی کی طرف سے خوف کیا جنف کا وصف نادانی سے حق سے منحرف ہونیکا - أَوْ إِثْمًا - یا گناہ کا وصف مثلاً وہ عمداً ظلم کرتا ہی - فَأَصْلَحَ بَيْنَهُمْ فَلَا إِثْمَ عَلَيْهِ - پس اسنے ان لوگون مین اصلاح کردی تو اسپر گناہ نہین ہی - إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ اللہ تعالے غفور رحیم ہی وصف اللہ تعالے نیک بندون کا گناہ عفو فرماتا ہی کیونکہ موصی نے مثلاً تہائی سے زائد کیا یا کسی قرابتی وغیرہ کی جانب زیادتی کی تو اس شخص وصی وغیرہ نے اصلاح کردی کہ عدل کا حکم دیا اور مابعد تین وارثون کی حق تلفی نہ کی تو کار خیر کیا کہ اسپر رحمت و مغفرت پاویگا - حاصل یہ کہ جب موصی کی طرف سے عمداً یا نادانی سے وصیت مین ظلم کا خوف ہو پس وصی یا گواہ نے اصلاح کردی بعد جاننے کے تو اسپر گناہ نہین ہی ورنہ وصیت کا بدلنا حرام ہی - اور بدلنے والا عام ہی کہ شاہد ہو یعنے وصیت کے وقت جو گواہ کردیے تھے انمین سے کوئی گواہ ہو یا وصی ہو اور جاننا چاہیے کہ اگر لکھدیا تو تحریر بھی گواہون کی گواہی پر تصدیق کیجائیگی - اور بعد اسمعہ مین ما مصدریہ ہی اور یہی اوجہ ہی اور مفسر سیوطی رح نے سمعہ کی تفسیر بمعنے علم کی تاکہ ظاہر ہو جاوے کہ وصی کی وصایت صحیح ہونا اسپر موقوف نہین کہ وہ موصی کی زبان سے سنے بلکہ اسکو علم ہو جانا کافی ہی ولیکن قبول شرط ہی چنانچہ اگر ایک شخص نے غائب کو وصیت کردی اور مر گیا پھر غائب کو یہ معلوم ہوا اور اسنے قبول کرلیا تو وصی ہو جائیگا اور اگر نہ قبول کیا تو اسکو اختیار ہی حتی کہ قاضی کسی دوسرے متدین کو وصی مقرر کریگا

پھر موصی اپنی نیت و وصیت عدل کے موافق ثواب پاویگا۔ تبدیل مین اسکا کچھ گناہ نہین بلکہ گناہ ہی تو انھین لوگون کا جنھون نے تبدیل کیا پس سمیع و علیم ہی اس شخص کے لیے جسنے وصیت حق کو جسمین کچھ ظلم و مضرت و گناہ نہین ہی تبدیل کر دیا یہی ابن عباسؓ وغیرہم جماعت سے مروی ہی۔ قرطبی نے فرمایا کہ اسمین کچھ خلاف نہین کہ اگر اسنے سود و شراب وغیرہ کے مانند کسی چیز کی وصیت کی یا کسی گناہ کے کام کی وصیت کی تو اس وصیت کا بجالانا نہین جائز ہی جیسے کہ تہائی سے زائد کی وصیت پوری کرنا نہین جائز ہی۔ قولہ جنفا او اثما۔ ابن عباس ابو العالیہ مجاہد و ضحاک و ربیع بن انس و سدی نے فرمایا کہ جنف بمعنے خطا ہی چوک جانا اور یہ شامل ہی سب طرح کی خطا کو مثلاً وہ خطا سے کسی وارث کے حصہ مین بواسطہ یا وسیلہ زیادہ کر گیا چنانچہ کسی چیز کے کسی وارث کے ہاتھ اسکی قیمت سے کم داموں پر بیچنے کو کہدیا یا اپنے دختر کے بیٹے کے واسطے وصیت کر دی تاکہ دختر کے حصہ مین زیادہ پہونچے یا طبعی شفقت کے جبر سے بلا تکلف اسنے ایسا کیا یا اسنے عمداً اسمین گناہ کا قصد کیا۔ قولہ فاصلح بینہم۔ واضح ہو کہ فمن خاف بمعنے من علم ہی اسوجہ سے کہ خوف کسی شی کا بعد علم اس بات کے ہوتا ہی کہ یہ چیز قابل خوف ہی پس معنے یہ ہوے کہ جسنے جانا کہ موصی جنف یا اثم کریگا پس اصلاح کر دی درمیان انکے سیوطی نے کہا یعنے درمیان موصی و موصی لہم کے اور بیضاوی نے موصی الیہم کی طرف راجع کی ای درمیان والدین و اہل قرابت کے اور اصلاح یہ جنف و اثم کو رد کر کے شرع کے موافق ہر ایک کا حق ادا کر دیا اور یہی تفسیر ابن کثیر سے ظاہر ہی چنانچہ فرمایا کہ پس وصی کو ایسی حالت مین روا ہی کہ قضیہ کی اصلاح کر دے اور وصیت کو وجہ شرعی کی طرف پھیر دے تاکہ مقصود موصی حق شرعی مین اتفاق ہو اور ایسی اصلاح و توفیق کچھ تبدیل نہین ہی کہ سیوطی مصرح فرمایا فلا اثم علیہ بالکل گناہ کی نفی کر دی ما گر کہا جاوے کہ گناہ تو بالکل ہی نہ تھا پھر کیا نکتہ ہی کہ ان اللہ غفور رحیم۔ فرمایا تو جواب یہ ہی کہ ذکر اثم کی مطابقت کے واسطے غفور ذکر فرمایا اور اس جہت سے کہ یہ تبدیل اگرچہ گناہ سے بالکل خالی ہی مگر چونکہ جنس تبدیل سے ہی جس سے گنہگار ہوتا ہی لہذا غفور ذکر فرمایا ابن مردویہ نے ابن عباس سے مرفوعاً روایت کی کہ وصیت مین جنف کرنا کبیرہ گناہون مین سے ہی شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ اس حدیث کے مرفوع ہونے مین نظر ہی یعنے ابن عباس کا قول ظاہر ہوتا ہی پھر ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ احسن جو اس باب مین وارد ہوئی روایت عبد الرزاق کی کہ کہا حدثنا معمر عن اشعث بن عبد اللہ عن شہر بن حوشب عن ابی ہریرۃ کہا ابو ہریرہ نے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی کام کرتا ہی نیکون کے ستر برس پھر حیف وصیت کرتا ہی تو اپنی وصیت مین ظلم و جور کرتا ہی پس اسکا خاتمہ بد کارون کے کام پر ہوتا ہی پس دوزخ مین داخل ہوتا ہی اور آدمی کام کرتا ہی بد کارون کے ستر برس پھر حیف وصیت کرتا ہی تو اپنی وصیت مین عدل کرتا ہی پس اسکا خاتمہ نیک کام پر کیا جاتا ہی پس جنت مین داخل ہوتا ہی کہا ابو ہریرہ نے کہ پڑھو تمہارا جی چاہے فورا تلک حدود اللہ فلا تعتدوہا الآیۃ۔ (وقد رواہ الترمذی و ابو داود نحوہ) اور واضح ہو کہ جنف و اثم جو وصیت وغیرہ مین سرزد ہوتا ہی تو مقتضاے جسم کے اثر سے ہی جو کثرت روزہ رکھنے سے مٹ جاتا ہی اور روزہ کی نظیر فرض کرنے اللہ تعالے نے بیان فرمایا بقولہ تعالے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ ۝ أَيَّامًا

ای ایمان والو حکم ہوا تمپر روزے کا جیسے حکم ہوا تھا تمسے اگلون پر عنایہ تم پرہیزگار ہو جاؤ گنتی دن ہین

مَعْدُودَاتٍ ۚ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۚ وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ

گنتی کے۔ پھر جو کوئی تم مین بیمار ہو یا سفر مین ہو تو گنتی چاہیے اور دنون سے اور جنکو طاقت ہو تو بدلا چاہیے

طَعَامُ مِسْكِينٍ ۖ فَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا فَهُوَ خَيْرٌ لَهُ ۚ وَأَنْ تَصُومُوا خَيْرٌ لَكُمْ ۖ إِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

ایک فقیر کا کھانا پھر جو کوئی شوق سے کرے تو اسکو بہتر ہی اور روزہ رکھو تو تمہارا بھلا ہی اگر تم سمجھ رکھتے ہو

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ۔ ای ایمان والو تمپر صیام لکھا گیا یعنے فرض کیا گیا۔ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ مِنْ

قبلکم جیسے ان لوگون پر فرض کیا گیا تھا جو تمسے پہلے تھے ف مانند یہود و نصاری کے لعلکم تتقون تاکہ تم تقوی حاصل کرو ف اگرچہ یہود و نصاری کو حرص و نیا نے تباہ کیا جیسے انھون نے روزہ کا تقوی چھوڑا لیکن دستور الٰہی اس سے معلوم ہو چکا کہ برابر چلا آتا ہی پس تمپر بھی بدستور یہ طاعت آسان ہوگی حتی کہ فرمایا۔ ایاما معدودات گنتی کے چند ایام ہین ف تو آسان سمجھو یہ تندرستی و وطن مین ہی۔ فمن کان منکم مریضا او علی سفر فعدۃ من ایام اخر۔ پھر جو کوئی تم مین سے مریض ہو یا سفر پر ہو تو ایام دیگر سے شمار ہی ف یعنے ماہ صوم کے آنے پر جو شخص مریض ہو یا وہ ایسے سفر مین ہو جسمین نماز قصر ہوتی ہی اور روزہ رکھنے سے مشقت ہو تو اسوقت افطار کرلے اور واجب ہی شمار قضا دیگر ایام سے۔ ہذا قول الشافعی اور ابو حنیفہ کے نزدیک سفر خود مشقت ہی پس روزہ نہ رکھنا جائز ہی لیکن اگر رکھ لیا تو ادا ہو گیا۔ ورنہ جب تندرست ہو یا وطن مین آوے تو بقدر ایام کے قضا کرنا واجب ہی۔ وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین۔ اور جو لوگ طاقت رکھتے ہین انپر فدیہ طعام مسکین ہی ف سیوطی رح نے کہا لیکن جو لوگ طاقت نہین رکھتے ہین انپر ایک مسکین کا طعام فدیہ ہی خواہ مرض مہلک سے بڑھاپے سے طاقت نہو۔ یطیقون بمعنے لا یطیقون ہی۔ دوسرون نے کہا کہ اطاق یطیق بمعنے زوال طاقت ہی تو بدون لا کے یہی معنی نکل آئے پس روزہ فرض ٹھہرا یا فدیہ فرض ٹھہرا اور بعض نے کہا کہ معنے یہ ہین کہ جو لوگ طاقت رکھتے ہین وہ مختار ہین کہ افطار کرین تو واجب ہی کہ طعام مسکین فدیہ دین۔ وعلی ہذا فرض کے یہ معنے کہ روزہ یا اسکا عوض طعام کوئی فرض ہی بدلیل قولہ تعالے۔ فمن تطوع خیرا فھو خیر لہ۔ پھر جو کوئی اپنے شوق سے نیکی کرے تو اسکے لیے بہتر ہی ف مثلاً طعام مسکین سے زیادہ فدیہ دے کیونکہ اسوقت اہل اسلام کو سوائے مدینہ کے کہین میسر نہ تھا جو لوگ ہجرت کرکے آتے انکے طعام کی خبر گیری نہایت بہتر کام تھا پھر طعام مسکین ایک یوم کی غذا ہی سیوطی رح نے کہا کہ ایک مد ہی اور مدارک مین کہا کہ نصف صاع ہی اور یہی احوط ہی اور تفصیل آیندہ آتی ہی اور بالاتفاق وہ طعام چاہیے جو اکثر اس شہر کی غذا ہو۔ حاصل یہ کہ باوجود طاقت کے نہ رکھے تو طعام مسکین واجب ہی اور زیادہ دینا بہتر ہی۔ وان تصوموا خیر لکم ان کنتم تعلمون۔ اور تمہارا روزہ رکھنا تمہارے حق مین بہتر ہی اگر تم جانتے ہو ف تو اسیکو اختیار کرو۔ پھر قول اخیر کے موافق آیندہ یہ اختیار منسوخ ہو گیا اور روزہ رکھنا اہل طاقت پر حتمی کر دیا گیا چنانچہ آیندہ آتا ہی اور صحیح مین یہ تفسیر مروی ہی۔ اور ابن عباس رض نے کہا کہ سوائے حاملہ و دودھ پلانی کے کہ انکو اگر حمل و بچہ پر خوف ہو تو افطار جائز و فدیہ دین اور کہا گیا کہ افطار کرین مگر قضا کرین

(الفوائد) قولہ کتب علیکم۔ اگر بمعنے فرض ہی تو قول اخیر کے موافق صوم و فدیہ مین مختار ہونا کیونکر صحیح ہوا جواب یہ کہ صوم یا فدیہ فرض ہا کیونکہ فدیہ بجاے صوم ہی۔ قولہ علی سفر بیضاوی مین ہی کہ حرف استعلا بمعنے علی۔ استعارہ تمثیلیہ کے طور پر متضمن ہی کہ مسافر کی تشبیہ راکب ہی بمعنے جیسے راکب اپنے جانور پر سوار ہوتا ہی ویسے ہی یہ سفر پر ہو پس یہ مقتضی ہی کہ وقت صوم سے پہلے اسکا حدوث ہو چکا ہو پس یہ ایما ہی کہ جتنے روزہ کے دن کے اندر سفر کیا وہ نہین افطار کرتا ہی اور شیخ ابو البقا نے افادہ کیا کہ سفر اس مقام پر ایسا نکرہ ہی کہ اس سے سفر معین مراد ہی یعنے وہ سفر جسکے واسطے شرع مین مسافت مقدر ہی اور وہ مقدار مسافت جس سے نماز کا قصر ہوتا ہی اور اسمین اختلاف مشہور ہی اور فقہاے حنفیہ رحمہم اللہ کے نزدیک زمین کی مسافت اسقدر ہو کہ اونٹ کے سواری پر اوسط چال سے صبح سے ظہر تک چلکر منزل کر لیا کرے تو تین روز مین پہونچے پس قصر نماز کے واسطے اعتبار اسی مسافت کا ہی اور یہی باطنی مشقت کا قائم مقام ہی چنانچہ اگر ایک روز مین یا دو روز مین تیز سواری پر اتنی دور پہونچ سکتا ہو تو قصر روا ہی اور یہی اصح ہی اور نماز قصر مین انشاء اللہ تعالے بیان ہو گا پس مراد سفر سے اسی مقدار مسافت کا سفر ہی قولہ فعدۃ من ایام اخر یعنے بشرط افطار یعنے جتنے مرض السفر کی وجہ سے روزے افطار کیے تو اسپر واجب ہی کہ جتنے عدد روزے افطار کیے ہین اتنے روزے دوسرے دنون مین قضا کرے پس عدۃ مصدر مرفوع کی بسبیل وجوب ہی اور اسی سے نکالا گیا کہ یہ واجب ہی پھر امام شافعی رح کے نزدیک مسافر و مریض کا افطار بشرط مشقت اور ہمارے نزدیک سفر ہی قائم مقام مشقت ہی۔ ابن کثیر رح نے کہا کہ اس آیت مین اللہ تعالے نے اس امت کے مومنون کو خطاب فرمایا اور حکم دیا کہ روزہ رکھین اور صوم کے معنے روک رکھنا اپنے آپ کو طعام و شراب و جماع سے خالص اللہ تعالے کی

فرمانبرداری کی نیت کے ساتھ نہار شرعی کے طلوع سے آفتاب غروب ہونے تک کیونکہ اسمین نفس سے طہارت و تنقیہ ہو اخلاط ردیہ اور اخلاق رذیلہ سے
اور فرمایا کہ جیسے تم پر فرض کیا گیا ویسا ہی تمسے اگلوں پر بھی فرض کیا تھا قال المترجم یعنے آدم علیہ السلام سے تا ایندم انبیا و صالحین سب پر روزہ مفروض
تھا تمپر اکیلے فرض نہین ہوا پس اسمین تاکید حکم و ترغیب فعل و تطییب نفس ہی چنانچہ ابن کثیر نے فرمایا تاکہ لوگ اسکے ادا کرنے مین اس سے زیادہ کوشش
کرین جیسے ان لوگون نے کی تھی چنانچہ دوسری آیت مین ترغیب دی کہ ولکل جعلنا منکم شرعۃ و منہاجا ولو شاء اللہ لجعلکم امۃ واحدۃ ولکن لیبلوکم فیما
اتاکم فاستبقوا الخیرات الآیۃ یعنے تقوی مین پیش قدمی کرو اسیواسطے یہان فرمایا لعلکم تتقون پس روزہ خود تقوی و راہ تقوی ہی اسلیے کہ روزہ رکھنے
مین بدن کا تزکیہ و طہارت ہی اور شیطان کے راستے مسدود ہوتے ہین اسی سے صحیحین مین آیا ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے گروہ جوانان
جو تم مین سے دسترسی پاوے وہ نکاح کرلے اور جسکو استطاعت نہو تو اسپر روزہ رکھنا واجب ہی کہ یہ اسکے واسطے وجاء ہی اور وجاء کہتے ہین خصی ہوجانے کو
قال المترجم مفسرین نے اسمین اختلاف کیا کہ کما کتب علی الذین من قبلکم سے تشبیہ کس بات مین مراد ہی بعض نے کہا کہ فقط روزہ فرض ہونے مین اور بعض نے
کہا مقدار و وقت مین اے رمضان مہینہ بھر کے روزے اور بعض نے کہا کہ صفت صوم یعنے کھانا پینا وغیرہ چھوڑنے مین ہی اور یہی اظہر ہی پھر اللہ تعالے
نے روزے کی مقدار بیان فرمائی اور یہ ظاہر فرمایا کہ وہ ہر روز نہین ہی تاکہ نفوس پہ شاق نہ گذرے کہ اسکے اٹھانے سے پست ہوجاوین بلکہ ایام معدودات
ہین آقول ایاما کی تنوین سے تقلیل کی پھر معدودات سے تقلیل کی تاکید کی پس یہ کمال تسہیل نفس کے واسطے ظاہر کردی پھر یہ ابتداے اسلام مین
تھا کہ ہر مہینہ سے تین روز صوم مین گذارتے تھے پھر ماہ رمضان کے روزے فرض ہونے سے یہ منسوخ ہوگیا جیسا کہ اسکا بیان آتا ہی اور
اگلے امتون پر تین روز ہر مہینہ سے روزے مفروض ہونا مروی ہی معاذ بن جبل و ابن عباس و ابن مسعود و عطاء و قتادہ و ضحاک سے اور ضحاک نے کہا
کہ یہ شرع حضرت نوح سے اسوقت تک کہ صوم رمضان فرض ہوا ہی برابر چلی آئی پھر رمضان سے منسوخ ہوئی اور عباد بن منصور نے حسن بصری سے
اس آیت مین روایت کی کہ ہان اللہ روزہ ہر امت پر جو پہلے گذری ہین فرض کیا گیا جیسا کہ ہم پر فرض کیا گیا وہ ایک مہینہ کامل تھا و ایام معدودات
اسی عدد معلوم ہی اور سدی سے اسکے مانند مروی ہی اور ابن ابی حاتم نے عبد اللہ بن عمر سے روایت کی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان
کے روزے اللہ تعالے نے تمسے اگلی امتون پر بھی فرض کیے تھے یہ طویل حدیث مین سے مختصر ہی اور ابو جعفر رازی کی روایت ابن عمر سے یون
ہی کہ امم سابقہ پر روزہ فرض کیا گیا تھا حتی کہ جبل نہین سے کسی نے عشاء کی نماز پڑھی اور سو گیا تو اسپر کھانا پینا و جماع کرنا دوسرے روز اسیوقت تک
حرام ہوجاتا تھا ابن ابی حاتم نے کہا کہ ابن عباس و ابو العالیہ و عبد الرحمن بن ابی لیلی و مجاہد و سعید بن جبیر و مقاتل بن حیان و ربیع بن انس
و عطاء خراسانی سے مانند اسکے مروی ہی اور عطاء خراسانی نے ابن عباس سے روایت کی کہ کما کتب علی الذین من قبلکم سے مراد اہل کتاب ہین
اور شعبی و سدی و عطاء خراسانی سے مثل اسکے مروی ہی قال المترجم ابن عباس سے مروی ہی کہ فرمایا کہ بعد ہجرت کے جو سب سے پہلے منسوخ ہوا وہ
امر قبلہ ہی پھر روزہ اور بخاری نے تاریخ مین اور طبرانی نے فضل بن صفالہ سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نصاری پر صوم رمضان
واجب تھا پھر انکا بادشاہ بیمار ہوا تو بولے کہ اگر اللہ تعالے نے اسکو شفا دی تو ہم دس روز بڑھاوینگے پھر انکے ایک بادشاہ نے گوشت کھایا
پس اسکے منہ مین سخت بیماری دردناک ہوگئی تو بولے کہ اگر اللہ تعالے نے اسکو شفا دی تو ہم سات روز بڑھاوینگے پھر انپر ایک بادشاہ ہوا
پھر بولے کہ ہم ناقص ہائی سے کچھ نہ چھوڑینگے بلکہ اسکو تمام کرینگے اور اپنے روزون کو ربیع مین کرینگے پس یہ پچاس روز ہوگئے اور مفسر سیوطی رح نے
ایام معدودات سے موقت بعدد معلوم یعنے رمضان مراد لیا اور فقط و سیاق سے یہی ظاہر ہی کہ پہلے رمضان کے روزے فرض ہوے تھے
ولیکن روایات اس امر کے واسطے شاہد ہین کہ حتم نہ تھا بلکہ روا تھا کہ روزہ رکھین یا فدیہ دین قال ابن کثیر پھر اللہ تعالے نے حکم صیام

ہیا ابتدائے اسلام بیان فرمایا فمن کان منکم مریضا او علی سفر فعدۃ من ایام اخر یعنے مریض و مسافر حالت مرض و سفر مین روزہ نرکھین کیونکہ اسمین ان دونون پر مشقت تھی بلکہ افطار کرین اور دوسرے دنون مین قضا کرین بیضاوی نے کہا کہ یہی مذہب ابوہریرہؓ اور ظاہریہ علماء کا ہی پھر ابن کثیر نے کہا اور زیادہ شخص جو تندرست مقیم تھا اور روزے کی طاقت رکھتا تھا وہ مخیر تھا کہ چاہے روزہ رکھے اور چاہے افطار کرے اور ہر یوم کے عوض مسکین کو کھانا دے پس گر اسنے ایک روز سے زیادہ مقدار مسکین کو دی تو یہ اسکے واسطے بہتر تھا اور اگر روزہ ہی رکھ لیا تو یہ سب سے افضل تھا کما قال تعالے وعلی الذین یطیقونہ الخ۔ یہ قول ابن مسعود و ابن عباس و مجاہد و طاؤس و مقاتل بن حیان و غیرہم علماے سلف کا ہی پھر طعام مسکین فقہاے عراق کے نزدیک نصف صاع گیہون سے اور ایک صاع سوائے گیہون کے اور طعام سے اور فقہاے حجاز کے نزدیک ایک مد ہی اور اول حال مین ان لوگون کو یہ رخصت دی تھی اسلیے کہ جب روزے کا حکم دیے گئے تو انپر سخت گذرا کیونکہ وہ اسکے عادی نہ تھے اور کبھی انکی آزمایش مین نہ آیا تھا پھر منسوخ کیا گیا اور نافع و ابن عامر کی قراءت پر وعلی الذین یطوقونہ فدیۃ طعام مساکین یعنے باضافت فدیہ و جمع مساکین ہی اور قراءۃ ابن عامر بروایت ہشام و طعام مساکین بدون اضافت فدیہ بجانب طعام ہی اور باقیون کی قراءۃ بغیر اضافت اور توحید لفظ مسکین ہی اور یہان پر یکے قراءات یطیقونہ مین یطوقونہ یتطوقونہ یطوعونہ وغیرہ مین بمعنی جہد و مشقت ابوبیضاوی نے بعد ذکر ان قراءات کے فرمایا کہ ان قراءتون پر ایک دوسرے معنے کو متحمل ہی اور وہ یہ کہ آیت مین رخصت ہی واسطے اس شخص کے جسکو روزہ رکھنا تعب و جہد مین ڈالے اور وہ بوڑھے و بڑھیان ہین چاہین افطار کرین اور فدیہ دیدین پس یہ آیت ثابت ہوگی منسوخ نہ ہوگی اور البتہ قراءۃ مشہورہ ای یطیقونہ ازراہ طاقت کی بھی یہ تاویل بعض نے بیان کی ہی یعنے یطیقونہ تکے معنے یہ ہین کہ یصومونہ جہدہم وطاقتہم۔ یعنے روزے کو ادا کرتے ہین اپنی جہد سے اور طاقت سے پس اس تاویل پر قراءۃ مشہورہ کے موافق بھی بوڑھون کے لیے رخصت نکلتی ہی اور مبنی اس تاویل کا یہ ہی کہ اللہ تعالے نے ہر ایک کو اسکی وسع پر تکلیف دی ہی اور وسعت نام ہی کسی شئی پر سہولت سے قادر ہونے کا اور طاقت اسم ہی کسی چیز پر مشقت کے ساتھ قادر ہونیکا پس مشقت کی وجہ سے افطار کی رخصت مل جیسے مسافر کو ملتی ہی پھر چونکہ یہ زائل ہونے کی امید نہین لہذا فدیہ اسکے بجاے مقرر ہوا بخلاف مسافر کے کہ سفر ختم ہونے پر اسکی مشقت زائل ہو جائیگی لہذا اسکو قضا کرنیکا حکم ہوا اور بعض نے کہا کہ جائز ہی کہ یطیقونہ جو اطاقت اسی باب افعال سے ہی اسکا ہمزہ واسطے سلب کے ہو پس معنے عدم طاقت ہونگے اگر کہا جاوے کہ سوائے یطیقونہ نازیا باب افعال کے دیگر قراءات غیر مشہورہ مین انکے موافق قراءت نہین جائز ہی تو انکے موافق تفسیر کہان سے جائز ہوئی تو جواب یہ ہی کہ انکے موافق تفسیر نہین کی گئی بلکہ تفسیر موافق مشہورہ کے ہی ولیکن مشہورہ قراءۃ کی تاویل مین کبھی قراءات غیر مشہورہ سے تائید لیجاتی ہی اور یہ جائز ہی کما صرح بہ غیر واحد فافہم اور صحیح یہ ہی کہ یہ آیت منسوخ ہی اور یہ حکم تندرست مقیمون کے واسطے ابتداے اسلام مین تھا جیسا کہ شیخ ابن کثیر و بیضاوی وغیرہ نے ذکر کیا اور یہی جمہور مفسرین و فقہاے معتبرین کا قول ہی اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ قال الامام احمد حدثنا ابو النضر حدثنا المسعودی حدثنا عمرو بن مرہ عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کہ معاذ نے کہا کہ نماز کے تین حال بدلے اور روزے کے تین حال بدلے سو احوال نماز کے یون ہین کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ مین تشریف لائے اور وہ سترہ مہینہ بیت المقدس کی طرف نماز پڑھتے تھے پھر اللہ عزوجل نے انپر نازل فرمایا۔ قد نری تقلب وجہک فی السماء فلنولینک قبلۃ ترضاہا الآیۃ پس اللہ تعالے نے آپکو کعبہ کی طرف پھیرا یہ تو ایک حال ہوا پھر کہا کہ صحابہؓ جمع ہوتے نماز کے لیے اور بعض انکا بعض کو نماز کی آواز دیتا یہانتک کہ ناقوس بجانے کی راے لگائی پھر ایک مرد انصار مین سے جسکو عبد اللہ بن زید بن عبد ربہ کہتے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کہا یا رسول اللہ مین نے خواب دیکھا اور اگر مین کہون کہ مین سوتا نہ تھا تو بھی سچا ہون گویا کہ سوتے اور جاگتے کے بیچ مین تھا کہ ناگاہ مین نے ایک شخص دیکھا جسپر دو سبز کپڑے تھے اور اسکے ہاتھ مین ناقوس تھا مین نے کہا کہ بندہ خدا اسکو بیچتا ہی اسنے کہا کہ لیکر کیا کریگا مین نے کہا کہ جماعت نماز کے لیے بلاؤنگا اسنے کہا کہ بھلا مین تجھے بہتر نہ سکھلاؤن ؟ پس اسنے قبلہ کی طرف رخ کیا اور کہا

اللہ اکبر اللہ اکبر اشہد ان لا الہ الا اللہ دو دو بار یہانتک کہ اذان سے فارغ ہوا پھر ایک ساعت ٹھہرا پھر ویسا ہی کہا جیسے پہلے کہا تھا صرف اتنا فرق تھا کہ اسنے قد قامت الصلوٰۃ دو بار زیادہ کیا۔ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسکو بلال کو سکھلاوے پس چاہیئے کہ بلال اسکے ساتھ اذان دیا کرے پس بلال نے ہی نے اول اسکے ساتھ اذان دی تھی۔ کہا معاذ نے کہ آوازِ اذان سنکر جلدی سے آئے عمر بن الخطاب اور عرض کیا یا رسول اللہ میرے خواب میں بھی مثل اسکے آیا جیسے اس شخص کے خواب میں گو بات اتنی ہوئی کہ اسنے مجھ سے سبقت کی پس یہ دو حال ہوئے اور کہا کہ صحابہ آتے نماز کو اور حال یہ ہوتا تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں سے بعض رکعت سے اوا کر چکے ہوتے تھے پس یہ کرتے تھے کہ آنے والا آدمی ایک مرد کو اشارہ کرتا یعنے کتنی ہوگئی ہے تو وہ کہدیتا اشارہ سے کہ ایک رکعت یا دو رکعت پس وہ اسیقدر پڑھکر قوم کے ساتھ نماز میں شامل ہوجاتا تھا کہا پھر آئے معاذ پس کہا کہ میں تو جس حال پہ آنحضرت صاحم کو پاؤنگا میں بھی اسی میں شامل ہوجاؤنگا پھر جتنی نماز مجھسے پہلے ہوگئی اسکو قضا کرلیا کرونگا چنانچہ یہی ہوا کہ معاذ رضی اللہ عنہ اسی حالت میں آئے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بعض نماز کی سبقت کر چکے تھے پس معاذ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کھڑے ہوگئے پھر جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز تمام کی تو معاذ نے کھڑے ہوکر باقی نماز ادا کی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تمھارے لیے معاذ نے ایک طریقہ نکالا پس ایسا ہی تم کرو کیا کرو پس یہ تین حال نماز کے ختم ہوئے رہے روزے کے احوال سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے پس ہر مہینہ میں سے تین روز اور عاشورا کے دن کا روزہ رکھا کرتے تھے پھر اللہ تعالے نے آپ پر صیام فرض کیے اور یہ آیت اتاری۔ یاایہا الذین آمنو کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم تا قولہ وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین۔ پس یہ اختیار تھا کہ جسنے چاہا روزہ رکھا اور جسنے چاہا مسکین کو کھانا دیدیا کہ یہ اسی طرف سے روزے کے بدلے کافی ہوجاتا تھا پھر اللہ عزوجل نے دوسری آیت اتاری شہر رمضان الذی انزل فیہ القرآن تا قولہ فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ۔ پس اللہ تعالے نے شدرست مقیم پر روزہ ہی واجب کردیا اور افطار کرنے کی مریض و مسافر کو رخصت دیدی اور کھانا دینے کا حکم ایسے بوڑھے کے واسطے ثابت رہا جو روزہ رکھنے کی استطاعت نہیں رکھتا ہی پس یہ دو حال ہوئے اور کہا کہ صحابہ کھاتے پیتے اور جورو ون کے پاس آسکتے تھے جبتک کہ سو نہ جاوے پھر جب سو گئے تو اس سے ممنوع ہوجاتے تھے پھر انصار میں سے ایک مرد جسکو صرمہ کہتے تھے روزے کی حالت میں کام کرتا رہا یہانتک کہ شام ہوئی پس اپنی اہل خانہ کے پاس آیا اور کھانا مانگا تو اسنے کہا کہ کچھ موجود نہیں ہی میں جاکر تلاش کرکے لاتی ہوں اور اسکو آنے میں دیر ہوئی اور صرمہ کو تھکان تھی پھر عشا کی نماز پڑھکر سو گیا پس اسنے نہ کچھ کھایا تھا نہ پیا تھا یہانتک کہ صبح ہوئی پس روزہ دار اٹھا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اوسکو دیکھا اور حال یہ تھا کہ اسکو جہد شدید پہونچا تھا پس اس سے فرمایا کہ کیا ہے کہ میں تجھے جہد شدید میں دیکھتا ہوں اسنے کہا یا رسول اللہ میں نے کل تمام دن کام کیا اور جسوقت آیا کرتا تھا اسوقت گھر آیا پس تھک کر میں نے اپنے شین ڈال دیا پس میں سو گیا پس صبح جسوقت اٹھا تو روزہ دار اٹھا اور کہا کہ عمر بن الخطاب کا یہ حال ہوا کہ انھوں نے سو جانے کے بعد اپنی جورو سے مباشرت کرلی ہے اور یہی کعب بن مالک وغیرہ سے ہوا ہے پس انھوں نے آکر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنا یہ حال ذکر کیا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ احل لکم لیلۃ الصیام الرفث الی نسائکم تا قولہ ثم اتموا الصیام الی اللیل اس حدیث کو ابوداؤد نے بھی اپنی سنن میں اور حاکم نے مستدرک میں حدیث مسعودی سے روایت کیا اور بخاری و مسلم نے حضرت عائشہ سے روایت کی کہ عاشورا کا روزہ رکھا جاتا تھا پھر جب رمضان فرض کیا گیا تو یہ ہوا کہ جو چاہے اسکا روزہ رکھے اور جو چاہے افطار کرے اور بخاری نے ابن عمر و ابن مسعود سے اسکے مثل روایت کیا اور قولہ تعالے وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین۔ یہ حکم جیسا کہ معاذ نے کہا ابتداے امر میں تھا کہ جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے افطار کرے اور ہر روز کے بدلے ایک مسکین کو روزہ کھانا دے اور ایسا ہی روایت کیا بخاری نے سلمۃ بن الاکوع سے کہ جب یہ آیت اتری وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین۔ تو جو شخص افطار کرنا چاہتا تو افطار کرتا اور فدیہ دیتا یہانتک کہ وہ آیت اتری جو اسکے بعد ہے پس اسنے اس آیت کو

منسوخ کردیا اور نیز روایت کی کہ ابن عمر نے کہا کہ یہ آیت منسوخ ہی اور سدی رحمۃ اللہ نے عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ وعلی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین یطیقونہ اور یتحشمونہ یعنے تکلیف اٹھاکر ادا کرتے ہین اور کہا کہ جو چاہے روزہ رکھے اور جو چاہے افطار کرے اور ایک مسکین کو کھانا دے وان تصوموا خیر لکم اور روزہ رکھنا تمھارے لیے سب سے بہتر ہی پس لوگ اسی حال پر تھے یہانتک کہ قولہ تعالے فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ نے اسکو منسوخ کردیا اور نیز بخاری نے ابن عباس سے روایت کی کہ علی الذین یطیقونہ فدیۃ طعام مسکین کہا ابن عباس نے کہ یہ منسوخ نہین ہی وہ بوڑھا اور بڑھیا ہی جو روزہ رکھنے کی استطاعت نہین رکھتے ہین پس ہر روزہ کی جگہہ ایک مسکین کو کھانا دینگے رواہ غیر واحد عن ابن عباس رواہ ابو بکر بن ابی شیبہ نحوہ اور حافظ ابو بکر بن مردویہ نے ابن ابی لیلی سے روایت کی کہ مین رمضان مین عطا کے پاس گیا درحالیکہ وہ کھانا کھاتے تھے پس کہا کہ ابن عباس نے فرمایا کہ اتری یہ آیت پس اسنے منسوخ کردیا پہلی آیت کو باستثناء بوڑھے ضعیف کے کہ وہ چاہے تو افطار کرے اور بجاے ہر ایک روزہ کے ایک مسکین کو کھانا دیا کرے قال ابن کثیر پس حاصل یہ ہی کہ تندرست مقیم کے حق مین قولہ تعالے فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ سے نسخ ثابت ہی پھر جو شخص بوڑھا پھوس ہی کہ روزہ رکھنے کی استطاعت نہین رکھتا ہی تو اسکو اختیار ہی کہ افطار کرے اور اسپر قضا واجب نہین ہی کیونکہ اسمین ایسی حالت نہین آنے والی ہی کہ اس حال مین وہ قضا کرنے پر قادر ہوگا ولیکن یہ رہا کہ جب اسنے افطار کیا تو بھلا اسپر ہر روزہ کی جگہہ ایک مسکین کو کھانا دینا واجب ہی یا نہین جبکہ وہ ایسا مالدار ہو کہ دیسکتا ہو تو اسمین علماء کے دو قول ہین ایک کہ اسپر کھانا دینا واجب نہین کیونکہ اپنے سن سے اسقدر ضعیف ہی کہ روزے نہین رکھ سکتا ہی پس اسپر فدیہ نہین واجب ہوگا جیسے نابالغ پر واجب نہین ہی اسواسطے کہ اللہ تعالے نے فرمایا لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا اللہ تعالے مکلف نہین کرتا کسی نفس کو الا اسکی وسعت بھر اور یہی امام شافعی کا ایک قول ہی اور دوسرا قول اکثر علما جو صحیح ہی یہ کہ اسپر فدیہ واجب ہی یعنے ہر روزہ کے بدلے ایک مسکین کو کھانا دے جیسا کہ ابن عباس وغیرہ اکابر سلف نے تفسیر مین بیان کیا ہی اور یہ اس قراءۃ پر ہی وعلی الذین یطیقونہ ای یتحشمونہ جیسا کہ ابن مسعود وغیرہ نے فرمایا ہی اور یہی امام بخاری رحمۃ نے اختیار کیا ہی چنانچہ کہا کہ بوڑھا ضعیف جبکہ روزہ رکھنے کی طاقت نرکھے تو کھانا دے چنانچہ انس رضی اللہ عنہ بعد بوڑھے ضعیف ہو جانے کے ایک سال یا دو سال ہر روز کے عوض مسکین کو گوشت روٹی کھانا دیا اور روزہ افطار کیا اور یہ مذہب جسپر بخاری رحمۃ خود قائم ہوے اور حضرت انس رضی اللہ عنہ کا حوالہ دیا اسکو حافظ ابو یعلی موصلی نے بالاسناد روایت کیا چنانچہ اپنی مسند مین کہا حدثنا عبد الصمد بن معاذ حدثنا ابی حدثنا عمران عن ایوب عن ابی نصیرۃ کہا کہ ضعیف ہوے انس رضی اللہ عنہ روزے رکھنے سے پس ایک برس یا کچھ اوپر اثرید تیار کیا پھر تیس مسکینون کو بلایا اور انکو کھلا دیا قال ورواہ عبد بن حمید عن روح بن عبادہ عن عمران وہو ابن حدیر عن ایوب بہ ورواہ عبد بن حمید ایضا من حدیث شعبۃ عن ابی نصیرۃ عن انس بمعناہ پھر حماد و مضمر عورتین بھی اسی معنی مین بوڑھے سے ملحق ہین کہ ان دونون کو جب اپنی جان پر یا فرزند کی جان پر خوف ہو تو افطار کرین ولیکن انکے حق مین علماء کے درمیان بہت اختلاف ہی چنانچہ بعض نے کہا کہ دونون افطار کرین اور فدیہ دین اور قضا کرین اور بعض نے کہا کہ فقط فدیہ دین اور قضا اپر نہین ہی اور کہا گیا کہ قضا کرنا بدون فدیہ کے واجب ہی قال المترجم یہی علماے حنفیہ کا قول ہی کہ افطار جائز ہی مگر قضا کرین قال ابن کثیر اور کہا گیا کہ افطار کرین اور اپر فدیہ و قضا کچھ نہین ہی قال المترجم باقی رہے یہان چند مسئلہ ایک یہ کہ بوڑھا پھوس جب مال نہین رکھتا ہی تو جمہور علماء کے نزدیک اسکا کیا حکم ہی اور دوسرا یہ کہ مال سے کس قدر مال مراد ہی آیا نصاب زکوۃ کی قدر ہو یا صدقہ فطر کے قدر ہو یا مطلقا ہی اور وصیت اسمین کتنے مال سے نافذ ہوگی جبکہ اسنے خود وا نکیا اور مریض اگر مر گیا تو کیا حکم ہی اور اگر چنگا ہو کر پھر قضا کرنے سے پہلے بیمار ہو کر وصیت کی اور مر گیا تو کیا حکم ہی یہ فروع مسائل بہت ہین یہان انکے بیان کی گنجایش نہین مترجم کے ترجمہ فتاوی عالمگیری و عین الہدایہ کے مسائل صوم و وصایا مین سے تلاش کرو اور یہ جان لینا چاہیے کہ فقہاے عراق کا جو قول ہیضاوی نے مقدار فدیہ مین نقل کیا وہی امام ابو حنیفہ و انکے اصحاب کا قول ہی فص ۲ بعض اشارات عرائس مین ہی کہ قولہ تعالے یا ایہا الذین امنوا کتب علیکم الصیام کما کتب علی الذین من قبلکم یہ ندا ہی ان لوگون کو جو اہل دل ہین یعنے خطاب ازل

اسمان

ایمان لائے اور ثابت ہیں اور اصل صوم جسم تو فقہ میں معروف ہے اور صوم قلب یہ کہ دونوں جہان سے بالکل اپنے آپکو روک لے جبکہ صوم سے جزائے حق چاہتا ہے تاکہ بشریت کے میل کچیل سے پاک ہو جاوے اور مقام قربت اور امن میں پہنچ جاوے قال المترجم حاصل اسکا یہ ہے کہ بدن کا تزکیہ و طہارت تو صوم شرعی سے ہوتی ہے اور روح و قلب کی طہارت و تزکیہ اسطرح ہوتا ہے کہ سوائے ذات باری عزوجل کے سب جہان سے منہ پھیر لے اور دنیا اور جتنی چیزیں دنیا کی ہیں انکی محبت والفت کو بالکل جگہ ندے پس جب دونوں کو جمع کریگا تو اثر پیدا ہوگا ورنہ کچھ نہیں اسواسطے کہ عبادات تمام تزکیہ بدن کے واسطے مشروع ہیں اور اسکے ساتھ اخلاق تزکیہ روح کے واسطے ہیں اور اول تو فقہ میں مذکور ہیں اور دوم احادیث سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم میں ہیں فوائد تعالے ایاما معدودات اہل غفلت دنیا پر فریفتہ ہیں اور اہل دل کے نزدیک تمام دنیا ایام معدودہ ہیں خصوص عمر کہ یہ دنیا میں ہیں کے چند روز ہیں چند روزہ اور ہیچ کہ یہ چند روز کی زندگی کہت جلد گذر جائیگی تاکہ تم سلطنت قدیم کی بارگاہ میں جاکر اپنا روزہ افطار کرو قال المترجم حدیث میں ہے کہ جو مرا اسکی قیامت قائم ہوگئی پس جو کچھ تکلیف خاصان خدا پر ہے وہ یہی چند روز ہیں لیکن فی الحقیقت دنیاوی آدمی اپنے تکلیف دیکھتا ہے اور وہ ہیں راحت میں ہیں - بالجملہ شہوات نفس کی جتنی ہیں روا نہیں ہیں قال المترجم کوئی شک نہیں کہ دنیاوی زندگی بسر کرنے کو راہ آخرت قطع کرنا سمجھے اور حدیث میں تاکید ہے کہ دنیا میں ایسا رہ جیسے راہ چلتا مسافر ہوتا ہے پس ہر ایک اسیطرف چلا جاتا ہے اگرچہ بہتیروں کو ہوش و خبر نہیں پس وہ تھکے ہوئے مسافر ہیں اور بیشتر مرض قلب یعنے کفر و نفاق میں مردہ ہیں کہ کافروں و منافقوں کا جنازہ انکے نفس کے ہاتھوں روان ہے جو عالم آخرت میں جاکر دوزخ کے گڈھے میں ڈال دیا جائیگا و مرض فرقت و غفلت اس سے کم ہے چنانچہ اسکا علاج دنیا کا ترک ہے جس سے غفلت چھائی ہے فافہم واضح ہو کہ بذل نفس و مال کو مقام انس کی طلب میں جسنے ہر ہر مقام میں واجبی نکیا وہ محروم رہا کہ بذل نفس و ہلاک اسکا ہر مقام میں قدر واجب ہے کیونکہ حقیقت معاملہ یوں ہی قرار پایا ہے اور اسکے اسرار طویل ہیں اچانک ہلاک نفس مثم محرومی ہے علی ہذا تعدی اعضاء میں بھی قدر واجب سے نہیں مگر یہ سب اسکو خصتوں کی پیروی سے اچھا ہے اور یہی نکتہ ہے کہ نفس کی ہلاک میں تاکید ہے مع ہذا حدیث میں نفس کا حق بھی بیان ہوا اور رہبانیت منع ہوئی اور پے در پے صوم وصال بغیر افطار کے اور چلہ جس سے فرائض سے عاجز ہو سب منع ہوا اور وہی جائز ہوا جسقدر شرع میں معروف ہے اور علی ہذا نفس کو بالکل بے آب و دانہ قتل کرنا حرام ہوا اگرچہ قتل نفس اسمیں بالکل حاصل ہے فتامل - اور واضح ہو کہ ابن ابی حاتم نے عیثمہ سے روایت کی کہ فرمایا جو تم قرآن میں یا ایہا الذین آمنوا پڑھے ہو وہ توریت میں یا ایہا المساکین ہے فافہم ہم

کہا اللہ تعالے نے احکام صوم کی آیتیں مع احکام نازل فرمانے تقوا اللہ تعالے

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِي أُنْزِلَ فِيهِ الْقُرْآنُ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدَىٰ وَالْفُرْقَانِ ۚ فَمَنْ شَهِدَ

مہینا رمضان کا جسمیں نازل ہوا قرآن ہدایت واسطے لوگوں کے اور کھلی نشانیاں راہ کی اور فیصلہ پھر جو کوئی پاوے تم میں سے

مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۖ وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِنْ أَيَّامٍ أُخَرَ ۗ يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا

یہ مہینا تو اسکو روزہ رکھے اور جو کوئی ہو بیمار یا سفر میں تو گنتی چاہیے اور دنوں سے اللہ چاہتا ہے تمپر آسانی اور نہیں

يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللَّهَ عَلَىٰ مَا هَدَاكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُونَ

چاہتا تمپر مشکل اور اسواسطے کہ پوری کرو گنتی اور بڑائی کرو اللہ کی اس بات پر کہ تمکو راہ بتائے اور شاید تم احسان مانو

قول جمہور کے موافق یہ آیت پہلی آیت کی ناسخ ہے اور یہ بھی معلوم ہو چکا کہ ایاما معدودات سے اصح قول کے موافق صیام رمضان مراد ہے جیسا کہ حدیث معاذ میں گذرا اور یہی قول حسن بصری و سدی و ابن عمر رضی اللہ عنہ اور دوسروں سے مروی ہے اور یہی مفسر سیوطی رح نے اختیار کیا ہے اور بعض نے گمان کیا کہ بنابرین آیت سابق نسخ ہوگی کیونکہ وہی ایام باقی ہیں لیکن اسکی کوئی وجہ نہیں اسواسطے کہ نسخ اسکی تخییر میں ہے کہ مقیم تندرست میں سے جو چاہے

رکھے یا فدیہ دے پس یہ تخییر منسوخ ہوگئی اور اس آیت میں روزہ حتماً ہوگیا چنانچہ فرمایا شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ ۔ یعنے یہ ایام معدودہ ماہ رمضان ہے جسکی یہ شان ہے کہ اسمیں قرآن نازل کیا گیا یا بایں شان کہ وہ لوگوں کا ہادی ہے اور ہدی سے دلائل واضحات اور فرقان ہے پس جو کوئی اس ماہ میں حاضر ہو وہ اس ماہ کو روزے میں گزارے ف پس سوائے روزہ رکھنے کے اسکو اطعام کا اختیار نہیں ہے۔ حاضر سے مسافر نکل گیا اور اسکا حکم مع مریض کے آئندہ آتا ہے اَلشَّهْرُ شہر قرارہ شَهْرُ رَمَضَانَ ۔ برفع شہر ہے اور ایک قرارہ میں بنصب آیا ہے اور مفسرین نے کہا کہ یہ مبتدا اور اسکا بعد خبر ہے یا ذلکم شہر رمضان یا بمعنے کتب علیکم الصیام صیام شہر رمضان یا ایام معدودات سے بدل ہے اور یہی اخیر مرجع کلام مفسر سیوطی ہے اور بیضاوی نے ذکر کیا کہ شہر ماخوذ از شہرت ہے اور زجاج نے کہا کہ شہر نام ہے ہلال کا اور مشہور یہ کہ اُس مدت کا نام ہے جو ہلال کے ظاہر ہونے سے اسکے چھپنے تک ہے اسکو شہر اسواسطے کہتے ہیں کہ لوگوں کے معاملات وعبادات کی حاجت سے وہ اسمیں مشہور ہوگیا رمضان مصدر ہے رَمَضٌ بمعنے احتراق کا اسی جل گیا پھر شہر اسکی طرف مضاف کیا گیا اور علم قرار دیا گیا یعنے مجموع ورنہ اضافت شہر کی اسکی طرف مستحسن نہوتی جیسے انسان زید کی اضافت مستحسن نہیں ہے اور نیز شہر رجب و شہر شعبان عرب سے مسموع نہیں ہے اور حدیث من صام رمضان الخ بطریق حذف مضاف ہے قال البیضاوی مجاہد نے کہا کہ رمضان ایک نام ہے اللہ تعالے کے ناموں سے جیسے شہر رمضان بولتے ہیں ویسے شہر اللہ بولتے ہیں اور صحیح یہ ہے کہ وہ مہینہ کا نام ہے (المعالم) یعنے سلف سے روایت کیا گیا کہ انہوں نے خالی رمضان بدون شہر رمضان کہنے کو مکروہ جانا ابوہریرہ نے کہا کہ مت کہو رمضان کیونکہ رمضان اللہ تعالے کے ناموں میں سے ایک نام ہے بلکہ کہو شہر رمضان (ابن ابی حاتم باسناد ضعیف) اور مجاہد و محمد بن کعب سے اسکے مانند مروی ہوا اور حضرت ابن عباسؓ و زید بن ثابت سے رمضان کہنے کی اجازت ہے اور امام بخاری رحمہ اللہ نے اسی کو نصرت دیدی کہ صحیح میں ایک باب اسی بیان کا منعقد کیا جسمیں وہ صحیح حدیثیں روایت کردیں جنمیں رمضان ہے چنانچہ حدیث من صام رمضان ایمانا و احتسابا غفرلہ ما تقدم من ذنبہ ۔ یعنے جسنے روزے میں گزارا رمضان کو ایمان و احتساب سے بخشے جاوینگے اسکے وہ گناہ جو اس سے پہلے کر چکا ہے (ابن کثیر) اب رہا کہ اس مہینہ کو رمضان کیوں نام رکھا تو بیضاوی وغیرہ میں ہے کہ پیاس سے سوختہ ہونے کی وجہ سے یقال رمضت الصائم ۔ جبکہ پیاس کی شدت سے اسکا جگر جلنے لگے ۔ یا ۔ لرمض الذنوب فیہ ۔ بوجہ اسکے کہ اس مہینہ میں گناہ جل جاتے ہیں ۔ یا موسم کی وجہ سے کہ یہ انہوں نے لغت قدیمہ کے مہینوں کے نام کو نقل کیا تو رمضان اسوقت سخت گرمی میں پڑتا تھا قال الماوردی جاہلیت میں اسکا نام ناتق تھا لغت قدیم میں مہینوں کے نام یہ تھے ۔ موتمر ۔ ناجر ۔ خوان ۔ وبصان ۔ حنین ۔ برک ۔ اصم ۔ عاذل ۔ ناتق ۔ وعل ۔ ورنہ ۔ یرک ۔ بچائے انکے ترتیب وار محرم ۔ صفر ۔ ربیع الاول ربیع الآخر ۔ جمادی الاولی ۔ جمادی الاخری ۔ رجب ۔ شعبان ۔ رمضان ۔ شوال ۔ ذوالقعدہ ۔ ذوالحجہ ۔ بدلے گئے اس آیت میں اللہ تعالے ماہ صیام کی فضیلت فرماتا ہے کہ حق تعالے نے مہینوں کے درمیان سے قرآن عظیم اتارنے کے واسطے اسی مہینہ کو مخصص فرمایا اور حدیث میں آیا ہے کہ آسمانی کتابیں اگلے انبیا پر بھی اسی مہینہ میں اتری ہیں ۔ چنانچہ امام احمد نے واثلہ بن الاسقع سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نازل کیے گئے صحف ابراہیم پہلی رات رمضان میں اور توریت چھ راتیں رمضان گذرنے پر اور انجیل تیرہ راتیں رمضان گذرنے پر اور اللہ تعالے نے قرآن کو چوبیس راتیں رمضان گذرنے پر اتارا اور حدیث جابر بن عبد اللہ میں یوں ہے کہ زبور بارہ راتیں رمضان گذرنے اور انجیل اٹھارہ راتیں رمضان گذرنے پر اور باقی ویسا ہی ہے جیسا کہ واثلہ بن الاسقع کی حدیث میں گذرا ۔ رواہ ابن مردویہ (ابن کثیر) پھر کہا یعنے ہیں قولہ ۔ انزل فیہ القرآن ۔ اتارا گیا اس مہینہ میں قرآن ۔ اور اسمیں شک نہیں کہ قرآن بیس برس تک متفرق ایام میں نازل ہوتا رہا ہے ۔ اور شروع وحی بماہ ربیع الاول تھا تو بعض نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ اسمیں اسکے اترنے کی ابتدا ہوئی کما فی البیضاوی وغیرہ مراد یہ کہ لوح محفوظ

سے آسمان دنیا پر ماہ رمضان کی لیلۃ القدر میں اترا۔ اور یہی قول تابعین میں سے شعبی رحمہ اللہ کا ہے اور بعض نے کہا کہ بیس برس یا بتیس برس تک ہر سال رمضان کی لیلۃ القدر میں لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر اسقدر اترتا تھا جتنا تمام اس سال میں متفرق نازل ہوتا تھا تقولہ تعالے انا انزلناہ فی لیلۃ القدر اور اسکو قرطبی نے مقاتل بن حیان سے حکایت کیا اور یہی قول جلیمی و ماوردی کا ہے اور قرطبی نے کہا کہ مفسرین و علما کا اجماع ہے کہ وہ ایکبارگی لوح محفوظ سے آسمان دنیا کے بیت العزۃ میں اترا اور شیخ ابن حجر نے شرح صحیح بخاری میں کہا کہ یہی قول صحیح و معتمد ہے اور مفسر سیوطی رحمہ اللہ نے کہا کہ یہی اصح و اظہر ہے اور حاکم و بیہقی وغیرہ نے اسی کو ابن عباس رض سے روایت کیا کہ قرآن لیلۃ القدر میں سب یکبارگی آسمان دنیا پر اتارا گیا اور موقع النجوم تھا کہ اللہ تعالے اپنے رسول پر اسمیں سے بعض کو اثر بعض پر نازل فرماتا تھا۔ اور حاکم و بیہقی و نسائی نے ابن عباس سے روایت کی کہ اتارا گیا قرآن سب یکبارگی آسمان دنیا پر لیلۃ القدر میں پھر اسکے بعد اتارا گیا بیس سال میں پھر پڑھا۔ وَلَا يَأْتُونَكَ بِمَثَلٍ إِلَّا جِئْنَاكَ بِالْحَقِّ وَأَحْسَنَ تَفْسِيرًا وَقُرْآنًا فَرَقْنَاهُ لِتَقْرَأَهُ عَلَى النَّاسِ عَلَى مُكْثٍ وَنَزَّلْنَاهُ تَنْزِيلًا (النسائی وغیرہ) پس مشرکین جب حدث کرتے کوئی شی تو اللہ تعالے انکا جواب نازل فرماتا تھا (ابن ابی حاتم) اور سعید بن جبیر نے ابن عباس سے روایت کی کہ جدا کیا گیا قرآن لوح محفوظ سے پس رکھا گیا آسمان دنیا پر بیت العزت میں پھر جبرئیل علیہ السلام اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر لانے لگے (ابن ابی شیبہ والحاکم) قال المفسر السیوطی ان روایتوں کی اسناد ہیں صحیح ہیں۔ اور طبرانی نے دوسری وجہ سے ابن عباس سے روایت کی کہ اتارا گیا قرآن لیلۃ القدر میں ماہ رمضان میں آسمان دنیا پر سب یکبارگی پھر جدا جدا اترا قال المفسر السیوطی اسنادہ لا باس بہ۔ اور تفسیر امام ابن کثیر میں ہے کہ علیہ بن الاسود نے ابن عباس رض سے سوال کیا کہ میرے دل میں شک پڑ گیا کہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ شہر رمضان الذی انزل فیہ القرآن۔ اور فرمایا۔ انا انزلناہ فی لیلۃ مبارکۃ۔ اور فرمایا۔ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر۔ حالانکہ قرآن اتارا گیا ہے شوال میں بھی اور ذی قعدہ میں بھی اور ذی الحجہ و محرم و صفر و ربیع الاول میں بھی تو ابن عباس رض نے فرمایا کہ قرآن رمضان میں لیلۃ القدر یعنی لیلۃ مبارکۃ میں سب یکبارگی اتارا گیا پھر مہینوں و ایام میں علی مواقع النجوم ترتیل سے اتارا گیا رواہ ابن ابی حاتم و ابن مردویہ قال المفسر رواہ البیہقی ایضا فی الاسماء والصفات شیخ ابو شامہ نے کہا کہ علی مواقع النجوم ای علی مساقطہا یعنی آہستگی سے بعض کے پیچھے بعض کر کے اتارا گیا۔ قال المترجم اشکال یہاں یہ پیش ہوا کہ سابق حدیث میں تھا کہ چوبیس راتیں رمضان گذرنے پر قرآن اترا ہے اور اللہ تعالے نے فرمایا کہ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر ہمنے اسکو شب قدر میں اتارا اور صحاح کی احادیث سے ثابت ہے کہ شب قدر رمضان کے اخیر عشرہ کے طاق راتوں میں ہوتی ہے اور جواب اسکا وہ ہے جو شیخ ابن حجر نے شرح صحیح بخاری میں کہا کہ شب قدر اس رمضان میں تئیس تاریخ بعد تھی پھر چوبیسویں تاریخ رمضان میں اقرا باسم ربک۔ نازل ہوئی اور اسپر یہ اشکال وارد ہوا کہ مشہور یوں ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ربیع الاول میں ہوئی اور جواب یہ ہے کہ اول نبوت آپ کے سچے خوابوں علامات خیر سے تھی تاکہ معتاد ہوں پر جاگنے میں چھ مہینے کے بعد آپ پر وحی کی گئی یہ بیہقی وغیرہ نے بیان کیا ہے کذا ذکرہ المفسر والقرآن بعض نے کہا نام ہے کلام اللہ تعالے کا بمعنے مقروء جیسے کتاب بمعنے مکتوب اور بعض نے کہا مصدر ہے ومنہ قولہ وقرآن الفجر ای قراءۃ فجر کی اور شافعی سے روایت ہے کہ قرآن اسم ہے اور مہموز نہیں ورنہ وہ قراءۃ سے مأخوذ ہے بلکہ مثل توراۃ و انجیل کے اس کتاب مجید کا نام ہے ذکرہ المفسر فی الاتقان اور اکثر فرماتے ہیں کہ قرآن مشتق از قرء بمعنے جمع ہے کیونکہ اسمیں سورتیں و آیات و احکام و امثال کا مجموعہ ہے۔ قولہ تعالے ہدی للناس الخ یہ دونوں حال واقع ہیں ہاء ذکر للناس۔ یعنے لوگوں کا ہادی ہے اور ذکر مصدر کا بطریق مبالغہ ہے گویا عین ہدایت ہے اور بینات جمع بینہ بمعنے واضحہ ہے قال البیضاوی یعنے اپنے اعجاز سے وہ لوگوں کے واسطے ہدایت ہے اور یہ مخصوص بقرآن ہے دوسری آسمانی کتابوں میں نہیں پایا جاتا ہے اور بینات من الہدی والفرقان یعنے اسکے احکام و حکمتیں حق کے لیے کھلیں فضیلتیں ان میں اور حق و باطل حلال حرام میں تمیز دیتی ہیں اور بعض نے کہا کہ اول ہدی اعتقادیات میں ہے اور دوسرا احکام عملی میں اس سے کہ انپر عمل کرنا موجب

سلم اور قرآن بفتح اول و ضم ثانی مصدر ہے

رسول برحق ہی تو تعالے نے فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ - اللہ عزوجل نے اس مہینہ کی بزرگی ظاہر کرکے ایک حکم حق اس مہینہ کے بابت فرمایا کہ جو تم میں سے اس مہینہ میں حاضر ہو یعنے مقیم ہو مسافر نہو اسکو چاہیے کہ روزہ رکھے بعض نے کہا مراد یہ ہی کہ جو اول شہر میں حاضر ہو وہ تمام مہینہ روزہ رکھے اگرچہ درمیان میں سفر کرے جیسا کہ علی و ابن عمر و ابن عباس رضی اللہ عنہم نے تفسیر کی ہی (اخرجہ ابن جریر و ابن ابی حاتم وغیرہما) پس یہ مجاز لغوی ہی کہ شہر کا اطلاق جزو پر کیا اور بیضاوی میں ہی کہ بعض نے مضاف مقدر کیا ای فمن شہد منکم ہلال الشہر - یعنے جسنے تم میں سے چاند پایا - قال ابن کثیر جو شخص مقیم ہو بستی میں جبکہ ماہ رمضان آگیا اور وہ اپنے بدن سے تندرست ہو تو لا محالہ روزہ رکھے قال البیضاوی اصل اسکی یوں ہی فمن شہد منکم فیہ فلیصم فیہ یعنے جو شخص تم میں سے حاضر ہو اسکو چاہیے کہ اسمیں روزہ رکھے پس بجاے ضمیر کے اسم ظاہر ذکر کیا پس اول فیہ کی جگہ الشہر کا ذکر کرنا واسطے تعظیم کے ہی اور دوسری فیہ کی جگہ ضمیر منصوب بنزلہ مفعول بہ کے کر دیا کیونکہ حقیقۃً تو ضمیر ظرف کی بدون فی کے نہیں ہوتی ہی اور یہی تفسیر مختار ہی کہ جو شخص اس مہینہ کے اندر مقیم ہوگا خواہ اول میں ہو یا اوسط یا آخر کبھی ہو اسپر روزہ رکھنا واجب ہی جبکہ وہ تندرست ہو اور اگر درمیان میں سفر کرے تو افطار کرے اور اگر درمیان میں سفر سے آوے روزہ واجب ہی اس سے نکل آیا کہ جو امام رازی نے یہاں وہم پیش کیا کہ من شہد الخ شرط ہی اور فلیصمہ جزا ہی اور قاعدہ یہ کہ بعد شرط کے جزا ہوتی ہی تو لازم آیا کہ شہر یعنے ماہ رمضان کے بعد روزہ ہی حالانکہ یہ مقصود نہیں ہی جواب یہ کہ الشہر سے فی الشہر مراد ہی تو جو شخص کہ اس مہینے کے اندر حاضر ہو اسپر روزہ واجب ہی حتی کہ چاند رات سے ہو تو اول سے یا اوسط و آخر جب ہو فافہم - قال ابن کثیر اور اس آیت نے منسوخ کر دیا اس باحت کو جو پہلی آیت سے ثابت ہوئی تھی کہ تندرست مقیم کو افطار کرکے بجاے اسکے مسکین کو فدیہ دینا مباح تھا پھر جب منسوخ کرکے روزہ رکھنا واجب فرمایا تو مسافر و مریض کا حکم اعادہ فرمایا تو قولہ تعالے وَمَنْ كَانَ مَرِيضًا أَوْ عَلَىٰ سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ أَيَّامٍ أُخَرَ - اور جو کوئی مریض ہو یا سفر پر ہو تو دیگر ایام سے شمار واجب ہی ف یعنے جو شخص بیمار ہو کہ اسپر روزہ مشقت ہو یا شدت مرض کا خوف ہو یا مسافر ہو کہ حالت سفر میں ہو یعنے مقیم کے حکم میں بھی نہو تو اسکو روا ہی کہ افطار کرے اور جتنے دن افطار کرے اسیقدر گنتی سے اور دنوں میں قضا کرلے اور یہ قضا واجب ہی اور یہ رخصت بمقتضاے رحمت ہی اسیواسطے فرمایا - يُرِيدُ اللَّهُ بِكُمُ الْيُسْرَ وَلَا يُرِيدُ بِكُمُ الْعُسْرَ - اللہ تعالے تمہارے ساتھ آسانی چاہتا اور تمہارے حق میں مشقت نہیں چاہتا ہی ف یعنے حالت مرض و سفر میں تمکو افطار کی رخصت دی باوجودیکہ مقیم تندرست پر واجب کر دیا تو اسی سے کہ اللہ تعالے کو تمپر آسانی کرنا منظور ہی اور رحمت ہی اور تمپر سختی نہیں منظور ہی قال الشیخ ابن کثیر سلف سے ایک جماعت کا یہ مذہب ہی کہ جو شخص اول ماہ میں مقیم ہو پھر اسنے درمیان مہینہ میں سفر کیا تو اسکو عذر سفر کی وجہ سے افطار کا اختیار نہیں ہو اور افطار کا اختیار اسی مسافر کو ہی جسنے چاند دیکھا ایسی حالت میں کہ وہ مسافر تھا اور یہ قول غریب ہی اگرچہ ابن حزم نے اسکو محلے میں صحابہ و تابعین کی ایک جماعت سے نقل کیا ہی ولیکن اس نقل میں نظر ہی کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوا کہ آپ ماہ رمضان میں غزوہ فتح کے واسطے نکلے اور چلتے چلتے مقام کدید میں پہونچے پھر افطار کیا اور لوگوں کو افطار کرنیکا حکم کیا اخرجہ الشیخان مترجم کہتا ہی کہ اس حدیث میں دلیل ہی کہ سفر میں روزہ واجب نہیں ہوتا ہی ورنہ لازم آتا ہی کہ آپ نے عمداً واجب روزہ توڑ دیا حالانکہ اسپر کفارہ لازم آتا ہی پس وہ از قبیل فعل ہوتا ہی اور یہ قول علماے حنفیہ کے مؤید ہی - قال ابن کثیر ایک جماعت صحابہ و تابعین کا یہ مذہب ہی کہ سفر میں افطار کرنا واجب ہی - اور جمہور علما کے نزدیک اسمیں تخییر ہی کوئی بات واجب نہیں اور یہی قول صحیح ہی کیونکہ صحیحین میں ابو الدرداء سے روایت ہی کہ نکلے ہم لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ماہ رمضان میں سخت گرمی میں یہانتک کہ یہ حال تھا کہ ہم میں سے کوئی کوئی گرمی کی شدت سے اپنے سر پر اپنا ہاتھ رکھتا تھا اور ہم میں کوئی روزہ دار نہ تھا سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و عبد اللہ بن رواحہ کے اس حدیث سے ثابت ہوا کہ افطار واجب نہیں ہی کیونکہ اگر واجب ہوتا تو آپ افطار کرتے اور مخصوص آپ نہیں بلکہ عبد اللہ بن رواحہ بھی روزے سے تھے اور علماے میں سے ایک گروہ کا جنمیں سے شافعی بھی ہیں یہ قول ہی کہ سفر میں روزہ رکھنا افطار سے

افضل ہی کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر میں روزہ رکھا جیسا کہ اوپر کی حدیث سے معلوم ہوا۔ اور ایک گروہ نے کہا کہ نہیں بلکہ افطار کرنا افضل ہی اسمیں ایک تو رخصت الٰہی کو قبول کرنا پایا گیا اور دوسرے اس حدیث سے کہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہوئی ہی کہ آپ سے سفر کا روزہ رکھنا پوچھا گیا تو فرمایا کہ اگر افطار کر لیا تو اچھا ہی اور اگر روزہ رکھ لیا تو اسپر کچھ گناہ نہیں ہی۔ اور دوسری حدیث میں ہی کہ فرمایا کہ اللہ تعالے کی اس رخصت کو جو تمہارے واسطے رخصت دی ہی قبول کرو لہذا فرمایا۔ وَلِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَلِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰى مَا هَدٰىكُمْ وَلَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ۔ اور تاکہ تم شمار پوری کرو اور تاکہ اللہ تعالے کی ہدایت کرنے پر اسکی تکبیر کرو اور تاکہ تم شکر کرو۔ لتکمیل واکمال ہے دونوں طرح قرارت ہی۔ قال الامام رح اور ایک گروہ علما نے کہا کہ روزہ رکھنا اور نہ رکھنا دونوں مساوی ہیں کیونکہ حضرت عائشہ کی حدیث میں ہی کہ حمزہ بن عمرو الاسلمی نے کہا یا رسول اللہ میں بہت روزہ دار آدمی ہوں بھلا میں سفر میں روزہ رکھا کروں تو فرمایا کہ اگر تیرا جی چاہے تو روزہ رکھ اور اگر تیرا جی چاہے افطار کر لے اور یہ حدیث صحیحین میں ہی۔ اور بعض نے فرمایا کہ اگر روزہ شاق ہو تو افطار کرنا افضل ہی کیونکہ جابر رض کی حدیث میں ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو دیکھا جسپر سایہ کیا گیا تھا تو فرمایا کہ یہ کیا ہی صحابہ رض نے عرض کیا کہ روزہ دار ہی تو فرمایا کہ سفر سے نہیں ہی سفر میں روزہ رکھنا یہ صحیحین میں ہی اور مسند امام احمد وغیرہ میں حضرت ابن عمر و جابر وغیرہ صحابہ سے روایت ہی کہ جسنے اللہ تعالے کی رخصت قبول نہ کی اسپر جبال عرفہ کے برابر گناہ ہوگا۔ اور علما نے اسکی یہ تاویل کی ہی کہ فطر مکروہ رکھے تو ایسے شخص پر افطار واجب ہی اور روزہ حرام ہی۔ اور جاننا چاہیے کہ اصح حنفیہ کے نزدیک یہ ہی کہ اگر سفر میں روزہ رکھ لیا تو اسکی فرض کیطرف سے کافی ہو جائیگا واللہ اعلم۔ اب رہی یہ بات کہ قضا کرنے میں پے در پے رکھنا چاہیے ہی یا تفریق جائز ہی پس بعض علما کے نزدیک تتابع واجب ہی اور یہ قول ضعیف ہی اور دوسرا قول یہ ہی کہ تتابع واجب نہیں چاہے پے در پے رکھے اور چاہے متفرق قضا کرے اور یہی علماء حنفیہ کا قول ہی قال ابن کثیر رح اور یہ قول جمہور سلف و خلف کا ہی اور دلائل شرعیہ اسی کے مثبت ہیں۔ پھر قولہ تعالے یرید اللہ بکم الیسر الخ میں دلالت ہی کہ اللہ عزوجل کو مومنوں پر آسانی منظور ہی عموماً روزہ میں ہو یا غیر روزہ میں اور حدیث میں انس بن مالک سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یسروا ولا تعسروا وسکنوا ولا تنفروا متفق علیہ آسانی کرو سختی نہ کرو اور تسکین دو نفرت مت دلاؤ، اور ایک روایت میں ہی بشروا ولا تنفروا ہی ہی بشارت دو نفرت مت دلاؤ، اور اسی سے اکثر علما نے عوام کے واسطے جو آسان ہی اور آخری درجہ شرع میں جائز ہی مختار کیا ہی تاکہ شرع پر قائم رہیں ولیکن حرام شرع میں جائز نہیں اسمیں آسانی و بشارت کچھ نہیں ہی چنانچہ نماز جماعت کے ترک کرنے والوں کے حق میں فرمایا کہ میں نے قصد کیا کہ لکڑیاں جمع کرا کے انکا گھر پھونک دوں یہ مضمون حدیث کا ہی اور شرع میں جو کچھ وارد ہی وہ آسان ہی چنانچہ سنن و مسانید میں روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ملت حنفیہ سمحہ کے ساتھ بھیجا گیا ہوں یعنے ملت حقہ آسان کے ساتھ بھیجا گیا ہوں قولہ تعالے ولتکملوا العدۃ ولتکبروا اللہ الخ بیضاوی میں ہی کہ لام تعلیل کا اور یہ علتین ہیں فعل محذوف کی جسپر سیاق دلالت کرتا ہی ای شرع ما شرع کیا یہ سب جو ذکر کیا کہ مقیم صحیح بامور معلوم ہی اور مسافر مریض کو رخصت افطار ہی جسقدر افطار کیا اسکی عدت کی رعایت قضا میں واجب ہی یہ سب اسواسطے کیا تاکہ پوری کرو عدت الی آخرہ بسیل الوعظ و النشر مرتب ہی پس لتکملوا العدۃ تو علت ہی عدد افطار کے مراعات کی یعنے تاکہ جسقدر تمنے افطار کیا اسکی تعداد پوری کرکے ماہ رمضان کی تعداد کامل کرو اور لتکبروا اللہ علت ہی امر بقضا و بیان کیفیت کیونکہ یہ نعمت مستوجب حمد ہی اور لعلکم تشکرون علت ہی رخصت دینے اور آسانی کرنے کی اور تکبیر سے مراد تعظیم اللہ تعالے بحمد ہی اور ابن مسعود رض سے روایت ہی کہ وہ یوں تکبیر کہتے تھے اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر ولہ الحمد۔ اور ابن عباس سے روایت ہی کہ روزہ داروں پر حق ہی کہ جب ماہ شوال کو دیکھیں تو تکبیر کہیں یہانتک کہ اپنے عید سے فارغ ہوں کیونکہ اللہ تعالے فرماتا ہی ولتکبروا اللہ الخ داؤد ظاہری نے کہا کہ تکبیر واجب ہی اور امام ابو حنیفہ نے کہا کہ عید اضحی میں تکبیر کہے اور عید الفطر میں تکبیر کہے اور جمہور کے نزدیک مستحب ہی پھر بعض علما

حنفیہ کے نزدیک قول امام ابو حنیفہ کے معنے یہ ہیں کہ عید الفطر میں جہر سے تکبیر کہے اور یہ لوگ آہستہ سے عید الفطر کی تکبیر مستحب کہتے ہیں اور یہی صحیح ہے جاننا چاہیے کہ فضائل رمضان میں بہت احادیث آئی ہیں باتباع امام بغوی محی السنہ صاحب معالم التنزیل میں بھی چند کا ترجمہ یہاں ذکر کرتا ہوں چنانچہ ابو ہریرہ رضی سے مرفوعاً روایت ہے کہ جب ماہ رمضان داخل ہوتا ہے تو شیاطین و سرکش جن زنجیروں سے باندھے جاتے ہیں اور دروازے دوزخ کے بند کیے جاتے ہیں کہ اسکا کوئی دروازہ نہیں کھلتا اور دروازے جنت کے کھول دیے جاتے ہیں کہ اسکا کوئی دروازہ بند نہیں ہوتا اور پکارنے والا پکارتا ہے کہ اے خیر چاہنے والے پیش قدمی کر اور اے شر چاہنے والے کوتاہی کر اور اللہ تعالے کے لیے آگ سے آزاد کیے ہوئے ہیں اور ایسا ہر رات ہوا کرتا ہے۔ اور ابو ہریرہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جسنے رمضان کو ایمان و امید ثواب سے بخشے جاوینگے اسکے پچھلے گناہ اور جس شخص نے قیام کیا شب قدر میں ایمان و احتساب سے بخشے جاوینگے اسکے پچھلے گناہ۔ اور ابن عمر کی مرفوع حدیث میں ہے کہ روزہ اور قرآن دونوں بندے کی شفاعت کرینگے اور ابو ہریرہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ جسنے روزہ دار کو افطار کرایا اسکو مثل روزہ دار کے ثواب ہے مگر یہ کہ روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی اخرجہ الترمذی اور ابو ہریرہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ بندے کا ہر نیک کام دس گونہ سے سات سو گونہ تک بڑھایا جاتا ہے اللہ تعالے فرماتا ہے کہ سوائے روزے کے کہ وہ تو میرے ہی واسطے ہے اسلئے کہ پس میں اسکا بدلا دونگا میرے ہی واسطے اسنے اپنا طعام اور خواہش چھوڑ دی ہے روزہ دار کے لیے دو فرحت ہیں ایک فرحت وقت افطار کے اور ایک فرحت وقت ملاقات اپنے پروردگار کے۔ البتہ روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالے کے نزدیک مشک سے زیادہ پاکیزہ ہے (کذا فی الصحاح والحسن) ف ۲ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے شہر رمضان الذی الخ جسقدر تعلقات جسم و شہوت کم ہوتے ہیں اسیقدر فرحت روح و مشاہدہ کا نور ترقی کرتا ہے۔ بعض نے فرمایا کہ رمضان میں نزول القرآن اسواسطے کہ ہو اظہار ہو اسکی فضیلت و تخصیص درمیان مہینوں کے اور تاکہ دن میں روزہ فرض ادا ہو اور رات میں قرآن پڑھنے کے ساتھ قیام کیا جاوے اور واضح ہو کہ حدیث میں روزے کے ساتھ بدکاری و غیبت چھوڑنے کی تاکید ہے اور فرمایا کہ بدون اسکے اللہ تعالے کو بندے کے بھوکے رہنے سے کچھ غرض متعلق نہیں ہے یعنے روزہ در اصل دفع شہوات ہے اسیواسطے اہل الاسرار نے نکالا کہ شہوات دنیا و آخرت چھوڑ کر خلوص طاعت افضل ہے قال الشیخ قولہ فمن شہد منکم الشہر فلیصمہ۔ اس مہینہ میں جو شخص بقاء الٰہی عزوجل کا طالب ہے اسکو چاہیے کہ جن چیزوں کو طبیعت و نفس خواہش کرتا ہے اس سے اپنے آپ کو صائم رکھے یعنے طرف لذت نفس سے باز رہے واسطی نے فرمایا کہ جو شخص تم میں سے مہینہ میں حاضر ہو اسکو چاہیے کہ روزہ رکھے پس جو شخص میرے پاس حاضر ہوا اور میرے امر کو مشاہدہ کیا تو وہ اپنے تمام اوقات سے روزہ دار ہو جاوے اور جو شخص حاضر ہوا مہینہ میں بروجہ تعظیم یعنے تعظیم و اجلال کے دیدار میں تو اسکو چاہیے کہ لغو و لہو سے باز رہے اور جو شخص اپنے فعل اور روزے کو دیکھے اور اسپر نظر رکھتا ہو تو اللہ تعالے کو اسکے طعام یعنے کھانا پینا چھوڑنے میں کوئی حاجت نہیں ہے یعنے اسکی نظر اپنے کام پر ہے اللہ تعالے کی طرف نہیں ہے پس اللہ تعالے کو اسکی کوئی پروا نہیں ہے اور یہ ایسا ہے جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

خبر دی کہ بہت سے روزہ دار ہیں جنکا حصہ اپنے روزے سے بھوک اور پیاس ہوتی ہے

وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ ۖ أُجِيبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ إِذَا دَعَانِ ۖ فَلْيَسْتَجِيبُوا لِي وَلْيُؤْمِنُوا بِي

اور جب تجھسے پوچھیں بندے میرے مجکو تو میں قریب ہوں پہونچتا ہوں پکارنے والے کی پکار کو جب مجکو پکارتا ہے تو چاہیے کہ حکم مانیں میرا اور یقین لاویں مجھپر

لَعَلَّهُمْ يَرْشُدُونَ ۝

شاید نیک راہ پر آویں۔

ف سیوطی نے کہا کہ ایک جماعت صحابہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا کہ آیا ہمارا پروردگار قریب ہے کہ ہم آہستہ اس سے مناجات کریں یا دور ہے کہ اسکو پکاریں تو یہ آیت اتری۔ وَإِذَا سَأَلَكَ عِبَادِي عَنِّي فَإِنِّي قَرِيبٌ۔ اور جب تجھسے پوچھیں بندے میرے مجکو

ف ۱ بعض نے کہا کہ یہ معنے ہیں کہ زیادہ کا بدلا دیں گے ۱۲ منہ

تو میں قریب ہوں ف یعنے قریب ہوں تم سے اپنے علم کے ساتھ پس تو انکو اس جزوہ کی خبر دیدے **قال الکبیری** تو رتعالے فانی قریب ای فعل لہم انی قریب یعنے تم سے کہدے کہ میں قریب ہوں اور اسکی وجہ یہ ہی کہ ذا سالک جملہ شرطیہ فانی قریب جزا مترتب نہیں ہوتی ہی بلکہ خبر دینا مترتب ہوتا ہی اسواسطے ایسے لفظ کا مقدر کرنا ضروری ہی جو اخبار پر دلالت کرے اسیواسطے فقل لہم مقدر کیا اور یہ لفظ بہ نسبت اخبر ہم کے جو حضرت مفسر رح نے مقدر کیا اولی ہی اسلیے کہ فاخبر ہم بانی قریب بیا رصلہ کہنا پڑیگا بخلاف فقل لہم کے فافہم اور قرب کا استعمال اگرچہ حقیقۃ مکان میں ہوتا ہی یعنے مکان کی نزدیکی کو قربت بولتے ہیں مگر جہاں علم وغیرہ کی راہ سے کمال آگاہی و اطلاع مقصود ہوتی ہی تو مکان کی قربت سے اسکو تشبیہ دیکر قربت کے معنے میں استعمال کرتے ہیں جیسے یہاں ہی کہ اللہ تعالے نے پوچھنے والوں کو اس تمثیل بلیغ سے آگاہ کیا کہ انکو آہستہ مناجات کرنے پر آگاہی حق عزوجل میں تامل تھا پس تمثیل ہی کہ اللہ تعالے کا علم بندوں کے افعال و اقوال پر کامل محیط ہی اور وہ انکے حال پر نہایت مطلع ہی جیسے وہ شخص جو اُنسے بہت قریب ہو اور درحقیقت اس سے تشبیہ کامل مقصود نہیں کیونکہ علم و اطلاع اس مکانی قربت سے کہیں زیادہ ہی چنانچہ فرمایا ونحن اقرب الیہ من حبل الورید یعنے ہم اس بندے سے اسکی شہ رگ گردن سے زیادہ قریب ہیں ای ہمارا علم اس سے زیادہ محیط ہی ف ۲ و قال الشیخ فی العرائس ای جب میرے اہل محبت و توحید اپنے ساتھ میری نزدیکی کو مجھسے دریافت کرینگے تو میں انکی ذات سے زیادہ انسے قریب ہوں اور میں انکے دلوں کے اسرار سے اپنی صفت خاص سے ملا ہوا اور مطلع ہوں پس میں اپنے نفس سے انکے نفوس کے لیے انکے نفوس سے تجلی کرتا ہوں اسواسطے کہ میرا ظہور عام سب کے لیے ہی اگرچہ مجھے دیکھتے وہی ہیں جو خاص بندے ہیں اور اس آیت میں یہ اشارہ ہی کہ اللہ تعالے بین و آبین سے پاک و منزہ ہی اسلیے کہ پوچھنے والوں نے بین کی نزدیکی اور آبین کی دوری کا اشارہ کیا تھا تو اللہ تعالے نے فرمادیا کہ میں قریب ہوں اپنے بندوں سے بلا بین و بلا بین کے **اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ** (درمیان اور ری) (کان فکر) ہوں پہنچتا ہوں پکارنے والے کی پکار کو جب مجھکو پکارتا ہی تو چاہیے کہ حکم مانیں میرا اور یقین لاویں مجھپر شاید کہ یہ راہ پر آویں ف یعنے پکارنے والے کی پکار کو اسطرح پہنچتا ہوں کہ جو اسنے مانگا ہی وہ دیدیتا ہوں پس چاہیے کہ فرمانبرداری کے لیے بلانے کو بھی قبول کریں اور ایمان پر برابر قائم رہیں تاکہ ہیں فلیستجیبوا جو باب استفعال سے ہی بمعنے طلب اجابت نہیں بلکہ بمعنے فلیجیبوا ہی یعنے چاہیے کہ قبول کریں کیونکہ باب استفعال کو طلب کے معنے میں ہونا لازمی نہیں ہی جیسے قر اور استقر ایک معنے میں ہی اور یہ آیہ اجیب دعوۃ الداع قربت مذکورہ بالا کی تقریر ہی اور دعا کرنے والے کے لیے قبولیت کا وعدہ ہی اور چونکہ یہ لوگ مومنین تھے لہذا دلیمنوا بی سے ابتدائی ایمان لانے کا حکم دینا مراد نہیں بلکہ یہ مراد ہی کہ برابر ہمیشہ میرے اوپر یقین کریں اور لعلکم تفلحون میں لعل کی تحقیق ہوچکی حاصل یہ کہ مفسر سیوطی رح کے نزدیک اللہ تعالے کے کلام میں لعلکم بمعنے امید کے نہیں جو متضمن شک ہی بلکہ بمعنے تحقیق ہی اور اکثروں کے نزدیک بمعنے (تاکہ) ہی اور بعض کے نزدیک لعل ان لوگوں کی طرف ہی یعنے وہ لوگ ایسا کرنے سے امید رکھیں کہ شاید راہ پر آویں تفسیر ابن کثیر میں ہی کہ معاویہ بن حیدۃ القشیری رض سے روایت ہی کہ ایک اعرابی نے کہا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیک وسلم آیا ہمارا پروردگار قریب ہی کہ ہم اس سے مناجات کریں یا دور ہی کہ بلند آواز سے اس سے دعا کریں تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاموش ہوگئے پس اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری و اذا سالک عبادی عنی الخ جب میں نے انکو یہ حکم دیا کہ مجھسے دعا کرو پس انھوں نے دعا کی تو میں اسکو قبول کرونگا اخرجہ ابن ابی حاتم و ابن جریر و ابن مردویہ و ابو الشیخ الاصبہانی اور اس سے ظاہر ہی کہ قریب و بعید کا مناجات و ندا کے لیے سوال کرنے والا ایک اعرابی تھا اور حسن رحمہ اللہ سے مرسلا روایت ہی کہ اصحاب نے سوال کیا صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ ہمارا پروردگار کہاں ہی تو اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری و اذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان الآیۃ اور اس جماعت کا سوال اُس طرز پر نہیں ہی جو مفسر جلال الدین سیوطی رح نے ذکر کیا ہی قلت فی جامع الاصول نعمان بن بشیر سے روایت ہی کہ

المترجم ۱۲

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الدعاء ہو العبادۃ ای دعا کرنا عبادت ہی پھر آپ نے پڑھا وقال ربکم ادعونی استجب لکم ان الذین یستکبرون عن عبادتی سیدخلون جہنم داخرین پس آپ کے اصحاب نے عرض کیا کہ آیا پروردگار ہمارا قریب ہی کہ اس سے مناجات کریں ای آہستہ دعا مانگیں یا دور ہی کہ اسکو پکاریں تو یہ آیت اتری واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان الآیہ اخرجہ رزین واور ابن جریج نے عطا سے روایت کی انکو خبر پہونچی ہی کہ جب یہ آیت اتری وقال ربکم ادعونی استجب لکم یعنے کہا پروردگار تمہارے نے کہ مجھسے دعا کرو میں تمہارے لیے قبول کرونگا تو لوگوں نے کہا کہ اگر ہم جانتے کہ کون گھڑی ہم دعا کریں تو اچھا تھا پس یہ آیت اتری واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب دعوۃ الداع اذا دعان الآیۃ قال المترجم اسمیں اذا دعان سے جو بیہ ہی کہ جب چاہیں دعا کریں پس کلام بالابطریق افادہ وتحقیق ہی اور حضرت ابو موسی اشعری سے روایت ہی کہ ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جہاد میں تھے پس ہمنے یہ کرنا شروع کیا کہ جب کسی اونچائی پر چڑھتے یا اونچائی سے اترتے تب ہی اپنی آوازیں تکبیر کے ساتھ بلند کرتے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے قریب آکر فرمانے لگے کہ ای لوگو نرمی کرو اپنی جانوں پر کہ تم کسی بہرے کو نہیں پکارتے اور نہ غائب کو پکارتے بلکہ اسی کو پکارتے ہو کہ وہ بڑا سننے والا اور بہت دیکھنے والا ہی البتہ تم جسکو پکارتے ہو وہ تم میں سے ہر ایک سے اسکی سواری کی گردن کی نزدیکی سے بھی زیادہ اس سے نزدیک ہی ای عبد اللہ بن قیس میں تجھے ایسا کلمہ سکھلاؤں جو جنت کے خزانوں میں سے ہی وہ لاحول ولا قوۃ الا باللہ ہی اخرجہ الشیخان وہ الامام احمد وغیرہ واحد اور حضرت انس سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے فرماتا ہی کہ میں اپنے بندے کے ظن کے موافق ہوں جو میرے ساتھ رکھتا ہی نزدیک ہوں اور میں اپنے بندے کے ساتھ ہوں جب وہ مجھے دعا کرتا ہی اخرجہ الامام احمد اور نزدیکی کے ساتھ ایسا ہی جیسے اللہ تعالے نے حضرت موسی وہارون علیہما السلام سے فرمایا وانی معکما اسمع واری یعنے میں ضرور تم دونوں کے ساتھ ہوں سنتا ہوں اور دیکھتا ہوں اور شیخ نصیر الدین نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا کہ اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے نے تو فرمایا کہ اجیب دعوۃ الداع اذا دعان اور نیز فرمایا ادعونی استجب لکم حالانکہ بسا اوقات دعا کیجاتی ہی مگر نہیں قبول ہوتی ہی تو اسکا جواب دیا گیا کہ اہل علم نے ان دونوں آیتوں کے معنے چند طرح پر بیان کیے ہیں پس بعض نے کہا کہ دعا کے معنے اس مقام پر اطاعت ہیں اور اجابت کے معنے ثواب ہیں اور بعض نے کہا کہ ہر دو آیت کے معنے خاص ہیں اور لفظ عام ہی پس تقدیر یوں ہی کہ اجیب دعوۃ الداع ان مشیت جیسے کہ فرمایا فیکشف ما تدعون الیہ ان شاء یا اجیب دعوۃ الداع ان وافق القضاء یا ان کانت خیرا لہ سای اگر قبولیت اسکے لیے بہتر ہو یا ان لم یسال محالا اسی اگر اسنے ایسی چیز نہ مانگی جو محال ہی اور بعض نے کہا کہ آیت عام ہی اور اجیب کے معنے اسمع ہیں ای میں سنتا ہوں اور بعض نے کہا کہ آیت میں اجابت ہی مذکور ہی اور اداء مذکور نہیں چنانچہ والد کبھی اپنے فرزند کی درخواست کو اجابت کرتا ہی پھر اسکی مراد عطا نہیں کرتا ہی اور بعض نے فرمایا کہ یہ معنے ہیں کہ اللہ تعالے دعا کرنے والے کو خائب نہیں فرماتا ہی پھر اگر یہ امر اسکے لیے مقدر ہوا تو عطا فرماتا ہی اور اگر مقدر نہ ہوا تو اسکا ثواب اسکے لیے آخرت میں کہ چھوڑتا ہی یا کوئی برائی اسکے سر سے دور کر دیتا ہی اور بعض نے کہا کہ اللہ تعالے مومن بندہ کی دعا اسیوقت قبول کرتا ہی مگر اسکی مراد دینے میں تاخیر فرماتا ہی کہ اسکا پھر گڑگڑانا اللہ تعالے کے نزدیک پسند ہی اور جسکو نہیں چاہتا انکی مراد دیدیتا ہی اور بعض نے فرمایا کہ دعا کے لیے آداب وشرائط ہیں تو جو انکو پورا کرکے دعا کرے وہ اجابت کا سزاوار ہی اور جسنے اسمیں کمی کی وہ مستحق نہیں انتہی ان اقوال میں سے بعضے صرف رائے سے ہیں اور بہت ضعیف ہیں اور باقی اپنی اپنی جہت سے ٹھیک ہیں اور شیخ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں فرمایا کہ مراد اس سے یہ ہی کہ اللہ تعالے کسی عاکر کرنے والے کو خائب نہیں کرتا اور کوئی چیز اسکو اس سے مشغول نہیں کرتی بلکہ اوتعالے دعا کا سننے والا ہی اور وہ اللہ تعالے کے حضور میں ضائع نہیں جاتی ہی اور حضرت سلمان فارسی سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے اس سے حیا کرتا ہی کہ بندہ اسکے سامنے دونوں ہاتھ پھیلاوے کہ انمیں بھلائی مانگتا ہو پھر اوتعالے انکو بلا مارد لوٹادے اخرجہ الامام احمد وابو داؤد والترمذی وابن ماجہ اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن ہی اور حضرت ابو سعید سے

روایت ہی

روایت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ترجمہ) کہ نہیں ہو کوئی بندہ مسلمان جو دعا کرتا ہو اللہ تعالےٰ سے کوئی دعا جسمین گناہ نہیں اور نہ قطع رحم ہو مگر اللہ تعالےٰ اسکو اس دعا سے تین باتون مین ایک بات ضرور عطا فرماتا ہو یا تو اسکی مراد جلد عطا فرماتا ہو یا عاقبت کے لیے اسکا ذخیرہ رکھ چھوڑتا ہو یا اسکے مثل اسکے سر سے برائی دور کر دیتا ہو تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے پوچھا کہ یا رسول اللہ اگر اسنے کثرت سے دعا کی تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ کی عطا بہت کثیر ہو اخرجہ الامام احمد اور یہ ثلاثیات امام رح سے ہو اور حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ترجمہ) کہ برابر بندے کی دعا قبول کیجاتی ہو جب تک کہ گناہ یا ناتا کاٹنے کی دعا نکرے تاوقتیکہ استعجال نکرے تو پوچھا گیا کہ یا رسول اللہ استعجال کیا تو فرمایا کہ یون کہے کہ مین نے دعا مانگی اور مین نے دعا کی پہ مین نہین دیکھتا کہ میری دعا قبول کیجاوے تو اس خیال پر دعا سے رک رہتا ہو اور دعا کرنا چھوڑ دیتا ہو اخرجہ مسلم و وزاد استعجال سے عجلت ہو اور عروہ سے مروی ہو کہ مین نے ام المؤمنین عائشہ رض سے پوچھا کہ ای مان عجلت کیونکر تو فرمایا کہ کہے کہ مین نے اللہ سے سوال کیا پر مجکو نہ دیا گیا اور مین نے دعا کی پر قبول نہ کی گئی اور یہی قول سعید بن المسیب رح سے مروی ہو اور عبد اللہ بن عمرو رض سے روایت ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ترجمہ) کہ دل حفاظت و نگہداشت کے لیے بھرکھنے کے برتن ہین انمین سے بعضے بہ نسبت بعضون کے حفاظت و نگہداشت و بھرے جانے مین بڑھے ہوتے ہین سو اے لوگو جب تم اللہ تعالےٰ سے دعا مانگو تو مانگو در حالیکہ تم قبول کیے جانے کا یقین رکھتے ہو اور جان رکھو کہ اللہ تعالےٰ اس بندے کی دعا قبول نہین فرماتا جسنے غافل دل سے دعا کی اخرجہ الامام احمد ونحوہ الترمذی قال المترجم چونکہ دعا بڑی چیز اور مغز عبادت ہو لہذا اسکے متعلق مسائل ذکر کرتا ہون ومن اللہ التوفیق نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا الدعاء ہو العبادۃ ای دعا ہی عبادت ہو پھر آپ نے یہ آیت پڑھی - وقال ربکم ادعونی استجب لکم الآیۃ - اخرجہ ابوداؤد وصححہ الترمذی اس آیت تمام کے یہ معنے ہین اور کہا تمھارے پروردگار نے کہ مجھسے دعا کرو مین تمھارے لیے قبول کرونگا ضرور جو لوگ تکبر کرتے ہین میری عبادت سے وہ اونہ سے منھ جہنم مین جائینگے - پس اللہ تعالےٰ نے دعا کو عبادت فرمایا اور حدیث ترمذی مین ہو کہ جسکے لیے دعا کا دروازہ کھولا گیا اسکے لیے رحمت کے دروازے کھلے اور اللہ تعالےٰ کو بندے کا عافیت طلب کرنا پسند ہو اور جو حادثہ نازل ہوا اور جو نہین نازل ہوا دونون مین دعا مفید پڑتی ہو اور قضا کو سوا ے دعا کے کوئی چیز نہین لوٹاتی ہو اور حدیث مالک و ترمذی مین ذکر الٰہی کو خیر الاعمال اور درجات مین ارفع اور خدا کے نزدیک ازکی اور سونا چاندی خیرات کرنے سے افضل اور ایسے جہاد سے جسمین کافرون کو قتل کرتا اور قتل ہونا واقع ہوا بہتر فرمایا ہو اور دعا کے واسطے کوئی وقت خاص نہین الا آنکہ بعضے اوقات مین کوئی فضیلت اور بڑھ جاتی ہو چنانچہ حدیث ابوداؤد مین انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ترجمہ) اگر مین نماز صبح سے آفتاب طلوع ہونے تک ایسے لوگون کے ساتھ بیٹھون جو اللہ تعالےٰ کا ذکر کرتے ہون تو میرے نزدیک یہ بات ہو بہ نسبت اسکے کہ مین اولاد اسمٰعیل سے چار بردے آزاد کرون اگر مین نماز عصر سے آفتاب غروب ہو جانے تک ایسے لوگون کے ساتھ بیٹھون جو اللہ تعالےٰ کا ذکر کرتے ہون تو میرے نزدیک یہ بہتر ہو بہ نسبت چار بردے آزاد کرنے کے قال المترجم اس سے خدا کی یاد کرنے والون کی بڑی فضیلت نکلی کہ صرف انکے ساتھ بیٹھنے کا یہ مرتبہ ہو اور نماز فجر کے بعد یاد الٰہی افضل ثابت ہوئی بہ نسبت بعد عصر کے فافہم اور حضرت ابوہریرہ سے روایت ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ترجمہ) کہ ہر رات جب تہائی آخرات باقی رہتی ہو تب اترتا ہو پروردگار ہمارا آسمان دنیا کی طرف پس فرماتا ہو کہ کون ہو جو مجھسے دعا کرے پس مین اسکی دعا قبول کرون اور کون ہو جو مجھسے درخواست کرے پس مین اسے عطا کرون کون ہو جو مجھسے بخشش مانگے پس مین اسے بخشدون اخرجہ اصحاب الصحاح والسنن اس حدیث مین اترنے سے مراد رحمت و الطاف پروردگار کا اترنا ہو اور حق یہ ہو کہ جب حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالےٰ کے سچے رسول ہین تو جو کچھ آپنے فرمایا سب سچ ہو ہم ایمان لائے کہ نزول پروردگار ہر رات ہوتا ہو مگر اسکی کیفیت ہمپر مجہول اور خدا کو معلوم ہو جسمون کا سا اترنا یا کسی مخلوق کا سا اترنا ہرگز نہین کیونکہ اللہ تعالےٰ کے مثل کوئی چیز نہین

کما قال تعالے لیس کمثلہ شئی ۔ لہذا واجب ہی کہ کوئی شخص نزول آسمی کا تصور نہ باندھے اسلیے کہ جو تصور کریگا وہ خواہ مخواہ حادث و مخلوق چیز کے نزول کا
صادق ہوگا کہ یہی اسنے دیکھا سنا و جانا ہی اور ذات قدیم سے بالکل کسمی چیز سے بھی اپنے تصور مین آگاہ نہین ہوا ہی اور یہی مذہب سلف و صالحین امت کا ہی
اور زیادہ قبولیت کے وقتون مین سے اخیر رات کا درمیان قریب تہائی کے اور بعضون نے کہا کہ تہائی رات جانے کے بعد رات مین جسوقت خدا سے دعا کرے
اور یہ قریب ہی اور فریضہ نمازون کے پیچھے اور اذان کے بعد اور اذان اقامت کے بیچ مین عافیت دنیا و آخرت کی دعا اولی ہی اور جہاد مین لڑائی شروع ہو جانے پر
اور مینہ برسنے پر اور سجدہ مین اور اسکے سوائے اور مین چنانچہ بعض آگے مذکور ہونگے ۔ اور جن لوگون کی دعا زیادہ قبولیت رکھتی ہی انمین سے ایک مظلوم کہ اسنے
زبان وغیرہ سے بدلا نہ لیا ہو اور مسافر ہو اور باپ اپنی اولاد کے حق مین دعا کرے اور بیٹھ پیچھے ایک دوسرے کے واسطے دعا کرے اور بندہ مومن جیسے اپنے
بھائی کے واسطے پیٹھ پیچھے دعا کرتا ہی تو ملائکہ اسکی دعا پر آمین کہتے ہین اور کہتے ہین کہ اسکے مثل اللہ تعالے تجھے بھی عطا فرماوے اور مظلوم نے اگر ظالم پر بد دعا کی
تو مظلوم زیادہ اور اصح یہ ہی کہ دعا مین اسقدر ہاتھ اٹھانا کہ بغل ظاہر ہو مستحب ہی اور قبولیت کا یقین رکھنا واجب ہی اور واضح رہے کہ کوئی دعا اخیر اسکے کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے قبول نہین ہوتی بلکہ آسمان و زمین کے درمیان پڑی رہتی ہی جیسے کافرون کی پکار بھٹکتی پھرتی ہی پس اول دعا مین اور بیچ
مین اور آخر مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجتا رہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے واسطے دعا فرماتے تو پہلے اپنی ذات
مبارک سے شروع کرتے تھے کما صححہ الترمذی من حدیث ابی بن کعب اور دعا مین ایسا کوئی لفظ نہ کہے کہ عزم سوال مین مخل ہو مثلاً پروردگارا میرے اگر
تو چاہے تو یہ عطا فرما کیونکہ اللہ تعالے کو کوئی چیز مانع نہین ہو سکتی اور حدیث ترمذی مین ہی کہ ایک شخص نے صبر مانگا یعنے اوپر کوئی بلا نہ تھی دوا سے صبر مانگا تو آپ نے
اسکو فرمایا کہ تو عافیت مانگ کہ تو نے بلا مانگی ہی اور جامع دعا بہتر ہی اور تین مرتبہ دعا کرنا پسندیدہ اور دعا مین جلدی کرنا مکروہ اور جلد اسکے اثر کی طرف نگاہ کرنا اور نہ نا امید
ہونا خرابی اور گناہ و قطع رحم کی دعا حرام ہی اور اللہ تعالے سے دعا کرنا خدا کے غضب مین پڑنا ہی اور ہر چیز ادنی و اعلی جسکی حاجت ہو حتی کہ نمک و جوتی کا تسمہ تک
کی دعا اولی ہی اور اکثر علماے حنفیہ کے نزدیک جو چیز بندے سے مانگ سکتا ہی نماز کے اخیر دعا مین وہ داخل کرے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا تعلیم فرمایا
ہوا طریقہ دعا کا بروایت اصحاب سنن یہ ہی کہ پہلے اللہ تعالے کی حمد و ثنا کرے پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے پھر جو چاہے دعا کرے قال المترجم و
آخر مین بھی درود بھیجے جیسا کہ اوپر مذکور ہوا اور آمین پر ختم کرنا مستحب ہی اور اللہ تعالے کی حمد و ثنا مین چاہیے کہ اللہ تعالے کے ننانوے پاکنامون مین سے جنکے یاد کرنے
سے بندہ جنتی ہوتا ہی اللہ تعالے کا اسم اعظم ضرور لاوے اور اسماء بنت یزید بن السکن انصاریہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے کا
اسم اعظم ان دو آیتون مین ہی ۔ والھکم الہ واحد لا الہ الا ہو الرحمن الرحیم اور شروع سورہ آل عمران ۔ الم اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم ۔ اخرجہ ابوداؤد و صححہ الترمذی
اور حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یون دعا کرتے سنا ۔ اللھم انی اسالک بانی اشہد انک انت اللہ لا الہ الا انت
الاحد الصمد الذی لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد ۔ تو فرمایا کہ قسم ہی اوس ذات کی جسکے قبضہ مین میری جان ہی کہ اسنے اللہ تعالے سے اسکے اسم اعظم کے ساتھ دعا
کی ایسا اسم اعظم ہی کہ جب اسکے ساتھ دعا کیجاوے تو قبول فرماتا ہی اور جب اسکے ساتھ مانگا جاوے تو عطا کرتا ہی اخرجہ ابوداؤد والترمذی و انس رضی اللہ عنہ سے
روایت ہی کہ ایک شخص نے یون دعا کی ۔ اللھم انی اسالک بان لک الحمد لا الہ الا انت المنان بدیع السموات والارض ذو الجلال والاکرام یا حی یا قیوم ۔ تو آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم جانتے ہو کسیکے ساتھ دعا کی اصحابہ نے عرض کیا کہ اللہ و اسکا رسول دانا تر ہی تو فرمایا کہ قسم ہی اس ذات کی کہ جسکے قبضہ مین میری جان ہی
کہ اسنے درخواست کی اللہ تعالے سے اسکے ایسے اسم اعظم کے ساتھ کہ جب اسکے ساتھ دعا کیجاتی ہی تو قبول فرماتا ہی اور جب اسکے ساتھ درخواست کیجاتی ہی تو
عطا کرتا ہی اخرجہ اصحاب السنن پھر اولے وہ دعا مین ہین جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مفصل مروی ہوئی ہین جنکو احادیث سے لینا چاہیے یہان اتنی گنجایش
نہین ہی مگر یہ واضح رہے کہ دعا قبول ہونے کے واسطے آداب شرطین ہین جنمین سے بعض تو اوپر کے بیان سے سمجھی جاتی ہین اور باقی مین سے بعض چند دار

مذکور ہی ذکر کرنا چاہیے حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ترجمہ) ای لوگو اللہ تعالےٰ طیب ہی پاک ہی کو قبول کرتا ہی اور اللہ تعالےٰ نے مومنون کو اسی چیز کے ساتھ حکم دیا جسکے ساتھ رسولون کو حکم فرمایا ہی چنانچہ فرمایا ہی یا ایہا الرسل کلوا من الطیبات واعملوا صالحا۔ اور فرمایا یا ایہا الذین آمنوا کلوا من طیبات ما رزقناکم پھر ذکر کیا کہ آدمی طول سفر کرتا ہی اس حال مین کہ پریشان بال گرد آلودہ ہی اپنے دونون ہاتھ آسمان کی طرف اٹھا کر کہتا ہی کہ ای رب ای رب حالانکہ جہان سے کھاتا ہی حرام ہی اور جہان سے پیتا ہی حرام ہی اور حرام کھا کر پلا ہی تو ایسے کی دعا کہان قبول کیجائیگی اخرجہ مسلم والترمذی اور حدیث مین آیا ہی کہ حلال کھلا ہی اور حرام کھلا ہی اور ان دونون کے بیچ مین مشتبہات ہین یعنے انپر دلیل حلال ہونے کی بھی قائم ہوتی ہی اور دوسری دلیل سے حرمت نکلتی ہی پس مشتبہ ہین کہ انکو بہت لوگ نہین جانتے ہین تو جو شخص انسے بچا وہ اپنا دین بچا لے گیا۔ اب اس زمانہ مین بڑی بات یہ ہی کہ برادران اسلام خواہ تاجر ہون یا پیشہ ور یا نوکر انکو لازم ہی کہ معاملات کے مسئلے سیکھین اگر زیادہ نہین تو اتنا ضرور کہ جس حال مین ہین اسکے مسائل شرعی معلوم کرین تاکہ کسبِ حرام سے بچ جاوین اور حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ترجمہ) لوگون پر ایسا زمانہ آویگا کہ آدمی کچھ پروا نہ کریگا کہ اسنے جو مال لیا حلال مین سے لیا یا حرام مین سے اخرجہ البخاری والنسائی اور ابوداؤد رزین کی روایت مین اسپر اسقدر زیادہ ہی کہ فرمایا کہ پس اس حالت مین ان لوگون کی کوئی دعا قبول نہوگی کذا فی الجامع اور شیخ ابن کثیرؒ نے اپنی تفسیر مین فرمایا کہ اللہ تعالےٰ نے اس آیت کریمہ کو جو دعا کرنے پر برانگیختہ کرتی ہی روزے کے حکمون کے بیچ مین ارشاد و تعلیم کے واسطے ذکر فرمایا تاکہ روزے کی مدت پوری ہونے پر بلکہ ہر روز افطار کے وقت پر دعا کرنے مین کوشش کرین یعنے وہ قبولیت دعا کے وقتون مین مخصوص ہی چنانچہ امام ابوداؤد طیالسی نے عبداللہ بن عمرو سے روایت کی کہ مین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا کہ آپ فرماتے تھے (ترجمہ) روزہ دار کے لیے اسکے افطار کے وقت دعا مستجاب ہوتی ہی پس عبداللہ بن عمرو جب افطار کا قصد کرتے تو اپنے اہل و اولاد کو بلاتے اور دعا کرتے اور ابن ماجہ کی روایت مین دعا استجاب کی بجگہ ایسی دعا ہی کہ پھیری نہین جاتی ہی واقع ہی اور حضرت ابوہریرہ کی روایت سے امام احمد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ کے پاس ثابت ہی کہ تین شخصون کی دعا رد نہین کیجاتی امام عادل کی دعا اور روزہ دار کی افطار کے وقت اور مظلوم کی دعا۔ صف شیخ نے عرائس البیان مین حقائق و اشارات مین فرمایا قولہ تعالےٰ اجیب دعوۃ الداع اذا دعان ای مخلصون کی دعا مین قبول کرتا ہون جبکہ وہ قہر دل سے اسرار کی زبان سے مجھے دعا کرتے ہین اگرچہ انکو یہ معلوم نہو کہ مین نے انکی دعا انکے واسطے قبول فرمائی فلیستجیبوا لی پس چاہیے کہ وہ قبول کرین جب وہ مجھ سے انکو بلاتا ہون کہ میرے غیر سے بالکل اعراض کرکے میرے مشاہدہ کے لیے حاضر ہون اور دشمن کی بات مین نہین لعلہم یرشدون ای راہ پاوین مقام طمانیت کی اور حقائق تمکین کی شرط معرفت کے ساتھ اور شبلیؒ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ جب اپنے بندے کو اپنی قربت کی لذت دیدیتا ہی تو اسکو اپنے واسطے برگزیدہ کر لیتا ہی اور اسکی سیاست کا خود متولی ہوتا ہی اور اپنے اخلاق سے اسکو ادب سکھلا کر باادب کر دیتا ہی اور اسکو اپنی ذات پاک کے وصاف مین سے تین وصف دیتا ہی ایک حیات ایسی کہ اسمین موت نہین ہی دوم قدرت کہ کسی عجز سے زائل نہین ہو سکتی سوم جوار شاہی مین ملک پس یہی قبول اللہ تعالےٰ کا ہی۔ واذا سالک عبادی عنی فانی قریب اجیب الآیۃ۔ و بعض نے فرمایا کہ یہ معنے ہین کہ جب تجھسے میرے مشتاق بندے مجھے دریافت کرین تو انکو خبر دے کہ مین انسے ہر رگ نزدیک چیز سے زیادہ نزدیک ہون اور مین انکے یقین کے ساتھ ہون جو وہ میرے ساتھ رکھتے ہین اور شیخ رویم نے فرمایا کہ ہر رو ک ٹوک کو دور کر دینا قربت ہی اور حضرت جنید سے دریافت کیا گیا کہ اللہ تعالےٰ کی قربت بندے سے کیونکر ہی تو فرمایا کہ اللہ تعالےٰ قریب ہی نہ باجتماع یعنے اسکی قربت یون نہین ہوتی جیسے انسان کے تصور مین آتی ہی بمعنے یکجا اور اکٹھا ہونا اور وہ بعید ہی نہ بافتراق یعنے دوری اسکی جدا اور فاصلہ کی راہ سے جیسے مخلوق مین ہوتی ہی نہین ہی اور فرمایا کہ قربت سے حیا پیدا ہو جاتی ہی پھر واضح ہو کہ ابتداے اسلام مین روزہ کھول کر بعد عشا و خواب کے کھانا پینا وغیرہ جایز نہین رہتا تھا لہذا حق تعالےٰ نے عفو فرما کر نازل فرمایا قولہ تعالےٰ

أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ

حلال ہوا تمکو روزے کی رات میں بے پردہ ہونا اپنی عورتوں سے وہ پوشاک ہیں تمہاری اور تم پوشاک ہو انکی اللہ نے معلوم کیا کہ تم اپنی

تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ وَكُلُوا

چوری کرتے تھے سو معاف کیا تمکو اور درگذر کی تم سے پھر اب ملو ان سے اور چاہو جو لکھ رکھا ہے اللہ نے تمکو اور کھاؤ

وَاشْرَبُوا حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى

اور پیو جب تک کہ صاف نظر آوے تمکو دھاری سفید صبح کی دھاری سیاہ سے فجر کی پھر پورا کرو روزہ

اللَّيْلِ وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا

رات تک اور نہ لگو ان سے جب اعتکاف بیٹھے ہو مسجدوں میں یہ حد ہیں باندھی ہیں اللہ کی سو انکے پاس نہ جاؤ

كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝

اسطرح بیان کرتا ہے اللہ اپنی آیتیں لوگوں کے لیے شاید وہ بچتے رہیں

أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَىٰ نِسَائِكُمْ۔ حلال ہوا تم کو روزے کی رات میں بے پردہ ہونا اپنی عورتوں سے ف یعنے جماع کرنا تم کو روزوں کی رات میں حلال ہے۔ هُنَّ لِبَاسٌ لَّكُمْ وَأَنتُمْ لِبَاسٌ لَّهُنَّ۔ وہ پوشاک ہیں تمہاری اور تم پوشاک ہو انکی ف یہ کنایہ ہے باہم جورو مرد کے معانقہ کرنے سے یا دونوں کے ایک دوسرے کی طرف محتاج ہونے سے جیسے کہ لباس کی جانب احتیاج ہوتی ہے عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ كُنتُمْ تَخْتَانُونَ أَنفُسَكُمْ۔ اللہ نے معلوم کیا کہ تم اپنی چوری کرتے تھے ف یعنے تم اپنے نفسوں کو روزے کی راتوں میں جماع کرکے چراتے تھے چنانچہ عمر کو کعب وغیرہ سے ایسا واقع ہوا تھا۔ فَتَابَ عَلَيْكُمْ وَعَفَا عَنكُمْ۔ پس اللہ تعالے نے تم پر رجوع فرمایا یا تم سے عفو کیا ف یعنے توبہ قبول کرکے عفو کیا اور رحمت کے ساتھ رجوع فرمایا حتی کہ اجازت دیدی۔ فَالْآنَ بَاشِرُوهُنَّ وَابْتَغُوا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَكُمْ۔ پس اب اپنی عورتوں سے مباشرت کرو اور جو اللہ تعالے نے تمہارے لیے لکھ رکھا اسکو طلب کرو ف یعنے فرزند صالح وغیرہ۔ وَكُلُوا وَاشْرَبُوا۔ اور کھاؤ اور پیو ف تمام رات۔ حَتَّىٰ يَتَبَيَّنَ لَكُمُ الْخَيْطُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْخَيْطِ الْأَسْوَدِ مِنَ الْفَجْرِ۔ یہانتک کہ تم کو فجر کے سیاہ ڈورے سے سپید ڈورا ظاہر ہو جاوے ف یعنے فجر کاذب سے فجر صادق کھل جاوے تو پھر مت کھاؤ پیو لہذا فرمایا ثُمَّ أَتِمُّوا الصِّيَامَ إِلَى اللَّيْلِ۔ پھر روزے کو رات تک لیجاؤ ف یعنے پھر اس وقت سپیدہ سے صوم کو کھینچ لیجاؤ رات تک تو رات داخل صوم نہیں ہے کیونکہ وہ تو پہلے سے مباح تھی عشا تک اور اگر داخل ہو تو تمام رات روزہ ہو جاوے اور یہ شرع آیت سے باطل ہے اور اگر کچھ رات لو تو بھی باطل ہے اسواسطے کہ اسکے کچھ معنے نہیں کہ کچھ رات لو اور کچھ چھوڑو تو معلوم ہوا کہ رات تک صوم کو لے جانا مراد ہے اور رات داخل کرنا کچھ بھی مقصود نہیں ہے پھر روزہ کھولکر رات بھر کھانا پینا جائز اور جماع حلال ہے جبکہ مسجد میں اعتکاف نہو چنانچہ فرمایا وَلَا تُبَاشِرُوهُنَّ وَأَنتُمْ عَاكِفُونَ فِي الْمَسَاجِدِ۔ اور عورتوں سے مباشرت نکرو درحالیکہ تم مسجدوں میں معتکف ہو ف تو مباشرت یعنے شہوت سے لپٹانا بھی مکروہ ہے۔ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَقْرَبُوهَا كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ۝

یہی اللہ تعالے کے حدود ہیں پس انکے قریب مت آؤ یوں ہی اللہ تعالے اپنی آیتوں کو لوگوں کے لیے بیان فرماتا ہے تاکہ وہ تقوی اختیار کریں ف یعنے اللہ تعالے نے یہ مقامات حد کردیے ہیں کہ اس حد سے تجاوز جائز نہیں ہے تو متقی کو چاہیے کہ حد کے پاس بھی نہ آوے تاکہ ایسا نہو اس سے گزر جاوے پس معصیت میں مبتلا ہو۔ شان نزول اور فقہ آیت کا بیان یہ ہے کہ براء بن عازب سے روایت ہے کہ جب حکم روزہ رمضان نازل ہوا تو اہل ایمان پورے رمضان

پھر عورتون سے قربت نہین کرتے تھے اور بعضے آدمی اپنے نفسون کی خیانت کرتے پس اللہ تعالے نے یہ آیت اُتاری علم اللہ انکم کنتم تختانون انفسکم فتاب علیکم وعفا عنکم الآیہ ۔ اخرجہ البخاری اور نسائی کی روایت مین ہی کہ صحابہ مین سے کوئی اگر عشا کا کھانا کھانے سے پہلے سو جاتا تو پھر اسکو حلال نہ تھا کہ اس رات اور دوسرا دن بھر کچھ کھائے پیے تا آنکہ آفتاب غروب ہو جاوے یہانتک کہ یہ آیت اُتری ۔ وکلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود الآیۃ اور کہا کہ قیس بن صرمۃ الانصاری کے حق مین اُتری قال الشیخ ابن کثیر یہ اللہ تعالے کیطرف سے مسلمانون کو رخصت ہی اور جو حکم ابتداے اسلام مین تھا اسکا اُٹھا دینا کیونکہ ابتدا مین یہ حکم تھا کہ جب کسی نے افطار کیا تو اسکو کھانا و پینا و جماع کرنا فقط نماز عشا تک یا قبل اسکے سونے تک حلال تھا پھر جسوقت سو گیا یا عشا کی نماز پڑھ لی تو اسپر کھانا و پینا و جماع کرنا دوسرے دن گذرنے کے بعد رات آنے تک حرام ہو جاتا تھا یعنے اسی وقت سے روزہ شروع ہو جاتا تھا پس صحابہ رضی اللہ عنہم کو اس سے بہت مشقت لاحق ہوئی قال المترجم ظاہر حدیث براء رض سے ثابت ہوتا ہی کہ رمضان بھر جماع حلال نہ تھا مگر بعض روایات مین ایسا بھی مذکور ہی جیسے شیخ ابن کثیر نے فرمایا ہی پس اس آیت رخصت و رحمت کے باعث نزول دو بین ایک یہ کہ بعض نے اپنے نفسون کی خیانت اسطرح کی کہ رات مین جماع کر لیا اور دوم یہ کہ بعض کو کھانا پانی نہ ملنے سے سخت مشقت لاحق ہوئی چنانچہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ مسلمانون کا حال ماہ رمضان مین یہ تھا کہ جب انھون نے نماز عشا پڑھ لی تو اپنے عورتین اور طعام اگلی رات آنے تک حرام ہو جاتی تھین پھر مسلمانون مین سے چند آدمیون نے بعد عشا کے عورتون و کھانے سے انتفاع حاصل کیا اور عمر بن الخطاب بھی انھین چند لوگون مین تھے پس ان لوگون نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی تو اللہ تعالے نے یہ آیت اُتاری علم اللہ انکم کنتم تختانون انفسکم فتاب علیکم وعفا عنکم فالآن باشروھن الآیہ ۔ قال المترجم عامۂ آثار مین صرف بعد عشا کے عورتون سے جماع کرلینا مذکور ہی طعام سے انتفاع مذکور نہین اور کریب نے حضرت ابن عباس سے بلا ذکر طعام روایت کیا ہی اور یہی ظاہر ہی اور کریب کی روایت مین حضرت عمر رض کا اپنی بیوی سے قربت کرلینا مذکور ہی اور یہی اثر ابوہریرہ مین ہی اور مرسل عبدالرحمن بن ابی لیلی مین بھی صرف حضرت عمر رض کا ذکر ہی اور ابن جریر نے اپنی سند سے کعب بن مالک سے حضرت عمر و کعب بن مالک دونون سے ایسا واقعہ ذکر کیا ہی اور اسکی سند مین ابن لہیعہ راوی ہین جنمین کلام ہی مگر مجاہد و عکرمہ و قتادہ و عطا سے بھی یون ہی مروی ہوا کہ حضرت عمر و جنھون نے مثل حضرت عمر کے کیا تھا انکے سبب یہ آیت اُتری قال المترجم تحقیق یہ ہی کہ ایسا کرنے والے سوا ے حضرت عمر رض کے اور بھی تھے مگر شکایت اور اظہار اسکا حضرت عمر رض نے کیا جسپر یہ آیت اُتری فافہم اور کلوا واشربوا ۔ یعنے کھانے پینے کی باحت تا وقت سحر اُترنے کا یہ سبب ہوا کہ قیس بن صرمۃ الانصاری کو بسبب بھوک پیاس کے غش آگیا تھا چنانچہ براء بن عازب رض سے روایت ہی کہ اصحاب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حال تھا کہ جب آدمی روزہ دار ہوتا اور افطار کا وقت آتا اور وہ افطار سے پہلے سو جاتا تو اس رات اور دوسرا دن کچھ نہین کھا سکتا یہانتک کہ شام ہو جاوے اور قیس بن صرمۃ انصاری روزے سے تھے پھر جب افطار کا وقت آیا تو اپنی بیوی کے پاس آئے اور پوچھا کہ تیرے پاس کچھ کھانے کو ہی اُسنے کہا کہ نہین ولیکن مین جاتی ہون تمھارے لیے کوشش کرتی ہون اور قیس بن صرمہ نے وہ تمام دن اپنے کھیت مین کام کیا تھا پس انکی آنکھ لگ گئی پھر انکی بیوی آئی تو جب انکو دیکھا تو کہا خیبۃ لک ای تیری خرابی پھر دوسرے روز جب دوپہر کا وقت ہوا تو انپر غشی طاری ہوئی پھر یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا گیا تو یہ آیت اُتری احل لکم لیلۃ الصیام الرفث الی نسائکم پس صحابہ اس سے بہت خوش ہوے پس اُتری ۔ وکلوا واشربوا ۔ قال المترجم روایت ابوداؤد و ترمذی و بخاری مین یون ہی ہی اور دوسری روایت مین یون ہی کہ پس یہ آیت اُتری احل لکم لیلۃ الصیام الرفث الی نسائکم وکلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود من الفجر پس صحابہ رض کو اس سے بہت ہی خوشی ہوئی ہکذا اوردہ الشیخ ابن کثیر فی التفسیر اور ترمذی نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور ظاہر امراد یہ ہی کہ یہ آیت احل لکم لیلۃ الصیام الرفث الی نسائکم ہن لباس لکم وانتم لباس لہن علم اللہ انکم کنتم تختانون انفسکم فتاب علیکم وعفا عنکم فالان باشروھن وابتغوا ما کتب اللہ لکم کے بعد وکلوا واشربوا

حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود بھی اتری اور بہت خوشی سے رفع مشقت وغیرہ کے سوائے اسوجہ سے بھی تھی کہ اللہ تعالے نے قبل توبہ کے معاف کیا اور درگذر کی جو کمال نظر رحمت پر دلالت کرتا ہی اور بعض روایات میں بجائے قیس بن عمرہ کے صرمہ بن قیس مذکور ہی اور بعض میں قیس بن عمرو اور شاید صحیح قیس بن صرمہ ہی واللہ اعلم وہو قیس بن عمرو الانصاری اور رفث اس آیت میں کنایہ از جماع ہی قال ابن عباس و مجاہد و سعید و سالم و حسن و زہری و ابراہیم وغیرہم اور لباس لکم کی تفسیر ابن عباس و مجاہد و سعید وغیرہم سے سکن لکم مذکور ہی یعنے ہن سکن لکم وانتم سکن لہن - اور ربیع بن انس سے بمعنے ہن لحاف لکم وانتم لحاف لہن مروی ہی پس یہ جملہ گویا جماع مباح کرنیکا بیان مناسبت ہی کہ مرد اسکی عورت دونوں میں سے ہر ایک دوسرے سے مخالط رہتا اور ایک سے دوسرے کا بدن چھوتا رہتا ہی اور باہم لیٹتے ہیں تو مناسب ہوا کہ رمضان کی رات میں انکو جماع کرنے کی رخصت عطا ہو اور قولہ وابتغوا ما کتب اللہ لکم میں کتب یا تو بمعنے قدر ہی یقال المہر مکتوب ای مقدر پس مراد فرزند ہی وکذا روی عن ابی ہریرۃ وابن عباس وانس وشریح التابعی و مجاہد و عکرمہ و سعید بن جبیر و آخرین پس حاصل یہ ہی کہ اللہ تعالے نے جو رمضان کی رات میں جماع کو حلال کر دیا تو کو چاہیے کہ جماع سے حظ نفسانی کی خواہش نکرو بلکہ جو غرض اس سے ہی کہ کسر شہوت و بقاے نسل ہو وہ چاہو - یا بمعنے اباح لکم ہی پس مراد یا تو جماع ہی قالہ عبد الرحمن بن زید بن اسلم یا موضع حرث یعنے فرج عورت ہی اور ابن عباس سے لیلۃ القدر بھی اسکی تفسیر ابن ابی حاتم و ابن جریر نے روایت کی ہی اور قتادہ سے مروی ہی کہ ما کتب اللہ لکم ای الرخصۃ التی کتب اللہ لکم یعنے ما احل اللہ لکم اور ابن جریر رحمہ اللہ کا مختار یہ ہی کہ آیت کریمہ ان سب معنوں کو شامل ہی پس ابن عباس سے اختلاف روایات کا اشکال دفع ہو گیا اور قولہ تعالے وکلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود سے اللہ تعالے نے باوجود اباحت جماع کے کھانا و پینا بھی مباح کر دیا کہ رات میں جسوقت چاہو ایسا کرو یہانتک کہ صبح کی روشنی رات کی تاریکی سے ظاہر ہو اور اسکو الخیط الابیض من الخیط الاسود - یعنے سپید تاگے کا سیاہ تاگے سے ظاہر ہونے کے ساتھ تعبیر فرمایا کہ شکل کھینچاؤ میں یہ اسکے مشابہ ہی اور من الفجر رفع التباس کے لیے فرمایا چنانچہ پہلے من الفجر کا لفظ نازل نہ ہوا تھا پس بعضے صحابہ خیط ابیض و خیط اسود سے سفید و سیاہ تاگا ہی سمجھے چنانچہ سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ آیہ وکلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود اتاری گئی اور من الفجر کا لفظ نہیں اتارا گیا پس لوگوں میں سے چند لوگ جب وضو کا ارادہ کرتے تو باندھتا انمیں سے ایک اپنے دونوں پانوں میں سفید تاگا اور سیاہ تاگا اور برابر کھاتا رہتا یہانتک کہ اسکو ان دونوں کی رویت ظاہر ہوتی پھر بعد کو اللہ تعالے نے من الفجر کا لفظ نازل فرمایا تو لوگوں نے جانا کہ اللہ تعالے کی مراد دن و رات ہی اخرجہ البخاری اور امام احمد نے عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہر گاہ آیہ وکلوا واشربوا حتی یتبین لکم الخیط الابیض من الخیط الاسود اتری تو میں نے قصد کر کے دو ڈورے لیے ایک سیاہ اور دوسرا سپید پس میں نے دونوں کو اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیا پھر میں نے یہ کیا کہ انپر نگاہ کیا کرتا پھر جب مجھے سیاہ سے سفید جدا ظاہر ہوا تب میں نے اپنے آپ کو روکا پھر جب صبح ہوئی تو میں اول وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور جو میں نے کیا تھا اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی تو آپ نے فرمایا اگر تو نے ایسا کر لیا تو تیرا تکیہ بہت چوڑا ہی اسکی تو مراد یہی ہی کہ رات کی سیاہی سے دن کی سپیدی ظاہر ہو اور صحیحین میں کئی طور سے یہ حدیث عدی بن حاتم سے روایت کی گئی ہی اور یہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان وسادتک لعریض اسکی یہ معنے ہیں مراد تو خیط ابیض و اسود سے سپیدی روز و سیاہی شب ہی پس جب تو نے انکو اپنے تکیہ کے نیچے رکھ لیا تو یہ مقتضی ہی کہ تیرا تکیہ مشرق و مغرب کی چوڑان کی گنجایش رکھتا ہی اور یہ معنے خود بعض روایات بخاری میں بیان ہوے ہیں پس روزہ کے واسطے دن کا شمار سیاہی شب سے سپیدی فجر ظاہر ہونے سے ہی طلوع آفتاب سے نہیں ہی اور طلوع فجر تک کھانے کی اجازت دینے سے سحری کھانا مستحب نکلتا ہی اسواسطے کہ یہ رخصت الٰہی ہی اور رخصت کو اختیار کرنا مستحب ہی اسی سے حدیث میں سحری کی بابت تاکید آئی ہی چنانچہ انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سحری کھاؤ کہ سحری کھانے میں برکت ہی اخرجہ البخاری و مسلم اور عمرو بن العاص سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمارے روزے اور اہل کتاب کے روزے میں فرق سحری کھانے سے ہی اخرجہ مسلم اور امام احمد کی حدیث ابو سعید میں تاکید ہی کہ اسکو مت چھوڑو اگر چہ ایک گھونٹ پانی ہی پی لو کیونکہ اللہ تعالے اور اسکے فرشتے صلوۃ بھیجتے ہیں سحری کھانے والوں پر قال المترجم مراد

یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ اپنی رحمت کرتا ہے اور فرشتے انکے لیے برکت وغیرہ کی دعا کرتے ہیں اور اس باب میں بہت حدیثیں آئی ہیں اور یہ بھی مستحب ہے کہ سحری میں آخر وقت تک تاخیر کرے حتی کہ بعض احادیث میں بیان ہے کہ صحابہ رضی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایسے وقت سحری کھاتے کہ بعضوں کو فجر طلوع ہو جانیکا گمان ہوا اور سحری کی اسطرح تاخیر ایک جماعت صحابہ و بہت سے تابعین و سلف صالحین سے مروی ہے اور صحیحین کی روایت میں حضرت عائشہ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلال کا اذان دینا تمکو تمہاری سحری کھانے سے منع نکرے کہ وہ رات سے اذان کہتا ہے پس کھاؤ پیو یہانتک کہ ابن ام مکتوم کی اذان سنو اور یہ روایت بخاری کا ترجمہ ہے اور ابن ام مکتوم آنکھوں سے نابینا تھے اذان نہیں کہتے یہانتک کہ انسے کہا جاتا کہ تمنے صبح کر دی تمنے صبح کر دی اور ائمہ حنفیہ کے نزدیک جب اذان رات سے نہیں ہوا ہے تو مراد یہ ہے کہ بلال رضی اللہ عنہ تہجد و سحری کے لیے اذان کہتے تھے اور ابن ام مکتوم صبح صادق ہونے پر کہتے تھے اور حدیث امام احمد میں طلق بن علی کی روایت سے موجود ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فجر وہ نہیں ہے جو افق میں مستطیل ہوتی ہے بلکہ وہ ہے جو چوڑان میں پھیلی ہوئی صبح ہوتی ہے اور اسیکے مانند مسلم ترمذی کی حدیث میں ہے اور اسی انتہاے وقت اباحت جماع و طعام وغیرہ سے استدلال کیا جاتا ہے کہ روزہ کا ارادہ کرنے والا اگر صبح ہو جاوے اور وہ جنابت کی حالت میں ہو تو چاہیے کہ غسل کرلے اور روزہ تمام کرلے اور کچھ حرج نہیں ہے اور یہی چار و ناموں اور جمہور علماے سلف و خلف کا مذہب ہے اور حدیث عائشہ و ام سلمہ رضی اللہ عنہما میں ہے کہ ہر دو ام المؤمنین نے فرمایا کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صبح کرتے در حالیکہ جنب ہوتے سوائے احتلام کے جماع سے پھر غسل کرتے اور روزہ رکھتے اور حدیث ام سلمہ میں اسقدر زائد ہے کہ پھر نہ یہ روزہ کھول ڈالتے اور نہ اسکو قضا کرتے اخرجہما البخاری و مسلم واعلموا ان فی مسئلۃ الامام احمد ما ینافض ذلک فانہ قال حدثنا عبد الرزاق عن معمر عن ہمام عن ابی ہریرۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال اذا نودی للصلوٰۃ صلوٰۃ الصبح واحدکم جنب فلا یصم ہذا حدیث صحیح کما ترون جید الاسناد علی شرط الشیخین فمن العلماء من علل بانہ مضطرب الاسناد رواہ بما یروی مرفوعا و بما موقوفا علی فضل بن عباس قلت ہذا لیس بعلۃ قادحۃ ومنہم من ذہب الی ہذا الحدیث وحکی ہذا عن ابی ہریرۃ وسالم وعطاء وہشام بن عروۃ وغیرہم ومنہم من فرق بین ان یصبح جنبا ناسیا فلا علیہ لحدیثی عائشۃ وام سلمۃ وبین ان یصبح جنبا مختارا فلا صوم لہ لحدیث ابی ہریرۃ وحکی ہذا عن طاؤس وعروۃ والحسن ومنہم من فرق بین الصوم الفرض والنفل بان یتم النفل لانہ لا یقضیہ وقیل الثانی لا یضرہ ویروی ہذا عن ابراہیم النخعی ومنہم من ادعی نسخ حدیث ابی ہریرۃ بحدیثی عائشۃ وام سلمۃ ولکن لا تاریخ معہ وکذا دعوی ابن حزم نسخہ بہذہ الآیۃ بلا تاریخ بل التاریخ یدل علی خلافہ ومنہم من قال ان حدیث ابی ہریرۃ محمول علی نفی الکمال وحدیثی عائشۃ وام سلمۃ رضی اللہ عنہما یدلان علی الجواز وقال ابن کثیر فی التفسیر وہذا المسلک اقرب الاقوال واجمعہا قلت فاذا قولہ فلا یصم معنی فلا صوم لہ وہذا کما تراہ بعید واقرب الاقوال عندی انما ہو الثانی بعد تسلیم الحدیث وہو التفرقۃ بین ان یصبح جنبا ناسیا وبین ان یصبح مختارا ومعنی ہذا القول عندی ان من باشر فعل الجنابۃ باختیارہ فاصبح وہو علی ہذہ الحالۃ فلا یصم یومئذ وحمل حدیث ابی ہریرۃ علی ہذا غیر بعید فمعنی قولہ قولہ واحدکم جنب ای مباشرا ما یکون بہ جنبا وہو کنایۃ عن الجماع فلیتامل فیہ۔ اور افطار میں تعجیل کرنا مستحب و مسنون ہے اور سہل بن سعد الساعدی رضی سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمیشہ لوگ بھلائی سے رہینگے جبتک افطار میں تعجیل کرینگے اخرجہ الشیخان اور ترمذی کی روایت میں مرفوعا ہے کہ اللہ عزوجل فرماتا ہے کہ بندوں میں سے میرے نزدیک زیادہ محبوب وہ ہیں جو افطار کرنے میں زیادہ جلدی کرتے ہیں اور اس حدیث کو امام احمد رح نے بھی روایت کیا ہے اور مراد یہ ہے کہ وقت ہو جانے پر توقعت بالکل نہ ہو اور اسی سے صوم وصال مکروہ ہے اور صوم وصال یہ ہے کہ دو دن ایک میں ملا دے بیچ میں کچھ نہ کھاوے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم صوم وصال رکھتے تھے اور فرماتے تھے کہ میرا کھلانے والا ہے جو مجھے کھلاتا ہے اور

پلانے والا ہی جو مجھے پلا دیتا ہی میں تم سا نہیں ہوں اسی لیے اکثر سلف جو پورے روزے رکھتے وہ افطار کے وقت کچھ کچھ لیتے کہ کراہت صوم وصال سے بچیں اور یہ بطور ریاضت کرتے تھے نہ بطریق عبادت ولیکن بعض احادیث میں ایک سحری سے دوسری سحری تک صوم وصال کی رخصت بھی آئی ہی اور صحیحین میں حدیث ابو سعید خدری میں بھی مذکور ہی اور قولہ تعالے ولا تباشروہن وانتم عاکفون فی المساجد یہ رمضان غیر رمضان سب میں مسجدین سے اعتکاف کی حالت میں شکلکر رات یا دن میں جورو سے قربت کرنے کی ممانعت ہی اور یہ حضرت ابن عباس سے مروی ہی اور ضحاک و قتادہ و مجاہد و بہتوں سے مروی ہی کہ لوگ یہ کرتے تھے کہ اعتکاف میں مسجد سے شکلکر اگر چاہتے تو جورو سے قربت کر لیتے تھے یہانتک کہ یہ آیت نازل ہوئی اور اعتکاف سنت مئوکدہ ہی اور واضح رہے کہ مباشرت سے مراد یہان فقط جماع ہی اور ایسی باتین جو جماع پر برانگیختہ کرین مثل بوسہ لینے وغیرہ کے اور جو باتین ایسی ہون وہ منع نہین چنانچہ حضرت عائشہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مین کنگھی کر دیتی تھین حالانکہ آپ اپنا سر مبارک انکی طرف کر دیتے تھے جیساکہ حدیث صحیحین سے ثابت ہی ف ۲ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے علم اللہ انکم کنتم تختانون انفسکم ای یخونون انفسکم کی خیانت اسطرح کرتے ہو کہ نفس کا مجاہدہ اور اسرار ادب اسکو تعلیم کرنا چھوڑتے ہو اور جو نفس کی مراد ہی تم بھی اسکے ساتھ اسکی مراد پر جمتے ہو اور نفس جو کہتا ہی اسکا کلام سنکر قبول کرتے ہو اور وہ اپنے کو بندگی سے نکالتا ہی اور شہوت کی آگ مین گھسا جاتا ہی تم اسپر صبر کرتے اور خاموش رہتے ہو اور شیخ ابن عطا نے فرمایا کہ خیانت نفس کی یہ کہ جہان وہ ٹھہرے وہان اسکا ساتھ دے واسطی نے فرمایا کہ اعتکاف ہی نفس کا روکنا اور جوارح کو لگام دینا اور عبد پر رکھنا اور وقت کو نگاہ رکھنا پھر تو جہان ہو وہین اعتکاف مین ہی اور بعض نے فرمایا کہ برگزیدہ لوگ اپنے اسرار کے ساتھ حضرت حی القیوم کی درگاہ مین معتکف ہین کہ انپر حوادث کے جریان سے کوئی چیز اثر نہین کرتی ہی اسلیے کہ وہ اپنے مشاہدہ مین مستغرق ہین حق عزوجل نے ربوبیت کے حکمون کو عبودیت کے مقام مین حدود باندھ دیا ہی تاکہ بندے انکی وجہ سے قربت کے پردے دریدہ کرنے سے بچے پس جاوین اسواسطے کہ ان حدود کی ابتدا مین تو عبودیت کے اسرار ہین اور انکی انتہا مین ربوبیت کے اسرار ہین انکی وجہ سے بندے ازلیت کے اسرار پہ مطلع ہونے سے باز رکھے گئے ہین تاکہ احکام شریعت باقی رہین قال المترجم تمام اطلاع سے ایمان بالغیب وغیرہ مین خلل تھا اور حقوق عبودیت مین فرق آتا تھا بوجہ اطلاع کے فنائے تمام اسطرح تھی کہ جسمین جل جاتے جو کمال حاصل ہونیکا آلہ ہین جیسے کوہ طور کے حق مین ہوا اور یا یہ معنے ہین کہ عدم اطلاع اسوجہ سے متعین ہوئی کہ ہنوز احکام شریعت انپر باقی ہین قولہ تعالے وکذلک یبین اللہ اٰیاتہ للناس لعلہم یتقون اللہ عزوجل نے سر قدم کو وصف جبروت کے ساتھ آیات وصفات مین ظاہر فرمایا تاکہ اسکے بندے اسکی عظمت وعقوبت سے ڈرین اور مقام تقدیم کے سر کو

حقیقت کے لیے بشریت کے اوصاف چھوڑین

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ

اور نہ کھاؤ آپسمین ناحق ایک دوسرے کے مال اور نہ پہونچاؤ انکو حاکمون تک تاکہ کھا جاؤ کاٹ کر لوگون کے مال مین سے

بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝

مارے گناہ کے اور تم کو معلوم ہو

وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ بَيْنَكُمْ بِالْبَاطِلِ ۔ اور نہ کھاؤ آپسمین ناحق ایک دوسرے کے مال ف یعنے بعض تمھارا بعض کا مال ناحق طور نہ کھاوے ایسے طریقہ سے جو شرعاً حرام ہین مثل چوری وغصب کرنے کے وَتُدْلُوْا بِهَآ اِلَى الْحُكَّامِ ۔ اور نہ پہونچاؤ انکو حاکمون تک ف یعنے نہ ڈالو معاملہ کو یا نہ ڈالو مالون کو بطور رشوت کے بایں غرض ۔ لِتَاْكُلُوْا فَرِيْقًا مِّنْ اَمْوَالِ النَّاسِ بِالْاِثْمِ وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ تاکہ کھا جاؤ کاٹ کر لوگون کے مال مین سے مارے گناہ کے اور تمکو معلوم ہو ف یعنے معاملہ کر کر آپس مین ایک دوسرے کا مال کھا جاؤ بحالیکہ تم متلبس بگناہ ہو

اور یہ بھی جانتے ہو کہ تم اس فعل کے مرتکب ناحق ہوے بینکم ظرف ہی لاتاکلوا کا اور معنے یہ ہین لاتاکلوا فیما بینکم اور بالباطل یعنے بالسبب الباطل مفسر سیوطی رح نے اسکو حرام سے تفسیر فرمایا اور تدلوا مجزوم ہی بسبب معطوف ہونے کے لاتاکلوا پر یعنے لاتدلوا اور بہا ہین حرف باندکو کا صلہ ہی اور ضمیر راجع باموال ہی یعنے بڈالوان مالون کو طرف حکام کے پس یا تو مراد یہ ہی کہ نہ ڈالوانکی حکومت کو حکام پر تو مضاف محذوف ہی ای لاتدلوا بحکومتہا یا اموال کو حکام کی طرف ڈالنے سے رشوت دینا مراد ہی اور قولہ بالاثم جیسے جھوٹی گواہی اور جھوٹ قسم وغیرہ تعلمون یعنے تم جانتے ہو کہ تم ناحق ایسا کرنے والے ہو کیونکہ جانکر گناہ کرنا اور زیادہ قبیح ہی اور حضرت ابن عباس رض سے روایت ہی کہ یہ ایسے شخص کے حق مین ہی کہ اسپر مال آتا ہو مگر اسپر گواہ نہون پس وہ مال کا منکر ہو جاوے اور حکام کے پاس مخاصمہ کرے حالانکہ وہ جانتا ہی کہ یہ حق مجھپر آتا ہی اور جانتا ہی کہ مین اسطرح حرام کھانے والا گنہگار ہون اور ایسا ہی مجاہد و سعید بن جبیر عکرمہ سے مروی ہی اور اس آیت مین دلیل ہی کہ اگر قاضی نے ایسی صورت مین حکم دیدیا کہ اسپر مال نہین آتا تو قیامت مین اسکا چھٹکارا نہو گا اور وہ گناہ سے نہ بچیگا اور قاضی کے حکم دینے سے جو نفس الامر مین حرام ہو وہ حلال نہین ہوتا اور جو حلال ہی حرام نہین ہوتا صرف اسکا حکم ظاہر مین ملتزم ہی اور حدیث مین حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ (ترجمہ) آگاہ رہو مین بشر ہی ہون اور خصوم میرے پاس آتے ہین تو شاید تم مین بعض آدمی اپنی حجت بیان کرنے مین بعض کی بہ نسبت زیادہ گویا ہو پس مین اسکے واسطے حکم دیدون تو ایسے جسکے واسطے مین نے کسی مسلمان کے

حق کا حکم دیدیا تو وہ ایک ٹکڑا آگ کا ہی چاہے اسکو لیوے اور پرلادے یا چھوڑ دے اخرجہ الشیخان

یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ ؕ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ ؕ

تجھسے پوچھتے ہین چاند کا نیا نکلنا تو کہہ یہ وقت ٹھہرے ہین لوگون کے واسطے اور حج کے لیے

واضح ہو کہ لوگون نے پوچھا تھا کہ اس چاند مین کیا حکمت ہی کہ پہلے باریک ظاہر ہوتا پھر بڑھکر پر نور ہو کر گھٹتا جاتا ہی حتی کہ پھر ہلال ہو جاتا ہی تو یہ آیت نازل ہوئی یَسْـَٔلُوْنَكَ عَنِ الْاَهِلَّةِ تجھسے پوچھتے ہین چاند کا نیا نکلنا الخ یعنے کیون اسطرح نکلتے ہین کہ پہلے باریک پھر روز بروز بڑھتے جاتے ہین اور پھر ویسا ہی گھٹ جاتے ہین حکمت کے ساتھ قُلْ هِیَ مَوَاقِیْتُ لِلنَّاسِ وَالْحَجِّ تو کہہ یہ وقت ٹھہرے ہین لوگون کے واسطے اور حج کے لیے الخ یعنے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم آپ ان پوچھنے والون سے کہدیجیے کہ یہ وقت پہچاننے کا آلہ ہی یعنے اس سے لوگ اپنی کھیتی کرنے اور تجارت کرنے کے وقت اور اپنی عورتون کی عدت اور روزے و افطار کا حال معلوم کرتے ہین پس اگر یہ ہلال ایک ہی حال پر رہتا تو ان اوقات کی شناخت نہوتی اہلہ جمع ہلال ہی جو پہلے سے تیسری تاریخ تک کے چاند کا نام ہی پھر بعد اسکے اسکو قمر کہتے ہین مگر یہان اسکو اول نام سے بیان فرمایا یہ ماخوذ ہی استہلال الصبی سے جبکہ بچہ چلایا رویا یعنے جسوقت پیدا ہوا چونکہ چاند دیکھکر بھی لوگ اکثر اپنی آواز بلند کرتے تھے لہذا ہلال نام ہوا اور یسئلونک عن الاہلۃ مین وہ احتمال ہین یا تو یہ مراد ہی کہ یسئلونک عن حقیقۃ الاہلۃ یا مراد یہ کہ حکمۃ الاہلۃ یعنے حقیقت ہلال پوچھی یا اسکی حکمت پوچھی تو سکا کی نے اول اختیار کیا ہی اور کہا کہ ان لوگون نے ہلال کا سبب دریافت کیا تھا مگر اللہ تعالے نے انکو اسکی حکمت بیان کرنے کے ساتھ جواب دیا اور یہ جواب باسلوب حکیم ہی یا ین تنبیہ کہ سوال کرنے والون کو اسکی حکمت دریافت کرنا لائق ہی نہ سبب لیکن یہ لکنات بے وجہ ہی یہ کہان سے معلوم ہوا کہ انھون نے ہلال کا سبب دریافت کیا تھا نہ عبارت سے نکلتا ہی نہ کسی خبر مین مروی ہی حالانکہ اصل بحث یہ ہی کہ جواب مطابق سوال کے ہوتا ہی پس مراد حکمت ہلال ہی اور جواب بھی اسپر مطابق ہی اسلیے محققین مثل امام راغب و صاحب کشاف و بیضاوی اور مفسر سیوطی رح وغیرہ نے اسکو اختیار کیا اور مفسر سیوطی رح نے اتقان مین فرمایا کہ ابن جریر نے ابو العالیہ سے روایت کی کہ شیخ ابو العالیہ نے فرمایا ہمکو خبر پہونچی ہی کہ صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یون کہا تھا کہ یا رسول اللہ ابلہ کیون پیدا کیے گئے ہین اور یہ صریح ہی کہ انھون نے اسکی حکمت دریافت کی تھی پھر ہلال کل امور معاش و عبادات مین مفید ہی لیکن حج کو خاص کیا وجہ اسکی خصوصیت

کہ اسکی ادا اور قضا دونوں مین وقت کی مراعات ہے اور حاکم و عبد الرزاق نے حضرت ابن عمر سے روایت کی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (ترجمہ) اللہ تعالے نے اہلہ کو لوگون کے لیے مواقیت مقرر فرمایا ہی پس چاند کو دیکھکر روزہ رکھو اور دیکھکر افطار کرو پھر اگر بدلی چھا جاوے تو تیس پورے شمار کرلو وقال الحاکم صحیح یعنے اگر شعبان کی انتیسوین کو بدلی ہو اور کئی روز رہے تو شعبان کے تیس دن شمار کرکے پھر رمضان کا پہلا دن گنو اور اسیطرح اگر رمضان کے آخر مین ایسا ہو تو ایسا ہی کرو ف۲ فی العرائس قولہ قل ہی مواقیت للناس الخ احوال طرح طرح کے جو وارات ابدی اور عوارض سرمدی کے کشف ہونے کے وقت ظاہر ہوتے ہین یہ دونون کے مواقیت ہین کہ جب وہ اعلی مقامات پر ترقیب ارتقی ہین اور عالم صفات مین انکے شئونون کی کمی و بیشی ظاہر ہوتی ہی تو یہ احوال پیدا ہوتے ہین کیونکہ اللہ تعالے قربت کے مقام کو بقدر شوق ہر ایک شائق کے کشف فرماتا ہی جو کبھی کم مثل ہلال کے اور کبھی زائد مثل قمر کے پردہ مشاہدات سے منکشف ہوتا ہی حتی کہ بقدر ظہور احوال اور کشف صفات کے وہ لوگ احکام عبودیت کو ربوبیت مین اور احکام ربوبیت کو عبودیت مین جان لیتے ہین اور جاننے کی ضرورت یہ پیش ہی کہ عارف کو یہان علم احوال و آداب کی حقیقت معلوم ہونا ضرور ہی تاکہ انوار قربت و مشاہدہ پانے کے وقت انکی قدر کے لائق آداب کا برتاو کرے۔

وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُورِهَا وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا

اور نیکی یہ نہین کہ آؤ گھرون مین انکی پشت سے لیکن نیکی وہی جو شخص بچتا رہے اور گھرون مین آؤ دروازون سے

وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝

اور اللہ سے ڈرتے رہو شاید تم مراد کو پہونچو۔

وَلَيْسَ الْبِرُّ بِأَنْ تَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ ظُهُورِهَا۔ یہ نیکی نہین کہ گھرون مین انکی پشت کی طرف سے داخل ہو ف یعنے حالت احرام مین باین طور کہ گھرون مین نقب لگاکر اس سے آؤ جاؤ اور دروازہ چھوڑ دو اور حال یہ تھا کہ وہ لوگ ایسا کرتے تھے اور اسکو نیکی جانتے تھے۔ وَلَٰكِنَّ الْبِرَّ مَنِ اتَّقَىٰ۔ ولیکن نیکی والا وہ شخص ہی کہ جسنے اللہ تعالے سے اسطرح تقوی کیا کہ اللہ تعالے کے حکم سے خلاف کرنا چھوڑ دیا۔ وَأْتُوا الْبُيُوتَ مِنْ أَبْوَابِهَا۔ اور گھرون مین انکے دروازون سے آو ف یعنے احرام مین بھی جیسے غیر احرام کی حالت مین دروازون سے آتے جاتے ہو۔ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ۔ اور اللہ تعالے سے تقوی کرو تاکہ فلاح حاصل کرو ف یعنے مراد کو پہونچو آیت کریمہ کا شان نزول کئی طور پر روایت کیا گیا ہی اور مصداق اسکے سب وجوہ ہو سکتے ہین مگر اصل سبب نزول ظاہر یہ ہی کہ جوابر بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ زمانہ جاہلیت مین یعنے اسلام سے پہلے جب لوگ احرام باندھتے تو گھرون مین انکی پشت کی طرف سے آتے تھے اور دروازہ سے آنا گناہ جانتے پس اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری ولیس البر بان تاتوا البیوت من ظہورہا الآیۃ۔ اخرجہ البخاری وکذا رواہ ابوداؤد الطیالسی براء بن عازب سے دوسری روایت ہی کہ انصار کا قاعدہ تھا کہ جب اپنے سفر حج سے مدینہ مین پھر آتے تو کوئی آنے والا اپنے گھر مین دروازہ کیطرف سے داخل نہوتا پس یہ آیت اتری اس سے ظاہر ہوتا ہی کہ یہ عادت ابتداے اسلام مین بھی جاری تھی جابر سے روایت ہی کہ قریش لوگ تمس کہلاتے تھے یعنے اپنے دین مین سخت و مضبوط تو یہ لوگ احرام مین اپنے دروازون سے داخل ہوتے تھے اور انصار و باقی عرب احرام مین دروازون سے نہین داخل ہوتے تھے پس ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک باغ مین تھے پس وہان سے اسکے دروازے سے باہر نکلے اور آپ کے ساتھ قطبہ بن عامر انصاری بھی نکل آئے پس لوگون نے کہا کہ قطبہ بن عامر ایک شخص تابعی ہی اور وہ آنحضرت کے ساتھ دروازے سے نکل آیا پھر لوگون نے اس سے پوچھا کہ تجھے کس چیز نے ایسا کرنے پر آمادہ کیا تو قطبہ نے کہا کہ مین بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دین پر ہون پس اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری ولیس البران

تاتوا البیوت من ظھورھا الآیۃ۔ اس حدیث کو (ابن ابی حاتم) اور عوفی نے ابن عباس رضؓ سے بھی اسیکے مانند روایت کی اور ایسا ہی مجاہد زہری وقتادہ و ابراہیم نخعی و سدی و ربیع بن انس رحمہم اللہ سے مروی ہوا و حسن بصری رح سے روایت ہو کہ زمانہ جاہلیت میں بعض قوموں کا دستور تھا کہ احیانا انمین سے کوئی سفر کا قصد کرتا اور بقصد سفر گھر سے باہر نکلتا پھر اسکو کسی وجہ سے یہ مصلحت معلوم ہوتا کہ ٹھہر جاوے اور سفر کو چھوڑ دے تو گھر میں دروازے سے نہ آتا بلکہ پشت کیطرف سے دیوار پھاند کر آتا تھا تو اللہ تعالے نے یہ آیت اُتاری مترجم کہتا ہو کہ ظاہرا یہ مذموم و مستوردہ ہو جو آج کل اسلام کے مذہب خیالات والون میں پھیلا کہ نجوم کے طور پر جانے کے دن و ساعت مقرر کرکے پاتراب کرتے ہین پھر گھر میں داخل نہین ہوتے ہین اگرچہ اس روز سفر نکرین اور بعضے دوسرے ٹوٹکے کرتے ہین اور یہ عقائد سب معصیت اور انمین خوف شرک و کفر ہی جیساکہ شرح فقہ اکبر ملا علی قاری و فتاوی عالمگیری وغیرہ مین بقائد مذکور ہین۔ سراج و معالم وغیرہ مین ہو کہ محمد بن کعب نے فرمایا کہ یہ دستور تھا کہ جب کوئی اعتکاف کرتا تو گھر میں دروازہ سے داخل نہوتا پس اللہ تعالے نے یہ آیت اُتاری اور عطا ابن ابی رباح نے فرمایا کہ اہل مدینہ کا دستور تھا کہ جب احرام عید سے لوٹتے تو اپنے گھرون مین پشت کی طرف سے داخل ہوتے اور اعتقاد رکھتے کہ یہ امر نیکو کاری سے قریب ہی پس اللہ تعالے نے فرمایا ولیس البر بان تاتوا البیوت الآیہ۔ اور بعض تفاسیر مین بالتبع اقوال راسے مذکور ہین جنکا ذکر کرنا روا نہین ہو۔ قولہ تعالے واتقوا اللہ الخ یعنے تقوی کرو اللہ تعالے سے پس بجالاؤ جسکا تاکو حکم کیا اور چھوڑو جس سے تمکو منع کیا تاکہ فلاح پاؤ قیامت مین جب کھڑے ہوگے اللہ عزوجل کے سامنے پس تمکو پوری نعمت سے بدلا عطا فرماویگا

وَقَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝

اور لڑو اللہ کی راہ مین اُن لوگون سے جو تمسے لڑین اور زیادتی مت کرو اللہ نہین چاہتا زیادتی کرنے والون کو

واضح ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد ہجرت کے حکم جہاد آنے پر کافرون سے بدر و اُحد و خندق وغیرہ مواقع پر جہاد کیا پھر ہجرت کے چھٹے سال آپنے عمرہ کعبہ معظمہ کا قصد کیا جب مقام حدیبیہ تک پہونچے تو کفار قریش لڑنے پر آمادہ ہوے۔ آخر دس برس پر صلح ٹھہری اور امسال واپس جاوین پھر سال آیندہ مین انکے لیئے تین روز مکہ خالی کردینگے۔ پس جب سال آیندہ مین آپ نے قضاے عمرہ کا سامان فرمایا تو صحابہ رضؓ کو خطرہ ہوا کہ شاید قریش بیوفائی کرین تو احرام کی حالت مین مقام حرم مین ماہ حرام ذی القعدہ مین کیونکر قتال کرینگے تو آیت نازل ہوئی قولہ تعالے۔ قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ۔ تم قتال کرو اللہ تعالے کی راہ مین ف اللہ تعالے کا کلمہ بلند ہونے کے لیے خاص نیت کے ساتھ۔ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَكُمْ۔ ان لوگون سے جو تمسے لڑین ف یعنے کافرون سے۔ وَلَا تَعْتَدُوا۔ اور زیادتی مت کرو ف یعنے باین طور کہ پہل کرو قتال کرنے مین پس تم اُنپر پہل مت کیجیو۔ إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ۔ اللہ تعالے پسند نہین کرتا ان لوگون کو جو تجاوز کرنے والے ہین ف اس حد سے جو انکے لیے باندھدی۔ پھر واضح ہو کہ قریش نے عہد پورا کیا اور قتال واقع نہین ہوا پھر سوال یہ کہ آیت قدسی سے یہ حکم ثابت رہا کہ کافرون سے قتال کرنے مین پہل نکرے خصوص حرم و احرام و ماہ حرام مین شیخ سیوطی وغیرہ نے کہا کہ ابتداے قتال کی ممانعت جو اس آیت مین ہو وہ سورہ برات کی آیت۔ واقتلوہم حیث ثقفتموہم الآیۃ۔ سے منسوخ ہی یعنے کافرون کو جہان پاؤ مارو یہانتک کہ اسلام کی طرف رجوع لاوین۔ یہ حکم خاصۃ عرب کے واسطے ہو جاننا چاہیے کہ اسمین کسیکا خلاف نہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے مدینہ طیبہ مین ہجرت کرکے آنے سے پہلے کافرون سے قتال کرنا آپکو ممنوع تھا بقولہ تعالے فاعف عنہم و اصفح اور بقولہ واہجرہم ہجرا جمیلا اور بقولہ لست علیہم بمصیطر۔ اور قولہ اوضع بالمثنی ہی احسن آور مانند اسکے اور آیات جو مکہ مین اُتری ہین اور علما نے بیان کیا کہ باوجود ایذا کفار کے مسلمانونکو اسوقت جہاد کی اجازت نہ ملی اسمین منجملہ فوائد کے ایک امتحان تھا کہ حکم الٰہی پر قائم رہین اور بغیر صبر کے عادی ہون پھر جب آپ نے اللہ تعالے کے حکم سے مدینہ کو ہجرت فرمائی تو اسمین اتفاق ہو کہ جہاد کا حکم مدینہ مین اُترا ہی پھر بنا بر بیان مفسر سیوطی رح کے یون ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے

چھٹے سال پندرہ سو مسلمانوں کے ساتھ عمرہ ادا کرنیکا قصد کیا اور محققین نے کہا ہی کہ حج اسوقت فرض نتھا پس جب آپ حدیبیہ بضم حا مہملہ وفتح دال مہملہ وسکون یا و کسر باء موحدہ پھر یا مفتوحہ بروزن سفینہ نو میل مکہ سے ایک مقام ہی پہونچے تو خبر پہونچی کہ قریش لڑنے پر آمادہ ہین اور مسلمان حالت احرام مین تھے بالجملہ یہین آپنے مسلمانون سے بیعت رضوان لی یعنے نہ بھاگینگے چاہے مرجاوین آخر انجام یہ ہوا کہ قریش نے صلح کی اور یہ قرار پایا کہ دوسرے سال آپ آوین اور عمرہ ادا کرین اور قریش تین روز کے لیے مکہ کو خالی کر دینگے اور پوری صلح کی حدیث صحیح بخاری وغیرہ سے اپنے مقام و معہ قریب مین مذکور ہوگی اور چند مسلمانون نے اس صلح کو مکروہ جانا انہین سے عمر بن الخطاب بھی ہین لیکن یہی صحیح کہی تھی چنانچہ بعد اسکے اللہ تعالے نے سورہ انا فتحنا نازل فرمائی ہی بالجملہ جب دوسرے سال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قضاء عمرہ کا قصد کیا تو مسلمانون کو یہ خیال ہوا کہ ایسا نہو کہ قریش اپنے وعدہ کو پورا نہ کرین اور مکہ کو خالی نہ کرین بلکہ لڑنے پر آمادہ ہون تو حالت احرام مین اُنسے قتال مکروہ ہوگا اور نیز یہ ماہ حرام ہی اور مقام لڑائی کا حرم ہی اور ان سب باتون قتال مکروہ ہی پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ وقاتلوا فی سبیل اللہ الذین یقاتلونکم ولا تعتدوا۔ یعنے اجازت دی اور کراہت دور کردی مگر اس شرط سے کہ جو تمسے لڑے اس سے لڑو اور خود اس حالت احرام اور ماہ حرام وحرم مین لڑنے کے واسطے پہل نہ کرو ایسا ہی معالم وغیرہ مین بھی مذکور ہی اور ابن کثیر رح کی تفسیر مین ابو العالیہ سے مذکور ہی کہ فرمایا کہ یہ اول آیت ہی جو قتال کے بارہ مین مدینہ مین اُتری پھر جبیل تری تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لڑتے اس شخص سے جو آپ سے لڑتا اور باز رہتے اُس سے جو نہ لڑتا یہانتک کہ سورہ برات نازل ہوئی اور ایسا ہی عبد الرحمن بن زید بن اسلم نے کہا یہانتک کہ کہا کہ یہ منسوخ ہی بقولہ فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموہم۔ قال المترجم شیخ ابو العالیہ کی روایت پر اسکا شان نزول یہ نہین بنتا ہی جو مفسر رحمہ اللہ نے ذکر کیا ہی اسوجہ سے کہ واقعہ حدیبیہ چھٹے سال ہجرت کے واقع ہوا حالانکہ قبل اسکے غزوہ بدر واحد وغیرہ واقع ہو چکے تھے کیونکہ غزوہ بدر دوسرے سال ہجرت مین واقع ہوا ہی اور اصح یہ ہی کہ اول آیت جو جہاد کی اجازت مین اُتری ہی وہ قولہ تعالے اذن للذین یقاتلون بانہم ظلموا وان اللہ علی نصرہم لقدیر الایہ ہی اور یہ آیت قولہ تعالے وقاتلوا فی سبیل اللہ الذین یقاتلونکم اسی واقعہ مین اُتری ہی جیسا کہ مفسر سیوطی وغیرہ نے ذکر کیا وسیاتی وابن کثیر رح نے کہا کہ قولہ الذین یقاتلونکم حکم جہاد نہین بلکہ یہ تو جوش دلانا اور ان دشمنون پر اُبھارنا ہی جنکی عادت قتال اہل اسلام ہی۔ اور علی ہذا کلام مفسر رحمہ اللہ مین بھی تامل ہوگا کہ جو اسکو منسوخ قرار دیا اور نیز اگر احرام وحرم وماہ حرم مین کراہت قتال سے اجازت تھی تو وہ حکم جہاد مستقل نہین جو منسوخ ہو قتال سے پھر اس آیت مین فرمایا قاتلوا فی سبیل اللہ صحیح بخاری مین حضرت ابو موسی اشعری کی روایت سے ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ بعض لڑنے والا شجاعت کی راہ سے لڑتا ہی اور بعض لڑنے والا حمیت کے جوش سے لڑتا ہی اور بعض لڑنے والا لوگون کے دکھانے کو لڑتا ہی پس ان مین سے فی سبیل اللہ کون ہی تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو اسواسطے لڑے کہ اللہ تعالے ہی کا کلمہ بلند ہو تو وہ فی سبیل اللہ ہی۔ اور قولہ تعالے الذین یقاتلونکم اسمین ایک جماعت سلف نے فرمایا کہ مراد اس سے عورتون اور لڑکون و بوڑھون و بیمارون و راہبون و مجنونون و اندھون مکفوفون وانکے مانند لوگون کے سوائے لڑنے والے کافر لوگ مراد ہین اور قولہ لا تعتدوا مفسر سیوطی رح نے کہا کہ انکے ساتھ قتال مین پہل نہ کرو اور اس بنا پر یہ آیت منسوخ ہوگی جیسا کہ مفسر رح نے خود ذکر کیا ہی اور ایک جماعت کی رائے پر یہ آیت محکم ہی منسوخ نہین ہی اور ابن کثیر رح نے ذکر کیا کہ لا تعتدوا مین ارتکاب مناہی بھی داخل ہی یعنے جو منع ہی اسکے مرتکب نہو اور صحیح مسلم مین بریدہ رض سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ اللہ تعالے کی راہ مین جہاد کرو جو اللہ تعالے کے ساتھ کفر کرے اس سے لڑو جہاد کرو اور غلول مت کرو اور عہد مت کرو اور مثلہ مت کرو اور بچون کو مت قتل کرو اور صومعہ کے راہبون کو مت قتل کرو اسکو امام احمد نے بھی روایت کیا ہی اور مانند اسکے ابن عباس سے مرفوعا امام احمد کے پاس اور انس رض سے مرفوعا ابو داؤد کے پاس روایت ہی اگر کہو کہ آیت براۃ قولہ تعالے فاذا انسلخ الاشہر الحرم فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموہم کے یہ معنے کہ پھر جب ماہ حرام نکل جاوین تو مشرکون بت پرستون کو جہان پاؤ قتل کرو یعنے خواہ حرم مین یا حرم کے باہر پس آیت

ماہ حرام مین قتال ممنوع رہا جواب یہ کہ کافرون کے واسطے یہ میعاد عام دی گئی تھی تاکہ جنسے معاہدہ ہو وہ عذر و بدعہدی نہو کہ پہلے چپکے چپکے سامان کیا پھر ایکبارگی اعلان جنگ دیدیا جیسے دنیاوی بدکار کرتے ہین اور واضح ہو کہ اسی حکم کی آیت اس مقام پر بھی موجود ہی اور یہ اسی بناپر ہو کہ پہل مت کرو فافہم ف عرائس البیان مین ہی کہ قولہ تعالے وقاتلوا فی سبیل اللہ الذین یقاتلونکم۔ اسی طرح اہل عرفان و اہل حقیقت اپنے سخت دشمن یعنے نفس کے ساتھ قتال کرین اور اسکی بنیاد کھود ڈالین تاکہ دواعی سرکشی کے سب زائل ہو جاوین اور حضوری باری تعالے مین انکے سینہ سلامت رہین اور ہجوم کی پریشانی سے انکو دل جمعی حاصل ہو اور منع فرمایا کہ اسکو اپنے حال پر چھوڑے رہین نافرمانی نہ کرین کہ حد سے تجاوز ہی اور اسکے خلاف پر بھی ہنا عدوان ہی

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ

اور مارو انکو جس جگہ پاؤ اور نکال دو انکو جہان سے انھون نے تم کو نکالا اور دین سے بچلانا مارنے سے زیادہ ہی اور نہ لڑو ان سے

عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ حَتَّىٰ يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ فَإِن قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ كَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ فَإِنِ انتَهَوْا

مسجد حرام پاس جب تک وہ نہ لڑین تم سے اس جگہ پھر اگر وہ لڑین تم سے تو انکو مارو یہی سزا ہی منکرون کی پھر اگر وہ باز آوین

فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ فَإِنِ انتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ إِلَّا عَلَى الظَّالِمِينَ

تو اللہ بخشنے والا مہربان ہی اور لڑو انسے جب تک نہ باقی رہے فساد اور حکم رہے اللہ کا پھر اگر وہ باز آوین تو زیادتی نہین مگر بے انصافون پر

وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ۔ مشرکون کو جہان پاؤ مارڈالو ف یعنے عرب بت پرستون کو جب وہ آمادہ قتال ہون جہان پاؤ مارو۔ وَأَخْرِجُوهُم مِّنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ۔ اور انھون نے جہان سے تمکو نکالا تم وہان سے انکو نکالو ف یعنے مکے سے چنانچہ دو برس بعد انکے ساتھ ایسا کیا گیا جب کہ فتح ہوا۔ وَالْفِتْنَةُ أَشَدُّ مِنَ الْقَتْلِ۔ اور فتنہ بہ نسبت قتل کے اشد ہی ف یعنے انکا شرک کرنا بہ نسبت انکے قتل کیے جانے کے حرم مین و احرام کی حالت مین جسکو تم نے عظیم جانا ہی بہت بڑھا ہوا ہی۔ وَلَا تُقَاتِلُوهُمْ عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ اور نہ لڑو مسجد الحرام مین مقاتلہ مت کیجیو۔ حَتَّىٰ يُقَاتِلُوكُمْ فِيهِ۔ یہانتک کہ وہ لوگ تمسے خود مسجد الحرام مین قتال کرین۔ فَإِن قَاتَلُوكُمْ فَاقْتُلُوهُمْ۔ پھر اگر وہ لوگ تمسے لڑائی کرین یعنے مسجد الحرام مین تو انکو مارو۔ كَذَٰلِكَ جَزَاءُ الْكَافِرِينَ۔ کافرون کی یہی سزا ہی ف مسجد الحرام و حرم مین جہان بدکرداری کرین مارے جاوین واضح ہو کہ ایک قراءۃ مین لا تقتلوھم عند المسجد الحرام حتی یقتلوکم فیہ فان قتلوکم فاقتلوھم الایۃ ہی۔ فَإِنِ انتَهَوْا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ۔ پھر اگر وہ لوگ شرک سے باز آوین تو اللہ تعالے غفور رحیم ہی۔ ف اگلے کل گناہ بخشیگا اور انپر رحمت فرمایگا۔ واضح ہو کہ جہاد اصلی عبادت نہین بلکہ مومنون کے واسطے رحمت اور کافرون سے حفاظت ہی لہذا اعلام فرمایا۔ وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّينُ لِلَّهِ۔ اور ان بت پرستون کافرون سے قتال کرو اس حد تک کہ فتنہ یعنے شرک نہ پایا جاوے اور دین اللہ تعالے ہی کے واسطے ہو جاوے ف اور یہ عین عدل ہی کہ مخلوق اپنے خالق عزوجل کے بندین ہو جاوے جیسے خالق عزوجل سے شرک کرنا عین ظلم ہی کہ اسکے بعد کوئی نیکی معتبر نہین ہی۔ بالجملہ بعد قوی جیسے کے قتال جہاد جائز نہین ہی لہذا صریح فرمایا

فَإِنِ انتَهَوْا فَلَا عُدْوَانَ إِلَّا عَلَى الظَّالِمِينَ۔ پھر اگر وہ شرک سے باز رہین تو پھر عدوان نہین مگر انھین پر جو ظالم ہین ف اور معلوم ہو گیا کہ وہ لوگ بعد لا الہ الا اللہ کے ظالم نہ رہے تو انپر عدوان و ظلم و قتال نہین ہو سکتا ہی۔ واضح ہو کہ اشد بمعنے اعظم ہی کیونکہ اشد چونکہ غالب صفت اعیان سے ہی لہذا اعظم سے تفسیر کی جو صفت معانی سے ہی۔ لا تقاتلوہم۔ بالف۔ قراءۃ جمہور کے موافق یہ نہی قتال ہی پس قتل سے بطریق اولی منع ہی اور بغیر الف کے قراءۃ حمزہ و کسائی کے موافق نہی ہی نفس قتل سے۔ انتہاء باز رہنا انکون بمعنے توجد ہی کان ناسہ ہی فان انتہوا شرط ہی

اور جزا اسکی محذوف ہی اور اسواسطے حذف کی گئی کہ قولہ فلا عدوان اسپر دلالت کرتا ہی۔ اب جاننا چاہیے کہ اس آیت نے منسوخ کردیا پہلی آیت کو یعنے پہلی آیت مین اللہ تعالے نے مسلمانون کو قتال کا حکم دیا تھا اس شرط سے کہ کفار لڑائی پر اقدام کرین اور اس آیت مین انکو حکم دیا کہ کافرون پر جہاد کرین خواہ کافر انسے لڑین یا نہ لڑین مگر مسجد الحرام یعنے تمام حرم مین انسے قتال مین خود ابتدا نہ کرین چنانچہ فرمایا۔ واقتلوہم حیث ثقفتموہم۔ شیخ ابن جریر رح نے کہا کہ یہ خطاب اصحاب مہاجرین کو ہی شاید بقرینہ قولہ واخرجوہم من حیث اخرجوکم۔ ہی اسواسطے کہ انصار کو انھون نے نہین نکالا تھا اور اس صورت مین انصار انکے حکم مین داخل ہونگے اور شیخ ابن کثیر رح نے اسکو جوش دلانے اور آمادہ کرنے پر محمول کیا اور کہا کہ معنے یہ ہین کہ تمھاری ہمت انکے قتال پر آمادہ و بڑھی رہے جیسے انکی ہمت تمھارے قتال پر ہی وعلی ہذا آیۃ اولی منسوخ ہونگی اسواسطے کہ نسخ جاری ہوتا ہی اوامر و احکام مین اور تحقیق اسکی مقدمہ مین مذکور ہی ولیکن اکثر مفسرین کے نزدیک آیۃ اولی منسوخ ہی اور یہ جو بعض نے ذکر کیا کہ آیۃ قتال نے ستر آیات کو نسخ کیا اور جو ابن العربی نے کہا کہ جہان قرآن مین صفح از کفار اور تولی و اعراض و کف اور اسکے مانند مذکور ہی وہ آیۃ السیف سے منسوخ ہی اور حکم قتال نے ایک سو چوبیس آیت کو منسوخ کیا ہی یہ سب مبالغہ خلاف تحقیق ہی کیونکہ صفح وغیرہ کے احکام ایک سبب پر مبنی تھے یعنے جبتک مسلمانون مین ضعف تھا تو بسبب ضعف اور قلت کے اس سبب کے موافق صفح وغیرہ کا حکم دیا گیا یہانتک کہ مسلمانون کو قوت حاصل ہو پس صفح کا حکم گویا اسلاح تھا فاصفح عنہم الی ان یکون الاسلام قویا۔ یعنے اسلام قوی ہونے تک منہ موڑو درگذر زوال سبب کے بعد وہ حکم بھی جاتا رہا اور دوسرے سبب کے موافق حکم ہوا پس آیات جنکو منسوخ سمجھا ہی وہ درحقیقت منسوخ نہین ہین وقولہ واخرجوہم من حیث اخرجوکم بنا بر قول مفسر رح کے ایسا ہوا کہ واقع ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے روز جو مسلمان ہوے انمین سے بعض کو قتل کیا اور بعض کو نکال دیا۔ چونکہ جہاد مین جانون کا تلف کرنا اور لوگون کا قتل کرنا ہوتا ہی اور یہ امر ان لوگون پر جو حقیقت حال سے واقف نہون گران ہوتا ہی اور جو لوگ حقیقت عظمت الٰہی اور تحقیق حال سے آگاہ ہین جانتے ہین کہ شرک سب چیزون سے بدتر ہی کوئی امر دنیا مین اس سے بدتر نہین حتی کہ قتل وغیرہ اسکے سامنے کچھ چیز نہین پس اللہ تعالے نے متنبہ کردیا کہ حرم مین قتل کرنا بسبب تعظیم الٰہی کے ہی لیکن ان کافرون کی گستاخی جو حد سے بڑھی ہوئی وہان موجود ہی وہ اس سے کہین بڑھکر ہی اسیواسطے فرمایا والفتنۃ اشد من القتل۔ شیخ ابو العالیہ و مجاہد و سعید بن جبیر و عکرمہ و حسن و قتادہ و ضحاک و ربیع بن انس نے کہا کہ اللہ تعالے فرماتا ہی کہ شرک اعتقاد ہی قتل سے۔ پس فتنہ کی تفسیر شرک کے ساتھ یہی سلف سے مروی ہی اور اسیکو مفسر رح نے اختیار کیا اور متردد احوال لاطائل یہان مین بھی ترک کرنا ہی۔ قولہ ولا تقاتلوہم عند المسجد الحرام۔ اور مراد مسجد حرام سے حرم ہی اسواسطے کہ مسجد حرام کا لفظ حرم پر اطلاق کیا جاتا ہی اور اسمین ممانعت ہی کہ حرم مین کافرون مشرکون سے مقاتلہ مین ابتدا نہ کرو اگر وہ مقاتلہ کرین تو وہان بھی مارو۔ اور اہل علم مین اختلاف ہی کہ حرم مین قتال روا ہی یا نہین پس ایک گروہ کا یہ قول ہی کہ یہ آیت محکم ہی اور حرم مین قتال روا نہین ہی جب تک کہ کوئی تعدی کرنے والا تعدی نہ کرے اور اگر تعدی کرے تو اسکی دفع کے واسطے مقاتلہ کرنا روا ہی اور یہی صحیح ہی اور اسکے مؤید ہی وہ حدیث جو صحیحین مین مروی ہی اور معنے یہ ہین کہ حرم مین لڑنا کسی کے واسطے قبل اسکے حلال نہین ہوا تھا جیسے اللہ تعالے نے آسمان و زمین کو پیدا کیا تب سے وہ حرام ہی اور میرے واسطے ایکدن مین ایک ساعت کے واسطے حلال کیا گیا تھا پھر وہ قیامت تک کے واسطے حرام ہو گیا ہی جیسے پہلے تھا اور دوسرے گروہ نے کہا کہ یہ آیت منسوخ ہی سورہ برات کی آیت سے اے فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموہم۔ مار ڈالو مشرکون کو جہان پاؤ اور یہ عام ہی پس حرم مین بھی مار ڈالنا جائز ہی اور جواب یہ ہی کہ دونون آیتون مین توفیق ممکن ہی اور حدیث اسکی تفسیر واقع ہوئی پس سوائے حرم کے ہر جگہ قتل کرنا چاہیے۔ اور اعتراض کیا گیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابن خطل کو جو کعبہ کا پردہ پکڑے چمٹا تھا وہین قتل کرا دیا اور جواب یہ ہی کہ یہ اسی ساعت کے اندر واقع ہوا تھا جو اللہ تعالے نے آپ کے واسطے حلال کردی تھی اور خود حدیث مین ہی کہ اگر کوئی شخص یہ حجت لاوے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسمین قتال کیا ہی پس ہمکو بھی قتال روا ہی تو اسکو کہو کہ اللہ تعالے نے اپنے رسول کے واسطے اسمین قتال کرنے کی

ایک ساعت کے واسطے اجازت دیدی تھی اور تمہارے واسطے اجازت نہیں دی ہی۔ یہ حصہ حدیث صحیحین ہی۔ قولہ فان قاتلوکم فاقتلوہم کذلک جزاء الکفرین۔ یعنے پھر اگر وہ تمسے مقاتلہ کریں مسجد حرام میں اور قید مسجد حرام کی بناء مفہوم غایت کے سمجھی گئی فاقتلوہم۔ یعنے فقاتلوہم ایسا ہی بعض نے کہا ولیکن یہ غیر مستحسن ہی بلکہ فاقتلوہم اپنے معنے پر ہی اور معنے یہ ہیں کہ انکو قتل کرو لڑکر اور اس سے باک نہ کرو کہ حرم میں مارڈالنا روا نہیں ہی یعنے ہمنے تمکو اجازت دیدی۔ قولہ فان انتہوا فان اللہ غفور رحیم۔ ای اگر حرم میں لڑنا چھوڑیں اور اسلام کی طرف رجوع کریں تو اللہ تعالے انکے گناہ بخشدیگا اگرچہ انھوں نے اس سے پہلے مسلمانوں کو قتل کیا ہو اگرچہ حرم میں قتل کیا ہو کیونکہ اللہ تعالے رجوع لانے والے کے حق میں کسی گناہ کو نہیں رکھتا ہی بخش دینے میں پھر اللہ تعالے نے قتال کفار کا حکم دیا اور فرمایا۔ وقاتلوہم حتی لاتکون فتنۃ یعنے اسے قتال اسوقت تک کرو کہ فتنہ نہ رہے ای شرک نہ رہے یہ قول ابن عباس و ابو العالیہ و مجاہد و حسن و قتادہ و ربیع و مقاتل و سدی و زید بن اسلم کا ہی۔ قولہ ویکون الدین للہ ای عبادت فقط اللہ تعالے وحدہ کی رہجاوے کوئی غیر اسکے ساتھ پرستش نہ کیا جاوے پس اس آیت میں مسلمانوں کو انتہا جہاد تجلادی کہ اسے برابر اسوقت تک جہاد کرو کہ شرک نہ رہے اور عبادت فقط واسطے اللہ تعالے کے ہو جیسا کہ صحیحین میں روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں حکم دیا گیا ہوں کہ لوگوں سے قتال کروں یہانتک کہ وہ کہیں لا الٰہ الا اللہ پس جب انھوں نے ایسا کہا تو مجھسے اپنی جانوں و مالوں کو بچایا سوائے اسقدر کے جو بحق اسلام ہی جیسے زکوٰۃ و غیرہا تفاصیل اور حساب انکا اللہ تعالے پر ہی۔ اور بعض مفسرین نے کہا کہ قولہ ویکون الدین للہ۔ یعنے دین اللہ تعالے ہی سب پر بلند ہو جاوے اور شاید یہ دفع اعتراض ہی کہ اس آیت سے ثابت ہوا کہ مشرکین سے برابر قتال کرو جب تک کہ ایمان نہ لاوین حالانکہ جزیہ لیکر انکو انکے دین پر قائم رکھنا روا ہی اور حق جواب اسکا یہ ہی کہ یہاں مشرکین سے قریش و عرب کے بت پرست مراد ہیں اور عرب کے بت پرستوں کے حق میں یہ حکم ہی کہ اگر وہ ایمان نہ لاوین تو قتل کیے جاوین اور جزیہ کا حکم اہل کتاب و مجوس و سوائے عرب کے بت پرستوں کے حق میں ہی۔ قولہ فلا عدوان الا علی الظالمین۔ ای فلا تعتدوا علی المنتہین۔ یعنے پس اعتداء و تکرو ان لوگوں پر جو باز رہے ہیں اسواسطے کہ اچھا نہیں کہ ظلم کیا جاوے مگر اسی پر جو ظلم کرے پس علت کو بجاے حکم کے قائم کر دیا اور جزاے ظلم کو بھی اسیکے نام سے فرمایا یعنے فلا عدوان کہنا تو یہ بنا بر مشاکلت کے ہی جیسے قولہ تعالے فمن اعتدی علیکم فاعتدوا علیہ یعنے جو تمپر تعدے کرے تم اسپر تعدی کرو حالانکہ مظلوم تو عوض لیتا ہی و مثل قولہ جزاء سیئۃ سیئۃ مثلہا۔ یعنے بدکاری کی سزا اسکے مثل ہی ہی حالانکہ سزا تو عدل ہی نہ ظلم یا یہ معنے ہیں کہ اگر تمنے باز رہنے والوں سے تعرض کیا تو تم پھر ظالم ہو جاؤگے پس عدوان تمپر ٹوٹ پڑیگا اسواسطے کہ عدوان نہیں مگر اسی پر جو ظالم ہو ف ۲ قال فی الکشاف وقاتلوہم حتی لاتکون فتنۃ ویکون الدین للہ۔ اشارہ میں دشمن نفس لیا کیونکہ نفس سب سے بڑا دشمن ہی لہذا اپنے نفسوں کے ساتھ اپنی اوقات کے نگاہ رکھنے پر ہمیشہ محاربہ کرو کہ تمہارے اوقات اس صفت کے ساتھ ہوں کہ تمہارے حالات باطنہ طبیعت کے میل کچیل اور حجابات کی نجاست اور بشریت کی برائیوں سے پاک ہو جاوین یہاں تک کہ وقوع خطرات کا فتنہ دیوان اسرار میں نہو یعنے صاف سینوں میں اور منور دلوں میں جو نور احدیت سے ورانی ہیں شیطانی خطرات کا دخل نہو اور ہمت جمع ہو جانے اور پریشانی سے اجتماع ہونے کے بعد تمہارے اسرار میں مکاشفات قربت کا گھر ہو جاوے اور جب

لفوس منفرد ہو کر عزیز غفار کے حضور میں حاضر رہتے ہیں تو انکی باطنی حقیقت پر حقائق ایمان کا غلبہ ہوتا ہی۔

اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمٰتُ قِصَاصٌ ۚ فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ

حرمت کا مہینہ بمقابل حرمت کے مہینے کے اور ادب رکھنے میں بدلا ہی پھر جیسے تمپر زیادتی کی تم اسپر زیادتی کرو جیسے

مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اسنے زیادتی کی تم پر اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جانو کہ اللہ ساتھ ہی پرہیزگاروں کے

اس آیت میں مبالغہ کے ساتھ مسلمانوں کے دلوں سے احرام و ماہ حرام و حرم میں قتال کی کراہت کو نکال ڈالا اول تو اس طرح کہ فتنہ شرک سب گناہوں سے بدتر ہے بلکہ شرک اصل ہے اور باقی سب شاخ ہیں دوم فرمایا۔ اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ۔ ماہ حرام بمقابلہ ماہ حرام ہے ف یعنے جیسے انھوں نے تمسے ماہ حرام میں قتال کیا اسی طرح تم انسے قتال کروگے رہا احرام و حرم تو فرمایا۔ وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ اور جمیع حرمات کا قصاص ہے ف حرمات جمع حرمہ وہ چیز جسکا احترام کیا جاتا ہے یعنے ہر ایک حرمت جب ہتک کریں تو برابر بدلا لو فَمَنِ اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ۔ جسنے تم پر ظلم کیا ف اسطرح کہ قتال کیا تمسے حرم میں یا حالت احرام میں یا ماہ حرام میں۔ فَاعْتَدُوْا عَلَيْهِ بِمِثْلِ مَا اعْتَدٰى عَلَيْكُمْ۔ تم اسپر عدوان کرو جیسے اسنے تمپر اعتداء کیا ف یعنے کافروں نے جو ظلم کیا اسکا بدلا ظلم نہیں مگر اسکو بھی اعتداء کہدیا گیا کیونکہ وہ جسکا بدلا ہے چونکہ اسکے ساتھ صورت میں مشابہ ہے اسواسطے وہی اسکا لفظ میں نام لیا گیا۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ۔ اور اللہ تعالے سے تقوی رکھو ف حتی کہ تم پہل نہ کرو اور نہ عدوان میں حد سے زائد ہو۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ۔ اور جان رکھو کہ اللہ تعالے انھیں کیساتھ ہے جو متقی ہیں ف یعنے وہ متقیون ہی کو مدد و نصرت دیتا ہے مترجم کہتا ہے کہ چند معدود صحابہ رضی اللہ عنہم جو متقی تھے دیکھو انکو لاکھوں کافروں پر ہمیشہ غلبہ دیا پھر جب پہلے بادشاہوں نے طریق سنت چھوڑا اور دین بگاڑا تو سب مٹ گیا۔ حرم خانہ کعبہ کے گرد کچھ دور تک کی زمین حرم کہلاتی ہے۔ احرام عمرہ یا حج کی نیت سے دو رکعت نماز پڑھکے تلبیہ کہنا طریقہ مسنون احرام کا ہے جس سے بہت سی چیزیں حرام ہو جاتی ہیں یہانتک کہ عمرہ یا حج ادا کرکے یا ہدی بھیجکر حلال ہو چنانچہ فقہ میں مفصل مذکور ہے اور شہر حرام وہ شوال و ذی قعدہ و ذی الحجہ اور رجب ہے اور یہاں حج کے اول تین مہینوں میں سے کوئی مہینہ ہو مراد ہے اور عالم میں فرمایا کہ وہ ذی قعدہ تھا۔ ابن کثیر نے تفسیر آیت میں ذکر کیا کہ حضرت ابن عباس نے بروایت عکرمہ اور ضحاک و سدی و قتادہ و ربیع بن انس و عطاء وغیرہم نے کہا کہ چھٹے سال ہجرت میں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عمرہ کا احرام باندھکر اسکے ادا کے واسطے چلے اور حدیبیہ میں پہونچے اور مشرکوں نے آپکو مکہ میں داخل ہونے اور کعبہ معظمہ تک پہونچنے سے باز رکھا اور آپکو مع تمام مسلمانوں کے جو آپ کے ساتھ تھے روکا اور یہ ذی قعدہ کے مہینہ میں واقع ہوا اور وہ ماہ حرام ہی یہانتک کہ مشرکین سے اس قرارداد پر صلح کرلی کہ دوسرے سال مکہ میں داخل ہوکر عمرہ قضا کرینگے پھر دوسرے سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مع ان مسلمانوں کے جو آپ کے ساتھ تھے داخل ہوکر عمرہ قضا کیا پس یہ آیت اسی قضیہ میں اتری اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ وَالْحُرُمَاتُ قِصَاصٌ۔ اور امام احمد نے جابر بن عبداللہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ماہ حرام میں جہاد کرنے کو ناپسند کرتے تھے آپ سے دشمن قتال کرتے تو جہاد کرتے پھر جب ماہ حرام آجاتا تو ٹھہر جاتے یہانتک کہ وہ گذر جاتا۔ یہ اسناد صحیح ہے اور جب آپ حدیبیہ میں پہونچے اور خبر دی گئی کہ قریش اور انکے ہم سوگند ایک جماعت کثیر مشرکوں کے لڑنے پر تیار ہیں اور آپ نے حضرت عثمان بن عفان کو بھیجا کہ مشرکوں کو سمجھاویں کیونکہ وہاں انکا کنبہ بہت تھا پھر اسی حال میں کہ آپ حدیبیہ میں مقیم تھے آپ نے سنا کہ عثمان قتل کیے گئے تو آپ نے باوجود اس حالت احرام کے اپنے اصحاب سے بیعت لی اور وہ ایک ہزار چار سو آدمی تھے اور ایک درخت کے نیچے بیعت لی اس بات پر کہ مشرکوں سے قتال کرینگے اور نہ بھاگینگے یہانتک کہ مرجاوینگے پھر جب آپکو خبر پہونچی کہ عثمان نہیں مقتول ہوئے تو جہاد کرنے سے باز رہے اور مصالحت کی طرف میل کیا۔ اور بیضاوی میں ہے کہ عام حدیبیہ میں مشرکوں نے کچھ تیر و پتھر مسلمانوں پر پھینکے و مارے تھے اور مسلمانوں نے ماہ حرام میں قتال کرنا مکروہ جانا اور مشرکوں کی طرف سے ہتک سمجھی پس اللہ تعالے نے اس آیت میں فرمایا اَلشَّهْرُ الْحَرَامُ بِالشَّهْرِ الْحَرَامِ۔ یعنے وہ ماہ ذی قعدہ جسمیں تمنے داخل ہوکر عمرہ قضا کیا بدلے اس ماہ ذی قعدہ کے ہے جسمیں انھوں نے تمکو روکا تھا اور اسکا ہتک اوسکے ہتک کے مقابلہ میں ہے پس تم کچھ مبالات نہ کرو اور اسپر عجب نہیں فرمائی کہ والحرمات قصاص ای حرمت کی چیزیں قصاص جاری ہے

پس جب انھون نے تمھارے ماہ حرام کی حرمت کا اسطرح ہتک کیا کہ تمکو وہ کا پس تم بھی انکے ساتھ ایسا ہی کرو کہ اپر غلبہ کے ساتھ داخل ہو اور اگر تم سے لڑین تو انکو قتل کرو قال المترجم مجھے اسمین تامل ہی اسلیے کہ دوسرے سال حضرت صلی اللہ علیہ وسلم موافق صلح کے داخل ہوے تھے بزور شمشیر نہین گئے تھے جیسا کہ صحیحین کے روایت سے ثابت ہی پس تحقیق معنے یہ ہین کہ اللہ تعالے نے مسلمانون کو انکے استعظام کا جواب دیا کہ اگر تمکو یہ خیال ہو کہ اس سال اگر قریش اپنا وعدہ وفا نہ کرین اور قتال کرین تو کیونکر انسے قتال کیا جائیگا حال یہ ہی کہ ماہ حرام و شہر حرام اور حالت احرام ہی تو یہ مساوات جاری ہی تمھارے انکے درمیان پس تم اسکی مبالات نہ کرو جیسا کہ مفسر نے پہلے ذکر فرمایا ہی اور قولوا فاعتدوا امثل ما اعتدی علیکم۔ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے اس قول مین روایت کی کہ یہ مکہ مین نازل ہوئی کہ جب اسلام کی شوکت نہی اور نہ جہاد تھا پھر مدینہ مین آیۂ قتال نازل ہونے سے منسوخ ہوگئی اسکو ابن جریر رح نے رد کر دیا اور کہا کہ یہ آیت مدنیہ ہی اور اسکو مجاہد کی طرف منسوب کیا اور بعض نے کہا کہ یہ حکم اب بھی امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے درمیان جاری ہی کہ جو کسی کے مال و بدن مین تعدی کرے تو اسکو روا ہی کہ وہ خود اسکے قتل پر تعدی کرے۔ قیل بہذا قال الشافعی وغیرہ اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک بدنی تعدی دو قسم کی ایک وہ متقدا و سمین قصاص ہی اور دوم وہ کہ اسمین قصاص نہین پس غیر قصاص ساقط ہین امام المسلمین اسمین تعدی کرنے والے کو تعزیر دیتا ہی اور فقہاے حنفیہ نے باب التعزیر مین اسکی صورتین مختلف باختلاف اشخاص اشراف و ارذال بہت بیان کی ہین اور جنمین قصاص ہی پس وہ حاکم کے حکم پر متصور ہی شخص خود تعدی نہین کر سکتا ہی اور یہی حکم اموال مین ہی کہ تعدی کرنا نہین جائز ہی لقولہ علیہ السلام ادّ الامانۃ الی من ائتمنک و لا تخن من خانک رواہ الدارقطنی وغیرہ یعنے ادا کر دے امانت اسکی جسنے تیرے پاس امانت رکھی ہی اور خیانت مت کر اسکی جسنے تیری خیانت کر لی ہی اور یہی قول جمہور مالکیہ و عطا و خراسانی کا ہی قولہ و اتقوا اللہ۔ یعنے انتقام لینے مین اور تعدی چھوڑنے مین تقوی کرو یعنے بدلا لینے مین حد سے تجاوز نکرنا۔ قولہ مع المتقین۔ اگر کہا جاوے کہ ساتھ ہونا تو لوازم اجسام سے ہی اور اللہ تعالے اس سے پاک و برتر ہی کہ وہ جسم یا جسمانیات سے ہو سبحانہ و تعالے پس کیونکر وہ متقین کے ساتھ ہی تو جواب یہ ہی کہ اللہ تعالے کی فتح و نصرت متقیون کے ساتھ ہی اور اپنی ذات پاک کو جو ذکر فرمایا تو یہ تقویت و تکریم ہی پھر واضح ہو کہ جب اللہ تعالے اپنے متقی بندون کے ساتھ ہی تو ظاہر ہو ہم کرتے کہ اب ہم کو کسی ہتھیار و سامان کی ضرورت نہین ہی کیونکہ نفس و شیطان کے وسوسہ کا موقع ہی پس اللہ تعالے نے تنبیہ کی کہ نصرت الٰہی تمپر تقوی ہی اور تقوی فدائے جان و مال ہی کہ یہ دنیا وی تعلق دیہان کی زندگی محبوب نہ رہے پس اپنی جان و مال کو عقل ایمانی کے ساتھ تدبر سے قربان کرو اور نصرت الٰہی عزوجل کے امیدوار ہو قال تعالے

معانقہ عبد القدیر

وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ ۛ وَاَحْسِنُوْا ۛ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ ۝

اور خرچ کرو اللہ کی راہ مین اور نہ ڈالو اپنی جان کو ہلاکت مین اور نیکی کرو اللہ چاہتا ہی نیکی والون کو

وَاَنْفِقُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ اور تم راہ الٰہی مین خرچ کرو ف یعنے اسکی طاعت مین خواہ جہاد ہو یا کوئی اور ہو وَلَا تُلْقُوْا بِاَیْدِیْكُمْ اِلَى التَّهْلُكَةِ۔ اور اپنے ہاتھون اپنے آپ کو ہلاکت مین نہ ڈالو ف یعنے باین طور کہ جہاد مین خرچ کرنے مین بخل کرو یا باین طور کہ جہاد چھوڑ دو کیونکہ اس سے دشمن تمپر قوی ہو جائیگا۔ وَاَحْسِنُوْا۔ اور نیکی کرو ف یعنے نیک کام کرو جہاد مین خرچ کرنے وغیرہ سے اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ۔ یعنے اللہ تعالے دوست رکھتا ہی نیکو کارون کو ف یعنے انکو ثواب دیتا ہی۔ انفاق خرچ کرنا فی سبیل اللہ۔ یہان مراد ہر طاعت الٰہی ہی اور حدیث مین ہی کہ جسنے خرچ کیا کچھ فی سبیل اللہ تو اللہ تعالے اسکے لیے سات سو گونہ نکھیگا۔ رواہ الترمذی والنسائی اس حدیث مین جہاد مراد ہی اور فی سبیل اللہ کا اطلاق جہاد پر بکثرت آیا ہی و لیکن بظاہر لفظ مفسر سیوطی رحمہ اللہ نے اسکو جہاد وغیرہ مین عام لیا اور مبرد نے کہا۔ بایدیکم۔ ای بانفسکم۔ یعنے مراد ایدی سے انفس یعنے جان ہی گویا ہاتھ ذکر کر کے کل جسم مراد لیا جیسے کہتے ہین کہ چہرہ نکھرا

یعنے اس شخص کا نام دیکر کہ لوگون کے افعال کا ظہور ہاتھ سے زیادہ ہی پس اسکو ہلاکت مین ڈالنا گویا اپنے کو ہلاک مین ڈالنا ٹھہرا۔ اور بعض نے کہا یہ معنے ہین کہ نہ ڈالو اپنے ہاتھون اپنی جانون کو ہلاکت مین پس مفعول محذوف ہوگا۔ پھر جاننا چاہیے کہ اس آیت کے سبب نزول اور معنے مراد مین اختلاف اقوال ہی ولیکن جو معنے عام لوگ اس سے سمجھتے ہین وہ مراد نہین ہین اور شیخ ابن کثیر نے اسکو اچھی طرح ذکر کیا ہی لہذا مین نقل کرتا ہون بحذف اسانید

**قال ابن کثیر** بخاری نے حذیفہ سے روایت کی کہ قولہ لاتلقوا بایدیکم الی التہلکۃ کما حذیفہ نے نفقہ کے بارہ مین اتری ہی اور ابن ابی حاتم نے مثل اسکے روایت کی اور کہا کہ ابن عباس و مجاہد و عکرمہ و سعید بن جبیر و عطا و ضحاک و حسن و قتادہ و سدی و مقاتل سے اسکے مانند مروی ہی۔ اور یزید بن ابی حبیب نے اسلم ابی عمران سے روایت کی کہ مہاجرین مین سے ایک شخص نے قسطنطنیہ مین کفار سے لڑائی کے وقت دشمن کی صف پر حملہ کیا یہانتک کہ صف کو پھاڑ دیا اور ہمارے ساتھ ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ تھے پس چند لوگون نے کہا کہ اس حملہ کرنے اپنی جان کو تہلکہ مین ڈالا پس ابو ایوب نے کہا کہ ہم لوگ اس آیت کے زیادہ جاننے والے ہین ہمارے حق مین اتری ہی کہ ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ دیا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مشاہد مین حاضر ہوے اور مدد کی ہمنے آپکی پھر جب اسلام پھیل گیا اور ظاہر ہوگیا تو ہم لوگ یعنے انصاری لوگ جمع ہوے اور ہمنے آپسمین کہا کہ ہمکو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت سے کرامت دی اور ہمکو آپ کی مددگاری کرنے کی کرامت دی یہانتک کہ اب اسلام پھیل گیا اور لوگ مسلمان بہت ہوگئے اور ہمنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے اہل و مال و اولاد سب پر اختیار کر لیا تھا یعنے اہل و مال و اولاد کو آپکے پیچھے چھوڑ دیا تھا کہ کچھ پروا نہ تھی صرف آپ کو ہمنے لے لیا تھا اور اب حال یہ ہی کہ لڑائی نے اپنے ہتھیار رکھدیے یعنے اب کچھ جنگ و جدال باقی نہین ہی پس ہم اپنے اہل و اولاد کی طرف رجوع کرین اور انھین کے ساتھ مین مقیم رہین پس ہمارے حق مین یہ آیت اتری و انفقوا فی سبیل اللہ و لاتلقوا بایدیکم الی التہلکۃ یعنے پس تہلکہ اہل و مال کے درمیان اقامت کرنے اور جہاد چھوڑنے مین تھا یعنے یہی مراد ہی۔ رواہ ابو داؤد و الترمذی و النسائی و عبد بن حمید فی تفسیرہ و ابن ابی حاتم و ابن جریر و ابن مردویہ و الحافظ ابو یعلی فی مسندہ و ابن حبان فی صحیحہ و الحاکم فی مستدرکہ اور ترمذی نے کہا کہ حدیث حسن صحیح غریب ہی اور حاکم نے کہا کہ شیخین کی اعلیٰ شرط پر صحیح ہی مگر شیخین یعنے بخاری و مسلم نے اسکو روایت نہین کیا ہی اور ابو داؤد کی روایت اسطرح ہی کہ ہم لوگ قسطنطنیہ پر جہاد مین تھے اور اہل مصر پر عقبہ بن عامر سردار تھے اور اہل شام پر یزید بن فضالہ بن عبید تھے پس قسطنطنیہ پر رومیون کی ایک بڑی بھاری صف نکلی پس ہمنے بھی انکے واسطے صف بندی کی پھر مسلمانون مین سے ایک شخص نے رومیون پر حملہ کیا یہانتک کہ انکی صف مین گھس گیا پھر وہ پھاڑ کر ہماری طرف نکلا پس لوگ چیخ کر آواز دینے لگے کہ سبحان اللہ اسنے آپنے آپکو تہلکہ مین ڈال دیا پس ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے کہا کہ اے لوگو تم اس آیت کی وہ تاویل کرتے ہو جو اسکی تاویل نہین ہی اور یہ تو ہمین گروہ انصار کے حق مین اتری ہی کہ جب اللہ تعالیٰ نے اپنے دین کو عزت دی اور اسکے مددگار بہت ہوگئے تو ہمنے آپسمین مین کہا کہ اب اگر ہم اپنے اموال کی طرف متوجہ ہون اور اسکی اصلاح کرین تو اچھا ہی پس اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اتاری۔ ۵۔ ایک شخص نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اگر مین تنہا دشمن پر حملہ کرون تو کیا مین نے اپنے آپکو تہلکہ مین ڈالا تو براء نے فرمایا کہ نہین اور اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا کہ فقاتل فی سبیل اللہ لاتکلف الا نفسک۔ یعنے اے محمد صلعم تو راہ الٰہی مین قتال کر تو اپنے ہی نفس کو مکلف کریگا یعنے آیت دلیل ہی کہ تنہا آپکو مکلف فرمایا تو تنہا حملہ جائز ہوا اور یہ آیت تو نفقہ کے بارہ مین ہی رواہ ابن مردویہ و الحاکم و صحح۔ لیکن تہلکہ یہ ہی کہ آدمی گناہ کرے پس وہ اپنی جان کو ہلاکت مین ڈالیگا جبکہ توبہ نکرے (الترمذی) اور ابن ابی حاتم نے عبد الرحمٰن بن الاسود بن عبد یغوث سے روایت کی کہ انھون نے دمشق کا محاصرہ کیا پس قبیلہ ازدشنوہ مین سے ایک شخص چلا اور دشمن کی طرف اکیلا لپکا تاکہ اُنسے بھڑے پس مسلمانون نے اسپر اس بات کو عیب جانا اور اسکا قصہ عمرو بن العاص تک پہونچایا

پس عمرو نے اسکے پاس آدمی بھیجکر اسکو بلوایا اور کہا کہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے کہ۔ لاتلقوا بایدیکم الی التہلکہ۔ مفسر جلد کہتا ہے کہ عمرو بن العاص اسکے عام معنے لیتے تھے حتی کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو سردار کرکے جہاد کو بھیجا تو وہاں انکو احتلام ہوگیا اور سخت سردی میں نہانے سے ڈرے اور تیمم سے نماز پڑھائی پھر مدینہ آکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا تو آپ نے پوچھا پس عمرو بن العاص نے یہی آیت پڑھکر عرض کیا تو آپ مسکرائے اور فرمایا کہ اے فقیہ عمرو بن العاص۔ پھر کچھ نہیں فرمایا [الصحاح] اس سے معلوم ہوا کہ عمرو بن العاص کا اجتہاد ٹھیک تھا ورنہ آپ ضرور رد فرماتے فافہم۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ قولہ تعالے وانفقوا فی سبیل اللہ ولاتلقوا بایدیکم الی التہلکہ۔ یہ قتال کے بارہ میں نہیں ہے بلکہ نفقہ کے بارہ میں ہے یعنی کہ تو اللہ کی راہ میں خرچ کرنے سے ہاتھ روک لے اور اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے اور ضحاک بن ابی جبیرہ سے روایت ہے کہ انصار رضہ صدقہ دیتے اور اپنے اموال میں سے خرچ کیا کرتے تھے پس انکو ایک سال قحط ہو پہنچا تو انھوں نے راہ خدا میں خرچ کرنے سے ہاتھ روکا پس یہ آیت اتری۔ ولاتلقوا بایدیکم الی التہلکہ۔ اور حسن بصری نے کہا کہ یہ بخل ہے نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ یہ ہے کہ آدمی کوئی گناہ کرے پھر کہے کہ میرے لیے بخشا نجائیگا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ ولاتلقوا بایدیکم الی التہلکہ واحسنوا ان اللہ یحب المحسنین۔ (ابن مردویہ) معنیہ ہوئے کہ مغفرت سے مایوس ہونا ہلاکت ہے بلکہ توبہ کرے اور نیکوکاری بڑھاوے کیونکہ بحکم قولہ ان الحسنات یذہبن السیات نیکیوں سے بدیاں مٹ جاتی ہیں۔ اور ابن ابی حاتم نے کہا کہ عبیدۃ السلمانی و حسن و ابن سیرین و ابو قلابہ سے اسکے مانند روایت کیا گیا ہے یعنے مانند قول نعمان بن بشیر کے مروی ہے کہ یہ آیت ایسے شخص کے حق میں ہے کہ جسنے گناہ کیا پس اعتقاد کیا کہ میرے حق میں بخشا نہ جائیگا پس وہ اپنے ہاتھوں کو تہلکہ میں ڈال دیتا ہے۔ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ تہلکہ عذاب الٰہی ہے۔ اور ابن ابی حاتم و ابن جریر دونوں نے محمد بن کعب سے روایت کی کہ وہ قولہ تعالے ولاتلقوا بایدیکم الی التہلکہ کی تفسیر میں کہتے تھے کہ قوم مجاہدین اللہ تعالے کی راہ میں جہاد کرتے تھے پس آدمی سامان اپنے ساتھ لیتا جو بہ نسبت دوسرے کے توشہ میں زیادہ ہوتا وہ باقیوں کو دیتا یہانتک کہ اسکے پاس کچھ نہ رہتا تو چاہتا کہ ساتھی اسکی مواسات کرے پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا وانفقوا فی سبیل اللہ ولاتلقوا بایدیکم الی التہلکہ۔ اور ایسا ہی زید بن اسلم سے اس آیت کی تفسیر میں مروی ہے کہ کچھ لوگ جہاد کو نکلتے جہاں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھیجا کرتے پس یہ لوگ بدون نفقہ کے نکلتے تھے پس یا تو رہتا تھا یا وہ عیال دار تھے کہ میسر نہیں تھا پس اللہ تعالے نے حکم دیا کہ جو اللہ تعالے نے رزق دیا ہے اسمیں سے نفقہ لے لیا کریں اور اپنی جانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالیں اور تہلکہ یہ ہے کہ آدمی بھوک یا پیاس یا چلنے کی تکلیف سے ہلاک ہو جاوے پھر جس شخص کے پاس توشہ بڑھتی ہوتا اسکو حکم دیا کہ واحسنوا ان اللہ یحب المحسنین پس یہ اقوال اس بارہ میں سلف سے مروی ہیں ولیکن بعض اسکے سبب نزول ہیں اور بعض داخل نزول ہیں پس سبب نزول وہ ہے جو حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے روایت کیا کہ تہلکہ یہ ہے کہ مال و اولاد میں قیام کریں اور جہاد کو ترک کریں چنانچہ اس بارہ میں خاص حدیث بھی وارد ہے کہ آخر امت والے جہاد چھوڑ کر دنیا کی زراعت وغیرہ میں مشغول ہو جاوینگے تو اسوقت آپس دشمن غالب ہو جائیگا پھر یہ لوگ اپنی حالت درست کرنے پر بطریقہ اہل کفر آمادہ ہونگے اور واللہ کبھی درست نہونگے جب تک کہ اپنے دین کے طریقہ پر نہ آویں۔ کما فی حدیث ابن ماجہ وغیرہ۔ مفسر جلد کہتا ہے کہ دیگر احادیث بتاتی ہیں کہ یہ اصلاح اسی وقت ہوگی جب حضرت امام مہدی رضی اللہ عنہ پیدا ہونگے پس یہ تو سبب نزول ہے اور باقی اقوال داخل نزول ہیں اسواسطے شیخ ابن جریر طبری رحمہ اللہ نے اختیار کیا کہ یہ سب امور جو روایت کیے گئے ہیں اس آیت کی تفسیر میں معتبر ہیں پس دین و دنیا کی راہ سے جو امر آدمی کے حق میں تہلکہ ہو سکتا ہے وہ اسمیں داخل ہے پس اگر آدمی لڑائی میں تنہا صف دشمن میں گھس جاوے جہاں سے بچنے اور بچ کر آنے کی راہ نہیں اور نہ اسکو ضرورت ہے اور نہ اس سے مومنوں کے واسطے کوئی اثر پیدا ہوتا ہے جو انکو کارآمد ہو تو یہ بھی تہلکہ میں داخل ہے قال ابن کثیر اور مضمون آیت کا یہ ہے کہ حکم

دیا خرچ کرنیکا اللہ تعالے کی راہ مین سب وجوہ قربات و طاعات سے خصوصاً مال صرف کرنیکا دشمنون کے ساتھ قتال کرنے مین اور مال ایسی چیز ہے
صرف کرنیکا جس سے مسلمانون کو تقویت حاصل ہو اور دشمن پر ہون اور خبر دی کہ جو شخص بخل سے نہ خرچ کرنے کی عادت کرے تو یہ ہلاکت ہی کی طرف لیجانیوالی ہے پھر اسپر
احسان کے حکم کو عطف کیا اور وہ مقامات طاعات مین سے اعلیٰ ہے ف۲ قال الشیخ فی العرائس ای حقائق قولہ تعالے وانفقوا فی سبیل اللہ
ولا تلقوا بایدیکم الی التہلکۃ۔ انفاق کے تین حال ہین لفقۂ زاہدین۔ لفقۂ محبین۔ لفقۂ عارفین۔ پس لفقۂ زاہدین یہ ہے کہ تمام دنیا کو مع اسکی
لذتون کے اہل دنیا کے واسطے چھوڑ دے کہ اس سے دنیا کے لوگ نفع اوٹھاوین اور اپنے نفس کو اللہ تعالے کے واسطے ایام اللہ تعالے مین خرچ
کردے قال المترجم ایام اللہ تعالے شامل ہے جہاد و قتال کفار کو اور جہاد نفس امارہ کو مع جمیع فرائض طاعات کے یعنے اپنی جان کو براہ جہاد مین اللہ تعالے پر
خیرات کردے اور نیز اسکی فرمانبرداری مین نفس کے ساتھ لڑائی مین اللہ تعالے کے واسطے خیرات کردے۔ اور لفقۂ محبین یہ ہے کہ جو اسنے حق سے پایا ہے
وہ اہل حق کو دیدے یعنے طالبان راہ حق کو وہ پیدا کرے جو اسکو حق عزوجل سے کرامت ملے اور یہ درحقیقت ایسا انفاق ہے کہ اسکے پاس سے کچھ نہ جاویگا مگر
اورون کو مل جاویگا اور لفقۂ عارفین یہ ہے کہ مقام فنا مین عبرت حق کو اپنے اسرار مین پاکر اپنی ارواح کو خیرات کردے۔ یعنے جو لوگ عارف بحق عزوجل ہین
انکو حضرت حق عزوجل کے موجود ہونے پر ساتھ مین غیر کا وجود نہ رکھنا موجب غیرت حق عزوجل جانکر اپنے آپ کو بالکل درمیان سے فنا کرین اور درحقیقت
یہ لفقہ انکی بے اختیاری مقام عرفان و فنا مین پیدا ہوتا ہے احسان کا مرتبہ اہل مشاہدہ کے مراتب سے بھی اعلیٰ مرتبہ ہے اور اللہ تعالے نے انکو آگاہ کردیا
کہ وہ حقیقت مشاہدہ نہ پاوینگے مگر اسی طور سے کہ اپنی زندگانی کو خاصان حق کے واسطے خیرات کردین اور جو شخص کہ مقام احسان سے گم ہوا وہ
مشاہدہ سے محجوب ہوا اور بطش و گرفتاری نفس مین ہلاک ہوا اور حالیکہ خواہشہاے نفسانی مین متحیر اور اسکی ہوسات کے ورطہ مین غرق
ہے پھر واضح ہو کہ منجملہ مراتب طاعات کے حج و عمرہ ہے اگرچہ اسوقت تک حج فرض نہوا تھا بلکہ ادائے عمرہ کے واسطے قصد تھا لہذا اصل مقصود کی خلوص

نیت و احکام کو مع فرضیت حج کے یا بتقدیر فرضیت حج کے ارشاد فرمایا بقولہ تعالے۔

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ وَلَا تَحْلِقُوْا رُءُوْسَكُمْ حَتّٰى

اور پورا کرو حج و عمرہ اللہ کے واسطے پھر اگر تم روکے گئے تو جو میسر ہو قربانی سے بھیجو اور نہ منڈاؤ بال سر کے جب تک

يَبْلُغَ الْهَدْيُ مَحِلَّهٗ ۭ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَّرِيْضًا اَوْ بِهٖٓ اَذًى مِّنْ رَّاْسِهٖ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ

پہونچے نہ چکے قربانی اپنے ٹھکانے پر پھر جو کوئی تم مین مریض ہو یا اسکو دکھ دیا اسکے سر نے تو بدلا دیوے روزے یا خیرات

اَوْ نُسُكٍ ۚ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ ۠ فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ ۭ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۚ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ

یا ذبح کرنا پھر جب تمکو خاطر جمع ہو تو جو کوئی فائدہ لیوے عمرہ ملاکر حج کے ساتھ تو جو میسر ہو قربانی پھر جو نہ پاوے پھر جسکو پیدا نہو تو روزہ

ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ۭ تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۭ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۭ

تین دن کا حج کے وقت مین اور سات دن جب پھر کر جاؤ یہ دس پورے یہ اسکو ہے جسکے گھر والے نہون پاس مسجد الحرام کے پاس

وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝

اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جانے رکھو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے

وَاَتِمُّوا الْحَجَّ وَالْعُمْرَةَ لِلّٰهِ ۔ اور حج و عمرہ کو اللہ تعالے کے واسطے پورا کرو ف یعنے ادا کرو دونون کو دونون کے حقوق کے ساتھ
فَاِنْ اُحْصِرْتُمْ ۔ پھر اگر تم روکے گئے ف یعنے اگر تم ان دونون کے تمام کرنے سے بوجہ دشمن وغیرہ کے روکے گئے فَمَا اسْتَيْسَرَ

مِنَ الْهَدْيِ - پس جو جانور ہدی سے تم پر آسان ہو ف وہ بھیجو اور وہ بکری ہے وَلَا تَحْلِقُوا رُءُوسَكُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْهَدْيُ
مَحِلَّهٗ اور اپنے سر مت منڈاؤ یہانتک کہ ہدی کا جانور اپنے مقام حل میں پہونچ جاوے ف یعنے ہدی بھیجو اور جو شخص بھیجے اوس سے دن مقرر کرو پھر اوس دن تم سمجھو گے
کہ اسنے وہان ذبح کرکے مساکین پر بانٹ دی ہوگی تب تم حلق کراکے حلال ہو جاؤ اور اس سے پہلے سر مت منڈاؤ یعنے حلال نہ ہو جاؤ جب تک کہ ہدی اپنے محل یعنے مقام ذبح پر پہونچکر حلال ہو
محل بقول شافعی وہ مقام جہان احصار ہوا اور روکا گیا اور بقول ابو حنیفہ وہ حرم ہے پھر جب حصار کی وجہ سے احرام کی تکلیف سے اسطرح نکلا کہ ہدی بھیجکر بعد
محل پر ذبح ہونے کے یہان حلق کرکے حلال ہوا تو آیندہ جس حج یا عمرہ کا احرام تھا دوسرے سال یا جب میسر ہو قضا کرے اور واضح ہو کہ احرام میں
سلا کپڑا اور سر ڈھانکنا و بال توڑنا ناخن کترانا و عورتین و خوشبو و شکار وغیرہ سب ممنوع ہین جیسے مردہ کی حالت ہوتی ہے۔ فَمَنْ كَانَ مِنْكُمْ مَرِيضًا
پھر جو کوئی تم مین سے مریض ہو ف یعنے جسکو احرام کے ممنوعات مین سے کسی امر کی ضرورت بطور دوا وغیرہ کے طاری ہوئی۔ اَوْ بِهٖ اَذًى
مِّنْ رَّاْسِهٖ ۔ اسکو ایذا مین ہو۔ ف مثلاً جون کثرت سے پڑ جاوین حتی کہ منڈانے کی ضرورت پڑی اور ہنوز مناسک حج یا عمرہ ادا نہین
کیے ہین تو ایسا کرے۔ فَفِدْيَةٌ مِّنْ صِيَامٍ اَوْ صَدَقَةٍ اَوْ نُسُكٍ ۔ پس فدیہ واجب ہے روزے یا صدقہ یا قربانی سے ف
فدیہ مین ان تین چیزون کا اختیار ہے تاکہ جو آسان ہو وہ اختیار کرے پس چاہے تین دن روزے رکھے چاہے تین صاع چھ مساکین کو ہر مسکین کو نصف صاع
دیدے اور چاہے ایک بکری قربانی کرے۔ اگر کسی شخص نے بغیر عذر کے سر منڈایا ہو تو جواب یہ کہ جسنے بغیر عذر کے سر منڈایا وہ بدرجۂ ادنی کفارہ ادا کرنیکا
مستوجب ہوگا اور اسیطرح جسنے سوائے سر منڈانے کے اور طور پر استمتاع ایا مثلاً خوشبو لگائی یا سلا ہوا کپڑا پہنا یا تیل لگایا خواہ عذر سے یا بغیر عذر کے
وہ بھی اسیکے حکم مین لاحق ہے۔ پھر یہ تو اسوقت تھا کہ دشمن وغیرہ سے پورا کرنے سے روکا گیا تھا۔ اور جب احصار جاتا رہے تو فرمایا۔ فَاِذَآ اَمِنْتُمْ
فَمَنْ تَمَتَّعَ بِالْعُمْرَةِ اِلَى الْحَجِّ فَمَا اسْتَيْسَرَ مِنَ الْهَدْيِ ۔ پھر جب تم بخوف ہوئے یعنے ادا کرنے مین مطمئن ہوئے تو جسنے عمرے سے حج تک
نفع اوٹھایا تو جو کچھ ہدی سے آسان ہو ف سیوطی نے کہا یعنے شوال سے لیکر ادائے حج ذی الحجہ تک مین عمرہ با احرام صحیح ادا کیا پھر اسی سفر مین حج بھی کر لیا
دوسرے احرام سے تو یہ تمتع ہے پس شکرانہ کی قربانی کرے جسمین کمتر ایک بکری ہے مترجم کہتا ہے کہ یہی ابو حنیفہ کا قول ہے اور ساتھ ہی اگر کسی نے ایک احرام سے
عمرہ مع حج ادا کیا تو یہ بھی ایک قسم تمتع ہے جسکو قران بکسر قاف کہتے ہین اور اسمین بھی یہی قربانی کا حکم ہے جیسا کہ ابن الہمام رح نے فتح القدیر مین بیان کیا ہے
یہ اسوقت کہ ہدی کی قیمت ہو اور مل سکے۔ فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ فِي الْحَجِّ ۔ پھر جسنے ہدی نہ پائی (خواہ دامنہون یا نہ ملے)
تو واجب ہین (دس روزے) تین روزے حج مین ف چھٹی ساتوین آٹھوین یا نوین تک لیکن چھٹی ذی الحجہ سے افضل ہے اسواسطے کہ نویں کو عرفات
مین مکان ہوگا۔ وَسَبْعَةٍ اِذَا رَجَعْتُمْ ۔ اور سات دن جب تم لوٹ آؤ ف اپنے گھر تِلْكَ عَشَرَةٌ كَامِلَةٌ ۔ یہ سب دس روزے
پورے ہین۔ ذٰلِكَ لِمَنْ لَّمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ حَاضِرِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ
یہ سب اس شخص کے لیے ہے کہ اہل خانہ دار ان مسجد حرام سے نہون اور تم اللہ تعالے سے تقوی کرو اور جانو کہ اللہ تعالے شدید العقاب ہے ف
چونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عمرے کے قصہ مین حدیبیہ کے مقام پر روکے جانے کا ذکر ہے جس مین حج و عمرہ کا ذکر آیا اور کلام اسطرف منجر ہوا پس یہان
حج و عمرہ کے مسائل کو فرما دیا۔ اور مفسر رح اللہ نے اس مقام پر تمام مسائل کا جو بمذہب قول امام شافعی کے ہے کہا ہی لہذا ضرور ہوا کہ مسائل ائمہ مخصوص
مذہب امام ابو حنیفہ ذکر کر دون کہ تفسیر کے بیان مین بھی معلوم ہو جاوے لیکن قبل اسکے وہ الفاظ جو شرعی اصطلاح مین بیان کرنا ضرور ہے تاکہ تفسیر
اچھی طرح سمجھ مین آ جاوے اور مسائل بھی معلوم ہو جاوین حج۔ اصل مین قصد کرنا اور شرع مین قصد کرنا خانہ کعبہ کا زمانہ خاص یعنے مہینے حج کے
واسطے ادائے مناسک کے۔ عمرہ بمعنے زیارت اور شرع مین زیارت خانہ کعبہ بطریق خاص اور عمرہ کے واسطے کسی زمانہ کی خصوصیت نہین سال مین

جب چاہے اور جتنی مرتبہ چاہے ادا کرے اور اصح یہ ہی کہ جسپر حج فرض ہی اسپر عمر مین ایک مرتبہ عمرہ بھی واجب ہی کما فی العالمگیریہ وغیرہا عن المجتبیٰ پھر حج کا احرام کے ساتھ منیٰ جاکر صبح کو عرفات پہونچکر بعد ظہر کے ظہر و عصر ملاکر پڑھنے کے بعد عرفات مین وقوف کرے پھر بعد غروب کے واپس ہوکر مزدلفہ مین پہونچکر مغرب و عشا ملاکر پڑھے ۔ صبح کو جبل قزح مزدلفہ کے قریب وقوف کرے پھر طلوع کے بعد روانہ ہوکر جمرۃ العقبہ کی کنکریان مارکر سر منڈاکر حلال ہو پھر روانہ ہوکر خانۂ کعبہ کا طواف و سعی کرکے پورا حلال ہوجاوے پھر منیٰ جاکر تین دن رمی الجمرات کرکے سب منا سک پورے کرلے اور عمرہ صرف احرام کے ساتھ طواف وسعی ہی ان چیزون کے تمام کرنے سے حج و عمرہ پورا ہوجاتا ہی احصار روکنا اور مصدر مجہول بمعنے روکا جانا اور اسمین اختلاف ہی کہ حج مین کس چیز کا روکنا مراد لیا گیا ہی جو تفسیر مین آویگا بالجملہ محصر وہ ہی جو خانہ کعبہ تک پہونچنے نہ پایا اور کسی چیز نے اسکو روکا تہا ہدی اسم اس چیز کا جو ہدیہ کیجاوے اور مراد یہان جانور قربانی کا ہی اور یہ بیان ہوگا کہ کون جانور قربانی مراد ہی اور بیضاوی مین ہی کہ ہدی جمع ہدیہ مثل جدی و جدیہ وہو الاصح محل یکسر جا نہلا جگہ و زمانہ دونون کے واسطے بولا جاتا ہی اور مراد یہان جگہ ہی ۔ تحلل حلال ہونا احرام سے نکل جانا نسک جمع نسیکہ مراد قربانی کا جانور تمتع واضح ہو کہ حج ادا کرنا تین طور سے ایک افراد دوم تمتع سوم قران ۔ اور احرام مین یہ حکم ہی کہ سلا ہوا کپڑا نہ پہنے اور سر نہ ڈھکے بال نہ منڈائے نہ کترائے نہ انمین تیل ڈالے نہ خوشبو لگائے علی ہذا ناخن وغیرہ بھی نہ کترائے نہ عورتون کے پاس جائے نہ شکار مارے اور دیگر احکام ہین جو فقہ مین مفصل مذکور ہین ۔ اور ایام حج یعنے ایام ادائے حج دس روز ذی الحجہ کے ہین اور اشہر الحج یعنے مہینے حج سے یہ مراد ہی کہ شوال سے حج کا احرام جائز ہی اور اگر کسی نے سفر کرکے انہین دنون مین عمرہ کو احرام باندھکر ادا کیا تو اسنے ماہمارے حج ہی مین عمرہ ادا کیا ۔ اور نویں تاریخ روزۂ عرفہ ہی اور اسکا روزہ امام شافعی کے نزدیک حاجیون کے لیے مکروہ ہی بسبب روایت ابوداؤد کے اور امام ابوحنیفہ کے نزدیک ممانعت محمول ہی اس بات پر کہ حاجی کو وقوف عرفہ وغیرہ سے ضعف لاحق نہو بسبب روزہ کے دسویں روز عید اضحی کو بالاتفاق روزہ حرام ہی اور ایام تشریق گیارہوین بارہوین تیرہوین تاریخ ہے اور انکا روزہ حدیث مین حرام ہی اور یہی امام ابوحنیفہ کا قول ہی اور متمتع نے اگر تین روز تمتع کا روزہ ان ایام مین رکھنا چاہا تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک نہین جائز ہی اور مفسر نے ذکر کیا کہ شافعی رحمہ اللہ کے دو قول ہین بھی یہی قول اصح ہی اور قول قدیم شافعی کا یہ ہی کہ جائز ہی اور دلیل یہ کہ دارقطنی نے ابن عمر رضی سے روایت کی کہ متمتع اگر ہدی نہ پاوے تو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو رخصت دی کہ ایام تشریق مین روزہ رکھ لے اور یہی قول امام مالک و احمد و اسحٰق کا ہی اور نووی شافعی نے روضہ مین اسکو ترجیح دی ہی اور ایسے ہی ابن حجر نے کہا کہ آیت عام ہی کہ ایام حج مین تین روز روزہ رکھے ایام تشریق کا استثنا نہین ہی اور یون کہنا اولی ہی کہ نہی از صوم تشریق مخصوص ان لوگون کے واسطے ہی جو متمتع نہون کیونکہ آسمین خبر آحاد کی تخصیص آیت قطعی سے لازم آتی ہی اور یہ بہ نسبت اسکے عکس کے اولی ہی اور ہماری طرف سے اسکا جواب یہ ہی کہ ہم اسکو تسلیم نہین کرتے کہ ایام تشریق ایام حج مین سے ہین کیونکہ ایام حج فقط دسویں ذی الحجہ تک ہین ۔ اب جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے نے فرمایا اتموا الحج والعمرۃ للہ ۔ آیا ہی اسیواسطے مفسر سیوطی رحمہ اللہ تعالے کے امر خالص اللہ تعالے کے واسطے انکو پورا کرو اور ایک قراءۃ مین واقیموا الحج والعمرۃ للہ ۔ آیا ہی اسیواسطے مفسر سیوطی رحمہ اللہ نے اس غریب قراءۃ کو تفسیر کا معتمد بناکر ۔ اوہا بجعو قہا تفسیر کی یعنے اتمام سے مراد یہ ہی کہ ٹھیک ارکان سے مع آداب ادا کرو اور اس سے نکلا کہ عمرہ واجب ہی پس جاننا چاہیے کہ حج کے بشرط استطاعت فرض ہونے مین تو امت کا اتفاق ہی مگر عمرہ کے بارہ مین دو قول ہین ایک یہ کہ واجب ہی اور استدلال اسپر اس آیہ و احادیث سے ہی کیونکہ امر ہی اتمام عمرہ کا اور امر واسطے وجوب کے ہی اور منجملہ احادیث کے صحیح مین ثابت ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اصحاب سے فرمایا کہ جسکے ساتھ شکر نہ قران و تمتع کی ہدی ہو وہ احلال کرے حج و عمرہ کے ساتھ اور نیز صحیح مین ثابت ہوا کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ داخل ہوا عمرہ حج مین قیامت تک اور زید بن ثابت سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حج و عمرہ

جانور قربانی کا

لہ یعنے عدم احصار حضرت حرام اسکا ذکر ہے ۱۲

لہ تفسیر کرنا اوہا بجعو قہا کا تفسیر کے ۱۲

دونوں فریضہ ہیں تجھے مضر نہیں چاہے جس سے ابتدا کر۔ اخرجہ الدارقطنی والحاکم۔ مترجم کہتا ہے کہ عمرہ واجب ہے یہ کا قول ایک جماعت صحابہ و تابعین سے مروی ہے اور یہی مذہب ہے امام شافعی و احمد و اسحٰق کا۔ اور یہی جوہر میں اصح قرار دیا ہے لیکن بعض نے کہا کہ ان دلیلوں سے وجوب ثابت نہیں ہوتا باوجودیکہ صحیح احادیث سے خلاف پڑتا ہے چنانچہ شافعی و عبدالرزاق و ابن ابی شیبہ و عبد بن حمید نے ابو صالح تابعی سے اور ابن ماجہ نے طلحہ بن عبیداللہ سے روایت کی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ حج تو جہاد ہے اور عمرہ تطوع ہے۔ اور ابن ابی شیبہ و عبد بن حمید نے جابر سے روایت کی کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ کیا عمرہ واجب ہے تو آپ نے فرمایا کہ نہیں لیکن اگر تم عمرہ ادا کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ اسکو ترمذی نے بھی جابر سے مرفوعاً روایت کیا اور کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے پس یہ احادیث صحیح ہیں کہ عمرہ واجب نہیں ہے اور یہی قول ہے بعضے صحابہ مثل عبداللہ بن مسعود و جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما اور بعضے تابعین کا اور یہی مذہب ہے امام مالک و ابوحنیفہ وغیرہم کا لیکن مذہب حنفیہ کی کتاب الجوہرہ میں وجوب کو اصح کہا ہے اور حدیث زید بن ثابت کا جواب یہ ہے کہ وہ دونوں کو احرام سے شروع کرنے کے بعد واجب ہیں اور اسپر اتفاق ہے کہ عمرہ شروع کرنے کے بعد واجب ہو جاتا ہے حتی کہ اگر احصار وغیرہ سے اس وقت ادا نہ کر سکے تو دوسرے وقت اسکی قضا واجب ہے چنانچہ حضرت صلعم نے عمرہ حدیبیہ کو قضا فرمایا اور یہی قول امام ابوحنیفہ کا ہے اور سراج میں نقل کیا کہ جب ہدی بھیجکر احرام عمرہ سے حلال ہو گیا تو امام شافعی کے نزدیک اسپر قضا واجب نہیں ہے قلت ہا اجیب مع قولہ بوجوب العمرۃ ابتداءً۔ اور شیخ ابن حجر نے فتح الباری میں قضا واجب ہونے پر اجماع نقل کیا اور یہی امام نووی نے شرح صحیح مسلم میں ذکر کیا ہے اور زمانہ جاہلیت میں ایام حج میں عمرہ ادا کرنے کو حج عظیم جانتے یعنے ممنوع شدید سمجھتے تھے پس حضرت صلعم نے اس گمان کو دور کر دیا کہ تا قیامت عمرہ داخل حج ہو گیا اور حدیث اول تو قران یا تمتع کے واسطے ارشاد ہے تاکہ تو اسے مزید حاصل کریں اس سے وجوب عمرہ پر استدلال کیونکر نجوز کیا جاتا ہے ورنہ قران یا تمتع واجب ہونے پر بدرجۂ اولی استدلال ہو گا جبکہ ہدی موجود ہو حالانکہ یہ کسی نے نہیں کہا ہے فافہم ہاں اس حدیث سے البتہ حج و عمرہ ایک احرام سے بطور قران ادا کرنے کی فضیلت نکلی اور یہی ابوحنیفہ کا مذہب ہے اور آیت کریمہ سے مراد یہ کہ بعد شروع کے دونوں کو تمام کرو جیسا کہ بلا خلاف بعد شروع کے واجب ہوتا ہے اور آیہ کریمہ و احادیث سب میں اس معنے پر اتفاق حاصل ہوتا ہے و بسیاق آیہ کریمہ بھی اسپر شاہد ہے قال ابن کثیر۔ اللہ تعالے نے احکام صیام و ذکر جہاد کے بعد مناسک کا بیان شروع فرمایا پس حج و عمرہ تمام کر دینے کا حکم کیا اور ظاہر سیاق یہ ہے کہ حج و عمرہ میں شروع کر دینے کے بعد انکے جو افعال ہوتے ہیں انکو پورا ادا کرو اسیواسطے اسکے بعد فرمایا۔ فان احصرتم۔ اے اگر تم خانہ کعبہ تک پہونچنے اور انکے افعال ادا کرنے سے روک گئے اسی وجہ سے علمائے اتفاق کیا ہے کہ حج و عمرہ میں شروع کر دینا لازم ہے خواہ کہا جاوے کہ عمرہ واجب ہے یا مستحب ہے اور علی رضی اللہ عنہ سے اتموا الحج و العمرۃ للہ۔ میں اتمام کے یہ معنے مروی ہیں کہ اپنی اہل کے گھر سے احرام باندھ لے اور یہی قول ابن عباس و سعید بن جبیر و طاؤس کا ہے اور سفیان ثوری نے کہا کہ دونوں کا اتمام یہ ہے کہ اپنی اہل کے گھر سے احرام باندھکر نکلے کچھ بجا ہتا ہو سوائے حج و عمرہ کے اور احلال کرے میقات سے یہ نہو کہ تجارت یا کسی ضرورت سے نکلے کہ جب مکہ سے قریب ہو تو کہے لاؤ حج یا عمرہ ادا کر لوں اور اس سے حج یا عمرہ تو ہو جائیگا لیکن اتمام یہ ہے کہ اسیکے لیے نکلے کسی اور کے واسطے نہ نکلے واضح ہو کہ حدیث میں مسجد بیت المقدس سے احرام کر کے بیت اللہ کا حج ادا کرنے میں مغفرت و جنت کی بشارت آئی ہے چنانچہ وکیع نے ایسا ہی کیا کما فی سنن ابی داؤد فی روایۃ۔ پھر جاننا چاہیے کہ حضرت صلعم نے چار عمرے ادا کیے سب ذی قعدہ میں ایک عمرہ حدیبیہ ہجرت کے چھٹے سال دوم عمرہ قضا ساتویں سال سوم عمرہ جعرانہ آٹھویں سال چہارم عمرہ اپنے حج کے ساتھ دسویں سال پس جو اقوال اسکے خلاف ہیں مانند آنکہ اتمام عمرہ یہ کہ غیر ماہہائے حج میں ہو یا حج سے منفرد ہو کچھ نہیں ہیں اسلیے کہ بعد ہجرت کے سب عمرہ حضرت صلعم نے ذی القعدہ میں کیے سوائے عمرہ حج کے مگر آنکہ ام ہانی و ام معقل رضی اللہ عنہما کو فرمایا کہ رمضان میں تیرا عمرہ ادا کر لینا میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے اور سعید بن جبیر نے کہا کہ یہ مخصوص حضرت ام ہانی کے واسطے تھا۔ مترجم کہتا ہے کہ ام معقل کی حدیث ابوداؤد میں بھی یہ اشارہ ہے۔ اور سدی نے آیہ اتموا الحج و العمرۃ میں کہا اسی اقیموا الحج و العمرۃ۔ اور علی بن ابی طلحہ نے

ابن عباس سے اس آیہ میں روایت کی کہ اللہ تعالےٰ فرماتا ہی کہ جسنے حج یا عمرہ کا احرام باندھا اسکو روا نہیں کہ حلال ہو جاوے یہانتک کہ انکو پورا کرے اور حج جبکہ یوم النحر یعنے دسویں ذی الحجہ کو جمرۃ العقبہ کی کنکریان مارین اور خانہ کعبہ صفا و مروہ کا طواف کر لیں پورا ہو جاتا ہی اور قتادہ عن زرارہ عن ابن عباس کہا کہ حج تو وقوف عرفہ ہی اور عمرہ طواف ہی قال المترجم یعنے اگر حج کرنے والا وقوف عرفہ پا گیا تو حج فوت نہوگا اگرچہ نقصان لازم آویگا اسکا جیسا مسطور ہوگا کہ قربانی دیوے اور ایسہی ہی طواف خانہ کعبہ کے بعد عمرہ فوت نہین ہی اور یہی قول امام ابو حنیفہ کا ہی و تفصیل فقہ مین ہی اور علقمہ و ابراہیم نے قیموا الحج والعمرۃ لله پڑھا اور ایسا ہی بعض صحابہ سے مروی ہی اور یہ غریب ہی اور شعبی حر نے پڑھا واتموا الحج والعمرۃ لله یعنے الحج کو منسوب اور العمرۃ کو مرفوع پڑھا جسکے معنے یہ ہوے کہ تمام کرو حج کو اور عمرہ اللہ کے واسطے ہی کہا شعبی نے کہ عمرہ کچھ واجب نہین ہی اور صحیحین مین ایک شخص کے قصہ مین روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جعرانہ مین تھے کہ اسنے دریافت کیا کہ جسنے عمرہ کا احرام باندھا حالانکہ اسپر زعفران کا لتھڑا ہوا زنگا جبہ ہی اور خلوق ہی اسکا کیا حکم ہی تو حضرت صلعم خاموش ہوے پس آپ پر وحی آئی پھر سر اٹھا کر فرمایا کہ پوچھنے والا کہان ہی اسنے کہا کہ یہ ہون پس فرمایا کہ جبہ اتار ڈال اور جو خوشبو تیرے لگی ہی اسکو دھو ڈال پھر جو حج مین کرتا تھا وہی عمرہ مین کر قال المترجم کہتا ہی یعنے احرام عمرہ مین مانند احرام حج کے احتیاط واجب ہی - قولہ فان احصرتم ابن کثیر نے کہا کہ علماء نے ذکر کیا کہ یہ آیت ہجرت کے چھٹے سال اتری جب حضرت صلعم و مکہ کے درمیان مشرک لوگ حائل ہو گئے اور آپ کو خانہ کعبہ تک نہ جانے دیا پس یہی عمرہ حدیبیہ ہی جسکے بارہ مین سورۂ انا فتحنا پوری نازل ہوئی ہی - وقال غیرہ لغت مین حصر یعنے حبس و تضییق ای بند کرنا اور تنگ مین ڈالنا اور ابو عبید و کسائی و خلیل نے کہا کہ مرض کے ساتھ احصر بولتے ہین ای احصر المرض روکدیا مرض نے اور دشمن کے ساتھ حصر ای حصر العدو دشمن نے روک دیا اور ابن العربی نے کہا یہی رائے اکثر اہل لغت کی ہی اور زجاج نے کہا بلکہ سب کی - اور ابن فارس نے مجمل مین کہا کہ حصر المرض و احصر العدو بولتے ہین برعکس اول اور یہ ضعیف ہی اور فراء نے کہا دونون کے ایک معنے ہین اور یہی ابو عمرو الشیبانی کا قول ہی اور اسی اختلاف کی وجہ سے ائمہ فقہ مین اختلاف ہوا چنانچہ شافعیہ و اہل مدینہ کے نزدیک حصر مختص بدشمن ہی اور یہی ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے روایت کیا کہ نہین حصر مگر حصر عدو اور جسکو مرض یا درد پہونچا یا راہ بھٹک گیا تو اسپر کچھ نہین اور ابن ابی حاتم نے کہا کہ اسیکے مانند ابن عمر و طاؤس و زہری و زید بن اسلم سے مروی ہی اور ائمہ حنفیہ نے کہا کہ حصر عام ہی خواہ دشمن سے کہ یا مرض سے یا بھول جانے سے یا کوئی مانع ہو اور امام احمد نے حجاج بن عمرو الانصاری سے روایت کی کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے کہ جسکو شکستگی پہونچے یا درد یا لنگ تو وہ حلال ہو اور اسپر دوسرا حج واجب ہی یعنے اسکو احرام سے حلال ہو جانا روا ہی اور اسپر حج کی قضا واجب ہی پھر عکرمہ نے جو حجاج بن عمرو الانصاری سے راوی ہین کہا کہ پھر مین نے اسکو ابو ہریرہ و ابن عباس سے ذکر کیا یعنے اس روایت کو ذکر کیا تو دونون نے کہا کہ حجاج بن عمرو نے سچ بیان کیا ہی - اس حدیث کو سنن اربعہ والون نے بھی روایت کیا اور ابو داؤد کی ایک روایت مین لنگ اور شکستگی اور مرض مذکور ہی اور اسکو ابن ابی حاتم نے بھی دوسری وجہ سے روایت کیا پھر کہا کہ ابن مسعود و ابن الزبیر و علقمہ و سعید بن المسیب و عروۃ و مجاہد و نخعی و عطاء و مقاتل نے کہا کہ احصار تو دشمن و مرض و شکستگی سبسے ہوتا ہی اور المترجم کہتا ہی کہ شاید ابن عباس رض بھی اسکے قائل ہین ولیکن سوائے دشمن کے اور چیزون کے حصر سے ہدی لازم آنے کے قائل نہین ہین واللہ اعلم - قولہ فما استیسر من الھدی - یعنے اگر تم حج و عمرہ بعد احرام کے تمام کرنے سے روکے گئے تو جو آسان ہو ہدی سے یعنے تمپر واجب ہی باتم قربان کرو یا بھیجو جو آسان ہو ہدی سے اور علماء مین اتفاق ہی کہ ہدی مذکور واجب ہی اور امام مالک نے علی بن ابیطالب سے روایت کی کہ وہ بکری ہی اور ابن عباس نے کہا کہ اونٹ و گائے و بھیڑ و بکری سب قسم مین سے ہدی ہوتی ہی اور ثوری نے فما استیسر من الھدی مین ابن عباس سے روایت کی کہ وہ بکری ہی اور یہی قول عطاء و مجاہد و طاؤس و ابو العالیہ و محمد باقر و عبد الرحمن بن القاسم و شعبی و نخعی و حسن و قتادہ و ضحاک و مقاتل وغیرہم کا ہی اور یہی ائمہ اربعہ کا مذہب ہی اور ابن ابی حاتم نے حضرت

عائشہ وابن عمر سے روایت کی کہ وہ ما استیسر من الھدی میں اونٹ یا گائے کے سوائے اور جنس سے ہدی جائز نہیں جانتے تھے اور ایسا ہی سالم وقاسم وعروہ وسعید بن جبیر سے بھی روایت ہے قال ابن کثیر ظاہر یہ ہے کہ ان لوگوں نے قصہ حدیبیہ سے استدلال کیا ہے کیونکہ اس تحلل میں کسی سے بکری ذبح کرنا مروی نہیں ہے کیونکہ جابر سے روایت ہے کہ ہم کو رسول اللہ صلعم نے حکم کیا کہ سات آدمیوں کے حساب سے اونٹوں وگایوں میں شریک ہو جاویں اور صحیح جمہور کا قول ہے اور حضرت عائشہ سے صحیحین میں روایت آئی ہے کہ حضرت صلعم نے ایک بار دنبہ یا بھیڑ کو ہدی بھیجا تھا اور طاؤس عوفی نے ابن عباس سے روایت کی کہ فما استیسر من الھدی میں اسکی فراخ دستی کے موافق ہدی ہے اگر بہت خوشحال ہے تو اونٹ ورنہ گائے ورنہ بکری اور یہی حسن کا قول ہے پس ترتیب وتعدیل کی قربانی ہے۔ قولہ ولا تحلقوا رؤسکم حتی یبلغ الھدی محلہ۔ تھوڑے اہل علم ہطرف گئے ہیں کہ یہ خطاب ان لوگوں کو ہے جو روکے گئے پس ہدی کا محل وہ کہ جہاں اسکا ذبح کرنا حلال ہے سو مالک وشافعی نے کہا کہ وہ جگہ ہے جہاں روکا گیا اگرچہ خارج حرم ہو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سال حدیبیہ میں حرم سے باہر حدیبیہ میں جہاں روکے گئے تھے ذبح کیا تھا اور امام ابوحنیفہ نے کہا کہ محل اسکا حرم ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ ثم محلھا الی البیت العتیق۔ اور حنفیہ نے کہا کہ سال حدیبیہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حرم میں ذبح کیا کیونکہ نزول آپ کا حدیبیہ کے کنارے متصل حرم بجانب پستی مکہ تھا اور زہری نے روایت کی کہ حضرت صلعم نے حرم میں ذبح کیا تھا اور قصہ حدیبیہ جو آگے آویگا اس سے اسکی تائید نکلتی ہے۔ قال ابن کثیر یہ قول یعنے لا تحلقوا رؤسکم عطف فان احصر تم پر نہیں ہے بلکہ وہ وتموا الحج والعمرۃ للہ پر عطف ہے۔ قال المترجم پس یہ خطاب عام ہے پھر شیخ ابن کثیر کی تقریر سے ظاہر ہوتا ہے کہ باستثنائے محصر ہیں ہے چنانچہ کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سال حدیبیہ میں خارج حرم کے ذبح کیا اور حلق کیا جبکہ انکو کفار نے روکا تھا اور جو شخص کہ حال امن میں ہو اور حرم تک پہونچنا ممکن ہو تو اسکو سر منڈانا نہیں جائز ہے یہانتک کہ ہدی اپنے محل پر پہونچ جاوے اور اس کلام سے ظاہر ہے کہ محل اسکا حرم ہے مگر سوائے اسکے جو روکا گیا ہو اور یہ کہ یہ خطاب محصر وغیر محصر سب کے ہے اور یہی ایک جماعت اہل علم کا قول ہے پس یہاں تین قول حاصل ہوئے اول آنکہ خطاب محصرین کو ہے اور معنے یہ ہیں کہ اگر محرم روکا جاوے اور چاہے کہ اپنے احرام سے حلال ہو تو ہدی بھیجکر جبکہ وہ محل احصار میں پہونچ جاوے اور ذبح کیجاوے تو حلق یا تقصیر کرکے حلال ہو جاوے اور یہ قول شافعی کا ہے دوم آنکہ ہدی ایک شخص کے ہاتھ بھیجے اور اسکے لیے ایک دن مقرر کرے پس جب ہدی مذکور اپنے محل یعنے حرم میں پہونچ جاوے اور غالب گمان ہو کہ اس دن مقرر پر ذبح ہو گئی تو حلال ہو جاوے اور اسپر سر منڈانا یا بال کترانا کچھ واجب نہیں بلکہ مستحب ہے اور یہ قول امام ابوحنیفہ کا ہے سوم یہ کہ یہ خطاب محصرین وغیر محصرین سب کو ہے پس محصر کی ہدی کا محل وہی جہاں احصار ہوا خواہ حل ہو یا حرم ہو اور غیر محصر کے ہدی کا محل حرم ہے واللہ اعلم۔ پھر ہدی کے ذبح سے تحلل نہیں ہوتا بلکہ حلق یا تقصیر سے ہوتا ہے اور ظاہر قول امام ابوحنیفہ یہ ہے کہ ہدی احصار میں فقط ذبح سے تحلل حاصل ہوتا ہے اور یہی ظاہر آیہ ہے مگر حدیبیہ کے احصار میں صحابہ کو حضرت صلعم نے حکم کیا کہ سر منڈاویں اور حلال ہو جاویں پس صحابہ نے تاخیر کی کہ شاید حکم منسوخ ہو یہانتک کہ حضرت صلعم خود نکلے اور اپنا سر منڈایا پس لوگوں نے بھی ایسا کیا اور بعض نے فقط بال کترائے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ رحم کرے سر منڈانے والوں پر تو صحابہ رضی نے عرض کیا کہ اور بال کترانے والوں پر بھی یا رسول اللہ۔ پس تیسری بار میں فرمایا اور بال کترانے والوں پر۔ ایسا ہی صحیحین سے ثابت ہوتا ہے۔ اور کتب فقہ مذہب حنفیہ میں بھی سر منڈانا یا بال کترانا ماخوذ ہے۔ قولہ فمن کان منکم مریضا او بہ اذی من راسہ ففدیۃ من صیام او صدقۃ او نسک مرض سے مراد یہاں وہ ہے جسپر لغت کی رو سے مرض کا لفظ صادق ہو اور اذی من راسہ۔ مثل جوں و درد سر و جراحت وغیرہ تو ایسے شخص کو اجازت ہے کہ اگر سر منڈالے تو روزے یا صدقہ یا نسیکے سے فدیہ دے پھر ہر ایک کی تقدیر کیا ہے سو حسن و عکرمہ وغیرہ سے روایت ہے کہ روزہ دس روز اور طعام دس مسکین کا ہے اور یہ قول خلاف جمہور ہے

کہ انکے نزدیک روزے تین روز کے یا چھ مسکینوں کا کھانا یا ایک ہی چنانچہ بخاری و مالک و احمد وغیرہم نے کعب بن عجرہؓ سے روایت کی کہ ہم لوگ حدیبیہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور ہم سب احرام باندھے تھے اور میرے سر پر لٹکے بال تھے پس جوئیں میرے منہ پر گرنے لگیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف گذرے اور فرمایا کہ کیا تیرے سر کی جوئیں تجھے ایذا دیتی ہیں پھر اسکو حکم کیا کہ منڈا دے کہا کعب نے کہ اتری یہ آیت فمن کان منکم مریضا او بہ اذی من راسہ ففدیۃ من صیام او صدقۃ او نسک - ہذا لفظ احمد فی روایۃ اور بخاری کی روایت میں ہے کہ فرمایا کیا تجھے بکری نہیں مل سکتی ہے میں نے کہا کہ نہیں تو فرمایا کہ تین روز روزے رکھ یا چھ مسکینوں کو کھانا دے ہر مسکین کو نصف صاع - کہا کعب نے کہ یہ آیت میرے حق میں خاص اتری حالانکہ وہ تم سب کے واسطے عام ہے - اور ابن ابی حاتم کی روایت میں ہے کہ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو حکم کیا کہ اپنا سر منڈا دے اور فرمایا کہ تین روز روزہ رکھ یا چھ مسکینوں کو کھانا دے ہر ایک کو دو مد کی قدر سے یا ایک بکری کی قربانی کر ان میں سے جو تو ادا کر سکیگا تجھے کفایت کریگا ابن عبد البر نے ذکر کیا کہ علما میں یہاں اختلاف نہیں کہ نسک اس میں ایک بکری ہے اور ابن عباس سے روایت ہے کہ جب آدمی کے ساتھ ہو تو جو ادا کر دے کافی ہے و مجاہد و عکرمہ و طاؤس و نخعی و ضحاک سے اسکے مانند مروی ہے ذکر ابن ابی حاتم - اور ابن کثیر نے فرمایا کہ یہی ائمہ اربعہ و عامہ علما کا مذہب ہے کہ اس مقام پر اسکو اختیار ہے چاہے روزے رکھے اور چاہے تین صاع صدقہ کرے چھ مسکینوں پر ہر ایک کو نصف صاع دے اور نصف صاع کے دو مد ہوتے ہیں اور چاہے بکری ذبح کر کے مسکینوں کو بانٹ دے - اور بعض تابعین سے یہاں ترتیب بھی مروی ہے اور یہ خلاف سیاق قرآن اور خلاف حدیث ہے اور یہ ترتیب تو حرم کا شکار قتل کرنے میں البتہ معروف ہے بعض قرآنی اور وہاں فقہا نے بھی ترتیب پر اجماع کیا ہے - پھر جاننا چاہیے کہ اس فدیہ کے ادا کرنے کی جگہ میں اختلاف ہے پس عطا نے فرمایا کہ جو قربانی ہے وہ مکہ میں ہو اور جو طعام و صیام ہے پس جہاں چاہے ادا کرے اور یہی قول امام ابو حنیفہ کا ہے اور یہی احوط ہے اور طاؤس و شافعی نے کہا کہ قربانی و طعام مکہ میں اور روزے جہاں چاہے اور یہ امام مالک نے کہا کہ ان سب کو جہاں چاہے ادا کرے اور یہی ظاہر ہے اسواسطے کہ تعیین پر دلیل موجود نہیں ہے - قولہ فاذا آمنتم ای امنتم الاحصار او کنتم فی حال امن و سعۃ - یعنی قولہ تعالے - فاذا امنتم کے یہ معنے کہ پھر جب تم لوگ احصار سے امن میں ہو جاؤ یا یہ مراد کہ جب تم لوگ امن و فراخی میں ہو (البیضاوی) مراد یہ کہ ادائے مناسک پر قابو پاؤ کما قال ابن کثیر قولہ فمن تمتع - پس جو شخص تم میں سے متمتع ہوا عمرہ سے طرف حج کے - اور یہ شامل ہے قران و تمتع دونوں کو باین طور کہ دونوں کا احرام باندھا یا پہلے عمرہ کا احرام باندھا پھر اس سے فارغ ہو کر حج کا احرام باندھا اور یہی تمتع خاص ہے جو کلام فقہا میں بلفظ تمتع معروف ہے اور عام تمتع تو دونوں قسموں کو شامل ہے چنانچہ صحاح کی احادیث اسپر دلالت کرتی ہیں کیونکہ راویوں میں سے بعض کہتا ہے کہ تمتع کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دوسرا کہتا ہے کہ قران کیا پھر اسمیں اختلاف نہیں کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدی کو اپنے ساتھ لیا تھا تو ضرور آپ احرام عمرہ سے حلال نہ ہوئے ہوں یہانتک کہ حج کیا پس اسکو قران کہتے ہیں - اور یہی امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک سنت و افضل ہے اور یہی مترجم کے نزدیک قوی مذہب ہے اگرچہ علما رحمہم اللہ نے اختلاف کیا کہ افراد و تمتع و قران میں سے کون افضل ہے پس ہر ایک کے افضل ہونے کے تین اقوال موجود ہیں ولیکن افراد باین معنے کہ خالی حج ادا کرے عمرہ نہ کرے بخیال اس کے کہ ایام حج میں عمرہ تمام نہیں ہے یہ دلیل بہت ضعیف ہے تو قول بھی اس بنا پر ضعیف ہوگا مگر آنکہ دوسری دلیل لائی جاوے - اور تمتع بالعمرۃ الی الحج کے معنے یا یہ کہ عمرہ کر کے حلال ہو کر حج کا احرام باندھے تک آسائش کی چیزوں سے انتفاع حاصل کیا اور اسکو سعید بن جبیر نے ذکر کیا - یا یہ کہ حج کا تقرب حاصل کرنے سے پہلے عمرہ کے تقرب سے انتفاع حاصل کیا اور ایک ہی سفر میں اللہ تعالے نے دونوں کو عطا فرمایا اور یہی قول ائمہ حنفیہ ہے پس قولہ فما استیسر من الہدی - یعنے اسپر قربانی جو میسر آسانی سے آوے واجب ہے یہ قربانی کس قسم کی ہے اسکے بیان میں اختلاف ہے اول یہ کہ جبر نقصان ہوگا پس خود اسمیں سے نہیں کھا سکتا ہے اور دوسرے معنے پر شکریہ کی قربانی ہوگی کہ خود بھی کھا سکتا ہے اور یہی قول

ابو حنیفہؒ ہی اور یہ قربانی شافعی کے نزدیک دسویں سے پہلے بھی جائز ہی اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک پہلے نہیں جائز ہی **قال ابن کثیر** گھر اسکا بکری ہی اور اسکو اختیار ہی کہ چاہے گائے ذبح کرے اسواسطے کہ اوزاعی نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کی کہ حضرت صلعم نے اپنی ازواج کی طرف سے جنھوں نے تمتع کیا تھا گائے ذبح کی رواہ ابن مردویہ اور صحیح میں ازواج کی طرف سے گائے کی قربانی حجۃ الوداع میں باسانید صحیحہ ثابت ہی اور یہ جو عمرؓ کی ہی کہ عمر رضی اللہ عنہ تمتع سے لوگوں کو منع کرتے تھے تو ابن کثیر نے جواب دیا کہ خود حضرت عمرؓ سے تصریح آئی ہی کہ وہ حرام یا ممنوع کرکے نہیں منع کرتے بلکہ مقصود یہ تھا کہ لوگ کثرت سے خانۂ کعبہ کا قصد کریں کبھی حج کی نیت سے اور کبھی عمرہ کے واسطے کیونکہ ایام حج میں عمرہ کر لینے کے بعد خالص عمرہ کے لیے نہیں جاتے تھے اور سنن ابوداؤد وغیرہ میں باسناد صحیح حضرت عمرؓ سے ثابت ہوا کہ انھوں نے **قران** کو سنت فرمایا بعض صحابہؓ نے گمان کیا کہ حضرت عمرؓ نے اپنی رائے سے تمتع منع کیا تو یہ خود انکی سمجھ ہی جبکہ حضرت عمرؓ نے اپنی مراد کو تصریح بیان فرمادیا ہی پس ظاہر ہوا کہ یہ جو عمرؓ سے روایت آئی ہی کہ ایام حج میں عمرہ تمام نہیں ہی اسکے یہ معنے ہیں کہ عمرہ خالص قصد کرکے ادا کرو اللہ تعالے کے واسطے اور جب حج کے ساتھ میں ادا کیا تو اسکے تابع ہو گیا اگرچہ **قران** سنت ہی لیکن تنہا عمرہ کرنا بھی سنت ہی اور خالص عمرہ کے قصد سے سفر کرنا اتموا الحج والعمرۃ للہ کی زیادہ فرمانبرداری ہی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قصداً تین عمرے ہی ادا کیے ہیں فمن لم یجد فصیام ثلثۃ ایام فی الحج وسبعۃ اذا رجعتم تفسیر ابن کثیر میں ہی یعنے جسنے ہدی نہ پائی تو اسکو چاہیے کہ تین روز ایام حج میں یعنے مناسک حج ادا کرنے کے دنوں میں روزہ رکھے اور یہ فقط نویں تاریخ تک مستحب ہی اور علما نے کہا کہ اولے یہ ہی کہ عرفہ یعنے نویں ذی الحجہ سے پہلے تین روز روزہ رکھ لے کیونکہ حاجیوں کے واسطے عرفہ کے روزہ سے ابوداؤد کی حدیث میں ممانعت آئی ہی اور یہی عوفی نے ابن عباس سے روایت کی اور ابن عباس و ابن عمر و علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہی کہ ساتویں آٹھویں نویں اگر روزہ رکھا تو تمام ہوا اور یہی امام ابو حنیفہ کا قول ہی اور اگر قبل عید کے روزے نہ رکھے تو ایام تشریق میں روزہ رکھنے میں دو قول ہیں ایک یہ کہ ہاں اور یہی مختار شافعیہ ہی کیونکہ صحیح بخاری میں حضرت عائشہ و ابن عمرؓ کا قول روایت ہی کہ ایام تشریق میں روزہ رکھے جانے کی رخصت کسیکو نہیں دی گئی مگر اسیکو جو ہدی نہ پاوے اور یہی قول حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہی اور یہ بسبب عموم قولہ تعالے وثلثۃ ایام فی الحج ہی اور یہی قول عبید بن عمیر و عکرمہ و حسن و عروۃ بن الزبیر ہی اور یہی شافعی کا پہلا قول ہی اور جدید قول یہ ہی کہ ایام تشریق کا روزہ نہیں جائز ہی کیونکہ امام مسلم نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایام تشریق کھانے پینے اور ذکر الٰہی کے دن ہیں۔ اور یہی امام ابو حنیفہ کا مختار ہی اور یہی اکثر اہل علم کا قول ہی۔ قولہ وسبعۃ اذا رجعتم۔ اسمیں دو قول ہیں ایک یہ کہ جب اپنے گھر لوٹ آوے تو سات روزے رکھے اور دوم یہ کہ جب اپنے وطن کو لوٹ آوے اور بخاری نے ابن عمرؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمتع کیا حجۃ الوداع میں عمرہ سے طرف حج کے اور ہدی لی اور اسکو اپنے ساتھ روان کیا ذی الحلیفہ سے اور اہلال کیا عمرہ کا پھر اہلال کیا حج کا پھر لوگوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تمتع کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پہلے عمرہ شروع کیا پھر حج کیا پس لوگوں میں سے بعض تو اپنے ساتھ ہدی لائے تھے اور بعض نہیں لائے تھے پھر جب نبی صلعم مکہ میں آئے تو لوگوں سے کہا کہ جسنے تم لوگوں میں سے ہدی اپنے ساتھ روان کی ہی تو وہ احرام سے جس چیزوں سے حرام ہو گیا ہی کسی چیز سے حلال نہو گا یہانتک کہ حج سے فارغ ہو اور جو اپنے ساتھ ہدی نہیں لایا ہی اسکو چاہیے کہ خانۂ کعبہ کا طواف کرے اور صفا و مروہ کے اور قصر کرے پس حلال ہو جاوے پھر حج کا احرام باندھے پھر جو شخص ہدی نہ پاوے اسکو چاہیے کہ تین روز حج میں روزے رکھے اور سات روز جب اپنے وطن کو لوٹ جاوے الی آخر الحدیث اور صحیح مسلم کی طویل حدیث جابرؓ میں بھی اسی کے مانند آیا ہی اور ایسا ہی سعید بن جبیر و ابو العالیہ و مجاہد و عکرمہ و حسن و قتادہ و زہری و ربیع بن انس سے مروی اور یہی ابو حنیفہ کا قول ہی اور ابن جریر نے اسپر اجماع نقل کیا ہی اور کہا گیا کہ ابو حنیفہ

کے نزدیک بعد تشریق کے اگر مکہ میں قیام کرے تو اولیٰ کرنا جائز ہے۔ پھر یہ سب دس روز سے ہوئے پھر قولہ تلک عشرۃ کاملۃ اپنے ماقبل کی تاکید ہے جیسے عرب بولتے ہیں کہ رایت بعینی۔ یعنے میں نے اپنی آنکھوں دیکھا سمعت باذنی۔ میں نے اپنے کانوں سنا۔ حالانکہ یہ کام تو آنکھ و کان ہی سے ہوتا ہے۔ اور ایسے ہی قولہ تعالےٰ۔ ولا طائر یطیر بجناحیہ۔ پس فائدہ اس تاکید کا یہ ہے کہ یہ وہم نہو کہ تین روز حج میں روزہ رکھیں یا سات روز وطن میں آکر روزہ رکھیں (الزجاج) یا کہ عدد ختم ہونے پر دلالت کرے یہ وہم نہو کہ ابھی اور کچھ باقی ہے کما فی قولہ۔ ووا عدنا موسیٰ ثلثین لیلۃ واتممناہا بعشر فتم میقات ربہ اربعین لیلۃ۔ اور بعض نے کہ اکی کاملہ سے اسکے اکمال و اتمام کا حکم ہے اسکو ابن جریر نے اختیار کیا ہے بعض نے کہا یعنے ہدی سے کافی ہیں و حسن بصری سے روایت ہے کہ مراد یہ کہ ہدی کے بجائے کامل و پورے ہیں۔ قولہ ذلک لمن لم یکن اہلہ حاضری المسجد الحرام۔ یہ اس شخص کے لیے جسکے اہل حاضرین مسجد الحرام نہوں یعنے ساکنین مکہ معظمہ نہوں اسمیں اختلاف ہے کہ یہ اشارہ کس طرف ہے پس بعض نے کہا کہ حکم کی طرف راجع ہے یعنے تمتع پر ہدی یا روزے کا واجب ہونا یعنے ہدی یا روزے واجب ہونیکا حکم اس شخص کے لیے ہے جسکے اہل حاضری المسجد الحرام نہوں پس اگر حاضری المسجد الحرام ہونگے تو اسپر ہدی یا صیام واجب نہونگے اگرچہ وہ تمتع کرے اور یہ شافعیؒ وغیرہ کا قول ہے اور یہ ضعیف ہے جیسا کہ معلوم ہوگا اور بعض نے کہا کہ تمتع کی طرف راجع ہے یعنے یہ تمتع اس شخص کے واسطے ہے جسکے لوگ حاضری المسجد الحرام نہوں پس اہل حرم کے واسطے تمتع نہیں ہے۔ اور یہ ابو حنیفہ و مالک کا قول ہے کہ کی کے واسطے تمتع و قران کچھ نہیں ہے اور اگر اسنے ایسا کیا تو اسپر جرمانہ کی قربانی لازم آویگی کہ ذبح کرکے فقیروں کو تقسیم کرے خود نہ کھاوے اور ابو حنیفہ نے کہا کہ اگر حکم کی طرف اشارہ نہوتا تو لکم علی من لم یکن ہوتا یعنے یہ وجوب اس شخص پر ہے نہ آنکہ کمن کیونکہ یہ نفع کے واسطے ہے۔ ابن جریر نے کہا کہ اہل تاویل نے اجماع کیا اس بات پر کہ اس سے مراد اہل حرم ہیں اور اس بات پر کہ اہل حرم کے واسطے تمتع نہیں ہے پھر اختلاف کیا کہ وہ کون لوگ ہیں پس بعض نے کہا کہ اس سے خاصکر اہل حرم یعنے اہل مکہ مراد ہیں چنانچہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ وہ اہل حرم ہیں اور قتادہ نے کہا کہ ہمسے ذکر کیا گیا کہ ابن عباس فرماتے تھے کہ اہل مکہ تمہارے لیے تمتع نہیں ہے بلکہ وہ اہل آفاق کے واسطے حلال کیا گیا ہے اور تم پر حرام کر دیا گیا ہے تم میں کا آدمی تو حرم سے اتنی دور نکل جاتا ہے کہ اسکے اور حرم کے درمیان ایک وادی ہو جاوے پھر عمرہ کا احرام باندھتا ہے اور عبد الرزاق نے طاؤس سے روایت کی کہ تمتع اہل مکہ کے واسطے نہیں ہے بلکہ ان لوگوں کے واسطے ہے جنکے اہل حاضرین حرم سے نہوں اور کہا کہ مجکو ابن عباسؓ سے بھی مثل قول طاؤس کے روایت پہونچی ہے اور بعض نے کہا کہ مراد اہل حرم اور وہ لوگ ہیں جو حرم و مواقیت کے درمیان رہتے ہیں یعنے مواقیت سے لیکر مکہ تک جو لوگ رہتے ہیں کیونکہ اسکے واسطے تمتع و قران نہیں ہے۔ اور مواقیت یہ ہیں ذو الحلیفہ و الجحفہ و قرن و یلملم و ذات عرق۔ اور انکو مواقیت اسلیے کہتے ہیں کہ بدون احرام کے ان مقامات سے تجاوز نہیں کر سکتا ہے اور یہی ابو حنیفہ کا قول ہے اور عبد الرزاق نے عطاء سے روایت کی کہ مواقیت کے اندر رہنے والے اہل مکہ کے مانند ہیں کہ اسکے واسطے تمتع نہیں ہے اور ایسے ہی ابن المبارک نے مکحول سے روایت کی ہے اور قولہ حاضری المسجد الحرام دراصل حاضرین بصیغہ جمع تھا نون بسبب اضافت کے ساقط ہو گیا اور اوپر کی روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ اہل سے مراد اپنے لوگ ہیں اور ابن جریر نے کہا کہ مراد زوجہ و اولاد جو اسکی پرورش میں ہوں باپ دادا و بھائی بند وغیرہ مراد نہیں ہیں مفسر سیوطی رحمۃ اللہ نے کہا کہ اہل کنایہ بذات خود ہے اور سراج میں بھی اسکی پیروی کی لیکن یہ ضعیف قول ہے۔ اگر ایسا ہوتا تو حاضرۃ المسجد الحرام ہونا کافی قولہ تعالےٰ واسالہم عن القریۃ التی کانت حاضرۃ البحر۔ حالانکہ یہاں حاضرین ہے قال الشیخ فی العرائس۔ قولہ تعالےٰ واتموا الحج والعمرۃ للہ۔ حق سبحانہ و تعالےٰ نے اہل حقیقت کے لائق انپر یہ واجب کیا کہ درگاہ عزت تک پہونچنے کے قصد دل کو پورا کریں یا یہ کہ جب طاہر کہ مقام قدم کی زیارت کو متوجہ ہونے کی حالت میں تمام حدوث سے مجرد ہو جاویں اور توحید کی پوری تحقیق کرنے میں اپنے کو فانی کرکے بقاء حق سے باقی ہونے میں تمام کائنات سے مجرد ہو جاویں اور ربوبیت سے عارض ہونے کے قصد میں عبودیت کا لباس پہنیں تاکہ باطنی قبولیت ظاہری قبولیت کے ساتھ مل جاوے کیونکہ



انھوں نے ابتدائے حال میں اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ کے جواب میں بسر و چشم فرمانبرداری کے ساتھ- بَلٰی- جواب دیا تھا یعنے تو ہمارا پروردگار معبود حق موجود برحق ہے پس عہد پورا کرنے کے واسطے امر ظاہر کو درست کریں اور اسکے سامان میں سرگرم ہوں یا ہیں طور کہ لبیک کہیں یعنے ہم کمر تیری فرمانبرداری میں سر جھکائے دل و جان سے حاضر ہیں پس حج تو اہل تمکین کے لیے ہے اور عمرہ اہل تلوین کے واسطے ہے اور حج کو جیسی پورا کرینگے کہ مناسک میں رب البیت کا مشاہدہ ہو یعنے اپنی خودی تک درمیان سے فراموش ہو اور یہ سب لِلّٰہِ یعنے خالص بہ نیت الٰہی عزوجل ہو- فال المترجم حاصل اس کا یہ ہے کہ حج و عمرہ بمعنے قصد و زیارت ہے اور اشارہ ہے قصد بارگاہ حق و زیارت ملک قدم اور اتمام یہ کہ دل سے تمام ماسوائے حق کو ترک کرو اور اسکی عبادت ظاہری و باطنی میں تن و جان خرچ کرو و تو مراد کو پہونچو لیکن جسمانی عوارض بشریت کبھی مانع ہوتے ہیں اور یہ جسم تمام جانوروں بے انسان کے ساتھ یکساں شریک ہے- قولہ فان احصرتم اے اگر روکے گئے بشریت کے اوصاف جو تم میں پیدا کر دیے گئے ہیں اگر انھوں نے تمکو حقیقت کے بلند مقام پر چڑھنے سے روکا اور طبیعت امتحان میں ڈالی گئی ہے اگر اسکے امتحانی پردے تمکو مانع ہوئے تو شرع و حقیقت کی راہ سے ادھر اور صرمت ڈال جاؤ بلکہ اپنے نفس کو اللہ تعالےٰ کے واسطے قربان کرو و قال المترجم یعنے روح کو مقام عزت تک پہونچنے میں نفس و طبیعت جو مبتلائے امتحان ہے روکتی ہے خواہ اپنا نفس ہو اور اپنی طبیعت ہو یا غیر کا مثل کفار کے پس ظاہر اُنسے جہاد کرو اور باطن میں اپنی باطنی اخلاق مذمومہ سے تاکہ حقیقت تک پہونچو پھر اللہ تعالےٰ نے اوقات حج و ممنوعات حج کے بیان فرمایا بقولہ تعالےٰ

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ ۚ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا فُسُوْقَ ۙ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ ۗ

حج کے کئی مہینے ہیں معلوم پھر جسنے لازم کر لیا انمیں حج تو بے پردہ ہونا نہیں ہے عورت سے نہ گناہ کرنا نہ جھگڑا کرنا حج میں

وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ ۗ وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى ۡ وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ

اور جو کچھ تم کرو گے نیکی اللہ کو معلوم ہوگی اور خرچ راہ لیا کرو کہ خرچ راہ میں بہتر ہے گناہ سے بچنا اور مجھسے ڈرتے رہو اے عقلمندو-

اَلْحَجُّ- یعنے وقت حج کا اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ- مہینے معلوم ہیں ف یعنے شوال و ذوالقعدہ و عشرۂ ذی الحجہ ہیں اور بعض نے کہا کہ ذی الحجہ بھی پورا مہینہ ہے فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ- پھر جسنے ان مہینوں میں حج کو فرض کر لیا ف یعنے اپنے اوپر ان مہینوں میں حج کو یا ہیں طور فرض کیا کہ حج کا احرام باندھ لیا فَلَا رَفَثَ- تو رفث ندارد ف یعنے نہیں جماع اسمیں- وَلَا فُسُوْقَ- اور فسوق ندارد ف یعنے معصیت نہیں چاہیے اور فسوق در اصل گناہ سے بڑھکر ہے- وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ- اور جدال ندارد ہے حج میں ف یعنے جدال نہیں چاہیے اور ایک قرارۃ میں رفث و فسوق و جدال سب کو رفع ہے- توضیح یہ کہ ابن کثیر و ابو عمرو کی قرارۃ تو فلا رفثَ و لا فسوقَ و لا جدالَ- ہر دو اول مرفوع اور سوم بالفتح اور باقی سوائے ابن کثیر و ابو عمرو کے باقیوں کی قرارۃ میں دونوں اول کو بھی فتحہ ہے یعنے مبنی بر فتحہ ہیں اور ان تینوں میں نفی سے مراد نہی ہے اے مت ایسا کرو- وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ- اور نیکی سے جو کچھ تم کرو اوسکو اللہ تعالےٰ جانتا ہے ف یعنے تمکو اسکی جزا یعنے ثواب عطا کریگا- اہل یمن بدون زاد راہ و خرچ کے حج کرنے آتے پس لوگوں کو بھار و ہو جاتے تھے تو اللہ تعالےٰ نے نازل فرمایا قولہ تعالےٰ- وَتَزَوَّدُوْا- یعنے زاد راہ و توشہ لو ف وہ چیز لیا کرو یعنے سفر کے لیے جو تمکو تمھارے مقصود کو پہونچاوے پس سفر آخرت کے لیے بھی توشہ لو اسطرح کہ جو حکم دیا گیا اسپر عمل کرو اور اپنی طرف سے نفل ادا کر کے تقوی پورا کرو- فَاِنَّ خَيْرَ الزَّادِ التَّقْوٰى- کیونکہ سب سے بہتر زاد راہ تو یہی تقوی ہے ف کیونکہ دائمی وطن اصلی کے لیے یہی زاد راہ ہے جس سے وطن راحت پہونچوگے اور باقی منزل و دنیاوی وطن تو زندگانی حباب کا خیال سامان ہے لیکن یہ سمجھ انھیں کو ہوتی ہے جو عقل رکھتے ہیں اور نصیحت انھیں کو نافع ہوتی ہے لہذا فرمایا- وَاتَّقُوْنِ يٰٓاُولِي الْاَلْبَابِ- اور اے صاحبان عقل تم مجھی سے تقوی اختیار کرو ف میرے ہی نافرمانی کے

غضب سے ڈرو اور میری ہی ناخوشی سے بچو۔ اسوجہ سے کہ سوائے حق تعالےٰ کے باقی سب ہیچ ہے۔ واضح ہو کہ حج تو چند اعمال اذکار کا نام ہے لیکن ہر وقت نہیں بلکہ اسکے ایام خاص ہیں۔ وہ عرب میں زمانہ جاہلیت قدیم سے معروف و معلوم تھے اور انہی تواریخ سے وہ تمام جہان والوں کو معلوم ہو گئے فلا رفث ولا فسوق۔ کے معنے۔ فلا ترفثوا ولا تفسقوا۔ یعنے رفث مت کرو اور فسوق مت کرو آور لا جدال فی الحج۔ یعنے جدال مت کرو درحالیکہ تم احرام میں ہو۔ یعنے حج سے احرام حج کی حالت مراد ہے بلکہ مطلقاً احرام میں خواہ عمرہ ہو یا حج ہو یہ چیزیں منع ہیں۔ پھر جاننا چاہیے کہ الحج اشہر معلومات۔ میں یا تو تقدیر یہ ہے۔ وقت الحج اشہر معلومات۔ یا۔ الحج حج اشہر معلومات۔ پس اول تقدیر پر وقت الحج سے یا تو وقت ادا الحج لیا جاوے یا وقت احرام الحج۔ پس بالاتفاق ادائے حج تو ان مہینوں کے سوائے اور مہینوں میں درست نہیں ہے اور احرام حج میں خلاف ہے پس شافعیؒ کے نزدیک حج کا احرام بھی اور مہینوں میں سوائے ان ماہہائے معلوم کے درست نہیں کیونکہ اللہ تعالےٰ نے ان مہینوں کو باقی سال کے مہینوں سے مخصوص کر دیا ہے اور یہی قول ابن عباس و جابر و عطا و طاوس و مجاہد سے مروی ہے اور شافعیؒ نے مسلم بن خالد کی روایت سے ابن عباس سے روایت کی کہ کسیکو نہیں چاہیے کہ حج کا احرام باندھے مگر انہیں ماہہائے حج میں کیونکہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ الحج اشہر معلومات۔ اور مسلم بن خالد الزنجی جو شافعی کے شیخ ہیں اگرچہ ضعیف ہیں مگر ابن ابی حاتم وغیرہ نے دیگر وجہوں سے بھی ابن عباس سے روایت کی پس ایک دوسرے کی مؤید ہیں مترجم کہتا ہے کہ مسلم بن خالد الزنجی میں راجح قول یہ ہے کہ وہ ثقہ معتمد ہیں اگرچہ حفظ میں کچھ ہو۔ اور ابن خزیمہ نے اپنی صحیح میں ابن عباس سے روایت کی کہ حج کا احرام نہ باندھے مگر حج ہی کے مہینوں میں اسواسطے کہ سنت حج سے یہ بات ہے کہ حج کے مہینوں میں حج کا احرام باندھے۔ ابن کثیر نے فرمایا کہ اسکی اسناد صحیح ہے اور صحابی نے جب کہا کہ سنت سے یہ بات ہے تو وہ اکثروں کے نزدیک حدیث مرفوع کے حکم میں ہوتی ہے اور شافعی و بیہقی نے روایت کی کہ جابر بن عبداللہؓ سے سوال کیا گیا کہ حج کے مہینوں سے پہلے حج کا احرام باندھے تو فرمایا کہ نہیں۔ اور شافعی نے جو مسلم بن خالد سے روایت کی اسکے مثل ابن مردویہ نے جابرؓ سے مرفوعاً روایت کی اور ابن کثیر نے کہا کہ اسکی اسناد میں مضایقہ نہیں ولیکن مرفوع روایت سے جابر کا قول موقوفاً اصح و اثبت ہے قال المترجم باوجود اس طول استدلال کے اس سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ سوائے ماہہائے حج کے اور مہینوں میں احرام صحیح نہیں ہے جیسا کہ شافعی کا مذہب ہے بلکہ غایت یہ کہ خلاف سنت ہے جسکا مآل یہ کہ مکروہ ہوگا۔ اور بر تقدیر ثانی یعنے الحج حج اشہر معلومات۔ یہ نکلتا ہے کہ حج کا احرام ان مہینوں میں بہ نسبت اور مہینوں کے اکمل ہے اگرچہ اور مہینوں میں بھی صحیح ہے اور سال کے تمام مہینوں میں حج کا احرام صحیح ہونیکا قول ابراہیم نخعی وغیرہ سے مروی ہے اور یہی مذہب امام ابوحنیفہ و مالک و احمد و اسحٰق و ثوری و لیث بن سعد کا ہے مگر آنکہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک اور مہینوں میں احرام حج کراہت کے ساتھ درست ہے اور امام مالک سے مشہور یہ ہے کہ بلا کراہت درست ہے اور قول ابوحنیفہ اصح ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ کہ یسئلونک عن الاہلۃ قل ہی مواقیت للناس والحج پس معلوم ہوا کہ سب چاند احرام حج کے میقات ہیں اور نیز دونسکوں میں سے ایک حج دوسرا عمرہ ہے اور احرام عمرہ تمام سال میں درست ہے پس ایسا ہی احرام حج بھی ہے پس اس سے ثابت ہوا کہ احرام درست ہے اور مکروہ ہونا بدلیل ان روایات کے ہے جو مذہب شافعی کے بیان میں گذریں پس ظاہر ہوا کہ ابوحنیفہؒ کا مذہب سب دلائل کا جامع ہے۔ وایاک ان تتفوہ کما تفوہ بعض الناس بان ایۃ المواقیت عامۃ والاشہر خاصۃ والخاص مقدم علی العام وبان القیاس علی العمرۃ مصادم للنص بل حال لانہ ظہران لا معارضۃ بینہما وانما الکراہیۃ بخلاف السنۃ الاتری مالکا انکرہ ایضا واما منعنا ان نتکلم مع ہذا المتفوہ بالاصول لان الکلام ینادی بجہالۃ بہا فافہم۔ پھر یہ جو فرمایا کہ اشہر معلومات تو معلومات کے یہ معنے ہیں کہ حج تمام سال میں ایک مرتبہ جانے پر جسے مہینوں میں ہی عمرہ کے مانند نہیں ہے یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان سے معلوم ہیں یا مخاطب لوگ خود جانتے ہیں کہ ان مہینوں سے تقدیم و تاخیر نہیں ہوتی ہے۔ پھر بخاری نے فرمایا کہ ابن عمرؓ نے کہا کہ وہ شوال و ذوالقعدہ

دوسرے ذی الحجہ کے ہیں اور اسکو ابن جریر رحمہ نے بالاسناد روایت کیا اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ اسکی اسناد صحیح ہے اور حاکم نے بھی روایت کر کے کہا کہ شیخین کی شرط پر صحیح ہے اور ابن کثیر نے کہا کہ یہی قول حضرت عمر و علی و ابن مسعود و عبد اللہ بن الزبیر و ابن عباس و عطا و طاؤس و مجاہد و ابراہیم نخعی و شعبی و حسن و ابن سیرین و مکحول و قتادہ و ضحاک و ربیع بن انس و مقاتل سے مروی ہے اور یہی امام ابو حنیفہ و شافعی و احمد و ابو یوسف و ابو ثور کا مذہب ہے مگر شافعی رحمہ کے نزدیک ذی الحجہ کی نویں و دسویں رات تک ہے اور ابن جریر نے کہا کہ دو مہینہ کامل اور کچھ تیسرے مہینہ پر اطلاق اشہر یعنے لفظ جمع کا غلبہ ہے باوجودیکہ تین مہینے پورے بھی نہیں ہیں قال المترجم یہاں سے یہ فائدہ ثابت ہوگیا کہ ثلثۃ ایام فی الحج یعنے تین دنوں کے ایام حج یعنے نویں تک ہو جانے چاہیے ہیں اور بعد دسویں کے ایام تشریق کے روزے رکھنا ایام حج میں نہونگے کما مر۔ اور امام مالک رحمہ اور قدیم قول میں شافعی نے کہا کہ شوال و ذوالقعدہ اور پورا ذی الحجہ ہیں اور یہی ابن عمر سے مروی ہے چنانچہ ابن جریر و ابن ابی حاتم نے باسناد صحیح اسی سے روایت کیا ہے اور یہ بعض تابعین سے بھی نقل کیا گیا ہے اور عنایہ مطلق یہاں اسی مقید پر محمول ہوگا ولیکن مذہب مالک یہی ہے کہ پورا ذی الحجہ بھی ایام حج میں ہے اور فائدہ خلاف کا جب ظاہر ہوتا ہے کہ بسبب طواف حج میں تاخیر ہوگئی یعنے اسنے دسویں ذی الحجہ کو طواف نہیں کیا حتی کہ ایام حج گذر گئے۔ تو امام مالک کے نزدیک چونکہ پورا ذی الحجہ ماہ حج میں سے ہے اسپر تاخیر کے جرم میں قربانی لازم نہ آویگی اور امام ابو حنیفہ وغیرہ جنکے نزدیک ذی الحجہ کی دس ہی روز ہیں انکے نزدیک تاخیر سے جرم کی قربانی لازم آویگی اور مالک رحمہ کے نزدیک آخر ذی الحجہ تک ہونے کے یہ معنے ہیں کہ وہ مخصوص حج کے ایام میں ہوگیا ہے پس باقی ذی الحجہ میں عمرہ کرنا مکروہ ہے اور یہ معنے نہیں ہیں کہ دسویں رات کے بعد بھی حج کرنا صحیح ہے اور ابن ابی حاتم نے اپنی اسناد سے طارق بن شہاب سے روایت کی کہ عبد اللہ بن مسعود نے فرمایا کہ حج اشہر معلومات ہیں انمیں عمرہ نہیں ہے شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ اسناد صحیح ہے قال المترجم اسمیں یہ اشکال پیش آتا ہے کہ حضرت صلعم نے ایام حج میں عمرے ادا کیے ہیں اور غایت جواب یہ ہو سکتا ہے کہ ان مہینوں کو خصوصیت صرف ایام حج ہی سے ہے عمرہ کو اسمیں دخل نہیں ہے فتامل واللہ اعلم قولہ فمن فرض فیہن الحج۔ ابن جریر نے فرمایا کہ اس امر پر اجماع ہوا کہ فرض سے یہاں ایجاب و الزام مراد ہے یعنے واجب کر لیا یا لازم کر لیا ان مہینوں میں اپنے اوپر حج کو۔ پس یہ لازم کر لینا احرام سے ہوتا ہے پھر شافعی رحمہ کے نزدیک احرام باندھنا فقط نیت سے متحقق ہو جاتا ہے اور ابو حنیفہ نے کہا کہ تلبیہ کہنے سے یا ہدی کے ساتھ روان کرنے سے متحقق ہوتا ہے اور تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ فمن فرض فیہن الحج اسنے احرام باندھا حج یا عمرہ کا۔ اور عطا نے کہا کہ فرض سے مراد احرام ہے اور ایسا ہی ابراہیم و ضحاک وغیرہ سے مروی ہے اور ابن عباس سے عکرمہ نے روایت کی کہ جسنے ان مہینوں میں حج کا احرام باندھا اسکو نہیں چاہیے کہ حج کا تلبیہ کہے پھر کسی مقام میں مقیم رہے اور ابن ابی حاتم نے کہا کہ ابن مسعود و ابن زبیر و مجاہد و عطاء و ابراہیم و عکرمہ و ضحاک و قتادہ و سفیان و زہری و مقاتل سے اسیکے مانند مروی ہے اور طاؤس قاسم نے کہا کہ وہ تلبیہ ہے قال المترجم یہ سب مذہب ابو حنیفہ کی تقویت کرتے ہیں۔ قولہ فلا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج۔ ابن عباس کی روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ رفث اپنی عورت سے جماع یا جماع کی تعریف یا عورتوں کے سامنے ایسا ذکر کرنا پس عورتوں کے سامنے ہوتا ممنوع ہوگا اور ابن عمر سے مروی ہے کہ جماع یا فحش یا لغو بکنا اور بیباک عورتوں کی چھیڑ چھیڑ بھی تعریض ممنوع ہوگی اور رفث بمعنے جماع تو ابن عباس و ابن عمر اور ایک جماعت تابعین سے مروی ہے اور فسوق در اصل بمعنے صدور امر عن امر سے باہر ہو جانا اور طاعت سے نکل جانا شیخ ابن حجر نے کہا وہ معصیت سے بڑھکر ہے بلکہ کفر سے درجہ دوم ہے اللہ تعالے کرہ الیکم الکفر والفسوق والعصیان۔ تو فسوق بعد کفر کے اور قبل عصیان کے ہوا اور ابن عباس سے روایت ہے کہ وہ سب معاصی ہیں اور ابن عمر کہتے تھے کہ حرم میں معصیتوں کا مرتکب ہونا اور ابن عباس نے فسوق کی تفسیر گالی گلوچ سے بھی کی اور ضحاک نے کہا کہ وہ برے القاب سے یاد کرنا اور ابن عباس کی تفسیر معاصی کے مانند عطاء و سعید بن جبیر و مجاہد و قتادہ و ابراہیم و زہری و بہتیرے تابعین سے مروی ہے اور ابن جریر نے اختیار کیا کہ فسوق اس مقام پر وہ معصیتیں ہیں

سلسلہ احادیث جن کی اسناد صحیح ہے مگر ان کا صحیح ہونا ثابت نہیں ہوا

جنکا ارتکاب حالت احرام مین منع ہی جیسے شکار مارنا ناخن کاٹنا وبال کرنا وغیرہ جیسا کہ ابن عمرؓ سے مروی ہی اور حق یہ ہی کہ کسی معصیت کی تخصیص ظاہر نہین ہوتی ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ جنھون نے جمیع معاصی سے تفسیر کی انھین کا قول صواب ہی۔ اور لا جدال ماخوذ ہی جدل بمعنے قتل سے اور مستعمل ہوتا ہی بمعنے خلاف و لڑائی جھگڑا اور یہان دو قول ہین ایک یہ کہ لا جدال فی الحج۔ یعنے کچھ جھگڑا نہین وقت حج مین یعنے اسکے مناسک مین کیونکہ اللہ تعالے نے اسکو واضح فرمادیا ہی یہ مجاہد وسدی سے مروی ہی اور مالک عبدالرحمن بن زید بن اسلم سے یہ مضمون مروی ہی کہ عرب کے لوگ جدا جدا موقف پر جھگڑتے اور جدال کرتے کہ ہمارا موقف بھی موقف ابراہیم ہی پس اللہ تعالے نے اسکو قطع کردیا کہ اپنے نبی صلعم کو مناسک سکھلا دیئے اور قاسم بن محمد سے روایت ہی کہ جدال یہ کہ ایک کہے حج کل ہوگا اور دوسرا کہے کہ آج ہی اور ابن جریرؒ نے ان سب اقوال کا مضمون لیا اور کہا کہ جدال سے مراد حج مین جھگڑا قطع کرنا اور دوسرا قول یہ ہی کہ جدال سے مخاصمت ہی چنانچہ ابن عباس سے روایت ہی کہ فرمایا جدال یہ کہ تو اپنے ساتھی سے مخاصمت کرے یہانتک کہ اسکو غصہ آجاوے اور ایسا ہی ابن مسعودؓ سے مروی ہی اور عطاء وابو العالیہ ومجاہد وعکرمہ وسدی وابراہیم نخعی وبہتیرے علماے تابعین نے بھی ایسا ہی کہا ہی اور عکرمہ سے روایت ہی کہ جدال یہ کہ کسی سے سلمان کو غصہ دلاوے مگر آنکہ اپنے مملوک کو عتاب کرے بدون اسکے کہ اسکو مارے پس وہ غصہ مین آجاوے تو انشاء اللہ تعالے مضائقہ نہین ہی شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ اگر مملوک کو مارے تو بھی روا ہی کیونکہ امام احمد وابوداؤد وابن ماجہ کی حدیث اسماء بنت ابی بکر مین ہی کہ ابوبکرؓ نے اپنے غلام کو جسنے پانیکا لڑا ونٹ کھودیا تھا مارا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے اور تبسم فرماتے اور کہتے کہ اس محرم یعنے احرام باندھے ہوے کو دیکھو کیا کرتا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسواسطے اسکو مارا کہ وہی لڑا ونٹ پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا زادراہ تھا چنانچہ روایت مین اسطرف اشارہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وابوبکرؓ کا سامان باہم ملا ہوا تھا پس حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے گویا اسکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے مارا ابن کثیرؒ نے کہا کہ اس قول مین ایک لطیف اشارہ ہی کہ ایسا نہ کرنا اولی ہی اور عبد بن حمید نے جابرؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے اپنا نسک پورا کیا اور مسلمان لوگ اسکی زبان اور ہاتھ سے سلامت رہے تو اسکے اگلے گناہ بخشے گئے۔ اور نقل کیا گیا کہ طبرانی نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رفث عورتون سے جماع کی تعریض کرنا اور فسوق تمام معاصی ہین اور جدال یہ کہ اپنے ساتھی سے مخاصمہ کرے۔ مترجم کہتا ہی کہ اگر سند صحیح ہو تو کافی ہی۔ اور قولہ فی الحج۔ یہان ضمیر کی جگہ اسم ظاہر لانے مین شان حج کے ساتھ کمال اعتنا کا اظہار ہی اور حکم مذکور کی توجیہ وسبب کا اشارہ ہی کیونکہ زیارت بیت معظم اول امور کے ترک کے موجب ہی۔ پھر جاننا چاہیے کہ یہان لا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج کو نفی کے ساتھ بطور خبر بیان فرمایا حالانکہ مراد نہی ہی تو یہ مبالغہ ہی اور دلالت ہی کہ حج ایسے عظیم الشان عبادت مین ایسی قبیح باتین گویا موجود ہی نہین ہوسکتی ہین پس یہ خبر بمعنے نہی ہی اور ابن العربی رحمہ اللہ نے کہا کہ خبر بمعنے نہی نہین پائی گئی اور نہ پائی جاسکتی ہی اسواسطے کہ ان دونون کی حقیقت مختلف اور وصف بین تباین ہی اور قولہ تعالے فلا رفث الخ مین رفث پائے جانے کی نفی نہین ہی بلکہ اسکے مشروع ہونے کی نفی ہی یعنے حج مین رفث وفسوق وجدال مشروع نہین ہی کیونکہ رفث وغیرہ تو حج مین بعضے لوگون سے پایا جاتا ہی اور اللہ تعالے نے جو خبر دی اسکے برخلاف پایا جانا محال ہی پس نفی کا مرجع یہ ہی کہ یہ چیزین مشروع طور پر بجا لائے جاوینگے اور محسوس طور پر پالے جانے کی نفی نہین ہی پس جو پایا گیا وہ خلاف حکم شرع پایا گیا اور کہا کہ یہ دقیقہ علما سے چھوٹ گیا ہی قولہ وما تفعلوا من خیر یعلمہ اللہ۔ پہلے شر یعنے بدکاری سے نہی فرمادی یا خبر دے دی کہ وہ مشروع نہین ہی اسکے پیچھے ہی خیر یعنے نیکو کاری پر آمادہ کردیا تاکہ ان قبیح چیزون کی جگہ خوب چیزون سے بدلا کیا جاوے اور گویا یہ زیادہ بلیغ باین معنے ہی کہ ان قبیح چیزون سے باز رہنا خود مستلزم خیر تھا کیونکہ رفث نہو تو کلام خوب ہوگا اور فسوق نہو تو نیکی ہی اور جدال نہین تو وفاق ہوگا پھر فرمایا کہ جو نیکی کرو اسکی اللہ تعالے جزا دیگا پس سوا اسکے بھی نیکی پر آمادگی دلائی اور حاصل آنکہ مطمح نظر خیر ہووے زیادہ پر زیادہ فافہم۔ وقولہ تزودوا فان خیر الزاد التقوی۔ یعنے زادراہ لیا کرو اسقدر

جو تمھارے سفر کو پورا کرے اور سب سے بھلا زادراہ تو تقوی ہی اور ظاہر یہ تھا کہ التقوی خیر الزاد کیونکہ تقوی کو خیر زاد ثابت کرنا منظور ہی ولیکن ظاہر کے خلاف مین بلاغت ہی کیونکہ خیر الزاد التقوی کہنے کے معنے یہ ہوگے کہ خیر زاد جسکو چاہیے ہو تقوی ہی پس فائدہ یہ حاصل ہوا کہ خیر زاد اور تقوی دونون متحد ہین اور ابن کثیر کی تفسیر مین ہی کہ ابو داؤد نے عکرمہ کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی کہ اہل یمن حج کو آتے اور زادراہ نہین لیتے اور کہتے کہ ہم متوکل لوگ ہین تو اللہ تعالے نے نازل فرمایا وتزودوا فان خیر الزاد التقوی۔ اور اسکو بخاری و ابن حبان نے بھی روایت کیا اور نسائی و ابن ابی حاتم کی روایت مین بجاے اہل یمن کے کچھ لوگ یعنے مبہم ہی اور اس مبہم کی تفسیر روایت ابو داؤد ہی اور عوفی نے ابن عباس سے روایت کی کہ کچھ لوگ اپنے اہل سے نکلتے انکے پاس زادراہ نہین ہوتا اور کہتے کہ ہم بیت اللہ کا حج کرتے ہین کیا وہ ہمین کھانے کو نہ دیگا پس اللہ تعالے نے فرمایا کہ زادراہ وہ چیز لے لیا کرو جو تمھارے منھون کو لوگون سے باز رکھے۔ اقول ابن الجوزی نے کہا کہ ان لوگون پر ابلیس نے اپنا جال پھیلایا کہ انپر زادراہ نکل پڑے ہوے اور اسکو توکل سمجھا حالانکہ یہ بڑی خطا ہی یعنے توکل تو یہ ہی کہ ہر چیز جو تدبیر حواس سے میسر آوے اس سب مین اللہ تعالے ہی کی قدرت جانے کہ اسی نے حواس دیے اور اسی کی قدرت سے کام ہوا اور اسی کے پیدا کرنے سے یہ انجام ہوا تاکہ امتحان بن رہے اور حواس تدبیر کو درمیان سے خارج کرے فافہم فانہ حق نفیس۔ اور ابن جریر و ابن مردویہ نے ابن عمر سے روایت کی کہ لوگون کا یہ دستور تھا کہ جب احرام باندھتے اور انکے ساتھ انکے توشے ہوتے تو انکو پھینک دیتے اور از سر نو زادراہ مہیا کرتے پس اللہ تعالے نے اتارا۔ تزودوا فان خیر الزاد التقوی پس اس سے منع کر دیے گئے اور حکم کیے گئے کہ آٹا و ستو اور کعک زادراہ لین اور یہی ابن الزبیر و ابو العالیہ و مجاہد و عکرمہ و شعبی و نخعی و سالم بن عبد اللہ و قتادہ و ربیع وغیرہ نے کہا ہی اور سعید بن جبیر سے اسکے مانند مروی ہی اور کعک کی بجاے خشکناں مذکور ہی اور وہ خشک نان کی تعریب ہی اور مراد کعک ہین اور ابن عمر نے کہا کہ آدمی کے کرم مین سے یہ بات بھی ہی کہ سفر مین اسکا زادراہ طیب یعنے حلال ہو یعنے اگر ایسا کرے تو کریم النفس ہی۔ قال الرجب لوگون کو سفر دنیا کے توشہ کا حکم کیا تو آخرت کے توشہ کا بھی ارشاد کیا۔ فان خیر الزاد التقوی۔ یعنے سفر آخرت مین تقوی ساتھ لو جیسے فرمایا ہی۔ ولباس التقوی ذلک خیر یعنے پہلے لباس ظاہری کے ذکر کے بعد لباس باطنی معنوی کی طرف ارشاد کیا کہ وہ تقوی ہی اور وہ ظاہری سے بہتر و نافع تر ہی اور عطا خراسانی نے فان خیر الزاد التقوی مین کہا کہ مراد زاد آخرت ہی اور جریر بن عبد الحمید نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ فرمایا کہ جو دنیا مین توشہ مہیا کریگا آخرت مین اسکو نافع ہوگا اخرجہ ابو القاسم الطبرانی۔ اور مقاتل نے کہا کہ جب آیت تزودوا اتری تو فقراء مسلمین مین سے ایک نے کھڑے ہو کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ ہم نہین پاتے جسکو زادراہ لین تو فرمایا کہ اتنا زادراہ مہیا کرو جس سے اپنے منھ کو لوگون سے باز رکھے اور سب سے اچھا جو زادراہ تم لو وہ تقوی ہی رواہ ابن ابی حاتم۔ قولہ تعالے واتقون یا اولی الالباب اصل مین واتقونی بحذف یا متکلم اور یا ثبتہ حذف ہوتی ہی مانند۔ رب اغفرلی وغیرہ کے اور الباب جمع لب بمعنے خالص ہر چیز اور مراد وہ عقل جو خالص ہو وہم حواس و خواہش نفس کے لگاؤ سے قال البیضاوی پہلے انکو تقوی پر آمادہ کیا پھر واتقون سے حکم دیا کہ مقصود اسکا فقط امتثال امر تعالے ہی ہو پس ماسوای اللہ تعالے سب سے منھ پھیر لو اور ہر چند کہ تقوی تمام لوگون سے مطلوب ہی کوئی ہو لیکن چونکہ یہ بمقتضاے عقل خالص صافی ہی اسواسطے خطاب خاص کر اولو الالباب کو فرمایا ہی اور یہ بلاغت کلام ہی کہ بجمیل جمعے کے مین سے دانا کو حکم دیا جاتا ہی پھر وہ سب لوگون کو سمجھا دیتا ہی ف عرائس مین کہا قولہ الحج اشہر معلومات۔ اللہ عزوجل نے بندگی کرنے کے اوقات ظاہر کر دیے تاکہ اسکے بندے اسکی خدمتگزاری مین ملال اور گین نہو جاوین اور اپنی سستی سے اسکے عتاب و غضب مین نہ پڑ جاوین اور نیز اوقات بیان فرمائے تاکہ امتحان کی زحمت و رنج سے مستثنا ہو الرحمن کیطرف منتقل ہونے اور دیدار ربوبیت سے کشادگی حاصل کرنے کے ساتھ بندگی کے بوجھ سے اہل معرفت کو آرام و دل جمعی حاصل ہو اور حق عزوجل نے اپنے خالص لوگون کے لیے مسند قربت پر جگہ پانے کے واسطے صفا و وفا و طمانیت یقین و جمع ہمت کے اوقات مقرر کر دیے تاکہ جہان اپنے کیساتھ

جناب بزرگ کی طرف قصد کرنا بن نہین پڑتا مگر انھین اوقات معلومہ مین - قال المترجم یعنے اہل حق کو آگاہ کردیا کہ میری بارگاہ کا قصد ایسی حالتون وقتون مین کرو کہ دل وقت صاف ہو بلا کدورت اور وفاداری پر جمے ہو یعنے جو تم نے عہد کیا ہی اسکی وفاداری اور دل وجان سے میری بندگی پر مضبوط ہو اور قلب تمھارے میری یاد سے مطمئن ہون اور میری ہر بات پر تمکو یقین کامل ہو اور تمھاری ہمت سوائے میرے ادھر اودھر پریشان نہو بلکہ قوی قادر یقین کرکے دل جمعی ہو پس جبتک باتین ہونگی تو ان اوقات مین قصد کرنے سے میری بارگاہ مین پہونچوگے اور یہ سب باتین آیات واحادیث سے ماخوذ ہین شیخ نصر آبادی رح نے کہا کہ اللہ تعالے نے عبادات کے واسطے اوقات مقرر فرمائے ہین تاکہ بندہ انکے وقت سے پہلے انکو طہارت سے ادا کرنے کی غرض سے مستعد باسامان ہو رہے اور معرفت کے واسطے کوئی وقت مقرر نہ کیا تاکہ ایسا نہو کہ بندہ کبھی کسی حال مین مشاہدہ کے مراقبہ سے اپنے باطن کو خالی چھوڑ دے - قولہ فان خیر الزاد التقوی - حق عزوجل کی طرف متوجہ ہونے کی حالت مین کسی غیر کی طرف رخ کرنے اور ملتفت ہونے سے بچے رہو کیونکہ ہر حال مین تمھارا توشہ وبھروسا وہی ہو سوائے اسکے تم کسیکے محتاج نہین ہوتے ہو - یعنے کافرون مشرکون بدعتیون کی مراد مین غیر کی طرف محض بہ اعتقادی ہی حالانکہ جسکو دیتا ہی وہی دیتا ہو - اور نیز اشارہ ہی کہ جب تمنے چاہا کہ ہم ہمیشگی کا پرپٹ میدان قطع کرین اور ازلیت کا لمبا بیابان طے کرجائین تو ملک غیب کی سیر کے واسطے اپنی عاشق روحون کے لیے نور ومعرفت سے توشہ لیکر قلوب کے گھوڑون پر سوار ہوجاؤ اور اور حق گم کردینے سے ڈرو کیونکہ وصال حق چاہنے مین سب سے بھلا توشہ یہی کہ اسی کے طالب واسی کے محتاج رہو - قولہ واتقون یا اولی الالباب - یعنے اے عقل والو کیونکہ عقلون کے نور سے تمھین خاص لوگ ہو پس جسکی عقل مین صفت عظمت آگئی اسکا دل میرے امتحان والے گھر مین یعنے دنیا مین نہین لگتا ہی اور بعض نے کہا کہ اسمین خاص لوگون کو خطاب ہی کیونکہ عارف کے پاس سوائے اسکی معروف کے جسکو پہچان گیا ہی اور کچھ توشہ نہین ہی اور محب کے پاس کچھ زاد راہ سوائے محبوب کے نہین ہی ۵ شیرا شوق دیدار رہبر ہو سارا راہ چلے ہم تو تو پیشوا تھا ہمارا ۱۲ واتقون یا اولی الالباب شیخ واسطی رح نے فرمایا کہ جیسے ہی اہل عقل لوگون کو خطاب کیا کیونکہ انھین کو محبوب وپسند کرلیا ہی اور کہا گیا یعنے اے ٹھیک سمجھ والے لوگو میری طرف متوجہ ہو کر جو فرماتا ہون اسکو سمجھ لو اور نیز واسطی رح نے فرمایا کہ وہ خاص لوگون مین ہین اور عموم کے لیے انکی طرف راہ نہین کھلی گئی ہی

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ فَإِذَا أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَاتٍ فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِندَ

کچھ گناہ نہین تمپر کہ تلاش کرو فضل اپنے رب کا پھر جب طے اوگے پھر جب طے اوگے عرفات سے تو یاد کرو اللہ کو نزدیک

الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدَاكُمْ وَإِن كُنتُم مِّن قَبْلِهِ لَمِنَ الضَّالِّينَ ۝ ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ

مشعر الحرام کے اور اسکو یاد کرو جس طرح تمکو سکھایا اور تم تھے اس سے پہلے راہ بھولے پھر طواف کو چلو

حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ وَاسْتَغْفِرُوا اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

جہان سے سب لوگ چلین اور گناہون کی بخشش مانگو اللہ سے اللہ ہی ہے بخشنے والا مہربان

لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ - تمپر کچھ بھی گناہ نہین ہی ف اس بات مین کہ - أَنْ تَبْتَغُوا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ - تم چاہو فضل یعنے رزق اپنے رب سے ف باین طور کہ حج مین تجارت کرو حالانکہ لوگون نے اسکو مکروہ جانا تھا - یہ درمیانی بیان ہی بعد کے حج کا تتمہ تکمیل ارشاد فرمایا بقولہ تعالے فَإِذَا أَفَضْتُم مِّنْ عَرَفَاتٍ - پھر جب تم عرفات سے روانہ ہو ف یعنے جب عرفہ کے روز عرفات مین وقوف کرکے سورج ڈوبنے کے بعد بجانب مزدلفہ روانہ ہو اور رات مین مزدلفہ مین رہو - صبح کی نماز اول طلوع فجر ہوتے ہی پڑھکر وقوف کرو - فَاذْكُرُوا اللَّهَ عِندَ الْمَشْعَرِ الْحَرَامِ تو مشعر الحرام کے پاس اللہ تعالے کو یاد کرو ف تکبیر لبیک وغیرہ کے ساتھ - اور حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مشعر الحرام کے پاس برابر کھڑے آلہی کرتے رہے

یہانتک کہ خوب اُجالا ہوگیا رواہ مسلم پھر سورج نکلنے سے پہلے واپس ہوے مشعر الحرام کو قزح بھی کہتے ہین وہ مزدلفہ کے آخر مین ایک پہاڑ ہی پھر اس یاد الٰہی تعالےٰ کا احسان انکے حق مین بیان فرمایا بقولہ تعالےٰ وَاذْكُرُوهُ كَمَا هَدٰىكُمْ - اور اللہ تعالےٰ کو یاد کرو کہ اُسنے تمکو ہدایت کی ف مناسک حج معالم دین ٹھیک کرکے سکھلادیے جن کو مشرکون نے بگاڑ دیا تھا تو اس نعمت پر شکر کے ساتھ یاد کرو - وَاِنْ كُنْتُمْ مِّنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الضَّآلِّيْنَ بیشک تم اس سے پہلے البتہ گمراہون مین سے تھے ف ان کنتم یعنے انہ کنتم - غرض کہ اللہ تعالےٰ نے تمکو ہدایت کرکے گمراہی سے نکالا - واضح ہو کہ قریش اپنے آپکو دین مین اعلیٰ ومجاور کعبہ کہکر مشعر الحرام سے آگے نجاتے اور باقی عرب سب عرفات جاتے تھے تو اللہ تعالےٰ نے رد کردیا کہ ثُمَّ اَفِيْضُوْا مِنْ حَيْثُ اَفَاضَ النَّاسُ - پھر تم یعنے قریش بھی وہین سے چلو جہان سے لوگ چلین ف برابر عرفات تک جاکر وہان سے مزدلفہ کی راہ چلو - واضح ہو کہ منی سے عرفات جاتے ہوے دوسرا راستہ ہی پھر عرفات سے مزدلفہ آتے - وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ - اور اللہ تعالےٰ سے اپنے گناہون کی بخشش مانگو اللہ تعالےٰ غفور رحیم ہی ف شان نزول اس آیہ کا یہ ہی کہ زمانہ جاہلیت مین اسلام سے پہلے عرب والے موسم حج مین تجارت خرید فروخت کرتے اور حج بھی ادا کرتے پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو اہل اسلام نے اس سے پرہیز کیا کہ کہین گناہ نہو اور حج کا ثواب نہ ملے تب یہ آیت اُتری چنانچہ بخاری نے ابن عباس سے روایت کی کہ جاہلیت مین عکاظ ومجنہ وذوالمجاز بازار لگتی تھین پھر مسلمانون نے موسم حج مین تجارت کرنے سے گناہ کے خوف سے پرہیز کیا پس یہ آیت نازل ہوئی - لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلا من ربکم فی مواسم الحج - اور ابوداؤد وغیرہ کی روایت مین ابن عباس سے ہی کہ موسم حج کے زمانہ مین لوگ خرید وفروخت وتجارت سے پرہیز کرتے تھے اور کہتے کہ یہ یاد الٰہی کے ایام ہین پس اللہ تعالےٰ نے نازل فرمایا لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلا من ربکم - اور علی بن طلحہ نے ابن عباس سے اسکے معنے یہ روایت کیے یعنے تم پر احرام سے پہلے یا احرام کے بعد خرید وفروخت مین حرج نہین ہی - پس اس آیت مین تجارت کے واسطے رخصت ہی یعنے حج کے واسطے خالص نیت کرے اور اسکے طفیل مین رزق کمانا بھی روا ہی اور ابن کثیر کی تفسیر مین ہی کہ عطار نے روایت کی کہ ابن عباس یون پڑھا کرتے لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلا من ربکم فی مواسم الحج جیسا کہ بخاری نے ابن عباس سے روایت کیا اور ایسی ہی عبدالرزاق اور سعید بن منصور اور ابن جریر نے ابن عباس سے روایت کیا ہی - اقول مواسم الحج - کا لفظ ابن عباس نے بطور تفسیر کے بڑھایا ہی اور یہ مراد نہین کہ داخل آیت ہی جیسا کہ ابوداؤد وغیرہ کی روایت ابن عباس سے ظاہر ہی قال ابن کثیر اور ایسی ہی تفسیر کیا ہی آیہ کریمہ کو مجاہد وسعید بن جبیر وعکرمہ ومنصور بن معتمر وقتادہ وابراہیم ورہیع بن انس وغیرہ نے ابن عمرؓ کے پاس ایک شخص آیا اور کہا کہ اے ابوعبدالرحمن ہم لوگ مزدوری پیشہ ہین کہ مکہ کی طرف آج کل لوگون کو کرایہ پر سوار کر لاتے ہین اور حج کی نیت بھی کرتے ہین کچھ لوگ گمان کرتے ہین کہ ہم لوگون کا حج ہی نہین ہوتا تو آپ کے نزدیک ہمارا حج ہوتا ہی یا نہین تو فرمایا کہ کیا تم لوگ اُن آدمیون کی طرح احرام نہین باندھتے اور طواف نہین کرتے اور رمی جمار نہین کرتے ہو اسنے کہا کہ ہان کرتے تو ہین پس فرمایا کہ تب تو حاجی ہی پھر کہا کہ ایک شخص نے نبی صلعم کے پاس آکر اسی بات کا سوال کیا تھا جو تو نے مجھسے سوال کیا پس آنحضرت صلعم نے اسکو کچھ جواب نہین دیا یہانتک کہ یہ آیت اُتری لیس علیکم جناح ان تبتغوا فضلا من ربکم - پھر آنحضرت صلعم نے اس شخص کو بلاکر یہ آیت پڑھ سنائی اور فرمایا کہ تم لوگ حاجی ہو - اس حدیث کو امام احمد وابوداؤد وعبدالرزاق نے ابن عمر سے مرفوعا اور ابن ابی حاتم نے اور ابن جریر نے دوسری وجہ سے ابن عمر سے مرفوعا روایت کیا اور ابن جریر نے مانند اسکے ابن عمر سے موقوفا روایت کی ہی اور ابن جریر نے ابوصالح سے جو حضرت عمرؓ کے آزاد کیے ہوے غلام تھے روایت کی کہ مین نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ اے امیرالمومنین کیا تم لوگ حج مین تجارت کیا کرتے تھے یعنے زمانہ جاہلیت مین عرب ایسا کیا کرتے تھے تو فرمایا کہ ان لوگون کی کمائی ہی نہین ہوتی تھی سوائے ایام حج مین اقول اسمین اشارہ نکلتا ہی کہ حضرت عمرؓ بذات خود ایسا نہین کرتے تھے اس بیان سے ظاہر ہو کہ کچھ لوگ تو تجارت سے فتوی کرتے تھے اور کچھ لوگ تھے کہ تاجرون کو کہتے کہ حاج نہین واج ہین پس آیہ کریمہ

اول والوں کے لیے رخصت ظاہر کرنے کو اور دوم والوں کے رد کرنے کو نازل ہوئی ہے اور عکاظ بضم عین مہملہ وآخر ظاء معجمہ قبیلہ قیس کا بازار تھا اور مجنہ بفتح میم وجیم وتشدید نون قبیلہ کنانہ کا بازار مر الظہران پر تھا اور ذوالمجاز بذال وفتح میم وجیم وآخر زاء معجمہ ہذیل کا بازار تھا اور فضلا بمعنے رزقا ہے کما فی قولہ تعالے۔ وابتغوا من فضل اللہ۔ اور آیت سے رخصت ثابت ہوتی ہے لیکن تجارت میں مشغول ہونا اولی ہے یا قول اور جسکے دل میں کراہت سماوے اسکو تجارت کرنا اولی ہے تاکہ نفس کو مردود کرکے حکم الٰہی پر مطیع کرے۔ قولہ فاذا افضتم من عرفات۔ مجاورہ میں کہتے ہیں فاض الاناء اذا سال لبریز ہوگیا کہ کناروں سے کچھ بہنے لگا اور افضت الماء ای میں نے کثرت کے ساتھ پانی بہایا۔ پس مستعدی ہے اسی سے کہا گیا کہ اصل افضتم انفسکم تھا ای جلدی تمنے اپنے آپکو پس گویا انکی کثرت سے انکو مثل پانی کے سیلان کے قرار دیا ای جب تم عرفات سے رو کی طرح چل نکلو اور اسمیں لطافت ہے قال ابن کثیر عرفات منصرف ہوا اگرچہ علم بصیغۂ مونث ہے اسواسطے کہ دراصل وہ مثل مسلمات ومومنات کے جمع عرفہ ہے پھر اس سے ایک خاص مقام کا نام رکھدیا گیا پس اسمیں اصل کی رعایت کی گئی تو منصرف پڑھا گیا۔ اختارہ ابن جریر بعض نے زعم کیا کہ دراصل اسکا واحد عرفہ نہیں جیسا کہ فراء نے کہا اور لوگ جو عرفہ اس مقام کو بولتے ہیں وہ مولدین کی لغت ہے محض عرل نہیں ہے اقول یہ قابل تسلیم نہیں ہے کیونکہ فصحاء عربا کے کلام میں اس مقام کا نام عرفہ واقع ہوا ہے پس مولد لغت ہونا مسلم نہیں ہاں یہ توجیہ ہوسکتی ہے کہ عرفہ وعرفات بمعنے واحد ہیں اسواسطے کہ وہاں متعدد مقامات نہیں کہ ہر ایک بنام عرفہ ہو جسکے جمع عرفات ہو اور بعض نے کہا کہ اسمیں تانیث ہی نہیں کیونکہ تاء ملفوظ تو علامت جمع مونث ہے اور تاء مقدر یہاں بوجہ تانیث مذکور کے ہو نہیں سکتی اقول یہ توجیہ مناسب اسوقت ہے کہ مثل گیرہ مقامات کے ناموں کے عرفات بھی ایک بقعہ کا اسم مرتجل قرار دیا جاوے کما قال ابن عطیہ قال ابن کثیر اور اس مقام کو عرفات اس لیے کہتے ہیں کہ عبدالرزاق نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے جبرئیل کو ابراہیم علیہما السلام کے پاس بھیجا انھوں نے ابراہیم کو حج کرایا یہانتک کہ جب عرفات کے مقام پر آئے تو بولے کہ قد عرفت تو نے ارکان حج کو خوب پہچان لیا حالانکہ قبل سے یہاں آئے تھے اسی سے عرفہ اسکا نام ہوا اقول دن کو بھی عرفہ بولتے ہیں اور اس مقام کو بھی ولیکن عرفات بروزن جمع کہنے کے وجہ معلوم نہ ہوئی قال ابن کثیر اور ابن المبارک نے عطاء سے روایت کی کہ جبرئیل ابراہیم مناسک بتلاتے جاتے اور وہ کہتے جاتے عرفت عرفت پس عرفات نام ہوا اور اسیکے مانند ابن عباس وابن عمر وغیرہ سے مروی ہے تو پہچانا گویا جمع واقع ہوا یعنے یہاں سب عرفات پورے ہوئے اور بیضاوی وغیرہ نے وجہ تسمیہ اور بھی ذکر کی ہیں کہ آدم جنت سے سراندیپ میں گرے اور حوا جدہ میں اور باہم تلاش میں پڑے تو جبکہ آدم نے حج کیا تو اسی مقام پر باہم تعارف ہوا یا اسلیے کہ یہاں لوگوں میں باہم تعارف ہوتا ہے۔ وفی السراج۔ سدی نے کہا کہ جب ابراہیم نے لوگوں کو حج کے واسطے منادی کی اور انھوں نے لبیک کے ساتھ جواب دیا تو اللہ تعالے نے انکو عرفات کے مقام کی طرف نکلنے کا حکم کیا اور اس مقام کا پتہ بتلایا گیا پھر ابراہیم جب جمرہ اولی یعنے وہ پہاڑی جہاں پہلے کنکریاں مارتے ہیں پہونچے تو شیطان انکے سامنے ہوا کہ انکو پھیرنے لگا پس ابراہیم نے اسکو کنکریاں مارنی شروع کیں اور ہر کنکری پر تکبیر کہتے پھر ساتویں کنکری پر وہ بھاگ کر جمرۂ ثانیہ پر جا گرا پھر اسکو تکبیر کہتے ہوئے کنکریاں ماریں تو وہ جمرۂ ثالثہ پر گرا وہاں بھی کنکریاں ماریں جب شیطان نے دیکھا کہ وہ میری بات نہ مانینگے تو بھاگ گیا پھر ابراہیم چلکر ذوالمجاز تک آئے اور نہ پہچانا تو آگے بڑھے اسی سے وہ ذوالمجاز گذر جاتے کا مقام کہا گیا پھر جب عرفات پر پہونچے تو اسکو پتہ سے ٹھیک پاکر پہچان لیا تو یہ جگہ اور یہ دن اس وجہ مذکور سے اس نام سے معروف ہوا اور جاننا چاہیے کہ عرفات وقوف کا مقام ہے کہ وہاں حاجی ٹھہرتے ہیں اور کھڑے ہوتے ہیں اور غروب تک رہتے اور وقوف یعنے کھڑا ہونا خاصکر شرط نہیں بلکہ یہاں موجود ہونا شرط ہے حتی کہ اگر سوتا ہوا یا راہ میں گذرتا ہوا یہاں سے گذرے تو بھی وقوف مل گیا کما فی الفقہ۔ اور وہ عمدہ افعال حج سے ہے تاکہ گویا وہی رکن ہے جسنے یہ پالیا اسنے حج پالیا اور جسکو نہ ملا اسکا حج جاتا رہا قال البیضاوی وغیرہ کہ آیت میں بھی وقوف عرفہ واجب ہونے کی دلیل ہے کیونکہ افاضہ یعنے عرفات سے چلنا نہیں ہوسکتا

مگر اسمین وقوف کے بعد اور افاضہ کا حکم دیا بقولہ ثم افیضوا اور امر واسطے وجوب کے ہے پس وقوف بھی واجب ہوا **وقال ابن کثیر** امام احمد واہل سنن نے صحیح اسناد کے ساتھ عبدالرحمن بن یعمر الدیلی سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا فرماتے تھے کہ الحج عرفات ثلثا یعنے حج یہی عرفات کا وقوف ہے اسکو تین بار فرمایا اور پھر فرمایا کہ جسنے روز عید کے فجر طلوع ہونے سے پہلے اسکا وقوف پایا اسنے حج کو پالیا۔ اور حدیث صحیح مین ہے کہ آنحضرت صلعم نے حجۃ الوداع مین نماز ظہر پڑھکر عرفات مین وقوف کیا یہانتک کہ آفتاب غروب ہوگیا اور اس حدیث مین فرمایا کہ جسنے وقوف عرفہ کو طلوع فجر سے پہلے پالیا اسنے حج کو پایا۔ اقول یعنے نماز ظہر وعصر جمع کرکے پڑھلین اور ظہر اسواسطے کہا تا کہ معلوم ہو کہ جمع کرنا عصر کا ظہر کے ساتھ تھا برعکس نہین تھا پھر ائمہ نے اتفاق کیا ہے کہ وقوف عرفہ واجب ہے اور رہا وقت وقوف کا سو حدیث بالا مین ظہر سے مذکور ہے اور یہی مذہب امام ابوحنیفہ و مالک و شافعی رحمہم اللہ کا ہے اور امام احمد کے نزدیک ابتداے روز عرفہ سے یعنے اول وقت سے جائز ہے اور حجت انکی حدیث عروۃ بن مضرس طائی ہے جسمین مذکور ہے کہ عروہ مزدلفہ مین آنحضرت صلعم سے ملے درحالیکہ آپ نماز صبح کے لیے نکلے تھے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ مین اپنے طی کے پہاڑ سے آتا ہون مین نے اپنی سواری کو ماندہ کردیا اور اپنے کو تھکا مارا اور واللہ مین نے کوئی ٹیکرا و ٹیلا نہین چھوڑا مگر آنکہ اسپر توقف کیا بھلا میرا حج ہو جائیگا تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ جو ہمارے اس نماز مین حاضر ہوا اور ہمارے ساتھ وقوف کیا یہانتک کہ ہم چل نکلین اور حال یہ کہ وہ شخص اس سے پہلے رات یا دن مین عرفہ مین وقوف کر چکا ہو تو اسکا حج پورا ہوا رواہ احمد و اصحاب السنن وصححہ الترمذی اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد عالی سے تنبیہ ہے کہ سواے عرفات کے کسی ٹیلہ و ٹیکرے کا کچھ اعتبار نہین ہے حتی کہ علماء رحمہم اللہ نے کہا کہ اگر کسی دوسرے مقام پر وقوف کو مثل عرفات کے خیال کرے تو خوف کفر ہے **ابن کثیر** رحمہ اللہ نے کہا کہ عرفات کو مشعر الحرام و مشعر اقصی والال بروزن ہلال بھی کہتے ہین اور اسکے درمیانی پہاڑ کو جبل الرحمۃ کہتے ہین **وقال المفسر السیوطی** مشعر الحرام جبل قزح کو کہتے ہین اقول یہی معروف ہے حتی کہ آیت مین عرفات سے چلنے کے بعد مشعر الحرام مزدلفہ مین ذکر الٰہی کا حکم دیا لہذا وقوف مزدلفہ بقول ابوحنیفہ واجب و بقول شافعی رکن ہے۔ پھر صحیح ہوا کہ عرفات تمام موقف ہے جہان چاہے کھڑا ہو سواے بطن عرنہ کے **اور ابن کثیر** کی تفسیر مین ہے کہ مسور بن مخرمہ سے روایت ہے کہ عرفات مین حضرت صلعم نے ہم لوگون کو خطبہ سنایا پس حمد و ثنا کے بعد کہا اما بعد اور یہ خطبہ مین آپکا دستور تھا کہ اما بعد کہا کرتے پس فرمایا کہ یہ روز حج اکبر ہے آگاہ رہو کہ مشرک و بت پرست لوگ اس روز آفتاب غروب ہونے سے کچھ پہلے جب آفتاب پہاڑون کی چوٹیون پر ایسا نظر آتا جیسے مردون کے سر پر عمامہ ہوتے ہین یہان سے چل نکلتے تھے اور ہم یہان سے غروب آفتاب کے بعد چلتے ہین اور مشرکین مزدلفہ کے مشعر الحرام سے آفتاب طلوع ہونے کے بعد جب سورج پہاڑون کی چوٹیون پر ایسا ہوتا جیسے مردون کے سر پر عمامہ ہوتے ہین چل نکلتے اور ہم وہان سے سورج نکلنے سے پہلے چلتے ہین ہماری راہ مشرکون کی راہ سے برخلاف ہے رواہ ابن مردویہ والحاکم وصححہ علی شرط الشیخین **قال ابن کثیر** یہان سے ثابت ہوا کہ مسور بن مخرمہ نے حضرت صلعم سے سنا ہے خالی دیکھنا بلا سماع نہین ہے جیسے کہ بعضے اہل حدیث نے وہم کیا ہے **قال المترجم** پھر یہان سے چلکر مزدلفہ مین آتے ہین اسکے انتہا پر جبل قزح یعنے مشعر الحرام ہے اور تمام مزدلفہ موقف ہے سواے بطن محسر کے **وقال تعالے** فاذکروا اللہ عند المشعر الحرام نماز مغرب کو تاخیر کرکے مزدلفہ مین پہونچکر عشاء کے ساتھ جمع کرلیتے ہین اور صحیح مسلم کی حدیث طویل مین جابر رضی اللہ عنہ سے ہے کہ پھر حضرت صلعم برابر عرفات مین کھڑے رہے یہانتک کہ سورج کی روشنی غائب ہوئی اور زردی کچھ ظاہر ہوئی یہانتک کہ سورج کا گولا بھی ڈوب گیا پھر آپ نے اسامہ کو اپنی سواری کی ردیف مین سوار کرلیا اور عرفات سے چلے اور قصواء کی باگ اسقدر کھینچے تھے کہ اسکا سر مورک رحل سے چھو جاتا تھا اور دائین ہاتھ سے لوگون کو اشارہ کرتے جاتے تھے کہ اے لوگو آہستگی سے چلو جہان کسی ٹیکرے و پہاڑی پاس آتے تو اسکی باگ ذرا ڈھیلی کردیتے کہ وہ چڑھ جاتی یہانتک کہ مزدلفہ مین آئے اور وہان نماز مغرب و عشاء کو ایک اذان اور دو اقامت سے ادا کیا ان دونون کے بیچ مین سنت نماز کچھ نہین پڑھی پھر لیٹ رہے یہانتک کہ فجر طلوع ہوئی پھر صبح ظاہر ہونے پر اذان و اقامت سے نماز صبح پڑھی پھر قصواء پر سوار ہو کر

روانہ ہوے یہانتک کہ مشعر الحرام پاس آئے پس قبلہ کی طرف منھ کرکے کھڑے ہوے اور اللہ تعالے سے دعا مانگی اور تکبیر و تہلیل و توحید کہی اور برابر کھڑے رہے یہانتک کہ خوب اجالا ہوگیا پھر سورج طلوع ہونے سے پہلے چل نکلے۔ اور اس حدیث سے ظاہر ہوا کہ ذکر سے مراد دعا و ثنا و تکبیر و تہلیل ہی اور سفیان بن عیینہ سے مروی ہی کہ مزدلفہ کی نماز مغرب و عشا ہی اور صحیح قول اول ہی اور عند المشعر الحرام کے معنے یہ ہین کہ جو میدان قریب مشعر حرام ہی اور یہ بنظر فضیلت ہی ورنہ سوائے وادی محسر کے تمام مزدلفہ موقف ہی جیسے تمام عرفات اگرچہ سوائے بطن عرنہ کے موقف ہی مگر جبل الرحمۃ کے قریب کھڑے ہوتے ہین اور حضرت ابن عمرؓ نے عند المشعر الحرام مین کہا کہ یہ پہاڑ اور اسکا اردگرد اور عبد اللہ بن عمرؓ نے کہا کہ مشعر الحرام یہ پہاڑ ہی اور عبد الرزاق نے ابراہیم نخعی سے روایت کی کہ ابن عمرؓ نے لوگون کو قزح پر ازدحام کرتے دیکھکر فرمایا کہ کس بات پر یہ لوگ ازدحام کرتے ہین یہان تو سب مشعر الحرام ہی اور ابن عباسؓ و سعید بن جبیر و عکرمہ و مجاہد و سدی و ربیع و حسن و قتادہ سے مروی ہی کہ وہ ہر دو پہاڑ کے بیچ کا مقام ہی قال ابن کثیر مشاعر معالم ظاہرہ ہین اور مزدلفہ کو مشعر الحرام اسلیے کہتے ہین کہ وہ داخل حرم ہی اور اسکے وقوف مین تین قول ہین ایک یہ کہ رکن ہی بدون اسکے حج نہین صحیح ہی یہ قول بعض سلف و بعضے شافعیہ مثل فقال و ابن خزیمہ کا بدلیل حدیث عروہ بن مضرس ہی دوم آنکہ وقوف مزدلفہ واجب ہی قربانی سے اسکا جبر نقصان ہوجاتا ہی یہ ایک قول شافعی ہی اقول یہی قول ابو حنیفہؒ ہی اور یہی ارجح ہی اور سوم آنکہ مستحب ہی اسکے ترک سے کچھ نہین لازم آتا اور یہی شافعی کا تیسرا قول ہی۔ اور ابن المبارک و امام احمد نے باسناد منقطع حضرت صلعم سے روایت کی کہ عرفات سب موقف ہی سوائے میدان عرنہ کے اور مزدلفہ سب موقف ہی سوائے محسر کے اور نجاج مکہ سب قربانی کی جگہین ہین اور یہ حدیث بسند متصل بھی روایت کی گئی ہی۔ قولہ واذکروہ کما ہداکم یہ بیضاوی وغیرہ مین کما کا کاف تشبیہ و تمثیل قرار دیا اما ذکروہ کما علمکم یاد کرو اسکو جیسے تمکو تعلیم فرمایا ہی۔ یا اذکروہ ذکرا حسنا کما ہداکم ہدایۃ حسنۃ۔ یعنے یاد کرو اسکو ذکر خوب سے جیسے اسنے تمکو ہدایت خوب سے ہدایت کی ہی اور بعضے نے کہا کہ ذکر دوم سے مراد انپر نعمت کا شمار کرنا اور کاف تعلیل کا ہی اور اسیکو مفسر سیوطی رحمۃ اختیار فرمایا اور اسکی خوبی دیسپیدگی اس مقام پر پوشیدہ نہین ہی قال ابن کثیر یہ اون لوگون کو تنبیہ ہی کہ ابراہیم علیہ السلام جس ہدایت پر تھے کہ مشاعر حج انکو تعلیم کیے گئے تھے اسی ہدایت کا انپر بھی انعام کیا اسیواسطے فرمایا۔ وان کنتم من قبلہ لمن الضالین۔ یعنے ہدایت کے پہلے تم گمراہون مین سے تھے اور ضمیر قبلہ کو بعضے نے رسول اور بعضے نے قرآن کی طرف راجع کیا ہی یعنے قبل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا نزول قرآن کے تم بھی گمراہ تھے یہ معنے بھی صحیح ہین اور قبل ہدایت کے گمراہ ہونا اسکا استلزام ہی کیونکہ قولہ ای قبل الہدی اور ہدایت اسی طور پر کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن نازل فرمایا قولہ ثم افیضوا من حیث افاض الناس اس خطاب کی تاویل مین دو قول ہین اول آنکہ خطاب جمیع امت کو ہی اور دوم آنکہ خطاب قریش کو ہی پس قول اول کی یہ وجہ بیان کی گئی کہ الناس سے مراد ابراہیم علیہ السلام ہین اور معنے یہ ہین کہ پھر چل نکلو تم سب لوگ جہان سے چلا تھا ابراہیم اور اطلاق ناس کا ابراہیم پر جو اکیلے ہین بنظر تعظیم ہی مانند قول ان ابراہیم کان امۃ قانتا یعنے ابراہیم کو ایک امت قرار دیا اور غریب قراءۃ یہان سعید بن جبیر کی ہی کہ انھون نے الناس کی پڑھا یعنے بھولنے والا اور مراد آدم علیہ السلام ہین اور یہ ماخوذ ہی قولہ تعالے فنسی۔ یعنے آدم نے عہد بھلا دیا۔ پھر یہان دو احتمال ہین ایک یہ کہ انکو عرفات سے افاضہ کا حکم ہی اور اسپر وہ وارد ہوتا ہی کہ ثم واسطے ترتیب تراخی کے ہی اور پہلے عرفات سے مزدلفہ کا افاضہ مذکور ہوچکا تو پھر کیونکر عرفات سے افاضہ ہوگا اور جواب یہ دیا گیا کہ ثم یعنے واو ہی ترتیب و تراخی نہین مقصود ہی پایہ ترتیب بیان ہی نہ ترتیب عملی اور دوسرا احتمال یہ کہ یہ مزدلفہ سے دوسرا افاضہ ہی طوفان کے واسطے تو ثم اپنے معنے پر ہوگا یعنے ترتیب و تراخی کے معنے بحال رہتے ہین اور اسی احتمال کو ابن جریر نے ترجیح دی اور ظاہر قرآن اسیکو مقتضی ہی ولیکن اسمین ایک علت خفی ہی وہ یہ ہی کہ جاہلیت مین بھی دستور تھا کہ مزدلفہ سے طواف کو آتے تھے تو مزدلفہ سے افاضہ ابراہیم کے مثل افاضہ کی حکمت ظاہر نہین ہی اور صحیح قول دوم ہی کہ خطاب قریش کو ہی یعنے اے قریش تم بھی وہین سے چلو جہان سے اور لوگ چلے ہین یعنے عرفات مین لوگون کے مانند وقوف کرکے

وہین سے تم بھی مزدلفہ چلو۔ اور اسپر بھی وارد ہوتا ہی کہ ثم واسطے عطف و ترتیب تراخی کے ہی پس اگر جزا پر عطف ہو یعنے فاذکروا اللہ پر تو لازم آتا ہی
کہ مزدلفہ کے ذکر کے بعد عرفات سے افاضہ ہو حالانکہ اسکے برعکس ہی اور اگر شرط و جزا مجموع پر عطف ہو تو افاضہ عرفات کے بعد پھر افاضۂ عرفات لازم آتا ہی
اور جواب اسکا دو وجہ سے دیا گیا اول آنکہ کلام مین تقدیم و تاخیر ہی یعنے یون ہی کہ من فرض فیھن الحج فلا رفث ولا فسوق ولا جدال فی الحج ثم افیضوا من حیث
افاض الناس فاذا افضتم من عرفات فاذکروا اللہ عند المشعر الحرام۔ اور مترجم کہتا ہی کہ ضعف اس جواب کا ظاہر ہی اور صحیح جواب یون ہی کہ ثم یہان ذکر
کرنے کی ترتیب کے لیے ہی تراخی بزمانہ کے معنے مین نہین ہی یعنے یہان دو باتین ذکر فرمانی منظور تھین ایک تو عرفات سے مزدلفہ مین آکر مشعر الحرام کے پاس
یاد الٰہی کرنا اور دوسری بات کہ ای قریش تم لوگ بھی سب لوگون کے ساتھ عرفات ہی سے چل کر آؤ اور دعوی جاہلیت چھوڑو کہ ہم بڑے رتبہ کے لوگ ہین
پس پہلے ایک بات بیان فرمائی پھر دوسری بات فرمائی جیسے ہمارے محاورہ مین بولتے ہین کہ ایک بات تو یہ تھی پھر دوسری بات یہ ہی اور بیضاوی وغیرہ مین
ایک جواب مذکور ہی کہ ثم رتبہ کی راہ سے تراخی کے واسطے ہی کہ دونون افاضہ کے درمیان فرق رتبہ کا ہی کیونکہ عرفات سے لوگون کے ساتھ چلنا صواب
ہی اور مزدلفہ سے افاضہ بخلاف اور لوگون کے خطا تھا فافہم اور شیخ ابن کثیر کے کلام سے اس خطاب کی تاویل کی ایک وجہ خوب ظاہر ہوتی ہی وہ یہ کہ
افیضوا کا خطاب عام طور پر ہر ایک کو ہی یعنے عرفات کے ہر ایک وقوف کرنے والے کو حکم دیا اگرچہ بمصداق حکم کے قریش ہو جاتے ہین کیونکہ وہی لوگ اسکے
خلاف کرتے تھے اور ثم اس صورت مین بھی بمعنے واو یا ترتیب بیانی ہوگا چنانچہ ابن کثیر نے کہا کہ ثم اس مقام پر خبر کے خبر پر عطف کرنے اور ذکر کے
ترتیب کے لیے ہی۔ گویا اللہ تعالے نے عرفات مین وقوف کرنے والے کو حکم دیا کہ مزدلفہ جاوے تاکہ مشعر الحرام کے پاس اللہ تعالے کو یاد کرے اور
اسکو حکم دیا کہ عرفات مین اسکا وقوف کرنا جمہور لوگون کے ساتھ ہووے جیسے قریش کے سوائے سب لوگ ایسا کرتے بھی تھے اور قریش کا یہ حال تھا
کہ وہ حرم سے نہین نکلتے بلکہ حرم کا جو حل ہے ملا ہوا کنارہ ہی وہان کھڑے ہوتے اور کہتے کہ ہم تو اللہ والے لوگ ہین اسکے حرم کے خاص رہنے والے ہین عام
لوگون کے مانند نہین ہین پس مزدلفہ سے باہر نہوتے چنانچہ بخاری نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی کہ قریش اور جو کوئی انکے دین پر ہوتا مزدلفہ مین وقوف
کرتے اور حمس کہلاتے تھے یعنے دین پر مضبوط لوگ اور باقی سب عرب والے عرفات مین کھڑے ہوتے تھے پھر جب اسلام کا زمانہ آیا تو حجۃ الوداع مین قریش
وغیرہ اپنے گمان مین ٹھہرائے بیٹھے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بس یہین مزدلفہ کی حد پر وقوف کرینگے لیکن اللہ تعالے نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو
حکم کیا کہ عرفات مین جاکر وہان وقوف کرین پھر وہان سے افاضہ کرین چنانچہ فرمایا۔ من حیث افاض الناس۔ اور ایسا ہی ابن عباس مجاہد و قتادہ و سدی
وغیرہم کا قول ہی اور اسیکو ابن جریر نے اختیار کیا اور کہا کہ اسی پر مفسرین کا اجماع ہی یعنے سلف کے علما جو لوگ احادیث و آثار سے تفسیر کرنے والے ہین
سب اسپر متفق ہین اور پچھلون مین جو لوگ عقلی باتین بنانے والے یا ناقل ہین وہ مفسر نہین ہین انکا کچھ اعتبار نہین ہی قال ابن کثیر پھر بخاری نے ابن
عباس سے ایسی بات روایت کی جو مقتضی ہی کہ یہان افاضہ سے مراد مزدلفہ سے منی کی طرف رمی جمار کرنے کا افاضہ ہی اور ابن جریر نے اسکو فقط اسی
سے نقل کیا اور کہا کہ الناس سے مراد ابراہیم ہین اور کہا کہ اجماع حجت اگر برخلاف اسکے نہوتا تو یہی ارجح تھا۔ قولہ واستغفروا اللہ۔ بعضون نے کہا کہ
معنے یہ ہین کہ جو طریقہ مناسک حج کا ہی اس سے برخلاف چلنے سے استغفار کرو اور مترجم کہتا ہی کہ یہ تفسیر بغیر سوچے سمجھے ہی اسواسطے کہ اسلام مین
تو حضرت صلعم کو حکم ہی دیدیا کہ عرفات مین وقوف کرو تو کسی قریشی نے خلاف نہین کیا اور اگر زمانۂ جاہلیت کی مخالفت مراد ہی تو وہ اسلام لانے
سے سب عفو ہو گئے کیونکہ اسلام سے سب پچھلے گناہ مٹ جاتے ہین جیسا کہ صحیح احادیث سے ثابت ہی اور اسپر سب کا اتفاق ہی تو وہ مخالفت
باقی نہ تھی جس سے استغفار کا حکم قرار دیا جاوے اور صحیح یہ ہی کہ عرفات وغیرہ قبولیت کے مقامات ہین چنانچہ اہل عرفات کی مغفرت و نزول رحمت و دعا
کی قبولیت مین بہت حدیثین آئی ہین اور استغفار کا حکم اسواسطے مخصوص کیا کہ وہ لقمان عبادت کو پورا کرنے والا اور مزید ثواب حاصل کرنیوالا

ہو جاتا ہی اور عبادت پورے طور پر ادا ہونا متعذر رہی ہر ایک درجہ کا آدمی اپنے درجہ کی خطا مین پکڑا جاتا ہی اور ابو داؤد کی حدیث سے ثابت ہی کہ نماز کے ختم کرنے پر کامل کم کسیکو میسر ہوتا ہی کچھ نہ کچھ نقصان رہتا ہی اسی حکمت سے سنتین مشروع ہین قال ابن کثیر بہت آیا ہی کہ اللہ تعالے اپنے بندون کے لیے ادائے عبادت کے بعد استغفار کا ذکر فرماتا ہی کہ استغفار کرین اور صحیح مسلم مین ثابت ہی کہ حضرت صلعم جب نماز سے فارغ ہوتے تو تین بار استغفار کرتے۔ اور ابن جریر نے عباس بن مرداس السلمی کی روایت سے جو حدیث آئی کہ حضرت صلعم نے عشیہ عرفہ کو اپنی امت کے واسطے استغفار فرمایا یہان ذکر کی ہی سبحان اللہ و الحمد للہ اس امت مرحومہ کے مبارک نصیب ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل الرسل علیہم السلام نے افضل الامۃ کے لیے حجۃ الوداع مین افضل مقام مین افضل یوم جمعہ کے افضل ساعت مین استغفار فرمایا اور یہ نعمت علیہ رب ارحم الراحمین جل شانہ ہی اسواسطے کہ افعال سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم عین طاعت بو حی خفی ہین خصوص یہ کرامت عظمی کہ ضرور اسمین یہی اعتقاد ہی پس مبارک اس شخص کو جو آپکا امتی رہے حتی کہ مرجاے اللھم مولای لک الحمد و المجد و الکبریاء و العظمۃ و انت ربی ذو الفضل العظیم اللھم توفنی مومنا موقنا مغفورا من امۃ حبیبک و رسولک محمد و اللھم صل وسلم علی سیدنا و مولانا محمد و آلہ و صحبہ افضل الصلوٰۃ و ازکاھا عدد ملائکتک و رضا نفسک و زنۃ عرشک ابدا ابدا و انت علی کل شئ قدیر و انت مولای نعم المولی و نعم المجیب سبحان اللہ و الحمد للہ الذی لا الہ الا اللہ عدد خلقہ و رضا نفسہ و زنۃ عرشہ و مداد کلماتہ و الحمد للہ رب العرش العظیم و کل شئ ھالک الا وجھہ لا الہ الا ھو ذو الجلال و الاکرام۔ اور ابن مردویہ نے حدیث بخاری ذکر کی کہ شداد بن اوس سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ استغفار مین سے سردار یہ ہی کہ بندہ کہے۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَ اَنَا عَبْدُکَ وَ اَنَا عَلٰی عَھْدِکَ وَ وَعْدِکَ مَا اسْتَطَعْتُ وَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَکَ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ وَ اَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ۔ جسنے اسکو رات مین کہا پھر اسی رات مین مرگیا تو جنت مین گیا اور جسنے اسکو دن مین کہا پھر اس دن مرگیا تو جنت مین گیا رواہ البخاری وغیرہ اور اس استغفار کے فضائل صحیحہ بہت ہین اگر توفیق ہو تو اسپر مواظبت دائمی لازم ہی۔ اور عبد اللہ بن عمر سے روایت ہی کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے کوئی ایسی دعا سکھلایئے جسکو مین اپنی نماز مین پڑھا کرون فرمایا کہ کہا کر۔ اللّٰھم انی ظلمت نفسی ظلما کثیرا و انہ لا یغفر الذنوب الا انت فاغفرلی مغفرۃ من عندک و ارحمنی انک انت الغفور الرحیم۔ رواہ البخاری و مسلم فی الشیخ نے عرائس مین حقائق کو بیون بیان کیا کہ قولوا اذکروہ کما ھدیکم حق عزوجل نے اپنی ذات پاک و صفات قدس کی معرفت سے نعمت غیر متناہی دیدی اسکو زبان عرفان سے یاد کرو جیسے اسنے تمکو اپنی معرفت و خصائص قربت کی راہ بتائی ہی آقول معرفت کے ساتھ یاد اسطرح کرو جیسے تمکو ہدایت کی ہی یعنے ذکر و تسبیح و تنزیہ باری تعالے بندے کے امکان سے خارج ہی یہ بھی اسکی نعمت ہی کہ بندے کو اپنے عرفان کی طرف راہ دے ورنہ بدون اسکے محض جہالت و ضلالت ہی پس جہانتک جیسے عرفان و شناخت عطا ہوئی ہی ویسے وہ یاد کرے واللہ تعالے اعلم۔ قولہ ثم افیضوا من حیث افاض الناس جب یاد کے انوار سے مشاہدہ حاصل ہو تو عبادات کے رسم مین عوام لوگون کی طرح مشغول ہوتا کہ وجد مین تم بالکل فنا ہو جاؤ قال المترجم یہ صعود کے بعد نزول کا مرتبہ ہی اور یہ وہ وقت ہی کہ عارف خود بخود حکم آلہی کی فرمانبرداری کرتا ہی جیسے اور لوگ بتکلف کرتے ہین اسی سے حدیث عائشہ رضی اللہ عنہا مین ہی کہ خلق عظیم حضرت صلعم کا قرآن مجید تھا۔ اور چونکہ یہ عبادات بقوت حقانی بمرتبہ مشاہدہ احسانی ہوتی ہی اسی سے کہا گیا کہ زاہد پرہیزگار کی ہزار رکعت کو عارف باوقار کی دو رکعت سے مساوات نہین ہی۔ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ۔ یعنے تم پر جو حق معرفت اپنے خالق عزوجل کا فرض ہی اور جو حق طاعت واجب ہی کوئی تمسے ادا نہین ہو سکتا تو اپنے خالق عزوجل سے مغفرت مانگو کہ اللہ تعالے بڑا بخشنے والا ہی۔ یعنے تم پر حق معرفت سے پہچانکر حق طاعت واجب تھا

اسمیں تمنے قصور کیا تو مغفرت مانگو اللہ تعالے بڑا بخشنے والا ہی۔ رَحِیْمٌ۔ تم پر مہربان ہی کہ تمکو تمہارے حالات و مقامات کی طرف پہونچاوے اور ابن عطاء رح نے کہا کہ جب تمنے اپنے باطن کو میری یاد سے آباد کر لیا اور اسمیں اپنی تمام کوشش کو صرف کر دیا تو بندگی کی رسوم و عبادات کے طریقوں پر عوام کے مانند تم بھی رجوع ہو کر قائم ہو اور غیر حق کے ساتھ اپنے مشغول ہونے کی مغفرت چاہو کہ اللہ تعالے اپنے مطیع بندوں کی تقصیر کو جو انسے طاعات ادا کرنے میں ہو جاتی ہی بخشنے والا ہی اور وہ بہت مہربان ہی کہ نافرمانوں کو اپنی رحمت سے اپنے دروازے سے رد نہیں کرتا ہی اور استاد ابو القاسم قشیری رح نے فرمایا کہ اسمیں اشارہ یہ ہی کہ خرقہ یا جبہ یا رنگین کپڑا وغیرہ پہنکر ظاہر میں اپنی شکل کو ممتاز کر کے اظہار مت کرو بلکہ ایسا ہو جاو جیسے عوام میں سے تو بھی ایک ہی اور جب کبھی تیرے دل میں یہ خطرہ گذرے کہ تو نے کوئی امر کیا یا تیرے سبب سے یا تیرے لیے کوئی چیز کی گئی یا تجھسے کوئی چیز واقع ہوئی ہی تو اسے عزوجل سے استغفار کر اور از سر نو اپنے ایمان کی تجدید کر لے کیونکہ یہ شرک خفی تیرے دل میں بیوقوفی سے سما گیا تھا مترجم کہتا ہی کہ یہ کلام معرفت نفس ہی جسے اس زمانہ کے صوفی جاہلوں کو نصیحت حاصل کرنا چاہیے جو سراسر دعوی باطل سے احمق جاہل بنکر برباد ہوتے ہیں اور عوام مسلمانوں کو بھی نصیحت لینا چاہیے جو ایسے ننگے ہوے جانوروں کے دام فریب میں آکر دنیا حاصل کرنے کی آرزو میں آخرت بلکہ ایمان سے محروم ہو جاتے ہیں حالانکہ خود انکو خبر نہیں ہوتی ہی اور جب کسی مرد نیک کے دل میں رعونت کا وسوسہ آیا تو شیطان نے اسپر قابو پایا کہ وہ نیکی سے بدی میں گرا ہلاک ہو گیا نعوذ باللہ العلی العظیم من وساوس الشیطان

فَاِذَا قَضَیْتُمْ مَّنَاسِکَکُمْ فَاذْکُرُوا اللّٰهَ کَذِکْرِکُمْ اٰبَآءَکُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِکْرًا ؕ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ

پھر جب پورے کر چکو اپنے حج کے کام تو یاد کرو اللہ کو جیسے یاد کرتے تھے اپنے باپ دادوں کو بلکہ اوس سے زیادہ یاد پھر کوئی آدمی کہتا ہی

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا وَمَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ ۝ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً

اے رب ہمارے دے ہمکو دنیا میں اور اسکو آخرت میں کچھ حصہ نہیں ہی اور کوئی انمیں کہتا ہی اے رب ہمارے دے ہمکو دنیا میں خوبی

وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِیْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ۝

اور آخرت میں خوبی اور بچا ہمکو دوزخ کے عذاب سے یہ لوگ انھیں کو ہی حصہ اپنی کمائی سے اور اللہ جلد حساب کرنے والا ہی

واضح ہو کہ زمانہ جاہلیت والے بعد حج کے اپنے باپ دادوں کے مفاخر جہل و تعلیان بیان کرتے پس حق تعالے نے فرمایا۔ فَاِذَا قَضَیْتُمْ مَّنَاسِکَکُمْ پھر جب تم لوگ اپنے مناسک پورے کر چکو۔ بایں طور کہ مزدلفہ سے جانب منی کو طلوع سے پہلے چلکر اول جمرۃ العقبہ کی کنکریاں مار کر ذبح و حلق کے بعد دسویں ہی کو طواف کر کے منی میں آکر رہو۔ فَاذْکُرُوا اللّٰهَ تو اللہ تعالے کا ذکر کرو۔ اَللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ اَللّٰهُ اَکْبَرُ وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ۔ چنانچہ صحابہ رضی اللہ عنہم کی تکبیروں سے مقام منی گونجتا تھا۔ غرضکہ اہل ایمان کو حکم دیا کہ ہدایت کے بعد ذکر الٰہی کریں۔ کَذِکْرِکُمْ اٰبَآءَکُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِکْرًا۔ مانند اپنے باپ دادوں کے ذکر کے یا اس سے بھی اشد ذکر ف یعنے چاہیے کہ ذکر الٰہی بہ نسبت ذکر آباء بہت زیادہ ہو اور بھلا اتنا تو ضرور ہو جتنا باپ دادوں کے تفاخر کیا کرتے تھے اور واضح ہو کہ آخر دعا ہی پھر جو قوم کافر ہو وہ فقط دنیا چاہتی ہی تو اسکی مذمت فرمائی بقولہ۔ فَمِنَ النَّاسِ مَنْ یَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا وَمَا لَهٗ فِی الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ۔ پس آدمیوں میں سے بعضوہ ہی جو کہتا ہی کہ الٰہی ہمکو دنیا میں دے اور اسکے لیے آخرت میں کچھ بھی نصیب نہیں ہی ف دنیاے فانی میں جو مقدر ہی وہی دیا جائیگا چنانچہ نصوص سے ثابت ہی کہ کافروں کو ظاہرات و صدقہ وغیرہ کے عوض دنیا میں دیدیا جاتا ہی۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ یَّقُوْلُ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ اور آدمیوں میں سے ایک فریق ہی جو کہتا ہی کہ الٰہی ہمکو دنیا میں خوبی دے اور آخرت میں خوبی دے اور ہمکو عذاب دوزخ سے بچا ہے ف یہی مومن بندے خوب ہیں۔ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ نَصِیْبٌ مِّمَّا كَسَبُوْا

ایسے بندوں کے لیے اپنی کمائی سے حصہ ہوگا دنیا میں بھی خوبی سے رہے اور اصل حصہ آخرت پایا اور وہ کچھ دور نہیں ہے۔ واللہ سریع الحساب۔ اور اللہ تعالے جلد حساب کرنے والا ہوگا ایک حدیث میں آیا کہ حساب تو دنیا وی دن کے نصف مقدار میں پورا فرما دیگا اور دوسری حدیث میں آیا کہ مومن کے لیے بقدر ایک نماز فریضہ کے معلوم ہوگا۔ مناسک جمع منسک بفتح السین و کسرہا اور مراد اعمال حج ہیں بلا تلبیہ و طواف وغیرہ جیسے حدیث میں ہے خذوا عنی مناسککم۔ یعنے سیکھ لو مجھسے اپنے مناسک اپنے اعمال حج کو۔ اور جمہور قراء نے یہاں دونوں کاف ظاہر کرکے پڑھا ہے یعنے مناسک کم۔ اور ابو عمرو نے دونوں کو ادغام کیا حالانکہ ایسا ادغام ایک ہی کلمہ میں سوائے اس مقام اور سورہ مدثر کے۔ قولہ ماسلککم فی سقر کے سوائے نہیں ہے۔ قولہ فاذکروا اللہ کذکرکم آبائکم۔ ہر چند کہ ذکر الٰہی ہر حال میں ہے جیسا کہ حدیث عائشہؓ میں آیا ہے کہ رسول صلعم ہر حال میں اللہ تعالے کو ذکر کرتے تھے (البخاری وغیرہ) پس یہاں مراد اکثار و مبالغہ ہے اور یہ بھی خود منصوص ہے۔ بقولہ تعالے یا ایہا الذین امنوا اذکروا اللہ ذکرا کثیرا اے ایمان والو یاد کرو اللہ تعالے کو بہت کثرت سے یاد کرنا پس مراد یہاں اسم جاہلیت چھوڑنا اور اسکو نیکی سے بدلنا اور ناقص عبادت کو پورا کرنا قال البیضاوی عرب کا دستور تھا کہ اپنے مناسک پورے کرنے کے بعد منیٰ میں مسجد خیف کے درمیان جو مقام ہے وہاں کھڑے ہوتے اور اپنے باپ دادوں کی خوبیاں اور قتل و غارت و مباہی کثرت خون میں اپنی مفتخرانہ داستان در منثور سے ذکر کرتے۔ ۱۲ خانہ کعبہ کے نزدیک کھڑے ہو کر نظم و نثر فصیح و بلیغ عبارات میں اپنے باپ دادوں کے مفاخر بیان کرتے اور اس سے غرض اپنی ناموری و شہرت دکھلانا سنانا تھا پھر جب اللہ تعالے نے ایمان دیکر انکو مسنون کیا تو انکو حکم کیا کہ اس ذکر بیہودہ و معصیت قبیحہ کی جگہ اللہ تعالے کا ذکر تسبیح و تہلیل و تحمید و تکبیر و ثناء و تمجید سے کیا کریں اور وہ اسی جذب شوق و غلو محبت و زوار دت سے ہو بلکہ اس سے بھی بڑھکر ہو اسواسطے کہ وہ بر بناے جہل باطل تھا اور یہ بر بناے حق صریح و صدق صحیح ہے۔ تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ سعید بن جبیر نے ابن عباس سے روایت کی کہ جاہلیت کے لوگ موسم میں کھڑے ہوتے پھر انمیں کوئی کہتا کہ میرا باپ کھانا کھلاتا اور لوگوں کا بار اوٹھاتا اور لوگوں کے خون کی دیت اپنے ذمہ لیتا تو فقط انکو اپنے باپ دادوں کی باتیں فخریہ بیان کرنے کے سوائے کوئی کام نہ تھا پس اللہ تعالے نے حضرت صلعم پر نازل فرمایا۔ فاذکروا اللہ کذکرکم آبائکم او اشد ذکرا۔ اور یہی سدی نے انس بن مالک سے روایت کیا اور ابی وایل و عطا ابن ابی رباح و سعید بن جبیر و عکرمہ و مجاہد و سدی و عطا خراسانی و ربیع بن انس و حسن و قتادہ و محمد بن کعب سے بھی اسیکے مانند مروی ہے (ابن ابی حاتم) اور ایسے ہی ابن جریر نے ایک جماعت سے نقل کیا ہے قولہ باپ دادوں کے ذکر سے ذکر الٰہی کی تشبیہ صرف اسی کثرت میں ہوئی کہ جیسے زمانہ جاہلیت والوں کو باپ دادوں کے افتخار بیان کرنے کے سوائے کوئی کام نہ تھا تو تمکو چاہیے کہ بعد ایمان و ہدایت کے تمہارا کام سوائے یاد الٰہی و اسکی حمد و ثنا کے کچھ نہو بلکہ اسوقت کے جوش سے یہ جوش حق زیادہ ہو بعض سلف سے یہاں ایک تشبیہ کے معنے غریب مروی ہیں چنانچہ ابن جریج نے عطا سے روایت کی کہ تولہ اذکر کم آبائکم۔ مانند اپنے باپوں کے ذکر کے یعنے جیسے بچہ ابا۔ امان کہا کرتا ہے کہ سوائے ماں باپ کے پکار و یاد کے اسکا کچھ دھیان نہیں رہتا اسی طرح تم بھی ادائے مناسک کے بعد یہی لہجہ یاد الٰہی عزوجل کا رکھو اور ایسا ہی ضحاک و ربیع بن انس کا قول ہے اور ابن جریر نے ابن عباس سے بھی اسیکے مانند روایت کیا ہے مفسر جم کہتا ہے کہ اس صورت میں اباء کم ابراہیم وغیرہ ہونگے اور یہ طریقہ زبان عرب میں معروف ہے اور واضح ہو کہ بلاغت کلام میں ہر وجہ سے معنے شامل ہو سکتے ہیں کیونکہ اصل مقصود تو یاد الٰہی میں کثرت و شدت ہے اور یہ تشبیہ انکو سمجھانے کے لیے بیان فرمائی کہ حضرت حق عزوجل کی یاد میں تمکو اتنا استغراق تو ہو جسقدر زمانہ جاہلیت والے باپ دادوں کے فخریات میں کرتے اور جیسے بچہ اپنے مجازی پرورش کرنے والے ماں باپ کی یاد میں رکھتا ہے بلکہ تمکو اپنے حقیقی رب تعالے کو پہچاننے کے بعد اس سے کہیں زیادہ استغراق چاہیے ہے کیونکہ الذین آمنوا اشد حبا للہ۔ مومنوں کو اپنے رب عزوجل سے بہت سخت محبت ہوتی ہے۔ قولہ او اشد ذکرا ابن منذر نے

کہا کہ کلمہ (او۔ یا) اس مقام پر تحقیق کے واسطے ہو شک کے واسطے نہیں۔ جیسے قولہ۔ فھی کالحجارۃ او اشد قسوۃ۔ یعنے یہودیوں کے دل مانند پتھر کے یا اس سے زیادہ سخت ہیں۔ اور قولہ تعالے۔ کخشیۃ اللہ او اشد خشیۃ۔ یعنے کافروں سے لڑائی میں ایسے ڈرتے ہیں جیسے اللہ تعالے سے یا بڑھکر اور قولہ تعالے فارسلنا ہ الی مائۃ الف او یزیدون۔ یعنے یونس کو ہمنے ایک لاکھ یا زائد کی طرف بھیجا۔ اور قولہ تعالے۔ فکان قاب قوسین او ادنی۔ یعنے معراج میں قرب قاب قوسین یا اس سے بھی زائد ہوا۔ اور شیخ ابو البقا نے تبیان میں کہا کہ او۔ اس مقام پر تخییر یا اباحت کے لیے ہے اقول یعنے تمکو اختیار دیا گیا کہ چاہو ابا کے ذکر کے مثل یاد کرو یا اس سے اشد شاید اشارہ کیا کہ حکم وجوب کے واسطے نہیں ہے اور واضح ہو کہ اشد ذکرا۔ میں اشد کو مقدم کیا اور ذکرا اشد۔ نہیں فرمایا کہ تکرار کا وہم نہو اور فواصل کی رعایت ہوا اور وہ حال قرار پاکر منصوب ہو گیا فاحفظہ اور یہان علماے تفسیر کے دقائق متعلق بلاغت ہیں جنکو مترجم نے ترک کیا جو کشاف و بیضاوی و بحر ابوحیان و تبیان عکبری وطیبی وغیرہ میں مذکور ہیں اور حاصل معنے یہ کہ فاذکروا اللہ کذکرکم آباءکم او اشد ذکرا اللہ منکم آباءکم۔ یعنے اللہ تعالے کی ایسے یاد کرنے والے ہو جاؤ جیسے اپنے باپ دادوں کو یاد کرتے تھے یا اپنے آبا کو یاد کرنے سے بڑھکر اللہ تعالے کی یاد کرنے والے ہو جاؤ یعنے تمھارے نفس کا انصاف یہی ہے کہ باطل کی کوشش والوں سے تم حق کی کوشش میں بڑھے ہوے ہو۔ یہی مختار عکبری و بیضاوی ہے۔ قولہ فمن الناس۔ فار تفصیل ہے یعنے نفس الامر میں ذکر کرنے والوں کا مآل کار اس تفصیل سے ہے کہ بعض دنیا چاہتے ہیں اور بعض خوبی دو جہان مانگتے ہیں پس اول کی مذمت کی اور اسے نفرت دلائی کہ ایسا نہونا چاہیے قال ابن کثیر اور سعید بن جبیر نے ابن عباس سے روایت کی اعراب دیہاتیوں میں سے ایک قوم تھی کہ وہ موقف پر آتے اور کہتے کہ اللہ تعالے اس سال کو ایسا کردے کہ بارش اچھی ہو اور پیداوار خوب ہو اور اس سال میں خوب اولاد ہو پس امر آخرت میں سے کچھ نہیں ذکر کرتے تھے پس اللہ تعالے نے ایسے لوگوں کے حق میں نازل فرمایا۔ فمن الناس من یقول ربنا آتنا فی الدنیا وما لہ فی الآخرۃ من خلاق اور بعد انکے دوسرے آتے یعنے مومنین اور کہتے۔ ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار پس اللہ تعالے نے انکے حق میں اتارا۔ اولئک لھم نصیب مما کسبوا واللہ سریع الحساب۔ مترجم کہتا ہے اس سے معلوم ہوا کہ جملہ اخیرہ متعلق بمومنین ہے جیسا کہ مفسر سیوطی نے کہا ہے اور یہان بعض محشین بیضاوی سے زلت واقع ہوئی کہ دونوں کے متعلق قرار دیا فافہم۔ اور اس روایت سے نکلتا ہے کہ قولہ ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ الی آخرہ۔ بزبان مومنین نازل ہوئی اور شاید کہ یہ انکی دعا کا مضمون ہو واللہ اعلم اور بیضاوی میں ہے کہ مالہ فی الآخرۃ من خلاق۔ کے یا تو یہ معنے ہیں کہ آخرت میں سے اسکا کچھ نصیبہ نہیں ہے کیونکہ ہمت اسکی صرف دنیا پر مقصور ہے اور یا یہ معنے ہیں کہ اسکی طلب میں آخرت کی درخواست بالکل بھی شامل نہیں اقول اور بھی ظاہر اثر ابن عباس ہے فافہم۔ اور بعض طالب دنیا کے حق میں حدیث میں ثابت ہوا کہ بندۂ درہم و دینار ہلاک ہوا چنانچہ ابو ہریرہؓ سے روایت بخاری میں مصرح ہے اور اپنے موقع پر آویگی پھر جنھوں نے دنیا و آخرت مانگی انھوں نے دنیا کا قصد نہیں کیا بلکہ خوبی دنیا کے ساتھ میں آخرت چاہی کیونکہ مومن تو پہلے ہی دنیا کے ملعون ہونے پر ایمان لایا ہے لیکن دنیا میں آخرت کی کمائی ہے اور وہ کبھی پریشانی و محتاجی دنیا سے پراگندہ ہو جاتی ہے لہذا دنیا کی خوبی اسواسطے طلب کی کہ آخرت کا سامان میسر ہو بیضاوی نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے نقل کیا کہ دنیا نیک بخت خوبی دنیا ہے اور جورو خوبی آخرت اور بدعورت عذاب النار ہے مترجم کہتا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ اثر صحیح نہیں بلکہ کسی فقیہ کا قول ہے اور حسن بصری سے روایت ہے کہ حسنۃ دنیا علم و عبادت ہے اور حسنۃ آخرت جنت ہے وقنا عذاب النار سے عذاب النار سے نجات دے۔ اور یہ اللہ تعالے کے اختیار میں ہے۔ اور ظاہری آثار قبولیت یہ ہیں کہ بندہ کو ناپاک خواہشوں و گناہوں سے بچاوے جن سے عذاب دوزخ میں پہنچتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ جہنم تو شہوات سے گھری ہوئی ہے کما فی الصحیح۔ پس جو شخص ان شہوات میں گھسا حتی کہ آخر عمر گذر گئی تو مرتے ہی جہنم میں انتہا ہوئی فعوذ باللہ تعالے۔ جیسے جنت ایسی چیزوں سے گھری ہوئی ہے جو نفس پر شاق و ناگوار ہیں کما فی الصحیح۔ تو جسنے دنیا میں نفس کو مغلوب کیا اور نماز روزہ وغیرہ کی ناگواریاں طے کر گیا تو مرتے ہی جنت پر انتہا ہوئی۔ اللھم وفقنی لذلک وانت ربی نعم المولی ونعم النصیر۔ پس دنیا میں ایسی توفیق نیک ملے

کہ یہ اعمال نیک پورے کرسکے اور اللہ تعالےٰ اسکے لیے نیک سامان مہیا فرماتا ہے چنانچہ شیخ ابن کثیرؒ نے لکھا کہ فی الدنیا حسنۃ میں حسنہ دنیا کا بیان ہے ایسی چیزوں سے ہے جو آخرت کے لیے نیک مددگار ہوں چنانچہ سلف کے علما تفسیر کی عبارات میں عافیت و پاک جورو و رزق واسع و علم نافع و عمل صالح و سواری شایستہ و ثنا جمیل متفرق مذکور ہیں اور یہ سب حسنہ دنیا میں شامل ہیں اور ایسی جو چیزیں کہ دنیا میں بروجہ شرعی مفید و مؤید آخرت ہوں داخل ہیں اور حسنہ آخرت میں سے اعلیٰ تو جنت کا داخل ہونا کہ جس سے دیدار باری تعالےٰ نصیب ہو اور اسکے توابع دیگر امور مثل آسانی حساب اور امن از فزع اکبر وغیرہ ہیں رہا دوزخ سے نجات تو وہ اسکو بھی شامل ہے کہ دنیا میں اللہ تعالےٰ ایسے اسباب مہیا فرمادے کہ بندہ حرام اور مشتبہات چیزوں سے اور گناہوں سے بچ جاوے اور شیخ ابو عبد الرحمن القاسم نے فرمایا کہ جسکو قلب شاکر اور زبان ذاکر اور تن صابر دیا گیا وہ دنیا کی حسنہ و آخرت کے حسنہ عطا کیا گیا اور عذاب دوزخ سے بچایا گیا۔ اسی سے حدیث میں اس دعا کی ترغیب آئی ہے چنانچہ امام احمد نے بسند صحیح روایت کی کہ قتادہؓ نے انسؓ سے دریافت کیا کہ حضرت صلعم اکثر کون دعا مانگتے تھے تو کہا کہ کہتے اللھم ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار۔ اور انسؓ کا دستور تھا کہ اسی سے دعا کیا کرتے اور جب کسی خاص بات کی دعا کرتے تو اسمیں اس دعا کو شامل کرتے تھے رواہ مسلم و فی البخاری ایضا من حدیث انسؓ امام احمدؒ نے انس بن مالک سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں میں سے ایک شخص کی عیادت کی حالانکہ وہ شخص بیماری سے مثل فرخ کے ہوگیا تھا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا کہ بھلا تو اللہ تعالےٰ سے کسی عبارت سے دعا کرتا یا اس سے کچھ سوال کرتا ہے اسنے عرض کیا کہ ہاں میں کہا کرتا ہوں کہ الٰہی میرے رب تعالےٰ جس چیز کی وجہ سے تو مجھے آخرت میں عذاب کرنے والا ہو اسکو مجھے دنیا ہی میں مواخذہ کرکے تمام کردے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سبحان اللہ تو اسکی طاقت نہیں رکھتا یا کہا کہ تو اسکو برداشت نہیں کرسکتا ہے بھلا تو نے یوں کیوں نہ کہا کہ ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار۔ انسؓ نے کہا کہ پھر اسنے اس دعا کو مانگا تو اللہ تعالےٰ نے اسکو شفا عطا فرمائی اخرجہ مسلم اور شافعی نے عبد اللہ بن السائب سے روایت کی کہ اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ رکن یمانی[1] اور رکن اسود کے درمیان یوں دعا کرتے تھے کہ ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار۔ اور ابن مردویہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں گذرا میں رکن پر مگر آنکہ میں نے اسپر ایک فرشتہ دیکھا جو آمین کہتا ہے یعنے جب کبھی آپ نے طواف کیا تو مقام رکن پر مشاہدہ فرمایا کہ فرشتہ آمین کہتا رہتا ہے۔ پس جب تم لوگ رکن مذکور پر گذرا کرو تو کہو ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الآخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار۔ مترجم کہتا ہے کہ اشارہ ہے اس طرف کہ جب لوگ یہ دعا کرینگے تو فرشتہ آمین کہیگا پس اللہ تعالےٰ سے قبولیت کی امید ہے گویا وہ فرشتہ اسیواسطے مامور ہے کیونکہ فرشتہ تو وہی کرتا ہے جو حکم ہے جب آپ نے ایسے وقت میں اسی دعا کو تعلیم کیا تو معلوم ہوا کہ یہ دعا بہت خوب ہے۔ قولہ اولئک لھم نصیب مما کسبوا واللہ سریع الحساب مفسر سعودیؒ نے اشارہ کیا کہ مما میں تبعیضیہ نہیں ہے یعنے یہ معنے نہیں کہ بعض کمائی پاوینگے بلکہ یعنے من اجل ما کسبوا ہے اپنے اعمال کی جہت سے آخرت میں حصہ پاوینگے اور اگر تعظیمیہ۔ کی تنکیر واسطے تعظیم کے ہو تو یعنے لوگوں کے لیے بڑی بشارت ہے یعنے انکو انکے اعمال کی جہت سے نصیب عظیم ملیگا اور وہ اسکی جزا و ثواب عظیم ہے خصوص جبکہ ما کسبوا۔ بمعنے ما دعوا بہ ہو یعنے انکی دعائے مذکور کی جہت سے انکو ثواب عظیم ہے پس اس دعا کی بڑی فضیلت نکلی اور دعا کو کسب کہنا اسوجہ سے کہ وہ اعمال سے ہے اور جائز ہے کہ ما کسبوا بمعنے من جنس ما کسبوا ہو یعنے اسکی جنس سے جو انھوں نے کمایا ہے اور وہ جنس ان اعمال کی جزا و ثواب ہے جو نافع ہونے میں انکی مثل ہے اور سریع الحساب۔ یعنے باوجود بندوں کی کثرت اور انکے اعمال نیک و بد کی کثرت کے بہت قلیل مقدار میں حساب کریگا چنانچہ شیخ مفسرؒ نے بحوالہ حدیث کے دنیا کے نصف روز کی مقدار کہا اور بیہقی وغیرہ نے ایک لمحہ کہا اور حق یہ ہے کہ سریع الحساب اگر صفت باری تعالےٰ ہے تو نصف روز کیا بلکہ لمحہ بھی بہت ہے اسکی شان اعلیٰ ارفع ہے کہ وہاں اسکے حساب میں وقت کو دخل ہو اور اگر اسکے حساب

[1] یہاں سے شیخ پھیر دیا اور رکن یمانی سے رکن اسود تک ۹ گز فاصلہ ہے

وقوع کی طرف نظر ہو تو اسکی حکمت کی راہ سے مقدار اسکی ہونا کچھ بعید نہین پس جب حدیث وارد ہی تو وہی مقدار معتمد ہوا ور ہزار برس و پچاس ہزار برس کا دن جو دیگر آیات مین آیا ہی اس سے یہان منافات نہین ہی کیونکہ وہ تو دن کی مقدار ہی جسمین نیک بد اس دن قیامت مین عجائبات دیکھینگے کہ نیک لوگ سایۂ رحمت مین اپنے پیغمبر کے حوض سے سیراب و رزق پاوینگے اور بد لوگ تمازت آفتاب شدت عذاب مین مبتلا ہونگے یہ حساب کا انجام صرف دنیاوی نصف دن مین ختم ہوکر اپنے اپنے وطن اصلی یعنے جنت یا جہنم چلے جاوینگے اور انشاء اللہ تعالے اپنے موقع پر احادیث و آیات سے تفصیل آویگی اور جائز ہی کہ یہ معنے ہون کہ یاد الٰہی وغیرہ مین پیش قدمی کرو کہ حساب الٰہی سریع ہی یعنے قریب ہی کہ قیامت قائم ہو اور لوگ محاسبہ مین آوین اور معنے اول متعین ہین و ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے روایت کی کہ فرمایا کہ حساب تو قریب دوپہر ہی تک ہو جاویگا تاکہ اسکے بندون کو حور کے ساتھ قیلولہ نصیب ہو اور اسکے دشمنون کو شیاطین متقرنین کے ساتھ گرفتاری ہو اور مترجم کہتا ہی کہ یہ تمثیل ہی پھر جب واقع ہوگا تو عیان ہو جاویگا اور حاکم نے مستدرک مین سعید بن جبیر سے روایت کی کہ ایک شخص نے ابن عباس سے آکر پوچھا کہ مین نے ایک قوم کو اپنے آپکو مزدوری پر بدین شرط دیا کہ وہ مجھپر اپنا بوجھ لادین پھر مین نے اپنی اجرت مین سے کچھ انکو وضع کردی اس شرط پر کہ وہ مجھے اپنے ساتھ حج کرنے کی فرصت دین تو بھلا یہ جائز ہوگا تو ابن عباس نے فرمایا کہ تو ان لوگون مین سے ہی جنکے حق مین اللہ تعالے نے فرمایا اولئک لھم نصیب مما کسبوا واللہ سریع الحساب حاکم نے کہا کہ یہ حدیث شیخین کے شرط پر صحیح ہو وقف شیخ نے عرائس مین ذکر کیا۔ قولہ تعالے فاذکروا اللہ کذکرکم آباءکم۔ پھر مجھے یاد کرو مثل یاد اپنے شخص کے جو تمام عمر کے ہر وقت مین یہ جانتا ہی کہ مین کسیکے نطفہ سے پیدا ہون کیونکہ ایسی یاد ہی کہ آدمی سے کبھی اسکی زندگی مین بھولتا نہین ہی پس جو باپ دادون کا پیدا کرنیوالا ہو اسکی یاد بھی ایسی ہی ہونا چاہیے ہو قال المترجم شیخ نے ذکر قلبی کی طرف اشارہ کیا اور یہ در اصل ظاہر مین بھی مراد ہی کیونکہ اہل علم مین کوئی اسکا قائل نہین کہ زبانی ذکر جو بدون دل کی نیت کے ہو کچھ مفید ہی تو حاصل یہ ہوا کہ تفسیر ظاہر مین جو مذکور ہوا وہ تفسیر بالمراد ہی لیکن اسمین اشارہ کے معنے یہ ہین کہ زبانی ذکر کے ساتھ ذکر قلبی اسطرح مفہوم ہو کہ جیسے آدمی اپنی پیدائش کا مجازی پیدا کرنے والا باپ یاد رکھتا ہی اس سے بڑھکر حقیقی پیدا کرنے والے کو دل سے یاد رکھے فافہم۔ اور نیز ایسی یاد کرو جیسے بچہ اپنے باپ کو اپنے سب مقصد کے وقت یاد کرتا ہی کیونکہ وہ اپنی سب خواہشون مین اسیکی طرف ٹھکانا بناتا ہی اور وہ جانتا ہی کہ میرا ٹھور ٹھکانا اسیکے پاس ہی تو مرجع حقیقی کو حقیقۃً یاد رکھو پس اللہ عزوجل نے معبودیت کی شرطین ذکر کے وصف سے بندون کو بتلائین کہ معبودیت کا یہ ادب ہی قال المترجم یعنے بندہ اپنے معبود کا وہی ہی جو اسکو اتنا تو یاد رکھے جیسے بچہ اپنے باپ کو اور اتنا تو یاد رکھے جیسے بچہ اپنے باپ کو مرجع سمجھتا ہی بلکہ اس سے بڑھکر یاد رکھے کہ بچہ تو بچپن سے باپ کو جو درحقیقت اسیکے مانند مجبور بندہ ہی ایسا سمجھتا ہی اور معبود عزوجل تو جلالہ و صفات کمال مین درحقیقت ہی اسکو اس سے انتہا درجہ بڑھکر سمجھنا چاہیے ولیکن کمال رحمت سے بندون سے اسکو قبول فرمایا کہ بچہ مذکور کے برابر تو یاد رکھین فافہم۔ اور نیز اللہ تعالے نے اپنے بندون کو اس بات پر ملامت و جھڑکی دی کہ وہ اپنے پروردگار کے سوا غیر کی یاد کرین اور بعض نے فرمایا کہ اسکے معنے یہ ہین کہ تیرے باپ نے جو تجھپر احسان کیا اسکی وجہ سے تو اسکو ہمیشہ یاد رکھتا ہی اور اسکا ذکر کرتا ہی حالانکہ میرا احسان تو قدیم سے بے شمار ہی پھر تو مجھے اتنا ہی یاد کر جتنا تو اپنے باپ کو یاد کرتا ہی شیخ واسطی نے فرمایا کہ لوگون کی یہ حالت ہی کہ یاد تو ایسی کرتے ہین جیسے کوئی ایسی بات کرتا ہی جسکی اسکو عادت پڑگئی اور لت ہوگئی ہو اور دعا ایک معمول عادت ہوگئی تو پھر کیسے اسکی برکتین اور بڑھتیان مانگتے ہین۔ اور ابو یعقوب مکی سے دریافت کیا گیا کہ آپ پاس آیہ کریمہ کی فرمانبرداری کے مواقع کیونکر اپنے باپ کی یاد کی طرح اللہ عزوجل کو یاد کرتے ہین فرمایا کہ مین یہ یقین جانتا ہون کہ جب اسنے مجھے مارا تو مجھے ادب یاد کیونکہ تجھسے محبت فرماتا ہی اور جب تجھسے کچھ سلب کرلیا اور لے لیا تو مین جانتا ہون کہ اسنے تجھے اسکے بدلے اپنی نزدیکی عطا کی۔ اور تجھے یہ روا نہین ہی کہ اسکے ساتھ بدگمانی کرے کیونکہ تجھپر شفیق ہی قال المترجم حدیث مین

آیا ہے کہ ایک عورت کے جو جہاد میں قید ہو کر آئی تھی اپنے بچہ کو ڈھونڈھتی اور جس بچہ کو پاتی اپنی چھاتی سے لگاتی یہانتک کہ اپنے بچہ کو پایا اور کمال شفقت سے اسکو چھاتی سے لگایا تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ تم بھلا ایسا خیال کر سکتے ہو کہ یہ عورت اس بچہ کو اپنے امکان بھر آگ میں ڈالے گی لوگوں نے عرض کیا کہ نہیں تو فرمایا کہ اللہ تعالےٰ اپنے بندوں پر اس سے زیادہ شفیق ہے جیسے یہ اپنے بچہ پر شفقت کرتی ہے پس اس حدیث سے اللہ تعالےٰ کی شفقت پر قیاس ہو سکتا ہے کیونکہ یہ تو سمجھانے کے طور پر مثل ہے فافہم اور ابن عطا نے ایک دن اپنے یاروں کو فرمایا کہ تم لوگ اپنی زبانوں سے اللہ تعالےٰ کو یاد کرو حتی کہ غیر کے ذکر سے جنبش نہ کرے اور اللہ تعالےٰ کو اپنے دلوں سے یاد کرو حتی کہ غیر کی حالت میں فکر نہ کرے اور اسکو اپنے اسرار سے یاد کرو تاکہ سر کو اسکی یاد سے زندگی حاصل ہو اور اسکو اپنی ارواح سے یاد کرو تاکہ تمہاری روحیں اسکے انوار سے تعلق پاویں اور شیخ مشائخ نے فرمایا کہ اللہ تعالےٰ ہی کی یاد سے صالحین نمودار ہوئے اور اللہ تعالےٰ ہی کی یاد سے اسکے نیک بندوں نے اسکے پڑوس میں کرامت کی جگہ پائی اور اسکی یاد سے عارفوں کے دل اسکے شوق میں سرشار ہو کر اسکی طرف جھک پڑے۔ قولہ ومنہم من یقول ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ۔ دنیا کی بھلائی یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ کی معرفت حاصل ہو اور اسکی مرضیات ڈھونڈھنے کی توفیق ملے بایں طور کہ دنیا میں مشغول ہونا ترک ہو جاوے۔ قولہ وفی الآخرۃ حسنۃ۔ اور آخرت کی بھلائی یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ عزوجل کا مشاہدہ حاصل ہو جس سے تمام نعمتیں آخروی سہل ہو جاویں۔ قولہ وقنا عذاب النار۔ دنیا و آخرت کی نعمتوں میں دل بستہ ہو کر خواہش کی آگ میں جلکر دوری کے عذاب میں گرفتار ہونے سے بچا۔ اور بعض نے کہا حسنہ دنیا یقین ہے اور حسنہ آخرت کشف ہے اور بعض نے کہا حسنہ دنیا یہ ہے کہ ہوا جیدہ حاصل ہوں اور حسنہ آخرت یہ ہے کہ دیدار حق جل جلالہ کا شکریہ بجا لانے سے ہمارا منہ اس لائق نہیں مگر یہ انعام ہو تو شکر کریں اور بعض نے کہا حسنہ دنیا یہ ہے کہ بدون غبار کدورت کے خاطر صاف کے ساتھ دوامی اوراد سے ذکر صافی نصیب ہو اور حسنہ آخرت یہ ہے کہ یاد سے اوٹ ہو کر جسکی یاد تھی اسکا سامنا حاصل ہو جاوے۔ اور بعض نے فرمایا کہ حسنہ دنیا یہ ہے کہ دنیا سے منہ پھیر لینا نصیب ہو اور آخرت کا حسنہ یہ ہے کہ آخرت میں پھنس جانے سے چھوٹنا نصیب ہو اور عذاب دوزخ سے نجات یہ ہے کہ دنیا و آخرت دونوں کی خواہش کی آگ میں جلنے سے محفوظ فرماوے کیونکہ جو چیز بندہ کو دل سے اوٹ کر کے ہمکو اپنی طرف مشغول کرنے والی ہو وہ بدبخت و منحوس ہے۔ اور واعلی حسنہ دنیا میں حسنہ یہ ہے کہ حق جل وعلا کی طرف سے جو چیز بھلا قرار دی گئی ہو اس سے دور ہونا نصیب ہو اور حسنہ آخرت یہ ہے کہ اپنے اعمال افعال سے نظر ہٹ جاوے اور فضل رحمت ہی کی طرف ناظر نصیب ہو۔ یعنی باوجود طاعت خوب کے ہمیشہ قصور دیکھے اسواسطے کہ حقیقی بندگی حال ہو تو یہ کہ ہر چیز پر نظر کرنا ہو سوا حق تعالےٰ کے۔ اور شیخ ابن عطا نے کہا کہ جو نصیب ہو اسپر قناعت اور جو حکم ہو اسپر رضامندی حاصل ہو اور بعض نے کہا کہ حسنہ دنیا محبت حق ہو اور حسنہ آخرت یہ کہ اسکی نزدیکی حاصل ہو اور عذاب النار یہ کہ اپنی حضور سے دور و فراق سے مجبور کرنے کی آگ سے بچاوے اور دوزخ کی آنچ نہ لگے۔ اور بعض نے کہا کہ حسنہ دنیا توفیق حق اور حسنہ آخرت اسکی قربت ہے اور بایں محروم ہونا ہی عذاب النار ہے

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ

اور یاد کرو اللہ کو کئی دن گنتی کے پھر جو کوئی جلد چلا گیا دو دن میں اسپر گناہ نہیں ہے اور جو کوئی رہ گیا اسپر نہیں گناہ

لِمَنِ اتَّقٰى وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

جو کوئی ڈرتا رہا اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ تم اسی پاس جمع ہوگے

پھر بقیہ احکام ایام منیٰ ارشاد فرماتے بقولہ تعالےٰ۔ وَاذْكُرُوا اللّٰهَ فِيْ اَيَّامٍ مَّعْدُوْدٰتٍ۔ اور گنتی کے ایام میں اللہ تعالےٰ کی یاد کرو صرف یہ ایام تشریق کے تین دن ہیں ہر روز بعد زوال کے تین جمرات پر کنکریاں بھی مارے۔ حدیث میں ہے کہ یہ ایام کھانے پینے اور یاد الٰہی کے دن ہیں الصحیح فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ۔ پس جسنے جلدی کی دو دن میں یعنی ایام تشریق میں سے دوسرے دن رمی الجمار کر کے رخصت ہو گیا فَلَآ اِثْمَ

علیہ۔ تو اسپر گناہ نہیں ہے ف یہ امر جائز ہے۔ وَمَنْ تَاَخَّرَ۔ اور جسنے تاخیر کی ف یعنے تیسرے دن رمی الجمار کے بعد روانہ ہوا۔ فَلَآ اِثْمَ عَلَيْهِ تو اسپر بھی کچھ گناہ نہیں ہے ف بلکہ ایک دن رمی کا ثواب مزید ہے۔ تو فائدہ بیان یہ کہ لوگ ان دونوں باتوں میں مختار ہیں اور تاخیر افضل ہے کیونکہ اسمیں ثواب زائد ہے پھر فرمایا۔ لِمَنِ اتَّقٰى۔ واسطے اس شخص کے جسنے تقوی کیا ف یعنے گناہ نہوتا ایسے بندے کے لیے ہے جسنے تقوی سے مناسک حج ادا کیے کیونکہ حاجی درحقیقت وہی ہے جو حج سے پہلے سب گناہ بخشانے کے لیے مطیع ہوا اور حج سے گناہان سابق بخشے جاتے ہیں برخلاف بدکاری رفث وفسوق وجدال کے کہ یہ شخص بیباک ہے لہذا فرمایا۔ وَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّكُمْ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ۔ اور اللہ تعالے سے تقوی رکھو اور جان لو کہ تم اسی کی طرف حشر کیے جاؤگے ف تو تمکو تمہارے افعال کی جزا دیگا۔ مترجم کہتا ہے کہ میرے نزدیک قولہ لمن اتقی سے تقوی شرک مراد ہے یعنے یہ حکم مغفرت اس شخص کے لیے ہے جو مومن ہو ورنہ کفار جو دنیاوی دعا مانگتے تھے اور آخرت سے منکر تھے انکو اس حکم سے کہ وہ گناہ نہیں کچھ نصیبہ نہیں ہے حالانکہ شبہہ ہوتا تھا کہ بعد دعاے سابق کے یہ حکم شاید عام ہو پس خاص کردیا کہ صرف اہل ایمان کے لیے ہے۔ جاننا چاہیے کہ دسویں ذی الحجہ میں قربانی وطواف کے بعد تین روز جاکر منی میں رہتے ہیں اور رمی جمار کرتے اور ذکر وتکبیر کہتے ہیں۔ پھر جاننا چاہیے کہ جمہور کے نزدیک یہ خطاب حاجیوں اور غیر حاجیوں سب کو ہے چنانچہ حنفی مذہب میں بھی نماز جماعت کے بعد تکبیر واجب ہے اور نفل کو مستحب ہے اگرچہ وہ اپنے وطن میں ہو حج میں نہو اور بعض نے کہا کہ فقط حاجیوں کے ساتھ خاص ہے اور ذکر عام ہے توحید وتسبیح وتکبیر وغیرہ کو اور عمل تکبیر کے ساتھ باآواز بلند ہے اور لفظ اسکے ہمارے نزدیک۔ اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد۔ ہیں کماروی وصح۔ اور یہ ذکر وقت قربانی کے اور نماز جماعت کے پیچھے اور رمی جمار کے وقت اور سوائے اسکے سب اوقات کو شامل ہے اور یہی بیہقی وغیرہ نے ذکر کیا ہے اور یہی شیخ ابن کثیر نے لکھا کہ عمر بن الخطاب سے ثابت ہوا کہ وہ منی میں اپنے قبہ میں تکبیر کہا کرتے پس انکی تکبیر بازار والے تکبیر کہتے یہانتک کہ تکبیروں کی آواز سے منی گونج جاتا تھا اور اس باب میں حضرت ابوہریرہ وغیرہ صحابہ سے آثار وارد ہیں سیوطی نے لکھا کہ قولہ تعالے۔ اذکروا اللہ۔ یعنے رمی جمرات کے وقت ذکر الٰہی کرو مترجم کہتا ہے کہ یہ قید نہیں بلکہ بطریق زیادت خصوصیت کے ہے کیونکہ ایام تشریق میں اسی قعدے سے منی جاتے ہیں کہ رمی جمرات کریں گے اسوقت ضرور ہے کہ تکبیر کہینگے۔ وقولہ فی ایام معدودات شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ ابن عباس نے فرمایا کہ ایام معدودات تو ایام تشریق ہیں اور ایام معلومات دس دن ذی الحجہ کے ہیں۔ اور عکرمہ نے کہا کہ نمازہاے فریضہ کے بعد تکبیر اللہ اکبر اللہ اکبر ہے۔ قرطبی نے کہا کہ علما میں کچھ اختلاف نہیں کہ اس آیت میں ایام معدودات سے ایام منی مراد ہیں اسپر ابن عبد البر وغیرہ نے اجماع نقل کیا ہے ابن کثیر نے لکھا کہ عبد الرحمن بن یعمر الدیلی کی حدیث پہلے گذری کہ ایام منی کے تین روز ہیں اور بخشیش الہذلی سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ایام تشریق تو کھانے پینے اور اللہ تعالے کو یاد کرنے کے دن ہیں رواہ مسلم اور قسم نے ابن عباس سے روایت کی کہ ایام معدودات ایام تشریق چار روز ہیں ایک روز قربانی اور تین دن اسکے بعد کے اور ایسا ہی ابن عمر وابن الزبیر وابو موسی وعطاء ومجاہد وعکرمہ وسعید بن جبیر وابو مالک وابراہیم نخعی وحسن بصری وقتادہ وزہری وربیع بن انس ومالک بن انس وغیرہم سے مروی ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ وہ تین روز ہیں ایک روز قربانی اور دو روز اسکے بعد کے انمیں سے جس دن چاہے ذبح کرے مگر افضل نہیں ہے اول وہی ابن کثیر نے کہا کہ مشہور قول اول ہے یعنے چار روز ہیں مترجم کہتا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول ایام قربانی کا بیان ہے چنانچہ آخر کلام اسپر شاہد ہے پس ایام تشریق اگرچہ یوم النحر کے بعد تین روز ہوں مگر قربانی انمیں سے صرف بعد کے دو ہی روز میں روا ہے اور اسیکو امام ابوحنیفہ اور انکے صاحبین نے اختیار کیا ہے اور یہی ابن عمر سے بھی مروی ہے اور ابن جریر نے سعید بن المسیب کے طریق سے ابوہریرہ سے روایت کی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن حذافہ السہمی کو روانہ کیا کہ منی میں پھر کر پکار دیں کہ ان دنوں میں روزے مت رکھو کہ یہ دن کھانے پینے اور یاد الٰہی عزوجل کے ہیں وعطا نے عائشہ سے روایت کی کہ نبی کریم صلعم نے روزے ایام تشریق سے منع کیا اور یہ ایام کھانے پینے وذکر اللہ عزوجل کے ہیں اور محمد بن اسحق نے اپنی

اسناد سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کی کہ وہ رسول اللہ صلعم کے بغلہ بیضا پر سوار آئے یہانتک کہ جمعہ انصار پاس کھڑے ہوئے اور یوں کہتے تھے کہ ای لوگو یہ روزہ رکھنے کے دن نہیں ہیں یہ کھانے پینے اور ذکر اللہ تعالے کے دن ہیں **قال المترجم** یہی مذہب ہے ابو حنیفہ اور انکے صاحبین کا اور پہلے گذرا کہ جسنے تمتع کے ایام حج کے تین روزے نہ رکھے ہوں وہ بھی ان ایام میں نہیں ادا کر سکتا ہے خلافا للشافعی ۔ اور اس تکبیر کا شروع وختم کس وقت سے کب تک ہے اسمیں علما کے چند اقوال ہیں اول آنکہ روز عرفہ کی نماز صبح سے لیکر آخر ایام تشریق کے عصر تک ہے اور اسمیں دار قطنی نے ایک حدیث روایت کی ولیکن حدیث مرفوع ثابت نہیں ہوتی ہے ابن کثیر نے کہا کہ یہی زیادہ مشہور قول اور اسی پر عمل ہے میں کہتا ہوں کہ یہی امام ابو یوسف وامام محمد کا قول اگر پس بنا بریں تکبیر چھ تشریق نمازوں میں ہوئی اور حضرت ابن مسعود سے روایت ہے کہ ایام النحر یعنے بارھویں کے عصر تک ہے اور یہی قول ابو حنیفہ کا ہے پس بنا بریں جملہ اٹھارہ نمازوں میں تکبیر ہوئی اور بعض نے کہا کہ یوم النحر یعنے دسویں کے ظہر سے لیکر آخر ایام تشریق کی نماز صبح تک ہے پس بنا بریں پندرہ نمازوں میں تکبیر ہوگی اور یہی امام مالک وامام شافعی کا قول ہے بخاری نے ابن عمر سے روایت کی وہ منی میں ان ایام میں نمازوں کے پیچھے اور بچھونے پر اور خیمہ میں اور نشست گاہ میں اور رفتار کی حالت میں سب حالتوں میں برابر تکبیر کہتے تھے ۔ اور جاننا چاہیے کہ رمی جمار میں ہر کنکری کے ساتھ تکبیر کہنا مسنون ہے اور وہ بالاتفاق سنت ہے یعنے واجب نہیں ہے ۔ قولہ فمن تعجل فی یومین ای وہ سرے روز دن ہی دن میں رمی جمار کے بعد چلا آیا ۔ اور یہ شافعی کا قول ہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک اگر تیسرے روز کی فجر ہونے سے پہلے چلا آیا تو بھی روا ہے ۔ اگر کہا جاوے کہ چلا آنا کوئی ممتد چیز نہیں جو ایک روز پہلے سے دوسرے روز تک ممتد ہوئی کہ وہ دوسرے روز آیا یعنے گیارھویں سے بارھویں تک ممتد نہیں ہو سکتا بلکہ وہ فقط بارھویں کو واقع ہوا پس یہ میں کے کیا معنے ہیں جواب یا گیا کہ یہ بطریق مجاز ہے جیسے قولہ نسیا حوتہما ۔ دونوں بھولے اپنی مچھلی حالانکہ بھولنے والا فقط یوشع تھے اور یا یہ کہ بتقدیر مضاف ہے ای فی ثانی یومین ای دوسرے دونوں دن میں ۔ قولہ ومن تاخر فلا اثم علیہ ای اگر تیسرے روز کی فجر ہو گئی اور وہ وہیں تھا تو تیسرے رمی الجمار کے روانہ ہونا جائز نہیں ہے پس رمی جمار روز سوم کے بعد روانہ ہوا تو بھی کچھ گناہ نہیں اور جاننا چاہیے کہ وقت رمی جمار کا بعد زوال کے ہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک تیسرے روز قبل زوال کے رمی جمار کر کے چلے آنا بھی روا ہے ۔ اور تعجیل وتاخیر دونوں صورتوں میں گناہ نہ ہونے کے معنے یہ ہیں کہ دونوں باتوں میں اختیار دیا گیا ہے ۔ اگر کہا جاوے کہ تاخیر کرنا تو بالاتفاق افضل ہے ۔ جواب یا گیا کہ فضل اور افضل کے درمیان اختیار دیا جانا جائز ہے مثلاً مسافر کو روزہ رکھنے اور نہ رکھنے دونوں کا اختیار ہے اگرچہ روزہ رکھنا افضل ہے کیونکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۃ الفتح میں خود روزہ رکھا تھا اور علی وابن مسعود نے فرمایا کہ آیت کے معنے یہ ہیں کہ جسنے تعجیل کی اسکے لیے بخشش کی گئی اور جسنے تاخیر کی اسکے لیے بخشش کی گئی ۔ اگر کہا جاوے کہ آیت کریمہ کو اس تقسیم سے فرمانے میں کیا حکمت ہے تو جواب یہ ہے کہ زمانہ جاہلیت کے لوگ دو فریق تھے بعضے تو تعجیل کرنے والے کو گنہگار سمجھتے تھے اور بعضے تاخیر کرنے والے کو گنہگار جانتے تھے پس اللہ تعالے نے رد کر کے آیت میں دونوں سے صریح گناہ دور فرمایا پس تاخیر افضل ہونے کو منافی نہیں ہے اور قولہ لمن اتقی ۔ اسکا مبتدا مقدر ہے جیسا کہ مفسر سیوطی نے کہا ای نفی الاثم ثابت لمن اتقی یعنے گناہ نہونا ایسے شخص کے لیے جسنے تقوی کیا رفث وغیرہ سے یہ کلام بنسبت قول بعض کے کہ ذلک التخییر یا ذلک الحکم لمن اتقی ۔ کیونکہ ظاہری حکم تو عام ہے مترجم کے نزدیک تقوی شرک یعنے ایمان لانا چاہیے چنانچہ سابق میں مذکور ہوا کہ گناہ کی نفی اہل شرک کی کسی حالت پر نہیں ہے ۔ بالجملہ اسمیں تکریم اس شخص کی ہے جسنے حج میں تقوی کیا ہے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ جسنے حج کیا اور اسمیں رفث وفسوق نہ کیا تو وہ اپنے گناہوں سے ایسا پاک نکل گیا جیسے اس دن تھا جس دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے یہ فضیلت اسی کے واسطے ہے جسنے ظاہر وباطن ایمان کے ساتھ حج کیا ہو ورنہ کافر ومنافق جو تقوی نہیں کرتا مذموم ہے چنانچہ فرمایا ۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰى مَا فِيْ قَلْبِهٖ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ

اور بعضا آدمی ہی کہ خوش آوے تجکو بات اسکی دنیا کی زندگی مین اور گواہ پکڑتا ہی اللہ کو اپنے دل کی بات پر اور وہ سخت جھگڑالو ہی

وَاِذَا تَوَلّٰى سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ ۭ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ وَاِذَا

اور جب پیٹھ پھیرے دوڑتا پھرے ملک مین کہ اسمین بیرانی کرے اور ہلاک کرے کھیتیان اور جانین اور اللہ خوش نہین رکھتا فساد کرنا اور جو

قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ

کہیے اللہ سے ڈر تو کھینچ لاوے اسکو غرور گناہ پر بھرپس ہی اسکو دوزخ اور بری ہی مواد ہی

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّعْجِبُكَ قَوْلُهٗ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا۔ اور آدمیون مین سے بعض وہ ہی کہ دنیاوی زندگی مین اسکی بات تجھے پسند آتی ہی ف اور آخرت مین نہین پسند آویگی کیونکہ وہ اپنے اعتقاد سے مخالف ہی۔ وَيُشْهِدُ اللّٰهَ عَلٰي مَا فِيْ قَلْبِهٖ۔ اور وہ اپنے قلب کی بات پر اللہ تعالےٰ کو گواہ لاتا ہی۔ ف یعنے کہتا ہی کہ اللہ تعالےٰ گواہ ہی کہ مین آپ سے دل سے محبت رکھتا ہون اور جو زبان سے کہتا ہون یہی میرے دل مین ہی۔ وَهُوَ اَلَدُّ الْخِصَامِ۔ حالانکہ یہ شخص سخت جھگڑالو ہی ف تیرے ساتھ اور تیرے پیروی کرنے والون کے ساتھ سخت خصومت رکھتا ہی اس سبب سے کہ اوسکو تجھسے سخت عداوت ہی۔ واضح ہو کہ یہ شخص بنی زہرہ مین سے اخنس بن شریق منافق تھا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے میٹھی میٹھی باتین کرتا کہ مین آپ پر ایمان لایا اور آپکا دلی دوست ہون تو آنحضرت صلعم کی مجلس مین نزدیکی پاتا پس اللہ تعالےٰ نے اسکو اس بات مین جھٹلایا اور یہی منافق مذکور ایک رات بعضے مسلمانون کی کھیتی اور بیل چلانے کے گدھون کی طرف گذرا پس کھیتی کو جلا گیا اور گدھون کی کوچین کاٹ دین جیسا کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا

وَاِذَا تَوَلّٰى۔ یعنے جب تیرے پاس سے پھرا ف تاکہ اپنی قوم مین لوٹ جاوے۔ سَعٰى فِي الْاَرْضِ لِيُفْسِدَ فِيْهَا۔ تو ملک مین اس غرض سے چلا کہ وہان فساد پھیلاوے۔ ف یعنے یہ شخص زمین مین فساد پھیلانے والا ہی چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے پھرا تو راہ مین رات کو بوجہ عداوت کے چاہا کہ ایذا مسلمین کے لیے فساد کرے۔ وَيُهْلِكَ الْحَرْثَ وَالنَّسْلَ۔ اور کھیتی کو اور جانورون کی نسل کو تباہ کرے ف یہ بھی منجملہ اسکے فساد کے ہی کہ کھیتی وہل کے جانور ہلاک کر دیے یعنے کھیتی اوجاڑنا اور مویشی کا ہلاک کرنا منجملہ اسکے فساد کے ہی۔ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الْفَسَادَ۔ اور اللہ تعالےٰ فساد پسند نہین کرتا ہی ف یعنے اللہ تعالےٰ فساد کرنے سے راضی نہین ہی۔ وَاِذَا قِيْلَ لَهُ اتَّقِ اللّٰهَ۔ اور جب اس منافق سے کہا جاوے کہ تو اللہ تعالےٰ سے ڈر ف یعنے اپنی بدکاری سے خوف کر۔ اَخَذَتْهُ الْعِزَّةُ بِالْاِثْمِ۔ تو عزت اسکو گناہ کرنے پر اُبھارے ف یعنے جاہلیت کی حمیت اسکو بدکاری پر آمادہ کرتی ہی۔ فَحَسْبُهٗ جَهَنَّمُ ۭ وَلَبِئْسَ الْمِهَادُ۔ پس اسکو جہنم کافی ہی اور البتہ وہ بہت برا بچھونا ہی ف مہاد بچھونا جسمین بچھ پالے جاتے ہین یہ آیت عطف ہی قولہ ومن الناس من یقول پر اور دونون مین مناسبت یہ ہی کہ جب بیان حج کا انجام اسطرف آیا کہ ان مناسک مین سے ذکر و دعا کا انقسام مومن و کافر کی طرف ہوا تو اسکو منافق و مخلص دو قسمون کے بیان سے تمام کر دیا اور بعض نے فرمایا کہ جب حج سے آفاق مین متفرق ہونیکا ذکر آیا تو انکو حکم فرمایا کہ حج کا تقوی شعار برکات تھا اور جب آفاق مین متفرق ہو کر اسوقت تک کہ اللہ عزوجل کی طرف محشور ہو اگرچہ موت ہوگا تقوی کرو تو موجب فوز عظیم ہی پھر فرمایا کہ بعضے ظاہر مین پرہیزگار معلوم ہوتے ہین اور باطن خراب جہنمی ہین اور بعضے حقیقت مین متقی ہوتے ہین اور یہ اللہ تعالےٰ کے نزدیک محبوب ہین پس دو قسمون کو ذکر فرمایا ایک بقولہ ومن الناس من یعجبک الی آخرہ۔ اور دوم بقولہ ومن الناس من یشری نفسہ الخ۔ شیخ ابن کثیر وغیرہ نے ذکر کیا کہ سدی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اخنس ابن شریق ثقفی کے حق مین آیت اتری کہ وہ رسول اللہ صلعم کے پاس آیا اور اسلام کو ظاہر کیا اور باطن مین اسکے برخلاف تھا۔ اور مذکور ہی کہ یہ منافق صورت کا اچھا اور حضرت صلعم سے میٹھی میٹھی باتین کیا کرتا تھا اور قسم کھاتا تھا کہ مین مومن اور آپکا محب ہون اور کہتا

اللہ تعالےٰ جانتا ہو کہ میں سچا ہوں۔ اور حضرت ابن عباس سے مروی ہو کہ یہ آیت چند منافقوں کے حق میں اتری جنھوں نے حبیب رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں کے حق میں جو رجیع میں شہید ہوے تھے کچھ باتیں کہیں اور عیب لگایا پس اللہ تعالےٰ نے منافقوں کی مذمت اتاری اور حبیب اور انکے ساتھیوں کی بقولہ ومن الناس من یشری نفسہ یعنے اگلی آیت سے مدح فرمائی۔ اور بعض نے فرمایا کہ یہ سب منافقوں وسب مومنوں کے حق میں عام ہو اور یہی قول قتادہ ومجاہد وربیع بن انس وغیرہم کا ہو اور یہی صحیح ہو مفسر جرجانی کہتا ہو کہ ان روایات میں اتفاق ظاہر ہو کہ اخنس مذکور و دیگر منافقین کے حق میں ایک ہی آیت اتری اور پھر حکم اسکا سب کے واسطے عام ہو چنانچہ ابن جریر نے روایت کی کہ سعید مقبری و محمد بن کعب القرظی ذکر کرتے تھے پس سعید نے کہا کہ اللہ تعالےٰ کی بعضی اگلی کتابوں میں ہو کہ اس امت میں بعضے بندے ایسے ہونگے کہ انکی زبانیں شہد سے میٹھی اور انکے دل ایلوے سے کڑوے ہونگے لوگوں کے دکھلانے کو صوف کا لباس پہنینگے اور دنیا کو دین پر جراءت سے اختیار کرینگے اور اللہ تعالےٰ نے انکے حق میں کہا کہ مجھی پر جراءت کرتے ہیں اور میرے ہی ساتھ فریب بناتے ہیں قسم ہو مجھے اپنی عزت کی کہ اپنپر ایسا فتنہ بھیجونگا کہ انمیں کا حلیم حیران ہجاوے پس محمد بن کعب نے کہا کہ یہ کتاب اللہ یعنے قرآن مجید میں موجود ہو تو سعید نے کہا کہ قرآن میں کہاں ہو پس محمد بن کعب نے کہا۔ قولہ تعالےٰ ومن الناس من یعجبک قولہ فی الحیوۃ الدنیا الآیۃ ہو تو سعید نے کہا کہ جسکے حق میں یہ آیت اتری ہو وہ مجھے معلوم ہو پس محمد بن کعب نے کہا کہ آیت تو کبھی ایک شخص کے حق میں نازل ہوتی ہو پھر وہ سب کے حق میں جو اس حال کا ہووے عام ہوتی ہو اور ابن کثیر نے کہا کہ محمد بن کعب کا قول پسندیدہ وصحیح ہو مفسر جرجانی کہتا ہو کہ یہاں سے ظاہر ہو گیا کہ روایات سب متفق ہیں اور چونکہ تصریح سبب نزول بقول سدی اخنس بن شریق ہو لہذا مفسر سیوطی وغیرہ نے اسیکو اختیار کیا ہو اور وہی موافق بظاہر آیت ہو اور شریق پر وزن کریم ہو نص علیہ فی الکاملین۔ قولہ یعجبک قولہ اعجاب یعنے استحسان الشیء یعنے کسی چیز کو مستحسن جاننا اور اسکی طرف میل کرنا اور اسکی تعظیم کرنا اور عجب ایک حیرت ہو جو انسان کو کسی چیز سے ہو جاتی ہو اس لیئے وہ شی ظاہر اور اسکا سبب پوشیدہ ہو پس یہ درحقیقت کوئی امر نہیں بلکہ ظہور سبب نہونے سے ہو تا آنکہ جسپر سبب ظاہر ہوا اسکے نزدیک وہ چیز عجیب نہیں جو دوسرے پر عجیب ہو۔ قولہ فی الحیوۃ الدنیا۔ یعنے دنیا میں تو اسکا قول جو عمدہ مطابق ایمان ظاہر کرتا ہو تجھے خوش آتا ہو کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کا اسلام وایمان دوست رکھتے تھے ظاہر ہوا کہ آخرت میں حضرت صلعم کو پسند نہ آویگا کیونکہ کھل جاویگا کہ قول اسکا مخالف اعتقاد تھا۔ قولہ اللہ علی ما فی قلبہ۔ یعنے اسکے یہ ہیں کہ جب اسنے لوگوں کے سامنے اپنا مسلمان ہونا ظاہر کیا تو اسکے واسطے قسم کھائی اور اللہ تعالےٰ کو انکے لیے گواہ کیا کہ جو اسکے دل میں ہو اسکی زبان سے موافق ہو اور ابن جریر رحمہ اللہ نے اسکو ابن عباس کی طرف منسوب کیا اور مجاہد سے نقل کیا اور اسیکو اختیار کیا اور ابن کثیر نے کہا کہ یہ معنے صحیح ہیں اور جمہور کی قراءت میں یشہد بضم یاء ونصب لفظ اللہ ہو۔ قولہ وہو الد الخصام مفسر سیوطی نے کہا شدید الخصومۃ اور سراج میں ہو کہ حسن نے کہا کہ الد الخصام ای کاذب القول اور قتادہ نے کہا یعنے بدکار سخت دل ہو بات میں نیک بنتا ہو اور عمل میں بدکار ہو حدیث صحیح میں ہو کہ منافق کی تین نشانیاں ہیں جب بات کرے تو جھوٹ بولے اور جب عہد باندھے تو غدر کرے اور جب مخاصمہ کرے تو فجور کرے۔ اور بخاری میں عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہو کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ان ابغض الرجال الی اللہ الالد الخصم آدمیوں میں سے سخت مبغوض آدمی اللہ تعالےٰ کے نزدیک الد خصم ہو یعنے جو سخت جھگڑالو ہو مجاہد نے کہا کہ حرث پیداوار زمین ہو ونسل ہر ایک آدمی وجانور کی نسل ہو اور ابن عباس سے مروی ہو کہ نسل ہر جانور زمین پر چلنے والا ہو ابن کثیر نے قتادہ سے نقل کیا یعنے جب چلا یہ منافق زمین میں فساد کرنیکو تو اللہ تعالےٰ نے باران کو روکدیا پس حرث ونسل ہلاک ہووے اور بعض نے کہا کہ جب زمین میں والی ہوا تو اسنے ظالموں کے افعال کیے کہ حرث ونسل کو ہلاک کیا اور اظہر وہی جو مفسر سیوطی نے اختیار کیا یعنے جب یہ منافق تیرے پاس سے پھرا تو ملک میں فساد کرنے چلا چنانچہ یعنے مسلمانوں کی کھیتی رات میں جلادی اور گدھوں کی کونچیں کاٹ دیں اور بیضاوی وغیرہ میں ہو کہ بات یہ تھی کہ اس اخنس

لہ ان محل کا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہونا بخاری وغیرہ اور اقوال مفسرین سے ثابت ہو والسلام

مذکور اور نبی لطیف کے درمیان کچھ خصومت تھی پس ایک رات انکی ناک لگائی پس انکی کھینچیان جلاوین اور مواشی مار ڈالے۔ قولہ لایحب الفساد ای لایرضی ہو یعنے اللہ تعالے فساد سے راضی نہین ہو اور محبت دراصل میل قلب ہو چونکہ اللہ تعالے کے حق مین محال تھا لہذا اسکے لازم یعنے خواہندی سے تفسیر کیگئی اور آیت مین افادہ ہو کہ اتق اللہ سے دوسرے کو نصیحت کرنا جائز ہو اور عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہو کہ بڑے گناہون مین سے اللہ تعالے کے نزدیک یہ گناہ ہو کہ آدمی اپنے بھائی مسلمان سے کہے کہ اتق اللہ پس وہ جواب دے کہ تو اپنی خبر لے تو مجھے کیا نصیحت کرتا ہی۔ اور سفیان رح سے روایت ہو کہ کسی نے مالک بن مغول سے کہا کہ اتق اللہ پس وہ اللہ عزوجل کی تواضع کے واسطے زمین پر گر پڑے اور اپنا رخسارہ زمین پر رکھدیا۔ قولہ فحسبہ جہنم ای کافی ہو اسکو جزا و عقاب کے لیے۔ قولہ وبئس المہاد یہ بطریق توہین ہو اسواسطے کہ مہاد جمع مہد کی جو آرام پانے اور سوجانے کے لیے تیار ہوا ہی سے بچے کے پالنے کو مہد کہتے ہین اور ظاہر یہ ہو کہ مہاد اسم مفرد بچھونا ہی جو سونے و آرام کے لیے تیار ہوا اور مجاہد سے مروی ہو کہ معنے یہ ہین بہت بری ہو وہ چیز جو انھون نے اپنی جانون کے واسطے تیار کر رکھی ہو اور ابن عباس نے فرمایا بری منزل ہو اور اس آیت مین چند مسائل ہین اول علمانے کہا کہ اگر دروغ پر اللہ تعالے کو شاہد کرے جان بوجھکر تو کافر ہی۔ دوم آنکہ الد الخصم سخت جھگڑالو آدمی اللہ تعالے کے نزدیک نہایت مبغوض ہو۔ سوم حرث و نسل کو بلا وجہ شرعی ہلاک کرنا حرام ہو۔ چہارم شکار کرنا اگرچہ مباح ہو لیکن لہو و خواہش نفسانی سے مکروہ ہو۔ پنجم اللہ تعالے محبت کرتا ہی ولیکن محب کی اطلاق کے سوائے عاشق یا معشوق یا حبیب یا محبوب وغیرہ جو الفاظ عرف مین حقیر معنے مین استعمال پاگئے ہین انکا اطلاق جناب باری کی شان مین حرام ہو اور یہی اصح ہو فی عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے ومن الناس من یعجبک قولہ فی الحیوۃ الدنیا۔ اسمین مدعی اور واصل کی طرف اشارہ ہو پس واصل تو وہ ہو کہ اللہ تعالے کی دستگیری سے کسی مقام کو پہونچ گیا پس جو کہتا ہی وہ اپنے علم کے موافق کہتا ہی اور مدعی وہ ہو کہ بیہودہ دعوی کرتا ہی پس مدعیون مین سے بعض وہ شخص ہو کہ جب وہ اپنی مزخرفات اور ظالمانہ بیان کرتا ہی تو تجھے خوش کرتا ہی یعنے اس نظر سے کہ اللہ تعالے نے اسکو اس رتبہ کو دین مین پہونچادیا حالانکہ وہ کچھ بھی نہین اجنبے ایسے لوگ ہین کہ دقیق باتین گڑھکر کہینگے اور اہل معرفت سے جو خاص احوال و کرامتین سنی سنائی ہین اور باریک علوم و اشارات کو ظاہر کرینگے حالانکہ وہ لوگ ضلالت کے میدان مین سرگردان ہین ان لوگون کی زبان تو انبیا علیہم السلام کی زبان ہو یعنے حدیث و قرآن بیان کرینگے۔ اور قلوب انکے بھیڑیون کے سے ہین اسواسطے کہ اللہ تعالے نے ایمان و معرفت کا نور انکے دلون سے سلب کر لیا ہی۔ اب جان لینا چاہیے کہ یہ کون لوگ ہین پس یہ وہ لوگ ہین جنھون نے راہ سنت کے برخلاف بدعتون کو نکال لیا اور اپنے نفس کی خواہشون پر چلنے ہین پس یہ لوگ اہل ہوا و اہل بدعت ایسے بدتر ہین کہ اس امت کے مومنون کو فتنہ مین ڈالتے ہین اور انکو راہ حق سے روکتے و گمراہی کی طرف کھینچتے ہین اور راہ صواب والون پر انکار کرتے ہین اور جو لوگ بجانب حق ارادہ کرتے ہین انکو اغوا کرتے اور فریب دیتے اور راہ سنت سے روکتے ہین یہ لوگ البتہ جھوٹے ہین جو دعوی کرتے ہین دروغ ہین دروغ باتون سے اپنے آپ کو اولیا صدیقین کہلواتے ہین اور مخلوق کے لوگ انکی ہیات و لباس سے دھوکا کھاتے ہین۔ راتون کی شب بیداری اور نماز مین کھڑے رہنے کے اپنے سوجے ہوے پانون دکھلاتے اور اپنی آستینون کو تر کوتاہ بناتے اور زرد چہرے ظاہر کرتے اور میٹھی باتین بناتے ہین تاکہ ان چیزون سے لوگون کے دلون کو اپنی طرف جذب کرین اور لوگون کو ایسا معتقد بنادین کہ انکی گردنون پر اپنے قدم رکھکر چلین یہ مدعیان جاہل اپنی لن ترانیون سے لوگون کے مال کھاتے اور صورتین بناکر اتراتے ہین اور بعض چوڑی کرامات بیان کرتے ہین اور خلوت مین بیٹھکر اپنے احمق مریدون کے دلون مین ہوسات دنیا و نفاق و دلیری و بیباکی کے بیج بوتے ہین یہ لوگ اہل بدعت و ہوا ہین مترجم کہتا ہی کہ اہل بدعت و ہوا دو قسم کے ہین ایک وہ لوگ جو اعتقاد کی باتون مین راہ حق و اعتقاد سنت چھوڑکر گمراہ ہوے مثل رافضی و خارجی وغیرہ کے بعض احادیث صحیح مین ان لوگون کی حالت

یون مذکور ہی کہ عبادت و قرآن کی تلاوت وغیرہ مین تم لوگ اپنی عبادت کو انکے مقابلہ مین ہیچ سمجھوگے مگر حال یہ ہی کہ قرآن ان لوگون کے حلق سے نیچے نہ اترےگا اور یہ لوگ دین سے ایسے نکل جاوینگے جیسے کمان سے تیر نکل گیا۔ پس یہان سے ہر دیندار پر لازم ہی کہ شیطانی وسوسہ سے بچنے کے لیے اللہ تعالے سے توفیق مانگے اور راہ سنت و طریق صواب سے ایک قدم باہر نہو اور اپنی عقل و نکل و قیاس کا پابند نہو اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ اگر دین مین نکل کام کرتی تو موزہ کے اوپر مسح کرنے کے بہ نسبت تلوے کے رخ مسح کرنا اولی ہوتا دوسری قسم کے اہل بدعت وہ ہین جو فروع مسائل مین خلاف سنت چلتے ہین اور اوستاد ابو القاسم القشیری نے کہا کہ اسمین اشارہ ہی کہ جن اہل ظاہر کو انوار بصیرت سے مساعدت نہین حاصل ہوئی ہی وہ احکام ظاہر کے ساتھ مربوط ہین انکو تو مقامات پر ایمان ہی نہین اور نہ اس جملہ کی عینائی ہی یعنے اسرار سے وہ بالکل بے خبر ہین تو واجب ہی کہ اسرار کو انسے محفوظ رکھا جاوے **قال المترجم** پس ظاہر کرنے والا ضرور گناہگار ہوگا اسیواسطے حدیث مین ہی کہ لوگون سے انکی سمجھ کے لائق باتین کرو پس جس شخص نے زعم کیا کہ وحدت وجود کا مسئلہ لا الہ الا اللہ سے ثابت ہی اسکو اعلان کرنا واجب ہی تو اسنے غلطی کی بلکہ واجب ہی کہ لوگون کو اہانت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر چلانے کی کوشش کرے اور پریشان اختلاف سے بچاوے شیخ نے ان منافقون کی مذمت مین طول کلام کیا یہانتک کہ کہا اور جب ان مفسدون سے جو دروغ دعوے باندھتے ہین کہا جاتا ہی کہ ڈرو اللہ تعالے سے اور جو تمنے دل مین چھپا رکھا ہی اسکے خلاف مت ظاہر کرو تو سرکشی کرتے اور تکبر و غرور دکھاتے ہین کیونکہ وہ اپنے قبائح و بد افعالیون سے اندھے ہین اور گمان یہ رکھتے ہین کہ ہم تو اللہ تعالے کی خلقت مین سب سے اشرف ہین اور جب انکو ایسے کام کا حکم کیا جاوے جو شرع مین معروف اور عمدہ ہی تو نہین بجا لاتے اور اگر انکی بد فعلیون سے انکو منع کیا جاوے تو باز نہین آتے کیونکہ وہ اپنے نفس کے دام تزویر سے جاہل ہین اور گمان یہ کہ ہمین توفیق ہدایت پر ہین اللہ تعالے مومنون کو انکی محوست سے بچاوے اور انکے برعکس (کی حال) ایسے بندون کی راہ دے جو اللہ تعالے کے نزدیک صادقین مومنین مقبول ہین

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ

اور کوئی آدمی ہی کہ بیچتا ہی اپنی جان چاہتا ہی خوشی اللہ کی اور اللہ شفقت رکھنے والا ہی بندون پر

یہ دوسرے فریق کا حال ہی یعنے جو لوگ مخلص و صادق ہین انکی یہ کیفیت ہی کہ اپنا جان و مال اللہ تعالے کی رضامندی کے لیے صرف کرتے ہین اور پھر شرمسار ہین کہ یہ لائق جناب کبریائی نہین ہی پس جملہ چار اقسام حاصل ہوے جو قولہ فمنہم من یقول ربنا آتنا فی الدنیا و مالہ فی الآخرۃ من خلاق سے یہانتک مذکور ہین اول وہ کہ ظاہر و باطن دنیا ہی مین رغبت رکھتے ہین۔ دوم وہ کہ دنیا مین اور آخرت مین دونون مین رغبت رکھتے ہین اور دنیا مین انکی رغبت کے یہ معنے ہین کہ دنیا مین ایسی توفیق و اسباب ملتے جاوین جن سے آخرت کا کام سنبھلتا جاوے ورنہ محض دنیا کے طالب و محب نہین ہین سوم وہ لوگ کہ ظاہر مین آخرت کے طالب بنتے ہین اور باطن مین دنیا کے طالب ہین اور وہ منافق ہین۔ چہارم وہ لوگ کہ ظاہر و باطن مین آخرت کے طالب ہین اور دنیا سے ظاہر و باطن نے رغبت ہین اور یہ ایسے لوگ ہین جنکو فرمایا۔ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ۭ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌۢ بِالْعِبَادِ **شیخ** ابن کثیر رحمہ اللہ نے ذکر کیا کہ حضرت ابن عباس و انس بن مالک رضی اللہ عنہما و سعید بن المسیب و ابو عثمان النہدی و عکرمہ و ایک جماعت رحمہم اللہ نے کہا کہ یہ آیہ کریمہ حضرت صہیب بن سنان رضی اللہ عنہ کے حق مین اتری اور بات یہ تھی کہ جب وہ مکہ مین اسلام لائے اور وہان سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے کا ارادہ کیا تو کافرون نے انکو مع مال کے ہجرت کرنے سے روکا اور کہا کہ اگر مال سے الگ ہو کر ہجرت کرنا چاہے تو جاوے پس حضرت صہیب نے مال انکو دیدیا اور اپنی جان کو خلاص کر لیا اور ہجرت کر کے چلے اور یہان مدینہ منورہ مین اللہ تعالے عزوجل نے انکے حق مین یہ آیہ کریمہ نازل فرمائی تھی پھر جب

وہ مدینہ کے قریب پہونچے تو حرّہ کے کنارے عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اور ایک جماعت صحابہ سے ملاقات ہوئی پس ان لوگوں نے اُنسے کہا کہ آپ نفع دیا بیع نے تو صہیبؓ نے کہا کہ ہیں اور تم سب اپنی تجارت میں نفع پاؤ ہیں اور اللہ تعالے تمہاری تجارت کو کبھی ٹوٹنے نہ دے لیکن یہ بات کیا ہے جو تم نے فرمائی ان لوگوں نے صہیب کو آگاہ کیا کہ اللہ تعالے نے انکے حق میں یہ آیت نازل فرمائی ہے اور روایت کیا گیا ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی صہیب کو فرمایا کہ بھلا نفع دیا بیع نے ای صہیب پس صہیبؓ نے اپنی جان کو جو مشرکوں کے پنجہ میں تھی چھوڑ کر مرضیات مولیٰ کے ہاتھ بیچ ڈالا پھر اللہ تعالے نے فرمایا ان اللہ اشتری من المؤمنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ۔ البتہ اللہ تعالے نے خرید لیں مومنوں سے انکی جانیں و اموال بعوض اسکے کہ انکے واسطے جنت ہے اور فرمایا بیع نے خرید و فروخت دونوں آتا ہے پس خرید کے معنے یہاں بعوض مرضیات آخرت کے ہیں سکتے لہذا بمعنے فروخت ظاہر ہے جیسا کہ مفسر سعود طی نے تفسیر کی ہے اور شیخ ابن کثیر نے سعید بن المسیب سے روایت ذکر کی کہ صہیب رضی اللہ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کر کے روانہ ہوئے پس قریش کے چند نفر مشرکین نے انکا پیچھا کیا جب سامنا ہو گیا تو صہیبؓ اپنی سواری سے اُتر پڑے اور ترکش کے تیر سب نکالے پھر کہا کہ ای گروہ قریش تمکو معلوم ہے کہ میں تم میں بڑا تیر انداز ہوں اور تم واللہ مجھ تک نہیں پہونچ سکو گے یہانتک کہ میرے ترکش میں جتنے تیر ہیں ایک ایک کر کے نہ مار لوں پھر اپنی تلوار سے مارونگا جب تک میرے ہاتھ میں اسمیں سے کچھ باقی رہیگا پھر تم جو چاہو کرنا اور اگر تم چاہو تو میں تمہیں اپنے مال اور اندوختہ پر جو مکہ میں ہے راہ بتاؤں اور تم میری راہ چھوڑ دو تو بولے کہ اچھا پھر انکو مال بتلا کر روانہ ہوئے پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے تو آپ نے فرمایا کہ بھلا نفع دیا بیع نے سعید رحمہ نے کہا کہ یہی آیت ومن الناس من یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ واللہ رؤف بالعباد نازل ہوئی تھی قتادہ رحمہ نے فرمایا کہ یہ آیت سب مہاجرین و انصار کے حق میں ہے یعنے جن لوگوں کی یہ تعریف فرمائی ہے وہ سب مہاجرین و انصار ہیں ابن کثیر رحمہ نے کہا کہ اکثر مفسرین کے نزدیک یہ آیت ہر اُس شخص کے حق میں اُتری جسنے اللہ تعالے کی راہ میں جہاد کیا اور جب ہشام بن عامر نے ہر دو صف کے درمیان حملہ کیا اور بعض لوگوں نے اسپر انکار کیا تو عمر و ابوہریرہ وغیرہ نے ان لوگوں کو جواب پر رد کیا اور یہی آیت پڑھی ومن الناس من یشری نفسہ ابتغاء مرضاۃ اللہ واللہ رؤف بالعباد مترجم کہتا ہے کہ قول اول میں سبب نزول کی تصریح ہے لیکن آیت اپنے معنے میں عام ہے کہ سب کو شامل ہے اور وجہ شمول باستدلال قولہ ان اللہ اشتری الآیۃ ظاہر ہے معالم میں قصہ سریہ رجیع میں حضرت خبیب و مقداد کے حق میں اس آیت کا نزول ذکر کیا اور بعد اسکے کہا کہ اکثر مفسرین کے نزدیک یہ آیہ کریمہ صہیب بن سنان رومی کے حق میں نازل ہوئی ہے پس یہی ظاہر ہے اور اسی پر مفسر سعود طی رحمہ نے اعتماد کیا ہے پس حاصل یہ ہوا کہ ابتدا میں صہیب رضی اللہ عنہ اسکا سبب نزول ہوئے اور مراد اسمیں جمیع اصحاب مہاجرین و انصار ہیں جنھوں نے رضائے حق سبحانہ تعالے کے لیے اپنی جان و مال قربان کیا واضح ہو کہ قصہ سریہ رجیع جو معالم میں مذکور اگرچہ طویل ہے ولیکن عجائب شان کو شامل ہے لہذا میں بھی اسکو ترجمہ کرتا ہوں اور بخاری نے بھی اس قصہ کو حدیث ابوہریرہ سے روایت کیا ولیکن میں معالم سے ترجمہ کرتا ہوں حضرت ابن عباس و ضحاک سے روایت ہے کہ یہ آیت سریہ رجیع و اسکے قصہ میں نازل ہوئی اور بات یہ ہوئی کہ کفار قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینہ میں آدمی بھیجا کہ ہم لوگ مسلمان ہو گئے ہیں پس آپ ہمارے پاس اپنے اصحاب میں سے چند آدمی ایسے روانہ فرمائیے جو دین کے مسائل سے خوب واقف ہوں تاکہ ہمکو آپکا دین سکھلاویں اور یہ ان کافروں کا مکر تھا پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مخبیب بن عدی انصاری اور مرثد ابن ابی مرثد الغنوی و خالد بن بکیر و عبد اللہ بن طارق بن شہاب اور زید بن الدثنہ کو روانہ کیا اور عاصم بن ثابت بن ابی الافلح انصاری کو ان سب پر سردار کیا ابوہریرہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دس اکابر کو بھیجا اور امیر عاصم بن ثابت کو امیر کیا قال المترجم اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس مکر و فریب سے آگاہی ہوئی کیونکہ خدا تعالے ان بزرگوں کی شہادت اور عجائب واقعات پر جاری تھی پس یہ لوگ چلکر مکہ و مدینہ کے درمیان لیلان رجیع میں اترے اور ان لوگوں کے ساتھ عجوہ کے گدر خرمائے جو انھوں نے

راہ میں کھانے تھے پھر ایک بوڑھیا اس راہ میں گندری اور اسنے گٹھلیاں دیکھیں پس کہا میں اپنی قوم کے پاس لوٹ گئی اور کہا کہ اس راہ میں یثرب کے لوگ مجھ کے ساتھیوں میں سے کئی ہیں پس قوم میں سے ستر مرد نیزے لیکر سوار ہوئے یہاں تک کہ ان لوگوں کو آکر گھیرا اور ابوہریرہ نے اپنی عجیب کہانی کہ انھوں نے ہذیل کے ایک قبیلہ سے ذکر کیا جنکو بنو لحیان کہتے تھے پس انمیں سے دو سو تیر انداز کے انکی تلاش میں متفرق ہوئے پس جو ان لوگوں کے نشان قدم پر تلاش کرتے چلے یہاں تک کہ انھوں نے انکا کھانا کھجوروں کا پتا ایک مقام سے جہاں اترے تھے پایا تو کہا یہ تو یثرب کے کھجوروں میں پس انھوں نے نشان قدم پر چلے اور جا پہنچے پس عاصم اور انکے ساتھیوں نے اسکا احساس کیا تو ایک ٹیلہ پر چڑھ گئے پس کافروں نے انکو گھیر لیا اور سب کو نیچے اترنے اور ہتھیار ڈالنے کو کہا اور عاصم اور انکے ساتھیوں نے کہا کہ ہم کافر کے عہد پر نہیں اترتے پھر عاصم نے تیر چلایا اور ایک شخص کو مار ڈالا پھر تیر چلایا اور ایک شخص کو مار ڈالا پھر تیسرا تیر چلایا اور ایک شخص کو مار ڈالا پس کافروں نے کہا کہ یہ تو عاصم کے تیر ہیں پس ہر تیر سے پہلے انھوں نے مشرکوں میں کے ایک بڑے مرد کو قتل کیا پھر دعا مانگی کہ ای پروردگار میں نے تیرے دین کی حمایت کی تو آخر دن میں میرے گوشت کی حمایت فرما پھر جب وہ خالی ہاتھ ہوئے تو مشرکوں نے انپر ہجوم کیا اور آخر انکو قتل کیا اور چاہا کہ انکا سر کاٹ لیجاویں تاکہ سلافہ بنت سعد کے ہاتھ فروخت کریں اور عاصم نے اس عورت کے بیٹے کو احد کی لڑائی میں قتل کیا تھا اور اس عورت نے قسم کھائی تھی کہ اگر عاصم کو پاؤں گی تو اسکی کھوپڑی کا پیالہ بنا کر اسمیں شراب پیونگی پس مدد عزوجل نے شہد کی بڑی مکھیوں کا ایک جھنڈ بھیج دیا جنھوں نے عاصم کو گھیر لیا اور یہ لوگ انکا سر کاٹنے پر قادر نہ ہوسکے یہاں تک کہ انکو رات ہوجاوے تو انکو بھگا دیں پس کافروں نے آپس میں کہا کہ اسکو شام تک چھوڑ دو کہ مکھیاں چلی جاوینگی تو ہم سر کاٹ لینگے پھر ایک سیاہ بادل آیا اور برسا پس اللہ تعالیٰ نے پانی کی رو بھیجی جو عاصم کو جیت کی طرف لیگئی اور یہی سیل ان کافر مقتولوں میں سے پچاس کو جہنم میں لے گئی اور عاصم نے اپنی زندگی میں عہد کیا تھا کہ کسی مشرک کو نہ چھوئیں اور نہ انکو کوئی مشرک کبھی چھوئے اور عمر بن الخطاب کو جب یہ خبر پہونچی کہ شہد کی مکھیوں نے مشرکوں کو عاصم سے بازرکھا تو کہنے لگے کہ کیا عجیب اللہ تعالیٰ کی حفاظت بندۂ مومن کے ساتھ ہے کہ عاصم نے نذر کی تھی کہ اسکو کبھی کوئی مشرک نہ چھوئے اور یہ وہ مشرک کو چھونے نہیں دیتے جیسے عاصم اپنی حیات میں ماز رہے ویسے ہی اللہ تعالیٰ نے انکو انکی وفات کے بعد بچالیا۔ قال الامام البخاری کی روایت میں ہے کہ عاصم نے مشرکوں کی ذمہ داری میں جانے سے انکار کیا پھر خبیب بن عدی انصاری اور زید بن الدثنہ باقی رہے تو مشرکوں نے انسے عہد و پیمان کیا پس جب انکی امان میں آگئے تو کافروں نے غدر کیا اور انکو باندھکر لیچلے اور ایک تیسرے بھی تھے جنھوں نے ہرگز مکہ جانا پسند نہ کیا آخر کافروں نے انکا قتل کر دیا اور ان دونوں کو لے چلے قال البغوی پس ان دونوں کو مکہ میں لے گئے پھر خبیب کو حارث بن عامر بن نوفل بن عبد مناف کے بیٹوں نے خریدا تاکہ خبیب کو اپنے باپ حارث بن عامر کے بدلے قتل کریں خبیب ہی نے حارث کو بدر کے روز قتل کیا تھا قال الامام البخاری حجۃ الوداع میں پہنچے کہ ایک حارث مرد کو خبیب بن یساف نے قتل کیا تھا اور یہاں خبیب بن عدی کا ذکر ہی شاید کافروں کو مشتبہ ہوگیا ہو واللہ اعلم پس خبیب انکے پاس قید رہے یہاں تک کہ جب حرمت کے مہینے گذر گئے تب خبیب کے شہید کرنے پر کافر مجتمع ہوئے اور خبیب نے حارث کی ایک بیٹی سے بال پاک کرنے کو استرا مانگ لیا تھا اور اس عورت کا ایک چھوٹا بچہ تھا جس سے وہ غافل ہوگئی پھر عورت نے کہا کہ وہ بچہ خبیب کے زانو پر تھا اور استرا حضرت خبیب کے ہاتھ میں تھا پس نہایت خوفناک ہوگئی تھی کہ اثر خوف اسکے چہرے سے ظاہر ہوا اور بخاری کی روایت میں ہے کہ وہ بچہ خبیب کے پاس گیا تو فرمایا کہ کیا تو ڈرتی ہے کہ میں اسکو قتل کر ڈالونگا میں ایسا نہیں کرونگا غدر کرنا ہماری شان سے نہیں ہے پھر پیچھے وہ عورت کہا کرتی تھی کہ واللہ میں نے خبیب سے بہتر کوئی قیدی نہیں دیکھا اور واللہ میں نے خبیب کو ایک روز دیکھا کہ وہ اپنے ہاتھ میں خوشہ انگور لیے ہوئے کھاتے تھے اور وہ لوہے میں جکڑے ہوئے تھے اور مکہ میں اسوقت کوئی پھل نہ تھا اور یہ کچھ نہ تھا مگر یہ رزق نادر جو اللہ تعالیٰ نے خبیب کو روزی کیا تھا۔ پھر ان کافروں نے خبیب کو حرم سے باہر نکالا تاکہ حل میں قتل کریں اور چاہا کہ اسکو سولی دیں پس خبیب نے انسے کہا کہ مجھے اتنی مہلت دو کہ میں دو رکعت نماز پڑھ لوں پس انھوں نے چھوڑا پس خبیب وہ پہلے شخص ہیں جنھوں نے ہر مسلمان کے واسطے جو حربی

۱۲ منہ

قتل کیا جاوے دو رکعت نماز پڑھنے کا طریقہ مسنون کر دیا پس دو رکعتیں پڑھیں پھر کہا کہ اگر ایسا ہوتا کہ تم لوگ گمان کرو گے کہ یہ جو میں نے کرنا شروع کیا بسبب جزع کے ہے تو میں اور زیادہ پڑھتا پھر کافروں پر بددعا کی اللھم احصھم عددا واقتلھم بددا ولا تبق منھم احدا۔ اے میرے پروردگار انکو گن گن کر ہلاک کر دے اور انکو پریشان حال قتل کر دے اور انمیں سے کوئی باقی نہ رکھ۔ پھر انھوں نے پڑھنا شروع کیا ؎ ولست ابالی حین اقتل مسلما ؎ علی ای شق کان فی اللہ مصرعی ؎ وذالک فی ذات الالہ وان یشاء ؎ یبارک علی اوصال شلو ممزع یعنے میں جبکہ حالت اسلام میں قتل کیا جاتا ہوں تو اسکی پروا نہیں کہ راہ خدا میں کس کروٹ گروں اور یہ تو باری تعالے کی عنان ہو اگر وہ چاہے تو پریشان جوڑ جوڑ میں برکت عطا فرماوے پس کافروں نے انکو زندہ سولی دی پس یہ دعا کی کہ اے پروردگار میرے گرد کوئی ایسا نہیں ہے کہ جو تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو میرا سلام پہنچاوے پس تو ہی میرا سلام انکو پہنچا دے پھر اجر موعود پر بشارت کے طور پر انکو خبر دی اور کہا جاتا ہے کہ عقبہ بن ابی معیط نے انکو قتل کر دیا اور کہا جاتا ہے کہ عقبہ کون ہوا ایک شخص تھا اسلام لانے سے پہلے کہلاتا تھا اسکے ساتھ ایک نیزہ تھا پس حضرت خبیب کی چھاتی کے بیچ میں رکھا تو حضرت نے اس سے کہا کہ اتق اللہ سے ڈر اللہ تعالے سے پس اس بات سے اس عقبہ کو اور زیادہ غصہ ہوا اور اسنے نیزہ مار کر پار نکل گیا اور یہی ہے قول اللہ عزوجل واذا قیل لھم اتقوا اللہ اخذتہ العزۃ بالاثم اور جب کہا جاوے انکو کہ ڈر اللہ سے پکڑتی ہے انکو غیرت گناہ پر اور یہ ہے زید بن الدثنہ اور صفوان بن امیہ نے زید کو کہا کہ اپنے باپ امیہ بن خلف کے قصاص میں قتل کرنے پس زید کو اپنے غلام نسطاس کے ہاتھ تنعیم کو روانہ کیا کہ وہاں اپنے باپ کے بدلے قتل کرے اور وہاں قریش کے چند آدمی جمع ہوئے جنمیں ابوسفیان بن حرب بھی تھا پس جب زید قتل کیے جانے کے لیے آگے لائے گئے تو ابوسفیان نے کہا کہ اے زید ہم تجکو اللہ تعالے کی قسم دلاتے ہیں کہ بھلا تو کچھ اچھا معلوم ہوتا ہے کہ اسوقت یہاں بجائے تمہارے محمد ہمارے قبضہ میں ہوتے اور ہم انکو قتل کرتے اور تم اپنے لوگوں میں صحیح سلامت ہوتے تو زید نے کہا کہ واللہ مجھے یہ بھی پسند نہیں کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اسوقت جہاں ہیں وہاں انکو کوئی کانٹا لگے جو انکو اذیت دے اور میں اپنے لوگوں میں بیٹھا رہوں تو ابوسفیان نے کہا کہ میں نے ہرگز لوگوں میں نہیں دیکھا کہ کوئی کسیکو ایسا محبوب رکھتا ہو جیسے صحبہ کے یار ہیں کہ محمد کو چاہتے ہیں۔ پھر نسطاس نے حضرت زید کو شہید کر دیا پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر پہونچی تو آپنے اپنے اصحاب سے کہا کہ کون شخص ایسا ہے کہ خبیب کو اس لکڑی پر سے جسپر سولی دیے ہوئے لٹکے ہیں اتارے اور اسکے واسطے جنت ہے تو حضرت زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ بولے کہ میں ہوں یا رسول اللہ اور میرے دوست مقداد بن الاسود پس دونوں نکلے کہ رات میں چلا کرتے اور دن میں چھپے رہتے تھے یہانتک کہ رات میں تنعیم کے مقام پر آئے اور دیکھا کہ وہاں سولی کے گرد چالیس مشرک سو رہے ہیں پس دونوں نے تکبیر کہی حضرت خبیب کی لاش سولی پر سے اتاری اور دیکھا تو تر تھی اور اسمیں سے کچھ بھی متغیر نہیں ہوا تھا حالانکہ چالیس روز سے اوپر ہو چکے تھے اور انکا ہاتھ انکے زخم پر رکھا تھا اور اسمیں سے خون بہتا تھا جب کارنگ تو خون کا رنگ تھا اور اس سے مشک کی خوشبو آتی تھی پس زبیر نے انکو اپنے گھوڑے پر اٹھا دیا اور چل دیے پس جب کافر جو پیچھے تھے تو دیکھا کہ خبیب کی لاش نہیں ہے پس قریش کو خبر دار کیا پس انمیں سے ستر سوار دوڑ پڑے پس جب زبیر و مقداد رضی اللہ عنہما کے پاس پہونچ گئے تو زبیر نے خبیب کی لاش کو گھوڑے سے نیچے ڈال دیا اور زمین اسکو نگل گئی اسی سے انکو بلیع الارض کہتے ہیں پھر زبیر نے ڈانٹا کہ اے گروہ قریش تمکو کیا چیز ہمپر جراءت دلا کر لائی ہے میرا اپنے چہرہ سے عمامہ اٹھایا اور فرمایا کہ میں ہوں زبیر بن العوام اور میری ماں ہے صفیہ بنت عبد المطلب اور یہ میرا یار مقداد بن الاسود ہے ہمیں دونوں شیران بیشۂ نبرد ہیں اگر تم چاہو ہتھیار سے لڑو چاہو میدان میں اترو اور چاہو واپس جاؤ پس کفار قریش مکہ پھر گئے اور یہ دونوں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور حضرت کے پاس جبرئیل علیہ السلام تھے انھوں نے کہا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم البتہ ملائکہ آپکے اصحاب سے ان دونوں سے مفاخرت کرتے ہیں پھر زبیر و مقداد کے حق میں نازل ہوا قولہ تعالے ومن الناس من یشری نفسہ ابتغاء مرضات اللہ جبکہ ان دونوں نے خبیب کو سولی پر سے اتارنے میں اپنی جانوں کو اللہ تعالے کے واسطے بیچ ڈالا تھا حضرت جہم کہتا ہے کہ شاید تردد ہو کہ اس روایت میں

سبب نزول دیگر مذکور ہی تو مفسر جم نے تحقیق کر دیا ہی کہ نزول آیت ہر موقع پر بطور خرافت کے مکرر ہوتا ہی اور جو یہان مذکور ہی اسکے یہ معنے ہین کہ ان لوگون کے حق مین پھر یہی آیت یاد دلائی گئی اگرچہ اول صہیب بن سنان رومی کے حق مین نازل ہوئی ہی پھر یہ سب فضائل ان بزرگون کے حق مین ہین جو تمام وکمال جان ومال سے مطیع حق ہو گئے لہذا تنبیہ وتاکید فرمائی بقولہ تعالے -

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ كَافَّةً وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ

اے ایمان لانے والے داخل ہو اسلام مین پورے اور مت چلو قدمون پر شیطان کے وہ تمہارا صریح دشمن ہی

فَإِنْ زَلَلْتُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْكُمُ الْبَيِّنَاتُ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

پھر اگر ڈگمگے لگو بعد اسکے کہ پہونچا تمکو صاف حکم تو جان رکھو کہ اللہ زبردست ہی حکمت والا

اس آیت کا نزول عبداللہ بن سلام وانکے اصحاب کے حق مین ہوا جبکہ انہون نے سبت کی تعظیم کا عزم کیا اور اونٹ کا گوشت کروہ رکھا - يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا ادْخُلُوا فِي السِّلْمِ - اے ایمان لانے والو داخل ہو سلم مین - ف - سلم بفتح اول اور بکسر اول دونون طرح آیا ہی یعنے اسلام - كَافَّةً - سب مین تمام ف - یہ حال اسلام ہی یعنے اسلام کے تمام شرائع مین داخل ہو یعنے جو کچھ احکام اسلام تمکو دیے جاوین انھین پر مستقیم ہو بدون اختلاط یہود وغیرہ کے جو اپنی رائے سے ہو - وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُبِينٌ - اور شیطان کی راہون کی پیروی مت کرو وہ تمہارا کھلا دشمن ہی ف - یعنے راہ مستقیم سے شیطان کی راہ منحرف ہی تو اسکی طرف مت جاؤ اسطرح کہ اپنے قیاسات وخواہش نفس کی پیروی کرو کیونکہ اسلام حق ہونے کے معجزات تکمیل کو پہونچ گئے پھر اس سے بہتر حق کہان ڈھونڈھتے ہو - فَإِنْ زَلَلْتُمْ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَتْكُمُ الْبَيِّنَاتُ فَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ - پھر اگر معجزات دلائل واضحہ آنے کے بعد تمنے لغزش اختیار کی تو خوب جان لو کہ اللہ تعالے غالب حکمت والا ہی ف - اسکو انتقام لینے عذاب کرنے سے کوئی چیز نہین روک سکتی ہی مفسر جم کہتا ہی کہ شاید ان مسلمانون نے جو یہودیون سے اسلام لائے تھے ڈرے کہ کہین سنیچر کے روز تعظیم کرنے سے پھر وہ عذاب آوے جو زمانہ داؤد علیہ السلام کے ایک قوم پر آیا تھا جسپر قولہ تعالے فَقُلْنَا لَهُمْ كُونُوا قِرَدَةً خَاسِئِينَ - مین اور سورۂ اعراف مین مذکور ہی - اسیطرح اونٹ کے گوشت مین یہ خوف کیا ہو تو اللہ تعالے نے تہدید کرکے خوف کو اسطرف الٹ دیا کہ اگر اسلام مین یہ حرکت کروگے تو خوف عذاب ثابت ہی - بعضون نے اس آیت کے ماقبل سے ارتباط کو یون بیان کیا کہ اللہ تعالے نے اپنے بندون مین تین فریق بیان فرمائے مومن وکافر ومنافق پھر اسکے بعد ملت واحدہ پر ہونے کا حکم کیا اور میرے نزدیک یہ وجہ ارتباط غریب وقابل نظر ہی بلکہ اسیقدر کافی ہی کہ جب کلام کا سلسلہ اس بیان تک پہونچا کہ بعضے رضیات الٰہی کے طالب ہین اور بعضے منکے مومن اور دل مین منافق ہین تو اہل ایمان کو تنبیہ فرمائی اور حکم دیا کہ اتباع حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم بجمیع شرائع واحکام سب طرح ظاہر وباطن چاہیے جیسے اعتقاد ظاہر وباطن چاہیے ہی تاکہ عمل مین بھی کوئی شائبہ نفاق نرہے قال ابن کثیر اللہ تعالے اپنے مومن بندون کو جنھون نے اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کی ہی حکم فرماتا ہی کہ جمیع شرائع اسلام کو دل سے لین اور اسکے تمام اوامر پر عمل کرین اور تمام زواجر سے باز رہین جہانتک انکو استطاعت ہی - اور ابن عباس وطاؤس وضحاک وعکرمہ وقتادہ وسدی وابن زید نے قولہ ادخلوا فی السلم - مین کہا یعنے اسلام مین یعنے سلم کی تفسیر اسلام ہی - اور ضحاک نے ابن عباس سے روایت کی کہ ادخلوا فی السلم یعنے فی الطاعۃ - یعنے فرمانبرداری مین پورے طور پر داخل ہو اور ایسا ہی ابوالعالیہ وربیع بن انس سے مروی ہی اور قولہ کافۃ - ابن عباس ومجاہد وابوالعالیہ وعکرمہ وربیع بن انس وسدی ومقاتل وقتادہ وضحاک نے کہا کافۃ - ای جمیعا اور ایسا ہی کہا کہ کافۃ - ای تمام اعمال وجوہ خیر پر عمل کرو متعلق ہوتا ہی کہ اگر کافۃ - یعنے جمیعا ہو تو مومنون کا حال ہی یعنے اے مومنین تم سبکے سب اسلام مین داخل ہو تم مین سے کوئی خارج نہو اور دوسری تقسیم

سلم سے حال ہو گا یعنے اعمال خیر وطاعت اسلام مین سے کوئی چیز چھوٹ نجاوے بلکہ جمیع انواع اسلام مین داخل ہو پھر سبب نزول جو منفسیر سیوطی رح نے ذکر کیا ہی یہی معالم مین ذکر فرمایا ہی اور بیضاوی نے اسپر جزم نہین کیا اور کچھ شیخ ابن کثیر کے کلام سے بھی ظاہر ہوتا ہی چنانچہ کہا اور عکرمہ رح نے زعم کیا کہ یہ آیت نازل ہوئی چند آدمیون کے حق مین جو یہود وغیرہ مین سے مسلمان ہوے مثل عبداللہ بن سلام اور اسد بن عبید وثعلبہ وغیرہم کہ انھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت چاہی کہ سنیچر کے روز کی تعظیم کرین اور توریت کو رات کی عبادت مین تلاوت کرین پس اللہ تعالے نے انکو حکم دیا کہ اسلام کے شعائر وشرائع پر قیام کرین اور اسمین مشغول ہو کر ماسوا سے باز رہین قال ابن کثیر ان لوگون کے ساتھ عبداللہ بن سلام کو ذکر کرنے مین تامل ہی کیونکہ عبداللہ بن سلام کامل مومن تھے اور سنیچر کا منسوخ ہونا جانتے تھے پس علم کے باوجود مستبعد ہی کہ وہ سنیچر کی تعظیم کرنے کی درخواست کرتے قال المترجم بالخصوص جبکہ سنیچر کو یہود نے اجتہاد سے نکالا تھا اور وہ اُنپر لازم کردیا گیا جیسے نصاری نے اتوار کو نکالا چنانچہ حدیث فضائل جمعہ اس امر پر شاہد ہین جسمین یہ مضمون ہی کہ یہود ونصاری اسمین خطا کر گئے اور اہل اسلام کو اللہ تعالے نے اُسکی ہدایت کی پس عبداللہ بن سلام سے بعید ہی اس علم کے تعظیم شنبہ کے درخواست بعید ہی مگر ابن جریر رح نے عکرمہ سے یون ہی روایت کیا ہی جیسا کہ مذکور ہوا واللہ اعلم قال ابن کثیر اور ابن عباس نے فرمایا کہ اہل کتاب مین سے ایمان لانے والے مراد ہین کہ یہ لوگ باوجود ایمان باللہ تعالے کے توریت کے بعض امور وشرائع پر جو اُنپر نازل کیے گئے تھے جمے ہوے تھے پس اللہ تعالے نے فرمایا ادخلوا فی السلم کافۃ یعنے داخل ہو شرائع دین محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین اور ان شرائع مین سے کچھ مت چھوڑو اور توریت کے ساتھ تو بھی کافی ہی کہ توریت وجو کچھ اسمین ہی وہ اللہ تعالے کا اُتارا ہوا برحق ہی اسقدر ایمان سے کھو قال المترجم سلم ابن کثیر ونافع وکسائی نے بفتح اول پڑھا ہی اور باقیون نے بالکسر پڑھا اور سورۂ انفال مین انھون نے بالکسر پڑھا اور ابوبکر وباقیون نے بالفتح پڑھا اور سورۂ محمد مین حمزہ وابوبکر نے بالکسر پڑھا کذا فی المعالم وقال اور حذیفہ بن الیمان سے اس آیت مین تفسیر آئی ہی کہ اسلام کے آٹھ سہام ہین پس شمار کیا نماز-زکوۃ-روزہ-حج-عمرہ-جہاد-امر بمعروف-نہی از منکر-اور فرمایا کہ خسارہ مین رہا جسکا حصہ نہین ہی-قولہ فان زللتم من بعد ما جاءتکم البینات-یعنے تمپر واضح دلائل قائم ہو چکے کہ اسلام حق ہی پھر اگر تمنے اس سے عدول کیا تو تمسے البتہ انتقام لیا جائیگا یہ وہم نہو کہ ہم تو دنیا مین موجود ہین کیونکہ دنیا و آخرت سب اللہ تعالے کے قبضۂ قدرت مین مسخر ہین لہذا فرمایا-فاعلموا ان اللہ عزیز حکیم-جان رکھو کہ اللہ تعالے غریز حکیم ہی معالم مین کہا کہ عزیز فی نقمتہ ای غالب ہی انتقام لینے مین کوئی بھاگنے والا اس سے بھاگ نہین سکتا اور کوئی غلبہ والا اوسپر غالب نہین ہو سکتا اور یہی شیخ ابو العالیہ وقتادہ وربیع بن انس سے مروی ہی ذکرہ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالے عانس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے-یا ایہا الذین آمنوا ادخلوا فی السلم کافۃ-اہل عقل کے واسطے نصیحت کامل ہی کہ حق تعالے کی پناہ مین کامل طور سے داخل ہو تاکہ قضا وقدر سے جو امور جاری ہوتے ہین انکے جاری ہونے کے وقت تمکو سکون واسلام ہو یعنے مطیع رہو اور حق عزوجل کے تقدیری امور پر جو اسکے اختیار وقدرت کاملہ سے ظاہر ہوتے ہین تم راضی رہو اور کائنات سے منہ پھیرے رہو یعنے تمام امور مین اللہ تعالے ہی پر بھروسا کرو اور کائنات کو محض غیر مؤثر جانو اور عالم ملکوت کے پوشیدہ امور کی طرف پہونچنے کی کوشش کرو اور انوار جبروت کے مشاہدہ کو پہونچو اور احکام الٰہی کے فرمانبردار رہو اور اللہ عزوجل کی رضامندی کی طلب مین نفس کو قبض کرنے پر کمر باندھے رہو اور نفس امارہ کو شوق الٰہی مین فنا کرنے پر مستعد ہو-اور بعض نے فرمایا کہ سلم یہی ہی کہ قضاے الٰہی پر راضی ہو یعنے قضاے الٰہی سے جو کچھ بندہ کے سامنے پیش آیا اسی پر دل خوشی کے ساتھ راضی ہو اگرچہ بظاہر کچھ تکلیف کیون نہو اور جنید رحمہ اللہ نے کہا کہ ابن عطاء رحمہ اللہ نے فرمایا کہ سلم یہی ہی کہ حکمون کی تعمیل کرے اور منہیات سے باز رہے اور شیخ ابو عثمان نے کہا کہ سلم یہ ہی کہ قضاے حق کے معاملات مین جو بندے پر جاری ہون یکسان حال رہے خواہ وہ اسکے نفع کے ہون یا اوسکو مضر نظر آوین قولہ تعالے-فان زللتم من بعد ما جاءتکم البینات

الآیہ - اسمین اشارہ یہ ہی کہ جسنے حق عزوجل کو الوہیت کی صفت سے پہچانا یعنے جان لیا کہ وہی الٰہ برحق ہی ہی معبود ہی معبود کوئی اور نہین ہی تمام صفات کمال اسیکے واسطے ہین پھر وہ شخص قرب حق سبحانہ سے اپنے نفس کے ٹھکانون مین لوٹ پڑا تو اسنے شرک کیا اور عذاب اسکا یہی ہی کہ حق عزوجل اسکو اپنی نزدیکی و مشاہدہ سے محروم کردے اور غیرت حق اسکو جب تک وہ زندہ ہی اپنے اسرار پر امین نہ ہونے دے اگرچہ وہ بندگی کرنے مین لگ جاوے

هَلْ يَنظُرُونَ إِلَّا أَن يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ فِي ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ وَالْمَلَائِكَةُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ ۚ وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ ﴿٢١٠﴾

کیا لوگ یہی انتظار رکھتے ہین کہ آوے اللہ اپر کے سائبانون مین اور فرشتے اور فیصل ہوچکے کام اور اللہ ہی کیطرف رجوع کرتے ہین سب کام

یہان سے مستقل علیحدہ حکم وعید ہی یعنے یہ آیت اسلام سے منہ موڑنے و کفر کرنے والون کے واسطے سخت خوف کا مقام ہی خصوص یہود کہ انھون نے زمانہ موسیٰ علیہ السلام مین قبول توریت اور احکام توحید سے منہ موڑا یہانتک کہ جب عذاب کا سامنا ہوا تب انے اور توبہ کی - یہان فرمایا - هَلْ يَنظُرُونَ - نہین انتظار کرتے ہین ف وہ لوگ جنھون نے اسلام مین داخل ہونا ترک کیا ہی - إِلَّا أَن يَأْتِيَهُمُ اللَّهُ - مگر یہی آوے انکو امر الٰہی ف یعنے عذاب اللہ تعالے کا جیسے قولہ تعالے - اَتٰی اَمْرُ اللّٰہِ الآیہ - و قولہ یاتی بعض آیات ربک الآیہ - حاصل یہ کہ جو لوگ اسلام مین بخوبی داخل ہونے سے توقف کرتے ہین وہ کچھ انتظار نہین کرتے اور یہی وہ سمجھتے ہین کہ اُنپر عذاب الٰہی آوے - فِي ظُلَلٍ مِّنَ الْغَمَامِ - سحاب کی چھتہ مین ف اور یہ زیادہ خوفناک ہی کیونکہ سحاب سے بجاے باران رحمت کے عذاب برسے جیسے قوم عاد پر ہوا تھا - وَالْمَلَائِكَةُ وَقُضِيَ الْأَمْرُ - اور آوین ملائکہ و حکم ہلاک پورا کیا گیا ف واضح ہو کہ آخر یہ کل کافرون کے لیے جو کفر پر مرین لازمی ہین اسواسطے کہ چند روزہ زندگی کے بعد آخر موت ہی تو مرتے دم تک انکار اسلام کا انجام یہی عذاب ہی اور حکم الٰہی پورا کردیا گیا کہ ہر کافر کے ساتھ عذاب کا برتاؤ ہوگا - وَإِلَى اللَّهِ تُرْجَعُ الْأُمُورُ - اور اللہ تعالے ہی کی طرف کل امور کا مرجع ہی ف جو حکم اللہ تعالے نے دیدیا وہ لازمی ہی ہرگز نہین مٹ سکتا ہی ابن کثیر و عاصم و نافع و ابو عمرو نے ترجع بصیغہ مجہول پڑھا مشتق از رجع اور باقیون نے اسکو بصیغہ معروف ماخوذ از رجوع پڑھا اور بہرحال معنے یہ ہین کہ آخرت مین مرجع سب امور کا اللہ تعالے ہی کیطرف ہی پس جزا دیگا پس اس آیت کریمہ مین تمام ایسے لوگون کو تہدید اور عذاب کا وعدہ متضمن ہی جو اسلام مین نہین داخل ہوتے ہین ینظرون یعنے منتظرون ہی - جو لوگ درحقیقت اسلام مین داخل ہونے سے روگردان تھے انکی توہین تہدید بیان کرکے ان لوگون کو تنبیہ کردی جنکا حال اوپر کی آیت مین مذکور ہی یعنے بعضے مومنین یہود جو پورے شرائع دین محمدی پر عامل ہوئے تھے اور اس سے ظاہر ہوا کہ اس آیت مین تتمہ حال ان لوگون کا نہین جنکا اوپر ذکر ہوا ہی کیونکہ وہان خطاب ہی اور یہان غائب ہی پس جسنے یہ زعم کیا کہ یہان خطاب سے غیبت کیطرف التفات ہی اُسنے سہو کیا ہی - قولہ الا ان یاتیہم اللہ - جاننا چاہیے کہ علماء کے آیات و احادیث صفات مین دو مذہب ہین ایک مذہب متاخرین کا جو تاویل کو واجب جانتے ہین یعنے کہتے ہین کہ ہم ان آیات کو ایسے معنے کے ساتھ تاویل کرتے ہین جو حضرت حق سبحانہ و تعالے کی تنزیہ شان کے لائق ہین اور یہی جمہور علماء متکلمین کا قول ہی اس مذہب کے بناپر اس آیت مین دو وجہین ہین ایک یہ کہ یاتی بصیغہ لازمی بمذہب بعض حروف تعدیہ کے متعدی ہوا ہی - یاتیہم اللہ بما وعدہم من العذاب یعنے لاوے اللہ تعالے انپر وہ چیز جو انکو وعدہ دی ہی عذاب سے اور صورتیکہ وہ اسلام مین نہ داخل ہون تو انکو عذاب کا جو وعدہ دیا ہی وہ لاوے اور اس صورت مین یاتی کی اسناد اللہ تعالے کی طرف حقیقی ہوگی - وجہ دوم یہ کہ یاتی کی اسناد اللہ تعالے کی طرف مجازی ہی اور مضاف محذوف ہی ای یاتی امر اللہ - یا - یاتی عذاب اللہ - اسکی نظیر دوسرے مقام پر باظہار مضاف آئی ہی چنانچہ فرمایا - او یاتی امر ربک - اور فرمایا - فجاء ہم باسنا - پس متعین ہوا کہ ہر دو نظیر کی مطابقت کے لیے یہان بھی مراد ہی کہ - یاتیہم امر اللہ اور چونکہ یاتیہم امر اللہ کے بہ نسبت - یاتیہم اللہ - کہنا زیادہ تہویل کا موجب تھا کہ اس سے بڑا ہول سمجھا جاتا تھا اسلیے مضاف محذوف ہوا چنانچہ

اگر مجرم سے کہا جاوے کہ بادشاہ کا حکم آتا ہی تو اُسکو اسقدر ہول نہ سماویگا جتنا اس کہنے سے سمایا کہ بادشاہ آتا ہی پھر آیت مین اور بھی تہویل فرمائی
کہ فی ظلل من الغمام - کہا یعنے عذاب الٰہی آنا ایسے وجوہ سے ہو کہ اسکا شعور بھی نہو یعنے ابر کے سائبانون مین ہو کیونکہ ابر سے امید بارش ہوتی ہی
پھر اس سے عذاب برسنا نہایت خوف وہول کا مقام ہی چنانچہ اگلے سرکش مودی کافرون مین سے قوم عاد پر ایسا واقع ہوا ہی کہ ابر سے جہنم کی
آگ برسے چنانچہ آگے اپنے مقام پر یہ قصہ آویگا - اور ملائکہ کو اسلیے ذکر فرمایا کہ عادت الٰہی یون جاری ہی کہ اسکا حکم و عذاب یہی لاتے ہین اور یہ
ملائکہ کے حق مین شرف ہی - پھر یہ سب اس بنا پر کہ تاویل کرنا اختیار کیا جاوے جو علمائے متکلمین کی رائے ہی اور یہان مفسر سیوطی رحمہ نے اسی کو اختیار کیا ہی
اور قول دوم یہ کہ یہ آیہ منجملہ آیات صفات کے ہی یعنے ہم ایمان لاتے ہین کہ اللہ تعالے کی طرف آنے کی نسبت تحقیقی ہی اور ایسے ہی دیگر آیات مثل
قولہ جاء ربک والملک صفا صفا اور آحادیث کثیرہ مثل نزول پروردگار وغیرہ کے آیات صفات ہین کہ اللہ تعالے کی طرف نسبت تحقیقی ہی ہم
انپر ایمان لاتے ہین اور یہ بھی ایمان لاتے ہین کہ یہ آنا اور نزول فرمانا کسی مخلوق سے متشابہ نہین اور اللہ تعالے ہر تشبیہ و تمثیل سے منزہ ہی وہ کسی
مخلوق اور کسی چیز سے متشابہ نہین اور جو امر اسکی پاک شان کی نسبت ایسا کہا جاوے یا لازم آنا تصور کیا جاوے جو اسکی شان کے لائق نہین
قولہ اللہ تعالے عزوجل اس سب سے منزہ ہی اور مقدمہ عین الہدایہ مین مترجم نے فقہ اکبر کا ترجمہ نقل کیا اور آیندہ اپنے موقع پر مانند سورہ اعراف وغیرہ کے
واضح بیان آویگا - اور یہ وہم نکیا جاوے کہ آنا اور اترنا وغیرہ یہی معلوم ہی جو معروف ہی جواب یہ کہ بندے کا علم تو سوائے دو قسم کے مخلوق اعراض
وجواہر کے حاوی نہین تو ہر موجود اسکے نزدیک یا اعراض مین سے ہوگا یا جواہر مین سے ہوگا حالانکہ ذات الٰہی عزوجل ان دونون سے پاک منزہ ہی پس
ہی اسکے صفات بھی سب سے منزہ ہین انکو کسی پر قیاس نہین کیا جاسکتا ہی اور یہی مذہب سفیان بن عیینہ و زہری و اوزاعی و مالک و ابن المبارک
و لیث بن سعد و احمد بن حنبل و اسحق بن راہویہ وغیرہم کا ہی کہ ایسے نصوص آیات و احادیث کو جیسے آئی ہین ویسی ہی انپر بدون بیان کیفیت
اور بلا تشبیہ و بلا تاویل و بلا تعطیل کے یعنے کیفیت انکی مجہول ہی اور ہماری عقل ناقص مین آنے سے برتر ہی اور یہی مذہب ائمہ سلف رضی اللہ
عنہم کا ہی - اور یہ آیت کریمہ بھی ایسی ہی آیات مین سے ہی اور کلبی نے کہا کہ یہ منجملہ اُن آیات کے ہی جو تفسیر نہین کیجاتی ہین بغوی رحمہ نے کہا کہ اس
آیت اور اسکی ہم شکل آیتون مین اولی یہ ہی کہ آدمی اسکے ظاہر پر ایمان لاوے اور جو اسکا تحقیقی علم ہی یعنے مثلاً کس کیفیت سے آویگا اسکو
علم الٰہی عزوجل مین تفویض کرے اور یہ اعتقاد رکھے کہ اللہ تعالے تمام ایسی چیزون سے جو نشان حدوث و داغ مخلوق ہین سے ہین پاک
و منزہ ہی اور ائمہ سلف و علمائے سنت اسی طریقہ پر گذرے ہین - بعض نے کہا کہ سلف کا جو مذہب ہی وہ اسلم یعنے سلامتی کی راہ ہی اور متاخرین کا
طریقہ احکم ہی یعنے مضبوط ہی اور حق یہ ہی کہ طریقہ تاویل باضطرار ایک گونہ نافہمی کے ساتھ ہی و عدم تاویل جو طریقہ سلف ہی وہی اسلم و احکم ہی
شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ اللہ تعالے ان لوگون کو تہدید فرماتا ہی جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کفر کرتے ہین اور فرماتا ہی ہل ینظرون
الا ان یاتیہم اللہ یعنے یہی انتظار کرتے ہین کہ اللہ تعالے آوے یعنے قیامت مین انکے اور تمھارے درمیان فیصلہ کرنے کو آوے پس ہر
عمل کرنے والے کو اسکا بدلا دیگا اگر نیکو کار ہی تو نیک بدلا اور اگر بدکار ہی تو عذاب اور اسیواسطے فرمایا وقضی الامر یعنے حکم محکم ہو چکا قہر حکم کرتا ہی کہ شیخ
ابن کثیر نے اسکو قیامت کے روز آنے پر محمول کیا اور قولہ تقضی الامر بے شک اس سے مرتبط ہی پھر لکھا کہ یہان شیخ ابن جریر
نے حدیث الصور کو اول سے آخر تک وارد کیا اور یہ حدیث مشہور ہی اسکو بہتیرے اصحاب مسانید وغیرہم نے حضرت ابوہریرہ سے مرفوعاً
روایت کیا ہی اور اس حدیث مین ہی کہ جب لوگ عرصات قیامت مین کھڑے کھڑے درماندہ و عاجز ہو جاوینگے تو انبیا علیہم السلام سے سفارش
چاہینگے چنانچہ آدم علیہ السلام سے شروع کرینگے ایک ایک کرکے ولیکن ہر نبی اُس بارہ مین کلام کرنے سے گریز و پہلوتہی کریگا اور ہر ایک اپنا

عذر بیان کریگا یہانتک کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم تک نوبت آویگی پس جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہونگے تو آپ فرماوینگے کہ ہان میں اسکو پورا کرونگا پس آپ تشریف لاوینگے اور عرش کے نیچے اللہ تعالے عزوجل کو سجدہ کرینگے اور اللہ تعالے سے سفارش کرینگے کہ بندون وخلائق کے درمیان فیصل کے واسطے آوے پس اللہ تعالے آپکی سفارش قبول فرماویگا اور بعد انشقاق آسمان دنیا ونزول اُن ملائکہ کے جو اسمین ہین اور پھر دوسرے اور پھر تیسرے حتی کہ ساتوین آسمان کے انشقاق کے بعد آمد ہوگی پس اس حدیث مین کہا کہ پھر نزول فرماویگا جبار عزوجل سائبان غمام مین اور ملائکہ اور ان ملائکہ سے ایک آواز ہوگی کہتے ہونگے سبحان ذی الملک والملکوت۔ سبحان ذی العزۃ والجبروت سبحان الحی الذی لا یموت۔ سبحان الذی یمیت الخلائق ولا یموت سبوح قدوس رب الملائکۃ والروح۔ سبوح قدوس سبحان ربنا الاعلی سبحان ذی السلطان والعظمۃ سبحانہ ابدا ابدا۔ مفسر کہتا ہی کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اتیان پروردگار سائبان غمام مین ایک شان الٰہی معروف ہی جو انھین الفاظ سے تعبیر کی جاتی ہی پس ایسا ہی اس آیت مین ہی۔ شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ حافظ ابوبکر بن مردویہ نے یہان کئی حدیثین وارد کی ہین جنمین ایک گونہ غرابت ہی چنانچہ ابن مسعود رضی سے مرفوعا روایت کی کہ اللہ تعالے اگلون پچھلون کو روز معلوم کے مقام مقرر مین جمع کریگا جسمین وہ اسطرح کھڑے ہونگے کہ آسمان کی طرف ٹکٹکی لگائے ہونگے اور حکم فیصل کے منتظر ہونگے اور اللہ تعالے ظلل من الغمام مین عرش سے کرسی کی طرف نزول فرماویگا اور ابن ابی حاتم نے حضرت عبداللہ بن عمر سے روایت کی کہ قولہ۔ ہل ینظرون الا ان یاتیہم اللہ فی ظلل من الغمام الآیہ۔ ابن عمر نے فرمایا کہ جب رب تبارک وتعالے نزول فرماویگا تو حال یہ ہوگا کہ اسکے اور مخلوق کے درمیان ستر ہزار پردے ہونگے جنمین سے نور وتاریکی اور پانی ہوگا پس اس تاریکی مین پانی کی ایسی آواز ہوگی کہ دہشت سے دل ہاتھ سے جاتے رہینگے۔ بالجملہ یہ منجملہ متشابہات کے ہی اسپر ایمان لانا واجب ہی اور اسکی کیفیت مفوض بعلم الٰہی ہی اور اگر تاویل کیجاوے تو پہلے مذکور ہوچکی ہی۔ اگر کہا جاوے کہ تاویل مذکور پر عذاب آنا ثابت ہوا پس یہ معنے ہوے کہ وہ لوگ عذاب آنیکا انتظار کرتے ہین حالانکہ عذاب سے سب بھاگتے ہین کون انتظار کریگا تو جواب یہ ہی کہ مراد یہ ہی کہ وہ لوگ ایسے کام کر رہے ہین جو موجب نزول عذاب ہین پس گویا خود منتظر ہین۔

سَلْ بَنِيٓ إِسْرَٰٓءِيلَ كَمْ ءَاتَيْنَٰهُم مِّنْ ءَايَةٍۭ بَيِّنَةٍ ۗ وَمَن يُبَدِّلْ نِعْمَةَ ٱللَّهِ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ فَإِنَّ

پوچھ بنی اسرائیل سے کتنی کھلی نشانیان ہم نے انکو دین اور جو کوئی بدل ڈالے اللہ کی نعمت بعد اسکے کہ پہونچ چکی اُسکو

ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ

تو اللہ تعالے کی مار سخت ہی

یہ آیت بھی یہودیون کو خصوصا اور کافرون کو عموما اسلام سے منکر ہونے پر تہدید شدید ہی بقولہ تعالے۔ سَلْ۔ ای محمد پوچھ۔ بَنِيٓ إِسْرَٰٓءِيلَ بنی اسرائیل سے ف یعنے انکو شرمندہ وچپ کرنے کے واسطے۔ كَمْ ءَاتَيْنَٰهُم مِّنْ ءَايَةٍۭ بَيِّنَةٍ۔ کس قدر دے دین ہم نے انکو کھلی نشانیان ف کم استفہامیہ تقریر کے واسطے ہی۔ اور سل کو مفعول دوم سے معلق کرتا ہی اور یہی آتینا کے دو مفعول مین سے دوسرا مفعول ہی اور یہ ممیز ہی اسکی تمیز من آیۃ بینۃ ہی اور بینۃ بمعنے ظاہرہ ہی ای ظاہر آیتین مانند سمندر وطوفان وجراد وقمل وضفادع اور من وسلوی اُتارنے کے پھر بنی اسرائیل نے ان نعمتونکو کفر سے بدلا یعنے انکے بدلے کفر لے لیا یا نعمت کی ناشکری کی چنانچہ فرمایا۔ وَمَن يُبَدِّلْ نِعْمَةَ ٱللَّهِ۔ اور جسنے بدل ڈالی نعمت اللہ تعالے کی ف یعنے وہ چیز جسکے ساتھ اسپر انعام کیا ہی مانند آیات وغیرہ کے۔ مِنۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُ۔ بعد ازانکہ اسکے پاس آچکی ہین ف پھر کفر سے بدل لیا۔ فَإِنَّ ٱللَّهَ شَدِيدُ ٱلْعِقَابِ۔ تو اللہ سخت عذاب کرنے والا ہو ف اسکے حق مین یعنے اُسکو سخت عذاب کریگا جو عام جاہلون سے بہت زیادہ ہوگا۔ خلاصہ یہ کہ بنو اسرائیل نے باوجود ان معجزات ونعمتون کے توریت سے منحرف ہوکر شرک وبدعت اختیار کی

اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کفر کیا پس اللہ تعالے نے حکم دیا کہ اُن ملعونوں سے نعمتہائے الٰہی عزوجل کا شمار پوچھو کہ تمپر کسقدر انعام کیے گئے ہین تاکہ شرم کھاکر رجوع کرین ورنہ عذاب سخت اُٹھاوینگے مترجم کہتا ہی کہ اللہ تعالے ہم مسلمانون کو عفو و رحمت سے ہدایت پر مستقیم فرماوے کہ درحقیقت ہم لوگون پر یہودیون سے بدرجہا انعام زائد ہی پس اہل اسلام بجاے شکر کے دنیاوی حیات و کفریات شرک و بدعت سے پرہیز کرین و نعوذ باللہ تعالے من الشرک والبدعۃ والضلال والنفاق وکل المعاصی ۔ ف شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ سل بنی اسرائیل کم آتیناہم من آیۃ بینۃ ۔ اللہ تعالے نے ایسے مکارون کو جو شرع و سنت سے برخلاف ہین ملامت فرمائی جنھون نے اللہ تعالے کی طرف سے حقائق آیات و نشانیون کو دیکھ لیا مگر اللہ تعالے کا شکر ادا نکیا یا ین طور کہ انبیاء علیہم السلام و اللہ تعالے کے نیک بندون کے آداب و اعتقادات کے پابندی پر صدق و انصاف سے رہتے پس یہ لوگ اہل استدراج ہین یعنے اللہ تعالے نے انکو انکی بداعتقادی و نفاق کے باوجود ایسی باتین دین جو ظاہر مین انکے غرور کا باعث مزید ہوگئین یعنے خرق عادت ہین جنکو ظاہر مین کرامت خیال کرتے ہین حالانکہ وہ انبیا و صالحین کے طریقہ پر نہین ہین کہ انھون نے ان باتون کے ذریعہ سے مخلوق کا پیر بننا چاہا اور خلق کی تعظیم کو خدا کے احکام کی پابندی و دار آخرت پر اختیار کر لیا اور اُسکے نیک بندون کے طریقہ سے انکار کیا اور جس نعمت سے اللہ تعالے نے اپنے خاص بندون کو سرفراز فرمایا ہی اور جس امانت سے انکو افضل خلق قرار دیا ہی اُسمین تغیر کر دیا یقین کو وہم سے بدلا اور غربت چھوڑکر سستی اختیار کی پس اللہ تعالے نے انکے دلون کو اس طرح مسخ کر دیا کہ اُنکے دلون کا نور بالکل جاتا رہا اور اسمین اُن بندون کو بھی خوف ڈالدیا جو اسکی معرفت و محبت کو پہونچ گئے ہین تاکہ وہ بیوقوف لوگ دنیا اور دنیا دارون کی طرف التفات نہ کرین اور اسکی قربت اور نزدیکی کی نعمت کو حقیقی نعمت سمجھکر اسکے شکر ادا کرین کہ نور ربوبیت پر اپنی روحین قربان کردین اور اپنے تن بدن کو خالص حق بندگی کے ساتھ درگاہ الٰہی مین صدقہ کر ڈالین اگر کہا جاوے کہ نعمت سے منھ پھیرنا اور دنیا کی طرف مائل ہونا جب نافرمانی ہی تو اللہ تعالے ایسے مکارون کو ایسی نعمت و ثروت دنیا مین عطا فرماتا ہی تو اسمین کیا حکمت ہی جواب یہ ہی کہ دنیا بمقابلہ آخرت کے ایسی ہی جیسے بادشاہی خوابگاہ راحت کے آگے پنجانہ ڈالنے کا گھورا پس جن لوگون کے قلوب صالح اور فضل ایزدی انکے شامل حال ہوا نکو آخرت کی خوشبو مل گئی انکے نزدیک اس گھورے کی بدبو نہایت سخت ہی وہ ہر دم اس سے نجات کے خواہان ہین اور جنکے دل اندھے اور اوندے ہین وہ اس گھورے کو نہایت آراستہ جانتے ہین اور اسکو اختیار کرتے ہین پس پروردگار عالم عزوجل نے صالحین کو انکے اختیار و پسند پر وہ شاہی خوابگاہ دی اور مکارون کو انکی پسند پر یہ گھورا دیا مگر بہتیرے ایسے ہین کہ اس گھورے کے ذریعہ سے فساد و آزار و تباہی خلق پر آمادہ ہونگے لہذا عالم الغیب نے بمصلحت و حکمت اسمین سے بھی انکو قلیل نصیب عطا کیا ہی پھر یہان تک وسوسہ شیطانی سخت ہی کہ دنیاوی مال متاع سے عوام کی آنکھ خطا کرتی ہی اور جب دنیاوی مالداروں و کفار بادشاہون کو اس آراستہ دنیا و سامان کے ساتھ دیکھتے ہین تو انکی جانب مائل ہوتے ہین پس حق عزوجل نے دنیا کی کیفیت بیان فرمائی

زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا وَيَسْخَرُونَ مِنَ الَّذِينَ اٰمَنُوا وَالَّذِينَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ

رچائی گئی منکرون پر دنیا کی زندگی اور ہنستے ہین ایمان والون سے اور پرہیزگار لوگ انسے اوپر ہونگے دن

الْقِيٰمَةِ ۗ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

قیامت کے اور اللہ روزی دیوے جسکو چاہے بے شمار

واضح ہو کہ دنیا ایک امتحان شدید ہی اور متاع حاضر ہی اسمین سے نیک و بد دونون کو حاجت ہی حتی کہ بد یعنے کفار اسی پر بھروسا کر گئے قال تعالے زُيِّنَ لِلَّذِينَ كَفَرُوا ۔ زینت دی گئی کافرون کے لیے ۔ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۔ حیات دنیاوی ف اسطرح رچائی گئی کہ کافر لوگ

اسی پر فریفتہ ہوگئے۔ اور جسکے پاس دنیاوی متاع موجود ہو اسیکو اللہ تعالےٰ کے نزدیک اچھا سمجھتے ہین۔ وَيَسْخَرُونَ مِنَ الَّذِينَ آمَنُوا اور یہ کفار سخریہ پن کرتے ہین ان لوگون سے جو ایمان لائے ف چنانچہ کفار مکہ اکثر مومنون مانند صہیب و عمار و بلال سے تمسخر کرتے کہ یہی اللہ تعالےٰ کے نیک بندے ہین جنکے پاس کچھ مال و دولت نہین بلکہ فقیر و محتاج ہین متنوحم کہتا ہی جیسے اس زمانہ کے کفار ہین کہ دنیاوی دولت پر اللہ تعالےٰ کے نزدیک مقرب و مقبول ہونے کی دلیل لاتے ہین بلکہ مومنون کو وحشی قوم کہتے ہین جیسے عاقل کو مجنون نے عقل گالیان دیا کرتا ہی۔ وَالَّذِينَ اتَّقَوْا فَوْقَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ حالانکہ جنھون نے شرک سے تقوی کیا وہ قیامت مین اُنسے بلند ہونگے۔ ف یہ لطیفہ ہوا اسواسطے کہ اہل مکہ مسلمان ہو گئے تو بھی صحابۂ مہاجرین باعتقادین اُنسے قیامت مین بلند درجہ ہین۔ وَاللَّهُ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ اور اللہ تعالےٰ جسکو چاہتا ہی رزق بے حساب دیتا ہی ف پس ممکن ہی کہ دنیا مین کافرون کے اموال و گرونین سب انھین مومنون کی ملک ہو جاوین آخرت مین انکے لیے نعمت بے حساب ہی۔ اس آیت کے شان نزول مین اقوال ہین بعض نے فرمایا کہ مشرکین مکہ مثل ابوجہل وغیرہ کے حق مین اُتری جنکو دنیا وسعت کے ساتھ دی گئی تھی اسی پر اُترائے تھے اور آخرت سے انکار کرتے اور فقیر مسلمانون سے ٹھٹھے کرتے تھے اور حضرت ابن عباس سے مروی ہی کہ ایمان والون سے عبداللہ بن مسعود و عمار بن یاسر و صہیب و بلال وغیرہ اور انکے مانند افراد ہین اور مفسر سیوطی رحمہ اللہ نے اسیکو اختیار کیا ہی اور اس قول پر یہ آیت واقعہ بدر سے پہلے اُتری جبکہ ابوجہل مردود زندہ تھا اور مسخرہ پن یا ین طور ہوگا کہ ایمان والے اللہ تعالےٰ کے پسندیدہ کیسے ہین کہ اس افلاس کی حالت مین ہین اگر پسندیدہ ہوتے تو نعمت کے ساتھ ہوتے۔ اور قتادہ نے فرمایا کہ عبداللہ بن ابی وغیرہ منافقون کے حق مین اتری کہ دنیا کے مال مین عیش کرتے اور فقراء مہاجرین کے اوپر مسخرہ پن سے کہتے کہ ان لوگون کو دیکھو کہ محمد انھین کے ساتھ غالب ہونے کا گمان کرتے ہین اور عطا نے کہا کہ یہودی سردار بنی قریظہ و نضیر وغیرہ کے حق مین اُتری جو فقراء مہاجرین سے کہ اپنا مال متاع چھوڑ کر دین کے واسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہجرت کر کے چلے آئے تھے ٹھٹھا کرتے پس اللہ تعالےٰ نے مومنین کو وعدہ دیا کہ بغیر لڑائی کے تمکو بنو قریظہ وغیرہ کا مال عطا فرماویگا۔ یہ سب معالم مین مذکور ہی اور احتمال ہی کہ آیت عام ہو ان سب کو شامل ہو اسواسطے کہ جو لوگ زندگانی دنیا پر مغرور اور فقیر مسلمانون پر ٹھٹھا کرنے والے ہین وہ یہ سب لوگ تھے جنکی قیامت تک کافرون کو شامل ہی۔ بہرتقدیر الذین کفروا سے معہود مراد ہین اور لام واسطے اختصاص کے ہی اور دنیا کی تزئین اگرچہ عام ہی مسلمانون و کافرون سب کے واسطے کی گئی ہی لیکن کافرون کی تخصیص اسواسطے ہی کہ انھین کی آنکھون مین اسکا حسن سج گیا اور انھین کے دلون مین اُسکی محبت بھر گئی یہانتک کہ اسی پر مرمٹے اور اُسکے ماسوا سے منھ موڑ لیا بخلاف مومنون کے کہ پر اسکی زینت نے یہ اثر نہین دیا بلکہ اُسکی بدصورتی حقیقی کو پہچان گئے۔ اور بیضاوی مین ہی کہ زینت دینے والا درحقیقت اللہ تعالےٰ ہی اسواسطے کہ ہر چیز کا فاعل وہی ہی اور اسی پر دلالت کرتی ہی قراءۃ بصیغۂ معروف یعنے۔ زَيَّنَ۔ اور رہا شیطان و قوت حیوانیہ و دیگر امور بہیمیہ و خواہش کی چیزین تو یہ سب بالعرض مزین ہین بالذات وہ درحقیقت نہین ہین اور امام محی السنہ نے معالم مین اسکو اکثر مفسرین کا قول بیان کیا ہی اور زجاج نے کہا کہ زین لہم الشیطان یعنے شیطان نے انکے واسطے مزین کر دیا فال المترجم تزئین دنیا جو امتحان کے واسطے علی العموم قرار دی گئی ہی جیسا کہ قولہ لیبلوکم ایکم احسن عملا وغیرہ آیات سے ظاہر ہی کسی طور پر بنا بر حقیقت کے شیطان کی طرف منسوب نہین ہو سکتی ہی اور نیز اگر تاثیر ہونا دلون مین لیا جاوے تو بھی اسکی زینت کا اثر پیدا کرنا شیطان کی قدرت مین نہین ہی ہان اگر تلبیس کرنا اور زیچا کر دکھانا بدون اثر پیدا کرنے کے مراد ہو تو شیطان کا فعل ہو سکتا ہی ولیکن ظاہر یہ ہی کہ کافرون کے دلون مین اسکی خوبی و زینت و محبت پیدا ہو جانا مراد ہی پس فاعل حقیقی اسکا اللہ تعالےٰ ہی ہوگا اور حاصل یہ کہ دنیا جمع کرکے زیب و زینت کر دی گئی پھر کافرون نے تلبیس ابلیس کی پابندی اختیار کی پس اللہ تعالےٰ نے تاثیر دیدی کہ انکے دلون مین سج گئی فافہم۔ شیخ ابن کثیر نے

لہ یہ کلمہ استحسان کا ہی کہ کافرون کی زینت کا دنیا کے عمل ہی ہوا ۱۲ م

کہا کہ اللہ تعالے نے خبر دی کہ اُسنے کافرون کے واسطے حیات دنیا کو مزین فرمایا ہی یعنے اُن لوگون کے واسطے جو اس دنیا کی زندگی پر راضی ہوے اور اسی پر اطمینان کیا اور مالون کو جمع کیا اور اُنکو ان مصارف مین خرچ نہ کیا جسمین صرف کرنیکا حکم دیے گئے تھے تاکہ اللہ تعالے اُنسے راضی ہوتا بلکہ ان لوگون پر جنھون نے دنیا سے اعراض کیا اور جو مال دنیا انکو حاصل ہوا اسکو پروردگار عزوجل کی رضامندی مین خرچ کیا تمسخر کرتے ہین قال المترجم دنیا یہ نہین ہی کہ آدمی کے پاس مال ہو اور دیگر اسباب دنیاوی ہون بلکہ دنیا یہ ہی کہ ان چیزون کی محبت اسکے دل مین پیدا ہو دنیا ہو کہ اسکو بطور معروف خرچ کرنے مین اور بحکم شرع خرچ کرنے مین اسکے دل کو دکھ ہو حتی کہ زکوۃ نہ دے اور خیرات نہ کرے اور بخل کے ساتھ اسکو خرچ کرے اسیواسطے حدیث مین ہی کہ تعس عبد الدینار تعس عبد الدرہم - یعنے بندۂ مال و زر کے حق مین خبر دی کہ وہ ہلاک ہوا کیونکہ وہ ایسا اسپر گرویدہ ہی کہ اسیکو سب کچھ سمجھتا ہی اور اگر اسکو بطور معروف رضاے حق عزوجل مین خرچ کرتا تو ایسا نہوتا بلکہ بھلائی ہوتی چنانچہ دوسری حدیث مین ہی کہ نعم المال الصالح للرجل الصالح یعنے مرد صالح کے واسطے مال حلال بہتر ہوتا ہی کیونکہ وہ اُسکے ذریعہ سے اپنی آخرت کو خوب درست کرتا ہی اور ابن کثیر نے تفسیر مین ذکر کیا کہ حدیث مین ہی کہ ابن آدم انفق انفق علیک - یعنے اے آدمی تو شرعی طور پر خرچ کر تو تجکو دیا جائیگا اور صحیح مین ہی کہ اسماء سے فرمایا جسکا مضمون یہ ہی کہ اولاد وغیرہ کے نفقہ مین خرچ کر اور تعیلی کے منہ پر گرہ مت لگا کہ اللہ تعالے کی طرف سے بھی بند ش ہو جائیگی اور صحیح مین روایت ہی کہ ہر روز صبح کو دو فرشتہ آسمان سے اُترتے ہین ایک کہتا ہی اللھم اعط منفقا خلفا - اے اللہ ہمارے ہر خرچ کرنے والے کو خلف دے اسی بجاے خرچ شدہ کے مال دیدے - اور دوسرا کہتا ہی اللھم اعط ممسکا تلفا - اے پروردگار ہمارے بخیل کو تلف دے اور صحیح مین ہی کہ آدمی کہتا ہی میرا مال میرا مال اور بھلا تیرا کچھ مال تیرے ملک ہی مگر جو کچھ تو نے کھا فنا کر دیا اور جو کچھ پہن کر پرانا کر ڈالا اور جو صدقہ دیدیا اُسکو باقی رکھ لیا اور جو سوا اسکے ہی وہ جانے والا ہی اور لوگون کے واسطے اسکو چھوڑنے والا ہی - اور مسند امام احمد مین روایت ہی کہ دنیا اس شخص کا گھر ہی جسکا کہین گھر نہین اور اُسکا مال ہی جسکا کچھ مال نہین اور دنیا کے واسطے وہ جمع کریگا جسکو عقل نہین ہی - قولہ واللہ یرزق من یشاء بغیر حساب حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ انھون نے اسکی تفسیر مین کہا کہ اللہ تعالے پر کوئی رقیب نہین اور نہ کوئی ایسا ہی کہ جو اس سے حساب لیوے اور مانند اسکے سعید بن جبیر سے مروی ہی اور بعض نے کہا کہ پروردگار کو اپنے خزانہ خالی ہونیکا خوف نہین تاکہ حساب کی ضرورت پڑے اور بعض نے فرمایا کہ عطاء جزیل بدون شمار و تعداد کے دنیا و آخرت مین پس دنیا مین اللہ تعالے کا کسیکو دینا اس امر کی دلیل نہین ہی کہ اُس سے رضامند ہی کیونکہ اُسکی عطا بلا استحقاق ہی اور ارجح یہ ہی کہ بغیر حساب یعنے بغیر تقدیر ہی یعنے بدون کوئی مقدار معین کرنے کے دیدیتا ہی اسواسطے کہ خزانہ اُسکا غیر متناہی ہی اُسکے دینے مین جسکو چاہے کوئی تقدیر نہین اور چونکہ بلا استحقاق ہی لہذا جسکو دیا ہی اُس سے رضامند ہونے کی دلیل نہین پس کافر کو استدراج کے واسطے دیدیتا ہی اور کبھی مومن کو امتحان کے لیے عطا فرماتا ہی اور آیت مین دلیل ہی کہ فقراء کو قیامت مین اغنیاء پر فوقیت ہوگی اور صحیح حدیث مین ہی کہ فرمایا الا اخبرکم باہل الجنۃ - کیا آگاہ نہ کرون تمکو اہل جنت سے یعنے تمکو اہل جنت کے نشان بتاتا ہون سنو - کل ضعیف متضعف لو اقسم علی اللہ لابرہ - ہر ضعیف جسکو لوگون کے نزدیک ضعیف شمار کیا ہوا ہو اگر قسم کھائے اللہ تعالے پر تو اللہ تعالے اُسکی قسم مین اُسکو پورا کردے - الا اخبرکم باہل النار - کیا آگاہ نہ کرون تمکو دوزخیون سے یعنے تمکو دوزخیون کے نشان بتاتا ہون سنو - کل عتل جواظ مستکبر یعنے ہر غلیظ خواہ مخواہ متکبر - رواہ البخاری - اور اسامہ بن زید سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین دروازے جنت پر کھڑا ہوا تو مین نے جنتیون مین داخل ہونے والے اکثر وہ لوگ دیکھے جو دنیا مین مسکین تھے اور تونگر لوگ روک کر گئے تھے مگر دوزخیون کو دوزخ مین ڈالنے کا حکم ہو گیا اور دوزخ کے دروازہ پر کھڑا ہوا تو مین نے دوزخیون مین اکثر تر وہ دیکھے جو عورتین تھین رواہ البخاری ف۲ شیخ نے عوائف الایمان مین کہا کہ جو لوگ ان رعایتون و عنایتون کے دیکھنے سے جو اولیاء کے ساتھ سابق ہوئی ہین اندھے ہوے اور دانائی اظہار کر کے خلق کے درمیان مقبول و مغرور ہوے اور یہ حرکت واہی

انکی نظروں میں مزین ہوی تو بے قدری کرتے ہیں اُن لوگوں کی جو اہل توحید ہیں اور حضرت جعفر بن محمد نے فرمایا کہ زینت دی گئی اُن لوگوں کے واسطے جنھوں نے انکار و کفر کیا یہ بات کہ زینت زندگانی دنیا پر بھروسا کریں یعنے دل اُسپر ساکن و مطمئن ہو جاویں بطور وسواس نہوں حتی کہ انھوں نے دنیا کو جمع کیا اور اسپر فخر کیا اور ٹھٹھا کرتے ہیں ان لوگوں سے جو ایمان لاے ہیں اور اپنے تمام امور میں اللہ تعالے پر توکل کرتے ہیں

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ

تھے لوگ ایک امت پھر بھیجے اللہ تعالے نے نبی خوشی اور ڈر سنانے والے اور اُتاری اُنکے ساتھ کتاب

بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ إِلَّا الَّذِيْنَ أُوْتُوْهُ مِنْ بَعْدِ

سچی کہ فیصل کرے لوگوں میں جس بات میں جھگڑے اور کتاب میں جھگڑا ڈالا انہیں مگر انھیں لوگوں نے جنکو ملی تھی بعد اسکے

مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ

کہ انکو پہونچ چکی تھیں آیات واضح آپس کی ضد سے پھر اب راہ دی اللہ تعالے نے ایمان والوں کو اس سچی بات کی جنمیں جھگڑے ہیں اپنے

بِإِذْنِهٖ وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ

حکم سے اور اللہ چلاتے جسکو چاہے سیدھی راہ

كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً - سب لوگ امت واحدہ تھے ف اس سے یہ مراد ہے کہ ایمان پر تھے پھر انھوں نے باہم اختلاف کیا یا اس طور کہ بعضے ایمان پر رہے اور بعضے کافر ہو گئے - فَبَعَثَ اللّٰهُ النَّبِيّٖنَ - پس اللہ تعالے نے پیغمبروں کو بھیجا ف یعنے اُنکی طرف ہدایت کے لیے - مُبَشِّرِيْنَ - بالجنۃ من آمن - حالانکہ خوشخبری سنانے والے ہیں یعنے ہر ایسے بندے کو جو ایمان لایا جنت کے ساتھ - وَمُنْذِرِيْنَ - من کفر بالنار - اور ڈرانے والے ہیں یعنے اس شخص کو جسنے کفر کیا دوزخ کے ساتھ - وَأَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ - اور انکے ساتھ کتاب نازل فرمائی ف یعنے کتابیں اُتاریں - بِالْحَقِّ - اُتارنا سچ - لِيَحْكُمَ - یہ تاکہ حکم کرے ساتھ اُس کتاب کے - بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ - لوگوں میں اس امر میں جسمیں اُنھوں نے اختلاف کیا ہے ف مگر انھوں نے پھر اختلاف کیا - وَمَا اخْتَلَفَ فِيْهِ إِلَّا الَّذِيْنَ أُوْتُوْهُ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ - اور اسمیں اختلاف نہیں کیا مگر انھیں لوگوں نے جنکو یہ کتاب دی گئی تھی بعد اسکے کہ انکے پاس کھلی حجتیں آچکی ہیں ف پس بجاے ہدایت کے انھوں نے دلائل توحید کی کتاب لیکر اسمیں پھوٹ ڈالی - بَغْيًا بَيْنَهُمْ - یہ جو باہمی عداوت کے ف چنانچہ یہود و نصاری میں مختلف فرقوں کی باہمی عداوت سے بشدت تحریفات واقع ہوئیں جسکا اقرار بکثرت موجود ہے پھر اللہ تعالے نے قرآن مجید نازل فرمایا - فَهَدَى اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِإِذْنِهٖ - پس اللہ تعالے نے مومنوں کو ایسے ہر امر حق میں ٹھیک ہدایت کر دی جسمیں اہل کتاب نے اختلاف ڈالا تھا اپنے ارادہ سے ف یعنے اللہ تعالے نے اپنے ارادہ قدیم سے مومنوں کو حق ہدایت دی - وَاللّٰهُ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ - اور اللہ تعالے جسکو چاہتا ہے راہ مستقیم کی ہدایت فرماتا ہے ف وہ ہر چیز پر قادر ہے - واضح ہو کہ علماے تفسیر میں اختلاف ہے کہ كَانَ النَّاسُ أُمَّةً وَّاحِدَةً کے کیا معنے ہیں کیونکہ ایک گروہ ہونا محتمل ہے کہ ایمان پر ہوں یا کفر پر ہوں پس شیخ ابو العالیہ نے کہ بااعتبار سند روایت کی کہ لوگ جس دم آدم علیہ السلام پر پیش کیے گئے اور انکی پیٹھ سے نکالے گئے اور انھوں نے بندہ ہونے کا اقرار کیا تو امت واحدہ مسلمان تھے اور اس دن کے سوا کبھی امت واحدہ نہ تھے پھر آدم علیہ السلام کے بعد مختلف ہو گئے - اور کلبی نے کہا کہ وہ نوح کے کشتی والے ہیں کہ بعد نوح کے مختلف ہو گئے اور بعض نے کہا کہ عرب والے سب

دین ابراہیم پر تھے یہانتک کہ عمرو بن لحی نے انمیں اختلاف ڈالا۔ اور بعض نے کہا کہ آیت میں کوئی ایسی چیز نہیں جو دلالت کرے کہ وہ ایمان پر تھے یا کفر پر تھے اسکے واسطے کوئی دلیل خارجی چاہیے ہو۔ اور بعض نے کہا کہ وفات آدم کے وقت سے حضرت نوح کے وقت تک کفر پر تھے بدلیل قولہ فبعث اللہ النبیین الی آخرہ۔ اور تفسیر ابن کثیر میں ہو کہ شیخ ابن جریر نے فرمایا کہ حدثنا محمد بن بشار ثنا ابوداؤد اخبرنا ہمام عن قتادۃ عن عکرمۃ عن ابن عباس فرمایا ابن عباس نے کہ آدم و نوح کے درمیان دس قرون تھے کہ سب شریعت حق پر تھے پھر انھوں نے اختلاف کیا پھر اللہ تعالے نے پیغمبران مبشرین و منذرین کو بھیجا ابن جریر نے فرمایا کہ ایسا ہی قراءۃ عبداللہ بن مسعود میں ہو کہ کان الناس امۃ واحدۃ فاختلفوا فبعث اللہ الی آخرہ قال ابن کثیر اور اس حدیث کو حاکم نے بھی من حدیث بندار محمد بن بشار۔ روایت کیا اور کہا کہ صحیح الاسناد ہو اور ایسے ہی ابوجعفر رازی نے ابوالعالیہ کے طریق سے ابی بن کعب سے روایت کی کہ وہ پڑھا کرتے تھے کان الناس امۃ واحدۃ فاختلفوا فبعث اللہ النبیین مبشرین و منذرین۔ اور عبدالرزاق نے من طریق معمر عن قتادہ روایت کی کہ قتادہ نے قولہ کان الناس امۃ واحدۃ۔ میں کہا کہ سب ہدایت پر تھے پھر انھوں نے اختلاف کیا پھر اللہ تعالے نے نبیوں کو بھیجا پس پہلے نبی جو بھیجے گئے وہ نوح تھے اور مجاہد نے بھی ایسا ہی کہا جیسا کہ پہلے ابن عباس سے مروی ہوا ہی قال المترجم اور مفسر سیوطی نے بھی اسی پر اعتماد کیا کہ امت واحدہ سے مراد یہ کہ شریعت حق و ایمان کی راہ پر تھے۔ اور قولہ فبعث اللہ النبیین۔ میں فا تعقیب ہی اور فاختلفوا معقد ہی فاختلفوا فبعث اللہ جیسا کہ ان روایات سے اسکی تقدیر ثابت ہی اور قراءۃ ابن مسعود و ابی بن کعب سے تائید موجود ہی اور اگر فاختلفوا کی تقدیر نہو تو ظاہر یہ ہوتا ہی کہ ملت واحدۃ سے کفر مراد ہی یعنے سب کافر تھے پھر اللہ تعالے نے انبیا کو بھیجا اور تفسیر ابن کثیر میں ہو کہ عوفی نے ابن عباس سے روایت کی کہ قولہ کان الناس امۃ واحدۃ فرماتا ہی کہ وہ سب کافر تھے پھر اللہ تعالے نے انبیا مبشرین و منذرین بھیجے شیخ ابن کثیر نے کہا کہ ابن عباس سے پہلا قول جو مذکور ہوا وہ سند کی راہ سے اصح ہو اور معنے کی راہ سے بھی اصح ہی اسواسطے کہ لوگ سب حضرت آدم علیہ السلام کی ملت پر تھے یہانتک کہ انھوں نے بت پرستیاں کرنی شروع کیں پھر اللہ تعالے نے نوح علیہ السلام کو انکی طرف بھیجا پس نوح علیہ السلام پہلے رسول تھے کہ اللہ تعالے نے انکو اہل زمین کی طرف بھیجا تھا قال البیضاوی اور لفظ اختلفوا اسواسطے حذف ہوا کہ قولہ فیما اختلفوا فیہ اسپر دلالت کرتا ہی اور امام احمد و ابن حبان نے ابوذر سے مرفوعا روایت کی جسمیں مذکور ہی کہ انبیا کی تعداد ایک لاکھ چوبیس ہزار ہی جنمیں سے رسول تین سو تیرہ ہیں اور قرآن میں انمیں سے اٹھائیس کے نام مذکور ہیں اور ایسے ہی تعداد کتب احادیث سے مروی ہی اور سرخ میں انکے نام یہ لکھے ہیں آدم ادریس۔ نوح۔ ہود۔ صالح۔ ابراہیم۔ اسمعیل۔ اسحق۔ یعقوب۔ یوسف۔ لوط۔ موسی۔ ہارون۔ شعیب۔ زکریا۔ یحیی۔ عیسی۔ داؤد۔ سلیمان۔ الیاس۔ الیسع۔ ذوالکفل۔ ایوب۔ یونس۔ محمد صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین آخرین میں اختلاف ہو ذوالقرنین۔ عزیر۔ لقمان۔ پس جملہ اٹھائیس ہیں اور قرآن مجید میں باقی کا مذکور نہونا انکے نبی نہونے کو مستلزم نہیں ہو اللہ تعالے نے فرمایا منہم من لم نقصص علیک۔ یعنے انبیا میں سے بعضوں کا قصہ تجھ پر بیان کیا گیا اور بعض کا حال تجھ پر بیان نہیں کیا گیا ہو اور قولہ مبشرین و منذرین حال ہو اور قولہ انزل معہم الکتاب کو زمخشری نے کشاف میں نظم کیا کہ معنے یہ بھی ہو سکتے ہیں کہ معہم بمعنے مع کل واحد منہم ہو یعنے ہر ایک کے ساتھ اسکی کتاب ہو اور بیضاوی نے اسکو رد کر دیا کہ ہر ایک کے ساتھ اسکی کتاب نہ تھی بلکہ ایسے اکثر تھے کہ جنکے ساتھ انکی مخصوص کتاب نہ تھی اور اپنے اگلوں کی کتاب کی پابندی کرنے پر مامور تھے پس مراد لفظ الکتاب سے جنس کتاب ہی اور اسپر اعتراض ہوا کہ بہتیرے ایسے ہوئے کہ انکے ساتھ جنس کتاب بھی نازل نہیں کیگئی ہی اور جواب دیا گیا کہ قولہ معہم حال مقدرہ ہی کتاب سے پس متعلق بمحذوف منصوب ہی اور عامل انزل ہی پس معنے یہ ہیں کہ انزل جنس الکتاب مقدرا مصاحبتہ و مقارنتہ للنبیین یعنے اللہ تعالے نے کتاب کے اتارنے میں یہ امر مقدر کر دیا کہ وہ پیغمبروں کے ساتھ ہوگی پس ہر پیغمبر اپنے ساتھ مخصوص کتاب سے احکام شرعی لیتا تھا یا اپنے اگلے نبی کی کتاب سے لیتا تھا اور یہان سے ظاہر ہوا کہ لفظ الکتاب بالف لام جنس صالح واحد و جمع ہی پس لفظ کتب بصیغہ جمع لانے کی کوئی ضرورت نہ تھی اور نیز مقابلہ جمع بجمع سے وہم یہ تھا کہ

تقسیم سے ہر ایک کے مقابلہ میں ایک کتاب مراد ہے حالانکہ ایسا نہیں ہے اور قولہ بالحق کو مفسر سیوطی رح نے انزل کے متعلق قرار دیا اور صاحب جلالین اسکو متنازعا بالحق کی تقدیر سے حال قرار دیا۔ اور قولہ لیحکم بین الناس تاکہ وہ لوگوں میں حکم کرے۔ اہل تفسیر میں اقوال ہیں کہ حکم کرنے والا کون ہے پس اس میں احتمال ہیں ایک یہ کہ اللہ تعالےٰ حکم کرے دوم آنکہ نبی سوم آنکہ کتاب حکم کرے اور کتاب کے حکم کو تفتازانی رح نے ترجیح دی یعنے کہا کہ یہی مرجح ہے کہ یہ معنے لیے جاویں کہ تاکہ حکم کرے لوگوں کے درمیان اور کہا کہ اللہ تعالےٰ کی طرف ضمیر عائد کرنے میں معنے کی راہ سے تکلف ضروری ہوگا کیونکہ یہ معنے ہونگے تاکہ ظاہر کرے حکم کتاب کا لوگوں میں اور نبی کی طرف راجع کرنے میں لفظی تکلف ضرور ہوگا کیونکہ لیحکم انہیں فرمایا ہے یعنے ضرور ہوا کہ کہا جاوے کہ لیحکم کل واحد من النبیین پس ضمیر ہر واحد نبی کی طرف بایں تاویل راجع ہوگی اور کتاب کیطرف بدون تکلف لفظی و معنوی کے راجع ہوسکتی ہے پس یہی راجح ہے اور شیخ ابوحیان نے اللہ کی طرف ضمیر راجع ہونے کو ترجیح دی ہے اور یہی ظاہر ہے اور معنے یہ بیان کیے کہ اللہ تعالےٰ نے کتاب نازل کی تاکہ فیصلہ کرے کتاب کے ساتھ لوگوں کے درمیان یعنے لوگوں کا اختلاف دور کرکے قول فیصل بتلاوے اور کتاب کی طرف حکم کرنے کی نسبت مجازی ہے واسطے کہ کتاب حکم کرنے والی درحقیقت نہیں ہے جیسے قولہ ہذا کتابنا ینطق بالحق۔ میں کتاب کی طرف نطق کی نسبت مجازی ہے اور مفسر سیوطی رح اللہ نے شاید اسی کو اختیار کیا جبکہ کہا کہ لیحکم۔ بین الناس۔ یعنے بذریعہ کتاب کے لوگوں میں فیصلہ کا حکم دے۔ قولہ وما اختلف فیہ الا الذین اوتوہ۔ اسمیں اختلاف نہیں کیا مگر انھیں لوگوں نے جو یہ عطا کیے گئے۔ یعنے اس دین یا حق میں وہی پھوٹ ڈالنے والے ہوے جنکو کتاب حاکم دی گئی۔ حاصل یہ ٹھہرا کہ انھوں نے الٹی بات کردی کہ جو چیز واسطے اُتاری گئی تھی کہ اُنکے اختلاف کو زائل کردے اُسکو انھوں نے اختلاف مضبوط و مستحکم ہونیکا سبب کرلیا۔ من بعد ما جاءتھم البینات بغیا بینھم۔ بعد ازانکہ انکے پاس بینات آگئیں یعنے حق کی کھلی دلیلیں آگئیں پھر بھی باہم پھوٹ ڈالی باعث باہمی بغاوت و عداوت کے ف جیسے خوارج و روافض وغیرہ نے نفسانی مداخلت سے اجماع سلف چھوڑ دیا اور کتاب مجید میں بیجا تاویلوں سے پھوٹ ڈالی۔ قولہ فھدی اللہ الذین آمنوا لما اختلفوا فیہ من الحق باذنہ۔ پھر جس حق میں انھوں نے پھوٹ ڈالی تھی اللہ تعالےٰ نے اپنے ارادہ سے مومنوں کو اسکی ہدایت کردی اب یہاں سے مومنین کی ہدایت اور اپنے احسان کو بیان فرمایا اور معنے یہ ہیں کہ پھر ہدایت کی اللہ تعالےٰ نے اپنے ارادہ سے ان لوگوں کو جو ایمان لائے راہ صواب کی جس چیز میں اختلاف کرنے والوں نے اختلاف کیا تھا پس اختلاف کرنے والے عام ہیں خواہ اگلے ہوں یا پچھلے ہوں چنانچہ مومنین امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جتنے اختلاف کرنے والے گذرے یا اسوقت موجود ہیں اُن سب کے اختلاف سے اللہ تعالےٰ نے مومنوں اہل السنۃ کو نجات دیکر راہ راست کی ہدایت کردی۔ اور یہ اس طور پر کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا اور کتاب قرآن نازل فرمائی اور انھوں نے اتباع کی پس اختلاف سے نجات پائی اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالےٰ نے تو فرمایا کہ اختلاف کرنے والے وہی لوگ ہیں جنکو کتاب دی گئی حالانکہ اوپر مذکور ہوا کہ پہلے اختلاف واقع ہوا پھر اللہ تعالےٰ نے انبیا بھیجے تو جواب یہ ہے کہ ہاں اختلاف پہلے واقع ہوا اور یہ جو فرمایا کہ جنکو کتاب دی گئی انھوں نے اختلاف کیا اسکے معنے یہ ہیں کہ ان اختلاف کرنے والوں کے لیے جو چیز فیصلہ بھیجی گئی تھی کہ اختلاف رفع کرے اس سے انکا اختلاف زیادہ ہوگیا کہ انھوں نے اسکو بھی باختلاف کا سبب کرڈالا بایں طور کہ اسکی تحریف کردی اور اسکی تاویلیں بیجا کرنی شروع کیں اور مومنوں کو اللہ تعالےٰ نے اس سے بچایا کہ یہ لوگ کتاب مجید میں اپنی رائے سے تاویل کرنے کو کفر جانتے ہیں اور حدیث و آثار سے اسکے معانے پر اکتفا کرتے ہیں لہذا وہ لوگ جو قرآن مجید میں خلاف سنت اپنی رائے و عقل سے تاویلیں کرتے ہیں گویا مومن نہیں ہیں۔ اگر یہ وہم پیدا ہو کہ مسلمانوں میں بھی فروع مسائل میں اختلاف ہے مثل حنفی و شافعی وغیرہ کے تو یہ وہم ناسمجھی کا ہے جواب یہ ہے کہ راہ توحید میں ایکے درمیان کچھ اختلاف نہیں ہیں اور فروع مسائل اجتہادیہ ہیں جنکو اللہ تعالےٰ نے اجتہاد سے لینے اور اسمیں کوشش کرنے کا حکم دیا ہے اور اسپر ثواب کا وعدہ فرمایا ہے پس باہم حنفی و شافعی و مالکی و حنبلی کسی ایک دوسرے کو گمراہ نہیں کہتے ہیں بلکہ اجتہاد میں برحق جانتے ہیں اور انمیں اختلاف راہ توحید

کچھ نہیں اور کوئی اسکا قائل نہیں کہ اجتہاد امام شافعی پر حنفی کو عمل کرنا حرام ہو اور نہ شافعی کو حنفی اجتہاد پر کیونکہ سب اعمال خیر ہیں اور اللہ تعالے ہر عمل پر ثواب دیتا ہے بشرطیکہ راہ توحید پر مستقیم ہوں اور یہ معلوم ہو لیا کہ راہ توحید پر بحمد اللہ سب مستقیم ہیں پس اسکی مثال ایسی ہو کہ حج کے جانیکا حکم سب نے دیا مگر ایک نے کہا کہ زاد راہ نہ لیجاؤ اور میں جاتا ہوں اللہ پر توکل کرکے دوسرے نے کہا کہ لو زیادت بنا لو پس لیجانیوالا جو لیجاوے اسکے حق میں بہتر ہوا اور ہر شخص جانتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مثلاً ظہر سے پہلے کبھی دو رکعتیں پڑھیں اور کبھی چار رکعتیں پڑھیں پس اگر امام ابو حنیفہ نے کہا کہ چار سنتیں ظہر سے پہلے پڑھا کرے بہت ثواب پاویگا اور امام شافعی نے کہا کہ دو رکعتیں ظہر سے پہلے پڑھے بہت ثواب پاویگا یہ دونوں ٹھیک ہیں اسواسطے جو لوگ ماہر علماء میں سے گذرے ہیں وہ یہ جانتے ہیں کہ اگر چار پڑھ لے تو بہت اچھا اور اگر دو پڑھ لے تو بھی اچھا ہو اور ایسا ہی حال تمام فروعی اختلاف میں ہے البتہ اس زمانہ میں جہل بہت پھیلا جیسا کہ حدیث شریف میں پہلے سے خبر دی گئی ہے پس جاہل مقلدوں نے جھگڑا ڈلوایا ہے کہ وہ آپسمیں ان فروعی اختلاف پر لڑے مرتے ہیں اور یہ حرام و فسق ہے چنانچہ حنفی چار رکعت کے سوائے دو رکعت پڑھتے دیکھے تو اسپر عیب لگاوے اور کوئی دو رکعت کے سوائے چار پر انکار کرتا ہے اور یہ بڑے افسوس کا مقام ہے اللہ تعالے ہم لوگوں کو ایسے اختلاف و انکار سے بچاوے اور یہ شیطان کا بڑا وسوسہ ان مسلمانوں پر کام کر گیا کہ یہ لوگ بالکل دل میں غور نہیں کرتے ہیں کہ یہ سب اعمال خیر ہیں انسے ثواب مقصود ہے جس طرح ثواب ملنے کا طریقہ سنت ظاہر ہو جاوے اسطرح عمل کرو اور اللہ تعالے سے ثواب کی امید کرو ثواب حاصل ہوگا انشاء اللہ تعالے بشرطیکہ تم راہ توحید پر پورے قائم رہو پس اگر غور کا مقام ہے تو یہ ہے کہ راہ توحید ہاتھ سے نجانے پاوے اور یاد رکھو کہ جس قوم نے آپسمیں پھوٹ ڈالی وہ کبھی فلاح نہ پاوینگے اور ڈرو اللہ تعالے سے کہ ایتلاف باہمی جسپر اللہ تعالے نے احسان کیا اور نعمت قرار دیا اور فرمایا الف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا اسکو تم لوگ اسطرح ناشکری کے ساتھ برباد کرتے ہو دونوں اختلاف کرنے والے اس جرم میں گرفتار ہونگے۔ اہل اسلام وہ ہیں جو راہ توحید پر قائم ہیں اللہ تعالے کے ساتھ شرک نہیں کرتے ہیں اور دین میں بدعتیں پیدا کرکے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا نہیں دیتے ہیں۔ فاصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا اللہ لعلکم تفلحون۔ قولہ تعالے واللہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم۔ حضرت عزوجل نے مومنین کو اختلاف میں ٹھیک بات کی ہدایت کی چنانچہ حدیث صحیح در باب فضیلت جمعہ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے۔ قولہ فہدی اللہ الذین آمنوا لما اختلفوا فیہ من الحق باذنہ الآیہ۔ میں روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نحن الآخرون الاولون یوم القیامۃ۔ یعنے ہم دنیا میں پچھلے اور قیامت میں اگلے ہیں۔ نحن اول الناس دخولاً الجنۃ۔ ہمیں سب لوگوں سے پہلے جنت میں داخل ہونگے۔ بَيْنَ اَنْفُسِهِمْ اُوْتُوا الْكِتٰبَ من قبلنا واوتینا ہ من بعدھم فہدانا اللہ لما اختلفوا فیہ من الحق باذنہ۔ غیر از یکہ وہ لوگ ہمسے پہلے کتاب دیے گئے اور ہم انکے بعد دیے گئے پس اللہ تعالے نے ہمکو اپنے اذن و ارادہ سے اس حق بات کی ہدایت کی جس سے وہ خلاف راہ چلے تھے۔ فہذا الیوم الذی اختلفوا فیہ فہدانا اللہ لہ فالناس لنا فیہ تبع فغدا للیہود وبعد غد للنصاری۔ پس یہ دن یعنے روز جمعہ بھی ایسا ہے جسمیں ان لوگوں نے اختلاف کیا یعنے خلاف راہ چلے پس اللہ تعالے نے ہمکو اسکی ہدایت کر دی پس اور لوگ اسمیں ہمارے تابع ہیں کہ کل کا روز یعنے سنیچر کا روز یہود کا ہے اور پرسوں یعنے اتوار کا روز نصاری کا ہے۔ یہ الفاظ عبدالرزاق کی روایت کے ہیں اور معنے یہ ہیں کہ عید اسلام روز جمعہ ہے مگر اگلوں کو جو سرکش و شریر تھے اسکی ہدایت نہوئی چنانچہ یہود نے سنیچر لیا اور نصاری نے اتوار لیا جمعہ کسیکو نہ ملا۔ اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ ابن وہب نے عبدالرحمن بن یزید بن اسلم سے انھوں نے اپنے باپ یزید بن اسلم سے روایت کی کہ قولہ فہدی اللہ الذین آمنوا لما اختلفوا فیہ من الحق باذنہ۔ پس اگلوں نے روز جمعہ میں اختلاف کیا تھا کہ یہود نے سنیچر لیا اور نصاری نے اتوار لیا پھر اللہ تعالے نے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جمعہ کی ہدایت کی اور انھوں نے قبلہ میں اختلاف کیا تھا کہ یہود نے بیت المقدس کا استقبال کیا اور نصاری نے مشرق کا پھر اللہ تعالے نے امت محمد صلعم کو اسکی ہدایت کی یعنے کعبہ دیا اور انھوں نے نماز میں اختلاف کیا پس بعضے رکوع کرتے سجدہ نہیں کرتے

اور بعضے سجدہ کرتے اور رکوع نہیں کرتے اور بعضے نماز مین باتین کرتے اور بعضے چلتے چلتے نماز پڑھتے پس اللہ تعالے نے اسمین امت محمدی کو حق بات کی ہدایت کی اور انھون نے روزے مین اختلاف کیا پس بعضے تھوڑا دن روزہ رکھتے اور بعضے فقط بعضے کھانے سے روزہ رکھتے پس اللہ تعالے نے امت محمدی کو اسمین حق بات کی ہدایت کی اور انھون نے ابراہیم کے حق مین اختلاف کیا کہ یہود نے کہا وہ یہودی تھے اور نصرانیون نے کہا وہ نصرانی تھے پس اللہ تعالے نے انکو حنیف مسلم قرار دیکر امت محمدی کو اسکی ہدایت کی اور عیسیٰ کے حق مین اختلاف کیا کہ یہود نے انکو جھٹلایا اور انکی والدہ ماجدہ پر سخت بہتان باندھا اور نصرانیون نے انکو معبود اور خدا کا بیٹا ٹھہرایا اور اللہ عزوجل پر سخت بہتان باندھا پس اللہ تعالے نے انکو اپنی مخلوق روح و کلمہ قرار دیکر امت محمدی کو اسکی ہدایت کی۔ اور ربیع بن انس نے اس آیت کی تفسیر مین کہا کہ قبل اختلاف کے لوگون کا یہ حال تھا کہ وہ اکیلے پروردگار وحدہ لاشریک لہ کی خالص عبادت کرتے اور نماز قائم کرتے اور روزہ رکھتے اور شرائع اسلام ادا کرتے پس اسی راہ توحید و اسلام کی اللہ تعالے نے مومنون کو ہدایت کی پس انھون نے اس اختلاف کو جو لوگون مین پیدا ہوا تھا اپنے سے دور رکھا اور اگلے پیغمبر پچھلی امتون پر گواہ ہونگے کہ ان پیغمبرون نے اپنی اپنی امت کو احکام الٰہی پہونچائے ہین اور شیخ ابو العالیہ اس آیت کی تفسیر مین کہتے تھے کہ النجا من الشبہات والضلالات والفتن۔ یعنے اللہ تعالے نے مومنون کو ایسی ہدایت فرمائی کہ وہ شبہات اور گمراہیون اور فتنون سے بچ گئے۔ قولہ یہدی من یشاء الی صراط مستقیم۔ یعنے حکمت کاملہ و حجت بالغہ اسیکے واسطے ہی جسکو چاہتا ہی ہدایت فرماتا ہی اور صحیح بخاری مین حضرت عائشہؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب رات مین تہجد کی نماز کے لیے اٹھتے تھے تو فرماتے۔ اَللّٰھُمَّ رَبَّ جِبْرَئِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ اَنْتَ تَحْکُمُ بَیْنَ عِبَادِکَ فِیْمَا کَانُوْا فِیْہِ یَخْتَلِفُوْنَ اِھْدِنِیْ لِمَا اخْتُلِفَ فِیْہِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِکَ اِنَّکَ تَھْدِیْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ۔ اے پروردگار ہمارے پروردگار جبرئیل میکائیل اسرافیل کے پیدا کرنیوالے آسمانون و زمین کے جاننے والے غیب و شہادت کے تو ہی حکم کرتا ہی اپنے بندون مین اس چیز مین جسمین وہ اختلاف کرتے ہین۔ مجھے ٹھیک راہ پر رکھیو اس چیز مین جسمین لوگون نے اختلاف ڈالا ہی حق اور مجھ اپنے حکم و اذن سے تو ہی ہدایت کرتا ہی جسکو چاہتا ہی ٹھیک راہ کی۔ اور دعاے ماثور مین ہی کہ۔ اَللّٰھُمَّ اَرِنَا الْحَقَّ حَقًّا وَارْزُقْنَا اتِّبَاعَہٗ وَاَرِنَا الْبَاطِلَ بَاطِلًا وَارْزُقْنَا اجْتِنَابَہٗ وَلَا تَجْعَلْہُ مُلْتَبِسًا عَلَیْنَا فَنَضِلَّ وَاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِیْنَ اِمَامًا۔ اے اللہ تعالے پروردگار ہمارے ہمکو حق کو حق دکھلا اور اسکی پیروی نصیب کر اور باطل کو باطل دکھلا اور اس سے پرہیز کی توفیق دے اور حق و باطل کو ہم پر ملتبس مت کر دے کہ ہم گمراہ ہو جاوین اور ہمکو پرہیزگارون کا پیشوا بنا دے۔ (ف) شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے۔ کان الناس امۃ واحدۃ۔ لوگ سب ایک ہی امت تھے واضح ہو کہ ازل مین جب اللہ تعالے عزوجل نے اپنی ذات پاک پہچنوانے کا انکو خطاب فرمایا کہ الست بربکم کیا مین تمھارا پروردگار نہین ہون۔ قالوا بلیٰ۔ تو سب بولے کہ ہان تو بیشک ہمارا پروردگار ہی تب سب یہ لوگ اپنے اقرار مین ایک امت تھے کہ اپنے خالق کے پروردگار ہونے کا اور اپنے اوپر اسکی عبادت واجب لازم ہونیکا سب نے اقرار کیا کیونکہ انھون نے اسکی عظمت برہان اور عزت و سلطان کو مشاہدہ کیا اور اسکے عجائب کلام کو سن لیا اور یہ اتفاق انکا اسوقت تھا کہ ہنوز اللہ تعالے نے انکو بندگی و فرمانبرداری مین امتحان نہین کیا تھا پھر جب دنیا مین بھیجکر انکو بندگی کرنے کے امتحان مین بلایا تو متفرق ہو گئے پس اہل صفا و اہل سعادت کے ساتھ توفیق ازلی نے اسا عدت کی کہ وہ مشاہدہ و قربت و انوار صفا پر ثابت رہے کہ انھون نے اپنے سردار یعنے نبی کے ساتھ اپنے اسرار سے خطام دنیا کو دور رکھا اور اسکی ذلت مین اور غیر عوض مانگنے کے ثابت رہے یعنے کشف و کرامات دنیاوی کے طالب نہوے یعنے اسکی خواہش نہ تھی کہ کشف و کرامت حاصل ہو بلکہ درجات آخرت و رضاے حق کی تلاش تھی اور راہ معرفت کے قاصد رہے پس اللہ

(ف) یعنے بعض کہتے تھے کہ ہمارا رب ہی ہے بعض کہتے تھے کہ ہمارا رب ہی ہے بعض کہتے تھے کہ ہمارا رب ہی ہے

عزوجل نے اپنی طرف سے سکون و طمانیت انکے دلون مین نازل فرمائی تاکہ ایمان پر ایمان بڑھ جاوے اقول سکون آلہی ایک خاص چیز ہی جو اہل خلوص کو عطا ہوتی ہی جسکا ذکر بعضی احادیث صحیح مین آیا ہی پس جبکہ سکینت انکو عطا ہوئی تو وہ راہ مستقیم سے کسی طرف نہین جھکے اور مشاہدہ آیات حضرت عزوجل سے دنیا کی تروتازگی و مشتہیات نفسانی کی طرف مائل نہوے اور دنیاے دنی کے بدلے انھون نے کرامت حق عزوجل کو فروخت نہ کیا و قد قال تعالے و من المومنین رجال صدقوا ما عاہدوا اللہ علیہ فمنہم من قضی نحبہ و منہم من ینتظر و ما بدلوا تبدیلا۔ یعنے مومنین مین ایسے مرد ہین کہ سچائی سے پورا کیا انھون نے وہ عہد جو اللہ تعالے سے باندھا تھا پس انمین سے بعض ایسے ہین کہ اسنے اپنے عہد کو پورا کیا یعنے شہید ہوگیا اور بعض ایسے ہین کہ منتظر ہین اور انھون نے کوئی تبدیل نہین کی ہی۔ اور رہے اختلاف والے جنھون نے اپنے آپ کو خوار کیا تو اللہ تعالے نے انکو انکے نفوس کی خواہشون کے اندھیرے مین ڈال دیا کہ پاک و خبیث کو نہین پہچانتے اور بد و نیک مین تمیز نہین رکھتے خیر و شر مین فرق نہین کرتے بلکہ جب سے اپنے نفس شریر کی پیروی مین پڑے ہین تو شر کو اچھا سمجھتے اور خیر سے بیزار رہین یہانتک کہ انھون نے دنیا کو آخرت پر اختیار کرلیا اور عہد آلہی عزوجل کو بھول گئے حالانکہ یقین جانتے ہین کہ موت ضرور آویگی اور یہ بھی نہین ٹھیک ہی کہ آج آوے یا کل آوے مگر اپنے نفس کی خواہشون پر گرے چلے جاتے ہین اور رضاے حق عزوجل کی نعمت چھوڑ بیٹھے ہین اور جہالت کے گھڈے کی طرف جھک پڑے جو جہنم مین ختم ہوتی ہی کہ چلتے چلتے آخر پانون جہنم کے گڈھے مین جا پڑیگا پھر شیخ نے اس اختلاف کو دوسرے اشارہ پر لیا یعنے جو بعض احادیث مین آیا ہی کہ حضرت حق عزوجل نے ارواح کو نور دیا کہ انمین سے بہتیرون کو پہونچا اور بہتیرے محروم رہے پس انمین اختلاف ہوا چنانچہ شیخ نے مع دیگر لطائف کے یون کہا کہ تمام مخلوق عدم سے وجود مین آنے کے بعد حضرت حق عزوجل کے خطاب سے منور ہونے کے پہلے حالت غیبت مین یکسان پڑے تھے پھر جب اللہ عزوجل نے آنسے وہ حجاب پردہ جو انسانیت کی کدورات کا ہی دور کردیا اور اپنی نزدیکی کا مشاہدہ انکو کرامت کیا یعنے اپنا نور جو اپنے چھپڑ کا تو مختلف ہوے بعضے اس نور کو پاکر واصل ہوے اور بعضے محروم ہوکر منکر ہوے پس نور پانے والے کئی گروہ مگر سب متفق ہین بعضون کو حقائق مقامات حاصل ہوے تو وہ لوگ انھین مقامات پر بندگی کی شرطین ادا کرنے کے ساتھ ٹھہرے ہین اور بعضون کو لطائف حالات اور بعضون کو خصائص کرامات ملے اور بعضون نے خالص مشاہدہ حق جل کبریاؤہ پایا کہ وہ مقام قدم مین مقرب ہین قال المترجم اور انبیا علیہم السلام اس جملہ سے اعلی ہین وہ خاص انوار و اسرار سے سرفراز ہوے ہین اور باقی رہے وہ لوگ جو محروم رہے تو پہلے ہی وار مین انکو مہالک قہریات نے دبوچا کہ وہ گمراہی کے جنگلون مین متفرق پھرنے لگے چنانچہ بعضے یہودی بن بیٹھے اور بعضے نصرانی بنے اور بعضے زندیق ہوے اور اسی تقدیر کو لکھکر قلم خشک ہوگیا یعنے قیامت تک یہی حال جاری رہیگا۔ پھر سابق امتون کا اپنے انبیا کے ساتھ مخالفت کرنا اور آیات و کھلی نشانیان آنے کے بعد انکا اختلاف کرکے گمراہ ہونا بیان فرمانے کے بعد مومنین و نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا تاکہ اپنے مخالفون کے ساتھ دلیری کے ساتھ ثابت قدم رہین۔

أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ ۖ مَسَّتْهُمُ الْبَأْسَاءُ وَ

تم کو خیال ہو کہ جنت مین چلے جاؤگے اور ابھی تم پر آے نہین احوال انکے جو تم سے پہلے گذر گئے پہونچی انکو سختی اور

الضَّرَّاءُ وَزُلْزِلُوا حَتَّىٰ يَقُولَ الرَّسُولُ وَالَّذِينَ آمَنُوا مَعَهُ مَتَىٰ نَصْرُ اللَّهِ ۗ أَلَا إِنَّ نَصْرَ اللَّهِ قَرِيبٌ ۝

تکلیف اور جھنجھیڑے گئے یہانتک کہ کہنے لگا رسول اور جو اسکے ساتھ ایمان لائے کب آویگی مدد اللہ کی سن رکھو مدد اللہ کی نزدیک ہی۔

روایت ہی کہ مومنون کو ایک سختی پہونچی تو بعضے گھبرا گئے پس نازل ہوا قولہ تعالے۔ أَمْ حَسِبْتُمْ أَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ۔ بلکہ تم نے گمان باندھا تھا کہ تم جنت مین داخل ہوجاؤگے یعنے بغیر امتحان کے تم کو جنت مل جاوے یعنے ایذا پر صبر کرتے ہوے چاہتے ہو کہ بغیر امتحان کے تم کو جنت ملے۔ وَلَمَّا يَأْتِكُمْ مَثَلُ الَّذِينَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ۔ حالانکہ ابھی تک تمپر وہ مثل نہین آئی جو تمسے اگلے گذرے ہوون پر آئی

تھی ف باوجودیکہ تم سب امتوں سے اشرف ہو پھر اگلوں کے امتحان کا بیان فرمایا۔ بقولہ تعالے۔ مَسَّتْهُمُ الْبَاْسَآءُ۔ چھو گئی یعنے پہونچ گئی انکو محتاجی ف جس سے فاقہ پر فاقہ گذرا۔ وَالضَّرَّآءُ۔ اور بیماری کو ف تاکہ نفوس مغرور نہوں کہ ہم ایمان لائے بلکہ اللہ تعالے ہی کا احسان ہو کہ اسنے ہدایت دی۔ وَزُلْزِلُوْا۔ اور وہ لوگ جھنجھوڑے گئے انواع بلا سے تاکہ امتحان کیے جاویں کہ سچا یقین لائے اور ثابت قدم ہیں۔ غرض کہ جان و مال سے پریشانی و فاقہ و قتل و بیماری سے آزمائے گئے۔ حَتّٰى يَقُوْلَ الرَّسُوْلُ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ مَتٰى نَصْرُ اللّٰهِ۔ یہانتک کہ اسوقت کا رسول و اسکے ساتھی مومنین زبان سے کہنے لگے کہ مدد الٰہی کب ہوگی ف یعنے اب تو نصرت الٰہی جلدی آجاوے کہ کلیجہ منہوں کو آگئے ہیں اور صبر دشوار ہو گیا ہے۔ پس اللہ تعالے کی طرف سے انکو جواب ملا۔ اَلَآ اِنَّ نَصْرَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ۔ خبردار ہو جاؤ کہ نصرت الٰہی قریب ہے ف یعنے جلد آجائیگی۔ مفسر جمل کہتا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم پر یہ مثل ہجرت کے پانچویں برس غزوۂ خندق میں آئی چنانچہ سورۂ احزاب میں یہ تفسیر مبسوط آویگی اور اکابر صحابہ رضی اللہ عنہم نے اسی وقت جان لیا کہ بس اب ہم لوگوں نے تمام کافروں پر غلبہ پایا چنانچہ یہی ہوا کہ بعد اسکے روز بروز کفار مغلوب ہوتے گئے اور کبھی صحابہ کو بعد اسکے شدید مشقت نہیں پیش آئی اور اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیت پہلے سے اتر چکی تھی لیکن معالم میں کہا کہ قتادہ و سدی نے فرمایا کہ یہ آیت غزوۂ خندق میں اتری جبکہ مسلمانوں کو جہد و خوف شدید و سردی و تنگی معیشت و انواع اذیت سے بہت کچھ لاحق ہوا جیسا کہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے وبلغت القلوب الحناجر۔ کلیجہ منہ تک پہونچ گئے تھے۔ اور بعض نے کہا کہ جنگ احد کے بارہ میں اتری ہے اور عطا نے فرمایا کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے اور آپ کے اصحاب بھی آئے تو انکو تکلیف شدید پیش آئی اسواسطے کہ وہ لوگ بلا مال چلے آئے تھے اور اپنا ملک و مال کافروں کے ہاتھ میں چھوڑ آئے اور اللہ تعالے و اسکی رسول صلعم کی رضامندی کو اختیار کر لیا تھا پھر یہاں یہود نے عداوت ظاہر کی اور ایک قوم نے دل میں نفاق پوشیدہ کیا پس اللہ تعالے نے اہل ایمان کے دل مطمئن کرنے کے واسطے۔ ام حسبتم ان تدخلوا الجنۃ الآیہ۔ کو نازل فرمایا۔ قولہ زلزلوا۔ اے دشمنوں سے سخت جھنجھوڑے گئے اور سخت امتحان میں پکڑے گئے چنانچہ صحیح میں خباب بن الارت سے روایت ہے کہ ہم لوگوں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ آپ ہمارے لیے کیوں مدد نہیں چاہتے آپ ہمارے لیے کیوں نہیں دعا فرماتے ہیں آپ اسوقت خانۂ کعبہ کے سایہ میں ٹیک دیے ہوئے تھے پس اٹھ بیٹھے اور چہرۂ مبارک پر آثار خشم نمودار ہوئے اور فرمایا کہ تمسے اگلی امتوں کے مسلمانوں کا یہ حال تھا کہ ایک ایک کے سر پر آرہ رکھا جاتا اور پیروں تک چیر ڈالا جاتا پھر بھی اس سے وہ اپنے دین سے نہیں پھرتا تھا اور کسیکے بدن میں لوہے کی کنگھی گوشت و ہڈی تک پہونچا کر کھینچی جاتی اور یہ امر اسکو اسکے دین سے نہیں پھیرتا پھر فرمایا کہ قسم ہے اللہ تعالے کی کہ وہ اس امر کو یعنے دین اسلام کو ضرور پورا کریگا یہانتک کہ صنعا سے حضرموت تک جانے والا جائیگا اس حال میں کہ سوائے اللہ تعالے کے کسی سے خوف نہ کرتا ہوگا ولیکن تم لوگ جلد باز ہو (الصحاح) قال ابن کثیر مومنین کو ایسے امتحان میں سے غزوۂ خندق میں ایک پوری مشقت پیش آئی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ہنالک ابتلی المومنون وزلزلوا زلزالا شدیدا۔ اس سے ظاہر ہے کہ شیخ کے نزدیک اسکا سبب نزول غزوۂ خندق ہونا ثابت نہیں ہوا چنانچہ مفسر جمل نے خود اوپر اشارہ کیا اور یہی مفسر سیوطی کا مختار ہے۔ قولہ حتی یقول الرسول۔ اے شدت بلا و محنت کا استمرار یہانتک پہونچا کہ رسول و اسکے ساتھ والے مسلمان یہ کہنے لگے اور حتی بمعنے الی آن ہے ای الی ان یقول۔ پس اسمیں انتہاء درجہ مشقت پہونچ جانے پر دلالت ہے اسلیے کہ رسول کو نسبت اوروں کے زیادہ ثابت قدم و صابر ہوتے ہیں پس جب رسول سے یہ قول صادر ہوا تو معلوم ہوا کہ شدت بدرجۂ غایت پہونچ گئی تھی واضح ہو کہ حتی کا مابعد اگر مستقبل ہو پس اگر اس امر پر نظر کی گئی کہ قول مذکور بہ نسبت اپنے ماقبل کے مستقبل ہے اگرچہ فی الحال وہ زمانہ ماضی ہو گیا تو اسکو نصب دینگے چنانچہ یہاں اکثر قراء کی قرأت بدیں معنے حتی یقول۔ بالنصب ہے اور اگر اس امر پر نظر کی گئی کہ وہ حال ماضی کی حکایت ہے

تو اسکو رفع دیدیا جائیگا جیسے یہاں بھی بدین معنے بالرفع قراءۃ نافع ہی قولہ متی نصر اللہ۔ کہاں ہی مدد اللہ کی۔ اور اسمین مدد آلہی سے ناامیدی نہین اور نہ شک ہی جیسا کہ وہم ہوتا ہی بلکہ مدد آلہی کے دیر ہونے کے اظہار مین مدد کی درخواست ہی یعنے ای اللہ تعالے ہمکو مدد کرامت فرما کہ بہت دیر ہوگئی اور ہمارا صبر اب انتہا کو پہونچ گیا ہی بعض نے کہا کہ رسول نے جواب دیا کہ الا ان نصر اللہ قریب۔ قریب سے مراد قرب مسافتی نہین کہ وہ یہان لائق نہین بلکہ مراد قرب زمانی ہی چنانچہ مفسر نے کہا کہ قریب اتیانہ۔ ای اسکا آنا نزدیک ہی اور بیضاوی وغیرہ نے ذکر کیا کہ اسمین اشارہ ہی کہ اللہ تعالے کی نزدیکی حاصل کرنا اور درجات کرامت کو پہونچنا اسطرح ہوتا ہی کہ خواہش نفسانی کو چھوڑے اور لذات فانی کو ترک کرے اور محنت و مشقت و ریاضت و صبر اٹھاوے اور صحیح حدیث مین ہی کہ جنت گھری ہوئی ہی مکارہ سے اور دوزخ گھری ہوئی ہی شہوات سے یعنے جو راہ خدا مین ایسی چیزین ہین جو نفس پر گران گذرتی ہین مثل نماز روزہ وغیرہ برداشت کرے وہ داخل جنت ہوگا اور جو شہوات نفسانی اور کفر و شرک مین پڑ گیا وہ دوزخ مین جائیگا اور دوسری حدیث مین مضمون ہی کہ جبرئیل جب جنت کو دیکھنے بھیجے گئے تو انھون نے عرض کیا کہ ای پروردگار جو کوئی اسکو سنے گا کہ اسمین داخل ہونے کی خواہش کرکے داخل ہوگا پھر جب دوبارہ بھیجے گئے تو دیکھا کہ مکارہ سے گھیری ہوئی ہی تو عرض کیا کہ پروردگار اب خوف ہی کہ شاید کوئی داخل نہو سکیگا اور ایسے ہی دوزخ کی شہوات مین اسکے برعکس مذکور ہی یعنے اول مرتبہ جاکر دیکھا تو عرض کیا کہ ای پروردگار جو سنے گا کبھی اسمین داخل ہونیکا رخ نکریگا پھر دوبارہ جاکر دیکھا تو وہ شہوات نفس سے گھری ہوئی ہی پس عرض کیا کہ ای رب اسکے گروہ شہوات ہین کہ بہتیرے اسمین مبتلا ہونگے ف قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے ام حسبتم ان تدخلوا الجنۃ الخ۔ تم اپنے دل و جان کی نگاہبانی کرو اور مراقبہ رکھو اور نفس کے خیالات و عبادات کا اُس سے حساب لو اور درگاہ آلہی مین عبادت و ریاضت مین پوری کوشش کرو یعنے بدون مراقبہ و محاسبہ و مجاہدہ کے مقام انس و مشاہدہ مین نہین پہونچ سکتے ہو پھر اللہ تعالے نے محبت مال سے انکو جدا کیا اور انفاق کا حکم دیا تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے اسکو دریافت کیا چنانچہ اللہ تعالے نے نازل فرمایا

**يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ ۖ قُلْ مَآ أَنفَقْتُم مِّنْ خَيْرٍ فَلِلْوَٰلِدَيْنِ وَٱلْأَقْرَبِينَ وَٱلْيَتَٰمَىٰ وَٱلْمَسَٰكِينِ**

تجھسے پوچھتے ہین کیا چیز خرچ کرین تو کہہ جو چیز خرچ کرو فائدے کی سو ماں باپ کو اور نزدیک کے لگنے والون کو اور یتیمون کو اور محتاجون کو

**وَٱبْنِ ٱلسَّبِيلِ ۗ وَمَا تَفْعَلُوا۟ مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِهِۦ عَلِيمٌ**

اور راہ کے مسافر کو اور جو کروگے بھلائی وہ اللہ کو معلوم ہی

ابن المنذر نے محمد بن مقاتل سے روایت کی کہ عمرو بن الجموح انصاری بزرگ مالدار تھے انھون نے خرچ کا سوال کیا تو نازل ہوا قولہ تعالے یَسْئَلُوْنَکَ مَاذَا یُنْفِقُوْنَ۔ تجھسے پوچھتے ہین کہ کیا خرچ کرین ف ابن کثیر نے کہا یعنے کیونکر خرچ کرین سیوطی نے کہا کہ یہی سوال تھا کہ کیا چیز اور کن لوگون پر خرچ کرین چنانچہ اسی کے مطابق جواب فرمایا۔ قُلْ مَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ خَیْرٍ۔ کہدے کہ تم جو کچھ بھلائی سے خرچ کرو ف مال حلال سے خیرات کرو۔ فَلِلْوَالِدَیْنِ۔ تو وہ والدین کے لیے ہی ف یعنے خرچ کی چیز تو مال حلال چاہیے اور جو چیز خرچ کیا جاوے وہ والدین ہین۔ وَالْاَقْرَبِیْنَ۔ اقرباؤن کے لیے ہی ف بہتر اپنے نفس و اولاد کے بعد والدین پھر درجہ بدرجہ اقارب وَالْیَتٰمٰی۔ اور یتیم بچے ف جنکا باپ مرگیا ہو جب تک نابالغ ہون تب تک یتیم ہین کیونکہ حضرت علی رضی سے روایت ہی کہ بعد بالغ ہونے کے یتیمی نہین ہی (الترمذی) اگرچہ یتیم قرابتی نہون ورنہ قرابت و یتیمی مین داخل ہونگے۔ وَالْمَسٰکِیْنِ۔ اور مساکین مین ف جو محتاج ہون یا انکو قدر کفایت نہ ملتا ہو۔ وَابْنِ السَّبِیْلِ۔ اور مسافرین ف کہ راہ مین خرچہ ندارد ہوجانے سے محتاج ہوگئے اگرچہ وہ گھر سے مالدار ہون اور آخر مین عام انکی کا حکم دیا بقولہ۔ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَیْرٍ فَاِنَّ اللّٰہَ بِہٖ عَلِیْمٌ۔ اور جو کچھ تم بھلائی سے کرو تو اللہ تعالے اسکو خوب جانتا ہی

ف پس ایک ذرہ بھی ضائع نہو گا بلکہ ثواب جمیل پاؤ گے پس اسمین سب وجوہ شامل ہین

كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰٓى

حکم ہوا تم پر لڑائی کا اور وہ بری لگتی تھی تمکو اور شاید بری لگے تمکو ایک چیز اور وہ ع بہتر ہو تمکو اور شاید

ع

اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ع

لگے تمکو بھلی ایک چیز اور وہ بری ہو تمکو اور اللہ جانتا ہی اور تم نہین جانتے ہو

كُتِبَ - فرض کیا گیا - عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ - تمپر قتال یعنے کافرون سے لڑنا انکی کفر کی وجہ سے - وَهُوَ كُرْهٌ - وہ مکروہ ہی - لَّكُمْ - تمکو ف یعنے گران ہی تمکو طبیعت کی راہ سے بسبب اسکی مشقت کے - وَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ - اور کچھ بعید نہین کہ تم ایک چیز کو ناگوار رکھو حالانکہ وہ تمہارے حق مین بہتر ہی ف اگرچہ تمھارا نفس ناگوار رکھتا ہی وَعَسٰٓى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْـًٔا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ - اور کچھ بعید نہین کہ تم ایک چیز کو دل سے چاہو حالانکہ یہ تمہارے حق مین بدتر ہی ف اسواسطے کہ نفس تو ایسی چیز کی طرف میل کرتا ہی جو اسکی خواہشین ہوتی ہین حالانکہ یہ میل اسکا اسکی ہلاکت کا موجب ہی اور نفس ایسی چیزون سے نفرت کرتا اور بھاگتا ہی جو شرعی تکلیفات اسکی سعادت کے موجب ہین پس قتال مین تمہارے لیے بھلائی ہی اگرچہ تم اسکو گران جانو اسلیے کہ جہاد کرنے مین یا تو فتح و غنیمت ملتی ہی یا شہادت و ثواب ملتا ہی اور اسکے چھوڑنے مین تمہارے لیے برائی ہی اگرچہ تمکو بھلا معلوم ہو اسلیے کہ اسمین ذلت و محتاجی و ثواب سے محرومی ہی - وَاللّٰهُ يَعْلَمُ - ما ہو خیر لکم - اور اللہ جانتا ہی جو تمہارے واسطے بہتر ہی - وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ذلک فبادروا الی ما یامرکم بہ - اور تم نہین جانتے ہو اس بات کو پس جلدی کرو - اس چیز کی طرف جسکے بجالانے کا تمکو حکم فرماتا ہی - جہاد کرہ اسواسطے ہو کہ اسمین اخراج مال اور مفارقت آل و اولاد و وطن ہی اور نفس کو ایسے مقام پر پیش کرنا ہی جہان اسکے مرجانے کا خیال ہی یا زخمی و مجروح ہو کر سفر کی سختی و درد کی شدت مین گرفتاری کا خیال ہی اور مصدر کو یہان یا تو بطریق مبالغہ محمول کیا اور یا کرہ بمعنے مکروہ ہی اور یہی مفسر سلوطی نے اختیار کیا ہی - اگر کہا جاوے کہ یہان لازم آتا ہی کہ حکم الٰہی کو مکروہ جانا اور اسکے برخلاف کو اچھا سمجھا - اور جواب دیا گیا کہ کراہت سے کراہت طبعی مراد ہی یعنے طبیعت اسکو گران جانتی ہی بسبب اسکی مشقت کے اور کراہت ایمانی مراد نہین ہی کیونکہ بہت چیزون کو آدمی تصدیق دلی سے اچھا جانتا ہی حالانکہ طبیعت اسکو گران رکھتی ہی جیسے دوائے تلخ کہ اسکے نفع کی راہ سے اسکو اچھا جانتا ہی اگرچہ اسکا پینا نفس پر گران ہی - پھر جہاد بعض کے نزدیک ہر مسلمان پر فرض ہی - اور بعض نے کہا کہ جہاد نفل ہی اور آیہ مین خاص اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہین اور باقی لوگ مراد نہین ہین اور یہی ثوری و اوزاعی کا مذہب نقل کیا گیا ہی اور جمہور کے نزدیک جہاد فرض کفایہ ہی یعنے اگر کچھ لوگ جہاد کرنے کھڑے ہو جاوین تو باقیون کے ذمہ سے ساقط ہو گا اور اگر کوئی نہ کھڑا ہو تو سب گنہگار ہونگے اور جب کافر لوگ دار الاسلام پر حملہ کرین تو قریب والون پر انسے لڑنا اور دفع کرنا فرض ہی پھر اگر وہ لوگ کافی نہون تو انسے قریب والون پر بھی جانا فرض ہی علی ہذا القیاس ایک بعد دوسرے کے انتہائے ملک تک فرض ہو گا - اور بعض نے کہا کہ اگر مسلمانون کے ملک مین کافر آوین تو جہاد سب پر فرض ہی اور اگر اپنے ملک مین ہون تو فرض کفایہ ہی - قولہ واللہ یعلم - یعنے جسمین تمھاری بھلائی ہی اسکو اللہ تعالے جانتا ہی اسی سے جہاد تم پر فرض کر دیا اور بیضاوی نے کہا کہ اسمین دلیل ہی کہ احکام جو شرع مین ہین مصلحت کے ساتھ ہین اگرچہ ہر ایک کی مصلحت بہتری معلوم نہو -

يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ ۖ قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ ۖ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ وَكُفْرٌ

تجھسے پوچھتے ہین مہینہ حرام مین لڑائی کرنی تو کہہ لڑائی اسمین بڑا گناہ ہی اور روکنا اللہ کی راہ سے ہین اور اسکو ماننا

بِهِ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ أَكْبَرُ عِنْدَ اللَّهِ ۚ وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ ۗ

اور مسجد حرام سے روکنا اور نکال دینا اسکے لوگون کو وہان سے اسسے زیادہ گناہ ہی اللہ کے ہان اور دین سے بچلانا قتل سے زیادہ ہی

وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتَّىٰ يَرُدُّوكُمْ عَنْ دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا ۚ وَمَنْ يَرْتَدِدْ مِنْكُمْ

اور وہ تو لگے ہی رہتے ہین تم سے لڑنے کو یہانتک کہ تمکو پھیر دین تمہارے دین سے اگر مقدور پاوین اور جو کوئی پھر جاوے تم مین اپنے

عَنْ دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۖ وَأُولَٰئِكَ

دین سے پھر جاویگا کفر ہی تو انسون کے عمل ضائع ہوے دنیا و آخرت مین اور وہ

أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝

جہنم والے ہین وہ اسی مین رہ پڑے

جب رسول اللہ صلعم نے اپنے سرایا مین سے اول سریہ بھیجا اور اسپر عبداللہ بن جحش کو امیر مقرر کیا انھون نے مشرکین سے قتال کیا۔ اور ابن الحضرمی کو قتل کیا اور یہ جمادی الثانی کا آخر دن تھا اور اپنے ملتبس ہو گیا کہ رجب شروع ہو گیا پس کفار نے انکو عار دلایا کہ تمنے رجب کو حلال کر لیا ہی پس نازل ہوا قولہ تعالے۔ يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ۔ تجھسے ماہ حرام کو پوچھتے ہین ف یعنے بعض احکام کو جسکا بیان یہ ہی۔ قِتَالٍ فِيهِ۔ یعنے ماہ حرام مین قتال کرنا کیسا ہی ف جیسے عبداللہ بن جحش کے سریہ مین شبہہ پیدا ہوا تھا کہ اول تاریخ ماہ رجب مین قتال واقع ہوا ہی۔ اور بعد نزول آیت کے حضرت صلعم نے غنیمت کو قبول کیا اور زمخشری و ابن سیدۃ الناس نے زعم کیا کہ قتال اول رجب مین ہوا جو انکو آخر جمادی الثانی سے مشتبہ ہوا تھا۔ بالجملہ کافرون نے عار دلایا کہ تمنے ماہ رجب کو حلال کر لیا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ۔ تو کہدے کہ ماہ حرام مین قتال کرنا کبیرہ ہی ف گناہ عظیم ہی لیکن کافرون کا شرک و کفر اس سے بدتر ہی چنانچہ فرمایا۔ وَصَدٌّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ۔ اور راہ الٰہی سے روکنا۔ وَكُفْرٌ بِهِ۔ اور اللہ تعالے سے کفر کرنا ف یعنے دین الٰہی سے انکار و محمد رسول اللہ سے کفر کرنا۔ وَالْمَسْجِدِ الْحَرَامِ۔ اور مسجد حرام سے روکنا۔ ف جیسے مشرکون نے آنحضرت صلعم و مومنون کو عمرہ ادا کرنے سے روکا تھا۔ وَإِخْرَاجُ أَهْلِهِ مِنْهُ۔ اور مسجد الحرام والون کو وہان سے نکالنا ف یعنے محمد صلعم و مومنون کو مکہ سے نکالنا یہ سب امور۔ أَكْبَرُ عِنْدَ اللَّهِ۔ اللہ تعالے کے نزدیک بہت بڑا کبیرہ جرم و عصیان ہین یعنے کافرون کو تہدید فرمائی کہ تمنے بھول چوک سے ماہ حرام کے قتال پر عار دلایا اگرچہ وہ جرم سہی مگر اس سے بڑھکر سخت کبیرہ گناہ یہ ہی کہ لوگون کو راہ الٰہی سے روکو و مسجد الحرام سے روکو اور اللہ تعالے سے کفر کرو اور جو لوگ مسجد الحرام مین عبادت کے لائق ہین یعنے رسول و صحابہ انکو وہان سے نکالو حتی کہ ہجرت کر کے مدینہ جاوین پس یہ سب امور البتہ اللہ تعالے کے نزدیک بڑے کبیرہ گناہ ہین اور تم کافرون نے ان امور کو عمداً کیا ہی پس کافرون و مسلمانون کے فعل مین دو طرح سے فرق ہی اول تو سریہ اسلام نے عمداً نہین کیا بلکہ مشتبہ ہوا تھا۔ اور کافرون کا شرک کفر وغیرہ عمداً ہی۔ دوم قتال ماہ حرام خفیف ہی اور کافرون کے معاصی بہت شدید ہین پس جو لوگ ایسے شدید معاصی کے مرتکب ہون وہ کیونکر مسلمانون کو طعنہ دے سکتے ہین وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ۔ اور شرک کرنا قتل سے بڑھکر کبیرہ ہی ف یعنے اے کافرو تمہارا شرک کرنا بڑا کبیرہ ہی بہ نسبت اسکے کہ تم ماہ حرام مین قتل کیے جاؤ مفسر رحمہ کہتا ہی کہ مومنون کو خطاب اولی ہی یعنے اے مومنو تم مشتبہ مت ہو کیونکہ ماہ حرام مین کافرون کو قتل کرنے سے کافر لوگ

لے سورۃ بقرہ جسکی آخر جمادی الثانی کا آخر صلعم نے رجب سمجھا تھا

شرک کرنا بدتر ہی حالانکہ تمنے انکو جرم شرک ہی پر قتل کیا۔ وَلَا يَزَالُونَ يُقَاتِلُونَكُمْ حَتَّىٰ يَرُدُّوكُمْ عَن دِينِكُمْ إِنِ اسْتَطَاعُوا
اور کفار برابر تمسے قتال کرتے رہینگے یہانتک کہ تمکو تمھارے دین سے پھیر دین اگر قابو پاوین ف یہ کفار تمھارے دین کے دشمن ہین پس تم برابر انکو
مارو اور دین پر قائم رہو اور ہرگز کافرون کے فریب مین مت آؤ۔ وَمَن يَرْتَدِدْ مِنكُمْ عَن دِينِهِ فَيَمُتْ وَهُوَ كَافِرٌ فَأُولَٰئِكَ
حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ - اور جو کوئی تم مین سے اپنے دین سے پھرا پھر وہ مرا اس حال مین کہ کافر ہی تو اسکے اعمال مٹ گئے
دنیا و آخرت مین ف ان اعمال کا دنیا و آخرت مین کچھ شمار نہو گا بلکہ وہ کافرون کے ساتھ دائمی جہنم مین رہیگا۔ وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ
هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ اور ایسے ہی کفر پر مرنے والے تو دوزخی لوگ ہین وہ اسمین ہمیشہ پڑے رہینگے ف اس آیت مین چند مقام ہین از آنجملہ کیا ماہ
حرام مین قتال روا ہی یا نہین اور پوچھنے والے کفار ہین یا مسلمان ہین اور مرتد کا کیا حکم ہی۔ اور ہر ایک کا بیان آتا ہی اور واضح ہو کہ یہ پہلا سریہ ہی جو اسلام
مین غنیمت قیدی لایا۔ پھر بعض علمانے کہا کہ آیۃ محکم ہی اور ماہ حرام مین قتال نہین روا ہی الا اسی طور پر کہ کافرون کے حملہ کو دفع کرے اور انکے دفعیہ کے
واسطے لڑے اور جمہور کے نزدیک۔ قولہ اقتلوا المشرکین حیث وجدتموہم اور قولہ قاتلوا المشرکین کافۃ۔ سے یہ آیت منسوخ ہی یعنے کوئی مہینہ ہو
قتال کرنا روا ہی اور زمین حرم مین البتہ نہین روا ہی خواہ مہینہ حرام ہو یا حلال ہو پھر ماہہاے حرام چار ہین ذی قعدہ و ذی الحجہ و محرم و رجب پس تین
پیہم اور ایک فرد ہی۔ قولہ یسئلونک عن الشہر الحرام۔ پوچھنے والے اکثر مفسرین کے نزدیک اہل اسلام تھے اور بیضاوی نے اسکو ضعیف جانا اور
میل کیا کہ پوچھنے والے مشرکین مکہ ہین کیونکہ قولہ تعالے۔ وصد عن سبیل اللہ و کفر بہ۔ شاہد ہی کہ مشرکین ہی پوچھنے والے تھے تاکہ جیسا انھون نے مسلمانون پر
تعریض کی تھی ویسے ہی پر تعریض ہو جاوے اور یہ توجیہ بطریق بلاغت ہی اور البتہ صحیح مروی ہوا کہ مشرکین سوال کرتے تھے چنانچہ شیخ ابن کثیر رح نے
ذکر کیا کہ ابن ابی حاتم نے جندب بن عبد اللہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند لوگون کو روانہ کیا اور انپر ابو عبیدہ بن الجراح کو
امیر مقرر کیا پھر جب ابو عبیدہ چلنے لگے تو حضرت صلعم کے فراق سے روئے پس آپ نے ابو عبیدہ کو روک لیا اور بجاے انکے عبد اللہ بن جحش
مقرر کیا اور انکو ایک خط لکھدیا اور حکم کیا کہ اسکو نہ پڑھین یہانتک کہ فلان مقام پر پہونچین اور فرمایا کہ اپنے ساتھیون مین سے کسیکو اپنے ساتھ
چلنے پر مجبور مت کرنا پھر جب مقام مذکور پر عبد اللہ نے خط کھولکر پڑھا تو کہا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون۔ اور کہا کہ مین نے حکم رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کو بگوش دل سنا و منظور کیا پھر ساتھیون سے حال بیان کیا اور انکو خط پڑھ سنایا پھر دو شخص پچھڑ رہے اور باقی لوگ چلے پس انھون نے
ابن الحضرمی کو پایا اور اسکو قتل کر دیا اور یہ نہ جانا کہ یہ روز جمادی الاخری کا ہی یا رجب کا ہی پھر مشرکون نے مسلمانون سے کہا کہ تمنے شہر حرام مین
قتل کیا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ یسئلونک عن الشہر الحرام قتال فیہ قل قتال فیہ کبیر الآیۃ۔ اور سدی رح نے۔ ابن عباس و ابن مسعود رض سے
روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک سریہ بھیجا اور سات آدمی تھے انپر عبد اللہ بن جحش اسدی کو سردار کیا اور انمین عمار بن یاسر و
ابو حذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ و سعد بن ابی وقاص و عتبہ بن غزوان سلمی اور سہیل بن بیضاء و عامر بن فہیرہ و واقد بن عبد اللہ یربوعی تھے اور ابن
جحش کو ایک خط لکھدیا اور حکم کیا کہ اسکو نہ پڑھین یہانتک کہ بطن نخلہ مین اترین پھر جب بطن نخلہ مین اترے تو خط کھولا اسمین لکھا تھا کہ تو چلا
جا یہانتک کہ بطن نخلہ مین مقام کر پس عبد اللہ بن جحش نے ساتھیون سے کہا کہ جو شخص تم مین سے موت کو چاہتا ہو وہ میرے ساتھ چلے اور
وصیت کرے کہ مین نے وصیت کر دی اور مین حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر چلا جاؤنگا پھر چلے پھر ایک مقام پر سعد بن ابی وقاص و عتبہ دونون
پچھڑ رہے کہ دونون کی سواری گم ہو گئی تھی اسکو ڈھونڈھتے رہگئے اور ابن جحش چلکر بطن نخلہ مین پہونچے پھر ناگاہ وہان حکم بن کیسان و عثمان
بن عبد اللہ بن المغیرہ و نوفل بن عبد اللہ ملے پس انھون نے انمین سے دو کو قید کیا اور ابن الحضرمی کو قتل کیا اور واقد بن عبد اللہ نے اپنے تیر سے

لہ و اخرجہ ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابن المنذر و ابن مردویہ و البیہقی فی دلائل النبوۃ

اسکو قتل کیا تھا اور نوفل انکے ہاتھ سے نکل بھاگا اور ہاتھ نہ آیا پس یہ پہلی غنیمت تھی جو اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حاصل کی پھر جب لوگ مدینہ مین دو قیدی اور مال غنیمت لیکر لوٹ آئے تو اہل مکہ نے اپنے قیدیون کو فدیہ دیکر چھڑانا چاہا اور شہر حرام مین قتال کرنے پر عار دلایا اور بولے کہ محمد کو زعم ہی کہ ہم اللہ تعالے کی اتباع کرتے ہین حالانکہ انھون نے ہی پہلے ماہ حرام مین تغیر کیا کہ اسمین قتال حلال کیا ہی اور ہمارے ساتھی کو ماہ رجب مین قتل کر ڈالا پس مسلمانون نے کہا کہ ہمنے اُسکو جمادی الثانی مین قتل کیا ہی اور یہ بات یہ تھی کہ وہ پہلی رات رجب اور آخر رات جمادی الثانی کی تھی اور شہر رجب داخل ہونے پر مسلمانون نے اپنی تلوارین میان مین کر دین اور اللہ تعالے نے نازل کیا کہ اہل مکہ کو عار دیتا ہی یسئلونک عن الشہر الحرام قتال فیہ قل قتال فیہ کبیر - ای حلال نہین ہی اور اگر وہ مشرکین جو تمنے کیا ہی وہ شہر حرام مین قتل کرنے سے کہین بڑھکر ہی کہ تمنے اللہ تعالے کے ساتھ کفر کیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم و اُنکے ساتھیون کو روکا اور مسجد الحرام کے لوگون کو مسجد الحرام سے نکالنا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم و اُنکے ساتھیون کو تمنے نکالا ہی - یہ اللہ تعالے کے نزدیک ماہ حرام مین قتل کرنے سے کہین بڑھکر ہی - **قال ابن کثیر** اور عوفی نے ابن عباس سے روایت کی کہ بات یہ ہی کہ مشرکون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو روکا اور ماہ حرام مین مسجد الحرام تک پہونچنے سے مانع ہوے کہا ابن عباس نے پس اللہ تعالے نے سال آیندہ مین ماہ حرام مین اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے فتح دی پس اس واقعہ مین جب مشرکون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر عیب لگایا کہ ماہ حرام مین قتال کیا تو اللہ عزوجل نے رد فرمایا کہ - صدعن سبیل اللہ وکفر بہ والمسجد الحرام واخراج اہلہ منہ اکبر عند اللہ - یعنے یہ بڑا گناہ ہی بہ نسبت ماہ حرام مین قتال کی اور یہ بات یون تھی کہ رسول اللہ صلعم نے ایک سریہ روانہ کیا پس یہ لوگ پہونچے تو ابن الحضرمی اُنکو ملا اور وہ طائف سے آتا تھا اور وہ آخر رات جمادی الثانی کی اور پہلی رات رجب کی تھی اور اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے گمان کیا کہ یہ رات جمادی الثانی کی ہی اور تھی وہ اول رجب کی مگر اُنکو معلوم نہوا پس ابن الحضرمی کو ایک نے انمین سے قتل کیا اور جو کچھ اُسکے ساتھ تھا سب چھین لیا پھر مشرکون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پاس آدمی بھیجا کہ آپ کو عار دلاتے تھے کہ ماہ حرام مین قتل روا رکھا ہی پس اللہ تعالے نے فرمایا یسئلونک عن الشہر الحرام قتال فیہ قل قتال فیہ کبیر وصد عن سبیل اللہ وکفر بہ والمسجد الحرام واخراج اہلہ منہ اکبر عند اللہ - یعنے اہل مسجد الحرام کو اسمین سے نکال دینا یہ اس سے بڑھکر ہی جو اصحاب محمد صلعم نے کیا ہی - والفتنۃ اشد من القتل - اور شرک اس سے بھی زیادہ سخت ہی - ایسا ہی عکرمہ نے ابن عباس سے روایت کیا کہ یہ آیت سریہ عبد اللہ بن جحش اور قتل عمرو بن الحضرمی کے بارہ مین اتری ہی اور اسیکے مانند محمد بن السائب کلبی نے ابو صالح کی طریق سے ابن عباس سے روایت کیا ہی اور محمد بن اسحق بن یسار مدنی نے اپنی کتاب السیر مین روایت کی کہ انھون نے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن جحش بن رباب اسدی کو ماہ رجب مین بدر اولی سے لوٹتے وقت سریہ روانہ کیا اور اُنکے ساتھ آٹھ آدمی مہاجرین سے جنمین کوئی انصاری نہ تھا روانہ کیے اور عبد اللہ کو ایک خط لکھدیا اور حکم کیا کہ اُسکو نہ دیکھین یہانتک کہ دو روز چلے جاوین یعنے دو منزل طی کر لین پھر اُسکو دیکھین پس اُسمین حکم کیا ہی اُسکے موافق چلے جاوین اور اپنے ساتھیون مین سے کسی پر چلنے کے واسطے زبردستی نہ کرین اور اُنکے ساتھی مہاجرین تھے پھر بنی عبد شمس بن عبد مناف مین سے ابو حذیفہ بن عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف تھے اور اُنکے ہم قسم عبد اللہ بن جحش بن رباب اسدی تھے اور یہی قوم کے سردار کیے گئے تھے اور نیز عکاشہ بن محصن اسدی بن اسد بن خزیمہ مین سے ایک شخص انکے ہم قسم تھے اور بنی نوفل بن عبد مناف مین سے عتبہ بن غزوان بن جابر تھے اور بنی زہرہ بن کلاب مین سے سعد بن ابی وقاص اُنکے حلیف اور بنی کعب بن عدی مین سے عامر بن ربیعہ نیز اُنکے حلیف غیر ابن وائل سے تھے اور نیز واقد بن عبد اللہ بن عبد مناف بن عرس بن ثعلبۃ الیربوعی بنی تمیم مین سے اُنکے حلیف تھے اور خالد بن البکیر ایک شخص بنی سعد بن لیث مین سے اُنکے حلیف تھے

اور بنی حارث بن فہر مین سے سہیل بن بیضاء تھے پھر جب عبداللہ بن جحش دو روز چلے تو پھر خط کھولکر دیکھا پس اسمین لکھا تھا کہ جب تو میرے
اس خط کو دیکھے تو چلا جا یہانتک کہ تو بطن نخلہ مین مکہ و طائف کے درمیان اُتر کر قریش کا انتظار و تاک کر اور اُنکی خبر ہمین ہمارے واسطے معلوم کر
پس جب عبداللہ نے خط دیکھا تو کہا کہ مین نے اللہ و رسول کی فرمانبرداری قبول کی پھر اپنے ساتھیون سے کہا کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے حکم دیا ہی کہ مین چلا جاؤن بطن نخلہ تک ہان قریش کی تاک کرون تاکہ اُنکی خبر لاؤن اور مجھے منع فرمایا ہی کہ مین تم مین سے کسی پر جبر و اکراہ
کرون پس جو شخص تم مین سے شہادت چاہتا ہو اور اسمین رغبت رکھتا ہو وہ میرے ساتھ چلے اور جسکو یہ گران گذرے اُسکو لوٹ جانا چاہیے
اور مین تو حکم رسول اللہ صلعم پر چلا جاؤنگا پھر عبداللہ بن جحش چلے اور انکے ساتھی بھی انکے ساتھ ہوئے انمین سے کوئی نہین پیچھے رہا پس
سبھون نے زمین حجاز کی بلندی کی راہ اختیار کی یہانتک کہ جب قرع کے اوپر معدن مین پہونچے جسکو نجران کہتے تھے تو وہان سعد بن ابی وقاص
و عتبہ بن غزوان کا اونٹ جسپر دونون باری باری سوار ہوتے تھے گم ہوگیا پس یہ دونون ڈھونڈھتے رہگئے اور عبداللہ بن جحش باقی لوگ
آگے چلے گئے یہان تک کہ بطن نخلہ مین اُترے پس وہان قریش کے اونٹ مال تجارت روغن زیتون و اُدم وغیرہ سے لدے ہوئے گذرے جنمین
عمرو بن الحضرمی تھا اور اس حضرمی کا نام عبداللہ بن عباد تھا اور عثمان بن عبداللہ بن المغیرہ اور اُسکا بھائی نوفل بن عبداللہ مخزومی اور حکم
بن کیسان مولاے ہشام بن المغیرہ تھے پھر جب قوم نے اُنکو دیکھا تو اُنسے ڈرے حالانکہ اُنکے قریب اُترے تھے پھر عکاشہ بن محصن
انپر ظاہر ہوے اور اُنھون نے اپنا سر منڈایا تھا پھر جب عکاشہ کو دیکھا تو بے خوف ہوئے اور کہنے لگے کہ عمار ہی تمپر اُنکی طرف سے کچھ
خوف نہین ہی اور مسلمانون نے اُنکے بارہ مین باہم مشاورت کی اور یہ آخر جمادی الثانی اول رجب مین تھا پس قوم نے کہا کہ اگر تمنے ان لوگون کو اس رات
چھوڑ دیا تو ضرور حرم مین داخل ہوجاوینگے اور پھر تمسے ممنوع ہونگے اور اگر تمنے اُنکو قتل کیا تو ماہ حرام مین قتل کرنا واقع ہوگا پس قوم کو تردد پیش آیا اور اُنپر
پیش قدمی سے گناہ کے خیال سے ڈرے پھر اپنا دل کڑا کرکے سب نے اسی بات پر اتفاق کیا کہ کافرون مین سے جسکو پاؤ قتل کردو اور جو کچھ اُنکے ساتھ ہی سب
چھین لو پس واقد بن عبداللہ تمیمی نے عمرو بن الحضرمی کو تیر مارا اور اُسکو قتل کیا اور عثمان بن عبداللہ و حکم بن کیسان کو قید کرلیا اور نوفل بن عبداللہ ہاتھ
سے نکل گیا ایسا کہ تلاش سے ہاتھ نہ آیا پھر عبداللہ بن جحش مع اپنے ساتھیون کے دونون قیدی اور لدے اونٹ لیے ہوے رسول اللہ صلعم کی
خدمت مین مدینہ حاضر ہوے محمد بن اسحٰق نے کہا کہ بعضے اولاد عبداللہ بن جحش نے ذکر کیا کہ عبداللہ بن جحش نے اپنے ساتھیون سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے لیے اس غنیمت مین سے جو ہمنے حاصل کی ہی پانچوان حصہ ہی اور یہ بات اُنھون نے قبل سے کہی تھی کہ اللہ تعالے مال غنائم سے پانچوان حصہ
فرض فرماوے پس عبداللہ نے اون مال لدے ہوے مع اونٹون سے پانچوان حصہ الگ کرلیا اور باقی اپنے ساتھیون کے درمیان تقسیم کردیا ابن اسحٰق نے کہا کہ پھر جب رسول اللہ صلعم کی خدمت
مین حاضر ہوے تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ مین نے تمکو ماہ حرام مین قتال کرنیکا حکم نہین دیا تھا اور مال اور ہر دو قیدی کو توقف مین رکھا اور انکار کیا کہ اسمین سے کچھ قبول فرمایا پس
جب رسول اللہ صلعم نے یہ فرمایا تو عبداللہ و اُنکے ساتھی نادم ہوے اور اُنکو گمان ہوا کہ ہمسے بڑا گناہ واقع ہوا اور دیگر مسلمانون نے انکو اُنکے فعل پر ملامت کی اور
قریش کے مشرک کہنے لگے کہ محمد و اُنکے ساتھیون نے ماہ حرام کو حلال کردیا اور ماہ حرام مین خونریزی کی اور اسمین مال چھین لیا اور لوگون کو قید کیا اور
یہود نے اسمین بدفالی کی باتین نکالین جو اللہ تعالے نے اُلٹی انھین پر ڈالین پھر جب لوگون نے اُسمین زیادہ بڑھ بڑھکر باتین بنائین تو اللہ تعالے نے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل فرمایا یسئلونک عن الشہر الحرام قتال فیہ قل قتال فیہ کبیر وصد عن سبیل اللہ وکفر بہ والمسجد الحرام واخراج اہلہ منہ اکبر
عند اللہ والفتنۃ اشد من القتل۔ یعنے اگر تمنے شہر حرام مین قتل کیا ہی تو اُنھون نے تمکو راہ خدا سے باوجود اسکے ساتھ کفر کرنے کے روکا ہی اور
مسجد حرام سے روکا اور تمھارا وہان سے نکالا جانا حالانکہ تم اسکے اہل و لائق ہو اللہ تعالے کے نزدیک تمھارے اُنکو قتل کرنے سے زیادہ بڑھکر ہی

لہ ظاہر روایت ہی اسمین کہ عمرو بن الحضرمی و عثمان کا قتل اس ہلال شعبان مین ہوا جس مین آنحضرت کو بدر مین فتح ہوئی تھی

اور فتنہ اشد ہی قتل سے یعنے وہ لوگ مسلمان کو اسکے دین کی وجہ سے ایسے فتنہ و عذاب مین ڈالتے تھے تاکہ اسکو اسکے دین سے پھر کفر کی طرف پھیرین
پس یہ انکا فعل اللہ تعالے کے نزدیک تمھارے قتل کرنے سے بڑھکر ہی - والایزالون یقاتلونکم حتی یردوکم عن دینکم ان استطاعوا - یعنے پھر وہ لوگ اپنے
بدترا فعال پر اڑے و قائم ہین ہنوز توبہ نہین کی ہی اور نہ اس سے الگ ہوے ہین - ابن اسحق نے کہا کہ پھر جب قرآن اس مرہین نازا اور اللہ تعالے نے
مسلمانون سے شدت و غم دور کر دیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو قیدی اور مال غنیمت پر قبضہ کیا اور قریش نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دونون
قیدیون کا فدیہ بھیجا پس رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ ہم تمکو یہ دونون قیدی فدیہ لیکر نہ چھوڑینگے یہانتک کہ ہمارے دونون ساتھی یعنے سعد بن ابی وقاص و
عتبہ بن غزوان نہ آجاوین کیونکہ ہمکو انکے حق مین تمھاری طرف سے خیال ہی پس اگر تمنے انکو قتل کیا تو ہم تمھارے دونون ساتھیون کو قتل کرینگے
پھر سعد و عتبہ آگئے تب رسول اللہ صلعم نے دونون قیدیون کو فدیہ پر چھوڑا لیکن حکم بن کیسان تو مسلمان ہو گئے اور انکا اسلام اچھا ہوا یعنے اچھے
مسلمان ہوے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ٹھہرے یہانتک کہ بیر معونہ کے واقعہ مین شہید ہوے اور رہا عثمان بن عبد اللہ تو وہ مکہ
چلا گیا اور وہان کفر کی حالت مین مر گیا - قال المفسرون ہکذا ذکرہ ابن کثیر اور مفسرین کہتا ہی کہ ابن اسحق کی روایت اتم و اوضح ہی لیکن بعض مقام پر ہمسے
خالی نہین ہی اور محمد بن اسحق اگرچہ تحقیق یہ ہی کہ صدوق ہین یعنے سچے آدمی ہین انکی روایت مقبول ہی و لیکن وہم کر جاتے ہین چنانچہ آخر رجب و شروع شعبا
مین وہم کیا حالانکہ ثقات کی روایت مین شروع رجب اور آخر جمادی الثانی مین التباس ہوا تھا بالجملہ ان روایات سے ثابت ہوا کہ یہ سریہ عبد اللہ بن جحش مین
نازل ہوا ہی اور محمد بن اسحق کی روایت سے پایا جاتا ہی کہ مسلمانون مین اس بات کے سوال سے اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی ہی اور صحیح یہ ہی کہ کفار
قریش کے سوال پر نازل ہوئی ہی اور یہ تصریح اس قصہ کی بعض سیاق مین موجود ہی قال ابن کثیر اور شعیب بن حمزہ نے عن الزہری عن عروۃ بن الزبیر
اسیکے مانند روایت کیا اور انکی روایت مین ہی کہ پھر کفار قریش مین سے کچھ لوگ ایلچی ہوکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مدینہ مین آئے اور کہا کہ کیا
ماہ حرام مین بھی قتال حلال ہی پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا - یسئلونک عن الشہر الحرام قتال فیہ الآیہ - قال المفسرون پس شہر حرام سے یہان مطلق
وہ مہینہ مراد ہی جسمین قتال پہلے حرام تھا کیونکہ قریش نے یہی سوال کیا تھا کہ کیا ماہ حرام مین قتال حلال ہی اور معقول ہی کہ سوال مین الف لام منشا مخصوص
ہو یعنے ماہ رجب جسمین یہ قصہ واقع ہوا اور جواب مین بھی مخصوص لیا جاوے یا عام لیا جاوے واللہ اعلم بیضاوی نے کہا کہ اگر خبر ہی ان چاروں باتونکی
جو کہا تو قریش کی اوشپر رد کی گئی ہین اگر کہا جاوے کہ یہ واحد ہی تو بیضاوی نے جواب دیا کہ افعل من یعنے اسم تفضیل مستعمل ہی من مین واحد و جمع و مذکر و مونث یکسان
ہی پس جمع کے ساتھ مین و مبعنے جمع ہی - قولہ ولایزالون یقاتلونکم - خطاب مومنین کو ہی اور یہین سے اکثرون کو اشتباہ ہوا ہی کہ سوال کرنے والے مومنین
ہی ہین حالانکہ یہ کچھ شبہہ کی وجہ نہین ہی اسواسطے کہ یہانتک سے خطاب کفار کو نہین ہی بلکہ اللہ تعالے نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرمایا
ہی کہ سائلون کو یہ جواب دیدے اور مسلمانونکو آگاہ فرمایا کہ متنبہ رہین وہ لوگ تم سے برابر عداوت رکھینگے تاکہ تمکو تمھارے دین سے پھیر دین پس حتی واسطے
تعلیل کے ہی اور قولہ ان استطاعوا - سے انکی حرکت کا استبعاد فرمایا جیسے کہتے ہین کہ تم ہمسے سمجھ لینا اگر جیت جاؤ حالانکہ یقین ہوتا ہی کہ کبھی نہ جیتینگا
پس ایذان ہی کہ وہ لوگ کبھی ایسا نہین کر سکینگے - قولہ فیمت وہو کافر - یعنے حال کفر ہی پر مر گیا اور اسی قید سے شافعیہ نے نکالا ہی کہ اگر مسلمان ہوکر مرا
تو اعمال حبط نہونگے بلکہ ثواب پاویگا جیسا کہ مفسر نے ذکر کیا ہی و لیکن شرنبلی خطیب شافعی نے کہا کہ مرتد ہونے سے پہلے جو اعمال اسنے کیے تھے اسکا
ثواب جاتا رہیگا اسکو شافعی رحمہ اللہ نے صریح فرمادیا ہی اگرچہ بعض متاخرین نے اسمین خلاف کیا ہی انتہی کلامہ اور مبنی اس قول کا جو مفسر نے ذکر کیا یہ ہی کہ
قولہ واولئک اصحاب النار ہم فیہا خالدون - کا عطف جملہ شرطیہ یعنے مجموع شرط و جزا پر ہی - اور اگر - فاولئک حبطت اعمالہم - یعنے جملہ جزا پر
عطف ہو جیسا کہ ظاہر ہی تو اعمال کا حبط ہونا اور دائم دوزخ مین رہنا دونون باتین مرتد ہوکر کافر مرنے پر مرتب ہونگی پس شافعیہ جو دلیل پکڑتے تھے

وہ جاتی رہیگی پھر جاننا چاہیے کہ امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک مرتد ہوتے ہی سے اعمال باطل ہو جاتے ہین خواہ وہ مسلمان ہو کر مرے یا مرتد ہی مر جاوے یا ان مرتد ہو کر پھر مسلمان ہونے کے بعد جو اعمال نیک کریگا اور حالت اسلام پر رہیگا تو مرتد ہو کر پھر مسلمان ہونے کے بعد والے اعمال خیر کا ثواب پاویگا اور دلیل اسپر قولہ ومن کفر بالایمان فقط حبط عملہ یعنے جو کافر ہوا ایمان سے پس ضرور اسکے اعمال باطل ہوے پس اس سے ثابت ہوا کہ مرتد ہونا موجب حبط اعمال ہی اگر کہا جاوے کہ یہ آیت مطلق ہی اور جس سے شافعیہ نے دلیل پکڑی ہی وہ مقید ہی پس مطلق کو مقید پر محمول کرنا چاہیے تو جواب یہ ہی کہ مطلق کو یقیدی اسوقت محمول کیا جاتا ہی کہ حادثہ واحد ہو اور اطلاق وتقیید دونون حکم مین ہون اور یہان اگرچہ حادثہ واحد یعنے مرتد ہو جانے کے بارہ مین دونون آیتین ہین مگر حکم مین اطلاق وتقیید نہین ہی بلکہ سبب مین ہی پس مطلق کو مقید پر محمول نہین کر سکتے ہین اور بعض فقہانے یہ جواب دیا ہی کہ اس آیہ سے ثابت ہوتا ہی کہ دو کام ہین اور دونون پر دو جزا علیحدہ علیحدہ ہین یعنے مرتد ہونا اور کافر مرنا پس مرتد ہونے کی جزا حبط اعمال ہی اور کافر مرنے کی جزا خلود فی النار ہی۔ اور جاننا چاہیے کہ اس اختلاف کا ثمرہ یہ ہی کہ اگر کسی نے حج کیا پھر وہ مرتد ہو گیا نعوذ باللہ منہ پھر مسلمان ہوا اور اسکو استطاعت والا لازمی ایسی حاصل ہی کہ حج اسپر واجب ہی تو امام شافعی کے نزدیک اسپر حج کا اعادہ واجب نہین ہی اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک واجب ہی اسواسطے کہ پہلا حج تو حبط ہو گیا اور بعد مسلمان ہونے کے عود نہ کریگا اور شافعی رح کے نزدیک چونکہ پھر مسلمان ہو گیا ہی حبط نہو گا مترجم کہتا ہی جیسا کہ خطیب نے نقل کیا ہی کہ ثواب جاتا رہیگا اس بنا پر امام شافعی کے نزدیک اعادہ حج واجب ہونا چاہیے اسواسطے کہ مقصود اس سے ثواب ہی ہی قال اور ثمرہ اختلاف سے یہ ہی کہ اگر کسی نے ظہر کی نماز پڑھی پھر مرتد ہو گیا نعوذ باللہ منہ پھر تھوڑی دیر کے بعد مسلمان ہوا اور ابھی ظہر کا وقت باقی ہی تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک ظہر کا اعادہ اسپر واجب ہی اور شافعیہ کے نزدیک نہین واجب ہی واللہ اعلم

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ

جو لوگ ایمان لائے اور جنھون نے ہجرت کی اور لڑے اللہ کی راہ مین وہ امید وار ہین اللہ کی مہر کے

وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ

اور اللہ بخشنے والا مہربان ہی

طبرانی نے معجم کبیر مین اور ابن ابی حاتم نے جندب بن عبد اللہ سے روایت کیا اور محمد بن اسحق نے بھی اپنی روایت مین کہا کہ جب عبد اللہ بن جحش وانکے ساتھیون سے وہ الزام وغم دور ہوا جو ماہ حرام مین قتال کرنے سے پیدا ہوا تھا تب انکو ثواب کی امید ہوئی اور رسول اللہ صلعم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ بھلا ہم لوگ اس بات کی طمع رکھین کہ یہ لڑائی ہمارے واسطے ایک غزوہ ہو گا جسمین جہاد کرنے والون کا ثواب ہمکو ملیگا پس اللہ تعالے عزوجل نے نازل فرمایا۔ إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أُولَٰئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَتَ اللَّهِ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ پس اللہ عزوجل نے انکو اس سے بڑی امید مین کر دیا اور ابن اسحق نے کہا کہ اس حدیث کو زہری اور یزید بن رومان نے عروۃ الزبیر سے بھی روایت کیا ہی کذا فی تفسیر ابن کثیر اور ہجرت کے معنے یہ ہین کہ ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ وطن کر لینا اور مراد یہان یہ ہی کہ دار کفر سے مدینہ منورہ مین ہجرت کر کے آئے اور یہ خاص ہجرت تھی کہ اللہ تعالے نے اسپر ثواب عظیم کا وعدہ فرمایا ہی اور حدیث مین ہی کہ لا ہجرۃ بعد الفتح۔ یعنے بعد فتح مکہ کے پھر ہجرت نہین ہی اور ظاہر مراد یہ ہی کہ وہ خاص ہجرت نہین ہی جسکا ثواب مذکور ہوا اور نہ ہر زمانہ مین جو مسلمان کسی دار الکفر سے دار الاسلام مین ہجرت کر جاوے وہ ثواب کی امید رکھے گا واللہ اعلم۔ اور افضل ہجرت یہ کہ اعمال بد کو چھوڑ دے چنانچہ صحیح کی حدیث مین ہی۔ اور جہاد کے معنے اپنی کوشش بھر صرف کر دینا کسی کام مین اور فقہا کا اجتہاد مسائل کے نکالنے مین بھی

اسی معنے مین ہی اور مراد کافرون سے لڑنا اور حدیث سے ثابت ہی کہ جہاد وہ لڑنا ہی جو اس غرض سے ہو کہ اللہ تعالے کا کلمہ اور اسکا دین بلند ہو اور آیہ کریمہ مین والذین ہاجروا - پر پھر موصول کو مکرر فرمایا یعنے - ان الذین آمنوا و ہاجروا - نہین فرمایا تو اسمین ہجرت و جہاد کی بزرگی ظاہر فرمائی اور بیضاوی نے کہا گویا امید ثواب کے واسطے یہ دونون مستقل ہین اگرچہ ایمان ہونا ان دونون کے واسطے شرط ہی اور یرجون بمعنے یطمعون ہی اسی طمع رکھتے ہین اور ان اوصاف حمیدہ کے بعد یرجون اسواسطے فرمایا کہ دنیا مین آدمی اگرچہ تمام طور پر طاعت و فرمانبرداری کو پورا کرے مگر قطعی یقین نہین کرسکتا کہ مین جنتی ہون بوجہ ان اعمال کے خصوص جبکہ اعتبار آدمی کے خاتمہ کا ہی لیکن اگر اللہ تعالے نے کسی کو جنتی کیا تو وہ بیشک جنتی ہی جیسے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے دس صحابہ کے جنتی ہونے کی خبر قطعی ہی اور وہ ابوبکر عمر عثمان - علی طلحہ - زبیر - ابوعبیدہ بن الجراح سعید بن زید بن عمرو بن نفیل - سعد بن ابی وقاص - عبدالرحمن بن عوف ہین اور جمیع اہل بیعۃ احد و بیعۃ الرضوان بلکہ جمیع صحابہ رضی اللہ عنہم کے بارہ مین مشہور و قریب متواتر احادیث صحیح ہین - ابن عطیہ نے کہا کہ رجاء مین ہمیشہ امید کے ساتھ ایک طرح کا خوف ہوتا ہی جیسے خوف مین ہمیشہ ایک طرح کی امید لگی ہوتی ہی اور اللہ تعالے نے ان لوگون یعنے عبداللہ بن جحش اور انکے ساتھیون کے حق مین اس آیت کو نازل فرمایا ولیکن عام طور پر لوگون کو شامل کردیا ہی یہ نہین ہی کہ آیہ کریمہ مخصوص انہین کے حق مین ہو اور قتادہ سے روایت ہی کہ اللہ تعالے نے اس آیت مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیون پر اچھی تعریف فرمائی ہی اور وہ لوگ اس امت کے خیار اور برگزیدہ لوگ تھے اور لفظ رحمت کشیدہ لکھی گئی اور یہ رسم خط صحابہؓ کا گویا اشارہ ہی کہ تنگ تار سے جو آخر مین ہی نہ لکھی جاوے کیونکہ رحمت اللہ واسطہ خصوص آخرت مین اہل قرآن کے واسطے فافہم -

يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ ۖ قُلْ فِيهِمَآ إِثْمٌ كَبِيرٌ وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَآ أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا

تجھسے پوچھتے ہین حکم شراب کا اور جوے کا تو کہدو ان مین گناہ بڑا ہی اور فائدے بھی لوگون کو ہین اور انکا گناہ انکے فائدے سے بڑا ہی الایہ

وَيَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ ۖ قُلِ الْعَفْوَ ۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ

اور پوچھتے ہین تجھسے کیا خرچ کرین تو کہہ جو زیادہ ہو - اسیطرح بیان کرتا ہی اللہ تمھارے لیے حکمون کو شاید تم دھیان دھرو

فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ ۗ

دنیا و آخرت مین

يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَيْسِرِ - تجھسے خمر و میسر کو پوچھتے ہین ف کہ خمر کا اور قمار کا کیا حکم ہی - قُلْ فِيهِمَآ إِثْمٌ كَبِيرٌ تو کہدے خمر و میسر مین گناہ کبیر ہی - وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ - اور لوگون کے لیے منافع حقیر ہی ف یعنے لوگون کو شراب خواری سے لذت ملتی ہی اور قمار سے مفت مال ملتا ہی اب خود اندازہ کرلو - وَإِثْمُهُمَآ أَكْبَرُ مِن نَّفْعِهِمَا - اور دونون کے نفع حقیر سے گناہ کبیر بڑھا ہوا ہی ف لیکن عجب شان رحمت الٰہی عزوجل اپنے پیغمبر صلعم کے اصحاب پر تھی کہ اسوقت تعلق جسمی بالکل مرتفع نہین ہوا تھا اور شراب کی عادت تھی تو قطعاً حرام نکیا - وَيَسْـَٔلُونَكَ مَاذَا يُنفِقُونَ - اور تجھسے پوچھتے ہین کہ خرچ کیا کرین - قُلِ الْعَفْوَ - کہدے کہ جو بڑھتی ہو ف تمھاری ذاتی ضرورت سے زائد ہو - كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ - یون ہی اللہ تعالے تمھارے لیے اپنی آیات بینات کو بیان فرماتا ہی تاکہ تم دنیا و آخرت مین غور و فکر کرو ف پس نور حکمت الٰہیہ سے حق و باطل کو امتیاز کرلو - واضح ہو کہ - یہان تین سوال ہین ایک شراب خمر کا - دوم جزے کا سوم کیا خرچ کرین - پس تین مقام کے ساتھ اسکی تفسیر بیان کرنی چاہیے مقام اول خمر لغت مین بمعنے ستر ہی اسی ڈھانکنے کو اسی سے عورت کی اوڑھنی کو خمار کہتے ہین اور حدیث مین ہی خمروا آنیتکم - اسی اپنے برتنون کو ڈھک دیا کرو پس اسی سے شراب کو

خمر کہتے ہین کہ وہ عقل کو ڈھانک دیتی ہی اور بعض نے کہا کہ خمر از مخامرہ ہی یعنی مخالط ہو جاتی ہی عقل کے ساتھہ اور خطبۂ عمرؓ مین ہی کہ الخمر ما خامر العقل یعنے خمر وہ جو عقل سے مخامر ہو جاوے پھر انگور کا شیرہ جبکہ جوش مین آیا اور اشتداد ہوا اور جھاگ پھینکے تو وہ خمر ہی اور سوائے آب انگور کے اور چیز سے بھی جو مخامر عقل ہو وہ خمر کے حکم مین ہی اور یہی جمہور کا مذہب ہی و عقریب انشاء اللہ تعالے اسمین کلام سورۂ مائدہ کی آیۂ تحریم خمر کی تفسیر مین آویگا انشاء اللہ تعالے اور سوال کرنے والے یہان اہل اسلام ہین اور ابن کثیر غیرہ نے ذکر کیا کہ امام احمد نے ابو میسرہ کے طریق سے عمر بن الخطابؓ سے روایت کی کہ عمرؓ نے کہا کہ ای رب ہمارے لیے ہمکو خمر کے حق مین بیان شافی بیجیے کیونکہ وہ عقل و مال کھو دیتی ہی پس یہ آیت اتری پس عمرؓ بلائے گئے اور انکو پڑھہ سنائی گئی پس انھون نے کہا کہ ای اللہ ہمارے لیے ہمکو خمر کے حق مین بیان شافی فرماوے پس اتری وہ آیت جو سورۂ نسا مین ہی۔ یا ایہا الذین آمنوا لا تقربوا الصلوٰۃ و انتم سکاری۔ پس جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز کو کھڑے ہوتے تو آپکا منادی پکار دیتا کہ آگاہ رہو کہ نماز سے کوئی نشہ والا قریب نہ ہو یعنے جو نشہ مین مست ہو وہ نماز کے قریب آوے پس عمرؓ بلائے گئے اور انکو یہ آیت بھی پڑھہ سنائی گئی پھر انھون نے کہا کہ ای اللہ ہمارے لیے ہمکو خمر کے حق مین بیان شافی فرماوے پس وہ آیت اتری جو سورۂ مائدہ مین ہی پس عمرؓ بلائے گئے اور انکو سنائی گئی پھر جب فہل انتم منتہون تک پہونچے تو عمرؓ نے کہا کہ انتہینا انتہینا یعنے ہم باز رہے ہم باز رہے اس حدیث کو ابو داؤد و ترمذی و نسائی و ابن ابی حاتم و ابن مردویہ نے روایت کیا ہی حافظ ابن کثیر نے کہا کہ ابو میسرہ کا نام عمرو بن شرحبیل ہمدانی ہی اور عمرؓ سے انھون نے سوائے اس حدیث کے اور کوئی حدیث روایت نہین کی ہی اور شیخ ابو زرعہ رازی نے کہا کہ ابو میسرہ نے عمرؓ سے نہین سنا ولیکن علی بن المدینی نے فرمایا کہ یہ اسناد صالح صحیح ہی اور ترمذی نے بعد روایت اس حدیث کے اسکی تصحیح کی ہی۔ قتادہ نے کہا کہ خمر کے حرام ہونے مین یہ ترتیب و تدریج حکمت کے ساتھہ ہی کہ وہ لوگ خمر کے عادی و مالوف ہو رہے تھے پس اللہ تعالے کی کمال عنایت ہی کہ اسنے آسانی فرمائی اور رحمت بدرجہ انکو اس سے نفرت دلائی یہانتک کہ جب نفرت نے اثر پیدا کر لیا اور وہ عادت ترک ہوئی تو حرام فرمایا **مقام دوم میسر** یعنے جوا اور اسکو قمار بھی کہتے ہین اور میسر اسکا نام اسواسطے رکھا گیا کہ میسر یعنے آسانی سے غیر کا مال اس بیعدے ہاتھہ آتا ہی یا اسوجہ سے کہ جوے سے رہنے والے کا پیسہ جاتا رہتا ہی یعنے جو فراخی اور کشادہ دستی اسکو پہلے حاصل تھی وہ ہارنے سے جاتی رہتی ہی اور یہ بھی سورۂ مائدہ کی آیت سے حرام ہو گیا **ترجمہ** کہتا ہی کہ اہل مدینہ مین جو لوگون نے چٹھی ڈالنا اختیار کیا ہی یعنے زید نے مثلاً ایک گھڑی دس روپیہ کو فروخت کرنی چاہی اور دس آدمیون نے ایک ایک روپیہ جمع کر کے دس روپیہ کر دیے پھر چٹھی ڈالی جسکا نام نکل آیا وہ اس گھڑی کو لے گیا اور باقی محروم رہے اور انکا ایک ایک روپیہ مفت گیا تو یہ جوا اور حرام ہی اور ایسے ہی شرط وغیرہ کے مسائل ہین جو انشاء اللہ تعالے سورۂ مائدہ کی آیت مین جہان جوا قطعی حرام کیا گیا ہی مذکور ہونگے۔ پھر جاننا چاہیے کہ خمر و میسر کے حکم سے سوال تھا یعنے یسئلونک عن حکم الخمر و المیسر اور ماہیت ان دونون کی معروف تھی اور انکی ہابت کوئی اور حکم آیا بھی نہ تھا اور جواب بھی انکا حکم ہی۔ قولہ فیہما۔ یعنے انکی ماہیت مین نہین بلکہ انکے مرتکب ہونے مین۔ اثم کبیر پیدا ہوتے ہین اور مراد اثم کبیر سے حرکات لایعنی و فحش و گالی گلوچ ہین کیونکہ اسکے مقابلہ مین منافع للناس۔ فرمایا ہی اسیواسطے بعض صحابہ نے بعد اس آیت کے کہا کہ ہم اسمین سے اسقدر پینگے کہ منفعت حاصل ہو اور دوسرون نے جوا ترک کیا تو احتیاطاً کہ آدمی حد اعتدال سے نکل جاتا ہی پس مفاسد کے مرتکب ہونے سے بیخوف نہین ہو سکتا اور یہ لوگ یا وہ صاحب فکر تھے کہ انھون نے اس سے معلوم کر لیا کہ ظاہراً گو حرام صریح نہین مگر مرضیات الٰہی کے خلاف ہونا اس سے نکلتا ہی اور منافع جو مذکور ہوے وہ مانند فرح و لذت و سرور و بلا محنت مال حاصل کرنے وغیرہ کے سب کا مرجع تن پروری اور دنیاوی خوشی ہی جسکو آخرت سے کچھہ تعلق نہین اسیواسطے آخر آیت مین لعلکم تتفکرون فرمایا۔ اشارہ فرمایا کہ فکر کرنے والے فکر کرینگے پھر سورۂ نسا کی آیت اترنے پر بعض صحابہ نے فکر کی اور کہا کہ جو ہماری نماز کے درمیان حائل ہو اسمین کوئی بھلائی نہین پس اسکو چھوڑ دیا۔ اور کمالین مین

کہا کہ مفسر سیوطی نے جو منافع کی تفسیر اور مذکورہ سے بیان کی اسمین اشارہ ہی کہ اسمین شفا و دوا کچھ نہین ہی آور حدیث مسلم اسی پر دلالت کرتی ہی کہ وہ دوا نہین بلکہ داء یعنے بیماری ہی اور حدیث آ ابو داؤد کہ اللہ تعالے نے تمھارے لیے شفا اُس چیز مین نہین رکھی جو تمپر حرام کردی ہی - علہ سیوطی امام ابو حنیفہ کے نزدیک ہر حرام چیز سے مطلقاً دوا کرنا حرام ہی اور یہی اصح مذہب امام شافعی کا ہی آور سبکی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قبل تحریم کے اسمین منافع تھے پھر جب حرام کی گئی تو اسمین سے منافع سلب کر لیے گئے **وقال المترجم** تحقیق میرے نزدیک یہ ہی کہ اسکے منافع ان لوگون کے واسطے جو اپنے تن کو پاتے ہین اور دار آخرت اور نور ایمان سے عاری ہین اب بھی موجود ہین پس زائل ہونا اسکا اُنھین لوگون کے ساتھ ہی جنکو نور ایمان سے بہرہ اور دار آخرت کا حصہ ہی کیونکہ حس یعنے پلیدی اور نجاست جمع نہین ہوتی اسیواسطے حدیث مین مسلمانون کی طرف خطاب کے ساتھ آیا ہی **مقام سوم** کیا خرچ کرین پس مفسر سیوطی رحمہ نے اسکی تفسیر مین کہا کہ مراد سوال کی یہ ہی کہ کیا مقدار ہی آور پہلے جو سوال یہی گذرا ہی اس سے مراد جنس تھی یعنے کس جنس سے خرچ کرین پس تکرار لازم نہین آتی ہی اور اسی سے بعض نے گمان کیا کہ یہ سوال کرنے والے بھی عمرو بن جموح ہین اور روایت یہ ہی کہ معاذ بن جبل و ثعلبہ بن غنم نے یہ سوال کیا تھا چنانچہ ابن ابی حاتم نے بسند مرسل روایت کیا اور ابن عباس سے روایت کی کہ چند صحابہ نے یہ سوال کیا تھا اور یہی اظہر ہی اور ابن کثیر نے بروایت ابن ابی حاتم ذکر کیا کہ معاذ بن جبل و ثعلبہ بن غنم آئے اور دونون نے کہا یا رسول اللہ ہمارے مملوک اور اہل ہین کروہ ہمارے مال سے پرورش پاتے ہین پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا - **ویسئلونک ماذا ینفقون قل العفو** اور سراج مین ہی کہ رسول اللہ صلعم نے لوگون کو صدقہ پر تحریض و ترغیب کی تھی پس انھون نے کہا کہ ہم کیا خیرات کرین تب یہ آیت اُتری اور مدارک مین ہی کہ یعنے خرچ کرو جو قدر حاجت سے زائد ہو اور وہ مست خرچ کرو جسکی طرف تمکو حاجت ہو اور قدر حاجت سے زیادہ گھرون مین مت رکھو پس آدمی اگر کاشتکار تھا تو ایک سال کا روزینہ رکھ لیتا اور باقی خیرات کر دیتا اور اگر پیشہ ور تھا تو ایک روز کا قوت رکھ لیتا اور باقی صدقہ کر دیتا پھر اللہ تصدق کرنے کا حکم ابتداء اسلام مین فرض تھا پھر آیۃ زکوۃ سے منسوخ ہو گیا انتہی آور ابن عباس سے روایت ہی کہ یہ حکم زکوۃ مفروضہ کے فرض ہونے سے پہلے تھا رواہ ابن ابی حاتم اور شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ ابن عباس سے روایت ہی کہ قولہ **یسئلونک ماذا ینفقون قل العفو** کہا ابن عباس نے یعنے جو تیرے اہل سے بڑھتی ہو اور ایسا ہی ابن عمر و عطاء و مجاہد و عکرمہ و سعید بن جبیر و حسن و قتادہ و سالم و قاسم و ربیع بن انس و غیرہم سے مروی ہی کہ عفو کے معنے انھون نے بڑھتی کے بیان کیے ہین **قال ابن کثیر** اور کہا گیا کہ یہ آیت منسوخ ہی آیۂ زکوۃ سے جیسا کہ علی بن ابی طلحہ و عوفی نے ابن عباس سے روایت کیا ہی اور یہی قول عطاء خراسانی و سدی سے مروی ہی و اقول یہی جمہور علماء کا مذہب ہی اسواسطے کہ مال مین سوائے زکوۃ کے اور کوئی حق نہین ہی لیکن اگر اسکو نفقات تطوع پر محمول کیا جاوے تو نسخ کی کوئی وجہ نہوگی بلکہ آیت محکم ہوگی اور زکوۃ مفروضہ ہی **قال ابن کثیر** اور بعض نے کہا کہ آیۃ زکوۃ اسکا بیان ہی جیسا کہ مجاہد وغیرہ نے کہا ہی اور یہی اوجہ ہی - **قولہ کذلک یبین اللہ** - یعنے جیسے تمھارے لیے یہ احکام تفصیل و توضیح سے بیان کر دیے ایسے ہی تمھارے واسطے سب آیات و احکام و وعدہ و وعید بیان فرماتا ہی تاکہ تم دنیا و آخرت مین تفکر کرو - علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی یعنے دنیا کے زائل اور فانی ہونے مین اور آخرت کے سامنے آنے اور باقی ہونے مین فکر کرو - اور ابن ابی حاتم نے حسن سے روایت کی کہ انھون نے سورۂ بقر کی یہ آیت **لعلکم تتفکرون فی الدنیا والآخرۃ** پڑھی اور فرمایا کہ واللہ یہ آیت ایسی ہی کہ جسنے اسمین تفکر کیا البتہ جانیگا کہ دنیا دار بلا پھر دار فنا ہی اور ضرور جانیگا کہ آخرت دار جزا پھر دار بقا ہی اور ایسا ہی قتادہ و ابن جریج وغیرہ سے مروی ہی اور قتادہ سے روایت ہی کہ تم تفکر کرو تاکہ جانو کہ دار آخرت کو دار دنیا پر کیسی فضیلت ہی پس آخرت کو دنیا پر اختیار کرو **قال المترجم** شاید محل فکر یہ ہی کہ دنیا مین فقط معاش و عبادت کے واسطے اسیقدر رکھا جس سے لوگون کو رق کرنا نہ پڑے اور باقی سب کو دار آخرت کے واسطے خیرات کرنے کا حکم دیا کہ یہان فنا ہی یہان سامان جمع کرنا بیکار ہی اور آخرت باقی ہی وہان کے واسطے جمع کرو باین طور کہ نفقہ کرو اور حدیث مین جابر رضہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے ایک شخص کو فرمایا کہ پہلے اپنے نفس سے شروع کر پس اسپر خرچ کر پھر اگر

بچے تو اپنے اہل پر خرچ کر پھر اگر تیرے اہل سے بچے تو تیرے قرابت کے واسطے ہی پھر اگر تیرے قرابت سے بچے تو ہکذا ہکذا یعنے ادھر اودھر خیرات کرے رواہ
مسلم **ف** فی العرائس جب سر قلب کے ساتھ نفس مخامر یعنے خلط ہو جاتا ہی تو سر قلب مین غفلت سما جاتی ہی اور وہ نفس کے حظ و لذات و خواہشون کی
ادراک سے مخمور و نشہ مین پڑ جاتا ہی اور بندگی کے درجہ سے گر پڑتا ہی اور اُسیکی تاثیر سے روح جو آئینۂ صفات ہی معائنۂ آخرت سے اندھی ہو جاتی ہی اور
اسپر پردہ آجاتا ہی اور پردۂ نفس کی وجہ سے وہ وصال و مشاہدہ و مقام قرب سے محروم پڑی رہتی ہی اور شیطان و نفس جو اپنا رشتہ ورثگی قلب تک
لگاتا ہی یہی میسر ہی پھر جب قلب کو اس رسی سے خواہش نفس کی طرف جھکا لیا تو نفس اسکو جیت گیا اور قلب مذکور سے ایمان و عرفان چھن گیا وہ ہارا
ہوا نفس کے پنجہ مین پڑ گیا۔ قولہ تعالے قل فیہما اثم کبیر۔ یعنے شراب کی تاریکی عقل کا نور بجھاتی اور نفس امارہ کی خوشی بڑھاتی ہی پھر جب نور عقل بجھ گیا
اور جہالت کی تاریکی بلند ہوئی تو ایسا موقع پاکر نفس امارہ فساد پر آمادہ ہو کر مقام ایمان کو خراب و برباد کر دیگا اور وہ قلب ہی پھر جب قلب ہی خراب ہو گیا
اور جو چشمۂ ایمان تھا وہی برباد ہوا تو یہ قریب کفر کے ہی اور کفر انتہائی گناہ ہی کہ اس سے بڑھکر کوئی گناہ نہین ہی **قال المترجم** حدیث مین ہی کہ
آدمی کے بدن مین ایک مضغہ ہی اگر وہ صلاحیت پر رہا تو تمام بدن صلاحیت پر رہتا ہی اور اگر وہ بگڑا تو تمام بدن برباد ہو جاتا ہی آگاہ رہو کہ وہ قلب ہی۔
(صحیح البخاری) یعنے اُسکی بھلائی سے تمام بدن کے جتنے اعضا ہین سب کار خیر پر آمادہ رہتے ہین خواہ خود یا قلب مذکور کے حکم سے اور قلب کے بگڑنے سے
تمام اعضا سے گناہ سرزد ہوتے ہین پس شیخ نے شراب کی مضرت کو شرح و بیان کیا کہ وہ مفسد قلب ہی پھر قلب بگڑنے سے سب بگڑتا اور قریب کفر کے نوبت پہونچتی نعوذ باللہ منہ پھر
شیخ نے اس سے بعض مسائل کا استخراج کیا اور فرمایا کہ نرد و اسکے مانند چیزون سے کھیلنا گویا بت پرستی کرنا ہی اسواسطے کہ ان چیزون مین مشغول ہونے سے نور ایمان کو نرد و شطرنج کی
تصویرون مین مشتبہ کر دیتا ہی اور خیالی صورتین فہم مین جگہ پکڑتی ہین حالانکہ خیال درست مین امور خیر کا تصور بلکہ اللہ عزوجل کی آیات جگہ پانی چاہیے تھین پس یہ شرک کا پہلا اسباب ہی
کیونکہ یہ دونون جمیع خبائث کو شامل ہین قول اسواسطے فحشا و علما شرک کو ام الخبائث کہتے ہین۔ قولہ قل العفو عارفین کے نزدیک عفو وہ سب چیز ہی جو اللہ تعالے
عزوجل کے سوا ہی پس حضرت عزوجل کے دونون جہان عفو ہین یعنے جو چیز تمکو میری طرف سے اپنی طرف کچھ بھی مشغول کرے اسکو میری طرف چھوڑ دو اگرچہ تمکو اسکی
طرف حاجت ہو تاکہ وہ تمھارے واسطے بخلہ اور نفائس کے میرے پاس ذخیرہ ہو بعوض اسکے کہ تمنے میرے واسطے اسکو چھوڑا تھا پس خواص کا یہ حال
ہی کہ جو چیز انکو خوش آتی ہی اسی کو اللہ تعالے کی مرضی کے واسطے خرچ کر ڈالتے ہین اور اسواسطے خرچ کر دیتے ہین کہ ہماری مراد سوائے حق کے اور کوئی چیز
نہو اسواسطے کہ حق سبحانہ تعالے اپنے نیک بندون کے احوال پر غیرت کی راہ سے اور اُنکے اسرار کو نگاہ رکھنے کی غرض سے کونین یعنے دونون جہان
کی خواہش کی چیزون سے مراد نہین لیتا ہی لہذا وہ اپنی محبوب چیزین خیرات کرتے ہین اور عوام لوگ اپنی محبوب و حاجت کی چیزون سے زائد اموال کو
خیرات کرتے ہین **قال المترجم** مراد یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم توکل چیز خیرات کر دیتے تھے کچھ بھی دوسرے روز کے واسطے نہین رکھتے تھے جیسا کہ
صحاح احادیث مین ہی اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا یہ دستور تھا کہ کل کی حاجت کے لائق رکھ لیتے اور باقی سب خیرات کر دیتے اور ایسے ہی انکی اتباع و صالحین اور
اولیا اللہ کا قاعدہ ہی اور عوام لوگ ایسا کرتے ہین کہ مال مین سے نفیس چیزون کو خیرات نہین کرتے ہین اور جنکو زائد سمجھتے ہین خیرات کرتے ہین اور یہ کسی قدر
مستنکر ہی۔ قولہ تعالے کذلک یبین اللہ لکم الآیات لعلکم تتفکرون ای شاید کہ تم دنیا و آخرت کے دراز میدان کو اپنے افکار کی بلند پروازی سے طے کرو تاکہ
تمھارے دلون مین ان دونون کو اس حسن انتظام سے موجود دیکھکر افعال حق کے اور اسکی صنعت قدیم کی خوبی کے انوار کھب جاوین اور اسی نور سے
تم دنیا و آخرت مین اسکی صفات کے نور کو دیکھو تاکہ اس وسیلہ سے اسکے جلال کی ذات کے مشاہدہ کو پہونچو۔ اور نیز اگر تم فکر کرو تو شاید چشم تفکر سے دنیا کی
صورت پر قہر الٰہی کا لباس دیکھو اور معلوم کرو کہ ظاہری آنکھ کے سامنے اُسکی تازگی ایسی ظاہر کر دی ہی جس سے اسکے دشمن اور کافر لوگ اسپر فریفتہ ہو کر معرفت
الٰہی سے محجوب و محروم بن گئے ہین اور چشم تفکر سے آخرت کی صورت لطف الٰہی کا لباس دیکھو اور معلوم کرو کہ اس سے اپنے نیک بندون کو امتحان مین

ڈالا ہے تاکہ لذت آخرت پر انکو امتحان کرے اور ظاہر ہو جاوے کہ اسکی محبت کے دعوی میں وہ کیسے سچے ہیں یہ دعوی انکی بشری عزت سے نہیں ہے۔

وَيَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْيَتٰمٰى قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ فَاِخْوَانُكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ

اور پوچھتے ہیں تجھسے یتیموں کا حکم تو کہہ سنوارنا انکا بہتر ہے اور اگر خرچ ملا رکھو انکا تو تمہارے بھائی ہیں اور اللہ جانتا ہے

الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ

خرابی کرنے والے اور درستی کرنے والے کو اور اگر چاہتا اللہ تو تمپر مشکل ڈالتا اللہ زبردست ہے بڑا سوجھ والا

يَسْـَٔلُونَكَ عَنِ الْيَتَامٰى۔ تجھسے یتیموں کو پوچھتے ہیں ف یعنے یتیموں کا مال اگر ہمارے غذا ہو جاوے تو آگ ہے اور اس سے احتیاط بہت دشوار ہے اگر انکو ساتھ ملاتے کھلاتے ہیں تو گنہگار ہوتے ہیں اور اگر یتیموں کا جو مال ہے اسکو اپنے مالوں سے جدا کرتے ہیں اور اکیلے انکے واسطے کھانا تیار کراتے ہیں تو یہ حرج ہے۔ قُلْ اِصْلَاحٌ لَّهُمْ۔ فی امواالکم تمیتہا و مدخلتہم خَيْرٌ۔ من ترک ذلک۔ کہدے کہ انکی اصلاح انکے مالوں میں بہتر طور کر اسکے بڑھانے میں کوشش و مداخلت کیجاوے یہ اسکے ترک کرنے سے بہتر ہے۔ وَاِنْ تُخَالِطُوْهُمْ۔ ای تخلطوا نفقتہم بنفقتکم۔ یعنے اگر انکا نفقہ اپنے نفقہ میں خلط کر لو۔ فَاِخْوَانُكُمْ۔ ای فہم اخوانکم فی الدین ومن شان الاخ ان یخالط اخاہ۔ تو وہ لوگ تمہارے دینی بھائی ہیں اور بھائی کی شان ہے کہ اپنے بھائی کو اپنے ساتھ ملا لے پس تمکو یہ اختیار ہے۔ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ۔ اللہ تعالے پہچانتا ہے اس شخص کو جو بگاڑنے والا ہے انکے اموال کو خلط ملط کرنے سے اُس شخص سے جو درستی کرنے والا ہے انکے اموال کی پس دونوں میں سے ہر ایک کو اسکی جزا دیگا۔ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَعْنَتَكُمْ۔ اگر اللہ تعالے چاہتا تو تمپر تنگی کر دیتا یعنے باین طور کہ ملا لینے کو حرام کر دیتا۔ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ اللہ تعالے غالب ہے یعنے اپنے امور میں غالب ہے کوئی چیز اسکو عاجز نہیں کر سکتی۔ حَكِيْمٌ۔ جو کرتا ہے اسمیں حکیم ہے ف تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ ابن جریر نے سعید بن جبیر کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی ہے قولہ تعالے ولا تقربوا مال الیتیم الا بالتی ہی احسن اور قولہ ان الذین یاکلون اموال الیتامی ظلما انما یاکلون فی بطونہم نارا وسیصلون سعیرا۔ یہ آیتیں اُترنے پر جس شخص کی پرورش میں کوئی یتیم تھا اسنے قصد کر کے اسکا کھانا پینا اپنے کھانے پینے سے الگ کر دیا پھر ایسا ہوتا کہ یتیم کے کھانے سے کچھ کھانا بچ رہتا تو اسکے واسطے رکھ چھوڑتا یہانتک کہ یتیم ہی اسکو کھاتا یا وہ بگڑ جاتا پس اس امر کی تکلیف ان لوگوں پر شدید معلوم ہوئی اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکو ذکر کیا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا ویسئلونک عن الیتامی الآیۃ پس ان لوگوں نے انکے طعام کو اپنے طعام میں خلط کر لیا۔ ایسا ہی ابوداؤد و نسائی و ابن ابی حاتم و ابن مردویہ و حاکم نے اُسکو روایت کیا ہے اور ایسا ہی علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے و سدی نے ابن عباس و ابن مسعود سے روایت کیا ہے اور یہی مجاہد و عطاء و شعبی و ابن ابی لیلی و قتادہ و غیرہم سلف و خلف نے اس آیت کا شان نزول بیان کیا ہے۔ بیضاوی نے کہا کہ قولہ قل اصلاح لہم خیر۔ ای تمہاری مداخلت انکی اصلاح کے واسطے یا انکے اموال کی اصلاح کے واسطے انسے کنارہ کشی کرنے سے بہتر ہے اور ابن کثیر نے فرمایا پس قولہ اصلاح لہم خیر۔ یعنے انکے اموال کو علحدہ رکھکر انکی اصلاح میں کوشش کرنا تمہارے واسطے بہتر ہے۔ وان تخالطوہم فاخوانکم۔ اور اگر یتیموں کے کھانے پینے کو اپنے کھانے پینے میں ملا لیا تو تمپر کچھ مضائقہ نہیں ہے کیونکہ وہ دین میں تمہارے بھائی ہیں بیضاوی نے کہا کہ اسمیں خلط ملط کر لینے پر آمادگی دلائی یعنے تمہارے بھائی ہیں تم اپنے بھائیوں کی طرح انسے برتاؤ کرو کہ اپنے ساتھ میل میں رکھو اور چونکہ جملہ معطوف ہے۔ قولہ اصلاح لہم خیر۔ پر تو معنے یہ ہوئے کہ بشرط اصلاح اگر تم انسے خلط ملط رکھو تو وہ تمہارے بھائی ہیں اور اسکا مؤید ہے جو ابراہیم نخعی نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا کہ حضرت عائشہ نے فرمایا کہ میں مکروہ جانتی ہوں کہ کوئی یتیم میری پرورش میں علحدہ رہے بلکہ میں اسکے کھانے پینے کو اپنے کھانے پینے میں ملا لوں گی ذکرہ ابن کثیر اور ابو عبید نے کہا کہ یتیموں سے مخالطت

اسطرح ہو کہ یتیم کا مال ہو اور جسکی پرورش میں ہو اسپر گران گذرے کہ اسکے واسطے علیحدہ کھانا تیار کرادے اور ضرور ہووے اسکو اپنے عیال کے ساتھ ملالے پس یتیم کے مال میں اندازہ کرکے اسقدر لیوے جو اسکے واسطے کافی جانے اور اسمیں غالباً گمان پر عمل کرے پس اسقدر کو لیکر اپنے عیال کے نفقہ کے ساتھ ملاوے اور ایسی صورت میں کبھی کمی و زیادتی بھی واقع ہوجاتی ہے یعنے کبھی کم ہوگا اور کبھی زیادہ ہوگا پس ظاہر ہوا کہ اگر زیادتی ہوئی ہوگی تو اللہ تعالے نے اسکو عفو فرمایا ہے حالانکہ پہلے آیتوں میں مال یتیم سے کچھ بھی کھانا روا نہیں فرمایا تھا پس ظاہر ہوا وہ اس سے منسوخ ہوا بوجہ حرج کے **قال ابن کثیر** بلکہ مال یتیم میں سے فقیر کے لیے بطور معروف کھانا بھی جائز فرمایا یا تو اس طور پر کہ جب دسترس ہوجاوے تو اسکا تاوان ادا کرے یا مفت جیسا کہ سورۂ نساء میں انشاء اللہ تعالے اسکا بیان آویگا اور بعض نے مخالطت سے مصاہرت کے معنے بیان کیے ہیں اور مجھے اسکے واسطے کوئی قول مستند نہیں ملا واللہ اعلم **ولیکن ابو مسلم اصفہانی** نے اسکو اختیار کیا اور **بیضاوی** نے اسکی تضعیف کی طرف اشارہ کردیا ہے۔ پھر یتیموں کے مال کی اصلاح کے یہ معنے کہ اسکو حاصل تھوڑے بلکہ تجارت وغیرہ سے اسکے بڑھنے کی فکر کرے اور اسمیں دلیل ہے کہ یتیم کے ولی یا وصی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ مال یتیم میں خرید و فروخت سے دخل دے اور مضاربت پر دے اور جادہ وغیرہ پر جو صورتیں نفع تجارت کی ہیں انمیں سے تصرف کرے ولیکن کوئی احسان کسیکے ساتھ مال یتیم سے ایسا نہیں کرسکتا جس سے یتیم کو نقصان ہو اگرچہ نقصان یسیر ہو اور جادہ وغیرہ پر جو صورتیں نفع تجارت کی ہیں انمیں سے تصرف کرے ولیکن کوئی احسان کسیکے ساتھ مال یتیم سے ایسا نہیں کرسکتا جس سے یتیم کو نقصان ہو اگرچہ نقصان یسیر ہو اور ایسے ہی ہر ایسا تصرف جسمیں مال یتیم میں نقصان آوے روا نہوگا اور ولی و وصی ضامن ہوگا و مسائل تصرف مال یتیم کے مترجم کے ترجمہ فتاوے عالمگیری سے مشرح و مفصل مل سکتے ہیں وہاں رجوع کرنا چاہیے اور یہیں سے کہا گیا کہ مخالطت کی صورت میں مال یتیم میں سے اسقدر لیوے جسمیں گمان ہو کہ مال یتیم ہی میں کچھ زیادتی ہے گی بلکہ اسقدر لیوے کہ مال یتیم میں کمی ہے۔ قولہ۔ لاعنتکم۔ معنے یہ ہوے کہ اگر اللہ تعالے تم کو مشقت میں ڈالنا چاہتا تو مشقت میں ڈالتا ولیکن اسنے تم پر آسانی کردی اور گنجایش دیدی اور تمھارے حق میں یتیموں کے ساتھ میل جول جائز کردیا ہے۔

**وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ ۚ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ وَّلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ ۚ وَلَا**

اور نکاح میں لاؤ مشرک عورتیں جب تک ایمان لاویں اور البتہ لونڈی مسلمان بہتر ہے ہر کسی مشرک والی سے اگرچہ تم کو خوش آتی ہو اور

**تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا ۚ وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ ۗ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ**

نکاح نہ کرو مشرک والوں کو جب تک ایمان نہ لاویں اور البتہ غلام مسلمان بہتر ہے کسی مشرک والے سے اگرچہ تمکو خوش آتا ہو وہ لوگ بلاتے ہیں

**اِلَى النَّارِ ۚ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ ۚ وَيُبَيِّنُ اٰيٰتِهٖ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ۝** ع ۲۷

دوزخ کی طرف اور اللہ بلاتا ہے جنت اور مغفرت کی طرف اپنے حکم سے اور بتاتا ہے حکم اپنے لوگوں کو شاید وہ چوکس ہوجاویں

محدث دہلوی نے کہا کہ پہلے مسلمانوں کو کافرین نکاح کی نسبت جاری تھے اس آیت سے حرام ٹھہرا۔ اگر مرد نے یا عورت نے شرک کیا انکا نکاح ٹوٹ گیا اور شرک یہ ہے کہ اللہ کی صفت کسی اور میں جانے مثلاً کسی کو سمجھے کہ اسکو ہر بات معلوم ہے یا وہ جو چاہے سو کرسکتا ہے یا ہمارا بھلا یا برا کرنا اسکے اختیار میں ہے اور یہ کہ اللہ تعالے کی تعظیم کسی اور میں خرچ کرے مثلاً کسی کو سجدہ کرے اور اس سے حاجت مانگے اسکو مختار جانکر۔ باقی یہود و نصاری کی عورت سے نکاح درست ہے۔ **قال المترجم** اس بنا پر بہتیرے مسلمان جو تعزیہ سے منت مانگتے ہیں مختار قادر سمجھکر اور چیچک وغیرہ میں ستیلا پوجتے ہیں سب شرک ہے اور علی ہذا القیاس اور چیچک میں ستیلا پوجنے وغیرہ کا مسئلہ تو فتاوے عالمگیری کے باب تکفیر میں مصرح ہے اور شیخ دہلوی نے جو مرد یا عورت کے شرک سے نکاح ٹوٹنے کا مسئلہ ذکر کیا وہ بایں معنے ہے کہ اسلام کے بعد جب مرد یا عورت نے شرک کیا تو مرتد ہوگیا و نعوذ باللہ۔ پھر جاننا چاہیے کہ قولہ تعالے **وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ** ۔ کافرہ عورتوں سے نکاح مستکروف نکاح سے یہ عقد معروف مراد ہے وطی کرنا مراد نہیں ہے پس محض عقد کرنا بھی مشرکہ عورتوں سے روا نہیں ہے یہانتک کہ وہ عورتیں ایمان لاویں پھر شرک کرنے کا بیان اوپر معلوم ہوا کہ پس بعض نے کہا کہ اہل کتاب یہود و

لہ مترجم نے اسکو مقام بیان کیا ہے تفسیر کا

ونصرانی عورتوں کو اہل شرک میں سے نہیں قرار دیا ہے پس ایسی عورتیں یہودیہ ونصرانیہ سے نکاح جائز ہے مفسر رحمہ کہتا ہے کہ یہودیہ ونصرانیہ میں تفصیل کرنا چاہیے کیونکہ بعض یہودی تو عزیر کو خدا کا بیٹا اور بہت فرقہ نصرانی حضرت عیسیٰ کو خدا کا بیٹا کہتے ہیں نعوذ باللہ منہ اور الوہیت کے قائل ہیں چنانچہ فرمایا۔ ولقد کفر الذین قالوا ان اللہ ثالث ثلثۃ وما من الہ الا الہ واحد۔ البتہ کفر کیا ان لوگوں نے جنھوں نے کہا کہ اللہ تین کا تیسرا ہے حالانکہ نہیں کوئی معبود مگر اللہ واحد تو بالفرض ایسی عورتیں مشرکات کافرات ٹھہریں اور فرمایا۔ ولقد کفر الذین قالوا ان اللہ ہو المسیح بن مریم۔ اور البتہ کفر کیا جنھوں نے کہا کہ اللہ وہی مسیح بن مریم ہے اور فاصلہ آیات میں ان کہنے والوں کو مشرک قرار دیا ہے اور بخاری نے ابن عمرؓ سے روایت کی کہ وہ کہتے تھے کہ میں نہیں جانتا کہ کوئی شرک اس سے بڑھکر ہو کہ وہ عورت یعنے نصرانیہ کہے کہ عیسیٰ میرا پروردگار ہے اور اسی بنا پر ابن عمر نے مشرکہ اہل کتاب سے نکاح کرنا مکروہ جانا ہے۔ اور بعض نے کہا کہ لاتنکحوا المشرکات۔ میں الف ولام عہد کا ہے اور مراد اس سے بت پرست عورتیں ہیں یعنے اہل کتاب کے سوائے اور یہی قول امام احمد سے مروی ہے چنانچہ ابن کثیر نے ابوبکر الخلال کی روایت سے ذکر کیا کہ اسحٰق بن ابراہیم اور صالح بن احمد نے امام احمد بن حنبل سے دریافت کیا قولہ تعالےٰ۔ ولاتنکحوا المشرکات تو فرمایا کہ مشرکات عرب جو بت پوجتی تھیں۔ اور اس قول پر اس لفظ سے کتابیہ عورتیں مراد ہی نہیں ہیں۔ اور اکثروں کے نزدیک لفظ عام اور مراد عام ہے کوئی مشرکہ خواہ بت پرست ہو یا کتابیہ ہو سب کو شامل ہے پھر جو صرف اس حد تک ہے کہ وہ مشرکہ ہو لہذا فرمایا حتی یؤمن۔ یہانتک کہ یہ عورتیں اسلام لاویں ف۔ پھر کتابیہ عورتیں قولہ تعالےٰ۔ والمحصنات من الذین اوتوا الکتاب الآیہ سے جو سورۂ مائدہ میں ہے خاص کی گئی ہیں چنانچہ ابن کثیر نے علی بن ابی طلحہ کے طریق سے ابن عباسؓ سے ذکر کیا کہ قولہ تعالےٰ۔ ولاتنکحوا المشرکات حتی یؤمن۔ میں ابن عباس نے کہا کہ اللہ تعالےٰ نے اس سے اہل کتاب کی عورتیں مستثنیٰ کر دی ہیں اور ایسا ہی مجاہد وعکرمہ وسعید بن جبیر ومکحول وحسن وضحاک وزید بن اسلم وربیع بن انس وغیرہم کا قول مروی ہے اور ہم نے پہلے ذکر کیا کہ اہل کتاب یہود ونصاریٰ مشرک ہیں پس مشرکات میں انکی عورتوں کا شمول صحیح ہے اور تخصیص دار ہو سکتی ہے بالجملہ بہت سلف وخلف سے مروی ہے کہ اہل کتاب کی عورتوں سے نکاح کر لینا جائز ہے اور شیخ ابن جریر رحمہ اللہ نے کتابیہ عورتوں سے نکاح مباح ہونے پر اجماع نقل کیا ہے اور سراج میں مذکور ہے کہ حضرت عثمان نے ایک نصرانیہ عورت سے نکاح کیا جو مسلمان ہو گئی اور طلحہ بن عبید اللہ نے ایک یہودیہ سے نکاح کیا اور حذیفہ بن الیمان نے ایک نصرانیہ سے نکاح کیا اور یہ حضرت عمر بن الخطاب کے زمانہ میں واقع ہوا پس عمرؓ غضب غضبناک ہوئے یہانتک کہ ان دونوں پر حملہ کا قصد کیا پس دونوں نے کہا کہ اے امیر المومنین ہم طلاق دیے دیتے ہیں اور آپ غصہ نہ ہوں تو فرمایا کہ اگر ایسی طلاق حلال ہوا کریں تو انکا نکاح حلال ہو گا ولیکن میں تمہیں ان عورتوں کو خواری کے طور پر جدا کرونگا۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ اثر حضرت عمرؓ سے غریب ہے اور شیخ ابن جریر نے اسکا یہ جواب دیا کہ حضرت عمرؓ نے اسکو بمصلحت مکروہ رکھا مانند آنکہ لوگ مسلمان عورتوں سے نے رغبت نہ ہوں اور سوائے اسکے اور مصلحتیں ہیں پھر شیخ ابن جریر نے اسکا ثبوت دوسری روایت سے پیش کیا اور کہا کہ حدثنا ابو کریب حدثنا ابن ادریس حدثنا الصلت بن بہرام عن شقیق۔ کہا شقیق نے کہ حذیفہ نے ایک یہودیہ سے نکاح کیا پس عمرؓ نے انکو لکھا کہ اسکی راہ چھوڑ دے یعنے طلاق دیدے پس حذیفہ نے لکھا کہ کیا آپ اسکو حرام جانتے ہیں کہ میں اسکو طلاق دیدوں تو فرمایا کہ نہیں میں اسکو حرام نہیں جانتا ہوں ولیکن مجھے خوف ہے کہ تم لوگ ان عورتوں میں پڑکے مومنہ عورتوں سے بے پروائی ان کرو گے اور یہ اسناد صحیح ہے اور ابن جریر نے زید بن وہب سے اپنی اسناد سے روایت کی کہ عمر بن الخطابؓ نے کہا کہ مسلمان مرد نصرانیہ عورت سے نکاح کر سکتا ہے اور نصرانی مرد مسلمان عورت سے نکاح نہیں کر سکتا ہے اور اسکی اسناد اول سے بھی اصح ہے پس ثابت ہوا کہ کتابیہ عورتوں سے نکاح کر لینا بالاجماع جائز ہے اور امام شافعی سے ایک قول اور ایک جماعت علماء سے نقل کیا گیا ہے کہ مشرکات میں سے کسی عورت سے نکاح نہیں جائز ہے خواہ کافرہ ہو یا کتابیہ فہو اور ان علماء کا استدلال

یہ ہو کہ سورۂ مائدہ کی آیت اس آیت سے منسوخ ہو یعنے سورۂ مائدہ کی آیت مین کتابیہ عورتین جائز تھین پھر اس آیہ سے اسکا جواز منسوخ ہوا اور یہ استدلال ٹھیک نہین ہو اسواسطے کہ سورۂ بقرہ اول نازل ہوئی ہو اور سورۂ مائدہ آخر مین نازل ہوئی ہو پس یہ آیت پہلے اتری تھی پھر سورۂ مائدہ والی آیت اتری پس یہ آیت اس سے مخصوص ہوگی اور یہی اصح ہو واللہ اعلم اور یہان سے معلوم ہوا کہ مفسر رحمہ اللہ نے جو مشرکات کو کافرات سے تفسیر کیا تو مراد یہ ہو کہ کتابیہ کے سوائے عورتین کافرہ مراد ہین کیونکہ نصرانیہ اگرچہ کافرہ ہین بقولہ تعالے ولقد کفر الذین قالوا ان اللہ ہو المسیح بن مریم الآیہ لیکن اکثر اطلاق اہل کتاب بیان کا معروف ہو۔ وَلَاَمَةٌ مُّؤْمِنَةٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكَةٍ۔ اور بیشک مومنہ باندی بہ نسبت مشرکہ کے بہتر ہو ف اسمین مشرکہ سے مراد حرہ مشرکہ ہو کہ مسلمان باندی مشرکہ آزادہ سے بہتر ہو پس مسلمان آزادہ عورت تو بدرجۂ اولی کافرہ سے بہتر ہوگی سدی سے روایت ہو کہ یہ آیت حضرت عبداللہ بن رواحہ کے حق مین نازل ہوئی۔ انکی ایک سیاہ حبشی باندی تھی اسپر ایک روز غصہ ہوے اور اسکو طمانچہ مارا پھر اپنی حرکت پر نادم ہوے اور گناہ سے ڈرے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوکر اسکا حال بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ اسکا حال کیا ہو عرض کیا کہ روزہ رکھتی ہو نماز پڑھتی ہو اچھے طور سے وضو کرتی ہو اور گواہی دیتی ہو کہ اللہ تعالے کے سوائے کوئی معبود نہین اور آپ اللہ تعالے کے رسول ہین تو آپ نے فرمایا کہ اے عبداللہ وہ تو مسلمان باندی ہو عرض کیا کہ پھر مجھے قسم ہو اس ذات کی جسنے آپکو حق کے ساتھ بھیجا ہو کہ مین اسکو آزاد کردونگا پھر اسکو آزاد کرکے اس سے نکاح کرونگا یعنے بیوی بناؤنگا پھر انھون نے ایسا ہی کیا پس مسلمانون مین سے کچھ لوگون نے انپر طعن کیا اور کہا کہ اپنی باندی سے نکاح کرلیا اور یہ لوگ چاہتے تھے کہ مشرک لوگ جسب مین اچھے ہین انمین سے نکاح کرلاوین پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ ولامة مومنة خیر من مشرکة الآیہ۔ اور اسکو موکد فرمایا بقولہ تعالے۔ وَلَوْ اَعْجَبَتْكُمْ۔ اگرچہ وہ کافرہ تمکو خوش آوے ف صورت مین خوب ہو تب بھی وہ بدتر ہو اور مومنہ باندی حبشیہ بدصورت اچھی ہو۔ اسیطرح کافرون کی توہین کی بقولہ تعالے۔ وَلَا تُنْكِحُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَتّٰى يُؤْمِنُوْا وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَّلَوْ اَعْجَبَكُمْ۔ اور مشرکون کو نکاح مین مت دو یہانتک کہ مومن ہوجاوین اور غلام مومن اچھا ہو بہ نسبت آزادہ مشرک کے اگرچہ وہ تمکو بھلا معلوم ہو ف پس مشرک آزاد خوب صورت سے بھی غلام بدصورت حبشی اچھا ہو۔ اُولٰٓئِكَ يَدْعُوْنَ اِلَى النَّارِ۔ یہ لوگ کافرین و کافرات تو جہنم کی طرف بلاتے ہین ف مشرک کفر و بدکاریون پہ لاتے ہین جس سے جہنم مین جاوے۔ وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا اِلَى الْجَنَّةِ وَالْمَغْفِرَةِ بِاِذْنِهٖ۔ اور اللہ تعالے اپنے ارادہ سے جنت و مغفرت کی طرف بلاتا ہو ف رسول اللہ علیہ السلام کی پیروی کرو جنت مین داخل ہو۔ یہان سے واضح ہوا کہ نزول قولہ ولا تنکحوا المشرکات حتی یومن اسی قصہ مین ہو یعنے لوگون نے عبداللہ بن رواحہ کے سامنے مشرکہ آزادہ کو پیش کیا تھا یعنے مشورہ دیا تھا کہ فلانہ حرہ مشرکہ سے نکاح کرلو اس باندی سے کیا نکاح کیا ہو پس اللہ تعالے نے منع فرمایا کہ جب تک وہ ایمان نہ لاوے اس سے نکاح مت کرو اور حکم عام دیا کہ کسی مشرکہ سے جب تک ایمان نہ لاوے نکاح نہین روا ہو اور حرہ مشرکہ کے نکاح سے ممانعت کو مقدم فرمایا کہ وہی اہم تھا پھر تنبیہ فرمائی کہ جس باندی مسلمان سے نکاح کیا ہو وہ حرہ مشرکہ سے افضل ہو۔ اور واحدی و بغوی و بیضاوی وغیرہ نے وارد کیا کہ قولہ۔ لا تنکحوا المشرکات حتی یومن۔ کا سبب نزول یہ ہو کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مرثد بن ابی مرثد الغنوی کو جو بنی ہاشم کے حلیفون مین سے تھے مکہ بھیجا کہ وہان جو لوگ مسلمان ہین انکو وہان سے پوشیدہ نکال لاوین جب وہ مکہ مین گئے تو ایک عورت فاحشہ نے جسکا نام عناق تھا چاندنی رات مین پہچانا اور وہ جاہلیت کے زمانہ مین انکی دوست تھی اور خوبصورت عورت تھی وہ آئی اور آخر اسنے کہا کہ میرے ساتھ خلوت کروگے انھون نے کہا تیری خواری ہو اسلام نے ایسی حرکت سے منع کردیا ہو پھر جب مدینہ مین آئے تو حضرت سے اجازت مانگی پس یہ آیت اتری۔ ولا تنکحوا المشرکات حتی یومن۔ قال المترجم یہ قصہ توسکا

نور کی آیۃ ۔ قولہ الزانی لاینکح الا زانیۃ او مشرکۃ الآیہ ۔ کا سبب نزول ہی جیسا کہ حدیث ابوداؤد میں ہی اور قصہ صحیح بخاری میں موجود ہی ۔ قولہ ولو اعجبتکم ای اگرچہ تمکو خوش آتی ہو بسبب اسکے کہ وہ زیادہ مالدار ہی یا بسبب اسکے کہ زیادہ خوبصورت ہی ۔ اور صحیحین میں ابوہریرہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ عورت نکاح میں لائی جاتی ہی چار باتون کو دیکھکر مال وجمال وحسب ودین ۔ پس تو دیندار عورت تلاش کرلے اور مسلم نے جابر سے اسکے مثل روایت کی اور مراد یہ ہی کہ عورت جب دیندار مل جاوے تو پھر اور کسی بات کو نہ دیکھے اور اگر دین کی خراب ہی تو سب باتین لغو ہین اور مسلم نے ابن عمر سے مرفوعا روایت کی کہ دنیا متاع ہی اور اسکی متاع مین بہتر متاع وہ عورت ہی جو دیندار ہو پھر مشرکین سے یہان بالاجماع بت پرست اہل کتاب سب مراد ہین پس اجماع ہی کہ کوئی مومنہ عورت خواہ آزادہ ہو یا باندی ہو کسی مشرک کے نکاح مین نہ دیجاویگی خواہ مشرک اہل کتاب یہود ونصاریٰ وغیرہ مین سے ہو یا کوئی اور قوم بت پرست وغیرہ ہووے ۔ قولہ واللہ یدعوا ۔ بیضاوی نے کہا کہ ای اولیاء اللہ ۔ پس مضاف حذف کرکے مضاف الیہ اسکے مقام پر قائم کیا گیا اور اولیاء اللہ وہ مومن ہین پس مومنون کی تفخیم شان ہی اور وجہ یہ ہی کہ اولئک سے اہل شرک کی طرف اشارہ ہی خواہ مشرک مرد ہون یا عورتین ہون اور اس جملہ سے مومنون کی بھلائی ثابت کرنی مقصود ہی بایں طور کہ اہل شرک دوزخ کی طرف بلاتے ہین اور مومنین جنت کی طرف لاتے ہین پس باہم نکاح بیاہ مومنون سے کرو نہ مشرکون سے ۔ وَيُبَيِّنُ آيَاتِهِ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُونَ اور اللہ تعالے اپنی آیتین لوگون کے لیے بیان فرماتا ہی تاکہ وہ نصیحت پکڑین ف اور نعمت ایمان کی قدر کرین اور سورۂ احزاب قولہ تعالے ماکان لمومن ولا مومنۃ الآیہ کی تفسیر مین بعض نصیحت آویگی ۔

وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ قُلْ هُوَ أَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتَّىٰ

تجھسے پوچھتے ہین حکم حیض کا تو کہہ وہ گندگی ہی سو تم پرے رہو عورتون سے حیض کے وقت اور نزدیک نہوؤ انسے جب تک

يَطْهُرْنَ ۖ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۝

پاک نہوویں پھر جب ستھرائی کرلین تو جاؤ ادن پاس جہان سے حکم دیا تمکو اللہ نے اللہ کو خوش آتے ہین توبہ کرنے والے اور خوش آتے ہین ستھرائی والے

يَسْأَلُونَكَ عَنِ الْمَحِيضِ ۔ تجھسے محیض کو پوچھتے ہین ف یعنے محیض مین عورتون سے کیا برتاؤ کرنا چاہیے ۔ محیض جای حیض یعنے فرج یا خود حیض ۔ قُلْ هُوَ أَذًى ۔ کہدے کہ وہ گندگی ہی ف یعنے خون گندہ ہی یا پلیدی کی جگہ ہی ۔ فَاعْتَزِلُوا النِّسَاءَ فِي الْمَحِيضِ ۔ پس محیض مین عورتون کو الگ کھو ف یعنے گھر مین ساتھ کھاؤ پیو لیکن وطی چھوڑو ۔ وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ ۔ اور قربت ہو عورتون سے ف جماع کرنے کے لیے پاس نہو ۔ حَتَّىٰ يَطْهُرْنَ ۔ یہانتک کہ پاک ہوجاوین ف ایک قرارت جمہور یطہرن بسکون طاء ہی تو حنفیہ نے لیا کہ دس دن پر پاک ہوجاوین دوسری قرارت یطّہّرن ۔ تشدید طاء وہا رہی ۔ تو یہ کہ دس دن سے کم مین خون بند ہو کر نہاوے سو وطی نے مطلقا نہانے سے تفسیر کی ۔ فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَأْتُوهُنَّ مِنْ حَيْثُ أَمَرَكُمُ اللَّهُ ۔ پھر جب یہ عورتین پاک ہوجاوین یعنے پاکی حاصل کرلین تو جہان اللہ تعالے نے حکم دیا ہی جاؤ ف یعنے فرج مین انسے وطی کرو یا مراد یہ کہ فرزند کی خواہش کرو ۔ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ التَّوَّابِينَ وَيُحِبُّ الْمُتَطَهِّرِينَ ۔ اللہ تعالے توبہ کرنے والون کو دوست رکھتا ہی اور پاکیزگی حاصل کرنے والون کو دوست رکھتا ہی ف جو حیض کی نجاست سے دور رہتے ہین ۔ اس سے ظاہر ہی کہ اعلام مقصد جہان کو وہ غلیظ ہی بدرجۂ اولی حرام خبیث ہی ۔ حضرت انس سے روایت ہی کہ یہود مین جب کوئی عورت حائضہ ہوتی تو اسکو ساتھ نہین کھلاتے اور نہ گھرون مین اسکو یکجا ساتھ رکھتے بلکہ الگ نکال دیتے پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب نے حضرت صلعم سے اسکا سوال کیا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا ۔ ویسئلونک عن المحیض الآیہ ۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوائے

نکاح کے یعنے جماع کے اور سب باتین کرو پھر یہ خبر یہودیون کو پہونچی تو بولے کہ یہ پیغمبر نہین چاہتا ہی کہ ہمارے امرین سے کوئی چیز چھوڑے پھر اسید
بن حضیر اور عباد بن بشیر دونون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے آکر ذکر کیا کہ یہود نے ایسا اور ایسا کہا پھر کیا ہم حائضہ عورتون سے جماع نہ کرین
پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ متغیر ہوگیا یہانتک کہ ہم لوگون نے گمان کیا کہ حضرت صلعم کو دونون پر غصہ آیا ہی پس دونون باہر نکلے پھر اتنے ہی مین
حضرت صلعم کے پاس دودھ ہدیہ آیا پس آپ نے دونون کو پیچھے آدمی بھیجکر بلوایا اور دونون کو وہ دودھ پلایا تو ہم نے جان لیا کہ دونون پر آپ غصہ نہین
تھے رواہ الامام احمد و مسلم و ابو داؤد والبغوی من طریقہ اور اصل قصہ یہ ہی کہ انصار مدینہ نے ایسی باتون کو زمانۂ جاہلیت مین یہودیون سے لیا تھا کیونکہ
وہ لوگ اہل علم تھے پس انکی باتون کو لے لیتے تھے قال البیضاوی مروی ہی کہ زمانۂ جاہلیت کے لوگ حائضہ عورتون کو ساتھ نہین رکھتے
تھے اور نہ انکو ساتھ کھلاتے پلاتے تھے جیسے یہودی و مجوسی کیا کرتے تھے اور یہی حال انمین برابر جاری رہا یہانتک کہ ابو الدحداح انصاری اور چند صحابہ نے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکا سوال کیا پس یہ آیت نازل ہوئی و یسئلونک عن المحیض قل ہو اذی الآیہ پس ایسی شی تھی کہ اس سے اذیت
ہوتی ہی اور وہ کنایہ ہی قذر سے بقاف و ذال معجمہ و آخر راء مہملہ یعنے گندگی پس اگر محیض کی لفظ سے حیض مراد ہی تو اسکی گندگی ظاہر ہی اور اگر ظرف
یعنے جاے حیض مراد ہی تو معنے یہ ہی کہ وہ محل قذر اور گندگی کی جگہ ہی پس اسی سبب پر حکم کی تفریع کی اور فرمایا۔ فاعتزلوا النساء فی المحیض یعنے یہی
پلیدی و گندگی سبب ہی عورتون کے اعتزال کا حالت حیض مین اور اعتزال یعنے اجتناب ہی اور کشاف مین مذکور ہی کہ جب یہ آیۃ اُتری تو بعض
لوگون نے اعتزال سے ظاہری معنے لے لیے اور عورتون حائضہ کو کوٹھری سے باہر کر دیتے تھے پس دیہات کے چند آدمیون نے عرض
کیا کہ یا رسول اللہ جاڑا بڑا سخت ہی اور کپڑے تھوڑے ہین سو اگر ہم حائضہ عورت کو کپڑا دیتے ہین تو باقی گھر والے مرے جاتے ہین اور اگر گھر والو کو
دیتے ہین تو حائضہ مری جاتی ہی تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ تمکو تو یہی حکم دیا گیا ہی کہ عورتون سے جماع کرنے سے اجتناب کرو جب وہ حائضہ
ہون اور حدیث صحیح مین اوپر مذکور ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی تفسیر فرمادی ہی اور ابن کثیر نے کہا کہ قولہ فاعتزلوا النساء فی المحیض یعنے فرج کیونکہ
حضرت صلعم نے کہا کہ سب باتین کرو سوا ے جماع کے پس اسلئے اکثر علما اس طرف گئے ہین کہ حائضہ عورت سے سوا ے جماع کے اور سب استمتاع روا ہی
اور رہا اس سے جماع کرنا تو اہل علم کے درمیان اسمین کوئی خلاف نہین ہی کہ حائض سے وطی کرنا حرام ہی اور یہ ضروریات دین مین سے معلوم ہی پس اسلام مین
مثل دیگر امور کے یہ بھی راہ وسط راہ مستقیم ہی کیونکہ یہود کے راہ مین افراط ہی کہ اسکو بڑی طرح ترک کرتے ہین کہ کھانا پینا الگ کرنا کیسا کہ اسکو گھر سے باہر کر دیتے ہین
ساتھ بیٹھا نہین رکھتے ہین اور نصاری کی راہ مین تفریط یہانتک ہی کہ وہ لوگ حائضہ عورتون سے جماع کرتے تھے اور کچھ پروا نہین کرتے تھے پھر حرام ہونے کی علت
یہی پلیدی ہونا مشعر ہی کہ دبر مین وطی کرنا حرام ہی یعنے علت منصوص موجود ہی پس حرمت مین کوئی شبہہ نہین ہی اور گوہ سے بڑھکر کون پلیدی ہوگی پس
معلوم ہوا کہ اس بات پر اجماع ہی کہ حالت حیض مین وطی کرنا حرام ہی اور سوا ے وطی کے یکجا رہنا و ساتھ کھانا پینا بالاتفاق جائز ہی۔ اور رہا یہ کہ فرج کے سوا ے
اس سے استمتاع لینا سو یہ اکثر علما کے نزدیک روا ہی اور یہی اصح ہی اور حدیث مین حضرت عائشہ سے روایت ہی کہ مرد کو اپنی جورو حائضہ سے سوا ے فرج کے
سب استمتاع روا ہی قال ابن کثیر اور یہی قول ابن عباس و مجاہد و حسن و عکرمہ کا ہی اور بعض روایات مین ابن عباس سے آیا ہی کہ عورت جب حائضہ ہو تو شوہر پر
واجب ہی کہ اسکے بچھونے سے الگ رہے اور یہی عبیدۃ السلمانی تابعی کا قول مروی ہی پس اگر روایت صحیح ہو تو یہ احتیاط و تنزہ پر محمول ہی تاکہ فتنہ مین
نہ پڑ جاوے کیونکہ صحیح مین حضرت عائشہ کی روایت مین بھی اشارہ ہی کہ حضرت صلعم اپنی بیویون سے حالت حیض مین سوا ے فرج کے استمتاع لیتے
تھے عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ آپ جیسے اپنی خواہش پر مختار تھے ویسا تم مین کون ہو سکتا ہی یعنے ایسا کرنے پر دلیر ہونا چاہیے کیونکہ فتنہ مین پڑ جانے کا خوف ہی
اور ابو داؤد نے حضرت عائشہ سے روایت کی کہ مین جب حائضہ ہوتی تو بستر سے چٹائی پر اتر آتی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نزدیک نہ ہوتی

یہانتک کہ طاہر ہوجاتی - پس تا بھی تنزہ و احتیاط پر محمول ہی اور نیز ابوداؤد نے معاذ بن جبل سے مرفوعاً روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ میرے لیے اپنی بیوی سے کیا حلال ہی درحالیکہ وہ حائضہ ہو تو فرمایا کہ ما فوق ازار حلال ہی اور اس سے تعفف کرنا افضل ہی **قال ابن کثیر** اور یہی روایت عائشہ و ابن عباس و سعید بن المسیب و شریح سے ہی جیسا کہ اوپر گذرا اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ازار جہانتک ہی اس بدن سے استمتاع نہیں واجب ہی اور اوپر کے بدن سے روا ہی اور یہی دیگر علماء کا مذہب ہی اور ایسا ہی صحیحین میں میمونہ رضی اللہ عنہا سے اور عائشہ سے ثابت ہی اور امام احمد و ابوداؤد و ترمذی و ابن ماجہ نے عبدالحمید بن سعد انصاری سے مثل روایت معاذ بن جبل کے روایت کیا ہی **قال المترجم** اور یہی ائمہ حنفیہ کے نزدیک مذہب ہی اور یہی امام شافعی کا ایک قول ہی **مسئلہ** اگر کسی شخص نے اپنی حائضہ عورت سے وطی کی تو کیا حکم ہی جواب یہ ہی کہ اگر اسنے حلال جانکر وطی کی تو کافر ہی اور اگر غلبۂ نفس و شیطان سے وطی کی تو استغفار کرے اور اللہ تعالے سے توبہ کرے اور رہا یہ کہ اسمیں کچھ کفارہ لازم آتا ہی یا نہیں تو اسمیں علماء کے دو قول ہیں ایک کہ کفارہ لازم ہوتا ہی چنانچہ امام احمد و اہل سنن نے ابن عباس سے مرفوعاً روایت کی کہ حائضہ سے وطی کرنیوالے پر دینار یا نصف دینار کفارہ ہی اور ترمذی کی روایت میں ہی کہ اگر خون سرخ ہو تو ایک دینار ہی اور اگر زرد ہو تو نصف دینار ہی اور نیز امام احمد کی ابن عباس سے روایت مرفوع میں بھی ہی کہ اگر خون ہو تو ایک دینار ہی اور اگر خون نائل ہو چکا ہو مگر ہنوز منہائی نہو تو نصف دینار ہی اور یہی شافعی رحمہ اللہ کا قول قدیم ہی اور دوسرا قول یہ ہی کہ اسمیں کچھ کفارہ نہیں بلکہ استغفار و توبہ کرے اور یہی ائمہ حنفیہ و جمہور کا مذہب ہی اور **ابن کثیر** نے کہا کہ یہی صحیح ہی اور یہی امام شافعی کا قول جدید ہی اور حدیث کا جواب یہ ہی کہ یہ حدیث مرفوع نہیں ثابت ہوئی بلکہ قول ابن عباس کا ثابت ہوا ہی اور ائمہ حدیث میں سے بہتیرے محدثین نے اسکو صحیح بیان کیا ہی **کذا ذکرہ ابن کثیر** قولہ ولا تقربوہن حتی یطہرن یہانتک کہ سبب سے مراد جماع ہی یعنے جماع سے ممانعت ہی اور ساتھ سونے بیٹھنے کھانے پینے سے ممانعت مراد نہیں ہی جیسا کہ اوپر کی حدیث سے معلوم ہو چکا اور میمونہ و عائشہ کی روایتوں میں صحیح ہوا کہ انھوں نے فرمایا کہ ہم میں سے جب کوئی حائضہ ہوتی تو ازار کس لیتی اور رسول اللہ صلعم کے لحوف پر اپکے ساتھ ایک اوڑھنے میں شامل ہو جاتی تھی پھر اس ممانعت کی انتہا بیان فرمائی بقولہ تعالے حتی یطہرن اور یطہرن میں دو قراتیں ہیں ایک طہر سے بسکون طاء اور وہ انقطاع حیض ہی پس ممانعت تا انقطاع حیض ہوئی اور یک قراۃ بتشدید طاء و ہاء ہی اور وہ طہارت بمبالغہ ہی یعنے اغتسال سے پس ممانعت تا اغتسال ہوگی اور اسی اختلاف قراۃ کی جہت سے علماء میں اختلاف ہوا پس ابن عباس سے مروی ہی کہ قولہ حتی یطہرن اسی پاک ہونے سے قولہ فاذا تطہرن اسی طہارت کریں پانی سے بلکہ اخرجہ ابن ابی حاتم و اسی طرح مجاہد و عکرمہ و حسن و مقاتل و لیث بن سعد نے کہا پس امام مالک و شافعی و جمہور نے کہا کہ عورت حائضہ سے جماع نہیں کر سکتا یہانتک کہ وہ خون منقطع ہو کر غسل کرے کیونکہ ابن عباس کی تفسیر میں پانی سے طہارت مذکور ہی اور وہ مرفوع کے حکم میں ہی اور شیخ سیوطی نے اس لیے اعتراض کیا کہ ابن عباس کا قول مذکور تو کئی صور قرون کو محتمل ہی چنانچہ پانی سے طہارت صادق ہی تمام بدن کے غسل کرنے جیسا کہ جمہور کا مذہب ہی اور نیز صادق ہی بعض اعضاء کے دھونے پر جیسا کہ طاؤس و مجاہد و عکرمہ کا قول ہی کہ وضو کرلے تو اوس سے وطی حلال ہی اور نیز صادق ہی خاص فرج کے دھوڈالنے پر یعنے استنجا کرنے تو پھر وطی حلال ہی جیسا کہ اوزاعی کا قول ہی پس اس سے یہ کہاں سے متعین ہو گیا کہ غسل ہی کرے انتہی اور اسحق بن راہویہ نے کہا کہ تابعین نے اجماع کیا ہی کہ جبتک غسل نہ کرے تبتک اس سے وطی روا نہیں ہی اور جواب یہ ہی کہ یہ طاؤس و عکرمہ و مجاہد آخر اجلۂ تابعین میں سے ہیں کہاں انھوں نے اتفاق کیا ہی تاکہ اجماع حجت ہو - کہا گیا کہ قراۃ تخفیف محمول ہی قراۃ تشدید پر کیونکہ اصل یہ ہی کہ ہر دو قراۃ متوافق ہوں اور قراۃ تشدید سے بالاتفاق اغتسال مراد ہی اور جواب یہ ہی کہ رخصت کی انتہا حتی یطہرن تک ہی اور وہ انقطاع خون ہی پس اسکا مفہوم یہ ہی کہ بعد انقطاع کے حلال ہی چنانچہ ابن کثیر نے کہا کہ حائضہ عورتوں سے جماع کے ساتھ قربت کرنے سے منع فرمایا جبتک کہ حیض موجود ہو اور اسکا مفہوم یہ ہی کہ جب منقطع ہو تو حلال ہی پس جو لوگ مفہوم کے قائل ہیں اسپر حجت ہونا چاہیے فتامل[1] اور نیز ابن عباس کی تفسیر میں جو اوپر مذکور ہوئی حتی یطہرن کے معنے یہ ہیں کہ خون سے پاک ہو جاویں اور تطہرن کے دوسری تفسیر مذکور ہی پس اختلاف قراتین اور اختلاف تفسیرین کے ساتھ اتفاق قراتین کی تعمیم نہیں

[1] وجہ التامل ظاہر فانہ علی قراۃ التشدید ایضا

ہو سکتی ہے بلکہ ہر دو قرارت بمنزلہ دو آیت کے ہونگی جیسا کہ اصول میں قرار پایا ہے لہذا امام ابو حنیفہ و ابو یوسف و محمد نے کہا کہ تخفیف کی قرارت محمول ہے طہارت
انقطاع پر پس اگر وہ اکثر ایام حیض یعنے دس دن پر طہر ہو تو بدون غسل کے اس سے وطی جائز ہے اور تشدید کی قرارت محمول ہے طہارت کامل حاصل کرنے پر پس اگر دس
روز سے کم میں خون منقطع ہو تو اس سے قربت نہیں کر سکتا یہانتک کہ وہ غسل کرے یا اسپر غسل کرکے تحریمہ نماز کی قدر گذر جاوے پس یہ میں ہر دو قرارت پر عمل ہے
مگر آنکہ غسل کر لینے پر کے وقت کو غسل کے قائم مقام کیا ہے واللہ اعلم۔ قولہ فاذا تطہرن فاتوہن من حیث امرکم اللہ۔ پھر جب خوب پاک ہو جاویں تو اوسکے قریب
جہاں سے حکم کیا تمکو اللہ نے۔ یعنے جماع کرو پس اتیان یعنے آنا کنایہ ہے جماع سے اور امرکم اللہ کے دو معنے ہیں جہاں امر آگہی ہے اور وہ فرج ہے اور اس صورت میں
تامل ہوگا کہ امر ظاہر نہیں ہے دوم آنکہ امرکم اللہ یا جتنابہ فی المحیض۔ ای حکم کیا تمکو اللہ نے اس سے اجتناب کرنے کا محیض میں اور وہ قبل ہے اور یہی معنے ظاہر ہیں پھر
فاتوہن۔ بصیغہ امر ہوا اور یہاں کس معنے کر ہے اسمیں اختلاف ہے چنانچہ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ امر واسطے ندب کے ہے اور اسمیں ارشاد ہے کہ حیض سے اغتسال
کے بعد عورتوں سے قربت کریں اور ابن حزم ظاہری نے کہا کہ ہر حیض کے بعد جماع واجب ہے بسبب اسکے کہ اللہ تعالے نے حکم کیا کہ۔ فاتوہن من حیث امرکم اللہ
اور یہ استثنا کچھ نہیں ہے واسطے کہ امر مذکور بعد منع کے ہے اور جو امر بعد منع کے وارد ہوتا ہے اسمیں علما کے چند اقوال ہیں بعضے کہتے ہیں کہ مثل مطلق کے
وہ بھی وجوب کے واسطے ہوتا ہے پس ان لوگوں پر واجب ہوگا کہ بیان ابن حزم کا جواب دیں کیونکہ سوائے ابن حزم وغیرہ ظاہریہ کے یہاں وجوب جماع کا
کسیکا مذہب نہیں ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ منع کے بعد اباحت کے واسطے ہوتا ہے جیسے۔ فاذا حللتم فاصطادوا۔ میں ہے کہ احرام میں شکار کرنے سے منع کیا
پھر فرمایا کہ جب تم حلال ہو جاؤ تو شکار کرو حالانکہ حلت کے بعد شکار کرنا مباح ہے واجب نہیں ہے اور جاننا چاہیے کہ ظاہر یہاں بھی وجوب کے قائل ہیں ولیکن
اباحت کے لوگ قائل کہتے ہیں کہ نہی کا متقدم ہونا اس امر کا قرینہ ہے کہ وہ وجوب کے واسطے نہیں ہے **قال ابن کثیر** وفیہ نظر اور کہا کہ جس بات پر دلیل قائم ہوتی
ہے وہ یہ ہے کہ ایسا امر اسی حال کیطرف رد کر دیتا ہے جو نہی سے پہلے تھا پس اگر نہی سے پہلے وجوب تھا تو اس سے وجوب ہوگا جیسے قولہ تعالے۔ فاذا انسلخ
الاشہر الحرم فاقتلوا المشرکین۔ پھر جب بیتے مہینے حرام گذر جاویں تو مشرکین کو قتل کرو۔ پس قبل نہی کے جہاد واجب تھا وہی ممانعت کے بعد کے اقتلوا
امر سے واجب ہوا اور اگر مباح تھا تو مباح ہوگا جیسے قولہ فاذا حللتم فاصطادوا۔ کیونکہ شکار کرنا پہلے مباح تھا اور جیسے قولہ فاذا قضیت الصلوٰۃ فانتشروا
پھر جب نماز جمعہ ادا کر لیجاوے تو متفرق ہو۔ اور اس قول پر سب ادلہ جمع ہو جاتی ہیں اور اس قول کو امام غزالی رح نے حکایت کیا اور بعضے ائمہ متاخرین
نے اسکو اختیار کیا اور یہی صحیح ہے پھر قولہ من حیث امرکم اللہ۔ ابن عباس و مجاہد و بہتیروں نے کہا کہ مراد فرج ہے یعنے فرج میں جماع کرو اور علی بن ابی طلحہ نے
ابن عباس سے روایت کی مراد یہ ہے کہ فرج میں جماع کرو اور فرج سے اور طرف تجاوز مت کرو پس جو شخص کچھ تجاوز کریگا اسنے حد سے گذر جانے میں ظلم کیا
اور اسی پر سیوطی رح نے اعتماد کیا ہے **قال ابن کثیر** اور ابو رزین و عکرمہ و ضحاک و بہتیروں نے کہا کہ من حیث امرکم اللہ درحالیکہ طاہر ہوں حائضہ نہوں۔
**قال المترجم** اگر کہا جاوے کہ حضرت ابن عباس وغیرہ کی تفسیر کیونکر ٹھیک پڑیگی کیونکہ من حیث ہی۔ فی حیث ہوتا تو درست ہوتی اور جواب یہ ہے کہ من حیث
بمعنے فی حیث ہی۔ جیسے قولہ تعالے اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ۔ ای فی یوم الجمعۃ۔ اور قولہ ماذا خلقوا من الارض ای فی الارض پس ایسا ہی یہاں ہے اور علی ہذا
اسمیں دلیل ہے کہ وطی فی الدبر حرام ہے اور عنقریب اسکا بیان آتا ہے انشاء اللہ تعالے **فائدہ** عوارف میں ہے کہ شیخ **ابن عطا** رح نے فرمایا کہ اپنے افعال سے
توبہ کرنے والوں کو اور اپنے احوال سے پاک ہونے والوں کو دوست رکھتا ہے حالانکہ وہ بلا علاقہ و بلا سبب کے حضرت عزوجل کے حضور میں قائم ہیں اور جعفر
نے فرمایا کہ اپنے سوالات سے توبہ کرنے والوں کو اور اپنے ارادوں سے پاک ہونے والوں کو دوست رکھتا ہے اور ابو یزید رح نے فرمایا کہ گناہ سے تو ایک توبہ ہوتی
ہے اور طاعت سے ہزار توبہ ہوتی ہے۔ اور **شیخ نصر آبادی** نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے جب فرمایا کہ ان اللہ یحب التوابین و یحب المتطہرین۔ تو تیری اچھی
تعریف کی اور تیری کچھ قیمت قرار دیدی۔ اور جنید رح نے کہا کہ میں سری رحمہ اللہ کے پاس گیا اور انکو مغموم پایا پس انہوں نے کہا کہ بغداد یوں میں سے

ایک نوجوان میرے پاس آیا اور مجھسے توبہ کی شرح پوچھی پس مین نے اسکو جواب دیا پھر اسنے مجھسے کہا کہ اسکی حقیقت کیا ہی مین نے کہا کہ یہ کہ تو نے جس بات کی وجہ سے توبہ کی ہی اسکو نہ بھولے پس اس نوجوان نے کہا کہ اسکی یہ حقیقت نہین ہی۔ جنید کہتے ہین کہ مین نے کہا اس نوجوان نے سچ کہا تو میری نے کہا کہ یہ کیونکر ہی تو جنید نے کہا کہ جب آدمی حالت جفا مین ہو پس وہ توبیق سے بدلکر حال صفا مین کیا گیا تو صفا کی حالت مین اس جفا کی یاد بھی وحشت ہی

نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا

تمھاری عورتین تمھاری کھیتی ہین پس جاؤ اپنی کھیتی مین جیسے چاہو اور تقدیم کرو اپنے واسطے اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو

أَنَّكُم مُّلَاقُوهُ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ ۝

کہ تمکو اس سے ملنا ہی اور خوشخبری سنا ایمان والون کو

**نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ** ۔ تمھاری عورتین تمھاری کھیتی ہین **ف** یعنے کھیتی کرنے کا محل ہین کہ فرزند حاصل ہون۔ **فَأْتُوا حَرْثَكُمْ أَنَّىٰ شِئْتُمْ** ۔ پس تم اپنے کھیت مین آؤ جیسے چاہو **ف** کھڑے بیٹھے چت پٹ کروٹ سے۔ یہود نے مومنون سے کہا کہ جو شخص کہ اپنی جورو سے پشت کی طرف سے فرج مین جماع کرتا ہی تو بچہ بھینگا پیدا ہوتا ہی پس اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی (رواہ مسلم) مفسر کہتا ہی کہ سلف مین بعض مہاجرین صحابہ سے روایت ہی کہ انصار ایک قوم تھی کہ انہین عورتین متعدد تھین کہ سوائے چت کے وطی نہین کرتی تھین اور قوم قریش اپنی عورتون سے ہر طرح سید ھے اولاد تلذذ حاصل کرتے تھے پس مین نے انصار مین سے ایک عورت سے نکاح کیا پھر جب مین نے اسکے ساتھ اسی طرح چاہا تو اسنے انکار کیا پھر جب یہ آیت اتری تو معلوم ہوا کہ قریش کا فعل جائز ہی۔ **وَقَدِّمُوا لِأَنفُسِكُمْ** ۔ اور تم لوگ اپنے واسطے تقدیم کرو **ف** نیکنیتی سے اولاد کی نیت کرلو۔ **وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّكُم مُّلَاقُوهُ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِينَ** ۔ اور اللہ تعالے سے ڈرو اور جان لو کہ تم اس سے ملنے والے ہو اور اے رسول تو مومنون کو بشارت دیدے **ف** اس آیہ کریمہ مین اللہ تعالے نے بندون کو لطیف تنبیہ فرمائی کہ تمام چیزون جو آدمی کے مشتہیات ہین انمین سے بڑھکر جو عورت ہی وہ بنظر اشتہاے مذکور ایک بیقدر چیز ہی اس سے آدمی کو شہوت رانی مقصود نہونا چاہیے بلکہ تقدیم عمل صالح کی غرض ہو مثل آنکہ فتنہ نفس و شیطان سے بچنا مقصود ہو اور اولاد صالح کی غرض ہو اسواسطے کہ فتنہ بنی اسرائیل کے حق مین عورتون سے ہوا اور آدمی کی موت کے بعد اگر اسکا فرزند صالح اسکے لیے مغفرت کی دعا کرے یا اسکے نام پر خیرات کرے تو منجملہ تین باتون کے ہی جنسے اسکو ثواب پہونچتا ہی جبکہ اسکے ہاتھ پانون زبان وغیرہ اعضاء طاعت تھے سب گل گئے اور مجبور بیٹھا ہی اور دوم جسکو علم سکھایا ہی اور سوم پل و مسجد و کنوان و مہمانسرا وغیرہ کی تعمیر ہی اور اس مضمون کو کیسے لطیف کنایہ و استعارہ سے ادا کیا کہ معجزۂ بلاغت ہی قال تعالے ۔ نساؤکم حرث لکم ۔ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ حرث موضع الولد ۔ اور بعض نے کہا کہ حرث لکم یعنے مزرع لکم تمھاری زراعت کرنے کی جگہ ہین اور ولد کے پیدا ہونے کی جگہ ہین ہمزۂ زمین کے اور اسمین افادہ ہی کہ اباحت فقط فرج کی ہی پس عورت کی فرج کو مانند زمین کے اور نطفہ کو مانند تخم کے اور ولد کو مانند کھیتی کے قرار دیا تشبیہ کے ساتھ پس ایک لفظ حرث لانے سے احتمال لواطت دور ہوگیا اسواسطے کہ دبر کا مقام موضع حرث نہین ہو سکتا بلکہ موضع گوہ ہی بلکہ وہ انسان کے واسطے اسکے قوی اور مواد نسل کی کمی و ضعف کی راہ سے سخت مضر ہی چنانچہ اطبا کا اتفاق اسکی مذمت پر شاہد ہی پس قولہ ۔ فاتوا حرثکم انی شئتم ۔ آنی بمعنے کیف ہی جیسا کہ سعید بن جبیر نے کہا ہی اور یہی حضرت ابن عباس سے مروی ہی پس معنی یہ ہی کہ چت پٹ کروٹ سے کھڑے بیٹھے آگے سے پیچھے سے جس کیفیت سے چاہے جماع کرے بشرطیکہ دخول اس مقام مین ہو جو موضع حرث ہی اور یہی احادیث صحاح سے ثابت ہی چنانچہ بخاری نے جابر سے روایت کی کہ یہود کہتے تھے کہ اگر عورت سے اسکے پچھوڑی کی طرف سے جماع کیا تو بچہ بھینگا پیدا ہوگا پس نازل ہوا ۔ نساؤکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم (واخرجہ مسلم وابوداؤد) اور حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ کچھ لوگ حمیر کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے

پاس آئے اور آپ سے کئی باتین پوچھین اور انہین سے ایک شخص نے عرض کیا کہ مین عورتون کو دوست رکھتا ہون تو آپ میرے حق مین کیا حکم دیتے ہین پس اللہ تعالےٰ نے نازل فرمایا فسار کم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم۔ اسکی اسناد مین عبد اللہ بن لہیعہ راوی مین کچھ کلام ہے۔ اور امام احمد نے من طریق حنش عن ابن عباس روایت کی کہ یہ آیت چند انصار کے حق مین اتری کہ انھون نے آکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کیا پس آپ نے فرمایا کہ اپنی عورت کے پاس ہر حال پر جاؤ جبکہ فرج مین داخل ہو اور ابو جعفر طحاوی نے مشکل الحدیث مین ابو سعید خدری سے روایت کی کہ ایک آدمی نے اپنی عورت سے پچھوندی سے جماع کیا پس اللہ تعالےٰ نے نازل فرمایا نسا وکم حرث لکم الآیہ۔ ورواہ ابن جریر و ابو یعلی الموصلی ایضا۔ امام احمد نے عبد اللہ بن بہت سے روایت کی کہ مین حفصہ بنت عبد الرحمن بن ابی بکر کے پاس گیا اور عرض کیا کہ مین آپ سے ایک مسئلہ پوچھنا چاہتا ہون مگر مین شرماتا ہون حضرت حفصہ بنت عبد الرحمن فرمانے لگین کہ اے میرے بھائی کے لڑکے مت شرما اور پوچھ تو مین نے عرض کیا کہ عورتون سے پچھوندی کی طرف سے آنا کیسا ہے انھون نے فرمایا کہ مجھسے حضرت ام سلمہ نے حدیث بیان کی کہ انصار کے لوگ عورتون سے پچھوندی کی طرف سے قربت نہین کرتے تھے اور یہودی کہا کرتے تھے کہ جو شخص اپنی عورت سے پچھوندی کی طرف سے قربت کریگا تو لڑکا احول یعنے بھینگا پیدا ہوگا پھر جب مہاجرین ہجرت کرکے مدینہ مین آئے تو انصار کی عورتون سے نکاح کیا اور انسے پچھوندی کی طرف سے قربت کرنی چاہی تو ایک عورت نے اسطرح کرنے مین فرمانبرداری کرنے سے انکار کیا اور اولی کرتوا یسا انہین کریگا یہانتک کہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کرلون پس وہ ام سلمہ کے پاس حاضر ہوئی اور اسسے یہ قصہ ذکر کیا پس ام سلمہ نے فرمایا کہ تو بیٹھ یہانتک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آوین پھر جب رسول صلعم آئے تو انصاریہ عورت شرمائی کہ رسول صلعم سے دریافت کرے پس وہ باہر چلی گئی اور ام سلمہ نے حضرت صلعم سے پوچھا پس آپ نے فرمایا کہ انصاریہ کو بلاؤ پس ام سلمہ نے اسکو بلایا پس آنحضرت صلعم نے اسکو یہ آیت سنائی نسا وکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم سو راخ واحد مین مستعمل ہے یعنے پچھوندی سے فرج ہی مین دخول تو روا ہے۔ اس حدیث کو ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ حدیث حسن ہے شیخ ابن کثیر نے کہا کہ مین کہتا ہون کہ یہ حدیث اس طرح سے روایت کی گئی کہ حماد بن ابی حنیفہ عن ابیہ عن ابی حشیم عن یوسف بن ماہک عن حفصہ ام المؤمنین رضی اللہ عنہا کہ ایک عورت اُنکے پاس آئی اور کہا کہ میرا شوہر مجھسے آگے کی طرف سے اور پچھوندی کی طرف سے نزدیکی کرتا ہے پس مین نے اسکو مکروہ جانا پس یہ خبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی تو آپ نے فرمایا کہ مضائقہ نہین ہے بشرطیکہ سو راخ واحد مین ہو اور امام احمد نے سعید بن جبیر کے طریق سے ابن عباس رضؓ سے روایت کی کہ عمر بن الخطاب آئے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ یا رسول اللہ مین ہلاک ہوگیا آپ نے فرمایا کہ تجھے کس چیز نے ہلاک کیا تو عرض کیا کہ مین نے گذری رات مین اپنے کجاوہ سواری کو اولٹ دیا پس حضرت صلعم نے انکو کچھ جواب نہ دیا پس اللہ تعالےٰ نے آپ پر وحی کی کہ نسا وکم حرث لکم الآیہ۔ آگے سے قربت کر پیچھے سے قربت کر اور بچتا رہ مقعد اور حیضہ سے۔ رواہ الترمذی ایضا وقال حدیث حسن غریب والنسائی وغیرہ۔ اور حافظ ابو یعلی موصلی نے ابو سعید خدری سے روایت کی کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلعم کے عہد مین اپنی عورت سے اثفار کیا یعنے پچھوندی سے اس سے جماع کیا پس لوگون نے کہنا شروع کیا کہ فلانے شخص نے اپنی جورو سے اثفار کیا پس اللہ عزوجل نے نازل کیا۔ نسا وکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم۔ اور ابو داؤد نے مجاہد کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی کہ اس آیت کے حکم مین بات یہ تھی کہ یہ گروہ انصار کا درحالیکہ بت پرست تھے یہودیون کے پڑوس مین رہتے اور یہ اہل کتاب تھے اور انصار والے علم مین اپنے اوپر ان یہودیون کی فضیلت جانتے تھے پس بہتیرے باتون مین یہودیون کی پیروی کرلیتے تھی پھر ان یہودیون کی ایک بات یہ تھی کہ عورتون سے ایک ہی حرف پر قربت کرتے اور یہ طور عورت کے لیے زیادہ پردہ پوش تھا پس گروہ انصار نے اس فعل مین انھین کی اقتدا کرلی تھی اور رہا گروہ قریش تو یہ لوگ عورتون کو کھلم کھلا کشادہ کرڈالتے تھے اور سامنے کی طرف اور پچھوندی کے رخ سے اور چت و پٹ سے سب طرح اُنسے لذت حاصل کرتے تھے پھر جب مہاجرین مدینہ مین آئے تو انہین سے ایک شخص نے انصار کی ایک عورت سے نکاح کیا اور اس سے ایسا ہی کرنے چلا تو عورت نے اس حرکت پر انکار کیا اور کہا کہ ہم عورتون کے پاس تو ایک ہی طرز پر آیا جاتا تھا پس تو بھی ویسا ہی کر ورنہ مجھسے

سلہ قولہ حرث لکم الآیہ یعنے جماع فقط فرج مین ہو وصلی اللہ فضائم اوا ۱۲

سلہ قولہ یعنے حفصہ بنت عبد الرحمن ۱۲

ایک طرف رہ پس ان دونوں کی بات رسول اللہ علیہ وسلم تک پہونچی پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا نساؤکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم ۔ یعنے چاہے سامنے سے آؤ اور چاہے پیچھے سے اور چاہے چت کرکے اور مراد اس سے وہ سوراخ ہی جو بچہ پیدا ہونے کا مقام ہی ۔ ہکذا اخرجہ ابوداؤد وغیرہ یہ روایت امام سلم اور اس حدیث کو طبرانی نے بھی محمد بن اسحق کے طریق سے روایت کیا ہی **قال المترجم** ان روایات میں اسباب نزول مختلف معلوم ہوتے ہین مگر اکثر سلف وخلف سے قول یہود کی روایت مروی ہی اور انھوں نے تصریح کردی کہ وہی اسکا سبب نزول ہی اسیواسطے مفسر سیوطی رحمہ اللہ نے اسی پر اعتماد کیا ہی اور ممکن ہی کہ متعدد سبب کے بعد آیت نازل ہوئی ہو پھر جاننا چاہیے کہ سلف وخلف از صحابہ وتابعین وائمہ اعلام سب متفق ہین کہ تفسیر اس آیت کی یہی ہی جو اوپر مذکور ہوئی اور انھون نے اجماع کیا ہی کہ عورت سے مقعد مین لواطت کرنا حرام ہی اور جن لوگون سے اسکے خلاف مروی ہی وہ صحیح ثابت نہین ہی اور قرطبی نے اپنی تفسیر مین ایک جماعت علما کی طرف عورت سے جواز لواطت کو نسبت کردیا جنمین بعضے تابعین ہین اور عنقریب معلوم ہوگا کہ یہ حکایت خلاف واقع ہی اور **مترجم** کو عجب ہی کہ لوگ بلا ثبوت وصحت کے کسی امام وپیشوا کی طرف کیونکر کسی قول کو نسبت کرتے ہین حالانکہ جانتے ہین کہ ٹھیک نہین ہی اور کتب سے احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین عورت سے اسکی دبر یعنے مقعد مین لواطت کرنا حرام وممنوع آیا ہی چنانچہ امام احمد ونسائی وترمذی وضیاء وغیرہم کی حدیث عمر رضی اللہ عنہ مین صریح آیا کہ مقعد وحیض سے بچتا رہو (قال الترمذی حسن) اور شافعی وابن ابی شیبہ نے وامام احمد ونسائی و ابن ماجہ نے وابن المنذر وبیہقی نے خزیمہ بن ثابت رضی سے روایت کی ہان سائلا سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اتیان النساء فی ادبارہن یعنے عورتون کی دبر مین قربت کرنا کیسا ہی تو آپنے فرمایا کہ حلال ہی یا فرمایا کہ مضائقہ نہین ہی پھر جب پھر کر چلا تو اسکو بلایا اور فرمایا کہ تو نے کیونکر کہا تھا اگر یہ تیری غرض ہی کہ عورت کے دبر کیطرف سے اسکی قبل یعنے فرج مین جماع کرے تو ہان روا ہی اور اگر یہ تیری غرض ہی کہ اسکے دبر کی طرف سے اسکی دبر مین جماع کرے تو نہین روا ہی اللہ تعالے حق بات سے استحیا نہین کرتا ہی تم لوگ عورتون کی دبر مین کبھی جماع مت کیجیو ۔ اور امام احمد کی ایک روایت مین خزیمہ بن ثابت سے ہی کہ نہی فرمائی رسول اللہ صلعم نے کہ مرد اپنی جورو سے اسکے دبر مین وطی کرے ۔ اور حسن بن عرفہ نے جابر سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ شرم رکھو اللہ تعالے سے اور اللہ تعالے حق بیان کرنے مین شرم نہین فرماتا ہی حلال نہین ہی کہ تم عورتون سے انکے محشوش مین وطی کرو ۔ اسنادہ صحیح ۔ محشوش جمع حش جسکو ہندی گوہڑیا اور اس سے پاخانہ کا کنایہ بولا جاتا ہی اور یہان مقعد مراد ہی اور اس لفظ سے نفرت شدید دلائی (مقصد دین) اور امام احمد کی ایک روایت مین لاتا تو النساء فی اعجازہن ۔ آیا ہی اپنی عورتون سے انکے چوتڑون کے بیچ مین یعنے مقعد مین جماع مت کیجیو ۔ اور کریب نے ابن عباس سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے ایسے مرد کی طرف نظر نہ فرماویگا جسنے کسی مرد یا عورت سے اسکے دبر مین وطی کی اخرجہ الترمذی وابن ابی شیبہ والنسائی وابن حبان اور ترمذی نے کہا کہ حدیث حسن غریب اور ابن حزم نے اس حدیث کی تصحیح کی ہی اور نسائی نے اسکو ابن عباس سے موقوفا بھی روایت کیا ہی ۔ اور طاؤس نے ابن عباس سے روایت کی کہ ایک شخص نے ابن عباس سے پوچھا کہ عورتون سے انکے دبر مین وطی کرنا کیسا حکم رکھتا ہی ابن عباس نے فرمایا کہ تو مجھسے کفر کی بات پوچھتا ہی اخرجہ عبد بن حمید واسنادہ صحیح ۔ اور عکرمہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ ایک شخص آیا اور اسنے ابن عباس سے کہا کہ مین اپنی جورو سے اسکی دبر مین وطی کرتا تھا اور مین نے قول تعالے ۔ نساؤکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم ۔ سنا تھا پس مین نے گمان کیا تھا کہ یہ میرے واسطے حلال ہی تو ابن عباس نے فرمایا کہ او بیباک شہدے قولہ تعالے ۔ فاتوا حرثکم انی شئتم ۔ کے تو فقط یہ معنے ہین کہ کھڑے اور بیٹھے اور آگے سے اور پیچھے سے انکی فرجون مین جماع کرو اس سے دوسری راہ مین تجاوز مت کرو ۔ اور احمد وبیہقی نے عبد اللہ ابن عمرو سے روایت کی نبی صلعم نے فرمایا کہ جو شخص اپنی جورو سے اسکی مقعد مین وطی کرتا ہی وہ لوطیہ صغری ہی ابو الدرداء نے فرمایا کہ بھلا ایسا کوئی کریگا مگر وہی جو کافر ہو اور ایسا ہی عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے موقوفا روایت کیا گیا ابن کثیر نے فرمایا کہ یہ اصح ہی ورواہ عبد بن حمید ایضا موقوفا ۔ اور علی بن طلق سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے نہی فرمائی کہ عورتون سے

انکی دبر میں وطی کیجاوے رواہ احمد والترمذی وقال حدیث حسن - اور حضرت ابوہریرہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جو شخص اپنی عورت سے اسکی دبر میں وطی کرتا ہی اللہ تعالے اسکی طرف نظر نفرا ویگا رواہ احمد وابن ماجہ اور حضرت ابوہریرہ سے حدیث مرفوعا روایت ہی کہ ملعون ہی جو اپنی عورت سے اسکی دبر میں وطی کرے رواہ احمد وابوداؤد والنسائی - اور حضرت ابوہریرہ نے کہا کہ مردوں کا اپنی عورتوں سے انکی دبر میں وطی کرنا کفر ہی (رواہ النسائی) اور حضرت عمر رضہ نے فرمایا کہ اللہ تعالے سے جیسا چاہیے ہو شرم رکھو اللہ تعالے حق بات سے شرم نہیں فرماتا ہی تم لوگ عورتوں سے انکی دبر میں وطی مت کیجیو رواہ النسائی - اور علی بن طلق سے مرفوعا روایت ہی کہ اللہ تعالے حق بات سے حیا نہیں کرتا ہی تم لوگ عورتوں کے چوتڑوں میں وطی مت کیجیو - رواہ احمد اور ابن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ محاش النساء یعنے عورتوں کی مقعد حرام ہیں رواہ ابوبکر الاثرم - اور ثوری نے روایت کی کہ ایک مرد نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے دریافت کیا کہ عورت کے دبر میں وطی کرنا روا ہی آپ نے فرمایا کہ تو نیچے گر پڑا اللہ تعالے تجھے نیچے گرووے ارے کیا تو نے اللہ تعالے کا قول نہیں سنا اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ - کیا تم ایسی فحش حرکت کرتے ہو جو تمسے پہلے تمام عالموں میں سے کسی نے نہیں کی تھی - اس سے ظاہر ہی کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اسکی تحریم کے قائل تھے اور عبداللہ بن مسعود وابودرداء وابوہریرہ وابن عباس وعبداللہ بن عمرو بن العاص وحضرت عمر رضہ کے اقوال اسکی تحریم میں پہلے بیان ہو چکے ہیں پھر یہاں ایک روایت عبداللہ بن عمر رضہ سے موہم واقع ہوئی جس سے بعض لوگ بجہالت سے دوسرے معنے لگائے چنانچہ ابن جریر نے روایت کی کہ نافع نے کہا کہ میں نے ایک دن قولہ نساؤکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم - پڑھا تو ابن عمر نے کہا کہ تو جانتا ہی کہ کس بارہ میں یہ آیت اتری ہی میں نے کہا کہ نہیں تو کہا کہ عورتوں سے انکی دبر میں وطی کرنے کے بارہ میں اتری ہی (ورواہ البخاری ایضا) اور معنے یہ ہیں کہ عورت سے پچھوندے کی طرف سے وطی کرنے کے بارہ میں اتری ہی کیونکہ خود انکے باپ حضرت عمر رضہ نے ایسا کیا تھا اور خائف ہو کر حضرت صلعم سے پوچھنے آئے پس یہ آیت نازل ہوئی کہ پچھوندے کی طرف سے جماع کرنا جائز ہی جبکہ مقعد سے بچتا رہے جیسا کہ اوپر گذرا اور دلیل اسپر کہ عبداللہ بن عمر کی یہی مراد ہی وہ روایت ہی جو نسائی رح نے بطریق زید بن اسلم روایت کی کہ عبداللہ ابن عمر نے کہا کہ ایک شخص اپنی عورت سے پچھوندے سے آیا پھر اسکو دل میں گناہ کا خطرہ ہوا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا نساؤکم حرث لکم فاتوا حرثکم الآیہ - اور کچھ شک نہیں ہی کہ عرب اس اغلام کی شناعت اس وجہ سے کہتے تھے کہ کبھی انمیں یہ خطرہ بھی نہیں گزرتا تھا چنانچہ قولہ تعالے - اَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ الآیہ - کی تفسیر قصہ قوم لوط میں مفصل معلوم ہوگا پس قرطبی رح کی نقل محض لغو وغلط واہی ہی - ابن عمر سے خود اسکے خلاف اسی طریق سے مروی ہی چنانچہ نسائی نے ابوالنضر سے روایت کی کہ میں نے نافع مولائے ابن عمر سے کہا کہ تمہاری طرف نسبت کرکے یہ بات سنی جاتی ہی کہ تم کہتے ہو کہ ابن عمر نے یہ فتوی دیا کہ عورتوں سے انکی دبر میں وطی روا ہی تو نافع نے کہا کہ اگر کوئی نے مجھ پر جھوٹ باندھا اور میں تجھسے اسکی بات بیان کرتا ہوں حال یہ ہوا کہ ابن عمر نے ایک دن مصحف پڑھنا شروع کیا اور میں انکے پاس تھا یہانتک کہ اس آیت پر پہونچے نساؤکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم - پھر کہا کہ ای نافع تو جانتا ہی کہ اس آیت کا قصہ کیا ہی تو میں نے کہا کہ نہیں تو کہا کہ ہم گروہ قریش کی عورتوں سے انکی پشت کی طرف سے جماع کیا کرتے تھے پھر جب ہم مدینہ میں آئے اور ہمنے انصار کی عورتوں سے نکاح کیا تو ہمنے انسے بھی یہی کرنا چاہا جیسا کیا کرتے تھے تو یہ عورتیں اس امر کو مکروہ جانتی تھیں اور بہت بڑا گناہ جانتے تھیں اور انصار کی عورتوں نے یہ اعتقاد یہود یہ عورتوں سے لیا تھا کہ ان عورتوں سے فقط پہلو پر جماع کیا جاتا تھا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا نساؤکم حرث لکم فاتوا حرثکم انی شئتم - اور یہ اسناد صحیح ہی اور اسکو حافظ ابوبکر بن مردویہ نے بھی طبرانی کے طریق سے روایت کیا ہی پس یہ صریح ہی کہ عورتوں سے اغلام کرنا روا نہیں ہی اور ابن کثیر کی تفسیر میں ہی کہ ابن عمر سے بھی ثابت ہی کہ وہ عورتوں سے اغلام کرنا حرام کہتے تھے اسمیں کچھ شک نہیں ہی اور دارمی نے اپنی مسند میں سعید بن یسار کے طریق سے روایت کی کہ انھوں نے ابن عمر سے کہا کہ ما تقول فی الحبار ی تحیض لہن - یعنے تم باندیوں کے حق میں کیا کہتے ہو آیا انسے تحیض کیجاوے تو فرمایا

کہ تخصیص کیا چیز ہی تو عرض کیا کہ دبر مین وطی کرنا تو ابن عمرؓ نے فرمایا این کیا مسلمانون مین کوئی ایسا بھی کرتا ہی ایسا ہی عبداللہ بن صالح نے لیث سے روایت کیا اور ایسا ہی ابن وہب اور قتیبہ نے لیث سے روایت کیا ہی اور یہ اسناد صحیح ہی اور نص صریح ہی کہ دبر مین وطی کرنا عبداللہ بن عمر حرام جانتے اور کہتے تھے پس جو روایتین ابن عمر سے ایسی آئی ہین کہ جنمین وہم و احتمال ہی معنے انکے یہی ہین کہ عورتون نے کچھوٹے کی طرف سے فرج مین جماع کیا جاوے اور ابن عمر صریح تحریم کے قائل تھے واضح ہو کہ ابن عباسؓ کو بھی ابن عمرؓ کے ظاہر لفظ سے یہی وہم ہوا تھا کیونکہ خبر دینے والے نے ابن عمرؓ کے قول سے اپنی فہم ناقص کے مطابق معنے سمجھ لیے اور یہی جاکر ابن عباس سے نقل کر دیے شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ یہ ناقل کی غلطی ہی جیسے نافعؒ کے بیان سے لوگون نے غلط معنے لگا لیے تھے جیسا کہ اوپر مصرح معلوم ہو چکا تو یہ کچھ مضر نہین ہی۔ اور رہا یہ کہ امام مالک کی طرف نسبت کیا گیا کہ وہ اسکے جواز کے قائل تھے تو یہ بھی محض دروغ و باطل ہی اور کسی کتاب مین انکا قول نہین ہی اور نہ انکے ہزارون شاگردون مین سے کسی نے نقل کیا حالانکہ انکے شاگردون مین ایک ہزار آدمی مانند امام شافعی و امام محمد کے اجلۂ علما ہین لیکن قوم روافض نے بہتان باندھا کہ امام مالک نے اسکو کتاب السر مین بیان کیا ہی حالانکہ کتاب السر عجیب عنقا ہی کہ کوئی اسکو نہین جانتا بلکہ مذہب مالک کے فقہا و مشائخ اس کتاب السر سے سخت انکار کرتے ہین اور امام مالکؒ کی شان بھی اس سے پاک ہی کہ انکی کوئی کتاب السر یعنے خفیہ کتاب ہو مترجم کہتا ہی کہ رافضی نے اپنے اوپر قیاس کیا جیسے وہ خفیہ شیطانی حوالہ پر اپنا عقیدہ رکھتا ہی ایسے ہی سنے ادھر جوڑا حالانکہ اللہ تعالے نے دین اسلام کو ظاہر فرمایا بقولہ لیظہرہ علی الدین کلہ الآیہ۔ اور بعض روایات سے پتہ لگتا ہی کہ روافض نے یہ دروغ تقیہ کر کے پھیلانا چاہا تھا مگر بھلا ایسے عالم پر کب چل سکتا ہی جسکے شاگردون مین سے ہزار تو عالم مجتہد ہون اور حاکم دارقطنی و خطیب نے جو امام مالکؒ سے اس بارہ مین موہم روایات کین وہ محض واہی و باطل ہین جیسا کہ ذہبیؒ نے رسالہ منفردہ مین ابطال کیا ہی اور معن بن عیسیٰؒ نے امام مالک سے روایت کی کہ عورتون سے دبر مین وطی کرنا حرام ہی اور ابوبکر بن زیاد نیشاپوری نے اسمٰعیل بن روح سے روایت کی کہ مین نے امام مالکؒ سے پوچھا کہ عورتون سے دبر مین وطی کرنے کے بارہ مین آپ کیا کہتے ہین فرمایا کہ تم لوگ محض کنوار قوم ہو بھلا حرث کچھ اور ہوتا ہی سوائے موضع زراعت کے تو کبھی فرج سے تجاوز نہ کرو مین نے عرض کیا کہ اے ابوعبداللہ بعضے لوگ کہتے ہین کہ آپ اسکی جواز کے قائل ہین فرمایا کہ معاذ اللہ لوگون نے مجھ پر دروغ باندھا ہی انھون نے مجھ پر دروغ باندھا اس سے تحقیق ہوا کہ مالکؒ اسکی تحریم کے قائل ہین اور یہی قول امام ابوحنیفہ و شافعی و احمد بن حنبل اور انکے جملہ اصحاب کا ہی اور یہی قول سعید بن المسیبؒ و سلمہ و عکرمہ و طاؤس و عطاء و سعید بن جبیر و عروۃ بن الزبیر و مجاہد و حسن وغیرہم سے مروی ہی اور ان اکابر آئمہ اس حرکت پر سخت انکار کیا ہی اور بعضون نے ایسا کرنے والے پر کفر کا اطلاق کیا ہی اور یہی جمہور علما کا مذہب ہی طحاوی نے محمد بن عبداللہ بن عبدالحکم سے حکایت کی کہ اُسنے کہا کہ مین نے شافعی سے سنا کہتے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی تحلیل و تحریم مین کچھ ثابت نہین اور قیاس یہ ہی کہ وہ حلال ہی ذہبیؒ نے میزان مین کہا کہ طحاوی مرد ثقہ معتمد ہین لیکن محمد بن عبدالحکم نے جھوٹ کہا یا وہم ہوا ہی اور اس روایت کو خطیب بغدادی نے بھی روایت کیا اور ابوالفضل الصباح نے فرمایا کہ ربیع جو امام شافعی کے خاص شاگردون مین سے ہین قسم کھاتے تھے کہ باللہ الذی لا الٰہ الا ہو البتہ ابن عبدالحکم نے جھوٹ باندھا شافعی رحمہ اللہ اس بارہ مین کیونکہ شافعی نے اپنی کتابون مین سے چھ کتابون مین اسکے حرام ہونے پر تنصیص کر دی ہی فقال المترجم ثابت ہوئی تفسیر آیت کی اور ثابت ہوا کہ حضرت صلعم نے سخت زجر فرمایا ہی لواطت والے پر اور اصحاب سلف و ائمہ خلف و علمائے مجتہدین اسکی حرمت شدید پر متفق ہین پس بعد اسکے اگر فرض کیا جاوے کہ کوئی عالم اسکے جواز کا قائل ہی تو اسکا قول اسکے سر مارا جائیگا اور ہرگز اسکا اتباع کرنے والا نجات نہ پاویگا اور مین نے اس مقام پر تفسیر ابن کثیر وغیرہ سے التقاط کلام کر کے اسوا سطے تطویل کی کہ اس مادہ مین خواہش نفسانی کے لوطی اور مفسدان فرقۂ رافضہ بہت قریب ہین اور عوام اپنی خواہش نفسانی کے پابندی مین انکی باتون پر کان دھر کر گمراہ ہو جاتے ہین و نعوذ باللہ من الضلال۔ اور ابن جریرؒ نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ قولہ قدموا لانفسکم۔ یعنے جماع کے وقت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھکر ایسا کرے اور صحیح بخاری مین ابن عباس سے ثابت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا

کہ اگر تم میں سے کسی نے جب اپنی عورت کے پاس جانیکا ارادہ کیا یوں کہدلیا کہ بِسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا - تو اگر ان دونوں کے درمیان کوئی بچہ مقدر ہوگا تو اسکو شیطان کبھی مضرت نہ پہونچا ویگا - رواہ البخاری اور اسی قرینہ پر شاید بعض مفسرین نے - قدموا لانفسکم کی تفسیر میں کہا کہ اس جماع سے اولاد صالح کی خواہش کرے واللہ اعلم ف ۲ قال الشیخ فی العرائس - قولہ نساؤکم حرث لکم الآیۃ - الآیہ - اسمیں اللہ تعالے نے اپنے بندوں کو مباشرت کے آداب سکھلائے کہ مطالبۂ نفس کی حالت میں کام کو صدق نیت سے شروع کریں اور تقوی کو لازم رکھیں حتی کہ ان باتوں کو اپنے تمام احوال میں کبھی نہ بھولیں اور انکی یہ صحبت بغرض شہوت رانی نہ ہو بلکہ اللہ تعالے کے واسطے ہو اور واسطے کے فرمایا کہ اپنے جماع کرنے میں اپنی سچی نیت کو مقدم کرو اور یہ نیت کرلو کہ یہ اسواسطے ہے کہ جو ہمپر حرام کیا ہے اس سے عفت حاصل ہو اسواسطے کہ بدون سچی نیت کے شہوت کی پیروی کرنا بڑی غفلت ہے قال المترجم یہی حال سب باتوں میں ہے مثلاً بالوں میں کنگھی وغیرہ کرنا اگر صفائی وستھرائی کی نیت سے ہے تو مسنون ہے اور ایسے ہی سرمہ لگانا وغیرہ بھی اور اگر خوبصورتی وغیرہ کی نیت سے ہے تو اسکی مذمت ہے

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰہَ عُرْضَۃً لِّاَیْمَانِکُمْ اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَیْنَ النَّاسِ ط وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ عَلِیْمٌ

اور نہ ٹھہراؤ اللہ کو بہت کھنڈا اپنی قسمیں کھانے کا کہ سلوک کرو اور پرہیزگاری اور صلح درمیان لوگوں کے اور اللہ سنتا جانتا ہے

لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ فِیْٓ اَیْمَانِکُمْ وَلٰکِنْ یُّؤَاخِذُکُمْ بِمَا کَسَبَتْ قُلُوْبُکُمْ ط وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ

نہیں پکڑتا تمکو اللہ تمھاری ناکاری قسموں پر لیکن پکڑتا ہے اس کام پر جو کرتے ہیں دل تمھارے اور اللہ بخشنے والا ہے تحمل والا ہے

وَلَا تَجْعَلُوا اللّٰہَ - مت بناؤ اللہ کو ف یعنے اسم اللہ تعالے کے ساتھ قسم کھانے کو - عُرْضَۃً لِّاَیْمَانِکُمْ - نشانہ واسطے اپنی قسموں کے ف یعنی طور کہ کثرت سے اللہ تعالے کے ساتھ قسمیں کھاؤ کہ - اَنْ تَبَرُّوْا وَتَتَّقُوْا وَتُصْلِحُوْا بَیْنَ النَّاسِ - تم نکوئی نکروگے وتقوی نکروگے اور لوگوں میں اصلاح نکروگے ف پس ایسی باتوں کے نہ کرنے پر قسم کھانا مکروہ ہے اور ایسی قسم میں اسکا توڑ دینا اور کفارہ دینا مسنون ہے بخلاف اسکے اگر کسی نیک کام کرنے واسکے مانند پر قسم کھائی تو یہ طاعت ہے اور معنے کلام کے یہ ہیں کہ نیکوکاری اسکے مانند جو مذکور ہوا اسکے کرنے سے باز نہ رہو جبکہ تمنے اسکے نہ کرنے پر قسم کھائی ہو بلکہ نیکوکاری اور اسکے مانند کو بجالاؤ اور کفارہ قسم دیدو اسواسطے کہ سبب نزول آیہ کا یہ تھا کہ قسم کھاکر اسکے بجالانے سے انکار واقع ہوا تھا - وَاللّٰہُ سَمِیْعٌ - لاقوالکم عَلِیْمٌ - باحوالکم اللہ تعالے سننے والا ہے تمھارے اقوال کا جاننے والا ہے تمھارے احوال کا لَا یُؤَاخِذُکُمُ اللّٰہُ بِاللَّغْوِ الکائن - فِیْٓ اَیْمَانِکُمْ - اللہ تعالے تمکو ایسے لغو پر مواخذہ نہیں فرماتا جو تمھاری قسموں میں واقع ہو ف شیخ سیوطی نے کہا کہ لغو قسم وہ ہے کہ زبان اسکی طرف سبقت کرجاوے بدون اسکے کہ قسم کھانے کا قصد ہو جیسے لا واللہ بلی واللہ یا ہاں واللہ - پس اسمیں نہ گناہ ہے اور نہ کفارہ - وَلٰکِنْ یُّؤَاخِذُکُمْ بِمَا کَسَبَتْ قُلُوْبُکُمْ - ولیکن اللہ تعالے تمکو مواخذہ فرماتا ہے ایسی چیز سے جسکا تمھارے دلوں نے قصد کیا ہو ف یعنے جن قسموں کو قصد کیا تمھارے دلوں نے انپر مواخذہ کریگا جب تم جانتے ہوگے - وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ حَلِیْمٌ - اللہ تعالے غفور حلیم ہو ف یعنے بخشنے والا ہے اس چیز کو جو لغو سے واقع ہو اور حلیم ہے تاخیر کردینے میں سزا و عذاب کے اس شخص سے جو اس عقوبت کا مستحق ہو اور ٹھہرے پھر اس آیت کے سبب نے قول میں دو روایتیں ہیں ایک یہ کہ نعمان بن بشیر نے عبداللہ بن رواحہ کی بہن کو طلاق دیدی پھر رجوع اور صلح کا ارادہ کیا پس عبداللہ بن رواحہ نے قسم کھائی کہ نعمان سے کلام نہ کرونگا اور دونوں میں اصلاح نہ کرونگا پس یہ آیت نازل ہوئی ذکرہ البیضاوی وغیرہ ولیکن مفسر شیخ جلال نے ذکر کیا کہ میں اس روایت پر واقف نہیں ہوا اور یہ تعریض ہے اسکے عدم ثبوت کی اور ابن جریر نے ابن جریج سے روایت کی کہ یہ آیت حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کے حق میں نازل ہوئی کہ انھوں نے قسم کھائی تھی کہ اپنے خالہ زاد بھائی مسطح بن اثاثہ کو نفقہ نہ دونگا کیونکہ حضرت

ف اسی سے ہے کہ بچا ہوا شیطان اور دور کیا شیطان کو اس سے جو نصیب کیا تو نے ہمکو ۱۲

عائشہ رضی اللہ عنہا پر بہتان باندھنے میں منافقوں کے ساتھ شریک تھا اور وہ مہاجرین فقیروں میں سے تھا اسکو حضرت صدیق ہی نفقہ دیتے تھے اور مشہور یہ ہے کہ اس بارہ میں قولہ تعالے ولا یاتل اولوا الفضل منکم والسعۃ ان یؤتوا اولی القربی والمساکین والمہاجرین فی سبیل اللہ ولیعفوا ولیصفحوا الا تحبون ان یغفر اللہ لکم الآیہ نازل ہوئی ہے چنانچہ اپنے مقام پر انشاء اللہ تعالے بیان آویگا۔ ولیکن بعید نہیں کہ یہ آیت بھی اسی بارہ میں نازل ہوئی ہو جس سے یہ حکم عملا کرا کہ اگر نیکوکاری وصلہ رحم نہ کرنے پر قسم کھاوے تو اسکو توڑ دے اور اسکا کفارہ دیدے اور اگر قسم پر جما رہیگا تو گنہگار ہوگا مترجم کہتا ہے کہ اس تقدیر پر سورہ بقرہ میں یہ آیت بہت مدت کے بعد نازل ہوئی ہے حالانکہ یہ بعید ہے۔ قال البیضاوی عرضہ بروزن فعلہ بمعنے مفعول ہے اور اطلاق اسکا اس چیز پر آتا ہے جو کسی شے کے بیچ میں عارض اور روک کر دیا جاوے اور اس شے پر بولتے ہیں جو کسی شے کا معرض و نشانہ بنایا جاوے پس آیت کے معنے اگر عرضہ بمعنے اول لیا جاوے تو یہ ہونگے کہ اللہ تعالے کو حاجز اور روک نہ بناؤ ان انواع خیر کا جنپر تمنے قسم کھائی ہے پس ایمان جو جمع یمین بمعنے قسم ہے اس سے مراد وہ چیزیں ہونگی جنپر قسم کھائی ہے اور یہ اطلاق آتا ہے چنانچہ ابوہریرہ رضی کی روایت میں ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ من حلف علی یمین فرای غیرہا خیرا منہا فلیکفر عن یمینہ ولیفعل الذی ہو خیر۔ یعنے جس شخص نے قسم کھائی کسی یمین پر یعنے کسی امر پر پھر اسکے غیر کو بہتر دیکھا تو چاہیے کہ اپنی قسم کا کفارہ دے اور جو امر بہتر ہے اسکو بجالاوے (رواہ مسلم) پس یمین یمین کا اطلاق اس امر پر ہے جسپر قسم کھائی ہے اور اس صورت میں ان تبروا آہ یعنے ان مع صلہ کے ایمان کا عطف بیان ہوگا کما ابین میں کہا کہ یہی تفسیر مشہور ہے یعنے یمین جسکا روک ہے کہ نیکی کرو والخ اور روک اسطرح ہوگی کہ انکے نہ کرنے پر قسم ہو اور بر تقدیر ثانی یعنے جبکہ عرضہ بمعنے نشانہ لیا جاوے تو معنے یہ ہیں کہ نہ بناؤ اللہ تعالے کو نشانہ اپنی قسموں کا پس اللہ تعالے کے ساتھ کثرت سے قسمیں کھا کر نام الٰہی کو مبتذل کرو واسیواسطے کثرت سے قسم کھانے والے کی مذمت فرمائی بقولہ ولا تطع کل حلاف مہین مت پیروی کرہر ایسے شخص کی جو کثرت سے قسم کھانے والا خوار ہے۔ اور اس صورت میں ان مع صلہ کے نہی مذکور کی علت ہے یعنے تمکو ممانعت کی گئی اس بات سے اس وجہ سے کہ تم سچے رہو اور متقی رہو اور لوگ تمپر اعتماد کریں یکہ لوگوں کے درمیان اصلاح کرو کیونکہ زیادہ قسم کھانے والا اللہ تعالے پر جرارت کرنے والا ہوتا ہے اور وہ ہمیشہ قسم میں سچا متقی نہیں ہوتا اور نہ لوگ اسپر اعتماد کرتے ہیں پس وہ انکے درمیان اصلاح نہیں کر سکتا۔ ذکرہ البیضاوی اور شیخ ابوحیان نے کہا کہ اس صورت میں میرے نزدیک ان تبروا علت نہیں بلکہ منصوب بنزع خافض ہے۔ ای لا تجعلوا اللہ عرضۃ لایمانکم علی ان تبروا۔ یعنے مت بناؤ اللہ کو نشانہ اپنی قسموں کا اس بات پر کہ تم نیکی کرو گے اور تقوی کرو گے اور لوگوں میں اصلاح کرو گے۔ پس نیکی و تقوی و اصلاح بین الناس پر قسم کھانے سے منع کر دیے گئے کہ انکا نشانہ نہ بناکر مبتذل کرو حالانکہ یہ اوصاف جمیلہ تھے تو انکے سوائے اور امور پر قسم کھانے کی صورت میں وہ بدرجہ اولی ممنوع ہے پس حاصل یہ ہوا کہ زیادہ قسم کھانے سے اگرچہ امر خیر پر بھی ہو منع ہوا ہے اور کم قسم کھانے کی ترغیب ہے اور عرب میں کم قسم کھانے پر تعریف ہوا کرتی تھی شیخ سیبویہ حلی حر لیوہ اختیار کیا جو سلف و خلف سے مروی ہے چنانچہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی۔ قولہ ولا تجعلوا اللہ عرضۃ لایمانکم۔ کہا یعنے مت قرار دے نشانہ اپنی قسم کا جو یہ ہے کہ یہ نیک بات نہ کرونگا ولیکن کفارہ دے اپنی قسم کا اور نیکوئی کرے۔ اور ایسا ہی مسروق و شعبی و ابراہیم نخعی و مجاہد و طاؤس و سعید بن جبیر و عطاء و عکرمہ و مکحول و زہری و حسن و قتادہ و مقاتل بن حیان و ربیع بن انس و ضحاک و عطاء خراسانی و سدی رحمہم اللہ کا قول مروی ہے اور اسکے مؤید ہے جو صحیحین میں حدیث ابوموسی اشعری سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انی واللہ ان شاء اللہ لا احلف علی یمین فاری غیرہا خیرا منہا الا اتیت الذی ہو خیر وتحللتہا۔ یعنے میں قسم اللہ تعالے کی ان شاء اللہ نہیں قسم کھاؤنگا کسی امر پر پھر اسکے غیر کو اس سے بہتر دیکھونگا مگر یہ کہ بہتر ہے اسکو بجالاؤنگا اور قسم کو توڑ دونگا یعنے کفارہ دیدونگا ذکرہ ابن کثیر اور اس باب میں احادیث بہت ہیں اور بعض احادیث میں ہے کہ ایسی قسم کو ترک کرنا اسکا کفارہ ہے یعنے ایسی قسم میں یہ جرم بھی تھا کہ نیک بات نہ کرے پس کیوں قسم کھائی تو اس جرم کا کفارہ یہی کافی ہے کہ قسم سے حلال ہو گیا اگرچہ قسم کے توڑنے کا کفارہ معمول دینا پڑیگا واللہ اعلم۔ قولہ لا یواخذکم اللہ باللغو فی ایمانکم واضح ہو کہ لغو کی تفسیر میں علماء کے مختلف اقوال ہیں بعض نے کہا کہ لغو قسم وہ ہے کہ قسم کھانے والا اسکا قصد نہ کرے بلکہ عادت کے موافق اسکی زبان پر بدون قصد و تاکید کے

جاری ہو جاوے اور یہی ابن عباس و عائشہ و بعض علماء سے روایت ہی اور یہی شافعیؒ کا قول ہی اور ابوداؤد نے عائشہؓ سے مرفوعاً روایت کیا کہ قسم میں لغو یوں ہی جیسے آدمی اپنے گھر میں باتوں میں لاوا اللہ اور بلی واللہ کہا کرتا ہی پس اگر مرفوعاً ثابت ہو تو اس قول کا مؤید ہی ولیکن اکثر ثقات نے حضرت عائشہ سے اسکو موقوفاً یعنے قول عائشہؓ روایت کیا ہی اور عروہؒ نے کہا کہ حضرت عائشہ فرماتی تھیں کہ لغو تو مزاح و ہزل ہی میں ہوا کرتا ہی کہ آدمی کہتا ہی لا واللہ و بلی واللہ پس اسمیں کفارہ نہیں ہی اور کفارہ اسی قسم میں ہی کہ اسکے قلب نے اسکو منعقد کیا کہ اسکو کریگا پھر اسکو نہ کیا۔ ابن ابی حاتم نے کہا کہ یہی قول ابن عمرؓ کا اور دو قول ہیں سے ابن عباس کا ایک قول و شعبی کا اور ایک قول عکرمہ کا و عروہ بن الزبیر و ابو صالح اور ایک قول ضحاک کا و ابو قلابہ و زہری کا قول مروی ہی۔ پھر ابن ابی حاتم نے ایسی سند سے جو علماء حنفیہ کے نزدیک جید ہی عروہ کے طریق سے عائشہؓ سے روایت کیا کہ حضرت عائشہ قولہ لا یؤاخذکم اللہ باللغو فی ایمانکم کی تاویل میں فرماتی تھیں کہ لغو وہ شی ہی کہ کوئی اسپر قسم کھاوے اسطرح کہ وہ اس سے سوائے سچائی کے کچھ ارادہ نہیں کرتا ہی پھر وہ اس حال کے سوائے دوسرے حال پر نکلے جسپر اسنے قسم کھائی تھی۔ ابن ابی حاتم نے کہا کہ یہی قول ابوہریرہؓ کا اور دوسرا قول ابن عباس کا و سلیمان بن یسار اور سعید بن جبیر اور ایک قول مجاہد کا اور ایک قول ابراہیم نخعی کا اور حسن و زرارۃ بن اوفی رضہ و ابو مالک و عطاء خراسانی و بکر بن عبد اللہ و ایک قول عکرمہ کا اور حبیب بن ابی ثابت و سدی و مکحول و مقاتل و طاؤس و قتادہ و ربیع بن انس و یحیی بن سعید و ربیعہ کا مانند اسکے مروی ہی اھ ذکرہ ابن کثیرؒ۔ امام مالک نے مؤطا میں کہا کہ لغو کی تفسیر میں جو میں نے سنا ہی اسمیں سے احسن یہ ہی کہ لغو وہ قسم ہی کہ کسی شی پر یقین جاکر کرو ویسے ہی قسم کھاوے پھر وہ اسکے خلاف نکلے اور یہی امام مالک کا قول ہی اور یہی قول امام ابوحنیفہ و امام احمد کا ہی اور اوپر کے بیان سے تجھے معلوم ہوا کہ بہ نسبت اول قول کے یہ قول اکثر صحابہ و تابعین سے مروی ہی اور ابن ابی حاتم نے کہا کہ عائشہؓ سے ہر دو قول کا مجموعہ یہی مروی ہی چنانچہ اپنے اپنے اسناد جید سے عطاء ابن ابی رباح کے طریق سے عائشہؓ سے روایت کی کہ لغو یوں کہنا کہ لا واللہ اور بلی واللہ ہی حالانکہ وہ جانتا ہی کہ میں سچا ہوں لیکن درواقع ایسا نہیں ہوتا ہی میں کہتا ہوں کہ اس روایت سے بھی ائمہ ثلثہ کے قول کے تائید نکلتی ہی واللہ اعلم اور ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ عبد الرزاق نے ابراہیم سے روایت کی کہ لغو یہ ہی کہ آدمی ایک چیز پر قسم کھاوے پھر اسکو بھول جاوے۔ اور زید بن اسلم نے کہا کہ لغو یہ ہی کہ آدمی کہے کہ اللہ میری آنکھیں اندھی کرے اگر میں ایسا نہ کروں۔ یا مجھے میرے مال سے نکال دے اگر میں کل تیرے پاس نہ آوں۔ اور طاؤس نے ابن عباس سے روایت کی کہ لغو قسم یہ ہی کہ تو حالت غضب میں قسم کھاوے اور سعید بن جبیر نے ابن عباس سے روایت کی کہ لغو قسم یہ ہی کہ جو چیز اللہ تعالے نے حلال کیا ہی اسکو حرام کرلے پس اسمیں تجھ پر کچھ کفارہ نہیں ہی قال المترجم مقتدرہ تفسیر ہی جو ائمہ ثلثہ نے اختیار کی ہی واللہ اعلم اور کشاف میں ہی کہ اسکا نام قسم لغو اس وجہ سے رکھا گیا کہ لغو ایسی چیز کو کہتے ہیں جو درجہ اعتبار سے ساقط ہو خواہ کلام ہو یا اور کوئی چیز ہو پس لغو قسم وہ ہی کہ اسکا کچھ اعتبار نہیں اور نہ اس سے کوئی حکم متعلق ہی۔ قولہ ولکن یؤاخذکم بما کسبت قلوبکم۔ یعنے قصد کرکے اسپر قسم کھائی پس بنا بر قول شافعی کے یہ قسم لغو کا مقابل ہوگا اور مجاہد وغیرہ نے کہا کہ یہ مثل قولہ تعالے ولکن یؤاخذکم بما عقدتم الایمان کا آیہ ہی اور ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ حضرت ابن عباس و بعضوں نے کہا کہ یہ یوں ہی کہ کسی بات پر قسم کھاوے درحالیکہ وہ جانتا ہی کہ میں جھوٹا ہوں۔ اس تفسیر پر وہ ائمہ ثلثہ کی تفسیر لغو کے مقابل ہوگا ولیکن ظاہر یہ ہی کہ بیان ابن عباسؓ کی تفسیر خاص ہی یا ایک نوع کا بیان ہی کیونکہ ایمان معقودہ میں زمانہ ماضیہ اور آیندہ دونوں پر قسم ہوتی ہی پس اگر قسم کھائی کہ واللہ میں نے گذرے جمعہ کو صلوۃ التسبیح پڑھی اور وہ سچا ہی تو سچا ہی اور اگر جھوٹا ہی تو یہ یمین غموس ہی اور وہ کبیرہ گناہ ہی اور یہی ابن عباسؓ کی تفسیر ہی اور اگر قسم کھائی کہ واللہ آیندہ جمعہ کو صلوۃ التسبیح پڑھونگا پس اگر آیندہ جمعہ کو پڑھی تو قسم پوری ہوئی اور اگر نہ پڑھی تو حانث ہوا پس مواخذہ ہوگا اور وہ کفارہ ہی پس معلوم ہوا کہ ایمان معقودہ میں یمین غموس بھی داخل ہی پس مفسر سیوطی رحمہ اللہ نے جو کہا کہ اذا حنثتم یعنے جب ایمان معقودہ میں حانث ہو تو مواخذہ ہوگا بدون تفصیل کے ہی اور تفصیل یہ ہی کہ اگر زمانہ آیندہ پر کسی چیز کے کرنے یا نہ کرنے کی قسم کھائی اور اسمیں حانث ہوا تو کفارہ بالاتفاق و بالاجماع لازم آویگا اور اگر زمانہ گذشتہ پر اسطرح قسم کھائی اور سچا نہیں ہی تو امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک مؤاخذہ ہوگا اور یہ مواخذہ جو یہاں مذکور ہی وہ

آیہ مائدہ مین ہیں ہی کہ کفارہ ہی پس یہین یمین غموس مین کفارہ واجب ہوگا اور امام ابوحنیفہ و مالک و احمد کے نزدیک یمین غموس مین کفارہ نہین ہی یہین سوائے توبہ و استغفار کے کوئی چارہ نہین ہی اور شیخ ابن حجر نے ابن عبد البر وغیرہ سے نقل کیا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے اس بات پر اتفاق کیا ہی کہ یمین غموس مین کفارہ نہین بلکہ توبہ و استغفار کرے اور امام احمد نے باسناد جید حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کی کہ پانچ چیزین ہین جنمین کفارہ نہین ہی اور انمین سے یمین غموس کو بھی شمار کیا اور امام شافعی نے جو آیہ مائدہ کو یہان کا بیان قرار دیا تو اسکا جواب یہ ہی کہ یہان مواخذہ مطلق مذکور ہی اور یہ روز قیامت مین ہوگا اور آیہ مائدہ مین جو مواخذہ ہی وہ دنیا مین ہی پس ان ایکدوسرے پر محمول نہین کر سکتے ہین۔ قال المترجم علماء نے تصریح کی کہ سوائے اللہ تعالے کے غیر کی قسم مانند باپ کی قسم یا تیرے سر کی قسم یا ولی یا نبی کی قسم یہ سب ناجائز اور شرک ہین پس قسم اللہ تعالے یا اُسکے کسی صفت کی مثل واللہ الذی نفسی بیدہ اور عزۃ اللہ یا عظمۃ اللہ کی قسم یہ روا ہی پس اگر اسکے ساتھ کسی امر مستقبل پر قسم کھائی یعنے جو آیندہ ہونے والا ہی پھر حانث ہوا تو اُسپر کفارہ واجب ہوگا اور کفارہ قسم کا تین روزے پے در پے یا دس مسکینون کا کھانا یا ایک پردہ اس تفصیل سے جو سورہ مائدہ مین انشاء اللہ تعالے مذکور ہوگی اور فقہ مین مفصل مذکور ہی اور اسکے سوائے اگر اور چیز کے ساتھ قسم کھائی مثل کعبہ کی قسم یا بیت اللہ کی قسم یا باپ کی قسم وغیرہ تو یہ قسم نہوگی اور حانث ہونے سے کفارہ لازم نہوگا اور ایسی قسم مکروہ تحریمی ہی اور اسکی ممانعت مین روایت حدیث ہی کہ اللہ تعالے تمکو منع کرتا ہی کہ اپنے باپ دادون کی قسم کھاؤ پس جو قسم کھانا چاہیے یا تو اللہ کی قسم کھاوے یا خاموش رہے (رواہ الترمذی وغیرہ)

لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِنْ نِسَآئِهِمْ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ فَإِنْ فَآءُوا فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ

جو لوگ قسم کھاتے ہین اپنی عورتون سے اُنکو فرصت ہی چار مہینے پھر اگر مل گئے تو اللہ بخشنے والا مہربان ہی

وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ عَلِيمٌ

اور اگر عزم کیا طلاق کا تو اللہ سنتا جانتا ہی

لِلَّذِينَ يُؤْلُونَ مِنْ نِسَآئِهِمْ۔ جو لوگ ایلا کرتے ہین اپنی عورتون سے یعنے قسم کھا لیتے ہین کہ انسے مجامعت نہ کرینگے۔ تَرَبُّصُ أَرْبَعَةِ أَشْهُرٍ۔ انتظار چار ماہ ہی۔ فَإِنْ فَآءُوا۔ پس اگر انھون نے رجوع کیا ف اس مدت مذکورہ مین رجوع کیا قسم سے حرف وطی کے فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ۔ تو اللہ تعالے غفور رحیم ہی ف۔ یعنے بخشنے والا ہی انکو جو انھون نے قسم سے عورت کو ضرر پہونچایا ہی۔ وَإِنْ عَزَمُوا الطَّلَاقَ۔ اور اگر انھون نے عزم کیا طلاق پر ف۔ بائن طور پر رجوع نہ کیا۔ فَإِنَّ اللَّهَ سَمِيعٌ۔ لقولہم۔ تو اللہ تعالے انکے قول کا سننے والا ہی۔ عَلِيمٌ۔ بعزمہم۔ انکے عزم کا جاننے والا ہی پس طلاق واقع ہوجائیگی اور یہ امام ابوحنیفہؒ کا قول ہی اور شافعی کے نزدیک اسپر اب طلاق دینا واجب ہی پس بقول شافعی بعد چار ماہ کے چاہے قسم سے وطی کی طرف رجوع کرلے اور بقول ابوحنیفہؒ چار ماہ گذرتے ہی طلاق بائن پڑ گئی۔ ہان اب دوبارہ مہر کے ساتھ چاہے برضامندی عورت کے نکاح کرلے۔ واضح ہو کہ یہ ایلاء کا مسئلہ ہی یعنے جس مرد نے قسم کھائی کہ اپنی جورو سے وطی نہ کریگا اسکو چار مہینہ کی مدت دی گئی اسمین انتظار کیا جائیگا پس اگر اسنے اس مدت مین رجوع کیا یعنے وطی کرلی تو قسم ٹوٹ گئی اسکا کفارہ دیدے اور جورو مرد مین میل ہا اور اگر اس مدت مین رجوع بطور مذکور نکیا تو طلاق پڑ گئی اور پھر رجوع نہین کر سکتا ہی اور یہ طلاق بائن ہوگی۔ یہ امام ابوحنیفہ کا قول ہی اور امام مالک و شافعی و احمد کے نزدیک اسکو چار مہینہ گذرنے کے بعد بھی رجوع کا اختیار ہی اور مدت مذکورہ گذرنے پر طلاق نہ پڑیگی بلکہ وہ قید کیا جائیگا اور کہا جائیگا کہ یا تو رجوع کرے یا طلاق دیدے اور اسی اختلاف کی بنا پر ایلا کی تعریف مین اختلاف ہی پس ابوحنیفہ و سفیان ثوری و کوفیون کے نزدیک ایلاء یہ ہی کہ قسم کھاوے کہ اپنی عورت سے چار مہینہ یا زیادہ وطی نہ کریگا اور یہ عطاء کا قول ہی اور مالک و شافعی و احمد نے فرمایا کہ ایلاء یہ ہی کہ چار مہینہ سے

زائد تک وطی نہ کرنے کی قسم کھاوے پس چار مہینہ تک وطی نہ کرنے کی قسم انکے نزدیک ایلاء ہوگی اور ایک جماعت نے کہا کہ اگر قسم کھائی کہ ایک برس یا کم یا زیادہ اپنی جورو سے وطی نہ کریگا پھر چار مہینہ اس سے وطی نہ کی تو ایلاء کی وجہ سے بائن ہوجائیگی اور یہی قول ابن مسعودؓ و نخعی و ابن ابی لیلی و حکم و حماد بن سلیمان و قتادہ و اسحق کا ہی اور قولہ للذین شامل ہی آزادون و غلامون کو جیسے من نسائہم شامل ہی آزاد عورتون و باندیون کو جبکہ کسی مرد کے نکاح مین ہون پس امام شافعی و احمد کے نزدیک انکا ایلاء مثل آزاد کے ہی یعنے وہی مدت انکے لیے بھی ہی اور امام ابو حنیفہ و مالک و اسحق نے کہا کہ انکی مدت دو مہینہ یعنے نصف ہی اور یہ زہری و عطا و ابراہیم کا قول ہی اور شعبی نے کہا کہ باندی کا ایلاء آزاد کے ایلاء کا نصف ہی اور اللہ تعالے نے یہ مدت اسواسطے مقرر کردی کہ زمانہ جاہلیت کے لوگ ایک سال و دو سال و زیادہ مدت تک ایلاء کرتے اور اس سے انکی غرض یہ ہوتی کہ عورت کو تنگ کرین اور خرچ بھی بچاوین تاکہ وہ مال مہر واپس کرکے خلع لے لے ۱۲ اور اس بیان مذکور بالا سے ظاہر ہوا کہ اگر چار مہینہ سے کم پر وطی نہ کرنے کی قسم کھاوے تو ائمہ اربعہ مین سے کسی کے نزدیک ایلاء شرعی نہوگا اگرچہ اسپر اطلاق ایلاء کا باعتبار معنے لغوی کیا جاوے چنانچہ صحیحین مین حضرت عائشہ رضی سے روایت ہی کہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آلی من نسائہ شہرا یعنے رسول اللہ صلعم نے اپنی عورتون سے ایک مہینہ ایلاء کیا پس ایسی مدت کی ایلاء مین بالاتفاق اسکو اپنی قسم پوری کرنی چاہیے اور شافعی وغیرہ کے نزدیک عورت کو ایسی مدت مین بلکہ چار مہینہ تک کی مدت مین مطالبہ کا اختیار نہین ہی اور اگر چار مہینہ سے زائد پر قسم کھائی ہو تو چار مہینہ کے بعد امام شافعی وغیرہ کے نزدیک عورت کو اختیار ہی کہ شوہر سے مطالبہ کرے کہ وہ رجوع کرے یا طلاق دے پس اگر اسنے کچھ نکیا تو حاکم اسکو قید کریگا پس اگر نہ مانا تو اسکی طرف سے طلاق دیدیگا تاکہ عورت کو مضرت نہ پہونچے اسیواسطے اللہ تعالے نے فرمایا۔ للذین یولون من نسائہم تربص اربعۃ اشہر۔ ای انتظار چار ماہ ہی اور نسائہم کی لفظ مین دلالت ہی کہ ایلاء مخصوص ان عورتون سے ہی جن سے نکاح کیا ہو اور جو باندیان مملوکہ ہون انسے ایلاء نہین ہوتا ہی کیونکہ انکو وطی کے لیے مطالبہ کا اختیار نہین ہی اور یہی جمہور کا مذہب ہی اور اربعۃ اشہر ای زوج کو اس مدت مین (یعنی ہون ۱۲ منہ) انتظار و توقف کا حق حاصل ہی اور ظاہر اسکا مؤید قول امام ابو حنیفہ ہی کہ چار ماہ کے اندر ہی نہ بعد چار ماہ کے۔ قولہ فان فاؤا۔ ای رجوع کیا جس حال پر تھے اور یہ کنایہ ہی جماع سے جیسا کہ ابن عباس و مسروق و شعبی و سعید بن جبیر وغیرہم مانند ابن جریر وغیرہ نے کہا ہی اور شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ قولہ فان فاؤا فان اللہ غفور رحیم۔ مین دلالت ہی کہ اس رجوع اور وطی سے کفارہ لازم نہ آویگا جیسا کہ حدیث مین آیا ہی کہ جس شخص نے قسم کھائی کسی چیز پر پھر اور بات کو اس سے بہتر دیکھا تو جس پر قسم کھائی ہی اسکا کفارہ دیدیا اسکا کفارہ ہی جیسا کہ امام احمد و ابو داؤد و ترمذی نے روایت کیا ہی اور یہی شافعی کا قول قدیم ہی اور جمہور علما کے نزدیک اس صورت مین اسپر کفارہ لازم آویگا کیونکہ صحیح احادیث مین وجوب کفارہ مذکور ہی اور یہی شافعی کا قول جدید ہی قال المترجم اور فان فاؤا کے وار تعقیب ہی امام شافعی و مالک و احمد نے استدلال کیا ہی کہ وہ مقتضی ہی کہ اس مدت مذکورہ کے بعد اسکو رجوع کرنے یا طلاق کا اختیار باقی ہی اور نیز قولہ ان عزموا الطلاق مشعر ہی کہ بعد مدت مذکورہ کے ہی اور نیز سمیع علیم مشعر ہی مسموع کو اور وہ طلاق کا کلام ہی کیونکہ خالی مدت کا گذرنا تو مسموع نہین ہی اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ یہی جمہور متاخرین کا قول ہی کہ فقط مدت گذرنے سے طلاق واقع نہوگی جب تک کہ وہ طلاق نہ دے۔ اور ہم نے پہلے ذکر کیا کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک رجوع کرنیکا اختیار اسی مدت مذکورہ مین ہی اسکے بعد نہین ہی بلکہ مدت گذرنے پر طلاق واقع ہوجائیگی کوئی حاجت طلاق دینے کی نہوگی اور یہ فاء جو فان فاؤا مین ہی یہ تعقیب فکری کی فاء ہی جو ایسے جملہ پر آتی ہی جو اپنے ماقبل کا تفصیل کرنے والا ہی اور معنے یہ ہین کہ پس تفصیل یہ ہی کہ اگر اسنے مدت کے اندر رجوع کیا تو اللہ غفور رحیم ہوا اور اسی کے شاہد ہی قراءۃ ابن مسعودؓ کہ انھون نے فان فاؤا فیہن فان اللہ غفور رحیم پڑھا ہی اور یہ صریح ہی کہ رجوع اس مدت مذکورہ کے اندر ہی اور سمیع علیم کے معنے یہ ہین کہ سمیع لانکے ایلاء کا اور علیم انکے قصد کا ہی اور یہی مذہب متقدمین سلف و خلف کا ہی کہ چار مہینہ گذرنے پر عورت پر طلاق پڑجائیگی شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ یہی حضرت عمر و عثمان و علی و ابن مسعود و ابن عباس و ابن عمر و زید بن ثابت

سے صحیح سنادون سے مروی ہی اور یہی قول ابن سیرین و مسروق و قاسم و سالم و حسن و ابوسلمہ و قتادہ و شریح قاضی و قبیصہ بن ذویب و عطاء و ابوسلمہ بن عبدالرحمن و سلیمان بن یسار خان تیمی اور ابراہیم نخعی و ربیع بن انس و سدی وغیرہم رحمہم اللہ کا ہی پھر ان میں سلف و خلف کے دو قول ہین کہ چار مہینہ گذرنے پر طلاق رجعی واقع ہوگی یا طلاق بائن واقع ہوگی پس اسی مجمل یہ کہ طلاق رجعی واقع ہوگی اور یہی قول سعید بن المسیب و ابوبکر بن عبدالرحمن بن الحارث بن ہشام و مکحول و ربیعہ و زہری و مروان بن الحکم کا ہی اور دوسرا قول یہ کہ یہ طلاق بائنہ واقع ہوگی اور یہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ و ابن مسعود و عثمان و ابن عباس و ابن عمر و زید بن ثابت سے مروی ہی اور یہی قول عطاء و جابر بن زید و مسروق و عکرمہ و حسن و ابن سیرین و محمد بن الحنفیہ و ابراہیم و قبیصہ بن ذویب و ابوحنیفہ و ثوری و حسن بن صالح کا ہی اور ان سب سلف و خلف نے جو چار ماہ گذرنے پر طلاق خواہ بائنہ یا رجعیہ واقع ہونے کے قائل ہین عورت پر عدت واجب کہتے ہین ہکذا ذکرہ الشیخ ابن کثیر ثم فی یعنی رجوع کی تفسیر پہلے حضرت ابن عباس وغیرہم سے مذکور ہوئی کہ کنایہ جماع سے ہی اور ابن المنذر نے کہا کہ اہل علم اس امر پر متفق ہین کہ فئی یہان جماع ہی جسکو کوئی عذر نہو اور ائمہ حنفیہ نے کہا کہ اگر مریض ہو یا قید ہو تو زبان سے کہدینا کہ مین نے رجوع کیا کافی ہی بشرطیکہ مدت مذکورہ کے اندر ہو اور امام شافعی کے نزدیک زوال عذر تک عورت مذکورہ اسکی جورو رہیگی پھر عذر زائل ہونے کے بعد یا جماع کرے یا طلاق دے جیسا کہ اوپر بیان ہوا۔ قولہ فان عزموا الطلاق۔ ای عزموا علی الطلاق اسواسطے کہ عزم کا تعدیہ علی سے ہوتا ہی ولیکن عزم یہان بمعنے تصمیم ہی ای صمموا الطلاق اسیواسطے بدون حرف کے متعدی ہوا اور اسمین استعارہ ہی کہ عدم رجوع بھی تصمیم طلاق ہی حتی کہ بعد چار ماہ گذرنے کے طالقہ ہوجائیگی فافہم۔ پھر چونکہ سلسلۂ کلام عورت کے طلاق ہوجانے تک آگیا لہذا بعد کو مطلقہ عورت کی عدت کو کلی بیان فرمایا۔

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ۭ وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَّكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ

اور طلاق پائی عورتین انتظار مین رکھین اپنے آپ کو تین حیض تک اور انکو حلال نہین کہ چھپا رکھین جو پیدا کیا اللہ نے

فِيْٓ اَرْحَامِهِنَّ اِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۭ وَبُعُوْلَتُهُنَّ اَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ فِيْ ذٰلِكَ اِنْ اَرَادُوْٓا

انکے پیٹ مین اگر ایمان رکھتی ہین اللہ پر اور پچھلے دن پر اور انکے خاوندون کو پہونچتا ہی پھیر لینا انکا اتنی دیر مین اگر چاہین

اِصْلَاحًا ۭ وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِيْ عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوْفِ ۠ وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ ۭ وَاللّٰهُ

صلح کرنی اور عورتون کا بھی حق ہی جیسا انون پر حق ہی موافق دستور کے اور مردون کو ان پر درجہ ہی اور اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ع ۲۸

زبردست ہی تدبیر والا

وَالْمُطَلَّقٰتُ يَتَرَبَّصْنَ بِاَنْفُسِهِنَّ ۔ اور مطلقہ عورتین انتظار مین رکھین اپنے آپ کو ف دوسرے مرد سے نکاح نکرین ثَلٰثَةَ قُرُوْٓءٍ ۔ تین قرو ناک ف قرو جمع قرء بمعنے حیض و طہر دونون آتا ہی ابوحنیفہ رح نے دلائل اجتہادی سے نکالا کہ اس مشترک سے یہان حیض مراد ہی پس جس طہر مین طلاق دی گئی اسکے بعد مطلقہ تین حیض تک عدت کی ہے۔ پھر تیسرے حیض سے پاک ہو کر چاہے نکاح کرے شافعی رح نے نکالا کہ طہر مراد ہی پس جس طہر مین طلاق دی گئی تین طہر تک منتظر رہے۔ ہر حیض کے بعد دوسرے حیض تک جو زمانہ ہی وہ طہر ہی۔ پھر اسی انتظار کرنیکا نام عدت ہی۔ یہ عدت فقط ان عورتون مین ہی جو مدخولہ ہون جن سے شوہر نے وطی کرلی ہو خواہ حقیقۃً وطی کی ہو یا خلوت مین رہا ہو تو احتیاطاً عدت ہی۔ اگر زفاف سے پہلے ہی طلاق دیدی تو کچھ عدت نہین لقولہ تعالے۔ فان لم تکونوا دخلتم بہن فما لکم علیہن من عدۃ الآیہ۔ یعنے اگر تمنے اپنی عورتون سے دخول نکیا ہو تو تمھارے لیے اوپر کوئی عدت نہین ہی۔ ھ۔ پھر مدخولہ کی عدت قرو جب ہی ممکن ہی کہ اسکو حیض آتا ہو اور اگر بوڑھی آئسہ ہو جو اولاد کی آس نہین رکھتی یعنے حیض منقطع ہوچکا تو وہ تین ماہ تک انتظار کرے

یعنے عدت بیٹھے - لقولہ تعالے - واللائی یئسن من المحیض من نسائکم ان ارتبتم فعدتھن ثلثۃ اشھر الآیۃ - یعنے جو عورتین کہ حیض سے مایوس ہو چکین تو انکی عدت تین ماہ ہی - ھکذا اسیطرح اگر دس گیارہ برس کی بچہ بالغہ سے نکاح کیا مگر وہ وطی کے قابل ہی پھر وطی کر کے طلاق دی تو اسکی عدت بھی تین ماہ ہی - اور اگر حاملہ کو طلاق دی تو اسکی عدت یہ کہ بچہ جنے لقولہ تعالے وعدتھن ان یضعن حملھن الآیۃ - چنانچہ سورۂ طلاق مین ہی - حتی کہ اگر طلاق کے دوسرے روز جنی تو عدت پوری ہو گئی - واضح ہو کہ طلاق کے بعد اسقدر بدت گزر جانا چاہیے کچھ نیت کی ضرورت نہین ہی مثلاً زید نے سفر مین مدرسے عورت کو طلاق دی حتی کہ روز طلاق سے تین ماہ یا تین حیض کے بعد عورتکو خبر پہونچی تو علت بھی ہو چکی - پھر یہ آزادیون کی عدت مذکور ہوئی اور باندیون کی عدت دو حیض یا ڈیڑھ مہینہ یا وضع حمل ہی - جیسے باندیون کے حق مین وہی طلاق کے بعد حلالہ واجب ہوتا ہی حدیث مین ہی کہ باندی کی طلاق دو ہی اور اسکی عدت دو حیض ہی (الترمذی وغیرہ) پس حاصل یہ نکلا کہ ایسی مطلقات جو مدخولہ ہون و آئسہ و صغیرہ و حاملہ نہون و باندی نہون تو وہ تین قرو تک اپنے آپکو نکاح غیر سے روکے رکھین - وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ أَنْ يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللَّهُ فِي أَرْحَامِهِنَّ - اور ان مطلقات کو حلال نہین کہ اللہ تعالے نے انکے ارحام مین جو کچھ پیدا کیا اسکو چھپاوین ف بلکہ کچھ ہو تو ظاہر کر دین اور اسیطرح حیض کو بھی ٹھیک ٹھیک ظاہر کر دین اور اسغرض سے چھپانا کہ دوسرے شوہر سے جلدی نکاح کر لین یہ انکو حلال نہین ہی - إِنْ كُنَّ يُؤْمِنَّ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ - اگر وہ اللہ تعالے اور روز قیامت پر ایمان لائی ہین ف تو ہرگز نہ چھپاوین کیونکہ ایمین نقطہ خلط ہو جائیگا اور خرابیان پیدا ہونگی اور اس سے معلوم ہوا کہ کم سے کم تین وز حیض ہی اور کم سے کم پندرہ روز طہر ہی تو اتنی مدت کے حساب سے جب عورت بتلاوے کہ عدت گذر گئی تو اسی کے قول پر اعتماد ہوگا کیونکہ اس پارہ مین وہی امینہ رکھی گئی ہی - پھر واضح ہو کہ سنت طریقہ طلاق یہ ہی کہ طہر مین بغیر جماع کے ایک طلاق دیدے اور چھوڑ دے کہ عدت گزر جاوے تو نکاح سے خارج ہو جائیگی - پھر نادم ہو کر چاہے نکاح جدید کر لے اگرچہ دو طلاق تک دے چکا ہو اور اگر تین طلاقین پوری کر چکا تو بغیر حلالہ جائز نہین ہی جیسے یکبارگی تینون طلاقین دینے مین حکم ہی - یہی حنفیہ کا مذہب ہی - پھر ایک یا دو طلاق تک جب تک عدت نگذرے عورت نکاح سے خارج نہین ہوتی ہی حتی کہ شوہر چاہے رجوع کر لے لقولہ تعالے - وَبُعُولَتُهُنَّ أَحَقُّ بِرَدِّهِنَّ - اور مطلقات کے شوہر اپنی مطلقات کے پھیرنے مین خود ہی احق ہین ف عورت کی ناخوشی و انکار کا کچھ اعتبار نہین - فِي ذَٰلِكَ - اسی زمانہ مین ف یعنے اسی عدت کے زمانہ مین مرد کو پھیر لینے کا البتہ مستقل اختیار ہی اور اگر عدت گذر چکی تو پھر جدید نکاح ہو سکتا ہی لیکن اسمین عورت کی رضامندی شرط ہی یہ سب اسی وقت ہوگا کہ طلاقین پوری تین نہو گئی ہون یا باندی کی پوری دو طلاقین نہو گئی ہون تو عدت مین شوہر ہی کو اختیار ہی کہ نکاح مین رجوع کر لے اور جدید نکاح کی یا عورت کی رضامندی کی ضرورت نہین ہی - إِنْ أَرَادُوا إِصْلَاحًا - اگر شوہرون کی مراد باہمی اصلاح ہو ف تو اپنی مطلقہ سے رجوع کر لے - اس کلام سے شوہرون کو آمادہ فرمایا کہ مطلقہ سے رجوع کرنے مین انکی غرض باہمی اصلاح ہو اور یہ نیت نہو کہ عورت کو دکھ پہونچاوین اور پھر مثلاً مہینہ دو مہینہ کے بعد طلاق دین پھر اسی طرح رجوع کر کے پھر ویسا ہی کریں تیسری طلاق دین تاکہ اسکو ہر طلاق کے بعد عدت شمار کرنے کرتے بہت زمانہ گذرے حتی کہ لاچار ہو کر وہ مال مہر پھیر کر خلع کرائے تو یہ حرام ہی - اگرچہ ظاہر مین جب شوہر رجوع کریگا تب رجوع کا حکم ٹھیک ہوگا کیونکہ دلی نیت کرنی نہین جانتا لیکن اللہ تعالے عالم الغیب عزوجل اسکو بعد موت کے ماخوذ کریگا - اور اصلاح یہی ہی کہ باہمی حقوق کا لحاظ ہو - وَلَهُنَّ مِثْلُ الَّذِي عَلَيْهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ - اور عورتون کے لیے یہی حقوق ویسی ہی ہین بطور معروف جیسے کہ خود عورتون پر ہین ف کہ شوہر کی اطاعت کرین مانند اسکے لیکن اس سے شوہر و عورت مین برابری مراد نہین وَلِلرِّجَالِ عَلَيْهِنَّ دَرَجَةٌ - اور مردون کے واسطے زوجات پر فضیلت درجہ بلندی ہی ف حتی کہ حدیث مین ہی کہ اگر مین کسیکو دوسرے کے لیے خدا کے سوا سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو اپنے خاوند کے لیے حکم دیتا - وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ - اور اللہ تعالے غالب حکمت والا ہی ف اسنے اپنی مخلوقات مین حکمت سے حکم فرمایا ہی - واضح ہو کہ ابن ابی حاتم نے اسماء بنت یزید بن السکن الانصاریہ سے حدیث کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین

محکو طلاق دی گئی اور طلاق یافتہ عورت کے واسطے کوئی عدت نہ تھی پس اللہ تعالے نے طلاق کی عدت نازل فرمائی پس اسماء بنت یزید ہی پہلی عورت ہے جسکے حق مین طلاق کی عدت اُتری یعنے قولہ تعالے والمطلقات یتربصن بانفسھن ثلثۃ قروء الآیہ۔ (غریب جداً) اور جاہلیت مین طلاق کی بھی کوئی حد نہ تھی جتنی چاہے ہزار طلاق دے دیتا اور بار رجوع کرلے پس اللہ تعالے نے طلاق وعدت کی حد مقرر کردی (م) شرع مین طلاق بمعنے عقد نکاح کھول دینا پس مطلقہ وہ عورت جسکو اسکے شوہر نے طلاق دی ہو عام اس سے کہ وہ منکوحہ خواہ نابالغہ ہو یا کہ بالغہ خواہ مدخولہ یا غیر مدخولہ جوان ہو کہ اسکو حیض آتا ہو یا حاملہ ہو کہ بسبب عارض حمل کے حیض سے بند ہو یا بوڑھی ہو کہ بڈھیا ہو جانے سے وہ حیض وغیرہ سے مایوس ہوا اور عام اس سے کہ آزادہ عورت ہو یا کسی کی باندی سے نکاح کیا ہو پس مفسر سید علی حمد اللہ نے المطلقات عام لیا جو سب کو شامل ہے پھر یہان مطلقات مین آزادہ منکوحہ مدخولہ جوان جسکو بلا مانع حمل حیض آتا ہو رکھی اور باقیون کی تخصیص کی پھر مدخولہ تو بالغہ بھی ہوتی ہے اور کبھی نابالغہ قریب بلوغ بھی ہوتی ہے اور کبھی بالغہ بھی مدخولہ نہین ہوتی جبکہ بدون دخول کے اوسکو طلاق دیدی ہو پھر تخصیص کا بیان اوپر گزرا۔ پھر ائمہ حنفیہ کے نزدیک خلوت صحیحہ بھی مہر وعدت لازم ہونے کے حق مین دخول کے قائم مقام ہوگی اور خلوت صحیحہ یہ ہے کہ مرد وزوجہ تنہائی مین بغیر مانع مرض وروزہ واحرام واجنبی وغیرہ کے جمع ہون تربص یعنے انتظار ہے اور اکثرون کے نزدیک تربصن خبر یعنے امر ہے اور لفظ بصن صیغہ جمع امر مؤنث غائب ابن العربی نے خبر یعنے امر ہونے سے انکار کیا اور کہا کہ یہ دونون انواع متباین ہین ایک دوسرے کے معنے مین نہین ہو سکتے مع ہذا ایسی مطلقہ بھی پائی جاتی ہین جو بطور نافرمانی کے انتظار نہین کرتی ہین پس خلاف خبر الٰہی واقع ہونا محال ہے پس یہ حکم شرعی کی خبر ہے یعنے مطلقہ کو واسطے تربص مشروع ہے پس اگر کوئی مطلقہ ایسی پائی جاوے جو تربص نہین کرتی ہے تو ظاہر ہوگا کہ اسنے خلاف مشروع کام کیا پھر ابن عبد البر نے کہا کہ علما متفق ہین کہ قرء اہل عرب کے نزدیک حیض وطہر دونون پر بولا جاتا ہے۔ ابن کثیر نے لکھا کہ سلف وخلف ومتاخرین علما نے اختلاف کیا کہ یہان قروء سے کیا مراد ہے پس اسمین دو قول ہین ایک یہ کہ مراد اطہار ہین امام مالک نے موطا مین عائشہ سے روایت کی کہ حفصہ بنت عبد الرحمن بن ابی بکر کو جب تیسرا حیض شروع ہوا تو عائشہ نے اسکا دوسرا نکاح کردیا زہری نے کہا کہ مین نے اسکو عمرہ بنت عبد الرحمن سے ذکر کیا تو انھون نے کہا کہ عروہ نے سچ کہا ہے اور عائشہ سے اس بارہ مین لوگون نے مجادلہ کیا تھا کہ اللہ تعالے اپنی کتاب مین فرماتا ہے کہ ثلثۃ قروء پس عائشہ نے جواب دیا کہ تمنے سچ کہا ولیکن جانتے ہو کہ اقراء سے مراد کیا ہے اس سے اطہار مراد نہین۔ مالک نے نافع کے طریق سے عبد اللہ بن عمر سے روایت کی کہ وہ کہتے تھے کہ مرد نے جب اپنی جورو کو طلاق دی پھر مطلقہ مذکورہ کو تیسرا حیض شروع ہوا تو مطلقہ مذکورہ اپنے شوہر سے بالکل بری ہوگئی اور مرد مذکور اس عورت سے بالکل بری ہوگیا۔ قال المترجم یعنے کسی مرد نے اپنی جورو کو مسنون طور پر طہر کی حالت مین تین عدد سے کم ایک یا دو طلاق دین کہ پھر رجوع کرسکتا ہے پس وہ عورت عدت مین بیٹھی پس اسکو یہ طہر گذر کر حیض آیا پھر پاک ہوگئی دوسرا طہر ہوا پھر حیض دوسرا آکر پاک ہوئی تو تیسرا طہر شروع ہوا پھر جب تیسرا حیض شروع ہوا کہ تو تین طہر ختم ہوے اور انتظار کی مدت پوری ہوئی اور عورت مذکورہ مرد مذکور کے نکاح سے بالکل بری ہوگئی اب وہ تیسرا حیض شروع ہوتے ہی رجوع کرنے کا مستحق نہ رہا لیکن چونکہ پوری تین طلاق نہین دی ہین لہذا دوسرا نکاح اس سے کرسکتا ہے یہ شرح قول ابن عمر اور عائشہ کی ہے واللہ اعلم۔ مالک نے کہا کہ یہی بات ہمارے نزدیک ٹھیک ہے یعنے قروء سے مراد اطہار ہین اور ایسا ہی ابن عباس وزید بن ثابت وسالم وقاسم وعروہ وسلیمان بن یسار وابو بکر بن عبد الرحمن وابان بن عثمان وباقیہ فقہاے سبعہ سے مروی ہے اور یہی مذہب مالک وشافعی وابو ثور وداؤد وغیرہم کا ہے اور استدلال انکا بقولہ تعالے فطلقوھن لعدتھن الآیہ ہے یعنے طلاق دو عورتون کو اوقت عدت انکے اور اسمین خلاف نہین کہ حکم طلاق کا وقت طہر ہے پس جب طلاق دین بعد تین مین وہ طہر جسمین طلاق دی گئی ہے عدت مین شمار کیا گیا اور تین طہرون مین سے ایک طہر قرار دیا گیا تو معلوم ہوا کہ بعد کو دو حیض گذرنے اور تیسرے حیض شروع ہونے پر انتظار کی میعاد ختم ہوگی اسیواسطے ان لوگون نے کہا کہ تیسرے حیض شروع ہوجانے پر اسکی عدت گذر جاویگی قال المترجم جواب

دیا گیا کہ اس صورت میں اخیر کے دو طہر کامل ہونگے اور اول طہر جسمیں طلاق دی ہے اسمیں سے بعض ہوگا پس عدد منصوص یعنے ثلثہ پورے نہوے بلکہ کچھ کم تین ہونگے اور یہ خلاف نص آیت ہے اسواسطے حضرت عائشہ پر اہل علم نے اعتراض کیا تھا اور حق یہ ہے کہ اسکا کوئی جواب قابل اعتماد نہیں ہے اور بیضاوی نے اسپر دوسری دلیل کی کہ حضرت صلعم نے عمر رضی اللہ عنہ کو کہا کہ تو اپنے بیٹے کو حکم دے کہ اپنی جورو سے جسکو طلاق دی ہے رجوع کرلے پھر اسکو رہنے دے یہانتک کہ طاہر ہو پھر حائضہ ہو کر طاہر ہو پس چاہے اسکے بعد اسکو رکھے اور چاہے طلاق دے بدون اسکے کہ اس سے جماع کیا ہو۔ فتلک العدۃ التی امر اللہ تعالے ان تطلق لہا النساء۔ پس یہ عدت ہے کہ حکم کیا اللہ تعالے نے کہ طلاق دیجاویں اسکے وقت پر عورتیں اس حدیث کو بخاری و مسلم نے روایت کیا ہے مترجم کے نزدیک یہ بھی ضعیف ہے پھر ابن کثیر نے فرمایا کہ قول دوم یہ ہے کہ قروء سے مراد حیض ہیں اور اس قول پر عورت مطلقہ کی عدت پوری نہوگی یہانتک کہ وہ تیسرے حیض سے پاک ہو جاوے اور بعض نے زیادہ کیا کہ اور غسل بھی کرلے چنانچہ حضرت ثوری نے عن منصور عن ابراہیم عن علقمہ روایت کی کہ ہم لوگ حضرت عمر بن الخطاب کے پاس تھے کہ ایک عورت آئی اور کہا کہ میرے شوہر نے مجھے ایک طلاق یا کہا دو طلاق دیں پھر میرے پاس آیا اس حال میں کہ میں نے کپڑے اتارے اور دروازہ بند کیا تھا (یعنے تیسرے حیض سے پاک ہو کر نہانے کے لیے) پس عمر نے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ میری رائے میں یہ اسکی جورو ہی قبل اسکے کہ اسکو نماز حلال ہو تو عبد اللہ نے کہا کہ میں بھی ایسا ہی جانتا ہوں قال المترجم یعنے اس سے ثابت ہوا کہ تیسرے حیض سے پاک ہو کر غسل سے پہلے تک وہ عدت میں ہوتی ہے جیسا کہ بعض نے زیادہ کیا ہے بالجملہ تین حیض تک تو اسکی عدت اس قول پر متعین ہے قال ابن کثیر اور یہی قول حضرت ابوبکر صدیق و عمر و عثمان و علی کرم اللہ وجہہ و ابو الدرداء و عبادہ بن الصامت و انس بن مالک و عبد اللہ بن مسعود و معاذ بن جبل و ابی بن کعب و ابو موسی اشعری و عبد اللہ بن عباس و سعید بن المسیب و علقمہ و اسود و ابراہیم و مجاہد و عطاء و طاؤس و سعید بن جبیر و عکرمہ و محمد بن سیرین و حسن و قتادہ و شعبی و ربیع بن انس و مقاتل بن حیان و سدی و مکحول و ضحاک و عطاء خراسانی سے مروی ہے کہ ان سب نے فرمایا کہ یہاں قروء سے مراد حیض ہیں اور یہی مذہب ابو حنیفہ و انکے اصحاب کا اور یہی دو روایتوں میں سے اصح روایت امام احمد بن حنبل سے ہے اور ارشم نے امام احمد سے حکایت کی کہ امام احمد نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے بڑے بڑے اکابر قو کہتے ہیں کہ قروء یہاں حیض ہیں اور یہی مذہب امام ثوری و اوزاعی و ابن ابی لیلی و ابن شبرمہ و حسن بن صالح و ابو عبید و اسحق بن راہویہ کا ہے اور اسیکا مؤید ہے جو ابو داؤد و نسائی نے فاطمہ بنت ابی حبیش سے روایت کیا کہ حضرت صلعم نے اس سے کہا کہ دعی الصلوۃ ایام قرائک۔ یعنے اپنے اقراء کے دنوں میں نماز چھوڑ دے یعنے حیض کے دنوں میں قال ابن کثیر پس اگر یہ روایت صحیح ہو تو صریح ہوگی کہ قرء حیض ہے ولیکن منذر بن المغیرہ راوی کے حق میں ابو حاتم نے کہا کہ مجہول ہے مشہور نہیں ہے اور ابن حبان نے اسکو ثقات میں ذکر کیا ہے قال المترجم یہ قول اسوقت درست ہو سکتا ہے کہ قرء کا لفظ مشترک نہ لیا جاوے اور پہلے معلوم ہوا کہ جمہور کے نزدیک مشترک ہے علاوہ بریں اسمیں حیض پر قرء کا اطلاق ہے اور اسکو کوئی منع نہیں کرتا ہے یہاں صریح و قوی دلیل اس قول کی وہ حدیث ہے جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پوری طلاق باندی کی دو طلاق ہیں اور عدت اسکی دو حیض ہیں اسکی ابن ماجہ و بیہقی نے ابن عمر سے مرفوعاً روایت کیا اور ابو داؤد و ترمذی و ابن ماجہ و دار قطنی و حاکم نے حضرت عائشہ سے مرفوعاً روایت کیا اور حاکم نے اسکی تصحیح کی اور عنقریب آویگا انشاء اللہ تعالے۔ اور ہدایہ وغیرہ میں جو یہاں دلیل عقلی مذکور ہے کہ مقصود اس سے رحم کی پاکی لفظ سے ظاہر ہوتا اور وہ حیض سے حاصل ہے نہ طہر سے تو یہ دلیل ضعیف ہے جیسے عقلی دلیلوں کا حال ہوا کرتا ہے کیونکہ طہر کے قائل لوگوں کے طریق پر بھی بیچ میں حیض آجاتے ہیں اور اگر کہا جاوے کہ کبھی حمل کی حالت میں بھی ایک دو بار خون آجاتا ہے تو جواب یہ ہے کہ وہ لوگ تیسری بار خون آنے پر انقطاع عدت کے قائل ہیں فتامل۔ قولہ ولا یحل لہن ان یکتمن ما خلق اللہ فی ارحامہن۔ ماموصولہ کی تفسیر میں اختلاف ہے بعض نے کہا کہ حیض اور بعض نے کہا حمل اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ عام مراد ہے حمل ہو یا حیض ہو اور یہ قول ابن عباس و ابن عمر

ومجاہد وشعبی وحکم بن عتیبہ وربیع بن انس وضحاک وغیرہم کا ہی اور ابن ابی حاتم نے ابن عمرؓ سے اس آیت میں روایت کی کہ عورت کو حلال نہیں کہ حمل چھپائے اگر حاملہ ہو اور حلال نہیں کہ حیض چھپاوے اگر حائضہ ہو۔ قولہ ان کن یومن باللہ والیوم الآخر۔ یعنے نہ چھپاوین اگر ایمان دار ہین اور یہ انکی عدت کے لیے شرط نہین ہی کیونکہ کافرہ ہون تو بھی عدت واجب ہوگی بلکہ یہ تشدید وتغلیظ ہی اور رغبت تہدید کیلئے اگر حیض یا حمل کو چھپاوینگی تو گویا مستحق اسکی نہ ہونگی کہ اپنے مومنہ کا اطلاق کیا جاوے اور مراد یہ ہی کہ چھپانے والی کا ایمان کامل نہو گا۔ اور ابن کثیر وغیرہ نے ذکر کیا کہ اسمین دلیل ہی کہ حیض سے عدت پوری ہونے یا حمل ہونے وغیرہ مین عورت ہی کا قول قبول ہوگا اسواسطے کہ یہ بات ایسی ہی کہ عورت ہی کی طرف سے معلوم ہوسکتی ہی اور اسپر گواہ قائم کرنا غالبًا متعذر ہی اسیواسطے حق بات بیان کرنا عورتون پر رکھا مگر انکو وعید وتہدید کردی کہ اپنے ایمان جاتے رہینے اور عذاب آخرت سے ڈرین اور سوائے حق بات کے کسی غرض کی وجہ سے جھوٹ نہ بولین۔ **قال المترجم** شاید مرد نے طلاق رجعی مین دعوی کیا کہ مین نے اس عورت سے قبل انقضاے حیض سوم کے رجوع کیا ہی اور عورت نے کہا کہ نہین بلکہ میرا حیض ختم ہوگیا تھا تو قول عورت کا قبول ہوگا اور اگر مرد نے گواہ دیے پس اگر گواہون نے یہ کہا کہ اسنے تیرے حیض ختم سے پہلے رجوع کیا ہی تو بعض نے کہا کہ قبول ہونگے اور بعض نے کہا کہ نہین اور اگر گواہون نے یہ کہا کہ اس عورت نے اقرار کیا ہی کہ میرے اس شوہر نے مجھسے تیرے حیض پورے ہونے سے یا عدت پوری ہونے سے پہلے رجوع کیا ہی تو بالاتفاق قبول ہونگے اور اسیطرح کبھی حمل عورت کو معلوم ہو مگر اسنے اس غرض سے کہ مرد رجوع نہ کرسکے چھپا ڈالا اور حیض سے اپنی عدت ختم ہوجانیکا دعوی کرکے دوسرے سے نکاح کرلیا اور حمل مذکور اسکے شر الا اور خرابی ڈالدی اور کبھی عورت کی عدت تین حیض سے پوری ہوگئی مگر اسنے اس غرض سے کہ لفظ شوہر کے ذمہ سے ظاہر کیا۔ علی ہذا القیاس اغراض فاسدہ بہت ہین جو بوجوہ مرد کے حق مین مضر ہین لہذا تہدید فرمائی کہ حق بات نہ چھپاوین۔ قولہ وبعولتہن احق بردہن فی ذلک ان ارادوا اصلاحا۔ یعنے مطلقہ کا شوہر جسنے اسکو طلاق دی ہی اسکو پھیر لینے کا احق ہی جب تک کہ مطلقہ مذکورہ اسکے طلاق کی عدت مین ہی جبکہ مراد اسکے پھیر لینے سے اصلاح وبھلائی ہو اور احق یہان فاعل کے معنے مین ہی **ذکرہ البیضاوی** اور کشاف مین کہا یا ین معنے کہ اگر مرد نے رجعت کو چاہا اور عورت نے انکار کیا تو قول مرد ہی کا قبول ہوگا اور عورت کے قول پر اسکو ترجیح ہوگی پس وہ احق ہوا اور خطیب نے کہا کہ میرے خیال مین آتا ہی کہ اسکے یہ معنے ہین کہ احق بردہن من مفارقتہن یعنے مفارقت کی بہ نسبت رجوع کرنا احق ہی اور مفسر جم کہتا ہی کہ نہین بلکہ احق یہان بغیر منازعت ہی یعنے مرد ہی مستحق ہی جیسا کہ سیبویہ وطی نے کہا اور یہ استعمال معروف شائع ہی اور ضمیر مونث بعولتہن اور بردہن مین مطلقات رجعیہ کی طرف راجع ہی کیونکہ مطلقات ثوابت وطلاق والی اور تین طلاق والی سب کو شامل ہی اور تین طلاق والی مطلقہ سے رجعت کا اختیار نہین ہی کیونکہ وہ بائنہ ہوجاتی ہی کہ بغیر حلالہ کے نکاح جدید مین بھی نہین آسکتی ہی پس اس صورت مین ضمیر نسبت مرجع کے خاص ہوگی اور مفسر نے مقدمہ مین کہا کہ اسمین کوئی امتناع نہین جیسے اگر مرجع کو بطور ظاہر خاص کرکے ذکر فرمایا جاتا تو روا تھا اور اسی آیت سے بعض اصولیون نے استدلال کیا ہی کہ ضمیر مخصص ہوسکتی ہی کیونکہ یہان بعولتہن احق بردہن کی ضمیر سے عموم مطلقات کی تخصیص ان مطلقات سے ہوگئی جو رجعیہ طلاق سے مطلقہ ہون اور **شیخ ابن کثیر** جملہ بعد نے اسکو رد کردیا اور فرمایا کہ جب یہ آیت اتری ہی تو مطلقہ بائنہ کا وجود ہی نتھا پس جو شخص اپنی جورو کو طلاق دیتا اگرچہ وہ سو طلاق دیتا تب بھی اسکو رجعت کا اختیار تھا پھر جب اسکے بعد والی آیت اتری اور لوگ تین ہی طلاق مین منحصر کیے گئے تو مطلقہ دو قسم کی ہوگئین ایک مطلقہ رجعیہ جنکو تین طلاق سے کم دی گئی ہون اور دوم مطلقہ بائنہ جنکو تین طلاق دی گئی ہون یا بلفظ بائن کردی گئی ہون علی ہذا قولہ المطلقات یتربصن مین مطلقات رجعیہ ہین پس ضمیر اپنے مرجع سے اخص نہوئی وسیاتی الکلام فیہ انشاء اللہ تعالے اگر کہا جاوے کہ ان ارادوا اصلاحا شرط ہی پس بدون ارادہ اصلاح کے رجعت جائز نہوگی اور جواب دیا گیا کہ یہ شوہرون کو آمادہ کرنے کے واسطے ہی کہ اصلاح کا قصد کرین اور ضرر رسانی کے قصد سے رجوع کرنے سے ممانعت ہی اگرچہ رجعت صحیح ہوجاویگی لیکن حرام کا مرتکب ہوگا کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ولا تمسکوہن ضرارا لتعتدوا۔ یعنے مطلقہ عورتون کو

ضرر پہونچانے کے لیے رجعت کرکے مت رکھو تاکہ زیادہ تعدی کرو یعنے لاچار ہوکر خلع لے لین اور علما ظاہر ہے کہ نزدیک قصد اصلاح شرط صحت رجعت ہے اور جاننا چاہیے کہ فی ذلک سے مراد یہ ہے کہ زمانہ تربص مین رجوع کا اختیار رکھتا ہے اور اگر زمانہ تربص یعنے عدت پوری ہوگئی تو عورت خود مختار ہے اور بدون نکاح جدید دوسرے شوہر کو حلال نہین ہوسکتی بشرطیکہ اسنے تین طلاق نہ دی ہون ورنہ اگر تین طلاق دی ہون تو بدون دوسرے مرد سے نکاح کرنے اور اسکی وطی کے اسکی طلاق کی عدت پوری ہوجانے کے شوہر اول پر نکاح جدید سے حلال نہوگی جیسا کہ عنقریب آتا ہے انشاء اللہ تعالے پھر نکاح جدید سے بھی جواز جب ہے کہ عورت راضی ہو ورنہ اسکو اختیار ہے اور یہ جو مذکور ہوا اسمین کچھ اختلاف نہین ہے اور اگر عدت کے اندر رجوع کیا تو رجوع کرنا زبانی بھی ہوسکتا ہے مثلاً شوہر کہے کہ مین نے اس عورت سے رجوع کیا اور اس سے وطی کر لینے سے بھی ہوسکتا ہے اور اسپر احکام نکاح مین سے کچھ لازم نہ آویگا بلکہ وہی نکاح سابق بحالہ باقی ہے اور اسمین بھی کچھ اختلاف نہین ہے۔ قولہ ولہن مثل الذی علیہن بالمعروف۔ یعنے جیسے شوہرون کے عورتون پر حق ہین مثلاً وہ طلاق و رجعت کے مختار ہین ویسے ہی عورتون کے شوہرون پر بھی زوجیت کے حقوق ہین اور کرخی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ واجب ہونے مین یکسان ہین پس عورت پر مرد کی طاعت واجب ہے تو مرد پر عورت کو شرعی طور پر کھانا و کپڑا دینا اور خوش خلقی سے ساتھ بسر کرنا لازم ہے اور یہ نہین کہ اگر عورت نے اسکو کھانا پکا کر کھلایا تو مرد بھی اسکے لیے کھانا پکاوے اور ابن عباس سے روایت ہے کہ فرمایا کہ مین پسند کرتا ہون کہ عورت کے واسطے اپنی زینت کرون جیسے اپنے واسطے عورت کا زینت کرنا پسند کرتا ہون کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا ولہن مثل الذی علیہن بالمعروف۔ اسکو ابن جریر و ابن ابی حاتم نے روایت کیا ہے اور مفسر جرجانی رحمہ کہتا ہے کہ ابن عباس کا استدلال کمال تقوی پر مبنی ہے کیونکہ اسمین بھی حق عورت کا نہ رہنے پاوے اگرچہ یہ حقوق واجب مین سے نہین اسیواسطے مستحب کیطرف اشارہ کیا کہ مین پسند کرتا ہون لیکن بالمعروف سے یاد رکھنا چاہیے کہ مرد اپنی عورت کے واسطے اسیقدر زینت کرے جو شرع مین مباح ہے پس روا نہین کہ مہندی لگاوے اور زنانہ آرایش کرے اور شرع کے نزدیک خبیث صورت بناوے اگرچہ وہ اپنے نفس و شیطان کے نزدیک خوبصورت جانتا ہو اور علی ہذا عورت بھی مرد کے واسطے وہی زینت کرسکتی ہے جو شرع مین مباح ہے نہ آنکہ مردانہ جوتہ پہنے اور خلاف شرع لباس پہنے کیونکہ یہ سب حرام ہے اور حدیث مین عمرو بن الاحوص سے روایت ہے کہ رسول صلعم نے فرمایا کہ آگاہ رہو کہ تمھارا تمھاری عورتون پر حق ہے اور تمھاری عورتون کا تمپر حق ہے پس تمھارا حق تمھاری عورتون پر یہ ہے کہ تمھارا بچھونا ایسے شخص سے نہ روندوین جسکو تم مکروہ جانتے ہو اور نہ اجازت دین تمھارے گھر مین آنے کی ایسے شخص کو جسکو تم مکروہ جانتے ہو اور انکا حق تمپر یہ ہے کہ انکے کھانے اور کپڑے مین انکے ساتھ بھلائی سے پیش آؤ اخرجہ الترمذی وصححہ۔ اور صحیح احادیث سے یہ حکم بھی ثابت ہے کہ حاجت معمولی جیسے مرد کو عورت کی طرف ہوتی ہے ویسے ہی عورت کو مرد کی طرف ہے یہ حق بھی عورت کا پورا کرے اور دیگر حقوق معروفہ مین جو متفرق احادیث مین ہین

الطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَإِمْسَاكٌ بِمَعْرُوفٍ أَوْ تَسْرِيحٌ بِإِحْسَانٍ ۗ وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا

طلاق دو بار ہے پھر رکھنا موافق دستور کے یا رخصت کرنا نیکی کے ساتھ اور تمکو روا نہین کہ لے لو کچھ اپنا

آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا إِلَّا أَنْ يَخَافَا أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ ۖ فَإِنْ خِفْتُمْ أَلَّا يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ لَا

دیا ہوا عورتون کو مگر کہ دونون ڈرین کہ نہ ٹھیک رکھینگے قاعدے اللہ کے پھر اگر تم لوگ ڈرو کہ وہ نہ ٹھیک رکھینگے قاعدے اللہ کے

جُنَاحَ عَلَيْهِمَا فِيمَا افْتَدَتْ بِهِ ۗ تِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ فَلَا تَعْتَدُوهَا ۚ وَمَنْ يَتَعَدَّ حُدُودَ

تو نہین گناہ دونون پر جو بدلا دیکر چھوٹے عورت یہ دستور باندھے ہین اللہ کے سو انسے آگے مت بڑھو اور جو کوئی بڑھ چلے اللہ کے

اللَّهِ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝

قاعدون سے سو وہی لوگ ہین ظلم کرنے والے

شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے ذکر فرمایا کہ اس آیت کریمہ سے وہ مدت دور ہو گئی جو زمانہ جاہلیت سے عورتوں پر چلی آتی تھی کہ مرد کو اپنی جورو سے رجوع کر لینے کا اختیار تھا اگرچہ اسکو سو بار طلاق دے جب تک کہ وہ عدت میں ہو پس چونکہ اسمیں عورتوں کے حق میں مضرت تھی تو اللہ عزوجل نے شوہروں کا اختیار بند کر کے تین طلاق تک کہا اور ایک بار اور دو بار کی طلاق تک انکو رجعت کا اختیار رہا پھر تیسری بار کی طلاق میں بالکلیہ بائن ہو جانیکا حکم دیا پس فرمایا کہ۔ **اَلطَّلَاقُ مَرَّتَانِ فَاِمْسَاكٌ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ تَسْرِيْحٌ بِاِحْسَانٍ** ۔ طلاق دو ہی ہے پھر بطور معروف رکنا واجب ہی یا خوبی سے روان کرنا یعنی جس طلاق دینے کے بعد رجعت ہو سکے وہ فقط دو تک ہے اور دو طلاق دینے کے بعد اگر راضی ہو تو شرعی حقوق کے ساتھ روکو یا خوبی سے راہ چھوڑو۔ امام ابوداؤد رحمہ اللہ نے اپنی سنن میں کہا کہ باب دربیان آنکہ تین طلاق کے بعد رجوع کرنا منسوخ ہوا۔ حدثنا احمد بن محمد المروزی حدثنی علی بن حسین بن واقد عن ابیہ عن یزید النحوی عن عکرمہ عن ابن عباس فی قولہ والمطلقات یتربصن بانفسھن ثلثۃ قروء الآیہ۔ کہا ابن عباس نے بات یہ تھی کہ مرد جب اپنی جورو کو طلاق دیتا تو وہ اس سے رجوع کر لینے کا اختیار رکھتا تھا اگرچہ اسکو تین بار طلاق دی ہوتی پھر اللہ تعالے نے اسکو منسوخ فرمایا اور نازل کیا الطلاق مرتان الآیہ۔ (قد رواہ النسائی بوجہ آخر) علی بن الحسین بن واقد۔ روایت کیا اور ابن ابی حاتم نے کہا کہ حدثنا ہارون بن اسحق حدثنا عبدۃ یعنی بن سلیمان عن ہشام بن عروۃ عن ابیہ۔ کہا عروہ نے کہ ایک شخص نے اپنی جورو سے کہا کہ (واللہ) میں نہ تجھے کبھی طلاق سے جدا کرونگا اور نہ کبھی تیرے پاس آؤنگا تو وہ بولی کیونکر تو کہا کہ تجھے طلاق دونگا یہانتک کہ جب تیری عدت گذرنے کے قریب پہونچیگی تو تجھے رجوع کر لونگا پس وہ عورت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور یہ حال آپ سے ذکر کیا پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا الطلاق مرتان۔ (رواہ ابن جریر و عبد بن حمید و ابن مردویہ و الترمذی و صححہ الحاکم) حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ طلاق کے واسطے کوئی وقت معین نہ تھا کہ مرد اپنی جورو کو طلاق دیتا پھر اس سے رجوع کر لیتا تاوقتیکہ اسکی عدت نہ گذر جاتی ہوتی اور انصار میں سے ایک مرد اور اسکی جورو کے درمیان بعض واقعات پیش آئی جو لوگوں کے درمیان پیش آیا کرتی ہے پس وہ انصاری نے کہا کہ واللہ میں تجھے ایسا کر چھوڑونگا کہ نہ تو شوہر والی رہیگی اور نہ بے شوہر والی پس اسنے یہ کرنا شروع کیا کہ اسکو طلاق دیتا یہانتک کہ جب اسکی عدت گذرنے کو پہونچتی تو اس سے رجوع کر لیتا پس ایسا چند بار کیا پس اللہ عزوجل نے اسکے حق میں نازل کیا الطلاق مرتان فامساک معروف او تسریح باحسان پس طلاق کو معین کر دیا کہ تین عدد ہیں کہ بعد تین طلاق کے پھر رجعت نہیں ہی یہانتک کہ وہ عورت کسی دوسرے شوہر سے نکاح کرے (ابن مردویہ) اور ایسا ہی قتادہ رحمہ اللہ سے مرسلا روایت ہی اسکو سدی و ابن زید رحمہ اللہ نے ذکر کیا اور ابن جریر نے بھی اسکو روایت کیا اور اختیار کیا کہ یہی اس آیت کریمہ کی تفسیر ہی۔ پس قولہ الطلاق مرتان یعنی عدد اس طلاق کے جسمیں شوہروں کو رجعت کا اختیار ثابت ہوتا ہی دو ہیں **قال ابن کثیر** یعنے جب عورت کو ایک طلاق دی یا دو طلاق دیں تو اسکو عورت کے بارہ میں رجوع کر لینیکا اختیار باقی ہی جب تک وہ عدت میں ہی چاہے اصلاح کی نیت سے رجوع کر لے اور چاہے اسکو چھوڑ دے کہ اسکی عدت گذر جاوے پس بائنہ ہو جائیگی۔ اور ایک جماعت مفسرین نے ذکر کیا کہ اللہ تعالے نے مرتان فرمایا اور طلاقان نہ فرمایا اسمیں اشارہ ہی کہ طلاق کو چاہیے کہ ایک بعد دوسرے کے ہو نہ آنکہ دونوں ایکبارگی دیدے **قال البیضاوی** اسپر واسطے ائمہ حنفیہ نے کہا کہ ایکبارگی دو طلاق دینا یا تین طلاق دینا بدعت ہی و اقول یہی قول ابن عباس و ابن مسعود و مجاہد کا ہی اور یہی اصح ہی جو صحیح احادیث ثابت ہی۔ قولہ فامساک بمعروف او تسریح باحسان۔ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی جب مرد اپنی جورو کو دو طلاق دے چکا تو اسکو چاہیے کہ تیسری طلاق میں اللہ تعالے سے تقوی رکھے اور چھوڑ دے کہ یا تو اسکو معروف طور پر رجعت کر کے روکے اور بھلائی کے ساتھ اس سے برتاؤ کرے یا نیکوئی کے ساتھ اسکی تسریح کر دے کہ اسکے حق میں کوئی کمی ظلم کرے اور ابن ابی حاتم نے

ابوزبیر رضی سے مرفوعاً روایت کی کہ ایک شخص نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ مجھے خبر دیجئے کہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ فامساک بمعروف او تسریح باحسان۔ پس تیسری طلاق کہاں ہے فرمایا کہ تسریح باحسان ہے اور اس حدیث کو عبد بن حمید و امام احمد و سعید بن منصور نے بھی روایت کیا اور ابن مردویہ نے اسکو انس بن مالک رضی سے مرفوعاً روایت کیا ہے ذکرہ ابن کثیر اور شیخ ابن عبد البر نے کہا کہ علماء نے اجماع کیا ہے کہ دو طلاق کے بعد تیسری طلاق یہی تسریح باحسان ہے اور قولہ فان طلقہا فلا تحل لہ الخ اسی طلاق کو مراد لیا ہے **مسئلہ**۔ اگر کسی نے اپنی جورو کو ایکبارگی تین طلاق دیدیں تو آیا واقع ہونگی یا ایک ہی واقع ہوگی۔ تو جواب یہ ہے کہ جمہور علماء کے نزدیک تینوں طلاق واقع ہو جاوینگی اور رجعت کا اختیار نہ رہیگا و لیکن ائمہ حنفیہ نے انمیں سے ان اکابر کے موافقت کی ہے جنکے نزدیک واقع ہو جاوینگی مگر بدعت ہے ایسا کرنے والا گنہگار رہوگا۔ اور بعض علماء کے نزدیک ایک ہی واقع ہوگی اور یہ بحث دراز ہے جو مترجم کے عین الہدایہ سے تلاش کرو کہ وہاں کافی تحقیق موجود ہے اور مترجم کے نزدیک یہاں جدید استدلال لطیف یہ کافی ہے کہ جمہور صحابہ تابعین و فقہا نے کہا کہ تینوں طلاقیں واقع ہونگی اور دوسرا فرقہ قلیل کہتا ہے کہ نہیں بلکہ ایک ہی واقع ہوگی پس ہم کہتے ہیں کہ اسمیں شک نہیں کہ شبہہ پیدا ہوگیا اور حدیث میں شبہہ سے بچنے کی تاکید بروایت صحاح موجود ہے اور یہاں یہ شبہہ حرام و حلال میں ہے اگر ہے تو حرام کے شبہہ سے بچنا واجب ہے لہذا اسپر یہی اختیار کرنا واجب ہے۔ **وَلَا يَحِلُّ لَكُمْ أَنْ تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا**۔ اور تمنے جو کچھ انکو دیا ہے تمکو حلال نہیں کہ اسمیں سے کچھ لے لو۔ یعنے اگر شوہروں نے اپنی مرضی سے جوروؤں کو طلاق دی تو مہر جو انکو دیا ہے یا جو کچھ انکو اسطرح دیا ہے کہ اس سے رجوع نہیں کر سکتا ہے اسمیں سے کچھ نہ لیوے بایں طور کہ انکو تنگ کرے اور ضیق میں ڈالے اور رجوع کرے بغرض ضرر رسانی تاکہ فدیہ دیکر اپنی جان چھڑاوین ایسا نہ کرے اسکو حلال نہیں ہے جیسے کہ فرمایا ولا تعضلوہن لتذہبوا ببعض ما آتیتموہن۔ اور انکو مت روکو تاکہ جو دیا ہے اسمیں سے کچھ لے جاؤ۔ ہاں اگر عورت خوشی سے کچھ دیدے تو اسکے لینے میں مضائقہ نہیں چنانچہ فرمایا فان طبن لکم عن شئ منہ نفسا فکلوہ ہنیئا مریئا۔ پھر اگر عورتیں خوشدلی سے تمہارے لیے کچھ چھوڑ دیں یا دیں تو اسکو خوشگواری سے کھاؤ۔ ۵۔ پھر جاننا چاہیے کہ ائمہ حنفیہ کے نزدیک مرد نے جو کچھ اپنی جورو کو ہبہ کیا اس سے رجوع نہیں کر سکتا ہے پس نور وغیرہ جو کچھ اسکو ہبہ کیا ہے وہ کچھ نہیں لے سکتا ہے الا آنکہ دینے کے وقت گواہ کر لیے ہوں کہ میں اسکو ہبہ نہیں کرتا ہوں اور ایسے ہی بعد عقد کے مہر مقررہ پر اگر کچھ بڑھایا اور عورت نے قبول کیا اسی مجلس میں تو وہ بڑھتی ثابت ہو جائیگی اور مہر مع اس زیادتی کے ہو جائیگا۔ بالجملہ جو کچھ اسکو دیدیا ہے وہ عورت کی ملک ہوگیا اسمیں سے بغیر اسکی رضا کچھ نہیں لے سکتا ہے۔ اور چونکہ اتیتموہن فرمایا اسی سے ہمارے مفسرین وغیرہ نے خطاب مذکور شوہروں کو قرار دیا ہے کیونکہ دینے والے وہی شوہر ہیں اور بعض نے خطاب مذکور حاکموں کی طرف قرار دیا کیونکہ آگے جو فرمایا۔ فان خفتم الا یقیما حدود اللہ فلا جناح علیہما فیما افتدت بہ۔ حاکموں کی طرف خطاب ہے پس اگر یہاں خطاب شوہروں کو ہوگا تو نظم عبارت میں تشویش ہوگی اور تاخذوا لینے کی نسبت حاکموں کی طرف اسوجہ سے ہے کہ وہی اسکے حکم کرنے والے ہیں جبکہ نافذ ہوگی و لیکن شک نہیں کہ دینے کی نسبت حاکموں کی طرف بہت بعید ہے اگرچہ بیضاوی رحمہ اللہ نے تکلف کیا ہے اور پوشیدہ نہیں کہ اول خطاب شوہروں کو اور دوسرا حاکموں کو کچھ مشوش نظم نہیں جبکہ صریح قرینہ موجود ہے اور یہ بلاغت ہوتی ہے کہ ایک لفظ سے طول کلام کی ضرورت رفع ہوگئی جیسے آیت وضو میں قولہ تعالے۔ وامسحوا برؤسکم وارجلکم الی الکعبین۔ میں ہے کہ اصل مقصود یہ کہ وضو اس ترتیب سے کرو کہ منہ پھر ہاتھ دھو پھر سر کا مسح کرو پھر پاؤں دھو پس اگر۔ فاغسلوا وجوہکم وایدیکم وارجلکم ہوتا تو لازم آتا کہ وامسحوا برؤسکم قبل غسل الرجلین وبعد غسل الیدین۔ آتا ورنہ ترتیب ساقط ہوئی جاتی ہے لیکن اب شبہہ ہوتا ہے کہ پاؤں مسح کے تحت میں ہیں پس اللہ تعالے نے ارجلکم کے ساتھ الی الکعبین فرما کر ترتیب بھی بتا دیا اور مسح کا شبہہ جاتا رہا اسواسطے کہ مسح الی الساق ہے نہ الی الکعب تو لامحالہ غسل ہی مراد ہے۔ اسی طرح یہاں دینا مہر کا شوہر سے ہے

اور خفتم ان لا یقیما - بین یقیما کے ساتھ خوف لاحق ہوا اولیاء حکام کو ہی سابقہ تقریر مذکورہ بالا سے ظاہر ہوا کہ مراد یہ ہی کہ عورت کو جو کچھ دیا ہی اوسمین سے شوہر اپنی عورت کچھ لینا حلال نہین ہی اور اگر وہ برضامندی کچھ دیدے تو لینا حلال ہی پس اس صورت مین ہی کہ مرد اپنی پسند سے عورت کو طلاق دی اور اگر جورو مرد مین اتفاق پڑ جاوے اور خوف کرین کہ ہم اللہ تعالے کے حدود پر قائم نہ رہینگے تو مضائقہ نہین کہ عورت کچھ مال دیکر اپنی جان چھوڑا لے اور مرد اسکو لیکر خلع کردے چنانچہ فرمایا - اِلَّآ اَنْ یَّخَافَآ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ - مگر آنکہ دونون وجہ سے شوہر خوف کرین کہ ہم حدود الٰہی پر ٹھیک نہین رہینگے ف تو مرد لے سکتا ہی اور یہ استثناء ہی اول سے اور چونکہ استثناء سے سکوت ہوتا ہی یہ ضرور نہین کہ الا کے ماقبل جو حکم ہی اسکے برخلاف یہان ثابت ہوا اسواسطے آگے فرمایا - فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا یُقِیْمَا حُدُوْدَ اللّٰهِ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْهِمَا فِیْمَا افْتَدَتْ بِهٖ - پھر اگر تمکو خوف ہو کہ یہ جورو اور مرد باہم حدود الٰہی کو ٹھیک قائم نہین رکھینگے تو دونون پر اس مال کے بارہ مین گناہ نہین جسکے بدلے عورت اپنی جان چھوڑا لے ف یعنے عورت نے خلع لے لیا تو اولیاء عورت نہ روکین - علماء نے کہا کہ اگر شوہر سرکش ہی تو مہر سے زائد اسکو حلال نہین بلکہ حرام پر نذر کرے - اور اگر عورت سرکش ہی تو مہر سے زائد بھی لینا حلال ہی - یہ حکم ہی دیانۃ و تقوی کا - اور یہ خطاب اولیاء کو ہی اور خوف یعنے گمان غالب ہو کہ عورت اپنے شوہر کے حقوق بجا نہ لاویگی اور شوہر کو دل سے اتارا رکھے اور اسکے ساتھ اچھی طرح بسر کرنے پر قادر نہو تو اسکو اختیار ہی کہ جو شوہر نے دیا ہی اسکو دیکر اپنی جان چھڑا لے اور اسمین حرج نہین ہی اور اگر مرد کی طرف سے خوف ہو کہ وہ درصورت عورت کی نافرمانی کی اسپر تعدی کریگا تو حرج نہین کہ اسکو عورت سے قبول کرکے اسکو چھوڑ دے اور یہی خلع ہی اور اسکے جواز مین کوئی شک نہین اور یہی جمہور کا مذہب ہی اور اگر بلا شرط خلع کے مرد نے طلاق دی تو عورت پر مال دینے کا جبر نہ کیا جائیگا کما صرح فی الفتاوی العالمگیریۃ اور چونکہ یہان خطاب حکام کو ہی یعنے امام المسلمین سلطان والی و حاکم قاضی جسکو حکومت حاصل ہو اسی سے بعض علماء نے حجت پکڑی کہ خلع مین اختیار حاکم کو ہی اور یہی قول سعید بن جبیر و حسن و ابن سیرین کا ہی اور جمہور کے نزدیک شوہر خلع دے سکتا ہی اور ائمہ حنفیہ کے نزدیک خلع طلاق بائن ہی اور ابن عباس رض سے روایت ہی کہ جمیلہ بنت عبد اللہ بن ابی بن سلول جو کہ ثابت بن قیس کی جورو تھی وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور کہا کہ یا رسول اللہ مین ثابت بن قیس پر اسکی دینداری اور خلق نیک مین کچھ الزام نہین لگاتی ہون ولیکن وہ بدصورت ہونے کی وجہ سے میرے دل سے ایسی اتری ہین کہ مین انکے ساتھ نہین بسر کرسکتی ہون اور مجھے گوارا نہین ہی کہ مین اسلام مین کفر کی بات کرون تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ تو ثابت بن قیس کو اسکا باغ واپس کردیگی اسنے کہا کہ ہان تو آپنے ثابت بن قیس کو فرمایا کہ تو اپنا باغ قبول کرلے اور اسکو ایک طلاق دیدے اخرجہ البخاری و النسائی و ابن ماجہ و ابن مردویہ و البیہقی - اور یہ حدیث کثرت اختلاف الفاظ سے مروی ہی بعض مین حبیبہ بنت سہل الانصاری مذکور ہی اور بعض مین زینب و دیگر اختلاف ہین اور جاننا چاہیے کہ شیخ ابن کثیر نے ذکر فرمایا کہ اگر عورت کو کوئی معقول عذر نہو تو اسکا خلع لینا اسپر وبال ہی چنانچہ ثوبان رض سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس عورت نے اپنے شوہر سے طلاق طلب کیا بدون اسکے کہ اسپر کوئی مضائقہ ہو تو ایسی عورت پر جنت کی خوشبو حرام ہی اخرجہ احمد و ابو داؤد و الترمذی و حسنہ و ابن ماجہ و ابن حبان و الحاکم و صححہ و البیہقی و بعض احادیث صحیح مین ہی کہ خلع لینے والیان و والیات منافق عورتین ہین اور شیخ ابن کثیر نے کہا کہ بڑا گروہ سلف و خلف اس طرف گیا ہی کہ خلع جائز نہین ہی الا اسی صورت مین کہ نشوز و نافرمانی عورت کی طرف سے ہو پس ایسی صورت مین مرد کو خلع کا بدل یعنے فدیہ قبول کرنا جائز ہی اور حجت انکی یہی آیہ کریمہ ہی اور انھون نے کہا کہ خلع کا مشروع ہونا ایسی ہی حالت مین ہی پس دوسری حالت مین روا نہو گا مگر آنکہ کوئی دلیل پائی جاوے حالانکہ موجود نہین ہی - اور مالک و اوزاعی نے تو یہانتک کہا کہ اگر عورت سے ناحق ایذا دیکر اسکو خرید کیا تو واجب ہوگا کہ عورت کو واپس کردے اور خلع سے جو طلاق پڑے وہ رجعی ہوگی اور امام مالک نے کہا کہ بین الزوجین مال پر گفتگون کو پایا ہی اور شافعی حمہ اللہ نے اسکے خلاف بولن کہا کہ خلع جب جھگڑے کی حالت مین واقع ہو تو جورو مرد کے اتفاق ہونے کی حالت مین برعکس روا ہوگا

وراسی پر سب اصحاب شافعی جمے ہوے ہین **قال المترجم** یہ کچھ نہین ہی اسواسطے کہ جو عورت کو دیا ہی اسمین سے کچھ لینے کا حکم موجود ہی مگر اس سے ایک جماعت کا حکم مستثنی ہی وہ یہ کہ عورت کی طرف سے اعراض و سرکشی واقع ہو اور تصریح موجود ہی کہ شان نزول اسکا ایسی جمیلہ یا حبیبہ عورت ہی جو نہ کورہوئی **شیخ ابن کثیر** نے ذکر کیا کہ شیخ ابن جریر نے فرمایا کہ یہ آیت نازل ہوئی ثابت بن قیس بن شماس اور اسکی جورو حبیبہ بنت عبد اللہ بن ابی بن سلول کے حق مین پھر ابن کثیر نے اس حدیث کے طرق و اختلاف الفاظ کو بیان کیا یہانتک کہ ذکر کیا کہ ابن جریر نے روایت کی کہ ابو جریر نے عکرمہ سے پوچھا کہ خلع کی کچھ اصل واقع ہوئی ہی تو عکرمہ نے کہا کہ ابن عباس فرماتے تھے کہ پہلا خلع جو اسلام مین واقع ہوا وہ عبد اللہ بن عبد اللہ بن ابی بن سلول کی بن کے حق مین واقع ہوا کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوئی اور کہا کہ یا رسول اللہ میرے اور اسکے یعنے اپنے شوہر کے سر کو کوئی چیز کبھی نہ کریگی مین نے ثابت بن قیس یعنے اپنے شوہر کو چند لوگون مین آتے دیکھا تو وہ ان سب مین کالا اور پستہ قد اور بدشکل تھا پس اسکے شوہر نے کہا کہ یا رسول اللہ مین نے اسکو اپنا افضل مال جو میرا ایک باغ تھا دیا ہی پس اگر مجھے میرا باغ واپس کردے تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ تو کیا کہتی ہی وہ بولی کہ ہان اگر وہ چاہے تو مین کچھ اور بھی بڑھا دون ابن عباس نے کہا پس آنحضرت صلعم نے دونون مین جدائی کردی **شیخ ابن کثیر** نے کہا کہ ائمہ رحمہم اللہ نے اسمین اختلاف کیا ہی کہ بھلا یہ جائز ہی کہ مرد اپنی جورو کو اس سے زیادہ پر خلع دے جسقدر اسکو دیا ہی یا نہین تو جمہور اسطرف گئے ہین کہ ہان یہ بھی خلع جائز ہی کیونکہ مبدا افتدت بہ عام ہی اسمین کوئی مقدار معین نہین ہی اور **ابن جریر** نے کثیر مولی بن سمرہ سے روایت کی کہ حضرت عمر رضہ کے پاس ایک ایسی عورت لائی گئی جو اپنے شوہر سے نافرمان تھی پس آپ نے حکم دیا کہ وہ کچھ پاخانہ کی ٹوکری مین تین رات تک قید رکھی گئی پھر صبح کو اس سے پوچھا کہ رات تو کیسے مقام پر رہی اسنے کہا کہ مین جب سے اپنے شوہر کے پاس ہون کبھی چین نہ پایا مگر ان راتون مین کہ آپ نے مجھے قید رکھا تھا آپ نے اسکے شوہر کو فرمایا کہ لے اگرچہ اسکی چھٹیا کے بال ہون اور اسکو عبد الرزاق نے بھی روایت کیا اور بخاری نے کہا کہ جاز عثمان الخلع دون السلطان اسکا قصہ اسطرح ہی کہ ربیع بنت معوذ کے حق مین خلع کا یہ حکم دیا تھا اور معنے اسکے یہ ہین کہ عورت کے پاس جو کچھ قلیل و کثیر ہو وہ خلع مین لینا جائز ہی اور اسکے پاس سوا اسکے سر کے بال کے کچھ نہ چھوڑے یعنے مبالغہ ہی اور اس سے ثابت ہی کہ مہر سے زائد پر بھی خلع روا ہی اور یہی ابن عمر و ابن عباس و مجاہد و عکرمہ و ابراہیم نخعی و محمد بن سیرین و حسن بن صالح و عثمان ہی کا قول ہی اور یہی مذہب لیث و اسحٰق و شافعی ابو ثور کا ہی و اسیکو ابن جریر نے اختیار کیا ہی اور امام ابو حنیفہ کے اصحاب نے کہا کہ اگر ضرر رسانی عورت کی طرف سے ہو تو جائز ہی کہ جو کچھ اسکو دیا ہی وہ لے لے اور اسپر زیادتی نہین جائز ہی اور اگر عورت نے اسکو زیادہ دیا تو حکم قضا مین لینا جائز ہی اور اگر ضرر رسانی مرد کی طرف سے ہو تو اس سے کچھ لینا روا نہین ہی اور اگر لیا تو قضاۃً جائز ہی اور جاننا چاہیے کہ ربیع بنت معوذ بن عفراء کے قصہ مین جو ہی کہ ربیع نے کہا تھا کہ مین تجھسے خلع لیتی ہون بعوض تمام اس چیز کے جسکی مین مالک ہون اور امام احمد و ابو عبید و اسحٰق بن راہویہ کے نزدیک جو دیا ہی اس سے زیادہ لینا روا نہین ہی اور یہ سعید بن المسیب و عطاء و عمرو بن شعیب و زہری و طاؤس و حسن بصری و شعبی و حماد بن سلیمان و ربیع بن انس کا قول ہی اور حضرت علی رضہ سے مروی ہی کہ مختلعہ سے اسقدر سے زیادہ نہ لیوے جتنا اسکو دیا ہی اور اوزاعی کہتے تھے کہ قاضی لوگ جائز نہین رکھتے ہین کہ عورت سے اس سے زیادہ لیوے جسقدر دیا ہی اور دلیل اس قول کی وہ حدیث ہی جو قصہ ثابت بن قیس مین ابن عباس سے ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ثابت بن قیس کو حکم دیا کہ اس سے اپنا باغ لے لے اور زیادہ نہ لیوے - پھر جاننا چاہیے کہ خلع آیا طلاق ہی یا نہین قول ابن عباس و عثمان بن عفان و ابن عمر سے مروی ہی کہ وہ فسخ ہی طلاق نہین ہی اور یہی مذہب طاؤس و عکرمہ کا اور یہی قول امام احمد و اسحٰق بن راہویہ و ابو ثور و داؤد ظاہری کا ہی اور یہی شافعی کا قول قدیم ہی اور قول اول یعنے خلع طلاق بائن ہی سیدنا عمر و علی و ابن مسعود و ابن عمر سے مروی ہی اور یہی قول سعید بن المسیب و حسن و عطاء و شریح و شعبی و ابراہیم و جابر بن زید کا ہی اور یہی مذہب امام مالک

لہ یعنے جب ابراہیم نے کہا کہ جائز نہین ہی

وابو حنیفہ وانکے اصحاب ثوری واوزاعی وابو عثمان کا اور یہی جدید قول شافعی کا ہی مگر حنفیہ کے نزدیک اتنی بات ہی کہ اگر خلع دینے والے نے خلع میں ایک طلاق یا دو طلاق کی نیت کے یا مطلق رکھا تو ایک طلاق بائن واقع ہوگی اور اگر تین طلاق کی نیت کے تو تین طلاق واقع ہونگی۔ پھر جاننا چاہیے کہ ائمہ اربعہ واسحق بن راہویہ کے نزدیک مختلعہ کی عدت تین قرو ہیں اگر ایسی ہو کہ اسکو حیض آتا ہو اور یہی حضرت عمر وعلی وابن عمر سے مروی ہی اور یہی اکثر تابعین کا قول ہی اور ترمذی نے کہا کہ یہی اکثر صحابہ وغیرہم اہل علم کا قول ہی اور یہی جمہور کا مذہب ہی اور عثمان ابان بن عثمان واخیر قول ابن عمر کا اور عکرمہ کا یہ ہی کہ اسکی عدت ایک حیض ہی اور ابوداؤد وترمذی ونسائی وحاکم نے ابن عباس سے ثابت بن قیس کی جورو کے قصہ میں روایت کی کہ اسکو حضرت صلعم نے حکم کیا کہ ایک حیض سے عدت پوری کرے اور ترمذی نے ربیع بنت معوذ کے خلع کے قصہ میں بعد روایت کے کہا کہ صحیح یہ ہی کہ ربیع بنت معوذ کو حکم کیا گیا تھا کہ ایک حیض سے اپنی عدت پوری کرے۔ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ خلع دینے والے کو رواہیں ہی کہ مختلعہ سے عدت کے اندر بغیر اسکے رضامندی کے رجوع کرسکے اور یہی مذہب ائمہ اربعہ وجمہور علما کا ہی کیونکہ وہ مال خلع دیکر اپنی ذات کے مالک ہوگئی ہی مترجم کہتا ہی کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک رجوع جائز نہیں کیونکہ خلع انکے نزدیک طلاق بائن ہی پھر شیخ نے لکھا اور اس بات پر اجماع ہی کہ خلع دینے والے کو روا ہی کہ اپنی مختلعہ سے عدت کے اندر نکاح کرلے۔ قال ابن کثیر خلع دینے والے کو عدت میں اپنی مختلعہ پر دوسرا طلاق واقع کرنے کا اختیار ہی یا نہیں۔ اسمیں تین قول ہیں ایک یہ کہ نہیں واقع کرسکتا ہی اسواسطے کہ اپنی ذات کی مختار اور شوہر سے بائنہ ہوگئی ہی اور یہی ابن عباس وابن الزبیر وعکرمہ وجابر بن زید وحسن بصری وشافعی واحمد واسحق وابو ثور کا قول ہی۔ دوم مالک رحمہ نے کہا کہ اگر خلع کے پیچھے طلاق دیدی ہو تو واقع کرسکتا ہی اور اگر فقط خلع ہوا تو نہیں۔ سوم آنکہ ہر حال میں اسپر طلاق واقع کرسکتا ہی جب تک وہ عدت میں ہی اور یہ قول امام ابو حنیفہ وانکے اصحاب ثوری واوزاعی کا ہی اور یہی قول سعید بن المسیب وشریح وطاؤس وابراہیم ونخعی وحاکم وحماد بن ابی سلیمان کا ہی۔ قولہ تلک حدود اللہ فلا تعتدوھا الایۃ۔ اس آیت سے مالکیہ نے استدلال کیا کہ ایکبارگی تین طلاق دینا حرام ہی اور یہی ظاہر مذہب ائمہ حنفیہ ہی بلکہ انکے نزدیک ایک وطلاق ایکبارگی دینا بھی بدعت ہی کما عرفت قال ابن کثیر اور سنت انکے نزدیک یہ ہی کہ طلاق ایک ایک کرکے دیوے اور اسکی تقویت کرتی ہی حدیث محمود بن لبید جو نسائی نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر دی گئی کہ ایک نے اپنی جورو کو ایکبارگی تین طلاق دیدیں تو آپ غضبناک کھڑے ہوئے اور فرمایا کہ یہ کتاب اللہ کے ساتھ کھیل کیا جاتا ہی حالانکہ میں تمہارے درمیان موجود ہوں الحدیث

فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ حَتَّىٰ تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهُ ۗ فَإِنْ طَلَّقَهَا فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا

پھر اگر اسکو طلاق دی تو اب حلال نہیں اسکو وہ عورت اسکے بعد جب تک نکاح نہ کرے کسی خاوند سے اسکے سوائے پھر اگر وہ خاوند اسکو طلاق دے تب گناہ نہیں ان دونپر

إِنْ يَظُنَّا أَنْ يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ ۗ وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ يُبَيِّنُهَا لِقَوْمٍ يَعْلَمُونَ ﴿٢٣٠﴾

کہ پھر مل جاویں اگر خیال کریں کہ ٹھیک رکھینگے قاعدے اللہ کے اور یہ دستور باندھے ہیں اللہ کے بیان کرتا ہی انکو واسطے جاننے والوں کے

فَإِنْ طَلَّقَهَا۔ ای الزوج بعد الثنتین پھر اگر طلاق دیدی عورت کو شوہر نے ف یعنے دو طلاقوں کے بعد بھی تیسری طلاق دیدی فَلَا تَحِلُّ لَهُ مِنْ بَعْدُ۔ تو بعد اسکے اسکو یہ عورت حلال نہیں ف یعنے تیسری طلاق کے بعد حَتَّىٰ تَنْكِحَ۔ تزوج۔ زَوْجًا غَيْرَهُ یہانتک کہ تزوج کرے عورت کسی خاوند سے سوائے طلاق دہندہ کے ف اور وہ خاوند اس عورت سے وطی بھی کرلے جیسا کہ اس حدیث میں ہی جسکو بخاری ومسلم نے روایت کیا ہی۔ فَإِنْ طَلَّقَهَا۔ پھر اگر طلاق دیدی عورت مذکورہ کو دوسرے خاوند نے بھی ف اور عدت گذر گئی فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا۔ تو ان دونوں پر کچھ گناہ نہیں ف یعنے عورت اور پہلے شوہر پر گناہ نہیں اس بات میں۔ أَنْ يَتَرَاجَعَا۔ باہم رجوع کرلیں إِنْ ظَنَّا أَنْ يُقِيمَا حُدُودَ اللَّهِ۔ اگر وہ خیال کریں کہ ٹھیک رکھینگے قاعدے اللہ کے وَتِلْكَ حُدُودُ اللَّهِ۔ یہ سب جو کہ گذرے اللہ تعالے کے حدود ہیں ف کہ انکو حد

کردیا ہے کہ یہان سے تجاوز نہ کریں۔ یُبَیِّنُهَا لِقَوْمٍ یَّعْلَمُوْنَ۔ اللہ تعالےٰ ان حدود کو ایسی قوم کے واسطے بیان فرماتا ہے جو جانتے ہین ف یعنے فکر وغور کرتے ہین جاننا چاہیے کہ اوپر کی آیات سے یہ بات معلوم ہوگئی کہ مرد کو بہ نکاح مین عورت پر فقط تین طلاق کا اختیار ہے پس اگر اسنے ایک طلاق دی یا دو طلاق دین تو عدت گذرنے سے پہلے رجوع کرسکتا ہے اور اگر عدت گذر گئی اور وہ بائنہ ہوگئی پھر دونون راضی ہوے تو نکاح کرسکتا ہے لیکن جمہور علما کے نزدیک جو وہ ایک ہی طلاق کا مالک ہوگا اگر پہلے اسنے دو طلاق دی تھین ہون اور اگر پہلے ایک طلاق دی تھی تو اب اس نکاح مین دو طلاق کا مالک ہوگا حتی کہ اگر اس نکاح دوم مین اسنے دو طلاق دین تو پھر بدون دوسرے شوہر سے نکاح کیے اسپر حلال نہوگی اور اگر اول مرتبہ ایک طلاق یا دو طلاق کے بعد اسکی عدت گذر گئی اور اسنے بائنہ ہوکر دوسرے شوہر سے نکاح کیا پھر اس سے طلاق پاکر بعد عدت کے پھر شوہر اول سے نکاح کیا تو ائمہ حنفیہ کے نزدیک از سر نو تین طلاق کا مالک ہوگا اور مالک و شافعی و احمد کے نزدیک اسیقدر کا مالک ہوگا جو اول مین تین سے باقی رہی تھی اور ایسا چند صحابہ سے بھی مروی ہے ولیکن کلام ابن کثیر اسطرف مائل ہے کہ قول ابو حنیفہ و انکے اصحاب کا قوی ہے بنظر حجت کہ شوہر دوم نے جب تین طلاق کو میٹا یا اور اول شوہر کے واسطے نکاح جدید مین پورے تین طلاق کا مالک کردیا تو تین سے کم کو بدرجۂ اولی میٹ دیگا اب تفسیر کیطرف رجوع کرنا چاہیے پس اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ فَاِنْ طَلَّقَهَا۔ یعنے شوہر نے دو طلاق کے بعد کسی وقت مین اس عورت کو تیسری طلاق دیدی خواہ اسطرح کہ دو طلاق کے بعد ہی تیسری طہر مین اسکو تیسری طلاق دیدی ہو یا اسطرح کہ دو طلاق کے بعد راضی ہوکر رجوع کرلیا اور چند روز گذرے پھر ناراض ہوکر اسکو ایک طلاق دی اور یا اسطرح کہ دو طلاق کے بعد عدت گذر گئی اور بائنہ ہوگئی پھر جدید نکاح کرکے بدون اسکے کہ کسی شوہر سے نکاح کیا ہو اپنے پاس کھا پھر ناراض ہوکر ایک طلاق دیدی ان سب صورتون مین عورت مذکورہ پر تین طلاق پوری ہوگئین غرضکہ جب ایسا ہوجاوے کہ کسی طرح عورت پر اسکے خاوند کی طرف سے تین طلاقین پوری ہوجاوین اور یہ آزاد عورت ہو تو اللہ عزوجل نے اسکا حکم فرمایا کہ۔ فَلَا تَحِلُّ لَهٗ مِنْۢ بَعْدُ حَتّٰى تَنْكِحَ زَوْجًا غَيْرَهٗ۔ یعنے پھر ان تین طلاق کے بعد اسپر وہ عورت حلال نہین یہانتک کہ نکاح کرے کسی اور شوہر سے سوائے اس تین طلاق دینے والے کے۔ ھر۔ پس ظاہر ہے اس حرمت کی انتہا یہ قرار دی کہ دوسرے شوہر سے نکاح کرے اور اسکا مقتضا یہ ہے کہ جب دوسرے شوہر سے نکاح کیا تب اول کے واسطے حلال ہوئی یا یون معنے کہ اگر دوسرے کے نکاح سے فارغ و خالی ہو تو اول شوہر اس سے نکاح کرسکتا ہے اگرچہ شوہر دوم نے اس سے بغیر وطی کے جدائی کرلی ہو حالانکہ مذہب مشہور مین ہے کہ دوسرے شوہر سے نکاح کے باوجود یہ بھی شرط ہے کہ دوسرے شوہر نے اس سے وطی بھی کی ہو پس بعض علمانے کہا کہ یہ اسی آیت سے نکلتا ہے یا یون طور کہ لفظ نکاح دو معنے پر بولا جاتا ہے ایک تو یہی عقد معروف اور دوم معنے وطی پس مراد وطی ہے اور معنے یہ ہین کہ یہانتک کہ وطی کرے وہ عورت دوسرے شوہر سے سوائے اول کے اور جیسے نکاح بمعنے عقد کی نسبت عورت و مرد دونون کی طرف ہوتی ہے ویسے ہی نکاح بمعنے وطی کرنے کی نسبت بھی دونون کی طرف ہوتی ہے حتی کہ عورت کو بھی زانیہ کہتے ہین جیسے مرد زانی ہوتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ دوسرے شوہر سے وطی جبھی ہوگی کہ اس سے عقد کیا ہو ورنہ زانی ہوگا نہ شوہر تو عقد یہان بطریق اقتضا ثابت ہے پس پس یہ صورت ہوگئی کہ دوسرے مرد سے عقد نکاح کرکے نکاح یعنے وطی کرے قائل اور بعض علمانے کہا کہ آیت مین نکاح بمعنے عقد ہے جیسا کہ مفسر نے وطی کے بھی تنکح بمعنے تزوج کیا اور شوہر دوم کی وطی کو اس حدیث سے ثابت کیا جسکو شافعی و عبدالرزاق و ابن ابی شیبہ و بیہقی و ابن ماجہ و نسائی و ترمذی و احمد و مالک و بخاری و مسلم نے حضرت عائشہ سے روایت کیا کہ رفاعۂ قرظی کی جورو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور کہا کہ مین رفاعہ کے پاس تھی پس اسنے مجھے طلاق دیدی پس میری طلاق بتہ ہوئی یعنے تین طلاق دیدین پھر مجھ سے عبدالرحمن بن الزبیر نے نکاح کیا اور نہین ہے اسکے ساتھ مگر مانند کنارہ اس کپڑے کے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تبسم کیا اور فرمایا کہ کیا تو چاہتی ہے کہ رفاعہ کے پاس لوٹ جاوے یہ نہین ہوسکتا یہانتک کہ چکھے تو عسیلہ اسکا اور چکھے وہ تیرا عسیلہ مفسر جم کہتا ہے کہ رفاعہ بن سموال یہود بنی قریظہ مین سے تھا جسکی طرف نسبت قرظی ہے اور نام اس عورت کا تمیمہ بنت وہب تھا اور احمد و نسائی کی روایت ابن عباس مین غمیصا یا رمیصا واقع ہوا ہے اور شاید یہ کنایہ

ہوگا اور الزبیر بفتح ۱ ربروزن کبیر ہی اور کنارہ کپڑے سے اشارہ ہی کہ اسکو رجعت نہیں اور درحقیقت اس عورت نے یہ جھوٹ کہا تھا جیسا کہ بعض احادیث
مین مصرح ہی کہ عبدالرحمن بن الزبیر اپنے دوستوں کو لایا جو اپ سے بہت مشابہ تھے اور آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ ٹھیک ایسے مشابہ ہین جیسے کوے کا بچہ کوے
سے مشابہ ہوتا ہی اور عسیلہ تصغیر ہی عسل کی جو بمعنے شہد ہی اور یہان قلیل جماع کو عسیلہ سے کنایہ فرمایا اور طلاق بتہ انکے عرف مین تین طلاقین ہوتی ہین
اس حدیث کے طرق بہت ہین اور مختصر طور پر بہت وجوہ سے روایت کی گئی ہی چنانچہ ابن جریر نے سعید بن المسیب کے طریق سے ابن عمر سے روایت
کی کہ حضرت صلعم نے ایسے مرد کے حق مین جسنے ایک عورت سے نکاح کیا اور قبل دخول کے اسکو طلاق بتہ دیدی پھر اس عورت نے دوسرے مرد سے نکاح
کیا پھر قبل دخول کے اسکو طلاق دیدی پس آیا وہ پہلے شوہر کی طرف رجوع کرسکتی ہی فرمایا کہ نہین یہانتک کہ چکھے وہ عورت دوسرے مرد کا عسیلہ اور چکھے
دوسرا مرد اسکا عسیلہ - اور اسکو امام احمد نے بھی تھوڑے اختلاف سے روایت کیا اور مانند روایت امام احمد کے نسائی و ابن ماجہ نے بھی سعید بن المسیب کے
طریق سے ابن عمر سے روایت کیا ہی اور اسی سے شیخ ابن کثیر نے استنباط کیا ہی کہ فقہا کے درمیان جو یہ مشہور ہی کہ سعید بن المسیب قائل ہین کہ دوسرے
شوہر سے مجرد نکاح کرنے سے وہ شوہر اول کے واسطے حلال ہوجاتی ہی حالانکہ سعید بن المسیب خود ابن عمر سے اس مرفوع روایت کے راوی ہین پس بعید ہی
کہ جو روایت کرین اس سے بالاستند خلاف کرین - اور امام احمد و نسائی و ابن جریر نے اس حدیث کو زین بن سلیمان الاحمری کے طریق سے ابن عمر سے
روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ ایک شخص نے اپنی جورو کو تین طلاق دین پھر اس عورت نے دوسرے مرد سے نکاح کیا پس دروازہ بند کیا
اور پردہ چھوڑ دیا پھر قبل دخول کے اسکو طلاق دیدی بھلا وہ اول کے واسطے حلال ہوئی فرمایا کہ نہین یہانتک کہ چکھے عسیلہ اور اسکے مانند انس بن
مالک سے مروی ہی اخرجہ احمد و ابن جریر اور اسکے مانند ابوہریرہ سے ابن جریر نے روایت کیا ہی اور حضرت عائشہ سے روایت ہی کہ ایک مرد نے اپنی
جورو کو تین طلاق دیدین پس اسنے دوسرے مرد سے نکاح کیا جسنے قبل دخول کے اسکو طلاق دیدی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کیا
وہ شوہر اول کے واسطے حلال ہی تو فرمایا کہ نہین یہانتک کہ دوسرا مرد بھی اسکے عسیلہ سے چکھے جیسا کہ اول نے چکھا ہی اسکو ابن جریر و بخاری و مسلم و نسائی
و ابوداؤد نے روایت کیا - بالجملہ یہ حدیث مشہور و امر متفق ہی کہ دوسرا شوہر اس سے وطی بھی کرے پھر بعد اسکے اگر وہ طلاق دے اور عدت گذر جاوے تب
وہ شوہر اول کے واسطے حلال ہوگی چنانچہ فرمایا فان طلقها فلا جناح عليهما ان يتراجعا ان ظنا ان يقيما حدود الله اور حرف شرط مین دو یعنے اگر دوسرا شوہر
طلاق دے - اس سے ارشاد ہی کہ دوسرا نکاح بھی خود مقصود ہونا چاہیے جیسے شرع مین نکاح کیا جاتا ہی یان اگر دوسرے شوہر سے بھی ایسا اتفاق واقع ہو کہ وہ طلاق
دیدے تو شوہر اول کے واسطے حلال ہی چاہے نکاح کرلے پس نکلا کہ دوسرا نکاح صرف حلالہ کرنے کی غرض سے نہو اسیواسطے حلالہ کرنے والے مرد اور حلالہ کرانے
والے مرد دونون پر لعنت فرمائی ہی کما رواہ ابوداؤد کیونکہ دوسرے کو فقط حلالہ کرنا مقصود تھا پس حاصل کلام یہ ہی کہ جسنے عورت کو تین طلاق دیدین وہ اب اس
عورت سے محروم ہوا یہانتک کہ دوسرا شوہر اس سے وطی کرے اور یہ شرط ہی کہ دوسرے مرد کی وطی اس سے بہ نکاح صحیح ہو پس اگر دوسرے نے اس سے بدون نکاح
کے زنا کیا یا بنکاح غیر صحیح وطی کی یا عورت مذکورہ کسی کی باندی تھی اسکے مالک نے اس سے وطی کی تو ایسی وطی سے وہ شوہر اول کے واسطے حلال نہوگی
کیونکہ یہ وطی کرنے والا اسکا زوج صحیح نہوا اور مالک کو اپنی باندی بیشک حلال ہی لیکن وہ زوج یعنے شوہر نہین کہلاتا ہی حالانکہ آیت مین لفظ زوج ہی پس
ضرور ہی کہ حلالہ جبھی ہوگا کہ زوج دوم اس سے وطی کرے - اور امام مالک نے باوجود اسکے یہ بھی شرط لگائی ہی کہ دوسرا شوہر جسنے اس سے نکاح صحیح موافق
مقصود شرع کے کیا ہی وہ بطور مباح اس سے وطی کرے پس اگر عورت احرام مین ہی یا روزہ دار یا اعتکاف مین یا حالت حیض یا نفاس مین ہی یا مرد
روزہ دار یا محرم یا معتکف ہی اور اس حالت مین وطی واقع ہوئی پھر اسنے طلاق دی تو اول شوہر کے واسطے حلال نہوگی اور اسیطرح اگر عورت یہودیہ یا
نصرانیہ تھی اور اسنے دوسرا نکاح کسی یہودی یا نصرانی سے کیا تو اسکی وطی سے عورت مذکورہ شوہر اول مسلمان کے واسطے حلال نہوگی اسواسطے کہ انکے

نزدیک کافروں کے نکاح باطل ہیں لیکن جمہور کے نزدیک فقط نکاح صحیح ہیں دخول شرط ہے اگر انزال بھی ہو تو حسن بصری نے جو انزال کی شرط لگائی ہے اور شاید وہ اسکو لفظ عسیلہ سے سمجھے ہونگے تو یہ شرط کچھ نہیں ہے کیونکہ امام احمد و نسائی نے حضرت عائشہ رضہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آگاہ رہو کہ عسیلہ جماع ہے۔ پس فقط جماع کافی ہے انزال شرط نہیں ہے اور کلام مذکورہ بالا سے واضح ہوا کہ دوسرے شوہر کا نکاح بغرض شرعی ہو یعنے جس مقصد کے واسطے شرع میں نکاح مشروع ہے اسی طور پر ہو ہاں اگر اتفاق واقع ہو کہ دوسرا بھی اسکو طلاق دیدے تو اول کے واسطے جبھی حلال ہوگی کہ دوسرے نے اس سے وطی کی ہو جیسا کہ مذکور ہوا اور اگر دوسرے شوہر نے اس عورت سے اس غرض سے نکاح کیا کہ پہلے شوہر کے لیے اسکو حلال کردے پس اگر اسنے عقد نکاح میں اسکی تصریح کردی تو جمہور ائمہ علما کے نزدیک نکاح باطل ہے اور اگر تصریح نہ کی اور اپنے دل ہی میں کہا تو اگر شوہر اول و دوم دونوں کے نیتوں میں یہ بات ہے تو بدون اظہار نیت کے ظاہر شرع میں جواز کا حکم ہوگا و لیکن مشروع میں ایسے دونوں آدمی مذموم و ملعون ہیں اور بہت حدیثوں میں ایسے لوگوں کی نسبت بلکہ لعنت وارد ہے چنانچہ حضرت ابن مسعود رضہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گودنے والی عورت اور گودوانے والی اور بال جوڑنے والی اور بال جوڑوانے والی عورتوں اور حلالہ کرنے والے مرد اور حلالہ کرانے والے مرد اور بیاج کھانے والے آدمی اور اسکے موکل سب پر لعنت فرمائی ہے رواہ احمد و الترمذی و النسائی اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور دوسری روایت امام احمد میں ابن مسعود رضہ سے ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لعن اللہ المحلل و المحلل لہ۔ لعنت کرے اللہ تعالے حلالہ کرنے والے اور حلالہ کرانے والے مرد پر اور احتمال ہے کہ خبر ہو یعنے اللہ تعالے ایسے آدمیوں پر لعنت کرتا ہے۔ اور اس باب میں بہت حدیثیں مرفوع وارد ہیں اور حاکم نے مستدرک میں روایت کی کہ ایک شخص آیا حضرت عبداللہ بن عمر کے پاس اور سوال کیا کہ ایک شخص نے اپنی جورو کو تین طلاق دیں پھر اس عورت سے اسکے شوہر کے بھائی نے بدون اپنے بھائی کے حکم و مشورہ کے اس غرض سے نکاح کیا کہ اپنے بھائی کے واسطے اسکو حلال کردے پس وہ اول کے واسطے حلال ہو جائیگی تو حضرت ابن عمر نے فرمایا کہ نہیں مگر آنکہ نکاح بر رغبت ہو ہم لوگ ایسے نکاح کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں زناکاری شمار کرتے تھے قال الحاکم ہذا حدیث صحیح الاسناد و حضرت عمر رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا کہ میرے پاس جو حلالہ کرنے والا اور حلالہ کرانے والا لایا جائیگا میں دونوں کو سنگسار کرونگا اور حضرت عثمان رضہ سے روایت ہے کہ انکے پاس ایک شخص لایا گیا جسنے ایک عورت سے نکاح کیا تھا تاکہ اسکو اسکے اول شوہر کے واسطے حلال کردے پس عثمان رضہ نے دونوں میں جدائی کردی اور ایسا ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ و ابن عباس اور بہتیرے صحابہ سے مروی ہے۔ قولہ ان ظنا ان یقیما حدود اللہ۔ بعض نے کہا کہ ظن بمعنے غالب گمان ہے و بعض نے کہا بمعنے یقین ہے اور اعتراض کیا گیا کہ جو ہونیوالا ہے اسکو سوائے اللہ تعالے کے کوئی نہیں جانتا ہے اور جواب یہ ہے کہ یقین یہاں بمعنے نہیں کیونکہ ہونیوالا واقع ہوگا بلکہ بمعنے کہ قلب کو بطور خود اطمینان چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنْفُسُهُمْ ظُلْمًا وَعُلُوًّا۔ لیکن یہی تو غالب گمان والوں کی مراد ہے کہ دل میں ایسا تیقن ہو اور مفاد اس قید کا یہ ہے کہ اگر دونوں کو یہ ظن حاصل نہ ہو خواہ اسکے برخلاف کا دونوں کو یا ایک کو یقین ہو یا گمان ہو یا تردد ہو تو اس مراجعت نکاح کا ارتکاب روا نہیں ہے اور یہ ازراہ دیانت ہے اور ظاہر شرع میں حاکم کو کسی کے دل کا حکم لگانا روا نہیں ہے پس ظاہر میں مراجعت کا نکاح ٹھیک ہو جائیگا۔ قولہ یبینہا لقوم یعلمون۔ اہل علم کو مخصوص فرمایا باوجودیکہ دعوت احکام مذکورہ عام ہے اسواسطے کہ اس سے انتفاع اہل علم ہی کو حاصل ہوگا پھر ظاہر ہے کہ اہل علم سے اہل تدبر مراد ہیں جو قدرت الٰہی اسکی حکمت کو حق جانتے ہیں پس تمام مسلمان اسمیں داخل ہونگے اگرچہ وہ رسمی لکھنے پڑھنے سے جاہل ہوں پس شہر کے تمام مسلمانوں کو جو احکام الٰہی کو بلا تردد برحق و عمدہ جانتے ہیں اور اسکے مقابلہ میں اگر فلاطون کہے تو اسکو ایک ناچیز بندہ جانکر ہرگز اسکے کلام کو صحیح نہیں مانتے ہیں کیونکہ وہ بمقابلہ علم و حکمت الٰہی کے ہیچ ہے کوئی ہستی نہیں رکھتا ہے

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ ۱۵

اور جب طلاق دی تمنے عورتوں کو پھر پہنچیں اپنی عدت تک تو رکھ لو انکو دستور سے یا رخصت کرو انکو دستور سے

وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوا ۚ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ ۚ وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا ۚ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ

اور مت روکو انکے ستانے کو یا زیادتی کرو اور جو کوئی یہ کام کرے اسنے برا کیا اپنا اور مت ٹھہراؤ حکم اللہ کے ہنسی اور یاد کرو احسان اللہ کا جو

عَلَيْكُمْ وَمَا أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنَ الْكِتَابِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُم بِهِ ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ

تم پر ہی اور وہ جو اتاری تم پر کتاب اور کام کی باتیں کہ تمکو سمجھاوے اور ڈرتے رہو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ

ع ۲۹ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۝

سب چیز جانتا ہے

واضح ہو کہ زمانہ جاہلیت میں طلاق کی کوئی حد نہیں تھی جاہے ہزار طلاقیں دیتا مگر عدت سے پہلے رجوع کرتا تو رجوع ہو جاتا چنانچہ پہلے معلوم ہو چکا پس اللہ تعالے نے محدود کر کے حکم دیا کہ۔ وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ ۔ اور جب تمنے عورتوں کو طلاق دی پھر اپنی عدت کو پہونچیں ف یعنے شرعی طور پر رجعی طلاق دی پھر مطلقہ کی عدت گزرنے پر پہونچی تو تمکو دو باتوں میں سے ایک بات اختیار کرنی فرض ہے یعنے فَأَمْسِكُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ أَوْ سَرِّحُوهُنَّ بِمَعْرُوفٍ ۔ اب انکو معروف طور پر روکو یا معروف طور پر راہ چھوڑ دو ف یعنے رجعت کرو تو بدون قصد ضرر کے شرعی نیک چال چلن سے رجوع کرو یا چھوڑ دو کہ انکی عدت گزر جاوے اس سے مقصود یہ کہ۔ وَلَا تُمْسِكُوهُنَّ ضِرَارًا لِّتَعْتَدُوا ۔ اور ان مطلقات کو ضرر پہونچانے کے واسطے مت روکو تاکہ اپنے تعدی کرو ف یعنے رجعت سے ضرر بتعدی مقصود نہو کہ عورت آخر لاچار ہو کر خلع کرا دیگی۔ وَمَن يَفْعَلْ ذَٰلِكَ ۔ اور جسنے ایسا کیا ف کہ ضرر بتعدی کے قصد سے مراجعت کی جسکو اللہ تعالے خوب جانتا ہے۔ فَقَدْ ظَلَمَ نَفْسَهُ تو اس شخص نے اپنی جان پر ظلم کیا ف کیونکہ اسلے اپنی جان کو عذاب کے سامنے پیش کیا اس سے معلوم ہوا کہ یہ حرکت حرام ہے اگرچہ نیت کا حال مخلوق کو معلوم نہو۔ وَلَا تَتَّخِذُوا آيَاتِ اللَّهِ هُزُوًا ۔ اور تم لوگ اللہ تعالے کی آیتوں کو ٹھٹھول مت بناؤ ف کہ انسے مخالفت کرو اور دل میں چھپاؤ۔ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ وَمَا أَنزَلَ عَلَيْكُم مِّنَ الْكِتَابِ وَالْحِكْمَةِ يَعِظُكُم بِهِ ۔ اور یاد کرو اپنے اوپر اللہ تعالے کی نعمت کو اور اس عظیم چیز کو جو تمپر اتاری ہے اپنی کتاب و حکمت سے درحالیکہ تمکو اوس سے نصیحت فرماتا ہے ف تمکو جہالت سے نکالکر اسلام دیا اور تمہارے لیے کتاب و حکمت اتاری۔ پس ظاہر و باطن اسکی پیروی کرو اور مخالفت سے پرہیز کرو کہ یہ نعمت کی ناشکری ہے۔ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ ۔ اور اللہ تعالے سے ڈرو اور یقین رکھو کہ اللہ تعالے ہر چیز کو خوب جانتا ہے ف پس لوگوں پر چھپ جانے سے مغفرت ہو جیسے یہاں بلوغ اجل سے باجماع علماء مجازی مراد ہیں یعنے قریب ختم عدت کے پہونچنا کیونکہ آگے رجعت کا اختیار ذکر فرمایا ہے اور بالاجماع بعد انقضاء عدت کے رجعت کا اختیار نہیں ہے پس مراد آخر عدت ہے اور بعض نے کہا کہ اجل سے بالاتفاق یہاں عدت کا زمانہ مراد ہے اور وہ متعین ہے فتامل۔ قولہ اوسرحوہن بمعروف اسی رجعت نہ کرو بلکہ چھوڑ دو کہ مدت پوری ہونے پر وہ بائنہ ہو کر اپنی ذات کی مختار ہو جاوے اور یہی تفسیر یہاں سدی و ضحاک سے منقول ہے اور اسی کو مفسر سیوطی رح نے اختیار کیا ہے اور یہی ظاہر کلام ابن کثیر ہے اور بعض نے کہا کہ قولہ فامساک بمعروف او تسریح باحسان۔ کو اہتمام شان کے واسطے یہاں اعادہ فرمایا ہے پس تسریح سے مراد طلاق ثالثہ ہوگا جیسا کہ ابن جریر نے جمہور سے نقل کیا ہے و لیکن محققین کے نزدیک تفسیر اول کو ترجیح ہے قولہ ولا تمسکوہن ضرارا لتعتدوا۔ ابن عباس و مجاہد و مسروق و حسن و قتادہ و ضحاک و ربیع وغیرہم نے کہا کہ بات یہ تھی کہ مرد اپنی جورو کو طلاق دیتا پھر جب انقضاء عدت قریب پہونچتی تو ضرر رسانی کی غرض سے اس سے رجوع کر لیتا تاکہ غیر کے پاس نہ جانے پاوے پھر اسکو ایک طلاق دیتا پس وہ

بیچاری عدت میں بیٹھی پھر جب انقضاء عدت کے قریب پہونچتی تو رجوع کر لیتا تاکہ پھر طلاق دے کہ اسکی مدت دراز ہو جاوے پس اللہ تعالے نے اس سے منع کیا اور ایسے عذاب سے وعید کی کہ فرمایا۔ ومن یفعل ذلک فقد ظلم نفسہ۔ اور شیخ مفسر رحمہ اللہ نے اسکے کرنے میں یہ غرض بھی بیان کی کہ عورت اس طول حبس کو دیکھکر خلع کرالے اور مال دیکر اپنی جان چھوڑاوے۔ قولہ لتفتدوا متعلق ضرار ہی اسواسطے کہ ممانعت ایسے رد کرنے سے ہی جسمیں ضرر رسانی بطور ظلم ہو ورنہ اگر ضرر رسانی بغرض اصلاح ہو تو منع نہیں ہے ذکرہ البیضاوی حاصل یہ کہ احکام الٰہی کو کھلونا مت بناؤ بلکہ جو حکم ہو وہ لازمی ہے پس مسلمانوں کو اللہ تعالے نے اس حرکت سے منع فرمایا جو زمانہ جاہلیت کے لوگ کیا کرتے تھے کہ آدمی کہتا کہ میں نے طلاق دی یا میں نے غلام آزاد کیا یا میں نے اس عورت سے نکاح کیا پھر کہدیتا کہ میں تو ہنستا تھا اور قرطبی نے کہا کہ علماء کے درمیان کسی کے خلاف نہیں کیا بلکہ سب متفق ہیں کہ جسنے ہنسی میں اپنی عورت کو طلاق دی تو طلاق اوسپر لازم ہو جائیگی اور حدیث میں حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین باتیں ایسی ہیں کہ انکا جد تو جد ہے اور انکا ہزل بھی جد ہے ایک نکاح دوسری طلاق تیسری رجعت رواہ ابوداؤد والترمذی وقال حسن و ابن ماجہ والحاکم وقال صحیح الاسناد اور ابن عباس سے روایت ہے کہ ایک مرد نے اپنی جورو کو طلاق دی حالانکہ اسنے کھیل کے طور پر کیا اسکا ارادہ طلاق کا نہ تھا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ ولا تتخذوا آیات اللہ ہزوا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو بہ طلاق لازم کر دی یعنے حکم دیدیا کہ طلاق واقع ہو گئی رواہ ابن مردویہ اور ابن ابی حاتم نے حسن بصری سے مرسلا روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے طلاق دی یا آزاد کیا یا نکاح قبول کیا یا نکاح کر دیا خواہ جد سے یا ہزل اسنے تو البتہ اسپر جائز ہو گیا اور اسکو ابن جریر نے بھی روایت کیا ہے اور ابن مردویہ نے اس حدیث کو حسن کے طریق سے عبادہ بن الصامت سے روایت کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آدمی کہتا کہ میں نے اپنی دختر تجھے بیاہ دی پھر کہدیتا کہ میں تو ہنستا تھا اور اپنے غلام سے کہتا کہ میں نے تجھے آزاد کیا پھر کہدیتا کہ میں تو ہنستا تھا پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا۔ ولا تتخذوا آیات اللہ ہزوا۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین باتیں ہیں کہ جو انکو کہیگا خواہ ہنسی میں یا بغیر ہنسی کے وہ اسپر جائز ہو جاویگی طلاق اور آزاد کرنا اور نکاح۔ اور ابن جریر نے اس آیت کی تفسیر میں یہ حدیث روایت کی کہ ابو موسی اشعری نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اشعری لوگوں پر غضبناک ہوئے پس حضرت عمر کے پاس ابو موسی نے آکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ کیا آپ اشعریوں پر غضبناک ہو گئے ہیں تو فرمایا یقول احدکم قد طلقت قد راجعت لیس ہذا طلاق المسلمین طلقوا المرأۃ فی قبل عدتہا۔ یعنے تم میں سے کوئی کہتا ہے کہ میں نے طلاق دیدی۔ میں نے رجوع کر لیا یہ مسلمانوں کی طلاق نہیں ہے طلاق دو عورت کو اسکے وقت عدت میں۔ ثم رواہ من وجہ آخر کذا فی تفسیر ابن کثیر پس یہاں سے معلوم ہوا کہ احکام الٰہی کو ہزل سے کہنا و کرنا اور نیز انکو اسکے طور سے بدل کر کہنا و کرنا سب ممنوع ہے اور مفسر رحمہ اللہ نے اچھا لفظ فرمایا کہ مخالفت انکی کسی طور پر ہو ممنوع ہے۔ قولہ وہو حکمہ یہ مفسر رحمہ اللہ نے یہاں حکمت سے احکام قرآن مراد لیے اور اکثر مفسرین نے حکمت کی تفسیر سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کی ہے اور یہی شافعی نے کہا ہے اول بار ہ میں مفصل بیان ہوا

وَإِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَبَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا تَعْضُلُوهُنَّ أَنْ يَنْكِحْنَ أَزْوَاجَهُنَّ إِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوفِ

اور جب طلاق دی تمنے عورتوں کو پھر پہونچ چکیں اپنی عدت تک تو اپنے روکو انکو کہ نکاح کر لیں اپنے خاوندوں سے جب راضی ہو جاویں آپسمیں موافق دستور کے

ذَٰلِكَ يُوعَظُ بِهِ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ ذَٰلِكُمْ أَزْكَىٰ لَكُمْ وَأَطْهَرُ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ

یہ نصیحت ملتی ہے اسکو جو کوئی تم میں یقین رکھتا ہے اللہ پر اور پچھلے دن پر اسی میں ستھرائی زیادہ ہے تمھارے لیے اور ستھرائی اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

بعض آدمی کسی مصلحت سے زوجہ کو طلاق دیتا لیکن ایک یا دو کہ بعد عدت کے چاہے نکاح کرلے جبکہ دونوں راضی ہوں پس اگر راضی ہوں تو عورت کے

اولیاء کو روکنے سے منع فرمایا بقولہ تعالےٰ۔ وَاِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَآءَ فَبَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ ۔ اور جب تمنے عورتون کو طلاق دی پس وہ اپنی عدت پر پہونچ گئین ف یعنے عدت پوری ہوگئی اور بالکل جدائی ہوگئی پھر یہ عورت اور طلاق دینے والا شوہر راضی ہوے کہ نکاح جدید کرین تو اولیاء کو روکنا نہین چاہیے چنانچہ فرمایا۔ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ ۔ تو عورتون کو اس بات سے روکو مت کہ اپنے شوہرون سے نکاح کرلین ف جنھون نے انکو طلاق دیدی تھی۔ اِذَا تَرَاضَوْا بَيْنَهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ ۔ جبکہ مطلقات وانکے شوہران سابق باہم راضی ہون ف پس یہ ممانعت اولیاے عورت کو ہے۔ ذٰلِكَ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ مِنْكُمْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۔ پس اس ممانعت کی نصیحت تم مین سے اسی شخص کو کی جاتی ہے جو اللہ تعالےٰ روز قیامت پر ایمان لایا ہے ف کہ یہی متقی سمجھیگا اور وہان آلہی تعالےٰ کو مانیگا۔ ذٰلِكُمْ اَزْكٰى لَكُمْ وَاَطْهَرُ ۔ یہ بات تمھارے حق مین زیادہ ستھری وپاکیزہ ہے ف کہ اس سے زنا کا خوف دور ہوگیا کیونکہ دونون عورت ومرد مین باہم تعلق خاطر ہے۔ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۔ اور اللہ تعالےٰ جانتا ہے اور تم اسکو جانتے نہین ہو۔ ف کہ کہان کس صورت مین دونون کو دلی ربط ہے اور کہان نہین ہے پس نصیحت آلہی عزوجل مانو کہ اسمین سب طرح بہتری ہے۔ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رضہ سے روایت کی کہ یہ آیت ایسے شخص کے حق مین اتری جسنے اپنی جورو کو ایک طلاق یا دو طلاق دین پھر اسکی عدت گذر گئی پھر اس شخص کو بہتر معلوم ہوا کہ اسی عورت سے نکاح کرلے اور عورت نے بھی اسکو چاہا مگر اس عورت کے اولیاء اسکو اس امر سے مانع ہوے پس اللہ عزوجل نے ممانعت کردی کہ عورت کو اس سے منع نہ کرین اور ایسا ہی مسروق وابراہیم نخعی وزہری وضحاک نے کہا کہ ایسے معاملہ مذکورہ بالا مین آیت اتری ہے اور یہ قول ان علما کا اس آیت سے مراد ہونا ظاہر ہے اور اس سے ثابت ہوا کہ طلقتم النساء سے مراد ایک یا دو طلاق تک ہے کہ اس سے عدت مین جمع نہ کیا اور اسکی عدت گذر گئی یہانتک کہ بدون حلالہ کے اس عورت سے نکاح کرسکتا ہے اور اگر کسی نے تین طلاق دین اور عورت نے دوسرے شوہر سے نکاح کیا پھر اسنے بھی اتفاق سے طلاق دی اور عدت گذر گئی پھر عورت نے اول شوہر سے نکاح کرنا چاہا اور ولی نے اسکو روکا تو ظاہر اس سے ممانعت کو بھی شامل ہے واللہ اعلم اور رہا سبب نزول اس آیت کا تو بخاری نے کئی طرق سے حسن بصری کے طریق سے معقل بن یسار سے روایت کی کہ معقل بن یسار کی بہن کو اسکے شوہر نے طلاق دی پس اسکو چھوڑ دیا یہانتک کہ اسکی عدت گذر گئی پھر اس سے نکاح کا پیغام دیا پس معقل نے انکار کیا پس یہ آیت نازل ہوئی۔ فَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ اَنْ يَّنْكِحْنَ اَزْوَاجَهُنَّ ۔ اور اس حدیث کو ابوداؤد وترمذی وابن ماجہ وابن جریر وابن ابی حاتم وابن مردویہ نے متعدد طرق سے حسن بصری کے طریق سے معقل بن یسار سے روایت کیا ہے اور ترمذی کے روایت کی لفظ معقل بن یسار سے یہ ہین کہ معقل بن یسار نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین اپنی بہن کو مسلمانون مین سے ایک مرد کو بیاہ دیا پس وہ اس مرد کے پاس رہی جب تک رہی پھر اس مرد نے اسکو ایک طلاق دیدی اور رجعت نہ کی یہانتک کہ اسکی عدت گذر گئی پھر اس مرد نے اس عورت کی دلی کی خواہش کی اور اس عورت نے بھی اس مرد کی دلی خواہش کی پھر اس مرد نے بھی دیگر پیغام دینے والون کے ساتھ اپنا پیغام دیا پس معقل نے اس سے کہا کہ ای کمینہ مین نے تجھے اس عورت سے بزرگی دی تھی اور اسکو تیرے ساتھ بیاہ دیا تھا مگر تو نے اسکو طلاق دیدی واللہ جب تک تو زندہ ہے کبھی تیرے پاس لوٹ کر نہ جاویگی۔ کہا کہ پھر اللہ تعالےٰ کو معلوم تھا کہ اس مرد کو اس عورت کی طرف حاجت ہے اور اس عورت کو اس مرد کی طرف حاجت ہے پس اللہ تعالےٰ نے نازل فرمایا واذا طلقتم النساء تا قولہ وانتم لا تعلمون۔ پھر جب معقل نے اس حکم کو سنا تو کہا کہ بسر وچشم مجھے اپنے پروردگار کی اطاعت پر رضامندی ہے پھر اس مرد کو بلایا اور کہا کہ مین تیرے ساتھ نکاح کیے دیتا ہون اور تجھے بزرگی دیتا ہون اور ابن مردویہ کی روایت مین اتنا زیادہ ہے اور مین نے اپنی قسم کا کفارہ دیا۔ اس حدیث کو ترمذی نے حسن صحیح کہا۔ پھر نام اس عورت کا جمیل بنت یسار تھا جیسا کہ ابن جریر نے ابن جریج سے روایت کیا ہے

جمیل پروزن سہیل ہے ۱۲

اور سفیان ثوری نے ابو اسحٰق السبیعی سے روایت کی کہ اسکا نام فاطمہ بنت یسار تھا اور اسکے شوہر کا نام عاصم بن عدی تھا پھر ابن کثیر نے فرمایا کہ ایسا ہی بہتیرے سلف نے کہا ہی کہ یہ آیت معقل بن یسار و اسکی بہن کے بارہ مین نازل ہوئی ہی اور سدی سے روایت ہی کہ جابر بن عبد اللہ اسکی چچیری بہن کے بارہ مین اُتری مگر قول اول صحیح ہی۔ پھر جاننا چاہیے کہ فلا تعضلوہن مین خطاب متعین ہی کہ اولیاء کو ہی ولیکن اذا طلقتم کی نسبت اولیاء کی طرف نہین معقول ہی اور اس صورت مین خطاب منتشر ہوا جاتا ہی بعض نے توجیہ کی کہ طلاق کی نسبت اولیاء کی طرف اس وجہ سے ہوئی کہ وہی اسکا سبب واقع ہوئی تھی کہ انھون نے نکاح کر دیا تھا جسپر طلاق مترتب ہوئی یہ توجیہ محض واہی ہی اور اول اس مقام پر یہ ہی کہ خطاب علی العموم مسلمانون کو ہی اور معنے یہ ہین کہ ایسا امر تمھارے درمیان نہ پایا جاوے کیونکہ جب تک درمیان پایا گیا اور وہ رضامند رہے تو گویا اسکے کرنے والے ہو گئے اور اس توجیہ پر انتظام شرط و جزا بھی بلا تکلف محفوظ رہتا ہی اسی سے صاحب کشاف نے اسکو وجہ وجیہ کہا ہی عضل بمعنے حبس یعنے روکنا اور کہا گیا کہ بمعنے ضیق مین ڈالنا اور منع کرنا اور یہ معنے اول کی طرف راجع ہی اور ازہری نے کہا کہ اصل مین یہ ماخوذ ہی عضلت الناقۃ سے اذا ناقہ کا بچہ لٹکا ہوا آسانی سے نہین نکلا اور عرب کے نزدیک ہر مشکل معضل ہی اسی سے بولتے ہین داء عضال ای ایسی بیماری کہ جسنے طبیبون کو تھکا دیا اور چنگا ہونا دشوار پڑ گیا ہو اور ازواجہن سے وہ شوہر مراد ہین جنھون نے ان عورتون کو طلاق دیدی تھی پس انکو شوہر کہنا باعتبار اسکے کہ پہلے شوہر تھے اور قولہ ذلک یوعظ بہ من کان منکم یومن باللہ والیوم الآخر۔ یعنے اس نصیحت سے کرامت ایسے ایسے شخص کو دیجاتی ہی اور یہ تحریض و آمادہ کرنا ہی تاکہ مستعدی سے قبول کرین

وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۚ وَعَلَى الْمَوْلُودِ

اور بچون کی مائین دودھ پلائین اپنے بچون کو دو برس پورے جو کوئی چاہے کہ پوری کرے دودھ کی مدت اور لڑکے والے پر

لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ۚ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ إِلَّا وُسْعَهَا ۚ لَا تُضَارَّ وَالِدَةٌ بِوَلَدِهَا

ہر کھانا اور پہننا اُنکا موافق دستور کے تکلیف نہین کسی شخص کو مگر جو اوسکی گنجائش مین ہو نہ ضرر چاہیے ماں اپنی اولاد کا

وَلَا مَوْلُودٌ لَّهُ بِوَلَدِهِ ۚ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذَٰلِكَ ۗ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَن تَرَاضٍ مِّنْهُمَا

نہ لڑکے والا اپنی اولاد کا اور وارث پر بھی یہی ذمہ ہی پھر اگر دونون چاہین دودھ چھڑانا آپس کی رضا سے

وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا ۗ وَإِنْ أَرَدتُّمْ أَن تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ

اور مشورت سے تو انکو نہین گناہ اگر تم مرد چاہو کہ دودھ پلوا لو اپنی اولاد کو تو تم پر نہین گناہ

إِذَا سَلَّمْتُم مَّا آتَيْتُم بِالْمَعْرُوفِ ۗ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ

جب حوالہ کر دیا جو تمنے دینا ٹھہرایا تھا موافق دستور کے اور ڈرو اللہ سے اور جان رکھو کہ اللہ تمہارے کام دیکھتا ہی

ہر گاہ اللہ عزوجل نے طلاق کو ذکر فرمایا تو اسکے پیچھے رضاعت کا مسئلہ و حکم بھی فرما دیا اسلیے کہ کبھی ایسا ہوتا ہی کہ جورو و مرد مین ایسی حالت مین جدائی ہوتی ہی کہ دونون کے درمیان دودھ پیتا بچہ موجود ہوتا ہی اور وہ بچہ کبھی تو دوسری دائی کا دودھ لیتا ہی اور کبھی نہین لیتا ہی اور کبھی باپ بھی مر جاتا ہی اسواسطے کہا گیا ہی کہ یہ حکم خاص ان عورتون کے واسطے ہی جنکو طلاق دی گئی اور بعض نے کہا کہ حکم عام ہی ولیکن حافظ ابن حجر نے ابن بطال سے نقل کیا کہ اکثر اہل تفسیر اول ہی قول پر ہین یعنے یہ حکم ان عورتون کو ہی جنکو طلاق دی گئی ہو۔ وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ أَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ أَرَادَ أَنْ يُتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۔ اور مائین دودھ پلاوینگی اپنی اولاد کو دو برس کامل

اس مرد کے لیے جسنے چاہا کہ رضاعت پوری کرے ف دودھ پلاوینگی یعنے انکو دودھ پلانا چاہیے۔ یہ خبر بمعنے امر ہی اور اسکو بصیغہ خبر اسواسطے فرمایا کہ دلالت کرے کہ گویا امر کے موافق عمل درآمد ہوکر ایسا حال ہوگیا کہ اس سے خبر دی گئی پس یہ مبالغہ ہی اور کما لین یعنی کہا کہ ایک صورت میں یہ امر واسطے استحباب کے ہی اور اگر بچہ کسی دوسری عورت کی چھاتی نہ لے یا کوئی دودھ پلائی نہ ملے یا باپ فقیر ہو کہ دودھ پلائی والی کو اجرت پر نہ لے سکے تو وجوب کے واسطے ہوگا۔ اور لفظ والدات فرمایا یہ مطلقات کیونکہ والدات کہنے میں اولاد کے حق میں پیار ٹپکتا ہی اور وہ اسکے برعکس ہی اور یہاں مقصود پیار ہی اسیواسطے اولاد نہ کہی اپنی اولاد کو۔ باضافت فرمایا اور یہ حسن بلاغت سے ہی کہ اپنی اولاد پر پیار آوے اگرچہ باپ ہی کے نام سے یہ اولاد ہی۔ قولہ حولین۔ ای دو سال پس لفظ کاملین اسکے بعد صفت موکدہ ہی اور قولہ لمن اراد ان یتم الرضاعہ خبر مبتدا محذوف ہی ای ذلک ثابت لمن اراد ان یتم الرضاعہ۔ اور اس سے ثابت ہوا کہ اتمام رضاعت کے دو برس کامل ہین یعنے ارضاع کی انتہائی مدت دو برس ہی اور اسکے بعد رضاعت کا کچھ اعتبار نہین ہی حتی کہ اگر اسکے بعد کسی بچے نے کسی اجنبیہ عورت کا دودھ پیا تو وہ رضاعی ماں نہوگی اور یہی قول امام شافعی واحمد وابو یوسف ومحمد کا ہی اور امام ابو حنیفہ نے کہا کہ رضاعت کی انتہائی مدت دو برس چھ مہینہ ہین پس علماے حنفیہ نے آیت کریمہ مین یہ تاویل کی کہ آیہ کریمہ اس امر کو مقتضی نہین ہی کہ مطلقا رضاعت کی مدت دو سال ہی بلکہ اسکا مقتضا یہ ہی کہ دودھ پلانے پر اجرت کا استحقاق دو سال تک ہی اس بنا پر کہ والدات سے مراد مطلقات ہین اس قرینہ سے کہ۔ وَعَلَى الْمَوْلُودِ لَهُ رِزْقُهُنَّ وَكِسْوَتُهُنَّ بِالْمَعْرُوفِ ساور جسکے واسطے اولاد ہی اسپر والدات کا کھانا وکپڑا بطور معروف واجب ہی ف پس اس کھانے کپڑے کو جو روہونیکا نفقہ قرار دینے سے یہ اولی ہی کہ دودھ پلانے کی اجرت قرار دی جاوے کیونکہ جو روہونے کا نفقہ تو ام معلوم ہی تھا اور رہا یہ امر کہ زوجہ ہونے کی صورت میں مستحق اجرت ہو تو ایسی صورت میں وہ مستحق اجرت نہین ہوسکتی ہی بلکہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک اسکا اجرت پر لینا ہی روا نہین ہی ہان زوجہ ہونے کی وجہ سے اسکا نفقہ یعنے کھانا کپڑا البتہ واجب ہی ولیکن اصح قول اول ہی کہ مدت رضاعت فقط دو ہی برس ہی اور یہی جمہور کا مذہب ہی اور اسی حنفیہ نے فتوی دیا ہی۔ اور یہی امام مالک سے ایک روایت ہی اور دوسری روایت یہ ہی کہ دو برس دو مہینہ اور تیسری روایت دو برس تین مہینہ ہی اور زفر نے کہا کہ تین سال تک ہی اور یہی اوزاعی سے روایت ہی قال المترجم یہ نص صریح نہین پائی گئی کہ امام ابو حنیفہ ومالک وزفر واوزاعی کے نزدیک دو برس سے زائد رضاعت باین معنے ہی کہ اسکو دودھ پلانا روا ہی یا باین معنے بھی ہی کہ احکام رضاعت کے بعد دو برس کی بھی ثابت ہوتے ہین یعنے مثلا ہندہ کا دودھ ایک لڑکے زید بن عمرو نے اور ایک لڑکی مسماۃ زینب بنت بکر نے دو برس کے عمر کے بعد پیا تو دونون رضاعی بھائی بہن ہونگے ولیکن فقہاء مذہب نے امام ابو حنیفہ کے قول پر مسائل رضاعت کی تفریع بتاثیر حکم کی ہی واللہ اعلم وابن کثیر نے کہا کہ اکثر امامون کے نزدیک حرمت ثابت نہین ہوتی مگر اسی رضاعت سے جو دو برس تک ہو پس اگر دو برس سے اوپر کے عمر والے نے کسی عورت کا دودھ پی لیا تو حرمت ثابت نہوگی اور ترمذی نے ذکر کیا کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم مین سے اکثر اہل علم کا قول یہ ہی کہ رضاعت حرام نہین کرتے مگر وہی رضاعت جو دو برس سے ورے مین ہو اور جو دو برس کی عمر کے بعد ہو وہ کچھ حرام نہین کرتی ہی اور بخاری کی حدیث مین ہی کہ جب ابراہیم بن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ میرا بیٹا مرگیا درحالیکہ وہ چھاتی سے دودھ پیتا تھا اسکے لیے جنت مین دودھ پلائی ہی اخرجہ احمد ایضا اور بات یہ تھی کہ ابراہیم بن رسول اللہ صلعم کی عمر ایک سال دس مہینہ کی تھی پس دودھ پلائی ہونے سے مراد یہ کہ اسکی رضاعت پوری کرتی ہی چنانچہ خود بعض روایت مین مصرح ہی اور موطا وغیرہ مین ابن عباس سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ حرام نہین کرتی ہی رضاعت سے مگر وہی کہ دو برس کے اندر ہو اور جو دو برس کے بعد ہو وہ کچھ نہین ہی اور جابر سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ نہین رضاع ہی بعد فصال کے

اور نہیں باقی رہتا یتیم ہونا بعد احتلام کے۔ اور اللہ تعالے نے فرمایا۔ وفصالہ فی عامین ان اشکرلی ولوالدیک۔ پس معلوم ہوا کہ فصال دو برس کے اندر ہے
پس رضاع کا حکم بھی دو برس کے اندر ہی ثابت ہوگا اور دو برس کے بعد رضاعت سے حرمت نہ ہونے کا قول حضرت علی کرم اللہ وجہہ وابن عباس وابن مسعود
وجابر وابوہریرہ وابن عمر وام سلمہ وسعید بن المسیب وعطاء وجمہور سے مروی ہے اور ابو حنیفہ کی جو رد کو جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا تھا کہ سالم کو جسکو
اسنے بیٹا بنایا تھا اور وہ اسوقت بالغ تھا دودھ پلادے پس اسی دودھ پینے کی وجہ سے وہ سالم سے پردہ نہیں کرتی تھی تو یہ حکم مخصوص تھا اور ائمہ
اربعہ وفقہاء سبعہ وجمہور علماء کا اتفاق ہے کہ بالغ کی رضاعت کچھ بھی حرام نہیں کرتی ہے پھر قولہ لمن اراد ان یتم الرضاعۃ۔ میں اشارت ہے کہ اس سے
کم بھی دودھ پلانا روا ہے اور اسکی کوئی حد محدود نہیں ہے بلکہ بچہ کی اصلاح پر ہے اور لفظ رضاعت بالفتح ہے اور کوفیوں نے بالکسر بھی جائز رکھا ہے۔ قولہ وعلی
المولود لہ۔ ای علی الذی ولد الطفل لہ۔ یعنے اس طفل کے والد پر واجب ہے۔ اور بجاے لفظ والد کے مولود لہ۔ کہنے سے یہ فائدہ ہے کہ معلوم ہوجاوے
کہ والدات نے یہ لاد والدہ کے واسطے جنی ہے اسیواسطے اولاد کی نسبت والد کی طرف ہوتی ہے نہ والدہ کی طرف۔ اور نیز اس سے معلوم ہوا کہ والد ایسی
حالت سے دودھ پلوانا واجب اور اسکا خرچہ پرداشت کرنا لازم ہے اور اس سے یہ لازم نہیں آتا ہے کہ بچہ پر والدہ کا کچھ حق نہیں بلکہ والدہ کا بچہ پر حق
جنی ہے اگرچہ والد کا اس سے زیادہ ہے جیسا کہ اپنے موقع پر معلوم ہوگا اور اسقدر کافی ہے کہ حدیث صحیح میں یہ مضمون ہے کہ بچہ کے لیے اسکی ماں کے قدم کے
نیچے جنت ہے اور پارہ الم میں بقرہ کے قصہ میں ماں کی خدمت گذاری کی فضیلت کچھ ظاہر ہوچکی ہے فتذکر۔ اور قولہ بالمعروف ای بقدر طاقت کے بدون
اسراف اور کمی کے بدرجہا وسط جیسا کہ اس شہر والوں میں دستور ہے اور اگر دونوں میں اختلاف پڑے والدہ زیادہ مانگے اور والد کم دے تو حاکم کی رائے پر
ہے وہ فیصلہ کردے اسی دستور کے موافق چنانچہ فرمایا۔ لَا تُكَلَّفُ نَفْسٌ اِلَّا وُسْعَهَا کسی نفس کو تکلیف نہیں دی جاتی مگر اسی قدر کہ جو
اسکی وسعت ہو۔ یہ کلام گویا اسکی تعلیل ہے والدہ مطلقہ اگر بچہ کو دودھ پلانے سے انکار کرے تو اسپر جبر نکیا جائیگا لیکن یہ اسوقت ہے کہ دوسری
دودھ پلانے والی ملتی ہو اور بچہ اسکا دودھ لیتا ہو اور باپ فقیر نہ ہو اور اگر ایسا نہ ہوگا تو والدہ پر حاکم جبر کریگا کہ بچہ کو دودھ پلاوے اور مفاد اسکا یہ ہوگا کہ والد کو
خواہ مخواہ روا نہیں ہے کہ بچہ کو اسکی ماں سے چھڑاوے اور تمام مسائل اسکے ترجمہ عالمگیریہ کی کتاب الرضاعہ والحضانہ سے تلاش کرنی چاہیے ہیں۔ قولہ
لَا تُضَارَّ الخ۔ اگر مشتق ہے ضیر سے تو اصل میں لاتضارر تھا اور معروف ومجہول دونوں پڑھا گیا اور ہر فریق بنا بر خبر کے پڑھا گیا ہے پھر والد پر نان نفقہ جبھی کہ وہ
زندہ ہو اور اگر مرگیا ہو تو وارث قائم مقام ہے چنانچہ فرمایا۔ وَعَلَى الْوَارِثِ مِثْلُ ذٰلِكَ۔ اور وارث پر اسکے مثل فنان نفقہ مرضعہ واجب
ہے یہ معطوف ہے علی المولود لہ پر علمانے اسکی تفسیر میں اختلاف کیا ہے پس بعض نے کہا کہ وارث سے مراد وارث الاب یعنے خود طفل مذکور ہے یعنے اگر باپ مرگیا
تو اس طفل پر اسکے مال سے جو اسنے اپنے باپ سے میراث پایا ہے دودھ پلائی کا خرچہ واجب ہوگا اور یہ قول قبیصہ بن ذویب کا ہے اور یہی شافعی رحمہ سے
مروی ہے اور مفسر جلال سیوطی نے اسیکو اختیار کیا ہے اور ضحاک سے مروی ہے کہ انھوں نے بھی وارث الاب یعنے باپ کا وارث لیا اور کہا کہ باپ کے
وارث پر اس طفل کے دودھ پلائی کا خرچہ واجب ہے بشرطیکہ اس طفل کا خود کچھ مال نہ ہو اور اگر ہوگا تو خرچہ اسیکے مال سے دلایا جائیگا اور یہ مشعر ہے کہ طفل
کے بھائی وغیرہ پر یہ حکم ہے اور امام مالک نے بھی ایسا ہی کہا ولیکن یہ کہا ہے کہ یہ منسوخ ہے اور آدمی پر اپنے بھائی وقرابتی وناتے والے کسی کا خرچہ لازم نہیں ہے
اور کہا گیا کہ معنے اسکے یہ ہیں کہ علی الوارث ای وارث المولود۔ یعنے بچہ کے وارث پر خواہ ماں ہو یا بھائی ہو یا قرابتی ہو اس بچہ کی دودھ پلائی کا خرچہ
اسیطرح واجب ہے جیسا کہ بچہ کے باپ پر واجب تھا اور یہ قول حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اور قتادہ وسدی ومجاہد وحسن وجمہور سلف سے مروی ہے اور یہی مذہب
امام ابو حنیفہ وابن ابی لیلیٰ واحمد واسحق کا ہے اگرچہ انمیں باہم ایسا اختلاف ہے کہ ہر مرد وعورت پر جو میراث لے سکتا ہے ایسا خرچہ اٹھانا واجب ہے یا فقط
مردوں ہی پر ہے یا ہر ناتے دار پر ہے اور حنفی مسائل اسکے ترجمہ عالمگیریہ کی کتاب الرضاعہ میں مذکور ہیں۔ ابن کثیر نے فرمایا کہ یہی جمہور کا قول ہے اور

ابن جریر نے اسکو اپنی تفسیر میں پورا پورا بیان کیا ہی اور اسی سے حنفیہ حنبلیہ نے استدلال کیا کہ قرابتیوں میں بعض کا نفقہ بعض پر واجب ہوتا ہی اور یہی اصح ہی بعض نے اعتراض کیا کہ اس بنا پر لازم آتا ہی کہ باوجود تونگری طفل کے اقارب پر اسکا نفقہ واجب ہو جواب دیا گیا کہ یہ کچھ نہیں اسواسطے کہ حکم مذکور اس صورت میں ہی کہ طفل فقیر ہو۔ فَإِنْ أَرَادَا فِصَالًا عَنْ تَرَاضٍ مِنْهُمَا وَتَشَاوُرٍ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِمَا اور اگر ماں باپ نے چاہا دودھ چھوڑانا باہمی دونوں کی رضامندی اور مشورت سے تو دونوں پر کچھ گناہ نہیں ہی ف کیونکہ بچہ کی بہتری میں انکی شفقت کافی ہی پس دونوں بچہ کی بہتری ملحوظ رکھیں۔ وَإِنْ أَرَدْتُمْ أَنْ تَسْتَرْضِعُوا أَوْلَادَكُمْ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِذَا سَلَّمْتُمْ مَا آتَيْتُمْ بِالْمَعْرُوفِ۔ اور اگر تم چاہو کہ اپنی اولاد کو دودھ پلواؤ تو تم پر کچھ گناہ نہیں ہی جبکہ تم نے جو دیا ہی بطور معروف سپرد کر دو ف مفسر نے اسکے معنے یہ بیان کیے کہ یہ خطاب والد کو ہی یعنے اگر والد نے چاہا کہ سوائے طفل کی والدہ مطلقہ کے کسی اور دائی سے دودھ پلوائے تو اسپر گناہ نہیں جبکہ اجرت جسکے دینے کا ارادہ کیا ہی بطور معروف یعنے خوشی خاطر سے سپرد کرے (۱۵) اس صورت میں ضرور ہی کہ آتیتم کی تاویل کیجاوے یا ارادتم ایتاء یعنے جسکے دینے کا تم نے ارادہ کیا ہی اور یہ تاویل کیجاوے کہ اس اجرت کا پیشگی دینا جو لازم آتا ہی یہ اجارہ صحیح ہونے کی شرط نہیں ہی کیونکہ پیشگی اجرت دینا ضروری نہیں بلکہ یہ شرط فقط اسواسطے ہی کہ دودھ پلانے والی دائی کا دل خوش رہے اور ابن کثیر نے ذکر کیا یعنے جبکہ اتفاق کریں والد و والدہ دونوں اس بات پر کہ بچہ اسکی والدہ سے لیکر دوسری دائی کو دیا جاوے بسبب اسکے کہ والد کو کوئی عذر ہی یا والد کی طرف سے کوئی عذر ہی تو اسمیں کوئی مضائقہ نہیں بشرطیکہ گذرے دونوں کی جو کچھ اجرت اسکی والدہ کی ہی اسکو اچھے طور سے اسکا والد اسکی والدہ کے سپرد کرے اور اسمیں کچھ کمی نہ کرے اور یہ قول ہمارے علماء سے اسکی تفسیر میں مروی ہی اور اس صورت پر ارد تم کا خطاب مردوں عورتوں یعنے باپوں ماؤں کو عام ہوگا اور لفظ میں باپوں کو بسبب شرافت کے غلبہ دیکر ارد تم بصیغہ مذکر آیا ہی اور ایسا اکثر آتا ہی اور یہ تفسیر اظہر و احسن ہی اور شیخ دہلوی نے بھی فوائد رحیمیہ میں اسی پر جزم کیا ہی۔ وَاتَّقُوا اللَّهَ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ۔ اور اللہ تعالے سے تقوی کرو اور جان لو کہ جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالے خوب دیکھتا ہی ف پس ہمیشہ اسکے حکم کے موافق اعمال میں نیک نیتی سے شرع کی اتباع کرو۔ اہل سنت نے اتفاق کیا کہ اللہ تعالے دیکھتا ہی اور دیکھنا اسکا مانند کسی مخلوق کے دیکھنے کے نہیں اور کوئی چیز اسکے دیکھنے سے پوشیدہ نہیں ہی اور دیگر فرقہ مبتدعہ اسمیں تاویلیں کرتے ہیں اور یہ لوگ خلاف راہ اللہ تعالے و اسکے رسول صلعم اور سلف امت صحابہ و تابعین و اہل سنت کے برخلاف ہیں نعوذ باللہ من الضلال

پھر اللہ تعالے نے متوفی عنہا کی عدت کا حکم بیان فرمایا بقولہ تعالے

وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا

اور جو لوگ مر جاویں تم میں اور چھوڑیں اپنی عورتیں وہ عورتیں انتظار میں رکھیں اپنے آپ کو چار مہینہ اور دس دن

فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ

پھر جب پہونچ چکیں اپنی عدت کو تو تم پر گناہ نہیں اسمیں جو وہ اپنے حق میں کریں موافق دستور کے اور اللہ کو تمہارے کام کی خبر ہی

پہلے طلاق کی وجہ سے عورت کے چھوٹ جانیکا حکم بیان فرمایا پھر ان عورتوں کا حکم فرمایا جو شوہروں کی موت کی وجہ سے چھوٹ رہیں پس طلاق الیوں کی عدت تو تین حیض یا تین مہینہ قائم مقام حیض کے اگر حیض کے قابل نہوں مقرر ہوئی اور جسکا شوہر مر جاوے اسکی عدت چار مہینہ دس رات مقرر ہوئی اور ان راتوں میں دس دن بھی گنے اسیواسطے عشرا فرمایا اور اگر خالی دن ہوتے تو عشرۃ ہوتا کیونکہ عشر لیال و عشرۃ ایام بولتے ہیں

بقولہ تعالے۔ وَالَّذِينَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُونَ أَزْوَاجًا يَتَرَبَّصْنَ بِأَنْفُسِهِنَّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ

وَعَشْرًا - اور تم مین سے جو مرد مرین اور چھوڑین اپنے ازواج کو تو یہ عورتین اپنے آپکو چار ماہ دس راتین روکین ف جبکہ حاملہ نہون اور اسیطرح زوجہ اگر غیر کی باندی ہو تو اسکی عدت نصف یعنے دو مہینہ پانچ راتین ہی - اور حاصل کلام یہ ہی کہ جو کتاب تم پر تلاوت ہوتی ہی اسمین متوفی عنہا زوجہا کی دو قسمون کی عورتون کی عدت کا یہ حکم ہی کہ الخ بایہ معنے کہ جو مرین انکے بعد انکی عورتین چار ماہ دس رات انتظار کرین - منکم سے خطاب مخصوص انمین موجودین کو نہین ہی بلکہ تمام لوگون کو واسطے یعنے مسلمانون مین سے جو مرے قیامت تک - ازواج جمع زوج اور عرب والے زوج کا لفظ مرد و عورت دونون پر اطلاق کرتے ہین جیسے جفت کا لفظ کہ نر و مادہ دونون پر بولا جاتا ہی کہ ہر ایک دوسرے کا جفت ہی **قال ابن کثیر** اللہ تعالے کی طرف سے ان عورتون کے واسطے جنکے شوہر انکو چھوڑ مرین یہ حکم ہی کہ یہ عورتین چار مہینہ اور دس رات تک عدت مین رہین اور یہ حکم بالاجماع مدخولہ اور غیر مدخولہ دونون قسم کے زوجات کو شامل ہی کیونکہ آیہ کریمہ عام ہی اور نیز بدین دلیل کہ حضرت ابن مسعود سے دریافت کیا گیا کہ ایک مرد نے ایک عورت سے نکاح کیا اور ہنوز اسکے ساتھ دخول نہین کیا تھا کہ مر گیا اور اسکے لیے کچھ مہر بھی معین نہین کیا تھا پس اس واقعہ کے جواب کے واسطے یہ پوچھنے والے ابن مسعود کے پاس ایک مہینہ تک متواتر آئے آخر انھون نے فرمایا کہ اسمین مین اپنی رائے یعنے اجتہاد سے کہتا ہون پس اگر ٹھیک ہوگا تو اللہ تعالے کی طرف سے ہی اور اگر چوک ہوئی تو میری طرف اور شیطان کی طرف سے ہی اور اللہ و اسکا رسول دونون اس سے بری ہین پس کہا کہ اس عورت کے واسطے اسکا پورا مہر واجب ہی اور ایک روایت مین اسکو اسکا مہر مثل چاہیے بدون کمی زیادتی کے اور اس عورت پر عدت لازم ہی اور اسکو میراث پہونچتی ہی پس معقل بن یسار اشجعی کھڑے ہوے اور کہا کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ نے بروع بنت واشق کے حق مین یہی فیصلہ فرمایا تھا پس عبد اللہ بن مسعود اسکو سنکر نہایت ہی خوش ہوے اور ایک روایت مین ہی کہ قبیلہ اشجع مین سے چند مرد کھڑے ہوے اور انھون نے کہا کہ ہم گواہی دیتے ہین کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بروع بنت واشق کے حق مین یہی فیصلہ فرمایا تھا اس حدیث کو امام احمد و اہل سنن نے روایت کیا اور ترمذی نے کہا کہ حدیث صحیح ہی پس اس سے ثابت ہوا کہ غیر مدخولہ پر بھی عدت واجب ہی اور اس سے کوئی عورت خارج نہین مگر وہ عورت کہ حاملہ ہو کیونکہ اسکی عدت بوضع حمل ہی اگر چہ شوہر کی وفات کے بعد بہت ہی جلد حتی کہ ایک ساعت بعد وضع حمل کرے کیونکہ سورۂ طلاق مین عموماً اللہ تعالے نے حکم دیا ہی کہ اولات الاحمال اجلھن ان یضعن حملھن - یعنے حمل والیون کی عدت یہ ہی کہ وضع حمل کرین - حضرت عمر رضی نے کہا کہ اگر اسکا شوہر ہنوز تختہ پر نہلایا جاتا ہو تو وضع حمل سے حلال ہو جائیگی اور ابن عباس کی رائے تھی کہ ایسی عورت پر واجب ہی کہ ہر دو مدت مین سے جو دراز ہو اسکے ساتھ عدت کرے یعنے اگر شوہر مرا پس اگر وضع حمل چار مہینہ دس روز سے پہلے ہوا تو چار مہینہ دس روز پورے کرے اور اگر بعد کو ہوا تو وضع حمل اسکی عدت ہی تاکہ دونون آیتون مین اجتماع ہو جاوے **قال ابن کثیر** یہ اجتہاد متروک ہوا کیونکہ سبیعہ اسلمیہ کے قصہ مین سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم قطعی موجود ہی یعنے صحیحین و غیرہ مین کئی وجہ سے روایت ہی کہ سبیعہ اسلمیہ کا شوہر سعد بن خولہ اسکو حاملہ چھوڑ کر مر گیا پھر دیر نہ گذری کہ اسکی وفات کے بعد سبیعہ اسلمیہ نے وضع حمل کیا اور ایک روایت مین ہی کہ اسکی وفات کی چند ہی راتون بعد وضع حمل کیا پھر جب اپنے نفاس سے پاک ہوئی تو اپنے سنگنی چاہنے والون کے لیے اپنے آپ کو آراستہ کیا پس ابو السنابل بن بعکک اسکے پاس آئے اور کہا کہ مین تجھے دیکھتا ہون کہ تو اپنی آرائش کرتی ہی شاید تو چاہتی ہی کہ مین نکاح کرلون گی مگر واللہ تو نکاح کرنے والی نہین یہانتک کہ تجھپر چار مہینہ دس روز گذر جاوین سبیعہ کہتی ہین کہ جب ابو السنابل نے مجھسے یون کہا تو جب شام ہوئی تو مین اوڑھ لپیٹ کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حضور مین آئی پس مین نے آنحضرت صلعم سے دریافت کیا تو آپ نے مجھے فتوی دیا کہ مین نے جب وضع حمل کیا تھا تب ہی سے حلال ہو گئی ہون اور مجھے آپنے حکم دیا کہ اگر مجھے مصلحت معلوم ہو تو مین نکاح کرلون - شیخ عبد البر نے ذکر کیا کہ حضرت ابن عباس پر جب حدیث سبیعہ سے حجت پیش کی گئی تو انھون نے اسیطرف رجوع کر لیا تھا اور کہا کہ انکا رجوع کرنا

اس دلیل سے بھی صحیح معلوم ہوتا ہے کہ انکے شاگردوں نے بھی موافق حدیث سبیعہ کے فتوی دیا ہے جیسا کہ تمام اہل علم کا قول ہے **قال ابن کثیر** اور نیز اس حکم میں سے ایسی زوجہ بھی مستثنی ہے جو کسی غیر کی باندی ہو کیونکہ باندی کی عدت دو مہینہ پانچ راتیں یعنے آزادی عورت کی عدت سے آدھی ہے اور یہی جمہور علماء کا قول ہے اور بعضے علماء جیسے محمد بن سیرین و بعضے ظاہریہ اس مقام پر زوجات آزادہ و باندیوں میں فرق نہیں کرتے دونوں کی عدت برابر کہتے ہیں اس دلیل سے کہ آیت کریمہ عام ہے اور نیز عدت از باب امور جبلیہ ہے جسمیں پیدائشی حالت یکساں ہے سعید بن المسیب و ابو العالیہ وغیرہ نے ذکر کیا ہے کہ وفات کی عدت چار مہینہ دس رات مقرر ہوتی ہیں یہ حکمت ہے کہ شاید رحم میں حمل ہو تو اسقدر مدت کی انتظار میں حال کھل جائیگا جیسا کہ ابن مسعود کی حدیث میں جو صحیحین وغیرہ میں ہے بیان ہے کہ تم میں سے ہر آدمی کی خلقت اسکے ماں کی پیٹ میں چالیس روز مجموع ہو کر نطفہ ہوتی ہے پھر اسیقدر مدت میں علقہ ہوتی ہے پھر اسیقدر مدت میں مضغہ ہوتی ہے پھر اللہ تعالے اسکی طرف ایک فرشتہ بھیجتا ہے کہ اسمیں روح پھونکتا ہے پس ان تین چلوں کے چار مہینہ ہوے اور اسکے بعد کے دس راتوں میں احتیاط ہے کیونکہ بعضے مہینوں میں کمی ہوتی ہے اور نیز روح آجانے کے بعد اسکی حرکت سے صاف حال کھل جاوے کیونکہ حرکت اسکے بعد ظاہر ہوگی قتادہ نے سعید بن المسیب سے روایت کی کہ میں نے پوچھا کہ دس راتوں کے زیادہ ہونے میں کیا حکمت ہے تو کہا اسمیں روح پھونکی جاتی ہے اور ربیع بن انس نے ابو العالیہ سے کہا کہ چار مہینوں کے ساتھ دس راتیں کیوں ہوئیں تو کہا کہ اسلیئے کہ اسمیں روح پھونکی جاتی ہے **وراہما** ابن جریر اور یہیں سے امام احمد سے ایک روایت میں آیا ہے کہ وفات کی صورت میں ام ولد کی عدت مثل آزادہ منکوحہ کے ہے کیونکہ وہ بھی مثل آزادہ عورتوں کے فراش ہوئی ہے اور اس وجہ سے کہ امام احمد نے روایت کی کہ عمرو بن العاص نے کہا کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو ہمپر متلبس نہ کرو ام ولد کا مالک جب مر جاوے تو اسکی عدت چار مہینہ دس روز ہے رواہ ابو داؤد و ابن ماجہ بوجہ آخر ایضا و امام احمد سے مروی ہے کہ انھوں نے اس حدیث سے انکار کیا اور اسمیں علت یہ بیان کی گئی کہ قبیصہ بن ذویب نے عمرو بن العاص سے سنا نہیں ہے **قال المترجم** ولیکن حاکم نے اسکو روایت کر کے صحیح کہا ہے اور دار قطنی نے کہا کہ صواب یہ ہے کہ یہ موقوف ہے یعنے خود عمرو بن العاص کا قول ہے **مترجم** کہتا ہے کہ شاید امام احمد نے حدیث کے مرفوع ہونے سے انکار کیا ہو لیکن جب نص ہو تو قول صحابی کو وہ بھی حجت مانتے ہیں پس حجت میں اصحابی کالنجوم ہے **قال ابن کثیر** اور سلف میں سے ایک گروہ خرد جنمیں سعید بن المسیب و مجاہد و سعید بن جبیر و حسن و ابن سیرین و ابو عیاض و زہری و عمر بن عبد العزیز بھی ہیں اسی طرف گئے ہیں اور یہی قول اوزاعی و اسحق بن راہویہ کا اور ایک روایت امام احمد سے ہے اور طاؤس و قتادہ نے کہا کہ ام ولد کا مالک جب مر جاوے تو اسکی عدت دو مہینہ پانچ راتیں یعنے آزادہ منکوحہ کی عدت سے نصف ہے اور امام ابو حنیفہ و انکے اصحاب و ثوری و حسن بن صالح نے کہا کہ وہ تین حیض ہے اپنی عدت پوری کریگی اور یہ قول حضرت علی کرم اللہ وجہہ و ابن مسعود و عطاء و ابراہیم نخعی کا ہے و امام مالک و شافعی و مشہور قول امام احمد میں اسکی عدت ایک حیض ہے اور یہ قول ابن عمر و شعبی و مکحول و لیث و ابو عبید و ابو ثور کا ہے اور مالک نے کہا کہ اگر اسکی حالت یہ ہو کہ اسکو حیض نہ ہوتا ہو تو اسکی عدت تین مہینہ ہے اور شافعی نے کہا کہ جمہور کے نزدیک ایک مہینہ ہے ولیکن تین مہینہ کے عدت کا قول میرے نزدیک زیادہ پسند ہے **قال المترجم** اور شاید یہ اختلاف ام ولد کے حق میں ہے یعنے ایسی باندی کے حق میں ہے جو اپنے مالک کے تحت تصرف میں ہو اور اس سے جنی ہو ورنہ ابن العربی رحمہ اللہ نے نقل کیا کہ میرا اجماع ہے کہ باندی کی عدت آزادہ منکوحہ کی عدت سے نصف ہے سوائے قول اصم کے اور **باجی** نے کہا کہ میں نہیں جانتا کہ اسمیں کسی نے خلاف کیا ہو سوائے قول ابن سیرین کے کہ وہ باندی و آزادی کی عدت برابر کہتے ہیں مگر یہ قول اُنسے صحیح روایت سے ثابت نہیں ہوتا ہے **قال المترجم** اور یہ جو توجیہ بیان کی گئی کہ اس عدت میں باندی و آزادی کے درمیان مساوات کی وجہ یہ ہے کہ اگر حمل ہو تو اس مدت میں ظاہر ہو جاوے اور یا مر جبلی خلقی ہے اسمیں آزادی و باندی دونوں یکساں ہیں تو میرے نزدیک یہ توجیہ محل تامل ہے اسواسطے کہ اگر یہی بات ہوتی تو ضرور تھا کہ جو عورت

لہ اصولہ باندی جو اپنے مالک کے تحت تصرف ہو الخ

غیر مدخولہ ہو اسکی عدت کچھ نہوتی جیسے طلاق کی صورت مین نہین ہوتی ہو حالانکہ حدیث صحیح ابن مسعود مین جو اوپر گذری ہو غیر مدخولہ کے واسطے عدت وفات چار مہینہ دس رات متعین ہوئی ہو پس کیونکر قیاس نہ کو معتمد ہوگا پھر رہی ام ولد کی عدت تو جمہور متاخرین کے قول و قیاس سے اعلیٰ و اولیٰ یہ ہی جو حضرت علی کرم اللہ وجہہ و ابن مسعود سے مروی ہو کہ اسکی عدت تین حیض ہی کیونکہ تجھے کافی نہین حالانکہ قدر حضرت امیر المؤمنین علی کرم اللہ وجہہ اور انھین حضرت کی اتباع کی ہی ابو حنیفہ رحمہ نے پس معتمد قول اسمین یہی قول ہوا اور یہی ہمارے نزدیک مذہب ہی۔ فَإِذَا بَلَغْنَ أَجَلَهُنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا فَعَلْنَ فِي أَنْفُسِهِنَّ بِالْمَعْرُوفِ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ۔ پھر جب عورتین اپنی میعاد کو پہنچ جاوین تو جو کچھ اپنی جانون کے بارہ مین امر معروف شرعی سے کرین اسمین تمپر کچھ گناہ نہین ہی اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالےٰ خوب خبردار ہی ف یہان بلوغ اجل سے مراد انقضاء عدت ہی بلا خلاف اور فلا جناح علیکم مین خطاب عورت کے اولیاء کو ہی یا تمام مسلمانون کو ہی اسواسطے کہ امر منکر پر روکنا عامۂ مسلمانون پر واجب ہی اور بالمعروف سے مراد یہ ہی کہ خلاف شرع کوئی زینت وغیرہ حرکت نہ کرین اور اولیٰ یہ ہی کہ شرع و دستور نیک سے خلاف نہو وقال ابن کثیر فی التفسیر اس آیہ سے مستفاد ہوتا ہی کہ جس عورت کو اسکا شوہر چھوڑ دے اسپر حداد یعنے سوگ کرنا واجب ہی اور حداد عبارت ہی آرائش ترک کرنے اور نیز زیور و لباس وغیرہ جو شوہرون کے واسطے ہوتا ہی اسکو ترک کرنے سے کیونکہ صحیحین مین حضرت ام المؤمنین ام حبیبہ اور زینب بنت جحش سے ثابت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حلال نہین کسی عورت کو جو ایمان رکھتی ہو اللہ تعالےٰ اور روز قیامت پر یہ بات کہ حداد کرے کسی مردے پر تین روز سے زیادہ۔ مگر اپنے شوہر پر کہ چار مہینہ دس رات حداد کرے۔ اور نیز صحیحین مین ام سلمہ سے روایت ہی کہ ایک عورت نے کہا کہ یا رسول اللہ میری بیٹی کا شوہر مر گیا اور اسکی آنکھون مین بیماری ہی کھلا مین اسکے سر مہ لگا دون تو فرمایا کہ نہین پس اسنے دو یا تین بار پوچھا ہر بار آپ نے فرمایا کہ نہین پھر فرمایا کہ یہ تو چار مہینہ دس دن رات ہی ہین اور حال یہ ہو کہ زمانہ جاہلیت مین ایک تم مین کی ایک سال تک مینگنی پھینکتی رہتی تھی۔ پھر زینب بنت ام سلمہ نے فرمایا کہ جاہلیت مین یہ دستور تھا کہ جب کسی عورت کا خاوند مر جاتا تو وہ ایک جھونپڑی مین بیٹھتی اور بہت خراب کپڑے پہنتی اور کوئی خوشبو نہین چھوتی تھی اور نہ کوئی اور چیز یہانتک کہ اسپر ایک سال گذرتا پھر وہ اسمین سے نکلتی پس اسکو مینگنیان دی جاتی تھین پس وہ انکو توڑ کر پھینکتی پھر اسکو جانور یا بکری یا پرندہ وغیرہ ملتا پس اس سے انقضاض کرتی پس جس سے وہ انقضاض کرتی اکثر وہ مرجاتا تھا قال ابن کثیر اور یہین سے اکثر علماء سلف اسطرف گئے ہین کہ یہ آیت ناسخ ہی اپنے مابعد والی آیت یعنے قولہ والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا وصیۃ لازواجہم متاعا الی الحول غیر اخراج الآیۃ۔ جیسا کہ ابن عباس وغیرہ نے کہا ہی قال ابن کثیر بالجملہ عدت وفات مین حداد کرنا یعنے زینت وغیرہ ترک کرنا واجب ہی اور اسمین بھی ایک قول بالاتفاق ہی اور طلاق رجعیہ مین حداد واجب نہونا ایک قول اتفاقی ہی تاکہ مطلقہ رجعیہ کی زینت سے شوہر اسکی طرف رجوع کرے اور رہا یہ کہ طلاق بائن کی عدت مین حداد واجب ہی یا نہین سو اسمین دو قول ہین۔ پھر جاننا چاہیے کہ عدت وفات مین ہر قسم کی زوجہ پر حداد واجب ہی خواہ وہ صغیرہ ہو یا آئسہ ہو خواہ آزاد ہو یا باندی ہو خواہ مسلمہ ہو یا کافرہ ہو مثلاً یہودیہ یا نصرانیہ کسی مسلمان کے تحت مین ہو کیونکہ آیت عام ہی اور امام ابو حنیفہ و انکے اصحاب و ثوری کے نزدیک کافرہ عورت پر حداد نہین ہی اور یہی قول امام مالک کے شاگردون مین سے اشہب اور ابن نافع کا ہی اور حجت انکی قولہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کہ آپ نے فرمایا کہ حلال نہین ایسی عورت کو جو ایمان رکھتی ہو اللہ تعالےٰ اور روز قیامت پر کہ حداد کرے کسی میت پر تین روز سے زائد مگر اپنے شوہر پر چار مہینہ دس رات۔ رواہ الشیخان۔ پس ان علماء نے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو امر تعبدی قرار دیا ہی اور امور تعبدی مین کافرہ کو نصیب نہین ہی پھر امام ابو حنیفہ و انکے اصحاب و ثوری نے صغیرہ مسلمہ کو بھی اسکے ساتھ لاحق کیا یا بین معنے کہ وہ بسبب صغیرہ ہونے کے مکلف نہین ہی اور نیز ابو حنیفہ و انکے اصحاب نے مسلمان باندی کو بھی اسکے ساتھ لاحق کیا کیونکہ اسکی لیاقت مین نقصان ہی والکلام فی الفقہ

قولہ فلا جناح علیکم فیما فعلن فی انفسھن بالمعروف۔ ابن جریج نے مجاہد سے روایت کی ای نکاح حلال طیب۔ حاصل یہ ہوا کہ بعد انقضاے عدت کے اگر عورت بطور معروف نکاح حلال طیب کرلے تو تم لوگوں پر کچھ گناہ نہیں ہے تم مت کو۔ اور حسنؒ و زہری و سدی سے بھی اسکے مانند تفسیر مروی ہے قال المترجم ائمہ حنفیہ نے اسی آیت سے بدون ولی کے عورت کے خود نکاح کر لینے کو جائز کہا ہے کیونکہ اللہ تعالےٰ نے صریح فعل کی نسبت عورتوں کی طرف کی ہے یعنے اپنے واسطے وہ نکاح کرلیں اور ایسے ہی حق تنکح زوجا غیرہ میں بھی نکاح کر لینے کی نسبت عورت کی طرف کی اور ایسے ہی قولہ فلا تعضلوھن ان ینکحن ازواجھن میں نکاح کر لینے کی نسبت عورتوں کی طرف کی ہے اور جو لوگ اسطرف گئے ہیں کہ بدون ولی کے نکاح نہیں جائز ہے وہ اسکا یہ جواب دیتے ہیں کہ فلا جناح علیکم میں خطاب اولیاء کو ہے پس اگر بدون ولی کے نکاح جائز ہوتا تو وہ مخاطب ہوتا اقول یہ جواب کچھ نہیں ہے اسواسطے کہ اس قضیہ کی ملازمت ممنوع ہے کیونکہ اسمیں کوئی لزوم نہیں کہ اگر ولی کے بغیر نکاح روا ہوتا تو وہ مخاطب کیوں ہوتا اسواسطے کہ روا ہے کہ خطاب کی وجہیں ہوں بلکہ یہی ٹھیک ہے کہ اور وجہ سے ولی کو خطاب کیا اور وہ وجہ یہ ہے کہ اسکی تزئین و آرائش کو اور خطبہ کرنے والوں کے واسطے متعرض ہونے کو بسا اوقات ولی مانع ہوتا ہے لہذا ولی کو خطاب کیا کہ اپنے ہم کفو سے جبکہ وہ ایسا کریں تو تم مانع مت ہو اور ائمہ حنفیہ اس امر کا انکار نہیں کرتے ہیں کہ ولی کو اپنے حق کی حفاظت اور عورت کے بہتری کے خیال سے حق ہے پس ان حقوق کے واسطے ولی کی ولایت لینا اور نفس نکاح کے جواز میں عورت کا خود مستقل ہونا ایسا قول ہے کہ آیات و احادیث میں اس سے پوری توفیق حاصل ہو جاتی ہے بدون اسکے کہ آیت کی تخصیص اور معنے کا تغیر لازم آوے فافہم منجملہ بیان احکام عدت کے غیر کی طرف سے منگنی و غیر کی تشریح و تعریض ہے بقولہ تعالےٰ

وَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُمْ بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ أَوْ أَكْنَنْتُمْ فِي أَنْفُسِكُمْ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ

اور گناہ نہیں تم پر جو پردے میں کہو پیغام نکاح کا عورت کو یا چھپا رکھو اپنے دل میں معلوم ہے اللہ کو کہ تم

سَتَذْكُرُونَهُنَّ وَلَٰكِن لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا إِلَّا أَن تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۚ وَلَا تَعْزِمُوا

البتہ انکا دھیان کرو گے لیکن وعدہ نہ کرو انسے چھپ کر مگر یہی کہ کہہ دو ایک بات جسکا رواج ہے اور نہ باندھو

عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتَّىٰ يَبْلُغَ الْكِتَابُ أَجَلَهُ ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي أَنفُسِكُمْ فَاحْذَرُوهُ ۚ

گرہ نکاح کی جب تک پہونچ چکے حکم اللہ کا اپنی مدت کو اور جان رکھو کہ اللہ کو معلوم ہے جو تمہارے دل میں ہے سو اس سے ڈرتے

وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ غَفُورٌ حَّلِيمٌ ﴿٢٣٥﴾

رہو اور جان رکھو کہ اللہ بخشنے والا تحمل والا ہے

لَّا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيمَا عَرَّضْتُم بِهِ مِنْ خِطْبَةِ النِّسَاءِ۔ تم پر کچھ گناہ نہیں جو عورتوں کی منگنی میں تم تعریض کرو پردہ کے ساتھ ٹپکتی ہوئی خواہش منگنی ظاہر کرو۔ یعنے ان عورتوں سے جنکے شوہر انکو چھوڑ مرے ہیں زمانہ عدت میں جیسے مثلاً کہو کہ تم تو خوبصورت عورت ہو اور تم سی عورت ملنی کسکو ہے اور تمہاری طرف تو رغبت کرنے والے بہت ہیں۔ أَوْ أَكْنَنتُمْ۔ یا تم چھپا رکھو۔ فِي أَنفُسِكُمْ اپنے دلوں میں ف انکے قصد نکاح سے تو بھی گناہ نہیں۔ عَلِمَ اللَّهُ أَنَّكُمْ سَتَذْكُرُونَهُنَّ۔ اللہ تعالےٰ تو جانتا ہے کہ تم عنقریب انکو ذکر کرو گے ف یعنے انکے ساتھ منگنی کا ذکر کرو گے اور انسے صبر نہ کرو گے پس تمہارے لیے تعریض مباح کردی ہے۔ وَلَٰكِن لَّا تُوَاعِدُوهُنَّ سِرًّا۔ ولیکن تم ان عورتوں سے خفیہ وعدہ مت ٹھہراؤ ف یعنے وعدہ نکاح یا وعدہ جماع کہ یہ گناہ ہے۔ إِلَّا أَن تَقُولُوا قَوْلًا مَّعْرُوفًا۔ لیکن یہ کہ تم قول معروف کہو ف جو تکو شرع میں مباح کیا ہے اور وہ یہی تعریض مذکور ہے

جائز ہو۔ وَلَا تَعْزِمُوْا عُقْدَةَ النِّكَاحِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتٰبُ اَجَلَهٗ ۔ اور مت عزم کرو عقد نکاح کو یہانتک کہ کتاب اپنی میعاد کو پہونچ جاوے ۔ ف یعنے لکھی ہوئی عدت پوری ہو جاوے تب اسکے بعد البتہ عقد نکاح کو مضبوط کرو ۔ اور قبل عدت کے عزم مت کرو اور یہ وہم شیطانی نہ آوے کہ یہ امر مخفی ہو ۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ فَاحْذَرُوْهُ ۔ اور یقین رکھو کہ جو تمہارے دلوں میں ہو اللہ تعالے جانتا ہو پس اس سے ڈرتے و بچتے رہو ف کہ ایسا نہو کہ عذاب کرے ۔ اور تاخیر عذاب میں بھی دلیری مت کرو ۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۔ اور یقین جان لو کہ اللہ تعالے غفور حلیم ہو ف وہ حلم سے تاخیر فرماتا ہو ۔ صحیح یہ ہو کہ حناح لفظ عربی فصیح ہو اور معنے اسکے گناہ ہیں اور کبھی بمعنے تنگی بھی مستعمل ہوتا ہو اور عرضتم اشارہ ہیں ہو جو ضد تصریح ہو بعض نے کہا کہ ماخوذ ہو از عرضت الرجل ۔ اسی یعنی اسکو ہدیہ دیا چنانچہ حدیث میں ہو کہ ان رجلا کان من المسلمین عرضوار سول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وابا بکر ثیابا بیضا ۔ ای چند سواران مسلمین نے رسول اللہ صلعم و ابوبکر کو سپید کپڑے ہدیہ دیے پس تعریض کرنے والا بھی دوسرے کو ایسا کلام دیتا ہو جس سے وہ اسکی مراد سمجھ جاتا ہو از خطبہ کے معنے منگنی کرنا ۔ اور آیۃ کے معنے یہ ہیں کہ جن عورتوں کے شوہر مر گئے ہیں اگر تم انکی عدت کے درمیان میں ایسے صریح منگنی کو نہ کہو بلکہ تعریض کرو تو تم پر گناہ نہیں ہو اور ابن عباس سے تعریض کی صورت یوں مروی ہو کہ اس معتدہ عورت سے یوں کہے کہ میں بھی نکاح کرنیکا ارادہ رکھتا ہوں ۔ یعنے یوں نہ کہے کہ میں تجھسے نکاح کرنا چاہتا ہوں بلکہ محض اپنا ارادہ بیان کرے یا یوں کہے کہ اللہ تعالے سے امیدوار ہوں کہ مجھے کوئی نیک بخت عورت دیدے یا کہے کہ مجھے بھی جورو کی حاجت ہو تفسیر ابن کثیر میں ہو کہ امامیوں کے نزدیک اتفاق ہو کہ جو عورت اپنے شوہر کے وفات کی عدت میں ہو اسکے تعریض کرنا بدون تصریح خطبہ کے روا ہو اور یہی حکم اس عورت کا ہو جو تین طلاق کی عدت میں ہو اور رہی وہ عورت جو تین طلاق سے کم مطلقہ ہو اور عدت میں ہو تو اختلاف نہیں کہ اس سے اسکے شوہر طلاق دہندہ کے سوائے دوسرے کو تعریض و تصریح حرام ہو ۔ قولہ اواکننتم ۔ اکنان بمعنے چھپا رکھنا اور خفیہ کرنا اسکی صورت یہ ہو کہ عورت کے وہاں جاوے اور اسکو سلام کرے مگر اور کچھ کلام تعریض بولے ہاں ہدیہ چاہے بھیجدے ۔ قولہ ولکن لاتواعدوھن سرا ۔ علما نے لفظ سر کے معنے میں اختلاف کیا ہو شیخ ابن کثیر نے کہا کہ ابو مجاز و ابو الشعثاء یعنے جابر بن زید و حسن بصری و ابراہیم نخعی و قتادہ و ضحاک و ربیع بن انس و سلیمان تیمی و مقاتل بن حیان و سدی رحمہم اللہ نے کہا کہ مراد زنا ہو اسیکو ابن جریر رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہو ۔ قول یعنے عدت میں اسسے زنا کا پھر اسکے بعد نکاح کا باہم وعدہ نہو کذا قیل پھر ابن کثیر نے کہا کہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ قولہ لاتواعدوھن سرا یعنے اس سے مت کہہ کہ میں عاشق زار اور مجھسے عہد کر کہ میرے سوائے دوسرے سے نکاح نہ کریگی اور مانند اسکے اور الفاظ واہیہ مت کہہ ۔ اور ایسا ہی سعید بن جبیر و شعبی و عکرمہ و ابو الضحی و ضحاک و زہری و مجاہد و ثوری سے روایت ہو کہ مراد یہ ہو کہ اس عورت سے یہ عہد پیمان نہ لیوے کہ اسکے سوائے اور کسی سے نکاح نہ کریگی اقول جمہور علما اسیطرف گئے ہیں کہ آیت کے یہی معنے ہیں قال ابن کثیر اور ابن زید نے کہا کہ سر سے یہ مراد ہو کہ عدت میں عورت سے خفیہ نکاح کرے پھر جب وہ عدت سے حلال ہو تو اسکو ظاہر کرے شیخ ابن کثیر نے کہا کہ احتمال ہو کہ آیت کریمہ ان سب معنے کو شامل ہو یعنے ان سب سے ممانعت ہو اور بعض نے ذکر کیا کہ سر بمعنے جماع ہو ای انکی رغبت دلانے کے لیے اپنے آپ تعریف نہ کرو کہ زیادہ جماع کرنے والے ہیں اور شافعی رحمہ اللہ نے یہی معنے لیے ہیں ۔ قولہ الا ان تقولوا قولا معروفا ۔ یعنے وہی تعریض جو اوپر مباح فرمائی ہو جیسے کہے کہ تیری طرف رغبت کرنے والے بہت ہیں اور یہی قول ابن عباس و مجاہد و سعید بن جبیر و سدی و ثوری و ابن زید سے مروی ہو اور ابن سیرین نے کہا کہ میں نے عبیدہ سے کہا کہ اسکے کیا معنے ہیں تو فرمایا کہ اس عورت کے ولی سے کہے کہ تو اسکا نکاح نہ کر دینا یہانتک کہ مجھے آگاہ کر دیا ۔ رواہ ابن ابی حاتم علما نے اجماع کیا ہو کہ عدت کے اندر نکاح صحیح نہیں ہو اور جسنے عدت میں نکاح کیا انمیں تفریق کر دی جائیگی یعنے دونوں جدا کر دیے جاوینگے

پھر بعد کو اگر نکاح کریں تو جمہور کے نزدیک درست ہی اور مالک رح کے نزدیک انکا جرم ہی کہ ہمیشہ کے واسطے جمع نہیں ہو سکتے ہیں اور قول جمہور اظہر ہی واللہ اعلم۔ قولہ واعلموا ان اللہ یعلم ما فی انفسکم۔ یعنے جو تمہارے دلون مین ہی اسکو جانتا ہی پس عورتون کی باتون مین سے جیسا کہ کچھ تم اپنے دل مین رکھوگے وہ اللہ تعالے کو معلوم ہی پس چاہیے کہ بھلائی کو دل مین رکھو برائی کو مت رکھو ورنہ مستحق عذاب ہوگے۔

**لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً وَمَتِّعُوهُنَّ**

گناہ نہین تمپر اگر طلاق دو تم عورتون کو جب تک کہ نہین ہاتھ لگایا تمنے انکو یا نہین مقرر کیا تمنے انکے واسطے حق اور انکو خرچ دو

**عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ**

وسعت والے پر اسکے موافق ہی اور تنگی والے پر اسکے موافق ہی جو خرچ دستور ہی لازم ہی نیکوکارون پر

**لَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ** تمپر کچھ گناہ نہین۔ **إِنْ طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ** اگر تم عورتون منکوحہ کو طلاق دو۔ **مَا لَمْ تَمَسُّوهُنَّ** جب تک تمنے انکو مس نہین کیا۔ **ف** یعنے بغیر مس کے طلاق دو تو گناہ نہین ہی۔ اور حمزہ و کسائی کی قرارت مین مالم تماسوہن جب تک تمنے انسے جماع نکیا ہو ظاہر یہ کہ عورت کو قبل جماع طلاق دینے مین گناہ نہین۔ **أَوْ تَفْرِضُوا لَهُنَّ فَرِيضَةً** یا جب تک مہر کچھ فرض نہین کیا ہی **ف** یعنے اسمین بھی گناہ نہین کہ تمنے بدون مہر مقرر کرنے کے نکاح کیا پھر طلاق دیدی تو اس عورت مین عورت کے واسطے مہر نہوگا مگر متعہ واجب ہی تو نصف مہر مثل سے زائد ضرور نہوگا لہذا فرمایا۔ **وَمَتِّعُوهُنَّ** اور ایسی عورتون کو متعہ دیدو **ف** یعنے ایسی چیز جس سے وہ تمتع اوٹھاوین چنانچہ آنحضرت صلعم نے ایک عورت کو قبل مساس کے طلاق دیدی تھی تو حکم دیا کہ اسکو رازقیہ کپڑون کا ایک جوڑا دیدو۔ رواہ احمد وغیرہ پس اس صورت مین متعہ واجب ہی **عَلَى الْمُوسِعِ قَدَرُهُ وَعَلَى الْمُقْتِرِ قَدَرُهُ** وسعت والے پر اسکی قدر ہی اور تنگدست پر اسکی قدر ہی **ف** ظاہر آیت سے یہی معلوم ہوتا ہی کہ متعہ کی مقدار مین مرد کی حالت دیکھی جائیگی اور بعض متاخرین مشائخ نے عورت کا بھی لحاظ کیا اور تمام بحث مترجم کی عین الہدایہ مین ہی **مَتَاعًا بِالْمَعْرُوفِ** متاع دو بطور معروف متاع دینا۔ **حَقًّا عَلَى الْمُحْسِنِينَ** یہ حق ثابت کردیا محسنین پر **ف** جسمے طور سے اللہ تعالے واسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لائے ہین تو ضرور اسکی اتباع کرکے حق ادا کرینگے۔ اس آیہ کریمہ مین اللہ تعالی نے جناح کے نفی کی حالانکہ طلاق دینے مین کوئی گناہ نہین ہی اگرچہ یہ مباح اللہ تعالے کے نزدیک ناگوار مباحات مین سے ہی اسیواسطے علمانے کہا کہ مراد یہان ایسا حق نہین جسکی وجہ سے آدمی کا دامن پکڑا جاوے لہذا بیضاوی وغیرہ نے کہا ای لا تبعۃ علیکم۔ اور یہ ماخوذ ہی تبعت الرجل بخفی۔ ای مین نے فلان شخص کا پیچھا پکڑا اپنے حق کے واسطے پس مراد یہ ہوئی کہ کچھ لازم نہین آتا ہی تمپر ایسی حالت مین طلاق دینے سے اگر کہا جاوے کہ متعہ اکثر کے نزدیک واجب آتا ہی پس اس طلاق سے متعہ واجب ہوا تو جواب یہ ہی کہ نکاح پر طلاق دینے سے اسکا وجوب نہین ہوا بلکہ اللہ عزوجل نے اسکو مستقل واجب فرمایا ہی اور مالم تمسوہن مین ما مصدریہ ظرفیہ ہونا مفسر نے اختیار کیا اور بعض نے کہا کہ شرطیہ ہی ای ان لم تمسوہن۔ ولیکن اول اوجہ ہی اور معنے مدۃ عدم المسیس ہین اور مس و مسیس بمعنے چھونا اور یہان کنایہ جماع سے ہی چنانچہ ابن عباس و طاؤس و ابراہیم و حسن بصری نے کہا کہ مس بمعنے نکاح یعنے جماع ہی۔ اور قولہ او تفرضوا لہن فریضۃ بیضاوی نے کہا کہ فرض بمعنے تسمیہ مہر ہی ای مہر کو متعین کرکے بیان کردینا پس عدم فرض کے یہ معنے ہوے کہ مہر بیان نہین ہوا۔ پھر جاننا چاہیے کہ مطلقات چار قسم کے ہین اول آنکہ مدخولہ مفروضۃ المہر کو طلاق دی گئی یعنے اسکا مہر بیان ہوگیا اور اسکے ساتھ دخول بھی واقع ہوگیا پھر اسکو طلاق دی گئی تو ایسی مطلقہ کو اسکا پورا مہر واجب ہی اور اگر مہر ادا ہو چکا ہی تو شوہرون کو ممانعت ہی کہ اسمین سے کچھ واپس نہین لے سکتے ہین دوم وہ کہ جو مدخولہ ہی مگر اسکا مہر بیان نہین ہوا ہی تو اسمین اسپر عدت واجب اور مہر مثل دینا پڑیگا اور آگے آویگا فی قولہ

فما استمتعتم بہ منھن فاٰتوھن اجورھن۔ اور سوم وہ کہ مدخولہ نہیں ہے مگر عقد نکاح میں اسکا مہر بیان ہوگیا ہے تو اسپر عدت نہیں مگر نصف مہر دینا پڑیگا اور اسکا بیان اگلی آیت میں آتا ہے چہارم وہ کہ نہ مدخولہ ہو اور نہ اسکا مہر بیان ہوا ہے پس یہی اس آیۃ کریمہ میں مذکور ہے پس اسپر عدت واجب نہیں ہے اور نہ اسکے واسطے کچھ مہر ہے پس ایسی حالت میں اسکو طلاق دینا روا ہے اگرچہ اسمیں اسکی دل شکنی ہے بسبب اللہ تعالےٰ نے اسکے لیے امتاع کا حکم دیا یعنے مشوہر اسکو اپنی حالت کے لائق کچھ دیوے یعنے اگر تونگر ہے تو اپنی تونگری کے لائق اور اگر فقیر ہے یعنے اتنی لیاقت رکھتا ہے کہ نکاح کرے اور اسکا مہر و نفقہ دے مگر زیادہ وسعت والا نہیں ہے تو وہ اپنی لیاقت کے موافق دیوے اور عکرمہ رح نے ابن عباس سے روایت کی کہ متعۂ طلاق میں اعلیٰ تو خادم ہے یعنے کوئی باندی یا غلام دیوے اور اوسط درجہ یہ ہے کہ روپیہ دیوے اور ادنیٰ یہ ہے کہ کپڑے دیوے اور علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ اگر خوشحال تونگر ہے تو اسکو خادم یا اسکے مانند دیوے اور اگر تنگدست ہے تو تین کپڑے دیوے اور شعبی رح نے کہا کہ اوسط درجہ اسکا کرتا اور اوڑھنی اور پائجامہ چادر ہے اور روایت ہے کہ حضرت حسن بن علی علیہم السلام نے دس ہزار درم دیے اور عورت نے کہا کہ ع متاع قلیل من حبیب مفارق ۔ یعنے محبوب جدا کرنیوالے کے عوض یہ متاع قلیل ہے۔ اور امام ابوحنیفہ کا قول وہ ہے جو ابن عباس سے ادنیٰ درجہ مذکور ہوا اور اسکو شعبی رح نے اوسط درجہ قرار دیا اور نیز ابوحنیفہ رح نے کہا کہ اگر جورو اور مرد میں متعہ کی بابت تنازع ہو تو مرد پر اس عورت کے مثل عورتوں کا جو مہر ہے اسکا نصف واجب ہوگا اور وجہ اس قول کی ظاہر ہے کہ اگر اسکا مہر مسمی ہوگیا ہوتا تو اسکے لیے نصف مہر واجب ہوتا پس درصورتیکہ دونوں میں اختلاف ہوا اور مرد کی حالت ظاہر نہیں ہوتی ہے تو نصف مہر المثل کا حکم دیا جائیگا اور یہ ماخذ حنفیہ ہوا اور شافعی کا جدید قول یہ ہے کہ مشوہر پر کسی مقدار معلوم کے واسطے جبر نہیں کیا جائیگا مگر اسیقدر پر جسپر متعہ کا اطلاق ہوتا ہے اور مجھے پسند یہ ہے کہ اقل اسقدر لباس قرار دیا جاوے جسمیں نماز جائز ہوجاتی ہے اور اسمیں اختلاف ہے کہ آیا یہ ان متعہ واجب ہے یا مستحب ہے اور ظاہر یہ ہے کہ واجب ہے کیونکہ امر موجود ہے اور یہی قول حضرت علی کرم اللہ وجہہ و ابن عمر و حسن و سعید بن جبیر و زہری و قتادہ و ضحاک وغیرہ کا ہے اور یہی قول ابوحنیفہ کا ہے اور مالک و ابو عبید کے نزدیک مستحب ہے اگرچہ پیشتر اجماع ہے کہ جو عورت قبل جماع و تسمیۂ مہر کے طلاق دی گئی ہو مہر غیرہ کی مستحق نہیں سوائے اسکے کہ متعہ اسکو مل سکتا ہے خواہ بطور وجوب یا استحباب ہے۔ پھر اگر ایسی عورت کسی کی باندی ہو تو جمہور کے نزدیک اسکو بھی متعہ مذکورہ چاہیے ہے اور اوزاعی و ثوری کے نزدیک نہیں چاہیے بسوا سطے کہ وہ اسکے مالک کی ملک ہوگا اور متعہ اس اذیت کے مقابلہ میں مشروع ہے جو طلاق مذکور سے مطلقہ مذکورہ کو پہونچی اور ایسی اذیت کے مقابلہ میں مالک کو کسی مال کا استحقاق نہیں ہے۔ پھر جاننا چاہیے کہ آیا متعہ ایسی ہی مطلقہ کے واسطے واجب ہے جسکو قبل دخول کے طلاق دی گئی اور اسکا مہر مفروض نہیں ہوا یا ہر مطلقہ کے واسطے واجب ہے پس تفسیر ابن کثیر وغیرہ میں ہے کہ اسمیں علما کے چند اقوال ہیں اول آنکہ ہر مطلقہ کے واسطے واجب ہے اور یہ چند تابعین کا قول ہے اور ایک قول شافعی کا ہے جسکو بعضے شافعیہ نے جدید صحیح قرار دیا ہے۔ دوم آنکہ متعہ ہر ایسی مطلقہ کے لیے واجب ہے جو قبل دخول طلاق دی گئی اگرچہ اسکا مہر مفروض ہوگیا ہو پس اس قول پر ایسی مطلقہ کو نصف مہر اور متعہ ملیگا۔ اور سوم آنکہ غیر مدخولہ و غیر مفروض کے واسطے واجب ہے اور یہ قول ابن عمر و مجاہد کا ہے۔ پھر جاننا چاہیے کہ متعہ میں اعتبار حال شوہر ہے نہ حال زوجہ پس اگر شوہر تنگدست ہے اور زوجہ مالدار جسکے ذاتی باندی غلام ہیں تو شوہر اسکو متعہ میں ادنیٰ درجہ کی چیز یعنے تین کپڑے دیگا فہمندو۔

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ

اور اگر طلاق دو انکو ہاتھ لگانے سے پہلے اور ٹھہرا چکے اونکا حق تو لازم ہوا آدھا اوسکا جو کچھ ٹھہرایا تھا

اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ ۭ وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى ۭ وَلَا تَنْسَوُا

مگر یہ درگذر کریں عورتیں یا درگذر کرے جسکے ہاتھ گرہ ہے نکاح کی اور تم مرد درگذر کرو تو قریب ہے پرہیزگاری سے اور نہ بھلاؤ

الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ

طرائی رکھنی آپس مین تحقیق اللہ تعالے جو کرتے ہو سو دیکھتا ہے

وَاِنْ طَلَّقْتُمُوْهُنَّ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَمَسُّوْهُنَّ وَقَدْ فَرَضْتُمْ لَهُنَّ فَرِيْضَةً - اور اگر تمنے زوجات کو قبل مساس کے طلاق دی حالانکہ تم انکے واسطے مہر مفروض کر چکے ہو - فَنِصْفُ مَا فَرَضْتُمْ - تو جو کچھ تمنے فرض کیا اسکا نصف ف تم پر حکما ادا کرنا واجب ہے اگر تمنے مہر ابھی ندیا ہو - اِلَّآ اَنْ يَّعْفُوْنَ - مگر آنکہ یہ عورتین اسکو عفو کرین ف اور چھوڑ دین - اور اگر تم تمام مہر دے چکے ہو تو نصف تمکو واپس ملنا چاہیے - اَوْ يَعْفُوَا الَّذِيْ بِيَدِهٖ عُقْدَةُ النِّكَاحِ - یا جسکے ہاتھ مین عقد نکاح ہے وہ معاف کردے ف اور وہ شوہر ہے پس بنظر مروت وہ عورت سے کچھ واپس نہ لے تو اسکو اختیار ہے - وَاَنْ تَعْفُوْٓا اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى اور تمہارا عفو کرنا تقوی سے بہت قریب ہے ف یعنے تقوی کے ساتھ زیادہ قریب یہی بات ہے کہ عفو کردو - وَلَا تَنْسَوُا الْفَضْلَ بَيْنَكُمْ - اور تم لوگ آپسمین تفضل و بھلائی کو مت بھلاؤ ف بلکہ چاہیے کہ آپسمین ایک دوسرے پر تفضل کرو اور یہ امر بنظر مروت کے حکم سے زیادہ لائق ہے - اِنَّ اللّٰهَ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ - اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالے خوب دیکھتا ہے ف پس ہر ایک کو اسکی نیت و فعل کا ثواب ہے اگرچہ ذرہ برابر ہو - پھر واضح ہو کہ جب نصف مہر واجب کیا تو اس آیت مین دلالت ہے کہ متعہ ایسی مطلقہ کے لیے نہین واجب ہے کیونکہ اول مطلقہ وہ مطلقہ دونون کی طلاق تو وطی سے پہلے ہے مگر فرق یہ کہ اول کا مہر بھی مفروض نہ تھا اور اسکا مہر مفروض ہے اور اول کے واسطے متعہ واجب کیا تھا اور یہان نصف مہر پس اگر یہان بھی سوائے نصف مہر کے کچھ اور متعہ وغیرہ واجب ہوتا تو بیان ہوتا - پس قولہ فنصف ما فرضتم - یعنے جو مہر تمنے اسکے لیے بیان کیا ہے اور ٹھہرایا ہے اسکا نصف واجب ہوگا پس خبر محذوف ہے ای یجب لہن - اور مفسر سیوطی رح نے کہا کہ وہ یرجع لکم کہ نصف تمکو واپس ملیگا تو اشارہ ہے کہ اگر مہر پہلے دیدیا ہے تو نصف شوہر کو واپس ہوگا خواہ لے لیوے اور اگر نہین دیا ہے تو بقدر نصف کے دینا اسپر واجب ہوگا پھر اس حکم پر اجماع ہے کہ قبل دخول کے اگر ایسی عورت کو طلاق دیدی جسکا مہر ٹھہرایا ہے تو اسکے واسطے نصف ہی مہر واجب ہوگا اور نیز اسپر بھی اجماع ہے کہ اگر ایسے عورت کو طلاق نہین دی بلکہ دخول سے پہلے اسکا شوہر مر گیا اور مہر ٹھہر چکا ہے تو موت کی وجہ سے وہ کامل مہر کی مستحق ہوگی اور اسکو میراث ملے گی اور اسپر عدت بھی واجب ہوگی - پھر اس بات مین اختلاف ہے کہ خلوت صحیحہ آیا دخول کے قائم مقام ہوگی کہ اس سے عورت پورے مہر کی مستحق ہوگی یا نہین - اسمین دو قول ہین اول آنکہ خلوت قائم مقام دخول ہوگی اور یہی خلفاء راشدین نے حکم دیا اور یہی مذہب امام ابو حنیفہ رح امام مالک و جمہور اہل علم کا ہے اور یہی امام شافعی کا قول قدیم تھا اور ان بزرگون کے نزدیک اس عورت پر عدت بھی واجب ہوگی اور جدید قول مین شافعی کے نزدیک خلوت قائم مقام دخول نہوگی اور یہی حضرت ابن عباس وغیرہ چند اہل علم سے روایت ہے اور شافعی نے اسکو اپنے شیخ مسلم بن خالد کے ذریعہ سے لیث بن ابی سلیم کے طریق سے ابن عباس سے روایت کیا ولیکن مسلم بن خالد و لیث بن ابی سلیم دونون ضعیف ہین لہذا حجت قائم نہین ہو سکتی ہے مترجم کہتا ہے کہ مسلم بن خالد کے حق مین صرف ضعف حفظ کا شبہہ ہے اور راجح یہ کہ ثقہ ہے اور اسی طرح لیث بن ابی سلیم مین بھی مضائقہ نہین ہے اور ابو حنیفہ رح نے انسے روایت لی ہے علاوہ ازین بیہقی نے کہا کہ یہ ابن ابی طلحہ کے طریق سے بھی ابن عباس سے مروی ہے واللہ اعلم - قولہ الا ان یعفون جمع مونث غائب ہے یعنے عفو کرین یہ مطلقہ عورتین جو مذکور ہین اور یہی مجاہد و تابعین سے مروی ہے اور ابن عباس نے فرمایا یعنے ثیبہ عورت عفو کرے پس بیاحق چھوڑ دے یعنے نصف مہر جو اسکے لیے واجب ہوا ہے نہ لیوے چھوڑ دے اور محمد بن کعب القرظی سے روایت ہے کہ انھون نے صیغہ جمع مذکر غائب قرار دیا ای عفو کرین مرد اور ابن ابی حاتم نے کہا کہ یہ قول شاذ ہے ایسا کسی اور سے مروی نہین ہے

اور بیضاوی نے کہا کہ صیغہ مذکور دونون کو محتمل ہی یعنے صیغہ جمع مونث غائب مذکر غائب دونون ہوسکتا ہی اور جو یہ کہ صیغہ جمع مذکر غائب قرار دینا ضعیف ہی۔ قولہ والعفو الذی بیدہ عقدۃ النکاح مفسر سید علی رح نے ذکر کیا کہ طبرانی نے ایسی سند سے کہ اسمین کچھ مضائقہ نہین ہی عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ روایت کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الذی بیدہ عقدۃ النکاح۔ وہ شوہر ہی اور شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ اسکو ابن ابی حاتم و ابن مردویہ نے بھی ابن لہیعہ کے طریق سے مرفوعا روایت کیا ہی اور ابن ابی حاتم نے بسند صالح روایت کیا کہ شریح نے کہا کہ مجھسے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے پوچھا کہ بیدہ عقدۃ النکاح۔ کون ہی میں نے کہا کہ عورت کا ولی ہی تو فرمایا کہ نہین بلکہ وہ شوہر ہی اور ابن ابی حاتم نے ذکر کیا کہ یہی ایک روایت ابن عباس و جبیر بن مطعم و سعید بن المسیب و شریح و سعید بن جبیر و مجاہد و شعبی عکرمہ و نافع و محمد بن سیرین و ضحاک و محمد بن کعب القرظی و جابر بن زید و ابو الشعثاء و بیع بن انس و ایاس بن معاویہ بن قرۃ۔ و مکحول و مقاتل بن حیان ہی کہ ان بزرگون نے کہا کہ الذی بیدہ عقدۃ النکاح شوہر ہی اور یہی مذہب ابو حنیفہ و انکے اصحاب احمد و ثوری و ابن شبرمہ و اوزاعی کا ہی اور یہی شافعی کا قول جدید ہی اور اسکو شیخ ابن جریر نے اختیار کیا ہی اور مآخذ اس قول کا یہ ہی کہ جسکے ہاتھ مین عقدہ نکاح ہی وہ درحقیقت شوہر ہی ہی کیونکہ اسیکے ہاتھ مین اسکا عقد و ابرام اور نقض و استحکام ہی یعنے طلاق مین اسیکا اختیار ہی پس عقدۃ نکاح مین اسیکا اختیار ہوا بعض کے نزدیک قولہ او یعفو الذی بیدہ عقدۃ النکاح سے ولی مراد ہی تو حاصل یہ ہوگا کہ عفو بہرحال عورت ہی کی طرف سے ہی لیکن عورت خود عفو کرے جبکہ وہ تصرف کرنے پر مجاز ہو یعنے اپنے تصرف کرنے مین خود مستقل ہو جیسے محجور یا مولی علیہ ہو یا اس عورت کا ولی عفو کرے جبکہ یہ عورت بے سلیقہ ہو جسکو محجورہ کہتے ہین یا ممنوعہ از تصرف ہو یعنے کاروبار مین تصرف کرنے سے ممنوع کی ہوئی ہو اور شاید کہ بعضون کی تفسیر ابن عباس سے عورت ثیبہ کے ساتھ دلالت کرتی ہی کہ بالغہ ہونے کی صورت مین بھی ولی مجاز نہوگا اور اوپر معلوم ہوا کہ اسمین کیا خرابی ہی یعنے ولی کو اسکے مال کے ہبہ کا کہان اختیار ہی لیکن ولی کی تفسیر بھی ایک جماعت سے روایت ہی چنانچہ ابن ابی حاتم نے عمرو بن دینار کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی کہ الذی بیدہ عقدۃ النکاح مین ابن عباس نے کہا کہ وہ عورت کا باپ یا بھائی یا ایسا شخص ہی جسکی اجازت کے بغیر وہ نکاح نہین کرسکتی تھی اور علقمہ و طاؤس و عطاء و حسن و زہری و ربیعہ و زید بن اسلم و ابراہیم نخعی سے بھی یہ روایت ہی کہ وہ ولی ہی اور یہی امام مالک کا مذہب ہی شافعی کا قول قدیم ہی اور ماخذ اسکا یہ ہی کہ ولی ہی نے اسکو یہ مال کمو دیا ہی پس اسکو اسمین تصرف کا اختیار ہی بخلاف اسکے دیگر اموال کے اور ایسا ہی عکرمہ سے صریح مروی ہی اور شریح قاضی سے بھی روایت کیا گیا لیکن شعبی نے شریح پر انکار کیا شریح نے اس سے رجوع کیا اور اختیار کیا کہ وہ شوہر ہی اور اسپر یہانتک یقین کیا کہ آخر وہ اسپر باہم قسم کھانے پر آمادہ ہوتے تھے قولہ وان تعفوا اقرب للتقوی شیخ ابن جریر نے فرمایا کہ بعض نے اسکو مردون و عورتون دونون کو شامل خطاب قرار دیا چنانچہ عطاء نے ابن عباس سے روایت کی کہ فرمایا دونون شوہر و زوجہ مین سے بڑھکر تقوی مین وہ شخص ہوگا جسنے عفو کیا اور ایسا ہی ایک جماعت تابعین سے مروی ہی اور ممکن یہ ہی کہ یہ خطاب مخصوص مردون کو ہی اور زیادہ بیان یہ شعبی جو شعبی ابو نہیک سے مروی ہی اسکے مؤید ہی اور اس بیان مین یہ ہی کہ عورت کے تصدق کو جو اسنے اپنی تہند ہی مین تمہارے ساتھ کیے ہین تمھین کو مناسب ہی کہ عفو کرو اور اسکو مہر پورا دیدو اور باہم احسان کرنے و تفضل کرنے کو دست بھر لو قولہ ولا تنسوا الفضل بینکم سعید بن جبیر نے کہا کہ احسان کو اور ضحاک قتادہ و سدی ابو مالک نے کہا کہ اسکا ادا یہ ہی کہ باہم احسان کرنے کو معمول بہ چھوڑ دو بلکہ اسکو آپسمین استعمال کرو ذکر کرو ابن کثیر اور ابن مردویہ نے حضرت علی بن ابیطالب کرم اللہ وجہہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگون پر ایک زمانہ آویگا کہ مسلمان اپنے ہاتھ کی چیز کو دانتون پکڑیگا اور احسان و تفضل کرنا بھلا دیگا حالانکہ اللہ تعالے نے فرمایا ہی ولا تنسوا الفضل بینکم۔ بدکار لوگ ہونگے کہ ہر مضطر کے ساتھ خرید و فروخت کرینگے

حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع مضطر اور بیع غرر سے منع فرمایا ہی پس اگر تیرے پاس مال بڑھتی ہو تو اپنے بھائی مسلمان کیطرف بھی توجہ کرے اور اسکو ہلاکت مین مبتلا مت کر کیونکہ ایک مسلم دوسرے مسلمان کا بھائی ہوتا ہی اسکو غمگین نہین کرتا اور نہ اسکو محروم رکھتا ہی اور سفیان نے ابو ہارون سے روایت کی کہ مین نے عون بن عبد اللہ کو قرظی کی مجلس مین دیکھا پس عون ہمسے حدیث بیان کرتے تھے اور نشدت کرتے یعنے آنسوؤن کے تار سے انکی داڑھی سے بوندین برستی تھین اور فرماتے تھے کہ مین تونگرون کی صحبت مین بیٹھا پس انسے بڑھکر مین فکر کے اندوہ مین گرفتار ہوگیا جبکہ مین نے انکو خوش پوشاک و خوشبو سے معطر اور عمدہ سواری پر دیکھا اور مین فقیرون کی صحبت مین بیٹھا تو مین نے انکی وجہ سے راحت پائی اور فرمایا والا تنسوا الفضل بینکم جب کسیکے پاس سوال کرنے والا آوے اور اسکے پاس کچھ ہووے تو اسکے واسطے دعا کردے رواہ ابن ابی حاتم

## حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ قٰنِتِيْنَ ۝

خبردار رہو نمازون سے اور بیچ والی نماز سے اور کھڑے رہو اللہ کے آگے ادب سے

حَافِظُوْا عَلَى الصَّلَوٰتِ - حفاظت کرو نمازون پر یعنے پانچون نمازین اپنے اوقات مین ٹھیک ادا کرو یعنے خبرداری رکھو اپنی پانچون نمازون پر باین طور کہ انکو انکے وقتون پر ادا کرو وَالصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى - اور بیچ کی نماز پر یعنے اور وہ نماز عصر ہی اور یہی اصح ہی یا نماز صبح ہی یا نماز ظہر ہی یا مغرب یا عشا ہی اسمین پہلے اقوال ہین اور اس نماز کو خاص کر اسواسطے ذکر فرمایا کہ اورون پر اسکو فضیلت ہی وَقُوْمُوْا لِلّٰهِ - فی الصلوٰۃ قٰنِتِيْنَ - اور کھڑے رہو اللہ کے واسطے نماز مین قنوت کرتے ہوے یعنے بعض نے کہا یعنے اطاعت کرتے ہوے کیونکہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر قنوت جو قرآن مین مذکور ہی وہ طاعت ہی رواہ احمد وغیرہ - وقیل ساکتین لحدیث زید بن ارقم کنا نتکلم فی الصلوٰۃ حتی نزلت فامرنا بالسکوت ونہینا عن الکلام رواہ الشیخان - اور بعض نے فرمایا کہ قانتین کے معنے ساکت کرتے ہوے کیونکہ زید بن ارقم رضی اللہ عنہ نے روایت کی کہ ہم لوگ نماز مین باتین کیا کرتے تھے یہانتک کہ یہ آیت اُتری پس ہم لوگ حکم کیے گئے بہ کہ سکوت سے رہین اور منع کیے گئے باتین کرنے سے رواہ الشیخان - حافظوا از محافظت ہی اور کسی شی کی محافظت کے یہ معنے ہین کہ ہمیشہ اسکی نگہداشت کرے پس معنے یہ ہوے کہ ہمیشہ نگاہ رکھو پانچون نمازون کو جو تمپر فرض ہوئی ہین انکی سب شرائط وحدود کے ساتھ اور انکے ارکان و افعال پورے ادا کرنے کے ساتھ اپنے مخصوص اوقات مین - اور واضح ہو کہ ازواج و اولاد کے ذکر کے درمیان مین محافظت نمازہاے پنجگانہ کا حکم شاید اس حکمت سے ہی کہ لوگ اولاد و ازواج مین مشغول ہوکر اسمین پڑ جاوین اور اسکو تعلیم کیا کہ سواے حق عزوجل کے کوئی چیز ایسی نہین ہی کہ اسکے واسطے اہتمام لائق ہو پس جس چیز کو اور اسکو اللہ تعالے کے واسطے کردو تاکہ ثواب پاؤ - پھر اسمین خلاف نہین کہ نماز اپنے اوقات پر افضل الاعمال ہی جیسا کہ صحیحین مین حضرت ابن مسعود سے روایت ہی کہ مین نے رسول اللہ صلعم سے دریافت کیا کہ کون عمل افضل ہی فرمایا کہ نماز اپنے وقت پر ادا کرنا - مین نے عرض کیا کہ پھر کون تو فرمایا کہ اللہ تعالے کی راہ مین جہاد کرنا - مین نے عرض کیا کہ پھر کون - فرمایا کہ والدین کی خدمتگاری کرنا ابن مسعود نے کہا کہ مجھے یہ باتین رسول اللہ صلعم نے بیان فرمائین اور اگر مین اور پوچھتا تو آپ زیادہ فرماتے رواہ الشیخان اور اسمین دلالت صریح ہی کہ نماز اپنے اوقات پر ادا کرنا اللہ تعالے کی راہ مین جہاد کرنے سے افضل ہی پھر ان نمازون کے اوقات فقہ کی کتابون مین اور لوگون کے درمیان معروف ہین لیکن یہان اتنی تنبیہ ضرور ہی کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک عشا کی نماز تہائی رات گذرنے افضل ہی بشرطیکہ جماعت مین نقصان نہووے ورنہ مقتدیون کو تنگ نہ کرنا چاہیے اور عصر کی نماز اول وقت اور اکثر فقہاے متاخرین کے نزدیک اواسط وقت ہی اور جو فقہ کہ مغرب تک وظیفہ پڑھنے کی غرض سے وقت اخیر کردیتا ہی وہ برا کرتا ہی اور فجر کی نماز مین اوسطا بعد صبح صادق کے ہوجاوے اور صحیح حدیث مین ہی کہ جسنے جاڑے کے وقت کی دونون نمازین پڑھین وہ جنتی ہوا یعنے جو شخص فجر اور عشا کے نماز کو ادا کرتا رہتا ہی وہ جنتی ہی اور اسسے افضل

نماز عصر ہی جسکی حفاظت کے واسطے اللہ تعالے نے کلام مجید مین ارشاد فرمایا باوجودیکہ پانچون نمازون کی حفاظت کے حکم مین عصر کی نماز بھی آگئی تھی ولیکن اسکی فضیلت کے واسطے خاص کرکے الگ تاکید فرمائی اور کہا۔ حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطی۔ اور عنقریب اسکے فضائل احادیث سے بھی مختصر بیان ہونگے۔ جاننا چاہیے کہ علماے سلف وخلف سے صلوۃ وسطی کی تعیین مین مختلف اقوال روایت ہوے ہین اور مفسر رحمہ اللہ نے بھی اشارہ کیا ہی چنانچہ بعض اقوال ذکر کرنے کے بعد صحیح قول بیان ہوگا اور سب اقوال جو اٹھارہ بیان کیے گیے ہین ذکر کرنا فضول ہی مگر اتنے بیان کردینا چاہیے جنکو مفسر نے بطور تردید ذکر کیا ہی ولیکن پہلے اس سے جاننا چاہیے کہ الصلوات پر الصلوۃ الوسطی عطف ہی اور الصلوات بالاتفاق نمازہاے پنجگانہ مراد ہین پس الصلوۃ الوسطی جو اسپر عطف ہی یا تو اس سے ان نمازہاے پنجگانہ کے سوا اور کوئی نماز مراد ہی اور دلیل یہ کہ معطوف ومعطوف علیہ مین مغایرت چاہیے اور یا انھین مین سے کوئی نماز مراد ہی پس اکثر اقوال تو اس بنا پر ہین کہ ان پانچون کے سوا اور نماز مراد ہی اور جسنے ایسا کہا ہی اسنے سخت بُرا کیا اور خراب جرأت کی کہ محض راے سے تفسیر پر آمادہ ہوا کیونکہ ائمہ سلف وخلف کے منقول کے برخلاف تفسیر کی بلکہ صحیح احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کہا پس یہ امر قطعی ہی کہ ایسے سب اقوال مردود ہین اب ہا کلام اسمین کہ نمازہاے پنجگانہ مین سے یہ کون نماز ہی اور عطف مذکور تو تشریف وبزرگی دینے کے واسطے خاص کرکے بیان کرنے کے لیے ہی پس ایک قول یہ ہی کہ وہ نماز صبح ہی چنانچہ مالک نے موطا مین کہا کہ ہمکو یہ خبر حضرت علی رضی اللہ عنہ وابن عباس رض سے پہونچی ہی اور ابن جریر نے اسکو ابن عباس سے اور ابن عمر سے اور جابر بن عبد اللہ سے روایت کیا اور ابن ابی حاتم نے اسکو ابوامامہ وانس وابو العالیہ وعبید بن عمیر وعطاء ومجاہد وجابر بن زید وعکرمہ وربیع بن انس سے حکایت کیا ہی اور امام شافعی نے اسی پر نص کی اور کہا کہ وہ نماز صبح ہی کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا ہی کہ قوموا للہ قانتین یعنے کھڑے ہوا اللہ تعالے کے واسطے قنوت پڑھتے ہوے اور قنوت امام شافعی کے نزدیک نماز صبح مین ہی قال المترجم عنقریب معلوم ہوگا کہ ابن عباس وابن عمر سے یہ قول صحیح نہین ثابت ہوا ہی۔ قول دوم انکہ وہ ظہر ہی چنانچہ عروہ وزید بن ثابت سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کو اول وقت پڑھتے جو نہایت تیزی وگرمی کا وقت ہوتا تھا اور کوئی نماز ایسی نہین پڑھتے جو آنحضرت صلعم کے یارون پر اس سے زیادہ سخت گزرتی پس نازل ہوا حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطی وقوموا للہ قانتین۔ اسکو امام احمد وابوداؤد نے روایت کیا اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ جن لوگون سے ایسا روایت کیا گیا کہ وہ ظہر ہی انمین سے ابن عمر وابوسعید خدری عائشہ رض ہین اور یہ قول عروۃ بن الزبیر وعبد اللہ بن شداد کا ہی اور یہی ایک روایت ابوحنیفہ رح سے ہی۔ قول سوم یہ کہ وہ عصر ہی۔ ترمذی وبغوی رح نے کہا کہ یہی قول اکثر علماے صحابہ وتابعین کا ہی اور ماوردی نے کہا کہ یہی جمہور تابعین کا قول ہی اور ابن عبد البر نے کہا کہ یہی اکثر اہل اثر کا قول ہی اور ابن عطیہ نے کہا کہ یہ جمہور لوگون کا قول ہی اور حافظ ابو محمد عبد المومن الدمیاطی نے کہا کہ اسکے بارہ مین صریح نص ہی کہ وہ عصر ہی اور کہا کہ یہی حضرت عمر بن الخطاب وحضرت علی وابن مسعود وابو ایوب وعبد اللہ بن عمرو وسمرۃ بن جندب وابوہریرہ وابوسعید خدری وحفصہ وام حبیبہ وعائشہ وام سلمہ وابن عمر وابن عباس کا قول صحیح روایتون سے ہی اور یہی قول عبیدہ وابراہیم نخعی وزر بن حبیش وسعید بن جبیر وابن سیرین وحسن وقتادہ وضحاک وکلبی ومقاتل وعبید بن مریم وغیرہم کا ہی اور یہی مذہب امام احمد بن حنبل کا ہی اور ابن المنذر نے کہا کہ صحیح ہوا ہی کہ یہی قول امام ابوحنیفہ وابو یوسف ومحمد بن الحسن کا ہی اور اسکو ابن حبیب مالکی نے اختیار کیا ہی۔ اور بخاری ومسلم واصحاب سنن وغیرہ کے نزدیک متعدد طرق سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ثابت ہوا کہ ہم جانتے تھے کہ وہ نماز فجر ہی یہانتک کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یوم الاحزاب کے روز سنا کہ فرماتے تھے کہ شغلونا عن صلوۃ الوسطی صلوۃ العصر ملاء اللہ قبورھم وبیوتنا نارا۔ یعنے کافرون نے ہمکو نماز وسطی نماز عصر سے مشغول کرلیا اللہ تعالے انکی قبرون وگھرون کو آگ

سے۔ اور مسلم و ترمذی و ابن ماجہ وغیرہ نے ابن مسعودؓ سے اسکی مثل مرفوعاً روایت کیا ہے اور بزار نے اسکو باسناد صحیح حدیث جابر بن عبداللہ سے مرفوعاً روایت کیا اور نیز بزار نے اسکو بسند صحیح حضرت حذیفہ سے مرفوعاً روایت کیا اور مسلم نے براء بن عازب سے بھی روایت کیا کہ صلوٰۃ الوسطیٰ نماز عصر ہے۔ (۱) امام احمد نے سمرہ بن جندب سے مرفوعاً روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھا۔ حافظوا علی الصلوات و الصلوٰۃ الوسطیٰ اور کہو صلوٰۃ الوسطیٰ نام لیکر بتادی کہ وہ نماز عصر ہے اور رواہ الترمذی ایضاً وقال حسن صحیح اور ابن جریر وغیرہ نے اسکو کئی وجوہ سے ابوہریرہ سے روایت کیا اور ترمذی و ابن حبان نے ابن مسعودؓ سے مرفوعاً روایت کیا کہ صلوٰۃ الوسطیٰ نماز عصر ہے قال الترمذی حدیث حسن صحیح **شیخ ابن کثیر** نے کہا کہ یہ سب نصوص اس مسئلہ میں بین ہیں کہ انمیں اور کچھ احتمال نہیں ہے اور اسکا موکد ہے جو حدیث صحیح میں ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کی فوت کیا نماز عصر نے گویا اسکا مال و اہل سب جدا ہوئے۔ اور نیز صحیح میں ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بدلی کے دن عصر کی نماز میں بسویرے جاؤ کیونکہ جسنے نماز عصر چھوڑی اسکے اعمال حبط ہوئے۔ اور امام احمد نے ابوالنضرۃ الغفاری سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ساتھ وادی خمیص میں عصر کی نماز پڑھی پھر فرمایا کہ یہ نماز تمسے اگلے لوگوں پر پیش کیگئی تھی پس انھوں نے اسکو ضائع کر دیا خبردار رہو کہ جو شخص اسکو پڑھیگا اسکو دونا ثواب ملیگا اور اسکے بعد کوئی نماز نہیں ہے یہانتک کہ ستارہ نظر آوے۔ و ہکذا رواہ مسلم و النسائی ایضاً۔ پس روایات مذکورہ اصح و اصرح ہیں اور باقی جو روایتیں آئی ہیں وہ یا تو اسکی طرف راجع ہیں یا اقوال غیر ثابتہ ہیں۔ قولہ وقوموا للہ قانتین مفسرؒ نے قنوت کے جو معانی بیان کر دیے ہیں وہ تو ظاہر ہیں اور **شیخ ابن کثیر** نے تفسیر میں کہا کہ ہی خاشعین و ساکنین مستکینین ہیں ہیبہ۔ یعنی خشوع کے ساتھ اپنے آپکو ذلیل بنائے ہوئے سکون کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے سامنے قائم رہو حالت نماز میں۔ اور یہ بات مستلزم ہے کہ نماز میں باتیں کرنا ترک ہو کیونکہ وہ اس معنے کے منافی ہے اسواسطے جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں ابن مسعود کے سلام کا جواب نہ دیا تو یہی اعتذار فرمایا کہ نماز میں مشغول ہو جاتی ہے اور معاویہ بن الحکم السلمی نے جب نماز میں کلام کیا تو اس سے فرمایا کہ یہ نماز ایسی چیز ہے کہ اسمیں لوگوں کی باتوں میں سے کچھ روا نہیں ہے بلکہ یہ فقط تسبیح و تکبیر و ذکر اللہ ہے جیسا کہ مسلم کی روایت میں ہے۔ اور زید بن ارقم سے روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد میں آدمی اپنے ساتھی سے نماز میں اپنی ضرورت کی باتیں کیا کرتا تھا یہانتک کہ یہ آیت اتری۔ و قوموا للہ قانتین پس ہم سکوت کا حکم کیے گئے۔ رواہ احمد و الجماعۃ سوی ابن ماجۃ اور **حافظ ابن حجر** نے کہا کہ قنوت کی تفسیر سکوت ہی سے صحیح ہے اور یہاں ایک اشکال ہے جو **حافظ ابن کثیر** نے اپنی تفسیر میں ذکر کیا ہے وہ یہ ہے کہ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ہم لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا کرتے اور آپ ہمکو نماز میں جواب دیتے تھے قبل اسکے کہ ہم حبش میں ہجرت کر جاویں پھر جب حبش سے لوٹ کر آئے تو میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا مگر آپ نے مجھے جواب نہ دیا تو مجھے خوف ہوا کہ میرے حق میں کچھ خفگی ہے پھر جب آپ نے سلام پھیرا تو فرمایا کہ میں نے تجکو جواب نہیں دیا سو اسوجہ سے نہیں کہ تجپر خفگی ہے بلکہ یہ بات تھی کہ میں نماز میں تھا اور اللہ تعالیٰ اپنا حکم جو چاہتا ہے وہ ظاہر کرتا ہے اور منجملہ ان باتوں کے جو اب حکم دیا ہے یہ ہے کہ نماز میں کلام مت کرو اور ابن مسعود وہ شخص ہیں کہ قدیم مسلمان ہوئے اور زمین حبشہ کی طرف ہجرت کی پھر وہاں سے مکہ میں آئے پھر وہاں سے مدینہ کو ہجرت کر آئے یعنے حضرت صلعم سے پہلے مدینہ کو ہجرت کر آئے جیسے اور اصحاب بھی ہجرت کر کے آئے تھے پس اشکال یہ ہے کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز میں کلام کرنا مکہ معظمہ میں ہی منع ہو گیا تھا اور زید بن ارقم نے اپنی حدیث میں کہا کہ ہم کلام کیا کرتے تھے یہانتک کہ آیہ قوموا للہ قانتین اتری پس سکوت کا حکم کیے گئے اور کلام سے منع کیے گیے اور یہ آیت بالاتفاق مدنیہ ہے تو بعضوں نے یہ جواب دیا کہ زید بن ارقم کی یہ غرض ہے کہ لوگ نماز میں ایسی باتیں بھی کیا کرتے تھے یعنے جنس کلام سے خبر دینا مقصود ہے اور اسکے حرام ہونے پر انھوں نے اپنی سمجھ کے موافق اس آیت سے استدلال کیا اور بعضوں نے کہا کہ ابن مسعود کی مراد یہ ہے کہ یہ قصہ مدینہ میں واقع ہوا وہاں ہجرت کر آنے کے بعد یا یہ بات ہو کہ یہ امر دو مرتبہ مباح کیا گیا اور دو مرتبہ

حرام کیا گیا جیسا کہ بعض نے اختیار کیا ہی ولیکن اول ظاہر ہی قال المترجم عمدہ توجیہ تو دوم ہی کیونکہ ابن مسعود کے کلام سے یہ بات نہیں نکلتی ہی کہ میں نے حدیثہ سے آتی ہی مکہ میں سلام کیا تھا اور خود حافظ ابن کثیر نے نقل کیا کہ ابو یعلی نے اپنی مسند میں روایت کی کہ اخبرنا البشر بن الولید اخبرنا اسحٰق بن یحیی عن ابن المسیب عن ابن مسعود فرمایا کہ ہم نماز میں ایک دوسرے کو سلام کرتے تھے پھر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف گذرا اور میں نے آپکو سلام کیا مگر آپ نے جواب دیا پس میرے دل میں خیال گذرا کہ شاید میرے حق میں کوئی بات نازل ہوئی ہی پھر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی نماز پوری کر کے سلام پھیرا تو فرمایا وعلیک السلام ایہا المسلم ورحمۃ اللہ البتہ اللہ تعالے عزوجل اپنے حکم سے جو چاہتا ہی وہ نازل فرماتا ہی پس جب تم لوگ نماز میں ہو تو قنوت کرو اور کلام مت کرو پس یہ روایت ظاہر ہی کہ یہ واقعہ مدینہ میں بعد نزول آیۂ کریمہ کے واقع ہوا تھا اور معاویہ بن الحکم السلمی کی حدیث اوپر گذری وہ بھی اسی امر کے موید ہی کہ سنع کلام مدینہ میں ہوا ہی واللہ اعلم ف اعلم البیان میں مذکور ہی کہ قولہ تعالے حافظوا علی الصلوات والصلوۃ الوسطی۔ محافظت یہ ہی کہ سر باطنی تو مقام غیب پر شاہد و حاضر رہے اور رب عزوجل کے جن باتوں کا حکم بندہ کو دیا ہی انکی فرمانبرداری میں اسکا نفس ذرہ سرکشی نہ کرے بلکہ بجھا ہوا رہے اور قلب سلیم اسکا کشف کے انوار کا گہوارہ رہے اور اسکی روح نورانی درگاہ باری تعالے کے مشاہدہ اور آداب تعظیم کو ظاہر بالن میں سنبھالے رہے پس ظاہر کا سنبھالنا تو اسطرح ہی کہ جن باتوں کے بجالانے کا حکم دیا ہی اور جن امور کے کرنے سے منع کیا ہی انکے جدہ وجسطرح مقرر وصحیح وکرے ہیں انکو اسی ارکان پر قائم رکھے اور رہا باطن کا سنبھالنا سو وہ اسطرح ہی کہ آخرت پر نظر رکھنے سے جو برے خیالات اسکو مشغول کرتے ہوں اور باز رکھتے ہوں انکو ہمیشہ دفع کرتا رہے پھر اپنی نماز میں اسکے ارکان ورسمی باتوں کے دیکھنے سے گم ہو جاوے اور دل حق عزوجل میں متوجہ رہے اور جسکا یہ حال ہو وہ غائب از خود ہی اور حالت وقت کے غلبہ سے اپنی نماز کی کیفیت سے آگاہ نہیں ہی اور اسپر کچھ عیب بھی نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ مقام مشاہدہ میں پہونچ گیا اور یہی نماز کا مقصود ہی اور اسیکی طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اشارہ فرمایا تعبد اللہ کانک تراہ فان لم تکن تراہ فانہ یراک۔ یعنے عبادت کر اللہ عزوجل کی اسطرح کہ گویا تو اسکو دیکھتا ہی پس اگر تو اسکو نہیں دیکھتا ہی تو وہ تجکو دیکھتا ہی یہ صحاح کی حدیث میں سے ایک ٹکڑا ہی لیکن صورت احکام جاری ہوتی ہی عارف پر اور صورت اسپر محفوظ ہوتی ہی اگرچہ وہ نہ جانتا ہو کہ میری شان اسمیں کیا ہی قال المترجم مراد اس کلام سے یہ ہی کہ عارف جب مشاہدہ خاص میں پہونچتا ہی اور خودی سے غافل ہو جاتا ہی تو وہم ہوتا ہی کہ پھر ایسی حالت میں ارکان نماز کے جو فرض ہیں کیونکر ادا ہو سکتے ہیں تو شیخ نے اس وہم کو دفع کر دیا کہ احسام عارف کے صاف ہوتے ہیں کدورات بشری سے چنانچہ مشہور ہی کہ ہمارے احسام ارواح ہیں اور وہ ہمہ تن قدرت حق عزوجل واحکام الٰہی کی غذا سے پرورش پاتے ہیں کیونکہ وہ بقاے حق عزوجل سے باقی ہیں اور حدیث میں ہی کہ قرب نوافل میں حق عزوجل سے اسکی سماعت وبصارت وغیرہ ہی اور اور اعضائی ہر عضو کو اپنے موقع وکام خاص پر مدد کرتا ہی حتی کہ امور شرعی جو عارف پر ابتداے حال میں تکلیف تھی اب بے رویت اور تفکر کے اس سے خود بخود مرضیات الٰہی پر صادر ہوتے ہیں جیسا کہ حدیث عائشہ میں ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خلق عظیم یہ قرآن تھا رواہ فی الصحاح پس باوجود غرق مشاہدہ ہونے اور خودی سے غافل ہونے کے ان احکام کی صورت ظاہری اپنے ارکان کے ساتھ خوب طور سے تقدیر الٰہی وخاص لطف سے عارف پر جاری رہتی ہی تا آنکہ تکلف اور تکلیف سے ادا کرنے والا اپنی خوبی سے نہیں ادا کر سکتا ہی اور اللہ عزوجل کی صورت ظاہری کو اسپر محفوظ رکھتا ہی کہ عارف اس بیخودی میں اسمیں تغیر وتبدل نہیں کر سکتا ہی اگرچہ وہ خود یہ نہیں جانتا ہی کہ میں کس حال اور کس شان میں ہوں فافہم پس یہ لوگ ایسے ہیں کہ اپنے باطن میں مشغول ہو کر ظاہر سے غائب ہو جاتے ہیں عوام لوگ اسکے برعکس ظاہر میں مشغول ہو کر باطن سے غائب ہو جاتے ہیں پس ہر دو گروہ میں بڑا فرق ہی قال المترجم یعنے ان احکام ظاہری کو وسیلہ رضاے حق حاصل کرنے کا اور اصلاح قلب کا جانتے ہیں چنانچہ امام غزالی رحمۃ اللہ نے بعض اکابر سے نقل اور کیا کہ اہل علم میں سے

ایک شخص انکی بزرگی کی تعریف سنکر انکے پاس ملاقات کو گئے انھوں نے مغرب کی نماز پڑھائی تو مرد عالم نے دل میں خیال کیا کہ افسوس ہے یہ تو اچھی طرح الحمد کو ادا بھی نہیں کر سکتے ہیں بعد نماز کے جب بیٹھے تو مرد عالم نے بیشاب کی حاجت سے جنگل کی طرف توجہ کی وہاں ایک شیر آتا تھا اسنے انکو للکارا یہ اس عارف کے گوشہ میں بھاگ آئے مرد عارف نے جاکر شیر کو آواز دی کہ ای فلان ہمنے تو تجھسے کہدیا تھا کہ ہمارے مہمانوں کو مت ستاؤ یہ سنکر وہ شیر جنگل کو بھاگ گیا اور مرد عالم اپنی قضاء حاجت سے فارغ ہوکر آئے تو شیخ عارف نے فرمایا کہ آپ نے اپنے ظاہر کو بنایا اور باطن سے غافل ہیں ناچار فقیر سے ڈرتے ہیں اور جسنے اللہ تعالے کے واسطے ظاہر و باطن کو اس سے شیر ڈرتے ہیں۔ قال الشیخ پس عوام کا یہ حال ہے کہ ظاہری احکام کو آراستہ کیا کرتے ہیں اور اہل معرفت کا یہ حال ہے کہ وہ عالم مشاہدہ میں تو فیض آلہی سے ترقی کیے ہوئے ہیں پس وہ رسمی احکام سے غائب ہیں اور حق ذوالجلال والاکرام کے انوار مشاہدات میں غرق ہیں۔ پھر اللہ عزوجل نے صلوٰۃ وسطی کو مبہم کر دیا تاکہ تمام اوقات کی نگہداشت کریں اور مکاشفات کے اوقات کی تلاش میں سب قنوت میں امیدوار رہیں قال المترجم اور ایسے ہی مبہم فرمانے کی حکمت بعضے علماے متقدمین سے مروی ہے کہ مانند شب قدر کے اسکو بھی مبہم فرمایا حالانکہ شب قدر کے بارہ میں صریح کچھ نازل ہوا تھا مگر وہ اٹھالیا گیا اور ایسا ہی اس نماز کے بارہ میں مروی ہے چنانچہ عبد بن حمید و مسلم و ابوداؤد نے اپنی ناسخ میں و ابن جریر و بیہقی نے براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ پہلے نازل ہوا حافظوا علی الصلوات و صلوٰۃ العصر پس ہمنے اسکو مانند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں پڑھا جب تک اللہ تعالے نے چاہا پھر اللہ تعالے نے اسکو نسخ فرمایا اور نازل کیا حافظوا علی الصلوات والصلوٰۃ الوسطی تو براء رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ یہ وہی عصر ہے تو فرمایا کہ میں نے تو تجھسے حدیث کردی کہ کیونکر نزول ہوا اور کیونکر اللہ تعالے نے اسکو نسخ کیا ہے واللہ اعلم۔ پھر جاننا چاہیے کہ اکثر علماے شافعیہ اسی طرف گئے ہیں کہ وہ عصر ہے جیسا کہ ابو حنیفہ و احمد کا قول ہے اور ماوردی نے اسکو شافعی کی طرف منسوب کیا اس وجہ سے کہ انھوں نے حدیث کی صحت کو اپنا مذہب فرمایا ہے اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ ماوردی کے کہنے پر اکثر شافعیہ متفق ہوگئے ہیں واللہ اعلم

فَإِنْ خِفْتُمْ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا ۖ فَإِذَا أَمِنْتُمْ فَاذْكُرُوا اللَّهَ كَمَا عَلَّمَكُمْ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ ۝

پھر اگر تمکو ڈر ہو تو پیادہ پڑھ لو یا سوار پھر جسوقت چین پاؤ تو یاد کرو اللہ کو جیسا تمکو سکھایا ہے جو تم نہ جانتے تھے

فَإِنْ خِفْتُمْ۔ پھر اگر تمکو خوف ہو یعنے دشمن سے یا سیل رواں سے یا درندہ سے۔ فَرِجَالًا أَوْ رُكْبَانًا۔ تو پڑھو پیادے یا سواری میں۔ ف جسطرح ممکن ہو۔ رجالا جمع راجل یعنے پیادے اور رکبانا جمع راکب یعنے سوار اور فعل محذوف ہے ای فصلوا رجالا یعنے پاؤں چلتے پڑھو یا سوار پڑھو اور رکبان جمع راکب کی بمعنے سوار ہے اور مراد یہ ہے کہ پڑھو جس کیفیت سے ممکن ہو خواہ قبلہ رخ ممکن ہو یا نہو اور رکوع و سجود کے واسطے اشارہ کرو۔ فَإِذَا أَمِنْتُمْ پھر جب تم امن میں ہو ف یعنے جب تم امن میں ہو خوف سے فَاذْكُرُوا اللَّهَ۔ تو اللہ تعالے کا ذکر کرو ف یعنے نماز پڑھو كَمَا عَلَّمَكُمْ۔ جیسا تمکو سکھایا ہے ف یعنے ادائے شرائط و ارکان کے ساتھ۔ مَا لَمْ تَكُونُوا تَعْلَمُونَ۔ جو تم جانتے نہ تھے ف یعنے اللہ تعالے کی تعلیم کرنے سے پہلے تم نہیں جانتے اسکی بیت کہ یہ نماز خوف کے کیفیت و طریقہ کو بیان فرمایا یعنے نمازوں کی محافظت کرو پس اگر خوف کی حالت میں ہو تو پیادہ و سوار پڑھ لو اور جہانتک ممکن ہو حفاظت کرو اسیواسطے کہا گیا کہ یہاں راکب سے مراد عام ہے کسی سواری کا سوار ہو اگرچہ لغت میں راکب اسی سوار کو کہتے ہیں جو اونٹ پر سوار ہو اور ابن عباس رض سے روایت ہے کہ راکب اپنے دابہ یعنے جانور سواری پر نماز پڑھے اور پیدل اپنے پیروں پر نماز پڑھے یعنے پیروں پر کھڑا ہے اور نماز پڑھے۔ رواہ ابن ابی حاتم۔ اور جاننا چاہیے کہ نماز خوف دو قسم کی ہے ایک وہ کہ قتال کی حالت میں ہو اور دوم وہ ہے کہ حالت قتال نہو اگرچہ دشمن کے چھاپا مارنے وغیرہ کا خوف ہو پس دوسری قسم کی نماز خوف تو سورۂ نساء میں بقولہ۔ فاذا کنت فیہم فاقمت لہم الصلوٰۃ الآیۃ۔ میں مذکور ہے اور وہاں اسکا بیان انشاء اللہ آتا ہے اور پہلے قسم کی نماز خوف یہاں مذکور ہے اور بیضاوی نے کہا کہ اسمیں دلیل ہے کہ تلوار چلنے کی حالت میں

نماز واجب ہو اور یہی شافعیؒ کا مذہب ہے اور ابو حنیفہؒ نے کہا کہ پیدل چلنے کی حالت میں اور تلوار چلانے کی حالت میں نماز نہیں پڑھ سکتا تاوقتیکہ ٹھہرنا ممکن نہو (ھ) اور جلیبی وغیرہ نے کہا کہ حجت امام ابو حنیفہؒ کی یہ ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یوم احزاب میں نماز عصر میں تاخیر کردی تھی یہانتک کہ آفتاب ڈوب گیا تھا پس اگر قتال کی حالت میں روا ہوتی تو حضرت صلعم اسکو ترک نہ فرماتے (ھ) اور کمالین میں اعتراض کیا کہ اسمیں نظر ہے اسواسطے کہ صحیح قول کے موافق نماز خوف بعد غزوۂ خندق کے مشروع ہوئی ہے اور یہ محمد بن اسحاق کا قول ہے (ھ) **قال المترجم** حکم اسکا جواز عقریب معلوم ہوگا **قال ابن کثیر** ہرگاہ اللہ عزوجل نے اپنے بندوں کو نمازوں کی محافظت کرنی اور انکے حدود پورے طور سے ادا کرنے کا حکم دیا اور تاکید شدید کی تو پھر وہ حال بھی ذکر فرمادیا کہ جسمیں بندہ نماز کو کامل طور پر ادا کرنے سے مشغول ہوجاتا ہے اور وہ حالت جنگ قتال ہے پس فرمایا فان خفتم فرجالا او رکبانا یعنے اگر خوف ہو تو پڑھو جس حال پر ممکن ہو خواہ پیدل خواہ سوار خواہ قبلہ رخ ہو یا نہو اور امام مالک نے نافع کے طریق سے ابن عمرؓ سے روایت کی جسمیں ہے کہ ابن عمر نے کہا کہ پھر اگر خوف اس سے بڑھا ہوا ہو تو پڑھو پیدل اپنے قدموں پر کھڑے یا سوار خواہ قبلہ رخ ہو یا نہو نافع نے کہا کہ میں نہیں جانتا کہ ابن عمر نے اسکو ذکر کیا مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنے میری یاد میں یوں ہی ہے کہ ابن عمرؓ نے یہ بات اپنی طرف سے نہیں کہی بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بیان کیا رواہ مسلم والبخاری اور مسلم کی ایک روایت میں ابن عمرؓ سے ہے کہ پھر اگر خوف اس سے بڑھا ہوا ہو تو پڑھ نماز کو سوار یا پیدل کھڑا ہوا در حالیکہ تو اشارہ کرتا ہو **کذا رواہ مسلم** اور ادا اشارے سے یہ ہے کہ رکوع اور سجدے کے واسطے صرف اشارہ کرے نہ یہ کہ رکوع کرے یا سجدہ کرے اور عبد اللہ بن انیس جہنی کی حدیث میں جبکہ حضرت صلعم نے انکو خالد بن سفیان ہذلی کے قتل کو بھیجا اور وہ عرفات کی طرف تھا یوں مذکور ہے کہ پھر جب عبد اللہ کا سامنا خالد مذکور سے ہوا تو نماز عصر کا وقت ہوگیا اور عبد اللہ کہتے ہیں کہ مجھے ڈر ہوا کہ شاید اس مردود کے ساتھ الجھائی ہو کہ نماز نہ جاتی رہے پس میں نے نماز پڑھنی شروع کی اسطرح کہ چلا جاتا اور اشارہ سے رکوع و سجدہ کرتا تھا الی آخر الحدیث اسکو امام احمد و ابو داود نے باسناد جید روایت کیا ہے اور یہ اللہ تعالے کی طرف سے بندوں کو رخصت ہے **مترجم** کہتا ہے کہ حنفیہؒ نے اسکا یہ جواب دیا کہ چلنے کی حالت میں نماز پڑھنا خود عبد اللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کا فعل تھا اور یہ ثبوت نہیں ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو حکم دیا تھا فافہم۔ اور ابن ابی حاتم کی روایت ابن عباس سے اوپر مذکور ہوئی اور ابن ابی حاتم نے کہا کہ حسن و مجاہد و مکحول و سدی و حکم و مالک و اوزاعی و ثوری و حسن بن صالح سے مانند اسکے مروی ہے اور اتنا زیادہ ہے کہ اشارہ کرے اپنے سر سے جدھر کو متوجہ ہووے پھر ابن ابی حاتم جابر بن عبد اللہ سے روایت کی کہ کہا جب تلوار چلنے کی حالت ہو تو اس حالت کی نماز میں اشارہ کرے اپنے سر سے جدھر اسکا منہ ہو پس یہی ہے قولہ تعالے فرجالا او رکبانا اور حسن و قتادہ و مجاہد و سعید بن جبیر و عطاء و عطیہ و حکم و حماد بن ابی سلیمان سے مانند اسکے مروی ہے۔ پھر امام احمد نے صریح کہا ہے کہ بعض وقت میں نماز خوف کی ایک ہی رکعت پڑھی جاتی ہے جبکہ ہر دو لشکر حملہ آور ہو کر ایک دوسرے سے مل جاویں اور اسی پر محمول ہے وہ حدیث جو مجاہد نے ابن عباس سے روایت کی کہ ابن عباس نے کہا کہ فرض کیا اللہ تعالے نے نماز کو تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان پر حضر میں چار رکعت اور سفر میں دو رکعت اور خوف میں ایک رکعت رواہ مسلم و ابو داود و النسائی و ابن جریر اور یہی قول ہے حسن بصری و قتادہ و ضحاک و غیرہم کا اور ابن جریر نے شعبہ سے روایت کی کہ میں نے حکم و حماد و قتادہ سے تلوار چلنے کی حالت کی نماز کو پوچھا تو انھوں نے فرمایا کہ ایک رکعت ہے اور ایسا ہی ثوری نے بھی ان بزرگوں سے روایت کیا ہے اور ایسا ہی ابن جریر نے جابر بن عبد اللہ سے روایت کیا کہ نماز خوف کی ایک رکعت ہے اور ابن جریر نے اسی قول کو اختیار کیا ہے **قال المترجم** اس مسئلہ میں اختلاف قوی ہے اور دلیلیں دونوں طرف قوی ہیں ولیکن پھر سلامت طریقہ یہ ہے کہ جدھر صریح فعل حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شاہد و مرجح ہو وہ اختیار کرنا چاہیے اور یہ وہی ہے جو امام ابو حنیفہ کا قول ہے اور بخاری رحمہ اللہ نے بھی قریب اسکے اختیار کیا ہے چنانچہ منا ہضہ حصون و لقاء

عدو کے وقت کی نماز کے باب میں کہا کہ شیخ اوزاعی رح نے کہا کہ اگر فتح قریب ہو اور اہل لشکر نماز پڑھنے پر قادر نہ ہوں تو اشارے سے پڑھیں ہر شخص اپنی اپنی نماز اسطرح پڑھ لے پھر اگر اشارے سے پڑھنے پر بھی قادر نہ ہوں تو نماز میں تاخیر کریں یہانتک کہ قتال کا جھگڑا مٹے اور مامون ہوں پس سب لوگ دو رکعتیں پڑھیں یعنے نماز قصر ادا کریں ۔ پھر اگر اسپر قادر نہ ہوں تو ایک رکعت دو سجدے سے پڑھ لیں پھر اگر اسپر قادر نہ ہوں تو خالی تکبیر انکو کافی نہیں ہے اور ادا نماز میں تاخیر کردیں یہانتک کہ بے خوف ہوں اور یہی قول مکحول کا ہے ۔ اور انس بن مالک رض نے کہا کہ مناہضہ قلعہ تستر میں میں موجود تھا فجر روشن ہونے کے وقت اور لڑائی اسقدر تیز ہوگئی پس اہل لشکر نے نماز ادا کرنے پر قدرت نہ پائی پس ہم لوگوں نے نماز نہیں پڑھی مگر اسوقت کہ آفتاب بلند ہوگیا تھا پس ہم لوگوں نے نماز پڑھی اور ہم لوگ حضرت ابو موسیٰ اشعری کے ساتھ جہاد میں تھے پس قلعہ مذکور اللہ تعالے نے ہمارے نام فتح کردیا حضرت انس رض نے کہا کہ اور مجھے خوش نہیں آتا اس فتح کے بدلے دنیا و مافیہا جو کچھ ہے پھر بخاری رح نے اسپر اس حدیث سے استشہاد کیا کہ غزوہ خندق میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بسبب عذر لڑائی کے سورج ڈوبنے تک نماز عصر میں تاخیر کردی اور نیز استشہاد کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے بعد اپنے اصحاب سے جبکہ انکو بنی قریظہ پر حملہ کرنے کا حکم دیا یہی یوں فرمایا کہ نہ پڑھے کوئی تم میں سے نماز عصر کو مگر بنی قریظہ کے وہاں پس انمیں سے بعض کو تو راستہ میں نماز کا وقت آیا پس انھوں نے راستہ میں پڑھ لی اور بولے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہی تھی کہ ہم جلد جاویں اور بعضوں کو راستہ میں نماز کا وقت آیا اگر اسنے نماز نہ پڑھی یہانتک کہ بنی قریظہ میں سورج ڈوب گیا مگر حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں فریق میں سے کسیکو سرزنش نہیں کی شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اس کلام میں دلالت ہے کہ بخاری رح نے اسیکو اختیار کیا ہے مگر جمہور اسکے خلاف ہیں اور کہتے ہیں کہ نماز خوف کی اس صفت پر جو سورۂ نساء میں قرآن میں مذکور ہے اور احادیث میں مروی ہے اسطرح غزوۂ خندق میں مشروع نہ تھی بلکہ اسکے بعد مشروع ہوئی ہے چنانچہ حدیث ابو سعید خدری رض وغیرہ میں اسکی تصریح آگئی ہے اور ابن کثیر نے کہا کہ مکحول و بخاری و اوزاعی اسکا جواب یہ دیتے ہیں کہ اسکے بعد نماز خوف کا مشروع ہونا اسکے جواز کا منافی نہیں ہے یعنے نماز خوف مشروع ہونے سے یہ لازم نہیں آتا ہے جو غزوۂ خندق وغیرہ میں واقع ہوا وہ اب نہ کرنا چاہیے اسواسطے کہ وہ حال نادر خاص ہے پس اسمیں ایسا کرنا جیسا کہ ہمنے بیان کیا ہے جائز ہے اسواسطے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم نے زمانہ عمر بن الخطاب رض میں فتح قلعہ تستر میں ایسا کیا تھا اور وہ مشتہر ہوا اور اسپر کسی نے انکار نہیں کیا ۔ قال المترجم یعنے پس یہ اجماع ہوا صحابہ رض کا کہ ایسے نادر حالت میں ایسا کرنا جائز ہے واللہ اعلم ۔

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا ۖ وَّصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ

اور جو لوگ تم میں مرجاویں اور چھوڑ جاویں اپنی عورتیں وصیت کردیں اپنی عورتوں کے لیے

مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ ۚ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ

خرچ دینا ایک برس تک نہ نکال دینا پھر اگر وہ نکل جاویں تو گناہ نہیں

عَلَيْكُمْ فِيْ مَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ ۗ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ

تم پر جو کچھ کریں اپنے حق میں دستور کی بات اور اللہ زبردست

حَكِيْمٌ ۝ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ حَقًّا عَلَى

ہے حکمت والا اور طلاق والیوں کے لیے کچھ خرچ موافق دستور کے لازم ہے

الْمُتَّقِيْنَ ۝ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝

پرہیزگاروں پر ایسے ہی بیان کرتا ہے اللہ تمہارے لیے اپنی آیتیں تاکہ تم سمجھو

وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ۔ اور جو لوگ تم میں سے مرتے ہیں۔ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا۔ اور ازواج چھوڑتے ہیں ف انکو خود معلوم ہو کہ موت کے بعد ہماری بی بی باقی رہیگی۔ وَصِيَّةً لِّاَزْوَاجِهِمْ۔ نصب وصیۃ کی قرارت پر یہ معنے کہ یہ لوگ اپنے ازواج کے لیے ضرور وصیت کریں۔ وصیۃ بالرفع کے یہ معنے کہ۔ ان پر اپنے ازواج متروکہ کے واسطے وصیت واجب ہو۔ مَّتَاعًا اِلَى الْحَوْلِ غَيْرَ اِخْرَاجٍ۔ وہ وصیت یہ ہو کہ انکو سال بھر تک کھانے پہننے کا تمتع دیجیو بدون اخراج کے ف گھر سے مت نکالیو۔ فَاِنْ خَرَجْنَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ فِيْمَا فَعَلْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِنَّ مِنْ مَّعْرُوْفٍ وَاللّٰهُ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۔ پھر اگر بیوائیں عورتیں خود ہی نکل گئیں (بدون اخراج) تو تم پر کچھ گناہ نہیں (اے وصیت والو) درباره اس حرکت کے جو ان عورتوں نے اپنے حق میں امر معروف کی قسم سے کی اور اللہ تعالے عزیز حکیم ہو ف زمانہ جاہلیت بڑا عیب تھا کہ میت کی عورت سال سے پہلے نکل آوے گویا مرد میت کی بڑی عظمتی ہوئی۔ پس اللہ تعالے نے لطف حکمت سے رفع فرمایا کہ اہل میت کو حکم دیا کہ تم موافق وصیت اپنے وارث کے ان عورتوں کو گھر سے مت نکالیو ہاں اگر خود یہ عورتیں نکل جاویں تو تم پر کچھ گناہ نہیں ہے تم انسے متعرض نہو عورتیں اس سال بھر کی مصیبت کو موت کا سا سنا خیال کرتی تھیں پس فوراً جان نئی بات پاکر نکل جاتیں۔ معروف شرعی یہ کہ اپنے آپکو زینت و سنگار سے آراستہ کریں تاکہ دوسرے مرد سے نکاح کریں حتی کہ عدت چار ماہ دس روز گذرنے سے بھی پہلے نکاح پر آمادہ ہوئیں پس وہ جاہلیت کی رسم مٹ گئی پھر اللہ تعالے نے عدت وفات کی چار ماہ دس روز مقرر کر دیے اور اللہ تعالے عزیز حکیم ہے اور واضح ہو کہ جب وصیت سال کی صورت میں عورت خود نکل گئی تو پھر متاع میں سے کچھ نہیں پاتی تھی اور ہر شخص راضی ہو جاتی تاکہ اس بلاے سخت سے نجات پاوے۔ پھر جب آیۃ المیراث نازل ہوئی تو وصیت متاع کا حکم منسوخ ہوا بلکہ عورت کا حصہ میراث مقرر ہو گیا۔ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ۔ اور طلاق دی ہوئی عورتوں کے واسطے متاع کھانا کپڑا بطور معروف شرعی ہے متقین پر ثابت رکھا گیا ہے۔ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ یوں ہی اللہ تعالے اپنی آیات کو تمہارے واسطے بیان فرماتا ہے تاکہ تم سمجھ حاصل کرو ف محی السنۃ نے معالم میں فرمایا کہ یہ آیت اہل طائف میں سے ایک شخص کے حق میں اتری جسکو حکیم بن الحارث کہتے تھے وہ مدینہ میں ہجرت کر کے آیا اسکے ساتھ اسکے والدین و اولاد و جورو تھی پھر وہ مر گیا پس اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے والدین و اولاد کو اسکی میراث دی اور اسکی جورو کو کچھ نہیں دیا اور ان وارثوں کو حکم کیا کہ اس عورت کو اسکے شوہر کے ترکہ سے ایک سال کامل نفقہ دیں اور وفات کی عدت ابتداے اسلام میں ایک سال تھی اور وارث پر حرام تھا کہ میت کی جورو کو سال تمام ہونے سے پہلے اسکے گھر سے نکالے اور اس سال میں اس عورت کا نفقہ و سکنی اسکے شوہر کے مال سے واجب تھا جبتک کہ وہ گھر سے نہ نکلے اور جورو کے واسطے میراث کچھ نہ تھی پھر اگر وہ عورت گھر سے نکل جاتی تو اسکا نفقہ ساقط ہو جاتا اور مرد پر واجب تھا کہ اس بات کی وصیت کر جاوے پس ایسا ہی باقی رہا تک کہ آیت میراث اتری پس اللہ تعالے نے ایک سال کے نفقہ کو چہارم یا آٹھواں حصہ میراث سے منسوخ کیا اور ایک سال کی عدت کو چار مہینہ دس راتوں کی آیت سے منسوخ کیا اور ابن کثیر وغیرہ نے یہ قصہ کچھ ذکر نہیں کیا پھر قولہ الَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ۔ جو لوگ مرتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ وفات کے قریب پہونچیں کیونکہ آگے۔ وصیۃ لازواجہم۔ فرمایا ہے حالانکہ جو مر گیا اس سے وصیت کرنا ممکن نہیں ہے تو یہی معنے ہوئے کہ جو مرنے کے قریب پہونچے وہ وصیت کر جاوے مترجم کہتا ہے کہ جب کسی مرد نے عورت سے نکاح کیا ہی وصیت کر دے خواہ آیندہ وہ رہے یا نہ رہے اور مفسرین سلف نے اسمیں اختلاف کیا ہے کہ یہ آیت محکمہ ہے یا منسوخہ ہے پس جمہور اسطرف گئے ہیں کہ منسوخ ہے اور ابن جریر نے مجاہد سے نقل کیا کہ محکمہ ہے منسوخ نہیں ہوا اور عدت وفات تو اسیقدر ہے جو سابق کی آیت میں چار مہینہ دس راتیں مذکور ہوئے لیکن اللہ تعالے نے اس آیت میں عورت کے واسطے سات مہینہ بیس روز کا نفقہ و سکنی بطور وصیت قرار دیا ہے

پس عورت چاہے اس وصیت پر ساکن رہے اور چاہے نکل جاوے اور ابن عطیہ و قاضی عیاض نے نقل کیا کہ اس بات پر اجماع ہے کہ سال بھر کی عدت منسوخ ہے اور عدت وفات چار مہینہ دس راتیں ثابت ہے۔ **قال ابن کثیر** اکثروں کے نزدیک یہ آیت اپنی پہلی آیت سے منسوخ ہے یعنے قولہ یتربصن بانفسہن اربعۃ اشہر وعشرا الآیۃ۔ چنانچہ بخاری رحمہ نے ابن الزبیر سے روایت کی کہ میں نے عثمان بن عفان سے کہا کہ قولہ والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا وصیۃ لازواجہم کو دوسری آیت نے منسوخ کیا پس کیوں آپ اسکو لکھواتے ہیں یا اسکو چھوڑتے ہیں تو فرمایا کہ اے میرے بھتیجے میں اسمیں سے کوئی چیز اپنی جگہ سے متغیر نہ کرونگا۔ **ابن کثیر** نے کہا کہ ابن الزبیر کے اشکال کے معنے یہ ہیں کہ جب اسکا حکم دوسری آیت سے یعنے چار مہینہ دس راتوں والی آیت سے منسوخ ہو گیا تو باوجود زوال حکم کے اسکی تلاوت باقی رکھنے میں کیا حکمت ہے حالانکہ بقاء تلاوت سے وہم ہوتا ہے کہ اسکا حکم باقی ہے تو عثمان رضی اللہ عنہ نے حکم دیا کہ یہ امر توقیفی ہے اور میں نے اسکو مصحف میں ایسا ہی لکھا ہوا پایا ہے کہ ناسخہ آیت کے بعد لکھی ہے پس میں نے اسکو جہاں پایا ہے وہیں رہنے دونگا اور ابن ابی حاتم نے عطاء خراسانی کے طریق سے ابن عباس سے اس آیت میں روایت کی کہ پہلے اس عورت کے لیے جسکا شوہر چھوڑ مرے ایک سال تک اسکے مکان میں نفقہ و سکنی تھا پس اسکو آیۃ المواریث نے منسوخ کیا اور عورتوں کے لیے چوتھائی یا آٹھواں حصہ میراث شوہر سے قرار دیا ایسا ہی ابو موسی اشعری و ابن الزبیر و مجاہد و ابراہیم و عطاء و حسن و عکرمہ و قتادہ و ضحاک و زید بن اسلم و سدی و مقاتل و عطاء خراسانی و ربیع بن انس سے مروی ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے اور علی بن ابی طلحہ کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی کہ پہلے یہ تھا کہ جب کوئی مرد مرجاتا اور اپنی جورو چھوڑتا تو وہ اسیکے گھر میں ایک سال عدت پوری کرتی کہ اسکو شوہر متوفی کے مال سے نفقہ دیا جاتا پھر اسکے بعد اللہ تعالے نے۔ والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا یتربصن بانفسہن اربعۃ اشہر وعشرا نازل فرمایا پس یہی اس عورت کی عدت ٹھہری جسکا شوہر چھوڑ مرے لیکن اگر حاملہ ہو تو اسکی عدت یہ ہے کہ وضع حمل کرے اور فرمایا کہ عورتوں کو چوتھائی میراث ہے اگر تمہارے فرزند نہ ہو اور اگر فرزند ہو تو تمہارے ترکہ سے انکو آٹھواں حصہ ہے پس عورت کے لیے میراث کردی اور وصیت و نفقہ ترک فرمایا اور بخاری رحمہ نے مجاہد سے روایت کی کہ قولہ والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا یتربصن بانفسہن الآیۃ۔ مجاہد نے کہا کہ یہ عدت تو عورت پر واجب ہے کہ شوہر والوں کے پاس پوری کرے پھر اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا وصیۃ لازواجہم متاعا الی الحول غیر اخراج فان خرجن فلا جناح علیکم فیما فعلن فی انفسہن من معروف پس مجاہد نے کہا کہ پھر اللہ تعالے نے سات مہینہ بیس اتین اور عدت کے ساتھ بطور وصیت کے کرکے سال کو پورا فرمادیا پس عورت کو اختیار ہے چاہے اس وصیت پر رہے اور چاہے نکل جاوے اور یہی قولہ اللہ تعالے کا ہے غیر اخراج فان خرجن فلا جناح علیکم۔ پس جو عدت کہ مقررہ ہے وہ جیسے ہے ویسی ہی واجب ہے **قال المترجم** یہ روایت مجاہد کی صریح ہے کہ وہ اس امر کے قائل نہ تھے کہ یہ آیت منسوخ ہے بلکہ حاصل کلام انکا یہ ہے کہ آیۃ یتربصن بانفسہن اربعۃ اشہر وعشرا۔ میں عدت لازمہ بیان فرمائی کہ وہ شوہر کے مکان میں یعنے جہاں وہ وفات شوہر کے وقت تھی رہکر اس عدت کو پورا کرے بدون اسکے کہ وہاں سے نکل سکے پھر اس آیت میں اللہ تعالے شوہران متوفی کو وصیت کرنیکا حکم دیا کہ باقی سات مہینہ بیس روز کے نفقہ کی وصیت کریں کہ عورتوں کے واسطے پورا سال ہو جاوے ولیکن عورت کو اختیار ہے چاہے اس سات مہینہ بیس روز میں وصیت کے موافق اس جگہ رہے جہاں عدت میں تھی یا نہ رہے پس اگر رہے تو وصیت کے موافق اسکو نفقہ و سکنی ملے اور اگر عدت لازمہ پوری کرکے نکل جاوے تو اسکو اختیار ہے اور نفقہ وصیت نہ ملیگا اور یہ قول مجاہد سے صحیح ثابت ہے پس ابن ابی حاتم نے جو اسے نقل کیا کہ وہ نسخ کے قائل ہیں قابل اعتماد نہیں ہے پھر بخاری رحمہ اللہ نے ذکر کیا کہ عطاء نے ابن عباس سے روایت کی کہ اس آیت نے عورت کی عدت گھر والے شوہر والوں کے پاس منسوخ کیا پس وہ عورت جہاں چاہے اپنی عدت پوری کرے اور یہ قول اللہ تعالے کا ہے غیر اخراج۔ اور عطاء نے کہا کہ چاہے اپنے شوہر متوفی کے لوگوں کے وہاں اپنی عدت پوری کرے اور اپنی وصیت پر رہے اور چاہے وہاں سے نکل جاوے کیونکہ اللہ تعالے نے

فرمایا فان خرجن فلا جناح علیکم فیما فعلن پھر عطا نے فرمایا کہ پھر آیہ میراث نازل ہوئی تو سکنی بھی منسوخ ہوا پس وہ عدت پوری کرے جہاں چاہے اور اسکے واسطے سکنی نہیں ہے پھر بخاری رح نے اپنی اسناد سے ابن عباس سے مثل ماتقدم کے روایت کیا جسپر اعتماد مجاہد و عطا کو ہے کہ یہ آیت اس امر پر نہیں دلالت کرتی ہے کہ عورت پر ایک سال عدت رکھنا واجب تھی جیسا کہ جمہور نے زعم کیا ہے تاکہ یہ چار مہینہ دس رات کی آیت سے منسوخ ہووے بلکہ اس آیت میں صرف اسیقدر ہے کہ زوجات کے حق میں وصیت ہے کہ اپنے متوفی شوہروں کے گھر میں ایک سال رہنے کو جگہ دیجاوے اگر وہ اسکو پسند کریں اسواسطے اللہ تعالے نے فرمایا وصیۃ لازواجہم ای یوصیکم اللہ بہن وصیۃ اللہ تعالے تمکو ان عورتوں کے بارہ میں وصیت فرماتا ہے مانند قولہ وصیۃ من اللہ اور بعض نے کہا کہ فلیوصوا مقدر سے منصوب ہے اور یہ قرارۃ ابو عمرو ابن عامر و حمزہ و حفص کے ہے اور باقیوں نے اسکو بالرفع پڑھا ہے بمعنے کتب علیکم وصیتہ ولیکن مفسر رح نے صرف علیکم مقدر کیا اور یہی ارجح ہے اسواسطے کہ تقدیر بقدر ضرورت ہے اور وہ علیکم کی تقدیر سے رفع ہوتی ہے فافہم اور اور اسیکو ابن جریر نے اختیار کیا ہے پھر چار مہینہ دس راتوں کی عدت کے بعد اگر یہ عورتیں نکل جانا چاہیں تو منع نہ کیجاوینگے کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا فان خرجن فلا جناح علیکم فیما فعلن فی انفسہن من معروف کمالین ہیں کہا کہ مراد یہ ہے کہ ان عورتوں کو اختیار ہے چاہیں رہیں اور نفقہ لیویں اور چاہیں نکل جاویں اور نفقہ چھوڑ دیں اور یہی شافعی کا قول ہے مفسر رح کہتا ہے کہ اس عبارت سے سخت وہم ہوتا ہے کہ شاید شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جبکہ اس دلیل سے نکلنے کا اختیار ہے تو زینت وغیرہ کا اختیار ہوگا کیونکہ مذکور ہے۔ فلا جناح علیکم فیما فعلن فی انفسہن من معروف حالانکہ ایسا نہیں ہے صرف بات یہ ہے کہ شافعی رح کے نزدیک چار مہینہ دس راتین عدت میں بدون تزین وغیرہ کے پورا کرنا چاہیے مگر جہاں چاہیں خواہ شوہر متوفی کے مکان میں رہیں چاہیں کہیں اور جیسا کہ عطا کے قول سے معلوم ہوا ہے اور وہ بنا بر اسکے ہے کہ یہ آیۃ کریمہ اپنے ماتقدم کی آیت سے منسوخہ ہے اور رہنے مجاہد و عطا و ابن عباس کے قول سے اوپر بیان کردیا کہ یہ منسوخ نہیں ہے اور شیخ حافظ ابن کثیر رح نے بھی اسی طرف میل کیا اور کہا کہ یہ قول تو متوجہ ہوتا ہے اور لفظ بھی اسکا مساعد ہے اور اسیکو ایک جماعت نے اختیار کیا ہے جنمیں سے شیخ ابو العباس ابن تیمیہ رح بھی ہیں اور دوسروں نے اس سے انکار کیا از انجملہ شیخ ابو عمرو بن عبد البر بھی ہیں وقال المترجم وجہ رد کرنے کے اظہر نہیں ہے اور کوئی شک نہیں کہ یہ قول عدم نسخ کا نہایت خوب ہے اور ابو حنیفہ رح نے کہا کہ عورت کو اختیار نہیں کہ اس جگہ سے جہاں وہ وفات کے وقت تھی نکل جاوے بدون عدت پوری کرنے کے ہاں اگر شوہر متوفی کے مکان سے اسکا حصہ اسکے بسر کرنے کے لیے کفایت نہ کرے اور وارث لوگ اپنے حصہ سے اسکو نکال دیں تو مضائقہ نہیں کہ وہ دوسری جگہ منتقل کرکے عدت پوری کرے اور دوسری جگہ اسکے حق میں بجائے مکان شوہر کے ہوگی کہ اسکو وہاں سے باہر ہونیکا اختیار نہ ہوگا اسواسطے کہ مکان شوہر سے یہاں تحویل کرنا بمجبوری تھا پس وہاں سے نہیں نکل سکتی ہے اور اسپر صریح دلیل ہے جو مالک رح نے موطا میں روایت کیا کہ فریعہ بنت مالک بن سنان جو ابو سعید خدری کی بہن تھیں وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئیں پوچھتی ہوئی کہ میں بنی خدرہ میں اپنے لوگوں میں اپس جاؤں کیونکہ انکا شوہر اپنے چند غلاموں کی تلاش میں جو بھاگ گئے تھے انکے پیچھے گیا حتی کہ جب قدوم کے کنارہ پہونچا تو وہاں ان غلاموں کو پایا ان بھیشوں نے اسکو قتل کرڈالا پس فریعہ بنت مالک نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ اپنے لوگوں میں بنی خدرہ میں جاؤں کیونکہ میرے شوہر نے مجھے ایسے مسکن میں نہیں چھوڑا جسکا وہ مالک ہو اور نہ کچھ نفقہ چھوڑا ہے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہاں پھر جب میں واپس ہوئی تو حجرہ ہی میں تھی کہ مجھے رسول اللہ صلعم نے آواز دی یا حکم کیا کہ میں بلائی گئی تو فرمایا کہ تو نے کیونکر کہا پس میں نے آپ سے اپنے شوہر کا قصہ دوہرا کر بیان کیا تو آپنے فرمایا کہ اپنے گھر میں ٹھہری رہ یہانتک کہ مفروضہ مدت پوری ہو فریعہ کہتی ہیں پس میں نے اسی گھر میں چار مہینہ دس راتیں پوری کیں۔ فریعہ کہتی ہیں کہ پھر جب عثمان رض خلیفہ تھے تو میرے پاس آدمی بھیجکر مجھسے یہ حال دریافت کیا

پس میں نے انکو اسکی خبر دی تو انھوں نے اسکا اتباع کیا اور اسی کے موافق فیصلہ کا حکم دیا ورواہ النسائی وابوداؤد والترمذی وقال حسن صحیح اور اسی حدیث سے شافعیہ نے استدلال کیا کہ جس عورت کا شوہر مرجاوے اسکے لیے سکنی ثابت ہی یعنے شوہر کے مکان میں اسکو عدت پوری کرنے کی جگہ دیجاوے اور اگر شوہر کا مکان کرایہ کا ہو تو اسکا کرایہ شوہر کے مال متروکہ سے دیا جاوے اور حق یہ ہی کہ اسمیں انکے واسطے کوئی دلیل نہیں ہی اسواسطے کہ رسول اللہ علیہ وسلم نے صرف یہ حکم دیا کہ اس گھر سے نہ جاوے اور یہ حکم نہیں ہی کہ اسکا کرایہ ترکہ شوہر پر ہی اور کیونکر ہوگا کہ اسمیں تصریح موجود ہی کہ شوہر نے کچھ نفقہ نہیں چھوڑا اور پہلے عطاء وابن عباس سے ذکر ہوا کہ حق سکنی آیۂ میراث سے منسوخ ہوا ہی اور **ابن کثیر** نے کہا کہ عطاء وغیرہم کی مراد اگر یہ ہی کہ چار مہینہ دس راتوں سے زائد کے لیے اسکے واسطے سکنی نہیں تو مسلم ہی اور اگر یہ مراد ہی کہ چار مہینہ دس راتوں کے واسطے بھی نہیں ہی تو اسمیں خلاف ہی **قال المترجم** وجہ عدم تسلیم کی کوئی بیان نہیں فرمائی پھر جو کہا کہ وجوب سکنی پر استدلال حدیث فریعہ بنت مالک سے ہی تو اسکا جواب ہم دے چکے واللہ اعلم اور جب قول مجاہد وعطاء وابوحنیفہ کو جمع کیا جاوے تو آیت کی تفسیر یہ ہوتی ہی کہ جو لوگ مرجاویں اور عورتیں چھوڑیں تو چار مہینہ دس راتیں تو آیت سابقہ سے انکی عدت کے واسطے نفقہ وسکنی چاہیے اور سال میں سے باقی سات مہینہ بیس رات کے واسطے وصیت کرجاویں نفقہ وسکنی کی بدون اخراج کے اور اگر اس سات مہینہ بیس راتوں کی مدت میں جو عدت سے زائد بطور وصیت ہی وہ عورت نہ رہے اور نکل جاوے تو مضائقہ نہیں ولیکن ایام عدت میں نہیں نکل سکتی ہی پھر آیۂ میراث سے حق سکنی کا حکم منسوخ ہوا ہی پس اب صرف چار مہینہ دس راتیں رہیں جنمیں وہ نہیں نکل سکتی اور نفقہ وسکنی کچھ نہیں بلکہ اسکے لیے حصۂ میراث ہی اور رہی وصیت تو وہ نفقہ وسکنی کی تھی وہ آیت میراث سے منسوخ ہوئی اور مؤید اسکی وہ حدیث ہی کہ لاوصیۃ لوارث کسی وارث کے واسطے کچھ وصیت صحیح نہیں ہی اور اس تقدیر پر سب دلائل جمع ہو جاتے ہیں واللہ اعلم اور بقول شافعی کہ اسکے واسطے سکنی ثابت ہی حدیث لاوصیۃ لوارث میں تخصیص یا تاویل کرنی پڑیگی باسواسطے کہ سکنی کا ثبوت ہی آیۂ وصیۃ لازواجہم متاعا الی الحول غیر اخراج سے ہوگا حالانکہ وارثہ کے لیے علی العموم وصیت کی نفی ہی فتامل اور اس بیان مذکورۂ بالا سے معلوم ہوا کہ امام ابوحنیفہ کے قول کی دلیل بلاتردد مستقیم ہی اور اسکی حاجت نہیں کہ فان خرجن فلاجناح علیکم کے یہ معنے لیے جاویں کہ فان خرجن بعد الحول۔ علاوہ بریں یہ تاویل کسی قدر نظم سے بیگانہ پڑتی ہی اگرچہ کمالین حاشیۂ جلیلین وغیرہ میں مذکور ہی اور یہ بھی ثابت ہوا کہ منسوخ قرار دینے کی حاجت نہیں اور اصل یہ ہی کہ جہاں نسخ نہ ہو اور توفیق ممکن ہو وہاں نسخ کا قائل ہونا نہیں درست ہی اگر کہا جاوے کہ جمہور کے خلاف ہی جو نسخ کے قائل ہیں میں کہتا ہوں کہ نہیں بلکہ بہتیرے اسکے قائل ہیں اور نسبہ روایات کے ثبوت میں تردد باقی ہی اور کم لوگ محکم ہونے کے قائل ہیں جیساکہ شیخ **ابن کثیر** نے فرمایا ہی اور قول مجاہد پر ایک جماعت کا قول ہی اور اس صورت میں وہ سوال بھی وارد نہیں ہوتا کہ اگلی آیت نے پچھلی آیت کو کیونکر منسوخ کیا اگرچہ اسکا جواب یہ ہو سکتا ہی کہ اگلی تلاوت میں ہی اور نزول میں پچھلی ہی ہی ولیکن بعضے علماء محققین نے کہا ہی کہ منسوخ آیتیں سب مقدم اور ناسخ سب متاخر واقع ہوئی ہیں **ذکرہ الشیخ المفسر فی الاتقان**۔ قولہ وللمطلقات متاع بالمعروف حقا علی المتقین۔ اس آیت کی تفسیر میں مفسرین کے اقوال ہیں اور اصل دو قول ہیں **بیضاوی** نے کہا کہ ایک قوم نے کہا کہ متاع سے مراد نفقۂ عدت ہی یعنے مطلقات کے واسطے نفقۂ عدت بطور معروف شرعی واجب ہی اور اسیکو مدارک میں لیا ہی پس اس قول پر مکرر ہونا لازم نہیں آتا ہی اور دوسرا قول یہ ہی کہ متاع سے مراد متعہ ہی جو مطلقہ عورتوں کو دیا جاتا ہی جیساکہ قولہ ومتعوہن علی الموسع قدرہ الآیہ میں مذکور ہوا پس اس تقدیر پر اس آیت سے متعہ ہر مطلقہ کے واسطے واجب ہوا خواہ اسکا مہر مسمی ہوا ہو یا نہ ہوا ہو خواہ ولی سے پہلے طلاق دی گئی ہو یا بعد اسکے اور یہی قول سعید بن جبیر وغیرہ وبعض سلف کا ہی اور اسیکو **ابن جریر** نے اختیار کیا ہی اور عبدالرحمن بن زید بن اسلم فقیہ جلیل سے روایت ہی کہ جب نازل ہوا قولہ متاعا بالمعروف حقا علی المحسنین تو ایک شخص نے کہا کہ اگر احسان کرنا چاہوں گا دونگا اور اگر نچاہوں گا نہ دونگا پس اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری وللمطلقات متاع

بالمعروف حقا علی المتقین ایسا ہی شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا اور بعض نے کہا ہے کہ یہ اثر ابن تابعی سے ہے اور بیچ میں خواہ مخواہ واسطہ ہوگا اسکا ذکر متروک ہے ولیکن عبدالرحمن بن زید عالم جلیل ہیں پس اگر باب تفسیر میں اسپر اعتماد کیا جاوے تو حاصل اسکا یہ ہوگا کہ جس عورت کا مہر نہیں ٹھہرا اور قبل دخول کے اسکو طلاق دی گئی اسکے لیے متعہ واجب ہے پس المطلقات میں الف لام عہد کا ہوگا اور مراد وہی مطلقات ہونگی جنکا ذکر سابق کی آیت میں ہو چکا ہے پس یہاں تکرار واسطے بیان وجوب کے ہے نہ تاکید جیسا کہ بیضاوی نے زعم کیا اگر کہا جاوے کہ اسمیں وجوب کس حرف سے ثابت ہوتا ہے تو مترجم کہتا ہے کہ بنا بر اس اصل کے کہ وجوب کی سبیل رفع ہے جیسے قولہ فضربت من صیام۔ وغیرہ میں ہے اور نصب کی سبیل استحباب ہے اور وہ متاعا بالمعروف حقا علی المحسنین۔ میں تھا اسیواسطے۔ وصیۃ لازواجہم متاعا الی الحول میں وجوب استحباب کا اختلاف ہوا کہ وصیۃ بالنصب اور وصیۃ بالرفع دونوں طرح پڑھا گیا ہے فتدبر اور شافعی کے نزدیک ہر مطلقہ کے واسطے واجب ہے سوائے اس مطلقہ کے جسکا مہر ٹھہر گیا ہو اور قبل دخول کے اسکو طلاق دی گئی ہو کذا ذکرہ فی الکمالین اور ظاہر مذہب شافعی کا تو یہ ہے کہ ہر مطلقہ کے واسطے واجب ہے اور بیضاوی نے آیہ سابقہ یعنے قولہ وعلی الموسع قدرہ الآیہ میں کہا کہ اسکا مفہوم مخالف یہ ہے کہ سوائے ایسی مطلقہ کے جسکو قبل دخول کے طلاق دی گئی اور مہر مفروض نہ تھا دوسری مطلقہ کے لیے متعہ واجب نہیں ہے پھر اس آیہ یعنے قولہ وللمطلقات متاع بالمعروف۔ میں ہر مطلقہ کے لیے وجوب متعہ پر دلیل پیش کی۔ کہ مطلقات عام ہے اور مطلقہ قبل دخول و فرض مہر اسکا ایک فرد ہے پس عام کے کسی فرد کو ایک حکم سے بیان کرنا موجب اسکی تخصیص کا نہیں ہوتا ہے مگر جب یہی کہ منطوق کی تخصیص مفہوم سے جائز رکھی جاوے۔ یا یہ کہا جاوے کہ بعض عام کے ساتھ ایک حکم بیان کرنا اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ بعض دیگر اسکے برخلاف ہیں اسیواسطے لازم آیا کہ ہر مطلقہ کے واسطے متعہ واجب ہو اور مقصود بیضاوی کا یہ ہے کہ یہاں عام مطلقات کے واسطے متعہ مستحب کا حکم جیسا کہ باقی ائمہ ثلثہ رحمہم اللہ سے سوائے شافعی کے مروی ہے درست نہیں ہو سکتا کیونکہ مطلقہ غیر مدخولہ جسکو مفوضہ بھی کہتے ہیں اسکے واسطے بالاتفاق متعہ واجب ہے پس اگر یہاں استحباب لیا جاوے تو مطلقہ مفوضہ غیر مدخولہ کی تخصیص ہوگی حالانکہ عام کی ہر ایک فرد کو ایک حکم سے بیان کرنا اسکا مخصص نہیں ہے یا تخصیص منطوق بمفہوم لازم آویگی اور یہ دونوں درست نہیں جیسا کہ بیضاوی کی تقریر سے واضح ہوا پس صحیح قول شافعی ہے کہ ہر مطلقہ کے واسطے واجب ہے یہ حاصل کلام بیضاوی ہے اور پوشیدہ نہیں کہ سابق کی آیۃ سے خود بیضاوی نے مفہوم مخالف جو شافعیہ کے نزدیک حجت ہے اس آیہ کے برخلاف نکالا ہے پس منطوق و مفہوم میں تعارض ہو گیا فتامل۔ اور امام مالک رح کے نزدیک ہر مطلقہ کے واسطے متعہ مستحب ہے سوائے مطلقہ مفوضہ غیر مدخولہ کے اور امام ابوحنیفہ و ایک روایت کے موافق امام احمد نے کہا کہ ہر مدخولہ کے واسطے مستحب ہے اور غیر مدخولہ مفوضہ کے واسطے واجب ہے اور جبکہ مہر بیان کر دیا گیا ہو تو اسکے واسطے متعہ مشروع نہیں ہے کذا ذکرہ فی الکمالین اور مراد یہ ہے کہ غیر مدخولہ و غیر مفوضہ المہر کے واسطے واجب ہے اور مدخولہ میں دو قسم ہیں ایک وہ کہ جسکا مہر بیان کیا گیا ہو تو اسکے واسطے مشروع نہیں ہے اور دوم وہ کہ اسکا مہر مسمی نہ ہوا ہو تو اسکے واسطے مستحب ہے واللہ اعلم۔ شیخ نے عرائس البیان میں کہا قولہ وللمطلقات متاع بالمعروف۔ اللہ تعالے نے انکے واسطے متاع کو مقرر کر دیا تاکہ انکے دلوں کو تسلی ہو کیونکہ انھوں نے رنج فراق و صدمہ جدائی اٹھایا ہے پس اسکا کچھ عوض ہو جاوے تاکہ انپر دو مصیبتیں نہ ہو جاویں ایک مصیبت جدائی دوم مصیبت محرومی قال المترجم اور روایت ہے کہ حسن بن علی کرم اللہ وجہہ نے ایک عورت کو طلاق دی اور دس ہزار درہم اسکو متاع میں دیے پس اسنے کہا متاع قلیل من حبیب مفارق یعنے محبوب جدا کرنے والے کے بدلے میں یہ متاع قلیل ہے اور واضح ہو کہ دنیا اہل ایمان کے نزدیک کل ایک متاع ہے پس موت خوشی سے وطن جانے کا وقت ہے

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا ثُمَّ

تو نے نہ دیکھے وہ لوگ جو نکلے اپنے گھروں سے اور وہ ہزاروں تھے موت کے ڈر سے پھر کہا انکو اللہ نے مر جاؤ پھر انکو

اَحْيَاهُمْ ۚ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۝ وَقَاتِلُوْا فِيْ

زندہ کردیا اللہ تعالےٰ تو بڑا فضل کرنے والا ہی لوگون پر ولیکن اکثر لوگ شکر نہین کرتے ہین اور لڑو

سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

اللہ کی راہ مین اور جان رکھو اللہ سننے والا جاننے والا ہی۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ۔ تونے ان لوگون کو نہین جانا جو اپنے گھرون سے نکلے تھے ف اسمین استفہام تعجب دلانے وشوق دلانے کے لیے ہی تاکہ آگے جو مذکور ہی اسپر کان لگاوین یعنے کیا تیرا علم ان لوگون کے قصہ تک نہین پہونچا جو گھرون سے نکلے تھے۔ وَهُمْ اُلُوْفٌ۔ اور وہ ہزارون تھے ف اسمین روایات مختلف ہین چار ہزار تھے یا آٹھ ہزار یا تیس ہزار یا چالیس ہزار یا ستر ہزار تھے حَذَرَ الْمَوْتِ۔ موت کے خوف سے نکل بھاگے تھے ف بنی اسرائیل ہین سے ایک قوم تھی کہ انکے ملک مین وبا پھیلی پس یہ لوگ نکل بھاگے فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا۔ پس اللہ تعالےٰ نے انکے حق مین حکم دیا کہ مرو ف یعنے اللہ تعالےٰ نے انسے کہا کہ مرجاؤ پس مرگئے ثُمَّ اَحْيَاهُمْ۔ پھر انکو زندہ کیا ف بعد آٹھ روز کے یا زیادہ کے بسبب دعا انکے نبی حزقیل علیہ السلام کے اور حزقیل بکسر حا مہملہ وسکون زا معجمہ وبکسر قاف وسکون یا شتحتانیہ ہی پھر یہ لوگ ایک مدت دراز تک زندہ رہے اس حال مین کہ اپنپر موت کا اثر تھا جو کپڑا پہنتے وہ مثل کفن کے ہوجاتا اور یہ بات انکے ناتی پوتون مین چلی آئی۔ اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ۔ اللہ تعالےٰ لوگون پر احسان والا ہی ف اور اسی فضل مین سے ہی ان لوگون کا زندہ کردینا۔ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ۔ ولیکن بہتیرے لوگ شکر نہین کرتے ہین ف اور وہ کافر لوگ ہین۔ پھر انکی خبر بیان کرنے سے مقصود یہ ہی کہ مسلمانون کو جہاد کرنے پر شجاعت دلائی اور اسیواسطے اس کلام پر عطف کردیا۔ وَقَاتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ اور لڑو اللہ کی راہ مین ف اور مراد اللہ کی راہ مین لڑنے سے یہ ہی کہ اسکا دین بلند کرنے کی نیت سے لڑو۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔ اور جان لو کہ اللہ تعالےٰ سمیع علیم ہی ف تمہاری باتون کا سننے والا ہی اور تمہارے احوال کا جاننے والا ہی پس تمکو بدلا دیگا۔ چونکہ قصہ مذکور تمام بنی اسرائیل مین معروف متواتر ہوگیا اور سبھون نے کتابون مین ڈالا تھا لہذا ارشاد ہوا۔ کہ الم تر الی الذین الخ۔ اور اس قصہ مین نکتہ یہ کہ قضاے الٰہی سے بھاگنا اور تقدیر سے گریز کرنا محض بے سود ہی کہ یہ لوگ وبا سے بچنے کے واسطے بھاگے تھے اور اللہ تعالےٰ نے دم کے دم مین انکو موت دیدی اور انکی تعداد مین اختلاف کثیر ہی جیساکہ مفسرون نے چند اقوال بیان کیے ایسے ہی معالم وتفسیر ابن کثیر وغیرہ مین مذکور ہین لیکن سب روایات تابعین وغیرہ ہین کوئی انمین سے حدیث مرفوع سے ثابت نہین اور اللہ تعالےٰ نے بھی اسکو بیان نہین فرمایا کیونکہ مفاد اس قصہ کا ان لوگون کی تعداد سے متعلق نہین بلکہ انکی حالت پر ہی اگرچہ کتنے ہی ہون ہان اتنا فرمایا کہ ہم الوف اور الوف جمع کثرت الف کی ہی اور آلاف اسکی جمع قلت ہی پس جمع کثرت کی نظر سے جنکی روایات مین دس ہزار سے زیادہ مذکور ہین وہ اول ہین جیساکہ بغوی و قرطبی نے تنبیہ کی ہی اور قصص بھی مختلف طور پر ہین اور شاید کہ اصح وہ ہی جو شیخ ابن کثیر وغیرہ نے اپنی تفسیر مین کہا کہ سلف مین سے بہتون نے ذکر فرمایا کہ یہ لوگ زمانہ بنی اسرائیل مین ایک ضلع کے لوگ تھے انکے ملک کے اندر بیماری پھیلی اور سخت وبا مین گرفتار ہوے پس موت کے خوف سے جنگل کی طرف نکل بھاگے اور ایک کشادہ میدان مین اترے باوجود اسکے اس جنگل کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک بھرے ہوے پس اللہ عزوجل نے دو فرشتے بھیجے ایک نے جنگل کے اونچے سرے سے اور دوسرے نے جنگل کے نیچے سرے سے انکو کرخت آواز دی کہ مرجاؤ پس ایک دم سے سب کے سب اول سے آخر تک مرگئے بعد کئی روز کے دوسرے شہر والون نے جبکہ انکو دفن کرنا

چاہا تو سخت بدبو سے دفن کرنا ممکن نہ ہوا آخر انکے گرد دیوار سے احاطہ کر دیا اور جہانتک ممکن ہوا حفاظت کر دی کہیں لکڑی کہیں دیوار اور یہ لوگ سب فنا ہو کر پارہ پارہ متفرق ہو گئے پھر ایک مدت کے بعد انبیاء بنی اسرائیل میں سے ایک نبی جنکو حزقیل کہتے تھے اور وہ حضرت موسیٰ کے بعد بنی خلیفہ تھے وہاں گذرے تو اللہ تعالے سے دعا کی کہ ان لوگوں کو میرے ہاتھ پر زندہ کر دے پس اللہ تعالے نے انکی دعا کو قبول کیا اور حکم دیا کہ یوں کہے کہ اے پوسیدہ ہڈیو تمکو اللہ تعالے حکم دیتا ہے کہ جمع ہو جاؤ پس ہر جسم کی ہڈیاں بعض بعض سے جمع ہو گئیں پھر انکو حکم دیا تو انھوں نے آواز دی کہ اے تمکو اللہ تعالے حکم دیتا ہے کہ گوشت پٹھے و کھال سے پہنائی ہوئی ہو جاؤ پس ایسا ہو گیا اور حزقیل علیہ السلام یہ قدرت الٰہی کا تماشا دیکھ رہے تھے اور انسے پہلے ہی کہدیا تھا کہ تجھے قدرت کا تماشا دکھایا جاوے پھر حکم دیا کہ حزقیل نے پکارا اے ارواح تمکو اللہ تعالے حکم دیتا ہے کہ ہر روح اپنے اس جسم میں چلی جاوے جسکی وہ تعمیر کرتے تھے پس ایسا ہوا اور وہ لوگ زندہ ہو کر اٹھ کھڑے ہوئے دیکھتے تھے کہ اللہ تعالے نے انکو انکے خواب دراز کے بعد زندہ کر دیا اور کہتے جاتے تھے کہ پاک ہے تیرے سوائے کوئی معبود نہیں ہے ابن کثیر نے کہا کہ ان لوگوں کے زندہ کر دینے میں قطعی دلیل اس بات پر ظاہر تھی کہ قیامت میں جسطرح سے حشر ہوگا اسی وجہ سے اللہ تعالے نے فرمایا۔ ان اللہ لذو فضل علی الناس ای انکو روشن دلیلیں و ظاہر حجتیں و باہر نشانیان دکھلاتا ہے اور انکو انکی بھلائی کی راہ پر بلاتا ہے ولیکن اکثر الناس لا یشکرون ای پھر وہ لوگ ہمیشے کافر ہوتے ہیں اور اپنے نفس و شیطان کے وسوسہ و جھگڑے میں اللہ تعالے کا شکر نہیں ادا کرتے جو اسنے انکے دین و دنیا کے نفع کے واسطے انعام فرمایا ہے اور معالم میں اس قصہ کو مختلف طور سے ذکر کیا اور ابن جریر و ابن ابی حاتم و ابن المنذر نے اسکو ابو مالک سے طولانی روایت کیا اور اسمیں کچھ اوپر تیس ہزار کی تعداد مذکور ہے اور بعض روایات میں ہے کہ یہ لوگ اہل اذرعات تھے اور بعض میں اہل دارا بردان ایک فرسخ واسطے سے ادھر تھے اور معالم میں ہے کہ مجاہد نے کہا جسمیں وہ زندہ ہوئے تو بولے سبحانک اللھم ربنا و بحمدک لا الہ الا انت۔ پھر اپنی قوم والوں کی طرف واپس گئے اور مدت تک زندہ رہے مگر موت کے آثار انکے چہرے پر نمایاں تھے جو کپڑا پہنتے وہ مانند کفن ہو جاتا یہانتک کہ وہ اپنی موت سے جو انکے لیے اللہ تعالے نے مقرر کی تھی مر گئے اور ابن عباس نے فرمایا کہ آج بھی انکے نواسی پوتوں میں یہ بو پائی جاتی ہے اور قتادہ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے انکو موت سے بھاگنے سے منع فرمایا تھا مگر اسپر نہ جمے آخر انکو عقوبت کی موت سے مارا پھر وہ زندہ کیے گئے تاکہ اپنی مقدر زندگانی کے دن پورے کریں اور انکی مقدر موت ہوتی تو کبھی نہ زندہ کیے جاتے۔ اور معالم میں بعض روایت میں یہ بھی ہے کہ انکو جہاد کا حکم دیا گیا تھا مگر موت سے بھاگے پس عقوبت میں مارے گئے اسیواسطے قولہ حذر الموت کی تفسیر میں کہا گیا کہ بخوف وبا اور کہا گیا کہ بخوف قتل جہاد اور طاعون اس عام بیماری کو کہتے ہیں کہ جسمیں مری پڑ جاوے لیکن ایسی عام بیماری میں جو شخص صلاحیت کے ساتھ نیکو کار رہے اور قضاے الٰہی پر صابر رہکر مرے وہ شہید ہے جیسا کہ حدیث سے ثابت ہے اور قولہ فقال لھم اللہ موتوا۔ مذکور ہوا کہ ایسا فرشتوں نے بحکم الٰہی کہا تھا اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ امر تحویل ہو بمتعلق ارادہ الٰہی کا انکے دفعۃً مر جانے کے ساتھ اور شاید کہ بطریق تمثیل ہو انکو یکبارگی موت دینے کی اور اسمیں شک نہیں کہ وقوع حوادث اسکے ارادہ و مشیت قدیم سے ہے۔ قال ابن کثیر اس قصہ میں عبرت و دلیل ہے کہ قضاء و قدر سے پرہیز کرنا بے سود ہے اور اللہ تعالے کی تقدیر سے اللہ تعالے ہی کی طرف جانا چاہیے کسی اور طرف راہ نہیں ہے کیونکہ دیکھو یہ لوگ وبا سے بھاگے تاکہ دیر تک زندہ رہیں سو انکے قصد کا الٹا معاملہ انکے ساتھ کیا گیا اور ایک ہی آن میں انپر اول سے آخر تک موت آگئی اور اسی قبیل سے حدیث صحیح میں ابن عباس سے ہے کہ عمر بن الخطاب ملک شام کو چلے جب سرغ میں پہونچے تو سرداران لشکر ابو عبیدہ بن الجراح وغیرہ انسے ملے اور آگاہ کیا کہ شام میں وبا پھیلی ہے پھر حدیث بیان کی یہانتک کہ کہا کہ پھر انتے میں عبد الرحمن بن عوف آئے جو بعض ضرورت سے غائب تھے اور کہا کہ میرے پاس اسکا ایک علم ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

سے سنا کہ جب تم کسی سرزمین میں ہو اور تم اسمیں موجود ہو تو اس سے بھاگنے کے قصد سے وہاں سے مت نکلو اور جب تم اسکو کسی سرزمین میں سنو تو وہاں
مت جاؤ پس عمر رضی اللہ تعالے کا شکر ادا کیا پھر واپس چلے آئے رواہ البخاری و مسلم و احمد اور دوسری روایت میں ہے کہ عبدالرحمن بن عوف نے جو شام میں تھے عمر رض
کو خبر دی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ وبا کی بیماری وہ ہے کہ اس سے اگلی امت والوں کو عذاب دیا گیا جو تمسے پہلے تھے پس جب تم سنو کہ وہ
کسی سرزمین میں ہے تو اسمیں مت داخل ہو اور جب کسی سرزمین میں واقع ہو اور تم وہاں موجود ہو تو اس سے بھاگ جانے کے قصد سے وہاں سے مت نکلو
پس عمر رض شام کے جانے سے لوٹ آئے رواہ الثلثۃ ایضا اور یہاں سے ظاہر ہوا کہ جہاں وبا ہے وہاں سے نکلنا تو اسوجہ سے چاہیے کہ موت سے فرار کرے
حالانکہ موت مقدر ہے اور یہ خلاف ایمان بتقدیر الٰہی ہے اور جہاں ہے وہاں جانا اسوجہ سے ممنوع ہے کہ عذاب الٰہی جہاں نازل ہے اسمیں گھسنا نہیں
چاہیے ہے جیسے حضرت صلعم نے تبوک میں بعضے معذب مقامات سے پانی تک نہ لیا اور جلد گزر گئے کہ وہاں کی زمین میں معذب لوگ پڑے ہیں
اور بعض نے بیان کیا کہ وہاں نہ جانا اسلیے کہ شاید موت مقدر ہو اور گرفتار ہو جانے پر دل میں سمجھے کہ کاش یہاں نہ آتے تو اچھا تھا حالانکہ یہ محض
بے ایمانی کا خیال ہے۔ اللھم ربنا عافنا واعف عنا وقنا توفیق الخیر وارحمنا وانت خیر الراحمین۔ اور واضح ہو کہ وبا طاعون مطلقا عذاب نہیں ہے
کیا نہیں دیکھتے ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسمیں مرنے والے صالح کو شہید فرمایا ہے اور یہ حدیث کثرت طرق سے بدرجہ شہرت ہے اور جمہور علماء اسپر متفق
ہیں۔ ہاں اسکا نزول اکثر اسوقت ہوتا ہے جب قوم کفار اور بعض مسلمان گنہگار فسق و فجور میں بکثرت انہار کریں اور ایسی صورت میں جو نیکو کار مبتلا
ہو کر مرا اسکے واسطے یہ بیماری عین رحمت ہے۔ چنانچہ امام ابو اسمعیل الازدی نے معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کے قول سے صحیح موکد روایت کیا ہے
قولہ وقاتلوا فی سبیل اللہ۔ ظاہر یہ ہے کہ عطف مضمون کا مضمون پر ہے یعنے جب قصہ بالا سے معلوم ہو گیا کہ موت سے بھاگنا آدمی کو نجات نہیں
دیتا ہے اور جو مقدر ہے وہ لامحالہ واقع ہونے والا ہے تو اہل اسلام کو قتال کا حکم دیا کہ خیال کریں کہ اگر انکی موت ہی آئی ہے تو کیا خوب ہے کہ اللہ کی راہ میں
شہید ہوں ورنہ قتال سے کچھ نہ ہوگا اور فتح و غنیمت و ثواب جمیل بہرحال میں نصیب ہوگا اور یہ سب اس صورت میں کہ یہ خطاب اہل اسلام کو ہو جیسا کہ
جمہور مفسرین کا قول ہے اور بعض نے کہا کہ یہ خطاب انھیں لوگوں کو ہے جو زندہ کیے گئے تھے کیونکہ بعض نے قصدیون روایت کیا ہے کہ انکے بادشاہ نے انکو
جہاد کے واسطے حکم دیا تھا مگر خوف موت وہ بدل ہوئے پس بادشاہ نے دعا کی کہ اللہ تعالے انکو کوئی نشان انکی ذات میں دکھلاوے پس سب کے سب
اور پھر زندہ کیے گئے پھر انکو حکم دیا گیا کہ راہ خدا میں جہاد کرو اور اس روایت کی ثبوت میں کلام ہے اور ابن جریر نے اسکو ذکر کیا کہ جو شخص کہتا ہے کہ خطاب
ان لوگوں کو ہے جو زندہ کیے گئے تھے نے وجہ ہے اور یہی صواب ہے اور مخالف روایات احاد پشمہ کما ستعرف آور قولوا علموا ان اللہ سمیع علیم
یعنے اللہ تعالے ہر پیش قدمی کرنے والے اور ہر عذر کرکے پیچھے ٹلنے والے کی بات سنتا اور دلی حال جانتا ہے پس اسکو اسکے موافق جزا دیگا پس اطاعت
کرنے والے کے لیے وعدہ خیر اور بداعتقاد و پیچھے ٹلنے والے کے لیے عذاب کی وعید ہے اور علیم سے اشارہ ہے کہ محض قتال کرنا موجب ثواب نہیں بلکہ اخلاص
ہو اور حدیث صحیح میں ہے کہ جو شخص قتال کرے اس نیت سے کہ اللہ تعالے ہی کا کلمہ بلند ہو وہی راہ خدا میں جہاد کرنے والا ہے اور یہ اللہ تعالے
کی نیک فہمائش ان لوگوں کو ہے جو قید نفس میں گرفتار موت سے ڈرتے ہیں ورنہ ایمان کامل والا تو خود یقین رکھتا ہے کہ موت مقدر ہے جہاد کرنے
والے سے بے وقت نہیں آسکتی ہے بلکہ وہ لوگ زندگانی دنیا سے موت کے زیادہ خواہش مند ہیں اور اللہ تعالے نے اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم
کی تعریف کی و منھم من قضی نحبہ و منھم من ینتظر۔ یعنے بعض نے انمیں سے اپنا عہد پورا کیا اور بعضے منتظر ہیں و ابن کثیر نے اس مقام پر نقل کیا کہ
اسکی روایت سے ثابت ہوا کہ حامی اسلام و سیف اللہ مسلول حضرت ابوسلیمان خالد بن الولید رضی اللہ عنہ اپنی موت کے وقت کہتے تھے
کہ میں فلان فلان معرکہ میں حاضر ہوا اور میرا کوئی عضو نہیں کہ اسمیں تیر یا نیزہ یا تلوار کا زخم نہ ہوا اور اب یہ دیکھو میں اپنے بچھونے پر اونٹ کی طرح

فرماہون پس نامردون کی آنکھون کو نیند نہ آوے یعنے بد دعا کی کہ جو لوگ بد دلی سے جہاد کرنے سے بھاگتے ہین اور خود تاسف کرتے تھے کہ مین شہید کیون نہوا پس یہ ان لوگون کا حال ہی جو اس دار ناپائدار سے بھاگتے ہین اور جو لوگ اس دنیاے ناپائدار مین کافرون جانورون کی طرح پڑے ہین انکے خوف کی وجہ ظاہر ہی اور ایمان ناقص اللھم ہدنا وانت الہادی نعوذ باللہ من الضلال

مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ قَرْضًا حَسَنًا فَيُضَاعِفَهُ لَهُ أَضْعَافًا كَثِيرَةً ۚ وَاللَّهُ يَقْبِضُ

کون شخص ہی کہ قرض دے اللہ کو اچھا قرض کہ وہ اسکو دونا کردے کتنے برابر اور اللہ تنگی کردیتا ہی

وَيَبْسُطُ ۖ وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ

اور کشایش دیتا ہی اور اسی کی طرف لیجاے جاؤگے

مَنْ ذَا الَّذِي يُقْرِضُ اللَّهَ - کون ہی کہ اللہ تعالے کو قرض دیتا ہی ف یعنی طور کر اپنا مال اللہ تعالے کی راہ جہاد وغیرہ مین خرچ کرے - قَرْضًا حَسَنًا - بطور قرض حسنہ ف یعنی طور کہ مال کو اللہ تعالے کے واسطے خوشی دل سے خرچ کرے - فَيُضَاعِفَهُ لَهُ ایک قراءة مین بتشدید ضاد معجمہ از باب تفعیل یعنے تضعیف سے ہی - أَضْعَافًا كَثِيرَةً - اللہ تعالے اسکے لیے اس مال کو بہت گونہ فرماویگا ف کم سے کم دس گونہ سے لیکر سات سو گونہ سے زیادہ تک جیسا کہ عنقریب آویگا - وَاللَّهُ يَقْبِضُ - اللہ تعالے بند کرلیتا ہی ف رزق کو یعنے بندے کو امتحان مین ڈالنے کے واسطے اللہ تعالے جس سے چاہتا ہی رزق بند کردیتا ہی - وَيَبْسُطُ - اور وسعت دیتا ہی ف رزق کو جسکے واسطے چاہتا ہی تاکہ اسکا امتحان کرے - وَإِلَيْهِ تُرْجَعُونَ - فی الآخرة فیجازیکم باعمالکم - اسیکی طرف پھیرے جاؤگے ف آخرت مین پس جزا دیگا تمھارے کامون کے موافق - ابن ابی حاتم نے عبد اللہ بن مسعود رض سے روایت کی کہ جب نازل ہوا - قولہ من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا فیضاعفہ لہ - تو ابو الدحداح انصاری نے کہا کہ یا رسول اللہ کیا اللہ تعالے ہم سے قرض چاہتا ہی آپ نے فرمایا کہ ہان ای ابو الدحداح تو عرض کیا کہ یا رسول اللہ اپنا ہاتھ مجھے دکھلایئے پس آپنے اپنا ہاتھ دیدیا تو ابو الدحداح نے ہاتھ لیکر کہا کہ مین نے اپنا باغ اپنے پروردگار عزوجل کو قرض دیا اور ابو الدحداح کا ایک باغ تھا جسمین چھ سو درخت خرما تھے اور انکی جورو ام الدحداح و عیال اسمین تھے پھر ابو الدحداح وہان آئے اور آواز دی کہ ای ام الدحداح اسنے کہا کہ حاضر ہون تو کہا کہ اسمین سے نکل آ کہ مین نے اسکو اپنے پروردگار عزوجل کو قرض دیا ہی - رواہ الطبرانی و البیہقی ایضا - اور ابن مردویہ نے اسکو حضرت عمر کی روایت سے مرفوعا روایت کیا اور ایک جماعت محدثین نے اس قصہ کو روایت کیا ہی - اور قرض اصل مین ہر وہ چیز ہی جسکے دینے پر آدمی بدلے کی نظر رکھے چنانچہ عرب بولتے تھے کہ اقرضہ فلان ای اسکو ایسی چیز دے کہ اسکو بدلا دینا پڑیگا اور یہ اصل زبان کا محاورہ تھا اسی سے اللہ تعالے کو قرض دینا بطور تمثیل کے ہی یعنے کوئی نیک کام درگاہ باری تعالے مین پہونچانا جس سے ثواب ملنے کی امید ہو اسیواسطے بعض نے اسکی تفسیر مین کہا کہ وہ تسبیح و تقدیس ہی اور بعض نے کہا کہ اہل و عیال کو نفقہ دینا اور ابن کثیر نے فرمایا کہ حضرت عمر رض وغیرہ سلف سے مروی ہی کہ وہ اللہ تعالے کی راہ مین مال خرچ کرنا ہی اور ظاہر یہ ہی کہ یہی اس آیہ کریمہ مین مراد ہی اور دیگر امور تو قرض کے عام معنے مین شامل ہین واللہ اعلم اور صحاح کی حدیث مین جسکو بخاری و مسلم نے بھی روایت کیا ہی موجود ہی کہ اللہ تعالے فرماویگا کہ ای فرزند آدم مین نے تجھسے پانی چاہا تو نے نہ پلایا عرض کریگا کہ مین تجھے کیونکر پلا سکتا ہون اور تو پروردگار عالمین ہی فرماویگا کہ تجھسے میرے فلان بندے نے پانی چاہا تو نے اسکو نہ پلایا اگر تو اسکو پلاتا تو اسکو تو میرے پاس پاتا - علما نے فرمایا ہی کہ اللہ تعالے نے جو ایسے خطاب فرمائے ہین وہ بندے کو مانوس دلانے اور رغبت دلانے اور انکے عرف کے موافق قول چال ظاہر کرنے کے طور پر ہین کیونکہ یہ امر تو ان سب کو ظاہر ہی کہ اللہ عزوجل کی قدرت و عظمت اس سے بالا ہی کہ کوئی اسکو قرض دے سکے

اور بندہ اور اسکا مال و جان سب اسیکی ملک ہی وہی اسکو دیتا ہی پس ہدایت وارشاد و کرامت و بزرگی ہی واللہ ہو الغنی الحمید اور قولہ قرضا حسنا مفعول مطلق ہی ای اقراضا مقرونا بالاخلاص وطیب النفس او المفعول بہ ای مقرضا حلالا طیبا ۔ و بعض نے کہا کہ قرض حسن اللہ تعالے کی راہ مین جہاد کرنا اور مال خرچ کرنا ۔ قولہ فیضاعفہ لہ اضعافا کثیرۃ ۔ واضح ہو کہ دس گونہ سے تو کسی حال مین کم نہین ہی اور مفسرین نے کہا کہ سات سو گونہ سے زیادہ اور سہی ۔ نے کہا کہ اسکی تقدیر اللہ تعالے ہی جانتا ہی اور ابن ابی حاتم کی روایت کعب الاحبار مین ہی کہ اللہ تعالے کے ثواب دینے کی مقدار سوائے اللہ تعالے کے کوئی شمار نہین کر سکتا پھر پڑھی یہ آیت من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا فیضاعفہ لہ اضعافا کثیرۃ ۔ پس جو اللہ تعالے کی طرف سے کثیر ہو وہ شمار مین نہین آسکتا ہی ۔ اور ابن ابی حاتم کی حدیث ابوہریرہ مین بروایت ابوعثمان النہدی ہی کہ مین نے ابوہریرہؓ سے کہا کہ اہل بصرہ گمان کرتے ہین کہ آپ نے فرمایا کہ ایک نیکی بندہ کی اللہ تعالے ایک لاکھ گونہ بڑھاتا ہی تو کہا کہ ای ابوعثمان تو اسمین کیا تعجب کرتا ہی اللہ تعالے فرماتا ہی کہ من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا فیضاعفہ لہ اضعافا کثیرۃ ۔ اور فرماتا ہی کہ وما متاع الحیوۃ الدنیا فی الآخرۃ الا قلیل ۔ قسم اس ذات پاک کی جسکے قبضۂ قدرت مین میری جان ہی کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ فرماتے تھے کہ اللہ تعالے ایک نیکی کو دو لاکھ گونہ بڑھاتا ہی ورواہ احمد وابن المنذر ایضا اور اسیکی تائید بعض احادیث مین ہی جنمین مثل احد پہاڑ وغیرہ کے بڑھانا مذکور ہی اور یہی حق ہی اور ابن ابی حاتم نے ابن عمرؓ سے روایت کی کہ جب اتری آیۃ مثل الذین ینفقون اموالہم فی سبیل اللہ کمثل حبۃ انبتت سبع سنابل الآیہ ۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ ای میرے پروردگار میری امت کے واسطے زیادہ بڑھا دے پس اتری آیت من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا فیضاعفہ لہ اضعافا کثیرۃ ۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ ای میرے پروردگار میری امت کے لیے زیادہ فرما دے پس نازل ہوا انما یوفی الصابرون اجرہم بغیر حساب اسکو ابن حبان نے بھی اپنی صحیح مین اور بیہقی وغیرہ نے بھی روایت کیا ہی اور ابن المنذر نے سفیان سے روایت کی کہ جب اترا قولہ من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالہا تو رسول صلعم نے عرض کیا کہ پروردگار میری امت کے لیے بڑھا دے پس اترا قولہ مثل الذین ینفقون اموالہم الآیہ ۔ عرض کیا کہ میری امت کے لیے بڑھا دے پس اترا قولہ من ذا الذی یقرض اللہ الآیہ ۔ عرض کیا کہ پروردگار میری امت کے لیے بڑھا دے پس اترا قولہ انما یوفی الصابرون الآیہ ۔ اور قولہ تعالے واللہ یقبض الآیہ ۔ اسمین تنبیہ ہی کہ رزاق اللہ عزوجل ہی نے تامل خرچ کرو مگر امر خیر مین جہان شرعا خرچ کرنا چاہیے اور تنگی رزق سے مت ڈرو کہ تعالے رزاق قدیر ہی اور حدیث مین اسما بنت ابی بکر کو فرمایا کہ دے اور خرچ کر اور بند مت کر کہ تجھپر بھی بند کر دی جاوے ۔ کما فی الصحیح ۔ ولیکن یہ جان لینا چاہیے کہ اسراف سخت مذموم ہی بے طور خرچ کرنا بڑا ہی اور روایت کیا گیا ہی کہ منجملہ اسراف کے یہ بات ہی کہ جس چیز کو جی چاہے اسیکو جما کر لے اور مقصود یہان یہ ہی کہ راہ خدا و جہاد مین خرچ کرو اور تنگی سے مت ڈرو کہ اللہ تعالے دینے والا ہی وہی کثرت سے دیتا ہی اور وہی تنگی سے دیتا ہی اور کثرت مال کسیکی بہتری کی دلیل نہین کیونکہ کافرون کو بہت دی گئی اور تنگی مال برائی کی دلیل نہین کیونکہ پیغمبرون پر طاری تھی اور حضرت عمرؓ کی حدیث صحیح مین یہ مضمون ہی کہ مین نے حضرت صلعم کو فرش بوریا پر لیٹے دیکھا کہ آپ کے بدن اسکے نشان پڑ گئے تھے مجھے رونا آیا اور مین نے کہا کہ یکسری و قیصر اس حال مین ہین اور آپ اللہ تعالے کے رسول ہو کر اس حال مین ہین عا فرمایئے کہ اللہ تعالے وسعت دے تو آپ اٹھ بیٹھے اور فرمایا کہ ای عمرؓ تو اس خیال مین بڑا خبردار ہو کہ انکو دنیا ہی اور ہمارے لیے آخرت ہی اور بعض روایات مین ہی کہ دنیا گھوڑے کے مانند ہی اور حدیث مین آیا کہ اگر دنیا کی حقیقت اللہ تعالے کے نزدیک مچھر کے پر برابر ہوتی تو کسی کافر کو ایک گھونٹ پانی نہ ملتا اور حدیث مین ہی کہ دنیا ملعون ہی قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا ۔ قرض حسنہ مین یہ جان بھی ہی کہ اپنی جان راہ خدا مین نثار کر دے پھر بھی شرمندہ و خجل ہو کہ یہ نثار میرا نہایت حقیر بلکہ ہیچ ہی اور عوض کی امید دل سے فنا کر دے جان اس

امر پر خوش ہوا اور پھولا نہ سمائے کہ حق عزوجل نے مجھ سے خطاب فرمایا۔ اللہ عزوجل نے جو انکو دیا تھا وہ قرض مانگا یا انکے حق میں پرورش ہوتا کہ فضل بڑھادے اور بعض نے کہا کہ مال قرض تربیت فقراء کے لیے ہوا اور بعض نے فرمایا کہ قرض حسن ہو کہ جسپر جزا کی طمع نہ ہو اور اسکے سبب سے عوض کا استحقاق ہو اور بعض نے فرمایا کہ تجھے مالک بنا دیا پھر تجھسے خرید کیا تاکہ تیرے لیے اپنے ساتھ ایک نسبت ثابت کرے پھر جو تجھسے خریدا تھا اسی میں سے قرض مانگا پھر تجھے اسپر عوض دینے کا وعدہ فرمایا بہت کو نہ تو اسمیں کچھ اکھاڑا ظاہر کر دیا کہ اسکی بخششوں وعطاؤں ونعمتوں کے ساتھ کسی علت کا لگاؤ نہیں ہے یعنے کسی غرض کے واسطے نہیں ہوتی ہیں قال الشیخ رحمہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ ان اللہ اشتری من المومنین انفسھم واموالھم بان لھم الجنۃ۔ اللہ تعالےٰ نے خرید لیا مومنوں سے انکے مالوں وجانوں کو بعوض اسکے کہ انکے لیے جنت ہو جسمیں صاحب حق عزوجل ہے پس قول الخیر جو شیخ نے ذکر کیا ہے وہ

اس آیت کے سمجھنے پر موقوف ہے اب سمجھ لینا چاہیے اور بات اچھی بیان فرمائی ہے

ف ۱۰ ع

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ مِنْۢ بَعْدِ مُوْسٰى اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ

تو نے نہ دیکھی ایک جماعت بنی اسرائیل میں سے جو بعد موسیٰ کے تھی جب بولی اپنے نبی سے کھڑا کر دے ہمارے لیے ایک بادشاہ کہ ہم لڑیں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۭ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ۭ قَالُوْا وَمَا لَنَآ

اللہ کی راہ میں وہ بولا یہ بھی توقع ہے تم سے کہ اگر تمپر قتال فرض کیا جاوے تو نہ لڑو بولے ہمکو کیا ہوا کہ

اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَاۗىِٕنَا ۭ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ

ہم نہ لڑیں اللہ کی راہ میں حالانکہ ہم نکالے گئے ہیں اپنے گھروں اور بیٹوں سے پھر جب ان پر فرض ہوا

الْقِتَالُ تَوَلَّوْا اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالظّٰلِمِيْنَ ۝

قتال تو پھر گئے مگر تھوڑے انمیں سے اور اللہ جانتا ہے گنہگاروں کو۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الْمَلَاِ۔ تو نے دیکھا انمیں ایک گروہ کو جو مِنْۢ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ۔ بنی اسرائیل میں سے تھا۔ مِنْۢ بَعْدِ۔ موسیٰ۔ بعد زمانہ وفات موسیٰ علیہ السلام کے۔ حاصل یہ کہ موسیٰ کے بعد بنی اسرائیل میں ایک گروہ ہوا ہے تو انکے قصہ میں تعجب سے نہیں دیکھتا اِذْ قَالُوْا لِنَبِيٍّ لَّهُمُ۔ جب بولے انہوں نے اپنے پیغمبر سے کہا تھا وہ پیغمبر شموئیل علیہ السلام تھے کہ۔ ابْعَثْ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ ہمارے لیے ایک بادشاہ قائم کر جسکے ساتھ ہو کر ہم راہ الٰہی میں جہاد کریں یعنے اسی بادشاہ کی وجہ سے ہمارا کلیتہً نظام پاوے اور اسکی طرف مرجع ہو تو ہمکو جہاد کا موقع ملے۔ قَالَ۔ اس نبی نے انسے کہا۔ هَلْ عَسَيْتُمْ۔ قراءۃ الاکثر بفتح السین نافع بالکسر۔ اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا۔ بھلا بات ایسی ہوگی جیسے تمہارے حال سے سمجھی جاتی ہے کہ اگر قتال فرض کیا گیا تو تم نہ لڑوگے یعنے نامردی کر جاؤگے۔ قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَاۗىِٕنَا۔ کہنے لگے کہ ہم کو کیا چیز مانع ہوگی جسکے ہم نہ لڑیں حالانکہ ہم لوگ اپنے دیار واولاد سے نکالے گئے ہیں ف تو یہ سبب بظاہر خود مقتضی ہے کہ ہم لڑینگے اور یہ سب کچھ کے ساتھ جالوت کافر کی قوم نے کہا تھا اور معنے یہ ہیں کہ جواب کہ قتال کرنے کو مقتضی ہے اسکے ہوتے ہوئے ہمکو لڑائی سے روکنے والی کوئی چیز نہیں ہو سکتی ہے اللہ تعالےٰ نے فرمایا۔ فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا۔ پھر جب فرض کیا گیا انپر لڑائی وجہاد کرنا تو پھر گئے ف قتال کرنے سے اور نامردی کر گئے۔ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ۔ سوائے انمیں سے قلیل جماعت کے ف کہ وہ مستقیم رہے اور یہ وہی لوگ تھے جنھوں نے ملتاہ طالوت کے ساتھ نہر کو عبور کیا تھا جیسا کہ عنقریب آتا ہے وَاللّٰهُ

علیم بالظلمین - اور اللہ تعالے تو ظالمون کو خوب جانتا ہی ف پس انکو سزا دیگا اللہ عزوجل نے یہ دوسرا قصہ جو بنی اسرائیل مین واقع ہوا تھا عبرت کے واسطے بیان فرمایا اور اس تمام قصہ مین اظہار ہی کہ فتح و نصرت اللہ تعالے کی طرف سے ہی ولیکن بندون پر یہ کرم جب ہوتا ہی کہ انکی نیتین صادق ہون اور طاعت الہی مین مضبوط رہین اور کثرت دشمن پر نظر نہ کرین یہ جماعت بنی اسرائیل وہ تھی جو عمالقہ سے شکست کھانے اور جزایل اٹھانے کے بعد باقی رہی تھی چنانچہ قصہ مین آتا ہی اور جس نبی سے انھون نے بادشاہ کی درخواست کی تھی اسکے نام مین اختلاف ہی بعض نے کہا کہ وہ یوشع بن نون تھے اور بعض نے کہا کہ شمعون - اور صحیح وہ ہی کہ جو مجاہد سے مروی ہی ابن کثیر نے ذکر کیا کہ مجاہد نے فرمایا کہ وہ شمویل ع تھے اور ایسا ہی محمد بن اسحاق نے وہب بن منبہ سے روایت کیا قال البغوی اور یہی اکثر مفسرین کا قول ہی قال ابن کثیر وہ شمویل بن بالی بن علقمہ بن ترخام بن الیہد بن بہرص بن علقمہ بن یاجب بن عمر صابن غریا بن صفیہ بن علقمہ بن ابی یاشف بن قارن بن یصہر بن قاہث بن لاوی بن یعقوب بن اسحق بن ابراہیم خلیل اللہ علیہم السلام ہین - محی السنہ نے معالم مین ذکر کیا کہ وہب بن منبہ و محمد بن اسحاق و کلبی و غیرہم نے ذکر کیا کہ قصہ یہ ہوا کہ جب موسی علیہ السلام نے وفات پائی تو انکے پیچھے بنی اسرائیل مین یوشع بن نون خلیفہ ہوے کہ انمین تورات کو قائم رکھتے اور انکو احکام الہی کی دعوت کرتے یہانتک کہ انھون نے وفات پائی پھر انمین کالب بن یوفنا خلیفہ ہوے انھون نے بھی ایسا ہی کیا یہانتک کہ وفات پائی پھر انکے بعد حزقیل خلیفہ ہوے یہانتک کہ انھون نے وفات پائی پھر بنی اسرائیل نے بدعتین بری بری ایجاد کرنی شروع کین اور اللہ تعالے کا عہد بھول گئے یہانتک کہ بعضون نے انمین سے بت پرستی کی اور اللہ تعالے نے انکی طرف حضرت الیاس کو نبی کرکے بھیجا انھون نے حکم الہی و توحید و تورات کی طرف بلایا اور موسی علیہ السلام کے بعد برابر بنی اسرائیل مین انبیا ہوتے آئے کہ انکو جدید طور پر تورات کے احکام پر چلنے کی دعوت کرین پھر الیسع خلیفہ ہوے پھر یونہی خلیفہ ہوتے آئے اور بنی اسرائیل کی حالت بگڑتی گئی اور ظلم و بدکاریان بڑھتی گئین اور برابر انبیا انکو بدی سے منع کرتے اور بھلائی کا حکم کرتے تھے وقال ابن کثیر فیما ذکرہ عن ہولاء اور بنی اسرائیل کا حال یہ تھا کہ کوئی انسے مقابلہ نہین کرسکتا تھا جو لڑتا تھا اسپر غالب ہوتے تھے اور بات یہ تھی کہ انکے پاس تورات تھی اور وہ تابوت تھا کہ جو قدیم زمانہ سے تھا اور وہ اگلون سے پچھلون کو میراث چلا آتا تھا یہانتک کہ موسی علیہ السلام تک پہونچا تھا اور برابر بنی اسرائیل مین رہا یہانتک کہ جب بنی اسرائیل نے بدعتون و گناہون اور نافرمانیون کی کثرت کی اور عہد تورات بھول گئے تو اللہ تعالے نے اپر انکے دشمنون کو مسلط کیا حتی کہ بعض لڑائی مین بعضے بادشاہون نے وہ تابوت انسے چھین لیا اور تورات بھی چھین لی اور انمین کوئی اسکا بچانے والا نہین رہا وقال محی السنۃ فی المعالم پھر جب بنی اسرائیل مین گناہون کی کثرت ہوئی تو انکا دشمن ظاہر ہوا اور وہ جالوت کی قوم تھی جنکو بلشا شا کہتے تھے وہ بحر روم کے کنارے درمیان مصر اور فلسطین کے رہا کرتے تھے اور یہی عمالقہ ہین پس یہ لوگ بنی اسرائیل پر غالب ہوے اور انکے بہت ملک چھین لیے اور بہت سے بچے قتل و قید کیے اور ان لوگون مین سے انکے بادشاہون کی اولاد سے چار سو چالیس آدمی قید کیے تھے اور ان لوگون پر جزیہ مقرر کیا اور انسے تورات چھین لی اور بنو اسرائیل کو انکی طرف سے سخت تکلیف و مصیبت پہونچی و قال ابن کثیر اور ان لوگون مین بہت تھوڑے باقی رہے اور انکے اسباط مین سے نبوت منقطع ہوگئی اور لاوی بن یعقوب جنکے پوتے ہارون مین نبوت چلی آتی تھی کوئی نہین بچا فقط ایک عورت ایسی تھی جو اپنے شوہر سے حاملہ تھی اور اسکا شوہر مارا گیا اور یہ لاوی بن یعقوب کی نسل سے تھا - قال محی السنۃ اور بنی اسرائیل مین کوئی ایسا نہ رہا کہ انکے کام سنوارتا اور نبوت جس نسل مین تھی وہ تو ہلاک ہی ہو چکے تھے مگر یہ حاملہ عورت جو باقی تھی اسکو انھون نے ایک مکان مین بند رکھا تاکہ ایسا نہو کہ لڑکی جنے اور اسکی جگہ لڑکا بدل لے یہ دیکھکر کہ بنی اسرائیل کو اسکی نرینہ اولاد کی بہت رغبت ہی اور وہ عورت بھی دعا کیا کرتی تھی کہ اللہ تعالے اسکو نرینہ فرزند یعنے لڑکا عطا فرماوے پس اللہ تعالے نے

اسکی دعا سن لی اور اسکو لڑکا دیا پس عورت نے اسکا نام شموئیل کہا یعنے سمع اللہ دعائی۔ میری دعا خدا نے سن لی قال ابن کثیر اور بعضے کہتے ہین کہ شمعون نام رکھا اور یہ بھی اسی معنے مین ہی پھر یہ بڑھا اور انہین مین پرورش پائی اور اللہ تعالے نے اسکو اچھی طور پر پالا یہانتک کہ جب نبوت کے سن پر پہونچا تو اللہ تعالے نے اسکو وحی کی اور حکم دیا کہ اپنی قوم کو توحید و ایمان کی طرف دعوت کرے وقال محی السنۃ پھر وہ لڑکا بڑا ہوا اور عورت مذکورہ نے اسکو سپرد کیا تاکہ بیت المقدس مین توریت پڑھے اور انکے علما مین سے ایک عالم نے اس لڑکے کی کفالت کی اور اسکو متبنی بنایا پھر جب وہ لڑکا بالغ ہوا تو ایک روز وہ لڑکا اس عالم کے پہلو مین سوتا تھا اور شیخ مذکور اس لڑکے کے بارہ مین کسی پر بھروسا نہین کرتا تھا اسی حال مین جبرئیل علیہ السلام آئے اور شیخ مذکور کی آواز مین اسکو پکارا کہ اے شموئیل پس لڑکا گھبرا کر اٹھ کھڑا ہوا اور شیخ سے کہا کہ اے باپ کیا آپنے مجھے پکارا ہی پس شیخ نے اس بات کو گران جانا کہ اس سے کہدے کہ مین نے نہین پکارا اس خیال سے کہ شاید اسکو کچھ خوف لاحق ہوا اور کہا کہ بیٹا آکر سو رہو پس لڑکا پھر آکر سو رہا پھر جبرئیل علیہ السلام نے اسکو دوبارہ پکارا پھر لڑکا بولا کہ اے باپ کیا آپ نے مجھے پکارا ہی شیخ نے پھر کہا کہ بیٹا آکر سو رہو اگر مین تمکو پھر پکارون تو مجھے جواب مت دینا پھر تیسری بار جبرئیل علیہ السلام اسکے لیے ظاہر ہوگئے اور کہا کہ اٹھ اور اپنی قوم مین جاکر انکو اللہ عزوجل کی طرف بلا کیونکہ اللہ تعالے نے تجھے انہین نبی کرکے بھیجا ہی پھر جب شموئیل انہین دعوت کرنے آئے تو انھون نے شموئیل کو جھٹلایا اور بولے کہ تو نے خود جلدی سے ایسا دعوی کردیا حالانکہ تجھے نبوت ابھی نہین پہونچی اور بولے کہ اگر تو سچا ہی تو تیری نشانی یہ ہی کہ تو ہم مین ایک بادشاہ قائم کردے کہ ہم اسکے ساتھ ہوکر اللہ تعالے کی راہ مین جہاد کرین اور بنی اسرائیل کا کام اسیطرح صنور تا تھا کہ وہ لوگ اپنے بادشاہ کے حکم پر متفق ہوتے تھے اور انکے بادشاہ انکے نبی کے حکم کے مطیع ہوتے تھے پس بادشاہ ہی انکی جماعتون کو لیکر چلتا اور نبی اسکو شرع کی بات بتلاتا جاتا اور جو بات راہ کی ہوتی اس سے اسکو آگاہ کرتا اور وحی آلہی سے اسکو خبردار کرتا رہتا تھا اور واضح ہو کہ عمالقہ کے بادشاہ جالوت سے بنی اسرائیل نے شکست کھائی اور صندوق وغیرہ برکات کھو بیٹھے اور وہ بہت سے گرفتار کرلے گیا قولہ قد اخرجنا من دیارنا وابنائنا۔ محی السنۃ نے کہا کہ ظاہر مین کلام عام ہی اور باطن مین خاص ہی اسواسطے کہ جن لوگون نے بادشاہ کی درخواست کی تھی وہ اپنے ملک و وطن مین موجود تھے اور نکالے تو انمین سے وہ لوگ گئے تھے جنکو قید کرکے دشمن لے گیا تھا اور معنے یہ ہین کہ جہاد مین ہم تقصیر جب ہی کرتے تھے کہ اپنے ملکون مین آرام سے بیٹھے تھے کہ کوئی ہم پر غالب نہین ہوسکتا تھا اور اب کہ یہ نوبت پہونچ گئی ہی تو ہم ضرور اپنے پروردگار کی فرمانبرداری کرینگے اور جہاد مین کوشش کرینگے اور اپنی آل و اولاد سے دشمنون کو روکینگے حالانکہ یہ لوگ آخر اس عہد سے پھر گئے اور پورا قصہ آگے آتا ہی جاننا چاہیے کہ اس قصہ مین انکے پھر جانے کا حال اور جہاد کے قول پر قائم نہ رہنے کو پہلے بیان زیادہ کیا اور بیچ کا قصہ رہگیا ہی یعنے بادشاہ کی درخواست کی اور نبی نے دعا کی اور وہ مقرر ہوا اور انھون نے نمانا پھر نشانی پاکر اسکو بادشاہ مانا۔

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا ۚ قَالُوا أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ

اور کہا انسے انکے نبی نے اللہ نے کھڑا کردیا تمہارے لیے طالوت بادشاہ بولے کہان ہوگی اسکو بادشاہت

عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ مِنْهُ وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِنَ الْمَالِ ۚ قَالَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ

ہمپر اور ہم تو زیادہ حق دار ہین بادشاہت کے اسکی بہ نسبت اور اسکو تو کشائش مال سے بھی نہین کہا کہ اللہ نے چن لیا اسکو

عَلَيْكُمْ وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ وَالْجِسْمِ ۖ وَاللَّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ ۚ وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ

تمپر اور اسکو زیادہ کشایش دی علم مین اور جسم مین اور اللہ دیتا ہی اپنی سلطنت جس شخص کو چاہے اور اللہ تعالے کشایش والا ہی بڑا دانا

جب بنی موصوف نے اپنے پروردگار سے درخواست کی کہ انکے لیے کوئی بادشاہ بھیجا جاوے تو پروردگار نے اسکو جواب فرمایا کہ طالوت کو بھیجا
وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ إِنَّ اللَّهَ قَدْ بَعَثَ لَكُمْ طَالُوتَ مَلِكًا - اور پیغمبر نے ان بنی اسرائیل سے کہا کہ اللہ تعالے نے تمہارے
واسطے طالوت کو بادشاہ بنایا ہی ف پس تم اسکے ساتھ بیعت کرو - قَالُوا أَنَّىٰ يَكُونُ لَهُ الْمُلْكُ عَلَيْنَا وَنَحْنُ أَحَقُّ بِالْمُلْكِ
مِنْهُ - بولے کہ اسکو کہان سے ہمپر بادشاہی حاصل ہوگی حالانکہ اس سے زیادہ حقدار سلطنت ہم ہین ف کیونکہ وہ خاندان نبوت
کی ذریات مین سے نہین اور خاندان بادشاہت کے اسباط سے بھی نہین ہی اور روایت ہی کہ وہ موچی یا چرواہا تھا - وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً
مِنَ الْمَالِ - اور نہ اسکو مال کی وسعت دی گئی ف جسکے ذریعہ سے حکمرانی کرنے مین قوت ہو - قَالَ إِنَّ اللَّهَ اصْطَفَاهُ عَلَيْكُمْ
پیغمبر نے ان لوگون سے کہا کہ اللہ تعالے نے اسکو تمپر برگزیدہ کرلیا ہی ف یعنے بادشاہت دینے کے لیے - وَزَادَهُ بَسْطَةً فِي الْعِلْمِ
وَالْجِسْمِ - اور اسکے لیے علم و جسم مین فراخی دی ہی ف وہ علم و فنون حرب مین زیادہ وقوف رکھتا ہی اور جسم مین قوی ہیکل اعلیٰ ہی روایت ہی
کہ اسوقت بنی اسرائیل مین سب سے زیادہ عالم اور کامل الخلقہ یہی طالوت تھا - وَاللَّهُ يُؤْتِي مُلْكَهُ مَنْ يَشَاءُ - اور اللہ تعالے جسکو
چاہتا ہی اپنا ملک دیتا ہی ف اسپر کچھ اعتراض نہین ہوسکتا ہی - وَاللَّهُ وَاسِعٌ عَلِيمٌ - اللہ تعالے کا فضل وسیع ہی اور علم کامل ہی ف
وہ ہر ایک بندے کی لیاقت و استحقاق کو خود جانتا ہی - جاننا چاہیے کہ اولاد اسمعیل علیہ السلام جیسے قبائل کہلاتے ہین ویسی اولاد اسرائیل یعنے اولاد
یعقوب علیہ السلام اسباط کہلاتے ہین مگر یعقوب علیہ السلام کے بارہ بیٹے وہ بیٹے ہی کہلاتے ہین ان بیٹون کی اولاد بارہ فرقہ وہ سب اسباط ہین اور
ان سب مین سے یہود ابن یعقوب کی اولاد مین تو بادشاہت چلی آتی تھی اور لاوی بن یعقوب کی اولاد مین نبوت چلی آتی تھی اور مشہور قول ہی کہ یوشع
علیہ السلام کی اولاد مین تھی - اب یہان سے اللہ عزوجل نے بقیہ ماجرا قصہ مذکورہ کا بیان فرمایا قال فی المعالم وغیرہ جبان لوگون نے شمویل علیہ السلام
سے بادشاہ مانگا اور انھون نے کہا کہ ایسا تو نہو کہ تمپر جہاد فرض ہو پھر تم پھر جاؤ بولے کہ یہ کیونکر ہوسکتا ہی ہماری تو یہ حالت ہوگئی ہی ہم ضرور لڑینگے
تو شمویل علیہ السلام نے دعا کی پس اللہ عزوجل نے انکو ایک عصا بھیجا اور اسکے سر مین روغن قدس بھرا ہوا تھا اور حکم آیا کہ بادشاہ انمین سے وہ شخص
ہوگا جسکا قد اس عصا کے برابر ہوا اور اسکی گمڑی جسمین تیل بھرا ہی دیکھے پس جب تیرے پاس کوئی مرد آوے اور گمڑی مین جو تیل ہی وہ جوش کرے اور
قد اسکا برابر عصا کے ہو تو وہی بنی اسرائیل کا بادشاہ ہوگا اسکے سر مین یہ تیل ڈال دے اور اسکو بادشاہ کردے اور طالوت کا نام عبرانی مین شاول
تھا اور وہ بنیامین بن یعقوب کی اولاد سے تھا اور دراز قد تھا اسکا سر و ہر دو شانہ ہر ایک سے دراز بھاری تھے اور چمڑے کا کام کیا کرتا تھا قالہ وہب
بن منبہ اور بعض نے کہا چرواہا تھا اور سدی نے کہا کہ سقا تھا کہ اپنے خچر پر دریا سے پانی لایا کرتا تھا پس اسکا خچر گم ہوگیا جسکی تلاش مین نکلا تھا اور بعض نے
کہا کہ جانور کرایہ پر چلاتا تھا اور وہب بن منبہ نے کہا کہ طالوت کے باپ کے خچر گم گئے تھے اسنے طالوت کو اور ایک غلام کو تلاش کے لیے بھیجا تھا پس
دونون ڈھونڈھتے ہوئے شمویل علیہ السلام کے گھر کی طرف نکلے پس غلام نے طالوت سے کہا کہ بھلا اس نبی علیہ السلام کے پاس چلین اور پوچھین شاید وہ
بتادے یا ہمارے لیے دعا کردے پس دونون شمویل علیہ السلام کے پاس جاکر یہ بیان کرنے لگے پس وہ یہ بیان ہی کرتے تھے کہ ناگاہ روغن قدس نے جوش کیا
اور اسکی آواز آنے لگی پس شمویل نے اٹھکر طالوت کو عصا سے ناپا تو پورا پایا پس فرمایا کہ اپنا سر ادھر لا پس طالوت نے اپنا سر دیا اور شمویل علیہ السلام نے
روغن قدس اسکے سر مین لگایا پھر فرمایا کہ تو بنی اسرائیل کا بادشاہ ہی اور اللہ تعالے نے مجھے حکم دیا ہی کہ مین تجکو اپنے پر بادشاہ کرون پس طالوت نے عرض کیا
کہ آپکو معلوم ہی کہ بنی اسرائیل مین سے میرا سبط سب سے گھٹا ہوا اور میرا گھر سب سے ادنی ہی فرمایا کہ ہان تو عرض کیا کہ پھر میرے حق مین فشانی کیا ہی فرمایا کہ یہ
نشانی ہی کہ تو لوٹ کر جاوے اور تیرا باپ اپنے خچر پاگیا پس ایسا ہی ہوا تھا پھر شمویل علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے کہا کہ اللہ تعالے نے تمپر طالوت کو

بادشاہ کیا ہی تو بولے کہ اسکو ہم پر کہان سے بادشاہت ہوگی حالانکہ ہم اس سے زیادہ مستحق بادشاہت ہین اور یہ بات ان لوگون نے اسوجہ سے کہی کہ بنی اسرائیل مین سے فقط دو سبط ایسے تھے کہ ایک سبط نبوت اور دوسرا سبط بادشاہت تھا پس سبط نبوت تو لاوی بن یعقوب کی اولاد تھی کہ انمین سے موسیٰ و ہارون تھے اور سبط بادشاہت اولاد یہوذا بن یعقوب تھے اور انمین سے داود و سلیمان تھے اور طالوت ان دونون سے کسی مین سے نہ تھا بلکہ بنیامین بن یعقوب کی اولاد مین سے تھا اور ان لوگون نے ایک گناہ عظیم یہ کرنا شروع کیا تھا کہ ان دھاڑے راستہ مین عورت سے صحبت کرتے تھے پس اللہ تعالےٰ نے غضب کی راہ سے انسے نبوت و بادشاہت نکال دی تھی اور بنی اسرائیل انکو سبط گنہگار کہتے تھے پس جب نبی نے انسے یہ کہا تو انھون نے اس سے انکار کیا کہ وہ سبط بادشاہت سے نہین اور سبط گنہگار سے ہی ہم اس سے زیادہ مستحق ہین اور باوجود اسکے فقیر ہی مال نہین رکھتا ہی تیسرا سبب سے کہ نظر ان لوگون کی دنیاوی مال متاع پر زیادہ تھی اور اسکو باعث شرف جانتے تھے قال ابن کیثر اور یہ کلام ان لوگون کا اپنے نبی علیہ السلام پر اعتراض اور سرکشی ہی اور لائق یہ تھا کہ فرمانبرداری کرتے اور نبی کی تصدیق کرتے اور ادب شرعی سے بات کہتے اور نبی علیہ السلام نے انکو جواب دیدیا کہ اللہ تعالےٰ نے اسکو تمپر برگزیدہ کیا اور اللہ تعالےٰ دانا تر ہی یعنے مین نے اسکو اپنی طرف سے نہین مقرر کیا بلکہ اللہ تعالےٰ نے مجھے حکم کیا ہی اور شرافت کی بات جو علم ہی یعنے لڑائی کا علم اور شرع کا علم اسمین اسکو فضیلت دی اور ظاہری صورت و ہیبت مین آراستہ کیا ہی اور یہین سے نکلتا ہی کہ بادشاہ ظاہری صورت مین بھی باہیبت ہو اور واللہ یؤتی ملکہ من یشاء یعنے وہی حاکم ہی جسکو چاہتا ہی دنیاوی بادشاہت دیدیتا ہی اور یہ اسطرح نہین کہ تمام فضل یہی ہو بلکہ وہ واسع ہی اپنے فضل مین پس واسع وہ کہلاتا ہی کہ اسکے فضل وسیع کے آگے توانگر و فقیر کچھ نہین سب کو دیتا ہی اور یہ اسطرح نہین کہ حال سے واقفیت تمام نہو بلکہ وہ علیم ہی جو ہر اوار ہوتا ہی اسکو دیدیتا ہی پس اسپر کوئی اعتراض نہین ہی اور درواقع اسقدر کلام مین انکے لیے مدارج طے کر دیے مگر انھون نے اسپر بھی نشانی طلب کی چنانچہ فرمایا

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ

اور کہا انکو انکے نبی نے کہ نشانی ہی سلطنت کی یہ کہ آویگا تمکو صندوق جسمین دل جمعی ہی تمہارے رب کی طرف سے اور کچھ بچی چیزین ہین جو

مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ

چھوڑ گئے موسیٰ و ہارون کی اولاد اٹھالاوینگے اسکو فرشتے اس بات مین نشانی پوری ہی

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ع ۲۴۸

تمہارے لیے اگر تم ہو ایمان والے۔

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ۔ اور ان لوگون سے انکے پیغمبر نے کہا جب انھون نے طالوت کی بادشاہت کے لیے نشانی مانگی۔ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ۔ طالوت کے بادشاہ ہونے کی نشانی یہ ہی کہ تابوت تمہارے پاس آجائیگا۔ ف یعنے وہ لوگ چاہتے کہ ہماری طمانیت کے لیے ایسی کوئی دلیل مل جاوے کہ طالوت ہمارا بادشاہ ہی تو یہ نشانی دی گئی کہ تمہارے پاس وہ تابوت آجاویگا جو جالوت کافر کے لوگ چھین لے گئے ہین۔ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ۔ اسمین تمہارے رب کی طرف سے سکینت ہی ف طمانیت ہی۔ یہ تابوت ایک صندوق تھا۔ روایت ہی کہ حضرت آدم علیہ السلام کے وقت سے برابر چلا آتا تھا۔ اور بنی اسرائیل اسکو آگے کر کے دشمنون سے لڑتے تو اس سے طمانیت پاتے اور لڑائی کی گھبراہٹ سے محفوظ رہتے تھے اور چند روز ہوے کہ جالوت فلسطینی نے غلبہ کر کے بنو اسرائیل سے چھین لیا تھا پس جب طالوت بادشاہ کیا تو نشانی یہ کردی تابوت تمہارے پاس چلا آویگا جسمین تمہارے رب کی طرف سے طمانیت ہی۔ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ اٰلُ

مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ - اور جو کچھ آل موسیٰ و آل ہارون نے چھوڑا اس سے بقیہ ہو ف یعنے بعض تبرکات ابن پس یہ صندوق اس طرح آویگا کہ تَحْمِلُهُ الْمَلٰٓئِكَةُ - اسکو ملائکہ اٹھائے ہونگے ف چنانچہ اسی طرح اٹھائے ہوئے لاکر طالوت کے آگے رکھدیا اور صندوق میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کی نعلین و عصا تھا اور ہارون کا عمامہ تھا اور ایک قفیز المن اور ریزہ ہائے الواح توریت تھے جب اسطرح صندوق طالوت کے سامنے رکھا گیا تو سب بنو اسرائیل نے بادشاہ مانا اور بیعت کرکے جہاد پر آمادہ ہوئے پھر طالوت نے ستر ہزار جوان بنو اسرائیل چھانٹے اور جہاد کا قصد کیا - قال تعالے - اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ - اس معاملہ میں تمہارے لیے نشان قدرت ہی اگر تم مومنین ہو ف اس سے یہ بھی ظاہر ہوا کہ اللہ تعالے جو کچھ کرنا چاہتا ہی سب اسکے سامان کردیتا ہی اسکا خلاصہ یہ ہی کہ جب ان لوگوں نے طالوت کے بادشاہ ہونے کی نشانی مانگی تو نبی علیہ السلام نے جواب دیا کہ تمہارے اسکی برکت بادشاہت سے وہ تابوت جو تمہارے ہاتھ سے جاتا رہا ہی آجاویگا جسمین تمہارے پروردگار کی طرف سے تمہارے لیے سکینت تھی اسکو ملائکہ اٹھائے لاوینگے یہ تو خلاصہ کلام ہی اور اہل تفسیر سے اس مقام پر مختلف روایتین مروی ہین اگرچہ اسپر اتفاق ہی کہ تابوت ایک صندوق تھا جو زمانہ آدم علیہ السلام سے میراث چلا آتا تھا اور اختلاف اول تو اسمین کہ وہ تابوت اب کہان تھا دوم یہ کہ وہ آیا کیونکر سوم یہ کہ اسمین سکینت تھی تو سکینت کے کیا معنے اور کیا مراد ہی پس مین ان اختلافات کو مختصر طور پر ذکر کرکے آخر مین بیان کرونگا کہ اصل بات کیا ہی اور معالم مین مذکور ہی کہ تابوت کا قصہ یہ تھا کہ اللہ تعالے نے آدم علیہ السلام پر ایک صندوق اتارا جسمین انبیاء علیہم السلام کی صورتین تھین اور وہ شمشاد کی لکڑی کا تقریبًا تین ہاتھ طول اور دو ہاتھ کا عرض تھا اور مین کہتا ہون کہ شاید وہ طولانی ہاتھ بہت درازی کے ساتھ جیسے ہوتے تھے ہونگے پس وہ آدمؑ کے پاس رہا پھر انکی موت کے بعد شیثؑ کے پاس رہا پھر اسی طرح وراثت مین ابراہیم پھر اسمعیل پھر یعقوب پھر موسیٰ کے پاس پہونچا اسمین وہ توریت و دیگر متاع رکھتے تھے پھر انکی موت کے بعد اسیطرح انبیاء بنی اسرائیل مین ہاتھون ہاتھ آتا گیا قال المترجم اگر کہا جاے کہ تصویر تو حرام ہی جواب یہ کہ مخلوق کو تصویر بنانا حرام ہی اور اگر خالق کی طرف سے ہو تو اسکا یہ حکم نہین ہی اور صحیح قول یہ کہ وہ فقط اسی امت اسلامیہ مین حرام کیا گیا ہی چنانچہ سورۂ سبا وغیرہ مین بحث آویگی - اگر کہا جاوے کہ جس گھر مین تصویرین ہون اسمین فرشتے نہین آتے جواب یہ ہی کہ یہ انھین تصویرون کا حکم ہی جنکو مخلوق نے خلاف شرع بنایا ہی - پھر اختلاف اول کا بیان یہ ہی کہ قتادہ سے روایت ہی کہ یہ تابوت اس جنگل مین تھا جسمین بنی اسرائیل زمانۂ موسیٰ علیہ السلام مین گرفتار ہوے تھے اور اسکو موسیٰ نے یوشع بن نون کے پاس چھوڑا تھا اور خود انتقال کیا پس تابوت وہین رہا اور الملائکہ اسکو اٹھا لائے اور طالوت کے مکان مین رکھا اور صبح کو بنی اسرائیل نے طالوت کے مکان مین پاکر اسکی بادشاہت کا اقرار کیا اور ایسا ہی سدی سے مروی ہی اور کہا کہ صبح کو بنی اسرائیل اسکو دیکھکر شمویل کی نبوت و طالوت کی بادشاہت کے مقر ہوے - وقال ابن کثیر اور بعضون نے ذکر کیا کہ تابوت مذکور موضع اریحا مین تھا اور مشرکین عالقہ جب اسکو چھین لے گئے تو اسکو ایک بتخانہ مین بڑے بت کے نیچے رکھا صبح کو دیکھا تو تابوت اوپر ہی اور بت اسکے نیچے پڑا ہی پس تابوت کو اتار کر پھر بڑے بت کے نیچے رکھا اور صبح کو جو دیکھا تو پھر وہی حال ہی تو تابوت کو بڑے بت کے نیچے رکھکر بڑے بت کے قدم اسمین کیلون سے جڑ دیے صبح کو دیکھا تو بڑا بت ہاتھ پاؤن ٹوٹا ہوا دور پڑا ہی پس ڈر کر یہ کوئی بلاے آسمانی ہی پس تابوت کو اپنے شہر سے نکالکر ایک گانون مین ڈال دیا اس گانون والون کے نکلون مین بیماری پیدا ہونے لگی اور مرنے لگے پس بنی اسرائیل مین سے ایک عورت جو انکے قید مین تھی اسنے راہ بتائی کہ اسکو بنی اسرائیل کو واپس دو تاکہ اس بلا سے نجات پاؤ انھون نے دو بڑی گاڑی پر لادکر اسکو بنی اسرائیل کی طرف روانہ کردیا - اور محی السنہ نے معالم مین اس قصہ کو یون بیان کیا کہ جب انھون نے تابوت چھین لیا تو فلسطین کے ایک گانون مین جسکو ازدہ کہتے تھے بڑے بت کے نیچے رکھا صبح کو اسکو بڑے بت کے اوپر پایا پھر نیچے کرکے بڑے بت کے

(گانون قریب بیت المقدس ۱۲)

پانون کیلون سے اسمین جڑ گئے صبح کو بڑے بت کے ہاتھ پانون کٹے تابوت کے نیچے پڑا پایا اور باقی بت اوندھے پڑے تھے پس اسکو بت خانہ سے نکال کر شہر کے ناحیہ میں رکھا پس اس ناحیہ کے لوگون کو درد گلو کی بیماری نے ہلاک کرنا شروع کیا تو ایک نے دوسرے سے کہا کہ تم جانتے ہو کہ بنی اسرائیل کے معبود کی برابری کوئی معبود نہین کرسکتا ہی اسکو فلان گانون مین بھیجدو اس گانون مین جو ہے پیدا ہوے کہ رات کو آدمی سو جاتا صبح کو مرا ملتا کہ چوہے نے اسکی آنتین سب کھالی ہین تو اسکو جنگل مین لیجا کر ایک جگہ دفن کیا تو جو اس سرحد کی طرف بھی گذرتا اسکو ناسور و قولنج ہوجاتا تب تو نہایت حیران ہوے تو ایک عورت بنی اسرائیل کی جو انکے پاس قیدیون مین تھی کہنے لگی کہ برابر تمپر یہی مصیبتین پیش آتی رہینگی جب تک یہ تابوت تم مین رہیگا اسکو نکال باہر کرو پس اس عورت کی راے سے دو بردی گاڑی پر لاد کر اسکو ہانکدیا اور بیل چلیے اور اللہ تعالے نے چار فرشتے اسپر متعین کیے کہ اسکو بنی اسرائیل کے ملک مین لے آئے۔ اور حسن رح سے روایت ہی کہ تابوت فرشتون کے ساتھ آسمان مین تھا پھر جب طالوت بادشاہ ہوا تو فرشتہ اسکو لے آئے اور طالوت کے مکان مین کھدیا **قال المترجم** دوسرا اختلاف کہ کیونکر آیا تو اس بیان بالا سے کچھ معلوم ہوا یعنے فرشتے سے فرشتے لائے یا عمالقہ کفار کے پاس سے دو بردی گاڑی پر بجراست ملائکہ آیا اور اس روایت مین ہی کہ گاڑی کے پاس جو جاتا تھا مر جاتا تھا اور محی السنہ نے کہا کہ یہی طالوت کے اٹھا لانے کے معنے ہین۔ یا آسمان سے فرشتہ اتار لائے بنا بر روایت حسن رح کے اور **محی السنہ و شیخ ابن کثیر** رح نے ذکر کیا کہ ابن جریج نے ابن عباس سے روایت کی کہ فرشتہ اس تابوت کو آسمان و زمین کے درمیان اٹھائے ہوے لائے یہانتک کہ اسکو طالوت کے سامنے رکھدیا اور لوگ اسکو دیکھ رہے تھے اور اسکو **شیخ جلال مفسر** رح نے اختیار کیا ہی **اور بغوی** وغیرہ نے ذکر کیا کہ ابن عباس نے فرمایا کہ مجھے پہونچا ہی کہ تابوت اور عصا موسی دونون بحیرۂ طبریہ مین ہین اور وہ قیامت سے پہلے نکلینگے۔ اختلاف سوم اس تابوت مین پروردگار کی طرف سے سکینت تھی **قال ابن کثیر** بعض نے کہا کہ اسکے معنے یہ ہین کہ ہیبت و وقار و جلالت تھی۔ و روی عبد الرزاق عن معمر عن قتادہ رح کہ سکینۃ ای وقار اور ربیع نے کہا کہ رحمت اور ایسا ہی عوفی نے ابن عباس سے سکینت کے معنے روایت کیے ہین۔ اور ابن جریج نے کہا کہ عطا نے سکینۃ من ربکم کے معنے پوچھے فرمایا کہ معنے یہ ہین کہ اسمین اللہ تعالے کی نشانیون سے وہ چیزین ہین کہ تم پہچانتے ہو پس سکینت پاتے ہوا اور ایسا ہی حسن بصری رح سے مروی ہی۔ اور بعض نے کہا سکینۃ ایک سونے کا طشت تھا جسمین انبیا علیہم السلام کے دل دھوے گئے اسکو اللہ تعالے نے موسی علیہ السلام کو دیا پس اسمین موسی علیہ السلام نے الواح توریت کو رکھا تھا اور یہی سدی رح نے ابو مالک رح سے انھون نے ابن عباس سے روایت کیا ہی **و قال الثوری** عن سلمۃ بن کہیل عن ابی الاحوص عن علی رض قال السکینۃ لہا وجہ کوجہ الانسان ثم ہی روح ہفافۃ۔ اور ابن جریر نے کہا کہ حدثنی المثنی حدثنا ابو داؤد حدثنا شعبۃ و حماد بن سلمۃ و ابو الاحوص کلہم عن سماک عن خالد بن عرعرۃ عن علی رض۔ قال السکینۃ ریح خجوج و لہا راسان اور مجاہد نے کہا کہ لہا جناحان و ذنب۔ اور محمد بن اسحاق نے وہب بن منبہ سے روایت کی کہ سکینہ ایک مردار بلی کا سر تھا کہ جب تابوت مین بلی کی بولی بولتا تو فتح کا یقین کرتے اور فتح ہوجاتی تھی۔ اور عبد الرزاق نے کہا کہ مین نے بکار بن عبد اللہ سے سنا کہ مین نے وہب بن منبہ سے سنا کہ سکینہ دوسری طرف سے بولتی سو تھی کہ جب بنی اسرائیل کسی بات مین اختلاف کرتے تو جو چاہتے اسکو بیان کرکے بتلا دیتی تھی۔ اور محی السنہ نے معالم مین ذکر کیا کہ بعض نے کہا کہ وہ مشابہ بلی کے تھی سکا سر مثل بلی کے اور دم مثل بلی کے اور دو آنکھین جن سے شعاع نکلتی تھی اور دو بازو تھے زمرد اور زبرجد کے بنے ہوے پس جب بنی اسرائیل اسکی آواز سنتے تو فتح کا یقین کرلیتے اور جب لڑائی کو چلتے تو تابوت کو آگے رکھتے پھر جب وہ چلتا تو چلتے اور اگر ٹھہر جاتا تو ٹھہر جاتے تھے اور قتادہ و کلبی نے کہا کہ سکینہ بروزن فعیلہ ماخوذ از سکون ہی ای طمانینۃ من ربکم۔ جہان تابوت ہوتا تھا وہان انکو طمانیت و تسکین ہوتی تھی۔ اور حسن رح سے روایت ہی کہ وہ ایک شی تھی کہ جس سے انکے دلون کو تسکین ہوتی تھی **قال المترجم** پوشیدہ نہین کہ یہ متفرق اقوال

وغیرہ ناقص تفسیریں جو ان علمائے اعلام کی طرف منسوب ہوئی ہیں اکثر انہیں سے غیر محفوظ ہیں اور انکی اسناد صحیح نہیں ہے اور جنکی اسناد مستقیم بھی ہو کوئی تفسیر مرفوع یعنے قول حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نہیں ہے اور نہ اسکی اصل و نظیر کہیں شرع اسلام و کلام پیغمبر علیہ السلام میں پائی جاتی ہے اور نہ صحیح ہوسکتا ہے کہ یہ اقوال تفسیری حکم میں مرفوع کے ہیں اور نیز یہ بھی نہیں ہے کہ ان علمائے اعلام نے اپنی رائے سے تفسیر کی ہے کیونکہ یہ گمان بیان اکابر کی شان کے زیبا نہیں مگر آنکہ جو کچھ یہود سے سنتے تھے کبھی اسکو بھی نقل کر دیتے تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان لوگوں کو حکم دیا تھا کہ اہل کتاب کی روایت کی تصدیق و تکذیب کچھ نہ کریں اسوجہ سے روایات اسرائیلیات بھی اسلام کی طریق سے روایت ہوگئی ہیں اور شاید یہود نے اس سے یہ قصد کیا ہوگا کہ مختلف باتوں سے اہل اسلام کے دل میں شک ڈالیں لیکن اہل ایمان اسلام امت محمدی صلعم کے اللہ و رسول کے کلام کی تصدیق کرتے ہیں اور انکو ان مختلف روایات کی چنداں حاجت نہیں ہے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح حدیث میں مضمون البتہ ثابت ہوا ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ایک مرد رات کو سورہ کہف کی تلاوت کرتا تھا اور گھوڑا اسکے پاس بندھا تھا پس ایک پارہ ابر جسمیں قنادیل روشن تھیں اترنے لگا اور نزدیک ہوتا اور گھوڑا کسی قدر جولانی کرتا تھا پس صبح کو انھوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر کیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ سکینہ ہے کہ قرآن کے واسطے نازل ہوئی تھی رواہ مسلم اور آیندہ اپنے مقام پر تحقیق آویگی پس حاصل کلام اس آیت کی تفسیر میں یہ ہے کہ اللہ تعالے تمکو وہ تابوت دیدیگا جسمیں تمھارے پروردگار کی طرف سے تمھارے لیے سکینت ہے اور بہمارے لیے اسیقدر کافی ہے اگرچہ تابوت کی تفسیر جو ہمارے مفسر نے ذکر کی ہے وہ بھی نہ مذکور ہو اور سکینت کے معنے کے واسطے لغت و زبان کی طرف رجوع کرنا کافی ہے۔ ابن عطیہ نے فرمایا کہ صحیح یہ ہے کہ اس تابوت میں بزرگ چیزیں تھیں جو انبیا علیہم السلام کے آثار و بقایا سے تھیں پس دلوں کو اسے تسکین ہوتی اور انکے ساتھ اُنس ہوتا تھا اور قوت حاصل ہوتی تھی اور بڑی چیز تو یہ تھی کہ اسمیں توریت تھی یا دو لوح توریت کے یا ریزے لوح کے تھے جو ٹوٹ جانے سے الگ ہو گئے تھے و باجملہ قول مفسر راجح ہے واللہ اعلم۔ قولہ و بقیۃ مما ترک آل موسی و آل ہارون۔ ابن جریر نے بسند جید ابن عباس سے روایت کی کہ وہ عصاے موسی و دیگر الواح تھے اور یہی قتادہ و سدی و ربیع و عکرمہ کا قول ہے اور اسمیں اتنا زائد ہے کہ اور توریت تھی اور ابو صالح نے کہا کہ عصاے موسی و عصاے ہارون علیہما السلام و دو لوح توریت و من تھے اور بعض نے موسی و ہارون کے کپڑے بھی زیادہ بیان کیے اور ابو صالح سے ایک روایت یہ ہے کہ اور کلمہ کشائش لا الہ الا اللہ العلیم الکریم سبحان اللہ رب السموات السبع و رب العرش العظیم و الحمد للہ رب العالمین بھی تھا اور ان سب اقوال سے ثابت ہوتا ہے کہ آل موسی و آل ہارون سے خود موسی و ہارون علیہما السلام ہی مراد ہیں اور آل کا لفظ ان دونوں کی تفخیم شان کے واسطے ہے کہ مفسر نے اختیار کیا ہے اور بعض نے آل سے انکو مع دیگر انبیاء مابعد کے جو بنی اسرائیل میں گذرے مراد لیا ہے واللہ اعلم۔ قولہ التابوت۔ صندوق۔ قولہ۔ اولاد عملیق بن عاد بن شداد۔ السکینۃ جس سے سکون حاصل ہو کما مر یعنے توریت تفخیر بقایا و آخر زاے معجمہ پیمانہ معروف اور مفسر رحمہ اللہ تعالے نے ستر ہزار جوان بیان کیے ہیں اور محی السنہ نے اسی ہزار بیان کیے واللہ اعلم

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ

پھر جب باہر ہوا طالوت فوجیں لیکر کہا کہ اللہ تمکو آزمائش فرمانے والا ہے ایک نہر سے پھر جسنے پانی پیا اس سے وہ میرا نہیں

وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً بِيَدِهٖ فَشَرِبُوْا مِنْهُ اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ

اور جسنے اسکو نہ چکھا وہ میرا ہے مگر جو کوئی ایک چلو بھر لے اپنے ہاتھ سے پھر پی گئے اسکا اتنی سوا تھوڑے آدمیوں کے انہیں سے

فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ

پھر پار ہوا وہ اور جو لوگ ایمان والے اسکے ساتھ تھے بولے نہیں طاقت ہمکو آج کے روز مقابلہ جالوت و اسکے لشکر کی

قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ

کہا ان لوگوں نے جو یقین رکھتے تھے کہ وہ اللہ تعالےٰ سے ملنے والے ہیں کہ بہتیرے تھوڑی جماعت غالب ہوئی ہے بہت جماعت پر اللہ کے حکم سے

وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

اور اللہ تعالےٰ صابروں کے ساتھ ہے

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ - پھر جب طالوت باہر ہوا - بِالْجُنُوْدِ - من بیت المقدس وکان الحر شدیدا وطلبوا منه الماء لشکروں کو لیکر ف بیت المقدس سے اور گرمی بہت شدید تھی اور لوگوں نے طالوت سے پانی مانگا - قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ طالوت نے کہا کہ اللہ تعالےٰ تمکو امتحان کرنے والا ہے بِنَهَرٍ - لیظهر المطیع منکم والعاصی وهو بین الاردن وفلسطین - ایک نہر سے تاکہ ظاہر ہو کہ تم میں فرمانبردار کون ہے اور نافرمان کون ہے اور یہ نہر درمیان اردن اور فلسطین کے تھی - فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ - پھر جسنے اس نہر سے پیا ف یعنے اس نہر کے پانی سے پیا - فَلَيْسَ مِنِّيْ - ای من اتباعی - تو وہ میرے پیروؤں میں سے نہیں - وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ - اور جسنے نہ چکھا اسکو تو وہ مجھے یعنے میرے ساتھیوں سے ہے ف پھر چکھنے سے کچھ استثنا کر دیا بقولہ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً - بالضم قراءۃ ابن عامر وکوفیون اور بالفتح قراءۃ ابو عمرو وابن کثیر ونافع - بِيَدِهٖ - فاکتفی بها ولو یزد علیها فانه منی سوا اس شخص کے جسنے اٹھا لیا ایک چلو اپنے ہاتھ سے ف پس ایک ہی چلو پر اکتفا کیا اور اس سے زیادہ نہ لیا تو وہ مجھ سے ہے یعنے میرا پیرو ہے بالجملہ شدت پیاس میں یہ امتحان تھا کہ سوا ایک چلو کے ہرگز زیادہ نہ پییں - فَشَرِبُوْا مِنْهُ - فاوافوه کثیرة - اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فاقتصروا علی الغرفة - پس پی لیا اس نہر سے جبکہ پہونچے اسپر بہتوں نے مگر انمیں سے تھوڑوں نے کہ انھوں نے ایک ہی چلو پر اکتفا کیا - روی انها کفتهم لشربهم ودوابهم وکانوا ثلثمائة وبضعة عشر - روایت کیا گیا ہے کہ یہ چلو ان لوگوں کو کفایت کر گیا باین طور کہ انھوں نے پیا اور انکے جانوروں نے پیا اور ایسے لوگ تین سو دس کچھ اوپر تھے - فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ - پھر جب طالوت نے خود مع ساتھی مومنوں کے تجاوز کیا ف اور یہ وہ لوگ تھے کہ جنھوں نے ایک چلو پر اکتفا کیا تھا غرضکہ جب یہ لوگ لڑنے کے لیے پار ہوئے تو نافرمانوں نے بزدلی کی اور - قَالُوْا - ای الذین عزبوا - جن لوگوں نے پیا تھا کہنے لگے لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ - آج ہم کو تو جالوت اور اسکے لشکر سے لڑنے کی طاقت نہیں ہے ف اور نامردی کر گئے اور پار نہ اترے - قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ یوقنون - کہنے لگے وہ لوگ جو یقین رکھتے تھے کہ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ - بالبعث وهم الذین جاوزوه - ہم ملنے والے ہیں اللہ تعالےٰ سے ف باین طور کہ قیامت میں اٹھائے جاوینگے اور یہ وہ لوگ ہیں کہ نہر سے تجاوز کر گئے تھے غرضکہ مومنین کہنے لگے کہ - كَمْ - خبریہ - یعنے کثیر - مِّنْ فِئَةٍ - جماعة - قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ - کثرت سے ایسا ہوا کہ قلیل جماعت غالب ہوئی گروہ کثیر پر بارادۂ الٰہی - وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ - اور اللہ تعالےٰ صابروں کے ساتھ ہے ف یعنے مدد و نصرت الٰہی صابروں کے ساتھ ہے الحاصل طالوت مع لشکروں کے جہاد کے لیے روانہ ہوا اور جنود کی تعداد بعض نے کہا ستر ہزار تھی اور بعض نے کہا اسی ہزار اور بعض نے کہا کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ تین لاکھ تیرہ ہزار تین سو تیرہ تھی - فقال ان الله مبتلیکم بنهر - طالوت نے یہ قول اپنے نبی شمویل علیہ السلام کے آگاہ کرنے سے کہا تھا اور یہی ظاہر ہے اور بعض نے کہا کہ بعد بادشاہ ہونے کے وحی بھی آنے لگی تھی اور یہ بعید ہے اور وجہ امتحان یہ تھی کہ جو اس پیاس میں مضبوط رہا وہ باقی تکلیفوں میں مضبوط رہیگا اور جو اسی میں کھل گیا وہ ضرور زیادہ تکلیف و سختی

وقت پھسل جائیگا **وقال البیضاوی** رحمہ اللہ یہی حال دنیا کا ہی کہ آخرت کا قصد کرنے والا اسی قیاس پر رہے کہ اگر دنیا سے اسنے پیٹ بھر لیا یعنے اسکی ہوس سے پیٹ بھر لیا خواہ اسکو ملے یا نہ ملے تو وہ اہل حق عزوجل سے نہین ہی اور جسنے قدر غرفہ لیا اور ہوس مین سے بالکل نہ لیا تو وہ اہل اللہ تعالے سے ہی کما قال فمن شرب منہ فلیس منی ومن لم یطعمہ فانہ منی الا من اغترف غرفۃ بیدہ بیضاوی نے کہا کہ یہ فمن شرب سے استثنا ہی اور جملہ ثانیہ اسپر مقدم اسوجہ سے لایا گیا کہ عدم طعم کی طرف زیادہ اعتنا ہی اور معنے یہ ہین کہ قلیل کی رخصت ہی کثیر کی رخصت نہین ہی اور اس سے معلوم ہوا کہ مفسر رح نے جو بکثیر زیادہ کیا ہی اس سے اسی طرف اشارہ ہی اور حاصل یہ ہی کہ جو خوب پیے وہ میرا نہین اور جو بالکل نہ پیے وہ میرا ہی اور یہ عمدہ ہی لیکن اگر ضرورت ہی تو رخصت ایک چلو کی ہی اور یہ مباح ہی اور لم یطعمہ پانی کے حق مین ہی اس سے معلوم ہوا کہ طعام مین پانی بھی شامل ہی پس اگر کسی نے کہا کہ لا اطعم شیئا یعنے قسم کھائی کہ کچھ نہ کھاؤنگا تو علی العموم پانی کو بھی شامل ہوگا فتامل قولہ فشربوا منہ ای فکرعوا منہ اسواسطے کہ نہر سے تو اصل مین کرغ ای منہ لگا کر پیتے ہین اور مراد یہان یہ ہی کہ ہاتھ سے ایک چلو نہین لیا بلکہ منھ لگا کر زیادہ پی گئے الا قلیلا منھم - ظاہر یہ ہی کہ قلیل نے پیا ہی نہین اور یہی **قرطبی** نے کہا ہی **ولیکن ابن کثیر** نے ذکر کیا کہ ابن جبیر نے ابن عباس سے روایت کی کہ جسنے ایک چلو پیا وہ سیر ہوگیا اور جسنے منھ لگا کر پیا وہ آسودہ نہوا اور ایسا ہی سدی رح نے ابن مالک عن ابن عباس روایت کیا ہی اور ایسا ہی قتادہ وشعوذب نے کہا ہی اور بخاری مین براء بن عازب سے روایت ہی کہ ہم لوگ باتین کیا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بروز بدر تین سو دس سے کچھ اوپر اتنی ہی تعداد پر تھے جتنی گنتی طالوت کے لوگون کی تھی جنھون نے طالوت کے ساتھ نہر کو عبور کیا تھا اور نہین پار ہوا تھا نہر سے طالوت کے ساتھ کوئی مگر وہی جو مومن تھا - قولہ فلما جاوزہ ہو والذین اٰمنوا معہ قالوا لا طاقۃ لنا الیوم الی آخرہ - پھر ان لوگون کا ذکر کیا کہ جنھون نے نہر سے خوب پانی پیا تھا اور محی السنۃ نے معالم مین فرمایا کہ ان لوگون کے ہونٹ سیاہ پڑ گئے تھے اور سیراب نہین ہوتے تھے اور نہر ہی کے کنارے اسی پار پڑے رہے اور نامردی چھا گئی پس معنے یہ ہین کہ جب طالوت اور اسکے ساتھی مسلمان خالص پار ہو گئے تو ان لوگون نے جو پانی پیکر نہر کے اسی پار پڑے تھے زور زور سے کہنا شروع کیا کہ آج جالوت والون کو وہ قوت حاصل ہی کہ ہم اُنسے مقابلہ نہین کر سکتے ہین یعنے ظاہر مین اپنا عذر بیان کرتے تھے اور انکی شیطانیت کا اثر یہ تھا کہ اہل ایمان کو بھی اس بات پر آمادہ کرتے تھے کہ راہ سے بہکا جاوین پس اُن لوگون نے جو لقاء حق عزوجل کا یقین رکھتے تھے یہ جواب دیا کہ طاقت وقوت سب اللہ تعالے کی طرف سے ہی بہت، جمعے نے اور بہت سامان ہونے پر نہین ہی اور کمالین مین مذکور ہی کہ جالوت مرد قوی ہیکل سخت درشت تھا قد اسکا دو بلند منار کے برابر اور چوڑان اُس کمر کا تھا اور جنود یعنے لشکر اسکا اسّی لاکھ قوی ہیکل سوار تھے اور **قرطبی** نے کہا کہ بعض نے فرمایا کہ وہ لوگ ایک لاکھ سوار مسلح قوی تھے اور محی السنۃ نے ابن عباس سے ذکر کیا کہ پانی پی جانے سے نہر سے نہین اترے اور وہین سے نامردی سے جالوت واسکے لشکر کی کثرت واپنی بددلی ظاہر کیا کیے اور اکثر مفسرین کے نزدیک وہ نہر سے تو پیچھے اُتر آئے تھے ولیکن جالوت کے لشکر کی کثرت دیکھکر ایسا کہتے ہوے بھاگے اور لڑائی مین شریک نہین ہوے ولیکن اول صحیح ہی اور یہی کو مفسر رح نے اختیار کیا ہی اور جالوت واسکے لشکر کی تعداد وغیرہ مین مجھے قول معتمد نہین ملا بہرحال ابن عباس رض نے جو طالوت والون کے ساتھ والون کی تعداد تین لاکھ تین ہزار تین سو تیرہ بیان کی ہی تو تعجب نہین کہ وہ اسّی لاکھ ہون واللہ اعلم اور حسن قدرت الٰہی یہ تھی کہ جالوت مذکور نے تنہا قصد مقابلہ کیا تھا اور اسکا مارا جانا تھا کہ اسکا لشکر بدحواس ہو کر بھاگ جیساکہ آگے آتا ہی انشاء اللہ تعالے **ف ۲** فی العرائس قولہ فلما جاوزہ ہو والذین اٰمنوا معہ - ای روح وعقل وقلب نے تجاوز کیا اور نہر شہوت سے بچکر پار ہو گئے - قولہ قال الذین یظنون انھم ملاقوا اللہ - ای روح کے لشکری جو کہ یقین رکھتے ہین کہ شیطان پر جہاد کے بعد عیانا کشف

قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ

کہا ان لوگوں نے جو یقین رکھتے تھے کہ وہ اللہ تعالےٰ سے ملنے والے ہیں کہ بہتیرے تھوڑی جماعت غالب ہوئی ہے بہت جماعت پر اللہ کے حکم سے

وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ ۝

اور اللہ تعالےٰ صابروں کے ساتھ ہے

فَلَمَّا فَصَلَ طَالُوْتُ - پھر جب طالوت باہر ہوا - بِالْجُنُوْدِ - من بیت المقدس وکان الحر شدیدا وطلبوا منه الماء لشکروں کو لیکر ف بیت المقدس سے اور گرمی بہت شدید تھی اور لوگوں نے طالوت سے پانی مانگا - قَالَ اِنَّ اللّٰهَ مُبْتَلِيْكُمْ طالوت نے کہا کہ اللہ تعالےٰ تمکو امتحان کرنے والا ہے - بِنَهَرٍ - لیظهر المطیع منکم والعاصی وهو بین الاردن وفلسطین - ایک نہر سے تاکہ ظاہر ہو کہ تم میں فرمانبردار کون ہے اور نافرمان کون ہے اور یہ نہر درمیان اردن اور فلسطین کے تھی - فَمَنْ شَرِبَ مِنْهُ - پھر جسنے اس نہر سے پیا ف یعنے اس نہر کے پانی سے پیا - فَلَيْسَ مِنِّيْ - ای من ابتداء - تو وہ میرے پیروؤں میں سے نہیں - وَمَنْ لَّمْ يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ - اور جسنے نہ چکھا اسکو تو وہ مجھ سے یعنے میرے ساتھیوں سے ہے ف - پھر چکھنے سے کچھ استثنا کر دیا بقولہ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ غُرْفَةً - بالضم قراءۃ ابن عامر وکوفیوں اور بالفتح قراءۃ ابوعمرو وابن کثیر ونافع - بِيَدِهٖ - فاکتفی بها ولم یزد علیها فانه منی یعنی اس شخص کے جسنے اٹھا لیا ایک چلو اپنے ہاتھ سے ف پس ایک ہی چلو پر اکتفا کیا اور اس سے زیادہ نہ لیا تو وہ مجھ سے ہے یعنے میرا پیرو ہے بالجملہ شدت پیاس میں یہ امتحان تھا کہ سوائے ایک چلو کے ہرگز زیادہ نہ پیں - فَشَرِبُوْا مِنْهُ - لما وافوه بکثرة - اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ فاقتصروا علی الغرفة - پس پی لیا اس نہر سے جبکہ پہونچے اسپر بہتوں نے مگر انمیں سے تھوڑوں نے کہ انھوں نے ایک ہی چلو پر اکتفا کیا - روی انها کفتهم لشربهم وداوابهم وکانوا ثلثمائة وبضعة عشر - روایت کیا گیا ہے کہ یہ چلو ان لوگوں کو کفایت کر گیا باین طور کہ انھوں نے پیا اور انکے جانوروں نے پیا اور ایسے لوگ تین سو دس کچھ اوپر تھے - فَلَمَّا جَاوَزَهٗ هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ - پھر جب طالوت نے خود مع ساتھی مومنوں کے تجاوز کیا ف اور یہ وہ لوگ تھے کہ جنھوں نے ایک چلو پر اکتفا کیا تھا غرضکہ جب یہ لوگ لڑنے کے لیے پار ہوئے تو نافرمانوں نے بزدلی کی اور - قَالُوْا - ای الذین عبروا - جن لوگوں نے پیا تھا کہنے لگے لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ وَجُنُوْدِهٖ - آج ہم کو تو جالوت اور اسکے لشکر سے لڑنے کی طاقت نہیں ہے ف اور نامردی کر گئے اور پار نہ اترے - قَالَ الَّذِيْنَ يَظُنُّوْنَ یوقنون - کہنے لگے وہ لوگ جو یقین رکھتے تھے کہ اَنَّهُمْ مُّلٰقُوا اللّٰهِ - بالبعث وهم الذین جاوزوه - ہم ملنے والے ہیں اللہ تعالےٰ سے ف - باین طور کہ قیامت میں اٹھائے جاوینگے اور یہ وہ لوگ ہیں کہ نہر سے تجاوز کر گئے تھے غرضکہ مومنین کہنے لگے کہ - كَمْ - خبریہ - یعنے کثیر - مِّنْ فِئَةٍ - جماعة - قَلِيْلَةٍ غَلَبَتْ فِئَةً كَثِيْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ - کثرت سے ایسا ہوا کہ قلیل جماعت غالب ہوئی گروہ کثیر پر بارادۂ الٰہی - وَاللّٰهُ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ - اور اللہ تعالےٰ صابروں کے ساتھ ہے ف یعنے مدد و نصرت الٰہی صابروں کے ساتھ ہے الحاصل طالوت مع لشکروں کے جہاد کے لیے روانہ ہوا اور جنود کی تعداد بعض نے کہا ستر ہزار تھی اور بعض نے کہا اسی ہزار اور بعض نے کہا کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار اور حضرت ابن عباس سے روایت ہے کہ تین لاکھ تین ہزار تین سو تیرہ تھی - قوله قال ان الله مبتلیکم بنهر - طالوت نے یہ قول اپنے نبی شمویل علیہ السلام کے آگاہ کرنے سے کہا تھا اور یہی ظاہر ہے اور بعض نے کہا کہ بعد بادشاہ ہونے کے وحی بھی آنے لگی تھی اور یہ بعید ہے اور وجہ امتحان یہ تھی کہ جو اس پیاس میں مضبوط رہا وہ باقی تکلیفوں میں مضبوط رہیگا اور جو اسی میں کمزور گیا وہ ضرور زیادہ تکلیف و سختی

وقت پھسل جائیگا **وقال البیضاوی** رحمہ اللہ یہی حال دنیا کا ہی کہ آخرت کا قصد کرنے والا اسی قیاس پر رہے کہ اگر دنیا سے اسنے پیٹ بھر لیا یعنے اسکی ہوس سے پیٹ بھر لیا خواہ اسکو ملے یا نہ ملے تو وہ اہل حق عزوجل سے نہین ہی اور جسنے قدر غرفہ لیا اور ہوس مین سے بالکل نہ لیا تو وہ اہل اللہ تعالے سے ہی کما قال فمن شربہ فلیس منی ومن لم یطعمہ فانہ منی الا من اغترف غرفۃ بیدہ **بیضاوی** نے کہا کہ یہ فمن شربہ سے استثنا ہی اور جملہ ثانیہ اسپر مقدم اسوجہ سے لایا گیا کہ عدم طعم کی طرف زیادہ اعتنا ہی اور معنے یہ ہین کہ قلیل کی رخصت ہی کثیر کی رخصت نہین ہی اور اس سے معلوم ہوا کہ مفسر رح نے جو بکثیر زیادہ کیا ہی اس سے اسی طرف اشارہ ہی اور حاصل یہ ہی کہ جو خوب پیے وہ میرا نہین اور جو بالکل نہ پیے وہ میرا ہی اور یہ عمدہ ہی لیکن اگر ضرورت ہی تو رخصت ایک چلو کی ہی اور یہ مباح ہی اور لم یطعمہ پانی کے حق مین ہی اس سے معلوم ہوا کہ طعام مین پانی بھی شامل ہی پس اگر کسی نے کہا کہ لا اطعم شیئا یعنے قسم کھائی کہ کچھ نہ کھاؤنگا تو علی العموم پانی کو بھی شامل ہوگا فتامل قولہ فشربوا منہ ای فکرعوا منہ اسواسطے کہ نہر سے تو اصل مین کرع ای منہ لگا کر پیتے ہین اور مراد یہان یہ ہی کہ ہاتھ سے ایک چلو نہین لیا بلکہ منہ لگا کر زیادہ پی گئے الا قلیلا منہم ظاہر یہ ہی کہ قلیل نے پیا ہی نہین اور یہی **قرطبی** نے کہا ہی ولیکن **ابن کثیر** نے ذکر کیا کہ ابن جریر نے ابن عباس سے روایت کی کہ جسنے ایک چلو پیا وہ سیر ہوگیا اور جسنے منہ لگا کر پیا وہ آسودہ نہوا اور ایسا ہی سدی رح نے ابن مالک عن ابن عباس روایت کیا ہی اور ایسا ہی قتادہ وشعوذب نے کہا ہی اور بخاری مین براء بن عازب سے روایت ہی کہ ہم لوگ باتین کیا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بروز بدر تین سو دس سے کچھ اوپر اتنی ہی تعداد پر تھے جتنی گنتی طالوت کے لوگون کی تھی جنھون نے طالوت کے ساتھ نہر کو عبور کیا تھا اور نہین پار ہوا تھا نہر سے طالوت کے ساتھ کوئی مگر وہی جو مومن تھا۔ قولہ فلما جاوزہ ہو والذین آمنوا معہ قالوا لا طاقۃ لنا الیوم الی آخرہ۔ پھر ان لوگون کا ذکر کیا کہ جنھون نے نہر سے خوب پانی پیا تھا اور محی السنۃ نے معالم مین فرمایا کہ ان لوگون کے ہونٹ سیاہ پڑ گئے تھے اور سیراب نہین ہوتے تھے اور نہر ہی کے کنارے اسی پار پڑے رہے اور نامردی چھا گئی پس معنے یہ ہین کہ جب طالوت اور اسکے ساتھی مسلمان خالص پار ہو گئے تو ان لوگون نے جو پانی پیکر نہر کے اسی پار پڑے تھے زور زور سے کہنا شروع کیا کہ آج جالوت والون کو وہ قوت حاصل ہی کہ ہم اُنسے مقابلہ نہین کر سکتے ہین یعنے ظاہر مین اپنا عذر بیان کرتے تھے اور انکی شیطانیت کا اثر یہ تھا کہ اہل ایمان کو بھی اس بات پر آمادہ کرتے تھے کہ راہ سے بھاگ جاوین پس اُن لوگون نے جو لقاء حق عزوجل کا یقین رکھتے تھے یہ جواب دیا کہ طاقت وقوت سب اللہ تعالے کی طرف سے ہی بہت، جمعے اور بہت سامان ہونے پر نہین ہی اور کمالین مین مذکور ہی کہ جالوت مرد قوی ہیکل سخت درشت تھا قد اسکا دو بلند منار کے برابر اور چوڑان اس گز کا تھا اور جنود یعنے لشکر اسکا اسی لاکھ قوی ہیکل سوار تھے اور **قرطبی** نے کہا کہ بعض نے فرمایا کہ وہ لوگ ایک لاکھ سوار مسلح قوی تھے اور محی السنۃ نے ابن عباس سے ذکر کیا کہ پانی پی جانے سے نہر سے نہین اترے۔ اور وہین سے نامردی سے جالوت واسکے لشکر کی کثرت دیکھکر اپنی بددلی ظاہر کیا کیے اور اکثر مفسرین کے نزدیک وہ نہر سے تو پیچھے اتر آئے تھے ولیکن جالوت کے لشکر کی کثرت دیکھکر ایسا کہتے ہوے بھاگے اور لڑائی مین شریک نہین ہوے ولیکن اول صحیح ہی اور اسیکو مفسر رح نے اختیار کیا ہی اور جالوت واسکے لشکر کی تعداد وغیرہ مین مجھے قول معتمد نہین ملا بہرحال ابن عباس رض نے جو طالوت والون کے ساتھ والون کی تعداد تین لاکھ تیرہ سو تیرہ بیان کی ہی تو تعجب نہین کہ وہ اسی لاکھ ہون واللہ اعلم اور حسن قدرت الٰہی یہ تھی کہ جالوت مذکور نے تنہا قصد مقابلہ کیا تھا اور اسکا مارا جانا تھا کہ اسکا لشکر بدحواس ہوکر بھاگ جیسا کہ آگے آتا ہی انشاء اللہ تعالے **ف ۲** فی العرائس قولہ فلما جاوزہ ہو والذین آمنوا معہ۔ ای روح وعقل وملک وقلب نے تجاوز کیا اور نہر شہوت سے بچکر پار ہو گئے۔ قولہ قال الذین یظنون انہم ملاقوا اللہ۔ ای روح کے لشکری جو کہ یقین رکھتے ہین کہ شیطان پر جہاد کے بعد عیانا کشف

ہوگا تو لکم من فئۃ قلیلۃ غلبت فئۃ کثیرۃ باذن اللہ ای بہتیرے گروہ جو تعداد مین کم مگر انکے ساتھ نور یقین ہو وہ غالب ہوتے ہین بہتیرے
ایسے گروہ پر جنکے ساتھ اللہ تعالے کی طرف سے مدد نہین ہو۔ قولہ واللہ مع الصابرین۔ ای ایسے صابرون کے ساتھ ہی جو حق تعالے کی
جو مراد ہو اسی پر ٹھہرے ہین کہ انھون نے اسکو بسر و چشم لیا اور اسی پر راضی ہین اور اسکے کرم قدیم کو دیکھتے اور حظ متناہیہ حق کے لیے اپنے حظوظ
نفس کو چھوڑے بیٹھے ہین اور جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے نے دنیا اور اسکے چاہنے والے کے حق مین یہ مثل بیان فرمائی ہو کیونکہ دنیا شہوتون کی
نہر ہو اسکو اللہ تعالے نے خلائق کے درمیان جاری کر دیا ہو تاکہ بندون کا امتحان ہو جاوے اور وہ دانا نہر ہو تاکہ اس سے بہتیرون کو گمراہ کرے
اور بہتیرون کو راہ راست بتاوے پس جسنے اس دنیا کی نہر مین سے بقدر ضرورت کے پیا تاکہ اللہ تعالے کی عبادت پر قوت حاصل ہو اور پاکدامنی
اس سے پار ہو گیا تو وہ ایمان و یقین و عرفان والون مین سے ہو کہ اسکو مشاہدہ رحمن تعالے کی راہ مل جاویگی اور جسنے فرط حرص سے غفلت کی کہ
آستون مین بسر ہو کر پیا تاکہ معصیت مین پڑ جاوے یعنے دنیا کا حریص ہوا اور غفلت مین پڑ کر گنہگار بنا خواہ اسکو دنیا ملی یا نہ ملی تو وہ راہ
مستقیم سے گمراہ ہوا اور اسکا پیٹ اس سے کبھی نہ بھریگا یہانتک کہ دوزخ کی آگ مین جاوے قال المترجم اور حدیث صحیح مین ہو کہ آدمی بچہ
اگر ایک جنگل بھر مال پاوے تو چاہے کہ دوسرا جنگل بھرہو اور اگر دو جنگل بھرہو تو چاہے کہ تیسرا جنگل ہو اور آدمی کے پیٹ کو کوئی چیز نہین بھریگی سوے
قبر کی خاک کے اور جو شخص کہ اللہ تعالے کی طرف رجوع لاتا ہو اللہ تعالے اسکی توبہ قبول فرماتا ہو سعدی رحمہ اللہ نے اسی حدیث سے کہا
ہو گفت چشم تنگ دنیا دار را ۔ یا قناعت پر کند یا خاک گور ۔ اور اللہ عزوجل نے اس مثل کو انکے قصہ مین بیان فرمایا تاکہ عبرت سے نظر
کرنے والا اسمین غور کرے اور اس سے انوار حاصل کرے قال المترجم حدیث مین ہو کہ نیک بخت وہ شخص ہو جو دوسرے کے حال سے
اپنے لیے نصیحت حاصل کرے اور اللہ عزوجل نے حکم فرمایا ہو کہ نیک بخت لوگ اللہ تعالے کی رحمت یعنے جنت مین ہونگے۔

وَلَمَّا بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ قَالُوا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا
اور جب سامنے ہوے جالوت کے اور اسکی فوجون کے بولے اے رب ہمارے ڈال دے ہم مین جتنی مضبوطی ہو اور ٹھہرا ہمارے پاؤن اور مدد کر ہماری
عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ ۝ فَهَزَمُوهُمْ بِإِذْنِ اللَّهِ وَقَتَلَ دَاوُودُ جَالُوتَ وَآتَاهُ اللَّهُ
اس کافر قوم پر پھر شکست دی انکو اللہ کے حکم سے اور مار ڈالا داؤد نے جالوت کو اور دی اسکو اللہ نے
الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهُ مِمَّا يَشَاءُ ۗ وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ
سلطنت اور تدبیر اور سکھایا اسکو جو چاہا اور اگر دفع نہ کرے اللہ لوگون کو ایک کو ایک سے
لَفَسَدَتِ الْأَرْضُ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ ذُو فَضْلٍ عَلَى الْعَالَمِينَ ۝ تِلْكَ آيَاتُ اللَّهِ نَتْلُوهَا
تو خراب ہو جاوے ملک ولیکن اللہ فضل رکھتا ہو جہان کے لوگون پر یہ آیتین اللہ کی ہین ہم تجکو
عَلَيْكَ بِالْحَقِّ وَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ۝
سناتے ہین تحقیق اور تو بے شک رسولون مین سے ہو

وَلَمَّا بَرَزُوا لِجَالُوتَ وَجُنُودِهِ ۔ جب قلیل جماعت طالوت والی ظاہر ہوے جالوت و اسکے لشکرون سے لڑنے کے
لیے اور باہم صف بندی کی۔ قَالُوا رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا ۔ تو دعا مانگنے لگے کہ ہمارے رب ہم پر صبر ریل دے۔ وَثَبِّتْ
أَقْدَامَنَا ۔ اور ہمارے قدمون کو جماوے ثابت طور کہ ہمارے دلون کو جہاد کرنے پر قوی کر دے۔ وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

الْكَافِرِيْنَ - اور ہمکو کافرون یعنے جالوت والون پر مدد دے - فَهَزَمُوْهُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ - پس مومنون نے کافرون کو توڑ دیا
اللہ تعالے کے ارادہ سے - وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ - اور داؤد نے جالوت کافر کو مار ڈالا ف اور داود اسوقت طالوت کے
لشکر مین تھے - وَاٰتٰىهُ سے داؤد اللّٰهُ الْمُلْكَ - فی بنی اسرائیل - وَالْحِكْمَةَ - النبوۃ بعد موت شمویل و طالوت لم یجتمعا
لاحد قبلہ - اور دیدیا اللہ تعالے نے داود کو ملک یعنے بنی اسرائیل کی بادشاہت اور دی حکمت یعنے نبوت بھی بعد موت شمویل و طالوت کے حالانکہ
داؤد سے پہلے کوئی شخص پیغمبر و بادشاہ جامع نہین ہوا وَعَلَّمَهٗ مِمَّا يَشَآءُ - کعنصۃ الدروع و منطق الطیر اور جو کچھ چاہا داؤد کو سکھلایا ف جیسے زرہ بنانا
اور پرندون کی بولی سمجھنا - وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ - اور اگر اللہ تعالے کا دفع کرنا ان لوگون کو بعض کو بعض
سے نہو - لَفَسَدَتِ الْاَرْضُ - تو زمین مین فساد پھیل جاوے ف کیونکہ مشرکین غالب ہوکر جالوت والون کی طرح مسلمانون کو
قتل کرین اور مساجد اجاڑ دین - وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ - ولیکن اللہ تعالے اہل عالم پر فضل والا ہے ف
پس دور کردیا بعض کو بعض سے - تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا - نقصها - عَلَيْكَ - یا محمد - بِالْحَقِّ - بالصدق
یعنے بیان کرتے ہین ہم ان آیتون کو تجھپر اے محمد ساتھ سچائی کے - وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ - اور بیشک تو انبیاے مرسلین سے
ہے ف خاتم النبیین ہے صلی اللہ علیہ وسلم اور قریش و یہود وغیرہ جو انکار کرین کفار مرین تو ملعون دائمی ہون - لقول الکفار لست مرسلا - یعنے
کافرون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا کہ تو مرسل نہین ہے جیسا کہ آگے آویگا یعنے تو رسول نہین ہے پس اللہ عزوجل نے ان منکرون پر رد کردیا اور تاکید
شدید سے کہ جملہ اسمیہ اور ان تاکیدیہ اور لام تاکید وغیرہ ہے ف جسقدر مفسر رحمہ اللہ نے تفسیر مین ذکر کردیا ہے وہ آیت کی تفسیر کے واسطے کافی
وافی ہے اور یہان داؤد علیہ السلام و قتل جالوت کا قصہ ہے اور اسکے متعلق دیگر روایات ہین جنکو ابن کثیر رحمہ اللہ نے اسرائیلیات مین سے
قرار دیا ہے یعنے وہ بنی اسرائیل سے مسلمانون نے روایتین لی ہین پس اللہ تعالے انکی صحت کا ذمہ دار ہے ولیکن اہل تفسیر نے انکو ذکر کیا ہے اور مین
چاہتا ہون کہ محی السنۃ نے معالم مین جسطرح وارد کیا ہے اسکو کسیقدر زیادت و اختصار سے وارد کرون پس محی السنۃ نے معالم مین کہا کہ اہل
تفسیر نے بیان کیا ہے کہ طالوت کے ساتھ جن لوگون نے نہر کو عبور کیا تھا انمین داؤد کا باپ ایشا تھا پس داؤد بن ایشا ہوئے اور بعض نے کہا داؤد
بن زکریا بن ایشوی از اولاد یہوذا بن یعقوب تھے پس ایشا کے ساتھ انکے تیرہ لڑکے تھے اور داؤد ان سب مین چھوٹے تھے اور گوپھن سے
پتھر مارنے مین مشاق تھے پھر جالوت کو جب خبر پہونچی اور لشکر برابر ہوتے اسنے طالوت سے کہلا بھیجا مین تنہا میدان مین آتا ہون تو خود میرے مقابل ہو
یا کسی مقابل کو بھیج اگر اسنے مجھے قتل کیا تو میری بادشاہت تمھاری ہو ورنہ تمھاری بادشاہت میری ہو پس طالوت پر گران گذرا اور اپنے لشکرون مین آوازدی
کہ جو شخص جالوت کو قتل کرے اسکے ساتھ اپنی لڑکی بیاہ دون اور آدھی بادشاہت اسکو دون مگر جالوت سے خوف کرکے کسی نے جواب نہ دیا پس طالوت نے
شمویل پیغمبر علیہ السلام سے دریافت کیا کہ آپ دعا کرکے فرمادین تو ایک شیشی روغن قدس کی نشانی آئی کہ جسکے سر پر رکھنے سے خود جوش کرے وہی جالوت کا
قاتل ہے کسیکے سر پر جوش نکلا مگر دوسری مرتبہ وحی سے پسران ایشا معلوم ہوے اور بارہ بیٹے جو تنومند اور مثل ستونون کے تھے کسیکے سر پر روغن مذکور نے
جوش نکیا مگر داؤد علیہ السلام کے سر پر اور ایک شخص کنتا قامت سرخ رنگ تھے اور روغن قدس انکے سر پر جوش کرکے تمام سر مین مثل تاج کے رہا اور کسی
طرف نہین بہا اور طالوت نے پوچھا کہ تم اپنے مین کوئی نشانی پاتے ہو کہ جالوت سے شخص کو قتل کرو - کہا کہ ہان مین بکریان چراتا ہون اور گاہے
شیر یا چیتا یا بھیڑیا اسکو پکڑ لیتا ہے اور مین اللہ تعالے کی مدد و قوت سے اسکے گلے چیڑ لیتا ہون اور اسکے منہ سے بکری نکال لیتا ہون پھر داؤد علیہ السلام
راہ مین گذرے تو کئی پتھر اٹھا کر اپنی جھولی مین رکھ لیے پھر جب لشکرون نے باہم صف بندی کی اور جالوت میدان مین نکل آیا اور اسنے

ف یہ جملہ بیان ہے اسکا جو اوپر گذرا کہ یہ رسولون مین سے ہے

ف یہ جملہ بیان ہے اسکا جو اوپر گذرا کہ یہ رسولون مین سے ہے

ف یہ جملہ بیان ہے اسکا جو اوپر گذرا کہ یہ رسولون مین سے ہے

مقابل طلب کیا تو داؤد اس سے لڑنے چلے اور طالوت نے انکو گھوڑا و ہتھیار وغیرہ سامان حرب دیے جب داؤد میدان مین پہونچے تو پھر لوٹے اور طالوت کے گرد والون نے کہا کہ لڑکا ڈر گیا اور یہ اسوقت درجۂ بلوغ کو بھی نہ پہونچے تھے پس طالوت نے پوچھا کہ کیا ہی تو داؤد نے کہا کہ اگر اللہ عزوجل مجکو مدد و فتح نہ بگا تو یہ تمھارے ہتھیار وغیرہ میرے کام نہ آوینگے تم مجھے جیسے ہین چاہتا ہون جانے دو طالوت نے کہا کہ تمھاری خوشی پس داؤد نے جھولی ڈالی اور گوپھن لیا اور چلے اور جالوت مرد قوی ہیکل شہ زور دلیر تھا کہ تنہا لشکرون کو بھگاتا تھا مگر داؤد کو دیکھکر ہیبت ناک ہوکر بولا کہ ای لونڈے تو لڑنے آیا ہی اور یہ ڈھیلے لیکر چلا ہی جیسے کتے کو مارنے چلتے ہین داؤد نے کہا کہ ہان اور تو کتے سے بدتر ہی اسنے کہا کہ ضرور ہوا کر تیرا گوشت درندون کو بانٹون داؤد نے کہا یا تیرا گوشت اللہ تعالے بانٹیگا پھر داؤد نے اللہ تعالے کا نام لیکر گوپھن مین پتھر رکھکر مارا تو اللہ تعالے کی نصرت سے اسکے خود آہنی پر پڑا اور اسکا دماغ توڑ کر لشکریون مین سے تیس مرد کو قتل کیا اور جالوت مردہ ہوکر گر پڑا اور اسکے لشکر والے نہایت خوفناک ہوے اور طالوت و مسلمانون کے حملہ کی تاب نہ لاکر بھاگے اور داؤد نے جالوت کو کھینچکر طالوت کے سامنے ڈالدیا اور اللہ تعالے نے بنی اسرائیل کو فتح دی اور طالوت نے اپنا وعدہ پورا کیا اور لوگون نے داؤد کا ذکر زیادہ کرنا شروع کیا اور انھین کی طرف مائل ہوے اور طالوت نے حسد کی اور بعد شموئیل علیہ السلام کے ظلم و غارت کرنا شروع کیا اور داؤد ایک پہاڑ پر چلے گئے کہ وہان عبادت مین مشغول رہتے پھر طالوت کے چالیس برس سلطنت کے بعد بادشاہت داؤد پر مقرر ہوئی اور اللہ تعالے نے انکو نبی کردیا اور انھون نے سات برس بادشاہت کی اور نبی اسرائیل مین انسے پہلے کوئی شخص ایسا نہین ہوا کہ نبی و بادشاہ دونون ہووے چنانچہ فرمایا۔ واتاہ اللہ الملک والحکمۃ۔ یعنے دونون داؤد کے واسطے جمع کردین اور فرمایا وعلمہ مما یشاء۔ اور قصۂ داود مین فرمایا ہی وعلمناہ صنعۃ لبوس لکم۔ یعنے حرب کی زرہ بنانی سکھلائی اور انکو زبور دی اور ہوا کو حکم سکھلایا اور پرندون کی بولی سمجھنی سکھلادی اور انکے قصہ مین انشاء اللہ تعالے آویگا قولہ ولولا دفع اللہ الناس بعضہم ببعض لہدمت صوامع وبیع وصلوات ومساجد یذکر فیہا اسم اللہ کثیرا الآیۃ۔ اور ابن جریر نے ابن عمر سے مرفوعا روایت کی کہ اللہ تعالے ایک مسلمان صالح کی وجہ سے اسکے پڑوسی سو گھرون پر سے بلا کو دور کرتا ہی پھر ابن عمر نے پڑھا ولولا دفع اللہ الناس بعضہم ببعض لفسدت الارض الآیۃ۔ ورواہ احمد ایضا۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ اسناد ضعیف ہی کیونکہ یحیی بن سعید بن العطار الحمصی راوی بہت ضعیف ہی اور جابر بن عبد اللہ سے مرفوعا روایت کی کہ اللہ تعالے مسلمان صالح کی وجہ سے اسکے فرزند اور پوتے اور گھر والے و پڑوس والے خوش رکھتا ہی اور یہ سب اللہ تعالے کی حفظ و امان مین رہتے ہین جبتک وہ انمین ہو شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اسکی اسناد مین بھی یحیی بن سعید العطار الحمصی راوی ہین پس یہ بھی ضعیف ہی پھر ابن کثیر نے ابوبکر بن مردویہ کی روایت سے حضرت ثوبان رض سے مرفوعا روایت کی کہ برابر تم مین سات شخص ایسے رہینگے کہ انھین کی وجہ سے تم مدد دیے جاؤگے اور انھین کی وجہ سے بارش کا پانی دیے جاؤگے اور انھین کی وجہ سے رزق دیے جاؤگے یہانتک کہ قیامت قائم ہو اور نیز ابن مردویہ نے عبادہ بن الصامت سے مرفوعا روایت کی میری امت مین ابدال تیس شخص رہینگے انھین کی وجہ سے تم رزق دیے جاؤگے اور انھین کی وجہ سے بارش کا پانی دیے جاؤگے اور انھین کی وجہ سے مدد دیے جاؤگے قتادہ نے کہا کہ مین امید کرتا ہون کہ حسن بصری انھین مین سے ہو قال المترجم بعض روایات مین چالیس اور بعض مین چالیس اور بعض مین پانچ سو کی تعداد مروی ہی ولیکن قسمین ایک ایک ہین اور شوکانی نے اپنے موضوعات مین اسکو وارد کرکے اسکی تحسین کی ہی کہ طرق اسکے بعض کے بعض معاضد اور بعض حسن ہین اور بالجملہ یہ بات حدیث سے ثابت ہی اور شیخ عبد القادر جیلانی علیہ الرحمہ نے جو فتوح الغیب مین

اجلال

ابدال کی بابت تقریر کی ہی اسکا حاصل یہ ہی کہ وہ لوگ اپنے خطرات و اختیارات سے بالکل باہر ہین اور کھانا پینا چلنا بولنا اٹھنا بیٹھنا سب انکا جب ہی ہوتا ہی کہ عالم غیب سے اسکا خطور انکے اندر ہو لیکن انوار ایمان اور راہ حق انمین ظاہر ہی اور انکی صحبت موجب کمال ایمان و مغفرت ہی واللہ تعالے اعلم ف۲ شیخ محی الدین بن العربی نے لکھا قولہ تعالے طالوت ملکا۔ اور یہ مرد فقیر تھا سو بنی اسرائیل نے اسکو بادشاہت کے واسطے قبول نہ کیا اسواسطے کہ استحقاق بادشاہت و ریاست کا عوام کے نزدیک یہ ہی کہ خاج کی سعادت اسمین ہو یعنے مال و نسب ہو پس انکے نبی علیہ السلام نے انکو تنبیہ کردی کہ بادشاہت کا استحقاق دو باتون سے ہوتا ہی انمین سے ایک سعادت روحانی ہی اور وہ علم ہی اور دوسری سعادت بدنی ہی یعنے اسکے قوی خوب درست ہون اور جسم دراز ہو چنانچہ کہا۔ وزادہ بسطۃ فی العلم والجسم واللہ یوتی ملکہ من یشاء واللہ واسع علیم۔ پس وہ مال بھی دیدیتا ہی جیسے بادشاہت دیتا ہی اور جانتا ہی کہ کون اسکا استحقاق رکھتا ہی اور اسمین کتنے مال کی ضرورت ہی اتنا ہی اسکو دیدیتا ہی۔ وقال لہم نبیہم ان آیۃ ملکہ ان یاتیکم التابوت فیہ سکینۃ من ربکم۔ پھر بیان فرمایا کہ ملک کے استحقاق کی ایک اور علامت ہی وہ یہ ہی کہ مخلوق اسکی اذعان پر ہو اور اسکی ہیبت و وقار لوگون کے دلون مین ہو اور لوگون کے دل اسکے ساتھ محبت کرین اور اسکے حکم کو دل سے قبول کرین کہ اسکی فرمانبرداری اور انقیاد پر مطیع اور اسیکو عجم والے قدیم لوگ فارس کے خورہ کہتے تھے اور بادشاہان کیان کے ساتھ خورہ ہی مخصوص تھا پھر انکے بعد اسکو فر کہنے لگے چنانچہ فریدون مین فر قرار دیتے تھے اور کیکاؤس سے فرہ ایزدی جاتا رہا تھا پھر انھون نے اسکو کیخسرو مین پایا آور یہان اسکو تابوت کے نام سے بیان کیا یعنے جسکی طرف امور کا مرجع ہی اسواسطے تابوت بروزن فعلوت از توب ہی (ای رجوع) ای تمھارے پاس اسکی جہت سے وہ چیز آجاویگی جو اسکی بادشاہت ثابت ہونے کے واسطے چاہیے ہی یعنے اذعان و طاعت و انقیاد (دل سے اسکے اوپر جمنا) و محبت جو اللہ دلون مین ڈال دیگا جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین رعب کے ساتھ ایک مہینہ کی راہ تک فتح دیا گیا ہون یا وہ حالت نفسانیہ اور ہیئت ہی جو اسکی صحت بادشاہت پر دلیل ہو۔ فیہ سکینۃ من ربکم۔ ای وہ چیز ہی جسکی طرف تمھارے دلون کو سکون ہو و بقیۃ مما ترک ال موسی وال ھارون۔ یعنے جو ان دونون نے اپنی اولاد مین ایک معنے چھوڑے جسکو فر کہتے ہین اور وہ ایک نور ملکوتی ہی کہ نفس اس سے روشن ہو جاتا ہی کیونکہ ملکوت سماوی سے مل جاتا ہی اور عالم قدرت سے اسکے حاصل ہو جانے پر علم سیاست اور تدبیر ملک و حکمت سے زینت حاصل ہو جاتی ہی۔ تحملہ الملائکۃ۔ اور یہ تمھارے پاس آسمانی فرشتون کی وساطت سے نازل ہوگا۔ اور ممکن ہی کہ کہا جاوے وہ کوئی صندوق تھا جسمین طلسم تھا جیسے لشکرون کی فتح و فیروزی کے طلسمات ہوتے ہین بنابر آنکہ روایت کیا گیا ہی کہ اسمین ایک صورت تھی جسکا سر آدمی اور بلی کا اور دم مانند بل کے تھی جیسے فریدون کے وقت مین درفش کاویان تھا۔ بنھر۔ وہ طبیعت جسمانیہ کا منزل ہی فمن شرب منہ فلیس منی۔ ای جسنے اسمین سے افراط سے آسودہ ہو کر پیا وہ میرے لوگون مین سے نہین اسواسطے کہ طبیعت کے پابند اور خواہشون کے بندے مخلوق الٰہی مین سے نہایت ذلیل و عاجز تر ہین انکو کہان قوت ہی کہ جالوت نفس امارہ سے قتال کرین اور نہ وہ جالوت قوم عمالقہ سے جو دشمن دین تھا قتال کر سکتے تھے اسواسطے کہ انکو حمیت و تشدد نہین ہی۔ الا من اغترف غرفۃ بیدہ ای سوائے اسکے جسنے اسمین سے قدر ضرورت و احتیاج پر قناعت کی ہو اسکے کہ وہ شخص اسمین حریص ہوا و منہمک ہو۔ فشربوا منہ ای منہ لگا کر پی گئے اور اسمین منہمک ہو گئے۔ الا قلیلا منھم۔ مگر انمین سے تھوڑے اسواسطے کہ جو لوگ ایسے ہین کہ طبیعت کی پلیدیون سے پاک اور اسکے لگاؤ سے الگ اور اسکے میل سے صاف ہین وہ اپنے سوائے دوسرون کی بہ نسبت تھوڑے ہین قال اللہ تعالے وقلیل ما ہم۔ اور فرمایا۔ وقلیل من عبادی الشکور۔ اور یہ وہی لوگ تھے جو یقین کے ساتھ ایمان لائے تھے اور نور یقین سے جانتے تھے

کر غالب ہونا کچھ کثرت پر نہیں بلکہ مدد الٰہی پر ہے پس قوت یقینی کے مقابلہ پر صبر کرنے کا حکم دیا۔ مترجم کہتا ہے کہ بحمداللہ تعالےٰ پارہ دوم کی تفسیر بھی اشارات تمام ہوئی اور آیندہ پارۂ سوم شروع ہوتا ہے اور واضح رہے کہ مترجم عفا اللہ عنہ کو زیادہ تر اس تفسیر سے استفادہ حاصل کرنے والے دو قسم کے برادران اسلام ہیں بعض وہ کہ جنکو فارسی اردو میں مہارت ہے اور بعض وہ ہیں کہ جنکو فی الجملہ عربی زبان میں مداخلت ہے اگرچہ پورے عالم نہوں پس تفسیر میں صرف گروہ اول ہی پر نظر مقصور نہونا چاہیے کہ کوئی تحقیق فقہی یا تدقیق علمی بالکل نہ لائی جاوے بلکہ عام فہم مضامین کے ساتھ ہیں ایسے علوم بھی درج کیے جاوینگے کہ جنکے استفادہ سے فی الجملہ عربی دان مسلمان الگ اردو بیان سے حاصل کرکے درجۂ عالم پر پہنچ جاوے اور اس مجموعہ لطیف کا نتیجہ یہ ہوگا کہ جماعت اول اپنے لائق مضامین سمجھ لینگے اور باقی جو انکی سمجھ سے زائد ہوں انکو جماعت دوم حاصل کرلینگے لہذا تنبیہ کردی گئی کہ جن دقیق مضامین کو عام اہل اسلام نہ سمجھیں تو تنگدل نہوں کہ وہ علوم دوسری جماعت کے لیے ہیں اور انسے جماعت اول بھی سمجھ سکتے ہیں واللہ تعالےٰ الموفق والمعین والحمد للہ رب العالمین۔ تم الجزء الثانی ویتلوہ الثالث من قولہ تعالیٰ تلک الرسل

# (افادۂ اصولیہ)

آیات و احادیث سے احکام فقہیہ استخراج کرنے کے لیے چند امور معلوم کرنا ضرور ہیں آیات و احادیث میں کبھی در واقع مخالفت نہیں ممکن ہے لیکن یاد رکھنا چاہیے کہ ہم لوگوں کو آیات قرآنیہ تو قطعی متواتر پہونچی ہیں اور احادیث بروایت ثقات بطور صحیح حاصل ہوئیں چنانچہ مقدمہ میں بیان ہوچکا پھر کبھی ہم کو مقدم و مؤخر و ناسخ و منسوخ معلوم نہونے سے ظاہر میں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آیت سے جو حکم نکلتا ہے وہ حدیث میں دوسری طرح مروی ہے پس ایسی صورت میں تلاش سے جمع کرنا چاہیے اور استخراج حکم کے لیے چند اصول ہیں (اول) اصل آیت یا حدیث میں جو کلمہ مستعمل ہوا اگر وہ بمعنے معلوم کے لیے موضوع ہو تو خاص کہلاتا ہے جیسے زید ایک شخص خاص ہے مرد ایک جنس خاص عورت دیگر جنس خاص ہے اور انسان نوع خاص ہے اور یہ اصطلاح منطق کے خلاف ہے اور کبھی اصول میں یوں کہتے ہیں کہ انسان جنس خاص ہے اور جسکے تحت میں مرد ایک نوع خاص عورت دیگر نوع خاص ہے۔ ثلاث عدد خاص ہے (دوم) اگر کلمہ جامع و شامل جماعت ہو تو عام ہے جیسے جو چیز۔ یا جو شخص وغیرہ۔ پھر عام سے کبھی بعض افراد کی تخصیص ہوجاتی ہے اور ضرور ہوا کہ حنفیہ علماء کے نزدیک اب قطعی عام کی تخصیص بھی قطعی دلیل سے ہو پھر جب ایک مرتبہ تخصیص ہوچکی تو آیندہ ظنی رہگیا تو ظنی دلیل سے بھی تخصیص ہوسکتی ہے (سوم) کلام جس مقصود کے لیے بولا گیا اسمیں نص ہے اور ظاہر جو بات اس سے نکلتی ہو وہ ظاہر ہے (چہارم) آیت و حدیث کے جمع کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ آیت۔ حدیث متواتر و اجماع متواتر تو قطعی ہیں اور حدیث مشہور سے قرآن پر بڑھانا جائز ہے حدیث آحاد صحیح اس معنے میں بدرجۂ قطعی نہیں کیونکہ اسناد ظنی ہے اور وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت میں سب قطعی تھے۔ اگر کبھی ظاہر میں یوں نظر آوے کہ آیت و حدیث میں موافقت نہیں ہے تو علی اجتہاد سے دونوں میں موافقت کا طریقہ سمجھو اور اگر تخصیص ہوسکے تو تخصیص کرو اور اگر نہ ہوسکے تو مقدم و مؤخر معلوم کرکے ناسخ منسوخ دیکھو اور مقدمہ عین الہدایہ میں بعض وجوہ اصول دیگر مذکور ہیں اور ان اصول کا علم آمد کرنا خود آیات کی تفسیر میں موجود ہے۔ واللہ تعالےٰ ہو الموفق والحمد للہ رب العالمین

سنن ابی داؤد۔ مجلد ضخیم مسنہ ایک
بیمثل مرتبہ نام ہر چہار جلد کامل دو جلد
میں از امام سلیمان بن اشعث سجستانی مترجم
معروف جدید الطبع۔
دلائل الخیرات۔ با ترجمۂ فارسی و اسمائے
شہر کہ و خواص اسماء حسنے معروف۔
زاد السبیل الی الجنۃ والسلسبیل۔
ذخیرۂ احادیث مولانا غلام یحیی۔
عناصر الخیرات۔ با ترجمۂ اردو از حکیم
ناصر علی صاحب آرزو بے نقط ورد و کا مجموعہ

فقہ اردو

نہایۃ الاوطار۔ ترجمہ اردو دُر مختار مترجمہ
مولوی خرم علی و مولوی محمد احسن کامل چار
جلد میں۔
راہ نجات۔ ضروری مسائل نماز و روزہ وغیرہ
مفتاح الجنۃ۔ از مولوی کرامت علی جونپوری۔
حقیقۃ الصلوٰۃ۔ مع رسالۂ بے نمازان۔
ترجمۂ فتاوی عالمگیری۔ کامل ہر چار
جلد مع مقدمہ یعنے جلد اول مترجمہ مولانا
احتشام الدین و مابقی ہر سہ جلد مع مقدمہ
مترجمہ مولانا امیر علی۔
کشف الحاجات۔ ترجمۂ اردو مالابد منہ
از مولوی محمد نور الدین۔
نور الہدایہ ترجمہ و شرح وقایہ اردو
ہر چہار جلد کچہائی مطبوعۂ نظامی۔
ہزار مسئلہ۔ شامل ہفت رسالہ (۱) ہزار
مسئلہ (۲) مسائل نمازیہ (۳) صد و سی مسئلہ

(۴) مناجات بدرگاہ باری تعالے (۵) عید شریف (۶) نور نامہ (۷) چہل مسائل۔
مولفہ مولوی عبد الصمد بن عبد السلام۔
شرع محمدی منظوم۔ مسائل فقہیہ از محمد خان قندھاری۔
تنبیہ الغافلین۔ مسائل دینیہ۔
حیرت الفقہ۔ مسائل مشکلہ فقہ از مولوی ابراہیم حسین بنگلوری۔
جواب السائلین۔ بطور استفتا۔
کنز الدقائق۔ اردو ترجمہ از مولوی محمد سلطان خان۔
چہل مسائل فقہ۔ از مولوی ابراہیم حسین بنگلوری۔
اشرف المسائل۔ از مولوی اشرف علیخان۔
رسالہ تجہیز و تکفین میت۔ از محمد عمر۔

## فقہ فارسی

ہدایہ۔ پیشانی پر اصل عربی اور تحت میں ترجمہ فارسی مع شرح از علماے کلکتہ جو مدت سے متداول ہر دو مجلد کامل۔
شرح سفر السعادت۔ از مولانا عبد الحق دہلوی معروف۔
حج المحج۔ مسمی بہ غایۃ المقصود از ملا محمد شاہ۔
تذکرۃ الجمعہ۔ احکام جمعہ از مولوی عبد السلام۔
تبیان۔ در حکم تمباکو و حقہ از ملا معین الدین۔
بدایع منظوم۔ مسائل فقہ نظم فارسی از ملا ناظم علی رح۔
نام حق۔ مشہور درسی از شیخ شرف الدین بخاری۔
نائۃ مسائل۔ سو مسائل از مولانا احمد اللہ رحمہ اللہ۔
شرح وقایہ فارسی۔ مع حاشیہ ملتقی الابحر از شاہ عبد الحق محدث دہلوی۔
مسلک المتقین۔ مرغوب علماے ولایت از مولوی اکبر یار خان۔
فتاوی بریہتہ۔ جامع ابواب فقہ از مفتی نصیر الدین۔
قدوری۔ مترجمۂ مولانا ابو القاسم۔
شرح فارسی مختصر وقایہ۔ از عبید الرحمن جاجی۔
کنز فارسی۔ از مفتی نصیر الدین کرمانی محشے مع فرہنگ۔
مالا بد منہ۔ از قاضی ثناء اللہ رحمہ اللہ مع وصیت نامہ۔
شرح مختصر وقایہ کورمیری۔ از مولانا جلال الدین سمرقندی۔
رسالۂ تنبیہ الانسان۔ در حلت و حرمت جانوران۔
رسالۂ قاضی قطب۔ ذکر ایمان و ارکان۔

## فقہ عربی

ابو المکارم۔ شرح مختصر وقایہ از عبد اللہ بن محمد معروف۔
برجندی۔ شرح مختصر وقایہ از مولانا عبد العلی برجندی معتبر شرح۔
جامع الرموز۔ شرح مختصر وقایہ از ملا شمس محمد قہستانی متداول۔
فتح القدیر حاشیہ النہر بقلم جلی ہدایہ اور بقلم خفی

فتح القدیر از امام کمال الدین بن الہمام نہایت مستند و باعظمت شرح مشہور و معروف اور آخر مین تکملۂ زین الدین آفندی کامل چار مجلد مقیم جدید الطبع۔

ہدایہ۔ حاشیہ جدید نہایت عمدہ زوائد و فوائد بہ تحشی مولانا محمد حسن سنبھلی مرحوم ہر چہار جلد کامل دو مجلدات مین بشرح ذیل۔

۱۔ جلد بین اولین عبادات۔

۲۔ جلد بین آخرین معاملات۔

فتاوائے عالمگیری۔ ہر چہار جلد کامل در سہ جلد

ہدایہ مع شرح الکفایہ۔ از سید جلال الدین کرلانی بہت معروف و مستند متداول چار جلد مین اس شرح ہدایہ پہ حاشیہ بہت مستند لکھے گئے ہین بہ تفصیل ذیل۔

ایضاً جلد اول و ثانی تا آخر کتاب النکاح۔

ایضاً جلد سوم و چہارم تا آخر کتاب۔

فتاوی قاضیخان مع سراجیہ۔ از امام قاضی حسن بن منصور قاضی خان مستند معتمد معروف متداول دو مجلد کامل۔

شرح وقایہ۔ از امام صدر الشریعۃ جلی قلم مع کامل حاشیۂ ذخیرۃ العقبی یوسف ابن جنید چلپی داخل درس تقطیع کلان خوشخط و صحیح۔

شرح وقایہ مختصر۔ مع دائرہ ہندیہ متوسط قلم۔

ذخیرۃ العقبی۔ حاشیہ شرح وقایہ از یوسف بن جنید چلپی متداول معروف۔

اشباہ و النظائر۔ مع شرح حموی معروف مستند متداول۔

ملا مسکین۔ از بوع نادصایا تحشی جدید۔

کنز الدقائق۔ تحشی متداول درسی کتاب

مستخلص الحقائق۔ شرح کنز الدقائق مشہور متداول۔

عینی شرح کنز الدقائق۔ تحشی ہر چہار جلد مستند معروف متداول دو مجلدین۔

(۱) جلد بین اولین عبادات مین۔

(۲) جلد بین آخرین معاملات مین۔

مختصر وقایہ تحشی۔ از امام صدر الشریعۃ درسی متداول۔

عمدۃ الصناعۃ۔ فی مسائل الرضاعۃ از مولوی تراب علی مرحوم۔

قدوری تحشی۔ تالیف امام ابو الحسن درسی متداول۔

## اخلاق و تصوف اردو

جامع الاخلاق۔ بیان کے اخلاق جلالی۔

تہذیب النفوس۔ مصلح الدین حسین۔

باب دانش۔ مؤلفہ مولوی محمد کریم بخش۔

اوقات غزنیری۔ از سید غلام حیدر خان۔

ترجمہ عوارف المعارف۔ کامل دو جلد مین مترجمہ مولانا ابو الحسن فرید آبادی۔

خزینۂ دانش۔ ہوشمندی کی تعلیم از مولوی محمد کریم بخش۔

بستان تہذیب۔ جامع اخلاق و ادب مرتبۂ نواب حاجی محمد عمر علیخان بہادر فیروز جنگ

بحر الحقیقت۔ اصلاح نفس مین۔

آئینہ حیات۔ اخلاق و موعظت مین مصنفۂ منشی کامتا پرشاد۔

کیمیائے حکمت۔ حصۂ اول بیان تالیف علم و ادب۔

نجات المومنین۔ ذکر کرامات حضرت شاہ نجابت اللہ۔

تہذیب الاخلاق۔ مولفۂ مولوی نجم الحق۔

پیر اسن یوسفی۔ اردو ترجمہ مثنوی مولانا روم کا نظم شعر بہ شعر اور حاشیہ پر اردو مین حاصل مطلب مع فوائد تصوف۔ کامل دو جلد مین بتفصیل ذیل۔

(جلد اول) ترجمۂ دفتر ۱ و ۲ و ۳۔

(جلد دوم) ترجمۂ دفتر ۴ و ۵ و ۶۔

اخلاق رضی۔ مصنفۂ قاضی محمد رضی۔

شجرۂ معرفت محشی۔ منتخبات مثنوی مولانا روم مترجمہ سید غلام حیدر صاحب۔

تحفۂ سروری۔ نظم آداب عبادت جملہ اعضا از مفتی غلام سرور۔

کنز الاسرار۔ ترجمہ اردو نظم شاہ بو علی قلندر قدس سرہ ہموزن مثنوی از مولوی سید غلام حیدر خان۔

چشمۂ فیض۔ نظم ترجمہ اردو پندنامۂ عطار کلام عارف کامل حضرت شیخ فرید الدین قدس سرہ از مولوی عبد الغفور خان بہادر۔

مذاق العارفین۔ ترجمۂ احیاء علوم الدین عربی ہر چہار کامل در دو مجلد۔

تہذیب اصفہانی۔ مولفۂ حکیم احسان علی۔

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَيُعَلِّمُهُمْ مَّا لَمْ يَكُوْنُوْا يَعْلَمُوْنَ

مفتاح کنوز اسرار ربانی منشور لامع النور فیوض سبحانی مجموعہ معارف وحقائق وذخیرہ اسرار ودقائق جس کو تفسیر شیخ امام عماد الدین ابوالفداء اسمٰعیل بن عمر بن کثیر القرشی الدمشقی وتفسیر امام ابوجعفر محمد بن جریر الطبری وغیرہما اکابر ائمہ کرام سے مرتب کیا گیا ہے جس میں سند سے عبدالرحمٰن کی کمی بیشی عمداً دین ایمان

الموسوم بہ

# تفسیر منہاج الرحمٰن

المشتہر بہ

# جامع البیان

(مصنفہ)

جامع العلوم العقلیۃ النقلیۃ بحر الفنون الغزیرۃ والعمیقۃ قاطع شبہات الملحدین دافع مکائد المعاندین جلوی الفضائل علامۃ الوجود افضل عمدۃ الواصلین المتبحر بالعلم الحقی والجلی سراجنا ومولانا السید المولوی علی حسنین بلگرامی لازالت تجود بہ مالک الغیب علی عباد الاسلام فخلہ الاعلیٰ بدوام الایام واللیالی فی ظل السلام

مطبع نامی منشی نولکشور واقع لکھنؤ بمحسن وجود بی جمپی

اعلان۔ حق تالیف وتصنیف اس کتاب برکت انتساب کا بحق نولکشور پریس محفوظ ومحدود ہے۔

اطلاع۔ اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہے جسکی فہرست مفصل ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرماسکتے ہین نیز اب بھی اندراج ہوا اس کتاب کے ذیل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین بعض کتب اردو و فارسی و عربی کی درج کرستے ہین تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہو اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدر دانون کو اطلاع ہی کا ذریعہ حاصل ہو

## تفاسیر قرآنی اردو

تفسیر قادری۔ ترجمۂ اردو تفسیر حسینی مترجمہ مولوی فخر الدین صاحب کامل دو جلد مین۔

تفسیر زاد الآخرت۔ نظم مین پوری تفسیر قرآن کی کمال عمدگی سے از مولوی عبد السلام۔

تفسیر سورۂ اذا زلزلت۔ جدید المطبع۔

تفسیر سورۂ فاتحہ۔ مسمی بہ تحفۃ الاسلام از مولوی اکرام الدین۔

تفسیر سورۂ یوسف۔ سہ مصرعہ از مولوی شرفعلی پنجسورہ مترجم۔ با ترجمۂ اردو۔

## ایضاً فارسی

تفسیر حسینی از ملا حسین واعظ۔ متعارف متداول پوری تفسیر خوشخط۔

تفسیر اسرار الفاتحہ۔ مصنفہ ملا معین ہروی در تصوف۔

## ایضاً عربی

تفسیر بے نقط فیضی۔ مسمی بہ سواطع الالہام علم کے سرکار مین بھیجے جو کتاب خزانہ اکبری شہنشاہ اکبر مین گوہر نایاب مخفی تھی اپنے خزانہ کی زینت کیجیے عجیب صنعت ہے بالکل بے نقط اسپر عجیب بلاغت و سلاست پھر مبتدا و خبر اور شرط و جزا کی اصطلاح ہے نقط۔ فرعون و قارون کا نام بے نقطہ۔ روایت کا ترجمہ بے نقط شہنشاہ ہند کا عزت کرنا واقعی کیا تھا اور فیضی مصنف کا فخر زیبا ویسا ہی پایا جیسا شنا تھا مطبع کی تمام کوشش سے نہایت نفیس نسخہ ملا جسکو جواہر رقم فخر شنویس نے لکھا بہت عمدہ چھپا۔

تفسیر جلالین مع کمالین۔ بخشی جدید مطبوعۂ دہلی۔

تبیان فی اعراب القرآن۔ مؤلفہ شیخ عبد اللہ بن حسین عبکری محدث مفسر نحوی۔ متوفی ۶۱۶ھ اس فن کی کوئی کتاب ہند مین طبع نہوئی۔ غلط فہمی سے خلاصۃ الکشاف نام درج ہوگیا ہے ساتھ مین رسالہ فتح الخبیر مولانا ولی اللہ محدث دہلوی کا لگا ہوا ہے۔

درر النظم۔ خواص و تاثیرات آیات و سور نہائے قرآنی مولفہ قاضی ابو الحسن المصری۔

توریت۔ بزبان عربی ترجمہ بطور اصل کے اسکے نیچے فارسی ترجمہ موجود تھا اور اردو ترجمہ بصرف زر خطیر مطبع ہذا کی طرف سے اضافہ ہوا۔

فتح الخبیر۔ مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی مطبوعۂ غیر۔

## احادیث اردو

مظاہر حق۔ ترجمۂ مشکوٰۃ المصابیح مترجمہ جناب مولانا محمد قطب الدین دہلوی مرحوم و مغفور کامل چار جلد مین ہر حامل المتن یعنے اول عبارت عربی حدیث کی بعدہٗ اسکا ترجمہ اردو مین۔

تحفۃ الاخیار۔ ترجمۂ اردو مشارق الانوار ترجمہ مولوی خرم علی۔

ترجمۂ جامع ترمذی۔ حامل المتن جلد اول مترجمۂ مولوی فضل احمد انصاری ولاوری لاہوری۔ یہ ترجمہ نفیس بصرف زر کثیر مطبع نے کرایا ہے اور حقوق ترجمہ بحق مطبع محفوظ و محدود ہین۔

ایضاً۔ جلد دوم حسب مراتب بالا۔

## حدیث فارسی

اشعۃ اللمعات حامل المتن شرح مشکوٰۃ از مولانا محدث عبد الحق دہلوی چار مجلدات مین۔

## ایضاً عربی

تیسیر الوصول الی احادیث جامع الاصول از شیخ عبد الرحمن بن علی یمنی معروف۔

جامع ترمذی۔ امام ابو عیسیٰ اور صحاح ستہ مین سے معروف مع رسالہ اصول حدیث جرجانی و شمایل ترمذی جدید۔

قسطلانی۔ شہاب الدین قسطلانی کی شرح صحیح البخاری مسمی بارشاد الساری معروف بہ قسطلانی دس مجلدات مین پوری شرح

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ

یہ سب رسول ہین بڑائی دی ہم نے ایک کو ایک سے کوئی ہے

مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ۭ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ

کہ کلام کیا اللہ نے اور بلند کیے بعض کے درجے اور دی ہم نے عیسی مریم کے بیٹے کو نشانیان کھلی اور زور دیا اسکو روح پاک کے ساتھ اور اگر چاہتا

اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا

اللہ نہ لڑتے وہ لوگ جو کہ بعد ان نبیون کے انتی تھے بعد اسکے کہ پہونچے انکو کھلے حکم ولیکن انہین پھوٹ پڑی

فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ۭ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوْا ۠ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۝

سو کوئی انمین یقین پر رہا اور کوئی منکر ہوگیا اور اگر چاہتا اللہ تعالے تو نہ لڑتے ولیکن اللہ تعالے کرتا ہی جو چاہتا ہی

تِلْكَ مبتدا۔ الرُّسُلُ صفۃ وخبرہ۔ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ تخصیصہ بمنقبۃ لیست لغیرہ۔ یعنے تلک الرسل

مبتدا ہے موصوف ہی اور خبر اسکی فضلنا بعضہم علی بعض ہی المعنے یہ رسول ہین جنکا یہ مرتبہ ہی کہ ہمنے بعض کو بعض پر فضیلت دی ف

اس طرح فضیلت دی کہ بعض کو مخصوص کیا ایسے منقبت سے جو دوسرے کے لیے نہین ہی۔ اور اسکا جاننا ہر پیغمبر مین سوا ے اللہ تعالے

کے غیر ممکن ہی۔ ہان بعض خصائص بتلائے گئے ہین چنانچہ فرمایا۔ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ۔ انمین بعض وہ کہ جنسے اللہ تعالے نے

کلام فرمایا ف جیسے موسی علیہ السلام۔ اور حدیث صحیح مسلم مین ہی کہ آدم علیہ السلام بھی نبی مکلم تھے۔ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ

اور انمین سے بعض کے درجات بلند کیے ف وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین کہ باقیون پر آپ کے درجات بلند فرمائے یا ین طور کہ محمد صلی اللہ

علیہ وسلم کی دعوت رسالت کو عام فرمایا اور نبوت کو آپ پر ختم فرمایا اور آپکی امت کو باقی سب امتون پر فضیلت دی اور کثرت سے معجزات

عطا کیے اور خصائص عدیدہ سے اختصاص دیا اور مترجم کہتا ہی کہ آیت کی تفسیر مین یون کہا جاوے کہ بعض کے درجات بلند کیے اور ان عالی

مراتب پیغمبرون مین سب سے بلند مرتبہ حضرت سید نا سرور عالم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم ہین۔ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتُ

اور ہمنے عیسی بیٹے مریم کو بینات یعنے معجزات ظاہرہ عطا کیے ف اور باوجود ان معجزات کے کہ مردہ کو باذن اللہ زندہ کرتے واندھے کوڑھی کو باذن اللہ

اچھا کرتے و مانند اسکے مزید اختصاص ہے کہ۔ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ۔ اور ہمنے اسکو روح القدس یعنے جبرئیل سے تائید و تقویت دی

ف کہ جہان جاتے روح القدس انکے ساتھ رہتے تھے۔ وَلَوْ شَاۗءَ اللّٰهُ۔ ہدی الناس جمیعا۔ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ

بَعْدِهِمْ۔ بعد الرسل ای امتہم اور اگر چاہتا اللہ تعالے یعنے ہدایت دینا سب لوگون کو چاہتا تو نہ لڑتے وہ لوگ کہ بعد انکے ای بعد

رسولون کے تھے یعنے انکی امتین باہم لڑائی نہ کرتین یعنے اختلاف یا حقیقی لڑائی کہ عیسیٰ کے بعد انکی امت تین فرقہ ہوکر باہم قتال نہ کرتے حتی کہ ہر

فرقہ مارا گیا حالانکہ انھون نے قتال کیا اس حالت مین کہ۔ مِنْۢ بَعْدِ مَا جَاۗءَتْهُمُ الْبَيِّنٰتُ۔ بعد ازانکہ ان امتون کے پاس

دلائل واضحہ آچکے تھے ف پھر بھی اس طرح باہم لڑے کہ آپسمین اختلاف کیا اور بعض نے بعض کو گمراہ قرار دیا۔ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا۔ ولیکن

انھون نے اختلاف ہی کیا ف بسبب اسکے کہ مشیت الٰہی مین یون ہی جاری تھا۔ فَمِنْهُمْ مَّنْ اٰمَنَ۔ پس کہ انمین سے بعض گروہ

تو ایمان پر جما رہا۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ۔ اور انمین سے بعض نے کفر کیا ف بعد ایمان کے جیسے نصرانی کہ بعد مسیح علیہ السلام کے کافر

ہوگئے حتی کہ جو فریق کہتا تھا کہ مسیح رسول اللہ بندہ تھا اسکو سب نے ملکر قتل کیا اور جو بچا وہ غاروں وجنگلوں میں گم ہوگیا۔ وَلَوْ شَاءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلُوا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ۔ اور اگر اللہ تعالے کو منظور ہوتا تو نہ لڑتے ولیکن اللہ تعالے جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے الخ یعنے جسکو چاہتا ہے توفیق دیتا ہے اور جسکو چاہتا ہے خوار کرتا ہے۔ کَلَّمَ از تکلیم ہے کلام کرنا پس کلام اللہ کا کلام اللہ۔ یعنے اس سے اللہ تعالے نے کلام کیا اور اس سے صریح ثابت ہے کہ اللہ تعالے کلام کرتا ہے اور یہی مذہب سب اہل سنت وجماعت ہے اور سلف وخلف سب اسپر متفق ہیں اور انبیاء علیہم السلام نے برابر اسکی خبر دی ہیں لیکن فرقہ معتزلہ جو فلاسفہ کا جھوٹا کھانے والا ہے وہ اس سے انکار کرتا ہے۔ اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی دعوت عام ہونے کے یہ معنے ہیں کہ تمام دنیا میں قیامت تک جو شخص سنے اسپر واجب ہے کہ آپ پر ایمان لاوے ورنہ کافر مریگا اور آپ سے پہلے انبیا میں یہ بات نہ تھی کہ نبی خاصۃً ایک قوم کے واسطے مبعوث ہوتا تھا پھر واقع ہوا کہ قولہ ما اقتتل الذین۔ کی تفسیر ما اختلف الذین۔ یعنے باہمی قتال سے مراد باہمی اختلاف ہے کیونکہ اسی اختلاف سے قتال تک نوبت پہونچتی ہے لہذا فرمایا ولکن اختلفوا۔ مفسر رحمہ کہتا ہے کہ اگر انبیا علیہم السلام کی امتوں میں قتال مراد ہو جو صحیح سیوطی رح نے اختیار کیا تو وہ اسی طرح کہ اختلاف کرکے پھوٹ گئے اگرچہ حقیقۃً لڑائی نہوئی ہو یا اختلاف سبب قتال پیدا ہوا اگرچہ بعض امتوں میں قتال نہوا اور بعض میں واقع ہوا جیسے حضرت عیسیٰ کے فرقوں میں ہوا اور جیسے امت اسلامیہ میں پھوٹ کے بعد خوارج وروافض وغیرہا میں سے لڑے اور قولہ منہم من آمن یعنے ایمان پر ثابت رہا جیسے پیغمبر کے وقت میں تھا اور خوارج وروافض وغیرہ کیطرح پھوٹکر خارج ہوا اور اسمیں اشارہ ہے کہ جو شخص وقت اختلاف کے ثابت قدم رہا اسکو ثواب ایمان کا ہے اور حدیث میں بھی صحیح ہوا کہ جو شخص اختلاف اور فساد کے وقت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر ثابت رہا اور اسکو زندہ رکھا تو اسکو سو شہید کا ثواب ہے۔ اور اسمیں صریح اہل السنۃ کا حق ہونا نکل آیا کیونکہ یہ لوگ اسی عقیدہ واسی طریقہ پر جمے رہے جو صحابہ رضی اللہ عنہم کے عہد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تھا اور ہر چند خوارج وروافض ومعتزلہ وجہمیہ وغیرہ نے اوہام وشکوک ڈالے مگر یہ لوگ ثابت قدم رہے اور آیت میں صریح دلیل ہے کہ یہ اختلاف ولڑائی موافق مشیت الٰہی عزوجل کے امتیوں میں واقع ہونا ضروری ہے۔ اور حدیث مشہور میں ثابت ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خبر دی تھی کہ میری امت بھی باہم مختلف ہوجائیگی۔ تو معلوم ہوا کہ جو مشیت الٰہی پہلی امتوں میں تھی وہ اس امت میں بھی جاری ہے اور اب یہ معجزہ سامنے آگیا کہ بعد آپ کے کسقدر اختلافات پھیل گئے اگر وہم ہو کہ جب اختلاف موافق مشیت الٰہی ہے تو اللہ تعالے اس پھوٹ پر راضی ہے۔ جواب یہ کہ رضا ومشیت میں فرق ہے چنانچہ شیطان کا اور کفر کا وجود موافق مشیت ہے کیونکہ غیر ممکن ہے کہ اللہ تعالے نہ چاہے پھر واقع ہو لیکن اللہ تعالے کفر سے راضی نہیں ہے پس اسنے ہدایت وضلالت دونوں پیدا کرکے ہر ایک کا انجام بتلادیا کہ ہدایت پر اللہ تعالے راضی ہوگا اور کفر پر ناراض ہوگا پس جسنے جو کچھ اختیار کیا اسی کا انجام پاویگا۔ پس مشیت کے خلاف کچھ واقع نہیں ہوسکتا ہے اسواسطے کہ اسکی مملکت میں وہی جاری ہوتا ہے جو اسکی مشیت ہو اور یہاں سے معتزلہ کا قول باطل ہے کیونکہ اللہ تعالے نے صریح آگاہ فرمایا کہ اگر چاہتا کہ وہ لوگ باہم نہ لڑیں تو نہ لڑتے اور معتزلہ کہتے ہیں کہ اسنے چاہا کہ نہ لڑیں مگر وہ لڑ مرے اور یہ جہالت وکفر ہے ذکرہ فی المدارک پھر جاننا چاہیے کہ تلک الرسل سے بعض نے کہا کہ یہی رسول مراد ہیں جنکا قصہ سورہ میں مذکور ہے یا جنکا علم حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل ہوا پس الف لام عہد کا ہوگا اور بعض نے کہا کہ تمام رسول مراد ہیں اور الف لام استغراق کا ہے اور اسکی نظیر دوسری آیت کریمہ ہے کہ فرمایا۔ ولقد فضلنا بعض النبیین علی بعض وآتینا داؤد زبورا۔ اور بیضاوی نے کہا کہ آیت کریمہ اس امر کی دلیل ہے کہ انبیا علیہم السلام کے مراتب متفاوت ہیں اور ابن کثیر رح نے کہا کہ حدیث معراج میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انبیا علیہم السلام کو مختلف آسمانوں پر اپنے اپنے درجہ کے موافق متفاوت دیکھا چنانچہ پارہ پندرہ شروع معراج میں تمام تفسیر بسیط آویگی قولہ منہم من کلم اللہ شیخ ابن کثیر وغیرہ نے ذکر کیا کہ جیسے موسیٰ علیہ السلام کہ انسے کوہ طور پر کلام فرمایا اور فرمایا وکلم اللہ موسیٰ تکلیما۔ اور جیسے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کہ آپ سے شب معراج مین کلام فرمایا اور نہایت تقرب کے ساتھ کہ فاصلہ قوسین او ادنی کا وقت تھا اور معراج مین جبرئیل کا واسطہ نہ تھا حتی کہ جبرئیل علیہ السلام وہانتک جانے سے باز رہے تھے اور یہان سے ظاہر ہوا کہ موسی سے کلام کرنے مین اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کلام کرنے مین فرق عظیم ہی اور ایسے ہی آدم علیہ السلام سے کلام کیا جیساکہ حدیث ابوذر مین ہی جو صحیح ابن حبان وغیرہ مین مروی ہی اور مراد کلام کرنے سے بلا واسطہ کلام کرنا ورنہ بواسطہ جبرئیل علیہ السلام کے تو سب انبیا سے واقع ہوا ہی اور رفعنا بعضہم درجات جمہور مفسرین کے نزدیک محمد صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہین اور لفظ مبہم سے اسواسطے فرمایا کہ ذہن سوائے آپ کے اور کی طرف منتقل نہین ہوتا ہی اور یہ موجب مزید وقعت ہی گویا آپ ہی اس وصف کے واسطے متعین ہین اور کثرت سے روایات انبیاء سابقین سے مثل موسی علیہ السلام وغیرہ کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فضائل و فواضل مین مروی ہین اور یہی کافی ہی کہ توریت و انجیل مین فضائل جلیلہ موجود ہین اور محی السنہ نے معالم مین اور ابن کثیر رح نے تفسیر حزاب مابعد مین کہا کہ کسی نبی کو کوئی آیت نہین دی گئی ہی مگر آنکہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مثل اسکے دی گئی اور اس سے زیادہ دیگر آیات دی گئین مانند شق القمر وحنین جذع آپ کے فراق مین ودرختون و پتھرون کا سلام کرنا اور حیوان بہائم کا کلام کرنا اور سجدہ کرنا اور آپ کی رسالت کی گواہی دینا اور آپ کی انگلیون کے درمیان سے پانی جاری ہونا مثل چشمہ کے وغیرذلک معجزات و آیات ہین اور ان مین سے ظاہرتر قرآن ہی کہ تمام آسمان وزمین والے اسکے مانند لانے سے عاجز ہوے پھر حضرت ابوہریرہ سے روایت کی کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین کوئی ہی انبیاء مین سے مگر کہ دیا گیا وہ آیات سے ایسی چیز کہ ایمان لایا اسکے مثل پر آدمی اور مین جو دیا گیا ہون تو وہ وحی خالص ہی کہ اسکو اللہ تعالے نے میری طرف وحی کیا ہی پس مین امید کرتا ہون کہ قیامت مین میرے تابعین سب سے زائد ہون (الحدیث فی الصحاح) پھر کشمیہنی کی روایت سے بسند جید حضرت ابوہریرہ سے روایت کی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین فضیلت دیا گیا ہون انبیاء پر چھ باتون سے دیا گیا مین جوامع الکلم اور نصرت بالرعب اور حلال کی گئین میرے لیے غنیمتین اور کردی گئی میرے لیے تمام زمین جگہ نماز پڑھ لینے کی اور رسول کیا گیا مین تمام مخلوق پر اور ختم کیے گئے مجھ پر نبی (الصحاح الیضا) اور کمالین مین ہی کہ ابوسعید نیشاپوری نے شرف المصطفی مین کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم جن خصلتون سے اور انبیاء پر مخصوص کیے گئے ہین وہ ساٹھ خصلتین ہین اور بعض نے خازن رحمہ اللہ سے نقل کیا کہ امت نے اس بات پر اجماع کیا ہی کہ ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیاء سے افضل ہین کیونکہ آپ کی رسالت عام ہی بقولہ تعالے وما ارسلناک الا کافۃ للناس بشیرا ونذیرا۔ یعنے ہمنے تو تجکو تمام سب ہی لوگون پر رسول بھیجا کہ انکو خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا ہی شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ اگر کوئی کہے کہ صحیحین مین حضرت ابوہریرہ سے روایت ہی کہ مسلمانون مین ایک شخص اور یہودیون مین سے ایک شخص مین باہم گالی ہوئی پس یہودی نے اپنی قسم مین کہا کہ نہین بلکہ قسم ہی اس ذات کی جسنے موسی کو عالمون پر برگزیدہ کیا پس مسلمان نے اپنا ہاتھ اونچا کرکے یہودی کے منہ پر ایک تھپڑ مارا اور کہا کہ او خبیث اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی یہودی مذکور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور مسلمان کی شکایت کی پس رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تم مجھے انبیاء پر فضیلت سے مت بیان کیا کرو کہ قیامت کے روز لوگون کو بیہوشی طاری ہوگی پس مین پہلے افاقہ پاؤنگا پس مین موسیٰ کو عرش کے پایہ سے چپٹا پاؤنگا پس مجھے نہین معلوم کہ اسنے مجھسے پہلے افاقہ پایا ہی یا اس سے وہ بیہوشی بدلا کردی گئی جو اسکو کوہ طور پر ہوئی تھی اور ایک روایت مین ہی کہ مت فضیلت بیان کرو انبیاء کے درمیان میں۔ پس آیہ کریمہ اور اس حدیث مین کیونکر اتفاق ہی تو اسکا جواب کئی وجہ سے ہی اول آنکہ یہ امر جو آپ نے ارشاد فرمایا کہ فضیلت سے مت بیان کرو یہ پہلے اس سے تھا کہ آپکو وحی سے انبیاء کی تفضیل ہونا معلوم ہو لیکن شیخ ابن کثیر رح نے اس جواب کو ناپسند کیا اور اسکی وجہ مترجم کے نزدیک بھی ظاہر ہی اسواسطے کہ یہود کا معاند ہونا اس سورۂ مبارکہ کے بعد واقع ہوا ہی اور دوم یہ کہ یہ بسبیل تواضع ہی جیساکہ فرمایا کہ تم مین سے کوئی مجھکو مت کہو کہ مین یونس بن متی سے بہتر ہون حالانکہ

آپ جانتے تھے کہ مین انبیار سے افضل ہون چنانچہ خود فرمایا ہی انا سید ولد آدم یعنے مین اولاد آدم مین سے سب کا سردار ہون سوم یہ کہ تفضیل سے ممانعت ایسی حالت مین فرمائی کہ خصومت و جدال کی حالت ہوتا کہ انبیا کے بارہ مین باہم تعصب نہو کیونکہ جسنے کسی پیغمبر کے واسطے تعصب کیا اور دوسرے پیغمبر کی جناب مین کوتاہی سے نظر کی تو وہ کافر ہو جائیگا بلکہ فضیلت مین یہ امر قطعی ملحوظ رہے کہ ہر پیغمبر کو آفتاب کمال جانے پھر افضل کو اس سے اوپر آفتاب جانے۔ اسیواسطے علمار نے اس مقام کو عوام کے ہاتھ مین نہین دیا کیونکہ وہ ذرا سے وسوسہ شیطانی مین کافر ہو جاوینگے اور انکو خبر بھی نہوگی مشترحم کہتا ہی کہ اس زمانہ مین مولود خوان بہت اس مصیبت مین مبتلا ہوتے ہین۔ بالجملہ تعصب کی حالت مین ممانعت ہی۔ اور اگر ایسی حالت نہو بلکہ تحقیق و سلامتی کی حالت ہو تو تفضیل مین مضائقہ نہین ہی۔ چہارم مراد یہ کہ محض اپنی رائے اور جانبداری سے فضیلت مت دو۔ ان تمام جوابون پر فضیلت دینا موافق آیت کے ثابت رہا اور پھر ابن کثیر نے پانچوان جواب نقل کیا کہ یہ مراد ہی کہ باہم انبیا مین تفضیل مت دو کیونکہ یہ مقام اللہ عزوجل کی طرف راجع ہی تمھارے اختیار مین نہین ہی اور تمپر لازم ہی ایمان لانا ہی واجب ہی پہلے آیت کریمہ سے اتنا ثابت ہی کہ اللہ تعالے نے بعض کو بعض پر فضیلت دی اور وہی جانتا ہی کہ کسکو کس پر فضیلت دی ہی اور تم نہین کسی دوسرے پر تفضیل دے سکتے ہو پس حدیث مین یہی مراد ہی کہ تم مت کسیکو تفضیل دو اور اس زمانہ مین بعضے لوگ اسی جواب کو پسند کرتے ہین اور کہتے ہین کہ قرآن مین تو یہ خبر دی کہ اللہ تعالے نے انبیا مین سے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہی اور حدیث مین لوگون کو اپنی رائے سے تفضیل دینے سے ممانعت ہی پس دونون مین تعارض نہین رہا اور حاصل اسکا یہ ہی کہ لوگون کو نہین چاہیے کہ کسی نبی کو دوسرے سے افضل کہین حتی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی افضل نہین کہہ سکتے ہین قال المترجم اسمین شک نہین کہ آیت کریمہ سے اسیقدر ثابت ہوتا ہی کہ اللہ تعالے نے بعض انبیار کو بعض پر فضیلت دی اور کلام مجید مین صریح منصوص نہین کہ کون کس سے افضل ہی اور جب ہم حدیث کی طرف رجوع لاتے تو تفضیل سے ممانعت کی حدیث ملتی ہی مگر قرآن مجید مین قولہ فضلنا۔ مین تفضیل سے تکوین و ایجاد بفضیلت مراد ہی یعنے اللہ تعالے نے انکو فضیلت کے ساتھ پیدا کیا ہی اور ہم لوگون کا تفضیل دینا اس معنے سے غیر ممکن ہی بلکہ لوگ تو فقط فضیلت کی طرف نسبت بیان کرتے ہین اور حدیث مین لا تفضلوا مین فضیلت کی طرف نسبت دینے سے منع کیا گیا ہی پھر دیگر احادیث مین صرف حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی عموم افضلیت صحیح ہوئی ہی پس ان احادیث سے ہمکو معلوم ہوا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم افضل ہین اور یہ نصوص صریح ہین اور ممانعت کی حدیث محتمل تاویل ہی لہذا ائمہ اعلام نے اتفاق احادیث کے لیے حدیث منع مین تاویل کی اور احادیث افضلیت سے محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی افضلیت کے قائل ہوے اور اجماع امت بھی اسی پر ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم باقی انبیا علیہم السلام بلکہ تمام عالم سے افضل ہین کما حکاہ الخازن رحمہ اللہ پس ظاہر ہوا کہ اجماع امت کے برخلاف جو بعض لوگون نے کہا ہی وہ لغو و مردود ہی اور صحیح وہی ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تمام عالم سے افضل ہین لیکن بہت احتیاط سے باقی سب انبیا علیہم السلام کو کمال ادب کے ساتھ کامل آفتاب جانتا رہے پھر باقی انبیا علیہم السلام مین بوجہ عدم نص کے ہمکو تفضیل باہمی کا علم نہین اگرچہ عند اللہ تعالے انکے مراتب مین فرق ہی اور مضائقہ نہین کہ قول اجماعی پر اگرچہ وہ خود حجت قطعی ہی بعض دلائل پیش کرون از انجملہ محی السنہ کی روایت بطریق کتیمیہنی کہ فضلت علی الانبیا بسبت ہوا گر کہا جاوے کہ شاید بعض انبیار پر ہو تو جواب یہ ہی کہ الف لام سے معہود موجود نہین اور خلاف بلاغت ہی بلکہ استغراق کا ہی بقرینہ مدح و دیگر احادیث باب کما سیاتی علاوہ برین بعض مراد لینا خلاف ظاہر بلا دلیل ہی تو خلاف ظاہر بلا دلیل جائز نہین ہی اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ اللہ تعالے نے فضیلت دی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو انبیا پر اور آسمان والون پر پس لوگون نے کہا کہ یا حضرت انکو فضیلت آسمان والون پہ کیونکر ہی تو فرمایا کہ اللہ تعالے نے آسمان والون کے حق مین فرمایا ومن یقل منھم انی الٰہ من

لہ مین فضلت بیانیہ ہون انبیا پر جو اون سے اہم

دونہ فذلک نجزی الظالمین - اور اللہ تعالے نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے حق مین فرمایا انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفر لک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تاخر الآیہ - پھر لوگون نے پوچھا کہ انبیاء علیہم السلام پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فضیلت کیونکر ہی تو کہا کہ اللہ عزوجل نے فرمایا وما ارسلنا من رسول الا بلسان قومہ لیبین لہم الآیہ - اور اللہ تعالے نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا وما ارسلناک الا کافۃ للناس - پس آپکو جن وانس سب کی طرف رسول فرمایا ہی رواہ الدارمی اور اسکو شیخ ابن کثیر نے تفسیر سورۂ سبا مین ذکر کیا ہی - اور حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین اول وہ شخص ہونگا کہ اسکے واسطے زمین شق ہوگی پس جنت کے حلّون مین سے مجھے ایک حلہ پہنایا جائیگا پھر مین عرش کے دائین جانب کھڑا ہونگا خلائق مین سے کوئی بھی ایسا نہوگا جو اس مقام پر کھڑا ہو سوائے میرے - رواہ الترمذی وقال حسن صحیح اور ابی بن کعب سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اذا کان یوم القیامۃ کنت امام النبیین وخطیبہم وصاحب شفاعتہم غیر فخر - یعنے جب دن قیامت کا ہوگا تو مین سب نبیون کا پیشوا ہونگا اور انکا خطیب ہونگا اور مین ہی شفاعت کی اجازت چاہنے والا ہونگا اور مین فخر نہین کرتا ہون - رواہ الترمذی وقال حسن صحیح - اور انسؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین تمام لوگون مین سے اول ہونگا خروج مین جبکہ قبرون سے اٹھائے جاوینگے اور مین ہی انکا خطیب ہونگا جب وفد پہنچینگے اور مین ہی انکا خوشخبری دینے والا ہون جب ناامید ہونگے اور لوا (یعنی ۱۲ نکلنا) اس دن میرے ہاتھ مین ہوگا اور مین اپنے پروردگار کے نزدیک اولاد آدم مین سے اکرم ہون اور فخر سے نہین کہتا ہون - رواہ الترمذی وحسنہ - اور جابرؓ سے روایت ہی کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین پانچ چیزین دیا گیا ہون جو مجھسے پہلے کوئی نہین دیا گیا ہر نبی خاص اپنی قوم کی طرف بھیجا جاتا تھا اور مین اسود واحمر کی طرف بھیجا گیا اور میرے واسطے جہاد کی لوٹ کا مال حلال کیا گیا حالانکہ مجھسے پہلے کسیکے واسطے حلال نہین کیا گیا تھا اور زمین میرے واسطے پاک وطہور کیگئی اور سجدہ گاہ کردی گئی پس کوئی شخص ہو اگر اسکو نماز کا وقت آجاوے تو جہان ہو نماز پڑھ لے اور نصرت دیا گیا مین دشمن پر رعب کے ساتھ ایک مہینہ کی راہ تک اور دیا گیا مین شفاعت رواہ الشیخان والنسائی اور ایک روایت مین زیادہ کیا اور بھیجا گیا مین جوامع الکلم کے ساتھ - اور حذیفہؓ سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فضلنا علی الناس بثلث اعطی ہم فضیلت دیے گئے لوگون پر تین باتون مین یعنے حضرت صلعم پیغمبرون پر اور امت والے انکی امتیون پر جعلت صفوفنا کصفوف الملائکۃ وجعلت لنا الارض کلہا مسجدا وجعلت تربتہا لنا طہورا اذا لم نجد الماء - ہماری صفین جہاد مین فرشتون کی صفون کے مانند کی گئین اور ہمارے واسطے تمام زمین سجدہ گاہ کردی گئی اور ہمارے لیے اسکی خاک طاہر کرنے والی کردی گئی جبکہ ہم پانی نہ پاوین رواہ مسلم اور انسؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قیامت کے روز مین جنت کے دروازے پر آکر چاہونگا کہ دروازہ کھولا جاوے تو دربان پوچھیگا کہ کون ہی مین کہونگا کہ محمد تو عرض کریگا کہ مین ہی حکم کیا گیا تھا کہ کہ آپ سے پہلے کسی شخص کے واسطے دروازہ نہ کھولون رواہ مسلم اور حضرت ابن مسعودؓ کی حدیث لیلۃ الجن مین فرشتون کا یہ قول روایت ہی کہ ہم ہرگز کوئی بندہ ابتک نہین دیکھا کہ جسکا ایسا دیا گیا ہو جیسا اس نبی کو دیا گیا ہی اور اس حدیث کو ترمذی نے بعد روایت کے صحیح کہا ہی - اور ابو سعید خدریؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مین سردار اولاد آدم ہون قیامت کے دن اور فخر سے نہین کہتا اور میرے ہی ہاتھ مین لواء الحمد ہوگا اور فخر سے نہین کہتا اور کوئی نبی خواہ آدم ہون یا انکے سوائے ہون سب کے سب میرے جھنڈے کے نیچے ہونگے اور مین پہلا وہ شخص ہونگا جسکے واسطے زمین شق ہوگی اور فخر سے نہین کہتا رواہ الترمذی وحسنہ - اور ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب بیٹھے ہوے آپکا انتظار کرتے تھے پھر آپ نکلے جب قریب انکے پہونچے تو آپ نے سنا کہ وہ لوگ آپسمین باتین کرتے ہین پس آپ نے انکی باتین سنین پس بعض نے کہا کہ کیا خوب ہی کہ اللہ تعالے نے اپنے مخلوق مین سے ایک خلیل لیا اور ابراہیم کو خلیل بنایا پس دوسرے نے

لہ یعنے جب سب لوگون کو اولین وآخرین جمع ہونگے تمام ہون اور دم بھر ہون

کہا کہ یہ اس سے زیادہ عجیب نہیں ہی کہ موسیٰ سے نے واسطہ کلام کیا پس تیسرے نے کہا کہ پھر عیسیٰ تو کلمۃ اللہ و روح اللہ ہین اور چوتھے نے کہا کہ
آدم کو اللہ تعالےٰ نے برگزیدہ کیا ہی پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ظاہر ہوے پس سلام کیا اور فرمایا کہ مین نے تمہارا کلام سنا اور تمہارا تعجب کرنا کہ
ابراہیم خلیل اللہ ہی اور ہان وہ ایسا ہی ہی اور موسیٰ نجی اللہ ہی اور ہان وہ ایسا ہی ہی اور عیسیٰ روح اللہ و کلمۃ اللہ ہی اور ہان وہ ایسا ہی ہی اور آدم
صفی اللہ ہی اور ہان وہ ایسا ہی ہی اور آگاہ رہو تم کہ مین حبیب اللہ ہون و فخر سے نہین کہتا اور مین ہی قیامت مین لواء حمد اُٹھانے والا ہون اور
فخر سے نہین کہتا اور مین ہی قیامت مین اول شافع و اول مشفع ہون اور فخر سے نہین کہتا اور مین ہی پہلا وہ شخص ہونگا کہ جنت کی کنڈی ہلاؤنگا
پس اللہ تعالےٰ میرے لیے اسکو کھول کر مجھے اسمین داخل کریگا اور میرے ساتھ فقراے مومنین ہونگے اور فخر سے نہین کہتا اور مین ہی اکرم الاولین
والآخرین ہون اور فخر سے نہین کہتا رواہ الترمذی و الدارمی۔ اور ابوہریرہ سے روایت ہی کہ بھیجا گیا مین قرون بنی آدم مین سے ہر سب سے
اچھے قرن مین ایک ایک کر کے یہانتک کہ مین پیدا ہوا جس قرن سے تھا رواہ البخاری۔ اور جابر بن عبد اللہ کی مرفوع روایت مین ہی کہ مین ہی سرگروہ
مرسلین ہونگا قیامت مین رواہ الدارمی۔ اور احادیث شفاعت مین ایک جملہ صالح اس مضمون کا مذکور ہی اور عمرو بن قیس کی حدیث مین ہی مرفوعاً کہ مین
ایک بات کہتا ہون بدون فخر کے کہ ابراہیم خلیل اللہ اور موسیٰ کلیم اللہ تو ہی اور مین حبیب اللہ ہون اور قیامت مین میرے ہی ساتھ لواء حمد ہوگا رواہ
الدارمی۔ اور ابوموسیٰ اشعری سے روایت ہی کہ ابوطالب ملک شام کو گئے اور انکے ساتھ[1] نبی صلی اللہ علیہ وسلم مع اور اشراف قریش کے گئے پھر جب
بحیرہ[2] راہب پر ظاہر ہوے تو وہ صومعہ سے اُترا اور جب ان لوگون نے وہان اپنے کجاوے کھولے تو وہ راہب نکلکر انکے پاس آیا حالانکہ یہ لوگ
پہلے بھی اس طرف گذرتے تھے مگر وہ کبھی انکی طرف اپنے صومعہ سے نہین نکلتا اور نہ التفات کرتا تھا پس اس حال مین کہ یہ لوگ اپنے کجاوے کھول
رہے تھے وہ راہب انلوگون کے بیچ مین پھرتا تھا یہانتک کہ نبی صلعم کے پاس آیا اور آپ کا ہاتھ پکڑ کر کہنے لگا کہ سید العالمین ہی یہ رسول رب العالمین ہی اللہ تعالیٰ اسکو
رحمۃ للعالمین کر کے بھیجے گا پس قریش کے بوڑھون نے کہا کہ تو نے کیونکر جانا تو بولا کہ جب تم لوگ عقبہ سے ظاہر ہوے تو کوئی درخت و پتھر ایسا نہ تھا کہ سجدے
مین نہو اور یہ چیزین فقط نبی ہی کے واسطے سجدہ کرتی ہین اور مین اس شخص کو اُسکے خاتم نبوت سے پہچانتا ہون جو اسکی غضروف کتف کے نیچے سیب کے
مانند ہی پھر لوٹ گیا اور ان لوگون کے واسطے کھانا تیار کیا اور دیکر آیا تو حضرت صلعم اونٹ چرانے گئے تھے تب اسنے کہا کہ آدمی بھیجکر انکو بلاؤ تو جب آپ آتے
تھے تو آپ پر ابر سایہ کیے ہوے تھا پس جب آپ لوگون کے پاس آئے تو دیکھا کہ لوگون نے درخت کا سایہ گھیر لیا ہی پس آپ بھی ایک طرف بیٹھ گئے اور سایہ
آپ کی طرف جھک گیا تو راہب نے کہا کہ دیکھو سایہ کو کہ اسکے اوپر جھک پڑا ہی پس اس درمیان مین کہ وہ راہب انکو کھڑا ہوا قسمین دلاتا تھا کہ اسکو روم مین
مت لیجاؤ کہ روم اسکو دیکھکر اسکی صفت سے پہچان کر اسکے قتل پر آمادہ ہونگے پس سر اٹھایا تو دیکھا کہ سات سوار روم کے آتے ہین پس
راہب آگے بڑھکر انکے پاس گیا اور پوچھا کہ تم کیون آئے ہو تو انھون نے کہا کہ اس مہینہ مین وہ نبی حجازی خروج کرنے والا ہی پس ہر راستہ پر
لوگ بھیجے گئے ہین اور ہم اس راہ پر بھیجے گئے ہین تو راہب نے پوچھا کہ تمہارے پیچھے کوئی اور بھی ہی جو تم سے بہتر ہو اور دانستہ ہو تو بولے کہ ہمکو تو یہی
خبر دی گئی کہ اس راستہ پر جاؤ مین ادھر اسکے آنے کی خبر ہی تو راہب نے کہا کہ بھلا جس امر کو اللہ تعالےٰ پورا کرنا چاہتا ہی اسکو کوئی روک سکتا ہی بولے
کہ نہین تو کہا کہ پھر اس سے بیعت کرو اور اسکے ساتھ رہو پھر راہب نے کہا کہ مین تمکو قسم دلاتا ہون گا اسکا ولی کون ہی تو بولے کہ ابوطالب ہی پس راہب
برابر اسکو قسم دلاتا رہا یہانتک کہ ابوطالب نے نبی صلعم کو واپس کیا اور ابوبکر نے آپ کے ساتھ بلال کو بھیجا اور راہب نے انکو کعک اور روغن زیتون زادراہ دیا
کذا رواہ الترمذی و حسنہ بجاے بلال کے دوسرے غلام خدیجہؓ ہین پس یہ احادیث و آثار صریح ہین کہ حضرت صلعم افضل جمیع ہین پس بعض لوگون سے عجب
ہی کہ باوجود صحت اسقدر احادیث کے تفضیل دینے سے منع نکالتے ہین حالانکہ جمیع سابقین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حق مین افضل ہونے کا اطلاق

[1] یعنی بزرگ کے ساتھ ۔ [2] اور یہ شخص نصرانی تھا اور علم میں سب سے بڑھا ہوا تھا

کیا اور یہی صحیح ہی واللہ تعالےٰ اعلم اور اگر یہ مطلب ہی کہ رفع بعضہم درجات کی یہ تفسیر یا رائے ہی منصوص نہین ہی تو جواب یہ کہ نہین بلکہ ماثور ہی اسواسطے کہ دلائل نقلی موجود ہین پھر رائے سے تفسیر کہان ہی و قولہ ولکن اللہ یفعل ما یرید۔ یعنے جو چاہتا ہی کرتا ہی اسپر اسکے ملک مین کوئی اعتراض نہین ہی اور روایت ہی کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے ایک شخص نے تقدیر کا سوال کیا تو فرمایا کہ راہ تاریک ہی تو اسمین مت چل پھر اسنے دوبارہ سوال کیا تو فرمایا کہ بڑا گہرا سمندر ہی تو اسمین مت گھس پھر اسنے تیسری بار سوال کیا تو فرمایا کہ یہ اللہ تعالےٰ کا بھید ہی کہ تجھپر پوشیدہ ہی تو اسکی تفتیش مت کر **قال المترجم** اسمین اشارہ ہی کہ اہل ایمان کامل اس بھید سے مجمل واقف ہوجاتے ہین اور انکو اطمینان ہوجاتا ہی اور ابتدائی لوگون پر خفی ہوتا ہی اور اسمین بحث کرنا عقل سے باہر ہی اور سنت گمراہی کا خوف ہی اور جو شخص کہ قدر پر ایمان نہ لایا وہ شریر بدتر ہی اور اسپر کفر کا اطلاق کیا گیا اور یہ حدیث ابن عمر مین مصرح ہی کما رواہ مسلم وقال الشیخ فی العرائس قولہ تعالےٰ تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض شیخ ابوبکر فارسی صوفی رحمہ نے کہا کہ اللہ تعالےٰ نے ہر ایک چیز کو یون ہی پیدا فرمایا ہی کہ اسمین باہم فضیلت ہی اور انکی مقدارین باہم متفاوت ہین یہانتک کہ رسولون کے حق مین بھی اللہ عزوجل نے فرمایا کہ تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض تاکہ اس سے لوگون پر مخلوق کا ناقص ہونا اور اللہ عزوجل کا کامل ہونا معلوم ہوجاوے کہ جب انبیا مین یہ کیفیت ہی تو دوسرون کا کیا ذکر ہی

**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ لَّا بَيْعٌ فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ وَلَا شَفَاعَةٌ**

ای ایمان والو خرچ کرو اسمین سے جو ہمنے تمکو رزق دیا ہی پہلے اس سے کہ آوے وہ دن جسمین نہ فروخت ہی اور نہ دوستی اور نہ سفارش

**وَالْكَافِرُونَ هُمُ الظَّالِمُونَ ۝**

اور کفر کرنے والے وہی گنہگار بندے ہین

**يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِمَّا رَزَقْنَاكُم مِّن قَبْلِ أَن يَأْتِيَ يَوْمٌ** - ہو یوم القیامۃ الکبری - **لَّا بَيْعٌ** - فداء - **فِيهِ وَلَا خُلَّةٌ** صداقۃ تنفع - ای ایمان والو ہمنے تمکو رزق دیا اس سے خرچ کرو قبل از انکہ ایسا دن آوے کہ اسمین بیع نہین یعنے فدیہ قبول نہین اور نہ دوستی نافع ہی **ف** یعنے اس دن کوئی دوستی خلاف رضاے الٰہی عزوجل کے کارآمد نہوگی - **وَلَا شَفَاعَةٌ** - بغیر اذنہ اور کوئی شفاعت نہین ہی یعنے بدون اللہ تعالےٰ کے اجازت کے کسی سے سفارش ممکن نہوگی اور یہ دن وہ قیامت کا روز ہی - کوفیون و نافع و ابن عامر کی قراءۃ مین بیع و خلۃ و شفاعۃ تینون کو رفع ہی اور ابن کثیر و اہل بصرہ کی قراءۃ مین سب کو نصب ہی **وَالْكَافِرُونَ هُمُ الظَّالِمُونَ** - اور اللہ تعالےٰ یا اسکے فرائض سے انکار کرنے والے یہی ظالم لوگ ہین **ف** اسوجہ سے کہ امر الٰہی کو بے جگہہ صرف کرتے ہین اور یہی ظلم ہی کہ کسی چیز کو اسکی جگہہ سے خارج رکھا جاوے معالم مین ہی کہ سدی رحمہ نے کہا کہ مراد اس انفاق سے زکوۃ مفروضہ ہی یعنے نفل خیرات شامل نہین ہی اور زمخشری نے کہا کہ اسپر دلیل یہ ہی کہ آخر مین اسکے ترک کرنے والے پر وعید ہی کہ فرمایا والکافرون ہم الظالمون - اور اسیکو مفسر سیوطی رحمہ نے اختیار کیا ہی اور معالم مین کہا کہ غیر سدی نے کہا کہ مراد انفاق بطور نفل و خیرات کے ہی اور بعض نے کہا کہ مراد یہان فرض و تطوع دونون کو شامل ہی اور قرطبی نے کہا کہ اس تاویل پر جسوقت جہاد واجب ٹھہرے تو اسوقت انفاق مذکور واجب ہوگا اور جسوقت ایسا نہو اسوقت مستحب ہوگا اور اس قول کے معنے یہ ہین کہ مثلاً کافرون نے مسلمانون کے کسی سرحد پر حملہ کیا اور وہ لوگ انکے دفع کرنے پر قادر ہین مگر انکے پاس خرچہ نہین ہی تو قریب والون پر واجب ہوگا کہ انکو خرچہ دین فتدبر - اور ابن کثیر نے انفاق نفل اختیار کیا چنانچہ کہا کہ اللہ تعالےٰ نے بندون کو راہ خیر مین انفاق کا حکم دیا تاکہ اس سے اپنے پروردگار کے پاس ثواب جمع کرین اور حکم دیا کہ انکو چاہیے کہ ایسا کرنے مین جلدی کرین یعنی زندگی کے بنا مین قبل اسکے کہ آوے قیامت کا روز کہ نہ اسمین بیع ہی اور نہ خلت اور نہ شفاعت **قال المفسر** یعنے نہ فداء ہی پس فداء کو بیع فرمایا اسواسطے کہ اپنی جان کے خریدنے کو مال دیکر فداء کہتے ہین پس وہان مطلق بیع کی نفی کردی جس سے یہ بھی منفی ہوگیا یعنے کسی سے فدیہ نہین لیا جائیگا اگرچہ مین بھر کے

سونا لے آوے باوجودیکہ محال ہی اور علمانے فرمایا ہی کہ نصوص دلالت کرتے ہین کہ مومنون کے درمیان خلت اور شفاعت باجازت آلہی ثابت ہوگی پس بیان جو علی العموم نفی فرمائی ہی یہ عام مخصوص ہی اور کہا گیا کہ لاینفعہم شفاعۃ الشافعین۔ کافرون کو شفاعت نافع نہوگی۔ اس سے نکلتا ہی کہ مسلمانون کو شفاعت فائدہ دیگی اور قولہ والکافرون ہم الظالمون۔ مین کہا گیا کہ بتدا اپنی خبر مین محصور ہی اور یہ قواعد بیان سے واضح ہی اسواسطے کہ ہم ضمیر منفصل سے تاکید ہی اور یہ نہین ہی کہ ظالمون وہی کافرون ہون یعنے اسکا عکس کلی نہین ہی یعنے یہ نہین ہی کہ جو حکم آلہی مین گناہ کرے وہ کافر ہی تاکہ لازم آتا کہ گنہگار مسلمان بھی کافر ہین اسلیے کہ چیز کو بے موقع رکھنا ظلم ہی پس جسنے حکم آلہی کی فرمانبرداری نہ کی اسنے اپنی جان پر ظلم کیا جیسے کافر کرتے ہین کہ اپنی جان کو دوزخ مین جلاتے اور اسپر ظلم کرتے ہین بلکہ کافرون ہی کو ظالمون مین محصور کیا ہی اور اسی سے عطاؒ سے مروی ہی کہ حمد وثنا ہی اس پروردگار کو جسنے فرمایا کہ والکافرون ہم الظالمون اور یون نہین فرمایا والظالمون ہم الکافرون رواہ ابن ابی حاتم

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ

اللہ اسکے سوا کسی کی بندگی نہین جیتا ہی سب کا تھامنے والا نہین پکڑتی اسکو اونگھ نہ نیند اسیکا ہی جو کچھ آسمان اور زمین مین ہی

مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ

کون ایسا ہی کہ سفارش کرے اسکی پاس مگر اسکے اذن سے جانتا ہی جو خلق کے روبرو ہی اور جو انکے پیٹھ پیچھے اور وہ نہین گھیر سکتے

بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا

اسکے علم مین سے کچھ بھی مگر وہ جو چاہے گنجایش ہی اسکی کرسی مین آسمانون اور زمین کو اور نہین تھکاوٹ دیتا ان دونون کا تھامنا

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ۝

اور وہی ہی اوپر سب سے بڑا

اَللّٰهُ۔ اللہ تعالے موجود ہی۔ لَآ اِلٰهَ۔ لامعبود بحق فی الوجود۔ یعنے ہستی مین کوئی معبود برحق نہین ہی ف اگرچہ مشرکین اپنے زعم مین معبود باطل بناتے ہین لیکن معبود حق کوئی نہین۔ اِلَّا هُوَ۔ مگر وہی اللہ موجود ہی۔ اَلْحَيُّ۔ الدائم البقاء ہمیشگی کے بقاء والا۔ اَلْقَيُّوْمُ۔ المبالغ فی القیام بتدبیر خلقہ۔ اپنے مخلوق کی تدبیر کے ساتھ قیام کرنے مین بہت کامل۔ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ۔ نہین آتی اوسپر اونگھ۔ وَّلَا نَوْمٌ اور نہ نیند ف اللہ تعالے کی شان مین یہ جسمانی عارض کا وجود محال ہی۔ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ اسیکے واسطے ہی جو کچھ آسمانون وزمین مین ہی ف یعنے جو کچھ ان دونون مین ہی سب اسیکا ہی باعتبار ملک و باعتبار خلق و باعتبار بندہ ہونے کے یعنے سب اسیکے مخلوق مملوک بندے ہین۔ مَنْ ذَا الَّذِيْ۔ وہ سفارشی کون ہی یعنے ای لاحد کوئی نہین ہی کہ۔ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ۔ اسکے یہان سفارش کرنے کی جرأت کرے۔ اِلَّا بِاِذْنِهٖ۔ لہ فیہا مگر باجازت دینے اللہ کے ف اس شخص کو سفارش کرتے ہین۔ لَهٗ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ۔ اللہ تعالے کے لیے ہی جو انکے سامنے ہی ف یعنے مخلوق کے سامنے موجود ہی اور وہ دنیا ہی۔ وَمَا خَلْفَهُمْ۔ اور جو کچھ مخلوق کے پیچھے ہی ف یعنے اوٹ ہی اور وہ آخرت سب اللہ تعالے ہی کے واسطے ہی۔ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ۔ اور اسکے علم سے مخلوقات کچھ بھی احاطہ نہین کرتی ف یعنے نہین جانتے ہین کسی شی کو اسکی معلومات مین سے اور یہ مراد نہین کہ احاطہ نہین کرسکتے ہین اگرچہ جانتے ہون کیونکہ درواقع مخلوقات تو معلومات آلہی مین سے کچھ نہین جانتے۔ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ۔ ان یعلمہم منہا باخبار الرسل مگر وہی چیز کہ چاہا یہ کہ آگاہ کردے ف یعنے مخلوق صرف اسی چیز کو جان گئے جو اللہ تعالے نے اپنے رسولون کے ذریعہ سے انکو بتلائی تو جیسے بتلائی اسی قدر جانتے ہین۔ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

اسکی کرسی نے آسمانون وزمین کو احاطہ کیا ف بعض نے اسکے یہ معنے بیان کیے کہ گھیر لیا اسکے علم نے آسمانون و زمینون کو۔ اور بعض نے یہ معنے بیان کیے کہ احاطہ کر لیا اسکے ملک نے ان دونون کو اور بعض نے فرمایا کہ کرسی بعینہ مشتمل ہی ان آسمانون و زمین کو کیونکہ حدیث مین ہی کہ نہین ساتون آسمان اور کرسی کے مگر ایسے کہ جیسے سات درم ڈال دیے گئے ایک ڈھال مین وَلَا يَئُودُهُ ثقیلہ گران نہین ہوتی اسکو حِفْظُهُمَا ای السموات والارض آسمانون وزمین کی حفاظت ف بلکہ نہایت آسانی سے اسکے قبضۂ قدرت مین مسخر ہین اگرچہ کرورون پیدا کر دیے۔ وَهُوَ الْعَلِيُّ اور وہی علی ہی ف یعنے اپنی مخلوق پر متعالی ہی ساتھ قہر کے۔ الْعَظِيمُ الکبیر بڑے مرتبہ والا ہی۔ ف یہ آیت کریمہ قرآن مجید کی ان آیات مین سے ہی جنکے فضائل بہت ہین اور عنقریب انشاء اللہ تعالے بعد تحریر تفسیر کے اسکے فضائل و عجائب لکھے جاوینگے ابن کثیر رحمہ اللہ نے بیان فرمایا کہ اس آیت کریمہ مین دس مستقل جملے ہین (۱) اللہ لا الہ الا ہو یعنے نہین کوئی معبود برحق وجود مین مگر وہی بلکہ مترجم کہتا ہی کہ اسکے معنے ہین کہ سوائے حق تعالے کے کوئی الوہیت والا نہین ہی اور یہ اخبار ہی کہ تمام خلائق کے واسطے الٰہیت مین وہی منفرد ہی اور قولہ الحی القیوم یہ دونون خبر ثانی و ثالث ہین کیونکہ ضمیر ہو کی صفت نہین ہو سکتی ہی اسلیے کہ صفت کو موصوف ظاہر چاہیے اور ضمیر موصوف نہین ہوتی ہی یا مبتدائے محذوف کی خبر قرار دی جاوین اور الحی۔ چونکہ اسکو کہتے ہین جو زندہ ہو اور اسکا تصور جناب باری تعالے مین نہین ہو سکتا لہذا اسکے لازم سے تفسیر کیگئی یعنے دائم البقا اور بعض نے کہا کہ الحی وہ کہ امور کا متصرف ہو اور اشیاء کی تقدیر کرنے والا ہو اور ابن جریر رحمہ اللہ نے ایک جماعت سے نقل کیا کہ جسطرح اللہ تعالے نے اپنی ذات پاک کو حی سے موصوف کیا ہی ایسا ہی رکھا جاوے اور اسکو تسلیم کیا جاوے بایں طور کہ وہ زندہ ہی نہ مانند زندگی مخلوقات کے بلکہ مخلوقات کو جو زندگی ہی اصل ہی اسکی صفت حیات کا پرتو ہی اور یہ قول اسلم ہی اور القیوم یعنے نہایت مبالغہ سے قیومی کی صفت والا ہی اگر کہا جاوے کہ مبالغہ تعالے کی شان مین مبالغہ نہین ہو سکتا کیونکہ مبالغہ تو ایسی چیز مین متصور ہی کہ وہان کمی بیشی ممکن ہو جواب یہ کہ مراد یہ ہی کہ اپنی مخلوق کی تدبیر و حفاظت مین ایسے کمال سے قائم ہی کہ وہ خلق کے نزدیک مبالغہ تصور ہوتا ہی اگرچہ اللہ تعالے کے صفات مین فی نفسہ کوئی مبالغہ نہین ہی یا جن چیزون کو قائم رکھتا ہی انکی کثرت و بے شمار ہونے کی وجہ سے قیوم فرمایا ہی اور بعض نے کہا کہ قیوم وہ کہ خود بذاتہ قائم ہو اور غیر کا قائم رکھنے والا ہو اور عمر رضی اللہ عنہ و ابن مسعود رضی اللہ عنہم سے القیام کی قراءۃ آئی ہی اور قیوم و قیام دونون صیغہ مبالغہ مین اور بعض نے ذکر کیا کہ قیوم عرب کے نزدیک زیادہ معروف ہی شاید زمانۂ اسلام سے پہلے کم معروف ہوگا اور بعد کو زیادہ معروف ہوا اور بنا صیغہ کی راہ سے بے شبہہ قیوم افصح ہی (۲) لَا تَأْخُذُهُ سِنَةٌ وَلَا نَوْمٌ قیومیت پوری ہو نہین سکتی ہر کہ قیوم کو سنۃ و نوم نہو پس قیوم کی تعلیل کے واسطے ہی یعنے قیوم اسوجہ سے کہ اسکو اونگھ و نیند نہین لے سکتی اور جمہور کے نزدیک سنۃ بمعنے اونگھ ہی یعنے نیند سے پہلے اعضاء کا ڈھیلا پن اور آنکھون کا بند ہو جانا پھر جب اثر اسکا باطن تک پہونچا تو نیند آجاتی ہی اور مراد یہ ہی کہ اللہ تعالے سبحانہ پر اونگھ و نیند کچھ بھی طاری نہین ہوتی ہی اور در اصل یہ اسکے امکان کی نفی ہی یعنے یہ ممکن ہی نہین ہی چنانچہ حدیث مین ابو موسی رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ ہم مین رسول اللہ صلعم خطبہ پڑھنے کھڑے ہوے پانچ کلمات سے پس فرمایا کہ اللہ تعالے عزوجل سوتا نہین اور نہ سونا اسکے لائق ہی تا آخر حدیث رواہ مسلم اور سنۃ کو نوم پر مقدم کیا کیونکہ وہ وجود مین مقدم ہوتی ہی و علی ہذا اور ہوتا ہی کہ جب مقدمہ ہی ندار د ہو تو جو اسکے بعد ہی وہ بطریق اولے نہ پایا جائیگا و اللہ اعلم رازی نے جواب دیا ہی یا کہ مراد یہ ہی کہ اونگھ ہی اسپر طاری نہین ہو سکتی تو نوم کہان سے آسکتی ہی اور پوشیدہ نہین کہ یہ جواب ضعیف ہی اور بعض نے جواب دیا کہ یہان نفی ابتدائی و انتہائی سب کی نفی بترتیب وجودی منظور ہی یعنے اونگھ ندار د جو اول آتی ہی اور نیند ندار د جو آخر آتی ہی۔ اور یہ جواب بھی کچھ نہین اسواسطے کہ جب اول ہی نہو تو آخر کہان سے ہوگا اور اولی جواب یہ ہی کہ لا تاخذہ مین معنے غلبے کے ہین جیسا کہ شیخ ابن کثیر نے اپنی تفسیر مین اسکو اشارہ کیا ای لا تغلبہ سنۃ پس معنے یہ ہین کہ نہ اسپر اونگھ کو کچھ قابو ہی اور نہ اونگھ سے بڑھکر نوم کو کچھ قابو ہی اسواسطے لا نوم بتکرار حرف لا فرمایا کہ سنۃ

سے بڑھکر جو چیز قابو والی ہے اسکی بھی مستقل نفی ہوا اور حاصل یہ ہے کہ اللہ عزوجل ایسا قیوم پاک ہے کہ قیومیت کمالیہ اسی کو سزاوار ہے کہ اسکی شان کے گرد کوئی نقص نہ غفلت نہ ذھول کچھ بھی نہیں پھٹک سکتا کہ قیومیت و تدبیر و حفظ خلق میں کچھ خلل پیدا کرے سبوح قدوس رب ملائکۃ والروح اور آگاہ رہنا چاہیے کہ عبدالرزاق و ابن جریر نے ابن عباس سے موقوفاً اور ابن جریر نے ابوہریرہ سے مرفوعاً روایت کیا کہ حضرت صلعم منبر پر فرماتے تھے کہ موسی کے دل میں خیال آیا کہ بھلا اللہ تعالے سوتا ہے کہ نہیں تو اللہ تعالے نے ایک فرشتہ بھیجا جسنے موسیٰ کو تین رات دن جگایا پھر ظاہر میں آکر انکو دو پتلی شیشیاں دے گیا اور حکم کر گیا کہ خبردار انکو حفاظت سے رکھنا پس موسی نے نیند میں جھونکے کھانے شروع کیے قریب ہوتا کہ شیشے لڑجاویں پھر چونک جاتے یہانتک کہ ایک بار کچھ نیند میں آگئے کہ دونوں ہاتھ لڑگئے اور دونوں شیشیاں ٹوٹ گئیں پس اللہ عزوجل نے ایک مثل بیان فرمائی کہ اگر اللہ تعالے سوتا تو آسمان و زمین کو کون تھامتا اسکی اسناد ضعیف ہے اور آیندہ عشرۂ اخیر میں آویگا) **شیخ ابن کثیر** رحمہ اللہ نے فرمایا کہ یہ بنی اسرائیل کی باتیں ہیں اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے انکا ثبوت کچھ نہیں ہے اور یہ صریح معلوم ہے کہ موسی علیہ السلام نبی اولوالعزم پر ایسی بات نہیں پوشیدہ ہو سکتی ہے اور **ابن ابی حاتم** نے روایت کی کہ بنی اسرائیل نے موسی سے پوچھا کہ بھلا تمھارا پروردگار سوتا ہے تو موسی نے فرمایا کہ ڈرو اللہ تعالے سے یعنے گستاخ کلمہ مت کہو پھر اللہ تعالے نے موسی کو وحی کی کہ تجھسے پوچھتے ہیں کہ تیرا پروردگار سوتا ہے تو دو پتلی شیشیاں لے اپنے ہاتھ میں اور شب کو قیام کر پھر انکے ٹوٹنے کو ذکر کیا قریب قریب اسکے جیسا کہ اوپر گذرا ہے اور صحیح یہ ہے کہ یہ سب بنی اسرائیل نادانوں کی باتیں ہیں جنکو عرفان و ایمان سے بہرہ نہ تھا اور انبیاء علیہم السلام پر ایسی بندشیں باندھا کرتے تھے واللہ تعالے اعلم (۳) لہ ما فی السموات والارض اخبار ہے کہ سب اسکے بندے ہیں اور اسکے ملک ہیں اور اسکے غلبۂ قدرت کے زیر حکومت ہیں مانند قولہ ان کل من فی السموات والارض الا اتی الرحمن عبدا۔ نہیں کوئی آسمانوں و زمین میں مگر کہ آنے والا ہے رحمن کے پاس بندہ ہوکر اور لام لہ۔ میں قہر کا ہے یا ملک کا یا ایجاد کا یعنے اسی کے مقہور یا مملوک یا مخلوق ہیں اور لفظ ما۔ میں تغلیب غیر ذوی العقول کی ہے پس ذوی العقول ہوں یا غیر ذوی العقول ہوں جو کچھ ہے اسکے ملک و مخلوق و عبید ہیں اور اسمیں مشرکون کا رد ہے جو ستارے یا بتوں وغیرہ کو پوجتے ہیں کیونکہ وہ مخلوق ہیں مثل پوجنے والے کے اور عبادت کیے جانے کی لیاقت نہیں رکھتے ہیں (۴) من ذا الذی یشفع عندہ الا باذنہ۔ کوئی نہیں ایسا جو اسکے نزدیک سفارش کرے بدون اسکی اجازت کے۔ پس بہتیرے بت پرست جو زعم کرتے ہیں کہ ما نعبدہم الا لیقربونا الی اللہ زلفی۔ ہم ان بتوں کو اسیواسطے پوجتے ہیں کہ خدائے تعالے کے نزدیک ہمکو تقرب دلاویں۔ انکا خیال باطل ہے کیونکہ وہاں بدون رضائے حق کے کسیکو ہیبت و جلال سے بولنے کی مجال نہیں اور اللہ تعالے ایسے کافروں سے راضی نہیں کہ جو اسکے سوائے کسی دوسرے کی عبادت کریں اسلیے کہ عبادت جناب باری تعالے کے واسطے خاص ہے۔ وقال تعالے کم من ملک فی السموات لا تغنی شفاعتہم شیئا الا من بعد ان یاذن اللہ لمن یشاء ویرضی۔ بہتیرے فرشتے آسمان میں ہیں کہ کچھ بھی نفع نہیں دے سکتی انکی سفارش مگر بعد اسکے کہ اجازت دے اللہ تعالے جس شخص کے واسطے چاہے اور راضی ہو اور احادیث بدرجۂ تواتر پہونچی ہیں کہ اللہ تعالے نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شفاعت عطا فرمائی اور قیامت میں اجازت ہوگی اور چونکہ وعدۂ الٰہی خلاف نہیں ہوتا لہذا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا شفاعت کرنا یقینی ہے اور صحیح ہوا کہ آپ کی شفاعت ایسے مسلمانوں کے لیے بھی ہوگی جو گنہگار ہیں اگرچہ کبیرہ گناہ کے مرتکب ہوے ہوں اور اگرچہ بغیر توبہ کے مر گئے ہوں لیکن بمشیت و رضائے الٰہی اور وہ تقدیر ہے کہ دیکھیے کسکے واسطے مقدر و نصیب ہوا سیواسطے مسلمانوں کو دعا تعلیم کیگئی کہ بعد اذان کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے وسیلہ عطا کرنے کی دعا مانگیں تاکہ انپر شفاعت نزول کرے اسیواسطے اپنے لیے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالے ہم گنہگار بندوں کو آپ کی شفاعت روزی کرے اور حدیث صحیح میں ہے کہ وسیلہ ایک درجہ ہے جنت میں کہ وہ سوائے ایک کے اور کسیکو نہیں ملیگا اور حدیث میں ہے کہ حضرت صلعم نے اس

درجہ اعلیٰ کی اپنی ذات مبارک کے واسطے امید کی ہو اسواسطے کہ تمام فضیلت آپ ہی کو ہو اور حدیث مین ہو کہ جسنے میرے لیے وسیلہ کی دعا کی اسپر میری شفاعت نازل ہوگی اور اذان کے بعد قبولیت دعا کا وقت ہو اسیواسطے دعاے اذان جو ماثور ہو اللھم رب ھذہ الدعوۃ التامۃ و الصلوۃ القائمۃ الخ آمین یہی عاجی اور یہ جو مین نے ذکر کیا ہو تمام اہل سنت کا مذہب ہو اور فرقۂ معتزلہ و خارجی وغیرہ اسکے مخالف ہین ولیکن یہ جان لینا چاہیے کہ جو شخص شرک مین پڑا اگرچہ مسلمان کہلاتا ہو وہ مسلمان نہین ہو کیونکہ ایمان تو اعتقاد ہو اور جب اسنے سنیلا پوجی اور جانا کہ ایسا کرنے سے یہ میرے بچہ کو چیچک سے بچاوینگی یا مانند اسکے کیسکو اعتقاد کیا اور سواے خدا کے کیسیکو سجدہ کیا اس لائق سمجھکر تو وہ کافر ہوگیا اور یہ کھلی بات ہو اللہ تعالے ہمکو اور سب مسلمانون کو اس سے بچاوے اور ایمان کی توفیق دے (۵) یعلم مابین ایدیہم و ماخلفہم۔ اسمین ضمیر ہ یہم اور خلفہم کی تمام مخلوق کی طرف راجع ہو اگرچہ ضمیر ذوی العقول کی ہو پس ذوی العقول کو غلبہ دیا اسواسطے کہ نیک کام کرنے کے مکلف وہی ہین پس اللہ تعالے کو آگاہ جانکر گناہ سے باز رہین اور مراد یہ ہو کہ علم اسکا تمام کائنات کو محیط ہو خواہ وہ اب موجود ہون یا ہزارون برس پہلے گذرے ہون یا آیندہ ہون کیونکہ ماضی و حاضر و مستقبل تو ہمارے اعتبار کرکے ہو اور اللہ عزوجل کے علم مین وہ سب ایسی طرح ہین کہ ہمارے علم مین اسطرح ہونا ممکن نہین ہو اسواسطے کہ احاطہ کرکے سب طرح اور سب کیفیت سے ذرہ ذرہ کھلا چھپا تمام و کمال وہی خوب جانتا ہو اور ہم لوگ تو اپنے ہاتھ کے بنائے پیالے کو اوندھا وین تو ہمکو اسکا پیٹ نہین معلوم ہوتا اور اوپر سے معلوم ہوا بھی تو اسکی بٹی کا جگر نہین معلوم ہوتا اور جگر بھی توڑ کر دیکھ لیا تو ذرہ نہین معلوم ہوتا اور یہ جسکو معلوم کہا گیا یہ بھی علم نہین بلکہ یون کہنا چاہیے کہ نظر آیا اور نظر ہماری کچھ چیز ہو دیکھو بھان متی وغیرہ تماشے کرتے ہین اور سانپ والا سانپ دکھلاتا ہو حالانکہ نظربندی ہو اور جادوگر کا جادو ہو اس نظر کے اعتماد کرنے والے جو اللہ تعالے و اسکے رسول کے احکام نہین مانتے ہین بڑے بیوقوف ہین اور یہی حال انکی عقل کا ہو جو انکی نظر کا بیان ہوا پس آسمان جن و شیطان سے انکار کرنے والے اس فرقہ گمراہ کے سردار ہین اور بیوقوفون کو بہکاتے ہین کہ ہم تو عقل و نظر دوربین سے دیکھ بھال کر چلتے ہین۔ زین لہم الشیطان اعمالھم فصدہم عن السبیل ونعوذ باللہ من الضلال۔ اور مابین ایدیہم کی تفسیر یا تو جو پہلے گذرا پس تا خلفہم جو آویگا یا دنیا و آخرت مراد ہو اور مجاہد سے روایت ہو کہ عبد دنیا گذری اور جو آخرت آتی ہو اور بہرحال مقصود یہ ہو کہ وہ تمام کائنات کا کامل وجہ پر احاطہ کرنے والا ہو اپنے علم قدیم سے اور اسپر کوئی ذرہ اور کوئی خفی چیز خواہ کلی ہو یا جزئی ہو کبھی اور کہین ہو پوشیدہ نہین وہ اسکو اچھی طرح جیسی وہ ہو جانتا ہو اور اس سے رہا ہوا فلاسفہ وغیرہ گمراہ فرقون کا کہ جو کہتے ہین کہ اللہ تعالے جزئیات کو مثل زید و عمرو وبکر وغیرہ کے مخصوص طور پر جیسے وہ ہین نہین جانتا بلکہ بطور کلی جانتا ہو اور ایسے لوگ کافر ہین اور تاویل مذکور مفید نہین ہو واللہ اعلم (۶) ولا یحیطون بشیٔ من علمہ الا بما شاء۔ نہین مطلع ہوتا کوئی شخص علم الٰہی مین سے کسی چیز پر الا اسی پر جس سے اللہ عزوجل نے آگاہی دیدی اور اسپر اسکو مطلع کردیا پس اس تاویل پر احاطہ سے مراد اطلاع ہو اور یہ متعین ہو اسواسطے کہ احاطہ کے ساتھ تو کسی شخص کو علم ہوتا ہی نہین ہو ولیکن اللہ تعالے احاطہ سے جانتا ہو اسکے مقابلہ مین لا یحیطون فرمادیا یعنے مخلوق احاطہ سے نہین جانتے ہین اور مراد یہ ہو کہ مطلع نہین ہوتے ہین مگر اسی پر جس سے اللہ تعالے نے اطلاع دیدی پس بندون کے پاس جو اسباب علم اور جاننے کے ہین وہ بدون تاثیر الٰہی نہین کام دیتے ہین اور یہی حق ہو اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ احتمال یہ بھی ہو کہ شاید یہ مراد ہو کہ اللہ تعالے کی ذات و صفات کے متعلق علم سے کوئی مطلع نہین مگر اسیقدر کہ اللہ تعالے نے آگاہی دیدی بذریعہ رسولون کے کہ انکی رسالت کی دلیل ہو (۷) وسع کرسیہ السموات والارض۔ اسمین علماء کے اقوال مختلف ہین۔ بعض نے کہا کہ کرسی ہی عرش ہو اور یہ فقط اللہ تعالے کی عظمت و جلالت کا تصور دلانا ہو ورنہ درحقیقت وہ چیز کوئی معین نہین ہو چنانچہ قشانی نے کہا کہ یہ اس باب سے ہو کہ ایک بھی حسی چیز سے ایک معنے عقلی حقیقی پر دلالت کردی گئی جو کہ عقل بشر سے باہر ہین اور یہی بیضاوی کا مطلب معلوم ہوتا ہو کہ اپنی تفسیر مین کہا کہ درحقیقت کرسی ہی ہو اور نہ اسپر بیٹھنے والا بلکہ یہ فقط تمثیل ہو یعنے اللہ تعالے کی عظمت کو بندون کے ذہن مین بقدر امکان ڈال دیا اور بعض نے کہا کہ کرسیہ یعنے

قدرت ہی یعنے اسکی قدرت ایسی عظیم ہی کہ اس سے یہ آسمان وزمین قائم رہتے ہین اور اسکی قدرت کے سامنے کچھ چیز نہین ہین اور اسی سے دیوار کی کرسی اور مکان کی کرسی کہلاتی ہی یعنے جسکے اعتماد پر دیوار و مکان قائم ہو۔ اور قاموس مین ہی کہ کرسی بالضم والکسر یعنے تخت اور یعنے علم اور جمع اسکی کراسی آتی ہی اور ایک جماعت سلف نے فرمایا کہ کرسی سے یہان مراد علم ہی اور اسی سے علما کو کراسی کہتے ہین اور اسی سے اس کتاب کو کراسہ کہتے ہین جسمین علم مدون ہوتا ہی۔ اور ابن جریر و ابن ابی حاتم نے سعید بن جبیر کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی قولہ وسع کرسیہ السموات والارض۔ کہا ابن عباس نے علمہ یعنے اسکے علم مین۔ اور ابن ابی حاتم نے فرمایا کہ اسی کے مثل خود سعید بن جبیر سے مروی ہی اور معنے وسعت کے احتمال و امکان قیام مین چنانچہ بولتے ہین ہذا لیسعہ یعنے یہ اسکی گنجایش رکھتا ہی اور برداشت کر سکتا ہی اور اسکو ٹھیک رکھ سکتا ہی پس یہ قول بنا بر ایسی تاویل کے جو مناسب لغت ہی اور ابن جریر رحمہ اللہ نے اسیکو ترجیح دی ہی اور عرف مین کرسی بمعنے تخت وغیرہ بیٹھنے کی چیز کو کہتے ہین اور بعض علماے سلف سے یہ قول مروی ہی کہ مراد یہان کرسی سے ایک شی معین ہی اور ابن جریر رحمہ اللہ نے ابو موسی و سدی و ضحاک و مسلم البطین سے روایت کیا کہ کرسی موضع ہر دو قدم ہی اور یہ بات اسکے ہی جو عرش کے باب مین سلف رحمہم اللہ سے اول پارہ مین مذکور ہوا ہی اور اسپر کوئی اعتراض جو عوام وہم کرتے ہین وارد نہین ہوتا ہی اسواسطے کہ اسکی کیفیت مجہول ہی اور یہ قطعی ہی کہ کوئی شی مثل اللہ تعالے کے نہین ہی پس کرسی مانند کرسی مخلوق کے نہین ہی۔ اور بیٹھنا مانند بیٹھنے مخلوق کے نہین ہی اور اگر کہا جاوے کہ کرسی و بیٹھنا تو یہی ہمارے خیال مین آتا ہی جو ہم جانتے ہین تو جواب یہ ہی کہ یہ نہین بلکہ یون سمجھو کہ جیسے تم مخلوق مین حسوسے دو قسم کے جواہر و اعراض کے اور نہین جانتے ہو حالانکہ قطعا یقین کرتے ہو کہ اللہ تعالے نہ جوہر ہی نہ عرض ہی وہ سب سے پاک و منزہ ہی ویسی ہی وہ چیزین جو اسکی طرف نسبت کیجاتی ہین وہ بھی اسکے لائق ہین ایسی نہین جیسی تم خیال کرتے ہو کیونکہ تمہارا خیال تو محض مخلوق ہی وہ خالق عزوجل کو جو تصور و خیال سے پاک ہی کیونکر تصور کر سکتا ہی اور شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ وکیع نے اپنی تفسیر مین کہا کہ حدثنا سفیان عن عمار الدہنی عن مسلم البطین عن سعید بن جبیر عن ابن عباس کہا کہ کرسی موضع القدمین ہی اور عرش ایسی شی ہی کہ کوئی اسکی قدر نہین جان سکتا ہی اور اسکو حاکم نے بھی روایت کیا اور کہا کہ شیخین کی شرط پر صحیح ہی۔ اور سدی نے ابو مالک سے روایت کی کہ کرسی زیر عرش ہی اور سدی نے کہا کہ آسمان و زمین بیچ کرسی کے ہین اور کرسی سامنے عرش کے ہی اور ضحاک نے ابن عباس سے روایت کی کہ ساتون آسمان و زمینین اگر پھیلائی جاوین پھر ایک دوسرے سے ملائی جاوین تو کرسی کی وسعت کو نہ پہونچینگے بلکہ ایسی ہونگی جیسے ایک چھلا کسی لق و دق میدان مین پڑا ہوتا ہی رواہ ابن جریر و ابن ابی حاتم اور ابن زید نے اپنے باپ سے روایت کی کہ نہین ساتون آسمان درمیان کرسی کے مگر جیسے سات درم ایک ڈھال مین ڈال دیے گئے اور کہا کہ ابو ذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ نہین کرسی درمیان عرش کے مگر جیسے لوہے کا چھلا جو میدان لق و دق مین ڈال دیا گیا رواہ ابن جریر اور ابو ذر غفاری سے روایت ہی کہ انھون نے رسول اللہ صلعم سے کرسی کو دریافت کیا تو فرمایا کہ قسم اس ذات پاک کی جسکے قبضہ مین میری جان ہی کہ نہین ساتون آسمان اور ساتون زمینین کرسی کے مقابلہ مین مگر ایسی جیسے ایک چھلا ایک لق و دق میدان مین پڑا ہو اور عرش کی بڑائی کرسی پر ایسی ہی جیسے اس وسیع میدان کی بڑائی بمقابلہ اس چھلے کے رواہ الحافظ ابو بکر بن مردویہ اور ظاہر ان آثار و اخبار سے یہ ہی کہ کرسی ملکت کی تصویر ہی اور اسپر بیٹھنا و قیام وغیرہ مراد نہین ہی اور مقصود اس سے یہ ہی کہ اللہ عزوجل کی سلطنت و عظمت کو اعتقاد کرین کہ دنیا والون کی بادشاہت اسکے مقابلہ مین کتنی ہیچ ہی کیونکر بڑا بادشاہ جو دنیا مین ہی اسکا حاکم ہو بہت بڑا بادشاہ خیال کرتے ہین اور بہت لوگ اس سے ڈرتے ہین حالانکہ وہ تمام زمین کا ایک جزو ہی اور تمام زمین اس جوف کا جو آسمان زمین کے بیچ مین ہی نہایت چھوٹا جزو ہی اور تمام زمین اس سمندر کے مقابلہ مین مثل مٹر کے ہی تو تمام آسمان کے مقابلہ مین ایسے چھوٹے ہوے کہ ذرہ سے بہت کم کہ گویا اسکا پتا ہی نہین پس کرسی کے مقابلہ مین تو گویا معدوم ہوے پھر عرش کے مقابلہ مین تو بسبب گویا معدوم ہین کہ انکو کوئی نسبت ہی نہین پس

دنیا مین جسکو جہالت سے شہنشاہ ہفت اقلیم فرض کرین اسکی ہستی سلطنت کی کرسی کے مقابلہ مین ذرہ کے برابر نہین ہوسکتی حتی کہ گویا معدوم ہی
تو عرش باری تعالے سے کیا نسبت پھر جناب باری جل جلالہ وہی شہنشاہ ہی بلکہ یہ لفظ کسی مخلوق کے واسطے بولنا حلال نہین بلکہ حرام ہی۔ ہان
بادشاہ کہنا وارد ہی پھر جسکو بادشاہان نابود لوگون پر بولتے ہو تو اسکی شان کبیر وجلیل کو قیاس کرو اور یہی اللہ تعالے نے فرمایا۔ وما قدروا اللہ
حق قدرہ۔ نہین قدر جانتے اللہ عزوجل کی جو اسکی قدر کا حق ہی۔ اسی سے ڈرو اسیکی فرمانبرداری کرو اور عاجزی کرو کہ ای سلطان عرش ہم لوگ گویا درحقیقت
معدوم ہین ہمکو تو نے کس مدت وصنعت سے پیدا فرمایا ہم سخت عاجز ہین ہم کہان تیرے حق قدر کو جان سکتے ہین تجھی کو عظمت وکبریائی ہی تو ہی شہنشاہ
ہی ہم تیرے بنائے بندے ہین سراسر تیرے احسان مین ہین۔ اللھم ربنا عافنا واعف عنا وتب علینا واھدنا وانت ارحم الراحمین۔
اور جاننا چاہیے کہ اسلام مین بڑا فتنہ ان لوگون نے پھیلایا جنھون نے علم ہیات کے زعم پر کہا کہ کرسی وہ فلک ہشتم ہی اور نون آسمان عرش ہی اور یہ
پیروی فلاسفہ یونان کی ہی اور دائرہ اسلام سے خارج ہی اور یہ وہم وگمان محض باطل ہی اور ابن کثیر نے ذکر فرمایا کہ اسکو ائمہ علما نے رد کردیا ہی فاستقم۔
(۸) ولا یؤدہ حفظھما۔ ای ثقیل نہین اسپر حفاظت ان دونون یعنے آسمان وزمین کی اور اکثر اہل تفسیر کے کلام سے ظاہر ہوتا ہی کہ یؤدہ کی ضمیر اللہ تعالے
کی طرف راجع ہی ای ثقیل نہین اللہ تعالے پر بلکہ آسان ہی اور زجاج نے کہا کہ احتمال ہی کہ ضمیر کرسی کی طرف راجع ہو یعنے کرسی پر ان آسمانون وزمین کی حفاظت
جو اسکے بیچ مین ہی گران نہین اور یہ احتمال وحفاظت کی نسبت کرسی کی طرف صحیح ہوسکتی ہی کیونکہ حکم آتا ہی (۹) وہو العلی العظیم علو سے مراد کبھی
مکانی بلندی ہوتی اور کبھی قدر ومنزلت کی بلندی ہوتی ہی پس مکان کی راہ سے بلندی کسیکا مذہب نہین کیونکہ اللہ تعالے زمان ومکان وجہت
ووضع سب سے پاک برتر ہی اور مکان کی راہ سے بلندی کا سوائے فرقہ گمراہ مجسمہ کے جو اللہ تعالے کے واسطے جسم وجہت کے قائل ہین اللہ تعالے
انکو خوار کرے اور کوئی قائل نہین ہی اور وہ لوگ کافر ہین اور اہل سنت مین سے کوئی اس بات کا قائل نہین اور بعضے نے وقوفون نے جو یہ گمان
کیا کہ جو لوگ کہتے ہین کہ ہم ایمان لائے کہ اللہ تعالے عرش پر مستوی ہی وہ بھی جسم کے قائل ہین تو یہ محض باطل بہتان ہی اللہ تعالے پناہ مین رکھے ہمنے
انکا اعتقاد ومطلب سب مفصل بیان کردیا ہی فتذکر اور بعضون نے جو زعم کیا کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ بنابر روایت ابو مطیع کے اللہ تعالے کے واسطے
جہت بالا کے قائل ہین وہ تم غلط ہی امام ابوحنیفہ ان بات کے قائل ہین کہ جیسے سلف نے آکر حمن علی العرش استوی مین تاویل نہین کی بلکہ کہا کہ ہان اللہ تعالے عرش پر مستوی
ہی مگر اسکی کیفیت وماہیت ہمکو نہین معلوم ہی باوجودیکہ ہم یقین جانتے ہین کہ نقص سے اللہ تعالے پاک ہی اور کوئی شی اسکے مانند نہین ہی پس عرش پر مستوی ہونا ایسا نہین ہی
جیسا وہم وگمان مین آتا ہی بلکہ اللہ تعالے کی ایک صفت ہی پس ابوحنیفہ بھی اسکے قائل ہین اور یہ کہتے ہین کہ اللہ تعالے سے دعا کیجاوے تو اسکے علو مرتبہ کی راہ سے اوپر کی جہت
کی طرف دعا کیجاوے اور اسکے قائل نہین ہین کہ اللہ تعالے خود اوپر کی جہت مین ہی نعوذ باللہ منہ پس جسنے امام ابوحنیفہ کیطرف یہ گمان کیا اسنے غلط کیا۔ بالجملہ یہان بلندی سے مراد
قدر ومنزلت کی بلندی ہی یعنے اللہ تعالے تمام مخلوق اور کل چیز سے بلند مرتبہ ہی بلکہ اللہ عزوجل کی بلندی ورفعت کے مقابلہ مین کسیکو کچھ بھی بلندی نہین تاکہ کچھ
نسبت ہوسکے اور بعض نے کہا برتر ہی سلطنت وقہر کی راہ سے اور اسیکو مفسر سیوطی نے اختیار کیا۔ اور بعض نے کہا کہ برتر ہے
اس سے کہ کسی وصف بیان کرنے والے کا وصف اسکو پہونچے یعنے وصف کرنے والا تو اپنی طاقت اور علم بھر وصف کریگا اور اللہ تعالے کی
ذات وصفات تک کسیکا علم پہونچے کیا مجال ہی او تعالے ویسا ہی جیسا اسنے خود اپنا وصف فرمایا اور بندے اسیکی پیروی کرتے ہین اور اس وصف کی
حقیقت کو بھی نہین پہونچتے ہین پھر خود بیچارے کہان سے وصف کرینگے اور اسی معنے کر حدیث مین آیا ہی۔ انت کما اثنیت علی نفسک
تو ویسا ہی جیسا تو نے اپنا خود وصف فرمایا ہی۔ پھر مفسر نے جو تفسیر اختیار کی ظاہر ترجیح نظیر ہی کہ اللہ تعالے نے فرعون خوار کی نسبت فرمایا
ان فرعون علا فی الارض۔ یعنے غالب بنا اور قہر کیا زمین مین پس علو کے یہی معنے سلطان حقیقی عزوجل کے ساتھ لیے گئے جسکی شان تحقیقی ہی

پھر جاننا چاہیے کہ میں نے تو جملہ لکھے اور ابن کثیر وغیرہ نے وقف بیان کیے ہیں کیونکہ الحی القیوم کو میں نے اول میں داخل کر دیا ہے فافہم۔ اس تمام تفسیر سے واضح ہوا کہ یہ آیہ کریمہ بہت بڑے مسائل آلہیہ کو مشتمل ہے اور اسمیں توحید و صفات باری تعالے کے اعظم مسائل ہیں اسی سے اعظم آیہ قرآن ٹھہری اور سید آیہ ٹھہری چنانچہ ابی بن کعب سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ابی بن کعب سے پوچھا کہ کون آیت کتاب اللہ تعالیٰ میں اعظم ہے ابی نے عرض کیا کہ اللہ تعالے اور اسکا رسول دانا تر ہے پس کئی بار پوچھا تو آخر ابی بن کعب نے عرض کیا کہ آیۃ الکرسی تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ ای ابوالمنذر تجکو علم مبارک گوارا ہو۔ رواہ احمد و مسلم اور نیز ابی بن کعب کی حدیث میں ہے کہ ابی رضؓ کے ایک جرین میں چھوارے تھے وہ اسکی پروا نہ کرتے پس دیکھا کہ وہ کم ہوتے ہیں تو ایک دفعہ نگاہبانی کی تو ناگاہ ایک جانور مثل طفل بالغ کے نظر آیا پس میں نے اسکو سلام کیا اسنے سلام کا جواب دیا۔ میں نے پوچھا تو انسی ہے کہ جنی ہے بولا جنی ہوں میں نے کہا اپنا ہاتھ مجھے دے اسنے دیدیا تو کتے کا سا ہاتھ اور کتے کے سے روئیں اسپر تھے میں نے کہا کہ جن ایسے ہی پیدا ہوتے ہیں یا تو ہی ایسا ہے اسنے کہا کہ جن جانتے ہیں کہ انمیں مجھسے زیادہ زبردست نہیں ہے میں نے کہا کہ تجھے ایسا کرنے پر کس چیز نے آمادہ کیا بولا کہ مجھے خبر ہو چکی کہ تو صدقہ دینا بہت پسند کرتا ہے تو ہمنے چاہا کہ تیرے طعام سے لیجاویں تو ابی رضؓ نے اس سے کہا کہ کون چیز ہے کہ تم لوگوں سے بچاوے بولا کہ یہ آیۃ الکرسی پھر صبح کو ابی رضؓ نے حضرت صلعم سے بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ خبیث نے یہ بات سچ کہی۔ رواہ ابویعلی الموصلی والحاکم وصحح اور انسؓ کی حدیث طویل میں جسمیں آنحضرت صلعم نے اپنے صحابہ میں سے ایک سے نکاح کرنے کو پوچھا ہے آیۃ الکرسی کو چوتھائی قرآن فرمایا ہے رواہ احمد اور معنے اسکے یہ ہیں کہ ثواب اسکا چوتھائی قرآن پڑھنے کے برابر ہے اور آیۃ الکرسی کی فضیلت کے یہی بقول تحقیق یہی معنے ہیں کہ اسکے پڑھنے میں ثواب زیادہ ہے اور یہی مراد بعض قرآن کے بعض پر افضل ہونے کے ہیں کیونکہ صفات الٰہی عزوجل میں افضلیت ہے پس جس میں مذکور افضل ہو وہ افضل ہے۔ اور بخاری میں ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلعم نے زکوۃ رمضان کی حفاظت پر وکیل کیا پس ایک آنے والا آیا اور طعام میں سے لپ بھر بھر سمیٹنا شروع کیا پس میں نے اسکو پکڑ لیا اور کہا کہ میں تجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لے چلونگا بولا کہ مجھے چھوڑ دو کہ میں محتاج عیال دار ہوں اور مجھے بہت حاجت پیش آئی ہے آؤنگا ابوہریرہ نے کہا کہ میں نے اسکو چھوڑ دیا پس صبح کو مجھسے رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ ای ابوہریرہ رات تیرے قیدی کیا ہوا میں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اسنے شدت کی محتاجی و عیال داری بیان کی میں نے رحم کر کے اسکو چھوڑ دیا آپ نے فرمایا کہ اسنے تجھسے جھوٹ کہا پھر آویگا پس میں نے حضرت صلعم کے کہنے سے یقین کیا کہ ضرور آویگا پس میں نے تاک لگائی پھر اسنے آکر طعام سمیٹنا شروع کیا میں نے پکڑا اور کہا کہ تجھے رسول اللہ صلعم کے پاس لیچلونگا اسنے کہا کہ مجھے چھوڑ دو میں محتاج عیال دار ہوں اب نہ آؤنگا میں نے رحم کھا کر اسکو چھوڑ دیا صبح کو مجھسے رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ ای ابوہریرہ رات تیرے قیدی کا ماجرا کیا ہوا میں نے عرض کیا کہ اسنے محتاجی اور عیال داری کی شکایت کی میں نے رحم کھا کر اسکو چھوڑ دیا فرمایا کہ اسنے تجھسے جھوٹ کہا اور پھر آویگا پس میں نے تیسری بار تاک لگائی پس اسنے آکر طعام میں سے لپ بھرنے شروع کیے پس میں نے اسکو پکڑ لیا اور کہا کہ تجکو رسول اللہ صلعم کے پاس لیچلونگا اور یہ تیسری بار ہے ہر بار تو کہتا ہے کہ نہ آؤنگا پھر آتا ہے بولا کہ مجھے چھوڑ دے میں تجھے کچھ کلمات سکھلاؤں کہ اللہ تعالے تجکو انسے نفع دیگا میں نے کہا وہ کیا ہیں بولا کہ جب بچھونے پر جاوے تو آیۃ الکرسی پڑھ۔ اللہ لا الٰہ الا ھو الحی القیوم یہانتک کہ آیت ختم کر دے تو برابر تجھپر اللہ تعالے کی طرف سے ایک نگہبان رہیگا اور تجھسے شیطان قریب نہ ہوگا یہانتک کہ صبح ہو جاوے پس میں نے اسکو چھوڑ دی پھر صبح کو مجھسے رسول اللہ صلعم نے پوچھا کہ تیرے رات والے قیدی نے کیا کیا میں نے کہا یارسول اللہ اسنے زعم کیا کہ وہ مجھے چند کلمات سکھلاویگا کہ اللہ تعالے مجھے انسے نفع دیگا تو میں نے اسکو چھوڑ دیا آپ نے فرمایا کہ وہ کیا ہیں عرض کیا کہ مجھسے اسنے کہا کہ جب تو بچھونے پر آوے تو آیۃ الکرسی اول سے آخر تک پڑھ اور مجھسے کہا کہ برابر تجھپر اللہ تعالے کی طرف سے ایک نگہبان رہیگا یہانتک کہ تو صبح کرے۔ اور صحابہؓ کا یہ حال تھا کہ یہ لوگ

لہ کہ ان سے بالفاظہ زیادہ بخاری کی طرح پر نہ آئے اور اوسمیں مجھسے ہمارے بھولتے تھے ۱۲

نیکی کے بہت حریص تھے۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ای ابوہریرہ وہ تجھسے سچ بول گیا حالانکہ وہ سخت جھوٹا ہی پھر فرمایا کہ ای ابوہریرہ تو جانتا ہی کہ تین رات سے تو کس سے باتین کرتا ہی مین نے عرض کیا کہ نہین تو آپ نے فرمایا کہ یہ شیطان تھا رواہ البخاری والنسائی اور ابوالمتوکل الناجی نے ابوہریرہ سے دوسرے سیاق سے اسیکے قریب قریب روایت کیا کہ ابوہریرہ کے پاس صدقہ کی کوٹھری کی کنجی تھی اور سہین چھوہارے تھے پس ایک روز کھولا تو دیکھا کہ اسمین سے ایک لپ بھر کر چھوارے نکل گئے ہین پھر دوسری بار ایک دن کھولا تو دیکھا کہ اسمین ایک لپ بھر نکل گئے ہین پھر تیسری بار ایک روز کھولا تو بھی دیکھا کہ اسمین سے اتنے نکل گئے ہین پس ابوہریرہ نے حضرت صلعم سے اسکی شکایت کی تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ بھلا تو چاہتا ہی کہ اس شخص کو پکڑے مین نے عرض کیا کہ ہان فرمایا کہ جب تو دروازہ کھولے تو کہنا کہ پاک ہو وہ جسنے تجکو محمد کے لیے مسخر کردیا پس ابوہریرہ نے دروازہ کھولکر کہا کہ سبحان من سخرک لمحمد تو ناگاہ وہ چور سامنے کھڑا نظر آیا پس ابوہریرہ نے کہا کہ ای خدا کے دشمن تو ہی ایسا کرنے والا ہی بولا کہ ہان مگر مجھے چھوڑدے مین اب آئندہ کبھی اسکو نہ لیتا مگر جن مین سے ایک فقیر گھر والون کے واسطے لیتا تھا الی آخر الحدیث رواہ ابن مردویہ اور امام احمد و ترمذی نے ایسا ہی قصہ حضرت ابوایوب کا روایت کیا اور اسمین ہی کہ جب انھون نے رسول صلعم سے شکایت کی تو آپ نے فرمایا کہ جب تو اسکو یعنے غول کو دیکھنا تو کہنا بسم اللہ اجیبی رسول اللہ۔ پھر ماجرا اسکا بھی مثل قصہ ابوہریرہ کے روایت کیا اور ترمذی نے حدیث کو حسن غریب کہا ہی اور ابن کثیر رحمہ اللہ نے بعد ذکر ان احادیث کے کہا کہ ایسے وقائع تین ہوے یعنے ایک ابی بن کعب کے ساتھ دوسرا ابوایوب کے ساتھ تیسرا ابوہریرہ کے ساتھ واقع ہوا۔ پھر ایک غریب قصہ کتاب غریب ابوعبید سے نقل کیا کہ ابوعبید نے کہا حدثنا ابومعاویہ عن ابی عاصم النقفی عن الشعبی عن عبداللہ بن مسعودؓ کہا کہ آدمیون مین سے ایک آدمی باہر نکلا پس اسکو جنون مین سے ایک شخص ملا اور کہا کہ بھلا تو مجھسے کشتی لڑنا چاہتا ہی پھر اگر تو نے مجھے پچھاڑ لیا تو مین تجھے ایسی آیت سکھلاؤنگا کہ جب تو اپنے گھر مین داخل ہونے کے وقت اسکو پڑھ لیگا تو اسمین کوئی شیطان نہ جاویگا پس باہم کشتی لڑے پس آدمی نے اسکو پچھاڑ لیا اور کہا کہ مین تجھے نحیف الجسم دیکھتا ہون اور تیری کلائیان جیسے کتے کی کلائیان ہین تو کیا تم لوگ جن ایسے ہی ہوتے ہو یا تو ہی انمین سے ایسا ہی بولا کہ مین ان سب مین زبردست ہون اور مجھسے دوبارہ کشتی لڑو پس دوبارہ بھی آدمی نے اسے پچھاڑ لیا تو وہ بولا کہ تو آیۃ الکرسی پڑھ لیا کر کہ جب اسکو کوئی اپنے گھر مین جاتے وقت پڑھ لیتا ہی تو ضرور شیطان اسمین سے نکل بھاگتا ہی گدھے کی طرح رینکتا ہوا۔ پس ابن مسعودؓ سے کہا گیا کہ وہ آدمی کیا عمرؓ تھے تو ابن مسعودؓ نے فرمایا کہ کون امید کیا جاتا ہی کہ ہو سوائے عمرؓ کے اور اسماء بنت یزید بن السکن انصاریہ سے روایت ہی کہ مین نے رسول اللہ صلعم کو سنا کہ فرماتے تھے کہ دو آیتین اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم اور الم اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم۔ انھین دونون مین اللہ تعالے کا اسم اعظم ہی رواہ احمد و ابوداؤد والترمذی وابن ماجہ وقال الترمذی حسن صحیح اور ابوامامہؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جسنے ہر نماز فریضہ کے پیچھے آیۃ الکرسی پڑھی اسکو جنت مین داخل ہونے سے کچھ روک نہین الا یہی کہ مرجاوے رواہ النسائی وابن مردویہ وابن حبان شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اسناد اسکی بر شرط بخاری ہی اور ابن الجوزی نے اس حدیث کو موضوع گمان کیا ہی قال المترجم اور ابن الجوزی یہان چوک گئے اور بہت محدثین نے ابن الجوزی پر اسکے موضوع کہنے پر گرفت کی ہی اور صحیح یہ قرار دیا ہی کہ یہ حدیث صحیح ہی اور سلف سے اسکے فضائل کے بارہ مین بہت کچھ مروی ہی اور یہ حسبقدر تفصیلین کثیر وغیرہ سے مذکور ہوا کافی ہی ف ۲ قال الشیخ فی العرائس تو تعالے اللہ لا الہ الا ہو اپنا وصف الوہیت شروع کرکے بندون کے دلون سے اسباب عبودیت قطع کردیا اسواسطے کہ عبودیت تو جبھی ہوتی ہی کہ ربوبیت سے آگاہی ہوجاوے اسیواسطے اول اظہار وجود مین اپنے پاک ذات کو ذکر فرمایا اور نیز اپنی ذات پاک اپنی وصف کے ساتھ کشف کیا قال المترجم یعنے لا الہ کے وقت شاید انکے دلون سے بالکل الوہیت کی نفی ہوجاتی حالانکہ کسی وقت بندے کے

دل سے اللہ عزوجل کا بھولنا نہین چاہیے اسیواسطے پہلے اللہ فرماکر انکے دلون مین اپنے تئین ثابت کر یا کہ اسکی سلطنت و کبریائی ظاہر ہو پھر غیر کی نفی کے وقت انکے دلون سے وہ بھول نہین سکتا کیونکہ لا الہ الا ہو اسکے ظہور سلطنت و عظمت کمالیہ کا بیان ہی فافہم۔ اور نیز مخلوق کو بذات خود اپنی طرف ملایا بلا علت تاکہ خود ہی مین فنا فرماوے۔ توحید پر تنزیہ کو قائم کیا یعنے اسکی توحید عجیب ہی کہ کسی چیز سے مانند نہین کیونکہ جو چیز واحد ہی اسکو وحدت عارض ہی یعنے اکیلاپن جس چیز سے لگا ہی وہی واحد کہلاتی ہی بخلاف توحید باری تعالے کے کہ وہ پاک منزہ ہی ہر لگاؤ سے۔ تو الا ہو زائل کر دیا علتون کو قدس ازل سے اور ازل ہی کے ساتھ ازل سے کشف فرمایا۔ یعنے مثلاً جو چیز ہی اسکا کوئی سبب ہی اور اللہ تعالے کی ازلیت بلا سبب ہی کیونکہ سبب ہو فرمایا اور ممکنات مین سے کوئی چیز ہو سو نہین ہی بلکہ بعلت ہی **قال المترجم** مقام بہت دقیق ہی جہانتک ممکن ہی عین نے اشارہ کیا آگے مین کچھ نہین کہہ سکتا ہون۔ تعالی اللہ علوا کبیرا۔ **اور شیخ ابن منصور** سے یہ آیت دریافت کیگئی تو کہا کہ لا الہ الا اللہ۔ دو باتون کو مقتضی ہی ایک تو ربوبیت سے علت کو زائل کیا جاوے اور اعتقاد کیا جاوے کہ حق سبحانہ تعالے درک سے پاک منزہ ہی یعنے کوئی عقل ہو یا کچھ ہو اسکو کوئی نہین پاسکتا ہی **شیخ ابن عطاء** رح نے فرمایا کہ لا الہ الا اللہ پر اعتقاد کرنے کی سچائی یون ثابت ہی کہ صبر کرے اور اسی سے وہ ایمان ثابت و جما رہیگا اور صدق ہوا اور اسی سے وہ پوشیدہ وظاہر اپنے پروردگار کی بندگی مین کوشش کریگا اور خرچ کرے اپنے مال سے خالص اسکی رضامندی چاہنے کے لیے یہانتک کہ اپنی ذات کے لیے سوائے اپنے خالق کے کوئی چیز ذخیرہ نہ کرے اور ترک کے وقتون مین اپنے پروردگار کی یاد مین سب فکرون سے خالی ہو کر اسی کی طرف متوجہ ہو بیٹھے۔ اور استغفار کے ساتھ اسکی جناب مین اپنی محتاجی اظہار کرے اپنے گناہون پر نادم ہو کر اور یہ خوف کرے کہ کہین ایسا نہو کہ مین مہجور و مردود کر دیا جاؤن۔ اور نیز فرمایا کہ لا الہ الا اللہ کہنے والے کے ساتھ تین نورون کی احتیاج ہی نور ہدایت۔ نور کفایت۔ نور عنایت۔ پھر جب اللہ تعالے نے اسپر نور ہدایت سے احسان کیا تو بندہ اسکے خاص بندون مین سے ہو جاتا ہی اور جب نور کفایت اسکو عطا کیا تو وہ کبیرہ گناہون اور فحش باتون سے معصوم ہو جاتا ہی اور جب نور عنایت سے سرفراز کیا تو وہ برے خطرات و خیالات سے جو دل مین آتے ہین محفوظ ہو جاتا ہی۔ اور بعض اکابر نے فرمایا کہ لا الہ الا اللہ کہنے والے کو چار خصلتون کی حاجت ہی تصدیق و تعظیم و حلاوت و حرمت۔ سو جسکو تصدیق نہو وہ تو زبانی کہنے والا ہی بدون دل کے پس وہ منافق ہی اور جس شخص کے دل مین تعظیم نہو وہ بدعتی ہی اور جسکو حلاوت نہو وہ ریاکار ہی دکھلانے کو کام کرتا ہی اور جسکے دل مین حرمت نہو وہ فاسق ہی **اور شیخ ابو الحسن النوری** سے کہا گیا کہ تو لا الہ الا اللہ کیون نہین کہتا ہی تو کہا کہ مین اللہ۔ کہتا ہون اور بس۔ مین اللہ کے ساتھ اسکی ضد یعنے لا الہ کو باقی نہین رکھتا **قال المترجم** یہ نہایت غلبۂ توحید ہی کہ انکو اللہ عزوجل کے سوائے کسیکا خیال ہی نہ تھا اور نہ کسیکا اثر انکے دل مین پڑتا تھا کہ نفی کرنے کی حاجت ہو بلکہ لا الہ کہنے سے غیر کا تصور خواہ مخواہ آتا ہو اسکو وہ بہت مکروہ جانتے تھے اور رہے عوام لوگ تو وہ اس تمام کلمہ کے مفہوم سے اللہ تعالے کی توحید کو بتکلف نکالتے ہین اور حدیث صحیح مین جو آیا ہی کہ افضل ذکر قول لا الہ الا اللہ ہی تو یہ عام تعلیم ہی کسی خاص کا بیان نہین ہی دیکھو اللہ عزوجل نے یون ہی فرمایا کہ یا ایہا الذین آمنوا اذکروا اللہ ذکرا کثیرا و سبحوہ الآیہ۔ صرف اللہ عزوجل کے ذکر کو فرمایا ہی اور فرمایا۔ انما المومنون الذین اذا ذکر اللہ وجلت قلوبہم۔ اور شیخ رحمہ اللہ نے کہا کہ بعض نے ذکر کیا ہی کہ جسنے اس کلمہ کو کہا حالانکہ اسکے دل مین رغبت یا خوف یا طمع یا سوال ہی تو وہ مشرک ہی۔ **الحی القیوم**۔ حی وہ کہ جس سے زندوں کا قیام ہی اور قیوم وہ کہ جسکی قیومیت سے مردے زندے ہو جاتے ہین اور نیز حی۔ وہ کہ اس سے سانسوں کی آمد و رفت جاری ہی اور قیوم وہ کہ جسکے کافی ہونے سے اشخاص کا قیام ہی اور اسکی صفات خاصہ سے ہی کہ عدم مین زندگی بخشے اور صفات عامہ سے ہی کہ خلق کو عدم سے وجود مین لایا اور قیومیت اسکی وہ صفت ہی کہ برابر اسکے ساتھ ہمیشہ موصوف ہی اور محصل اسکا یہ ہی کہ وہ اپنی ذات سے اپنی ازلیت و ابدیت مین مستقل ہی اور بعض نے الحی القیوم

کے اشارہ ہین کہا کہ تو اسکو اسکی قیومیت مین اپنے اوپر اور تمام عالم پر مراقب کر اور بعض نے کہا کہ وہ قیوم ہی باین طور کہ برگزیدہ بندون کے اسرار پر اپنے اذکار کو محفوظ فرماتا ہی اور سہل رحمۃ اللہ نے کہا کہ قیوم وہ کہ اپنی مخلوق پر انکی روزی و اعمال و موت کے اوقات وغیرہ ہر چیز کے واسطے قائم ہی اور خواص شامی رح نے فرمایا کہ جسنے اللہ کو پہچانا کہ وہ حی قیوم ہی تو اس شناخت پر اسپر واجب ہوا کہ اپنی ہر چیز کو اسی سے طلب کرے اور اپنے کامون مین سے ہر کام کے قیام کو ترک کرے کیونکہ او تعالے خود اسکے امور کا قیوم ہی - لا تاخذہ سنۃ ولا نوم - اس شارہ سے اپنے ایسے خاص بندون کو ڈراتا ہی کہ جو اسکی طرف مراقبہ کہتے ہین اسطرح ڈراتا ہی کہ اسکے سوائے کسی غیر کی طرف ایک دم و ایک پلک مارنے تک بھی مشغول نہون اور مریدون و طالبون کے دلون سے تشبیہ کا خیال زائل کردیا قال المترجم یعنے مراقبہ و یاد کرنے والون کو واجب ہی کہ کوئی تصور جناب باری تعالے کے واسطے اپنے دل مین نہ لاوین کیونکہ جو تصور ہوگا وہ اسکے خیال کا بنایا ہوا ہوگا اور جو پگڑ ہیگا وہ اسکے لیے بت ہوگا اللہ تعالے عزوجل کسی چیز سے مشابہ نہین ہی وہ پاک منزہ ہی اور بشر کی عقل خیال وغیرہ اس تک کبھی نہین پہونچ سکتا ہی اور یہ ایک نکتہ ضروری ہی کہ اکابر طریقہ نے اسکو بتصریح وجد و جہد منع کیا ہی فافہم اور نیز اسمین آگاہی دی کہ مظلومون کے واسطے وہ ظالمون سے انتقام لیگا اور نیز خلق کو تعلیم فرمایا کہ اسکی صفات قدیمہ سب منزہ و پاک ہین اور ذات عظیم اسکی مقدس و برتر ہی - یعنے مین مخلوقات کی صفتون سے پاک منزہ ہون - اور بعضون نے فرمایا کہ سنۃ ای اونگھ اسکو کہان ہے اسکی ہی وہ موجود تھا اور سنۃ موجود نہ تھی اور اسنے سنہ کو خود ایجاد کیا اپنے بندون کو مقہور کرنے کے واسطے اور انکا نقص ظاہر کرنے کے لیے قال المترجم اس کلام مین اشارہ لطیف یہ ہی کہ جو چیزین بندون کے نفع کے واسطے قرار دی جاتی ہین وہ چیزین خود بندون کا نقص ظاہر کرتی ہین اور بتلاتی ہین کہ یہ لوگ کامل نہین ہین اسواسطے کہ اس نفع کے محتاج ہین اور جو محتاج ہی وہ کامل نہین ناقص و حادث ہی - لہ ما فی السموات وما فی الارض - اس کلام بزرگ سے اپنے چنے ہوے بندون کے دلون مین سے دونون جہان و تمام عالم کی حلاوت و تروتازگی بے بنیاد کا مزہ دور کردیا ای یہ سب حوادث میرے ہی مخلوق و ملک و مقہور ہین پس مومن کا دل جب مشاہدہ کی جگہ ہوگا کہ جب اسمین سے یہ فانی چیزین بالکل ناپید ہون پس بندون کو رغبت دلائی کہ اسباب و علتون سے اپنے آپ کو فنا کرین اسواسطے کہ انعام دینے والے کی طرف سے منہ پھیر کر نعمت کی طرف متوجہ ہوجانا یہ انعام دینے والے کے ساتھ کفر کرنا و شرک ہی - من ذا الذي يشفع عنده الا باذنه - اس کلام مین سفارش کرنے والے اور سفارش چاہنے والے دونون کو اپنے دریاے احسان مین غرق کیا یعنے دونون کو منت سے زیر بار کیا کہ اسکے بار احسان مین دونون دب گئے اسواسطے کہ اپنے بندون کی خبر گیری کسی کے سپرد نہین فرمائی بلکہ اپنی ہی طرف رکھی اور نیز اپنی ازلی عنایت سے وسیلہ کی زبان کاٹ دین قال المترجم یعنے یہ ہین کہ جب بندونکو اپنی اجازت کے سفارش کا اختیار نہ دیا تو گویا خود ہی کرم فرمایا اور اشارہ کیا کہ سفارش کرے پس جسکو اجازت دی اسپر یہ کمال احسان کیا کہ اسکو اس کرامت سے سرفراز کیا اور جسپر بخشش کرکے سفارش مان لی اسکے حق مین تو عنایت ظاہر ہی اور یہ درحقیقت ازلی عنایت ہی جسمین وسیلہ کو کچھ دخل نہین ہی فافہم اور نیز اس آیت سے اپنی مخلوق کو ادب سکھلایا تاکہ اسکی طرف انبساط نہ کرین سواے اس شخص کے جسپر سکر اور بیہوشی غالب ہوئی ہو اور انبساط اور اذن تو پردہ عظمت کے نزدیک مقام ہیبت مین ہوتا ہی اور بعض نے فرمایا کہ اس سے اپنے بندون کے دلون کو اپنے ہی طرف جذب کیا کہ اس حال مین اور آیندہ حال مین اسی کی طرف رجوع ہی - ابو عثمان رح نے فرمایا کہ اگر اپنی ذات کی طرف سواے اپنے اوکسیکو وسیلہ کرتا تو کام اسکا اس علت کا معلول ہوتا اور جسنے اسکے اخلاص و محبت و رضامندی سے اپنے آپکو راستہ کیا تو توسل اسکی صفات سے ہی اور منصور رح نے کہا کہ پھر کون سفارشی ہوسکتا ہی ایسے شخص کی طرف جسکے ساتھ کسی اور کو گنجائش نہین سواے اسکے اور کوئی دوسرا اسکا حاجب نہین ہوسکتا ہی - یعلم ما بین ایدیهم وما خلفهم - ای وہ خطرات جو انکے روبرو ہین اور وہ لفزشین جو انکی پیٹھ پیچھے ہین جانتا ہی اور نیز جو مقامات انکے روبرو ہین اور جو احوال انکے پیٹھ پیچھے ہین جانتا ہی - اور نیز اسرار افعال جو راہ الٰہی سے مقرون ہین

جنکے ساتھ انکو امتحان کیا ہی وہ قبل انکے ایجاد کرنے کے اُنسے جانتا ہی اور علم ازلیات کے اسرار جو مقام عبودیت مین انکے معائنہ ہوجانے کے بعد ہوے ہین وہ بھی اونسے جانتا ہی۔ اور ابوالقاسم نے کہا کہ جو انکے سامنے و جو پیٹھ پیچھے ہی سب جانتا ہی اسواسطے کہ اسکے علم سے کوئی معلوم باہر نہین اور اسپر کوئی موجود و معدوم لگا لپٹا نہین ہی۔ ولا یحیطون بشیئ من علمہ الا بما شاء۔ علم قدم کو ان لوگون سے محجوب و پوشیدہ کردیا جنکا علم سے پیدا کیا ہی مگر اسیقدر کہ اہل دل بندون کو غیوب کے معائنہ سے ظاہر کردیا۔ کرسی و عرش دونون مخلوقات حادثہ کے لیے قبلہ ہین حالانکہ حق کے واسطے کوئی جہت نہین ہی اور کائنات کے ساتھ اللہ تعالے کا مشابہ ہونا سوائے ان لوگون کے کوئی نہین جانتا جنھون نے کشف سے دیکھ لیا ہی اور بعض نے فرمایا کہ کرسی و عرش کا ذکر قدرت عظیمہ کا اظہار ہی اور یہ دونون ذات باری عز اسمہ کے واسطے محل نہین ہین اور شیخ ابوالقاسم قشیری نے فرمایا کہ جو چیز مخلوق ہی سکو اللہ عزوجل کی صفات پاک و جلال قدرت مین کہان گنجائش ہی خواہ عرش ہو یا کرسی ہو خواہ جنی ہو یا انسی ہو اور بعض نے فرمایا کہ کرسی کے درمیان ہین آسمان و زمین مثل ایک ذرہ کے ہین۔ ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیو۔ یعنے اسکو اس خلقت کی نگہداشت باوجود اس خلقت کے وسیع و کبیر ہونے کے کچھ گرانی نہین دیتی ہی اور نیز یہ دونون اسکی عظمت کے مقابلہ مین رائی برابر بھی نہین ہین کیونکہ یہ اسکی بادشاہت اور سلطنت مین ایک ذرہ سے بھی کم ہین اور نیز آسمان و زمین بسبب اسکے قائم ہین اور اسکی صنعت کے واسطے کوئی علت نہین ہی اور نہ اسکے فعل کے واسطے کوئی ہتھیار ہی اسی سے ظاہر ہوئی اور اسی سے ان چیزون کا قیام ہی۔

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ

زبردستی نہین دین کی بات مین کھل چکی ہی صلاحیت اور گمراہی اب جو کوئی منکر ہو طاغوت سے اور ایمان لاوے اللہ پر

فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى لَا انْفِصَامَ لَهَا وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

اسنے پکڑی پکڑ مضبوط جو ٹوٹنے والی نہین اور اللہ تعالے سننے والا جاننے والا ہی

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ۔ دین مین داخل ہونے پر زبردستی نہین۔ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ۔ گمراہی سے ہدایت متمیز ہوچکی ف یعنے آیات بینات سے ظاہر ہوگیا کہ ایمان تو ہدایت ہی اور کفر کرنا گمراہی ہی سیوطی نے کہا کہ یہ آیت انصار مین سے ایسے شخص کے حق مین نازل ہوئی کہ اسکے کئی فرزند تھے اور اسنے چاہا کہ انکو اسلام لانے پر زبردستی مجبور کرے۔ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ۔ پس جو کوئی طاغوت سے منکر ہو۔ ف یعنے شیطان یا بت سے بیزار ہوجاوے۔ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ۔ اور اللہ تعالے پر یقین لاوے ف جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بتلایا فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى۔ تو اسنے عقد محکم کو مضبوط پکڑلیا ف اور یہ عقد محکم کچھ کمزور نہین بلکہ۔ لَا انْفِصَامَ لَهَا۔ اسکے واسطے شکست نہین ہی۔ ف حتی کہ وہ قرب الٰہی مین داخل جنت ہوجائیگا۔ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔ اور اللہ تعالے سمیع علیم ہی ف زبانی ایمان کو سنتا ہی اور دلی اعتقاد کو بھی جانتا ہی لہذا منافق اسنے بتلادیا۔ اہل علم نے اسمین اختلاف کیا کہ آیت منسوخ ہی یا نہین۔ قول اول آنکہ یہ آیت منسوخ ہی اسواسطے کہ اسمین اکراہ کی نفی ہی حالانکہ رسول اللہ صلعم نے اہل عرب کو دین اسلام پر اکراہ کیا اور انسے لڑے یہانتک کہ وہ اسلام لائے اور سوا اسے اسلام کے جزیہ وغیرہ لینے پر انسے راضی نہوے پس ناسخ اسکا قولہ تعالے۔ یا ایہا النبی جاہد الکفار والمنافقین الآیۃ۔ اور قولہ تعالے یا ایہا الذین اٰمنوا قاتلوا الذین یلونکم من الکفار۔ اور اظہر یہ ہی کہ ناسخ یہ ہی قولہ تعالے ستدعون الی قوم اولی باس شدید تقاتلونہم او یسلمون۔ اسمین دو ہی باتون مین حصر ہی کہ اونسے قتال کرو یا وہ اسلام لاوین اور بعض نے تاویل کی کہ اسلام سے گردن جھکانا مراد ہی خواہ جزیہ دیکر یا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہکر ولیکن حنفیہ کے طور پر یہ تاویل نہین ہوسکتی کہ جمع درمیان حقیقت و مجاز ہی اسواسطے کہ گردن جھکانا تو لغوی حقیقت ہی اور معنے شرعی اسکی نسبت مجاز ہین اور معنے شرعی حقیقت شرعی

ہین اور لغوی اسکی نسبت مجاز ہین فافہم اور کہا گیا کہ اکثر مفسرین اسی طرف گئے ہین کہ آیت منسوخ ہی اور جاننا چاہیے کہ اہل عرب کے واسطے ایک خصوصیت تھی کہ حضرت صلعم نے اُنسے جزیہ قبول نہین کیا حتی کہ عرب کے اہل کتاب سے بھی وہان کا جزیہ منظور نہ تھا تا آنکہ عمر رضؓ نے یہود خیبر کو نکال دیا اور امام ابوحنیفہ کا بھی یہی قول ہی کہ مشرکین عرب سے سوائے اسلام کے کچھ قبول نہین ہی قول دوم یہ کہ یہ آیت خاصۃً اہل کتاب کے حق مین ہی کہ اگر وہ جزیہ دیکر اپنے دین پر رہین تو انپر اکراہ نہو گا اور اکراہ انھین لوگون پر ہی جو بت پرست ہین اور یہ شعبی و حسن و قتادہ و ضحاک کا قول ہی قول سوم آنکہ یہ خاصہ انصار کے حق مین ہی اور سوائے اسکے دیگر اقوال ہین کہ اعتماد سے خارج ہین اور شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ علما نے ذکر کیا کہ سبب نزول اس آیہ کا ایک قوم انصار کے حق مین ہی اگرچہ اسکا حکم عام ہی پھر ابن جریر کی اسناد سے ابن عباس سے روایت کی کہ انصار مین سے بعضی عورت ہوتی کہ اسکا بچہ نہ جیتا پس وہ اپنے اوپر یہ عہد کرتی کہ اگر جیتا رہیگا تو مین اسکو یہودی دین مین کرونگی پھر جب بنو نضیر جلاوطن کیے گئے تو انہین انصار کے ایسے بیٹے بھی تھے پس انصار نے کہا کہ ہم اپنے بیٹون کو نہ چھوڑینگے یعنے جانے نہ دینگے پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا لا اکراہ فی الدین قد تبین الرشد من الغی۔ رواہ ابو داؤد والنسائی وابن ابی حاتم وابن حبان فی صحیحہ اور ایسا ہی مجاہد و سعید بن جبیر و شعبی و حسن بصری وغیرہم نے ذکر کیا کہ یہ آیت اسی بارہ مین اتری ہی قال المترجم انصاری عورت کا یہ عہد کرنا قبل اسلام کے تھا چنانچہ اسی قصہ کے بعض طرق مین ابن عباس سے یہ زیادت مروی ہی کہ انصار نے کہا کہ ہمنے اپنے بیٹون کو یہود کے دین پر سوا سطے کر دیا تھا کہ ہماری رائے مین انکا دین ہمارے دین یعنے بت پرستی سے افضل تھا کہ اب اللہ تعالے نے ہمکو اسلام دیا تو ہم ان لڑکون پر اسلام کے واسطے اکراہ کرین پھر جب یہ آیت اتری تو حضرت صلعم نے ان لڑکون کو مختار کیا اور اسلام لانے پر مجبور نہین کیا واللہ اعلم پھر ابن کثیرؒ نے محمد بن اسحق کی روایت حضرت ابن عباس سے ذکر کی کہ قولہ لا اکراہ فی الدین۔ نازل ہوا ایک شخص انصاری کے حق مین جو بنی سالم بن عوف مین سے تھا اسکو حصینی کہتے تھے اور اسکے دو لڑکے نصرانی تھے اور وہ خود مرد مسلمان تھا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ کیا مین انکو دین اسلام لانے پر مجبور نہ کرون کیونکہ وہ دونون سوائے نصرانیت کے اور کچھ نہین مانتے ہین پس اللہ تعالے نے اس بارہ مین یہ آیت نازل فرمائی رواہ ابن جریر اور سدی نے مانند اسکے روایت کی اور اسقدر زیادہ روایت کیا کہ یہ دونون لڑکے ان تاجرون کے ہاتھ پر نصرانی ہوے تھے جو شام سے منقی کی بھرتی کرتے تھے پس ان دونون نے ان تاجرون کے ساتھ جانے کا قصد کیا تو انکے باپ نے چاہا کہ ان دونون کو اکراہ کرے اور رسول اللہ صلعم سے درخواست کی کہ انکے پیچھے آدمی روانہ فرماوین پس یہ آیت نازل ہوئی۔ پھر ابن ابی حاتم کی روایت اسبق کی نقل کی کہ مین عمر بن الخطاب کا مملوک اور نصرانی دین مین تھا پس عمرؓ مجھپر اسلام پیش کرتے اور مین انکار کرتا تو فرماتے لا اکراہ فی الدین۔ اور فرماتے کہ اے اسبق اگر تو مسلمان ہو جاتا تو ہم مسلمانون کے بعض کامون مین تجھسے کچھ مدد لیتے۔ پھر ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ علمار مین سے ایک گروہ اس طرف گیا ہی کہ یہ آیت محمول ہی اہل کتاب کے حق مین اور جو انکے دین مین داخل ہو قبل اسلام لانے کے جبکہ وہ لوگ جزیہ دینا قبول کر لین پھر دیگر علما سے اسکے منسوخ ہونے کا قول نقل کیا مانند اس تقریر کے جو ہمنے اوپر ذکر کی ہی اور کہا کہ صحیح مین مروی ہی کہ پروردگار کی عجب قدرت ہی کہ ایک قوم زنجیرون مین باندھکر جنت کی طرف کھینچی جاتی ہین یعنے وہ قیدی جو جہاد مین گرفتار کر کے طوق و زنجیرون و بیڑیون مین جکڑکے اسلام کے ملک مین لائے جاتے ہین پھر اسکے بعد وہ مسلمان ہو جاتے ہین اور انکے اعمال درست ہو جاتے ہین اور انکے قلوب صالح ہو جاتے ہین پس اہل جنت مین سے ہو جاتے ہین امام احمد نے حدیث روایت کی کہ حدثنا یحیی عن حمید عن انسؓ کہ رسول اللہ صلعم نے ایک مرد کو کہا کہ تو مسلمان ہو جا اُسنے عرض کیا کہ مین اپنے کو کارہ یعنے کراہت کرنے والا پاتا ہون تو فرمایا کہ مسلمان ہو جا اگرچہ تو کارہ ہو یہ حدیث ثلاثی صحیح ہی ولیکن اس باب سے نہین ہی کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو اسلام پر اکراہ نہین فرمایا بلکہ اسکو دعوت اسلام کی اُسنے خبر دی کہ میرا نفس اسکو قبول نہین کرتا ہی فرمایا کہ اللہ تعالے تجھے نیک نیتی دیدیگا تب

مسلمان تو ہو جا بس اسمین اکراہ نہین ہی۔ قولہ قد تبین الرشد من الغی۔ ای متمیز ہو گیا ایک دوسرے سے اور غی اصل مین بمعنے جہل ہی مگر جہل کا اطلاق اعتقاد مین ہی اور غی کا اطلاق اعمال مین ہی۔ قولہ فمن یکفر بالطاغوت۔ طاغوت بروزن فعلوت از طغیان بمعنے حد سے بڑھ جانا ہی اسمکا عین و لام مقدم کیا گیا اور جوہری نے کہا کہ طاغوت بمعنے کاہن و جادوگر و شیطان و ہر وہ کہ گمراہی کا سردار ہو اور ہر وہ چیز کہ جسکی پرستش کی جاوے سوائے اللہ عزوجل کے اور یہ لفظ کبھی واحد ہوتا ہی مثل قولہ تعالے یریدون ان یتحاکموا الی الطاغوت وقد امروا ان یکفروا بہ۔ ای بالطاغوت۔ اور اس صورت مین جمع اسکی طواغیت آتی ہی اور کبھی طاغوت جمع بولا جاتا ہی مثل قولہ تعالے اولیاءہم الطاغوت۔ اور ابن کثیر نے عمرؓ سے روایت ذکر کی جسمین ہی کہ عمر رضی نے فرمایا کہ جبت تو جادو ہی اور طاغوت شیطان ہی رواہ ابن جریر و ابن ابی حاتم اور ابن کثیر نے کہا کہ طاغوت کی تفسیر شیطان سے بہت قوی ہی کیونکہ یہ شامل ہی ہر برائی کو جو اہل جاہلیت کرتے تھے مانند بت پرستی و بتون سے مدد کی خواستگاری وغیرہ قال المترجم یہ اشارہ ہی کہ مراد ہر ایسی چیز کا ترک کرنا کہ وہ گمراہی کا سر ہی اور اس ایک لفظ مین سب کا ترک آگیا۔ قولہ فقد استمسک بالعروۃ الوثقی۔ مفسرین نے اس بات مین تو اتفاق کیا ہی کہ یہ باب تشبیہ سے ہی یعنے جو امر کہ دلیل سے معلوم ہی اسکو ایسی چیز سے جو حواس سے محسوس ہی تشبیہ دی مراد اس سے ایمان ہی کہ جسکے حق مین در واقع ٹوٹنا نہین ہی اور یہی ابن کثیر نے مجاہد سے نقل کیا اور سدی نے کہا کہ وہ اسلام ہی اور ہمارے نزدیک یہ دونون احد ہین و دونون تفسیرون مین کچھ فرق نہین ہی اور مفسرین شافعیہ یہان اسوجہ سے ساکت ہے کہ انکے نزدیک یہان و اسلام مین فرق ہی حالانکہ یہ مقام تو خود صریح ہی کہ اسلام سے مراد وہی ایمان ہی ورنہ ظاہری معنے اسلام کے بمعنے گردن جھکانا ظاہر ہی کہ وہ عروہ وثقی نہین ہی فتدبر اور ایسی ہی جسنے کہا کہ لا الہ الا اللہ ہی تو اس سے بھی وہی مراد ہی اور ایسے ہی جسنے کہا کہ وہ اعتقاد حق ہی اس سے بھی یہی مراد ہی فافہم۔ اور ابن کثیر نے روایت محمد بن قیس بن عباد سے ذکر کیا کہ مین مسجد مین تھا کہ ایک شخص آیا جسکے چہرہ پر از خشوع ظاہر تھا پس اسنے دو رکعت نماز پڑھی اور اسمین اختصار کیا پس لوگون نے کہا کہ یہ شخص اہل جنت مین سے ہی پھر جب وہ نکلا تو مین اسکے پیچھے ہو گیا یہانتک کہ وہ اپنے گھر مین داخل ہوا پس مین اسکے ساتھ گیا اور مین نے باتین کرنی شروع کین جب وہ باتون سے فارغ ہوے تو مین نے کہا کہ جب آپ مسجد مین داخل ہوے تھے تو لوگون نے ایسا ایسا کہا تھا تو فرمایا کہ سبحان اللہ کسیکو وہ بات نہین کہنی چاہیے جسکو وہ نہین جانتا ہی اور مین تجھسے بات کہون کہ مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مین ایک خواب دیکھا اور اسکو حضرت صلعم سے بیان کیا مین نے دیکھا کہ گویا مین ایک سبز باغ مین ہون پھر ابن عون راوی نے کہا کہ انھون نے اسکی سبزی و کشادگی کو بیان کیا پھر کہا کہ اسکے بیچ مین ایک لوہے کا ستون تھا کہ نیچے کا سرا زمین مین ہی اور اونچا سرا آسمان مین تھا اور اسکی اونچائی پر ایک عروہ تھا تو مجھسے کہا گیا کہ تو اسپر چڑھ جا مین نے کہا کہ مین نہین چڑھ سکتا ہون پھر ایک خادم نے آکر پیچھے سے میرے کپڑے اٹھا دیے اور کہا کہ چڑھ تو مین چڑھ گیا یہانتک کہ مین نے وہ عروہ جا پکڑا پس مجھسے کہا گیا کہ اسکو مضبوط پکڑے رہ پھر مین جاگ گیا اس حال مین کہ وہ عروہ مین مضبوط پکڑے تھا پس مین نے آکر رسول اللہ صلعم سے اسکو بیان کیا تو آپ نے فرمایا کہ وہ باغ تو باغ اسلام ہی اور وہ ستون عمود اسلام ہی اور وہ عروہ یہی عروہ وثقی اسلام کا ہی اور تو اسلام پر مضبوط رہیگا یہانتک کہ مرجاوے پھر کہا کہ یہ شخص عبد اللہ بن سلام تھے رواہ احمد و البخاری و مسلم وغیرہ ف۲ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے۔ قد تبین الرشد من الغی۔ یعنے خلق سے جو چیز پوشیدہ ہی کہ وہ علم ازل مین جاری ہو چکی ہی یعنے سعادت و شقاوت وہ یہان کھل گئی ہی کہ مقبول بندون و مردود بندون دونون سے سعادت و شقاوت کی نشانی ظاہر ہوتی ہی کیونکہ نیکون کی پیشانی سے انوار معرفت کے چراغ چمکتے ہین اور مردودون کی پیشانی پر بدکاری کی اندھیری سیاہی برستی ہی۔ قولہ فمن یکفر بالطاغوت۔ طاغوت یہ بھی ہی کہ اپنی طاعت کو دیکھے کہ ہمنے بندگی کی اور اسکے بدلے کی امید رکھے پس جس شخص نے اس بات سے کفر کیا یعنے اپنی طاعت کو کچھ نہ دیکھا اور اللہ تعالے کے کرم پر بھروسا کیا تو وہ ان لوگون مین سے ہی جنکو مشاہدہ عطا ہوا ہی اور طاغوت کا لفظ

ہر شئی گمراہ کرنے والی یعنے حق عزوجل سے روکنے والی جو چیز ہی خواہ دنیا ہو یا نفس ہو یا شیطان ہو یا اور کوئی چیز ہو وہ طاغوت ہی اور بعض نے فرمایا کہ ہر شخص کا طاغوت اسکا نفس امارہ ہی اور شیخ ابو عبد الرحمن رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جسنے سب چیز سے بیزاری نہ کی تو اسکا ایمان اللہ عزوجل کے ساتھ صحیح نہوا۔ قولہ ویؤمن باللہ فقد استمسک بالعروۃ الوثقی۔ ای جسنے اپنی جان و طاقت و قوت سے اپنے خالق کی طرف توجہ کر لی تو اللہ تعالے کو اپنا حافظ و وکیل پا گیا۔ اور بعض نے کہا کہ عروۃ الوثقی توفیق الٰہی ہی کہ نیکو کاریون مین ہمیشہ رہنے کے بارہ مین مقدر ہو چکی ہی اور انجام بخیر ہونے مین لکھی گئی ہی اور بعض نے کہا کہ عروۃ الوثقی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور بعض نے کہا کہ لا الہ الا اللہ ہی اور بعض نے کہا کہ سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی۔ قولہ لا انفصام لہا۔ یہ اللہ تعالے کی طرف سے اہل معرفت کے واسطے امیدواری ہی یعنے جس شخص نے میری رسی کو مضبوط پکڑ لیا تو وہ دونون جہان مین مراد کو پہونچ گیا اور دونون منزل مین کھلا رہا اور جو حوادث پیش آوین وہ اسکی نیک بختی مین کچھ خلل نہین کر سکتے ہین اسواسطے کہ وہ عنایت کی گود مین کفایت کے ساتھ محفوظ کیا گیا ہی۔

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ

اللہ کام بنانے والا ہی ایمان والون کا نکالتا ہی انکو اندھیرون سے اوجالے مین اور وہ لوگ جو منکر ہین انکے رفیق ہین شیطان

يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

نکالتے ہین انکو اوجالے سے اندھیرون مین وہی ہین لوگ دوزخ والے وہی اسی مین رہ پڑے

اَللّٰهُ وَلِيُّ۔ ناصر یا محب۔ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ اللہ تعالے ایسے بندون کا ناصر ہی جو ایمان لائے ف یا مومنون کا محب ہی يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ۔ حالانکہ اللہ تعالے انکو تاریکیون سے نور کی طرف نکالتا ہی۔ ف ولی بروزن فعیل بمعنے فاعل ای ناصر الذین آمنوا یہ مفسر نے پسند کیا اور بیضاوی رحمہ اللہ نے کہا۔ مجھم یا متولی امورہم اور حال واحد ہی اور اگر کہا جاوے کہ جو لوگ ایمان لائے وہ تو ظلمات سے نور کی طرف نکل چکے ہین اور اللہ تعالے نے فرمایا کہ جو لوگ ایمان لائے انکو ظلمات سے نور کی طرف نکالتا ہی پس لازم آتا ہی کہ بعد ایمان کے بھی ظلمات مین تھے پھر انکو نور کی طرف نکالتا ہی اور یہ کیونکر ہو گا خصوص جبکہ واقدی وغیرہ کی روایت کے موافق قرآن مین کہین بھی ہر جگہ ظلمات سے مراد کفر ہی اور نور سے مراد ایمان ہی سوائے سورۂ انعام کے کہ وہان رات و دن مراد ہی تو جواب یہ ہی کہ آمنوا سے مراد وہ لوگ ہین جنکے ایمان دینے کا اللہ تعالے نے ارادہ کیا ہی اور اسکے علم قدیم مین ثابت ہوا ہی کہ وہ ایمان لاوینگے ذکرہ البیضاوی اور دوسرا جواب یہ ہی کہ ظلمات سے وہ شبہات مراد ہین جو کفر کی طرف پہونچاتے ہین پس جو لوگ ایمان لائے انکو اللہ تعالے ایسے شبہات سے نکال دیتا ہی اور نور یعنے کھلی راہ ایمان کی طرف لاتا ہی کہ انکے شبہات دور ہو جاتے ہین اور معنے یخرجہم کے یہ ہین کہ اپنی توفیق و ہدایت انکو دیتا ہی کہ وہ کفر و شبہہ سے نکل جاتے ہین پھر جاننا چاہیے کہ یخرجہم کے معنے حال یا استقبال لینے سے یہ شبہہ پڑتا ہی اور اگر اسکے یہ معنے لیے جاوین کہ موصوفون کے ساتھ اسکی شان یہ ہی کہ انکو ظلمات سے نور کی طرف نکالتا ہی تو شاید اس جواب کی ضرورت نہو کیونکہ جو لوگ ایمان لے آئے ہین انپر بھی یہ صادق ہی کہ انکے ساتھ بھی اللہ تعالے کی وہی شان واقع ہوئی کہ انکو ظلمات سے نور کی طرف نکال دیا۔ پھر ظلمات کو جمع فرمایا کیونکہ کفر کی راہین بہت ہین اگرچہ حکم سب کا ایک ہی ہی کہ کافر ہمیشہ دوزخ مین ہے اور نور کو واحد کیونکہ راہ مستقیم واحد ہی اور وہ توحید باری تعالے ہی۔ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ۔ جو لوگ کافر ہوے انکے اولیاء طاغوت ہین انکو نور سے تاریکیون مین نکالتے ہین ف طاغوت کا لفظ مفرد و جمع دونون پر اطلاق ہوتا ہی جیسا کہ اوپر بیان ہوا ہی اور مؤنث و مذکر دونون طرح آتا ہی چنانچہ یہان مذکر ہی اور دوسری جگہ فرمایا۔ والذین اجتنبوا الطاغوت ان

یعبد وہا پس ضمیر مونث راجع ہوئی اور سراج مین مقاتل سے نقل کیا کہ طاغوت یہان کعب بن الاشرف وجہی بن اخطب اور باقی وہ لوگ ہین جو گمراہی کے ٹلہ تھے - اگر کہا جاوے کہ کافرون کو نور سے ظلمات کی طرف کیونکر نکالتے ہین حالانکہ کافر کبھی نور مین نہ تھا پس اسکا جواب دیا گیا اول آنکہ یہ بطریق مقابلہ ہے کہ اوپر مومنون کے بیان مین ظلمات سے نور کی طرف اخراج تھا یہان نور سے ظلمات کی طرف فرمایا جیسے حضرت یوسف علیہ السلام کا قول نقل کیا کہ انی ترکت ملۃ قوم لا یومنون باللہ الخ مین نے چھوڑی ملت ایسی قوم کی جو اللہ تعالے پر ایمان نہین لاتے ہین حالانکہ یوسف علیہ السلام کبھی کافرون کے ملت مین نہ تھے اور عرب بے سلوکی پر بولتے ہین کہ اخرجتنی من مالک - یعنے تو نے مجھے اپنے مال سے باہر کردیا حالانکہ وہ کبھی اسکے مال مین داخل نہ تھا دوم آنکہ ان یہود کے حق مین ہے جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے آپ پر ایمان رکھتے تھے اور بعد بعثت کے ان طاغوت کی پیروی مین کافر ہوگئے پس نور سے ظلمات کی طرف نکلے سوم آنکہ سراج مین ذکر کیا کہ طبرانی نے ابن عباس سے روایت کی کہ یہ آیت ایک قوم کے حق مین نازل ہوئی جو عیسی علیہ السلام پر ایمان لائے تھے پھر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی تو آپ سے کفر کیا پس نور سے ظلمات کی طرف نکلے چہارم آنکہ نور وہ فطرت الٰہی ہے جسپر بندہ پیدا ہوتا ہے اس سے طاغوت نے ظلمات کفر کی طرف نکالا - اور حق جواب اول ہے قفال اور بیضاوی نے ذکر کیا کہ ایک قوم مرتد کے حق مین نازل ہوئی ہے واللہ اعلم پھر اگر کہا جاوے کہ طاغوت کی طرف اخراج کی نسبت سے ظاہر ہوتا ہے کہ طاغوت بھی اس امر پر قادر ہین اور جواب اسکا بیضاوی وغیرہ نے یہ دیا کہ یہ باعتبار آنکہ سبب ظاہری ہوے ہین اور درحقیقت اسمین قدرت وارادہ باری تعالے موثر ہے اور سورہ سباء و فاطر وغیرہ مین توضیح آویگی - اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ - ایسے ہی کافر لوگ جہنم کے لوگ ہین وہی جہنم مین ہمیشہ رہینگے اور کبھی وہان سے جنت کے قابل نہونگے - فصل وقال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے اللہ ولی الذین آمنوا یخرجہم من الظلمات الی النور - مومنون کو تاریکی عدم سے نکالکر انوار قدم کو کشف فرمایا اور انکا امتحان کے اندھیرے سے مشاہدہ بیان کی طرف لانا اور نیز انکو عبودیت نفس کی تاریکی سے ربوبیت کے جمال کی طرف لایا اور نیز انکو اس لذت سے جو انھون نے مقامات و درجات مین پائی تھی نکالکر مشاہدہ ذات وصفات مین لایا اور نیز بشریت کی کدورت اور تاریکی سے انکو شفقت کے پانی سے پاک کرکے نور ابدیت مین لایا اور ابن عطا نے فرمایا کہ انکو انکی صفتون سے اپنی صفت کے ساتھ مستغنی کردیتا ہے پس انکی صفتین حضرت عزت عزوجل کی صفت کے تحت مین مندرج ہوجاتی ہین جیسے انکے وجود بے بنیاد بھی اللہ عزوجل کے وجود ازلی وابدی وواجبی وقدیم کے تحت مین مندرج ہوجاتے ہین اور انکے حقوق اسکے ذکر حق کے تحت مین ہوجاتے ہین پس ایسا بندہ عارف حق عزوجل کے ساتھ حق کے واسطے حق عزوجل کی معیت مین قائم ہوتا ہے - اور نیز ابن عطا نے کہا کہ اللہ تعالے کے واسطے اپنی جان کو قربان کردینا اور خیرات کردینا جبکہ ایمان کے حکم کے موافق ہووے ہدایت کا نشان ہے اور جو کام کہ اللہ عزوجل نے اپنے دیے ہوے ایمان کے موافق اسپر فرض کیا ہے اسپر قائم ہونا نشان اس امر کا ہے کہ اسکو توفیق الٰہی حاصل ہوئی ہے اور جس کام سے اللہ تعالے نے منع کردیا ہے اس سے باز رہنا نشان اس امر کا ہے کہ اللہ تعالے نے اس بندے کو معصوم کرلیا ہے یعنے گناہ سے بچالیا ہے پس اس طور سے تاریکیان اس بندے سے دور کرنے سے اللہ تعالے نے اسکو ایمان کے نور سے منور کردیا کہ اسکو ولایت حاصل ہو چنانچہ فرمایا - اللہ ولی الذین آمنوا الآیۃ - اور واسطی رحمۃ نے کہا کہ اللہ تعالے انکو انکے نفوس کی تاریکیون سے نکال دیتا ہے کہ نفوس مین تصدیق و تقوی و خواہش رضاے الٰہی وغیرہ نور صفات آجاتی ہین اور ہر وہ چیز حاصل ہوتی ہے جو ازل مین انکے واسطے مقدر ہوگئی تھی اور نیز فرمایا کہ مومنون کو انکے نفوس کی تاریکیون سے نکالکر رضا و صدق و محبت وغیرہ کے نورون کی طرف جو اسکے واسطے ازل سے مقدر ہوگئی ہین لاتا ہے - قولہ تعالے والذین کفروا اولیاءہم الطاغوت - جو لوگ ایسے ہین کہ جنھون نے اپنے اندر عجائب قدرت الٰہی اور اسکی صنعت حکیم کے انوار دیکھکر چھپایا اور جو

والذین کفروا

دلون مین عقل کی چمکین ظاہر ہوتی تھین انکو پوشیدہ کردیا اور بجاے اسکے شہوتون کی لذت مین اور غفلت کے پردون مین جا پڑے تو ایسے لوگون کے متولی وہ طاغوت ہین اور خیالی باطل تصویرون پر مغرور کرنے مین شیطان انکا متولی ہی پس یہ طاغوت ان لوگون کو عقلون کے نور سے نکال کر جہالت وعبادت کے اندھیرے مین ڈالتے ہین۔ قولہ اولئک اصحاب النار۔ ای ایسے لوگ ہین کہ دیدار حق عزوجل سے ہمیشہ مہجور ودور ہوکر جہنم مین ہین۔ خالدون ہمیشہ پڑے رہنے والے ہین انکے واسطے تا ابد کبھی صول ورہائی کی گنجائش نہین ہی

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ

تو نے نہ دیکھا وہ شخص جو جھگڑا ابراہیم سے اسکے رب کے بارہ مین واسطے یہ کہ دی تھی اللہ نے اسکو سلطنت جب کہا ابراہیم نے میرا رب وہی جو

يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ

جلاتا ہی اور مارتا ہی بولا کہ مین ہون جلاتا اور مارتا کہا ابراہیم نے اللہ تو لاتا ہی سورج کو مشرق کی طرف سے

فَاْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِيْ كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝

پھر بھلا تو اسکو لے آ مغرب کی طرف سے تب حیران رہگیا وہ کافر اور اللہ تعالے راہ دیتا ہی نے انصاف لوگون کو

بعض مفسرین نے بیان فرمایا کہ یہ آیت اپنی پہلی آیہ کی تنویر ہی کہ ابراہیم علیہ السلام کو حجت غالب کی ہدایت کی اور نمرود اس دلالت نورانی سے اپنے شیطانی خیالات کی وجہ سے تاریکی کفر مین گیا۔ اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِيْ رَبِّهٖٓ۔ بلفظ استفہام ہی اور معنے تعجب دلانے کے ہی اور حجت اُس دلیل کو کہتے ہین جس سے خصم پر غلبہ ہوا اور استعمال لغت مین ایسے کلام پر بھی آتا ہی جو ناحق جھگڑا ہوا اور یہان یہی مراد ہی اسلیے اسلے مفسرون نے جادل سے تفسیر کی کہ جدال محض جھگڑا کرنے کی بات ہی آور فی ربہ ای فی وجود ربہ یا فی شان ربہ۔ اور معنے یہ ہین کہ تو نے اس شخص کو دیکھا نہین جسنے ابراہیم سے اسکے رب کی شان مین جدال کیا تھا۔ اور یہ شخص جدال کرنے والا بابل کا بادشاہ نمرود بضم نون وآخر دال ہی اور نسب اسکا نمرود بن کنعان بن کوس بن سام بن نوح ہی اور یہ مجاہد وغیرہ کا قول ہی اور بعض نے کہا کہ نمرود بن فالخ بن عابر بن شالخ بن ارفخشد بن سام بن نوح ہی کذا ذکرہ ابن کثیر پھر ذکر کیا کہ مجاہد نے کہا کہ دنیا کے مشارق ومغارب کے مالک چار شخص ہوے دو مومن اور دو کافر پس دونون مومن تو سلیمان وذوالقرنین ہوے اور دونون کافر نمرود وبخت نصر ہوے قال الرحیم اسمین تامل ہی واللہ اعلم بات یہ تھی کہ اسنے انکار کیا تھا کہ میرے سوائے کوئی یہان پروردگار نہین ہی جیسا کہ اسکے بعد فرعون نے اپنے لوگون سے کہا تھا کہ ما علمت لکم من الٰہ غیری۔ مجھے تمھارے لیے میرے سوائے کوئی پروردگار نہین معلوم ہوا پھر نمرود کو اس طغیان وکفر غلیظ ومعاندت شدید پر اسی بات نے آمادہ کیا تھا کہ اسنے تجبر وتکبر کیا اور اسکی بادشاہت کی مدت دراز ہوگئی بیان کیا جاتا ہی کہ چار سو برس بادشاہ رہا اسیواسطے اللہ تعالے نے فرمایا۔ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۔ ای لان آتاہ اللہ الملک۔ (ب) اسوجہ سے کہ اللہ تعالے نے اسکو بادشاہ کیا ف یعنے بادشاہت دینے کا نتیجہ اسنے یہ کیا کہ غرور وسرکشی وحد سے تجاوز کیا اور اس انعام نے اسکو اس محاجت پر آمادہ کیا یا محاجت کی اس وجہ سے کہ اسکو ملک دیا ای اسکی شکر یہ مین اور یہ بطریق عکس ہی جیسے کہتے ہین کہ تو نے مجھسے دشمنی کی اسی سے نہ کہ مین نے تجھپر احسان کیا۔ اِذْ قَالَ اِبْرٰهٖمُ رَبِّيَ الَّذِيْ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۔ جب ابراہیم نے کہا کہ تھا کہ میرا رب وہی جو زندہ کرتا ومارتا ہی ف یہ سنکر اس احمق نمرود نے کہا کہ۔ اَنَا اُحْيٖ وَاُمِيْتُ ۔ مین بھی زندہ کرتا ومارتا ہون ف پس ایک قیدی کو بلیا نسبی کا حکم تھا بلاکر چھوڑ دیا اور ایک بیگناہ کو قتل کردیا جب ابراہیم علیہ السلام نے اسکو اسقدر احمق دیکھا تو۔ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْتِيْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ فَاْتِ بِهَا

مِنَ الْمَغْرِبِ - ابراہیم نے کہا کہ اچھا پھر اللہ تعالے تو سورج کو مشرق سے لاتا ہی پس تو اسکو مغرب سے نکال ف تاکہ تیری الوہیت معلوم ہو فَبُهِتَ الَّذِي كَفَرَ - پس مبہوت ہوکر رہگیا یہ مرد وہ جسنے کفر کیا تھا ف اور کچھ جواب دے سکا - وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ - اور اللہ تعالے ظالمون کو ہدایت نہین دیتا ہی ف کہ وہ راستی و سچائی پر آوین اور اسکو سمجھین اور محبت لاوین - اور شیخ ابن کثیر رح نے فرمایا اور بات یہ ہوئی کہ اسنے ابراہیم علیہ السلام سے چاہا کہ جس اپنے پروردگار کی طرف تم بلاتے ہو اسکے ہونے پر کیا دلیل ہی تو ابراہیم نے فرمایا کہ ربی الذی یحیی ویمیت - ای میرے پروردگار کے وجود پر ان چیزون کا پایا جانا دلیل ہی کہ یہ چیزین مشاہدہ ہوتی ہین بعد از انکہ نہ تھین اور ہوکر پھر معدوم ہوجاتی ہین پس دلیل ہی کہ ایک فاعل مختار موجود ہی کیونکہ یہ چیزین خود نہین حادث ہوئی ہین پس انکا ایجاد کرنے والا ایسا ضرور ہی کہ اسنے جب چاہا ایجاد کیا اور جب چاہا معدوم کیا اور وہ مختار ہی پس وہی میرا رب ہی جسکی عبادت کی طرف بلاتا ہون کہ فقط اسکی عبادت کرو شریک مت لاؤ تو نمرود نے کہا کہ انا احیی واُمیت - قتادہ و محمد بن اسحاق و سدی وغیرہم بہتون نے یہ معنے بیان کیے کہ اسنے یہ جواب دیا کہ مین زندہ کرتا اور مارتا ہون اسطرح کہ میرے پاس دو شخص ایسے لائے جاتے ہین جو مستحق قتل ہین پھر مین ایک کے قتل کا حکم دیتا ہون اور دوسرے کو چھوڑتا ہون عفو کر دیتا ہون پس وہ نہین قتل کیا جاتا اور یہی زندہ کرنے اور مارنے کے معنے ہین شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہ ظاہر ہی کہ اسکی یہ مراد نہ تھی واللہ اعلم کیونکہ یہ قول ابراہیم کا جواب نہین ہی اور نہ اسکے معنے مین ہی کیونکہ نمرود تو خالق کے وجود سے منکر تھا بلکہ اسکی مراد یہ ہی کہ یہ مرتبہ اسنے اپنے واسطے عناد و مکابرہ کے طور پر دعوی کیا اور وہم مین ڈالا کہ یہ تو مین ہی کرتا ہون یعنے جو زندہ و پیدا ہوتا ہی وہ میرے حکم سے ہوتا ہی اور جو مرتا ہی وہ میرے حکم سے مرتا ہی اسیواسطے جب اسنے یہ مکابرہ کیا تو ابراہیم علیہ السلام نے اس سے کہا کہ - فان اللہ یاتی بالشمس من المشرق فات بہا من المغرب - یعنے فاء تفریع کے ساتھ فرمایا کہ جب تو ایسا ہی کہ جیسا تو دعوی کرتا ہی کہ تو ہی پیدا کرتا اور تو ہی موت دیتا ہی تو جو شخص زندہ کرتا و مارتا ہی وہی مخلوق کے وجود مین متصرف ہی اور اسکے اختیار مین مخلوق کی ذات و تسخیر کواکب و حرکات ہین پس یہ شمس جو ہر روز مشرق سے نکلتا ہی اور مغرب مین ڈوبتا ہی اگر تو ہی متصرف وجود ہی تو اسکو مغرب سے بھی نکال دے پس نمرود نے جانا کہ اس سے مین عاجز ہون اور یہان مکابرہ بھی نہین چل سکتا ہی تب مبہوت ہوگیا اسی چپ ہوگیا اور کچھ جواب نہ دے سکا اور حجت اسپر قائم ہوگئی اور فرمایا اللہ تعالے نے واللہ لا یہدی القوم الظالمین - ای کافرون کو اللہ تعالے حجت نہین الہام فرماتا ہی بلکہ انکی حجت پروردگار کے نزدیک مٹی ہوئی ہی - قال المنزجم یہ تقریر شیخ رحمہ اللہ کی مستحسن ہی اور جماعت مفسرین نے جو احیا و امانت کے معنے موافق تقریر شیخ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ کے بیان کر کے نمرود کی عبادت پر محمول کیا ہی وہ مستبعد ہی کیونکہ ایسی عبادت کے ساتھ اتنی بڑی سلطنت کیونکر رکھ سکتا ہی اور نیز یہ لازم آتا ہی کہ حضرت ابراہیم نے اول حجت کو چھوڑ کر دوسری حجت واضح کی طرف انتقال کیا اور شیخ ابن کثیر کی تحریر پر یہ بھی لازم نہین آتا اور - قولہ فان اللہ یاتی فاء کا ربط بھی خوب چسپان ہی اور خود شیخ ابن کثیر رح نے فرمایا کہ آیہ کریمہ کے یہ معنے لینا بہت اچھے ہین بہ نسبت اسکے جسکو بہتیرے منطقیون نے ذکر کیا ہی کہ ابراہیم علیہ السلام نے اول مقام کو چھوڑ کر دوسرے مقام کی طرف انتقال کیا اسوجہ سے کہ دوسری دلیل بہ نسبت اول کے زیادہ واضح تھی حالانکہ ایسا نہین ہی جیسا ان لوگون نے کہا بلکہ مقام اول تو مقام دوم کے واسطے مثل بمنزلہ مقدمہ کے ہی اور قول نمرود کا اول و دوم دونون سے باطل ہوا و للہ الحمد و المنۃ اور سدی رح نے ذکر کیا کہ ابراہیم و نمرود کے درمیان یہ مناظرہ اسوقت واقع ہوا کہ ابراہیم علیہ السلام آگ سے سلامت نکل آئے تھے اور کبھی اس سے پہلے نمرود کے پاس بیجا نہین ہوئے تھے مگر اسی روز پس دونون کے درمیان یہ مناظرہ واقع ہوا اور عبدالرزاق نے عن معمر عن زید بن اسلم روایت کی کہ قحط مین نمرود کے پاس اناج تھا اور لوگ ہر روز اسکے پاس اناج کے واسطے جایا کرتے پس ابراہیم بھی ان لوگون مین آئے تھے جو اناج کے لیے اسکے پاس بھیجے گئے تھے پس ابراہیم سے اسنے یہ مناظرہ کیا اور ابراہیم کو کچھ اناج

یہ دیا جیسے لوگون کو دیا پس جب نکلے تو انکے پاس کچھ اناج نہ تھا پس جب گھر کے قریب پہونچے تو ایک تودہ ریگ پر جا کر اپنی گونون مین ریگ بھر لی اور سوچ لیا کہ میری گھر والی میرے جانے پر اسکو دیکھکر تسکین پاوینگی اور مین ذرا بے فکر بیٹھ سکونگا پس جب گھر مین داخل ہوئے تو گونین کھولین اور خود نکیدکر سو رہے پس انکی بیوی سارہ رضی اللہ عنہا اٹھین تو دونون گونون کو عمدہ گیہون سے بھرا پایا اور کھانا تیار کیا پھر جب ابراہیم اُٹھے تو دیکھا کہ تیار کھانا موجود ہی پوچھا کہ یہ تجھے کہان سے ملا اسنے جواب دیا کہ تم جو لائے ہو اسی مین سے مین نے دیا ہی تو حضرت ابراہیم سمجھ گئے کہ یہ اللہ تعالے نے رزق دیا ہی۔ زید بن اسلم نے فرمایا کہ اس نمرود مغرور کی طرف اللہ تعالے نے ایک فرشتہ بھیجا اسنے نمرود کو ایمان لانے کا حکم کیا مگر اسنے انکار کیا پھر دوبارہ اسکو ایمان کی دعوت کی مگر اسنے انکار کیا پھر تیسری بار اسکو ایمان کی دعوت کی مگر اسنے انکار کیا پس کہا کہ تو اپنے لشکرون کو جمع کر اور مین اپنا لشکر جمع کرتا ہون پس نمرود نے اپنے لشکر جمع کر کے طلوع آفتاب کے وقت روانہ کیے اور اللہ عزوجل نے انپر ایک جھنڈ مچھرون کا بھیجا کہ انکے سبب سے آفتاب کا گرد انہین دکھلائی دیتا تھا اور اللہ تعالے نے مچھرون کو انپر مسلط کر دیا کہ مچھرون نے ان سب کا خون پی لیا اور گوشت کھا گئے اور خالی ہڈیان چھوڑ دیا۔ ان مین سے ایک مچھر اس نمرود کی ناک مین گھس گیا اور وہان چپٹ رہا کہ اسکے سر پر جوتے پڑا کرتے تھے تب تسکین ہوتی تھی یہانتک کہ جب تک جیا اس عذاب مین گرفتار رہا آخر کار مر گیا اور یہ حالت اسکی چار سو برس تک رہی ہکذا ذکرہ ابن کثیر اور محی السنہ نے ذکر کیا ہی کہ چار سو برس تک اس سے پہلے وہ اپنے آپکو خدا کہلایا کیا پس اللہ تعالے نے اسیقدر مدت اسکو اس ذلت مین گرفتار رکھا اور اس حال مین وہ ایسے شخص سے نہایت راضی تھا اور بڑا مہربان جانتا تھا جو اسکے سر پر دو جوتے مارے اور اسی نے نہایت بلند مینار بنایا تھا تاکہ آسمان والون سے قتال کرے اور اللہ تعالے نے اسکو ڈھا دیا جیسا کہ سورۂ غافر مین انشاء اللہ تعالے یہ قصہ بیان کرونگا قولہ بہت الذی کفر۔ بہت بصیغہ معروف و مجہول جیکا آگے زبان چلے اور متحیر ہو کر چپ ہو جائے اور الذی کفر فرمایا نہ الذی حاج۔ تاکہ اشعار ہو کہ ایسی حماقت بھی کفر ہی

أَوْ كَالَّذِي مَرَّ عَلَىٰ قَرْيَةٍ وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلَىٰ عُرُوشِهَا قَالَ أَنَّىٰ يُحْيِي هَٰذِهِ اللَّهُ بَعْدَ

یا جیسے وہ شخص کہ گذرا ایک شہر پر اور گرپڑا تھا اپنی چھتون پر بولا کہان جلاویگا اسکو اللہ تعالے اسکے مرنے

مَوْتِهَا ۖ فَأَمَاتَهُ اللَّهُ مِائَةَ عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهُ ۖ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ۖ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا أَوْ

پیچھے پس موت دیرکھا اللہ نے اسکو سو برس پھر اسکو اُٹھایا فرمایا تو کتنی دیر رہا بولا مین رہا ایک دن یا

بَعْضَ يَوْمٍ ۖ قَالَ بَل لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانظُرْ إِلَىٰ طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۖ

دن سے کچھ کم فرمایا نہین بلکہ تو رہا سو تو دیکھ اپنے کھانے اور پینے کو کہ بگڑا نہین ہی

وَانظُرْ إِلَىٰ حِمَارِكَ وَلِنَجْعَلَكَ آيَةً لِّلنَّاسِ ۖ وَانظُرْ إِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنشِزُهَا ثُمَّ

اور دیکھ اپنے گدھے کو اور تجکو ہم کیا چاہین نمونہ لوگون کے لیے اور دیکھ ہڈیون کو کہ کیونکر ہم انکو ابھارتے ہین پھر

نَكْسُوهَا لَحْمًا ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهُ قَالَ أَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ

آپر گوشت پہناتے ہین پھر جب اسپر کھل گیا بولا کہ مین جانتا ہون کہ اللہ ہر چیز پر قدرت والا ہی

أَوْ۔ رایت۔ كَالَّذِي مَرَّ۔ یا دیکھا تو نے اس شخص کو جو گذرا تھا۔ عَلَىٰ قَرْيَةٍ۔ سی بیت المقدس اکبا علی حمار و معہ سلۃ تین وقر عصیر و ہو عزیر۔ ایک شہر پر فاوہ بیت المقدس ہی پس گذرا یہ شخص اس شہر پر درحالیکہ سوار تھا اپنے گدھے پر اور اسکے ساتھ

ایک ٹوکری انجیر کی اور ایک پیالہ شیرہ انگور کا تھا اور یہ شخص حضرت عزیر علیہ السلام تھے جب بیت المقدس کیطرف ہوکر گذرے تو دیکھا کہ۔ وَ هِيَ خَاوِيَةٌ ۔ ساقطہ۔ وہ گرا پڑا تھا۔ عَلٰى عُرُوْشِهَا ۔ سقوفہا لما خربہا بخت نصر۔ اپنی چھتوں پر یعنے چھت گری پھر دیوارین یعنے بالکل برباد تھا۔ اور یہ اسوجہ سے تھا کہ بخت نصر نے اس شہر کو اجاڑ کر کھنڈل کر دیا تھا۔ قَالَ اَنّٰى ۔ کیف۔ يُحْيٖ هٰذِهِ اللّٰهُ بولا کیونکر اور کس کیفیت سے اسکو زندہ آباد کریگا اللہ تعالےٰ۔ بَعْدَ مَوْتِهَا ۔ اسکے اُجاڑ ہونے کے بعد ف یعنے اب بھلا کسطرح آباد ہوگا۔ یہ جو کہا تھا تو اللہ تعالےٰ کی قدرت کی بزرگی خیال کر کے کہا کہ اسکی شان بزرگ ہے کہ پھر یہ آباد ہوگا۔ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ ۔ والبتہ مِائَةَ عَامٍ پس موت دیدی اسکو اللہ تعالےٰ نے اور ٹھہرا دیا سو برس تک یعنے وہین پڑے رہے۔ ثُمَّ بَعَثَهٗ ۔ پھر اسکو زندہ کیا تاکہ یہ کیفیت اسکو دکھلاوے۔ قَالَ ۔ تعالےٰ اللہ تعالےٰ نے عزیر سے فرمایا۔ كَمْ لَبِثْتَ ۔ مکثت ہہنا۔ کتنی مدت ٹھہرا تو اس مقام پر۔ قَالَ لَبِثْتُ يَوْمًا اَوْ بَعْضَ يَوْمٍ ۔ عرض کیا کہ ایک دن یا کچھ کم۔ لانہ نام اول النہار فقبض واحیی عند الغروب فظن انہ یوم النوم۔ کیونکہ وہ دن چڑھتے مین سوئے تھے پس انکی روح قبض کر لی گئی اور غروب آفتاب کے وقت جلائے گئے تو انکا گمان ہوا کہ یہ وہی دن ہے جسمین مین سویا تھا قَالَ بَلْ لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ ۔ فرمایا بلکہ تو سو برس ٹھہرا رہا ف اب قدرت کا تماشا دیکھ۔ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَ شَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۔ لم یتغیر مع طول الزمان۔ پس اپنے کھانے و پانی کو دیکھ کہ وہ بگڑا نہین یعنے باوجودیکہ اسقدر زمانہ درا ز ہو گیا۔ اور لم یتسنہ مین جما رہے بعض نے کہا کہ اصلی ہے اور بعض نے کہا کہ سکتہ کے واسطے بڑھائی گئی ہا و فعل سانیت سے ہے اور حمزہ و کسائی کی قرأۃ مین یہ ہا حذف ہی حالت وصل مین۔ حاصل کلام کہ انجیر و شیرہ انگور کے بگڑنے کی چیز اس سو برس مین نہین بگڑی یہ بھی تیرے واسطے دلیل قدرت ہے وَانْظُرْ اِلٰى حِمَارِكَ ۔ اور اپنی سواری کا گدھا دیکھ۔ کیف ہو فزاہ میتا وعظامہ بیض تلوح کہ وہ کس حال مین ہے۔ دیکھا تو مردار پڑا ہے اور اسکی ہڈیان بے گوشت کی سپید چمکتی ہین یہ سب کچھ تیرے واسطے نشان قدرت کیا تاکہ تم دیکھ لو۔ وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ ۔ تاکہ ہم تجکو بناوین نشانی حشر مین اوٹھائے جانے کی لوگون کے واسطے یعنے تجکو دیکھکر لوگ یقین کرین کہ اللہ تعالےٰ جب چاہے مردے کو زندہ فرماوے کیونکہ عزیر علیہ السلام کو سو برس بعد زندہ کر دیا۔ پھر عزیر علیہ السلام کو فرمایا۔ وَانْظُرْ اِلَى الْعِظَامِ ۔ من حمارک اپنے گدھے کی ہڈیون کو دیکھ۔ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ۔ نحییہا کہ کیونکر ہم ان ہڈیون کو زندہ کرتے ہین ف تاکہ تو آنکھون دیکھے منشزہا بالضم اون دسکون نون دوم و کسر شین معجمہ و ضم زے معلہ ہی اور اسی سے حشر و نشر بولتے ہین اور اہل کوفہ کی قرأۃ مین بضم نون و آخر زاے معجمہ سے آیا ہی یعنے اٹھکر ہڈیون کو ہم حرکت دیتے اور انکو اٹھاتے ملاتے ہین۔ ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ۔ پھر کیونکر ہم ان ہڈیون کو گوشت پہناتے ہین فنظر الیہا وقد تر کبت وکسیت لحما ونفخ فیہ الروح ونہق۔ پس عزیر نے اسکو دیکھا اور حال یہ گذرا کہ دیکھتے ہی دیکھتے وہ ایک دوسرے سے ملائی گئین اور اوپر گوشت چڑھایا گیا اور روح پھونکی گئی اور وہ گدھا رینکتا اٹھا۔ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۔ ذلک بالمشاہدۃ۔ پھر جب کھل گیا اسپر یعنے ف مشاہدہ کر لینے سے۔ قَالَ اَعْلَمُ ۔ علم مشاہدۃ۔ کہنے لگا کہ مین جانتا ہون آنکھون دیکھا جانتا کہ۔ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔ اللہ تعالےٰ ہر چیز پر قادر ہی اور حمزہ اور کسائی کی قرأۃ مین اعلم بصیغۂ امر ہی پس اللہ تعالےٰ کی طرف سے عزیر کو امر ہی یعنے دیکھکر جان لے کہ اللہ تعالےٰ مین سب قدرت ہی قریہ بمعنے اکٹھا کیونکہ گانون و شہر جامع ہیوت یا اہل قریہ ہوتا ہی اور خاویہ از خوی در اصل بمعنے خلو ہی اسی سے بھوکہ کو خوی کہتے ہین کہ پیٹ خالی ہوتا ہی اور بعض نے کہا کہ ماخوذ از خوی البیت ہی یعنے سقط البیت اور ابن عباس نے فرمایا کہ خاویہ اسی خراب یعنے کھنڈل اور سدی نے کہا کہ خاویۃ علی عروشہا اسی چھت پہلے گری پھر اسپر دیوارین گرین اور اسکو ابن جریر نے اختیار کیا اور ظاہر

یہ ہو کہ یہ محاورہ ایسا ہی جیسے ہم کہتے ہین کہ چھت کے بل گر پڑا پس دیوارون کا گرنا ضرور نہین جیسے ثابت رہنا ضرور نہین پس ارجح تفسیر حضرت ابن عباس ہی واللہ اعلم پھر جاننا چاہیے کہ قریہ کی تفسیر مین اختلاف ہی اور وہب و عکرمہ و ربیع بن انس و قتادہ نے کہا کہ وہ بیت المقدس ہی جسکو بخت نصر بادشاہ بابل نے خراب کر ڈالا تھا اور یہی مشہور اور راجح ہی اور کمالین مین کہا کہ حضرت عیسیٰ حضرت یحیی علیہما السلام کی پیدایش سے چار سو برس پہلے جب بنی اسرائیل نے شعیاء کو قتل کیا تو اس عذاب مین بخت نصر انپر غالب کیا گیا جسنے بالکل برباد کر دیا۔ اور اسمین اختلاف ہی کہ یہ گذرنے والا کون شخص تھا پس وہب بن منبہ و عبد اللہ بن عبید سے روایت ہی کہ وہ ارمیا بن خلقیا تھے اور یہ خضر علیہ السلام کا نام ہی اور بعض نے کہا حزقیل بن بوار تھے اور مجاہد سے روایت ہی کہ وہ ایک شخص بنی اسرائیل مین تھا اور مشہور یہ ہی کہ وہ عزیر علیہ السلام تھے اور یہی ابن ابی حاتم نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا اور ابن جریر نے اسکو ناجیہ بن کعب سے روایت کیا اور ابن جریر و ابن ابی حاتم نے کہا کہ یہی قول ابن عباس و حسن و قتادہ و سدی و سلیمان بن بریدہ کا ہی و ذکرہ ابن کثیر اور یہی ارجح ہی۔ اور رہی یہ بات کہ یہ کہان تھے کیونکہ بخت نصر نے جب بنی اسرائیل پر حملہ کیا تو لڑائی مین کثرت سے بنی اسرائیل مارے گئے پھر اسنے بلاد زمین مقدسہ کی بنی اسرائیل جمع کر کے تین حصہ کیے ایک حصہ کو قتل کر دیا اور ایک حصہ کو باندی غلام بنایا اور ستر ہزار لڑکے لیکر اپنے سردارون مین بانٹ دیے اور ایک تہائی کو یہان لیا رہا تھا پس شاید یہان لوگون مین سے ہونا جو بسائے گئے تھے اور شاید کہ بابل سے چھوٹ آئے ہون اور معالم مین وہب بن منبہ کی روایت مین آیا ہی کہ گذرنے والا اقرار دینے کی تقریر پر بیان کیا ہی کہ وہ جنگلون کے جانورون مین جا ملے تھے واللہ اعلم۔ بہرحال آیہ کریمہ کا مطلب ان اقوال مین سے کسی پر موقوف نہین ہی وہ خود ظاہر ہی اگرچہ ان تفسیرون مین سے کوئی معلوم ہو یہ تفاسیر تو صرف زوائد توضیح کے واسطے ہین قال ابن کثیر مشہور یہ ہی کہ وہ قریہ بیت المقدس کیطرف گذرنے بعد تخریب بخت نصر کے اور اسکے لوگون کے قتل ہو جانے کے اور بیت المقدس کی حالت یہ تھی کہ وہ خراب پڑا تھا اسمین کوئی نہ تھا و قولہ علی عروشہا ای اسکی چھتین گری پڑی تھین اور اسپر دیوارین منہدم تھین تو کہا کہ انی یحیی ہذہ اللہ بعد موتہا۔ اور یہ وجہ سے کہا تھا کہ وہ شدت سے برباد تھا تو مستبعد جانا کہ اب کیونکر یہ اصلی حالت پر آویگا قال المترجم اور بیضاوی نے کہا کہ یہ قول انکا اس اقرار کے طور پر تھا کہ زندہ کرنے کے طریق سے مجھے آگاہی نہین ہی۔ اور ابو السعود نے کہا کہ اسکی خرابی پر افسوس اور اسکی عمارت کے شوق کے طور پر مع اشعار پاس کے کہا تھا اور شیخ مفسر نے اختیار کیا کہ یہ قدرت الٰہی کے استفہام کے طور پر تھا یعنے اسکی قدرت عظیم ہی کہ ایسے خراب شدہ کو بھی زندہ کر دیگا پس اللہ تعالے نے انکو اس سے بھی بڑھکر دکھایا کہ جسکا بیان آگے موجود ہی اور اس تقریر پر قولہ اعلم ان اللہ علی کل شیء قدیر بمنابہت مرتبط ہی یعنے یہ قدرت اس سے بڑھکر دیکھکر کہا کہ ہان مین جانتا ہون کہ اللہ تعالے سب چیز پر قادر ہی اور اب تو مجھے مشاہدہ ہو گیا و فی تفسیر ابن کثیر وغیرہ جب انھون نے ایسا کہا تو اللہ تعالے نے انکو سو برس کے لیے موت دیدی یا یون طور کہ وہ ایک گدھے پر سوار گذرے تھے اس مقام پر اس سے اتر کر گدھے کو باندھ دیا اور انکے ساتھ ٹوکری مین انجیر و انگور تھے اور پینے کے لیے شیرہ انگور تھا یہ سب رکھدیا اور خود سو رہے پس سو نے مین انکی روح قبض کر لیگئی اور یہ دن چڑھتے ہوے واقع ہوا پھر شہر مذکور انکے موت کے ستر برس بعد بدستور آباد ہو گیا یا یون طور کہ بخت نصر مر گیا اور بنی اسرائیل اسکے پنجہ سے چھوٹ کر پھر شام مین آئے اور بیت المقدس آباد کیا اور معالم وغیرہ کی روایت مین ہی کہ عزیر علیہ السلام جہان پڑے تھے اس سے اللہ تعالے نے لوگون کی آنکھون پر پردہ کر دیا کہ کسی نے انکو نہین دیکھا یہانتک کہ سو برس پورے ہوے پس جب اللہ تعالے نے اسکو زندہ کیا تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت کیا گیا ہی کہ پہلے انکے بدن سے دونون آنکھین زندہ کر دین تاکہ اپنے مین قدرت الٰہی کو مشاہدہ کرین کہ باقی تمام بدن کیونکر زندہ ہوتا ہی پھر جب پورے زندہ ہو کر ٹھیک ہو گئے تو اللہ تعالے نے بواسطہ فرشتہ کے عزیر کو کہا کہ کم لبثت۔ تو عزیر نے جواب دیا کہ لبثت یوما او بعض یوم کیونکہ وہ چڑھتے

دن مین سوئے تھے اور جب زندہ کیے گئے ہین تو آفتاب ڈوبنے سے پہلے آخر دن تھا اس سے انھون نے یہ گمان کرکے کہ وہی دن ہی کہا کہ او بعض یوم - تو اللہ تعالے نے فرمایا کہ بل کبثت مائۃ عام - اور حکم دیا کہ اپنے کھانے کو دیکھ کہ وہ متغیر نہین ہوا - اور انکے ساتھ انجیر و انگور و اسکا شیرہ تھا - عزیر نے دیکھا تو اسمین سے کچھ متغیر نہین ہوا اور حکم دیا کہ وانظر الی حمارک ای اپنے گدھے کو دیکھ کہ اللہ عزوجل اسکو کس کیفیت سے زندہ فرماتا ہی اور سدی وغیرہ نے فرمایا کہ گدھے کی ہڈیان ادھر متفرق ہوگئی تھین پس انھون نے دیکھا تو سفید سفید چمکتی تھین پس اللہ تعالے نے ایک ہوا بھیجی سنے تمام ہڈیان اس مقام سے جمع کردین پھر حکم الہی سے ہر ہڈی اپنے مقام پر لگی اور ہڈیون کا گدھا کھڑا ہو گیا کہ اسپر گوشت نہ تھا پھر اللہ تعالے نے اسپر گوشت پٹھے رگین کھال چڑھ جانے کا حکم دیا پھر اللہ تعالے نے ایک فرشتہ بھیجا جسنے اسکے نتھنون مین روح پھونکی کہ وہ بولتا زندہ جانور ہو گیا پھر جو فرمایا ہم کہ ہم تجکو لوگون کے واسطے اس بات کی نشانی کردین کہ حشر کے واسطے زندہ ہونا برحق ہی تو اسطرح کہ عزیر علیہ السلام زندہ ہو کر اسی سو سال پر روانہ ہوے جس سن برس تھے اور شہر مین پہنچے تو انکے بیٹے پوتے بڈھے ہو گئے تھے اور انھون نے علامات سے انکو پہچانا و معالم مین یہ قصہ دراز نقل کیا ہی ظاہر روایت اسرائیلیات ہی واللہ اعلم - فصل فی العرائس قولہ تعالے - انّی یحیی ہذہ اللہ بعد موتہا - عزیر علیہ السلام مشاہدۂ کی خواہش مین پڑے تاکہ اس مشاہدہ کے نور مین اس مقدور کے اندر قادر عزوجل کو مشاہدہ کرین اور نیز انکا تعجب کرنا قدرت مین کچھ بنظر شک نہین تھا ولیکن یہ خاطر کاملون تھا کہ انکو مقام ایمان سے مقام مشاہدہ حال کی طرف لے گیا کہ یہان ظاہر ہو - اور نیز انھون نے تفکر کیا تاکہ معرفت حاصل کرین نہ اپنے درجہ حاصلہ سے زائد مقام مین ترقی کرین - قال المترجم اس کلام سے ظاہر ہوتا ہی کہ مراتب انبیا علیہم السلام مین بھی ہر نبی اپنے مرتبہ خاص کے درجون مین ترقی کرتا ہی اور ابتدا سے اس منزلت کے تمام درجہ اسکو حاصل نہین ہوتے ہین اور یہی قول تحقیق معلوم ہوتا ہی اور اسی پر منتفع ہوتا ہی کہ مثلاً نوح علیہ السلام کو دعوت قوم کا حکم دیا گیا تھا کہ اپنی قوم کو ایمان کی طرف دعوت کرین اور وہ لوگ انکو ایذا دیتے تھے اور ایمان نہین لاتے تھے ضرور حضرت نوح کو ملال ہوتا تھا پھر آخر کار انکو حکم دیا کہ انہ لن یؤمن من قومک الا من قد آمن فلا تبتئس بما کانوا یعملون - پس جب یقین تھا کہ کوئی اور ایمان ہی نہ لائیگا تو دعوت کرنے کا کیا فائدہ تھا پس جواب یہ کہ حضرت نوح علیہ السلام کے مدارج پورے ہونے کے واسطے تھا فافہم - اور عزیر و ابراہیم علیہما السلام دونون کے سوالون مین فرق یہ تھا کہ ابراہیم علیہ السلام تو مقام تمکین مین تھے تو اللہ تعالے نے انکو دوسری چیز یعنی قدرت کا مشاہدہ دیا اور عزیر علیہ السلام محل تلوین مین تھے پس انکو انکی ذات مین مشاہدہ قدرت دیا تاکہ انکا قلب نور صفات مین ملکر فعل قدیم کی حقیقت تک پہنچے اور محل تمکین مین استوار ہو - اور نیز خلیل علیہ السلام کا مقام تو مقام انبساط تھا اور مقام عزیر علیہ السلام کا مقام تحیر تھا پس خلیل علیہ السلام نے انبساط کے درخواست کی کہ انکو آیات کے لباس مین صفات کا مشاہدہ نصیب کیا جاوے پس انکو دوسری چیز مین انکی درخواست دکھلائی گئی کیونکہ وہ خود تو انوار قدرت سے بھرے ہوے تھے اور اپنے حال پر اور زیادہ چاہتے تھے اور عزیر علیہ السلام کا تعجب کرنا اسوجہ سے تھا کہ وہ اسرار ربوبیت مین نہایت متحیر ہو گئے تھے یعنی انکا قدم مقام تحیر مین جما ہوا تھا پس اللہ تعالے نے انکو دکھلانے کے واسطے انکی ذات مین نشانیان دکھلادین اور خلیل اللہ علیہ السلام کے ساتھ ایسا نہین ہوا کیونکہ انبساط کے مقام والے لوگون سے مواخذہ نہین ہوتا ہی اور نیز خلیل ع کا سوال تو مشاہدہ کے درخواست مین ہی اور عزیر علیہ السلام کا حال یہ ہی کہ انھون نے کمال قدرت مین متحیر ہو کر تعجب کیا اور نشانی طلب کی تاکہ وحدانیت کو اپنے دل مین اللہ تعالے کی قدرت سے مضبوط کرلین - اور نیز خلیل علیہ السلام کا مقام تو صفات کی تجلیان ایک ہو جانے کا مقام ہی اور عزیر علیہ السلام کا جو مقام ہی وہ افعال کی تجلیات ایک ہو جانے کا مقام ہی پس صفات کی تجلی حضرت خلیل کے دل کو ملی کیونکہ فرمایا ولکن لیطمئن قلبی اور افعال کی تجلی حضرت عزیر کی صورت کو ہوئی تاکہ انکے واسطے علم کا حاصل ہونا حضرت قادر ذو الجلال

کی قدرت سے ہو کیونکہ کہا اعلم ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ اور نیز خلیل علیہ السلام کو اختصاص دیا گیا تھا تجلی صرف کے ساتھ بدون اسکے کہ انکی ذات میں آیات دکھلائی جاویں پس اسکی حاجت نہوئی کہ وہ مار ڈالے جاویں پھر زندہ کیے جاویں اسواسطے کہ حق عزوجل کی تجلی صرف تو انہیں بلا واسطہ آیات کے ہوتی تھی ولیکن اسکے محتاج تھے کہ حق کی تجلی کو اپنے غیر میں دیکھیں پس انکو دو منزلت سے اختصاص ہو جاوے یعنے تجلی صرف سے اور تجلی التباس سے لہذا غیر میں انکو تجلی دی گئی اور حضرت عزیر علیہ السلام کے واسطے مشاہدہ خاص تھا پس اسکے محتاج ہوئے کہ اسکو اپنی ذات غیر میں دیکھیں تاکہ انکے واسطے ہر دو مقام کی تجلی حاصل ہو جاوے اگرچہ وہ تجلی صرف ویسی نہو جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو حاصل ہوئی چنانچہ یہی ہوا کہ حضرت عزیر نے جب اپنی ذاتی واقعہ کی تجلی کو مشاہدہ کر لیا تو انسے کہا گیا کہ فانظر الی طعامک وشرابک۔ اور یہ مشاہدہ آپکی اپنے غیر میں ہے۔ اور نیز حضرت خلیل علیہ السلام تو کشف معاینات کے مقام میں زندہ ہونے کی حالت ہی میں پہونچ گئے تھے پھر انکے واسطے ملکوت اشیاء کو کشف کیا گیا تاکہ نشانیوں و آیات میں سے نور مشاہدہ حق کو حاصل کریں اور اسکی احتیاج نہوئی کہ انکی روح انکے حواس سے غائب ہوئے تب معائنہ حق کو دیکھیں کیونکہ وہ حال صحو میں تھے اور عزیر علیہ السلام اسوقت میں مقام معائنہ کو نہیں پہونچے تھے پس اللہ تعالے نے انکو صورت سے غائب کر دیا بایں طور کہ موت دیدی پس جب اس موت سے نجات دیدی تو حالت غیبت میں انکو مشاہدہ حق دکھلایا کیونکہ وہ حالت سکر میں تھے پھر جب وہ موت سے بیدار ہوئے تو حالت صحو میں بھی وہی دیکھا جو حالت سکر میں دیکھا تھا ولیکن جو کچھ حالت سکر و حالت غیبت میں دیکھا تھا وہ مشاہدہ روحی تھا اور جو حالت صحو میں دیکھا وہ مشاہدہ عیان تھا۔ اور بعض اکابر نے کہا کہ ابراہیم علیہ السلام کو مردہ کا زندہ کرنا دوسری چیز میں دکھلایا گیا اور عزیر علیہ السلام کو انکی ذات میں دکھلایا اسوجہ سے کہ ابراہیم علیہ السلام نے سوال میں تلطف کیا تھا کہ ورنہ کہا کہ ارنی۔ پس غیر چیز میں انکو دکھلایا گیا اور عزیر علیہ السلام نے قدرت میں تعجب کیا تو یہ نہیں دیکھتا کہ عزیر کے قصہ کو ایمان پر ختم کیا کہ فرمایا اعلم ان اللہ علی کل شئی قدیر۔ اور خلیل علیہ السلام کے قصہ کو عزت و حکمت پر ختم کیا چنانچہ فرمایا واعلم ان اللہ عزیز حکیم۔ اسواسطے کہ خلیل نے اظہار حکمت و مشاہدہ عزت کا سوال کیا تھا اور عزیر نے قدرت سے تعجب کیا تھا پس ہر ایک کو اپنے سوال کے موافق جواب دیا گیا قال المترجم یہ قول اخیر اگرچہ درست ہو ولیکن اس سے کوئی خلاف حکمت مذکورہ بالا اقوال مذکورہ بالا نہیں ہوتا کیونکہ درخواست ہر ایک کی اپنے مرتبہ پر تھی اور قصہ خلیل سے مراد ہے کما قال تعالے

وَإِذْ قَالَ إِبْرَاهِيمُ رَبِّ أَرِنِي كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتَىٰ ۖ قَالَ أَوَلَمْ تُؤْمِنْ ۖ قَالَ بَلَىٰ وَلَٰكِن

اور جب کہا ابراہیم نے اے رب دکھا مجکو کیونکر جلاویگا تو مردے فرمایا کیا تو نے یقین نہیں کیا بولا کیوں نہیں ولیکن

لِّيَطْمَئِنَّ قَلْبِي ۖ قَالَ فَخُذْ أَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ إِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ عَلَىٰ كُلِّ جَبَلٍ

اسواسطے کہ تسکین ہو میرے دل کو فرمایا تو پکڑ چار جانور پرندوں سے پھر انکو ہلا اپنے ساتھ پھر ڈال اوپر ہر پہاڑ کے

مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ يَأْتِينَكَ سَعْيًا ۚ وَاعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ عَزِيزٌ حَكِيمٌ

ان میں سے ایک ایک ٹکڑا پھر انکو پکار آوینگے تیرے پاس دوڑتے اور جان لے کہ اللہ تعالے زبردست حکمت والا ہے۔

ترجمہ۔ اذکر اور نصیحت بیان کر۔ اذ قال ابراھیم رب ارنی کیف تحی الموتی۔ جب ابراہیم نے کہا کہ اے رب مجھے دکھلادے کہ کس کیفیت سے تو مردے زندے فرماتا ہے۔ قال۔ تعالے لہ۔ اولم تؤمن۔ اللہ تعالے نے ابراہیم کو فرمایا کیا تو ایمان نہیں لایا یعنے میرے قادر ہونے پر ایمان نہیں لایا کہ میں جب چاہوں مردہ زندہ کروں۔ اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے تو سب بات جانتا ہے پھر اسکو ابراہیم سے کیونکر پوچھا۔ جواب یہ کہ اللہ تعالے کو معلوم تھا کہ ابراہیم کو اسپر ایمان ہے پھر اسواسطے پوچھا کہ ابراہیم اس سوال کا جواب دیں تاکہ سننے

لہ صحو ہوش ضد بیہوشی اور اسکے مقابل میں سکر ہے اور دونوں مقام معروف ہیں علم

والون کو معلوم ہوجائے کہ ابراہیم کی اس درخواست سے کیا غرض ہے۔ قَالَ بَلٰی۔ امنت۔ وَلٰكِنْ۔ سالتک لِيَطْمَئِنَّ۔ لیکن قَلْبِيْ۔ بالمعائنۃ المضمومۃ الی الاستدلال۔ ابراہیم نے کہا کہ کیوں نہیں۔ میں تو ایمان لایا ہوں ولیکن میں نے تجھسے درخواست کی تاکہ سکون ہو میرے دل کو یعنے استدلال کے ساتھ معائنہ ملایا جاوے تو جیسے لیل توحید پر ایمان لایا تھا آنکھوں دیکھ لوں۔ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ۔ فرمایا کہ پھر چار پرندوں سے لیکر انکو اپنی جانب مائل کر یعنے ہلالے۔ وقطعہن واخلط لحمہن وریشہن۔ پھر ہلانے کے بعد انکو ذبح کرکے پارہ پارہ کردے اور انکے گوشتوں و پروں کو باہم مخلوط کردے۔ ثُمَّ اجْعَلْ عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا پھر انمیں سے ایک جزو ہر پہاڑ پر رکھدے ف یعنے اپنے وطن کے پہاڑوں میں سے ہر پہاڑ پر اس مخلوط سے ایک جزو رکھدے۔ ثُمَّ ادْعُهُنَّ۔ الیک۔ پھر انکو۔ اپنے پاس بلا۔ يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا۔ سریعًا۔ جلدی تیرے پاس آجاوینگے۔ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ لایعجزہ شئی اور جان لے کہ اللہ تعالے ایسا غالب ہے کہ اسکو کوئی چیز عاجز نہیں کرتی ہے حَكِيْمٌ۔ فی صنعہ۔ اپنی صنعت میں بڑا دانا کار ہے۔ روایت ہے کہ ابراہیم نے ایک مور۔ ایک کرگس اور ایک کوا اور ایک مرغ لیا۔ اور ان سب کے ساتھ وہی معاملہ کیا جو مذکور ہوا اور انکے سر اپنے پاس رکھ لیے پھر انکو پکارا پس انکے اجزا اڑے بعض اجزا بعض کی طرف یہانتک کہ ملکر سب کے سب پورا ہوا پھر اپنے سر کی طرف دوڑکر اسمیں مل گیا اور جیسا تھا ویسا جانور انکے پاس کھڑا ہوا اور شیخ ابن کثیر رح نے ذکر کیا کہ علما نے اسکے کئی سبب بیان کیے ہیں کہ ابراہیم نے یہ سوال کیوں کیا تھا یعنے دل سے تو یقین تھا اسکے ساتھ ظاہری مشاہدہ کا سوال کیوں کیا تھا پس منجملہ ان اسباب کے یہ کہ جب انھوں نے نمرود سے کہا کہ میرا پروردگار جلاتا اور مارتا ہے تو چاہا کہ مجھے علم یقین کے ساتھ عین الیقین بھی حاصل ہو اور میں اسکو مشاہدہ بھی کرلوں۔ قَالَ الْمُتَرْجِمُ۔ معالم میں ذکر کیا کہ حسن و قتادہ و عطا خراسانی و ضحاک و ابن جریج نے کہا کہ سبب اس سوال کا یہ ہوا تھا کہ وہ ایک مردار جانور کیطرف ہوکر گذرے جو سمندر کے کنارے پڑا تھا اسکو دیکھا کہ خشکی و تری کے جانوروں نے اسکو پارہ پارہ کردیا تھا جب دریا چڑھتا تو اسکی مچھلیاں اس جانور کا گوشت کھائیں اور جب اُتر جاتا تو خشکی کے جانور کھاتے جب وہ ہٹ جاتے تو ہوا کے پرند شکاری نوچتے کھاتے اور اسکے ٹکڑے بوٹیاں سمندر و ہوا میں اِدھر اُدھر خاک ہوکر اڑتی تھیں یہ دیکھکر ابراہیم علیہ السلام نے کہا کہ اے میرے پروردگار میں جانتا ہوں کہ تو اسکو جمع فرمادیگا اور مجھے دکھلادے کہ کیسے زندہ کریگا۔ قَالَ الْمُتَرْجِمُ اور یہ سوال حضرت ابراہیم کی طرف سے شک نہ تھا اور ابن جریر نے چند لوگوں سے نقل کیا کہ انھوں نے قدرت الٰہی میں شک کرکے ایسا سوال کیا تھا اور استدلال نکالا اس حدیث سے ہی جو صحیحین وغیرہ میں ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ نحن احق بالشک من ابراہیم اذ قال رب ارنی کیف تحیی الموتی۔ یعنے ہم احق ہیں شک کرنے کو ابراہیم کی بہ نسبت جبکہ کہا تھا کہ رب ارنی کیف تحیی الموتی اور نیز ابن عباس کے قول سے ہے کہ قرآن میں کوئی آیت میرے نزدیک اس سے زیادہ امید کی نہیں ہے اور کہا کہ اولم تومن کے بعد ابراہیم علیہ السلام سے بلی سے رضامندی فرمائی اور کہا کہ پس یہ ایسی چیزوں کے واسطے ہے جو نفس پر عارض ہوتی ہے اور ابن ابی شیبہ ان وسوسہ ڈالتا ہے رواہ ابن ابی حاتم و الحاکم و صححہ و ابن جریر و عبد الرزاق۔ اور ابن جریر نے بعد حکایت اس قول کے اسکو تسمیح دی ہے اور شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اس قول پر طعن کیا اور فرمایا کہ حدیث میں شک سے بلا خلاف وہ معنے مراد نہیں ہیں جو بعضے ایسے لوگوں نے سمجھے ہیں تکے پاس کچھ علم نہیں ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ شیخ ابن عطیہ نے فرمایا کہ اس گروہ کا قول میرے نزدیک مردود ہے اور کہا کہ قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم جو اوپر مذکور ہوا اسکے یہ معنے ہیں کہ اگر وہ شک کرنے والے ہوتے تو ہمکو شک کرنے میں اُنسے بڑھا ہونا چاہیے تھا اور ابن عباس کے قول کے معنے یہ ہیں کہ اسمیں ابراہیم فداہ روح کی طور پر کہا تھا اور کہا کہ اسپر اجماع ہے کہ انبیاء علیہم السلام کبائر سے اور ایسے صغیرہ گناہوں سے جو اسمیں ذلت ہو

تازہ دو بیری کرنا ۱۲

معصوم ہین اور محی السنۃ نے بعد ذکر حدیث کے کہا کہ اسمعیل بن یحیی المزنی نے کہا کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شک نہین کیا اور نہ ابراہیم علیہ السلام نے شک کیا اس بات مین کہ اللہ تعالے مردے کو زندہ کرنے پر قادر ہی اور شیخ ابوسلیمان خطابی نے فرمایا کہ قولہ نحن احق بالشک من ابراہیم - مین اپنے اوپر شک کرنیکا اقرار نہین اور نہ ابراہیم پر شک کرنیکا اقرار ہی بلکہ دونون سے شک کرنے کے نفی ہی کہ حضرت صلعم فرماتے ہین کہ جب ہمنے اسمین شک نہین کیا کہ اللہ تعالے مردے کو زندہ کرنے پر قادر ہی تو ابراہیم اولی ہین کہ شک نہ کرین اور آنحضرت صلعم نے ایسا سبیل تواضع و کسر نفسی کے فرمایا ہی جیسے یہ فرمایا کہ اولبثت فی السجن طول مالبث یوسف لاجبت الداعی - اے اگر اتنے زمانہ دراز تک مین قید خانہ مین پڑا رہتا جتنے دنون یوسف پڑے رہے تو بادشاہی بلانے والے کا بلانا بغیر تاخیر کے مان لیتا اور بالاجماع انبیاء علیہم السلام کبیرہ گناہ سے معصوم ہین - اور قرطبی نے قول ابن عطیہ کی تائید کی اور کہا کہ انبیا علیہم السلام پر ایسا شک نہین جو واہی پس حدیث مین شک کرنا مراد نہین ہی کیونکہ یہ شک تو کفر ہی اور ادنی مومن خالص اسمین شک نہین کرتا ہی کجا کہ انبیا علیہم السلام کہ وہ سب تو متفق ہین کہ حشر ہونا برحق ہی قال المترجم تعجب ان لوگون سے ہی جو حضرت ابراہیم سے شک قرار دیتے ہین اور حدیث مین شک کے بھی معنے ظاہری لیتے ہین کیونکہ خود آیت مین موجود ہی کہ اولم تومن - اور ایمان بمعنے یقین ہی اور اسی سے عدم یقین کے نفی ہوئے پس یقین ثابت ہوا اور ظاہر ہوا کہ حضرت ابراہیم کو یقین کامل تھا کہ اللہ تعالے مردے کو زندہ کرنے پر قادر ہی اور خود ظاہر ہی کہ اللہ تعالے نے جو فرمایا کہ اولم تومن تو خود اللہ تعالے کو معلوم تھا کہ اسکا یقین کامل ہی صرف اسوسطے فرمایا تھا کہ لوگون کو معلوم ہوجاوے کہ یقین پر اور زیادہ چاہتا ہی کیونکہ ابراہیم نے جواب دیا کہ ہان مجھے قطعی یقین ہی ولیکن مشاہدہ مانگتا ہون اور فرق دونون مین یہ ہی کہ یقین ایمانی تو استدلال سے ہوتا ہی اور مشاہدہ آنکھون سے ہی پس لیطمئن قلبی مین جو اطمینان چاہا ہی وہ آنکھون دیکھنے کے شوق سے تسکین چاہی ورنہ یقین کے ساتھ تو اطمینان قلب ہوتا ہی جیسے فرمایا وقلبہ مطمئن بالایمان - اور توضیح یہ ہی کہ یقین ایمانی کے ساتھ قلب کا مطمئن ہونا اس بات کے منافی نہین ہی کہ قلب کو اور وجہ سے اضطراب ہو لیکن اور وجہ سے اضطراب ہونے سے ایمان قلبی کا اطمینان نہین جاتا ہی پس قلب ابراہیم کا ایمان سے مطمئن تھا اور ظاہری شوق کی وجہ سے مضطرب تھا اور قولہ فخذ اربعۃ من الطیر - بیضاوی وغیرہ نے ذکر کیا کہ پرند لینے کی خصوصیت اسوجہ سے تھی کہ وہ انسان سے قریب تر ہی اور خواص حیوان کا جامع ہی اور چار کی تعداد مین اشارہ ہی چار عنصر کی طرف جنسے انسان وغیرہ کے اجسام مرکب ہوتے ہین - اور رہا یہ کہ کون کون پرند تھے تو ابن عباس کی روایت وہ ہی جو مفسر رحمہ نے ذکر کی ہی اخرجہ ابن ابی حاتم اور مجاہد وغیرہ کے قول مین بجاے کرگس کے کبوتر مذکور ہی اور بعض اقوال دیگر ہین اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ مفسرین اسمین مختلف ہین مگر اسکے تعیین مین کوئی فائدہ متعلق نہین کیونکہ اگر اسکا ہوتا تو کلام مجید مین خود بیان ہوتا اور بیضاوی رح نے کہا کہ اسمین اشارہ ہی کہ نفس کو اگر دائمی زندگی کے ساتھ زندہ رکھنا چاہے تو یون ہوگا کہ شہوت و غضب کو جو طاؤس کی صفت ہی ہلاک کرے اور صولت کو جو مرغ کی صفت ہی مارے اور حرص و پلیدی نفس اور امید دراز جو کوے کی صفت ہی زائل کرے اور وحشت نفسانی جو ظبی کی صفت ہی مین جلد گرنا اور اونچائی چاہنا جو کبوتر کی صفت ہی دور کرے تب وہ ہمیشہ کی زندگی سے زندہ ہوگا - اور الطیر جمع طائر ہی مثل تجر و تاجر یا اسم جمع ہی مثل رکب و راکب فرارہ فصرہن الیک - یہ لفظ صار یصور اور صار یصیر دونون سے پڑھا گیا اور لفظ مشترک ہی بمعنے مائل کرنا اور قطع کرنا اور بعض نے کہا کہ بالکسر بمعنے قطع کرنا اور بالضم بمعنے مائل کرنا - اور بعض نے کہا کہ بالضم تو دونون معنون مین مشترک ہی اور بالکسر فقط بمعنے قطع کرنا - اور ابن عباس سے اسکے معنے قطع کرنے کے مروی ہین اور ابن کثیر نے ایک جماعت تابعین سے یہی معنے نقل کیے ہین قال ابن کثیر پھر ان علما نے ذکر کیا کہ ابراہیم علیہ السلام نے چار پرندان لیے اور انکو ذبح کیا پھر انکو کاٹ ڈالا اور انکے پر و بازو کھا ڈالے اور خوب انکو پارہ پارہ قیمہ کیا اور سب کو ایک دوسرے مین مخلوط کر دیا پھر اس مخلوط مجموعے کیے اور ہر پہاڑ پر ایک ایک نجز رکھا پس بعض نے کہا کہ چار پہاڑ تھے اور بعض نے کہا کہ سات تھے اور اسمین اتفاق ہی کہ ہر پہاڑ سے مراد تمام

روے زمین کے پہاڑ نہین بلکہ اُسی زمین کے پہاڑ مراد ہین جہان حضرت ابراہیم رہتے تھے اور ابن عباس نے کہا کہ ان پرندون کے سر اپنے ہاتھ مین رکھے پھر اللہ عزوجل نے ابراہیم کو حکم دیا کہ ان چڑیون کو پکار پس جسطرح اللہ تعالے نے حکم کیا ویسے ہی انھون نے پکارا اور دیکھتے تھے کہ پہاڑ پر سے اور خون اوکر خون سے اور گوشت گوشت سے اور کل اجزا ایک پرند کے بعض اجزا بعض سے ملتے تھے یہانتک کہ ہر پرند علحدہ تیار ہوگیا اور وہ حضرت ابراہیم کی طرف پیرون پیرون دوڑتے چلے تاکہ جس دیکھنے کا سوال کیا تھا وہ پورے طور پر حاصل ہو پس ہر پرند انکے پاس اپنا سر لینے آتا جو حضرت ابراہیم کے ہاتھ مین تھا پس اگر اسکے سوائے دوسرے کا سر دیتے تھے تو اسکے لینے سے انکار کرتا تھا اور جب اپنا سر اسکو دیتے تو باقی جسم سے مرکب ہوجاتا اور یہ اللہ عزوجل کی قدرت تھی اور اسکو ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے روایت کیا ہی اور معالم و بیضاوی وغیرہ مین مذکور ہی کہ اس قصہ مین خلیل علیہ السلام کی فضیلت و حسن ادب سوال کرنے مین ظاہر ہی کہ جو مانگا تھا وہ انکو فی الحال دیا اور عزیر علیہ السلام کو سو برس کی موت کے بعد دیا واللہ اعلم مترجم کہتا ہی کہ یہ محل تامل ہی ف شیخ نے عرائس البیان مین لکھا کہ قولہ تعالے رب ارنی کیف تحیی الموتی قال ولم تومن قال بلی ولکن لیطمئن قلبی۔ جاننا چاہیے کہ اللہ عزوجل نے خلیل علیہ السلام کو انکے ظاہر و باطن مین طرح طرح کی بلیات سے امتحان کیا پس ظاہر کا امتحان تو وہ تھا کہ اپنی کتاب مجید مین اسکی خبر دی ہی کہ آگ مین ڈالے گئے اور کفارون کے ہاتھ سے عذاب دیے گئے اور نیز انکو انکے اپنے بیٹے کے ذبح کرنے کے حکم سے امتحان کیا اور مانند اسکے اور ظاہری امتحانات تھے اور رہے باطن کے امتحانات تو جو اللہ تعالے نے خبر دی انکے اضطراب قلب کی کہ محض ربوبیت کے ادراک کرنے مین دل مضطرب تھا کبھی کہتے کہ ہذا ربی اور کبھی کہتے کہ ارنی کیف تحیی الموتی کیونکہ وہ اپنے خاطر سے خالص یقین ثابت کرنا چاہتے تھے پس اللہ تعالے نے جو امتحانات خلیل علیہ السلام سے کیے ان سب کی خبر اپنی کتاب مجید کی ایک آیت مین دیدی کہ فرمایا واذ ابتلی ابراہیم ربہ بکلمات فاتمھن اور مقصود حق سبحانہ وتعالے کا اس سے یہ ہوتا ہی کہ اپنے انبیا و اولیا کے باطن کو انکے نفسون کے خطرات سے پاکیزہ کرے تاکہ انکے باطن اس بشریت کے میل و شیطانی خطرات سے بالکل پاک ہوجاوین اور خاص بندون کا امتحان اکثر لیون ہی ہوتا ہی جیسے ابراہیم و موسی و عزیر و محمد صلی اللہ علیہم وسلم اور اللہ عزوجل نے ان سب کا احوال اپنی کتاب مجید مین ذکر فرمایا ہی چنانچہ اپنے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمایا۔ فان کنت فی شک مما انزلنا الیک۔ اگرچہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ مین شک نہین کرتا اور مین پوچھتا اور خود حضرت صلعم نے فرمایا کہ انہ لیغان علی قلبی وانی لاستغفر اللہ فی کل یوم سبعین مرۃ۔ میرے دل پر ایک قسم کا پردہ سا ہوجاتا ہی اور مین اللہ تعالے سے ستر دفعہ ہر روز استغفار کرتا ہون اور ایسا ہی ابتلا خاص خاص بندون کا ہوتا ہی اسواسطے کہ پروردگار پھر پروردگار ہی اور بندہ تو بندہ ہی ہی قال المترجم حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ مین نے اپنے پروردگار کو نہایت عمدہ صورت مین دیکھا فرمایا کہ اے محمد کس بات مین حرصا حرصی کرتے ہین گروہ آسمان کے مین نے عرض کیا کہ اے پروردگار تو ہی داناتر ہی۔ پس اپنی ہتیلی میرے دونون مونڈھون کے درمیان رکھی پس مین نے اسکی ڈھنڈک اپنی دونون چھاتیون مین پائی پس جو آسمان و زمین مین تھا سب مین نے جان لیا اور پڑھی یہ آیت وکذلک نری ابراہیم ملکوت السموات والارض ولیکون من الموقنین۔ رواہ الدارمی والبیہقی واحمد والترمذی وحسنہ ہو وابن الجوزی فی العلل۔ قال الشیخ اور نیز حضرت خلیل کا سوال کچھ اضطراب شک کی وجہ سے نہ تھا بلکہ زیادت وقت چاہتے تھے۔ فخذ اربعۃ من الطیر فصرہن الیک۔ اس سے ان چڑیون کی طرف بھی اشارہ ہی جو باطن کے اندر جسم کے پنجرے مین ہین اور وہ چار چڑیان جو فضاء غیب مین اڑنے والی ہین اول عقل قوم قلب تھوم نفس مطمئنہ چہارم روح یعنے پرند عقل کو محبت کی چھری سے ملکوت کے دروازہ پر ذبح کردے اور پرند قلب کو شوق کے چہرے سے جبروت کی درگاہ مین اور پرند نفس کو عشق کے چہرے سے فردانیت کے میدان مین اور پرند روح کو عاجزی کے چہرے سے اسرار و حدانیت کے بڑے جنگل مین ذبح کردے۔ ثم اجعل علی کل جبل منھن جزءا موافق اشارہ کے عقل کو تو عظمت باری تعالے کے پہاڑ پر ڈالدے

ف شیخ اکبر سے نکال دیجیو اور صرف حضرت صلعم کا نام رکھیو جانے کا فرق ہی مرتب

تاکہ اسپر سلطنت ربوبیت کے انوار پے در پے ہجوم کرین اور قلب کو کبریائی کے پہاڑون پر ڈال دے تاکہ قدس کی روشنی سے اسکو لباس ملے اور نفس کو عزت کے پہاڑ پر ڈالدے تاکہ نور عظمت کا لباس پہنے اور عبودیت بجالانے مین کچھ منازعت نہ کرے اور روح کو جمال ازل کے پہاڑ پر ڈال دے کہ اسکو نور النور اور عز العز اور قدس القدس کا لباس ملے پھر جب یہ سب تیرے سینہ کے چراگاہ مین مجتمع ہوجاوینگے تو لاہوتیہ کی آنکھون اور ملکوتیہ کے نور سے مطمئن ہوگا اور بعض اکابر نے اس آیت کے اشارہ مین کہا کہ خلیل علیہ السلام نے یہ چاہا کہ علم الیقین اور عین الیقین دونون جمع ہوجاوین پس جواب ملا کہ اولم تومن۔ اور ایمان غیب پر علم الیقین ہی تو عرض کیا کہ ہان مین علم غیب پر ثابت ہون ولیکن مشاہدہ غیب چاہتا ہون حضرت جعفر صادق رح سے قولہ لیطمئن قلبی کے معنے مین روایت ہی کہ مراد یہ ہی کہ تاکہ میرے ساتھیون کے دل مطمئن ہون قال المترجم ابن عطیہ رح نے اسپر استدلال یون پیش کیا کہ آیت مین کیف موجود ہی اور کیف ہمیشہ ایسی چیز کے حال سے سوال ہوتا ہی جو سائل و مسئول دونون کے نزدیک موجود متقرر ہو جیسے کیف علم زید پس علم زید تو معلوم و متقرر ہی صرف اس علم کی کیفیت سے سوال ہی اور ایسی ہی جب کہا کہ کیف انت تو مخاطب کے وجود مین شک نہین بلکہ اسکا حال دریافت کیا جاتا ہی علی ہذا کیف تحیی الموتی پس مردہ کا زندہ کرنا تو معلوم ہی فقط سوال یہ ہی کہ وہ کیونکر ہوتا ہی مجھے دکھلادے اور یہان سے تجھے معلوم ہوا کہ شک مذکور اپنے معنے پر نہین ہی بلکہ یہ معنے ہین کہ میرے خیال مین اور قیاس مین نہین سماتا ہی اگرچہ مین یقین رکھتا ہون کہ ضرور زندہ کریگا اور یہ کچھ مخصوص احیاء موتی کے ساتھ نہین بلکہ عذاب قبر کی بھی یہی کیفیت ہی فافہم واللہ اعلم بالصواب اور سہل بن عبداللہ نے فرمایا کہ آنکھ پر جو پردہ ہی اسکے کھولنے کا سوال کیا تاکہ نور یقین پر اور یقین بڑھ جاوے اور اپنے حال مین تمکن زائد ہوجاوے کیا تو نہین دیکھتا ہی کہ لفظ شک کا جواب انھون نے کیسے بل کے ساتھ دیا یعنے کچھ بھی شک نہین ہی اور بعض نے فرمایا کہ جب سکون کیا بندے نے اپنے پروردگار کی طرف اور اسکی طرف مطمئن ہوا تو اللہ تعالے اسپر کرامات ظاہر فرماتا ہی کہ انمین سے چھوٹی سی چھوٹی کرامت مردہ کو زندہ کرنا ہی اور اللہ تعالے نے اپنے خلیل علیہ السلام کو کہا کہ خذ اربعۃ من الطیر الآیۃ۔

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ

مثال ان لوگون کی جو خرچ کرتے ہین اپنے مال اللہ تعالے کی راہ مین ایسی جیسے ایک دانہ ہی کہ اگے گین اوس سے سات بالیان کہ

كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۗ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ۗ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ

ہر بال مین سو سو دانہ ہین اور اللہ بڑھاتا ہی جسکے لیے چاہے اور اللہ کشایش والا آگاہ ہی

مَثَلُ۔ صفۃ نفقات۔ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ ای طاعتہ۔ یعنے ان لوگون کے نفقات کی مثل و صفت جو خرچ کرتے ہین اپنے مالون کو اللہ تعالے کی راہ مین یعنے اللہ کی فرمانبرداری مین ایسی مثل ہی۔ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ۔ جیسے ایک دانہ نے سات بالیان اگائین ہر بال مین سو دانہ ہین فت پس ایسے ہی ان لوگون کے نفقات بھی سات سو گونہ بڑھائے جاتے ہین وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ۔ اکثر من ذلک اللہ تعالے بڑھاتا ہی جسکے لیے چاہے اس سے بھی زیادہ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ۔ فضلہ۔ اور اللہ تعالے واسع ہی یعنے اپنے فضل مین۔ عَلِيْمٌ۔ من یستحق المضاعفۃ۔ جاننے والا ہی یعنے اس شخص کو جو ایسا ہو کہ بڑھتی دینے کا مستحق ہی فت اس آیۃ مین اللہ تعالے نے ان لوگون کی مثال بیان کی جو اللہ تعالے کی راہ مین خرچ کرتے ہین پوشیدہ کرکے خرچ کرنا اچھا ہی لیکن اگر اسکے ظاہر کرنے مین لوگون کو رغبت ہوتی ہی تو اس نیت سے ظاہر کرنا بھی اچھا ہی۔ پھر جو خرچہ امر خیر مین ہو حتی کہ اپنی جان پر خرچ کرے یا اہل و عیال پر خرچ کرے اسکو ایک کی دس گونہ نیکی تو متعین ہی کیونکہ وہ حسنہ ہی اور ہر حسنہ دس گونہ ہی چنانچہ حدیث مین ہی کہ جسنے اللہ تعالے کی راہ مین خرچ کیا اسکے لیے سات سو گونہ لکھے جاوینگے اور

اور جسنے اپنی جان پر یا اہل وعیال پر خرچ کیا یا کسی مریض کی عیادت کی تو ہر نیکی دس گونہ ہوگی رواہ احمد اسی سے ملحول رحمۃ نے آیت مین کہا کہ فی سبیل اللہ سے مراد جہاد ہی اور سات سو گونہ ثواب خرچہ جہاد کا حدیث ابن مسعود مین ہی رواہ احمد ومسلم والنسائی والحاکم والبیہقی اور حدیث خریم بن فاتک مین ہی رواہ احمد والترمذی والنسائی وابن حبان والحاکم وصححہ والبیہقی اور حدیث انس مین ہی اخرجہ البخاری فی التاریخ اور حدیث ابو عبیدہ مین ہی رواہ احمد اور حدیث عمران بن حصین وعلی بن ابی طالب وابو الدرداء وابو ہریرہ وابو امامہ وابن عمر وجابر مین ہی رواہ ابن ماجہ وابن ابی حاتم ولیکن یہ وجہ تخصیص کی نہین ہوسکتی ہی اسواسطے کہ ان احادیث مین خرچہ جہاد کے ثواب کو سات سو گونہ فرمایا ہی تو بے شک خرچہ جہاد ضرور سات سو گونہ ہوگا لیکن لازم نہین کہ دیگر خرچہ اسقدر ہو چنانچہ بریدہ رضؓ سے مرفوعا روایت ہی کہ حج کا خرچہ مثل خرچہ جہاد کے سات سو گونہ ہی رواہ احمد فی مسندہ والطبرانی فی المعجم الاوسط والبیہقی فی سننہ اور شاید اسی سے ابن عباس رضؓ سے آیت کی تفسیر مین فی سبیل اللہ سے جہاد وحج مروی ہی یعنے انحصین دو کو بیان فرمایا ہی اور حق یہ ہی کہ ان احادیث کے معنے یہ ہین کہ اگر جہاد یا حج مین خرچہ کیا تو ابتدا سات سو گونہ متعین ہی اور اگے اللہ تعالے زیادہ دے چنانچہ قولہ فیضاعفہ لہ اضعافا کثیرہ کی تفسیر مین گذرا ہی اور بعض احادیث مین سات لاکھ دو کرور وغیرہ تک مذکور ہی کما فی حدیث الطبرانی وغیرہ جیسے دیگر اعمال خیر مین دس گونہ ابتدا متعین ہی اور اگے اللہ تعالے جسقدر دے حتی کہ سات سو گونہ یا زیادہ چنانچہ ابو ہریرہ رضؓ سے روایت ہی کہ مومن کے ہر عمل خیر کی نیکی بڑھائی جاتی ہی دس گونہ سے سات سو گونہ تک اللہ تعالے فرماتا ہی سوا ے روزے کے کہ وہ میرے واسطے ہی اور مین ہی اسکے بدلے کو پورا دونگا الحدیث اور بعض روایت مین سات سو گونہ تک آگے جہانتک اللہ تعالے چاہے اس حدیث کو اصحاب نے روایت کیا ہی پس آیت مین مطلقا راہ خدا مین خرچہ مراد لیا جاسکتا ہی کیونکہ آیت مین تمثیل ثواب کے بڑھنے کی ہی قال ابن کثیر یہ مثل ہی کہ اللہ تعالے نے ثواب بڑھنے کے بارہ مین ایسے شخص کے لیے بیان کی ہی جسنے اللہ تعالے کی راہ مین اسکی مرضی چاہنے کے لیے خرچ کیا پس بیان ہی کہ نیکی بڑھتی ہی دس گونہ سے سات سو گونہ تک اور فی سبیل اللہ کی تفسیر مین سعید بن جبیر نے کہا کہ مراد طاعۃ اللہ ہی ای اللہ تعالے کی فرمانبرداری وطاعت و بندگی مین خرچ کیا ہو قال المترجم اور یہی مفسر رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہی اور ابن عباس رضؓ کی تفسیر بھی قوی ہی فافہم۔ اور انبتت ای اگایا اس دانہ نے اور اگانے والا درحقیقت اللہ تعالے ہی دانہ کی طرف نسبت مجازی ہی ولیکن اشارہ فرمایا کہ ایسا مرغوب نفقہ وخرچہ ہی کہ قابل اطمینان ہی گویا خود بخود سات سو گونہ ہوجاتا ہی اور یہ بکمال کرم کا اظہار ہی فتدبر اور قولہ واللہ یضاعف لمن یشاء۔ مین بڑھانے کو مفسر وغیرہ نے سات سو گونہ سے زیادہ بڑھانا مراد لیا تاکہ تکرار لازم نہ آئے اور اوپر بیان ہوا کہ سات سو گونہ سے لے انتہا تک اللہ عزوجل کے کرم مین ہی اور ابو داؤد نے معاذ رضؓ سے مرفوعا روایت کی کہ نماز روزہ وذکر کا ثواب اللہ تعالے کی راہ مین خرچ کرنے پر سات سو گونہ بڑھتی ہی وابن کثیر نے حافظ ابن مردویہ کی روایت ذکر کی کہ ابن عمر رضؓ نے کہا کہ جب قولہ تعالے امثل الذین ینفقون اموالہم فی سبیل اللہ الآیۃ اتری تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پروردگار میری امت کے لیے بڑھانے پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا قولہ من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا فیضاعفہ لہ اضعافا کثیرا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی کہ پروردگار میری امت کے لیے بڑھا دے تو اللہ تعالے نے نازل فرمایا انما یوفی الصابرون اجرہم بغیر حساب۔ اور اس حدیث کو ابو حاتم وابن حبان نے اپنی صحیح مین بھی روایت کیا ہی اور بندے کے عمل مین جیسا اخلاص ہو ویسا ہی اللہ تعالے اسکے نفقہ کے ثواب مین بڑھاتا ہی۔

الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُونَ مَا أَنفَقُوا مَنًّا وَلَا أَذًى لَّهُمْ

جو لوگ خرچ کرتے ہین اپنے مال اللہ تعالے کی راہ مین پھر نہین پیچھے لگاتے جو خرچ کیا ہی احسان اور نہ اذیت تو انہین کے واسطے

أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ قَوْلٌ مَّعْرُوفٌ

ہی ثواب انکا انکے پروردگار کے پاس اور نہین خوف ہی اوپر انکے اور نہ وہ غمگین ہونگے ۝ بات بھلی کہنے

وَمَغْفِرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَتْبَعُهَآ اَذًى ۗ وَاللّٰهُ غَنِيٌّ حَلِيْمٌ

اور مغفرت بہتر ہے ایسے صدقہ سے جسکے پیچھے لگی ہو اذیت اور اللہ تعالےٰ بے پرواہ ہے تحمل والا

اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ - جو لوگ راہ الٰہی میں یعنے اسکی طاعت میں اپنے اموال خرچ کرتے ہیں -
ف پھر اسکو مٹاتے نہیں یعنے خالص طاعت رکھتے ہیں - ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا - پھر اسکے پیچھے احسان جتانا نہیں لگاتے
ف اس شخص پر جسپر خرچ کیا ہے مثلاً یوں کہیں کہ میں نے اسپر احسان کیا اور میں نے اسکے شکستہ حال کو درست کر دیا وَّلَآ اَذًى
اور نہ اذیت دیتے ہیں ف جسپر خرچ کیا ہے باین طور کہ یہ حال ایسے شخص سے بیان کرے جسکا واقف ہونا وہ نہیں چاہتا تھا اور مانند اسکے افعال
جس سے اسکو ایذا ہو بچے بلکہ اس سے پاک کر کے نیت فقط طاعت رکھتے ہیں تو - لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ - تو انکے
خرچہ کا ثواب انکے رب کے یہاں ہے - وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ - اور نہ خوف نہیں اور نہ وہ غمگین ہوں ف
یعنے آخرت میں خوف و غم نہ ہوگا اور یہ خرچہ کسی طرح برباد نہ ہوگا - قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ - قول معروف کہدینا ف کہ مثلاً اسوقت مجھسے ممکن
نہیں ہے - وَّمَغْفِرَةٌ - اور سائل کے واسطے مغفرت کی دعا کر دینا - خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى - ایسے صدقہ دینے سے
بہتر ہے جسکے پیچھے ایذا دہی لگی ہو - وَاللّٰهُ غَنِيٌّ اور اللہ تعالےٰ غنی ہے - ف وہ محتاج کی حاجت خود پوری کرنے والا ہے تو موذی کی ضرورت نہیں
ہے - حَلِيْمٌ - وہ حلیم ہے ف کہ موذی کو عذاب نہیں کرتا - معالم میں فرمایا کہ کلبی رحمہ نے کہا کہ یہ آیت عثمان بن عفان اور عبدالرحمن بن عوف کے
حق میں نازل ہوئی کہ عبدالرحمن چار ہزار درم لائے اور کہا کہ یا رسول اللہ یہ صدقہ ہے اور میرے پاس آٹھ ہزار درم تھے پس میں نے انمیں سے چار ہزار درم
اپنے اور عیال کے واسطے رکھ لیے اور یہ چار ہزار درم میں نے اپنے پروردگار کو قرض دیے پس حضرت صلعم نے فرمایا کہ جو تو نے اپنے لیے رکھا ہے انمیں اور جو
تو نے صدقہ دیا ہے انمیں اللہ تعالےٰ برکت عطا فرماوے اور عثمان رضی نے مسلمانوں کو تبوک کے جہاد میں سامان کر دیا ایک ہزار اونٹ مع محملوں و
پالانوں کے دیے پس ان دونوں کے حق میں یہ آیت اتری اور عبدالرحمن بن سمرہ نے کہا کہ عثمان بن عفان لشکر تبوک کے واسطے ایک ہزار اشرفیاں
لائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی گود میں کھدین پس میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ انمیں اپنا مبارک ہاتھ ڈال کر الٹ پلٹ کرتے اور
فرماتے تھے کہ نہیں ضرر کریگا عثمان کو کوئی عمل جو اسنے اس دن کے بعد کیا پس اللہ تعالےٰ نے یہ آیت نازل فرمائی ترمذی نے اس حدیث کو
حسن کہا ہے اور دوسری روایت بھی عبدالرحمن بن سمرہ سے ترمذی نے روایت کی اور انمیں دو ہزار اشرفیاں مذکور ہیں اور حدیث حسن ہے اور
دونوں روایتوں کے بعد مذکور ہے کہ حضرت صلعم نے دو مرتبہ فرمایا کہ عثمان بن عفان آج کے بعد کوئی عمل مضر نہ ہوگا اور یہ روایت اصح ہے اور حدیث صحیح
میں مذکور ہوا ہے کہ عثمان رضی نے جیش عسرت یعنے لشکر تبوک کا سامان کر دیا اور غازی کے واسطے صحیح احادیث بہت وارد ہیں اور علی ہذا عثمان
کے واسطے اس عمل خیر میں بہت ہی بڑا ثواب ہوا کیونکہ وہ خود بھی اس جہاد میں شریک تھے اور ابن ماجہ و ابن ابی حاتم وغیرہ نے جو عمران بن
حصین اور حضرت علی ابن ابی طالب و ابوالدرداء و ابوہریرہ و ابوامامہ و ابن عمر و جابر رضی اللہ عنہم سے مرفوع روایت کی ہے انمیں ہے کہ حضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص نے اللہ تعالےٰ کی راہ میں خرچہ بھیجا یا اور خود اپنے گھر میں ٹھہرا رہا اسکے واسطے ہر درم کے عوض قیامت میں
سات سات سو درم ہونگے اور جسنے خود جہاد کیا اللہ تعالےٰ کی راہ میں اور راہ جہاد میں خرچ کیا تو اسکے لیے ہر درم کے عوض میں سات لاکھ درم
ہونگے پھر یہ آیت پڑھی واللہ یضاعف لمن یشاء پس قیاس کرنا چاہیے کہ حضرت عثمان رض کے واسطے کتنا ثواب ہوا کہ اللہ تعالےٰ اسکا علیم ہے
بالجملہ حکم آیت کا عام ہے اور اللہ تعالےٰ ایسے لوگوں کی مدح فرماتا ہے جنھوں نے اللہ تعالےٰ کی طاعت میں خرچ کیا خواہ جہاد ہو یا حج ہو یا خیرات

وصدقہ ہو کہ دی قیامت مین خالف نہونگے اور نہ انکو کچھ اندوہ ہوگا۔ قولہ ثم لا یتبعون ما انفقوا الخ۔ ثم اس مقام پر رتبہ کے تراخی کے واسطے ہوا یعنے منت واذیت چھوڑنا خود خرچ کرنے سے بہتر ہی (کشاف و مدارک) اور بعض نے تجویز کیا کہ ثم تراخی زمانے کے واسطے ہوسکتا ہی بنظر غالب کیونکہ اکثر یہی ہوسکتا ہی کہ انفاق کے عرصہ کے بعد احسان رکھنا اور اذیت دینا ہوتا ہی اور منت واحسان رکھنا کبیرہ گناہ ہی چنانچہ حضرت ابوذر سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تین قسم کے شخص ہین کہ اللہ تعالے انسے قیامت مین کلام نکریگا اور نہ انکی طرف نظر کریگا اور نہ انکو پاک کریگا اور انکے واسطے عذاب الیم ہی ایک وہ کہ جو اسنے دیا اسکا اس شخص پر احسان جتلاتا ہی جسکو دیا ہی دوم وہ کہ اپنی ازار ٹخنون سے نیچے لٹکاتا ہی سوم وہ کہ جھوٹی قسم سے اپنے مال کا رواج دیتا ہی۔ اخرجہ مسلم۔ اور ابوالدرداء سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ نہ داخل ہوگا جنت مین عاق اور نہ دائمی شراب خوار اور نہ منان اور نہ تقدیر کو جھٹلانے والا۔ رواہ احمد وابن مردویہ وابن ماجہ۔ اور ابن عمر سے مرفوعا روایت ہی کہ تین قسم کے شخصون کی طرف اللہ تعالے نظر نہ فرماویگا قیامت کے روز ناپاک وہ کہ اپنے والدین کا عاق یعنے نافرمان ہی دوم ہمیشہ کا شراب خوار سوم جو دیا اسپر احسان رکھنے والا رواہ ابن حبان والحاکم وابن مردویہ والنسائی ورواہ النسائی عن ابن عباس ایضا وابن ابی حاتم ونحوہ عن ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ قال المترجم اگر دریافت کیا جاوے کہ جسنے صدقہ دیا پھر جسکو دیا ہی اسپر احسان رکھا یا ایسی کوئی بات کی جس سے اسکو اذیت پہونچی تو بھلا صدقہ کا جواب لیگا اور اسپر احسان رکھنے یا اذیت دینے کا کبیرہ گناہ الگ ہوگا یا صدقہ بھی باطل ہوا تو جواب یہ ہی کہ بعض علماء نے کہا کہ صدقہ کا ثواب ملیگا اور اسپر گناہ کبیرہ الگ ہوگا اور یا بعد کی آیت مین آتا ہی فانظر۔ قولہ قول معروف الخ ضحاک رحمہ نے کہا کہ قول معروف یہ کہ سائل کو اچھا جواب دیدے مثلا کہدے کہ بھائی اللہ تمپر رحم کرے اور تمکو رزق عطا فرماوے اور سائل کو جھڑکی نہین اور نہ اس سے ایسی بات کہے جو اسپر گران گذرے اور عمرو بن دینار سے مرسلا روایت ہی کہ ہمکو پہونچا ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی صدقہ اللہ تعالے کے نزدیک بھلی بات سے زیادہ پسند نہین ہی کیا تو نے نہین سنا قول اللہ تعالے۔ قول معروف ومغفرۃ الآیۃ رواہ ابن ابی حاتم اور صحیح مسلم کی حدیث مین ثابت ہوا ہی کہ اچھا کلمہ کہنا صدقہ ہی اور معروف مین سے یہ بات بھی ہی کہ اپنے بھائی سے خندہ پیشانی ملے۔ قولہ ومغفرۃ۔ اگر سائل اگر الحاح کرے اور اڑا جاوے تو اس سے درگذرے اگرچہ گران گذرے اسکو بیضاوی وغیرہ نے ذکر کیا اور مفسر سیوطی رحمہ نے اختیار کیا اور بعض نے کہا کہ اچھے کلمہ سے سوال کرنے والے سے عذر کردینے پر اللہ تعالے کی طرف سے مغفرت حاصل ہونا بہتر ہی اور بعض نے کہا کہ یہ سائل کی طرف سے ہی یعنے سائل کی طرف سے عفو یا تغلو کہ اس سے عذر کردیا وقال المترجم وظاہر یہ کہ جو بعض نے کہا کہ ایسی بات کہنا جو مغفرت کی طرف پہونچادے بہتر ہی اور اظہر یہ ہی کہ سائل کو دعا دینا کہ اللہ تعالے ہماری تمہاری مغفرت کرے اور تکلیف دفع کرے فافہم۔ قولہ واللہ غنی حلیم۔ یعنے اللہ تعالے اپنے بندون کے رزق دینے مین صدقہ دینے والون سے بے پرواہ ہی کہ جس طور سے انکو رزق دینا منظور ہی وہ دوسرے حیلے سے انکو عطا فرماویگا اور یہ تو صدقہ دینے والون پر کرامت تھی کہ سائل اسکے پاس آیا اسنے دیکر ثواب کثیر کمایا پس یہ نعمت ہی کہ اسکا شکریہ واجب ہوا اور یہ سب مضامین اخبار واحادیث مین ثابت ہین پھر جاننا چاہیے کہ متاخرین فقہا نے لکھا ہی کہ جو لوگ مسجد مین سوال کرنے کو جمع ہوتے ہین اور نمازیون کو ٹوکتے ہین وہ مستحق نہین کہ دیے جاوین۔ اور انکے حکم مین وہ لوگ بھی شامل کیے جاسکتے ہین پیشہ اختیار کرلین کیونکہ مسجد جگہ نماز ودعا وسوال ذہن تعالے ہی اور نمازی جس سے سوال کیا اگر وہ مکان پر دیکھتا ہی تو یہان سوال کرنے مین اسکے دل کو تشویش ہوگی اور مہابت مسجد تھی کہ وہان بندون سے سوال نکیا جاوے واللہ اعلم اور حدیث مین ثابت ہی کہ سائل کا حق ہی اگرچہ گھوڑے پر سوار آوے (رواہ ابن ماجہ) پس سائل کی ظاہری صورت پر نظر نکرے

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى كَالَّذِیْ یُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ

اے ایمان والو مت ضائع کرو اپنے صدقون کو احسان رکھکر اور اذیت دیکر جیسے وہ جو خرچ کرتا ہی اپنا مال لوگون کے دکھانے کو

وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ

اور نہیں یقین رکھتا ہی اللہ پر اور پچھلے دن پر سو اسکی مثال جیسے صاف پتھر کہ اوپر مٹی پڑی ہی پھر اوپر برسا زور کا مینھ

فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا ؕ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ۝

تو اسکو چھوڑ رکھا بالکل سخت کچھ ہاتھ نہیں لگتی انکو انکو اپنی کمائی اور اللہ تعالے راہ نہیں دیتا ہی منکر لوگون کو

شیخ دہلوی رحمہ اللہ نے بیان کیا کہ اوپر تو خیرات کرنے کی بھلائی سے مثال دی کہ جیسے ایک دانہ بویا اور سات بالیان نکلین اور ہر بالی مین سو سو دانہ ہین تو سات سو ملے ایک دانہ کی خیرات پر اور یہان فرمایا کہ اسمین نیت شرط ہی کہ خالص اللہ تعالے کے واسطے ہو جسمین اپنے لینے بھی بہتری کی نیت ہو اور اگر دکھاوے کی نیت سے خرچ کیا تو جیسے پتھر پر دانہ بویا اسپر تھوڑی سی مٹی تھی پھر زور کا مینھ برسا وہ مٹی سب بہ گئی صاف چٹیل پتھر رہگیا اب اسمین سے بھلا کیا آگیگا یہین سے بعض علما نے کہا ہی کہ اسکا ثواب جاتا رہا جسنے احسان کھایا ستایا اور اسپر گناہ بھی نہین ہی اور بعض نے کہا کہ اسکو صدقہ کا ثواب ملیگا ولیکن بڑھتی ثواب جو مقرر ہی جاتا رہا اور اسپر احسان کھنے وستانے کا گناہ رہا اور کرخی رحمہ اللہ نے کہا کہ یہی اوجہ ہی اور بعض نے کہا کہ اسکو اپنے صدقہ کا کچھ ثواب نہ ملیگا اور اسپر احسان رکھنے واذیت دینے کا گناہ ہوگا الغرض تعالے۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ای ایمان والو مت مٹاؤ اپنے صدقات کو منت رکھنے واذیت دینے سے ف یعنے ثواب صدقات مت مٹاؤ کیونکہ جب ثواب کچھ نہ رہا تو گویا صدقہ ہی نہین دیا تھا اور مراد مجموع منّ اذی سے ابطال نہین بلکہ اگر ان مین سے کوئی ہوگا خواہ منت یا اذیت تو ثواب باطل ہوجائیگا پس ایسا مٹانا مت مٹاؤ۔ كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ۔ جیسے وہ شخص کہ اپنا مال لوگون کے دکھلانے کو خرچ کرتا ہی ف بغیر نیت ثواب کے۔ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ۔ اور وہ اللہ تعالے اور روز قیامت پر ایمان نہین رکھتا ہی ف تو اسکا صدقہ کرنا آخرت مین انکا کچھ ثواب نہین بلکہ یہی ریاکاری ودنیاوی ہی۔ پس حاصل یہ ہوگا کہ تم ایسا فعل نکرو جیسے منافق کرتا ہی اور یہ ظاہر ہی کہ منافق کا فعل تو سراسر نفاق ہی کہ وہ لوگون کے دکھلانے کو کرتا ہی اور اللہ تعالے اور روز قیامت پر ایمان ہی نہین لایا ہی بخلاف مومنون کے کہ یہ ریاکاری کے واسطے اس حال پر صدقہ نہین دیتے بلکہ من واذی کی ممانعت کردی کہ یہ بھی اعمال کفر وشرک سے ہی انکو مت کرو اسی سے بعض علما نے کہا ہی مومن نے اگر منت واذیت کی تو بالکل ثواب باطل نہوگا کما ذکرنا اسوجہ سے کہ کالذی اسکے قید ہی ای باطل نہ کرو مثل باطل کرنے منافق کے فافہم۔ قولہ رئاء الناس الخ۔ معنے یہ ہین کہ وہ اپنا مال لوگون کے دکھلانے کو خرچ کرتا ہی تاکہ وہ لوگ تعریف وتوصیف کرین کچھ اللہ تعالے کی رضا وثواب آخرت کے واسطے خرچ نہین کرتا ہی وہ اللہ تعالے و آخرت پر ایمان ہی نہین لایا ہی پھر اس منافق کے صدقہ دینے کی مثال فرمائی۔ فَمَثَلُهٗ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا۔ پس اس ریاکار کی مثل جیسے پتھر سخت پر مٹی ہی پس اسکو زور کا مینھ پہونچا تو اسکو سخت پتھر کر چھوڑا ف یعنے وہی پتھر رہگیا اور مٹی و دانہ سب بہ گیا پھر کہان سے اگیگا۔ اسی طرح ظاہر مین وہ صدقہ دینے والا معلوم ہوتا تھا لیکن بے ایمانی سے کچھ نہ رہا جو آخرت مین کام آوے۔ پس اللہ تعالے نے منافق کی مثل ایسے پتھر سے دی کہ جسپر کچھ مٹی ہی کہ گمان کرنے والا گمان کرسکتا ہی کہ اسپر کھیتی ہوجائیگی حالانکہ پانی پڑکر وہ بالکل چٹیل رہگیا کہ اسپر کچھ بھی نہین اگیگا اور صلد بالکل صاف جیسے غبار تک نہو خشک کھڑنکھ یعنے ایسی حالت قیامت مین اس منافق کی ہوگی کہ اسکے پاس اعمال خیر مین سے کچھ بھی نہوگا۔ لَا يَقْدِرُوْنَ عَلٰى شَيْءٍ مِّمَّا كَسَبُوْا۔ جو کچھ کمایا اسمین سے کچھ بھی نہ پاوینگے ف یہ جامستانفہ ہی گویا کہا گیا کہ پھر ایسے منافقون کا کیا حال ہوگا تو فرمایا کہ لایقدرون علی شئی مما کسبوا۔ یعنے کچھ بھی وہان انکے ہاتھ نہوگا۔ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ۔ جن لوگونکی

نسبت علم الٰہی مین یہ ثابت ہی کہ وہ کافر مریگے انکو اوصاف نہین ملتی ہی وصف اسمین تعریض ہی کہ منت رکھنا اور ایذا دینا اور ریاکاری یہ سب کافرون کی خصلتون مین سے ہین اور حدیث مین ثابت ہوا ہی کہ اللہ تعالے فرماتا ہی کہ مین شرک سے بے پرواہون جو ایسا کام کرے کہ اسمین میرے ساتھ شریک کرے تو اسکو اسکے شرک کے ساتھ چھوڑتا ہون یعنے وہ اور اسکا عمل دونون میری درگاہ سے متروک ہین اور محی السنہ نے مرفوعا روایت کیا کہ بڑا خوف مجکو تمپر شرک اصغر سے ہی عرض کیا کہ شرک اصغر کیا ہی فرمایا کہ ریا رہی ریاکار آدمیون سے قیامت مین کہا جائیگا جسوقت کہ لوگون کو انکے اعمال کا ثواب ملیگا کہ ای ریاکارو تم ان لوگون کے پاس جاؤ جنکو تم دنیا مین دکھلانے کو کام کرتے تھے سو انکے پاس دیکھو تمکو کچھ بھلائی ملتی ہی۔

**قال المترجم** اسکی مذمت مین دیگر احادیث بھی وارد ہین۔ **قال الشیخ** فی العرائس **قولہ تعالے** قولہ معروف ومغفرۃ خیر من صدقۃ۔ قول معروف یہ ہی کہ جسوقت اپنے بھائی مسلمان کی طرف سے کوئی ایسی بات دیکھے جو اسکو غضب مین لاوے تو اسکے حق مین انصاف کرے اور مغفرہ یعنے جبکہ تو اسپر قدرت پاتا ہی اسوقت اسکو عفو کرے اور معنے یہ ہین کہ قول معروف ومغفرت بہتر ہی اس سے کہ تو اسکو کچھ دیوے اور اسکو ایذا پہونچاوے اور نیز تیرا چھپا دینا سائل کو اچھی بات کہکر اور عیب مین اسکی پردہ پوشی کر دینا اس سے بہتر کہ تو اسکو دیوے اور احسان رکھے یا یہ معنے ہین کہ دینے کا وعدہ کرنا اس سے بہتر ہی کہ دیکر احسان رکھے اور اذیت پہونچاوے **قولہ تعالے** لا تبطلوا صدقاتکم بالمن والاذی۔ من کی جبلت یہ ہی کہ بشر اپنے کو بھلائی مین بڑا جانے اور حادث ممکن اپنے جی مین حضرت کبریا قدیم پر غرور رکھے اور آذی کی جبلت یہ ہی کہ جو عطا مانگی گئی اسمین نقصان وکمی کرے اور نیز منّ یہ ہی کہ حدوث کو یاد رکھے اور قدیم کو بھول جاوے اسواسطے کہ جو شخص کسیکو کچھ دیکر اسپر احسان رکھتا ہی تو اللہ تعالے کو بھولا اور اسکو اپنا نفس یاد رہا اور یہ ایک نوع کا شرک ہی **قال المترجم** توضیح یہ ہی کہ احسان رکھنے والے نے جب دوسرے پر احسان رکھا تو یہی سمجھکر کہ ہمنے اسکے ساتھ یہ کیا اور ہم ایسے ہین کیونکہ اگر وہ یہ سمجھتا کہ اللہ تعالے نے اسکے ساتھ احسان کیا کہ مجھسے دلوایا تو وہ کبھی احسان نہ رکھتا بلکہ جناب باری مین شکریہ ادا کرتا کہ پروردگار تیرا مجپر احسان ہی کہ تو نے میرا ہاتھ اونچا رکھا اور نیچا نہین کیا اور یہ احسان ہی کہ تو نے اسکو دیا اور میرے ہاتھ سے دلوا کر مجھے ثواب جمیل عنایت فرمایا مگر وہ بیوقوفی سے اسکے برعکس سمجھا کہ مین نے دیا اور میرا اسپر احسان ہی پس اللہ تعالے کو بھولا اور اپنے کو یاد رکھا اور سمجھا کہ مین ایسا کرنے پر قادر ہون اور یہ ایک قسم کا شرک ظاہر ہی فافہم۔ اور اذی بایں طور کہ فقیرون کی طرف طنۂ اسوجہ پر کہ اپنی تعظیم ہو اور فقیرون پر اپنا شرف ہو۔ حضرت سری سقطی نے فرمایا کہ جسنے اپنے اعمال سے اپنے کو آراستہ کیا اسکی نیکیان سب بدیان ہین کیا کرا سنے ان اعمال کی کچھ قیمت سمجھی اور انکا عوض چاہا **قال المترجم** توضیح یہ ہی کہ جسنے اپنے اعمال کو ایسا سمجھا کہ مجھے ان نیک اعمال سے زینت ہی تو اسنے اپنے اعمال پر نظر رکھی اور خود ہی انکے عمدہ ہونے کا زعم کیسا حالانکہ اللہ تعالے قبول فرماوے اور ثواب عطا کرے اور اسمین ظاہر و باطن ہزارون خرابیان ہین انکو عفو کرے تو فقط اسکے جناب مین کچھ اسکے حکم کی تعمیل ہوے پھر اسمین احسان اللہ تعالے کا ہی یا اس بندے کا یہ بندہ کس بات پر اپنی خوبی ظاہر کرتا ہی اللہ تعالے نے توفیق دی قدرت دی اسکی توفیق و قدرت پر اسنے کیا اسکو اسمین کیا فخر وخوبی ہوئی بلکہ ہزار جان سے اسپر واجب ہی کہ شکریہ ادا کرے اور ہرگز نہین ادا کر سکتا ہی تو عاجزی کرے اور یہی اسکی بندگی ہوگی پھر ایک شکریہ کی توبہ کیفیت ہی عبادت لسان سے اسنے پوری کرلی بلکہ عبادت ادا ہونا محال ہی اور یہ حکم کی فرمانبرداری بھی نہین پوری ہوتی چنانچہ اپنے موقع پر یہ بحث مفصل آویگی۔ اور بعض اکابر نے فرمایا کہ کیونکر منت رکھتے ہو ایسی چیز سے جسکو خود ناچیز وحقیر سمجھتے ہین اور شیخ جنید رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ہم آگاہ کیے گئے کہ جس شخص کے واسطے اسکے صدقہ کا ثواب خالص ہوگا یہ وہی شخص ہی جو اپنے صدقہ کرنے پر کچھ احسان نہین رکھتا ہی اور جسکو صدقہ دیا ہی اسکو ایذا نہین پہونچاتا ہی۔

**وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ**

اور مثال انکی جو خرچ کرتے ہین اپنے مالون کو اللہ کی رضامندیان چاہنے کے لیے اور اپنا دل ثابت کرنے کے جیسے

جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ فَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ۭ وَاللّٰهُ

ایک باغ ہو بلندی پر کہ پہونچا اسکو خوب مینھ تو پھلا وہ دونے پھل پھر اگر نہ اسکو پہونچا گہرا مینھ تو اوس سے ہی بڑی اولہ

بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝

جو تم کرتے ہو دیکھتا ہو

مَثَلُ الَّذِيْنَ - مثل ان لوگون کی ف یعنے مثل انکے صدقہ کی جو صدقہ دیتے ہین - اَمْوَالَهُمُ - اپنے اموال کو ف جو اللہ تعالے مالک حقیقی نے دنیا مین انکے نام کر دیے ہین - اِبْتِغَاۗءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ - مرضیات الٰہی چاہنے کو اور اپنے نفوس سے دلجمعی کرکے ف یعنے جو بندے کہ دلجمعی سے مرضیات الٰہی چاہتے کہ راہ حق مین اپنے اموال خرچ کرتے ہین تو انکے نفقہ کی مثل یہ ہی کہ - کمثل جنۃ بربوۃ - جیسے بلندی پر ایک باغ ہو ف زمین ریگستان وادی نہین ہی تو وہ زمین خوشگوار ہی - اَصَابَهَا وَابِلٌ فَاٰتَتْ اُكُلَهَا ضِعْفَيْنِ - اس باغ کو خوب مینھ پہونچا تو وہ دوچند پھل لایا ف جیسے دوسری زمین مین پھل آوین اس سے دونے آئے - وَاِنْ لَّمْ يُصِبْهَا وَابِلٌ فَطَلٌّ - اور اگر بہت مینھ نہ پہونچا تو خفیف مینھ ف یعنے بلندی کی وجہ سے کافی ہو گیا اور خوب پھل آئے معنے یہ ہین کہ اسمین پھل آتے ہین اور زیادہ ہوتے ہین خواہ مینھ زیادہ ہو یا کم ہو پس ایسے ہی اشخاص مذکورۂ بالا کے صدقات ہین کہ اللہ تعالے کے نزدیک بڑھتے ہین خواہ تھوڑے ہون یا بہت ہون - وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ - اور جو تم کرتے ہو اللہ تعالے خوب دیکھتا ہی ف پس تمکو جزا و ثواب دیگا تمہارے عمل پر اللہ تعالے نے یہ مثال ان لوگون کے نفقہ کے بیان فرمائی جو خالص اللہ تعالے کے واسطے بدون احسان کہنے اور اذیت دینے کے خرچ کرتے ہین اور جاننا چاہیے کہ زکوۃ فرض ہونے کے بعد اور کوئی خرچہ واجب نہین ہا بنا بر قول جمہور کے پھر یہ مثال جن لوگون کے نفقہ کی ہی وہ لوگ ہین جو مسلمان ہون اور اللہ تعالے و روز قیامت پر ایمان رکھتے ہون اور حلال مال سے خرچ کرین اور خالص اللہ تعالے کے واسطے پھر جسکو دین اسپر کچھ احسان نہ اسمین اور نہ کوئی ایسی بات کرین جس سے اسکو اذیت پہونچی پس فرمایا - ومثل الذین ینفقون اموالھم ابتغاء مرضات اللہ مرضات اللہ مصدر رضی یرضی مرضاۃ - ای چاہتے ہین کہ اللہ تعالے ہم سے راضی ہو - قولہ وتثبیتا من انفسھم - مفسرین نے اسکے معنے مین اختلاف کیا ہی اگرچہ مال واحد ہی اور مدار اس امر پر ہی کہ من انفسھم مین من تبعیضیہ ہی یا ابتدائیہ پس بعض نے کہا کہ تبعیضیہ ہی اور نفس سے مال کے خرچ کرنے کے تبعیض بین معنے درست ہی کہ مال گویا اسکا ایک جزو ہوتا ہی لہذا جو شخص مال سے سخی ہوتا ہی وہ جان سے شجاع و دلیر ہوتا ہی اور اسکے معنے یہ ہین کہ مال کو دوست رکھنے کے باوجود کرم کی خصلت مین نے تکلف دیدیتا ہی اور یہ معنے نہین کہ آدمی اسراف و فضول کرتا ہو کہ اسمین دلیری نہونا بعید نہین ہی پس ریاضت نفس اس سے ظاہر ہی اور تثبیت یہی مراد ہی جو مجاہد و حسن سے روایت ہی ای یثبتون ان یفعوا صدقاتھم - یعنے صدقات کے دینے مین مضبوطی سے ثابت قدمی اختیار کرتے ہین اور بعض نے کہا کہ من ابتدائیہ ہی پس صیغہ تثبیتا کی واقع ہوا اور متعلق محذوف ہی پھر اس محذوف کے بارہ مین مختلف اقوال ہین مع اختلاف معنے مثبتین کے پس کہا گیا کہ معنے یہ ہین کہ احتسابا کائنا من انفسھم یعنے امید ثواب اور بعض نے کہا کہ تصدیقا ویقینا من انفسھم اور یہ ابن عباسؓ کی طرف منسوب ہی اور بعض نے کہا کہ تحقیقا مبتدأ من انفسھم - اور شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ شعبی رحمہ اللہ نے کہا کہ تثبیتا من انفسھم ای تصدیقا ویقینا اور ایسا ہی ابو صالح و قتادہ و ابن زید نے کہا ہی اور حق یہ ہی کہ من ابتدائیہ کی صورت کے سب اقوال بمعنے واحد ہین اور مراد یہ ہی کہ انکے دلون کو یقین کامل ہی اور تحقیق جانتے ہین کہ اللہ تعالے انکو اس کام پر ثواب جمیل عطا فرماویگا اس تحقیق و یقین قطعی امید ثواب پر خرچ کرتے ہین اور یہ تحقیق و

قطع واجتناب ناشی ہوا ہی انکے دلون سے اور یہی اجود ہی اور اسکو ابن جریر رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہی اور یہی مختار مفسر رح ہی اور قول حسن رح کے معنے بنا بر انکہ بغوی رح نے ذکر کیے ہین یہ ہین کہ حسن رح نے فرمایا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم مین جب کوئی صدقہ کا قصد کرتا تو ٹھہر کر غور کرتا اور تثبیت کرتا پس اگر وہ اللہ تعالے کے واسطے ہوتا تو اسکو پورا کر دیتا یعنے دیدیتا اور اگر اسمین شک کا میل ہوتا تو روک دیتا **قال البغوی** وعلی ہذا تثبیت کے معنے تثبت کے ہونگے جیسے قولہ تبتل الیہ تبتیلا مین ہین **قال المترجم** یہ خلوص سے کام کرنے کا طریقہ سلف صالحین کا ہی فتدبر۔ قولہ کمثل جنۃ بربوۃ۔ **مبرد و فراء** تفعیل نے کہا کہ اگر بستان مین نخل ہو تو وہ جنت ہی اور اگر کرم یعنے درخت انگور ہون تو فردوس ہوا اور بعض نے ذکر کیا کہ حسن زمین مین درختان سرسبز و شاداب گنجان دگھنے ہون وہ جنت ہی اور ان درختون کو بھی بولتے ہین اور یہان دونون کو محمل ہی اور شاید دوسرے معنے اولی ہون بقرینہ قولہ بربوۃ اور ربوہ بحرکات ثلثہ ہی ولیکن فتحہ وضمہ قراءات مشہورہ ہین وکسرہ ابن عباس کی طرف منسوب ہی اور سورہ مومنین مین بفتح ہی بالاتفاق ہی واللہ اعلم اور معنے اسکے زمین مستوی جو خفیف بلند ہو یہ جمہور کی تفسیر ہی اور ابن عباس وضحاک نے کہا کہ زمین برابر جو کچھ اونچی ہو اور اسمین نہرین جاری ہون **ذکرہ** ابن کثیر اور یہی معالم مین اختیار کی گئی ہی اور کہا کہ پس ایسی زمین کے باغ مین پانی نہین چڑھتا ہی کہ ڈوب جاوے اور نہ وہ پانی سے زیادہ دور ہوتی ہی پس وہ باغ اختیار کیا گیا ہی اسکے درخت وپیداوار عمدہ وپاکیزہ ہوتے ہین اور ابن عطیہ کے قول مین ہی کہ ربوہ ماخوذ ہی ربو سے یعنے زائد ہونا پس گویا ربوہ مین پھلون کی پیداوار بہت ہوتی ہی اور بعض نے کہا کہ ربوہ وہ زمین مستوی جسکی مٹی نہایت عمدہ ہو اور پاکیزہ ایسی ہو کہ جب اسپر پانی پڑے تو پھول جاوے اور قوت پکڑے اور اسکی پیداوار خوب ہو اور یہ قسم زمین کی نہایت عمدہ ہوتی ہی قولہ اصابہا وابل فاتت اکلہا ضعفین پہلے گذرا ہی کہ وابل سخت مینہ کو کہتے ہین اور یہان بہ مقصود مذکور سے متعلق نہین بلکہ بھرپور پانی پڑا اور آتت بمعنے اعطت ہی مانند قولہ تعالے توتی اکلہا کل حین باذن ربہا۔ ای دیتا ہی وہ ہر وقت پر اپنا میوہ اپنے پروردگار کے حکم سے پس یہان بھی دینے کی نسبت باغ کی طرف اسی معنے کر ہی کہ دیتا ہی اپنے پروردگار کے حکم سے اور اضافت بوجہ اختصاص ہی مثل باب الدار و حبل الفرس اور ضعفین ای دوچند پس یہ دونا ہونا یا تو خود اسی کے اعتبار سے ہی پس ضرور ہی کہ یون کہا جاوے کہ کبھی بدون وابل کے جتنا پھلتا تھا اس سے وابل کی وجہ سے دونا پھلا اور اظہر یہ ہی کہ غیر کے قیاس پر ہی ای جسقدر اور باغون مین پھل آتے تھے اس سے دوچند اسمین آئے پس دوچندگی کی وجہ مجموع ربوہ ووابل ہوے یعنے زمین مستوی بلند پر ہونا اور اسکو وابل کا پہونچنا موجب اسکے دوچند پھلون کا ہوا اور بہرحال ضعفین سے مراد مثل ہوا کہ ضعفین دو مثل بیان کیا گیا اور بعض نے کہا کہ ضعف الشئی ایک اسکے برابر لاتا ہی اور ہوتا ہی پس ایک ضعف دوچند ہی اور ضعفین چہار چند ہوا اور شیخ ابو حیان نے کہا کہ ضعفین واسطے تکثیر کے ہوا ای ضعفا بعد ضعف یعنے ضعف پر ضعف بمعنے اضعاف کثیرۃ اسواسطے کہ نفقہ فقط ایک ہی مانند پڑھا یا نہین جاتا ہی بلکہ دس سے سات سو سے جہانتک اللہ تعالے چاہے اور نصب اسکا بنا بر حالیت کے ای مضاعفا **ذکرہ فی** السراج قولہ فان لم یصبہا وابل فطل۔ یعنے اگر اسکو وابل نہ پہونچا تو طل کافی ہی اور اسکو طش کہتے ہین یعنے ضعیف خفیف مینھ اور **بغوی** نے کہا کہ وہ ہمیشہ ہوتا ہی پس یہی اوس ہوئی اور سدی رح نے کہا کہ وہ ندی ہی یعنے اوس اور ضحاک نے کہا کہ وہ رذاذ ہی ای نرم مینھ **ذکرہ** ابن کثیر۔ پھر اختلاف ہی کہ تقدیر یہان کیا ہی کیونکہ فطل مین فا جواب شرط ہی پس اول جملہ ہی اور تقدیر ضرور ہی پس یا تو مبتدا مقدر ہی یا فعل مضمر ہی یا خبر محذوف ہی پس زجاج نے کہا کہ فالذی یصیبہا طل بتقدیر مبتدا اور بعض نے کہا فیصیبہا طل بحذف فعل اور مبرد وغیرہ نے اختیار کیا کہ فعل یکفیہا خبر مقدر ہی اور ابن کثیر رح نے معنے آیت کے یون بیان کیے ای باغ اس ربوہ پر کبھی معمل نہین ہتا کہ اگر اسکو وابل پہونچا تو طل ہی سہی اور کوئی ہو بہرحال اسکے واسطے کافی ہی کیونکہ جب طل اسکو دوام پہونچی تو وہ وابل کا کام دیگی ایسے ہی مومن کا نفقہ

ہو کہ کبھی برباد نہین جاتا بلکہ اللہ تعالے اسکو قبول کرتا اور زیادہ کرتا اور بڑھاتا ہی ہر ایک کے حسب حال اسیواسطے فرمایا واللہ بما تعملون بصیر اسی ہندون کے اعمال مین سے اسپر کچھ پوشیدہ نہین ہی اور بغوی نے کہا کہ یہ مثل اللہ تعالے نے مومن مخلص کے نفقہ کی بیان فرمائی کہ جیسے یہ باغ مذکور ہر حال مین پھلتا ہی کبھی خالی نہین جاتا ہی خواہ وہ بارش قلیل ہو یا کثیر ہو اسی طرح اللہ تعالے مومن مخلص کے صدقہ کو جو احسان نہین رکھتا اور نہ ایذا دیتا ہی ہمیشہ بڑھاتا ہی خواہ وہ قلیل ہو یا کثیر ہو اور اسیکو مفسر رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہی اور بیضاوی نے کہا کہ یہ بھی ہو سکتا ہی کہ اللہ تعالے کے نزدیک جو ان مخلصون کا حال ہی اسکی تمثیل ہو ایسے باغ سے جو زمین بلند پر ہو اور جو انکے نفقات قلیل و کثیر کو اللہ تعالے کے نزدیک ان لوگون کے مرتبہ کے موافق بڑھتے ہین اسکی تمثیل ہو وابل و طل سے قال المترجم اور یہ تجویز بھی درست ہی اور حدیث صحیح مین اسطرف اشارہ ہی کہ آپ نے فرمایا کہ تم لوگ میرے اصحاب کو برا مت کہو کہ اگر تم مین سے کوئی شخص آسمان و زمین کے درمیان کے خالی جگہ بھر کے سونا خرچ کریگا اور بعض روایت مین اُحد پہاڑ کے برابر سونا خرچ کریگا تو وہ انکے ایک مُد سونا خیرات کرنے کے برابر بلکہ نصف مُد کے برابر بھی نہ پہونچے گا۔

أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ أَنْ تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ مِنْ نَخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

بھلا خوش لگتا ہی تم مین کسیکو یہ کہ ہووے اسکا ایک باغ کھجور اور انگور کا بہتی ہون اسکے نیچے نہریان

لَهُ فِيهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَأَصَابَهُ الْكِبَرُ وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ ع ۲۳

اسکو وہان حاصل سب طرح کا میوہ اور اسکو بڑھاپا پہونچ گیا اور اسکی اولاد ہین ضعیف تب پڑا اس باغ مین بگولا

فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ كَذَلِكَ يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمُ الْآيَاتِ لَعَلَّكُمْ تَتَفَكَّرُونَ ۝

جسمین آگ تھی تو وہ جل گیا یون ہی سمجھاتا ہی اللہ تمکو آیتین شاید تم دھیان کرو

أَيَوَدُّ أَحَدُكُمْ - کیا پسند کرتا ہی تم مین کوئی کہ - أَنْ تَكُونَ لَهُ جَنَّةٌ - بستان - مِنْ نَخِيلٍ وَأَعْنَابٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ - اسکے واسطے ایک باغ ہو خرما و انگور کا جسکے نیچے نہرین جاری ہین - لَهُ فِيهَا - تمر - مِنْ كُلِّ الثَّمَرَاتِ وَقد - أَصَابَهُ الْكِبَرُ - لضعف عن الکسب - وَلَهُ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَاءُ - اولاد صغار لا یقدرون علیہ اور اس شخص کے لیے حاصل ہین اس باغ مین (پھل) ہر قسم کے پھلون سے اور (حال یہ کہ) پہونچ گیا ہی اسکو بڑھاپا (پس وہ کمائی سے سست ہو گیا) اور حال یہ کہ اسکی اولاد ضعیف ہین (چھوٹے چھوٹے بچے ہین کہ کمائی کرنے کی قدرت نہین رکھتے ہین) فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ - ریح شدیدۃ سخت ہوا - فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ - فتقدیرہ احوج ما کان الیہا و بقی ہو و اولادہ عجزۃ متحیرین لا حیلۃ لہم - پھر اس باغ کو سخت آندھی کا صدمہ پہونچا جسمین آگ ہی پس وہ باغ جل گیا یعنے پس اس شخص نے گم کیا اس باغ کو جسوقت مین وہ اس باغ کی طرف بہت ہی محتاج تھا اور رہگیا وہ اور اسکی اولاد سب کی سب عاجز و متحیر کہ انکے لیے کوئی حیلہ نہین ہی جس سے تن پروری کرین وہذا تمثیل لنفقۃ المان والمرائی فی ذہابہا وعدم نفعہا احوج ما یکون الیہا فی الآخرۃ والاستفہام بمعنی النفی - اور یہ تمثیل ہی ایسے شخص کے صدقہ کی جو احسان رکھتا اور جو لوگون کے دکھلانے کو دیتا تھا اس بات مین مثال دی کہ وہ صدقہ جاتا رہیگا اور کچھ نفع نہ دیگا ایسے وقت مین کہ منت نہندہ و ریاکار اس صدقہ کے ثواب کا بہت ہی محتاج ہوگا یعنے آخرت و قیامت مین جب اسکے ثواب کا سخت محتاج ہوگا اسوقت نظر آویگا کہ وہ صدقہ بوجہ احسان رکھنے یا ریاکاری کے کچھ کام کا نہین ہی اور استفہام یہان بمعنے نفی ہی یعنے ایسا کوئی نہین پسند کریگا کہ اسکا باغ ایسے وقت جل کر خاک ہو جاوے وعن ابن عباس ہو ارجل عمل بالطاعات ثم بعث لہ الشیطان فعمل بالمعاصی حتی أغرق اعمالہ - اور ابن عباس سے روایت ہی کہ یہ آیت ایسے شخص کے حق مین ہی جسنے

ابتدا مین بہت عبادتین کین پھر اسکے واسطے شیطان اُٹھایا گیا پس شخص مذکور نے گناہ کیے یہانتک کہ سب اپنی عبادتین محو ہوین۔ کَذٰلِکَ کما بینا لکم ماذکر۔ جیسے تمہارے لیے نصیحت مذکورۂ بالا کو بیان کیا۔ اسی طرح۔ یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمُ الْاٰیٰتِ۔ اللہ تعالے تمہارے لیے اپنی آیات نصیحت بیان کرتا ہی۔ لَعَلَّکُمْ تَتَفَکَّرُوْنَ۔ فتعتبرون۔ تاکہ تم تفکر کرو پس عبرت حاصل کرو۔ ف یہ آیت متصل ہی بقولہ یاایہا الذین آمنوا لاتبطلوا صدقاتکم بالمن والاذی۔ یعنے منت رکھنے اور ستانے سے اپنے تصدقات کو جو ثواب کثیر لائے اور پھلے پھولے ہین باطل مت کرو۔ قال ایود کم ان تکون لہ جنۃ الآیۃ۔ کیا تم مین کوئی اسکو پسند کرتا ہی کہ اسکا ایک باغ نہایت خوب ہو وہ اسکے بڑھاپے اور چھوٹی چھوٹی اولاد کے وقت جلکر خاک ہو جاوے جسوقت اسکو نہایت حاجت اس باغ کی ہی یعنے ایسا کوئی تم مین سے نہین پسند کرتا ہی پس اس تمثیل کی دو جہتین ہین ایک تو یہ کہ مومنون کو منع کردیا کہ ایسے نہ بنین جیسے اس مثل والے کا حال مذکور ہوا اب رہا یہ کہ یہ مثل کہان کہان صادق ہی تو جاننا چاہیے کہ کمال بلاغت ہی کہ مثل مذکور منافق وفاسق وکافر سب پر صادق ہی اسواسطے کہ دنیاوی مال ومتاع سے بھرے پھر صدقہ دیا لیکن نام کے واسطے پس آخرت مین کچھ نہین ہی اور فاسق مسلمانون کو آخرت مین زیادہ رنج ہوگا کیونکہ انھین کے واسطے آخرت مین ثواب جمع رہتا ہی لہذا محی السنۃ وغیرہ مفسرین نے اسکو احسان رکھنے والے وایذا دینے والے کی خیرات کی مثل اور منافق کے نفقہ کی مثل قرار دیا اور یہی سیاق کلام سے زیادہ مربوط ہی اور شامل ایسے شخص کو بھی ہی کہ جسنے ابتدا مین اعمال خیر کرکے اپنے واسطے آخرت مین باغ لگایا اور پھر اسنے نوکری کے فتنہ مین گرفتار ہوکر ایسے گناہ کیے کہ سب باغ جلا دیا اور یہی معنے ہین اس روایت کے جو بخاری رح نے عبید بن عمیر سے روایت کی کہ عمر بن الخطاب رض نے ایک روز اپنے اصحاب سے کہا کہ تم کیسے شخص کے حق مین جانتے ہو کہ یہ آیت اُتری ایود احدکم ان تکون لہ جنۃ الآیہ۔ تو بولے کہ اللہ داناتر ہی پس عمر رض غصہ ہوے کہ یہان موقع یہ ہی کہ کہو ہم جانتے ہین یا نہین جانتے ہین تو ابن عباس رض نے عرض کیا کہ اے امیرالمومنین میرے دل مین اس آیت کے بارہ مین کچھ بات ہی عمر رض نے کہا کہ اے بھتیجے وہ بیان کر اور تو اپنے آپکو چھوٹا اور حقیر مت قرار دے تو عرض کیا کہ یہ مثل ہی عمل کی تو عمر رض نے کہا کہ کس عمل کی ابن عباس رض نے کہا کہ مردتونگر نے اللہ تعالے کی طاعات کین پھر اللہ تعالے نے اسکے واسطے شیطان کو برانگیختہ کردیا پس اسنے گناہ کیے یہانتک کہ اپنے اعمال سب ڈبو دیے رواہ البخاری وتفرد بہ اور اسمین یہ دلیل نہین ہی کہ آیۂ کریمہ کی یہی تفسیر ہی اور سابق مین جو اسکے معنے مذکور ہوے وہ نہین ہین بلکہ یہ بھی ذکر کیا گیا ہی چنانچہ خود ابن عباس رض سے عوفی رح نے روایت کیا کہ اللہ تعالے نے یہ خوب مثل بیان فرمائی اور اللہ تعالے کی سب مثلین خوب ہین تو کہا ایود احدکم ان تکون لہ جنۃ الآیۃ۔ فرماتا ہی کہ اسکے بڑھاپے مین اسکے ہری بھری زمین بستان ہی اور اسکو بڑھاپا پہونچا اور اسکی اولاد ذریۃ سب چھوٹے ہین پس اعصار نے جسمین آگ ہی آکر یہ باغ جلا دیا پھر نہ اسکو قوت ہی کہ ایسا باغ جماوے اور نہ اسکی نسل کے پاس کچھ مال ہی کہ پیر مرد کی خبر گیری کرین ایسے ہی قیامت مین کافر کا حال ہوگا کہ نہ اسکے پاس کچھ بھلائی ہوگی اور نہ قوت ہوگی کہ بھلائی جمع کرے اور نہ اسنے کچھ خیرات پہونچا رکھی ہی جو اسکو مل جاوے جیسے اس مثل والے کو اسکی اولاد سے کچھ نہ ملا اور ثواب ایسے وقت ندارد ہی کہ وہ بہت محتاج ہی جیسے مثل والا اپنے باغ سے اپنے بڑھاپے اور اولاد ضعیف ہونے کے وقت جب زیادہ حاجت تھی محروم ہوا۔ رواہ ابن ابی حاتم اور حاکم نے مستدرک مین روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعا مین کہا کرتے تھے کہ اے پروردگار میرا رزق میرے بڑھاپے اور میری عمر منقضی ہونے کے وقت بڑھا دے اور بیضاوی نے فرمایا کہ یہ تمثیل ایسے شخص کے حال کی ہی جسنے ایسے ایسے کام کیے جو نیک معلوم ہوتے ہین اور ان کامون کے ساتھ ایسے کام بھی ملائے جو نیک کامون کو مٹانے والے ہین مانند احسان رکھنے اور ایذا دینے وغیرہ کے تو قیامت مین جب انکی طرف اسکو سخت حاجت ہوگی تو سب کو مٹا ہوا پاکر حسرت وافسوس کھاویگا اور کتنا مشابہ ہی ایسے شخصون کے حال سے حال اوس شخص کا جسنے اپنے

دل سے عالم ملکوت کی طرف جولانی کی اور اپنی فکر سے عالم جبروت کی طرف ترقی کی پھر الٹے پانوں لوٹ کر لوگون سے مکاری کرنے لگا اور حق عزوجل کے سوائے دیگر چیزون کی طرف ملتفت ہوگیا اور اپنی تمام کوشش اسنے خاک کردی۔ پھر جاننا چاہیے کہ نخیل اسم جمع ہو واحد اسکا نخلہ یا نخیل جمع نخل کی جو اسم جنس ہو اور اعناب جمع عنب جو اسم جنس ہو اور واحد اسکا عنبہ ہو اور اسکو عرب والے کرم کہتے ہین اور حدیث مین منع آیا ہو اور فرمایا کہ کرم قلب مومن ہو۔ اور باغ مذکور مین تمام قسم کے میوجات تھے مگر نخیل و اعناب کو انکے اشرف ہونے کی وجہ سے مخصوص ذکر کیا کیونکہ لہ فیھا من کل الثمرات۔ فرمایا ہو۔ اور اعصار ہوائے گرم تند جو زمین سے آسمان کی طرف مانند ستون کے بہتی ہو اسمین آگ ہوتی ہو ذکرہ البخاری وغیرہ اور یہ لفظ مذکر ہو برخلاف دیگر اسماء ہونے کے کہ وہ مونث ہین ذکرہ ابن الانباری وغیرہ اور جاننا چاہیے کہ آیہ کریمہ مین حسن استقصا ہو یعنے جو معنے قصد کیے گئے اسکے ساتھ اسکے سب اوصاف ذاتیہ ذکر کرنے کے بعد اسکے سب عوارض ولوازم اسطرح ذکر کردیے گئے کہ پھر اگر کوئی اس معنے کو لے تو اس سے زیادہ اسکو اسمین کلام کی گنجایش نہ ملے چنانچہ آیہ کریمہ مین اگر لفظ جنت پر اقتصار ہوتا تو کافی تھا مگر اسکی تفسیر کردی کہ من نخیل و اعناب کیونکہ ایسے باغ والے کو خوب ملتا ہو پھر زیادہ کردیا۔ تجری من تحتہا الانہار۔ کہ اسکا وصف پورا کردیا پھر ہر دو وصف کے بعد قولہ لہ فیھا من کل الثمرات۔ سے اوصاف کی تکمیل کردی پس کچھ باغون مین ہوا کرتا ہو سب فرمادیا تاکہ اسکے خراب ہوجانے پر کمال افسوس ہو۔ پھر اسکے مالک کی وصف مین کہا کہ۔ اصابہ الکبر۔ پھر اسکا استقصا کیا اس معنے کی راہ سے جس سے باغ کی خرابی مین زیادہ غم ہو پس فرمایا۔ ولہ ذریۃ۔ اور اسی پر اکتفا نہین بلکہ وصف کردیا۔ ضعفاء۔ پھر اس باغ کی استیصال کو ایسی سرعت سے ہلاکت کے ساتھ ذکر کیا۔ فاصابہا اعصار۔ اور اسی پر اقتصار نہ کیا کہ جلد تباہ ہونا شاید اس سے نہو فرمایا۔ فیہ نار۔ اور اسی پر اکتفا نہ فرمایا کہ شاید آگ سست ہو کہ رطوبت درختان وانہار سے زیادہ موثر نہوئی ہو تو صنعت احتراس کے ساتھ فرمادیا۔ فاحترقت۔ ای قوی آگ تھی کہ اسنے خواہ مخواہ جلادیا قال المفسر یہ نہایت بلیغ عمدہ استقصا ہو اور بہت پورا و کامل ہو۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا مِن طَيِّبَاتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّا أَخْرَجْنَا لَكُم مِّنَ الْأَرْضِ

ای ایمان والو خرچ کرو ستھری چیزین اپنی کمائی مین سے اور اس سے جو ہمنے نکالا تمہارے لیے زمین مین سے

وَلَا تَيَمَّمُوا الْخَبِيثَ مِنْهُ تُنفِقُونَ وَلَسْتُم بِآخِذِيهِ إِلَّا أَن تُغْمِضُوا فِيهِ وَاعْلَمُوا

اور قصد نہ کرو گندی چیز کا اسمین سے کہ اسکو خرچ کرو اور تم آپ وہ نہین لوگے مگر آنکہ آنکھین موندلو اسکے بارہ مین اور جان رکھو

أَنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ حَمِيدٌ

یہ کہ اللہ تعالے بے پرواہ ہو خوبیون والا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا أَنفِقُوا۔ زکوا۔ ای ایمان والو خرچ کرو یعنے زکوۃ دو۔ مِن طَيِّبَاتِ۔ جیاد۔ عمدہ کھرے۔ مَا كَسَبْتُمْ من المال کھرے عمدہ مال سے جو تمنے کمایا ہو۔ وَمِنْ۔ طیبات۔ مِّمَّا أَخْرَجْنَا لَكُم۔ اور کھری اس چیز سے کہ نکالی ہمنے تمہارے لیے۔ مِّنَ الْأَرْضِ۔ من الحبوب والثمار۔ زمین سے یعنے اناج و پھلون کو۔ وَلَا تَيَمَّمُوا۔ تقصدوا۔ اور مت قصد کرو۔ الْخَبِيثَ۔ الردی۔ ناکارہ کو۔ مِنْهُ۔ ای المذکور۔ تُنفِقُونَ۔ فی الزکوۃ۔ یعنے اس مذکور کمائی و پیداوار مین سے ناکارہ کا قصد مت کرو کہ اسکو خیرات کرنے لگو۔ وَلَسْتُم بِآخِذِيهِ۔ ای الخبیث لو اعطیتموہ فی حقوقکم۔ حالانکہ تم خود نہین لینے والے ہو اسکو یعنے خبیث کو کہ اگر دیے جاؤ تم اپنے حقون مین۔ إِلَّا أَن تُغْمِضُوا فِيهِ۔ بالتساہل وغض البصر فکیف بودون منہ حق اللہ۔ مگر یون ہی

لے لوگے کہ اس میں دی ہے۔ غماض کرو یعنے باین طور کہ تساہل کرکے لیلو اور چشم پوشی کرو پس جب یہ حال ہے تو تم ردی سے اللہ تعالے کا حق کیونکر ادا کرتے ہو۔ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ۔ عن نفقاتکم۔ حَمِيْدٌ۔ محمود علی کل حال اور خوب جان لو کہ اللہ تعالے غنی یعنے بے پروا ہے تمہارے نفقات سے اور حمید یعنے محمود ہے ہر حال میں ف مفسرین رحمہم اللہ تعالے نے اختلاف کیا یہان کیسا خرچہ مراد ہے آیا انفاق واجب یعنے زکوۃ مراد ہے یا خیرات مستحب ہے یا واجب و مستحب دونون کو شامل ہے پس مفسر سیوطی رحمے نے اختیار کیا کہ نفقہ واجب مراد ہے اور وہ زکوۃ ہے اسواسطے کہ جمہور کے نزدیک زکوۃ کے بعد اور کوئی نفقہ واجب نہین ہا اور فرض پر واجب کا اطلاق آتا ہے اور اسی پر دلالت کرتا ہے قولہ انفقوا بصیغہ امر اسواسطے کہ امر واسطے وجوب کے ہے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ یہ آیت زکوۃ مفروضہ کے حق مین نازل ہوئی اور یہی ایک جماعت سلف سے مروی ہے اور بعض نے کہا کہ صدقہ مستحب مراد ہے اور امر استحباب کے لیے ہے کیونکہ ابن عباس نے کہا کہ اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ارزان طعام خرید کر خیرات کرتے تھے تو اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری اور اکثرون کے نزدیک فرض و مستحب سب کو شامل ہے اور یہی ظاہر آیۂ کریمہ ہے اور ابن کثیر رحمہ اللہ تعالے نے باسناد ابن جریر رحمہ اللہ تعالے کے براء بن عازب سے روایت ذکر کی کہ براء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ آیت انصار کے حق مین اُتری انکا دستور تھا کہ جب کھرا توڑنے کے دن آتے تو اپنے باغون سے گدر خرمے لاکر مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو اسطوانہ کے درمیان رسی مین لٹکا دیتے تھے پس اسکو فقرا مہاجرین کھاتے تھے پس بعض انہین سے گدر عمدہ خوشون کے ساتھ حشف یعنے جو ناکارہ ہو گیا تھا لاکر لٹکاتا اور سمجھتا کہ یہ جائز ہے پس اللہ تعالے نے اس شخص کے حق مین جسنے ایسا کیا یہ آیت نازل فرمائی ولا تیمموا الخبیث منہ تنفقون۔ ورواہ ابن ماجہ وابن مردویہ والحاکم وصححہ علی شرط الشیخین اور ابن ابی حاتم نے براء سے روایت کی کہ یہ آیت ہم لوگون کے حق مین نازل ہوئی ہم لوگ خرما کے باغ رکھتے تھے پس ہم مین سے ہر ایک اپنی وسعت کے موافق قلیل و کثیر لاتا تھا پس ہم مین سے آدمی خرما کی گودھ لاتا اور اسکو مسجد مین لٹکا دیتا اور اہل صفہ مہاجرین کے واسطے کچھ طعام نہ تھا پس انمین سے جب کسیکو بھوک لگتی تو آکر اپنے عصا سے گودہ کو مار کر اسمین سے گدر و پکے چھوہارے گرا کر کھا لیتا اور بعضے لوگون کو خیرات کی رغبت نہ تھی تو وہ ایسی گودھ لاتا کہ اسمین حشف و شیص ہوتے اور ایسی گودھ لاتا کہ وہ چھوٹ کھانے ہوتے تھے اور اسکو لٹکا دیتا پس یہ آیت نازل ہوئی۔ ولا تیمموا الخبیث منہ تنفقون الآیہ۔ ورواہ ابوداؤد اور دوسری وجہ سے روایت کی اسمین یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جعرور و جلیق کو صدقہ مین لینے سے منع کر دیا۔ ورواہ النسائی ایضاً مترجم کہتا ہے کہ ظاہر یہ زکوۃ مین لینے سے ممانعت ہے۔ اور عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مسلمان کی کمائی خبیث نہین ہوتی ہے ولیکن وہ ناکارہ چھوہارے کو اور کھوٹے کم مال درم کو اور جسمین کچھ خیر نہین ہے صدقہ نہ کرے رواہ ابن ابی حاتم۔ اور مترجم کہتا ہے کہ معنے یہ ہین کہ مومن اپنے دین کی پابندی سے حلال کماتا ہے اسکی کمائی اسوجہ سے نہین ہوتی ہے اور احسن ان روایات مین حدیث ابن ابی حاتم و ترمذی ہے و ترمذی نے اپنی سنن مین اس حدیث کو حسن صحیح کہا ہے اور ان روایات سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ صدقہ نفل کو بھی شامل ہے۔ حضرت علی رضی سے طیبات کی تفسیر مین سونا و چاندی مذکور ہے اور ابن عباس نے کہا کہ طیبات اُس چیز سے جو اللہ تعالے

نے نصیب کیا انکو ان اموال مین سے جو انھون نے کمائے ہین اور یہ وحقیقت کسب کی تفسیر ہی اور ایسی ہی مجاہد سے تجارت مذکور ہی یہ بھی کمائی
کی تفسیر ہی اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی تفسیر البتہ طیبات کی ہی اور وہی سدی سے روایت ہی اور ظاہر امراد اس سے نفیس و جید ہی اسواسطے کہ عرب کے
نزدیک یہی اجود ہی اور قرینہ اسپر لفظ خبیث ہی کہ مراد اس سے ردی ہی اور یہی مفسر نے اختیار کیا ہی اور ابن عباس سے صریح روایت ہی کہ اللہ تعالے نے
مومنون کو حکم کیا کہ مال سے اجود و اطیب انفس کو خیرات کرین اور انکو مال ذلیل و ردی سے منع کیا اور یہی خبیث ہی کیونکہ اللہ تعالے طیب ہی نہین قبول
کرتا مگر طیب کو اور بعض نے اسکی تفسیر مین حلال فرکر کیا طیبات ای حلالات اور یہ ناقص تفسیر ہی اسواسطے کہ طیبات دونون امور کو شامل ہی کہ حلال بھی ہو
اور جید یعنے کھرا بھی ہو بمقابلہ خبیث کے فافہم اور کسبتم - شامل ہی ہر ایسی چیز کو جو شرعاً کرہ ہو مثل تجارت و حرفہ وغیرہ مگر انکہ تجارات و حرفتون مین سے
جو روا ہین انکی کمائی روا ہی اور جو نہین روا ہین انکی کمائی بھی خبیث ہی پس آیت مین دلیل ہی کہ اپنی مشقت سے کمانا مباح ہی اور اسکی دو قسمین ہین ایک طیب
اور ایک خبیث پس طیب مثلاً علمی کتابون کی یا اناج کی یا کپڑے کی تجارت کرے اور جو شرائط ظاہر ایک قسم کی خرید فروخت کی ہین انکو ملحوظ رکھے تو کمائی
حلال ہی مگر اس زمانہ مین بہت لوگ تجارت کرتے ہین اور شرائط سے بالکل واقف نہین ہین اور انکی ناواقفی سے ناحق حلال کا حرام ہو جاتا ہی اور البتہ
ترجمہ فتاوے عالمگیری و عین الہدایہ جلد سوم کتاب البیع مین مفصل مذکور ہین واللہ الموفق اور حضرت عائشہ رضی سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا
کہ جو آدمی کھاوے اسمین اطیب وہی ہی جو اپنی کمائی سے کھاوے اور آدمی کا فرزند اسکا کسب ہی - اور نیز فرمایا کہ ہرگز نکھایا آدمی نے کوئی طعام بہتر اس سے کہ اپنے
ہاتھ کی کمائی سے کھاوے اور داؤد علیہ السلام نہین کھاتے مگر اپنے ہاتھ کی کمائی سے رواہ البخاری وغیرہ - اور جاننا چاہیے کہ زکوۃ صرف مضروبہ سونے چاندی
و زیور و جنگلی چرائی کے پلے ہوے جانور و مالہاے تجارت مین ایک سال گذر جانے پر ادا کرنی واجب ہوتی ہی اور حدیث مین ہی کہ جو چیز بیع کے واسطے
مہیا ہوتی تھی اسمین سے زکوۃ نکالنے کا حکم فرماتے تھے - قولہ تعالے - ومما اخرجنا لکم من الارض - پس مما ای من طیبات ما - ولیکن مضاف بقرینہ ماسبق کے
حذف ہوا - اور علی کرم اللہ وجہہ و سدی سے روایت ہی ای من الثمار والزروع التی انبتنا لکم من الارض - یعنے پھلون و کھیتون سے جو تمھارے
لیے زمین سے اگاتے ہین اور ظاہر آیت یہ ہی کہ پھل و اناج و کھان کی پیداوار نمک و لوہا و سونا و چاندی وغیرہ سب کو شامل ہی خواہ قلیل ہو
یا کثیر ہو اور یہی قول امام ابو حنیفہ رح کا ہی حتی کہ ترکاری و ساگ پات و ککڑی و کھیرا وغیرہ جو کچھ زمین سے پیدا ہوتا ہی انھون نے سب مین عشر یعنے دسوان
حصہ بشرائط واجب کہا ہی اور یہ اقوی ہی اور تفصیل اسکی فقہ مین ہی اور معی السنۃ نے معالم مین کہا کہ اہل علم سب متفق ہین کہ خیل و روم مین اور جو
اناج کا آدمی ذخیرہ کرتا ہی اسمین دسوان حصہ واجب ہی اگر وہ آسمان کے مینھ سے یا ایسی نہر کے پانی سے جو قدرتی رواں ہی سینچا گیا ہو اور اگر چرس
یا ڈھیکلی سے سینچا گیا تو بیسوان حصہ واجب ہوگا پھر ابن عمر کی مرفوع روایت من طریق البخاری ذکر کی پھر کہا کہ سوے مذکورہ بالا کے اور چیزون مین
اہل علم نے اختلاف کیا ہی پس ایک قوم نے کہا کہ اور چیزون مین عشر نہین ہی اور یہی ابن ابی لیلی و شافعی کا قول ہی اور زہری و اوزاعی و مالک نے کہا
کہ زیتون مین عشر واجب ہی اور ابو حنیفہ رح نے کہا کہ ہر ساگ و سبزی یعنے ترکاری مین عشر واجب ہی جیسے پھلون مین واجب ہی سوے گھاس و جلانے
کی لکڑی کے - قولہ ولا تیمموا الخبیث منہ تنفقون ولستم باخذیہ الا ان تغمضوا فیہ - یعنے مت قصد کرو مال مین سے ردی کا خیرات کرنے کے حال مین
حالانکہ اگر تمکو دیا جاوے تو تم نہ لو مگر اسی طور کہ چشم پوشی کرو اور ابن کثیر رح نے عن البراء بن عازب رض روایت کیا یعنے اگر تم مین سے کسیکا دوسرے پر
مال ہو اور اسنے ایسا ناکارہ دیا تو نہ لیگا الا آنکہ جان لے کہ اسنے میرے حق مین کم دیا ہی رواہ ابن جریر علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رض سے روایت کی
کہ فرماتا ہی کہ اگر تم مین سے کسیکا دوسرے پر حق ہو پھر وہ تمھارے حق واجب سے گھٹا ہوا لایا تو تم اسکو جید کے حساب سے نہ لوگے یہانتک کہ اسکو
ناقص کر لو پس کیونکر تم میرے واسطے پسند کرتے ہو ایسی بات جو اپنے واسطے نہین پسند کرتے ہو اور میرا حق تم پر تمھارے مالون مین سے الیب

ولنفس مین سے ہی رواہ ابن ابی حاتم وابن جریر اور یہی بہتون کا قول ہی اور یہی مفسر نے اختیار کیا ہی قال فی المعالم یہ حکم اسوقت ہی کہ جب کل مال یا بعض مال جید ونفیس ہو اور اگر کل مال ردی ہو تو ردی دینے مین مضائقہ نہین ہی فافہم واللہ اعلم ف۲ قال الفتح فی العرائس قولہ تعالے یا ایہا الذین آمنوا انفقوا من طیبات ما کسبتم۔ دکھلانے سنانے سے پاک جو معاملات اپنے بدنون سے کمائے ہین انکو اپنی ارواح کے واسطے صدقہ کردو قال المترجم یہان سے ثابت ہوا کہ ارواح کو کمالات حاصل ہونے کا واسطہ یہ جسم ظاہری ہی بشرطیکہ تمام اعضا وارکان انسانی حکم خدا ورسول صلی اللہ علیہ وسلم پہ چلتے ہون اور یہین سے حل ہوا کہ زندگی دراز مرد صالح کے واسطے بہت خوب ہی اور یہین سے نکلا کہ نفس کے مجاہدہ مین کفار کے ساتھ جہاد کرنے سے زیادہ ثواب ہی اور اسی پر دلالت کرتی ہی وہ حدیث کہ دو شخصون کے درمیان حضرت صلعم نے بھائی چارہ کردیا تھا انمین سے ایک شہید ہوگیا اور دوسرا چند روز کے بعد مرا تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ پیچھے جو مرا ہی اسکے اعمال اور شہید ہونے والے کے اعمال مین آسمان کے ستارون کی کثرت سے فرق ہی اور اصل حدیث ابوداؤد مین ہی۔

الشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا

شیطان وعدہ دیتا ہی تمکو محتاجی کا اور حکم کرتا ہی بے حیائی کا اور اللہ وعدہ دیتا ہی تمکو اپنی بخشش کا اور فضل کا

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ

اور اللہ کشایش والا ہی دانا دیتا ہی سمجھ جس شخص کو چاہے اور جس کو دی گئی سمجھ اسکو

اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا ۗ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ

مل گئی بہت بھلائی اور وہی سمجھینگے جنکو عقل ہی اور جو خرچ کروگے کچھ

نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ۗ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝

خیرات کروگے یا نذر مانوگے کوئی نذر سو اللہ تعالے اُسکو جانتا ہی اور گنہگارون کا کوئی مددگار نہین

الشَّيْطٰنُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ۔ یعنی حکم ہی ان قصدتم فتمسکوا۔ یعنے شیطان تمکو خوف دلاتا ہی کہ اگر خیرات کرو تو محتاج ہوجاؤگے تاکہ تم ہاتھ روک لو۔ وَيَأْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ۔ البخل ومنع الزکوٰۃ اور شیطان تمکو بخل کرنے کا اور زکوٰۃ نہ دینے کا حکم کرتا ہی یعنے تمہارے دلون مین وسوسہ ڈالتا ہی۔ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ۔ علی الاتفاق۔ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ۔ لذنوبکم۔ وَفَضْلًا۔ رزقا خلفا منہ۔ اور اللہ تعالے وعدہ دیتا ہی تمکو خیرات کرنے پر اپنی طرف سے مغفرت کا یعنے تمہارے گناہون کی مغفرت کا اور فضل کا یعنے ایسے رزق کا جو خرچ کیے ہوے کے قائم مقام عطا کریگا۔ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ۔ فضلہ۔ عَلِيْمٌ۔ بالمنفق اور اللہ تعالے کی شان یہ کہ وسیع ہی فضل اسکا اور وہ خوب جانتا ہی خرچ کرنے والے کو۔ يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ۔ العلم النافع المودی الی العمل جسکو چاہے عطا فرماتا ہی حکمت یعنے ایسے علم کو جو نفع کرنے والا ہو اور عمل کرنے کی توفیق تک پہونچادے یعنے ایسا علم جو قلب کے واسطے نفع دے اور اسکے موافق عمل کرنا نصیب ہو۔ وَمَنْ يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِيَ خَيْرًا كَثِيْرًا۔ اور جسکو حکمت ملی وہ خیر کثیر عطا کیا گیا۔ المصیر الی السعادۃ الابدیۃ۔ یعنے خیر کثیر اسواسطے ملی کہ یہ شخص سعادت ابدی کو پہونچ گیا۔ وَمَا يَذَّكَّرُ۔ فیہ ادغام التاء فی الاصل فی الذال ای یتعظ یعنے یذکر وراصل یتذکر تھا تا کو ذال کرکے بعد حذف حرکت کے ادغام کردیا۔ اور معنے یہ ہین کہ اور نصیحت کوئی حاصل نہین کرتا۔ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ۔ اصحاب العقول مگر وہی جو عقل والے لوگ ہین۔ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ۔ ای تیم من زکوٰۃ او صدقۃ۔ یعنے اور جو کچھ اداکیا تمنے زکوٰۃ یا صدقہ۔

أَوْ نَذَرْتُمْ مِنْ نَذْرٍ - خواہ تم نے نذر کیا یعنے پھر تمنے اس نذر کو وفا کیا تو یہ رائیگاں نہیں ہی بلکہ فَإِنَّ اللَّهَ يَعْلَمُهُ فیجازیکم علیہ اللہ تعالے اسکو خوب جانتا ہی - پس تمکو اسپر جزا و ثواب دیگا - وَمَا لِلظَّالِمِينَ - منع الزکوۃ والنذر او بوضع الانفاق فی غیر محلہ من معاصی اللہ تعالے - مِنْ أَنْصَارٍ - مانعین لھم من عذابہ - یعنے لوگون کے لیے جو ظلم کرنے والے ہین یا ین طور کہ زکوۃ دینے اور نذر ادا کرنے سے یا ین طور کہ خرچ کرین اللہ تعالے کی نافرمانیون مین ایسے مقام پر جو محل خرچ کرنے کا نہین ہین تو ایسے ظالمون کے لیے کوئی مددگار نہین جو مانع ہون اور بچا وین انکو عذاب الٰہی سے ف اس آیہ کریمہ مین اللہ عزوجل نے سمجھ والون کے واسطے حکمت و علم وافر بیان فرمایا ہی اور حضرت عبداللہ بن مسعود سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے جیسے تمھاری روزیان تقسیم کی ہین ویسے تمھارے درمیان اخلاق تقسیم کیے ہین اور اللہ تعالے دیتا ہی دنیا جسکو چاہتا ہی مگر دین نہین دیتا ہی مگر اُسی شخص کو جسکو وہ دوست رکھتا ہی پس جسکو اللہ تعالے نے دین دیا اسکو دوست کر لیا اور قسم اُس ذات کی جسکے قبضہ مین میری جان ہی کہ بندہ مسلمان نہین ہوتا یہانتک مسلمان ہو اسکا دل اور زبان اور سومن نہین ہوتا یہانتک کہ اسکا پڑوسی اسکے بوائق سے امن مین ہو تو صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اسکے بوائق کیا ہین فرمایا کہ اسکا کھوٹ اور ظلم - پھر فرمایا کہ جو کوئی بندہ مال کو حرام طریقہ سے کماتا ہی تو کبھی نہین ہوتا کہ اُسمین سے خرچ کرے کہ اسکو اسمین برکت ملے اور نہین ہوتا کہ صدقہ دے کہ وہ قبول ہو اور نہین چھوڑتا اپنے پیچھے مگر کہ وہ اسکے واسطے دوزخ کی طرف زاد راہ ہوگا - اللہ تعالے نہین مٹیا دیتا برائی سے برائی کو ولیکن مٹیتا ہی برائی کو بھلائی سے - البتہ جو چیز خود خبیث ہو وہ خبیث کو نہین مٹاتی ہی رواہ الامام احمد - اور اس آیت مین فرمایا الشیطان یعدکم الفقر ویامرکم بالفحشاء - حضرت ابن مسعود سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ آدمی مین ایک چٹیا شیطان کا ہی اور ایک ٹپا فرشتہ کا ہی پس شیطان کا چٹیا یہ ہی کہ اسکو برائی کا وعدہ دیتا ہی اور حق کو جھٹلاتا ہی اور فرشتہ کا ٹپا یہ ہی کہ اسکو بھلائی کا وعدہ دیتا ہی اور حق کی تصدیق کراتا ہی پس جو وعدہ خیر اور تصدیق حق کو پاوے تو جان لے کہ وہ اللہ تعالے کی طرف سے ہی اور اللہ تعالے کے لیے اسپر حمد ادا کرے اور جو دوسری بات پاوے تو شیطان سے پناہ مانگے پھر پڑھی آپنے قولہ تعالے الشیطان یعدکم الفقر ویامرکم بالفحشاء واللہ یعدکم مغفرۃ منہ وفضلا الآیۃ - رواہ ابن ابی حاتم والترمذی والنسائی وابن مردویہ پھر ابن کثیر نے فرمایا کہ معنے قولہ یعدکم الفقر - یعنے خوف دلاتا ہی تمکو فقیر ہونے کا تاکہ روک لو جو تمھارے ہاتھ مین ہی اور اسکو رضائے الٰہی مین خرچ نہ کرو اور قولہ یامرکم بالفحشاء - ای باوجود اسکے کہ تمکو فقیری کا خوف دلاکر خرچ کرنے سے روکتا ہی مگر تمکو گناہون اور حرام باتون اور مخالفت حق عزوجل کا حکم کرتا ہی یعنے خصلت فحش کا حکم دیتا ہی ای گناہون کا اور اونمین خرچ کرنیکا حکم دیتا ہی مفسر جم کہتا ہی کہ یہ بات بدیہی مشاہدہ ہی کہ ہزارون مالدار ہین کہ انکو ہوس بخل ہی اور راہ خیر مین خرچ کرنے سے نہایت مکدر ہوتے ہین لیکن شادی بیاہ و ناچ رنگ و بہت سے خوشامدی چندہ دو عورتون مین بکثرت خرچ کرتے ہین پس ہم لوگون کے واسطے یہ مقام عبرت ہی - اور غور کرنا چاہیے کہ زمانہ مین کہانتک اسوقت شیطان کا وسوسہ پھیل گیا - قولہ واللہ یعدکم مغفرۃ منہ مغفرت الٰہی بندے کے واسطے یہ ہی کہ دنیا مین اسکی پردہ پوشی کرے اور آخرت مین اس سے درگذر فرماوے اور فضل یہ ہی کہ جو خرچ کیا ہی اس سے افضل عطا کرے پس دنیا مین رزق مین وسعت دے اور آخرت مین ثواب جمیل عطا فرماے - واللہ واسع علیم - یعنے فضل سکا وسیع ہی بشر کی قیاس سے باہر ہی اور حدیث مین ہی کہ ہر روز صبح کو دو فرشتے اترتے ہین ایک کہتا ہی کہ ای ہمارے پروردگار خرچ کرنے والے بندہ کو جو خرچ کیا ہی اسکی جگہ اور دے اور دوسرا کہتا ہی کہ ای ہمارے پروردگار بخیل کو تلف دے اور یہ حدیث صحیحین مین ہی - قولہ یوتی الحکمۃ من یشاء - شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ حکمت سے مراد قرآن کی معرفت ہی یعنے قرآن کے ناسخ و منسوخ و محکم و متشابہ و مقدم و موخر و حلال و حرام و امثال کا جاننا اور جویبر نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کی کہ وہ قرآن ہی یعنے حکمت کی تفسیر قرآن مجید ہی - اور مجاہد نے کہا کہ بات مین راہ صواب پانا اور نیز مجاہد سے لیث بن ابی سلیم

ف یعنے اسمین اور آئندہ آیت مین اللہ تعالے نے صدقہ خیرات کی ترغیب دی ہی اور اسکے قبول ہونے کی شرطین بیان فرمائی ہین

ف یعنے رائیگان نہین ہی کہ اللہ تعالے اسکو ضائع کر دے بلکہ اسکا ثواب ضرور ملیگا

روایت کی کہ وہ ثبوت نہین ولیکن علم وفقہ وقرآن ہی قال المترجم یہ قول دقیق وباریک وصحیح ہی اور یہی کشف ودقائق ہین جو اکابر راسخین کو حاصل ہوتے ہین اور غزالی رحمہ اللہ نے اسکو مفصل بیان کیا ہی۔ اور شیخ ابو العالیہ نے کہا کہ حکمت خشیۃ اللہ ہی یعنے محبت کے ساتھ اللہ تعالے کی طرف سے خوف ہونا اور ابن مردویہ نے ابن مسعود رضہ سے مرفوعا روایت کی کہ حکمت کی چوٹی خشیۃ اللہ ہی اور ابراہیم نخعی نے کہا کہ فہم ہی اور ابو مالک نے کہا کہ سنت ہی اور زید بن اسلم نے کہا کہ عقل ہی اور امام مالک نے کہا کہ میری عقل مین آتا ہی کہ حکمت اللہ تعالے کی دین مین سمجھ ہی اور وہ ایک ایسا امر ہی کہ اسکو اللہ تعالے اپنی رحمت وفضل سے دلون مین داخل کر دیتا ہی اور اسکے دلائل مین سے ایک یہ ہی کہ تو ایک آدمی ایسا پاتا ہی کہ وہ دنیا کے معاملہ مین عاقل مگر دین مین ناسمجھ ہی اور دوسرے کو پاتا ہی کہ وہ دنیا کے معاملہ مین ضعیف ہوتا ہی اور اپنے دین کے معاملہ مین دانا ہوتا ہی پس اللہ تعالے اسکو دین کی سمجھ دیدیتا ہی اور دنیا سے اسکو محروم کر دیتا ہی پس معلوم ہوا کہ حکمت اللہ تعالے کی دین مین دانائی ہی پس یہ انبیا علیہم السلام کی اتباع سے اہل ایمان کو ایک حصہ مل جاتا ہی قال المترجم جب تو غور سے تامل کرے تو ظاہر ہو جاتا ہی کہ امام مالک کا یہ قول نہایت نفیس ہی اور حکمت کی تفاسیر جو ان اکابر سے مروی ہین وہ سب قریب ایک دوسرے کی گردن سے گردن ملی ہوئی ہین مآل سب کا یہی ہی جو امام مالک رحمہ اللہ نے بیان فرمایا ہی اور مالک رح سے علم کی تفسیر بھی یون ہی مروی ہی کہ وہ ایک نور ہی جسکو اللہ تعالے دل مین رکھ دیتا ہی اور یہ نہایت عمدہ قول ہی ولیکن اسکو عالم ہی سمجھیگا اور یہان بھی حکمت کی تفسیر کا یہی حال ہی وقد قال تعالے ویاذکر الا اولوا الالباب شیخ ابن کثیر نے کہا کہ مراد یہ ہی کہ خطاب کو اور اس کلام کے معنے کو وہی حاصل کرینگے جنکو عقل حاصل ہی قال المترجم عاقل سمجھ لیگا کہ عقل ایمانی یہ عقل حواسی نہین ہی جسپر عوام غرہ کرتے ہین اور ہر ایک عاقل مشہور ہی ہر گز نہین بلکہ عقل وہ ہی کہ جسکو اکابر عقل کلی اور عقل ایمانی وغیرہ عبارات سے تعبیر کرتے ہین اور اسکے حواس بھی اور ہین جیسے اس عقل حواسی کے حواس ظاہرہ وباطنہ ہین اور یہ موقع توضیح وتطویل کلام کا نہین ہی یہان مترجم اسی پر اقتصار کرتا ہی کہ اللہ تعالے مجکو اور تم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع جمیع امور مین یعنے اخلاق نفس اور افعال قلب واعمال جوارح سب مین عطا فرماوے تو یہ پردہ خود بخود اٹھ جائیگا اور بدون اسکے زبانی باتین کچھ مفید نہین ہین۔ اور جاننا چاہیے کہ جو لوگ اس حکمت کو جو آیت مین مذکور ہی علم ہیات وافلاک پر محمول کرتے ہین اگر شاعرانہ کلام کے طور پر کہتے ہین تو حرام وکبیرہ گناہ مین کوئی شک نہین اور اگر عمدًا ہی تو کفر ہونا اقوی ہی اور نہایت سخت برائی تو یہ ہی کہ اسکو حکمت فلسفہ یعنے یونانیون کی فلسفی باتون پر محمول کرتے ہین اور یہ کفر شدید ہی نعوذ باللہ منہ۔ قولہ وما انفقتم من نفقۃ او نذرتم من نذر فان اللہ یعلمہ مفسر رحمہ اللہ نے نفقہ سے فرض یا نفل یعنے زکوۃ یا صدقہ مراد لیا ہی اور یہی ظاہر کلام شیخ ابن کثیر وغیرہ ہی اور زمخشری نے حق وباطل کی تعمیم کی بمعنے آنکہ یہ حکم کلی ہی کہ تم کوئی نفقہ کرو اور کسی طور پر خرچ کرو خواہ طاعت مین یا معصیت مین اور علی ہذا تم کوئی نذر کرو خواہ نذر جائز ہو یا وہ نذر گناہ ہو سب کو اللہ تعالے جانتا ہی اور مفسر سیوطی رح نے بھی اسیطرف اشارہ کیا ہی بقولہ او بوضع الانفاق فی غیر محلہ۔ اور یہ اولی ہی یا بین معنے کہ کلام اول وجہ پر تو وعدہ خیر ہو گا فقط اور اس صورت مین وعدہ ووعید دونون ہو گا کیونکہ اللہ تعالے جب جانتا ہی تو راہ خیر پر خرچ کرنے والون کو ثواب عطا فرماویگا اور راہ شر پر خرچ کرنے والون کو عذاب دیگا اور وہ لوگ ظالم ہونگے کہ انھون نے ایک شی کو اسکے موقع سے ہٹا کر غیر موقع مین رکھا اور ایسے ظالمین کے لیے مددگار نہین ہین کہ عذاب الٰہی سے بچالین اگر کہا جاوے کہ فان اللہ یعلمہ مین ضمیر واحد ہی حالانکہ مرجع دو چیز ہین ایک نفقہ دوم نذر اور جواب یہ ہی کہ عطف یہان او کے ساتھ ہی اسمین دونون امر جائز ہوتے ہین کہ ضمیر واحد آوے کما فی قولہ من یکسب خطیئۃ او اثما ثم یرم بہ بریئا۔ یا ضمیر مثنی آوے مثل قولہ ان یکن غنیا او فقیرا فاللہ اولی بہما۔ اور بعض نے کہا کہ دو یا کئی چیزون کے بعد جب ضمیر واحد راجع ہو تو بتاویل مذکور راجع ہوتی ہی پس فان اللہ یعلمہ ای فان اللہ

یعلم المذکور اور ابن عطیہ رح نے اسی پر جزم کیا اور قرطبی نے اسیکو ترجیح دی۔ اور یہان سے ثابت ہوا کہ نذر کرنا مشروع ہی اور یہی قول جمہور ہی اور صحیح حدیث مین آیا ہی کہ نذر کرنا قضاے الٰہی کو مانع نہین ہوتا ہی اور اصل حدیث صحیح مسلم مین ہی اور مراد یہ ہی کہ نذر کرکے آدمی یہ اعتقاد نہ کرے کہ اب میرے مقصود کے موافق ہی واقع ہوگا یا تقدیر کچھ بدل جاتی ہی بلکہ تقدیر الٰہی کے موافق واقع ہوگا اور یہ نذر کرنا بھی اسکے حق مین مقدر تھا لیکن جو نذر کی ہی اسکا وفا کرنا واجب ہی اور یہ اسوقت ہی کہ کار خیر کی نذر کی ہو پس اگر کسی نے نذر کی کہ اگر ایسا ہوگا تو مین شیخ صمد کا کبرا چڑھاؤنگا یا فقیر کو روٹی ندونگا یا ستیلا پردونا دونگا یا تعزیہ رکھونگا تو یہ نذر حرام ومعصیت ہی اور ہرگز اسکو پورا نہ کرے ورنہ گناہ کبیرہ مین دوزخ ہی اور اگر خیر کی نذر کی کہ اگر اللہ تعالے مجھے یہ رزق حلال عطا فرماویگا تو مین چار رکعت نفل پڑھونگا یا روزہ رکھونگا یا صدقہ دونگا تو یہ روا ہی اور وفا کرنا واجب ہی اور اگر کسی نے کہا کہ اگر اللہ تعالے مجھے یہ رزق حرام دیگا یا یہ سود کا روپیہ وصول کراویگا یا فلان عورت اجنبی حرام طور پر ملجائیگی یا مانند اسکے کوئی امر کہا تو ایسا شخص کافر ہوا عاذنا اللہ وجمیع المؤمنین۔ اور ظالمین کی تفسیر مین جو مفسر رحمہ اللہ وغیرہ نے یہ کہا کہ یا ظالم بایں طور مراد ہین کہ بے جگہ خرچ کرنے سے اپنے اوپر ظلم کرین تو اس سے ثابت ہوا کہ بے جگہ خرچ کرنا گناہ شدید ہی یعنے آنکہ ایسا کرنے والا دوزخ مین جائیگا اگر اسنے توبہ نہ کی کیونکہ یہ وعید عذاب کی ہی اور بے جگہ خرچ کرنے کی صورتین بے شمار ہین ازانجملہ چند ذکر کی جاتی ہین شاید اللہ تعالے اس سے اہل ایمان کو سمجھ عطا کرے اور جو کرتا ہو وہ باز رہے شادی بیاہ مین خلاف شرع رسمون مین خرچ کرنا۔ اسراف کرنا۔ تفاخر وتکبر کی وجہ سے باریک کپڑا بوضع پہننا۔ کفن مین بڑھانا بے ضرورت وخلاف شرع بے ضرورت انتہا سے زائد کھانا۔ کل مال صدقہ کرنا کہ اہل وعیال کو محتاج پریشان کرے اور مسجد کے فرش مین ناجائز تکلف کرنا اور بے ضرورت کثرت سے چراغ وتعمین روشن کرنا اور مقابر مین چراغ جلانا اور چادر چڑھانا۔ چالیس وزقبر کے پاس لوگون کو بسانے کے لیے دینا۔ قبر پر قبہ بنانا اور کچھ کرنا یہ سب خرچ ناجائز ہین کما فی الفقہ ف۲ قال الشیخ فی عرائس البیان قولہ تعالے الشیطان یعدکم الفقر۔ یعنے تمکو وعدہ دیتا ہی کہ اللہ تعالے کی طرف سے اسکی بخشش کی امید قطع کرو قال المترجم یعنے جب یہ وسوسہ دلایا کہ تم راہ خیر مین خرچ کرنے سے فقیر ہوجاؤگے تو گویا مایوس کیا کہ اللہ تعالے کے انعام بے انتہا سے تمکو اب نہ ملیگا اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ اور نیز اللہ تعالے نے جو اپنے بندون کو نفیس الطاف کا جن سے بندون کی دنیا وآخرت مین راحت ہی وعدہ فرمایا ہی اسمین شیطان شک ڈالتا ہی اور دلون سے طمانینت گھٹتا ہی۔ اور نیز شیطان تمکو جناب باری تعالے کی شان مین طرح طرح کی بدگمانیان لاتا ہی اور یہ داؤ اسی شخص پر چلتا ہی جو حق عزوجل سے کمتر عرفان رکھتا ہو اور اللہ تعالے جل سلطانہ کی سلطنت عظیم وکبریا جلیل سے ناواقف ہو اسواسطے کہ شیطان کا فریب ووسوسہ ڈالنا بندے کے دل مین اللہ تعالے کی طرف سے شک پیدا کرنا اور جو اسنے اپنے بندون سے وعدہ فرمایا ہی اسمین تردد ہوتا ہی اور متواتر شیطان کے وسوسون سے وہ متحیر ہوجاتا ہی یہانتک کہ بدگمانی کر بیٹھتا ہی کیا تو نہین دیکھتا ہی کہ نور ایمان نہونے سے یہودی کیسے شیطان کے قابو مین آئے کہ کہنے لگے ان اللہ فقیر ونحن اغنیاء۔ ان مردودون کی مراد یہ تھی کہ اللہ تعالے فقیر ہی اور ہم تونگر ہین اور یہ شیطان کا سنجت وسوسہ تھا کہ انکو تسویل مین ڈال دیا کہ جو پاس ہی اسکو حفاظت سے رکھو اور نہونے سے خوف کرو اور خوب جمع کرو اور زکوۃ وخیرات کچھ مت دو ہاتھ روک لو اور انکو کثرت سے گمراہی پر آمادہ کیا کہ اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کا اقرار کروگے تو جو کچھ تم کو ملتا ہی یہ کچھ نہ ملیگا محض محتاج ہوجاؤگے پھر کہان سے پاؤگے اور قناعت سے بھگتا اور کفایت جس سے آدمی تونگر ہوتا ہی ہٹایا اور فریب مین ڈال دیا کہ ہر روز بڑھنے کی خواہش کرو قال المترجم انجام یہ ہوا کہ انکا تمام مال اللہ تعالے نے اہل ایمان کو جو فقیر ہوکر ایمان کے پیچھے ہجرت کرکے چلے آئے تھے بدون لڑائی وقتال کے دلوا دیا اور انکو ہلاک کردیا۔ ویامرکم بالفحشاء۔ شیطان تمکو فحشا کا حکم دیتا ہی یعنے بخل کرینگا اور اللہ عزوجل کی جناب مین بدگمانی کرینگا اور دنیا سے محبت رکھنے کا اور موت سے بغض رکھنے کا

لہ جو کراہت کرے کہ کھلا خلاف ہوتا ہی بخل کو اور ہم

اور زمین و مکانات کے تعمیر کرنے کا اور ہر روز زیادتی چاہنے کا اور فقیری اور فقیروں سے بغض رکھنے کا اور زکوٰۃ نہ دینے کا اور حج و جہاد وغیرہ جو باتیں بعد تعالے نے اپنے فرض کی تھیں انسے باز رہنے کا حکم کرتا ہی اور رئیس بننے کی محبت دلاتا ہی اور اسکو آنکھوں میں آراستہ کر دکھاتا ہی اور بہت سے افعال ناشائستہ کو نظر میں رچاتا ہی جیسے یہ کہ زنا کرنے کے لیے خوبصورت عورتوں سے نظر لڑاؤ اور تاک لگاؤ اور شراب پینے سے تقویت ہوتی ہی اور باجے سننے سے کانوں کو فرحت ہی اور لوگ اسکو بھول جاتے ہیں کہ حضرت کبریا رب العزت ذو الجلال والاکرام کی مخالفت برحق ہی یہ عقل و سمجھ اسکی ادنی مخلوق ہی اور شیطان انکو تکبر کرنا سکھلاتا ہی اور ضعیفوں و مسکینوں پر جبر کرنا بتاتا ہی اور جور و ظلم و عناد و بے انصافی کو انکی نظر میں زینت دیتا ہی اور اپنے مالوں کی حفاظت کے واسطے منتیں مانکر سوائے خدائے تعالے کے دوسروں کو پروردگار بناتے ہیں اور ایسے ہی اور امور ردی فاحش ہیں جنکا حکم کرتا ہی۔ واللہ یعدکم مغفرۃ منہ وفضلا۔ اللہ تعالے کی مغفرت یہ ہی کہ تمام فحش و بری باتوں اور بخیلی کے میل کچیل سے دلوں کو پاک کر دیتا ہی اور دنیا و مافیہا کی محبت سے بچا لیتا ہی اور فضل اسکا یہ ہی کہ اپنا مشاہدہ عنایت کرتا ہی اور اپنی درگاہ میں تقرب دیتا ہی اور اپنی معرفت و توحید سے سرفراز کرتا ہی اور اسرار کشف کر دیتا ہی یہ خاص انہیں بندوں کے لیے ہی جنکو اپنی خدمت و خطاب و خصائص مناجات و محبت کے واسطے برگزیدہ فرمایا ہی۔ اور نیز مغفرت یہ کہ یقین کو کشف کر کے نفس کو طمانیت و تسکین دیتا ہی اور فضل یہ کہ حکم ازلی پر رضامندی حاصل ہوتی ہی اور نیز مغفرت یہ ہی کہ ماسوائے حق کے جو عالم مخلوق ہی اس سے بے پروائی ہوتی ہی اور فضل یہ کہ وصال ملتا ہی۔ اور بعض اکابر نے فرمایا کہ الشیطان یعدکم الفقر یعنے بھلا دیتا ہی تمام اس فضل کو جو اللہ تعالے کی طرف سے اسکو ملا اور اسکا عادی ہو رہا ہی اور بعض نے فرمایا کہ یعدکم الفقر ای کفایت سے زیادہ طلب کرنے پر آمادہ کرتا ہی پس یہ شخص اسیکا گویا بندہ اور اسی کے ساتھ مشغول ہو جاتا ہی۔ اقول جیسے حدیث میں آیا کہ تباہ ہوا روپیہ اشرفی کا بندہ۔ ھ۔ اور بعض نے کہا کہ فقر سے مراد حرص ہی اور اللہ وعدہ دیتا ہی قناعت کا اور شیخ ابو عثمان نے فرمایا کہ دنیا ترک کرنے اور اس سے منہ پھیرنے پر شیطان تمکو فقیر ہو جانیکا وعدہ و خوف دلاتا ہی اور اللہ تعالے تمکو اسپر اپنی مغفرت و فضل کا وعدہ فرماتا ہی قال المترجم یہ کلام پاکیزہ ہی اور تمام مقصود ان احکام سے یہی ہی کہ دنیا کی کسی چیز پر محبت و اعتماد نہ کریں اور راہ خدا میں اپنی جان دین اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے حق میں عجیب طور سے یہ وعدہ پورا فرمایا۔ کہ انہوں نے دنیا سے درحقیقت اعراض کیا اگر دنیا انکے واسطے مال و متاع و حشمت و شوکت سے پٹ پڑی اور وہ ویسے ہی بے پروا تھے اور وجہ یہی ہی کہ دنیا سے انکو اعراض تھا اور راہ خدا میں جان دینا ہی مقصود تھا پس کثرت جہاد سے دنیا و سامان سب نہایت کثرت سے موجود تھا اگرچہ انکی توجہ اسطرف بالکل نہ تھی اور حضرت محمد بن علی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ شیطان تمکو وعدہ دیتا ہی فقیر ہو جانیکا بسبب اسکے کہ وہ خود محتاج ہی اور حکم کرتا ہی تمکو فحشا کا تاکہ اسکا اجڑا ہوا گھر بنے کیونکہ یہی اسکے گھر کی آبادی ہی اور اللہ تعالے تمکو مغفرت کا وعدہ دیتا ہی اور اس سے تمہاری آخرت آباد ہی اور اللہ تعالے وعدہ دیتا ہی اپنے فضل کا اور وہ یہ ہی کہ سوائے جناب باری تعالے کے سب سے استغنا ہی اور بعض مشائخ نے فرمایا کہ قولہ الشیطان یعدکم الفقر یہ خوف دلانا شیطان کا موحدین کو ہی کافرون کو نہیں ہی کیونکہ کافر تو اس سے بدتر حال میں اسکے تابع ہیں پھر شیطان پہلے اسکو محتاجی سے ڈراتا ہی پھر جب وہ محتاجی سے ڈرا تو اسکو معصیت کی طرف بلاتا ہی یعنے ایسا کرو گے تو محتاجی نہ ہوگی پھر جب آدمی نے معصیت کو حلال کر لیا تو اسکو نفاق کی طرف بلاتا ہی پھر جب اسنے نفاق کو حلال کر لیا تو اسکو کفر کی طرف بلاتا ہی مگر فقر سے وہی ڈر جاتا ہی جو قسمت کو بھول گیا اور قسمت کو نہیں بھولتا جیسنے یہ جان لیا ہی کہ اللہ تعالے نے ازل میں جس شخص کے واسطے جو چاہا ہی وہ رزق تقسیم کر دیا ہی اسمیں کمی بیشی نہیں ہو سکتی ہی اور گناہوں کی جڑ یہ ہی کہ آدمی اپنی خواہشوں کی آگ روشن کرے اور نفاق کی جڑ یہ ہی کہ مخلوق کے لیے اپنے کو آراستہ کرے اور کفر کی جڑ یہ ہی کہ اللہ تعالے کی تقدیر میں جھگڑا کرے اور سہل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ فقر یہ ہی کہ جو چیز جس وجہ سے

لینی چاہیے اسکے سوائے دوسری وجہ سے لیوے اور جہان اسکے خرچ کا موقع ہو اسکے سوائے دوسری جگہ صرف کرے **قال المترجم** اس قول پر آیت کے معنے یہ ہوے کہ شیطان تمکو اس بات پر آمادہ کرتا ہو کہ جہان خرچ کرنا چاہیے وہان مت خرچ کرو اور جہان نہین خرچ کرنا چاہیے وہان خرچ کرو۔ اور درحقیقت بہتیرے لوگ ایسے نظر آتے ہین کہ راہ خیر مین خرچ کرنے کی حالت مین محتاج ہین اور بیجا صرف کرنے کے وقت مالدار ہین بھلا کسیکو دیکھا گیا کہ اسنے خیرات کرنے کے واسطے قرض لیا ہو اور ایسے بہت ہین جنھون نے شادی بیاہ اور طعام اموات کی دھوم کے واسطے ہزارون قرض لیے فافہم قولہ تعالے یؤتی الحکمۃ من یشاء منجملہ حکمت کے یہ ہو کہ باطن قلوب کے افوار سے نفس کے عیوب جو نہایت پوشیدہ و باریک ہین انکو دریافت کرکے ترک کرے اور حکمت ایک ادب الٰہی ہے جو خلقت انسانی کی تہذیب کرتی ہو اور نیز حکمت یہ ہو کہ اخلاق الٰہی کی معرفت حاصل ہو اور نفس کے عیوب اور شیطانی باریک باتین جانکر انکو ترک کرے اور علم شرعی کے ذریعہ سے عالم فرق کرلیتا ہو کہ یہ تو نفس کا وسوسہ اور شیطان کا بہکاوا ہو اور یہ فرشتہ کی ہدایت جو انسان مین ہو اسکا ارشاد اور عقل کی ہدایت اور قلب کے نور سے بصیرت ہو۔ اور منجملہ حکمت کے امور ذیل ہین یعنے جسکو حکمت حاصل ہوتی ہو تو یہ امور حاصل ہوتے ہین۔ الہام حق اور نطق روح اور رمز سر اور اقسام خطاب حق اور مخلوق کے اقدار کی شناخت اور باطن کی بیماریون کا علاج اور وسوسہ کا دفع کرنا۔ اور مخلوق کے احوال و مقامات کی شناخت۔ مکاشفات و مشاہدات واقع ہونا۔ اور معرفت کی شرطین دریافت کرلینا اور توحید کے درجے جان لینا اور دیگر امور جو ان حقائق کے ساتھ متعلق ہین مثلاً ریا کی بہت باریکیان جو ظاہری علم سے معلوم نہین ہوتی ہین اور نفس کے شکوک و بڑے خطرے اور علم لدنی تک پہونچنا و خاص خاص کرامتین و فراست پا جانا اور غیب کو غیب سے دیکھنا اور حق عزوجل کے ساتھ مخاطبت و مکالمہ اپنے خلوتون کے اسرار مین اور رسا جاتون کے انوار مین **قال المترجم** یہ اعلی مقامات جنکی طرف شیخ رحمہ اللہ نے یہان اشارہ فرمایا اور بہت خوب اشارہ کیا ہو اور حکمت ایک امر الٰہی جو شریعت و سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کو جمیع وجوہ سے پورے طور پر بجالانے سے اللہ تعالے کے فضل سے بندے کو حاصل ہوتی ہو جیسا کہ امام مالک نے تصریح کی اور ایک جماعت سلف نے اشارہ کیا ہو اور یہی حق ہو فافہم پھر شیخ نے فرمایا کہ پھر جسکو یہ درجات دیدیے جاتے ہین اسیکو انبیاء و رسولون کی خلافت ملتی ہو اور ملائکہ کرام کے درجہ پر ہوتا ہو اور یہ منزلت تمام منازل اولیاء مین سے اعلی درجہ کی ہو اور اللہ تعالے کے خاص بندون کے مقامات مین سے نہایت اونچا مرتبہ ہو اور دنیا و آخرت کی خیر یہی ہو یعنے سب سے عمدہ بھلائی ہو۔ **قال المترجم** بعض اکابر نے تصریح کردی کہ انبیاء علیہم السلام مین سے ہر ایک نبی کے قلب کے موافق افراد بشر کو جنکو اللہ تعالے نے برگزیدہ کیا ہو حکمت ملتی ہو پس اس امت مین ایک خاص حکمت جو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم پر ہو وہ ایک ہی شخص کو عطا ہوگی اور باقی کو حکمتین ملینگی جو دیگر انبیاء علیہم السلام کے قلب سے موافق ہونگے یعنے گویا وہ پرتو انکے قلب کا ہوگا اور بسا اوقات یہ ہوگا کہ ادنی درجہ کی نبوت اور اعلی درجہ کی حکمت موافق ہوگی اور بھید اس قول کا جو مشہور ہو کہ علما اس امت کے مثل انبیاء بنی اسرائیل ہین یہی ہو اور حاشا کہ یہ معنے نہین ہین کہ ماوشما جتنے پڑھے لکھے پھرتے ہین یہ انبیاء بنی اسرائیل کے مساوی ہین استغفر اللہ تعالے پھر بھی جو لوگ اہل حکمت ہین اور اللہ تعالے نے انکو اپنے فضل سے حکمت عطا کی ہو وہ درجہ نبوت مین الگ گون مین سے ادنی نبی کے برابر بھی نہین ہین **قال الشیخ** اور نیز حکمت یہ ہو کہ اللہ تعالے کے خطاب مین رمز کو پاکر اس سے حق عزوجل کی مراد دریافت کرنی پھر جو دریافت کیا ہو اسکو اللہ تعالے ہی کے واسطے بجالاوے اور نیز حکمت یہ ہو کہ اعضاء ظاہرہ جنکو جوارح کہتے ہین انجا کرے اور خطرات کو دور کردے اور تقدیری تجلیان جو پیش آوین انمین ٹھہرا ہوا ساکن رہے اور حاصل کلام یہ ہو کہ حکمت وہ چیز ہی جو اشارات الٰہی و خصائص کلام سے روح ناطقہ کو حق سبحانہ تعالے کی طرف سے حاصل ہوجاوے اور حکمت یہ ہو کہ اللہ تعالے کی آیات و مصنوعات مین اللہ تعالے کے افعال کی معرفت حاصل ہو **قال المترجم** جسطرح احکام قضا و قدر جاری ہین انمین احتمالات ہوتے ہین حتی کہ وہ لوگ جو فضل حاذقون سے ہین انکو تدبیر کرتے ہین

اور جو اُنسے کسقدر اونچے مگر انھیں کے بھائی بند ہیں بندہ کی قدرت سے کہتے ہیں یہ احتمالات غلط سب اسوقت دور ہونگے جب وہ ان شواہد میں دیکھیگا کہ صرف حضرت حق عزوجل کی قدرت جاری ہی فافہم۔ اور سمجھ لینا چاہیے کہ یہ حکمت اللہ تعالے کی صفات ذاتیہ خاصہ قدیمہ میں سے ہی اور اسکو کوئی نہیں پاسکتا ہی مگر اسی شرط سے کہ استقامت شریعت وسنت حاصل ہو اور جب اللہ تعالے چاہتا ہی کہ اپنے بندوں میں سے کسی بندے کو مقام حکمت کی طرف ہدایت کرے تو اسکی روح کو اس صفت کا لباس پہنا دیتا ہی حتی کہ وہ روح ربانیہ صمدانیہ ہو جاتی ہی اور غائب امور کو اپنی فراست سے ادراک کرلیتی ہی اور حقائق اشیا یعنے چیزوں کی ماہیتیں اسی صفت خاص سے دریافت ہوتی ہیں اور اللہ تعالے نے اپنے ارشاد میں جسکی خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہونچائی ہی یوں فرمایا ہی لا یزال العبد یتقرب الی بالنوافل حتی کنت سمعه الذی یسمع بی وبصره الذی یبصر بی ولسانه الذی ینطق بی وقلبه الذی یعقل بی۔ مترجم کہتا ہی کہ ان الفاظ سے یہ حدیث غریب ہی اور اصل حدیث یوں ہی کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالے عزوجل فرماتا ہی کہ من عادی ولیا فقد اذنته بالحرب وما تقرب الی عبدی بشیئ احب الی من اداء ما افترضت علیه ولا یزال عبدی یتقرب الی بالنوافل حتی احبه فاذا احببته کنت سمعه الذی یسمع به وبصره الذی یبصر به ویده التی یبطش بها ورجله التی یمشی بها وان سالنی اعطیته وان استعاذنی لاعذته الحدیث رواه البخاری یعنے جسنے میرے کسی ولی کو دشمن رکھا میں نے اسکو اپنے ساتھ لڑائی کا اشتہار دیدیا اور نہیں تقرب چاہا بندے نے میری طرف کسی چیز کے ساتھ جو مجھے زیادہ پسند ہو اس سے کہ ادا کرے وہ چیز جو میں نے اسپر فرض کردی ہی اور برابر میرا بندہ میری طرف نوافل سے تقرب چاہتا ہی یہانتک کہ میں اسکو محبوب کرلیتا ہوں پھر جب میں نے اسکو محبوب کرلیا تو میں ہو جاتا ہوں اسکے کان جنسے وہ سنتا ہی اور اسکی آنکھ جسسے وہ دیکھتا ہی اور اسکے ہاتھ جس سے وہ پکڑتا ہی اور اسکے پانوں جس سے وہ چلتا ہی اور اگر وہ مجھسے مانگتا ہی تو میں اسکو عطا کرتا ہوں اور اگر مجھسے پناہ چاہتا ہی تو اسکو پناہ دیتا ہوں تا آخر حدیث اسکو بخاری رحمہ اللہ نے اپنی صحیح میں روایت کیا ہی اور معنے اسکے یہ ہیں کہ جو شخص اللہ عزوجل پر سچا ایمان لایا وہ اللہ تعالے کا ولی ہی پس جو اسکا دشمن ہی وہ خدا کا دشمن ہی اور فرائض و واجبات کا ادا کرنا اللہ تعالے کو بہت محبوب ہی اور اس سے اللہ تعالے کی جناب میں نزدیکی حاصل ہوتی ہی اور اسپر نوافل بڑھانا زیادہ افضل ہی اور کافی ہیں وہ سنتیں جو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح ثابت اور آج کے روز معروف ہیں اور انکے ادا کرنیکا نتیجہ یہ فرمایا کہ اسکے کان و آنکھ و ہاتھ و پانوں سب کے افعال بقدرت الٰہی صادر ہوتے ہیں اور سب اعضا مذکورا مر الٰہی پر چلتے ہیں اور یہ مرتبہ ابدال کا ہی جیساکہ قطب الوقت سید عبد القادر جیلانی علیہ الرحمہ نے فتوح الغیب میں تحریر فرمایا ہی فافہم واللہ تعالے اعلم۔ قال الشیخ پھر جب تمام وجود اسکا اپنے خالق کی رویت میں مستغرق ہوا تو وہ قدرت حق سبحانہ تعالے میں ہی قال المترجم شیخ رحمہ اللہ نے یہاں اشارہ پر اکتفا کیا اور مراد یہ ہی کہ ابدال اپنے اختیار و حرکات و سکنات سے خارج ہوتا ہی اسکے اعضا و جوارح سب اسی خاطر پر حرکت و کام کرتے ہیں جو غیب سے اسپر وارد ہوتا ہی اور وہ خود تو فنا ہوتا ہی اور بقا حق عزوجل کے ساتھ باقی ہوتا ہی اور یہی اتحاد کے معنے ہیں پس غیب پر مطلع ہونا درحقیقت شان حضرت حی القیوم کا ہی اور یہ شخص پردہ ہی پردہ ہی جسکو عوام سمجھتے ہیں کہ عارف سے زبان لی لیجاتی ہی وہ کچھ وہاں کا بھید نہیں کہہ سکتا ہی حالانکہ وہ خود ہی فنا ہی مولوی روم فرماتے ہیں ؎ جملہ معشوق است و عاشق پردہ ہا زندہ معشوق است و عاشق مردہ ہا اور جو کا اسکی حرکات و سکنات و عادات کے موافق افعال ادا کرنے سے پڑا ہی اور تحقیق وہ ہی جو میں نے اکابر طریقہ سے نقل کیا واللہ تعالے اعلم اور بعض اکابر نے فرمایا کہ حکمت شاہد کرنا حق عزوجل کو تمام احوال پر اور بعض نے فرمایا کہ حکمت یہ ہی کہ اپنے سر باطنی کو ورود الہام کے واسطے سب چیزوں سے مجرد کردینا اور شیخ ابو عثمان نے فرمایا کہ حکمت ایک نور ہی جو الہام و وسواس کے درمیان فرق کردیتا ہی یعنے اس نور سے تمیز ہو جاتی ہی کہ یہ الہام ربانی ہی اور وسواس شیطانی ہی اور شیخ ابو عبد الرحمن نے کہا کہ میں نے شیخ منصور بن عبد اللہ سے سنا وہ کہتے تھے کہ میں نے کتانی سے

سنا کہ فرماتے تھے کہ اللہ عزوجل نے اپنے رسولوں کو بھیجا کہ اسکی مخلوق مین سے جو نہایت نفیس ہین انکو نصیحت کرین اور کتاب کو ان لوگون کے دلون کی تنبیہ کے لیے نازل فرمایا اور حکمت کو اسواسطے اتارا کہ انکی روحین اس سے سکون پاوین اور رسول تو اللہ تعالے کے حکم کی طرف بلاتا ہی اور کتاب اسکے احکام کی طرف بلاتی ہی اور حکمت اسکے فضل کی طرف اشارہ کرتی ہی اور شیخ قاسم رحمہ نے فرمایا کہ حکمت یہ ہی کہ حق عزوجل کی طرف سے جو دل مین آنے والی بات ہی وہ تجھ حکم چلاوے اور تیرے نفس کی خواہش تجھپر حکم نہ چلاوے **قال المترجم** یعنے جب بندہ حکم الٰہی کی پابندی پر چلا اور نفس کی خواہش پر نہ چلے تو اسکو حکمت حاصل ہوگئی واللہ اعلم اور شیخ جنید رحمہ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے ایک قوم کو حکمت کے ساتھ زندگی دی اور حکمت ہی کی وجہ سے انکی مدح کی اور فرمایا کہ ومن یوتی الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا اور شیخ عبد اللہ بن المبارک نے فرمایا کہ حکمت خشیۃ اللہ تعالے ہی یعنے خوف الٰہی جسکے ساتھ امید و محبت لگی ہو **قال المترجم** یہی قول شیخ ابو العالیہ و مطر الوراق سے مروی ہی اور رفیع ابو العالیہ نے کہا کہ حکمت خشیۃ اللہ ہی اسواسطے کہ خشیۃ اللہ سب حکمت کی چوٹی ہی اور ابن مردویہ نے ابن مسعود رضہ سے مرفوعا روایت کیا کہ حکمت کا سر یہ ہی کہ خشیۃ اللہ ہو۔ قال الشیخ اور بعض نے فرمایا کہ حکمت یہ ہی کہ قول مین مصیب ہو اور اسکے ساتھ اسکے افعال بھی باخلاص صحیح ہون **قال المترجم** مانند اسکے ابن ابی نجیح نے مجاہد رحمہ اللہ سے روایت کیا ہی قال الشیخ اور بعض اکابر سے کہا گیا کہ تجھین کس سے حکمت نے اثر کیا ہی فرمایا کہ جب سے مجھین حکمت شروع ہوئی تب سے مین اپنے آپ کو بہت حقیر جانتا ہون اور بعض نے فرمایا کہ حکمت اللہ تعالے کا ایک خزانہ ہی اور حکما اسمین اللہ تعالے کی طرف سے ذمہ دار کیے گئے ہین انکو انکے پروردگار نے حکم کیا ہی کہ اللہ تعالے کے خزانہ کو اسکے بندون پر خرچ کرو۔ اور بعض نے فرمایا کہ حکمت وہ نور فطنت ہی اور شیخ معروف کرخی رحمہ نے فرمایا کہ جسکا علم اچھا ہوتا ہی اسکے دل مین حکمت نازل ہوتی ہی **قال المترجم** یعنے جسکا علم محض اللہ تعالے کے واسطے ہوتا ہی اور وہ اللہ عزوجل کی معرفت کے واسطے علم سیکھتا اور رکھتا ہی اور اسپر اسکے موافق عمل کرتا ہی آخر اسپر حکمت نازل ہوتی ہی اور حدیث مین ابن عباس رضہ کے واسطے حضرت صلعم نے حکمت عطا ہونے کی دعا فرمائی ہی فافہم! اور سہل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ حکمت تمام علوم شرعی کا مجمع ہی اور اہل اسکی سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور فرمایا اللہ تعالے نے واذکرن ما یتلی فی بیوتکن من آیات اللہ والحکمۃ۔ پس آیات تو فرض ہین یعنے کتاب اللہ تعالے اور حکمت وہ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ہی **قال المترجم** یہ قول بہت ہی اچھا ہی اور کسی کو شک نہین کہ احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم انوار ربانی ہین اور جو کچھ چاہیے سب اسمین موجود ہی ولیکن کمال حسرت ہی کہ بہتیرے آدمی حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے تفکر و تدبر نہین حاصل کرتے ہین بلکہ جدال و بحث مین اوقات ضائع کرتے ہین پس یہ عدم توفیق ہی اے میرے پروردگار اہل ایمان و اسلام کو توفیق عطا کر دے اور ہم سب کو بخشدے و ربی اسالک العافیۃ فی الدارین۔ اور حضرت سہل رحمہ اللہ نے اپنے مشائخ کے واسطے سے حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ قرآن مجید ایک حکمت اللہ تعالے کی اسکے بندون کے بیچ مین موجود ہی پس جسنے قرآن سیکھا اور اسپر عمل کیا پس گویا بیوت اسکے دونون کندھون کے بیچ مین درج کی گئی سوائے وحی کے کہ اسکے پاس نہین آتی ہی پس اس سے انبیا کے حساب کے مانند حساب لیا جائیگا سوائے اسکے کہ رسالت پہونچانے کا اس سے حساب نہوگا۔ **قال المترجم** شیخ ابن کثیر نے اسکے مانند وکیع بن الجراح کی تفسیر سے عبد اللہ بن عمرو کا قول نقل کیا اور کہا کہ بعض احادیث مین ایسا آیا ہی۔ اور معنے اسکے صحیح ہین کیونکہ ابن مسعود رضہ سے روایت ہی کہ نہین حسد مگر دو باتون مین ایک یہ کہ کسی آدمی کو اللہ تعالے نے مال دیا پھر اسکو توفیق مسلط کر دیا کہ وہ اس مال کو اللہ تعالے کی راہ مین خرچ کرتا ہی اور دوم یہ کہ کسی آدمی کو اللہ تعالے نے حکمت دی پس وہ اسکے موافق عمل کرتا اور اسکو سکھلاتا ہی رواہ احمد و البخاری و مسلم و النسائی و ابن ماجہ۔ قال الشیخ اور نیز سہل رحمہ نے اپنے مشائخ کے واسطے سے حضرت ابو ہریرہ رضہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قرآن حکمت ہی جسنے قرآن کو اپنے بڑھاپے مین سیکھا تو قرآن اسکے گوشت و خون مین مخلوط ہوگیا اور آگاہ رہو کہ وہ زبر خ

قال المترجم یہ اسکے علوم جامع نفیس علیہ السلام

قال المترجم یہ نفیس علیہ السلام

کی آگ ایسے دل کو نہین چھوئیگی جسنے قرآن کو بھر لیا ہی اور نہ ایسے بدن کو جسنے قرآن کی حرام چیزون سے پرہیز کیا اور جس چیز کو قرآن نے حلال کہا ہی اسکو حلال جانا اور جسکو حرام کہا ہی اسکو حرام جانا اور قرآن کے حکم پر ایمان لایا اور قرآن کے نشانہ پر رک گیا یعنے مان لیا اور خوض نہین کیا اور قرآن مین کوئی بدعت نہین نکالی۔ ھ۔ اور بعض مشائخ نے کہا کہ حکمت چار چیزین ہین علم و حلم و عقل و معرفت اور شیخ ابو بکر الوراق نے فرمایا کہ حکمت جسکے پاس ہو اسکو کبھی فاقہ نہین ہی اللہ تعالے نے فرمایا ومن یوت الحکمۃ فقد اوتی خیرا کثیرا۔ قال المترجم لیث بن ابی سلیم نے مجاہد سے روایت کی کہ حکمت کچھ نبوت نہین ولیکن وہ علم و فقہ یعنے دین کی سمجھ اور قرآن ہی اور ضحاک نے ابن عباس سے مرفوعا روایت کی کہ وہ قرآن ہی یعنے قرآن کی تفسیر جاننا ابن عباس نے فرمایا اسلیے کہ قرآن کو نیکوکار و فاسق سب پڑھتے ہین رواہ ابن مردویہ قال المترجم حکمت کہ تفسیر مین ائمہ علما و مشائخ کبار کے اقوال اگرچہ مختلف معلوم ہوتے ہین مگر درحقیقت انمین اختلاف نہین ہی اگر اللہ تعالے حکمت دیدے اور حکمت کی سمجھ عطا فرماوے تو ظاہر ہو جاوے کہ ان سب کا مآل واحد ہی اور جسقدر اقوال نقل کیے ہین سب صحیح ہین اور ہر وجہ کے لائق اس مقام کی حالت ہی فافہم۔ قال الشیخ قولہ تعالے وما انفقتم من نفقۃ او نذرتم من نذر فان اللہ یعلمہ۔ اپنے اولیا کو بشارت و خوشخبری دیتا ہی کہ انکو اجر عظیم و جزاے جمیل ملیگی اور انکو آمادہ فرماتا ہی کہ اپنی جان و مال کو اسپر قربان کرین و اور انکو ادب سکھلاتا ہی کہ الہامی خطرات کو دل سے برتین اور زبان سے بھی کہین اور اپنے اولیاء کو ڈراتا ہی کہ اوتعالے عزوجل انکے دلی خیالون و پوشیدہ بھیدون پر مطلع ہی اور وہ قبول نہین فرماتا مگر وہی جو خلاص سے ہو اور جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے ہر دو فریق نیکوکار و بدکار کو بدلا دیگا پس نیکوکار کو اسکی نیکیون کا اور بدکار کو اسکی بدیون کا بدلا دیگا۔ اور واسطی نے فرمایا کہ اس سے ایک قوم کی طرف اشارہ فرمایا کہ انکو انکے مال و اولاد کچھ نفع نہ دینگے یعنے اللہ تعالے اپنے علم قدیم سے الیسون کو جانتا ہی جنکا خاتمہ بخیر کیا جائیگا قال المترجم پس اس آیہ کریمہ مین وعدہ و وعید دونون ہین۔

إِنْ تُبْدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِيَ ۚ وَإِنْ تُخْفُوهَا وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ

اگر ظاہر کرو خیرات کو تو کیا اچھی بات ہی اور اگر چھپاؤ اور فقیرون کو پہونچاؤ تو وہ بہتر ہی

لَّكُمْ ۖ وَيُكَفِّرُ عَنكُم مِّن سَيِّئَاتِكُمْ ۗ وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝

تمہارے لیے اور جھاڑ دیگا تم سے کچھ تمہارے گناہون سے اور اللہ تعالے جو تم کرتے ہو اس سے خبردار ہی

إِنْ تُبْدُوا۔ تظہروا۔ الصَّدَقٰتِ۔ النوافل یعنے اگر تم نفل صدقون کو ظاہر کرو تو۔ فَنِعِمَّا هِيَ۔ ای نعم شیئا ابداؤہا یہ اچھی چیز ہی یعنے اظہار اسکا بہتر ہی۔ وَإِنْ تُخْفُوهَا۔ تسروہا۔ اور اگر پوشیدہ دو صدقات کو۔ وَتُؤْتُوهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ۔ من ابدائہا واتیانہا الاغنیاء۔ اور صدقات فقیرون کو دیدو تو وہ تمہارے لیے بہتر ہی یعنے تمہارے لیے صدقات کے ظاہر کرنے اور تونگرون کو دینے سے بہتر ہی اور یہ صدقہ نفل مین حکم ہی۔ اما صدقۃ الفرض فالافضل اظہارہا لیقتدی بہ ولئلا یتہم واتیاؤہا الفقراء متعین رہا صدقہ فرض یعنے زکوۃ تو افضل یہ ہی کہ اسکو ظاہر کرکے دیدے تاکہ اور لوگ اسکی اقتدا کرین اور تاکہ وہ متہم نکیا جاوے کہ زکوہ دیتا ہی یا نہین دیتا ہی۔ اور صدقہ فرض تو فقیرون ہی کو دینا متعین ہی اسیواسطے ہمنے کہا کہ یہ آیت صدقہ نفل مین ہی وَيُكَفِّرُ عَنكُمْ۔ بالیاء و بالنون مجزوما بالعطف علی محل فہو و مرفوعا علی الاستیناف۔ یعنے ابن عامر و حفص کی قراءۃ بیاء تحتانیہ ہی اور باقیون کی قراءۃ بنون ہی اور آخر جزم کے ساتھ قراۃ حمزہ و نافع و کسائی ہی بسبب اسکے کہ فہو کے محل پر عطف ہی پس جواب شرط ہونے کی وجہ سے مجزوم ہی اور آخر رفع کے ساتھ باقیون کی قراءۃ ہی بنا بر آنکہ جملہ مستانفہ شروع ہوا ہی۔ مِن۔ بعض سَيِّئَاتِكُمْ۔ بقراءت اول معنے یہ کہ اللہ تعالے تمہارے

گناہ بخشے (حمزہ وغیرہ) یا وہ بخشیگا (باقیہ) اور بقراءۃ دوم یہ معنے کہ ہم تمہارے گناہ بخشین (حمزہ وغیرہ) یا ہم بخشینگے (باقیہ)۔ وَاللّٰہُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِیْرٌ۔ عالم بباطنہ کظاہرہ ولا یخفی علیہ شئی منہ۔ اور اللہ تعالے تمہارے اعمال سے آگاہ ہی یعنے تمہارے کامون کے باطنی حال کا واسا ہی جیسے ظاہر کا واسا ہی اور اسمین سے اسپر کچھ پوشیدہ نہین ہی۔ ف ابن ابی حاتم نے بسند حسن حضرت عامر الشعبی رح سے روایت کی کہ آیہ کریمہ ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما کے حق مین نازل ہوئی پس عمر رض نے اپنا نصف مال لاکر حضرت صلعم کو دیا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر سے کہا کہ تو نے اپنے لوگون کے واسطے کیا چھوڑا ہی عرض کیا کہ نصف مال مین نے انکے واسطے چھوڑ دیا ہی اور ابوبکر نے اپنا کل مال اسطرح لائے کہ قریب تھا کہ انکو اپنے آپ بھی خبر نہو یہانتک کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خفیہ لاکر دیدیا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تو نے اپنے پیچھے اپنی اہل کے واسطے کیا چھوڑا ہی عرض کیا کہ اللہ تعالے کا وعدہ و اسکے رسول کا وعدہ پس عمر رونے لگے اور کہا کہ ای ابوبکر تمپر میرے مان باپ فدا ہون واللہ ہم لوگون نے کسی امر خیر مین تمپر سبقت نہین چاہی مگر کہ تم اسمین ہم سب سے آگے ہی نکلے۔ اور یہ حدیث دوسری وجہ سے بھی عمر رض سے مروی ہوئی ہی کذا ذکرہ ابن کثیر پھر کہا کہ یہ آیت اس حکم مین عام ہی کہ صدقہ خواہ فرض ہو یا نفل ہو اسکا پوشیدہ دینا افضل ہی اقوال بھی امام ابوحنیفہ کا قول ہی لیکن ابن جریر نے علی بن ابی طلحہ کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے صدقہ تطوع کو علانیہ کی بہ نسبت پوشیدہ دینا افضل قرار دیا کہا جاتا ہی کہ ستر گونہ افضل ہی اور صدقہ فریضہ کو علانیہ دینا افضل قرار دیا کہا جاتا ہی کہ پچیس گونہ افضل ہی۔ قال المترجم یہان سے معلوم ہوا کہ مفسر سیوطی رح نے آیت کو صدقہ نفل کے ساتھ اسی وجہ سے مخصوص کیا ہی کہ صدقہ فریضہ یعنے زکوۃ مین اظہار افضل ہی اور بعض نے ذکر کیا کہ جمہور مفسرین اسطرف گئے ہین کہ آیہ مذکورہ صدقہ نفل کے حق مین ہی اور معالم مین ذکر کیا کہ ایک قول یہ ہی کہ یہ آیت زکوۃ مفروضہ کے حق مین ہی اور رسول اللہ صلعم کے وقت مین اسکو خفیہ دینا افضل تھا اور رہا ہمارے زمانہ مین اسکو ظاہر کرکے دینا افضل ہی تاکہ اسکی طرف بدگمانی نہو۔ قال المترجم ظاہر کلام شیخ ابن کثیر دلالت کرتا ہی کہ آیت عام ہی خواہ صدقہ فرض ہو یا نفل ہو جیسا کہ اوپر کی آیت مین بھی عام لیا ہی اور اس صورت مین گویا اس آیت سے ایک نوع کی تفصیل اس اجمال کی ہوگی جو آیت سابقہ مین ہی اور اسکی مؤید ہی یہ بات کہ جملہ مین واو عاطفہ موجود نہین ہی بلکہ ان تبدوا الصدقات بلا حرف عطف فرمایا ہی فافہم۔ پھر قولہ فنعما ہی۔ دراصل فنعم ما ہی۔ ہی ای فنعم الشئ شیئا ہی۔ اور ہی مخصوص بالمدح ہی ولیکن مفسر رح نے مضاف مقدر کیا ای ابداء ہا چنانچہ کہا ابداؤہا۔ تاکہ جزا کا ارتباط شرط کے ساتھ بخوبی ہوجاوے اور اسی پر دلالت کرتا ہی یہ کہ آگے ضمیر فھو خیر لکم کا اسی فاخفاؤہا خیر لکم۔ پس ابداؤہا لیعنے مین گویا تطابق نظیر بین بھی ہوگا اور معنے یہ ہین کہ اظہار بھی بہتر اور اگر اخفا ہو تو اس سے بہتر ہی کیونکہ خیر افعل التفضیل کے معنے مین ہی اور حاصل یہ کہ دونون مین سے ہر ایک مقبول ہی جبکہ نیت صادقہ ہو کیونکہ ریاکاری کی مذمت تو پہلے ظاہر ہو چکی ہی پس یہان اظہار کو جو خوب فرمایا تو اسی طور سے کہ بفرض ریاکاری نہو اور یہ ضرور نہین کہ جو اظہار ہو وہ بطور ریا ہو۔ اور مفسر رح نے جو کہا تو ایتا الاغنیاء۔ تو بنظر قولہ وتؤتوہا الفقراء۔ ہی یعنے چھپا کر فقیرون کو دینا بہتر ہی بہ نسبت اظہار کرکے تونگرون کے دینے کے اور یہ اسوجہ سے کہ سوائے زکوۃ کے صدقہ نفل مین خصوصیت فقیرون کی نہین ہی۔ جیسے کہ زکوۃ مین خصوصیت ہی کہ فقیرون ہی کو دیا جاوے مگر آنکہ ادا کرنے والے کو شناخت نہوئی ہو۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ تکلف ظاہر ہی۔ اور اگر آیت ذرسی فرائض و نوافل کو عام رکھی جاوے تو اسکی حاجت نہین ہی فافہم۔ اور بخاری نے باسناد مالک رحمہ اللہ ابوسعید خدری و ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سات شخص ہین کہ اللہ تعالے انکو اپنے سایہ مین لیگا جس دن سوائے اسکے سایہ کے کوئی سایہ نہوگا۔ حاکم عادل اور وہ جوان کہ اللہ تعالے کی عبادت مین نشو ونما پائی۔ اور وہ مرد کہ جب مسجد سے نکلا تو دل اسکا مسجد مین لگا رہا کہ کب اسمین لوٹ آوے اور دو مرد کہ اسم اللہ تعالے کے ہی واسطے

اکٹھا ہوے اور متفرق ہوے یعنے انکا ملنا وجدا ہونا اللہ تعالے ہی کے واسطے تھا۔ اور وہ شخص کہ اسنے تنہائی مین اللہ تعالے کو یاد کیا کہ اسسو جاری ہوے۔ اور وہ مرد کہ اسکو ایسی عورت نے جو منصب والی و جمال والی ہی بلایا پس اسنے جواب دیا کہ مین اللہ رب العالمین سے ڈرتا ہون۔ اور وہ شخص کہ اسنے کوئی صدقہ دیا کہ اسکا بایان ہاتھ نہین جانتا کہ اسکے دائین ہاتھ نے کیا خرچ کیا ہی **قال المترجم** یہ حدیث صحیحین مین موجود ہی اور نیز حدیث مین ہی کہ پوشیدہ صدقہ دینا پروردگار کے غضب کو ٹھنڈا کرتا ہی اور اس باب مین احادیث مرفوع بہت ہین جنسے ظاہر ہی کہ پوشیدہ صدقہ دینا مطلقاً افضل ہی اور یہی ائمہ حنفیہ کا مختار ہی اور بعض نے قول شافعی کو زکوٰۃ مین اختیار کیا **ف ۲** شیخ نے عرائس مین کہا کیا تو اللہ تعالے ان تبدوا الصدقات فنعما ہی۔ اگر دنیا مقام تلوین سے بصفت تمکین ہو اور اگر دنیا اسطرح ہو کہ وہ شخص محق ہو۔ طالب نفس سے بصفت اخلاص تو اظہار اچھا ہی یعنے جو شخص مقام تمکین مین ثابت قدم ہی اور اسکو نفس وغیرہ کے خطرات اور نیز طرح طرح کے تغیر حالات سے اگرچہ خیر ہون کچھ جنبش نہین ہوتی ہی اور وہ مقام عرفان مین ثابت قدم ہی کہ ہر چیز و ہر فعل اسکا اللہ تعالے ہی کے واسطے ہی اور یقین اسکو کامل حاصل ہی وہ اگر اظہار کرے تو خوب ہی اور اگر نفس مطلع ہو تو وہ اسکے وساوس اور پیچیدگی مین حق کی جانب قائم رہے اور اخلاص کی خاص صفتین پوری رہین اور جو انمین موٹی موٹی اخلاص کے خلاف ہین اور جو باریک و خفیہ امور خلاف اخلاص ہین انسے برطرف ہے تو اظہار خوب ہی۔ قال الشیخ اور نیز اگر صدقہ دینے کا اعلان اس غرض سے کیا کہ مریدون کو اسمین گرفتار کرے اور انکے اسرار باطنی کو جوش لاوے کہ ہماری محبت کی شرطون سے اپنی روحین ہمپر صدقہ کرین تو یہ خوب بات ہی اسواسطے کہ بمقام تمکین کے اوپر جمے ہوے شخص کا جو معاملہ ہوتا ہی وہ معرفت طلب کرنے والون کے لیے پیشوا ہو جاتا ہی اور اگر ایسا کیا کہ جو تو نے کیا اوسکو اپنے نفس سے اور مخلوق کی انفاق کرنے سے اور طبیعت کے عوض چاہنے سے چھپا ڈالا تو وہ بہت بہتر ہی اسواسطے کہ اپنے افعال پر نظر ڈالنے اور بدلے کی طمع رکھنے سے باطن کو پاک رکھنا اُن خطرات کو خوب دور کرتا ہی جنمین ریا کا میل ہو اور اس سے یہ نتیجہ پیدا ہوتا ہی کہ تمام احوال مین نفس کا منھ پھرا رہتا ہی **قال المترجم** یعنے باطن کو ایسے امر کا موقع ہی نہ رکھے کہ نفس وہان تصرف کرکے باریک ریا کا میل ملا ہوا خطرہ پیدا کرسکے

لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلِاَنْفُسِكُمْ

تیرا ذمہ نہین انکو راہ پر لانا ولیکن اللہ راہ پر لاوے جسکو چاہے اور مال جو خرچ کروگے سو اپنے واسطے

وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَاۗءَ وَجْهِ اللّٰهِ ۭ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ اِلَيْكُمْ

اور جب تک نہ خرچ کروگے مگر اللہ تعالے کی خوشی چاہنے کو اور جو خرچ کروگے خیرات وہ پوری ملے گی تمکو

وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ۝

اور تمہارا حق کم نہین کیا جائیگا۔

لما منع النبی صلعم من التصدق علی المشرکین لیسلموا نزل۔ لَيْسَ عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ۔ ای الناس الی الدخول فی الاسلام وانما علیک البلاغ۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مال صدقات مشرکون کو دینے سے منع کیا تاکہ وہ لوگ اسلام لاوین تو نازل ہوا انہین ہی تجہپر راہ دینا انکا یعنے لوگونکا اسلام مین داخل ہونا تیرے اختیار مین نہین اور تجہپر تو فقط یہی ہی کہ حکم پہونچادے۔ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ ہدایتہ۔ ولیکن اللہ تعالے جسکی ہدایت چاہے اسکو اسلام مین داخل ہونے کی ہدایت فرماتا ہی۔ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ۔ مال فَلِاَنْفُسِكُمْ۔ اور تم لوگ جو کچھ خیر یعنے مال صدقہ کروگے وہ تمہارے لیے ہی کیونکہ اسکا ثواب تمھین کو ملیگا۔ وَمَا تُنْفِقُوْنَ

إِلَّا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللَّهِ - ای ثوابہ لاغیرہ من اغراض الدنیا - اور تم نہیں صدقہ کروگے مگر وجہ اللہ کی خواہش سے یعنے ثواب الٰہی کے لیے ف یعنے فقط ثواب الٰہی کے واسطے نہ اور کسی غرض دنیاوی کے لیے اور یہ خبر بمعنے نہی ہی ای لاتنفقوا امت خرچ کرو مگر اسیواسطے - وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ خَيْرٍ يُوَفَّ إِلَيْكُمْ - جزاؤہ - اور تم جو کچھ مال خرچ کرو پورا ادا کیا جائیگا تمکو ف یعنے بعینہ وہی نہیں بلکہ اسکا ثواب پورا ملیگا وَأَنْتُمْ لَا تُظْلَمُونَ - لاتنقصون منہ شیئا اور تم کچھ ظلم نہیں کیے جاؤگے ف یعنے تمہارے حق میں اسمیں سے کچھ بھی کم نہوگا ابن عباس سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم حکم دیتے تھے کہ صدقہ نہ دیا جاوے مگر اہل اسلام ہی کو یہانتک کہ یہ آیت اتری لیس علیک ہداہم الآیہ - پھر اسکے بعد حکم دیتے تھے کہ جس دین والا سوال کرے اسکو دو - رواہ ابن ابی حاتم اور نسائی نے ابن عباس سے روایت کی کہ کانوا یکرہون ان یرضخوا الانسابہم من المشرکین فسالوہ فرخص لہم فنزلت ہذہ الآیۃ - یعنے اہل اسلام کراہت کرتے کہ رزق دیں قرابتی مشرکین کو پس انھوں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا پس آپ نے اجازت دی تب یہ آیت نازل ہوئی قال المترجم اجازت دینے کے معنے یہ ہین کہ آپ نے انکو یہ اجازت دیدی کہ ہان اگر انکو ندو تو روا ہی کیونکہ حاکم و نسائی کی روایت مین توضیح ہی کہ مسلمانون مین سے چند لوگونکی قرابت یہود مین تھی اور رضاعت کا تعلق تھا اور قبل اسلام کے یہ لوگ انکو نفقہ دیتے تھے پھر جب اسلام آیا تو انھون نے کراہت کی پس یہ آیت نازل ہوئی - اور محی السنہ نے معالم مین ذکر کیا کہ سعید بن جبیر نے کہا کہ پہلے ذمی فقیرون کو صدقہ دیا کرتے تھے پھر جب فقرا مسلمین بہت ہوگئے تو رسول اللہ صلعم نے مشرکون کو صدقہ دینے سے ممانعت کردی تاکہ ان لوگون کو محتاجی اس بات پر آمادہ کرے کہ دین اسلام مین داخل ہون پس نازل ہوا قولہ لیس علیک ہداہم الآیہ - ہدایت سے مراد ہدایت بیانی نہین ہی کیونکہ ہدایت بیانی تو حضرت صلعم پر واجب تھی بلکہ مراد یہان ہدایت توفیقی ہی پس لیس علیک ای لیس بواجب علیک توفیق ہداہم یعنے تجھپر واجب نہین ہی کہ تو انکو راہ پر پہونچادے قال البیضاوی یہ صحیح ہی کہ ہدایت توفیقی اللہ تعالے ہی کے اختیار مین ہی اور یہ اسیکی مشیت سے ہی کہ ایک قوم کو دیتا ہی اور دوسری قوم کو نہین دیتا ہی اور یہی مذہب اہل سنت کا ہی کما قال ولکن اللہ یہدی من یشاء - اور قولہ وما تنفقوا من خیر فلانفسکم - اسمین ما شرطیہ ہی اسی سے نون حذف ہوا اشار الیہ فی المعالم اور خیر سے مراد مال ہی اور تفسیر قولہ ان ترک خیرا الوصیۃ للوالدین والاقربین - مین گذر چکا ہی - قولہ وما تنفقون الا ابتغاء وجہ اللہ - یہان وجہ اللہ یا حیث سے مراد ثواب اللہ تعالے ہی اور یہ استعمال حیث کے معنے مین شائع ہی جیسے بولتے ہین انفقت کذا علی وجہ الخیر - وجہ خیر پر ہین نے اسقدر صرف کیا اور نفی بمعنے نہی ہی و معنیہ ہین کہ لاتنفقوا لغرض الا لابتغاء الغرض - یعنے کسی غرض سے خرچ مت کرو سوائے اس نیت یعنے ثواب کے - اور حسن بصری نے کہا کہ مومن کا خرچ کرنا خیرات کا اپنے ہی ذات کے واسطے ہوتا ہی اور مومن جب صدقہ کرتا ہی تو نہین صدقہ کرتا مگر اسی واسطے کہ رضا و ثواب الٰہی حاصل ہو اور عطاء خراسانی نے فرمایا کہ معنے یہ ہین کہ جب تو نے لوجہ اللہ دیدیا تو تجھپر یہ نہین کہ اسکے اعمال کیسے ہین قال ابن کثیر اور یہ معنے پسندیدہ ہین قال المترجم علی ہذا یہ جملہ حال واقع ہوا یعنے جو تم خرچ کروگے وہ اپنے ہی واسطے وحال یہ کہ تم خرچ نہین کروگے مگر اسی غرض سے کہ تمکو ثواب الٰہی ملے اور اسیکو بیضاوی نے مختار رکھا ہی اور نفی بمعنے نہی لینا تکلف وضعف سے خالی نہین ہی قال ابن کثیر اور حاصل سکا یہ ہی کہ صدقہ دینے والے نے جب لوجہ اللہ صدقہ دیدیا تو اسکا ثواب ثابت ہوگیا اور اسپر یہ نہوگا کہ نفس الامر مین کیسے شخص کو پہونچا وہ نیکوکار ہی یا بدکار ہی بلکہ وہ اپنی نیت و قصد پر ثواب پاویگا اور تتمہ آیت کریمہ بھی اسی پر دلالت کرتا ہی کہ فرمایا وما تنفقوا من خیر یوف الیکم وانتم لاتظلمون اور حدیث ابوہریرہ بھی اسی پر دال ہی کہ ایک شخص نے کہا کہ مین آج رات کچھ صدقہ کرونگا پس صدقہ لیکر نکلا اور ایک زانیہ یعنے فاحشہ عورت کے ہاتھ مین دیدیا صبح کو لوگون نے باتین کرنی شروع کین کہ زانیہ کو صدقہ دیا گیا جب صدقہ دینے والے کو معلوم ہوا تو استے اللہ تعالے

کی حمد کی اور کہا کہ آج رات پھر صدقہ دونگا پس رات ایک تونگر کے ہاتھ رکھا صبح لوگون نے کہا کہ تونگر کو صدقہ دیا گیا اس شخص نے کہا کہ پروردگار میرے تجھی کو حمد ہی آج رات مین صدقہ دونگا پس نکلکر ایک چور کے ہاتھ مین رکھا صبح لوگون نے باتین کین کہ رات ایک چور کو صدقہ دیا گیا اس شخص نے کہا کہ پروردگار میرے تجھی کو حمد ہی زانیہ تونگر و چور کے صدقہ دلوانے پر پھر اسکے پاس کہلا بھیجا گیا کہ تیرا صدقہ جسقدر تو نے دیا سب قبول ہوا یعنے اسوقت کے پیغمبر کے ذریعہ سے بتلایا گیا پس زانیہ کا تو شاید یہ ہو کہ اس مال صدقہ کی وجہ سے زنا سے عفیفہ ہو جاوے اور رہا تونگر تو شاید نصیحت حاصل کرے یا جو اللہ تعالے نے اسکو دیا ہی اسمین سے خیرات کرے اور چور شاید اس صدقہ کی وجہ سے چوری سے باز رہے ۔ رواہ البخاری و مسلم ۔ اس شخص نے عمدا ان لوگون کو صدقہ نہین دیا تھا پس نہایت اس سے یہ ثابت ہوتا ہی کہ اگر صدقہ دینے سے بعد ظاہر ہو کہ وہ شخص جسکو صدقہ دیا ہی وہ فاجر یا تونگر تھا تو اسکو اپنی نیت پر ثواب ملیگا اور یہ اسمین نہین مذکور ہی کہ ابتداً ایسے لوگون کو صدقہ دینا روا ہی اور حدیث مین ثابت ہی کہ لا یاکل طعامک الا تقی ۔ یعنے چاہیے کہ نیز اطعام وہی کھاوے جو پرہیزگار ہو **قال المترجم** حق یہ ہی کہ مخلوق الٰہی کو رزق دیے جانے مین مساوی ہی پس اگر کوئی کافر یا فاجر بھوکون مرتا ہو تو اسکو صدقہ دینا موجب ثواب ہی اور جبکہ ایسی حالت نہو تو صدقہ کے واسطے مراتب ہین یعنے مثلاً ایک آدمی کا کھانا ایک شخص صدقہ دینا چاہتا ہی تو اولی یہ ہی کہ کنبہ والون سے محتاج کو دے اور اگر ایک متقی و دوسرا فاجر ہو تو متقی کو ترجیح دے کہ اسمین زیادہ فضل ہی اور اگر فاجر کو دیدیا تو ضائع نہو گا علی ہذا القیاس محلہ مین بھی مسلمان متقی بہ نسبت مسلمان فاجر کے اولی ہی اور مسلمان فاجر بہ نسبت کافر کے صدقہ دینے مین اولی ہی فافہم پھر یہ سب اس صدقہ کی بابت ہی جو نفل ہو اور جو صدقہ فرض و واجب ہی مثل زکوۃ و صدقہ فطر وغیرہ کے تو زکوۃ مین علما نے بالاتفاق کہا ہی کہ مستحق اسکے مسلمان فقیر ہین اور گویا یہ بھید یہ ہی کہ وہ مسلمانون ہی سے لیا جاتا اور انھین کے فقیرون کو دیا جاتا ہی اسواسطے ہر مقام کی زکوۃ کو وہان سے دوسرے مقام و شہر کے محتاجون کے لیے لیجانا مکروہ کہا گیا ہی اور رہا صدقہ فطر تو جمہور علما اسکو مثل زکوۃ کے قرار دیتے ہین اور امام ابوحنیفہ رح نے جائز رکھا ہی کہ ذمی فقیرون کو دیا جاوے اور ذمیون سے وہ کافر مراد ہین جو مسلمانون کی ذمہ داری مین مسلمانون کے مطیع ہو کر رہتے ہین ۔ پھر یہ سب تقریر اس بنا پر ہی کہ قولہ وما تنفقون الا ابتغاء وجہ اللہ ۔ حال واقع ہی اور مفسر رح نے باتباع معالم وغیرہ کے اسکو خبر بمعنے نہی قرار دیا ہی اور اس صورت مین یہ اعتراض وارد ہوتا ہی کہ جب بمعنے نہی ہوا تو جملہ انشائیہ ہوا اور ماقبل اسکا جملہ خبریہ ہی پس خبر پر انشاء کا عطف لازم آتا ہی اور یہ ممنوع ہی اور جواب ہو سکتا ہی کہ جملہ سابقہ بھی تاویل انشاء قرار دیا جاوے ای انفقوا ما ینفع لانفسکم ۔ **وکرہ فی بعض حواشی البیضاوی** اور اولی یہ ہی کہ یہ معنے لیے جاوین ای لیس نفقتکم الا لابتغاء وجہہ فمالکم ان تکونوا کارہین ۔ یعنے نہین ہی تمھارا نفقہ دینا مگر بخواہش ثواب آلہی پھر تم انسے کیون کراہت کرتے ہو فافہم واللہ اعلم **قال الشیخ** قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے لیس علیک ہداہم ۔ آپس کے عمل درآمد اور ایک دوسرے کی سفارش کرنے سے اسباب ہدایت کو لوگ قطع کر لیتا کہ اہل ولایت کے دلون پر یہ خیال نہ رہے اور اسکا سر انجام اپنی ہی ذات پاک کی طرف رکھا کہ مین ہی انکا ہادی ہون ۔ قولہ تعالے وما تنفقوا من خیر فلانفسکم ۔ مجاہدہ و ریاضت بھی خیر ہی پس اسکا رنج جو تمنے اپنے بدنون سے اٹھایا اسکی جزا تمھارے واسطے ہی اور تمنے اپنے قالب سے جو جدائی کے رنج کھینچے ہین اور انکو شوق کی آگ سے جلایا ہی اسکی جزا جو کچھ ہی وہ میرے ہی علم مین ہی اور یہ ویسا ہی ہی جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے روزے کے بارہ مین اللہ تعالے عزوجل سے قول قدسی نقل فرمایا ہی جسکا مضمون یہ ہی کہ آدمی کا ہر کام تو اسکے واسطے ہی سوائے روزے کے کہ وہ میرے واسطے ہی اور مین ہی اسکا بدلا دونگا ۔ اور نیز اسکے معنے ہین کہ تمھارے اعمال کی جزا تمھارے واسطے ہی اور میرے واسطے میرا فضل کرنا کہ تمام فضل میرے ہی طرف سے ہو گا اور یہ فضل مین تمپر اپنی طرف سے نازل کرونگا کچھ تمھارے افعال و اعمال پر نہو گا اسواسطے کہ فضل کرنا میرا خاصہ ہی اسمین بندے کی بندگی کو کچھ دخل نہین ہی **قال المترجم** جاننا چاہیے کہ حدیث مین ہی کہ تم مین سے کوئی اپنے عمل سے جنت مین داخل نہو گا حتی کہ آپنے اپنی ذات مقدس کے حق مین بھی یہی فرمایا اور اللہ تعالے نے جزاے اعمال مقرر فرمائی ہی تو کلام شیخ سے یہ نکتہ نکلا کہ جنت ایک فضل باری تعالے ہی پس جب بندہ مقبول ہوا اور فضل باری تعالے کے قابل ہوا تو جزاے اعمال

تو اسکی ذات کے واسطے ہی اور فضل باری تعالے ہی پس اعمال وہ نشان مقبولیت ہین اور رضاے آلہی اسی مقبولیت پر ہی اور اسیواسطے آیا ہی کہ جنت رضاے آلہی ہی اور اہل سنت نے اتفاق کیا ہی کہ اعمال بندے کی سعادت کی دلیل ہین اور جنت وغیرہ نعمتین سب فضل آلہی پر موقوف ہین اعمال پر نہین ہین اسواسطے کہ جو نعمتین انسان کو زندگی مین عطا ہوئی ہین یہ عبادت انکا عوض بھی نہین ہوسکتی ہی کجا کہ وہ اسپر اور بدلے کا مستحق ہو پس حاصل یہ ہی کہ جو اہل سعادت ہین انپر اعمال خیر آسان ہین اور اہل شقاوت پر اعمال شر آسان ہین کل میسر لما خلق لہ ہر ایک پر وہ آسان کیا گیا جسکے واسطے وہ پیدا کیا گیا ہی اور جنت و غیرہ فضل رب ہی پر موقوف ہی

لِلْفُقَرَآءِ الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ يَحْسَبُهُمُ

دینا ہی ان مفلسون کو جو اٹکے رہے ہین اللہ تعالے کی راہ مین نہین استطاعت پاتے ہین کہ چل کھڑے ہون ملک مین سمجھے انکو

الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ۚ تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ۚ لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ اِلْحَافًا ۗ

بے خبر آدمی تونگر انکے نہ مانگنے کی وجہ سے تو پہچانتا ہی انکو انکی صورت سے نہین مانگتے لوگون سے لپٹ کر

وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ۝ ع ۱۷

جو تم خرچ کروگے کام کی چیز سو اللہ تعالے اسکو خوب جاننے والا ہی

لِلْفُقَرَآءِ - یہ مبتدا ہی محذوف کی خبر ہی ای الصدقات للفقراء - اور مترجم کہتا ہی کہ ترجمہ آیت مین جو لفظ مقدر ہوا یعنے دینا چاہیے فقرا کو یہ زیادہ موزون ہی - اَلَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ - ای احبسوا انفسهم علی الجهاد ونزلت فی اهل الصفة وهم اربعمائة من المهاجرین او صدوا التعلیم القرآن والخروج مع السرایا - یعنے جنھون نے روکر کا ہی اپنی جانون کو جہاد کرنے پر - اور نازل ہوئی یہ آیت اہل صفہ کے حق مین اور وہ چار سو آدمی مہاجرین مین سے تھے اسیواسطے مستعد تھے کہ قرآن کی تعلیم کرین اور جس لشکر کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم روانہ فرماوین اٹکے ساتھ جاوین - لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا - سفرا - فِي الْاَرْضِ - للتجارة والمعاش لشغلهم عنه بالجهاد - ملک مین سفر کرنے کی استطاعت نہین رکھتے ف یعنے واسطے تجارت کرنے اور کمانے کے اس وجہ سے کہ جہاد کرنے مین مشغول ہوکر اس سفر سے معذور ہوے ہین او تعفف رکھتے ہین حتی کہ يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ - بحالهم - اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ - لتعففهم عن السوال وترکه - جو انکے حال سے واقف نہین وہ انکو تونگر خیال کرتا ہی بوجہ تعفف کے ف یعنے بسبب اسکے کہ مانگنے سے عفت کرتے ہین اور سوال کرنا ترک کر دیا ہی - تَعْرِفُهُمْ - یا مخاطب - بِسِيْمٰهُمْ - علامتهم من التواضع واثر الجهد - یعنے ای مخاطب سمجھدار تو انکو انکی علامت سے پہچان سکتا ہی کہ تواضع سے رہتے ہین اور مشقت اٹھانیکا اثر انپر ظاہر ہی لَا يَسْئَلُوْنَ النَّاسَ - شيئا فيلحفون - اِلْحَافًا - ای لا سوال لهم اصلا فلا يقع منهم الحاف وهو الالحاح - یعنے نہین سوال کرتے لوگون سے کچھ تاکہ الحاف کرین الحاف کرنے کر یعنے انکی طرف سے بالکل سوال ہی واقع نہین ہوتا پس اسسے الحاف بھی نہین واقع ہوتا ہی اور الحاف بمعنے الحاح ہی یعنے کسی سے سوال نہین کرتے تو الحاح بھی نہین کرتے - وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ - یجازیکم علیه - اور جو کچھ تم مال سے صدقہ کرو تو اللہ تعالے اسکا علیم ہی ف پس تمکو اس خیرات کرنے پر جزاء و ثواب عطا کریگا - قولہ للفقراء کے لام کے تعلق مین ایک قول تو مفسر نے ذکر کر دیا کہ خبر مبتدا محذوف ہی ای الصدقات ثابت للفقراء - اور بعض نے کہا کہ للفقراء الذین صفتهم کذا حق واجب یعنے جن فقراء کی صفت مذکور ہی انکے لیے تمپر حق واجب ہی پس مبتدا مؤخر محذوف ہی پھر اسمین چند اقوال ہین کہ ان فقراء سے کون لوگ مراد ہین پس سعید بن جبیر سے

روایت ہی کہ وہ قوم کہ انکو وہ خدا مین ایسے زخم پہونچے تھے کہ وہ لنجے ہو گئے پس مسلمانون کے اموال مین انکا حق قرار دیا اور قولہ لایستطیعون ضربا فی الارض اسکا مؤید ہی اور احصار بھی اپنے معنے پر ہوگا اسواسطے کہ احصر العدو کیطرح احصر المرض بھی درست ہی بنابر قول بعض محققین وخصوص بحقیقت شرعی جیسا کہ قولہ فان احصرتم فما استیسر من الھدی کی تفسیر مین مذکور ہوا۔ اور مجاہدؒ سے روایت ہی کہ مہاجرین قریش جو مدینہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے اور اس روایت مین قریش کی قید اتفاقی ہی اور مراد وہ معنے ہین جو ابن المنذر نے ابن عباس سے روایت کیے کہ وہ مہاجرین ہین جو اپنا مال متاع چھوڑکر اللہ تعالے ورسول کی طرف ہجرت کرکے چلے آئے اور مدینۂ منورہ مین رہتے تھے انکے واسطے کوئی ایسا سبب نہ تھا کہ اس سے اپنے آپ کو بے پرواکرسکین اور سفر بھی نہین کرسکتے تھے کہ کچھ کماوین اور چارسو کی تعداد جو مذکور ہوئی یہ انتہائی تعداد تھی اور بسا اوقات وہ اس سے کم ہوجاتے تھے اور قاضی عیاض وغیرہ نے ایک سو بیس اور کم وبیش تعداد بھی نقل کی ہی ان لوگون کے رشتہ دار بھی مدینہ مین نہ تھے اور نہ کہین انکے رہنے کا ٹھکانا تھا پس صفۂ مسجد مین رہتے تھے اور یہ اسارا وہ تھا جو مسجد کے مقابل مین شمال کی طرف تھا جدھر پہلے قبلہ تھا یعنے بیت المقدس کیطرف جب تک نماز پڑھتے تھے اور یہ لوگ قرآن سیکھتے سکھلاتے تھے اور عبادات مین اپنی تمام اوقات صرف کرتے اور حضرت صلعم جو سریہ بھیجتے یعنے چھوٹا لشکر جسمین خود نجاتے تھے یہ لوگ اس لشکر مین جایا کرتے تھے اور یہی اصحاب صفہ مشہور ہین اور وہ مختلف قبائل کے لوگ تھے اور حضرت ابوہریرہ دوسی اسی مین سے ہین اور اس روایت پر احصروا بمعنے اُحبِسُوا ہوگا اور حبس کیے گئے یعنے پابند کیے گئے اور چونکہ انکو صرف محتاجی کی وجہ سے ایسی پابندی تھی پس مراد یہ ہی کہ احبسوا انفسھم ای اپنے جانون کو انھون نے اللہ تعالے کی راہ مین پابند کردیا بایں طور کہ گھر بار چھوڑکر ایمان کے واسطے فقیر ہوگئے اور مفسر رحمہ نے جو کہا کہ اُحصروا التعلیم القرآن ای اَعِدُّوا یعنے مہیا کردیے گئے تھے کقولہ تعالے واعدوا لھم ما استطعتم من رباط الخیل۔ اسمین گویا احصروا فی سبیل اللہ کی توجیہ دیگر سوائے محتاجی کی طرف اشارہ کیا اور ایسے ہی لایستطیعون ضربا فی الارض کی توجیہ بھی ہوسکتی ہی اگرچہ استطاعت نہونیکا اصل سبب انکی محتاجی تھی اور ضرب چند معنے مین آتا ہی از انجملہ نہ مین سفر کرنا اور اس صورت مین بدون فی کے مستعمل نہین ہی اور متعدی بھی نہین ہوتا ہی اس سے صاف معلوم ہوگیا کہ جو کوئی بدون فی کے یہ معنے لیوے یا سوائے زمین خشکی کے لیوے وہ جاہل اور اسکا خیال غلط ہی جیسے قصہ موسی علیہ السلام مین قولہ فاضرب لعصاک البحر کے یہ معنے لینا کہ اپنا عصا لیکر دریا مین چل یہ معنے تحریف وغلط ہین کیونکہ دریا مین چلنے کو اضرب نہین کہتے اور نیز فی البحر ہونا واجب تھا۔ کقولہ تعالے واذا ضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلوٰۃ الآیۃ اور مثل قولہ تعالے وآخرون یضربون فی الارض یبتغون من فضل اللہ الآیۃ۔ اور یہی معنے کہ زمین مین نہین چل سکتے یہان مراد ہین پس بنابر قول سعید بن جبیر کے سفر نہین کرسکتے واسطے جہاد کے نہ واسطے تجارت وغیرہ کے اور بقول ابن عباس سفر نہین کرسکتے واسطے تجارت ومعیشت کے کماذکرہ المفسر پھر جاننا چاہیے کہ حکم آیت کا عام ہی خواہ قول سعید بن جبیر لیا جاوے یا ابن عباسؓ کا قول لیا جاوے یعنے جو فقیر اس صفت کا ہو اسکو صدقہ دینا چاہیے پس آیہ کریمہ سے آمادگی دلائی کہ ایسے فقیرون پر خرچ کرنا بہت ثواب ہی۔ اور اسپر شفقت دلانے اور ترس کرنے کو فرمایا یحسبھم الجاہل اغنیاء من التعفف۔ اور تعفف بروزن تفعل از عفت بمعنے ترک وتنزہ ہی اور وزن تفعل بنا رسبالغہ ہی یعنے انکے کمال درجہ سوال کو ترک کرنے کی وجہ سے جو شخص کہ انکے حال سے آگاہ نہین ہی انکو تونگر جانتا ہی اور مسند احمد مین حضرت ابوہریرہؓ سے مرفوع روایت ہی کہ مسکین یہ دروازون پر پھیرے کرنے والا نہین جسکو ایک کھجوارا یا دو کھجوارے دینا یا ایک لقمہ یا دو لقمہ یا اکلہ یا دو اکلہ دینا پھیر دیتا ہی ولیکن مسکین وہ ہی جو اسقدر نہین پاتا کہ اسکو بے پرواکرے اور اسکے حال سے آگاہی نہین ہوتی کہ اسکو صدقہ دیا جاوے اور لوگون سے کچھ سوال نہین کرتا ہی رواہ البخاری ومسلم ایضاً۔ اور قولہ تعرفھم بسیماہم۔ ای تعرفہم کونہم فقراء بسیماہم۔ تو ای مومن عاقل انکا فقیر ہونا انکی

علامت سے پہچان سکتا ہے - اور سیما مقصور و ممدود بمعنے علامت ہے اور مراد یہاں تواضع و انکسار ہے اور بعض نے کہا کہ کپڑوں کی شکستگی و بھوک سے رنگ کی زردی اور بدن کا ضعف وغیرہ جو علامات فقر و فاقہ کے ہیں اور اولیٰ یہ ہے کہ لباس و حال و مقال کو عام لیا جاوے اور سنن کی حدیث میں ہے کہ اتقوا فراسۃ المومن فانہ ینظر بنور اللہ ثم قرأ ان فی ذلک لآیات للمتوسمین - یعنے مومن کی فراست سے ڈرتے رہو کہ نور الٰہی سے دیکھتا ہے پھر آپنے پڑھ دیا قولہ تعالےٰ ان فی ذلک لآیات للمتوسمین - اور حاصل یہ ہے کہ وہ لوگ سوال سے نہایت عفیف ہیں پس سوال کرنے سے تو انکا فقر نہیں پہچانا جاتا ہے ہاں انکی سیما سے البتہ تو انکو پہچان لیگا اور یہ شناخت اسیکو ہوگی جو مومن منور بنور الٰہی ہے پس جاہل سے ایک لطیف تعریض کافروں و منافقوں پر ہے - قولہ تعالےٰ لا یسئلون الناس الحافا - بعض نے ذکر کیا کہ الحاف اخوذ از لحاف ہے جیسے لحاف سب طرف سے ڈھک جاتا ہے ایسے ہی سوال الحاف بھی سب وجوہ کو حاوی ہوتا ہے اور مفسر وغیرہ نے ذکر کیا کہ وہ مصدر باب افعال ہے بمعنے مبالغہ کے ساتھ سوال کرنا جسکو ہندی میں کہتے ہیں کہ یہ فقیر تو چمٹ کر کے لپٹ گیا - اور عربی میں کہتے ہیں الحف علیّ - اور یہی معنے الحاح کے ہیں پس الحف علیّ و الح علیّ اور احفنی بالسئوال - سب ایک معنے میں ہیں - اور معنے یہ ہیں کہ وہ لوگ بالکل سوال ہی نہیں کرتے کہ انہیں الحاف واقع ہو جیسے عرب بولتے ہیں کہ لا یرجی خیرہ - اس شخص کی بھلائی حاصل ہونے کی امید ہی نہیں یعنے اسکے پاس بھلائی ہی نہیں کہ اسکے حصول کی امید ہو اور یہی معنے ابن حجر نے بیان کیے اور یہی قول جماعت کا ہے اور جمہور مفسرین نے یہی معنے لیے ابن اور سعد الدین تفتازانی نے حاشیہ کشاف میں اسپر اعتراض کیا کہ یہ جب صحیح ہے کہ منفی کی قید اسکے ساتھ بطریق غالب لازم ہو یعنے غالب اوقات میں منفی کے ساتھ اس قید کا پایا جانا ضرور رہتا ہو تاکہ نفی مقید سے نفی مطلق بھی لازم آوے اور یہاں ایسا نہیں ہے اسواسطے کہ سوال کے ساتھ الحاف کبھی غالباً لازم نہیں ہے قال المترجم اور یہ اعتراض کچھ نہیں ہے کیونکہ یہ تقریر نفی عقلی ثابت ہونے کے واسطے مشروط ہوگی اور یہ مفہوم عرفی ہے کیا تو نہیں دیکھتا لا یرجی خیرہ میں اس شخص کے واسطے خیر لازم ہونا ضرور نہیں ہے علاوہ بریں نفی مقید کے ساتھ نفی مطلق کا انحصار اسی امر مذکورہ میں مسلم نہیں شاید کہ بقرینہ انہی مقید سے مطلق کی نفی ہو اور محققین مفسرین نے اس مقام پر نفی مطلق کی توجیہ میں کہا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے ان فقیروں کے واسطے تعفف کی صفت ثابت فرمائی ہے کہ کبھی انسے جدا نہیں پھر فقیر سوال کرنا اس صفت کے منافی ٹھہرتا ہے اور نیز فرمایا کہ جاہل انکو تونگر خیال کرتا ہے تو یہ جبھی ہے کہ انسے سوال بالکل صادر نہیں ہوتا پس یہ قرینہ صحیح ہے کہ سوال الحاف کی نفی مقید مع مطلق ہے پھر مفسر رحمہ اللہ تعالےٰ نے جو الحاف کو مصدر لفعل محذوف قرار دیا یہ پسندیدہ ہے کہ ما وقع اعتراض ہی حل کیا - لا یسئلون الناس سوالا فیلحفون الحافا - یعنے لوگوں سے سوال ہی نہیں کرتے تاکہ انسے الحاف صادر ہووے پس نفی در اصل سوال پر وارد ہے اور اسپر عطف سے مقید کی بھی نفی ہو گئی - اور بعض مفسرین نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ اگر وہ سوال کرتے ہیں تو ملاطفت سے کرتے ہیں اور الحاح نہیں کرتے ہیں اقول یہ تقریر صحیح ہے و قال ابن کثیر قولہ لا یسالون الناس الحافا - سوال کرنے میں الحاح نہیں کرتے ہیں اور لوگوں کو اس چیز کی تکلیف نہیں دیتے جسکے وہ فی الحال محتاج نہیں ہیں کیونکہ جسنے سوال کیا درحالیکہ اسکے پاس ایسی چیز موجود ہے جس سے وہ سوال کرنے سے بے پروا ہو سکتا ہے تو اسنے ما سئلت میں الحاف کیا قال المترجم اس تقریر سے واضح ہے کہ نفی فقط الحاف کی ہے اور سوال کی نفی نہیں ہے اور غایۃ توجیہ اسکی یہ ہے کہ شرع میں فقیر کا تعفف یہ ہے کہ بدون حاجت شدید کے سوال نہ کرے اگرچہ اسپر تکلیف ہو پس اگر تعفف کی صفت انکے واسطے لازمی ثابت کی تو اس سے اسیقدر معلوم ہوا کہ بدون حاجت شدید کے سوال نہیں کرتے ہیں اور اس سے مطلق سوال کی نفی نہیں سمجھی گئی پس الحاف میں سوال کی نفی نہیں بلکہ الحاف کی نفی ہے اور معنے الحاف کے شرعاً وہ ہیں جو شیخ نے بیان کیے کہ جب اسکے پاس اسقدر موجود ہو کہ اسکے بے پروا کرنے کو اسوقت

سوال کرنا الحاف ہی۔ اگر کہا جاوے کہ جاہل کا انکو تونگر خیال کرنا بسبب انکے عدم سوال ہی کے تھا اور جب سوال پایا گیا تو کیونکر ایسا ہوگا جواب یہ ہو کہ تکلیف سے اوقات بسر کر لینا اور سوال نہ کرنا جاہل کے غنی تصور کرنے کے واسطے کافی ہی یعنے باوجود تنگی کے جب انھون نے سوال نکیا تو جاہل بے فراست کو بھی معلوم ہوا کہ یہ بے پروا ہین حالانکہ وہ اس تکلیف مین تھے اسیواسطے فرمایا کہ تعرفھم بسیماھم یعنے اہل فراست اپنے نور ایمان سے تاڑ لیتا ہی اور جاہل نہین جان سکتا ہی۔ پھر جو تمنے ذکر کیا ہی وہ احادیث سے ثابت ہی چنانچہ بخاری و مسلم و نسائی و ابن ابی حاتم و ابن جریر و امام احمد وغیرہ کی حدیث ابوہریرہ مین ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ مسکین یہ دربدر پھرنے والا نہین کہ اسکو نوالہ دو لوالے دیکر پھیر دیتے ہین بلکہ مسکین وہ ہی جو اپنے گھر مین تعفف کرنے والا ہو لوگون سے کچھ سوال نہین کرتا اگرچہ اسکو حاجت ہو اور پڑھو تمھارا جی چاہے قولہ تعالے لا یسئلون الناس الحافا۔ اور یہ لفظ ابن جریر کی روایت کے ہین۔ اور امام احمد نے ابوسعید سے روایت کی کہ میری ماں نے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس روانہ کیا کہ آپ سے مانگون پس مین آکر حضور مین بیٹھ گیا پس آپ نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ جو بندہ استغنا چاہتا ہی اللہ تعالے اسکو بے پروا کر دیتا ہی اور جو عفت مانگتا ہی اللہ تعالے اسکو عفیف کر دیتا ہی اور جو کفایت چاہتا ہی اللہ تعالے اسکو کفایت دیتا ہی اور جس شخص نے سوال کیا درحالیکہ اسکے پاس ایک اوقیہ کی قیمت ہی تو اسنے الحاف کیا پس مین نے دل مین کہا کہ میری یا تو ناقہ اونٹنی ایک اوقیہ سے اچھی ہی پس مین لوٹ آیا اور سوال نکیا۔ رواہ ابوداؤد والنسائی ایضا۔ مترجم کہتا ہی کہ اس حدیث مین معجزہ ہی اور ابوسعید خدری سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جسنے سوال کیا درحالیکہ اسکے پاس ایک اوقیہ کی قیمت ہی تو وہ ملحف ہی اور اوقیہ چالیس درم وزن ہی۔ رواہ ابن ابی حاتم و نحوہ احمد۔ اور طبرانی کی روایت ابوذر مین چالیس درم کی تصریح ہی اور ایسے ہی ابوبکر بن مردویہ کی روایت عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ مین مصرح ہی کہ جسنے سوال کیا درحالیکہ اسکے واسطے چالیس درم ہین تو وہ ملحف ہی قال المترجم پوشیدہ نہ رہے کہ سوال کرنے کی مذمت مین بہت حدیثین وارد ہین ماسوائے ایسی صورت کے کہ آدمی کو بدون سوال کے کوئی چارہ نہو یا جس سے سوال کرتا ہی وہ صاحب سلطنت ہو تو البتہ روا ہی اور روایت ثابت ہی کہ حضرت صلعم نے سوال نہ کرنے پر بیعت لی تھی اور اسکا اثر یہانتک تھا کہ اگر کسی سوار کا کوڑا گر جاتا تو خود اتر کر اٹھا لیتا تھا دوسرے سے نہین طلب کرتا تھا اور صحیح ہوا کہ آپ نے فرمایا ہی کہ اگر مرد محتاج قصد کرکے جنگل سے ایک لکڑی کا گٹھا لاوے اور اسکو فروخت کرکے کچھ خیرات کرے اور باقی اپنے صرف مین لاوے تو اس سے بہتر ہی کہ دوسرے کے سامنے ہاتھ پھیلاوے وہ دے یا نہ دے اور اصل حدیث بخاری وغیرہ مین ہی اور صاحب سلطنت سے بھی اسیوقت روا ہی کہ جسطور پر شرع نے سوال کی اجازت دی ہی اسی طور ہو مال ڈھیر کرنے وغیرہ کی غرض سے نہو اور روایت ابوسعید وغیرہ جو اوپر مذکور ہوئی ہین اس امر پر شاہد ہین اور بدون اجازت شرعی کے سوال کرنا حرام ہونے پر اتفاق ہی اور ایسے سوال کرنے والے کے حق مین عذاب کی وعید مروی ہین جب یہ معلوم ہو گیا تو شیخ ابن کثیر وغیرہ کی تائید تفسیر مین جو احادیث مروی ہین وہ نفس سوال سے زائد یعنے الحاف کی مقدار ظاہر کرتی ہین یعنے آنکہ نفس سوال مذموم ہی اور اگر سوال ایسی حالت مین ہو کہ ایک اوقیہ کی قیمت کا مالک ہی تو نہایت مذموم بدرجۂ الحاف ہی پس ظاہر ہوا کہ ان احادیث سے تفسیر جمہور مفسرین کی تقویت ہوتی ہی بلکہ حدیث ابوہریرہ مرفوعا ابن جریر اس معنے مین گویا نص ہی اسیواسطے مفسر نے قول جمہور کو راجح قرار دیا ہی واللہ تعالے اعلم ف ۲ عرائس مین کہا کہ قولہ للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ۔ اسمین ایسے لوگ بھی شامل ہین جنھون نے اللہ عزوجل کی مجالس مراقبہ مین اپنے نفسونکو روک رکھا ہی کہ سوائے اللہ عزوجل کے کسی اور کی طرف مائل نہین ہونے دیتے ہین وہ اللہ تعالے ہی کی طرف نظر رکھتے ہین اور اللہ تعالے نے حکم تقدیر جاری ہونے سے جو ارادہ فرمایا وہ اسپر راضی ہین اور اللہ تعالے کے امتحان و محنت مین صبر کرتے اور ثابت قدم رہتے ہین اور اپنے

لہ شیخ شاہ صاحب دام ظلہ حاکم ورفاعی غفرلہ ۱۲

نفسون سے مجاہدہ کرنے ہین اللہ تعالے ہی کے واسطے حساب لیتے ہین اور اس دنیاے ناپایدار کے واسطے اپنے عہد وپیمانون کو جو ازل مین باندھے تھے نہین توڑتے ہین پھر یہ لوگ جنکا یہ وصف بیان ہوا ہی۔ کہ اپنے نفوس کو غیر اللہ تعالے کی طرف تعرض کرنے سے مصئون رکھتے ہین یا اللہ تعالے نے انکو رمز واشارہ وسوال سے بیان کیا اسوجہ سے کہ انکے احوال پر غیرت فرمائی اور انکے اسرار کو مصئون رکھا اور انکی فقیری کو برعایت حقیقی محتاجی کے فرمایا اور یہ اسلئے کہ مشقت وتکلیف اُٹھاتے ہین اسطرح کہ رات دن اپنی جانون اور مالون کو اہل دنیا کی خدمت مین صرف کرتے ہین۔ قال تعالے لایستطیعون ضربا فی الارض یعنے اپنی معاش وحوائج ضروری تلاش کرنے کے واسطے اپنی مجالس ومراقبہ سے جدا نہین ہوتے ہین اس جہت سے کہ انپر حال کا زور ہی اور ذکر الٰہی انپر غالب ہی اور اپنے مولی کے مشاہدہ مین مستغرق ہین اور محبت انپر شدت سے اور عشق کثرت سے طاری ہی کہ انکو کمال ہین مشقت کی استطاعت ہی نہین ہی جیسے بیخود ہوتے ہین اسواسطے کہ توکل کی درستی اور رضا کی خوبی اور سب کچھ اللہ تعالے ہی کو سونپ دینے کی حقیقت انپر اپنا زور باندھے ہی اور وہ اپنے تمام سب کام اللہ تعالے ہی کے سپرد کر چکے اور اپنی استطاعت سے خارج ہو چکے ہین قولہ یحسبھم الجاہل اغنیاء من التعفف اسواسطے کہ وہ دنیا داروں کے پاس نرم باتون سے تملق نہین کرتے اور انپر اپنی شکستگی ظاہر نہین کرتے ہین پس جاہل یہ خیال کرتا ہی کہ انکا پیٹ احوال سے بھرا رہتا ہی باوجودیکہ وہ اللہ تعالے کی طرف سنت سے محتاج ہوتے ہین پھر انکے حال سے ناواقف کو جاہل فرمایا اسواسطے کہ عالم انکو نور علم ومعرفت سے پہچان لیتا ہی۔ قال تعالے تعرفھم بسیماھم۔ یعنے انکے چہرون سے مشاہدہ حق عزوجل کی بشارت برستی ہی اور اسکے دلون مین سے نور معرفت کی خوشی کا اثر کھلتا ہی اسواسطے کہ اللہ عزوجل نے انکے چہرون پر صفات کریمہ کی روشنی کا نقاب ڈالا ہی اور انکی پیشانیون جمال کا لباس پہنایا ہی۔ اسی تو انکو ان صفات سے پہچان لیگا اسواسطے کہ وہی پرہیزگار وحق عزوجل کے محبتی لائق لوگ ہین کہ دنیا کی لذت وغیرہ کی نظر سے وہ خلق کی طرف کبھی نہین جھکتے ہین بلکہ وہ اہل محبت ہین کہ طرح طرح کی بلاؤن مین مبتلا کیے جاتے ہین اور وہ اللہ تعالے کے لیے اللہ تعالے ہی مین صبر کیے ہوے ثواب کے امیدوار ہین قال المترجم حدیث صحیح مین یہ مضمون آیا ہی کہ سخت بلا انبیا علیہم السلام کو دی جاتی ہی پھر درجہ بدرجہ فضیلت رکھنے والون کو دی جاتی ہی اور نیز حدیث صحیح مین ہی کہ مومن کی مثال جیسے دھان کا درخت کہ کبھی اسکو جھوکا نہین پہونچتا اور آخرکار جڑ سے گر جاتا ہی اور تاریخ مین مذکور ہی کہ فرعون مردود کے چار سو برس کبھی سر مین درد بھی نہین ہوا۔ اور جاننا چاہیے کہ اہل حال ومقام عالی ان بلاؤن کو منزلت کی طرح پی جاتے ہین انپر جو اسکا لطف ہی وہ لذت سے کم نہین ہی۔ قولہ تعالے لایسئلون الناس الحافا۔ یعنے اہل دنیا کی طرف نہین پھیل پڑتے۔ اور مخلوق سے اپنے نفس کے حظوظ نہین چاہتے ہین ہان جو لوگ برادران ایمان اور اللہ تعالے کی خدمت مین سرگرم ہین انپر مہربانی کی راہ سے باز وبچھاتے اور نرم ہو جاتے ہین تاکہ لطف ومہربانی کرین اور طبیعت کی پسندیدہ چیزون وخواہشون سے منہ موڑنے کے لیے اہل حق کی ہواداری کرتے ہین انکی خوبی وبھلائی ومردانگی کا کیا کہنا اور جو انپر رحمت وفضل ہی اسکا کیا پوچھنا۔ یہ لوگ عین تلوین سے عین تمکین کے محتاج ہین یعنے تلوین سے تمکین مین ہو جاوین۔ اور اپنے بوجھ کے بھاری ہونے کی وجہ سے یہ استطاعت نہین رکھتے کہ حیرت کے مقام سے دیدار منت وکشف قربت کی حال خاص" حال خاص" طرف صفت دائمی بقاء کی زمین مین جاوین اور نہ حدوث کی شکلون سے اڑکر اسرار ہویت قدمیہ مین جا سکتے ہین قال المترجم یعنے مقام حیرت مین انپر عظمت کا بار اسقدر گران ہی کہ وہان سے آگے مقام پر جانے کی استطاعت نہین ہی اور اگلا مقام وہ منت وکشف قربت ہی اور یہ مقامات سب اللہ تعالے کے ہمیشہ باقی ہونے کی جو صفت ہی اسکے پرتو سے زندہ واسمین فنا ہونے والون کے ہین پس یہ سفر اس زمین مین ہی ولیکن جان لینا چاہیے کہ کم فہمی سے یہ گمان نکیا جاوے کہ صفات حدوث زائل ہونے سے یہ مراد ہی کہ اسمین قدم مینے حضرت حق

۱۵۔ حال تمکین وہ حال ہی جسمین صفت وہویت ذاتیہ حق سبحانہ وتعالے ظاہر ہو

عزوجل کی صفات آجاوین تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا۔ یہ محال ہی بلکہ مراد یہ ہی کہ آثار ان حدوث کی صفات کے مٹ جاوین پس انکا مٹنا ہی وصول بحق عزوجل ہی اور اس سے حادث اپنے حدوث سے خارج نہین ہوتا ہان اسکی بقا بسبب اسکے کہ رحمت حق سے پیوستہ ہی بقا حق عزوجل کے سایہ مین والی ہی جیسے روح کی بقا ہر شخص کے واسطے بعد موت وفنا کے یکسان ہی۔ بعض اکابر نے فرمایا کہ احصروا فی سبیل اللہ سے وہ لوگ ہین کہ اپنی ہمتون سے اللہ تعالی کے ساتھ ٹھہرے کہ اسکی جناب سے دوسرے کی طرف رجوع نہین کرتے ہین اور بعض نے فرمایا کہ لا یستطیعون ضربا فی الارض اپنی اپنی روزی طلب کرنے کے واسطے حرکت نہین کر سکتے ہین۔ اور محمد بن الفضل رح نے اس آیت مین کہا کہ انکو انکی بلند ہمتی اس بات سے روکتی ہی کہ اپنی حاجتون کو سوائے اپنے مولی کے کسی اور کی طرف لاوین۔ اور ابن عطاء رح نے کہا کہ یحسبہم الجاہل اغنیاء اسی گمان کرتا ہی جو انکے حال سے جاہل ہی کہ وہ ظاہر تونگر ہین اور حال یہ ہی کہ وہ ظاہر مین اللہ تعالی کی طرف سخت محتاج ہین پس تونگری انکے باطن مین ہی۔ اور بعض نے فرمایا کہ تعرفہم بسیماہم اسی انکے دلون کی پاکیزگی و خوبی اور انکے حال کی خوبی وانکے چہرون کی بشاشت وانکے اسرار کے نور سے یعنے ان علامتون سے پہچانتا ہی۔ اور سہل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے ایسے لوگون کو جو قدم کی طرف محتاج ہین وصف کیا کہ محتاجی کا سوال اسکی طرف کرتے ہین اور اسی سے ملتجی ہوتے ہین اور تعریف کردی کہ وہ لوگ راضی وقانع ہین انکو کچھ استطاعت نہین مگر اللہ تعالی ہی کے ساتھ اور اسی سے اور انکو اپنی طاقت وقوت سے کچھ نہین ہی اور اللہ تعالی نے انکے دلون سے سوائے حق عزوجل کے اور کی طرف تسکین پانا بالکل دور کردیا ہی اور جو مسکین ہوتے ہین وہ دنیا دی سببون کی طرف رجوع کرتے ہین چنانچہ اللہ تعالی نے فرمایا۔ المساکین یعملون فی البحر۔ یعنے موسی حضر علیہما السلام کے قصہ مین کشتی کو کہا کہ یہ کشتی چند مسکینون کی تھی جو دریا مین کام کیا کرتے تھے پس ان مسکینون کو اسباب کی طرف پھیرا کہ اس سے سکون پاتے ہین اور یہین سے بعض نے فرمایا ہی کہ فقیری تو عزت ہی اور مسکینی ذلت ہی یعنے دونون ایک دوسرے کی ضد ہین ایک نہین ہین۔ اور شیخ عمرو المکی نے کہا کہ جسنے کسی چیز کو دوست رکھا تو اسکے ساتھ مخل کرتا ہی اور جسنے کسی چیز کو دوست رکھا اس سے مانوس ہو جاتا ہی اور شیخ نصر آبادی رح نے فرمایا کہ فقیر کو لائق ہی کہ اسکے واسطے قناعت ہو وعفت ہو پس قناعت کی ازار پہنے اور عفت کی چادر اوڑھے اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ قناعت ایسا مال ہی جو کبھی فنا نہین ہوتا پس جب فقیر اس صفت کے ساتھ ہوا تو وہ بھی اس حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مصداق ہوا کہ فقیر لوگ تونگرون سے پانچ سو برس پہلے جنت مین داخل ہونگے قال المترجم یہ مضمون صحیح حدیث مین آیا ہی اور معنے یہ ہین کہ تمام لوگ جو جنت مین جانے والے ہین اگر چہ وہ سب نیکوکار اور جنتی ہین مگر جو لوگ انہین سے دنیا مین فقیر تھے وہ پہلے جنت مین داخل ہو جاوینگے پھر اسکے پانچ سو برس کے بعد وہ لوگ داخل ہونگے جو دنیا مین تونگر صالح مومن بندگان حق عزوجل تھے اور یہ امر انکے حق مین کچھ سزا نہین ہی بلکہ جنت مین انکے جانے کا وقت معہود وہی ہی ہان فقیرون کے حق مین کرامت ہی فلیتذکر۔ اور حضرت ثوری رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قولہ تعرفہم بسیماہم۔ یعنے تو انکے چہرون سے انکو پہچان لیگا کہ وہ اپنی محتاجی پر خوش ہین اور بلا و محنت اپنے نازل ہونے کے وقت اپنے حال پر مستقیم و ثابت ہین اور شیخ جنید رح نے فرمایا کہ جب انکی زبانین اس سلطان حقیقی سے مانگنے سے گونگی ہین جسکی سلطنت نے انتہا ہی تو بھلا وہ اور کسی سے سوال کرینگے۔ اور جنید رح سے دریافت کیا گیا کہ سچا فقیر کب تونگرون سے پانچ سو برس پہلے جنت مین داخل ہونے کا مستحق ہوتا ہی تو فرمایا کہ جب اس فقیر مین یہ صفتین ہون کہ دل سے اسکا معاملہ اللہ تعالی کے واسطے ہو اور اپنے سب حال مین خواہ اللہ تعالی اسکو دیوے یا نہ دیوے دل سے اللہ تعالی سے موافق ہو اور اس فقیری کو اللہ تعالی کی طرف سے اپنے اوپر نعمت شمار کرے اور اسکے زائل ہو جانے سے ایسا ہی خوفناک ہو جیسے تونگر اپنی تونگری جانے سے خوفناک ہوتا ہی اور صابر رہے اور ثواب کا امیدوار رہے اور اللہ تعالی نے جو اسکے واسطے

فقیری کو پسند فرمایا ہے اسپر مسرور رہے اور اپنے دین کو بچائے رکھے اپنی فقیری کو چھپائے رکھے ظاہر میں یاس کے بدلے امید ظاہر کرے اور اپنی محتاجی میں اپنے پروردگار کے ساتھ مستغنی ہے جیسے اللہ تعالے نے فرمایا۔ للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ الآیہ۔ پس جب اس صفت کا فقیر ہو تو نوگروں سے پانچ سو برس پہلے جنت میں داخل ہوگا اور موقف کی مشقت اس سے کفایت کردی جائیگی یعنے میدان قیامت میں لوگ قبل حساب کے کھڑے رکھے جاوینگے تو یہ شخص اس مصیبت سے بری کیا جائیگا۔ قال المترجم اس معنے میں کچھ لوگ بلاحساب جنت میں داخل ہونگے اور حدیث صحیح میں انکا بیان یوں آیا ہے کہ نہ دوا کرتے ہیں اور نہ تعویذ اور نہ چاہتے ہیں کہ تعویذ کیا جاوے اور اپنے پروردگار پر بھروسا اور توکل کرتے ہیں پس شاید یہ لوگ ان فقیروں سے بھی افضل ہوں یا انمیں سے ہوں واللہ تعالے اعلم۔

الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ

جو لوگ خرچ کرتے ہیں اپنے مال راہ خدا میں رات اور دن چھپے اور کھلے تو انکے لیے ہے مزدوری انکی انکے

رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

رب کے پاس اور نہیں ڈر ہے اوپر اور نہ وہ لوگ غم کھاوینگے

تفسیر ابن کثیر میں ہے کہ علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کے پاس چار درم تھے پس انھوں نے ایک درم رات کو اور ایک درم دن کو اور ایک درم پوشیدہ اور ایک درم علانیہ خیرات کیے پس یہ آیت نازل ہوئی رواہ ابن ابی حاتم وکذا رواہ ابن جریر من طریق عبدالوہاب بن مجاہد اور یہ عبدالوہاب روایت حدیث میں ضعیف ہیں انکی روایت معتبر نہیں ہے ولیکن ابن مردویہ نے اسکو دوسری وجہ سے ابن عباس رضی سے روایت کیا ہے کہ یہ آیت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے حق میں نازل ہوئی ہے اور محی السنہ نے معالم میں کہا کہ مجاہد نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ یہ آیت حضرت علی بن ابیطالب کرم اللہ وجہہ کے حق میں اتری کہ انکے پاس چار درم تھے اور سوائے اسکے اور درم بھی نہ تھے پس انھوں نے ایک درم رات کو اور ایک درم دن کو اور ایک درم پوشیدہ اور ایک درم علانیہ خیرات کیا۔ اور ضحاک رح نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ جب نازل ہوا قولہ للفقراء الذین احصروا فی سبیل اللہ الآیۃ۔ تو عبدالرحمن بن عوف نے بہت سے دینار اصحاب صفہ کو بھیجے اور علی بن ابی طالب نے آدھی رات میں ایک وسق چھوہارے بھیجے پس اللہ تعالے نے ان دونوں کے حق میں نازل فرمایا۔ الَّذِينَ يُنفِقُونَ أَمْوَالَهُم بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَعَلَانِيَةً فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِندَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ۔ پس نہار سے علانیہ تو عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کا۔ صدقہ مراد ہے اور لیل سر سے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا صدقہ مراد ہے قال ابن کثیر اور ابن شہاب نے ابن عباس رضی سے اس آیت کی تفسیر میں روایت کی کہ یہ وہ لوگ ہیں جو اللہ تعالے کی راہ میں گھوڑوں کو چارہ دیتے ہیں رواہ ابن ابی حاتم۔ اور ایسا ہی ابوامامہ و مکحول و سعید بن المسیب سے مروی ہے۔ اقول و محی السنہ نے ان لوگوں کے ساتھ ابوالدرداء و واثلہ کو بھی زیادہ کیا اور بعض نے سعید بن المسیب سے یہ قول نقل کیا کہ یہ آیت عبدالرحمن بن عوف و عثمان بن عفان کے حق میں اتری کہ انھوں نے جیش عسرت یعنے لشکر تبوک کو سامان سے آراستہ کرنے میں خرچ کیا تھا اور قتادہ رح سے روایت ہے کہ یہ وہ لوگ ہیں جو شرعی طریقوں میں جو اللہ تعالے نے انپر واجب کیے ہیں خرچ کرتے ہیں باین طور کہ نہ اسمیں اسراف کرتے ہیں اور نہ بخل اور نہ فساد۔ اور شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ عبیب البلدی نے مرفوعاً حضرت صلعم سے روایت کی کہ یہ آیت اصحاب خیل کے حق میں نازل ہوئی یعنے جو لوگ اللہ تعالے کی راہ میں گھوڑوں کو دانہ چارہ دیتے ہیں قال المترجم ان روایات میں باہم کچھ

اختلاف نہین ہی اسواسطے کہ آیت کا ایک سبب نزول ہوتا ہی اور ایک عام حکم ہوتا ہی اور حکم کے تحت مین بہت صورتین داخل ہو جاتی ہین جبکہ حکم عام ہو پس سلف کی عادت تھی کہ احکام مین یہی کہدیا کرتے تھے کہ یہ آیت اس بارہ مین نازل ہوئی یعنے یہ آیت اس حکم کو بھی شامل ہی اور مقدمہ مین یہ بحث گذری ہی پس وقائع مذکورہ بالا سب اس آیت کے حکم مین داخل ہین اور سب مصداق اسی ثواب کے ہین جو آیت مین وعدہ فرمایا گیا ہی **قال ابن کثیر** اللہ عزوجل نے ایسے لوگون کی مدح فرمائی یعنے ثواب کا وعدہ دیا ہی جو اسکی راہ مین اسکی رضامندی کے واسطے تمام اوقات رات و دن مین اور تمام احوال پوشیدہ و علانیہ سے خرچ کرتے ہین پس وقائع مذکورہ سب اسمین داخل ہین یہانتک کہ آدمی جو نفقہ اپنی جورو کو دیتا ہی وہ بھی اسمین داخل ہی چنانچہ صحیحین کی حدیث مین ثابت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سعد بن ابی وقاص کی بیماری مین انکی عیادت کی تو طویل حدیث مین یہ بھی فرمایا کہ تو جو نفقہ ایسا دیگا کہ اس سے تیری خواہش رضاے پروردگار ہو تو ضرور تیرے لیے درجہ و مرتبہ بڑھایا جائیگا یہانتک کہ اُس لقمہ پر بھی جو تو اپنی جورو کے منہ مین دیگا اور ابو مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مسلمان نے جب اپنی اہل کو ثواب کی نیت سے نفقہ دیا تو اسکے واسطے صدقہ ہوگا رواہ احمد و الشیخان - اور محی السنہ نے معالم مین حدیث بخاری کو حضرت ابوہریرہ سے مسند کیا کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جسنے کوئی گھوڑا اللہ تعالے کی راہ مین باندھا اللہ تعالے کے ایمان کے ساتھ اور اسکے وعدہ کی تصدیق کے ساتھ تو اس گھوڑے کا سیر ہوکر کھانا پینا اور لید و پیشاب سب قیامت مین اسکے پلہ مین ترازو مین ہوگا اور مراد یہ ہی کہ اس گھوڑے کا لوٹنے مین ہی ثواب نہین بلکہ بندھے ہوے کھانے و پینے اور لید و پیشاب کرتے رہنے مین بھی ثواب ہی اور بعید اسکا اول پارہ کے بعض مقام مین مین نے مشرح کر دیا ہی اور آیندہ انشاء اللہ تعالے آویگا - قولہ فلہم اجرہم - فا سببیہ اور جملہ خبر موصول مبتدا کا ہی اور صلہ مین تقدیم فعل کی بنا پر بنا بر اصل ہونے اور سر کے علانیہ پر باعتبار فضل کے اور اشارہ ہی کہ صدقہ سر افضل ہی اگر کہا جاوے کہ سابق مین لہم اجرہم ہی اور یہان فلہم اجرہم کیون ہی جواب یہ ہی کہ وہان موصول متضمن معنے شرط کو نہین ہی اور یہان متضمن معنے شرط کو ہی گویا یون کہ جسنے ایسا کیا اسکے واسطے چنین و چنان ہی اسی من فعل کذا فلہ کذا - اور بعض نے فا عاطفہ ہونا تجویز کیا اور خبر محذوف ہی اور یہ سببیہ و علانیہ پر وقف جائز رکھا ہی والاول اصح **فت** شیخ نے عرائس البیان مین بیان کیا کہ قولہ الذین ینفقون اموالہم باللیل والنہار سرا و علانیۃ شیخ ابن عطاء نے فرمایا کہ وقت دو ہین اور حال دو ہین پس وقت تو رات دن ہین اور حال سر و علانیۃ ہین پس جب اوسنے رات و دن و سر و علانیۃ سب چارون مین خرچ کیا تو جو اسپر واجب تھا اوسنے پورا کیا اسواسطے کہ محب اپنے محبوب سے بچا کر کوئی چیز جمع کرنا نہین چاہتا ہی اور اسکی رضامندی چاہنے سے کسی حال مین نہین بیٹھ رہتا ہی اور شیخ عبد العزیز کی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اس آیت مین لیل و نہار و سر و علانیہ چار باتین مذکور ہین سو رات کی تاریکی مین اس غرض سے کہ لینے والے کو شرمندگی نہو اور نہار مین یعنے روز روشن مین اسواسطے کہ اپنے اور لینے والے کے درمیان حیا کو حاضر کر دے گویا کہ یہ اسکا دینے والا نہین ہی اور سر مین یعنے پوشیدہ اسواسطے کہ صدق و اخلاص ہو اور علانیہ اس نیت سے کہ لوگ اس راہ خیر کو اختیار کرین اور اسمین پیروی کرین **قال المترجم** یہانتک بیان نفقہ و خیرات و خرچ کرنے اور اوسپر بہت گونہ ثواب اللہ کی طرف سے حاصل کرنیکا بیان تھا اور بڑھانے کے دو طریق لوگون مین اور بھی ہین ایک بیاج اور دوم بیع پس اللہ تعالے نے بیع کو حلال اور بیاج کو حرام فرمایا

**قولہ** اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ

جو لوگ کھاتے ہین بیاج نہ اوٹھینگے قیامت کو مگر جیسے اٹھتا ہی وہ شخص جسکے حواس کھو دیے جن نے لپٹ کر

ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا فَمَنْ جَآءَهٗ

یہ اسواسطے کہ انھون نے کہا کہ بیع کرنا مانند بیاج کے ہی اور اللہ نے حلال کیا بیع کو اور حرام کیا بیاج کو پھر جسکو پہونچی

مَوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّهٖ فَانْتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمْرُهٗۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ وَمَنْ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ

نصیحت اسکے پروردگار کی اور وہ باز آیا تو اسکا ہی جو گذر چکا اور اسکا حکم اللہ کی طرف ہی اور جو کوئی پھر کرے وہی ہین

اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ۝

دوزخ کے لوگ وہی اسی مین رہ پڑے

اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا - ای یاخذونہ وھو الزیادۃ فی المعاملۃ بالنقود والمطعومات فی القدر او الاجل - جو لوگ سود کھاتے ہین ف یعنے لیتے ہین اور سود اس زیادتی کو کہتے ہین جو مقدار یا مدت مین نقود و مطعومات کے معاملہ مین لیجاوے یہ شافعی کا قول ہی اور ائمہ حنفیہ کے نزدیک مقداری ہم جنس چیزون مین بڑھتی یا وہ ہار کرنا چنانچہ آئندہ توضیح آویگی پس جو لوگ رباج لیتے ہین - لَا يَقُوْمُوْنَ - من قبورہم - اِلَّا - قیاما - كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ - یصرعہ - الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ - الجنون بہم متعلق بیقومون وہ نہین اوٹھینگے یعنے اپنی قبرون سے - مگر اوٹھنا ایسا جیسے اوٹھتا ہی وہ شخص جسکو متخبط کرتا ہی یعنے پچھاڑ دیتا ہی اسکو شیطان مس سے یعنے اسی جنون سے جو اتکو پہونچا ہی - ذٰلِكَ - الذی نزل بہم - یہ جو انکے ساتھ نازل ہوا ہی بِاَنَّهُمْ - بسبب انہم - قَالُوْٓا - بسبب اسکے کہ کہتے ہین وہ لوگ - اِنَّمَا الْبَيْعُ مِثْلُ الرِّبٰوا - فی الجواز - بیع تو رباج کی مثل ہی یعنے جواز مین بیع ایسی ہی جیسے رباج - وھذا من عکس التشبیہ مبالغۃ - حالانکہ مراد یہ لیتے ہین کہ رباج ایسا جائز ہی جیسے بیع حلال ہی لیکن الٹا کہا کہ رباج مثل بیع کے حلال ہی - اور یہ مبالغہ کے لیے الٹی تشبیہ ہی گویا کہا کہ رباج حلال ہونے مین کچھ شبہہ نہین ہی اور شبہہ ہو تو بیع مین ہو لیکن بیع بھی مثل رباج کے حلال ہی - فقال تعالے ردا علیہم - وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ الرِّبٰوا - پس اللہ تعالے نے انپر رد کرتے کو فرمایا - کہ حال یہ کہ اللہ تعالے نے حلال کیا بیع کو اور حرام کیا رباج کو - فَمَنْ جَآءَهٗ - بلغہ - مَوْعِظَةٌ - وعظ - مِّنْ رَّبِّهٖ - من جہتہ - فَانْتَهٰى - عن اکلہ فَلَهٗ مَا سَلَفَ - قبل النہی ای لا یسترد منہ - پھر جس شخص کے پاس آگئی نصیحت اسکی رب عزوجل کی طرف سے پس وہ باز رہا یعنے رباج کھانے سے باز رہا تو جو کچھ گزر چکا وہ اسکے لیے ف یعنے وہ رباج اس سے واپس نہ لیا جائیگا جو حکم آنہی پہونچنے سے پہلے وہ لیکر جمع کر چکا ہی - وَاَمْرُهٗۤ فی العفو عنہ - اِلَى اللّٰهِ - اور حکم اسکا یعنے اس سے عفو فرمانیکا معاملہ اللہ تعالے کے اختیار مین ہی ف یعنے وہ کریم رحیم ہی تو ضرور امید عفو ہی - وَمَنْ عَادَ - الی اکلہ مشبہا لہ بالبیع فی الحل - اور جو شخص پھر ف یعنے رباج کھانے کی طرف پھرا یہان تک کہ حلال ہونے مین اسکو بیع کے ساتھ تشبیہ دیکر کہا کیا - فَاُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ - تو ایسے ہی لوگ دوزخی ہین وہ ہمیشہ دوزخ مین رہ پڑے ف اس سے نکل آیا کہ اگر کسی فاسق نے حلال سمجھکر نہین کھایا بلکہ رباج کو رباج سمجھکر کھایا تو کافر دائمی دوزخی نہوگا بلکہ مرتکب گناہ کبیرہ ہو واضح ہو کہ اللہ تعالے نے ان بدکارون کا ذکر فرماکر جو صدقہ وزکوۃ سے تمام احوال واوقات مین جا چکے ہین اہل ثروت دارون کو اپنا مال دیکر ثواب عظیم و رضاے حق حاصل کرتے ہین اہل ان بدکارون کو بیان کیا جو باطل و شبہات سے لوگون کا مال لیکر کھاتے اور جمع کرتے ہین اور اپنی دنیا و آخرت خراب کرتے ہین پس اوپر کی آیات سے اس آیت کی مناسبت بروجہ تضاد ہی یعنے اوپر والون کے مقابل لوگون کا حال اسمین بیان فرمایا کیونکہ صدقہ وزکوۃ تو اپنا مال کم کر دینا اللہ تعالے کے ثواب و رضا کے واسطے بحکم شرعی ہی اور سود یہ کہ اپنے مال پر اور زیادتی چاہنا برخلاف حکم شرعی کے پس دونون گویا ایک دوسرے سے ضد ہین اور ربوا کا رسم خط واو سے مانند زکوۃ کے ان لوگون کی زبان کے موافق ہی جو ربا کا الف بھرا مانند واو کے پڑھتے ہین اور آخر مین الف زائد تنبیہ واو جمع ہی اور بعض نے کہا کہ ربوا واو ساکن زبان اہل جبہ کی ہی جنہون نے اہل حجاز سے خط سیکھا

ہی پس انھون نے اسکا خط اپنی زبان کے موافق سکھلایا ہی بالجملہ لغت مین ربوا بمعنے زیادت ہی کیسے ہی زیادت ہو لیکن شرع مین زیادت بطور
خاص ہی اور زمانہ جاہلیت مین اکثر یون واقع ہوتا تھا کہ ایک نے دوسرے سے قرض کسی مدت معلوم کے واسطے لیا اور جب میعاد پوری ہوئی
تو قرضخواہ نے کہا کہ تو ادا کرتا ہی یا ربوا دیتا ہی پس اگر ادا نہ کیا تو مال قرض مین ایک مقدار معلوم بڑھائے اور پھر اسکے ادا کرنے کی ایک مدت
مقرر کرے اور علما کا اتفاق ہی کہ شرع مین بیاج لینا قطعًا حرام ہی اور اسکا حلال جاننے والا کافر ہے وقد قال تعالے الذین یاکلون الربوا لا
یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطہ الشیطان من المس۔ معلوم ہو چکا کہ بیاج لینا ہی بالاتفاق حرام ہی اور وہی آیت کریمہ سے مراد ہی اور اللہ تعالے
نے بجاے یاخذون کے یاکلون فرمایا کیونکہ مال کا سب سے بڑا نفع یہی ہی کہ اسکو کھانے پینے مین لاتے ہین۔ اور سنت نے اسکو صاف بتلا دیا کہ مراد
بیاج لینا ہی اور کھانے کے معنے بھی اس سے انتفاع حاصل کرنا کسی طور سے ہو نہ فقط منہ سے کھالینا اور لا یقومون ای لا یقومون من قبورہم یوم
القیامۃ۔ اپنی قبرون سے قیامت کے روز نہین اٹھینگے مگر اسطرح جیسے صرع والا ای مرگی والا اپنی مرگی کی حالت مین اٹھتا ہی اور یہ بدتر اٹھنے کی
تصویر ہی پھر قیاس کرو کہ انکے عذاب کا حال تو بدرجۂ اولی نہایت خراب طور پر سخت ہوگا اور ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ بیاج خورہ قیامت کے روز
مجنون مخنوق اٹھیگا رواہ ابن ابی حاتم اور کہا کہ ابن مالک وسعید بن جبیر وسدی وربیع بن انس وقتادہ ومقاتل بن حبان سے اسکے
مانند مروی ہی اور اٹھنے کی تفسیر بروز قیامت اٹھنے کی ان بزرگون کے سوا ے عکرمہ وحسن ومجاہد وضحاک وابن زید سے بھی مروی ہی اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ
سے یہ قرأۃ آئی ہی کہ وہ پڑھا کرتے الذین یاکلون الربوا لا یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطہ الشیطان من المس یوم القیامۃ رواہ ابن ابی حاتم اور
ابن عباس سے روایت ہی کہ یہ موقوف ہوگا کہ جب وہ اپنی قبر سے اٹھایا جائیگا اور سمرہ بن جندب کی حدیث طویل آنحضرت صلعم کے خواب کی ہمین
ہی کہ پھر ایک نہر پر آئے جو سرخ مثل خون کے تھی اور نہر مین ایک شخص پیرتا تھا اور اسکے کنارے ایک شخص بہت سے پتھر لیے بیٹھا تھا جب وہ
پیرنے والا کنارے آتا تو منہ پھیلاتا اور یہ شخص اسکے منہ مین ایک پتھر دیتا اور اسکی تاویل مین کہا کہ یہ سود خورہ تھا یہ حدیث بخاری مین ہی اور کثرت
سے احادیث اسکی مذمت اور عذاب وعید مین وارد ہین اور جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے بیاج کھانے والے اور اسکے کھلانے اور لکھنے
والے اور گواہون پر لعنت فرمائی رواہ مسلم اور عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ربوا کے ننہتر دروازے ہین ان
سب مین سے خفیف ایسا ہی جیسے کسی نے اپنی ماں سے جماع کیا رواہ البیہقی والحاکم وصححہ۔ بالجملہ اتفاق ہی کہ مراد یاکلون الربوا سے عام ہر وہ
شخص ہی جو ربوا کا معاملہ کرے پس لیوے و دیوے اور لا یقومون سے قیامت کے روز اٹھنے کی تفسیر جمہور سے مروی ہی اور خبط اصل مین
ٹاپنے چال کو کہتے ہین جو ٹھیک نہ چلے اور مس بمعنے جنون اور ممسوس بمعنے مجنون اور اصل مین مس ہاتھ سے چھونے کو کہتے ہین پھر مجنون کو
ممسوس اسواسطے کہتے ہین کہ شیطان اسکو مس کر جاتا ہی قالہ الفراء اور من المس متعلق یقومون کے ساتھ ہی اور معنے یہ ہین کہ لا یقومون من
المس الذی یہم الا کما یقوم الذی یتخبطہ الشیطان یعنے جنون کی وجہ سے وہ نہین اٹھینگے مگر ایسی حالت مین جیسے وہ اٹھتا ہی جسکو صرع ہو
اور بعض نے کہا متعلق یقوم سے ہی ای کما یقوم المصروع من جنونہ۔ اور شیخ ابو حیان نے فرمایا کہ یتخبطہ کے متعلق ہی ای یتخبطہ من
المس۔ بعضے مفسرین نے زعم کیا کہ اس امر کو شیطان کی طرف نسبت کرنا بنا بر زعم اہل عرب کے ہی کہ شیطان خبط کر دیتا ہی آدمی کو پس
وہ مرگی مین ہو جاتا ہی اور معنے یہ ہین کہ ویسے اٹھیگا جیسے تم لوگ اپنے زعم مین شیطان کے متخبط کا اٹھنا دیکھتے ہو اور در اصل اہل عرب کا
یہ زعم صحیح نہین ہی شیطان کا مسلک آدمی کے اندر نہین ہی اور وہ کچھ مس نہین کر سکتا اور تحقیق یہ ہی کہ ان مفسرین کا یہ زعم غلط ہی اور نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے اس سے استعاذہ کیا کہ شیطان متخبط کر دے رواہ النسائی وغیرہ اور صحیح حدیث مین ہی کہ جو بچہ پیدا ہوتا ہی اسکو شیطان مس

کرتا ہی اسپر وہ چیختا ہی سوائے مریم اور اسکے فرزند عیسی علیہ السلام کے رواہ البخاری - بالجملہ علامات قیامت مین سود خورہ کی یہ علامت ہوگی کہ قبر سے ایسے اُٹھیگا جیسے مصروع اُٹھتا ہی - قولہ ذلک بانہم قالوا انما البیع مثل الربوا واحل اللہ البیع وحرم الربوا یعنے یہ حال و عذاب ان لوگون کا اس سبب سے ہوگا کہ انھون نے کہا کہ بیع مانند ربوا کے ہی - اگر کہا جاوے کہ قیاس یہ تھا کہ یون کہا جاتا کہ انما الربوا مثل البیع یعنے ربوا مانند بیع کے حلال ہی مگر تشبیہ کو عکس کردیا اسمین کیا حکمت ہی تو اکثر مفسرین نے کہا کہ یہ بطریق مبالغہ ہی یعنے ربوا کی طرف ایسے جمے ہوے اور اسکو حلال جانتے تھے کہ گویا یہ ثابت پہونچی کہ بیع کا حلال ہونا اسپر قیاس کرتے تھے اسلیے کہ مشبہ کو مشبہ سے اقوی ہونا چاہیے پس عکس قیاس بغرض مبالغہ ہی اور شیخ ابن کثیر وغیرہ نے اسکو پسند نہین کیا چنانچہ فرمایا کہ قولہ ذلک بانہم قالوا انما البیع مثل الربوا - یعنے یہ جزا انکو اسواسطے دی گئی کہ انھون نے اللہ تعالے کے احکام شرعی پر اعتراض کیا اور یہ قیاس ربوا کا بیع پر نہین ہی اسواسطے کہ مشرک لوگ اصل بیع کے مشروع ہونے کا جس وجہ پر اللہ تعالے نے قرآن مین مشروع فرمایا ہی اقرار نہین کرتے تھے اور اگر قیاس کے طور پر ہوتا تو یون ہوتا - انما الربوا مثل البیع - مگر انھون نے تو یون کہا ہی کہ انما البیع مثل الربوا پس مراد انکی اعتراض ہی کہ بیع بھی تو ربوا کی نظیر ہی پھر بیع کیون حلال ہوئی اور ربوا کیون حرام ہوا پس قولہ تعالے - واحل اللہ البیع وحرم الربوا مین دو احتمال ہین ایک یہ کہ اپر رد ہو یعنے اللہ تعالے علیم وحکیم ہی وہ بہتر کو بدتر سے جانتا ہی جو بہتر تھا یعنے بیع وہ حلال کردی اور جو بدتر تھا یعنے ربوا وہ حرام کردیا اور دوم یہ کہ یہ تتمہ اعتراض ہو یعنے بیع تو مثل ربوا کے ہی کیون بیع کو حلال کیا اور ربوا کو حرام کیا ہی **قال المترجم** سیاق متون قول جمہور ہی کہ انھون نے عکس قیاس بغرض مبالغہ کیا اور قولہ احل اللہ البیع وحرم الربوا انکے قیاس کا ابطال ہی کیونکہ وہ معارض نص ہی اگر کہا جاوے کہ اس صورت مین آیۃ سے ثابت ہوگا کہ بیع مطلقا حلال ہی اور جواب یہ ہی کہ یہان شافعی رح کے دو قول ہین ایک یہ کہ آیہ مجمل ہی اور سنت اسکی مبین ہی اور دوم یہ کہ ہان آیت عام ہی اور سنت سے اسکی تخصیص ہوگئی ہی اور ماوردی نے کہا کہ یہی قول شافعی رح کے اصحاب کے نزدیک اصح ہی اور اگر کہا جاوے کہ ربوا بمعنے زیادت ہی اور کوئی بیع ایسی نہین کہ اسمین کچھ زیادت نہو تو اسکی حاجت پڑی کہ بیان کیا جاوے کہ کون حرام اور کون حلال ہی پس آیۃ مجمل ہوئی اور جواب یہ ہی کہ بیع منقول شرعی ہی پس وہ اپنے عموم پر محمول ہوگی جب تک کہ کوئی دلیل تخصیص کی قائم نہو اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چند بیوع سے منع کردیا جنکو جاہلیت والے اپنی عادت کے موافق آپسمین کرتے تھے اور جائز کو بیان نہین کیا کہ فلان وفلان بیوع جائز ہین تو دلالت ہوئی کہ آیۃ تمام بیوع کی اباحت کو شامل ہی سوائے انکے جو مخصوص ہون اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مخصوص کو بیان فرمایا ہی اور یہی قول ہمارے نزدیک ہی یعنے آنکہ جن صورتون کی جواز و ناجواز مین اختلاف پڑے تو آیت سے استدلال ہوسکتا ہی کہ یہ صورت عموم آیت سے جائز ہی اور تخصیص کی دلیل نہین پائی جاتی ہی فتامل - معالم مین کہا کہ تجارت کے طریق سے زیادتی کا طلب کرنا فی الجملہ حرام نہین ہی حرام وہی زیادتی ہی جو مال مخصوصہ مین مخصوص صفت سے ہو جسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان فرمادیا ہی پھر اپنی اسناد سے بواسطہ شافعی رح کے عبادہ بن الصامت رض سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سونے کو بعوض سونے کے اور درم چاندی کو بعوض درم چاندی کے اور گیہون کو بعوض گیہون کے اور جو کو بعوض جو کے اور چھوہارے کو بعوض چھوہارے کے اور نمک کو بعوض نمک کے نہ فروخت کرو مگر برابر برابر معین بعوض معین کے ہاتھون ہاتھ ولیکن سونے کو بعوض چاندی کے اور چاندی کو بعوض سونے کے اور گیہون کو بدلے جو کے اور جو کو بدلے گیہون کے اور چھوہارے کو بدلے نمک کے اور نمک کو بدلے چھوہارے کے ہاتھون ہاتھ جس کیفیت سے چاہو زیادہ ہو یا کم ہو فروخت کرو **قال المترجم** اور ترمذی نے اسکو عبادہ بن الصامت سے مرفوعا روایت کیا کہ فروخت کرو سونے کو بعوض سونے کے مثل بمثل - اور چاندی کو چاندی کے مثل بمثل اور چھوہارے کو چھوہارے سے مثل بمثل اور گیہون کو گیہون سے مثل بمثل اور

یعنے مقدار مین مساوی ہو ۱۲

نمک کو نمک سے مثل بمثل اور جو کو جو سے مثل بمثل پھر جسنے زیادہ دیا یا زیادہ لیا تو اسنے بیاج کا معاملہ کیا اور فروخت کرو سونے کو بعوض چاندی کے جیسے چاہو مگر ہاتھون ہاتھ اور گیہون کو چھوہارے سے جیسے چاہو مگر ہاتھون ہاتھ اور جو کو چھوہارے سے جیسے چاہو مگر ہاتھون ہاتھ۔ **قال الترمذی** حدیث حسن صحیح ہے اور کہا کہ اہل علم کا اسی پر عمل ہے انکے نزدیک یون ہی جائز ہے کہ گیہون بعوض گیہون کے مثل بمثل بیچا جاوے اگرچہ ایک کھرا اور دوسرا کھوٹا ہو اور جو بعوض جو کے مثل بمثل بیچا جاوے پھر جب اصناف مختلف ہون تو باہم بڑھتی بیچنا روا ہے بشرطیکہ ہاتھون ہاتھ لین دین ہو اور انمین سے کوئی اُدھار نہو اور یہ قول اکثر اہل علم صحابہؓ وغیرہم کا ہے اور بعض اہل علم نے گیہون بعوض جو کے زیادتی سے بیچنا مکروہ جانا بلکہ برابر برابر چاہیے ہے اور یہی قول امام مالکؒ کا ہے اور اول اصح ہے۔ **اور شیخ دہلوی** نے المعات مین کہا کہ باب ربوا مین یہی حدیث اصل ہے کہ حضرت صلعم نے چھ چیزون کو ذکر کیا اور باقی کو قیاس پر چھوڑا پس مجتہدین نے باقی کے قیاس کے لیے علت کو استنباط کیا سو ہمارے نزدیک مقدار و جنس علت ہے اور یہی مشہور قول احمد رحمہ اللہ کا ہے اور شافعی کے نزدیک طعم و ثمنیۃ اور مالک کے نزدیک طعم و ادخار علت ہے۔ **قال المترجم** اور توضیح اسکی بنا بر قول معالم کے یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان چھ چیزون کو منصوص کر دیا اور عامہ اہل علم کا قول ہے کہ ان چھ چیزون مین ربوا کا حکم ثابت ہونا انکے بعض اوصاف کی وجہ سے ہے پس جن اوصاف جن چیزون مین پائے جاوینگے انمین بھی ربوا ثابت ہوگا۔ رہا یہ امر کہ یہ اوصاف کیا ہین تو اسمین اختلاف ہے۔ بعض لوگ اسطرف گئے کہ وہ صرف ایک بات ہے جو ان سب مین ہے یعنے نفع پس ان لوگون نے تمام اموال مین ربوا ثابت کیا اور یہ قول کچھ نہین ہے اسواسطے کہ جو گیہون مین نفع کی علت موجود ہے چاہیے کہ تفاضل ربوا ہو جاوے حالانکہ ہاتھون ہاتھ جائز ہے جیسا کہ حدیث بالا مین منصوص ہے۔ اور اکثرون کے نزدیک درہم و دینار مین تو ربوا ایک وصف سے اور باقی چار چیزون مین دوسری وصف سے ثابت ہوتا ہے پھر ان لوگون نے باہم اس وصف کی تعیین مین اختلاف کیا پس اکثرون مین سے ایک قوم نے کہا کہ درہم و دینار مین تو علت وزن ہے اور یہی قول امام ابو حنیفہ و احمد و دوسرون کا ہے پس ان لوگون نے جتنی چیزین وزنی ہین مانند لوہا و تانبا و پیتل و روئی وغیرہ کے سب مین ربوا ثابت کیا یعنے ایک جنس کی ہون تو برابر ہی برابر ہاتھون ہاتھ روا ہے اور تفاضل نہین روا ہے اور یہ جان لینا چاہیے کہ جو مال ایسے ہین کہ انمین ربوا ثابت ہوتا ہے انکا کھرا کھوٹا یکسان ہے یعنے یہ نہین ہو سکتا کہ کھرے لوہے کو جو ایک سیر ہو دیکر کھوٹے لوہے کو دو سیر لیا جاوے بلکہ چاہیے برابر لیوے یا چھوڑ دے اور اس قاعدے مین علما کا اتفاق ہے پس ان چیزون مین ربوا ثابت ہوگا اگرچہ یہ کھانے کی نہون اور ہمنے تفسیر آیت مین پہلے ذکر کر دیا ہے کہ یا کلون الربوا سے بیاج کھاتے ہین اس سے مراد منہ سے کھا لینا نہین بلکہ ہمارے عرف کے موافق بیاج لینا مراد ہے اور باقی چار چیزون مین امام ابو حنیفہؒ وغیرہ مذکورین کے نزدیک علت کیل یعنے پیمانہ ہے پس ان چیزون کے مانند جو چیزین پیمانہ سے فروخت ہوتی ہون خواہ وہ کھانے کی ہون یا نہون سب مین ربوا ثابت ہوگا جیسے گیہون و جو و چھوہارے و نمک وغیرہ کے اب اگر وہ وزن سے بکنے لگی ہین تو وہ کیل ہی شمار ہونگی و ہوا الاصح بسبب قول نقدین اور باقی چار چیزون مین علت وزن و پیمانہ اور جنس کہنے والون کا تھا جنمین امام ابو حنیفہ و عامہ علمائے حنفیہ ہین۔ اور ایک قوم نے کہا کہ نقدین مین وصف مذکور نقدیت ہے اور یہ قول مالک و شافعی کا ہے اور باقی چار چیزون مین شافعی کے نزدیک طعم علت ہے پس جتنی چیزین کھانے کی ہین انمین شافعی کے نزدیک بوا ثابت ہوگا مانند پھل و فواکہ و ساگ و دوائیان وغیرہ کے پس جملہ اموال ربوا انکے نزدیک ثمن و مطعوم ہین **کذا قال البغوی** اور ایک جماعت کا قول ہے کہ باقی چار چیزون مین ربوا کی علت طعم مع کیل یا وزن ہے پس کھانے کی جس چیز مین وزن و کیل نہو انمین ربوا ثابت نہوگا اور یہ قول سعید بن المسیب کا ہے اور یہی شافعی کا قول قدیم ہے **ثم قال البغوی** اور ربوا دو قسم سے ہے ایک بڑھتی سے اور دوم ادھار سے پس

اگر ایسے مال کو جسمین ربوا ہوتا ہی اسکے جنس کے ساتھ بیچا مثلاً روپیون کو روپیون سے یا اشرفیون کو اشرفیون سے یا وہ کھانے کی ہو مثلاً گیہون کو گیہون سے بیچا تو اسمین دونون قسم ربوا کی ثابت ہونگی یہانتک کہ روا نہین ہی مگر اسطرح کہ پہلا اگر روپیہ دیتا ہی وہ دوسرے روپیہ کے برابر ہون اگر وزنی ہین تو وزن مین اور کیلی ہین تو کیل مین برابر ہون **قال المترجم** اور یہ معتبر ہوگا کہ کھوٹے کو کھرے سے زائد دیا جاوے اسواسطے کہ ہمنے پہلے بیان کردیا کہ اموال ربوا کا کھرا کھوٹا یکسان ہی اور ادھار نہین بلکہ اسی مجلس مین نقد لین دین ہو جاوے اور اگر مال ربوا کو غیر جنس سے فروخت کیا تو دیکھا جاوے کہ اگر دوسری چیز ایسی ہی کہ وصف ربوا مین اسکے موافق ہی نہین ہی مثلاً کھانے کی چیز کو درم یا دینار سے خریدا تو اسمین ربوا کا کچھ احتمال نہین ہی یہ ایسا ہی جیسے غیر مال ربوا سے فروخت کیا اور اگر ایسی چیز سے بیچا جو وصف مین اسکے موافق ہی مثلاً درم کو دینار سے یا گیہون کو جو سے فروخت کیا یا ایک مطعوم کو دوسرے مطعوم سے فروخت کیا جو اسکے غیر جنس ہی تو اسمین زیادتی کا ربوا ثابت نہوگا حتی کہ باہم ایک دوسرے سے وزن مین زائد اور جزاف یعنی اسکی ڈھیری کو اسکی ڈھیری سے فروخت کرنا روا ہی لیکن ادھار کا ربوا اسمین ثابت ہوگا پس ضرور ہی کہ ہر دو جنس بعینہ ہون اور اسی مجلس مین دونون کا قبضہ ہو جاوے اور یہ سب باہم بیع کرنے کی صورت مین ربوا ہی اور باقی رہین اور صورتین جو ربوا ہوتی ہین چنانچہ ایک شخص نے دوسرے کو قرض دیا اس شرط سے کہ اس سے افضل ادا کرے یا اس سے زائد ادا کرے تو یہ ایسا قرض ہی کہ نفع لایا اور جو قرض ایسا ہو کہ وہ نفع لاوے تو وہ رباج ہی **ہکذا ذکرہ الائمہ من الحنفیہ والشافعیہ** اور مسائل ربوا کے بہت ہین وہ فقہ کی کتابون مین مذکور ہین ولیکن مترجم ضعیف کا مقصود یہ ہی کہ یہان بعض وجوہ ذکر کرے شاید اللہ تعالے اس سے نفع دے پس جاننا چاہیے کہ ائمہ علما نے ذکر کیا ہی کہ قرض دینے والا قرضدار سے اگر کوئی نفع ایسا لیوے جسکا منشا یہی قرض بنتی آیا ہی تو سود اور حرام ہی جیسے حاکم وقاضی وکوئی اہلکار اگر کسی شخص سے ایسا نفع حاصل کرے جسکا منشا اسکی حکومت یا قضاء یا کارپردازی پیش آئی ہی تو وہ رشوت ہوتی ہی حتی کہ اگر وہ دعوت کرے تو روا ہی کہ احتیاط سے نہ قبول کرے اور اگر قبول کرے تو اسی دعوت کو جو معمول کے موافق ہو جیسے وہ پہلے کیا کرتا تھا اور اگر اسمین کوئی تکلف زائد ہو تو بھی قبول کرنا روا نہین ہی اور اگر زمیندار نے آسامی کو اناج وتخم ریزی کے واسطے اور طے کر لیا کہ فصل پر ہمکو مثلاً چالیس سیر کے حساب سے دیوے تو یہ بیاج ہی ہان اگر اسوقت اسکے ہاتھ اناج کو اودھار اس نرخ سے جو بازار مین ہی فروخت کیا اور دن اسکے کہ بھاؤ مین کچھ بھی کمی ہو پھر قرار دیا کہ بعد وصول اس روپیہ کے اسی روپیہ سے تم ہمکو فصل پر جو اناج پیدا ہو وہ جس بھاؤ سے بازار مین بکے دیدو تو مضائقہ نہین ہی لیکن اس اناج مین جو شرائط سلم کے ہونے چاہیے ہین وہ معتبر ہونگے بنابر آنکہ یہ سلم صحیح ہو ورنہ اصح یہ ہی کہ یہ صرف وعدہ ہی اور اول یہ کہ اسکے ہاتھ اودھار فروخت کردے اور فصل پر اس سے اپنا روپیہ لے لے اور اودھار کے دام ادا کرنیکا وقت مقرر کرے یون نہ کہے کہ پیداوار کی بکری سے دام لونگا ورنہ بیع جائز نہوگی اور یہ مسائل ترجمہ فتاوے عالمگیری سے یاد کر لینے چاہیے اور اگر کسی نے دوسرے سے روپیہ وغیرہ قرض لیا اور اپنا باغ یا زمین اسکے پاس رہن کی تو شرع مین رہن فقط مضبوطی ہی پس اگر مرتہن نے قبضہ کیا تو حاصلات اس مرہون کی راہن کی ہی اور اگر قرضہ مین شرط تھی کہ ادائے قرضہ تک اسکی حاصلات مرتہن کی ہی تو یہ بیاج ہی اور اسمین کسیکا خلاف نہین ہی اور جاننا چاہیے کہ ابوداؤد رحمہ اللہ نے بسند جید حضرت جابر رضی سے روایت کی کہ جب یہ آیت - الذین یاکلون الربوا لا یقومون الا کما یقوم الذی یتخبطہ الشیطان من المس - نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مخابرہ کو نہ چھوڑے وہ اللہ تعالے اور اسکے رسول سے لڑائی پر اعلان دے - اس حدیث کو حاکم نے بھی مستدرک مین روایت کرکے کہا کہ صحیح علی شرط مسلم اور مخابرہ یہ ہی کہ زمین کو کھیتی کے واسطے دے بعض پیداوار اس زمین پر یعنے اس زمین کی پیداوار مین سے نصف یا ثلثی وغیرہ جزو مشترک نہین کہتے بلکہ بچاس من یا اسی من

وغیرہ کوئی مقدار معلوم شرط کرتے تھے اور یہ بیع جہالت کے حکم میں ہے کیونکہ یہ کیا معلوم کہ زمین میں کسقدر پیدا ہوگا شاید کہ کچھ بھی پیدا نہو۔ اور امام ابوحنیفہؒ نے حدیث کو عام ظاہر لیکر مزارعت کو ممنوع کہا ہے اور یہی حدیث انکے واسطے حجت ظاہر ہے کیونکہ اسمیں مطلقاً ممانعت ہے کوئی قید حصہ بٹائی کی نہیں ہے اور صاحبین امام ابو یوسف و محمد کے نزدیک جائز ہے اور دیگر ائمہ رحمہم اللہ بھی اسکو جائز رکھتے ہیں اور نہایت توجیہ انکی طرف سے یہ ہوسکتی ہے کہ تعارض غریب ہیں ایسے مخابرہ سے ممانعت ہے جسمیں حصہ مشترک نہو مانند نہائی وغیرہ کے بلکہ سو پچاس من کی شرط ہو کیونکہ پیداوار زمین غیر معلوم ہے فافہم ہیں کتب فقہ میں جو مسائل باب مزارعت میں مذکور ہیں وہ بربنائے قول صاحبین ہیں اور امام ابوحنیفہؒ کا جو ام لیا گیا ہے وہ اس معنے کر کہ اگر وہ جائز فرماتے ہوتے تو انکا قیاس قول یہاں یہ ہوتا فاحفظہ۔ اور ایسے ہی مزابنہ بھی حرام ہے اور وہ اسطرح کہ خرما کے درخت پر جو خرما لگے ہیں انکو سوکھے چھوہارون سے خرید کیا مثلاً زید نے بکر سے کہا کہ میں تمکو چار من چھوارے یہ جو میرے پاس ہیں دیتا ہوں بدلے تمہارے اس درخت کے چھوارو جو اسپر لگے ہیں بطور بیع کے پس بکر نے یہ چھوارے لے لیے اور درخت مذکور زید کو دیدیا کہ اسکے پھل سب لے لے پھر جب خالی ہو جاوے تو بکر کو واپس دے تو یہ بیع حرام ہے اور ایسے ہی محاقلہ بھی حرام ہے کہ زید نے مثلاً دس من گیہون بکر کو دیے کہ بکر اپنا گیہون کا تیار کھیت اسکو دے بطور بیع کے پس اس کھیت میں جو کچھ گیہون نکلیں جو بالوں میں موجود ہیں سب زید کے ہونگے تو یہ بھی حرام ہے اسواسطے کہ درخت کے چھوہارے یا کھیت کے گیہون نہیں معلوم کہ برابر برابر نکلیں یا کم و بیش ہوں اور شبہہ ربا بھی ہوتا ہے جیسا کہ فقہا نے اجماع کیا ہے اور بعضے متاخرین فقہا نے کہا کہ کھیت جب تیار کھڑا ہے اور کاٹنے کے قابل ہے تو اسطرح کی بیع میں مضائقہ نہیں اسلیے کہ کھیت میں بھوسا اور گیہون دونون ہیں پس گیہون بمقابلہ گیہون کے اور باقی بمقابلہ بھوسے کے ہونگے اور مترجم کہتا ہے کہ اسپر فتوی نہیں ہے اور یہ قول کچھ نہیں ہے اور صحیح یہی ہے کہ ایسی بیع بھی حرام ہے شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ یہ صورتیں اور جو اور ایسی ہی صورتیں ہیں سب اسواسطے حرام ہوئی ہیں کہ ربوا کا مادہ بالکل نسیت ہو اسواسطے کہ خشک ہونے سے پہلے دونوں چیزوں کی برابری معلوم نہیں ہوسکتی ہے اور اسلیے فقہا نے کہا ہے کہ جہاں برابری معلوم نہو وہاں سود والے مالوں میں ایسا قرار دیا جاتا ہے کہ جیسے درحقیقت زیادتی ہے اسی سے ایسی سب چیزیں حرام ہیں اور یہ سود کا باب ایک مشکل باب ہے نہیں دیکھتے کہ امیرالمومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مجھے تمنا رہگئی کہ تین باب یعنے دادا کی میراث اور کلالہ کی میراث اور ربوا کے بعض ابواب میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے واسطے کوئی حد مقرر کی ہوتی کہ ہم اس حد تک رہتے اور تجاوز کا گمان نہوتا **قال المترجم** اور وجہ اسکی یہ ہے کہ یہ آیت ربوا صحیح روایتوں کے موافق سب سے آخر اتری ہے کہ اسکے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چند ہی روز دنیا میں رہے اور وفات پائی تو یہی حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ مجھے تمنا رہگئی کہ آپ سے اسکی تفصیل بروجہ محدود معلوم ہوئی اور شریعت اسلام پر شاہد ہے کہ حرام کی طرف جو چیز وسیلہ ہو وہ بھی حرام ہے جیسے کہ واجب جس چیز کے بدون تمام نہیں ہوتا وہ چیز بھی واجب ہوتی ہے اور صحیحین میں نعمان بن بشیر سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلعم سے سنا کہ حلال کھلا ہوا ہے اور حرام کھلا ہوا ہے اور ان دونوں کے بیچ میں امور مشتبہات ہیں پس جسنے شبہات سے پرہیز کیا وہ اپنے دین اور آبرو کو بچالے گیا اور جو شبہات میں پڑ گیا وہ خطرہ میں پڑا جیسے وہ چرواہا کہ سبزہ زار کے گرد چراتا ہے قریب ہے کہ سبزہ زار میں چراوے۔ اور ایک حدیث میں ہے کہ گناہ وہ ہے کہ دل میں دغدغہ دے اور نفس کو اسمیں تردد ہو اور مکروہ جانے کہ لوگ اسپر مطلع ہوں اور ایک روایت میں ہے کہ فتوی لے اپنے دل سے اور اگرچہ لوگون نے تجکو فتوی دیا ہو۔ اور ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لوگون پر ایک زمانہ آویگا کہ اسمیں سود کھاویںگے تو عرض کیا گیا کہ سب کے سب بیاج کھاوینگے فرمایا کہ انمیں سے جو نہ کھاویگا اسکو بیاج کا غبار[1] ہی پہونچ جاویگا۔ رواہ ابوداؤد والنسائی وابن ماجہ پھر شیخ ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ حرام چیزون تک پہونچانے والے وسیلون کے حرام کرنے کے قبیل سے جو امام احمد نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی کہ جب سورۂ بقرہ

[1] یعنے جو نہ کھاویگا اسکو غبار تو ضرور پہونچیگا کہ کچھ نہ کچھ لین دین میں ہوگا

آخر آیتین جو بیاج حرام ہونے کے بارہ مین ہین نازل ہوئین تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلکر مسجد مین تشریف لائے اور لوگون کو پڑھ سنائین پھر شراب کی تجارت حرام کردی ورواہ البخاری والجماعۃ اور بعض علما نے اسکے معنے مین کہا کہ ربوا اور اسکے وسائل کو حرام کیا تو شراب کو اور جوا مور تجارت وغیرہ کے ایسے ہین کہ انسے شراب خواری مین پڑجانے کا اشتباہ ہی حرام کردیا اور یہ ویسے ہی ہی جیسے حضرت صلعم نے فرمایا کہ یہودیون پر اللہ تعالے لعنت کرے کہ انپر چربی حرام کی گئی تھی انھون نے اسکو پگھلایا پھر اسکو فروخت کیا اور اسکے دام کھائے۔ قولہ ومن عاد فاولئک اصحاب النار۔ بعض علما نے کہا کہ عود یا ین طور کہ بیاج کھایا اور بعض نے کہا کہ عود اس قول پر ہین کہ انما البیع مثل الربوا۔ پس دوسرے قول پر تو قولہ۔ ہم فیہا خالدون بلا تاویل درست ہی اسواسطے کہ جو شخص بیاج کو مثل بیع کے قرار دے وہ کافر ہی اور کافرون کی سزا یہی ہی کہ ہمیشہ دوزخ مین رہین اور قول اول پر بیاج کھانے سے یہ مراد ہی کہ حلال جانکر کھایا جیسا کہ مفسر رحمہ اللہ نے قید لگائی ہی اسوجہ سے کہ مرتکب گناہ کبیرہ کا اہل سنت کے نزدیک دائمی دوزخی نہین ہی پس چونکہ دائمی دوزخی ہونے کی وعید فرمائی ہی لہذا معلوم ہوا کہ مراد ایسا بیاج کھانے والا ہی جو اسکو حلال جانکر کھاوے یا بیاج کو بیع کے مثل بتلاوے

يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ اَثِيْمٍ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ

مٹاتا ہی اللہ بیاج کو اور بڑھاتا ہی خیرات کو اور اللہ نہین چاہتا کسی ناشکرے گنہگار کو البتہ جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ لَهُمْ اَجْرُهُمْ

ایمان لائے اور کام کیے نیک اور قائم رکھا انھون نے نماز کو اور دی انھون نے زکوۃ تو انکے لیے ہی انکا ثواب

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

انکے پروردگار کے پاس اور نہین خوف ہی اون پر اور نہ وہ غمگین ہونگے

يَمْحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا۔ ینقصہ ویذہب برکتہ۔ اللہ تعالے بیاج کو ناقص کرتا اور اسکی برکت دور کرتا ہی۔ وَيُرْبِي الصَّدَقٰتِ یزید ہا وینمیہا ویضاعف ثوابہا۔ اور صدقات کو بڑھاتا ہی اور بڑھا دیتا ہی اور اسکے ثواب کو بہت گنا کرتا ہی۔ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ كَفَّارٍ۔ تحلیل الربوا۔ اور اللہ دوست نہین رکھتا ہر ایسے شخص کو جو کفار ہو ف یا ین طور کہ حلال کرلے بیاج کو۔ اَثِيْمٍ فاجر با کلالربوا ای یعاقبہ۔ اور فاجر ہو ف یا ین طور کہ سنے بیاج کو یا جیسے کفار اسطرح ہو کہ اسنے بیاج کو حلال جانا۔ اور لایحب کے معنے یہ ہین کہ اسکو عذاب کریگا جیسے مومنون کو یحب فرمایا تو معنے یہ کہ انکو ثواب دیگا۔ اللہ عزوجل اس آیۂ کریمہ مین خبر دیتا ہی کہ یمحق اللہ الربوا۔ ای یذہبہ ای دور کردیتا ہی اسکو یا تو یا ین طور کہ بیاج والے کے ہاتھ سے بالکل دور کردیتا ہی یا یا ین طور کہ اسکو اسکے مال کی برکت سے محروم کردیتا ہی پس وہ مال سے انتفاع نہین پاتا ہی بلکہ دنیا مین اسکو اپنے مال سے محروم رکھتا ہی اور قیامت مین اسکو اس مال پر عذاب کرتا ہی اور نظیر اسکی قولہ تعالے وما اٰتیتم من ربوا لیربوا فی اموال الناس فلا یربو عند اللہ الایۃ۔ اور شیخ ابن جریر نے کہا کہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ربوا اگرچہ بہت ہوجاوے مگر انجام کار اسکا قلت کی طرف ہوجاتا ہی اور اس حدیث کو امام احمد نے ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مرفوعا یعنے قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم روایت کیا ہی اور ایسے ہی ابن ماجہ نے بھی دوسری وجہ سے ابن مسعود سے مرفوعا روایت کیا۔ اور بنا بر ین قولہ یمحق اللہ الربوا۔ مین اخبار ہی کہ سود خوردہ جو مال بڑھانا چاہتا ہی اسکے ساتھ اسکے خبیث اعتقاد کے برعکس معاملہ کیا جاتا ہی اور یہ ایسا ہی جیسے امام احمد نے نوح ج سے جو عثمان رض کے آزاد کیے ہوے غلام تھے روایت کی کہ عمر رضی اللہ عنہ ایک روز اپنی خلافت مین مسجد سے نکلکر آئے تو دیکھا کہ اناج کا ڈھیر لگایا گیا ہی فرمایا کہ یہ اناج کیسا ہی تو لوگون نے کہا کہ ہمارے واسطے لایا گیا ہی فرمایا کہ اللہ تعالے برکت دے ہمین اور اسکے لانے والے مین تو عرض کیا گیا کہ ای امیر المومنین اسکے لانے والے نے احتکار کیا تھا

سلسلہ احتکار کی اصل جو بیت سنا بیچنا اگر ان کے وقت فروخت کرے ۱۲ م

فرمایا کہ کسنے انکار کیا تھا بولے کہ فروخ جنے جو عثمان کے آزاد کیے ہوے ہین اور فلان شخص نے جو عمرؓ کا آزاد کیا ہوا ہی پس عمرؓ نے دونون کو بلوایا اور فرمایا کہ تمکو کس بات نے انکار پر آمادہ کیا تھا کہ تمنے مسلمانون کے طعام کو انکار کیا تو دونون نے عرض کیا کہ اے امیر المومنین ہم اپنے مالون سے خریدتے اور بیچتے ہین تو عمرؓ نے فرمایا کہ مین نے رسول اللہ صلعم سے سنا ہی کہ آپ فرماتے تھے کہ جسنے مسلمانون پر انکے طعام کو انکار کیا تو اللہ تعالے اسکو مار دیگا افلاس کی یا جذام کی۔ اور ابن ماجہ کی روایت مین ہی کہ افلاس کی اور جذام کی۔ پس فروخ نے یہ سنکر کہا کہ مین اللہ تعالے سے عہد کرتا ہون اور تمسے عہد کرتا ہون کہ مین اب کبھی طعام مین الیسا نہ کرونگا اور رہا دوسرا شخص جو عمرؓ کا آزاد کیا ہوا تھا اسکا قول یہ رہا کہ ہم اپنے مالون سے خریدتے اور بیچتے ہین **ابو یحیی** راوی اس حدیث کے کہتے ہین کہ واللہ مینے دوسرے کو جو عمرؓ کا آزاد کیا ہوا تھا دیکھا کہ مجذوم ہو گیا تھا **قال المترجم** بالاتفاق مشاہدہ ہو رہا ہی کہ ہر سود خورہ دنیا مین اپنے مال سے محروم رہتا ہی اور نہایت خبیث طور سے زندگی بسر کرکے مرجاتا ہی اور آخر کو وہ مال برباد ہو جاتا ہی بخلاف ان نیکوکارون کے مال کے جو اپنے مالون کو حلال طور سے کماتے اور اسکی زکوۃ دیتے رہتے ہین کہ اللہ تعالے اسکو دنیا و آخرت مین خوب بڑھاتا ہی۔ اور معالم مین قولہ تعالے یمحق اللہ الربوا کی تفسیر مین مذکور ہی کہ اللہ تعالے اس مال کو جسمین بیماج شامل ہوا ہی ہلاک کر دیتا ہی اور اسکی برکت دور کر دیتا ہی اور ضحاک نے ابن عباس سے روایت کی کہ قولہ یمحق اللہ الربوا۔ یعنے سود خورہ سے قبول نہین کرتا نہ صدقہ اور نہ جہاد اور نہ حج اور نہ صلۂ رحم۔ یعنے کوئی خیر کا خرچہ اس سے قبول نہین کرتا ہی **قال المترجم** اور بیان کیا گیا ہی کہ سود کا کھانا و کپڑا سود خورہ کی نماز و روزہ کو بھی کھو دیتا ہی کہ اس سے وہ بھی قبول نہین ہوتا ہی واللہ اعلم۔ وقال تعالے ویربی الصدقات **تفسیر ابن کثیر** مین ہی کہ ربی بضم الیا و تخفیف از ارباء بی یعنے باب افعال سے پڑھا گیا یعنے آنکہ اسکو بڑھاتا ہی اور بڑھاوے یعنے نمو دیتا ہی اور ایک قراۃ مین بتشدید یا مرموحدہ از تربیہ یعنے باب تفعیل سے آیا ہی جیسا کہ بخاری نے ابو ہریرہؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے ایک چھوہارے کے برابر پاک کمائی سے صدقہ دیا اور حال یہ ہی کہ اللہ تعالے قبول نہین کرتا مگر پاک ہی کو تو اللہ تعالے اس صدقہ کو اپنے داہنے ہاتھ مین قبول فرماتا ہی پھر اسکو تربیت فرماتا ہی اس شخص صدقہ دینے والے کے لیے جیسے تم مین سے کوئی اپنا گھوڑے کا بچہ پالتا ہی یہانتک کہ وہ پہاڑ کے برابر ہو جاتا ہی۔ ورواہ مسلم والبیہقی والنسائی وابن ابی حاتم واحمد وابن جریر اور روایت امام احمد کی جو ابو ہریرہ و عائشہؓ سے ہی اسمین یہ بھی ہی کہ یہانتک کہ وہ چھوہارا یا لقمہ اللہ تعالے کی پرورش مین مثل احد پہاڑ کے ہو جاتا ہی اور ترمذی نے اس روایت کو حسن صحیح کہا ہی **قال المترجم** اللہ تعالے کا داہنے ہاتھ مین لینا کنایہ اسکے قبول سے ہی اور اول یہ ہی کہ اسکی تاویل نہ کیجاوے باوجود یقین اس امر کے کہ اللہ عزوجل لیسے ہاتھ وغیرہ سے جو کسی مخلوق کے ہین پاک اور منزہ ہی۔ قولہ تعالے واللہ لا یحب کل کفار اثیم۔ یعنے نہین دوست رکھتا اللہ کے کفور کو اور قول و فعل کے اثیم کو اور دوست نہ رکھنے کے مراد اسکا لازم ہی اسکو عذاب دینا ہی اور اس صفت کے ساتھ اس آیۂ کریمہ کا خاتمہ باین مناسبت ہی کہ سود خورہ اس قسمت پر راضی نہوا جو اللہ تعالے نے اسکے واسطے حلال سے مقدر کیا تھا اور مباح کمائی کی راہ پر اکتفا نہ کیا پس اسنے طرح طرح کی خبیث کمائیون سے لوگون کے مالون کو باطل وجہ پر کھانا شروع کیا پس اسنے نعمت حق سے کفران کیا اور افعال خبیثہ سے فاجر گنہگار رہوا۔ پھر اسکے بعد اللہ تعالے عادت قرآن کے موافق ان لوگون کے ثواب کو ذکر فرمایا جو ایمان لائے اور نیک کام کیے۔ لقولہ اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ الآیۃ پس ظاہر یہ ہی کہ علی العموم اہل ایمان مراد ہین اور مدارک مین ذکر کیا کہ بعض نے کہا کہ مراد وہ لوگ ہین جو ربوا کے حرام ہونے پر ایمان لائے یعنے اور جو لوگ اس امر پر ایمان لائے کہ ربوا حرام ہی اور انھون نے نیک کام کیے الخ۔ اور اول یہ ہی کہ الذین آمنوا سے عام مراد رکھی جاوے کیونکہ اسمین مومنین کے حق مین مدح زائد ہی اور ربوا کے حرام ہونے کا اعتقاد کل مومنین کو خود حاصل ہی اور صلوۃ و زکوۃ کو بخصوص بیان فرمایا کہ گرچہ صالحات مین یہ بھی شامل ہی تو

صلوٰۃ کو اسوجہ سے کہ وہ افضل صالحات ہی اور زکوٰۃ کو اسوجہ سے کہ سیاق مرباب مال ہی اور زکوٰۃ اخراج مال کا تمنائے رضائے حق عزوجل ہی۔ اگر کہا جاوے کہ آیۂ کریمہ مین ثواب مذکور جو بمنزلۂ اس قول کے ہی لھم الجنۃ عند ربھم یہ ثواب بعد ایمان کے ان اعمال صالحہ کے ہونے کے ساتھ مذکور ہی یعنے ایمان لائے اور نیک کام کیے و نماز و زکوٰۃ ادا کی انکے واسطے جنت ہی حالانکہ اگر کوئی شخص بالغ ہوا اور حالیکہ وہ اللہ تعالے پر ایمان لایا اور ہنوز کسی نماز کا وقت یا زکوٰۃ ادا کرنے کا وقت نہ گذرا تھا کہ وہ مرگیا تو بالاتفاق وہ اہل ثواب مین سے ہوا اور ایسے ہی ایک شخص ایمان لایا اور ایمان کی خوشی مین اسکو شادی مرگ ہوگئی کوئی نماز و روزہ وغیرہ نہین کرنے پایا تو وہ اہل ثواب مین سے ہی پس ثابت ہوا کہ ثواب حاصل ہونا اعمال کے پائے جانے پر موقوف نہین ہی پھر جو ایمان کے ساتھ اعمال مذکور ہین انکے ذکر مین کیا حکمت ہی تو جواب یہ ہی کہ اللہ تعالے نے ان نیک خصلتون کو اسواسطے نہین ذکر کیا ہی کہ ثواب کا استحقاق انپر مشروط ہی بلکہ اس بیان کے واسطے کہ ان افعال حمیدہ کو بھی ثواب و رضائے الٰہی حاصل کرنے مین دخل ہی یعنے آنکہ یہ علامات ثواب کے ہین بالجملہ اس سے بیان انکی اطاعت کا ہی اور یہ غرض نہین کہ ثواب اسپر مشروط ہی۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ ۝

اے ایمان والو ڈرو اللہ سے اور چھوڑ دو جو رہ گیا سود اگر تم یقین والے ہو

فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا فَأْذَنُوا بِحَرْبٍ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ ۖ وَإِن تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوسُ

پھر اگر نہین کرتے تو خبردار ہو جاؤ لڑنے کو اللہ سے اور اسکے رسول سے اور اگر توبہ کرتے ہو تو تمکو پہنچتے ہین اصل

أَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ ۝ وَإِن كَانَ ذُو عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ إِلَىٰ مَيْسَرَةٍ ۚ

مال تمہارے نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ کوئی تم پر اور اگر ایک شخص ہی تنگی والا تو فرصت دینی چاہیے جب تک کشائش ہو

وَأَن تَصَدَّقُوا خَيْرٌ لَّكُمْ إِن كُنتُمْ تَعْلَمُونَ ۝ وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ

اور اگر خیرات کرو تو تمہارے لیے بہتر ہی اگر تم کو سمجھ ہو اور ڈرتے رہو اس دن سے جسمین لوٹے پھر جاؤ گے

إِلَى اللَّهِ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝ ع

اللہ کے پاس پھر پورا ملیگا ہر شخص کو جو اسنے کمایا ہی اور انپر کچھ ظلم نہین کیا جاویگا۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ وَذَرُوا۔ اترکوا۔ مَا بَقِيَ مِنَ الرِّبَا إِن كُنتُم مُّؤْمِنِينَ صادقین فی ایمانکم فان من شان المومنین امتثال امر اللہ۔ اے ایمان والو اللہ سے ڈرو اور باقی بیاج کو چھوڑو اگر تم مومن ہو ف یعنے اگر تم اپنے ایمان مین سچے ہو کیونکہ مومن کی شان سے یہ بات ہی کہ حکم الٰہی کا بجا لانے والا ہو۔ نزلت لما طالب بعض الصحابۃ بعد النھی ربوا کان لہ قبل روایت ہی کہ بعضے صحابہ نے ربوا سے ممانعت ہو جانے کے بعد اپنا کچھ سود جو ممانعت سے پہلے کا چڑھا تھا طلب کیا تب یہ آیت نازل ہوئی کہ وہ بیاج چھوڑ دو۔ فَإِن لَّمْ تَفْعَلُوا۔ ما امرتم بہ پھر اگر تم نہ کروگے ف یہ کام جسکا تمکو حکم کیا گیا ہی۔ فَأْذَنُوا اعلموا۔ بِحَرْبٍ مِّنَ اللَّهِ وَرَسُولِهِ۔ لکم فیہ تہدید شدید لھم ولما نزلت قالوا لا یدلنا بحربہ تعالے واسکے رسول کے ساتھ لڑائی اشتہار لوف اسمین انکو تہدید شدید ہی اور جب یہ آیت اتری تو بولے کہ ہمکو اللہ تعالے سے لڑنے کی طاقت نہین ہی وَإِن تُبْتُمْ رجعتم عنہ اور اگر تمنے توبہ کی یعنے تمنے اس سے رجوع کیا اور بات مان لی۔ فَلَكُمْ رُءُوسُ۔ اصول۔ أَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُونَ

بزیادۃ۔ وَلَا تُظْلَمُوْنَ بنقص تو تمہارے لیے اصل مال یعنے اصل مال میں نہ تم ظلم کرو اور نہ ظلم کیے جاؤ گے یعنے تم کسی پر ظلم کرو زیادہ لینے میں کہ وہ سود ہے اور تم پر ظلم نکیا جائیگا کہ تمکو اپنے اصل مال سے خواہ مخواہ کمی نہیں ڈالی جائیگی۔ وَاِنْ كَانَ وقع فرع ذُوْ عُسْرَةٍ بلوا اگر واقع ہوا قرضدار تنگدست یعنے اصل مال لینے میں بھی اگر بالفعل قرضدار تنگدست ہو تو حکم دیا کہ۔ فَنَظِرَةٌ۔ لہ ای علیکم تاخیرہ۔ اِلٰى مَيْسَرَةٍ۔ بفتح السین وضمہا ای وقت یسرہ۔ پس انتظار ہو یعنے اس قرضدار مذکور کے لیے تم پر تاخیر دینا واجب ہو تا میسرہ یعنے تا وقت اسکی آسانی وگشایش کے یعنے اسکی فراغی و دستی تک انتظار و مہلت دو۔ اور لفظ میسرہ ظرف زمان ہی اکثرون کی قراءۃ میں بفتح سین جملہ اور نافع کی قراءۃ میں بضم سین ہی مانند مقبرہ بفتح باء موحدہ و مقبرہ بضم باء موحدہ کے۔ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا۔ بالتشدید علی ادغام التاء فی الاصل فی الصاد و بالتخفیف علی حذفہا ای تتصدقوا علی المعسر بالابراء اکثرون کی قراءۃ میں تصدقوا بتشدید صاد و دال ہی بنا بر یکہ اصل میں تتصدقوا تھا تاء کو صاد کر کے بعد حذف حرکت کے صاد میں ادغام کر دیا اور عاصم کی قراءۃ میں بلا تشدید صاد کے بنا بر یکہ تاء کو حذف کر دیا اور معنے یہ ہیں کہ صدقہ کر دینا تمہارا تنگدست پر اصل مال بھی باین طور کہ اسکو اپنے اصلی قرضہ سے بھی بری کر دو تو یہ۔ خَيْرٌ لَّكُمْ۔ تمہارے لیے بہتر ہی۔ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ۔ انہ خیر فافعلوہ۔ اگر تم جانتے ہو ف اس بات کو کہ تنگدست کو بری کرنا بہتر ہی تو ایسا کرو۔ وفی الحدیث من انظر معسرا او وضع عنہ اظلہ اللہ فی ظلہ یوم لا ظل الا ظلہ رواہ مسلم۔ اور حدیث میں آیا ہی کہ جسنے تاخیر و مہلت دی اپنے قرضدار تنگدست کو یا اتار دیا اسکے ذمہ سے تو اللہ تعالے اسکو اپنے سایہ میں لے لیگا اس روز کہ سوائے اللہ تعالے کے سایہ کے سایہ ہی نہوگا رواہ مسلم فی صحیحہ۔ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ بالبناء للمفعول تردون وللفاعل ترجعون۔ یعنے اکثرون کی قراءۃ بصیغہ مجہول ہی یعنے تردون یعنے پھیرے جاؤ گے اور ابو عمرو کی قراءۃ بصیغہ معروف ہی یعنے پھر جاؤ گے۔ فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ۔ ہو یوم القیامۃ۔ اور ڈرو ایسے دن کو کہ جسمیں پھیرے جاؤ گے یا لوٹ جاؤ گے اللہ تعالے کی طرف اور وہ قیامت کا روز ہی۔ ثُمَّ تُوَفّٰى۔ فیہ۔ كُلُّ نَفْسٍ جزاء مَّا كَسَبَتْ۔ علت من خیر و شر پھر پورا دیا جائیگا اس میں ہر نفس جزا اس چیز کی جو اسنے کمایا ہی۔ یعنے دنیا میں عمل کیا ہی بھلائی و برائی سے ف پس نیکی کرو اور بدی سے بچو۔ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ بنقص حسنۃ و زیادۃ سیئۃ۔ اور لوگ کچھ ظلم نہ کیے جاوینگے ف باین طور کہ کوئی نیکی کم کیجاوے یا کوئی بدی بڑھائی جاوے۔ معالم میں مذکور ہی کہ سدی رح نے کہا کہ یہ آیت نازل ہوئی عباس بن عبد المطلب و خالد بن الولید کے حق میں اور زمانہ جاہلیت میں دونوں شریک تھے کہ بنی عمرو بن عمیر کے لوگوں کو قبیلہ ثقیف میں سود پر قرض دیتے پھر اسلام کا زمانہ ہو گیا اور ان دونوں کا سود کا مال بہت بڑا تھا پس اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی۔ اور شیخ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں فرمایا کہ زید بن اسلم و ابن جریج و مقاتل بن حیان و سدی رحمہم اللہ نے ذکر کیا کہ یہ سیاق نازل ہوا قبیلہ ثقیف کے بنی عمرو بن عمیر اور مخزوم کے بنی مغیرہ کے حق میں کہ ان دونوں فریق کے درمیان زمانہ جاہلیت میں سود جاری تھا پھر جب اسلام آیا اور جب لوگ بعد فتح مکہ کے مسلمان ہو گئے تو ثقیف والوں نے مطالبہ کیا کہ اپنا سود لیویں اور بنو مغیرہ نے کہا کہ ہم لوگ زمانہ اسلام میں اسلام کی کمائی سے سود نہ دینگے پس عتاب بن اسید نے جو حضرت صلعم کی طرف سے مکہ معظمہ میں نائب تھے اس معاملہ میں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو لکھا پس یہ آیت نازل ہوئی پس اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھ بھیجا۔ یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ و ذروا ما بقی من الربوا ان کنتم مومنین فان لم تفعلوا فاذنوا بحرب من اللہ و رسولہ۔ پس ان لوگوں نے کہا کہ ہم اللہ تعالے سے توبہ کرتے ہیں اور جو کچھ سود کا مال باقی ہی سب چھوڑتے ہیں اور ہمکو اللہ تعالے سے لڑنے کی طاقت نہیں ہی قال المترجم اور معالم میں بھی اسکے مانند مقاتل بن حیان سے مذکور ہی اور بنو عمرو بن عمیر بن عوف الثقفی کے چار بھائی بنام

مسعود و عبد یالیل و حبیب ثقیف ربیعہ بیان کیے اور ذکر کیا کہ انھون نے بنو مغیرہ قبیلہ مخزوم سے اپنا سود طلب کیا اور وہ بڑا بھاری مال تھا اور انھون نے انکار کیا کہ اللہ تعالے نے اسکو مسلمانون سے دور کیا ہی ہم زمانۂ اسلام مین نہین دینگے اور ہر دو فریق نے عتاب بن اسید کے پاس نالش کی جو مکہ مین حضرت صلعم کی طرف سے نائب تھے پھر باقی قصہ ذکر کیا اور شاید یہی باعث ہوا ہو کہ حضرت صلعم نے حجۃ الوداع کے خطبہ مین فرمایا تھا کہ زمانۂ جاہلیت کے کسب سود جو کچھ ہون وہ موضوع ہین یعنے گرا دیے گئے وا مر کیے گئے ہین اور پہلا سود زمانۂ جاہلیت کا جسکو مین اپنون کا مال سود دور کرتا ہون وہ عباس بن عبد المطلب کا سود ہی کہ وہ سب کا سب گرا دیا گیا ہی الحدیث۔ بالجملہ معنے آیت کے یہ ہین کہ اللہ تعالے اپنے ایمان والے بندون کو حکم فرماتا ہی کہ اس سے ڈرین اور اسیکا تقوی کرین اور انکو منع فرماتا ہی ہر ایسی چیز سے جو انکو اللہ تعالے کے غضب سے قریب کرے اور اسکی رضامندی سے دور ڈالے پس فرمایا اتقوا اللہ ای خوف کرو اللہ تعالے سے اور اپنے افعال پہ اسکو حاضر و ناظر جانو اور قولہ وذروا ما بقی من الربوا ای چھوڑ دو تمام وہ مال سود جو ممانعت سے پہلے تمھارے کچھ لینے کے بعد باقی رہ گئے ہین اور وہ تمھارے اصل مال پر بڑھتی سود ہین اب ممانعت کے بعد ہرگز اس بڑھتی کے مالون کو مت لو۔ قولہ ان کنتم مومنین۔ ای یقین رکھتے ہو جو تمھارے واسطے مشروع کیا ہی کہ بیع حلال ہی اور ربوا حرام ہی وغیر ذلک۔ اور یہان حرف ان شرطیہ مین تامل کیا گیا کہ یہ ملک کے واسطے مستعمل ہوتا ہی حالانکہ یہ لوگ مومنین تھے اور انکو کچھ شک تھا تو معالم مین کہا کہ ان بمعنے اذ ہی ای جبکہ تم مومن ہو اور ابن عطیہ نے اسکو پسند نکیا کیونکہ لغت مین اسکا نشان نہین ہی اور مفسر نے ان کو اپنے معنے پر لیا اور مومنین کو بمعنے صادقین فی الایمان لیا ای اگر تم اپنے ایمان مین سچے ہو تو باقی سود چھوڑ دو کیونکہ سود کو اللہ تعالے نے حرام کیا ہی اور سچائی والے کی پہچان یہ ہی کہ اللہ تعالے کے حکم کی فرمانبرداری کرے اور مترجم کے نزدیک اولی یہ ہی کہ ان یہان ہوش دلانے اور آمادہ کرنے کے واسطے لیا جاوے جیسے کوئی اپنے بیٹے سے کہے کہ اگر ہمارے بیٹے ہو تو یہ کام تو کر لاؤ اور وجہ یہ ہی کہ ان لوگون کو اگرچہ سود کا حرام ہونا معلوم تھا مگر آیندہ کے واسطے سمجھے تھے بدین قرینہ کہ فمن جاءہ موعظۃ من ربہ فانتہی فلہ ما سلف۔ اور ما سلف مین وہ باقی رہا ہوا سود بھی سمجھے تھے پس انکو تنبیہ کر دی اور تہدید اسواسطے کہ خاصت اسکے مطالبہ مین ہو چکی تھی واللہ اعلم۔ اسیواسطے فرمایا۔ فان لم تفعلوا فاذنوا بحرب من اللہ ورسولہ اسمین انکو تہدید کر دی اور حکم عام ہی پس ہر ایسے شخص کے واسطے سخت و شدید تہدید ہو گئی جو بعد ممانعت کے سود خواری کو برتے جاتا ہی اور برابر سود کھائے جاتا ہی اور ایک قراءۃ مین فاذنوا بمد و کسر ذال معجمہ ہمزہ ان اسمیں بھی پڑھا گیا اور معنے اسکے یہ ہونگے کہ اعلموا بالحرب ای آگاہ کرو غیر کو اللہ و رسول کی لڑائی سے اپنے ساتھ۔ اور مشہور قراءۃ بفتح ذال معجمہ و قصر ہمزہ ہی اور معنے اسکے یہ ہین کہ تم جانو اور یقین کرو اور ایسا ہی ابن عباس سے روایت ہی کہ قولہ۔ فاذنوا بحرب ای استیقنوا بحرب اور نیز ابن عباس رضؓ سے روایت ہوا کہ بیاج کھانے والے سے کہا جائیگا قیامت کے روز کہ لڑائی کے واسطے اپنے ہتھیار اوٹھا پھر ابن عباس نے یہ آیت پڑھی فان لم تفعلوا فاذنوا بحرب من اللہ ورسولہ۔ اور علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رضؓ سے اس آیت مین روایت کی کہ یعنے پھر جو شخص سود خواری پر آڑا رہے اس سے الگ ہو تو مسلمانون کے سردار کو واجب ہی کہ اس سے توبہ کرا دے پھر اگر وہ توبہ کر کے الگ ہوا تو خیر ورنہ اسکی گردن مار دے۔ اور حسن بصری و ابن سیرین رحمہما اللہ تعالے سے روایت ہی کہ دونون نے فرمایا تھا کہ واللہ یہ صیارفہ لوگ ضرور بیاج کھانے والے ہین اور انھون نے آگاہی لی اللہ تعالے اور اسکے رسول سے لڑائی کی اور اگر لوگون پہ کوئی امام عادل ہوتا تو انسے توبہ کراتا پھر اگر توبہ کرتے تو خیر ورنہ انکو قتل کرتا۔ و ابن ابی حاتم اور ربیع بن انس سے روایت ہی کہ اللہ تعالے نے سود کھانے والے کو قتل کے وعید فرمائی نہی رواہ ابن جریر اور ان اقوال مین توفیق اسطرح ہی کہ اللہ تعالے سے لڑائی یون ہی کہ اللہ تعالے انکو آگ مین ڈال دیگا اور رسول اللہ صلی اللہ

ملہ یعنے ہوتے ہین یعنے لوگ جو بیاج کا کام کرتے ہین اور اسمین ہاتھ مارتے ہین

علیہ وسلم سے لڑائی یہ ہو کہ ہتھیار تلوار چلائی جاوے اور یہی ان علماے بیان کا قول ہو جنھوں نے معانی قرآن میں باعتبار لغت و محاورہ و زبان کے گفتگو کی ہو مثل ابو عبیدہ و زجاج وغیرہم کے اور اسی سے امام رازی نے تفسیر کبیر میں کہا ہو کہ اگر وہ توبہ نہ کریں تو ظاہر آیت کا مقتضا یہ ہو کہ انسے لڑائی کیجاوے۔ بالجملہ اسمیں کسیکا خلاف نہیں ہو کہ بیاج کھانا کبیرہ گناہ ہو۔ اور ہندوستان میں جو بہتیرے جاہل لوگ کہتے ہیں کہ انگریزون و ہندون سے بیاج لینا جائز ہو یہ محض جہالت ہو عوام بھائی مسلمانون کو اسپر ہرگز اعتماد نہ کرنا چاہیے ہرگز جائز نہیں ہو اور جو لوگ ایسا کہتے ہیں وہ کمبخت اپنی عاقبت خراب کرتے ہیں۔ قولہ وان تبتم فلکم رؤس اموالکم لا تظلمون ولا تظلمون یعنے اور اگر تمنے باقی سود مانگنے اور اسکے ارتکاب سے توبہ کی تو تمھارے واسطے تمھارے اصل مال واجب ہیں تم خود ظلم نہ کرو اور بڑھتی مت مانگو اور تم پر بھی ظلم نہ ہوگا کہ اصل مال ندیا جاوے پس اللہ عزوجل نے وہ تمام سود جو لوگون نے ممانعت سے پہلے لیے تھے انکے واسطے روا رکھے یعنے یہ نہیں حکم دیا کہ پہلے جسنے جو سود لیا ہو اگر وہ اصل مال کے برابر پہونچ گیا تو اب اصل مال میں سے کچھ نہیں چاہیے وہ وضع ہوگیا جیسے کہ اب شرع میں حکم ہو کہ اگر مرتہن نے مال رہن سے کچھ حاصلات وصول کی اور وہ مال قرض کے برابر اسکو مل گئی تو قرضہ ادا ہوگیا اور راہن کو رہن واپس کرے اور وہ قرض سے بری ہوا اور اس سے دلیل نکلتی ہو کہ اسلام سے پہلے جو احکام گذر چکے وہ ثابت ہیں مانند اسکے کہ ایک کافر مسلمان ہوا اور حالت کفر میں اسنے بیاج سے مال جمع کیا ہو تو امید ہو کہ وہ معفو ہوگا اور مجملہ ظلم کے یہ ہو کہ قرضخواہ اپنے قرضدار مفلس کو تنگ کرے بغرض انتفاع اور یہ بھی ظلم ہو کہ قرضدار کو دسترس ہو اور وہ مال ادا نہ کرے اسیواسطے حدیث صحیح میں ہو کہ دسترس والے کا قرض ادا کرنے میں درنگی کرنا ظلم ہو۔ اور معالم میں مذکور ہو کہ جب یہ آیت اتری تو سود چاہنے والون نے کہا کہ ہم توبہ کرتے ہیں ہمکو اللہ تعالے سے اور اسکے رسول سے لڑنے کی طاقت کہان ہو پس سود چھوڑا اور اصل مال کے طالب ہوے تب قرضدارون نے کہا کہ ہم تنگدست ہیں ہمکو حاصلات آنے تک مہلت دو مگر انھوں نے نہ مانا تب اللہ عزوجل نے نازل فرمایا۔ فان کان ذو عسرۃ فنظرۃ الی میسرۃ۔ اور بعض قراءۃ میں ذا عسرۃ۔ اور بعض قراءۃ میں۔ فان کان معسر بھی آیا ہو پس کان ناقصہ ہو۔ ای فان کان ہذا المطلوب او المدیون ذا عسرۃ او معسرا۔ اور بنا بر مشہور قراءۃ کے اوجہ یہ ہو کہ کان تامہ ہو بمعنے وقع یا حصل کے۔ یعنے اگر قرضدار تنگدست ہو تو آسانی تک مہلت ہو۔ پھر جمہور کے نزدیک یہ آیت عام ہو ہر قرضدار کے واسطے کہ جب وہ تنگدست ہو تو اسکو مہلت دیجاوے اور یہ تاخیر واجب ہو کیونکہ نظرۃ مرفوع ہو اور رفع کی سبیل وجوب ہو کما ذکرہ المفسر فی الاتقان اور سراج میں مذکور ہو کہ آیت میں دلیل ہو کہ اگر قرضخواہ نے قرضدار پر نالش کی اور اسنے کہا کہ میں تنگدست ہون تو قید نہیں کیا جائیگا یہ کہ اسکا دعوی کہ میں تنگدست ہون اسمیں گواہ کی ضرورت ہو یا نہیں تو اسمیں دو صورتیں ہیں دیکھا جاوے کہ اگر یہ قرضہ کسی چیز کا عوض ہو مثلاً کوئی چیز فروخت کی جسکے دام ہیں یا کچھ نقد دیا ہو جسکا عوض اسیکی مثل چاہیے ہو تو اپنی تنگدستی کے دعوے پر گواہ لاوے اور اگر یہ قرضہ اسپر بغیر عوض چڑھا ہو مثلاً ضمانت کا مال ہو یا کسی کی چیز تلف کردی ہو یا مال مہر ہو تو قسم سے اسکا قول ہی قبول ہوگا اور قرضخواہ پر گواہ دینا چاہیے کہ اس قرضدار پاس مال ہی یہ تنگدست نہیں ہو۔ پھر یہ سب اس صورت میں ہو کہ حاکم کے یہان نالش ہو ورنہ بہت ثواب تو یہ ہو کہ قرضخواہ خود اسکو مہلت دیدے جبکہ وہ تنگدستی کا عذر کرتا ہو اور اس بارہ میں بہت سی صحیح حدیثیں آئی ہیں از انجملہ ایک مفسر رحمہ اللہ نے ذکر کی ہو اور امام احمد نے بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جسنے تنگدست کو مہلت دے اوسکے لیے ہر روز اپنے قرضہ کے برابر مال صدقہ کا ثواب ہو اور انھی اور محمد بن کعب القرظی سے روایت ہو کہ ابو قتادہ رضہ کا ایک شخص پر قرضہ تھا اسکے تقاضا کو آتے اور وہ چھپ جاتا ایکدن آئے تو ایک لڑکا نکلا اس سے پوچھا اسنے کہا کہ ہان وہ گھر میں خربزہ کھاتا ہی پس آواز دی کہ او فلان شخص نکل آ کہ مجھے خبر مل گئی کہ تو موجود ہی پس وہ نکل آیا

فرمایا کہ تو مجھسے کیون منہ چھپاتا ہی اسنے کہا کہ مین تنگدست ہون میرے پاس کچھ نہین ہی فرمایا کہ قسم ہی کہ تو تنگدست ہی اسنے کہا کہ ہان واللہ مین تنگدست ہون تو ابو قتادہؓ رونے لگے اور تمسک منگوا کر پھاڑ دیا پھر کہا کہ مین نے رسول اللہ صلعم سے سنا ہی کہ جسنے اپنے قرضدار کو مہلت دی یا اس سے محو کر دیا تو قیامت کے روز وہ عرش کے سایہ مین ہوگا رواہ احمد و مسلم اور ابن کثیر رحمہ اللہ نے ان احادیث کے جمع کرنے مین طول دیا ہی اور اللہ تعالے جسکو توفیق دے اسکے لیے اسیقدر کافی ہی اور یہ سب ثواب عظیم تو فقط اتنی بات کا ہی کہ قرضدار کو مہلت دیدے پھر اس سے بڑھکر ثواب و رضاء حق عزوجل کی طرف ہدایت وارشاد کیا بقولہ تعالے وان تصدقوا خیر لکم ان کنتم تعلمون۔ یعنے اگر تم اپنے قرضدار کو بعض مال یا کل مال صدقہ دیدو تو مہلت دینے سے بھی بڑھکر بہتر ہی۔ پھر اللہ تعالے نے اپنے بندون کو نصیحت کی اور یاد دلایا اور چونکایا کہ دنیا اور اسکا مال سب فنا ہونے والا ہی اور آخرت سامنے چلی آتی ہی اور قیامت کا ہولناک دن سامنے ہی اور اسکی طرف ہر دم چلے جا رہے ہو اسمین ہر بھلے برے کام کا حساب ہی اور ثواب اللہ تعالے کا نہایت خوب اور عذاب اسکا نہایت سخت ہی قال تعالے واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ ثم توفی کل نفس ما کسبت وہم لا یظلمون۔ یعنے ڈرو اس ہولناک دن سے یعنے قیامت سے جسمین لوٹائے جاؤگے خواہ مخواہ اللہ تعالے کی طرف پھر پورا پورا دیا جائیگا ہر نفس کو بدلا اسکا جو اسنے بھلا یا برا کمایا ہی اور اوپر کچھ ظلم نہوگا۔ یعنے یہ نہوگا کہ کوئی نیکی گھٹا دی جاوے اور اسکا ثواب ملے یا کوئی بدی ناحق بڑھا دی جاوے کہ اسکا عذاب پاجاوے اور یہ صحیح حدیث مین مضمون ہی کہ بعضے گنہگار مسلمانون سے جو ایمان مین سچے مضبوط تھے پہاڑ برابر گناہ اتار کر ایسے کافر بدکارون پر رکھے جاوینگے جو اللہ عزوجل کی شان مین نہایت گستاخ باتین کہتے تھے مانند اسکے کہ اسکا بیٹا بناتے اور اسکی آیات سے ٹھٹھول کرتے تھے تو یہ مضمون برحق ہی اور یہ درحقیقت دونون کے اعمال کی جزا ہی جو جسکا مستحق تھا اسکو وہ پہونچ گیا اور کسی پر ظلم نہین ہوا۔ جاننا چاہیے کہ صحیح روایات سے ثابت ہوا ہی کہ تمام قرآن مین آخر آیہ جو اتری وہ یہی قولہ تعالے واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ ثم توفی کل نفس ما کسبت وہم لا یظلمون۔ ہی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اسکے نازل ہونے کے بعد نو راتین زندہ رہے پھر ربیع الاول مین دوشنبہ کے روز دن چڑھے اس دار فانی سے رحلت فرما ہوئے رواہ ابن ابی حاتم و ابن مردویہ اور آخر آیہ ہونا تو نسائی و ابن جریر وغیرہم نے باسانید صحیحہ روایت کیا ہی ف ۲ عرائس البیان مین شیخ نے ذکر کیا کہ قولہ تعالے وان کان ذو عسرۃ فنظرۃ الی میسرۃ۔ لوگون کو ادب سکھلایا کہ اپنے نادارون سے وہ برتاؤ کرو جو اللہ عزوجل اپنے ایسے بندون سے اپنے کرم و رحمت سے برتاؤ کرتا ہی جسکے پاس سامان طاعت کچھ نہین اور معصیت سے شکستہ حال ہین اور یہ اللہ عزوجل کی کمال عنایت ہی جو اسکو بندون کے حال پر ہی کیونکہ تو فرماتا ہون کو حکم دیا کہ قرضدارون کو اپنے بجاے حقوق مین مہلت و تاخیر دین اور اسمین اشارہ کیا کہ اللہ عزوجل حقیقی حقوق مین جو بندون پر واجب ہین اور انکے ادا کرنے مین بندون نے قصور کیا ہی عفو فرمائیگا اور درگزر کریگا قال المترجم یعنے جن لوگون نے قرضدار کو قرضہ سے بالکل بری کر دیا اور اسکو ہبہ کر دیا وہ امیدوار ہین کہ اللہ تعالے انکے اوپر اپنے حقوق واجبہ سے جنمین قصور ہوا ہی عفو فرماوے اور ہبہ کرے اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت کی کہ جسنے قرضدار کو اسکی گنجایش حاصل ہونے تک مہلت دی اللہ تعالے اسکو اسکے گناہون مین توبہ تک مہلت دیگا رواہ الطبرانی اور حق یہ ہی کہ اللہ عزوجل کی طرف سے بالکل عفو ہوگا انشاء اللہ تعالے اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے کے بندون مین سے ایک بندہ قیامت مین اللہ عزوجل کے پاس آویگا اور اللہ تعالے فرماویگا کہ تو نے دنیا مین میرے واسطے کیا کیا وہ عرض کریگا کہ اے پروردگار مین نے دنیا مین ذرہ برابر بھی تیرے واسطے کوئی کام نہین کیا ہی سے مجھے تیری حضور مین امید لگانے کا موقع ہو یہی بات اس بندہ سے تین بار مکرر کہی جائیگی اور وہی جواب دیگا اخیر

ف ۱ اور ڈرو اس دن سے جسمین تم پھیرے جاؤگے اللہ کی طرف

یا رہین عرض کریگا کہ ای پروردگار تو نے مجھے اپنے فضل سے بڑھتی مال دیا تھا اور مین لوگون کے ساتھ خرید و فروخت کیا کرتا تھا اور میری عادت تھی کہ درگذر کیا کرتا تھا پس جو شخص آسودہ حال ہوتا اُسپر آسانی کرتا اور جو تنگدست ہوتا اسکو مہلت دیتا تھا پس اللہ عزوجل فرماویگا کہ مین زیادہ سزاوار ہون کہ آسانی دون پس تو جنت مین داخل ہو رواہ ابو یعلی الموصلی والبخاری ومسلم وابن ماجہ اور امام مسلم رح نے اپنی صحیح مین اسکی روایت عقبہ بن عامر اور ابو مسعود بدری سے بھی بیان کی اور امام احمد نے بھی اسکو روایت کیا ہی قولہ واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ الآیۃ ای فیصلہ ہونے کے دن کہ وہ روز قیامت ہی حیا و خجالت کے مقام مین ایسے مالک ذوالجلال والاکرام کے سامنے کھڑے ہونے سے خوف کرو جو استدراج والون کو اپنے مشاہدہ سے محروم فرماکر جہنم مین بھیجدیگا اور جو خاص بندے اسکے اولیاء ہین انکو اس امر پر عتاب کریگا کہ برے خطرے و اشارات تمہارے دلون مین کیون آئے اور واسطی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ عوام کے واسطے اس آیت سے ترہیب ہی اور خواص کے واسطے قولہ وایای فاتقون سے ترہیب ہی یعنے مجھی سے ڈرو اور کسی چیز سے مت ڈرو اور بعض اکابر نے فرمایا کہ جس شخص کو قرآن مجید کے نصائح و پند سے اثر نہوا تو اسکو قرآن کے سوائے اور کسی چیز سے کچھ بھی حاصل نہوگا اور اس سے بڑھکر کون نصیحت ہی جس سے اللہ تعالے نے اپنے بندون کو خبر دی ہی کہ اسکی طرف رجوع لاوین پھر جو شخص ایسے خوف و خجالت کے مقام پر ٹھہرنے سے نہیں گھبلا اور ایسی حاضری پر اپنے حال کو دیکھکر نہ رویا اوسمین اور کون نصیحت اثر کریگی اور یہ یقین جان لینا چاہیے کہ جو وقت گذر گیا اگرچہ اسمین نیکی ہی کیون نکی ہو کچھ قابل اعتماد نہین ہی اور جو آگے آتا ہی اس سے بچاؤ کی دعا کرتے رہنا ضرور ہی کہ آگے آنے والے وقت سے نیچے فی نہین

اور یہی معنے ہین کہ مرد ایمان دار ہمیشہ خوف و امید مین اللہ تعالے سے عاجزی کرتا ہی

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ إِلَىٰ أَجَلٍ مُسَمًّى فَاكْتُبُوهُ ۚ وَلْيَكْتُبْ بَيْنَكُمْ

ای ایمان والو جس وقت معاملہ کرو اودھار کا کسی وعدہ مقررہ تک تو اسکو لکھو اور چاہیے کہ لکھدے تمہارے درمیان

كَاتِبٌ بِالْعَدْلِ ۚ وَلَا يَأْبَ كَاتِبٌ أَنْ يَكْتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللَّهُ فَلْيَكْتُبْ ۚ وَلْيُمْلِلِ الَّذِي عَلَيْهِ

کوئی لکھنے والا انصاف سے اور نہ انکار کرے لکھنے والا اس سے کہ لکھدے جیسا سکھایا اسکو اللہ نے سو وہ لکھدے اور چاہیے بتلاوے اسکو جسپر

الْحَقُّ وَلْيَتَّقِ اللَّهَ رَبَّهُ وَلَا يَبْخَسْ مِنْهُ شَيْئًا ۚ فَإِنْ كَانَ الَّذِي عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيهًا أَوْ

حق دینا آیا ہی اور چاہیے کہ ڈرے اللہ سے جو پروردگار ہی اور ناقص کرے اسمین سے کچھ پھر اگر وہ شخص جسپر حق دینا آیا ہی نرے عقل ہو یا

ضَعِيفًا أَوْ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُمِلَّ هُوَ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهُ بِالْعَدْلِ ۚ وَاسْتَشْهِدُوا شَهِيدَيْنِ

ضعیف ہو یا آپ نہین بتا سکتا ہی تو بتلاوے اسکا اختیار والا انصاف سے اور گواہ کرلو دو گواہ

مِنْ رِجَالِكُمْ ۖ فَإِنْ لَمْ يَكُونَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ وَامْرَأَتَانِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَاءِ

اپنے مردون مین سے پھر اگر نہون دو مرد تو ایک مرد اور دو عورتین جنکو پسند کرتے ہو گواہون مین سے

أَنْ تَضِلَّ إِحْدَاهُمَا فَتُذَكِّرَ إِحْدَاهُمَا الْأُخْرَىٰ ۚ وَلَا يَأْبَ الشُّهَدَاءُ إِذَا مَا

کہ اگر بھول جاوے ایک عورت تو یاد دلاوے اسکو وہ دوسری عورت اور نہ انکار کرین گواہ لوگ جب

دُعُوا ۚ وَلَا تَسْأَمُوا أَنْ تَكْتُبُوهُ صَغِيرًا أَوْ كَبِيرًا إِلَىٰ أَجَلِهِ ۚ ذَٰلِكُمْ أَقْسَطُ

بلائے جاوین اور کاہلی نہ کرو اسکے لکھنے سے چھوٹا معاملہ ہو یا بڑا ہو اسکے وعدہ تک یہ بات خوب انصاف کی ہے

عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰٓى اَلَّا تَرْتَابُوْٓا اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً

اللہ تعالے کے نزدیک اور درست رہتی ہی گواہی اور لگتی ہی کہ تمکو شبہہ نہ پڑے مگر ایسی صورت مین کہ سودا ہو روبرو کا

تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ۭ وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۠

پھیر بدل کرتے ہو آپسین تو گناہ نہین تمپر کہ نہ لکھو اسکو اور گواہ کرلو جب آپسین سودا کرو اور

وَلَا يُضَاۗرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ۭ وَاِنْ تَفْعَلُوْا فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ۭ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ۭ وَيُعَلِّمُكُمُ

نقصان نہ کرے لکھنے والا اور نہ گواہ اور اگر ایسا کرو تو یہ گناہ کی بات ہی تمہارے اندر اور ڈرتے رہو اللہ سے اور سکھاتا ہی تمکو

اللّٰهُ ۭ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ

اللہ تعالے اور اللہ تعالے سب چیز سے واقف ہی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ ۔ تعالتم۔ اے ایمان والو جب تم باہم معاملہ کرو۔ بِدَيْنٍ ۔ کسطرح قرض دین اودھار کا مانند بیع سلم اور قرض کے۔ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۔ معلوم۔ ایک میعاد معلوم تک۔ فَاكْتُبُوْهُ ۔ تو اسکو لکھو یعنے بدین غرض کہ وثوق رہے اور جھگڑا دور رہے۔ وَلْيَكْتُبْ ۔ کتاب الدین اور چاہیے لکھدے اودھار کی تحریر۔ بَّيْنَكُمْ كَاتِبٌۢ بِالْعَدْلِ ۔ بالحق فی کتابۃ لایزید فی المال والاجل ولاینقص۔ تمہارے درمیان ایک کاتب بعدل یعنے اپنے لکھنے مین حق پر رہے کہ مال ومدت مین نہ بڑھادے اور نہ گھٹادے۔ وَلَا يَاْبَ ۔ یمتنع۔ كَاتِبٌ ۔ من۔ اَنْ يَّكْتُبَ ۔ اذا دعی الیہا۔ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ ۔ ای فضلہ بالکتابۃ فلایبخل بہا۔ فَلْيَكْتُبْ ۔ تاکید۔ اور کاتب انکار نکرے اس سے کہ لکھدے جب لکھنے کو بلایا جاوے۔ جیسے اللہ تعالے نے لکھنا اسکو سکھلادیا یعنے اپنے فضل سے اسکو لکھنا سکھلادیا ہی پس وہ لکھدے بخل نکرے۔ وَلْيُمْلِلِ ۔ علی الکاتب۔ اور بتاتا جاوے کاتب کو الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ ۔ وہ شخص جسپر حق دینا آیا ہی۔ الدین لانہ المشہود علیہ فیقر بمعلم ما علیہ۔ یعنے جسپر قرضہ دینا آیا ہی اسواسطے کہ یہی وہ شخص ہی جسپر گواہی ہوگی پس وہ اقرار کرتا جاوے تاکہ معلوم ہو کہ اسپر کیا واجب ہوا ہی۔ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ۔ فی املائہ اور کاتب کو لکھوانے مین اللہ تعالے سے تقوی رکھے۔ وَلَا يَبْخَسْ ۔ ینقص۔ مِنْهُ ۔ ای الحق۔ شَيْـــًٔا ۔ اور حق مین سے کچھ بھی کمی نکرے۔ فَاِنْ كَانَ الَّذِيْ عَلَيْهِ الْحَقُّ سَفِيْهًا ۔ مبذرا۔ اَوْ ضَعِيْفًا ۔ عن الاملاء لصغر او کبر۔ پھر اگر وہ شخص جسپر حق آیا ہی سفیہ ہو یعنے فضول خرچ ہو یا ضعیف ہو لکھوانے سے بسبب بچہ ہونے کے یا بسبب بہت بوڑھے ہونے کے۔ اَوْ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يُّمِلَّ هُوَ ۔ لخرس او جہل باللغۃ او نحو ذلک۔ یعنے یا وہ استطاعت نہین رکھتا کہ لکھوائے اس سبب سے کہ مثلاً گونگا ہی یا زبان نہین جانتا یا مانند اسکے کوئی سبب ہو نحو۔ فَلْيُمْلِلْ وَلِيُّهٗ بِالْعَدْلِ ۔ متولی امرہ من والد ووصی وقیم ومترجم قرضدار کا ول اسکو عدل کے ساتھ لکھوائے ف ول سے مراد یہان فقہ کی اصطلاح نہین بلکہ لغوی معنے ہین یعنے وہ شخص جو اسکے کام کا متولی ہو مثلاً بچہ ہی یا فضول برباد کرنے والا ہی تو اسکا باپ لکھوائے یا بہت بوڑھا یا یتیم ہی تو وصی لکھوائے یا گونگا ہی تو باپ یا وصی یا قیم لکھوائے یا زبان نہین جانتا تو مترجم لکھوائے۔ وَاسْتَشْهِدُوْا ۔ اشہدوا علی الدین اور گواہ کرلو قرضہ پر شَهِيْدَيْنِ ۔ شاہدین۔ دو گواہ۔ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۔ ای بالغی المسلمین الاحرار اپنے مسلمانون بالغ آزاد مردون مین سے۔ فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا ۔ ای الشاہدان پھر اگر نہون دونون گواہ۔ رَجُلَيْنِ دو مرد یعنے دو مرد نہون تو فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتٰنِ ۔ یشہدون۔ گواہ ہوجاوین ایک مرد اور دو عورتین مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ

الشُّهَدَآءِ - لدینہ و عدالتہ - یعنے گواہون مین سے پسند کرو بجہت دین دار اور عادل ہونے کے - وتعدد النسآء لاجل - اَن تَضِلَّ تنسی - اِحدٰىهُمَا - الشہادۃ لنقص عقلھن وضبطھن - اور عورتون کا متعدد ہونا بوجہ اسکے کہ بھول جاوے دونون مین سے ایک عورت گواہی کو بسبب اسکے کہ عورتین عقل مین اور یاد رکھنے مین ناقص ہوتی ہین - فَتُذَكِّرَ اِحدٰىهُمَا الْاُخْرٰى - تو ایک کو دوسری عورت یاد دلاوے - تذکر - بالتخفیف والتشدید - یعنے ابن کثیر و ابو عمرو نے بسکون ذال وتخفیف کاف پڑھا - اور باقیون نے بفتح ذال وتشدید کاف پڑھا ہے اور حمزہ رحمۃ اللہ نے برفع راء پڑھا اور باقیون نے بنصب پڑھا - حاصل یہ کہ دونون عورتون کو اسواسطے ایک مرد کی جگہہ قائم کیا گیا ہے کہ عورتون کی عقل وحفظ مین نقصان ہوتا ہے پس یاد رکھنے والی عورت دوسری بھول جانے والی کو یاد دلاویگی وجملۃ الاذکار محل العلۃ - اور یاد دلانے کا جملہ ہی درحقیقت محل علت ہے یعنے اس علت سے دو عورتین ٹھہرائی گئین کہ یاد دلاوے ایک عورت دوسری کو اگر وہ بھول جاوے لیکن ظاہر مین - ان تضل علت ہے چنانچہ کہا لاجل ان تضل اسوجہ سے کہ یاد دلانے کا سبب یہی ضلال یعنے بھول جانا ہوتا ہے پس ضلال کو بجاے اذکار کے قرار دیا گیا - اور حمزہ رحمہ اللہ کی قراءۃ مین بکسر ان یعنے ان شرطیہ ہے اور تذکر مرفوع ہے پس یہ جملہ استانفہ شرط وجواب ہے یعنے اگر ایک بھولے گی تو دوسری عورت اسکو یاد دلاویگی - وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا - زائدۃ - دُعُوْا - الی تحمل الشہادۃ وآدائہا - اور گواہ انکار نکرین جب کبھی بلائے جاوین یعنے گواہ ہونے کے لیے یا گواہی ادا کرنے کے لیے جب بلائے جاوین تو انکار نکرین یعنے اگر لائق گواہی کے لوگون کو بلایا جاوے کہ تم لوگ اس امر کے گواہ رہو یا جس امر کے گواہ رہے تھے وہ گواہی ادا کرنے کو بلائے جاوین تو انکار نکرین - وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا تملو - من - اَنْ تَكْتُبُوْهُ - ای ما تشھد تم علیہ من الحق لکثرۃ وقوع ذلک - اور تم لوگ ملال آگین نہو جیو اس بات سے کہ تم اسکو لکھو یعنے اس چیز کو جسپر تم گواہ ہوے اور یہ ملال بوجہ اسکے کہ ایسا کثرت سے واقع ہوتا ہے یعنے اسکی کثرت وقوع کی وجہ سے تمھین ملال نہو کہ اسکو لکھ لو - صَغِيْرًا كان - اَوْ كَبِيْرًا اِلٰٓى اَجَلِهٖ - اسکی میعاد آنے تک صغیر ہو یا کبیر قلیل ہو یا کثیر - ذٰلِكُمْ - ای الکتب بہ لکنہا - اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ - اعدل - بہت عدل پر ہے اللہ تعالے کے نزدیک - وَاَقْوَمُ لِلشَّهَادَةِ - ای اعون علی اقامتہا لانہ ذکر ہا - اور بہت مددگار ہے گواہی کے قائم کرنے پر کیونکہ یہ تحریر اس گواہی کو یاد دلاویگی - وَاَدْنٰٓى - اقرب الی - اَلَّا تَرْتَابُوْٓا - تشکوا فی قدر الحق والاجل - اور زیادہ نزدیک ہے اس امر سے کہ تم لوگ شک مین نہ پڑو یعنے اودھار کی مقدار اور میعاد مین تم کو باہم شک ہو کر جھگڑا نہو کیونکہ عمدًا جھگڑا کرنا تو مسلمان کی شان نہین ہے - لہذا اسکو یہ لکھ لینا ارشاد کر دیا تاکہ شیطان تم مین جھگڑے کا موقع نہ پاوے - پس ہر چھوٹے وبڑے معاملہ مین جب اودھار ہو حق کی مقدار وقرض کی میعاد ٹھیک ٹھیک لکھکر گواہ کر لو - اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ - تقع - تِجَارَةً حَاضِرَةً - اور عاصم کی قراءۃ مین تجارۃ حاضرۃ نصب ہے یعنے الا ان یکون التجارۃ - تجارۃ حاضرۃ - تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ - تقبضونہا ولا اجل فیہا - مگر اس صورت مین جبکہ نہو نہ لکھو کہ تجارت حاضرہ ہو کہ اسکو وصول کر لو ہاتھون ہاتھ - اور اسکے ادا کی کوئی مدت نہو - فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ - فی - اَنْ لَّا تَكْتُبُوْهَا والمراد بہا المتجر فیہ - پس یہ تم پر گناہ نہین - اس بات مین - کہ نہ لکھو اسکو اس سے مراد وہ چیز ہے جسمین تجارت واقع ہوے - اسلیے کہ خود تجارت تو مصدر یا فعل ہے اسکا لکھنا نہین ہو سکتا لیکن اس صورت مین یہ مناقشہ ہو سکتا ہے کہ باوجود لین دین کے بائع یا مشتری دعوی کرے کہ مین نے نہین بیچا یا مین نے نہین خریدا لہذا فرمایا - وَاَشْهِدُوْٓا اِذَا تَبَايَعْتُمْ - علیہ فانہ ادفع للاختلاف - اور جب تمنے باہم مبایعت کر لی تو اسپر گواہ کر لو - یعنے اسواسطے کہ اس سے اختلاف خوب دفع رہتا ہے شیخ سیوطی نے کہا کہ یہ حکم اور اگلا حکم دونون استحباب کے ہین یعنے لکھنا اور گواہ کر لینا مستحب ہے واجب نہین ہے - وَلَا يُضَآرَّ كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ - صاحب الحق ومن علیہ تحریف او امتناع

عن الشہادۃ والکتابۃ - لایُضارّ میں معروف ومجہول دونوں احتمال ہیں معروف بمعنے ضرر نہ دیوے اور مجہول بمعنے ضرر نہ دیا جاوے - پس اگر معروف ہی تو لایضارّ دراصل لایُضارِرُ بصیغۂ معروف بکسر راء مہملہ اول ہی اور معنے یہ ہیں کہ نہ ضرر دیوے کاتب اور نہ گواہ اس شخص کو جسکا قرضہ چاہیے اور نہ اسکو جسپر قرضہ ہی باین طور ضرر نہ دے کہ لکھنے میں یا گواہی دینے میں تحریف کردے یا باین طور کہ لکھنے سے انکار کرے یا گواہی ادا کرنے سے انکار کرے اور اگر لایضارّ دراصل بفتح راء مہملہ اول بصیغۂ مجہول ہی تو معنے یہ ہونگے کہ نہ ضرر دیا جاوے کاتب اور نہ گواہ یعنے نہ ضرر دیوے ان دونوں کو وہ شخص جسکا حق چاہیے ہی باین طور کہ ان دونوں سے لکھنے میں اور گواہی ادا کرنے میں وہ بات کہے جو لائق نہیں ہی یعنے ایسی بات لکھنے کو کہے جو لکھنے کے لائق نہیں ہی یا گواہ سے ایسی گواہی ادا کرنے کو کہے جو ادا کرنے کے لائق نہیں ہی - وَاِنْ تَفْعَلُوْا - ما نہیتم عنہ - اور اگر تم نے وہ بات کی جس سے منع کیے گئے ہو - فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌ - خروج عن الطاعۃ لاحق - بِكُمْ - تو یہ فسوق ہی یعنے طاعت سے خروج ہی جو تمکو لاحق ہی - وَاتَّقُوا اللّٰهَ - فی امرہ ونہیہ اور ڈرو اللہ سے باین طور کہ اسکے حکم بجالاؤ اور جس سے منع کیا ہی اس سے باز رہو - وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ - مصالح امورکم حالانکہ سکھلاتا ہی تمکو اللہ تعالے یعنے تمہارے کاموں کی بھلی راہیں جس سے تمہارے کار دنیا وآخرت درست ہوں فا یہ آیتیں کریمہ قرآن مجید میں سب سے طویل آیت ہی اور سعید بن المسیب سے روایت ہی کہ انکو خبر پہونچی کہ عرش کے ساتھ سب سے قریب مانہ کی جدا ہوئی آیۃ الدین ہی رواہ ابن جریر اور ظاہر یہ ہی کہ یہ قربت اضافی ہی اور معتمد یہ ہی کہ سب سے آخر نازل ہونے والی آیۃ قولہ واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ الآیہ ہی اور سب سے آخر نازل ہونے والی اور آیتیں بھی مروی ہوئی ہیں اور مفسر نے اتقان میں اسکو مفصل مع توفیق نقل کیا ہی اور واضح ہو کہ اس آیت سے ظاہر ہی کہ اللہ تعالے نے مومنوں کے دلوں کو متفق رکھنے میں اہتمام مزید کا اشارہ فرمایا کیونکہ جب شیطان ایک دوسرے کے دل میں شک ونفاق ڈالے وباہم جھگڑا ہو تو پھوٹ ہو جائیگی اور صحابہ رضی اللہ عنہم اگرچہ باہم ایک دل تھے لیکن بھول چوک سب کے ساتھ لگی ہی پس ممکن تھا کہ قرضخواہ یا قرضدار اپنی بات سے بوجہ بھول کے انکار کر جاوے اور ابن عباس رض سے روایت ہی کہ جب آیۃ الذین اٰمنوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہلے جس شخص نے اپنی بات سے انکار کیا وہ آدم علیہ السلام ہیں اللہ تعالے نے جب آدم کو پیدا کیا تو انکی پشت کو مسح فرمایا پس قیامت تک جو بشر پیدا ہونے والے تھے انکو نکالا اور آدم پر انکی ذریات پیش کی گئیں پس آدم نے انمیں ایک مرد کو دیکھا جو چراغ میں بارونق تھا پس عرض کیا کہ اے پروردگار یہ کون ہی حکم ہوا کہ میرا بیٹا داؤد ہی عرض کیا کہ پروردگار اسکی عمر کیا ہی فرمایا کہ ساٹھ برس ہی عرض کیا کہ پروردگار اسکی عمر بڑھا دے فرمایا کہ نہیں مگر آنکہ تیری عمر میں سے بڑھا دوں اور آدم کی عمر ایک ہزار برس مقرر ہوئی تھی پس آدم نے اپنی عمر سے چالیس برس بڑھائے پس آدم پر اسکا ایک نوشتہ لکھا گیا اور اسپر فرشتے گواہ کیے گئے پھر جب آدم کی وفات کا وقت پہونچا اور موت کے فرشتے آئے تو آدم نے کہا کہ میری عمر کے چالیس برس باقی رہے ہیں تو کہا گیا کہ تو نے اپنی عمر سے چالیس برس اپنے بیٹے داؤد کو دیے ہیں آدم نے کہا کہ میں نے تو ایسا نہیں کیا ہی پس اللہ تعالے نے آدم پر وہ تحریر ظاہر کی اور فرشتوں کی اسپر گواہی واقع ہوئی - رواہ الامام احمد اور دوسری سند سے اس روایت میں اتنا زیادہ ہی کہ پھر اللہ تعالے نے داؤد کے لیے سو برس اور آدم کے لیے ہزار برس پورے کر دیے قال ابن کثیر اور ایسا ہی ابن ابی حاتم نے اسکو روایت کیا اور یہ ضرور ایک غریب حدیث ہی اور اسکا ایک راوی جو علی بن زید بن جدعان ہی سکی احادیث میں نکارت ہوتی ہی اور حاکم نے اسکو کئی طریقوں سے حضرت ابوہریرہ رض سے روایت کیا ہی واللہ اعلم - اب یہاں سے اس مداینت کا حال شروع ہوا جو لوگوں میں واقع ہوتی ہی پس فرمایا یاایہا الذین آمنوا اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبوہ - تداین بروزن تفاعل باہم دین کالین دین کرنا اور دین عرب کے نزدیک وہ عوض ہی جو غائب ہو اور عین وہ ہی جو حاضر ہو یعنے روبرو ہو پس اللہ تعالے نے سود کا لین دین حرام کرنے کے بعد سلم اور قرض کا لین دین جائز فرمایا

سلم وہ ہی کہ عوض نقد ہو اور معوض ادھار ہو اور قرض کا لین دین ہوتا ہی اسمیں عوض اور معوض دونوں ادھار ہوتے ہیں

یعنے ایک طرف سے نقد دیا جاوے اور دوسری طرف سے اودھار ہوا اور اس طریق سے بھی مقصود حاصل ہی اسیواسطے بعض علمانے فرمایا کہ کوئی منفعت و لذت ایسی نہین جو حرام طریقہ سے حاصل ہوتی مگر آنکہ اللہ عزوجل نے اسکی مثل لذت و منفعت حاصل کرنیکا حلال طریقہ مشروع فرمایا ہی اور ابن عباس نے فرمایا کہ جب اللہ تعالے نے سود کو حرام فرمایا تو سلم کو مباح کردیا اور بخاری وغیرہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ مین گواہی دیتا ہون کہ بیع سلم جسکے ساتھ میعاد مذکور ہو اللہ تعالے نے اسکو حلال کیا ہی اور یہ آیت پڑھ دی اور بیع سلم یہ ہی کہ نقد روپیہ اسوقت دیدیا اور دوسرے سے وہ مال جسکے عوض روپیہ دیا ہی ایک میعاد معلوم پر لیا شرائط کے ساتھ ٹھہرلیا اور اسکے تمام شرائط ترجمۂ فتاوے عالمگیری کی کتاب البیوع باب السلم سے تلاش کرلینی چاہیین اگر کہا جاوے کہ تداین از باب تفاعل ہی اور حقیقت اسکی یہ ہی کہ دونون طرف سے ہو یعنے دونون مین سے ہر ایک کی طرف سے دین کا لین دین ہو یعنے مثلاً زید نے عمرو سے سو روپیہ کے گیہون باوصاف جید فی روپیہ ایک من کے حساب سے بدین وعدہ خریدے کہ تین مہینہ گذرنے پر چوتھے مہینہ کی پہلی تاریخ کو ادا کرے تو تداین کی لفظ کا مقتضا یہ ہی کہ روپیہ بھی ابھی ندے قرض رکھے جیسے گیہون دوسرے کے ذمہ قرضہ ہین اور یہی بیع دین بعوض دین ہی اور یہ بالاتفاق باطل ہی تو جواب یہ ہی کہ تداینتم بمعنے تعاملتم ہی یعنے تمنے باہم معاملہ کیا اور اسکو تداینتم سے اسواسطے تعبیر فرمایا کہ اسمین فی الجملہ دین ہونیکا اشعار ہو اور تقدیر کلام یہ ہی کہ اذا تعاملتم معاملۃ فیہا دین تمنے باہم ایسا معاملہ کیا جسمین قرضہ ہی اور کالین بمعنی ہی کہ عرب والے بولتے ہین کہ دایتہ مین نے اس سے مداینت کی جبکہ اودھار معاملہ کیا ہو خواہ دینا اودھار رکھا ہو مثلاً کسی سے کوئی چیز قرض خریدی اور دس وزیں دینے کا وعدہ کیا یا لینا اودھار کیا ہو مثلاً دس روپیہ دیے اور چیز لینا ایک مہینہ کے وعدہ پر ٹھہرا اور یہ ایسا ہی جیسے بایعتہ بولتے ہین یعنے مین نے اس سے مبایعت کی خواہ اسنے تیرے ہاتھ بیچا ہو یا تو نے اسکا ہاتھ فروخت کیا ہو اگر کہا جاوے کہ پھر اس صورت مین اذا تداینتم الی اجل مسمی کافی تھا بدین کا لفظ کیون زیادہ ہوا ہی تو جواب یہ ہی کہ اسواسطے ذکر ہوا تاکہ فاکتبوہ کا مرجع ہو کیونکہ درصورت اسکے نہونے کے فاکتبوا الدین کہنا واجب ہوتا اور اسمین وجہ حسن تھا جو فاکتبوہ برجوع ضمیر مین ہی اور نیز تاکہ یہ وہم نہو کہ دائن نے زیادہ مکافات اور بدلے کے اسکو دیا ہی اور نیز اسمین خوب ظاہر ہوگیا کہ دین کی دو قسمین ہین ایک دین سلم اور دوسرا دین حال **قال المترجم** جاننا چاہیے کہ دین و قرض مین یہی فرق ہی کہ دین تو ہر ایسا اودھار ہی جسمین میعاد ہو اور قرض وہ ہی جسمین میعاد نہو پس مال عین کے بدلے مال دین کو فروخت کرنا سلم ہی اور مال دین کے بدلے مال عین فروخت کرنا اودھار کہلاتا ہی لیکن ان دونون مین مدت ہوتی ہی اور قرض مین مدت نہین ہوتی ہی پس ابن عباس رضی اللہ عنہ سے اگر یہ روایت ہی کہ یہ آیت بیع سلم کے حق مین اتری ولیکن بالاتفاق سلم و اودھار دونون قسمون کو شامل ہی اور رہا قرض تو نیشاپوری شافعی نے اپنی تفسیر مین تصریح کردی کہ قرض اسمین شامل نہین چنانچہ کہا کہ بیع عین بعوض دین کے اور اسکے برعکس جو سلم کہلاتی ہی دونون اس آیت کے تحت مین داخل ہین اور رہا قرض تو وہ اسمین داخل نہین ہی اور وہ دین نہین ہی اسواسطے کہ دین مین تو مدت جائز ہوتی ہی اور قرض مین مدت نہین جائز ہی انتہی کلامہ اور یہ جو نیشاپوری نے ذکر کیا ہی یہی امام ابوحنیفہ و امام شافعی کا مذہب ہی جیسا کہ فریقین کی معتبر کتابون سے ظاہر ہوتا ہی پس مفسر رحمہ اللہ نے جو دین کی تفسیر مین (کسلم و قرض) کہا ہی خلاف مذہب شافعیہ کہا ہی اور اسکا جواب یہ ہوسکتا ہی کہ شاید مفسر رحمہ اللہ نے سلم کا عکس مراد لیا ہو کہ سلم تو بیع دین بعوض عین ہی اور عکس اسکا بیع عین بعوض دین ہی اسیکو بسبیل مساہلہ قرض کہدیا ہی اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ شاید مفسر رحمہ اللہ نے یہان اپنے اجتہاد سے قرض یعنے اصطلاحی کو داخل آیہ کریمہ لیا ہو جیسا کہ امام مالک کا مذہب ہی اور اسمین مضائقہ نہین کیونکہ مفسر رحمہ اللہ کا بھی بدرجۂ اجتہاد ہونا مسلم ہی اور استدلال اسپر اس حدیث مرفوع سے جو ابورافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہان ایک مہمان آیا پس آپ نے مجھے ایک یہودی کے پاس بھیجا کہ مین آپ کے واسطے اس سے

قولہ تعالے فاکتبوہ الخ یعنے دین کو لکھ لیا کرو

قولہ تعالے ولیکتب بینکم کاتب الخ یعنے تمسکے واسطے دین حال ہو اور قرض جسکی میعاد نہین ہوتی

قولہ تعالے ولا یاب کاتب الخ یعنے لکھنے والے کو ضرر نہو

رجب کا چاند دیکھے جانے کی مدت کے وعدے پر آٹا قرض لاؤں تو یہودی نے کہا کہ میں نہیں دیتا ہوں مگر اس شرط سے کہ میرے لیے رہن دیکر مضبوطی کر دیں پس میں نبی صلعم کے پاس آیا اور آپ کو اسکے قول کی خبر دی تو آپ نے فرمایا کہ ارے میں تو امین آسمان والوں کا اور امین زمین والوں کا ہوں پھر ہتھیار میں آپ کے پاس سے نہیں نکلا تھا کہ یہ آیت نازل ہوئی۔ لاتمدن عینیک الی ما متعنا بہ ازواجا منہم الآیۃ۔ رواہ البزار و ابو یعلی **کما ذکرہ المفسر فی الاتقان** اور اصل اسکی صحیح میں موجود ہے پس اس حدیث سے ثابت ہوا کہ آپ نے آٹا قرض مانگا اور اسکی مدت مقرر کی اور اگر روا نہ ہوتا تو آپ ہرگز نہیں کرتے اور نیز بخاری رحمہ اللہ نے تعلیقاً بصیغہ جزم کہا کہ ابن عمر رضی اللہ عنہما اور عطا رحمہ نے کہا کہ قرض میں اگر مدت لگائی جاوے تو جائز ہے اور نیز قوی استدلال اسپر آیہ مذکورہ کے عموم سے ہے کہ اسمیں سے قرض کی تخصیص نہیں ہے فافہم۔ اگر کہا جاوے کہ کلما اذا مفید عموم نہیں حالانکہ آیت سے مراد عموم ہے یعنے کلما امنتم بدین۔ پس کلما کیوں نہیں آیا تو جواب دیا گیا کہ اذا اگرچہ مقتضی عموم نہیں مگر وہ عموم سے مانع نہیں ہے اور یہاں دلیل قائم ہوئی کہ ارکتابت بروجہ عموم ہے **ذکرہ فی السراج** پھر قولہ الی اجل مسمی۔ میں مسمی یعنے نام رکھی گئی اسی مدت بیان کردی گئی اور مراد اس سے معلوم ہے یعنے مدت معلومہ ہو کہ اسکا اول و آخر ٹھیک طور سے معلوم ہو جسمیں جھگڑا نہ ہو سکے اور حدیث صحیح میں ثابت ہوا کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ جو شخص بیع سلم ٹھہراوے چھوہارے لینے میں تو پیمانہ معلوم میں مدت معلومہ تک کے ساتھ ٹھہراوے اور یہی قول جمہور کا ہے اور نیز علما کا قول ہو کہ اگر ادھار کوئی چیز فروخت کی تو دام دینے کی مدت معلوم مقرر ہو ورنہ بیع فاسد ہے پس انھوں نے معلوم ہونے میں یہ شرط کی کہ دنوں و مہینوں و سال سے اول و آخر ٹھیک طور پر بیان کرکے مدت مقرر کرے اور یوں نہیں جائز ہے کہ کھیتی کاٹی جانے یا روندے جانے یا حاجیوں کا قافلہ آنے یا ہوا چلنے یا پانی برسنے کی مدت مقرر کرے یعنے تجھے دام جب دونگا کہ جب ہوا چلے اور ایسی ہی سلم میں بھی یہ نہیں جائز ہے اور امام مالک رحمہ نے اسکو جائز رکھا ہے اور بعضے متاخرین نے فرق کیا ہے کہ اگر ایسی مدت ہو جو فی الجملہ بھی معلوم نہیں جیسے جب آندھی آویگی یا جب ٹیڈیاں گرینگی تب دونگا تو یہ باطل ہے اور جو فی الجملہ معلوم ہے مثلاً کھیتی کاٹی جانا یا عطا کا ملنا یا حاجیوں کا قافلہ آنا تو فاسد ہے اور تمام کلام کتاب البیوع ترجمہ عالمگیری سے تلاش کرو۔ پھر قولہ فاکتبوہ۔ کی ضمیر راجع بجانب دین ہے اور گویا کہ اسمیں فی حال مدت کو ضروری ہے اسیواسطے آگے تجارۃ حاضرۃ میں کتابت کو نہیں فرمایا فتامل۔ پھر اسمیں اختلاف ہے کہ یہ لکھنا و تحریر کرنا واجب ہے یا مستحب ہے پس جمہور کے نزدیک یہ امر واسطے استحباب کے ہے چنانچہ اگر تحریر ترک کی تو مضائقہ نہیں ہے اور بعض نے کہا کہ واجب ہے اور ظاہر صیغہ امر بھی اسپر دلالت کرتا ہے اور یہی قول عطاء و نخعی و ابن جریج کا ہے اور اسیکو **شیخ ابن حجر طبری** نے اختیار کیا ہے اور ابن کثیر نے فرمایا کہ یہ امر فقط ارشاد ہے واجب نہیں جیسا بعضوں نے کہا ہے ابن جریج نے فرمایا کہ جو قرض و ادھار معاملہ کرے اسکو چاہیے کہ لکھے اور جو بیع کا معاملہ کرے اسکو چاہیے کہ گواہ کرے اور قتادہ رحمہ نے فرمایا کہ ہم سے ذکر کیا گیا کہ ابو سلیمان عرشی ایک شخص تھا کہ جسنے کہ بیع کی صحت سے فیض پایا تھا پس کہتے ہیں کہ ایک دن اپنے شاگردوں سے فرمایا کہ بھلا تم کوئی ایسا مظلوم جانتے ہو جسنے اپنے پروردگار سے دعا مانگی مگر قبول نہ ہوئی تو شاگردوں نے عرض کیا کہ یہ کیونکر ہو گا فرمایا کہ ایک شخص نے ایک مدت کے وعدے پر بیع کی مگر نہ گواہ کیے اور نہ تحریر کی پھر جب اسکا مال ڈبکیے جانے کا وقت آیا تو جسپر آتا ہے وہ انکار کر گیا پس جقدر نے دعا کی مگر قبول نہ ہوئی کیونکہ اسنے اپنے پروردگار کی نافرمانی کی **قال المترجم** اور اس معنے میں حدیث مرفوع موجود ہے اور یہ قول دلالت کرتا ہے کہ اپنے حق کی حفاظت میں تحریر واجب ہے اور ابو سعید و شعبی و ربیع بن انس و حسن و ابن جریج و ابن زید وغیرہم نے فرمایا کہ یہ پہلے واجب تھا پھر منسوخ ہوا بقولہ تعالے فان امن بعضکم بعضا فلیؤد الذی اؤتمن امانتہ۔ اور اسپر وہ حدیث بھی دلیل ہے جسمیں ہمسے اگلوں کی شرع نقل کی گئی اور ہماری شرع میں مقرر ہوئی اور اسمیں نہ لکھوانے و گواہ نہ کرلینے پر انکار نہیں کیا گیا اور حدیث یہ ہے کہ ابو ہریرہ رضی نے بیان کیا کہ حضرت رسول اللہ صلعم نے ذکر فرمایا کہ ایک مرد نے بنی اسرائیل میں سے دوسرے شخص

بنی اسرائیل سے درخواست کی کہ مجھے ہزار دینار قرض دے وہ بولا کہ اچھا گواہوں کو لا کہ مین انکو گواہ کرلون اسنے کہا کہ کفی باللہ شہیدا یعنے اللہ تعالے ہمپر کافی شاہد ہی اسنے کہا کہ کفیل کو لا کہ مین اسکو کفیل کرلون اسنے کہا کہ کفی باللہ کفیلا۔ یعنے اللہ تعالے کافی کفیل ہی وہ بولا کہ تو نے سچ کہا پس اسکو ایک مدت معلومہ کے وعدے پر ہزار دینار قرض دیدیے پس قرض لینے والا دریا کا سفر کر گیا اور جہان گیا وہان اپنا کام پورا کیا پھر سواری ڈھونڈھی کہ سوار ہو کر دریا سے اپنے وطن کو آوے تاکہ جو میعاد قرار دی تھی اسپر قرضخواہ کو قرض پہونچا دے مگر اسکو جہاز وغیرہ سواری نہ ملی جسکی وجہ بہت ہی مضطرب ہوا اور ہر طرح کوشش کی مگر سواری نہ پائی پس اسنے ایک لکڑی لیکر اسکو اندر سے سوراخ کیا اور اسمین ہزار دینار و خط بنام قرضخواہ بند کر کے اس لکڑی کا منہ مضبوط باندھ کر دیا پھر اسکو سمندر پر لایا اور دعا مانگی کہ میرے پروردگار تو خوب جانتا ہی کہ مجھ بندے نے فلان بندے سے ہزار دینار قرض مانگے اسنے مجھسے کفیل مانگا مین نے کہا کہ اللہ تعالے کافی کفیل ہی اور وہ اسپر راضی ہو گیا اور اسنے مجھسے گواہ چاہے مین نے کہا کہ اللہ تعالے کافی گواہ حاضر ناظر ہی اور وہ اسپر راضی ہو گیا اور اب مین نے ہر چند کوشش کی کہ کوئی سواری پاؤن کہ اس سے یہ دینار قرض کے اس شخص کو پہونچاؤن جسنے مجھے دیے تھے مگر مجھے سواری نہ ملی اب مین نے انکو تیری ودیعت مین دیا یہ کہکر دریا مین ڈال دیا حتی کہ وہ دریا مین ڈوب گیا پھر خود لوٹ گیا اور وہ اسی فکر مین تھا کہ سواری جہاز وغیرہ ملے کہ اپنے شہر کو جاؤن پھر وہ شخص جسنے قرض دیا تھا دیکھنے آیا تھا کہ شاید جہاز آیا ہو کہ اسکا مال لایا ہو ناگاہ اسکو وہ لکڑی ملی جسمین مال تھا وہ اسکو اپنے گھر جلانے کے کام کے واسطے اٹھا لایا جب اسکو توڑا تو اسمین مال و خط پایا پھر وہ شخص آیا جسنے قرض لیا تھا پس ہزار دینار اسکے پاس لایا اور کہا کہ واللہ مین برابر اس سے پہلے جہاز ڈھونڈھتا رہا تاکہ تیرا مال تجکو پہونچاؤن مگر اس سے پہلے مجھے جہاز ہی نہ ملا تب قرضخواہ نے کہا کہ بھلا تو نے میرے پاس کچھ بھیجا ہی وہ بولا کہ مین تجھسے کہتا جاتا ہون کہ مین جسمین آیا ہون اس سے پہلے مجھے جہاز ہی نہین ملا ہی وہ بولا کہ اللہ عزوجل نے تیری طرف سے مجکو وہ مال ادا کر دیا جو تو نے لکڑی مین کر کے بھیجا تھا پس تو اپنے یہ ہزار دینار مسلم لیکر اپنے گھر جا۔ رواہ احمد باسنادہ پھر ابن کثیر نے کہا کہ یہ اسناد صحیح ہی اور بخاری رحمہ اللہ نے اسکو سات جگہ طرق صحیحہ سے معلقا بصیغہ جزم روایت کیا ہی قولہ تعالے ولیکتب بینکم کاتب بالعدل۔ یعنے چاہیے کہ لکھے تمہارے درمیان ایک کاتب بانصاف وحق طور پر۔ یعنے کاتب اپنی تحریر مین گھٹاوے بڑھاوے نہین اور کسی کی طرف نہ جھکے اور اسیقدر لکھے جسپر دونون نے اتفاق کیا ہی اور یہ حکم اگرچہ ظاہر مین کاتب کو ہی مگر درحقیقت ہر دو معاملہ مداینت کرنے والون کو حکم ہی کہ ایسا کاتب چھانٹین جو فقیہ متدین ہو تاکہ اسکی تحریر پر اعتماد ہو اور شرع مین اسکی تحریر پر اعتبار ہو قال المترجم اسمین بطور وجوب یا استحباب کے حفاظت و وثوق کی غرض سے تحریر کرنے کا حکم دیا گیا ہی پھر اگر یہ کہا جاوے کہ یہان تو یہ حکم ہی اور صحیحین کی حدیث مین عبداللہ بن عمر سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہم لوگ امی امت ہین نہ لکھتے ہین اور نہ حساب جماتے ہین۔ پھر حدیث و آیت مین توفیق کیونکر ہوگی تو شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ جواب یہ ہی کہ دین اپنی ذات کی راہ سے اسکا محتاج نہین ہی کہ اسمین کتابت کی کچھ بھی ضرورت ہو اسواسطے کہ قرآن مجید کو اللہ عزوجل نے سہل فرمایا اور اسکا یاد کرنا لوگون پر آسان کر دیا اور عدد شہور یعنے سنون نبی صلی اللہ علیہ وسلم بھی یون ہی حفظ ہین اور یہ چیزین جنکے لکھنے کا اللہ تعالے نے حکم دیا ہی وہ لوگون مین واقع ہوتی ہین قال المترجم مسلم و نسائی نے حدیث بالا کو کتاب الصوم مین اخراج کیا ہی اور تمام حدیث کا مضمون یہ ہی کہ ہم امت امی ہین نہین لکھتے اور نہ حساب جماتے ہین مہینہ اتنا بھی ہوتا ہی اور اتنا بھی ہوتا ہی یعنے انتیس دن کا اور تیس دن کا۔ پس بعض علماء نے کہا کہ دنون کا حساب نہین لگاتے ہین بلحاظ حساب نجوم کے کہ چاند کی تاریخ معلوم کرین اسی سے بعض نے زعم کیا کہ اگر کوئی شخص حساب جانتا ہو تو نجوم کی تاریخ ہلال پر روزہ رکھ سکتا ہی یہ قول جسم کہتا ہی کہ قول غلط اور سخت مہمل ہی اور ملا علی قاری نے شرح النخبۃ الفکر مین اس قول پر سخت تشنیع کی ہی اور کہا ہی

کہ نجوم کی تاریخ پر روزہ رکھنا ہرگز روا نہیں ہی اور حدیث مین ثابت ہوا ہی کہ جو رمال و نجومی کے پاس گیا اسنے محمد صلعم کی نافرمانی کی اور وہ قریب بکفر ہی اور ایک جماعت علما نے اسکی تکفیر کی ہی قولہ ولایاب کاتب ان یکتب کما علمہ اللہ فلیکتب۔ جاننا چاہیے کہ لایاب صیغہ نہی ہی از ابی یابی اذا امتنع اور صلہ اسکا من ہے آتا ہی بولتے ہین کہ ابی من ذلک پس معنے یہ کہ لایاب کاتب من الکتابۃ جیسا کہ مفسر رح نے مقدر کیا ہی اور مراد یہ ہی کہ جب کاتب سے لکھنے کو کہا جاوے تب وہ انکار نکرے کیونکہ ایا اسیوقت متحقق ہوتا ہی جبکہ کسی سے کہا جاوے اور وہ انکار کرے اور کاتب اسم نکرہ تحت نفی کی ہی پس وہ عموم کو مفید ہی یعنے کوئی کاتب انکار نہ کرے جب اس سے درخواست کیجاوے بشرطیکہ وہ اس کتابت کو جانتا ہو اور اگر وہ خالی لکھنا جانتا ہی اور رمد اینت کی تحریر نہین جانتا ہی تو وہ گویا کاتب ہی نہین ہی اور شیخ ابن کثیر نے عدم ضرر کی بھی شرط لگائی چنانچہ کہا کہ معنے یہ ہین کہ انکار نہ کرے وہ شخص جو اس کتابت سے واقف ہی جبکہ اس سے معاملہ دین کرنے والے درخواست کرین اور کاتب مذکور کو ضرر بھی نہ پہونچتا ہو پس جیسے اللہ تعالے نے اسپر فضل کیا کہ جو چیز نہین جانتا تھا وہ سکھلا دی ویسے ہی وہ ان لوگون پر شکریہ الٰہی مین احسان و صدقہ کرے جو کتابت نہین جانتے ہین یا اچھی طرح نہین لکھ سکتے ہین پس چاہیے کہ لکھدے اور حدیث مین یہ مضمون ہی کہ منجملہ صدقہ کے ہی یہ بات کہ اعانت کرے قال المترجم عام ضرر کی قید اس آیت کے آخر جملہ سے ماخوذ ہی یعنے قولہ لایضار کاتب سے اور مجاہد و عطا نے کہا کہ کاتب پر لکھدینا واجب ہی اور بعض نے ذکر کیا کہ جو علما اس تحریر کو واجب کہتے ہین انھون نے کاتب پر بھی واجب کہا ہی کہ جب وہ لکھنے کو بلایا جاوے اور اسکے سوائے دوسرا کاتب موجود نہو تو اسپر لکھدینا واجب ہی اور جمہور کے نزدیک جیسے یہ لکھوانا دونون معاملہ کرنے والون پر مستحب ہی ویسے ہی کاتب پر بھی مستحب ہی۔ قولہ تعالے ولیملل الذی علیہ الحق ولیتق اللہ ربہ۔ املال و املا ہر دو لغت بمعنے واحد ہین اول زبان اہل حجاز ہی اور دوم زبان بنی تمیم اور املا یہ ہی کہ خود بتلاتا جاوے اور دوسرا لکھتا جاوے اور مراد یہ نہین ہی کہ جو الفاظ یہ بولتا ہی وہی بعینہ کاتب لکھدے اگرچہ نے ترتیب و نامربوط طور پر ہون بلکہ غرض یہ ہی کہ جو اسکا اقرار ہو وہ کاتب کو بتلاوے اور املا کرنے کا حکم اس شخص کو جسپر حق واجب ہوا ہی اسواسطے دیا گیا کہ اسکے ذمہ قرضہ ثابت ہونے کی گواہی تو اسیکے اقرار سے ہوگی پس وہی اقرار کرتا جاوے و بتلاتا جاوے کہ بعد تحریر کے گواہ اسکے اقرار پر اسکے ذمہ ثبوت قرضہ کے گواہ رہین اور قولہ ولیتق اللہ سے اسکو کاتب کے املا کرنے مین تقوی اور اللہ تعالے سے ڈرنے کا حکم کیا پس وہ پورے حق یا تھوڑے حق کسی سے منکر نہو جاوے اور اسمین مبالغہ فرمایا کہ اسم و وصف دونون کو جمع کیا یعنے اللہ اور ربہ دونون سے تقوی کرنے کی تاکید کی اگرچہ ایک ہی نام پاک کافی ہی مگر مبالغہ فرمایا ہی اور حق یعنے قرضہ کی بابت بھی تاکید سے مبالغہ فرمایا کہ لاینقص منہ شیئا۔ ای لاینقص منہ شیئا۔ یعنے حق مذکور کے تمام و کمال اقرار کرنے مین بحالت املا کچھ کمی نہ کرے اور بخس بمعنے نقص و کم کرنا۔ اور یہ تفسیر بنا بر اختیار مفسر رح ہی اور بعض نے کہا کہ یہ ممانعت کاتب کو ہی یعنے کاتب کو چاہیے کہ قرضدار نے جو اسپر املا کیا ہی اسمین کچھ کمی نہ کرے۔ اور پوشیدہ نہین جو مفسر رح نے اختیار کی ہی وہی ارجح ہی کیونکہ کمی کرنے کا احتمال تو اسی شخص کی طرف سے ہی جسپر حق واجب ہوا ہی اور اگر یہ کاتب کو ممانعت ہوتی تو فقط کمی کرنے سے ممانعت پر اقتصار نہوتا کیونکہ کاتب سے تو زیادہ کر دینے کا بھی احتمال ہی جیسے کم کر دینے کا احتمال ہی فافہم۔ قولہ تعالے فان کان الذی علیہ الحق سفیہا او ضعیفا او لایستطیع ان یمل ہو سفیہ وہ شخص کہ اچھی طرح تصرف کرنے مین اسکی رائے کام نہ دیتی ہو پس اس سے لینا و دینا خوب نہین بنتا ہی یہ تغلبیہ ثبوب سفیہ ہی ای وہ کپڑا جسکی بناوٹ جھری ہووے یعنے جیسے یہ کپڑا اپنی بناوٹ مین ضعیف و غیر مضبوط ہوتا ہی ایسے ہی اس شخص کی رائے مضبوط نہین ہوتی ہی اور عرب والے لفظ سفہ کو کبھی عقل کے ضعف پر اور کبھی بدن کے ضعف پر اطلاق کرتے ہین بالجملہ سفیہ وہ ہی جو بیجا اپنا مال برباد کرنے اور پھینکنے والا ہو خواہ اسوجہ سے کہ تصرف کرنے کا طور ہی نہین جانتا ہی یا اسوجہ سے کہ باوجود جاننے کے عبث برباد کرنے کی عادت ہی اور بعض نے کہا کہ سفیہ سے وہ مراد ہی جو املا نہ جانتا

ہو۔ قولہ ضعیفا ماخوذ از ضعف اور وہ عقل بدن دونوں کے ساتھ بولا جاتا ہی مگر اہل لغت نے کہا کہ بدن کے ساتھ ضعف بضم ضاد معجمہ ہی اور عقل ورائے کے ساتھ بفتح ضاد معجمہ ہی اور مراد یہ کہ کھوانے سے ضعیف ہو یعنے مضمون اقراری نہ بتلا سکتا ہو یا تو بسبب صغر سنی و بچپن کے اور یا بسبب کبر سنی و بڑھاپے کے جبکہ ایسی حالت پہونچ گئی کہ اسکی عقل مین خلل آگیا ہی اور شیخ ابن کثیر وغیرہ کے کلام سے ظاہر ہی کہ ضعف یا باعتبار بدن کے اور وہ لڑکا ہی اور یا باعتبار عقل کے اور وہ مجنون یا معتوہ ہی ولیکن مجنون سے اسکی تفسیر کسیقدر تامل کے قابل ہی اسواسطے کہ وہ عقل جاتی رہنا کہلاتا ہی اور یہان لفظ ضعف مذکور ہی ہان معتوہ سے البتہ مناسب ہی۔ اگر کہا جاوے کہ یہ تفسیر بالرائے ہوگئی تو کہا جائیگا کہ ہرگز نہین نعوذ باللہ منہ یہ تو باعتبار اطلاق و استعمال لغت کے کلام ہی جو ہر ایک جانتا ہی اور عبدالرزاق کی روایت ابن عباسؓ اول پارہ مین گذر چکی اور عنقریب آتی ہی انشاء اللہ تعالے کہ تفسیر لا یعذر اخذ بجہالتہ۔ یعنے اہل عرب ان الفاظ کے معانی جانتے ہین انمین سے کوئی معذور نہین ہی فافہم اور قولہ لا یستطیع ان یمل ہو۔ یعنے استطاعت کھوانے کی وہ خود نہین رکھتا ہی اور استطاعت کے معنے یہ ہین کہ سب چیزین جو ایک کام کے انجام دینے مین درکار ہین سب درستی سے موجود ہون پھر اگر کوئی نقص ہو تو استطاعت نہوگی پس اگر گونگا ہو یا زبان بچاتا ہو یا قید مین پڑا ہو یا ایسی طرح غائب ہو کہ کاتب کے پاس نہ پہونچ سکتا ہو یا اسکو معلوم ہی نہو کہ مجمر کیا ہی یا جیسا چاہیے ویسے املا کرسکتا ہو تو ان سب کو عدیم الاستطاعت مین شمار کیا جائیگا انکا اقرار صحیح نہین ہی تو ضرور ہوا کہ کوئی اور شخص انکے قائم مقام ہو لہذا فرمایا فلیملل ولیہ بالعدل۔ پس مراد ولی سے وہی شخص ہی جو انکے قائم مقام ہووے اور ولایت شرعی جو نکاح وغیرہ مین ہوتی ہی وہ مخصوص مراد نہین ہی اور ترجمۂ تفسیر مین اسکی توضیح سے کفایت ہو گئی اور قرطبی نے اپنی تفسیر مین فرمایا کہ جو شخص سفیہ ہو پس اگر وہ محجور کردیا گیا ہی تو اسکا تصرف اس حالت مین بالاجماع فاسد ہی اس سے کوئی حکم واقع نہین ثابت ہوتا ہی اور اگر وہ محجور نہین ہی تو اسمین اختلاف ہی انتہی کلامہ اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک بالغ آزاد پر حجر نہین ہوتا ہی اور صاحبین کا اسمین خلاف ہی اور حجر کے یہ معنے ہین کہ قاضی و حاکم نے اعلان کیا کہ یہ شخص اپنے تصرفات کے قابل نہین لہذا ممنوع کردیا گیا ہی۔ اور یہ کلام ترجمۂ عالمگیری کے اس باب سے مفصل دریافت کرنا چاہیے واللہ الموفق۔ قولہ تعالے واستشہدوا شہیدین من رجالکم۔ استشہاد بمعنے گواہی چاہنا۔ و اطلاق شہیدین کا اس حالت مین قبل اسکے کہ وہ گواہ ہون مجاز ہی بایں معنے کہ وہ ہو جاوینگے اور من رجالکم کی قید سے عورتین بالاتفاق خارج ہوئین اور نابالغ بھی خارج ہوے خواہ اسوجہ سے کہ انکو رجال نہین کہتے ہین بلکہ صبیان ہین یا آنکہ وہ شاہد نہین ہوسکتے ہین اور رجال کی اضافت ضمیر خطاب کی طرف ہونے سے کفار خارج ہوے اور رہے بالغ غلام تو انمین اختلاف ہی بعض نے کہا کہ جب وہ مسلمان ہون تو رجال مسلمین مین سے ہین اور یہ قول ابن سیرین و شریح و عثمان بتی اور احمد بن حنبل و اسحق و ابوثور کا ہی۔ اور بعض نے کہا کہ غلامون کی گواہی تمام نہین ہی پس اسکی گواہی نہین جائز ہی اور یہ قول امام ابوحنیفہ و شافعی و مالک و جمہور علما کا ہی اور وجہ عدم جواز کی یہ ہی کہ غلام مین رقیق ہونے کا ایک نقص ہی۔ پھر امام ابوحنیفہؒ نے یہ جائز رکھا ہی کہ کفار کی گواہی انمین باہم ایک کی گواہی دوسرے پر روا ہی اور مسلمان پر کافر کی گواہی قبول نہوگی۔ رہے یہان دو مقام ایک یہ کہ فلیملل ولیہ بالعدل۔ سے ثابت ہوتا ہی کہ اقرار کرنے مین نیابت جاری ہوتی ہی اور اسکے جواز مین اختلاف ہی اور یہ بحث دراز بھی یہان ذکر کے قابل نہین اور دوم یہ کہ یہ استشہاد یعنے گواہ کرلینا واجب ہی یا مندوب ہی تو اسمین اختلاف ہی پس بعض نے کہا کہ واجب ہی بدین دلیل کہ اللہ تعالے نے بیع مین کہا کہ واشہدوا اذا تبایعتم۔ اور امر واسطے وجوب کے ہی پس ایسا ہی استشہاد و شہیدین سے بھی استشہاد واجب ہی اور یہ بعض صحابہ و تابعین کا مذہب ہی اور ابن جریرؒ نے اسیکو ترجیح دی ہی اور امام ابوحنیفہ و مالک و شافعی و ابویوسف و محمد وغیرہم کے نزدیک مندوب ہی اور واجب کہنے والون کی دلیل کچھ حجت نہین ہوسکتی کیونکہ جو بیع مین اشہاد کو واجب کہتا ہو اگر اسپر حجت ہوسکے تو ہو اور ابوحنیفہ و انکے اصحاب

تو بیع مین بھی واجب ہونے کے قائل نہین ہین فتامل - قولہ تعالے فان لم یکونا رجلین فرجل وامرأتان ممن ترضون من الشہداء - معنے اسکے یہ بیان کیے گئے ہین کہ پس اگر دونون گواہ دو مرد ہون یعنے دو مردون کے گواہ کر لینے کا قصد کیا گیا اگرچہ موجود بھی ہون تو ایک مرد اور دو عورتین گواہ کرلی جاوین - اور مفسر نے جو لفظ یشہدون بصیغہ مجہول مقدر کیا اسمین مرد کی جانب کو بصیغہ مذکر لانے مین غلبہ دیا کیونکہ عورتین اگرچہ دو ہین مگر وہ ایک مرد ہی کے برابر ہین اور مرد کو عورت پر فضیلت جنسی حاصل ہی ولیکن بصیغہ جمع لانا باعتبار عدد کے بنظر لفظی ہی - اور بعضے مفسرین نے فرجل وامرأتان ای فلیشہد رجل وامرأتان - مقدر کیا اور یہ بھی روا ہی - پھر معنے مذکور سے ظاہر ہوا کہ - فان لم یکونا رجلین سے یہ مراد نہین ہی کہ ایک دو دو عورتون کو گواہ کرنا سنوفت روا ہی کہ جب دو مرد نہ ملین بلکہ دو مرد کے ہوتے ہوئے بھی اگر چاہے تو ایک مرد و دو عورتون کو گواہ کرسکتا ہی اور یہی ظاہر کلام ہی - پھر ابن کثیر وغیرہ نے کہا کہ یہ صرف انھین معاملات مین ہوگا جو مالی ہون یعنے اموال کا معاملہ ہو یا اس سے مال مقصود ہو قال المترجم تفصیل اسکی یہ ہی کہ فقہائے اجماع کیا ہی کہ مالون کے مقدمات مین یہ جائز ہی کہ مردون کے ساتھ ہو کر عورتین گواہی دین حتی کہ مال کا مقدمہ یا جس سے مال مقصود ہو وے ایک مرد و دو عورتون کی گواہی سے ثابت ہو جائیگا اور اسمین بھی اتفاق ہی کہ حدود و قصاص یعنے سزاؤن کے مقدمات مین عورتون کی گواہی نہین جائز ہی نہ تنہا اور نہ مردون کے ساتھ مین - پھر ان دونون قسم کے سوائے دیگر صورتون مین اختلاف ہی پس ایک جماعت کے نزدیک مردون کے ساتھ مین عورتون کی گواہی جائز ہی اور یہی سفیان ثوری و ابو حنیفہ و انکے اصحاب کا قول ہی اور ایک جماعت کے نزدیک بدون دو مردون کے ثبوت نہین ہو سکتا اور شافعی کے نزدیک جو باتین ایسی ہین کہ غالبا اپنے عورتون ہی کو اطلاع ہوتی ہی مثل ولادت و رضاعت اور ثیبہ ہونا اور باکرہ ہونا وغیرہ تو ایسے امور ایک مرد و دو عورتون کی گواہی سے اور خالی چار عورتون کی گواہی سے بھی ثابت ہوتے ہین اور قولہ ممن ترضون - ای کائنون ممن ترضون - اور رضامندی باعتبار انکے دیندار اور پرہیزگار ہونے کے ہی اور اسمین دلیل ہی کہ گواہون مین عادل ہونا شرط ہی اور جو گواہ مستور الحال ہو یعنے اسکا حال پوشیدہ ہو معلوم نہو کہ عادل ہی یا نہین ہی تو جسنے اسکی گواہی کو رد کیا اسنے اسی آیت سے استدلال کیا کہ اسمین دلالت ہی کہ گواہ کا عادل و پسندیدہ ہونا چاہیے بخلاف مستور کے اور یہ دلیل کچھ نہین ہی اور امام ابو حنیفہ نے ظاہری عدالت پر بھی اکتفا کیا ہی اور سراج مین مذکور ہی کہ گواہی قبول ہونے کے واسطے سات شرطین ہین اسلام آزادی عقل - بالغ ہونا - عادل ہونا ایسے فعل کرنے والا نہو جنمین اگرچہ گناہ نہین مگر خلاف تہذیب ہین جیسے بازار مین کھاتے ہوے جانا وغیرہ اور ساتوین شرط یہ کہ تہمت سے بچا ہوا ہو - اور جب انمین سے کوئی شرط مفقود ہو تو گواہی صحیح نہوگی - اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ شافعی نے تمام قرآن مین جہان گواہ مذکور ہین سب مین عادل ہونے کی شرط اسی آیت سے ثابت کی اور جہان جہان مطلق مذکور ہین سب کو اسی مقید پر محمول کیا قال المترجم اور ائمہ حنفیہ کے نزدیک جہان عدالت شرط نہین وہان مطلق ہی جیسے نکاح وغیرہ مین ہی کہ وہان اللہ تعالے کے نزدیک گواہ ہی خواہ غلام ہو یا فاسق ہو مگر قاضی کے نزدیک فاسق و غلام کی گواہی سے ثبوت نہوگا - اور الحمد للہ کہ مین نے ترجمہ فتاوے عالمگیری مین ائمہ حنفیہ کے طور پر کتاب الشہادۃ مین پوری تفصیل سے فراغت پائی اسکی حاجت نہین کہ اس طویل بحث کو یہان ذکر کرون فتاوے مذکور سے خوب سیراب ہونا چاہیے کہ اس سے بڑھکر بیان کرنا متصور نہین ہی - باقی رہا یہ مسئلہ کہ ایک مرد گواہ اور مدعی کی قسم پر مدعی کے واسطے حکم ہو سکتا ہی یا نہین تو مالک و شافعی کے نزدیک ہو سکتا ہی اور ابو حنیفہ و انکے اصحاب کے نزدیک نہین ہو سکتا ہی اور جب یہ معلوم ہو گیا تو دو عورتون و مدعی کی قسم پر حکم ہونے مین بھی ایسا ہی اختلاف ہی کیونکہ یہ اسی پر مبنی ہی - پھر ایک مرد کے قائم مقام دو عورتین گواہی کے بارہ مین اسوجہ سے قرار پائین کہ عورت کی عقل ناقص ہوتی ہی چنانچہ صحیح مسلم کی حدیث ابو ہریرہ مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے تصریح ہی کہ عورت کا نقصان عقل یہ ہی کہ دو عورتون

کی گواہی ایک مرد کی گواہی کے برابر ہوتی ہی اور یہی وجہ خود آیت سے ثابت ہی قال تعالے ان تضل احدٰھما فتذکر احدٰھما الاخری۔ ابو عبیدہ نے کہا کہ تضل کے معنے تنسی ہین یعنے بھول جاوے وہ عورت۔ اور گواہی بھول جانے کے یہ معنے ہین کہ گواہی مین سے کسی جزو کی جگہ کوئی اور جزو بھولکر بیان کرے اور یہ آیت اگرچہ اس امر کی علت ہی کہ عورتون مین سے دو عدد بجاے مردون کے ایک عدد کے اسوجہ سے لیے گئے کہ ایک بھولے تو دوسری جسکو یاد ہی وہ اسکو یاد دلاوے مگر اسمین اشعار ہی کہ عورتین عقل کی ناقص ہوتی ہین بات کو ضبط نہین کھتی ہین اور اسی وجہ سے کہ عورتین قواے انسانی مین پوری نہین ہوتی ہین آجتک کوئی عورت پیغمبر نہین ہوئی اور اب تو خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت نہین بلکہ قیامت اور صالحین کے واسطے جنت و نعمت ہی اگر کہا جاوے کہ صحیح حدیث مین ہی کہ مردون مین تو بہت لوگ کامل ہوے مگر عورتون مین کوئی کامل نہین ہوئی سواے مریم بنت عمران و آسیہ اور عائشہ بنت ابی بکر کے اور عائشہؓ کی فضیلت عورتون پر ایسی ہی جیسے طعام ثرید کی فضیلت تمام کھانون پر ہوتی ہی تو جواب یہ ہی کہ یہ فضیلت تمام عورتون سے ہی اور حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ عنہا کے واسطے بھی عورتون کی طرف اضافت کرکے فرمایا۔ یعنے سیدۃ نساء اہل الجنۃ فاطمۃ۔ سب جنتی عورتون کی سردار حضرت فاطمہؓ ہین اور ایک جماعت ائمہ علما کے نزدیک حضرت فاطمہؓ کو فضل کلی تمام عورتون پر حاصل ہی فتامل فیہ۔ اور آیہ کریمہ مین تضل اور تذکر کا فاعل مبہم رکھا گیا کیونکہ دونون عورتون مین سے ہر ایک پر یہ دونون وصف جاری ہوسکتے ہین یعنے اگر وہ بھولے تو یہ یاد دلاوے اور یہ بھولے تو وہ یاد دلاوے اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ کوئی بات وہ بھولے یہ یاد دلاوے اور کوئی یہ بھولے وہ یاد دلاوے بالجملہ گواہی کی بات ان دونون کے حفظ و نگاہ رکھنے سے پوری رہیگی اور بعض علما نے فتذکر احدٰھما الاخری کے یہ معنے بیان کیے فتجعلھا ذکرا یعنے ایک عورت دوسری کے ساتھ ملکر ذکر کردیگی یعنی تذکیر معنے مذکر کردینا لیا اور زمخشری نے کہا کہ یہ تفسیر بھی بدعتی تفسیر ہی اور جمہور مفسرین نے اسکو رد کردیا ہی تا آنکہ کہا گیا کہ خلاف معقول و منقول ہی۔ قولہ ولا یاب الشھداء اذا ما دعوا۔ بعض نے کہا کہ اسکے معنے یہ ہین کہ جب گواہ ہونے کے واسطے بلائے جاوین تو اپر قبول کرنا واجب ہی یہ قول قتادہ و ربیع بن انس کا ہی اور یہ مانند قولہ ولا یاب کاتب ان یکتب کما علمہ اللہ فلیکتب۔ ہی اور اس صورت مین انکو شہدا کہنا باعتبار آیندہ حال کے مجاز ہی اور یہان سے نکلتا ہی کہ گواہی اٹھانا فرض کفایہ ہی اور بعض نے کہا کہ یہی جمہور کا مذہب ہی اور بعض نے کہا کہ معنے یہ ہین کہ جب گواہی ادا کرنے کے لیے بلائے جاوین تو آوین اور اس صورت مین اپر شہدا کا اطلاق حقیقی ہی پس اگر گواہی کے واسطے وہی متعین ہو تو اسپر قبول کرنا واجب ہی ورنہ فرض کفایہ ہی یعنے مثلاً دو ہی مرد گواہ ہوے ہین یا چار گواہ مین سے دو ہی موجود ہین اور باقی دو یا زیادہ ہون وہ غائب ہین یا مر گئے ہین تو چونکہ دو سے کم مقدار نہین لہذا ان دونون موجودین پر قبول کرنا واجب ہی۔ اور مجاہد و ابو مجلز و بہتیرون نے کہا کہ جب کوئی گواہ ہونے کو بلایا جاوے تو اسکو اختیار ہی قبول کرے یا نہ قبول کرے اور جب گواہ ہوگیا پھر ادا کرنے کو بلایا گیا تو قبول کرنا واجب ہی مفسر جم کہتا ہی کہ مفاد یہ مراد یہ ہی کہ جب گواہ ہونے کو بلایا جاوے حالانکہ وہان دوسرے لوگ قابل گواہی کے موجود ہین یا اسکو عذر ہی تو اسکو اختیار ہی اور ابن عباس و حسن بصری سے روایت ہی کہ یہ حکم عام ہی خواہ گواہ ہونے کو بلایا جاوے یا گواہی ادا کرنے کو بلایا جاوے انکار نہ کرے ذکرہ ابن کثیر اور حدیث صحیح مسلم مین ہی کہ گواہون مین سے بہتر وہ ہی جو گواہی ادا کردے قبل اسکے کہ اس سے پوچھا جاوے آقول معنے یہ ہین کہ بسا اوقات آدمی کو دریافت نہین ہوتا کہ گواہ کون ہی مثلاً زید کے باپ نے خرید و فروخت کا معاملہ کیا تھا تو زید کو معلوم نہین کہ اسوقت کون گواہ تھا پس خوبی ایمان سے یہ ہی کہ گواہ خود اس حق و عدل کو پھیلانے مین مستعد ہوجاوے اور اسکا منتظر نہو کہ جب پکڑے اور بلایا جاوے تب لاچاری سے جاوے۔ اور صحیحین مین یہ حدیث روایت ہی کہ بدتر گواہ وہ ہین جو گواہی دیتے ہین اور استشہاد نہین کرتے ہین تو یہ ان گواہون کے حق مین ہی جو جھوٹے ہوتے ہین کیونکہ معنے عدم استشہاد کے یہ ہین کہ گواہی جو ادا کی ہی اسکے شاہد نہ تھے یعنے حاضر و گواہ نہین تھے اور جھوٹی گواہی سخت کبیرہ گناہ ہی جسکا درجہ شرک و نافرمانی والدین کے بعد ہی جیسا کہ صحیحین کی حدیث سے ثابت ہی نعوذ باللہ منہ

قولہ تعالے ولا تسأموا ان تکتبوہ صغیرا او کبیرا الی اجلہ۔ یہ خطاب ہی مومنین کو یا باہم معاملہ کرنے والون کو یا گواہون کو لیکن اولی یہ ہی کہ باہم معاملہ کرنے والون کو خطاب ہی اسی پر دلالت کرتا ہی کلام ما بعد یعنے ان تکتبوہ صغیرا او کبیرا۔ پس چونکہ کثرت سے معاملات ادھار واقع ہونے سے شاید تحریر مین سستی کرتے لہذا منع کیا اور صغیرا و کبیرا سے مبالغہ کیا یعنے خواہ مال تھوڑا ہو یا بہت ہو لکھنے مین سستی نہ کرین اور مدارک مین فرمایا کہ صغیر کبیر سے تعبیر فرمانے مین دلیل ہی کہ سلم ٹھہرانا کپڑون مین واہی کیونکہ جو چیز گزون سے ناپی جاتی ہی اسکو صغیر و کبیر تحقیقا بولتے ہین بخلاف قلیل و کثیر کے کہ یہ کیلی و وزنی چیزون کے ساتھ بولا جاتا ہی اور سلم یہ ہی کہ کسیکو نقد ہزار روپیہ یا کم و بیش دیا کہ کم سے کم ایک مہینہ کے بعد فی روپیہ دو من کے حساب سے ایسے ایسے گیہون یا ایسے ایسے کپڑے وتھان ادا کرے قولہ ذلکم اقسط عند اللہ و اقوم للشہادۃ الخ لفظ اقسط صیغہ اسم تفضیل سعید بن جبیر رحمۃ اللہ کے نزدیک بنار قیاسی ہی از قسط بالکسر بمعنے عدل نہ از قسوط جو بمعنے جور و ظلم آتا ہی اور ابو حیان رح نے کہا کہ ابن السکیت نے کتاب الاضداد مین ابو عبیدہ سے نقل کیا کہ قسط بروزن نصر ماضی بمعنے جور اور بمعنے عدل دونون آتا ہی مگر اقسط بالف مقطع بمعنے عدل ہی قولہ الا ان تکون تجارۃ حاضرۃ تدیرونہا بینکم استثنا منقطع ہی اہی لکن وقت تجارتکم بالحاضرۃ فلا جناح علیکم الخ یعنے لیکن جب تجارت حاضرہ ہو تو لکھنے مین حرج نہین ہی اور عکبری رح نے کہا کہ استثنا متصل ہی پھر واضح ہو کہ جو چیز فروخت کیجاوے وہ مال عین یعنے متعین حاضر ہو مثلا قلمدان خریدا تو وہ سامنے متعین ہو حتی کہ اگر کسی نے کہا کہ مین نے تجھسے ایک روپیہ کو ایک قلمدان خریدا تو بیع فاسد ہی کیونکہ وہ قلمدان معلوم نہین ہی بخلاف روپیہ کے کہ اسکو سامنے حاضر کرنا ضرور نہین بلکہ وہ تو ہمیشہ دین یعنے غیر معین ہوتا ہی حتی کہ جو روپیہ چاہے دیدے جبکہ روپیہ کا چلن معلوم ہو۔ پس کل مبیع کا عین ہونا ضرور ہی سوائے بیع سلم کے کہ اسمین ایسے طور سے گیہون وغیرہ کو صفت کرکے بیان کرتے ہین کہ وہ بائع کے ذمہ بطور متعین ہو جاتی ہی یا بانگے لے لیتے ہین۔ پھر تجارت حاضرہ عام ہی کہ بیع کے وقت معاملہ بعین ہو یا بدین ہو لیکن تدیرونہا۔ بینکم۔ اتی تاخذونہا بید ابید۔ یعنے بائع اپنے دام لے لیوے اور مشتری مبیع لے لے اور باہمی قبضہ ہو جاوے اگرچہ ثمن و مبیع بالاعتبار ہون یعنے مثلا گھوڑے کو گاے کے عوض فروخت کیا تو ہر ایک مبیع و ثمن ہو سکتا ہی مثلا کہا کہ مین نے تیرے ہاتھ یہ گھوڑا بعوض اس گاے کے بیچا یہ مفید ہی کہ گھوڑا مبیع اور گاے ثمن ہی اور اگر برعکس بولا جاوے یعنے گاے بعوض گھوڑے کے فروخت کی تو برعکس ہو جائیگا فافہم اور جاننا چاہیے کہ ممکن ہی کہ اس بیع مین ثمن ابتدا مین دین ہو پھر عین ہو جاوے مثلا کہا کہ مین نے یہ گھوڑا جو عین ہی تیرے ہاتھ بعوض ایسے ایسے کپڑے کے فروخت کیا اور اس کپڑے کے تمام و صف اس طور پر بیان کر دیے کہ کسی طرح کی جہالت نرہے اور مشتری نے قبول کیا اور بیع ہو گئی اور جدا ہونے سے پہلے مشتری نے یہ کپڑا جو ٹھہرا ہی بائع کو حاضر کیا پس دین تھا اور قبل جدا ہونے کے عین ہو گیا پھر بائع نے منظور کیا اور دونون نے اپنی اپنی چیز پر جو خرید ی ہی قبضہ کر لیا تو ایسی مبایعت مین جو ہاتھون ہاتھ ہو کتبہ لکھنے کی ضرورت نہین ہی چنانچہ فرمایا فلیس علیکم جناح ان لا تکتبوہا اور اسمین نہ لکھنے کی رخصت دی گئی دو وجہ سے ایک یہ کہ اگر کتبہ کا حکم ہو تو کسیقدر گرانی ہو گی کیونکہ قلیل و کثیر کثرت سے واقع ہوتا ہی بہ نسبت بیع مدت کے اور دوم یہ کہ جب ہر ایک نے اپنے حق پر اسی مجلس مین قبضہ کر لیا تو انکار کا احتمال نہین رہا پس کتبہ کی حاجت نہین ہی لیکن یہ احتمال باقی ہی کہ بائع مثلا انکار کرے کہ مین نے فروخت نہین کی ہی اسیواسطے فرمایا۔ واشہدوا اذا تبایعتم۔ یعنے مبایعت پر گواہ کر لو وہ کافی ہین اور یہ اس بنا پر کہ مراد یہی تجارت حاضرہ ہو پس استثنار کے بعد استثنار ہو گا۔ اور صحیح یہ ہی کہ یہ حکم تخصیص کے بعد تعمیم ہی ہر مبایعت کے واسطے یعنے جو بیع واقع ہو خواہ ہاتھون ہاتھ ہو یا ادھار ہو اس بیع واقع ہونے پر گواہ کر لو۔ معنے آنکہ بائع و مشتری مین ایجاب قبول تمام ہوا اور بیع واقع ہوئی اسکے گواہ کر لو پھر اگر بیع نقد ہاتھون ہاتھ ہو تو اسمین صرف گواہی کافی ہی کتبہ کی ضرورت نہین کیونکہ ہر ایک نے اپنے حق پر قبضہ کر لیا اور اگر بیع ادھار ہو تو اس گواہی کے بعد ادھار مال کی غرض سے کتبہ کی ضرورت بھی ہی تصدیق جبیر سے مروی ہی کہ قولہ تعالے واشہدوا اذا تبایعتم۔ یعنے اپنے

حق پر گواہ کرلو خواہ اسمین سعادہو یا نہو ہر حال مین اپنے حق پر گواہ کرلو (رواہ ابن ابی حاتم) اور جابر بن زید و مجاہد و عطاء و ضحاک سے اسکے مانند مروی ہی اور حسن و شعبی نے کہا کہ یہ حکم منسوخ ہی بقولہ فان امن بعضکم بعضا فلیؤد الذی اؤتمن امانتہ۔ اور جمہور کے نزدیک منسوخ نہین بلکہ یہ امر واسطے استحباب کے ہی اور واجب نہین ہی اور اسکی دلیل حدیث خزیمہ بن ثابت انصاری ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اعرابی سے ایک گھوڑا خریدا اور اسکو اپنے پیچھے پیچھے بلایا کہ گھر پر اسکو اسکے گھوڑے کے دام ادا کرین پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم تیز چلے اور اعرابی آہستہ آہستہ رینگتا آتا تھا پس راہ مین لوگون نے اعرابی کو ٹوکنا شروع کیا اور اس سے گھوڑے کو چکاتے اور انکو یہ معلوم نہ تھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو خرید لیا ہی یہانتک کہ بعض نے اعرابی کو کچھ دام اس سے بڑھکر کہے جتنے کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے خریدا تھا پس اعرابی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو آواز دی کہ اگر آپ اس گھوڑے کو خریدنے والے ہین تو خریدیے ورنہ مین نے اسکو بیچا جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اعرابی کی آواز سنی تو کھڑے ہوگئے اور فرمایا کہ بھلا کیا مین نے تجھسے خریدا نہین ہی اعرابی نے کہا کہ مین نے واللہ تمھارے ہاتھ نہین بیچا ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین بلکہ میرے و تیرے درمیان ایجاب و قبول پورا ہوچکا ہی پس لوگون نے جمع ہونا شروع کیا اور وہ اعرابی اسیطرح گفتگو کو دوہراتا تھا پس اعرابی نے یہ کہنا شروع کیا کہ آپ کوئی گواہ لاوین جو گواہی دے کہ مین نے اسکو آپکے ہاتھ بیچا ہی پس مسلمانون مین سے جو آتا جاتا وہ اعرابی سے کہتا کہ خرابی ہو تیری کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سوائے سچ بات کے کبھی اور نہین فرماتے ہین یہانتک کہ خزیمہ بن ثابت انصاریؓ آئے اور انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کہنا سنا اور اعرابی کا بھی کہنا سنا کہ کہتا تھا کہ کوئی گواہ لائیے جو گواہی دے کہ مین نے اسکو آپکے ہاتھ بیچا ہی تو خزیمہ رضؓ نے کہا کہ مین گواہی دیتا ہون کہ تو نے اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ فروخت کیا ہی پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خزیمہ رضؓ کے طرف متوجہ ہو کر فرمایا کہ تو کیونکر گواہی دیتا ہی خزیمہ رضؓ نے کہا کہ یارسول اللہ آپ کی تصدیق کرکے مین گواہی دیتا ہون کہ بیشک اللہ تعالےٰ نے آپ کو اپنا سچا پیغمبر بھیجا ہی تو کیا ہمارے ہیچ معاملات مین آپسے سوائے سچ کے کچھ مشتبہ ہوسکتا ہی پس حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خزیمہ رضی اللہ عنہ کے گواہی کو دو مرد کی گواہی سے برابر قرار دیا۔ رواہ احمد و ابوداؤد و النسائی اور حدیث مین دلیل ہی کہ گواہی دینی ایسے طور پر جائز ہی کہ گواہ کو بدلیل شرعی یقین ہو کہ یہ امر ایسا ہی اگرچہ اسنے معاینہ نہین کیا حاصل جمہور کے نزدیک گواہ کرلینا مستحب ہی واجب نہین ہی لیکن شیخ ابن کثیر رحؒ نے کہا کہ احتیاط یہ ہی کہ گواہ کرلے کیونکہ ابوموسیٰ رضؓ نے مرفوعا روایت کی کہ تین شخص اللہ تعالےٰ سے دعا کرتے ہین اور وہ قبول نہین ہوتی ہی ایک وہ مرد کہ اسکی عورت بدخلق ہی مگر اسنے طلاق نہ دی دوم وہ مرد کہ جسکے پاس یتیم کا مال رکھا تھا اسنے یتیم کے بالغ ہونے سے پہلے اسکو دیدیا (یعنے طفل نے ضائع کیا مگر اسکو تاوان نہ بنا پڑا) سوم وہ کہ جسنے دوسرے کو قرض دیا اور اسپر گواہ نہین کیے رواہ ابن مردویہ والحاکم وقال صحیح الاسناد۔ اور معنے اس حدیث کے یہ ہین کہ اگر ان لوگون کو ایذا پہونچی مثلاً بدخلق عورت نے شرارت کی اور شوہر کو ایذا پہونچائی یا یتیم نے بالغ ہوکر وصیت وصول پانے سے انکار کیا اور اسکو دوبارہ مال دینا پڑا یا قرضدار منکر ہوگیا اور اسکا مال جانا رہا پس ان لوگون نے ظلم کرنے والے پر بددعا کی تو قبول نہوگی کیونکہ اللہ تعالےٰ کے حکم کے خلاف کیا اور یہ مطلب نہین ہی کہ جو شخص ایسا کرے اسکی کوئی دعا ہی قبول نہوگی۔ فاحفظہ۔ قولہ تعالےٰ ولا یضار کاتب الخ شہید۔ بعض نے فرمایا کہ معنے اسکے یہ ہین کہ ضرر نہ دے کاتب اور نہ شاہد باین طور کہ کاتب کو جو املا کیا گیا ہی اسکے برخلاف لکھے یا گواہ نے جو سنا ہی اسکے برخلاف گواہی دے یا بالکل چھپا ڈالے اور یہ قول حسن و قتادہ وغیرہ کا ہی اور اس صورت مین لایضار بصیغہ معروف ہی اور یہ جان لینا چاہیے کہ گواہ کی لکھی ہوئی گواہی حجت نہین ہی کیونکہ خط سے خط مشابہ ہوتا ہی بالجملہ یہ بات شرع مین متعین ہی کہ اگر مدعی نے نالش کی اور نوشتہ پیش کیا اور اسپر گواہون کی گواہی لکھی ہی اور گواہ نے حاضر ہوکر انکار کیا کہ مین نہین جانتا یا بدلکر گواہی دے کہ جو مضمون اس تحریر مین ہی وہ نہین بلکہ یون واقع ہوا تھا تو محکمۂ قضا مین

اسکی گواہی لکھنے پر کوئی حجت نہین بلکہ جو زبان سے کہتا ہو وہ معتمد ہو اور اگر اسنے گواہی ندی اگرچہ اسکا نام لکھا ہو تو بھی کوئی حجت نہین بالجملہ جب تک اب گواہی زبان سے ادا نہ کرے تب تک کوئی فائدہ نہو گا فاحفظہ۔ اور بعض نے فرمایا کہ اسکے یہ معنے ہین کہ کاتب کو ضرر نہ پہونچایا جاوے اور نہ گواہ کو ضرر پہونچایا جاوے چنانچہ مقسم نے ابن عباس سے روایت کی کہ قولہ لایضار کاتب ولا شہید یعنے مثلاً آدمی آوے اور کاتب و شاہد کو لکھنے اور گواہ ہونے کے واسطے بلاوے اور وہ کہین کہ ہم اسوقت اپنی ضرورت سے معذور ہین تو وہ کہے کہ تمکو حکم دیا گیا ہی کہ جب بلائے جاؤ تو قبول کرو تو اسنے تنگ کیا اور ضرر پہونچایا پس اسکو روا نہین ہی کہ کاتب و شاہد کو ضرر پہونچاوے (رواہ ابن ابی حاتم) اور عکرمہ و مجاہد و طاؤس و سعید بن جبیر و ضحاک و عطیہ و مقاتل بن حیان و ربیع بن انس و سدی رح سے اسکے مانند مروی ہی قال المترجم اس صورت مین لایضار بصیغۂ مجہول ہی اور کاتب سے وہ شخص مراد ہی جو لکھنا جانتا ہی اور شاہد سے مراد وہ شخص ہی جو گواہ ہو سکتا ہی کیونکہ ہنوز وہ گواہ نہین ہوا ہی اور مؤید اسکی ہی قراءۃ ابن مسعود رض لایضار بفتح راء اول۔ قولہ تعالے وان تفعلوا فانہ فسوق بکم واتقوا اللہ ویعلمکم اللہ واللہ بکل شئی علیم۔ یہ جملے نصیحت کے موکد و مقید ہین اور یہ آخر آیۃ الدین ہی اور اللہ عزوجل نے اسمین اموال کے بارہ مین احتیاط کرنے پر آمادہ فرمایا کیونکہ وہ معاش و معاد کی درستی کا وسیلہ ہو تے ہین۔ کما قال لاتؤتوا السفہاء اموالکم الآیۃ اور شعرانی رح نے لواقح مین حضرت سفیان الثوری کے حالات مین نقل کیا کہ درم و دینار کی حفاظت فرماتے اور کہتے کہ پہلے ایک زمانہ تھا اور آج کل اسکو محفوظ رکھے تاکہ اپنا دین فروخت نکرے یعنے آخر ضرورت و محتاجی مین لوگون کے واسطے صاف توحید و سنت کی بات نہین کہیگا بلکہ انکے راضی کرنے کو بدعت وغیرہ سے مداہنت کریگا جیسے اکثر فقیرون پیرون عالمون مین بکثرت معروف ہی۔ فعال رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اسی پر دلالت کرتا ہی یہ امر بھی کہ قرآن مجید کے احکام اکثر اغراض پر جاری ہین اور اس آیۃ کریمہ مین بسبب ہی کیا تو نہین دیکھتا کہ اللہ تعالے نے فرمایا اذا تداینتم بدین الی اجل مسمی فاکتبوہ۔ پھر فرمایا ولیکتب بینکم کاتب بالعدل پھر تیسری بار فرمایا۔ ولا یاب کاتب ان یکتب کما علمہ اللہ۔ پس یہ باعث تکرار قولہ ولیکتب بینکم کاتب بالعدل۔ ہی اسواسطے کہ عدل وہی جو اللہ تعالے نے تعلیم فرمایا پھر چوتھی بار فرمایا۔ فلیکتب اور یہ اعادہ امر اول کا ہی پھر پانچوین بار فرمایا۔ ولیملل الذی علیہ الحق۔ حالانکہ قولہ ولیکتب بینکم کاتب بالعدل مین کنایہ ولیملل الذی علیہ الحق۔ کی طرف موجود ہی اسواسطے کہ عدل سے لکھنے والا وہی لکھے گا جو اسپر املا کیا جاوے پھر چھٹی بار فرمایا۔ ولیتق اللہ ربہ۔ اور یہ تاکید ہی پھر ساتوین بار فرمایا۔ ولا یبخس منہ شیئا۔ اور یہ گویا۔ قولہ ولیتق اللہ ربہ۔ سے مستفاد ہی پھر آٹھوین بار فرمایا۔ ولا تسئموا ان تکتبوہ صغیرا او کبیرا الی اجلہ یہ بھی ماسبق کی تاکید ہی پھر نوین بار فرمایا ذلکم اقسط عند اللہ واقوم للشہادۃ وادنی ان لا ترتابوا۔ پس یہ فوائد ان تاکیدات سابقہ کے ذکر فرمانے اور اس سب مین دلالت ہی کہ مال حلال کو محفوظ رکھنے کی وصیت ہی کہ وہ تلف نہو جاوے کیونکہ اس سے انسان کو قدرت ہوتی ہی کہ راہ خدا مین خرچ کرے اور سود خواری و دین فروشی وغیرہ بد باطنی جو اللہ تعالے کے غضب نازل ہونے کی چیزین ہین انسے اپنے آپکو بچاوے اور پرہیزگاری قائم رہے پھر قولہ واتقوا اللہ سے آخر تک اس حکم کی تعمیل پر تاکید فرمائی اور ان تینون جملون مین (اسم اللہ) کو مکرر اعادہ فرمایا اسلیے کہ ہر ایک جملہ مستقل ہی کیونکہ جملۂ اول تو تقوی پر آمادگی ہی اور دوم اپنے انعام کا وعدہ ہی اور سوم مین اثبات شان ہی اور نیز نام پاک لانے مین بندون کے دلون مین تعظیم خوب آتی ہی ذکرہ فی السراج۔ پھر سبب اسوقت کہ معاملہ اپنے وطن حضر مین واقع ہوا اور اگر سفر ہو تو فرمایا

## وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ۭ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ

اور اگر تم سفر مین ہو اور نہ پاؤ لکھنے والا تو گرو چیزین قبضہ کی ہوئین پھر اگر اعتبار کرے ایک

بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ

دوسرے کا تو چاہیے کہ پورا کرے جسپر اعتبار کیا اپنے اعتبار کو اور ڈرتا رہے اللہ اپنے رب سے۔ اور نہ چھپاؤ گواہی کو اور جسنے

يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۝

چھپایا گواہی کو تو گناہگار ہے اسکا دل اور اللہ تعالے جو تم کرتے ہو اسکو خوب جانتا ہے

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ۔ ای مسافرین وتداینتم۔ اور اگر تم لوگ سفر پر ہو یعنے مسافر ہو اور تمنے باہم اودھار معاملہ کیا۔ وَلَمْ تَجِدُوْا كَاتِبًا۔ اور تمنے لکھنے والا نہ پایا۔ ف کیونکہ سفر میں اکثر یہی اتفاق ہوتا ہے اور اگر کاتب ملا تو گواہ نہیں ملتے ہین تو حکم دیا کہ فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ۔ تو تم رہن مقبوضہ لے لو۔ اکثر قراء کی قراءۃ تو فرہان بروزن کتاب ہے اور ابو عمرو وابن کثیر کی قراءۃ مین فرہن بضم راء وہاء وضمہا رہوز بروزن سقم ہے اور دونون مین سے ہر ایک جمع رہن بروزن صرف ہے اور رہن بمعنے مرہون ہے یعنے وہ چیز جو رہن کی گئی اور رہن لغت مین بمعنے مضبوطی ہے یعنے اس سے اپنی مضبوطی کرلو اور امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک رہن بدون قبضہ کے تمام نہیں ہے۔ پھر آیت سے نکلتا تھا کہ رہن فقط سفر مین ہے لیکن احادیث سے طریقہ سنت رسول اللہ صلعم ظاہر ہوا کہ حضر مین کاتب موجود ہونے پر بھی رہن جائز ہے پس آیہ کریمہ مین جو قید مذکور ہے یعنے سفر اور کاتب کا نہونا تو اسواسطے کہ توثق ومضبوطی کی حاجت اس حالت مذکورہ مین بسبب کے حضر اشد ہے اور مقبوضہ کی قید سے یہ فائدہ دیا کہ رہن مین قبضہ شرط ہے وہ خواہ رہن خود قبضہ کرے یا اسکا وکیل قبضہ کرلے کافی ہے پھر یہ سب اسی حالت مین کہ آدمی جسکو اودھار دیتا ہے اسکی طرف سے بے اطمینانی یا شبہہ ہو اور پوری پوری امانت داری پر وثوق نہو۔ فَاِنْ اَمِنَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا۔ پھر اگر بعض تمھارا بعض کو امین جانے یعنے اودھار دینے والا مدیون کو معتبر سمجھے حتی کہ اسنے رہن نہ لیا۔ فَلْيُؤَدِّ الَّذِي اؤْتُمِنَ۔ المدائن۔ اَمَانَتَهٗ۔ دینہ۔ تو چاہیے کہ ادا کردے وہ شخص جو مومن قرار دیا گیا ہے یعنے جسنے قرضہ اپنے ذمہ لیا ہے امانت اسکی یعنے دائن کا قرضہ ادا کردے۔ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ۔ اور اس قرضہ کے ادا کردینے مین اللہ تعالے سے جو اسکا رب ہے تقوی رکھے۔ وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ۔ اذا دعیتم لاقامتہا۔ مت چھپاؤ گواہی کو یعنے جبکہ تم بلائے جاؤ گواہی قائم کرنے کو یعنے ٹھیک ادا کرنے کو۔ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ۔ اور جسنے گواہی کو چھپایا تو اسکا دل گنہگار ہے ف خاص کرکے دل کو ذکر کیا اسواسطے کہ شہادت کا محل وہی ہے اور اسواسطے کہ جب قلب گنہگار ہوا تو قلب کے سوائے جو اعضا ہین وہ قلب کے تابع ہونگے پس اسکو گنہگارون کے مثل عذاب کیا جائیگا۔ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ۔ لا یخفی علیہ شئی منہ۔ اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ تعالے خوب جانتا ہے یعنے جو تم کرتے ہو اسمین سے کچھ بھی اللہ تعالے پر پوشیدہ نہین ہے ف تفسیر ابن کثیر رحمہ اللہ وغیرہ مین ہے کہ قولہ تعالے وان کنتم علی سفر یعنے مسافر ہو اور تمنے کسی مدت معلوم کے واسطے اودھار کا معاملہ کیا۔ ولم تجدوا کاتبا۔ اور تمنے کوئی کاتب نہ پایا جو تمھارے واسطے لکھے اور ابن عباس نے کہا یا تمنے کاتب کو پایا مگر کاغذ نہ پایا یا دوات نہ پائی یا قلم نہین ہے۔ فرہان مقبوضۃ۔ چاہیے کہ تحریر کے بدلے مرہون مقبوض ہو جو حقدار کے قبضہ مین رہے اور ابن عباس رض نے اشارہ کیا کہ رہن کا حکم بحالت عذر ہے خواہ کوئی ہو پھر منجملہ حالات عذر کے سفر پر تنصیص کردی اور ماعدہ سفر کے جو عذر ہو وہ اسی کے ساتھ ملحق ہے اور مجاہد وغیرہ نے اس آیت سے استدلال کیا کہ رہن فقط سفر مین مشروع ہے حضر مین نہین ہے اور جمہور کے نزدیک حضر وسفر دونون مین جائز ہے اور صحیحین مین حضرت انس رض سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے وفات پائی اور حال یہ کہ آپکی زرہ ایک یہودی کے پاس تیس وسق جو کے عوض رہن تھی جو آپ نے اپنی اہل وعیال کی روزی کے واسطے لیے تھے اور ایک روایت مین ہے کہ مدینہ کے یہود مین سے ایک یہودی کے پاس رہن تھی اور شافعی کی روایت مین ابو الشحم یہودی کے پاس رہن تھی اور اس حدیث سے نکلتا ہے کہ اناج کا قرض بھی جائز ہے ف

اور اس حدیث کو اصحاب صحاح ستہ نے روایت کیا ہی پھر جمہور کے نزدیک رہن کا رکن فقط ایجاب قبول ہی اگر ایک نے رہن کیا اور دوسرے نے قبول کیا تو رہن منعقد ہو گیا ولیکن ابھی لازم نہیں ہوا یعنے چاہے رہن نہ دے پس لازم جب ہوتا ہی کہ مرہون پر مرتہن کا قبضہ ہو جاوے یہی مذہب جمہور ہی اور اب راہن کو اختیار نہیں رہا کہ بغیر اجازت مرتہن کے مال مرہون کو اسکے قبضہ سے نکال سکے اول امام مالک کے نزدیک قبضہ شرط نہیں ہی اور لفظ مقبوضہ میں خاص مرتہن کی تخصیص نہیں بلکہ کسی طرح مقبوضہ ہو جاوے لہذا استدلال کیا گیا کہ مرتہن قبضہ کرے یا اسکا وکیل تو بھی روا ہی کیونکہ مقبوضہ ہو گیا۔ قولہ فان امن بعضکم بعضا فلیؤد الذی اؤتمن امانتہ ابن ابی حاتم نے باسناد جید حضرت ابو سعید خدری رضؓ سے روایت کیا کہ اس آیت نے اپنے ماقبل کو منسوخ کر دیا ورواہ البخاری فی التاریخ وابوداؤد وغیرہم اور یہی شعبیؒ وحسنؒ سے مروی ہی اور حق یہ ہی کہ یہ باب نسخ سے نہیں ہی بلکہ اعتماد کرنے کی صورت کا حکم ہی اور یہی قول جمہور کا ہی یعنے جسکو قرض وادھار دیتا ہی اسکی امانت کی وجہ سے رہن لینے سے بے پرواہو پس اسنے رہن نہ لیا تو مومن یعنے دیون امانت کو ادا کر دے یعنے قرضہ دین کو ادا کرے اور اسکو امانت اسواسطے کہا کہ اسنے رہن چھوڑ کر اسکو مرد امین سمجھکر یہ دیدیا تھا تو گویا امانت تھی۔ قولہ ولیتق اللہ ربہ۔ اسمیں مبالغات ہیں کہ ایک تو بصیغۂ امر فرمایا جو ظاہر وجوب کے واسطے ہی اور اللہ ورب۔ ہر دو اسم پاک کو جمع کیا اور ادا دین کے حکم کے پیچھے اسکو ذکر فرمایا ہی۔ قولہ ومن یکتمہا فانہ اثم قلبہ۔ اگر کہا جاوے کہ فانہ اثم نہیں فرمایا بلکہ قلب زیادہ فرمایا اسمیں کیا فائدہ ہی حالانکہ فقط قلب گنہگار نہیں ہی۔ جواب یہ کہ گواہی کو پوشیدہ کرنا یہ ہی کہ اسکو دل میں چھپا رکھے اور اسکو زبان سے نہ کہے پس چونکہ گواہی چھپانا مقترن بقلب تھا تو قلب کی طرف اسناد کیا گیا کیونکہ وہی گواہی چھپانے کا محل ہی اور زبان سے تو فقط فعل کا ہونا پایا گیا حالانکہ بدون ارادہ قلب کے وہ متحرک نہیں ہوتی ہی جبکہ فعل اختیاری ہو اور فعل کی اسناد اس عضو کیطرف جس سے اس فعل کا انجام ہوتا ہی بہت بلیغ ہی کیا تو یہ نہیں دیکھتا کہ جب تاکید سے بیان کرنا منظور ہوتا ہی تو یوں بولتے ہیں کہ یہ تو میری آنکھوں دیکھی بات ہی اور یہ تو میرے کانوں سنی بات ہی اسکو تو میرا دل جانتا ہی حالانکہ خوب معلوم ہی کہ دیکھنا سوائے آنکھ کے یا سننا سوائے کان کے یا جاننا سوائے دل کے نہیں ہوا کرتا ہی پس مقصود مبالغہ بتاکید ہوتا ہی اور نیز قلب کی طرف نسبت اسوجہ سے بھی کہ قلب رئیس الاعضا ہی اور ایسا مضغہ ہی کہ اگر وہ درست ہوا تو تمام بدن درست ہوتا ہی اور اگر وہ بگڑا تو تمام بدن کے اعضاء بدحرکتیں کرتے ہیں جیسا کہ صحیح بخاری کی حدیث میں ہی پس گویا اثم قلب سے کہا گیا کہ گناہ اسکی جڑ میں بیٹھ گیا اور جو جگہ اسمیں عمدہ تھی وہاں کا مالک ہوا اور نیز قلبہ اسواسطے فرمایا تاکہ یہ گمان نہ ہو کہ گواہی چھپانا انمیں گناہوں میں سے ہی جو فقط زبان سے متعلق ہیں بلکہ بہت بدتر گناہ ہی کہ دل تک بگڑ جاتا ہی اور نیز اسواسطے تاکہ معلوم ہو کہ قلب تو معدن ہی اور زبان فقط اسکی مرکوز ترجمہ کے ظاہر کرتی ہی جو دل میں ہوتا ہی اور نیز اسواسطے کہ دل کے جو افعال ہیں وہ افعال جوارح سے بہت بڑھکر ہیں کیونکہ دل جڑ ہی اور باقی اسکی شاخیں ہیں یہ نہیں دیکھتے کہ ایمان وکفر جو اصل ہی وہ قلب سے ہی اور اسمیں اشعار ہوا کہ کتمان شہادت بڑا گناہ ہی اور ابن عباس وغیرہ سے روایت ہی کہ جھوٹی گواہی تو کبیرہ گناہوں میں سے بڑا گناہ ہی اور گواہی چھپانا اسکے مثل ہی فی عرائس میں ہی کہ اہل حق کی کرامات وانعامات سے دل مکدر نکرے اور نہ چھپاوے کہ یہ اسکی افسادت میں داخل ہی۔ قال المترجم حضرت ذوالنون مصری وبعض اجلۂ تابعین سے صحیح ہوا کہ انھوں نے فرمایا کہ صالحین کے ذکر سے اللہ تعالے کی رحمت نازل ہوتی ہی اور ایسا ہی حضرت سفیان ثوری اور جنید بغدادی رحمہ سے صحیح ہوا ہی اور جاننا چاہیے کہ یہ آیت کریمہ سے صریح ثابت ہی کہ انسان سے اسکے قلب کے اعمال سے مواخذہ ہوگا جبکہ قصد دل میں جاوے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ

اللہ ہی کا ہی جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہی اور اگر تم کہو لو جو بات تمہارے جی میں ہی یا اسکو چھپاؤ حساب کریگا تم سے

بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝

اللہ پھر بخشدے گا جسکو چاہے اور عذاب دیگا جسکو چاہے اور اللہ سب چیز پر قادر ہے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ۔ اللہ تعالے ہی کے ملک و مخلوق ہے جو کچھ آسمانوں و زمین میں ہے ف جنکو تم دیکھتے ہو اور باقی جہان کہیں ہے وہ کل اللہ تعالے کی مخلوق ہے اگرچہ تم نہ دیکھتے ہو پس ہر حال میں ظاہر و باطن تمکو ہوش چاہیے کہ اللہ تعالے سے تقوی رکھو۔ وَاِنْ تُبْدُوْا۔ تظہروا۔ اور اگر تم ظاہر کرو اسکو۔ مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ۔ من السوء والعزم علیہ۔ جو تمہارے جی میں ہے۔ ف یعنے بدی اور اسپر قصد مصمم خواہ ظاہر کرو۔ اَوْ تُخْفُوْهُ۔ تسروہ۔ یا اسکو چھپاؤ۔ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ۔ یوم القیامۃ تم کو اس سے آگاہ فرماویگا اللہ تعالے بروز قیامت۔ پھر حساب لیگا یا درگذر فرماویگا۔ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ۔ پھر جسکے لیے چاہے مغفرت فرماویگا۔ ف پوشیدہ کرکے درگذر فرمایگا۔ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ۔ اور جسکو چاہے عذاب دیگا ف اور وہی خوب جانتا ہے کہ کس بندہ کا دل کس لائق ہے جمہور قراء کے نزدیک بغفر اور یعذب ہر دو فعل کو جزم ہے بایں طور کہ جواب شرط یعنے یحاسبکم پر عطف ہیں اور ابن عامر و عاصم کے قرارت میں رفع ہے بنا بر آنکہ جملہ مستانفہ ہے اور۔ فھو۔ مبتدا محذوف ہے۔ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اور اللہ تعالے میں سب قدرت ہے ف جسکو چاہے بخشے و جسکو چاہے عذاب کرے۔ جاننا چاہیے کہ اس آیہ کریمہ کے معنے باعتبار زبان عربیہ کے یہ ہیں کہ جن امور پر حساب ہوگا انہیں جو بندوں نے اپنے دل میں پوشیدہ رکھے ہیں یا ظاہر کردیے ہیں اللہ تعالے قیامت میں ان سب کا حساب لیگا پھر جسکو چاہیگا بخشدیگا اور جسکو چاہیگا عذاب کریگا اور اللہ تعالے دانا تر ہے ہر چیز پر قادر ہے تو معنے آیت کے بنظم عربیہ ہیں۔ اور اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ دل کے تصورات و خیالات و وساوس پر بھی حساب ہوگا حالانکہ حدیث صحیح سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالے نے میری امت سے انکا دلی وسوسہ مرفوع کردیا ہے اور نیز حدیث سے ثابت ہے کہ جو کوئی حساب میں پکڑا جائیگا وہ ضرور عذاب کیا جائیگا اور عفو کا حساب یہ ہے کہ بندہ گنہگار کو اسکا نامۂ اعمال دکھلایا گیا پھر درگذر کی گئی۔ تو اب ضرور ہوا کہ آیت قدسی کے معنے حل ہوں لہذا یہاں علما کے پانچ اقوال ہیں اول آنکہ یہ حکم ان لوگوں کے حق میں مخصوص ہے جو گواہی چھپاوین پس گواہی چھپانے والا حساب لیا جائیگا خواہ اسنے لوگوں پر ظاہر کردیا ہو کہ میں نے گواہی چھپائی ہے یا ظاہر نکیا ہو کیونکہ اللہ تعالے علیم ہے اور ایسا کچھ ابن عباس و عکرمہ و شعبی و مجاہد سے بھی روایت کیا گیا ہے اور یہ روایات صحیح نہیں ہیں۔ قول دوم آنکہ ما موصولہ سے مراد وہ امور ہیں جو دل میں یقین ہونا چاہیے تھے لیکن انمیں یقین و شک کے درمیان خلجان ہوا یہ قول مجاہد کا ہے۔ قول سوم آنکہ یہ عذاب فقط کافرون و منافقون کے ساتھ مخصوص ہے اسکو ابن جریر نے چند لوگوں سے حکایت کیا ہے اور ان تینوں اقوال پر اعتراض کیا گیا کہ آیت عام ہے کہ جو کوئی ہو یا جو کچھ دل میں ہو پس تخصیص بلا مخصص ہے بعض نے جواب دیا کہ آیت سے پہلے جو گواہی چھپانے کی ممانعت مذکور ہوئی ہے وہ مخصص ہے اور رد کردیا گیا کہ یہ تخصیص خلاف معقول و منقول ہے کما لا یخفی۔ قول چہارم یہ کہ آیت تو عام ہے یعنے علی العموم جو چیز جس کسی کے دل میں خطور کریگی بطریق ممنوع تو اللہ تعالے قیامت میں اس سے حساب کریگا پھر جسکو چاہے بخشیگا اور جسکو چاہے عذاب کریگا ولیکن یہ آیت منسوخ ہے یہ قول ابن مسعود و عائشہ و ابو ہریرہ و شعبی و عطا، و محمد بن سیرین و محمد بن کعب و موسی بن عبیدۃ کا ہے اور یہی ابن عباس سے باسناد صحیح مروی ہے اور یہی ایک جماعت صحابہ و تابعین سے ثابت ہوا ہے اور اسیکو بہت سے مفسرین نے صحیح کہا ہے کیونکہ بخاری و بیہقی نے مروان اصفر سے روایت کی کہ سنے ابن عمرؓ سے روایت کی کہ قولہ ان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ الآیہ۔ کو اسکے مابعد کی آیت نے نسخ کیا ہے اور ایسے مانند حضرت علیؓ سے مروی ہے اخرجہ عبد بن حمید والترمذی

اور حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ جب قولہ تعالے للہ ما فی السموات وما فی الارض وان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم اللہ فیغفر لمن یشاء الآیہ نازل ہوئی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب پر یہ امر بہت دشوار ہوا۔ پس وہ لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے پھر گھٹنوں کے بل بیٹھکر عرض کرنے لگے کہ یا رسول اللہ ہم لوگ ایسے اعمال بجالانے کا حکم کیے گئے تھے جنکی ہمکو طاقت تھی نماز و روزہ جہاد و صدقہ اور اب اللہ تعالے نے آپ پر یہ آیت نازل فرمائی اور ہم اسکی طاقت نہیں رکھتے ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تم لوگ وہ کہنا چاہتے ہو جو تمسے پہلے دونوں کتاب والوں یہود و نصاریٰ نے کہا تھا کہ سمعنا وعصینا نہیں بلکہ یوں کہو کہ سمعنا واطعنا غفرانک ربنا والیک المصیر یعنے ہم نے سنا اور ہمنے اطاعت کی اے پروردگار ہم تیری ہی بخشش مانگتے ہیں اور تیری ہی طرف ہمارا لوٹکانا ہی پس جب قوم نے اسکو ورد زبان کیا اور یہ انکی باتوں پر عاجزی کے ساتھ رواں ہوا تو اللہ تعالے نے اسی کے نشان پر پیچھے پیچھے نازل فرمایا آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمومنون الآیہ۔ پھر جب ان لوگوں نے ایسا کیا تب اللہ عزوجل نے اسکو منسوخ فرمایا اور اتارا۔ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا تا آخر۔ رواہ احمد ومسلم وابوداؤد فی ناسخہ وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم اور حضرت ابن عباس سے مانند اسکے مرفوعاً روایت کیا گیا ہی اور اسمیں اسقدر زائد ہی کہ پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ ربنا لا تواخذنا ان نسینا او اخطانا۔ یعنے کہو اور اللہ عزوجل نے فرمایا میں نے ایسا ہی کر دیا۔ ربنا ولا تحمل علینا اصرا کما حملتہ علی الذین من قبلنا۔ فرمایا کہ میں نے ایسا ہی کر دیا۔ ربنا ولا تحملنا ما لا طاقۃ لنا بہ۔ فرمایا کہ میں نے ایسا ہی کر دیا۔ واعف عنا واغفر لنا وارحمنا انت مولانا فانصرنا علی القوم الکافرین۔ فرمایا کہ میں نے ایسا ہی کیا۔ رواہ احمد ومسلم والترمذی والنسائی وابن ماجہ وابن جریر وابن المنذر والحاکم والبیہقی۔ اور شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے طرق واحادیث کے مختلف الفاظ کو فرداً فرداً جمع کیا ہی میں نے بخوف تطویل مزید ترک کیا اور حاصل امر کو بیان کر دیا اور بہت مفسرین و علماء اس قول کی طرف گئے ہیں کہ یہ آیت اپنے مابعد سے منسوخ ہی اور کمالین میں کہا کہ روایت بخاری میں اسکے نسخ کی تصریح موجود ہی اور مسلم وغیرہ کی روایت میں جو ہمنے اوپر ذکر کر دیں نسخ کی تصریح موجود ہی پھر میں کہتا ہوں کہ اس قول پر ایک اعتراض وارد ہوتا ہی وہ یہ ہی کہ قول محقق یہ قرار پایا کہ نسخ طاری ہوتا ہی امر و نہی کے احکام پر جیسا کہ مفسر نے مقدمہ اتقان میں بیان کیا ہی اور آیت جملہ خبریہ ہی اسپر نسخ کیونکر ہو سکتا ہی اور جواب یہ دیا گیا کہ نسخ کبھی اخبار میں بھی ہوتا ہی جبکہ خبر کسی حکم کو متضمن ہو اور ایک جماعت علماء نے تجویز کیا ہی کہ خبر مستقبل یعنے ایسی خبر میں جو آیندہ واقع ہوگی نسخ ہو سکتا ہی کیونکہ جائز ہی کہ اللہ تعالے نے اسکا محو کرنا مقدر کیا ہو اور یہی بیضاوی کا قول ہی۔ اور بیہقی نے فرمایا کہ نسخ یہاں بمعنے تخصیص و تبیین ہی کیونکہ آیت اول تو عموم کے مورد پر وارد ہوئی پس مابعد والی آیت نے بیان کیا کہ مخفی میں وہ چیز بھی ہی جسپر مواخذہ نہوگا اور یہ وہ ہی جو نفس میں وسوسہ پیدا ہوں جنکا آدمی دفع نہیں کر سکتا ہی قال المترجم پس اس صورت میں آیۂ اول محکم باقی رہی منسوخ نہیں ہوئی اور چونکہ مفسر رحمہ اللہ کے نزدیک اصطلاحی نسخ مخصوص بامر و نواہی ہی اور اخبار میں نہیں جاری ہوتا ہی لہذا ایہان بھی یہ اختیار کیا کہ آیۂ اولی منسوخ نہیں ہی بلکہ اسکو محکم قرار دیا اور یہی قول پنجم ہی اور علی بن ابی طلحہ نے جو ابن عباس سے تفسیر روایت کرنے والوں میں سب سے اثبت ہیں اور انہیں پر بخاری رحمہ اللہ نے باب تفسیر میں اعتماد کیا ہی انہوں نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ قولہ وان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم باللہ یہ آیت منسوخ نہیں ہوئی ولیکن یہ بات ہی کہ جب اللہ تعالے قیامت کے روز خلائق کو جمع کریگا تو فرماویگا کہ میں تمکو خبر دیتا ہوں ایسی چیزوں کی جو تمنے اپنے دلوں میں چھپا رکھی تھیں جسپر میرے ملائکہ کو اطلاع نہیں ہوئی پھر مومنوں کو تو خبر دیدیگا پھر انکو بخشدیگا جو انکے نفسوں نے دل ہی دل میں باتیں کی تھیں اور یہی ہی قولہ یحاسبکم باللہ۔ اسی کو کہ میں کہتا ہوں کہ اللہ تعالے تمکو اور فرمایا فیغفر لمن یشاء اور رہے منافق و شک والے لوگ پس جو انھوں نے نکذیب کو چھپا رکھا تھا اسکی انکو خبر دیدیگا اور یہی فرمایا ویعذب من یشاء۔ اور فرمایا۔ ولکن یواخذکم بما کسبت قلوبکم یعنے حرکات کو جھٹلانا ۱۲ م

یعنے شک ونفاق کو سا ور عوفی وضحاک رحمۃ نے بھی ابن عباس سے قریب اسکے روایت کیا ہی اور ابن جریر نے مجاہد وضحاک سے بھی اسکے مانند
روایت کیا ہی اور حسن البصری سے روایت ہی کہ کہا کہ یہ آیت محکم ہی منسوخ نہین ہوئی اور ابن جریر نے اسیکو اختیار کیا ہی اور یہ حجت پیش
کی کہ جسکا سبکے سے یعنے محاسبہ واقع ہونے سے یہ لازم نہین آتا ہی کہ اسپر عقاب بھی ضرور ہو بلکہ اللہ تعالے کبھی محاسبہ کرکے بخشدیگا اور کبھی محاسبہ
کرکے عذاب کریگا چنانچہ صفوان بن محرز سے روایت ہی کہ اس درمیان مین کہ ہم لوگ حضرت عبداللہ بن عمر کے ساتھ طواف کرتے تھے کہ ایک
شخص نے حضرت ابن عمر سے پوچھا کہ آپنے نجوی کے بارہ مین رسول اللہ صلعم سے سنا کہ کیا فرماتے تھے عبداللہ نے فرمایا کہ مین نے رسول اللہ
صلعم سے سنا فرماتے تھے کہ بندہ مومن اپنے پروردگار عزوجل سے قریب ہوگا یہانتک کہ اسکو اپنے سایۂ رحمت مین لے لیگا۔ پھر اس سے اسکے
گناہون کا اقرار کرائیگا فرمائیگا کہ تو جانتا ہی کہ تو نے یہ کیا وہ عرض کریگا ہان اے پروردگار میرے جانتا ہون۔ کر اقرار کریگا یہانتک کہ جتنا منظور
ہی اللہ تعالے وہان تک اقرار کرائیگا پھر فرماویگا کہ مین نے دنیا مین اسکو تیرے حق مین چھپایا اور آج تیرے واسطے بخشتا ہون پھر اسکی نیکیون کا
صحیفہ یا نوشتہ اسکے داہنے ہاتھ مین دیدیگا اور رہے کفار ومنافقین تو انکے حق مین پکارے والا مجمع خلائق مین پکاردیگا۔ کہ ہولاء الذین کذبوا
علی ربہم الا لعنۃ اللہ علی الظالمین۔ یعنے یہی لوگ ہین جو جھوٹ بولے اپنے پروردگار پر آگاہ رہو کہ ان ظالمون پر اللہ تعالے کی لعنت پھٹکار ہی
رواہ ابن جریر اور یہ حدیث صحیحین وغیرہ مین طرق متعددہ سے مروی ہی اور ثابت ہوا کہ آنکھ وہاتھ پاؤن وغیرہ کی طرح قلب سے بھی زنا وغیرہ کے اعمال
صادر ہوتے ہین پھر مرد کا یا عورت کا اندام جو چھپا رہتا ہی اسکی تصدیق کرتا ہی یا تکذیب کرتا ہی یعنے اگر وہ مرتکب ہوگئی اور اگر نہ
کیا تو تکذیب کی چنانچہ حدیث صحیح مین صریح موجود ہی اور اسیواسطے ایسے ظن کو گناہ قرار دیا کہ فرمایا ان بعض الظن اثم۔ یعنے بعض بدگمانی گناہ
ہی اور مختصر جسکے نزدیک تحقیق یہ ہی کہ افعال دو قسم ہین اول وہ افعال جو فقط دل ہی سے صادر ہوتے ہین جیسے یقین توحید لا الہ الا اللہ و محمد
رسول اللہ۔ اور جیسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعظیم دل مین رکھنا۔ پس ایسے افعال جب ہی افعال ہوتے ہین کہ دل انکو قصد کرے کیونکہ
کبھی خود بخود یہ امور دل مین پڑجاتے ہین جیسے علماء یہود وہرقل بادشاہ روم وغیرہ کے دل مین یہ بات قطعًا ساگئی تھی کہ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم بے شک سچے رسول ہین اور وہی پیغمبر ہین جنکی بشارت حضرت مسیح علیہ السلام وغیرہ نے سنائی تھی لیکن یہ انکے دل کا فعل نہین تھا بلکہ ایسے
دلائل وآثار موجود تھے کہ خود بخود انکے دلون مین یہ بات پڑتی تھی جیسے کوئی شخص اپنے دشمن کی طرف سے دل ہی دل مین یہ سمجھتا ہی کہ وہ نیک ہی مگر ظاہر
مین عداوت سے وہ اسکے خلاف کرتا ہی اسی طرح یہود ونصاری دل ہی دل مین معجزات نبوت دیکھ دیکھکر نا چار تھے کہ انکے دلون مین بھی سماتا تھا
کہ بیشک یہ شخص پیغمبر برحق ہی لیکن یہ انکے دل کا فعل نہین تھا بلکہ فعل یہ تھا کہ دل سے دشمنی کرتے واندر سے نفرت وانکار کرتے تو یہی انکا کفر ہوا اب
غور کرو کہ اگر کسی مومن کے دل مین وسوسہ پڑا کہ قیامت کیونکر ہوگی یا مانند اسکے تو یہ دل کا فعل نہین ہی پھر اگر اسنے اسکو دل مین جمایا تو یہ اسکا فعل ہی پس
محاسبہ ہوگا اور اگر اسنے اسکو رد کردیا تو یہ بھی اسکا فعل ہی اور اسپر ثواب عظیم پاویگا کیونکہ اسنے ایمان جمایا اور شک کفر نکال پھینکا۔ اسی طرح اگر کسی
مرد صالح کی طرف سے بدگمانی آئی اور اسنے نکال پھینکی تو کچھ گناہ نہین بلکہ ثواب ہوا اور اگر اسنے خود بدگمانی کی تو یہ فعل معصیت ہی کما قال
ان بعض الظن اثم اور حدیث مین ہی کہ بعضے لوگون نے شکایت کی ہمارے دل مین بعضی ایسی بات آتی ہی کہ ہمکو زبان سے نکالنا نہایت ہی گران معلوم ہوتا ہی یعنے ہم ایسا کفر
یا گناہ سمجھتے ہین کہ زبان سے کہہ نہین سکتے ہین تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ تو خالص ایمان ہی کما رواہ مسلم وغیرہ۔ اسکی یہی وجہ ہی جو ناگوار وسوسہ
شیطان نے ڈالا تھا وہ انکے دل کا فعل نہین تھا پھر جب انھون نے اسکو ناگوار جانا تو یہ انکا فعل ہی تو یہ عین ایمان ہوا۔ قسم دوم وہ افعال جو کسی عضو بدنی سے
صادر ہوتے ہین تو ایسے فعل مین سے ہر ایک کے ساتھ نیت قلبی ضرور متعلق ہوتی ہی پھر یہ نیت دو طرح ہی ایک تو اسکے صادر ہونے کی نیت اور دام

اس فعل کے نتیجہ کی نیت پس نتیجہ سے یہ غرض کہ زید نے بکر کو روپیہ دیا اس غرض سے کہ میرا نام مشہور ہو یا کوئی غرض نیک ہو تو یہ اسی نیت پر دائر ہے دوم اس فعل کے صادر کرنے کی نیت مثلاً زنا تو یہ فعل درحقیقت عزم گاہ سے پورا ہوتا ہے پھر اگر کسی کے دل میں آیا کہ وہ زنا کرے لیکن اسنے اس قصد کو دور کیا تو ثواب پایا اور اگر اسنے اس قصد کو دل میں جمایا اور عزم بھر اس قصد کو کبھی پورا نہیں کر لیا تو بھی عزم بدینی کا گناہ کمایا اور اگر کبھی پورا کر لیا تو بدنیتی و بدکاری دونوں کا گناہ کمایا پھر کبھی آدمی کی مراد ایک فعل سے اچھی ہوتی ہے اگرچہ وہ فعل ناگوار ہے تو ظاہر شرع میں اسپر بھی فعل دیکھا جائیگا اور نیت پر اللہ تعالے کے نزدیک باطن میں مدار ہوگا اور حدیث میں ہے کہ اس امت کے لیے وہ معاف ہے جو جی میں وسوسہ آوے اور حدیث میں ہے کہ جسنے بدی کا قصد کیا پھر بخوف الٰہی عزوجل اسکو چھوڑ دیا و مٹایا تو اسکے واسطے ایک نیکی لکھی جائیگی اور اگر اس بدی کو پورا کیا تو اسکے نامۂ اعمال میں بدی لکھی جائیگی اور اگر نیکی کا قصد کیا تو نیکی لکھی جائیگی پھر اگر اسکو پورا کیا و عمل میں لایا تو دس نیکیاں لکھی جائینگی کما فی صحیح مسلم وغیرہ فافہم۔ المنہ جسم اور تفاسیر میں ہے کہ حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالے حساب فرمائیگا مگر مومنوں سے مواخذہ اسیقدر ہوگا جو صادر و واقع کیا ہوا اور باقی عفو ہوگا اور چونکہ اس آیت کریمہ میں فیغفر لمن یشاء ویعذب من یشاء مبہم تھا آگے کی آیت کریمہ سے صاف کر دیا کہ حساب ہوگا مگر مواخذہ اسیقدر پر ہوگا جو وسعت میں تھا اور حضرت ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے میری امت سے اس چیز کو درگذر فرما دیا جو انکے نفسوں میں وسوسہ پیدا ہوں جبتک کہ انکو زبان سے نہ نکالے یا اوپر عمل نہ کرے رواہ اصحاب الستۃ۔ اور ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے ملائکہ کو حکم فرمایا کہ جب میرا بندہ کسی برائی کا قصد کرے تو اسپر اسکو مت لکھو پھر اگر وہ عمل میں لاوے تو اسکو اسپر ایک بدی لکھو اور جب وہ بھلائی کا قصد کرے اور ہنوز نہیں بجالایا ہے تو اسپر ایک نیکی لکھو پھر اگر اسکو بجالاوے تو دس نیکیاں لکھو۔ رواہ البخاری و مسلم اور ایک روایت میں نیکی کے بجالانے کی صورت میں دس گونہ سے سات سو گونہ تک لکھنے کا حکم مذکور ہے رواہ مسلم منفردا اور عبدالرزاق کی روایت میں اس حدیث قدسی میں یوں طور ہے اور جب اسنے اپنے نفس سے یہ بات کی کہ بدی کو کرے تو میں اسکو یہ وسوسہ نہ ستاتا ہوں جبتک اس بدی کو نہیں کیا پھر جب اسکو کر گذرا تو اسکے اوپر اسکو ایک مثل لکھتا ہوں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ملائکہ کہتے ہیں کہ پروردگار یہ بندہ تیری بدی کو کرنا چاہتا ہے حالانکہ اللہ تعالے اسکو خوب دیکھتا ہے مگر فرماتا ہے کہ اے ملائکہ اسکو دیکھتے رہو کہ اگر اسکو کرے تو اسپر اسکی مثل ایک ہی بدی لکھو اور اگر اسکو چھوڑ دے اور باز رہے تو اسکے نام ایک نیکی لکھو اسنے میرے ہی خیال سے اس بدی کو چھوڑا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم میں جسکا اسلام اچھا ہوا تو جو نیکی وہ کرتا ہے اسکے واسطے دس گونہ سے سات سو گونہ تک لکھی جاتی ہے اور ہر برائی جو اس سے صادر ہوتی ہے تو وہ ایک ہی لکھی جاتی ہے یہانتک کہ اللہ عزوجل سے ملتا ہے رواہ مسلم۔ اور ابن عباس کی مرفوع روایت اسی حدیث قدسی میں دس گونہ سے سات سو گونہ سے اضعاف کثیرہ تک ثواب مذکور ہے اور یہ بھی صحیح مسلم میں ہے اور پہلے معلوم ہو گیا ہے کہ عرب اضعاف کثیرہ وغیرہ کا اطلاق بمعنے بیشمار کہا کرتے ہیں اور ابوہریرہ رضی سے روایت ہے کہ اصحاب رسول اللہ صلعم میں سے چند لوگ آئے اور عرض کی کہ ہم لوگ اپنے نفسوں میں ایسی بعض بات پاتے ہیں کہ ہر کوئی ہم میں سے اسکو زبان سے نکالنا بہت بڑا کام جانتا ہے فرمایا کہ تم ایسا پاتے ہو انھوں نے کہا کہ ہاں یا رسول اللہ تو فرمایا کہ یہ تو صریح ایمان ہے اور عبداللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم سے وسوسہ کو دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ یہ صریح ایمان ہے رواہ مسلم۔ اور معنے یہ ہیں کہ نفس میں وسوسہ آیا اور شیطان کے واہیات خیال جو جناب باری عزوجل کی شان کے لائق نہیں ہے وہ دل میں ڈالا اور بندے نے دل میں سمجھا کہ یہ بڑی بری بات ہے کہ زبان سے نکالنے کے قابل نہیں ہے تو یہ اسکے ایمان کا مقتضا ہے اسی واسطے آپ نے فرمایا کہ یہ تو بین ایمان ہے فائدہ ف ۲ عرائس البیان میں کہا کہ قولہ تعالے للہ ما فی السموات وما فی الارض ای اللہ تعالے ہی کے واسطے ملکوت کونین کے خزانے ہیں اور اسکے وسطے غیب عالمین کے اسرار ہیں شیخ ابن عطار نے فرمایا کہ ہر دو جہان کا پیدا کرنے والا وہی پاک خالق ہے جسنے بدون کسی چیز کے

اور بدون کسی مثال کے انکو اس عقل و حکمت سے پیدا کر دیا ہے پس جو شخص ان دونوں میں مشغول ہو گیا تو یہ دونوں اپنی طرف اسکو مشغول کر کے اللہ تعالےٰ سے جدا کر دیتے ہیں اور جو شخص کہ اللہ عزوجل خالق کی طرف جھک پڑا اور ان دونوں کو ترک کر دیا تو اسکو اللہ تعالےٰ ان دونوں کا مالک بنا دیتا ہے اور علی بن سہل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قولوا ان تبدوا ما فی انفسکم۔ یعنی باطنی اعمال اور دل کے افعال کو ظاہر کرو اور مخفیہ یا احوال کو چھپاؤ جسکا سبکو یہ اللہ۔ یعنے عارف کو اسکے احوال کے موافق درجہ و قربت عطا فرمائیگا اور زاہد کو اسکے اعمال اعمال پر ثواب عنایت ہوگا واللہ اعلم

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَ

مانا رسول نے جو کچھ اترا اسکو اسکے رب کی طرف سے اور مسلمانوں نے ہر ایک نے مانا اللہ کو اور اسکے فرشتوں کو اور اسکی کتابوں کو اور

رُسُلِهٖ ۫ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۫ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۫ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ

اسکے رسولوں کو ہم جدا نہیں کرتے اسکے رسولوں میں۔ اور بولے ہمنے سنا اور اطاعت کی تیری بخشش چاہیں ہم اے رب ہمارے اور تیری طرف پھرنا ہے

اٰمَنَ۔ صدق۔ اَلرَّسُوْلُ۔ محمد۔ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ۔ من القرآن۔ وَالْمُؤْمِنُوْنَ۔ تصدیق کی رسول نے محمد صلعم اس کلام کی جو اسکے رب کی طرف سے اسپر اتارا گیا (قرآن) اور مومنوں نے بھی اسکی تصدیق کی رسول سے مراد محمد صلعم ہیں کیونکہ الرسول کا الف لام عہد کا ہے اور ما انزل میں ما موصولہ سے قرآن مراد ہے۔ كُلٌّ۔ ای کلہم۔ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ۔ بالجمع والافراد۔ حمزہ و کسائی کی قرأۃ میں كِتَابِهٖ۔ مفرد آیا ہے اور باقیوں کی قرأت میں بصیغۂ جمع آیا ہے۔ وَرُسُلِهٖ۔ رسول و مومنین سب ایمان لائے اللہ تعالےٰ پر و اسکے ملائکہ و کتابوں (یا کتابہ) پر و اسکے رسولوں پر۔ یقولون۔ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ۔ نؤمن ببعض ونکفر ببعض کما فعل الیہود والنصاریٰ کہتے ہیں کہ ہم اسکے رسولوں میں سے کسی کے درمیان تفریق نہیں کرتے ف۔ بایں طور کہ بعض رسول پر ایمان لاویں اور بعض سے کفر کریں جیسے یہود و نصاریٰ نے کیا ہے۔ وَقَالُوْا سَمِعْنَا۔ ما امرتنا بہ سماع قبول کہتے ہیں کہ ہمنے سنا ف۔ یعنے جسکے کرنیکا تو نے ہمکو حکم کیا ہے اسکو قبولیت کا سننا یعنے سنا ہے۔ وَاَطَعْنَا۔ اور ہمنے اسکی طاعت کی ف۔ نافرمانی نہیں کرتے ہیں۔ نسئلک۔ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا۔ ہم دعا کرتے ہیں تجھسے تیری بخشش کی اے ہمارے پروردگار۔ وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ۔ المرجع بالبعث تیرے ہی طرف کو لوٹ جانے کا ٹھکانا ہے ف۔ بعد موت و بعث حشر کے۔ زجاج رحمہ اللہ نے کہا کہ اللہ تعالےٰ عزوجل نے اس سورت میں فرض صلوٰۃ و صوم و زکوٰۃ ذکر کیا اور احکام حج و جہاد کو بیان کیا اور حکم حیض و طلاق و ایلاء کو ذکر فرمایا و انبیاء کے قصص بیان فرمائے اور سود کا حکم بیان کیا پھر اسکے پیچھے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق پھر تمام مومنین کی تصدیق ذکر فرمائی چنانچہ فرمایا۔ اٰمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ والمومنون۔ اور پہلے معلوم ہو گیا کہ اسکے پہلے جو آیت ہے اسکے نازل ہونے اور مومنوں کی تصدیق اور اطاعت کرنے پر اور ہمیں اپنے آپکو جناب باری عزوجل کی قدرت میں تسلیم کرنے پر ایکے حق میں مدح نازل فرمائی گئی ہے جیسا کہ احادیث مذکورہ بالا سے واضح ہے اور تصدیق کرنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مقطوع و معلوم تھا تو مومنوں کے حق میں اسمیں کیا بڑی مدح ہے کہ رسول اللہ صلعم کی تصدیق کرنیکے ساتھ فرما دیا۔ قولہ کل آمن باللہ وملائکتہ وکتبہ ورسلہ لا نفرق بین احد من رسلہ۔ اسمیں کل یعنے کل واحد یعنے ہر فرد ایمان لایا اللہ تعالےٰ پر اسطرح کہ وہ وحدہ لا شریک لہ ہے اسی میں الوہیت و صمدیت ہے اور ملائکہ وغیرہ پر ایمان یہ کہ انکو سچ مانا پس ملائکہ کا سچ ماننا یہ کہ وہ اللہ تعالےٰ کی نافرمانی مخلوق ہیں نہ ہاں سچ کی طرح مذکر یا مؤنث کا تصور نہیں ہے اور وہ اللہ تعالےٰ کی نافرمانی نہیں کر سکتے بلکہ جو حکم ہو وہ ویسا ہی ٹھیک پورا کرتے ہیں اس سے ظاہر ہے کہ جو شخص ملائکہ پر ایمان نہ لاوے وہ کافر ہے اور تمام امت سابقین و لاحقین سے اتفاق کیا ہے کہ ملائکہ اللہ تعالےٰ کی مخلوق ہیں اور احادیث و اخبار اسمیں مانند متواترات کے ہیں اور آیات صریح متواتر موجود ہیں پس اہل ایمان کو اس زمانہ کے بعض فاجروں کے قول پر

اعتماد نہ کرنا چاہیے جو وجود ملائکہ سے منکر ہین کیونکہ یہ کفر ہے۔ اور ملائکہ کو رسل پر مقدم آنا کچھ فضیلت کے لیے نہین بلکہ وہ اللہ تعالےٰ و رسل کے درمیان کتابون کے اتارنے مین واسطہ ہوتے ہین تو ترتیب سے پہلے ملائکہ کو پھر کتابون کو پھر رسولون کو بیان فرمایا اور تم جانتے ہو کہ کسیکے نزدیک کتابون سے ملائکہ کی فضیلت مقصود نہین ہے اور کتابون پر ایمان کے یہ معنے ہین کہ اللہ تعالےٰ نے جب کبھی جس پیغمبر پر کوئی صحیفہ یا کتاب نازل فرمائی یا وحی فرمائی سب حق ہین چنانچہ توریت و انجیل بھی حق ہے اور اسوقت مین انکا عمل منسوخ ہونے سے یہ لازم نہین آتا کہ وہ حق نہون رسولون پر ایمان لانے کے یہ معنے کہ اللہ تعالےٰ نے جب کبھی کہین کسی امت پر جو رسول و نبی بھیجا وہ سچے شک اللہ تعالےٰ کے رسول تھے اور ہم کسی سے منکر نہین ہین لہذا مدح فرمائی بقولہ تعالےٰ لانفرق بین احد من رسلہ برخلاف یہود کے کہ حضرت محمد و عیسیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے کافر ہو گئے یا جیسے نصرانی کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے منکر ہوے قولہ وقالوا سمعنا واطعنا غفرانک ربنا والیک المصیر اسمین مدح ہے کہ ان لوگون نے سمعنا واطعنا کہا اور مثل بنی اسرائیل کے سمعنا وعصینا نہین کہا اور قولہ غفرانک ای اغفر غفرانک۔ یہ سیبویہ و زجاج وغیرہ کا قول ہے اور یہی اولیٰ ہے اور بعض نے کہا کہ تقدیر کلام نسالک غفرانک۔ ہے اور یہی مفسر نے اختیار کیا ہے۔ اور المصیر کی تفسیر ابن عباس سے مرجع و مآب مروی ہے۔ اور جابرؓ سے روایت ہے کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی آیہ۔ آمن الرسول بما انزل الیہ۔ تا قولہ والیک المصیر۔ تو جبرئیلؑ نے کہا کہ اللہ تعالےٰ نے آپ کی اور آپ کی امت کی اچھی تعریف کی ہے پس آپ درخواست کیجیے آپ کی درخواست اللہ تعالےٰ پوری کریگا۔ یعنے لایکلف اللہ نفسا الا وسعہا۔ کا سوال کیجیے رواہ ابن جریر ف۲ فی العرائس قولہ آمن الرسول بما انزل الیہ من ربہ۔ اللہ تعالےٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا باطن تمام نفسانی لگاؤ اور شیطانی خطرون سے پاکیزہ فرمادیا تھا پس جو کچھ جبروت کے صفات اپر کشف کیے گئے انکو نھون نے صدق اخلاص سے قبول کیا۔ قولہ والمومنون کل آمن باللہ۔ جاننا چاہیے کہ مومنون دو قسم کے ہین اول قسم وہ لوگ ہین جو عارفین صادقین مشاہدین مقربین مخلصین محسنین اصفیین متقین کاملین ہین انمین سے ہر ایک نے نبی صلعم کی ہدایت مین مشاہدہ کیا اور اگر ایسا نہوتا تو وہ لوگ اپنی جان و تن کو راہ حق مین قربان کرتے لیکن نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مشاہدہ اور ان مومنون کے مشاہدہ مین فرق یہ ہے کہ آنحضرت صلعم کے واسطے مشاہدہ خالص اور مشاہدہ صرف تھا جو آپ ہی کے واسطے مخصوص ہے انمین خطرات کی آمیزش بالکل نہ تھی اور ان مومنون کو مشاہدہ یقین اس طور پر تھا کہ انمین تجلی کا مشاہدہ کسی لباس مین ہوتا تھا اور یہ لوگ وسواس سے خلاص نہ تھے بلکہ وسواس کے امتحان مین پڑے تھے قال المترجم صحاح احادیث و اخبار مین ثابت ہے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اپنی تمام جان و اولاد و مال سے زیادہ آنحضرت صلعم کو چاہتے تھے یہان تک کہ اپنی اولاد و خویش و اقارب کو آپ پر قربان کرتے تھے اور صحیح ہوا کہ کوئی مومن نہین ہوتا جب تک آنحضرت صلعم اسکی جان و مال سے زیادہ محبوب نہو جاوین اور اسی استغراق محبت مین انکو اپنے شہید ہونے اور اولاد و اقارب کے قتل ہونے سے کچھ پروا نہوتی تھی اور مومنون مین سے قسم دوم وہ لوگ کہ علم و عقل اور اللہ تعالےٰ کی آیات بینات پر ایمان لائے ہین اور یہ ایمان خلقی فطرت ہے

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا

اللہ تعالےٰ تکلیف نہین دیتا کسی شخص کو مگر جو اسکی گنجایش ہے اسیکے لیے ہے جو اسنے کمایا اور اسی پر پڑتا ہے جو کیا اے رب ہمارے نہ پکڑ ہمکو اگر ہم بھولین یا چوکین

رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ

اے رب ہمارے اور نہ رکھ ہمپر بوجھ بھاری جیسا تو نے ڈالا تھا ان بندون پر جو ہمسے پہلے تھے اے رب ہمارے اور نہ اٹھوا ہمسے جسکی ہمکو طاقت نہین

وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَآ اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اور درگذر کر ہم سے اور بخش دے ہمکو اور رحم کر ہم پر تو ہی ہمارا مالک ہے سو تو ہماری مدد کر اس قوم پر جو کافر ہین

جب یہ آیت نازل ہوئی جو اس سے پہلے ہے تو مومنون نے وسوسہ کی بے اختیاری ظاہر کی پھر عرض کیا کہ اسپر ہمارا مواخذہ ہونا ہماری طاقت سے

باہر ہو تو لامحالہ ہم عذاب مین پڑے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سمجھایا کہ تم لوگ ایمان لاؤ اور سر جھکاؤ اور اپنے آپ کو اپنے رب عزوجل کے حوالہ کرو کہ وہی رحم فرمانے والا ہو جب صحابہ رضی اللہ عنہم نے اپنے قلوب کو بالکل رب عزوجل کے سپرد کیا تو اللہ تعالے نے قولوا آمنا الرسول الآیۃ سے انکی مدح فرمائی اور وسوسہ کے محاسبہ پر مواخذہ دور فرمایا یعنے اگرچہ حساب ہو مگر مواخذہ نہو گا لہذا نازل فرمایا۔ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا۔ اللہ تعالے نے کسی نفس کو مکلف نہین فرمایا مگر اسکی وسعت بھر ف یعنے جتنی اسکی سمائی وطاقت ہو۔ لَهَا مَا كَسَبَتْ مین الخیر ای ثواب۔ ہر نفس کے واسطے اسکی کمائی ہو ف یعنے جو نیکی کمائی اسکا ثواب ہو۔ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ۔ من الشر ای وزرہ یعنی اور ہر نفس پر ہو جو اسنے کمائی ف یعنے ہر ایک بدی جو اسنے کمائی تو اس بدی کا گناہ و وبال خود اسی پر ہو کوئی شخص کسی دوسرے کے گناہ مین نہ پکڑا جائیگا اور نہ بغیر کیے ہوے جرم مین ماخوذ ہو گا۔ پھر حکم دیا کہ تم لوگ یون کہو کہ۔ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا۔ بالعقاب۔ اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَاْنَا۔ ترکنا الصواب لا عن عمد کما اخذت بہ من قبلنا وقد رفع اللہ ذلک عن ہذہ الامۃ کما ورد فی الحدیث۔ ای ہمارے رب ہمکو گرفتار نہ کیجیو و عذاب مین اگر ہم بھولین یا چوکین یعنے ٹھیک راہ عمداً نہین بلکہ چوک کر چھوڑین پس اگر ہم بھول جاوین یا چوک جاوین تو ہمکو عذاب مین نہ پکڑ جیسے اسکی وجہ سے تو نے ہمسے اگلون کو گرفتار کیا اور حال یہ کہ اللہ تعالے نے اس امت مرحومہ سے بھول چوک کا مواخذہ دور کر دیا ہے جیسا کہ حدیث مین آگیا ہے پس اب اسکی درخواست کرنا اللہ تعالے کی نعمت کا اقرار ہے کیونکہ نعمت تو پہلے سے حاصل تھی حدیث مین ہے کہ اللہ تعالے نے اسکو قبول فرمایا۔ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَا اِصْرًا۔ امر ثقیل علینا حملہ۔ ای ہمارے رب اور ہمپر مت ڈالیو امر یعنے ایسا امر ثقیل جسکا اوٹھانا ہمپر بھاری ہو جاوے۔ كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا۔ جیسے امر ثقیل تو نے ان لوگون پر ڈالا تھا جو ہمسے پہلے تھے ف یعنے بنی اسرائیل من قتل النفس فی التوبۃ واخراج ربع المال فی الزکوۃ وقرض موضع النجاسۃ۔ اگلون سے مراد بنی اسرائیل ہین کہ انپر یون حکم تھا کہ انکے گنہگار کی توبہ یہ تھی کہ اپنے آپکو قتل کرا دے اور زکوۃ یہ تھی کہ تمام مال کا چوتھائی دے اور نجاست دھونے سے نہین پاک قرار دی جاتی بلکہ اسطرح کہ اتنا کپڑا کاٹ ڈالے۔ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ۔ قوۃ۔ لنا بہ۔ من التکالیف والبلایا۔ ای ہمارے رب اور ہمسے ایسی چیزین نہ اٹھوائیو جسکی ہمکو طاقت یعنے قوت نہین ہو ف مانند تکالیف و بلیات کے۔ حدیث مین ہے کہ اللہ تعالے نے اسکو قبول فرمایا۔ حدیث مین ہے کہ اللہ تعالے میری امت پر ایسی قوم مسلط نہین فرماویگا جو انکو قتل کرا دینے سے نابود کرنا مباح جانے اور انکو قحط عام و غرق عام مین ہلاک نہین فرماویگا۔ وَاعْفُ عَنَّا۔ امح ذنوبنا۔ اور ہمارے گناہون کو محو کر دے۔ وَاغْفِرْ لَنَا۔ اور ہمکو بخشدے۔ وَارْحَمْنَا اور ہمپر رحم کر دے ف یعنے مغفرت سے بڑھکر رحمت عطا فرما۔ اَنْتَ مَوْلٰنَا۔ سیدنا ومتولی امورنا۔ تو ہی ہمارا مالک اور ہمارے کاموں کا متولی ہے۔ فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ۔ باقامۃ الحجۃ والغلبۃ فی قتالہم فان من شان المولی ان ینصر مولیہ علی الاعداء۔ پس ہمکو کافرون پر مدد گاری دے بایں طور کہ ہماری حجت انپر قائم ہو اور انسے لڑائی کرنے مین ہمکو انپر غلبہ ہو کیونکہ مالک کی شان ہے کہ اپنے اولیاء بندون کی مدد گاری کرے دشمنون پر اور حدیث مین ہے کہ اللہ تعالے نے اسکو منظور فرمایا۔ واضح ہو کہ تکلیف ہر حکم الٰہی ایسی چیز کے ساتھ جسمین مشقت و کلفت ہو اور حکم سے مراد مخصوص امر ہی نہین بلکہ بمعنے طلب ہے جو نہی کو شامل ہے اسلیے کہ بہت سی منہیات بھی خلاف خواہش نفس ہونے کے وجہ سے نفس پر شاق ہین اور اسمین اتفاق ہے کہ مدار تکلیف کا بلوغ ہے اور یہ جو بعض علما سے روایت ہوا ہے کہ دس برس کے سن ہونے پر اگر نماز نہ پڑھے تو اسکی قضا واجب ہے جیسا کہ سنن ترمذی مین ہے تو یہ احتیاط و تشدد ہے اور رہا اسلام تو وہ بھی جمیع علما کے نزدیک تمام فروع اعمال کے واسطے شرط ہے اور اسپر اتفاق ہے کہ بدون اسلام کے ان اعمال کا ادا کرنا درست نہین ہے پس کافر کا نماز روزہ ادا کرنا صحیح نہو گا

اور دیگر شروط مثل آزادی وغیرہ کے تو یہ اعمال مین متفرق طور پر کسی مین شرط ہین اور کسی مین نہین مثلاً علماے حنفیہ کے نزدیک جمعہ اور اکر آزاد مرد پر واجب ہی مملوک و عورت پر نہین۔ اور امر بالمعروف کرنا جس صورت مین کہ واجب ہی تو آزاد و مملوک سب پر واجب ہی علی ہذا القیاس۔ التوسع بمعنے ملائمت یعنے جہانتک آدمی کو گنجایش ہی اور ضیق نہین ہی پس قولہ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا۔ کے یہ معنے ہوے کہ اللہ تعالے ہر آدمی کو اسکی وسعت ہی بھر مکلف کرتا ہی اور اسی حصر سے کہا گیا کہ حرج یعنے جسمین انسان پر ضیق و تنگی ہو وہ شرع مین اللہ تعالے نے دور کیا ہی لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ ضیق و تنگی وہ معتبر ہی جو شرع نے قبول کی اور نظیر اسکی موجود ہی نہ وہ کہ جو آدمی کے نفس امارہ نے اپنی خراب خواہش کے موافق قرار دی ہی مثلاً ایک شخص کی ٹانگ مین پھوڑا ہی کہ وہ کھڑا نہین ہو سکتا ہی تو اس سے فرضیت قیام بحالت نماز ساقط ہی اور یہ نہین کہ ایک شخص ہٹا کٹا زبردستی اپنے آپکو کھڑے ہونے مین ضیق و حرج قرار دے کہ وہ مقبول نہین ہی اور اسکا جاننا فقیہ مجتہد کی فہم پر ہی بیواسطے امام محمد رح نے ملک روم مین پہونچکر حرج دیکھکر گنڈے جلانا جائز کہا ہی۔ اور اس بیان سے ظاہر ہوا کہ منہاج الوصول الی علم الاصول مین بیضاوی نے اور دوسرون نے اپنی اپنی تصانیف مین جو یہان یہ اشکال پیش کیا ہی کہ ابوجہل و ابولہب وغیرہ کے مانند جن کافرون کو ایمان لانے کا مکلف کیا گیا تھا حالانکہ علم الٰہی مین قرار پایا تھا کہ وہ ہرگز ایمان نہ لاوینگے تو یہ تکلیف مالایطاق ہوئی حالانکہ اللہ تعالے نے اس آیہ کریمہ مین تکلیف مالایطاق کی نفی فرمائی ہی تو یہ اشکال وارد ہی نہین ہوتا اسواسطے کہ تکلیف مذکور ہی۔ تو فروعی اعمال سے مکلف کیا جانا مراد ہی اور یہ اصل ایمان مین گفتگو ہی اور شافعیہ پر شاید یہ اعتراض وارد ہوگا کہ انکے نزدیک اسلام اور فروع اعمال مانند نماز و روزہ وغیرہ سے مکلف ہونا یکسان ہی اور البتہ تکلیف مالایطاق سے مکلف ہونا جائز قرار دیا گیا ہی بدلیل قولہ وان تبدوا ما فی انفسکم او تخفوہ یحاسبکم بہ اللہ۔ اور بدلیل قولہ ولا تحملنا ما لا طاقۃ لنا بہ۔ کیونکہ اسمین تکلیف مالایطاق سے خلاصی کی درخواست ہی اگر جائز نہوتی تو درخواست کے کچھ معنے نہوتے۔ اور بیضاوی وغیرہ نے یہ جواب دیکر کہا کہ ابولہب وغیرہ کو ایمان لانے کی تکلیف دینا قبل اس امر سے آگاہ کرنے کے تھا کہ وہ ایمان نہ لاوینگے اور بعد اعلام اس امر مذکور کے انکا تکلیف دینا نہین ہی چنانچہ فرمایا سواء علیہم ءانذرتہم ام لم تنذرہم لا یؤمنون۔ اور مفسر جیم کہتا ہی کہ یہ جواب ضعیف ہی کیونکہ یہ تو اسکا جواب ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو کیون اسلام کی دعوت فرمائی اسلیے کہ وہ ایمان لانے والے نہ تھے پس اسکا جواب اس سے عمدہ یہ ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم انکی ہدایت کرنے مین اپنے واسطے ثواب کے بڑے بڑے درجے حاصل کرتے تھے اور اسکا جواب نہین کہ اللہ تعالے نے عام دعوت کیون فرمائی کیونکہ ایمان لاؤ سب کو عام خطاب ہی پس اگر یہ کہا جاوے کہ خطاب عام تھا اور مراد خاص تھی تو یہ ٹھیک نہین ہی کیونکہ دعوت حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عام ہی اور عام ہی مراد ہین اور اس صورت مین لازم آتا ہی کہ علم الٰہی مین انکا ایمان نہ لانا بھی تھا اور پھر ایمان لانے کا حکم بھی کیے گئے پس اشکال مندفع نہین ہوا ہان مفسر جیم کے جواب سے دفع ہو چکا جیساکہ اوپر معلوم ہوا یعنے احکام الٰہی پہونچانے مین اللہ تعالے نے دو معنے رکھے اول کافرون پر حجت اگرچہ ایمان نہ لاوین۔ دوم مراتب سالت جو کافرون سے ایذا اٹھانے مین ہین تو یہ ہر صورت مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے حاصل تھی قولہ کہا ما کسبت و علیہا ما اکتسبت تقدیم خیر سے دلالت انحصار پر ہی اور لہا مین لام واسطے نفع کے اور علیہا مین علی واسطے ضرر کے ہی اور یہ قرینہ ہی کہ ما کسبت سے مراد خیر اور اکتسبت سے شر ہی اور صاحب کشاف وغیرہ نے کہا کہ کسب فقط خیر ہی کے ساتھ بولا جاتا ہی۔ اور اکتساب فقط شر کے واسطے بولا جاتا ہی اگر کہا جاوے کہ خیر کی تخصیص کسب کے ساتھ اور شر کی تخصیص اکتساب کے ساتھ کیون ہوئی تو جواب دیا گیا کہ اکتساب مین احتمال ہی اعتمال مبالغہ و کوشش سے کام کو بجالانا پس فعال بدچونکہ خواہش نفس پر ہوتے ہین اور نفس خود انکا حکم کرتا اور انکی طرف کھینچتا ہی تو انکے پورا کرنے مین زیادہ خواہش و کوشش ہوتی ہی پس اسکے واسطے اکتساب قرار دیا گیا اور امور خیر مین یہ بات نہین ہوتی ہی لہذا انکے واسطے کسب ہی رہا اور بہر تقدیر لہا ما کسبت نفس کے

واسطے وہ چیز جو اسنے کمائی ۔ اس سے عین مکسوب مراد نہین ہی بلکہ انکا ثواب مراد ہی اور ایسے ہی ما اکتسبت - مین عین شر مراد نہین بلکہ اسکا گناہ و عذاب مراد ہی قولہ ربنا لا تواخذنا ان نسینا او اخطانا - یعنے اگر نسیان و خطا سے کوئی امر بد ہمسے صادر ہو تو اسکے گناہ مین ہمکو ماخوذ نفرما اور اکثر مفسرین وغیرہ نے اس دعا سے اشکال پیش کیا ہی کہ خطا و نسیان تو دونون معفور ہین پھر یہ دعا تحصیل حاصل ہوگی اور اسکا جواب کئی وجہ سے دیا گیا اول آنکہ استدعا ان سب اسباب پر مواخذہ نہونے کی ہی جو خطا و نسیان کی طرف مودی ہوتے ہین نفس خطا و نسیان پر مواخذہ نہونے کی درخواست نہین ہی کہ وہ تو عفو کیے گئے ہین دوم آنکہ نفس خطا و نسیان پر مواخذہ نہونے کی درخواست ہی اور مقصود یہ ہی کہ برابر ایسا ہی رہے سوم آنکہ یہ بطریق شکر ہی چہارم آنکہ خطا و نسیان معاف ہونے کا علم حاصل ہونے سے پہلے تھا ذکرہ فی الکمالین اور اسمین نظر ہی اسواسطے کہ یہ حکم اللہ تعالے نے دیا ہی کہ قولوا ربنا لا تواخذنا الی آخرہ اور علم الٰہی مین مواخذہ نہونا معلوم تھا قال قرطبی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اسمین کچھ اختلاف نہین کہ خطا و نسیان کا گناہ تو اٹھا دیا گیا ہی مگر اسمین اختلاف ہی کہ خطا و نسیان سے جو بات پائی گئی پھر جو احکام ایسی بات سے متعلق ہوتے ہین وہ آیا اس سے متعلق ہونگے یا نہین تو اسمین اختلاف ہی اور صحیح یہ ہی کہ مختلف وقائع سے حکم مختلف ہی پس تاوان و قرضے و قرلیضہ نماز مین ایسی چیزین تو خطا و نسیان سے بالاتفاق ساقط نہین ہوتی ہین اور اگر خطا سے کسیکو قتل کیا یا خطا سے کلمہ کفر بولا تو ایسے امور بالاتفاق ساقط ہین چنانچہ قصاص لازم ہوگا اور مرتد ہونے کا حکم دیا جائیگا اور تیسری قسم مین اختلاف ہی مثلاً کسی نے رمضان مین بھولے سے کھالیا چنانچہ مالک کے نزدیک روزہ ٹوٹ گیا اور قضا لازم ہی اور جمہور کے نزدیک کچھ نہین ہی و علی ہذا اگر خطا سے طلاق دیدی تو طلاق واقع ہو جائیگی - اور جاننا چاہیے کہ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے اٹھا دیا میری امت سے خطا و نسیان کو اور اس چیز کو جسپر وہ زبردستی کیے جاوین رواہ ابن ماجہ و ابن المنذر و ابن حبان فی صحیحہ و الطبرانی و الدارقطنی و الحاکم و البیہقی - اور معنے حدیث کے یہ ہین کہ اگر خطا سے یعنے چوک کر یا بھولے سے کوئی کام کرین یا زبردستی سے کرایا جاوے تو اللہ تعالے نے اسکا گناہ انکے ذمہ سے دور کر دیا ہی اور یہ حدیث بہت طرق سے روایت کی گئی ہی اگرچہ اسناد مین مقال ہی مگر بعض کی بعض سے تقویت ہوتی ہی اور وہ ضرور حسن لغیرہ ہی اور حدیث صحیح قد فعلت والی اسکی شاہد موجود ہی اور ان آیات کے فضائل صحاح مین بہت مذکور ہین چنانچہ ابو مسعود سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسنے سورۂ بقر کی آخر کی دو آیتین رات مین پڑھ لین تو اسکو کافی ہین رواہ الشیخان و اہل السنن اور حذیفہ سے مرفوعاً روایت ہی کہ سورۂ بقرہ کی آخر آیتین مجکو خزانۂ زیر عرش سے دی گئین ہین مجھسے پہلے کسی نبی کو نہین دی گئین اخرجہ احمد و النسائی و الطبرانی و البیہقی بسند صحیح اور شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اسکے فضائل کو دراز کلام سے بیان فرمایا ہی اور اسیقدر کافی ہی جو مین نے ذکر کیا - فصل فی عدم التکلیف بما لیس فی الوسع قولہ تعالے لا یکلف اللہ نفسا الا وسعہا - اللہ تعالے اپنے اولیا کے نفوس کو حق عبودیت کی تکلیف نہین دیتا مگر اسیقدر کہ جسکی انکو طاقت ہی کیونکہ حقیقت عبودیت اٹھانے مین انکو ضعیف ہی اور قصور ظاہر ہی اسواسطے کہ ربوبیت کے حقوق مین سے ایک یہ بھی ہی کہ پہلے تکبیر جو تعظیم و اجلال سے ادا کرین اسی مین بدن و جان مین سب پگھل جاوین اور اللہ تعالے نے اپنے مخلوق کے واسطے اپنی معرفت مین سے فقط اسیقدر ظاہر فرمایا ہی جسقدر سے انکی زندگی ہو اور اپنے پروردگار سے جاہل ہونے کی حسرت مین مر نہ جاوین اور اگر انکو یہ یقین ہو جاوے کہ حقیقت عبودیت سے وہ کہین دور ہین اور صرف ربوبیت سے کہین جا پڑے ہین تو اس حسرت و غم مین مر جاوین - قولہ تعالے لہا ما کسبت - یعنے دنیا مین جو رنج و درد انکی اعزا نے اٹھایا ہی اسکا نیک بدلا انکو ملیگا کہ امتحان مین پورے اترے - قولہ و علیہا ما اکتسبت - نفس نے جو خطرات پیدا کر کے گناہ کمائے ہین تو اللہ تعالے نفوس کو دنیا مین یہ بدلا دیتا ہی کہ مجاہدات و ریاضات مین نفس پگھلایا جاتا ہی اور ارواح کو آخرت مین یہ بدلا ہی کہ انکو مشاہدہ خالص عطا ہوگا - قولہ تعالے ربنا لا تواخذنا ان نسینا - یعنے ہمکو بسبب ہمارے

محبوب نفرمایا اگر ہم تجھے بھولیں اور یاد فراموش کریں۔ قولہ او اخطانا۔ یعنے یا ہمیں طور خطا کریں کہ تیرے سوائے کسی غیر کیطرف التفات کریں۔ قولہ واعف عنا۔ اگر ہم تیری پاک ذات کی معرفت کم رکھتے ہیں تو ہمکو عفو کردے۔ قولہ واغفر لنا۔ تیری عبادت میں جو ہمسے تقصیر ہوتی ہو وہ بخشدے۔ قولہ وارحمنا ہمپر رحم کردے کہ محض اپنے فضل سے ہمکو اپنا وصل ومشاہدہ دیدے اور شیخ ابن عطاؒ نے فرمایا کہ لاتواخذنا مصیبت کے وقت ہمسے مواخذہ مت فرما اور قیامت میں ہماری پردہ پوشی فرمادے اور قیامت والوں کے روبرو ہمکو فضیحت نفرما۔ قولہ فانصرنا علی القوم الکافرین اہل مکاشفہ واہل مشاہدہ میں سے جو لوگ امتحان میں پڑتے ہیں یہ انکی مناجات ہے یعنے ہم تیری معرفت کے قیدی اور تیری محبت میں ضعیف ہیں سو تو ہی ہمپر رحم کر کہ اپنی عظمت کی تجلی فرما تاکہ کشف ربوبیت اور مقام عبودیت میں ہم تیرے ہی طرف سے تیرے ہی ساتھ تقویت پاوین اور ہمکو فتح ونصرت دے اپنی معرفت سے اور حقائق الہام کے لشکروں سے جو الوہیت سے ثابت ہوں قوم کافرین براہی طبیعت کے اور باطنوں پر تاکہ تیری معرفت کے میدانوں میں تیری معرفت کے تائید سے وہ شکست کھاکر بھاگیں اور تیری خالص بندگی کرنے اور تیری درگاہ کا مشاہدہ طلب کرنے میں ہم ان اوباطنوں کی تشویش سے راحت پاوین قال المترجم یعنے نفس وطبیعت کے بندے بیچ میں خلل ڈالتے ہیں اسپر ہمکو بسطح مدد دے کہ الہام کے لشکر معرفت وربوبیت کی ہمکو عنایت ہوں

## سورۂ آل عمران مدنیۃ مائتا آیۃ

یعنے سورۂ آل عمران مدنیہ ہے اور وہ دوسو آیات ہیں اور اس قول میں اتفاق ہے شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ اسکی صحت ظاہر ہے اسواسطے کہ اول سے تراسی آیات تک وفد نجران کے حق میں نازل ہوئیں جو ہجرت کے نویں سال مدینہ میں آئے تھے تو یہ ضرور مدینہ میں واقع ہوئی ہے

بسم الله الرحمٰن الرحيم

اللہ تعالےٰ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

رکوعہ ۲

الٓمّٓ ۱ اللہ اعلم بمرادہ بذلک۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ الٓمّٓ۔ اللہ تعالےٰ ہی خوب جانتا ہے کہ اس سے اوتعالےٰ کی کیا مراد ہے ۲ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالےٰ الم الف سے اشارہ ہے کہ فردانیت الٰہی پاک مقدس ہے اور ممتنع ہے کہ کوئی حدوث اسکے قدم سے ملتصق ہو یعنے حادث ومخلوق چیزیں جو کوئی ہوں کسیکو اس سے التصاق ووصل نہیں ہے جیسے الف کو ابتدا کسی سے میل نہیں ہوتا اور تمام حروف اسکی طرف ملتے ہیں اور لام اشارہ ہے اسکے لطائف غیب کی طرف اور میم اشارہ ہے اسکے ملکوت کے غرائب کیطرف جو خلائق کی آنکھوں سے پوشیدہ ہیں باوجودیکہ اسکے اولیا وانبیا کی آنکھوں کو قوت حاصل ہے۔ اور نیز الف سے اوتعالےٰ کی اولیت کی طرف اشارہ ہے اور لام سے اسکے جلال وجمال کی طرف اشارہ ہے اور میم سے اسکی محبت کی طرف جو اسکو اپنی اولیا وانبیا کے ساتھ ازل میں تھی طریقۂ الٰہی جاری ہے کہ اپنے خواص محبوبوں کو رموز واشارات سے خطاب فرماتا ہے مثلاً حروف مقطعہ کہ یہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے اپنے انبیا واولیا کے واسطے رموز ہیں بغرض انکی تشریف وتعظیم کے یعنے وہ تمام خلق سے برگزیدہ ہیں انکا خطاب بھی خاص ہے اور جو شخص جتنا اللہ تعالےٰ کی جناب میں زیادہ قربت رکھتا ہے اسکے ساتھ اشارہ بھی بہت دقیق ہوتا ہے اور رمز بھی نہایت بار یک ہوتی ہے کیا تو نہیں دیکھتا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اپنے کلیم یعنے موسیٰ علیہ السلام کو اپنا کلام پاک اچھی عبارات میں سنایا اور اپنے حبیب یعنے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بہت جمیل اشارات میں سنایا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں جوامع الکلم عطا کیا گیا ہوں یعنے میرے کلمات بہت سے معانی کو جامع ہوتے ہیں اور کلام بہت مختصر ہوتا ہے اور بعض نے فرمایا کہ عبارات تو عام کے واسطے ہیں اور اشارات خاص بندوں کے لیے ہیں اور بعض نے کہا کہ الف میں یہ اشارہ ہے کہ اوتعالےٰ ہر حال میں تیرے واسطے کافی ہے اور لام سے یہ اشارہ ہے کہ پوشیدہ بھید وسر میں اسکا لطف خاص تیرے ساتھ پوشیدہ ہے اور میم سے اشارہ ہے کہ اولیا کی درخواستوں کے ساتھ تقدیر متعلق ہے وہ جسطرح جاری ہوئی ہے اسیطرح

نجران کے نصاریٰ سے پہلے بارہ آدمی بطور ایلچی کے حضور صلعم کے پاس آئے تھے صفحہ ۱۲

انکی درخواست پوری ہوگی وہ اسی تقدیر پر راضی ہین اور عالم مین کوئی ذرہ حرکت نہین کرتا اور کوئی امر ظاہر نہین ہوتا بدون اسکی تقدیر کے اور یہ لوگ اسپر دل سے راضی ہین اور ان حروف مین سے ہر حرف سے ایک اسم کی طرف اشارہ ہی اور اسم سے فعل کی طرف اشارہ ہی اور فعل سے صفت کیطرف اشارہ ہی اور صفت سے ذات کیطرف اشارہ ہی پھر جب عارفون کے دلون مین ان معانی رموز کا القا ہوا تو وہ اسماء و افعال و صفات کے درجون پر پہونچ جاتے ہین یہانتک کہ بارگاہ کبریا تک انکی رسائی ہوجاتی ہی پس حق عزوجل کی طرف سے حق عزوجل ہی کے واسطے اپنے معلومات سرمدیہ کا کشف ہوتا ہی پس وہ لوگ ایسے علوم مجہولہ جان لیتے ہین جو ملکوت کی کتاب مین نہین ہین اور بعض نے فرمایا کہ الف قوا حدیت کا ہی اور لام لطف کا ہی اور میم ملک کا ہی۔ اور ابن عطا رح نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے حرفون کو سبب متصل بخلق قرار دیا اور انکی شکل کو انکے لیے اپنی جانب سے سبب متصل قرار دیا اور وہ شکل ایک بھید اللہ تعالے کا ہی کہ اسکو سوائے خدائے تعالے کے اور کوئی نہین جانتا ہی

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۚ نَزَّلَ عَلَیْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَیْنَ یَدَیْهِ وَ

اللہ اسکے سوائے کسیکی بندگی نہین جیتا ہی سب کا تھامنے والا اتاری تجھپر کتاب تحقیق ثابت کرتی اگلی کتاب کو اور

اَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ ۙ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ

اتاری تھی توراۃ اور انجیل اس سے پہلے لوگون کی ہدایت کو اور اوتارا الصاف البتہ جو لوگ

كَفَرُوْا بِاٰیٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِیْدٌ ؕ وَاللّٰهُ عَزِیْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ۝

منکر ہین اللہ کی آیتون سے انکو سخت عذاب ہی اور اللہ زبردست ہی بدلا لینے والا

نَزَّلَ عَلَیْكَ۔ یا محمد الْكِتٰبَ۔ القرآن ملتبسا۔ بِالْحَقِّ۔ بالصدق فی اخباره۔ یعنے کتاب سے مراد قرآن ہی اور بالحق حال واقع ہی یا تنزیلا ملتبسا بالحق یعنے صفت مفعول مطلق کی ہی اور بالحق کے معنے یہ ہین کہ کتاب جو خبر دیتی ہی اسمین سچی ہی اسی اگلے حالات و غیب کی باتین بیان کرنے مین سچی ہی۔ بَیْنَ یَدَیْهِ۔ قبله من الكتب۔ یعنے اس کتاب قرآن سے پہلے کی جو کتابین ہین کیونکہ وہی اب اسکے سامنے موجود ہین۔ مِنْ قَبْلُ۔ ای قبل تنزیله۔ یعنے قبل کا مضاف الیہ محذوف منوی ہی اور معنے قبل اسکے اتارے جانے کے۔ هُدًى۔ حال بمعنے ہادیین من الضلالة۔ یعنے توریت و انجیل سے حال واقع ہی ای درحالیکہ وہ دونون ہدایت کرنے والی تھین گمراہی سے۔ لِّلنَّاسِ۔ ممن تبعهما یعنے واسطے ان لوگون کے جنھون نے ان دونون کتابون کی پیروی کی یعنے کل لوگ مراد نہین ہین۔ وعبر فیهما بانزل فی القرآن بنزل المقتضی للتکریر لانهما انزلا دفعة واحدة بخلافه۔ اور تعبیر کیا ان دونون کتابون کے حق مین انزل کی لفظ کے ساتھ اور قرآن مین نزل کے ساتھ جو کہ تکریر کو مقتضی ہی یہ اسوجہ سے کہ وہ دونون تو ایک دفعہ ہی اتاری گئین بخلاف قرآن کے کہ وہ نجم نجم کرکے بحسب ضرورت بار بار دنیا مین تھوڑا تھوڑا اتارا گیا

وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ۔ بمعنے الكتب الفارقة بین الحق والباطل ذكره بعد ذكر الثلثة۔ لیعم ما عداها۔ یعنے فرقان کے معنے ایسی کتابین جو حق و باطل کے درمیان فرق و تمیز کرنے والی ہین اور تینون کتابون کے ذکر کے بعد اسکا ذکر کرنا اسواسطے ہی تاکہ ان تین کتابون کے سوائے اورون کو بھی شامل ہوجاوے ای زبور وغیرہ کو بھی پس یہ خاص کے بعد عام کا ذکر ہی۔ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ۔ القرآن وغیره یعنے قرآن وغیرہ سے۔ عَزِیْزٌ۔ غالب علی امره فلا یمنعه شئی من انجاز وعده ووعیده۔ یعنے ایسا غالب زبردست ہی کہ اپنے امور پر سب طرح توانا ہی پس اسکو اپنے وعدے و وعید پورا کردینے سے کوئی چیز مانع نہین ہوسکتی ہی۔ ذُو انْتِقَامٍ۔ عقوبة شدیدة ممن عصاه لا یقدر علی مثلها احد۔ یعنے سخت عذاب والا ہی ہر ایسے بندے کو جو اسکی نافرمانی کرے اور ایسی عقوبت کرسکتا ہی جیسی کوئی نہین کرسکتا ہی حدیث مین ہی کہ سورہ بقرہ کے قولوا لا الٰہ الا

ہوالحی القیوم - اور آل عمران کے - قولہ اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم - اور سورۂ طٰہٰ کے قولہ وعنت الوجوہ للحی القیوم - ان تین آیتوں میں اللہ تعالے کا اسم اعظم ہی اور بن نجی نے اکثر علماء سے نقل کیا کہ اسم اعظم اللہ ہی - اور معالم وغیرہ میں مذکور ہی کہ ربیع بن انس وغیرہ نے فرمایا نزول اس آیت کا نصاری نجران کے اہلچیوں کے حق میں ہوا اور وہ ساٹھ سوار تھے کہ ہجرت کے نوبن سال میں رسول اللہ صلعم کے پاس آئے اور انمیں چودہ آدمی انکے اشراف میں سے تھے اور ان چودہ میں سے تین آدمی ایسے تھے کہ انھیں کیطرف انکے امور کا مرجع تھا ایک عاقب اور اسکا نام عبد المسیح تھا دوم ایہم اور سوم ابو حارثہ بن علقمہ پس یہ سب عصر کے وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں داخل ہوے اور حرث بن کعب انکے پیچھے کہتے تھے کہ ہمنے ایسے ایلچی نہیں دیکھے انکی نماز کا وقت آیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مسجد میں نماز کو کھڑے ہوگئے پس رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ انکو چھوڑ دو کہ مشرق کیطرف نماز پڑھیں پھر عبد المسیح و ایہم نے گفتگو کی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان دونوں سے فرمایا کہ تم ایمان لاؤ تو بولے کہ ہم آپ سے پہلے ایمان لا چکے ہیں فرمایا کہ تم جھوٹے ہو تمکو اسلام سے تین چیزیں روکتی ہیں ایک تو تم اللہ تعالے کا بیٹا بتلاتے ہو اور دوسرے صلیب کو پوجتے ہو اور تیسرے سور کھاتے ہو تو بولے کہ اگر عیسی علیہ السلام خدا کا بیٹا نہیں تو اسکا باپ کون ہی اور سبھوں نے عیسی کے بارہ میں جھگڑا کیا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انسے فرمایا کہ بھلا تم یہ نہیں جانتے ہو کہ جو بیٹا ہوتا ہی وہ ضرور اپنے باپ کا مشابہ ہوتا ہی بولے ہاں کیوں نہیں جانتے ہیں فرمایا کہ بھلا تم یہ نہیں جانتے ہو کہ ہمارا پروردگار حی لایموت ہی یعنے ایسا زندہ ہی کہ کبھی اسکو موت فنا نہیں ہی اور عیسی کو ایسی موت فنا ہونے والے ہیں بولے کہ ہاں جانتے کیوں نہیں ہیں - فرمایا کہ بھلا تم یہ نہیں جانتے ہو کہ ہمارا پروردگار قیوم ہر شئی کی حفاظت فرماتا اور اسکو رزق دیتا ہی بولے کہ ہاں تو فرمایا کہ بھلا عیسی بھی انمیں سے کسی بات کا مالک ہی بولے کہ نہیں - فرمایا کہ بھلا تم یہ نہیں جانتے ہو کہ اللہ تعالے کوئی چیز پوشیدہ نہیں نہ زمین میں اور نہ آسمان میں بولے کہ ہاں جانتے کیوں نہیں ہیں - فرمایا کہ پھر بھلا عیسی بھی انمیں سے کچھ جانتا ہی مگر اسیقدر کہ جتنا اللہ تعالے نے اسکو سکھلا دیا ہی بولے کہ نہیں جانتا ہی تب آپنے فرمایا کہ پھر ہمارے پروردگار نے عیسی کو اسکی ماں کے پیٹ میں جیسے چاہا ویسے بنا دیا - اور ہمارا پروردگار نہ کھاتا ہی نہ پیتا ہی بولے کہ ہاں وہ ایسا ہی ہی - فرمایا کہ بھلا تم نہیں جانتے ہو کہ عیسی کو اسکی ماں نے اپنے پیٹ میں رکھا جیسے اور عورتیں حمل رکھا کرتی ہیں پھر اسکو جنی جیسے عورتیں جنا کرتی ہیں پھر عیسی کو غذا ملتی تھی ویسے ہی جیسے آدمی کے بچوں کو ملا کرتی ہی پھر وہ اپنے آپ کھاتے پیتے اور پیخانہ پیشاب وغیرہ کو جاتے رہے تو بولے کہ ہاں ایسا ہی ہی تب آپ نے فرمایا کہ پھر جسکی یہ حالت ہو وہ ویسا کیونکر ہو گا جیسا تمنے زعم باندھا ہی پس یہ لوگ چپ ہو گئے پھر اللہ تعالے نے ابتداے سورۂ آل عمران کو کچھ اوپر اسّی آیتوں تک نازل فرمایا - قولہ نزل علیک الکتاب یہاں نزل از تنزیل ہی جسمیں دلالت ہی کہ کہ نازل فرمایا اور قرآن مجید ایسا ہی ہی کہ ایک مرتبہ لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر پورا نازل ہوا پھر وہاں سے دنیا میں تیئیس برس میں نجم نجم کر کے بحسب واقعات نازل ہوا یہانتک کہ سب سے آخر آیت قولہ واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ الآیہ - تھی کہ حضرت صلعم کی وفات سے نو روز پہلے نازل ہوئی ہی اور اس سے معلوم ہوا کہ قرآن مجید کے حق میں اگر انزال فرمایا مثل قولہ ہو الذی انزل علیک الکتاب یا الحمد للہ الذی انزل علی عبدہ الکتاب بالحق انزلناہ - تو یہاں لوح محفوظ سے آسمان دنیا پر ایکبارگی نزول مراد ہی اور اگر تنزیل فرمایا تو تنجیم مراد ہی اور اسپر اعتراض کیا گیا بقولہ وقال الذین کفروا لولا نزل علیہ القرآن جملۃ واحدۃ - اور ایسے ہی قولہ والذین یومنون بما انزل علیک - اور جواب دیا گیا قاعدہ مذکورہ کلیہ نہیں ہی بلکہ اکثریہ ہی - قولہ ہدی للناس - حال ہی یعنے ہادین اور تثنیہ نفرمایا کیونکہ ہدی مصدر ہی اور للناس سے عام مراد لینا اشبہ بلیکہ ہم لوگ شرائع سابقہ غیر منسوخہ کے پابند ہوں یا ان دونوں کے زمانہ والے خاص مراد لینا سب تکلف ہی کیونکہ بہر دو صورت تخصیص ضرور ہی کیونکہ ہادی اسی کے لیے ہو انکا متبع ہو جیسے شیخ سیبویہ رح نے کہا ہی اسی پر ہی کہ ہادی ہونا انکی صفت قرار دی جاوے

سہ دگر عدد مکدر پر انزل چاہیے تھا ۱۲

یعنے فی نفسہ وہ ہادی ہین فلیتامل قولہ وانزل الفرقان - یہ لفظ مصدر ہی مثل غفران وکفران کے اور معنے اسکے اسم فاعل کے ای فارق بین الحق و الباطل ہین اور قتادہ و ربیع بن انس نے فرمایا کہ فرقان یہان قرآن ہی اور اسکا ذکر اگرچہ پہلے ہوچکا ہی مگر مکرر ایسی صفت سے ذکر کیا جسمین اسکی تعظیم و تشرف و فضیلت کا بیان ہی کہ وہ معجزہ ایسا ہی کہ حق و باطل مین فرق کرتا ہی وقال السیوطی اور یہی سلف سے تفسیر آئی ہی اخرجہ ابن جریر عن قتادہ و ربیع بن انس اور بعض نے کہا کہ چوتھی کتاب یعنے زبور مراد ہی اور زمخشری نے کہا کہ یہی ظاہر ہی اور شیخ ابن جریر نے فرمایا کہ یہان جنس مراد ہی یعنے ایسی کتابین جو حق و باطل مین امتیاز بتلانی والی ہین اور یہی مفسر نے اختیار کیا ہی - قولہ ان الذین کفروا - بعض نے کہا کہ ان کافرون سے وفد نجران والے نصاری مراد ہین جنھون نے قرآن و محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کفر کیا - اور پوشیدہ نہین کہ لفظ عام ہی اور وہ ہر ایک ایسے شخص کو شامل ہی جسنے آیات اللہ تعالے سے کفر کیا اگرچہ نزول اسکا وفد نجران کے حق مین ہوا - قولہ ذوانتقام - نقمت عقوبت مجرم ہی اور معنے اس صفت کے یہ ہین کہ ایسا سخت عقوبت کرنے والا ہی کہ کوئی اسکے مثل عقوبت پر قادر نہین ہی کیونکہ تنکیر برائے تعظیم ہی قولہ فی العرائس قولہ تعالے الحی القیوم حی ایسا ہی کہ بلند و ہم کتنا ہی بلند پرواز ہو مگر اسکی حیات کو قیاس بھی نہین کرسکتا ہی اور عاقلون کی تیزی و باریکبینی کتنی ہی خوض کرے کبھی اسکی ذات پاک کی سرمدیت کو نہین پاسکتی ہی - اور نیز ایسا حی ہی کہ اسکی حیات سے عالم قائم ہی اور اسیکے نور سے روح آدم منور ہی اور ایسا قیوم کہ اسیکی بقا سے اہل فنا قائم ہین اور اسیکی قیومیت کے قہر مین اہل بقا فنا ہوتے ہین - اور نیز - قیوم وہ مقدس ہی جو علائق سے پاک منزہ ہی اور روح خلائق پر رحمت کرنے اور مخلوق کی حفاظت کرنے مین وہ بے علاقہ قائم ہی اور بعض نے فرمایا کہ الحی وہ ہی کہ جسکی حیات کی ابتدا نہین ہی اور القیوم وہ ہی کہ جسکے بقا کی انتہا نہین ہی اور کتانی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ الحی درحقیقت وہ ذات پاک ہی جس سے ہر زندہ کی زندگی ہی اور جو زندہ کو اسکے ساتھ زندہ نہواہ وہ مردہ ہی اور بعض نے فرمایا کہ القیوم وہ ہی جسنے اپنی ذات سے علل کو زائل کردیا خواہ بزوال ہو یا بالعبارت ہو یا بالاشارت ہو سب طرح زائل کردیا پس کوئی چیز اسکی کنہ معرفت کو نہین پہونچتی ہی قولہ تعالے ان الذین کفروا بایات اللہ یعنے جو لوگ ایسے ہین کہ شواہد ربوبیت سے یقین حاصل کرکے مشاہدہ حق سے سرفراز نہین ہوے بلکہ محجوب ہوے ہین - لہم عذاب شدید - انکے واسطے محرومی ہی اس امر سے کہ اہل ہدایت کے مقامات کو پہونچین - اور شیخ ابوسعید خراز نے فرمایا کہ وہ لوگ اس بات سے منکر ہوے کہ اللہ تعالے نے اپنے خاص بندون کو کرامات دی ہین تو انکے واسطے عذاب شدید یہ ہی کہ حق عزوجل نے انکو کرامت سے دور کردیا - واللہ عزیز ذوانتقام - ای اپنے بندون مین سے جسپر چاہتا ہی اظہار کرامات کرکے انکو بزرگی و غلبہ دیتا ہی - ذوانتقام - ایسے شخصون سے بدلا لیگا جو اس بات سے انکار کرتے ہین یعنے اپنے اولیا کو عزت و توقیر سے سرفراز فرماتا ہی اور دشمنون سے جو اسکے امینون پر انکار کرتے ہین انتقام لیگا اور واسطی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ عزیز ذوانتقام ہی یعنے کوئی اسکے ارادہ کے مخالف نہین کرسکتا ہی اور کوئی ایسا نہین کہ اللہ تعالے کی عقوبت سے مقابلہ کرسکے قال المترجم یہی علماے تفسیر کا قول ہی اور یہی ظاہر کلام ہی اور یہ بمقابلہ کفر حقیقی ہی اور سابق بمقابلہ بازی فتامل

إِنَّ اللَّهَ لَا يَخْفَىٰ عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ ۝ هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي

اللہ ہے نہین پوشیدہ اسپر کوئی چیز زمین مین اور نہ آسمان مین وہی ہی کہ تمھارا نقشہ بناتا ہی

الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ ۚ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ

ماں کے پیٹ مین جسطرح چاہتا ہی نہین کوئی معبود مگر وہی وہ زبردست ہی حکمت والا

إِنَّ اللَّهَ لَا يَخْفَىٰ عَلَيْهِ شَيْءٌ - کائن - فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ - لعلمہ بما یقع فی العالم من کلی وجزئی وخصہما بالذکر

لان احس لا یتجاوز ہما۔ اللہ تعالے کی شان ہی کہ اسپر کوئی چیز پوشیدہ نہین جو زمین اور وہ جو آسمان مین ہی ف کیونکہ اللہ تعالے ہر چیز کو جانتا ہی جو عالم مین واقع ہو خواہ کلی ہو یا جزئی ہو اور خاص کرکے آسمان و زمین کو اسلیے ذکر کیا کہ حواس ان دونون سے تجاوز نہین کرتے ورنہ اللہ تعالے ان دونون کے ماسوا بھی کل چیزون سے آگاہ ہی۔ هُوَ الَّذِي يُصَوِّرُكُمْ فِي الْأَرْحَامِ كَيْفَ يَشَاءُ۔ من ذکورۃ و انوثۃ و بیاض وسواد وغیر ذلک وہی تمکو ارحام مین صورت بناتا ہی جیسے چاہتا ہی ف خواہ مرد یا مادہ خواہ کالا یا گورا وغیرہ۔ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ الْعَزِيزُ فی ملکہ ۲ الْحَكِيمُ۔ فی صنعہ۔ اسکے سوائے کوئی الوہیت والا نہین ہی وہی غالب ہی اپنی بادشاہت مین اور حکیم ہی اپنی صنعت مین ف یہ جملہ مستانفہ ہی اسمین اللہ عزوجل کی وسعت علم و احاطۂ معلومات کا بیان ہی کہ فرمایا لا یخفی علیہ شئی۔ یعنے کوئی شئی اسپر پوشیدہ نہین ہی پس ہر چیز کی حالت و صفت وغیرہ بھی شی ہین وہ بھی کوئی پوشیدہ نہین اسواسطے کہ نکرہ تحت نفی سے عموم نفی ہی اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے نے فقط زمین و آسمان ہی کو فرمایا تو جواب یہ ہی کہ حس انھین دونون تک رہتا ہی انسے تجاوز نہین کرتا اسواسطے ان جاہلان وفد نجران کی فہمائش کو ایسا فرمادیا اور مراد یہ ہی کہ اللہ عزوجل پر کوئی چیز پوشیدہ نہین چاہے کہین ہو اور کسی جہت ہو اور وفد کی تقریر یہ ہی کہ نصاری نے زعم کیا کہ عیسی علیہ السلام رب ہی حالانکہ عیسیٰ پر بہتیری چیزین پوشیدہ ہین اور اللہ تعالے عزوجل پر کچھ بھی پوشیدہ نہین اور عیسیٰ نے اگر بعض امور غیب کی خبر دی کہ تو نے اپنے گھر مین یہ کھایا ہی یا فخیرہ کیا ہی تو یہ الوہیت پر نہین دلالت کرتا ہی بلکہ اللہ تعالے نے بطور کرامت و معجزہ کے اسکو ان امور سے آگاہ فرمادیا تاکہ اسکی رسالت تمام ہو اور زمین کو آسمان پر اسواسطے مقدم کیا کہ ادنی سے اعلی کیطرف ترقی ہو اور نیز حس بھی یون ہی چلتا ہی اور مقصود بھی یہ ہی کہ زمین مین جو ہو وہ اللہ تعالے پر پوشیدہ نہین ہو سکتا ہی اور یہ اللہ تعالے کے حی ہونے پر گویا دلیل ہی جیسے ما بعد اسکے قیوم ہونے پر دلیل ہی اور اس کلام سے یونانیون و فلسفیون کا قطعا رد ہو گیا کہ اللہ تعالے جزئیات کو بحیثیت جزئی نہین جان سکتا ہی بلکہ بحیثیت کلی جانتا ہی اور یہ درحقیقت جزئی کے علم کی نفی ہی اور یہ کفر صریح ہی اور جزئی وہ ہی کہ تصور اسکا شرکت سے مانع ہو مثل زید وغیرہ کے اور کلی وہ ہی کہ اسکا تصور شرکت سے مانع نہو اگرچہ خارج مین وہ ایکہی پر صادق آوے قولہ ہو الذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء بیضاوی نے کہا کہ گویا قیوم ہونے پر دلیل ہی اور وفد نجران پر رد ہی کہ عیسی علیہ السلام کی نسبت وہ قائل ہین اور انکار نہین کرسکتے ہین کہ وہ رحم مادر مین مصور ہوا اور سب بچے پیدا ہوا جیسے بندے پیدا ہوتے ہین پھر وہ کیونکر الٰہ ہو سکتا ہی جسکا یہ حال ہی اور معنے یہ ہین کہ اللہ تعالے ہی وہ ہی کہ ارحام مین تمھارے مختلف صورتین شکل و طبیعت و رنگ مین پیدا کرتا ہی اور عیسیٰ بھی ایک پتلا رحم مین پیدا ہوا پس وہ بھی مخلوق بندہ ہی اور حضرت ابن عباس و ابن مسعود و چند صحابہ رضی اللہ عنہم سے مرفوعا و موقوفا روایت ہی کہ نطفہ جب رحم مین پڑتا ہی تو چالیس روز رحم مین بکر جما خون ہوتا ہی پھر چالیس روز مین تھکا ہوتا ہی پھر چالیس روز مین جب مخلوق ہونے کو ہوتا ہی تو ایک فرشتہ بھیجا جاتا ہی جو اسکی صورت بناتا ہی پس فرشتہ اپنی دونون انگلیون مین مٹی لیکر آتا ہی پھر اس سے نطفہ کو خلط کر دیتا ہی پھر گوندھ کر اسکی صورت بناتا ہی جیسا حکم ہوتا ہی پھر عرض کرتا ہی کہ یہ نر ہوگا یا مادہ۔ یہ شقی ہوگا یا سعید اور اسکا رزق کیا اور اسکی عمر کیا ہی اور کیا اثر اور کیا مصائب ہین پس جو حکم ہوتا ہی وہی فرشتہ لکھ لیتا ہی پھر جب مرتا ہی تو یہ بدن اسی مقام پر دفن کیا جاتا ہی جہان سے مٹی لی گئی تھی۔ اور یہ مضمون احادیث صحاح و سنن مین بھی موجود ہی اور معنے حدیث کے یہ ہین کہ ازل مین جو کچھ ہر ایک بندے کے حق مین مقدر ہو گیا ہی وہ اسوقت اسکے مخلوق ہونے کی حالت مین تحدید کر دیا جاتا ہی اور حضرت ابراہیم بن ادہم وغیرہ اکابر سے اس مقام پر عبرت انگیز اقوال مذکور ہین بخوف تطویل مین نہین لایا اور ہر مومن خود اس سے عبرت حاصل کرسکتا ہی ف قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے ان اللہ لا یخفی علیہ شئی فی الارض ولا فی السماء۔ اس سے نیک بندون کو امید ہی اور بدون کو خوف ہی کیونکہ زمین مین جو اسکے اولیا کے سینون مین ہی اور آسمان مین جو اسکے برگزیدہ فرشتون کے دلون مین ہی وہ کوئی اسپر پوشیدہ نہین ہین پس اسمین نیک بندون کو تسلی ہی کہ وہ انکے احوال سے آگاہ ہی اور امتحان اور رنج برداشت کرنے مین جو انکو تکلیفین پہونچتی ہین انکو جزا اور حسن

ثواب عطا کریگا۔ یہ تو بہ نسبت نیک بندون کے ہی اور یہ نسبت بدون کے یہ ہی کہ اللہ عزوجل پر کیونکر کوئی چیز پوشیدہ ہوگی جسکو جسنے پیدا کیا ہی پس تمام مخلوقات کے ہر ذرہ سے وہ آگاہ ہی اور یہ تو بدیہی بات تھی لیکن یہ اللہ تعالے کی طرف سے نافرمان کافر بندون کو تخویف ہی انکو ڈراتا ہی کہ انکے دلون مین جو کچھ کفر کی نجاست اور میل ہی وہ سب جانتا ہی اور انکی بدفعلیون کی انکو جزا دیگا۔ اور جعفر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تو خبردار رہ کہ اللہ عزوجل تیرے قلب پر مطلع ہی تیرے قلب مین خبردار سوائے اپنی کوئی چیز نہ دیکھے کہ تجھپر غضب کرے اور بعض نے کہا کہ اللہ تعالے کی کوئی چیز پوشیدہ نہین تو تم اپنی ہمتون کو بھی دیکھو کہ وہ نفسانی خواہشون سے شبہات سے خالی رہین کیونکہ اسپر کچھ پوشیدہ نہین ہی۔ قولہ تعالے ہوالذی یصورکم فی الارحام کیف یشاء۔ یعنے وہی ہی کہ تمکو ارحام مین اپنی قدرت کے نور کا لباس پہناتا ہی اور مشاہدہ کے حسن سے تمکو زینت دیتا ہی تاکہ دیکھنے والا جب تمھاری صورتون پر نظر کرے تو اللہ تعالے کے حسن ابداع اور اظہار جلال ربوبیت کو تمھارے چہرون سے ادراک کرکے نہایت مسرور ہو جیسے اللہ تعالے نے اپنے کلیم علیہ السلام کے حق مین فرمایا کہ القیت علیک محبۃ منی۔ قال المترجم حاصل یہ ہی کہ ارحام مین جو تصویر مخلوق ہوتی ہی وہ اللہ تعالے کی حسن قدرت کا لباس پہنے ہی عارف کی نظر مین وہ نور قدرت ظاہر ہوتا ہی اور یہ کچھ آدمی پر موقوف نہین ہر درخت و چرند و پرند سب مین ہی لیکن آدمی مین ان سب سے زیادہ ہی فافہم۔ اور نیز وہی پاک پروردگار ہی کہ تمکو تمھارے ماں کے پیٹون ہی مین ہدایت کی استعداد پیدا کردیتا ہی۔ اور محمد بن علی رحمہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ نور و تاریکی مین سے جسپر چاہتا ہی تمکو تمھاری ماں کے پیٹون مین کردیتا ہی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے خلق کو تاریکی مین پیدا کیا اور اپنے نور سے انپر چھڑکا پس جسکو اس نور سے پہونچا اسنے تو ہدایت پائی ہی اور جو چوکا وہی گمراہ ہی۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ وَاُخَرُ

وہی ہی جسنے اتاری تجھپر کتاب اسمین بعضی آیتین پکی ہین وہ جڑ ہین کتاب کی اور دوسری

مُتَشٰبِهٰتٌ ۭ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاۗءَ الْفِتْنَةِ

ہین کئی طرح ملتی سو جنکے دل پھرے ہوے ہین وہ پیچھے لگتے ہین اس بات کے جو کتاب مین سے متشابہ ہی گمراہی ڈھونڈھنے کو

وَابْتِغَاۗءَ تَاْوِيْلِهٖ ۘ وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ

اور انکے کل بٹھانے کو اور انکی کل کوئی نہین جانتا سوائے اللہ کے اور جو لوگ مضبوط علم والے ہین کہتے ہین کہ ہم اسپر یقین لائے

كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا الْاَلْبَابِ ۝

سب کچھ ہمارے پروردگار کی طرف سے ہی اور سمجھائے وہی سمجھتے ہین جنکو عقل ہی

هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ ۔ واضحات الدلالۃ۔ هُنَّ اُمُّ الْكِتٰبِ

اصل المعتمد علیہ فی الاحکام۔ وہی اللہ تعالے جسنے تجھپر کتاب اتاری جسمین سے آیات محکمات ہین یعنے انکے معنے واضح ہین۔ یہ آیات ام الکتاب ہین یعنے اصل کتاب جنپر احکام شرعی کا مدار ہی۔ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ۔ لایفہم معانیہا کاوائل السور۔ اور دیگر آیات متشابہات ہین یعنے انکے معانی بندون کی سمجھ مین نہین سماتے جیسے سورتون کے ابتدائی حروف متشابہ ہین کہ آپسمین ایک دوسرے سے مشابہ پڑتے ہین کہ انکے معانی فہم مین نہین آتے ہین۔ فَاَمَّا الَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ۔ میل عن الحق۔ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ ابْتِغَاۗءَ۔ طلب۔ الْفِتْنَةِ۔ لجہالہم لتوغہم فی الشبہات واللبس۔ پھر جن لوگون کے دلون مین

زیغ ہی یعنے حق سے موڑ ہی تو پیچھے پڑتے اس کلام کے جو کتاب مین سے متشابہ ہی۔ بغرض فتنہ کے یعنے اپنے جاہلون کو شبہہ مین ڈالنے کے لیے۔ وَابْتِغَاءَ تَأْوِيلِهِ۔ اور اسکی تاویل ڈھونڈھنے کے لیے۔ وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللَّهُ۔ وحدہ حالانکہ متشابہ کی تاویل کو کوئی جانتا نہین سوائے اللہ تعالے کے یعنے فقط اللہ تعالے ہی جانتا ہی۔ وَالرَّاسِخُونَ۔ الثابتون المتمکنون۔ فِي الْعِلْمِ يَقُولُونَ آمَنَّا بِهِ۔ ای المتشابہ انہ من عند اللہ و لا نعلم معناہ اور علم کے مضبوط لوگ کہتے ہین کہ ہم اسپر ایمان لائے۔ ف یعنے متشابہ پر ایمان لائے کہ متشابہ اللہ تعالے کی طرف سے ٹھیک کلام ہی اور ہم اسکے معانے نہین جانتے ہین۔ كُلٌّ۔ من المحکم والمتشابہ مِنْ عِنْدِ رَبِّنَا۔ ہر ایک محکم و متشابہ ہمارے رب تعالے کی طرف سے حق ہی۔ وَمَا يَذَّكَّرُ۔ ای یتعظ۔ اور نہین نصیحت پکڑتے ہین۔ إِلَّا أُولُو الْأَلْبَابِ۔ اصحاب العقول اگر عقل والے فہم محکم از احکام یعنے اتقان ہی اور متشابہ از تشابہ یعنے آنکہ بعض مشتبہ بعض یا معانی باہم مشتبہ ہین یعنے احتمال ہی کہ یہ یعنے ہین یا وہ معنے ہین۔ پس اس مقام پر اللہ عزوجل نے آیات قرآن مجید کی دو قسمین فرمائین ایک محکم اور دوم متشابہ۔ اور ایک آیۃ مین کل کتاب کو محکم فرمایا ہی چنانچہ فرمایا۔ الر کتاب احکمت آیاتہ ثم فصلت الآیۃ۔ اور علما کا اتفاق ہی کہ یہان احکمت سے مراد اسکے مفردات کلمات نہین فصاحت واسکی ترکیب کا اتقان ہی اور معنے یہ ہین کہ کتاب ایسی ہی کہ اسکے الفاظ رکیک نہین اور اسکے معانی مین کوئی بگاڑ نہین ہی اور حاصل یہ کہ اسمین کوئی عیب نہین ہی اور دوسری آیت مین کل کو متشابہ فرمایا کہ کتابا متشابہا مثانی تقشعر منہ جلود الذین الآیہ۔ اور یہان بھی علما نے اتفاق کیا ہی کہ متشابہ سے مراد بعض آیات کا بعض سے خوبی نظم و صدق معنے مین مشابہ ہونا پس ان دونون آیات مین جو معنے لیے گئے ہین انکے اعتبار سے صلاحیت ہی کہ کتاب کی دو قسمین باین معنے کی جاوین جو یہان مذکور ہین کہ محکمات سے واضحات الدلالۃ اور متشابہات سے غیر مفہوم المعانی مراد ہی اور واضحات الدلالۃ سے یہ غرض ہی کہ ان آیتون کی عبارات ایسی محکم ہین کہ انمین کوئی اجمال و اشتباہ معنے کی راہ سے نہین ہی پس علماے حنفیہ نے جو اصول مین اصطلاح پر تقسیم کی ہی انمین سے نص و ظاہر و مفسر و محکم یہ چارون اسمین داخل ہین اور یہان سے ظاہر ہوا کہ اصطلاح مین جو محکم ہی اس سے یہ محکمات اعم ہین اور محکمات سے یہان اصطلاحی معنے محکم کے مراد نہین ہین۔ بلکہ مطلق واضح الدلالۃ مراد ہی اور ایسے ہی متشابہات سے بھی اصطلاحی معنے مراد نہین بلکہ یہ معنے کہ انکے معانی نہ سمجھے جاوین خواہ اسوجہ سے کہ انمین بہت سے معانی کا احتمال ہی یا اسوجہ سے کہ انکے معنے ہی سمجھ مین نہین آتے ہین پس اسمین مجمل و مأول اور جنکے معنے معلوم ہی نہین ہوتے مثل الم و الر وغیرہ کے سب داخل ہین اور یہ معنے جو مفسر رحمہ اللہ نے محکم و متشابہ کے یہان ذکر کیے ہین یہی ارجح الاقوال ہی اور یہی مراد ہی جو علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ محکمات تو قرآن کے ناسخ و حلال و حرام و حدود و احکام ہین اور جنپر عمل کیا جاوے اور نیز ابن عباس سے روایت ہی کہ محکمات قولہ تعالے قل تعالوا اتل ما حرم ربکم علیکم ان لا تشرکوا بہ شیئا۔ اور اسکے بعد کی آیتین ہین اور قولہ وقضی ربک ان لا تعبدوا الا ایاہ۔ اسکے بعد کی تین آیتون تک ہین رواہ ابن ابی حاتم۔ اور علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رضی سے روایت کی کہ متشابہات سے منسوخ و مقدم و موخر و امثال و اقسام اور جنپر ایمان لایا جاوے اور عمل نہ کیا جاوے مراد ہین۔ اور سلف سے محکم و متشابہ کے بارہ مین اور بھی اقوال کئے ہین اور علما مین بھی اختلاف ہی اور مفسر رحمہ اللہ نے اتقان مین انکو بسط سے ذکر کیا ہی مین نے بخوف تطویل ترک کیا۔ قولہ فاما الذین فی قلوبہم زیغ۔ یہان سے ان لوگون کی مذمت ہی جو متشابہات کی تاویل کے درپے ہوتے ہین اور اسمین دو قول ہین کہ مذمت کس معنے پر ہی پس جو لوگ فی العلم پر وقف کرتے ہین اور اس امر کے قائل ہین کہ متشابہات کی تاویل کو اللہ تعالے اور راسخین فی العلم جانتے ہین وہ کلام کے معنے یہ بیان کرتے ہین کہ ابتغاء الفتنۃ۔ قید ہی یعنے متشابہ کی تاویل کے درپے اس نیت سے ہوتے ہین کہ لوگون کو فتنہ مین ڈالین حالانکہ اسکی تاویل سوائے اللہ تعالے و راسخین فی العلم کے کوئی نہین جانتا ہی اور جو لوگ الا اللہ پر وقف

کرتے ہین وہ کہتے ہین کہ متشابہ کی تاویل کو اللہ عزوجل نے اپنے ہی واسطے رکھا ہی اسکو سوائے اللہ تعالے کے کوئی نہین جانتا ہی پھر باوجود اسکے جو لوگ اسکے درپے ہوتے ہین وہ لوگ ہین کہ انکے دلون مین کجی ہی کہ یہ کجی انکو اس بات پر آمادہ کرتی ہی کہ اسکی تاویل کے درپے ہون اور لوگون کو فتنہ مین ڈالین اور جمہور حنفیہ سے یہی قول ثابت ہوا ہی کہ متشابہ کی تاویل کو سوائے اللہ عزوجل کے کوئی نہین جانتا ہی اور شافعیہ اس امر کے قائل ہین کہ راسخون فی العلم جانتے ہین ولیکن محقق مفسر رحمہ اللہ نے قول حنفیہ اختیار کیا کہ سوائے خدائے تعالے کے اسکی تاویل کوئی نہین جانتا ہی چنانچہ - وحدہ - کا لفظ اسی اشعار کے لیے بڑھایا ہی اور یہی قول اکثر صحابہ رضی اللہ عنہم اور انکے بعد کے علما کا ہی کہ وقف الا اللہ پر ہی اور عبدالرزاق نے بسند صحیح حضرت ابن عباس سے روایت کیا کہ وہ یون پڑھا کرتے تھے وما یعلم تاویلہ الا اللہ ویقول الراسخون فی العلم آمنا بہ - اور یہ صریح دلالت کرتا ہی کہ واو استیناف کا ہی اور بعض سلف نے لفظ علم پر وقف کیا اور یہی مجاہد وضحاک سے منقول ہی اور یہی ابن عباس رض سے ایک روایت ہی اور نووی رحمہ اللہ تعالے نے کہا کہ یہی اصح ہی کیونکہ یہ بعید بات ہی کہ اللہ تعالے بندون کو ایسے کلام سے خطاب کرے کہ مخلوق مین سے کسی کو اسکے سمجھنے کی راہ نہو اور ابن الحاجب نے کہا کہ یہی مختار ہی مفسر محقق کہتا ہی کہ یہ عجیب ہی اسواسطے کہ جہمیہ فرقہ نے یہی کج بحثی کی کہ ضرور ہم اس کلام متشابہ کو سمجھ سکتے ہین - پھر کیونکر امام نووی و ابن الحاجب نے اصح ومختار کہا - ابن السمعانی رحمہ اللہ تعالے نے کہا کہ اسکو مختار کہنا بھوہڑ بات ہی اور امام المحررین پہلے تو اس طرف مائل ہوئے کہ تاویل کو علماے راسخین جانتے ہین پھر اس سے رجوع کیا اور کہا کہ ہمکو پسند تو یہی بات ہی کہ سلف کی اتباع کرین کیونکہ وہ لوگ انکے معانی سے تعرض نہین کرتے تھے اور شیخ ابن الصلاح نے کہا کہ امت کے صدر وسادات ایسے مذہب پر گذرے ہین اور اسیکو ائمہ فقہا وحدیث نے اختیار کیا ہی (الکمالین) اور حضرت عائشہ رض سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جب تم دیکھو ایسے لوگون کو جو پیچھے لگتے ہین قرآن مین سے متشابہ کے تو یہی لوگ ہین جنکا نام رکھا ہی اللہ عزوجل نے پس تم حذر کرو (رواہ البخاری واحمد والترمذی وغیرہم) اور ابوامامہ رض نے حضرت صلعم سے قولہ تعالے فاما الذین فی قلوبہم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ مین روایت کی کہ وہ خوارج ہین اور قولہ تعالے وتسود وجوہ - مین فرمایا کہ وہ خوارج ہین (رواہ احمد وابن مردویہ من غیر وجہ) اور ابن کثیر نے فرمایا کہ اس حدیث کا کمتر مرتبہ یہ ہی کہ موقوف از کلام صحابی ہو اور اسکے معنے صحیح ہین اسواسطے کہ پہلے بدعت جو اسلام مین واقع ہوئی وہ خوارج کا فتنہ تھا اور شروع فتنہ انکا بسبب اسکے تھا کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کے غنائم تقسیم کیے تو ان پلیدون کے سردار ذوالخویصرہ نے جاکر حضرت صلعم سے کہا کہ آپ انصاف سے تقسیم کیجیے آپ نے انصاف نہین کیا پس حضرت صلعم نے فرمایا کہ مین نے اگر انصاف نکیا تو خسران ہی اگر مین انصاف نکرون تو کون انصاف کریگا افسوس ہی کہ اللہ تعالے مجکو اہل نار مین پرامین قرار دیتا ہی اور تم مجھے امین نہین کہتے ہو پھر جب یہ شخص پیٹھ پھیر کر چلا تو عمر بن الخطاب نے اور ایک روایت مین خالد بن الولید نے اسکے قتل کرنے کی اجازت مانگی تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ اسکو چھوڑدے کہ اسکی جنس مین سے ایک ایسی قوم نکلنے والی ہی کہ تم مین کا آدمی اپنی نماز کو انکی نمازون کے مقابلہ مین اور اپنی تلاوت کو انکی تلاوت کے مقابلہ مین حقیر جانیگا حالانکہ وہ لوگ دین مین سے ایسے نکل جاوینگے جیسے تیر کمان سے نکل جاتا ہی سو تم انکو جہان پاؤ قتل کردالو کیونکہ انکے قتل کرنے مین انکے قاتل کو ثواب عظیم ہوگا پھر ان لوگون کا ظہور زمانہ خلافت حضرت امیرالمومنین علی کرم اللہ وجہہ مین ہوا اور آنحضرت کرم اللہ وجہہ نے نہروان مین انکو قتل کیا - ولیکن ان لوگون کی بالکل جڑ نہین کٹی اور پریشان طور پر یہ لوگ جا بجا رہے اور فتنہ انگیز تاویلین کرتے رہے اور ابن جریر نے حکایت کیا کہ عبداللہ بن مسعود کی قراءت یہ تھی

ے یعنی جسکے چہرہ پر سیاہ ہونگے

کہ ان تاویلہ الا عند اللہ والراسخون فی العلم الآیہ۔ اور ایسا ہی ابی بن کعب رضؓ سے حکایت کیا اور ابن جریرؒ نے اسی قول کو اختیار کیا ہے اور ابن کثیرؒ نے کہا کہ بعض سلف نے والراسخون فی العلم پر وقف کیا اور بہت سے مفسرین و اہل اصول نے اسیکا اتباع کیا اور ابن ابی نجیح نے مجاہد کے طریق سے ابن عباس رضؓ سے روایت کی کہ ابن عباس نے فرمایا کہ میں بھی ان راسخین میں سے ہوں جو متشابہ کی تاویل جانتے ہیں اور مجاہدؒ سے بھی روایت ہے کہ راسخین فی العلم اسکی تاویل جانتے ہیں اور حدیث میں ہے کہ آنحضرت صلعم نے ابن عباس کے لیے دعا کی کہ اللھم فقہ فی الدین و علمہ التاویل۔ الٰہی اسکو سمجھ دیدے دین میں اور اسکو تاویل سکھلادے قال المترجم تحقیق میرے نزدیک وہ ہے جو بعض علمائے محققین نے تحریر کیا ہے کہ تاویل اگر بمعنے حقیقت شیٔ و مایؤول الیہ الامر لیا جاوے تو وقف الا اللہ پر واجب ہے کیونکہ حقائق امور و انکی کنہ کو سوائے اللہ عزوجل کے کوئی نہیں جانتا ہے اور اسی معنے پر ہے قولہ ہل ینظرون الا تاویلہ۔ یہ لوگ کچھ انتظار نہیں کرتے سوائے اسکے تاویل کے یعنے حقیقت عذاب آجاوے۔ اور امور معاد اسی قسم سے ہیں مثلاً جنت کی عیش و راحت و حور و قصور و کھانا پینا وغیرہ اور روایت عبد الرزاق بطریق طاؤس از ابن عباس باین معنے ہے اور اگر تاویل بمعنے تعبیر و تفسیر و وجہ رسوخ علم لیا جاوے تو وقف فی العلم پر درست ہے اور باین معنے اسکی تاویل کو راسخین فی العلم جانتے ہیں اور روایت مجاہد از ابن عباس باین معنے ہے پس تاویل کے دو معنے ہوئے ایک علم حقیقت و مآل کار اور دوم تفسیر۔ پھر تاویل کے معنے اول خاص الخاص ہیں جنکو سوائے اللہ تعالے کے کوئی نہیں جانتا اور معنے دوم عام ہیں لہذا ابن عباس رضؓ سے دونوں قسم کی روایتیں موجود ہیں۔ اور عبد الرزاق نے بسند صحیح حضرت ابن عباس سے روایت کی کہ تفسیر چار طرح پر ہے ایک وہ کہ کوئی اسکی فہم میں معذور نہیں رکھا جائیگا یعنے سب سمجھ سکتے ہیں۔ دوم وہ کہ عرب اسکو اپنی زبان میں پہچانتے ہیں مثلاً خاص محاورہ۔ اور سوم وہ کہ راسخین فی العلم اسکو جانتے ہیں اور چہارم وہ کہ سوائے خدائے تعالے کے اسکو کوئی نہیں جانتا ہے (اسنادہ صحیح) اگر کہا جاوے کہ متشابہ کے معانے جب کوئی نہیں جانتا ہے تو اسکے نازل کرنے کا کیا فائدہ ہے تو جواب یہ ہے کہ مقصود اس سے مومنوں کی مضبوطی کا امتحان ہے کہ وہ متشابہ پر آکر ٹھہر جاتے اور ایمان لاتے ہیں اور کہتے ہیں کل من عند ربنا۔ اور اسی پر اللہ عزوجل نے انکی ثنا کی جیسے تاویل کی دھن میں پڑنے والوں کی مذمت کی ہے اور اعتراض مذاہب حشویہ و مرجیہ کو ہمنے ابتدائے سورۂ بقرہ میں نقل کرکے رد کردیا ہے فلیراجع اور عبید اللہ بن یزید رحمہ اللہ سے جنھوں نے حضرت انس رضؓ و ابو امامہ و ابو الدرداء رضی اللہ عنہم کو پایا ہے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم سے دریافت کیا گیا کہ راسخین فی العلم کون ہیں فرمایا کہ جسکی قسم پوری اور زبان سچی اور دل ٹھیک مستقیم ہو اور جسکا پیٹ ضعیف ہو اور نفس مگاہ عفیف ہو تو یہ شخص راسخین فی العلم میں سے ہے قال المترجم ظاہر کلام مقتضی ہے کہ یہ ادنی مرتبہ ہے ف۲ قال الشیخ فی الاتراس قولہ تعالے منہ آیات محکمات۔ جاننا چاہیے کہ محکمات وہ آیات ہیں جو اس حال سے متبدل نہیں ہوتی ہیں جیسے ازل میں تھیں اور یہ وہ آیتیں ہیں کہ مومنوں کو انکے احکام پر عمل کرنا ضرور ہے کیونکہ وہ خلق کی اصلاح اور انکے ایمان ثابت رکھنے میں ایسی ہیں جیسے بیضوں کے حق میں دوا ہوتی ہے اور ابو عثمان نے فرمایا کہ آیات محکمات وہ فاتحۃ الکتاب ہے کہ نہیں جائز ہوتی ہے نماز بدون اسکے اور شیخ محمد بن الفضلؒ نے فرمایا کہ وہ سورۂ اخلاص ہے کیونکہ اسمیں سوائے توحید کے اور کچھ نہیں ہے۔ قولہ ہن ام الکتاب۔ یعنے کتاب الٰہی کے حکموں کا مدار ہیں اور تمام معاملات کی جڑ ہیں اور اہل دین کے دلوں میں ہمیشہ کا درخت جمنے کی جگہ ہیں باین طور کہ انسے روز بروز ترقی ہوتی ہے اور جو خطاب الٰہی ہیں انکے نور حسن یعنے سے ارواح کو بہجت ہوتی ہے۔ قولہ و اخر متشابہات۔ شواہد و آیات کے آئینہ میں ظہور اوصاف ذات و صفات کے التباس ہیں۔ قولہ فاما الذین فی قلوبہم زیغ الآیہ۔ جو لوگ حقیقت و معرفت کو نہیں پہونچے اور اپنے آپ کو عارفوں کی باتیں جانکر عارف بنائے ہیں متشابہات میں اس غرض سے خوض کرتے ہیں

کہ توحید کو طلب کریں حالانکہ اس حرکت میں وہ توحید سے کوسوں دور پڑتے ہیں کیونکہ وہ لوگ وہم والے ہیں اور جو وہم والا ہوتا ہے وہ خالق
چیز کی حقیقت تو معلوم نہیں کرسکتا پھر وجود حق عزوجل کو کیونکر پہچان سکتا ہے پس جب وہ متشابہ کے علوم حاصل کرنے کے درپے ہوتا ہے
تو انکی حقیقت کو تو پہونچتا نہیں بلکہ فتنہ میں پڑجاتا ہے اسواسطے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں فکر کرو اور
اللہ تعالےٰ کی ذات میں فکر مت کرو اور جو شخص کہ حقائق الیقین کے سمندروں سے پار نہیں ہوا اور آئینۂ تحقیق میں نہیں دیکھا ہے اور اسنے
متشابہات میں خوض کیا تو وہ اپنے ایمان کے مرتبہ سے بھی گرجاتا ہے اسواسطے کہ یہ قواہل عقل کا مقام ہے جو ہر چیز میں حق عزوجل کو دیکھتے ہیں
چنانچہ بعض اہل معانی کا مقولہ ہے کہ میں نے کسی شی پر نظر نہیں کی مگر آنکہ اسمیں اللہ تعالےٰ کو دیکھا۔ اور جاننا چاہیے کہ یہ جو بیان ہوا کہ یہ حق
عزوجل کی تجلی کا ظہور اس آئینۂ حادث میں ہے اور یہ معنے نہیں ہیں کہ حق تعالےٰ جل جلالہ ان اشیا میں ہے اسواسطے کہ او تعالےٰ تو حلول کی
شکلوں سے پاک برتر ہے قال المترجم یہاں شیخ نے صریح فرمادیا اور اس سے ان لوگوں کو تنبیہ ہونا چاہیے جو ہر چیز کو خدا کہتے ہیں فاحفظ
بالسنہ۔ قولہ وما یعلم تاویلہ الا اللہ یہاں حضرت عزوجل نے اپنی ذات پاک کو خاص کردیا کہ وہی اسرار متشابہات کے علم حقیقی کا دانا ہے
کیونکہ جبروت کی ہیبات ملکوت میں گنجی ہوئی ہے ومنہج ہے باین صفت کہ اسکی تجلی نے حقیقت توحید و تفرید والوں کے واسطے ظہور فرمایا پھر اللہ
تعالےٰ نے اپنے خاص بندوں کی طرف بھی اُسکے علم کا ایک شمہ منسوب کیا کہ وہ بھی فی الجملہ جانتے ہیں یعنے حقیقت مکاشفہ میں
التباس ہی کے پھر انکو علم مشاہدہ حاصل ہوتا ہے۔ قولہ یقولون آمنا بہ۔ یعنے ایمان مشاہدہ و حقیقت علم و مکاشفہ کے عرفان پر ہم ایمان لائے
ہیں اور راسخین فی العلم وہ لوگ ہیں جنکو علوم لدنیہ کے اسرار اور معلومات آخرت کے عجائب کشف کردیے گئے جو ظاہری حواس سے باہر
اور نیز راسخ وہ علم ربانی ہے جسنے اپنے مخلوق کو اللہ عزوجل کے خلق پر بنایا ہے یعنے جن اخلاق و عادات کے واسطے اللہ تعالےٰ نے ہدایت فرمائی
اور انکو پسند فرمایا ہے انھیں کو اس شخص نے اختیار کیا ہے اور یہ بتوفیق و رحمت الٰہی ہے اور واسطی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ راسخین فی العلم وہ لوگ ہیں
جنکی ارواح نے غیب الغیب کے سراسر میں مضبوطی سے مقام پایا ہے پس حضرت عزت جل جلالہ نے انکو بتلادیا کہ جو کچھ وہ یا اسکو اللہ تعالےٰ
ہی خوب جانتا ہے اور ان لوگوں نے دریاے علم میں سمجھ کے ساتھ زیادتی کی خواہش سے خوض کیا تو انکو پوشیدہ خزانوں سے ہر حرف کے
تحت میں فہم دی گئی اور خطاب کے لطائف و عجائب عطا ہوے کہ وہ حکیم ہوے کہ انکی ہر بات تمام حکمت ہے۔ اور سہل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ علم
میں رسوخ یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ زیادہ ظہور و فور اپنی طرف سے دیدیتا ہے جیسے فرمایا کہ قل رب زدنی علما۔ تو کہہ کہ اے پروردگار میرے مجھے علم زیادہ
دیدے اور کہا کہ راسخ فی العلم جسکو علوم مکاشفہ حاصل ہیں وہ عالم ربانی نورانی ہے اور علوم کے احکام چار ہیں ایک وحی دوم تجلی سوم عندی
چہارم لدنی۔ اور بعض اکابر نے کہا کہ راسخ فی العلم وہ شخص ہے کہ خطاب سے جو مراد ہے اسکے محل و مقام پر مطلع کردیا جاوے۔ استاد رحمہ اللہ نے اہل یقین
و اہل بلغ کا حال اسطرح بیان کیا کہ جو لوگ انوار بصائر سے تایید دیے گئے ہیں وہ اپنی جانوں کے آفتاب سے روشن ہیں اور جن لوگوں پر شک کا
پردہ ڈال دیا گیا اور لطائف تحقیق سے محروم کیے گئے ہیں تو وہم و گمان انکو گھیرے ہیں اور وہ تلبیس میں ہلاک ہوتے پھرتے ہیں پس انکی
طرف سے انکار پر انکار ہی بڑھتا جاتا ہے اور شک پر نفرت بڑھتی جاتی ہے اور فرمایا کہ جسنے اللہ عزوجل کی طرف سے تاویل کا علم پایا اسکا
ایمان بدون احتمال کے ہوتا ہے اور اسکی خاطر میں صفائی ہوتی ہے بلکہ صریح ظہور و صاف یقین سے ہوتا ہے قال المترجم خلاصہ
یہ کہ علم ازلی میں جو وجوہ اپنے تمام و کمال حال سے واقف تھیں یہاں شریعت کی اتباع سے آخر انکو وہ حال منکشف ہوگیا
اور اسی واسطے وہ لوگ صدق و ثبات کی دعا کرتے ہیں

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا بَعْدَ إِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً إِنَّكَ أَنْتَ

اے رب ہمارے دل نہ پھیر جب ہم کو ہدایت دے چکا اور دے ہمکو اپنے ہان سے مہربانی تو ہی ہے

الْوَهَّابُ ۝ رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَا رَيْبَ فِيهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ ع ۹

سب دینے والا اے رب ہمارے تو جمع کرنے والا ہی لوگون کو ایک دن جسمین شبہہ نہین بیشک اللہ خلاف نہین کرتا وعدہ

وایضا یقولون اذا راؤا من یتبعہ۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا۔ تمثلہا عن الحق بانتباع تاویلہ الذی لا یلیق بنا کما ازغت قلوب اولئک

یہ اہل ایمان راسخین فی العلم جب دیکھتے ہین کہ کوئی متشابہ کے درپے ہوتا ہی تو کہتے ہین۔ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوبَنَا۔ اے ہمارے رب نہ موڑ بوجہ

دلون کو حق سے باین طور کہ ہم درپے ہون ایسی تاویل کے جو ہمارے لائق نہین ہی جیسے کہ تو نے موڑ دیا کمراہون کے دلون کو۔ بَعْدَ إِذْ

هَدَيْتَنَا۔ ارشد تنا الیہ۔ بعد از انکہ تو نے ہمکو ارشاد و ہدایت دیدی اسکی طرف۔ وَهَبْ لَنَا مِنْ لَدُنْكَ رَحْمَةً۔

اور عطا کر ہمکو اپنے پاس سے وہ رحمت و نعمت یعنے یون کہ ثابت رکھ تو ہمکو حق پر۔ إِنَّكَ أَنْتَ الْوَهَّابُ۔ تو ہی تو عطا فرمانے

والا ہی۔ رَبَّنَا إِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ۔ تجمعہم لِيَوْمٍ۔ فی یوم۔ لَا رَيْبَ۔ شک۔ فِيهِ۔ ہو یوم القیامۃ فتجازیہم

باعمالہم کما وعدت بذلک۔ ہمارے رب تو جمع کریگا لوگون کو ایک دن مین کہ جسمین کچھ شک نہین۔ وہ قیامت کا روز ہی پس لوگون کو

انکے اعمال کا بدلا دیگا جیساکہ تو نے اسکا وعدہ فرمایا ہی۔ إِنَّ اللَّهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيعَادَ۔ اللہ تعالے وعدہ خلاف نہین

فرماتا ہی ف پس وعدہ قیامت و ثواب جنت سب ٹھیک ہی۔ فیہ التفات عن الخطاب وتحتمل ان یکون من کلامہ تعالے والغرض

من الدعاء بذلک بیان ان ہمہم امر الآخرۃ ولذلک سالوا الثبات علی الہدایۃ لینالوا ثوابہا۔ روی الشیخان عن عائشۃ رض قالت تلا رسول اللہ صلعم

ہذہ ہو الذی انزل علیک الکتاب منہ آیات محکمات الی آخرہا وقال فاذا رایت الذین یتبعون ما تشابہ منہ فاولئک الذین سمی اللہ تعالے

فاحذروہم۔ وروی الطبرانی فی الکبیر عن ابی مالک الاشعری انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول ما اخاف علی امتی الا من ثلث خلال عد ذکر

منہا ان یفتح لہم الکتاب فیاخذہ المومن یبتغی تاویلہ ولیس یعلم تاویلہ الا اللہ والراسخون فی العلم یقولون آمنا بہ کل من عند ربنا وما یذکر الا

اولوا الالباب الحدیث کلام بین التفات ہی خطاب سے یعنے انک لا تخلف المیعاد کی جگہہ ان اللہ لا یخلف المیعاد۔ کہا اور

احتمال ہی کہ یہ اللہ عزوجل نے فرمایا کہ او تعالے خلاف میعاد نہین فرماتا ہی۔ اور ایسی دعا کرنے سے غرض یہ ہی کہ ظاہر ہو کہ تمام ہمت

ان مومنون کی فقط امر آخرت ہی اور اسیواسطے ان لوگون نے ہدایت پر قائم رہنے کی درخواست کی تاکہ آخرت کا ثواب پاوین اور

بخاری و مسلم رحمہما اللہ تعالے نے حضرت عائشہ رض سے روایت کی کہ پڑہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت ہو الذی انزل

علیک الکتاب منہ آیات محکمات الآیہ اور فرمایا کہ جب دیکھو ایسے لوگون کو جو پیچھے پڑتے ہین ایسے کلام کے جو کتاب مین سے متشابہ

ہی تو یہی لوگ ہین جنکا نام رکھا ہی اللہ تعالے نے پس انسے حذر کرو۔ اور طبرانی رحمہ اللہ تعالے نے معجم کبیر مین ابو مالک اشعری

رض سے روایت کی کہ مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے سنا کہ نہین خوف کرتا ہون مین اپنی امت پر مگر تین باتون سے اور انمین باتون مین

سے ایک یہ بیان کی کہ انکے سامنے کتاب اللہ تعالے کھولی جاویگی پس مومن اسکو لیکر تاویل تلاش کرنے لگے حالانکہ اسکی تاویل کوئی

نہین جانتا سوائے اللہ تعالے کے اور جو لوگ کہ راسخین فی العلم ہین وہ کہتے ہین امنا بہ کل من عند ربنا وما یذکر الا اولوا الالباب

ف ابن کیسان نے کہا کہ ان لوگون کی درخواست یہ تھی کہ زیغ مین نہ پڑین یعنے ایسا نہو کہ انکے دل زائغ ہو جاوین بمانند

قولہ تعالے فلما زاغوا ازاغ اللہ قلوبہم الآیۃ۔ پھر جب کج ہوئے تو کج کردیا اللہ تعالے نے انکے دلون کو یہ نصرانیون کی مذمت ہی کہ عیسی علیہ السلام سے توحید پائی تھی پھر شرک کرکے کج ہوئے تو اللہ تعالے نے انکے دل ٹیڑھے کردیے کہ اب سچی بات کو قبول نہین کرتے ہین۔ پس مومنون نے ایسی کجی سے پناہ مانگی۔ گویا جب انھون نے سنا کہ اللہ تعالے نے فرمایا فاما الذین فی قلوبہم زیغ فیتبعون ما تشابہ منہ۔ تو دعا کرنے لگے کہ ربنا لا تزغ قلوبنا باتباع المتشابہ۔ اور اسمین دلیل ہی کہ ازاغت اور ہدایت دونون اللہ تعالے کے خلق سے ہی اور یہی اہل سنت کا مذہب ہی اور حدیث مین ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم دعا فرماتے تھے کہ اے مقلب القلوب میرے قلب کو اپنے دین پر ثابت رکھیو پھر پڑھتے آیت ربنا لا تزغ قلوبنا بعد اذ ہدیتنا انک انت الوہاب۔ رواہ ابن جریر و ابن ابی حاتم و اصل اسکی صحیحین مین ہی اور وہاب وہ ہی کہ بفضل کے ساتھ عطا کرے اور اسمین صریح دلیل ہی کہ اللہ تعالے پر کچھ واجب نہین ہی وہ فضل سے دیتا ہی اور اختیار ہی کہ وہ ہر چیز اپنے فضل سے دیتا ہی کسی چھوٹی یا بڑی چیز کی خصوصیت نہین ہی اور ظاہر آیہ سے ثابت ہوتا ہی کہ متشابہات کی تاویل جاننے کے درپی ہونا زیغ ہی خود اس سے پناہ مانگنی چاہیے ہی اور حدیث مین حضرت ابن مسعودؓ سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگلی کتاب ایک باب ایک حرف پر اتری تھی اور یہ قرآن سات حرف پر اترا زاجر و آمر اور حلال و حرام اور محکم و متشابہ اور امثال پس اسکے حلال کو حلال جانو اور اسکے حرام کیے ہوے کو حرام جانو اور اسکے امر کی فرمانبرداری کرو اور جس سے منع کیا اس سے باز رہو اور اسکے امثال سے عبرت حاصل کرو اور اسکے محکم پر عمل کرو اور اسکے متشابہ پر ایمان لاؤ اور کہو کہ آمنا بہ کل من عند ربنا۔ ہمنے یقین مانا کہ سب ہمارے رب عزوجل کی طرف سے ہی اخرجہ ابن جریر و الحاکم و صححہ اور ابوہریرہؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ قرآن سات حرف پر نازل ہوا اور قرآن مین مرا کفر ہی جو تمکو معلوم ہو اسپر عمل کرو اور جو اسمین تمکو نہ معلوم ہو اسکو اسکے جاننے والے کی طرف چھوڑو۔ اخرجہ ابن جریر و ابن المنذر و اسنادہ صحیح۔ اور ایک حدیث مین ہی کہ جو اسکے متشابہ ہین انپر ایمان لاؤ۔ اخرجہ نصر المقدسی عن ابن عمر۔ اور صحیحین وغیرہ کی حدیث عائشہؓ پہلے مذکور ہوئی اور سلیمان بن یسار سے روایت ہی کہ ایک مرد جسکو صبیغ کہتے تھے مدینہ مین آیا اور اسنے متشابہ القرآن کو پوچھنا شروع کیا پس عمرؓ کو خبر ہوئی تو آپ نے خرما کی چھڑیان منگوا کر رکھین اور اسکو بلوایا اور فرمایا کہ تو کون ہی اسنے کہا کہ مین صبیغ ہون پس فرمایا کہ اور مین اللہ تعالے کا بندہ عمر ہون یہ کہکر ایک چھڑی ہاتھ مین لی اور اسکو مارا یہانتک کہ اسکا سر خون آلودہ ہوگیا تو بولا کہ اے امیر المومنین بس آپکو اسیقدر کافی ہی میرے سر مین سے وہ بات دور ہوگئی جو مین پہلے پاتا تھا اخرجہ الدارمی و نصر المقدسی و اخرجہ ابن عساکر عن انس زیادہ اخرجہ جماعۃ اور اس قصہ مین ہی کہ حضرت عمرؓ نے اہل بصرہ کو لکھ بھیجا کہ صبیغ کو ساتھ نہ بیٹھنے دین اور نہ اسکے پاس بیٹھین۔ اور طبرانی نے معجم کبیر مین ابو مالک الاشعری سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ مجھے اپنی امت پر کچھ خوف نہین مگر تین باتون کا ایک یہ کہ انکے پاس مال بہت ہوجاوے پس باہم حسد کرین اور لڑین۔ دوم یہ کہ انکے لیے کتاب کھولی جاوے پس مومن اسکو لیکر اسکے تاویل کرنا شروع کرے حالانکہ نہین جانتا کوئی اسکی تاویل کو سوا اللہ تعالے کے والراسخون فی العلم یقولون آمنا بہ الآیہ۔ سوم یہ کہ اپنے علم کو دیکھین اور اسکو ضائع کرین اور انکی کچھ پروا نہ کیجائیگی۔ قال ابن کثیر غریب جدا قولہ ان اللہ لا یخلف المیعاد۔ میعاد بروزن مفعال بمعنے مصدر ہی ذکرہ العکبری اور معنے یہ ہین کہ گویا جب انھون نے اپنے پروردگار سے کجی سے پناہ کی درخواست کی اور چاہا کہ انکو اپنے فضل سے رحمت عظیم و ہدایت پر رکھے تو دعا مین یہ بھی کہا کہ ربنا انک جامع الناس الخ یعنے اس سوال سے ہماری غرض کچھ خوبی دنیاوی نہین ہی کہ وہ تو گذرنے والی ہی بلکہ بڑی غرض آخرت ہی کہ تو عاقبت مین لوگون کو جمع کرنے والا ہی اور تیرا وعدہ حق ہی پس جو یہان زائغ ہوا وہ وہان ہمیشہ عذاب مین پڑا رہیگا اور جسکو یہان ہدایت و رحمت ملی ہی وہ وہان

ہمیشہ کرامت وسعادت مین رہیگا - اور جاننا چاہیے کہ معتزلہ نے اس آیت سے دلیل پکڑی کہ فاسق جو بغیر توبہ کے مرا ہی اور اسکے حق مین عذاب کے وعید ہی تو اس آیت سے ثابت ہوا کہ خلاف وعید نہوگا اور وہ ضرور عذاب پاویگا اور وعید عذاب بھی وعدہ مین داخل ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا کہ قد وجدنا ما وعدنا ربنا حقا فہل وجدتم ما وعد ربکم حقا - یعنے جنت والے دوزخ والون سے یون کہینگے کہ ہمسے جو کچھ ہمارے رب نے وعدہ فرمایا تھا وہ ہمنے پایا پس تم کو جو کچھ تمھارے رب تعالے نے وعدہ دیا تھا وہ تمنے بھی پالیا یعنے عذاب جہنم پس عذاب وعید کو بھی وعدہ کہا گیا اور جواب دیا گیا کہ فاسق کے حق مین عذاب کی وعید ہی اور دیگر دلائل سے تم بھی قائل ہو کہ یہ وعید و عذاب اسپر مطلقاً نہین ہوگا بلکہ اسوقت ہوگا کہ اسنے توبہ نہ کی ہو پس تم بھی تخصیص کے قائل ہو اسطرح ہمنے احادیث سے ثابت کیا کہ فاسق کو وہان عذاب جب ہوگا کہ شفاعت وغیرہ سے اسکو معفو نکیا جاوے اور یہ مضمون احادیث مین بدرجۂ متواتر پہونچا ہی - اور اگر ہم مان بھی لین تو ہم کہتے ہین کہ یہان وعد مین خلاف نہ کرنا فرمایا اور وعدہ کا استعمال امر خیر مین ہی یعنے جو بھلائی کا وعدہ فرمایا ہی اسمین خلاف نہوگا اور رہا برائی کا وعدہ تو اسکو وعید کہتے ہین اور یہ جو تمنے کہا کہ وہ بھی وعدہ مین داخل ہی تو ہم کہتے ہین کہ یہ حقیقت نہین ہی اور رہا آیت مین اطلاق تو وہ کسیانے دشمنانے کے طور پر ہی جیسے فرمایا فبشرہم بعذاب الیم - انکو خوشخبری دے عذاب دردناک کی یہ بطور تہکم ہی اور ایسے ہی دوزخی کو کہا کہ ذق انک انت العزیز الکریم - چکھ اس عذاب کو تو تو بہت عزیز و بزرگ ہی - اور واحدی نے بسیط مین ذکر کیا کہ جائز ہی کہ اس آیہ کریمہ مین میعاد کا لفظ مومنون کے وعدہ پر محمول کیا جاوے بقرینۂ لایخلف کے اسواسطے کہ بیان مدح کا ہی اور مدح اسی مین ہی کہ وعدہ خیر مین خلاف نہو اور رہا عذاب و تکلیف دہی کے وعدہ مین خلاف کرنا تو یہ عرب کے نزدیک خود تعریف ہی چنانچہ کہا ؎ اذا وعد السراء انجز وعدہ * وان وعد الضراء فالعفو مانعہ - یعنے وہ ایسا بزرگ خصلت ہی کہ جب بھلائی کا وعدہ کرتا ہی تو اپنا وعدہ پورا کر دیتا ہی اور جب برائی کا وعدہ خوف دلاتا ہی تو اسکا عفو اس وعید کے پورے کرنے سے اسکو روکتا ہی اور نیز دوسرے نے کہا ؎ وانی وان اوعدتہ او وعدتہ * لمخلف ایعادی ومنجز موعدی * اور مین ایسا ہون کہ مین نے اگرچہ اسکو ایعاد کیا یعنے عذاب سے وعید کیا یا اسکو وعدہ دیا پر مین اپنے ایعاد یعنے وعید سزا کو خلاف کرنے والا ہون اور اپنے وعدہ کو پورا کرنے والا ہون - پس معلوم ہوا کہ وعدہ خیر پورا کرنا مدح ہی اور وعید مین خلاف کرنا مدح ہی اور یہین سے اشاعرہ نے کہا کہ اللہ تعالے کا خلعت وعید مین روا ہی لیکن ہمارے نزدیک جواب صحیح فقط اول ہی اور حق یہ کہ وعدہ و وعید کسی مین خلاف نہین ہوگا ف فی العرائس قولہ تعالے ربنا لاتزغ قلوبنا بعد اذ ہدیتنا - یعنے ہمارے دلون کو کج مت کر باین طور کہ تیری ہدایت سے برگشتہ ہون قولہ وہب لنا من لدنک رحمۃ - رحمت سے مراد علم خاص و معرفت تامہ ہی - قولہ انک انت الوہاب ایسا کچھ ہبہ کیا کہ اسکا شکر شمار مین نہین آسکتا ہی اور سہل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قوم نے اللہ تعالے کی طرف تضرع کرنے اور اسکے سامنے مسکنت ظاہر کرنے کے لیے اسکی طرف رجوع کیا اور جعفر رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ہمارے دلون کو اپنی طرف سے کج نظر ما بعد از انکہ تو نے ہمکو اپنی طرف راہ دی ہی اور قولہ من لدنک رحمۃ - یعنے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے موافق اپنی خدمتگذاری پر ہمکو ثابت قدم کر دے - انک انت الوہاب - یعنے تو اپنے بندون کو اپنے فضل سے وہ کچھ نعمتین عطا فرماتا ہی جسکے وہ کچھ بھی مستحق نہین ہین یعنے انکو کوئی استحقاق ذاتی نہین ہی - اور استاد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جتنا انکا قرب بڑھتا گیا اتنا ہی انکا ادب بڑھتا گیا اور دوری سے پناہ مانگنا رعایت ادب ہی اور بعض نے کہا کہ جب خوبی سے استعانت چاہنے مین وہ سچے ہوے تو انکو انوار کفایت سے مدد دی گئی - قولہ ربنا انک جامع الناس لیوم لاریب فیہ - یعنے اوتعالے اہل حقیقت حق و شریعت صدق کو مقام قربت مین جمع کرنے والا ہی پس مومنین تو کرامت مین ہین اور

موقنین مقام مشاہدہ مین اور محبین مقام وصل مین اور عارفین مقام انس مین ہین۔ اور ہر گروہ تیرے حضور مین اپنے انتہائی مقصد ونیت کے موافق پہونچ جائیگا یعنے دنیا مین مقامات وحالات ومکاشفات ومشاہدات کے مقامون مین سے جو گروہ جس حال پر تھا اسیکے موافق تیری جناب مین اسکی رسائی ہوگی جیسے اہل باطل وکفر وضلالت اپنے اپنے درجہ کے موافق ملعون ومطرود ہونگے۔ اور استاد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ آج کے روز تو اللہ تعالے نے دوستون کو نزدیکی حاصل کرنے کے مقام مین رکھا ہی یعنے اپنے اپنے مقدور سے کوشش کرین اور کل کے روز یعنے قیامت مین سبھون کو ثواب وعذاب کے محل مین جمع کریگا۔ آج کے روز تو اسرار کو اکٹھا کرویا کہ جلال وجمال کا مکاشفہ چاہین اور کل کے روز ہر حال کے موافق سہول وامن مشاہدہ کرنے اور رنج وخوشی اٹھانے کے مقام مین بے پردہ جمع فرماویگا قولہ تعالے ان اللہ لا یخلف المیعاد۔ یعنے جو کچھ اپنے انبیا واولیا ومومنین سے وعدہ کیا ہی کہ انکو فلاح ومشاہدہ کی نعمت تک پہونچاویگا اسمین خلاف نہین فرماتا ہی اور نیز اللہ تعالے کا وعدہ خلاف ہو نہین سکتا ہی کیونکہ علم الٰہی قدیم ہی پس وہ منزہ وپاک ہی کہ کوئی فعل اسکا ایسے علم سے ہو جو جدید پیدا ہو بلکہ سب اسکے علم قدیم مین مقرر ہو چکا ہی تو وہی ہوگا جیسے دنیا مین وہی ہوتا ہی اور شیخ ابو عبد الرحمن سلمی نے فرمایا کہ دنیا مین بھی اسکی میعاد سے خلاف نہین ہوتا ہی چنانچہ جو کچھ اسنے اپنے علم ازلی کے موافق سعادت یا شقاوت کا وعدہ مقرر فرمایا ہی وہ ضرور ہوتا ہی پس کوئی زاہد تو خلاف زہد نہین کرتا اور کوئی فاسق اپنے فسق سے نہین چوکتا اور واسطی رحمہ اللہ نے کہا کہ اللہ تعالے ہر ایک کو اسکی جزا وعوض دیدیگا اور بندگان خاص کو قرب دیدار کے مقام خاص مین اوتاریگا۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَ

جو لوگ منکر رہے ہرگز کام نہ آوینگے انکو انکے مال اور نہ انکی اولاد اللہ کے عذاب سے کچھ اور

أُولَٰئِكَ هُمْ وَقُودُ النَّارِ ۝ كَدَأْبِ آلِ فِرْعَوْنَ وَالَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ ۚ

وہی ہین ایندھن دوزخ کے جیسے دستور فرعون والون کا اور جو لوگ انسے پہلے تھے

كَذَّبُوا بِآيَاتِنَا فَأَخَذَهُمُ اللَّهُ بِذُنُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ شَدِيدُ الْعِقَابِ ۝

جھٹلایا انھون نے ہماری آیتون کو پھر گرفتار کرلیا اللہ نے انکو انکے گناہون پر اور اللہ کی مار سخت ہی۔

لَن تُغْنِيَ۔ تدفع۔ عَنْهُمْ۔ یعنے دفع نہ کرینگے۔ مِنَ اللّٰهِ۔ ای من عذابہ۔ یعنے عذاب اللہ سے۔ وَقُودُ النَّارِ بفتح الواو مایوقد بہ۔ یعنے وقود بفتح واو وہ چیز جس سے آگ روشن کیجاوے۔ دابہم۔ کعادۃ۔ یعنے کداب خبر مبتدا محذوف ہی ای دابہم حاصل کداب اور داب کے معنے عادت۔ مِن قَبْلِهِمْ۔ من الامم کعاد وثمود۔ یعنے فرعون والون سے اگلی امتین مانند عاد اور ثمود کے۔ فَأَخَذَهُمُ اللّٰهُ۔ اہلکہم۔ یعنے انکو اللہ تعالے نے ہلاک کیا۔ بِذُنُوبِهِمْ۔ والجملۃ مفسرۃ لما قبلہا یا سببیہ ہی ای بسبب انکے گناہون کے اور جملہ کذبوا بایاتنا الی آخرہ۔ یہ اپنے ماقبل کا مفسر ہی یعنے انکا داب کیا تھا اور کیا انکے ساتھ کیا گیا اسیواسطے حروف عطف نہین ہین۔ اللہ عزوجل نے اس کتاب مجید کے ایمان لانے والون اور زیغ سے پناہ مانگنے والون کا اچھا حال اور وعدہ ثواب ذکر فرمانے کے بعد ان لوگون کا حال خراب بیان فرمایا جو کافر ومنکر ہوے جیسے وفد نجران نے انکار کیا اور بعض نے فرمایا کہ ان الذین کفروا سے وفد نجران ہی مراد ہین مگر اولی یہ ہی کہ تمام کفار مراد ہین اور عذاب مذکور کی وعید انکے حق مین جب ہی ہوگی کہ کفر ہی پر مر گئے ہون اور کفر مین کسی رکن ایمان کا کفر ہونا داخل ہی پس اگر کوئی شخص ہی کہ اللہ تعالے کو واحد جانتا ہی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو نہین

مانتا ہی وہ کافر ہی اور وہ واقعی اللہ تعالے کی توحید نہین جانتا ہی کیونکہ معتبر وہ توحید ہی جو رسول اللہ صلعم کے فرمانے سے ثابت ہو اور ایسے ہی اگر قران سے منکر ہی تو کافر ہی - قولہ من اللہ شیئا - مبرد نے کہا کہ من برائے ابتدائے غایہ ہی بحذف مضاف ای من عذاب اللہ ابو حیان نے کہا کہ یہی ارجح ہی - واولئک ہم وقود النار ضمیر منفصل مفید حصر یا قصر ہی یعنے یہی ایندھن ہونگے یا انکے حق مین ایندھن ہی ہونا واجب ہی اگر کہا جاوے کہ بعضے گنہگار مومنین بھی دوزخ مین جاوینگے تو حصر انمین کیونکر ہوا جواب یہ ہی کہ گنہگار مومن ایندھن نہونگے بلکہ انکو تکلیف وعذاب پہونچیگا اور ایسے ہو جاوینگے جیسے کہ جھونسا یا کوئلہ ہوتا ہی اور ایندھن فقط کفار ہونگے - اور انکے اموال اولاد کام نہ آوینگے یہ کمال عذاب ہی اسواسطے کہ جس چیز سے اسکو بھروسا تھا وہ دور کردی پھر اسپر اور اسباب الم دینے والے مجتمع ہوئے پس قولہ لن تغنی عنہم اموالہم ولا اولادہم - سے بھروسا توڑا کیونکہ سختی کے وقت آدمی اپنے مال واولاد کی طرف بھروسا کرکے دوڑتا ہی پس اللہ تعالے نے ظاہر فرمایا کہ روز قیامت کی صفت اس دنیا سے خلاف ہی پس جبکہ مال واولاد جو بہت نزدیک کے وسیلہ نفع تھے اسکو نافع نہوئے تو اور چیزین بدرجۂ اولی نفع نہونگی پھر اسپر یہ کمال کہ وقود النار ہونگے اور یہ انتہا کا عذاب ہی کہ انمین آگ اسطرح لگیگی جیسے ایندھن کی سوکھی لکڑی مین لگتی ہی نعوذ باللہ منہ - قولہ کدأب آل فرعون - یہ جملہ یا تو مستانفہ ہی خبر مبتدا محذوف ای دابہم کداب آل فرعون مع موسی - یعنے وفد نجران کافرون کی یا مطلق کافرون کی عادت انکار آیات حق تعالے وکفر برسول صلعم مین ویسی ہی جیسے فرعون والون کی عادت حضرت موسی علیہ السلام کے ساتھ تھی اور بعض نے کہا کہ متصل بما قبل ہی ای لن تغنی عنہم کما لم تغن عن آل فرعون یا توقد النار بہم کما توقد بال فرعون - اور اول قول جمہور محققین ہی اور داب بمعنے حال وعادت وشان ہی اور ابن عباس سے روایت ہی کہ کداب آل فرعون ای کصنیع آل فرعون اور ایسا ہی عکرمہ ومجاہد وابو مالک وضحاک وغیرہم سے مروی ہی اور بعض نے کہا کہ یعنے یہ ہین کہ البتہ جن لوگون نے کفر کیا کچھ نہین دفع ونفع کرینگے انسے انکے اموال اور نہ اولاد وقت طاری ہونے عذاب وانتقام کے مثل آل فرعون والگے کافرون کے کہ گرفتار کرلیا تھا نے انکو پس نفع دیا انکو انکے مالون واولاد نے - قولہ فاخذہم اللہ بذنوبہم - یہان فاخذناہم نہین فرمایا بلکہ بجاے اسم ضمیر کے اسم ظاہر فرمایا بغرض ہول دلانے کے اور ایسے ہی قولہ واللہ شدید العقاب -

قُلْ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ ۭ وَبِئْسَ الْمِهَادُ

کہدے منکرون کو کہ جلد ہی تم مغلوب ہوگے اور ہانکے جاؤگے دوزخ کو اور کیا برا بستر ہی دوزخ

ونزل لما امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم الیہود بالاسلام فی مرجعہ من بدر فقالوا لہ لا یغرنک ان قتلت نفرا من قریش اغمارا لا یعرفون القتال جبکہ بدر کی لڑائی جہاد سے لوٹنے مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کو اسلام لانے کا حکم کیا تو بولے کہ آپ کو غرور مین نہ ڈالے یہ بات کہ آپنے قریش مین سے چند ناتجربہ کارون کو جو لڑائی نہین جانتے تھے قتل کرڈالا ہی تو اللہ تعالے نے نازل فرمایا - قُلْ - یا محمد - لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا - من الیہود - کہدے ای محمد ان لوگون سے جو کافر بنے ہین یعنے یہود مین سے کافرون کو کہ - سَتُغْلَبُوْنَ - تم لوگ (یا یہ لوگ) عنقریب مغلوب کیے جاؤگے - تغلبون بالتاء والیاء فی الدنیا بالقتل والاسر ضرب الجزیۃ وقد وقع ذلک - اکثر قراء کے قراءۃ مین ستغلبون بتاء خطاب ہی یعنے تم لوگ مغلوب کیے جاؤگے اور حمزہ وکسائی کی قراءۃ مین بیاء غیبت ہی یعنے یہ کافر لوگ مغلوب کیے جاوینگے اور یعنے یہ کہ عنقریب دنیا مین قتل وقید وجزیہ باندھے جانے سے مقہور کیے جاؤگے اور یہ معجزہ قرآنی ہی کہ ان خاص لوگون کا انجام بیان کردیا پھر ایسا ہی واقع ہوا پس ایک تو یہ حکم دیا کہ انکو آگاہ کردے کہ دنیا مین تم عنقریب مغلوب وخوار ہوگے - دوم - وَتُحْشَرُوْنَ - یا لوحیین فی الآخرۃ اور محشور کیے جاؤگے یعنے آخرت مین - اِلٰى جَهَنَّمَ - فتدخلونہا - جہنم کی طرف ف پھر خالی یہی نہوگا بلکہ جہنم مین داخل کیے جاؤگے - ایک قراءت یحشرون بیاء

سلام صنع برون صحاح صنع ورق جاں جنت ام

تحتیہ بصیغۂ غائب ہی۔ وَبِئْسَ الْمِهَادُ۔ الفراش ہی۔ اور برا بچھونا ہی دوزخ۔ فی محی السنہ نے معالم مین و ابن کثیر نے اپنی تفسیر مین بروایت محمد بن اسحاق ذکر کیا کہ جب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کی لڑائی مین اپنی قلیل جماعت بے سامان سے کفار قریش کو باوجود انکی کثرت وسامان کے شکست دیکر قتل و قید کی مصیبت پہونچائی پھر وہان سے مدینہ کو لوٹے تو یہودیون کو بازار بنی قینقاع مین جمع کیا اور فرمایا کہ ای گروہ یہود تم مسلمان ہو جاؤ قبل اسکے کہ تمکو بھی ویسی ہی مصیبت پہونچے جیسی قریش کو پہونچی تو بولے کہ ای محمد آپکو یہ بات اپنے جی مین غرور نہ دلاوے کہ آپ نے قریش کے چند آدمی مار ڈالے جو لڑائی مین ناتجربہ کار تھے لڑائی کا ڈھنگ نہین جانتے تھے اور واللہ اگر تم ہم سے قتال کرو تو جانوگے کہ البتہ مرد ہم ہین اور تم ہم ایسون سے کبھی نہین بھڑے پس اللہ تعالے نے اسی بارہ مین نازل فرمایا۔ قل للذین کفروا ستغلبون۔ تا قولہ لعبرۃ لاولی الابصار۔ اسکو محمد بن اسحاق نے ابن عباسؓ اور عاصم بن عمر و رحمہ اللہ سے روایت کیا ہی و قد اخرجہ ابو داؤد ایضاً اغمار جمع غمر ہر ایسے مرد کو کہتے ہین جسنے امور کا تجربہ حاصل نکیا ہو۔ اور ستغلبون مین ان کافرون کے مغلوب ہو جانے کا وعدہ ہی اور اللہ عزوجل نے یہ وعدہ پورا کر دیا کہ قریظہ کو حضرت صلعم نے قتل کر ڈالا اور بنی نضیر کو مدینہ سے جلا وطن کر دیا اور خیبر کو فتح کر کے وہان کے یہودیون پر جزیہ مقرر کیا اور یہ خبر غیب ہی اور دلائل نبوت مین سے ہی۔ اور جاننا چاہیے کہ اسمین یہ بھی معجزہ ہی کہ یہ لوگ ایمان نہ لاوینگے کیونکہ فرمایا و تحشرون الی جہنم۔ اور یہ صریح اعجاز ہی کہ کسیکے حق مین انکے انجام باطنی آیندہ کی خبر دینا جو اسی طرح واقع ہو۔ اور واضح ہو کہ جنگ بدر مین اللہ تعالے نے مومنون و کافرون سب کو اپنی قدرت کاملہ دکھلادی تاکہ شیطان کو وسوسہ کا موقع نہ رہے اور اسمین عجائب معجزات تھے پھر آیندہ مومنون کو کافرون کے ساتھ امتحان مین چھوڑ دیا لیکن اندھے یہودیون نے کچھ نہ دیکھا لہذا اللہ تعالے نے اہل سعادت کو اس واقعہ کی قدرتون سے آگاہ کیا

قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ

البھی ہو چکا ہی تمکو ایک نمونہ دو فوجون مین جو بھڑی تھین ایک فوج لڑتی اللہ کی راہ مین اور دوسری کافرہ تھی

يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

یہ انکو دیکھتے اپنے دوبرابر صریح آنکھون سے اور اللہ زور دیتا ہی اپنی مدد کا جسکو چاہے اس واقعہ مین البتہ

لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۝

عبرت ہی جنکی آنکھین ہین۔

قَدْ كَانَ لَكُمْ اٰيَةٌ۔ عبرۃ و ذکر الفعل للفصل۔ فِيْ فِئَتَيْنِ۔ فرقتین۔ الْتَقَتَا۔ یوم بدر للقتال۔ تمھارے لیے آیت گذر چکی ایسے دو فریق مین جو باہم مقابل ملے تھے ف آیت بمعنے عبرت اور مقابلہ سے بدر کا قتال مراد ہی یعنے بدر کے روز کفار و مومنین کے مقابلہ مین تمکو عبرت و نصیحت ہی۔ فِئَةٌ تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ ای طاعتہ وہم النبی صلی اللہ علیہ وسلم و اصحابہ و کانوا ثلثمائۃ و ثلثۃ عشر رجلا معھم فرسان وستۃ ادرع وثمانیۃ سیوف و اکثرھم رجالۃ۔ ایک فرقہ تو اہل تعالے کی راہ مین قتال کرتا تھا ف یعنے اللہ تعالے کی فرمانبرداری مین لڑتا تا اور اس فرقہ سے مراد نبی صلی اللہ علیہ وسلم و آپ کے اصحاب رضی اللہ عنہم ہین۔ اور تعداد انکی تین سو تیرہ مرد تھے (ستر مہاجرین کے اور دو سو چھتیس انصار کے) اور انکے ساتھ دو گھوڑے تھے (ایک مقداد بن عمرو کا اور دوسرا مرثد بن ابی مرثد کا) اور چھ زرہین اور آٹھ تلوارین تھین اور اکثر انمین سے پیدل تھے۔ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ۔ اور فرقۂ دوم کافرہ تھا ف جو شیطان و بت کی راہ مین لڑتا تھا۔ يَّرَوْنَهُمْ۔ بالتاء والیاء ای الکفار۔ یعنے نافع کی قرأۃ مین بتاء فوقانیہ ہی یعنے تم انکو دیکھتے تھے اور یا قیون کی قرأۃ مین بیاء تحتیہ

ہی یعنے دیکھتے تھے ایمان والے کافروں کو۔ مِثْلَيْهِمْ ۔ ای المسلمین ای اکثر منہم وکانوا نحو الف۔ رَأْيَ الْعَيْنِ ۔ ای رویۃ ظاہرۃ معاینۃ وقد نصرہم اللہ تعالے مع قلتہم اس فرقۂ کافرہ کو تم لوگ (یا مسلمان لوگ) دوچند مسلمانون کا آنکھون دیکھتے تھے ف دوچند سے گنتی مراد نہین بلکہ کثرت مراد ہی پھر باوجود کثرت کفار کے اور قلت مومنین کے اللہ تعالے نے مومنون کو فتح دی اور شیطانیون کو خوار و مخذول کیا وَاللّٰهُ يُؤَيِّدُ ۔ یقوی ۔ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۔ اور اللہ تعالے اپنی نصرت سے جسکو چاہتا ہی مدد دیتا ہی ۔ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ الْمذکور لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ۔ لذوی البصائر افلا تعتبرون بذلک فتومنون ۔ اس واقعہ مین جو مذکور ہوا البتہ صاحبان بصیرت کے لیے عبرت ہی ف پھر تم اس سے عبرت نہین لیتے کہ ایمان لے آؤ ۔ واضح ہو کہ قولہ تعالے ۔ قد کان لکم آیۃ ۔ اس خطاب مین یعنے مفسرین نے کہا کہ خطاب یہود کو ہی اور یہ ماقبل سے متصل ہی اور یہ بھی منجملہ اس بیان کے ہی جسکے کہنے کا حکم ہی یعنے ای یہود جو تم سے کہا گیا کہ عنقریب مغلوب ہو گے اسپر تمہارے لیے نشانی اس واقعہ مین حاصل ہی کہ اللہ تعالے اپنے دین کا عزت دینے والا اور اپنے رسول کی مدد کرنے والا اور اپنے کلمہ کو بلند کرنے والا ہی اور بعض نے کہا کہ یہ خطاب تمام کفار کو عام ہی اور بعض نے کہا کہ خطاب مومنون کو ہی اور یہ حضرت ابن مسعود حسن سے مروی ہی اور اسیکی مؤید ہی قراءۃ تروننہم بتاء خطاب اور ان دونون قول پر یہ جملہ مستانفہ غیر مرتبط بما قبل ہوگا اور آیۃ کی تنکیر برائے تعظیم ہی ای آیۃ عظیمۃ یعنے تمہارے لیے بہت بڑی عبرت کی نشانی تھی ۔ فئۃ فی فئتین ۔ اسمین خلاف نہین کہ ہر دو فرقہ سے مراد بدر کے لڑنے والے ہین یعنے مومنین و کافرین قریش فئۃ تقاتل فی سبیل اللہ ۔ ای فرقۂ اسلام اور یہ مہاجرین و انصار تھے اور مہاجرین کے نشان بردار حضرت علی کرم اللہ وجہہ تھے اور انصار کے نشان بردار سعد بن عبادہ تھے اور صرف ستر اونٹ سواری کے تھے ۔ قولہ واخری کافرۃ ۔ اور وہ فرقہ کفار قریش تھا اور وہ ساڑھے نو سو آدمی پورے ہتھیار بند تھے اور ان سب کا سردار عتبہ بن ربیعہ تھا اور انکے لشکر مین سو گھوڑے تھے اور بنی مخزوم پر ابو جہل ملعون سردار تھا اور یہ واقعہ بدر پہلا جہاد ہی جو بعد ہجرت کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اور عنقریب مین مختصر نقل کرونگا قولہ یرونہم مثلیہم رای العین ۔ اسکی تفسیر مین دو قول ہین اول آنکہ یرون کا فاعل کافرین ہین اور ضمیر راجع بجانب مومنین ہی یرون المشرکون المومنین مثلیہم فی العدد رای العین یعنے مومنون کو مشرکین تعداد مین اپنے سے دوچند دیکھتے اور آنکھون سے انکو نظر آتا تھا اللہ تعالے انکی اس پر مدد کرین اسلام کی فتح و نصرت کا سبب کر دیا اور اسکو قرینہ بتانا فوقیہ مساعد نہین الا آنکہ خطاب اول مین کافران مکہ کو ہو ۔ اور شیخ ابن کثیر رحمہ فرمایا کہ اس تفسیر پر اشکال تو کوئی نہین مگر ایک اشکال ہی اور وہ یہ ہی کہ مشرکون نے عمیر بن سعد کو اس روز لڑائی سے پہلے جاسوسی کے واسطے بھیجا تھا اسنے مشرکون کو خبر دی کہ وہ تین سو سے کچھ اوپر یا کچھ کم ہونگے اور ایسا ہی تھا کہ مسلمان تین سو سے کچھ اوپر تھے جواب یہ ہی کہ ہان اول مین کافرون کو یہی خبر پہونچی تھی پھر جب لڑائی واقع ہوئی تو اللہ تعالے نے مسلمانون کو ایک ہزار فرشتون سے مدد دی قال المترجم وعلی ہذا مثلیہم مین دو احتمال ہین کہ مشرکین مسلمانون کو اپنے دوچند یا مسلمانون کے دوچند دیکھتے تھے قول دوم اور وہی قول جمہور مفسرین ہی یہ ہی کہ یرون کا فاعل مومنین ہین اور ضمیر راجع بجانب کفار ہی اور معنے یہ ہین کہ مسلمان لوگ کافرون کو اپنے سے دوچند دیکھتے تھے آنکھون دیکھنا اور باوجود اسکے اللہ تعالے نے انکو کافرون پر فتح دی اور اسپر یہ اشکال وارد ہوتا ہی کہ اس صورت مین کفار کا انسے دوچند ہونا چاہیے وجواب دیا گیا کہ عوفی نے ابن عباس سے روایت کی کہ مومنین بروز بدر تین سو تیرہ تھے اور کفار چھ سو چھبیس تھے اور شیخ ابن کثیر نے اسکو رد کر دیا کہ شاید یہ قول اس آیۃ کریمہ کے ظاہر سے ماخوذ کیا گیا ہی ولیکن اہل تواریخ دسیر کے خلاف ہی اور جمہور کے نزدیک معروف یہ ہی کہ مشرکین نو سو اور ہزار کے درمیان تھے جیسا کہ محمد بن اسحق نے یزید بن رومان کے واسطے سے

عروہ بن الزبیر سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب عبد اسود سے قریش کی تعداد پوچھی تو بولا کہ بہت ہیں آپ نے فرمایا کہ کتنے اونٹ ہر روز ذبح کرتے ہیں بولا کسی روز نو اور کسی روز دس - تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ لوگ نو سو اور ہزار کے درمیان ہیں اور ہر تقدیر وہ مسلمانوں کے سہ چند تھے پس اشکال مذکور پیش آتا ہے کہ دو چند کیونکر فرمایا ہے **شیخ ابن حجر** رح نے اسکا یہ جواب دیا کہ مثلیہم سے مراد اکثر ہے اور خصوص دو چند ہی مراد نہیں ہیں اور یہ قول صحیح ہے چنانچہ یوں بولتے ہیں کہ میرے پاس ہزار درم ہیں اور ابھی مجھے اسکے دو چند چاہیے ہیں حالانکہ وہ سہ چند کا محتاج ہوتا ہے **ابن کثیر** رح نے فرمایا کہ اس توجیہ پر یہ اشکال تو نہیں ہوتا ولیکن ایک اور اشکال وارد ہوتا ہے اور وہ دونوں قولوں پر وارد ہے بایں طور کہ اللہ تعالے نے قصہ بدر میں فرمایا کہ واذ یریکموہم اذا التقیتم فی اعینکم ویقللکم فی اعینہم لیقضی اللہ امرا کان مفعولا - یعنے جبکہ دکھلاتا تھا تمہیں ان کافروں کو جب ہم بھڑ گئے تھے تم تمہاری آنکھوں میں قلیل اور انکو تھوڑا دکھلاتا تھا کافروں کی آنکھ میں تاکہ پورا کردے اللہ تعالے اس امر کو جو مقدر کردیا تھا - اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ ہر گروہ دوسرے فریق کو قلیل دیکھتا تھا جواب یہ ہے کہ یہ ایک حالت میں تھا اور وہ دوسری حالت میں تھا چنانچہ سدی رحمۃ اللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ قولہ تعالے قد کان لکم آیۃ فی فئتین الآیہ - فرمایا کہ یہ بدر کے روز تھا اور ہمنے مشرکوں کی طرف جو نظر کی تو ہمنے دیکھا کہ وہ ہمسے کئی گونہ زائد ہیں پھر آخر جو ہمنے اپنی نظر ڈالی تو ہمنے یہ بھی نہ دیکھا کہ وہ ہمسے ایک آدمی بھی زیادہ ہیں اور یہی ہے قولہ تعالے واذ یریکموہم اذا التقیتم فی اعینکم قلیلا الآیہ - اور ابو اسحق نے عن ابی عبیدۃ عن عبد اللہ بن مسعود روایت کی کہ مشرکین ہماری آنکھوں میں قلیل کردیے گئے تھے یہانتک کہ میں نے اپنے پہلو کے ایک آدمی سے کہا کہ تو دیکھتا ہے شتر ہونگے اسنے کہا کہ نہیں سود کھلائی دیتے ہیں پھر ہمنے انمیں سے ایک شخص کو قید کیا تھا اس سے پوچھا کہ تم لوگ کتنے تھے اسنے کہا کہ ہم ہزار تھے پس جب دونوں فریق میں سے ہر ایک نے دوسرے فریق کو معائنہ کیا تو مسلمانوں نے مشرکوں کو اپنے سے دو چند دیکھا یعنے کئی گونہ زیادہ دیکھا تاکہ اللہ تعالے پر توکل کریں اور متوجہ ہوں اور اعانت کے خواستگار ہوں اور اسوقت مشرکوں نے مومنوں کو بھی ایسا ہی دیکھا تاکہ انکو خوف و رعب و جزع و ہلع لاحق ہو پھر جب دونوں صفیں ملاقی ہوئیں تو اللہ تعالے نے مومنوں کو مشرکوں کی آنکھوں میں اور مشرکوں کو مومنوں کی نظر میں قلیل دکھلایا تاکہ ہر دو فریق میں سے ہر ایک دوسرے پر پیش قدمی کرے اور جو اللہ تعالے نے مقدر کیا ہے وہ پورا ہو - اور محی السنہ نے معالم میں کہا کہ اصح یہ ہے کہ مومنین دیکھتے تھے مشرکوں کو اپنی تعداد سے دو چند کیونکہ اللہ تعالے نے مشرکوں کو انکی آنکھوں میں قلیل کردیا تھا یہ اللہ تعالے کی طرف سے پردہ تھا کہ انکو مشرکین دو چند ہی نظر آتے تھے حالانکہ وہ سہ چند تھے پس اللہ تعالے نے سورۂ انفال میں جو فرمایا ہے کہ انکو تمہاری آنکھوں قلیل کردیا اس سے مراد یہی ہے کہ سہ چند ہونے کے باوجود دو چند ہی دکھلایا پس آیتہ اور عبارت اسمیں دو طرح سے متحقق ہوے ایک یہ کہ اللہ تعالے نے مشرکوں کو جو کثیر تعداد میں تھے مسلمانوں کی آنکھ میں قلیل کیے صرف دو چند دکھلایا اور دوم یہ کہ اس دو چند سے بھی زیادہ تعداد والوں پر مومنوں کی قلیل جماعت کو فتح دی پس دونوں آیتیں یعنے یہاں کی آیت کریمہ اور سورۂ انفال کی آیہ کریمہ دونوں متوافق المعنے ہیں اسکی حاجت نہیں کہ دو حالت پر محمول کیجاویں اگرچہ دو حالت پر محمول کرنا بھی ممکن ہے واللہ تعالے اعلم بالصواب - **مترجم** کہتا ہے کہ آیندہ ان شاء اللہ تعالے یہ قصہ سورۂ انفال میں مفصل آویگا اگرچہ مختصر حال اس سے بھی کھل گیا کہ ایک قلیل بے سامان جماعت کو کثیر با قوت و سامان لشکر پر فتح و نصرت ایسے عجیب طریقہ سے عنایت فرمائی کہ کافروں کے سردار مارے گئے اور بہت سے قید ہوے لیکن مسلمانوں نے انکو فدیہ کا مال لیکر چھوڑنا چاہا تو کہا گیا کہ اس شرط پر فدیہ لیکر چھوڑو کہ آیندہ سال میں اسی قدر تم میں سے شہید ہونگے اسکو مسلمانوں نے شوق شہادت میں قبول کیا لہذا دوسرے سال میں جنگ احد میں مسلمانوں میں سے اسی قدر شہید ہوے اور کافروں نے غلبہ پایا اور جو کچھ اللہ تعالے نے مقرر کیا تھا وہ پورا ہوا ف فی العرائس قولہ تعالے واللہ یؤید بنصرہ من یشاء - واضح ہو کہ

سابق مین کر بیان ہوا کہ جہاد مین سے افضل یہ کہ اپنے نفس سے مجاہدہ کرکے اسکو مغلوب کیے لہذا شیخ نے اشارہ مین کہا۔ یعنے جسکو چاہتا ہی اپنے خاص بندون مین سے اسکی تائید فرماتا ہی یہانتک کہ اپنے نفس کے ساتھ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے موافق جہاد کرتا ہی بعض نے فرمایا کہ اپنے بندون مین سے جسکو چاہتا ہی اسکو یہ توفیق دیتا ہی کہ وہ طریقہ سنت کو مضبوط پکڑ لیتا ہی اور بدعت کو بالکل ترک کردیتا ہی **قال** المفسر جسم اس اشارہ کی وجہ ظاہر ہی اسواسطے کہ بڑا جہاد تو اپنے نفس کے ساتھ ہی پس جو شخص کہ اللہ تعالے کی طرف سے تائید پاتا ہی وہ سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ ظاہر مین و باطن مین یعنی اعمال جوارح و افعال قلب سب کے ساتھ مضبوط پکڑتا ہی اور طریقہ بدعت کو اگرچہ کیسا ہی اچھا نظر آوے بالکل ترک کرتا ہی کیونکہ اچھائی و برائی سب اللہ تعالے و اسکے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کہنے سے معلوم ہوتی ہی آدمی اگر اپنی رائے پر کام کرے تو سخت گمراہی ہی اسکو ہرگز نہین چاہیے کہ دین مین رائے لگاوے کہ یہ طریقہ اچھا ہی اور یہ طریقہ برا ہی اور جاننا چاہیے کہ سنت سے مراد وہ طریقہ ہی جسکو حضرت صلعم نے خود کیا یا فرمایا کرتے دیکھکر ممانعت نہین فرمائی یا کسی صحابی نے ایسا فعل مسنون قرار دیا جسمین اجتہاد کو دخل نہین تو یہ سب سنت طریقہ ہی اور جو فعل بطرز سنت ہی اگرچہ وہ مباح ہو جب اسکو سنت کی نیت سے ادا کریگا مستحق ثواب ہوگا اور اسکے قلب کو ایک نور اس کام کی لیاقت کے موافق ضرور حاصل ہوگا اور بدعت وہ کام یا کلام ہی جو دین مین نیا نکالا گیا جسپر کلام اللہ تعالے و سنت رسول اللہ صلعم و اجماع امت و قیاس مجتہد کوئی شاہد نہین ہی اور حدیث صحیح مین ہی کہ ہر بدعت گمراہی ہی اور ہر گمراہی دوزخ مین ہی پس جو بدعت ہی وہ کبھی خوب نہین اگرچہ ہزارون کتابین پڑھا ہوا بڑے جبہ و دستار کے ساتھ بیٹھکر اسکے عمدہ ہونے کا فتوی دے اور حدیث مین ہی کہ ہر بدعت پر عمل کرنے سے اللہ تعالے اسکے مثل سنت کو اٹھا لیتا ہی یعنے بدعتی کے ذمہ دو گناہ ہوتے ہین ایک تو بدعت کرنے کا گناہ اور دوسرا یہ کہ اسکے مثل سنت جاتی رہتی ہی۔ اور نیز سب سے بڑھکر یہ ہی کہ اس بدعتی نے جسکو یہ بدعت بتلائی یا اگر علم والا ہی کہ جاہل اسکی پیروی کرتے ہین تو اسکو دیکھکر جسنے ایسا ہی کیا اسکا سب گناہ اسی نکالنے والے کے نامہ اعمال مین برابر قیامت تک لکھا جاویگا لہذا فقہاء حنفیہ رحمہم اللہ تعالے نے احتیاط کی ہی کہ جو جائز شرعی ایسا ہو کہ وہ بدعت کی طرف پہونچاوے اسکے منع کا فتوی دیا جاوے چنانچہ مجالس میلاد شریف اگر متاخرین جماعت علماء نے جائز سمجھی تھی تو مع طریقہ لا دب ولیکن اسوقت مین جس طرز سے یہ ہوتا ہی کہ فاسق پڑھنے والے ہار پھول سے شعر خوانی کے ساتھ پر تکلف مجلس مین بہت ایسی بیہودہ باتون کے ساتھ جمع ہوکر پڑھتے ہین تو یہ بالاتفاق ممنوع ہی اور اسکو مستحب کہنے والے بھی دیکھنے تو سخت منع کرتے اور عجب ہی کہ نفس کی خوشی پر چلنے کا نام ان جاہلون نے محبت رکھا حالانکہ درود پڑھنے سے بھاگتے ہین اور جو حقیقت مین محبت رکھتا ہو وہ ہزاران ہزار درود اپنے دل سے ایک طرف باوضو متوجہ ہوکر پڑھیگا اور اس درود شریف کے فضائل جیسے کچھ بلند ہین مفسر جسم اسکو کیا بیان کرے ایک یہی بات ہی کہ اسکے پڑھنے کا حکم اللہ عزوجل نے دیا ہی کہ یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیما۔ یعنے اے ایمان والو درود پڑھو میرے رسول پر اور سلام بھیجو اسپر جیسا چاہیے ہی۔ اور صحیح حدیث مین ہی کہ جسنے مجپر ایک مرتبہ درود بھیجا اللہ تعالے اسپر دس مرتبہ درود بھیجتا ہی غور کرو کہ اسکے کیا فضائل ہین مفسر جسم اسکے فضائل پورے لکھنے سے عاجز ہی اب اے اہل ایمان امید ہی کہ تم آپسمین ایک دوسرے کو درود کی نصیحت کرو اور خود بھی دل سے درود بھیجتے رہو تاکہ اسکی توفیق نہ پاویگا الا وہی شخص جو جنت مین بڑے درجہ والا اور اللہ تعالے اور اسکے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نزدیک محبوب ہی والسلام و بیان غزوہ بدر کا جو سورہ انفال مین انشاء اللہ تعالے معلوماً آویگا یہان مختصر یون ہی کہ بدر ایک مقام کا نام ہی جو بنام بدر بن مخلد بن نضر بن کنانہ مشہور ہی جو وہان آکر ٹھہرا یا بنام بدر بن الحارث جسنے بدر کا کنوان تیار کیا واللہ اعلم اور یہ ہجرت کے دوسرے سال ہوا اور یہ غزوہ بقصد قتال نہ تھا بلکہ کفار کا قافلہ شام

آتا تھا اور حضرت صلعم نے مسلمانوں کو کہا کہ اس قافلہ کو روکو اور اللہ تعالےٰ سے اپنے لوگوں کے لیے دعا فرمائی کہ ای پروردگار یہ لوگ پیدل ہیں انکو سوار کردے اور یہ لوگ بھوکے ہیں انکو سیر کردے ننگے ہیں کپڑا دے فقیر ہیں تونگر کردے اور اصحاب سے فرمایا کہ چلو اور قافلہ کی خبر پہلے منگالی تھی اور اس قافلہ کا سردار ابوسفیان بن حرب تھا جو اسوقت کافر تھا اور اسنے بدر میں پہونچکر خبر پاکر راہ چھوڑ دی اور بحر قلزم کے کنارے ہوکر جلد روانہ ہوا اور ایک شخص کو مکہ روانہ کیا کہ جلد تم لوگ پہونچو اور قافلہ بچاؤ وہاں کے ایک ہزار سوار مسلح سردار اشراف قریش روانہ ہوے اور حضرت صلعم بدر میں اس کنارہ تھے اور وہ لوگ اُس کنارے اور ابوسفیان مع قافلہ کے بچکر ساحل کیطرف نکل گیا اور مکہ سے پھر روانہ ہوکر کفار کے لشکر میں آملا اور صحابہ رضی اللہ عنہم نے شکایت کی کہ ہم لڑائی کے سامان پر نہیں آئے پھر حضرت صلعم نے انکو تسکین دی اور فرمایا کہ اللہ عزوجل نے مجھسے وعدہ فرمایا ہے قافلہ کا یا کفار پر فتح کا کہ ان دونوں میں سے ایک چیز عطا فرماویگا اور میدان بدر میں پھر کر صحابہ ابوجہل وغیرہ کافروں کے مقتل کی جگہیں بتلائیں اور اللہ عزوجل نے ملائکہ کو مدد کے واسطے نازل فرمایا اور یہ بنظر بعالم اسباب اجرائے صورت احکام ہے ورنہ اوتعالےٰ قادر ہے کہ تمام کافروں کو بغیر قتال ہلاک کردے اور چاہے سبکو یوں ہی ہدایت دیدے پس وہ جاہل ہے جو اسمیں استبعاد کرتا ہے اور ملحد ہے جو اس سے انکار کرتا ہے اور لشکر کفار سے انکا سردار عتبہ بن ربیعہ و ولید بن عتبہ و شیبہ تین آدمی نکلے اور مقابل طلب کیے اور لشکر اسلام سے عبیدہ بن الحارث و علی بن ابیطالب و حمزہ بن عبدالمطلب نکلے پس علی کرم اللہ وجہہ نے ولید کو اور حمزہ رضی اللہ عنہ نے عتبہ کو قتل کیا اور شیبہ بھی قتل ہوا اور عبیدہ بن الحارث کو زخم پہونچا کہ آخر وہ بدر سے لوٹتے وقت اسی زخم سے شہید ہوے پھر قتال گرم ہوا اور ابوجہل ملعون کو معوذ و معاذ دونوں بھائیوں نے زخمی کرکے گرادیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مٹھی سنگریزہ و ریگ لیکر کفار کی طرف پھینک ماری اور فرمایا شاہت الوجوہ خوار ہوں کافروں کے منہ اسوقت حکیم بن حزام وغیرہ جو کافروں میں تھے روایت کرتے ہیں کہ یکایک یہ کیفیت ہوئی کہ کافروں میں سے کوئی نہ بچا مگر آنکہ اسکی آنکھوں اور ناک و منہ میں وہ سنگریزے و ریگ بھری اور کافروں نے بھاگنا شروع کیا اور ملائکہ کے گھوڑوں کی ٹاپیں اور ضرب کی آوازیں اور آسمان میں گھنج و چنگھاڑ کی آوازیں کافروں پر ہیبتناک ہوگئیں پس مارے گئے جو مارے گئے اور قید ہوے جو قید ہوے اور باقی بھاگ گئے اور اس جہاد میں جو عجائب و معجزات و غرائب واقع ہوے ہیں انشاء اللہ تعالےٰ قصہ غزوہ بدر کی تفسیر میں بیان ہونگے اور یہاں بطور نمونہ مذکور ہوا ہے یہاں تو مراد اس بیان سے یہ ہے کہ ان لوگوں نے قافلہ کا مال نہ پایا اور آخرت چاہی پس اللہ تعالےٰ نے مالا مال کردیا۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنطَرَةِ مِنَ

رچھایا ہے لوگوں کو مزین کی محبت پہ عورتیں اور بیٹے اور ڈھیر جوڑے ہوے

الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ ذَٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا

سونے کے اور چاندی کے اور گھوڑے پلے ہوے اور مواشی اور کھیتی یہ برتنا ہے دنیا کی زندگی میں

وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الْمَآبِ ۝

اور اللہ پاس ہے اچھا ٹھکانا۔

زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ ۔ ماتشتہیہ الانفس وتدعوالیہ زینۃ اللہ تعالےٰ ابتلاءً او الشیطان ۔ لوگوں کے لیے زینت دی گئیں شہوات ف ف جمع شہوت بمعنے خواہش کرنا اور مراد وہ چیزیں ہیں کہ لوگوں کے جی انکی خواہش کرتے ہیں اور

ان چیزون کی طرف بلاتے ورغبت دلاتے ہین - اور زینت اگر ان چیزون کو اللہ تعالے نے دی ہو تو یہ امتحان مین ڈالنے کے لیے ہو یا شیطان نے رچائی ہو
اور ان چیزون کا بیان یہ ہو کہ مِنَ النِّسَآءِ - عورتین ف کہ انکی طرف مردون کو نفسانی رغبت ہو - وَالْبَنِيْنَ - اور بیٹے ف کہ ہر شخص
چاہتا ہو کہ اسکا لڑکا ہو بخلاف بیٹیون کے کہ انسے نفرت کرتے ہین - وَالْقَنَاطِيْرِ - الاموال الکثیرۃ - الْمُقَنْطَرَةِ - المجتمعۃ اور ڈھیر یعنے
کثیر اموال مجتمع کیے ہوے - مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ - سونے و چاندی کے - وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ - الحسان - اور داغ دیے
ہوے گھوڑے یعنے خوبصورت جنس نشان دیتے ہین - وَالْاَنْعَامِ - ای الابل والبقر والغنم - اور انعام یعنے اونٹ و گاے و بکری - وَالْحَرْثِ
الزرع - اور کھیتی - ذٰلِكَ - المذکور - یہ سب جو ذکر کیا گیا - مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا - یتمتع بہ فیہا ثم یفنی - متاع زندگانی دنیا ہین یعنے
انکے ساتھ دنیا مین نفع اٹھایا جائیگا پھر فنا ہونگے - وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ - المرجع وہو الجنۃ فینبغی الرغبۃ فیہ دون غیرہ
اور اللہ تعالے کے یہان حسن آب یعنے خوب مرجع ہو اور وہ مرجع جنت ہو پس اسکی رغبت چاہیے نہ اور چیز کی واضح ہو کہ قولہ تعالے - زین للناس - یعنے
رچائی گئی لوگون کے لیے زینت سے اگر زینت پیدا کرنا مراد ہو تو زینت دینے والا اللہ تعالے ہی کیونکہ وہی خالق اشیاء ہو اور اگر رچانا مراد ہو تو زینت
دینے والا شیطان بھی ہو سکتا ہو اگرچہ خلق اسکا بدون حکم الٰہی پورا نہوگا لیکن چونکہ شیطان ہی فریب دینے والا ہو تو اسکی طرف نسبت کردی
جیسے قولہ تعالے - وزین لہم الشیطان اعمالہم - یعنے شیطان نے انکو انکے اعمال اچھے دکھلائے اور حسن بصری سے بھی یہی قول مروی ہو اور یہی ایک طائفہ
معتزلہ کا قول ہو اور بعض معتزلہ نے فرق کیا ہو کہ جو انمین سے بطور مباح ہو اسکا زینت دینا اللہ تعالے ہی اور جو بطور ناجائز ہو اسکا مزین شیطان
ہو مگر معتزلہ اپنی گمراہی کے طور پر شیطان کو مزین یعنے خود قادر کہتے ہین اور اہل سنت کے نزدیک سوائے اللہ تعالے کے کوئی خالق نہین ہو
امام بخاری رحمہ اللہ نے حضرت عمرؓ سے حکایت کیا کہ اس آیت کے نازل ہونے پر کہا کہ الٰہی جب تو نے زینت دی تو ہم بندے تیرے بھوے
ہین اور عنقریب آگے کی آیت کے سبب نزول مین آتا ہو اور تزئین اللہ تعالے کی وجہ ابتلاء و امتحان ہو کہ اسنے محبوب کردیا اور شہوات سے
مشتہیات مراد ہین اور انکو بلفظ مصدر تعبیر فرمایا بغرض مبالغہ اور اسلیے ایسا ہو کہ بعض لوگ اسکی محبت مین ایسے منہمک ہوے کہ اسکی خواہش کی بھی
محبت کرنے لگے جیسے قولہ اعصیت حب الخیر - یعنے خیر کی محبت کو مین نے دوست کیا - اگر کہا جاوے کہ شہوات نفس مذموم ہین تو جواب یہ ہو کہ وہ
دو قسم ہو ایک کا وہ بمثل قولہ اضاعوا الصلوٰۃ واتبعوا الشہوات اور دوم صادقہ مثل قولہ فیہا ما تشتہیہ الانفس الآیہ چنانچہ کرخی نے اسکو ذکر کیا ہو
اور یہان محبت مذموم مراد ہو لقولہ تعالے حب الشہوات الآیۃ - اور شیخ ابن کثیر نے اپنی تفسیر مین کہا کہ جن چیزون کو لوگون کے واسطے اللہ
تعالے نے اس زندگانی دنیا مین مزین کیا ہو انکی خبر دیتا ہو کہ وہ نساء و بنین وغیرہ انواع ہین پس عورتون سے شروع کیا کہ انکے سبب سے فتنہ شدید
ہوتا ہو چنانچہ صحیح مین حضرت صلعم سے یہ مضمون ثابت ہو کہ مجھے اپنے بعد جو امت کے مردون پر خوف ہو فتنون کا انمین سے زیادہ ضرر پہونچانے
والا فتنہ عورتون کا ہو - اور جان لینا چاہیے کہ اگر عورتون سے مقصود یہ ہو کہ زنا وغیرہ سے بچے رہین اور اولاد مسلمان حاصل ہون تو یہ امر برا نہین ہو
بلکہ مندوب و مستحب ہو جیسا کہ صحیح احادیث مین عورتون سے نکاح کرنے کی ترغیب و استکثار نسل آیا ہو اور یہ کہ اس امت مین بہتر وہ ہو کہ
عورتین زیادہ ہون اور نیز صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دنیا متاع ہو اور اسکی متاع مین سے بہتر نیک پارسا عورت ہو کہ جب اسکو دیکھے تو اسکو خوشی
ہو اور جب حکم کرے تو اسکی فرمانبرداری کرے اور جب کہین غائب ہو تو عورت مذکورہ اس مرد کے لیے اسکے مال مین اور اپنی ذات کے حق مین
حفاظت کرے اور دوسری حدیث مین ہو کہ محبوب کردی گئی ہین میری طرف عورتین اور خوشبو اور میری آنکھون کی ٹھنڈک نماز مین کی گئی
ہو اور عائشہؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلعم کو کوئی چیز عورتون سے زیادہ محبوب نہ تھی اور اسی طرح اولاد کا بھی حال ہو کہ کبھی تو تقاضا کرے اسکا

ہوتی ہی تو وہ اسی مین داخل ہی اور کبھی اس سے یہ نیت ہوتی ہی کہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین بہت ایسے لوگ ہون جو اللہ تعالے وحدہ لاشریک لہ کی پرستش کرین چنانچہ حدیث مین حکم ہی کہ تزوجوا الودود الولود فانی مکاثر بکم الامم یوم القیامۃ ۔ یعنے تم لوگ ایسی عورتون سے نکاح کرو جو شفقت کرنے والیان اور اولاد جننے والیان ہین یعنے پانچھ نہون کیونکہ مین قیامت کے روز دیگر امتون پر تمہاری کثرت کے ذریعہ سے زیادتی لینے والا ہون اور ایسے ہی دوستی مال بغرض فخر و خیلاء و تکبر بر ضعیفان و تجبر بر فقیران تو مکروہ مذموم ہی اور کبھی اس نیت سے ہوتا ہی کہ نفقہ خیرات و مبرات و وجوہ طاعات ہو تو پسندیدہ شرعی ہی قال المترجم توضیح اس کلام کی یہ ہی کہ اگر اسنے ان متاع دنیا مین سے کسی چیز کو خود اس چیز کو یا اسکے وسیلہ سے یا تعلق سے انھین متاع دنیاوی مین سے کسی چیز کو دوست رکھا تو یہ مذموم اور خلاف شان مومن ہی اور اگر اس چیز کے وسیلہ سے یا تعلق سے آخرت و رضاے آلہی کی کسی چیز کو دوست رکھا تو درحقیقت یہ دوستی امر آخرت و رضاے حق عزوجل کی ہی اور محمود ہی پھر ایا اس امر آخرت کی دوستی کی وجہ سے بالعرض اس متاع دنیاوی کو دوست رکھے تو اسکو اکثر محققین نے منع کیا ہی اور فرمایا کہ اچھا سمجھ سکتا ہی اور اسکو احتیاط کے ساتھ خرچ کر سکتا ہی محبوب نہین رکھ سکتا ہی اور شاید تحقیق یہ ہی کہ مضائقہ نہین ہی لیکن اسکی تحصیل کی ہوس مین پڑنا حرام ہی قولہ والقناطیر المقنطرۃ ۔ قناطیر جمع قنطار ہی اور ابوہریرہؓ سے مرفوعا روایت ہی کہ قنطار بارہ ہزار اوقیہ ہی رواہ احمد و ابن ماجہ و رواہ ابن جریر عن ابی ہریرہ موقوفا و کذا رواہ وکیع و ہو الاصح و ہکذا رواہ ابن جریر عن معاذ بن جبل و ابن عمر و انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ سے قولہ تعالے والقناطیر المقنطرۃ ۔ دریافت کیا گیا تو فرمایا دو ہزار اوقیہ ایک قنطار ہی رواہ الحاکم و صححہ اور ابن ابی حاتم کی روایت مین ہزار دینار مذکور ہین و ہکذا رواہ الطبرانی مثلہ سواء اور ابن مردویہ نے انسؓ سے بسند صحیح ایک لاکھ دینار روایت کیے اور ابوسعیدؓ سے روایت ہی کہ قنطار بیل کے کھال بھر سونا ہی رواہ ابن ابی حاتم اور ابن جریر نے ابی بن کعب سے مرفوعا روایت کی کہ قنطار بارہ سو اوقیہ ہی اور یہی قول معاذ بن جبل و ابن عمر و ابوہریرہ و ایک جماعت علما کا ہی اور ابن عطیہ نے کہا کہ یہی اصح قول ہی اور صحیح یہ ہی کہ مراد مال کثیر ہی جیسا کہ ضحاکؒ سے روایت ہی اور عوفی نے ابن عباس سے روایت کی کہ وہ بارہ سو دینار ہی اور یہی ابن جریر نے حسن بصری وغیرہ سے مرسلا روایت کی اور قولہ والخیل المسومۃ معطوف ہی الذہب والفضۃ پر علیہ العکبری اور خیل راجح کہ اسم جمع ہی مثل رہط و قوم کے جسکا واحد لفظ سے نہین ہی آور مسومۃ کے تفسیر مین ابن عباس سے روایت ہی کہ وہ چرنے والے پوری خلقت کی خوبصورت ہین اور یہی قول مجاہد و سعید بن جبیر و سدی و ربیع بن انس ہی اور اسیکو مفسر رحؒ نے اختیار کیا اور بعض نے کہا کہ داغ دیے ہوے اور علامت لگائے ہوے اسواسطے کہ یہ جہاد کے لیے رکھے ہین اور مکحول نے کہا کہ تسویم وہ حسن ہی اسی غرہ و تحجیل اور یہ قریب تفسیر ابن عباسؓ ہی اور شیخ ابن کثیر نے اپنی تفسیر مین کہا کہ خیل کی محبت تین قسم سے ہی ایک یہ کہ مالک نے اسکو اللہ تعالے کے راہ مین باندھ دیا یعنے جب خود یا کسی مومن کو جہاد کے واسطے ضرورت ہو تو اسپر سوار ہو کر جہاد کرے تو یہ لوگ بہت ثواب پا دینگے اور دوم یہ کہ فخر کے واسطے باندھ لیا تو یہ اپنے مالک پر گناہ و وبال ہی اور سوم یہ کہ تعفف کے واسطے و اسکی نسل لینے کے واسطے باندھا اور جو حق اللہ تعالے کا ہی وہ بھی فراموش نہین کیا تو یہ اپنے مالک کے حق مین ستر ہی قولہ ذلک متاع الحیوۃ الدنیا یعنے دنیا ہی مین اس سے تمتع ہی پھر فنا ہو جاوینگے اور اسمین دنیا سے زہد و بے رغبتی دلائی اور آخرت کی ترغیب دی ہی اور فرمایا ۔ واللہ عندہ حسن المآب ۔ اور اسمین اشارہ ہی کہ جسکو اللہ تعالے نے حلال طور سے دنیا دیدی ہی اسکو چاہیے کہ دنیا کو ایسے طور پر خرچ کرے جسمین اسکی آخرت کی بہبودی ہو کیونکہ وہی دائمی ٹھکانا اور پائدار ہی ف ۲ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے زین للناس حب الشہوات الآیۃ ۔ اللہ تعالے نے لوگون کو ان چیزون مین مبتلا کیا تاکہ صادق و کاذب مین تمیز ہو جاوے پس صادق وہ ہی جسنے ان شہوات کو چھوڑ دیا اور کاذب وہ ہی جو انکی طلب کرنے مین مشغول ہو گیا ۔ بعض اکابر نے فرمایا

کہ جو شخص ان چیزوں میں مشغول ہوا تو یہ اسکو راہ حق سے قطع کر دینگی اور جسنے ان چیزوں سے منہ پھیرا تو اسکو عوض میں سلامتی دیجائیگی اور حقائق کی طرف اسکے لیے راستہ کھول دیا جائیگا۔ قال المترجم ان چیزوں سے اعراض منہ پھیرنے کے یہ معنے ہیں کہ انکی محبت چھوڑ دے اگرچہ ضرورت کے واسطے انکو حاصل کرے اور یہ معنے نہیں ہیں کہ انسے بالکل منقطع ہو جاوے۔ اور عطاء نے ابوبکر بن حفص سے روایت کی کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب یہ آیت اُنزی زین للناس حب الشہوات الآیۃ تو میں نے کہا کہ ای رب میرے جسدم کہ تو نے انکو ہمارے لیے زینت دیدی تو یہ آیت اُنزی قل أؤنبئکم بخیر من ذلکم الآیۃ۔ یعنے یہ آیت جو اسکے مابعد میں مذکور ہی (رواہ ابن جریر)

قُلْ أَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّن ذَٰلِكُمْ ۚ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن

تو کہہ میں بتاؤں تمکو اس سے بہتر پرہیزگاروں کو اپنے رب کے یہاں باغ ہیں جاری

تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ

انکے نیچے ندیاں ہمیشہ رہینگے انمیں اور عورتیں ستھری اور رضامندی اللہ کی اور اللہ کی نگاہ میں

بِالْعِبَادِ ۝ الَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَا إِنَّنَا آمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

ہیں بندے ۝ وہ جو کہتے ہیں ای رب ہمارے ہم یقین لائے ہیں سو بخش ہمکو گناہ ہمارے اور بچا ہمکو دوزخ کے عذاب سے

الصَّابِرِينَ وَالصَّادِقِينَ وَالْقَانِتِينَ وَالْمُنفِقِينَ وَالْمُسْتَغْفِرِينَ بِالْأَسْحَارِ ۝

وہ محنت اُٹھانے والے اور سچے اور بندگی میں لگے رہنے والے اور خرچ کرنے والے اور گناہ کی بخشش مانگنے والے پچھلی راتوں کو

قُلْ - یا محمد لقومک - کہدے ای محمد اپنی قوم والوں کو۔ أَؤُنَبِّئُكُمْ - أأخبرکم - کیا میں تمھیں خبر دوں - بِخَيْرٍ مِّن ذَٰلِكُمْ المذکور من الشہوات ایسی چیز سے جو ان شہوات مذکورہ بالا سے بہتر ہی۔ لِلَّذِينَ اتَّقَوْا الشرک جنھوں نے پرہیز کیا یعنے شرک سے توانکے لیے۔ عِندَ رَبِّهِمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ - انکے پروردگار کے یہاں باغات ہیں جنکے نیچے نہریں جاری ہیں ف اسمیں داخل کیے جاوینگے۔ خَالِدِينَ - ای مقدرین الخلود۔ فِيهَا - اذا دخلوہا درحالیکہ خلود انکے لیے مقدر کیا گیا ہی اسی جنات میں یعنے جب سے کہ داخل ہونگے اسوقت سے دوام ہوگا۔ وَأَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ - من الحیض وغیرہ مما یستقذر اور بیبیاں مطہرہ ہیں یعنے خوب ظاہر و پاک ہیں حیض وغیرہ ایسے چیزوں سے جو پلید و گھنونی سمجھی جاتی ہیں۔ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللَّهِ اور اللہ تعالے کی طرف سے رضوان ہی ف اکثر قراء رحمہم اللہ تعالے کی قراءۃ میں رضوان بکسر اول ہی اور ابوبکر و عاصم کی قراءۃ میں بضم اول ہی اور دونوں لغتیں معروف ہیں اور تنوین اسکی کثرت کے لیے ہی یعنے رضائے کثیر ہی۔ وَاللَّهُ بَصِيرٌ - عالم اور اللہ تعالے بصیر یعنے عالم ہی۔ بِالْعِبَادِ - فیجازی کلا منھم بعملہ - اپنے بندوں کا ف پس ہر ایک کو انمیں سے اسکے کام کے موافق جزا دیگا پھر للذین اتقوا - کی صفت و توضیح مزید فرمائی بقولہ تعالے - الَّذِينَ يَقُولُونَ - ایسے بندے ہیں جو کہتے ہیں کہ رَبَّنَا ای رب ہمارے - إِنَّنَا آمَنَّا - صدقنا بک و برسولک - ہمنے تیری تصدیق کی اور تیرے رسول کی تصدیق کی ف ایمان در اصل یہی تصدیق ہی چنانچہ اسی پر متفرع فرمایا قولہ تعالے - فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا - اب ہمارے گناہ بخشدے ف کہ بندہ ہر وقت خطاکار ہی - وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ - اور ہمکو عذاب جہنم سے بچاوے ف کیونکہ تو نے اپنی رحمت سے مومنین مغفورین کے لیے عذاب جہنم نہیں رکھا ہی۔ حاصل آنکہ یہ بندے اسطرح الحاح کرتے اور عذاب سے نجات مانگتے ہیں۔ ان بندوں کے دیگر صفات بھی ہیں جنکو

بیان فرمایا بقولہ تعالے۔ الصّٰبِرِیْنَ - علی الطاعۃ وعن المعصیۃ۔ یہ بندے صبر کرنے والے ہین ف صبر سے یہ مراد ہی کہ طاعت وبندگی کی محنت پر صابر رہتے ہین جیسے جاڑے مین وضو کرتے ہین اور گناہ سے صبر کرنے والے جیسے عورت مالدار وجمال والی نے زنا کرنے کو بلایا اور اسنے کہا کہ مین اللہ تعالے سے ڈرتا ہون کما فی الحدیث۔ الصّٰدِقِیْنَ - فی الایمان۔ یہ لوگ سچے ہین ایمان مین وَالْقٰنِتِیْنَ المطیعین اللہ۔ اور یہ لوگ اللہ تعالے کے مطیع ہین ف کیونکہ قنوت جہان قرآن مین ہی یعنے طاعت ہی۔ وَالْمُنْفِقِیْنَ المتصدقین۔ اور یہ لوگ صدقے دیتے ہین۔ وَالْمُسْتَغْفِرِیْنَ - اللہ ہان یقولوا اللھم اغفر لنا۔ اور یہ لوگ کہ استغفار کرنے والے ہین اللہ تعالے سے باین طور کہ کہتے ہین کہ اے پروردگار ہمارے ہمکو بخشدے اور ایسے اوقات مین جو اللہ تعالے کو پسند ہین چنانچہ فرمایا۔ بِالْاَسْحَارِ۔ آواخر اللیل خصت بالذکر لانہا وقت الغفلۃ ولذۃ النوم۔ یعنے یہ لوگ سحرون کے اوقات مین مغفرت مانگتے ہین ف اسحار سے جو سحر کی جمع ہی آخر اوقات رات کے مراد ہین اور خاص کرکے استغفار کے لیے یہ اوقات ذکر کیے گئے۔ اسلیے کہ یہ یاد سے غافل ہوتے اور نیند کی لذت کے وقت ہین۔ مترجم کہتا ہی کہ جب حق عزوجل نے مشتہیات نساء واولاد وقناطیر ذہب وفضہ وغیرہ کو لوگون کے لیے زینت دنیا بیان فرمایا اور اسمین مومنین کے ساتھ کفار شریک ہین اگرچہ مومنین کی نیت دیگر ہی اور کفار کی نیت الگ ہی جیساکہ اوپر مذکور ہوا تب اس تمام سے جسکی زینت کا اثر انکے دل مین نہایت محبوب آیا تھا توڑ دیا اور فرمایا۔ قل اؤنبئکم۔ کہدے وہ چیز کہ اس سے بہتر ہی وہ تمھین بتادون پس یہ حسن اسلوب سے بیان ہی اور مفسر رحمہ اللہ نے قل یا محمد لقومک سے اشارہ کیا کہ اس امر کی تصدیق کرنے والے سزاوار کرامت ہین اور خطاب علی العموم سب کو ہی اور کم خطاب سے مخصوص لوگ مراد نہین ہین اور اتقوا سے انھون نے تقوی کیا اور مفعول اسکا مفسر رحمہ اللہ نے الشرک مقدر کیا اسے شرک کو قطعاً چھوڑا اور اس سے بیزار ہوے اور یہ تقوی کا ادنی مرتبہ ہی کیونکہ جو شخص شرک سے بیزار ہوا۔ وہ کفر سے مخالف ہوا اور یہان وہی فریق ہین انحصار ہی یا مشرک ہی یا غیر مشرک یعنے مومن ہی اور اسی طرح دو ہی ٹھکانے ہین انحصار ہی اگر مشرک ہی تو اسکا ٹھکانا جہنم ہی اور اگر غیر مشرک ہی تو اسکا ٹھکانا جنت ہی اگرچہ وہ کیسا ہی گنہگار ہو وہ جنت مین ضرور جاویگا اگرچہ پہلے پہل گناہ کا میل کچیل صاف کرنے کے لیے دوزخ مین روکا جاوے اور شرک البتہ جہنم ہی کو جاویگا اور کہین اسکا ٹھکانا نہین ہی۔ کما قال ان اللہ لایغفر ان یشرک بہ ویغفر مادون ذلک لمن یشاء۔ البتہ اللہ تعالے نہین بخشتا ہی یہ کہ اسکے ساتھ شرک کیا جاوے اور بخشتا ہی سوائے شرک کے سب کچھ جسکے واسطے چاہے یعنے بندہ اگر موحد ہی اور مشرک بندہ شیطان نہین ہی تو چاہے اسکو پہلے پہل سب گناہ معاف کردیگا یا کچھ سزا دیکر اسکو بخشیگا اور جنت مین داخل کریگا پس معلوم ہوا کہ جن لوگون نے شرک سے تقوی کیا انکے لیے پروردگار کے یہان جنت ہی پس جسنے شرک چھوڑا اور گناہ بھی چھوڑے اور سب حکم بجالایا اور اللہ تعالے نے اپنے فضل سے اسکو بخشنا تو اسکے لیے پہلے ہی پہل جنت ہی اور اسکی فرمانبرداری وصلاحیت کے موافق درجے ہین اور اگر کسی نے شرک تو قطعاً چھوڑا مگر کمبختی کا مارا گناہون مین پھنسا تو اگر بغیر سزا کے بخشا گیا تو وہ بھی پہلے ہی پہل جنت مین جاویگا اور درجے پانے کی بھی امید قطع نہین ہی لیکن اسنے خود درجات کا سامان نہین پایا ہی اور اگر بخشا نہ گیا اور کچھ عذاب بھگتنا پڑا تو یہ عذاب اٹھاکر پھر نکالا جاویگا اور جنت مین جاویگا پس معلوم ہوا کہ تقوی کے بہت درجے ہین ادنی درجہ یہ ہی کہ شرک سے بیزار ہوا اور اگر یہ بھی نہو تو کافر ہوا اور شرک سے بیزار ہونے سے میری مراد یہ ہی کہ شرک کو اور شرک کی باتون کو اور شرک کے کامون کو دل سے مردود وملعون جانے کیونکہ اگر دل سے کچھ برا نہین جانتا اگرچہ کرتا نہین ہی تو بھی وہ اللہ تعالے کے نزدیک مشرک ہی کیونکہ شرک تو ایمان کا ضد ہی پس ایمان اگر دل مین ہی اگرچہ وہ ظاہر کے نماز وروزہ سے فاسق ہو تو وہ مسلمان رہیگا یہی حال

شرک کا ہی فافہم- خالدین فیہا- یعنے درحالیکہ جنت مین انکو ہمیشگی ہی مفسر رحمہ اللہ نے حال مقدرہ قرار دیا یعنے انکے حق مین ہمیشہ رہنا اسوقت سے مقدر ہی کیونکہ داخل ہونے کے وقت خلود کہان ہی پس مراد یہی ہی کہ داخل ہونے کے وقت سے انکے لیے خلود مقدر کردیا گیا ہی جیسا کہ حدیث مین ہی کہ پکار دیا جائیگا کہ اے اہل جنت تمکو خلود یعنے ہمیشگی ہی کبھی موت نہ آویگی اور اے اہل دوزخ تمکو ہمیشگی ہی اور کبھی موت نہ آویگی- پس جو جنت والا کہ پہلے پہل داخل ہوگا اسکو اسیوقت سے خلود مقدر ہی اور جو بعد عذاب کے اور گناہون کا بھگتنا و بھگتنے کے داخل ہوگا اسکو اسیوقت سے خلود ہوگا پس معنے یہ ہین کہ جب اسمین داخل ہوگا تو اسی حال مین کہ اسکے لیے ہمیشگی قرار دی گئی ہوگی- قولہ وازواج مطہرۃ بصیغہ مبالغہ فرمایا جیسے سورۂ بقرہ مین- لہم فیہا ازواج مطہرۃ- فرمایا ہی اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکی تفسیر روایت کی کہ حیض و پیخانہ و رینٹ و تھوک سے پاک ہونگی- رواہ ابن مردویہ والحاکم وصححہ اور ابن کثیر نے تفسیر مین کہا کہ اسکی اسناد مین ربعی ہین اور ابن حبان نے فرمایا کہ ربعی کی روایت سے جو حدیث ہو اس سے احتجاج روا نہین ہی اور شیخ مفسر رحمہ اللہ نے کہا کہ مین نے ابن کثیر کی تاریخ مین دیکھا کہ اسمین شیخ موصوف نے کہا ہی کہ یہ حدیث حسن ہی بہرحال حدیث اچھی ہی اور معنے اسکے یہ ہین کہ جو چیزین ایسی ہین کہ آدمی اُنسے کراہت کرتا ہی خواہ ظاہر مین ہون یا باطن مین ہون ان سب سے یہ عورتین پاک ہونگی چاہے وہ انکی دنیا کی بیویان ہون یا حوریں ہون کیونکہ دنیا کی نجاستون لگاؤ سے وہان پاکیزگی ہوگی- اور حسن بلحد نے بلا دلیل ایسے مخلوق کے وہان ہونے سے انکار کیا اسکا قول کفر ہی وہ بیوجہ اللہ تعالے و اسکے رسول صلعم کے کلام کو نہین مانتا خالی اپنے تجسس ہم سے رد کرتا ہی قاتلہ اللہ تعالے کیا وہ جنت کے وجود سے منکر ہی اور کیا خدا تعالے کو ایسے مقام پیدا کرنے اور ایسی مخلوقات پیدا کرنے پر قادر نہین جانتا- یہ نہین بتاتا کہ ایسا کیون نہین ہوسکتا ہی ظاہر وہ اپنی خواہش نفسانی کا پابند ہی واللہ تعالے اعلم- قولہ ورضوان من اللہ- سورۂ مائدہ مین رضوان کا لفظ باتفاق قرا سبعہ بالکسر ہی اور باقی مین بکسر اول و بالضم دونون قراۃ آئی ہی اور اکثر مفسرین نے اسکی تنوین کو تکثیر کے لیے قرار دیا ای رضوان کثیر ہی اور اولی یہ ہی کہ باین معنے ہو کہ ایسا رضوان کہ اسکی بزرگی و عظمت و قدر کو اللہ تعالے ہی خوب جانتا ہی اور انھون نے تنوین کو تکثیر قرار دیا بقولہ تعالے ورضوان من اللہ اکبر- یعنے اللہ تعالے کی طرف سے رضوان بہت کبیر ہی اور ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل اہل جنت کو خطاب فرماویگا کہ ای اہل جنت- عرض کرینگے لبیک ربنا وسعدیک والخیر کلہ فی یدیک- پھر فرماویگا کہ بھلا تم راضی ہوے- عرض کرینگے کہ ہم کیون نہ راضی ہون اور حال یہ ہی کہ تو نے ہمکو وہ کچھ دیا ہی کہ اپنے مخلوق مین سے کسیکو نہین دیا- فرمائیگا کہ بھلا تمکو اس سے افضل چیز عطا کرون- عرض کرینگے کہ پروردگار اس سے افضل کیا ہی- فرماویگا کہ تمپر اپنا رضوان اتار دیتا ہون کہ اسکے بعد پھر کبھی تمپر خشمناک نہونگا اخرجہ البخاری ومسلم- قولہ یقولون ربنا اننا آمنا فاغفر لنا ذنوبنا- فاء فاغفر تفریع ہی اور مرتب ہی آمنا پر اور مراد اسمنا سے تصدیق قلبی بوحدانیت اللہ عزوجل بصدق رسالت رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہی کیونکہ عصمت کا کوئی قائل نہین کہ آمنا سے گناہ بھی نہین ہوتا ہی پس اسمین صریح دلیل ہی کہ مجرد ایمان سے مغفرت کا سزاوار ہوتا ہی چنانچہ آمنا پر فاغفر لنا کی تفریع کی اور اس سے رد ہوگیا فرقہ معتزلہ کا جو کہتا ہی کہ مجرد ایمان سے مستحق مغفرت نہین تاوقتیکہ اوامر و نواہی کا پابند نہو اور جواب دیتے ہین کہ یہ آمنا والے صابرین وصادقین وغیرہ افعال سے محمود اور بیگناہ ہین یہ جواب مردود ہی کیونکہ صریح فاغفر لنا ذنوبنا موجود ہی اور اس مجموع مدح پر تفریع نہین ہی فافہم- قولہ الصادقین- پہلے سورۂ بقرہ مین صابرین وغیرہم کی تفسیر گذر چکی ہی اور قتادہ رضی سے روایت ہی کہ یہ وہ لوگ ہین کہ انکی نیتین سچی ہین اور دل ٹھیک ہین اور زبانین دل سے موافق ہین پھر وہ ظاہر و باطن راستباز ہین اور صابرین واسکے بعد والے الفاظ مین واو عطف آنے مین دلالت ہی کہ ہر ایک صفت سے موصوف ہونا مستقل طور سے معتبر ہی- قولہ والمستغفرین

سلہ یعنے جیسے یہ تین صفتون کے موصوف ہونے مین فرق ہی ویسے ہی یہ تین صفتون کے موصوف ہونے مین فرق ہی

بالاسحار مستغفرین بعضے طالب مغفرت اور بعضے نے کہا کہ نماز گزار اور بعضے نے کہا کہ مستغفرین بالاسحار وہ ہین جو نماز صبح مین حاضر ہوتے ہین اور انس بن مالک رضی سے روایت ہی کہ ہمکو حکم دیا جاتا تھا کہ جب ہم رات مین نماز پڑھین تو آخر سحر مین ستر مرتبہ استغفار کرین - رواہ ابن مردویہ اور حسن بصری سے روایت ہی کہ وہ لوگ اول شب مین نماز پڑھتے رہتے یہانتک کہ جب سحر ہونے کو ہوتی تو دعا و استغفار شروع کرتے پس وہ انکا دن تھا اور یہ انکی رات ہی - اور عبد اللہ بن عمر رات مین نماز پڑھتے پھر نافع سے پوچھتے کہ کیا سحر کا وقت ہوا تو جب نافع کہتے کہ اب ہان ہوا تو دعا و استغفار کرنا شروع کرتے یہانتک کہ صبح ہو جاتی رواہ ابن ابی حاتم اور زجاج نے کہا کہ سحر رات ڈھلے سے طلوع فجر تک کا وقت ہی اور بعضے نے کہا کہ آخیر ثلث رات سے طلوع فجر تک ہی اور اثر ابن عمر اسی کا شاہد ہی - اور سعید جریری سے روایت ہی کہ ہمکو خبر پہونچی ہی کہ داؤد علیہ السلام نے جبرئیل علیہ السلام سے پوچھا کہ رات مین کون وقت افضل ہی - کہا کہ اے داؤد مجھے نہین معلوم مگر اتنا جانتا ہون کہ سحر کے وقت عرش جنبش کرتا ہی اور ابن کثیر رحمہ اللہ نے ذکر کیا کہ صحیحین وغیرہ مسانید و سنن مین بطریق و وجوہ متعددہ ایک جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اللہ تبارک و تعالے ہر رات مین آسمان دنیا کی طرف نزول فرماتا ہی جبکہ تہائی رات اخیر باقی رہتی ہی پس فرماتا ہی کہ ہی کوئی مانگنے والا کہ مین اسکو عطا کرون - ہی کوئی دعا کرنے والا کہ اسکی دعا قبول کرون - ہی کوئی مغفرت مانگنے والا کہ اسکو بخش دون الحدیث اور حافظ المحدث ابو الحسن دار قطنی رح نے اس حدیث مین ایک رسالہ علحدہ تالیف کیا اور متعدد طرق سے اسکو روایت کیا ہی

قال المترجم اس اخیر رات کے بارہ مین احادیث مین کمال فضیلت بیان ہی اور اکابر علما نے بہت کچھ نصیحت کی ہی اور رقت ہی کہ مین نہایت عمدہ ایک حدیث نقل کرون وہ یہ ہی کہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آج رات میرے پروردگار عزوجل نہایت خوبصورت صورت مین آیا اور فرمایا کی طرف سے ایک آنے والا آیا - اور ایک روایت مین یون ہی کہ آج کی رات میرے پاس میرا پروردگار عزوجل نہایت خوبصورت صورت مین آیا اور فرمایا کہ اے محمد - مین نے عرض کیا لبیک ربی و سعدیک - اے میرے مولی پروردگار مین تیری خدمت و حضوری مین حاضر ہون - فرمایا کہ تو جانتا ہی کہ کس بات مین ملاء اعلی یعنے فرشتے ایک دوسرے پر پیش قدمی کرتے ہین مین نے عرض کیا کہ اے پروردگار مین نہین جانتا ہون پھر اپنا ید القدس دونون کندھون کے درمیان رکھا حتی کہ مین نے اسکی ٹھنڈک کو اپنے دونون ثدیون مین پایا پس جو کچھ آسمان و زمین مین ہی سب مین نے جان لیا پھر فرمایا کہ اے محمد تو جانتا ہی کہ کس بات مین ملاء اعلی کس بات مین ایک دوسرے پر پیش قدمی کرتے ہین - مین نے عرض کیا کہ ہان درجات مین اور کفارات مین اور نماز جماعت کیطرف قدم اٹھانے مین اور سردی کے دنون مین پورا وضو کرنے مین اور نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنے مین اور جسنے ان باتون پر محافظت رکھی وہ بھلائی پر جیا اور بھلائی پر مرا اور گناہون کے بارہ مین ایسا ہوگا جیسے اس دن تھا جس دن اسکو اسکی ماں جنی تھی - پھر فرمایا کہ اے محمد - مین نے عرض کیا کہ لبیک و سعدیک - فرمایا کہ جب تو نماز پڑھے تو یہ کہہ کہ اللھم انی اسالک فعل الخیرات و ترک المنکرات و حب المساکین و اذا اردت بعبادک الفتنۃ فاقبضنی الیک غیر مفتون - اے پاک رب میرے مین تجھسے مانگتا ہون توفیق نیکیان کرنے کی اور برائیان چھوڑنے کی اور مسکینون کو دوست رکھنے کی اور جب تو اپنے بندون کے ساتھ فتنہ چاہے تو مجھے اپنے پاس قبض کرلے درحالیکہ اس فتنہ مین نہ پڑے فرمایا ہون اور فرمایا کہ درجات - یہ ہین کہ ہر مسلمان پر جان پہچان ہو یا نہو سلام کو افشا کرے اور کھانا کھلائے اور رات مین نماز پڑھے درحالیکہ لوگ سوتے ہوتے ہین اخرجہ الترمذی و قال حسن - اور بعض نسخون مین ہی کہ حدیث حسن صحیح منکر جسکو کہتا ہی کہ عجیب مسکین کو متبرک حدیث شریف ہی اس سے مومنون بہت نفع ملتا ہی اور ملحد و بدعتی و جنکے دل مین شک و نفاق ہی وہ اپنے نفس کی پلیدی مین پڑے جھگڑین - اس حدیث کو دارمی و دار قطنی و بیہقی و حاکم و احمد وغیرہ نے متعدد طرق سے چند دیگر صحابہ سے بھی روایت کیا اور امام بیہقی و دار قطنی کو وہم ہوا کہ اسکے سب اسانید

ضعیف ہین حالانکہ ایسا نہین ہی ترمذی رحمہ اللہ نے اسکو حسن فرمایا اور ان طرق کثیرہ سے بھی حسن لغیرہ ہونا ظاہر ہی اور شیخ ابن الجوزی رحمہ اللہ نے اس حدیث کے سب طرق جمع کرنے اور کلام کرنے کے بعد فرمایا کہ امام احمد رحمہ اللہ نے اسکو باسناد حسن روایت کیا ہی پھر اس سند کو بیان کیا پس جبکہ ایک سناد خود حسن ہی اور اسکے ساتھ استدر اسانید وطرق کثیرہ موجود ہین پس حسن لذاتہ وحسن لغیرہ دونون جمع ہین اب اسکی صحت مین کیا شک ہی خصوص جبکہ ابن الجوزی سا نقاد محدث اسکو حسن کہتا ہی رحمہ اللہ تعالے ف ۲ عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے قل اؤنبئکم بخیر من ذلکم الآیۃ۔ واضح ہو کہ باغہاے جنات ظاہر ہین جو خصوص ہین منصوص ہین اور باطن مین انکے نظائر کمالات ہین چنانچہ جسنے تقوی کیا تو ہر ایک کو اپنے اپنے تقوے کے موافق اللہ تعالے کی نزدیکی مین درجے ہین پس اگر وہ انتہا ہی ہو کہ اسنے دنیا سے اور دنیا کی مشتہیات سے تقوی کیا تو اسکو جنۃ الیقین ہی اور اگر اسکے ساتھ اسنے آخرت سے بھی تقوی کیا تو اسکے لیے جنت کا مکاشفہ ہی اور اگر وہ نفس سے متقی رہا تو اسکے لیے جنت مشاہدہ ہی جیسا کہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ یاایتہا النفس المطمئنۃ ارجعی الی ربک راضیۃ مرضیۃ۔ اور بعض نے فرمایا کہ جسنے جنت کی امید سے کام کیا تو اسکی انتہائی رسائی وہی ہی جو اسکی انتہائی مراد ہی یعنے جنت مین داخل ہوگا اور جس شخص نے اللہ تعالے کی رضامندی کے لیے کام کیا تو اسکے لیے رضوان اللہ تعالے ہی اور اللہ تعالے نے فرمایا ورضوان من اللہ اکبر۔ یعنے رضامندی اللہ تعالے کی بہت بڑی نعمت ہی۔ قولہ تعالے واللہ بصیر بالعباد۔ اللہ تعالے دیکھتا ہی کہ بندگان خاص کی روحین عالم ملکوت مین مشتاق ہین کہ اللہ تعالے کی نزدیکی مین پہونچین اسی طرح ہر بندہ مومن کا حال ہی پس یہ ارحلال ازلی وجمال ابدی کی طلب مین جسقدر انہون نے رنج وتعب کھینچا ہی ہر ایک کو اسکی محنت کے موافق تسکین ومرتبہ عطا ہوتا ہی اور بعض نے فرمایا کہ بصیر بالعباد ای عاملون کی نیت وارادہ کا دانا ہی۔ قولہ تعالے الصابرین والصادقین والقانتین والمنفقین والمستغفرین بالاسحار۔ یہان صابرین سے کس چیز سے صبر کرنے والون کی طرف اشارہ ہی اور علی ہذا القیاس مابعد کے اوصاف مین بھی تو صابرین یعنے تمام نفسانی وشیطانی خواہشون سے اللہ تعالے کے واسطے صبر کرنے والے۔ اور صادقین یعنے اللہ تعالے کے ساتھ جو انکا معاملہ ہی اسمین سچے ہین۔ اور قانتین یعنے رضامندی کے ساتھ اللہ تعالے کے مطیع۔ اور منفقین یعنے اللہ تعالے کے ساتھ اللہ تعالے ہی کے واسطے اپنی جانین ومال قربان وخرچ کرنے والے ہین۔ اور مستغفرین یعنے غیر خدا کی طرف التفات کرنے سے استغفار کرنے والے ہین۔ درگاہ الٰہی مین مناجات کے وقتون مین خطرات سے استغفار مانگنے والے۔ اور بعض نے فرمایا کہ یہ اشارہ ہی کہ مقصود کی سچائی پر صبر کرنے والے اور اپنے اقرارون مین سچے۔ اور اللہ تعالے نے جو حدود مقرر کیے ہین ان حدون پر قائم ہوکر فرمانبرداری کرنے والے۔ اور سلطان توحید کے غلبہ کے وقت اپنے اعمال واحوال سے استغفار کرنے والے ہین یعنے ہدایت وعنایت سب تیری ہی قدرت والوہیت ہی اور ہم اور ہمارے اعمال کچھ چیز نہین ہین اور بعضون کا یہ نے فرمایا کہ صبر کرنے والے وہ لوگ ہین جو طلب الٰہی عزوجل مین ثابت رہے اور تکان سے نہین گھبرائے اور ہر خوشی وراحت کو چھوڑ دیا انھون نے بلاؤن پر صبر کیا اور شکوی چھوڑ دیا یہانتک کہ وہ مرگئے اور دنیا وآخرت کی کسی چیز نے انکو حق عزوجل سے قطع نہین کیا۔ اور صادقین وہ ہین جو طلب حق عزوجل مین سچے ہین پس انھون نے قصد کیا پھر وہ مقام پر پہونچے پھر صادق ہوے جب مشاہدہ کیا پھر صادق رہے یہانتک کہ پا گئے پھر صادق رہے یہانتک کہ انھون نے اپنے کو گم کر دیا پس انکے قصدون مین ترتیب ہی پہلے قصد پھر ورود پھر شہود پھر وجود پھر خمود۔ اور قانتین وہ لوگ ہین جنھون نے درگاہ الٰہی کو لازم پکڑا اور ہمیشہ بندگی کا شربت پیا اور ماسوای اللہ تعالے کے کسی کو نہ لیا اور راہ حق کے ساتھ چلنے والون مین سے کسی سے بغض نہ کیا یعنے کسی مسلمان سے بغض نہین رکھا یہانتک کہ نزدیکی کے مرتبہ کو حاصل کیا۔ اور منفقین وہ لوگ ہین کہ انھون نے نیک کام

لہ یعنے جنت جو بہشت ہی بہتر ہی جنت سے کیونکہ وہ بہشت کا بھی بہشت ہی

بجالانے و بندگی کرنے مین اپنے جانین خرچ کردین پھر اپنی وسعت کے موافق مال خرچ کر ڈالا پھر سچے احوال کے ساتھ اپنے دلون کو خیرات کر دیا پھر انھون نے اپنے سب حظوظ کو جو دنیا دی یا آخروی اسوقت یا آیندہ زمانہ مین ملنے والے تھے خیرات کر ڈالے اور اس صدمات و اندوہ کے عوض مین انکو قرب حال ہوا گیا اور استغفار کرنے والے جیسا ان سب باتون سے جو انھون نے کی ہین ہوشیار ہوے تو انھون نے اسحار کے وقت جبکہ نور قلب سے منور ہوا اسپے توبہ و استغفار کیا یا ین معنے کہ یہ سب کچھ نہین کیا اور جیسا حق ہی وہ ہرگز کچھ بھی ادا نہوا اور شیخ ابو عمرو المکی نے کہا کہ صبر یہ نہین ہی کہ اختیار کو اللہ تعالے پر چھوڑ دیا بلکہ صبر وہ ہی کہ اللہ تعالے کی تقدیر مین ثابت رہے اور اسکی بلاؤن کو مرحبا کہکر رغبت سے قبول کرے اور شیخ عمرو نے فرمایا کہ جس شخص نے دیدار سنت پر صبر کیا تو اسکو بلا کے دیکھنے پر بھی ویسی ہی لذت ہونی چاہیے جیسے سنتون کے دیکھنے سے ہوتی ہی اسواسطے کہ یہ دونون باتین ایک ہی آنکھ سے دیکھتا ہی اور حضرت جعفر نے فرمایا کہ صبر وہ ہی کہ جسمین تو اپنے حال پر محفوظ ہو اور تصبر یعنے تکلف کے ساتھ صبر کرنا اور اپنے آپ کو صابر بنانا یون ہی کہ اسمین تو اپنے حال و عجز کے جانب متردد ہو۔ اور شیخ ابن عطا نے فرمایا کہ صابرین وہی لوگ ہین جنھون نے اللہ تعالے کے ساتھ اللہ تعالے کی بندگی مین اسکی توفیق کو دیکھتے ہوے صبر کیا اور صادقین وہ لوگ ہین کہ سچا پورا کیا انھون نے جو اللہ تعالے سے عہد باندھا تھا بصدق قدیم و اعتماد صحیح و ایسے سر کے ساتھ جسمین کچھ میل دلکا و کسی چیز کا نہین ہی اور قانتین وہ لوگ ہین کہ انھون نے اللہ تعالے کی اطاعت ظاہر و باطن خفیہ و علانیہ بکسان کی۔ اور مستغفرین بالاسحار وہ لوگ ہین جنکے پہلو انکے بسترون سے دور رہتے ہین یعنے رات مین اللہ تعالے کی عبادت کرتے ہین اور بسترون پر پڑے سوتے نہین ہین قال المترجم قول شیخ ابن عطا کا بہت عمدہ و نہایت لطیف ہی فافہم۔ اور بعض نے کہا کہ صابرین وہ ہین جو اللہ تعالے کی معیت سے اللہ تعالے کی قضا و تقدیر ہی کے حالات مین صبر کرتے ہین اور صادقین وہ لوگ ہین جو اللہ تعالے کی توحید و محبت کے قول مین سچے ہین اور قانتین وہ لوگ ہین کہ آسانی و تکلیف مین اسکی طرف رجوع لاتے ہین اور منفقین وہ ہین کہ ماسوائے حق عزوجل کے سب خرچ کر ڈالتے ہین اور مستغفرین بالاسحار وہ ہین جو اپنے افعال و اقوال و احوال سے استغفار کرتے ہین اور ابن عطا نے فرمایا کہ صابرین وہ ہین کہ جو انکو حکم دیا گیا اسکی بجا آوری مین صبر کرتے ہین اور صادقین وہ ہین کہ جو انھون نے ازل مین عہد باندھا تھا اور اقرار کیا تھا اسکو پورا کیا یعنے حضرت باری عزوجل کی توحید کے قائل ہوے ہین اور قانتین وہ ہین کہ عبادات کی سب قسمون پر دوام قائم و مضبوط ہین۔ اور منفقین وہ ہین کہ اپنے دلون و جانون کو اپنے مولی کی رضامندی مین صدقہ کرتے ہین اور مستغفرین بالاسحار وہ لوگ ہین جو کسی حال مین اپنے مولی عزوجل کی خدمتگذاری سے نہین تھکتے ہین۔ اور نیز ابن عطا نے فرمایا کہ صابرین وہ ہین جنھون نے اپنے آپ کو مکاشفات کے مطالعہ پر روکا ہی اور صادقین وہ ہین جو اللہ تعالے کی محبت مین سچے ہین۔ اور قانتین وہ ہین جنھون نے اپنی جانون کو اپنے مولی کی خدمتگذاری پر باندھ رکھا ہی اور مستغفرین بالاسحار وہ ہین جو برابر دروازے پر پڑے ہین اس انتظار مین کہ کیا انکو اجازت دیجاتی ہی۔ اور نیز فرمایا کہ صبر تو اہل محبت کا مقام ہی اور صدق عارفون کا مقام ہی اور قنوت عابدون کا مقام ہی اور خرچ کرنا مریدون کا مقام ہی اور استغفار گنہگارون کا مقام ہی۔ طاعت ۱۲

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

گواہی دی اللہ نے کہ کسیکی بندگی نہین سوائے اسکے اور فرشتون نے اور علم والون نے وہی حاکم انصاف کا کسیکو بندگی نہین

هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

سوائے اسکے زبردست ہی حکمت والا

شَهِدَ اللّٰهُ - بین لخلقہ بالدلائل وانزال الآیات - اللہ تعالے کا گواہی دینا ہی ف یعنے اسنے ظاہر کردیا مخلوق کے واسطے باین طور کہ دلائل قائم کیے اور آیتین اُتار دین کہ - اِنَّهٗ لَآ اِلٰهَ - لامعبود بحق فی الوجود - اِلَّا هُوَ - کوئی معبود برحق موجود نہین ہی مگر وہی ایک اللہ تعالے وشہد بذلک - وَالْمَلٰٓئِكَةُ - بالاقرار - اور گواہی دی اسکے ساتھ ملائکہ نے باقرار کیونکہ تھوڑا معائنہ موجود ہی - وَاُولُوا الْعِلْمِ - من الانبیاء و المومنین بالاعتقاد واللفظ - اور علم والون نے یعنے انبیاء ومومنین نے اعتقاد کے ساتھ اور زبان سے کہنے کے ساتھ - قَآئِمًا - بتدبیر مصنوعاتہ ونصبہ علی الحال والعامل فیہا معنی الجملۃ ای تفرد - بِالْقِسْطِ - بالعدل - درحالیکہ قائم ہی منفرد وہ اپنے مخلوقات کی تدبیر مین عدل کے ساتھ ف پس یہ حال واقع ہی اور عامل معنوی ہی یعنے جملہ بالا سے جو معنے نکلتے ہین ای تفرد پھر تفرد الوہیت کو کرر فرمایا بقولہ تعالے - لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ فی ملکہ - الْحَكِيْمُ - فی صنعہ کوئی الوہیت والا نہین مگر وہی وہ غالب ہی اپنی سلطنت مین پختہ کار دانا ہی اپنی صنعت مین ف محی السنہ نے معالم مین کہا کہ یہ آیہ وفد نجران کے حق مین نازل ہوئی اور کلبی رح نے کہا کہ شام کے احبار مین سے دو حبر آئے اور جب انھون نے مدینہ منورہ کو دیکھا تو کہا کہ یہ شہر بہت مشابہ ہی اس شہر سے جو پیغمبر آخرالزمان صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوگا پھر جب وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچے تو آپکو صفت سے پہچان کر کہا کہ آپ محمد ہین - فرمایا کہ ہان - بولے کہ آپ احمد ہین فرمایا کہ مین محمد و احمد دونون نام رکھتا ہون بولے کہ ہم آپ سے ایک سوال کرتے ہین اگر آپ نے ہمکو اسکی خبر دیدی تو ہم ایمان لاوینگے آپ نے فرمایا کہ اچھا - بولے کہ ہمکو خبر دیجیے کہ اللہ عزوجل کی کتاب مین کون سب سے بڑی گواہی ہی پس اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی پس دونون آدمی مسلمان ہوگئے اور ابن عباس رض نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے ارواح کو اجسام سے چار ہزار برس پہلے پیدا کیا اور ارواح سے چار ہزار برس پہلے رزق پیدا کیے پس اپنی ذات کے واسطے خود شہادت دی قبل اسکے کہ خلق کو پیدا کرے اس حال مین کہ او تعالے عزوجل ہی تھا اور آسمان وزمین وخشکی وتری کچھ نہ تھی پس فرمایا شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو - اور اللہ تعالے کی شہادت کے معنے کیا ہین اسمین کئی قول مروی ہین ایک وہ کہ مفسر رح نے اختیار کیا کہ شہد اللہ یعنے ہین اللہ ہی یعنے اللہ تعالے نے ظاہر کردیا اور ف جل رح نے کہا کہ شاہد وہ کہ ایک چیز کو جانکر اسکو بیان کرتا ہی پس اللہ تعالے نے جو پیدا کیا اس سے ہمکو اپنی وحدانیت پر راہ دی وظاہر کردی اور بیضاوی رح نے کہا کہ اللہ تعالے نے اسکو ظہور وکشف مین گواہ کی گواہی سے تشبیہ دی یعنے اللہ تعالے کی الوہیت اس درجہ ظاہر ہی کہ جیسے گواہ اپنی آنکھون دیکھی چیز پر یقینی گواہی دیتا ہی - اور اس صورت مین شک نہین کہ شہد بمعنے مجازی لیا گیا اور معالم مین ہی کہ مجاہد رح نے کہا کہ شہد اللہ بمعنے علم اللہ ہی اور یہ بھی مجاز ہی حالانکہ ملائکہ ومومنین سے شہادت حقیقی ہی پس ضرور ہوا کہ شہادت سے کوئی معنے ایسے عام لیے جاوین جو ان سب کو شامل ہون اور اس صورت مین عموم مجاز ہوگا اور مفسر رحمہ اللہ نے عموم مجاز سے گریز کرنے کے واسطے واولوا العلم کو مقدر کیا اور شہد اللہ ملائکہ پر شہد مقدر کیا اور شہد اللہ ملائکہ پس اول شہد مذکور بمعنے مجازی ہی اور دوم شہد مقدر بمعنے حقیقی ہی واللہ اعلم - قولہ تعالے واولوا العلم بعض نے کہا کہ اولوا العلم انبیاء ہین اور بعض نے کہا کہ مہاجرین وانصار ہین اور بعض نے کہا کہ اہل کتاب یعنے یہود ونصاری ہین کہ ایمان لانے والے لوگ ہین اور سدی و کلبی نے کہا کہ سب ایمان والے مراد ہین خواہ انبیا ہون یا انکی امت ہون اور یہی مفسر رح نے اختیار کیا اور یہی وجہ ہی اسواسطے کہ وجہ تخصیص ظاہر نہین ہی اور یہان اولوا العلم سے مراد وہ علما ہین جو کتاب اللہ تعالے وسنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے واقف ہون اور یہ انکے واسطے بڑی فضیلت ہی ولیکن ضرور ہی کہ اس طرح کے عالم پر اثر علم ظاہر ہو اور دین پر مستقیم ہو اسنے دنیا کی ہوس سے نہ پڑھا ہو واللہ اعلم اور یہ جو کہا گیا کہ واولوا العلم سے وہ علما مراد ہین جو دلائل وحجتون سے اللہ تعالے کی توحید ثابت کرتے ہین اور یہین علم اصول دین یعنے علم کلام کی بزرگی ثابت ہی تو یہ جہالت ہی اور صحیح وہی ہی کہ علمائے ربانی اے فقہائے دین وعلمائے محدثین مراد ہین اور علم کلام خود مذموم ہی چنانچہ امام احمد وامام ابو یوسف وغیرہ علمائے اسکی مذمت صریح

مروی ہے۔ اور بعض اکابر نے یہان ایک نکتہ لکھا کہ شہادت الٰہی اپنی ذات پاک کی توحید کے واسطے وہی اصل ہے لہذا قولہ لا الٰہ الا ہو۔ کو اپنی شہادت کے ساتھ فرمایا اور ملائکہ اولوا العلم کی شہادت اقراری و تصدیقی قرار دی فافہم۔ اور دوم قولہ لا الٰہ الا ہو۔ مکرر فرمایا بغرض مزید اعتنا و استغنا تا کہ اسکی تکرار افضل ہو اور جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ اول تو وصف و توحید ہے اور دوم رسم و تعلیم ہے ای قولوا لا الٰہ الا ہو العزیز الحکیم۔ پس حاصل یہ ہوا کہ اول توحید کی شہادت دیکر ثابت فرمایا پھر منکرین مانند وفد نجران وغیرہ کو اسپر ایمان لانے کا حکم دیا کہ گویا حکم اور اسکی دلیل کو جمع فرما دیا۔ اور زبیر بن العوام رضی سے روایت ہے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ درحالیکہ وہ عرفہ میں تھے یہ آیت پڑھتے شہد اللہ انہ لا الٰہ الا ہو والملائکۃ و اولوا العلم قائما بالقسط لا الٰہ الا ہو العزیز الحکیم۔ اور میں بھی اسپر شاہد ہوں ای پروردگار میرے رواہ احمد و ابن ابی حاتم۔ اور محی السنہ نے اپنی اسناد کے غالب قطان سے روایت کی کہ میں کوفہ میں تجارت کو آیا اور اعمش کے قریب اترا انکے یہان آیا جایا کرتا۔ ایک رات جب میں نے لوٹ جانیکا قصد کیا تو میں نے دیکھا کہ اعمش کھڑے تہجد پڑھتے ہیں پس وہ پہونچے اس آیہ تک شہد اللہ انہ لا الٰہ الا ہو والملائکۃ الآیہ۔ پھر اعمش نے کہا کہ میں بھی گواہی دیتا ہوں اس گواہی کے ساتھ جسکی اللہ عزوجل نے اپنی ذات کے واسطے گواہی دی اور اسکو ودیعت رکھتا ہوں وہ میرے واسطے اللہ عزوجل کے پاس ہے۔ ان الدین عند اللہ الاسلام اور اسکو اعمش نے کئی بار کہا تو میں نے جی میں کہا کہ انھوں نے ضرور اس بارہ میں کچھ سنا ہے پس میں نے صبح کی نماز اعمش کے ساتھ پڑھی اور انسے وداع ہونا چاہا پھر میں نے انسے کہا کہ میں نے آپکو سنا کہ آپ یہ آیہ پڑھتے اور دہراتے تھے آپ نے اسمیں کیا سنا ہے تو مجھسے فرمایا کہ تجھے کیا وہ خبر نہیں پہونچی جو اسکے بارہ میں ہے میں نے کہا کہ میں آپکے پاس دو برس سے ہوں آپ نے مجھسے اسکے بارہ میں کچھ بیان نہیں کیا تو فرمایا کہ واللہ تجھسے سال بھر تک نہ بیان کرونگا پس میں نے انکے دروازہ پر یہ روز لکھدیا اور میں ایک سال ٹھہرا رہا پھر جب سال گذر گیا تو میں نے کہا کہ ای ابو محمد سال بھر تو گذر گیا فرمایا کہ مجھسے ابو وائل نے عبد اللہ بن عمر سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسکا پڑھنے والا قیامت کے روز لایا جائیگا پس اللہ تعالے فرمائیگا کہ میرے اس بندے کے واسطے میرے پاس ایک عہد ہے اور میں عہد وفا کرنے کا سزاوار ہوں میرے اس بندے کو جنت میں داخل کرو۔ صراح المنیر میں کہا کہ اس حدیث کو طبرانی و بیہقی نے بسند ضعیف روایت کیا اور مفسر جم کہتا ہے کہ شیخ ابن کثیر نے اسکو اپنی تفسیر میں بروایت طبرانی نقل کیا اور کچھ کلام نہیں کیا واللہ اعلم۔ ف عرائس البیان میں ہے کہ قولہ تعالے شہد اللہ انہ لا الٰہ الا ہو والملائکۃ و اولوا العلم الآیۃ یا اللہ تعالے اپنی ذات و صفات پاک کا عالم و دانا جیسا چاہیے ویسا ہی پس اسنے اپنی ذات پاک کی توحید کے واسطے گواہی دیدی پہلے اس سے کہ خلق اور بعد اور خلق موجود ہووے پس اللہ تعالے کی اپنی ذات پاک سے آگاہ ہونے کے مقابل میں جہل کا نام ہی نہیں اور اسکے اپنی ذات پاک کی معرفت کے مقابلہ میں ناشناخت ہی نہیں اور اسکے اپنی ذات سے گواہی دینے کے مقابلہ میں کوئی عاجزی و وحشت ہی نہیں ہے بلکہ اللہ تعالے عزوجل نے اپنی ذات پاک کو خود ہی وصف فرمایا اور اپنی ذات پاک کا خود ہی تذکرہ کیا اسواسطے کہ خلق کو اسکی معرفت کے اور اسکی ذات پاک کے علم کی کوئی راہ نہیں ہے پس اللہ تعالے نے اپنی پاک ذات پر خود ہی ثنا و صفت بیان فرمائی کیونکہ اللہ عزوجل کو معلوم ہے کہ میری مخلوق تو میرے وجود پاک کی معرفت سے عاجز ہے پس عالم موجود ہونے سے پہلے اللہ تعالے کی گواہی دینی اپنی ذات پاک کے واسطے اس سے مراد یہ ہے کہ بندوں کو تعلیم ہو اور یہ اپنے خاص مہربانی و لطف ہے ورنہ اللہ تعالے پاک منزہ ہے خلق کے وجود سے بے پروا ہے ان اللہ لغنی عن العالمین۔ پس اللہ تعالے عزوجل کا اپنی ذات کے واسطے شہادت دینا یہ تو حقیقت ہے اور مخلوق کا اسکی شہادت دینا رسم ہے اور حقیقت کا ظہور حقیقت سے ہوا اور وہ حقیقت ہی کی طرف عود کریگی اور رسم کا ظہور رسم سے ہوا اور وہ رسم ہی کی طرف عود کریگی اسواسطے کہ اللہ تعالے

قدیم ہی اور باقی جو کچھ ہی سب حادث ہی اور قدیم تو حدوث سے ازراہ علم و رسم و حقیقت سب طرح و سب وجہ سے متفرد ہی حدوث کو قدم سے
ان وجوہ مین کسی طرح کا لگاؤ ہی نہین ہی پھر اللہ تعالے نے ملائکہ کو پیدا کیا اور اپنی قدرت کے نور سے ایک ذرہ انکے لیے کشف کیا پس انھون نے نور قدم
سے ایک نور چن پایا جسکی روشنی مین انھون نے اللہ عزوجل کے افعال قدیمہ کے آثار کو دیکھا پس گواہی دی کہ وہ پاک ذات قدیم موجود ہی اور اسکی صمدانیت
وازلی و سرمدی ہونے کی گواہی دی اور یہ اُنسے عبودیت مین رسم تھی کچھ ربوبیت مین سے حقیقت نہ تھی پس اللہ تعالے اُنسے امر و رسم پر
راضی ہوا اور حقیقت و وصف سے عاجز نہین کیے گئے پھر اللہ تعالے نے انبیاء و اولیا کو پیدا کیا اور مثیل لاکھ برس انکے اجسام پیدا
کرنے سے پہلے انکی ارواح مین اپنے جمال ذات کے انوار کو ظاہر فرمایا پس انھون نے اسکے نور سے اسکے جمال جلال کو دیکھا یعنے تجلی جمالی
انھون نے تجلی جلالی کی راہ پائی اور اسکی عظمت کی کنہ اور جبروت کی کبریائی کو دیکھکر حیران رہ گئے اور اسکی ذات پاک جل جلالہ کی ثنا
وصفت و شکر کرنے سے عاجز رہ گئے تب اللہ تعالے نے انکو بایں طور خطاب فرمایا کہ اپنی ذات پاک انکو پہچنوائی اور فرمایا کہ الست بربکم
قالوا بلی شہدنا کیا مین تمہارا پروردگار نہین ہون بولے کہ تو ضرور ہمارا پروردگار ہی ہم اسکے گواہ ہوے پس انھون نے مقام خطاب مین
اقرار کرنے کے بعد گواہی دی پس انکی گواہی بطریق رسم تعلیم ہی اور یہ حقیقت طرز قدیم نہین ہی۔ پھر ملائکہ کی گواہی ہین اور بنی آدم مین سے اہل علم کی
گواہی مین فرق یہ ہی کہ ملائکہ نے تو ازراہ یقین کے گواہی دی اور اولوالعلم نے ازراہ مشاہدہ گواہی دی۔ اور نیز ملائکہ کی گواہی تو دیدار افعال
سے ہی اور علما کی گواہی دیدار صفات سے ہی۔ اور نیز ملائکہ کی گواہی تو عظمت الٰہی عزوجل دیکھنے سے ہی اور علما کی گواہی بسبب دیدار
جمال کے ہی اسی وجہ سے ملائکہ کے دیدار سے خوف پیدا ہوتا ہی یعنے وہ لوگ خوفناک ہوتے ہین اور علما کے دیدار سے انکو امید پیدا ہوتی ہی
جاننا چاہیے کہ علما کی گواہی باہم متفاوت ہی پس بعض کی گواہی تو مقامات سے ہی اور بعض کی گواہی حالات سے ہی اور بعض کی گواہی مرکاشفات
سے ہی اور بعض کی گواہی مشاہدات سے ہی اور جو لوگ کہ اہل علم مین سے خاص ہین وہ لوگ اسکے لیے شہادت بادراک قدم ادا کرتے ہین
یعنے قدم انکو علم سے حاصل ہوتا ہی اور وحدانیت کے جمال سے نور توحید انکو ظاہر ہوجاتا ہی پس انکی گواہی تو شہادت حق مین مستغرق ہی اسواسطے
کہ وہ دیدار قدم سے محو ہو رہے ہین۔ اور سہل بن عبداللہ سے اس آیت مین دریافت کیا گیا تو کہا کہ حق عزوجل نے بذات خود اپنے مشاہدہ
ذات پاک کی گواہی دی اور اپنی مخلوق مین سے جسکو چاہا اسکو اسکے پیدا کرنے سے پہلے گواہ کر لیا اور اس گواہی کا نفع انھین مخلوق کی طرف
راجع ہوا پس اسمین تنبیہ ہی کہ اوتعالے ہر مخلوق کے وجود سے پہلے اسکے موجود ہونے کا دانا ہی اور کوئی اسکے حکم سے تجاوز نہین کر سکتا ہی
اور شیخ ابن عطاء نے قولہ شہد اللہ کے ذیل مین ذکر فرمایا کہ اللہ جل جلالہ نے ہم بندون کو بذات خود اپنی ذات پاک کی طرف پاک ناموں
سے راہ بتائی اور اسمین اسکے پروردگار ہونے کا اظہار ہی اور اسکے صفات ثابت ہونے کا بیان ہی پس ہم عاجزون کے لیے اسنے اپنے کلام و ناموں
مین گواہ و راہبر کر دیا اور یہ اسواسطے کیا کہ اللہ تعالے نے اپنی ذات پاک کی توحید فرمائی اور اسکے ساتھ کوئی نہ تھا اور گواہ اسپر اسکی توحید
تھی اور ہو نہین سکتا کہ حقیقت کی راہ سے اسپر کوئی گواہ ہو سکے سواے اسکی ذات پاک کے کیونکہ وہی شاہد ہی اور اسکے ساتھ کوئی شاہد نہین
پھر اسنے اپنے مخلوق کو اپنی گواہی کی طرف بلایا پس مخلوق مین سے جسکی گواہی ماسکی گواہی کے موافق پڑی اسنے توحید مین سے اپنا حصہ
پایا اور جو اس سے محروم رہا وہ گمراہ ہوا۔ اور ابن عطاء نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے اپنی ذات پاک کے واسطے گواہی دی کہ وہ فرد و صمد ہمیشہ
ہمیشہ رہنے والا ہی۔ پھر خلق کو پیدا کیا پھر انکو اس کلمہ کی پرستش و عبادت مین مشغول کیا سو مخلوق اسکی عبادت حقیقی کی تاب نہین رکھتے ہین
اسواسطے کہ اللہ تعالے کی گواہی اپنی ذات پاک کے واسطے تو حقیقی ہی اور ان لوگون کی گواہی اسکے ساتھ رسمی ہی پھر حقیقت و رسم کہان برابر

ہے یہان سے قدیم اور اول ہونے کی تحقیق

قدم مین اور علم مین فرق

ہے یہان سے اسکے علم ہونے کا حاصل

ہو سکتے ہیں اور ابو عبد اللہ قرشی نے قولہ شہد اللہ کے اشارہ میں فرمایا کہ یہ اللہ تعالے کی طرف سے تعلیم و لطف و ارشاد اپنے بندوں کو ہے یہانتک کہ انھوں نے اللہ تعالے کے واسطے اسکی گواہی ادا کردی اور اگر انکو اس بات کی تعلیم نہ فرماتا تو وہ لوگ ہلاک ہو جاتے جیسا کہ معارضہ کے وقت ابلیس ملعون ہلاک ہوا ہے اور بعض نے فرمایا کہ اللہ تعالے کی گواہی اپنی ذات کے واسطے جس چیز کے ساتھ گواہی دی ہے وہ سچی گواہی ہے اور حال یہ ہے کہ گواہی سوائے سچوں کے اور کسی سے قبول نہیں ہوتی ہے پس ظاہر ہوا کہ توحید کی لیاقت سوائے سچوں کے اور کسی کو نہیں ہے اور ابو بکر رحمہ اللہ علیہ نے ایک روز اپنے مصاحب لوگوں سے کہا کہ گذری رات میں صبح تک میں اس کوشش میں رہا کہ لا الہ الا اللہ کہوں مگر مجھے اسپر قدرت نہ ہوئی تو پوچھا گیا کہ یہ کیوں شیخ نے کہا کہ مجھے ایک کلمہ یاد آگیا جو میں نے اپنے بچپن میں کہا تھا اسکی وحشت میرے سامنے آگئی اسنے مجھکو ایسا کہنے سے منع کر دیا اور مجھے تعجب ہوتا ہے ایسے شخص سے جو اللہ تعالے کا ذکر کرتا ہے حالانکہ وہ اپنی صفات میں سے کسی صفت سے متصف ہے اور شیخ شبلی رحمہ نے کہا کہ میں نے جب کبھی الحمد کہا تو ضرور اپنی حرکت پر استغفار کر لیا اسواسطے کہ اللہ تعالے فرماتا ہے شہد اللہ انہ لا الہ الا ہو۔ پھر مخلوق میں سے کون شخص اسکے لیے یہ گواہی دے سکتا ہے مگر ہاں چونکہ حکم دیا گیا ہے لہذا زبان سے کہہ دیتے ہیں یا حکم سے علاوہ بطور غفلت کے بھی کہہ دیتے ہیں قال المترجم مراد یہ ہے کہ بندوں کو اشہدان لا الہ الا اللہ و اشہدان محمدا عبدہ و رسولہ کہنے کا حکم دیا گیا پس بایزید رحمہ اللہ و شبلی رحمہ اسکو کہینگے اور امید ہے کہ اللہ تعالے قبول فرماوے اب رہا یہ امر کہ جیسی چاہیے ہے ویسی شہادت ادا کرو تو یہ سب لوگ سخت نادم و کمال محجوب ہیں کہتے نہیں اور کہتے ہیں کہ کہ نہیں سکتے اور کہتے ہیں تو استغفار کرتے ہیں اس حال میں پڑے ہیں واللہ اعلم اور ابن عطا رحمہ نے فرمایا کہ پہلے پہل جو حقائق بقا میں اللہ تعالے کی معیت میں متصف ہوئے تو سوائے حق عزوجل کے سب چیزوں سے فانی ہوئے یہانتک کہ اللہ عزوجل کے ساتھ باقی رہے قال المترجم اس کلام کے معنے یہ ہیں کہ لا الہ الا اللہ کے معنے میں جیسا ان لوگوں نے اللہ عزوجل کے وجود کی گواہی دی تو اسکے وجود کے سامنے اسکے ماسوائے کل چیزوں سے حتی کہ اپنی جان سے بھی فنا ہو گئے پس وجود باری عزوجل کے ساتھ باقی رہے اور یہ اقرار صادق ہے واللہ تعالے اعلم اور شیخ شبلی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ لا الہ الا اللہ کی گواہی دینے کے دس حرف ہیں چھ ظاہر میں اور چار باطن میں پس ظاہر کے حروف میں سے اول ذکر آلہی بلا ریا رکے۔ دوم ادائے حکم بلا عیب بدون تقصیر کے سوم نفس کا روکنا حرام چیزوں سے چہارم مومنوں کو نصیحت کرنا یعنے جو بھلائی اپنے واسطے چاہتا ہے وہ انکے واسطے بھی چاہے پنجم گناہوں سے بھاگنا ششم نفس سے دشمنی کرنا۔ اور رہے وہ جو کہ باطن میں ہیں سو ایمان معرفت بقلب ہے اور نیت و خشوع ہے اور فکر کرنا اور توفیق پر نظر رکھکر صفحہ جادہ مستقیم پر رہنا۔ پس جس شخص نے یہ سب باتیں ادا کیں اسنے البتہ اللہ تعالے کے واسطے گواہی ادا کی۔ اور شیخ شبلی رحمہ اللہ سے دریافت کیا گیا کہ آپ فقط اللہ کیوں کہتے ہیں لا الہ الا اللہ کیوں نہیں کہتے ہیں بولے کہ قول ایک آفت ہے کہ اسکا گم ہونا اسکے ثبوت سے مغلوب ہوتا ہے پھر جب گم ہونا ہی محال ہو تو کس سے مغلوب ہونے کی حاجت رہی۔ قال المترجم شاید یہ اشارہ ہے کہ وجود باری تعالے عزوجل ازلی ابدی قدیم ہے اسپر عدم محال ہے تو اثبات وجود کی حاجت کیا ہے کیونکہ اثبات ایسی چیز کا کرتے ہیں کہ جسکے اثبات سے اسکی نفی نہ رہے اور یہاں نفی بالکل محال ہے واللہ اعلم بمراد عبادہ۔ پھر شیخ شبلی رحمہ نے کہا کہ اور بھلا نفی ایسی ہی چیز کی تو کی گئی ہے جسکا ہونا محال ہے اور بھلا اثبات ایسی ہی شی کا تو کیا گیا ہے جسکا گم ہونا محال ہے قال المترجم شاید مراد یہ ہے کہ کلمہ توحید میں نفی الہ کی ہے اور وہ خود مستحیل الوجود ہے اور اللہ تعالے کا اثبات ہے حالانکہ وہ ایسا ہے کہ عدم اسکی شان میں محال ہے فافہم۔ اور مرتعش رحمہ اللہ نے کہا کہ شیخ ابن منصور مکہ میں داخل ہوئے پس انسے سوال کیا گیا کہ جیونٹی اللہ تعالے کی وحدانیت کی گواہی دیتی ہے اور توحید کیا ہے پس انھوں نے

اس باب مین کلام کیا یہانتک کہ ہم توحید کو بھول گئے اور ہمنے کہا کہ یہ حق عزوجل کے ساتھ لائق ہی باین حیثیت کہ لغت وامر سے اسکے ساتھ راضی ہوا اور یہ وصف وحقیقت سے اسکے ساتھ لائق نہین ہی جیسے کہ وہ ہمارے شکر سے بمقابلہ اپنی نعمتون کے راضی ہوا حالانکہ ہمارا شکر اسکی نعمتون کے مقابلہ مین کہان ہی اور کہا کہ جب تک تو اشارہ کرتا ہی تب تک موحد نہین ہی یہانتک کہ حق عزوجل تیرے اشارے پر غالب ہو باین طور کہ اشارہ کو تجھسے فنا کردے پس نہ اشارہ ہی اور نہ اشارہ کرنے والا اور شیخ ابوسلیمان دارانی رح نے فرمایا کہ تو اپنے پروردگار کی رضامندی چاہتا ہی اور اپنے مال سے بخل کرتا ہی اور اسکی طاعت کرنے سے عاجز ہوتا ہی ایسا ہرگز نہین ہوسکتا پس اللہ تعالے کی گواہی دینے والا درحقیقت وہ شخص ہی جو اپنی روح ونفس ورقاب کی چیز سے اللہ تعالے کی رضامندی مین بخل نہین کرتا ہی۔ اور بعض نے فرمایا کہ شہد اللہ یعنے علم اللہ ہی کیونکہ اوتعالے کو کمال علم سے اپنا علم کامل ہی اور شہادت تو ایسی ہی خبر دینے کو کہتے ہین جو دانستگی سے ہو اور اسلام کے اصول وفروع ہین وہ سب ایک جڑ سے اوگے ہین اور وہ وحدانیت ہی۔ اور قولہ اولوا العلم۔ کے معنے مین کہا گیا کہ علما تین قسم کے ہین ایک وہ کہ اللہ تعالے کے اوامر واحکام کا جاننے والا ہو اور وہ علماے شریعت ہین اور دوم جو اسکے اوصاف وصفات کا دانا ہو اور وہ علماے سنت ہین اور سوم عالم باللہ وباسمائہ اور یہ علماے ربانی ہین۔ قولہ ہوالعزیز الحکیم۔ عزیز وہ ہی کہ اسکے قدیم ہونے کی کنہ تمام مخلوق کے مطالعہ سے ممتنع ہو یعنے کوئی مخلوق اسکی کنہ کو ہرگز نہ پہونچ سکے اور نیز عزیز وہ ہی کہ اسکا وصف کوئی بیان نہ کرسکے مگر بطور رسم کے جسطرح اسنے اپنے آپکو وصف فرمایا۔ اور حکیم۔ وہ ہی کہ اسنے اپنی ذات کے واسطے حقیقی گواہی دی اور بندون کے واسطے اسکی رسم مقرر کردی۔ اور نیز حکیم وہ ہی کہ اسنے مخلوق کو اپنی ذات سے محجوب کیا کہ اسکو دیکھ نہین سکتے ہین کیونکہ انکے دلون مین اسکی توحید کی رسم حاصل ہوئی ہی اور یہ رسم توحید جو بندون کو حاصل ہوئی وہ خیال کے لگاؤ سے ہی اور حقیقت توحید جو اسکے جلال عظمت سے ظاہر ہوتی ہی وہ اسکے برخلاف ہی جو انکے دلون مین خطور کرتی ہی اور بعض نے کہا کہ عزیز وہ ہی کہ جو ایسا زبردست غالب صاحب منعت ہی کہ اس تک کسی موحد کی توحید اور کسی وصف کرنے والے کا وصف نہین پہونچ سکتا ہی الا اسی طور پر کہ انکو حکم دیا گیا ہی وہ حکم کی فرمانبرداری پر توحید کرتے اور وصف کرتے ہین اور حکیم ہی اس چیز مین جسکی اپنے واسطے گواہی فرمائی ہی قال المترجم مراد یہ ہی کہ توحید وتمجید وتحمید کا حکم بندون کو دیا گیا ہی باین معنے وہ اللہ تعالے کی فرمانبرداری کرتے ہین اور قبول ہوتی ہی ورنہ درحقیقت یہ لوگ اسکا وصف وحمد وتوحید کچھ ادا نہین کرسکتے ہین صرف اسکی شہادت کی رسم ادا کرتے ہین یعنے اصل معنے و چیز تو وہی خود جانتا ہی اور یہ لوگ نقش ورسم کے طور پر شاہد ہین اور وہ محض کرم وفضل سے اسیکو بندون سے قبول فرماتا ہی۔

إِنَّ الدِّينَ عِندَ اللَّهِ الْإِسْلَامُ ۗ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ إِلَّا مِن بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ

دین تو اللہ کے یہان یہی اسلام ہی اور نہین پھوٹ ڈالی ان لوگون نے جنکو کتاب دی گئی تھی مگر بعد از آنکہ پہونچ چکا

الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ۗ وَمَن يَكْفُرْ بِآيَاتِ اللَّهِ فَإِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ

انکو علم یہ آپس مین ایک دوسرے کی ضد سے اور جو منکر ہوا اللہ کی آیتون سے تو اللہ جلد حساب لینے والا ہی

إِنَّ الدِّينَ۔ المرضی۔ عِندَ اللَّهِ۔ ہو۔ الْإِسْلَامُ۔ ای الشرع المبعوث بہ الرسل المبنی علی التوحید۔ وفی قراءۃ بالفتح ان بدل من انہ بدل اشتمال۔ دین ایسا کہ اللہ تعالے کے نزدیک پسندیدہ ہی وہ اسلام ہی ہی یعنے وہ شرع کہ جسکے ساتھ رسول بھیجے گئے کہ وہ توحید مبنی ہی۔ اور کسائی کی قراءۃ مین ان بالفتح ہی پس یہ جملہ انہ لا الہ الا ہو سے بدل اشتمال ہی یعنے اللہ تعالے وملائکہ واہل علم نے گواہی دی کہ لا الہ الا اللہ یعنے دین مرضی فقط اسلام ہی تو یہ بالفتح قراءہ کی صورت مین انہ لا الہ الا ہو۔ کا کل یا جزو نہین بلکہ ملابس ہی پس یہ بدل اشتمال ہی

لہ جس کا کوئی ہمسر نہیں ۱۲

اور اگر دین کی تفسیر ایمان سے یا متضمن بایمان کیجاوے تو بدل الکل ہوگا پھر جمیع امتون مین یہی معروف تھا کہ اللہ تعالے کے یہان دین فقط توحید ہی۔ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتٰبَ - ای الیہود و النصاری فی الدین بان آمن بعض و کفر بعض - إِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ - بالتوحید - بَغْيًا - من الکافرین بَيْنَهُمْ - یعنے یہود و نصاری نے نہین اختلاف کیا دین مین باین طور کہ بعض توحید پر رہے اور بعض کافر ہوگئے مگر بعد اسکے کہ پہونچ گیا تھا انکو علم توحید اسوجہ سے کہ کافرون نے باہم ضد کرلی یعنے جو توحید پر رہے وہ تو بیچارے راہ پر تھے اور بغاوت کافرون ہی کی طرف سے ہوئی بطلب بنا دمال وجاہ نہ اسوجہ سے کہ انکو علم نہین پہونچا تھا اور توحید سے آگاہ نہ تھے اسوجہ سے شبہہ مین تھے - وَمَن يَكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَإِنَّ اللّٰهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ - ای المجازاۃ لہ - اور جسنے آیات الٰہی کے ساتھ کفر کیا تو اللہ تعالے جلد حساب کرنے والا ہی یعنے کافر و باغی کو جلد اسکے کفر کا بدلا دینے والا ہی کیونکہ دنیا روز چند ہی اور جو امر اسکی قیامت قائم ہوئی زجاج رح نے کہا کہ دین تمام اس چیز کا نام ہی جسکے ساتھ اللہ تعالے نے اپنی خلق کو متعبد کیا اور اسکے قائم رکھنے کا حکم دیا - اور اسلام یعنے دخول فی السلم ای بندگی و فرمانبرداری کرنا اور جمہور علما کے نزدیک اسلام یہان یعنے ایمان ہی اگرچہ اصل لغت مین دونون متغائر ہین اور اختلاف حنفیہ و شافعیہ کا باین طور کہ اسلام و ایمان یعنے واحد ہی عند الحنفیہ او متغائر ہی عند الشافعیہ - یہ اختلاف محض لفظی ہی اصل معنے مین کچھ اختلاف نہین کیونکہ اسلام شرعی بالاتفاق یہی ہی جسکو اللہ تعالے نے یہان فرمایا اور اسی پر انبیا و سابقین علیہم السلام کو بھیجا اور یہی ابراہیم علیہ السلام نے کہا اسلمت لرب العالمین اور اسی کی وصیت ابراہیم و یعقوب علیہما السلام نے اپنے اپنے بیٹون کو فرمائی تھی اور یہ یعنے ایمان ہی اور رہا اسلام یعنے انقیاد تو وہ کسیکے نزدیک مرادف ایمان نہین ہی اور ضحاک رح سے روایت ہی کہ نہین بھیجا اللہ تعالے نے کسی رسول کو مگر باسلام - اور اللہ تعالے نے فرمایا - وَرَضِيتُ لَكُمُ الْإِسْلَامَ دِينًا - مین نے تمہارے لیے اسلام کو دین پسند کیا - پھر ان الدین اگر بکسر ان پڑھا گیا جیسے کہ جمہور کی قرات ہی تو یہ جملہ مستانفہ اور اگر بالفتح پڑھا گیا تو کشاف وغیرہ مین ہی کہ وہ انہ لا الہ آہ کا بدل ہی مفسر کے اسی کی تبعیت کی اور شیخ ابوحیان نے کہا کہ یہ ضعیف ہی اسواسطے کہ بدل و مبدل منہ کے درمیان فصل باجنبی لازم آتا ہی اور کہا کہ صواب یہ ہی کہ وہ الحکیم کا معمول بحذف جار ہی ای العزیز الحکیم بان الدین عند اللہ الاسلام اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ حضرت ابن عباس نے اول انہ بکسر پڑھا اور ان الدین بالفتح پڑھا ہی اور بیضاوی مین ہی کہ اس قراءہ پر معنے باین طور ہین کہ شہد کا فعل اس ان الدین پر واقع ہی اور ان و فون کے درمیان جملہ معترضہ ہی یعنے گواہی دیتا ہی اللہ تعالے یہ کہ دین پسندیدہ اللہ تعالے کے یہان اسلام ہی اور درمیان مین جملہ معترضہ کا فائدہ تعظیم شہادت ہی فتامل قولہ وما اختلف الذین اوتوا الکتاب الآیہ - اسمین خبر دی کہ یہود و نصاری کا اختلاف محض بغی کی وجہ سے تھا بعد از انکہ انکو معلوم ہوگیا کہ اسلام مین داخل ہونا واجب ہی اسوجہ سے کہ انکی کتابون مین جو انکے انبیا پر نازل ہوئین اسکی پسندیدگی و حقیت اللہ تعالے کے نزدیک مقرر ہی اور اخفش رح نے کہا کہ کلام مین تقدیم و تاخیر ہی و معنے یہ ہین کہ نہین اختلاف کیا ان لوگون نے جو دیے گئے کتاب یعنے بنی اسرائیل نے بوجہ انکی بغاوت و ضد کے الا بعد از انکہ انکو علم حاصل ہوچکا تھا - اور جو عنوان کہ آیۃ کریمہ مین ہی بتقدیم و تاخیر اسمین ان لوگون کی تقبیح زیادہ ہی اسلیے کہ کتاب الٰہی حاصل ہونے کے بعد اختلاف کرنا بھی قبیح ہی پھر الا من بعد ما جاءہم العلم - سے اور زیادہ قبیح ظاہر ہوا کیونکہ بعد علم کے اختلاف بدرجہ قبیح ہی پھر قولہ بغیا بینہم - مین تیسری زیادتی قباحت ہی کہ وہ محل حصر مین ہی اور الکتاب توریت و انجیل وغیرہ ہی اور لام اسمین جنس کے واسطے ہی پھر اسمین اختلاف وہ واقع ہونے سے مراد کون اختلاف ہی تو بعض نے کہا کہ اختلاف توحید ہی باین طور کہ بعض توحید پر رہے اور بعض مشرک ہوے اور ان لوگون نے راہ راست کو جھگڑے مین چھوڑ دیا اور وہ سرے مقام پر فرمایا فہدی اللہ الذین آمنوا لما اختلفوا فیہ من الحق باذنہ یعنے

پھر اللہ تعالے نے مومنین امت محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے ارادہ سے اس حق کی ہدایت کی جسمین اہل کتاب نے اختلاف ڈالا تھا اور بعض نے کہا بایں طور کہ نصاری نے تین خدا کا اعتقاد کیا تعالی اللہ عما یقول الظالمون علوا کبیرا۔ اور یہود نے عزیر کو خدا کا بیٹا بنایا نعوذ باللہ من کفر ہولاء۔ اور یہ بھی کہتے تھے کہ نبوت اگر ہوتی تو ہم مستحق تھے نہ قریش کہ وہ تو بے پڑھے امی لوگ ہین اور بعض نے کہا کہ اختلاف اسلام مین ہی کہ اگلے اہل کتاب مین سے بعض نے کہا کہ وہ حق ہی اور بعض نے کہا کہ مخصوص بعرب ہی اور بعض نے مطلقا اسکی نفی کی۔ اور جو پہلے ذکر کیا گیا وہی اصح ہی اور مابعد کے اقوال سب اسیکی طرف راجع ہو سکتے ہین اور قول اول کی مؤید یہ بات بھی ہی کہ آیۃ کریمہ وفد نجران کے قصہ مین ہی اور وہ توحید کے قائل نہ تھے باوجودیکہ حضرت عیسی علیہ السلام سے اور انجیل مین توحید کی تعلیم ہی اور آیات مابعد بھی اسیکی مؤید ہین ف ۲ **قال الشیخ فی العرائس** قولہ تعالے ان الدین عند اللہ الاسلام۔ اسلام یہ ہی کہ جو حق عزوجل کی مراد ہی اسپر راضی ہو اور جو اسکی قضا وقدر پہونچے اسپر ایک حال ہے بایں طور کہ سر باطنی مستقیم رہے اور ظاہر مین اضطراب پیدا نہ کرے اور محنت و بلاء نازل ہونے کے وقت اپنے رب مین ایک لذت پاوے اور **الشیخ ابو عثمان** رحمہ اللہ نے فرمایا کہ دین وہ ہی جو تیرے واسطے سالم ہو بدعتون اور گمراہیون اور خواہش نفسانی سے اور تو اسمین سالم رہا ریاکاری و شہوت خفیہ اور لوگون کی طرف نظر رکھنے اور اپنی عبادت کو بزرگ سمجھنے سے **قال المترجم** یعنے دین وہ راہ ہی کہ جو اللہ تعالے و اسکے رسول نے بتلائی بدون اسکے کہ اسمین کوئی بدعت یا گمراہی یا ہوا و نفسانی کی بات نکالی جاوے خواہ اعتقادات مین جیسے خوارج و روافض و معتزلہ وغیرہ فرقے ہین اور خواہ عملیات مین ہو جیسے مثلا عید کی نماز سے پہلے عیدگاہ مین نفلین پڑھنا اور ان باتون کی تعداد بہت کثیر ہو گئی ہی اگر کوئی شخص بیان کرنا چاہے تو شاید متعذر ہی کیونکہ ہر فرقہ نے اپنی اپنی خواہش سے ہزارون باتین ایجاد کی ہین اور طول سے بیان کرنے مین کچھ فائدہ بھی نہین کیونکہ بدعتون سے بچنا تو اسطرح ہی کہ جو حکم اللہ تعالے و رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی اور جو سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین ثابت ہی بس اسی پر عمل کرے اور اسیکا اعتقاد رکھے اور ماسوائے اسکے کل باتون سے پرہیز کرے خواہ ایسی ہون کہ کسی نے اسکو نکالا اور اسپر بہتون نے عمل کیا اور کرتے چلے جاتے ہین اور خواہ ایسی ہون کہ کوئی اب نکالے۔ اللھم ربنا احفظ الاسلام من شر البدعۃ و وفق اہلہ للسنۃ انت علی کل شئی قدیر۔ اور بعض مشائخ نے فرمایا کہ اسلام کے دین پر وہ شخص ہی جو خلق کی طرف نظر رکھنے سے سلامت ہو اور شہوات نفسانی سے اسکا دل سلامت ہو اور اسکے دل کے خطرون سے اسکی روح سلامت ہو **قال المترجم** یہ بیان اس حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے ماخوذ ہی کہ آپ نے فرمایا مسلمان وہ ہی جسکے ہاتھ و زبان سے مسلمان لوگ سلامت رہین۔ اور مہاجر وہ ہی جسنے گناہون کو چھوڑ دیا اور نیز حدیث مین ہی کہ مجاہد وہ ہی جسنے اپنے نفس سے جہاد کیا اور حدیث مین ہی کہ دین نصیحت یعنے خیرخواہی ہی **قال الشیخ** اور بعض نے فرمایا کہ اسلام کے چار رکن ہین تواضع الفت نصیحت جانا۔ صبر کرنا جب یہ چارون پورے ہوے تو انسے اور چار کمالات حاصل ہوتے ہین تواضع سے توکل اور الفت سے تسلیم اور نصیحت جانے سے تفویض اور صبر سے رضا۔ **قال المترجم** حدیث مین ہی جسنے اللہ تعالے کے واسطے تواضع کی اپنے آپ کو نیچا کیا تو اللہ تعالے اسکو بلند کر دیتا ہی رواہ البیہقی وغیرہ اور توکل کے یہ معنے ہین کہ جو کام کرے اسپر بھروسا اللہ تعالے پر ہو یہ نجانے اگر ایسا کرتا تو یہ ہوتا اور اگر وہ ایسا نہ کرتا تو اسپر یہ مصیبت کیون آتی کیونکہ یہ سمجھنا حماقت ہی اور یہ معنے نہین ہین کہ آدمی پانون توڑ کے بیٹھ جاوے بلکہ محنت و کام کرے مولوی روم علیہ الرحمۃ کہتے ہین ؎ کسب کن پس تکیہ بر جبار کن۔ یعنے کام و کمائی کرنا چاہیے لیکن یہ سمجھنا چاہیے کہ میرے کام ہی سے ملیگا بلکہ یہ سمجھے کہ دینے والا اللہ تعالے ہی اور رہی الفت تو یہ ایک عجیب چیز ہی وہ اسلام مین ایک پنج بخدائے عزوجل کہ وہی اصل ہی اور اسکو محبت کہتے ہین کہ بدل ماسوائے خدا کے اپنے

ف ۲ یہ کلمہ جامع کلمات ہی کہ اسکے ماسوا کوئی کلمہ اسکا قائم مقام نہین ہو سکتا اسلام جسکے معنے ہین سلامتی اور اسلام جسکے معنے ہین سپرد کرنا اور اسلام جسکے معنے ہین فرمانبرداری اور اسلام جسکے معنے ہین اطاعت اور اسلام جسکے معنے ہین تسلیم اور اسلام جسکے معنے ہین انقیاد اور اسلام جسکے معنے ہین خضوع اور اسلام جسکے معنے ہین تواضع اور اسلام جسکے معنے ہین عبادت اور اسلام جسکے معنے ہین توحید اور اسلام جسکے معنے ہین اخلاص اور اسلام جسکے معنے ہین توکل اور اسلام جسکے معنے ہین رضا اور اسلام جسکے معنے ہین صبر اور اسلام جسکے معنے ہین شکر اور اسلام جسکے معنے ہین خوف اور اسلام جسکے معنے ہین رجا اور اسلام جسکے معنے ہین محبت اور اسلام جسکے معنے ہین شوق اور اسلام جسکے معنے ہین زہد اور اسلام جسکے معنے ہین ورع اور اسلام جسکے معنے ہین قناعت اور اسلام جسکے معنے ہین حیا اور اسلام جسکے معنے ہین مروت اور اسلام جسکے معنے ہین صدق اور اسلام جسکے معنے ہین حلم اور اسلام جسکے معنے ہین علم اور اسلام جسکے معنے ہین حکمت اور اسلام جسکے معنے ہین عدل اور اسلام جسکے معنے ہین احسان اور اسلام جسکے معنے ہین رحمت اور اسلام جسکے معنے ہین شفقت اور اسلام جسکے معنے ہین سخا اور اسلام جسکے معنے ہین ایثار اور اسلام جسکے معنے ہین فقر اور اسلام جسکے معنے ہین غنا اور اسلام جسکے معنے ہین ذکر اور اسلام جسکے معنے ہین فکر اور اسلام جسکے معنے ہین تفکر اور اسلام جسکے معنے ہین تدبر اور اسلام جسکے معنے ہین تذکر اور اسلام جسکے معنے ہین تعقل اور اسلام جسکے معنے ہین تفقہ اور اسلام جسکے معنے ہین تبصر اور اسلام جسکے معنے ہین تیقظ اور اسلام جسکے معنے ہین تنبہ اور اسلام جسکے معنے ہین تحفظ اور اسلام جسکے معنے ہین تیقن اور اسلام جسکے معنے ہین تثبت اور اسلام جسکے معنے ہین تحقق اور اسلام جسکے معنے ہین تصدیق اور اسلام جسکے معنے ہین تسلیم اور اسلام جسکے معنے ہین تفویض اور اسلام جسکے معنے ہین تسلیم اور اسلام جسکے معنے ہین تفویض اور اسلام جسکے معنے ہین تسلیم اور اسلام جسکے معنے ہین تفویض

آپ سے بھی محبت نہیں رکھتا تو زن و فرزند و مال و متاع وغیرہ کا کیا مرتبہ ہی اور اللہ تعالے کی محبت و ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت ہو کہ من اطاع الرسول فقد اطاع اللہ۔ اسکی خبر دیتا ہی اور حضرت صلعم نے فرمایا کہ تم مین کوئی مومن اسوقت تک نہو گا جب تک کہ ایسا نہو جاوے کہ مین اسکے نزدیک اسکے ماں و باپ و سب لوگون سے محبوب نہو جاؤن رواہ البخاری و مسلم وغیرہما اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی یہ شان تھی کہ اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بُرا کہتے والا انکا باپ ہوتا یا بیٹا یا آپ کے مقابلہ مین لڑنے آتا تو اسکو قتل کرنے پر آمادہ ہو جاتے تھے اور آپ کے واسطے سینہ سپر ہو جاتے تھے پھر آپ ہی کی محبت سے آپس پر جتنے ایمان لانے والے تھے ایک دوسرے کو اپنی جان کے برابر چاہتا تھا اور یہ اول احسان و نعمت اللہ تعالے کی تھی چنانچہ فرمایا الف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا۔ تمہارے دلون مین الفت ڈال دی کہ تمنے اسکی نعمت سے صبح کی درحالیکہ تم بھائی بھائی ہوے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ مضمون فرمایا کہ اگر تو خزانہائے زمین خرچ کرتا تو بھی انکے دلون مین باہم یہ الفت نہ ڈال سکتا۔ اور حضرت صلعم نماز مین جب کندھے ملا کر کھڑا ہونے کا حکم دیتے تو فرماتے کہ پھوٹ مت ورنہ اللہ تعالے تمہارے دلون مین پھوٹ ڈال دیگا اور یہ حدیث صحیحین مین ہی اور اللہ تعالے نے کافرون کی مذمت مین کہا ہی کہ قلوبہم شتی یعنے وے ظاہر مین ملے ہین اور دلون مین آپس سے پھوٹے ہین اور حضرت امام مہدی آخرالزمان رضی اللہ عنہ کے لوگون کی صفت مین آیا ہی کہ ستر برس تک کسی دو مسلمانون مین پھوٹ نہو گی اور امام غزالی وغیرہ اکابر نے جماعت نماز جمعہ و عید وغیرہ کے نکات و اشارات مین ایک نکتہ الفت باہمی بھی بیان کیا ہی اور اس باب مین احادیث و آثار و اقوال کثرت سے ہین پھر افسوس اس زمانہ مین کہ مسلمان دنیا کی باتون مین اور دین کی باتون مین بلکہ ناحق بے واسطہ ایکدوسرے کے بدخواہ ہین اگر یہ راہ چھوڑ دین اور چاہے کیسے کے ساتھ نیکی کرین یا نہ کرین دل سے اسکے خیرخواہ ہون تو اللہ تعالے کے نزدیک اسکا عذر ہی اور حدیث صحیح مین ہی کہ تم مین سے کوئی مومن نہین جب تک کہ اپنے بھائی کے واسطے وہی نہ چاہے جو اپنے واسطے چاہتا ہی۔ اور اللہ تعالے نے فرمایا کہ ان اللہ لا یغیر ما بقوم حتی یغیروا ما بانفسہم۔ یعنے اللہ تعالے نہین بدل ڈالتا جو حال کسی قوم کا ہوتا ہی یہانتک کہ وہی لوگ بدل ڈالتے ہین جو انکے دلون مین تھا۔ یعنے اپنی نیتین اور عادتین خراب کر دیتے ہین تب اللہ تعالے انکی حالت بدل دیتا ہی بہرحال ہن اسکے فضائل کہان تک بیان کرون خود سمجھ لینا چاہیے کہ اسلام مین یہ بڑا رکن ہی جیسا کہ شیخ رحمہ اللہ نے فرمایا حالانکہ ناواقف آدمی کو اس کلام شیخ سے تعجب ہوا ہوگا کہ ارکان اسلام تو حدیث مین مذکور ہین اور شیخ نے یہ کیسے ارکان بیان کیے ہین۔ اور تسلیم سے یہ مراد ہی کہ جو امر الٰہی خواہ ہلکا یا بھاری تقدیر سے پیش آوے یا اسکے احکام کی بجاآوری مین پیش آوے اسکو اچھی طرح مان لے اور تفویض یہ ہی کہ ہر طرح اپنے آپ کو اور اپنے کام کو اللہ تعالے کے سپرد کرے اور غصہ پی جانے کی تفسیر انشاء اللہ تعالے والکاظمین الغیظ الآیہ کی تفسیر مین آویگی۔ قال الشیخ اور حضرت جعفر صادق رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب بندہ کا اسلام اسطرح ہو کہ وہ نعمتون کو اللہ تعالے کی طرف سے پہچانے اور اسی پر توکل کرے اور اسکے حکمون کو تسلیم کرے تو مسلمان ہی اور اگر ایسا نہو تو وہ حقیقت اسلام پر نہین ہی بلکہ نام کا مسلمان ہی۔

فَإِنْ حَاجُّوكَ فَقُلْ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلَّهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ ۗ وَقُل لِّلَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ وَالْأُمِّيِّينَ ءَأَسْلَمْتُمْ

پھر اگر تجھسے جھگڑین تو کہہ کہ مین نے تابع کیا اپنا منہ اللہ کے حکم پر اور جو کوئی میرا پیرو ہوا اور کہدے ان لوگون کو جو کتاب دیے گئے تھے اور بے پڑھون کو کہ بھلا

فَإِنْ أَسْلَمُوا فَقَدِ اهْتَدَوا ۖ وَإِن تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ ۝

تم بھی تابع ہوے تو سو اگر تابع ہوے تو راہ پر آئے اور اگر وے لوگ منہ موڑ رہے تو تیرا ذمہ یہی ہی پہونچا دینا اور اللہ کی نگاہ مین ہین سب بندے

فَإِنْ حَاجُّوكَ۔ خاصمک الکفار یا محمد فی الدین۔ پھر اگر جھگڑین تجھسے کافر لوگ اے محمد دین اسلام مین لیے مثلاً نصرانی کہین کہ دین تو

نصرانیت ہے اور یہود کہیں کہ نہیں دین تو دین یہود ہے اور یہ نہایں کہ اللہ تعالے کے یہاں دین فقط دین اسلام ہے۔ فَقُلْ لَهُمْ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلَّهِ۔ انقدت لہ انا۔ وَمَنِ اتَّبَعَنِ۔ وخص الوجہ بالذکر لشرفہ وغیرہ اولی۔ تو کہدے ان جھگڑنے والوں کو کہ تابع کردیا میں نے اپنا منہ واسطے اللہ کے یعنے میں مطیع ہوا اللہ تعالے کے واسطے میں خود اور وہ شخص جسنے میری اتباع کی واضح ہو کہ خاص کرکے منہ کو ذکر کیا اسوجہ سے کہ منہ اشرف ہے تو منہ کے سوائے جو کچھ بدن رہا وہ بدرجۂ اولی تابع ہوگا اسلام اسمین بمعنے انقیاد ہے اور حاصل تعبیر بوجہ سے ذات ہے پس معنے یہ کہ اخلصت نفسی للہ وحدہ میں نے خالص کردیا اپنی ذات کو اللہ تعالے وحدہ لاشریک لہ کے لیے (البیضاوی والمدارک) اور فرّاء نے کہا کہ اخلصت جہتی وعملی للہ وحدہ۔ یعنے میرے سب کام خالص اللہ تعالے وحدہ لاشریک لہ کے واسطے ہیں ذکرہ فی المعالم۔ وَقُلْ لِلَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ۔ الیہود والنصاری۔ وَالْأُمِّيِّينَ۔ مشرکی العرب اور اہی محمد تو ان یہود ونصاری اور بے پڑھوں یعنے عرب سے کہدے۔ کہ۔ ءَأَسْلَمْتُمْ۔ کیا تم اسلام لاتے ہو یعنے اسلام لاؤ جیسے قولہ فہل انتم منتہون۔ میں یہ معنے ہیں۔ کہ انتہوا تم باز رہو۔ فَإِنْ أَسْلَمُوا فَقَدِ اهْتَدَوْا۔ من الضلال۔ پھر اگر یہ لوگ اسلام لائے تو راہ پائی گمراہی سے۔ وَإِنْ تَوَلَّوْا۔ عن الاسلام اور اگر انھوں نے اسلام لانے سے منہ موڑا۔ تو سمجھ لے کہ۔ فَإِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلَاغُ۔ التبلیغ للرسالۃ۔ تجھپر تو یہی واجب ہے کہ رسالت الٰہی کو پہونچادے۔ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِالْعِبَادِ۔ فیجازیہم باعمالہم اور اللہ دانا ہے اپنے بندوں کے اعمال کا پس وہ انکو انکے کاموں کی سزا دیگا۔ یعنے چاہے دنیا وآخرت میں یا فقط آخرت میں۔ اور یہ حکم قبل اسکے تھا کہ جہاد کا حکم دیا جاوے واضح ہو کہ قولہ فان حاجوک یہاں حجت نہیں یعنے ایسی دلیل جس سے صدق ظاہر کرکے مغلوب کیا جاوے اسواسطے کہ اہل کتاب وغیرہ پر صدق رسالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حجتیں بکثرت خود قائم ہوچکی ہیں اور آیات واضح وظاہر کثرت سے موجود ہیں پس مراد انکی خصومت وعناد ہے اسیواسطے جملہ مفسرین نے بمعنے خاصموک لیا ہے اور اسمیں اشارہ ہے کہ یہ لوگ شدید الخصومۃ ہیں۔ قولہ ومن اتبعن۔ اصل میں سبا تبعنی تھا یا منکم حذف ہوئی جیسے یارب اور فاتقون اور فارہبون۔ میں حذف ہوئی ہے۔ اور عطف اسکا اسلمت کے فاعل پر ہے اور وہ ضمیر متصل ہے لیکن چونکہ بیچ میں فصل آگیا ہے لہذا منفصل کو بدون منفصل کرنے کے عطف مستحسن ہوا۔ قولہ واسلتم۔ ابن جریر وغیرہ نے کہا کہ استفہام تقریری متضمن امر ہے۔ اور زجاج نے کہا کہ استفہام تہدید ہے اور معنے یہ ہیں کہ حجتیں ومبراہین جو کچھ چاہیے تھیں سب حاصل ہوچکیں جو مقتضی ہیں کہ لا محالہ اسلام حاصل ہو فہل اسلمتم کما اسلمت امم انتم بعد علی الکفر۔ پھر کیا تم ایمان لائے ہو جیسے میں ایمان لایا ہوں یا ابھی تک کافر ہو۔ اور اس استفہام میں انکو عار دلانی کرنے وقوف وبے انصاف ہونیکو منصف آدمی کو جب حق ظاہر ہوگیا تو وہ اسکے قبول ویقین کرنے سے نہیں رکتا ہے ذکرہ البیضاوی وغیرہ قولہ فان اسلموا فقد اہتدوا محی السنہ نے معالم میں ذکر کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کو اہل کتاب کو پڑھ سنایا تو بولے کہ ہم اسلام لائے تو آپ نے فرمایا کہ ای یہود تم گواہی دیتے ہو کہ عزیر بندۂ اللہ تعالے کا اور اسکا رسول ہے بولے معاذ اللہ وہ بندہ نہیں ہے اور نصاری سے کہا کہ تم گواہی دیتے ہو کہ عیسی بندۂ اللہ تعالے اور اسکا رسول ہے بولے کہ معاذ اللہ وہ بندہ نہیں ہے پس اللہ عزوجل نے فرمایا فان تولوا فانما علیک البلاغ۔ فان تولوا۔ کی جزا محذوف ہے ای لم یضروک تو تجھے کچھ ضرر نہیں دے سکتے ہیں۔ فانما علیک البلاغ۔ کیونکہ تجھپر یہی تھا کہ تو رسالت کی تبلیغ کردے اور رہی ہدایت تو وہ اللہ تعالے کے اختیار میں ہے۔ اور اس آیہ کریمہ کو بعض نے کہا کہ محکمہ ہے اور مراد اس سے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی ہے کہ آپکو غم لاحق نہو کہ باوجود آیات وحجتوں کے یہ کوئی ایمان نہیں لاتے ہیں اور بعض نے فرمایا کہ منسوخ ہے اور یہی مفسر رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَيَقْتُلُونَ الَّذِينَ

جو لوگ منکر ہیں اللہ کی آیتوں سے اور مار ڈالتے ہیں نبیوں کو ناحق اور مار ڈالتے ہیں جو لوگ

يَأْمُرُونَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ ۝ أُولَٰئِكَ الَّذِينَ
جو بات کہتے ہین انصاف کرنے کی لوگون مین سے سو اونکو خوشخبری سنا دے دکھ والی مار کی یہی وہ لوگ ہین
حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ۝
جنکے سب کام مٹ گئے دنیا مین اور آخرت مین اور کوئی نہین انکا ہو مددگارون مین سے

إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَيَقْتُلُونَ - حمزہ رحمہ اللہ کی قرارۃ مین یقاتلون ہی۔ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ حَقٍّ
وَيَقْتُلُونَ الَّذِينَ يَأْمُرُونَ بِالْقِسْطِ - بالعدل - مِنَ النَّاسِ - اللہ تعالے نے یہودیون کا عذاب الیم بیان
فرمایا کہ جو لوگ ایسے ہین کہ آیات الٰہی سے انکار کرتے اور قتل کرتے ہین (یا قتال کرتے ہین) نبیون کو ناحق اور ایسے لوگون کو قتل کر ڈالتے ہین جو
انکو عدل کا حکم کرتے ہین یعنے نصیحت کرتے ہین فَبَشِّرْهُمْ تو انکو عذاب الیم کی خبر دیدے - وہم الیہود - روی انہم قتلوا ثلثۃ واربعین نبیا فی یوم
مائۃ وسبعون من عبادہم فقتلوہم فی یومہم اور یہ قاتل لوگ یہودی ظالم ہین - روایت ہی کہ انھون نے ایک روز تینتالیس نبیون کو قتل کیا
پس قاتلون کو بنی اسرائیل مین سے ایک سو ستر آدمیون نے جو عابد خدا پرست تھے اس فعل سے منع کیا تو انکو بھی اسی روز قتل کر ڈالا پس اللہ
تعالے کا غضب اس قوم شدید پر ہی - فَبَشِّرْهُمْ - اعلمہم پس ان بدکارون کو خوشخبری دیدے یعنے انکو آگاہ کردے - بِعَذَابٍ أَلِيمٍ
مولم - بعذاب دردہندہ - یعنے انکے واسطے دوزخ و عذاب الیم ہی اگر کہا جاوے بشارت تو خوشخبری کو کہتے ہین اور عذاب الیم مین رنج ہی نہ
خوشخبری تو جواب دیا کہ ان پلیدون کے حق مین تہکم کے طور پر خوشخبری کہی گئی قال المترجم گویا انکا گناہ ایسا سخت ہی کہ یہ عذاب الیم اسکی
مکافات انکے حق مین خوشخبری ہی - اگر کہا جاوے کہ ان کی خبر ہی اسپر فاء کیونکر داخل ہی حالانکہ ان زیدا فقائم نہین بولتے ہین تو جواب دیا کہ فاء
داخل ہوئی اسوجہ سے کہ موصول یعنے الذین - جو ان کا اسم ہی وہ مشابہ بشرط ہی گویا کہا گیا ان الذین یکفرون فمن کفر فبشرہم - یعنے البتہ جو لوگ
کفر کرتے ہین سو جو انمین سے کفر کرے اسکو عذاب الیم کی بشارت دے - أُولَٰئِكَ الَّذِينَ حَبِطَتْ أَعْمَالُهُمْ - باعادہ من
خیر کصلۃ ووصلۃ رحم - ایسے ہی بدکار لوگ ہین کہ انکے اعمال مٹ گئے یعنے نیکی مانند صدقہ وصلہ رحم کے جو کچھ کی تھی مٹ گئی - فِي
الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ - دنیا مین بھی مٹی اور آخرت مین بھی - فلا اعتداد بہا لعدم شرطہا - یعنے انکی نیکی کا کچھ شمار نہین کیونکہ جس شرط سے
ہونی چاہیے تھی وہ معدوم ہی یعنے بغیر ایمان و اسلام کے نیکی محض بادہوائی ہی - وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ - مانعین لہم من العذاب
عذاب سے بچانے والا کوئی انکا مددگار نہین ہی فف اللہ عزوجل نے اس آیت مین اہل کتاب کی مذمت فرمائی کہ انھون نے سخت گناہون کا
ارتکاب کیا اور حق سے تکبر کیا کیونکہ اللہ تعالے کی شرع پہونچانے والے انبیاء کو اس بات پر کہ انھون نے حق بات پہونچائی تھی قتل کیا اور جنھون
نے اسمین انصاف کرنے کو سمجھایا ان مصلحون کو بھی قتل کیا اور یہ انتہا کا تکبر ہی چنانچہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تکبر یہ ہی کہ بطر کرے حق کو
اور خوار سمجھے لوگون کو - یعنے حق سے ازاوے اور لوگون کو ذلیل سمجھے - قولہ ویقتلون النبیین بغیر حق - یہ یہودی خاصتہ ہین کہ انھون نے انبیا کو
قتل کیا اور نبی کو قتل کرنا بہر حال ناحق ہی پس بغیر حق کے قید سے جو حال معقدہ ہی اشارہ ہی کہ وہ بھی جانتے تھے کہ ناحق قتل کرتے ہین تاہم
خواہش نفس سے قتل کیا اور یہ کمال شناعت ہی - اور محی السنہ نے معالم مین ذکر کیا کہ ابن جریج نے فرمایا کہ بنی اسرائیل کے انبیا
پر وحی آیا کرتی تھی اور کتاب نہین نازل ہوتی تھی یعنے سوائے موسی و داؤد و عیسی علیہم السلام کے دیگر انبیا جو بنی اسرائیل مین کثرت
سے گذرے ہین اور ایک ایک وقت مین بہت بہت ہر سبط اور ہر فرقہ کی ہدایت کے واسطے شہرون مین پچاس پچاس اور سو سو نبیا

تعداد میں ہوتے تھے انپر صرف وحی آتی تھی - اور کتاب نہیں اُتاری جاتی تھی پس ہر ایک اپنی قوم کو نصیحت کرتا تھا پس وہ لوگ انکو جھوٹا بناتے اور قتل کر ڈالتے پھر قوم والوں میں سے جنھوں نے انکی تصدیق کی اور مانا تھا وہ لوگ کھڑے ہوتے اور عدل کرنے کی نصیحت کرتے اور امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرتے یعنے بھلائی کرنے کو کہتے اور بُرائی کرنے سے منع کرتے اور اپنی قوم کو سمجھاتے تو انکو بھی قتل کر ڈالتے تھے اور ابو عبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے پوچھا کہ یارسول اللہ قیامت کے روز سب سے سخت عذاب کس شخص کو ہوگا تو فرمایا کہ اس شخص کو جسنے کسی نبی کو قتل کیا یا ایسے شخص کو قتل کیا جسنے شرعی حکم بجالانے کو کہا اور جو شرع میں منع ہے اس سے باز رہنے کا حکم دیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی یہ آیت ان الذین یکفرون بآیات اللہ تا قولہ وما لہم من ناصرین - پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے ابو عبیدہ جان لے کہ بنی اسرائیل نے ایک روز دن چڑھتے وقت ایک دم سے تینتالیس نبی قتل کر ڈالے پس بنی اسرائیل میں سے ایک سو سترہ آدمی مومن کھڑے ہوے اور انھوں نے ان لوگوں کو جنھوں نے انبیاء مذکورین کو قتل کیا تھا امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا تو اسی روز کے آخر وقت میں قاتلوں نے انکو بھی قتل کر ڈالا پس اللہ عزوجل نے انھیں قاتلوں کو اس آیہ کریمہ میں ذکر کیا ہے رواہ ابن ابی حاتم وابن جریر اور شیخ ابن کثیر نے اپنی تفسیر میں کہا کہ اور عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ بنی اسرائیل نے تین سو انبیاء کو چڑھتے دن میں قتل کیا اور آخر روز انکی کھیتی فروخت کرنے کا بازار لگایا رواہ ابن ابی حاتم واضح ہو کہ مفسر سیوطی رح نے فقط تینتالیس ذکر کیے تو بات یہ کہ ہر شہر والوں نے اپنے انبیاء کو قتل کیا تو کسی شہر میں ۴۳ - ہونگے اور ملا کر تین سو اور کم وبیش ہو سکتے ہیں - قولہ تعالے اولئک الذین حبطت اعمالہم فی الدنیا والآخرۃ - یعنے جو نیکی کے فعل انھوں نے کیے وہ سب باطل ہو گئے کیونکہ وہ مسلمان نہیں بلکہ کفار اگر کوئی کام ایسا کرتے ہیں جس سے اسلام کے ساتھ کرنے میں ثواب جمیل آخرت کا بھی موعود ہے تو کافر کو اسکا بلا بمشیت حق عزوجل اس دنیا میں دیدیا جاتا ہے بخلاف ان قاتل انبیاء کافروں کے کہ دنیا میں بھی انکے اعمال باطل کر دیے پھر آخرت کا کیا ذکر ہے بلکہ انکے ساتھ وہ معاملہ کیا گیا جو سخت بدکاروں کے ساتھ ہوتا ہے کہ دنیا میں ملعون کیے گئے اور اپر خواری وعذاب آخرت اور آخرت میں اصلی عذاب ہوگا اور حضرت ابن عباس سے بسند صحیح روایت ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام نے حضرت یحیی بن زکریا علیہما السلام کو بارہ حواریون کے ساتھ بھیجا وہ لوگوں کو جہاد اور سب تعلیم کرتے وہاں یہ بھی منع فرماتے تھے کہ کسکے بھائی کی لڑکی سے نکاح مت کرو اور وہاں جو بادشاہ تھا اسکے بھائی کی ایک لڑکی تھی جسپر بادشاہ نہایت فریفتہ تھا پس بادشاہ مذکور نے اسکو چاہا اور ہر روز اسکی خاطر داری میں جو اسکی فرمایش ہوتی تھی سب پوری کرنا شروع کیں پھر اس لڑکی کی ماں نے اس سے کہدیا کہ آپ جب تجھسے پوچھے کہ تجکو کیا ضرورت ہے تو کہنا کہ تم یحیی بن زکریا کو قتل کر دو یہی میری حاجت ہے پس اوس لڑکی نے موافق تعلیم اپنی ماں کے بادشاہ سے حضرت یحیی کے قتل کرنے کی نسبت کہا تو بادشاہ نے اسکو جواب دیا کہ اس بات کے سوا اور جو کچھ تم کہو وہ کروں اس عورت نے کہا کہ میں تو یہی مانگتی ہوں اور کچھ نہیں چاہتی ہوں پھر جب نہایت اصرار ہوا تو اس بادشاہ مردود نے حضرت یحیی علیہ السلام کے قتل کا حکم دیا وہ ایک طشت میں ذبح کیے گئے مترجم کہتا ہے کہ یہودیون کی دلیریاں بدکاریاں آخر کار نفس کی شہوت پرستی میں بہت بڑھ گئیں اور اول ہی سے انکی سرکشی پر شریعت سخت ہوگئی تھی اور یہ قتل انبیاء علیہم السلام بہت سخت ہے لہذا حدیث میں وارد ہے کہ اللہ تعالے کے یہاں سخت عذاب اس شخص پر ہے جسنے کسی پیغمبر کو قتل کیا یا اسکو کسی پیغمبر نے جہاد میں قتل کیا ہو کما فی الصحیح لہذا یہود پر غضب پر غضب آیا اور آخر کار ظاہر ہو گیا چنانچہ جب اوس بادشاہ مردود نے یحیی علیہ السلام کو قتل کیا تو انکے خون کا ایک قطرہ چھٹک گیا وہ برابر جوش مارتا تھا یہانتک کہ اللہ تعالے نے بخت نصر بادشاہ بابل کو جو کافر تھا مسلط کیا پس ایک بڑھیا نے اسکو اس معاملہ کی نمایش کی پس بخت نصر کے دل میں ڈالدیا گیا کہ وہ برابر قتل کرے یہانتک کہ اس خون کا جوش تھم جاوے پس اسنے

ایک دن مین ایک قسم اور ایک سن کے ستر ہزار نبی اسرائیل قتل کرڈالے تب وہ خون جوش کھانے سے تھم رہا قال المترجم ہکذا روی یا لاسناد الصحیح
اور اللہ عزوجل نے باوجود اس عذاب کے آخرت مین سخت عذاب کا وعدہ مقرر فرمایا ہی اور اسمین اشارہ ہی کہ حاکم ظالم کا ہاتھ
روکنا سب پر لازم ہی اور حدیث صحیح مین اسپر بڑے ثواب کا وعدہ ہی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کیونکر حکم الٰہی مین نافرمان ہوتے ہے
سب باخود ہوتے ہین اور ظاہر ہوا کہ قتل پیغمبر کفر ہی جسپر سخت عذاب ہی اگر کہا جاوے کہ فبشرہم بعذاب الیم مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا کہ انکو یہ
بات سنا دین حالانکہ مدت دراز گذری کہ یہ قاتلان انبیا مرگئے تھے پھر کیونکر انکو سنایا جائیگا۔ تو جواب دو وجہ سے ہی اول آنکہ انکی اولاد اتباع جو باقی
وزمانہ حضرت صلعم مین موجود تھی انکو سنانے کا حکم ہی جو کہ اپنے باپ دادون کی خون کی ثناخوان تھے اور حاصل یہ کہ ان موجودین کو عبرت
دلائی اور دوم یہ کہ جو حضرت صلعم کے وقت مین موجود ہی انکے دل مین بھی اپنے باپ دادون کے دلون پر تھے کہ انھون نے ابتدا مین دھوکے سے
حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور مومنون کے قتل کا قصد کیا تھا لیکن اللہ عزوجل نے حضرت صلعم کو محفوظ فرمادیا تھا اور ان مردودون کا مکر انھین
لوٹایا اور اصل قصہ صحاح مین ہی۔ اور اس سے قتل نبی کا مسئلہ تو منصوص معلوم ہوا پھر جان لینا چاہیے کہ نبی کو گالی دینا وسب وشتم کرنا تو
امت نے اتفاق کیا ہی کہ اگر حالت کفر مین کیا تو اسلام لانے پر معاف ہوگا کیونکہ اس حالت مین وہ اللہ عزوجل کی جناب مین گستاخ تھا وہ
معاف ہوا تو یہ بھی معاف ہوگا اور اگر اسلام لانے کے بعد اسنے ایسا کیا تو مذہب ہی کہ قتل کیا جاوے اور توبہ نہین ہی اور بعضے محققین مالکیہ
وغیرہ کے بیان سے ثابت ہوتا ہی کہ بعضے اسکے یہ ہین کہ اس سے توبہ لیجائیگی اگر اسنے توبہ کرلی تو اسکے واسطے عاقبت مین بہتری کی امید ہی لیکن
وہ توبہ کرے یا نہ کرے بہرحال وہ قتل کیا جائیگا بجرم مذکور اور یہ خاص حکم بیان ہوا ہی اور ہوشیار رہنا چاہیے کہ جو شخص حکم شرعی مین نصیحت
کرے حتی کہ مارے بھی تو مومنون کو اللہ تعالے ورسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے یہ واجب ہی کہ اسکے سامنے سر جھکا لین اور کچھ نہین
اسمین وہ اللہ ورسول کے محبوب ہونگے اور اللہ تعالے واسکے رسول صلعم کے نزدیک بڑی عزت ہوگی یہان دنیا مین شیطان کے ورغلانے
مین نہ آوین کہ اسنے ہمکو ذلیل کیا کیونکہ یہ ذلت نہین ہی اور اگر جواب دہی کی تو البتہ ذلت ہی اور سمجھانے والے کا قصور نہین ہی کیونکہ یہ دین اسی نصیحت پر ہی

**أَلَمْ تَرَ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا مِّنَ الْكِتَابِ يُدْعَوْنَ إِلَىٰ كِتَابِ اللَّهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ**

تو نے نہین دیکھا ان لوگون کو جو دیے گئے ہین کچھ ایک حصہ کتاب سے بلائے جاتے ہین کتاب الٰہی کی طرف تاکہ حکم کرے انمین پھر

**يَتَوَلَّىٰ فَرِيقٌ مِّنْهُمْ وَهُم مُّعْرِضُونَ ۝ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَالُوا لَن تَمَسَّنَا النَّارُ إِلَّا أَيَّامًا**

پھرجاتے ہین بعضے انمین کے تغافل کرکے یہ اسواسطے کہ وہ کہتے ہین کہ ہرگز نہ لگی گی آگ مگر کئی دن

**مَّعْدُودَاتٍ ۖ وَغَرَّهُمْ فِي دِينِهِم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ۝ فَكَيْفَ إِذَا جَمَعْنَاهُمْ**

گنتی کے اور دھوکے ہین اپنے دین مین اپنی تراشی باتون نے پھر کیسا ہوگا جب ہم انکو جمع کرینگے

**لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيهِ ۖ وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ ۝**

ایک دن جسمین شبہہ نہین اور پورا پاویگا ہر کوئی اپنا کیا اور اوپر کچھ ظلم نہ کیا جائیگا

أَلَمْ تَرَ۔ منظر۔ تو نے آنکھون نہین دیکھا۔ إِلَى الَّذِينَ أُوتُوا نَصِيبًا۔ حظا۔ مِّنَ الْكِتَابِ۔ التوراۃ یعنے لوگون کو
تو نے دیکھا جنکو کتاب توریت سے ایک حصہ دیا گیا ہی۔ يُدْعَوْنَ إِلَىٰ كِتَابِ اللَّهِ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ۔ درحالیکہ بلائے
جاتے ہین اللہ تعالے کی کتاب کی طرف تاکہ انکے درمیان فیصلہ فرماوے ف تو اوپر واجب تھا کہ کتاب کے حکم کو مانین لیکن ادھر نہین

گئے پھر جب بلائے گئے تو بھی مشکل ادھر آئے اور ثابت قدم نہ رہے۔ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ - پھر انمین سے ایک فریق پیٹھ پھیر کر جانا چاہتا ہے درحالیکہ وہ اسکا حکم ماننے سے اعراض کرنے والے ہین۔ نزل فی الیہود زنا منہم اثنان فتحاکموا الی النبی صلعم فحکم علیہما بالرجم فابوا فجئ بالتوراۃ فوجد فیہا فرجما فغضبوا یہ آیت نازل ہوئی یہود کے حق مین کہ انمین سے ایک مرد و ایک عورت نے زنا کیا تھا پس یہود نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حکم کے لیے بھیجا پس آپ نے رجم کا حکم دیا تو انکار کر گئے پس توریت لائی گئی پس اسمین رجم کرنے کا حکم پایا گیا پس دونون زناکار رجم کیے گئے تو یہود غصہ مین چلے گئے۔ ذٰلِكَ - التولی والاعراض - منہ پھیرنا اور اعراض کرنا۔ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا - ای بسبب قولہم - بسبب انکی ان باتون کے ہی جو کہتے ہین کہ۔ لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ - اربعین یوما مدۃ عبادۃ آبائہم العجل ثم تزول عنہم - ہمکو آگ نہین چھوئیگی مگر گنتی کے چند روز - یعنے چالیس روز تک جتنے دن انکے باپ دادون نے گوسالہ پوجا ہی پھر کسے یہ عذاب دور ہو جائیگا۔ وَغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ - متعلق بقولہ - مَا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ - من قولہم ذلک - اور انکو مغرور کر دیا انکے اس قول نے جو افترا باندھتے ہین کہ ہم چاہے کچھ کرین مگر ہم کو آگ تو چالیس ہی روز چھوئیگی زیادہ نہین لگیگی حالانکہ اسپر اللہ تعالےٰ کا کوئی حکم نہین یہ محض افترا ہی۔ فَكَيْفَ - حالہم - ای پھر کیسا ہوگا انکا حال - اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ - ای فی یوم - لَا رَيْبَ فِيْهِ - ہو یوم القیامۃ - ایسے دن مین کہ کچھ شک نہین اسکے آنے مین وہ روز قیامت ہی - وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ - من اہل الکتاب وغیرہم جزاء - مَا كَسَبَتْ - علت من خیر و شر - اور ہر نفس کوئی ہو خواہ اہل کتاب مین سے ہو یا اور کوئی ہو اسکو پوری دی جائیگی جزاء اس چیز کی جو اسنے کمائی خواہ بھلائی و برائی - وَهُمْ - ای الناس - لَا يُظْلَمُوْنَ - بنقص حسنۃ او زیادۃ سیئۃ اور لوگ ظلم نکیے جاوینگے باین طور کہ نیکی مین کوئی کمی نہ کیجائیگی اور برائی مین کچھ بڑھایا نجائیگا۔ حاصل مدعا یہ ہے کہ ان لوگون کو جو کتاب ہی گئی اسکے موافق حکم کیے جانے پر جب بلائے جاتے ہین تو باوجود علم کے اس سے منہ موڑتے ہین۔ اور بعض نے کتاب اللہ سے قرآن مجید مراد لیا اور لیحکم کا فاعل داعی قرار دیا جو یدعون سے مفہوم ہے ای یدعون الی القرآن لیحکم الداعی محمد صلی اللہ علیہ وسلم یعنے بلائے جاتے ہین قرآن کی طرف تاکہ محمد صلعم انکے درمیان حکم کرین۔ اور ضحاک نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ اللہ عزوجل نے قرآن کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور یہود کے درمیان مین حکم قرار دیا پس قرآن نے یہود و نصاری پر گناہ ثابت کیا کہ وہ ہدایت پر نہین ہین پس یہود و نصاری نے اعراض کیا اور منہ موڑ گئے۔ قال الملتزم اور اس صورت مین۔ الذین اوتوا نصیبا من الکتاب - سے جملہ اہل کتاب یہود و نصاری مراد ہونگے لیکن اول ارجح ہے کہ کتاب اللہ سے توریت مراد ہے اور محی السنہ نے معالم مین کہا کہ سعید بن جبیر و عکرمہ نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہود کے بیت مدراس مین گئے وہان چند یہود جمع تھے آور آپ نے انکو توحید اللہ عزوجل کی طرف بلایا تو نعیم بن عمرو اور حارث بن زید نے کہا کہ آپ کس دین پر ہین۔ آپ نے فرمایا کہ دین ابراہیم علیہ السلام پر تو بولے کہ وہ تو یہودی تھے پس آپ نے فرمایا کہ اچھا توریت لاؤ کہ وہ ہمارے تمہارے درمیان حکم ہے پس اس سے منہ موڑ گئے پس اللہ عزوجل نے یہ آیت اتاری اور کلبی نے ابوصالح کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی کہ خیبر کے یہود مین سے ایک مرد اور ایک عورت نے زنا کیا اور توریت مین ان دونون کی نسبت رجم کا حکم ثابت ہوا اور یہود نے آیۃ الرجم کو اپنے ہاتھ کے لکھے احکام مین بدل ڈالا تھا کہ رذیل پر رجم جاری کرتے اور شریف پر منہ کالا کر کے شہر مین گدھے پر سوار پھراتے اور دُرّے لگاتے تھے پس انھون نے ان دونون زناکارون پر بھی رجم کرنا کر دیا جانا کیونکہ دونون شریف تھے پس ان دونون کو آنحضرت صلعم کے پاس لائے کہ آپ حکم کر دیجیے بدین امید کہ آپ کے پاس کچھ آسانی ہوگی پس آپ نے ان دونون پر رجم کا حکم دیا تو یہود مین سے

سلہ یعنے دونون یہود کے عورت کا شوہر زندہ تھا اور دونون محصن تھے اسلام

نعمان بن اوفی اور عدی بن عمرو نے کہا کہ ای محمد آپ نے ہمپر ظلم کیا ان دونون پر رجم نہین آتا ہی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ میرے تمھارے درمیان توریت ہی بولے کہ ہان یہ انصاف ہی۔ آپ نے فرمایا کہ تم مین کون شخص توریت کا بڑا عالم ہی۔ بولے کہ عبد اللہ بن صوریا پس اسکو فدک سے بھیجکر بلوایا پس حضرت صلعم نے پارۂ توریت جسمین آیۃ الرجم آئی تھی منگوایا اور ابن صوریا کلانے سے کہا کہ پڑھ اسنے پڑھنا شروع کیا جب آیۃ الرجم پر پہونچا تو اپنے ہتھیلی رکھلی اور آگے پڑھ گیا پس عبد اللہ بن سلام نے کہا کہ یا رسول اللہ وہ چھوڑ گیا اور خود اٹھکر اسکا ہاتھ وہان سے اٹھا کر آیہ پڑھ دی کہ محصن و محصنہ اگر دونون زنا کرین اور اپنر گواہ قائم ہون تو دونون رجم کیے جاوین اور اگر یہ عورت پیٹ سے ہو تو انتظار کیا جاوے یہانتک کہ جو اسکے پیٹ مین ہی وہ پیدا ہو جاوے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر دو زناکاران یہود پر حکم دیا کہ وہ رجم کیے گئے پس یہود غصہ ہوکر پھر گئے **قال المترجم** دو باتین یہان جان لینا چاہیے ایک تو یہ کہ خیبر اسوقت مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح کر لیا تھا اور یہود کو جزیہ پر وہان بسایا تھا۔ دوم یہ کہ جب ان لوگون نے حضرت صلعم کے پاس مرافعہ کیا تھا تو جو حکم ہی وہ جاری کرنا ضرور ہوا اور یہود کو یہ بھی اختیار نہ رہا کہ جو حکم آپ نے دیا تھا اسکو نہ مانین اور یہ حدود مین ہی۔ قولہ لن تمسنا النار الا ایاما معدودات۔ اکثر مفسرین نے لکھا کہ ایام معدودات سے وہ لوگ کہتے کہ چالیس روز تک جتنی مدت انکے باپ دادون نے گوسالہ پوجا تھا۔ آگ مین رہینگے اور لن تمسنا سے اشارہ ہی کہ وہ بھی بہت خفیف چھو جانے کے مانند عذاب ہوگا۔ اور بعض نے کہا کہ وہ کہتے تھے کہ یعقوب علیہ السلام سے وعدہ کر دیا ہی کہ انکی اولاد کو دوزخ مین نہ ڈالیگا مگر قسم پوری کرنے کو یعنے اللہ تعالے نے کہا۔ ان ہنکم الا واردہا کان علی ربک حتما مقضیا۔ یعنے اللہ تعالے نے ختم کر دیا کہ ہر ایک اسمین جاویگا۔ اگرچہ نیکون کو کچھ تکلیف نہو گی۔ **اور شیخ ابن کثیر** نے ذکر کیا کہ انھون نے یہ دعوی گڑھا تھا کہ فقط سات روز عذاب کیے جاوینگے ہر ہزار سال دنیا کے عوض ایک روز عذاب مین رہینگے۔ قولہ وغرہم فی دینہم ما کانوا یفترون۔ مفسر رحمہ اللہ نے فی دینہم کو یفترون کے متعلق کیا جیسا کہ اوپر بیان ہوا ہی اور سراج مین اسپر اعتراض کیا کہ ما قبل موصول کا تعلق اسکے مابعد سے نہین ہو سکتا ہی پس وہ غرہم سے متعلق ہی پس کوئی تقدیم و تاخیر نہین ہی

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ

تو کہہ اے میرے اللہ مالک سلطنت کے تو سلطنت دیوے جسکو چاہے اور سلطنت چھین لیوے جس سے چاہے اور عزت دیوے

مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تُوْلِجُ

جسکو چاہے اور ذلت دیوے جسکو چاہے تیرے ہاتھ ہی سب بھلائی بیشک تو ہر چیز پر قادر ہی تو لے آوے

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ

رات کو دن مین اور تو لے آوے دن کو رات مین اور تو نکالے جیتا مردے سے اور تو نکالے مردہ

مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

جیتے سے اور تو رزق دیوے جسکو چاہے بے شمار

جب رسول اللہ صلعم نے اپنی امت کو ملک فارس و روم کا وعدہ دیا تو منافقون نے کہا کہ یہہات بہ تو محال ہی تب نازل ہوا **قُلِ اللّٰهُمَّ** کہہ یا اللہ۔ **تُؤْتِي**۔ تعطی۔ تو ہی عطا کرتا ہی۔ **الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ** من خلقک سلطنت جسکو تو چاہتا ہی اپنے مخلوق مین سے۔ **وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ**۔ اور نکال لیتا ہی سلطنت جس مخلوق سے چاہتا ہی۔ **وَتُعِزُّ**

مَنْ تَشَآءُ۔ باپتاہ۔ اور تو ہی عزت دے جسکو چاہے بسبب سلطنت دینے کے۔ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ۔ بزعہ سنہ۔ اور تو ہی ذلت دے جسکو چاہے بسبب سلطنت اس سے چھین لینے کے۔ بِيَدِكَ اَ۔ بقدرتک۔ الْخَيْرُ۔ ای والشر۔ تیرے ہی قدرت مین ہی خیر یعنے اور شر بھی۔ یعنے یہ مطلب نہین ہی کہ خیر ہی تیری قدرت مین ہی بلکہ خیر و شر سب اسیکی قدرت مین ہی اور فقط خیر ہی کو اسواسطے فرمایا کہ ذکر یہان خیر و بھلائی ہی کا ہی باین معنے کہ مسلمانون کو سلطنت دینے کی دعا ہی۔ اور بعض نے کہا کہ خیر و شر باہم ضد ہین پس ایک کو ذکر کرنا کافی ہوا کہ دوسرا خود سمجھا جاتا ہی۔ تُولِجُ۔ تدخل۔ اللَّيْلَ فِي النَّهَارِ۔ داخل کرتا ہی رات کو دن مین۔ وَتُولِجُ النَّهَارَ۔ تدخلہ۔ فِي اللَّيْلِ۔ فیزید کل منہما بما نقص من الآخر۔ داخل کرتا ہی نہار کو لیل مین۔ پس ان دونون مین سے ہر ایک اسیقدر بڑھ جاتا ہی جس قدر دوسرے مین سے گھٹتا ہی۔ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ۔ اور نکالتا ہی زندہ کو مردہ سے۔ کالانسان والطائر من النطفۃ والبیضۃ۔ جیسے انسان کو نطفہ سے اور پرندکو انڈے سے نکالتا ہی۔ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ۔ کالنطفۃ والبیضۃ۔ مِنَ الْحَيِّ۔ اور نکالتا ہی مردہ کو (مانند نطفہ و انڈے کے) زندہ سے۔ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ ای رزقا واسعا۔ اور رزق دیتا ہی جسکو چاہے بے حساب۔ یعنے بہت فراخی کے ساتھ جسکی تعداد و مقدار خلق کو نہین معلوم اگرچہ اللہ تعالے کو معلوم ہی وھی السنۃ۔ نے معالم مین ذکر کیا کہ قتادہ رح نے فرمایا کہ ہمسے بیان کیا گیا۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پروردگار سے درخواست کی کہ بادشاہت فارس و روم کی آپ کی امت مین کردی جاوے۔ پس اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری اور مفسر جلال الدین رحمہ اللہ تعالے نے جو ذکر کیا ہی یہ ابن جریر رح نے قتادہ رح سے روایت کیا ہی اور معالم مین کہا کہ ابن عباس و انس بن مالک رضی اللہ عنہما نے کہا کہ جب رسول اللہ صلعم نے مکہ فتح کیا تو اپنی امت کو ملک فارس و روم کا وعدہ دیا تو منافقون و یہود نے کہا کہ یہ بڑی دور کی باتین ہین بھلا محمد کو کہان سے فارس و روم کی بادشاہت یلیگی حالانکہ وہ لوگ بڑے زبردست و قوی ہین کیا محمد کہ کہ مدینہ کافی نہوا یہانتک کہ انھون نے سلطنت فارس و روم کی طمع کی پس اللہ تعالے نے یہ آیت اتاری اور بیہقی وغیرہ نے روایت کی کہ جب قریش و گروہ عرب کے پندرہ ہزار جماعت سے مدینہ پر چڑھ آئے جسکو غزوہ احزاب کہتے ہین تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرد مدینہ کے خندق کھودی اور ہر دس آدمیون کے واسطے چالیس ہاتھ زمین قطع کردی اور لوگون نے کھودنا شروع کیا پس اسمین ایک بڑا پتھر آگیا جسمین کدال کام نہین کرتی تھی پس صحابہ رضی اللہ عنہم نے سلمان کو آپ کے پاس خبر کو بھیجا آپ مسجد مین تکیہ کر سو گئے تھے پس آپ آئے اور وضو کر کے کدال ہاتھ مین لیکر اسپر مارا اسمین ایک چوٹ سے وہ ٹوٹا اور اسمین سے ایک بجلی چمکی کہ مدینہ کے دونون کنارے روشن ہو گئے گویا اسمین چراغ تھا کہ اندھیری رات مین چمکا پس آپ نے تکبیر کہی اور مسلمانون نے تکبیر کہی پس آپ نے فرمایا کہ اس سے میرے واسطے حیرہ کے مکانات روشن ہوے گویا وہ کتے کے دانت ہین پھر دوسری دفعہ مارا اور ایسی ہی برق چمکی تو فرمایا کہ اس سے میرے لیے روم کے سرخ مکانات روشن ہوے پھر تیسری دفعہ مارا اور ایسی ہی برق چمکی تو فرمایا کہ اس سے میرے لیے مکانات صنعاء کے روشن ہوے اور مجھے جبرئیل نے خبر دی کہ میری امت اس سب پر غالب ہوگی پس تم لوگ خوشخبری لو پھر منافقون نے کہا کہ اے مومنین کیا تم اپنے نبی صلعم سے تعجب نہین کرتے کہ تمکو باطل وعدہ دیتے ہین اور خبر دیتے ہین کہ انھون نے یثرب سے حیرہ کے مکانات دیکھے اور اسکو تم فتح کروگے حالانکہ تم لوگ خوف سے خندق کھودتے ہو قال المفسر یہ منافق ظاہری اسباب مین پڑکر خوار ہوے اور اللہ تعالے نے اپنے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کو زمانہ خلافت حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما مین پورا کیا بلکہ اس سے بہت زیادہ ملک صرف چھ برس مین فتح کردیے جسکی نظیر آج تک دنیا کی تواریخ مین موجود نہین ہی قولہ قل اللھم مفضل التمیل رحمہ اللہ تعالے سے روایت ہی کہ جسنے اللھم کے ساتھ دعا کی اسنے اللہ تعالے سے اسکے تمام پاک ناموں کے ساتھ دعا کی۔ قولہ مالک الملک۔ ای

جنس ملک کا مالک علی الاطلاق ہی پس اسمین ایسا تصرف کرتا ہی جیسے وہ لوگ جنکو مالک کر دیا ہی مملوک مین تصرف کرتے ہین اور یہ ندا ء ثانی ہی ای مالک الملک کذا فی المدارک والمعالم اور بعض نے کہا کہ ملک سے مراد نبوت ہی اور بعض نے کہا کہ غلبہ اور بعض نے کہا کہ مال اور بندے اور ظاہر اس سب کو شامل ہی جسمیں ملک کا لفظ مشتمل ہی اور بعض نے کہا کہ ملک سموات وارض مراد ہی اور بعض نے کہا کہ ملک قناعت مراد ہی اور معالم مین ہی کہ اللہ تعالے نے بعض کتب مین فرمایا کہ مین ہی شہنشاہون مین ہی بادشاہون کا مالک ہون بادشاہون کے دل میرے ہاتھ مین ہین اگر بندون نے میری اطاعت کی تو بادشاہون کو انپر رحمت کر دیتا ہون اور اگر نافرمانی کی تو بادشاہون کو انپر عذاب کر دیتا ہون پس تم لوگ بادشاہون کی بدگوئی مین نہ پڑو بلکہ میری طرف رجوع لاؤ مین ان لوگون کو تمپر مہربان کر دونگا پس قولہ تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء سے مراد ملک کے عام معنے سے بعض نوع ہین اور بنا بر شان نزول کے ظاہر سلطنت وزمین مراد ہی۔ اور ایسے ہی قولہ وتعز من تشاء وتذل من تشاء مین بھی عزت وذلت تمام ان امور کو شامل ہی جو شرع مین عزت وذلت قرار دیے گئے تا آنکہ عام مسلمانون کے ساتھ نماز جماعت مین شریک ہونا عزت ہی اور اس سے عار کرنا ذلت ہی اور شان نزول پر عزت بملک اور ذلت بنزع ملک مراد ہی اور یہ دعا ہی کہ اللہ تعالے نے تعلیم فرمائی۔ اور ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ اللہ تعالے کا اسم اعظم اس آیہ مین ہی قل اللھم مالک الملک۔ تا قولہ بغیر حساب۔ اور معاذ رضہ سے روایت ہی کہ انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شکایت کی کہ مجھپر قرضہ ہی تو آپ نے معاذ رضہ کو تعلیم کیا کہ یہ آیت پڑھین پھر دعا کرین کہ ای رحمن الدنیا والآخرۃ ای رحیم الدنیا والاخرۃ تو ہی دیتا ہی دنیا و آخرت مین سے جسکو چاہتا ہی اور منع کرتا ہی جسکو چاہے رحم کر مجھپر ایسی رحمت کہ مین تیری رحمت سے تیرے سوائے ہر کسی کی رحمت سے بے پرواہ ہو جاؤن ای اللہ میرے قرضے تو نگر کر دے محتاجی سے اور مجھسے قرضہ ادا کر دے رواہ ابن ابی الدنیا والطبرانی اور حضرت انس رضہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ رضی اللہ عنہ سے کہا کہ کیا مین تجھے ایسی عانہ سکھلاؤن کہ تو اس سے دعا مانگے اگر تجپر کوہ احد کے برابر قرضہ ہو تو اللہ تعالے اسکو تجھسے ادا کر دے پھر اوپر کی روایت کے موافق ذکر کیا۔ رواہ الطبرانی فی المعجم الصغیر بسند جید۔ قولہ بیدک الخیر یحیی بن سلام نے معالم مین کہا کہ اصل مین بیدک الخیر والشر تھا پس شر حذف کیا گیا کہ وہ ضد خیر ہی جیسے قولہ سرابیل تقیکم الحر مین ہی ای الحر والبرد۔ پس ایک کے ذکر سے اسکی ضد سے کفایت ہوئی۔ اور بعض نے کہا کہ خیر کو بوجہ مقام دعا ہونے کے مخصوص کیا اور کشاف وبیضاوی مین ہی کہ خیر کو ذکر کیا نہ شر کو اسوجہ سے کہ شر اس راہ سے کہ وہ قضاء حق عزوجل ہی متضمن خیر ہی پس جو اللہ تعالے کی طرف سے ہی سب خیر ہی اور حق یہ ہی کہ مقام دعا مین خیر پر اقتصار ہی اور اگر گفتگو پر مدار ہو تو جو مفسرین نے اختیار کیا وہ راجح ہی اور جنکے اعتقاد مین فساد ہی وہ سمجھتے ہین کہ شر اللہ تعالے کی طرف سے نہین ہی حالانکہ اس آیہ مین انکے ہاتھ کوئی دلیل نہین ہی۔ قولہ تخرج الحی من المیت وتخرج المیت من الحی یعنے انسان وطائر کو نطفہ وبیضہ سے برعکس۔ اور ایسا ہی مجاہد رحمہ نے تفسیر کیا ہی اور مفسر رحمہ نے کہا الانسان یعنے کافر زیادہ کرکے اشارہ کیا کہ یہ بطور مثال کے ہی اور تفسیر ابن کثیر مین ہی ای نکالتا ہی کھیتی کو دانہ سے اور دانہ کو کھیتی سے اور درخت خرما کو اسکی گٹھلی سے اور گٹھلی کو خرما سے اور مرغی کو انڈے سے اور انڈے کو مرغی سے اور مومن کو کافر سے اور کافر کو مومن سے اور اسی طور پر تمام اشیا جاری ہین کما ابن مین کہا کہ اخیر صورت کو ابن ابی حاتم نے حضرت عمر رضہ سے روایت کیا ہی اور معالم مین کہا کہ حسن وعطا نے فرمایا کہ یعنے تو نکالتا ہی مومن کو کافر سے اور نکالتا ہی کافر کو مومن سے پس مومن تقی قلب باطن کا زندہ ہی اور کافر باطن وقلب کا مردہ ہی اور اللہ تعالے نے فرمایا او کمن کان میتا فاحییناہ الآیہ۔ بھلا وہ شخص کہ مردہ تھا پھر ہمنے اسکو زندہ کر دیا الی آخرہ۔ اور عبید اللہ بن عبد اللہ سے روایت ہی کہ خالدہ

بنت الاسود بن عبد یغوث آئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تو آپ نے فرمایا کہ یہ کون عورت ہی کہا گیا کہ خالدہ بنت الاسود ہی تو فرمایا کہ پاک ہی وہ خالق جو نکالتا ہی زندہ کو مردہ سے اور حال یہ تھا کہ یہ عورت صالحہ تھی اور اسکا باپ کافر تھا رواہ عبد الرزاق وابن سعد وابن جریر وابن ابی حاتم وابن مردویہ مفسر جم کہتا ہی کہ بعضے اکابر نے یہان یہ اشارہ نکالا کہ جو شخص ایسا پابند سنت ہو کہ اسکے تمام افعال موافق حکم اللہ تعالے اور اسکے رسول کے ہون اور ارشد حیا للہ ہو کہ اپنے نفس کی خواہشون اور شیطانی پیروی سے خارج ہو جاوے اور موافق حدیث حضرت ابن مسعود کے جسکو بیہقی نے روایت کیا ہی استعداد موت قبل موت کے پیدا کرلی ہو یعنے فنا ہو گیا تو وہ باقی ببقاء حق عزوجل ہی کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا یخرج الحی من المیت پس جو شخص کہ اس حیات فانی مین مردہ ہوا وہ زندہ جاوید نکلا اور جو شخص اسکے برعکس کافر مشرک بدعتی بدکار ہی وہ اپنے آپکو دنیا مین چند روز زندہ سمجھتا ہی مگر جب مرا تو مردہ ہوا اور قول حسن و عطا روح گویا اس بیان کی اصل ہی فافہم قولہ عرائس البیان مین ہی کہ قولہ تعالے قل اللھم مالک الملک تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء - اللہ عزوجل نے اپنی ذات پاک کو خاص کیا اور ملک بوبیت سے اپنی مدح کی وہ مالک الملک ہی تین قسم عالم ہین ۱۲ ہی اور ملک اسکا قدیم ہی اور وہ اس صفت کے ساتھ ازل مین موصوف ہی اور یہ وصف اسکے لیے تا ابد ہمیشہ ثابت و باقی ہی اور وہی اس وصف مین منفرد ہی - پھر ملک کے ساتھ جو اسکی صفات مین سے ہی اپنے بندون مین سے انبیاء و اولیاء کو جسکو چاہا خاص کیا پس انبیاء کو جنس ملک سے خاص کیا وہ اصطفاء اور اجتباء و خلافت و خلت و محبت و تکلیم و آیات و معجزات و منہاج و رسالت و نبوت ہی پھر ان امور مذکورہ کے ساتھ تمام انبیاء علیہم السلام مین سے جو مخصوص کیے گئے ہین وہ آدم اور شیث و ادریس و نوح ہود صالح ابراہیم اسمٰعیل اسحٰق یعقوب یوسف یونس لوط شعیب حزقیل خضر موسیٰ ہارون یوشع و کالب ایوب داؤد سلیمان زکریا یحییٰ عیسیٰ اور سید المرسلین محمد خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلیہم اجمعین ہین پس اللہ تعالے نے انبیاء و رسولون کو لباس سلطنت پہنایا کہ انسے نشانیان معجزے ظاہر ہوے اور انھون نے ملک نبوت و رسالت کی عزت و غلبہ سے روے زمین کے سرکشون کو تہ و بالا کیا اور جو اللہ تعالے کے علم ازلی مین مقدر ہو چکا اور اس کرامت سے کافرون کی قوم کو محروم رکھا جو اللہ تعالے کے مقدور مین اللہ تعالے نے اپنے خلیل ابراہیم علیہ السلام کو فرمایا کہ لا ینال عہدی الظالمین - یہ تو بیان اس ملک کا ہی جس سے انبیاء علیہم السلام کو خاص کیا ہی اب ہاوہ ملک کہ جس سے اولیا کو مخصوص فرمایا ہی سو وہ چار قسمین ہین قسم اول کرامات اور نشانیان جیسے قلب ماہیت مٹی کو سونا کرنا - اور زمین کو طی کر دینا یعنے فاصلہ دراز کو دیر مین طی کرنا اور دعا قبول ہونا اور یہ سب امور ان اولیاء کے ساتھ مخصوص ہین جنکو اہل معاملہ کہتے ہین قسم دوم جو کہ اول سے اشرف ہی وہ خصوصیت ایسے امور سے ہی جنکو مقامات کہتے ہین مثل زہد یعنے ترک دنیا ہونا اور پرہیزگاری اور سوائے حق عزوجل کے سب سے تقوی کرنا اور صبر و شکر و توکل و رضاء و تسلیم و تفویض و تقویم و صدق و اخلاص و احسان و استقامت و طمانینت - اور یہ سب مقامات ان اولیاء کے لیے ہین جنکو اہل درجات کہتے ہین - قسم سوم اور وہ دوم سے بھی اشرف ہی وہ خاص امور ہین جو وجدی و نجوی مراقبہ نجیاء خوف اور جاء محبت شوق عشق سکر صحو اور یہ سب امور ان لوگون کے لیے ہوتے ہین جنکو اہل حالات کہتے ہین اور قسم چہارم جو کہ سوم سے بھی اشرف ہی وہ کشف مشاہدہ معرفت توحید تفرید فنا بقا ہی اور یہ ان اولیاء کے واسطے ہی جنکو اہل معاینہ کہتے ہین پس سب احوال جنکو ہمنے ذکر کیا ہی ملک ولایت کی اصل و جڑ ہین سو جو شخص انسے مخصوص ہوا وہ تو ملک ازل و ابد کے اعلی درجہ کو پہونچ گیا اور جو ان سب سے محروم ہوا وہ حصہ دنیا و آخرت سے گر گیا - اللہ تعالے ان احوال مذکورہ سے اپنے اولیاء کو مخصوص و معزز فرماتا ہی پس وہ لوگ فراست سے تمام دلون کے مالک ہو جاتے ہین یعنے ہر شخص کے دل کو اسکی صلاحیت کی قدر و اندازہ پر جان لیتے ہین قولہ وتنزع الملک ممن تشاء سلطنت و ملک بندگی اور شناخت ربوبیت کو نکال لیتا ہی جس سے چاہتا ہی یعنے جسکو استعداد معرفت کی نہین ہی قولہ وتعز من تشاء یا شارہ عزت باقیہ بذریعہ انس اور شوق

قولہ وتذل من تشاء یعنے خلائق سے ناوان کرے جسکو چاہتا ہی دلیل کرتا ہی اور شیخ ابو عثمان رح نے فرمایا کہ سلطنت حقیقی تو ایمان ہی اور بسا اوقات یہ ایمان آدمی پاس مانگی چیز کے مانند ہوتا ہی اور بسا اوقات ایمان عطا ہوتا ہی کہ اس سے نہین لیا جاتا ہی پس جو شخص کہ دین و شریعت کے فرائض و واجبات و سنتون پر قائم ہوا اسکو ملک ملا۔ اور وتنزع الملک ممن تشاء۔ ہدایت و توفیق شریعت پر چلنے کی نہین لیجاتی ہی قولہ بیدک الخیر یعنے تو ہی قادر ہی ہر بات پر جسکو تو چاہے اور جسطرح چاہے۔ اور شیخ محمد بن علی رح نے فرمایا کہ ملک اصل معرفت ہی یعنے اللہ تعالے کی ذات و صفات کا عارف ہونا بکشف و مشاہدہ و معائنہ اور بعض اکابر نے ملک سے معنے روے زمین کے ملک و مال و اسباب کے لیے ہین چنانچہ حصین رح نے کہا کہ قولہ تؤتی الملک من تشاء یعنے تو جسکو چاہے ملک دے پس ملک و سلطنت مین اسکو مشغول کردے اور قولہ وتنزع الملک ممن تشاء اسی سے چاہے ملک چھین لے یعنے جنکو تو نے اپنے واسطے برگزیدہ کیا انکو ملک مین مشغول ہونے سے الگ کردیا پس انمین ملک کے اسباب کچھ اثر نہین کرتے ہین کیونکہ وہ اسرار ملائک مین مشغول ہین اور قولہ وتعز من تشاء یعنے اپنے دوست اسپر ظاہر کرکے اسکو عزیز کرتا ہی اور قولہ وتذل من تشاء یعنے اسکو جسم کے رسوم مین پھنسا کر ذلیل کرتا ہی۔ اور شیخ واسطی رح نے کہا کہ بڑی خوشخبری اسکو ہی جسکو اللہ تعالے نے اسکے قلب و اعضا کا مالک بنادیا کہ وہ ان دونون کی برائیون سے بچا رہا۔ اور شیخ شبلی رح نے کہا کہ ملک یہ ہی کہ عالم کے خالق کے ساتھ ہو کر تمام عالم سے بے پروا ہووے۔ قولہ تعالے تولج اللیل فی النہار۔ ارواح کے نور مین نفس کی اندھیریان تو ہی نے داخل کی ہین۔ اور نیز طبیعت کی اندھیریان قلوب کی صفائی مین فنا کی ہین اور نیز۔ حدوث کے پردے نور صمدیت کی روشنی قدیم ظاہر ہونے پر بھاڑ دیے۔ قال المفسرین جسم حدوث سواے ذات و صفات باری تعالے کے جو کچھ نو پیدا ہین یعنے تمام مخلوق کہ جبسے انکو عرفان حاصل ہوا اور نور قدیم کی روشنی انمین چمکی تو انکا حدوث شکستہ ہوگیا اگرچہ وہ ویسے ہی حادث رہے مگر آثار حدوث کے خود انکو ظاہر نہونے کذا حققہ البجائی و بحر العلوم۔ اور نیز جب جبروت کے انوار ظاہر ہوے تو ملکوت کا قوام اٹھ گیا اور یہ صنع خالق عزوجل ہی۔ قولہ تعالے وتولج النہار فی اللیل۔ اشارہ یہ ہی کہ حضرت عزوجل کی صفت ہی کہ جو لوگ اپنی طبیعت کی پرورش مین پڑے ہین اور برابر پڑے رہتے ہین اسکی تاریکیان بڑھتے ہین انمین انکے سر باطن کے انوار زائل ہوتے جاتے ہین اور نیز تولج النہار فی اللیل مین اشارہ ہی کہ آفتاب معرفت جو روشن تھا جبکہ اس شخص نے وہ باتین کین جو اسکے مرتبہ کے لائق نہ تھین تو وہ اس مرتبہ پر سنکر یعنے منع کہلائی ہین مثلاً قبلہ کی طرف تھوکا یا پانون پھیلائے تو اس سے آفتاب معرفت مین گہن لگ جاتا ہی اور یہ بیوقوفت بھی ہوتا ہی جہلا بال محالہ سے کوئی فتور اور سستی واقع ہوے اور اسکی تاریکی چڑھی تو نور معرفت مین پوشیدگی ہوگئی قولہ تعالے وتخرج الحی من المیت اشارہ ہی کہ نور حق کا مشاہدہ نصیب کرکے ایسے دلون سے جو فتور مین پڑکر مردہ ہوگئے تھے معرفت کے درخت جماتا ہی اور اشارہ ہی کہ عارف کامل کا بدن جیسا کہ سلطان توحید کے غلبہ سے بوجھ نہین اٹھا سکتا ہی کیونکہ دونون مین سخت تفاوت ہی تو انکی روح پاک اس تن سے نکال لی جاتی ہی اور کشادہ میدان سرمدی مین رکھی جاتی ہی کہ وہان طالب مشاہدہ کے واسطے جولانی کرتی ہی۔ اور احتمال ہی کہ یہ معنے ہون کہ عارف کی روح کو ان مقامات بلند تک رسائی دیجاتی ہی واللہ اعلم اور قول معروف اجسادنا نار و احنا ہمارے جسم ہماری روح ہین بعض شراح نے اسی معنے پر محمول کیا ہی اور حق یہ ہی کہ درحقیقت انکے اجسام اصل خلقت مین دیگر اجسام سے خلاف ہوتے ہین لیکن یہ نہین کہ وہ روح کے مرتبہ کو پہونچ جاتے ہین جیسا کہ بعض ناواقفون نے وہم کیا ہی اسواسطے کہ عرفان سے انقلاب ماہیت نہین ہوتا ہی جسم جسم رہتا ہی اور روح روح اور ممکن ممکن کوئی انمین سے بدل نہین جاتا ہی ہان ظہور آثار ہی اسواسطے انکے جسم مین نقصان ہونا کچھ مضر نہین ہی جیسا کہ سلہ باف تبریزی رحمہ اللہ کی حکایت جو مولوی روم نے نقل کی ہی اسپر شاہد ہی واللہ اعلم بالصواب۔ قال الشیخ۔ اور نیز اشارہ ہی کہ عارف صادق کو عامی غافل سے پیدا کرتا ہی جیسے کافر سے مومن پیدا ہوا

یا کافر مومن ہو گیا کہ یہ مردگی سے زندگی ہو قولہ ویخرج المیت من الحی - ای دل سے جو زندہ بمعرفت و دیدار مشاہدہ حق عزوجل ہو عالم اندھا مردہ پیدا کرتا ہو اور نیز - جب دلوں میں قہر کی حرارت سے معرفت کے چشمے خشک ہو جاتے ہیں تو انمیں سے بجائے توحید کے شرک کا کڑوا اندراین کا پھل نکلتا ہو اور بجائے یقین کے شک پیدا ہوتا ہو اور اسمیں غفلت کے درخت بارور ہوتے ہیں اور انمیں دنیاوی غم واندوہ ومحبت کے پتے نکلتے ہیں اور صفائی معاملہ کا پانی خشک ہو جانے سے اسمیں سے یقین وحب الٰہی اور توحید کے خوشبودار پھول خشک ہو کر جل جاتے ہیں نعوذ باللہ منہ - بعض مشائخ نے اسکے اشارہ میں کہا کہ جو کوئی دنیا میں اپنے نفس سے مردہ ہوا اور ایمان حق کے ساتھ زندہ ہوا وہ جب جسم سے نکلا تو زندہ جاوید ہو اور جنت میں ہمیشہ حیات ہو اور جو کوئی ایمان جسم کی کدورت میں اپنے آپکو زندہ سمجھتا تھا اور حیات ایمان سے محروم رہا وہ مردہ نکلا یہ اشارہ بھی لطیف ہو لہذا مردگان کفر سے محبت کرنے کو منع فرمایا بقولہ تعالے

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ ۖ وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ فَلَيْسَ

نہ پکڑیں مسلمان کافروں کو اپنا دوست سوائے مسلمانوں کے اور جو کرے ایسا وہ اللہ کا

مِنَ اللَّهِ فِي شَيْءٍ إِلَّا أَنْ تَتَّقُوا مِنْهُمْ تُقَاةً ۗ وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ نَفْسَهُ ۗ وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ

کوئی نہیں مگر یہ کہ تم بچنا چاہو کافروں سے بچاؤ اور ڈراتا ہو تمکو اللہ اپنے سے اور اللہ ہی تک پہونچنا ہو

لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُونَ الْكَافِرِينَ أَوْلِيَاءَ - مومنین کافروں کو اپنا ولی دوست نہ بناویں - مِنْ دُونِ الْمُؤْمِنِينَ - غیر مومنین سے فف یعنے مومنون کے سوائے کافروں سے موالات مت کریں - وَمَنْ يَفْعَلْ ذَٰلِكَ - اور جسنے ایسا کیا یعنے کافروں سے موالات کی فَلَيْسَ مِنَ - دین - اللَّهِ فِي شَيْءٍ - تو تحقیق وہ دین الٰہی سے کسی شئی میں یعنے دین میں کسی شمار میں نہیں ہو - إِلَّا أَنْ تَتَّقُوا مِنْهُمْ تُقَاةً - ای تخافوا منہم مخافۃ فی امر الدین بالسان دون القلب ہذا قبل عزۃ الاسلام وتجری فی بلد لیس فیہا فیہا - مگر جبکہ خوف کرو اسکے تو تمکو واسطے کہ اپنے زبانی موالات رکھو بدون دل کی دوستی کے اور یہ حکم تقیہ کا پہلے تھا جبتک کہ اسلام کو عزت نہیں حاصل ہوئی اور اب بھی ایسی ملک میں جاری ہو جسمیں اسلام قوی نہو - وَيُحَذِّرُكُمُ اللَّهُ - یعنے فکم - ڈراتا ہو تمکو اللہ - نَفْسَهُ - اپنی ذات پاک سے ای ان یغضب علیکم ان والیتموہم - یعنے یہ تحذیر دیتا ہو کہ غضب کرے تم پر اگر کافروں سے سوائے غرض تقیہ کے دوستی کروگے - وَإِلَى اللَّهِ الْمَصِيرُ - امرجع فیجازیکم - اور اللہ تعالے ہی کی طرف پھر جانے کا ٹھکانا ہو ف پس تمکو جزا دیگا جیسا کروگے اس آیۃ میں اللہ تعالے نے کافروں کی موالات سے منع فرمایا جیسے دیگر آیات میں منع کیا ہو چنانچہ فرمایا لاتتخذوا بطانۃ من دونکم الآیۃ اور قولہ من یتولہم منکم فانہ منہم الآیۃ اور قولہ لاتتخذوا قومایوسنون باللہ الآیۃ - وقولہ لاتتخذوا الیہود والنصاری اولیاء الآیۃ - اور قولہ یاایہا الذین آمنوا لاتتخذوا عدوی وعدوکم اولیاء الآیۃ - اور یہاں فرمایا لایتخذ المومنون الکافرین اولیاء من دون المومنین - ومن یفعل ذلک فلیس من اللہ فی شئی - معنی الآیۃ معالم میں کہا کہ حضرت ابن عباس نے فرمایا کہ یہود میں سے حجاج بن عمرو اور ابن ابی الحقیق وقیس بن زید نے انصار میں سے چند نفر سے رازداری کی دوستی پیدا کی تاکہ پھل ملکر انکو انکے دین میں بہکاویں پس ان انصاریوں سے دیگر انصار مثل رفاعہ بن المنذر وعبداللہ بن جبیر وسعید بن خیثمہ وغیرہ نے کہا کہ تم ان یہودیوں سے پرہیز کرو ایسا نہو کہ تمکو تمہارے دین سے فتنہ میں ڈالیں مگر ان لوگوں نے نہ مانا انسے ملے گئے پس اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی اور مقاتل بن حیان نے کہا کہ یہ آیت حاطب بن ابی بلتعہ وغیرہ کے حق میں نازل ہوئی کہ وہ لوگ کفار مکہ سے دوستی ظاہر کرتے تحقیق المترجم صحیح طور پر ثابت ہو کہ حاطب بن ابی بلتعہ پورے مومن تھے وہ مطلب کے واسطے کفار مکہ

سے اظہار کرتے تھے ۔ اور کلبی نے ابو صالح کے طریق سے ابن عباس رض سے روایت کی کہ عبد اللہ بن ابی منافق و اسکے ساتھیوں کے حق میں نازل ہوئی کہ وہ یہود و مشرکون سے محبت رکھتے اور انکو خبریں پہونچاتے اور امید رکھتے کہ انکو مسلمانون پر فتح ملیگی پس اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرماکر مومنون کو منع کر دیا کہ ایسا فعل نہ کریں قال المفسر جم شیخ ابن کثیر وغیرہ کسی نے یہ کوئی قصہ نقل نہیں کیا واللہ اعلم باجلہ آیہ کریمہ کا مطلب ظاہر ہی کہ کافرون سے موالات مت کرو اور جو کوئی موالات کریگا وہ اللہ تعالے سے جدا کیا گیا ہی اور اللہ تعالے اس سے بری ہی اور مفسر رض نے کہا کہ لیس من اللہ ۔ اور بعض نے کہا کہ لیس من ولایۃ اللہ ۔ اور یہ سب معانی متقارب ہین پھر اللہ تعالے نے اسمین سے ایک صورت تقیہ کی استثناء فرمائی ۔ اور معالم مین کہا کہ معنے آیہ کے یہ ہین کہ اللہ تعالے نے کفار کے ساتھ موالات کرنے اور انسے مداہنت کرنے اور انکے ساتھ باہم رازداری کرنے سے منع کر دیا الا اس صورت مین کہ کفار غالب ہون یا مومن کسی قوم کفار مین ہون کہ انکی طرف سے خوف کرتا ہو تو انسے زبان سے مدارات کرے درحالیکہ اسکا دل ایمان کے ساتھ مطمین ہو تاکہ اپنے نفس سے ضرر دفع کرے بدون اسکے کہ کسی خون حرام کو یا مال حرام کو حلال کرے اور بدون اسکے کہ مسلمان کے ہلاک کے پردہ کی باتین انسے ظاہر کرے ۔ اور تقیہ فقط اسی امور پر ہی کہ اسکو قتل کا خوف ہو اور تقیہ کی صورت مین اسکی نیت و دل مطمئن و سلامت ہو چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا الا من اکرہ وقلبہ مطمئن بالایمان ۔ پھر ایسی حالت مین بھی تقیہ کرنا رخصت ہی نہ عزیمت ہی اور مباح ہی اور اگر اسنے صبر کیا یہانتک کہ اسلام ظاہر رکھا اور قتل کیا گیا تو اسکو بہت بڑا ثواب ملیگا ۔ قال المفسر جم آیت مین یہ دلیل نہین ہی کہ کافرون سے خوش ہونے کے ساتھ مین موالات جائز ہی جیسا کہ بعض نے زعم کیا بلکہ جواز درحقیقت مدارات کا ہی بناء پر یہ کہ اکراہ امر دیگر ہی اور آیہ مین دو طریق ہین اور دونون کا مآل واحد ہی اول آنکہ استثناء از عام ہی ای لاتتخذ المومن الکافر ولیا بشیء الا بالتقیہ پس استثناء سے موالات بتقیہ ثابت ہوئی اور وہ ظاہری ہی نہ باطنی ۔ اور دوم یہ کہ آیہ کریمہ اس قول کے قوت مین ہی لاتتخذوہم اولیاء ولکن تتقونہم تقاۃ ۔ پس انکے ساتھ موالات کرنے سے منع کیا اور انسے تقیہ کو جائز رکھا اور یہ خود اسوقت ہی کہ خوف ہو فافہم اگر کہا جاوے کہ مفسر جلال رحمہ اللہ نے فلکم موالاتہم کہا ہی تو جواب یہ ہی کہ فلکم موالاتہم باللسان دون القلب ۔ کہا یعنے یہان معنے موالات بتقیہ ہین فافہم ۔ اور مدارک مین اظہار موالات سے تفسیر کی اور یہی مراد ہی پھر رہا یہ کلام کہ آیا تقیہ بزبان و بعمل دونون ہی یا فقط بزبان ہی تو ابن عباس رض روایت مین ہی کہ تقیہ فقط زبان ہی سے ہی اور حالانکہ قلب مطمئن بالیمان ہو اور ابو العالیہ سے روایت ہی کہ تقیہ بزبان ہی اور عمل نہین ہی وہ بھی بفرض دفع ضرر اور یہی ایک جماعت سے مذکور ہی پس نفیہ کرکے کسی کا قتل کرنا حرام مال کا حلال کرنا روا نہین ہی اور رہا یہ کہ تقیہ اب بھی جائز ہی یا اب نہین جائز ہی تو سلف مین سے ایک قوم نے کہا کہ اعزاز اسلام کے بعد اب تقیہ روا نہین ہی اور عبد بن حمید و بخاری نے حسن رح سے روایت کی کہ تقیہ تا قیامت جائز ہی اور بخاری رح نے ابو الدرداء رض سے نقل کیا کہ انھون نے فرمایا کہ ہم بہت لوگون سے خندہ پیشانی سے بولتے ہین حالانکہ ہمارے دل انکو لعنت کرتے ہین اور یہی مفسر رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہی اور یہی ہمارے نزدیک مذہب ہی اور بیہقی کی سے روایت ہی کہ مین نے سعید بن جبیر رحمہ اللہ سے زمانہ حجاج بن یوسف ظالم مین جسنے سعید رحمہ اللہ کو آخر قتل کیا ہی کہا کہ حسن رحمہ اللہ کہتے ہین کہ تمکو روا ہی کہ زبان سے تقیہ کرلو اور دل مطمئن بالیمان رہے تو سعید رحمہ اللہ نے کہا کہ اہل اسلام کے درمیان مین تقیہ نہین بلکہ تقیہ تو اہل حرب ہی مین روا ہی ۔ اور جاننا چاہیے کہ موالات کفار مین فتنہ و فساد کبیر ہی وہو الثابت من الکتاب ف ۲ عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے لایتخذ المومنون الکفرین اولیاء ای عارف مومن کو جاہل کافر کی مصاحبت نہین چاہیے اور نہ مخلص یعنے اخلاص والے کو ریاکار منافق کی اور نہ سچے ایمان والے کو فریب باندھنے والے کی اور نہ مومن

ف ۱ یعنی جو کوئی پیشتر ہی باتین بنا چکے ہوے کہ ۱۲ م

کہ وہ اللہ تعالے کو نہین پہچانتا اور یہی نہین جانتا کہ اللہ تعالے کی محبت کیا ہی اور اسکا حال و چیستا و نعرہ مارنا اور بیہوشی فقط اسوجہ سے ہی کہ اسنے اپنے نفس خبیث و خیال پلید مین ایک خوبصورت شکل کا تصور باندھا اور اسکو کچھ سمجھ لیا حالانکہ یہ محض تصور شیطانی ہی اور اللہ تعالے پاک عزوجل برتر ہی کہ کسی تصور مین آوے پھر احمقون کی ایک جماعت کو دیکھو کہ جہالت سے اسکے گرد تعظیم کو جمع ہوتے ہین نعوذ باللہ منہ مترجم کہتا ہی کہ خطیب رحمہ اللہ نے شاید یہ جاہل صوفیون کا ذکر کیا ہی اور فتاوے عالمگیری مین بھی دو مقام پر ایک کتاب الشہادات اور دوم صوفیون کو وصیت کے مسئلہ مین جاہل صوفیون کا ایسا ہی کچھ حال ذکر کیا ہی اور ان لوگون کی شہادت کو رد کیا اور علامہ نسفی رحمہ نے بھی اپنے رسالہ مین بہت فرقہ بیان کیے اور سب کا رد کیا اور آخر مین لکھا کہ خاکسار بے تن پہ پور متبع سنت مخلوق پر شفقت کرنے والے دن کے روزہ دار رات کے تہجد گزار جنکا قول و فعل و کھانا پینا بیٹھنا اٹھنا سب سنت کے موافق ہی وہ فرقہ الفرقہ صوفی ہی اور انکی تعظیم و مصاحبت مین دیلیسا آدمی کو بیزاری و آخرت کی یاد ہوتی ہی اور وہی بزرگان امت ہر زمانہ مین موجود ہوتے ہین واللہ اعلم۔ اور محبت کے بارہ مین جو احادیث و مقامات مین وہ آیندہ انشاء اللہ تعالے تحقیق سے بیان ہونگی اور ملاک امر پہلے پارہ مین مذکور ہو چکا ہی فکر کر اور جان لینا چاہیے کہ سخت بے ادب وہ لوگ ہین جو جناب رسالت مآب سید المرسلین خاتم النبیین اکرم الاولین والآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مبارک مین اشعار بے ادبانہ کہتے یا انکو گاتے ہین اور سمجھتے ہین کہ یہ نعت ہی اور ہمکو حضرت نبی صلعم سے عشق ہی۔ یہ ہرگز روا نہین ہی مولانا روم فرماتے ہین کہ ؎ بے ادب تنہا نہ خود را داشت بد + بلکہ آتش در ہمہ آفاق زد + ای اہل ایمان ذرا غور کرو اور ہر ایک دوسرے کو نصیحت کرو اور اس سے باز رہو ہمیشہ لوب سے نام لو درود پڑھو آہستہ اطمینان سے آپ کا ذکر آوے تو سچی تعریف کرو واتقوا اللہ و کونوا مع الصادقین۔ قولہ واللہ غفور رحیم۔ مفسر رحمہ اللہ نے اشارہ کیا کہ اسلام سے اگلے سب گناہ معاف ہو جاتے ہین۔ قولہ قل اطیعوا اللہ والرسول۔ مفسر رحمہ اللہ نے امر توحید مین اطاعت کی تفسیر کی کہ وہ جامع امور اعتقاد وغیرہ ہی اور نیز کفار کی اطاعت اولاً اعتقاد توحید مین ہی۔ قولہ فان تولوا فان اللہ لا یحب الکافرین یعنے اگر وہ اطاعت نہ کرین عصیان کرین تو اللہ تعالے کافرون منکرون کو نہین دوست رکھتا یعنے عذاب کرتا ہی اور کافرون کے نام رکھکر انکی مذمت کی اور حدیث ابوہریرہ مرفوع ہی کہ میری کل امت جنت مین داخل ہوگی مگر جسنے ابا کیا۔ لوگون نے عرض کیا کہ ابا کون کرتا ہی فرمایا کہ جسنے میری اطاعت کی وہ جنت مین داخل ہوا اور جسنے میری نافرمانی کی اسنے ابا کیا۔ رواہ البخاری اور جابر بن عبداللہ سے کی حدیث مین ملائکہ کے آنے و باہم گفتگو کرنے کے قصہ مین ہی کہ جسنے اطاعت کی محمد صلعم کی اسنے اللہ تعالے کی اطاعت کی اور جسنے محمد کی نافرمانی کی اسنے اللہ تعالے کی نافرمانی کی رواہ البخاری ف ۲ عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ۔ یعنے ان لوگون سے کہدے کہ اگر تم لوگ اللہ تعالے کی محبت کا دعوے کرتے ہو اور تم اپنے دعوے مین سچے ہو تو میری پیروی کرو مین محبین کا سردار ہون اور صدیقین کا سرتاج ہون اور رسولون کا پیشوا ہون اور طالبان حق کا امام مصطفی ہون تاکہ مین تمکو دکھلادون کہ اس راہ مین ایسی ایسی چیزین چھپی ہلاک کرنے والی ہین اور ایسی ایسی چیزین اس راہ مین نجات دینے والی تمھاری نظر سے پوشیدہ ہین اور تمکو مشاہدہ کے احکام و نزدیکی حاصل کرنے کے اسرار بتادون اور اچھے کام کرنے اور عمدہ بندگی کرنے کی ہدایت کرون اور ادب سے چلنے کی اچھی صورتین سکھلادون اور عمدہ اخلاق بتادون کہ وہ تمھاری راہ مین کام آوین کیونکہ اللہ تعالے کی طرف سے محبت کے آثار مجھپر کشف کر دیے گئے اور اسکی نزدیکی کے انوار مجھمین بھرے ہوے ہین اور میری پیروی در حقیقت شکر محبت محبوب ہی اور جب تمنے میری پیروی کر کے اللہ تعالے کا شکریہ ادا کیا تو اللہ تعالے تمھاری محبت و معرفت اور زیادہ کرونگا اللہ تعالے نے فرمایا۔ فاتبعونی یحببکم اللہ۔ اور فرمایا۔ لئن شکرتم لازیدنکم۔ اگر تم شکر کروگے مین تمکو اور زیادہ دونگا محبت کی حقیقت عارفون محبوبون کے

ف ۱ یہ فقرہ ہر دو جگہ کا ہی

ف ۲ یہ فقرہ خاص اگلے فقرہ کا ہی

نزدیک یہ ہو کہ دل آتش شوق سے کباب ہو جاوے اور روح عشق کی لذت سے ماہی بے آب کی طرح تڑپے اور حواس وحی دریائے اُنس مین ڈوب جاوین اور نفس کو پاک پانی سے طہارت حاصل ہو اور عین الکل سے فقط محبوب ہی کو دیکھے اور دونون جہان سے اپنے عین الکل کو بند کرے اور سر باطنی غیب الغیب مین سیر کرے اور محبوب کے جو اخلاق ہین اُنسے آراستہ ہو اور یہی اصل محبت ہے اور محبت کی شاخ یہ ہے کہ محب ہر باتون سے راضی ہو ان سب کو محب بجالاوے اور اسکی بلاؤن کو پسند کرے بُرا نجانے اور جو اسکی قضا و قدر ہے اسکو تسلیم کرے اور ان سب مین یہ شرط ہے کہ پورا وفا کرے اور سید عالم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت و متابعت پر قائم رہے اب ہا بیان اسکا کہ محبت کرنے کے آداب کیا ہین تو اہل محبت کے آداب یہ ہین کہ محبت کرنے والا تمام خواہشون و لذتون سے بالکل الگ ہو جاوے اور نیکیان کرنے مین جلدی کرے اور خلوتون تنہائیون اور مراقبات مین ساکن اور ٹھہرا رہے اور صفات باری کے انوار پر نظر کرکے انکی خوشبو مین سو گھے اور مناجات کرنے مین گڑگڑاوے اور نوافل وعبادات ادا کرنا شروع کرے یہانتک کہ قرب نوافل کا جو مرتبہ ہے وہ حاصل ہو کہ صفات حق عزوجل سے متصف ہو جاوے اور حق مین اسکے نور سے روشن ہو اور یہ مضمون صحیح ثابت ہوا ہے کہ برابر بندہ مجھسے نوافل عبادت سے نزدیکی ڈھونڈھتا ہے یہانتک کہ مین اسکے کان و ناک و ہاتھ ہو جاتا ہون **قال المترجم** اصل حدیث تو صحیح بخاری مین ہے اور یہ مضمون اسمین سے ایک ٹکڑے کا خلاصہ ہے اور صوفیون کے طور پر بیان ہے اسکے معانی پہلے بیان کر دیے ہین کہ مراد یہ ہے کہ جتنے اسکے اعضا ظاہری و باطنی ہین سب اللہ تعالے کے حکم کے موافق کام کرتے ہین اور اس شخص کے اختیار مین نہین رہتے ہین بلکہ یہ خود ہی اپنے ارادہ و خواہشون سے خالی ہوتا ہے اور تحقیق اسکی اول پارہ مین گذری ہے اور مختصر یہ ہے کہ ایسے نور محبت قلب مین آوے تو پھر وہان سے تمام بدن کے رگ و ریشہ مین ساری ہوتا ہے حتی کہ وہ باطن کی آنکھ سے بالکل نور ہی نور دیکھتا ہے پھر جب اسپر مضبوط رہا اور اللہ تعالے نے اسکا رتبہ بلند کیا تو اصل تو نور کا معدن اسکا قلب ہو جاتا ہے اور قلب مین سوائے ان خطرات کے جو قضا و قدر کے موافق ہین اور کچھ نہین آتے اور اعضا سب اسی کے موافق کام کرتے ہین اور دل اپنے حکم چلاتا ہے اور دل پر رب تعالے حاکم ہے پس اسکا سونا بیٹھنا اٹھنا کھانا پینا وغیرہ ایسے سب کام بھی ثواب ہین اور جو وہ کہتا ہے وہی ہوتا ہے لیکن وہ کچھ نہین کہتا ہے سوائے اسکے جو کہ موافق قضا و قدر کے اسکے دل مین آوے پس جاہل لوگ جو ایسے بزرگون کو گیرتے ہین اور دنیا کی ناپاک خواہشین اُنسے مانگتے ہین اور انھین کے ہاتھ مین سب کچھ جانتے ہین یہ گویا کافر و بیوقوف ہین کانٹا اگر لگے پاس بیٹھکر انوار قرب و منزلت حاصل کرتے تو خاص بندون مین ہو جاتے ولکن اللہ یفعل ما یشاء۔ اور محبت خالص نہین ہوتی مگر بعد از انکہ روح و لطیفہ اپنے سر باطنی کی آنکھ سے حق عزوجل کو اسکے حسن قدم و صفت جمال پر مشاہدہ نہ کرلے اور نعمتون کا دینے والا تو وہی ہے مگر اس صفت کے مشاہدہ سے محبت خالص نہین ہوتی کیونکہ جو محبت کہ نعمتون کے دیکھنے سے پیدا ہوتی ہے وہ تو اسی سبب سے لگی ہوئی ہے خالص نہین ہے اور حقیقی خالص محبت وہی ہے جسمین محب کی طرف سے علت و سبب کا لگاؤ نہو اور محبوب کی طرف کوئی شرط نہین ہے اور شیخ ابو عمرو بن عثمان نے فرمایا کہ محبت الٰہی کا اثر یہ ہے کہ ہمیشہ اسکے دل مین خشیہ بھرا رہے اور اللہ تعالے کی معرفت ہو اور ہمیشہ قلب اسکے ساتھ مشغول ہو اور برابر قلب اسکی یاد مین قائم ہو اور ہمیشہ اس سے اُنس پاوے۔ اور محمد بن حنیف نے فرمایا کہ محبت یہ ہے کہ اللہ تعالے کی رضامندی ہر دم چاہتے مین اس سے موافق ہے۔ اور بعض نے کہا کہ جمال کی خوبیان و لطائف ظاہر ہونے کے وقت دل موافق ہونے کو محبت کہتے ہین اور شیخ عارف ابو یزید بسطامی قدس سرہ نے فرمایا کہ مین نے اللہ تعالے سے محبت کی اور اسکو محبوب پایا یہانتک کہ مین نے اپنی جان و نفس کو مبغوض کر لیا پھر مین نے دنیا کو دشمن سمجھا تاکہ اسکی بندگی کو محبوب کیا اور مین نے سب چیزین ہیچ سوائے حق عزوجل کے ہیچ چھوڑ دین تو اللہ تعالے سے واصل ہوا اور مین نے خالق عزوجل کو اختیار کیا تو پھر

خدمت میں تمام مخلوق مشغول ہوگئی اور بعض بزرگوں نے فرمایا کہ اللہ تعالے کی محبت یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرے تمام اقوال و افعال و آداب و احوال میں سوائے ان باتوں کے جو حضرت صلعم کے ساتھ مخصوص تھیں کیونکہ اللہ عزوجل نے اپنی محبت کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی متابعت سے ملایا ہے قال المترجم یہ قول بہت مشابہ بقصہ ہے اور یہی قول ہے کہ جسپر تمام اعتماد کریں اور فائدہ اٹھاویں اور یہی طریق ہے کہ اس سے تمام اقوال جو شیخ نے ذکر کیے ہیں حاصل ہونگے اور اسی کا منتہی ہوتا ہے چنانچہ شیخ رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں کہ ابو عطا کی رحمہ اللہ سے یہ بات کیا گیا کہ محبت کا نشان کیا ہے تو فرمایا کہ محبت والا اس حال میں ہو جاتا ہے کہ تکمیل عبادت کرتا ہے یعنی فرائض و واجبات تمام سنن و آداب کے ساتھ نہایت خوبصورتی سے ادا کر دیتا ہے اور تہجد کو پورا کرتا ہے پھر اس سے زیادہ نوافل میں کمی کرتا ہے اور ہمیشہ تفکر میں مشغول رہتا ہے جسکی تعریف کتاب و سنت میں موجود ہے اور تنہائی بہت پسند کرتا ہے اور ظاہر میں خاموش رہتا ہے جسکا حکم حدیث میں ہے جب نظر کرتا ہے تو کچھ دیکھتا نہیں اور جب پکارا جاوے تو سنتا نہیں اور جب اسکو کوئی مصیبت پہونچائی جاوے تو غمگین نہیں ہوتا اور جب کسی کو مصیبت پہونچاوے تو خوش نہیں ہوتا اور کسی شخص سے ڈرتا نہیں اور کسی شخص سے امید نہیں رکھتا ہے شیخ یحیی بن معاذ سے پوچھا گیا کہ محبت کی حقیقت کیا ہے تو فرمایا کہ نہ نیکی سے بڑھے اور نہ جفا سے گھٹے قال المترجم یعنے اگر اسکو بھلائی پہونچے تو یہ نہیں کہ اسکی محبت زیادہ ہو جاوے اور اگر اسکو برائی پہونچے تو یہ نہیں کہ اسکی محبت گھٹ جاوے خلاصہ یہ کہ اسکی محبت انعام پر نہیں ہے اور یہی خالص محبت ہے اور اگر انعام پر ہو تو خالص نہیں ہے اور یہ اوپر بیان ہو چکا ہے اور جعفر رحمہ اللہ نے قولہ ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی کے اشارہ میں کہا کہ اللہ عزوجل نے صدیقین کے اسرار کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں مقید کر دیا تاکہ صدیقین جو امت میں سب سے بڑے مرتبہ والے ہیں یہ جان لیں کہ انکا حال اگرچہ بہت بلند ہیں اور انکے مراتب اگرچہ بہت اونچے ہیں پر وہ لوگ ہرگز یہ قدرت نہیں رکھتے کہ پیروی سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے سر مو تجاوز کر سکیں ورنہ انکا یہ مرتبہ ہو سکتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مرتبہ تک پہونچیں قال المترجم شیخ جلیل عماد بن کثیر رحمہ اللہ نے تفسیر قولہ فان تولوا فان اللہ لا یحب الکافرین میں خوب کہا کہ اس آیت سے دلالت ہے کہ نبی صلعم کے طریقہ کی مخالفت کرنا کفر ہے اور جو ایسا ہو اللہ تعالے اسکو محبوب نہیں رکھتا اگرچہ وہ دعوی کرے اور اپنے نزدیک زعم کرے کہ وہ اللہ تعالے کا محب و مقرب ہے جب تک کہ رسول الثقلین خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی نہ کرے جسکی یہ شان ہے کہ اگر انبیا ہوتے بلکہ رسول ہوتے بلکہ رسولوں میں سے جو اولوالعزم رسول مانند موسی علیہ السلام کے ہیں وہ ہوتے اور آپ کا زمانہ پاتے تو انکو ہرگز کوئی گنجائش نہ ہوتی اور کوئی عذر انکا اللہ تعالے کے نزدیک قبول نہ ہوتا سوائے اسکے کہ وہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کریں اور آپ جو دین کر لائے اور حکم دیتے ہیں اسمیں داخل ہوں چنانچہ تفسیر قولہ تعالے واذ اخذ اللہ میثاق النبیین الآیہ میں اسکی تقریر ہم بیان کرینگے انشاء اللہ تعالے انتہی کلامہ پھر جاننا چاہیے کہ کیا اچھا حال ان پاک لوگوں کا ہے جنھوں نے آپکو پایا وہ عجیب آنکھیں تھیں جنھوں نے آپ کے قدم دیکھے وہ عجیب سر تھے جو پاک پروردگار عزوجل کے واسطے آپ پر نثار ہوئے وہ تمام اولاد آدم کے پچھلوں سے بہتر تھے سوائے انبیاء و رسولوں کے انکے پیچھے والے لوگوں میں کوئی کتنا ہی بڑا قطب و غوث کیوں نہ ہو انمیں سے ادنی شخص کے سامنے ایسا ہے جیسے بڑے عالم کے سامنے مکتب کا لڑکا جیسا کہ دلائل شریعت سے ثابت ہے اور یہ تو اللہ عزوجل جلالہ کی تقدیر و خلقت ہے فرمایا کہ ان ربک یخلق ما یشاء و یختار ما کان لہم الخیرۃ سبحانہ و تعالی پروردگار جو چاہتا ہے پیدا کرتا اور چھانٹ لیتا ہے ان لوگوں کو تو کچھ بھی اختیار نہیں ہے پس یہ اللہ تعالے کا فضل تھا کہ اسنے ازل میں آپ کی کل امت کو پھر امت میں سے صحابہ رضی اللہ عنہم کو چھانٹ لیا اور چن لیا اور وہ آپکے اصحاب بنائے گئے صلی اللہ علیہ وسلم و رضی اللہ عنہم اجمعین اور شیخ ابن عطا رحمہ اللہ نے قولہ تعالے قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ میں کہا کہ اسمیں حکم دیا نور

ادنی طلب کرنے کا اس شخص کو جو نور اعلی سے اندھا ہی اور مین کہتا ہون کہ کوئی شخص نور اعلی کو نہین پہونچ سکتا ہی جینے نور ادنی سے اسکی راہ نہ حاصل کی اور جسنے نور ادنی والے کے آداب کو مضبوط نہ پکڑا اور نہ اسکی راہ کی پیروی کی اسکو نور اعلی کی طرف راہ نہین ہی وہ دونون نور سے اندھا رہا اور شیطانی لباس غرور پہنکر گمراہ ہوا **قال المترجم** یہ فہمایش کے طور پر بیان ہی ورنہ اوتعالے عزوجل کی شان بہت پاک و بلند ہی کہ نور اعلی کہی جاوے اور کسیکو اُس سے ادنی و اعلی کی نسبت نہین ہی اور شیخ نے محبت کو نور اعلی اور متابعت کو نور ادنی سے مثال دی اس سے مقصود فہمایش ہی کیونکہ نہایت ناچاری ہی کہ سمجھانے کی صورت مین اگر مثال دی جاوے تو سوائے مخلوق کے اوتعالے کوئی چیز ملتی نہین ہی آخر اسی سے مثال دی جاتی ہی اور تشبیہ کردی جاتی ہی کہ یہ فہمایش کے طور پر ہی فافہم۔ اور **شیخ ابو یعقوب سوسی** رح نے فرمایا کہ محبت کی حقیقت یہ ہی کہ بندہ اپنے پروردگار سے اپنا حصہ بھول جاوے اور اسکی طرف اپنی حاجتین فراموش کرے **قال المترجم** یہ مطلب ہی کہ صرف حق عزوجل کی خواہش ہو اور خودی و اپنی حاجات سب فراموش ہون کیونکہ اپنی حاجات یاد رہنے کی صورت مین یہ لگا ہوگا فافہم **شیخ واسطی** رحمہ اللہ نے فرمایا کہ وہ محبت صحیح[1] نہین کہ اسکے سر باطنی پر اغراض کا اثر ہو اور اسکے قلب پر شواہد کا خطرہ موجود ہو بلکہ صحیح محبت یہ ہی کہ محبوب کے مشاہدہ مین ایسا ڈوبا ہو کہ سب بھول جاوے اور اسی سے اسکے ساتھ خود فنا ہو **قال المترجم** فنا کے یہ معنے ہین کہ اپنے نفس کو اور اپنے ارادون کو اور اپنے خطرون کو زائل کرے اور ایسا ہو جاوے جیسے مردہ بدست زندہ اور غرض اسکی تحقیق **فتوح الغیب** سے بیان ہو چکی ہی فافہم۔ اور **ابن منصور** رح نے فرمایا کہ محبت کی حقیقت یہ ہی کہ تو اپنے محبوب کے ساتھ اس طرح قائم ہو کہ اپنے اوصاف کا جامہ اتار دے اور محبوب کی مرضی اوصاف کا جامہ پہن لے اور **شیخ ابو عبد الرحمن** نے فرمایا کہ مین نے **شیخ نصر آبادی** رحمہ اللہ سے سنا کہ ایک محبت تو ایسی ہی کہ خون بہانے کے موجب ہی اور ایک محبت ایسی ہی کہ جسکی تلوار سے قتل ہونے کے موجب ہی اور یہ اول سے بڑھکر ہی **قال المترجم** توضیح اس قول کی یہ ہی کہ اللہ تعالے نے فرمایا **ولیعلمن اللہ الذین صدقوا ولیعلمن الکاذبین** محبت مین سچے و جھوٹے معلوم و متمیز ہونا چاہیے پس وہ امتحان کیے گئے کہ جہاد کرین کہ بتون کے محب کیسے اور اللہ عزوجل کے محب کیسے ہین اور مقصود لائق یہ کہ نفس جو اپنی ذات کی طرف محبت سے کھینچتا ہی وہ درمیان سے رفع ہو کہ قتل ہو جاوے اسی معنے کر **شیخ شبلی** سے روایت ہی کہ اللہ تعالے جس سے محبت کرتا ہی اسکو قتل کرتا ہی کہ اسکے نفس پر اسکے حق مین غیرت ہوتی ہی اور جو اللہ تعالے کو دوست رکھتا ہی فقیر ہوتا ہی اور ابو الدرداء رض نے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قولہ تعالے **ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی** الآیہ۔ مین فرمایا کہ نیکوکاری پر اور تقوی پر اور تواضع پر اور نفس کی ذلت پر میری اتباع کرو **مترجم** کہتا ہی کہ تفسیر مین بھی یہ قول ابو الدرداء رض سے مذکور ہی واللہ اعلم۔ اور **شیخ عمرو بن عثمان مکی** سے محبت کو پوچھا گیا تو فرمایا کہ محبت کی اصل دلون مین تواضع ہی ان لطیف معانی سے جنکو محبوب سے معاینہ کرتا ہی بہ شرط تعلق اور **سہل بن عبد اللہ** سے سوال کیا گیا کہ محب کی علامت کیا ہی تو فرمایا کہ برابر اسکے زبان تو محبوب کی یاد مین ہو اور دل اسی پر فریفتہ ہو اور اسی سے مانوس ہو اور اسی سے مسرور ہو اور اسیکی حمد و شکر کرے اور اعضا سب ایسے کامون مین مشغول رہین جنکو محبوب پسند کرتا ہی اور استاد رحمہ اللہ نے کہا کہ محبت صفاے احوال کی طرف اشارہ کرتی ہی اور محبت واجب کرتی ہی کہ سر باطنی کے ساتھ محبوب کی جناب مین مشغول ہو اور محاورہ مین بولتے ہین کہ **حب البعیر** جبکہ اونٹ بیٹھ گیا اور کتنا ہی مارا جاوے جگہ سے نہین ہلتا ہی اور حب بین دو حرف ہین حا و باء پس حا اشارہ بروح ہی اور باء اشارہ جانب بدن ہی اور جو محب ہوتا ہی وہ اپنے محبوب سے کوئی چیز نہین رکھ چھوڑتا نہ قلب اور نہ بدن۔ **مترجم** کہتا ہی یعنے سب کو اسپر قربان کر دیتا ہی (عس) واضح ہو کہ اللہ عزوجل نے راہ مستقیم دیکھنے کے جو امور توطیہ کے طور پر ضروری تھے

[1] یعنے خالص نہین ہوتی اور نہ بھی ایک قسم کی محبت موصوف کی ہوتی ہی ورم

نہایت بلاغت وحسن اسلوب سے بیان فرمائے کیونکہ وفد نجران کے نصاریٰ میں تاویل بیجا کا عیب تھا کہ امور متعلقہ قدرت الٰہی کو اپنی فہم میں احاطہ کر لینا چاہیئے اور عظمت و جلال الٰہی سے بے خبر کج دل تھے اور عیسیٰ علیہ السلام سے محبت بیجا طور سے رکھتے تھے اور ارسال رسول و انزال کتب اور امور تقدیر و تمام قدرت حق و اصل اسلام و جزائے معاد و فنائے دنیا کے اعتقاد سے گویا خالی تھے اور فرقہ یہود میں باوجود اسکے طمع دنیا اور قساوت قلب و فجور ناکارہ بھی تھا اور مشرکین عرب دین اسلام ہی سے واقف نہ تھے انکا ڈھنگ مثل فرعون کے تھا پس اللہ عزوجل نے یہانتک ان سب امور کو بیان فرما کر آگے بندوں و رسولوں کی اصطفائیت اور سید الرسل عیسیٰ علیہ السلام کو بیان فرمایا کہ اس سے اہل انصاف کے سب شبہہ رفع اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تصدیق کو متضمن ہے سوائے ایسے لوگوں کے جو محض حسد و لجاجت سے نہ مانیں جیسے یہود

پھر انکی مذمت بیان ہوئی ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰٓى اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ۝ ذُرِّيَّةًۢ بَعْضُهَا

اللہ نے پسند کر لیا آدم کو اور نوح کو اور ابراہیم کے گھرانے کو اور عمران کے گھرانے کو سارے جہان سے کہ اولاد تھی ایک

مِنْۢ بَعْضٍ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝

دوسرے کی اور اللہ سنتا جانتا ہے

إِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى۔ اختار۔ اللہ تعالےٰ نے پسند کیا چھانٹ لیا۔ اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ اِبْرٰهِيْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ۔ یعنی انفسہما۔ یعنے خود ابراہیم و عمران کو۔ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ۔ بجعل الانبیاء من نسلہم۔ یعنے سارے جہان سے انکو چھانٹا بایں معنے کہ انھیں کی نسل سے انبیا کیے۔ بَعْضُهَا مِنْ۔ ولد۔ بَعْضٍ۔ منہم۔ یعنے بعض اس ورثہ کے تھے اولاد بعض تین سے حاصل آنکہ یہ نسل بعض ایک دوسرے کی اولاد تھے۔ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ۔ اور اللہ تعالےٰ ہر ایک کی بات سنتا اور ہر ایک کی نیت جانتا ہے۔ ف اصطفاء از صفوۃ بمعنے خالص چیز سے اور مراد چھانٹ لینا پس انکو نبوت کے واسطے چھانٹا تمام عالموں سے اور معنے یہ کہ ہر ایک اپنے زمانہ کے اہل عالم سے افضل تھا کما قالہ الزجاج اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم علی العموم سب سے افضل ہیں۔ اور بعض جاہلوں نے اعتقاد کیا کہ آدم ابو البشر تھے نبی نہیں تھے اور یہ زعم باطل بلکہ کفر ہے اور یہی آیت کریمہ اس پر حجت ہے اور صحیح ابن حبان کی حدیث ابو ذر میں ہے کہ وہ نبی مکلم تھے یعنے ایسے نبی تھے کہ اللہ تعالےٰ نے انسے کلام فرمایا تھا اور عمر آدم علیہ السلام کی نو سو ساٹھ برس ہوئی کیونکہ چالیس برس انھوں نے داؤد علیہ السلام کو دیے تھے جنکی عمر فقط ساٹھ برس کی تھی اور بعض اخبار میں آیا ہے کہ جب آدم علیہ السلام نے انکار کیا کہ چالیس برس دیے ہوں تو اللہ تعالےٰ نے حجت تمام کرنے کے بعد آدم علیہ السلام کے ہزار برس اور داؤد علیہ السلام کے سو برس پورے کر دیے رواہ احمد من حدیث علی بن زید بن جدعان عن یوسف بن مہران عن ابن عباس مرفوعا اور ایسا ہی ابن ابی حاتم نے روایت کیا اور احادیث علی بن زید بن جدعان میں نکارت ہے ورواہ الحاکم من حدیث الحارث بن عبد الرحمن بن ابی ذئاب عن سعید المقبری عن ابی ہریرہ نحوہ مرفوعا۔ ومن حدیث داؤد بن ابی ہند عن الشعبی عنہ ومن طریق محمد بن عمرو عن ابی سلمہ عنہ ومن حدیث تمام بن سعد عن زید بن اسلم عن ابی صالح عنہ۔ پس حدیث نازل از درجہ حسن ہوگی واللہ اعلم۔ اور نوح نبی معروف ہیں اور یہ نام محققین کے نزدیک عجمی ہے اور بعض نے کہا کہ کثرت نوح کے سبب نوح کہلائے اور عمر انکی ساڑھے نو سو برس کی ہوئی اور ابن الجوزی نے ابو سلیمان دمشقی سے نقل کیا کہ نام انکا سکن ہے اور وہ نسل ادریس علیہ السلام سے ہیں کہ نوح بن لمک بن متوشلخ بن اخنوخ یعنے ادریس ہیں۔ قولہ آل ابراہیم و آل عمران بعض نے کہا ہے خود ابراہیم و خود عمران کو اور بعض نے انکی اولاد کو مراد لیا اور مفسرین نے اول کو اختیار کیا ہے اور عمر ابراہیم علیہ السلام کی ایک سو پچھتر

برس کی تھی اور انسے دو شاخین ایک انکے فرزند اسحٰق علیہ السلام سے کہ انمین ملک و نبوت تا زمانہ عیسیٰ علیہ السلام رہی اور دوم از فرزند اسمٰعیل کہ وہ نبی تھے اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اس شاخ مین افضل الانبیاء و خاتم النبیین ہوے۔ اور عمران دو ہین ایک والد موسیٰ و ہارون اور وہ عمران بن یصہر بن قاہث بن لاوی بن یعقوب ہین اور دوم مریم علیہا السلام کے والد عمران بن ماثان از نسل یہوذا بن یعقوب علیہم السلام ہین اور محمد بن اسحٰق نے کہا کہ وہ عمران بن یاشم بن میشا بن خرقیا بن ابراہیم بن عزایا بن ناوش بن آجر بن یہوداب بن نازم بن مقاسط بن ایشا بن ایاز بن رخیعم بن سلیمان بن داؤد علیہ السلام پس عیسیٰ علیہ السلام بھی از اولاد ابراہیم ہین ذکرہ ابن کثیر۔ اور ان دونون عمران کے درمیان ایک ہزار آٹھ سو برس کا فرق ہی اور مابعد کے سیاق سے ظاہر ہوتا ہی کہ عمران بن ماثان یعنے والد مریم مراد ہین اور یہ تو طیہ ذکر عیسیٰ علیہ السلام ہی۔ قولہ ذریۃ بعضہا من بعض۔ مفسر نے بعض از نسل بعض لیا اور قتادہ سے روایت ہی کہ توحید و اخلاص و نیت و عمل ہین یعنے ایمان و تقوی کی راہ سے باہم ایک سے دوسرے پیدا ہوے ہین اس قول پر دین و نسل دونون جمع ہو سکتے ہین اور ابن عباس رض سے روایت ہی کہ وہ مومنین از آل ابراہیم و آل عمران و آل یاسین و آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین اخرجہ ابن جریر اور نصب اسکو بنا بر آنکہ بدل از آدم یا نوح ہی کما فی التبیان للعکبری و ذریۃ ہین واحد و جمع و تذکیر و تانیث یکسان ہی۔ یا بدل از آل ابراہیم و آل عمران ہی کما قال الزمخشری قولہ واللہ سمیع علیم جانتا ہی جو برگزیدہ کرنے کے لائق ہی اور سنتا ہی قول عورت عمران کا اور جانتا ہی اسکی نیت کو جیسا کہ آگے کی آیت مین آتا ہی پس یہ فاصلہ نہایت موزون واقع ہوا ہی اگرچہ سب فواصل نہایت خوب ہین فائدہ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے ان اللہ اصطفی آدم ونوحا الآیہ۔ اللہ تعالے نے آدم کو مخلوق پیدا کرنے سے پہلے ازل الازل مین علم صفات اور کشف جمال ذات سے برگزیدہ کیا پھر جب آدم کی روح پیدا کرنی چاہی تو اپنے جمال سے اپنے جلال کی طرف اور اپنے جلال سے جمال کی طرف نظر فرمائی پس دونون نظر کے درمیان روح آدم ظاہر ہوئی پس اسکو صفت خاص کے ساتھ پیدا کیا اور اسکے قلب مین روح پھونکی وہ علم صفات ہی بفعل خاص جو متعلق بذات ہی اور نیز اسکی صورت کو بھی بصفت خاص پیدا کیا اور اسمین روح اول اور روح ثانی پھونکی چنانچہ اسکی روح کا وصف فرمایا ونفخت فیہ من روحی اور اسکی صورت کا وصف فرمایا کہ خلقت بیدی۔ پس وہ ان صفات کی وجہ سے ملائکہ کرام پر رہ سے سبقت لے گئے یعنے افضل فرشتون سے افضل ہوے اور آدم کو اپنی خلافت کی خلعت پہنائی اور اسی تخصیص کی وجہ سے ملائکہ کو آدم کے سجدے کا حکم دیا اور یہ آدم کے حق مین فرشتون کے اکابر پر کرامت و تشریف و تفضیل تھی۔ اور فرمایا کہ انی جاعل فی الارض خلیفہ۔ اور فرمایا۔ اسجدوا لآدم۔ صفات ازلی مین حدوث کو کچھ اثر نہین ہوتا ہی بلکہ آدم کے واسطے برگزیدگی اس صفت سے سابق ہو چکی تھی یعنے آدم علیہ السلام کچھ اسوجہ سے برگزیدہ نہین ہوے کہ انھون نے طاعت الٰہی عزوجل مین خوب قیام کیا کیونکہ طاعت تو بعد پیدائش کے حادث ہوئی اور اللہ تعالے نے ازل سے برگزیدہ کر کے پیدا فرمایا اور نیز اللہ تعالے نے ان بزرگ بندون کو اپنے خلق سے اپنے واسطے برگزیدہ کیا کہ انسے خطاب واقع ہو اور نقاب جمال و جلال انکو کشف کیا جاوے کیونکہ انمین یہ استعداد تھی کہ امانت کے بوجھ اوٹھاوین اور ازل کے نا پیدا کنار دریا مین غوطہ لگاوین اور وحدانیت کے وسیع میدان مین چلین اور اسکی محبت مین پرواز کرین تاکہ اسکی احدیت و جمال سرمدی کشف ہو۔ اور نوح و آل ابراہیم مین اشارہ یہ ہی کہ برگزیدہ کرنا محبت ازلی پر ہی یہان دنیا کے نسب سے جو پیدا ہو گئے ہین اس نسب کی بنیاد پر نہین ہی جیسا کہ استاد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ آدم اور انکی تمام ذریت ایک طبقہ پر متفق ہین اور برگزیدہ کیے جانے کی خصوصیت از جانب پروردگار عزوجل ہی کسی نسب و سبب سے نہین ہی قال المترجم یہ کلام محقق ہی یہین سے معلوم ہوا کہ فرقہ گمراہ و بیضے جاہلون نے جو زعم کیا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خلافت حضرت کے مستحق حضرت علی کرم اللہ وجہہ و انکی اولاد تھی یہ انکی بیہودہ

ہی اسمین نسب کو دخل نہین ہی اور نہ دیگر قرب و منزلت مین اس نسب کو دخل ہی اور اہل البیت رضوان اللہ علیہم اجمعین اپنی کرامت ذاتی و طہارت نسبی مین سرفراز ہین اگرچہ درجۂ نبوت نہین ہی۔ اور محققین اہل السنۃ اہل اللہ تعالے کے نزدیک تو یہ مسئلہ بہت واضح ہی اور مشکل فقط مبتدعین وجہال پر پیش آئی ہی ہذا ہم اللہ تعالے۔ اور فارس رحمہ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے انکو لوگون پر نبوت کے لیے چنا اور رسالت کے لیے خالص کر لیا پس یہ انبیاء علیہم السلام جو اسکے مخلوق کی طرف بھیجے گئے تو اللہ تعالے کے اولیاء و مطیع بندون کے لیے رحمت ہین اور اسکے دشمنون و کافرون پر حجت ہین پس یہ لوگ بندون کو اللہ کی طرف حکمت و موعظت کے ساتھ بلاتے ہین اور اطاعت کرنے والون کو بڑے ثواب سے خوشخبری دیتے اور نافرمانون کو دردناک عذاب سے ڈراتے ہین تاکہ رسولون کے بعد بندون کی کوئی حجت اللہ تعالے پر باقی نرہے کما قال لئلا یکون للناس علی اللہ حجۃ بعد الرسل سو اسطے کہ اگر وہ چاہتا تو سب کو ہدایت دیدیتا چنانچہ فرمایا ولو شاء لہدکم اجمعین۔ اور واسطی رحمہ نے فرمایا کہ ان بندون کو ولایت ازلی کے لیے برگزیدہ کیا اور اپنی نزدیکی کے واسطے انکو بنایا اور اپنی محبت کے لیے مقدس کر دیا۔ اور نیز کہا کہ آدم کو ازل مین قبل وجود آدم کے برگزیدہ کیا وہ اپنے مخلوق کو جانتا ہی کہ آدم کی نافرمانی کرنا اسکے برگزیدہ ہونے مین کچھ موثر نہوگی اسواسطے کہ برگزیدہ ہونا تو علم ازلی مین سابق ہو چکا تھا باوجودیکہ حق عزوجل کو معلوم تھا کہ جو آدم سے ظاہر ہوگا۔ اور نیز کہا کہ اللہ تعالے نے انبیا کو اپنے مشاہدہ کے لیے اور اپنی درگاہ مین نزدیکے دینے کے لیے برگزیدہ کیا اور مومنون کو مطالعہ و تہذیب کے لیے چھانٹ لیا اور انمین سے عالم کو اپنی خطاب کی ترتیب و فہم کے واسطے برگزیدہ کیا۔ اور نصر آبادی نے فرمایا کہ جب تو نے آدم پر آدم کی صفت سے نظر ڈالی تو دیکھا کہ فرماتا ہی وعصی آدم ربہ۔ نافرمانی کی آدم نے اپنے پروردگار کی۔ اور جب تو نے آدم پر بصفت حق عزوجل نظر ڈالی تو دیکھا کہ فرماتا ہی ان اللہ اصطفی آدم۔ پھر نافرمانی کرنا برگزیدہ ہونے مین کیا اثر کر سکتا ہی۔ اور واسطی رحمہ نے کہا کہ برگزیدہ کرنا تو حق عزوجل کے ساتھ قائم ہی اور مصیبت ہونا بشریت کا اظہار ہی اور توبہ عجیب چیز ہی کہ آدم نے خود ہی اپنے نفس کی طرف ندامت سے رجوع کیا۔

اِذْ قَالَتِ امْرَأَةُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّكَ

جب بولی جورو عمران کی اے رب مین نے تیرے نذر کیا جو کچھ میرے پیٹ مین ہی آزاد سو تو مجھسے قبول کر تو ہی

اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّیْ وَضَعْتُهَا اُنْثٰی ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

اصل سننے والا جاننے والا ہی پھر جب اسکو جنی بولی کہ اے رب مین یہ لڑکی جنی اور اللہ کو بہتر معلوم ہی جو کچھ

وَضَعَتْ ؕ وَلَیْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰی ۚ وَاِنِّیْ سَمَّیْتُهَا مَرْیَمَ وَاِنِّیْ اُعِیْذُهَا بِكَ وَذُرِّیَّتَهَا

جنی اور بیٹا نہو جیسے وہ بیٹی اور مین نے اسکا نام رکھا مریم اور مین تیری پناہ مین دیتی ہون اسکو اور اسکی اولاد کو

مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

شیطان مردود سے

اذکر۔ اِذْ قَالَتِ ۔ یعنے ظرف منصوب بفعل مقدر ای اذکر ہی کما قال محمد بن یزید۔ اور ابو عمرو نے کہا کہ اذ زائدہ ہی اور زجاج نے کہا کہ اصطفی سے متعلق ہی اور بعض نے کہا کہ سمیع علیم کے متعلق ہی۔ اِمْرَأَةُ عِمْرَانَ ۔ حنہ لما استدت و اشتاقت للولد فدعت اللہ و احست بالحمل دعا رَبِّ ۔ یعنے عمران کی جورو نے جسکا نام حنہ تھا جبکہ وہ بڑے سن کی ہو گئی اور فرزند کی مشتاق ہوئی پس اللہ سے دعا کی اور حمل محسوس ہوا تو کہنے لگی اے رب میرے۔ اِنِّیْ نَذَرْتُ ۔ ان اجعل۔ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ ۔ مین نے نذر کی کہ قرار دیدون تیرے واسطے

جو کچھ میرے پیٹ میں ہی۔ یعنے بچہ۔ اور بعض نے کہا کہ۔ لک ای لسیاحتک بتیری پرستش کے لیے۔ مُحَرَّرًا۔ عتیقاً خالصاً من شواغل الدنیا لخدمۃ بیتک المقدس۔ درحالیکہ وہ بچہ آزاد کیا ہوا ہو دنیا کے شغل سے خالص ہو تیرے بیت المقدس کی خدمت کے لیے۔ فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ للدعاء۔ پس تو میری جانب سے قبول کر لے۔ تو ہی سمیع ہی یعنے دعا کا سننے والا۔ علیم ہی یعنے نیت کا جاننے والا ہی۔ وہاں عمران وہی حامل پھر عمران نے وفات پائی اس حال میں کہ حنہ پیٹ سے تھیں۔ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا۔ ولدتہا جاریۃ وکانت ترجو ان یکون غلاماً فلم یکن بحیرا الا الغلمان۔ پھر جب جنی اسکو لڑکی اور حال یہ کہ اسکو امید لگی تھی کہ لڑکا ہوگا کیونکہ لڑکے ہی محرر کیے جاتے تھے۔ کیونکہ لڑکی بوجہ حیض وغیرہ کے بیت المقدس کی خادمہ نہیں ہو سکتی ہی۔ قَالَتْ۔ معتذرۃ۔ یا۔ رَبِّ۔ بولی عذر کرتی ہوئی کہ ای رب میرے۔ اِنِّيْ وَضَعْتُهَا اُنْثٰى۔ میں تو اس پیٹ میں دختر جنی ہوں۔ ف اب میں کیونکر نذر پوری کروں۔ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ۔ ای عالم۔ یعنے اسم تفضیل بمعنے فاعل ہی۔ بِمَا وَضَعَتْ۔ اور اللہ تعالے جانتا ہی جو وہ جنی۔ جملہ اعتراض من کلام اللہ تعالے۔ وفی قراءۃ بضم التاء۔ یہ جملہ معترضہ از کلام باری تعالے ہی اور یہی قرارۃ جمہور ہی اور ابن عامر وشعبہ کی قرارۃ وضعت بصیغۃ متکلم ہی پس بنجملہ کلام حنہ سے ہوگا جو اپنے دل کی تسکین کے لیے کہا ہی۔ وَلَيْسَ الذَّكَرُ۔ الذی طلبت۔ كَالْاُنْثٰى۔ التی وہبت یعنے لام عہد کا ہی یعنے نہیں مذکروہ کہ حنہ نے مانگا تھا۔ محرر کرنے کو مانند اس مونث کے جو اسکو دی گئی یعنے لڑکا و لڑکی برابر نہیں ہی۔ اور مفسر نے کہا لانہ یقصد للخدمۃ وہی لا تصلح لہا لضعفہا وعورتہا وما یعتریہا من الحیض ونحوہ۔ کیونکہ مذکر تو خدمت مسجد کے لیے مقصود ہوتا ہی اور مونث اس خدمت کے لیے لائق نہیں کیونکہ اسکی خلقت ضعیف ہوتی ہی اور پردہ دار ہوتی ہی اور اسپر حیض وغیرہ طاری ہوتا ہی اور بعض نے لام اول جنس کے لیے اور ثانی عہد کے لیے قرار دیا تو معنے یہ ہونگے کہ لڑکا اس لڑکی کی برابر ہی نہیں کر سکتا یعنے لڑکوں سے یہ لڑکی اچھی۔ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ۔ اور میں نے مریم اسکا نام رکھا۔ وَاِنِّيْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا۔ اولادہا۔ اور میں تیری پناہ میں دیتی ہوں اس لڑکی کو اور اسکی اولاد کو مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ المطرود۔ شیطان رجیم یعنے مطرود سے۔ ف یعنے شیطان کے شر سے اسکو اسکی اولاد کو تیری ہی پناہ میں دیتی ہوں۔ وفی الحدیث ما من مولود یولد الا مسہ الشیطان حین یولد فیستہل صارخا الا مریم وابنہا رواہ الشیخان۔ اور حدیث میں ہی کہ نہیں کوئی مولود جو پیدا ہوتا ہی مگر آنکہ چھو لیتا ہی اسکو شیطان جسدم پیدا ہوتا ہی پس وہ چیخ کرتا ہی سوائے مریم واسکے فرزند کے رواہ البخاری ومسلم۔ ف یہاں سے اللہ عزوجل نے اس گذشتہ حال کی خبر دی جو مریم اور عیسی علیہ السلام کی پیدائش میں واقع ہوا اور اللہ تعالے نے ان دونوں بندوں کو پیدا کیا ہی پس مریم بنت عمران بن ماثان ہیں اور یہ عمران وہ نہیں جو موسی علیہ السلام کے باپ تھے اگرچہ اتفاق سے مریم کے بھائی کا نام بھی ہارون تھا۔ جیسا کہ قولہ یا اخت ہارون ما کان ابوک الآیہ۔ سے معلوم ہوتا ہی اور اسی آیت کی تفسیر میں انشاء اللہ تعالے آویگا۔ قولہ اذ قالت امرأۃ عمران رب انی نذرت لک ما فی بطنی محررا فتقبل منی۔ یہ عمران کی جورو حضرت مریم کی ماں ہیں نام انکا حنہ بنت فاقوذ ہی اور انکی بہن ایشا بنت فاقوذ حضرت زکریا کی جورو تھیں اسی سے عیسیٰ ویحیی دونوں خالہ زاد بھائی ہیں اور زکریا نبی تھے اگر عمران نبی نہ تھے ولیکن اللہ تعالے کی طرف سے خاندان کرامت میں سے تھے اور محمد بن اسحق وغیرہ نے روایت کیا ہی کہ حنہ بنت فاقوذ بانجھ تھیں ایک روز انھوں نے ایک پرند کو دیکھا کہ اپنے بچہ کو دانہ بھراتا ہی تو انکو بھی بچہ کی خواہش ہوئی پس اللہ تعالے سے دعا کی کہ مجھے فرزند عطا ہو اور اللہ تعالے نے انکی دعا قبول کی اور وہ حاملہ ہوئیں پس جب حمل متحقق ہوا تو اللہ تعالے سے نذر مانی کہ انی نذرت لک ما فی بطنی محررا۔ یعنے خالص فارغ خدمت بیت المقدس کے واسطے نذر کیا کہ اسکا مجاور رہے پس جو پیٹ میں تھا وہ محرر کیا

اور یہ نجانا کہ لڑکا ہی یا لڑکی ہی پس مشتبہ ہونے اس سے کہا کہ تیری خرابی ہو تو نے کیا کیا بھلا اگر تیرے پیٹ مین لڑکی ہو کہ اسکی لیاقت نہین رکھتی پس دونون کو ملال ہو گیا اور محمد بن اسحاق وغیرہ نے ذکر کیا ہی کہ جب کوئی لڑکا محرر کیا جاتا تو وہ کنیسہ مین رہتا اور وہان کے کام کرتا جھاڑو دیتا اور خدمت کرتا اور وہان سے کہین نہ جاتا یہانتک کہ وہ بالغ ہوتا پھر اسکو اختیار دیا جاتا کہ چاہے وہین رہے یا جہان اسکا جی چاہے جاوے پھر اگر رہا تو بعد اسکے اگر اسنے نکلنا چاہا تو اسکو ایسا کرنے کا اختیار نہ تھا اور انکے انبیاء و علماء مین سے کوئی ایسا نہ تھا کہ اسکی نسل مین سے بیت المقدس کے واسطے محرر نہو اور فقط لڑکے ہی محرر ہوتے تھے اور لڑکیان اسکی لیاقت نہین رکھتی تھین کیونکہ لڑکیون کو حیض وغیرہ پلیدی پہونچتی ہی اور ذکر کیا گیا ہی کہ انکے عہد مین ایسی نذر زینہ اولاد کے حق مین جائز تھی اور نذر شرع مین اس امر کو کہتے ہین جو آدمی اپنے اوپر واجب کر لے پس اگر کسی گناہ کا جائز کو اپنے اوپر واجب کیا تو وہ نذر ہی نہین یا اسکا ادا کرنا واجب ہی اور اگر ایسے امر کی نذر کی جو شرع مین جائز ہی تو نذر سے اسکا ادا کرنا واجب ہی اور محرر آزاد اور تحریر آزاد خالص کرنا میل سے اسی سے غلام آزاد کیے ہوے کو محرر کہتے ہین اور ہماری شریعت مین اولاد کو اسطرح محرر کرنا روا نہین ہی اور انکی شریعت مین جاری تھا لہذا مریم کی والدہ نے نذر کی کہ ما فی بطنی محررا اور زندہ کا قضا و مقدر کو رد نہین کرتا جیسا کہ صحیح مسلم کی حدیث مین صریح ہی اور اس نظر سے تمہید و ثواب ظاہر ہوتا ہی۔ اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے نے مریم کی والدہ کا نام نہین ذکر فرمایا بلکہ امرأۃ عمران کہا اور مریم کا نام صریح ذکر کیا ہی اسیطرح حضرت ابراہیم کی عورو کا نام نہین ذکر کیا اسمین کیا بات ہی تو جواب دیا گیا کہ اللہ تعالے نے سوائے مریم کے کسی کا نام نہین ذکر فرمایا کیونکہ بدون ضرورت کے عورتون کے نام لینا خلاف اخلاق ہی خصوصی ایسے کلام بلیغ مین جو جامع فنون فصاحت و بلاغت ہی رہا مریم کا نام تو بعض علماء نے ایک لطیف نکتہ بیان کیا ہی کہ چونکہ مرد کریم و شریف کسی مجلس مین اپنی عورو کا نام نہین لیتا اور ذکر کرنا پسند نہین کرتا ہی بلکہ غضبناک ہو جاتا ہی اور کفار نصاری نے حضرت مریم علیہا السلام کی نسبت المسیح تک کہی کہ اسکے ذکر سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہین اور حضرت عیسی علیہ السلام کو خدا کا بیٹا کہا سبحانہ تعالے عما یشرکون۔ پس اللہ عزوجل نے ان لوگون کے دفع وہم کو مصرح مریم کا نام ذکر کیا اور بیان فرمایا کہ جیسے مرد سب اللہ تعالے کے غلام و مخلوق بندے ہین ویسے ہی مریم بھی عورتون کے مانند اللہ تعالے کی مخلوق بندی لونڈی ہی۔ قولہ فلما وضعتہا۔ ای ولدتہا جاریۃ اور ضمیر ہا کی ما موصولہ کیطرف ہی جو ما فی بطنی مین ہی اور ضمیر مؤنث بر عایت معنے ہی کیونکہ ما فی بطنہا تو علم الٰہی مین مؤنث تھی یا اس تاویل پر کہ ما موصولہ سے نفس فی بطنی یا نسمۃ فی بطنی ضرور مراد ہی پس وضعتہا کی ضمیر نفس یا نسمہ کیطرف راجع ہی۔ قولہ قالت رب انی وضعتہا انثی۔ اگر کہا جاوے کہ انثی حال واقع ہی ضمیر منصوب سے پس کلام گویا یہ ہوا کہ رب انی وضعت الانثی انثی۔ تو جواب دیا گیا کہ بنابر تاویل نفس یا نسمہ کے صحت ظاہر ہی کہ یہ معنے ہوے وضعت تلک النسمۃ انثی۔ یا تلک النفس انثی اور بنابر رعایت معنوی کے چونکہ حال و ذی الحال بالذات واحد ہوتے ہین لہذا ذو الحال کو بھی بر عایت حال کے مونث فرمایا۔ قولہ وانی سمیتہا مریم۔ انکی زبان مین مریم کے معنے عابدہ ہین پس غرض بیان سے درخواست ہی کہ اسکو اسم با مسمی کرے اسکو اس ادب سے بیان کیا اور اس سے ظاہر ہی کہ اسم اور تسمیہ سب امور جداگانہ ہین۔ قولہ وانی اعیذہا بک وذریتہا من الشیطان الرجیم۔ ای مین نے اس لڑکی کو اللہ تعالے کی پناہ مین دیا شیطان مردود کے شر سے اور اسکی ذریۃ کو اور وہ عیسی علیہ السلام ہین اللہ تعالے کی پناہ مین دیا شیطان کے شر سے اور تشریح ابن کثیر نے کہا کہ اللہ تعالے نے اسکی یہ دعا قبول کی جیسا کہ ابوہریرہ رضی سے مرفوعا روایت ہی کہ کوئی مولود نہین مگر آنکہ شیطان اسکو مس کرتا ہی جب وہ پیدا ہوتا ہی پس چیخ کر روتا ہی اسکی مس سے سوائے مریم اور اسکے فرزند کے پھر ابوہریرہ نے کہا کہ پڑھو تمہارا جی چاہے وانی اعیذہا بک وذریتہا من الشیطان الرجیم۔ اخرجہ البخاری و مسلم من حدیث عبد الرزاق و من حدیث ابن جریج نحوہ اور حدیث قیس عن الاعمش عن ابی صالح

عن ابی ہریرۃ میں آیت کا پڑھنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک سے مذکور ہے اور یہاں اشکال وارد کیا گیا جسکا حاصل یہ ہے کہ حضرت مریم کی والدہ نے وضع و نام رکھنے کے بعد اسطرح پناہ کی دعا کی پس اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ مریم کی ولادت کے وقت طعن شیطان واقع ہوا ہو پس اس آیہ کریمہ کی تلافی حدیث سے نہیں ہوتی ہے ذکرہ الجمل فی حاشیتہ اور جواب ممکن ہے کہ مس شیطان بچوں کے واسطے اوقات مختلفہ میں واقع ہوتا ہے وقت ولادت کے اور بعد اسکے اور مریم علیہا السلام کے حق میں شاید کہ بتقدیر آسکی اول ہی سے واقع نہوا اگرچہ انکی ماں نے پیچھے دعا کی ہو اور یہی امر باعث بر ین دعا ہوا ہو اور شاید کہ بعد اس دعا کے جملہ مس شیطان سے پناہ ہو گئی ہو اگرچہ وقت ولادت کے نخس شیطان ہوا ہو اور عیسیٰ علیہ السلام میں وقت ولادت بھی نہیں ہوا کہ دعا قبل سے مقبول ہو گئی تھی چنانچہ بخاری کی دوسری روایت ابوہریرہؓ میں مرفوعا ہے کہ ہر بنی آدم کے دونوں پہلو میں شیطان اپنی دو انگلیوں سے مارتا ہے سوائے عیسیٰ بن مریم کے کہ مارنے گیا تھا مگر اسنے حجاب میں مارا یعنے جس جھلی کے اندر بچہ ہوتا ہے پس اس حدیث میں فقط عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر ہے اور زمخشری وغیرہ معتزلہ نے اس حدیث سے اس وہم پر انکار کیا کہ مس شیطان یعنے اغوا دھوکا نا یہ بدون سن تمیز و بلوغ کے نہیں ہوتا ہے پس وقت ولادت کے اغوا کے کچھ معنے نہیں ہیں اور بیضاوی نے یہ جواب دیا کہ مس شیطان سے طمع اغوا مراد ہے یعنے ہر مولود کے پیدا ہونے پر شیطان کو اسکے اغوا کی طمع ہوتی ہے اور یہ جواب بنا فاسد پر فاسد ہے گویا بیضاوی رح نے مان لیا کہ زمخشری کا یہ دعوی ٹھیک ہے کہ شیطان کا چھونا یعنے اغوا ہے اور حلیمی رح نے جواب دیا کہ عیسیٰ و انکی ماں کی خصوصیت اس فضیلت میں سوائے دیگر انبیا کے اسوجہ سے ہو سکتی ہے کہ روا ہے کہ شیطان دیگر انبیا کو مس کرے باوجودیکہ وہ لوگ اغوا سے معصوم ہیں اور یہ شبہہ نہیں کر سکتا یہ جواب بھی مانند جواب بیضاوی کے بنا فاسد بر فاسد ہے یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ مس کے معنے اغوا ہیں بلکہ مس کے یہی معنے ظاہری یعنے چھونا ہیں چنانچہ علامہ تفتازانی رح نے کہا کہ یہ روا ہے کہ شیطان بچہ کو وقت اسکی ولادت کے چھوے اسطرح کہ وہ چیخے جیسے کہ دیکھا و سنا جاتا ہے اور یہ مس بقصد اغوا نہیں ہے تاکہ یہ کہا جاوے کہ مولود کی ولادت کے وقت یہ متصور نہیں ہے اور یہی کلام تحقیق ہے پھر رہا یہ امر کہ سوائے مریم و عیسیٰ علیہ السلام کے جو کلیہ سے مستثنیٰ ہیں باقی سب کے حق میں یہ حکم عام ہے حتی کہ دیگر انبیا علیہم السلام پر عیسیٰ مریم کو اس امر جزوی میں فضیلت ہے یا بعد اس استثنا کے بھی کلیہ میں سے تخصیص ہے پس اول تو ظاہر حدیث ہے ولیکن اسپر وارد ہوتا ہے کہ مفصل قصہ ولادت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم میں آپ کا رونا وغیرہ مذکور نہیں الا آنکہ کہا جاوے کہ مس شیطان کے واسطے رونا بطور لازم نہیں ہے پس جائز ہے کہ مس شیطان ہوا اور رونا واقع نہوا اور رد کیا گیا کہ فیستہل صارخا من مسہ کی تفریع و تعلیل اسوقت درست نہیں ہو سکتی اور نہ اسکے مس کا کوئی نتیجہ ہے جو مذکور ہو سوائے اسکے خافہم اور عینی نے عیاض رح سے نقل کیا کہ تمام انبیا اس میں عیسیٰ علیہ السلام کے شریک ہیں پس کلیہ مذکورہ سے ماسوائے انبیا کے دیگر بنی آدم باقی مراد ہونگے اور دعاے مادر مریم کا اثر اظہر یہ ہے کہ مریم ہوگا انہو اسطے کہ عیسیٰ علیہ السلام تو نبوت کی وجہ سے اس سے بچے ہوئے تھے اگرچہ مادر مریم کو معلوم نہ تھا جبکہ انھوں نے دعا کی کہ مریم کے بطن سے نبی پیدا ہوگا جو مس شیطان سے محفوظ ہوگا مثل انبیا کے محفوظ ہوتے ہیں اور قرطبی رح نے کہا کہ یہی قول مجاہد رحمہ اللہ کا ہے مترجم کہتا ہے کہ یہی احق و اصح ہے پھر اگر یہی ثابت ہو کہ یہ امر مخصوص بحضرت عیسیٰ و مریم تھا تو اسمیں دلیل ہوگی کہ سوائے انبیا علیہم السلام کے دیگر افراد بنی آدم میں سے بعض میں کوئی ایسی ادنی سی بات فضیلت کی ہوتی ہے جو انبیا علیہم السلام میں نہیں ہوتی ہے اگرچہ فضل کلی انبیا علیہم السلام کو ہے کیونکہ مریم کچھ نبی نہ تھیں اور انکو یہ فضیلت جزوی تھی تامل اور قولہ انی سمیتہا مریم میں دلیل ہے کہ پیدا ہونے کے روز نام رکھنا شرع سابق میں بھی تھا جیسے ہماری شرع میں ہے چنانچہ نبی صلعم نے فرمایا کہ رات میرا بیٹا پیدا ہوا میں نے اپنے جد اعلی کے نام پر اسکا

نام ابراہیم رکھا رواہ البخاری ومسلم اور نیز ایک نے کہا کہ رات میرا فرزند پیدا ہوا میں اسکا کیا نام رکھوں آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ عبد الرحمن نام رکھ رواہ البخاری پس سمرہ بن جندب رض سے جو روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لڑکا اپنے عقیقہ میں رہن رہتا ہی اسکے پیدا ہونے کے ساتوین دن اسکی طرف سے ذبح کیا جاوے اور اسکا نام رکھا جاوے اور اسکا سر منڈایا جاوے رواہ احمد واہل السنن و صحیح الترمذی پس اس روایت کے یہ معنے لیے جاوین کہ اسکی طرف سے ذبح کیا جاوے اور اسکا جو نام ہی لیا جاوے یعنے یون کہا جاوے کہ میں اپنے فلانے فرزند کی طرف سے اللہ تعالے کے واسطے قربانی کرتا ہون تو سب روایتون مین موافقت ظاہر ہی یا یہ مراد ہو کہ تا خیر تا روز ہفتم جایز ہی فافہم واللہ اعلم **فائدہ قال الشیخ فی العرائس** قولہ تعالے انی نذرت لک ما فی بطنی محررا۔ مترجم کہتا ہی کہ محرر یعنے آزاد ہی مقابل رقیق یعنے بندہ وغلام وبردہ جیسے حریت مقابل رقیت ہی قال الشیخ قولہ محررا ای حرا زرق نفس یعنے اپنے نفس کا بندہ ہونے سے آزاد اور مس شیطان سے پاک اور ماسوائے حق عزوجل کے سب سے صاف فقط اللہ تعالے ہی کے واسطے مخصوص اور اسکی محبت مین اخلاص والا اور اسکی بندگی مین سچا۔ اور نیز۔ تیری خدمت مین مشغول تیرے مشاہدہ کے مقام مین آزاد تا کہ تیرے ہی واسطے خالص ہو اور حفظ ربوبیت کو پورا کرے۔ اور نیز۔ آزاد تیری بندگی مین تیری ہی محبت کے ساتھ کہ جنت ودوزخ کی مشغول سے الگ ہو تا کہ تیری عبادت تیرے ہی لیے ادا کرے تیرے سوائے ہر چیز کی طرف التفات کرنے سے الگ ہو اور نیز مادر مریم کے اسرار باطن نے یقین کیا تھا کہ لڑکی ہوگی اگرچہ خود نفس عقل سے اسکو معلوم نہین کیا تھا کیونکہ اسکو سوائے حق عزوجل کے کوئی نہین جانتا ہی پس کہا کہ مین نے تیرے واسطے اسکو آزاد کر دیا کیونکہ وہ تیرے کلمہ عیسی علیہ السلام کے وجود کی جگہ ہی اور سزاوار نہین کہ جو آزاد سے حامل ہو وہ خود آزاد نہو بلکہ اسکو بھی آزاد ہی ہونا چاہیے ہی اور استاد رح نے فرمایا کہ حر وہ ہی جو مخلوقات مین سے کسی کے رق مین نہو اسکو حق عزوجل نے اپنے حکم ازلی سابق مین قرار دیا ہو کہ وہ تمام وجہ سے تمام احوال مین ہر طرح کی مشغولی سے آزاد ہی۔ اور جعفر رح نے فرمایا کہ محررا ای آزاد از دنیا واہل دنیا۔ اور محمد ابن علی رح نے قولہ انی نذرت لک ما فی بطنی محررا۔ کی تفسیر مین کہا ای نیز اسکو خالص ہو اور جو تیرے واسطے خالص ہوگا وہ تیرے ماسوائے سب سے آزاد ہوگا سہل بن عبد اللہ رح سے محررا۔ کے معنے پوچھے گئے تو فرمایا کہ وہ شخص جو اپنے نفس کے ارادہ اور خواہش کی پیروی سے فارغ وآزاد ہو۔

**فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ؕ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا**

پھر قبول کیا اسکو اسکے رب نے اچھی طرح کا قبول اور بڑھایا اسکو اچھی طرح بڑھانا اور سپرد کی زکریا کو جبھی وقت آیا اوس پاس

**زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ؕ قَالَتْ هُوَ مِنْ**

زکریا حجرے مین پاتا رہا پاس کچھ رزق بولا ای مریم کہان سے آیا تجکو یہ بولی یہ اللہ

**عِنْدِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝**

کے پاس سے ہی اللہ تعالے رزق دیتا ہی جسکو چاہے بے قیاس

**فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا** ای قبل مریم من امہا۔ پس مریم کو اسکی ماں سے اسکے رب نے قبول کیا۔ **بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ** ۔ اچھی قبولیت کے ساتھ۔ **وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا** ۔ انشاہا بخلق حسن فکانت تنبت فی الیوم کما ینبت المولود فی العام وانت بہا امہا الاحبار سدنۃ بیت المقدس فقالت دونکم ہذہ النذیرۃ فتنا فسوا فیہا لانہا بنت امامہم فقال زکریا انا احق بہا لان خالتہا عندی فقالوا لا حتی نقترع فانطلقوا وہم تسعۃ وعشرون الی نہر الاردن والقوا اقلامہم علی ان من ثبت قلمہ فی الماء وصعد فہو اولی بہا فثبت قلم زکریا فاخذہا وبنی لہا غرفۃ فی المسجد

یسلم لا یصعد الیہا غیرہ وکان یابتہا باکلہا وشربہا ودہنہا یجد عندہا فاکہۃ الشتاء فی الصیف وفاکہۃ الصیف فی الشتاء کما قال اللہ تعالے وکفلہا زکریا۔ ضمہا الیہ فی حضانۃ بالتشدید ونصب زکریا ممدودا وتقصر ورفعہ اللہ تعالے۔ اور بڑھایا اسکو اچھی پیدائش سے پس مریم بڑھتی ایک دن میں جیسے بچہ ایک سال میں بڑھتا ہے اور لائی مریم کو اسکی ماں ان کو اسکے پاس جو بیت المقدس کے مجاور تھے اور بولی کہ لو تم لوگ اس نذر کی ہوئی کو پس بھون نے انمیں رغبت کی کیونکہ وہ انکے امام کی لڑکی تھی پس کہا زکریا نے کہا کہ میں اسکا زیادہ حقدار ہوں کیونکہ اسکی خالہ میرے پاس ہے تو دیدے کہ نہیں بلکہ ہم سب قرعہ ڈالیں پس چلے یہ لوگ نہر اردن کی طرف اور سب اٹھائیس آدمی تھے اور بھون نے اپنا اپنا قلم ہمیں ڈالا اس شرط سے کہ جسکا قلم ٹھہر جائے پانی میں اور چڑھے تو وہ اسکی پرورش کے لیے اول ہی پس نہر اردن کا قلم ٹھہر گیا پس زکریا نے اسکو لے لیا اور مسجد میں اسکے لیے ایک غرفہ بنایا سیڑھی پر سے جانے کا کہ مریم کے پاس اس سیڑھی پر سے چڑھکر سوائے زکریا کے کوئی نہیں جاتا تھا اور زکریا مریم کے پاس مریم کا کھانا پانی اور تیل لاتے تھے پس زکریا نے مریم کے پاس جاڑوں کے میوے گرمیوں میں پائے اور گرمیوں کے میوے جاڑوں میں پائے جیسا کہ اللہ تعالے نے قصہ بیان فرمایا ہے اور کفلہا۔ بدون تشدید فار یعنی کفالت سے صیغہ ماضی معروف ہے اور وہ خفیف ہمزہ ہے اور ہمزہ یا زکریا مریم کو اپنی پرورش میں۔ اور کفیلوں کی قراءت میں تکفیل سے تشدید فار ماضی معروف ہے زکریا کو اور اب نصب ہے اور زکریا ہمزہ و بالقصر دونوں طرح ہے پس جسنے ہمزہ پڑھا اسنے نصب ظاہر کیا اور زکریا بنصب ہمزہ پڑھا اور جسنے بالقصر پڑھا تو زکریا محل نصب میں رکھا اور تکفیل کا فاعل اللہ تعالے ہے یعنے کفیل کر دیا اللہ تعالے نے مریم کا زکریا کو اور اللہ تعالے نے زکریا کو اس لڑکی مریم کے بارہ میں بعض کرامات دکھلائیں تاکہ بھون کو پہلے سے تسلیم ہے اور جب عیسیٰ بے باپ پیدا ہوں تو کوئی انکار نکرے اور منجملہ کرامات کے فرمایا۔ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ہر بار جب زکریا اس لڑکی کے پاس محراب میں آتا تو اسکے پاس رزق پاتا تھا جاڑوں میں گرمی کا میوہ اور گرمی میں جاڑے کا۔ محراب سے مراد غرفہ ہے اور وہ اشرف المجالس ہے گویا وہ بیت المقدس کے اشرف مقام میں بنا تھا۔ پھر زکریا نے یہ عجائب دیکھکر پوچھا۔ قَالَ يَا مَرْيَمُ أَنَّىٰ لَكِ هَٰذَا۔ میں این لک ندا۔ کہا اے مریم کہاں سے آیا تیرے لیے۔ قَالَتْ۔ وہی صغیرہ۔ مریم کہنے لگی حالانکہ چھوٹی تھی۔ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ۔ یعنی ہو من الجنۃ۔ یہ اللہ تعالے کے یہاں سے ہے وہ دیتا ہے جسکو چاہے بے حساب۔ إِنَّ اللَّهَ يَرْزُقُ مَنْ يَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ۔ رزقا واسعا بلا تبعۃ۔ اور یہ جسکو چاہے رزق دے۔ حساب سے یعنے فراخ روزی بدون مشقت کے عطا کرے یہ قصہ ذو وجہین ہے اور روایتیں کئی راہ پر ہیں اور حدیث میں یا صحابہ سے صریح کوئی روایت نہیں ہاں تابعین سے البتہ روایات ہیں اور ظاہر یہ ہے کہ وہ کتب و اخبار بنی اسرائیل سے ماخوذ ہیں واللہ اعلم اور آیہ کریمہ کے معنے واضح ہیں ان تفصیل روایات پر موقوف نہیں ہیں جیسا کہ ترجمہ آیہ کریمہ سے ظاہر ہیں۔ اور رہیں روایات تو ہیں اختلاف کچھ مدار وجہ ہے اول آنکہ قبول پروردگار کے معنے کیا ہیں آیا یہ ہیں کہ اسکو خدمت بیت المقدس کے واسطے قبول کیا تھا جیسے نذر کا لڑکا مقبول ہوتا تھا یا قبولیت آخرت کا اعتبار صالحیت کے ہے۔ دوم انبات حسن آیا بروجہ خاص ہے یا خلقت باعتبار عموم کے ہے۔ اور کفالت زکریا ایا بقصد مذکورہ ہے یا بسبب یتیم ہونے کے بلا سنادت ہے اور تکفل مسجد بیت المقدس میں ہے یا اپنے گھر میں ہے اور سوم محراب سے محراب یا گوشہ مسجد ہے یا جائے عبادت مریم ہے اور قول مریم آیا حالت مہد یا صغر سنی میں ہے یا حالت تمیز میں ہے اور یہ سب جہتیں مروی ہوئی ہیں اور مفسرین نے ان سب میں سے اول ہی اول کو لیا ہے یعنے قبول برائے نذر بیت المقدس و انبات بروجہ خاص اور کفالت زکریا بقصد مذکورہ اور تکفل در مسجد۔ اور محراب غرفہ مسجد و قول مریم بحالت صغر سنی۔ اسلئے میں قصہ کو نقل کرتا ہوں اور اختلافات کا بیان آگے

ہوگا ولیکن پہلے تفسیر کلام کے متعلق امور ذکر ہونا چاہیے تقبل بمعنے قبول مصدر ہی مانند دخول و وزوع کے اور یہی تین مصدر آئے ہین اور تفعل یہان بمعنے تکلف نہین جو اسکی اصل ہی بلکہ بمعنے فعل ہی اے اس لڑکی کو نذر مین قبول کیا اور راضی ہوا اور بعض نے کہا کہ تقبل بمعنے تکفل ہی اے اسکی کفالت اچھی طرح کرادی حالانکہ وہ بے باپ کی یتیم تھی کیونکہ عمران اسکو پیٹ مین چھوڑ کر مر گئے تھے۔ انبتہا نباتا حسنا۔ نبات مصدر ہی پس اگر تفدیر کلام یون ہی فانبتہا فنبتت نباتا حسنا۔ اور یا مفعول مطلق برغیر فعل ہی کیونکہ فعل انبات ہی جیسے تقبلہا بقبول مین بھی ایسا ہی کہا گیا کہ تقبلہا قبولا کے معنے مین ہی اور یہ جائز ہی جیسے تکلمت کلاما اور جو یبر نے ضحاک کے طریق سے ابن عباس سے روایت کی کہ قولہ فتقبلہا ربہا بقبول حسن یعنے اسکو نیکون کی راہ چلایا اور قولہ وانبتہا نباتا حسنا۔ یعنے اسکی خلقت پوری کردی بدون زیادت و نقصان کے اور معنے انبات کے اگانا۔ نبات اگنا۔ عام یعنے سال۔ احبار جمع حبر عالم دین یہود و یعنے مطلق عالم۔ سدنہ جمع سادن یعنے خادم۔ نذیرہ یعنے منذورہ تنافس رغبت باہمی مراد ہی۔ امام پیشوا اور عمران نہین عالم باعمل معروف تھے۔ اور اسپر اتفاق ہی کہ وہ نبی تھے۔ اقتراع قرعہ ڈالنا۔ غرفہ بضم اونچا مکان کوٹھری کے طور کا جسپر سیڑھی بغیر نہ چڑھ سکین۔ تبعہ تکلیف و مشقت۔ پھر جاننا چاہیے کہ جو قصہ مفسر رح نے بیان کیا ہی یہی ابن جریر عکرمہ و قتادہ و سدی سے روایت کیا ہی اور اس قصہ مین یہ ہی کہ ان لوگون نے تین بار اپنے قلم ڈالے اور ہر بار زکریا کا قلم ٹھہر گیا اور اوپر آگیا اور محمد بن اسحاق کی روایت مین ہی گویا وہ خشک مٹی پر ہی پس صعد کے معنے یہ ہین کہ نہر مین قلم پھینکنے سے یکایک توسب پانی مین غائب ہوے پھر زکریا کا قلم اوپر ٹھہر گیا اور باقیون کے قلم اوپر آکر بہنے لگے واللہ اعلم۔ اور بعض نے کہا کہ زکریا کا قلم چڑھاؤ کی طرف چلا اور اورون کے قلم بہاؤ کی طرف بہے اور بعض نے کہا کہ یہ قلم توریت لکھنے کے تھے پھر زکریا نے لیکر مریم کو غرفہ مسجد مین رکھا اور محمد بن اسحاق وغیرہ نے کہا کہ اپنے گھر مین مریم کی خالہ کے پاس رکھا اور بعضون نے کہا کہ اول مین مریم کو اسکی خالہ پاس رکھا پھر جب بڑی ہوئی تو غرفہ مسجد مین رکھا اور اسکا دروازہ وسط مین تھا بدون سیڑھی کے وہان چڑھنا ممکن نہ تھا پس دروازہ اسکا مقفل رہتا سوائے زکریا کے کوئی وہان نہین جاتا اور ربیع بن انس سے روایت ہی کہ جب زکریا مریم کے پاس سے نکلتے تو سات دروازے مقفل کرتے رواہ ابن جریر اور معالم مین محمد بن اسحاق کی روایات سے نقل کیا کہ زکریا نے ضعیف ہوکر کفالت مریم کی یوسف بن یعقوب کو جو بنی اسرائیل مین سے ایک شخص بڑھئی تھا اور مریم کا چچازاد بھائی تھا سپرد کی اور اسنے مسجد مین رکھا اور یہ زمانہ قحط کا تھا کہ یوسف مذکور کو سخت تردد ہوا پس مریم نے کہا کہ اللہ تعالے پر بھروسا کر چنانچہ مریم کی برکت سے اللہ تعالے نے اسکی کمائی مین ترقی کردی اور خود مریم کو رزق وسیع ملتا تھا۔ واللہ اعلم۔ اور مین اس مقام پر تفسیر ابن کثیر کو نقل کرتا ہون کہ اسپر لوگون کا اعتماد ہی اور بعض اختلاف کو بھی نقل کردونگا۔ اللہ تعالے آگاہ فرماتا ہی کہ اسنے مریم کو اسکی ماں سے نذر قبول فرمایا اور اسکو اچھا اگانا اگایا یعنے اسکی شکل ملیح اور منظر خوش بنایا (اور مروی ہی کہ مریم بنی اسرائیل مین نہایت خوبصورت عورت تھین) اور اسکے لیے قبولیت کی جو سامان ہین سب مہیا کردیے اور اپنے صالحین بندون کے ساتھ کردیا کہ انسے علم و بھلائی دین سیکھتی اسیواسطے فرمایا۔ وکفلہا زکریا۔ تشدید فا رو نصب زکریا بنابر مفعولیت اسم زکریا کو اسکا کفیل (ذمہ دار) اور بعض نے کہا کہ مضاف مقدر ہی اے کفل مصالحہا زکریا۔ اسکی مصلحتون اور اچھے کامون کے واسطے زکریا کو کفیل کردیا کیونکہ صرف بدن مریم کی کفالت کے کچھ معنے نہین ہوسکتے ہین) اور ابن اسحٰق نے کہا کہ یہ کفالت کرادینا اسی وجہ سے تھی کہ وہ یتیم تھی اور دوسرون نے ذکر کیا کہ بنی اسرائیل کو قحط پہونچا تھا اس وجہ سے زکریا نے مریم کی کفالت کرلی اور ان دونون قولون مین کوئی منافات نہین ہی اور مصحف ابی بن کعب مین اکفلہا کی قرارۃ موافق معنے کفل بتشدید فا روایت ہی) اور اللہ عزوجل نے زکریا کو اسکا کفیل اسیواسطے مقدر کیا کہ مریم کو سعادت حاصل ہو کہ

زکریا سے علم نافع و عمل صالح حاصل کرے کیونکہ وہ اسکے خالو کا شوہر تھا جیساکہ محمد ابن اسحاق نے کہا ہی اور ایسا ہی ابن جریر وغیرہ نے روایت کیا ہی اور بعض نے کہا کہ مریم کی بہن کا شوہر تھا جیساکہ صحیح مین قصۂ معراج مین ہی کہ وہان آپکو یحیی و عیسی ملے۔ وہا ابنا الخالۃ۔ اور کبھی یہ محاورہ اس معنے پر بھی بولا جاتا ہی چنانچہ ابن اسحاق نے ذکر کیا ہی یعنے یعنے خالہ زاد بھائی۔ اور بنابرین وہ اپنی خالہ کی پرورش مین رہی اور صحیح مین ثابت ہوا ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ قضا مین حمزہ رضی اللہ عنہ کی دختر کے حق مین حکم دیا کہ وہ اپنی خالہ کی پرورش مین رہے جو جعفر بن ابیطالب کی جورو تھی اور فرمایا کہ خالہ بمنزلہ ماں کے ہی۔ صحیح مین ہی کہ زکریا علیہ السلام بڑھئی کا پیشہ کرتے تھے اور یہ دلیل ہی کہ جو پیشہ روا ہی اسکا کرنا مستحب ہی اور یہ زکریا ابن آذن بن مسلم بن صدوق از اولاد سلیمان بن داؤد علیہما السلام ہین کما ذکرہ فی المعالم ع اور بعض نے نقل کیا کہ ابن عباس و ابن مسعود و چند صحابہ دیگر رضی اللہ عنہم و مجاہد رحمہ اللہ سے روایت ہی کہ مریم ان لوگون کے امام کی بیٹی تھی پس سبھون نے اسمین رغبت کی کہ کون اسکی کفالت کریگا پس اقلام سے قرعہ ڈالا اور زکریا نے جو کہا کہ مین اسکی خالہ کا شوہر ہون اسکا زیادہ حق دار ہون تو نمانا کہ اگر یہی بات ہوتی تو وہ اپنے ماں کے پاس رہنے کی زیادہ حقدار تھی پھر قرعہ بھی زکریا کے نام نکلا اور زکریا نے اسکی کفالت کی **قال ابن کثیر** ۔ پھر اللہ تعالے نے مریم کی سرداری و بزرگی کی اسکی محل عبادت مین خبر دی چنانچہ فرمایا کلما دخل علیہا زکریا المحراب وجد عندہا رزقا اور کمالین مین کہا کہ بعض نے محراب سے مسجد مراد لی کیونکہ انکی مسجدون کا نام محراب ہوتا تھا اور مفسر رحمہ اللہ نے غرفہ مراد لیا **قال ابن کثیر** اور مجاہد و عکرمہ و سعید بن جبیر و ابو الشعثا و ابراہیم نخعی و ضحاک و قتادہ و ربیع بن انس و عطیہ العوفی و سدی نے وجد عندہا رزقا۔ مین کہا کہ جاڑون کے میوے گرمیون مین اور گرمیون کے میوے جاڑون مین پائے اور مجاہد سے روایت ہی کہ رزق سے مراد علم ہی یا کہا کہ صحیفہ جسمین علم ہوتا رواہ ابن ابی حاتم ولیکن اول اصح ہی۔ اور اس قصہ مین بہت سے دلالات اس امر کے موجود ہین کہ اولیا کی کرامت حق ہی اور احادیث مین اسکے نظائر کثرت سے موجود ہین۔ سراج المنیر مین مذکور ہی کہ اسمین کرامت اولیا حق ہونے کی کیسی بڑی قطعی دلیل موجود ہی اور یہ کچھ معجزہ زکریا علیہ السلام کا نہین تھا جیساکہ ایک جماعت نے گمان کیا ہی اور یہ گمان صریح جہالت ہی اسواسطے کہ زکریا پر خود حال مشتبہ تھا چنانچہ مریم سے پوچھا کہ یہ تجھکو کہان سے آیا اور اگر معجزہ ہوتا تو دعوی ہوتا اور یقین جانتے کیونکہ نبی کی یہی شان ہی اور نیز یہان لک دعا زکریا یہ ہے کہ کیا معنے کیونکہ یہی دیکھکر تو انھون نے اپنی دعا کرنے کی راہ پائی اور خود کرامات اولیا پر دلالات دیگر بھی صریح ہین جیسے قصہ اصحاب کہف کہ کیسے سو برس تک انھون نے پیٹھ کے غار مین بند سوتے رہے اور قصہ آصف بن برخیا کہ نظر پھرنے سے پہلے تخت بلقیس لے آئے اور عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ نے منبر مدینہ پر اپنا لشکر جو نہاوند فارس مین تھا دیکھا اور آواز دی یا ساریۃ الجبل اور ساریہ سردار لشکر نے یہ آواز وہان سنی حالانکہ درمیان مین ایک مہینہ کی راہ کا فاصلہ تھا اور خالد بن الولید نے زہر ہلاہل پی لیا اور کچھ ضرر نہوا اور دیگر اخبار کثیرہ موجود ہین اور مترجم کہتا ہی کہ **ابن حجر** وغیرہ نے بعض صحابہ رض کا حال اسماء الرجال مین لکھا کہ بعد موت کے جنازہ مین سے اٹھکر گفتگو کی ہی اور انکار اسکا سوائے بداعتقاد جاہل کے کوئی نہین کرسکتا **و خطیب** نے سراج مین خوب کہا کہ بداعتقادون و خواہش پرستون نے جو اس سے انکار کیا تو کچھ تعجب نہ کرنا چاہیے اسواسطے کہ انھون نے اپنے آپ مین اسکا مشاہدہ نہین پایا اور نہ اپنے کسی پیشوا کو سنا جنکی نسبت گمان کرتے ہین کہ وہ کچھ تھے پس انھون نے اولیا اللہ صاحبان کرامت کو جہال صوفی کہنا شروع کیا اور انکے حق مین زبان دراز بان کین بھلا انکو کیا خبر ہی کہ صفا عقیدت سے پاکیزگی سر قلب اور نظہور انوار حق و خطور اسرار صفا و محبت کیا چیز ہی لیکن تعجب تو یہ ہے اہل سنت سے ہی کہ اس سے دریافت کیا گیا کہ رزاب ہی کہ ابراہیم بن ادہم کو جو ثقات معتبرہ رواۃ حدیث مین سے مشہور معروف شخص ہی لوگون نے آٹھوین ذی الحجہ کو بصرہ مین دیکھا تھا اور اسی روز

۱۷ حدیث مین ہی کہ جو شخص عرفہ کے دن عرفہ مین نہوا اور فلان فلان جگہ نہوا تو اسکا حج نہوا اور یہ حدیث ابن ماجہ نے جابر سے روایت کی ہی

انکا حج مین شریک ہونا معلوم ہوا تو کہا کہ جو ایسا جائز ہونے کا اعتقاد کرے وہ کافر ہی پھر **خطیب شافعی** نے کہا کہ حق وہ ہی جو امام نسفی حنفی رح نے کہا ہی کہ جب ایسے یہ مسئلہ پوچھا گیا تو فرمایا کہ عادت کے خلاف ہونا بر طریق کرامت کے اہل اللہ تعالے سے اہل سنت کے نزدیک جائز ہی۔ اور **حافظ ابن کثیر** رحمہ اللہ نے **حافظ ابو یعلی الموصلی** کی اسناد سے جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چند روز ایسے رہے کہ آپ نے کھانا نہین پایا یہانتک کہ آپ پر یہ گران گذرا پس اپنی ازواج مطہرات کے گھرون مین گئے اور انمین سے کسی کے پاس کچھ نہ پایا پھر فاطمہ رضی اللہ عنہا اپنی پاک بیٹی کے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ ای پیاری بیٹی تیرے پاس کچھ ہی کہ مین کھاؤن بولی کہ ای باپ میری جان آپ پر قربان میرے پاس کچھ نہین ہی پھر جب آپ وہان سے نکلے تو فاطمہ رض کی ایک پڑوسن عورت نے دو روٹیان اور ایک ٹکڑا گوشت کا بھیجا حضرت سیدہ رض نے لیکر اسکو ایک طباق مین رکھا اور کہا کہ واللہ مین اس طعام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے لیے بہ نسبت اپنی اور اپنے پاس والون کے اختیار کرونگی حالانکہ یہ سب بھی کھانے سے سیر ہونے کے محتاج تھے پھر حسن یا حسین علیہما السلام مین سے کسیکو رسول اللہ صلعم کے پاس بھیجا پس آپ واپس آئے تو حضرت سیدہ رض نے عرض کیا کہ اللہ تعالے نے میرے پاس کچھ بھیجدیا ہی وہ مین نے آپ ہی کے واسطے رکھ چھوڑا آپ نے فرمایا کہ لے آ تب وہ لائین اور ڈھکنا کھولا تو دیکھا کہ وہ تمام کھانے سے بھرا ہی یہ دیکھکر حضرت سیدہ رض حیران رہین اور سمجھین کہ یہ اللہ تعالے نے میرے واسطے برکت دیدی پس اللہ تعالے کی حمد کی اور رسول اللہ صلعم پر درود بھیجا اور حضرت صلعم کے آگے پیش کیا پس جب آپ نے دیکھا تو اللہ تعالے کی حمد کی اور فرمایا کہ ای بیٹی یہ تجکو کہان سے آیا۔ سیدہ علیہا السلام نے عرض کیا کہ ای بابا یہ اللہ تعالے کی طرف سے ہی۔ ان اللہ یرزق من یشاء بغیر حساب۔ آنحضرت صلعم سے سنکر کہا کہ الحمد للہ کہ اسنے تجھے بنی اسرائیل کی سردار لڑکی کے مانند کیا ہی کہ اسکو جب کوئی پوچھتا کہ یہ رزق تجھے کہان سے آیا تو کہتی کہ یہ اللہ تعالے کی طرف سے ہی اللہ جسکو چاہے رزق بے حساب دے پھر رسول اللہ صلعم نے بھیجکر علی کرم اللہ وجہہ کو بلوایا پھر حضرت صلعم نے اور علی و فاطمہ و حسن و حسین علیہم السلام نے اور حضرت صلعم کے تمام ازواج نے و اہل بیت نے کھایا حتی کہ سب سیر ہو گئے اور وہ کھانا جیسا تھا ویسا ہی رہا پس حضرت سیدہ رض نے تمام پڑوسیون کو بانٹ دیا اور اللہ تعالے نے اسمین برکت و خیر کثیر دیدی (اسناد حسن) ف ۲ عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے فتقبلہا ربہا بقبول حسن مریم کو اللہ تعالے کا مقبول فرمانا یہ ہی کہ اسکو اپنی بندگی کے لیے خالص کر لیا اور اسکو اپنی آیت و کرامت کا محل قرار دیا یعنے حضرت عیسی جو اللہ تعالے کا بندہ رسول اور اللہ تعالے کی آیتون مین سے ایک آیت تھا جیسے رسول ہوا کرتے ہین اسکی پیدائش کا محل قرار دیا اور مریم کو اپنے برگزیدہ بندون کے گود مین پرورش کرایا اور اپنی بڑی آیتون مین سے اسکے واسطے وہ کچھ کشف کیا کہ اسکے مقابلہ مین اسکے زمانہ والے سوائے انبیا کے کوئی نہ تھے سو انبیا بھی تعجب کرتے تھے اور ظاہر ہین اسکے لیے تعلیم کو روح القدس بھیجدیا تاکہ اسکو حسن ادب سکھلاوے اور مریم ہین اپنے مخلوق مین سے ایک روح خاص پھونکی جو طیر انس تھے تاکہ مریم کے واسطے وہ آخرت کا ذخیرہ ہوا اور جعفر رح نے فرمایا کہ اسکو قبول کیا ایسا کہ انبیا علیہم السلام نے باوجود اپنی بلندی قدر کے اسکی شان سے جو اسکو اللہ تعالے کے نزدیک حاصل ہوئی تعجب کیا تو یہ نہین دیکھتا کہ زکریا علیہ السلام نے اس سے کہا۔ انی لک ہذا قالت ہو من عند اللہ۔ ای اسی پاک پروردگار کے پاس سے ہی جسنے مجھے مقبول کر لیا ہی اور واسطی رح نے کہا کہ بقبول حسن سے یہ مراد ہی کہ اسکو محفوظ کر دیا۔ قولہ تعالے و انبتہا نباتا حسنا۔ یعنے درخت ربوبیت کے سایہ مین قدرت کے پانی سے سینچکر اسکو پرورش کر دیا کہ اسمین نبوت کا پھل آیا تاکہ اس پھل سے خلق کی زندگی ہو کیونکہ وہ پھل یعنے عیسی علیہ السلام جناب باری عزوجل کی طرف سے روح مخلوق تھی۔ اور بعض نے کہا کہ شریعت مین احسان اسکی طرف رکھا اور حقیقت مین اسکو حفظ فرمایا اور اگایا اور بین

عطاؒ نے کہا کہ کیا اچھی بات وہ ہی کہ اسکا پھل ما عیسی روح اللہ علیہ السلام کے ہو۔ اور استادؒ نے فرمایا کہ اسکو قبول حسن سے متقبل کیا اسی اسکو اس مرتبہ سے بڑھکر پہونچا دیا جسقدر اسکی ماں نے تمنا کی تھی۔ اور بعض نے کہا کہ قبول حسن یہ ہی کہ اسکو عصمت کے ساتھ پرورش کیا تا آنکہ وہ کہتی تھی کہ اعوذ بالرحمن منک ان کنت تقیا۔ اور نیز کہا کہ حسن قبول کے اشارات سے یہ بھی ہی کہ وہ محراب ہی مین پائی جاتی تھی یعنے ہمیشہ نماز مین رہتی تھی۔ قولہ تعالے کلما دخل علیہا زکریا المحراب وجد عندہا رزقا۔ اللہ تعالے اسکو اس خلوت مین جنت سے روزی دیدیتا تھا یہ اسکی خدمت و بندگی و عفت کا عوض تھا اور اسکے حق مین کرامت تھی تاکہ دنیا کی مشغولی مین نہ پڑے اور حقیقت توکل بھی ہی کہ اسمین کسی مخلوق کی طرف التفات نہو اگرچہ مخلوق نبی مرسل کیون نہو۔ اور استادرحمہ اللہ نے کہا کہ جب زکریا اسکی پاس کھانا لیجاتے تو اسکے پاس رزق موجود پاتے تاکہ جاننے والے جان جاوین کہ اللہ سبحانہ اپنے اولیا کی مشغولی اپنے سوائے دوسرے کی طرف نہین ڈالتا ہی اور نیز فرمایا کہ جسنے اولیا اللہ مین سے کسی کی خدمت کی تو وہ ولی کی رفیق ہی نہ آنکہ اسپر شفقت ہی کہ اللہ تعالے کے ولی کی خدمت کرے اور فرمایا کہ اسمین اشارہ ہی کہ جو فقیرون کی خدمت کرتا ہی وہ اپنے واسطے ہی نہ آنکہ فقرا اسکے مخلوق کی گرانی مین ہین۔ قولہ تعالے انی لک ہذا۔ یعنے تو نے کس کار خیر کے بدلے یہ پایا ہی۔ قالت ہو من عند اللہ۔ یعنے مین نے اسکو خالص بفضل الٰہی پایا ہی اسمین کسی کام کی مشقت و کسی امر خیر کی محنت کو دخل نہین ہی قال المترجم یہی مذہب ہی اور یہی صحیح ہی اللہ تعالے کے احسانات و انعامات بندون پر کچھ انکے اعمال و افعال پر نہین ہین اگرچہ نیک کام اللہ تعالے کی رضامندی و بندے کی قبولیت کا باعث ہوتے ہین جیسے بدکام و فسق و فجور اللہ تعالے کی ناراضی کا سبب پڑ جاتے ہین بدون اسکے کہ مال متاع و دیگر امور کے لیے انکو کچھ دخل ہو کیونکہ کثرت سے بدکار کھاتے پیتے ہین اور نیکوکار مفلس محتاج ہین مگر نیکوکارون کو منزلت و کرامت ہی اور بدکارون کو خواری و ذلت اگرچہ آنکھون سے نظر نہ آوے مگر عقل والون کو سوجھتا ہی اور حدیث صحیح مین قصہ مذکور ہی جسکا خلاصہ یہ ہی کہ تین مسافر ایک غار مین چھپ گئے اور شدت بارش و آندھی و زلزلہ سے ایک ٹکڑا پہاڑ کا اس غار کے منہ پر گرا اور راستہ بند ہو گیا اور شدت وہی تھی آخر ہر ایک نے اپنے اپنے عمل صالح کے وسیلہ سے دعا مانگی اور ہر ایک کی دعا پر قبولیت کا اثر ظاہر ہوا اور وہ آفت دور ہو گئی قال الشیخ اور نیز حضرت زکریا کو خوف تھا کہ یہ منزلت کچھ حیلہاے شیطانی سے نہو پس مریم سے اسکے حال کی تفتیش کی تاکہ معلوم ہو جاوے کہ صدق حقیقت ہی کہ یہ کہان سے تجھے ملا تو مریم نے کہا کہ یہ اللہ تعالے کی خاص کرامات مین سے ہی جو اسنے مجھے پہ فرمائی ہین اسمین شیطانی حیلہ کو کچھ دخل نہین ہی اور استادرح نے کہا کہ زکریا کو مریم کے حق مین اس منزلت و مرتبہ کا یقین نہ تھا اور خوف تھا کہ ایسا نہو کوئی دوسرا فرصت پاکر اسکی کفالت کا تعاہد کرتا ہو قال المترجم صحیح تفسیر یہی ہی جو سابق مین اگرتا بین سے بیان ہوئی ہی اور جان لینا چاہیے ہی کہ شیخ دہلوی رحمہ اللہ علیہ نے موضح القرآن مین قولہ تعالے فتقبلہا ربہا بقبول حسن مین لکھا کہ مریم کی ماں نے خواب دیکھا کہ اگرچہ یہ لڑکی ہی اللہ تعالے نے یہی نیاز مین قبول کی اسکو مسجد مین لیجا کر چھوڑ گئی مسجد کے بزرگون نے پہلے کہا کہ لڑکی کا رکھنا دستور نہین پھر جب اسکا جواب سنا تو قبول کیا اور حضرت زکریا کی عورت اسکی خالہ تھی وہی اسکو اپنے گھر رکھنے لگی اسکے واسطے مسجد مین الگ حجرہ بنایا دنکو یہ وہان عبادت کرتین رات کو حضرت زکریا اپنے ساتھ لیجاتے۔ پھر مریم سے یہ کرامت دیکھی کہ بے موسم کا میوہ خدا کے یہان سے انکے پاس آتا ہی تب حضرت زکریا جو ساری عمر اولاد سے ناامید تھے اب امیدوار ہوے کہ شاید بے موسم کا میوہ مجکو بھی ملے تب ایسی بڑی اولاد کی دعا کی چنانچہ فرمایا۔

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهُ ۖ قَالَ رَبِّ هَبْ لِي مِن لَّدُنكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۖ إِنَّكَ سَمِيعُ

وہین دعا کی زکریا نے اپنے رب سے کہا اے رب میرے عطا کر مجکو اپنے پاس سے بچہ پاکیزہ بیشک تو سننے والا ہی

الدُّعَآءِ ۝ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى

دعا پھر اسکو آواز دی فرشتون نے جب وہ کھڑا تھا نماز مین حجرے کے اندر کہ اللہ تجکو خوشخبری دیتا ہی یحیی کی

مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

جو گواہی دیگا اللہ کے ایک حکم کی اور سردار ہوگا اور عورت پاس نجاویگا اور نبی ہوگا نیکون مین سے

هُنَالِكَ امر لما اي ذكريا ذلك وعلم ان القادر على الاتيان بالشئ في غير حينه قادر على الاتيان به الولد على الكبر وكان اهل بيته القرضوا حب زكريا نے ایسا دیکھا اور جانا کہ جو خالق عزوجل اس بات پر قادر ہی کہ چیز کو اسکے غیر وقت مین لاوے تو وہ ضرور قادر ہی کہ بڑھاپے مین لڑکا دیوے اور حال یہ تھا کہ زکریا کی جورو کا سن ایاس کو پہونچ گیا تھا۔ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ۔ لما دخل المحراب للصلوٰة في جوف الليل۔ زکریا نے اپنے رب تعالے سے دعا مانگی یعنے درمیان رات مین جب نماز کے لیے محراب مین داخل ہوے۔ قَالَ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ۔ من عندك۔ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً۔ ولدا صالحا۔ کہا کہ ای رب مجھے عطا کردے اپنے قدرت سے ذریت طیبہ یعنے فرزند صالح اور مفسر نے اشارہ کیا کہ یہ لفظ معنے مین واحد وجمع اور مذکر ومؤنث کے واسطے یکسان ہی پس طیبۃ صفت مؤنث باعتبار لفظ کے ہی اور دعا انکی محض فرزند کی تھی خواہ لڑکی ہو یا لڑکا اور لفظ کے معنے دونون کو شامل ہین۔ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ۔ مجیب تو بے شک دعا سننے والا یعنے قبول فرمانے والا۔ فَنَادَتْهُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔ جبرئیل۔ پس زکریا کو ملائکہ نے پکارا یعنے جبرئیل نے یہان ملائکہ جمع کی تفسیر فقط واحد جبرئیل سے کی اسواسطے کہ وہی فقط رسول پروردگار تھے طرف انبیا کے باستقلال۔ اور اسکی مؤید ہی قراءۃ ابن مسعودؓ فناداه جبرئيل۔ پس یہ یا تو بمنزلہ اسکے ہی کہ ان ابراہیم کان امۃ۔ تھے ابراہیم ایک امت حالانکہ واحد تھے۔ یا الملائکہ مین الف لام جنس ہی جیسے فلان یرکب الخیل۔ فلانا گھوڑون پر سوار ہوتا ہی حالانکہ تمام گھوڑون پر سوار ہونا مراد نہین ہی یا باین معنے کہ سردار جب کہنے والا ہو تو جمع سے کہہ سکتا ہی مثلاً کوئی کہے کہ میرے سپاہی تجکو پٹا بتادینگے حالانکہ ایک سپاہی بتلاویگا والاول اوجہ یا جبرئیل رئیس ملائکہ ہین مع اتباع لیے گئے واللہ اعلم۔ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ۔ المسجد۔ درحالیکہ زکریا کھڑا ہوا محراب مین نماز پڑھتا تھا۔ یعنے مسجد مین اَنَّ اللّٰهَ۔ ای بان اللہ یعنے بحذف حرف صلہ۔ یہی قراءۃ جمہور ہی وفی قراءۃ بالکسر بتقدیر القول۔ ابن عامر ونافع وحمزہ کی قراءۃ مین ان بالکسر ہی پس قول مقدر ہی ای قالوا۔ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ۔ مثقلا ومخففا۔ یعنے اکثر کی قراءۃ تو بتشدید شین از تبشیر ہی اور حمزہ وکسائی کی قراءۃ مین یبشرک بروزن ینصر ہی اور حمزہ نے تمام قرآن مین تخفیف پڑھا سوائے قولہ فبم تبشرون کی کہ وہان تشدید شین پر اتفاق ہی۔ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا بِكَلِمَةٍ۔ کائنۃ۔ مِّنَ اللّٰهِ۔ ای بعیسی انہ روح اللہ وسمی کلمۃ لانہ خلق بکلمۃ کن۔ یعنے جب زکریا محراب مین نماز پڑھتا تھا تو اسی حالت مین جبرئیل نے آواز دی باین طور کہ اللہ تعالے تجھے بشارت دیتا ہی یحیی کی درحالیکہ وہ تصدیق کرنے والا ہوگا کلمۃ اللہ کی وہ عیسی علیہ السلام ہی اور تصدیق یہ کہ وہ روح اللہ ہی اور عیسی کو کلمۃ کہا گیا اسواسطے کہ بدون باپ کے فقط کلمہ کن سے پیدا کیے گئے عیسیٰ ایک آیت مین صریح مذکور ہی جو انشاء اللہ تعالے آگے آویگی۔ وَسَيِّدًا۔ متبوعا۔ اور یحیی سید ہوگا یعنے لوگ اسکی پیروی کرینگے وَحَصُوْرًا۔ منوعا عن النساء اور سخت باز رکھنے والا اپنے آپ کو عورتون سے۔ وَنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ۔ اور صالحین انبیاء مین سے ہوگا۔ روی انہ لم یعمل خطیئۃ ولم یہم بہا۔ روایت ہی کہ یحیی نے کوئی خطا نہین کی اور نہ خطا کا قصد کیا رواہ ابن عساکر عن معاذؓ یہ قصہ مستقل ہی مگر درمیان قصہ مریم مین اسوجہ سے آیا کہ اس سے مربوط ہی کیونکہ وقوع اسکا یون ہوا کہ زکریا علیہ السلام نے حضرت مریم کے

پاس غیر موسم کے پھل دیکھے اور فرزند کی طمع کی قال تعالے ہنالک دعا زکریا ربہ۔ اور ہنالک اصل مین ظرف مکان ہی اور بعض نے کہا کہ اصل ظرف زمان ہی مگر استعمال اسکا دونون کے واسطے ہوتا ہی اور لام برائے دلالت بُعد۔ اور کاف خطاب ہی اور یہان اگر ظرف مکان مراد ہی تو معنے یہ کہ اسی مقام مین اور اگر ظرف زمان مراد ہی تو اسی وقت اور ظاہر یہ ہی کہ جو مفسر رحمہ اللہ نے کہا ہی جسوقت زکریا نے یہ دیکھا کہ مریم کو اللہ تعالے نے غیر موسم کا میوہ دیا ہی پس ظرف زمان ہوگا اگرچہ مستعار ہو اور دعا زکریا بمعنے ارادالدعا ہوگا بقرینہ قولہ وہو قائم یصلی فی المحراب۔ اور جو تفسیر موضح القرآن سے مذکور ہوئی اس بنا پر اس تکلف کے حاجت نہ ہوگی فتامل۔ اور طبرانی و بیہقی نے ابن عمرؓ سے مرفوعاً روایت کی کہ پچوان مذابح سے یعنے محرابون سے۔ اور ابن ابی شیبہ نے مصنف مین موسی جہنی سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ برابر میری امت بھلائی پر رہیگی جب تک مسجدون مین مذابح نہ بناوین مثل مذابح نصاری کے۔ اور اسکی کراہت ایک جماعت صحابہ سے مروی ہی ذکرہ فی فتح البیان اور علماے حنفیہ مین سے اکثر محققین کے نزدیک محراب مین نماز مکروہ ہی اور اگر امام محراب مین ہو اور قوم مسجد مین ہون تو نماز صحیح نہین ہی۔ اور محراب یہ کہ اگلا دروازہ جانب قبلہ کھلا ہو گویا محراب مسجد سے باہر چبوترہ ہی۔ بخلاف ہماری مساجد کے محرابون کے کہ یہ بند اور داخل ہوتی ہین۔ قولہ ان اللہ یبشرک بیحیی۔ اے بولادۃ یحیی اور قتادہ وغیرہ نے کہا کہ یحیی اسوجہ سے نام ہوا کہ اللہ تعالے نے اسکو ایمان سے زندہ کیا ذکرہ ابن کثیر اور بعض نے کہا کہ اللہ تعالے نے انکا دل طاعت سے زندہ کیا کہ حضرت یحیی نے کبھی معصیت کا قصد بھی نہین کیا۔ بعض نے کہا کہ اگلی کتابون مین انکا نام حنا تھا ذکرہ القرطبی و بعض نے کہا یوحنا تھا۔ قولہ مصدقا بکلمۃ من اللہ یعنے کلمہ من اللہ کی تصدیق کرنے والا۔ ربیع بن انس نے کہا کہ یحیی نے اول عیسی کی تصدیق کی۔ اور ابن جریج نے ابن عباس سے روایت کی کہ یحیی و عیسی برادران خالہ زاد تھے اور یحیی علیہ السلام کی مان حضرت مریم سے کہتی تھین کہ مین پاتی ہون کہ جو میرے پیٹ مین ہی وہ اسکو سجدہ کرتا ہی جو تیرے پیٹ مین ہی پس یہی حضرت یحیی کی تصدیق عیسی ہی اور یحیی حضرت عیسی سے چھ مہینہ بڑے تھے پھر حضرت عیسی کے اٹھائے جانے سے پہلے حضرت یحیی مقتول ہوے ذکرہ ابن کثیر وغیرہ۔ قولہ سیدا وحصورا۔ ابو العالیہ و ربیع و قتادہ و سعید وغیرہ نے کہا کہ سید یعنی حلیم ہی اور قتادہ نے کہا کہ علم و عبادت مین سردار اور ابن عباس و ضحاک و ثوری نے کہا کہ سید یعنے حلیم متقی۔ اور بعض نے کہا فقیہ عالم۔ اور بعض نے کہا کہ شریف اور مجاہد نے کہا کہ جو اللہ تعالے کے نزدیک بزرگ قدر ہو۔ اور حصور کی تفسیر مین مختلف قول ہین اور ابن ابی حاتم نے عبداللہ بن عمرو بن العاص سے مرفوعاً و موقوفاً روایت کی کہ اللہ تعالے کے مخلوق مین سے کوئی نہین کہ گناہ کے ساتھ اس سے نہ ملے سواے یحیی بن زکریا کے پھر پڑھا سیدا وحصورا۔ پھر زمین مین سے کوئی شی لی اور کہا کہ حصورہ ہی جسکا آلۂ تناسل اسکے مانند ہو اور یحیی بن سعید القطان نے اپنے کلہ کی انگلی کی پور سے اشارہ کیا اور ابن کثیر نے کہا کہ موقوف کی سند بہ نسبت مرفوع کے اچھی ہی اور اسکو ابن مردویہ نے ابوہریرہ سے روایت کیا اور ابن کثیر نے فرمایا کہ یہ حدیث غریب ہی اور اس تقدیر پر معنے ممنوع النساء کے یہ ہین کہ عورت کے پاس جانے کی قدرت ہی نہ تھی اور یہ سعید بن المسیب وغیرہ سے مروی ہی اور اسپر یہ وارد ہوتا ہی کہ مقام یہان مدح کا ہی پس اگر عدم قدرت کی وجہ سے یہ بات ہوتی تو مدح کچھ نہ تھی کیونکہ مدح کسی فعل کے کرنے یا نہ کرنے پر جبھی ہوتی ہی کہ کرنے یا نہ کرنے والا اسکے برخلاف پر قادر ہو ورنہ عصمت بی بی از بے چادری کی مثل معروف ہی و فرمایا اللہ تعالے نے یحبون ان یحمدوا بما لم یفعلوا الآیہ۔ یعنے جو نہین کیا اسکے ساتھ تعریف چاہتے ہین پس ارجح یہ ہی کہ وہ قادر تھے مگر بفقہ و زہد اپنے آپ کو اس سے باز رکھتے تھے اور قاموس مین ہی کہ حصور وہ ہی کہ عورتون کے پاس نجاوے حالانکہ وہ اسپر قدرت رکھتا ہو یا وہ کہ عورتون کی خواہش نہ کرے اور انکی نزدیکی نہ کرے اور نیز حصور بدین معنے اسوجہ سے

یہی اولی ہی کہ انبیا علیہم السلام کے ساتھ کسی آفت کا لاحق ہونا بھی دور رہتا ہی اور اسی قول کو مفسر رحمہ اللہ نے اختیار کیا کہ حصور کے منوع سے تفسیر کی یعنے فعول مبالغہ فاعل ہی نہایت باز رکھنے والا اپنے آپکو عورتون سے اور یہ جبھی صادق ہوگا کہ اسکا مقتضی قائم ہو یعنے قدرت تمام موجود ہو اور اگر قدرت ہی نہو تو وہ حاضر ہی نہوگا حصور کہان سے ہوسکتا ہی اور اسی سے اصحاب شافعی رحمہ اللہ نے استدلال کیا ہی کہ ترک نکاح افضل ہی اور حق یہ ہی کہ اس سے حجت نہین ہوسکتی ہی اور کلام اپنے مقام پر انشاء اللہ تعالے آویگا۔ قولہ ونبیا من الصالحین۔ ای ناشیا من الصالحین۔ کیونکہ نسل انبیا سے تھے یا از جملۂ صالحین تھے فافہم۔ ف۲ فی العرائس قولہ تعالے ہنالک دعا زکریا ربہ۔ جبنے کریا علیہ السلام حضرت مریم کے پاس جاتے تو انکے پاس طرح طرح کے میوے پاتے یہ دیکھکر انھون نے جانا کہ یہ اللہ تعالے کے نفائس کرامات سے ہین پس زکریا کی غیرت نبوت بھی جنبش مین آئی اور وہین خلوت مین ٹھہر گئے اور اللہ تعالے سے فرزند کی دعا کی پس اللہ تعالے نے اسکو منظور فرمایا۔ **قال المترجم** یہان سے معلوم ہوا کہ فرزند صالح کی دعا کرنا روا ہی۔ اور نیز حضرت زکریا نے حضرت مریم کو دیکھا اور انمین نور عیسی علیہ السلام ادراک کیا جو مریم مین چمکتا تھا اور اللہ تعالے کے نزدیک حضرت مریم کی کرامت کو دیکھا پس عیسی علیہ السلام کے مانند ایک فرزند کی درخواست کی اور اللہ تعالے سے زبان اضطرار کے ساتھ مناجات کی از یحیی کو جو نور کی قندیل تھے طلب کیا پس اللہ تعالے نے بوڑھے نبی کی دعا قبول کی اور اسکی غیرت پر ترس کھاکر اسکو بیٹا دیا اور اسکی کرامت ظاہر کی اور یہ انبیا و اولیا و اہل معرفت کے واسطے حسن ادب ہی کہ جبھی لوگ اللہ تعالے کیطرف کسی امر کی مراد مانگنے کے محتاج ہون تو خلق سے خلوت مین ہو کر صدق و اخلاص کے گوشہ مین اپنی مراد مانگین تاکہ دنیا کے شغل اور مخلوق سے ایک طرف ہونے سے مناجات مین اخلاص ہو اور دعا قبول ہو جاوے اسواسطے کہ جو شخص خلوت و مراقبہ مین اپنے مولی کے دروازے پر پڑا جاتا ہی تو آخرت کے اسرار اور معرفت کے انوار سے بڑے بڑے بزرگ حالات و روشن مقامات اسکو کشف کر دیے جاتے ہین قولہ تعالے قال رب ہب لی من لدنک ذریۃ طیبۃ۔ زکریا علیہ السلام نے اللہ تعالے سے ایسے شخص کی درخواست کی جو اللہ تعالے کی بندگی مین انکی اعانت کرے اور اللہ تعالے کی رسالت ادا کرنے اور امت کو نصیحت کرنے مین انکا خلیفہ ہووے **قال المترجم** حضرت یحیی علیہ السلام کی شان یہی تھی جو مذکور ہوئی اگرچہ زکریا علیہ السلام کی زندگی مین طاعت الہی کی مدد انکو یحیی علیہ السلام سے نہ ملی ہو مگر بعد انکی وفات اخروی کی مدد انکی دعا سے ضرور ہوگی اور نصیحت امت تو انسے واقع ہوئی اگرچہ وہ نبوت مین عیسی علیہ السلام کے تابع تھے فافہم۔ اور نیز ایسا شخص مانگا جو عالم ربوبیت و عبودیت کی سیر مین مستغرق رہو اور کشف حقیقت اور عشق و محبت مین اللہ تعالے کی طرف سے انکا مولس ہو اور طیبۃ سے یہ مراد ہی کہ ہر دو جہان کے ساتھ مشغول ہونے سے پاک ہو اور اپنے ارادہ سے الگ اور اپنی خواہشون سے پاکیزہ ہو پھر چونکہ اللہ تعالے کو اسکی نیت کی سچائی معلوم تھی تو اسکو فی الفور اسکی مراد عطا فرمائی تاکہ اسکے واسطے معجزہ و کرامت ہو اور اسمین اشارہ ہی کہ جسنے اللہ تعالے سے کوئی ایسی چیز مانگی جو اسکی بندگی مین اسکی مددگار ہو اور اللہ تعالے کی رضامندی حاصل ہونیکا سبب ہو تو اسکی دعا کی قبولیت فی الفور ظاہر ہوتی ہی **قال المترجم** یہ حال کابر اہل دل ہی قولہ تعالے فنادتہ الملائکۃ وہو قائم یصلی فی المحراب۔ یعنے حق سے مناجات کرنے کے محل مین جو کہ نماز ہی کیونکہ اسمین عصمت حق ہی اور اسمین نزول وحی ہی جو شخص نماز مین بشرط تقید و خلوص نیت داخل ہوا اسکو اللہ تعالے خصائص خطاب الہام فرماتا ہی۔ اور محراب ایسی جگہ ہی کہ درگاہ حق کے مراقبہ کرنے والے اسکو لازم پکڑتے ہین اس غرض سے کہ اسرار حق کی خوشبوئین انکے سر باطنی کو پہونچین اور نور توحید انکو ظاہر ہو اور درگاہ باری تعالے کا جمال مشاہدہ ہو اور محراب ایسی جگہ کہ اسمین انس حاصل ہوتا ہی اور سر باطنی کی صفائی ہوتی ہی اور جوارح ظاہری شایستہ ہوتے ہین اور یقین کو روشنی ملتی ہی اور نزدیکی کا سبب ہی اور عبادت کا مزہ ملتا ہی اور روح کو راحت اسوجہ سے ملتی ہی کہ صحبت خلق سے یکسوئی

سلسلہ اسواسطے حق سبحانہ و تعالے نے ہر پیغمبر سے الگ ہونا کام

اور جناب باری کی درگاہ تک رسائی ہوتی ہی۔ اور محراب ایسی جگہ ہی کہ عابدون کا ٹھکانا اور زاہدون کا مقام اور متوکلون کا ملجا اور مشتاقون کی مجلس اور راضی برضا رہنے والون کی مسند اور محبون کا باغ اور مریدون کا تخت اور عاشقون کا گلزار اور اہل انس کا کعبہ اور اہل ایمان کا حرم اور توبہ کرنے والون کا مقام سعادت اور موحدون کی قبلہ گاہ اور شطحیات[1] بکنے والون کی پردہ پوش ہی جب اللہ تعالے چاہتا ہی کہ اپنے خاص بندون مین سے کسیکو اپنی خاص معرفت عطا کرے تو ضرور اسکو محراب مین آنے کی توفیق دیدیتا ہی اور ابن عطا رح نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے اپنے بندون مین سے کسی بندے پر کوئی حال روشن نہین کشف کیا مگر اسیطرح کہ اسکو اپنے حکمون کے بجالانے کی توفیق دی اور اسنے خلوص کے ساتھ بندگی ادا کی اور محراب مین برابر اتین گذاریں اور شیخ ابو عثمان نے کہا کہ محراب ہر نیکی کا دروازہ ہی اور قبولیت کی جگہ ہی اور انبیا کا راستہ یہین سے ملتا ہی اور مناجات کا یہی ٹھکانا ہی اور محراب سے منہ موڑنا تیرے منہ پر دروازہ خیر بند ہونیکا سبب ہوجاتا ہی اللہ تعالے عزوجل نے فرمایا فنادتہ الملائکۃ وہو یصلی فی المحراب مترجم کہتا ہی یعنے ملائکہ نے جبھی یہ خوشخبری سنائی کہ وہ محراب مین متوجہ نماز تھے پس معلوم ہوا کہ یہی خیر کے دروازہ کھلنے کی جگہ ہی فافہم واللہ اعلم۔ اور بعض نے کہا کہ جو شخص خدمت گزاری کو لازم کرلیتا ہی اسپر خدمت کے آداب کھلتے ہین اور آداب حاصل ہونے سے قربت کی منزل طی ہوکر مقام انس تک رسائی ہوجاتی ہی۔ قولہ تعالے ان اللہ یبشرک بیحیی۔ اللہ تعالے نے یحیی نام فرمایا کیونکہ جو انکو محبت کی نظر سے دیکھتا اسکو انکے جمال نبوت مین حق عزوجل کا مشاہدہ ملتا پس فتور کی موت سے اسکا دل زندہ ہوجاتا تھا۔ اور بعض نے کہا کہ انکی سبب سے انکی مانکا بانجھ پن زندہ کیا گیا قال المترجم یہ حضرت ابن عباس سے روایت کیا گیا ہی جیسا کہ سراج المنیر و معالم وغیرہ مین مذکور ہی اور بعض نے کہا کہ انکے سبب سے اس شخص کا دل زندہ ہوتا تھا جو انپر ایمان لایا۔ قولہ تعالے وسیدا وحصورا۔ سیدہ وہ ہی جسپر عزت وہیبت حق کا نور غالب ہوگیا اور حصور وہ ہی جو ازلی عصمت کی وجہ سے تمام شہوتون سے معصوم ہوگیا قال المترجم حضرت یحیی علیہ السلام کا قصہ مذکور ہی کہ ہیبت حق عزوجل انپر اسقدر غالب تھی کہ ان رات روتے اور بسا اوقات جنگلون مین رہا کرتے تھے اور گویا سید کے معنے جو شیخ نے ذکر کیے ہین اسی سے ماخوذ ہین واللہ تعالے اعلم۔ اور نیز سیدہ وہ ہی کہ اسکو اسکی خودی سے الگ کرکے خلعت نور احدیت پہنایا گیا اور لباس فردانیت دیا گیا ہو اور بہالے حق عزوجل سے اسکو تاج دیا گیا ہو تاکہ وہ سزاوار اسکا ہو کہ اس سے تمام خلق زندہ کی جاوے اور اسیکے حکم کے تابع ہوکر اپنی سرکشی سے باز آوین اور حصور وہ ہی جو تقلید کے لگاؤ سے پاک ہو اور دونون جہان کی طرف التفات نہ کرے اور بعض نے کہا کہ سید اس وجہ سے کہ انھون نے اپنی ذات کے واسطے کوئی مقام نہ چاہا اور نہ اپنی کوئی قدر سمجھی۔ اور شیخ جعفر بن محمد نے فرمایا کہ سیدہ وہ ہی جسنے اپنے رب کو پہچانا اور اسکے ماسوا سے سب سے انکار کیا اور حصور وہ ہی جو مالک ہو اور مملوک نہو اور کہا کہ سیدہ وہ ہی جسنے اپنے اخلاق سے اپنے زمانہ والون کو سیدھا کردیا اور حصور وہ ہی جسنے اپنے نفس کو عورتون سے روک دیا اور حضرت یحیی کا نام حصور اسوجہ سے رکھا گیا کہ انکے دل مین عظمت سما گئی تھی اور ابن عطا نے فرمایا کہ سیدہ وہ ہی جسکا تحقق بحقیقت حق عزوجل ہو اور حصور وہ ہی جو ہر دو جہان سے پاک ہو۔ اور جعفر نے فرمایا کہ سیدہ وہ ہی جو مخلوق سے وصف دین اور حال مین اور خلق مین بالکل جدا ہو اور نصر آبادی نے فرمایا کہ سیدہ وہ ہی جسنے اپنے لگاؤ کو اپنے مولی کے ساتھ ٹھیک کرلیا ہو اور شیخ جنید رح نے فرمایا کہ سیدہ وہ ہی جسنے اپنے پروردگار کے عوض مین ہر دو جہان کو خیرات کردیا ہو اور ابن منصور نے کہا کہ سیدہ وہ ہی جسنے بشریت کے اوصاف سے اپنے آپکو خالی کردیا ہو اور ربوبیت کے اوصاف کو ظاہر کیا ہو قال المترجم یعنے اخلاق ذمیمہ چھوڑکر اخلاق حمیدہ اختیار کیے ہون

[1] شطحیات وہ کلمات ہین جو اہل سلوک اپنے حال مین مغلوب ہوکر شرع کے مخالف بکتے ہین ۱۲

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ

بولا اے رب کہاں سے ہوگا مجکو لڑکا اور پہنچ آچکا بڑھاپا اور عورت میری بانجھ ہے فرمایا اسیطرح اللہ کرتا ہے

مَا يَشَآءُ ۝ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ؕ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ اِلَّا

جو چاہے بولا اے رب مجکو دے کچھ نشانی فرمایا کہ نشانی تیری یہ کہ نہ بات کرے تو لوگوں سے تین روز مگر

رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ۝

اشارہ سے اور یاد کر اپنے رب کو بہت اور تسبیح کر شام اور صبح

قَالَ رَبِّ اَنّٰى - کیف - يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ - ولد - بولا اے رب کس کیفیت سے فرزند ہوگا - وَقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ - ای بلغت نہایۃ السن مائۃ وعشرین سنۃ - حالانکہ میں پہونچ گیا انتہا کے سن کو ف ایک سو بیس برس کا ہو چکا - وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ - بلغت ثمانا وتسعین سنۃ - اور میری عورت بانجھ ہے ف اور اٹھانوے برس کی بھی ہو گئی - قَالَ - الامر - كَذٰلِكَ - من خلق اللہ غلاما منکما فرمایا بات ایسی ہی ہوگی ف یعنے اللہ تعالے تم دونوں سے لڑکا پیدا کریگا - اَللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يَشَآءُ - لا یعجزہ عنہ شیء ولا تظنہ القدرۃ العظیمۃ الہمہ اللہ السوال لیجاب بہا - اللہ کرتا ہے جو چاہتا ہے ف نہیں عاجز کر سکتی اسکو ایسا کرنے سے کوئی چیز اور اس بڑی قدرت کے اظہار ہی کے لیے اللہ تعالے نے زکریا کے دل میں الہام کیا اس سوال کرنے کا تاکہ اسکا جواب دیا جاوے - وَلَمَّا تَاقَتْ نَفْسُهٗ اِلٰى سُرْعَةِ الْبِشَارَةِ

بہ - قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً - ای علامۃ علی حمل امراتی - اور جب حضرت زکریا کے دل کو بہت شوق اٹھا کہ جسکی بشارت دی گئی ہے وہ جلد ہو تو دو کہا کہ اے پروردگار قرار دیدے میرے لیے کوئی نشانی ، یعنے نشانی میری جورو کی حاملہ ہونے پر ہو - قَالَ اٰيَتُكَ

علیہ - اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ - ای تمنع من کلامہم بخلاف ذکر اللہ تعالے - فرمایا تجکو نشانی اس بات پر یہ کہ نہ بات کرے لوگوں سے ف

یعنے باز رہو لوگوں سے کلام کرنے سے بخلاف ذکر و یاد الٰہی کے - ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ - ای بلیالیہا تین دن تک ف مراد یہ کہ تین رات دن

پس سورۂ مریم میں جو ثلث لیال سویا - فرمایا ہے اس سے کچھ اختلاف نہیں ہے کیونکہ وہاں بھی تین رات سے تین دن مع راتین مراد ہیں اور غرض نشانی

یہ کہ تین رات دن تک لوگوں سے بات نہ کر سکے - اِلَّا رَمْزًا - اشارۃ - مگر اشارہ سے ف اگر ضرورت داعی ہو تو سر ہاتھ آنکھ وغیرہ کے

اشارہ سے بتلا دے - وَسَبِّحْ - صل اور تسبیح کر یعنے نماز پڑھ - بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ - اواخر النہار واوائلہ - دن کے آواخر میں اور

اوائل میں ف عشی کہتے ہیں چاشت سے شام تک کے وقتوں کو وہ دن کے آخر اوقات ہیں اور اوائل کے اوقات طلوع فجر سے چاشت تک

ہیں - قولہ تعالے قال رب انی یکون لی غلام یہ عرض حضرت زکریا علیہ السلام کی جناب باری تعالے میں ہے اور معالم میں کلبی اور ایک جماعت کا

قول بیان کیا کہ خطاب حضرت جبرئیل علیہ السلام سے ہے یعنے جبرئیل کو کہا کہ یارب بعد اے میرے سردار اور یہ نہایت مستبعد وخط ہے اور باعث اس

بیجا تکلف کا یہ واقع ہوا کہ بشارت حضرت زکریا کو بواسطۂ ملائکہ پہونچی تھی - کما قال فنادتہ الملائکۃ وہو قائم یصلی فی المحراب ان اللہ یبشرک الآیۃ -

حالانکہ اس سے یہ کوئی ضرور نہیں کہ اب خطاب ملائکہ سے ہو بلکہ ملائکہ کا جواب دینا تو موافق حکم الٰہی اور طریقۂ عادت کے ہے کہ اللہ تعالے کی طرف سے

جواب بواسطۂ ملائکہ ملتا ہے اور انی کے معنے بعض نے یہ لیے کہ کب ہوگا اس بنا پر کہ بعد دعا کے بشارت کے وقت تک چالیس برس اور بعض نے کہا

بیس برس کا وقفہ گذر گیا تھا اور یہ ثابت نہیں ہے صحیح یہی ہے کہ انی یعنے کیف ہے - اگر کہا جاوے کہ پہلے انھوں نے ذریۃ طیبہ کی دعا کی پھر بشارت

دیے جانے پر کیوں مستبعد جانا یعنے دعا کرنا دو حال سے خالی نہیں یا تو یہ سمجھکر تھا کہ ایسا ہو نہیں سکتا پھر دعا کی یا یہ سمجھکر کہ ہو سکتا ہے مگر اول شق

باطل ہی اسواسطے کہ محال سمجھنا انکار قدرت ہی اور نیز پیغمبر کی شان نہین کہ ایسی دعا کرے جسکو ایسا سمجھتا ہی اور دوسری شق صحیح ہی تیسرے سوال ہوتا ہی کہ اب پھر کیون کہا کہ انی یکون لی غلام حالانکہ بشارت ہی مل چکی تھی پھر کیا وعدۂ الٰہی یا اسکی قدرت مین شک تھا۔ تو جواب اسکا معالم مین عکرمہ اور سدی کے قول سے یہ نقل کیا کہ زکریا علیہ السلام نے جب ملائکہ سے آواز سنی تو شیطان انکے پاس آیا اور کہا کہ ای ذکریا تمنے جو آواز سنی ہی وہ اللہ تعالے کی طرف سے نہین ہی بلکہ شیطانی آواز ہی اور اگر وہ اللہ تعالے کیطرف سے ہوتی تو تجکو وحی کیجاتی جیسے اور کو کی جاتی ہی پس زکریا علیہ السلام نے دفع وسواس کے واسطے یہ دعا کی۔ اور دوسرا جواب حضرت حسن رح کے قول سے یہ نقل کیا کہ انکو وعدۂ الٰہی مین شک نہ تھا بلکہ یہ سوال انکا بطریق استفہام کیفیت ہی یعنے یہ کس کیفیت سے ہوگا آیا اس طرح ہوگا کہ مجکو اور میری جورو کو جوان کردیا جائیگا یا اسی بڑھاپے پر ہوگا یا مجھے کوئی دوسری جورو ملیگی جو بانجھ نہو اور منصور جلال رحمہ اللہ نے تیسرے جواب کی طرف اشارہ کیا کہ یہ بطریق استعظام قدرت و تعجب ہی یعنے کیا بڑی یہ قدرت و عجیب ہی اور جواب چہارم یہ ذکر کیا گیا کہ یہ استبعاد بطریق عادت کے ہی یعنے قدرت الٰہی بڑی ہی اور ضرور واقع ہوگا مگر عادت کی راہ سے بہت بعید ہی کہ بھوس بڈھے اور ایسی بڈھیا سے لڑکا پیدا ہو پس جواب دیا گیا کہ ہان ایسا ہی ہوگا اللہ تعالے کی قدرت بہت اعلی و اجل ہی وہ مخلوق بندون کے وہم و قیاس سے باہر ہی وہ جو چاہتا ہی کرتا ہی۔ قولہ ابتک ان لا تکلم الناس منفسرین نے اسمین اختلاف کیا ہی کہ لوگون سے کلام نہ کرنا آیا اس طور پر تھا کہ کلام ہی نہین کرسکتے تھے یا اس طور پر تھا کہ کلام کرسکتے تھے مگر حکم کی وجہ سے باز رہے پس معالم مین ہی کہ اکثر مفسرین نے کہا کہ زکریا کی زبان بند کردی گئی تھی اسطرح کہ لوگون سے کلام نہین کرسکتے تھے اور یاد آہی کرسکتے تھے۔ اگر کہا جاوے کہ کیون تین روز تک اسطرح زبان بند کی گئی تو جواب دیا گیا کہ اسلیے بند ہوئی کہ اس مدت مذکورہ مین وہ خالص یاد آہی کے واسطے ہون انکے زبان کسی اور بات مین مشغول نہو تا کہ حق نعمت و شکر فی الجملہ ادا کرین کہ نعمت بہت بڑی تھی پس کہا گیا کہ تیرے لیے نشانی یہ ہی کہ تیری زبان بند کی جاوے سوائے ذکر و شکر کے سبب کلام سے اور یہ اچھا جواب ملا ہی کیونکہ عمدگی جواب کی یہ ہی جو سوال ہی سے نکلتا ہو اور اسی سے ٹپکتا ہو تا کہ دل مین خوب جمے۔ اور قتادہ سے روایت ہی کہ انکی زبان بند کردی گئی تھی بوجہ سزا کے کیونکہ انھون نے بالمشافہہ ملائکہ کی بشارت کے بعد ایسا سوال زبان سے نکالا۔ اور بعض مفسرین نے یہ اختیار کیا کہ زبان بند نہین ہوئی تھی بلکہ حکم کی وجہ سے باز رہے تھے اور یہی محی السنہ نے معالم مین اختیار کیا ہی چنانچہ کہا کہ تو باز رہے کلام الناس سے اور بالکلیہ اللہ تعالے کی عبادت پر جھک پڑے اور یہ نہین تھا کہ بولنے سے انکی زبان بند کردی گئی بلکہ بات کرنے سے منع کردیے گئے تھے حالانکہ وہ اچھے خاصے بول سکتے تھے جیسے کہ سورۂ مریم مین فرمایا۔ ان لا تکلم الناس ثلث لیال سویا۔ یعنے درحالیکہ تو سوی و تندرست ہو بدون اسکے کہ زبان بند ہو جاوے پس اللہ تعالے نے انکو اپنی یاد کا حکم دیا اور لوگون سے کلام کرنے سے منع کردیا قال المترجم اور اسپر وارد ہوتا ہی کہ پابندی حکم سے انکے واسطے نشانی کیا ظاہر ہوگی اسواسطے کہ اسکا کوئی وقت معین نہین ہی اور احسن تفسیر یہ ہی جو شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے ذکر فرمائی کہ لا تستطیع النطق مع انک سوی صحیح۔ یعنے تجکو استطاعت بولنے کی نہوگی باوجودیکہ تو تندرست صحیح ہوگا پس حاصل یہ ہی کہ اللہ تعالے نے زکریا کے واسطے یہ نشانی مقرر کی کہ جب تو ذکر الٰہی و تسبیح پر قدرت کے باوجود لوگون سے تین روز تک کلام کی استطاعت نہ رکھی باوجودیکہ تندرست ہو تو یہی علامت ہی کہ تیرا نطفہ قرار پایا ہی اور یحیی علیہ السلام تیرا فرزند ہوگا۔ قولہ و سبح بالعشی والابکار واحدی نے ذکر کیا کہ عشی جمع عشیہ ہی اور ظاہر کلام اکثر یہ ہی کہ وہ واحد ہی اور چاشت سے غروب تک کا وقت ہی اور بعض نے کہا کہ زوال سے غروب تک اور یہی اظہر ہی واللہ اعلم بالتسبیح سے مراد یا تو اللہ تعالے کو پاکی کے ساتھ یاد کرنا یا نماز مراد ہی اور یہی مفسر رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہی کیونکہ نسائی رحمہ اللہ نے روایت کی ہی کہ انکی شریعت مین دو ہی نمازین تھین ایک نماز قبل آفتاب طلوع ہونے کے اور دوسری قبل آفتاب غروب ہونے کے یعنے فجر و عصر۔ اور اسی سے عشی و ابکار

کی تخصیص کی وجہ بھی ظاہر ہوگئی اور حسن رحمہ اللہ سے آیت کی تفسیر میں یہ روایت ہے کہ ان تین روز روزے رکھے اور نماز پڑھے پھر روزے کو لوگوں سے کلام نہ کرنے سے تعبیر فرمایا اسواسطے کہ وہ لوگ جب روزہ رکھتے تھے تو بات نہیں کرتے تھے ف۲ عرائس البیان میں کہا کہ قولہ تعالے قال رب اجعل لی آیۃ۔ جب اللہ عزوجل نے اپنے نبی زکریا علیہ السلام کو یحیی علیہ السلام کا وعدہ دیا تو زکریا نے اللہ تعالے سے اسکے ظہور کے وقت کا نشان پوچھا اور یہ سوال اللہ تعالے کے وعدہ میں کچھ شک نہ تھا لیکن اسکی غرض یہ تھی کہ دل کو طمانینت ہو تاکہ اللہ تعالے کی نعمت وموہبت ظاہر ہونے کے وقت تک جو اسباب ادب کے ہیں انکو مہیا کرلے اللہ تعالے کی نعمت کا شکر کرنے کو اسکی طرف متوجہ ہوجاوے تاکہ ہمیشہ اللہ تعالے کی نعمتیں اترتی رہیں۔ قولہ تعالے قال آیتک الا تکلم الناس ثلثۃ ایام الا رمزا۔ اپنے نبی زکریا علیہ السلام کی زبان کو غیر کے ساتھ باتیں کرنے اور گفتگو کرنے سے بند کردیا تاکہ خلق کے ازدحام سے وذکر سے انکا حال دل پاک رہے اور اسمیں ادب یہ ہے کہ جسنے اللہ تعالے سے کوئی چیز اسکے غیب کے معانی سے طلب کی یا اسکا معجزہ وکرامت دیکھنا چاہا تو اسکی زبان فضول باتوں پر نہ حرکت کرے اور اسکے دل میں سوا اس کا خطرہ نہ پیدا ہو تاکہ اسکا ظاہر وباطن مشغول بحق ہو اسواسطے کہ تفرق جب ظاہر میں واقع ہوا تو اس سے باطن میں تشویش ہوتی ہے اور دل جمعی نہیں رہتی ہے اور آنحضرت کو یعنے زکریا علیہ السلام کو رمز کی اجازت دیدی تاکہ اس سے انکے دل کا تنگ ہونا دور ہو اور جو لوگ انکے تابع انکے پاس آوین انسے تنگی دفع ہو اور رمز تو انبیا کی طرف سے اولیا کے واسطے ہوتی ہے اور اولیا کی طرف سے خاص مریدوں کے لیے ہوتی ہے اور رمز کی حقیقت یہ ہے کہ سر باطنی دوسرے سر باطنی پر پیش ہو اور ایک نفس کا دوسرے نفس پر اظہار ہو اور ایک خاطر دوسری خاطر کو آگاہ کرے باین طور کہ خطاب کرنے والے ہیں اور جسکو خطاب کیا ہے اسمیں جو سلسلہ ملا ہوا ہے اسکو جنبش ہو قولہ تعالے واذکر ربک کثیرا۔ بہت یاد الٰہی اس مقام پر یہ ہے کہ اپنی نیت کو خطرات سے خالی کرے اور مناجات میں باطن کو تمام قصدوں وفکروں سے پاک کرے اور مشاہدات میں اسکی روح کو تجرید ہو اللہ تعالے نے اپنے اہل محبت وارادت کو اس تمام بیان سے ادب سکھلایا جو حضرت زکریا کی دعا کے قبول ہونے کی خبر دی ہے یہانتک کہ جب یہ لوگ کسی غیب کی بات کا کشف چاہیں اور اپنی دعا کا قبول ہونا چاہیں تو مخلوق اور اسکے ساتھ باتیں کرنے سے ایک طرف رہیں اور جو کچھ لایعنی بات ہو سب کو ترک کریں اور اپنی باطنی خاموشی کی مہر لگادیں ہاں یاد الٰہی کے ساتھ اسکو تازہ رکھیں اور اس مناجات میں جسمیں کشف مقصود کا ارادہ ہے بہت یاد کریں

وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ وَطَهَّرَكِ وَاصْطَفٰكِ عَلٰى

اور جب فرشتے بولے ای مریم اللہ تعالے نے تجکو برگزیدہ کردیا اور تجکو پاکیزہ کردیا اور تجکو برگزیدہ کردیا سب

نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ۝

جہان کی عورتوں پر ای مریم بندگی ادا کر اپنے رب کی اور سجدہ کر اور رکوع کر ساتھ رکوع کرنے والوں کے

وَاذْكُرْ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ۔ ای جبرئیل۔ اور یاد کر جبکہ کہا ملائکہ نے یعنے جبرئیل نے۔ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰكِ اختارک۔ اللہ تعالے نے تجکو برگزیدہ کردیا۔ وَطَهَّرَكِ۔ من مسیس الرجال۔ اور پاک کردیا تجکو مردوں کے چھونے سے۔ یعنے کوئی مرد نہیں چھوئیگا اور رہا یہ امر کہ حیض سے بھی پاک تھیں تو یہ ثابت نہیں ہوا ہے بلکہ یہ ثابت ہوا ہے کہ حضرت عیسی سے حاملہ ہونے سے پہلے انکو ایک حیض آیا تھا وَاصْطَفٰكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ۔ ای اہل زمانک۔ اور تیرے زمانہ والی تمام جہان کی عورتوں پر تجکو برگزیدہ کیا۔ يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ۔ المبعیہ۔ ای مریم تو اللہ تعالے کی اطاعت کر۔ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ای صلی مع المصلین۔ اور سجدہ کر اور رکوع کرنے والوں کے ساتھ رکوع کر ف یعنے نماز پڑھ نماز پڑھنے والوں کے ساتھ ہیں ف واذ

قالت الملائکۃ۔ یہ عطف ہی قولہ واذ قالت امرأۃ عمران۔ پر اور درمیان مین قصہ زکریا کو بھی بسبب مناسبت کے فاصل آگیا تھا۔ جس سے یہ مقصود ظاہر ہو کہ اللہ تعالے کی قدرت عظیمہ جیسے عیسیٰ مین نے باپ ہو ویسی ہی یحیی مین بوڑھے و بڑھیا بانجھ سے ہی۔ اور ظرف اذ منصوب بفعل مقدر اذکر ہی اور معنے یہ ہین کہ یاد کر جبکہ ملائکہ نے بالمشافہہ مریم سے کلام کر کے کہا۔ اور یہ تربیت روحانی بڑے ہونے پر ہی جو بعد حالت صغر کی تربیت جسمانی کے واقع ہوئی ہی۔ قولہ ان اللہ اصطفاک۔ بعض نے کہا کہ برگزیدہ کرنا وہ ہی جو پہلے واقع ہوا کہ مریم علیہا السلام کی ماں سے انکو نذر مین قبول فرمایا حالانکہ انسے پہلے کسی لڑکی کو نذر مین قبول نہین کیا گیا تھا اور انکو حضرت زکریا کی گود مین پالا اور جنت سے انکو رزق عطا کیا۔ قولہ وطہرک۔ یہان طہارت یا تو شرک و کفر سے مراد ہی یا گناہون سے یا مردون کے مس کرنے سے جیسا کہ مفسر رح نے کہا یا حیض وغیرہ سے جیسا کہ کشاف و بیضاوی نے جزم کیا کہ وہ حیض سے پاک تھین اور سورۂ مریم مین انشاء اللہ تعالے اسکی تحقیق آویگی۔ قولہ واصطفاک علی نساء العالمین۔ بعض نے کہا کہ پہلے اصطفائیت تو انکی ماں سے قبولیت بروجہ حسن وغیرہ تھی اور دوسری اصطفائیت جو یہان مذکور ہی یہ ملائکہ کا کلام بالمشافہہ سنانے وغیرہ سے ہی کیونکہ اور کسیکے واسطے یہ واقع نہین ہوا اور یہین سے بعض نے زعم کیا کہ مریم علیہا السلام نبیہ ہین اور اصح یہ ہی کہ وہ نبیہ نہین ہین بلکہ بیضاوی رح نے تو اسپر اجماع کا دعوی کیا ہی کہ کوئی عورت کبھی نبی نہین ہوئی بدلیل قولہ تعالے وما ارسلنا من قبلک الا رجالا نوحی الیہم الآیۃ۔ اور نہین بھیجے ہمنے تجھسے پہلے مگر مرد ہی کہ ہم انکی طرف وحی نازل کرتے رہے۔ اگر کہا جاوے کہ کلام ملائکہ سے کلام جبرئیل مراد ہی اور یہ نبوت کی دلیل ہی تو جواب دیا گیا بچند وجوہ اول آنکہ یہ وحی نہ تھی بلکہ کرامت تھی جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بیوی کو ملائکہ نے خطاب کیا تھا چنانچہ قولہ تعالے فبشرناہا باسحق الآیۃ۔ اسپر دلالت کر رہا ہی پس اگر نبوت ہی کی دلیل ہو تو حضرت سارہ کی نبوت کا بھی قائل ہونا چاہیے اور یہ کسی نے نہین کہا ہی۔ دوم آنکہ بعض نے کہا یہ زکریا علیہ السلام کا معجزہ تھا۔ سوم آنکہ ارہاص تھا یعنے عیسی علیہ السلام کی نبوت کی بنیاد بطریق خوارق عادات کے مبعوث ہونے سے پہلے قائم کی گئی فافہم۔ اور اسمین خلاف نہین کہ وہ افضل نساء العالمین ہین۔ پھر اسمین اختلاف ہی عالمین سے وہ عالم مراد ہین جو اسوقت موجود تھے یا وہ بھی جو قیامت تک ہون سب مراد ہین پس زجاج وغیرہ سے یہ قول مذکور ہی اور اکثرون کے نزدیک یہ ہی کہ وہ فقط اپنے زمانہ کی عورتون سے افضل ہین اور یہی اصح ہی اور ترمذی و بخاری و مسلم وغیرہم نے روایت کی کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ مین نے رسول اللہ صلعم سے سنا کہ فرماتے تھے خیر نسائہا خدیجۃ بنت خویلد و خیر نسائہا مریم بنت عمران۔ اور یہ لفظ ترمذی کے ہین یعنے اپنے وقت کی عورتون سے خدیجہ بنت خویلد بہتر ہین اور اپنے زمانہ کی عورتون سے مریم بنت عمران بہتر ہین۔ اور ابو موسیٰ رض سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ مردون مین بہتیرے کامل ہوے اور عورتون مین سے نہین کامل ہوئین سوائے مریم بنت عمران اور آسیہ زن فرعون کے اور فضیلت عائشہ رض کی عورتون پر ایسی ہی جیسے فضیلت ثریدہ کے کھانون پر ہوتی ہی رواہ الشیخان وغیرہما اور اس باب مین بہت سی احادیث ہین جنسے صریح ثابت ہوتا ہی کہ حضرت مریم اپنے زمانہ کی عورتون سے افضل تھین نہ آنکہ تمام عالم کی عورتون سے افضل تھین اور یہ امر کسی عورت کے واسطے نہین ثابت ہوا کہ وہ تمام عالم کی عورتون سے افضل ہو سوائے حضرت سیدہ فاطمۃ الزہراء جگر گوشۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جیسا کہ ایک جماعت علماے محققین اسطرف گئی ہی اور شیخ مفسر جلال حملہ اللہ نے اپنے فتاوے مین لکھا کہ اصح مذہب یہ ہی کہ فاطمہ رض افضل ہین عائشہ رض سے اور بعضے اسطرف گئے ہین کہ دونون برابر ہین اور بعض نے توقف کیا ہی اور جب امام مالک رحمہ اللہ سے یہ مسئلہ پوچھا گیا تو فرمایا کہ فاطمہ رض جگر پارہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہین اور مین حضرت صلعم کے گوشت پارہ پر کسیکو فضیلت نہین دیتا ہون اور امام سبکی نے کہا کہ میرے نزدیک مختار اور میرے دین والون کا مختار یہی ہی کہ فاطمہ افضل ہین اور انکے بعد

لہ ایک نسخہ مین عدد نہین ہی

انکی والدہ خدیجہ بنت خویلد پر عائشہ رضی اللہ عنہن کذا ذکرہ الشیخ عبد الحق اور کہا کہ حق یہ ہی کہ افضلیت کی حیثیتین مختلف ہین ولیکن شرف ذات اور پاکی طینت وطہارت جوہر کی راہ سے کوئی بھی حضرت فاطمہ رضہ کے برابر نہین پہونچتا ہی مفسر مجم کہتا ہی کہ شرافت نسب پاکی جوہر تو ظاہر ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم طبقہ بطبقہ بہتر ہی نسب مین ہوتے آئے یہان تک کہ دنیا مین تشریف لائے جیسا کہ اس حدیث سے جو مین نے تفسیر آیۃ تلک الرسل فضلنا بعضہم علی بعض۔ مین ذکر کی ہی ظاہر ہی اور آپ کا سید اولاد آدم ہونا بھی واضح ہی اور حضرت سیدہ فاطمہ رضہ پارۂ ذات شریف نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہین پس انکو بھی یہ دونون باتین حاصل ہین رہا افضل ہونا باعتبار مدارج ثواب کے بھی تو اسمین احادیث مشترک واقع ہوئی ہین چنانچہ ابن عباس رضہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا افضل زنان عالمین خدیجہ و فاطمہ و مریم و آسیہ زن فرعون ہین۔ رواہ الحاکم وصححہ اور انس رضہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا بس کر افضل جانتے ہین زنان عالمین سے مریم بنت عمران و خدیجہ بنت خویلد و فاطمہ بنت محمد و آسیہ زن فرعون رواہ الترمذی وصححہ اور ابن مردویہ کی روایت مین خیر نساء العالمین چار ہین مریم بنت عمران و آسیہ زن فرعون و خدیجہ بنت خویلد و فاطمہ بنت محمد۔ آیا ہی ولیکن ترمذی نے ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت کی انھون نے حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہ حضرت صلعم نے حضرت فاطمہ رضہ کو خبر دی کہ وہ سیدہ نساء اہل جنۃ ہین سوائے مریم بنت عمران کے۔ اور ترمذی نے اس روایت کو حسن کہا ہی اور ابن عساکر نے ابن عباس سے روایت کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چار عورتین اپنے وقت کی عورتون کی سردار ہین مریم بنت عمران آسیہ بنت مزاحم وخدیجہ بنت خویلد و فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور ان سب مین افضل فاطمہ ہین۔ اور یہ حدیث بھی حدیث ترمذی سے اسناد مین کم نہین بلکہ اسکے مقابلہ مین حدیث ترمذی معارض ہونے کی صلاحیت نہین رکھتی ہی اور اگر معارض مان لی جاوے تو حدیث عائشہ رضہ جو صحیحین مین مروی ہی اور اسمین ہی کہ کیا تو راضی نہین کہ تو زنان اہل جنت کی سردار ہو سالم از معارضہ ہی اور اسمین کوئی استثنا نہین ہی اور ظاہر لفظ مفید استغراق و شمول تمام افراد زنان اہل جنت ہی پس حضرت فاطمہ تمام عالم کی عورتون کی علی الاطلاق سردار ہین اور بعضے علما سید ہونے اور خیر ہونے مین فرق کرتے ہین اور ظاہر یہ ہی کہ سیادت مطلقہ بہ نسبت معنے خیر کے بھی عام ہی واللہ اعلم بالجملہ مسئلہ مختلف فیہا ہی اور اصح یہی ہی جو مذکور ہوا جیسا کہ شیخ مفسر نے کہا ہی واستعصب بما رواہ الطبرانی خیر نساء العالمین مریم بنت عمران ثم خدیجہ بنت خویلد ثم فاطمہ بنت محمد ثم آسیہ امرأۃ فرعون والکلام فیہ طویل لا یسعہ المقام۔ قولہ یا مریم اقنتی لربک واسجدی وارکعی مع الراکعین خشوع کے ساتھ بندگی کرنا قنوت ہی چنانچہ ابو سعید رضہ سے مرفوعا روایت ہی کہ ہر حرف قرآن مین جہان قنوت مذکور ہی وہ بمعنے طاعت ہی رواہ ابن ابی حاتم اور مجاہد نے کہا کہ مریم علیہا السلام اسقدر کھڑی رہتی تھین کہ انکے ٹخنے ورم کر گئے اور قنوت نماز مین رکوع کی درازی ہی۔ اور اوزاعی نے کہا کہ مریم اپنی نماز پڑھنے کی جگہ مین اللہ تعالے کے حکم کی فرمانبرداری کے واسطے اسقدر رکوع وسجود و قیام مین قائم رہین کہ انکے پیرون مین ورم آیا اور پیپ جاری ہوا۔ اور حدیث مین آیا ہی کہ افضل الصلوۃ طول القنوت۔ اور علما نے اختلاف کیا ہی کہ قنوت سے کیا معنے ہین بعض نے کہا کہ قیام مراد ہی اور بعض نے کہا کہ سجدہ مراد ہی لیکن آیۂ کریمہ مین اخیر معنے نہین بن سکتے ہین اور شاید کہ قنوت سے محض خشوع مراد ہو والاول اظہر۔ اگر کہا جاویگا کہ سجود کو رکوع پر مقدم کرنے مین کیا بھید ہی جواب دیا گیا کہ شاید انکی شریعت مین ایسا ہی ہو اور بعض نے کہا کہ نہین بلکہ رکوع سب شرائع مین سجود سے پہلے تھا۔ اور بعض نے جواب دیا کہ سجود کی تقدیم مین رکوع پر اسکے افضل ہونے کا اشعار ہی۔ یا اسوجہ سے کہ انکی نماز مین ترتیب نہ تھی باوجودیکہ واو خالی جمع کے واسطے ہی بدون الالتفات ترتیب کے اور ٹھیک یہ ہی کہ اول تو کثرت سجود کا حکم ہی پھر نمازیون کے ساتھ مین جماعت کا حکم ہی اور راکعین کے ساتھ رکوع کرنے سے ظاہر یہ ہی کہ جماعت سے نماز ادا کرے اور بعض نے کہا کہ راکعین کے مانند ادا کرے اگرچہ تنہا ہو ف ۲ فی العرائس قولہ تعالے واذ قالت الملائکۃ یا مریم ان اللہ اصطفاک

یعنے باین طور تجکو برگزیدہ کیا کہ اپنا کلمہ تجھ مین القا کیا اور نیز تجکو فرشتون کی دیدار دانکے ساتھہ خطاب کرنے سے برگزیدہ کیا اور نیز تجکو کرامات دیکر سب سے برگزیدہ کیا حتی کہ ملائکہ تیرے لیے جنت سے رزق لائے - قولہ وطہرک - ای مردون کے چھونے سے تجکو پاک رکھا اور نیز بشریت کی نجاسات سے پاک رکھا - اور نیز تیرے سر باطن کو اللہ تعالے کی طرف سے غافل ہوکر زکریا کی پرورش کی طرف التفات کرنے سے بچایا یعنے تونے دل سے اپنا پرورش کرنے والا اللہ تعالے ہی کو سمجھا - قولہ واصطفاک علی نساء العالمین - پہلا برگزیدہ کرنا تو مرتبہ کی بزرگی کے لیے ہی اور دوسرا برگزیدہ کرنا حقیقی عصمت ہی چنانچہ علی نساء العالمین سے اسپر اشارہ موجود ہی اور استاذ رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اصطفا کو مکرر لانے مین یہ اشارہ ہی کہ اول اصطفا تو کرامت و منزلت و بلندی حال کے واسطے ہی اور دوسرا اصطفا یہ کہ وہ حضرت عیسی علیہ السلام کے ساتھہ بدون اسکے کہ عیسی علیہ السلام کا کوئی باپ ہو حاملہ ہوئین - قولہ یا مریم اقنتی لربک - یعنے اپنے مولی کی بندگی مین ٹھیک قائم رہ - قولہ واسجدی - یعنے میرے ہی واسطے خالص سجدہ کر - قولہ وارکعی مع الراکعین - یعنے میرے اولیا و انبیا اور خاص اہل محبت کے ساتھہ جو دل نرم ہوکر میری طرف جھکتے ہین تو بھی اسیطرح میری درگاہ مین بندگی کرتا کہ تجکو اہل جماعت کی برکت نصیب ہو اسواسطے کہ اولیا کی صحبت سے بندگی مین استحکام ہوتا ہی اور بشریت کی بت پرستی سے بندہ چھوٹ جاتا ہی - واللہ تعالے اعلم

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ

یہ جو ہین غیب کی ہین ہم بھیجتے ہین تجکو اور تو نہ تھا انکے پاس جب ڈالتے تھے اپنے قلم

اَيُّهُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ۝

کہ کون پالے مریم کو اور نہ تو تھا انکے پاس جب وہ جھگڑتے تھے

ذٰلِكَ - المذکور من امر زکریا و مریم - یہ جو زکریا و مریم کا حال مذکور ہوا - مِنْ اَنْۢبَآءِ الْغَيْبِ - اخبار غائب عنک - اخبار غیب سے ہی ف انبا، جمع نہا بمعنے خبر اور غیب مصدر ہے جو چیز غائب ہو وہ مراد ہی اور حاصل آنکہ اخبار اس چیز کے ہین جو تجھسے غائب ہی کیونکہ حضرت صلعم سے بہت پہلے کا یہ واقعہ ہی - نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ - یا محمد - ہم تجکو وحی کرتے ہین ای محمد - وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ - فی الماء لیتبرعون لیظہر لہم - اَيُّهُمْ يَكْفُلُ - یربی - مَرْيَمَ - تو انکے پاس نہین تھا جبکہ ڈالتے تھے وہ لوگ یعنے احبار بیت المقدس اپنے قلمون کو پانی مین ف یعنے نہار دن مین در حالیکہ قرعہ ڈالتے تھے تاکہ ظاہر ہوجاوے انکو کہ دو انمین سے کون شخص پرورش کریگا مریم کو،، اور کفل در اصل بمعنے ملا لینا اسی سے اول مین - کفلہا زکریا - بھی بدون تشدید پڑھنا مرجح قرار دیا گیا ہی - وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ - فی کفالتہا فتعرف ذلک فتخبر بہ وانما عرفتہ من جہۃ الوحی - اور تو انکے پاس نہین تھا جبکہ وہ جھگڑتے تھے ف یعنے مریم کی کفالت مین یعنے ہر ایک اسکی کفالت مین رغبت کرتا تھا - اسوجہ سے کہ انکے امام نماز کی لیئے تھی اور حاصل یہ کہ تو اسوقت موجود نہ تھا تاکہ تو اسکو دیکھ لیا پھر اسکی خبر دی ہو بلکہ بات یہی ہی کہ تونے اسکو اللہ تعالے کی وحی کرنے ہی سے معلوم کیا ہی ف قولہ لوحینا الیک - ای لو حی الغیب الیک - اور یہ احسن ہی بہ نسبت اسکے کہ ذلک کی طرف راجع ہو اور ابو السعود نے کہا کہ صیغہ مضارع سے ایذان ہی کہ وحی ہنوز منقطع نہین ہوئی ہی اور لغت مین وحی کے معنے پوشیدگی سے آگاہ کرنا اور ابن فارس نے کہا کہ وحی بمعنے اشارہ و کتابت و رسالت اور ہر چیز دوسرے کی طرف القا کرنا تاکہ وہ جان لیوے - اور شرع مین وحی دو طرح پر ہی ایک بواسطہ ملک اور دوم بلا واسطہ الہام اور اول کو جلی کہتے ہین اور دوم کو خفی اور اقسام وحی از جانب الٰہی مطلقاً تو سہ پر ہی جیسا کہ فتح الباری مین مفصل

بیان کیا ہو۔ قولہ ما کنت لدیہم اگر کہا جاوے کہ اسکی نفی کرنے مین کیا حکمت ہو حالانکہ یہ تو معلوم تھا کہ آپ کا زمانہ ان لوگون سے بہت پیچھے ہو تو جواب یہ ہو کہ اس سے مراد یہ ہو کہ موجودہ یہود وغیرہ نے آپ کی وحی و نبوت سے انکار کیا سو اگر یہ انکار صحیح ہوتا تو آپ کو ان اخبار غیب کے معلوم ہونے کا کیا طریقہ تھا سوائے دو باتون کے کہ یا تو آپ اسوقت کا حال دیکھے ہوے ہوتے سو یہ تو کوئی دعوی نہین کر سکتا اور وہ بھی اسکے مدعی نہ تھے دوم یہ کہ توریت وغیرہ والون سے سنا ہو سو وہی خود تسلیم کرتے تھے کہ حضرت توریت نہین پڑھتے اور نہ ان لوگون سے ملا ملا رکھتے تھے پس ثابت ہوا کہ وہ محض وحی الٰہی کی خبر ہو۔ قولہ اذ یلقون اقلامہم ایہم یکفل مریم۔ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر مین قول عکرمہ باسناد ابن جریر ذکر کیا کہ مریم کی والدہ مریم کو ایک کپڑے مین لپیٹ کر بنی الکاہن کے پاس جو حضرت موسی علیہ السلام کے بھائی ہارون علیہ السلام کی اولاد سے تھے لائین اور یہ لوگ ان دنون مین کعبہ کے دربانون کے مانند بیت المقدس کے دربان تھے اور انسے کہا کہ لو تم اس منذورہ کو یعنے نذر کی ہوئی لڑکی کو کہ مین نے اسکو محرر کر دیا ہو اور یہ لڑکی ہو اور کنیسہ مین حائض عورت نہین جاتی اور مین اسکو اپنے گھر مین نہین لیجا سکتی وہ بولے کہ یہ ہمارے امام کی دختر ہو اور عمران رحمہ اللہ نماز مین انکی امامت کیا کرتے تھے اور یہ اسکی دختر ہو جو صاحب قربان تھا پس زکریا علیہ السلام نے کہا کہ یہ مجھے دیدو کہ اسکی خالہ میرے تحت مین ہو بولے کہ ہمارا جی اسپر راضی نہین ہوتا یہ تو ہمارے امام کی دختر ہو پس اسی پر انھون نے اپنے قلمون سے قرعہ ڈالا جنسے توریت لکھتے تھے پس قرعہ زکریا کے نام نکلا اور نیز عکرمہ و سدی و قتادہ و ربیع بن انس وغیرہم نے بیان کیا اور بعض کا بیان دوسرے کے بیان مین داخل ہو اہو یہ کہ یہ لوگ نہر اردن کے اوپر گئے اور وہان اس شرط سے قرعہ ڈالا کہ نہر مذکور مین اپنے قلم ڈالین پس پانی کے بہاؤ مین جسکا قلم ٹھہر جاوے وہی اسکا کفیل ہو پس اس شرط پر انھون نے قلم ڈالے پس سب قلم تو پانی مین بہ گئے سوائے قلم زکریا کے کہ وہ ٹھہرا رہا اور بعض نے کہا کہ وہ چڑھاؤ کی طرف پانی کو پھاڑتا ہوا چلا اور باوجود اسکے زکریا علیہ السلام انکے بزرگ و سید و عالم و امام و نبی تھے صلوات اللہ وسلامہ علیہ۔ مترجم کہتا ہو کہ شاید بیان قصہ مین بہت اقتصار ہوا ہو واللہ اعلم۔ اور ظاہر یہ ہو کہ بنا بر تفسیر مذکور کے تقدیر عبارت یون ہو وما کنت لدیہم اذ یختصمون ایہم یکفل مریم وما کنت لدیہم اذ یلقون اقلامہم سو اسواسطے کہ خصومت مقدم از القاء اقلام ہو اور کما لین مین کہا کہ ایہم یکفل مریم کا تعلق بمحذوف ہو جسپر یلقون اقلامہم دلالت کرتا ہو جیسا کہ مفسر رحمہ اللہ نے لیظہر لہم زائد کیا ہو وہکذا ذکر فی السراج اور اس آیہ سے قرعہ کا جواز معلوم ہوا بدون اسکے کہ حرام کا حلال یا بالعکس ہووے بلکہ محض ترجیح امور مساویہ کے بدون قرعہ کے بھی یا مرجائز ہو جو قرعہ سے نکلا ہو جیسا کہ تفسیر عکرمہ مین بھی اشارہ ہو کہ قرعہ فقط تطیب خاطر کے واسطے ہوا اور ایسا ہی حدیث مین ہو کہ جب سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کو جاتے تو جائز ہو کہ جس جورو کو جی چاہے لیجاوے لیکن انکی تطیب خاطر کے واسطے قرعہ ڈال دیتے کہ جسکے نام نکلے وہ جاوے اور اس زمانہ مین جو بعضے لوگ خرید و فروخت مین قرعہ جائز جانتے ہین یا اس طور کہ مثلا ایک شخص نے ایک گھڑی فروخت کرنی چاہی اور دو دو روپیہ دس آدمیون نے جمع کیے بیس روپے مالک کو دیدیے پھر ان سون نے چٹھی ڈالی جسکے نام نکلے وہ گھڑی دو روپیہ مین لیگیا اور باقی سب مجموعہ سے یہ تو حرام ہو اور بیع ہرگز روا نہین ہو اور ایسا قرعہ جائز نہین ہو

اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ

جب کہا فرشتون نے اے مریم تجکو اللہ بشارت دیتا ہو ایک اپنے حکم کی جسکا نام مسیح عیسی بیٹا مریم کا

وَجِيْهًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ۝ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِى الْمَهْدِ وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝

مرتبہ والا دنیا مین اور آخرت مین اور نزدیک والون مین اور باتین کریگا لوگون سے جبکہ گود مین ہوگا اور جبکہ بڑی عمر کا ہوگا اور نیکبختون مین ہی

واذکر اذ قالت الملٰئکۃ۔ اے جبرئیل سا اور بیان کر جبکہ ملائکہ نے کہا یعنے جبرئیل نے ف پس ملائکہ جمع سے جبرئیل کرم علیہ السلام

مراد ہین یا جبرئیل مع اپنے ساتھیون کے کہ جنکے افسر جبرئیل تھے جنھون نے بشارت دی۔ یَا مَرْیَمُ اِنَّ اللّٰہَ یُبَشِّرُکِ بِکَلِمَۃٍ مِّنْہُ۔ ای ولد۔ یعنے بکلمۂ کائنۂ منہ۔ ای مریم تجکو اللہ تعالے بشارت دیتا ہی اپنی طرف سے ایک کلمہ کی ف و حاصل مراد فرزند ہی یعنے فرزند کی بشارت دیتا ہی۔ اسْمُہُ الْمَسِیْحُ عِیْسَی ابْنُ مَرْیَمَ۔ اسکا نام مسیح عیسٰی بن مریم ہوگا جو کلمہ کن سے پیدا کیا جاویگا یعنے بغیر باپ کے۔ مریم کو خطاب کیا بایں طور کہ نسبت دی عیسی کو مریم کی طرف اس تنبیہ کے واسطے کہ مریم علیہا السلام جنے گی اسکو بدون باپ کے اسواسطے کہ لوگون کی عادت یہ ہی کہ انکو بیٹے باپون کی طرف منسوب کرتے ہین۔ وَجِیْہًا۔ ذا جاہ۔ درحالیکہ وہ لڑکا صاحب جاہ ہوگا۔ فِی الدُّنْیَا۔ بالنبوۃ۔ دنیا مین ف اسطرح کہ اسکو نبوت سے و جاہت ہوگی۔ وَالْاٰخِرَۃِ۔ بالشفاعۃ والدرجات العلی۔ اور آخرت مین ف بایں طور کہ اپنی امت کے مومنین کے واسطے شفاعت کریگا اور بڑے درجون والا ہوگا۔ وَمِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ۔ عند اللہ اور اللہ تعالے کے یہان نزدیکوں والون مین سے ہوگا۔ وَیُکَلِّمُ النَّاسَ فِی الْمَہْدِ وَکَہْلًا۔ ای طفلا قبل وقت الکلام۔ اور وہ لوگون سے باتین کریگا مہد مین یعنے طفولیت مین اور جوانی آنیمین ف مہد دراصل بچون کا گہوارہ و پالنا کہلاتا ہی اور مراد اس سے یہ ہی کہ بچپن مین ایسے وقت سے پہلے باتین کریگا کہ بچہ باتین کرنے لگتا ہی۔ وَمِنَ الصّٰلِحِیْنَ۔ اور وہ صالحین مین سے ہوگا ف لکلمۃ منہ۔ ای من اللہ تعالے۔ اور عیسی علیہ السلام کو کلمہ سے تعبیر کیا جیسا کہ فرمایا ان مثل عیسی عند اللہ کمثل آدم خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون۔ پس کلمہ کن سے پیدا ہوے اور اشارہ ہی کہ سخت نادان ہین جنکو عیسی علیہ السلام کے بے باپ پیدا ہونے پر تعجب ہی اور نا چار شیطان انکو آمادہ کرتا ہی کہ کلمہ کفر کا اعتقاد کرین حالانکہ قدرت الٰہی عزوجل سے وہ ایک کلمہ کن سے پیدا ہوا جیسے آدم علیہ السلام اور یہ تفسیر قولہ مصدقا بکلمۃ من اللہ ہی جیسا کہ جمہور نے ذکر کیا ہی کہ کلمۃ من اللہ سے مراد عیسی علیہ السلام ہین یا اسمہ المسیح عیسی بن مریم۔ مسیح یا تو معرب ہی یا اصل عربی ہی پس اگر معرب ہی تو اصل اسکی مشیخا عبرانی ہی اور معنے اسکے مبارک اور یہ مانند صدیق و فاروق وغیرہ کے ایک لقب شریف ہی اور عیسی علیہ السلام کا کلام بچپن کا خود مذکور ہی کہ۔ جعلنی مبارکا اینما کنت الآیہ۔ اور اگر اصل عربی ہی تو اسواسطے مسیح کا لقب ہوا کہ وہ سیاح رہے لیکن آپ مقیم نہین ہوے ماخوذ از قولہم مسیح الارض۔ جیسا کہ بعض سلف نے کہا ہی اور بعض نے کہا اسوجہ سے مسیح نام ہی کہ انھون نے جس آفت زدہ کو مسح کیا اور چھوا وہ اللہ تعالے کے حکم سے اچھا ہوگیا پس مسیح مشہور ہوے کہ جس سے عوام مین انکے زمانہ کے بڑے بڑے نامی طبیبون سے امتیاز ہوا کہ وہ دوا کرتے اور حضرت مسیح علیہ السلام فقط چھونے سے بحکم الٰہی جنگا کرتے تھے وعلی ہذا فعیل بمعنے فاعل ہی اور بعض نے کہا کہ ممسوح القدمین۔ تھے یعنے پانون بھرے ہوے مخمے خالی نہ تھے یا ممسوح جبرئیل تھے و بعض اقوال دیگر ہین پس فعیل بمعنے مفعول ہی اور دجال کو جو مسیح کہتے ہین تو وہ بزبان عربی بایں معنے کہ اسکی ایک آنکھ ممسوح ہوگی یعنے کانی ہوگی۔ اور رہا عیسی تو بیضاوی وغیرہ نے کہا کہ مشتق از عیس ہی بمعنے سپیدی کہ چمپر سرخی ہو اور یہ تکلف ہی دراصل یہ علم ہی اور اصل بین الشیوع یا بالشیوع تھا اسکا معرب عیسی ہی جیسا کہ کشاف وغیرہ مین ہی اور ابن مریم لسبت ہی یعنے صفت ہی پس اگر کہا جاوے کہ اسمہ المسیح عیسی بن مریم مین نام تو فقط عیسی ہی اور مسیح لقب ہی اور ابن مریم صفت ہی تو جواب یہ ہی کہ اسم اپنے مسمی کے واسطے علامت ہوتا ہی کہ جس سے پہچانا جاوے اور غیر سے ممتاز ہو پس گویا کہا گیا کہ جس سے وہ معروف و ممتاز ہوگا وہ مجموعہ امور ثلثہ ہی۔ اور اگر کہا جاوے کہ ابن مریم فرمایا حالانکہ ظاہر یہ تھا کہ آبنک ہوتا جواب یہ کہ اسمین اشارہ ہی کہ وہ اس کنیت کے ساتھ جو مشتمل بر اضافت ہی مشہور ہوگا اور آیندہ ان ہی کہ اسکا باپ نہوگا سلام اللہ تعالے علیہ۔ قولہ وجیہا۔ حال مقدر از کلمہ ہی اور کلمہ اگرچہ نکرہ ہی لیکن نکرہ موصوفہ ہی۔ اگر کہا جاوے ضمیر کلمہ کی مذکر کیون آئی تو جواب دیا گیا کہ اسکا مسمی مذکر ہی کذا فی السراج قولہ ویکلم الناس فی المہد وکہلا۔ لفظ کہلا

لہ شان نزول ان لوگون کے حق مین جنھون نے عیسی علیہ السلام کی نسبت یہ کہا کہ وہ خدا کا بیٹا ہی یا خدا ہی یا خدا کا شریک ہی ۱۲ سے انتہاے کلام حق ضرور کہ دشمنون

عطف فی المهد ہی یعنے ان دونون حالتون مین لوگون سے بیٹون کی باتین کریگا اور اسکی حالت بچپن اور کہولت مین یکسان ہوتی ہی اور اسیوقت انبیا مبعوث ہوتے ہین کچھ فرق نہوگا اور کمال وہ سن ہی جو شباب اور شیخوخت کے درمیان ہو اور عیسی علیہ السلام بعد کہولت کے سن پر پہونچنے کے اٹھائے گئے ہین اور بعض نے کہا کہ نہین بلکہ کہولت سے پہلے اٹھائے گئے ہین اور شباب کا سن باقی تھا اور اس تقدیر پر کہولت مین انکا لوگون سے کلام کرنا ہنوز واقع نہین ہوا پس مراد یہ ہی کہ قریب قیامت کے زمانہ مہدی علیہ السلام مین دجال کے قتل کو جب اُتارے جاوینگے تب کلام کرینگے اور اسی سے کہا گیا ہی کہ نزول عیسی علیہ السلام کا نص قطعی سے ثابت ہی پھر اللہ تعالے نے حضرت عیسی علیہ السلام کے مختلف احوال جو ایک دوسرے کے منافی ہین ذکر فرما کر ارشاد کیا کہ وہ بڑے بیوقوف ہین جو ایسے شخص کی نسبت جسمین ایسے تغیر پائے جاتے ہین الوہیت کا اعتقاد کرتے ہین حالانکہ الوہیت سے اس سے کوئی نسبت ہی نہین ہی - اگر کہا جاوے کہ حالت کہولت مین اسکی باتین کرنے کی بشارت سے کیا حکمت ہی حالانکہ اسمین سب لوگ یکسان ہین تو جواب دیا گیا کہ مقصود یہ بیان ہی کہ اسکے بچپن اور کہولت کی حالت یکسان ہی - اور نیز بشارت ہی کہ وہ سن کہولت تک باقی رہیگا - اگر کہا جاوے کہ بچپن مین کلام کرنا حضرت عیسی علیہ السلام کے ساتھ مخصوص تھا تو جواب یہ ہی کہ نہین بلکہ اور کئی بچے اس سن مین بولے ہین چنانچہ ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت ہی کہ مہد مین کلام نہین کیا مگر عیسیٰ نے اور یوسف کی گواہی دینے والے بچے نے اور جریج کی گواہی والے نے اور ماشطہ فرعون کے بیٹے نے - اور خفاجی نے ذکر کیا کہ جلال سیوطی رحمہ اللہ نے اُن سب کو جنھون نے مہد مین یعنے بچپن مین کلام کیا ہی نظم مین جمع کیا ہے تکلم فی المهد النبی محمد + ویحیی وعیسی والخلیل ومریم + وطفل بشاهد یوسف + وطفل لذی الاخدود یرویه مسلم + وطفل علیه مر بالامة التی + یقال لها لا تزنی ولا تتکلم + وماشطة فی عهد فرعون طفلها + وفی من الهادی المبارک یختم + اور ابن عباس سے روایت ہی کہ عیسی نے ایک ساعت بچپن مین کلام کیا تھا پھر نہین کلام کیا یہانتک کہ بولنے کے سن تک پہونچے اور جو کلام کیا تھا وہ یہ تھا کہ جب انکی والدہ حضرت مریم کو لوگون والون نے بہتان لگایا تب انکی برات کے واسطے بولے - انی عبد اللہ اتانی الکتاب الایۃ - اور جو لڑکے کہ نظم جلال مین مذکور ہین سب کے واسطے ایک قصہ ہی کہ اسکا یہان ذکر کرنا طول ہوگا انشاء اللہ تعالے سورہ مریم مین اپنے اپنے موقع پر آجاوینگے از انجملہ دوم وسوم وپنجم ونہم چہارم ودہم کی روایات اسوقت تک گذر چکی ہین انکو یاد کرنا چاہیے اور باقی انشاء اللہ تعالے آگے آوینگی - پھر ذکر کیا گیا ہی کہ عیسی علیہ السلام تیس برس کے سن پر نبی ہوے اور رسالت پر ڈھائی برس اور بعض نے کہا تین برس رہے پھر اللہ تعالے نے اُٹھا لیا - قولہ تعالے ومن الصالحین - یہ حال ہی کلمہ سے یا اسکی ضمیر سے جو الکلم مین ہی - اگر کہا جاوے کہ وجیہا فی الدنیا کی تفسیر کی گئی نبوت سے اور یہ منصب بہ نسبت صالح کے بہت بلند ہی بلکہ جتنی صفتین اوپر مذکور ہوئی ہین سب صالح ہونے سے بڑھکر ہین پھر آخر مین انکی صفات کو صالح ہونے پر کیون ختم کیا - تو جواب یہ ہی کہ کوئی آدمی صالح نہین ہوتا جب تک کہ وہ اصلح راہ پر اور اکمل طریقہ پر ہمیشہ اپنے سب حال مین قائم نہو اور یہ افعال قلوب وافعال جوارح کے سب مراتب دین ودنیا کو شامل ہی اسیواسطے سلیمان علیہ السلام نے بعد نبوت کے کہا - ادخلنی برحمتک فی عبادک الصالحین - پس جب عیسی علیہ السلام کے صفات شمار کیے تو اسکے پیچھے اس صفت کو جو بہت بلند درجات پر دلالت کرتا ہی بیان کر دیا - اور تحقیق یہ ہی کہ صلاح کے واسطے خصوص من عموم ہی پس عموم صلاح تو پورے مومن تک کو شامل ہی اور خصوص صالح نہایت اعلی مرتبہ کی کہ وہ نبوت مین متعدد مقام رکھتا ہی و قد مر منا فی مواضع فـــ عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے واذ قالت الملائکۃ یا مریم ان اللہ یبشرک بکلمۃ منہ - اللہ تعالے نے مریم کو پہلے سے بشارت دیدی تاکہ ملائکہ کرنے والون کی گفتگو بہتان مین حضرت مریم علیہا السلام کا قدم مضبوط رہے اور اپنی منزلت کو معلوم کرے تاکہ لوگون کی باتون سے

درجۂ یقین سے نہ کرے۔ قولہ وجیہا فی الدنیا والآخرہ۔ یعنے دنیا مین تو انوار ربوبیت کے لباس سے آراستہ ہوگا اور آخرت مین جمال مشاہدہ کے لباس سے آراستہ ہوگا۔ اور اللہ تعالے نے عیسی علیہ السلام کو ہیبت کا لباس دیدیا تھا تاکہ مومن کافر ہر فریق کی آنکھ مین بزرگ نظر آوے۔ قولہ ویکلم الناس فی المہد کہلا۔ حضرت عیسی علیہ السلام نے مہد مین لوگون سے کلام کیا تاکہ اپنی نبوت و رسالت پر اور اپنی ماں کی طہارت پر خود شاہد ہو اور کہلا۔ کلام کرنا اسکی انبساط و حالت اتحاد سے ہی پس اول کا کلام کرنا تو نبوت سے ہی اور دوسرا کلام کرنا بعد بالکل فنا ہونے کے ظہور خالص قدرت باری وحدہ لاشریک لہ سے ہی۔ یعنے ایسا وقت تھا کہ حضرت عیسی خود بالکل فنا تھے اور بقا فقط ذات باری وحدہ لاشریک لہ کو تھی چنانچہ یہ مثل تصویر کے پنجۂ قدرت مین تھے جو حکم ہوتا تھا اور جسطرح حرکت دلائی جاتی تھی وہی انسے صادر ہوتا تھا اور انکا فعل خود انکے قول کا شاہد تھا چنانچہ مردہ کو زندہ کرنا اور مادرزاد اندھے کو آنکھین دینا اور کوڑھی کو چنگا کر دینا یہ سب ظہور افعال الٰہی عزوجل تھا جو بندہ خاص حضرت عیسی علیہ السلام کے ہاتھون ہوتا تھا اور خود حضرت عیسی علیہ السلام خودی سے فنا تھے اور اپنے ارادون سے خالی تھے اور یہ صرف تصرف ذات ہی اور اعلی اس سے تصرف در غیر ہی بایں وجہ کہ از عمدہ ہو بخلاف زندگان عیسی علیہ السلام کے کہ انپر اثر موت ظاہر ہوتا تھا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے معوذین عفراء کا ہاتھ کٹا ہوا اپنے دست مبارک سے جوڑ دیا کہ وہ انکی موت تک نہایت پر قوت رہا جبکہ انھون نے ابوجہل کو قتل کیا تو ابوجہل کے بیٹے نے انکو تلوار کا ہاتھ مارا کہ انکا ہاتھ شانہ سے الگ ہوگیا اور ایک تسمہ سے لٹکا رہا آخر انھون نے اسکو الگ کر دیا اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دوڑتے آئے آپ نے اسکو جما دیا کہ اسیوقت اچھا ہوگیا۔ اور اسیطرح ایک صحابی کی آنکھ تیر کے صدمہ سے نکل پڑی تھی اسکو لیکر اپنے لب مبارک کے لعاب سے اندر کر دیا کہ اسیوقت اچھی ہوگئی اور تادم مرگ اسکی روشنی نہایت تیز تھی ہذا توضیح ما ذکرہ الشیخ۔ ابتدا مین حضرت عیسی علیہ السلام ملتبس بزبان عبودیت تھے اور انتہائی مرتبہ پر ملتبس بصفات ربوبیت ہوے یعنے خودی سے فنا ہوے کہ انمین صفات باری تعالے و اسکی ارادت نے ظہور فرمایا۔ اور بعض اکابر نے کہا کہ مہد مین کلام کرنا تو عیسی کے واسطے معجزہ تھا اور حالت کہولت مین اپنے پروردگار کی طرف لوگون کو بلانے کا کلام کرتے تھے۔ اور بعض نے فرمایا کہ مہد مین کلام کرنا تو بچپن کی حالت تھی اور کہولت کی حالت مین اسوقت کلام کرینگے جب کہ آسمان سے اوتارے جاوینگے تاکہ انکے دونون طرف کے کلام مین معجزہ ہو اور واسطی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ بچپن مین اسواسطے انسے کلام صادر ہوا کہ مخالفون اور بہتان باندھنے والون کا کلام رد ہو کہ انھون نے ایسے وقت مین اپنی ماں کی گواہی دی اور اپنی رسالت کا دعوی کیا کہ جسوقت مین بچہ بولنے سے عاجز ہوتے ہین کہان کہ ایسی باتین کرین اور کہولت مین اسوقت کلام کرینگے کہ شباب کی تیزی اور بڑھاپے کا ضعف کچھ نہو گا۔

قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ۭ قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَاۗءُ

بولی اے رب کہان سے ہو گا مجکو لڑکا اور مجکو ہاتھ نہین لگا کسی آدمی نے کہا اسیطرح اللہ پیدا کرتا ہی جو چاہے

اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

جب حکم کرتا ہی ایک کام کو تو یہی کہتا ہی اسکو کہ ہو پس وہ ہو جاتا ہی

قَالَتْ رَبِّ اَنّٰى۔ کیف۔ يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ۔ مریم نے کہا کہ ای میرے رب کہان سے فرزند ہو گا۔ وَلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ۔ بزوج ولا غیرہ۔ مریم بولی کہ عادت اللہ تو جفت سے فرزند کو پیدا فرماتا ہی حالانکہ مجھے کسی بشر نے نہین چھوا نہ تو نکاح کرنے سے اور نہ بغیر نکاح کے یعنے نہ میرا کوئی شوہر اور نہ مین نے زنا کیا۔ قَالَ۔ الامر۔ كَذٰلِكِ۔ من خلق ولد منک بلا اب۔ یعنے بات

ایسی ہی ہو ای تجھسے ایک بچہ پیدا ہوگا ہوں باپ کے - اللہ یخلق ما یشآء - اللہ تعالے جو کچھ چاہتا ہو پیدا کردیتا ہو - اذا قضی امرا - ارادہ خلقت - یعنے جب ارادہ کرتا ہو اسکے پیدا کردینے کا - فانما یقول لہ کن - اوس سے فقط یہی کہتا ہو کہ تو ہوجا - فیکون - ای فھو یکون - ف پس وہ ہوجاتا ہو ف قولہ قالت رب انی یکون لی ولد - یعنے مریم علیہا السلام نے اپنی مناجات مین جناب باری مین عرض کیا کہ میرے لڑکا کہان سے ہوگا یا کیونکر ہوگا یہ دونون محاورہ انی کے ترجمہ کے ہماری زبان و محاورہ مین مستعمل ہین پس یہ کا خطاب حضرت باری تعالے عزوجل کی جناب مین مناجات ہو اور بعض نے کہا کہ خطاب جبرئیل علیہ السلام کو ہو یعنے یا سیدی ای میری سردار اور زمخشری رح نے کشاف مین انکار کیا اور کہا یہ تفسیر بدعت ہو اور درحقیقت یہ قابل انکار ہو - اور لفظ البشر نکرہ تحت سیاق نفی ہو اسی سے مفسرین نے لکھا کہ مطلقا نفی ہوئی کہ کسی بشر نے نہین چھوا اور مراد مساس سے رسیدگی ہو بطور کنایہ کے حاصل آنکہ مجھسے لڑکا کیونکر پیدا ہوگا حالانکہ مجھے کسی بشر نے مساس نہین کیا ہو - اس تقریر پر یہ شبہہ پیدا ہوتا ہو کہ حضرت مریم سے جب جبرئیل نے یہ خبر دی تو انھون کیونکر کہا کہ انی یکون لی ولد - کیا انکو قدرت مین شک تھا تو جواب دیا گیا کہ انھون نے یہ تعجب سے کہا اسواسطے کہ یہ عادت نہین جاری تھی کہ بچہ بدون باپ کے پیدا ہو پس اللہ تعالے کی قدرت کا استنظام ہو جیسے کہتے ہین کہ دیکھیے کیونکر ہوتا ہو یہ تو عجیب معاملہ ہوگا حالانکہ ہونیکا یقین ہوتا ہو اور بعض نے کہا کہ بچہ پیدا ہونیکا تو یقین تھا مگر اسکی کیفیت سے سوال کیا کہ کس طور پر ہوگا آیا اسطرح کہ مین نکاح کرونگی یا بدون بشر کے چھوے ہوگا اور یہ جواب ضعیف ہو - اگر کہا جاوے کہ حضرت مریم نے کیون امید جانا اسواسطے کہ آیندہ شاید بشر سے مساس واقع ہو بین طور کہ نکاح کرین تو اسکے جواب کی طرف شیخ ابن کثیر رح نے اپنی تقریر مین اشارہ کیا چنانچہ اس کلام کی تفسیر مین کہا کہ مریم علیہا السلام جناب باری تعالے مین عرض کرتی ہین کہ یہ لڑکا مجھسے کیونکر پیدا ہوگا حالانکہ مین شوہر والی نہین ہون اور نہ میرا عزم ہو کہ مین نکاح کرون اور نہ مین حاشا بدکار ہون مترجم کہتا ہو کہ ظاہر یہ ہو کہ جبرئیل علیہ السلام نے وقت بشارت سے اسکے وجود کی خبر دی تھی تب حضرت مریم نے استبعاد کیا لیکن قصۂ نفخ روح عیسی بوجہ دیگر بیان ہو اسیواسطے شیخ نے اسکے جواب کی طرف اشارہ کیا فافہم - قولہ قال کذلک - قال کا فاعل اگر حضرت رب لغرۃ عزوجل ہو تو مراد یہ کہ بواسطہ ملائکہ فرمایا اور محتمل ہو کہ قال کا فاعل جبرئیل ہون یعنے جبرئیل نے از جانب الٰہی عزوجل یہ جواب دیا کہ کذلک یعنے لامر کذلک - بات یون ہی ہوگی کہ تجھسے بدون مساس بشر کے لڑکا پیدا ہوگا اور مریم علیہا السلام کا استبعاد دور کیا کہ اللہ یخلق ما یشآء اذا قضی امرا فانما یقول لہ کن فیکون - یعنے قدرت اوتعالے بہت بڑی ہو مخلوق کتنا ہی بزرگ و بڑا ہو جو ہر ایک کی عقل سے باہر ہو وہ پیدا کردیتا ہو جو چاہے پھر اسکے پیدا کردینے مین کچھ قیاس کو مجال نہین وہ تو اسیقدر ہی کہ جب کسی امر کے پیدا کرنے کا ارادہ فرمایا تو فرمایا کہ ہو وہ ہوگیا قال ابن کثیر اسی فورا ہوجاتا ہو ادھر حکم ہوا ادھر ہو گیا کچھ تاخیر و مہلت نہین ہوتی مانند قولہ وما امرنا الا واحدۃ کلمح بالبصر - ای ہم تو ایک ہی مرتب حکم فرماتے ہین جسمین دوبارہ کی تکرار نہین یعنی یہ شی جلد ہوجاتی ہو جیسے پلک مارنے کی دیر ہوتی ہو قال المترجم علمانے تصریح کردی ہو کہ اللہ تعالے کا مخلوق فرمانا کچھ لفظ کن پر نہین ہو بلکہ یہ ایک تفہیم اس مضمون کے واسطے ہو کہ بندے جسطرح ایک ادنی سی چیز کے لیے مثلا لکھنے کے لیے قلم کاغذ دوات وغیرہ مہیا کرتے تب لکھتے ہین حاشا کہ جناب باری کے پیدا کرنے مین جو واقعی تخلیق ہو یہ وہم و قیاس نہین بلکہ اسکا ارادہ ہی خلق ہو بدون مہلت و درنگ کے اور بدون اسکے کوئی چیز اسکو مانع ہوسکے اور یہ انتظام خلقت کہ ہر چیز ایک طرز خاص سے پیدا ہوتی ہو تو یہ حکمت خاص ہو اور مدارج ہر چیز کے بلا مہلت وجود مین آجاتے ہین اور اللہ عزوجل نے اسکو حتم نہین فرمایا بلکہ ناقہ صالح مع بچہ فورا پہاڑ شق ہوکر نکلے اور فورا بچہ بھی اپنی ماں کے

برابر ہوگیا اور مانند اسکے دیگر آیات و معجزات جو انبیا علیہم السلام کو عطا ہوئے آیات تھین کہ اونتعالے ہر چیز پر ہر طرح قادر مختار قوی قہار ہی جیسا کہ آیندہ قصص انبیا مین یہ سب بیان مفصل انشاء اللہ تعالے آویگا پس حسنے غور نظر سے دیکھا وہ کبھی شیطان کے دام فریب مین گرفتار نہین کہ تدابیر اصل ہی تقدیر کچھ نہین اسواسطے کہ جیسے تقدیر ہر چیز کے خلق مین جاری ہی ویسے ہی اپنے اندازہ و حکمت پر ہر چیز کا وجود ہوتا ہی اور یہ بیان جزوی فائدہ ہی پھر آیت کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔ پس بیان فرمایا۔ کذلک اللہ یخلق ما یشاء۔ اور حضرت زکریا کو خطاب ہوا کہ کذلک اللہ یفعل ما یشاء۔ وہان فعل فرمایا اور یہان صریح خلق فرمایا تاکہ کسی بیہودہ کو شبہہ نہ رہے اور جان لے کہ یہ خلق بقدرت قادر ہی کسی مادہ و سبب پر نہین ہی اور اسیکو موکد کردیا کہ اذا قضی امرا فانما یقول لہ کن فیکون۔ اور حضرت یحیی کی پیدائش مین تو بھلا یہ بھی تھا کہ ایک بڈھا ضعیف اور ایک بڈھیا ضعیف جو عمر بھر بانجھ ہی موجود تھی اگرچہ انسے اولاد پیدا ہونا ایک امر نادر ہی اور یہ فعل قدرت عجیب عظیم ہی مگر یہان نہایت نادر و اعظم قدرت ہی کہ ایک باکرہ عورت سے بدون مساس مذکر کے لڑکا پیدا کردیا لہذا یہان خلق صنع سے تعبیر فرمایا کہ وہ فعل سے خاص ہی کیونکہ اختراع کو مشعر ہی۔ پھر قضا در اصل بمعنے احکام ہی اسی مضبوط و محکم کرنا اور یہان بمعنے ارادہ ہی۔

وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَرَسُوْلًا اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ

اور سکھاویگا اسکو کتاب اور کام کی باتین اور توریت اور انجیل اور رسول ہوگا بنی اسرائیل کی طرف

اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ

کہ مین آیا ہون تم پاس نشانی لیکر تمہارے رب سے کہ مین بناتا ہون تمہارے لیے مٹی سے پرند کی صورت

فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ طَيْرًا بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى

پھر اسمین پھونکتا ہون سو وہ ہوجاوے اڑتا پرند اللہ کے حکم سے اور چنگا کرتا ہون جو اندھا پیدا ہوا اور کوڑھی اور جلاتا ہون مردے

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ فِيْ بُيُوْتِكُمْ ۚ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

اللہ کے حکم سے اور بتادیتا ہون تمکو جو کھاکر آؤ اور جو کچھ رکھ آؤ گھرون مین اسمین تمکو پوری

لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

نشانی ہی اگر تم یقین رکھتے ہو

وَيُعَلِّمُهُ ۔ بالنون والیاء۔ یعنے اکثر کی قرأۃ بنون یعنے بصیغہ جمع متکلم ہی یعنے ہم اسکو سکھلادینگے اور نافع و عاصم کی قرأۃ یاء تحتیہ ہی۔ یعنے اللہ تعالے اسکو تعلیم فرماویگا۔ اَلْكِتٰبَ ۔ الخط۔ لکھنا۔ یعنے لکھنا سکھاویگا۔ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وحکمت و توریت و انجیل سکھلاویگا ف یعنے بغیر درس کتب کے۔ وَرَسُوْلًا ۔ بعطف محذوف لاو رسولا ہم اسکو رسول بناوینگے یا اللہ تعالے اسکو رسول بناویگا۔ اِلٰى بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۔ فی الصبا او بعد البلوغ ۔ بجانب بنی اسرائیل کے خواہ طفولیت مین یا بعد بلوغ کے قال السیوطی فنفخ جبریل فی جیب درعها فحملت وکان من امرها ما ذکر فی سورۃ مریم فلما بعثہ اللہ الی بنی اسرائیل قال لہم انی رسول اللہ الیکم۔ پھر یہ ہوا کہ اس بشارت کے بعد جبرئیل نے حضرت مریم کی درع کے چاک مین پھونکا پس وہ حاملہ ہوگئی اور اسکا قصہ وہ ہوا جو سورۂ مریم مین مذکور ہی پھر جب اللہ تعالے نے حضرت عیسی کو بنی اسرائیل کی طرف مبعوث فرمایا تو عیسی علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے فرمایا کہ مین اللہ تعالے کا

ایلچی تمہارے پاس آیا ہون - اَنِّیْ قَدْ جِئْتُکُمْ - ای بان طور کہ البتہ لایا ہون تمہارے پاس - بِاٰیَةٍ - علامۃ علی صدقی فیما فی اپنی سچائی پر - اَنِّیْ - ای بای انی وفی قراءۃ بالکسر استینافا - بالفتح اکثر کی قراءۃ ہی اور نافع کی قراءۃ مین بالکسر یعنے ان مکسورہ ہی بتاویل آنکہ جملہ مستانفہ ہی - اَخْلُقُ - اصور - لَکُمْ مِّنَ الطِّیْنِ - مین تصویر بناتا ہون تمہارے لیے مٹی سے اور خلق کی تفسیر ایجاد نہین جائز ہی کیونکہ وہ مخصوص بخالق عزوجل ہی - کَهَیْئَةِ الطَّیْرِ - مثل صورۃ - مثل صورت پرند کے ف حاصل یہ کہ مین تم کو معجزہ دکھلاتا ہون کہ تمہارے روبرو پرند کی مثل صورت بناتا ہون - فَاَنْفُخُ فِیْهِ - پھر پھونکون گا مین اس مثل ہیاۃ الطیر مین یعنے اس تصویر مین جو مٹی سے مانند ہیاۃ پرند کے بنائی ہی - اسمین پھونک دونگا - فَیَکُوْنُ طَیْرًا - وفی قراءۃ نافع ح طائرا - بِاِذْنِ اللّٰهِ - بارادۃ تووہ اللہ تعالے کے ارادہ سے پرند طائر ہوجائیگا قال السیوطی - فخلق لهم الخفاش لانه اکمل الطیر خلقا فکان یطیر وهم ینظرونه فاذا غاب عن اعینهم سقط میتا - پھر بنی اسرائیل کو چمگادر بنا کر دکھایا کیونکہ چمگادر کی خلقت پرندون مین کامل تر ہی کیونکہ اسکی پستان و دانت و کان بھی ہوتے ہین پس وہ اڑا اور لوگ اسکو دیکھتے تھے پھر جب انکی آنکھون سے غائب ہوا تو وہ مردہ ہوکر گر پڑا - وَاُبْرِئُ الْاَکْمَهَ - الذی ولد اعمی اور شفا دیتا ہون مین اکمہ کو یعنے اس شخص کو جو اندھا پیدا ہوا ہی - وَالْاَبْرَصَ - وخصالاجلها واء ان اعدیا الاطباء وکان بعثه فی زمن الطب فابرا فی یوم خمسین الفا بالدعاء بشرط الایمان - اور اندھے مادرزاد کو اور برص والے کو اچھا کرتا ہون ف اور انھین کو اکمہ و ابرص کو خاص کرکے ذکر کیا کیونکہ یہ دونون بیماریان ایسی ہین کہ انھون نے طبیبون کو تھکا دیا اور نہین اچھے ہوتے ہین اور حضرت عیسی علیہ السلام کی بعثت ایسے زمانہ مین ہوئی کہ طب کا زور تھا پھر حضرت عیسی نے ایک روز مین پچاس ہزار کو فقط دعا سے اس شرط سے اچھا کیا کہ اللہ عزوجل پر بتوحید شرعی ایمان لاوین وَاُحْیِ الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ - بارادتہ کررہ لدفع توهم الالوهیته فیه فاحیا عازر صدیقاله وابن العجوز وابنته العاشر فعاشوا وولدلهم وسام بن نوح ومات فی الحال - اور زندہ کرتا ہون مردے کو بارادۂ الٰہی عزوجل ف یہان بھی عیسی نے باذن اللہ ذکر فرمایا تاکہ کوئی یہ وہم نکرے کہ عیسی علیہ السلام مین خود الوہیت تھی پھر عیسی نے زندہ کیا عازر کو جو انکا دوست تھا اور بڑھیا کے بیٹے کو اور عشر وصول کرنے والے کی دختر کو پھر یہ لوگ زندہ رہے اور انکے ولاد ہوئی اور سام بن نوح کو زندہ کیا اور وہ فی الحال پھر مرگیا - وَاُنَبِّئُکُمْ بِمَا تَاْکُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ فِیْ بُیُوْتِکُمْ - معالم اعاینه فکان یخبر الشخص بما اکل وبما یاکل بعد - اور تم کو آگاہ کرتا ہون جو تم کھاتے ہو اور جو ذخیرہ کرتے ہو اپنے گھرون مین ف یعنے ایسی چیزین جنکو مین نے آنکھون دیکھا ہی پس وہ آدمی کو خبر دیدیتے جو اسنے کھایا اور جو بعد کو کھائیگا - اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیَةً لَّکُمْ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ - (اس تمام معجزات مذکورہ مین تمہارے لیے نشان صدق ہی اگر تم مومن ہو) ف اللہ تعالے نے باقی بشارت کی خبر دی جو ملائکہ نے مریم علیہا السلام کو دی تھی اور یہ فقط مریم کے دل کی خوشی کے واسطے ذکر کیا کہ حضرت مریم کے دل کو جو ملامت کا خوف تھا کہ بلا شوہر حمل ہونے پر لوگ طعن و تشنیع کرینگے اسکو دفع کردیا کہ وہ ایسا اولیسا ہوگا اور محققین کے نزدیک خواہ قراءۃ بیا ہو یا بنون ہو یہ کلام مستانف ہی یعنے یہان سے کلام شروع ہوا ہی - الکتاب سے مصدر بمعنے نوشتن و لکھنا مراد ہی چنانچہ ابن عباس نے فرمایا کہ کتاب خط بالقلم ہی اور عیسی کا خط بہت اچھا تھا اور یہی قول اصح ہی اور بعض نے کہا کہ کتاب بمعنے مکتوب اسی معروف معنے مین ہی اور الف لام جنس کا ہی اور اتاری ہوئی کتابون مین پھر توریت و انجیل کو جو ذکر کیا تو انکی فضیلت کی وجہ سے ہی - اور حکمت سے مراد علم یا عمل ہی اور اسکے قریب ہی جسنے کہا کہ حکمت سے تہذیب اخلاق مراد ہی بلکہ غور سے یہ دونون واحد ہین - قولہ ورسولا الی بنی اسرائیل منصوب بفعل مقدر ہی اور اکثر نے بعلہ کے قرینہ سے بجعلہ مقدر کیا اور یہ احسن ہی - پھر حدیث طویل ابوذر رضی اللہ عنہ مین ہی کہ انبیاء بنی اسرائیل تو موسی علیہ السلام اور آخر کے عیسی علیہا السلام تھے اور سراج منیر مین کہا کہ اول تو یوسف علیہ السلام تھے اور آخر عیسی علیہ السلام تھے

لیکن بنی اسرائیل کا نام اولاد یعقوب علیہ السلام ہین اکثر کے قول پر انکے پوتون پر ہوا پس صحیح وہی ہی جو حدیث ابوذر رضی اللہ عنہ مین آیا ہی فافہم - اور بنی اسرائیل کی خصوصیت اسوجہ سے تھی کہ نبوت عیسیٰ کی فقط بنی اسرائیل کے لیے مخصوص تھی اور اس سے رد ہوگیا اس شخص کا جو زعم کرے کہ وہ سوائے بنی اسرائیل کے اورون کی طرف بھی رسول تھے اور صحیح حدیث مین بھی یون مضمون آیا ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ منجملہ ان امور کے جنسے مجکو دیگر انبیا پر فضیلت ہی ایک یہ ہی کہ میری رسالت عام ہی اور دیگر انبیا کا حال یہ تھا کہ وہ مخصوص اپنی قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے - اور یہ بیان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اظہار امر حق ہی کچھ بیان اپنے فضائل کا نہین ہی کیونکہ فضائل اس سے اعلیٰ واقع ہین کہ آپکو بیان کی حاجت ہووے - قولہ انی اخلق لکم من الطین کہیئۃ الطیر - مفسرین نے اخلق کے معنے اُصَوِّرُ کے بیان کیے اسواسطے کہ ایجاد کردینے سے اسکی تفسیر جائز نہین کیونکہ ابداع و ایجاد کے معنے پر خلق کی قدرت کسی بندے کو نہین وہ فقط اللہ عزوجل ہی کے واسطے خاص ہی اور اسپر دلیل یہ کہ کہیئۃ الطیر فرمایا یعنے مخلوق کرونگا مانند ہیات پرندکے اور اسکی ہیأت کے مانند وہی صورت ہی مذکر و مونث اور نیز - فانفخ فیہ - آگے فرمایا یعنے اس تصویر بنانے کے بعد اسمین نفخ کرونگا تب وہ اللہ تعالے کے ارادہ سے اُڑتا پرندہوگا اور باذن اللہ قید فرمائی جسمین صریح دلیل ہی کہ تصویر بنانے اور پھونکنے کے بعد بھی جبھی وہ پرندہوگا کہ ارادۂ الٰہی عزوجل متعلق ہو ورنہ یہ قدرت بھی نہین ہی پس تنبیہ ہی کہ زندہ کرنا از جانب خالق عزوجل ہی لیکن چونکہ یہ ارادہ معلوم تھا اسیواسطے باذن اللہ فرمایا - پھر طیر اسم جنس ہی جو واحد و تثنیہ و جمع سب پر واقع ہوتا ہی اور یہی اکثر کی قرارت ہی اور سراج مین کہا کہ یہ قرارت بنظر آنکہ عیسیٰ علیہ السلام نے بہت سے پرند بنائے اور نافع کی قرارۃ مین طائر بلفظ واحد ہی تو یہ بدین نظر کہ باوجود پرندکثیر ہونے کے انکی نوع واحد تھی چنانچہ ابن عباس سے فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام نے فقط ایک طائر بنایا اور وہ چمگادڑ ہی یعنے ایک قسم کا پرند جو چمگادڑ ہی بنایا اگرچہ اس قسم کے کئے فرد بنائے جو مختلف وقتون مین لوگون کو معجزہ کے طور پر دکھلائے - اور اسمین اختلاف ہی کہ فقط چمگادڑ ہی کیون بنایا تھا - تو بعض نے کہا اسوجہ سے کہ اسمین عجائب صنعت ہی کہ اسکے دانت و کان ہوتے ہین اور اسکی مادہ کی چھاتی ہوتی ہی اور اسکو حیض آتا ہی پس چونکہ خلق انسان کا معجزہ نہین دیا گیا تھا بلکہ پرند کا دیا گیا تو پرندمین سے ایسا لیا جو اکثر قوی مین انسان کے مانند ہی اور بعض نے کہا اسوجہ سے کہ بنی اسرائیل نے بطور تعنت کے یہی مانگا کہ چمگادڑ بنا اور شاید بمشورت جالینوس و غیرہ ان مشہور طبیبون کے ہو جو اسوقت مین موجود تھے بوجہ اسکے کہ اسمین عجائب مذکورہ موجود ہین اور نیز وہ اخیر پرندون کے اُڑتا ہی اور جب الون کے طور پر اسکی اولاد ہوتی ہی باوجودیکہ پرند ہی لیکن پرندون کی طرح انڈے نہین دیتا اور دن کی روشنی مین اور رات کی تاریکی مین نہین دیکھتا بلکہ صرف دو ساعت ایک بعد غروب کے اور دوم بعد طلوع کے کچھ دیر دیکھتا ہی اور انسان کی طرح ہنستا ہی پھر عیسیٰ علیہ السلام ایسا ہی کرتے تھے کہ مٹی کی مورت چمگادڑ کے بناتے پھر اسمین پھونکتے کہ وہ آنکھون کے سامنے باذن اللہ عزوجل اڑ جاتا جو اس بات پر دلالت کرتا کہ جسکے نام کو پھونک کر عیسیٰ علیہ السلام اسکو زندہ کرتا ہی سو اسی پاک عزوجل نے اسکو رسول کیا ہی اور وہب بن منبہ نے کہا کہ وہ اُڑتا رہتا جب تک اسکو لوگ دیکھتے پھر جب انکی نظر سے غائب ہوتا تو مردہ ہوکر گر پڑتا تاکہ اللہ تعالے کے فعل مین اور اسکے مخلوق کے فعل مین تمیز ہو اور جان لیا جاوے کہ تمام حمد و کمال سب اللہ عزوجل ہی کو ہی - قولہ وابری الاکمہ والابرص - شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ تعالے نے ذکر فرمایا کہ بعض نے کہا اکمہ وہ ہی جسکو دن مین نہین دکھلائی دیتا اور رات مین دکھلائی دیتا ہی اور بعض نے اسکے برعکس کہا اور بعض نے کہا کہ توندھی والا اور بعض نے کہا کہ اکمہ وہ ہی جو مادرزاد اندھا ہو اور یہی ٹھیک ہی کیونکہ اسکے اچھا کرنے مین معجزہ پورا ہی ابو عبیدہ رحمہ نے کہا کہ اکمہ وہ ہی جو اپنی ماں کے پیٹ سے اندھا پیدا ہوا اور

ابن فارس نے کہا کہ کمہ وہ اندھاپن ہی جو انسان کا پیدائشی ہوتا ہی اور کبھی کمہ عارض ہو جاتا ہی چنانچہ بعد لتے ہین قد کمہ یعنے اندھا ہو گیا حالانکہ نہ تھا اور برص کھال کی سپیدی ایک مشہور مرض ہی اور ان الفاظ مین معنے اہم تفصیل ملحوظ نہین ہین مگر آنکہ اصل مین جو یہ نام رکھا گیا تو بہ نظر معنے مذکور تھا جیسے اعسر اس شخص کو کہتے ہین جو بین ہتھا ہو حالانکہ وہ اپنے دائین ہاتھ سے بھی کام کرتا ہی مگر چونکہ غلبہ اسکے کام کا بائین ہاتھ سے ہوتا ہی لہذا اعسر کہتے ہین عرب کے لوگ جسقدر برص سے نفرت کرتے ہین ویسا اور عیب سے نفرت نہین کرتے ہین پھر جاننا چاہیے کہ عیسی علیہ السلام اکثر بیماریان دعا سے اچھی کرتے تھے ولیکن اللہ تعالے نے یہان صرف ابراء اکمہ وابرص کو ذکر فرما کر اشارہ فرمایا کہ معجزہ انکا ان دونون سے ظاہر تھا کیونکہ یہ دونون بیماریان ایسی ہین کہ اطبا انسے تھک گئے ہین پھر یہ جو مدعی دعوی کرتے ہین کہ برص دوا سے اچھا ہو جاتا ہی تو یہ دعوی کلیہ باطل ہی اسواسطے کہ مراد برص سے وہ ہی جو بسبب عدم حرارہ غریزی کا فیہ ہضم جلدی وغیرہ کے باعتبار پیدائش کے ہو اور وہ کسی طرح بھی دوا سے اچھا نہین ہو سکتا جیسے مادرزاد اندھا نہین اچھا ہو سکتا ہی پھر اگر کہا جاوے کہ یہ کس قرینہ سے معلوم ہوا کہ برص سے ایسا برص مراد ہی تو جواب یہ ہی کہ مقام مین بیان ایسے امراض کا ہی جنکی نسبت اطبا اس امر کے مقر ہین کہ وہ لا علاج ہی جیسے کور مادرزاد پس یہ مرجح ہی کہ برص سے وہی برص مراد ہی جسکے لا علاج ہونے کے اطبا مقر ہین - پھر بعض مفسرین نے کہا کہ ابراء اکمہ وابرص کے ساتھ باذن اللہ کے قید نہین فرمائی کیونکہ باقیون کی بہ نسبت یعنے خلق طائر اور احیا موتی کی بہ نسبت انکے اچھا کرنے مین بہت غرابت نہین ہی اور مفسر جلیل کہتا ہی کہ باذن اللہ تعالے قید در واقع معتبر ہی اور کلام یہان اسکو محتمل ہی کہ لفظ مین بھی یہ قید ہو پھر کوئی وجہ نہین کہ یہ رکیک توجیہ بیان کیجاوے پھر لفظ مین اس قید کی ہونے کا بیان یہ ہی کہ نظم کلام یون ہی وابری الاکمہ والابرص واحی الموتی باذن اللہ پس محتمل ہی کہ ابراء واحیا ہر دو باذن اللہ ہون اور اگر کہا جاوے کہ اولے یہ ہی کہ باذن اللہ ظرف متعلق باقرب ہو یعنے آحی فعل سے متعلق ہو تو جواب یہ ہی کہ یہ جواز کے منافی نہین ہان یہ توجیہ لائق ہی کہ احیاء موتی مین اور خلق طیر مین الوہیت کا توہم ہوتا تھا لہذا باذن اللہ سے دفع کیا گیا بخلاف ابراء اکمہ وابرص کے کہ انمین یہ وہم نہین ہوتا ہی اور عیسی علیہ السلام انکو دعا سے اس شرط پر کہ مریض اچھا ہو جاوے تو ایمان لاوے چنگا کرتے تھے - قولہ واحی الموتی باذن اللہ - موتی جمع میت کی ہی اور حضرت عیسی علیہ السلام کو یہ معجزہ دیا گیا تھا کہ باذن اللہ تعالے مردہ کو زندہ کرتے تھے اور بعض نے فرمایا کہ زندہ کرنے مین انکی دعا باسم پاک یا حی یا قیوم - ہوتی تھی اور شاید یہ استنباط اس بنا پر ہی کہ عیسی علیہ السلام اللہ تعالے کے اسم اعظم سے دعا کرکے زندہ کرتے تھے اور پہلے گذر چکا ہی کہ حدیث صحیح مین ہی کہ اللہ تعالے کا اسم اعظم قولہ تعالے اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم - آیۃ الکرسی مین اور الم اللہ لا الہ الا ہو الحی القیوم شروع آل عمران مین ہی اور بعض روایت مین الہکم الہ واحد لا الہ الا ہو الرحمن الرحیم - مین اور بعض روایت مین ایک اور آیت وعنت الوجوہ للحی القیوم - مین وارد ہی - بالجملہ انکی زبان مین الحی القیوم کے مثل جو نام پاک تھا اسسے دعا کرتے تھے پھر مفسر نے ذکر کیا کہ کیا ہی مین مردے زندہ کرنے کے متعدد قصے مذکور ہین ولیکن مفسر جلیل کے نزدیک چونکہ حدیث صحیح مین وارد ہی کہ اہل کتاب کی نہ تصدیق کرو اور نہ تکذیب کرو پس ان قصون کو بوجہ اسکے کہ تحریف کا احتمال قوی ہی کچھ اعتماد نہین ہو سکتا ہی لہذا آثار صحابہ رضی اللہ عنہم کی طرف رجوع کیا گیا تو ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت عیسی علیہ السلام نے چار شخصون کو زندہ کیا جیسا کہ مفسر جلال الدین نے ذکر کیا ہی اور معالم وغیرہ مین ہر ایک کا قصہ یون مذکور ہی کہ (۱) عازر تو حضرت عیسی علیہ السلام کا دوست تھا جب قریب مرنے کے پہونچا تو اسکی بہن نے حضرت عیسی علیہ السلام کے پاس آدمی بھیجا کہ آپکا دوست عازر مرتا ہی اور درمیان مین تین روز کی راہ کی دوری تھی پس حضرت عیسی علیہ السلام مع اپنے ساتھیون کے تشریف لائے تو دیکھا کہ وہ تین روز ہوئے مر چکا ہی پس اسکی بہن سے فرمایا کہ میرے ساتھ اسکی قبر پر چل سو وہ ساتھ گئی پس آپ نے دعا فرمائی تو وہ زندہ ہو کر قبر سے

نکلا اور جیتا رہا یہانتک کہ اسکی اولاد ہوئی اور (۲) بڑھیا کا بیٹا تو یہ ایک شخص تھا کہ اسکو تابوت پر مردہ لیے ہوئے جاتے تھے اور پیچھے پیچھے ایک بڑھیا روتی پیٹتی جاتی تھی جسکا یہ اکلوتا بیٹا تھا ناگاہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف سے گذرے پس آپ نے اللہ تعالے سے دعا فرمائی تو وہ اپنے تابوت پر اُٹھ بیٹھا اور لوگوں کے کاندھوں سے اُتر پڑا اور اپنا تابوت خود اُٹھالے گیا اور اپنے لوگوں میں شامل ہوا اور یہ بھی یہانتک زندہ رہا کہ اسکی اولاد ہوئی اور (۳) عاشر کی دختر تو یہ شخص عشر و خراج وصول کیا کرتا تھا ناگاہ اسکی لڑکی مرگئی دوسرے روز حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے باذن اللہ تعالے اسکو زندہ کیا اور یہ بھی اتنا جیتی رہی کہ اولاد ہوئی - اور سام بن نوح علیہ السلام کا یہ قصہ ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام انکی قبر پر آئے اور اسم اعظم الٰہی عزوجل سے زندہ کیا پس وہ قبر سے نکلے اور حال یہ تھا کہ قیامت کے خوف سے انکا آدھا سر سپید ہوگیا تھا اگرچہ اس زمانہ میں لوگ اسطرح بوڑھے نہیں ہوتے تھے کہ سر سپید ہوجاوے اور قبر سے نکلکر بولے کہ کیا قیامت قائم ہوئی تو عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ نہیں بلکہ میں نے اللہ تعالے سے دعا کرکے تم کو زندہ کیا ہے پھر سام سے فرمایا کہ اب مرجاؤ تو سام نے کہا کہ اچھا مگر اس شرط سے کہ اللہ تعالے مجکو موت کی سکرات و سختی سے امن دیوے پس عیسیٰ علیہ السلام نے دعا کی اور قبول ہوئی پس وہ اسیوقت مرگئے -

**قال المترجم** شاید سام بن نوح علیہ السلام کا زندہ کرنا لوگوں کو یقین دلانا اس امر کا تھا کہ قیامت برحق ہے اور لوگ ضرور اسی قبر سے اُٹھینگے جہاں دفن ہوئے ہیں اور قیامت بڑی ہولناک چیز ہے اور موت کی سختی نہایت سخت ہے اللہ تعالے اس سے پناہ عطا فرماوے اور یہ کل مضامین کلام مجید میں تلاوت کیے جاتے ہیں اور اللہ عزوجل نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو وہ معجزات عطا فرمائے تھے جس سے اسوقت کے اطباء و علم طبعی جاننے والے سخت عاجز ہوئے تا آنکہ جالینوس نے اقرار کیا کہ آپ طبیب روحانی ہیں ولیکن ہدایت و ایمان رحمت الٰہی ہے جسکو چاہے عطا کرے اور ایسے ہی موسیٰ علیہ السلام کو وہ معجزے عطا کیے جس سے جادوگر سخت عاجز ہوئے کیونکہ اسوقت جادو کا زور تھا اور ہمارے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ معجزات عطا ہوئے جنھوں نے فصحاء بلغا کو عاجز کیا مع ہذا کثرت سے معجزات تھے جنکو جامع معجزات جمیع انبیا علیہم السلام کہنا چاہیے اسواسطے کہ مثلاً شق القمر کا معجزہ اہل عقل کے نزدیک عصاے موسیٰ سے کہیں بڑھا ہوا ہے اور موت سے زندہ ہونا تو اتنی ہی بات ہے کہ ایک صحابی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد موت کے تابوت سے اُٹھ بیٹھے اور گفتگو کی اور پھر مردہ ہوکر لیٹ رہے جیساکہ تقریب التہذیب میں بھی مختصر طور پر مذکور ہے - قولہ وانبئکم بما تاکلون وما تدخرون فی بیوتکم ان فی ذلک لاٰیۃ لکم ان کنتم مومنین - کما لین میں ذکر کیا کہ یوں روایت ہے کہ جب عیسیٰ علیہ السلام نے مردے زندہ کیے تو بنی اسرائیل کے کمبخت بولے کہ یہ تو جادو ہے ہمکو کوئی نشانی اپنی نبوت کی دکھلاؤ یعنے جسمیں غیب کی خبر ہو تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بتلانا شروع کیا کہ تو نے یہ کھایا اور یہ رکھ چھوڑا ہے حضرت عمار بن یاسرؓ و قتادہؓ سے روایت ہے کہ جب بنی اسرائیل نے درخواست کی تھی کہ پروردگار ہمارے لیے آپ کی دعا سے آسمان سے کھانے کا خوان نازل فرمایا کرے تو آپ نے عہد لیا تھا کہ کھالو اور جمع نہ کرنا انھوں نے اقرار کیا پھر کھاتے اور رکھ چھوڑتے اور چوری چوری بدعہدی کرتے تھے پھر حضرت عیسیٰ نے بتلانا شروع کیا کہ اے فلان تو نے یہ کھایا اور یہ رکھ چھوڑا ہے تا آنکہ اللہ تعالے نے ان کمبختوں کو سور کردیا - اور معالم میں سدی سے لایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مکتب میں لڑکوں سے بتلا دیا کرتے کہ تمہارے باپ نے یہ کیا اور یہ کھایا اور یہ رکھ چھوڑا ہے اور تیرے لیے فقط اتنا رکھا ہے تو لڑکا اگر گھر میں اسی چیز کی ضد کرتا جو چھپا کر رکھی گئی تھی اور روتا یہانتک کہ انکو دینا پڑتی پھر آخر انکی ماں باپ نے یہ چھپانا شروع کیا کہ تمکو کون بتلا دیتا ہے بولے کہ ہم سے عیسیٰ کہدیتے ہیں تو بنی اسرائیل نے لڑکوں کو منع کردیا کہ اس جادوگر کے ساتھ مت کھیلا کرو اور انکو الگ جمع کیا پھر عیسیٰ علیہ السلام اپنے ساتھی لڑکوں کو ڈھونڈھتے ہوئے آئے تو انکے وارثوں نے کہا کہ یہاں نہیں ہیں - آپ نے فرمایا کہ پھر یہاں کون ہے

بولے کہ یہاں تو سوئر ہیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ یہی ہونگے پھر جب ان لوگوں نے دروازہ کھولا تو دیکھا کہ حقیقت میں سور ہیں تب تو یہ قصہ بنی اسرائیل میں پھیلا اور انھوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قتل کا ارادہ کیا اور حضرت عیسیٰ کی والدہ اس سے خوفناک ہوئیں اور انکو خچر پر سوار کر کے مصر کو لے بھاگیں مترجم کہتا ہے کہ یہ قصہ شاید واقع ہوا ہو لیکن آیۂ کریمہ کی تفسیر میں ظاہر نہیں ہے کیونکہ یہ اظہار تو اپنے رسول ہونے کی سچائی پر معجزات سے ہے اور بچوں کے ساتھ کھیل نہیں ہے چنانچہ فرمایا ان فی ذلک لآیۃ لکم ان کنتم مومنین ۔ یعنے اگر تصدیق کرنے والے ہو تو اسمیں تمھارے لیے نشان کافی موجود ہے اور اگر تعنت و عناد ہے تو کتنی ہی آیتیں بیجا ہیں فائدہ نہ دینگی ف فی العرائس قولہ تعالیٰ وابری الاکمہ والابرص واحی الموتی باذن اللہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام اپنی ذات سے مخلوق و حادث تھے اور خالق عزوجل و پروردگار نے انکو پیدا کر کے انبیاء و رسولوں کے راستہ ہدایت دی اور انھوں نے اپنے آپکو ایسے پسندیدہ اوصاف سے آراستہ کیا جو اللہ عزوجل نے پسند فرمائی ہیں جیسے رحم و کرم وغیرہ کہ اوصاف باری تعالیٰ عزوجل ہیں پس عیسیٰ علیہ السلام اُن اوصاف سے جو حدوث و امکان کے انکے ذاتی اوصاف تھے بالکل خارج ہو کر ایسے اوصاف سے متصف ہوئے جو حضرت رب العزت جل جلالہ کے اوصاف ہیں لیکن نہ اسطرح کہ ان اوصاف پاک نے حضرت عیسیٰ میں حلول کیا ہو کیونکہ اوتعالیٰ شانہ جو رہ و ماسوا کے حلول و جگہ و ظرف اور مخلوق کے ساتھ مختلط ہونے وغیرہ ایسے سب امور سے جو لائق شان حق سبحانہ تعالیٰ نہیں ہیں بالکل پاک و منزہ ہے بلکہ یہ ظہور قدرت عظیمہ کاملہ کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے ہے جو اپنی خودی سے بالکل فنا تھے پس اللہ عزوجل نے اپنے قدرت کے حقائق ظاہر فرمائے اور میں اس آیۃ کی تفسیر میں اس سے بلند کلام نہیں رکھتا ہوں باوجودیکہ اہل معرفت نے مجھ سے پہلے یہ معنے بیان کر دیے ہیں لیکن اپنی اپنی عبارت ہے سو جیسے میں نے تفسیر قرآن مشروع کی ہے تو ضرور ہے کہ اپنی عبارت سے مضمون ادا کروں اور بعض نے فرمایا کہ جسپر صفات ربوبیت کا ظہور ہوا اور وہ اپنے حدوثی اوصاف سے جو اسکے مخلوق و ممکن ہونے کے ساتھ متعلق تھے بالکل غائب ہو گیا حتی کہ اپنی خودی سے بھی غائب ہو گیا تو اسکے ذریعہ سے ہر چیز زندہ کی جاتی ہے پھر اس آیۂ کریمہ سے ہر ایسے شخص کے دعوے باطل کر دیے جو یہ کہتا ہے کہ بندہ مقدورات خود معجزے ظاہر کرتے ہیں پروردگار سے نہیں ہوتے ہیں اور یہ باطل ہے بلکہ صحیح بات یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر وقت میں معجزہ پیدا کر دینے پر قادر ہے لیکن اسکی مشیت و مرضی ہے جس شخص پر چاہتا ہے ظاہر کرتا ہے پس اعجاز تو اللہ تعالیٰ ہی کے واسطے ہے لیکن یہ لوگ ظاہر میں اس کرامت سے سرفراز ہوتے ہیں کہ پردۂ صورت و ہیأت میں ان لوگوں سے اسکا ظہور ہوتا ہے ۔ مترجم کہتا ہے کہ جسنے اس بھید کو سمجھ لیا وہ توحید میں اولیاء اللہ سے نمبر پاویگا اور اسوقت میں بکثرت وہ لوگ ہیں جو ایمان و کفر کو خلط کرتے اور شیطان کے چنگل میں گرفتار ہوئے ہیں پھر عیسیٰ علیہ السلام سے باقی ارشاد ہدایت اسطرح ہوا جیسے حق تعالیٰ نے فرمایا

وَمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِأُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ وَجِئْتُكُمْ

اور سچ بتاتا ہوں توریت کو جو مجھسے پہلے کی ہے اور اسواسطے کہ حلال کر دوں تمکو بعضی چیز جو حرام تھی تمپر اور آیا ہوں تمھارے پاس

بِآيَةٍ مِّن رَّبِّكُمْ فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ ۝ إِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ هَٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيمٌ

نشانی لیکر تمھارے رب کی سو ڈرو اللہ سے اور میرا کہا مانو بیشک اللہ ہے رب میرا اور رب تمھارا سو اسکو بندگی کرو یہ سیدھا راہ ہے

وجئتکم قف مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ ۔ قبلی اور میں تمھارے پاس (بنی اسرائیل) اس نشان سے آیا ہوں (رسول ہو کر) کہ جو کچھ مجھسے پہلے موجود ہے اسکی تصدیق کرنے والا ہوں ف پہلے موجود سے پہلے والی کتاب مراد ہے بقرینہ ۔ قولہ مِنَ التَّوْرٰىةِ یعنے توریت کی تصدیق کرنے والا ہوں ف کہ وہ پہلے سے موجود تھی اور اسوقت بھی اسپر عمل موجود تھا سوائے بعض احکام کے جو انجیل سے

منسوخ کردیے گئے چنانچہ فرمایا - وَلِأُحِلَّ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِي حُرِّمَ عَلَيْكُمْ - فيها فاصل لهم من السمك والطير الا صيصتة ذوقول احل الجميع فبعض بمعنے کل اور تاکہ حلال کردوں تمہارے لیے بعض وہ چیز کہ جو تم پر حرام کی گئی ف ۔ یعنے حرام کی گئی تم پر اس توریت میں پس عیسی علیہ السلام نے انکے لیے مچھلی اور پرند میں سے وہ بعض حلال کردیں جنکے خار و چنگل نہ تھا اور بعض علما نے فرمایا کہ نہیں بلکہ سب جانور اس قسم سے حرام کی گئی تھیں حلال کردیں پس بعض بمعنے کل ہے منہ جم کہتا ہے کہ نہیں بلکہ بعض بمعنے تھوڑا اسواسطے کہ زنا و محیرہ بدستور حرام رہا - پھر یہ سب نسخ کرکے حلال کرنا بطور نبوت ہوا لہذا فرمایا - وَجِئْتُكُمْ بِآيَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ - اور میں لایا ہوں تمہارے پاس معجزہ تمہارے رب کی طرف سے ف پس مجھے رسول مانو - فَاتَّقُوا اللَّهَ وَأَطِيعُونِ - فیما امرتکم بہ من توحید اللہ و طاعتہ پس تم لوگ اللہ تعالے سے تقوی کرو - میری فرمانبرداری کرو ف ہر ایسی چیز میں جسکا میں نے تمکو حکم کیا کہ اللہ تعالے کی توحید پر ایمان لاؤ اور اسکی بندگی کرو - إِنَّ اللَّهَ رَبِّي وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوهُ ط اللہ تعالے میرا و تمہارا رب ہے سو اسکی بندگی کرو صِرَاطٌ ط طریق - مُّسْتَقِيمٌ ہے جسکا میں تمکو حکم دیتا ہوں صراط یعنے راہ مستقیم ہو ف پھر بنی اسرائیل نے عیسی علیہ السلام کو جھٹلایا اور اسپر ایمان نہ لائے - جیسا کہ آگے کی آیت اسپر دلالت کرتی ہے اور موسی علیہ السلام اور عیسی علیہ السلام کے درمیان ایک ہزار نو سو چھیانوے برس کا فرق ہے - قولہ و لاحل لکم بعض الذی حرم علیکم - جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے نے توریت میں بعض طعام بنی اسرائیل پر حرام فرمائے تھے چنانچہ قولہ و علی الذین ہادوا حرمنا کل ذی ظفر الآیہ - دلالت کرتا ہے اور یہ تحریم بطور سزا کے انکی سرکشی کا بدلا تھا چنانچہ قولہ فبظلم من الذین ہادوا حرمنا علیہم طیبات احلت لہم - اسپر دلالت کرتا ہے پس شرع موسی علیہ السلام کے موافق بنی اسرائیل پر کل چوپایہ حرام کئے گئے تھے دو طرح کی تھیں ایک وہ کہ جو بطور ارشاد ہدایت کے انکی اصلاح حال و مآل کے طور پر حرام ہوئیں جیسے زنا و چوری و سور کا گوشت وغیرہ اور دوم وہ کہ بطور سزائے ظلم کے اوپر حرام ہوئیں جیسے چربی کا کھانا اور دبہ کی پتلی چربی و مچھلیان و اونٹ کا گوشت وغیرہ پس عیسی علیہ السلام نے کل محرمات میں سے بعض کو حلال کیا چنانچہ مچھلی و پرند میں سے اسکو حلال کیا جسکے صیصہ نہ ہو اور صیصہ سے مراد مخلب ہے یعنے وہ پرند جسکے مخلب نہ ہو حلال کیے اور صیصتہ الدیک مرغ کا خار اور منجملہ انکے جنکو حلال کیا تھا اونٹ کا گوشت بھی تھا اور اسمیں اختلاف ہے کہ سیغمبر کو کوئی کام کرنا جو شرع موسی علیہ السلام میں تھا آیا اسکو حلال کیا یا نہیں اسمیں دو قول ہیں بیضاوی نے کہا کہ اسمیں صریح دلیل موجود ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام کی شریعت نے شرع موسی علیہ السلام کو منسوخ کردیا - اور قول ربیع بن انس رضی اللہ عنہ بھی اسی پر دلالت کرتا ہے کہ جو شرع حضرت عیسیٰ لائے تھے وہ اس شرع سے نرم تھی جو موسی علیہ السلام لائے تھے کہ انکی شرع میں بنی اسرائیل پر اونٹ کا گوشت و چربی حرام تھی وہ حضرت عیسی علیہ السلام کی انجیل سے حلال کی گئی اور مچھلی جس سے جب چیزیں اور پرندوں میں سے پندرہ چیزیں اور دیگر چیزیں حضرت عیسی علیہ السلام کی شریعت میں حلال ہوئیں جو انپر پہلے حکم تھا حرام تھیں اور شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اسمیں دلالت ہے کہ عیسی علیہ السلام نے بعض شریعت توریت کو منسوخ کیا اور کل کو منسوخ نہیں کیا اور صحیح قول یہی ہے - اور سراج بن کہا کہ اگر اسپر یہ شک کیا جاوے کہ جب شرع عیسیٰ ناسخ شرع موسیٰ ہوئی تو مصدقا لما بین یدی من التوراۃ کیونکر صادق ہوگا تو بیضاوی وغیرہ نے اسکا یہ جواب دیا کہ توریت کی تصدیق کرنے میں اور بعض احکام توریت کے نسخ میں کچھ منافات نہیں ہے جیسے قرآن نے سب شرائع سابقہ کو منسوخ کیا حالانکہ سب کی تصدیق فرماتا ہے یعنے قرآن بتلاتا ہے کہ شریعت موسی اپنے وقت پر اور شریعت عیسی اپنے وقت پر بلکہ حضرت آدم سے لیکر کل شرائع اپنے اپنے وقت پر سچ تھیں اور سب انبیا برحق تھے بلکہ قرآن کہ ناسخ منسوخ دونوں کی تصدیق باہم موجود ہے اگرچہ ایک دوسرے کا ناسخ ہے اور وجہ یہ ہے کہ نسخ تو درحقیقت یہ ہے کہ کسی

حکم کی مدت بیان کردی کہ یہ حکم اس مدت تک کے واسطے تھا پس توریت میں جو احکام مذکور ہیں انکی تصدیق کی اور اپنی شریعت میں بیان کیا کہ فلاں و فلاں حکم اس مدت تک کے واسطے تھا اب منسوخ ہو گیا شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ وہب بن منبہ سے روایت کیا گیا کہ عیسیٰ علیہ السلام شرع موسیٰ علیہ السلام پر تھے اور روز سنیچر کی تعظیم پر قرار رکھتے اور بیت المقدس کا استقبال کرتے تھے اور انھوں نے بنی اسرائیل سے کہا کہ میں تمھارے پاس توریت کے خلاف ایک حرف کی طرف بھی نہیں بلایا الا یہی کہ بعض جو تم پر حرام کیا گیا ہے اسکو تم پر حلال کروں اور تمھارے ذمہ سے گناہ دور کردوں۔ **قال المترجم** اس روایت سے ظاہر ہوتا ہے کہ شریعت موسوی علیہ السلام جو بطریق ارشاد تھی سب بحالہ باقی رہی صرف وہ منہیات دور ہوئے اور حلال ہوئے جو بنی اسرائیل پر بوجہ ظلم کے حرام کیے گئے تھے اور یہ تحریم اللہ تعالےٰ ہی کی طرف سے تھی اور بعض مفسرین نے اس تقدیر پر قولہ لاحل لکم بعض الذی حرم علیکم کے یہ معنے لیے ہیں کہ حلال کردوں بعض وہ چیز جو تم پر حرام کی گئی بایں طور کہ تمھارے علماء نے اسکو حرام کیا ہے چنانچہ کمالین میں کہا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام وہ باطل احکام جنکو احبار نے اختراع کر لیا تھا انکو دور کر دیا۔ ولیس ہو مشیدہ نہیں کہ احبار کے اپنی طرف سے اختراعی احکام پر حرم علیکم کا اطلاق بعید ہے اسواسطے کہ حلال کرنا و حرام کرنا بحکم الٰہی ہے انمیں کسیکی تحریم و تحلیل نہیں صحیح ہے ان بعض وہ چیزیں حلال کردیں جسمیں وہ جھگڑتے اور خطا کرتے تھے پس انسے یہ پردہ دور کر دیا اور صاف بیان کر دیا کہ یہ چیزیں حلال ہیں جیسا کہ دوسری آیت میں فرمایا کہ ولابین لکم بعض الذی تختلفون فیہ۔ یعنے تاکہ صاف ظاہر کردوں حکم بعض اس چیز کا جسمیں تم آپسمیں اختلاف کرتے ہو یہ تو بیان ہوا مگر محققین نے تصریح کر دی ہے کہ صحیح یہی ہے کہ شرع عیسیٰ علیہ السلام ناسخ بعض شرع توریت تھی اور کمالین میں کہا کہ یہی صواب ہے۔ اور بعض نے کہا کہ قولہ بعض ما حرم علیکم یعنے کل ما حرم علیکم ہے یعنے کل جو انپر حرام کیے گئے تھے سب منسوخ کیے اور ابو عبید سے بھی نقل کیا گیا کہ جائز ہے کہ بعض بمعنے کل ہو اور اس قول پر تین وجہ سے اعتراض ہے اول آنکہ قرطبی نے فرمایا کہ محققین اہل لغت کے نزدیک بعض بمعنے کل یا جزء بمعنے کل نہیں ہوتا ہے اور حق یہ ہے کہ حقیقۃً نہیں ہوتا مگر مجازاً قرینہ کے ساتھ شامل ہوتا ہے دوم آنکہ بعض کو بمعنے کل لینا بلا ضرورت خلاف ظاہر تاویل ہے سوم آنکہ توریت سے جو انپر حرام ہوا تھا از انجملہ چوری و قتل ناحق وغیرہ بھی تھا وہ اس کل میں داخل نہیں کیونکہ قطعاً عیسیٰ علیہ السلام نے اسکو حلال نہیں فرمایا اور اگر کل سے وہ کل مراد ہیں جو بنی اسرائیل پر بوجہ سرکشی و ظلم کے حرام ہوئے تھے تو یہ تکلف بیفائدہ ہے اسلیے کہ یہ کل جو انپر ظلم سے حرام ہوئے تھے مطلق محرمات سے بعض ہیں پس صادق ہے کہ بعض ما حرم علیہم کو حلال کیا ہے فافہم۔ وجئتکم بآیۃ من ربکم فاتقوا اللہ واطیعون ان اللہ ربی وربکم فاعبدوہ ہذا صراط مستقیم۔ بیضاوی میں ہے کہ جئتکم بآیۃ سے دوسری آیۃ مراد ہے اور وہ قولہ ان اللہ ربی وربکم ہے یعنے میں ایک اور بڑی آیت لایا ہوں جو اللہ تعالےٰ نے مجھے الہام فرمائی اور وہ قولہ ان اللہ ربی وربکم ہے کیونکہ یہ آیت دعوت حق جمیع علیہا سب رسولوں کی ہے اور اسی سے نبی اور ساحر میں فرق ہوتا ہے اور در صورتیکہ ان اللہ بفتح آن پڑھا جاوے جیسا کہ ایک قرأت ہے تو یہ معنے ہوئے کہ جئتکم بآیۃ علی ان اللہ ربی وربکم اور ان دونوں تقریروں پر قولہ فاتقوا اللہ واطیعون جملہ معترضہ ہے اسوجہ سے بیچ میں آیا کہ یہی مقصود تام ہے پھر بیضاوی نے کہا کہ ظاہر یہ ہے کہ یہ قول پہلے قد جئتکم بآیۃ من ربکم کی تکرار ہے اسی میں تمھارے پاس آیت ایک بعد دوسری کے لایا جیسا کہ مذکور ہوئیں پس اول یعنے قد جئتکم بآیۃ من ربکم تو تمہید حجت کے واسطے ہے اور یہ یعنے وجئتکم بآیۃ من ربکم اس حجت کو حکم سے ملانے کے لیے ہے اسیواسطے اسپر مرتب کیے دو فاء کے ساتھ قولہ فاتقوا اللہ واطیعون۔ فرمایا اسی ہر گاہ کہ میں تمھارے پاس آیات قاہرہ و معجزات باہرہ لایا تو تم اللہ تعالےٰ کے حکم سے خلاف کرنے میں ڈرو اور میں تمکو جدھر بلاتا ہوں میری اطاعت کرو اگر کہا جاوے

کہ اس نظر سے پر آیات و معجزات متعدد ہین باینہ من بکم یعنے واحد آیہ کیون فرمایا تو جواب یہ ہی کہ یہ آیات اگرچہ افراد متعدد ہین لیکن حضرت عیسیٰ کے صدق رسالت پر دلیل ہونے کے حق مین ایک ہی جنس ہین۔ لہذا بوحدت جنسی ذکر فرمایا۔ پھر بیضاوی نے کہا کہ اسکو فرما کر عیسیٰ نے شروع کی اور قول مجمل سے اسکی طرف یون اشارہ کیا کہ ان اللہ ربی و ربکم یہ اعتقاد حق کے ساتھ قوت نظری کو کامل کرنے کا اشارہ ہی اور توحید اسمین انتہاے مرتبہ ہی اور یہی مراد و مقصود ہی پھر قولہ فاعبدوہ سے قوت عملی کو کامل کرنے کا اشارہ کیا کیونکہ یہ قوت اسی طرح کامل ہوتی ہی کہ اللہ تعالے کے حکمون کو بجالاکر اور منہیات سے باز رہکر اسکی طاعت و عبادت پوری کرے۔ پھر بیان فرمایا کہ راہ راست جسکی خوبی و بھلائی پر شہادت پائی گئی ہی وہ یہی ان دونون امر کا جمع کرنا ہی یعنے اعتقاد حق توحید حاصل کرے اور اللہ تعالے کے اوامر و نواہی کا پابند ہو اور نظیر اسکی قولہ علیہ السلام قل آمنت باللہ ثم استقم ہی یعنے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک شخص نے سوال کیا کہ یارسول اللہ آپ مجکو اسلام مین ایسا حکم فرماوین کہ آپ کے بعد کسی سے مین نہ پوچھون تو فرمایا کہ قل آمنت باللہ ثم استقم۔ یعنے کہہ ایمان لایا مین اللہ تعالے پر جیسے محمد رسول اللہ صلعم نے بتلایا انکو سچا جانکر پھر تو اسپر مستقیم رہ یعنے راستی سے ثابت رہ باین طور کہ اوامر و نواہی کی پابندی کو پیدا کر اس

حدیث کو امام احمد وغیرہ نے روایت کیا ہی

فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ

پھر جب معلوم کیا عیسیٰ نے بنی اسرائیل سے کفر بولا کون ہی کہ میری مدد کرے اللہ کی راہ مین کہا حواریون نے ہم ہین مدد کرنے والے اللہ کے

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ۝ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا

ہم یقین لائے اللہ پر اور تو گواہ رہ کہ ہمنے حکم قبول کیا اے رب ہمنے یقین کیا جو تو نے اوتارا اور ہم تابع ہوے رسول کے سو لکھ لے ہمکو

مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝

ماننے والون مین

فَلَمَّآ اَحَسَّ عِيْسٰى۔ علم۔ پھر جب عیسیٰ نے احساس کیا ف۔ یعنے جانا مِنْهُمُ الْكُفْرَ۔ بنی اسرائیل کیطرف سے کفر یعنے بنی اسرائیل نے اسطرح کھلم کھلا کفر کیا کہ عیسیٰ علیہ السلام نے کفر محسوس کیا حتی کہ بنی اسرائیل نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو قتل کرنا چاہا۔ قَالَ مَنْ اَنْصَارِيْٓ۔ اعوانی ذاہبا۔ اِلَى اللّٰهِ۔ لانصر دینہ۔ تو عیسیٰ نے کہا کہ کون میرا انصار ہی درحالیکہ اللہ تعالے کی طرف جانے والا ہون تاکہ اسکے دین کی مدد کرون ف۔ یعنے مین جانے والا ہون طرف اللہ تعالے کے تاکہ اسکے دین کی نصرت و مدد کرون پس کون میرا شریک ہی مددگار ہی۔ قَالَ الْحَوَارِيُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ۔ اعوان دینہ وہم اصفیاء عیسیٰ اول من آمن بہ وکانوا اثنی عشر من الحواری وہو البیاض الخالص وقیل کانوا قصارین یحورون الثیاب ای یبیضونہا۔ حواریون نے جواب دیا کہ ہم ہین انصار آلہی ف۔ یعنے ہم اللہ کے دین کے مددگار ہین اور یہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے برگزیدہ لوگ وہ تھے جو پہلے پہل حضرت عیسیٰ پر ایمان لائے تھے اور یہ بارہ شخص تھے اور یہ لفظ ماخوذ از حوار ہی جسکے معنے خالص سپیدی کے ہین اور بعضون نے کہا کہ یہ لوگ دھوبی تھے کہ کپڑون کی تحویر کیا کرتے یعنے تبییض یعنے سپید کیا کرتے تھے اور حواریون نے یہ بھی کہا کہ۔ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ۔ صدقنا۔ ہم نے تصدیق کی اللہ تعالے کی۔ وَاشْهَدْ۔ یاعیسیٰ۔ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے عرض کیا کہ آپ گواہ رہین کہ ہم مسلمان ہین ف۔ یعنے دلی یقین کو اور مومن ہونے کو اللہ تعالے جانتا ہی اور آپ گواہ رہین کہ ہم فرمانبردار ہین۔ رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ۔ من الانجیل۔ اے رب ہم ایمان لائے جو تو نے اوتاری یعنے ہم انجیل پر ایمان

لائے جو تو نے نازل فرمائی ہے۔ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ۔ عیسیٰ۔ اور ہم رسول کے متبع ہوے ف عیسیٰ علیہ السلام کے۔ فَاكْتُبْنَا
مَعَ الشّٰهِدِيْنَ۔ لکھ ہم کو گواہوں میں بالوحدانیۃ والرسولک بالصدق۔ پس ہمکو گواہوں میں لکھدے ف یعنے ان گواہی دینے والوں کے ساتھ
ہمیں جو تیرے واسطے وحدانیت کی اور تیرے رسول کے لیے سچائی کی گواہی دیتے ہیں ف قولہ فلما احس عیسیٰ منہم الکفر احساس اصل میں کوئی چیز چھونے
سے یا جاننے کو کہتے ہیں یعنے حاسہ اسکو دریافت کرلے اور مراد یہاں ایسا علم یقینی ہے جسمیں کوئی شبہہ نہیں جیسے اسکو حواس سے ادراک کیا
اسیواسطے مفسرین نے علم سے تفسیر کی اور ابو عبیدہؓ نے کہا کہ احس بمعنے عرف ہے یعنے ایسا ظاہر معلوم کیا جیسے حواس سے پہچانا جاتا ہے۔ اگر کہا
جاوے کہ بنی اسرائیل تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان ہی نہیں لائے تھے انکا کفر تو معلوم ہی تھا تو جواب یہ ہے کہ معنے یہ ہیں کہ جب عیسیٰ
علیہ السلام نے خوب معلوم کرلیا کہ یہ کفر پر اصرار کرکے مستمر رہینگے یعنے برابر کفر پر ہٹ کیے رہینگے۔ اور بعض نے کہا کہ احساس کفر کے یہ معنے
ہیں کہ انھوں نے حضرت عیسیٰ کے قتل کا ارادہ کیا اور یہ کفر ہے۔ اور بعض نے کہا کہ انسے کلمہ کفر سنکر کانوں سے احساس کرکے جان لیا پس اس علم کو
احساس کہنے کی یہ وجہ ہے کہ بذریعہ حس سمع کے حاصل ہوا۔ قولہ من انصاری الی اللہ۔ بعض نے کہا کہ ملتجیاً الی اللہ تقریبۃً مابعد کہ حواریون نے اللہ تعالےٰ
کی طرف التجا کی ہے یا ذاہباً الی اللہ جیسا کہ مفسر نے کہا۔ اور بعض کے نزدیک الی یہاں مع ہے یعنے کی بالام ہے ذکرہ البیضاوی وغیرہ قولہ
قال الحواریون نحن انصار اللہ۔ یہ جواب دلالت کرتا ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے من انصاری الی اللہ۔ سے مددگاران دین الٰہی یا
کیے تھے تاکہ جواب مطابق سوال ہو جیسا کہ اصل ہے اسیواسطے مفسر رحمہ اللہ نے من انصاری ذاہباً الی اللہ لانصرہ دینہ۔ کو ارجح قرار دیا اور حواریین
کے معنے میں اختلاف کیا گیا شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ بعضے کہتے ہیں کہ وہ صیاد تھے یعنے مچھلی کا شکار کھیلتے تھے اور معالم وغیرہ میں یہ قصہ
اسطرح مذکور ہے کہ سدی رحمہ اللہ نے کہا جب عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ تعالےٰ نے بنی اسرائیل پاس رسول کرکے بھیجا اور انھوں نے نمانا اور نکالا تو
عیسیٰ مع اپنی والدہ کے نکلکر زمین کے ملکوں میں پھرنے لگے۔ اتفاق سے ایک شہر میں ایک مرد نیکبخت کے یہاں اترے جسنے انکی مہمانداری اور
خدمتگزاری میں دریغ نہیں کیا اور اس شہر کا حاکم ایک مرد ظالم جابر تھا۔ ایک روز وہ شخص جسکے مہمان تھے معمول اپنے گھر آیا اور حضرت مریم
اسکی جورو کے پاس بیٹھی تھیں آپ نے اس سے فرمایا کہ آج تیرا خاوند غمگین کیوں ہے وہ بولی کہ یہ نہ پوچھیے آپ نے فرمایا تو بیان کر شاید اللہ تعالےٰ
تیری مصیبت دور کردے۔ اسنے عرض کیا کہ ہمارا حاکم ایسا ظالم ہے کہ ہم میں ہر شخص پر روز میں ایک روز مقرر کرتا ہے کہ اسکو اور اسکے لشکر
کو کھانا کھلاوین اور شراب پلاوین اگر کوئی نہیں کرتا ہے تو اسکو سزا دیتا ہے اور ہمارے پاس اتنی گنجایش نہیں ہے حضرت مریم نے فرمایا کہ اپنے
شوہر سے کہہ تو غم مت کر اب میں اپنے بیٹے سے کہتی ہوں وہ دعا کریگا کہ اللہ تعالےٰ اس مصیبت کو آسان فرماویگا پھر مریم نے حضرت عیسیٰؑ
سے یہ معاملہ بیان کیا۔ حضرت عیسیٰؑ نے فرمایا کہ اے مادر بزرگ میں ایسا کرونگا تو اسمیں فکر ہوگا۔ فرمایا کہ جو کچھ ہوتا ہے اسکی پروا مت کر پس عیسیٰ علیہ السلام
دعا کی کہ اسکے دیگچون کا پانی نفیس شوربا ہوگیا اور مٹکون کا پانی عمدہ شراب ہوگئی یعنے سب نان موہیا ہوگیا اور بادشاہ کو اسنے دعوت کھلائی
جب بادشاہ نے شراب پی تو بولا کہ یہ شراب کہان سے آئی بولا کہ فلان مقام کی ہے بادشاہ نے کہا کہ میں بھی وہین سے منگواتا ہون وہ ایسی نہین
ہوتی ہے بولا کہ ہان زمین میں کچھ فرق ہوگا لیکن بادشاہ کو اس خیال سے شبہہ ہوا اور اسنے تشدد کیا تب نا چار اسنے کہا کہ قصہ یہ ہے اور یہ اس
مہمان لڑکے کی دعا کا اثر ہے بادشاہ نے بلوایا اور اس بادشاہ کا بہت پیارا ولیعہد لڑکا کچھ دن پہلے مرچکا تھا اسکے بارہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے
گفتگو کی۔ آپ نے فرمایا کہ میں دعا نہیں کرونگا کیونکہ اسکے زندہ ہونے میں شر و فساد برپا ہوگا اور خیر نہیں ہے بادشاہ بولا کہ آپ پر کچھ الزام نہیں
آپ نے فرمایا کہ اچھا تو مجھے اور میری ماں کو چھوڑ دینا جہان چاہین چلے جاوین بولا کہ اچھا پس آپ نے دعا کی اور وہ لڑکا زندہ ہوگیا جب

جب اسکے سلطنت والون نے دیکھا کہ یہ بیبیش زندہ ہوا تو سخت غمناک ہوے کہ اس بادشاہ نے اپنی زندگی مین ہمکو ایسا کچھ تباہ کیا اب سکا بیٹا ولیعہد ہوکر ہمکو تباہ کریگا آخر انھون نے ہتھیار اٹھالیے اور لڑنے لگے - وہان تو یہ قتال پھیلا اور ادھر حضرت عیسی مع اپنی والدہ کے چلدیے راہ مین حواریون پر گذرے یہ لوگ مچھلی کا شکار کرتے تھے فرمایا کہ تم لوگ کیا کرتے ہو بولے کہ مچھلیان پکڑتے ہین فرمایا کہ میرے ساتھ کیون نہین چلتے کہ لوگون کو شکار کرو یعنے بنی اسرائیل کو بولے کہ تم کون ہو آپ نے فرمایا کہ مین اللہ عزوجل کا بندہ و اسکا رسول برحق عیسی بن مریم ہون اور کون اللہ کی راہ کی طرف جانے مین میرا مددگار ہوتا ہی پس یہ لوگ ساتھ ہوے اور بولے کہ آمنا باللہ واشہد بانا مسلمون - یعنی جب قیامت مین پیغمبر اپنی امت کے حق مین گواہی دینگے کہ یہ ایمان لائے اور وہ نہین لائے تب آپ ہمارے حق مین ایمان لانے کی گواہی دیجیے پھر اسپر ہی اکتفا نہین کیا بلکہ اللہ تعالے کی طرف بھی گڑگڑائے کہ ربنا امنا بما انزلت واتبعنا الرسول - اے پروردگار ہمنے تیری اتاری اس کتاب انجیل کی تصدیق کی اور تیرے اس رسول عیسی بن مریم کی تابعداری کی فاکتبنا مع الشاہدین - پس تو ہمکو بھی شاہدین مین لکھلے یعنے انبیا علیہم السلام کے ساتھ مین اس معنے کر کے لکھلے کہ ہم بھی انکی طرح انکی پیروی سے یہ گواہی دیتے ہین کہ لا الہ الا اللہ - اور عیسی بندہ خدا و اسکا رسول برحق ہی اور بعض مفسرین نے کہا کہ شاہدین سے مراد امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی کیونکہ انکو اللہ تعالے نے شہدا علی الناس فرمایا ہی جیسا کہ شروع پارہ سیقول مین گذرا - اگر کہا جاوے کہ یہ تو تفسیر بالرای معلوم ہوتی ہی تو جواب یہ ہی کہ نہین بلکہ منقول روایت موجود ہی قال ابن ابی حاتم حدثنا ابو سعید الاشج حدثنا وکیع حدثنا اسرائیل عن سماک عن عکرمۃ عن ابن عباس رضی اللہ عنہما فی قولہ فاکتبنا مع الشاہدین قال مع امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم - یعنے ابن عباس نے شاہدین کے معنے امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیان کیے اور شیخ ابن کثیر نے اس روایت کی بابت کہا کہ یہ اسناد جید ہی یعنے اسناد صحیح ہی - یہ قصہ تو حوارین کا سدی کی روایت سے معالم وغیرہ مین مذکور ہی اگر کہا جاوے کہ یہ لوگ مچھلی کا شکار کرتے تھے انکو حوارین کیون کہا تو جواب یہ ہی کہ یہ لوگ بہت سپید پوش تھے انکے لباس کی سپیدی سے حوارین کہا گیا ہی اور یہ قصہ دلالت کرتا ہی کہ حضرت عیسی علیہ السلام کی نور نبوت و رسالت کے فیض سے وہ قوم خاص جسکی طرف بھیجے گئے تھے اپنی حرکتون سے محروم رہی یعنے بنی اسرائیل کی بخت انپر ایمان نہ لائے اور یہ غیر لوگ حوارین مچھلی کا شکار کھیلنے والے اس نعمت سے سرفراز ہوے اور اسمین عنقریب گفتگو آتی ہی ابن کثیر نے فرمایا کہ بعض نے کہا وہ لوگ قصار تھے یعنے دھوبی تھے - جیسا کہ مفسر رحمہ اللہ نے بھی ذکر کیا - اب اسمین گفتگو ہی کہ وہ لوگ دراصل دھوبی تھے یا پیشہ کرنے لگے سو شیخ دہلوی رحمہ اللہ نے کہا کہ حضرت عیسی علیہ السلام نے دھوبیون سے کہا کہ تم کپڑے دھویا کرتے ہو مین تمکو دل دھونا سکھلا دون انمین سے دو شخص ہدایت پاکر انکے ساتھ ہوے پھر باقی جو لوگ تابع ہوتے گئے وہ بھی اسی خطاب سے حواری کہلائے - پس یہ نام گویا تبرکا ہی بیضاوی نے کہا کہ حضرت عیسی علیہ السلام کے خاص ساتھیون و یارون کا نام حواری اسوجہ سے ہوا کہ انکی نیتین خالص اور عقیدت شستہ تھی یعنے کسی طرح کا میل نہ تھا جیسے خالص سپید دھویا کپڑا ہوتا ہی اور مانند اسکے ضحاک سے معالم مین مذکور ہی اور کمالین مین مذکور ہی کہ انکے یار بھوکے پیاسے ہوتے تو عرض کرتے کہ یا روح اللہ ہم بھوکے ہین پس آپ زمین پر ہاتھ مارتے اور وہان سے پانی نکلتا اسکو یہ لوگ پیتے پھر بولے کہ ہم سے افضل کون ہی آپ نے فرمایا کہ جو آپ ہاتھ پانون کی محنت سے کماکر کھاوے پس ان لوگون نے اجرت پر دھونا شروع کیا رفتہ رفتہ دھوبی و حواری کہلانے لگے - ان دونون روایتون مین توفیق ممکن ہی کہ شاید پہلے دونون دھوبیون کی وجہ سے سبکے یہی پیشہ اختیار کر لیا ہو - اور شاید کہ باقی دس آدمی عالمگیر ملوک ہون جنسے عیسی علیہ السلام نے شر یہود سے بچنے کے لیے مدد چاہی جیسا کہ بیضاوی مین بعض کا قول مذکور ہی اور معالم مین مذکور ہی کہ حسن رحمہ اللہ نے فرمایا یہ لوگ

دھوبی

دھوبی تھے انکا نام حواری اسوجہ سے پڑا کہ یحورون الثیاب ای یبیضونہا۔ یعنے کپڑے سپید کیا کرتے تھے اور یہی روایت مفسرؒ نے ذکر کی ہے اور معالم مین کہا کہ عطاؒ نے فرمایا کہ حضرت مریم نے حضرت عیسی کو متفرق پیشہ والون کے سپرد کیا آخر مین حواریون کے سپرد کیا یہ لوگ کپڑون کا میل چھانٹتے اور رنگتے تھے پس جو شخص انمین سے سردار تھا اسکو سپرد کیا تاکہ یہ کام سیکھین پھر اس شخص کے پاس بہت سے کپڑے جمع ہو گئے اور اسکو سفر کی ضرورت پیش آئی اسنے کہا کہ ای عیسی تم اس حرفت کو سیکھ چکے مجھے سفر کو جانا ضرور ہے دس روز تک نہین آسکتا ہون اور یہ کپڑے مختلف رنگ سے رنگے جاوینگے مین نے ہر کپڑے پر اسی رنگ کا ڈورا حسب رنگ کا رنگا جائیگا باندھ دیا ہے تم میرے آنے تک اسکو رنگ کر تیار رکھنا پھر وہ چلا گیا اور حضرت عیسی نے ناند مین ایک ہی رنگ بنایا اور سب کپڑے اسمین ڈال دیے اور کہا کہ اللہ تعالے کے حکم سے جیسا چاہتا ہون ویسے ہی ہو جاؤ پھر وہ حواری آیا اور ہنوز حضرت عیسی علیہ السلام نے ناند سے کپڑے نہین نکالے تھے اسنے پوچھا کہ کپڑے تیار ہو گئے فرمایا کہ مین فارغ ہو گیا بولا کہ کہان ہین فرمایا کہ اس ناند مین ہین بولا کہ سب فرمایا کہان وہ بولا کہ تم نے سب کپڑے خراب کیے وہ تو مختلف رنگ کے چاہیے تھے پھر اٹھکر وہان کھڑے ہوے اسنے دیکھا تو افسوس کیا پھر حضرت عیسی نے اسی مین سے ایک زرد ایک سرخ ایک سبز غرضکہ انھین سب رنگون کے نکالنا شروع کیے جیسے وہ چاہتا تھا پس وہ حواری سخت متعجب ہوا اور سمجھا کہ یہ اللہ تعالے کی طرف سے ہے اسنے لوگون کو جو اسکے ساتھی تھے بلایا اور دکھلایا پھر وہ اور اسکے ساتھی سب ایمان لائے اور وہی حواری ہین اور کلبی و عکرمہ نے فرمایا کہ حواری بڑے برگزیدہ لوگ ہوتے ہین اور یہ لوگ حضرت عیسی علیہ السلام کے اصفیا تھے اور بارہ آدمی تھے اور روح ابن ابی القاسم نے کہا کہ مین نے قتادہؒ سے پوچھا کہ حواریین کون ہین فرمایا کہ وہ لوگ جو خلیفہ ہونے کی لیاقت رکھتے ہون اور نیز قتادہ سے روایت ہے کہ حواری وزیر ہین اور حسنؒ نے کہا کہ حواریون بمعنے انصار ہین یعنے مددگار۔ اور شیخ ابن کثیرؒ نے بعد ذکر اختلاف کے فرمایا کہ صحیح یہ ہے کہ حواری مددگار کو کہتے ہین جیسا کہ صحیحین مین ہے کہ رسول اللہ صلعم نے بروز احزاب لوگون کو آواز دی یعنے بدین غرض کہ یہ کام کون قبول کریگا پس زبیر بن العوام رضؓ نے آپ کی آواز پر قبول و فرمانبرداری کا جواب دیا پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے آواز دی پھر زبیرؓ نے جواب دیا تب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہر نبی کے واسطے حواری ہے اور میرا حواری زبیرؓ ہے اور معالم مین ہے کہ سفیان نے کہا کہ حواری مددگار ہے اور معمر نے قتادہؒ سے روایت کی کہ حواریین سب قریش مین سے ہین وہ ابوبکر و عمر و عثمان و علی و حمزہ و جعفر و ابو عبیدہ بن الجراح و عثمان بن مظعون و عبد الرحمن بن عوف و سعد بن ابی وقاص و طلحہ بن عبید اللہ و زبیر بن العوام رضی اللہ عنہم اجمعین ہین۔ پھر اسمین اختلاف ہے کہ یہ حواریین عیسی علیہ السلام کے آیا بنی اسرائیل مین سے تھے یا غیر قوم تھے اور ظاہر یہ ہے کہ وہ غیر قوم سے تھے اور بنی اسرائیل مین سے بہت کم نے ایمان لیا چنانچہ اب تک یہی حال ہے فافہم اور شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے۔ ربنا آمنا بما انزلت و اتبعنا الرسول فاکتبنا مع الشاہدین۔ ان حواریون نے اپنے قلب کی آنکھون سے غیب کے حقائق معائنہ کیے پس کہا ربنا آمنا۔ اور ابن عطا نے فرمایا ای ہم ایمان لائے ان علوم غیب پر جن سے تو نے اپنے برگزیدہ بندون کے دل منور کیے ہین اور ہمنے تیرے رسول کی ان چیزون مین جو اسنے بیزے اوامر و نواہی ظاہر فرمائے ہین اتباع کی اس امید پر کہ اسکی فرمانبرداری ہمکو تیری محبت تک پہونچادے پس تو ہمکو شاہدین کے ساتھ لکھ لے ای ایسے شخصون کے ساتھ جو تیری حضوری کی گھتے ہین اور تیرے ساتھ تیرے سوائے کسی کی حضوری نہین گھتے ہین

وَمَكَرُوا وَمَكَرَ اللّٰهُ ۖ وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ ۝ ع ۱۴

اور فریب کیا ان کافرون نے اور داؤ کیا اللہ نے اور اللہ کا داؤ سب سے بہتر ہے

وَمَكَرُوا۔ ای کفار بنی اسرائیل اذ دلوا ابن نقیلہ عیسی۔ یعنے کفار بنی اسرائیل نے فریب کیا۔ کیونکہ حضرت عیسی کے واسطے ایک ایسے

شخص کو مقرر کیا جو انکو فریب مین دھوکے سے قتل کرڈالے - وَمَكَرُوا اللّٰهُ - پھر بان القی شبہ عیسی علی من قصد قتلہ فقتلوہ ورفع عیسی - اور مکر کیا اللہ تعالے نے انکے ساتھ فی الحین طور کہ عیسی علیہ السلام کی شباہت اس شخص پر ڈال دی جسنے حضرت عیسی علیہ السلام کے قتل کا قصد کیا تھا پس کافرون نے اسیکو قتل کرڈالا اور حضرت عیسیٰ کو اللہ تعالے نے آسمان پر اٹھالیا - وَاللّٰهُ خَيْرُ الْمَاكِرِيْنَ - اعلم بہ - یعنے اللہ تعالے ان سے زیادہ مکر کرنیوالا ہی ف واضح ہو کہ مکر در اصل اس حیلہ کو کہتے ہین جس سے دوسرے کو بہکا کر ایسی جگہ پہنچا دے جہان اسکو مضرت پہنچے یا ایسی حالت مین ڈالے جو اسکو ضرر پہونچاوے اور یہ معنے کفار بنی اسرائیل کی طرف نسبت کیے گئے کیونکہ جب حضرت عیسی علیہ السلام مع حواریون کے بنی اسرائیل مین واپس آئے اور کھلے کھلے انکو دین الٰہی کی طرف بلانا شروع کیا تو ان لوگون نے ایک شخص کو مقرر کیا کہ وہ فریب سے مکر جب موقع پاوے تو حضرت عیسیٰ کو قتل کرڈالے اور معالم مین بروایت کلبی عن ابی صالح عن ابن عباس نقل کیا کہ حضرت عیسیٰ کو دیکھکر ایک گروہ یہود نے ساحر و زناکار اور انکی والدہ کو بھی اسی تہمت سے گالیان دینی شروع کین جب حضرت عیسیٰ نے اسکو سنا تو بددعا کی کہ اللہ تعالے نے انکی مسخ کرکے سور کردیا یہ دیکھکر یہود ڈرے اور انھون نے خفیہ ایک شخص کو مقرر کیا کہ ظاہر مین مل جاوے اور موقع پاکر قتل کرے پس یہ انکا مکر تھا اور رہا قولہ مکر اللہ تو اللہ تعالے کی طرف مکر کی نسبت اس معنے کرکے جو مذکور ہوے ہین نہین ہوسکتی ہی کیونکہ وہ عیب ہی اور اللہ تعالے منزہ ہی ہر عیب سے بلکہ اسکی نسبت بطریق مشاکلت ہی جو کچھ کہ وہ کرے اسیواسطے زجاج نے کہا کہ مکر اللہ کے معنے یہ ہین کہ جازاہم علی مکرہم یعنے مکر کرنے والون کو انکے مکر پر سزا و بدلا دیا پس جزا کو بنام ابتدا بیان کیا گیا یعنے چونکہ بدلا مساوی مقرر ہی لہذا جزا و فعل دونون کو یا بر بنا اور فعل مکر تھا پس جزا کو بھی اسی نام سے بیان کیا گیا اور فراء وغیرہ نے کہا کہ اللہ تعالے استدراج ہی یعنے بندے کو جو کفر و سرکشی کرتا ہی ڈھیل دی اور ایسی راہ جانے دینا کہ وہ اپنے گمان کے برخلاف ہلاکت مین پڑجاوے چنانچہ فرمایا سنستدرجہم من حیث لا یعلمون و املی لہم ان کیدی متین یعنے استدراج دینگے ہم انکو ایسی راہ سے کہ وہ جانتے نہین اور ڈھیل دینگے انکو البتہ ہمارا کید باریک مضبوط ہی - ھ - اور اسی معنے کرکے اللہ لیستہزی بہم و یمدہم فی طغیانہم یعمہون - ہی پس اللہ تعالے کی طرف اسکی نسبت بطریق مشاکلت و مقابلہ ہی اور اسمین صنعت ازدواج ہی اور مفسر جلال رح نے یہان مکر اللہ تعالے کی یہ صورت بیان فرمائی کہ اللہ تعالے نے حضرت عیسی کی شباہت اسی شخص پر ڈال دی جو فریب سے انکے قتل کا بیڑا اٹھاکر آیا تھا پس وہ خود قتل کیا گیا اور حضرت عیسیٰ کو اللہ تعالے نے اٹھالیا اور ابن جریر رح نے سدی سے روایت کی کہ بنی اسرائیل نے حضرت عیسیٰ کو اور انکے ساتھ انیس آدمیون کو ایک مکان مین محصور کیا پھر حضرت عیسی نے فرمایا کہ تم مین سے کون شخص میری صورت لیتا ہی کہ وہ قتل کیا جاوے اور اسکو جنت ملیگی پھر انمین سے ایک شخص نے اسکو قبول کیا اور عیسیٰ آسمان کو اوٹھائے گئے یہی فرمایا - ومکروا و مکر اللہ اور کما لین مین مذکور ہی کہ حضرت عیسیٰ کے ساتھ بارہ آدمی ایک گھر مین مجتمع تھے انمین سے ایک شخص منافق ہوگیا اور اسنے یہود کو خبر پہونچائی پھر یہود کی دوڑ آگئی اور اللہ تعالے نے حضرت عیسی کو اٹھالیا اور انکی شباہت اسی شخص پر ڈالدی جو منافق ہوا تھا پس وہ پکڑا گیا اور قتل و صلبی دیا گیا اس گمان پر کہ وہی عیسی ہی اور نسائی و ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے روایت کی کہ جب اللہ تعالے نے حضرت عیسیٰ کو اٹھالینا چاہا تو وہ اپنے ساتھیون پاس آئے اور مکان مین بارہ آدمی تھے پس فرمایا کہ تم مین ایک شخص ایسا بھی ہی جو مجھسے منکر ہو جائیگا بعد از انکہ وہ مسلمان ہوا ہی پھر فرمایا کہ تم مین کون ایسا ہی کہ اسپر میری شباہت ڈالی جاوے اور وہ مقتول ہو اور اسکے لیے جنت ہو گی پس ایک نوجوان جو سب سے کم سن تھا اوٹھ کھڑا ہوا کہ مین ہون آپ نے اس سے فرمایا کہ تو بیٹھ پھر وہی کلام اعادہ کیا پھر وہی نوجوان کھڑا ہوا آپ نے فرمایا کہ تو بیٹھ پھر تیسری بار اعادہ کیا اور وہی نوجوان کھڑا ہوا - اور ابن عباس رض نے کہا کہ حضرت عیسیٰ کے آسمان پر اٹھائے جانے کے بعد وہ مقتول ہوا اور یہودیون کی دوڑ آگئی اور وہ جوان گرفتار ہوگیا اور مکین

مفسر رحمہ اللہ نے جو روایت اختیار کی براہ معنے پسندیدہ ہی کہ حضرت عیسیٰ کے قصد کرنے والے پر ہی آپ کی شباہت ڈالدی کہ وہی مقتول ہوگیا جو قاتل ہونا چاہتا تھا اور وہی مکر کے ضرر میں پڑا جو مکر سے ضرر پہونچانا چاہتا تھا اور قولہ واللہ خیر الماکرین مفسر رحمہ اللہ نے کہا۔ اعلمهم بالمكر اى اكرون سے زیادہ دانا بحال مکر ہی اور بیضاوی نے کہا یعنے سب مکر کرنے والون سے اپنی قدرت مین زیادہ قوی ہی مکر کرنے مین اور سب سے زیادہ قادر ہی ضرر پہونچانے مین اس لیے کہ انکو گمان بھی نہوا اور پوشیدہ نہین کہ اس تفسیر مین وہم ہوتا ہی کہ مخلوق کو بھی قدرت مکر ہی اگرچہ اللہ تعالے اقدر ہی حالانکہ مخلوق کی طرف نسبت فعل مکر کی ازراہ کسب ہی اور خالق اسکا اللہ عزوجل ہی جیسا کہ اہل سنت کا مذہب ہی پس اولی

**تفسیر شیخ جلال** رح ہی فاضم اور شیخ الحافظ عماد بن کثیر رح نے اپنی تفسیر مین ذکر کیا کہ بنی اسرائیل نے اس زمانہ کے بادشاہ کے یہان لگائی بجھائی کی اور وہ کافر تھا کہ یہان ایک مرد پیدا ہوا ہی وہ لوگون کو گمراہ کرتا ہی اور بادشاہ کی فرمانبرداری سے بہکاتا ہی اور رعایا کو فساد پر آمادہ کرتا ہی اور باپ بیٹے کے درمیان نفاق ڈالتا ہی اور وہ زنا سے پیدا ہوا ہی اور ایسی ہی جھوٹی تہمتین بہتان ان خبیثون نے باندھے یہانتک کہ وہ بادشاہ برافروختہ ہوا اور آدمی بھیجا کہ اسکو پکڑ کر توہین و عذاب کے ساتھ سولی دیدے پھر جب ان لوگون نے گھر گھیرا اور اپنے گمان مین سمجھ چکے کہ ہم نے پکڑ پایا تو اللہ تعالے نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اس گھر کے سوراخ سے آسمان کو اٹھا لیا اور اسکی شباہت ایک شخص پر ڈال دی جو عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ اس مکان مین تھا پھر جب یہ لوگ داخل ہوے تو انھون نے اندھیری رات مین اسکو عیسیٰ تصور کیا اور پکڑ کر اہانت کے ساتھ سول دیدی اور یہی انکے ساتھ اللہ تعالے کا مکر تھا کہ اپنے نبی کو نجات دیدی اور ان کافرون کو انکی گمراہی مین بھٹکتا چھوڑ دیا اور جن کے عناد و دشمنی مین انکے دلون کو تسکین دیدی اور ہمیشہ یہ عناد انکے ساتھ کردیا اور اسکا نتیجہ انکو یہ ملا کہ ایسی ذلت و خواری انکے سر پر داغ دی کہ قیامت تک نہ چھوٹیگی ۲ فی العراس تو اللہ تعالے و مکروا و مکر اللہ واللہ خیر الماکرین یعنے اللہ عزوجل کے سابق مکر سے جو ازل مین انکی قسمت مین لکھ گیا تھا حق کے مشاہدہ سے گر گئے اور انھون نے اللہ تعالے کے نبی و اولیا کے ساتھ اپنے نفس کی تدبیر سے حیلہ انگیزی شروع کی پس انکا مکر کچھ اور نہ تھا وہی مکر تھا جو حق عزوجل نے انپر ازل سے جاری کردیا تھا حالانکہ وہی خود نہین جانتے تھے کہ ہم فریب کھائے ہوے اور مکر مین گرفتار ہین قال المفسر جم یہ قول پسندیدہ ہی اور اللہ تعالے نے فرمایا۔ فلا یامن مکر اللہ الا القوم الخاسرون۔ نڈر نہین ہوتے اللہ تعالے کے مکر سے مگر وہی قوم جو ٹوٹے مین پڑے ہین فاضم محمد بن علی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ انھون نے اپنی جانون کو ایسے حال مین ڈالا کہ وہ مکر ہی پس اللہ تعالے نے انکا مکر انکو اچھا دکھلایا حالانکہ درحقیقت یہ اللہ تعالے کا مکر انکے ساتھ تھا کیونکہ اللہ تعالے نے انکی آنکھون مین اسکو زینت دیدی کیا تو نہین دیکھتا کہ اللہ تعالے فرماتا ہی افمن زین لہ سوء عملہ فرآہ حسنا کیا وہ شخص جسکی آنکھ مین زینت دیا گیا اسکا برا کام پس اسے اسکو اچھا سمجھا یعنے وہ بدتر ہی بعض اہل حقیقت سے دریافت کیا گیا کہ اللہ تعالے کی طرف مکر کی نسبت کیونکر ہوسکتی ہی پس انھون نے بلند آواز سے اسکو ڈانٹا اور فرمایا کہ حضرت باری عزوجل کی صنعت مین کوئی علت نہین پھر یون پڑھنا شروع کیا ۵ ویقضی من سواك الفضل عندی ۰ وتفعله فیحسن منك ذاكا ۰ یعنے ایک فضل ہی کہ جب اسکو دوسرا کرتا ہی تو میرے نزدیک قبیح ہوتا ہی مثلاً قتل ۱ اور تو جب اسکو کرتا ہی تو وہی تیری طرف سے بھلا معلوم ہوتا ہی ۵ فدیتك قد جبلت علی هوا كا ۰ فنفسی لا تنازعنی سواكا ۰ مین تجھپر قربان ہون مین تو تیری محبت ہی پر پیدا ہوا ہون ۰ پس میری جان تو تیرے سوائے دوسرے کے لیے مجھ مین جھگڑتی ہی ۵ احبك لا ببعضی بل بكلی ۰ وان لم یبق حبك لی حراكا ۰ مین تجھی کو چاہتا ہون اپنے تھوڑے ٹکڑے سے نہین بلکہ اپنی کل جان و مال سے ۰ اگرچہ باقی نہین رکھی تیری محبت نے مجھمین کچھ جنبش ۰ یعنے مین جو کل سے تیری محبت کا دعوی کرتا ہون تو کیونکر دعوی کرتا ہون ہان یہ سچ ضرور ہی اگرچہ تیری محبت مین اپنی خودی سے مین بالکل خارج

ہون تو بھی ہر ہین کچھ نہین ہون

إِذْ قَالَ اللّٰهُ يَا عِيسٰى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَجَاعِلُ

جس وقت کہا اللہ نے اے عیسیٰ مین تجکو پھر لون گا اور اوٹھالون گا اپنی طرف اور پاک کردون گا کافرون سے اور رکھون گا

الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ

تیرے تابعون کو اوپنی منکرون سے قیامت کے دن تک پھر میری طرف ہی تمھارا پھرنا پھر فیصلہ کرونگا تم مین

فِيمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۝ فَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَأُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيدًا فِي الدُّنْيَا

جس بات مین تم جھگڑتے ہو سو وہ جو کافر ہوے انکو عذاب کرونگا سخت عذاب دنیا مین

وَالْآخِرَةِ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ ۝ وَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ فَيُوَفِّيهِمْ

اور آخرت مین اور کوئی نہین انکا مددگار اور وہ جو یقین لائے اور عمل نیک کیے سو انکو پوری دونگا

أُجُورَهُمْ ۗ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ ۝ ذٰلِكَ نَتْلُوهُ عَلَيْكَ مِنَ الْآيَاتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيمِ ۝

انکی مزدوریان اور اللہ کو خوش نہین آتے بے انصاف اور یہ پڑھ سناتے ہین ہم تجکو آیتین اور مذکور تحقیق

اذکر۔ إِذْ قَالَ اللّٰهُ يَا عِيسٰى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ ۔ قابفک۔ بیان کردے جب اللہ تعالے نے فرمایا کہ اے عیسیٰ مین تجھے قبض کرنے

والا ہون۔ کیونکہ توفی بمعنے قبض کرلینا چنانچہ بولتے ہین کہ توفیت منہ دراہمی۔ یعنے مین نے اس سے اپنے روپیہ قبض کرلیے یا بمعنے مستوفی ہم اور

معنے اسکے کشاف مین یون مذکور ہین کہ مین تیری زندگی جو مقدر ہی تجھے پوری بھردونگا اور حاصل یہ کہ مین تجھے ان کافرون سے محفوظ رکھونگا وہ

تجکو قتل نہین کرسکتے اور تیری موت مین اس مدت تک تاخیر کردونگا جو مین نے تیرے لیے مقدر کردی ہی تاکہ تو اپنی موت سے مرے نکہ ان کے ہاتھون

قتل ہوگا۔ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ ۔ من الدنیا من غیر موت۔ اور تجکو اٹھالونگا اپنی طرف دنیا سے بدون موت کے۔ وَمُطَهِّرُكَ

مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۔ اور تجھے دور کرلینے والا ہون کافرون کے برے پڑوس سے۔ وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ

فوق قوا نیتک من المسلمین والنصاری۔ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا ۔ باسادہم الیہود یعاونہم بالحجۃ والسیف۔ إِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ

اور کرنے والا ہون ان لوگون کو جنھون نے تیری تصدیق کی ہی۔ (مسلمان ونصاری کو) فوق ان لوگون پر جنھون نے تجھ سے کفر کیا ہی یہود

قیامت تک ف یعنے اونچا رکھونگا ان لوگون پر جو کافر ہوے تیرے ساتھ اور یہ کافر ہونے والے یہود ہین اور اونچا رکھنا اس طور پر ہی کہ حجت

و دلیل سے اور تلوار سے بھی انپر غالب رہینگے چنانچہ بیضاوی نے اپنی تفسیر مین کہا کہ دیکھ لو کہ دنیا مین اب کوئی بادشاہ یہودی نہین

نظر آتا اور قاضی بیضاوی نے کہا کہ اسوقت نہین سنا گیا کہ یہودی کبھی نصاری پر غالب ہوے ہون۔ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ

فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ۔ مرالدین۔ پھر میرے ہی طرف تم سب کا لٹکانا ہی پس مین تمھارے درمیان

فیصلہ کرونگا جسمین تم جھگڑتے ہو وقت یعنے جس امر دین مین تم جھگڑتے تھے۔ فَأَمَّا الَّذِينَ كَفَرُوا فَأُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا

شَدِيدًا فِي الدُّنْيَا ۔ بالقتل والسبی۔ پھر جن لوگون نے کفر کیا تو انکو عذاب شدید کرونگا دنیا مین بھی ف دنیا مین تو عذاب اسطرح

کہ جہاد اسلام مین قتل وقید ہونگے۔ وَالْآخِرَةِ ۔ بالنار۔ اور آخرت مین بھی اسطرح کہ دوزخ مین ڈالون گا۔ وَمَا لَهُمْ مِنْ

نَاصِرِينَ ۔ مانعین منہ۔ اس عذاب سے انکے لیے کوئی مانع نہ ہوگا۔ وَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ

فَيُوَفِّيهِمْ - یا یاء والنون - حفص کی قراءۃ میں بصیغۂ غائب یاء ہی اور اکثر قراء کی قراءۃ میں بصیغۂ جمع متکلم نون بطریق تعظیم ہی اور فاعل اللہ تعالے ہی - أُجُورَهُمْ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ - ای یعاقبهم - اور جو لوگ ایمان لائے و نیک کام کیے تو اللہ تعالے انکو بھرپور دیگا (یا ہم انکو بھرپور دینگے) اُنکے ثواب اور اللہ تعالے ظالمون کو محبوب نہین رکھتا - اور ظالمون کو دوست نہ رکھتا یہی ہم انکو عذاب کرینگے - روی ان اللہ ارسل الیہ سحابۃ فرفعتہ فتعلقت بہ امہ وبکت فقال لہا ان القیامۃ تجمعنا وکان ذلک لیلۃ القدر ببیت المقدس ولہ ثلث وثلثون سنۃ وعاشت امہ بعدہ ستۃ سنین وروی الشیخان حدیث انہ ینزل قرب الساعۃ ویحکم بشریعۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم ویقتل الدجال والخنزیر ویکسر الصلیب ویضع الجزیۃ وفی حدیث مسلم انہ یمکث سبع سنین وفی حدیث ابی داؤد الطیالسی اربعین سنۃ ویتوفی ویصلی علیہ فیحتمل ان المراد مجموع لبثہ فی الارض قبل الرفع وبعدہ - روایت کیا گیا کہ اللہ تعالے نے حضرت عیسی کی طرف ایک بادل بھیجا یعنے بادل نظر آتا تھا پس اسنے عیسی کو اٹھالیا پس مریم علیہا السلام انکو پکڑ کر لٹک گئین اور رونے لگین پس اپنی ماں سے فرمایا کہ قیامت مین ہم تم دونون اکٹھا ہونگے اور یہ واقعہ بیت المقدس مین شب قدر رمضان مین واقع ہوا اور اسوقت عمر حضرت عیسی کی تینتیس ۳۳ برس کی تھی اور اسکے بعد انکی ماں چھ برس زندہ رہین اور بخاری و مسلم نے روایت کی یہ حدیث کہ وہ قیامت کے قریب آسمان سے اترینگے اور ہمارے نبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کے موافق لوگون مین حکم کرینگے اور دجال کو مار ڈالینگے اور سوروں کو قتل کرینگے اور صلیب جسکو نصرانی پوجتے ہین سب توڑ ڈالینگے اور جزیہ اٹھاوینگے یعنے سوائے ایمان کے کسی شخص سے جزیہ وغیرہ قبول نہ کرینگے اور مسلم کی حدیث مین ہی کہ وہ سات برس جیتے رہینگے اور ابو داؤد طیالسی کی حدیث مین ہی کہ چالیس برس جیتے رہینگے پھر مرینگے اور مومنین انکے جنازے کی نماز پڑھینگے پس دونون حدیثون مین توفیق اس طرح ہی کہ احتمال ہی کہ ابو داؤد طیالسی کی حدیث مین وہ پوری مدت بیان ہو جو انکی دنیا مین رہنے کی ہوئی یعنے اٹھائے جانے سے پہلے کی تینتیس برس اور پھر اترنے جانے کے سات برس سب ملاکر چالیس برس مذکور ہوے ہون - قال المترجم مفسرین نے جو روایت یہان بیان کی ہی سعید بن المسیب سے مروی ہی کہ عیسی تینتیس ۳۳ برس کے سن مین اٹھائے گئے انکو اللہ تعالے نے رمضان کی شب قدر مین بیت المقدس سے اٹھایا اور تیرہ برس کے سن مین انکی ماں انسے حاملہ ہوئین اور سکندر یونانی کے ملک بابل پر غالب ہونے کے پینسٹھ ۶۵ برس پیچھے حضرت عیسی پیدا ہوے پھر انکے اٹھائے جانے کے بعد چھ برس انکی ماں زندہ رہین اور کمالین مین کہا کہ سب سے مشہور یہی قول ہی کہ تینتیس ۳۳ برس کے سن مین عیسی اٹھائے گئے اور بعض نے چونتیس ۳۴ برس کہے ہین اور سعید بن المسیب سے علی بن زید کی روایت سے مرسلاً مذکور ہی کہ وہ اسی برس زندہ رہے لیکن یہ راوی ضعیف ہی قال المترجم وہ علی بن زید بن جدعان منکر الحدیث ہی اور معالم مین سن ولادت و رفع وغیرہ کو اہل تواریخ کی طرف منسوب کیا ہی اور بنابرین انکی رسالت و نبوت قبل چالیس برس کے سن کے ہوئی اور معالم مین حسین بن الفضل سے نقل کیا کہ انسے پوچھا گیا کہ عیسی کا آسمان سے اترنا آپکو قرآن سے ملتا ہی فرمایا کہ ہان اللہ تعالے نے فرمایا ویکلم الناس فی المہد وکہلا حالانکہ وہ دنیا مین کہل کے سن تک نہین پہونچے بلکہ معنے اسکے یہی ہین کہ آسمان سے اترنے کے بعد سن کہولت مین لوگون سے کلام کرینگے قال المترجم سراج المنیر مین کہا کہ اس آیہ سے دلیل جبھی ہو سکتی ہی کہ وہ تیس برس سے پہلے سن شباب مین اٹھائے گئے ہون ورنہ تین برس نبوت رہی اور تینتیس برس کے سن مین اٹھائے جانے کی روایت پر تو سن کہولت ہو گیا اسلیے کہ وہ تیس سے چالیس تک ہی قال المترجم یہ سب اقوال و روایات خلاف تحقیق ہین اور حق یہ ہی کہ نبوت چالیس برس سے پہلے نہین ہوتی ہی چنانچہ مواہب مین کہا کہ نبوت کا وصف تو جبھی ہوتا ہی کہ جو اس سے موصوف ہو وہ چالیس برس سن کا ہو جاوے

کیونکہ یہی کمال کا سن ہو اور اسی سن پر رسل مبعوث ہوتے ہیں اور زرقانی نے اسکی شرح میں کہا کہ اس کلام سے جو حصر نکلتا ہو اسکا فائدہ یہ ہو کہ یہ سب انبیا کو شامل ہو حتی کہ عیسیٰ یحییٰ علیہما السلام کو بھی شامل ہو کہ وہ بھی چالیس برس سے کم میں نبی نہیں ہوئے ہیں کیونکہ زاد المعاد صفحہ ابن قیم رحمہ اللہ میں ہو کہ یہ جو لوگ بیان کرتے ہیں کہ عیسیٰ علیہ السلام تینتیس برس کے سن میں اٹھائے گئے ہیں اسکے واسطے کوئی ایسا اثر بھی نہیں معلوم ہوتا ہو کہ وہ متصل ہو اور اسکو لینا چاہیے ہو اور شامی رحمہ نے کہا کہ بات یہی ہو جو انھوں نے فرمائی اسواسطے کہ یہ جو دو تین بیان کی جاتی ہیں یہ تو نصاریٰ سے لی ہوئی باتیں ہیں اور رہا احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وسلم میں یہ صریح مذکور ہو کہ عیسیٰ علیہ السلام جب اٹھائے گئے ہیں تو ایک سو بیس کے تھے اور کمالین میں شیخ ابن حجر کے اصابہ سے نقل کیا کہ مستدرک حاکم میں ابن عمر کی روایت سے ہو کہ عیسیٰ علیہ السلام دنیا میں ایک سو بیس برس تک رہے اور زرقانی نے شرح مواہب میں کہا کہ حافظ جلال الدین سیوطی نے تکملہ تفسیر محلی و شرح نقایہ وغیرہ اپنی کتابوں میں یقین کیا ہو کہ جب عیسیٰ علیہ السلام اٹھائے گئے تو تینتیس برس کے تھے اور بعد اترنے کے سات برس تک دنیا میں زندہ رہینگے اور برابر میں تعجب کیا کرتا تھا کہ شیخ جلال الدین حافظ احادیث و آثار و متقن و جامع منقول و معقول اس سے غافل رہا تک کہ میں نے انکی کتاب مرقاۃ الصعود میں دیکھا کہ انھوں نے اس قول سے رجوع کیا ہو قال المترجم پس معلوم ہوا کہ عیسیٰ علیہ السلام ایک سو بیس برس کے سن میں اٹھائے گئے ہیں اور یہی شیخ جلال مفسر کا بھی قول ہو اگرچہ یہاں انھوں نے مشہور کے موافق لکھدیا ہو انکی تصنیف کے وقت اسی کے معتقد ہونگے واللہ اعلم اور نیز روایت تفسیر میں جو مذکور ہو کہ رمضان کی شب قدر میں اٹھائے گئے اسپر بھی یہ اعتراض کیا ہو کہ یہ تو اسی امت مرحومہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے خصائص سے ہو اسوقت کہاں تھی اور جواب یا گیا کہ جو ثواب و فضیلت اب ہو اس سے کہ جال اسکا موجود ہونا مانع نہیں ہو قال المترجم میرے نزدیک اولیٰ یہ ہو کہ یوں کہا جاوے کہ یہ بیان وقت کا ہو اگرچہ اسوقت میں وہ شب قدر نہو کیونکہ ماہ رمضان و اسکی تاریخیں تو اسوقت بھی موجود تھیں پس یہ ایسا ہو کہ گویا کہا جاوے کہ عید کے روز ایسا ہوا حالانکہ مراد یہ کہ اول تاریخ شوال سنہ فلاں میں ہوا کہ اب وہ عید ہو پس گویا جو بیس رمضان جو طاق شمار میں رات کی تھی اٹھائے گئے و مانند اسکے اگرچہ تعیین تاریخ نہیں واللہ اعلم۔ اور شاید کہ مبنا بر اس قول کے ہو کہ شب قدر تاریخ معین ہر سال نہیں اور مطابق تاریخوں میں ابہام کر دیا گیا ہو بلکہ یہ قول بنظر دلائل قوی ہو فافہم ذٰلِکَ۔ المذکور سن امر عیسیٰ۔ یہ حال عیسیٰ جو ذکر کیا ہو۔ نَتْلُوْهُ۔ نقصہ۔ عَلَيْكَ۔ یا محمد ہم بیان کرتے ہیں تجھ پر اے محمد مِنَ الْاٰيٰتِ۔ درحالیکہ وہ آیات سے ہو۔ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ۔ المحکم ای القرآن۔ اور ذکر محکم یعنے قرآن میں سے ہو۔ فصل واضح ہو کہ حدیث بخاری و مسلم میں نزول عیسیٰ کا ذکر صریح وارد ہوا ہو اور مضمون وہی ہو جو مفسر جلال رحمہ نے ذکر کیا اور بغوی نے بھی اپنی اسناد سے حضرت ابوہریرہ سے مرفوعاً روایت کیا اور بہت طرق سے مروی ہو اور ابوداؤد طیالسی کی مسند میں چالیس برس تک رہنا پھر مرنا اور مسلمانوں کا انپر نماز پڑھنا مروی ہو اور امام احمد نے اسکو بسند صحیح حضرت ابوہریرہ سے روایت کیا کما ذکرہ ابن حجر فی الاصابۃ اور ابن کثیر نے کہا کہ قولہ تعالےٰ وان من اہل الکتاب الا لیؤمنن بہ قبل موتہ۔ کی ضمیر بعد راجع بجانب عیسیٰ علیہ السلام ہی جیسا کہ تفسیر میں انشاء اللہ تعالےٰ آویگا اور یہ ہیسوقت کہ آسمان سے دنیا میں قبل وقیامت کے نازل ہونگے پس سب مسلمان ہونگے کیونکہ وہ جزیہ اوٹھا دینگے اور سوائے اسلام کے کچھ قبول نہ کرینگے اور حسن بصری نے مرسلاً روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ عیسیٰ علیہ السلام نہیں مرے اور وہ قیامت سے پہلے تمھاری طرف لوٹنے والے ہیں۔ پس ان وجوہ مذکورہ کی وجہ سے مفسرین رحمہم اللہ نے قولہ تعالےٰ انی متوفیک میں تاویل کی کیونکہ صحیح یہی ہو کہ اللہ تعالےٰ نے انکو بدون وفات کے دنیا سے اٹھالیا ہو جیسا کہ اکثر مفسرین نے اسکو ترجیح دی اور اسیکو ابن جریر طبری رحمہ اللہ نے اختیار

کیا ہی بنظر دلائل مذکورۂ بالا کے اور کہا کہ توفی انکی یہی اٹھا لینا ہی پس محمد بن اسحاق نے جو وہب بن منبہ سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے دن چڑھتے کی تین گھڑی انکو موت دی پھر اٹھایا اور ابن اسحٰق نے کہا کہ نصاری زعم کرتے ہین کہ اللہ تعالے نے سات گھڑی انکو وفات دی۔ اور پس وہب سے روایت کی کہ تین روز موت دیکر پھر زندہ کرکے اٹھایا۔ یہ سب روایات نصرانیون سے ہین اور ہمارا عتماد نہین ہی صحیح یہی ہی کہ بدون موت کے اٹھائے گئے ہین اب آیت مین تاویل بیان کرنی چاہیے پس قتادہ وغیرہ نے کہا کہ ہمین تقدیم وتاخیر ہی یعنے انی رافعک الی ومتوفیک۔ پہلے اٹھا لیا ہی پھر قریب قیامت کے نازل ہونے کے بعد وفات ہوگی اور ابو البقاء عبد اللہ بن حسین عکبری نے کہا کہ واو تو مطلق جمع کے واسطے ہوتا ہی اسمین کوئی ترتیب کے معنے ملحوظ نہین ہوتے ہین تو کچھ اسکی حاجت نہین ہی کہ تقدیم وتاخیر کہی جاوے بلکہ جیسے نظم موجود ہی اسکے بھی یہی معنے ہوسکتے ہین ذکرہ فی اعراب القرآن۔ پس بخاری مین جو علی بن ابی طلحہ کی روایت ابن عباس سے مذکور ہی کہ متوفیک یعنے ممیتک ہی اسی مین مجھے موت دینے والا ہون اسکے بھی یہی معنے ہین کہ تیری موت کے وقت پر بعد آسمان سے نزول کے موت دونگا اور اب تجھے اٹھائے لیتا ہون اور بعض کا یہ مذہب ہی کہ پہلے وہ ایک مرتبہ دنیا مین مرکر پھر اٹھا لیے گئے پھر آخر زمانہ مین اترکر چالیس برس بعد مرینگے اور دفن ہونگے۔ اگر کہا جاوے کہ حدیث مسلم مین تو سات ہی برس ٹھہرنا مذکور ہی تو جواب یہ ہی کہ ٹھہرنا کسی حال خاص پر مذکور ہی نہ آنکہ انکی زندگی اسیقدر ہوگی کیونکہ اسپر نص نہین ہی۔ اور مطر الوراق سے روایت ہی کہ انی متوفیک ای دنیا مین تجھے وفات دونگا اور وہ وفات موت نہین ہی اور ربیع بن انس نے حسن رح سے روایت کی کہ انی متوفیک یعنے خواب کی موت دونگا اللہ تعالے نے حضرت عیسی کو خواب مین اٹھا لیا ہی شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ اکثر مفسرین کے نزدیک وفات سے یہان یہی نوم وخواب مراد ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا ہوالذی یتوفاکم باللیل الآیہ۔ یعنے وہی پاک پروردگار ہی کہ وفات دیدیتا ہی تمکو رات مین۔ اور نیز فرمایا اللہ یتوفی الانفس حین موتہا والتی لم تمت فی منامہا الآیۃ۔ اور حدیث مین ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم رات مین جب تہجد کے واسطے خواب سے اٹھتے تو یون فرماتے۔ الحمد للہ الذی احیانا بعد ما اماتنا۔ بڑی حدیث ہی یعنے سب ثنا وصفت پاکیزہ اسی اللہ پاک کو ہی جسنے ہمکو موت دیکر پھر جلایا۔ اور خواب کو موت کہنا بہت شائع ہی یا توفی یعنے قبض لیا جاوے اخوذ از توفیت مالی۔ ای مین نے اپنا مال قبض کیا اور اسیکو کشاف کے مانند مفسر اور بیضاوی نے اختیار کیا ہی اور چونکہ قبض کرلینا دو طرح سے ہوسکتا ہی ایک بموت اور دوم برفع تو مفسر نے فالبعض من الدنیا من غیر موت۔ سے مراد ظاہر کردی کہ اٹھا لینے کے ساتھ قبض کرنا مراد ہی اور شیخ ابو بکر واسطی نے جو معروف مشائخ مین سے ہین کہا کہ انی متوفیک ای مین تجکو تیری خواہشون اور حظوظ نفس سے موت دینے والا ہون۔ رافعک الی۔ ای اپنے قرب کے مقام مین تیرا درجہ بلند کرنے والا ہون۔ اور معالم مین قتادہ کی روایت مین ہی کہ قتادہ نے کہا ہم سے بیان کیا گیا ہی کہ اللہ تعالے نے اسکو اٹھا لیا اور اسکو بازو دیے اور حلۂ نور پہنایا اور تمام لذتین کھانے پینے کی انسے قطع کردین اور وہ ملائکہ کے ساتھ عرش کے گرد اڑتے ہین اور وہ انسی ملکی ارضی سمائی تھے اور قاضی نے کہا یہ منے ہین کہ مین تجھے موت دینے والا ہون اس حیثیت سے جو عالم ملکوت کیطرف عروج کرنے سے روکتی ہین۔ یہ سب روایتین متقارب ہین بلکہ قول واسطی رح داخل روایت قتادہ ہی پھر بعض نے جو قول واسطی رح پر طعن کیا کہ یہ تفسیر نہین بلکہ تحریف ہی تو یہ طعن کرنے والے کی نادانی ہی اور حق یہ ہی کہ تفسیر بوجہ معلوم ہوتی ہی جیسا کہ اثر عبد الرزاق مین ابن عباس سے مذکور ہی اور یہ بطریق اشارت ہی اور سوق کلام اسیکے واسطے نہین تھا تاکہ تفسیر ہو اور کوئی مانع نہین کہ اسمین یہ اشارہ بھی موجود ہو پس یہ نادانی ہی کہ اگر تفسیر نہین تو تحریف کیون متعین ہوئی عفاہ اللہ فقد اخطأ وعصمنی اللہ ایای وایاہ والمومنین من الخطاء والزلل۔ قولہ ورافعک الی۔ اس مقام پر ظاہر متبادر ہوتا ہی کہ الی سے جہت ثابت ہوتی ہی حالانکہ اللہ تعالے کے واسطے کوئی جگہ نہین ہی جسکی طرف بلند کرلینے والا ہی کیونکہ

او تعالے جگہ و جہت سے پاک ہی۔ اور نہ جگہ اسکی شان سے ہی ہان علم اسکا ہر جگہ ہر چیز کو حاوی ہی پس بیضاوی رحمہ اللہ نے اسکو دفع کیا کہ رافعک الی سے مراد الی محل کرامتی و مقر ملائکتی ہی یعنے ایسے مقام پر جہان میری کرامت ہی اور میرے ملائکہ رہتے ہین۔ قولہ وجاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامۃ۔ مفسرین کو یہان یہ اشکال پیش آیا کہ اللہ تعالے نے قیامت تک حضرت عیسی کی اتباع کرنے والون کو فوقیت دی حالانکہ امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اتباع عیسیٰ پر غالب ہوئی ہی پس بعض مفسرین نے ضمیر خطاب اتبعوک بجانب محمد صلی اللہ علیہ وسلم راجع کی و مؤید اسکی حدیث مرفوع نعمان بن بشیر ہی کہ برابر میری امت کا ایک گروہ حق پر ہوکر غالب رہینگے انکے مخالف سے انکو پروا نہوگی یہانتک کہ امر اللہ آوے پھر نعمان بن بشیر نے کہا کہ جو کہے کہ مین رسول اللہ صلعم پر ایسی بات کہتا ہون جو آپ نے نہین فرمائی تو اسکی تصدیق کتاب اللہ مین موجود ہی و جاعل الذین اتبعوک فوق الذین کفروا الی یوم القیامۃ۔ اس حدیث کو ابن عساکر و ابن ابی حاتم نے روایت کیا اور ابن عساکر نے معاذ سے مانند اسکے روایت کیا ہی اور دوسرون نے اسکو رد کر دیا کہ اسمین تفکیک ضمائر لازم آتی ہی اور یہ بلاغت مین عیب ہی بلکہ صحیح یہ ہی کہ ضمیر راجع بجانب عیسیٰ ہی اور اتباع عیسیٰ وہ ہین جو انکے اوپر ایمان لائے کہ وہ اللہ تعالے کے رسول برحق اور اسکے بندے تھے اور جو توحید کا دین وہ لائے وہ برحق ہی اور یہ صفت جیسی حضرت عیسی کی خالص حواریون مین تھی ویسے ہی اہل اسلام امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین بھی ہی پس یہ بھی اتباع عیسیٰ ہین بلکہ درحقیقت یہی متبعین عیسیٰ ہوے اور نصرانی جو انکے تابع ہونے کا دعوی کرتے ہین وہ صورت کے متبع ہین حقیقت کے متبع نہین ہین لیکن چونکہ قولہ الذین اتبعوک صیغۂ عموم ہی وہ حقیقی اتباع کو اور صورت و نام کی اتباع کو بھی اگرچہ درحقیقت کافر ہون شامل ہی لہذا اللہ تعالے نے دار دنیا مین صورت و نام کی اتباع کو بھی اہل کفر پر غالب کیا اور الذین کفروا۔ بصیغۂ عموم ہی لہذا کافرون کے سب فرقے انکے زیر دست ہوے خواہ وہ بالکل کسی دین ہی کے قائل نہون مانند بت پرستون وغیرہ کے یا مانند یہود کے کسی دین مخالف دین عیسیٰ کے قائل ہون سوائے دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ یہ دین تو عین دین عیسیٰ علیہ السلام ہی بلکہ عیسیٰ علیہ السلام نے آنحضرت صلعم کی بشارت دی اور انجیل مین انکے پیرون کو اتباع دین محمد صلعم کا حکم ہی اور حضرت عیسیٰ نے خود انکو اس باب مین بہت تاکید کی ہی اور اگر زندہ ہوتے تو خود اسی دین کی پیروی کرتے اور قیامت کے قریب جب اترینگے تو اسی شریعت کے موافق حکم کرینگے پس حاصل یہ ہی کہ قبل بعثت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع عیسیٰ سب ملتون پر اور خصوص کفار یہود پر غالب رہے اگرچہ وہ آخر مین نام کے متبع رہگئے تھے چنانچہ ابن کثیر نے تحقیق فرمایا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو جب اللہ تعالے نے آسمان پر اٹھا لیا تو جو لوگ اوپر ایمان لائے تھے وہ متفرق فرقہ ہو گئے بعضے تو اپنے ایمان پر قائم رہے کہ توحید الہی کو مانا اور حضرت عیسیٰ کی نسبت یہی اعتقاد رکھا کہ وہ اللہ تعالے کے بندے اور اسکی بندی مریم کے پسر رسول اللہ برحق ہین پس یہ فرقہ تو حق پر رہا اور بعض نے غلو کر کے عیسیٰ کو بجاے بندۂ خدا کے فرزند خدا سمجھا اور بعض نے انھین کو خدا سمجھا اور بعض نے کہا کہ وہ تین خدا مین سے ایک ہی اور اللہ تعالے نے قرآن مجید مین ان کافر فرقون مین سے ہر ایک کا قول ذکر فرما کر رد کر دیا ہی پھر قریب تین سو برس تک یہ لوگ اسی اختلاف پر رہے جب قسطنطین فلسفی بادشاہ یونان انکے دین مین داخل ہوا خواہ فساد کرنے کو یا جہالت سے بہر حال اسنے دین مسیح کو بدل ڈالا اور تحریف کر دی اور کچھ بڑھایا کچھ گھٹایا اور اسکے قوانین بنائے انکا نام امانت کبری رکھا حالانکہ درحقیقت وہ بڑی بڑی خیانت تھی اور اپنے زمانہ مین سور حلال ٹھہرائے اور نصرانیون کے لیے مشرق کی طرف کو قبلہ مقرر کیا اور انکے روزون مین دس روزے اور بڑھائے بوجہ اسکے کہ وہ کسی گناہ کا مرتکب ہوا تھا اسکا کفارہ گمان کرتے تھے یہانتک کہ دین مسیح ایسا بدل گیا کہ وہ دین قسطنطین ہو گیا ولیکن اسنے کنیسہ و صومعہ و معابد و دیر کوئی بارہ ہزار سے زیادہ بنوائے اور شہر قسطنطنیہ اپنے نام پر آباد کیا اور اسکے بعد اسکے جانشین بادشاہ بھی ایسے ہی ہوتے آئے اور ان

ان سب حال میں وہ کفار یہود پر جنھوں نے ہتک و بہتان و عیب و دشنام و قتل عیسیٰ علیہ السلام میں اپنے گمان میں کوئی دقیقہ نہیں اٹھا رکھا تھا ہمیشہ غالب ہے اور یہ یہود مردود برابر خوار و ذلیل ہوئے پھر جب اللہ تعالےٰ نے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا اور لوگوں نے رسول عربی خاتم المرسلین سید اولاد آدم و سردار نبیین کا دین قبول کیا تو یہ مومنین ایسے تھے کہ اللہ تعالےٰ اور اسکے ملائکہ و کتابوں و رسولوں پر پورے حق طور پر ایمان رکھتے تھے پس یہی لوگ ہر نبی کے واسطے اول ہوئے بہ نسبت ان لوگوں کے جو اس نبی کی امت ہونے کا دعوی کرتے تھے حالانکہ اسکے دین و ملت کو بدلکر تحریف کر چکے تھے پس وہ لوگ تو اس نبی کے پیرو فقط نام کے تھے درحقیقت اس نبی کے متبع اہل اسلام ہوئے اور اگر فرض کیا جاوے کہ انھوں نے اپنے نبی کی شریعت کو نہیں بدلا تب بھی حضرت محمد صلعم کے مبعوث ہونے پر سب انبیا علیہم السلام کی شریعتیں منسوخ ہوئیں اگرچہ اصل دین توحید سب کی تعلیم تھی وہ باقی رہا اور شریعت محمد صلعم کو اللہ تعالےٰ نے مقرر فرمایا اور اسی شریعت کی پابندی کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے حکم دیا اور انجیل میں حکم ہے اور اسی کے متبع وہی درحقیقت اتباع عیسیٰ ٹھہرے پس وہ قیامت تک غالب رہینگے جب تک کہ اپنے ایمان و توحید پر قائم اور شریعت پر ثابت ہیں فافہم واللہ اعلم۔ قولہ فاما الذین کفروا الخ یہ تفصیل اس اجمال کی ہے جو مرجعکم کی ضمیر میں ہے اسواسطے کہ مرجع اس ضمیر کا حضرت عیسیٰ علیہ السلام ہیں اور وہ لوگ جو انپر ایمان لائے اور وہ لوگ جنھوں نے انپر کفر کیا کما ذکرہ فی الکشاف اگر کہا جاوے کہ انپر ایمان لانے والے حاضر و غائب سب ہیں اور ضمیر فقط مخاطب کی ہے تو جواب یہ ہے کہ ہمیں مخاطبین کو غائبوں پر غلبہ دیا بوجہ اسکے کہ حضرت عیسیٰ کے وقت سے مومنوں کا کوئی مخاطب موجود تھے اسیواسطے تفصیل میں الذین کو عموم فرمایا یعنے جو لوگ کافر ہوئے خواہ موجود ہیں یا غائبین انکو عذاب شدید دنیا و آخرت میں ہوگا اور ایسے ہی ایمانداروں کو بھی الذین سے تعمیم فرمایا اگر کہا جاوے کہ حکم کا ترتب تو اسوقت ہے کہ اللہ تعالےٰ کی طرف رجوع ہو کیونکہ ثم الی مرجعکم فرمایا ہے اور یہ قیامت میں ہوگا پھر اسکی تفصیل ہیں۔ فی الدنیا والآخرۃ۔ کیونکر فرمایا تو جواب یہ ہے کہ الی مرجعکم سے مخصوص عاقبت کا مرجع مراد نہیں ہے بلکہ علی العموم مراد ہے کیونکہ دنیا و آخرت سب میں ہر ایک کا مرجع اللہ تعالےٰ ہی کی طرف ہے فافہم ف ۲ قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالےٰ اذ قال اللہ یا عیسیٰ انی متوفیک و رافعک الی و مطہرک الآیہ۔ ہمیں علاوہ تفسیر ظاہری کے اشارات خفیہ ہیں ان انجملہ یہ کہ اللہ تعالےٰ نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی صورت ظاہری جسم میں روح قدسی کو پھونکا تھا اور اس روح قدسی کو اس صورت ظاہری میں نبوت و عبودیت کے انوار سے اور مشاہدہ کی تجلی سے تربیت فرمایا اور کامل کیا پھر جب حضرت عیسیٰ ان مقامات میں کامل ہوئے جو اللہ عزوجل کے برگزیدہ انبیا و اولیا کو حاصل ہوتے ہیں تب خطاب فرمایا کہ انی متوفیک یعنے میں تجکو تیرے ان سوم و نقصانات سے جو حدوث کے تجھمیں ہیں وفات دیکر اپنے قدیم و بقا ذاتی کے ساتھ باقی رکھونگا اور اپنی صفات کمال یعنے نبوت کے آثار تجھمیں ظاہر فرماؤنگا اور بشریت ہونے کے میل کچیل سے تجھے پاک کردونگا۔ قال المترجم اس کلام میں اشارہ ہے کہ یہ جسم اس روح کے واسطے کمالات کی ترقی کا سبب ہے ہرگز کوئی شخص اپنی نادانی سے یہ خیال نکرے کہ نفس کشی کے یہ معنے ہیں کہ اس بدن کو گلا دے اس طور پر کہ حواس میں خلل آوے کیونکہ یہ سخت مذموم ہے لہذا حدیث میں جو گی و راہب ہو جانے سے ممانعت ہے جیسے کہ ہمکو خلاف طریقہ سنت و صلحا راست و اولیا کرام کے پالنا عیب سخت و ہلاکت کی خصلت ہے اور جن صحابہ رضی اللہ عنہم نے دائمی روزے کا اور کبھی نہ سونے و نہ عورت پاس جانے کا ایسے ایسے قصد کیے تھے سخت جھڑکی سے ممانعت فرمائی اور فرمایا ان لنفسک علیک حقا الحدیث یعنے تیرے نفس کا تجپر حق ہے اور نیز جب تک دل خوشی ہو عبادت کرے اور جب تن پر ملال ہو تو عبادت سے باز رہے یہ حکم حدیث زینب رضی اللہ عنہا میں صحیح مروی ہے والسطی رحمہ نے فرمایا کہ قولہ انی متوفیک تجھے تجکو وفات دینے والا اور اپنی طرف اٹھانے والا اور تیرے ارادوں و خواہشوں سے تجکو پاک کرنے والا ہوں اور یہ اسطرح ہوا کہ ازلی صفات کے آثار انپر ظاہر ہوئے۔ اور بعض مشائخ نے کہا کہ اشارہ یہ ہے کہ میں تجکو تیرے حظوظ نفسانی سے وفات دینے والا ہوں یعنے حظ

۱۲ یعنے مخلوق ہونے و حکمن ہونے کے

نفس سے مردہ کرنے والا اور تیرے جسم کو اپنی کرامت کے مقام میں اٹھانے والا اور تیرے باطن کو غیروں کے دیکھنے اور ثواب پر نظر رکھنے سب سے بالکل پاک کرنے والا ہوں واضح ہو کہ جب عارف بندہ خالص توحید کے مقام پر پہونچ گیا تو عارف ہی کے وجود سے جمال حق کا آفتاب اپنی شعاعیں پھیلاتا ہے کہ تمام مخلوقات آسمان و زمین اسکی اطاعت کرتے ہیں خواہ خوشی خاطر سے یا جبر و اکراہ سے **قال المترجم** یہ کلام جید و دقیق ہے یہاں ہوشیار رہیں کیا نہیں دیکھتے کہ اونٹ نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سجدہ کیا اور صحابہ رضی اللہ عنہم جو سوائے انبیاء علیہم السلام کے عالم میں سے خیر برگزیدہ آپ کی وزارت کے لیے پیدا ہوئے تھے اس امر کے خواستگار ہوئے کہ ہم بھی سجدہ کریں مگر آپ نے تعلیم خاص توحید کے نور سے یہ پردہ انکا دور کیا مع ہذا پردہ اختفا و نقاب خفا نہایت مبالغہ پر تھا یہاں سے علو مرتبہ صحابہ ظاہر ہے شیخ فرماتے ہیں اور جسنے جلال حق عزوجل کو کسی پیرایہ و واسطہ میں دیکھا اور خود اسکا حال یہ ہے کہ تحقیق معرفت کی حقیقت پر نہیں پہونچا ہے تو اسی واسطے و پیرایہ میں گرفتار ہو کر شبہی ہو جاتا ہے یعنے حضرت حق عزوجل کی جناب میں تشبیہ کا قائل ہو جاتا ہے اور یہ ضلالت و کفر ہے۔

**اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ ۝**

عیسی کی مثال اللہ کے نزدیک جیسے مثال آدم کی بنایا اسکو مٹی سے پھر کہا اسکو کہ ہو جا وہ ہو گیا

**اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِیْنَ ۝**

حق بات ہے تیرے رب کی طرف سے سو تو مت ہو شک کرنے والوں میں سے

**اِنَّ مَثَلَ عِیْسٰی عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ** - شانہ الغریب۔ یعنے عیسی کی شان غریب اللہ تعالے کے نزدیک جیسے آدم کی شان غریب ہے **ف** پس غریب کی قید اسوجہ سے بیان کی کہ عرب کے نزدیک مثل اسی واقعہ کے ساتھ کہتے ہیں جسمیں کوئی غرابت ہو جیسے عیسی بدون باپ کے پیدا ہوئے اور یہ ہم لوگوں کی نظر میں غریب ہے جیسے شان آدم علیہ السلام کی غریب ہے اس بات میں کہ آدم بدون ماں و باپ کے پیدا ہوئے اگر کہا جاوے کہ عیسیٰ تو بدون باپ کے ہوئے اور آدم بدون ماں و باپ کے ہوئے یہ تشبیہ کیونکر ہے تو بعض نے جواب دیا کہ مثال میں پوری مشارکت نہیں ہوتی جیسے مثل بکسر اول و سکون دوم میں ہوتی ہے پس یہاں بدون باپ کے خلاف عادت پیدا ہونے میں دونوں مانند ہیں اور مفسر رحمہ اللہ نے **کرخی** کے مثل یوں جواب دیا کہ آدم کا بدون ماں و باپ کے پایا جانا غریب بھی ہے اور اغرب ہے پس یہ تشبیہ غریب کی اغرب کے ساتھ ہے تاکہ جھگڑا کرنے والا بالکل بند ہو جاوے اور دل میں خوب جمے کیونکہ جھگڑنے والا تو اسی میں پڑا تھا کہ عیسیٰ آدمی ہوتے تو بھلا بدون باپ کے کیسے ہوتے۔ **خَلَقَهٗ** - ای آدم و قالبہ۔ **مِنْ تُرَابٍ** - اللہ تعالے نے پیدا کیا آدم کو یعنے اسکے قالب کو خاک سے **ف** ضمیر منصوب راجع آدم علیہ السلام کی طرف ہے اور یہ اولیٰ ہے بہ نسبت اسکے کہ عیسی علیہ السلام کی طرف راجع ہو جیسا کہ معالم میں راجع کیا ہے اور یہاں یہ شبہہ پڑتا تھا کہ بعد کو کن فیکون کہا پس خلق کے بعد پھر تکوین کیسے ہو گی تو مفسر نے ای قالبہ کہکر اشارہ کیا کہ یہاں خلق سے آدم کا قالب پیدا کرنا مراد ہے اور اسپر لفظ من تراب۔ دلیل ہے کیونکہ مٹی سے قالب ہی ہوتا ہے پس اول میں آدم کا قالب مٹی سے بنایا۔ **ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ** - لبشرا - یعنے پھر کہا اسکو کہ ہو جا بشر **ف** - یعنے قالب پیدا کر کے پھر اسکو روح والا بشر ہونے کا حکم دیا پس تکوین کا مفعول بشر ہے اور خلق کا مفعول قالب ہے اور معالم و بیضاوی وغیرہ میں تجویز کیا کہ ثم یہاں خلق کی ترتیب نہیں بلکہ خبر کی ترتیب ہے یعنے ہمنے اسکو پیدا کیا پھر تم یہ جان لو کہ ہم نے اسکو یہی کہا تھا کہ ہو جا۔ **فَیَكُوْنُ** - فکان - پس وہ ہو گیا **ف** وکذلک عیسیٰ قال لہ کن من غیر اب فکان۔ اور حاصل یہ کہ ایسے ہی عیسیٰ بھی کہ اس سے فرمایا ہو جا بدون باپ کے وہ فوراً ہو گیا **المترجم**

ف اس آیہ سے معلوم ہوا کہ ہر مخلوق کے بعد کوئی نہ کوئی معنے میں اسکا دیا گیا ہے ۱۲ منہ

کہتا ہی کہ یہ خطاب کس کو فرمایا۔ جواب دیا گیا کہ اسکو جو علم الٰہی مین تھا فافہم۔ اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ۔ عیسی کا معاملہ تیرے رب کی طرف سے حق ہی ف الحق مرفوع ہی بنا بر یکہ خبر مبتدا محذوف ہی اور وہ مبتدا امر عیسی ہی یعنے امر عیسی الحق من ربک۔ اور بعض نے کہا نظم عبارت یون ہی الحق کائن من ربک۔ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْمُمْتَرِيْنَ۔ الشاکین فیہ۔ پس تو اس خبر مین شک کرنے والون مین سے نہو جیوف حضرت ابن عباس رض سے روایت ہی کہ ملک نجران کے نصاری کا ایک گروہ حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یہ کیا بات ہی کہ آپ ہمارے صاحب کو بری طرح یاد کرتے ہین آپ نے فرمایا کہ کیسکو۔ عرض کیا کہ حضرت عیسی کو آپ اللہ تعالے کا بندہ کہتے ہین آپ نے فرمایا کہ ہان وہ تو اللہ تعالے کا بندہ رسول اور اسکا کلمہ ہی کہ مریم کی طرف القا کیا گیا۔ بولے کہ بھلا کوئی آدمی آپ نے دیکھا یا سنا کہ بدون باپ کے پیدا ہوا ہو اور رنجیدہ ہو کہ آپ کے پاس سے اٹھ آئے تب اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی اور جبرئیل علیہ السلام نے کہا کہ جب لوگ آپ کے پاس آوین تب آپ انکو یہ آیت سناوین۔ اِنَّ مَثَلَ عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ الآیۃ۔ اور یہ قصہ بہت وجوہ سے ایک جماعت صحابہ و تابعین سے روایت کیا گیا اور اسکی اصل صحیحین مین موجود ہی۔ اور یہ جواب تمثیل کے طور پر ہی اور اسی سے بعض علما نے استدلال کیا ہی کہ شرعی مسائل مین فقیہ مجتہد کا قیاس جائز ہی کیونکہ قیاس اسی کا نام ہی کہ فرع کو اصل کی طرف پھیرا دے بسبب ایک قسم کی مشابہت کی جو اس فرع کو اصل کے ساتھ ہی چنانچہ اللہ تعالے نے خلق عیسی کو خلق آدم کی طرف نوع شبہ کی وجہ سے پھیرا۔ ذکرہ فی العالم۔ اور یہ جان لینا چاہیے کہ قیاس بمقابلہ نص جائز نہی چنانچہ پاؤن پر موزہ کا مسح کرنا صحیح حدیث مین ہی تو کوئی شخص قیاس سے موزہ کے تلوے مین نہین مسح کر سکتا اور یاد رکھنا چاہیے کہ نوع شبہ اور علت جامعہ کا نکالنا مجتہد عالم کا کام ہی ہر شخص کا قیاس کرنا گمراہی ہی اور نیز قیاس کے یہ معنے ہین کہ یہ صورت بھی اسی اصل مین مندرج ہی جسپر قیاس کیا جیسے حدیث مین ہی کہ کل مسکر حرام ہر مسئلی چیز حرام ہی تو افیون و بھنگ وغیرہ کو اسی کلیہ مین داخل کرتے ہین اگرچہ بوجہ تخدیر یا تفتیر کے حرمت ہو بنا بر آنکہ کل مخدر و مفتر حرام بھی حدیث سے ثابت ہوتا ہی اور غرض میری تمثیل و اندراج کی توضیح ہی اور قیاس خود مثبت نہین بلکہ مظہر ہی و تمام بحث اصول مین ہی۔ قولہ فلا تکن من الممترین۔ اگر کہا جاے کہ رسول اللہ صلعم کو یہ خطاب کیونکر ہی اسلیے کہ آنحضرت صلعم کو امر عیسی علیہ السلام مین ہرگز کچھ بھی شک نہ تھا تو جواب دیا گیا اول تو یہ خطاب ہر ایسے شخص کو ہی جو مخاطب ہو سکتا ہی یعنے ای مخاطب تو اس معاملہ مین شک کرنے والون کے ساتھ نہو پس یہ بلیغ ہی بہ نسبت اسکے کہ تو شک مت کر فافہم۔ اور بات یہ تھی کہ عیسی علیہ السلام کے معاملہ مین بوجہ نصرانیون کے شرک و کفر کے جو انھون نے عام زبردستی سے پھیلایا تھا حتی کہ جن علما سے انجیل لی اس سے انکار کیا انا کو شاہ قسطنطین رومی نے قتل کروالا اور جو لوگ بچے وہ بھی جنگلون و پہاڑون مین بھاگ گئے اور باقی سچے محضر پر دستخط کیے کہ وہ خدا کا بیٹا یا خدا ہی پھر جب عوام مین یہ غلغلہ پھیل گیا تھا تو دوسری ملت والون نے نصرانیون کی باتون پر کچھ اعتماد نہ کیا اور امر عیسی مین بالکل ہی شک کرنے لگے کہ آیا بغیر باپ کے اسکا وجود بھی تھا کہ نہین تھا حتی کہ تم دیکھو گے ایک جماعت نصرانیون نے یہود کے ساتھ ہو کر حضرت مریم کی نسبت یوسف نجار سے سلسلہ لگایا۔ اعوذ باللہ من الکفر والبہتان۔ اللہ جھوٹون کا منہ کالا کر کے خوار و ملعون کرے۔ بالجملہ عوام کو نصرانیون کی افراط و تفریط سے بہت شک و مخمصہ پڑ گیا تھا چنانچہ انجیل مین بھی آیا ہی کہ عیسی کی نسبت ایک بزرگ خاتم النبیین پیغمبر عظیم الشان آوینگا وہ چھوڑا دیگا پس یہی ہوا کہ حضرت عیسی علیہ السلام کی نسبت برابر یہی غلو کا بہتان کا ذون مشرکون کی طرف سے جاری رہا یہانتک کہ اللہ تعالے نے حضرت سرور عالم محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کو وحی فرمائی اور تمام امر حق ظاہر کر کے عام حکم دیا کہ اب کوئی بھی شک کرنے والون مین سے نہو اور اسیواسطے بعد وثوق کے فرمایا فمن حاجک فیہ الآیہ۔ حتی کہ شک کرنے والون سے مباہلہ کا حکم دیا چنانچہ مفصل بیان آتا ہی۔ اور وجہ دوم یہ کہ خطاب آنحضرت صلعم کو ہی پس وہ صورتین ہین یا تو آنحضرت صلعم مراد نہین ہین بلکہ اور لوگ مراد ہین جیسے قولہ یا ایہا النبی اذا طلقتم النساء

بقیہ حاشیہ صفحہ گذشتہ
دلیل بعضے ہیں کہ وہ نہیں اسکو بلکہ اور لوگ ہیں اور بعضے کہتے ہیں
بیان خطا ہر دو ہم

ہین ہو کہ منادی آنحضرت صلعم کو کیا اور طلقتم جمع کا خطاب مومنون کو ہی اور معالم و سراج مین اسی جواب پر قطع کیا اور بیضاوی نے دوسری صورت بھی تجویز کی کہ آنحضرت صلعم کو زیادہ ثابت و جم جانے پر آمادہ کیا اور حق وہ ہی جو معالم مین کہا ہی فافہم آنحضرت صلعم کی شان اسمین شک کرنے سے پاک اور بہت بلند ہی حتی کہ آپ کی امت والے نہین شک کرتے ہین چنانچہ حکایت ہی کہ جہاد مین ایک عالم قید ہو کر کفار روم کے ہاتھ پڑے انھون نے اہل روم سے کہا تم کیون عیسٰی کو پوجتے ہو۔ بولے کہ اسکا کوئی باپ نہین پس وہ خدا کا بیٹا ہی نعوذ باللہ من ہذا الکفر تو فرمایا کہ اگر یہی بات ہی تو آدم علیہ السلام بڑھکر ہین کہ انکی پیدایش مین ماں باپ کوئی نہین۔ بولے کہ وہ مردون کو زندہ کرتا تھا۔ فرمایا کہ تو حزقیل اولی ہین کہ عیسی علیہ السلام نے فقط چار مردے زندہ کیے اور حزقیل نے آٹھ ہزار آدمی جو ایک دم سے مرے ہوے تھے زندہ کیے چنانچہ قصہ گذرا الم تر الی الذین خرجوا من دیارہم وہم الوف حذر الموت الآیہ پھر بولے کہ وہ اندھے و کوڑھی اچھے کرتے تھے فرمایا کہ تو جرجیس اولی ہین کہ وہ پکائے و جلائے گئے پھر صحیح سالم اٹھ کھڑے ہوے ذکرہ فی السراج۔ فاعرف البیان ہین ذکر کیا۔ قولہ تعالے ان مثل عیسی عند اللہ کمثل آدم۔ اللہ عزوجل نے پاک روحون کو ربوبیت کے کان سے پیدا کر دیا اور اپنے نور مشاہدہ سے لباس پہنایا پس یہ سب جواہر ایک ہی کان کے ہین اگرچہ انکے مقامات مین اور بشری صورت مین فرق ہی سو آدم کی روح تو ملکوت مین سے ہی یعنے اس کان مین سے ہی جس سے فرشتون کی پیدایش ہی جسم آدم پیدا ہوے تو انکی ذریات مین جو انبیا و صدیقین و صالحین ہوے اور ہونگے سب اسی دم پیدا ہو گئے تھے پھر اللہ تعالے نے جو کچھ آدم کی روح کے ساتھ کیا کہ انکو جناب عزت عزوجل مین نزدیکی کا مرتبہ دیا اور کرامت و مشاہدہ و علم و مکاشفہ عطا کیا اور حال تقرب و توحید سے سرفراز کیا یہ سب پہلے ذکر فرمایا ہی اب ذکر فرمایا کہ عیسی علیہ السلام کی روح بھی نزدیکی کے مرتبون مین آدم کی روح کے مانند ہی کہ جو خصوصیات آدم کو عطا ہوئین ویسے ہی عیسٰی کو عطا ہوئین سو آدم کے حق مین فرمایا کہ ونفخت فیہ من روحی۔ مین نے اپنی روح سے اسمین پھونکا یعنے اپنی جانب سے روح پھونکی اور ایسا ہی عیسی کے حق مین فرمایا ہی کہ روح منہ۔ لیکن آدم علیہ السلام کو یہ خبر ہی کہ آدم کی صورت پیدا کرنے کو اپنی طرف اضافت دیکر تشریف دی چنانچہ فرمایا خلقت بیدی۔ مین نے اپنے ہاتھون اسکو بنایا اور نیز یہ کہ لائکہ سے اسکا سجدہ کرایا اس منزلت مین آدم کو تمام مخلوق پر بزرگی حاصل ہی اور یہ جو فرمایا خلقہ من تراب۔ تو اسکا فائدہ یہ ہی کہ جاہل لوگ جو کسی درجہ پر ترقی کیے ہوے نہین ہین وہ ربوبیت مین یہود کا گمان بد نہ پیدا کرین اور استاد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے آدم و عیسی علیہما السلام کو پاکی روح کے ساتھ مخصوص کیا کہ یہ دونون ایک پشت سے دوسری پشت مین پلٹا کھاتے ہوے نہین آئے اور آدم کو یہ فضیلت دی کہ اپنے دست قدرت سے پیدا کیا اور اسمین وہ سب سے منفرد ہین اور یہ دونون بزرگ اگرچہ بڑی شان والے ہین لیکن حادث ہونے اور مخلوق ہونے کی صفت ان دونون کو قطعًا لازم ہی یعنے یہ دونون مخلوق ہین چنانچہ فرمایا۔ ثم قال لہ کن فیکون۔ پھر اسکو کہا کہ ہو جا وہ ہو گیا۔ قولہ تعالے فلا تکن من الممترین۔ مترجم کہتا ہی کہ اس سے اللہ عزوجل نے اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کو معزز فرمایا کہ مین نے تجھ پر اپنا خاص کلام نازل کیا بوحی قلبی اور تجھے اس عالی مرتبہ پر سرفراز کیا کہ آج تک کسی پیغمبر کو یہ اتصال قرب نصیب نہین ہوا چنانچہ ہر پیغمبر کو کتاب لکھی ہوئی بھیجی بخلاف حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپ کے قلب و زبان پاک کو کلام وحی و شریعت کر دیا اور آپ نے عیسی علیہ السلام کو کافرون و منکرون کے بہتان سے نکال لیا اور بعض اکابر نے فرمایا کہ قولہ الحق من ربک۔ یعنے یہ بات تیرے پروردگار کی طرف سے حق و ثابت ہی کہ مخلوقات مین سے کوئی چیز ظاہر فرمائے مگر اسیطرح کہ اسکو لفظ کن کے تحت مین مقہور و ذلیل کر کے لائے یعنے اس سے فرمادے کہ تو ہو جا وہ عاجز و مقہور و ذلیل ہو کر فورًا ہو جاوے پس تو کسی طرح شک مین نہ پڑنا البتہ اوتعالے ہی اپنے اسما و صفات مین منفرد ہی اسکے بندون و مخلوق مین سے کوئی بھی

او تعالےٰ کے ساتھ اسکی کسی صفت مین بھی تنازع نہین کر سکتا ہی۔ اور استاد رحمہ اللہ نے کہا کہ قولہ الحق من ربک یعنے حق تیرے پروردگار کی طرف سے ہی اے محمد سو تو ہرگز شک نہ کرنا اس بات مین کہ پیدا و ایجاد کرنے مین کوئی بھی اسکے مثل نہین ہی اور اسکی مخلوق کے لیے سبب ثابت کرنے مین کسی کی قدرت اسکے برابر نہین ہی پس جو موجودات کہ پردۂ عدم سے وجود مین آئی ہین اسکی ابتدا و ظہور بھی اللہ تعالےٰ ہی کی طرف سے ہی اور اسیکی طرف عود کرینگی۔

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيهِ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَ

پھر جو تجھسے اس بات مین جھگڑے بعد اسکے کہ پہونچ چکا تجکو علم پس تو کہدے آؤ بلاوین ہم اپنے بیٹے اور تمہارے بیٹے اور

نِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ ۝

اپنی عورتین اور تمہاری عورتین اور اپنی جان اور تمہاری جان پھر دعا کرین اور لعنت ڈالین اللہ کی جھوٹون پر

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ ۭ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

یہی ہی بیان تحقیق اور نہین کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ ہی ہی زبردست حکمت والا

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ۝ ع ۹

پھر اگر منہ موڑین تو اللہ کو معلوم ہین فسادی لوگ

فَمَنْ حَآجَّكَ فِيهِ۔ جادلک من النصاری۔ پھر نصاری مین سے جسنے تجھسے دربارۂ عیسیٰ کے جدال کیا۔ مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ۔ بعد اسکے کہ تیرے پاس یہ علم وحی آچکا ف تجکو علم قطعی ہوگیا یعنے علم عیسیٰ کا علم تجکو آگیا۔ یعنے وحی قطعی آگئی اور بیضاوی وغیرہ نے کہا یعنے وہ دلیلین واضح آگئین جو موجب علم ہین۔ لیکن نصرانی تجھسے جھگڑا کرین۔ فَقُلْ۔ لہم۔ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا وَاَنْفُسَكُمْ۔ فنجمعہم۔ تو ان نصرانیون سے کہدے کہ آؤ بلالین ہم اپنے بیٹون و تمہارے بیٹون کو اور اپنی عورتون و تمہاری عورتون کو اور اپنی ذاتی قرابت اور تمہاری ذاتی قرابت کو ف پس بلاکر ان سب کو ہم جمع کرین۔ ثُمَّ نَبْتَهِلْ۔ نتضرع فی الدعاء۔ پھر سب جمع ہوکر دعا کرنے مین بہت تضرع کرین اور گڑگڑاوین۔ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكَاذِبِيْنَ۔ پس جھوٹون کے اوپر اللہ تعالےٰ کی لعنت کرین ف بان نقول اللہم العن الکاذب فی شان عیسیٰ۔ یعنے اسطرح کہ آؤ ہم تم جمع ہوکر صدق دل سے دعا کرین کہ ہم مین یا تم مین سے جو فریق جھوٹا ہوا وسپر لعنت الٰہی نازل ہو۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ابتہال سے دعا کرنا اسطرح کہ کندھون کے برابر اپنے ہاتھ اوٹھاکر عاجزانہ دعا کرے۔ (الحاکم و بیہقی) پھر واضح ہوکر نصارائے نجران نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اسیں ہٹ دھرمی سے جھگڑا کیا تھا شیخ مفسر رحمہ نے لکھا۔ وقد دعا صلی اللہ علیہ وسلم وفد نجران لذلک لما حاجوہ فیہ فقالوا حتی ننظر فی امرنا ثم نأتیک فقال ذورائھم لقد عرفتم نبوتہ وانہ ما باھل قوم نبیا الا ھلکوا فوادعوا الرجل وانصرفوا فاتوہ وقد خرج ومعہ الحسن والحسین وفاطمۃ وعلی رضی اللہ عنہم وقال لھم اذا دعوت فامنوا فابوا ان یلاعنوا وصالحوہ علی الجزیۃ رواہ ابو نعیم فی دلائل النبوۃ وروی ابو داؤد انھم صالحوہ علی الفی حلۃ النصف فی صفر والبقیۃ فی رجب وثلثین درعۃ وثلثین فرسا وثلثین بعیرا وثلثین من کل صنف من اصناف السلاح وروی احمد فی مسندہ عن علی بن عباس رض قال لو خرج الذین یباھلونہ لرجعوا

لا یجدون اهلا ولا مالا وفی روایة لو خرجوا لاحترقوا۔ یعنے جب وفد نجران نے حضرت عیسیٰ کے معاملہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جھگڑا کیا تو حضرت صلعم نے انکو مباہلہ کے لیے بلایا تو بولے کہ اچھا اتنی مہلت دیجیے کہ ہم اپنے معاملہ مین غور کرلین پھر ہم آپ پاس آوینگے پھر جو شخص انمین سے سردار تھا جسکی رائے پر چلتے تھے اسنے کہا کہ تمنے محمد کی نبوت کو جان لیا اور تم خوب جانتے ہو کہ جس کسی قوم نے کسی نبی سے مباہلہ کیا وہ قوم ضرور ہلاک ہوئی پس اس پیغمبر سے صلح کرلو اور اپنے ملک کو لوٹ چلو پس یہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے درحالیکہ آپ اسی وقت ان جھوٹون سے مباہلہ کرنے کے لیے باہر نکلے تھے اور آپ کے ساتھ حسن و حسین و فاطمہ و علی رضی اللہ عنہم تھے اور آپ نے ان عزیزون سے فرمایا کہ جب مین دعا کرون تو تم لوگ آمین کہنا پس وفد نجران نے مباہلہ کرنے سے انکار کیا اور اسپر صلح کرلی کہ ہم جزیہ دینگے اس قصہ کو ابونعیم رح نے دلائل النبوۃ مین روایت کیا ہی اور ابوداؤد رح نے روایت کی کہ ان لوگون نے صلح کرلی اس بات پر کہ ہم سال مین دو ہزار حلہ دینگے جسمین سے نصف یعنے ایک ہزار کو ماہ صفر مین ادا کرینگے اور باقی کو رجب مین ادا کرینگے اور تیس زرہین اور تیس گھوڑے اور تیس اونٹ اور تیس ہر قسم کے ہتھیار دینگے اور امام احمد رح نے اپنی مسند مین ابن عباس رض سے روایت کی کہ اگر وہ لوگ جو حضرت صلعم کے ساتھ مباہلہ کا قصد رکھتے تھے باہر نکلتے تو انمین فوراً نیست کردیے جاتے کہ پھر کبھی عیال و مال کی طرف لوٹ کر نہ جاتے اور ایک روایت مین ہی کہ اگر نکلتے تو جل جاتے۔ اِنَّ هٰذَا۔ المذکور۔ لَهُوَ الْقَصَصُ۔ الخبر الحق الذی لاشک فیہ۔ عیسیٰ کے بارہ مین یہ بیان مذکور بے شک بیان حق ہی جسمین کچھ شک نہین ہی ف کیونکہ اللہ تعالے عالم الغیب خالق عزوجل نے اپنے بندہ عیسیٰ کا حال بیان کیا ہی۔ وَمَا مِنْ۔ زائدہ۔ اِلٰهٍ اِلَّا اللّٰهُ۔ کوئی فرد بھی آلہ نہین ہی سوائے اللہ تعالے کے۔ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ۔ فی ملکہ۔ الْحَكِيْمُ۔ فی صنعہ۔ اور اللہ تعالے ہی اپنے ملک مین غالب ہی اور اپنی صنع مین حکیم ہی فَاِنْ تَوَلَّوْا۔ اعرضوا عن الایمان۔ پھر اگر یہ مشرکین نصرانی منہ موڑین یعنے ایمان لانا جسکے لیے انکو کہا گیا ہی اس سے منہ موڑین تو اللہ تعالے انکو خوار کریگا کیونکہ فسادی ہین۔ فَاِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ۔ فیجازیہم۔ کیونکہ اللہ تعالے جانتا ہی مفسدون کو ف اس سے مراد یہ کہ انکو انکے فساد کی سزا دیگا اور بہم چھوڑنے مین ہول و خوف زیادہ ہی جیسے زبردست کسے کہ بھاگا ہوا کو معلوم ہوا ہم سمجھ لینگے۔ ضمیر کے بجاے اسم ظاہر فرمایا تو یہ انکو فضیحت کرنے کے لیے تاکہ معلوم ہو جاوے کہ یہ لوگ مفسد ہین اور سزا انکو اسی جرم پر ملی اور مراد فساد سے کفر و نالایق باتین زبان سے نکالنا اور لوگون کو اللہ تعالے کے دین سے روکنا اور حکم الٰہی اور شریعت حق کو چھوڑنا اور بہکانا وغیرہ ایسے امور ہین جو معرفت الٰہی سے باز رکھتے ہین جاننا چاہیے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بدون باپ پیدا ہونے مین فرزندی کا دعوی سخت بیجا ہی کیونکہ آدم علیہ السلام تو بدون ماں و باپ کے پیدا ہوے اصل مین یہ قدرت الٰہی ہی کہ آدمؑ کی پیدایش مین مذکر و مونث دونون نہین ہین اور حوّا کی پیدایش مین مونث نہین اور عیسیٰؑ کی پیدایش مین مذکر نہین جیسے باقی مخلوق کو مذکر و مونث سے پیدا کیا پس عیسیٰ کی پیدایش ایک نشان قدرت تھا کہ حق عزوجل کی معرفت و کمال ایمان حاصل ہوتا جیسا کہ سورۂ مریم مین فرمایا۔ ولنجعلہ آیۃ للناس۔ تاکہ ہم اسکو لوگون کے واسطے نشانی قرار دین مگر وہ ایک گروہ کے واسطے گمراہی ہوئی اور برابر اسپر جمے رہے یہانتک کہ پیغمبر برحق حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسمین مجادلہ کیا اور آخر یہ آیت کریمہ نازل ہوئی کہ مباہلہ پر نوبت آئی اور عنقریب بیان آویگا کہ اللہ تعالے نے بہت عمدہ طریقہ سے ان گمراہون کو فہمایش فرمائی ہی۔ ابن کثیر رح نے لکھا کہ اس مباہلہ کا اور اس سے پہلے کے اول سورہ سے یہانتک کی آیات کا سبب نزول ملک نجران کے نصرانیون کا آنا واقع ہوا

مترجم اس قصہ کو مختصر سیاق سے جامع اس طرح بیان کرتا ہی کہ بیہقی رحمہ اللہ نے حاکم کے طریق سے یونس بن بکیر عن سلمۃ بن عبد یسوع عن ابیہ عن جدہ روایت کیا کہ یونس نے جو پہلے نصرانی تھے پھر مسلمان ہوے کہا کہ رسول اللہ صلعم نے طمس سلیمان نازل ہونے سے پہلے اہل نجران کو خط لکھا۔ باسم الٰہ ابراہیم و اسحق و یعقوب۔ از جانب محمد نبی و رسول اللہ کے اسقف نجران و اہل نجران کو معلوم ہو کہ میں حمد کرتا ہون اس اللہ پاک کی جو ابراہیم و اسحق و یعقوب کا پروردگار ہی امابعد پھر میں تمکو بلاتا ہون اس بات کی طرف کہ تم بندون کی پرستش چھوڑکر اللہ عزوجل کی بندگی کرو اور بندون کی ولایت سے نکلکر اللہ تعالے کو اپنا والی سمجھو پھر اگر تم اس بات سے نافرمانی کرو تو جزیہ دینا قبول کرو اور اگر اس سے بھی انکار ہی تو میں نے تمکو لڑائی کا اشتہار دیا اور سلام ہی اسپر جو اللہ کا فرمانبردار ہو پھر جب یہ خط اس اسقف کے پاس پہونچا وہ پڑھکر بہت گھبرایا اور سخت لرزان ہوکر اہل نجران میں سے ایک شخص شرحبیل بن وداعہ نامی کے پاس آدمی بھیجکر بلوایا اور یہ شخص ہمدان میں سے نہایت عقیل گنا جاتا کہ جب کوئی مشکل پیش آتی تو اس سے پہلے کوئی اور یاد نہیں کیا جاتا پس اسقف نے رسول اللہ صلعم کا خط اسکو دیا اسنے پڑھا تو اسقف نے پوچھا کہ اے ابو مریم تیری کیا راے ہی شرحبیل نے کہا کہ آپکو معلوم ہی کہ اللہ تعالے نے ابراہیمؑ کو اسمعیلؑ کی ذریت میں نبوت کا وعدہ دیا ہی سو اس سے خیانت نہیں ہوسکتی کہ شاید یہ وہی نبی ہو۔ نبوت کے کام میں میری کچھ راے نہیں ہی ہان اگر دنیا کے کام میں کوئی بات ہوتی تو میں اپنی راے ظاہر کرتا اور اسمیں کوشش کرتا۔ اسقف نے یہ سنکر کہا کہ اچھا ایک طرف بیٹھ۔ وہ ایک طرف جاکر بیٹھ گیا پھر اسقف نے اہل نجران میں سے ایک شخص عبد اللہ نامی کو جو حمیر کے ذی اصبح میں سے تھا بلاکر خط پڑھاکر راے پوچھی اسنے بھی شرحبیل کے مانند کلام کیا۔ اسکو بھی اسقف نے ایک طرف بٹھالا۔ پھر اسقف نے اہل نجران میں سے جبار بن قیض نامی کو جو بنی حارث بن کعب میں سے ایک شخص بنی حماس کا تھا بلایا اسنے بھی بعد مضمون خط جاننے کے ویسی ہی راے دی جیسے شرحبیل و عبد اللہ نے راے دی تھی اسکو بھی اسقف نے ایک طرف بٹھالا۔ پس جب سب کی راے ایک ہی قول پر متفق ہوئی تو اسقف نے حکم دیا کہ ناقوس بجایا جاوے اور صوامع میں نیزان و مسوح چڑھائی جاوین اور یہی انکا دستور تھا کہ جب دن میں انکو کوئی گھبراہٹ پیش آتی تو ایسا کرتے اور رات میں ناقوس بجاتے اور آگ بلند کرتے تھے پس ناقوس کی آواز اور مسوح کے بلند ہونے پر تمام اس وادی کے اوپر و نیچے والے لوگ مجتمع ہوگئے کہ ایک سے دوسرے کو خبر پہونچے اور اس وادی کا لنبائو تیز رفتار سوار کی ایک روزہ راہ تھی اور ننانوے کانون اسمیں آباد تھے جنمیں ایک لاکھ بتیس ہزار مرد جنگ آور رہتے تھے علاوہ عورتون بچون بڈھون کے۔ پھر اسقف نے رسول اللہ صلعم کا خط انکو پڑھ سنایا پس جو لوگ انمیں سے صاحب راے و دانشمند تھے سب متفق ہوے کہ شرحبیل بن وداعہ ہمدانی اور عبد اللہ بن شراحیل اصبحی اور جبار بن قیض حارثی کو روانہ کریں کہ وہ رسول اللہ صلعم کی خبر لاوین۔ مترجم کہتا ہی کہ ابن اسحق رحمہ اللہ کی روایت میں ہی کہ نصاری نجران کے ایلچی کا گروہ ساٹھ سوارون کا تھا جنمیں سے چودہ شخص انکے اشراف میں سے تھے کہ مآل کار انھیں کی طرف تھا اور وہ عاقب بنام عبد المسیح اور سید بنام ایہم اور ابو حارثہ بن علقمہ برادر بکر بن وائل اور اویس بن الحرث و زید و قیس و یزید و اسکے دونون فرزند و خویلد و عمرو و خالد و عبد اللہ و محسن تھے اور ان چودہ اشراف کا مآل بھی تین آدمیون کی طرف تھا ایک عاقب یعنے عبد المسیح کہ وہ سردار قوم تھا اور اسی کی راے پر چلتے اور اسیکا مشورہ مانتے اور وہ دانشمند جانتے تھے دوسرا سید یعنے ایہم کہ وہ انکا عالم پیشوا تھا اور درحقیقت وہ ایک مرد عربی از قبیلۂ بنی بکر بن وائل تھا لیکن وہ نصرانی ہوگیا اور سوم نے اسکی بڑی تعظیم و تکریم کی اور اسکے کنیسہ بنوا دیے اور اسکی بہت خدمت کرتے کیونکہ دین میں اسکی مضبوطی سے واقف تھے اور وہ اپنے علم سے اپنی پرانی کتابون سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے واقف تھا مگر اپنی دنیا کی تعظیم و مرتبہ دیکھکر نصرانیت پر اڑا رہا۔ پھر روایت بیہقی

ہین ہرکہ یہ جماعت نصرانیان نجران کی چلکر مدینہ کے قریب پہونچے تب انھون نے سفر کے کپڑے اُتار ڈالے اور تکلف کے لباس پہنکر دامن جھاڑے اور سونے کی انگوٹھیان پہنے روانہ ہوکر رسول اللہ صلعم کے پاس آئے اور سلام کیا مگر آپ نے جواب نہ دیا اور وے لوگ دن مین بہت دیر تک منتظر رہے کہ ہمسے کچھ کلام فرماوین مگر آپ نے کلام نہ کیا پھر وہان سے لوگ چلے اور حضرت عثمان بن عفان اور عبدالرحمن بن عوف کو تلاش کیا ان دونون سے کچھ شناسائی تھی پس ان دونون کو مہاجرین و انصار کی ایک جماعت مین پایا اور انسے کہا کہ تمھارے نبی صلعم نے ہمکو خط لکھا اسپر ہم روانہ ہوکر حاضر ہوے ہم نے سلام کیا انھون نے جواب دیا اور ہم دیر تک منتظر رہے ہمسے کلام بھی نہ کیا اب تم دونون کی کیا رائے ہی - کیا ہم لوٹ جاوین - ان دونون نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جو انہین موجود تھے کہا کہ ای ابوالحسن آپ کی کیا رائے انکے حق مین ہی حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت عثمان و عبدالرحمن بن عوف کو جواب دیا کہ میری رائے یہ ہی کہ یہ لوگ اپنے حلہ اور سونے کی انگوٹھیان اتار کر اپنے سفری کپڑے پہنکر جاوین - انھون نے ایسا ہی کیا اور جاکر حضرت صلعم کو سلام کیا - آپ نے انکو جواب دیا پھر فرمایا قسم ہی اس ذات پاک کی جسنے مجکو برحق رسول کرکے بھیجا ہی کہ یہ لوگ پہلی مرتبہ میرے پاس آئے تو اس حال مین تھے کہ ابلیس انکے ساتھ تھا **منذر جہم** کہتا ہی کہ محمد بن اسحق نے محمد بن جعفر بن الزبیر سے روایت کی کہ یہ لوگ مدینہ مین رسول اللہ صلعم کے پاس اسوقت حاضر ہوے کہ آپ نے عصر کی نماز ادا کی تھی اور یہ لوگ بنی حارث بن کعب کی وضع مین چادرہاے حبری و حلہاے حبری پہلے ہوے زینت کے ساتھ تھے[1] اور جو شخص اصحاب رسول اللہ صلعم سے انکو دیکھتا کہتا کہ ہمنے ایسے ایلچی نہین دیکھے اور مسجد نبوی صلعم مین انکے نماز کا وقت آیا تو نماز کو کھڑے ہوگئے پس حضرت صلعم نے فرمایا کہ انکو چھوڑ دو پڑھین پھر انھون نے مشرق کی طرف نماز پڑھی پھر رسول اللہ صلعم سے ان لوگون مین سے حارثہ بن علقمہ اور عاقب عبدالمسیح اور سید یعنے ایہم نے گفتگو کی اور یہ لوگ نصرانیت مین بادشاہ کے دین پر تھے باوجودیکہ انمین یہ اختلاف تھا کہ کوئی مسیح علیہ السلام کو اللہ اور کوئی اللہ کا بیٹا اور کوئی اسکو تین مین سے ایک کہتا تھا پاک ہی اللہ عزوجل انکی ایسی کفریہ باتون سے **بیہقی** کی روایت مین ہی کہ پھر ان لوگون سے اور حضرت صلعم سے برابر سوال و جواب ہے اور **منذر جہم** کہتا ہی کہ حاکم نے ابن مردویہ و دلائل مین ابو نعیم نے جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکو اسلام کی دعوت کی یعنے عاقب عبدالمسیح و ایہم کو تو بولے کہ ہم تو ای محمد اسلام لاچکے ہین آپ نے فرمایا کہ تم دونون نے جھوٹ کہا - اگر تم چاہو تو مین بتا دون کہ تمکو کون چیز اسلام لانے سے روکتی ہی - بولے کہ اچھا بتائیے - آپ نے فرمایا کہ صلیب پوجنا تمھارے دل مین رچ گیا اور شراب پینا اور سور کا گوشت کھانا - **بیہقی** کی روایت مین ہی کہ آخر ان لوگون نے کہا کہ آپ کیا فرماتے ہین عیسیٰ کے حق مین اور ہم لوگ اپنی قوم مین لوٹ جانا چاہتے ہین اور ہم نصرانی ہین ہمکو بھلا معلوم ہوتا ہی کہ آپ جو عیسیٰ کے حق مین کہتے ہین وہ ہم بھی سن جاوین اگر آپ نبی ہین تو رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اس بارہ مین میرے پاس وحی کی خبر موجود نہین ہی تم ٹھہرو تو جو کچھ میرا پروردگار نازل فرمائے وہ مین تمکو عیسیٰ کے بارہ مین سنا دون پھر دوسرے روز صبح کو وہ لوگ حاضر ہوے اور حال یہ کہ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی تھی - ان مثل عیسی عند اللہ کمثل آدم - تا قولہ - فنجعل لعنۃ اللہ علی الکاذبین - پس انھون نے ایسا اقرار کرنے سے انکار کیا - **منذر جہم** کہتا ہی اور روایت حاکم و ابن مردویہ و ابونعیم مین ہی کہ جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ پھر رسول اللہ صلعم نے کہا کہ اگر تم اقرار نہین کرتے ہو تو ملاعنہ کرو یعنے مباہلہ کرو پس انھون نے وعدہ کیا کہ اچھا کل صبح کو مباہلہ کرین پھر دوسرے روز صبح کو رسول اللہ صلعم چلے اور حضرت علی کا ہاتھ پکڑا اور فاطمہ و حسن و حسین رضی اللہ عنہم کو ساتھ لیا اور گروہ نجران کو کہلا بھیجا پس انھون نے مباہلہ کرنے سے انکار کیا اور حضرت صلعم کے واسطے اقرار کیا - پھر حضرت صلعم نے فرمایا کہ قسم اس ذات پاک کی جسنے مجکو حق کے ساتھ بھیجا ہی کہ اگر وے مباہلہ کرتے تو البتہ میدان وادی انپر آگ برساتا - اور جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ انھین لوگون کے حق مین یہ آیت اُتری - قل تعالوا ندع

[1] مترجم کہتا ہی کہ یہ حال پہلے ترجمہ مدینہ نبی مین گذر چکا ہی مگر یہان اسکے دوبارہ لکھنے کی وجہ یہ ہی کہ اول نسخہ ۱۲

ابنا ءنا الآیۃ۔ اور جابرؓ نے فرمایا کہ انفسنا۔ تو رسول اللہ صلعم و علیؓ ہین اور ابنا ءنا حسنؓ و حسینؓ ہین اور نسا ءنا فاطمہ ہین۔ قال الحاکم صحیح الاسناد اور حاکم نے اسکو دوسری وجہ سے جابرؓ سے روایت کرکے صحیح کہا والاصح انہ مرسل عن الشعبی کذا قال ابن کثیر اور سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہی کہ جب قولہ تعالے تعالوا ندع ابنا ءنا و ابنا ءکم الآیۃ۔ اتری تو رسول اللہ صلعم نے علیؓ و فاطمہؓ و حسنؓ و حسینؓ کو بلایا اور فرمایا ای اللہ پاک میرے یہ میرے اہل ہین رواہ مسلم والترمذی وابن المنذر والحاکم والبیہقی اور جعفر بن محمد نے اپنے باپ سے روایت کی کہ قل تعالوا ندع ابنا ءنا الآیہ۔ ہین حضرت صلعم ابوبکرؓ و انکی اولاد کو اور عمرؓ و انکی اولاد کو اور عثمانؓ و انکی اولاد کو اور علیؓ و انکی اولاد کو لائے تھے رواہ ابن عساکر مترجم کہتا ہی بہرحال نصاری آپ کے مقابلہ مین مباہلہ کو نہ آئے لیس ابن اسحق کی روایت مین ہی کہ انھون نے رات کو باہم مشورہ کیا اور عاقب سے کہا کہ ای عبد المسیح تمھین سب مین صاحب راے ہو تمھاری کیا راے ہی وہ بولا کہ واللہ ای گروہ نصاری تمنے پہچان لیا کہ محمد نبی مرسل ہین اور تمھارے صاحب یعنے عیسی علیہ السلام کے بارہ مین انھون نے سب ٹھیک حال بیان کردیا جس سے حق و باطل جدا ہوگیا اور تم یہ بھی جانتے ہو کہ کسی قوم نے کسی نبی سے کبھی مباہلہ نہین کیا کہ اس قوم کا چھوٹا یا بڑا بچ رہا ہو سو اگر تمنے ایسا کیا تو تمھاری جڑ کٹ جائیگی پھر اگر تمکو اسی پر ہٹ ہی کہ اپنے دین ہی پر رہو اور وہی کہے جاؤ جو عیسی کے بارہ مین کہتے ہو تو محمد سے رخصت ہوکر اپنے ملک کو واپس چلو۔ اور بیہقی کی روایت مین یون ہی کہ شرحبیل نے باقی دونون سے کہا کہ ہم تم سب جانتے ہین کہ ہمارے ملک کے لوگ بلندی و پستی کے اگر سب مجتمع ہون تو یہ سب میری ہی راے پر چلینگے اور میرا حال یہ ہی کہ مین واللہ ایک بڑا بھاری امر دیکھتا ہون یعنے مباہلہ کرنا اور قسم اللہ پاک کی کہ اگر یہ شخص نبی ہوا تو ہم لوگ عرب مین سے پہلے وہ لوگ ٹھہرے جنھون نے انکا کہنا رد کیا اور یہ بات انکے اور انکے ساتھیون کے دلون سے نہ جائیگی اور ہم انکے پڑرس مین ہین ہم کو ضرور مصیبت پہونچیگی پھر اگر نبی مرسل ہین اور ہم نے انسے مباہلہ کیا تو روے زمین پر نصرانی کا ایک بال یا ناخن بھی نظر نہ آویگا سب ہلاک ہونگے اور ایک روایت مین ہی کہ عبد المسیح نے کہا کہ واللہ مین ایسے چہرے دیکھتا ہون کہ اگر وہ پہاڑ اپنی جگہ سے ٹل جانے کی دعا کرینگے تو قبول ہوگی تب اسکے دونون ساتھی بولے کہ پھر کیا راے ہی ای ابو مریم تب کہا کہ میری راے یہ ہی کہ مین انھین کو اس صلح مین حکم قرار دون کیونکہ مین دیکھتا ہون کہ وہ ایسا مرد ہی کہ حد سے تجاوز کرکے کبھی حکم نہین فرماتا تب دونون راضی ہوے کہ اچھا پھر تیری ہی راے پر چلنا چاہیے پس شرحبیل نے رسول اللہ صلعم سے ملاقات کی اور کہا کہ مین آپ کے ساتھ مباہلہ کرنے سے ایک بات بہتر دیکھتا ہون آپ نے فرمایا وہ کیا بات ہی عرض کیا کہ آج کا دن اور رات صبح تک مین نے آپ کو حکم کیا جو کچھ آپ ہمارے بیچ مین حکم کرین وہ جائز ہی پس آپ نے فرمایا کہ شاید تیرے پیچھے اور کوئی ہو جو تجھپر ملامت کرے تو شرحبیل نے کہا کہ آپ میرے دونون ساتھیون سے دریافت کرین۔ آپ نے دریافت کیا تو وہ بولے کہ شرحبیل ہم مین ایسا شخص ہی کہ ہمارا سارا ملک سواے اسکی راے کے کسی پر نہین چلتا ہی پس رسول اللہ صلعم لوٹ آئے اور مباہلہ نہین کیا پھر دوسرے روز وہ لوگ آئے تو رسول اللہ صلعم نے انکو یہ صلحنامہ تحریر کردیا بسم اللہ الرحمن الرحیم یہ وہ چیز ہی کہ لکھدیا اسکو نبی محمد رسول اللہ نے نجران کو کہ وہ حکم تھا ہر پھل و سونے و چاندی دودھیا و سیاہ و رقیق مین اس سب کو انکے واسطے اس شرط پر چھوڑ دیا کہ لوگ دو ہزار حلہ دین ہر رجب مین ایک ہزار اور ہر صفر مین ایک ہزار حلہ پھر باقی شرط دین و سیاق کو بیان کیا مترجم کہتا ہی کہ محمد بن اسحاق کی روایت مین ہی کہ پھر انھون نے درخواست کی کہ آپ اپنے اصحاب مین سے ایک شخص کو جسکو آپ پسند کرین ہمارے ساتھ بھیجدین جو ہمارے درمیان ان اموال مین جنمین ہم باہم اختلاف و جھگڑا کرتے ہین فیصل حکم کرے کیونکہ تم ہمارے نزدیک پسندیدہ ہو۔ اور صحیح بخاری مین حذیفہؓ سے روایت ہی کہ عاقب اور سید ہر دو صاحبان نجران بارادہ مباہلہ حضرت صلعم کے پاس آئے پھر ایک نے دوسرے سے کہا کہ تو ہرگز

یعنی عبد المسیح ای شرحبیل ۱۲

ف ۱ شاید وحی سے معلوم ہوا یا اجتہاد یا دارد ہی ۱۲

ایسا سمت کر کہ قسم ہی اللہ پاک کی کہ اگر وہ نبی ہی اور ہم نے اس سے مباہلہ کیا تو نہ ہم بچینگے اور نہ ہمارے بعد والے پس دونون نے رسول اللہ صلعم سے عرض کیا کہ جو آپ نے ہم سے چاہا یعنے جزیہ وہ ہم دینگے اور آپ ہمارے ساتھ ایک مرد امین روانہ کرین اور نہ بھیجیے مگر مرد امین ہی تو آپنے فرمایا کہ مین تمہارے ساتھ مرد امین پورا امین بھیجونگا پس اس امارت کے واسطے رسول اللہ صلعم کے اصحاب سب سامنے منتظر ہوے پھر آپ نے فرمایا کہ اے ابو عبیدۃ بن الجراح تو اٹھ پھر جب ابو عبیدہؓ اوٹھے تو رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ یہ اس امت کا امین ہی رواہ مسلم والترمذی والنسائی وابن ماجہ وقد رواہ احمد والنسائی وابن ماجہ من حدیث ابن مسعودؓ نحوہ۔ اور ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ ابو جہل مردود نے کہا کہ اگر مین محمد کو کعبہ کے پاس نماز پڑھتے دیکھونگا تو آکر اسکی گردن روندونگا۔ کہا ابن عباسؓ نے کہ اگر وہ خبیث ملعون ایسا کرتا تو آنکھون دیکھتے اسکو فرشتے عذاب مین پکڑ لیتے اور اگر ایسا ہوتا کہ یہود موت کی تمنا کرتے تو مرتے اور دوزخ کے اپنے اپنے ٹھکانے دیکھ لیتے اور اگر وہ لوگ نکلتے جو حضرت صلعم سے مباہلہ کرنا چاہتے تھے تو لوٹتے اس حال مین کہ اپنا مال و اہل کچھ نہ پاتے رواہ احمد وقد رواہ البخاری والترمذی والنسائی وقال الترمذی حسن صحیح مفسر جم کہتا ہی کہ شاید یہ عذاب انپر فقط نکلنے سے پڑتا بدون مباہلہ کے ورنہ مباہلہ کی صورت مین وہی خود چل جاتے پھر لوٹنا کیسا اور شاید کہ یہ مجاز ہو اور یہی اصح ہی واللہ اعلم۔ اب یہان چند مقام اور باقی رہے اول آنکہ مباہلہ تو وہی شخص کے درمیان تھا پھر بیٹون اور عورتون کو کیون ساتھ ملایا تو مدارک مین کہا کہ اسلیے ملایا کہ اس سے پوری دلالت ظاہر ہوتی ہی کہ کہنے والا اور دعوی کرنے والا اپنی سچائی پر کمال یقین و مضبوطی رکھتا ہی کہ اسنے جرأت کرکے اپنے عزیزون و جگر کے ٹکڑون کو پیش کیا اور خالی اپنی ہی جان پر انتصار نہین کیا اور نیز دوسری طرف جھٹلانے والے کے جھوٹے ہونے پر کمال یقین ہو پس وہ بھی ہلاک ہو تو اپنے پیارون و عزیزون سمیت ہلاک ہو اگر مباہلہ پورا کرے اور عزیزون مین سے بھی بیٹون و عورتون کو مخصوص کیا کیونکہ یہی آدمی کو زیادہ عزیز اور اسکے دل سے لگے ہوتے ہین اور پھر اپنا و نسار کو مقدم کیا پھر انفسنا و انفسکم موخر کیا اسمین تنبیہ ہی کہ انکی قرب و منزلت زیادہ ہی۔ وقال بعضهم اسمین دلیل ہی کہ دختر ون کے بیٹے بھی بیٹے کہلاسکتے ہین کیونکہ نبی صلعم نے حضرت حسن و حسین رضی اللہ عنہم کو ابنا قرار دیا جیسا کہ حدیث جابرؓ سے صریح واضح ہوا قال فی المدارک اور اس آیت کے واقعہ مین دلیل واضح موجود ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم رسول برحق تھے کیونکہ کسی موافق یا مخالف نے نہین روایت کیا کہ گروہ نجران نے اس مباہلہ کو منظور کیا تھا و مفسر جم کہتا ہی کہ اسمین یہ بھی صریح ہی کہ نصاری فقط اپنے گمان پر حضرت عیسیٰؑ کو خدا کا بیٹا وغیرہ کلمات کفر سے یاد کرتے ہین اور اس گمان کو دین ایمان سمجھتے ہین نعوذ باللہ منہ۔ پھر مفسر جم کہتا ہی کہ اگر کہا جاوے کہ ابنا نا اور ایسے ہی نسار نا صیغہائے جمع ہین حالانکہ معلوم ہوا کہ ابنا مین صرف حسن و حسینؑ دو تھے اور نسار مین فقط حضرت فاطمہؓ اکیلی تھین اور بیہقی کی روایت مین دلالت موجود ہی کہ آپنے فقط حضرت فاطمہ کو لیا حالانکہ اسوقت آپ کے نکاح مین نو بیویان موجود تھین تو جواب اسکا دو طور سے ہی اول آنکہ جانب مخالف یعنے نجرانیون کے پاس تو ابنا و نسار جمع موجود تھے لہذا بمقابلہ انکے اس طرف بھی وہی صیغہ فرمایا اگرچہ مصداق جمع موجود نہون اسواسطے کہ مقصود تو یہی ہی کہ جسقدر ہمون سب کو شامل مباہلہ کیا جاوے اور یہ مراد نہین ہی کہ جمع موجود کیجاوے۔ اور دوم یہ کہ جس روایت مین حضرت سیدہ رضؓ و حضرت علی رضؓ و حسنینؓ کا ذکر ہی اس سے مراد یہ ہی کہ ان پاک جانون کو آپ نے ضرور لیا اور اس سے یہ نفی نہین کہ اور کو نہین لیا ہی جیسا کہ روایت ابن عساکر کی جواوپر مذکور ہوئی اسپر دلالت کرتی ہی لیکن اول اصح ہی اور اسی پر جمہور علما ثابت ہین اسواسطے کہ عرب مین اہل قرابت کا اعتبار تھا اب باقی رہا یہ کہ مباہلہ بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بھی روا ہی یا نہین تو جمل رحؒ نے اپنے حاشیہ مین لکھا کہ شیخ شیرازی علامہ دوانی رحمہ اللہ کے سامنے یہ بحث پیش آئی پس انھون نے ایک رسالہ لکھا اور اسکی شرطین جو کتاب مجید و حدیث و آثار سے اور امامون کے کلام سے پائی جاتی و نکلتی

تمھین اسمین جمع کیں اور حاصل اسکا یہ ہی کہ اب مباہلہ نہین جائز ہی مگر کسی ایسے ہی امر مہم مین جو شرعی ہو اور اسمین اشتباہ و عناد کیا گیا ہو اور وہ بدون مباہلہ کے دفع نہوتا ہو تو روا ہی بشرطیکہ مباہلہ سے پہلے حجت پوری پوری قائم کردے اور شبہہ دور کرنے مین کوشش کرلے اور پہلے صحیحت اور ڈراوا دلاوے پھر اگر وہ لفع نہ کرے اور یہی ضرورت پیش آوے کہ مباہلہ کیا جاوے تو روا ہی اور مترجم کہتا ہی کہ حافظ ابن القیم کا بھی یہی قول معلوم ہوتا ہی کیونکہ انھون نے صفات حق عزوجل کو ظاہری معانی پر رکھنے اور اسکی مراد کو حق عزوجل کے سپرد کرنے کی حقیقت پر بدون تاویل و تحریف کے اپنے علماے زمانہ سے خانہ کعبہ کے رکن و مقام کے درمیان مباہلہ کرنے کو بلایا مگر کسی نے قبول نہ کیا اور حق اس مسئلہ مین قول اکابر اہل سنت تعالے ہی اور اسیکے قریب قول عدم تاویل کا ہی اور سب سے احسن قول تاویل ہی اگرچہ متاخرین نے اسکو محکم و مضبوط قرار دیا ہ ولیکن وہ مکڑی کے جالے سے بھی زیادہ کمزور ہی اور مترجم کو تعجب ہی کہ کیونکر بندے یہ جرات کرتے ہین کہ حق عزوجل کی صفات پاک برتر کو اپنی سمجھ کے موافق کرلین فاستقم واللہ ہو العلی الکبیر ف۲ عز اسمہ البیان مین اشارہ ذکر کیا کہ قولہ تعالے فمن حاجک فیہ من بعد ما جاءک من العلم الآیہ - جو شخص کہ جھوٹے مدعیون مین سے تجھے جھوٹے جھگڑون و باتون سے ایذا پہونچاوے تو اپنے حلم و انبساط کی بدولت عاکز نا کہ وہ سب تیری بد دعا سے ہلاک ہوجاوین کیونکہ مین نے تجکو تمام انبیا مین سے اس امر مین مخصوص کردیا ہی کہ مقام محمود تیرا ہی ہی اور سجدہ مین تیری ہی دعا قبول ہی اور جعفر صادق نے فرمایا کہ اسمین اشارہ ہی کہ مدعی لوگ یعنے جو حق عزوجل کی جناب تک نہین پہونچے اور مقبول بارگاہ نہین ہوے ہین وہ ہی اہل حقیقت اور عارفان حق عزوجل کے مقابلہ مین دعوے باندھتے ہین تاکہ جھوٹے دعوے انکے تحقیق کے انوار روشن ہونے پر جب باطل ہون تو وہی فضیحت و رسوا ہوجاوین قال المترجم یا مرخواہ دنیا مین واقع ہوجاوے یا آخرت مین ہو (عمس) پھر واضح ہو کہ جب اللہ تعالے نے حضرت عیسی علیہ السلام کے بارہ مین تمام شبہات ملحدین کے رد کردیے اور آخر انکو مباہلہ کے لیے بلایا کہ اگر سچے ہو تو آؤ مع قرابتیون کے مباہلہ کرو پھر اگر تم کو اپنے کذب سے خوف ہی تو جہالت سے باز آؤ اور دین حق و راہ مستقیم اختیار کرو جسمین اللہ تعالے کی جناب مین یہ گوئی و گستاخی نہین ہی لہذا فرمایا -

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا

تو کہہ اے کتاب والو آؤ ایک بات پر جو ہمارے تمھارے درمیان سیدھی ہی کہ بندگی نہ کریں مگر اللہ کی اور نہ

نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِّن دُونِ اللَّهِ ۚ فَإِن تَوَلَّوْا فَقُولُوا

شریک ٹھہراوین اسکے ساتھ کوئی چیز اور نہ بناوے کوئی ہم مین کا دوسرے کو رب سوائے اللہ کے پھر اگر وہ نہ قبول کرین تو کہو کہ تم

اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ ۝

شاہد رہو کہ ہم تو حکم کے تابع ہین -

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ - الیہود و النصاری - کہدے اے محمد کہ اے اہل کتاب (یہود و نصاری) یعنے ہر دو فریق یہود و نصاری کو بقول اصح ارشاد فرمایا کہ - تَعَالَوْا إِلَىٰ كَلِمَةٍ سَوَاءٍ - مصدر بمعنے مستوی امرہا - بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ - (سواء بفتح اول مصدر بمعنے اسم فاعل ہی اور معنے اسکے عدل ہین جیسے کہ ابن مسعودؓ کی قرارۃ ہی) حاصل آنکہ آؤ ایسے کلمہ کی طرف کہ مستوی ہی حکم اسکا درمیان ہمارے تمھارے بمعنے آنکہ ہم تم اس کلمہ مین یکسان ہین - ہی - أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ - وہ کلمہ یہ ہی کہ ہم تم نہ پوجین مگر اللہ تعالے ہی کو وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وہ لاشریک اعتقاد کرے کیونکہ نصاری یہ کلمہ بدل توحید چھوڑ کر حضرت عیسیٰ کو

بلکہ صلیب کو پوجنا شروع کیا تھا حالانکہ انکو توحید کرنا فرض عین تھا پس ارشاد کیا کہ ایک کلمہ عدل جو ہم میں تم میں برابر ہے اسی کو اختیار کریں اور اسکی تفسیر یہ ہے کہ اول تو اللہ تعالےٰ وحدہ لاشریک کے سوائے کسی کی پرستش نہ کریں۔ دوم **وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا** - اور اللہ تعالےٰ کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ بناویں **ف** جیسے کہ نصاریٰ شریک کرتے کہ بیٹا و باپ و روح القدس کہتے حالانکہ دین توحید سب رسولوں کی دعوت ہے چنانچہ فرمایا۔ **وما ارسلنا من قبلک من رسول الا نوحی الیہ انہ لا الٰہ الا انا فاعبدون**۔ یعنے نہیں بھیجا ہمنے تجھسے پہلے کوئی رسول مگر آنکہ ہم اسکو وحی کرتے کہ کوئی معبود حقیقی نہیں مگر میں سو میری ہی بندگی کرو اور قطعی فرمایا کہ شرک سے کبھی مغفرت نہو گی۔ سوم یہ کہ **وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ** - کما اتخذ تم الاحبار والرہبان ساور بعض ہمارے بعض کو رب بناویں سوائے اللہ تعالےٰ کے **ف** جیسے یہود نے احبار کو اور نصاریٰ نے رہبان کو سوائے اللہ تعالےٰ کے رب بنالیا تھا۔ اور ابن حریج نے تفسیر کی کہ کوئی ہم میں سے دوسرے کی اطاعت اللہ تعالےٰ کی نافرمانی کرنے میں نہ کرے۔ چنانچہ فرمایا۔ اتخذوا احبارہم ورہبانہم ارباباً من دون اللہ۔ یعنے یہود و نصاریٰ نے اپنے عالموں و درویشوں کو اپنے رب بنالیے سوائے خدا کے۔ اور اس آیت میں ان لوگوں کی توبیخ ہے جنھوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو خدا بنایا اور غیر میں رہبیت سمجھی یا یوں کہ وہ تم میں سے بعض البشر ہیں اور اسی جنس سے ہیں اور نیز ان لوگوں کی تذلیل ہے جنھوں نے حکم خدا و رسول کو چھوڑ کر اپنے عالموں و درویشوں کو اسطرح ماننا شروع کیا کہ جو وہ حلال کریں اسکو حلال مانیں اور جو حرام کریں اسکو حرام مانیں اور اسکا خیال نہیں کہ شرع میں اللہ تعالےٰ نے کیا مقرر کیا ہے چنانچہ عدی بن حاتم رضؓ نے جب حضرت صلعم سے پوچھا کہ یا رسول اللہ ہم لوگ انکو پوجتے نہ تھے تو آپ نے فرمایا کیا یہ نہ تھا کہ جسکو وہ حلال کرتے اسکو تم حلال جانتے اور جسکو حرام کرتے اسکو حرام مانتے انھیں کا قول لیتے تو عرض کیا کہ ہاں یہ تو تھا پس فرمایا کہ پھر یہی تو رب بنانا ہوا۔ رواہ الترمذی وحسنہ۔ (البیضاوی والمدارک وغیرہما) **فَاِنْ تَوَلَّوْا** - اعرضوا عن التوحید۔ پھر اگر انھوں نے نہ مانا **ف** توحید سے منہ موڑا۔ **فَقُوْلُوا** - انتم لہم۔ تو تم انسے کہو کہ۔ **اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ** - موحدون۔ تم گواہ رہو کہ ہم مسلمان ہیں یعنے توحید اللہ تعالےٰ کے معتقد اور اسیکے موافق عمل کرتے ہیں اور بیضاوی نے کہا کہ غور کرو کہ اس قصہ میں اللہ تعالےٰ نے راہ بتلانے میں کیا مبالغہ فرمایا کہ پہلے تو عیسیٰ کا حال بیان کیا اور جو مختلف تغیرات انپر طاری ہوے وہ بتلائے کہ وہ الوہیت سے بالکل خلاف و ضد ہیں اسی سے سمجھ لینا تھا کہ عیسیٰ میں کچھ الوہیت نہیں پھر قولہ۔ ان مثل عیسیٰ عند اللہ کمثل آدم الآیہ۔ سے صریح انکا اشتباہ دور کر دیا کہ باپ نہونے سے الوہیت نہیں ہو جاتی ہے پھر جب انکا عناد و ہٹ دور نہوا تو ایک عجائب کے ساتھ انکو مباہلہ کی طرف بلایا پھر جب وہ اس سے بھاگے اور کچھ تھوڑے سے تابع ہوے کہ شاید نبی سچا ہے ہم جزیہ دینگے تو پھر ایسی راہ سے ارشاد کیا کہ وہ ملزم ٹھہرے یعنے ایسے کلمہ کیطرف بلایا کہ عیسیٰ و انجیل و سب رسول و کتابیں اسپر متفق ہیں پھر جب آیات و نذر نے انمیں کچھ اثر نکیا تو انسے اعراض فرما کر حکم دیا کہ فقولوا اشہدوا بانا مسلمون۔ یعنے اے کافرو تم ہمارے حق ہیں توحید کے گواہ رہو **ابن کثیرؒ** کی تفسیر میں فقولوا اشہدوا بانا مسلمون کی تفسیر خلاف جمہور یوں مذکور ہے کہ اشہدوا انتم علی استمرارکم علی الاسلام الذی شرعہ اللہ لکم۔ یعنے تم گواہی دو کہ تم برابر اپنے اس اسلام پر قائم رہینگے جو اللہ تعالےٰ نے ہمارے لیے مشروع فرمایا ہے۔ ولیکن قول جمہور اولیٰ ہے۔ پھر قتادہؓ سے روایت ہے کہ ہمسے ذکر کیا گیا کہ رسول اللہ صلعم نے یہود مدینہ کو کلمہ سواء کیطرف بلایا اور ابن جریج سے روایت ہے کہ مجھے خبر پہونچی کہ رسول صلعم نے یہود مدینہ کو جو حکم اس آیۃ میں ہے اسکی طرف بلایا انھوں نے انکار کیا پھر آپ نے انپر جہاد کیا یہانتک کہ انھوں نے جزیہ کا اقرار کیا رواہ ابن جریر و ابن ابی حاتم اور ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم کا خط کافروں کیطرف یہ ہوتا کہ تعالوا الی کلمۃ سواء الآیۃ رواہ الطبرانی اور بخاری میں ابن عباسؓ کی روایت ابوسفیان میں ہے

ل پہلے نفرنے تھے پھر اٹھ مسلمان خالص ہو گئے ۱۲

کہ پھر ہرقل شاہ روم نے رسول اللہ صلعم کا خط منگوایا اسمیں لکھا تھا بسم اللہ الرحمن الرحیم محمد رسول اللہ کی طرف سے ہرقل عظیم الروم کو معلوم ہو کہ سلام اس شخص پر جسنے راہ راست کی پیروی کی اما بعد میں تجکو اسلام کی دعوت کرتا ہوں تو اسلام لا سلامت رہیگا تجکو اللہ تعالے دوہرا ثواب دیگا اور اگر تو نے منہ موڑا تو تجپر سب ارسیسیین کا گناہ ہوگا اور اے اہل کتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم ان لا نعبد الا اللہ تا قولہ بانا مسلمون مترجم کہتا ہو کہ اس حدیث کی پوری روایت میں صریح مذکور ہو کہ یہ خط فتح مکہ سے پہلے آپ نے ہرقل کو لکھا تھا اور ابوسفیان اسوقت تک مسلمان نہ تھے بلکہ بطریق تجارت کے ملک شام کو گئے تھے انکو ہرقل نے دریافت حال کے لیے پکڑ بلایا تھا اور اس حدیث کو مسلم و نسائی نے بھی روایت کیا پس ثابت ہوا کہ فتح مکہ سے پہلے یہ آیت اتری جو آپنے خط میں لکھی ہو قال ابن کثیر اور محمد بن اسحق وغیرہ نے یہ ذکر کیا کہ شروع سورۂ آل عمران سے کچھ اوپر اسی آیتیں وفد نجران کے حق میں اتری ہیں جنھوں نے جزیہ قبول کیا اور زہری رحمہ نے کہا کہ نجرانیوں کا پہلا گروہ ہی جنھوں نے جزیہ ادا کیا اور اسمیں اتفاق ہو کہ جزیہ کی آیۃ بعد فتح مکہ کے نازل ہوئی ہی تب یہ سوال پیدا ہوتا ہو کہ فتح مکہ سے پہلے اس آیہ کے خط میں لکھنے کے کیا معنے ہیں شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ اسکا جواب کئی وجہ سے دیا گیا اول آنکہ احتمال ہو کہ یہ آیت دو مرتبہ نازل ہوئی ہو ایکبار حدیبیہ کے واقعہ سے پہلے اور دوسری بار بعد فتح مکہ کے۔ دوم آنکہ احتمال ہو کہ سورۂ آل عمران شروع سے یہانتک وفد نجران کے حق میں اتری ہو اور یہ آیت اس سے پہلے نازل ہو چکی ہو اور رہا قول ابن اسحق کا کہ کچھ اوپر اسی آیتیں وفد نجران کے معاملہ میں اتری ہیں یہ قول محفوظ نہو کیونکہ حدیث ابوسفیان کی اسپر دلالت کرتی ہو اور وہ ایسے ثقات سے روایت ہو کہ انکے حفظ کے مقابلہ میں ابن اسحق کا حفظ نہیں ہو سوم آنکہ احتمال ہو کہ وفد نجران کا آنا قبل واقعہ حدیبیہ کے ہوا اور جو کچھ انھوں نے مال دینا قبول کیا وہ بطریق جزیہ نہو بلکہ دب جانے اور صلح کرنے کے طور پر ہو پھر اسکے بعد جزیہ کی آیۃ بھی اسیکے موافق نازل ہوئی ہو جیسا کہ عبید اللہ بن جحش رحمہ نے اپنی اول سریہ میں مال غنیمت یوں تقسیم کیا کہ پانچوان حصہ للہ و رسولہ نکالا اور باقی چار حصے مسلمانوں کو تقسیم کیے اور یہ واقعہ بدر سے پہلے ہوا پھر جب غنیمت کی تقسیم کا حکم نازل ہوا وہ اسیکے موافق تھا۔ چہارم آنکہ رسول اللہ صلعم نے جب ہرقل کو خط لکھا ہی تب تک یہ آیت نازل نہوئی ہو پھر اسکے بعد جب یہ آیت نازل ہوئی تو اسیکے موافق تھی جیسے حضرت صلعم نے اپنے خط میں لکھوایا تھا اور ایسا بعض صحابہ کی زبان پر ہوا ہی جیسا کہ عمر بن الخطاب رضہ نے عورتوں کے پردہ کے بارہ میں کہا اور بدر کے کافر قیدیوں کے بارہ میں کہا اور منافقوں کے جنازے پر نماز نہ پڑھنے کے بارہ میں حضرت سے کہا ویسا ہی قرآن نازل ہوا اور قولہ واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی۔ اور قولہ عسی ربہ ان طلقکن ان یبدلہ ازواجا خیرا منکن الآیۃ۔ وہی نظم زبان عمرؓ کے موافق نازل ہوا ہو مترجم کہتا ہو کہ ان جوابوں میں سے اقوی جواب دوم و سوم ہی واللہ تعالے اعلم۔ فصل ۲ اشارات عرائس البیان میں ہو کہ قولہ تعالے قل یا اہل الکتاب تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم۔ یہ کلمہ مستوی ادا کرنا خالص ایمان ہی یوں کہ قدم کو حدوث سے مفرد کرے قال المترجم یقین جانے کہ اللہ عزوجل پاک ذات قدیم ہی وہ سوائے اپنی ذات جامع صفات کمال کے کسی چیز و امر سے کسی جہت میں در واقع مانند نہیں اور جو کچھ اسکے سوائے ہی سب اسکا محتاج ہو اور سب اسیکی ملک و مخلوق و بندہ ہی وہ ہر طرح اسکا مختار ہی اگر نور عقل حاصل ہو تو یہ بھی سمجھ میں آجاوے کہ اعدام کو وجود سے کوئی نسبت ہی نہیں ہی اسیکی شان ہی کبھی فرماتا ہی۔ لن یستنکف المسیح ان یکون عبدا للہ ولا الملائکۃ المقربون۔ ہرگز نہیں ہو سکتا کہ مسیح اس بات پر ذرا بھی منھ بدوڑ سکے کہ وہ اللہ تعالے کا بندہ ہوا اور نہ یہ مجال ملائکہ مقربین کی ہی۔ اور بھی فرماتا ہی۔ ان اراد ان یہلک المسیح وامہ ومن فی الارض جمیعا یعنے کس کو دم مارنے کی مجال ہو سکتی ہی اگر اللہ عزوجل ارادہ کرے کہ مسیح اور اسکی ماں کو اور جو زمین میں موجود ہی سب کو ہلاک کر دے۔ الحمد للہ فی الاولی والآخرۃ۔ یہ جزوی اشارہ ہو کہ حدوث کو قدم سے مفرد کرنے کے معنے یوں سمجھو واللہ الموفق۔ پس قدم کو حدوث سے مفرد کرے اور بندگی کے

ساتھ حق عزوجل کو ظاہر کرے یعنے حق عزوجل ہی کے وجود کا قائل ہو اور یہ قول بندگی کے ساتھ ہو اور بشری دعوے بالکل چھوڑ دے
**قال المترجم** گویا مراد یہ ہے کہ حق عزوجل کی جناب مین رسائی کے واسطے عقل جزوی اور مین اور تم سب بیجا دعوے ہین اسکی جناب مین اسکے
ساتھ رسائی ڈھونڈھے فافہم واللہ اعلم اور اپنے نفس کو تمام مخلوق کی طرف التفات کرنے سے اُٹھالے اور محبت حق عزوجل سے آراستہ
ہو **قال المترجم** یعنے مخلوق کوئی ہو اس سے بنظر اس مخلوق کی ذات وصفات کے الفت نہ رکھے ہان اگر اللہ تعالے کے واسطے اس سے محبت
رکھے تو یہ عین محبت الٰہی ہے کیونکہ یہ بھی منجملہ الفت بصفات باری ہے جو ثمرۂ عبادت ہے کیونکہ اللہ عزوجل کی بندگی کرنا عین محبت ہے جیسا کہ
قولہ فاتبعونی یحببکم اللہ- کی تفسیر مین گذرا وہی یہان فرمایا- قولہ ان لانعبد الا اللہ ولانشرک بہ شیئا- پس ہم اپنی خواہش وارادہ کی پیروی
نہ کرین اور دنیا اور اسکی خواہش کے تابع نہون اور حق عزوجل کے سوائے دوسرے کی طرف دکھلانے سنانے کے ساتھ التفات نہ کرین **قال**
**المترجم** یعنے خداوند تعالے کی کوئی عبادت ایسے طور سے نہ کرین کہ دوسرے کسیکو دکھلانا سنانا منظور ہو کیونکہ حدیث مین ریا کو بھی
شرک شمار فرمایا ہے- قولہ تعالے ولا یتخذ بعضنا بعضًا ارباباً من دون اللہ- اشارہ ہے کہ کسی کی مدح کرنے سے خوش نہو اور اگر کوئی تیری پاکیزگی
بیان کرے تو اس سے مسرور نہو اور نہ کسی سے عطا وخدمت کی توقع رکھے اور نہ کسی پر سردار ہونے کی خواہش کرے **قال المترجم** سو اسطے
کہ مدح درحقیقت پاک پروردگار تعالے کو ہے جسنے خدمت لی اور بندگی مین رکھا بندے نے اپنے مولے کی خدمت گزاری ہی ادا نہین کی اور اگر
ادا ہوتی بھی تو دوسرے سے عطا وخدمت وریاست کی توقع کیون ہے کیا اسیکے واسطے ایسا کیا ہے کیا اسیکو رب بنایا ہے نعوذ باللہ منہ-
شیخ نے فرمایا اور **شیخ واسطی** رحمہ نے قولہ تعالوا الی کلمۃ سواء بیننا وبینکم کے اشارہ مین کہا کہ یہ اسطرح ہے کہ حضرت حق عزوجل کی صمدیت
کو لحاظ کرنے کے وقت اپنی ذلت وبندگی ظاہر کرے- اور **ابن عطاء** نے فرمایا کہ توحید کو اپنے سر باطن مین ثابت ومحقق کرنا اور **شیخ**
**ابو عثمان** نے قولہ ان لانعبد الا اللہ ولانشرک بہ شیئا- کے اشارہ مین کہا کہ اسمین حق عزوجل نے تجکو بندگی کرنے کا طریقہ بتلادیا اور تجکو
یون کہ تو عبادت مین مشغول ہونے کے وقت اپنے سر باطنی سے اپنے معبود برحق کے سوائے کسی کو لحاظ مین نہ رکھے اور اپنے امور مین سے
کسی کام مین تو سوائے حق کے غیر کی طرف ملتجی اور مشغول نہونا تاکہ تو اس غیر کو اپنا رب بنانے والا نہو جاوے **قال المترجم** یعنے عبادت
جب کرے تو بڑا یا چھوٹا کوئی امر اس عبادت مین تیرے لحاظ مین نہو صرف خالص حق عزوجل ہی کے واسطے بندگی کر یہانتک کہ عبادت کا
ذرہ بھی باعث نہونے پاوے اور حتی کہ شیطان کی مخالفت بھی باعث نہونے پاوے اور یہان بہت باریک مقامات ہین کہ اللہ تعالے کی
توفیق سے سمجھ مین آتے ہین کیونکہ یہ امر ممنع نہین ہے کہ درحقیقت خالص اللہ تعالے ہی کے واسطے بندگی کی اور یہ بھی حاصل ہوا کہ اس سے
شیطان ذلیل وخوار ہوا پس یہ تو مستحب بات ہوئی لیکن اسکے تمیز دشوار ہے اور بڑی پہچان یہ ہے کہ اول اسکو یہ خیال نہو پھر جب لحاظ
کرے تو اسپر ظاہر ہو مگر لحاظ کرنا اسطرح نہو کہ اپنی عبادت کو دیکھے کیونکہ اس سے خود خراب ہو جائیگا بلکہ بنظر توفیق آلہی دیکھے کہ اسنے مجھسے
یہ خدمت لی حالانکہ مین اس لائق نہ تھا اور اسکی پہچان یہ ہے کہ وہ فوراً اللہ تعالے کی ثنا وصفت مین دل سے مشغول ہو جاوے یہ توضیح اس
امر کی ہے کہ حضرت عمر رضی خطبہ پڑھنے مین- یا ساریۃ الجبل- کہا اور ساریہ رضی نہاوند مین آپ کی یہ آواز سنی پس مراد یہ نہین ہے کہ کوئی امر خیال
مین نہو اور بخاری کی روایت مین ہے کہ عمر نے کہا کہ مین نماز مین لشکر جہاد کا انتظام خیال کرجاتا ہون اور خطبہ بھی نماز ہے اور تحقیق اس مقام کی
بہت بسط چاہتی ہے- یہان اسیقدر غرض ہے کہ لحاظ سے مراد یہ ہے کہ باعث نماز کا یا کسی عبادت کا تھوڑا یا بہت کوئی امر غیر سوائے حق عزوجل کے
نہو اور یہ مراد نہین ہے کہ کوئی خیال نہ آوے اگرچہ خیالات کی تحقیق بیان کرنا اسوقت گنجایش نہین ہے- اور اسیطرح اپنے امور مین غیر کیطرف

مشغول ہونے کے بھی یہی معنے ہیں کہ اس کام کے سرانجام کا ایک سبب مستقل اس غیر کو سمجھے یہ منع ہے بلکہ فقط ایک حیلہ خیال کرے پس یہاں دو طرف بُری ہیں ایک یہ کہ غیر کی طرف اس کام میں مشغول ہو جاوے دوم آنکہ بالکل ایک طرز انتظام کا سلسلہ ہی ترک کر دے جس سے حکمت الٰہی عزوجل کا چھوڑنا لازم آتا ہے بلکہ پسندیدہ بات اسکے درمیان میں ہے الحاصل یہ مراد نہیں ہے کہ کمائی وغیرہ سب چھوڑ دے اور کوئی کام نہ کرے اس مقام کو خوب سمجھ لینا چاہیے کہ بہتیرے آدمی بزرگوں کے بیان کو سمجھتے نہیں اور غلط فہمی کر جاتے ہیں (عس) پھر یہود و نصاریٰ جسطرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بارہ میں گمراہ ہوئے اسی طرح ابراہیمؑ کے بارہ میں غلطی کرتے اور اپنے نفس کی پیروی کرتے تھے قال تعالیٰ

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ وَمَا أُنْزِلَتِ التَّوْرَاةُ وَالْإِنْجِيلُ إِلَّا مِنْ بَعْدِهِ ۚ

اے کتاب والو کیوں جھگڑتے ہو ابراہیم کے بارہ میں حالانکہ نہیں اتری توریت اور انجیل مگر ابراہیم کے پیچھے

أَفَلَا تَعْقِلُونَ ۝ هَا أَنْتُمْ هَٰؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ

کیا تمکو عقل نہیں ہے سنتے ہو تم لوگ جھگڑ چکے جس بات میں تمکو خبر تھی اب کیوں جھگڑتے ہو ایسی بات میں

لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ ۚ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ ۝ مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَٰكِنْ كَانَ

جسکا تمکو علم نہیں اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے ہو ابراہیم نہیں تھا یہودی اور نہ نصرانی و لیکن تھا

حَنِيفًا مُسْلِمًا ۖ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ ۝

حق کی طرف حکم کا فرمانبردار اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھا۔

اس آیت کا شان نزول جیسا کہ ابن جریر و ابن اسحاق وغیرہ ایک جماعت سلف نے روایت کیا ہے کہ نجران کے نصاریٰ اور مدینہ کے یہود دہر دو فریق حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جمع ہوئے پھر آپس میں جھگڑنے لگے یہود نے کہا کہ ابراہیمؑ یہودی تھے اور انکے دین پر ہم ہیں اور نصاریٰ نے کہا کہ نہیں بلکہ ابراہیمؑ نصرانی تھے اور انکے دین پر ہم ہیں پس اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی۔ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ۔ تخاصمون۔ فِي إِبْرَاهِيمَ۔ بزعمکم انہ علی دینکم۔ اے اہل کتاب تم لوگ حضرت ابراہیم کے بارہ میں کیوں مجادلہ کرتے ہو ف کہتے ہو کہ ابراہیم کا وہ دین تھا جو ہمارا دین ہے۔ محاجہ بمعنے حجت لانا اور یہاں لغوی استعمال پر جھگڑنے کے معنے میں ہے اور ابراہیم میں جھگڑنے کے یہ معنے کہ بزعم تمہارے کہ ابراہیم تمہارے دین پر تھا اور یہ صریح باطل ہے بدلیل قولہ تعالےٰ۔ وَمَا أُنْزِلَتِ التَّوْرَاةُ وَالْإِنْجِيلُ إِلَّا مِنْ بَعْدِهِ۔ بزمن طویل وبعد نزولہا حادثت الیہودیۃ والنصرانیۃ۔ أَفَلَا تَعْقِلُونَ۔ ببطلان قولکم۔ حالانکہ توریت و انجیل کا نزول نہیں ہوا مگر بعد زمانہ ابراہیم کے پھر کیا تم کو سمجھ نہیں ہے ف توریت کا نزول تو بعد ابراہیم کے بہت زمانے کے ہوا کیونکہ ابراہیم کے ہزار برس کے قریب گذرنے پر موسیٰ ہوئے اور توریت اتری پھر موسیٰ کے بعد دو ہزار برس کے قریب گذرنے پر عیسیٰ ہوئے اور انجیل اتری پھر ان دونوں کتابوں کے اترنے پر یہودیت یا نصرانیت پیدا ہوئی ہے۔ پھر کیا تم سمجھتے نہیں کہ تمہارا قول باطل ہے۔ حاصل یہ کہ یہودیت تو بعد توریت اترنے کے ہوئی اور نصرانیت بعد انجیل اترنے کے ہوئی اور یہ دونوں حضرت ابراہیم سے بہت پیچھے اتری ہیں پھر تم جو کہتے ہو کہ ابراہیم یہودی یا نصرانی تھے تو کیسی ناسمجھی کی بات کہتے ہو کیا تمکو عقل نہیں ہے۔ هَا حرف تنبیہ ہے اور مراد یہ کہ غفلت سے ہوشیار ہو کر سنو۔ أَنْتُمْ۔ يَا۔ هَٰؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ۔ من امر موسیٰ وعیسیٰ۔ فَلِمَ تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ۔ تم ای جھگڑالو لوگ تم نے جھگڑا کیا ایسی چیز میں جسکا تم کو علم ہے (امر موسیٰ وعیسیٰ میں) پھر تم ایسی چیز میں کیوں

جھگڑتے ہو جسکا تم کو کچھ علم نہیں ہو فف وہ ابراہیم علیہ السلام کا حال ہی شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ یہود و نصاریٰ نے شان ابراہیم میں بدون موجودگی علم کے جھگڑا کیا اسکو اللہ تعالےٰ نے رد کیا اور اگر اس امر میں جھگڑتے جسکا علم انکے ہاتھ میں موجود تھا تو یہ کچھ معنے رکھتا تھا پس علم سے مراد وحی و خبر الٰہی ہی اور یہ قول پسندیدہ ہی اور ابن کثیر نے فرمایا کہ اس آیۃ میں ہر ایسے شخص پر انکار ہی جو بلا علم سے حجت کرے مفسر جم کہتا ہی بلکہ اشارہ ہی کہ بحث و جھگڑا بالکل ترک کرے اگرچہ حق پر ہو مگر بضرورت چنانچہ حدیث میں ثابت ہوا کہ جھگڑا چھوڑ دیا اگرچہ وہ حق پر ہو تو میں اسکے واسطے ضامن ہوں کہ اللہ عزوجل اسکو جنت کی سیر گاہ میں ایک مکان عطا کریگا۔ اگر کوئی کہے کہ یہ اشارہ کہاں سے نکلا تو کہتا ہوں کہ فرمایا۔ ھاانتم ھٰؤلاء حاججتم فیما لکم بہ علم۔ یعنے جسکا تمکو علم تھا اسمیں تم جھگڑے اور اڑ پڑے تو معلوم ہوا کہ وہ بھی خوب حرکت تھی ہاں بروجہ احسن البتہ جائز کر دیا گیا ہی چنانچہ فرمایا۔ وجادلھم بالتی ہی احسن۔ اور معنے اسکے انشاء اللہ تعالےٰ اسکی تفسیر میں آوینگے۔ وَاللّٰہُ یَعْلَمُ۔ شانہ۔ یعنے اللہ تعالےٰ جو عالم الغیب ہی وہی جانتا ہی کہ حال ابراہیم کا کیا تھا۔ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ۔ اور تم لوگ جانتے نہیں ہو فف اس سے نکلا کہ یہودیوں کی روایات اکثر جہالات ہیں۔ پھر اللہ تعالےٰ نے ابراہیم کو یہود و نصاریٰ وغیرہ کے بہتان سے پاک کیا بقولہ تعالےٰ۔ مَا کَانَ اِبْرٰھِیْمُ یَھُوْدِیًّا وَّلَا نَصْرَانِیًّا وَّلٰکِنْ کَانَ حَنِیْفًا۔ مائلا عن الادیان کلھا الی الدین القیم ابراہیم نہ یہودی تھا اور نہ نصرانی تھا بلکہ حنیف تھا فف یعنے سب دینوں سے منہ موڑ کر دین قیم اور صراط مستقیم کی طرف جھکنے والا تھا مُسْلِمًا۔ موحدا۔ مسلم یعنے موحد تھا پس یہ اعتراض نہیں ہوتا کہ ملت اسلام بھی بعد قرآن نازل ہونے کے ہوئی ہی پھر ابراہیم کیسے مسلم ہوئے اور حاصل جواب یہ ہی کہ مسلم کے لغوی معنے مراد ہیں یعنے مطیع و منقاد الٰہی بروجہ توحید اور قبلہ الکعبہ خانہ کعبہ تھا اور دیگر شرائع میں موافقت ملت اسلامیہ تھی اور مفسر جم کہتا ہی کہ اعتراض سرے سے مردود ہی یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ الف اسلامیہ بعد نزول قرآن کے ہوئی بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ملت موافق ملت ابراہیم علیہ السلام ہی پس مسلم سے مراد یہی ہی کہ ابراہیم علیہ السلام ملت اسلامیہ پر تھے اور ملت اسلام یہ ہی کہ اللہ تعالےٰ کی توحید کرے اور صراط مستقیم پر چلے اور اسی ملت کو قرآن نے ثابت فرمایا اور امت محمدیہ اسی ملت پر ہی جسکا اصل اصول توحید ہی جو شرک کی ضد ہی جیسے یہودیت و نصرانیت میں شرک ہی۔ وَمَا کَانَ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ۔ اور ابراہیم علیہ السلام مشرکین میں سے نہ تھا فف یہ تعریض ہی یہود پر کہ عزیر کو بیٹا کہنا یہودیت ٹھہرائی اور نصاریٰ پر کہ مسیح کو بیٹا کہنا وغیرہ نصرانیت ٹھہرائی پھر مشرک ہیں کہ مقبول رب جلیل حضرت ابراہیم خلیل ہماری ملت پر تھا نعوذ باللہ منہ۔ اور ہمیں مشرکین قریش کا رد ہی کہ اپنے آپ کو ملت ابراہیم پر جانتے تھے اور بت پرستی وغیرہ شرک میں تسمہ پا پڑے تھے فف فی العرائس قولہ تعالےٰ ما کان ابراھیم یھودیا ولا نصرانیا ولکن کان حنیفا مسلما۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام کچھ یہود کی طرح تشبیہ سے لگلے نہ تھے یعنے فرقہ مشبہہ نہیں تھے جیسے یہود گمراہ ہیں کہ جناب باری تعالےٰ کی شان میں جسم کے قائل ہیں اور نیز حضرت خلیل کچھ تنزیہ نہیں تھے جیسے نصرانی ہیں کہ صلیب وغیرہ کی بت پرستی کرتے اور عیسیٰ کو ابن اللہ وغیرہ کے قائل ہیں اس سے حضرت خلیل پاک و بری تھے ہاں حضرت خلیل ضعیف تھے کہ خالق عزوجل کے دیدار میں تمام مخلوق سے اللہ تعالےٰ تھے اور نیز مسلم تھے کہ اللہ عزوجل کے ارادۂ غالب و بزرگ سے جو احکام قضا و قدر کے اپنے جاری ہوتے تھے سب میں سر جھکانے کو مطیع تھے اور استثنا رحمہ اللہ نے کہا کہ حنیف وہ ہی جو حق پر مستقیم ہو یعنے ٹھیک طور پر صراط مستقیم پر قائم ہو۔

اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاِبْرٰھِیْمَ لَلَّذِیْنَ اتَّبَعُوْہُ وَھٰذَا النَّبِیُّ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَاللّٰہُ وَلِیُّ

بیشک لوگوں میں زیادہ مناسبت ابراہیم سے ان لوگوں کی تھی جو اسکے ساتھ تھے اور اس نبی کو اور ایمان والوں کو اور اللہ والی ہی

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ ۭ وَمَا يُضِلُّوْنَ

مسلمانون کا ولی آرزو ہی ایک گروہ اہل کتاب کو کہ کسیطرح راہ بھلادین اور نہین گمراہ کرسکتے

اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَشْعُرُوْنَ ۝

مگر اپنی ہی جانون کو اور سمجھتے نہین ہین

اِنَّ اَوْلَى النَّاسِ - احقہم - بِاِبْرٰهِيْمَ - ابراہیم کے ساتھ زیادہ حقدار آدمیون مین سے اور بیضاوی نے کہا امی ابراہیم کے ساتھ زیادہ خصوصیت رکھنے والے اور قربت رکھنے والے یہ یہود یا نصاریٰ وغیرہ مرتدت پرست نہین بلکہ لَلَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ - فی زمانہ - وہ لوگ ہین جنھون نے حضرت ابراہیم کے زمانہ مین انکی پیروی کی - ف - یعنے انکی امت والے کما قال البیضاوی وَهٰذَا النَّبِيُّ - محمد لموافقتہ فی اکثر شرعہ - اور یہ نبی یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین ف بسبب اسکے کہ آپ ابراہیم سے اکثر شرع مین موافقت رکھتے ہین یعنے مستقل شرع آنحضرت صلعم کو ایسی عطا ہوئی کہ شرع ابراہیم سے اکثر باتون مین موافق ہی کذا فی البیضاوی اور آنحضرت صلعم کو الگ کرکے بسبب آپ کی تعظیم وتشریف کے ذکر فرمایا - وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا - من امتہ فہم الذین ینبغی ان یقولوا نحن علی ملتہ لا انتم - اور وہ لوگ بھی جو ایمان لائے ہین اس نبی پر یعنے محمد صلعم کی امت والے پس ان لوگون کو تو سزاوار ہی کہ کہین کہ ہم دین ابراہیم ہین اور تم جھوٹے مدعیون کو یہ نہین پہونچتا ہی - وَاللّٰهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِيْنَ - ناصرہم وحافظہم - اور اللہ تعالے اپنے مومنون کا ولی ہی یعنے ناصر وحافظ ہی ف اللہ تعالے کے ولی ہونے کے معنے یہ ہین کہ وہ مومنون کا ناصر اور حافظ ہی اور حسن بصری نے کہا کہ ہر مومن جو گذرا یا گذرنے کو باقی ہی ابراہیم کا ولی ہی یعنے انکے ساتھ نزدیکی وخصاص رکھتا ہی اور حضرت ابن مسعود سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ ہر نبی کے واسطے انبیاء مین سے ولی ہوتے ہین اور انمین سے میرا ولی میرا دامیرے پروردگار کا خلیل ہی پھر یہ آیت پڑھی رواہ الترمذی و الحاکم وصححہ وابن جریر وابن المنذر وعبد بن حمید وسعید بن منصور وابن ابی حاتم ووکیع فی تفسیرہ بسند جید - اور حکم بن بنار سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے گروہ قریش جان رکھو کہ نبی سے نزدیکی وخصاص والے وہی لوگ ہوتے ہین جو متقی ہون سو تم بھی اسکی راہ ہو جاؤ اور دیکھ رکھو ایسا نہو کہ لوگ تو جب مجھے ملین تو اپنے اپنے نیک اعمال لیے ہوے اور تم ملو تو دنیا لادے ہوے پس مین تم سے منھ پھیر لون - پھر آپ نے پڑھی یہ آیت ان اولی الناس بابراہیم الآیہ - رواہ ابن ابی حاتم - پھر جب مدینہ کے یہودیون نے حضرت معاذ وحذیفہ وعمار وغیرہم رضی اللہ عنہم کو اپنے دین کی طرف بلایا تو نازل ہوا قولہ تعالے - وَدَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَوْ يُضِلُّوْنَكُمْ اہل کتاب مین سے ایک گروہ نے چاہا کہ کاش تم کو بہکا دے ف بعض نے کہا کہ یہود بنی نضیر وقریظہ وبنی قینقاع مراد ہین کہ انھون نے ایک جماعت مسلمانون کو اپنے دین کی طرف بلایا تھا - اور لو یعنے ان مصدریہ کے تاویل مصدر ہوکر ودت کا مفعول ہی اور یہی صحیح ہی - غرض کہ یہ گمراہ لوگ تمنا کرتے ہین کہ تم کو گمراہ کرین - وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ - لان اثم اضلالہم علیہم والمومنون لا یطیعونہم فیہ - وَمَا يَشْعُرُوْنَ - پر لیکن - والا کہ نہین گمراہ کرتے مگر اپنی ہی جانون کو مگر سمجھتے نہین ہین ف اسوجہ سے کہ انکے گمراہی بنے کا گناہ انھین پر ہی اور مومنین اس سے بچے ہین انکی اطاعت نہ کرینگے انمین مومنون کے ثابت قدم ہونے کا بیان ہی لا یعلمون نہین فرمایا بلکہ لا یشعرون کہا اسکے کہ یہ بات ایسی ظاہر ہی کہ گویا حواس سے ادراک ہوسکتی ہی مگر یہ سخت احمق ہین کہ اسکو بھی نہین سمجھتے ہین ف ۲ فی العرائس قولہ ان اولی الناس بابراہیم الآیۃ - یعنے خلیل علیہ السلام کے قدم بقدم اختصاص والے وہ لوگ ہین جنھون نے انکی پیروی

کی باین طور کہ ہر دو جہان سے مجرد ہو گئے اور ملکوت کی شکلوں سے کوئی حظ نہیں اٹھایا بلکہ نفس کو اس سے روک دیا کیونکہ خلیل علیہ السلام جب مردان پاکیزہ کی حد تک پہونچے تو ملکوت کی تجلیات پاکیزہ سے اپنی آنکھ بند کر لی اور کہا کہ انی بری مما تشرکون - انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض - مین اس تمام چیزون سے بیزار ہون جنکو تم لوگ حضرت باری تعالے کی ذات پاک مین شریک بناتے ہو مین نے اپنا منہ محض اس ذات پاک کی طرف پھیرا جسنے آسمانون زمینون کو پیدا کیا ہی - مترجم کہتا ہی کہ حاصل یہ کہ درجۂ صفات سے بھی ترقی کر کے محض ذات مجرد کی طرف رہے اور یہی اصلی توحید ہی - قولہ تعالے وہذا النبی - مراد اس سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین یعنے محمد صلعم اپنے دادا خلیل اللہ علیہ السلام کی متابعت و اختصاص کے واسطے اولی ہین کیونکہ یہی اسکی محبت کا خلاصہ اور حقیقت فطرت کا لب لباب ہین قولہ والذین آمنوا یعنے اور وہ لوگ جنھون نے کمال یقین حاصل کیا اور آخرت کے مقامات معائنہ کر لیے اور ابرار کرام کے درجے مشاہدہ کیے ہین قولہ واللہ ولی المومنین - یعنے قہر کی آفتون سے انکو بچانے والا اور عصمت و کرامت کے مقام مین انکا داخل کرنے والا ہی حضرت جعفر صادق نے فرمایا کہ - للذین اتبعوہ - وہ ہین جنھون نے شرائع ابراہیم علیہ السلام کی پیروی کی اور ہذا النبی یعنے یہ نبی صلعم اول اسوجہ سے کہ حال ابراہیم علیہ السلام کا حال نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے قریب تھا اور شرع ابراہیم بھی شرع نبی صلعم سے قریب تھی اور یہ دیگر انبیاء علیہم السلام و دیگر شرائع مین نہین ہی مترجم کہتا ہی کہ حاصل یہ کہ شریعت مین بھی مناسبت تھی اور حال و حقیقت مین بھی مناسبت تھی اور انمین اشارہ ہی کہ درجات حقیقت کا انکشاف و ترقی مطابق افعال و اعمال شریعت کے ہی جیسا کہ امام غزالی وغیرہ اہل تحقیق نے بیان کیا ہی اور شریعت حنفیہ حضرت مصطفی صلعم کو ملی اسیواسطے اولیاے امت محمدی کو وہ مقامات منکشف ہوے جو انبیاے بنی اسرائیل کو ملتے تھے اگرچہ نفس نبوت مین انکو فضیلت تھی اور یہ علاوہ اولو العزم رسولون کے ہی فافہم واللہ اعلم - قولہ والذین آمنوا - اور اہل ایمان از امت محمدی بھی اول باب ابراہیم علیہ السلام اسوجہ سے ہین کہ انکا حال بھی حضرت ابراہیم کے حال سے قریب ہی - قولہ واللہ ولی المومنین - یعنے اللہ مومنون کا ولی ہی اس بات مین کہ انکو حضرت خلیل علیہ السلام کے مقام مین پہونچا کر بزرگی عطا فرماویگا اسواسطے کہ قربت اس سے بدرجہ محبت ہی چنانچہ فرمایا یحبہم ویحبونہ - مومنین محبت کرتے ہین اللہ پاک سے اور اوتعالے اپنے کرم سے انسے محبت کرتا ہی قال المترجم مقام خلیل علیہ السلام تک پہونچنے سے مراد یہ ہی کہ درجۂ قرب و ولایت کا محاذی درجۂ قرب نبوت خلیل علیہ السلام کے ہو جاوے اور وہ ولایت ابراہیمی ہی اور یہ مراد نہین ہی کہ انکے برابر ہو جاوین کیونکہ یہ محال ہی اور اسیطرح جہان کہین مقام محمدی مین پہونچنا لکھا جاوے اس سے بھی یہی مراد ہی کہ آپ کے قدم پر چل ہو اور وہ سب سے اعلی ہی اسکو یاد رکھنا چاہیے - پھر اللہ تعالے نے اہل کتاب کی تنبیہ فرمائی لقولہ

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَأَنْتُمْ تَشْهَدُونَ ۝ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَلْبِسُونَ

اے کتاب والو کیون منکر ہوتے ہو اللہ کے کلام سے اور تم قائل ہو اے کتاب والو کیون ملاتے ہو

الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ وَتَكْتُمُونَ الْحَقَّ وَأَنْتُمْ تَعْلَمُونَ ۝

سچ مین جھوٹ کو اور چھپاتے ہو سچی بات حالانکہ تم جانتے ہو

يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ - القرآن المشتمل علی نعت محمد صلی اللہ علیہ وسلم - اے اہل کتاب تم آیات الٰہی سے کیون منکر ہوتے ہو نعت - یعنے قرآن سے جسمین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت پاکیزہ موجود ہی کیون منکر ہو - وَأَنْتُمْ تَشْهَدُونَ - تعلمون انہ حق - حالانکہ تم گواہ ہو کہ یہ حق ہی نعت - بعض مفسرین نے کہا کہ آیات اللہ سے وہ امور مراد ہین جو انکی کتابون

توریت وانجیل مین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر دلالت کرتے ہین اور انتم تشہدون کے یہ معنے کہ جو تمھاری کتابون مین ایسے دلائل موجود ہین تم انکے شاہد ہو۔ حاصل آنکہ باوجودیکہ اپنے شاہد ہو اور اپنی کتابون مین پاتے اور تصدیق کرتے ہو پھر کیون انکار کرتے ہو اور ابن جریج سے روایت ہی کہ قولہ انتم تشہدون یعنے تم شہادت دیتے ہو اس بات پر کہ اللہ تعالے کے نزدیک دین یہی اسلام قبول ہی اور کوئی دین نہین ہی۔ یَا اَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَلْبِسُوْنَ - تخلطون - الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ - بالتحریف والتزویر - وَتَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ اى نعت محمد صلعم - وَاَنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ - انہ حق - اى اہل کتاب تم کیون خلط کرتے ہو حق کو باطل سے باین طور کہ حق کو تحریف کرتے ہو اور اسمین دروغ ملاتے ہو اور حق کو یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت کو چھپاتے ہو حالانکہ تم اونکو حق جانتے ہو ف اور ربیع بن انس سے (بگاڑ دینا) روایت ہی کہ کیون خلط کرتے ہو اسلام کو یہودیت ونصرانیت کے ساتھ حالانکہ جانتے ہو کہ اللہ تعالے کے سوائے اسلام کے کسی سے کوئی دین قبول نہ کریگا۔ اور چھپاتے ہو حق کو اى محمد صلعم کی صفت کو حالانکہ تم جانتے ہو کہ وہ حق ہی اور قتادہ رح نے کہا کہ حالانکہ تم توریت وانجیل مین اپنے پاس لکھا پاتے ہو وقال الخ ترجمہ یہ تفاسیر متقارب ہین

وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَجْهَ النَّهَارِ

اور کہا ایک گروہ نے کتاب والون مین سے کہ مان لو جو کچھ اتارا گیا مسلمانون پہ چڑھتے دن مین

وَاكْفُرُوْٓا اٰخِرَهٗ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ ۝ وَلَا تُؤْمِنُوْٓا اِلَّا لِمَنْ تَبِعَ دِيْنَكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْهُدٰى

اور منکر ہوجاؤ اسی دن کے آخر وقت شاید مسلمان بھی پھر جاوین اور یقین نہ کرو مگر اسیکا جو چلے تمھارے دین پر تو کہہ ہدایت تو ہی ہو

هُدَى اللّٰهِ اَنْ يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَاۗجُّوْكُمْ عِنْدَ رَبِّكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ

اللہ تعالے کی ہدایت کہ یہ اسواسطے کہ کیسی کو دیا گیا ہی ویسا کہ تمکو دیا گیا یا مقابلہ کیا تمسے تمھارے رب کے آگے تو کہہ بڑائی

بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ

اللہ کے ہاتھ مین ہی دیتا ہی جسکو چاہے اور اللہ فضل کی گنجایش والا داناہی خاص کرتا ہی اپنی مہر سے جسکو چاہے اور اللہ کا

ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝

فضل بڑا ہی۔

وَقَالَتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ - الیہود بعضہم - اور اہل کتاب مین سے ایک گروہ نے کہا ف یعنے بعض یہود نے بعض سے کہا کہ - اٰمِنُوْا بِالَّذِيْٓ اُنْزِلَ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اى القرآن - وَجْهَ النَّهَارِ - اولہ - تم چڑھتے دن مین اس قرآن پر ایمان لاؤ جو ایمان لانے والون پر اتارا گیا ہی ف مگر دل تصدیق سے ایمان نہ لاؤ بلکہ بہکانے کے لیے ایسا کرو کہ اول وقت جاکر قرآن پر ایمان لاؤ - وَاكْفُرُوْٓا - بہ - اٰخِرَهٗ - اور کفر کرو قرآن سے آخر دن مین - لَعَلَّهُمْ - اى المؤمنین - يَرْجِعُوْنَ عن دینہم اذ یقولون مارجع ہولاء عنہ بعد دخولہم فیہ وہم اولو علم الا لعلمہم ببطلانہ - شاید یہ لوگ پھر جاوین ف یعنے اپنے دین اسلام سے کیونکہ دل مین کہینگے کہ یہ لوگ دین اسلام مین داخل ہونے کے بعد پھر گئے تو اسی وجہ سے کہ انھون نے جھوٹا جانا کیونکہ یہ لوگ اہل علم ہین وقالوا ایضا - وَلَا تُؤْمِنُوْٓا - لتصدقوا - اِلَّا لِمَنْ - اللام زائدۃ - تَبِعَ - وافق - دِيْنَكُمْ - اور یہ بھی انھون نے آپسمین کہا اور نہ ایمان لاؤ یعنے تصدیق نکرنا مگر اس شخص کی جو موافق ہوا تمھارے دین سے یعنے درحقیقت اس نبی یا قرآن پر دل سے یقین نہ لاؤ بلکہ تم تو اسی کو سچ نا

جو تمہارے دین سے موافق ہو قال تعالےٰ۔ قُلْ۔ لہم یا محمد۔ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ۔ الذی ہو الاسلام و ماعداہ ضلال یعنے انکو ای محمد البتہ ہدایت تو وہی جو اللہ کی ہدایت ہی کہ وہ دین اسلام ہی اور جو کچھ اسکے سوائے ہو وہ گمراہی ہی۔ اَنْ۔ ای ہان۔ یُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ۔ من الکتاب والحکمۃ یعنے تم لوگ کسیکے واسطے اقرار نہ کیجیو کہ جو تم کو عطا ہوا ہی اسکے مثل کسی کو بھی عطا ہوگا یعنے فضائل وحکمت وکتاب تمہارے مثل کسی کو عطا نہوگی سوائے ایسے شخص کے جو تمہارے تابع یہودی ہو جاوے۔ اَوْ۔ ان یحاجوکم ای المومنون تغلبوکم۔ عِنْدَ رَبِّكُمْ۔ یوم القیامۃ لانکم اصح دینا۔ یا یہ بھی سچ نہ مانیو کہ مومنین غالب ہونگے تمپر تمہارے پروردگار کے حضور میں قیامت کے روز فی کیونکہ تم لوگ تو دین کے معاملہ میں سچے ٹھیک ہو۔ ابن کثیر کی قراءۃ میں۔ ءان یوتی۔ بہمزہ استفہام توبیخی ہی اور معنے یہ ہیں کہ کیا کسی اور کو اسکے مثل دیے جانیکا یا قیامت میں مومنون کے تمپر غالب ہونے کا تم اقرار کروگے (یعنے ہرگز نہیں) اللہ تعالےٰ نے یہود مردود کا دعوی رد کر دیا بقولہ تعالےٰ۔ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ۔ من ایمن لکم ان لایوتی احد مثل ما اوتیتم و تو کہدے کہ سب فضل تو اللہ تعالےٰ ہی کے ہاتھ میں ہی جسکو چاہتا ہی دیتا ہی۔ فف پھر تم کہاں سے کہتے ہو کہ جیسا تم دیے گئے ہو ویسا کوئی نہیں دیا جائیگا۔ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ۔ کثیر الفضل عَلِيْمٌ۔ بمن ہو اہل۔ اللہ تعالےٰ کا فضل بے انتہا ہی وہ دانا ہی کہ فضل کا مستحق کون ہی۔ وہ اپنے علم سے مستحق بندہ کو عطا فرماتا ہی۔ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔ وہ اپنی رحمت نبوت سے جسکو چاہتا ہی مخصوص فرماتا ہی اور اللہ تعالےٰ فضل عظیم والا ہی۔ فف حضرت ابن عباس سے روایت ہی کہ چند پڑھے لکھے یہود عبد اللہ بن اخیفہ وعدی بن زید وحرث بن عوف نے آپسمیں کہا کہ آؤ ہم یہ کریں کہ اول وقت تو قرآن پر ایمان لاویں کہ صبح کی نماز انکے ساتھ پڑھیں اور آخر وقت اس سے انکار کریں کہ اپنے قبلہ کی طرف اپنی نماز پڑھیں تاکہ مسلمانوں پر انکے دین میں شبہہ پڑ جاوے شاید وہ بھی اپنے دین سے پھر جاویں پس اللہ تعالےٰ نے یہ آیت تا قولہ واسع علیم نازل فرمائی اور اسیکے مانند مجاہد وغیرہ ایک جماعت سلف سے مروی ہی اور بات یہ تھی کہ اسلام سے پہلے عرب کے یہودیون کو علم والا جانتے تھے اور علمی معاملات میں انپر اعتماد کرتے تھے پس چند یہودیون نے جو انکے درمیان علم والے مشہور تھے یہ تدبیر نکالی کہ اول شروع دن میں اسلام ظاہر کریں اور مسلمانون کے ساتھ صبح کی نماز پڑھیں آخر وقت پھر جاویں اور اپنے قبلہ کی طرف نماز پڑھیں تاکہ اہل اسلام کو شبہہ پڑ جاوے کہ یہ لوگ اہل کتاب ہیں اور ہم سے زیادہ جانتے ہیں یہ لوگ اسلام میں داخل ہو کر ابھی پھر گئے کہ انھوں نے اصل دین میں عیب گمراہی دیکھی پس شاید وہ بھی پھر جاویں اور خصوصاً وہ یہودی جو مسلمان ہوے تھے پس اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو انکے اس مکر سے مطلع کر دیا حالانکہ اللہ عزوجل نے مومنون کے دلوں کو اطمینان وتقویت دیدیا تھا اور ایسے پلید اندھون کے شیطانی مکر سے کیا پھرتے مگر ان اندھون کو معلوم نہ تھا انھون نے شیطانی الہام سے یہ تدبیر نکالی چنانچہ اللہ تعالےٰ نے خبر دی کہ قالت طائفۃ من اہل الکتاب آمنوا بالذی انزل علی الذین آمنوا وجہ النہار واکفروا آخرہ لعلہم یرجعون۔ پس یہ قول انکا تھا اور اسکے بعد کا کلام بھی انہیں یہود کا ہی سوائے جملہ معترضہ کے اور اسمیں اہل اسلام کو تسلیہ وتقویت ہی جسکو جل جلالہ نے شبہہ جاہلین دین کو بسط وتفصیل سے ذکر کیا ہی اور سورہ میں یہ آیت مشکل قرار دی گئی ہی والا کثر معانی ظاہر اور اکثر اقوال کا گویا یکسان ہی از انجملہ چند اقوال ہیں یہاں ذکر کرتا ہوں اول بنا بر قول مفسر کے قولہ ولا تومنوا الا لمن تبع دینکم قل ان الہدی ہدی اللہ ان یوتی احد مثل ما اوتیتم او یحاجوکم عند ربکم کی تقدیر یون ہی۔ ولا تومنوا بان یوتی احد مثل ما اوتیتم او ان یحاجوکم عند ربکم الا لمن تبع دینکم قل ان الہدی ہدی اللہ۔ پس (لا تومنوا) یا (لا تقروا) مقدر ہی اور (ان یوتی)

بتقدیر (بان یوتی) متعلق (لاتومنوا) کے ہو اور (احد مستثنی منہ ہو اور (الا لمن) حرف استثناء کے ساتھ مستثنی ہو اور حاصل معنے یہ ہین کہ ان یہود نے آپسمین یہ بھی کہا کہ خبردار دل سے تصدیق نہ کرنا یہ کہ کسی کو دیا گیا مثل اسکے جو تمکو دیا گیا یا یہ کہ مسلمان لوگ پروردگار کے سامنے تمپر پکی دلیل قائم کرکے غالب ہوجاوینگے سوائے اس شخص کے جو تمہارے ساتھ تمہارے دین کا موافق ہو کہ وہ تو البتہ تمہارے مثل دیا گیا ہوگا۔ حاصل یہ کہ قرآن پر دل سے ایمان نہ لانا کیونکہ تمکو توریت دی گئی اسکے مثل کسی نبی کو نہین ملی مگر انھین انبیا کو جو پیرو موسیٰ کے توریت پر چلتے تھے اور اب بھی جو یہودی ہوجاوے وہ پایا جاوے۔ اور تمکو یہ بھی خوف نہو کہ مسلمان تمپر حجت قائم کرینگے کہ توریت مین قرآن پر ایمان لانے کا حکم تھا کیونکہ تم تو قرآن سے الفضل پر قائم ہو وہ کچھ حجت نہین لاسکتے ہین پھر اللہ تعالے نے اس کر کو ظاہر کردیا اور انکی ان باتون کو رد کیا جیسا کہ تفسیر سے ظاہر ہوا یہ تو شیخ جلال الدین رحمہ نے اختیار کیا اور امام ابن کثیر نے اپنی تفسیر مین کہا کہ قولہ تعالے ولا تومنوا الا لمن تبع دینکم ای مطمئن نہو اور ظاہر نہ کرو اپنا بھید کسی پر سوائے اس شخص کے جو تمہارے دین کا تابع و موافق ہو اور ظاہر نہ کرو وہ چیز جو تمہارے ہاتھ مین ہے مسلمانون پر کہ وہی آخرت مین پروردگار کے حضور مین تمپر حجت قائم کرین اللہ تعالے نے رد کردیا کہ قل ان الھدی ھدی اللہ۔ یعنے وہی ہاتھ پروردگار مومنون کے دلون کو ہدایت کرتا ہی پوری ہدایت کہ جو اسنے اپنے بندے و رسول محمد صلعم پر آیات بینات و دلائل واضحات و حجج قاطعہ آثارین اسپر پورا ایمان لاتے ہین اگرچہ ای یہود یو تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت و قرآن کی تصدیق کو جو تم نے اگلے انبیاسے پائی ہی چھپاتے رہو۔ پس قولہ تعالے ان یوتی احد مثل ما اوتیتم او یحاجوکم عند ربکم۔ کے معنے یہ ہین کہ یہود کہتے کہ ظاہر مت کرو وہ بشارات محمدی جو تمہارے پاس ہین مسلمانونکو کہ تمسے سیکھین اور اسلام پر مضبوط ہون اور تمسے ممتاز ہوجاوین کیونکہ انکا ایمان اسپر خوب مضبوط ہوگا یا پروردگار کے سامنے تمپر اسی کے ساتھ حجت قائم کرینگے جو تمہارے ہاتھون مین ہی پس تمپر حجت قائم ہوجائیگی مفسر محکم کہتا ہی کہ یہ تقریر اس آیت کی تفسیرین خوض کے قابل ہی اور مانند جلال رح کے احقش رح نے کہا کہ معنے یہ ہین۔ ولا تومنوا الا لمن تبع دینکم ولا تومنوا ان یوتی احد مثل ما اوتیتم ولا تصدقوا ان یحاجوکم۔ یعنے ایمان نہ لاؤ مگر اسی پیغمبر کے واسطے جو تمہارے دین یہودیت اور کتاب توریت کا تابع ہو اور ایمان نہ لاؤ یہ کہ کوئی دیا گیا ویسا جیسا کہ تم دیے گئے ہو اور تصدیق نکرو یہ کہ مسلمان تمپر پروردگار کے سامنے حجت قائم کرینگے اور بعض نے کہا لا تومنوا الا لمن تبع دینکم یعنے مت ظاہر کرو بات یہ کہ کوئی نبی کیسا مثل اسکے جو تم دیے گئے یعنے اس تصدیق کو جو درحقیقت تمہارے دل مین ہی کہ مسلمانون کو بھی اللہ تعالے کی طرف سے کتاب ویسی ہی ملی جیسے تمکو توریت ملی ہی اسکو چھپاؤ اور ظاہر نہ کرو مگر اسی شخص کو جو تمہارے دین کا تابع ہو مفسر محکم کہتا ہی کہ اسقدر مین کفایت ہی دیگر وجوہ کے ذکر سے بیکار تطویل نہین چاہتا ہون قولہ یختص برحمتہ من یشاء۔ رحمت سے مراد نبوت ہی اور اسمین دلیل ہی کہ نبوت کسی استحقاق پر نہین ہی بلکہ اللہ تعالے کا فضل ہی اسے جسکو چاہا اپنے علم قدیم سے ازل مین اسکو اختصاص دیدیا اور یہین سے کہا گیا ہی کہ مجاہدہ و عبادت و ریاضت و تمام محنت و کوشش و تقوی و پرہیزگاری سب کرامت و ولایت و معارج وغیرہ نعمتون کا پھل نہین ہی سوائے ثبوت کے کہ وہ روزازل مین اللہ تعالے نے جنکے واسطے مختص کردی تھی انھین کو ملی پس اس اختصاص کے مقابلہ مین کسی متقی و عابد کو عارف کا مرتبہ نہین ہی مستقل ہی وقف اشارات کے ذکر سے پہلے اتنا جان لینا چاہیے کہ اشارات کچھ انھین خطابون پر موقوف نہین کہ جو مومنین کو ہین بلکہ آدمی اپنی بول چال مین غیر سے اسکے مطلب کی باتین کرتا ہی حالانکہ اس کلام مین ایسے اشارات بول جاتا ہی جس سے اسکا کوئی رازدار اپنے مطلب کو سمجھ لیتا ہی اگرچہ اس مطلب کو اس مقصد سے جسکے واسطے سیاق کلام تھا کوئی ربط نہو جب یہ معلوم ہوگیا تو جاننا چاہیے کہ خطاب الہی

ہین لکھا کہ قولہ تعالے ولا تومنوا الا لمن تبع دینکم مترجم کہتا ہی کہ یہ بعض یہود نے بعض سے اپنے خاص مقصد کے واسطے کہا تھا جیسا کہ یہ
سے واضح ہو چکا اور شیخ نے اس سے اشارہ یہ نکالا کہ راز کی بات ایسے ہی شخص سے ہونی چاہیے جو ہمراز ہو چنانچہ کہا کہ آپس کی مصاحبت فقط
انہین لوگون سے رکھو جو اسکے والے عارف لوگ ہین جنکا حال یہ ہی کہ اپنے احوال کو دنیا والون کے سامنے ظاہر نہین کرتے ہین اور اہل حقیقت کی
باتون کو لوگون سے نہین بیان کرتے ہین کہ جس سے وہ لوگ ان باتون سے انکار کرین حتی کہ انکے قتل پر آمادہ ہو جاوین قال المترجم حدیث مین
حکم ہی کہ لوگون سے انکی عقل کے موافق باتین کرو رواہ مسلم عن عائشۃ رضی اللہ عنہا اور بعض نے کہا کہ اسمین یہ اشارہ ہی کہ مصاحبت فقط ایسے
ہی لوگون سے رکھو جو احوال و طریقہ مین تمہارے ساتھ یکسان ہون قال المترجم قلوب بندون کے جوازلی صالح ہین وجوہ متعددہ پر
ہین جیسے کہ حدیث مین اشارات ہین کہ قلب عمر رضی اللہ عنہ کو قلب نوح سے تشبیہ دی اور قلب ابوبکر رضی اللہ عنہ کو قلب ابراہیم علیہ السلام سے اور یہ کھلی بات ہی
کہ ان انبیاء علیہم السلام کی شریعت مین تفاوت تھا و صحابہ رضی اللہ عنہم بھی اپنے مجاہدہ و ریاضت اعمال مین مختلف تھے اگرچہ توحید و اتباع سنت مین
یکسان تھے چنانچہ حدیث اصحابی کالنجوم سے ظاہر ہی اور اسیکی مؤید دوسری روایت ہی جسمین ہر ایک کے ساتھ نور خاص ہونا مذکور ہی پس
مقصود اس شارہ کا یہ ہی کہ مصاحبت ان لوگون کی بہت خوب ہی جنکا طرز اوپر ہو قال المترجم عمر تعیش رحمہ اللہ نے اسمین یہ اشارہ بیان کیا کہ راز حق
کو فاش نہ کرے مگر ایسے ہی لوگون سے جو اہل حق ہون اور شیخ ابوبکر بن طاہر نے فرمایا کہ ایسے شخص سے کرامات ظاہر ہونے کی تصدیق
نہ کرو جس سے کھلی کھلی یہ بات نہ دیکھی گئی ہو کہ وہ ظاہری شریعت پر خوب اچھی طرح چلتا ہی اور ریاضت کرتا ہی اور اللہ تعالے و اسکے رسول کی
فرمانبرداری کرتا ہی مترجم کہتا ہی کہ یہ اشارہ نہایت واضح ہی کیونکہ قولہ الا تومنوا الا لمن تبع دینکم منصوص ہی اور یہ امر تمام اہل ایمان کو نصیحت کامل
ہی کہ کشف و کرامت جو لوگون نے ولایت کی دلیل سمجھی ہی یہ پہلی غلطی ہی کیونکہ عوام کو استدراج و کرامت مین فرق ظاہر نہو گا اور فرق کی
کسوٹی صرف شریعت و سنت ہی کہ اگر متقی کے ہاتھ سے ظاہر ہو تو کرامت ہی ورنہ استدراج ہی اور یاد رکھو کہ صحابہ رضی اللہ عنہم اعلی درجہ کے
اولیا تھے کہ اللہ تعالے نے اُن ولیون کی تعریف کی اور کوئی ولی قیامت تک ایک دن صحابی کے برابر نہین ہو سکتا اور کیونکہ ہو پہنچیگا
اگر آفتاب رسالت ان آنکھون سے دیکھا ہی نہین سکتا ہان خواب وغیرہ مین چاہے حاصل ہو پھر اگر یہ حال تھا تو تھی نہ کچھ کشف و کرامت
کی تلاش نہ کسب پر سے تھی فقط انکی معاش تھی لیکن خیر کشف و کرامت ہی پہچان سہی اوسمین یہ پتا لگاؤ کہ یہ عجیب بات جو تم نے دیکھی بھلا یہ
کرامت ہی یا شیطانی استدراج ہی اسکو جان رکھو کہ اگر وہ شخص طریقہ سنت پر راہ شریعت کا پابند ہی تو جو عجیب بات تم نے اس سے دیکھی
سنی وہ کرامت ہی اور اگر وہ شرع کا پابند نہین تو یہ شیطانی استدراج سمجھو کیونکہ اللہ عزوجل نے یہی شریعت و طریقہ سنت کو سچ مین پہچان فرمایا ہی پس
جو شخص درواقع تابع شیطان ہو اور ظاہر مین مسلمان بنا ہو وہ شریعت پر چلنے والا کبھی نہو گا اس سے عجیبات عجیب سرزد ہو وہ شیطانی استدراج
ہی اگر ایسے شخص کے مرید ہوے تو تمہارا انجام کار بخیر نہو گا اگرچہ ابھی تمکو دنیا کی لالچ مین اسکا ضرر ظاہر نہو کیونکہ قلب کو اسکے قلب سے تعلق ہونے سے
بسبب اسکے کہ تم خود مرید ہو کر مغلوب بنے ہو وہی العکاس ہو گا اور وہ قلب شیطانی ہی تو تمہارا انجام شیطانی ہو گا اور ایسے ہی اگر اللہ تعالے
کی محبت والے اور راہ سنت پر جان قربان کرنیوالے سے الفت رکھو گے تو تمہارا قلب اگر درست نہین تو بھی درست ہو جاویگا کیونکہ حضرت سرور عالم
صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکو سچی محبت ہی اور یہ محبت عین ایمان ہی برخلاف اسکے جو راہ سنت و شریعت سے مخالف ہو کر دعوی محبت کرتا ہو وہ جھوٹا
اور شیطانی محبت مین مکار بنا ہوا ہی پس ایسے مقام کو محو سے سمجھو۔ قولہ تعالے یختص برحمتہ من یشاء۔ رحمت سے مراد یہان نبوت و ولایت ہی پس اللہ
عزوجل اپنی مخلوق مین سے جسکو چاہتا ہی انتخاص دیتا ہی کچھ اسپر عبادت و مجاہدہ و ریاضت پر نہین کیونکہ اسکی سابق عنایت ازلی

لہ میرے اصحاب مثل ستارون کے ہین الخ

تو مجاہدہ کرنے والے اور مجاہدہ دونون سے پہلے ہو چکی ہی اور شاہد و برہان وجود و علت اسوقت کچھ بھی نتھی یعنے اللہ عزوجل نے جو قادر مختار ہی جسکو چاہا اسکے وجود سے پہلے بدون کسی علت و سبب کے ثبوت و ولایت کے واسطے مختص فرمایا ہی پس جو شخص نور مشاہدہ سے روشن ہو لیا اور اسکے سر باطنی کی کان خصائص خطاب سے بھر گئے اور اسکی روح منور ہو چکی اسکو کب اپنی جان کی طرف اور اپنے معاملہ کی طرف اور اپنے مجاہدہ کی طرف نظر ہوتی ہی کیونکہ جو ازلی فیض سے چن لیا گیا وہ مراد ہو گیا یعنے اللہ تعالے کی طرف سے ارادہ متعلق ہی کہ خود بخود وہ مرضیات الٰہی سے سرفراز ہی اور اسی طرف سے وہ کھینچا جاتا ہی اگرچہ ظاہر مین سخت ذلیل ہو اور اُسی طرف سے وہ محبوب ہی اگرچہ کچھ تجاوز بھی کرے **قال المترجم** مثال اسکی حال **امام عبد اللہ بن مبارک** جامع فضائل کہ انکی نسبت نقاد محدثین لکھتے ہین کہ انہین خصال خیر سب جمع تھے یہ بڑا مرتبہ ہی انکے حال ہین راہ شرع سے تجاوز کرتے تھے ایک رات باغ مین مجلس شراب مہیا کر کے آخر وقت سوئے خواب دیکھا کہ درخت پر ایک پرند پڑھتا ہی ۔ الم یان للذین آمنوا ان تخشع قلوبہم لذکر اللہ ۔ یعنے کیا وہ وقت نہین آیا ایمان والون کے لیے کہ انکے دل اللہ تعالے کی یاد مین پگھل جاوین ۔ یہ کشش ارادہ ازلی کا ظاہر ہوا اسیوقت بیدار ہو کر سب دور کیا اور آخر ایسے جامع کمال صاحب تقوی عابد زاہد عارف غازی ثقہ مجاہد محدث ہو گئے کہ آج تک اُنکا نام پاک موجب برکت ہی وذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء ۔ شیخ نے فرمایا کہ اختصاص اصلی تین معنے رکھتا ہی اول یہ کہ عجیب ملکوت کا مکاشفہ ہو دوم آنکہ جبروت کا مشاہدہ ہو اور سوم یہ کہ مدارج معرفت و توحید پر پہونچ جاوے اور یہ اختصاص سوم سب سے اعلی و اجل ہی اسواسطے کہ اسمین صحو و انبساط و اتحاد و انانیت و فردانیت و حریت اور انصاف بربوبیت سب موجود ہی اور یہی حقائق تمکین و تحقیق توحید کی جڑ ہی اور **شیخ ابو عثمان** رح نے فرمایا کہ بات مین ڈھیل چھوڑ دی تاکہ امید والے کی امید لگی رہے اور خوف والے کو ڈر لگا رہے **قال المترجم** شیخ رح نے خود اشارے سے بات کہی یعنے بخصوص صیغہ مضارع مین گنجایش آیندہ کی ہی اور من یشاء مین خوف ہی کیونکہ صیغہ مضارع پر جو امید لگاوے وہ ڈرتا بھی رہے کہ شاید وہ اس مشیت مین نہ آوے یہ معنے اس کلام کے ہین فافہم ۔ اور بعض مشائخ نے فرمایا کہ زائل کر دیا علتون کو عطایا سے اور توڑ دیا نفوس کو مجاہدات سے پس کاٹ دیا نفوس کو شواہد و موارد سے **قال المترجم** یعنے جب اختصاص کرنا اپنی مشیت پر مقرر فرمایا تو صریح بتلا دیا کہ اللہ عزوجل کا کام کسی علت و سبب کے تابع نہین ہی ورنہ یون ہوتا کہ اختصاص کرنا اس علت و اس سبب پر ہوتا ہی اور یہ نعمت دینا اس علت کے ساتھ ہوتی ہی اور یہین سے نکلا کہ کوئی نفس اور کوئی شخص اپنے کسی عمل پر نظر نہ کرے کیونکہ اسکے مجاہدہ و ریاضت و عبادت کے سبب سے کچھ نہین ہو سکتا اسلیے کہ افعال آلہی بلا علت و سبب ہین پس یہ نکلا کہ اللہ عزوجل سے اسکی کبریائی و عظمت و بے نیازی سے امید و خوف رکھے اپنی طرف یا کسی کی طرف کسی امر کو شاہد نہین قرار دے سکتا اور کسی مورد پر نظر نہین کر سکتا ہی فافہم واللہ اعلم ۔ اور حضرت **سہل** رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جسکو جناب باری تعالے سے ہدایت ملی اور اسکی درگاہ مین نزدیکی پائی وہ اسنے اپنے پروردگار عزوجل کی طرف سے پائی اپنی ذاتی لیاقت سے اسکو کچھ نہین ملا ہی **قال المترجم** یہ اشارہ ظاہر ہی اور مستحسن کلام ہی ۔ اور **واسطی** رح نے فرمایا کہ اللہ عزوجل کی عطا و بخشش سے سبب و علت کا نام دور ہی جو صفات اسنے ظاہر فرمائے ہین اور جو امور پوشیدہ رکھے ہین وہ کسی علت و سبب سے نہین ہین اور ہر نفس کو توڑ دیا کہ وہ اپنے مجاہدہ پر کبھی نظر نہ رکھے اور جو شخص توحید کے درجہ پر پہونچا وہ بھلا کیونکر نیک کامون کے وسیلے سے یہ قول سننے کے بعد کہ بخصوص برحمتہ من یشاء ۔ توسل ڈھونڈھیگا بلکہ یقین کریگا کہ اللہ عزوجل کی طرف شواہد و موارد و عوائد و فوائد سے کوئی راہ نہین ملتی ہی ۔ اور **شیخ ابن عطا** نے فرمایا کہ خبردار ہو جا کہ اللہ عزوجل کیطرف عوائد و فوائد سے کوئی راہ نہین ملتی ہی ۔ اور **واسطی** رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قولہ بخصوص برحمتہ من یشاء ۔ یہ ہی کہ تو بدون اپنے ہوا و رجام تیرا اسی کی ذات و صفات کا قیام ہو اور نیز فرمایا کہ جسکے واسطے کئی احوال سے تجلی ہوے وہ ایسا نہین جسکے واسطے ایک حال سے تجلی ہوئی ایسے ہی

لہ قولہ بنفس سے یہان تک جو کچھ لکھا ہی یہ کہ ہر نفس کو توڑ دیا کہ وہ اپنے مجاہدہ پر کبھی نظر نہ رکھے کا کلام ہی

یختص برحمته من یشاء ـ ہی ـ اور نیز فرمایا کہ جب بندون نے برہان کا مشاہدہ کیا اور فرقان کا معائنہ کیا تو اپنی صفات سے حضرت باری تعالے عزوجل کی طرف ہو گئے اور اپنے افعال سے بیزار ہو کر اسیکے فعل کی طرف ہو رہے اور انکو تسکین اس حکم کی طرف ہوئی جو اسنے فرمایا ہی ـ کہ ان الذین سبقت لہم منا الحسنیٰ اولئک عنہا مبعدون ـ یعنے جن لوگون کے واسطے ہماری طرف سے نیکوئی سابق ہو گئی ہی وہ دوزخ سے دور ہین اور شیخ ابو سعید خراز نے فرمایا کہ رحمت یہان یہ ہی کہ سماع کے معانی کو حقیقی کانون سے سنے و سمجھے اور اسیکو حق عزوجل نے اپنے بزرگ بندون کے واسطے مخصوص کر دیا ہی اور فارس رحمہ اللہ نے فرمایا کہ رحمت ہدایت و خدمت و مشاہدہ و ولایت و نبوت و رسالت ہی اور اگر اللہ تعالے ان لوگون کو اس چیز کے ساتھ خاص نہ فرماتا جسکے ساتھ مخصوص کیا تو اپنے موافقت کے آثار مین سے کچھ بھی ظاہر نہ ہوتا ـ اور شیخ ابو سعید خراز نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے اپنے بندون مین سے کچھ لوگ چھانٹ کر انکو ولایت والا بنایا ہی چنانچہ فرمایا یختص برحمته من یشاء ـ پس بندۂ ضعیف کے بڑے نصیب ہین کہ اسکے مالک نے اسکے لیے یہ بڑے درجہ رکھ چھوڑے ہین اور شیخ ابن عطاء سے سوال کیا گیا کہ کس چیز نے عابدون کو عبادت سے سست کر دیا ـ فرمایا کہ قولہ یختص برحمته من یشاء ـ نے منتر جم کہتا ہی کہ سوال کرنے والے کی مراد یہ تھی کہ عبادت والا عبادت کو دیکھتا ہی اور اسکی خوبیان اسکے نفس کو بھلی معلوم ہوتی ہین اس حیثیت سے کہ وہ اسکو بجا لایا ہی کہ اپنے کو عابدون کے درجہ پر شمار کرتا ہی سو اس فریب نفس سے وہ کیونکر چھوٹا اور کیونکر اسکے نفس کی امنگ بیٹھ گئی اسپر شیخ ابن عطاء نے جواب دیا کہ اس قول پاک یختص برحمته من یشاء نے درحقیقت ہر ایک کے نفس کی امنگ بٹھال دی اگرچہ کوئی بندہ جسکو پردۂ غفلت ہو ہنوز اپنی امنگ مین گرفتار رہے ـ اور کلام شیخ کے یہ معنے نہین ہین کہ عابدون نے جب اس آیۂ کریمہ کو سنا تب سے عبادت چھوڑ دی کیونکہ ایسا وہی شخص کریگا جو ارادۂ ازلی مین خاص نہین کیا گیا چنانچہ حدیث مین اشارہ ہی کہ ہر شخص پر وہ آسان ہی جسکے واسطے وہ پیدا ہوا ہی اور حاصل آنکہ بندۂ خاص تمام عبادت کرتا ہی اور پھر سخت شرمندہ ہوتا ہی اگرچہ جب توفیق الٰہی کی طرف نظر ڈالتا ہی کہ اسنے مجھسے یہ خدمت لی تو خوش ہو کر دل اسکا پانی پانی ہو جاتا اور شکر کا سجدہ بجا لاتا ہی پس کر اسکی عبادات کے ثواب مین ترقی ہی مگر وہ ویسا ہی شرم سے سرنگون ہی اچھا کہا ؎

نرینہار از آب شرمندگیست کہ شیران را ازان پشتہ لپ کشتی و گردن کار در آب انداختی ـ پھر جو شخص کہ مشیت ازلی مین خاص نہین ہوا وہ عبادت ہی نہین کرتا اور اگر کرتا ہی تو اسکو دیکھتا ہی اپنے نفس کا کمال سمجھتا ہی اپنے کو عابد جانتا ہی دوسرون کو حقیر و فاسق سمجھتا ہی اور یہ بڑا عیب ہی نعوذ باللہ منہ ـ قال الشیخ اور بعض نے فرمایا کہ قولہ یختص برحمته من یشاء ـ مین اشارہ ہی کہ یون رحمت فرماتا ہی کہ بندہ پر جو نعمتین فرمائی ہین انکے پہچاننے کی توفیق دیتا ہی اور انکے شکر پر قائم ہونے کی توفیق دیتا ہی ـ منتر جم کہتا ہی کہ بڑی پوری نعمت ایمان ہی اور اولی نعمت جامعہ اسکا وجود ہی پس کوئی بندہ ایسا نہین کہ جسپر پوری نعمت نہو اور شکر اس نعمت کا یہ ہی کہ تمام وجود کو بندگی حضرت حق عزوجل مین صرف کرے یہین سے کہا گیا کہ عجب ہی کہ کون عابد اپنی عبادت کا بدلا چاہے کیونکہ اس سے تو شکر ہی ادا نہوا پھر بدلا کیسا اور عبادت کیسی فافہم اور حضرت استاد رحمہ اللہ نے رحمت کے معنے نعمت لیے ہین چنانچہ فرمایا کہ مختص فرماتا ہی اپنی نعمت سے جسکو چاہے سو ایک قوم کو توازراق سے مخصوص کیا اور کسی قوم کو نعمت اخلاق دیدی اور کسی قوم کو نعمت عبادت دیدی اور کسی کو اپنی جناب مین ارادت دیدی کہ سوا اسکے دوسرے کو نہین چاہتے اور کسی قوم کو ظاہر کی توفیق دیدی اور کسی قوم کو باطن کی تحقیق دیدی اور کسی قوم کو عطا را بتداء دی اور کسی کو بتدائے امر ازلی دی اللہ تعالے فرماتا ہی کہ ـ وان تعدوا نعمة اللہ لا تحصوہا الآیہ ـ اور اگر تم اللہ تعالے کی نعمتین شمار کرو تو پورا نہین گن سکتے ہو ـ قال المترجم منتر جم پر اللہ عزوجل نے اپنی رحمت و کرم غیر متناہی سے وہی جانتا ہی کہ کس کثرت سے نعمتین فرمائی ہین مگر آخر وہ ناچیز بندہ ہی اس سے کسی کا شکر کچھ بھی ادا نہوا وہ کیا کسی دوسرے کو

اوے شکر کا طریقہ بتاوے اللھم لک الحمد فاغفرلی ۵ اگر خشم گیری بقدر گناہ ۔ بدوزخ درست و ترازو مخواہ ۔ یہی امید ہی کہ رحمت اسکی بہت وسیع ہی پھر کہتا ہون کہ حدیث مین آیا ہی کہ الحمد للہ ۔ پلہ ترازو کو بھر لیتا ہی ۔ اور حدیث مین آیا کہ دو کلمہ زبان پر ہلکے اور پلہ ترازو مین بھاری اور جناب باری عزوجل کو محبوب یہ ہین ۔ سبحان اللہ وبحمدہ وسبحان اللہ العظیم ۔ برادران اسلام سے امید ہی کہ زبان سے یون شکر ادا کرین اور تمام بدن کا شکر وہ ہی جسکے واسطے وہ پیدا ہوے ہین مثلاً پیشانی کا شکر سجدہ ہی علی ہذا القیاس شرع شریف و سنت سنیہ مین سب موجود ہی خود ادا کرین اور میرے لیے مغفرت کی دعا کرین والسلام ۔ قال الشیخ بعض نے کہا کہ قولہ یخص برحمتہ من یشاء ۔ جب بندون نے سن لیا تو جان گئے کہ وسیلہ پیدا کرنے سے کچھ بدل نہین سکتا اور یہ معاملہ تو وہی ہی جو ابتدا ے ازل مین اور مشیت حضرت عزت جل جلالہ مین مقرر ہو چکا ہی ۔ اور بعض نے کہا کہ قولہ یختص برحمتہ من یشاء ۔ یعنے بندے پر جو اسرار کشف فرماتا ہی اور جو انوار معرفت القا کرتا ہی اسکی سمجھ سے جسکو چاہتا ہی اختصاص دیتا ہی مترجم کہتا ہی کہ کشف کے اسرار مین بہت باریکیان ہین اور اس سے وہی سالم رہتا جو شرع و تقوی مین کامل ہو اسکو مین پہلے مفصل لکھ چکا ۔

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ

اور بیشے اہل کتاب مین وہ ہین کہ اگر تو ان پاس امانت رکھے ڈھیر مال کا تجکو ادا کرین اور بیشے ان مین وہ ہین کہ اگر تو ان پاس امانت رکھے ایک اشرفی

لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا

ادا نہ کرینگے تجکو مگر جب تک تو اسکے سر پر کھڑا ہی یہ اسواسطے کہ انھون نے کہہ رکھا ہی کہ نہین ہم پر

فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَي اللّٰهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝ بَلٰي مَنْ اَوْفٰى

جاہلون کے حق کا گناہ اور باندھتے ہین اللہ پر جھوٹ حالانکہ جانتے ہین کہ جو کوئی پورا کرے

بِعَهْدِهٖ وَاتَّقٰى فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَّقِيْنَ ۝

اپنا قرار اور پرہیزگاری کرے تو اللہ پرہیزگارون سے راضی ہی

وَمِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ مَنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِقِنْطَارٍ ۔ ای بمال کثیر يُّؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۔ اور اہل کتاب مین سے بعض وہ ہی کہ اگر تو اسکو امین بناوے ایک قنطار کا (یعنے مال کثیر کا) تو وہ تجھے ادا کردے ۔ لامانۃ عبداللہ بن سلام او وعدہ رجل الفار ومانی او قنیۃ ذہبا فادا ہا الیہ ۔ جیسے عبداللہ بن سلام عالم یہود و حافظ توریت جو آنحضرت صلعم پر ایمان لے آئے تھے ایک مرد قریشی نے ایک ہزار دوسو اوقیہ سونا امانت رکھنے کو دیا پس قریشی نے اسکو جب مانگا تو ابن سلام نے ادا کر دیا ۔ اور یہین سے بعض سلف سے مروی ہی کہ قنطار کی تعداد بارہ سو اوقیہ سونا ہی اور اسیکو محققین نے ترجیح دی ہی ۔ وَمِنْهُمْ مَّنْ اِنْ تَاْمَنْهُ بِدِيْنَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ اِلَيْكَ ۔ نحیانۃ ۔ اور اہل کتاب مین سے بعض وہ ہی کہ اگر اسکو ایک دینار امانت دے تو وہ تجھے ادا نکرے ف کیونکہ وہ خائن ہی ۔ اور دینار کی وجہ تسمیہ مین ابن ابی حاتم نے مالک بن دینار سے روایت کی کہ دینار نام اس وجہ سے کہ وہ دین و نار ہی یعنے جو اسکو حق طور سے لے اور حق طور پر خرچ کرے تو وہ دین ہی یعنے ثواب ہی اور جو اسکو ناحق لے اسکے لیے آگ ہی اور اکثر اہل لغت کہتے کہ وہ دین آرا کا معرب ہی الحاصل جو اہل کتاب مین سے بے ایمان ہی وہ ایک دینار بھی امانت مین خیانت کرے اور ادا نکرے ۔ اِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۔ لا تفارقہ فتنتی فارقتہ انکرہ کعب بن الاشرف استودعہ قریشی دینارا فجحدہ ۔ مگر سو وقت تک

کہ تو اسکے سر پر کھڑا ہی ف اس سے الگ نہیں ہوا پھر جب تو اُس سے جدا ہوا تب ہی انکار کر گیا۔ جیسے کعب بن الاشرف یہودی کہ اسکو قریشی نے
ایک دینار امانت رکھنے کو دیا وہ اُس سے منکر ہو گیا۔ اور مدارک میں بجائے کعب بن الاشرف کے فنحاص بن عازورا نام لکھا ایسی ہی بیضاوی
وغیرہ میں ہی بالجملہ مفسرین نے کاف مثال سے اشارہ کیا کہ شان نزول خاص ان لوگوں کے حق میں نہیں ہی بلکہ مراد یہ ہی کہ اہل کتاب میں بعضے امانت دار
دنیا کی چیزوں میں ہیں وہ دین میں بھی امین ہیں اور بعضے دنیا کے خائن وہ دین کے بھی خائن ہیں اور قنطار و دینار سے مراد کثیر و قلیل ہی پس کثیر کا امین
قلیل میں بدرجۂ اولیٰ امین ہی اور قلیل کا خائن کثیر میں ضرور خائن ہوگا۔ اور عکرمہؓ سے روایت ہی کہ اہل کتاب دو فریق یہود و نصاریٰ کا حال
بیان کیا پس ادا کرنے والے تو نصاریٰ ہیں کہ ان میں امانت اکثر ہی اور نہ ادا کرنے والے یہود ہیں کہ انمیں خیانت اکثر ہی اور شیخ ابن کثیرؒ نے یہاں
حدیث بخاری کو مناسب جانا جو ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت ہی جسکا خلاصہ یہ کہ سابق زمانہ میں ایک بنی اسرائیل کو دوسرے بنی اسرائیل نے اللہ تعالےٰ کے گواہ و
کفیل ہونے پر ہزار اشرفیاں ایک وقت معلوم تک کے واسطے قرض دیں اور قرضدار سمندر کا سفر کر گیا وقت معہود پر اسکو جہاز نہ ملا اسنے
ایک لکڑی میں سوراخ کر کے اللہ تعالےٰ سے دعا کر کے اشرفیاں مع خط اسمیں رکھکر منہ بند کر کے دریا میں روانہ کیں اس لکڑی کو قرضخواہ
مذکور ایندھن کے واسطے دریا کنارے سے اوٹھالایا اندر سے تمام مال مع خط پایا جب قرضدار کو جہاز ملا وہ اپنے دیس میں آیا تو مال قرض
لاکر عذر کیا پس قرضخواہ نے کہا کہ مجھے تیرا خط مع مال کے لکڑی سے مل گیا۔ میں نے بھر پایا۔ مترجم کہتا ہی اس روایت سے بعض اہل کتاب کا
امانت دار ہونا ثابت ہوتا ہی مگر یہاں تھوڑی مناسبت ہی اور مثال مناسب تر وہی جو مفسرؒ نے ذکر کی بقرینۂ قول مابعد۔ ذٰلِكَ۔
ای ترک الاداء اور یہ امر مذکور یعنے ادا نکرنا جسپر قولہ لایؤدہ الیک دلالت کرتا ہی۔ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا السبب قولہم بسبب اسکے اس قول
کے ہی کہ۔ لَيْسَ عَلَيْنَا فِي الْاُمِّيّٖنَ سَبِيْلٌ۔ ای العرب سبیل۔ ای اثم لاستحلالہم ظلم من خالف دینہم ونسبوہ الیہ تعالےٰ۔ ہمپر عرب
والوں کے حق میں ظلم کرنے میں کوئی گناہ نہیں ہی ف کیونکہ جو انکے دین کا مخالف ہو اسپر ظلم کرنا حلال رکھتے تھے۔ اور قتادہ و سدی سے
یہ معنے مروی ہیں کہ یہودی کہتے کہ ہمپر اس مال کی کوئی راہ نہیں جو ہمنے عرب سے پایا۔ اور اسکو اللہ تعالےٰ کی طرف نسبت کرتے کہ اسنے ہمکو ایسا
حکم دیا ہی اور بعض نے کہا کہ یہود نے قریش سے مال خریدا پھر قریش کے یہ لوگ بیچنے والے مسلمان ہو گئے اور انھوں نے دامون کا تقاضا کیا تو یہود
کہ تمھارا ہمپر کچھ حق نہیں ہی کیونکہ تمنے اپنا دین ترک کیا اسوقت کے دین پر نہیں ہوا اور دعوی کیا کہ ہمنے اسکو اپنی کتاب میں پایا ہی۔ اور یہ
محض بہتان تھا چنانچہ اللہ تعالےٰ نے اسپر رد کر دیا۔ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ۔ فی نسبتہ ذلک الیہ۔ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ۔
انہم کاذبون۔ اور کہتے ہیں اللہ تعالےٰ پر بہتان یعنے اس بات کی نسبت کرتے ہیں اور حال یہ کہ وہ لوگ جانتے ہیں کہ وہ جھوٹے ہیں۔
یعنے جان بوجھکر اللہ تعالےٰ پر جھوٹ باندھتے ہیں اور یہ زیادہ بدتر ہی اور ابو صعصعہ نے روایت کی کہ ابن عباس سے ایک شخص نے سوال کیا
کہ ہمکو جہاد میں مرغی بکری وغیرہ ایسا مال ایسے کافروں سے ملتا ہی جو ہماری ذمہ داری میں ہو چکے ہیں یعنے جزیہ قبول کر کے ہمارے ذمے
ہو گئے ہیں تو ابن عباس نے فرمایا کہ پھر تم کیا کہتے ہو وہ بولا کہ ہم بھی کہتے ہیں کہ ہمپر اسمیں کچھ مضائقہ نہیں ہی تو فرمایا کہ یہ تو ویسی ہی بات
ہی جیسے اہل کتاب کہتے تھے کہ لیس علینا فی الامیین سبیل۔ جان رکھو کہ جب انھوں نے جزیہ دیا تو انکے مال تمکو حلال نہیں ہیں الا اسی طور
کہ وہ خوشی خاطر سے تمکو دیں رواہ عبدالرزاق۔ اور یہاں سے نکلا کہ اگر حربی کافر ہوتے تو البتہ انکا مال لینا حلال تھا جیسے انکا قتل حلال کیا
گیا ہی بشرطیکہ انکو امان نہ دی گئی ہو اور یہی ائمہ حنفیہ کا مذہب ہی اور دلیل اسکی فقہ میں ہی اور سعید بن جبیر سے مرسلاً روایت ہی کہ جب اہل کتاب نے
کہا کہ لیس علینا فی الامیین سبیل۔ تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دشمنان خدا جھوٹے ہیں کوئی شے زمانہ جاہلیت کی کیون نہو وہ سب

میرے قدموں کے نیچے روندی ہوئی ہو سوائے امانت کے کہ اگر زمانہ جاہلیت میں کسی نے دوسرے کے پاس امانت رکھی تو وہ ضرور ادا کرنی ہوگی خواہ نیکوکار کی ہو یا فاجر کی ہو۔ رواہ ابن ابی حاتم والطبرانی اور سراج میں کہا کہ امانت یہاں قرضہ اور ادھار کو بھی شامل ہے کیونکہ مراد اس سے وہ حق مالی ہے جو حق طور پر لازم آیا ہے۔ غرضکہ اہل کتاب بہتان باندھتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے ہمکو عرب امیوں کا مال حلال کر دیا ہے اور ہمپر گناہ کی کوئی راہ نہیں ہے۔ بَلٰی۔ علیہم فیہم سبیل۔ اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ کیوں نہیں ف یعنے آخر امیین کی راہ ضرور ہے۔ مَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ الذی عاہدہ اللہ علیہا و عہد اللہ علیہ من اداء الامانۃ وغیرہ۔ جسنے پورا کیا اپنا عہد وہ کہ جو اللہ تعالےٰ نے اسپر مقرر کیا یعنے ادا امانت وغیرہ یا جسنے پورا کیا عہد اللہ تعالےٰ کا جو اسپر لازم ہے یعنے ادا امانت وغیرہ۔ وَاتَّقٰی۔ اللہ بترک المعاصی عمل الصالحات۔ اور تقوی کیا اللہ تعالےٰ سے بان طور کہ نافرمانیوں کو چھوڑا اور نیک کام کیے۔ یا بقول بعض جسنے شرک سے تقوی کیا۔ فَاِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ۔ تو اللہ تعالےٰ متقیوں کو محبوب رکھتا ہے ف فیہ وضع الظاہر موضع المضمر ای یحبہم یعنے یثیبہم۔ بجاے یحبہم کے یحب المتقین فرمایا انکی شان و توقیر کے واسطے اور انکو دوست رکھنے کے معنے یہ ہیں کہ انکو ثواب جمیل عطا فرماویگا۔ اگر کہا جاوے کہ فان اللہ پر فا کیوں داخل ہوئی تو جواب یہ کہ من موصولہ متضمن معنے شرط ہے۔ اگر کہا جاوے کہ جزا میں ضمیر کہاں ہے جو موصول شرطی کی طرف راجع ہو حالانکہ وہ اجنبی ہے تو جواب دیا گیا کہ عموم متقین کا ضمیر کے قائم مقام ہے۔ اور بعض نے کہا کہ جزا محذوف ہے ای فلیس علیہ من الکاذبین۔ وہ جھوٹوں میں نہیں ہے اور اسواسطے حذف ہوا کہ جو مذکور ہے وہ محذوف پر دلالت کرتا ہے ف شیخ نے عرائس البیان میں کہا کہ قولہ بلی من اوفی بعہدہ واتقی۔ جاننا چاہیے کہ عہدیں ہیں ایک عہد ازل جو ارواح پر انکشاف ہونے کے ساتھ ہوا دوم عہد قلب کہ اسرار کے ساتھ بوہیت ہے کہ اوصاف اسکے سر باطنی میں ہوتے ہیں اور یہ حق عزوجل کی طرف سے اپنے خطاب کا القا ہوتا ہے بقدر اسکے کہ جتنا عارف کو مرتبہ عبودیت میں سے توفیق خاص کے ساتھ عطا ہوا ہے سوم عہد جو عابد کو بعد مرتبہ تمکین کے اور عارف باللہ ہونے کے ہوتا ہے اور یہ عہد اسکے عقل کے ساتھ بواسطہ قرآن مجید و سنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہوتا ہے جو کہ عین ادب ہے پس اسواسطے اس ادب کا عہد لیا جاتا ہے کہ وہ اپنی تمام عمر میں اس ادب کتاب و سنت پر واجب ہے کہ مواظبت کرے مفسر حقی کہتا ہے کہ اسیواسطے حکایت ہے کہ شیخ عارف کامل سید جیلانی رح نے ابن منصور رح کے حق میں انا الحق کہنے کی بابت کہا کہ اگر میں موجود ہوتا تو اسکو اس گمراہی سے انشاء اللہ تعالےٰ نکال لیتا پس مراد گمراہی سے ترک ادب ہوگی واللہ اعلم۔ قال الشیخ۔ پھر جسکی روح نے عہد ازل پایا اور پورا کیا وہ شرک سے بچا اور توحید کے کھیت کو پہونچ گیا۔ اور جسکے قلب نے اپنا عہد پورا کیا کہ الہام خاص کو جو الفا خاص سے ایک خاص طور کے کانون میں پہونچا ہے پایا اور قضا و قدر کے احکام جاری ہونے میں بتقدم ساکن رہا وہ حقیقت رضا کے مقام کو پہونچا اور اسنے ہلاکت کے طبقہ سے نجات پائی۔ اور جسکی عقل نے احکام حق کے ساتھ عہد پورا کیا باین طور کہ ظاہر و باطن ان وسائل کا یعنے ہر امر و نہی کا پابند رہا وہ مقام عبودیت میں حسن ادب کے درجہ کو پہونچ گیا اور ایسا ہی شخص مریدوں کا مرشد اور عارفوں کا پیشرو ہوتا ہے۔ قولہ واتقی یعنے جسنے نفس کے خطروں سے اور شہوت کی بچالیوں سے اپنے آپ کو بچایا تو اللہ تعالےٰ اسکو حقیقت محبت کے مقام پر پہونچاتا ہے آور حضرت استاد رح نے فرمایا کہ جو عہد کا وفا کرنے والا ہے وہ وصال کا مرتبہ پانے کا مستوجب اور کرامت دیدے جانے کے لائق اور رحمت کا مستحق ہے اور جو شخص خیانت کرتا ہے وہ ایسا ہے کہ اللہ تعالےٰ کے غضب میں گرفتار ہوا اور خواری کے لائق اور نجات کے لیے نشانہ ہے نعوذ باللہ من ذلک اور عہد کا وفا کرنا یہ ہے کہ ماسوائے حق عزوجل سے قطع و الگ ہو کر حق کے ساتھ ہووے۔ اور حضرت جعفر رح نے فرمایا کہ قولہ من اوفی۔ جسنے پورا کیا وہ عہد جو اسپر میثاق ازل میں جاری ہوا تھا اور تقوی کیا اور پاک رکھا اس عہد و میثاق کو جو حق ہے اس سے کہ کسی باطل کا میل اس سے لگے۔ اسیواسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اصدق کلمۃ تکلمت بہا العرب کلمۃ لبید ؎ الا کل شئ ماخلا اللہ باطل ۔ مترجم کہتا ہے ترمذی کی روایت کا ترجمہ یہ ہے کہ بہت سچا کلمہ جو شاعر کی زبان سے نکلا وہ کلمہ لبید شاعر ہے ؎ جو خدا کے سوا ہے باطل ہے ۔ ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور جسنے عہد کو پورا کیا وہ محب ہے اور اللہ تعالے متقیون کا دوست رکھتا ہے قال المترجم تمام شعر لبید شاعر کا جو حضرت سے کچھ پہلے تھا یہ ہے ؎ الا کل شئ ماخلا اللہ باطل ۔ وکل نعیم لا محالۃ زائل ۔ لیکن حدیث مین صرف اول مصرع مذکور ہے اور شاید یہ اشارہ ہے کہ دوسرا مصرعہ کلیۃ صحیح نہین ہے کیونکہ نعمت ہر نعمت زائل ہونے والی ہے ۱۲ جنت و رضاے حق عزوجل باقی و دائمی ہے نہ زائل فتامل ۔

إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ بِعَهْدِ اللَّهِ وَأَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ

جو لوگ خرید کرتے ہین بدلے اللہ کے عہد کے اور اپنے قسمون کے تھوڑا مول ۔ وہی ہین کہ انکے لیے کچھ حصہ نہین ہے

فِي الْآخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ وَلَا يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ

آخرت مین اور نہ بات کریگا انسے اللہ اور نہ نگاہ کریگا انکی طرف قیامت کے دن اور نہ ستواریگا انکو

وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ

اور اونکو دکھ کی مار ہے ۔

ونزل فی الیہود لما بدلوا نعت النبی صلعم وعہد اللہ الیہم فی التوراۃ او فیمن حلف کاذبا فی دعوی او بیع سلعۃ ۔ نزول اس آیت کا یا تو یہود کے حق مین ہوا کیونکہ انہون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت کو جو توریت مین تھی بدل ڈالا اور اللہ تعالے نے جو عہد انسے توریت مین لیا تھا اسکو تبدیل کیا یا ایسے شخص کے حق مین ہوا جسنے کسی دعوی پر یا مال اسباب بیچنے پر جھوٹی قسم کھائی ۔ اور عکرمہ رح سے روایت ہے کہ یہود کے عالمون و سردارون کے حق مین نزول ہوا ہے ۔ إِنَّ الَّذِينَ يَشْتَرُونَ ۔ یستبدلون ۔ جو لوگ بدل لیتے ہین ۔ اور بعض نے کہا کہ خریدار کچھ دیتا ہے اور کچھ لیتا ہے پس ایک کی طرف سے جو دیا ثمن اور جو لیا وہ مبیع ہے ایسے ہی دوسرے کی طرف سے ہے پس جو مبیع تھا وہ اسکی طرف سے ثمن اور جو ثمن تھا وہ مبیع ہے پس ہر ایک دیا و لیا دوسرے کے واسطے ثمن ہے یہ معنے خرید کے ہین اور حق یہ ہے کہ عہد و قسم کے مقابلہ مین یہان خرید بمعنے حقیقی نہین ہے پس مراد وہی ہے جو مفسر رح نے ذکر کی یعنے جسنے تبدیل کرلیا ۔ يَعْهَدِ اللَّهِ ۔ الیہم بالایمان بالنبی صلعم و ادا الامانۃ وَأَيْمَانِهِمْ ۔ حلفہم بہ تعالے کاذبا ۔ بعوض عہد خدا کے جو انسے لیا تھا یا ین طور کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاوین اور امانت ادا کرین یعنے توریت مین عہد لیا تھا کہ پیغمبر آخرالزمان پر ایمان لاوین اور آپ کی صفت و پہچان انکے پاس امانت رکھی گئی تھی کہ اسکو لوگون کو ادا کردین باوجودیکہ کل امانت کو ادا کرین اور ایسا نہم عطف ہے عہد اللہ پر یعنے اللہ تعالے کے ساتھ اپنی جھوٹی قسمون کے بدلے ۔ اگر کہا جاوے کہ بر تقدیر یکہ شان نزول اسکا یہود ہین تو جھوٹی قسمون کے عوض خریدنا کیونکر ہے تو جواب یہ ہے کہ انہون نے عہد کے ساتھ قسم کھائی تھی کہ لینصرنہ یعنے قسم خدا کی ہم اس پیغمبر آخرالزمان پر ضرور ایمان لاوینگے اور ضرور اسکی مدد کرینگے پھر عہد توڑ کر بدل لیا اور قسم توڑ کر عوض لیا ۔ ثَمَنًا قَلِيلًا ۔ من الدنیا ۔ مال دنیا مین سے تھوڑا ۔ اور شاید کہ من بیانیہ ہو یعنے ثمن قلیل یہی دنیا ہے کیونکہ متاع دنیا قلیل فرمائی گئی ہے پس جو لوگ بدلا یہ عہد لیتے ہین ۔ أُولَٰئِكَ لَا خَلَاقَ ۔ نصیب ۔ لَهُمْ فِي الْآخِرَةِ ۔ انکے لیے کچھ نصیب نہین ہے آخرت مین ۔ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللَّهُ ۔ غضبا علیہم ۔ اور اللہ تعالے انسے کلام نہ فرماویگا یعنے انپر غضب کی وجہ سے ف یعنے انسے اللہ تعالے کا کلام نہ کریگا انپر غضب کی راہ سے ہوگا ۔ اور بعض نے کہا کہ یہ کہنا یہ ہے کہ یغضب علیہم انپر غضب کریگا ۔ اور یہ تاویل معتزلہ کی ہے کہ وہ لوگ خدا تعالے کے

کلام کرنے کے قائل نہین ہین - تمام انبیاء و آیات صریحہ کے برخلاف تاویلین کرتے ہین ایسی تاویل صحیح نہین ہے - اور بعض نے کہا کہ مراد یہ ہے کہ انسے ایسا کلام نہ فرماویگا کہ جس سے انکو خوشی ہو اور یہ تاویل درست ہے - وَلَا يَنظُرُ إِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ - یرحمہم - اور انپر رحم نہ فرماویگا قیامت کے روز - اور یہ محاورہ ہے کہ بولتے ہین کہ ذرا ہمپر بھی نظر کیجیے یعنے رحم کیجیے اور اول یون ہے کہ لا ینظر الیہم رحمۃ - یعنے انپر رحمت کی نظر نہ فرماویگا پس خلاف نہین کہ اللہ تعالے نا ظر ہے - وَلَا يُزَكِّيهِمْ - یطہرہم - اور انکی تطہیر نہ کریگا اور مدارک مین کہا کہ انپر ثنا نہ فرماویگا کہ تم نے خوب کیا تم جنت مین جاؤ بلکہ مذمت فرماویگا کہ دوزخ مین گھسو تم بد کار نافرمان ہو - وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ - مولم - اور انکے لیے عذاب الیم ہے یعنے مؤلم ہے ف یعنے الم سے الیم تھا بمعنے مؤلم از ایلام یعنے دکھ دینے والا ہے ف عبد اللہ بن ابی اوفی سے روایت ہے کہ ایک مرد نے بازار مین اپنا سامان رکھا اور قسم کھائی کہ واللہ مجھے اسکے عوض اسقدر ملتا تھا حالانکہ اسقدر اسکو ملتا نہ تھا مگر جھوٹ قسم کھائی تاکہ مسلمانون مین سے کسی مرد کو اس فریب مین ڈالے پس یہ آیت اتری - ان الذین یشترون بعہد اللہ الآیۃ - رواہ البخاری وغیرہ اس روایت مین سبب نزول مصرح نہین ہے یا یہ معنے کہ اس واقعہ کے بعد اسکے حق مین یہ آیت اتری ہان یہ ثابت ہوتا ہے کہ آیت کے نزول مین یہ صورت مذکورہ بھی داخل ہے اور یہ خود ظاہر ہے اور عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جسنے کوئی قسم کھائی حالانکہ وہ اس قسم مین فاجر ہے تاکہ اس سے کسی مرد مسلمان کا مال تراش لیجائے تو اللہ تعالے سے ایسے حال مین ملیگا کہ اللہ تعالے اسپر غضبناک ہوگا پس اشعث رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میرے ہی معاملہ مین واللہ ایسا واقع ہوا کہ میرے اور ایک یہودی کے درمیان ایک مین مشترک تھی یعنے اسپر قبضہ اس یہودی کا تھا پھر وہ میرے حق ہونے سے انکار کر گیا تب مین اسکو رسول اللہ صلعم کے پاس لایا پس مجھسے رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ میرے پاس گواہ ہین مین نے کہا کہ نہین تب یہودی سے فرمایا کہ تو قسم کھا پس مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ تو قسم کھا جائیگا یعنے بد کار بیباک نے ایمان ہے اسکو قسم کھانے کیا دیر لگتی ہے یہ قسم کھا جائیگا پس میرا مال لے جائیگا پس اللہ عز و جل نے نازل فرمایا - ان الذین یشترون بعہد اللہ و ایمانہم الآیہ - اخرجہ البخاری و مسلم و احمد وغیرہ اور اس باب مین اور جھوٹی قسم کے گناہ و عذاب مین بہت صحیح حدیثین وارد ہین اور یہ بھی آیا ہے کہ جھوٹی قسم سے آباد شہر ویران ہو جاتے ہین - پھر اولے یہ قول ہے کہ آیت کریمہ عام ہے سب کے شامل ہے اور اسمین وہ امور بھی داخل ہین جنکا اللہ تعالے نے حکم دیا ہے اور تمام عہد و میثاق جو رسولون کی طرف سے لیے جاتے ہین اور جنکو آدمی اپنے اوپر لازم کر لیتا ہے وہ بھی شامل ہین ان ہر ایک کا وفا کرنا لازم ہے ف قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے ان الذین یشترون بعہد اللہ و ایمانہم ثمنا قلیلا الآیۃ - جو شخص اس دنیا کی تر و تازگی پر جھکا اور اسکو درگاہ الٰہی باری تعالے کے مشاہدہ کے مقابلہ مین اختیار کیا اور ظاہر مین مقرب بندون کی سی عبادت دکھلائی اور باطن مین اسکو لوگون کا پیشوا بننے کے حصے سے فروخت کر ڈالا تو وہ دیدار باری تعالے سے محجوب ہوا اور حق عز و جل کے خطاب سے دنیا و آخرت مین محروم رہا -

وَإِنَّ مِنْهُمْ لَفَرِيقًا يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ لِتَحْسَبُوهُ مِنَ الْكِتَابِ وَمَا هُوَ

اور اُن مین سے ایک فریق ایسے لوگ ہین کہ زبان مروڑ کر پڑھتے ہین کتاب تاکہ تم اسکو کتاب الٰہی مین سے خیال کرو حالانکہ وہ

مِنَ الْكِتَابِ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ

کتاب مین سے نہین اور کہتے ہین وہ اللہ کے یہان سے حالانکہ وہ اللہ کے یہان سے نہین اور اللہ پر جھوٹ بولتے ہین حالانکہ وہ جانتے ہین

وَإِنَّ مِنْهُمْ - اہل الکتاب اور انمین سے ف یعنے اہل کتاب مین سے - اور جو صفتین آگے بیان ہوئی ہین اُن سے ظاہر ہے کہ مراد اہل کتاب سے یہود ہین ولیکن اول یہ ہے کہ عام رکھا جاوے و کلام مفسر بھی اسی طرف مشیر ہے - یعنے اہل کتاب مین سے خواہ یہود ہون یا نصاریٰ

ہون ۔ لَفَرِيقًا طائفہ کعب بن الاشرف ایک ٹکڑا ہی جیسے کعب بن الاشرف عالم یہودی و اسکے مانند لوگ جنکا حال یہ ہی کہ يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ ۔ ای یعطفونہا لقراءتہ عن المنزل الی ما حرفوہ من نعت النبی صلعم ونحوہ کہ کتاب کی قراءۃ کے ساتھ موڑتے ہین نازل کردہ خدا سے اسکی طرف کہ جو انھون نے تحریف کی ہی نعت نبی صلی اللہ علیہ وسلم و اسکے مانند آیۃ الرجم وغیرہ کے ۔ اور تحریف بمعنے تقلیب ای لوٹ پوٹ کر دینا اسکی ٹھیک وجہ سے پس تحریف کرنے والا بھی اپنے پاس کے بنائے کلام سے راہ صواب سے زبان کو پیچیدہ کرتا ہی اور السنۃ جمع لسان ہی بنابر آنکہ لسان مذکر ہی ورنہ مونث ہوتی تو السن آتا اور فراء نے کہا کہ مین نے عرب سے سوائے مذکر کے اسکو مونث نہین سنا اور کبھی کلام کو بھی لسان کہکر تعبیر کرتے ہین ۔ الحاصل اسطرح اپنی تحریف کو بنا کر پڑھتے ہین لِتَحْسَبُوهُ ۔ ای المحرف مِنَ الْكِتَابِ ۔ الذی انزل اللہ تعالے تاکہ خیال کرو تم اسکو یعنے تحریف کیے ہوے کو اس کتاب مین سے جسکو اللہ تعالے نے نازل فرمایا ہی ۔ وَمَا هُوَ مِنَ الْكِتَابِ ۔ حالانکہ وہ کتاب الٰہی مین سے نہین ہی ف پس فریب دیتے ہین ۔ وَيَقُولُونَ هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ وَمَا هُوَ مِنْ عِندِ اللَّهِ ۔ اور کہتے ہین کہ یہ لکھا ہوا اللہ تعالے کی طرف سے ہی حالانکہ وہ اللہ تعالے کی طرف سے نہین ہی ۔ وَيَقُولُونَ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ وَهُمْ يَعْلَمُونَ ۔ انہم کاذبون اور اللہ تعالے پر جھوٹ باندھتے ہین حالانکہ جانتے ہین اس بات کو کہ وہی جھوٹے ہین ف جاننا چاہیے کہ قولہ تعالے یَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ ۔ دو وجہ کو محتمل ہی اول آنکہ مڑوڑتے زبان کو پس مائل کرتے منزل الٰہی سے طرف اپنی محرف کے تو دوم آنکہ عطف کرتے اور پھیرتے طرف شبہہ کتاب کے اور فرق دونون وجہ مین یہ ہی کہ اول وجہ مین تحریف حقیقی ہی یعنے جو اللہ تعالے نے نازل کیا اس نص کو چھوڑتے اور جو تبدیل کیا ہی اسکو پڑھتے تھے اور دوم صورت مین تحریف معنوی ہی یعنے نص کے ساتھ اس طرز سے زبان کو پیچیدہ کرتے کہ اس سے جو مراد صحیح ہی اسکے برخلاف کچھ اور وہم ہوتا اور مفسر کہتا ہی کہ وجہ اول مین لِتَحْسَبُوهُ یعنے کلام کو لینا زیادہ واضح ہی اور حاصل یہ کہ اپنے محرف کلام کو اسطرح زبان مروڑ کر پڑھتے کہ خیال کرو کہ وہ کتاب ہی جو اللہ تعالے نے اتاری ہی اور وجہ دوم پر اَلسنتہم اپنے حقیقی معنے پر اول ہی اور مفسر رحمہ اللہ کا ظاہر کلام اسکو مشعر ہی کہ وہ لفظی تبدیل نہ تھی بلکہ عطف زبان تھی جس سے تاویل مراد مین فرق و تحریف ہو جاتی تھی اور یہ قول مجاہد و شعبی و حسن و قتادہ و ربیع بن انس کا ہی کہ يَلْوُونَ أَلْسِنَتَهُم بِالْكِتَابِ ۔ ای تحریف کرتے تھے اسکو كَمَا ذَكَرَ ابن كثير بہذا المعنی ۔ اور کہا کہ ایسا ہی بخاری رحمہ اللہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ انہم یحرفون ویزیلون ولیس احد من خلق اللہ یزیل لفظ کتاب من کتب اللہ لکنہم یحرفونہ بتاویلہ علی غیر تاویلہ ۔ و حاصل آنکہ مخلوق خدا تعالے مین سے کسی کو یہ مجال نہین ہی کہ اللہ تعالے کی کسی کتاب مین سے کوئی لفظ مبدل کر دے لیکن یہ لوگ جو تحریف کرتے تھے تو جو اسکی تاویل ہی اسکے سوائے دوسری تاویل کرتے تھے ۔ اور وہب بن منبہ نے فرمایا کہ توریت و انجیل کو جیسا اللہ تعالے نے اتارا ویسے ہی تعیین انمین سے کوئی حرف متغیر نہین ہوا ولیکن یہود و نصاری تحریف و تاویل سے گمراہ ہوتے تھے یعنے بدلتے تھے اور دیگر کتابین اپنی طرف سے نقل لیتے و لکھتے تھے اور کہتے کہ یہ اللہ تعالے کی طرف سے ہی حالانکہ وہ اللہ تعالے کی طرف سے نہ تھی اور رہی وہ کتابین جو اللہ تعالے کی طرف سے تھین تو وہ محفوظ تھین انمین کچھ تحویل نہ تھی رواہ ابن ابی حاتم اور شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اس روایت کے معنے مین تنقید کی کہ وہب رحمہ کے کلام مین اگر کتب سے وہ کتب مراد ہین جو یہود و نصاری کے پاس موجود تھین اور ہین تو اسمین کوئی شک نہین ہی کہ انمین تبدیل و تحریف و زیادتی و کمی بہت کچھ ہی اور یہ اصل زبان مین نہین جنمین نازل ہوئی تھین بلکہ ان لوگون نے اسکو ترجمہ کیا پھر یہ ترجمے جو مشاہدہ ہین خواہ زبان عربی مین یا اور زبانون مین تو ان مین بہت چوک غلطی بھول ہی اور بہت کچھ بڑھایا ہوا اور بہت کچھ گھٹایا ہوا اور فاش وہم ہی اور یہ ایسا ہی جیسے اپنی سمجھ کے موافق کسی مضمون کو ادا کر دیا

پھران یہود و نصاری کی سمجھ کا یہ حال ہی کہ انہین سے بہتون کی بلکہ اکثرون کی بلکہ سب کی سمجھ بہت خراب ہی انھون نے جو کچھ حکم جیسا کچھ مذکور تھا
وہی نہین ترجمہ کیا بلکہ اسکو اپنی ناقص سمجھ کی کسوٹی پر رکھا اور اس سمجھ پر جو معنے خیال کیے وہ ترجمہ کر دیے ۔ پھر رحمہ اللہ کی مراد یہ ہی کہ وہ کتب
جو اللہ تعالے کی اُتاری ہوئی تھین وہ جیسی تھین واقعی ویسی ہی ہین مترجم کہتا ہی یہ قول شیخ ابن کثیر کا نہایت محقق ہی اور میرے نزدیک
یہی صحیح ہی اور اسی پر ائمۂ تحقیق کا مدار ہونا چاہیے اور حاصل اس تحقیق کا یہ ہی کہ علماے یہود نے مثلاً توریت کی تفسیر کی اور جو آیات انمین متاویل صحیح
تھین انکو اپنی راے ناقص پر دوسرے معنے پر اُتارا اور آخر جو کتابین اپنے قلم سے اپنے طور پر لکھین انمین یقین کر کے وہی معنے بجاے اس آیت کے
درج کیے جسکے معنے سمجھنے مین واقعی خطا کی ہی اور اسی پر انکا مدار ہوا پس اصل کتاب الٰہی تو محفوظ تھی ولیکن جو انکے درمیان ہاتھون ہاتھ منتقل ہوتی
رہی وہ تحریف و تبدیل و زیادت و نقصان سے اور خطاے فاحش و وہم سے بھر گئی جس سے ہرگز یہ معلوم نہین ہوتا کہ اصل حکم الٰہی کیا تھا اور اللہ تعالے کا
احسان ہی کہ قرآن مجید مین اہل تفسیر نے اصل کے ساتھ اپنی راے لکھی ہی ورنہ اگر اہل اسلام بھی عالمون کو اسیطرح ماننے لگتے کہ جو وہ کہین وہی ٹھیک ہی
اور جسکو حلال کہین حلال اور جسکو حرام کہین وہ حرام ہی تو اسمین بھی ویسی ہی تحریف ہو جاتی پس تمام حمد جناب باری تعالے کو ہی کہ اسنے مسلمانونکو
کتاب و سنت کی پیروی کی توفیق دی اور کسی عالم کو یہ مجال نہین ہی کہ مضمون کلام مجید کو الگ تحریر کرے اور وہ انہین ہو کہ کوئی مسلمان اسکو قبول کرے
ورنہ اسوقت علی الخصوص ایسے فرقہ پیدا ہوے ہین کہ وہ کلام مجید کے معنے مین نہایت غلط و بیجا تحریف کرتے ہین اور اپنی ناقص سمجھ پر شرم
نہین کھاتے ہین بخلاف اہل کتاب یہود و نصاری کے کہ معنے بدلتے اور جان بوجھکر دنیا و غیرہ کی ہوس سے ایسا کرتے تھے چنانچہ اللہ تعالے نے
فرمایا ۔ ویقولون علی اللہ الکذب وہم یعلمون ۔ ابن کثیر نے تفسیر مین کہا کہ اللہ تعالے یہود کے ایک فریق کی خبر فرماتا ہی کہ کلمات کو انکی جگہ اور موقع سے
تحریف کرتے اور کلام الٰہی کو بدل ڈالتے اور اسکی مراد سے ہٹا دیتے تاکہ جاہل اس کو ہم مین پڑھاوین کہ یہ کتاب اللہ ہی اور اسکو اللہ تعالے کی طرف صریح
نسبت کرتے حالانکہ وہ اللہ تعالے پر جھوٹ باندھا ہوتا تھا اور یہ لوگ جانتے بھی تھے کہ انھون نے اس سب مین اللہ تعالے پر جھوٹ اور افترا
باندھا ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ اگر کہا جاوے کہ قولہ وما ہو من الکتاب سے معلوم ہو چکا کہ یہ محرف یا شبہہ محرف نہین ہی کتاب سے پھر آگے کیون فرمایا ۔ و
یقولون ہو من عند اللہ وما ہو من عند اللہ ۔ تو بیضاوی وغیرہ نے جواب دیا کہ یہ اول کی تاکید ہی بایں معنے کہ اس سے اوپر تشنیع کامل ہی اور اس
امر کا بیان ہی کہ وہ لوگ اسکو تعمداً مجاز عمل کرتے تھے نہ تعریضاً اور معنے یہ ہین کہ لیس ہو بنازل من عند اللہ یعنے ہرگز یہ محرف اللہ تعالے کی طرف سے نازل
نہین ہی مترجم کہتا ہی کہ اس معنے سے معتزلہ کا اعتراض بھی دفع ہو گیا کہ معتزلہ نے اس آیۃ سے دلیل پکڑی کہ بندہ اپنے کاموں کا خالق ہی
کیونکہ لیّ اللسان بتحریف وکذب جو یہود کا فریق کرتا تھا اگر یہ فعل اللہ تعالے کا پیدا کیا ہوتا تو اس فریق کا یہ کہنا صحیح ہوتا کہ ہو من عند اللہ ۔
حالانکہ اللہ تعالے نے رد کر دیا کہ وما ہو من عند اللہ ۔ پس معلوم ہوا کہ یہ فعل اللہ تعالے کا مخلوق نہین بلکہ یہود کا پیدا کیا ہی اور جواب اسکا یہ ہی کہ
ما ہو من عند اللہ کے تو یہ معنے ہین کہ وہ اللہ کی طرف سے نازل کتاب نہین ہی اور اس سے یہ نہین لازم آتا کہ بندے کے کسب پر اسکو اللہ تعالے
کے پیدا نہین فرمایا ۔ کیونکہ یہ عام ہی اور نازل نفرمانا خاص ہی پس خاص کی نفی سے عام کی نفی نہین ہوتی ہی حاصل یہ کہ یہود نے جو تحریف کا فعل
کیا وہ اللہ تعالے کی تاثیر سے پیدا ہوا اور یہ نہین ہی کہ اللہ تعالے نے پیدا کر کے اسکو نازل کیا اور یہ صاف ظاہر ہی فافہم ۔

مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَنْ يُؤْتِيَهُ اللَّهُ الْكِتَابَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ

کسی بشر کا کام نہین کہ اللہ تعالے اسکو کتاب دیوے اور حکم اور پیغمبری پھر وہ لوگون سے کہے کہ

كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبَّانِيّٖنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتٰبَ وَبِمَا كُنْتُمْ

تم میرے بندے ہو اللہ کو چھوڑ کر ولیکن تم اللہ والے ہو جاؤ جیسے کہ تھے تم سکھاتے کتاب کو اور

تَدْرُسُوْنَ ۝ وَلَا يَأْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ۭ اَيَاْمُرُكُمْ

جیسے تھے تم پڑھتے اور نہیں کہہ سکتا تمکو کہ تم بنالو فرشتوں کو اور نبیوں کو رب کیا تم کو کفر سکھلاویگا

بِالْكُفْرِ بَعْدَ اِذْ اَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ ۝

بعد اسکے کہ تم مسلمان ہو چکو

ونزل لما قال نصاری نجران ان عیسی امرہم ان نتخذہ ربا او لما طلب بعض المسلمین السجود لہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ مترجم کہتا ہی کہ حکم نظم قرآن مجید کا ظاہر ہی خواہ سبب نزول معلوم ہو یا نہو لیکن بسبب نزول سے ایک بصارت زیادہ ہو جاتی ہی پھر چاہتا چاہیے کہ مفسر جلے اس آیت کے سبب نزول میں دو قول نقل کیے اور معلوم نہیں کہ اصل سبب کون امر واقع ہوا یا دونوں واقع ہوے یا دونوں باتیں اسکے حکم میں داخل ہیں واللہ اعلم

بہرحال محمد بن اسحٰق رح نے عن محمد بن ابی محمد عن عکرمہ او سعید بن جبیر عن ابن عباس رض روایت کی کہ جب یہود کے علما اور نجران کے نصاری جمع ہوے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اور آپ نے انکو اسلام کی دعوت کی تو ابو رافع قرظی یہودی نے کہا کہ ای محمد کیا آپ چاہتے ہیں کہ ہم آپ کو اسطرح پوجیں جیسے عیسٰے کو نصاری پوجتے ہیں پس اہل نجران میں سے ایک شخص نے جسکو رئیس کہتے تھے کہا کہ ای محمد کیا آپ ہم سے یہ چاہتے ہیں اور اسی کی طرف ہمکو بلاتے ہیں یا ایسا ہی کچھ کہا۔ تو حضرت صلعم نے جواب دیا کہ معاذ اللہ اسسے پناہ مانگتا ہوں کہ ہم سوائے اللہ تعالے کے کسی کو پوجیں یا ہم غیر اللہ کی عبادت کا حکم کریں مجھے اللہ تعالے نے اسواسطے نہیں بھیجا اور نہ اسکا حکم کیا یا ایسا ہی کچھ حضرت صلعم نے جواب دیا پس اللہ تعالے نے اسی معاملہ میں نازل فرمایا۔ قولہ ما کان لبشر ان یوتیہ اللہ الکتاب تا قولہ تعالے اذ انتم مسلمون یعنے بعد ازانکہ تم مسلمان ہو جاؤ۔ کذا ذکرہ ابن کثیر۔ اور معالم میں اسکو عطا رح کی طرف منسوب کیا اور کہا کہ مقاتل و ضحاک نے فرمایا کہ یہ آیت نصاری نجران کی رد میں نازل ہوئی کہ ان لوگوں نے کہا تھا کہ عیسٰے نے ہمکو حکم دیا ہی کہ ہم اسکو رب بناویں۔ یہی قول مفسر رح نے ذکر کیا اور دوسرا قول یہ قول ہی کہ مسلمانوں میں سے ایک مرد نے کہا کہ یا رسول اللہ ہم آپ پر سلام کرتے ہیں جیسے ہمارا بعض بعض پر سلام کرتا ہی بھلا ہم آپکو سجدہ کیا کریں آپ نے فرمایا کہ معاذ اللہ نہیں چاہیے کہ کوئی کسی کو سجدہ کرے فقط اللہ تعالے ہی کو سجدہ کرے ولیکن تم اپنے نبی کی تعظیم تکریم کرو اور حق دار کا حق پہچانو۔ ذکرہ محی السنۃ والبیضاوی وغیرہما۔ ما کان۔ ینفی۔ یعنے کان بمعنے ینفی ہی یعنے نہیں لائق ہی لبشر کسی بشر کو یعنے کسی کو نہیں پہونچتا اور کسی کو روا نہیں ہی کیونکہ بشر ہونا اس امر کے منافی ہی کہ وہ رب ہو پھر کیونکر بشر ہو کر کہہ سکتا ہی کہ تم مجھے رب بناؤ اور میری عبادت کرو اور بشر بھی کیسا کہ جاہل نہیں بلکہ فرمایا۔ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ۔ اللہ تعالے نے اسکو علم کتاب الہی دیا اور فقط علم ہی نہیں بلکہ فرمایا۔ وَالْحُكْمَ۔ ای الفہم للشریعۃ۔ یعنے شریعت کی سمجھ بھی اسکو دیدی اور یہ ایک نور حضرت حق عزوجل کیطرف سے ہوتا ہی جیسا کہ تفسیر اسکی سابق میں گذری ہی پھر علم و سمجھ ہی نہیں بلکہ خاص جبلت و عہد و پیمان سے سرفراز کیا ہوا چنانچہ فرمایا۔ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ۔ اور نبوت دی پھر وہ لوگوں سے کہے کہ تم اللہ تعالے کو چھوڑ کر میرے بندے ہو جاؤ۔ فف کیونکہ اس بڑی منزلت سے نبی کو اپنا بندہ ہونا اور سب کا محتاج بندہ ہونا اور حضرت حق عزوجل کا پاک کامل پروردگار جامع جمیع صفات کمال ہونا خوب واضح ہو جاتا ہی پھر وہ کیونکر کہیگا کہ اللہ تعالے کو جو مستحق عبادت معبود ہی چھوڑ کر میری بندگی کرو

ع ۱۶

لہ یعنے عبارت اسکو تنظیم کے ساتھ نظم کرتے ہیں کہ نظم کے معنے ہیں موتی پرونا الخ ۱۲

وَلٰكِنْ یقول ۔ ولیکن یہ بشر کہیگا کہ ۔ كُوْنُوْا رَبّٰنِيّٖنَ ۔ تم ربانی ہوجاؤ یعنے علماے عاملین منسوب الی الرب بزیادۃ الالف والنون تفہیما ۔ یعنے ربانیین جمع ربانی ہی اور معنے اسکے علماے عاملین ہی اور یہ منسوب ہی رب کی طرف اور اسمین تفہیم یعنے بھاری بھرکم ہونے کے واسطے الف ونون بڑھادیا گیا جیسے بھاری گردن والے کو رقبانی اور بھری داڑھی والے کو لحیانی کہتے ہین وذکرہ البیضاوی وغیرہ اور یہ قول سیبویہ کا ہی اور حضرت ابن عباسؓ وابو رزین اور بہتیرے علماے ربانی سلف سے کونوا ربانیین کے یہ معنے مذکور ہین ای حکما، علما، ہوجاؤ یعنے اس حکمت کو حاصل کرو جو اللہ عزوجل نے اپنے پیغمبرون کو عطا کی ہی اور اس سمجھ کے جاننے والے ہوجاؤ جو علم نبوت سے حاصل ہوتی ہی اور عقل کلی اور عقل سلیم حاصل کرو اور حسن بصری اور بہتیرے تابعین نے فرمایا کہ فقہاء ہوجاؤ اور فقہ بھی ایسی ہی سمجھ کو کہتے ہین اگرچہ مرتبہ اول اعلی تر ہی اور قول دوم ادنی کو بھی شامل ہی اسیواسطے یہ قول بھی ابن عباس وسعید بن جبیر وقتادہ وعطاء وعلیہ وربیع سے مروی ہی اور ایسا شخص بڑا پرہیزگار وعابد ہوگا اسیواسطے اہل عبادت واہل تقوی کے معنے بھی حسنؒ سے مروی ہین اور بعض نے کہا کہ ربانی وہ شخص جو لوگون کو تربیت کرے اسطرح کہ پہلے چھوٹے علم سکھاوے پھر بڑے جیسے حضرت رب تبارک وتعالے بندون کو آسانی کے ساتھ تعلیم فرماتا ہی اور روایت ہی کہ جب حضرت ابن عباسؓ کا انتقال ہوا تو محمد بن الحنفیہ فرزند حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ آج اس امت کا ربانی انتقال کرگیا ۔ اور ابو عبیدہ نے کہا کہ میرا گمان ہی کہ یہ لفظ عبرانی یا سریانی ہی ۔ بہرحال یہ نصاری پر رد ہی کہ انھون نے حضرت عیسیٰ پر افترا باندھا ایسی بات کا جو وہ نہین کہہ سکتے اور نہ انھون نے کہی ہی اور جو کچھ انھون نے کہا اسکو چھپایا اور یہ ان اہل کتاب کا دستور ہی چنانچہ پہلے اللہ تعالے کے افترا باندھنا مذکور ہوا اور یہان اللہ تعالے کے رسولون پر افترا باندھنا مذکور ہی کہ انھون نے کہا ہمکو رب بناؤ حالانکہ انھون نے ایسی تعلیم نہین کی بلکہ برعکس کہا کہ کونوا ربانیین تم اللہ والے ہوجاؤ ۔ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ ۔ بالتخفیف والتشدید ۔ تعلمون تخفیف اعلم قراءۃ ابن کثیر وابو عمرو نافع کی ہی یعنے آنکہ بسبب تمہارے جاننے کے کتاب کو اور تشدید کے ساتھ از تعلیم باقیون کی قراءۃ ہی مخالف مفعول ای تعلمون الناس الکتاب ۔ یعنے بسبب تمہارے سکھلانے کے لوگون کو کتاب آلہی ۔ وَبِمَا كُنْتُمْ تَدْرُسُوْنَ ۔ ای بسبب ذلک خان فائدۃ ان تعلموا ۔ اور بسبب امر مذکور کے یعنے اپنے عالم یا معلم اور دارس ہونے کے ربانی ہوجاؤ کیونکہ فائدہ اسکا یہی کہ عمل کرو اور درس سے مراد کتاب کو پڑھنا اور اسکے الفاظ کو حفظ رکھنا ہی اسی وجہ سے مکی نے اول مین تشدید کی قراءۃ کو راجح کہا ہی کہ پڑھانا اور پڑھنا دونون آگیا اور اسمین دلیل ہی کہ جاننا علم حق کا اور سیکھنا سکھلانا جس سے اسپر عامل ہوتا ہی اور اسی پر کاربند ہوتا ہی اسی سے ربانی ہوتا ہی پس جو شخص اس قصد سے نہ حاصل کرے بلکہ نام آوری وغیرہ مقصود ہو اسنے اپنے کو برباد کیا اور وبال مین پڑا اور اسی سے حدیث مین بناہ مانگنا مذکور ہی اللھم ربی اعوذ بک فاغفرلی ووفقنی ۔ وَلَا يَاْمُرَكُمْ ۔ بالرفع استیناف ای اللہ والنصب عطفا علی یقول ای لیس لبشر اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ۔ یعنے یامر برفع قراءۃ ابن کثیر اور ابو عمرو ونافع رحمہم اللہ کی منجملہ قراءت مشہورہ کے ہی پس جملہ مستانفہ ہوگا اور فاعل اسکا حضرت حق عزوجل ہی المعنے اور نہین حکم دیتا ہی تمکو اللہ تعالے یہ کہ ملائکہ ونبیون کو پروردگار بناؤ ۔ اور ابن عامر وکوفیون کی قراءۃ مین یامر منصوب ہی بنابر یہ کہ ثم یقول پر عطف ہی پس فاعل اسکا بھی وہی بشر ہی اور لا کا بڑھانا بغرض تاکید معنے نفی ہوگا المعنے یہ کہ اور نہین روا ہی کسی بشر کو جسکو اللہ تعالے صفات مذکورہ سے موصوف کرے ونبی کرے پھر حکم دے وہ لوگون کو کہ میرے بندے ہوا للہ کو چھوڑکر اور حکم دے یہ کہ ملائکہ ونبیون کو رب بناؤ ۔ یا یون کہا جاوے کہ نہ یہ حکم کریگا کہ اپنے ہم جنسون کو پروردگار بناؤ ۔ جیسے صابیہ نے ملائکہ کو رب بنایا اور یہود نے عزیر کو اور نصاری نے عیسیٰ کو اور صابیہ مین اختلاف ہی

بعض نے کہا کہ ایک قوم ہی جو ملائکہ کی عبادت کرتے ہین اور بعض نے کہا کہ فرقہ از یہود یا نصاری ہی اور بعض نے کہا کہ فرقہ از مجوس ہی اور اسی پر
باب زکوۃ مین اختلاف ہی اور یہ مسئلہ فقہ مین ہی۔ أَيَأْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ بَعْدَ إِذْ أَنْتُمْ مُسْلِمُونَ۔ لاینبغی لہ ہذا۔ کیا وہ تمکو مسلمان
ہو جانے کے بعد کفر کرنے کا حکم کریگا۔ یہ اسکو لائق ہی نہین ہی۔ یعنے استفہام یا ین معنے ہی کہ اسکو ایسا کرنا سزاوار نہین ہی اور بیضاوی نے کہا
کہ اسمین دلالت ہی کہ یہ خطاب مسلمانون کو ہی اور انھین نے حضرت صلعم سے اجازت چاہی تھی کہ آپکو سجدہ کیا کرین مترجم کہتا ہی کہ حدیث مین ہی
کہ دروازہ مسجد پر اونٹ نے آپکو سجدہ کیا آپ مسجد مین تھے یہ دیکھکر بعض صحابہ نے عرض کیا کہ جانور آپکو سجدہ کرتے ہین ہم زیادہ مستحق ہین کہ سجدہ
کرین آپ نے انکو منع کیا کہ اللہ عزوجل ہی کو سجدہ کرو اور میری تکریم کرو جیسا کہ اصل حدیث مین مصرح ہی واللہ اعلم شیخ نے عین الحیات
مین لکھا کہ۔ قولہ ما کان لبشر ان یوتیہ اللہ الکتاب الآیۃ۔ جس شخص کو اللہ تعالے نے اپنی درگاہ کی نزدیکی اور مشاہدہ دینے کے ساتھ مخصوص فرمایا
اسکو یہ روا نہین ہی کہ اسکا دل اسطرف جھکے کہ مخلوق کے نزدیک رئیس بنے اور چاہے کہ یہ لوگ میری خدمت کرین اور یہ نہین کہ حضرت حق عزوجل
کے جلال عظمت کے سامنے اپنی بھی وہ کچھ قدر و قیمت خیال کرے اسواسطے کہ جو شخص درجۂ توحید کو پہونچ گیا وہ اپنے نفس کا کچھ بھی وزن نہین
سمجھتا کیونکہ اسکو عظمت و جلال حق کی تجلی ظاہر ہو جاتی ہی اس تجلی پر وہ اپنے آپکو ناپید و معدوم جانتا ہی بلکہ جانتا ہی نہین پھر وہ اس بات پر
ہمیشہ خجل و شرمندہ رہتا ہی کہ حق عزوجل کے وجود پاک کے سامنے اسکا بھی کچھ وجود ہو پس اللہ عزوجل سے بیزار کرکے چاہتا ہی کہ فنا ہو جاوے
لیکن جبکہ وہ اپنے اوپر اللہ تعالے کی نعمتین دیکھتا ہی کہ جمال کشف فرمایا اور قرب وصال عطا اور جلال و عزت و کبریا و عظمت و قہر و لطف سے
سرفراز کیا تو مخلوق پر انکے حال پر افسوس کرکے مہربان ہوتا ہی اور انکو بھی اللہ عزوجل کی بندگی اور اسکی مرضیات طلب کرنے کی طرف بلاتا ہی اور یہی
ہین معنے قولہ تعالے ولکن کونوا ربانیین۔ یہ حکم ہی حضرت حق عزوجل کی طرف سے اپنے انبیاء اولیا کو یعنے تم لوگ میری صفت سے موصوف
ہو جاؤ جیسا کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تخلقوا باخلاق الرحمن۔ یعنے حضرت حق عزوجل کے اخلاق سے اپنے آپکو آراستہ کرو۔ اور یہ وصف
ایسے شخص کا ہی جسکو اللہ تعالے نے جمال ازلی و جلال ابدی کے پاک نور کا لباس پہنایا ہی اور یہ لباس اسکو پہلے اس سے پہنایا کہ وہ مٹی کا بشر موجود
ہو پس وہ صبح قدم ہی کے نور سے اسیوقت منور ہو گیا تھا کہ جب اشباح و اجسام عدم مین تھے پھر جب اللہ تعالے نے ارواح کو ان شکلون
مین بسایا اور اس اندھیرے مین داخل کیا تو انکو خطاب انبساط سے مخاطب کیا یعنے ایسے خطاب سے کہ جس سے انکا خوف ذرا کم ہو پس
فرمایا کہ تم لوگ پانی و مٹی کی طرف اپنی نسبتین مت لگاؤ بلکہ اللہ تعالے کی طرف نسبت لگاؤ یعنے اپنی خواہش نفسانی کے پابند مت ہو تاکہ اس سے
اپنے جسم کو جو پانی مٹی کا پتلا ہی قوی کرو اور حیوان کہلاؤ بلکہ ایسے کام کرو جس سے تمھارا منسوب ہونا حضرت حق عزوجل کی طرف درست ہو
اور یہ اسطرح کہ اللہ عزوجل کی محبت سے آراستہ ہو اور مکاشفہ و مشاہدہ حاصل کرو اور اوتعالے کی صفات کاملہ سے متصف ہو اور حضرت
عزوجل کی درگاہ مین پہونچکر دین سے تربیت حاصل کرو۔ پھر جاننا چاہیے کہ وجود ان لوگون کا اللہ تعالے کے فعل خاص ذاتی قدمی سے
ہی اور یہ لوگ ویسے نہین ہین جنکا وجود بامر کن ہوا کیونکہ امر تو عوام کے واسطے ہی اور فعل ان لوگون کے واسطے ہی جو خاص ہین اور ساتھ
ہی یہ بھی جان رکھنا چاہیے کہ اوتعالے شانہ تشکل سے اور شبہہ سے اور خیال و اوہام و کسی کی سمجھ مین آنے اور خود سمجھ سے اور نیز جزء یا کسی کا جزء ہونے
یا کل یا کسی کا کل ہونے سے اور بعض ہونے سے اور ہر صورت و شکل و زمانہ و مکان سے ان سب باتون سے پاک برتر ہی۔ قولہ تعالے بما کنتم تعلمون الکتاب و بما کنتم
تدرسون۔ یعنے خاصکر کے تمکو علم لدنی اور علم کتاب و سنت اور علم شریعت عطا ہوا ہی اسکی وجہ سے تمپر لازم ہی کہ اس تشکل انسانیت سے اور اوصاف
بشریت سے باہر ہو جاؤ۔ اور شیخ جعفر صادقؒ نے قولہ کونوا ربانیین۔ مین کہا کہ دل کے کانون سے سننے والے اور غیب کی آنکھون سے

دیکھنے والے ہو جاؤ اور بعض نے فرمایا کہ کونوا ربانیین۔ ای اللہ والے عالم اور اللہ کے بندوں سے علم کرنے والے ہو جاؤ۔ مفسر جم کہتا ہے کہ یہ قول ابن عباس رض وغیرہم کا ہے جیسا کہ مذکور ہوا اور شیخ ابن عطا نے کہا کہ تم لوگ اپنی پہلی تربیت کو معائنہ کرو تاکہ ان سب آفتوں سے چھوٹ جاؤ اور نیز فرمایا کہ ان نیکوں کو اس خطاب سے نکال لیا جو اوروں سے بندگی کا خطاب کیا ہے۔ اور واسطی رحمۃ اللہ نے کہا کہ تم اپنی تربیت کی اوقات اور تقدیر کو جو آدم علیہ السلام سے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے تھی معائنہ کرو پس آدم کی طرف نسبت لگانا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر فخر کرنا اس ذات پاک کی طرف نسبت نہیں ہے جسنے تمکو ازل میں مقدس کیا ہے۔ اور نیز کہا کہ قولہ کونوا ربانیین۔ ای تم لوگ مانند ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ہو جاؤ کہ جب انپر دو امور طاری ہوتے تھے جن سے آدمی گھبراتے ہیں تو انکے دل پر کچھ اثر نہیں کرتے چنانچہ انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بدر کے روز کہا کہ یا رسول اللہ یہ اصرار و الحاح آپ کچھ کم کر دیجیے کہ اللہ تعالے جو آپ سے وعدہ فرماتا ہے اسکو پورا کریگا۔ اور نیز واسطی رح نے اس آیت میں کہا کہ ابراہیم علیہ السلام کو استسلام کا حکم دیا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو علم کا حکم دیا چنانچہ فرمایا فاعلم۔ پس استسلام تو یہ ہے کہ بندگی کا اظہار کرے اور علم وہ ہے کہ اسکے وسیلے سے ازلیت و ابدیت تک رسائی ہوتی ہے اسیواسطے انکو قولہ کونوا ربانیین سے خطاب کیا۔ اور شیخ جنید نے کہا کہ حق تعالے نے انکو خلق سے ایک بارگی صریح الگ کرکے نکالا اور حق عزوجل کی طرف انکو اشارہ سے جذب کیا پھر اگر تجکو منظور ہو کہ تجھے معلوم ہو جاوے کہ خلق کے مقامات و بواطن عالم حقیقت میں کیونکر ہیں تو تجکو لازم ہے کہ انکے اخلاق میں کہ کیونکر متصرف ہیں نظر ڈال پس تو ہر ایک شخص کو اپنی خاص شخصی حالت پر الگ پاویگا پس جو بات اسکی سیرت سے موافق ہوگی اسیکا یقین کریگا پھر دیکھنا چاہیے کہ دل کا ربط کس سے ہے پس سر باطنی کا حال کھل جائیگا کیونکہ اس ربط و ارتباط کا منشا وہی مصدر اول ہے پس اگر از لی لگاؤ ہے اسکو خوش آتا ہے اور جو اسپر پیشوا آوے اس سے ناخوش ہو جاتا ہے تو اسکی باطنی حقیقت کھل گئی کہ وہ اللہ تعالے کی ربوبیت میں جھگڑا کرتا ہے اور اسکی بندگی میں متمرد ہے اگرچہ اسکو خود اسکا شعور نہو۔ اور بعضے عارفوں نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے انکو آدم سے باہر کیا تاکہ اس پانی مٹی پر فخر کرنا چھوڑیں اور اللہ تعالے کی بندگی سے نسبت پیدا کریں۔ اور شیخ شبلی نے فرمایا کہ بندگی کرنے کا خطاب جو انکو فرمایا ہے اس سے انکو خارج کیا پس جسنے استحقاق علم حاصل کیا وہ علم ربانیت کا مستحق ہے اور ربانی وہ ہے جو سوائے رب تعالے کے اور کسی سے علوم نہیں لیتا اور نیز علم کے ظاہر ہونے میں اللہ تعالے ہی کی طرف رجوع فرماتا ہے۔ اور واسطی نے اس آیت میں کہا کہ قولہ کونوا ربانیین۔ اگر تو فرزند از لی ابد ہو تو تیرے لیے اس سے بہتر و عمدہ کچھ نہیں کہ تو فرزند آب و گل ہو اور افعال و احصاء و عدد کا بیٹا بنے۔ اور شیخ سہل نے فرمایا کہ ربانی وہ ہے جو عالم باللہ تعالے اور عالم باامر اللہ تعالے ہو اور اسکو علوم اللہ میں سے وہ کچھ کشف کیا گیا ہو اور نیز فرمایا کہ ربانی وہ ہے جو اپنے پروردگار کے مقابلہ میں کسی حال کو اختیار نہیں کرتا۔ اور عمر بن بکر رح نے فرمایا کہ کونوا ربانیین کے یہ معنے ہیں کہ اللہ تعالے سے سننے والے اور اللہ تعالے کے ساتھ بولنے والے ہو جاؤ قال المترجم یعنے سماعت اور سننا تمہارا تمسے نہو بلکہ خدائے تعالے سے ہو اور بولنا تمہارا بھی اللہ تعالے کے ساتھ ہو جیسا اسکا حکم ہو تو تمہاری طرف سے نطق صادر ہو اور فضیل بن العیاض الشکلی نے فرمایا کہ قولہ کونوا ربانیین۔ ای مانند ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کے ہو کہ جب محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تو جسقدر اسرار باطنی تھے سب مضطرب ہو گئے اور آپکی وفات سے انکو اضطراب پہونچا مگر سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ انمیں مستقل رہا چنانچہ ابوبکر رض نے کہا کہ من کان منکم یعبد محمدا فان محمدا قد مات و من کان یعبد اللہ فان اللہ حی لا یموت۔ یعنے جو شخص تم میں سے محمد کو پوجتا تھا تو وہ البتہ مضطرب ہو کیونکہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے انتقال کیا اور جو شخص کہ اللہ عزوجل کو پوجتا تھا تو اللہ تعالے زندہ ہے وہ کبھی نہیں مریگا۔ حاصل یہ کہ آخر یہ اضطراب کیوں ہے کیونکہ آنحضرت صلعم نے اللہ عزوجل کی طرف راہ دیدی پس اللہ تعالے زندہ ہے وہ کبھی نہیں مریگا

اشارہ بقولہ تعالے اولئک حزب اللہ الا ان حزب اللہ ہم المفلحون

اشارہ بقولہ تعالے ان اللہ لا یحب الفساد

اور محمد صلعم کو کوئی نہین پوچتا تھا کہ اس سے بیحد اضطراب ہوا۔ قاسم رح نے فرمایا کہ کونوا ربانیین۔ یعنے آراستہ باخلاق حق ہو اور حلم والے عالم ہو جاؤ اور بعض نے فرمایا کہ ربانی وہ ہی جو اپنے نفس کو اللہ تعالے کی یاد مین بھولا اور اپنی اوقات کو اسکے اوقات مین بھولا اور اپنی عمر و رزق کو اسکی صفات مین بھولا پھر اسکی صفات نے اس شخص کو اسکی ذات پاک کی طرف جذب کیا اور اسکی ذات نے اسکو مالک صفات کیا بعض نے کہا کہ ربانی وہ ہی جس سے اسکے نفس کا سایہ اٹھ گیا اور وہ سایہ وجود کے تحت مین زندہ رہا اور بعض نے کہا کہ ربانی وہ ہی جو اپنے وجود سے گم ہوا اور اپنے شہود سے محو ہوا اور بعض نے فرمایا کہ ربانی وہ ہی جسمین قدم کی تقادیر موثر نہون۔ اور حاصل اسکا یہ ہی کہ تقدیر مین جو کچھ جسکے واسطے لکھا گیا ہی اسکے واقع ہونے سے اسمین کچھ تغیر نہو بلکہ انکو خوبی کے ساتھ برداشت کرے اگرچہ اس سے کتنے ہی مخالف ہون۔ اور بعض نے کہا کہ ربانی وہ ہی کہ کوئی محنت اسکو نفرت نہ دلاوے اور کوئی نعمت اسکو جنبش نہ کرے اپنی طرف نہ لاوے پس وہ تقادیر قضا و قدر کے ساتھ اگرچہ مختلف ہون ایک حال پر رہتا ہی اور بعض نے فرمایا کہ ربانی وہ ہی جو کسی امر کے اسپر وارد ہونے سے اثر پذیر نہو پھر اگر کوئی شخص اپنے یا کسی کے قلب کی رقت نے یا کسی امر کے ہجوم کی استقامت نے یا کسی امر نے جسمین اسکو خطرات پیدا ہوے ہین اسکے دل کو اپنی طرف پھیرا تو وہ ربانی نہین ہی۔ اور بعض نے فرمایا کہ ربانی وہ ہی جو حوادث یعنے واقعات مین سے کسی واقعہ کے ہونے پر زبان سے اور دل سے کچھ پروا نہ کرے اگرچہ وہ شرع مین سے کسی چیز کے کرنے مین تقصیر کرے۔ اور بعض نے کہا کہ قولہ بما کنتم تدرسون۔ یعنے جو کچھ تمنے درس پایا ہی یہ کہ میرے احسان تمپر ہی دریافت ہوے اور میری نعمت تمپر ہویدا ہوی۔ اور بعض نے کہا کہ قولہ بما کنتم تعلمون الکتاب و بما کنتم تدرسون۔ یعنے میری آیات و نعمتین اور جو کچھ مین نے تمہارے امور کی تولیت و پرداخت فرمائی ہی۔ قولہ تعالے ولا یامرکم ان تتخذوا الملائکۃ والنبیین ارباباً۔ وہ تمپر احسان نہین رکھتے کہ تمکو انھون نے تعلیم دیا ہی خواہ انکی پاکیزگی بیان کرو یا نہ کرو پھر۔ وہ لوگ اپنے دلون سے کبھی اپنے درجون کی طرف اور اپنی تمکین کی طرف التفات نہین کرتے ہین اور جانتے ہین کہ وہ لوگ بھی دیوان الوہیت مین اور ربوبیت مین ایسے ہی ہین جیسے ہر شی ہین ہر شی ہوتی ہی اور وہ لوگ اللہ عزوجل کی عظمت کے مقابلہ مین تمام مخلوق کو مع اسکے جو کچھ اسمین ہی اور جو لوگ اسمین ہین مثل ایک ذرہ کے بمقابلہ آسمان و زمین کے خیال کرتے ہین اور اپنی ذاتی امور کے واسطے اللہ تعالے کے حکم کے درمیان کچھ تعرض نہین کرتے ہین اور یہ جانتے ہین کہ حق عزوجل کا حکم تمام امور پر غالب ہی اور وہ لوگ بھی اور مخلوق کے مانند اللہ تعالے کے حکم کے مامور ہین۔ قولہ ایامرکم بالکفر بعد اذ انتم مسلمون۔ یہ لوگ بزرگ جو خلق کی طرف آتے ہین تو اسلیے آتے ہین کہ اپنے اسرار باطنی کو تمام مخلوق و حوادث سے اللہ تعالے کی خالص عبودیت مین پاک و مہذب کرین اور ان مخلوق کو اسرار حقیقت اور انوار شریعت اور اللہ تعالے کی وحدانیت اور اسکی صفات کی پاکیزگی اور اسکے بقا و جمال و جلال کی عزت کی خبر دیتے ہین اور تمکو حکم دیتے ہین کہ حبل اللہ المتین کو مضبوط پکڑ لین اور یقین کے ساتھ خالص ایمان کمین۔ اور شیخ ابن عطا رح نے کہا کہ وہ لوگ بسبب اسکے کہ اللہ تعالے کے منظور نظر ہین اسکے خطاب کا موقع قرار دیے گئے ہین مگر انکے ہاتھ مین نفع و ضرر مین سے کچھ نہین ہی پھر ہمارا جو لوگ انکے سوا ہے ہین انکی کیا کیفیت رہی کہ انکے ہاتھون مین کچھ بھی اختیار نفع و ضرر نہوگا۔ قال الامام قشیری۔ قول جو شیخ ابن عطا رح سے شیخ نے نقل فرمایا یہ تو بلا خلاف سب سلف کا قول ہی اور علما و فقہا و مجتہدین اسمین کوئی مختلف نہین ہی ولیکن مین دیکھتا ہون کہ اس زمانہ کے لوگ جو دین و راہ حق اور اسرار باطن سے بالکل بے خبر ہین اس بات مین تامل کرتے ہین اور یہ خود اپنے ایمان مین نقصان ڈال لیتے ہین اور ان بزرگون کی شان مین کمی کرتے ہین جنہون نے کہ اس مقام کے سر خفی سے جو سابق مین مذکور ہوا ہی مرد فطنین پر خود ظاہر ہو گیا واللہ الموفق۔ اور اسی لیے اللہ تعالے نے اس آیت مین فرمایا کہ تم لوگ اپنے اسرار باطنی سے انکی تعظیم کو اپنے دلون مین مت لاؤ اور یہ کہ انکے معانی مین کفر لاؤ اور جان لو کہ ایسی

لہ اللہ تعالے کی مخصوص نظر عنایت اور توجہ خاص کے لیے اسلام اور اہل اسلام کی دشمنی کفر ہے

ربوبیت ہو جسنے عبودیت کو پیدا کیا ہو مترجم کہتا ہو کہ شاید مراد یہ ہو کہ ان بزرگون کی تعظیم اگر تم اپنی خاطر مین لاؤ گے اور اسکا تصور باندھو گے تو وہ قریب اس تعظیم کے ہوگا جو اللہ تعالے عزوجل کی عظمت کو دل مین لاتے ہو کیونکہ اللہ تعالے کی اصلی عظمت تو کچھ بھی نہین سماتی ہو یہ عظمت جو تصور ہوتی ہو یہ بھی صرف وہم خالص نہین ہو سکتی کیونکہ وہ کثیف انسانی موجود ہو پس عظمت تصوری بھی نقصان کے ساتھ ہوتی ہو اور بعد حضرت عزوجل کے ان انبیاء علیہم السلام کی تعظیم خیال مین خطور کرتی ہو اور یہ چونکہ اپنی اصل مین بھی ناقص ہو اور اس سرباطنی مشوب سے اسکا تصور آسکتا ہو جیسا چاہیے تو وہ قریب قریب عظمت الٰہی عزوجل کے گمان مین ہو جاتا ہو اور یہ منع ہو اگرچہ بعد از ضد ابزرگ توئی - یہ قول درست ہو - پھر یہ وہم ہوتا تھا کہ جب انکی تعظیم نہ آئی تو کیا کفر آوے نعوذ باللہ منہ اسکو رفع کر دیا کہ کفر تو انکے معانی کا انکار ہو پس ہرگز انکار نہ کرے اور پورا اقرار کرے ہان صرف ملاحظہ عظمت و تصور مین کلام ہو فافہم شیخ نے کہا کہ ابن عطاء نے فرمایا کہ خبردار تو ہرگز کسی مخلوق کو ملاحظہ مت کر درحالیکہ تجکو حق عزوجل کی طرف ملاحظہ کی راہ ملتی ہو فرمایا اللہ تعالے نے - ولا یامرکم ان تتخذوا الملائکۃ الآیۃ - اور واسطی نے اس آیت مین کہا کہ انکو اللہ تعالے نے اپنے خطابات کا محل اور اپنے معاملات کا مقام قرار دیا پھر فرمایا یامرکم بالکفر بعد اذ انتم مسلمون - یعنے کیا تم کو حکم کریگا کہ حق عزوجل سے پردہ و دوری مین پڑ جاؤ بعد از انکہ تم نے حق عزوجل کا معاینہ پا لیا ہو یا یہ حکم کریگا کہ غیر سے ملکر حق عزوجل سے دور ہو جاؤ - اور بعض نے کہا کہ بھلا تمکو حکم کریگا ایسے شخص کی طرف توسل چاہنے کا کہ اسکا خود ہی کوئی وسیلہ سوائے حق عزوجل کے نہین ہو - اور بعض نے کہا کہ اسکے یہ معنے ہین کہ بھلا تم کو حکم دیگا کہ شکلون کا معاملہ کرو اور حادث چیز کو خود اسکے مثل کیطرف نسبت دیکاؤ پیدا کرنے کا حکم دیگا بعد از آنکہ اسکے اسرار مین توحید کے انوار چمک چکے ہین اور دلون مین تفرید کے آفتاب چمک چکے ہین -

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ لَمَآ اٰتَيْتُكُمْ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ

اور جب لیا اللہ نے قرار نبیون کا کہ جو کچھ مین نے تم کو دیا کتاب اور علم پھر آوے تم پاس کوئی رسول

مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ ۭ قَالَ ءَاَقْرَرْتُمْ وَاَخَذْتُمْ عَلٰي

کہ سچ بتاوے تمہارے پاس والے کو تو اسپر ایمان لاؤ گے اور اسکی مدد کرو گے فرمایا کہ تم نے اقرار کیا اور اس شرط پر لیا میرا

ذٰلِكُمْ اِصْرِيْ ۭ قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا ۭ قَالَ فَاشْهَدُوْا وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ

بولے ہم نے اقرار کیا فرمایا تو اب شاہد رہو اور مین بھی تمہارے ساتھ شاہد ہون

فَمَنْ تَوَلّٰى بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ

پھر جو کوئی پھر جاوے اسکے بعد تو وہی لوگ ہے حکم چلنے والے ہین

وَاذْكُرْ اِذْ - یعنے یہ عطف قصہ کا قصہ پر ہو اور اذ ظرف جو گئے کے جملہ کی طرف مضاف ہو اسکو نصب بفعل محذوف اذکر ہو ای یاد کر یعنے بیان کر دے بایں طور کہ یاد دہانی و نصیحت ہو اور اذ مخففہ عین ہو اور ظاہر وجہ یہ ہو کہ یہ عہد لینا ازل مین ہوا جبکہ تحقیقی زمانہ کا وجود نہ تھا اور عین بھی اگرچہ زمانہ کے واسطے ہو مگر بعض اسکے جسدم کے آتے ہین پس تحقیقی زمانہ ہونا لازم نہین اور یاد رکھنا چاہیے کہ اگر کسی نے قسم کھائی کہ واللہ لاشربن ہذا الماء تو قسم مین جو مہینہ کی مدت بھی لی گئی ولیکن ادنی تامل سے یہ عقدہ حل ہو جائیگا اور یہان بمانند قولہ ہل اتی علی الانسان حین من الدہر - یعنے انسان پر ایک وقت ایسا گزرا کہ وہ کچھ بھی نہ تھا (ذکر) سمجھنا چاہیے اور یہ بنا بر آنکہ عہد کو ازل مین لیا گیا جیسا کہ محی السنہ نے کہا ہو کہ یہ عہد جسدم لیا گیا کہ اللہ تعالے نے آدم کی پشت سے انکی ذریات کو نکالا ہو اور امام رازی نے کبیر مین کہا کہ یہ میثاق

وہ ہی جو انکی عقلوں مین متقرر ہوا اُن دلائل سے جو دال ہین کہ اللہ تعالے کی فرمانبرداری واجب ہی اور قول اول صحیح ہی۔ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ النَّبِيّٖنَ۔ عہد ہم۔ میثاق بمعنے عہد ہی۔ لَمَا۔ بفتح اللام للابتداء و توکید بمعنے القسم الذی فی اخذ المیثاق و کسر ہا متعلقہ باخذ و ما موصولہ علی الوجہین ای للذی۔ اٰتَيْتُكُمْ۔ ایاہ و فی قراءۃ آتیناکم۔ یعنے لما مین دو قراءۃ ہین ایک قراءۃ بفتح لام اور یہی اکثر کی قراءۃ ہی بنا بر یکہ لام ابتداء ہی جسکو لام توطیہ قسم بھی کہتے ہین پس اس سے تاکید اس معنے قسم کی ہی جو میثاق لینے سے مفہوم ہین اسواسطے کہ عہد لینا قسم ہی اور دوسری قراءۃ بعض کی بکسر لام ہی پس متعلق اخذ ہی اور ہر دو صورت پر ما موصولہ ہی ای للذی یا لسبب۔ اس چیز کے جو مین نے تمکو دی اور مفسر رح نے آیاہ بڑھا کر اشارہ کیا کہ صلہ مین ضمیر منصوب جو راجع بجانب موصول ہی بسبب فصلہ ہونے کے روا ہی کہ محذوف ہو اور نافع رح کی قراءۃ مین اتیناکم بصیغہ جمع بروجہ تعظیم ہی ای آتیناکموہ۔ جسکو ہم نے تمکو دیا اور قولہ۔ مِّنْ كِتٰبٍ وَّحِكْمَةٍ۔ بیان اس موصول کا یا ضمیر صلہ کا ہی اور کتاب شامل ہی ہر مکتوب کو جو اللہ تعالے نے اپنے نازل فرمایا خواہ کتاب ہو یا صحیفہ اور حکمت اس کتاب کی فقہ یا اور خاص ہی جیسا کہ اوپر گذرا (المعنی) اور نصیحت کردے جسدم کہ اللہ تعالے نے نبیون کا عہد لیا قسمیہ بذریعہ اس چیز کے جو مین نے (یا ہمنے) تم کو کتاب و حکمت سے دی ہی۔ ثُمَّ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ۔ من الکتاب و الحکمۃ و ہو محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ پھر آوے تمھارے پاس ایسا رسول جو تصدیق کرنے والا ہو اس چیز کی جو تمھارے پاس ہو من یعنے کتاب و حکمت کی اور وہ رسول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین چنانچہ علی بن ابیطالب کرم اللہ وجہہ و ابن عباس رض سے روایت ہی کہ اللہ تعالے نے کسی نبی کو انبیا مین سے نہین بھیجا مگر آنکہ اس سے عہد لیا کہ جب مین محمد صلعم کو مبعوث فرماؤن اور تم اسوقت زندہ ہو تو۔ لَتُؤْمِنُنَّ بِهٖ وَلَتَنْصُرُنَّهٗ۔ البتہ محمد صلعم پر ایمان لائیو اور ضرور اسکی مدد کیجیو اور ہر نبی کو یہ بھی حکم دیا کہ اپنی امت سے یہ عہد لیوے کہ جب محمد صلعم مبعوث ہون اور تم لوگ اسوقت زندہ ہو تو ضرور اُنپر ایمان لاؤ اور انکی مددگاری کرو۔ اسیواسطے مفسر رح نے کہا۔ جواب القسم۔ ان ادرکتموہ و انتم تبع لہم فی ذلک۔ یعنے قولہ تعالے لتؤمنن الخ۔ جواب قسم ہی یعنے پیغمبرون کو کتابہ یکر قسم لی کہ جب پیغمبر آوے تو ضرور اسپر ایمان لائیو و اسکی نصرت کیجیو (بشرطیکہ تم اسکا زمانہ پاؤ) رہا یہ کہ انکی امت کو یہ حکم کیونکر ہی تو جواب دیدیا کہ انکی امت اس حکم مین بدرجۂ اولی انکی تابع ہی کیونکہ جس نبی کو یہ حکم ہی کہ محمد صلعم پر بشرط زندہ ہونے کے ایمان لاوے تو اسکی امت تو ضرور ہی اس حکم کی مامور ہی۔ اور تفسیر رسول کی صفت جو مصداق لما معکم۔ فرمائی ہی یہ الضاح حال واقعی ہی کہ یہ رسول ایسا ہوگا کہ اگلے رسول کی رسالت و کتاب و حکمت کی تصدیق فرماویگا اور یہ بھی ظاہر ہوا کہ یہ میثاق خاصکر محمد صلعم کے واسطے ہوا تھا جیسا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ابن عباس رض کی تفسیر سے ظاہر ہی اور یہی قتادہ و سدی کا قول ہی اور شیخ ابن کثیر نے تفسیر مین کہا کہ طاؤس و حسن بصری و قتادہ نے کہا کہ اللہ تعالے نے انبیا علیہم السلام سے عہد لیا کہ ایک دوسرے کی تصدیق کرین۔ پھر شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ یہ اسکے منافی نہین ہی جو ابن عباس اور حضرت علی رضی اللہ عنہما سے مروی ہی بلکہ اسکو مستلزم و مقتضی ہی اسیواسطے طاؤس سے مانند تفسیر حضرت علی و ابن عباس رض کے بھی مروی ہی۔ و عبد الرزاق مفسر جلیل کہتا ہی کہ توضیح یہ ہی کہ اللہ تعالے نے ہر پیغمبر سے اسکی امت کو اپنے مابعد کے آنے والے پیغمبر پر ایمان لانے کا حکم دیا اور سب سے آخر خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہین تو آپ کے لیے جمیع انبیا علیہم السلام سے عہد لیا گیا تھا اور حاصل یہ ہی کہ اللہ تعالے نے عہد لیا کہ پہلے نبی دوسرے نبی کے لائے ہوے پر ایمان لاوے جو کہ پہلے کی تصدیق کرنے والا ہوگا بشرطیکہ پہلا اسکا زمانہ پاوے پس ایمان لاوے و مدد کرے اور اگر نپاوے تو اپنی امت کو حکم کر جاوے کہ اگر وہ پاوین تو اسکی مدد کرین اور اسپر ایمان لاوین اور اس سب کی علت غائی یہ ہی کہ اسی سلسلہ سے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور مددگاری تمام جہان پر لازم آجاوے کیونکہ ہر امت مین رسول گزر چکا پس

مقصود اس عہد کے خاص نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں ابن کثیر نے کہا کہ پس مراد رسول سے وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم الانبیا ہیں - صلوات اللہ علیہم اور وہی امام اعظم ہیں کہ اگر وہ کسی زمانہ میں پائے جاتے تو انھیں کی فرمانبرداری واجب ہوتی اور وہی کل انبیاء علیہم السلام پر مقدم ہوتے حتی کہ اگر سب سے پہلے آپ کا ظہور ہوتا تو اسکے بعد کوئی پیغمبر نہو سکتا اور آپ کی خبر بھی سب انبیاء پر نہ پہونچتی - اسیواسطے شب معراج میں جب بیت المقدس میں سب انبیاء کے ساتھ مجتمع ہوے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی سب کے امام ہوے اور بعض احادیث میں صحیح ہوا کہ آپ نے فرمایا کہ اگر موسیٰ و عیسیٰ زندہ ہوتے تو انکو کوئی گنجائش نہوتی سوائے اسکے کہ میری پیروی کریں اور حدیث جابر میں مرفوعا ہی کہ واللہ اگر موسیٰ زندہ ہوتا تو اسکو کچھ حلال نہوتا مگر یہی کہ میری پیروی کرے - (رواہ ابو یعلی بسند جید) اگر کہا جاوے کہ ایک نبی کی مددگاری دوسرے کو کیا ہی تو جواب یہ ہی کہ اسکی شریعت پر چلنے کی دوسروں کو ہدایت کرے جیسے یحیی علیہ السلام حضرت عیسیٰ کے ساتھ تھے یا اسکے ساتھ ہوکر کافروں سے جہاد بھی کرے جیسے موسیٰ کے ساتھ ہارون تھے - جاننا چاہیے کہ کسائی نے کہا کہ ہوسکتا ہی کہ شاید یہ معنے ہوں کہ واذ اخذ اللہ میثاق الذین مع النبیین - یعنے ان لوگوں سے اقرار لیا جو انبیا علیہم السلام کے ساتھ تھے اور اسیکے مؤید ہی قراءۃ ابن مسعود واذ اخذ اللہ میثاق الذین اوتوا الکتاب - مگر پوشیدہ نہیں کہ متواتر قراءۃ و مشہور تفسیر کے مقابلہ میں یہ نہیں ہوسکتی پس صحیح وہی اول ہی اور دیگر احتمالات بیوجہ ہیں

قال - تعالے لہم - اللہ تعالے نے ان انبیا علیہم السلام سے کہا کہ - ءَاَقْرَرْتُمْ - بدلک - کیا تمنے اسکا اقرار کیا - اور یہ استفہام تقریری ہی یعنے انسے صاف اقرار کرانے کو ہی اور اللہ تعالے دانا تر ہی - وَاَخَذْتُمْ - قبلتم - عَلٰى ذٰلِكُمْ اِصْرِىْ - عہدی اور تمنے قبول کرلیا ان باتوں پر میرا عہد یعنے کہو کہ ہاں بسر و چشم قبول ہی - اخذ سے یہاں قبول مراد ہی کیونکہ ابتدا میں انھوں نے اللہ تعالے سے عہد نہیں لیا اور نہ وہ لے سکتے تھے پس التباس نہیں اور مراد یہی متعین ہی کہ تم نے قبول کیا اور اشعار ہی کہ قبول نہایت گرفت سے ہی اور گویا اشارہ ہی کہ انبیا علیہم السلام کو بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع و تصدیق کی تمنا تھی - اور اصر لغت میں بمعنے ثقل ہی اس سے عہد کا نام رکھا گیا کیونکہ اسکے تحمل میں بھی ایک بوجھ اٹھانا ہوتا ہی یا شد و بند ش سخت ہوتی ہی پس مراد اس سے عہد محکم ہی ابن عباس مجاہد ربیع و قتادہ و سدی نے کہا ہی ذکرہ ابن کثیر - الحاصل انبیا علیہم السلام نے بسر و چشم قبول کیا بقولہ تعالے

قَالُوْٓا اَقْرَرْنَا - بولے کہ ہم نے اقرار کیا - قَالَ فَاشْهَدُوْا - علی انفسکم وانا معکم من الشاہدین - پس اللہ تعالے نے فرمایا کہ جب تم نے اقرار کیا تو شاہد رہو اپنے اوپر اور اپنے پیروی کرنے والوں پر اس عہد کے - وَاَنَا مَعَكُمْ مِّنَ الشّٰهِدِيْنَ علیکم و علیہم - اور میں بھی تم پر اور تمہارے تابعین پر شاہد ہوں - فَمَنْ تَوَلّٰى - اعرض - بَعْدَ ذٰلِكَ - المیثاق پھر جسنے منہ موڑا بعد اس عہد اقراری کے - فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ - تو ایسے ہی منہ موڑنے والے وہی فاسق ہیں یعنے تمرد اور طاعت سے باہر ہونے والے اور کفر میں ڈوبنے والے ہیں - یہاں سے ظاہر ہوا کہ نبوت و رسالت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی نبی نے انکار نہیں کیا بلکہ سب نے تصدیق کی ہی کیونکہ حاشا کہ وہ عہد توڑیں پھر فاسق وہ لوگ البتہ ہوے جو آنحضرت صلعم کے وقت میں آپ پر ایمان نہ لائے اور اپنے کفر کا عذاب بھی نہایت سخت ہوگا جیسے ایمان لانے میں انکو دونا ثواب تھا جیسا کہ حدیث صحیح میں ثابت ہوا ہی

شیخ نے عرائس البیان میں ذکر کیا کہ قولہ تعالے واذ اخذ اللہ میثاق النبیین الآیۃ - اللہ تعالے نے ایسے علم مجہول کے خصائص خطاب کا جو حقائق اسرار ربوبیت کی خبر دیتا ہی نبیوں و صدیقوں کے ساتھ بواسطہ الہام فرشتہ کے اور بغیر واسطہ نکورکے عہد لیا اور وہ نطق مخلوقات سے منفرد ہی بلکہ حق عزوجل بالفعل خاص اسکو نازل فرماتا ہی اور اسکے اقرار کو ان لوگوں کی ارواح کی آنکھوں میں ظاہر

فرماتا ہو تاکہ اسکی تصدیق کریں اور جان لیں کہ وہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے ہو اور یقین و معاہدہ سے اسکی مدد کرتے ہیں اور یہ منجملہ قرآن مجید کے امور سے ہو
اور ہر کتاب الٰہی میں ایسی امر ہوئی ہو اور یہا اشارہ جو ظاہر کتاب سے نکلتا ہو وہ یہ ہو کہ اللہ عزوجل نے چاہا کہ اگلے پچھلے تمام انبیاء و اولیاء اور گزشتہ
لوگوں کو اپنے حبیب محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بزرگ مقامات دکھلاوے اور ان لوگوں کے درمیان سے ان سب سے آپ کی تخصیص ظاہر فرماوے
تاکہ سب کے سب اسپر ایمان لاویں اور اسکو پہچانیں کیونکہ جسنے حبیب اللہ تعالےٰ کو پہچانا اسنے حق کو پہچان لیا اور جو اسپر ایمان لایا وہ
دائرہ محبت و حقیقی قربت میں پہونچ گیا فرمایا اللہ تعالےٰ نے۔ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ اور آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا
کہ جسنے مجکو پہچانا اسنے حق عزوجل کو پہچانا۔ مترجم کہتا ہو کہ یہ روایت ان الفاظ سے اہل حدیث کے نزدیک پہچانی نہیں گئی اور صحیح حدیث
میں ہو کہ من رانی فقد رای الحق۔ جسنے مجکو دیکھا اسنے سچ دیکھا اور اہل تصوف اسکے معنے یوں کہتے ہیں کہ جسنے مجھے دیکھا اُسنے حق کو دیکھا
اور دلیل اسکی وہ بیان کی جو شیخ نے کہی ہو کہ اسوجہ سے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر لباس بشریت تھا اور آپ کے چہرہ پاک سے جمال مشاہدہ
حق کا غیر کمال ظاہر ہوتا تھا۔ اور انبیا علیہم السلام سے اپنے حبیب کے واسطے عہد لینے میں اشارہ یہ ہو کہ وہ لوگ آنحضرت صلعم پر غیرت کریں
اسواسطے کہ عاشقوں کا دستور ہو کہ ایک دوسرے پر غیرت کھاتے ہیں اور غیرت کھانا عشق کے لوازم میں سے ہو اور یہ حق سبحانہ کی صفت ہیں تو فرد
لحاظ کر شان موسیٰ علیہ السلام اور انکی غیرت حضرت سید الانبیاء محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم پر کہ شب معراج میں رونے لگے کہ یہ جوان میرے بعد
مبعوث ہوا جو جہان کا سردار ہو اور اس میثاق سے مقصود یہ ہو کہ امراء بامتی انبیا علیہم السلام کے صفات بشری سے محفوظ رہیں۔ قولہ تعالےٰ
فاشہدوا وانا معکم من الشاہدین۔ اللہ تعالےٰ انکو ڈراتا ہو کہ وہ انکے حال پر خوب مطلع ہو تاکہ اسکے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لاویں اور
اسکی نصرت و مدد میں ثابت ہوں اور یہ تمام انبیا علیہم السلام کے درمیان سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بدرجہ انتہا تشریف ہو پھر بیان
فرمایا کہ جسکا سر باطنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت سے بھر گیا اور جسکا قلب آپ کے نور معرفت سے اندھارا اور جسکا ظاہر حال آپ
طریقہ و شریعت سے آپ کے معجزات و بزرگیاں ظاہر ہونے کے بعد پھر ایا وہ نبوت و رسالت کے درجہ سے گر جاویگا اسیواسطے پوری تاکید
فرمائی اور ڈرایا۔ کہ فمن تولی بعد ذالک فاولئک ہم الفاسقون۔ فارس رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے اپنے حبیب صلعم کا عہد ان انبیا
علیہم السلام سے لیا جو زمانہ سابق میں گذر چکے ہیں چنانچہ فرمایا واذ اخذ اللہ میثاق النبیین الآیہ۔ پس اس سے بڑھکر کون بزرگی ہوگی
کہ اللہ تعالےٰ نے اسکا عہد ان لوگوں سے لیا جو اس سے پہلے تھے پھر ان پہلے والوں کو حکم دیا کہ اسکے واسطے اس عہد کے مشاہدہ
ہوں اور ضامن ہوا کہ اللہ تعالےٰ بھی انکے ساتھ شاہد ہو اگر وہ عہد کے پورے ہیں تو انکی بھلائی پر شاہد ہو اور اگر چاہا کہ وہ عہد میں
پورے نہ ہوں لیکن بالفرض اس صورت میں انکی برائی پر شاہد ہو اور ایسا اسواسطے کیا تاکہ اگلوں پچھلوں میں سے کسیکو جو آپ سے پہلے ہو
لاعلمی نہ ہے بلکہ اسپر حجت ہو جاوے کہ اللہ تعالےٰ نے اپنا رسول کریم محمد صلی اللہ علیہ وسلم بھیجا اور اسپر ایمان لانے کا حکم دیا ہو کہ اسپر خود مع اتباع
ایمان لاویں تاکہ اتباع کو حکم کر دیں تاکہ بعد اسکے کسی کو حضرت صلعم کی مخالفت میں حجت نہ رہے۔

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ يَبْغُونَ وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ
اب کچھ اور ڈھونڈتے ہیں سوا دین اللہ کے اور اسی کے حکم میں ہو جو کوئی آسمان و زمین میں ہو خوشی سے یا زور سے اور اسی کی طرف
يُرْجَعُونَ ۝ قُلْ آمَنَّا بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَا أُنْزِلَ عَلَىٰ إِبْرَاهِيمَ وَإِسْمَاعِيلَ وَإِسْحَاقَ
پھر جاوینگے تو کہہ ہم ایمان لائے اللہ پر جو کچھ اترا ہم پر اور جو کچھ اترا ابراہیم اور اسمٰعیل و اسحٰق پر

وَيَعْقُوبَ وَالْأَسْبَاطِ وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ وَالنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ
اور یعقوب پر اور اسکی اولاد پر اور جو ملا موسی کو اور عیسی کو اور جو ملا سب نبیون کو اپنے رب کی طرف سے ہم ان میں جدا نہیں کرتے ہیں
أَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ
کسیکو اور ہم اسی کے حکم پر ہیں

أَفَغَيْرَ دِينِ اللَّهِ ۔ یہ عطف ہے جملہ سابق پر یعنے فمن تولی پر اور ہمزہ بیچ میں انکاریہ ہے ۔ یا اسکا عطف محذوف پر ہے ای ایتولون غیر دین اللہ یبغون ۔ اور اصل یہ ہے کہ ایبغون غیر دین اللہ ۔ پس مفعول کو اسواسطے مقدم کیا کہ مقصود اسیکا انکار ہے ۔ یَبْغُونَ ۔ یا ایبار ای المتولون والفار ۔ یعنے ابو عمرو عاصم و یعقوب کی قرارۃ میں یبغون بیاے تحتانیہ بصیغۂ غائب ہے اور فاعل اسکا متولون ۔ یعنے منہ موڑنے والے ہین اور باقیون کی قرارۃ میں تناخطاب ہے پس اس لہم مقدر ہے ای کہدے ان لوگون سے و منتزع حکم کہتا ہے کہ معالم وغیرہ مین مذکور ہے کہ اہل کتاب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنا مقدمہ پیش کیا اور اختلاف انکا دین ابراہیم مین تھا اور ہر فریق دعوی کرتا تھا کہ ہم اولی بابراہیم ہین پس رسول صلعم نے فرمایا کہ ہر دو فریق دین ابراہیم سے بری ہو بولے کہ ہم آپ کے فیصلہ پر راضی نہین ہوتے اور آپ کا دین نہین لیتے ہین پس یہ آیت نازل ہوئی ۔ یہ روایت اگر ثابت ہو تو فراوۃ خطاب کی توضیح ہو جاتی ہے ۔ وَلَهُ أَسْلَمَ ۔ القاد مَن فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ طَوْعًا ۔ بالا بار ۔ یعنے طوع کے معنے طاعت و خوشدلی سے بدون انکار کے ۔ وَكَرْهًا بالسیف و معائنۃ ما یجی الیہ ۔ یعنے کرہ یون کہ تلوار سے تابع ہوے اور ایسی چیز دیکھکر تابع ہوے کہ جو خواہ نخواہ انقیاد کی طرف ناچار کرے جیسے بنی اسرائیل پر توبت کے لینے سے انکار کے وقت پہاڑ اٹھایا گیا ۔ اور طوع اس انقیاد کو کہتے ہین جو سہولت سے ہو پس کہا گیا کہ طوعا اسطرح کہ دلائل و صدانیت پر نظر کرکے اور حجت کی پیروی کرکے خوشی خاطر تابع ہوے آور کرہا ۔ اسطرح کہ تلوار کے زور سے یا اور ایسی چیز معائنہ کرنے سے جس سے ناچار اسلام کی طرف آنا پڑے جیسے انکے اوپر پہاڑ بلند کیا جاتا اور فرعون و قبطیون کا ڈوبنے لگنا اور موت کا وقت جان کندنی کا ہونا (المعنی) کیا بھلا دین الٰہی کے سوا کوئی دین چاہتے ہین حالانکہ اسی کے لیے انقیاد کیا ہر شخص نے جو آسمانون اور زمین مین ہے خواہ طوعا یا کرہا ۔ مفسر جو کہتا ہے کہ اسلم بمعنی تاویل کی ہے یہ ہے کہ زمین والون مین سے بہتیرے کافر ہین اسلام نہین لاتے پس یہ اسلام سے مراد انقیاد ہے یعنے حکم تقدیر کے تابع و مقہور ہین اور اسی معنے پر ہے قولہ و للہ یسجد من فی السموات و الارض طوعا و کرہا الآیہ اور قولہ و للہ یسجد ما فی السموات ما فی الارض الآیہ ۔ پس من تو اپنے دل سے مسلمان ہے جیسے ظاہر مین مطیع ہے اور کافر اگرچہ مسلم اس معنے کر نہین لیکن مسلم بمعنے مستسلم ہے کہ وہ چاہے یا نہ چاہے ضرور اس متصرف قدیر سبحانہ کے پروردگار کے تابع ہین جسکا رد کرکے لوگ کچھ ہو نہین سکتا اور یہی معنے ہین جو کلام بیضاوی سے ظاہر ہین کہ طوع بمعنے اختیار ہے یعنے اسلام تو ملائکہ و مومنین کی طرف سے ہے اور کرہ بمعنے تسخیر ہے مانند کافرون کے کہ وہ اسلام کی قدرت نہین رکھتے کہ جبراً پر حکم جاری کیا گیا اس سے اپنے آپکے باز رکھین ۔ پھر نصب طوعا و کرہا بتاویل حالیت کے ہے ای طائعین و قہارین اور کرہا ای مسخرین اور مجاہد نے ابن عباس سے روایت کی کہ طوعا و کرہا ۔ فرمایا کہ اسوقت جبکہ لوگون سے میثاق لیا گیا ۔ رواہ وکیع ۔ اور عطا ابن ابی رباح نے مرسلا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قولہ و لہ اسلم من فی السموات والارض طوعا و کرہا ۔ مین روایت کیا کہ سموات مین تو ملائکہ اسلام لانے والے ہین اور زمین مین وہ لوگ ہین جو اسلام پر پیدا ہوے اور کرہا ۔ وہ ہین جو جبراً اقوام سے طوعا و کرہا ۔ پس یہ تفسیر بحسب قید کرکے جنت کی طرف کھینچے جاتے ہین حالانکہ وہ کراہیت کرتے ہین ۔ رواہ الطبرانی اور شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اس حدیث مین غرابت ہے اور بعضے نے جو اسکو ضعیف کہا تو وہ ہم ہی اسواسطے کہ ارسال سے ضعف ہمارے نزدیک مسلم نہین ہے اور اس حدیث کا شاہد دوسری وجہ

بھی مروی ہی اور صحیح کی حدیث مین ہی کہ تیرے پروردگار نے ایسی قوم سے عجب کیا کہ جو طوق و زنجیرون مین باندھکر جنت کی طرف کھینچے جاتے ہین قال المترجم معنے اسکے یہ ہین کہ جہاد مین بعض قوم کا غلبہ کرکے ملک اسلام مین لائے جاتے ہین اور یہان آکر مسلمان ہو جاتے ہین اور انکا اسلام اچھا ہوتا ہی کہ جنت مین داخل ہوتے ہین۔ اور حضرت انس سے اس آیت مین مرفوعًا روایت ہی کہ ملائکہ نے آسمان مین اللہ تعالےٰ کی اطاعت کی اور انصار و گروہ عبد القیس نے زمین مین اسکی اطاعت کی رواہ الدیلمی۔ اور قتادہ سے روایت ہی کہ مومن نے تو بطوع رغبت اسلام اختیار کیا پس اس سے قبول کیا گیا اور اسکو نفع دیا اور رہا کافر تو وہ اسلام لایا جبکہ اسنے باس اللہ تعالےٰ کو دیکھا پس اس سے قبول نہوا چنانچہ فرمایا۔ فلم یک ینفعہم ایمانہم لما راوا باسنا الآیۃ۔ اور حضرت انس سے مرفوعًا روایت ہی کہ سواری کا جانور و غلام و باندی اور لڑکا لڑکی جو بد خلق ہو اسکے کان مین یہ آیت۔ افغیر دین اللہ یبغون آخر تک پڑھے رواہ البزار فی الاوسط اور یونس بن عبید سے روایت ہی کہ کہا جو شخص کسی سرکش جانور پر سوار ہوا گر اسکے کان مین افغیر دین اللہ الآیہ۔ پڑھے تو اللہ تعالےٰ کے حکم سے وہ سیدھا ہو جائیگا (رواہ ابن السنی)۔ وَاِلَیْہِ یُرْجَعُوْنَ۔ اور اللہ تعالےٰ ہی کی طرف (تم پھیرے جاؤگے) یا یہ لوگ پھیرے جاوینگے۔ بالتاء و الیاء و النہرۃ للانکار۔ یعنے ترجعون بتاء خطاب اکثرون کی قراءت ہی یعنے تم لوگ اور میاء تحتانیہ حفص کی قراءت ہی واو افغیر دین اللہ ہمزہ انکاری ہی یعنے سوا دین اللہ کے اور کوئی دین نہین طلب کرنا چاہیے۔ قُلْ۔ لہم یا محمد۔ کہدے انسے اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا۔ ہم ایمان لائے اللہ تعالےٰ پر اور اس کتاب پر جو ہم پر اتاری گئی قف اسمین آنحضرت صلعم کو حکم دیا کہ لوگون کو خبر دین کہ آپ مع اپنے تابعین مومنین کے اللہ تعالےٰ و اسکی کتابون و اسکے رسولون پر ایمان لائے ہین اور جیسا کہ اسنے حکم دیا کہ ایک دوسرے کی تصدیق کرین اسطرح تصدیق کرتے ہین پس اللہ تعالےٰ کی کتابون و رسولون پر ایمان لانے کے یہ معنے ہین کہ اسکی تصدیق کرتے ہین کہ اللہ تعالےٰ نے یہ کتابین برحق اتارین اور یہ رسول سچے تھے اور پہلے سب سے اس چیز کو ذکر کیا جو آپ پر نازل کیا گیا یعنے قرآن پر اسوجہ سے کہ اسی سے آپ کو اور رسولون اور کتابون کا حال معلوم ہوا ہی۔ اور قل مین ضمیر واحد ہی کیونکہ کہنے والے فقط آنحضرت صلعم ہین اور بعد مین علینا وغیرہ بصیغۂ جمع فرمایا کیونکہ قرآن جیسا کہ آنحضرت صلعم پر منزل ہی ویسے ہی آپ کی پیروی کرنے والون پر آپ کے پہونچانے سے ہی از راہ ایمان لانے کے اگرچہ وحی پہونچنے مین فقط آپ ہی پر اترا لیکن یہان وہی ایمان لانے کی حیثیت مقصود ہی یا صیغہ جمع اسوجہ سے کہ آپ کو حکم دیا کہ بادشاہون کے مانند اپنی ذات شریف سے خبر دین اور یہ آنحضرت صلعم کے واسطے تعظیم و اجلال ہی۔ اگر کہا جاوے کہ یہان تو آیت مین انزال کا تعدیہ علی سے آیا اور یہی آیہ کریمہ سورۂ بقرہ مین ہی وہان انزل علینا بحرف الی تعدیہ ہی تو مفسرین نے اسکے جواب مین تکلف کیا چنانچہ بعض نے کہا کہ یہان تو خطاب حضرت صلعم کو ہی اور آپ کو وہ ملا اعلیٰ سے بلا واسطہ کسی بشر کے پہونچا پس علی کے ساتھ جو علو پر دلالت کرتا ہی لانا مناسب ٹھہرا اور وہان خطاب امت کو ہی جنکو بواسطۂ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پہونچا پس الی سے لانا جو مختص باتصال ہی مناسب ہوا زمخشری نے کشاف مین اسکو رد کر دیا کہ یہ تکلف و تعسف ہی کیا نہین دیکھتے کہ شروع سورۂ بقرہ مین۔ بما انزل الیک فرمایا اور نیز قولہ انزلنا الیک الکتاب فرمایا۔ حالانکہ خطاب مخصوص بحضرت صلعم ہی اور اسی سورہ مین اوپر فرمایا آمنوا بالذی انزل علی الذین آمنوا وجہ النہار۔ حالانکہ موصول پر نزول بواسطہ ہی اور صحیح جواب یہ ہی کہ وحی جو انبیا علیہم السلام پر نازل ہوتی ہی اسمین دو اعتبار ہین ایک تو رسول تک منتہی ہو واصل ہونا دوم جانب اعلیٰ سے نازل ہونا پس سورۂ بقرہ مین باعتبار اول کے تعدیہ بالی آیا اور یہان باعتبار دوم کے علی سے تعدیہ ہوا وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓی اِبْرٰہِیْمَ وَاِسْمٰعِیْلَ۔ جو ابراہیم کے بڑے لڑکے تھے اور عرب والے انھین کی اولاد ہین۔ وَاِسْحٰقَ

دوسرے لڑکے جنکے فرزند - وَيَعْقُوبَ - ہین جنکو اسرائیل کہتے تھے اور انکے بارہ بیٹے تھے اور صحیح یہ ہی کہ ان بیٹون کی اولاد کو اسباط کہتے تھے جیسے عرب مین قبائل کا لفظ بولتے ہین چنانچہ فرمایا - وَالْأَسْبَاطِ - اولادہ - مفسر نے اسباط کو بمعنے اولاد یعقوب لیا اور ظاہر یہ لفظ موہم ہی کہ حضرت کے بیٹے بھی اسباط تھے حالانکہ ایسا نہین جیسا کہ بیان ہوا - وَمَا أُوتِيَ مُوسَىٰ - یعنے توریت وَعِيسَىٰ - یعنے انجیل - وَالنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمْ - یہ سب انبیا کو شامل ہی - (المعنی) اور ہم ایمان لائے ہین اس کلام کتاب وصحیفہ پر جو اتارا گیا ابراہیم پر و اسمعیل و اسحق و یعقوب پر اور اسباط پر اور جو کچھ دیا گیا موسی و عیسی و دیگر انبیا علیہم السلام کو سب پر - لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ أَحَدٍ مِّنْهُمْ - بالتصدیق والتکذیب - اور ہم لوگ نبیون مین فرق نہین کرتے کہ بعض کو سچا بتلاوین اور بعض کو جھٹلاوین ف نبیون مین فرق نہ کرنے کے یہی معنے ہین کہ ہم یہ نہین کرتے ہین کہ کسی کی تصدیق کرین اور کسی کی تکذیب کرین جیسے یہود و نصاری کرتے ہین بلکہ ہم تصدیق کرتے ہین کہ سب انبیا اللہ تعالے کے بندے و رسول اور سچے ہین اور یہ معنے نہین کہ ہم انہین آپسمین کچھ فرق نہین کرتے اور سب کو یکسان جانتے ہین تاکہ لازم آوے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے افضل کیون کہتے ہو - اگر کہا جاوے کہ بعض علما نے کہا کہ انبیا مین باہم تفضیل نہین ہی پس آیت سے انکا قول درست ثابت ہوتا ہی مین کہتا ہون کہ ہرگز نہین اسواسطے کہ قولہ تعالے تلک الرسل فضلنا بعضهم علی بعض - تو اس بات پر نص ہی کہ بعضے رسول بعض دیگر سے افضل ہین پس یہ تو واجب ہی کہ تمام رسول جنمین ہم فرق نہین کرتے ہین انمین یہ اعتقاد رکھین کہ بعض انمین سے بعض سے افضل ہین پس فرق نہ کرنا فضیلت کی راہ سے نہین ہی بلکہ تصدیق و تکذیب کی راہ سے ہی اور بعض علما سے جو عدم تفضیل کا قول نقل کیا گیا انکی مراد یہ ہی کہ ہمکو نہین معلوم ہی کہ کون کس سے افضل ہی اگرچہ یہ یقین ہی کہ بعض افضل از بعض ہی اور مفسر جم کہتا ہی کہ اسی آیۂ تفضیل کی تفسیر مین اس ضعیف نے بیان کر دیا کہ یہ بات بھی کلیۃً صحیح نہین ہی بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سوائے دیگر انبیا کے حق مین ہی کیونکہ ہمکو معلوم نہوتا اسی وجہ سے کہ کوئی نص و دلیل شرعی تفضیل نہین پائی جاتی ہی اور مین نے وہان براہین و دلائل شرعی نقل کر دیے ہین جو کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے افضل ہونے کی حجت ہین فاحفظہ وَنَحْنُ لَهُ مُسْلِمُونَ - مخلصون فی العبادۃ - اور ہم لوگ تو اللہ تعالے کے لیے مسلم ہین یعنے اعتقاد و عبادت مین مخلص ہین ف مسلمان ہونے سے یہان بقرینۂ آمنا باللہ - وغیرہ کی عبادت مین اخلاص والے ہونا مراد ہی ف قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے افغیر دین اللہ یبغون - تمام مردون کی جڑ میری بندگی ہی پھر وہ لوگ کہان سے صفائی عیش چاہتے ہین حال تو یہ ہی کہ میری درگاہ کی نزدیکی مین عارفون کو عجیب خنکی ملتی ہی اور میری وصل سے الطاف حاصل ہوتے ہین مشاہدۂ قدس کی حلاوت حاصل ہوتی ہی یہ وہی پاتے ہین جو موحد ہین اور میری عنایت کی راہ مین صدیقون کو درجات کرامت عطا ہوتے ہین لیکن جو شخص اپنے نفس کی خواہشون مین پڑا وہ میری عبودیت سے منحرف ہی اور جو میری عبادت سے کج ہوا وہ میری وحدانیت و فردانیت کے دیدار سے دور پڑا ہی اور جو میری بندگی و ربوبیت کے دیدار سے دور پڑا وہ منجملہ سوا پرستون کے ہی جو خواہش کے تاریک گڑھون مین گرتے اور عناد و جفا کے جنگلون مین ہلاک ہوتے پھرتے ہین اور جسنے سوائے الوہیت و ازلیت کے دیگر حقائق کو اپنے پیش نظر رکھا وہ باطل پر حق کا دھوکا اٹھا کر گمراہی مین تباہ ہوا اور شیطان کی غلطیون مین پڑکر برباد گیا ایسا شخص جب ٹھہرا تو عناد کی منزل مین اور جب چلا تو نفس کی اوندھی راہ مین اور آخر اپنے سر پر بلا کی خاک ڈال کر مرگیا اور واسطی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جسنے سوائے وحدانیت کے کسی چیز کو مضبوط پکڑا بلکہ سوائے واحد عزوجل کے کسی کو لیا تو وہ چشم حقیقت سے مردود ہی - قولہ تعالے ولہ اسلم من فی السموات والارض - جب حضرت عزوجل نے اپنی ذات

پاک کو اپنی کبریا سے آئینۂ وجود مین بصفت جبروت ظاہر فرمایا تو قہراً و جبراً جو کچھ ہی سب نے اسکا انقیاد کیا کیونکہ سلطان وحدانیت کا ظاہر ہونا خود مقتضی ہی کہ وجوہ خلائق پر ہیبت و اجلال سے عرق الفعال ظاہر ہو۔ پس عارفون نے اپنی ارواح تصدق کرکے بطوع و رغبت اسکا انقیاد کیا کیونکہ انھون نے حسن جمال قدم سے اسکو معائنہ کیا اور جاہلون نے اپنی جانین زبردستی دیکر انقیاد کیا کیونکہ انھون نے اسکے غلبہ و قہاریت کی عظمت دیکھ لی۔ اور نیز بعض کو اپنے کشف جمال سے مسخر کرلیا کہ وہ لوگ اسکے مشاہدہ سے بطوع و رغبت فرمانبردار ہوگئے اور بعض کو اپنی عظمت اپنے فعل و صنعت کے پیرایہ مین دکھلاکر عاجز کیا۔ کہ وہ اسکے نور کبریائی کے ظاہر ہونے پر بمجبوری مطیع ہوے پس اسنے ایک قوم کو اسطرح بزرگ کیا کہ انکے اسرار باطنی پر انوار تجلی کو کھیلا دیا کہ وہ اسکی قضا و قدر کے جاری ہونے مین برغبت خاطر مانعد ہوے اور ایک قوم کو اسطرح ذلیل کیا کہ انکے ظاہر حال پر ہیبت قہر کو بھیجدیا کہ وہ اسکی گرفت کے وقت اسکی جبارت کے قبضہ مین بمجبوری ذلیل ہوے اور حسین رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ہر ایک کو اسکا ٹھکانا ایک خاص اطلاع کے ساتھ دکھلایا پس جسنے اسکی ذات پاک کو مطالعہ کیا وہ بخوشی خاطر مطیع ہوا اور جسنے ہیبت کو دیکھا وہ بمجبوری زیر حکومت ذلیل ہوا۔ قولہ تعالے قل آمنا باللہ۔ یعنے ہمنے اسکی تصدیق کرلی بعد ازانکہ ہمنے اسکو چشم اسرار سے دیکھ لیا اور حقائق انوار کو معائنہ کیا اور نیز آمنا باللہ یعنے اسکی توفیق سے ہمنے اسکی تصدیق کی اور اسپر ایمان لائے کچھ ہماری کوشش و سعی سے یہ نہین ہوا ہی قولہ وما انزل علینا الآیہ۔ محبت کی شرط یہ بھی ہی کہ حبیب کے ایلچی جو کچھ اسکے پاس سے لائے اسکو دل سے قبول کرے اور اسمین کچھ فرق نہین کہ وہ ایلچی خوشخبری سناوے یا ڈر سناوے جبکہ یہ یقینی ہی کہ وہ محبوب کا بھیجا ہوا ہی اور یہ جان کھنا چاہیے کہ جسپر اللہ تعالے کی محبت غالب ہوتی ہی وہ اپنے سر باطنی کی آنکھ سے عالم ملکوت کو معائنہ کرلیتا ہی اور امور خفیہ کو دیکھ لیتا ہی مانند جنت و دوزخ و ملائکہ و انبیا و اولیا و عرش و کرسی و لوح و قلم و انوار درگاہ باری تعالے وغیرہ پھر جب یہ چیزین جو اسکی آنکھ سے غائب تھین اسنے دیکھ لین تو پھر کیون نہین اسپر ایمان لاویگا جبکہ اللہ تعالے نے انکے اسرار کی خبر اپنے انبیا و اولیا کی زبان پر دیدی ہی اور اگر اسپر دلیل چاہتے ہو تو دلیل قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی کہ حارثہ کو فرمایا اے حارثہ ہر چیز کی ایک حقیقت ہی سو تیرے ایمان کی حقیقت کیا ہی حارثہ نے کہا کہ مین نے اپنے نفس کو دنیا سے منقطع کیا پس مین نے اپنی راتون کو جگایا اور دنون کو پیاسا رکھا اور گویا مین اب اپنے پروردگار کے عرش کو کھلا ہوا دیکھتا ہون اور گویا مین اہل جنت کو دیکھتا ہون کہ جنت مین ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہین اور دوزخ والون کو دیکھتا ہون کہ باہم گریہ وزاری کرتے ہین پس حضرت صلعم نے فرمایا کہ تجھے ایمان مبارک ہو تو اسکو لازم پکڑ۔ ابن عطا نے قولہ قل آمنا باللہ کے سنے مین کہا کہ ہمنے اسکی تصدیق کی اور اسکے ساتھ راہ صدق پر قائم ہوے کیونکہ وہی پروردگار ہی جسنے ہم پر ایمان لکھا اور ہم کو احسن نعمت خاص سے مخصوص کیا یہ سب اپنے علم قدیم کے موافق قبل اسکے کہ ہماری پیدایش ہو پس ہم اسپر ایمان لائے یہ فضل اسنے ہمپر سابق علم مین فرمایا ہی قال المترجم حاصل یہ کہ ہم اسکی توفیق ازلی پر ایمان لائے اول اسکی تقدیر کے مومن ہین یا یہ مراد ہو کہ اسکا علم سابق ہی ہمارے ایمان کا سبب واقع ہوا بہر حال مطلب اس سے ایمان بتقدیر الٰہی ہی۔

وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ كَيْفَ

اور جو کوئی اسلام کے سوائے کوئی دین ڈھونڈھے وہ کبھی اس سے قبول نہوگا اور وہ آخرت مین خسارہ والون سے ہی کیسے

يَهْدِي اللّٰهُ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ ۭ

اللہ تعالے ہدایت دے ایسی قوم کو جو منکر ہوے ایمان کے بعد اور گواہی دے چکے کہ یہ رسول برحق ہے اور آچکین انکے پاس دلیلین

وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ جَزَاۗؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ

اور اللہ تعالے راہ نہین دیتا ہے ظالم قوم کو ایسے لوگ ہین جنکا بدلا یہ ہے کہ اُنپر لعنت ہے اللہ تعالے کی

وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ ۙ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ
اور ملائکہ کی اور لوگوں کی سب کی ہمیشہ اسمیں رہینگے کبھی ان سے عذاب ہلکا کیا جائیگا اور نہ وہ لوگ

يُنْظَرُوْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ وَاَصْلَحُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝
مہلت پاوینگے سوائے ایسوں کے جنھوں نے اسکے بعد توبہ کر لی اور کام سنوارا تو اللہ تعالےٰ بہت بخشنے والا مہربان ہے۔

ونزل فیمن ارتد ولحق بالکفار۔ یعنے یہ آیت ایسے شخص کے حق مین نازل ہوئی جو مرتد ہوگیا یعنے اسلام سے پھر گیا اور کافرون سے جا ملا تھا
وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ۔ اور جو کوئی اسلام کے سوائے کوئی دین چاہے وہ اس سے قبول
نہو گا حتی کہ اگر اسلام کی نماز و روزہ پر قائم ہو مگر دل مین یہودیت یا نصرانیت کی خواہش رکھتا ہو وہ بھی کافر ہے۔ معالم وغیرہ مین مذکور ہے
کہ وہ بارہ آدمی تھے جو اسلام سے مرتد ہو کر مدینہ سے نکلکر مکہ مین کافرون سے جا ملے انھین مین حرث بن سوید انصاری تھا۔ اور بعض نے
فقط حرث بن سوید کو کہا ہے چنانچہ آگے آتا ہے بالجملہ مفسر کا کلام خوب ہے کہ انھون نے مبہم رکھا پھر اسمین خلاف نہین کہ اب حکم عام ہے جو مرتد یا جو کوئی
سوائے اسلام کے کوئی دین چاہیگا اس سے ہرگز قبول نکیا جائیگا اور حاصل یہ کہ دین اللہ تعالےٰ کے نزدیک فقط اسلام ہی ہے اور اسی سے علماے
حنفیہ وغیرہ نے استدلال کیا ہے کہ ایمان و اسلام ایک ہے کیونکہ اگر ایمان غیر اسلام ہوتا تو مقبول نہوتا۔ اور شافعیہ وغیرہ چونکہ دونون مین فرق کے
قائل ہین لہذا بیضاوی نے جواب دیا کہ اس آیہ سے یہ لازم آتا ہے کہ جو دین مغائر اسلام ہو وہ قبول نہوگا اور یہ لازم نہین آتا کہ جو کچھ مغائر
اسلام ہو خواہ دین ہو یا کوئی اور چیز ہو کچھ مقبول نہوگا حاصل یہ کہ دین تو ایک وضع الٰہی ہے وہ تصدیق و اعمال صالحہ دونون کو شامل ہے اور یہی دین یہان اسلام کے واسطے
بیان واقع ہوا ہے پس اسلام سے بھی وہی مراد ہوگا تاکہ مبیّن و مبیّن مین خلاف لازم نہ آوے اور نیز یہ جواب ہے یا کہ شاید دین سے اعمال صالحہ مراد ہون اور اسلام سے مراد
ہوگی اور ایمان اعمال نہین ہین اور یہ سب جواب ضعیف ہین اسکی تحقیق ہم اوپر لکھ چکے ہین اور شیخ ابن کثیر نے یہان حدیث ابوہریرہ مرفوع وارد کی
جسمین ہے کہ قیامت مین اعمال نماز و روزہ وغیرہ آوینگے اللہ تعالےٰ ہر ایک سے فرماویگا تو بھلائی پر ہے پھر اسلام آویگا اور عرض کریگا کہ ای
پروردگار تو سلام ہے اور مین اسلام ہون اللہ تعالےٰ فرماویگا کہ تو بھلائی پر ہے آج کے روز مین تیرے ہی ساتھ مواخذہ کرونگا اور تیرے ساتھ عطا
کرونگا پھر یہ آیت پڑھی رواہ احمد و الطبرانی پھر جب کسی سے سوائے اسلام کے قبول نہوا تو وہ دینا کا کتا ہوا۔ وَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ
مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔ لمصیر الی النار المؤبدة علیه۔ اور وہ آخرت مین خاسرین مین سے ہے فقط اسواسطے کہ انجام کار اسکے پھر جانیکا
ٹھکانا دوزخ ہے جو اسپر ہمیشہ لگی رہیگی اور خاسر کے معنے خسران مین پڑنے والا۔ كَيْفَ يَهْدِي اللّٰهُ۔ ای لا یهدی الله۔ اس استفہام کے
معنے انکار کے ہین (المعنی) نہین ہدایت کریگا اللہ تعالےٰ۔ قَوْمًا كَفَرُوْا بَعْدَ اِيْمَانِهِمْ وَشَهِدُوْٓا۔ ای وشهادتهم
اَنَّ الرَّسُوْلَ حَقٌّ وَّجَآءَهُمُ الْبَيِّنٰتُ۔ الحج الظاهرة علی صدق النبی صلعم ایسی قوم کو جو کافر ہوئی بعد اپنے ایمان
لانے کے اور بعد اپنی شہادت دینے کے یہ کہ محمد رسول برحق ہے اور جانکہ آچکین انکے پاس بینات ای ظاہر حجتین آنحضرت صلعم کے سچے ہونے پر
مترجم کہتا ہے کہ استفہام مذکور بمعنے انکار ہونے پر بیضاوی وغیرہ نے اعتراض کیا کہ اس سے لازم آویگا کہ مرتد کی توبہ قبول نہو حالانکہ بالاتفاق
مقبول ہے اور کیونکر نہین کہ ابن عباس سے روایت ہے کہ فرمایا کہ انصار مین سے ایک شخص اسلام لایا (یعنے حرث بن سوید) پھر وہ مرتد ہو کر
مشرکون سے جا ملا (یعنے کفار مکہ سے) پھر وہ نادم ہوا اور اسنے اپنی قوم کو کہلا بھیجا کہ تم رسول اللہ صلعم سے سوال کرو کہ بھلا میری توبہ بھی
ہو سکتی ہے پس یہ آیت نازل ہوئی کیف یهدی الله قوما کفروا بعد ایمانهم تا قوله فان الله غفور رحیم۔ پھر اسکی قوم نے (اسکے بھائی جلاس بن سوید نے

اسکے پاس یہ آیت بھیجدی وہ فوراً آکر مسلمان ہوگیا (پھر اچھا مسلمان ہوا) رواہ ابن جریر وہکذا رواہ النسائی والحاکم وابن حبان وقال الحاکم صحیح الاسناد اور ایسا ہی مجاہد نے تفسیر کیا ہی پس مرتد کی توبہ مقبول ہی پھر کیونکر استفہام بمعنے انکار ہوگا اور جواب دیا گیا کہ اس انکار سے آگے استثنا ہی بقولہ الا الذین تابوا اس سے مرتد کی توبہ قبول ہونے کا حکم نکلا لیکن اولی یہ ہی کہ جو بیضاوی وغیرہ نے اختیار کیا کہ یہ بطریق استبعاد یا تعجب کے ہی یعنے بعید سمجھو کہ اللہ تعالے ایسی قوم کو ہدایت کرے یا تعجب کرو کہ اللہ ایسی قوم کو ہدایت کرے کیونکہ جو شخص بعد ظہور حق کے کبھی کی طرف جھکا وہ گمراہی میں ڈوبا ہوا رشد سے دور پڑا ہی پھر مفسر نے وشہدوا کی تفسیر وشہادتہم کے ساتھ کرنے میں اشارہ کیا کہ شہدوا کا عطف کفروا پر نہیں کیونکہ ظاہر یہ ہوتا ہی کہ جو قید معطوف علیہ میں ہی وہی معطوف میں ہو اور وہاں بعد ایمانہم کے قید ہی حالانکہ شہدوا کے ساتھ یہ قید نہیں ہوسکتی کیونکہ شہادت مذکورہ یا تو قبل ایمان کے یا ساتھ ایمان کے ہوگی نہ بعد ایمان کے - اگر کہا جاوے کہ شہدوا بمعنے شہادتہم کس قرینہ سے ہی کہ عطف مذکور نہ بنتا ہو تو جواب یہ کہ ایمانہم میں ایک معنے فعل کے ظاہر ہیں ای بعد ان آمنوا اسی پر شہدوا کا عطف ہی ای بعد ان شہدوا بس یعنے شہادتہم ہوا - وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ - الکافرین - اور اللہ تعالے قوم ظالمین کو ہدایت نہیں فرماتا ف ظالمین سے مراد کافرین ہیں کیونکہ کفر سب سے بدتر ظلم ہی اور یہاں قرینہ کفر وغیرہ موجود ہی اس سے معلوم ہوا کہ یہاں ظلم سے کفر مراد ہی کیونکہ کفر کرنا اللہ تعالے کے ساتھ ظلم ہی کیونکہ رکھنا عبادت کا غیر محل میں ہی اور یہ عین ظلم ہی وقال تعالے ان الشرک لظلم عظیم - اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ - ایسے بدکاروں کی سزا یہ ہی کہ انپر اللہ تعالے و ملائکہ و سب لوگوں کی لعنت ہی ف یہ جہنم سے زائد سزا ہی اگر کہا جاوے کہ مرتد کے حق میں یہ کافر سے بھی زیادہ وعید ہی تو کہا جاوے گا کہ ہاں اسواسطے کہ مرتد پر حق ظاہر ہوا پھر وہ عناد و تمرد سے پھر گیا بخلاف اسکے جو کفر ہی پر ہی اور بیضاوی نے کہا کہ منطوق کلام دلالت کرتا ہی کہ ایسے مرتدوں پر لعنت کرنا جائز ہی اور اسکا مفہوم مخالف یہ نکلتا ہی کہ انکے سوائے اور کافروں پر لعنت نہیں جائز ہی منہم جم کہتا ہی کہ یہ اشارہ ایک اعتراض کی طرف ہی کہ جو شافعیہ پر وارد ہوتا ہی یہ کہ تم لوگ مفہوم کے قائل ہو یعنے جب ایسے ہی لوگوں پر لعنت کی قید فرمائی تو مفہوم ہوا کہ انکے غیروں پر نہیں حالانکہ اسمیں اتفاق ہی کہ مطلق طور پر کافروں پر لعنت کرنا روا ہی اور جواب یہ ہی کہ غیروں پر نہیں لعنت کیجاوے اسکے یہ معنے ہیں کہ معین کافر جب تک وہ کفر پر نہ مرے تب تک اسپر لعنت نہیں فلیتامل اور حنفیہ پر یہ اعتراض ہی وارد نہیں ہوتا ہی پھر یہ کیا بات کہ مرتدوں پر روا ہی اور کافروں پر نہیں تو بیضاوی نے کہا کہ شاید دونوں میں فرق یہ ہی کہ مرتد لوگ گویا اسی کفر پر پیدا ہوئے داغ دیے ہوئے اور ہدایت سے ممنوع اور رحمت سے مایوس ہیں بخلاف اور کافروں کے فتامل فیہ - اگر کہا جاوے کہ والناس الف لام استغراق کے ساتھ ہر فرد کو شامل حتی کہ خود اس مرتد کو بھی شامل ہی اور اجمعین اسپر تاکید موجود ہی پھر مرتد اپنے آپ کو کیونکر لعنت کریگا اسکا جواب دو وجہ سے دیا گیا اول آنکہ الف لام عہد کا ہی اور مراد الناس سے مومنین ہیں کیونکہ درحقیقت وہی آدمی ہیں اور اطلاق اسکا اشراف پر مقصود ہوتا ہی اور ارذال پر مقصود ہوتا ہی کما فی قولہ تعالے - اسوا کما آمن الناس ای اصحاب محمد صلعم دوم آنکہ ہاں مراد عام ہی اور کافر مرتد بھی اپنے کو لعنت کرتا ہی کیونکہ وہ منکر حق کو لعنت کرتا ہی حالانکہ خود منکر حق ہی اور نہیں پہچانتا اور حق یہ ہی کہ یہ جواب عوام کو سمجھانے کے واسطے ہی اور نہیں اسکا علماے ربانی پر واضح ہوتا ہی واللہ الموفق اور لعنت عذاب جہنم ہی تو یہ لوگ جہنم میں ہونگے - خٰلِدِيْنَ فِيْهَا - ای اللعنۃ او النار المدلول بہا علیہا - یعنے فیہا کی ضمیر یا تو لعنت کی طرف راجع ہی جو لفظ میں مذکور ہی اور درست ہی لیکن باعتبار معنے کے اولی یہ ہی کہ نار کی طرف راجع ہو کہ وہ بھی مؤنث ہی (المعنی) ہمیشہ دوزخ میں رہینگے اور یہ اگرچہ لفظاً مذکور نہیں مگر لعنت سے اسپر دلالت موجود ہی کیونکہ انجام لعنت کیے ہوے کا دوزخ ہی اور بیضاوی وغیرہ نے

عقوبت کی طرف بھی راجع ہونا بعین وہ جو مذکور جائز رکھا ہے۔ لَا يُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ يُنْظَرُونَ۔ یمہلون۔ ان ظالموں سے کبھی عذاب تخفیف نہ کیا جائیگا اور نہ کبھی مہلت دیے جاوینگے ف مشتق از انظار یعنے امہال پھر یہ عذاب لعنت ان تمام مرتدون وکافرون کا انجام ہے جو کفر وشرک پر مرے۔ إِلَّا الَّذِينَ تَابُوا مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ وَأَصْلَحُوا۔ علیہم سوائے ان لوگون کے جنھون نے ایسا کرنے کے بعد توبہ کی اور اصلاح کی یعنے شرع کے موافق انھون نے اپنے کامون کو درست کیا۔ یا یہ معنے ہین کہ اصلاح کیا اس چیز کو جسکو مرتد ہونے سے بگاڑ رکھا تھا۔ فَإِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ۔ تو اللہ تعالے غفور رحیم ہے۔ اگر کہا جاوے کہ ظاہر دلالت کرتا ہے کہ خالی توبہ کافی نہین بلکہ اسکے ساتھ عمل نیک ہونا چاہیے حالانکہ حنفیہ کے نزدیک مطلق توبہ مذکور ہے تو جواب یہ ہے کہ احکام اسلام جاری ہونے کے واسطے کافی ہے اور رہا واقعی مغفرت ہونا تو بعمل صالح ضرور ہے۔ اور حق جواب یہ ہے کہ حنفیہ کے کلام مین توبہ سے مراد مرتد کی توبہ ہے اور وہ اسی طرح ہے کہ زبان سے کہے اور نیک کام کرے یا یہ جواب ہے کہ اصلحوا کے واسطے مفعول مقدر نہین بلکہ اصلاح مین فعل ہوا جیسے اصبح وامسی وغیرہ ہین اور یہ جواب جید ہے وجوزہ البیضاوی پھر واضح ہو کہ قولہ تعالے۔ فان اللہ غفور رحیم۔ اللہ تعالے کی تعریف ہے اسکو ارتباط جملہ اول سے جو متضمن معنے شرط ہے کیونکر ہے تو جواب دیا گیا کہ جزا یہ ہے کہ جسنے توبہ وعمل صالح کیا تو اسنے مغفرت ورحمت مانگی جو اسکو ملیگی کیونکہ اللہ تعالے غفور لہم انکے واسطے غفور ہے اور رحیم بہم انکے واسطے بھی مہربان ہے ف عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے ومن یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ۔ اشارہ ہے کہ جو شخص یہ چاہے کہ ربوبیت کو بغیر عبودیت کے مشاہدہ کرے یعنے بدون توحید وبندگی کے درجہ قربت حاصل کرنا چاہے اسکے لیے صدیقین ومقربین کے مقامات عطا نہونگے اور نیز یہ اشارہ ہے کہ تمام حقائق کی جڑ کا مناط اسلام سے ہے یعنے جو کچھ حق عزوجل کی مراد ہے اسپر گردن جھکانے سے اور اسمین یہ اشارہ نکلا کہ جو شخص کہ حق عزوجل کی بلا نازل ہونے پر صبر نہ کرے اور مصیبتین نازل ہونے کے وقت سوائے اللہ تعالے کے کسی دوسرے کی طرف جزع وفزع کرے اس سے معاملات ومجاہدات مین سے کچھ قبول نہوگا یعنے کوئی عمل اور کوئی مجاہدہ وریاضت اسکی قبول نہوگی۔ اور بعض نے کہا کہ جو شخص سوائے اعتصام کے یعنے اللہ تعالے کی رحمت پر بھروسا کرنے کے اور کسی چیز سے توسل ڈھونڈھے اسکا خسارہ اسکے نفع سے بڑھا ہوا ہے۔ اور قاسم نے فرمایا کہ جو شخص سوائے اتقیاد کے کوئی اور راستہ ڈھونڈھے وہ حقیقی بندگی سے کسی درجہ کو نہین پہونچا قال المترجم یہ اس بنا پر ہے کہ بندہ ہونا ہی درجۂ کمال ہے اور اسکو مین سابق بین تحقیق کر چکا ہون کافی ہے کہ اللہ عزوجل نے اکرم الاولین والآخرین وسید الخلائق اجمعین صلی اللہ علیہ وسلم کو بندہ فرمایا اور حضرت عیسیٰ کا قول نقل کیا کہ انی عبد اللہ اتانی الکتاب وجعلنی نبیا الآیہ۔ جسکی اللہ عزوجل نے تعریف کی وجیہا فی الدنیا والآخرۃ ومن المقربین۔ بعضے جاہلون کو اللہ تعالے توفیق وہدایت دے کہ نادانی سے رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی شان مین بندہ کہنا عیب شمار کرتے ہین اللہ اللہ اہل اسلام اب راہ حق مین ایسے نادان ہو گئے کہ الٹی راہ چلتے ہین۔ ھ۔ حضرت مجاہد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ جسنے اپنے افعال کو سنت کے ساتھ مقید نکیا یعنے یہ قصد مصمم نہ کیا کہ مین سنت طریقہ پر چلونگا تو اسکا کوئی عمل مقبول نہوگا سہل رحمہ اللہ نے کہا کہ قولہ من یبتغ غیر الاسلام دینا یہ تعویض ہے جیسے جسنے اپنے آپکو اور اپنے تمام کامون کو اپنے مولی کے سپرد نہین کیا اسکے اعمال مین سے کوئی چیز قبول نہوگی۔ قولہ تعالے کیف یہدی اللہ قوما کفروا الآیہ۔ یعنے جسکو اللہ تعالے نے معرفت کی استعداد سے برخلاف پیدا کیا اور سابق ازل مین اسپر کفر کا حکم فرمایا ہے اسکو مشاہدہ ایمان ویقین کی ہدایت نہین دیتا ہے اسواسطے کہ استعداد تو لوازم معرفت سے ہے اور جسکو طریقت کی استعداد نہین دی گئی اسکے دل مین انوار تجلی نہین کرتے ہین۔ اور بعض مشائخ نے کہا کہ جب کو حکم ازل نے دور کر دیا اسکو صدق عمل کہان نزدیک کر سکتا ہے اور اللہ تعالے اپنے حکم مین غالب ہے قولہ تعالے اولئک جزاؤہم ان علیہم لعنت اللہ الآیہ۔ پہلے انکو پردۂ کفر مین ڈالا اور انکے احوال کا خاتمہ استدراج پر کرکے مطرود کر دیا اور یہ انتہا

درجہ کی پھٹکار ہے۔ خالدین فیہا۔ انکو کوئی راہ نہیں کہ اسکے وجود جلال و قدرت کمال کی طرف جاوین پس انکی گمراہی پر گمراہی بڑھتی گئی اور وہ ہجر و محرومی سے کبھی مشاہدۂ عالی کی طرف نہ پہونچینگے۔ قولہ الا الذین تابوا من بعد ذٰلک واصلحوا۔ یہ ایسے لوگ ہین کہ مشیت ازلی مین انکے واسطے خوبی ایمان قرار پائی ہے ولیکن اللہ عزوجل نے امتحان سے فتنہ و خواہشون مین پڑ گئے تھے پھر عنایت ازلی کے انوار نے انکو پالیا پس نفس کے فیدنقانہ اور شیطانی زنجیرون سے انکو چھڑا لیا اور انکی باطنی آنکھین برق عنایت کی روشنی سے ٹھنڈی ہوگئین تاکہ انھون نے نظر توفیق پائی اور اپنے اعمال کو بہت خبیث دیکھا پس اللہ عزوجل کی طرف گڑگڑائے اور پناہ مانگی اور پروردگار عزوجل سے شرمائے اور انکے چھوٹ جانے کی توفیق چاہی کیونکہ انکو اللہ عزوجل کی مشیت سابق نظر پڑی جو اسنے عنایت و رعایت و کفایت و ہدایت کے ساتھ ان لوگون کے حق مین ازل سے جاری فرمائی تھی برخلاف انکے جو ازل ہی مردود ہین وہ ہزار بار ایمان کے بعد کفر مین جاوینگے بقول تعالے

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا بَعْدَ إِيمَانِهِمْ ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الضَّالُّونَ ۞

جو لوگ منکر ہوئے ساتھ بعد ایمان کے پھر بڑھتے رہے انکار مین ہرگز قبول ہوگی انکی توبہ اور یہی ہین راہ بھولے

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَن يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِم مِّلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا

جو لوگ منکر ہوئے اور مرگئے منکر ہی نو ہرگز قبول ہوگا ایسے کسی سے زمین بھر کر سونا

وَلَوِ افْتَدَىٰ بِهِ ۗ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا لَهُم مِّن نَّاصِرِينَ ۝ ع ۱۷

اگرچہ بدلا دیوے یہ کچھ انکو دکھ کی مار ہے اور کوئی نہیں انکا مددگار

یہود کے حق مین اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا۔ یعنی۔ بَعْدَ إِيمَانِهِمْ۔ یعنی۔ ثُمَّ ازْدَادُوا كُفْرًا۔ یعنی۔ لَّن تُقْبَلَ تَوْبَتُهُمْ۔ اذا غرغروا وماتوا کفارا۔ وَأُولَٰئِكَ هُمُ الضَّالُّونَ۔ جن لوگون نے کفر کیا۔ (یعنے عیسیٰ کے ساتھ) بعد انکے ایمان لانے کے (ای موسیٰ پر) پھر بڑھا دیا کفر کو (یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے انکار کرکے) ہرگز قبول نہ کیجائیگی انکی توبہ (یعنے جسدم کہ انکو گھرگھراہٹ لگ گیا اور کافر مرگئے) اور ایسے ہی لوگ یہی گمراہ ہین ف مترجم کہتا ہے کہ اس آیت مین مفسرین کے اقوال ہین پس قتادہ و عطا خراسانی اور حسن نے کہا کہ یہ آیت یہود و نصاریٰ کے حق مین نازل ہوئی ہے کہ انھون نے توریت و انجیل مین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نعت و صفت پاکر آپ پر ایمان لانے کے بعد جب آپ کی بعثت ہوئی تو آپ سے کفر کیا پھر ازدیاد کفر اسطرح کہ اسی پر اڑے رہے کیونکہ کفر پر اصرار کرنا کفر مین ازدیاد ہے اور شیخ ابن جریر نے زیادت کفر بسبب ان اعمال کے قرار دیا جو انھون نے بعد کفر کمائے اور آیت کو مخصوص یہود کے حق مین قرار دیا و مترجم کہتا ہے اگر مخصوص یہود کے حق مین ہو تو جو تفسیر مفسرین نے زیادت کفر کی ذکر کی وہ اول ہے واللہ اعلم اور شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اللہ تعالے ہر ایسے شخص کو وعید شدید فرماتا ہے جو ایمان کے بعد کافر ہوا پھر اسنے اس کفر کو بڑھایا اسطرح کہ موت کے وقت تک اسی پر مستمر رہا تو اسکی توبہ وقت مات کے قبول نہ ہوگی چنانچہ فرمایا ولیست التوبۃ للذین یعملون السیئات حتی اذا حضر احدہم الموت قال انی تبت الآن الآیہ۔ یعنے ایسے لوگون کے لیے توبہ نہین ہے جو برائی کرتے رہین یہانتک کہ جب انمین سے کسی کی موت حاضر ہوئی تو بولا مین اب توبہ کرتا ہون آخر آیت تک مترجم کہتا ہے کہ یہان اشکال یہ ہے کہ لن تقبل توبتہم۔ سے جو ثابت ہوتا ہے کہ ایسے شخص کا کافر یا مرتد کی توبہ قبول نہین ہے حالانکہ اسپر علما کا اتفاق ہے کہ توبہ مرتد کی اگرچہ مکرر سہ کرر کافر ہوا ہو قبول ہے پس مفسر وغیرہ نے تو یہ جواب دیا کہ توبہ سے اسوقت کی توبہ مراد ہے کہ جب مرنے لگا اور اسکو غرغرہ لگ گیا جسکو عام لوگ گھرگھرا لگ گیا بولتے ہین پس بالاتفاق ایسے وقت کی توبہ قبول نہین چنانچہ حدیث صحیح مین ہے کہ بندہ کی توبہ قبول ہوتی ہے جبتک کہ اسکو گھرگھرا نہین لگتا۔ اور نحاس نے اس جواب کو عمدہ کہا ہے

اور یہی قول حسن بصری و قتادہ و عطاء و سدی سے مروی ہی اور اسیکے مانند مجاہد سے مروی ہی کہ انکی توبہ قبول نہوگی جبکہ وہ کفر پر مرگئے۔ مفسر جم کہتا ہی کہ اسپر دار دہوتا ہی جو بزار رحمہ اللہ نے اسکا شان نزول روایت کیا کہ حدثنا محمد بن عبد اللہ بن بزیع حدثنا یزید بن زریع حدثنا داؤد بن ابی ہند عن عکرمۃ عن ابن عباس رض کہ ایک قوم اسلام لائی پھر وہ مرتد ہوگئی پھر اسلام لائی پھر مرتد ہوگئی پھر انھون نے اپنی قوم والون کو کہلا بھیجا کہ ان لوگون کے واسطے توبہ دریافت کرین پس قوم والون نے رسول اللہ صلعم سے اسکو ذکر کیا تب یہ آیت اتری سان الذین کفروا بعد ایمانہم ثم ازدادوا کفرا لن تقبل توبتہم۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اسکی اسناد جید صحیح ہی۔ پس یہ صریح ہی کہ نہ غرغرہ کے وقت نہیں بلکہ پہلے انھون نے توبہ کا سوال کیا تھا اور ابن عباس سے روایت ہی کہ یہ وہ لوگ ہین جو مرتد ہوگئے اور انھون نے قصد کیا کہ اپنا حال چھپانے کے واسطے توبہ ظاہر کرین اور دلون مین کفر پوشیدہ رکھین۔ مفسر جم کہتا ہی کہ حاصل اسکا یہ ہی کہ یہان جو توبہ قبول نہونا فرمایا ہی یہ ایک خاص قوم کے واسطے ہی جنکے سرائر و ضمائر مین کفر پنہان تھا اور ظاہری توبہ کرنا چاہتے تھے پس اللہ تعالے دانا تر ہی اسنے اصل حال کے موافق انکی توبہ قبول نہونے کا حکم بھیجدیا۔ اور اگر وہ لوگ درحقیقت توبہ کرنا چاہتے تو قبول ہوتی۔ پھر اسوقت مین اگر کوئی مرتد توبہ کرے تو ظاہر کے موافق اسکی توبہ قبول ہوگی اور اسکے باطن کا اللہ تعالے دانا تر ہی اور یہ کلام مع روایت شان نزول کے جو اوپر مروی ہوئی ہی کلام جید ہی فافہم۔ اور شیخ ابو العالیہ سے اسکی تاویل یون مروی ہی کہ یہ ایسی قوم کے حق مین ہی جنھون نے حالت شرک مین بداعمالیان کین پھر ان اعمال سے توبہ کرنی چاہی اور شرک سے توبہ نکی تو انکی توبہ مقبول نہین۔ اور شیخ ابن جریر نے کہا کہ کفر پر کفر بڑھانے کے ساتھ اللہ تعالے توبہ نہین قبول کرتا ہی جب تک وہ اپنے کفر پر قائم ہی مفسر جم کہتا ہی کہ شاید اسکے وہی معنے ہین جو شیخ ابو العالیہ کے کلام کے ہین۔ اور بیضاوی نے ذکر کیا کہ قولہ لن تقبل توبتہم۔ اسوجہ سے ہی کہ وہ توبہ ہی نہین کرینگے پس انکی توبہ نکرنے کو نہ قبول کرنے سے تعبیر کیا اور انکا حال یاس از رحمت کی صورت مین ظاہر کیا۔ اور یہی وجہ ہی کہ فاء داخل نہین ہوئی ای فلن تقبل نہین فرمایا ہی۔ مفسر جم کہتا ہی کہ بمعنی اسکا اس بعید پر ہی کہ کفر بعد ایمان کے پھر اسپر ازدیاد کفر سے دل پر مہر ہوجاتی ہی کہ توبہ کی یا سچی توبہ کی توفیق نہین ہوتی ہی اور نظیر اسکی وہ حدیث ہی کہ جسنے تین جمعہ چھوڑے اللہ تعالے اسکے دل پر مہر کردیتا ہی۔ اور نیز وہ حدیث ہی کہ جسکا حاصل یہ ہی کہ گناہ سے نقطہ سیاہ دل پر پیدا ہوتا ہی پھر وہ اصرار سے بڑھتے بڑھتے تمام دل کو گھیر لیتا ہی پھر انمین توبہ کی توفیق نہین سماتی ہی اور اصل حدیث صحیح مسلم وغیرہ مین ہی۔ بالجملہ اسپر اتفاق ہی کہ کافر و مرتد اگرچہ کفر پر کفر ازدیاد کرے اسکی توبہ بدلیل دیگر آیات و احادیث مقبول ہی پس یہ آیت ضرور ماول ہی اور میرے نزدیک عمدہ تاویل انمین قول ابن عباس رض مع روایت شان نزول ہی واللہ اعلم۔ لیکن تاویل مفسر وغیرہ بنظر آنکہ تفسیر قطعی کی قطعی امر سے اولی ہوتی ہی راجح ہی فافہم اور قولہم الضالون کے یہ معنے ہین کہ تمام مصداق ضال کا یہی لوگ ہین کہ کفر پر مرگئے یا بمعنی آنکہ ضلالت مجھ رہنے والے ہین کما ذکر البیضاوی اسواسطے کہ وہ تو اول ہی سے کفر پر ضال تھے۔ إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا وَمَاتُوا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يُقْبَلَ مِنْ أَحَدِهِمْ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا وَلَوِ افْتَدَىٰ بِهِ ۗ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ وَمَا لَهُمْ مِنْ نَاصِرِينَ۔ ماننیں منہ۔ جن لوگون نے کفر کیا اور مرے درحالیکہ وہ کفار ہین تو نہ قبول کیا جائیگا کسی ایک سے بھر زمین سونا یعنے اسقدر مقدار کثیر جو زمین کو بھر دے اگرچہ فدیہ دے اسکو اور ایسون کے لیے عذاب موالم ہی اور انکے لیے کوئی مددگار نہین فت جو انکو عذاب سے چھوڑادے۔ واضح ہو کہ یہان فلن یقبل پر فاء داخل ہوئی اور یہ خبر ہی حالانکہ اکثر کے نزدیک نہین جاتی ہی تو اس سبب سے کہ الذین متضمن شرط ہی اور ایمان ان ہی کہ نہ قبول ہونے کا سبب ہے ہی کفر پر مرنا واقع ہوا ہی مفسر جم کہتا ہی کہ بعض نے کہا کہ یہ آیت حارث بن سوید کے

ان ساتھیون کے حق مین اُترّی جو کفر پر مر گئے تھے اور بعض نے کہا کہ علی العموم جو کافر اپنے کفر پر مرگیا اسکے حق مین ہی خواہ مشرک بت پرست ہو یا یہودی یا نصرانی یا کوئی اور قسم کا کافر ہو۔ اسمین شک نہین کہ حکم آیت کا عام ہی۔ اور فلن یقبل یہان بقاء ہی اور اوپر کی آیت مین بدون فا ہی پس اول یہ سوال ہی کہ دونون مین کیا فرق ہی اور دوم یہ سوال ہی کہ خبر ان پر فا نہین آتی ہی یہان کیونکر آئی ہی پس اول کا جواب یہ ہی کہ یہان مقصود بیان سببیت ہی کہ اگر ایسا ہوا تو ایسا ہوگا بخلاف آیت اول کے اور دوم کا جواب ہی کہ الذین مین معنے شرط پائے جاتے ہین پس فا داخل کرکے شرط و جزا ہونے کا ایذان فرمایا اور اگر فا نہوتی تو یہ ایذان نہوتا اور ان کی خبر پر وہان فا نہین جائز ہی جہان یہ معنے نہون فافہم۔ آور ملأ۔ بالکسر وہ مقدار ہی جو کسی شئی کو پُر کردے اور ملأ۔ بالفتح مصدر بمعنے بھر دینا اور حاصل یہ ہی زمین کے مشرق سے مغرب تک بھر کے سونا اگر عذاب سے اپنی جان چھڑانے کے واسطے دے تو بھی قبول نہوگا اور زمین کی خصوصیت تقریب فہم کے واسطے ہی کیونکہ آدمی اسی زمین کا ساکن ہی اور سونا اسوجہ سے کہ اسکو بہت عزیز چیز سمجھتے ہین حالانکہ اگر زمین کیا بلکہ آسمان اور تمام ظرف مخلوق الٰہی بھر کر کے سونا یا جواہرات کوئی چیز دیوے تو بھی قبول نہوگا۔ شیخ ابن کثیر رح ذکر فرمایا کہ جو شخص کفر پر مرا ہی تو پھر اس سے کوئی چیز کبھی مقبول نہوگی اگرچہ اسنے بھر زمین سونا ایسے کام مین اپنی زندگی مین خرچ کیا ہو جسکو وہ طاعت و قربت جانتا تھا جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ عبداللہ بن جدعان کا کیا حال ہوگا کہ وہ آپ کی بعثت سے پہلے تھا اور مسافرون کی مہمانداری کرتا اور گرانبارون کے بوجھ ہلکے کرتا اور محتاجون کو کھانا دیتا۔ بھلا اسکو کچھ نافع ہوگا فرمایا کہ نہین اسلیے کہ اسنے عمر مین کبھی ایک بار یہ نکہا کہ میرے پروردگار قیامت مین میری خطائین بخشدے یعنے روز جزا کا قائل نہ تھا۔ ایسے ہی ان کافرون کا حال اللہ تعالےٰ نے فرمایا کہ اگر انھون نے بھر زمین سونا خرچ کیا تو قبول نہوگا چنانچہ فرمایا۔ لایقبل منہا عدل ولا تنفعہا شفاعۃ۔ یعنے بالکل فدیہ کی نفی کردی اور اس سے صریح اسی آیت کے مانند فرمایا ان الذین کفروا لو ان لہم ما فی الارض جمیعا و مثلہ معہ لیفتدوا بہ من عذاب یوم القیامۃ ما تقبل منہم ولہم عذاب الیم۔ یعنے جو لوگ کافر ہے اگر فرض کیا جاوے کہ انکے واسطے وہ تمام سب ہو جو زمین مین ہی اور نیز اسکے برابر اور بھی ہوتا کہ وہ اسکو اپنا فدیہ بکر عذاب روز قیامت سے چھوٹنا چاہین تو انسے ہرگز قبول نہوگا اور انکو عذاب دردناک ہوگا۔ وہی یہان فرمایا۔ ان الذین کفروا و ماتوا وہم کفار فلن یقبل من احدہم ملأ الارض ذہبا ولو افتدی بہ۔ پس قولہ ولو افتدی بہ۔ کا عطف اول پر ہی اور اس عطف سے دلالت ہی کہ ملأ الارض ذہبا۔ اور۔ ولو افتدی بہ۔ دو چیزین ہین اسواسطے کہ معطوف علیہ و معطوف مین مغائرت ہوتی ہی بیضاوی رح نے فرمایا کہ یا مراد یہ ہی کہ ولو افتدی بہ۔ ای و لو افتدی بمثلہ۔ اور مثل کا لفظ اکثر حذف ہوتا ہی کیونکہ ہر دو مثل ایک ہی شئی کے حکم مین ہوتے ہین قال ابن کثیر اسکا مقتضی یہ ہوا کہ جو کفر پر مرا ہی اسکو عذاب آخرت سے کوئی چیز نہ چھڑاویگی۔ پھر اولئک لہم عذاب الیم۔ مبالغہ ہی انکے مایوس کرنے مین کہ جو کفر پر مرا اسکے ساتھ عفو نہوگا پھر کافری اوہام مین ہے یہ وہم بھی تھا کہ شاید کوئی ناصر و مددگار و شفیع ہو اسکی بھی نفی فرمائی کہ ما لہم من ناصرین بیضاوی نے فرمایا کہ من اسواسطے زیادہ ہوا کہ کوئی ناصر نہوگا باستغراق ہر ہر فرد کی نفی ہی اور اس آیہ کریمہ سے متعلق یہ حدیث ہی کہ انس بن مالک رض نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی کہ اللہ عزوجل قیامت مین دوزخیون مین ایک شخص سے جسپر سب سے آسان عذاب ہوگا فرماویگا کہ اگر تیرے پاس زمین و مافیہا سب ہوتا تو اسکو اپنا فدیہ دیتا وہ عرض کریگا کہ ہان ضرور تب فرماویگا کہ مین نے تو تجھسے اس سے بہت آسان مرجا ہا تھا درحالیکہ تو پشت آدم مین تھا یہ کہ تو میرے ساتھ شرک مت کرنا پھر تو نے نہ مانا مگر یہی کہ شرک کیا رواہ مسلم و البخاری و عنہ ایضا ایک دوزخی لایا جائیگا اس سے اللہ عزوجل فرماویگا کہ تو نے اپنا ٹھکانا کیسا پایا وہ عرض کریگا کہ اے پروردگار بہت بُری جگہ ہی۔ فرماویگا کہ تو زمین بھر سونا دیکر اپنے کو چھڑانا چاہتا ہی۔ عرض کریگا کہ ہان اے پروردگار۔ اسکو فرماویگا تو جھوٹا ہی مین نے تو تجھسے بہت آسان اس سے چاہا یعنے لاالٰہ الا اللہ مگر تو نے نہ کیا پھر وہ دوزخ مین بھیجدیا جائیگا رواہ احمد۔ تم الجزء الثالث ویتلوہ الرابع من لن تنالوا۔

لہ یعنے فدیہ و ضمار رشوت غلام مرتضےٰ عفی عنہ ۱۲

سنن ابی داؤد - منجملہ صحاح ستہ ایک یہ بھی ہے بہ صحت تمام ہر چہار جلد کامل دو جلد مین از امام سلیمان بن اشعث سجستانی متوفی معروف چھپا ہوا ملتا ہے۔

دلائل الخیرات - با ترجمہ فارسی و اسمائے متبرکہ و خواص اسماء حسنے معروف۔

زاد السبیل الی الجنۃ والسلاسبیل - ذخیرۂ احادیث مولانا غلام یحیی۔

عناصر الخیرات - با ترجمۂ اردو از حکیم ناصر علی صاحب آروی بے غلط و ردو کا مجموعہ۔

## فقہ اردو

غایۃ الاوطار - ترجمہ اردو درمختار مترجمۂ مولوی خرم علی و مولوی محمد احسن کامل چار جلد مین۔

راہ نجات - ضروری مسائل نماز و روزہ وغیرہ۔

مفتاح الجنۃ - از مولوی کرامت علی جونپوری۔

حقیقۃ الصلوٰۃ - مع رسالۂ بے نمازان۔

ترجمۂ فتاوی عالمگیری - کامل ہر چہار جلد مع مقدمہ یعنے جلد اول مترجمۂ مولانا احتشام الدین و مابقی ہر سہ جلد مع مقدمہ مترجمۂ مولانا امیر علی۔

کشف الحاجۃ - ترجمۂ اردو مالابد منہ از مولوی محمد نور الدین۔

نور الہدایہ ترجمۂ شرح وقایہ اردو ہر چہار جلد یکجائی مطبوعۂ نظامی۔

ہزار مسئلہ - شامل ہفت رسالہ (۱) ہزار مسئلہ (۲) مسائل ثمانیہ (۳) صد وسی مسئلہ (۴) مناجات بدرگاہ باری تعالے (۵) صلوٰۃ شریعت (۶) نور نامہ (۷) چہل مسائل مولفہ مولوی عبد اللہ بن عبد السلام۔

شرع محمدی منظوم - مسائل فقہیہ از محمد خان قندھاری۔

تنبیہ الغافلین - مسائل دینیہ۔

حیرت الفقہ - مسائل مشکلۂ فقہ از مولوی ابراہیم حسین بنگلوری۔

جواب السائلین - بطور استفتا۔

کنز الدقائق - اردو ترجمہ از مولوی محمد سلطان خان۔

چہل مسائل فقہ - از مولوی ابراہیم حسین بنگلوری۔

اشرف المسائل - از مولوی اشرف علیخان۔

رسالہ تجہیز و تکفین میت - از محمد عمر۔

## فقہ فارسی

ہدایہ - پیشانی پر اصل عربی اور تحت مین ترجمہ فارسی مع شرح از علماے کلکتہ جو مدت سے متداول ہر دو جلد کامل۔

شرح سفر السعادت - از مولانا عبد الحق دہلوی معروف۔

حج المحج - مسمی بہ غایۃ المقصود از ملا محمد شاہ۔

تذکرۃ الجمعہ - احکام جمعہ از مولوی عبد السلام۔

بنیان - در حکم متابعۃ و حقہ از ملا معین الدین۔

بدائع منظوم - مسائل فقہ بنظم فارسی از ملا ناظم علی رح۔

تام حق - مشہور درسی از شیخ شرف الدین بخاری۔

مائۃ مسائل - صد مسائل از مولانا احمد اللہ رحمہ اللہ۔

شرح وقایہ فارسی - مع حاشیہ ملتقی الابحر از شاہ عبد الحق محدث دہلوی۔

مسلک المتقین - مرغوب علماے ولایت از مولوی اکبر یار خان۔

فتاوی برہنہ - جامع ابواب فقہ از مفتی نصیر الدین۔

قدوری - مترجمۂ مولانا ابو القاسم۔

شرح فارسی مختصر وقایہ - از عبد الرحمن جامی

کنز فارسی - از مفتی نصیر الدین کرمانی محشی مع فرہنگ۔

مالابد منہ - از قاضی ثناء اللہ رحمہ اللہ مع وصیت نامہ۔

شرح مختصر وقایہ کورمیری - از مولانا جلال الدین سمرقندی۔

رسالۂ تنبیہ الانسان - در حلت و حرمت جانوران۔

رسالۂ قاضی قطب - ذکر ایمان و ارکان۔

## فقہ عربی

ابو المکارم - شرح مختصر وقایہ از عبد اللہ بن محمد معروف۔

برجندی - شرح مختصر وقایہ از مولانا عبد العلی برجندی معتبر شرح۔

جامع الرموز - شرح مختصر وقایہ از ملا شمس محمد فہستانی متداول۔

فتح القدیر جامل الدین بقلم جلی ہدایہ اور بقلم خفی

فتح القدیر بر ہدایہ امام کمال الدین بن الہمام مشتمل بر عبارت متون و شروح مشہور و معروف اول آخر مین تکملہ زین الدین آفندی کامل چہار مجلد ضخیم جدید الطبع۔

ہدایہ۔ حاشیہ جدید مشتمل عمدہ زوائد و فوائد بہ تحشی مولانا محمد حسن سنبھلی مرحوم ہر چہار مجلد کامل دو مجلدات مین بشرح ذیل۔

۱۔ جلد اولین عبادات۔

۲۔ جلد آخرین معاملات۔

فتاوای عالمگیری۔ ہر چہار جلد کامل در یک مجلد

ہدایہ مع شرح الکفایہ۔ از سید جلال الدین کرلانی بہت معروف و مستند متداول چار جلد مین اس شرح ہدایہ پر جا بجا بہت مستند لکھے گئے ہین بہ تفصیل ذیل۔

ایضاً جلد اول و ثانی تا آخر کتاب النکاح۔

ایضاً جلد سوم و چہارم تا آخر کتاب۔

فتاوی قاضیخان مع سراجیہ۔ از امام قاضی حسن بن منصور قاضی خان مستند معتمد معروف متداول دو مجلد کامل۔

شرح وقایہ۔ از امام صدر الشریعہ جلی قلم مع کامل حاشیہ ذخیرۃ العقبی یوسف ابن جنید چلپی داخل درس تقطیع کلان خوشخط و صحیح۔

شرح وقایہ بترجمہ۔ مع دائرہ ہندیہ متوسط قلم۔

ذخیرۃ العقبی۔ حاشیہ شرح وقایہ از یوسف بن جنید چلپی متداول معروف۔

اشباہ و النظائر۔ مع شرح حموی معروف مستند متداول۔

خلاصۃ۔ از بیوع تا وصایا بتحشی جدید۔

کنز الدقائق۔ بحشی متداول درسی کتاب

مستخلص الحقائق۔ شرح کنز الدقائق مشہور متداول۔

عینی شرح کنز الدقائق۔ بحشی ہر چہار مجلد مستند معروف متداول دو مجلد مین۔

(۱) جلد اولین عبادات مین۔

(۲) جلد آخرین معاملات مین۔

مختصر وقایہ بحشی۔ از امام صدر الشریعہ درسی متداول۔

عمدۃ البضاعۃ۔ فی مسائل الرضاعۃ از مولوی تراب علی مرحوم۔

قدوری بحشی۔ تالیف امام ابو الحسن درسی متداول۔

## اخلاق و تصوف اردو

جامع الاخلاق۔ ترجمہ اخلاق جلالی۔

تہذیب النفوس۔ از سید فخر الدین حسین۔

باب دانش۔ مؤلفہ مولوی محمد کریم بخش۔

حکایات غزنوی۔ از سید غلام حیدر خان۔

ترجمہ عوارف المعارف۔ کامل دو جلد مین مترجمہ مولانا ابو الحسن فرید آبادی۔

خزینۂ دانش۔ ہوشمندی کی تعلیم از مولوی محمد کریم بخش۔

بستان تہذیب۔ جامع اخلاق و ادب مرتبۂ نواب حاجی محمد عمر علیخان بہادر فیروز جنگ

بحر المحبت۔ اصلاح نفس مین۔

التحیات۔ اخلاق و موعظت مین مصنفہ منشی کامتا پرشاد۔

کیمیای سعادت۔ حصہ اول بیان مترجم علم و ادب۔

نجات المومنین۔ ذکر کرامات حضرت شاہ نجابت اللہ۔

تہذیب الاخلاق۔ مؤلفہ مولوی نجم الحق۔

پیر اہن یوسفی۔ اردو ترجمہ مثنوی مولانا روم کا نظم شعر بہ شعر اور حاشیہ پر اردو مین حاصل مطالب مع فوائد تصوف۔ کامل دو جلد مین بتفصیل ذیل۔

(جلد اول) ترجمہ دفتر ۱ و ۲ و ۳۔

(جلد دوم) ترجمہ دفتر ۴ و ۵ و ۶۔

اخلاق رضی۔ مصنفہ قاضی محمد رضی۔

شجرۂ معرفت بحشی۔ منتخبات مثنوی مولانا روم مترجمہ سید غلام حیدر صاحب۔

تحفۂ سروری۔ نظم آداب عبادت جملہ اعضا از مفتی غلام سرور۔

کنز الاسرار۔ ترجمہ اردو و نظم شاہ بو علی قلندر قدس سرہ ہموزن مثنوی از مولوی سید غلام حیدر خان۔

چشمۂ فیض۔ نظم ترجمہ اردو پندنامۂ عطار کلام عارف کامل حضرت شیخ فرید الدین قدس سرہ از مولوی عبد الغفور خان بہادر۔

مذاق العارفین۔ ترجمہ احیاء علوم الدین عربی ہر چہار کامل در دو مجلد۔

تہذیب احسانی۔ مؤلفہ حکیم احسان علی۔

يعلمكم الكتاب والحكمة ويعلمكم ما لم تكونوا تعلمون

مفتاح كنوز اسرار ربانى منشور لامع انوار فيوض سبحانى مجموعه معارف وحقائق ونخبه اسرار ودقائق جامع بين تفسير شيخ امام عماد الدين ابو الفدا اسمٰعيل بن عمر بن كثير القرشى الدمشقى وتفسير امام ابو جعفر محمد بن جرير الطبرى وغيره اكابر ائمه كه فائده يكجا بحمد ربى بتائيد غيبى النور كى حمايت كى گئى ہے تمام قرآن بيان

المرسوم بـ

# تفسير منهج الرحمٰن

المشتهر بـ

# جامع البيان

مشتمله

جواہر العلوم العقلية النقلية بحر الفنون الفرعية والاصلية قاطع شبهات الملحدين دافع مكائد الغاربين حاوى الفضائل والفنون حاصل عمدة الرحلة والاماثل المتقرر بالعلم الشخى والحبر الجلى سيدنا ومولانا مولوى سيد امير على حنفى بلكرامى الهندى ثم المكى رحمه الله تعالى وعلينا من امداداته امام ظل العالى بدوام الايام والليالى منزه اسمائهم الحسنى المتقام

وطبع ثانى مرصع بالكشور واقع لكهنؤ مين مجتبائى پريس مين بهى چهپى

اعلان - حق تالیف وتصنیف اس کتاب برکت انتساب کا بحق نولکشور پریس محفوظ ومحدود ہے۔

اطلاع ۔ اس مطبع مین ہر علم و فن کی کتب کا ذخیرہ سلسلہ اور فروخت کے لیے موجود ہو جسکی فہرست مطول ہر ایک شائق کو چھاپہ خانہ سے مل سکتی ہے جسکے معائنہ و ملاحظہ سے شائقان اصلی حالات کتب کے معلوم فرما سکتے ہین نیز بھی اعلان ہو اس کتاب کے فیل پیج کے تین صفحہ جو سادے ہین انمین بعض کتب اردو و فارسی و عربی کی درج کرینگے تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہو اُس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدر دانون کو آگاہی کا ذریعہ حاصل ہو

## تفاسیر قرآنی اردو

تفسیر فاروقی ۔ ترجمۂ اردو تفسیر حسینی مترجمۂ مولوی فخر الدین صاحب کامل دو جلد مین ۔

تفسیر زاد الآخرت ۔ نظم مین پوری تفسیر قرآن کی کمال عمدگی سے از مولوی عبد السلام ۔

تفسیر سورۂ اذا زلزلت ۔ جدید الطبع ۔

تفسیر سورۂ فاتحہ ۔ مسمی بہ تحفۃ الاسلام از مولوی اکرام الدین ۔

تفسیر سورۂ یوسف ۔ سہ مصرعہ از مولوی شرف علی ۔

پنجسورہ مترجم ۔ با ترجمۂ اردو ۔

## ایضاً فارسی

تفسیر حسینی از ملا حسین واعظ ۔ متعارف متداول پوری تفسیر خوشخط ۔

تفسیر اسرار الفاتحہ ۔ مصنفہ ملا معین ہروی در تصوف ۔

## ایضاً عربی

تفسیر بے نقط فیضی ۔ مسمی بہ سواطع الالہام علم کے سر کا تاج سمجھیے جو کتاب خزانہ اکبری شہنشاہ اکبر مین گوہر نایاب مخفی تھی اپنے خزانہ کی زینت کیجیے عجیب صنعت ہے بالکل بے نقطہ اسپر عجیب بلاغت و سلاست پھر مبتدا و خبر اور شرط و جزا کی اصطلاح بے نقطہ ۔ فرعون و قارون کا نام بے نقطہ ۔ رواۃ کا ترجمہ بے نقطہ

شہنشاہ ہند کا عزت کرنا واقعی بجا تھا اور فیضی مصنف کا فخر زیبا ویسا ہی پایا جیسا سنا تھا مطبع کی تمام کوشش سے نہایت نفیس نسخہ ملا جسکو جواہر رقم خوشنویس نے لکھا بہت عمدہ چھپا ۔

تفسیر جلالین مع کمالین ۔ بہ بخشی جدید مطبوعۂ دہلی ۔

تبیان فی اعراب القرآن ۔ مؤلفۂ شیخ عبد اللہ بن حسین عکبری محدث مفسر نحوی ۔ متوفی ۶۱۶ھ اس فن کی کوئی کتاب ہند مین طبع نہوئی ۔ غلط فہمی سے خلاصۃ الکشاف نام درج ہو گیا ہو ساتھ مین رسالۂ فتح الخبیر مولانا ولی اللہ محدث دہلوی کا لگا ہوا ہو ۔

درر النظیم ۔ خواص و تاثیرات آیات و سورہائے قرآنی مولفۂ قاضی ابو الحسن المصری

توریت ۔ بزبان عربی ترجمہ بطور اصل کے اُسکے نیچے فارسی ترجمہ موجود تھا اور اردو ترجمہ بصرف زر خطیر مطبع ہذا کی طرف سے اضافہ ہوا ۔

فتح الخبیر ۔ مصنفہ حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی مطبوعہ و غیر ۔

## احادیث اردو

مظاہر حق ۔ ترجمۂ مشکوۃ المصابیح مترجمہ جناب مولانا محمد قطب الدین دہلوی مرحوم و مغفور کامل چار جلد مین ہر حامل المتن یعنے اول عبارت عربی حدیث کی بعدہٗ اسکا ترجمہ اردو مین ۔

تحفۃ الاخیار ۔ ترجمۂ اردو مشارق الانوار مترجمہ مولوی خرم علی ۔

ترجمۂ جامع ترمذی ۔ حامل المتن جلد اول مترجمۂ مولوی فضل احمد انصاری دلاوری لاہوری ۔ یہ ترجمہ نفیس بصرف زر کثیر مطبع نے کرایا ہو اور حقوق ترجمہ بحق مطبع محفوظ و محدود ہین ۔

ایضاً ۔ جلد دوم ۔ حسب مراتب بالا ۔

## حدیث فارسی

اشعۃ اللمعات حامل المتن ۔ شرح مشکوۃ از مولانا محدث عبد الحق دہلوی چار مجلدات مین

## ایضاً عربی

تیسیر الوصول الی احادیث جامع الاصول از شیخ عبد الرحمن بن علی یمنی معروف ۔

جامع ترمذی ۔ امام ابو عیسیٰ الصحاح ستہ مین سے معروف مع رسالہ اصول حدیث جرجانی و شمایل ترمذی جدید ۔

قسطلانی ۔ شہاب الدین قسطلانی کی شرح صحیح البخاری مسمی بارشاد الساری معروف بہ قسطلانی دس مجلدات مین پوری شرح

# لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوْا

ہرگز نہ پہونچوگے نیکی کی حد کو جب تک نہ خرچ کرو کچھ ایک

## مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۝ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ

جس سے محبت کرتے ہو اور جو کچھ چیز خرچ کروگے سو اللہ تعالے اسکا دانا تر ہی

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ - ای ثوابہ وھو الجنۃ - تم نیکوکاری کو ہرگز نہ پاؤگے ف یعنے نیکوکاری کا ثواب نہ پاؤگے وہ ثواب جنت ہی -
حَتّٰى تُنْفِقُوْا مِمَّا تُحِبُّوْنَ - یہانتک کہ جن چیزون کو تم چاہتے ہو انمین سے خیرات کرو ف یعنے اللہ تعالے کی محبت غالب ہو اور نفس جن چیزون کی محبت رکھتا ہی تم ان چیزون سے منقطع ہوجاؤ اور یقین آخرت کے طور پر انکو خیرات کردو تب نیکی پاؤ یعنے حاصل ابرار کا تم ہو وہ تمکو حاصل ہو - واضح ہو کہ یہ کلام از سر نو شروع ہوا اور یہ مومنون کو خطاب ہی اور کافرون کے ذکر کے بعد اہل توحید کی نافع چیز کو ذکر فرمایا -
اس سے مناسبت ظاہر ہی اور تنالوا - از نیل ہی بمعنے پالینا جیسے نیل مراد بمعنے حاصل ہونا اور بولتے ہین - نالنی منہ معروف - مجھے اسکی طرف سے بھلائی پہونچی اور یہ نول بواو سے نہین جسکے معنے تناول کے ہین پھر بر بمعنے کار خیر و عمل صالح ہی اور اسکو پہونچنا یہ کہ اسکے ثواب کو پہونچے اور مفسر جم کے نزدیک جو تقدیر کہ ترجمہ سے ظاہر ہی وہ خوب ہی یعنے حد البر حاصل یہ کہ نیکوکاری کی حد کو نہ پہونچوگے مگر اسیطرح کہ محبوب چیز سے صدقہ کرو - اگرچہ مآل اسکا وہی ثواب جنت ہی اسیواسطے حضرت ابن مسعود و ابن عباس و عطاء و مجاہد و سدی سے تفسیر جنت مروی ہوئی ہی اور بعض نے کہا کہ بر ہی ای تقوی اور بعض نے کہا کہ طاعت - اور اصل مین بر کہتے ہین فعل خیر مین توسع کو - اور یہ جب ہوتا ہی کہ آدمی اخلاق شرعی سے آراستہ ہو علم و حلم و عدل و حیا و کرم و سخا و شجاعت وغیرہ خوبیون سے مزین ہو اور جہالت و غصہ و بے ایمانی و بے شرمی و بخل و تنگدلی و نامردی و خدا ے تعالے پر بھروسا نکرنا اور امر آخرت کا پورا یقین نہونا وغیرہ بد خصلتون سے اللہ تعالے نے اسکو نجات دی ہو جب ایسا خوش خلق ہوتا ہی تو ہر فعل اسکا نکوئی ہوجاتا ہی ای سے حدیث نواس بن سمعان مین ہی کہ مین نے رسول اللہ صلعم سے بر کو دریافت کیا آپ نے فرمایا کہ حسن الخلق بر ہی فافہم - انفاق سے مراد مطلق خرچ کرڈالنا نہین ہی بلکہ صدقہ دیکر خرچ کرنا مراد ہی خواہ صدقہ فرض ہو مانند زکوۃ وغیرہ کے یا نفل ہو اور نفل مین اپنے اہل و عیال پر بھی بطور معروف بدون اسراف کے خرچ کرنا داخل نیکی ہی چنانچہ حدیث سعد رضی اللہ عنہ مین آیا کہ جو لقمہ تو اپنی جورو کے منہ مین پہونچاوے وہ بھی تیرے واسطے نیکی ہی (الصحیح) پھر یہ صدقہ اس چیز مین سے ہو کہ جسکو تم محبوب رکھتے ہو اپنے مالون مین سے کوئی مال ہو اور من تبعیضیہ ہی یعنے ان اموال سے بعض صدقہ کرو اسواسطے کہ کل مال خرچ کردینا اچھا نہین ہی جبکہ فاقہ کشی کی نوبت آوے اور محبت سے یہان محبت شرعی مراد نہین بلکہ بشری مراد ہی پس اس سے یہ ثابت نہین ہوتا کہ مال کی محبت فی نفسہ وہی بلکہ امر خیر کے واسطے جبکہ حلال ہو اچھا سمجھنا جائز ہی لہذا حرام و مشتبہ کے مال سے صدقہ دیکر ثواب کی نیت رکھنا کفر ہی اور شاید کہ من بیانیہ ہو یعنے مخصوص وہ اموال جنسے بمقتضاے بشری تمکو محبت ہی انکو صدقہ کرو کیونکہ آدمی ہر چیز کو اپنے مال سے محبوب نہین رکھتا ہی پھر محبوب مال خیرات کرنے سے دل یقین ظاہر ہوا کہ اسکو دار آخرت کا یقین ہی اور اللہ تعالے پر بھروسا ہی - بخلاف منافق کے جو خرچ کرنے مین متردد ہوتا ہی - وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ شَيْءٍ فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ - اور تم کوئی چیز خرچ کرو اللہ تعالے اسکا علیم ہی ف اگر یہ مال قلیل ہو پھر تمہارے

نیت بھی جانتا ہے فیجازی علیہ۔ پس تمکو اسپر ثواب دیگا یعنے صدقہ کرنے پر اللہ تعالے نے اپنا دانا ہونا بیان فرمایا اس سے مراد یہ کہ وہ تمکو تمہارے کار خیر کا ثواب عطا کریگا اور اسمین اشارہ ہے کہ نیت سچی ہے کیونکہ اللہ تعالے دانا ہے اسواسطے مطلق خرچ کرنے پر یہ نفرمایا کہ ان اللہ بجازیکم بجزاء کریم۔ تمکو خدا نیک بدلا دیگا کیونکہ بہتیرے دکھلانے سنانے کو صدقہ دیتے ہین اس سے حسن کلام معلوم ہوگیا۔ پھر جانو کہ **بیضاوی** رح نے ماتحبون مین کہا کہ مال سے یا ایسی چیز سے جو مال وغیرہ کو عام ہے مثلاً مسلمانون کے معاونت مین اپنے سے بن پڑتے ہوے بھلائی کرے مثلاً بادشاہ اسکی بات مانتا ہے اس سے بھلائی کرے اور بدن کو اللہ تعالے کی بندگی مین صرف کرے اور دل کو اسکی یاد مین قربان کرے **مفسر** رح کہتا ہے کہ یہ کلام خوب ہے اور اللہ تعالے کے واسطے تعلیم دینے مین اپنی جان کو وقف کرنا بھی اسی مین داخل ہے اور بخاری و مسلم نے حضرت انس رض سے روایت کی کہ جب یہ آیت اُتری تو ابوطلحہ انصاری رض رسول صلعم کے پاس آئے اور عرض کیا کہ یارسول اللہ مجھے میرے مالون مین سے بیرحا بہت پسند ہے اور وہ اللہ تعالے کے واسطے صدقہ ہے مین اللہ تعالے کے پاس اسکا ذخیرہ و ثواب چاہتا ہون پس اللہ تعالے کی توفیق سے آپ جہان چاہین خرچ کرین نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بخ بخ ذلک مال رابح یعنے خوب ہے بڑا فائدہ مند مال ہے یہ بڑا فائدہ مند مال ہے اور جو تو نے کہا مین نے سمجھ لیا اور میری رائے ہے کہ مین اسکو تیرے اقربین مین صرف کرون۔ عرض کیا کہ آپ جیسا چاہین کرین پس آپ نے ابوطلحہ کے اقارب اور چچا کی اولاد مین تقسیم کردیا اور ایسی ہی حضرت عمر رض کا حصہ خیبر سے نفیس مال صدقہ کرنا حدیث صحیح مین اور جلولاء یعنے بہت پسند باندی کو اللہ تعالے کے واسطے آزاد کرنا بدروایت ہزار و عبد بن حمید مذکور ہے اور حضرت عمر رض نے اس باندی سے پھر نکاح بھی نکیا اور یہ تقوی ہے کیونکہ صدقہ کا مال پھر خرید کرنا حدیث بخاری مین ممنوع آیا ہے اگرچہ علما کے نزدیک اسمین فقط کراہت ہے واللہ اعلم اور ان احادیث سے نکلا کہ صدقہ کو اقارب مین تقسیم کرنا اولی ہے اور یہ نکلا کہ آیت کریمہ صدقہ مفروضہ و مستحبہ کو عام ہے اور من تبعیضیہ ہونے کی تقدیر سے نکلتی ہے اور بعض قرارۃ مین بھی۔ بعض ماتحبون۔ آیا ہے **ف** عرائس البیان مین اس آیت کریمہ کے اشارات کو طول کے ساتھ اسطرح بیان فرمایا کہ قولہ تعالے لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون۔ جو لوگ اس صفت کے ہین کہ محبوب چیز کو خرچ کرتے ہین انکے چار طبقہ ہین حسب ذیل

**طبقۂ اول اہل معاملات** اور انکی دس قسمین ہین ایک قسم توبہ کرنے والے ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزون ہین ایک ترک دنیا دوم ترک ریاست یعنے لوگون کے سردار بننے کو چھوڑنا اور سوم ترک نفس کہ للہ و فی اللہ ترک کرتے ہین قسم دوم تورع کرنے والے ہین اور انکا انفاق بھی تین چیزون ہین ایک ترک معاصی کہ گناہ کسی قسم کا ہو ترک کرتے ہین دوم سوائے سد رمق کے حلال بھی ترک کرتے ہین سوم شہوات سے یعنے تمام خواہشون سے خواہ کسی قسم کی ہون جو نفس سے متعلق ہین سب سے نفس کو چھڑاتے ہین قسم سوم زہد کرنے والے ہین اور انکا انفاق بھی تین چیزون ہین ایک نفس کا مجاہدہ ہے یعنے نفس کو مجاہدہ مین لاتے ہین اور اسکی ضد سے چھڑاتے ہین دوم اعمال کو پاک کرتے ہین سوم جوارح و اعضا کو احکام سنت پر جھکائے رکھتے ہین اور خود بینی سے ذلیل کرتے ہین قسم چہارم فقراء ہین اور انکا خرچ بھی تین چیزون ہین اول حفظ اوقات یعنے جو دم ہے اسکو نگاہ رکھتے ہین دوم فقر کی نگہداشت کرتے ہین کہ تونگری یا اسکی خواہش پر میل نہ کرے سوم اپنے آپکو تمام امور مین عفیف رکھتے ہین کہ انکے حال سے سوائے حق عزوجل کے کوئی واقف نہو قسم پنجم اس طبقہ سے اغنیاء ہین اور انفاق انکا بھی تین چیزون ہین اول مالون کو خیرات کرنا بدون اسکے کہ جسکو دیا ہے اسپر کچھ منت رکھین یا ایذا دین یعنے قولہ تعالے ثم لا یتبعون ما انفقوا منا ولا اذی کے پابند ہین دوم فقیرون کے نزدیک تواضع و عاجزی سے رہتے ہین سوم ریا کا خطرہ آنے کے وقت اخلاص کی دعا کرنا اور اپنے نفس کی شر سے پناہ مانگنا قسم ششم صبر کرنے والے ہین اور انکا خرچ کرنا بھی تین چیزون

ہین - اول تو فاقہ کے وقت جزع نہین کرتے ہین دوم بلا نازل ہونے کے وقت دل خوش رکھتے ہین سوم راحت پر محنت و بلا کو اختیار کرتے ہین یعنے محنت و بلا کو بہ نسبت راحت کے پسند کرتے ہین **قال المترجم** وجہ یہ ہی کہ بلا مین ظاہر ایک بلا ہی اور صدہا الطاف خاص پوشیدہ ہوتے ہین پس عام تو اس ایک بلا ظاہر پر صبر نہین کرسکتا اور یہ لوگ اسپر صبر کرکے ان الطاف کو پہونچ چکے تو اب بلا کو راحت پر ترجیح دیتے ہین کیا نہین دیکھتا کہ حفت الجنۃ بالمکارہ اللہ تعالے نے جنت کو مکارہ سے گھیر دیا ہی جو شخص اس مکروہات کو جھیل گیا وہ جنت کو پسند کریگا اور دوزخ کی شہوات سے بدرجہا افضل جانیگا لیکن یاد رکھنا چاہیے کہ بلا سے عافیت مانگنا یہ علی العموم عوام کو حکم ہی اسواسطے کہ اگر خدانخواستہ اس بلا پر صبر نہوا تو پھر بربادی زیادہ ہی جیسے عوام کو راہ تجرید و ترک نہین سکھلائی جاتی ہی بخوف آنکہ غالبًا وہ اس راہ مین ایمان سے جاتے رہتے ہین اور حق یہ کہ بلا سے الٰہی پہ صبر کرنا کسی کی مجال نہین ہی کیا نہین دیکھتے کہ حضرت سیدنا یوسف علیہ السلام نے قید خانہ کو اختیار کیا تھا اور رہوا جو ہوا اور حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے لوگو جہاد مین کافرون سے بھڑ جانے کی تمنا مت کرو اور اللہ تعالے سے عافیت چاہو لیکن جب مقابل ہو جاؤ تو ثابت قدم رہو (الصحیح) اور حدیث مین ہی کہ دنیا و آخرت کے لیے بہتر دعا عافیت ہی (السنن) الحاصل جب بندہ شکرگزاری کے ساتھ عظمت کبریائی کا اظہار کرتا رہا پھر تقدیر سے اسکو بلا پہونچی تو جسنے بلا دی ہی صبر عطا فرماتا ہی ولاحول ولاقوۃ الا باللہ العزیز الحکیم - یعنے بندہ ہر وقت یہ کلمہ کہے یعنے مجھ کچھ بھی طاقت و قوت نہین سوائے اسکے کہ اللہ تعالے عزیز حکیم ہی کے نام پاک کے ساتھ ہی حدیث مین ہی کہ ایک نے دعا کی کہ الٰہی مجھے صبر دے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنکر فرمایا کہ اے شخص تو نے بلا مانگی پس تو عافیت مانگ (السنن) حاصل آنکہ اسنے صبر مانگا جو بلا پر ہوا کرتا ہی و اسأل اللہ تعالے العافیۃ فی الدنیا والآخرۃ - قسم ہفتم شکر کرنے والے ہین اور انکا خرچ کرنا بھی تین چیزین ہین اول اپنی زبانون کی ثنا سب پروردگار سے دیکھکر ترک کرتے ہین کہ ہم بھی تعریف کادمہ مارین حالانکہ نعمتون کو خوب پہچانتے ہین دوم انعام کرنے والے پاک نے نماز کی معرفت حقیقت سے اپنے دلون مین متحیر ہوتے ہین سوم اپنی روحین خیرات کرتے ہین اور کسی عوض کے خواستگار نہین ہین قسم ہشتم متوکل ہین اور انکا خرچ کرنا بھی تین چیز کا ہی اول اسنر سال نفوس اللہ تعالے کے واسطے اسکی بلا نازل ہونے کے وقت دوم اپنے جان و دل کو اسکی رضامندی چاہنے مین ہزار کرنا سوم اللہ تعالے کی قضاء مقدر جاری ہونے کے وقت ہر خطرہ سے اپنی خاطر کو مضبوط رکھتے ہین کہ کوئی بیجا خطرہ نہین آنے دیتے ہین قسم نہم انمین سے راضی لوگ ہین اور انکا خرچ کرنا بھی تین چیز ہی اول آنکہ اللہ عزوجل جو در حقیقت فاعل مختار ہی اسکے اختیار مین ہوگئے اور اپنے اختیار کا نام چھوڑ دیا دوم جو اسکا ارادہ ہی اسکے مقابلہ مین تخیر کرنا چھوڑا سوم اس مدبر سے کہ مدبر والون سے اپنے اسرار کو چھپاتے ہین قسم دہم انمین سے صادقین ہین اور انکا خرچ کرنا بھی تین چیزین ہین اول آنکہ مخلوق کے بجائے پروردگار عزوجل کی بندگی کو خالص و پاک رکھتے ہین اور نفس کی رعونت سے اپنے سر باطن کو پاک رکھتے ہین سوم آنکہ توحید کو رسم عادت سے پاک رکھتے ہین **طبقۂ ثانیہ اہل حالات** ان لوگون کی بھی دس قسمین ہین قسم اول انمین سے اہل مراقبہ کہلاتے ہین اور خرچ کرنا انکا بھی تین چیزین ہین اول دفع خطرات اور دوم مناجات کو حضیہ ادا کرنا سوم آنکہ خلوتون مین حرمت کی حفاظت کرنا قسم دوم اہل خوف ہین اور انکا خرچ کرنا بھی تین چیزین ہین اول کم سونا اور دوم کم کھانا اور سوم قلت کلام یعنے کم بات کرنا اور قسم سوم انمین سے اہل رجوع ہین اور انکا خرچ بھی تین چیزین ہین اول آنکہ ہر دو جہان سے طبیعت کو اٹھا لیتے ہین دوم ان دونون منزلون سے اوپر چڑھتے ہین سوم تمام عالم کے ذکر سے اپنے دل کو خالی رکھتے ہین قسم چہارم محبین ہین اور انکا انفاق بھی تین چیزین ہین اول آنکہ معرض کرامات سے اتقا کرتے ہین دوم ملاحات کی طرف التفات نہین کرتے ہین سوم قلب کو درجات سے صاف کرتے ہین کیونکہ وہ مقام مشاہدات تک پہونچ جاتے ہین (پہنچے ہین ۱۲) قسم پنجم انمین سے

مشتاق کہلاتے ہین اور انکا انفاق تین چیزین ہین کہ ایک تو ہجر کی آگ سے جلنا دوم بھوک کی آگ سے نفس کا سلگنا۔ سوم خوف جلال کی آگ سے روح جلنا قسم ششم ان مین سے عاشقین ہین اور انکا انفاق تین چیزین ہین ایک تو ولایت کی خواہش چھوڑتے ہین دوم حظ محبت چھوڑتے ہین اور سوم مقام رعایت مین ہمیشہ سر باطنی کو لگائے رکھتے ہین۔ اور قسم ہفتم موقنون یعنے یقین رکھنے والے ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین ایک تو نفس پر شفقت نہین کرتے ہین دوم قلب کی ہمیشہ نگہداشت کرتے ہین سوم ماسوائے حق عزوجل کے سب چیزون کی یاد سے اپنی ارواح کو پاک رکھتے ہین قسم ہشتم انہین سے مستانسین ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین ہین کہ ایک تو مخلوق سے منہ موڑتے ہین دوم دل کو اس طرف لگاتے ہین جہان سے طلوع انوار مشاہدہ ہوگا سوم اپنی سر باطنی کو نفس کے معارضہ سے پاک رکھتے ہین **قال المترجم** اس سے ظاہر ہوا کہ بندہ سے کبھی سوسہ تکلیف شرعی ساقط نہین ہوتی ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ حضرت صلعم اور صحابہ کرام سے یہ تکلیف کبھی ساقط نہوئی اور اذ صحیح ہین ہی کہ صحابہ رسول صلعم اعمال مین سے کسی عمل کا ترک کرنا کفر نہین جانتے تھے سوائے نماز کے کما فی المشکوٰۃ وغیرہ ولیکن بمجاے اسکے حسنات ابرار کو مقربین کے درجہ مین سیات شمار کیا گیا ہی اور ہمین سے صحیح ہوا کہ اصحاب بدر کے حق مین آیا کہ اللہ عزوجل نے انکو فرمایا کہ تم جو چاہو کرو مین نے تمکو بخشدیا حالانکہ اسمین بھی اکابر صحابہ و ظفاء راشدین نے اپنے حد شرعی جاری فرمائی ہی اور بسند صحیح روایت ہوا ہی اور خود اللہ عزوجل نے فرمایا کہ ان الحسنات یذہبن السیئات نیکیان ناپید کردیتی ہین برائیون کو اور اس سے زیادہ تحقیق مقام کا انتظار کرنا چاہیے کہ اپنے موقع پر آویگی قسم ہشتم انہین سے مطمئن ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین ایک تو بلا مین تمکن کرنا دوم فائم رہنا۔ دوم رنج و تکلیف مین صبر کرنا سوم نعمتون مین شکر کرنا۔ اور دسویں قسم ان مین سے محسنین ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین ایک تو بندگی کی صحت اس صفت کے ساتھ کہ مشاہدہ معبود مین حاضر ہوتے ہین دوم اللہ تعالے کے واسطے اپنی جان و روح کو قربان کرتے ہین بدون اسکے کہ ثواب جنت کی رغبت سے ہو سوم کنایہ کے انوار مطالعہ کرتے ہین **طبقۂ ثالثہ اہل معرفۃ** اور انکے بھی دس اقسام ہین قسم اول ذاکرین ہین اور انکا انفاق تین چیزین یہ ہین ایک تو دفع وسواس دوم قلب سے لوگون کے بیچ مین ہو کر غفلت کو دور رکھنا سوم رسوم شخصی سے باہر ہو جانا غفلت سے مراد یہان غین قلب ہی جیساکہ حدیث مسلم مین انہ لیغان علی قلبی الخ پر غین آجاتا ہی اور مین اللہ تعالے سے ستر بار استغفار کرتا ہون (رواہ مسلم) قسم دوم ان مین متفکرین ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین ایک تو روح کو بھیجنا تاکہ مشاہدہ غیوب مین پہونچے اور وہان ایسے مقام پر ٹھہرے کہ آفتاب جلال قدم کے انوار اسپر پڑین۔ دوم عقل کو چھوڑ دینا کہ میدان ملکوت مین حیرت کا مشاہدہ کرے سوم قلب کو بساط قرب سے نزدیک کردینا بغرض خواہش و صال کے مگر اس صفت کے ساتھ کہ وہ حضرت کبریا و عظمت کی ہیبت سے بھرا ہو قسم سوم حکما ہین یعنے جنکو حکمت ربانی عطا ہوئی ہی اور انکا خرچ کرنا تین چیزین ہین ایک تو مریدین یعنے ایسے شخصون کے واسطے جو درگاہ باری تعالے کی مضبوط خواہش رکھتے ہین کلام کرنا اور دوم طالبین کے واسطے علم پھیلانا سوم اہل عالم کے لیے راہ صواب دکھلانا۔ قسم چہارم ان ہین سے اہل حیا ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین ہین ایک تو سر باطنی سے مقام مکر سے تمیز کردینا اور دوم مشہد ذکر سے پوشیدہ خواہش کو پاک کردینا۔ سوم مجاری خطرات سے باریک ریا کو دور کردینا۔ قسم پنجم انہین سے اہل تلوین ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین کہ ربوبیت مین عقل سے یعنے عقل کلی سے تفکر کرنا اس نیت سے تاکہ معرفت حاصل ہو اور دوم اسکے قدیم انعام مین قلب سے نظر کرنا تاکہ محبت ربانی حاصل ہو سوم روح سے سیر کرنا عالم ملکوت مین تاکہ انوار مشاہدہ حاصل ہون۔ قسم ششم انہین سے اہل تمکین ہین اور انکا انفاق انکا تین چیزین یہ ہین ایک نگاہ رکھنا جناح عبودیت کا مقام ربوبیت سے دوم دفع کرنا تہمت بغیری کا مصدر کشف مشاہدہ سے سوم واسع ہونا سر باطنی کا طوالع سلطان

لہ یعنے مشاہدہ ذات صفات تجلیات تعینات کی دیدار کا دوم

کرتے ہین - اور بعض نے کہا کہ آیت سے معلوم ہوا کہ تو برتک نہین پہونچ سکتا بدون اسکے کہ جو تیری محبوب چیز ہی اسکو خیرات کرے تو بھلا تو خالق اکبر عزوجل تک کہان پہونچیگا جبکہ تیرا حال یہ ہی کہ تو اپنے حظوظ کو اختیار کیے ہوے ہی **قال المترجم** پھر الانقطاع کے معنے یہ ہین کہ جس شخص کو جس چیز سے تعلق پیدا ہوا تو اسکو چھوڑدے لیکن ایسا اوقات بعضے لوگونکو یہی بات حاصل کرنے کے واسطے یہ ضرورت ہوتی ہی کہ دنیا کی آبادی سے یک طرف ہوکر کسی پہاڑ یا جنگل مین تنہا بسر کرین حالانکہ یہ کچھ ہر شخص کے واسطے لازمی نہین ہی اور اسیطرف حدیث صحیح مین اشارہ ہی کہ پہلے کے کسی شعبہ مین بکریان لیکر رہے وہان اللہ تعالے کی عبادت مین عمر صرف کرے اور آبادی مین بناکے لوگون کو اپنے شر سے چھوڑدے اور بعض نے فرمایا کہ پہلا اول تو ہجرت ہی بعد اسکے مجاہدہ پھر مشاہدہ ہی اور معنے آیہ کے یہ ہین کہ تم ان خصائل خوب کو نہ پاؤگے مگر اسی طرح کہ جو کچھ تم چاہتے ہو اسمین سے خرچ کرڈالو اور **شیخ ابن عطا** نے فرمایا کہ تم قربت کو نہ پہونچوگے درحالیکہ تم اپنے نفس کے حظوظ و خواہشون مین لگے لپٹے ہو اور **شیخ ابو عثمان** رحمہ اللہ نے فرمایا کہ خواص بندون کے مقامات تک نہین پہونچ سکتا جب تاکہ نفس کے آداب اور اسکی ریاضت مین سے کچھ بھی اسکے ذمہ باقی رہا ہی اور **واسطی** نے کہا کہ برتک پہونچنا تو بعض محبوب چیزون کے خرچ ہی کرنے سے ہی مگر بار یعنے خالق برتک پہونچنا یون ہی ہی کہ ہر دو جہان سے اور جو کچھ انمین ہی سب سے مجرد و منفرد ہو جاوے اور **شیخ نصر آبادی** نے کہا کہ محبوب چیزون کو تجھسے دور کرا کے تجھے خاص اپنے ہی واسطے اکیلا کر لیا تاکہ تیری محبت خالص اسیکی طرف ہو اور اسکے سوائے کسی کی طرف التفات نہ رہے **قال المترجم** یہ اشارہ صاف ظاہر اور بہت جید اشارہ ہی بلکہ ایسا قوی ہی کہ گویا سیاق کلام اسیکے واسطے ہی اور تجھے معلوم ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر رضہ سے انکا کل مال خیرات کرنا قبول کیا اور کہا ابوبکر رضہ نے کہ مین نے اپنے لیلون کے واسطے اللہ تعالے و اسکے رسول کا نام چھوڑا ہی یعنے کچھ نہین چھوڑا - حالانکہ کل صدقہ اور دان کے واسطے روا نہین رکھا گیا ہی پس فعل ابوبکر رضہ اقرب باصل مقصود ہی بلکہ وہی اصل مقصود ہی اور یہ خصوصیت بنظر قوت ایمان و صدیقیت ہی بخلاف اور لوگون کے کہ انمین مزاحم سنحت یا سست درجہ بدرجہ موجود ہی مثل جزع و فزع وقت شدت کے وغیر ذالک فافہم **اور شیخ نصر آبادی** رحمہ نے کہا کہ بعضے مفسرین نے فرمایا کہ برّ ثواب جنت ہی اور میرے نزدیک صفت باری ہی پس گویا یون کہا کہ تم لوگ میری قربت نہ پاؤگے الا اسی طور سے کہ تمام علائق کو قطع کردو **قال المترجم** یعنے دل کو تعلق نہ رہے اور ظاہر مین ہر ایک چیز ہونا منع نہین ہی لیکن کوئی چیز اسکی محبوب نہوگی اسکے نزدیک لعل کا جانا رہنا اور کنکری کا جانا بحسب الذات یکسان ہوگا فافہم - **اور جعفر صادق** رحمہ نے فرمایا کہ تم حق کو نہ پاؤگے جبتک کہ ماسوائے حق کے ہر چیز سے جدا نہو جاؤ **اور ابن عطا** نے فرمایا کہ تم میری معرفت و نزدیکی ہرگز نہ پاؤگے یہانتک کہ اپنے نفس اور قصد سے بالکلیہ خارج ہو جاؤ - **اور شیخ علوی** رحمہ نے کہا کہ تجھے سب چیزون سے زیادہ محبوب تیری جان ہی **اور شیخ ابوبکر وراق** رحمہ نے فرمایا کہ انکو اس آیت سے فتوت کی راہ بتائی اور فرمایا کہ تم ہرگز اس بھلائی کو نہ پہونچوگے جو میری طرف سے تمپر ہی الا اسی طور کہ تم اپنے بھائیون پر اپنے مال خرچ کرو اور اعلی یہ کہ راہ الہی مین جان دو کیونکہ افضل جہاد یہ کہ خود مع گھوڑا ہار دیا جاوے کیا گیا اسکے عوض مین اللہ تعالے تمکو جزاے خیر عطا کریگا اور بہ انفاق اور بڑا تمہارا دکھلانے سنانے کے واسطے ہوگا تو مین شرک سے بری ہون یعنے مسلمانون پر اس بارہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث روایت ہی جسمین ریا کا شرک ہونا ثابت ہی **اور شیخ جنید** رحمہ نے فرمایا کہ اس آیت مین اشارہ یہ ہی کہ تم اللہ تعالے کی محبت کو نہین پہونچوگے یہانتک کہ اپنی محبوب جانون کو اللہ تعالے کی راہ جہاد مین قربان کرو۔

كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيٓ إِسْرَٰٓءِيلَ إِلَّا مَا حَرَّمَ إِسْرَٰٓءِيلُ عَلَىٰ نَفْسِهِۦ مِن قَبْلِ أَن تُنَزَّلَ
سب کھانے کی چیزین بنی اسرائیل کو حلال تھین مگر جو حرام کیا اسرائیل نے اپنی جان پر پہلے سے کہ نازل ہو
التَّوْرَىٰةُ ۗ قُلْ فَأْتُوا۟ بِالتَّوْرَىٰةِ فَٱتْلُوهَآ إِن كُنتُمْ صَٰدِقِينَ ۝ فَمَنِ ٱفْتَرَىٰ
توریت تو کہہ لاؤ توریت اور پڑھو اسکو اگر تم سچے ہو پھر جو کوئی باندھے

عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ مِنْ بَعْدِ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ۝ قُلْ صَدَقَ اللّٰهُ فَاتَّبِعُوْا

اللہ پر جھوٹ اسکے بعد تو وہی ہے انصاف لوگ ہیں تو کہہ سچ فرمایا اللہ نے ستو تابع ہو جاؤ

مِلَّةَ اِبْرٰهِيْمَ حَنِيْفًا ۭ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ ۝

دین ابراہیم کے جو ایک طرف تھا اور شرک والا نہ تھا

ونزل لما قال الیہود انک ترعم انک علی ملۃ ابراہیم وکان لا یاکل لحوم الابل والبانہا۔ یعنے شان نزول اس آیۃ کا یہ واقع ہوا کہ یہود نے کہا کہ اے محمد تم زعم کرتے ہو کہ حضرت ابراہیم کی ملت پر ہو حالانکہ وہ اونٹ کا گوشت اور اسکا دودھ نہیں کھاتے تھے مفسر جم کہتا ہے کہ یہ سبب نزول آیۃ کریمہ کے سیاق سے خوب مطابق ہے اور بیضاوی وغیرہ اہل درایت و روایت نے ذکر کیا کہ ہرگاہ اللہ عزوجل نے فرمایا فبظلم من الذین ہادوا حرمنا علیہم طیبات احلت لہم الآیۃ۔ اور نیز فرمایا وعلی الذین ہادوا حرمنا کل ذی ظفر ومن البقر والغنم حرمنا علیہم شحومہما تا قولہ ذلک جزیناہم ببغیہم الآیۃ حاصل یہ کہ یہ چیزیں یہود پر بسبب انکے ظلم وبغاوت کے حرام کی گئیں اور اس سے یہود کی بدخصلت و مذمت ثابت ہوتی ہے اور نیز یہ امر بھی ثابت ہوتا ہے کہ نسخ ٹھیک ہے جس سے یہود منکر تھے اور حضرت عیسیٰ سے کفر کرتے تھے کہ اسنے حکم توریت کو بدل ڈالا وہ نبی نہیں ہے کیونکہ اللہ تعالے کے حکم میں نسخ نہیں روا ہے تب یہود نے کہنا شروع کیا کہ یہ باتیں کچھ نہیں ہیں یہ چیزیں تو ہم سے پہلے دیگر انبیاء نوح و ابراہیم سے چلی آتی تھیں یہانتک کہ ہمپر بھی وہی شریعت قائم ہوئی پس ہم دین ابراہیم پر ہیں نہ اہل اسلام اور اس سے اپنی براءت نکالتے اور نسخ کو ثابت کرنے پس اللہ تعالے نے رد فرمایا۔ كُلُّ الطَّعَامِ۔ اسی مطعوم اور مراد اکل مطعوم ہے یعنے ہر مطعوم کا کھانا۔ كَانَ حِلًّا حلالا۔ حلال تھا۔ اور حل مصدر ہے جسمیں مفرد و جمع یکساں اور مذکر و مونث یکساں ہے اور مراد حلال جیسے حرم بمعنے حرام ہے الحاصل ہر یک طعام جو کھایا جاتا ہے وہ حلال تھا۔ لِبَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَاۗءِيْلُ۔ (یعقوب) واسطے بنی اسرائیل کے مگر وہی جو حرام کرلیا تھا اسرائیل یعنے یعقوبؑ نے۔ عَلٰي نَفْسِهٖ۔ وہو الابل لما حصل لہ عرق النسا بالفتح والقصر فنذران شفی لایا کلہا فحرم علیہ اپنی ذات پر اور وہ اونٹ تھا جبکہ انکو عرق النسا بفتح اول بدون مد کے بروزن عصا پیدا ہوا پس انھوں نے نذر کی کہ اگر شفا حاصل ہو تو اسکو نہ کھاویگا پس اسپر حرام ہوگیا۔ مفسر جم کہتا ہے یعنے بسبب نذر کے خاص اسپر حرام ہوا اور اللہ تعالے نے شرعاً حرام نہیں کیا۔ اور نسا ایک خاص رگ ہے جو کولے سے ٹخنہ تک ہے اور عرق بمعنے رگ ہے پس حاصل یہ کہ رگ نسا کی بیماری ہوئی۔ پس معنے یہ ہوئے کہ کل طعام بنی اسرائیل پر حلال تھے سوائے اونٹ کے جو یعقوبؑ نے اس نذر میں اپنے اوپر حرام کرلیا۔ اگر کہا جاوے کہ اس سے سوائے اونٹ کے کل طعام کی حلت ثابت ہوتی ہے حالانکہ مردار کبھی حلال نہ تھا تو جواب یہ کہ وہ طعام نہیں اور مفسر جم کہتا ہے کہ یہ جواب وہم ہے کیونکہ جو کھایا جاوے وہ طعام ہے اور بہت لوگ مردار کھاتے ہیں اور اگر شرعی ہونے کی قید لگائی جاوے تو اسی میں گفتگو ہے اور جواب صحیح یہ ہے کہ الف لام عہد کا ہے اور مراد وہ طعام ہیں جنکے حرام ہونیکا یہودی دعوی کرتے تھے کہ پہلے سے حضرت ابراہیم وغیرہ پر حرام تھے۔ اگر کہا جاوے کہ یہ تو خاص نذر حضرت یعقوب کی تھی اسپر حرام ہوا پھر بنی اسرائیل یعنے اولاد یعقوب پر کہاں حرام ہوئے تو جواب یہ کہ اولاد یعقوب نے اس چیز کو اپنے اوپر بھی اپنے باپ کی سنت کی پیروی سے حرام رکھا تھا لہذا حرمت میں بنی اسرائیل کو شامل کیا یعنے بنی اسرائیل پر کل طعام حلال تھا سوائے اونٹ کے کہ جسکو یعقوب علیہ السلام نے اپنے اوپر حرام کرلیا تھا تو وہ بنی اسرائیل پر بھی حرام ہوا اسکا وقت بیان فرمایا بقولہ تعالے مِنْ قَبْلِ اَنْ تُنَزَّلَ التَّوْرٰىةُ۔ وذلک بعد ابراہیم ولم تکن علی عہدہ حراما کما زعموا۔ قبل نازل کیے جانے توریت کے ف اور توریت کا نازل کیا جانا بعد ابراہیم کے ہزار برس پیچھے ہوا اور طعام

ہیبت ہین پس اہل تمکین ادراک حقیقت جمال قدم سے پرورش یافتہ اور اتحاد بقا کو اعدام مشاہدہ صرف سلطان وحدانیت سے تمیز کرنے والے ہین قسم ہفتم انمین سے اہل حقیقت ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین ہین ایک یہ کہ گنہگارون کے حق مین دعا کرنا دوم خوشی خاطر سے انکی ایذاء کو برداشت کر لینا سوم لینکے بدلے سے طمع اٹھا لینا پس یہی لوگ ہین کہ اللہ تعالے کے بندون پر رحمت ہین پس مخلوق تو معارف سے قطع کر دیے جاتے ہین اور یہ لوگ تمام کشف سے بیشمار فیض پاتے ہین اللہ تعالے نے ان لوگون کو اپنے بندون اور ملکون کے باقی رکھنے کے واسطے رکھا ہے تاکہ انکی طرف وہ لوگ التجا لاوین جنکو اپنے احوال مین شک پڑ گیا ہے قسم نہم انمین سے اہل السر ہین اور انکا انفاق تین چیزین یہ ہین ایک اسرار کو چھپانا بخوف غیرت حق کے دوم اپنی مراد سے نکلکر حق عزوجل کی مراد مین جانا سوم خلق سے غائب ہو کر اپنے سینون مین جمال غیب الغیب کی تلاش کرنا قسم دہم انمین سے عارفین ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین ہین ایک تو دنیا کو دنیا والون کے لیے چھوڑتے ہین اور دوم آخرت کو مع اسکی لذت کے اوروں کی خواہش مین کہتے ہین یعنے اگرچہ آخرت کی نعمت انکو ملیگی لیکن خواہش اسکی نہین کرتے ہین سوم یہ کہ اپنے مولی کے دروازے پر بیٹھتے ہین اسطرح کہ سوائے اسکے سب سے منقطع ہو جاتے ہین اور اسیکے مشاہدہ کے واسطے صفائے عبودیت مین ساعی رہتے ہین یہ لوگ تمام مخلوق و موجود سے منقطع ہو کر خالق عزوجل ہی کی طرف ہو رہے ہین **طبقۂ رابعہ اہل توحید** ہین اور انکی بھی دس قسمین ہین۔ قسم اول انمین سے اہل القبض ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین ایک تو مقام حزن مین مراقبہ کر کے اپنے دم گھٹتے ہین دوم مقام عشق مین خون بہاتے ہین سوم مقام شوق مین دل سے آہ آہ کرتے ہین **قال المترجم** اللہ عزوجل نے حضرت ابراہیم کو فرمایا ہے کہ ان ابراہیم لاواہ حلیم۔ اواہ کی تفسیر کی گئی کہ بہت آہ آہ کرنے والا۔ حدیث مین ہے کہ آپ کے سینہ مبارک سے مثل جوش دیگ کے آواز آتی تھی اور قسم دوم انمین سے برعکس اول کے یعنے اہل البسط ہین اور انفاق انکا یہ تین چیزین ہین ایک تو فرحت بوجہ حبیب دوم نفرت از گفتگوے رقیب سوم تقرب از نوافل سے قریب مجیب۔ قسم سوم انمین سے اہل سکر ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین ایک یہ کہ سماع ذکر از عالم دوم نسیم صبا از غیب سوم خوشبوے قرب براقبات۔ قسم چہارم انمین سے اہل صحو ہین اور انکا انفاق تین چیزین ہین ایک تو ملجی ہجر مین ساکن رہنا دوم بشوق لقا حضرت گریہ و زاری کرنا اور سوم مخلوق کے احوال پر شفقت کر کے انپر مہربان ہونا اور شیطان کے مقابلہ مین ثابت قدم رہنا۔ قسم پنجم انمین سے اہل فنا ہین اور ترک انکا تین چیزین ہین ایک یہ کہ سر باطن کو ذکر سے پاک کرنا اور دوم فکر سے احوال کی تربیت کرنا اور سوم مجاہدہ سے شکل ظاہری کو ہلال بنانا۔ قسم ششم انمین سے اہل بقا ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین کہ مشاہدات کا ذکر کرنا اور کرامات کو پھیلانا اور مکاشفات حاصل کر کے مجاہدات سے خلاصی لینا اور قسم ہفتم انمین سے اہل انبساط ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین ایک یہ کہ شطح کے بعد استغفار کرنا اور سکر کی حالت مین آداب لحاظ رکھنا اور مریدون کو مقامات کی خبر دیدینا۔ قسم ششم انمین سے اہل حقائق توحید ہین اور خرچ کرنا انکا تین چیزین یہ ہین ایک تو امتحان مین مستقیم رہنا باین طور کہ ایمان کو اخلاص کے ساتھ رکھتے ہین دوم مقام محبت مین اپنی خواہشین چھوڑتے ہین سوم آنکہ رسوم مقامات چھوڑنے سے اسرار کی رعایت رکھتے ہین۔ قسم نہم انمین سے اہل ولہ ہین اور انکا خرچ کرنا تین چیزین یہ ہین عبرت از لیات و بذل مہجت در ابدیات۔ قسم دہم انمین سے اہل تجرد ہین اور انکا انفاق تین چیزین ہین اول توحید کے مقام سے خواہش کو بھی کاٹ دیتے ہین اور تجرید کے ساتھ قدم القدم سے سیر السیر کرتے ہین اور تفرید کے ساتھ بقاء البقاء مین روح کو پرواز دیتے ہین۔ اب جاننا چاہیے کہ مردان صادق کا حال اپنے خرچ کرنے مین اسطرح ہے جو بیان ہوا ان لوگون نے اپنے خرچ پر قدر تفاوت مین بڑی بڑی کرامتین حاصل کی ہین پس ہر گروہ کے واسطے انمین سے ایک برخاص ہے پس توبہ کرنے والون کا بر یہ ہے کہ انکو اللہ تعالے کی محبت حاصل ہوتی ہے اور یہی اشارہ فرمایا اللہ تعالے نے۔ ان اللہ یحب التوابین۔ اور ورع والون کا بر یہ ہے کہ تقوی کے ساتھ انکی دعا

مستجاب ہوتی ہی۔ اور زاہدون کا بر یہ کہ اللہ تعالے کی طرف سے حکمت حاصل ہوتی ہی اور یہی نبی صلعم نے اشارہ فرمایا کہ جسنے چالیس روز دنیا مین زہد کیا تو حکمت کے چشمے اسکے دل سے اسکی زبان پر ظاہر ہونگے اور بر الفقرا یہ ہی کہ اللہ تعالے کی طرف سے انکے قلوب مین سکینت ظاہر ہوتی ہی اور بر الاتقیا یہ ہی کہ انکو درجۂ کرامات ملتا ہی اور بر الصابرین یہ کہ درجۂ ولایات ملتا ہی اور بر الشاکرین یہ کہ قرب و نزدیکی مین زیادتی ہوتی ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ لئن شکرتم لازیدنکم۔ اگر تم شکر کروگے تو ضرور مین تمکو زیادہ نعمت دونگا۔ اور بر المتوکلین یہ کہ تمام مرادون مین اللہ تعالے کفایت فرماتا ہی اور محبت الٰہی کے لطائف اپنے قلب مین پاتے ہین۔ ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ۔ اللہ تعالے نے فرمایا جو توکل کرے اللہ تعالے پر اللہ تعالے اسکو کافی ہی اور نیز اللہ تعالے نے فرمایا۔ ان اللہ یحب المتوکلین۔ اللہ تعالے محبوب رکھتا ہی متوکلون کو۔ بر الراضین یہ کہ اللہ عزوجل اسسے راضی ہوتا ہی اور یہ بڑا درجہ ہی کہ فرمایا رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ۔ اور رضوان اکبر تجلی خاص ہی اور جو شخص مقام رضا مین پہونچا وہ رضوان اکبر کو پہونچ گیا۔ بر الصادقین یہ کہ دنیا و آخرت مین انکی تعریف و مدح ہوتی ہی اور قیامت کے روز خلائق کے روبرو انکو کرامت حاصل ہوگی چنانچہ اللہ عزوجل نے فرمایا۔ لیجزی اللہ الصادقین بصدقھم۔ یعنے قیامت ضرور ہی تاکہ اللہ تعالے صادقین کو انکے صدق کی جزا عطا فرماوے۔ یہ درجہ اہل معاملات کا ہی کہ جو اللہ تعالے انکو اپنے کرم سے انکے بر کا بدلا عطا فرماویگا۔ بر المراقبین یہ ہی کہ نور فراست و حلاوت ذکر حاصل ہوگی اور بر الخائفین یہ کہ ذوق محبت اور معرفت اجلال حق تعالے حاصل ہوگی۔ اور بر الراجین یہ ہی کہ صفاء الیقین اور نور بسط و انبساط حاصل ہوگا۔ بر المحبین یہ ہی کہ مکاشفہ و انوار قربت و مشاہدہ حاصل ہوگا۔ بر المشتاقین یہ کہ تمام معانی مین انکو انس بحضرت حق عزوجل حاصل ہوتا ہی۔ بر العاشقین یہ کہ چشم ارواح مین نور جمال سے سرور حاصل ہوتا ہی۔ اور بر الموقنین مشاہدۂ نعمتہاے کریمہ و طمانینت در رسوم ربوبیہ ہی اور بر المستانسین یہ کہ اپنے قلوب مین حسن قدم پاتے ہین اور شہوات کے گندہ خطرات شیطانی سے پاک ہین۔ بر المطمئنین یہ کہ طرح طرح کے عجائب آیات اور تقلیب اعیان سے انکو کرامات حاصل ہوتی ہی اور عارف کو حلاوت ذکر حاصل ہوتی ہی اللہ تعالے نے فرمایا۔ الا بذکر اللہ تطمئن القلوب۔ بر المحسنین یہ ہی کہ لباس ملکوت مین مشاہدۂ حق حاصل ہوتا ہی۔ یہ سب بیان ان لوگون کے بر کا تھا جو اہل احوال ہین۔ اور بر الذاکرین ایمان مین دیدار ہی۔ بر المتفکرین یہ کہ پردۂ آیات مین تجلی صفات کے آثار دکھلائی دیتے ہین بر الحکما یہ ہی کہ الہام کی صفت پر خصائص خطاب سے فیض ہوتا ہی۔ بر اہل الحیا، دیدار و مشاہدۂ عظمت و کبریا ہی۔ اور بر اہل تلوین دیدار عین صفات ہی اور بر اہل تمکین یہ کہ دیدار عین جمیع صفات بدون رسم افعال کے ہی۔ اور بر اہل الحقیقۃ یہ کہ دیدار عین القدم بصفت فنا ہی اور بر اہل الستر یہ ہی کہ مدارج معرفت مین روح کی آنکھ سے علم ازلی کا خزانہ دیکھتے ہین۔ اور بر الدارفین یہ کہ تجلی صرف واحدانیت پاتے ہین۔ یہ سب مذکور ہوا یہ عارفون کا بر ہی اور اب رہا بیان توحید تو اہل فیض کا یہ بر ہی کہ دیدار عزت نصیب ہی اور بر اہل البسط یہ کہ نور قربت ظاہر ہونے پر حلاوت کے ساتھ جلال صفات کو دیکھتے ہین۔ بر اہل السکر یہ کہ اچانک انکے احوال کے پردہ مین حق کا ظہور اپنے ہوا اور بر اہل صحو یہ ہی کہ دیدار حق بصفت حسن و جمال حاصل ہو۔ اور بر اہل فنا یہ کہ دیدار قیومیت بصفت فردانیت حاصل ہو۔ اور بر اہل بقا یہ کہ حق عزوجل کے دوام کا دیدار ہو اور بر اہل انبساط یہ ہی کہ اللہ تعالے سے اپنی مراد پاکر اپنے واسطے حق کی طرف سے بسط کو دیکھین۔ اور بر اہل حقائق التوحید وہ دیدار انوار ذات و صفات ہی۔ اور بر اہل ولہ یہ ہی کہ اپنے اندر انبساط حق کو دیکھکر حیرت مین رہجاوین اسی سے دیوانہ ہوگئے۔ اور بر اہل تحادیہ ہی کہ لباس جمال قدم اپنی ارواح پر دیکھین اور تمام مخلوق انکے واسطے سے فنا کی گئی ہی اس طور کہ قدرت حق عزوجل سے ظہور صفات ہوتا ہی لیکن اس بندۂ موحد موحد کے واسطے کرامت ہی حضرت استاد رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ لوگون مین بعض ایسے ہین کہ جزا و عوض کے لحاظ سے خرچ کرتے ہین اور بعضے محنت و بلا دور ہونے کی امید پر خرچ

حضرت ابراہیمؑ کے عہد میں حرام نہ تھا جیسا کہ یہود نے زعم کیا۔ اور قبل نزول التوراۃ کے قید فرمائی اسلیے کہ بعد نزول توریت کے اللہ تعالےٰ نے اور بہت چیزیں حرام کردیں۔ پھر اللہ تعالےٰ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا کہ یہود سے انھیں کی کتاب سے حجت دین تاکہ چپ ہوں پس فرمایا قُلْ۔ لہم۔ فَأْتُوا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا۔ یعنی بین صدق قولکم۔ إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ۔ فیہ فہمنوا ولم یاتوا بہا۔ کہدے انسے کہ پھر لاؤ توریت کو اور پڑھو اسکو (تاکہ ظاہر ہو تمہارے قول کی سچائی) اگر تم سچے ہو اس دعوے میں ف پس مبہوت ہوگئے اور توریت کو نہ لائے ائمۂ تفسیر نے لکھا ہے کہ اسمیں بڑی قوی دلیل موجود ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم رسول برحق تھے اور اس سے خوب ثابت ہوا کہ شرع میں نسخ ہونا قدیم سے ہے اور اس سے انکار کرنے والا بیوقوف نادان یا ہٹ دھرم ہے کیونکہ نسخ کے تو یہ معنے ہیں کہ اس سے ظاہر ہو جاتا ہے کہ پہلا حکم اللہ تعالےٰ نے اسوقت تک کے واسطے مقرر فرمایا تھا اور یہ نہیں ہے کہ نعوذ باللہ اس حکم میں تردد تھا کہ اب بدلا گیا۔ فَمَنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ الْكَذِبَ مِنْ بَعْدِ ذَٰلِكَ۔ ای ظہور الحجۃ بان التحریم انما کان من جہۃ یعقوب لا علی عہد ابراہیم پھر جسنے اللہ تعالےٰ پر بہتان باندھا بعد اسکے ف یعنے اس حجت ظاہر ہونے کے کہ حرام کرلینا فقط یعقوب ہی کی طرف سے تھا اور حضرت ابراہیم کے عہد میں نہ تھا۔ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الظَّالِمُونَ المتجاوزون الحق الی الباطل۔ تو یہی ظالم لوگ ہیں ف یعنے حق سے باطل کی طرف تجاوز کرنے والے ہیں۔ پھر چونکہ انکا افترا جو خود باطل تھا انکی کتاب سے بھی جسکا اعتقاد رکھتے تھے باطل ظاہر ہوگیا اور کھلی حجت انپر قائم ہوئی کہ اسکو کسی طرح دفع نہیں کرسکتے تھے تو اللہ تعالےٰ نے حضرت صلعم کو اعلان صدق وحق کا حکم دیدیا کہ۔ قُلْ صَدَقَ اللَّهُ۔ فی ہذا وجمیع ما اخبر بہ۔ کہدے کہ اللہ تعالےٰ سچا ہے ف یعنے اس بات میں اور تمام باتوں میں جس سے اسنے بندوں کو آگاہی فرمائی ہے اور اسمیں یہود پر تعریض ہے کہ تم جھوٹے ہو۔ فَاتَّبِعُوا مِلَّةَ إِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا۔ انی انا علیہا۔ پس ملت ابراہیمؑ حنیف کی اتباع کرو ف یعنے اس ملت ابراہیمی کی جسپر میں قائم ہوں۔ حنیف کے معنے جھکنے والا ہر دین باطل سے طرف دین اسلام کے یعنے کل طریقوں سے منہ موڑ کر دین اسلام کی طرف مائل ہونے والا۔ وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ اور وہ مشرکین میں سے نہ تھا ف اسمیں یہود پر تعریض ہے کہ وہی مشرک ہیں واضح ہو کہ اس آیت کریمہ سے چند امور ثابت ہوتے ہیں نذر کا واجب ہونا اور انبیاء علیہم السلام کا بھی طریقہ ہونا اور نسخ کا ثبوت اور آنحضرت صلعم کے صدق رسالت کی دلیل اور دین میں دلیل کرنے والے سے دلیل کرنے کا حسن اسلوب اور حق عزوجل پر افترا کرنے کی برائی اور اسلام کا ملت ابراہیم ہونا معلوم ہوا مگر اسمیں چند مقامات عظیم الشان اور باقی رہے سو اول آنکہ اس آیۂ کریمہ کو ماقبل سے کیا ربط ہے۔ دوم نذر کرنے کی نسبت حدیث مسلم میں مذمت بھی آئی ہے پھر نبی اللہ یعقوبؑ نے نذر کی اسمیں کیا تحقیق ہے۔ سوم توریت مانگی تو معلوم ہوا کہ وہ ٹھیک موجود ہے بدون تحریف کے۔ چہارم طریقۂ حجت الزامی اختیار فرمایا۔ پنجم ملت ابراہیم کی اتباع کا حکم دیا حالانکہ نبوت حضرت محمد صلعم مستقل ہے یہ بات کیونکر ہے۔ پس ان مقامات میں مختصر کلام ضروری ہے اور اس ذیل میں فوائد بیشمار انشاء اللہ تعالےٰ حاصل ہونگے۔ پس مقام اول کا بیان یہ ہے کہ امام احمدؒ نے ابن عباس سے حدیث طویل روایت کی جسمیں ایک گروہ علماے یہود کا حضرت صلعم سے چند سوال کرنا بایں عہد کہ بعد اطلاع کے متابعت اختیار کرینگے اور ہر جواب کی تصدیق کرنا مذکور ہے اسمیں یہ بھی ہے کہ انکو قسم دلائی کہ تم جانتے ہو کہ اسرائیل یعنے یعقوب کو ایک مرض شدید ہوا اور بیماری نے طول کھینچا انھوں اللہ تعالےٰ سے نذر مانی کہ اگر اس مرض سے شفا ہو تو جو کھانا مجھے بہت محبوب ہے اور جو پینا مجھے بہت مرغوب ہے اپنے اوپر حرام کرلونگا اور انکو سب کھانوں سے اونٹ کا گوشت اور سب پینوں سے اسکا دودھ بہت مرغوب تھا انھوں نے اپنے اوپر حرام کرلیا۔ اور سعید بن جبیر کے طریق سے امام احمدؒ نے حضرت ابن عباس سے جو روایت کی اسمیں عرق النساء کی بیماری کی تصریح ہے وقد رواہ الحاکم والترمذی والنسائی ایضا اور یہی وجہ ابن جریر نے

ضحاک وسدی سے بھی روایت کی اور کہا کہ اسکی تحریم بین اسرائیل کے بیٹوں نے بھی اپنے باپ کی سنت پر موافقت کی - پھر ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ یہاں سے دو وجہ اس آیت کی اپنے ماقبل سے مناسب ہونے کی ظاہر ہوئین ایک یہ کہ قولہ لن تنالوا البر حتی تنفقوا مما تحبون - یعنی ترک احب الاشیا مقصود ہی اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے وہی چیز ترک کی جو انکو سب چیزون سے زیادہ محبوب تھی جیسا کہ ہماری شرع مین مشروع ہی قال تعالے واتی المال علی حبہ یعنے اللہ تعالے کے نام پر مال دیا باوجود محبت مال کے - اور فرمایا یطعمون الطعام علی حبہ اور طعام دیتے ہین باوجود یکہ خود طعام کے محتاج ہین - ۱۲ - بنابر آنکہ ضمیر حبہ بجانب مال وطعام راجع ہی - وجہ دوم یہ کہ پہلے نصاری پر رد گزرا اور جو انھون نے مسیح علیہ السلام کے حق مین اعتقاد باطل کر رکھا تھا - تو پہلے قول حق در باب عیسیٰؑ وانکی والدہؑ کے بیان فرماکر ظاہر کردیا گیا کہ قول نصاری سر سے پیر تک غلط ہی بلکہ حق عزوجل نے اسکو قدرت کاملہ سے پیدا کیا اور یہ اسکی قدرت کے سامنے کچھ بھی نہین پھر اسکو رسول کرکے بنی اسرائیل کی طرف بھیجا جو ایک شرع خاص کے ساتھ توحید پروردگار کیطرف دعوت کرتا تھا مگر یہود نے بعض احکام عملی خلاف توریت ہونے کی وجہ سے نہ مانا تب اللہ تعالے نے یہان سے یہود پر رد شروع فرمایا اور ظاہر کردیا کہ جس نسخ کا انھون نے انکار کیا بنابر یکہ شرع عیسیٰؑ سے شرع موسیٰؑ منسوخ نہین ہوسکتی ہی وہ نسخ تو جائز کیا یعنے بلکہ واقع ہوا ہی چنانچہ اللہ تعالے نے خود توریت مین صریح ذکر فرمایا ہی کہ جب نوحؑ کشتی سے اترے رب اللہ تعالے نے انکے واسطے زمین کے تمام جانور حلال کردیے پھر اسکے بعد اسرائیل نے اپنے اوپر اونٹ کا گوشت و دودھ حرام کرلیا اور انکے فرزندون نے اس پارہ مین اسکی پیروی کی پھر توریت مین اسکے سوائے دیگر چیزون کی تحریم وارد ہوئی اور یہ حال معلوم ہی کہ اللہ عزوجل نے آدمؑ کو اجازت دی تھی کہ اپنی لڑکیان و لڑکے ایک دوسرے کے نکاح مین دیدین پھر اسکے بعد ایسا عقد حرام کردیا اور ابراہیم علیہ السلام کی شرع مین آزاد منکوحہ پر باندی رکھ لینا حلال تھا چنانچہ خود انھون نے سارہؓ پر ہاجر کو رکھا حالانکہ توریت مین ایسا کرنا حرام کردیا گیا اور ایسے ہی دو بہنون کو ایک وقت مین نکاح مین جمع کرنا روا تھا چنانچہ یعقوبؑ نے خود ایسا کیا پھر توریت مین یہ حرام کیا گیا اور یہ سب یہود کے پاس توریت مین منصوص ہی اور یہ بعینہ نسخ ہی پس ایسے ہی حضرت عیسیٰؑ کے واسطے جو شرع مقرر کی اسمین بہت سی وہ چیزین جو یہود پر حرام کردی تھین بطور نسخ کے حلال کردین پھر یہود کو کیا ہوا کہ انھون نے عیسیٰؑ کی پیروی نہ کی بلکہ جھٹلایا اور مخالفت کی اور ایسے ہی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو جس صراط مستقیم ملت ابراہیم پر لب لباب شریعت پر بھیجا ہی ان سب کو کیا ہوا کہ اسپر ایمان نہین لاتے ہین پس اسیواسطے فرمایا کل الطعام کان حلا لبنی اسرائیل الآیۃ - مقام دوم نذر کرنا اس نیت سے کہ وہ تقدیر مین کچھ تغیر کرتی ہی مذموم ہی اور یہ شیوہ عوام وجہال ہی نظر بایں معنے حدیث مین منع ہی کیونکہ جاہل سمجھتا ہی کہ مین نے یون نذر کی تو ایسا ہوا کہ گویا تقدیر بدل گئی پس یہ منع ہی اور برخلاف اسکے اس نیت سے کہ جیسے یعقوب علیہ السلام نے اپنے زہد نفس کے واسطے سب سے محبوب چیز کو ترک کیا اور یہ موافق مشروع ہی روا ہی بلکہ اولی ہی اور اسمین تحقیق لطیف ہی جو عنقریب انشاء اللہ تعالے آویگی - مقام سوم توریت کا قابل اعتماد ہونا اسکے دو معنے ہین ایک یہ کہ توریت وہ کلام الٰہی جو اللہ تعالے نے موسیٰ علیہ السلام پر نازل کیا تو اسمین شک نہین کہ وہ کتاب اللہ تعالے برحق تھی اور اس سے انکار کرنا کفر ہی اور بحث یہان دوسرے معنے کی ہی یعنے یہ توریت جو یہود کے ہاتھ مین موجود تھی آیا بعینہ وہی تھی جو اللہ تعالے نے موسیٰؑ پر نازل فرمائی کیونکہ الواح زبرجد کا تو پتہ نہین ہی تو مین کہتا ہون کہ اسمین کچھ اختلاف ہی اور علمانے اسمین مفرد تصنیفین کین لیکن شاید تحقین کلام اختصار کے ساتھ وہ ہی جو حافظ ابن القیم نے اغاثۃ اللہفان مین فرمایا کہ علمانے اس امر مین اختلاف کیا کہ جو توریت ان یہود کے ہاتھ مین ہی بھلا اسمین تبدیل لفظی ہوئی یا فقط معنوی تحریف واقع ہوئی یعنے تاویل بیجا کرتے تھے پس اسمین تین قول ہین ایک گروہ نے کہا کہ کل توریت یا اکثر اسکا حصہ تو مبدل ہی حتی کہ بعض نے یہان تک غلو کیا کہ اسے اوراق ردی سمجھے جاوین اور ایک گروہ ائمہ فقہ و حدیث و کلام نے کہا کہ تبدیل فقط تاویل

ہین ہوئی چنانچہ بخاری رحمہ نے اپنی صحیح مین کہا یحرفون یزیلون یبدل احد یزیل لفظ کتاب من کتب اللہ ولکنہم یتاولونہ علی غیر تاویلہ یعنے یحرفونہ بمعنے یبدلون ہی ولیکن کسیکو یہ قدرت نہین کہ کتاب الٰہی مین سے کسی کتاب کے لفظ کا ازالہ کرے ولیکن بات یہ تھی کہ وہ اسکو اسکی تاویل حق کے سوائے دوسری وجہ پر تاویل کرتے تھے اور اسکو ابن عباس رضہ سے روایت کیا گیا اور یہی شیخ رازی رحمہ نے اختیار کیا ہی اور مین نے اپنے شیخ سے سنا کہ فرماتے تھے فضلا مین جھگڑا پڑا پس اسنے اسی قول کو تو جائز رکھا اور باقی اقوال کو واہی قرار دیا پس لوگون نے اسپر انکار کیا تو اسنے اسکی پندرہ دلیلین پیش کین ازانجملہ انکی حجت یہ بات ہی کہ توریت کے نسخے مشرق و مغرب و شمال و جنوب مین جہان بھر مین پھیل گئے کہ اسکے نسخون کی تعداد کو اللہ تعالے ہی جانتا ہی پس یہ ممتنع ہی کہ تمام ان نسخون والے تبدیل و تغیر پر متفق ہو جاوین کہ یہ سب نسخے متغیر ہو جاوین اور روے زمین پر ایک نسخہ بھی صحیح سلامت باقی نرہے جو ملے وہ متغیر ہی ملے اسکو عقل سلیم محال جانتی ہی اور اللہ تعالے نے اپنے نبی صلعم کو فرمایا قل فاتوا بالتورٰۃ فاتلوہا ان کنتم صادقین متعرض ہم کہتا ہی کہ اسکو حکم قرار دیا اور اگر وہ محرف ہوتی تو کیونکر یہ حکم قرار دی جاتی اور نیز عبد اللہ بن صوریا کے قصہ مین آیہ رجم کو اسنے چھپا رکھا تھا چنانچہ فرمایا کہ اور علماے اتفاق کیا ہی کہ انھون نے فریضہ رجم کو ترک کر دیا مگر انسے یہ ممکن نہوا کہ توریت مین سے اسکو تغییر دیوین اسیواسطے جب انھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پڑھا تو پڑھنے والے نے آیۃ الرجم پر اپنا ہاتھ رکھ لیا پس عبد اللہ بن سلام نے فرمایا کہ اپنا ہاتھ اٹھا اسنے اٹھایا تو اسکے نیچے سے چمک اٹھی کہا اور ایک قوم نے بیچ بیچ اختیار کیا ہی اور کہا کہ اسمین کچھ خفیف چیزین ضرور زیادہ ہوئین اور متغیر کی گئین ۔ اور ہمارے شیخ رحمہ نے رسالۃ الجواب الصحیح من بدل دین المسیح مین اسیکو اختیار کیا اور کہا کہ یہ اسطرح ہی کہ جو توریت انکے پاس ہی اسمین ہی کہ اللہ تعالے سبحانہ نے ابراہیم سے فرمایا کہ اذبح ابنک بکرک او وحیدک اسحق ۔ یعنے ذبح کر تو اپنے بیٹے بکر کو یا وحید کو اور وہ اسحق ہی حالانکہ یہ زیادتی دو وجہ سے باطل ہی اول یہ کہ ابراہیم کا بیٹا بکر و وحید تینون ملتون کے اتفاق سے اسمعیل ہین نہ اسحق ۔ دوم آنکہ اللہ تعالے نے ابراہیم کو حکم دیا کہ ہاجر و اسکے فرزند اسمعیل کو سارہ کے پاس سے ہٹا لیجاوین اور خشک میدان مکہ مین بسا دین تاکہ سارہ کو غیرت نہ آوے پس پابندی و اسکی اولاد کو سارہ کے سامنے سے دور کرنے کا حکم دیا پھر اسکے بعد کیونکر یہ حکم ہو گا کہ سارہ کے فرزند کو ذبح کرے اور ہاجر کے فرزند کو باقی رکھے اور یہ ایسی بات ہی کہ اسکو حکمت مقتضی نہین ہی سوم آنکہ ذبح کا قصہ قطعا مکہ مین واقع ہوا اسیواسطے اللہ تعالے نے ہدی وغیرہ کی قربانی خاص مکہ مین قرار دی تاکہ امت والون کو یاد رہے جو ابراہیم و اسکے فرزند کے ساتھ حکم فرمایا تھا چہارم آنکہ اللہ تعالے نے سارہ کو اسحق کی بشارت دی اور بعد اسحق کے یعقوب کی بشارت دی اور یہ دونون بشارتین معا ایک ہی ساتھ دین یعنے تجھسے اسحق ہو گا اور تیری زندگی مین اسحق سے یعقوب ہو گا ۔ پھر کیونکر اسکے بعد ذبح اسحق کا حکم ہو گا حالانکہ مادر و پدر کو اسحق کے فرزند کی بشارت دی ہی ۔ پنجم آنکہ اللہ عزوجل نے ہرگاہ قصہ ذبح و اسکا اپنی جان اللہ تعالے کے واسطے تسلیم کرنا اور ابراہیم کا اسکے ذبح پر اقدام کرنا ذکر فرمایا اور قصہ سے فارغ ہونے کے بعد فرمایا وبشرناہ باسحق نبیا من الصالحین پس اللہ عزوجل نے ذبیح فرزند کے قصہ کے بعد اسحق کی بشارت کا قصہ فرمایا تو معلوم ہوا کہ ذبیح دیگر ہی اور اسحق دیگر ہی چنانچہ پارہ ۲۳ مین مفصل آویگا پس اسمعیل کو ذبح سے نجات دی اور لشکر سے اسپر اور بڑھایا کہ اسحق کو دیا ۔ ششم آنکہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے پروردگار سے فرزند کی دعا کی پس اسکی دعا قبول فرما کر بشارت دی پھر جب اسکے ساتھ سعی کو پہونچا تو اسکے ذبح کا حکم دیا چنانچہ اللہ تعالے نے ذکر فرمایا ۔ وقال انی ذاہب الی ربی سیہدین رب ہب لی من الصالحین فبشرناہ بغلام حلیم ۔ تیسری دلیل ہی کہ یہ فرزند جسکی بابت کہ ابراہیم نے اسکی درخواست کی اور دعا کی اور نص قرآن سے قطعا معلوم ہوا کہ یہی فرزند جسکی بشارت بعد دعا کے دی گئی تھی اسیکے ذبح کا حکم ہوا ہی اور وہی اسمعیل ہین اور رہے اسحق تو انکی بشارت بدون دعا کے بڑھاپے مین دی گئی اور ایسی حالت تھی کہ ایسے سن والے کے کہان نہین پیدا ہوا کرتا ہی اور اسحق کی بشارت بھی سارہ کو تھی اسیواسطے سارہ رضہ نے تعجب کیا جیسا کہ حق عزوجل نے فرمایا قالوا اتعجبین من امر اللہ رحمۃ اللہ

وبرکاتہ علیکم اہل البیت انہ حمید مجید - اور نیز فرمایا وامراتہ قائمۃ فضحکت فبشرناہا باسحٰق ومن وراء اسحٰق یعقوب - وجہ ہفتم یہ ہے کہ ابراہیم کبھی اسحٰقؑ کو مکہ میں نہیں لائے اور کبھی انکو انکی ماں سے جدا نہیں کیا اور یہ کیونکر ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالےٰ حکم فرماتا کہ سارہؓ کے فرزند کو چھڑا کر یہاں دین اور اسکی سعادت کے مہمان لیجا کر ذبح کر دیں اور اسکی سوت کے فرزند کو باقی رکھیں - وجہ ہشتم یہ کہ اللہ عزوجل نے جب ابراہیمؑ کو خلیل بنایا اور خلت اس امر کو متضمن ہے کہ اسکا قلب بالکل اپنے پروردگار سے متعلق ہو جسمیں غیر کی کچھ بھی گنجایش نہو پھر جب خلیلؑ نے فرزند کی درخواست کی تو اسکو اسمٰعیل عطا ہوا پس اس سے شعبۂ تعلق متعلق ہوا پس اس شعبہ سے بھی خالص کرنے کو امتحان کیا اور حکم دیا کہ اس فرزند کو ذبح کر پس جب وہ فرمانبرداری پر آمادہ ہوا اور عزم بالجزم کر لیا تو یہ شعبہ خالص ہو گیا اور یہ معلوم ہے کہ ایسا تو اول ہی فرزند میں ہو گا پس جب اول میں یہ بات حاصل ہو گئی اور امتحان پورا ہوا تو اخیر میں اسکی حاجت نہوئی کیونکہ آخر فرزند کی محبت اگر مزاحم ہوتی تو اسکے ذبح کا بھی حکم ہوتا لیکن اگر آخر فرزند کے ذبح کا حکم ہوتا تو لازم آتا کہ اول فرزند کے بارہ میں خلت کی مزاحمت ایک مدت تک چھوڑ رکھی تھی حالانکہ یہ خلاف مقتضائے حکمت ہے فافہم - وجہ نہم یہ کہ اسمٰعیلؑ تو عنفوان شباب میں ملے اور اسحٰقؑ آخر عمر بڑھاپے میں دیے گئے تھے اور عادت کے موافق تعلق قلب کا اول سے ہی فلیتامل فیہ - وجہ دہم یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا ہے کہ میں ابن الذبیحین ہوں یعنے عبد اللہ کا جو آپ کے والد تھے اور قصہ انکا سیر میں مروی ہے دوم آپ کے دادا اسمٰعیل کا جیسا کہ قرآن میں قصہ مذکور ہے پھر اسقدر یہ ہے کہ یہ لفظ انھوں نے توریت میں بڑھا دیا ہے اور پوشیدہ نہ رہے کہ مجموع ان وجوہ سے ضرور اسقدر ثابت ہوتا ہے کہ اسحٰق کا ذکر اتفاقیہ کے زیادہ کیا گیا کیونکہ یہ وجوہ بعض مشید ارکان بعض ہیں ویسا ہی حال انجیل کا ہے چنانچہ حفظا جیؒ نے تفسیر سورۂ فاتحہ میں کہا کہ انجیل کے بعض الفاظ میں تحریف و تبدیل اور معانی میں فرق کثیر ہے اسکے نسخے بہت مختلف ہیں اور جو نسخے مشہور ہیں انتہی ملخصاً - مترجم کہتا ہے کہ ملا بحر العلوم وغیرہ سے تحقیق میں قصور ہوا کہ انھوں نے اسحٰق کو ذبیح قرار دیا ہے حالانکہ قطع نظر مشہور کے وہ مخالف نصوص قرآن و حدیث ہے پس اسکے مقابلہ میں کسی مورخ یا مفسر کا قول قبول نہیں ہو سکتا ہے اگرچہ کیسا ہی کشف کا دعوی کرے اسواسطے کہ کشف کی شرط یہ ہے کہ خلاف نصوص و سنت نہووے کما لا یخفی علی المہارف الماہر وقد صرح بہ جمع من الاکابر - پھر مترجم کہتا ہے کہ میرے نزدیک تحقیق المقام یہ ہے کہ اصل توریت عبرانی میں تحریف نہ تھی مگر توریت سے عربی وغیرہ میں نقل کرتے اور اسکے ابواب و سورتوں کو علیحدہ علیحدہ لکھتے اور اسمیں تحریفات کرتے اور بعضے بیانات کو ٹکڑے کر کے جہاں جہاں مناسب سمجھتے الحاق کرتے تھے چنانچہ قولہ تعالےٰ للذین یکتبون الکتاب بایدیہم ثم یقولون ہذا من عند اللہ الآیۃ میں منصوص ہے اور قولہ تعالےٰ تجعلونہ قراطیس تبدونہا وتخفون کثیرا الآیۃ سے ظاہر ہے کہ قراطیس واجزا میں علیحدہ علیحدہ پارے لکھتے اور بہت کر کے چھپا ڈالتے تھے اور عیسیٰ علیہ السلام کا ذکر تھا یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت دی گئی تھی تو اسکی آیات لیکر ٹکڑے ٹکڑے کر کے متعدد انبیائے سابقین کے ساتھ ملا دیتے چنانچہ قولہ تعالےٰ یحرفون الکلم عن مواضعہ الآیہ - میں منصوص ہے کہ کلمات کو اپنے مواقع سے بدل ڈالتے تھے پس جب نسخہائے توریت جو انھوں نے بکثرت شائع کر دیے تو آئندہ اعتبار ساقط ہو گیا کہ اصل توریت کون نسخہ ہے اور انکے بنائے ہوئے نسخہ جات کون ہیں اگرچہ زمانۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں عبد اللہ بن سلام وغیرہ علمائے یہود جو مسلمان ہو گئے تھے وہ اس نسخہ کو پہچانتے تھے جو قدیم انکے پاس تھا اگرچہ اسکی بعض تحریفات جو قدماء سے سرزد ہوئی تھی جس سے حضرت عیسیٰ کی بشارت مٹائی تھی اس سے انکو بھی مجبوری تھی رہا یہ کہ اس زمانہ میں جو توریت و انجیل کے موجود ہیں انکا تو حال ہی نہ پوچھو کہ انمیں کسقدر تغیر و تحریف ہے اور سخت عجب ہے کہ جتنے مرتبہ جتنے مسئلوں کے مطبوعہ نسخے دیکھو انمیں مختلف عبارات و الفاظ و معانی و اشارات و دلالات متعلقہ معانی سے بہت بڑا تفاوت موجود ہے جسکا جی چاہے معائنہ کر لے - پھر مترجم کہتا ہے کہ جب تحقیق یہ ہوا کہ توریت میں فی الجملہ تغیر و تحریف اسوقت موجود تھی تو کیونکر حکم ہوا کہ

لہ یعنے آپ کے والد حضرت عبد اللہ اور حضرت اسمٰعیل علیہما السلام ۱۲

فاتوا بالتوراۃ فاتلوہا ان کنتم صادقین ۔ اور جواب یہ ہے کہ علم الٰہی حاوی ہے اس مقام خاص میں کوئی تغیر نہ تھا جو انکے الزام کے واسطے بہت کافی تھا فافہم پھر انکے احبار نے اسکی تفسیر کو اسطرح خلط کیا اور نقل میں ایسی عبارات سے اسکو لائے کہ اصل کلام متمیز نہ رہا اور تاویل و معنے خلاف اصل کے بجائے اصل کے اپنے ہاتھ کے لکھے ہوئے میں قائم کیے کہ وہ عوام کے نزدیک اصل مشہور ہو گئے اسواسطے کہ وہی لوگ اپنے احبار کی ہر تحریل و تحریم میں براستاع تھے اور تنقید روایت و درایت کا انمیں بالکل نام ہی نہ تھا واللہ تعالے اعلم ۔ مقام پہارم آنکہ اللہ عزوجل نے جدال و مرا سے منع فرمایا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کثیرہ میں اس سے سخت ممانعت ہوا اسواسطے آئمہ تحقیق و اکابر علماء نے علم خلاف پر تشنیع کی اور اس سے منع فرمایا ہی پس نظر بریں کہ ہدایت و ضلالت سب اللہ تعالے کیطرف سے ہو طریق اقتصاد کو پسند فرما کر انکے انکار کے جواب میں اسیقدر فرمایا کہ تم اگر کلام پاک قرآن مجید کے مستفتد نہیں ہو تو توریت اٹھا کر دیکھ لو اسمیں لکھا ہی پس اگر معاند نہیں ہو تو تسلیم کرو اور آئندہ کے واسطے عناد ترک کرو اور اسلام لاؤ ۔ پس ساری بات تو اللہ تعالے کا القیا ہی اسیواسطے آنحضرت صلعم کو حکم دیا کہ ملت ابراہیم کی پیروی کریں چنانچہ فرمایا ۔ ثم اوحینا الیک ان اتبع ملۃ ابراہیم حنیفا ۔ یعنے وہ طریقہ اختیار کرو جو ابراہیم نے اسلام کا اختیار کیا تھا کہ وہ اللہ تعالے کے واسطے ہمہ تن منقاد و مطیع تھا پس اس شرع کو اللہ عزوجل نے باستقلال حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے واسطے مکمل کر دیا ۔ و ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء ۔ اور جاننا چاہیے کہ عرق النسا کی بیماری جسکی تدرین حضرت یعقوب نے اپنے اوپر اونٹ کا گوشت وغیرہ حرام کر لیا تھا اسکا علاج فرطبی نے ثعلبی کی روایت سے ذکر کیا کہ حضرت انس نے مرفوعاً روایت کی کہ عرق النسا بیٹھا جو نہ بچہ ہو نہ بڈھا ہو اسکی پکتی لیکر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹے جاویں اور آگ پر بھونے جاویں اور اس سے جو تیل نکلے وہ لیا جاوے اور اسکی تین قسمیں کیجاویں پس جو شخص اس مرض سے بیمار ہو وہ ہر روز نہار منہ اسمیں سے تین وزن پیے ۔ حضرت انس نے فرمایا کہ میں نے سو بیماروں سے زیادہ کو یہ دوا بتلائی سب اللہ تعالے کے حکم سے اچھے ہو گئے ف ۲

عرق النسا کے بیان میں کہا کہ قولہ تعالے کل الطعام کان حلا لبنی اسرائیل الا ما حرم اسرائیل علی نفسہ ۔ اسمیں اشارہ یہ ہے کہ اس قصہ والوں کو واہی کہ کھانے کی چیزوں میں سے کوئی چیز ازراہ مجاہدہ چھوڑ دیں نہ ازراہ تحریم یعنے یہ اعتقاد نہ کریں کہ یہ واقعی حرام ہے بلکہ خود مجاہدہ کریں کہ ہم نہ کھائینگے پھر اللہ تعالے نے انکو اپنے انبیا علیہم السلام کی شان سے آگاہ کیا کہ وہی اسطرح مجاہدات کرتے تھے تاکہ یہ لوگ انہیں کی پیروی کریں ۔ اور نیز اسمیں یہ اشارہ ہے کہ گوشت چھوڑ دینا کیونکہ اسمیں بھی ایک عقل کی خبطگی اور دل کی گندگی ہے کہ وہ مجاہدہ و ریاضت کے حق میں اُلٹا کام کرتا ہے ولیکن اسکا ترک کرنا اس راہ سے نہو کہ گوشت کو حرام سمجھ لے قال المترجم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بکری کی دست کو پسند فرماتے تھے یہ اعتبار اسکے تھا کہ وہ زود ہضم اور خوشگوار ہوتا ہے اور بوجہ خواہش نفس و مزہ کے نہ تھا کہ یہ وہم آپ کی جناب میں سوائے بیوقوفی کے اور کسی کو نہو گا اور یہ وجہ پسندیدگی کے جو میں نے بیان کی ہے بعض روایات میں خود مصرح آگئی ہے ۔ پھر جو شخص کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی دنیا دنی کو اللہ تعالے کے مجموعی ہیأت سے نظر کرتا اور جانتا ہے وہ اسکی شہادت دیگا کہ آپ کو کسی چیز کے ترک کرنے کی کوئی حاجت نہ تھی علاوہ ازیں آپ کو کوئی چیز مضر نہیں ہو سکتی تھی جیسا کہ اللہ عزوجل نے آپ کو خصائص سے مخصوص فرمایا تھا اور یہ حال اور لوگوں کا نہیں ہے پس وہ وہی ہے جسے ایسی سنتوں کے ادا کرنے میں سوائے اسکے اور طریقہ لیا کہ دو ایک مرتبہ اسطرح دست کے گوشت کو کھا دے اور نیز جسنے اکابر صوفیہ کی اسطرح ممانعت کو خلاف سنت اور رہبانیت خیال کیا وہ بھی کج فہم ہے پس امر حق و قول فیصل اس مقام پہ یہ ہے کہ گوشت کھانا حلال ہے اور دائمی ترک بھی خلاف سنت و صریح اثر حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منع ہے لیکن یہ یاد رکھے کہ اللہ عزوجل نے گائے بکری وغیرہ جو جانور جاندار پیدا فرمائے ہیں اور احسان کے طور پر آدمی کو یہ اجازت دی کہ ذبح کرے اور کھاوے تو اس آدمی پر کتنا بڑا احسان کیا اگر اُسنے کسی

جانور کو ذبح کرکے کھایا تو اسکے عظیم شکریہ کو پورا ادا کرے کہ جب تک اس غذا کی تقویت بدن میں ہو بدن کو امور شرعی وعبادت میں صرف کرے اور یہ امر اگرچہ کل غذاؤں میں ہے لیکن جان جاندار چیزوں کے گوشت میں زیادہ ظاہر ہے کیونکہ اناج وغیرہ میں وہ جان نہیں سمجھتا ہے لیکن تقویت گوشت کی غذا میں زائد ہے جیسا کہ طبیبوں نے اسکے وجوہ از قسم مشابہت بمغتذی ہونا وغیرہ مفصل بیان کیے ہیں پس کم ایسا ہوتا ہے کہ اس سوا کو مجاہدہ کے قابو میں لاوے الا وہی شخص جسکو اللہ تعالے نے توفیق دی اور ایسے لوگ قلیل ہیں پس کثرت کے اعتبار سے یہی اجود ہے کہ گوشت کو ترک کرے کیونکہ غذا سے جو فائدہ تھا کہ مجاہدہ وریاضت میں قوت ہو گوشت میں اسکے برعکس ظاہر ہوا۔ یہ معنے ہیں اسکے جو ان اکابر نے کہا ہے اور نظیر اسکی مثلث عنبی ہے کہ امام ابو یوسفؒ اسکو استعمال کرتے اور خود اسکے ترک کا اشارہ کرتے اور فقہاے متاخرین نے قطعاً اسکے ترک کی طرف گویا تصریح کردی ہے باوجودیکہ اسکے جواز میں اتفاق ہے فافہم واللہ اعلم۔ قال الشیخ اور نیز پیغمبر خدا حضرت یعقوب علیہ السلام نے اس طعام کو ترک فرمایا جو انکو بہت مرغوب تھا پس اللہ تعالے نے جو اسکی خبر دی تو اپنے اہل محبت کو تعلیم دی کہ وہ بھی مرغوب کھانے اور جو کچھ دنیا کی تر و تازہ لذت کی چیزیں انکے خواہش کی مطلوب ہیں سب اسکی محبت کے واسطے ترک کریں۔ اور نیز اسمیں اشارہ ہے کہ جو لوگ سالوس و ناموس کے طور جھوٹے دعوے کرتے ہیں اور اہل اسلام کو فریب دیتے اور اپنی عاقبت و دنیا خراب کرنے کو اکثر چیزیں اپنے اوپر حرام کرتے ہیں انکو نہیں چاہیے کہ اللہ تعالے نے جو پاک چیزیں حلال کی ہیں انکو حرام کریں اور جو خبیث و شرع میں ممنوع چیزیں ہیں انکو حلال کریں اور ایسے لوگ اس زمانہ میں ظاہر ہوے ہیں جنکو اباحیہ کہتے ہیں اللہ تعالے انکی جڑ بنیاد ناپید کردے مفسر رحمہ کہتا ہے کہ اباحیہ ایک فرقہ ہے گمراہ جو ظاہر میں اسلام کے قائل ہیں اور کہتے ہیں کہ اللہ تعالے نے کل چیزیں بندوں کے واسطے مباح کردی ہیں اور جسنے منع کیا ہے وہ اسطور پر ممانعت ہے جیسے طبیب کسی مریض کو پرہیز بتاتا ہے حالانکہ اسپر کچھ قطعی حرام نہیں کرتا ہے اور یہ فرقہ زیادہ تصوف میں دم مارتا ہے اور انکے خبیث اعتقاد و افعال بعض بزرگوں نے مفصل بیان کیے ہیں اللہ تعالے مسلمانوں کو انکے شر سے بچاوے۔ قال تعالے قل صدق اللہ فاتبعوا ملۃ ابراہیم حنیفا۔ ملت ابراہیم علیہ السلام شوق وعشق ومحبت وخلت ومروت وفتوت وسخاوت وشجاعت وحلم وامانت ودیانت وکرامت۔ و مہمان کی بزرگداشت اور بلا میں صبر کرنا ونعمت میں شکر کرنا اور ماسوے حق عزوجل کو جو چیز ہے سب کو بالکلیہ چھوڑنا۔ اور درد محبت میں اشک ریزی و آہ وزاری کرنا اور صدق واخلاص و توحید و تجرید و تفرید اور سماع کلام حق اور متصف ہونا بصفات حق باین طور کہ بشری رسوم میں انھیں اخلاق پر کاربند ہونا۔ اور انھیں خصلتوں سے وہ عارفین کے پیشوا اور عالم کے مقتدا ہوے۔ یہ دیکھو اللہ عزوجل نے اپنے محبوب خاص کو جو تمام مخلوق اور عالم سے برگزیدہ ہے یعنے آنحضرت صلعم کو ابراہیم علیہ السلام کی متابعت و موافقت کا تمام احوال میں حکم فرمایا اور جو شخص ملت ابراہیمؑ سے پھرا اگرچہ ذرہ برابر کیوں نہ پھرا ہو وہ تو اسکا نفس ہی اسکا بت ہو جائیگا اللہ عزوجل نے فرمایا۔ ومن یرغب عن ملۃ ابراہیم الا من سفہ نفسہ۔ مفسر رحمہ کہتا ہے کہ یہ خصال حضرت ابراہیمؑ کے متفرق مقامات کلام مجید میں مذکور ہیں۔ قولہ تعالے وما کان من المشرکین۔ حضرت ابراہیمؑ کی توحید کا یہ حال تھا کہ حق عزوجل کے سوائے جبرئیل تک کی طرف التفات ان امور توحیدی میں نہیں کرتے چنانچہ جب نمرود نے انکو آگ میں ڈالنا چاہا اور ہاتھ پیر باندھ کر گوپھن میں بٹھایا اور ملائکہ آسمان و زمین و بندگان صالح اس حال کو دیکھکر جو حضرت ابراہیمؑ پر گذر رہا تھا حیران تھے اور تقدیر کا یہ معاملہ دیکھکر چپ تھے تب آپ خود دعا کرنے لگے پس حضرت عزوجل سے خطاب ہوا کہ جاؤ اور جو کچھ ابراہیم تم سے کہے اسکو پورا کرو پس اول جبرئیل نے آکر کہا کہ آپ کو کچھ میری مدد کی ضرورت ہو تو فرمائیے کہ میں نمرود سمیت اسکا تختہ الٹ دوں فرمایا کہ ای جبرئیل تمہاری طرف تو مجھے کوئی حاجت نہیں میرا پروردگار مجھے خود دیکھتا جانتا ہے جو اسکو منظور ہے وہی میری مراد ہے۔ اور ابراہیمؑ اپنی دین توحید میں کسی کی مداہنت نہیں کرتے

(آخر پارہ اول میں گذری)

حتی کہ اپنے ماں باپ کی محبت کچھ انکو امر حق سے سست نہیں کرتی تھی بلکہ انسے کہدیا کما قال تعالے انی بری مما تشرکون اور فرمایا۔ وقال انی ذاہب الی ربی سیہدین۔ اور حمیت کے ہتھوڑے سے بتوں کے سر توڑ دیے اور خیال تمثال سے پاک کردی وہ جگہ جو نظر حق کے واسطے تھی پھر اللہ تعالے نے اسکو مشکور کیا اور فرمایا فجعلہم جذاذا۔ اور حضرت ابراہیمؑ نے اللہ تعالے کی محبت میں مالوں اور اولادوں کو قربان کیا اور اللہ تعالے کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت کا خوف نہیں کرتے اسی معنے کر اللہ عزوجل نے فرمایا۔ واتبعوا ملۃ ابراہیم حنیفا۔ اور نیز حضرت ابراہیمؑ کے شان سے دور کردیا وہ خطرہ جسکو شک تصور کیا جاوے کیونکہ انھوں نے کہا تھا کہ رب ارنی کیف تحیی الموتی۔ تو رہی آدمی اس سے وہم کرتا کہ شاید حضرت ابراہیمؑ کو شک کا خطرہ آگیا تھا پس اسکو دفع کردیا اور فرمایا۔ وما کان من المشرکین۔

إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا وَّهُدًى لِّلْعٰلَمِينَ ۝ فِيهِ اٰيٰتٌ

تحقیق پہلا گھر جو ٹھہرا لوگوں کے واسطے یہی ہے جو مکہ میں ہے برکت والا اور نیک راہ جہان کے لوگوں کو اس میں نشانیاں

بَيِّنٰتٌ مَّقَامُ إِبْرٰهِيمَ ۚ وَمَن دَخَلَهُ كَانَ اٰمِنًا ۗ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ

ظاہر ہیں کھڑے ہونے کی جگہ ابراہیم کی اور جو اسکے اندر آیا اسکو امن ملا اور اللہ کا حق ہے لوگوں پر حج کرنا اس گھر کا

مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا ۚ وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِينَ ۝

جو کوئی پاوے اس تک راہ اور جو کوئی منکر ہوا تو اللہ پروا نہیں رکھتا جہان کے لوگوں کی

ونزل لما قالوا قبلتنا قبل قبلتکم۔ یعنے یہود نے مسلمانوں سے کہا کہ بیت المقدس ہمارا قبلہ ہے اور وہ کعبہ سے افضل اور مقدم ہے اسکی طرف انبیاء ہجرت کرتے تھے تب یہ آیت نازل ہوئی اور اللہ تعالے نے ظاہر فرمادیا کہ یہ بات وہ لوگ جہالت سے کہتے ہیں۔ إِنَّ أَوَّلَ بَيْتٍ وُّضِعَ۔ متعبدا۔ لِلنَّاسِ۔ فی الارض۔ یعنے البتہ پہلا گھر جو وضع کیا گیا اسی جاے عبادت کیا گیا واسطے لوگوں کے زمین میں۔ اور جاننا چاہیے کہ اول اس فرد کو کہتے ہیں جو اپنے سوائے سب سے مقدم ہو۔ اور یہ معنے اولیت تحقیقی کے ہیں اور ہر ایسی چیز کو بھی کہتے ہیں جو ابتداءً پائی جاوے خواہ اسکے بعد اور شئی ہو یا نہ ہو۔ پس معنے اول کی راہ سے یہ لفظ مضاف ہوگا۔ پس سدی رحمۃ نے زعم کیا کہ خانہ کعبہ پہلا گھر مطلقاً ہے اور سراج میں لایا کہ وہ پہلا گھر ہے جو پانی پر ظاہر ہوا بروقت پیدایش آسمان وزمین کے اللہ تعالے نے اسکو دو ہزار برس قبل پیدایش زمین کے پیدا کیا اور پانی کی سطح پر وہ سپید جھاگ کے مانند تھا پھر اسکے نیچے زمین بچھائی گئی۔ اور شیخ ابن کثیر رحمۃ نے فرمایا کہ صحیح وہ ہے جو شعبی رحمۃ نے علی رضی اللہ عنہ سے اس آیت میں روایت کی کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ بیوت اس سے پہلے تھی ولیکن یہ پہلا وہ گھر ہے جو اللہ تعالے کی عبادت کے واسطے رکھا گیا رواہ ابن ابی حاتم اور نیز خالد بن عرعرہ کی روایت میں صریح ہے کہ ایک نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ وہ اول بیت ہے فرمایا کہ نہیں ولیکن وہ اول بیت بابرکت ہے اسکو بھی ابن ابی حاتم نے روایت کیا ہے اور اسیکو مفسر رحمۃ نے اختیار کیا کہ متعبدا کی قید لگادی پس اولیت اضافی ہوئی واللہ اعلم۔ لَلَّذِي بِبَكَّةَ۔ وہ بیت جو بکہ میں ہے۔ البکۃ بالباء لغۃ فی مکۃ سمیت بذلک لانہا تبک اعناق الجبابرۃ ای تدقہا وہ الملائکۃ قبل خلق آدم ووضع بعدہ الاقصی وبینہما اربعون سنۃ کما فی حدیث الصحیحین رح فی حدیث ابی ذر ما ظہر علی وجہ الارض عند خلق السموات والارض زبدۃ بیضاء فدحیت الارض من تحتہ۔ یعنے بکہ بہا موحدہ مکہ کے ناموں میں سے ایک نام ہے اسکا یہ نام اسوجہ سے رکھا گیا کہ وہ بک کرتا ہے سرکشوں کی گردنوں کو انکو توڑ دیتا ہے۔ اسکو ملائکہ نے پیدایش آدم سے پہلے بنایا اور اسکے بعد مسجد اقصی رکھی گئی اور ان دونوں کے درمیان چالیس برس کا فرق ہے جیسا کہ صحیحین کی حدیث میں ہے ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ صلعم کون مسجد اول وضع ہوئی فرمایا کہ مسجد الحرام۔ میں نے کہا

لہ یعنے وہ اسکے پاس کوئی چیز محفوظ نہیں ہے

کہ پھر کون تو فرمایا کہ مسجد اقصیٰ مین نے کہا کہ دونون مین کتنا فرق ہی فرمایا کہ چالیس برس پھر مین نے کہا کہ پھر کون تو فرمایا کہ پھر جہان تجکو نماز آگئی وہین پڑھ لے کہ سب مین مسجد ہی رواہ البخاری ومسلم - اگر کہا جاوے کہ کعبہ بنایا ابراہیمؑ اور مسجد اقصیٰ بنایا سلیمانؑ ہی اور اسمین ہزار برس سے زیادہ تفاوت ہی تو جواب ہی کہ ملائکہ نے دونونکو بنایا تھا پھر انکے بنانے مین اتنا فرق مراد ہی بعد اسکے جیسا ابراہیمؑ نے خانہ کعبہ بنایا اور سلیمانؑ نے بیت المقدس تعالے بنانے مین بہت فرق ہی فافہم اور ایک حدیث مین آیا کہ اول جو پر روے آب ظاہر ہوا بروقت پیدایش آسمان زمین کے ایک بدہ بیضا تھا پھر اسکے نیچے زمین بچھائی گئی اخرجہ الطبرانی والبیہقی فی الشعب وابن جریر وابن المنذر اور یہی مستند قول سدی ہی واللہ اعلم - پھر کہا کہ بکہ اسم مکہ ہی بتبدیل میم از باء مانند لازم ولازب وجہ تسمیہ ایک تو مفسرؒ نے ذکر کی اور بعض نے کہا کہ بکہ بمعنی سبب کمی آپ کے من تحتہم تک بالتفصیل ضرع امتہ جیکہ تھی سب وہ چوس گیا اور بعض نے کہا اسلیے کہ یبک الظالم ای یہلکہ کرتا ہی یا گناہون کو ہلاک کرتا ہی اور شیخ ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ قتادہ سے روایت ہی کہ بکہ بیار موضعہ اسلیے کہ ان اللہ تعالے یبک بہ الناس جمیعا فیصلی النساء امام الرجال ولا یفعل ذلک ببلد غیرہا وکذا روی عن مجاہد وعکرمہ وسعید بن جبیر وعمرو بن شعیب ومقاتل وقیل لان الناس یبتاکون فیہا ای یزدحمون اور ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ مکہ قوج سے تنعیم تک ہی اور بکہ بالباء بیت العتیق سے بطحا تک ہی اور ابراہیم نخعیؒ سے ہی کہ بکہ بیت ومسجد ہی اور ایسا ہی زہریؒ نے کہا اور ایک روایت مین عکرمہؓ نے کہا کہ بکہ تو موضع بیت وجو گرد ہی اور اسکے سوائے اسکے مکہ ہی میم ہی اور یہی میمون بن مہران کا قول ہی وابو مالک وابو صالح وابراہیم نخعی وعطیہ ومقاتل نے کہا کہ بکہ موضع بیت ہی اور ماسوائے اسکے مکہ ہی پھر منجملہ اسماء مکہ کے بیت عتیق - بیت الحرام - بلد امین - بلد مامون - رام - الرحم - ام القری - عرش - قادس وغیرہ مذکور ہین - مُبٰرَكًا - درحالیکہ یہ اون بیت اس شان سے ہی کہ وہ مبارک ہوف حال من الذی ای ذا برکۃ - یعنے اسکو نصب بنابر بنکہ الذی سے حال واقع ہی اور معنے اسکے یہ ہین کہ برکت والا ہی - اونی برکت اسکی یہ ہی کہ مسجد حرام مین ایک نماز کا ثواب ایک لاکھ ہی اور مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم مین پچاس ہزار کا جیسے بیت المقدس مین پچاس ہزار کا ثواب ہی - اور یہ صحیحین کے روایات سے ثابت ہی - وَهُدًى لِّلْعٰلَمِيْنَ - لانہ قبلتہم اور اہل کے لیے ہادی ہوف کیونکہ یہی انکا قبلہ ہی یعنے عالمین کے لیے ہادی ہونا اسوجہ سے کہ انکا قبلہ ہی - فِيْهِ اٰيٰتٌۢ بَيِّنٰتٌ - منہا مَّقَامُ اِبْرٰهِيْمَ - ای الحجر الذی قام علیہ عند بناء البیت فاثر قدماہ فیہ وبقی الی الان مع تطاول الزمان وتداول الایدی علیہ ومنہا تضعیف الحسنات فیہ - وان الطیر لا یعلوہ - اسمین نشانیان کھلی ہوئی ہین (انھین مین سے) مقام ابراہیم ہوف یعنے وہ پتھر جسپر ابراہیمؑ کھڑے ہوے وقت بنانے بیت کے پس انکے دونون قدمون نے اسمین اثر کیا اور اسوقت تک باقی رہا باوجودیکہ زمانہ دراز گذرا اور بہتیرے ہاتھ اسپر پڑے اور از انجملہ یہ کہ اسمین نیکیان دوچند ہوتی ہین اور یہ کہ پرند اسپر ہوکر نہین اڑتا ہی اور یہ بدیہی محسوس معجزہ ہی جاننا چاہیے کہ صاحب کشاف نے یہان یہ اشکال پیش کیا کہ آیات بینات جمع ہی اور مقام ابراہیم مفرد ہی اسکا بیان کیونکر ہو سکتا ہی اور مفسرؒ نے مانند بیضاوی کے خبر محذوف کی ای منہا مقام ابراہیم - یعنے منجملہ ان آیات کے مقام ابراہیم ہی اور جو داخل ہو بیچ حرم ہی پھر خاصکر انھین کے ذکر سے کفار پر حجت قائم ہی کیونکہ وہ انکو حواس سے ادراک کرتے ہین ومفسرؒ جم کہتا ہی کہ امن داخلین بحکم شرعی ہی جیسا کہ آتا ہی پس کفار پر اس سے احتجاج مستبعد ہی بلکہ اسی جو وہی ہی کہ منہا خبر محذوف ہی اور بیضاوی نے کہا کہ مقام ابراہیم کا سبب یہ تھا کہ ابراہیمؑ اس پتھر پر کھڑے ہوے کہ دیوار بلند کرنے قادر ہون اور اسمعیل علیہ السلام پتھر و گارا پہونچاتے تھے پس انکے دونون پانون اسمین دھنس گئے اور ٹخنون تک در آئے ولیکن مفسرؒ جم کہتا ہی کہ صحیح مشہور یہ ہی کہ پتھر مین انکے متبرک قدمون کا نشان پڑ گیا جو بجنسہ باقی رہا قال ابن کثیرؒ وہ دیوار بیت سے ملاصق تھا پھر عمر بن الخطابؓ نے اسکو اپنی خلافت مین ناحیہ مشرق کی طرف ہٹا دیا تاکہ طواف پر قابو ملے اور بعد طواف کے نماز ادا کرنے مین نمازیون کو تشویش نہو کیونکہ

اللہ تعالےٰ نے حکم دیا کہ واتخذوا من مقام ابراہیم مصلی۔ اور عوفی رحمۃ اللہ نے ابن عباس رضؓ سے روایت کی کہ قولہ فیہ آیات بینات مقام ابراہیم
اسی قولہ من مقام ابراہیم والشعبی اور مجاہد نے کہا مقام مین ابراہیم کے قدمون کا اثر ایک آیۃ بینہ ہی پھر مقام ابراہیم اکثرون کے قول پر وہی پتھر
ہی اور ابن ابی حاتم نے ابن عباس رضؓ سے روایت کی کہ کل حرم مقام ابراہیم ہی اور شیخ عمر والاودی راوی حدیث نے اپنی حدیث مین کہا کہ
کل حجر مقام ابراہیم ہی اور یہ روایت اوفق ہی۔ پھر حق یہ ہی کہ مقام ابراہیم تو یہود و منکرین وغیرہ پر اسمیت بینہ و حجت ہی کہ وہ بیت المقدس کو
ابراہیم سے اختصاص دیتے سو رد کر دیا کہ ابراہیم کو خصوصیت اس خانہ کعبہ سے ہی کہ انکا اثر قدم اسمین ہی اور اسمین معنوی آیت اہل ایمان کے
واسطے وودیعت فرمائی اور منجملہ عجیب آیات کے یہ ہی کہ پرند اسکے اوپر ہو کر نہین اڑتا ہی ادھر اودھر گزرا جاتا ہی حالانکہ کتنے ہزار برس گذرے یہی
حال جاری ہی اور یہ کہ درندے دیگر جانورون سے خلط ہو کر حرم مین گھستے ہین اور شکار سے تعرض نہین کرتے ہین اور جس بدبخت سرکش نے اسکا
قصد کیا وہ ہلاک ہوا اور یہ کہ بارش جب کن یمانی کی طرف ہوتی ہی تو عمدہ پیداوار مین ہوتی ہی اور جب ناحیہ شامی کیطرف ہوتی ہی تو شام
مین پیداوار کی کثرت ہوتی ہی اور سب سے بڑھکر یہ کہ اس خانہ کی تعمیر کا حکم فرمانے والا حضرت رب جلیل اور معمار بندہ خاص جبرئیل اور معمار کریم
بندہ حبیب ابراہیم خلیلؑ اور مددگار معمار فرزند جمیل اسمعیلؑ ہی اور طواف کرنے والے ذریات انبیاے کرام ہین اور یہ فخر کسی بیت کو نہین ہی۔
وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا ۔ لا یتعرض لہ بقتل او ظلم او غیر ذلک ۔ اور جو اسمین داخل ہوا مامون ہوا فہ اس سے کچھ تعرض نکیا جائیگا
نہ قتل کا اور نہ ظلم کا اور نہ کسی دیگر امر کا مفسر رحمۃ اللہ نے اس مقام پر تفسیر راجح کو اختیار کیا کہ یہ خبر بمعنے امر ہی یعنے جو شخص اس موضع مبارک مین داخل ہوا
وہ شرعاً مامون ہی اس سے بالکل یہ تعرض نکیا جائیگا کہ قتل کیا جاوے یا اور کوئی ظلم وایذا اسکو پہونچائی جاوے اور یہی ایک جماعت کا قول ہی
اور اسی سے امام ابو حنیفہؒ و انکے صاحبین نے کہا کہ جس شخص پر قتل لازم آیا خواہ اسوجہ سے کہ وہ مرتد ہو گیا یا اسنے کسی کو ناحق مارڈالا جسکے
قصاص مین اسکا قتل لازم آیا یا اور کسی وجہ سے پھر اسنے حرم مین جگہ پکڑی تو اس سے تعرض نکیا جائیگا ولیکن ایسے حال پر چھوڑا جائیگا کہ مجبور ہو کر
خود نکلے تب وہ گرفتار کیا جائیگا اور یہی مذہب قوی ہی اور حضرت عمر بن الخطاب رضؓ سے روایت ہی کہ اگر میں اسمین بالفرض اپنے باپ کے قاتل کو پاؤن
تو اسکو ہاتھ بھی نہ لگاؤن یہانتک کہ وہ حرم سے باہر نکلے اور ابن عباس رضؓ سے روایت ہی کہ جسنے بیت اللہ تعالےٰ کی پناہ پکڑی اسکو بیت اللہ پناہ
دیتا ہی ولیکن اس مجرم کو وہان بچھونا نہ دیا جائیگا اور نہ کھانا اور نہ پانی دیا جاوے یہانتک کہ نکلے پھر جب باہر نکلے تو اپنے گناہ مین پکڑا جاوے اور جسنے
حضرت ابن عباس سے بوجود ابن جریر و ابن ابی حاتم وغیرہ نے روایت کیے ہین اور شافعی رحمۃ اللہ و دیگر ائمہ کا یہ قول ہی کہ جسنے کوئی جرم کیا اور
حرم مین گھس گیا اسپر وہان حد قائم کیجائیگی شاید مفسر محمد رحمۃ اللہ نے اس مسئلہ مین قول ابو حنیفہؒ اختیار کیا ہی کیونکہ اسکی مؤید احادیث صحاح موجود
ہین چنانچہ خطبہ حجۃ الوداع کی حدیث سابق مین لکھی گئی ہی اور وہ حدیث صحیحین کی معروف ہی اور حضرت جابر رضؓ سے مرفوعاً روایت ہی کہ کسی کو حلال
نہین کہ مکہ مین ہتھیار اٹھاوے رواہ مسلم۔ اور عبد اللہ بن عدی رضؓ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم فرماتے تھے کہ واللہ اے مکہ تو اللہ تعالےٰ کو
زمین خدا سے بہتر اور زمین خدا سے محبوب تر ہی اور اگر مین تجھ مین سے نہ نکالا جاتا تو نہ نکلتا۔ رواہ الامام احمد و النسائی و ابن ماجۃ والترمذی
وقال حسن صحیح اور مانند اسکے ابن عباس سے روایت کرکے صحیح کہا اور احمد نے ابو ہریرہ رضؓ سے مانند اسکے روایت کیا۔ پھر کچھ بعید نہین کہ مامون
ہونا سوائے معنے مذکور کے اور معانے پر بھی ہو چنانچہ یحیی بن جعدہ بن ہبیرہ سے روایت ہی کہ کان آمنا ای دوزخ سے مامون ہوا رواہ ابن
ابی حاتم۔ اگر کہا جاوے کہ فتح مکہ مین لشکر خالد بن الولید نے مشرکون کو قتل کیا اور حضرت صلعم نے عبد اللہ بن خطل کے بارہ مین جو پردہ کعبہ سے
لپٹا کھڑا تھا و ہین قتل کیے جانے کا حکم دیا پس معلوم ہوا کہ مجرم وہان قتل ہو سکتا ہی تو جواب یہ ہی کہ فتح مکہ کے دوسرے روز حضرت صلی اللہ

علیہ وسلم نے جو خطبہ پڑھا اسمین صاف فرمایا کہ جو کوئی اسوجہ سے حرم مین قتال کا جواز نکالے کہ رسول اللہ صلعم نے اسمین قتال کیا تو اس سے کہدو کہ اللہ عزوجل نے اپنے نبی صلعم کو اجازت دیدی تھی اور تمکو اجازت نہین دی ہی اور مجھے بھی ان کی ایک ساعت کے واسطے اجازت دی تھی پھر اسکی حرمت نے عود کیا جیسی اگلے روز تھی پس چاہیے کہ جو شخص یہان حاضر ہی وہ غائب کو خبر پہونچادے رواہ البخاری ومسلم وغیرہما وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ - وبدل من الناس - مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا - طریقا فسرہ صلی اللہ علیہ وسلم بالزاد والراحلۃ رواہ الحاکم وغیرہ - اور اللہ تعالے کے واسطے لوگون پر حج کرنا اس بیت کا واجب ہی جو شخص کہ پاوے طرف اس حج کے سبیل ف معنے سبیل کے طریق یعنے راستہ لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکی تفسیر فرمائی کہ زاد راہ وسواری پاوے اسکو حاکم وغیرہ نے روایت کیا حج بالکسر قراءۃ کوفیہ وبالفتح قراءۃ باقیہ وابوبکر ہی شیخ ابن کثیر وغیرہ نے ذکر کیا کہ للہ کا لام یہی لام ایجاب والزام کہلاتا ہی اور اسپر علی کے ساتھ جو وجوب کے لیے ہی تاکید فرمائی پس جمہور کے نزدیک حج فرض ہونے کے یہی آیت ہی اور بعض نے کہا بلکہ قولہ واتموا الحج والعمرۃ للہ سے حج فرض ہوا بالجملہ واجب یعنے فرض ہی - جیسے حنفیہ کہتے ہین کہ زکوٰۃ واجب ہی یعنے فرض ہی اور خصوص علمائے شافعیہ واجب فرض مین فرق نہین کرتے اور شارح منہاج الوصول ابیضاوی رح نے اقرار کیا کہ دونون مین فرق معقول ہی پس فرض وہ ہی جو دلیل قطعی موجب ہے جسمین کسی تاویل کو گنجایش نہین ثابت ہو اور واجب وہ کہ بدلیل ظنی ثبوت اسکا ثابت ہو - بہرحال احادیث متعددہ سے ثابت ہوا کہ حج منجملہ ارکان اسلام کے ایک رکن ہی اور مسلمانون نے باجماع ضروری اسپر اجماع کیا پھر حج تمام عمر مین ایک مرتبہ ایسے شخص پر واجب ہوتا ہی جو مکلف ہو اور اسپر نص موجود اور اجماع ثابت ہی اور یاد رکھنا چاہیے کہ کوئی مسلمان ہو خواہ فقیر یا تونگر اسپر فرض ہی کہ یہ اعتقاد رکھے کہ حج فرض ہی اور رہا اسکا ادا کرنا تو یہ اُسی شخص پر واجب ہی جسکو استطاعت ہو اور اس تقریر مین اسکا سبب بیان آتا ہی پس ابوہریرہ رض سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے خطبہ پڑھا اور فرمایا کہ اے لوگو تمپر اللہ تعالے نے حج فرض کیا پس تم حج کرو پھر ایک مرد نے کہا کہ یا رسول اللہ کیا ہر سال تو آپ خاموش رہے یہانتک کہ اسنے تین بار یہی سوال کیا پس آپ نے فرمایا کہ اگر مین ہان کہدیتا تو ہر سال واجب ہو جاتا اور تم سے ادا نہو سکتا پھر فرمایا کہ مین نے جس حد پر تمکو چھوڑا تم بھی مجھے چھوڑو یعنے سوال مت کرو کیونکہ تمسے اگلے اسی سے ہلاک ہوے کہ انھون نے کثرت سے اپنے انبیاء سے سوال کیے اور انکے خلاف کیا سو جب مین تمکو کسی امر کا حکم دون تو تم اسکو بجالاؤ جہانتک تم کو استطاعت ہی اور جب مین تم کو کسی چیز سے منع کرون تو اس سے باز رہو رواہ احمد ومسلم اور ابن عباس کی اس روایت مین بو چھنے والے کا نام اقرع بن حابس مذکور ہی اور جواب مین تصریح ہی کہ فرمایا حج ایک مرتبہ ہی اور جو زائد ہو وہ نفل وخیر ہی ورواہ احمد ایضاً وابوداؤد والنسائی وابن ماجہ اور یہ معنے حدیث علی رض وانس بن مالک وسراقہ بن مالک وغیرہ سے ثابت ہین اور یہی ظاہر آیہ کریمہ ہی پھر سبیل کی تفسیر زاد وراحلہ سے ترمذی وابن ابی حاتم وابن مردویہ وحاکم وابن جریر وعبدالرزاق وغیرہ نے ایک جماعت صحابہ وتابعین سے مرفوعاً یعنے کلام حضرت صلعم سے اور موقوفاً روایت کیا اور انکی اسانید مین اگرچہ ادنی کلام ہی ولیکن حدیث حجت ہی اور اسی حدیث کی اتباع پر بھی قول امام ابوحنیفہ وامام شافعی کا ہی اور یہی مذہب اکثر اہل علم از صحابہ وتابعین کا ہی جیسا کہ امام ترمذی نے کہا اور یہی حق ہی اور امام مالک رح نے فرمایا کہ آدمی کو جسوقت اپنی قوت پر بھروسا ہو اور راہ مین کمائی کرنے پر قادر ہو تو اسپر ادائے حج واجب ہی اگرچہ زاد وراحلہ نرکھتا ہو اور یہی بعض تابعین سے مروی ہی - پھر لفظ الناس عام ہی خواہ مرد ہون یا عورتین سب پر واجب ہی جبکہ استطاعت ہو سوائے ان لوگون کے جو کسی دلیل سے خاص کیے گئے مانند عورت بے محرم وطفل نابالغ وغلام ومجنون وغیرہ کے جنکا ذکر فقہ مین مفصل ہی پھر ان مخصوص کیے ہوؤن کے سوائے باقی سے من استطاع الیہ سبیلا دلیل ہی اور استطاعت کی تفسیر اوپر گذری لیکن یہ یاد رکھنا چاہیے کہ استطاعت کا انحصار انھین دونون باتون مین مقصود نہین اور نہ اسپر مقصور ہی چنانچہ یہ امر بالبداہۃ ظاہر ہی کہ جو شخص اسطرح لنجا ہو کہ نہ پیرون چل سکتا ہی اور نہ

سواری پر چل سکتا ہو وہ اگرچہ زاد و راحلہ پاوے مگر اسپر ادا کرنا فرض نہین کیونکہ اسنے استطاعت نہین پائی پس صحت بدن اسقدر کہ وہان پہونچے زاد و راحلہ ہو منجملہ استطاعت کے ہو اور نیز یہ کہ راستہ مامون ہو کہ اسکو اپنی جان یا مال پر خوف نہو اور ایسے ہی عورت کو اسکا کوئی ذی رحم محرم مانند شوہر یا بیٹا وغیرہ کے ساتھ کو ملے ورنہ استطاعت نہوگی اگر تین روز کی راہ مسافت سفر ہو۔ اسیواسطے بیضاوی وغیرہ نے بعض مقام پر تنبیہ اسباب ضروری جو ادائے فعل کے واسطے چاہیے ہین سب موجود ہونا استطاعت قرار دیا ہی لیکن زاد و راحلہ کی تفسیر سے یہ ضرور ثابت ہوا کہ زاد و راحلہ منجملہ استطاعت کے ہی اگر یہ نہو تو استطاعت تام نہین ہی۔ پھر باقی رہا یہان یہ مقام کہ حج کا وجوب فوری ہی یا تراخی یعنے جب واجب ہوا تو اسیوقت اس سال میں ادا کرے یا روا ہی کہ آخر عمر تک دیر کرسکتا ہو اسمین امام ابو یوسف و امام محمد کا خلاف فقہ مین مذکور ہی اور تعجیل کو قوی کہا گیا کیونکہ ابن عباس رضی اللہ عنہ کی مرفوعاً روایت ہی کہ جلدی کرو حج ادا کرنے مین یعنے حج فریضہ مین کیونکہ تم مین سے کسی کو نہین معلوم کہ اسکو کیا پیش آویگا رواہ احمد اور نیز ابن عباس نے مرفوعاً روایت کی کہ جو حج کا ارادہ کرے وہ جلدی کرے رواہ احمد و ابو داؤد اور مترجم کہتا ہی کہ تامل کے بعد معلوم ہوتا ہی کہ یہ دلیل مفید قول دوم ہی اسواسطے کہ آیت مین جلدی کرنا نہ تھی اسکی تاکید کردی کہ معلوم نہین کیا پیش آوے لہذا جلدی کرنا چاہیے پس ظاہر یہ ہی کہ فرضیت تو تراخی ہی اور جلدی کرنیکا حکم الگ ہی فتامل **وَمَنْ كَفَرَ** آیت باللہ اور ما فرضہ من الحج۔ **فَإِنَّ اللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعَالَمِينَ**۔ الانس والجن والملائکۃ وعن عبادتہم اور جسنے کفر کیا (یعنے اللہ تعالے کے ساتھ یا فریضہ حج کا انکار کیا) تو اللہ تعالے بے پرواہ ہو عالمون سے (یعنے عالم انس و عالم جن و عالم ملائکہ وغیرہ سے اور انکی عبادتون سے) اور شیخ ابن کثیر کی تفسیر مین ہی کہ عکرمہ نے کہا کہ جو آیت آخر تک من یبتغ غیر الاسلام دینا فلن یقبل منہ۔ تو یہود بولے کہ ہم مسلمان ہین پس اللہ عزوجل نے اپنی حجت قائم کردی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے تم پر حج بیت فرض کیا ہی جو اسکی استطاعت پاوے تو بولے کہ ہم پر فرض نہین کیا گیا اور حج کرنے سے انکار کیا تو اللہ عزوجل نے فرمایا کہ ومن کفر فان اللہ غنی عن العالمین اور مجاہد سے مانند اسکے مروی ہی اور اسماعیلی نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ جسنے حج کی طاقت پائی اور حج نکیا تو یکسان ہی اسپر کہ یہودی ہو یا نصرانی اور ابن کثیر نے کہا کہ اسکی اسناد صحیح ہی اور سعید بن منصور نے حسن بصری سے روایت کی کہ عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ مین نے قصد کیا کہ ان شہرون مین لوگ بھیجون جو دیکھین کہ ہر وہ شخص جسکے پاس استطاعت ہی اور اسنے حج نہین کیا پس اسپر جزیہ باندھین وہ ہرگز مسلمان نہین وہ ہرگز مسلمان نہین ہین۔ بالجملہ اس آیت مین امر حج کی فضیلت اور اسکے تارک کے حق مین وعید شدید ہی جو نظم کلام سے ظاہر ہی اور اسپر تنبیہ کے واسطے یعنے کہ فرمایا اللہ تعالے نے طول کلام کی ضرورت نہین ہی **ف** قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے ان اول بیت وضع للناس۔ جاننا چاہیے کہ عرش تو قبلہ ملائکہ ہی اور کرسی ان لوگون کا قبلہ ہی جو درگاہ عزت مین اپنی خودی سے بے خبر ہین اور بیت المعمور اس گروہ ملائکہ کا قبلہ ہی جنکو سفرۂ کرام کہتے ہین اور کعبہ معظمہ آدمیون کا قبلہ ہی سب عام و خاص کے واسطے بلا تخصیص قبلہ ہی ہر دو گروہ کو وسائط کی طرف حوالہ کردیا اور انکو اپنے مشاہدۂ جمال سے پردہ مین کردیا غیرت کی کہ اسکی طرف کوئی راہ پاوے کیونکہ اپنے بیت مکرمہ کو آدم اور اسکی ذریت سے پہلے وضع فرمایا یہ انکی ابتلا و امتحان کے واسطے تاکہ بیت کو قبلہ کرکے صاحب بیت سے محجوب ہون پھر جسنے اپنی توجہ کی حالت مین جہت کو فقط ایک واسطہ سمجھا اور سر باطنی کو اس سے طرف اللہ تعالے کے متوجہ کیا تو حق عزوجل اسکا قبلہ ہوا پس وہ خود تمام کا قبلہ ہوگا جیسے آدم علیہ السلام ملائکہ کے قبلہ ہوے کیونکہ اللہ عزوجل اور ملائکہ کے درمیان آدم ایک وسیلہ ہو گئے کیونکہ آدم پر اسکے جلال و جمال کا لباس تھا چنانچہ حدیث مین آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ خلق اللہ آدم علی صورتہ۔ مترجم کہتا ہی کہ اس حدیث کو مین نے شروع بارہ آلم مین بیان کردیا ہی اور معنے بھی بیان کیے اور اشارہ کیا کہ صوفیہ اسکے معنے بروجہ دیگر لیتے ہین چنانچہ شیخ نے یہان اسکے معنے یہ بیان کیے کہ یعنے اللہ عزوجل نے آدم پر اپنی صفات و مشاہدہ کا حسن ڈال دیا جیسے موسی علیہ السلام کے حق مین کہا کہ والقیت علیک محبۃ منی۔ اور محبت جناب باری تعالے کا خاصہ از لیہ ہی پھر اہل عبودیت مین سے جسنے آدم علیہ السلام سے اعراض کیا اسکی مثال ایسی ہی جیسے ملائکہ کے درمیان سے ابلیس نے اعراض

کیا تھا اسواسطے کہ معرفت کی شرط سے یہ ہو کہ عالم پر ششش مین وسائط کو وسیلہ کرے پھر جب وہ مشاہدہ خاص مین پہونچکر مرتبہ تحقیق کو پہونچ جاوے تو جسطرف چاہے توجہ کرے ہر طرف وہی ہو چنانچہ فرمایا۔ فاینما تولوا فثم وجہ اللہ۔ کیونکہ وہ محل عین الجمع مین پہونچا اور اسی سے بعض عارفون نے کہا کہ مین نے کسی شی کی طرف نظر نہین کی مگر آنکہ اسمین اللہ تعالے کو دیکھا قال المترجم یہ مطلب نہین ہو کہ نعوذ باللہ اسمین اللہ تعالے کا خلول تھا یا اسمین کوئی دخل تھا بلکہ مراد یہ ہو کہ مشاہدہ حضرت باری تعالے وہی اسکا عین ہوگیا حتی کہ وہ خود اپنے آپکو بھی نہین دیکھتا تھا اور نہ کسی چیز کو دیکھتا تھا مگر چونکہ یہان جمع اضداد پر حق ہو اگرچہ ظاہر گفتگو مین یہ تسلیم کیا جاوے لہذا بعد تسلیم کے اسکے علم مین دونون امر موجود ہوتے ہین فتامل واستقم۔ پھر شیخ نے دوسرا اشارہ شروع کیا اور کہا کہ نیز اسمین یہ اشارہ ہو کہ اللہ تعالے نے اپنا بیت رکھا اور اسکو اپنی آیات کبری کا لباس پہنایا اور وہ نور قدرت ہو تاکہ اپنی طرف بندون کے دل اس بیت کے وسیلہ سے جذب فرماوے اسی جہت سے اس بیت کو اپنی طرف اضافت فرماکر کہا ہو کہ۔ طہر بیتی للطائفین۔ اور نیز اسوجہ سے کہ وہ اللہ تعالے کی آیات خاصہ سے سنور ہو۔ قولہ للذی ببکۃ۔ اسکا نام بکہ اسوجہ سے ہوا کہ اس سے عاشقون کی ارواح جا ملتی ہین اس شوق مین کہ حبیب کا دیدار نصیب ہو اور اسوجہ سے کہ اسپر عارفون لوگ ازدحام کرتے ہین باین طور کہ اپنی جانین اسپر قربان کرنے اور اسطرف دوڑتے ہین قال المترجم شیخ ابن کثیرؒ نے اسکی وجہ تسمیہ مین ذکر کیا کہ بعض نے کہا ہو کہ اسکو کیون کہا گیا اسوجہ سے کہ الناس بتباکون فیہا ای یزدحمون۔ بعض مشائخ نے کہا کہ کتنا بڑا فرق ہو ان دو شخصون مین ایک نے تو اس بیت سے دل لگایا جو اول اسکے واسطے موضوع ہوا اور دوسرے نے اس سے دل لگایا جسکا یہ اول بیت وضع کیا ہوا ہو۔ قولہ مبارکا وہدی للعالمین۔ یعنے پاک مقدس ہو اسواسطے کہ شک کرنے والون کا شک یا ریا کارون کی تہمت اس تک پہونچے یا حسن آیات کبری سوائے مخلصون کے غیر کو نظر پڑے اور نیز اسکو بزرگ کردیا اس لباس سے جو اسکو انوار قرب و برکات سے دیا ہو کہ مریدون کے دل اس سے تسکین پاتے ہین اور مشتاقون کی آتش شوق سے سوختہ فواد کا پیکھا ہو جاتا ہو اور صادقین کی ارواح کے لیے باغ فرح بخش ہو اور عاشقون کے مشام دل کے لیے ریحان معطر ہو اور ہدی ہو یعنے ہادی ہو باین طور کہ اہل عالم مین سے موصون کے اوپر نور قرب کو انکشاف کردیتا ہو اور نیز مریدون یعنے خالص ارادہ سے طلب کرنے والون کو آیات کے دیدار تک راہ بتلاتا ہو اور عارفون کو اس پاک ذات تک پہونچاتا ہو جسکے واسطے آیات وہان موجود ہین اور خائفون کو مقامات امن تک راہ دکھاتا ہو۔ اور جو لوگ منقطع ہوگئے ہین انکو شہود انس تک ہدایت فرماتا ہو اور محسنین کو مشاہدہ رب تبارک و تعالے تک رہنمائی کرتا ہو اور حسینؒ نے فرمایا کہ حق عزوجل نے اپنی تکلیف دو قسم پر وارد فرمائی ہو یعنے بندون کو جو مکلف کیا تو دو قسم کی تکلیفون سے باعتبار بعضے کے مکلف کیا ایک تکلیف از وسائط ہو اور دوم تکلیف بحقائق ہو پس تکلیف بحقائق کے معارف اس سے ظاہر ہوتے اور اسکی طرف عود کرتے ہین اور تکلیف بوسائط کے معارف تو اسکے سوائے غیر سے ظاہر ہوتے ہین اور اس تک پہونچتے نہین مگر اسوقت کہ جب وہ مکلف اسسے ترقی کرجاوے باین طور کہ اسسے فنا ہو کر اوپر کو قدم رکھے پس منجملہ تکلیف وسائط کے اظہار بیت کعبہ ہو چنانچہ فرمایا ان اول بیت وضع للناس۔ پس جب تک تو اس سے متصل ہو تب تک منفصل ہوگا پھر جب تو اس سے حقیقۃ منفصل ہوا تو اسکے واضع سے متصل ہوگا پھر تجکو بیت سے تو ایک سم کا لگاؤ رہیگا اور حقیقی لگاؤ اسکے واضع سے ہوگا قال المترجم خانہ کعبہ کی وہ جہت قرار دی گئی ہین ایک سرسری نظر ظاہری اور دوم نظر باطنی پس اول تو ظاہر ہو اور دوم مین دو نظرین ایک تعلق اس واسطہ سے جو موجب قربت ہو اور دوم واسطہ محض سفیر کے طور پر ہوا اور حقیقی واسطہ ہو کہ اصل تعلق اس واسطہ کے مالک سے ہو پس مراد ترک واسطہ سے یہ نہین ہو کہ اسکو بالکل چھوڑ دے بلکہ یہ مراد ہو کہ وہ مرتبہ حاصل ہو کہ یہ واسطہ در حقیقت محض واسطہ ہو جاوے مثال اسکی قراءۃ کلام مجید ہو کہ نظر سرسری تو اسکے نقوش ہین اور تجاوز انسے تعلق اسکے الفاظ سے ہو اور ربط ماقبل بمابعد و تصحیح نظم و ترکیب پھر اصلی مقصود اسکے معنے ہین کہ وہ بعد ایک تحریر و تنقید کے حاصل

ہونگے اس صورت مین الفاظ و کلام سے تعلق و نظر رفع ہو جائیگی اور مراد و معانی حاصل ہونگے واللہ اعلم - قولہ تعالے فیہ آیات بینات بیت معظمہ عارفون کا آئینہ ہی اس سے حق عزوجل بواسطہ آیات کے انکے واسطے تجلی فرماتا ہی اور حق عزوجل نے اپنے ظہور کا بھید اسمین پوشیدہ کردیا ہی تاکہ اسپر ہر شخص جو اس قصہ سے اجنبی ہی مطلع نہو اور اس بیت کی شان اور درخت موسیٰ کی شان یکسان ہی وہان درخت سے حضرت موسیٰ کے واسطے تجلی فرمائی اور یہان بیت سے امت محمد صلعم کے واسطے تجلی فرمائی اور آیات بینات سے اشارہ کے طور پر اپنی ذات پاک کو کہا حالانکہ وہ ذات پاک حلول و نزول اور انتقال سے پاک برتر ہی یعنے فیہ آیات سے یہ وہم نہو کہ جب ذات پاک کی طرف اشارہ ہی تو اس بیت مین ہونے سے حلول یا نزول و انتقال لازم آتا ہی کیونکہ یہ سب چیزین مخلوق پر قیاس ہی بلکہ یہ قیاس خود اونی مخلوق ہی وہ ذات پاک کے اسرار کو نہین پہونچ سکتا ہی ایسے قیاسات کو وہان مجال نہین ہی فافہم - اور حضرت استادؒ نے فرمایا کہ قولہ فیہ آیات - اسمین آیات ہین ولیکن یہ آیتین ان آنکھون سے جو سر مین ہین ادراک نہین ہوتے ہین بلکہ قلوب کی آنکھون سے نظر آتی ہین قال المترجم یعنے جو آیتین ظاہر کی آنکھون سے ادراک ہین یہ ادنی ہین یہ سمجھنا نچاہیے کہ بس یہی ہین بلکہ وہان جو آیات بزرگ ہین وہ بڑے مرتبہ کی ہین فافہم - اور محمد بن الفضیل نے فرمایا کہ قولہ فیہ آیات بینات - یعنے علامات ظاہرہ ہین جنسے عارفون کو اپنی معروف کی طرف راہ ملتی ہی - قولہ تعالے - مقام ابراہیم یہ مقام خانہ کعبہ مین ظاہر ہی اور باطنی مقام ابراہیم بھی ہی اور وہ چار مقام ہین رضا و تسلیم و انبساط و یقین - پس مقام رضا تو وہ تھا کہ جب آگ مین ڈالے گئے - اور مقام تسلیم وہ تھا جبکہ اپنے بیٹے کو ذبح کرنے لگے اور مقام انبساط مین کہا کہ رب ارنی کیف تحیی الموتی - اور یقین اس سے ظاہر ہی کہ حق عزوجل نے فرمایا - وکذلک نری ابراہیم ملکوت السموات والارض ولیکون من الموقنین - اور زیادت مین مقام مکاشفہ و مشاہدہ و خلت و فتوت ہی پس جسکا سر باطنی ان مقامات سے موافق پڑے اسنے البتہ مقام ابراہیم کا حق ادا کیا - اور نیز خلیلؑ کو مقام معرفت و توحید اور فنا و بقا اور سکر و صحو حاصل تھے پس جسنے سکر کا مزہ چکھا اور صحو مین متمکن ہوا اور اپنی ذاتی اوصاف سے فنا ہوا اور اوصاف حق کے ساتھ تخلق پیدا کرکے اسپر قائم ہوا اور انوار معرفت سے منور ہوا اور لباس توحید سے متلبس ہوا اور اسکی روح نے نور قدم مین پرواز کیا اور اسکا قلب جلال ابدیت مین گھل گیا اور اسکا سر باطنی ملاء اعلی کو پہونچا اور میدان عظمت کبریا مین اسکی عقل حیران ہوئی اور احکام حق کو بلا جزع و فزع بجالانے مین اسکا نفس مطمئن ہوا وہ مقام ابراہیم کے دیدار سے مشرف ہوا کیونکہ وہ محل تمکین ہی - حضرت استادؒ نے فرمایا کہ مقام ابراہیم ظاہر مین وہ ہی جو انکے قدمون کے نیچے رہا اور اشارہ مین وہ ہی جو انکی منون سے موافق ہوا اور بعض نے کہا کہ شرف دیا مقام ابراہیم کو اسلیے کہ وہ اثر خلیل ہی اور خلیل کے نزدیک خلیل کے آثار کو حظ عظیم ہوتا ہی اور شیخ شبلیؒ نے فرمایا کہ مقام ابراہیم خلت ہی پس جسنے اسمین مقام ابراہیم خلیل کو مشاہدہ کیا وہ شریف ہی اور جسنے اسمین مقام حق کو مشاہدہ کیا وہ اشرف ہی - اور محمد بن علی الترمذیؒ نے فرمایا کہ مقام ابراہیم یہ ہی کہ خلیل کی راہ مین اپنا جان و مال و اولاد قربان کرنا پس جسنے اس مقام کو دیکھا اور اس سے اسکو نفس و مال و اولاد کے حق مین وہ تجلی نہوئی جو ابراہیمؑ کو ہوئی تھی اور مسلم نہوا تو اسکا سفر برباد ہوا اور مشقت بیکار گئی - قولہ تعالے ومن دخلہ کان آمنا - جو شخص کہ مقام انابت مین داخل ہوا اسنے نور کفایت کا دامن پکڑا کہ متواتر معصیت سے بچ رہا - اور جو شخص مقام زہد مین داخل ہوا وہ وسوسہ کے ہیجان طوفان سے راحت مین ہوگیا - اور جو مقام توکل مین آیا تو کمائیون کی تنگ و تاریک ہوس سے اسکو وسعت حاصل ہوئی اور جو مقام رضا مین گھسا اسنے فنا سے نجات پائی - اور جسنے صفا کا مزہ چکھا ہی وہی ہی جو مقام وفا مین پہونچا - اور جو شخص مقام استقامت مین آیا تو رنگ برنگ کے خطرات سے چھوٹا - اور جو مقام اخلاص مین داخل ہوا وہ ریا و سمعت کی آفتون سے امن مین ہوا - اور جو مقام صدق مین آگیا وہ نفس کی رعونت سے بچا اور جو شخص مانند خلیلؑ کے مقام تسلیم مین پہنچا

وہ نفس کے جھگڑے و تدبیر و ارادے سے نکلا اور اسکو خود کچھ اختیار نرہا بلکہ حق عزوجل کے اختیار و اسکی مراد مین خاطر جمع ہوا اور مراد جاتے رہنے کے خوف سے نکل گیا اسواسطے کہ جتنے خوف ہین سب اسی بہت سے ہوتے ہین کہ مراد جاتی رہے پس جب اسکی خود کوئی مراد نہین ہی تو اس سبب سے بالکل خوف زائل ہوگیا اور اسکے حال مین خوف کو کہین گنجائش ہی نرہی اور لامحالہ یہ بات ہی کہ بہت مین داخل ہونا جبہی مستحسن ہوگا کہ جتنے امور ہین سب مالک بہت کے سپرد کرے کیونکہ جو شخص اپنی مراد کو چھوڑکر تمام امور کو سپرد کرنے والا نہوہ اپنے تمام امور مین تقدیر سے معارضہ کرنے والا ہوگا حالانکہ بہت مین داخل ہونے کا حسن ادب یہ تہا کہ رضامندی سے تسلیم اختیار کرے نہ آنکہ معارضہ و نزاع بشریت پر اڑے اور جو شخص مقام مراقبہ مین داخل ہوا وہ بعد استقامت کے روی خطرات سے بخوف ہوا اور جو مقام انس مین گھسا اس سے وحشت دور ہوئی اور فتور پیدا کرنے والی حرص اسکے پاس سے بھاگ گئی۔ اور جو شخص مقام خوف مین آیا اللہ تعالے اس سے خوف زوال کو مٹا دیتا ہی اور تمام مخلوق کے نزدیک اسکو اور ہیبت سے توقیر دیتا ہی۔ اور جو شخص مقام امید مین آیا تو امتحان کے بگولے اسکے گرد سے پارہ پارہ ہوجاتے ہین اور وہ دنیا کی علامات و تازگی کے فتنہ سے پاک نکل جاتا ہی اسواسطے کہ جسکے دل مین حقیقی امید کا بادشاہ تخت نشین ہوا وہان بشریت کے جھگڑے اور ہواجس طبیعت اور نفسانی کشمکش سے امن ہوجاتا ہی اسواسطے کہ رجا کا نور نور دریاے انس سے ہی اور انس کا وجود دریاے قدس سے ہی اور قدس اسکی صفات کریمہ مین سے ہی جن علا شانہ اور جسنے سلطان وحدانیت کے سایہ مین پناہ لی وہ شیطان کی اوٹ مار سے بخوف ہوا کیونکہ وہ سلطان قدیر کی پناہ مین پہونچ گیا ہی اور ظاہر ہی کہ جو سلطان جبروت کی پناہ مین ہو اسکو شیطان کا دست غارت کہان پہونچ سکتا ہی چنانچہ فرمایا ان عبادی لیس لک علیہم سلطان یعنے شیطان کو کہا کہ میرے جو خاص بندے ہین اُنپر تجکو کوئی دسترس نہین ہی اور نیز شیطان کا حال خود نقل فرمایا کہ اسنے کہا لاغوینہم اجمعین الا عبادک منہم المخلصین۔ یعنے شیطان نے عزت حضرت عزوجل کی قسم کہائی کہ مین ضرور ان سب کو اغوا کرونگا سوائے تیرے ان بندوں کے جو ان مین سے مخلص و سچے ہین۔ اور جو شخص کہ مقام محبت مین آیا وہ دور اور مطرود کیے جانے اور غضب مین گرفتار ہونے سے مامون ہوا اور جو مقام شوق مین داخل ہوا وہ اس بات سے بخوف ہوگیا کہ اسکی روح کو عالم حادث سے کوئی ارتباط ہے۔ اور جو شخص مقام عشق مین پہونچا وہ اوصاف نفس سے نکلکر صفات حق سبحانہ سے متصف ہوگیا۔ اور جو شخص کہ مقام معرفت مین آیا وہ چشم انکار کے زخم سے بچ گیا اور جو شخص کہ مقام یقین مین آیا وہ شک و شبہ کہ غبار سے بچا اور جو شخص کہ پردۂ توحید مین داخل ہوا اس سے شرک کے خطرے دور بھاگے اسواسطے کہ حقیقت توحید یہ ہی کہ نفس کے معارضہ سے اور وساوس کی قید سے اور بشریت کے علائق سے اور انسانیت کی روک ٹوک سے نکلکر سکون کے ساتھ ہر دم اسکی یاد مین ہو۔ اور جو شخص مقام ذکر مین آیا وہ مذکور یعنے جسکو یاد کرتا ہی اسکے دیدار سے مطمئن ہوا اور ماسواے حق کے سب کی یاد سے چھوٹا اور جب بندہ اپنے نفس اور اسکی خواہشون سے چھوٹا تو صفاے عبودیت کے مقام کو پہونچتا ہی اور جب صفاے عبودیت کو پہونچا تو صفاے حریت کا مقام ملتا ہی اور جو صفاے حریت کو پہونچا وہ صفاے ذکر کو پہونچا اور جو صفاے ذکر کو پہونچا اسنے جسکو ذکر کیا اس پاک مذکور کو مشاہدہ کیا اور عتاب قرب سے چھوٹا اور جو شخص مقام تفکر مین آیا اسکی روح انوار ملکوت مین غوطہ لگاتی ہی اور غیب کی سیمیون مین جبروت کے موتی دیکھتی ہی پس وہ نفس کی گرفت اور شیطان کے چنگل سے سالم رہتا ہی۔ اور جو مقام حیا مین داخل ہوا تو اسکے قلب کی زیارتگاہ سے شیاطین کا نگاہ دور ہوتا ہی اور نفخ وسواس سے اسکا سر باطنی پاک ہوتا ہی۔ اور جو شخص کہ عین الجمع کے مقام مین پہونچا تو وہ حق تعالے کو پاکر سکون مین ہوتا ہی کہ اسکو لذت انبساط اور نور بسط ملتا ہی اور اللہ تعالے اسکو خلعت انانیت پہناتا ہی اور وہ صفات انسانیت سے امن مین ہوجاتا ہی اور دنیاوی زندگانی کی تکلیف سے از خود رفتہ ہوتا ہی قال المترجم یعنے دنیاوی تکالیف سب اسپر ایسی آسان ہوتی ہین جیسے بیخود پر کوئی تکلیف نہین

اور جسکے دل مین انوار قرب داخل ہوے اسکی روح مشاہدہ مین اور اسکی عقل مکاشفہ مین اور اسکا سر باطنی معائنہ مین اور اسکا نفس عبادت مین آرام پاتا ہی اور جسکی روح انوار عظمت مین داخل ہوئی اسکا قلب میدان ہیبت مین حیران ہوتا ہی اور اسکی عقل نور معرفت مین ساکن ہوتی اور اسکا سر باطن نور وصل مین اور اسکا نفس لذت طمانیت مین تمام امور ربوبیت کے ساتھ ساکن ہوتا ہی اور جسکا سر باطن جنت انس مین پہونچا تو انوار قدس کے ظہور مین اسکا قلب اور انوار قدم کے ظہور مین اسکی روح اور نور قدرت کے ظہور مین اسکی عقل آرام ساکن رہتی ہی اور جسکی عقل نور مشاہدہ مین داخل ہوئی تو بقاے شہود مین اسکا سر باطنی اور عین الحقیقۃ کے دیدار مین اسکی روح اور محبت ازلیہ مین اسکا دل اور رسوم مخاطبت مین اسکا نفس سکون کے ساتھ رہتا ہی اور جسکا نفس مراد حق مین داخل ہوا یعنے جو حق عزوجل کا ارادہ ہی وہی اسکا ارادہ ہی تو وہ مخلوق کی دیدبانی سے باہر ہوا اور نور اخلاص مین اسکا دل ٹھہرا اور نور صدق مین اسکی روح اور صفاے عبودیت مین اسکی عقل ساکن رہتی ہی اور نیز جو شخص کہ نور یقین مین آیا تو اضطراب شک سے اسکا دل مامون ہوا اور ظلمت نفس سے اسکی عقل اور ظلمات تدبیر سے اسکی روح اور نفاذ شہوت خفیہ سے اسکا نفس ٹھہرا ہوا رہتا ہی اور جسکی عقل مین نور ایمان آیا تو اسکا دل حقائق براہین کو اور اسکی روح عالم ملکوت کو اور اسکا سر باطن نور جبروت کو دیکھتا ہی اور حضرت حق عزوجل سے اسکو خطاب خاص کی آوازین محسوس ہوتی ہین (جمع برہان لیل واضح) اور جسکی روح نور توحید مین داخل ہوئی تو اسکی سر باطنی کی آنکھ نور توحید سے کشادہ اور سر مۂ فردانیت سے آراستہ ہوتی ہی اور اسکے نفس مین اخلاص عبودیت خوب راسخ ہوجاتی ہی اور جو شخص نور اخلاص مین داخل ہوا اسکی روح اسکے نفس کے خطرات سے اور اسکا سر باطنی اسکے نفس کی خفیہ لگاہون اور اسکا دل اسکے نفس کے وسواس سے اور اسکی عقل اسکے نفس کے جھگڑون سے نجات پاتی ہی پھر جاننا چاہیے کہ جو شخص ان صفات کے ساتھ جو ہم نے ذکر کی ہین اپنے پروردگار تعالے کی بیت مین داخل ہوا وہ دنیا و آخرت کے عذاب ہجر سے مامون ہوا شیخ استاد رح نے فرمایا کہ ہم نے بیت سے یہان قلب بطریق اشارہ مراد لیا ہی اور جسکے قلب مین سلطان تحقیقت تشریف لایا تو بشری جھگڑون اور نفسانی بدخواہشون سے امن مین ہوا۔ اور بعض نے کہا کہ قولہ سبحانہ من دخلہ کنایہ کا مرجع بیت کی طرف ہی اور جو شخص اسمین مشابہ حقیقت سے داخل ہوا وہ بیخوف ہوگا۔ اور بعض نے فرمایا کہ بیت مین حقیقت کے ساتھ داخل ہونا نہین ہوسکتا مگر اسی طور پر کہ تو خودی سے خارج ہو اور خودی سے جب تو خارج ہوگیا تو تیرا بیت مین داخل ہونا صحیح ہوا اور جب تو خودی سے خارج ہوا تب تیرا ایمان درست ہوا اور شیخ جعفر بن محمد رح نے قولہ تعالے ومن دخلہ کان آمنا مین کہا کہ جسنے اللہ تعالے کو پہچانا اسنے سواے اسکے کسی سے انس نہین کیا اور شیخ ابو الحسن النوری رح نے کہا کہ جسکے دل مین سلطان عرفان نے قدم رکھا وہ اپنے ہوا جس نفس و وساوس شیطان سے بیخوف ہوا اور شیخ ابو بکر واسطی رح نے فرمایا کہ جو شخص بشرائط حقیقۃ اسمین داخل ہوا وہ اپنے نفس کی رعونت سے مامون ہوا۔ اور شیخ ابو عثمان رح نے فرمایا کہ جو اسمین داخل ہوا وہ اللہ تعالے کے عقاب سے مامون ہوا اور اللہ عزوجل نے دنیا مین بھی ثواب و عقاب رکھا ہی پس ثواب تو یہ ہی کہ تجھکو عافیت دیوے اور عقاب اسکا بلا ہی پس عافیت تو یہ ہی کہ تیرے کام تیرے اوپر ڈالدے اور بلا یہ ہی کہ تیرے امور اپنی پاک ذات کی طرف لے لے۔ اور جعفر رح نے فرمایا کہ جسکے دل مین ایمان داخل ہوا وہ کفر سے مامون ہوا اور واسطی رح نے دوسرے مقام پر کہا کہ جسکے قلب کے جوار مین ایمان رہا وہ اپنے نفس کی رعونت سے مامون ہوا اور جعفر صادق رح نے فرمایا کہ جو اس پاک بیت مین اس صفت سے داخل ہوا جس صفت سے انبیا و اولیا و اصفیا داخل ہوے تو وہ بھی عذاب آلہی سے اسی طرح بچا جیسے وہ لوگ بیخوف ہوگئے ہین۔ قولہ تعالے وللہ علی الناس حج البیت من استطاع الیہ سبیلا حج کو حق عزوجل نے اپنی ذات پاک کی طرف نسبت کیا کیونکہ اسمین آثار ربوبیت اور حقائق عبودیت پائے جاتے ہین اور نیز حق عبودیت اپنے بندون پر لازم فرمایا تاکہ ذکر ربوبیت ادا کرین اور نیز انکو راہ دکھلائی آیات و علامات ہین دیدار مقصود کی اس وسیلہ سے کہ اسکے بیت مکرم کا قصد

کرین ۔ اور نیز حج کو سب پر فرض کیا تاکہ عوام کے درمیان مین چھپے ہوے خاص بندے بھی رب البیت کی زیارت کو حاضر ہون قال المترجم یعنے انکو تجلی خاص بمشاہدہ خاص حاصل ہو فافہم ۔ اور نیز چاہا کہ اپنے بندون کو اپنی عظمت و کبریائی دکھلادے کہ وہ اپنے کو دیکھین کہ ذات عبودیت و تذلل و تضرع اپنے گردنون پر رکھے ہین قال المترجم یعنے ہیئات و حالت حج کی محض ذلیل و عاشق کی سی حالت ہوتی ہی چنانچہ سب ارکان و ہیات حج کو ملاحظہ کرنے سے یہ بات ظاہر ہی اور جو بندے اسمین تہ دل سے کوشش کرتے ہین اور خوش ہین وہ اللہ تعالے کے نزدیک اسیقدر عزیز و عزت والے ہین فافہم ۔ اور نیز وجوب قدیم نے بندون پر واجب کیا کہ اسکے مشاہدہ کا قصد کرین اسطرح کہ اپنی جان و مال و ارواح خرچ و قربان کرین و اقربا و خواہشین و چاہتی چیزین و اولاد و ازواج کو ترک کرین اور جہان سے مجرد ہوکر اسکی درگاہ کا قصد کرین پھر اس بیت مکرم کو جو مخصوص کیا کہ اسکی طرف قصد کرین حالانکہ مشاہدہ مقصود ہی تو یہ مشاہدہ کی طرف سے رسماً و حکماً ظاہر ہین قرار دیا گیا ہی کیونکہ اللہ تعالے حلول و تشبیہ سے پاک منزہ ہی قال المترجم پس اصل مقصود مشاہدہ ہی اور بیت مکرم اسکی ایک رسم و حکم ظاہری ہی یعنے خانہ کعبہ جس پردہ ظاہری مین ہی یہی زیادہ تر مقرر ہوا حالانکہ مقصود وہ حقیقت کعبہ ہی نہ ظاہری در و دیوار اور یہ مطلب نہین ہی کہ مشاہدہ کوئی امر دیگر ہی اور یہ بیت مکرم فقط رسم ہی اور کچھ نہین ہی کیونکہ یہ خلاف ہی چنانچہ اکابر رحمہم اللہ نے تصریح کردی ہی کہ حقیقت کعبہ ایسا امر ہی کہ بیان نہین ہوسکتا اور کون اس امر کا قائل ہوسکتا ہی کہ حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم حج سے رخصت ہونے کے وقت پردہاے خانہ بیت سے باصد جوش و شوق لپٹتے تھے اور حسرت کے ساتھ رخصت ہوتے تھے پھر کوئی احمق ہوگا جو سمجھے کہ اصل حقیقت یہی در و دیوار ہی فلیتامل ۔ بلکہ بات یہ ہی کہ جو شیخ رح نے کہی کہ اوتعالے ہر وہم و گمان سے پاک برتر ہی کہ نہ اس بیت مکرم مین حلول ہی نہ اسکو تشبیہ ہی نہ نزول ہی تعالی اللہ عن ذلک علوا کبیرا ۔ لیکن حال یہ ہی کہ اس سے ان لوگون پر جو قصد کرکے جاتے ہین پردۂ ملک و لباس آیات مین تجلی فرماتا ہی کیونکہ اوتعالے نے فرمایا ۔ فیہ آیات بینات پس خبر دی کہ آیات بینات اسی بیت مکرم معظم مین ہین اور اشارہ فرمایا کہ صفات کی تجلی انھین آیات مین ہی چنانچہ حضرت نے فرمایا جاء اللہ من سینا ، و استعلن بساعیر و اشرق من جبال فاران ۔ آیا اللہ تعالے طور سیناسے اور ظاہر ہوا ساعیر سے اور چمکا فاران کے پہاڑون سے اور مراد اس سے مکہ کے پہاڑ ہین اور مراد پہاڑون سے واللہ اعلم شاید بیت الحرام ہی کیونکہ یہ پتھر ایسے ہین کہ اللہ عزوجل نے انکو ازل ہی مین برگزیدہ فرماکر اپنے بندون کا قبلہ اور خاص بندون کے لیے آئینہ کشف قرار دیا ہی قال المترجم جاء اللہ من سینا ، آیا اللہ طور سیناسے اشارہ ہی تجلی موسی علیہ السلام کی طرف کہ انکو کوہ طور پر تجلی ہوئی اور یہی آنا بلا کیفیت مراد ہی اور ہم جیسے حضرت موسی علیہ السلام کے ساتھ کلام کرنے اور تجلی ہونے پر بنص قرآنی ایمان لائے ہین ہمکو یہان بھی اس معنے کرکوئی تردد نہین ہی کیونکہ قصۂ موسی علیہ السلام مین بھی بلا کیفیت ہم تسلیم کرتے ہین اور معتزلہ وغیرہ گمراہ فرقون کی طرح کوئی تاویل و لغو باتین نہین بکتے ہین پھر و استعلن بساعیر ۔ اور ظاہر ہوا ساعیر سے وہ بھی نام پہاڑ کا ہی اور شاید یہ کوئی اشارہ حضرت عیسی علیہ السلام سے متعلق ہی اگرچہ بعض نے عرب ہی کے پہاڑ مین سے قرار دیا واللہ اعلم لیکن و اشرق من جبال فاران ۔ اور چمکا فاران کے پہاڑون سے ۔ اسمین فاران سے بلا خلاف مکہ کے پہاڑ مراد ہین اور یہ تصریح ظہور نور نبوت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی اور یہی فرق ظاہر درمیان نبوت موسی اور درمیان نبوت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ہی کہ وہان فقط آیا ہی اور یہان اشرق فرمایا یعنے خوب ظاہر چمک نکلا جیسے آفتاب کہ وہ وقت اشراق کا ہی جسکو چاشت کہتے ہین اور بعضے طلوع کا وقت لیتے ہین یہ وہم و غلط ہی اسواسطے نماز اشراق سے تحقیق قول وہی نماز چاشت ہی کما صرح بہ المحققون لیکن اب باقی رہا کلام اس بات مین کہ یہ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہی یا نہین پس ظاہر کلام شیخ رح سے وہم ہوتا ہی کہ یہ حدیث ہی لیکن ایسا نہین ہی اور نقاد محدثین نے تصریح کردی ہی کہ یہ حدیث نہین ہی اور اسپر موضوع کا اطلاق کیا ہی لیکن موضوع اس معنے کر ہی کہ آنحضرت صلعم نے نہین فرمایا اور یہ مطلب نہین ہوتا ہی

کہ یہ قول غلط یا بے معنے ہی پھر جبکہ حدیث نہ ٹھہری تو دوسری طرف تلاش کرنی چاہیے پس بعض نے کہا کہ یہ بعض اکابر کا کلام ہی جنھوں نے استنباط وغیرہ کے طور پر کہا ہی مگر حق یہ ہی کہ اہل اسلام مین سے کسی کا کلام نہین بلکہ یہ توریت و انجیل کی عبارات مین سے ہی چنانچہ بعد بہت تحقیق کے اصل نسخہ مین پائی گئی حالانکہ انجیل کے ترجمہ کرنے والون نے حسد کی راہ سے یہ فقرہ نکال ڈالا ہی اور بعض نے اسکے معنے جو اپنے نزدیک صحیح سمجھے وہ لکھے ہین اور یہ بڑی حجت اہل توریت و انجیل پہ صدق رسالت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہی اور انکار و مکابرہ و ہٹ دھرمی کا علاج نہین ایسے شخص کے جن مین یقین جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے اسکا ایمان نہین چاہتا ہی نعوذ باللہ من الضلال - پھر بعض حکیمون نے اسی مضمون پر وقت ظہور از جبال فاران کا ایک طلسم بنایا تھا جسکا ذکر یونان وغیرہ کے انجیل کے مترجمون نے اور دیگر تواریخ مین مذکور ہی کہ وہ بھی زمانہ دراز گذرنے پر مٹایا گیا لیکن اب بھی پتا ملتا ہی اور خود مترجمین یونان ہی ترجمہ انجیل مین بڑی تحریف کرنے والے ثابت ہوے ہین چنانچہ جو شخص اسکی تحقیق کا قصد کرے انشاء اللہ تعالے یہ بات خوب ظاہر ہوگی واللہ الہادی وہو المضل نعوذ باللہ من الضلال - قال الشیخ اور اللہ تعالے کی راہ مین استطاعت بطریق اشارہ یہ مراد ہی کہ اسکی معرفت ہو اور اسکا قرب حاصل ہو اور تمام اوقات مین اسکے الطاف پر نظر رکھے اور اسکے وعدے مین یقین کامل ہو اور تمام امور مین اسی پر توکل ہو اور ہر دم اسکا مراقبہ کرے اور اسکی ہمیشہ رعایت و حفاظت کو پہچانے اور جان لے کہ سب بندون کا وہی وکیل ہی اور نفس کی رعونت سے پاک ہو کر اسکی محبت صافیہ کرے اور صفاے نیت سے اسکی طرف قصد کرے اور اسکے ماسوا سے اپنے قلب کو پاک طاہر رکھے - پھر انکا توشہ و زاد راہ یہی ہی کہ ہمیشہ اسکی یاد ہو اور ہمیشہ اسکی نعمتون و نشانیون و اسکی خدمت کاملہ و رحمت کاملہ کی فکر کرین اور مانند اسکے دیگر امور ہین جو اسکے حقوق معظم مکرم کے قصد کرنے والون کے واسطے استطاعت ہین اور جو برخلاف اسکے ہو وہ راہ ہدایت سے کٹ کر دوسری راہ چلا کہ عناد کے تاریک گڑھے مین گر کر ہلاک ہوگا نعوذ باللہ منہ - چنانچہ فرمایا قولہ ومن کفر فان اللہ غنی عن العالمین - شرح آیت مین تو اللہ تعالے نے حج کو اپنی طرف نسبت دیکر فرمایا تھا اب یہان آخر مین اپنی پاک ذات کو منزہ کر دیا تاکہ بندگی کرنے والون مین سے جو خبردار لوگ ہین وہ جان لین کہ اسکی شفقت اپنے بندون پر کیسی ہی کیونکہ عبادت کرنیکا ثواب تو انھین بندون کی طرف لوٹ آتا ہی اور اللہ تعالے جل شانہ جملہ اسباب سے منزہ و پاک برتر ہی پھر جاننا چاہیے کہ بیت اللہ تعالے کی طرف قصد کرنے والے تین قسم ہین قسم اول وہ قصد کرنے والے جو اپنی جان و مال کے ساتھ ثواب کے واسطے حج کرتے ہین قسم دوم جو اپنے دلون سے کدورتیا و مافیہا سے صاف ہین اللہ تعالے کی فرمانبرداری و اسکی رضامندی چاہنے کو حج کرتے ہین قسم سوم وہ قصد کرنے والے ہین جو رب البیت کے مشاہدہ و تجلی کے لیے اپنے عاشق ارواح کے ساتھ حقائق معرفت و قربت اور صفاء وصلت اور زیادت شہود تجلی و تدلی کی طلب مین قصد و حج کرتے ہین پس اہل ظاہر کا تو یہ حال ہی کہ وہ احرام باندھتے ہین اور جو امور منع ہین انسے باز رہتے ہین اور مناسک حج ادا کر کے اپنے احرام سے حلال ہو جاتے ہین - اور اہل باطن کا یہ حال ہی کہ وہ تمام کائنات سے احرام باندھ لیتے ہین اور تمام مخلوق سے نظر اٹھا لیتے ہین اور کبھی حلال نہین ہوتے جب تک دنیا مین ہین یہانتک کہ انکو مشاہدہ ذات و کشف صفات کا نیچہ اموقت عیانا کھلے کھلے مل جاتا ہی جب مرجاتے ہین پھر غور کرو کہ دونون مین کتنا بڑا فرق ہی ایک تو وہ ہوے کہ جنھون نے گنتی کے چند معلوم و معہود چیزون سے چند دن کے واسطے احرام باندھا اور دوسرے وہ ہوے کہ انھون نے سب نفس کی خوشی و تسکین کی چیزون سے اور تمام موجودات سے احرام باندھ لیا لیکن اس کٹھن کرنی کو کون کرتا ہی اور اس بلا کے بوجھ کو وہی لاوے جو اس طرح کا بار بردار ہی - اللہ اللہ وہ لوگ چلے گئے اور انکے ساتھ برکتین بھی جاتی رہین انکے غروب ہونے سے کرامتون کے سورج اور آیتون کے چاند بھی ایسے مغرب مین ڈوبے ہین کہ تا ابد نکلنے کی امید نہین مگر جب کبھی تھوڑا بہت کسی زمانہ مین اللہ تعالے کو منظور ہو - ہان اب انکی خبرین آفاق مین پھیل رہی ہین اور نشان انکا کہین ڈھونڈھے نہین ملتا ہی اللہ تعالے انکے پاک روحون پر رحم فرماوے

ودرجۂ عالی کرامت کرے **قال المترجم** اس حسرت مین شیخ رحمہ اللہ کے ساتھ ہر دیندار شریک ہوگا اور کیا کوئی شرکت کرے کہ وہ دل جو داغ آہ کی بو باد ہین اور نہ وہ آنکھین جو زیارت پر آنسو بہاوین - اللھم انت اللہ الذی لا الہ الا انت الحی القیوم لا شریک لک لبیک لبیک لا شریک لک ان الحمد والنعمۃ والملک لک لا شریک لک سبحانک اللھم وبحمدک استغفرک واتوب الیک - اللھم اسألک حسن التوفیق وحسن الھدی والعصمۃ من فتنۃ الدجال وصلی اللہ تعالیٰ علی سیدنا محمد وآلہ واصحابہ وجمیع المتقین الاخیار من عبادہ اجمعین والحمد للہ رب العالمین - اور حدیث مین ایک صحابی کو آپ نے فرمایا کیف بک اذا بقیت فی حثالۃ من الناس یعنی کیا حال ہوگا جب تو ایسے لوگون مین رہجاویگا جو بھوسی ہین یعنے مغز نہین پھر قیاس کرو کہ شیخ کیون ایسا کلام حسرت نہ فرماوین - قال سا ورکعبہ حقیقت کے حج کرنے والون اور قصد رکھنے والون کا اشارہ یہ بھی نکلا کہ جب وہ اپنے پاک دلون سے جانب مقصود کا یعنے بیت اللہ الحرام کا قصد کرتے ہین تو اللہ عزوجل کے ساتھ محبت سے پیمان عہد معرفت باندھتے ہین اور جتنے عہد انھون نے سوائے خالص راہ حق کے دیگر امور مین باندھے تھے سب توڑ دیتے ہین چنانچہ حق عزوجل پر اگر کسی دوسری چیز کو اختیار کیا تھا یا دکھلاوے سناوے کی ظاہر و پوشیدہ کہ نفس کو لگا رکھا تھا یا کسی بزرگی و شرف چاہنے کو جگہ دی تھی سب چھوڑ دیتے اور سب کی رسّی توڑ دیتے ہین پھر مشاہدہ کے مقام تک حاضر ہونے کی راہ کا توشہ یہ لیتے ہین کہ صدق و توکل و اخلاص و یقین اور اللہ تعالے کی تجارت مین زہد ساتھ لیتے ہین اور صبر کی سواری پر چلتے ہین جسکے پانون یہ ہین کہ ہر حال مین حمد و شکر کرتے ہین اور اسکا حلم ہے اور پیٹ اسکا پرہیزگاری ہے اور زین اسکی تمکین ہے یعنے ہر وسوسہ و خطرہ باطل و فاسد سے دور اور صدق وغیرہ پر جمے رہتے ہین اور تکمیل اسکی استقامت ہے اور باگ اسکی تسلیم ہے اور کوڑا اسکا ادب ہے اور زین اسکی رضاے حق ہے اور آسمان اسکا یقین ہے اور پانی اسکا فکر صواب ہے اور چارہ دانہ اسکا ذکر رب الارباب ہے اور باغ اسکا مکاشفہ ہے اور چراگاہ اسکی مشاہدہ ہے اور توجہ و رخ اسکا بجانب شہود قدم ہے - پھر جب وہ ایسی سواری پر اپنے وطن سے نکلے تو دنیا و ما فیہا سب چھوڑتے ہین اور سب کو وداع کرتے ہین اور سامان موت کو مہیا کرتے ہین کہ جنکے ساتھ رہتے تھے خواہ دوست ہون یا یگانے انسے رخصت ہو لیتے ہین اور راہ ریاضت مین تیز قدم اٹھاتے ہین یعنے خوب ریاضت کرنی شروع کرتے ہین اور اپنی جان پہ تیزی کرنے والون اور تیزی سکھلانے والون کا طور لازم کر لیتے ہین اور خالص نیت سے اللہ عزوجل کی طرف توجہ کرتے ہین اور کسی غیر کی طرف اللہ تعالے کی راہ مین التفات نہین کرتے ہین اور قصد مصمم کر لیتے ہین کہ ٹھیک راہ سے تجاوز نہ کرین اور کسی خواہش نفس و اغوا شیطان کی طرف لیجانے والی چیز پر نظر نہین ڈالتے ہین - پھر جب اپنی سواری پر سوار ہو کر روانہ ہوتے ہین تو انکا آگے سے پہنچنے والا وہی ہوتا ہے یعنے ہدایت الٰہی آگے ہوتی ہے اور پیچھے سے ہانکنے والا تقوی ہوتا ہے اور جس کشادہ راہ مین چلتے ہین وہ راہ صفا ہے اور رفیق و ساتھی انکا وہی انکا مولی عزوجل ہوتا ہے اور دلیل انکا علم حق ہوتا ہے اور مصاحب انکا حلم ہوتا ہے انکو شوق دیدار بیابان عشق مین لیے جاتا ہے اور مونس انکا حنین اور مطرب انکا انین ہوتا ہے - اور بدرقہ انکا حبیب ہے یعنے حضرت حق تعالے پھر جب میدان حرم سے قریب ہوتے ہین تو شوق سے تیز قدم ہو جاتے ہین اور گناہ کی شرم سے لجا کے ہوے راہ طے کرتے ہین اور مشاہدہ پروردگار کے طرف جاتے ہین اس حال سے شرمندہ ہین اور جو اوقات عالم غفلت مین کٹی اسپر حسرت اٹھاتے ہین اور اس صورت مین درجات بلند جانے مین متحیر ہین پھر اس افسوس مین خون روتے ہین اور اپنی جانون پر جو توجہ کرتے ہین انکا آٹھ آٹھ آنسو رونا اسکی شرح کرتا ہے اور جب اس میدان کے انتہائی سرے پر پہونچ گئے تو سب باتین ترک کرتے اور تمام خواہشون سے مجرد ہو جاتے ہین اور احرام مین تجرید کا لباس پہنتے اور دریاے تجرید مین نہاتے اور تمام شوائب علل سے پاک ہو جاتے ہین - اب جو وہ تلبیہ کہتے ہین تو یہ آواز سنتے ہین کہ وصال سے رضامندی ہے اور درگاہ مین آنے دینے کی اجازت ہے اور وہی آواز انکو آتی ہے جو دنیاوی وجود سے پہلے انکی ارواح نے عالم ازل مین سنی تھی اور جب

وہ عرفات مین پہونچے تو سکر کی زنجیر مین پابستہ رہجاتے ہین اس سے ہرگز خلاصی نہین الا یہی کہ پردۂ صحو اپر ہوتا آخر پس وہ سکر و صحو کے درمیان متحیر اور ہیبت و رجا کے درمیان مبہوت ہوتے ہین انکو حق عزوجل اپنی قبول خاص سے حقائق مشاہدہ و صفات مکاشفہ پہنچواتا ہی قال المترجم اسی سے اس مقام کا نام عرفات ہوا ی پہنچوانے کا مقام فافہم ۔ اور حق عزوجل انکو غیب کی مکنونات اور دلون کے مضمرات ظاہر فرماتا ہی ۔ پھر جب کھڑے ہوتے ہین تو دیدار حضرت عزوجل کے امیدوار ہوتے ہین اور منقطع کیے جانے اور مہجور ہونے سے خوفناک رہتے ہین اور مقام حیا مین حاضر اور مقام فنا مین موجود اور دیدار بقا کے شاہد ہوتے ہین ۔ پھر جب مشعر الحرام مین پہونچتے ہین تو اللہ تعالے کے دیدار کی نعمت کا نہایت شکریہ ادا کرنے کے ذکر مین سرگرم ہوجاتے ہین اور یہ ذکر انکا اس مقام پر یہ ہوکہ زبان گنگ اور جنان خجل اور حضرت حق عزوجل کے سامنے عرق تشویر بہاتے ہین اور تقصیر سے سرور گریبان آنسوؤن سے نہاتے ہین اپنی کوتاہی پر گردن ڈالے رہجاتے ہین ۔ پھر جب مقام منی مین پہونچتے تو ظاہر مین جانور قربانی کرتے ہین مگر تحقیق وہ اپنے نفسون کو لذات و شہوات سے ذبح کر ڈالتے ہین پھر جب کنکریان مارتے تو اپنے مجاہدہ و ریاضت و عبادت کو پردۂ عدم مین پھینک دیتے ہین کیونکہ مشاہدۂ قدم کو پہونچ گئے اور جب پتھر توڑتے ہین تو انکے ساتھ اپنی باطنی شہوات کو توڑتے ہین اور اپنے نفس کے ارادون کو منکسر کرتے ہین جو انکے اسرار مین جاگیر تھے اور جب سر منڈاتے ہین تو اپنے باطن سے فضول و سواس اور لوگون کی تعریف کرنے کی پسندیدگی کو مونڈکر صاف کر دیتے ہین اور جب زمین حرم مین داخل ہوتے ہین تو جان لیتے ہین کہ وہ درگاہ حضرت و جناب عظمت کے قریب پہونچے پس جلال سے پگھلے جاتے ہین اور عظمت کبریائی کے مشاہدہ مین فنا ہوے جاتے ہین اور ماسوائے حق عزوجل کے سب سے احرام باندھتے ہین اسی کے دیدار کے لیے آمادہ ہوتے ہین پھر انکو مخلوقات سے کوئی چیز حلال نہین ہوتی جب تک اسکی جناب تک نہ پہونچین یعنے موت مقررہ سے اس دنیا کو نچھوڑین کیونکہ وہ معادن صمدیت و صولت سرمدیت مین جو انکو حدوثیت کی علتون سے مانع ہوتی ہی اور جب وہ مکہ مین داخل ہوے تو یقین ہوا کہ وہ جوار حضرت جلال مین ہین اسواسطے کہ مکہ بمنزلۂ جنت کے ہی اور جو اسمین داخل ہوا وہ اسکے پڑوس مین ہونے سے عقاب آلہی سے مامون ہوا کیونکہ اللہ تعالے نے وعدہ فرمایا ہی اور جب وہ مسجد مین داخل ہوے تو اسکے دیدار عظمت سے بیہوش کی حالت مین داخل ہوتے ہین اور اسکی ہیبت و اجلال کو یاد کرتے ہین اور جب وہ ہیبت معظمہ کو دیکھتے ہین تو ہیبت سے پہلے رب البیت کو دیکھتے ہین اور اسکے مشاہدہ سے سرفراز ہوجاتے ہین اور جان لیتے ہین کہ وہ اسکی درگاہ قدیم و مشاہدۂ کریم مین حاضر ہین اور جب وہ گرد خانۂ کعبہ کے طواف کرتے ہین تو اسکے ملائکہ کو دیکھتے ہین کہ اسکے عرش و کرسی کے گرد طواف مین لگے ہین اور یقین کرتے ہین کہ وہ اللہ تعالے کے نزدیک بمنزلۂ ان ملائکہ کے ہی اور جب وہ حجر اسود کو بوسہ دیتے ہین تو جانتے ہین کہ انھون نے اللہ تعالے کے ساتھ بیعت ازل کے ساتھ اسلیے بیعت کی کہ بعد اس بیعت کے مخالفت نہین کرینگے اور اپنے ہاتھون کو ایسی چیزون کی طرف نہ بڑھاوینگے جنکو انکی خواہشین چاہتے اور انکے نفس الفت کرتے ہین اور جب وہ مقام ابراہیم کے پیچھے نماز پڑھتے ہین تو جان لیتے ہین کہ وہ مقام وصل و قرب و مناجات مین ہین اور اس مقام مین ہین جہان اللہ تعالے کے عہد پورا کرنے والے پہونچے اور جب وہ پردۂ کعبہ سے لپٹے تو جان لیتے ہین کہ انھون نے اعتصام کے رسی مضبوط پکڑی اور اسکی حقیقی عصمت سے لپٹے ہوے ہین اور اسکی نزدیکی سے ملتجی ہین اور ہر بھروسے سے جو اسکے سوائے ہی الگ ہین بعد ازین حق عزوجل کو پانے والے ہین اور جب وہ خانۂ کعبہ مین داخل ہوے تو یقین کرتے ہین کہ وہ اللہ تعالے کے حفظ عنایت اور اسکی نگہبانی مین اسکے وجود قدم و بقا مین مستغرق ہین اور جب وہ صفا و مروہ پر چڑھے تو کدورات نفس سے پاک ہوے اور دیکھا کہ وہ مقام اصطفا و اجتبا مین ہین ۔ پھر جس شخص کو معرفت مین کچھ بصیرت ہی وہ تحقیق جانتا ہی کہ اللہ تعالے نے ان مناسک و مشاعر کو جو حج مین برتے جاتے ہین اپنی درگاہ جلال کی مثال مقرر کیا ہی پس کعبہ کو تو مثال عرش کے مقرر کیا ہی اور مسجد حرام کو حظیرۂ قدس کی مثال اور شہر مکہ کو جنت کی مثال اور صفا و مروہ و جبال مکہ کو حجاب ملکوت کی مثال اور کل حرم کو پردہ ہاے

جمروت کی مثال اور منیٰ کو مقام امن اور مشعر الحرام کو مقام خوف و تعظیم کی مثال اور عرفہ کو زمین محشر اور محرم مقام قیامت اور بابیہ کو دنیا اور وطن سے نکلنا موت اور زیارت خانہ کو ملاقات پروردگار تبارک و تعالےٰ کی مثال کہا ہے پس جب سنے ان مثالوں کے حقائق کی نظر سے حج کیا تو اسکا حج البتہ قربت مشاہدہ مبرور اور عمل مشکور ہوا اور یہی حج عارفوں کا ہے جو یقین کامل و مشاہدہ کہتے ہیں اور نہیں یہی مثالیں مشاعر باطن کی ہیں پس کعبہ تو قلب ہوا اور حجر اسود سید اور بلد کرم صورت اور صفا عقل اور مروہ علم اور منیٰ حلم اور مشعر الحرام ذکر اور عرفات صفائے عبودیت و معرفت اور محرم مقامات حالات اور بابیہ نفس ہوئی اور حج کنندہ روح مقدس ہے اور رہے اسرار عاشقین یعنے عاشقوں کی سر باطنی تو جب وہ حج کرتے ہیں یعنے حج مثالی ادا کرتے ہیں تو کعبہ ایکاذات قدیم حضرت جل جلالہ ہوا اور منا سک یہ ہیں کہ مراتب صفات مقدسہ میں سیر کرے پھر جب اسرار مذکورہ میدان ازل میں مکان و زمان و حدوث سے مجرد ہو گئے تو بقاء و سرمدیت کی طرف متوجہ ہوتے ہیں انکو خطیرہ قربت میں فرش حشمت و انبساط کے گرد طواف حاصل ہوتا ہے پس انہیں سے ہر سر نے جب اسکو دیکھا و مشاہدہ کیا اور مکاشفہ حاصل ہوا تو اسکا حج اس سے اسکی طرف اور اسی سے اسکے ساتھ اور اسکے ساتھ اسی سے جانا اور اسکی طرف سے اسکے واسطے ہو جانا پس اسکی شان عجیب و غریب ہوا و بعض کاملوں نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے کسی عبادت میں ہندوں کو یوں خطاب نہیں فرمایا کہ للہ علی الناس یعنے اللہ تعالےٰ کے واسطے انپر واجب ہے حج کے کہ اسمیں یوں ہی خطاب فرمایا ہے اور اسمیں چند فوائد ہیں منجملہ اسکے ایک یہ کہ عبادتوں میں سے کوئی عبادت ایسی نہیں کہ جسمیں مال و نفس دونوں کی شرکت ہو سوائے حج کے لہذا اسکو اس وجہ خطاب سے بیان فرمایا ہے اور بعض نے کہا کہ اسمیں چونکہ اشارات عجائب تھے مانند وقوف و غیرہ کے تو للہ علی الناس کہکر فرمایا تا کہ اسکا مالکن قیامت کے موقف اکبر کے واسطے مستعد ہوئے جیسا کہ ظاہر اس موقف حج کے واسطے مستعد ہوا ہے اور اسکا سامان جمع کیا ہے اور بعض نے حکایت کی کہ ایک شخص حضرت شبلی رح کے پاس آیا آپنے اس سے پوچھا کہ تو کہاں جاتا ہے اسنے کہا کہ حج کو جاتا ہوں سو فرمایا کہ یہ دونوں طرف رحمت سے بھر لینا اور لانا کہ حج سے ہمارا حصہ ہوگا جو آویگا ہم اسکے سامنے کرینگے اور جب اسکو دیکھیگا اسکی زندگی کا باعث ہوگا وہ شخص کہتا ہے کہ پھر میں انکے پاس سے روانہ ہو کر پہونچا اور میں حج کر کے واپس ہو کر پھر جب انکے پاس گذر ہوا تو مجھسے فرمایا کہ تو نے حج کر لیا۔ میں نے کہا کہاں۔ فرمایا کہ کیا کام کیا۔ میں نے کہا نہایا دھویا احرام باندھا دو رکعتیں پڑھیں تلبیہ کہا فرمایا تو نے اس سے اپنے حج کا انعقاد کیا۔ میں نے کہا کہاں۔ تو فرمایا کہ بھلا تو نے اپنے اس عقد حج سے اپنے تمام عقود جو تو نے پہلے باندھے تھے ان عقدوں میں سے جو اس عقد سے کسی وجہ سے مخالفت رکھتے تھے فسخ کر ڈالے۔ میں نے کہا کہ نہیں تو فرمایا کہ تو نے حج کا انعقاد ہی نہیں کیا پھر فرمایا کہ پھر تو نے اپنے کپڑے اتارے۔ میں نے کہا ہاں فرمایا ہر فعل سے جو تو نے کیا تھا مجرد ہو گیا۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا کہ تو نے یہ کپڑے نہیں اتارے فرمایا پھر تو نے غسل کیا۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا تو نے اپنے سے ہر علت دور کر دی۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا پھر تو نے طہارت نہیں کی۔ فرمایا پھر تو نے تلبیہ کہا۔ میں نے کہا ہاں فرمایا تو نے اپنی تلبیہ کا جواب پایا تھا۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا کہ پھر تو نے تلبیہ بھی نہیں کہا فرمایا پھر تو حرم میں گیا۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا تو نے اپنے داخل ہونے سے ہر حرام کی ہوئی چیز کا ترک کرنا انعقاد کیا تھا۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا کہ تو حرم میں داخل نہیں ہوا فرمایا پھر تحقیق ظاہر ہوا میں نے کہا ہاں۔ فرمایا تیرے لئے ظاہر ہونے کے ساتھ تجلی جناب عزت تجھپر اسطرح ظاہر ہوئی میں نے کہا کہ نہیں۔ فرمایا کہ تو کعبہ سے بھی مشرف نہ ہوا۔ فرمایا کہ تو مسجد حرام میں گیا تھا میں نے کہا ہاں۔ فرمایا کہ داخل ہونے پر تجھے یقین میں اسکی قربت معلوم ہوئی میں نے کہا کہ نہیں۔ فرمایا تو مسجد میں نہیں داخل ہوا۔ فرمایا تو نے کعبہ دیکھا۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا جو چیز مقصود تھا وہ دیکھ لیا۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا تو نے کعبہ نہیں دیکھا۔ فرمایا طواف میں تمین پھیرے چھوڑ آیا اور چار پھیرے چلا۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا تو دنیا سے بھاگا تو نے اس سے جانا کر دنیا سے الگ ہو گیا اور اس سے جدائی کر لی اور اخیر کے چار پھیرے سے جان لیا کہ تجھے بھاگنے سے امن ہو گئی پس تو نے اللہ تعالےٰ کا فریضہ شکر کیا۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا کہ پھر تو نے طواف نہیں کیا۔ فرمایا کہ تو نے حجر اسود کا بوسہ دیا۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا تیری خدا پہچان کیا گیا ہے کہ جسنے حجر اسود سے مصافحہ کیا اسنے حق عزوجل سے مصافحہ کیا اور جسنے حق تعالےٰ سے مصافحہ کیا وہ محل امن میں آیا بھلا تیرے قلب پر امن کا اثر ظاہر ہوا میں نے کہا نہیں فرمایا تو نے مصافحہ نہیں کیا۔ فرمایا دو رکعتیں پڑھیں۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا تو اللہ تعالےٰ کے سامنے کھڑا ہوا اور مقصود نظر آیا۔ میں نے کہا نہیں۔ فرمایا تو نے خلف مقام نماز نہیں پڑھی فرمایا تو مصافحہ کو گیا۔ میں نے کہا ہاں۔ فرمایا کیا کام کیا۔ میں نے کہا اپنے تکبیر کہی۔ فرمایا صفا پر چڑھے اور رب عزوجل کی تکبیر کرنے سے تمام جہان و مخلوق تیری چشم بصیرت میں

پیچ ہوئی میں نے کہا نہیں ۔ فرمایا تو صفا پر نہیں چڑھا ۔ فرمایا تو نے درمیان صفا و مروہ میں سعی کی ۔ میں نے کہا ہاں ۔ فرمایا تو اسکی طرف بھاگا ۔ میں نے کہا کہ نہیں فرمایا تو نہیں ڈرا ۔ فرمایا کوہ مروہ پر کھڑا ہوا ۔ میں نے کہا ہاں ۔ فرمایا تجھ پر سکینت کا نزول ہوا ۔ میں نے کہا نہیں ۔ فرمایا تو مروہ پر نہیں کھڑا ہوا ۔ فرمایا تو منیٰ کیطرف نکلا میں نے کہا ہاں ۔ فرمایا تیری تمنا تجھ کو ملی ۔ میں نے کہا نہیں ۔ فرمایا تو منیٰ کو نہیں نکلا ۔ فرمایا تو مسجد خیف میں گیا ۔ میں نے کہا ہاں ۔ فرمایا تجھ پر خوف جدید داخل ہوا میں نے کہا نہیں ۔ فرمایا تو نہیں داخل ہوا ۔ فرمایا تو عرفات کو گیا تو مشعر الحرام کو گیا میں نے کہا ہاں ۔ فرمایا بھلا تو نے اللہ تعالےٰ کا ایسا ذکر کیا کہ اسوائے اسکے سب تجھے فراموش ہو گیا میں نے کہا نہیں ۔ فرمایا تو نہیں گیا ۔ فرمایا تو نے جانا کہ تجھ کیا جواب ملا اور کیا تجھے خطاب ہوا میں نے کہا نہیں فرمایا تو مشعر الحرام نہیں گیا ۔ فرمایا تو نے قربانی کی ۔ کہا ہاں ۔ فرمایا اپنی خواہشوں و ارادوں کو رضاے حق میں تو نے کڑا لا ۔ کہا نہیں ۔ فرمایا تو نے قربانی نہیں کی ۔ فرمایا تو نے کنکریاں ماریں ۔ کہا ہاں ۔ فرمایا اپنی جہالت پھینکدی اور اس علم کا شکر ادا کیا کہا نہیں ۔ فرمایا تو نے نہیں کنکریاں پھینکیں فرمایا تو نے طواف زیارت ادا کیا ۔ کہا ہاں ۔ فرمایا تجھ پر حقائق کا کچھ انکشاف ہوا اپنے اوپر زیادت کرامات دیکھیں جو زیارت سے ملتی ہیں کیونکہ نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ حاجی و معتمر اور عمرہ ادا کرنے والے اللہ تعالےٰ کی زیارت کرنے والے ہوتے ہیں اور جسکی زیارت کی اسپر حق ہے کہ زیارت کرنے والے کی تکریم کرے ۔ میں نے کہا یہ تو نہیں ہوا ۔ فرمایا تو نے زیارت نہیں کی فرمایا تو نے احلال کیا ۔ کہا ہاں ۔ فرمایا احلال کھلا زیر معصم عمد کیا کہا نہیں ۔ فرمایا تو نے احلال نہیں کیا ۔ فرمایا تو نے وداع کیا ۔ کہا ہاں فرمایا تو اپنے نفس روح سے بالکلیہ خارج ہو گیا ۔ میں نے کہا نہیں ۔ فرمایا تو نے وداع نہیں کیا ۔ تو نے کچھ حج نہیں کیا تجھ پر واجب ہے کہ دوبارہ حج کر جسوقت تیرا جی چاہے اور جب تو حج کرے تو اسمیں کوشش کر کہ تیرا حج ایسا ہو جیسا میں نے تجھ سے وصف کیا ہے شیخ عبدالرحمٰن السلمی کہتے ہیں کہ جب میں بغداد میں شیخ حصری رحمۃ اللہ کی خدمت میں پہونچا تو مجھسے فرمایا کہ تو حاجی ہے یعنے حج کا قصد کرتا ہے ۔ میں نے کہا کہ میں قوم کے ساتھ ہوں ۔ فرمایا کہ کیا حج کے فرائض میں سے چار باتیں تجھ میں ہیں ایک احرام و دخول بلفظ تلبیہ ہے میں نے کہا ہاں ۔ فرمایا تلبیہ تو اجابت ہے یعنے پکارا جانے پر تو جی ہاں حاضر ہوں کہکر جواب دیتا ہے ۔ میں نے کہا درست ہے ۔ فرمایا بے بلائے جواب دینا بے ادبی ہے ۔ میں نے کہا درست ہے ۔ فرمایا پھر کیسے تجھے بلایا جانا تحقیق ہو گیا کہ تو نے جواب دیا ۔ پھر فرمایا کہ احرام تو تجرید ہے ہر چیز سے اور تجرید بدون تفریغ کے پوری نہیں ہوتی ہے ۔ میں نے کہا درست ہے پھر فرمایا کہ ایک بات ارکان حج میں سے وقوف عرفہ ہے ۔ میں نے کہا ہاں ۔ فرمایا تو اسمیں سخت کوشش کر کہ وہ مباہات کا مقام ہے پھر دیکھ کہ طواف میں تو کس حال سے ہوتا ہے اور یاد رکھ کہ طواف جناب رب العزت کا قرب تمام ہے پھر تو درگاہ کبریائی میں جس ادب سے داخل ہو پھر سعی درمیان صفا و مروہ کے اور وہ ایسا مقام ہے کہ وہاں اس سے اسکی طرف بھاگنا ہوتا ہے اس طور کہ اسوائے حق کے سب سے بیزار ہو پس جبوار ہو کہ بعد اس سعی کے تجکو ہر وہ جہان سے اور جو کچھ اسمیں ہے کسی سے کچھ تعلق نہ رہے اور شیخ نے فرمایا کہ میں نے محمد بن الحسن البغدادی سے سنا فرماتے تھے کہ میں نے محمد بن احمد بن سہل سے سنا اور انھوں نے سعید بن عثمان سے اور انھوں نے عبدالباری سے سنا کہ حضرت ذوالنون مصری سے سوال کیا گیا کہ وقوف کی جگہ مشعر الحرام کیوں مقرر ہوا اور حرم کیوں نہیں مقرر ہوا تو ذوالنون نے فرمایا کہ اسکا بھید یہ ہے کہ کعبہ تو بیت اللہ کہلاتا ہے اور حرم اسکا حجاب اور مشعر الحرام اسکا دروازہ ہے پھر جب حاضر ہونے والوں نے قصد کیا تو پہلے دروازے پر روکے گئے وہاں تضرع و الحاح کرتے ہیں یہانتک کہ آگے آنے کی اجازت ملتی ہے پھر دوسرے حجاب پر روکے گئے اور وہ مزدلفہ ہے پھر جب انکی نہایت عاجزی و زاری پر نظر رحمت ہوئی تو قربان کرنیکا حکم ملا جب قربانی کی اور آداب پورے کیے اور ان گناہوں سے پاک ہو گئے جو حق میں پردہ تھے تب انکو اجازت ملی کہ اب بارگاہ کے قابل ہیں پس وہ پاک و طاہر ہو کر زیارت سے مشرف ہوتے ہیں

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ وَاللَّهُ شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا تَعْمَلُونَ ۝ قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تَصُدُّونَ

تو کہہ اے اہل کتاب کیوں منکر ہوتے ہو اللہ کے کلام سے اور اللہ کے روبرو ہے جو تم کرتے ہو تو کہہ اے اہل کتاب کیوں روکتے ہو

عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ مَنْ آمَنَ تَبْغُونَهَا عِوَجًا وَأَنْتُمْ شُهَدَاءُ وَمَا اللَّهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ۝

اللہ کی راہ سے ایمان لانے والے کو ڈھونڈھتے ہوا سمیں عیب اور تم خبر رکھتے ہو اور اللہ بے خبر نہیں تمہارے کام سے

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ - القرآن - کہدے کہ اے اہل کتاب کیوں آیات الٰہی سے انکار کرتے ہو ف یعنے قرآن سے اور یہ ظاہر ہو اور اشارہ اسمین حج خانہ کعبہ کے فرض ہونے سے انکار کی طرف ہو کیونکہ وہ اس سے انکار کرتے تھے اور انکار اسکے فرض ہونے کا کفر ہو اور بعض نے کہا کہ آیات اللہ سے مراد محمد صلعم ہین اور بعض نے مخصوص آیات حج مراد لیں - اور یہ خطاب یہود و نصاریٰ کو ہو اور بعض نے کہا کہ انکے علما کو جو صدق آیات سے آگاہ تھے اور اسمین دلیل ہو کہ انکا کفر واضح تر ہو اگرچہ وہ اپنے آپ کو توریت و انجیل پر مومن جانتے تھے وَاللّٰهُ شَهِيْدٌ عَلٰى مَا تَعْمَلُوْنَ - اور اللہ تعالے تمہارے اعمال پر شاہد ہو ف شاہد ہونے کی تہدید سے مراد یہ ہو کہ تمکو اسکی سزا دیگا -

قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تَصُدُّوْنَ - تصرفون - کہدے کہ اے اہل کتاب کیوں پھیرتے ہو ف پہلی آیۃ مین تو خود انکے اپنی ذات سے کافر ہونے کا حال بیان کیا اور اسمین انکے دوسرون کو روکنے کا حال فرمایا کہ تم کیون روکتے ہو عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ - وہ - راہ خدا سے یعنے دین قیم اسلام سے - مَنْ اٰمَنَ - ہر ایسے شخص کو جو ایمان لایا ف بتکذیب النبی و کتم نعتہ - اسطرح کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب کرتے ہو اور اسکی صفت کو چھپاتے ہو کیونکہ یہود بخبث حسد سے کہتے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی خبر و بشارت پہلے نہین مذکور ہو اور آپ کی صفت و نعت جو توریت و انجیل مین مذکور تھی اسکو چھپاتے بلکہ وہ آیات بنکا کر دیگر انبیا علیہم کے ساتھ ملاتے اور بعضے کہتے کہ عرب سے جو پیغمبر آخر الزمان ہونگے وہ سیاہ رنگ اور ایسے ایسے ہونگے یعنے آپ کی اصل تعریف مین تحریف کرتے تھے - پھر من آمن سے یا تو ایمان لائے ہوے مراد ہین پس یہود انسے حیلہ و مکر کرتے تاکہ انکے دل مین شبہہ ڈالین یا من اراد الایمان مراد ہین تو انکو جو ایمان لانا چاہتے تھے ایسے ہی شک و شبہہ ڈال کر روکتے اور ظاہر یہ ہو کہ عام مراد لیجاوے جیسے حنفیہ عموم مجاز کے قائل ہین - تَبْغُوْنَهَا - تطلبون السبیل - عِوَجًا مصدر بمعنے معوجۃ مائلۃ عن الحق - حالانکہ طلب کرتے ہو راہ کو عوجا ف یہ لفظ مصدر ہو اور معنے اسم مفعول کے ہین ای معوجۃ یعنے حق سے پھری ہوئی راہ مصدر ہونے کی وجہ سے تانیث نہین آئی - اور ابو عبیدہ نے کہا کہ عوج بالکسر دین و قول عمل مین مستعمل ہو اور بالفتح دیوار وغیرہ کے ساتھ مستعمل ہو الحاصل تم لوگ دین کو کجی سے متصف کرتے ہو وَاَنْتُمْ شُهَدَآءُ - علماء بان الدین المرضی القیم ہو دین الاسلام کما فی کتابکم حالانکہ تم لوگ شاہد یعنے عالم ہو - خوب جانتے ہو کہ دین پسندیدہ قیم وہ دین اسلام ہو جیسا کہ انکی کتاب مین مذکور ہو اور حاصل یہ ہو کہ تم کیونکر کجی طلب کرتے ہو دین اسلام کے حق مین حالانکہ تم جانتے ہو کہ وہی دین الٰہی ہو یعنے آنکہ اللہ تعالے اسکے سوا سے کوئی دین قبول نفرماویگا اور بعض نے کہا کہ تم کیونکر دین اسلام کو حق جانکر اسمین کجی چاہتے ہو اور مومنون کے درمیان فساد و فتنہ ڈالتے ہو پھر انکو وعید سخت سے تہدید کی - وَمَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ عَمَّا تَعْمَلُوْنَ - من الکفر و التکذیب و انما یوخرکم الی وقتکم فیجازیکم - اور اللہ تعالے خوب جانتا ہو جو تم کرتے ہو ف یعنے کفر اور پیغمبر صلعم اور آیات اللہ قرآن کو جھٹلانا اور سوا سے اسکے نہین کہ تمکو تمہاری موت تک تاخیر دیتا ہو پھر تمکو سزا سے کامل دیگا - اور اول یہ ہو کہ یوں کہا جاوے کہ اللہ تعالے جانتا ہو جو تم مومنون مین یا ایمان کا قصد رکھنے والون مین فتنہ و شبہہ ڈالتے ہو اور دین اسلام مین اعوجاج طلب کرتے ہو اگر کہا جاوے کہ پہلی آیۃ کریمہ کو واللہ شہید علی ما تعملون پر ختم کیا اور اس آیۃ کو وما اللہ بغافل عما تعملون پر ختم کیا اسمین کیا حکمت ہو تو جواب دیا گیا کہ پہلی آیۃ مین تو انکے ذاتی کفر یہ انکار ہو جسکو وہ کھلے کھلے کرتے تھے پس اسکو واللہ شہید علی ما تعملون پر ختم کیا اور اس آیت مین انکا فعل حیلہ و فریب تھا کہ جس سے مومنون کو روکتے تھے تو اسکو چھپاتے تھے یہ نہین ظاہر ہونے دیتے کہ یہ کر رہے پس اعلام کر دیا کہ اللہ تعالے کو سب خبر ہو ذکرہ فی الکشاف

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِنْ تُطِيْعُوْا فَرِيْقًا مِّنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ يَرُدُّوْكُمْ بَعْدَ

ای ایمان والو اگر تم مانوگے بعض اہل کتاب کی بات تو پھر کر دینگے تمکو ایمان لائے پیچھے

ایمانکم کٰفرین ۝ وکیف تکفرون وانتم تتلیٰ علیکم اٰیٰت اللہ وفیکم رسولہ

منکر اور کیسے تم منکر ہو اور تمپر پڑھی جاتی ہین آیتین اللہ کی اور تم مین اسکا رسول ہی

ومن یعتصم باللہ فقد ھدی الیٰ صراط مستقیم ۝

اور جو کوئی مضبوط پکڑے اللہ کو وہ پہونچا سیدھی راہ پر

شیخ سیوطی و بغوی و شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ محمد بن اسحق بن یسار وغیرہ نے روایت کیا ہی کہ یہ آیت اوس و خزرج کی شان مین نازل ہوئی اور بات یہ ہوئی کہ ایک شخص یہود مین سے جسکا نام معالم مین شاس بن قیس لکھا ہو بڑھا عالم یہودی سخت کافر اور مسلمانون پر سخت طعن کرنیوالا تھا وہ اوس خزرج پر گذرا آور اوس و خزرج دو گروہ انصار کے ہین جو زمانہ جاہلیت مین ایک دوسرے کے دشمن اور آپسمین سخت لڑائیان لڑتے تھے اور بعد اسلام کے آپسمین دوست ہو گئے پس اسمین سے کچھ لوگ اپنی مسجد مین بیٹھے آپسمین باتین کرتے تھے (قال ابن کثیر) پس یہ اتفاق و الفت انکی دیکھکر اس یہودی کو رنج ہوا پس اسنے اپنے ساتھ کے ایک جوان یہودی کو بھیجا کہ انمین جاکر بیٹھے اور انکو وہ لڑائیان یاد دلاوے جو زمانہ جاہلیت مین انکے درمیان ہوئی تھین خصوص یوم بعاث کی کہ آخر لڑائی ہی۔ (فی المعالم) اور جو اشعار اس لڑائی مین کہے گئے تھے وہ سناوے اور یہ لڑائی نہایت سخت ہوئی تھی اور اسمین اوس کو فتح حاصل ہوئی تھی (قال ابن کثیر) پس اس جوان یہودی نے یہی کیا اور برابر انکے درمیان یہی ذکور کرتا رہا یہانتک کہ ان دونون نے باہم فخر کیا اور غضب ناک بھڑکا اور سب جوش مین آگئے اور جو انکا شعار تھا اس سے آپسمین ہر فریق والے نے اپنون کو آواز دی اور اپنے ہتھیار مانگے اور میدان حرہ مین وعدہ گاہ مقرر کی پس یہ خبر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو پہونچی آپ اپنے ساتھ مہاجرین و انصار کو لیے ہوئے آئے اور انکو ڈھنڈا کرتے اور فرماتے آئین تم یہ جاہلیت کی پکار آپسمین پکارتے ہو اور مین تمہارے سامنے موجود ہون اور اللہ تعالے نے تمکو اسلام سے بزرگی دی اور جاہلیت تم مین سے دور کیا اور تم مین الفت ڈالدی اور اوپر یہ آیت پڑھی پس سب کے سب سخت نادم ہوے کہ یہ ہم نے کیا حرکت کی اور سمجھے کہ یہ نزغہ شیطانی تھا پس ہتھیار پھینکدیے اور رونے لگے اور آپسمین ایکدوسرے کے گلے لپٹ گئے اور حضرت سلم کے ساتھ سر جھکائے ہوے لوٹ آئے اور اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اِنْ تُطِیْعُوْا فَرِیْقًا مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ یَرُدُّوْکُمْ بَعْدَ اِیْمَانِکُمْ کٰفِرِیْنَ — اے ایمان والو اگر تم کتابون مین سے ایک فریق (یہودی خبیث) کی بات مانوگے تو یہ فرقہ تم کو تمہارے ایمان کے بعد الٹا کافر کریگا۔ ف پھر اللہ تعالے نے تعجب لایا بقولہ تعالے کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ — استفہام تعجب و توبیخ ہی یعنے یہ استفہام انکو تعجب دلانے اور ملامت کے طور پر ہی کہ تم کیونکر کفر کی بات کرتے ہو۔ وَاَنْتُمْ تُتْلٰی عَلَیْکُمْ اٰیٰتُ اللّٰہِ — حالانکہ تمہاری شان یہ ہی کہ تمپر آیات الٰہی تلاوت کی جاتی ہین وَفِیْکُمْ رَسُوْلُہٗ — اور تم مین اللہ تعالے کا رسول پاک (محمد) موجود ہی ف پھر بھلا کون صورت ہی کہ کفر پیدا ہو۔ وَمَنْ یَّعْتَصِمْ بِاللّٰہِ فَقَدْ ھُدِیَ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ اور جو شخص کہ اللہ تعالے کو مضبوطی سے لے لے وہ راہ مستقیم کو پہونچا دیا گیا ف پس ان دونون گروہ نے اللہ تعالے کے رسول و قرآن کو مضبوط پکڑ لیا اور فتنہ فرو ہو گیا۔ بعض علما نے ذکر کیا کہ انکے اس ثوران و جوش مین چند فوائد تھے اول آنکہ کفار سے خلط اسقدر سخت مضر ہو اور یقین ہو گیا کہ یہود انکے دین کے دشمن ہین دوم بندگان مطیع ایسے ہوتے ہین کہ بعد یاد دلانے کے فورًا نادم ہوتے ہین سوم یہود کے دل مین ہیبت اور انکے اتفاق کا یقین اور غیظ زیادہ ہو چہارم کیونکر اسے مدت مین یہ فتنہ ابھارا اور کیونکر اللہ تعالے نے رحمت سے دم مین فرو کر دیا اور سراج منیر جابر سے روایت لایا کہ مین نے ایسا کوئی دن نہین دیکھا کہ اول اوسکا تو ایسا قبیح ہو اور آخر اوسکا ایسا نیک ہو۔ اور قولہ تعالے وکیف تکفرون وانتم تتلیٰ علیکم آیات اللہ۔ مین اشارہ ہی کہ تلاوت قرآن مجید سے ایسی صفائی قلب کو حاصل ہوتی ہی کہ شیطانی وسواس خود بخود دور ہوتے ہین

اسیواسطے تعجب و سرزنش دونوں ہیں کہ یہ تعجب ہی کہ تم پر آیات اللہ پڑھی جاویں اور پھر یہ فتنہ تو دم آنکہ تم کسی تلاوت والے ہو کہ تم پر نہیں ہوا تھی کہ شیطان نے یہ راہ پائی۔ پس بعد اس آیت کے ہمیشہ کے واسطے انصار کے دلوں سے جو کچھ میل آپس کا تھا بالکل محل گیا۔ قوت و فیکر رسول موجود بارکت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی عین رحمت تھا اب بعد آپ کے آپکی عترت طاہرہ اہل بیت میں تھا اسیواسطے آپ نے اپنے بعد کے لیے دو چیزوں کی وصیت کی ایک قرآن مجید دوم آل اطہار اور فرمایا کہ انکو مضبوط پکڑے رہو تو گمراہ نہ ہوگے اور وجاج نے معانی قرآن میں اشارہ کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آثار و علامات موجود ہونا اب بھی بمنزلہ آپ کے وجود شریف کے ہے اور مترجم کہتا ہے کہ میرے نزدیک آنحضرت صلعم کی اولاد پاک کی تہیت اور تعظیم سے بڑی برکت وافر ہے اور امام ترمذی رحمہ اللہ نے اپنی جامع کی صفت میں خود فرمایا کہ جس گھر میں ہو گویا اسمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم باتیں کرتے ہیں پس چاہیے کہ تقوی و زہد و حسن اخلاق کی حدیثیں اور بدست تکبر و غرور و ریا و شرک وغیرہ کی احادیث کو ان کتابوں سے بے تکلف لیویں اور اپر عمل کریں اور جن احادیث احکام نماز و روزہ و حج و زکوۃ وغیرہ کی جنمیں محدثوں کو ملا کر ترفیق دینے وغیرہ کی ضرورت ہوتی ہے انمیں رواہی کہ فقیہ مجتہد کی سمجھ پر عمل کریں اور یہ تو بہت تھوڑی حدیثیں ہیں اور بنکو بے تکلف لے سکتا ہے وہ بہت ہیں اور لفظ باب ہیں کا اسے متعلق ہے فلیعمل العاملون واللہ الموفق۔ اور تمام کیفیت اس مختصر آیت میں جمع فرما دی قولہ تعالے ومن یعتصم باللہ فقد ہدی الی صراط مستقیم جسنے چنگل مارا ای مضبوط پکڑ لیا اللہ تعالے کے ساتھ اسنے ضرور راہ مستقیم کی ہدایت پائی پس جو شخص وہ کرے جو اللہ تعالے نے فرمایا اور کسی طرف نہ جھکے وہ یقینی راہ راست پر واصل و کامل ہوگا پاہیے اسکی سمجھ و عقل کچھ ہی کیوں نہ کہے اسکو روا نہیں کہ اللہ تعالے کے فرمان سے ذرا بھی تجاوز کرے کیونکہ اسکی عقل خروی ہے اور وہم و شیطان میں پھنسی ہوئی اسکا کیا اعتبار ہے اور جان رکھنا چاہیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان بھی اسی میں داخل ہے کیونکہ وہ بھی فرمان الٰہی ہے ۱۲ اشارہ ہے اس میں ہے کہ قولہ تعالے ومن یعتصم باللہ جمیع وجوہ ظاہر و باطن سے اعتصام بحق ہوا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللھم انی اعوذ برضاک من سخطک واعوذ بمعافاتک من عقوبتک واعوذ بک منک لا احصی ثناء علیک انت کما اثنیت علی نفسک۔ یعنے الٰہی میں تیرے خشم سے تیری ہی رضا کی پناہ میں آتا ہوں اور تیرے عقوبت سے تیری ہی عفو کی پناہ میں آتا ہوں اور تیرے ہی ساتھ تجھ سے پناہ لیتا ہوں میں کچھ تیری ثناء و صفت نہیں ادا کر سکتا بلکہ تیری شان وہ ہے جو خود تو نے اپنا وصف فرمایا ہے۔ (البصحیحین) اور اسوقت میں آنحضرت صلعم مشاہدہ جلال و جمال و کمال و قدم و بقا و جبروت و کبریا میں تھے اسطرح کہ وجود حق عزوجل کی معرفت پوری تھی اور علوم قضا و قدر کے سمندر میں غرق تھے اور اسکی عجائب قدرت سے دیکھا تھا جو کچھ دیکھا تھا اور اسکے بعض اسرار و ارادہ سے اطلاع حاصل ہوئی تھی پس اسوقت حق عزوجل پاک بے نیاز کی جناب میں اس سے اسیکی حفاظت و پناہ کی اور نیز جسنے اللہ تعالے کے ساتھ اعتصام کیا اللہ تعالے اسکو اسکے نفس کے عیوب جاننے کی راہ دکھاتا ہے اور شیطان کے مکر و فریب کی شناخت کی ہدایت فرماتا ہے اور قلب کے اخلاق اور روح کے شمائل و عقل کے اوصاف اور امور معاملہ و حقیقت حالات و طلب مکاشفات و اطلاع مشاہدات و ملائکہ و علوم الہام و فراسات کی اسکو ہدایت کرتا ہے اور ان خصلتوں کے حاصل ہونے سے وہ مقام تمکین میں جو مستقیم راہ میں سے نہایت استوار ہے متمکن ہوتا ہے۔ اور نیز اعتصام یہ ہے کہ قلب تمام اسباب و ارباب سے منقطع ہو اور اللہ تعالے کی طرف عاجزی کرے کہ میں اپنے حول و قوت سے بیزار ہوں اور جسنے مخلوق سے طلب کے حیلے قطع کر دیے اسکے اور اللہ تعالے کے درمیان سے دوری مرتفع ہوئی اور معرفت سے پہلے اعتصام محال ہے اور مشاہدہ سے پہلے معرفت محال ہے اور جسنے معرفت کے ساتھ حق عزوجل کو مشاہدہ کیا وہ اپنی تمام امور میں اسکے ساتھ اعتصام کرتا ہے آور شیخ ابن عطا رح نے فرمایا کہ جو شخص تمام ماسوی اللہ تعالے سے منہ موڑ کر خالص اللہ تعالے ہی کیطرف

محتاج ہوا تو اسکے لیے حج کا راستہ کشادہ ہوتا ہی اور یہ راستہ اتوم ہی۔ اور شیخ جعفرؒ نے فرمایا کہ جسنے اسکو پہچانا وہ اسکے ساتھ تمام مخلوق سے مستغنی ہوتا ہی۔ اور واسطیؒ نے فرمایا کہ قولہ من یعتصم باللہ۔ تو پیشوا اون کے واسطے ہی اور قولہ اعتصموا بحبل اللہ سب عوام کے واسطے ہی اور اعتصام تو یہ ہی کہ تو اپنے نفس کو اسکے سایہ اور گودین رکھے اور حسن قیام پر اسکے ساتھ ہو اسکے دست قدرت مین ہو پس سب سے لائق تو اعتصام ہی اور تصدیق موجب اعتصام ہی اور بعض نے فرمایا کہ اعتصام یہ ہی کہ اسکی طرف التجا کرکے اپنے حول و قوت سے خارج ہو اور اسکے حکم کی طرف سکون ہو اور اللہ تعالے کی مراد مین ٹھہراؤ ہو قال المترجم یعنے جو کچھ اللہ تعالے نے قضاء و قدر کے موافق بندے کے حق مین ارادہ فرمایا ہی اسکو تسکین سے لیوے اور اسی پر راضی ہو اور اپنے نفس کے اضطراب سے خارج ہو شیخ ابوبکر وراقؒ نے فرمایا کہ اعتصام کی علامت تین چیزین ہین ایک تو دل کو مخلوق کی مددگاری سے توڑ لینا اور یہ امید نہ رکھنا کہ کوئی مخلوق ہماری معونت کرے دوم یہ کہ بالکلیہ حضرت رب العالمین کی طرف پھیر دینا اور سوم یہ کہ ہمیشہ اللہ تعالے کی طرف سے کشایش کا امیدوار ہونا۔ اور شیخ ابوسعید خرازؒ نے فرمایا کہ جو اللہ تعالے پر ایمان لایا وہ اہانت نکیا جائیگا اور جس شخص نے کہ اس سے اعتصام کیا اسکو ہزیمت نہوگی اور فرمایا کہ نفس کو اصلاح کی طرف پھیرنا کسی چیز سے ممکن نہین سوائے حکمت اور علم اور مجاہدہ و عاجزی کے کہ ان چیزون سے البتہ نفس کی اصلاح ہوتی ہی اور ان سب کی جڑ یہ ہی کہ اللہ تعالے کے ساتھ اعتصام ہو

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ ۝ وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللَّهِ

ای ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے جیسا چاہیے اس سے ڈرنا اور نہ مرو مگر مسلمان اور مضبوط پکڑو رسی اللہ کی

جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا ۚ وَاذْكُرُوا نِعْمَتَ اللَّهِ عَلَيْكُمْ إِذْ كُنْتُمْ أَعْدَاءً فَأَلَّفَ بَيْنَ قُلُوبِكُمْ

سب ملکر اور آپس مین نہ پھوٹو اور یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب تھے تم آپس مین دشمن پھر الفت دی تمہارے دلون مین

فَأَصْبَحْتُمْ بِنِعْمَتِهِ إِخْوَانًا ۚ وَكُنْتُمْ عَلَىٰ شَفَا حُفْرَةٍ مِنَ النَّارِ فَأَنْقَذَكُمْ مِنْهَا ۗ كَذَٰلِكَ

اب ہو گئے اسکے فضل سے بھائی اور تم تھے کنارے پر ایک آگ کے پھر تمکو اس سے خلاص کیا اسیطرح

يُبَيِّنُ اللَّهُ لَكُمْ آيَاتِهِ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ۝

کھلی بیان کرتا ہی اللہ تمپر نشانیان اپنی شاید تم راہ پاؤ

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ۔ اے ایمان والو اللہ تعالے سے حق تقوی کرو۔ صحیح حدیث مین ہی کہ بان اطاع فلا یعصی و یشکر فلا یکفر و یذکر فلا ینسی فقالوا یا رسول اللہ و من یقوی علی ہذا فنسخ بقولہ فاتقوا اللہ ما استطعتم۔ یعنے حق تقاۃ یہ ہی کہ اطاعت کیجاوے اللہ کی پس اسکی نافرمانی نہ کیجاوے اور شکر کیا جاوے پس ناشکری نہ کیجاوے اور یاد کیا جاوے پس نہ بھولا جاوے پھر صحابہؓ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ ایسا کرنے پر کسکو طاقت ہی پس منسوخ کیا گیا بقولہ تعالے فاتقوا اللہ ما استطعتم۔ پس تقوی کرو اللہ کا جہانتک تم مین استطاعت ہو۔ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ۔ موحدون۔ اور مرو مت مگر اس حال مین کہ تم توحید کرنے والے ہو۔ حق تقاۃ مصدر ہی اور حق تقاۃ اضافت صفت بموصوف ہی اصل مین تقاۃ الحق تھا ای ایسا تقوی کہ جو اسکے واسطے حق و ثابت ہی اور قرطبیؒ نے ذکر کیا کہ جب یہ آیت نازل ہوی تو صحابہؓ پر یہ شاق گذرا اور بولے کہ یا رسول اللہ یہ کون کرسکتا ہی پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ فاتقوا اللہ ما استطعتم۔ پس یہ آیت منسوخ کردی یہی قتادہ و ربیع بن انس و ابن زید سے مروی ہی قال ابن کثیر یہی قول سعید بن جبیر و ابوالعالیہ و مقاتل و سدی وغیرہ سے مروی ہی اور یہی مفسر رحمہ اللہ نے اختیار کیا ہی اور تقوی کی جو تفسیر کی وہ حاکم نے ابن مسعودؓ سے مرفوعاً روایت کرکے کہا کہ یہ حدیث بر شرط شیخین صحیح ہی اور ایسا ہی

ابن مردویہ نے روایت کی اور ابن ابی حاتم نے اسکو ابن مسعودؓ سے موقوفاً انکا قول روایت کیا اور ابن کثیر نے فرمایا کہ اسکی اسناد صحیح ہی اور کہا کہ ظاہر یہی ہی کہ حدیث موقوف ہی واللہ اعلم اور مفسرؒ نے جو کہا کہ فقالوا۔ بخلاف تو اس سے مراد یہ کہ اس آیت کے اترنے پر صحابہؓ نے کہا کہ پس تفریع قول اس آیت پر ہی نہ اس تفسیر تقوی پر کیونکہ تفسیر مذکور کے بعد انکا یہ کہنا مروی نہیں ہوا ولیکن اسمین اشارہ ہی کہ جو تفسیر تقوی کی مذکور ہوئی ہی وہ استطاعت سے باہر ہی پس اسکے منسوخ ہونے کا قول اقرب ہی۔ اور شیخ ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ یہ آیت منسوخ نہیں ہوئی ولیکن حق تقوی یہ ہی کہ جہاد کرین اسکی راہ مین حق جہاد اور انکو اللہ تعالے کے معاملہ مین کسی ملامت کرنے والے کی ملامت مانع نہو اور عدل قائم ہون اگرچہ اپنی جانون اور اپنے آباء و اجداد اور اپنے فرزندون کے حق مین ہو۔ اور قرطبیؒ نے ذکر کیا کہ بعض نے فرمایا کہ قولہ فاتقوا اللہ ما استطعتم اسکا مبین ہی اور معنے یہ ہین کہ اتقوا اللہ حق تقاتہ ما استطعتم۔ اور کہا کہ یہی قول صوب ہی اسواسطے کہ نسخ وہان بضرورت ہی جہان جمع کرنا ممکن نہو اور یہان دونون آیتون مین اتفاق ہوگیا جیسا کہ بیان ہوا ممتزجم کہتا ہی کہ اسمین شک نہین کہ اتقوا اللہ حق تقاتہ۔ اپنے اطلاق پر سب جو تقوی کو خواہ داخل استطاعت ہو یا نہو شامل ہی اور ما استطعتم کی قید لگانے سے دوسری شق عدم استطاعت کی جاتی ہی پس یہ اصطلاحی نسخ نہین قرار دیا جاسکتا ہی بلکہ تخصیص بنابر ایک اسے کے ہوسکتا ہی سو وہ بھی نسخ فی حق البعض ہی لہذا بظاہر اصوب یہی ہی جو مفسرؒ نے اختیار کیا واللہ اعلم اگرچہ روایت علی بن ابی طلحہ عن ابن عباسؓ تامل لاتی ہی اور علی بن ابی طلحہ اس روایت مین منفرد نہین ہین بلکہ مجاہدؒ نے بھی ایسا ہی کہا پس باصول تفسیر انھون نے حضرت ابن عباسؓ سے سنا ہوگا واللہ اعلم اور بعض نے حق تقاتہ کی تفسیر مین کہا کہ تقوائے واجب ادا کرے یعنے جو واجب ہی اسکو ٹھیک ادا کرے اور جو حرام و ناروا ہی اس سے پرہیز کرے۔ پھر قولہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون۔ استثناء مفرغ از اعم الاحوال ہی یعنے لاتکونن علی حال سوی حال الاسلام یعنے جب مرو تو کسی حال مین نہو سوائے حال اسلام کے اور مجاہدؒ نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے یہ آیت پڑھی یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ حق تقاتہ ولا تموتن الا وانتم مسلمون۔ اور فرمایا کہ اگر زقوم کا ایک قطرہ اس دنیا مین ٹپکے تو اہل دنیا کی زندگانی بگاڑ دے پس اُن لوگون کا کیا حال ہوگا جنکا کھانا کچھ نہین سوائے زقوم کے رواہ احمد والنسائی وابن ماجہ وابن حبان والحاکم والترمذی قال حسن صحیح۔ اور جابرؓ سے روایت ہی کہ مین نے رسول اللہ صلعم سے آپ کی موت کے تین روز پہلے آپ سے سنا کہ تم مین کوئی نہ مرے مگر اس حال مین کہ وہ اللہ عزوجل کے ساتھ حسن نیک رکھتا ہو رواہ احمد و مسلم۔ اور صحیحین مین حضرت ابوہریرہؓ کی حدیث مرفوع مین بھی اللہ عزوجل سے حدیث قدسی مروی ہی کہ اللہ عزوجل نے فرمایا کہ مین بندے کے اس گمان پر اسکے ساتھ ہون جو وہ میرے ساتھ رکھتا ہی۔ وَاعْتَصِمُوا۔ تمسکوا۔ اور مضبوط پکڑ لو بِحَبْلِ اللّٰہِ۔ اللہ تعالے کی رسی یعنے دین کو۔ حبل اللہ سے مراد دین اسلام ہی جیسا کہ ابن مبارک سے مروی ہی اور حبل دراصل رسی ہی باہر سبب جس سے مراد کی طرف توصل ہو پس اللہ عزوجل نے انکو حکم کیا کہ دین اسلام پر تمسک کرنے مین مجتمع و متفق رہین یا حبل اللہ سے قرآن مراد ہی اور احادیث صحیحہ مین قرآن کو حبل اللہ المدود کے مانند الفاظ سے فرمایا ہی اور قتادہؒ نے عہد اللہ سے تفسیر کی اور معنے متقارب ہین پس قولہ جَمِیْعًا کو نصب بنابر حال کے ہی ای مجتمعین اور قولہ وَلَا تَفَرَّقُوْا۔ بعد الاسلام۔ اور اسلام کے بعد متفرق نہو ف ابوہریرہؓ کی حدیث مین ہی کہ اللہ تعالے تمسے تین چیزون سے راضی ہوتا ہی ایک یہ کہ تم اسکی بندگی کرو اور شرک کچھ نہ کرو دوم یہ کہ اعتصام کرو بحبل اللہ جمیعا اور متفرق نہو سوم یہ کہ والی ملک کو باہم نصیحت کرتے رہو اور تم سے تین چیزون سے سخط فرماتا ہی ایک قیل و قال دوم کثرت سوال سوم اضاعۃ المال رواہ مسلم۔ وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ۔ انعام عَلَيْكُمْ یا معشر الاوس والخزرج۔ اور اپنے اوپر اللہ تعالے کے انعام کو یاد کرو ف ای کروہ اوس و خزرج و انعام یہ ہی کہ۔ اِذْ كُنْتُمْ اَعْدَآءً قبل الاسلام۔ جب تم باہم ایک دوسرے کے دشمن تھے یعنے اسلام سے پہلے۔ حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ اوس و خزرج دونون سگے

لہ قولہ اوس و خزرج کی بجائے ہونا چاہئے تھا نوذ باللہ منہ ۱۲ منہ

بھائی تھے انکی اولاد میں ایک بات پر ایک سو بیس برس تک لڑائیاں ہوتی رہیں تک کہ اسلام قائم ہوا اور اللہ تعالے نے اس آگ کو بجھا دیا اور
انمیں الفت ڈال دی چنانچہ فرمایا۔ فَاَلَّفَ۔ جمع۔ پھر جمع کر دیا۔ بَيْنَ قُلُوْبِكُمْ۔ بالاسلام تمھارے دلوں میں اسلام کے ساتھ
فَاَصْبَحْتُمْ۔ فصرتم۔ بِنِعْمَتِهٖٓ اِخْوَانًا۔ پھر تم ہو گئے نعمت الٰہی سے بھائی بھائی ف یعنے دین اور مددگاری میں آپسمیں ایک دوسرے
کے بھائی ہو گئے۔ اور برو تقوی پر ایک دوسرے کے مددگار ہوے جیساکہ دوسری آیت میں فرمایا ہوالذی ایدک بنصرہ وبالمومنین والف بین قلوبہم
الآیہ۔ کذا ذکرہ ابن کثیر۔ وَكُنْتُمْ عَلٰى شَفَا۔ طرف۔ حُفْرَةٍ مِّنَ النَّارِ۔ لیس بینکم وبین الوقوع فیہا الا ان تموتوا
کفارا۔ اور تم لوگ آگ کے گڑھے کے کنارے اسطرح تھے کہ تمھارے درمیان اور گڑھے میں گرنے کے درمیان کچھ باقی نہ تھا مگر یہی کہ تم کافر
مرجاؤ۔ فَاَنْقَذَكُمْ مِّنْهَا۔ بالایمان۔ پس اللہ تعالے نے تمکو اس سے نکال لیا باین طور کہ تمکو ایمان دیدیا۔ كَذٰلِكَ۔ کما بین لکم ما ذکر۔
جیسے یہ انعام تمپر ظاہر کیا۔ اسیطرح۔ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ۔ اللہ تعالے تمپر اپنی آیات ظاہر فرماتا ہے
تاکہ تم ہدایت پاؤ۔ یعنے تم ہدایت پر ثابت رہو اور مضبوطی حاصل کرو۔ ف عالس البیان میں ہے کہ قولہ تعالے یاایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ
حق تقاتہ۔ اور نیز حق تقوی یہ ہے کہ جو عہد ہیں انکو مضبوطی سے نگاہ رکھے اور اللہ تعالے نے جو حدود حرام و حلال کے مقرر فرمائے ہیں انکی
حفاظت کرے اور قضاء قدر جاری ہونے کے وقت رضامندی سے ٹھنڈا رہے اور نیز حق تقوی یہ ہے کہ حق عزوجل کے مشاہدہ کے واسطے
حادثات وخلوقات کو ترک کرے۔ اور نیز برگزیدہ بندوں کو اپنی تعریف سے حقیقت عین قدم بتلا کر متنبہ کر دیا تاکہ حقیقت عبودیت کو ادا کرکے
حق ربوبیت کو پہچانیں اور اپنپر لازم کر دیا کہ اس عبودیت پر مستقیم رہیں پس گویا فرمایا کہ مجھے حق معرفت سے پہچانو اور میرے پاس اسی حال سے آؤ
کہ تم میں استقامت ہو اور تمکو وفات نہ ہو پہنچے مگر اسی حال میں کہ وفات کی جو شرطیں ہیں وہ تم میں پوری موجود ہوں اور یہی معنے ہیں قولہ
ولا تموتن الا وانتم مسلمون کے اور قاسم نے فرمایا کہ اپنی کوشش کو پورا صرف کر دینا اور طاعت کے موافق عمل کرنا اور راحت کی طرف توجہ
چھوڑنا اور راحت کی طرف تو کوئی راہ بھی نہیں ہے کیونکہ واصل ہونے کا پہلا کنارہ تو نفس کا تلف کرنا ٹھہرا ہے۔ اور واسطی نے فرمایا کہ حق
تقوی یہ کہ جو مواجب عبودیت ہیں انمیں نفس کو تلف کرنا۔ اور ابن عطا نے فرمایا کہ حق تقوی یہ کہ سچائی کے ساتھ لا الہ الا اللہ کہے یہ حالت
ہو کہ تیرے دل میں سوائے حق عزوجل کے کچھ نہو۔ ابن عطا نے فرمایا کہ تقوی کی حقیقت ظاہر میں تو یہ ہے کہ جو حدود اللہ تعالے نے مقرر فرمائے
انکو نگاہ رکھے اور باطن میں یہ ہے کہ نیت و اخلاص ہو اور روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس آیت کے معنے پوچھے گئے تو آپنے فرمایا کہ
حق تقوی یہ کہ اللہ تعالے کی اطاعت کیجاوے پھر اسکی نافرمانی نہو اور اسکی یاد کیجاوے پھر کبھی فراموشی نہو اور شکر کیا جاوے کہ پھر کبھی کفران نعمت
نہو قال المترجم یہ الفاظ اس روایت کے ہیں جو ابن ابی حاتم نے حضرت ابن مسعود سے موقوفا روایت کی ہے اور شیخ ابو یزید نے فرمایا کہ پورا
تقوی یہ ہے کہ جب کہے تو اللہ تعالے کے واسطے کہے اور جب کام کرے تو اللہ تعالے کے واسطے ہو اور جب نیت ہو تو اللہ تعالے کے واسطے اور
خود اللہ تعالے کے واسطے اور اسیکے ساتھ ہو جاوے اور نیز فرمایا کہ تمام تقوی یہی ہے کہ تمام شبہات سے بچے مترجم کہتا ہے کہ حدیث صحیح
میں حضرت سید عالم صاحب جوامع الکلم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جو شبہات سے بچا وہ اپنے دین کو پاک لے گیا۔ فرمایا اتقوا اللہ حق تقاتہ
قولہ تعالے واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا۔ حبل اللہ ہدایت کفایت ورعایت وعبودیت ومعرفت ومحبت وخدمت وادب وحشمت اور نبی
صلی اللہ علیہ وسلم و قرآن مجید وسنت نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہے پس اللہ تعالے نے جمہور پر ان دقائق کے ساتھ اعتصام واجب کر دیا تاکہ اسکی
طرف پہونچ جاویں اور اس سے متفرق نہوں کیونکہ جسنے اپنی راے وتدبیر ومعاملہ ومجاہدہ وحیلہ وفکر واستدلال کی طرف رجوع کیا یعنے اسکی

ہدایت وکفایت اور عنایت وغیرہ پر رہا وہ سایہ عنایت وکفایت سے کہیں دور پڑ گیا۔ شیخ سہل رحمہ نے فرمایا کہ انھوں نے عہد سے تمسک کیا اور عہد اسکا توحید ہے اور شیخ ابو یزید رحمہ نے فرمایا کہ جب تک تو اپنے نفس کو گم نہ کرے اور اپنے خالق سے اعتصام نہ کرے تب تک تیری دعا قبول نہ ہوگی اور جب تک تو واسطہ امور میں رہیگا تو مخلوق اپنے خالق کی طرف راہ نہیں پاتا ہی پھر جب تجھے اسکو اپنے سے طرح دیدیا یعنے کسی امر کے واسطے سے وصول نہ پایا تو اللہ تعالے سے اعتصام کرنے والا ہو گیا اور بعض نے فرمایا کہ اسکی طرف اعتصام یہ ہے کہ بندہ کا دل عہد وفا کرنے پر مائل ہے اور بدون کمی وکوتاہی کے فرائض ادا کرنے پر جھکے۔ اور شیخ ابن عطا نے فرمایا کہ حبل اللہ ہر بندہ سے متصل ہے اور حبل اللہ یہی عہد الٰہی اور اسکی کتاب مجید ہے پس جسنے اسکو مضبوط پکڑ لیا وہ واصل ہو گیا اور شیخ جنید رحمہ سے پوچھا گیا کہ قولہ تعالے واعتصموا بحبل اللہ کے معنے کیا ہیں تو کہا کہ صوفیہ کہتے ہیں کہ اسمیں خصوص ہے اور عموم بھی ہے پس اعتصموا باللہ کے یہ معنے ہیں کہ حبل اللہ کے ساتھ اعتصام کرنے سے تم اللہ تعالے کے ساتھ اعتصام کرو قال المترجم حاصل یہ کہ خاص لوگوں کو تو اعتصموا باللہ فرمایا اور عام کو اعتصموا بحبل اللہ فرمایا ہے۔ اور بعض نے کہا کہ اعتصموا بحبل اللہ کے یہ معنے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی موافقت پر مجتمع ہو یعنے ہر حال میں آنحضرت صلعم کے قول وفعل سب سے موافقت کرو کہ وہی حبل اوثق ہیں اور ظاہر و باطن اور پوشیدہ وعلانیہ کسی حال میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی موافقت سے متفرق نہو۔ قولہ تعالے واذکروا نعمۃ اللہ علیکم۔ یعنے اپنے اوپر اس انعام الٰہی کو یاد کرو کہ معرفت ومحبت کی صفت سے تمکو اپنی طرف راہ دے۔ قولہ اذ کنتم اعداءً۔ یعنے بشریت کے گھٹا ٹوپ بادل کے نیچے کفر وانکار کے پردہ میں اسکی توحید کو مشاہدہ کرنے سے دور اسکی دیدار قربت سے محروم پڑے تھے اور وہ وقت دیکھو کہ اللہ تعالے کا حق اور اپنے بھائیوں کا حق برباد کرتے تھے اور کفر کی ذلت میں پھنسے ہوئے اپنے نفس کی خواہشیں چاہتے اور اپنے بھائیوں کی خواہشوں کو برباد کرتے تھے اور چاہتا چاہیے کہ اصل سبب انمیں عداوت کا یہی تھا کہ اللہ تعالے نے انکو لباس معرفت سے سنگار کیا تھا پھر جب انکے اسرار باطنی کو اپنی جناب سے انوار معرفت کی خلعتیں عطا فرمائیں اور انکے دلوں کو حقائق وصال نے ڈھانپ لیا تو بعض نے بعض پر جمال حق عزوجل کا اثر دیکھا اور بعض وحبیں بعض پر عاشق ہوئیں جیسا کہ اللہ تعالے نے فرمایا ہے وحبب الیکم الایمان وزینہ فی قلوبکم۔ اور یہی شرح جو میں نے بیان کی یہی معنے ہیں اس قول اوتعالے عزوجل کے کہ فرمایا۔ فالف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا۔ اور نیز یہ اشارہ ہے کہ پھر اللہ تعالے نے تمہارے دلوں میں الفت دیدی اسطرح کہ اپنی طرف سے عصمت نورانی تمہارے دلوں کو دی اور اپنی درگاہ باکمال کا جمال کشف فرمایا یہانتک کہ تم سب کے سب مکاشفات وصال کی حقیقت کو پہونچے اور شربت احسان سے تمکو الفت کا دودھ پیالہ ملا اور جمال حبیب سے خوش دل ہو گئے اور تمہارے قلوب سے وحشت کا پردہ اٹھ گیا پس ان سب کا عقیدہ ایک اور مذہب ایک اور حظ ایک ہو گیا اور اللہ تعالے نے سب کو اخلاص پر جمع کر دیا تاکہ انکے اخلاق پر جو میل آگیا تھا اور طبیعت پر کچھ لگاؤ ہو گیا تھا اس سے پاک ہو گئے اور باہمی الفت و اخلاص کا لباس پہن لیا قال المترجم جب حضرت صلعم نے حنین کی غنیمت تقسیم فرمائی تو انصار رضی اللہ عنہم کو کچھ کم دیا اور جنکی تالیف قلوب منظور تھی انکو زیادہ دیا پس بعض انصار نے اسمیں کچھ باتیں کہیں جنکی خبر حضرت صلعم کو پہونچی تو خطبہ فرمایا کہ اے گروہ انصار کیا میں نے تمکو گمراہ نہیں پایا تھا کہ میرے ساتھ اللہ تعالے نے تمکو ہدایت دی اور تم آپس میں پھوٹے ہوئے تھے کہ میرے ساتھ اللہ تعالے نے تمکو باہم ملا دیا الفت سے اور تم محتاج تھے کہ اللہ تعالے نے تمکو میری وجہ سے تونگر کر دیا جب آنحضرت صلعم کوئی بات فرماتے تو انصار کہتے کہ اللہ تعالے و اسکے رسول کا ہم پر بڑا احسان ہے مترجم کہتا ہے گویا اس تصدیق سے انھوں نے اپنا حصہ بھرپور کیا خدا دانا ہے کہ کس قدر لیا فلیتنافس فیہ اللہ تعالے نے انکو مخلوقات کے پھنساؤ سے چھڑا دیا اور انکے دلوں سے تفرقہ کے خطرات دور کر دیے پس انکو عین الجمع میں ایک کر دیا گویا ایک ذات ہیں پس انکے احوال نے انکو وفا دیدی اور انکے اخلاص نے انکے دلوں کو صفا کا لباس پہنایا پس وفا وصفا کے درمیان وہ سچے بھائی ہو گئے اور محبت میں مخلص ہو گئے

ور آپس کے ساتھ مین انصاف سے رہنے والے ہوگئے اور ایک کو دوسرے کی دوستی پر یقین کامل ہوگیا - حاصل کلام یہان یہ ہی کہ برگزیدہ لوگون کے
دلون مین جو الفت ہوتی ہی وہ انکے مقامات، حالات کے مراتب کے موافق درجہ بدرجہ مختلف ہوتی ہی اور جان کہو کہ جب اللہ تعالے نے ارواح
پیدا کرکے انکو اپنے مشاہدۂ قرب مین جمع کیا تو بعض کو مقام توحید سے مشرف کیا اور بعض کو مقام معرفت سے اور بعض کو مقام محبت
اور بعض کو مکاشفہ اور بعض کو مقام مشاہدہ اور بعض کو مقام اُنس و بہجہ و حالات سے مشرف فرمایا پس الفت ان سب مین اسی اندازہ پر ہی
جس قدر ان کے درجون مین آپسمین نزدیکی ہی مثلاً مقام توحید و معرفت مین قربت ہی بہ نسبت توحید و مکاشفہ کے پھر ان سب کو بعض کو بعض پر رحمت
و ہدایت و عصمت قرار دیا ہی حدیث مین فرمایا کہ مومنین مثل عمارت مکان کے ہین کہ ایک دوسری کو قوت دیتا ہی - پھر جانو کہ جو شخص مشہد ازل مین
جمیع مقامات کے مدارج سے توفیق یافتہ ہوا وہ اپنے لوگون مین سب کے نزدیک محبوب و معشوق ہوگا اور سب کا پیشوا ہوگا کیونکہ اسنے اصول
حقائق قوم کو پالیا اور سب کے مقامات کی حقیقت کو ادراک کرلیا ہی اور جسنے تمام مقامات کو نہین پایا تو اسکا حال ایسا نہین ہوگا پس باہم الفت
ہونا تو اگلون کی صفات سے ہی اور ایک دوسرے سے انکار ہونا پچھلون کا حال ہی اسواسطے کہ انکی روحین باہم ایک دوسرے سے محجوب ہوتی ہین اور یہی
حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہی کہ ارواح جنود مجندہ ہین پس جنمین باہم تعارف ہوا انمین باہم الفت ہوئی اور جنمین باہم شناسائی نہوئی
انمین پھوٹ پڑی **قال المترجم** یہ حدیث صحاح مین ہی - بعض اکابر نے کہا کہ کنتم اعدار کے یہ معنے ہین کہ اپنے حظوظ نفس سے لگے رہنے سے تم دشمن
تھے پھر فرمایا کہ فالف بین قلوبکم یعنے کہ حظوظ نفس تم سے زائل کردیے اور اس سے پھیرکر تم کو حظ حق کی طرف لگا دیا - قولہ تعالے وکنتم علی شفا
حفرۃ من النار فانقذکم منہا - یعنے تم امتحان کے واسطے ازلی غضب مین ڈالے گئے تھے اور یہ مراد نہین کہ حقیقت مین ایسے تھے کیونکہ واقعی تو یہ لوگ
خاصان حق سے تھے چنانچہ فرمایا پھر تمکو اس سے نکال لیا اور یہ رضائے تقدیر ازلی تھی کہ تمھارے شرف و برگزیدگی پر جاری ہوئی تھی کہ تمکو معارف
و کواشف سے سرفراز کرے اور یہی فرمایا سبقت رحمتی غضبی **مترجم** کہتا ہی کہ یہ حدیث قدسی صحاح کی روایت سے ہی اور معنے اسکے یہ ہین کہ حق
عزوجل نے فرمایا کہ میری رحمت میرے غضب پر پیش قدم ہی - اور بعض محققین نے ہر حیز و ہر حال مین رحمت ثابت کی ہی اور شیخ اکبر انمین سے
ہین حتی کہ عذاب کفار مین بھی انھون نے وجوہ رحمت کی تقریر کی ہی اور یہ اللہ تعالے جانے ولیکن عموم رحمت تو صحیح ہی بلکہ منصوص ہی کہ فرمایا و رحمتی
وسعت کل شئی - میری رحمت ہر شی کو وسیع ہی اور شی مین سب شامل ہی ولیکن ادراک وجوہ رحمت عوام کا کام نہین مثلاً جہاد مین قتل کفار انکے حق مین
دفع از انکا شر و فساد کفر ہی اور مومنون کے حق مین تو ظاہر ہی علی ہذا القیاس فافہم

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ أُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ إِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ
اور چاہیے کہ رہین تم مین ایک جماعت بلاتی نیکی کام پر اور حکم کرتی پسندیدات کو اور منع کرتی ناپسند کو
وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝ وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ تَفَرَّقُوْا وَاخْتَلَفُوْا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ
اور وہی پہونچے مراد کو اور رہو انکی طرح جو پھوٹ گئے اور خلاف کرنے لگے بعد اسکے کہ پہونچ چکے انکو
الْبَيِّنٰتُ ۚ وَأُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝ يَّوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ ۚ
صاف حکم اور انکو بڑا عذاب ہی جس دن سپید ہونگے بعضے منہ اور سیاہ ہونگے بعضے منہ
فَأَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ ۖ أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ
سو وہ لوگ جنکے منہ سیاہ ہوے آیا تم کافر ہوگئے ایمان مین سو اب چکھو عذاب

بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۝ وَاَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ ۭ هُمْ فِيْهَا

بدلا اس کفر کرنے کا اور وہ جو سفید ہوئے منھ انکے سو اللہ کی رحمت مین ہین وہ اسی مین

خٰلِدُوْنَ ۝ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ۭ وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعٰلَمِيْنَ

رہ پڑے یہ حکم ہین اللہ کے ہم سناتے ہین تجکو تحقیق اور نہین چاہتا اللہ ظلم کو جہان والون پر

ع ۱۱ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ۝

اور اللہ ہی کا ہی جو کچھ آسمان اور زمین مین ہی اور اللہ کی طرف ہر کام کی رجوع ہی

وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ - الاسلام - اور تم مین سے ایک گروہ ہونا چاہیے کہ خیر یعنے اسلام کی دعوت کرے ف اور حضرت جعفر بن مبشر نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیہ کو پڑھکر فرمایا کہ خیر یہی قرآن اور میری سنت کا اتباع ہی (رواہ ابن مردویہ) وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ - اور معروف شرعی کا حکم کرے ف اور نیک کاموں کا سکھلاوے - وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ - اور منکر شرعی سے منع کرے ف جو شرع مین بد کام ہی اس سے روکے - وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ - الفائزون ومن للتبعیض لان ما ذکر فرض کفایہ لا یلزم کل الامۃ ولا یلیق بکل احد کالمجاہل وقیل زائدہ ای لتکن امۃ - اور یہی خیر کی طرف بلانے والے اور نیک کام کا حکم کرنے والے اور منکر سے منع کرنے والے ہی مفلحون ہین ای فائز برادہین ف اور منکم مین من تبعیضیہ ہی کیونکہ جو حکم ذکر فرمایا وہ فرض کفایہ ہی کہ کل امت پر لازم نہین ہی اور ہر فرد کے لائق بھی نہین ہی جیسے مجاہل اسکی لیاقت نہین رکھتا مفسر جمل کہتا ہی کہ مفسر کی عبارت مین ظاہر یہ ٹپکتا ہی کہ فرض کفایہ ہر امت پر لازم نہین ہی بلکہ بعض پر ہوتا ہی اور علامہ تفتازانی نے اعتراض کیا ہی کہ یہ قول مردود ہی اور دلیل قائم ہوگئی کہ فرض کفایہ بھی کل پر واجب ہوتا ہی لیکن بعض کے ادا کرنے سے سب کے ذمہ سے ساقط ہو جاتا ہی چنانچہ بیضاوی نے بھی کہا کہ خطاب کیا جمیع کو اور انمین سے بعض کا فعل طلب کیا تاکہ دلیل ہو اس بات پر کہ یہ حکم سب پر لازم ہی حتی کہ اگر سبھون نے ایک سرے سے ترک کیا تو سب کے سب گناہگار ہونگے لیکن اگر بعض نے ادا کیا تو سب کے ذمہ سے ساقط ہوگا اور یہی ہر فرض کفایہ کا حال ہی اور بعض نے کہا کہ من زائدہ ہی اور معنے یہ ہین کہ چاہیے کہ ہو جاؤ تم ایسی امت الی آخرہ - مترجم کہتا ہی کہ قرطبی نے اول کو ترجیح دی اسی وجہ سے کہ منتسب ہونا بعد علم و لیاقت کے ہو سکتا ہی پس فقط اہل علم سے مخصوص ہوگا - اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ مقصود اس آیہ سے یہ ہی کہ اس امت مین سے ایک فرقہ اس کام کی تکلیف اپنے اوپر اٹھائے اگرچہ یہ کام تو ہر فرد پر اسکی لیاقت کے موافق واجب ہی جیسا کہ صحیح مسلم مین حضرت ابوہریرہ کی روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا جسنے تم مین سے منکر دیکھا یعنے کسیکو ایسا فعل کرتے دیکھا جو شرع مین منکر ہی تو چاہیے کہ اسکو اپنے ہاتھون بگاڑے اور اگر ایسا نہ کر سکے تو زبان سے متغیر کرے اور اگر یہ بھی نہ کر سکے تو دل سے اور یہ سب سے کمزور ایمان ہی اسکے بعد رائی برابر ایمان نہین ہی - اور حذیفہ سے مرفوعاً روایت ہی کہ قسم اس ذات کی جسکے قبضۂ قدرت مین میری جان ہی کہ تم حکم کرو امر بالمعروف کا اور منع کروگے منکر سے یا البتہ تعالے تمپر اپنے پاس سے عذاب بھیجیگا پھر تم اس سے دعا کروگے اور تمھاری دعا قبول نہوگی (رواہ الترمذی وابن ماجہ) اور آیہ مین دلیل ہی کہ امر بالمعروف و نہی منکر واجب ہی اور بیضاوی نے کشاف کی پیروی مین کہا کہ امر بالمعروف تو کبھی واجب ہوتا ہی اور کبھی مستحب ہوتا ہی جیسا حکم ہو یعنے اگر اسکا کرنا واجب تھا مثل نماز کے تو امر بالمعروف بھی واجب ہی اگر اسکا کرنا مستحب تھا تو امر بالمعروف بھی مندوب ہی اور نہی از منکر تو یہ سب کل واجب ہی اسواسطے کہ تمام جسکو شرع نے منکر قرار دیا ہی وہ حرام ہی اور ہمارے

مفسر جلال الدین سیوطی نے اسپر اعتراض کیا کہ یہ غلطی ہی اور صحیح یہ ہی کہ اگر فعل منکر حرام ہو تو اس سے نہی کرنا واجب ہی اور اگر مکروہ ہو تو اس سے نہی کرنا مستحب ہی اب رہا یہ کہ جس فعل کو آدمی خود کرتا ہی حالانکہ منع ہی تو اس سے دوسرے کو منع کرے یا نہیں کیونکہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ یا ایہا الذین امنوا لم تقولون مالا تفعلون۔ یعنے اے ایمان والو تم کیون کہتے ہو وہ جو خود نہین کرتے ہو تو بیضاوی وغیرہ نے لکھا کہ اسمین اختلاف ہی اور اظہر وارجح یہ ہی کہ گنہگار جس گناہ کا خود مرتکب ہوتا ہی اس سے بھی دوسرے کرنے والے کو منع کرے کیونکہ اسپر دو باتین واجب ہین ایک کہ خود اسکو نہ کرے آور دوم یہ کہ جسکو کرتے دیکھے اسکو منع کرے پس اگر اسنے پہلی بات نہ کی تو دوسری بات جو اسکے ذمہ واجب تھی وہ کیونکر ساقط ہو سکتی ہی مفسر محکم کہتا ہی کہ اسی پر ائمہ حنفیہ کا فتوی ہی ۲ لَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا عن یہم وَاخْتَلَفُوا فیہ۔ مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ۔ وہم الیہود والنصاری۔ اور تم لوگ ایسے مت ہو جیسے وہ لوگ جو پھوٹ مین پڑے اور اختلاف ڈالا بعد اسکے کہ انکے پاس آیات بینات آچکی تھین ف یعنے تفرق سے دین کا تفرق مراد ہی اور اختلاف سے دین مین اختلاف مراد ہی اور اس موصول وصلہ کی مصداق یہود و نصاری ہین اور یہی جمہور مفسرین کا قول ہی۔ وَأُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ۔ ایسے بدکارون پر عذاب عظیم ہی ف اور ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ یہ عذاب مراد ہین اور حضرت ابو ہریرہؓ سے مرفوعا روایت ہی کہ یہودی اکہتر فرقے پر متفرق ہوے اور نصاری بہتر فرقہ پر متفرق ہوے اور میری امت تہتر فرقون پر متفرق ہوگی اور ایک روایت مین زیادہ ہی کہ سب جہنم مین جاوینگے سوائے ایک کے اور وہ جماعت ہی یعنے اہل السنۃ والجماعۃ رواہ ابو داؤد والترمذی وابن ماجہ والحاکم واحمد وغیرہم اور ابن عمرؓ کی روایت حاکم مین مرفوع ہی کہ پوچھا گیا کہ وہ ایک فرقہ کون ہی یا رسول اللہ تو فرمایا وہ کہ جو اس راہ پر ہوگا جسپر مین اور میرے صحابہ آج ہین۔ بالجملہ مصداق اسکے وہ لوگ ہین جو شرک سے پرہیز کرکے حضرت صلعم کی سنت پاکیزہ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کی چال پر چلتے ہین اور سب جماعت ہین تفرقہ روا نہین کہتے ہین کیونکہ ابو ذرؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جسنے جماعت کو بالشت بھر چھوڑا اسنے ربقۃ اسلام اپنی گردن سے نکالدی رواہ ابو داؤد پس مسلمانون کو سخت تنبیہ ہی کہ آپسمین متفرق نہون ولیکن کبھی متفق نہونگے جب تک کہ راہ توحید پر قائم نہون۔ يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوهٌ وَتَسْوَدُّ وُجُوهٌ۔ ای یوم القیامۃ۔ یعنے اس دن سے مراد روز قیامت ہی شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ تبیض وجوہ۔ اہل سنت وجماعت ہین اور تسود وجوہ اہل بدعت ہین یہ ابن عباسؓ کا قول ہی اور ظاہر اور اہل بدعت سے عام ہین خواہ اس امت کے بد اعتقاد لوگ ہون یا کسی اور امت کے ہون۔ الحاصل جنھون نے صراط مستقیم اور آیات بینات مین اختلاف کیا اور راہ حق پر مومنون کو تکلیف دی تو آخرت مین ان مشرکون کافرون بدعتیون کے لیے عذاب عظیم ہی جس دن دو قسم کے چہرہ ہونگے ایک سیاہ دوم سفید پھر ہر ایک کی تفصیل یہ ہی کہ۔ فَأَمَّا الَّذِينَ اسْوَدَّتْ وُجُوهُهُمْ۔ وہم الکافرون فیلقون فی النار ویقال لہم توبیخا۔ أَكَفَرْتُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ۔ یوم اخذ المیثاق یہ چہرے سیاہ ہونگے (وہ کافر ہین جو آگ مین ڈالے جاوینگے تو بیخا کہا جائیگا) کیا تم کافر ہوے بعد ایمان لانے کے ف ازل مین عہد توحید لینے کے وقت جو سبھون نے اللہ تعالے پر ایمان کا اقرار کیا تھا وہ ایمان مراد ہی او در صورتیکہ اہل بدعت مراد ہون تو کوئی تردد نہین کیونکہ بدعت تو بعد سنت کے ہوتی ہی فافہم۔ اور حسن بصری سے روایت ہی کہ وہ منافق ہین اور اسمین بھی تاویل درکار ہی کیونکہ وہ ایمان نہین لائے تھے غرضکہ انکو ملامت کی جائیگی کہ کیا تم بعد ایمان لانے کے کافر ہوگئے۔ یعنے عہد ازل مین اللہ تعالے پر ایمان لانے کے بعد کافر ہوگئے۔ فَذُوقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنتُمْ تَكْفُرُونَ۔ پس اپنے کفر کرنے کے بدلے عذاب چکھو ف جو دائمی جہنم ہی۔ وَأَمَّا الَّذِينَ ابْيَضَّتْ وُجُوهُهُمْ۔ وہم المومنون اور وہ لوگ جنکے چہرے سپید ہونگے۔ (وہ مومنین ہین) فَفِي

رَحْمَةُ اللّٰهِ۔ جنت۔ تو وہ اللہ تعالے کی رحمت ہین یعنے جنت ہین ہین ف جنت کو بطور مجاز کے رحمۃ اللہ سے تعبیر کیا کیونکہ جنت محل رحمت ہی اور اسمین تنبیہ ہی کہ جنت نتیجہ فضل ہی کسی کے اعمال وغیرہ کا عوض نہین ہی۔ هُمْ فِيهَا خٰلِدُونَ۔ یہ نیک بندے جنت مین ہمیشہ رہینگے ف وہان موت نہین ہی۔ پھر جاننا چاہیے کہ ترمذی رحمہ اللہ نے اس آیت کی تفسیر مین ابو غالب سے روایت کی کہ ابو امامہ رضی نے درج مسجد دمشق پر کچھ سر چنے دیکھے تو ابو امامہ رضی نے فرمایا کہ دوزخ کے کتے ہین یہ زیر آسمان نہایت شریر مقتول ہین اور جس مومن کو انھوں نے قتل کیا ہوگا وہ سب بہت اچھے مقتول ہونگے پھر یہ آیت پڑھی یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ۔ آخر تک تو مین نے ابو امامہ رضی سے پوچھا کہ آپنے اسکو رسول اللہ صلعم سے سنا ہی تو فرمایا کہ اگر مین نے اسکو آنحضرت صلعم سے فقط ایک بار یا دو یا تین بار یہانتک کہ سات بار شمار کرکے کہا کہ اگر فقط سات ہی بار سنا ہوتا تو مین تم سے اسکو بیان نکرتا۔ قال الترمذی حدیث حسن وقد رواہ ابن ماجہ والامام احمد ایضاً مترجم کہتا ہی کہ یہ حال خارجیون کا بیان ہوا ہی اسیواسطے بعض نے اس آیت مین۔ الذین اسودت وجوہہم۔ سے خارجی مراد لیے ہین اور حق یہ ہی کہ خارجی بھی ان لوگون مین داخل ہین اور آیۃ کریمہ انپر زیادہ منطبق ہی کیونکہ پہلے وہ لوگ مسلمان ہوے تھے پھر خارجی ہوگئے مین کہتا ہون کہ اسلام انکا مانند نفاق کے تھا اور معالم مین محی السنہ رحمہ اللہ نے موقف قیامت مین تجلی پروردگار کی حدیث ابن عباس وارد کی اور مین اسکو عرائس البیان مین لاونگا انشاء اللہ تعالے۔ تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ۔ یہ آیات اللہ تعالے ف جو کافرون کی خواری عذاب مین اور مومنون کی منزلت ثواب مین مذکور ہوئین نَتْلُوهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ۔ انکو ہم تجھ پر تلاوت فرماتے ہین بتحقیق ف ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاص ہماری وحی عظیم ہی تو ضرور یون ہی سونے والا ہی۔ وَمَا اللّٰهُ يُرِيدُ ظُلْمًا لِّلْعَالَمِينَ۔ بان یا خذہم بغیر جرم۔ اور اللہ تعالے کچھ بھی جہان والون پر ظلم کا ارادہ نہین کرتا ف باین طور کہ انکو بغیر جرم کے ماخوذ کرے بیضاوی نے کہا اسواسطے کہ اللہ تعالے سے ظلم ہونا تو محال ہی اسواسطے کہ اللہ تعالے پر کچھ واجب نہین کہ اسمین کسی سے ظلم ہو اور وہ کسی امر سے ممنوع نہین کہ اسکے کرنے سے ظالم ہو کیونکہ وہ تو علی الاطلاق مالک ہی۔ حاصل یہ کہ اللہ عزوجل کی طرف سے ظلم تو متصور ہی نہین ہوسکتا کیونکہ جو کچھ وہ کرے خود مختار ہی۔ لا یسئل عما یفعل وہم یسئلون۔ اور جسپر جو چاہے کرے سب بجا و درست ہی کیونکہ اسنے اپنے ملک مین تصرف کیا پس ظلم تو ہو نہین سکتا ہی لہذا فرمایا۔ قل فمن یملک لکم من اللہ شیئا ان اراد ان یہلک المسیح وامہ ومن فی الارض جمیعا۔ یعنے اگر وہ حضرت عیسیٰ وانکی ماں وسب کچھ جو زمین مین ہی ہلاک کرنیکا ارادہ کرے تو کون مانع ہی۔ اگر کہا جاوے کہ ظلم نکرہ کی نفی کرنے مین ہر فرد ظلم کی نفی ہوگئی حالانکہ دنیا مین جو ایک دوسرے پر ظلم کرتے ہین وہ بارادۂ الٰہی ہین اور جواب یہ کہ خلق الٰہی ہی نہ آنکہ مرضی ہو فافہم۔ وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ۔ ملکاً وخلقاً وعبیداً۔ اور اللہ تعالے ہی کے واسطے ہی جو کچھ آسمانون وزمین مین ہی ف ازراہ ملک وخلق ہونے اور بندے ہونے کے یعنے سب اسی کی ملکیت ومخلوق وبندے ہین۔ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُورُ۔ تصیر۔ اور بازگشت جمیع امور کی اللہ تعالے ہی کی طرف ہی ف یہ اللہ عزوجل کے بیان عظمت کا مقام ہی اسمین عقلا بمنزلہ لا یعقلون کے ہین ف شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے یوم تبیض وجوہ وتسود وجوہ۔ اشارہ ہی کہ جو لوگ دعوی محبت مین سچے ہین انکے چہرے نور مشاہدہ سے منور ہونگے کیونکہ مطلع قدم مشرق ازل سے آفتاب کمال طلوع فرمائیگا پس اپنی تجلی جمال سے ایسے چہرون کو پاک منور فرماویگا جو اسکی درگاہ مین گرد آلودہ ہوے تھے اور انکو اپنے نور سے ایک نور خاص کا لباس عطا فرماویگا کہ اسی نور قدم کی قوت سے جمال قدم کو دیکھینگے یہ چہرے مشرف بجلال رب کریم اور نورانی بنور قرب اور شاد وخرم بدیدار وصال ہونگے اور رضوان اکبر سے لہلہائے ہوے اور اپنے پروردگار کی جانب قوت پاکر ٹکٹکی لگائے ہونگے چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا وجوہ یومئذ ناضرۃ الی ربہا ناظرۃ۔ اور جان رکھو کہ آج کے روز بھی وہ چہرے چمکتے ہین جن پر کل کے روز یہ انوار واوصاف ظاہر ہونگے چنانچہ فرمایا

سیماہم فی وجوہہم من اثر السجود - اور فرمایا تعرفہم بسیماہم - اور یہ سیما ان اولیاء کرام کے چہرون کی ہین کہ جب تو انکو دیکھے تو نعیم و ملک کبیر دیکھے اسواسطے کہ وہ آئینہ حق ہین اللہ تعالے انسے اپنی مخلوق کے واسطے تجلی فرماتا ہی - قولہ تعالے وتسود وجوہ یہ ان لوگون کے چہرے ہونگے جو جناب باری تعالے مین کچھ نہین اور یہان اپنے آپکو اللہ تعالے کا دوست قرار دیتے ہین جیسے یہود و نصاری وجملہ کافر و مشرک و باطنیہ فرقہ وغیرہ کے لوگ کہ خلق کے درمیان تقشف ظاہر کرکے مقامات اولیاء کا دعوی کرتے ہین اور صادقین کی وضع مین نکلتے ہین اور خلق سے خواہش رکھتے ہین کہ انکی تعریف کرین اور اپنے چہرے انہین مخلوق کی طرف لگائے رہتے ہین اور جو لوگ کہ زمین مین اللہ عزوجل کے امین ہین انسے عداوت رکھتے ہین قال المترجم فرقہ خوارج کا جو خص پیشوا تھا اسنے حضرت صلعم سے آکر کہا کہ یا محمد آپ اس تقسیم کرنے مین انصاف کیجیے کہ آپ نے انصاف نہین کیا تب آپ نے فرمایا کہ افسوس ہو کہ مالک آسمان و زمین تو مجکو اہل زمین پر امین کرتا ہی اور تم نہین کرتے ہو اور اسی قصہ مین ذوالخویصرہ اور خارجیون کے بے ایمان ہونے کا حال فرمایا ہی حالانکہ یہ بھی فرمایا کہ تم اپنی نماز و روزہ کو انکے مقابلہ مین حقیر دیکھوگے مگر باوجود اسکے یہ خارجی لوگ دین سے ایسے باہر ہونگے جیسے کمان سے تیر نکل جاتا ہی اور اصل حدیث صحیح مسلم وغیرہ مین ہی مکار مدعی لوگون کے چہرے سیاہ ہوجائینگے کیونکہ مجمع قیامت کے حضور مین وہ لوگ دیدار درگاہ سے محروم و محجوب ہونگے چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا - کلا انہم عن ربہم یومئذ لمحجوبون الآیہ - محی السنۃ نے معالم مین ذکر کیا کہ سعید بن جبیر نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ انھون نے یہ آیت پڑھی اور کہا کہ سفید ہونگے چہرے اہل سنت کے اور سیاہ ہونگے اہل بدعت کے اور کلبی نے ابی صالح کے واسطہ سے ابن عباس رض سے روایت کی کہ جب قیامت کا دن ہوگا تو ہر قوم کے واسطے وہ اونچا کیا جائیگا جسکو وہ پوجتے تھے پس ہر قوم جسکو پوجتی تھی اسکی طرف روان ہوگی اور یہی اللہ تعالے نے فرمایا ہی نولہ ما تولی - پھر جب اسکی طرف جاہو پہنچینگے تو حقیقت حال دیکھکر سخت غمگین ہونگے کہ سب برباد ہوا پھر غم سے انکے چہرے سیاہ ہوجاوینگے - اور اہل قبلہ اور یہود و نصاری باقی رہینگے کہ جو انکے واسطے اونچا کیا گیا اسمین سے کسی کو نہین پہچانینگے پھر اللہ تعالے اپنے آپ دیگا پس اسکو سجدہ کریگا ہر وہ شخص جو دنیا مین اسکو سجدہ کرتا تھا مطیع مومن ہوکر پھر باقی رہجاوینگے یہود و نصاری اور منافق لوگ کہ یہ لوگ سجدہ کرنے پر قابو نہ پاوینگے پھر انکو سر اٹھانے کی اجازت دیجاویگی اور مسلمانون کے چہرے برق کے مانند سفید ہونگے اور منافق و اہل کتاب یعنے یہود و نصاری جب مومنین کے چہرے دیکھینگے تو سخت غمناک ہوجاوینگے اور انکے چہرے سیاہ پڑجاوینگے تو کہینگے کہ اے پروردگار ہمارا کیا حال ہی کہ ہمارے چہرے سیاہ ہین پس اللہ ہم مشرک نہ تھے تو اللہ تعالے ملائکہ سے فرمائیگا کہ دیکھو انھون نے اپنے نفسون پر کیا جھوٹ باندھا ہی قال المترجم یہ حدیث مرفوع طور پر باسناد دیگر اسانید صحیحہ کے ساتھ تفسیر قولہ تعالے یوم یکشف عن ساق ویدعون الی السجود الآیہ مین انشاء اللہ تعالے اچھی طرح بیان ہوگی اور جو حال اس حدیث مین مذکور ہی اہل ایمان اکابر صلحا عارفان پاک اسپر صدق دل سے ایمان لائے اور مترجم تمام اس وجہ پر جسپر صلحا امت ایمان لائے ہین ایمان لایا اور اسکا اللہ عزوجل کا فضل جانتا ہی پس عام بھائی مسلمانون کو لازم ہی کہ سلف صالحین کے طریقہ پر ایمان لاوین اور اپنے نفس و شیطان کے وسوسہ و اوہام و اپنی عقل خردی کی حماقت کو درمیان سے اٹھاوین وباللہ التوفیق الا باللہ تعالے - اور جو آیہ مین مذکور ہی اسپر صریح دلالت کرتا ہی قولہ تعالے للذین احسنوا الحسنی وزیادۃ ولا یرہق وجوہہم قتر ولا ذلۃ اولئک اصحاب الجنۃ ہم فیہا خالدون والذین کسبوا السیئات جزاء سیئۃ بمثلہا وترہقہم ذلۃ - ولیکن چہرون کی سیاہی وغیرہ جزا و بدکرداری و نارضامندی باری تعالے ہی اگرچہ ظاہر کلام سے یہ وہم ہوتا ہی کہ فقط غم سے سیاہ ہونگے - فتفکر - پھر قولہ للذین احسنوا الحسنی و زیادۃ - کی تفسیر مین زیادہ دیدار باری تعالے ہی اور یہی تفسیر مرفوع و موقوف متواتر مروی ہی اور شیخ رح نے جو آیت ذکر کی یعنے قولہ - کلا انہم عن ربہم یومئذ لمحجوبون - اسمین امام مالک رح نے کہا کہ دلیل موجود ہی کہ مومنین اس دن اپنے پروردگار سے محجوب نہونگے بلکہ اسکے دیدار کریم سے مشرف ہونگے

اور آگے انشاء اللہ تعالے دیدار باری تعالے کی بحث آویگی - قال الشیخ اور محمد بن علی رح نے فرمایا کہ چہرے سپید ہونگے اسوجہ سے کہ انکو اپنے مولاے عزوجل کا دیدار نصیب ہوگا اور چہرے سیاہ ہونگے یعنے کافرون ومنافقون کے اسوجہ سے کہ انکو محرومی ہوگی **قال المترجم** یہ کلام جید ہی واللہ تعالے اعلم

**كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُونَ**

تم ہو بہتر سب امتون سے جو پیدا ہوئی ہین لوگون مین حکم کرتے ہو پسندیدہ بات پر اور منع کرتے ناپسندیدہ سے اور ایمان لاتے ہو

**بِاللَّهِ ۗ وَلَوْ آمَنَ أَهْلُ الْكِتَابِ لَكَانَ خَيْرًا لَهُمْ ۚ مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُونَ وَأَكْثَرُهُمُ الْفَاسِقُونَ ۝**

اللہ پر اور اگر ایمان لاتے اہل کتاب تو انکو بہتر تھا کوئی ان مین ہین ایمان والے اور اکثر تو وہ فاسق ہین بیحکم کافر

**كُنْتُمْ** - یا امۃ محمد صلعم فی علم اللہ تعالے **خَيْرَ أُمَّةٍ** - تم (اے امت محمد صلعم اللہ تعالے کے علم مین) بہتر امت تھے - **أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ** - جو لوگون کے واسطے ظاہر کی گئی **ف** یعنے جسقدر امتین پیدا وظاہر ہوئین تم سب سے بہتر امت ہو - **تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ** - تم بھلائی کا حکم کرتے ہو اور برائی سے منع کرتے ہو اور اللہ تعالے پر ایمان لاتے ہو **ف** یہ وصف جسطرح اللہ تعالے نے نازل فرمایا برابر اسیطرح صحابہ رضی اللہ عنہم وتابعین مین جاری رہا - پس یہ بدیہی معجزہ ہی واضح ہو کہ یہان اللہ عزوجل نے اپنا کرم وفضل کامل جو اسے امت محمد صلعم پر اپنے علم قدیم مین رکھا ہی ظاہر فرمایا - کنتم صیغۂ ماضی ہی جو گذرے ہوے پر دلالت کرتا ہی تو **بیضاوی** رح نے کہا کہ کنتم سے زمانۂ قدیم سے انکی خیر ہونے پر دلیل ہی اور ما بعد مین انقطاع نہین جیسے قولہ کان اللہ غفورا رحیما - اللہ تعالے غفور رحیم تھا اسکے یہ معنے کہ تھا اور اب بھی ہی اور آیندہ بھی رہیگا کیونکہ یہ اسکی صفت قدیم ہی - پھر کنتم خطاب ہی پس حاضر وموجود لوگون کو جو حضرت صلعم کے صحابہ رضی اللہ عنہم تھے انھین کو خطاب ہوا - اسیواسطے ابن عباس رضؓ نے کہا کہ یہ وہ لوگ ہین جنھون نے رسول اللہ صلعم کے ساتھ ہجرت فرمائی **مترجم** کہتا ہی کہ ابن عباس رضؓ نے معلوم نہین کہ کس موقع پر ایسا فرمایا شاید مہاجرین کے درمیان سے انکی تخصیص ہو ورنہ سب صحابہ کو شامل ہونا ظاہر ہی تخصیص کی کوئی وجہ نہین - اور یہ روایت حاکم نے سعید بن جبیر کے طریق سے ابن عباس رضؓ سے وارد کی ہی - اور معالم مین کہا کہ عمر بن الخطاب رضؓ سے روایت ہی کہ اگر اللہ تعالے چاہتا تو فرماتا کہ انتم خیر امۃ - تو ہم سب کے سب شامل ہوتے ولیکن اللہ تعالے نے کنتم فرمایا جو مخصوص اصحاب محمد صلعم کے حق مین ہی اور جسنے انکی طرح کام کیا وہی بھی خیر امۃ مین شامل ہونگے - اور ایک روایت مین عمر رضی عنہ سے آیا کہ یہ ہمارے اگلون کے واسطے ہوگا اور ہمارے پچھلون کے واسطے نہوگا اور نیز عمر رضؓ سے روایت ہی کہ فرمایا اے لوگو جسکو خوشی آوے کہ اس امت سے ہو اسکو چاہیے کہ جو اللہ تعالے نے اس امت سے ہونے کی شرط کردی ہی اسکو ادا کرے یعنے امر بالمعروف ونہی از منکر وایمان باللہ عزوجل اور رواہ ابن جریر ایضاً اور چاہتا چاہیے کہ ضحاک رح سے بھی مانند قول حضرت عمرؓ کے مروی ہی اور معالم مین فرمایا کہ عکرمہ ومقاتل نے کہا کہ مالک بن الصیف ووہب بن یہود اوغیرہ یہودیون نے حضرت ابن مسعود والی بن کعب ومعاذ بن جبل وسالم مولی حذیفہ رضی اللہ عنہم سے کہا کہ ہم تو تم سے افضل ہین اور ہمارا دین تو اس سے بہتر ہی جسکی طرف تم ہمکو بلاتے ہو پس یہ آیت کریمہ نازل ہوئی - پھر بتقدیر قول عمرؓ کے کہ اگلون کے واسطے ہی ہمارے پچھلون کے لیے نہین تو اگلون کی حد کہان تک ہی تو عمران بن حصین رضؓ نے روایت کی کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ میری امت مین سے بہتر میرا قرن ہی پھر جو انسے پیچھے لگے ہوے ہونگے پھر جو اونسے پیچھے لگے ہونگے - عمران کہتے ہین کہ مجھے دریافت نہین رہا کہ آنحضرت صلعم نے اپنے قرن کے بعد دو قرن ذکر فرمائے یا تین قرن فرمائے ہین - پھر انکے بعد ایسی قوم ہونگے جو خیانت کرینگے اور امانت والے نہونگے اور گواہی دینگے حالانکہ گواہ نہ کیے جاوینگے اور نذر کرینگے اور اسکو پورا نہ کرینگے اور انمین موٹاپا پھیل جاویگا رواہ البغوی

والحدیث فی الصحیح وغیرہ من السنن۔ اور ابو سعید رضؓ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ بدزبانی مت کرو میرے اصحاب کے حق مین کیونکہ قسم ہی اس ذات پاک کی جسکے قبضہ قدرت مین میری جان ہی کہ اگر تم مین سے کوئی شخص صد پہاڑ کے برابر سونا خیرات کرے تو انکے آدھ سیر ستو کے برابر نہین بلکہ وہ اسکے آدھے کے برابر بھی نہین پہونچ سکتا ہی رواہ البغوی وھو فی الصحیح۔ یہ تمام بیان تو اس بنا پر تھا کہ کنتم سے فقط صحابہ مراد ہین اور یہ قول حضرت ابوہریرہ سے بھی نکلتا ہی جیسا کہ بخاری نے روایت کیا کہ ابوہریرہ نے قولہ کنتم خیر امۃ اخرجت للناس۔ مین کہا لوگون کے واسطے تم بہتر ہو کہ لوگون کو طوق و زنجیرون مین قید کرکے لاتے ہو یہانتک کہ وہ دین اسلام مین آجاتے ہین۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہی ابن عباس و مجاہد و عطیہ عوفی و عکرمہ و عطاء و ربیع بن انس سے مروی ہی اور معنے یہ ہین کہ امتون مین سے بہتر اور لوگون مین زیادہ نافع ہو لوگون کے لیے اسیواسطے فرمایا تامرون بالمعروف وتنہون عن المنکر و تومنون باللہ۔ اور امام احمد نے درہ بنت ابولہب سے روایت کی کہ ایک مرد نے کھڑے ہوکر رسول اللہ صلعم سے پوچھا درحالیکہ آپ خطبہ پڑھتے تھے کہ لوگون مین سے کون بہتر ہی آپ نے فرمایا کہ جو انمین سے اتقی ہو اور اللہ تعالے کے واسطے سب سے زیادہ تقوی والا اور معروف کا حکم کرنے والا اور منکر سے منع کرنے والا اور ناتے کا ملانے والا ہو۔ ورواہ النسائی وغیرہ انتہی۔ مترجم کہتا ہی (یعنے قرآن کا سب سے زیادہ جاننے والا) دیگر دلائل موجودہ سے جسمین صحیح ثابت ہوتا ہی کہ تمام امت محمدی صلعم سب امتون سے بہتر ہی اور کلام مین للناس صلۃ اخرجت کا ہی اور معنے اسکے یہ ہین ما اخرج اللہ للناس امۃ خیرا من امۃ محمد صلعم یعنے نہین نکالا اللہ تعالے نے لوگون کے واسطے کسی امت کو بہتر امت محمد صلعم سے۔ چنانچہ محی السنۃ نے بہز بن حکیم عن ابیہ عن جدہ روایت کی کہ اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے قولہ تعالے کنتم خیر امۃ اخرجت للناس کی تفسیر مین سنا کہ آپ فرماتے تھے کہ تم ستر امت کے تتمہ ہو یعنے اکہتر امتون کے بعد تم ہوسے کہ ستر کی تعداد پوری ہوئی سو انمین سے تم سب سے بہتر اور اللہ عزوجل کے نزدیک سب سے بزرگ ہو رواہ الترمذی وحسنہ واحمد و ابن ماجہ والحاکم وصححہ والطبرانی وابن جریر وابن المنذر وابن ابی حاتم۔ اور نیز ابوسعید خدری رضؓ سے روایت کی کہ حضرت صلعم نے فرمایا آگاہ ہو جاؤ کہ اس امت نے پورا کیا ستر امتون کی تعداد کو جنمین سے یہ امت سب سے بہتر اور سب سے بزرگ ہی اللہ عزوجل کے یہان۔ اور حضرت انس رضؓ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ میری امت کی مثال جیسے مینہ کا پانی کہ معلوم نہین ہوتا کہ اول بہتر ہی یا آخر۔ اور حضرت عمر بن الخطاب سے روایت کی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جنت سب انبیاء پر ممنوع رہیگی یہانتک کہ مین پہلے اسمین داخل ہون اور سب امتون پر حرام رہیگی یہانتک کہ پہلے میری امت اسمین داخل قال المترجم وقد رواہ الدارقطنی فی الافراد وابن عدی والثعلبی فی الحدیث صالح الاسناد وان کان فیہ تفرد لبعض الرواۃ واللہ اعلم۔ اور بریدہ رضؓ سے روایت کی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جنت والے ایک سو بیس صف ہونگے جنمین سے اسی صفین میری امت ہوگی مترجم کہتا ہی کہ یہان اور اقوی دلائل بھی موجودہین جنکو بخوف طوالت مین ترک کرتا ہون۔ فنظر بریں ہمارے مفسر جلال نے کنتم کا خطاب عام امت محمد صلعم کو لیا ہی اور اللہ عزوجل کے سامنے موجود والمعدوم سب حاضر ہیت کیونکہ اسکے علم مین سب موجود ہین اسیواسطے کہا کہ تم ای امت محمد صلعم علم الیقین سے بہتر ٹھہرے ہوے ہو اور شیخ ابن کثیر رحمہ اللہ نے اسیکو صحیح فرمایا چنانچہ کہا کہ صحیح یہ ہی کہ یہ آیت کریمہ عام امت محمدی کو شامل ہی پس امت محمدی باقی تمام امتون سے بہتر ہی ہان یہ ہی کہ امت محمدی اپنے درمیان ہر ہر قرن کے موافق ایک دوسرے سے بہتر ہی پس اس امت کا سب سے بہتر قرن وہ ہی جنمین رسول اللہ صلعم مبعوث ہوے پھر انکے بعد والے یعنے تابعین کا قرن پھر انکے بعد والے یعنے تبع تابعین کا قرن ہی اور یہی دوسری آیت مین فرمایا وکذلک جعلناکم امۃ وسطا لتکونوا شہداء علی الناس الآیہ۔ پھر شیخ ابن کثیر نے معاویہ بن حیدۃ القشیری کی روایت ذکر کرکے کہا کہ یہ حدیث مشہور ہی اور معاذ بن جبل و ابوسعید خدری رضی اللہ عنہما سے اسکے مانند مروی ہی۔ پھر کہا کہ اس امت کو جو یہ فضیلت حاصل ہوئی کہ تمام امتون سے بہتر ہی تو فقط اپنے نبی محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات پاک کی وجہ سے حاصل ہوئی کیونکہ آنحضرت صلعم اشرف خلق اللہ و اکرم الرسل ہین اور اللہ تعالے نے آپکو شرع کامل عظیم کے ساتھ بھیجا ایسی شرع کسی

رسول کو نہیں عطا فرمائی پس آپ کی شرع پر عمل قلیل اسقدر درجہ وثواب وخیر کا نتیجہ دیتا ہی کہ دیگر انبیا کی شرائع پر عمل کثیر اسقدر خیر کا نتیجہ نہیں دیتا
ہی اور امام احمد نے باسناد حضرت علی بن ابیطالب کرم اللہ وجہہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا جو مجھے دیا گیا وہ کسی نبی کو نہیں دیا گیا ہم لوگوں نے
عرض کیا کہ یا رسول اللہ وہ کیا ہی فرمایا کہ میں رعب سے فتح دیا گیا اور زمین کی کنجیاں مجھے دی گئیں اور نام میرا احمد رکھا گیا اور مٹی میرے لیے طہور کردی گئی
اور میری امت خیر الامم کردی گئی ۔ تفرد بہ احمد من ہذا الوجہ و اسنادہ حسن اور نیز امام احمد نے ابو الدرداء سے روایت کی کہ میں نے ابو القاسم صلعم سے
سنا فرماتے تھے کہ اللہ عزوجل نے فرمایا اے عیسیٰ میں تیرے بعد ایک ایسی امت مبعوث کرنے والا ہوں کہ اگر انکو ایسی چیز پہونچیگی جسکو محبوب رکھتے ہیں
تو حمد وشکر کرینگے اور اگر انکو ایسی چیز پہونچیگی جسکو مکروہ رکھتے ہیں تو ثواب کی نیت سے صبر کرینگے اور نہ حلم ہی اور نہ علم ہی ۔ عیسیٰ نے عرض کیا کہ انکو
یہ کیونکر حاصل ہوگا حالانکہ نہ حلم ہی اور نہ علم ہی ۔ فرمایا کہ میں اپنے حلم وعلم سے انکو دونگا ۔ شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہاں اور احادیث مناسب ہیں پھر
حضرت ابوبکر الصدیق رضی سے روایت ذکر کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ میں ستر ہزار اپنی امت کے لوگ دیا گیا ہوں کہ وہ بلا حساب جنت میں داخل
ہونگے انکے چہرے ایسے ہونگے جیسے چودھویں رات کا چاند اور ان سب کے دل ایک مرد واحد کے دل پر ہونگے پھر میں نے اپنے پروردگار سے زیادہ مانگا
پس اللہ عزوجل نے مجھے ہر واحد کے ساتھ ستر ہزار دیئے ۔ حضرت ابوبکر صدیق نے فرمایا کہ میں نے دیکھا کہ اس شمار میں شہر والے اور گانوں والے تو آجاوینگے
اور جنگل کے کناروں کے بھی داخل ہوجاوینگے رواہ احمد اور دوسری روایت میں اکہتر ہزار کی زیادتی مذکور ہی اور اسکے ساتھ دونوں ہاتھ
پھیلا کر لپ بھر کے دیئے جانا بھی مذکور ہی اور ہشام بن حسان راوی نے کہا کہ اللہ تعالے کی طرف سے یہ مقدار ایسی ہی کہ اسکا شمار نہیں معلوم ہوسکتا
**قال المترجم** بعید اسمیں یہ ہی کہ حضرت ابوبکرؓ کی زیادتی میں صدیقان امت کی زیادتی ہی اور حضرت عمرؓ کی روایت میں دوسری تیسری وغیرہ زیادات
شہداء وصالحین کے ہی اور روایت طبرانی میں مصرح ہی کہ عمرؓ نے کہا کہ پہلے ستر ہزار تو ایسے ہونگے کہ اللہ تعالے انکی سفارش انکے آبا وابنا وعشیرہ
وازواج کے حق میں قبول فرماویگا اور میں امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالے مجھے پچھلے کسی لپ بھر کی زیادت میں سے کردے اور اس حدیث طبرانی کی
اسناد صحیح ہی چنانچہ ضیاء مقدسی نے فرمایا کہ میں اسکی اسناد میں کوئی علت نہیں جانتا ہوں پھر شیخ ابن کثیر نے اس حدیث کے طرق و
اسانید کثرت سے ذکر فرمائے اور ظاہر کیا کہ بہت سے صحابہ سے یہ روایت باسانید صحیحہ مروی ہی اور صحیحین وسنن ومسانید ومعاجم میں ائمہ حدیث نے
اخراج کیا ہی اور مسلم کی روایت میں حضرت صلعم نے فرمایا ہی کہ یہ وہ لوگ ہیں جو رقیہ نہیں کراتے ہیں اور نہ داغ دلاتے اور نہ طیرہ کرتے ہیں اور فقط اپنے
پروردگار پر توکل کرتے ہیں اور ایسا ہی ابو داؤد کی روایت میں مذکور ہی ۔ اور صحیحین میں عبد اللہ بن مسعودؓ سے روایت ہی کہ ہم سے رسول اللہ صلعم نے
فرمایا کہ تم راضی نہیں ہو کہ اہل جنت میں سے چوتھائی تم ہو تو ہم نے خوشی سے تکبیر کہی پھر فرمایا بھلا تم راضی نہیں ہو کہ اہل جنت سے تہائی ہو پھر
ہمنے تکبیر کہی پھر فرمایا مجھے امید ہی کہ اہل جنت میں سے شطر یعنے آدھے تم ہوگے پھر شیخ ابن کثیر نے طبرانی وامام احمد وترمذی وغیرہ کی روایات
سے منجملہ ایک سو بیس صف اہل جنت کے اسّی صفیں اس امت کی ہونا ذکر کیا ۔ **مترجم** کہتا ہی کہ دونوں روایتوں میں کچھ تعارض نہیں اول تو یہ
کہ حضرت صلعم نے نصف سے مقدار قطعی نہیں فرمائی ہی دوم آنکہ شطر کا لفظ چھوٹے آدھے اور بڑے آدھے اور آدھے سب پر بولا جاتا ہی سوم
یہ کہ ضابطہ اسّی صف کی تعداد وحی سے معلوم ہوئی ہو فافہم **مترجم** کہتا ہی کہ میں نے تفسیر ابن کثیر سے یہ مقام بہت ہی ملخص کرلیا اور بخوف طوالت
انکی تفصیل کو ترک کیا اگرچہ اسمیں فوائد تھے ولیکن اسقدر میں بھی کفایت ہی واللہ الموفق ۔ قولہ اخرجت للناس ۔ ای اظہرت ۔ یعنے اخراج سے
جدید طور پر اپنا نکالا جانا مراد نہیں بلکہ اخراج بمعنے اظہار ہی حاصل آنکہ علم الٰہی میں وہ خیر امت قرار پائے ہوئے قدیم سے تھے اب وہ ظاہر کیے گئے
ہیں چنانچہ حدیث صحیحین میں یہ مضمون مذکور ہی کہ ہم دنیا کی پیدائش میں پچھلے ہیں اور قیامت میں جنت میں داخل ہونے میں اگلے ہیں ۔ قولہ

تامرون بالمعروف الخ - یہ جملہ مستانفہ ہی جس سے انکا خیر امت ہونا بیان فرمایا - یا کنتم کی خبر دوم ہی اور مجاہدؒ نے فرمایا کہ وہ خیر امت ان شرائط مذکورہ پر ہین اور اس سے لازم آتا ہی کہ یہ جملہ حالیہ ہو اور تومنون باللہ متضمن ہی ہر ایسی چیز پر ایمان کو جسکے ساتھ ایمان لانے کا اللہ تعالے نے حکم دیا ہی اسواسطے کہ اللہ تعالے کے ساتھ ایمان لانا جبھی انسان کے قابل ٹھیک ہوگا کہ جو کچھ اسنے حکم دیا ہی سب پر ایمان لاوے اور اسکو موخر کر دیا حالانکہ یہ سب سے مقدم ہی کیونکہ مقصود یہ ہی کہ دلالت ہو کہ انکا امر بالمعروف ونہی از منکر بجالانا اسی راہ سے تھا کہ اللہ تعالے پر ایمان لاے اور اسکی تصدیق کی ہی - اور اس آیت سے استدلال کیا گیا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کا اجماع حجت شرعی ہی اسواسطے کہ آیت کریمہ مقتضی ہی کہ وہ جو حکم کرتے ہین وہ معروف شرعی ہی یا جس سے منع کرتے ہین وہ منکر شرعی ہی اسلیے کہ الف لام المعروف والمنکر ہین استغراق کا ہی پس اگر حاشا ہم اللہ تعالے وہ کسی باطل پر اجماع کرین تو انکا حال اسکے برخلاف ہو جائیگا پس معلوم ہوا کہ جب وہ کسی امر پر اجماع کرین تو قطعًا وہی ہی اور عدم ہین انکے اجماع کے حق ہونے کا بیان صریح موجود ہی - وَلَوْ اٰمَنَ اَهْلُ الْكِتٰبِ - باللہ - اور اگر اہل کتاب اللہ تعالے پر ایمان لاتے ف یعنے اہل کتاب اپنے زعم مین تو شرک کا ایمان لائے تھے مگر مقصود یہ ہی کہ اگر اہل کتاب اللہ تعالے پر توحید کا ایمان لاتے جیسے صحابہ رضی اللہ عنہم ایمان لائے تھے - لَكَانَ - الایمان - خَيْرًا لَّهُمْ - تو البتہ یہ ایمان لانا انکے حق مین بہتر ہوتا ف اس حال سے جسپر آپ موجود ہین - اگر کہا جاوے کہ خیر تو اسم تفضیل ہی بمعنے زیادہ اچھا پس معلوم ہوا کہ اہل کتاب کا حال اچھا ہی اور اگر ایمان لاتے تو زیادہ اچھا ہوتا تو جواب یہ ہی کہ یہ طریقہ فہمایش کا ہی کہ وہ اپنے زعم مین اچھا سمجھتے تھے اور نیز اس حال کی نسبت وہ بہت اچھا تھا پس اسم تفضیل مین معنے تفضیلی مقصود نہین ہین اور کرخی سے نقل کیا گیا کہ بہتر ہونا بہ نسبت ایمان موسی وعیسی علیہما السلام ہی اور یہ خبر ہی پس اسم تفضیل اپنے معنے پر ہوگا اور حق یہ ہی کہ بمعنے تفضیلی ہوا ہین جیسے قولہ افمن یلقی فی النار خیر الآیہ - مین ہی - مِنْهُمُ الْمُؤْمِنُوْنَ - کعبد اللہ بن سلام واصحابہ - اہل کتاب مین سے یعنے مومن ہین جیسے عبد اللہ بن سلام وانکے ساتھی کہ وہی آنحضرت صلعم پر ایمان لائے تھے - وَاَكْثَرُهُمُ الْفٰسِقُوْنَ الکافرون - اور انمین سے بہتیرے فاسق ہین اسی کافر ہین ف یعنے فاسق بمعنے کافر ہی کیونکہ طاعت سے باہر ہونا فسق ہی سو کافر بھی فاسق ہی کہ ایمان سے خارج ہوا اور مومن گنہگار بھی فاسق ہوتا ہی کہ شرعی احکام بجالانے مین نافرمان ہی اور یہان چونکہ ایمان نہ لانے مین انکا حال بیان کیا تو وہی کافر ہوے اور اسمین اشارہ ہی کہ انکا کفر اور یہ اعتقادی بداعمالی کے ساتھ ہی ف شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے کنتم خیر امۃ اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنہون عن المنکر - اللہ عزوجل نے انکی خیر ہونے کی مدح فرمائی پھر خیر ہونے کی شرح کردی امر معروف ونہی منکر بجالانے کو یہ رتبہ ہی کیونکہ درجات مین سے یہ انتہائی ہی اور وہ محل تکمین وتقدیس ہی جبکہ خطرات سے نفس پاک ہو اور یہ حاصل نہین ہوتا مگر اسیوقت کہ اسکو لباس عظمت وکبریا کا پہنایا جاوے جیسے انبیاء علیہم السلام کو حاصل تھا - پھر اس امت والون کا سب سے بہتر ہونا انکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سب سے بہتر ہونے کی وجہ سے ہی اور اسوجہ سے کہ انھون نے ایسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت پائی اور اسکی موافقت کی اور انکی خیر ہونے کی صفت انکے نبی صلعم کے خیر ہونے سے مقرون ہی اور حال یہ ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تمام انبیا سے بہتر ہین پس قوم آپ کی تمام امتون سے بہتر ہی - اقول صحابہ رضی اللہ عنہم سب سے افضل ہین اور علماے امت عاملین ربانی انھین کے قدم پر ہین فاعلم - پھر امر بالمعروف سے اشارہ ہی کہ مریدونکو زبان محبت کے ساتھ مشاہدہ کی مدح کرکے بلاوے اور نہی منکر یہ ہی کہ مریدون کو انکے نفوس سے اللہ تعالے کی طرف پھیرے اور اپنے نفوس کی اعتنا کرنے سے منع کرے اور یحیی بن معاذ رازی نے فرمایا کہ یہ ان بندون کے واسطے مدح ہی اور یہ نہین ہوگا کہ اللہ عزوجل ایک قوم کی مدح کرے پھر انکو عذاب کرے اور جعفر صادق نے فرمایا کہ امر معروف یہ کہ معروف شرعی بجالانے کا حکم کرے اور معروف شرعی یہ ہی کہ قرآن مجید وسنت

نبی صلعم سے موافقت کرے **قال المترجم** معروف یعنے پسندیدہ لینا مجمل ہی مراد یہہ ہی کہ جو قرآن و حدیث کے موافق ہی اسپر عمل کرے اور جس سے قرآن و حدیث مین منع و انکار ہی اسکو چھوڑے اگرچہ وہ مکروہ تنزیہی کیون نہو کیونکہ مقصود تمام ایمان کا حصول ہی

**لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ اِلَّآ اَذًى ۭ وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ ۣ ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ۝ ضُرِبَتْ**

وہ تمہارا کچھ نہ بگاڑ یگے مگر ستانا . اور اگر تم سے لڑینگے تو پیٹھ دینگے پھر انکو مدد نہو گی ٹھہرادی گئی ہی

**عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ**

انپر ذلت جہان دیکھیے سوائے دست آویز اللہ کے اور دست آویز لوگون کے اور کمالائے غصہ

**مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ ۭ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ**

اللہ کا اور ٹھہرادی گئی انپر مسکنت یہ اسواسطے کہ وہ رہے ہین منکر اللہ کی آیتون سے

**وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَاۗءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۭ ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ ۝**

اور مارڈالتے رہے ہین نبیون کو ناحق یہ اس سے کہ نافرمان ہوے اور حد سے بڑھتے ہین

**لَنْ يَّضُرُّوْكُمْ** ای الیھود یا معشر المسلمین بشئی۔ **اِلَّآ اَذًى** باللسان من سب وتھدید۔ ہرگز نہین ضرر پہونچا سکتے (یعنے یہود لوگ تمکو ای گروہ مسلمانون کے کسی چیز کے ساتھ سوائے اذی کے زبان سے کہ وہ بدگوئی و دھمکی وغیرہ ہی۔ حاصل آنکہ اللہ تعالے نے مومنون کو وعدہ دیدیا کہ یہود تمکو کوئی ضرر نہین پہونچا سکینگے جو درحقیقت ضرر ہو سوائے اسکے کہ زبان سے تمپر زبان درازی و بدگوئی و دھمکیان دینگے اور یہ درحقیقت ضرر نہین بلکہ اذیت ہی پس یہ استثناء مفرغ ہی اور یہ ایذا بھی اسوجہ سے کہ یہود بدبخت کی قسمت مین عذاب غضب بے فائدہ لکھا جاوے۔ **وَاِنْ يُّقَاتِلُوْكُمْ يُوَلُّوْكُمُ الْاَدْبَارَ** منہزمین ۔ اور اگر تم سے قتال کرینگے تو تمکو پیٹھ دینگے (درحالیکہ بھاگنے والے ہونگے) اور یہ اللہ تعالے کی طرف سے مومنین کو یہود پر وعدہ فتح و نصرت ہی اور یہ وعدہ الٰہی ہی چنانچہ فرمایا۔ **ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ** ۔ علیکم بل لکم النصر علیھم۔ یعنے پھر کبھی وہ مدد نہ دیے جاوینگے تمپر بلکہ تمہارے واسطے انپر فتح ہوگی یہ آیت معجزہ نبوت ہی آنکھون دیکھو کہ مومنین نے ایسا ہی پایا بعد اسکے کبھی یہود کا کوئی جھنڈا آج تک بلند نہوا اور نہ کبھی غالب ہوے جہان دیکھو یہود ذلیل ہین اور مسلمان برابر غالب رہے اور یہودیون پر ہمیشہ غالب رہینگے اور ہر قوم پر غالب رہین اگر کتاب اللہ و سنت رسول پر ثابت قدم ہون **ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا ثُقِفُوْا** ۔ حیثما وجدوا فلا عز لھم ولا اعتصام۔ یعنے ٹھہرادی گئی انپر ذلت جیسے ضرب سکہ ہوتا ہی جہان کہین پائے جاوین (پس انکو کوئی عزت نہین اور نہ اعتصام ہی) **اِلَّا** کائنین۔ **بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ مِّنَ النَّاسِ** ۔ المومنین وھو عھدھم الیھم بالامان علی اداء الجزیۃ ای لا عصمۃ لھم غیر ذلک ۔ یعنے الا کائنا ما بعد منصوب المحل بنا بر حال ہونے کے ہی اور معنے یہ ہین کہ انکو کہین عزت نہین اور نہ انکے خون کی حفاظت ہی سوائے اس حال کے کہ وہ ہوین ساتھ عہد و ذمہ کے اللہ تعالے کی طرف سے اور بزرگ لوگون کی طرف سے یعنے مومنین کی طرف سے پس حبل سے جو رسی کے معنے مین ہی مراد عہد مومنین کا یہود کیطرف ہی امان کا ادا جزیہ کے ساتھ اور حاصل یہ کہ نہین بچاؤ ہی انکو سوائے اس حال کے اگر کہا جاوے کہ پھر عہد اللہ تعالے کا کیا ہی تو جواب یہ کہ اللہ عزوجل نے مومنین کی بزرگی ظاہر فرمانے کو اپنا عہد فرمایا وہی مومنین کا عہد ہی اور بعض نے کہا کہ عہد اللہ تعالے یہ کہ یہود مسلمان ہوجاوین تو انسے یہ ذلت زائل ہو۔ **وَبَآءُوْ** ۔ رجعوا۔ **بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ** ۔ رجوع کیا انھون نے غضب الٰہی کے

ساتھ اور مسکنت انپر داغ دیگئی ف حاصل یہ کہ مرتبہ انکا غضب آلہی سے ہوگیا جسکے وہ مستحق ہین ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ ای بسبب انہم یہ بات جو مذکور ہوئی اس سبب سے ہی کہ وہ لوگ۔ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ۔ کفر کرتے رہے آیات اللہ تعالے سے اور قتل کرتے رہے انبیاء کو بغیر حق کے اگر کہا جاوے کہ قتل نبی تو ہمیشہ ناحق ہوگا جواب یہ کہ اشارہ ہی کہ وہ خود بھی جانتے کہ ناحق قتل کرتے ہین مگر دنیا کے واسطے اپنے فسق و فجور پر رہنے کو قتل کرتے اور اسمین زیادہ فضیحت ہی۔ ذٰلِكَ تاکید۔ بِمَا عَصَوْا امر اللہ تعالے۔ وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ۔ تجاوز دون الحلال الی الحرام۔ تاکید فرمائی کہ یہ جو مذکور ہوا اس سبب سے کہ یہود نے امر الٰہی سے نافرمانی کی اور تجاوز کیا کرتے یعنے حلال چھوڑکر حرام کے مرتکب ہوتے تھے ف مفسر رحمہ اللہ نے اس ذلک کو اول کی تاکید قرار دیا اور بیضاوی نے اول ذلک کو ذلت و مسکنت مذکور کی طرف اشارہ قرار دیا اور دوم ذلک کا اشارہ کفر و قتل کی طرف رکھا اور بما عصوا کی با سببیہ ہی اور ما مصدریہ ای بسبب عصیانہم امر اللہ۔ یعنے اللہ تعالے کے حکم کی نافرمانی کرنے کے سبب سے کہ نافرمانی حکم آلہی کی جو کبیرہ گناہ ہی اصرار کی وجہ سے موروی بکفر ہوئی۔ وکانوا یعتدون ای تجاوز کرتے حلال سے حرام کی طرف یعنے جو حد اللہ تعالے نے مقرر فرمائی تھی اُس سے تجاوز کرتے اور حرام کے مرتکب ہوتے تھے آخر یہ نتیجہ پایا۔ مگر اس سے یہ مت سمجھو کہ یہود مین سے کوئی بھی اس کار مذمت سے خالی نہین بلکہ بعضے اچھے ہین قال تعالے

لَيْسُوْا سَوَآءً ؕ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ اُمَّةٌ قَآئِمَةٌ يَّتْلُوْنَ اٰيٰتِ اللّٰهِ اٰنَآءَ الَّيْلِ وَهُمْ يَسْجُدُوْنَ

وہ سب برابر نہین اہل کتاب مین ایک فرقہ ہی سیدھی راہ پر پڑھتے ہین آیتین اللہ کی راتون کے وقت اور وہ سجدے کرتے ہین

يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَيَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُوْنَ

یقین لاتے ہین اللہ پر اور پچھلے دن پر اور حکم کرتے ہین پسند بات کا اور منع کرتے ہین ناپسند سے اور دوڑتے ہین

فِى الْخَيْرٰتِ ؕ وَاُولٰٓئِكَ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَمَا يَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُّكْفَرُوْهُ ؕ

نیک کامون پر اور وہ لوگ نیک بختون مین ہین اور جو نیک کام کرینگے وہ رد نہو گا

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِالْمُتَّقِيْنَ ۝

اور اللہ کو خبر ہی پرہیزگارون کی

لَيْسُوْا ای اہل الکتاب۔ سَوَآءً مستوین۔ نہین ہین سب اہل کتاب یکسان ف یعنے لیسوا کا اسم ضمیر اہل کتاب ہی اور سواء مصدر بمعنے مستوی ہی اور چونکہ مصدر ہی لہذا لفظ مین مفرد اور معنے مین جمع ہی اسیواسطے مستوین سے تفسیر کی شیخ ابن کثیر رحمہ نے ذکر کیا کہ قولہ لیسوا سواء کی تفسیر حضرت ابن مسعود رضی سے یون مذکور ہی کہ نہین برابر ہین اہل کتاب اور امت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور یہی سدی رحمہ اللہ نے کہا ہی اور اس قول کی مؤید وہ حدیث ہی جو امام احمد نے اپنی اسناد سے حضرت ابن مسعود رضی سے روایت کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز عشا مین تاخیر کردی پھر مسجد سے نکلکر تشریف لائے تو لوگ سب نماز کے منتظر بیٹھے تھے پس فرمایا کہ آگاہ رہو کہ ان دین والون مین سے کوئی نہین کہ اللہ تعالے کی اس ساعت مین یاد کرتا ہو سوائے تمہارے کہا کہ پھر نازل ہوئی یہ آیت لیسوا سواء من اہل الکتاب تا قولہ واللہ علیم بالمتقین شیخ ابن کثیر نے کہا کہ مشہور اکثر مفسرین کے نزدیک وہ ہی جیسا کہ محمد بن اسحاق وغیرہ نے ذکر کیا اور اسکو عوفی رحمہ نے ابن عباس رضی سے روایت کیا کہ یہ آیت کریمہ یہود کے احبار کے حق مین نازل ہوئی جو ایمان لائے مانند عبد اللہ بن سلام و اسید بن عبید و ثعلبہ بن سعیہ وغیرہ کے اور حاصل معنے یہ کہ اہل کتاب مین سے جنکا ذکر مذمت کے ساتھ پہلے ہوا وہ اور جو اہل کتاب ایمان لائے یہ دونون فریق برابر نہین ہین پس قولہ لیسوا سواء ای لیسو کلہم علی حد سواء بل منہم المومن

ومنہم المجرم - اور دیگر آیات بھی اسکے مفسر ہین مانند قولہ وان من اہل الکتاب لمن یؤمن باللہ وما انزل الیکم وما انزل الیہم خاشعین للہ الایہ - مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ أُمَّةٌ قَائِمَةٌ - مستقیمۃ ثابتۃ علی الحق کعبد اللہ بن سلام واصحابہ - اہل کتاب مین سے ایک امت قائمہ ہی ای مستقیمۃ ثابتۃ برحق ہو مانند عبد اللہ بن سلام وانکے ساتھیون کے یعنے یہ گروہ پاکیزہ البتہ حق پر ثابت و ٹھیک قائم ہی پس توریت پر ٹھیک قائم ہونے سے وہ فورًا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وقرآن پر ایمان لائے يَتْلُونَ آيَاتِ اللَّهِ آنَاءَ اللَّيْلِ - ای فی ساعاتہ - یہ لوگ اوقات شب مین اللہ تعالے کی آیات پڑھا کرتے ہین ف اناء جمع انی مانند معی وامعاء کے اور یہ تلاوت یا تو نماز تہجد مین مراد ہی یا نماز عشا مین اور مخصوص اسکو ذکر کیا اسلیے کہ اہل کتاب مین یہ نماز نہ تھی کذا قیل اور اولی یہ ہی کہ اناء کے قرینہ سے عام رکھا جاوے نماز عشا و تہجد وغیرہ اوقات شب مین تلاوت کرتے ہین وَهُمْ يَسْجُدُونَ - یصلون حال یعنے تلاوت قرآن کرتے ہین درحالیکہ سجدے کرتے ہین یعنے درحالیکہ نماز پڑھتے ہین ف پس یسجدون کی تاویل یصلون سے ہی اسواسطے کہ جب مراد اس سے وہ لوگ اہل کتاب مین سے ہین جو اسلام لائے اور امت محمد صلعم مین شامل ہوے تو اس شریعت حقہ کے موافق عمل کرینگے اور صحیح ہوا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدے کی حالت مین قراۃ قرآن سے منع فرمایا جیسے رکوع مین بھی منع فرمایا ہی پس اسکی تاویل ضرور ہی اور ارجح تاویل جو اہل معانی مین سے فراء وزجاج رحمہما اللہ نے بیان کی یہ ہی کہ وہم یسجدون بمعنے وہم یصلون ہی یعنے حالت نماز مین تلاوت کرتے ہین یا کہا جاوے کہ یسجدون بمعنے یخضعون ہی ای خضوع کرتے ہین اسواسطے کہ سجدہ کمال خضوع ہی - اگر کہا جاوے کہ جملہ مستانفہ کیون نہین قرار دیا گیا حالانکہ کیون ترا دیا جاتا ہی کہ تاویل کی ضرورت ہو تو جواب یہ ہی کہ مستانفہ ہونیکی صورت مین بحکومت حال اسمیہ کا فعلیہ پر لازم آویگا اور یہ ممنوع ہی مترجم کہتا ہی کہ یہ غلط مہمل ہی وقد حقق الجواز الاستاذ انی - يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَيَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُسَارِعُونَ فِي الْخَيْرَاتِ - یہ لوگ ایمان لائے ہین اللہ تعالے پر اور روز قیامت پر اور نیکیون کا حکم کرتے اور برائیون سے منع کرتے ہین اور بہتریان حاصل کرنے ہین جلدی کرتے ہین - وَأُولَئِكَ - الموصوفون بما ذکر مِنَ الصَّالِحِينَ - اور ایسے بندے منجملہ صالحین ہین ف یعنے اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم مین سے ہین - قال المفسر - ومنہم من لیسوا کذلک ولیسوا من الصالحین - یعنے یہ لوگ جو امور مذکورہ سے وصف کیے گئے ہین یہ تو صالحین سے ہین اور بعضے ان کتاب والون مین سے ایسے نہین اور نہ وہ صالحین سے ہین - حاصل آنکہ ایک فریق اہل کتاب کو ذکر کرکے دوسرے نجس فریق کے ذکر کو ترک کیا کیونکہ اونکی صفات خوب کے برعکس ایمان نہ دائم قبیح ہین - وَمَا يَفْعَلُوا - بالتاء اینہا الامۃ وبالیاء ای الامۃ القائمۃ - یعنے تفعلوا بصیغۂ خطاب قراۃ سواے قراء کوفہ کی ہی پس خطاب جمیع امت کو ہی اور معنے یہ ہونگے کہ ای امت محمدی جو کچھ نیکی کروگے ضائع نہوگی اور یاء کے ساتھ قراۃ اہل کوفہ ہی پس فاعل اسکا وہی امت قائمہ ہی یعنے گروہ صالحین اہل کتاب جو کچھ کرینگے - مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ يُكْفَرُوهُ - بھلائی مین سے تو ضائع نہوگی ف یکفروہ بالوجہین ای لن تعدموا ثوابہ بل تجازون علیہ - یعنے یکفروہ بھی بالتاء الفوقیۃ وبالیاء التحتیۃ اوپر کے موافق دو قراءت ہین پس قراءت خطاب یہ کہ - وما تفعلوا من خیر فلن تکفروہ - اور قراءت یاے غیبت تو آیت مین مذکور ہی اور معنے یہ ہین کہ فلن تعدموا ثوابہ بل تجازون علیہ - ای ہرگز محروم نکیے جاؤگے (یا نہ کیے جاوینگے) ثواب عمل سے بلکہ اسپر ثواب دیے جاؤگے (یا دیے جاوینگے) اور بیضاوی مین ہی کہ حمزہ وکسائی وحفص نے بالیاء التحتیۃ پڑھا اور باقیون نے بتاء فوقیہ پڑھا ہی اور کہا کہ اضاعت ثواب کو کفران کہا جیسے بہم پور ثواب کو شکر فرمایا - کما فی قولہ تعالے انہ شکور حلیم - اور دو مفعول کی طرف اسکا متعدی ہونا اس سبب سے ہی کہ وہ متضمن معنی (حرمان) ہی - وَاللَّهُ عَلِيمٌ بِالْمُتَّقِينَ - اور اللہ تعالے اپنے متقی بندون کو خوب جانتا ہی ف یہ انکے واسطے بشارت ہی اور اسمین اشعار ہی کہ تقوی سبب اجر وحسن عمل ہی اور اللہ تعالے کے نزدیک فائز وہی اہل تقوی ہین اور علیم ہونے کے معنے یہ ہین کہ انکے

ثواب ضائع نہیں ہوسکتے ہیں بخلاف کافروں کے جنکے پاس سوائے مال متاع دنیا کے کچھ نہیں جو وہ فانی ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم مِّنَ اللَّهِ شَيْئًا ۖ وَأُولَٰئِكَ

وہ لوگ جو منکر ہیں انکو کام نہ آوینگے انکے مال اور نہ اولاد اللہ کے عذاب سے کچھ اور وہ دوزخ کے

أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ۝ مَثَلُ مَا يُنفِقُونَ فِي هَٰذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا كَمَثَلِ

لوگ ہیں وہ اسمیں رہ پڑے جو کچھ خرچ کرتے ہیں اس دنیا کی زندگی میں اسکی مثال

رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ أَصَابَتْ حَرْثَ قَوْمٍ ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ فَأَهْلَكَتْهُ ۚ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللَّهُ وَ

جیسے تیز ہوا میں پالا وہ مار گئے کھیتی ایک قوم کی جنھوں نے اپنے حق میں برا کیا تھا پس اسکو میٹ گئے اور اللہ نے انپر ظلم نہیں کیا

لَٰكِنْ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ ۝

پر وہ اپنے اوپر آپ ظلم کرتے ہیں

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا لَن تُغْنِيَ - تدفع - عَنْهُمْ أَمْوَالُهُمْ وَلَا أَوْلَادُهُم - جو لوگ کافر ہیں نہیں پروا کریں گے

بچنے نہیں دور کر سکینگے انپر سے انکے مال نہ اولاد - مِنَ اللَّهِ - ای عذابہ - شَيْئًا - اللہ تعالے سے یعنے عذاب الٰہی سے کچھ بھی - یعنے یہاں

عذاب مضاف حذف کرکے نام جلیل تعالے کو ہول ولانے کے واسطے رکھا گیا حاصل یہ کہ کافروں کو عذاب الٰہی سے بچانے ہیں انکے مال واولاد کچھ کار آمد

نہونگے قال المفسر خصہما بالذکر لان الانسان یدفع عن نفسہ تارۃ بمالہ تارۃ بالاستعانۃ بالاولاد یعنے مخصوص اموال واولاد کو ذکر فرمایا حالانکہ کوئی

چیز بھی عذاب الٰہی سے کافروں کو نہ بچاویگی تو اسوجہ سے کہ عادت یوں جاری ہے کہ آدمی اپنے اوپر سے مصیبت کو کبھی تو مال فدیہ دیکر دفع کرتا

ہے اور کبھی اولاد کی مدد سے دور کرتا ہے پھر مقاتل رح نے کہا کہ یہ تو بنو قریظہ ونضیر کے یہودی کافروں کے حق میں ہے اور بعض نے کہا کہ مشرکین قریش کے

حق میں ہے اور ظاہر یہ ہے کہ آیہ عام ہے جملہ کافروں کے حق میں اور یہی قول ماخوذ ہے کیونکہ اگر خصوص سبب ثابت بھی ہو تب بھی حکم عام لیا

جائیگا - وَأُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ - اور یہی لوگ جہنمی ہیں ف - ہر جگہ کافروں مشرکوں کو اصحاب نار فرمایا اسمیں اشعار ہے کہ نار

کی خصوصیت انھیں لوگوں سے ہے اور گنہگار اہل اسلام اگرچہ دوزخ میں بقدر جرم کے جاوینگے لیکن وہ اصحاب النار نہیں کیونکہ خلقت جنسی انکے

واسطے ہے جیسے خلقت دوزخ کی کافروں کے لیے ہے چنانچہ فرمایا - اعدت للکافرین - یعنے وہ کافروں ہی کے واسطے مہیا موجود ہوئی ہے فافہم -

هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ - ای ملازمون - یہ لوگ ہمیشہ اسمیں رہینگے کیونکہ دلائل یکجا قائم ہیں کہ کافروں کے حق میں خلود سے ہمیشگی مراد ہے اگرچہ

خلود زمانہ دراز کو بھی کہتے ہیں - مَثَلُ صفۃ - مَا يُنفِقُونَ - ای الانفاق - مثل کی تفسیر صفت سے اشارہ ہے کہ انکے نفقہ وخرچ کے بیان کو

جو مثل فرمایا تو اسوجہ سے کہ مثل یکا مرعجیب میں بولتے ہیں اور اسکی حالت عجیب ہے کہ محض بیکار جاتا ہے الحاصل مثل اس نفقہ کی جو کافر خرچ کرتے ہیں

فِي هَٰذِهِ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا - اس دنیاوی زندگی میں ف - ینفقون کا فاعل کفار ہیں اور یہ بیان انکے مالعون کا ہے کہ کچھ کار آمد ہونگے خواہ وہ کسی طرح

خرچ ہوں پس خرچ کرنا عام ہے خواہ ایسے کام میں خرچ کریں جنکو بھلا سمجھتے ہیں مثلاً لوگوں کی دعوت میں یا حضرت صلعم کی ایذا میں یا باہمی مخمر میں

یا دکھلانے سنانے کو یا منافق لوگ ریاکاری اور خوف سے خرچ کریں چنانچہ مفسر رح نے کہا فقولہ فی ہذہ الحیوۃ الدنیا فی عداوۃ النبی صلعم او صدقہ

او نحوہا - یعنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی عداوت میں یا صدقہ دینے میں یا مانند اسکے کسی کام میں - بالجملہ کفار اپنی نیت پر جو کچھ اس دنیا میں خرچ کرینگے

اسکی مثال عجیب ہے - كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ - سرد اور شدید - جیسے ہوا جسمیں صر یعنے حرارت شدید یا سردی شدید ہو صفا وی کہا کہ شاذ

اسکا اطلاق ہوائے سرد میں ہی۔ اور مفسر نے جو دونوں کو بیان کیا تو اسوجہ سے کہ حضرت ابن عباس سے دونوں معنے مروی ہوے ہین اور تحقیق وہ اگلے
جو شیخ ابن کثیر نے کہا کہ صر یعنے برد شدید ہی یہ قول ابن عباس عکرمہ وسعید وحسن قتادہ وربیع وضحاک وغیرہ کا ہی اور عطا نے فرمایا ہی برد
وجلید اور نیز ابن عباس مجاہد سے فیہا صر ای نار یعنے آگ مروی ہوا اور اسکا مرجع بھی اول ہی کی طرف ہی کیونکہ برد شدید خصوص جبکہ جلید ہو تو
کھیتون و پھلون کو جلا دیتا ہی جیسے آگ جلاتی ہی۔ اور بیضاوی نے کہا کہ صر در اصل مصدر ہی یا صیغہ صفت ہی کہ اس سے مبالغہ کے طور پر وصف
کیا گیا جیسے برد بارد کہتے ہین غرضکہ کافرون کے خرچہ کی مثال ہی کہ جیسے ہوائے سرد جو کہ۔ اَصَابَتْ حَرْثَ۔ زرع۔ قَوْمٍ ظَلَمُوْٓا
اَنْفُسَهُمْ۔ بالکفر والمعصیۃ۔ ایسی قوم کی کھیتی کو پہونچی جنھون نے نافرمانیون و کفر سے اپنے اوپر وبال لیا تھا۔ فَاَهْلَكَتْهُ۔ فلم ینتفعوا
بہ فکذلک نفقاتہم فاہیۃ لا ینتفعون بہا۔ پس اس بیج مذکور نے اس کھیتی کو تباہ کیا ف یعنے قوم مذکور نے اس سے نفع نہین پایا ایسے ہی ان
کافرون کے نفقات مالی ہین کہ محض بیہودہ ہین ایسے انکو کچھ نفع نہوگا حاصل یہ کہ اللہ تعالے کے حکم سے اور قبول سے سچا ثر و نفع ہوتا ہی اسلئے انکے خرچ
و نفقہ کو کیسا ہی ہو بیچا طور پر ارادے سے قبول نہ کیا اور بیضاوی نے کہا کہ کچھ اسکا نفع انکو عذاب آخرت دفع کرنے مین نہین مل سکتا ہی اور وہ صدقہ و نفقہ ہونے
کے حکم مین بھی کارآمد نہین ہوتے ہین۔ اگر کہا جاوے کہ کاف تشبیہ تو بیچ پر داخل ہی پس نفقات کی مثل بیچ سے ہوئی حالانکہ کھیتی سے جسکو ایسا پالا
پہونچا مثال مقصود ہی تو جواب یہ ہی کہ یہ تمثیل مفرد نہین ہی کہ ہر فرد کی فرد سے تشبیہ ہو بلکہ تشبیہ مرکب ہی جسمین مفردات کی تشبیہ پر لحاظ نہین ہوتا ہی اور
بیضاوی نے کہا کہ جائز ہی کہ مضاف مقدر ہو یعنے کمثل حرث الخ یعنے بیچ مانند ہوائے مذکور کے ہلاک کی ہوئی چیز ای کھیتی کی اور پھر بھی تشبیہ مرکب ہی اور
مذر تصور کرنا وہم ہی۔ وَمَا ظَلَمَهُمُ اللّٰهُ۔ بضیاع نفقاتہم۔ اور اللہ تعالے نے انپر ظلم نہین کیا کہ انکے نفقات ضائع کر دیتا۔ وَلٰكِنْ
اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ۔ بالکفر الموجب بضیاعہا۔ ولیکن وہی خود اپنے اوپر ظلم کرتے ہین بسبب اسکے کہ کفر کرتے ہین جو انکے نفقات
ضائع ہونیکا موجب ہی۔ حاصل آنکہ خود ہی انھون نے کھیتی والون کے مانند ایسا امر کیا جو مستوجب عقوبت ہی کہ نفقات کو ایمان کے ساتھ نہ لائے جو قبول
ہوتے بلکہ کفر کے ساتھ لاکر خود ضائع کیے اور تقدیم الفسہم معمول پر عنایت فواصل ہی تخصیص و قصر ہی لکن بالتشدید فاسمہ انفسہم ولا یقدر لکنہ لا یحذف بالشعر

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ لَا يَاْلُوْنَكُمْ خَبَالًا ۭ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ
اے ایمان والو مت ٹھہراؤ بھیدی اپنے غیر کو وہ کمی نہین کرتے تمہاری خرابی مین انکی خواہش ہی تم مشقت مین پڑو

قَدْ بَدَتِ الْبَغْضَاۗءُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ۚ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ اَكْبَرُ ۭ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ
نکل پڑی دشمنی انکی زبانون سے اور جو چھپا ہی انکے دلون مین سو اس سے زیادہ ہی ہم نے جتا دیے تمکو

الْاٰيٰتِ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ ۝ هٰٓاَنْتُمْ اُولَاۗءِ تُحِبُّوْنَهُمْ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ وَتُؤْمِنُوْنَ
سچے اگر تم کو عقل ہی سنتے ہو تم لوگ انکے دوست ہو اور وہ تمہارے دوست نہین اور تم سب

بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ ۚ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ مِنَ
کتابون کو مانتے ہو اور جب تم سے ملتے ہین کہتے ہین ہم مسلمان ہین اور جب اکیلے ہوتے ہین کاٹ کاٹ کھاتے ہین تمپر انگلیان

الْغَيْظِ ۭ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اِنْ تَمْسَسْكُمْ حَسَنَةٌ
غصہ سے تو کہہ مرو تم اپنی دشمنی سے اللہ کو معلوم ہی جیون کی بات اگر تمکو کچھ بھلائی

تَسُؤْهُمْ ۡ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ يَّفْرَحُوْا بِهَا ۭ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا لَا يَضُرُّكُمْ
بری لگے انکو اور اگر تمکو پہونچے برائی خوش ہون اس سے اگر تم ٹھہرے رہو اور بچتے رہو کچھ نہ بگڑے گا تمہارا

كَيْدُهُمْ شَيْئًا ۗ إِنَّ اللَّهَ بِمَا يَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ۝

انکے فریب سے جو کچھ وہ کرتے ہین سب اللہ کے بس مین ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَتَّخِذُوا بِطَانَةً - اصفیاء تطلعونهم على سركم - یعنے بطانہ سے مراد اصفیا ہین ای ایسے برگزیدہ دوست مت بناؤ کہ انکو اپنے بھید پر مطلع کرو۔ اور بطانہ در اصل مصدر ہی کہ واحد کا اور جمع کا نام ہوتا ہی اور یہان جمع پر اطلاق ہی چنانچہ مفسر نے اصفیاء سے جو جمع صفی ہی تفسیر کی اور بطن فلان بفلان جبکہ اسکے ساتھ خاص ہو اور بیضاوی نے کہا کہ اسیکو ولیجہ کہتے ہین اور بطانہ ہر ایسا شخص ہی جسکو آدمی اپنے امور سے مطلع کرے اسپر اعتماد کرکے اور تشبیہ اسکی بطانۃ الثوب ای استر سے ہی جیسے حضرت صلعم نے شعار سے تشبیہ دی کہ فرمایا الانصار شعار ہین اور دیگر لوگ دثار ہین۔ مِّن دُونِكُمْ - ای غیرکم من الیہود والمنافقین - یعنے مسلمانون کے غیر لوگون یہود و منافقون وغیرہ مین سے۔ الحاصل ای ایمان والو تم اپنے سوائے غیرون مین سے دلی دوست رازدار مت بناؤ۔ اور واضح رہے کہ ممانعت در اصل انکے دوست بنانے سے ہی یہ مراد نہین کہ دوست بناؤ مگر نہ ایسے دوست کہ اپنا اعتماد کرکے اپنے امور پر مطلع کرو کیونکہ کفار کی دوستی سے مطلق ممانعت ہی جیسا کہ پہلے اسکی ممانعت گذر چکی ہی اور اسی پر دلالت کرتا ہی جو مروی ہوا کہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مسلمانون مین سے چند لوگ تھے کہ یہود سے موالات رکھتے بسبب انکے پڑوسی ہونے کے اور بسبب اس عہد و قسم کے جو انکے درمیان زمانۂ جاہلیت مین تھے پس اللہ تعالے نے انکے حق مین یہ آیت نازل فرمائی پس انکو ان یہود سے مباطنت کرنے سے منع کر دیا تاکہ فتنہ مین نہ پڑین اور نیز ابن عباسؓ نے فرمایا کہ منافقون سے مباطنت کو منع فرمایا ہی اسی سے بعض نے کہا کہ من دونکم مین من زائدہ ہی اور معنے یہ ہین کہ ایسے لوگون سے جو تمسے ادون ہین ایمان و عمل مین اُنسے مباطنت رکھو اور تصحیح یہ کہ یہ تفسیر ہم ہی اسواسطے کہ منافقین ایمان و عمل مین انسے ادون نہین بلکہ محض بے ایمان تھے بلکہ کھلے کافرون سے زیادہ انکی مباطنت مین خوف ضرر تھا۔ اور ابو امامہؓ نے رسول اللہ صلعم سے روایت کی کہ آپنے فرمایا کہ جسنے مباطنت کو منع فرمایا ہی وہ خوارج ہین رواہ ابن ابی حاتم و الطبرانی و شیخ مفسر جلال الدین سیوطی نے کہا کہ اسکی اسناد جید ہی اور ظاہر یہ ہی کہ یہ بھی ان لوگون مین داخل ہین جنکی مباطنت سے منع فرمایا پس قول اقرب یہ ہی کہ آیہ کریمہ مین جمیع اقسام کفار سے مباطنت منع ہی اور اولاً وہ داخل ہین جنکے حق مین نزول آیہ ہی اور ثانیاً باقی بسبب قسام داخل ہین و شیخ ابن کثیر نے جو کہا اسکا حاصل یہ ہی کہ اہل نفاق سے رازداری نہ رکھین کہ وہ مومنون کے حق مین کوئی مکروہ خدعیت اٹھا نہین رکھینگے اور اپنے دین والے کے سوائے کسی سے مباطنت نہ رکھین ابو داؤد سعیدؓ سے اور ابو ہریرہؓ سے اور ابو ایوب انصاریؓ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ نہین مبعوث کیا اللہ تعالے نے کوئی اور نہین خلیفہ کیا کوئی خلیفہ مگر آنکہ اسکے دو بطانہ رہے ایک اسکو بھلائی کا حکم کرتا اور اسپر آمادہ کرتا ہی اور دوسرا اسکو برائی کا حکم کرتا اور اسپر آمادہ کرتا ہی اور معصوم وہی رہا جسکو اللہ تعالے نے معصوم کیا رواہ البخاری و النسائی من غیر وجہ اور مترجم کہتا ہی کہ شاید یہ دونون وہی ہین جنکو دوسری حدیث مین لربۃ الملک اور بطانۃ الشیطان سے تعبیر فرمایا ہی واللہ اعلم اور حضرت عمر بن الخطاب سے کہا گیا کہ یہان ایک غلام اہل حیرہ مین سے ہو شیار کاتب ہی اگر اسکو منشی مقرر کر لیتے تو اچھا ہوتا آپنے فرمایا کہ ایسی صورت مین تم سوائے مومنین کے دوسرون مین سے بطانہ بنا لینے والا ہو جاتا یعنے اس سے انکار کیا اور اس اثر کو ابن ابی حاتم نے روایت کیا ہی اور البتہ مذکور ہی کہ حضرت عمرؓ نے اپنے غلام نصرانی کو بھی نہ لیا اور فرمایا کہ اگر تو مسلمان ہو جاتا تو ہم تجھے مسلمانون کے کام مین مدد لیتے پھر اللہ تعالے نے مومنونکو سمجھایا کہ کافرون کو دوست بنانے مین نفع کا کیا خیال مت کرو بلکہ - لَا يَأْلُونَكُمْ خَبَالًا - ای لا یقصرون لکم جهدهم فی الفساد - وہ لوگ تمھارے بگاڑنے مین کوئی کوشش اٹھا نہین رکھینگے فـ خبالاً جو ہر طرح کے فساد کرنے کو عقل مین یا دین مین یا بدن مین یا کہتے ہین اسکو

نصب بنزع خافض ہی ای فی خبال اسواسطے کہ یالون ازالو بمعنے کمی وکوتاہی متعدی بحرف ہی اسیواسطے کہا کہ معنے یہ ہین ای نہ کمی کرینگے تمہارے لیے اپنی کوشش تک بگاڑ کرنے مین اور بیضاوی نے فرمایا کہ متعدی بدو مفعول ہوا جیسے عرب بولتے ہین لا آلوک نصحًا۔ اسوجہ سے کہ متضمن ہے منع کو یا معنے نقص کو ہی۔ وَدُّوْا مَا عَنِتُّمْ ای عنتکم وہو شدۃ الضرر۔ دل سے چاہا ان کافرون نے تمہاری عنت کو یعنے سخت ضرر کو قَدْ بَدَتِ۔ ظہرت۔ الْبَغْضَآءُ۔ العداوۃ لکم۔ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ۔ بالوقیعۃ فیکم واطلاع المشرکین علی سرکم ظاہر ہوگئی عداوت تمہارے ساتھ انکی منہون سے باین طور کہ تمہاری بدگوئی مین پڑے اور تمہارے بھید پر تمہارے دشمن مشرکین مکہ کو اطلاع دیدی ف بعضہا رسندت بغض ہی جیسے ضرار شدت ضرر ہی ای انکو ایسا شدید بغض تمہارے ساتھ ہی کہ انکے چھپائے نہ چھپا ابل کر منہ کو آگیا اور کھل گیا۔ اور محاورہ مین بولتے ہین وقع فلان فی زید یعنے اسکی بدگوئی اور غیبت مین پڑگیا پھر اسقدر تو انکی عداوت کھل گئی۔ وَمَا تُخْفِيْ صُدُوْرُهُمْ۔ من العداوۃ لکم اکبر اور جو چھپائے ہوے ہین سینے انکے تمہاری عداوت سے وہ بہت بڑی ہی ف یہ ذی عقل پر ظاہر ہی کہ دبانے اور چھپانے پر تو جوش آیا اور نہ رکا تو جو کچھ ظاہر ہوگا پھر سینون مین کیا کچھ نہوگا اسیواسطے فرمایا۔ قَدْ بَيَّنَّا لَكُمُ الْاٰيٰتِ۔ علی عداوتہم۔ تمہارے لیے انکی عداوت پر نشانیان ہم نے بیان کردین انکو خوب سمجھو۔ اِنْ كُنْتُمْ تَعْقِلُوْنَ۔ ذلک فلا تتوالوہم۔ اگر اسکو سمجھتے ہو تو پھر ان کافرون سے موالات مت کرو ف اگر کہا جاوے کہ ان حروف شک کیسا ہی۔ جواب یہ کہ یہ شک کے واسطے نہین بلکہ بڑھاوا ہی جیسے کہتے ہین کہ بیٹا اگر تم ہمارے بیٹے ہو تو نماز نہ چھوڑنا یعنے بعد مالبعد مین بھی آمادگی دلائی چنانچہ فرمایا۔ هٰٓاَنْتُمْ۔ للتنبیہ ای ہوشیار ہوجاؤ۔ اُولَآءِ۔ المؤمنین۔ تم ای میرے ایمان والے بندو۔ تُحِبُّوْنَهُمْ۔ لقرابتہم منکم وصداقتہم۔ وَلَا يُحِبُّوْنَكُمْ۔ لمخالفتہم لکم فی الدین۔ تم محبت کرتے ہو ان لوگون سے ف بسبب انکی قرابت کے تمہارے ساتھ اور بسبب انکے یار سمجھنے کے، اور حال یہ کہ وے تمکو نہین چاہتے ہین بسبب اسکے کہ دین مین تم انسے مخالف ہو حالانکہ تمہین حق پر ہو۔ وَتُؤْمِنُوْنَ بِالْكِتٰبِ كُلِّهٖ۔ ای بالکتب کلہا ولا یومنون بکتابکم۔ اور تم کل جنس کتاب آسمانی پر ایمان لاتے ہو یعنے سب کتابون پر ایمان رکھتے ہو اور وے لوگ تمہاری کتاب پر ایمان نہین لاتے۔ اور حاصل یہ کہ ہر معاملہ دوستی و دشمنی کا جب اللہ تعالے کے واسطے ہی تو دیکھو کہ تمکو کچھ حیرت و شبہہ کچھ نہین تم سب کتابون پر ایمان لاتے ہو اور وہ شک و شبہہ و حیرت مین مذبذب و کفر مین حسد سے کرتے ہین اور ماحصل اسکا وہ جو ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ تم ایمان لاتے ہو اپنی کتاب پر اور انکی کتاب پر اور تمام ان کتابون پر جو اس سے پہلے اللہ تعالے نے نازل فرمائین اور وہ لوگ تمہاری کتاب سے انکار کرتے ہین اسپر وہ جسقدر تمسے بغض رکھتے ہین اسکی نسبت تمکو انسے زیادہ بغض رکھنا چاہیے رواہ ابن جریر۔ وَاِذَا لَقُوْكُمْ قَالُوْٓا اٰمَنَّا ۖۚ وَاِذَا خَلَوْا عَضُّوْا عَلَيْكُمُ الْاَنَامِلَ۔ اطراف الاصابع یعنے انامل جمع انملہ اور وہ انگلی کا اوپر کا سرا ہی اور یہی قتادہ نے کہا اور ابن مسعود و سدی و ربیع نے انامل کی اصابع سے تفسیر کی اور یہی مراد ہی کیونکہ کاٹنا اونگلیون کا ہوتا ہی۔ مِنَ الْغَيْظِ۔ شدۃ الغضب لما یرون من ایتلافکم ویعبر عن شدۃ الغضب بعض الانامل مجازا وان لم یکن ثمہ عض۔ المعنی اور یہ منافق جب تمسے ملتے ہین تو کہتے ہین کہ ہم ایمان لائے اور جب اکیلے مین ہوتے ہین تو تمپر انگلیان چباتے ہین بوجہ غیظ کے ف یہ بیان سبب ہی یعنے تمپر انگلیان چباتے ہین بسبب غیظ یعنے شدت غضب کے کیونکہ تم مین آپس مین بہت میل دیکھتے ہین یا اس تاسف و حسرت پر کہ تم کو کوئی برائی نہین پہونچا سکتے ہین جل جل کر رہتے ہین کچھ بدلا نہین لے سکتے ہین اگر کہا جاوے کہ کیا وے انگلیان چباتے تھے جواب یہ کہ شدت غضب کو مجازًا عض الانامل سے تعبیر کرتے ہین اگرچہ درحقیقت عض واقع بھی نہوا ہو۔ قُلْ مُوْتُوْا بِغَيْظِكُمْ ای الفظوا علیہ الی الموت فلن تروا مالیس کم۔ یعنے حضرت صلعم کو حکم دیا کہ کہدے کہ مرو تم اپنے غیظ مین ف اس سے یہ مطلب نہین کہ فی الفور

مرجاؤ اگر یہ مراد ہوتی تو اسمیں وقت سب جل مرتے بلکہ یہ محاورہ ہی اور معنے یہ ہیں کہ موت کے وقت تک اسی غیظ و جلن میں پڑے رہو کیونکہ ہرگز تم ایسی چیز نہ دیکھو گے جو تم کو خوش کرے۔ پس زندگی بھر اس بد حال سے جیو اور بد حال سے مرو اور آگے فرمایا۔ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ بمانی القاموس وستہ مایضمرہ ہولا۔ یعنے اللہ تعالے دانا ہی جو ذات صدور میں ہی یعنی جو دلوں میں ہی اور منجملہ اسکے یہ بھی ہی جو یہ لوگ اپنے دل میں عداوت اسلام و مومنین کو پوشیدہ کیے ہیں پس وہ عاقبت میں بھی انکو اسکا عذاب سخت دیگا۔ اور یہ بھی خبر غیب تھی کہ یہود و منافق مرتے دم تک اپنی خوشی کی مراد نہ دیکھینگے یعنے مسلمانوں کی پھوٹ اور کاذبوں کی شوکت کو۔ سیواسطے آنحضرت صلعم کو خطاب ہوا کہ آپ انکو مرجاؤ میں فافہم۔ اِنْ تَمْسَسْكُمْ تصبکم۔ حَسَنَةٌ۔ نعمۃ کنصر و غنیمۃ۔ تَسُؤْهُمْ۔ تحزنہم۔ یعنے اگر پہونچے تم کو نعمت مانند فتح یا غنیمت کے تو غمناک کرتی ہی انکو ف پہونچنے کو مس سے تعبیر کیا اور حسنہ کو تنوین تقلیل فرمایا اور حزن کو سوء سے تعبیر فرمایا اسمیں انکی سخت دشمنی کا اشعار ہی یعنے ایسے سخت دشمن ہیں کہ اگر تم کو قلیل بھلائی پہونچ جاتی ہی تو انکو بڑا ملال ہوتا ہی پھر سمجھ لینا چاہیے کہ بہت بھلائی پہونچ جانے کو وہ کب روا رکھینگے لیکن اللہ عزوجل نے اپنے فضل سے ایسا کچھ دیا کہ ظاہر ہی ان الفضل بید اللہ یوتیہ من یشاء فلشکر الحمد والمنۃ۔ وَاِنْ تُصِبْكُمْ سَيِّئَةٌ۔ کہ سیہ و مذہب۔ اور اگر تم کو پہونچے کوئی برائی ف مانند شکست کے لڑائی میں یا رزق کی تنگی کے جو قحط میں ہوتی ہی۔ يَّفْرَحُوْا بِهَا۔ تو اس سے خوش ہو جاتے ہیں ف یعنے آج انکا یہ حال رہا ہی کہ تمہاری بھلائی پر جلے اور تمہاری برائی دیکھکر خوش ہوے و جملۃ الشرطیۃ علۃ متصلۃ بالشرط قبل و بینہما اعتراض والمعنی انہم متمنا ہون فی عداوتکم فلم تنالوہم فاجتنبوہم۔ اور یہ جملہ شرطیہ علیحدہ ہی متصل ہی شرط سابق سے یعنے اذا خلوا الخ سے اور ان دونوں کے درمیان میں قل موتوا الخ جملہ معترضہ ہی اور معنے یہ ہیں کہ تمہاری عداوت میں یہ لوگ انتہا درجہ پر پہونچے ہوے ہیں پھر تم انسے کیوں موالات رکھتے ہو جب تمنے یہ جان لیا تو اب انسے پرہیز کرو وَاِنْ تَصْبِرُوْا۔ علی اذاہم۔ وَتَتَّقُوْا۔ اللہ فی موالاتہم وغیرہا۔ لَا يَضُرُّكُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا اور اگر تم صبر کرو انکی اذیت پر اور ڈرو اللہ سے ان کافروں سے موالات رکھنے وغیرہ میں تو نہ ضرر دیگا تم کو مکر انکا کچھ ف لا یضرکم بدون دو قراۃ ہیں ابو عمر و نافع و ابن کثیر نے ضاد ساکن یضیر سے بکسر ضاد و سکون را پڑھا ای لا یضیرکم۔ دھوکا نہ دیگا۔ اور باقیوں نے بضمہ ضاد و راد تشدید دار پڑھا اور را پر ضمہ اتباع ضاد ہی ورنہ اصل فتحہ را ہی مانند قراۃ مفضل از عاصم کے یعنے ضرر نہ دیگا۔ اِنَّ اللّٰهَ بِمَا يَعْمَلُوْنَ۔ بالیاء و التاء۔ مُحِيْطٌ۔ عالم فیجازیہم یعنے یعملون بیاء تحتیہ تو قراۃ سبعہ کی متواتر ہی اور تعملون بتاء فوقیہ قراۃ سہل کی شاذ ہی اور بنا بر قراۃ متواترہ کے معنے یہ ہیں جو کرتے ہیں اللہ تعالے اسکا محیط ہی یعنے عالم الکل اسکو محیط یعنے دانا ہی پس انکو اسکا بدلا دیگا اور کما لین میں کہا کہ بیضاوی نے کشاف کی تبعیت میں عجب غریبات کہی کہ قراۃ یتار فوقیہ کو اصل قرار دیکر تفسیر کیا میں کہتا ہون کہ درحقیقت یہ وہم ہوا کما ذکرہ الفاضل السیالکوٹی و القاری

وَاِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ تُبَوِّئُ الْمُؤْمِنِيْنَ مَقَاعِدَ لِلْقِتَالِ ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۝ اِذْ

اور جب صبح کو نکلا تو اپنے گھر سے بٹھلانے لگا مومنوں کو لڑائی کے ٹھکانوں پر اور اللہ سنتا جانتا ہی جب

هَمَّتْ طَّاۗىِٕفَتٰنِ مِنْكُمْ اَنْ تَفْشَلَا ۙ وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا ۭ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ۝

قصد کیا دو فرقوں نے تم میں سے یہ کہ نامردی کریں اور اللہ مدد گار تھا انکا اور اللہ ہی پر چاہیے کہ بھروسا کریں مسلمان

وَ۔ اذکر یا محمد۔ اور یاد کر یعنے بیان کر اے محمد۔ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ۔ من المدینۃ۔ جب صبح کو چلا تو اپنے اہل سے یعنے مدینہ سے نکلکر۔ جاننا چاہیے کہ حضرت صلعم کے مکہ معظمہ سے مدینہ کو ہجرت کرکے آنے کے بعد مشرکین مکہ سے پہلے بدر کے مقام پر لڑائی ہوئی جسمیں مومنون نے فتح پائی جسکا قصہ انفال میں آویگا انشاء اللہ تعالے اور پھر اُحد پر لڑائی ہوئی جو مدینہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام ہی اسمیں مسلمانون نے

شکست کھائی اور اس دن کو یوم اُحد کہتے ہین اس دن سورۂ آل عمران کی ساٹھ آیتین نازل ہوئین جسمین اس دن کے واقعہ کا بیان اور شکست اُٹھانے والون پر عتاب ہی۔ پس جمہور کے نزدیک یہ آیۃ کریمہ بھی واقعہ اُحد کے بیان مین ہی اور یہی حضرت عبد الرحمن بن عوف وابن مسعود وابن عباس رضی اللہ عنہم سے مروی ہی اور یہی قول ہری و قتادہ و سدی و بہتون کا ہی اور حسنؒ نے کہا کہ غزوۂ احزاب ہی کما رواہ ابن جریر اور یہی مقاتل و کلبی کا قول ہی اور یہ معتمد ہین اور ابن جریر نے کہا کہ قول اول اصح ہی بدلیل آیندہ **قال ابن کثیر** وغیرہ واقعہ احد کا ماہ شوال روز سنیچر کو سنہ تین ہجری مین واقع ہوا اور سبب اسکا یہ ہوا کہ واقعہ بدر مین جب مال تجارت بچ گیا اور مشرکین مکہ کی جان پر گئی اور اکثر مارے گئے تو مقتولون کی اولاد و باقی بچے ہوؤن نے ابوسفیان سے کہا کہ یہ سب مال محمد سے لڑائی مین صرف کرنے کو رکھو پس انھون نے تین ہزار لشکر جمع کر کے احد پہ قریب مدینہ کے اُتارا اور رسول اللہ صلعم نے جمعہ کی نماز مدینہ مین پڑھکر مالک بن عمرو پر جنازہ کی نماز پڑھکر لوگون سے مشورہ لیا اور عبد اللہ بن ابی منافق کو بھی اس روز طلب کیا اسنے مدینہ مین ٹھہرنے کی رائے دی اور یہی بعضے صحابہ کی رائے ہوئی کہ قریش اگر وہان پڑے رہے تو بُری جگہ پڑے اور اگر مدینہ پر چڑھین تو مرد و بہ سے مارینگے اور عورتین لڑکے اوپر سے پتھر مارینگے آنحضرت صلعم بھی اسی رائے کی طرف مائل تھی اور فرمایا کہ مین نے خواب دیکھا کہ میرے گرد گلہ گاؤن کا ذبح کیا ہوا ہی اسکی مین نے تاویل بہتر دیدی اور مین نے دیکھا کہ میری تلوار کے پھیلے مین رخنہ ہو گیا اسکی مین نے تاویل دی کہ ہزیمت ہوگی اور مین نے دیکھا کہ مین نے اپنے دونون ہاتھ ایک زرہ حصین مین داخل کر دیے اسکی مین نے تاویل مدینہ دیدی اور دوسرون نے جو بدر مین شریک نہوے تھے باہر نکلکر لڑنے کی رائے دی اور اصرار کیا پس آپ اندر گئے اور سامان جنگ پہنکر نکلے یہ دیکھکر وہ نادم ہوے کہ آنحضرت صلعم پر وحی آتی ہی ہم نے دلیری کی تو عذر کرنے لگے کہ یا رسول اللہ اگر آپ چاہین تو ٹھہرین آپ نے فرمایا کہ کسی نبی کو روا نہین کہ سامان جنگ پہنکر لوٹے یہانتک کہ اللہ تعالے حکم کرے جو چاہے پس ہزار مرد کی جماعت سے نکلے جب مقام شوط تک پہونچے تو عبد اللہ بن ابی منافق تین سو کی جماعت لیکر لوٹا کیونکہ حضرت صلعم نے اسکی رائے کو نہین کیا اور باقی لشکر سے آپ اُحد پر پہونچ گئے اور عدوہ قریب اُترے اور لشکر کی پشت احد کی جانب کی اور کہا کہ کوئی نہ لڑے جب تک مین حکم نہ دون پھر سات سو کی جماعت سے آپ نے لڑائی کا تنہا کیا اور تیراندازون پر عبد اللہ بن جبیر کو سردار کیا وہ پچاس تیراندازہ تھے اور فرمایا کہ ہم سے مشرکین کے سوارون کو دور رکھنا کہ ہمارے پیچھے سے حملہ آورنہون اور برابر اپنی جگہ پہ جمے رہنا خواہ ہمکو غلبہ ہو یا ہم پر غلبہ ہو اور جب تک کہ مین نہ کہلوا بھیجون تم اپنی جگہ سے نہ ہلنا پھر لشکر دیدیا اور مشرکین قریش نے جو تین ہزار تھے تنہا کیا اور انکے ساتھ دو سو گھوڑے تھے ان سوارون کے میمنہ پر خالد بن الولید کو اور میسرہ پر عکرمہ بن ابی جہل کو سردار کیا اور لواء بنی عبد الدار کو دیا اور باقی قصہ ان آیات مین آویگا پس یہی اللہ تعالے نے ذکر فرمایا۔ واذ غدوت من اہلک ظرف منصوب بفعل مقدر اذکر ہی اور غدو کہتے ہین صبح کے چلنے کو۔ یہان ابن جریر نے اشکال کیا کہ اس قصہ مین بعد نماز جمعہ کے آپ کا روانہ ہونا کیونکر مذکور ہی اور جواب یہ کہ غدو تو موصون کو مقاعد قتال کے واسطے ہی وہ سنیچر کی صبح کو واقع ہوا۔ مقسم کہتا ہی کہ من اہلک کا تعلق غدوت سے رکھنا اس صورت مین مشکل ہوگا اور بعض نے جواب دیا کہ کبھی غدو و رواح مطلق چلنے آنے کے معنے مین بدون اعتبار وقت کے مستعمل ہوتا ہی جیسے اضحی بدون اعتبار وقت ضحی کے بولا جاتا ہی۔ اور من اہلک اسواسطے فرمایا کہ آپ حجرۂ عائشہؓ سے نکلکر روانہ ہوے تھے اور اسمین حضرت عائشہ رضہ کے اہل رسول اللہ صلعم ہونے پہ تنصیص ہی اور یہ بڑی فضیلت ہی۔ **تبوّئ**۔ تنزل۔ **المؤمنین مقاعد للقتال**۔ تو اتارتا تھا موصنون کو مقاعد قتال کے لیے۔ مقاعد جمع مقعد اور مراد مراکز جمع مرکز ہی جہان وہ کھڑے ہونگے الحاصل درحالیکہ تو موضع سے اتارتا تھا مومنونکو مرکز قتال مین۔ **واللہ سمیع**۔ سنتا اللہ۔ اور اللہ تعالے سننے والا ہی تمہارے اقوال کا۔ **علیم**۔ جانتا اللہ۔ جاننے والا تمہارے احوال کا ہی۔ وہو یوم احد خرج صلی اللہ علیہ وسلم بالف او الا خمسین جلا و المشرکون ثلثۃ آلاف و نزل بالشعب یوم السبت سابع شوال سنہ

ثلث من البحرة وجعل ظهره وعسکرہ الی احد وسوی صفوفهم واجلس جیشا من الرماۃ وامر علیهم عبد اللہ بن جبیر بسفح الجبل وقال انضحوا عنا بالنبل لا یاتونا من ورائنا ولا تبرحوا غلبنا او نصرنا۔ یہ واقعہ روز احد کا ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہزار مرد سے یا پچاس کم ایک ہزار مرد سے نکلے اور (انمیں سے تین سو مرد منافق واپس ہوے) اور مشرکین تین ہزار تھے جنکا سردار ابوسفیان تھا اور حضرت صلعم جاکر احد کی گھاٹی پر عدوہ قریب پہاڑ کے بروز سنیچر ہفتم شوال (یا گیارھوین کما قال قتادۃ یا چودھوین کما قال عکرمہ) سنہ تین ہجری کو اور پشت اپنی و لشکر کی کوہ احد کی طرف کی اور مومنین کی صفین راست کین اور ایک لشکر تیر اندازون کا بٹھایا جو پچاس مرد تھے اور امیر مقرر کیا انپر عبد اللہ بن جبیر کو اور بٹھایا بسفح جبل یعنے درہ احد پر اور حکم کیا کہ مشرکین سوارون کو تیرون سے ہمسے دور رکھو وہ ہمارے پیچھے سے ہمپر نہ آنے پاوین اور اپنی جگہ سے مت ٹلو خواہ ہم مغلوب ہون یا مغلوب ہون یا فتح پاوین۔ اِذْ۔ بدل من اذ قبلہ۔ یہ اذ پہلے اذ سے بدل واقع ہے۔ هَمَّتْ طَّآئِفَتٰنِ مِنْكُمْ۔ بنوسلمہ و بنوحارثہ جناحا العسکر۔ یعنے دو گروہ انمیں کے وہ بنوسلمہ بکسر لام از قبیلہ خزرج اور بنوحارثہ از قبیلہ اوس ہین جو لشکر کے دونون بازو کیے گئے تھے۔ اَنْ تَفْشَلَا۔ بجبنا عن القتال مترجما ای مارجع عبد اللہ بن ابی المنافق واصحابہ وقال علی ہم نقتل انفسنا واولادنا وقال لابی حاتم السلمی القائل لہ انشدکم اللہ فی نبیکم وانفسکم لو علم قتالا لاتبعناکم فنشہدکم اللہ تعالے ولم ینصرفا المعنے جب تم مین سے دو گروہ نے کچھ ارادہ کیا۔ یہ کہ نامرد ہو کر جاوین ای جبن و نامردی کر جاوین اپنے لشکر سے لوٹ جاوین جدھر عبد اللہ بن ابی المنافق و اسکے ساتھی لوٹ گئے ہین یہ کہکر کہ کس بات پر قتل کرین ہم اپنی جانون کو و اولاد کو اور ابو حاتم سلمی سے بولا جسنے اس منافق مذکور سے کہا کہ مین تمکو قسم دلاتا ہون اور خدا کا واسطہ دیتا ہون تمھارے نبی و تمھارے جانون کے حق مین تو یون جواب دیا کہ اگر ہم قتال جانتے تو تمھارے پیچھے ہو لیتے پھر اللہ تعالے نے ہر دو گروہ کو ثابت رکھا اور وہ نہین لوٹے مترجم کہتا ہے کہ جب عبد اللہ بن ابی سلول منافق یہ کہکر لوٹا کہ کس چیز پر ہم اپنے کو اور اپنی اولاد کو قتل کرین تو ابو حاتم سلمی اسکے پیچھے گئے اور اسکو قسم دلائی کہ نہ لوٹے تو انکو اسنے جواب دیا کہ اگر آج ہم لڑائی جانتے تو تمھارے پیچھے چلتے ولیکن ہم نہین دیکھتے ہین کہ تم آج لڑو۔ اور بنوسلمہ و بنوحارثہ بھی لوٹنے کا ارادہ دل مین رکھتے تھے پس عبد اللہ بن ابی کے لوٹنے پر انھون بھی قصد لوٹنے کا کیا لیکن اللہ تعالے نے انکو ثابت رکھا وہ نہین لوٹے وَاللّٰهُ وَلِيُّهُمَا۔ ناصر ہما۔ اور اللہ تعالے ان دونون کا مددگار ہے۔ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ۔ یثقوا بہ دون غیرہ۔ مومنون کو چاہیے کہ اللہ تعالے پر بھروسا کرین نہ اور کسی پر۔ اور یہ حصر تقدیم علی اللہ سے مستفاد ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمارے حق مین نازل ہوئی یہ آیت اذ ہمت طائفتان منکم ان تفشلا الآیہ اور کہا کہ ہم دونون گروہ بنوحارثہ و بنوسلمہ تھے اور کہا کہ ہم نہین چاہتے ہین کہ وہ نازل نہ ہوئی اسواسطے کہ اسمین یہ فرمایا اللہ تعالے نے واللہ ولیہما رواہ البخاری و مسلم۔ پھر جب قتال واقع ہوا اور لوگون نے حکم رسول صلعم کا خلاف کرکے غضب الٰہی کمایا اور شکست کھا کر بھاگے اور منافقون نے باتین بنائین تو انکو اپنی نعمت یاد دلانے اور نصیحت بلیغ فرمانے کو نازل فرمایا جیسا کہ مفسرے نے کہا کہ جب لوگون نے ہزیمت اٹھائی تو انکو اپنی نعمت سابق انکو یاد دلانے کے لیے نازل فرمایا قولہ

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ اِذْ تَقُوْلُ

اور البتہ اللہ نے تم کو مدد دی بدر مین حالانکہ تم بے مقدور تھے سو ڈرو اللہ سے شاید تم شکر کرو جب تو کہنے لگا

لِلْمُؤْمِنِيْنَ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ ۝

مسلمانون کو کیا تم کو کفایت نہین کہ تمھاری مدد کرے پروردگار تمھارا تین ہزار فرشتے اتارے ہوے

بَلٰٓى ۙ اِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا وَيَاْتُوْكُمْ مِّنْ فَوْرِهِمْ هٰذَا يُمْدِدْكُمْ رَبُّكُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ

البتہ اگر تم صبر کرو اور پرہیزگاری کرو اور وہ آوین تمپر اسی دم تو مدد بھیجے تمھارا رب پانچ ہزار

مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِيْنَ ۝ وَمَا جَعَلَهُ اللّٰهُ اِلَّا بُشْرٰى لَكُمْ وَلِتَطْمَئِنَّ قُلُوْبُكُمْ بِهٖ

فرشتے نشان کئے ہوئے گھوڑوں پر اور یہ تو اللہ نے تمہارے دل کی خوشی کی اور تاکہ تسکین ہو تمہارے دلوں کو

وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَكِيْمِ ۝ لِيَقْطَعَ طَرَفًا مِّنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا

اور نہیں مدد مگر اللہ کے پاس جو زبردست ہے حکمت والا تاکاٹ ڈالے ایک طرف کافروں کو

اَوْ يَكْبِتَهُمْ فَيَنْقَلِبُوْا خَآئِبِيْنَ ۝

یا ان کو ذلیل کرے کہ پھر جاویں نامراد

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ۔ موضع بین مکہ والمدینہ۔ بدر ایک مقام درمیان مکہ و مدینہ کے بنام بدر بن النضر یا بدر بن النار بن باجاہ بد مشہور ہے اور یہ لڑائی بروز جمعہ ہفدہم شعبان سنہ دو ہجری میں بدون سامان کے اتفاقی واقع ہوگئی جسمیں اللہ تعالے نے مومنوں کو فتح دی اور ابوجہل وغیرہ جو قریش کے سرغنہ تھے مارے گئے حالانکہ مسلمان تین سو تیرہ آدمی بے سامان تھے اور مشرکین نو سو اور ہزار کے درمیان پورے سامان سے تھے یہی فرمایا۔ وللہ نصرکم اللہ ببدر۔ وَاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ۔ بقلۃ العدد والسلاح۔ اذلۃ جمع ذلیل پس ذلت بسبب قلت تعداد و سامان جنگ کے ہی حاصل المعنی اللہ تعالے نے تمکو بدر کے روز فتح دی حالانکہ تم بے مقدور تھے تاکہ جان رکھو کہ فتح ہونا کثرت تعداد و ساز و سامان پر نہیں ہے اور عیاض اشعری سے روایت ہے کہ بین فتح ملک شام کے واقعہ یرموک بین موجود تھا اور ہمپر ابو عبیدہ و یزید بن ابی سفیان و ابن حسنہ و خالد بن الولید و عیاض یہ پانچ آدمی سردار تھے اور حضرت عمرؓ نے حکم دیا تھا کہ جب قتال ہو تو تمپر سب کا سردار ابو عبیدہ ہے پھر ہم نے حضرت عمرؓ کو لکھا کہ ہم کو موت نے گھیر لیا اور عمر سے مدد چاہی تو جواب لکھا کہ تمہارا خط آیا تم ہم سے مدد مانگتے ہو بین تمکو ایسے پاک کی طرف راستہ بتاتا ہون کہ اسی سے مانگو کہ اسکی نصرت سب سے عزیز اور لشکر نہایت قوی ہے یعنے اللہ عزوجل ہے کہ اسنے محمد صلعم کو تمہاری تعداد سے کم کو بدر کے روز فتح دی پھر جب میرا خط پہونچے تو تم اسنے لڑائی شروع کرو اور دوبارہ مجھے مت لکھو۔ عیاض کہتے ہین کہ ہمنے کفار لشکر شام سے جو بہت کثرت سے تھے قتال کیا پس اللہ تعالے کی مدد سے ہم نے انکو چار فرسخ بھگا دیا اور بہت مال غنیمت ہاتھ آیا پھر سردار عیاض نے ہمکو مشورہ دیا کہ ہرقل کے راس کو دس دیوین۔ اور کہا کہ حضرت ابو عبیدہؓ نے کہا کہ میرے ساتھ کون مدد کریگا تو ایک نوجوان بولا کہ بین بشرطیکہ آپ غصہ نہون۔ کہا کہ پھر وہ آگے ہو گیا پس بین نے گیسوے ابو عبیدہؓ اور تلوار دیکھا اور وہ اسکے پیچھے ایک اعرابی گھوڑے پر تھے رواہ احمد و اسنادہ صحیح وقد اخرجہ ابن حبان فی صحیحہ۔ فَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ نعمتہ یعنے تقوی کرو اللہ سے شاید تم شکر کرو اسکی نعمتون کا۔ پھر جب احد مین مسلمانون نے گریز کیا تو اللہ تعالے نے یاد دلایا کہ کیا موت سے ڈرے جسکا نتیجہ اللہ تعالے کی جوار رحمت مین تھا یا خدا کے کفار سے ڈرے حالانکہ صبر پر اللہ تعالے تمہارا ناصر تھا پھر جسکی طرف اللہ تعالے ہو وہ ذلیل یا ذلیل نہین ہے اور جسکی طرف اللہ تعالے کی نصرت نہو وہ کروڑون ہون تو خوار و ذلیل ہین پس فرمایا۔ اِذْ۔ ظرف لنصرکم۔ یہ نصرکم کا ظرف زمانی ہے۔ تَقُوْلُ لِلْمُؤْمِنِيْنَ۔ تو وعدہ ہم تطیبا لقلوبہم جب تو مومنون کو انکے دل کے اطمینان کے لیے یہ وعدہ دیتا تھا۔ اَلَنْ يَّكْفِيَكُمْ اَنْ يُّمِدَّكُمْ رَبُّكُمْ بِثَلٰثَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ مُنْزَلِيْنَ۔ کیا تم کو کفایت نہین کہ تمہارا رب تمکو تین ہزار ملائکہ منزلین سے مدد فرماوے ف یعنے تم کو بہت کافی ہے بلکہ فقط اللہ تعالے کی نصرت کافی ہے یہ تو عام دلون کے اطمینان کے لیے ہے اور مغفرت اُو کو تیغبر کے منافق ہونے سے اشارہ کیا کہ یہ وعدہ بروز بدر واقع ہوا تھا نہ بروز احد جیسا کہ بعض مفسرین اُس طرف گئے ہین اور اصح و اول ہے اور وہی ابن جریر نے اختیار کیا ہے اور ابن ابی حاتم نے بسند صحیح عامر شعبی سے روایت کیا کہ مسلمانون کو بدر کے روز یہ خبر پہونچی کہ کرز

بن جابر مشرکون کی مدد کریگا پس انپر یہ گران گذرا تو اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ الن یکفیکم ان یمدکم ربکم تا قولہ مسومین۔ پھر کرز کو شکست کفار کی خبر پہونچی اسنے مشرکون کی مدد نہ کی اور مسلمانون کو بھی پانچہزار ملائکہ سے مدد نہین دی گئی۔ منزلین بالتخفیف والتشدید بتخفیف زا معجمہ اکثر کی قرارت ہی اور بالتشدید زا معجمہ ابن عامر کی قرارت ہی جو تکثیر کے معنے مین ہی یا تدریج کے معنے مین ہی درجہ بدرجہ کرکے اترین۔ بَلٰی یکفیکم وملک کیون نہین یعنے تم کو ضرور مدد کافی ہی قال المفسر فی الانفال بالف لانہ ادبہم اولا فہانم صارت ثلثۃ ثم صارت خمسۃ کما قال تعالے۔ اِنْ تَصْبِرُوْا علی لقاء العدو۔ اگر کہا جاوے کہ سورۂ انفال مین تو ایک ہزار مذکور ہین جواب یہ کہ پہلے انکو ایک ہی ہزار سے مدد دیگئی پھر وہ تین ہزار ہوے پھر پانچہزار ہوے اور یہی قول ربیع بن انس سے مروی ہی چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ان تصبروا۔ یعنے اپ اگر تم صبر کرو دشمن سے بھڑنے مین۔ وَتَتَّقُوْا اللہ فی المخالفۃ اور ڈرو اللہ تعالے سے خلاف کرنے مین۔ وَیَاْتُوْکُمْ۔ ای المشرکون مِنْ فَوْرِهِمْ وقتہم۔ هٰذَا یُمْدِدْکُمْ رَبُّکُمْ بِخَمْسَةِ اٰلٰفٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِکَةِ مُسَوِّمِیْنَ۔ بکسر الواو وفتحہا ای معلمین وقد صبروا واتقوا فوعدہ بان قاتلت معہم الملائکۃ علی خیل بلق علیہم عمائم صفر بیض ارسلوہا بین اکتافہم۔ اور اوین مشرک اسی وقت تو مدد کریگا تمکو تمہارا پروردگار پانچہزار ملائکہ مسومین سے حق مسومین بکسر الواو قرارۃ ابو بکر وابن کثیر کی ہی اور بفتح الواو باقیون کی قرارۃ ہی اور معنے اسکے معلمین یعنے اول قرارۃ کے موافق بکسر لام اور مفعول اسکا خود ملائکہ ہین یا گھوڑے انکے اور دوم قرارۃ کے موافق بفتح لام ہی۔ اور مسلمانون نے صبر کیا اور اللہ تعالے نے وعدہ پورا کردیا بین طور کہ ملائکہ نے مومنون کے ساتھ ابلق گھوڑون پر قتال کیا اور انپر زرد عمامہ اور سپید تھے کہ انکو اپنے مونڈھون کے درمیان چھوڑا تھا۔ یہ ابن عباس رض سے روایت ہی قال ابن کثیر دوسرا قول یہ ہی کہ یہ وعدہ متعلق بقولہ واذ غدوت من اہلک ہی پس یہ روز احد ہوگا اور یہی قول مجاہد وعکرمہ وضحاک وزہری وموسی بن عقبہ وغیرہم کا ہی ولیکن ان بزرگون نے کہا کہ پانچہزار سے امداد حاصل نہین ہوئی کیونکہ مسلمان اس روز ہٹ گئے اور عکرمہ نے فرمایا کہ تین ہزار سے بھی مدد نہ ملی کیونکہ صبر وتقوی کی شرط نہ پائی گئی کیونکہ بھاگکے اور صبر نہ کیا پس ایک فرشتہ سے بھی مدد حاصل نہوئی۔ اور فورہم یعنے وقتہم مفسر نے کہا۔ اور کہا گیا یعنے وجہہم یعنے اسی راہ سے ہی قالہ الحسن وقتادہ وربیع وسدی۔ اور کہا گیا من سفرہم ہذا اسی سفر سے۔ قالہ العوفی عن ابن عباس۔ اور کہا گیا فورہم یعنے جوش وغضب ہو ای من غضبہم ہذا۔ اپنے جوش غضب مین قالہ المجاہد وعکرمہ وابو صالح اور کہا گیا من غضبہم ووجہہم قالہ الضحاک۔ پھر مسومین یعنے معلمین لبسیا ہی چنانچہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ بدر کے روز سیما ملائکہ صوف سفید تھا اور انکے گھوڑون کی پیشانی مین بھی تھا رواہ ابن ابی حاتم اور سرخ وزرد وعمامہاے سپید وغیرہ اقوال ہین اسمین طول کلام بیکار ہی۔ اور یہ روایت ابن عباس سے صحیح ہوئی کہ ملائکہ نے سوائے بدر کے اور کسی روز قتال نہین کیا بلکہ سامان وبچہیڑے کے طور پر رہتے تھے۔ اگر کہا جاوے کہ جبرئیل علیہ السلام ایک دھکے سے تمام کافرون کو میٹ سکتے تھے ایک ہزار وغیرہ کی کیا ضرورت تھی تو علامہ سبکی نے جواب دیا کہ بدین غرض کہ فضیلت نبی صلی اللہ علیہ وسلم وصحابہ کو حاصل ہو۔ اور ملائکہ بطور سامان وجماعے لشکر کے مدد دی رہین اور یہ رعایت ان اسباب کی ہی جو اللہ تعالے نے جاری فرمائے ہین حالانکہ وہی سب کا خالق ہی۔ اور عمامہ باندھنا سیما ملائکہ ہی عمامہ کا سر الٹکانا چاہیے اور حدیث مین پس الٹنے والون کے درمیان مذکور ہی اور بعض آحادیث مین دونون سرے دونون طرف سے سینہ پر آئے ہین۔ وَمَا جَعَلَهُ اللہُ۔ ای الامداد اِلَّا بُشْرٰی لَکُمْ۔ بالنصر۔ وَلِتَطْمَئِنَّ۔ لتسکن۔ قُلُوْبُکُمْ بِهٖ۔ فلا تجزع من کثرۃ العدو وقلتکم۔ اور نہین قرار دیا اللہ تعالے نے اسکو (یعنے مدد دینے کو) مگر بشری دیوے تمہارے (ساتھ فتح کے) اور تاکہ مطمئن ہون (یعنے ٹھہرے رہین) دل تمہارے اسکے ساتھ (پس جزع نکرین تمہارے دل دشمنون کی کثرت اور تمہاری قلت سے۔ وَمَا النَّصْرُ اِلَّا مِنْ عِنْدِ اللہِ الْعَزِیْزِ الْحَکِیْمِ۔ اور نصرت نہین مگر اللہ تعالے کے یہان سے جو عزیز حکیم ہی۔ یونتیہ من یشاء ولیس بکثرۃ العدد۔ وہی جسکو چاہے نصرت دیدیتا ہی اور لشکر کی کثرت پر نہین ہی لہذا اپنا وجود تمہارا

قلت شدید کے تم کو بدر میں نصرت دیدی - لِيَقْطَعَ متعلق بنصرکم اسی لیملک - یعنے تعلق اسکا نصرکم سے ہی اور معنے اسکے یہ ہیں کہ تم کو نصرت دیدی تاکہ ہلاک کرے - طَرَفًا مِّنَ الَّذِينَ كَفَرُوا - بالقتل والاسر - ایک طرف کو کافروں سے قتل و قید کے ساتھ - طرف یا تو بمعنے طائفہ وجماعت ہی یا بمعنے شرفا ہی کیونکہ اطراف العرب بمعنے شرفاء عرب بولا جاتا ہی اور بدر میں یہی ہوا کہ جو لوگ مشرکوں کے مُدّے تھے مارے گئے اور بہت سے قید ہو گئے کہ باقیوں کی قوت کم ہو گئی - پھر مفسر نے قتل و قید کے ساتھ، جو کہا تو یہ کسیقدر فعل سابق سے نامناسب ہی کیونکہ لیقطع کی تفسیر لیہلک سے کی اور قید ہونے میں ہلاکت نہیں اور نہ وہ لوگ جو قید ہوے تھے فدیہ دیکر رہا ہو گئے تھے چنانچہ آویگا - الا آنکہ ہلاک سے محض تباہی مراد ہو فافہم - قولہ أَوْ يَكْبِتَهُمْ - یذلہم بالہزیمۃ یا ذلیل کرے انکو ہزیمت سے یعنے یا ذلیل کرے انکو ہزیمت یا قید سے - فَيَنقَلِبُوا - یرجعوا خَائِبِينَ لم ینالوا مرادہ - پس لوٹیں نامراد کہ جو مقصود تھا وہ انمیں سے نہ پایا یا صاف واضح ہو کہ غزوۂ بدر کا خلاصہ یہ ہی کہ ہجرت کے دوسرے سال آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قافلۂ قریش کی خبر منگائی جو شام سے آیا تھا جب خبر پہونچی تو آپ فقط ۳۱۳ آدمیوں سے اس قافلہ کو گرفتار کرنے نکلے اور باقیوں کو نہیں بلایا حتی کہ بہتوں کو خبر نہ ہوئی - ادھر قافلہ والوں نے خرما کی گٹھلیوں سے پہچانا کہ راہ میں کوئی جاسوس مدینہ کا آیا تھا تو پہلے ہی بھاگ کر ساحل سمندر کی طرف ہو رہے اور قریش کو خبر پہونچائی تو وہ ایک ہزار مسلح نکلکر بدر میں پہونچے تو مقابلہ ہو گیا جسکا کوئی قرار پہلے سے نہ تھا آخر عجائب آیات سے کفار مقتول و اسیر ہوے حالانکہ بڑے بہادر تھے - احد کی لڑائی اسکے دوسرے سال ہوئی ہی - جن لوگوں نے اس آیہ کو بھی غزوۂ احد پر محمول کیا وہ قولہ لیقطع طرفا من الذین کفروا الآیۃ کے معنے یہ بیان کرتے ہیں کہ ابتداے جنگ میں حضرت سید الشہداء حمزہ بن عبد المطلب اور اسد اللہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بڑھکر بعضے مشرکین کو مع انکے نشان بردار کے پیہم قتل کیا یہانتک کہ نشان گر گیا اور مشرکین نے شکست کھائی اور مسلمان انکے وسط لشکر میں لوٹ مار میں مشغول ہو گئے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن جبیر کو پچاس تیر اندازوں سے پہاڑی پر مقرر کیا تھا اور حکم دیدیا کہ تم لوگ یہاں سے نہ ٹلنا اگرچہ ہم لوگ ہلاک ہو جاویں یا فتح پاویں لیکن یہ دیکھکر پہاڑی والوں نے جو عبد اللہ بن جبیر کے ساتھ پشت لشکر کی حفاظت پر تھے پہاڑی چھوڑ دی ہر چند عبد اللہ بن جبیر نے سمجھایا کہ خلاف حکم رسول اللہ ہی نہ مانا سوا ے دس آدمیوں کے باقی سب لوٹ میں آکر مشغول ہوے یہ دیکھکر مشرکین سوار دن نے گھاٹی کی طرف سے قصد کیا اور دس آدمی مع عبد اللہ بن جبیر کے کثرت سے زخم اٹھاکر شہید ہوے اور مشرکین نے پیچھے سے حملہ آور ہو کر مسلمانوں کی جماعت آخر کار سخت پریشان کر دی اور ہوا جو ہوا مگر سُوْلہ یا اُٹھارہ مشرک مارے گئے اور ساٹھ سے زیادہ مسلمان شہید ہوے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا چہرہ مبارک زخمی رہا یہانتک شہید ہوے - یہ تو وجہ اگرچہ قریب ہی مگر اقرب وہی ہی کہ حال و زبدہ ہو کہ انمیں سے ستر آدمی قریش کے مارے گئے اور ستر قید ہو گئے تھے - اور آیہ کریمہ میں اشارہ ہی کہ اسباب کی طرف سے نظر اٹھاکر مسبب الاسباب پر نظر رکھیں اسیواسطے مدد ملائکہ سے تسکین دیکر فرمایا - وما النصر الا من عند اللہ العزیز الحکیم فی عرائس البیان میں ہی قولہ ولقد نصرکم اللہ ببدر و انتم اذلۃ - اذلہ کی لفظ میں علو مرتبہ کا اشارہ ہی یعنے جبکہ وہ ذلت حاصل ہو جو انوار کبریا و عظمت کھلنے کے وقت پیدا ہوتی ہی یعنے انوار کبریا و عظمت اسپر ظاہر ہوے کہ انکے مواجہہ میں اسکا نفس سخت ذلیل ہو گیا تو وہ تمام مخلوق میں نہایت عظیم و ہیبت ہوتا ہی اور تائید ازلی سے منصور اور ہر منکر اسکے سامنے خوار ہوتا ہی اسواسطے کہ اسپر جلال الٰہی کا لباس ہوتا ہی جس سے ہر منکر ڈرتا اور تابع ہوتا اور امیر المومنین عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ اس شان سے موصوف تھے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شیطان بھاگتا ہی سایۂ عمر رضی اللہ عنہ سے اور شیخ ابو عبد الرحمن السلمی نے قولہ ولقد نصرکم اللہ ببدر میں کہا ای بسبب تمہارے ضعف کے اور شما سے توکل صحیح کے اپنے پروردگار پر اور تمہارے منقطع ہو جانے کے اپنے حول و قوت سے اور تمام امر اپنے پروردگار کے سپرد کرنے سے فافہم

لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ ۝ وَلِلَّهِ مَا

تیرا اختیار کچھ نہیں ہے یا انکو توبہ دیوے یا انکو عذاب کرے کہ وہ ناحق پر ہیں اور اللہ کا ہے

فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ ۚ يَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ

جو کچھ آسمان میں اور جو زمین میں ہے بخشے جس بندے کو چاہے اور عذاب کرے جسکو چاہے اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

ع ۹ ۴

ونزل لما کسرت رباعیۃ النبی صلعم وشج وجہہ یوم احد وقال کیف یفلح قوم خضبوا وجہ نبیہم بالدم۔ اور نازل ہوئی یہ آیت جبکہ احد کی لڑائی میں حدیث مشرک نے آنحضرت صلعم کو پتھر کھینچ مارا اور آپ کے اگلے نیچے اوپر کے چار دانت ٹوٹے اور چہرہ مبارک بھی کر پھٹ گیا اور خون جاری ہوا اور آپنے فرمایا کہ کیونکر فلاح پاوینگی وہ قوم جنھوں نے اپنے نبی کے چہرہ کو خون سے رنگ دیا متفق علیہ کہتا ہے اسکے مانند امام مسلم و احمد نے حضرت انس سے روایت کیا اور بخاری نے تعلیقاً ذکر کیا اور علی ہذا آیت اس قصہ سے مرتبط ہے اور نیز بخاری و نسائی و امام احمد نے عبداللہ بن عمر سے روایت کی کہ میں نے رسول اللہ صلعم سے سنا فرماتے تھے کہ اے اللہ میرے لعنت کر فلان و فلان پر اللہ میرے لعنت کر حارث بن ہشام پر اللہ میرے لعنت کر سہیل بن عمرو پر اللہ میرے لعنت کر صفوان بن امیہ پر پس نازل ہوئی یہ آیت۔ لیس لک من الامر شیٔ الآیہ پھر اللہ تعالے نے ان سب کو توبہ کی توفیق دیدی ہذا لفظ احمد۔ اور دوسری روایت میں ہے کہ چار شخصوں پر لعنت کی بد دعا کرتے اور بعض روایت میں ہے کہ یہ دوسری رکعت نماز فجر میں بعد رکوع کے ہوتا تھا۔ اور جاننا چاہیے کہ مشرکین مکہ نے بہت سے ایمان لانے والوں کو پکڑ کر باندھ رکھا اور طرح طرح کی تکلیفیں دیتے اور مدینہ کو آنے نہیں دیتے تھے اور قبیلہ مضر کے کفار بہت سخت تھے اب سنو کہ بخاری رحمہ اللہ نے ابوہریرہ سے روایت کی جسمیں ہے کہ بسا اوقات آنحضرت صلعم رکوع سے اٹھکر سمع اللہ لمن حمدہ ربنا ولک الحمد کہنے کے بعد کہتے اے اللہ میرے نجات دے ولید بن الولید کو اور سلمہ بن ہشام و عیاش بن ابی ربیعہ اور ان مستضعفین کو جو ضعیف کرکے پکڑے گئے ہیں اے اللہ میرے سخت روندے مضر کو اور یہ روندنا تنگی قحط کے سال کردے جیسے حضرت یوسف علیہ السلام کی قوم پر ہوئے تھے اسکو آواز سے کہتے تھے اور بعض نماز فجر میں فرماتے اے اللہ میرے لعنت کر فلان و فلان کو چند قبیلۂ عرب کا نام لیتے تھے یہانتک کہ نازل ہوئی یہ آیت لیس لک من الامر شیٔ الآیۃ۔ قال المترجم ان روایات میں سبب نزول کی تصریح نہیں ہے اور ایسے ہی بعض مفسرین نے کہا ہے کہ اصحاب بئر معونہ کو جب عامر بن الطفیل نے شہید کیا تو آپ کو سخت ملال ہوا کہ آپ نماز میں چند قبائل پر لعنت کی بد دعا فرماتے یہانتک کہ نازل ہوئی یہ آیت۔ اسمیں بھی سبب نزول امین ادرجت و کلام و تحقیق مقام بیان دراز ہے گنجایش نہیں اتنا معلوم کرنا چاہیے کہ سبب نزول ارجح وہی ہے جو مفسر نے ذکر کیا اور قبل نزول کے آپ ایسا کرتے تھے پھر چھوڑ دیا اور احسن یہ ہے کہ نزول اسکا شاید مکرر واقع ہوا ہے اور یہی اول واقرب بتحقیق ہے واللہ اعلم لَيْسَ لَكَ مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ۔ بل الامر للہ فاصبر یعنے تمہارا کچھ اختیار نہیں بلکہ اختیار اللہ تعالے ہی کو ہے تو صبر کر۔ أَوْ يَتُوبَ عَلَيْهِمْ اور یہ کہ اللہ تعالے ان پر توجہ کرے یعنی توبہ قبول کرے یا ان طور کہ اسلام دیدے۔ أَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَإِنَّهُمْ ظَالِمُونَ۔ بالکفر یا انکو عذاب دے کیونکہ وہ ظلم کرتے ہیں بسبب کفر کرنے کے ف بس از افعال ناقصہ اور لک اسکی خبر مقدم اور شیٔ اسم مؤخر ہے اور من الامر حال از اسم ہے اور امر کے معنے حکم کے بیان کیے گئے ہیں یعنے حکم تیرا نہیں بلکہ اللہ تعالے ہی کا ہے۔ پھر جو معنے مفسر نے ذکر کیے یہی اکثر مفسرین نے بیان کیے ہیں اور شیخ ابن کثیر نے محمد بن اسحاق سے ایک جدید نقل کی کہ لیس لک من الامر شیٔ جملہ معترضہ ہے اور قولہ او یتوب علیہم عطف ہے او یعذبہم پر اور حاصل یہ کہ یقطع طرفا من الذین کفروا او یکبتہم او یتوب علیہم او یعذبہم۔ ان چار وجہوں سے انکے حال کا استیفار کیا اور پوشیدہ نہیں کہ اسمیں تعسف ہے اگرچہ شیخ ابن کثیر و بیضاوی نے اسطرف میلان فرمایا ہے قائل۔ وللہ ما

فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ - ملکاً وخلقاً وعبیداً - یعنے ہر طرح سب اللہ تعالے ہی کا ہی ازراہ ملک وازراہ خلق اور بندے ہونے کے - يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ - الکفرۃ لہ - اللہ تعالے مغفرت فرماتا ہی جسکے لیے مغفرت منظور ہو - وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ تعذیب - اور عذاب فرماتا ہی جسکے اوپر عذاب منظور ہو - وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ - لاولیائہ - رَّحِيْمٌ - باہل طاعتہ یعنے اللہ تعالے اپنے اولیاء مومنین کے واسطے غفور ہو اور اپنے بندگی کرنے والون کے واسطے رحیم ہو ف۲ فی الحدیث قولہ تعالے لیس لک من الامر شئی - سید علیہ السلام نے چاہا کہ مجرمین وکافرین جو ایسی باتین شرک وکفر کی کہتے ہین جو لائق جلال کبریٰ عزوجل نہین ہین اُنسے سا بحت کبریائی پاک ہو اور چاہتا حضرت رب العزت عزوجل کے جمال پاک پر غیرت کھا کر تھا اور جسکو شدت محبت چھا جاتی ہی اسکو یہ لحاظ نہین بھی رہتا ہی کہ امر قدم ایسے لوگون کے حق مین جو مستور و حجاب مین محجوب ہین امتحان کے پردون کے ساتھ کیونکر جاری ہوا ہی لہذا حق عزوجل نے ایک لطف کے ساتھ عتاب فرمایا کہ این تو کہان ہی تو نے میری سابق عنایت کو مشاہدہ نہین کیا کہ ان لوگون کے حق مین کس کیفیت سے جاری ہوئی ہی تو دیوان ازل مین غور سے نظر کر یہ لوگ تو میرے وسیلے میرے خوشنگوار بندے ہین اگر تو اس غیرت سے منہ پھیر کر امر مشیت کی طرف توجہ کرے تو انپر بد دعا کرنے سے بے پروا ہوگا اس قول کی تصدیق آگے موجود ہی کہ فرمایا او یتوب علیہم او یعذبہم - مترجم کہتا ہی کہ بوجہ متعدد روایت ہوا کہ حضرت صلعم نے احد کے روز فرمایا تھا کہ قریش لوگ ہلاک ہونگے بعد چند روز کے تو دیکھیگا کہ اُنسے جو اللہ تعالے کی راہ مین جان بازیان ہونگی اُنکے مقابلہ مین تو اپنے اعمال کو حقیر جانیگا اور درواقع ایسا ہی ہوا کہ جہاد شام وملک مغرب مین اُنسے وہ وہ امور سرزد ہوے کہ بیان سے باہر ہین - اس سے معلوم ہوا کہ آپ کو اطلاع تھی پھر بھی انکے فی الحال کے کفر پر غیرت کھا کر بد دعا فرمائی فافہم واللہ اعلم - شیخ نے کہا کہ پھر واضح ہو کہ اللہ عزوجل نے یہان اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو دو عمدہ ادب سکھلائے ایک یہ کہ آنحضرت صلعم عرش سے ثری تک صاحب کرم ورحمت ہین چنانچہ آنحضرت صلعم کو کمال رحمت سے موصوف فرمایا بقولہ - وما ارسلناک الا رحمۃ للعالمین - یعنے تو جس حال پر ہو اپنی امت پر رحم کر اور انپر بد دعا نفرما - دوم یہ کہ آنحضرت صلعم کو اپنے خلق خاص سے خلعت بہنائی کیونکہ اللہ تعالے عزوجل کی خلق وصفت سے یہ ہی کہ سب پر رحمت فرماتا ہی اور آنحضرت صلعم کو طریقہ انبیاء ومرسلین سابق سے آگاہ فرمایا اور انمین سے مخصوص ابراہیم وعیسیٰ علیہما السلام کو لیا چنانچہ فرمایا کہ اسنے کہا فمن تبعنی فانہ منی ومن عصانی فانک غفور رحیم - اور عیسیٰ نے کہا ان تعذبہم فانہم عبادک وان تغفر لہم فانک انت العزیز الحکیم

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْكُلُوا الرِّبٰوٓا اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً ۠ وَّاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

اے ایمان والو مت کھاؤ سود دونے پر دونا اور ڈرو اللہ سے شاید تمہارا بھلا ہووے

وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْٓ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ ۝ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ۝

اور بچو اس آگ سے جو تیار ہوئی کافرون کے لیے اور حکم مانو اللہ کا اور رسول کا شاید تم پر رحم ہو

وَسَارِعُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ ۝

اور دوڑو بخشش پر اپنے رب کی اور جنت پر جسکا پھیلاؤ ہی آسمان وزمین تیار ہوئی ہی پرہیزگارون کے لیے

الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ۭ

جو خرچ کرتے ہین آسانی مین اور تنگی مین اور دبا تے ہین غصہ اور معاف کرتے ہین لوگون کو

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۝

اور اللہ تعالے چاہتا ہی احسان کرنے والون کو

اَضْعَافًا مُّضٰعَفَةً - بالف و دو نہایان تزیدوا فی المال عند حلول الاجل و تؤخروا الطلب - یعنے اکثر کی قرارۃ مضاعفۃ بالف از باب مفاعلہ ہی اور نافع و ابن عامر و یعقوب کی قرارۃ بدون الف از باب تفعیل ہی اور معنے یہ کہ مت کھاؤ سود اضعاف مضاعفہ باین طور کہ ادا کرنے کی میعاد آنے پر مال مین بڑھا دو اور مطالبہ مین مہلت و تاخیر دیدو - جاننا چاہیے کہ بعض نے کہا کہ یہ کلام مذکورہ بالا مین ترغیب و ترہیب کے واسطے مبتدا ہی اور بعض نے کہا کہ قصہ احد کے درمیان کلام معترضہ ہی - پھر مضاعفہ کی قید اسواسطے نہین کہ سود کھانا اس قید کے ساتھ کہ مضاعفہ ہو تب حرام ہی ورنہ نہین کیونکہ پہلے معلوم ہو چکا کہ سود مطلقا حرام ہی پس یہ قید بیان اہل عرب کی عادت کے موافق ہی کہ وہ ایک مدت کے واسطے قرض دیتے تھے اور سود مقرر کرتے پھر میعاد آنے پر اگر قرضدار ادا نہ کرتا تو باہمی رضامندی سے کسیقدر مال اصل مین بڑھا کر پھر میعاد مقرر کر دیتے یہانتک کہ قرضخواہ اکثر اپنی اصل سے کئی گونہ مال آخر کو لیتا اور بعض نے کہا کہ اضعاف جمع ضعف کی ہی چونکہ جمع قلت ہی اور مراد کثرت ہی لہذا مضاعفہ کی قید بڑھا دی - وَاتَّقُوا اللّٰهَ - یعنے سود خواری چھوڑنے کے ساتھ تقوی کرو اور مترجم کے نزدیک ظاہر یہ کہ اللہ تعالے کا تقوی کرو ہر بات مین از انجملہ یہ بھی ہی کیونکہ فرمایا - لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ - تفوزون - فوز و سعادت دارین حاصل کرو - یہ امر پورے تقوی پر حاصل ہوگا اور اسمین دلیل ہی کہ سود خواری کبیرہ گناہ ہی اور اسکو حلال جاننا کفر ہی اور آگے فرمایا - وَاتَّقُوا النَّارَ الَّتِيْ اُعِدَّتْ لِلْكٰفِرِيْنَ - آن تعذبوا بها - یعنے دوزخ سے بچو یعنے بچو اسبات سے کہ دوزخ سے عذاب کیے جاؤ اور ابن عباس نے فرمایا کہ اسمین مسلمانون کو تہدید ہی کہ ربوا وغیرہ جو اللہ تعالے نے حرام کیا ہی اسپر آگ کی عقوبت رکھی اسکے قریب نہون اور مدارک مین کہا کہ ابو حنیفہ فرماتے کہ بڑی خوفناک آیت ہی کہ اللہ تعالے نے اسمین مومنون کو اس آگ کی وعید کی جو کافرون کے واسطے مہیا ہی بشرطیکہ تقوی نہ کرین اور حرام سے اجتناب کرین اور نیز مدارک مین کہا کہ اسمین مرجیہ فرقہ کا رد ہی جو کہتے ہین کہ ایمان کے بعد کوئی گناہ ضرر نہین کرتا اور ہمارے نزدیک کافرون کے سوائے گناہگار مومن دوزخ مین جائیگا مگر آخر اسکو جنت ہی ملیگی مترجم کہتا ہی کہ غنیۃ الطالبین وغیرہ سے جو لوگ نقل کرتے ہین کہ امام ابو حنیفہ مرجیہ مذہب تھے یہ سب بہتان ہی - وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ - اطاعت کرو اللہ و رسول کی - محمد بن اسحاق نے کہا کہ اسمین ان لوگون کو عتاب ہی جنھون نے اُحد کے روز حکم حضرت صلعم کی نافرمانی کی لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ - یعنے اطاعت کرو باسید رحمت آلہی عزوجل کذا قیل - وَسَارِعُوْٓا - اور جلدی کرو - اکثر کی قرارۃ وسارعوا بواو عطف برما قبل ہی اور نافع و ابن عامر کی قرارۃ بدون واو جملہ مستانفہ ہی - اور عطاء بن ابی رباح نے مرسلا روایت کی کہ مسلمانون نے حضرت صلعم سے کہا کہ یا رسول اللہ کہ ابنی اسرائیل ہمارے نسبت اللہ تعالے کے نزدیک بزرگ تھے کہ جب انمین کوئی گناہ کرتا تو صبح کو اسکے دروازہ پر کفارہ لکھا ہوتا کہ ناک کاٹ کان کاٹ یہ کرو کہ پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے پس یہ آیت اُتری وسارعوا الی مغفرۃ من ربکم الآیۃ - اخرجہ عبد بن حمید وغیرہ - اور حاصل جواب یہ کہ تم لوگون کو کرامت ہی کہ اللہ عزوجل نے تمہارے واسطے نیک کام ایسے مقرر فرمائے ہین جو ثواب کے ساتھ کفارہ گناہ بھی ہین کما فی قولہ ان الحسنات یذہبن السیئات نیکیان دور کرتی ہین گناہون کو - اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ - ابن عباس سے ایک روایت مین ای اسلام کی طرف اور دوسری مین ای فرائض کی طرف و از علی کرم اللہ وجہہ ادائے فرائض کی طرف و از انس و سعید بن جبیر نماز جماعت کی تکبیر اولی کی طرف اور بعض نے اخلاص و بعض نے جہاد فرمایا اور ظاہر یعنے یہ ہین کہ ایسی چیز کی طرف دوڑو جو موجب مغفرت ہی پس یہ سب امور اسمین شامل ہین لہذا کہا گیا کہ اعمال صالحہ کی طرف وَجَنَّةٍ - یعنے سارعوا الی جنۃ پہلے گناہون سے پاک کرنے کو مغفرت کی طرف دوڑایا پھر ثواب حاصل کرنے کو جنت و رضامندی کی طرف راہ دی - عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ - ای کعرضہا لو وصلت احدہما بالاخری والعرض السعۃ - یعنے ایسی جنت کیطرف جسکا پھیلاؤ آسمان و زمین ہی ای مانند پھیلاؤ ان دونون کے ہی اگر ایک دوسرے سے ملائے جاوین اور عرض بمعنے وسعت ہی یہ تفسیر ابن عباس

سے مروی ہی اور کاف سے اشارہ ہی کہ تمثیل منظور ہی یہ نہیں کہ اتنی ہی وسعت تحقیقاً ہی اور عرض بمعنے وسعت لیا اور طول کا مقابل نہیں لیا اور ابن کیسان نے بھی تفسیر میں بعض احادیث سے مدور ہونا جنت کا استنباط کرکے اسکو موجہ کیا ہی اور بعض نے عرض مقابل طول لیا اور کہا کہ عرض جب استدیر ہی تو طول کا کیا ٹھکانا ہی کما قال الزہری اور حق یہ کہ یہ بھی مخلوق کے علم کے موافق تصویر ہی تحقیقی حد عرض کی بیان نہیں ہی۔ اور حضرت انس سے پوچھا کہ جنت آسمان میں ہی یا زمین میں فرمایا کہ کون آسمان و کون زمین ہی جسمیں جنت سماویگی وہ آسمانوں سے اوپر زیر عرش ہی اور قتادہ سے روایت ہی کہ صحابہ رض جنت کو آسمانوں کے اوپر اور دوزخ کو زمینوں کے نیچے جانتے تھے۔ اور ابن جریر و بزار و احمد نے مرفوعاً روایت کیا کہ ہرقل نے سوال کیا کہ آپ جب مجھے ایسی جنت کی طرف بلاتے ہین جسکا عرض آسمان و زمین ہی تو دوزخ کہان ہی آپ نے جواب دیا کہ سبحان اللہ جب رات آئی تو دن کہان ہا۔ اور ایسا ہی ابن جریر وغیرہ نے عمر رض و ابن عباس سے یہود کے جواب مین روایت کیا تو یہود بولے کہ یہ جواب ہماری توریت سے لیا گیا ہی۔ یہ انکا عناد تھا اور معنے یہ ہین کہ جہان اللہ چاہتا ہی رکھتا ہی بندے کا علم اسکی خلقت کو کہان حاوی ہی۔ کیا اسکی خلقت بس اسیقدر مین منحصر ہی۔ اسی سے آنحضرت صلعم نے سبحان اللہ کہا یعنے پاک ہی وہ اللہ تعالے کہ اسکے ملک کو عوام اپنے وہم سے احاطہ کرین۔ اُعِدَّتْ لِلْمُتَّقِيْنَ۔ اللہ یعمل الطاعات و ترک المعاصی۔ یعنے جیسا کی ہوئی ہا ایسے بندون کے واسطے جو تقوی کرتے اللہ تعالے کی فرمانبرداریان کرکے اور نافرمانیان چھوڑکر۔ اسمین دلیل ہی کہ جنت بھی پیدا کی ہوئی موجود ہی جیسے دوزخ اور اسمین معتزلہ کا رد ہی جو اسکے خلاف کہتے ہین اور یہ فرقہ کا صریح رد ہی جو جنت و دوزخ کے قائل نہین ہین اور فرمایا اللہ تعالے نے تلک الدار الآخرۃ نجعلہا للذین لا یریدون علوا فی الارض الآیہ۔ یعنے اسم اشارہ کے ساتھ جو حاضر موجود کے واسطے ہی پس اگر یہ لوگ اس سے منکر ہین تو کافر ہین اور تاویل وہ مقبول ہی جو کسی دلیل سے ہو اور انکو انکار کی کوئی دلیل نہین کیونکہ جنت وغیرہ کی جسطرح خبر دی ہی وہ سب خدا کی قدرت مین ہی جیسی مخلوق چاہے پیدا کردے۔ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ۔ فی طاعۃ اللہ۔ یعنے جن خرچ کرنے والون کی تعریف کی وہ ہین جو اللہ تعالے کی طاعت مین خرچ کرتے ہین اور طاعت مین تمام اُن وجہون پر خرچ کرنا داخل ہی جنپر شرع مین ثواب کا وعدہ ہی حتی کہ اپنی و اپنی اولاد و عیال پر بہ نیت ثواب خرچ کرنا اور زن و نفقہ دینا بھی داخل ہی اگرچہ صدقہ و خیرات کا ثواب زیادہ ہو اگر کہا جاوے کہ حدیث مین جو یہ آیا ہی کہ بندہ کہتا ہی میرا مال میرا مال۔ اسکا مال کچھ نہین مگر یہ کہ جو کھا کر فنا کردیا اور جو پہنکر پرانا کیا تا آخر حدیث تو جواب یہ ہی کہ مقصود حدیث سے مال کارآمد ہونے کا بیان ہی وہ ان وجوہ سے حاصل ہوتا ہی ہان اسمین تعریض ہی کہ اولی مرتبہ حاجت و کفایت سے زائد اٹھانے سے یہ بہتر تھا کہ خیرات کیا جاوے کہ ادنی مرتبہ حاجت پر کھانے پہننے مین جو اسوجہ سے ثواب ہی وہی اوسط و اعلی مرتبہ حاجت تک اسراف سے نیچے ثواب رہیگا بخلاف صدقہ کے کہ اسمین زیادہ ثواب ہی۔ فِي السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ۔ ای الیسر والعسر۔ یعنے راہ الٰہی مین خرچ کرتے ہین حالت فراخ دستی مین اور تنگدستی مین پس سرّاء کی تفسیر یسر اور ضرّاء کی عسر سے کی ہی اور حاصل اسکا سخاوت ہی پس ظاہر ہوا کہ وہ عمدہ صفت سخاوت رکھتے ہین جسکی تعریف مع بخل کے مذمت کی احادیث صحاح مین وارد ہی۔ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ۔ الکاظمین عن امضائہ مع القدرۃ۔ کف بشدید فلبمعنے روکنا و دبانا یعنے غیظ و غضب شدید کو باوجود قدرت کے روان کرنے سے روکنے والے ہین۔ کیونکہ تعریف یہی ہی کہ قابو کے ساتھ ترک کرے ورنہ جو غصہ اتارہین سکتا وہ تو منہ مانگا پی جائیگا۔ یہ نفس کے مالک ہونے اور کمال حلم کا بیان ہی۔ اور حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ زبردست وہ نہین جو دوسرون کو پچھاڑے بلکہ وہ ہی جو غضب کے وقت اپنے نفس کا مالک ہو رواہ البخاری و مسلم۔ اور انس بن معبد الجہنی سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جسنے غصہ پی لیا حالانکہ وہ اپنا غصہ اتارنے پر قابو رکھتا ہی تو قیامت کے روز اللہ تعالے اسکو مجمع خلائق کے روبرو بلاکر اختیار دیگا کہ حور بہشتی سے جسکو چاہے پسند کرلے رواہ الترمذی و ابوداؤد اور یہ کمال رضا مندی کا بیان ہی۔ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ

ممن ظلمهم ای التارکین عقوبتهم - عفو کرنے والے لوگون کو یعنے ان لوگون کو جنھون نے اپنر ظلم کیا ہو اور حاصل یہ کہ انکو سزا دینے سے چھوڑنے والے اور حاصل یہ کہ کسی نے اپنر ایسا ظلم کیا کہ شرع کے حکم سے اسپر مواخذہ عائد ہوا پس انھون نے اپنے عفو کی صفت سے اسکو معاف کردیا بدلا نہین لیا خواہ برا کرنے والا کوئی ہو انکا مملوک ہو یا نہو - اور یہ عفو ایک احسان ہی - اور حدیث مین ہی کہ جو تجھسے میل کو توڑے تو اس سے مل اور جو تجھپر ظلم کرے یعنے ایسی بات کرے جو نہ کرنی چاہیے تھی تو اسکو معاف کردے اور جو تجھسے برائی کرے تو اس سے بھلائی کر - وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ - بہدہ الافعال ای یثیبهم - اور اللہ دوست رکھتا ہی محسنین کو جو ان افعال کے ساتھ بھلائی کرتے ہین اور دوست رکھتا یہ کہ انکو ثواب جمیل دیگا پس المحسنین کا الف لام عہد کا ٹھہرا کر اس سے یہی مذکورین مراد ہین اور بعض نے کہا کہ جنس کا بھی ہوسکتا ہی کہ جنس احسان جس سے صادر ہو اسکو دوست رکھتا ہی اور شاید کہ محسنین سے وہ لوگ مراد ہون جو اسلام و ایمان سے اعلی مرتبہ احسان پر فائز ہون واللہ اعلم - اور جاننا چاہیے کہ جنگ احد مین حضرت حمزہ رض شہید ہوے کافرون نے انکے بند بند کاٹ کر صورت بگاڑ دی حضرت صلعم نے غمناک ہوکر فرمایا کہ مین قابو پاؤنگا تو انمین سے ستر کو مثلہ کرونگا - ان آیات مین عفو و احسان سے تسکین دینا نکلتا ہی - ف۲ شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے واتقوا النار التی اعدت للکافرین - اس آیت کریمہ مین عجیب لطیف اشارہ ہی اور وہ ظاہر بیان ہی کہ دوزخ کو اللہ تعالے نے مومنون کے واسطے مہیا نہین فرمایا ہی اور انکے واسطے مخلوق نہین کیا کیونکہ اعدت للکافرین فرمایا پس جب کافرون کے واسطے ہوئی تو مومنون کے واسطے مخلوق نہوئی لیکن مومنون کو اس سے زجر و نصیحت کے طور پر خوف دلایا جیسے مہربان باپ اپنے فرزند کو تلوار و شیر سے ڈراتا ہی اگرچہ اسکو تلوار سے نہین ماریگا اور نہ شیر کے آگے ڈالیگا پس باقی رہا یہ امر کہ یہ آیت اپنے سچے مومن بندون پر تلطف و شفقت ہی اور اس سے زیادہ عجیب بات ہی کہ اللہ تعالے نے انکو دوزخ سے ڈرایا حالانکہ دوزخ دوسرون کے واسطے مخلوق ہی اور مقصود تجلی قہر کی عظمت دوزخ سے ہی اور دوزخ کی عظمت اسکی عظمت کی تجلی سے ہی یعنے دوزخ کے معاملہ مین تم مجھسے تقوی کرو کیونکہ مین آگ کو جلاتا اور اپنے سے اسکو عذاب دیتا ہون اور یہ عین الجمع کے مقام کا بھید ہی شیخ ابن عطاء نے فرمایا کہ عوام کے حق مین آگ مین ڈالنے کا حکم دیا کیونکہ اس سے ڈرتے ہین اور اسی خوف سے معاصی ترک کرتے ہین اور خاص بندون کو اپنے سے تقوی کا حکم کیا اور فرمایا کہ میرے ہی طرف دیکھو کسی غیر کیطرف نظر مت کرو چنانچہ فرمایا واتقون یا اولی الالباب - یعنے اے خاص بندو - قولہ تعالے وسارعوا الی مغفرۃ من ربکم وجنۃ عرضها السموات والارض الآیۃ حق عزوجل اپنے مخلوق کے حال کو جانتا ہی کہ جس طرح اسنے پیدا فرمایا ہی اور وہ اپنے نفس کی خواہشون کی طرف جھکتے ہین پس وعلتون سے اپنی فرمانبرداری کی طرف انکو بلایا ایک مغفرت و دوم جنت اور خاص بندون کو بدون علت کے اپنی ذات پاک کی طرف بلایا چنانچہ فرمایا ففروا الی اللہ الآیۃ - پھر آگاہ فرمایا کہ سب کے سب عوام ہون یا خواص ہون ادراک امتحان مین مجرم ہین اور آیہ کریمہ سے سبھون کا مجرم ہونا ثابت فرمایا اسواسطے کہ خواص اگرچہ لغزش سے معصوم ہین پر یہ انکا گناہ کیسا ہی کہ قدر حق عزوجل سے آگاہ نہین یعنے اسکی قدر کمال کو نہین پہچانتے ہین جیساکہ آنحضرت علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر اللہ تعالے ملائکہ کو عذاب کرے تو بجا ہی عرض کیا گیا کہ وہ تو معصوم ہین فرمایا کہ حق عزوجل کو کمتر پہچانتے ہین - اسیواسطے بندون کو علی العموم مغفرت کی طرف بلایا قال المترجم شیخ کی مراد قدر حق عزوجل سے وہ قدر ہی جو اسکی عظمت و جلال ذات پاک کے ساتھ ہو اور یہ ممکن نہین کہ کسی کو میسر آوے اسواسطے کہ بندہ کیسا ہی خاص ہو ذات باری تعالے کو ادراک نہین کرسکتا یعنے محیط نہین ہوسکتا -

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا

اور لوگ جو کہ بیٹھین کچھ کھلا گناہ یا برا کام کرین اپنے حق مین یاد کرین

لِذُنُوْبِهِمْ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ

اپنے گناہون کی اور کون ہی گناہ بخشتا سوائے اللہ کے اور نہ اڑے رہین اپنے کیے پر جانتے

يَعْلَمُوْنَ ۝ اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَجَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ

بوجھتے ایسوں کی جزا ہی بخشش انکے رب کی اور باغ جنکے نیچے بہتی

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَنِعْمَ اَجْرُ الْعٰمِلِيْنَ ۝

نہریں رہ پڑے انمیں اور بھلی مزدوری ہی کام کرنے والوں کی

وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً ۔ زنا قبیحا کالزنا۔ یعنے فاحشہ صفت محذوف ہی ای فعلۃ فاحشۃ اور یہ ہر چند کہ ہر معصیت پر بولا جاتا ہی مگر بقرینۂ مابعد یہان گناہ قبیح مانند زنا وغیرہ کے مراد ہی اور کہا گیا کہ اکثر استعمال اسکا زنا مین ہی وارجح وہی جو مفسر نے ذکر کیا کیونکہ موافق اصل ہی اسلیے کہ اصل مین فحش بمعنے قبح وخروج از حد ہی المعنی ایسے بندے جنھون نے فعل فاحشہ کیا جیسے زنا۔ اَوْ ظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ ۔ بما دون ذالک قبلہ یا اپنی جان پر ظلم کیا ف مانند اسکے کہ اجنبی عورت کا بوسہ لیا جو زنا سے کم ہی۔ اور بعض نے کہا کہ فاحشہ کبیرہ گناہ اور ظلم نفس صغیرہ گناہ ہی (یہ بھی اسیکے مساوی ہی) اور بیضاوی نے کہا کہ شاید فاحشہ وہ گناہ جو متعدی ہو یعنے دوسرے کو بھی اسکا ضرر پہونچے جیسے تم کھلا شراب پینا اور ظلم نفس جو ایسا نہو۔ ذَكَرُوا اللّٰهَ ۔ ای وعیدہ۔ تو یاد کیا اللہ کو ف یعنے وعید الٰہی کو یعنے اللہ تعالے نے جو اس فعل پر سزا کا حکم فرمایا ہی وہ یاد کیا۔ اور بعض نے کہا کہ اللہ تعالے کو بھول گئے تھے یاد کیا اور اسکی مؤید ہی جو صحیحین مین ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مرد نے گناہ کیا پھر ہوشیار ہو کر عرض کرنے لگا کہ ای پروردگار میرے مین نے گناہ کیا سو تو اسکو بخشدے پس اللہ عزوجل نے فرمایا کہ میرے بندے نے گناہ کیا پھر جانا کہ اسکا ایک پروردگار ہی جو گناہ کو بخشدیتا ہی اور اسپر مواخذہ بھی کرتا ہی۔ مین نے اپنے بندے کا گناہ بخشدیا۔ پھر اسنے دوسرا گناہ کیا پھر اسنے ایسا ہی کہا اور اللہ عزوجل نے ایسا ہی فرمایا اسی طرح چوتھی بار حدیث مین مذکور ہی کہ اللہ عزوجل نے فرمایا کہ مین تم کو گواہ کرتا ہون کہ مین نے اپنے بندے کو بخشدیا کہ وہ جو چاہے رواہ احمد ایضاً اور ظاہر حدیث یہ ہی کہ یہ کسی خاص بندے کا حال ہی اور امام احمد نے روایت کی کہ ابوہریرہ رضی نے فرمایا کہ ہم لوگون نے حضرت صلعم سے عرض کیا کہ یارسول اللہ جب ہم لوگ آپکو دیکھتے ہین تو ہمارے دل رقیق ہو جاتے ہین اور ہم آخرت کے لوگون مین سے ہو جاتے ہین پھر جب آپ سے الگ ہوے تو دنیا اپنی خوبی ہمکو دکھاتی ہی اور ہم عورتون واولاد کی خوشبو سونگھتے ہین تو ہمارے دل غافل ہو جاتے ہین۔ فرمایا کہ اگر تم ہر وقت اسی حال پر رہتے جیسے میرے پاس ہوتے ہو تو ملائکہ اپنے ہاتھون تم سے مصافحہ کرتے اور تمہارے گھرون مین تمہاری زیارت کو آتے اور جان لو کہ اگر تم گناہ نہ کرتے تو ضرور اللہ تعالے ایسی قوم کو پیدا کرتا جو گناہ کرتے تاکہ انکو بخشے الحدیث اور رواہ الترمذی وابن ماجہ وغیرہما غرضکہ اللہ تعالے نے اپنے مومن بندون کا ذکر فرمایا کہ جب انسے کوئی گناہ فاحشہ سرزد ہوا یا ظلم نفس صادر ہوا تو اللہ تعالے کو یاد کیا۔ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ ۔ پس اللہ تعالے سے اپنے گناہون کی مغفرت چاہی ف یعنے انکا دستور ہی کہ فوراً ہوشیار ہوتے ہی اللہ تعالے سے مغفرت مانگتے ہین اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جو بندہ کوئی گناہ کرے پھر وضو کرے اور اچھی طرح پورا وضو کرے پھر دو رکعت نماز پڑھے پھر اللہ تعالے سے استغفار کرے تو ضرور اللہ تعالے اسکو بخشدیتا ہی رواہ احمد والترمذی واہل السنن وابن حبان والبزار والدارقطنی قال ابن کثیر وہو حدیث حسن جدا۔ وَمَنْ ۔ ای لا احد۔ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ اور کون ہی ایک کوئی نہین ہی جو بخشے گناہون کو سوائے اللہ کے۔ یہ جملہ معترضہ ترغیب توبہ کے واسطے ہی مع بیان اس امر کے کہ مغفرت گناہ فقط جناب باری عزوجل ہی سے مخصوص ہی سوا بسطے کہ من متضمن استفہام انکاری ہی اسی سے مفسر نے لا احد سے تفسیر کی اور نکرہ تحت نفی کے تمام کو

مستغرق ہوتا ہی اسی سے مترجم نے ترجمہ کیا کہ کوئی نہیں ہی اور عمر بن الخطاب سے روایت ہی کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ تم مین کوئی نہین کہ جو پورا وضو کرے پھر کہے کہ اشہد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ واشہد ان محمدا عبدہ ورسولہ مگر آنکہ اسکیواسطے جنت کے آٹھون دروازے کھولے جاوینگے جس دروازے سے چاہے جاوے (رواہ مسلم) اور عثمان بن عفان سے حضرت صلعم کا سا وضو کرکے لوگون سے کہا کہ مین نے حضرت صلعم سے سنا کہ جو ایسا وضو کرے پھر دو رکعتین پڑھے جنمین اپنے نفس سے باتین نہ کرے تو اسکے اگلے گناہ معاف ہونگے (رواہ البخاری مسلم) - وَلَمْ يُصِرُّوا - یدیموا - عَلَىٰ مَا فَعَلُوا - بل قلعوا عنہ - وَهُمْ يَعْلَمُونَ - ان الذی اتوہ معصیۃ - (یعنے انھون نے استغفار کیا یہی سمجھکر کہ اللہ تعالے ہی گناہ بخشنے والا ہی اور نہ جمے رہے اس فعل پر جو کیا (بلکہ اس سے الگ ہو گئے) یہ یقین کرکے کہ جو انھون نے کیا وہ بُرا فعل نافرمانی کا تھا صاف جان کھو کہ اللہ تعالے جو ثواب جمیل آگے فرمایا وہ ایسے استغفار پر کہ گناہ کیا اور اللہ تعالے کو یاد کرکے مغفرت مانگی اور اپنے فعل پر اصرار نہ کیا یعنے یہ نیت نہ رکھی کہ پھر اسکو کرونگا اور نہ توبہ نہوئی کیونکہ زبان پر توبہ اور دل مین گناہ کا مزا بھرا ہوا ہی توبہ کے معنے تو اس سے بالکل منھ پھیرکر اللہ تعالے کی طرف رجوع کرنا - پھر یہ اصرار نہ کرنا اور گناہ سے بالکل الگ ہونا اللہ تعالے ہی کے واسطے یہ جانکر ہو کہ یہ فعل بُرا نافرمانی تھا اور یہ نہین کہ مثلاً روپیہ پاس نہ رہا تو زنا کاری چھوڑدی بلکہ مرد خدا و خاصان حق وہی ہین جو سب کچھ ہوتے ہوے اللہ تعالے ہی کے واسطے گناہ چھوڑتے ہین اور شیطان کے بندے نہین بنتے ہین اگرچہ بمقتضاے بشریت دو بارہ سہ بارہ بلکہ اتفاق تقدیر سے دن مین ستر بار ایسے گناہ سرزد ہوا کرے جب سرزد ہوا فوراً بیزار ہوے اور گڑگڑاکر مغفرت مانگی اور اصرار پر ہی کہ بیدار ہو کر برابر گناہ کا مرتکب ہے گویا کچھ پاک نہین ہی اسیواسطے کبیرہ گناہ پر اصرار کرنا کفر ہی - اور ابو سعید نے نبی صلعم سے روایت کی کہ آپ نے فرمایا کہ شیطان نے جناب باری مین کہا کہ اے پروردگار تیری عزت کی قسم ہی کہ مین برابر آدم کی اولاد کو اغوا کرونگا جب تک انکی روحین انکے جسمون مین رہینگی اللہ عزوجل نے فرمایا کہ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ہی کہ مین برابر انکو بخشتا رہونگا جب تک وہ مجھسے بخشش مانگتے جاوینگے (رواہ احمد) اور حضرت ابو بکر الصدیق سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جسنے گناہ پر استغفار کرلیا اسنے اصرار نہین کیا اگرچہ دن مین ستر بار اس سے سرزد ہو (رواہ ابو یعلی و الترمذی وابوداؤد والبزار وقال ابن کثیر ہذا حدیث حسن) اور حدیث عبد اللہ بن عمر وبن ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا خرابی ہی ان لوگون کی جو اپنی بدکرداری پر اصرار کرتے ہین حالانکہ جانتے ہین (رواہ احمد) پھر فقہا نے کہا ہی کہ آدمی سے گناہ بعید نہین ہی اور اللہ تعالے کو استغفار پسند ہی اور اصرار کرنا خود بڑا گناہ ہی اور توبہ خود بہت اچھی عبادت ہی اور شیطان ہمیشہ طرح طرح کے مکر و فریب سے بہکاتا ہی ثابت البنانی جو بزرگ تابعی ہین کہتے ہین کہ مجھے یہ خبر پہونچی کہ جب یہ آیت اتری تو شیطان خوب رویا اور عطاء بن خالد نے کہا مجھے خبر پہونچی کہ جب یہ آیت اتری تو ابلیس نے اپنے لشکر کو پکارا اور رویا چلایا پس اسکے لشکر نے کہا کہ کیا ہی بولا کہ کتاب اللہ تعالے مین ایک آیت اتری کہ اسکے بعد کسی آدمی کو کوئی گناہ ضرر نہ کریگا پھر اسنے بیان کیا تب وہ بولے کہ ہم اب آدم کی اولاد کے واسطے ہوا و ہوس کے دروازے کھول دینگے کہ وہ توبہ ہی نہ کرینگے اور مغفرت ہی نہ مانگینگے اور یہی جانتے رہینگے کہ ہم ٹھیک چال چلتے ہین - مترجم کہتا ہی کہ حق عزوجل نے اپنے کرم سے سب سمجھا دیا اور فرمایا - وتوبوا الی اللہ جمیعا ایہا المومنون لعلکم تفلحون - توبہ کرو اللہ تعالے سے سب کے سب اے ایمان والو البتہ تم فلاح پاؤگے پھر اللہ تعالے نے ایسے نیک بندون توبہ کرنے والون فرمانبردارون پر انعام مذکور فرمایا - اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ مَّغْفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمْ وَجَنَّاتٌ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا - ایسے بندون کے واسطے بدلا یہ کہ انکے رب عزوجل کی طرف سے انکے لیے مغفرت ہی اور باغات جنت ہین جنکے نیچے نہرین جاری ہین درحالیکہ انمین ہمیشہ رہینگے پس جب داخل ہون یعنے انکے واسطے مقدر ہی کہ بعد داخل ہونے کے ہمیشہ رہین - وَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ - بالطاعۃ ہذا الاجر اور یہ اجر طاعت کے ساتھ عمل کرنے والون کا یہ اجر مذکور ہی فائدہ یہ ثواب طاعت بہت خوب ہی ذ ۲ فی اشارات العارفین اللہ الذین اذا فعلوا فاحشۃ یشیر الی بعید یشین

دریافت کیا گیا کہ ظلم کیا ہی تو فرمایا کہ نفس جو خواہش کرے اسکی پیروی کرنا یہی ظلم ہی مفسر جم کہتا ہی کہ یہ اچھا کلام ہی قابل۔ اور شیخ محمد بن علی سے دریافت کیا گیا کہ قولہ تعالے والذین اذا فعلوا فاحشۃ سے معنے کیا ہین تو کہا کہ اپنے افعال پر نظر رکھنا یہی فاحشہ ہی اور پھر قولہ او ظلموا انفسہم مین کہا کہ اپنے اعمال پر اپنی نجات کا اعتقاد کرنا۔ ظلم ہی۔ پھر قولہ ذکروا اللہ۔ مین کہا یعنے انکو توفیق آگہی پہونچی اور اللہ عزوجل کی طرف سے انکو عصمت حاصل ہوئی۔ پھر قولہ فاستغفروا لذنوبہم۔ مین کہا کہ اپنے افعال و اقوال سے انھون نے استغفار کیا۔ پھر قولہ ومن یغفر الذنوب الا اللہ۔ مین کہا کہ انھون نے جان لیا کہ اللہ عزوجل کیطرف پہونچنا ممکن نہین ہی مگر اسکے فضل سے یعنے وہی چاہے تب تہ تک مین پہونچ ہوسکتی ہی۔ اور استاد نے فرمایا کہ کہا جاتا ہی کہ ہر ایک کا فاحشہ اسکے حال و مقام کے موافق مختلف ہی اور ایسے ہی ہر ایک کا ظلم بھی اسیطرح متفاوت ہی اور اکابر کے دلون مین مخالف حکم خدا و رسول کا خطرہ آنا بھی ایسا بدتر ہی جیسے عوام سے اس مخالفت کا وقوع مین آنا۔ اور فرمایا کہ انوار حقائق ظاہر ہو جانے کے بعد اپنے اقوال و احوال کو دیکھنا نور مین تاریکیان ہین۔ قولہ تعالے اولئک جزاءہم مغفرۃ من ربہم وجنات تجری من تحتہا الانہار خالدین فیہا ونعم اجر العاملین۔ جو شخص امتحان کے ڈر سے اسطرح نکلا کہ جو عہد کیا ہی اسکو پورا کیا اور نفس ہوا کی بد خلقیون سے اپنے آپ کو پاک کیا اور پھر بھی اپنے آپ مین تقصیر دیکھی اور شرمندہ رہا اور پورے صادق ہونے مین مخجل رہا اور محبت و معرفت مین اخلاص کا برتاؤ کیا اور مخالفت کے تاوان مین اپنے دل و جان کو قربان کیا اور نادم ہو کر استغفار کرتا رہا تو حق عزوجل اسکو اونچے مقام مین پہونچاتا ہی کہ اسکو اپنے مشاہدہ کی عزت تک واصل کرتا ہی اور غیب کے خزانے اسپر کھول دیتا ہی

قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ فَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ

ہو چکے ہین تم سے آگے دستور سو پھرو زمین مین تو دیکھو کہ کیسا انجام کار ہوا جھٹلانے والون کا

هَٰذَا بَيَانٌ لِلنَّاسِ وَهُدًى وَمَوْعِظَةٌ لِلْمُتَّقِينَ وَلَا تَهِنُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَنْتُمُ

یہ بیان ہی لوگون کے واسطے اور رہنمائی و نصیحت ڈر والون کو اور سست نہو اور نہ غم کھاؤ اور تم ہی

الْأَعْلَوْنَ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ إِنْ يَمْسَسْكُمْ قَرْحٌ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ قَرْحٌ مِثْلُهُ وَ

غالب رہوگے اگر تم ایمان رکھتے ہو اگر تم نے زخم پایا تو اس قوم کو بھی زخم پہونچ چکا ہی اسکی مثل اور

تِلْكَ الْأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيْنَ النَّاسِ وَلِيَعْلَمَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَيَتَّخِذَ مِنْكُمْ شُهَدَاءَ

یہ دن ہین کہ گھماتے ہین ہم انکو لوگون مین اور ہوا اسلئے کہ جانے اللہ جنکو ایمان ہی اور کرے تم مین سے شہید

وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ وَلِيُمَحِّصَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا وَيَمْحَقَ الْكَافِرِينَ

اور اللہ نہین چاہتا ناحق والون کو اور اسواسطے کہ نکھارے اللہ ایمان والون کو اور مٹا دے کافرون کو

جب جنگ احد مین مسلمانون نے ہزیمت اٹھائی تو اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِكُمْ سُنَنٌ۔ سنن جمع سنت بمعنے طریقہ ہی اور مراد وہ وقائع ہین جو اللہ تعالے نے گذری امتون مین حادث کیے اور معنی یہ کہ تم سے پہلے اگلی امتون کے کافرون و رسولون کے جھٹلانے والون کے طریقے گذر چکے ہین کہ اللہ تعالے نے پہلے ایک وقت تک کافرون کو استدراجاً چھوڑ رکھا اور مسلمان انکے ہاتھ سے ایذا اٹھاتے رہے پھر ایک وقت پر کافرون کو پکڑا تو بالکل انکو جڑ سے مٹا دیا اور ظاہر ہی کہ اللہ عزوجل نے اس واقعہ کو فرمایا کہ جیسا کہ مومنون کو کافرون کے ساتھ یہی طریقہ اگلی امتون مین بھی ہوتا رہا ہی یہی نہ تھا کہ مومنین ہی غالب ہوتے رہے اور کافرین ایذا نہ دے سکتے ہون ہان انجام کار مومنون کے

لیے ہوتا تھا اور کافرین جنھوں نے دنیا کے مال ومتاع و دولت کے لیے کفر کیا تھا اس ساز و عمارات کو ویسا ہی چھوڑ کر غضب و مواخذہ الٰہی میں مبتلا ہو جاتے تھے اسیواسطے فرمایا۔ فَسِيرُوا۔ ایہا المومنون۔ فِي الْأَرْضِ فَانْظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُكَذِّبِينَ الرسل ای آخر امرہم من الہلاک فلاتحزنوا لغلبتہم فانا امہلہم لوقتہم۔ سو پھرو (ای مومنو) زمین میں اور دیکھو کہ کیسا ہوا انجام کار جھٹلانے والوں کا فی جنھوں نے رسولوں کو جھٹلایا ای آخر امر انکا ہلاک ہے پس تم غمناک نہو شہر کوں کے غلبہ سے کہ میں انکو ڈھیل دیتا ہوں انکے وقت تک فی مترجم کہتا ہے کہ ایسا ہی ایک جماعت مفسرین نے ذکر کیا کہ فسیروا کا خطاب مومنوں کو ہے اور شاید کہ تخصیص کی چنداں ضرورت نہیں مومن و کافر سب کو ارشاد ہے پس مومنوں کو صبر دلانا اور کافروں کا زعم توڑ دینا دونوں امر میں حاصل ہونگے اور یہ امر یعنے سیروا کا امر وجوب کا نہیں ہے کہ پھرنا واجب ہو بلکہ امر اعتبار کا ہے ای عبرت حاصل کرو انکے آثار سے جو کھنڈل و نشان پڑے ہیں چنانچہ ایک مقام پر فرمایا۔ تِلْكَ عَادٌ جَحَدُوا بِآيَاتِ رَبِّهِمْ یعنے اشارہ کے ساتھ انکے کھنڈلوں و نشانوں کیطرف کہ یہ دیکھو یہ قوم عاد تھی جنھوں نے اپنے پروردگار کی آیات سے انکار کیا پس عبرت ہو سنکو بیان الٰہی پر جو قرآن میں مذکور ہے یقین سے حاصل ہو پس پھرنے سے جو مقصود ہے یعنے عبرت۔ وہ حاصل ہو گئی بدون پھرے اور کافروں کو کچھ بھی نافع نہیں خواہ پھریں یا نہ پھریں اسیواسطے آگے فرمایا۔ هَٰذَا۔ القرآن۔ بَيَانٌ لِلنَّاسِ۔ کلہم۔ وَهُدًى۔ من الضلالۃ۔ وَمَوْعِظَةٌ لِلْمُتَّقِينَ۔ منہم۔ یہ قرآن بیان ہے آدمیوں کے لیے ای سب آدمیوں کے لیے خواہ کافر ہوں یا مومن ہوں اور ہدایت ہے گمراہی سے اور موعظت ان لوگوں کے لیے ہے جو انمیں سے متقی ہیں ف ہذا کا اشارہ قرآن کی طرف قرار دیا اور یہی شیخ ابن کثیر وغیرہ اصحاب روایت و درایت نے کہا ہے یعنے یہ قرآن کھلا بیان لوگوں کا ہے جو اللہ تعالے نے تمام لوگوں کی عبرت و ہدایت کے لیے بیان فرمایا ہے مگر اس سے نصیحت انھیں کو ہے جو شرک سے بچے ہوے مومن ہیں کہ انکو عبرت حاصل ہوتی ہے اور سعید بن جبیر نے فرمایا کہ آل عمران میں سے اول جو اترا وہ قولہ ہذا بیان للناس الآیہ ہے پھر بقیہ روز احد کو نازل ہوا۔ یہ روایت تفسیر ابن کثیر کو مؤید ہے اور حسن بصری سے صحیح روایت ہے کہ قرآن کی طرف اشارہ ہے۔ اور یہی صحیح ہے لیکن جو نہیں سمجھا اسنے کہا کہ اسمیں بُعد ہے حالانکہ یہ اللہ کا وہم ہے۔ اور بیضاوی وغیرہ نے کہا کہ ہذا یا تو قولہ قد خلت کی طرف اشارہ ہے یا قولہ فانظروا کے مفہوم کی طرف ای باوجودیکہ وہ بیان جھٹلانے والوں کے لیے ہے متقیوں کے لیے بھی نصیحت و زیادہ ہدایت ہے یا اس ملخص کی طرف اشارہ ہے جو متقین و تائبین کے حال سے لیا ہے لیکن اس صورت میں قولہ قد خلت جملہ معترضہ ہوگا جو ایمان و توبہ پر آمادہ کرنے کے لیے لایا گیا ہے مترجم کہتا ہے کہ یہ باتیں تکلف کی البتہ بعید ہیں۔ وَلَا تَهِنُوا۔ تضعفوا۔ عن قتال الکفار ضعیف نہو کافروں کے ساتھ لڑنے سے۔ وَلَا تَحْزَنُوا۔ علی ما اصابکم یا حد۔ اور غمناک نہو اس بات پر جو پہونچی تمکو احد کے دن۔ کیونکہ احد کے دن پانچ مہاجرین میں سے (از انجملہ سید الشہدا حمزہؓ و مصعب بن عمیرؓ ہیں) اور ستر انصار میں سے شہید ہوے تھے۔ وَأَنْتُمُ الْأَعْلَوْنَ۔ بالغلبۃ علیہم اور تمھیں اونچے ہو اوپر غلبہ کے ساتھ ف یعنے آخر تمھیں کو غلبہ ہے گویا مغلوب ہی نہیں ہو۔ جملہ اسمیہ فرمایا۔ اور یہ بشارت ہے یا یہ مطلب کہ غلبہ تمھیں کو اس معنے کر ہے کہ بدر میں تمنے اس سے زیادہ کو مصیبت پہونچائی یا غلبہ بہ ازراہ شان ہے کہ تم اللہ تعالے کی راہ میں شہید ہو بخلاف مشرکین کے کہ شیطان کی راہ میں دوزخی ہیں والاول ارجح۔ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ۔ حقا وجوابہ دل علیہ مجموع ما قبلہ۔ اگر تم مومنین ہو ف یعنے سچے اور اسکا جواب محذوف ہے جسپر مجموع ما قبل دلالت کرتا ہے۔ یعنے وہی اسکا جواب مقدر کیا جائیگا۔ پھر حرف ان تو ایسی چیز پر داخل ہوتا ہے جسمیں شک ہو تو جواب کیونکر ہوا بعضے نے کہا کہ ان بمعنے اذ ہے ای اذ کنتم ای لانکم۔ اور یہی طیبی نے کہا کہ لاتہنوا یا انتم الاعلون سے اسکا تعلق بطور تعلیل کے ہے یعنے سبب یہ کہ تم مومن ہو۔ کیونکہ یہ خطاب تو نبی صلعم و صحابہ مومنین کو ہے پس یہ نہیں ہو سکتا کہ شرط اپنی حقیقی معنے پر ہو۔ اور مترجم کہتا ہے کہ کشاف کی

پیروی میں جیسے بیضاوی وغیرہ نے یوں تفسیر کی ای لاتھنوا ان صح ایمانکم یا انتم الاعلون ان کنتم مؤمنین۔ تو یہ گستاخی سے خالی نہیں پھر یہ اشکال وارد کیا گیا کہ اللہ تعالےٰ نے حرف شک سے کیوں فرمایا کیونکہ اللہ تعالےٰ دانا ہی اور لوگوں نے جواب دینے شروع کیے اور مترجم کہتا ہی کہ یہ جواب کہ حرف ان بمعنے شک نہیں ہی صحیح ہی ولیکن مکمل بات تو یہ ہی کہ یہ اعتراض ہی کچھ نہیں باسطے کہ یہ تو تعلیق ہی پس نظیر اسکی یہ کہ زید کو معلوم ہی کہ بکر مر گیا اسلئے خالد سے کہا کہ اگر تو بکر سے دستخط کرالاوے تو قبول ہی اسمیں کوئی لاعلمی نہیں فافہم۔ اِنْ یَّمْسَسْکُمْ۔ یصبکم باحد۔ قرح بفتح القاف وضمہا جہد من جرح ونحوہ۔ اگر پہونچی تمکو احد میں قرح بفتح قاف وضم قاف بمعنے سختی ماند جراحت وغیرہ کے۔ فَقَدْ مَسَّ الْقَوْمَ۔ الکفار قَرْحٌ مِّثْلُهٗ۔ ببدر سو پہونچ چکی ہی قوم کفار کو قرح اسکے مانند یعنے بدر میں ف جملہ فقد مس الخ علت جزا ہی خود جزا نہیں ہی اور تقدیر یہ کہ ان یمسسکم قرح فاصبروا ولا تھنوا یا اہل الحق فقد مس القوم الذی علی الباطل قرح مثلہ وقد قاتلوکم ولم یہنوا۔ یعنے اگر تم کو احد میں مصیبت پہونچی تو صابر رہو سست مت ہو ای اہل ایمان کیونکہ قوم کفار کو جو باطل پر ہیں اسکی مثل مصیبت پہونچ چکی تھی مگر وہ لوگ سست نہیں ہوے بلکہ دوبارہ تم سے لڑنے آئے پھر قرح بفتح قاف جمہور کی قرارت ہی اور بضم قاف حمزہ وکسائی وابوبکر کی قرارت ہی اور دونوں کے معنے واحد ہیں وقیل بالفتح الجرح وبالضم الہم۔ اور تفتازانی نے کہا کہ ان یمسسکم حکایت حال ہی کیونکہ یہ سماں ماضی ہو چکا تھا اور رہا کہ ان کیونکر آیا تو بتقدیر کان ہی ای ان کان ہی ای ان کان یمسسکم۔ اور جاننا چاہیے کہ روز بدر میں کفار مکہ میں سے ستر مارے گئے اور ستر قید ہوے تھے ان قیدیوں کو مسلمانوں نے فدیہ لیکر چھوڑ دیا یہ عتاب ہوا اور آخر احد میں مسلمانوں نے حکم رسول اللہ صلعم سے خلاف کیا تو ستر سے کچھ زیادہ مسلمان مارے گئے اور اسیقدر کے قریب مجروح ہوے۔ اور قصہ یوں ہوا کہ دونوں صفوں کے درمیان مشرکین میں سے پہلے ابو عامر فاسق مع پچاس مرد اپنی قوم کے ظاہر ہوا اور پتھر برسانے اور موسوں نے بھی پتھر مارے تو وہ الٹا بھاگا اور قریش کی عورتیں دف بجاتی اور گاتی اور بہادری دلاتی تھیں اور بدر کے مقتول یاد دلاتی تھیں پھر مسلمانوں کے تیراندازوں نے مشرکین سواروں کو تیر مارنے شروع کیے کہ وہ پیچھے بھاگے پس طلحہ بن ابی طلحہ نشان بردار قریش نے آواز دی کہ کون مقابلہ کو آتا ہی پس حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بڑھکر آخر اسکو ایسی تلوار ماری کہ سر دو ٹکڑے ہو گیا وہ لشکر کا مینڈھا تھا پس رسول اللہ صلعم خوش ہوے اور تکبیر کہی اور مسلمانوں نے بھی تکبیر کہی اور صفوف مشرکین پر حملہ کیا یہانتک کہ انکی صفیں ٹوٹ گئیں اور اسوقت ہوے صبا چل رہی تھی پھر مشرکین کا نشان عثمان بن ابی طلحہ نے لیا اسکو حضرت حمزہ نے قتل کیا پھر ابو سعید بن ابی طلحہ نے لیا اسکو سعد بن ابی وقاص نے تیر مارا کہ گئے کی سی بان نکل آئی پھر مسافع بن طلحہ بن ابی طلحہ نے لیا اسکو عاصم بن ثابت بن ابی الاقلح نے برچھے قتل کیا پھر اسکے بھائی حارث نے لیا اسکو بھی عاصم نے قتل کیا پھر اسکو کلاب بن ابی طلحہ نے لیا اسکو زبیر بن العوام نے قتل کیا پھر جلاس بن طلحہ نے لیا پھر ارطاۃ بن شرحبیل نے لیا اسکو علی کرم اللہ وجہہ نے قتل کیا پھر شریح بن قارظ نے لیا پھر صؤاب نے لیا اسکو قزمان نے قتل کیا پھر جب نشان بردار مارے گئے تو مشرکین نے بھاگنا شروع کیا کہ پیچھے مڑکر نہیں دیکھتے تھے یہانتک کہ مشرکہ عورتیں ہند بنت عتبہ وغیرہ پیروں بھاگی جاتی تھیں اور پنڈلیوں سے ازار چڑھا ہوا تھی کہ انکی خلخال ظاہر ہو گئی تھی پس مسلمانوں نے کہنا شروع کیا کہ غنیمت لو غنیمت لو پس عبد اللہ بن جبیر نے کہا کہ تم بھول گئے کیا نبی صلعم نے تمسے نہیں کہا کہ اپنی جگہ سے نہ ہلنا پس انھوں نے انکار کیا اور کہا کہ رسول اللہ صلعم کی یہ مراد نہ تھی مشرکین تو بھاگ گئے اب ہم یہاں کیوں ٹھہریں پس مشرکوں کا پیچھا لوٹنا شروع کیا اور جو پاتے لے لیتے مگر امیر عبد اللہ بن جبیر مع چند آدمیوں کے جو دس سے کم تھے وہیں رہے اور کہا کہ حکم رسول خدا سے تجاوز نہ کرونگا پھر جب مسلمانوں نے یوں انکار کیا تو انکے منہ پھیر دیے گئے یہ نہیں جانتے تھے کہ کدھر جاتے ہیں متحیر تھے پھر خالد بن ولید نے فوج کو دیکھا کہ پہاڑ کی گھاٹی خالی ہی پس سواروں سے حملہ کیا اور عکرمہ بن ابی جہل نے مع اپنے سواروں کے ساتھ دیا اور باقیوں تیراندازوں پر حملہ کر کے

لہ خالد ابن الولید مسلمان نہیں ہوے تھے پھر جو نہی مسلمان ہو گئے وہ سب

قتل کیا اور امیر عبداللہ بن جبیر مارے گئے اور مسلمانوں کی صفیں ٹوٹ گئیں اور چکی گھومی اور ہوائے دنبور چلنے لگی اور اہل اسلام آپس میں بھڑ گئے کہ گھبراہٹ سے ایک دوسرے کو قتل کرتے تھے اور ابلیس نے آواز سے پکار دیا کہ آگاہ رہو کہ محمد مارا گیا پس صحابہ بھاگ نکلے اور رسول اللہ صلعم مع چودہ آدمیوں کے ثابت رہے کہ برابر تیر مارتے تھے اور انصار میں سے ستر شہید ہوئے اور مشرکوں نے حضرت صلعم کو گھیر لیا مگر اللہ تعالے نے انکو محروم کیا لیکن پتھر برسائے تو آپ کے اگلے نیچے اوپر کے دو دانت ٹوٹے اور چہرۂ مبارک زخمی ہوکر خون جاری ہوا اور ہونٹ پر زخم آیا آخر کار حضرت حضرت صلعم نے پہاڑی پر چڑھنے کا قصد کیا مگر چڑھ نہ سکے تو طلحہ رضی اللہ عنہ نے بیٹھکر کندھے پر اٹھایا اور آپ چڑھ گئے اور اس دن طلحہ رضی اللہ عنہ نے جو جانبازی کی وہ معروف ہی اور حضرت صلعم نے قطعی جنتی ہونے کی بشارت دی اور وہاں جو صحابہ متوحش بیٹھے تھے یہ ماجرا دیکھتے ہی خوف زدہ ہوکر بھاگے کہ شاید مشرک آگئے اور بہتیرے تو مدینہ میں بھاگ کر پہنچ گئے تھے پھر آنحضرت صلعم کی سلامتی سے بہت خوش ہوئے اور مشرکوں نے پہاڑی پر قصد کیا تو آپ نے دعا کی کہ ای اللہ میرے اوپر نہ آسکیں اور باقیوں کو مستاصل ہلاک کر کہ یہی توحید کی عبادت کرتے ہیں پس مشرکین کو رعب چھا گیا اور اوپر چڑھنے سے باز رہے اور ابوسفیان ایک ٹیکرے پر آیا اور پکارا کہ تم میں محمد ہیں اور تم میں ابوبکر ہیں اور تم میں عمر ہیں اور حضرت صلعم نے ہر ایک کی پکار پر جواب دینے سے منع کیا پھر ابوسفیان نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ یہ لوگ مارے گئے اگر ہوتے تو بولتے پس عمرؓ اپنے کو تھام نہ سکے اور بولے کہ او دشمن خدا تو جھوٹا ہی ابھی تیرے دکھ دینے والے یہ لوگ باقی ہیں پھر ابوسفیان نے کہنا شروع کیا اُعْلُ ہُبَلْ اُعْلُ ہُبَلْ تو نبی صلعم نے فرمایا کہ جواب نہیں دیتے ہو۔ بولے کہ کیا کہیں۔ فرمایا کہو اللہ اعلی واجل۔ ابوسفیان بولا کہ ہماری عزی ہی تمہاری عزی نہیں۔ آنحضرت نے فرمایا کہو۔ اللہ ہمارا مولی ہی تمہارا کوئی مولی نہیں۔ ابوسفیان بولا کہ یہ دن روز بدر کا بدلا تھا اسکو حضرت عمرؓ نے رد کر دیا کہ نہیں تمہارے مقتول دوزخ میں اور ہمارے مقتول جنت میں ہیں۔ ابوسفیان بولا کہ لڑائی گھومتی ہی کبھی ہمارا دانوں اور کبھی ہمپر ہی اور تم مقتولوں میں ایسے لوگ پاؤگے جو مثلہ کیے ہوئے ہیں سو میں نے انکے مثلہ کرنے کا حکم نہیں دیا اور مجھے برا بھی نہیں معلوم ہوا۔ اور یہ قصہ ارباب سیر نے طول کے ساتھ مفصل بیان کیا مگر میں نے بخاری و معالم وغیرہ سے تلخیص کیا ہی۔ بالجملہ اللہ عزوجل نے مومنوں کو سمجھایا کہ ایمان و اسلام تو اللہ تعالے کی رضامندی و حصول درجات ہی و دنیا کی چین و آرام و بلندی حاصل کرنے کو نہیں ہی اگر احد کی لڑائی میں تم کو قتل و زخم کی مصیبت پہونچی کہ ستر شہید ہوئے اور ستر زخمی ہوئے تو اس سے تم حق پر ہو کر اور ثواب پاکر دنیاوی نظر سے کیوں سست ہوئے کیونکہ قوم جو باطل پر ہیں اور انکو کوئی ثواب نہ ملا انھوں نے بدر میں ایسا زخم تمہارے ہاتھوں اُٹھایا مگر بے صبر نہیں ہوئے وَتِلْكَ الْاَيَّامُ نُدَاوِلُهَا۔ نصرفہا۔ بَيْنَ النَّاسِ۔ یوما الفرقۃ ویوما لاخری لتبتلوا۔ اور یہ ایام ہیں کہ انکو ہم گردش دیتے ہیں لوگوں کے درمیان ف کوئی روز کسی فرقہ کے حسب مراد اور کوئی روز دوسرے فرقہ کے حسب مراد ہوتا ہی اور اسمیں ہماری حکمتیں ہیں چنانچہ یہ کہ اس سے لوگ نصیحت پکڑیں منتہ جہم کہتا ہی کہ یتعظوا مقدر کرنے میں اشارہ ہی کہ یہ معطوف علیہ ہی اور اسکا معطوف قولہ۔ وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ۔ علم ظہور۔ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا۔ اخلصوا فی ایمانہم من غیرہم۔ اور تاکہ جانے اللہ تعالے علم ظہور کے ساتھ ان لوگوں کو جو ایمان لائے یعنے ایمان میں مخلص ہوئے ہیں غیر مخلصوں سے ف منتہ جہم کہتا ہی کہ ظاہر آیہ کریمہ سے وہم ہوتا ہی کہ اللہ تعالے نے ان ایام کی مداولت لوگوں میں اسواسطے کی تاکہ وہ مخلص کو غیر مخلص سے جان جاوے اور یہ علم حاصل کرے حالانکہ جناب باری تعالے تمام حوادث و واقعات کو انکی وقوع و وجود سے پہلے ہی جانتا ہی و قد قال ولا یعزب عن ربک مثقال ذرۃ فی السموات ولا فی الارض۔ اور پوشیدہ نہیں تجھ سے پروردگار سے ذرہ برابر بھی آسمان و زمین میں اور اسپر اجماع ہی کہ اسکا علم قدیم ہی اسمیں تغیر محال ہی اور امام رازی وغیرہ نے کہا کہ ایسا ہی اشکال ان آیات میں ہی قولہ ام حسبتم ان تدخلوا الجنۃ ولما یعلم اللہ الذین جاہدوا منکم۔ اور قولہ ولقد فتنا الذین من قبلہم فلیعلمن اللہ الذین صدقوا ولیعلمن الکاذبین

اور قولہ لنعلم ای الخ یعنی حصی لما لبثوا امدا۔ اور قولہ ولنبلوکم حتی نعلم المجاہدین منکم۔ اور قولہ الا لنعلم من یتبع الرسول ممن ینقلب علی عقبیہ۔ اور قولہ لیبلوکم ایکم احسن عملا۔ پس ان سب آیات سے وہم یہ ہوتا ہے کہ اللہ تعالے کو ان اشیاء کا علم انکے حدوث پر ہوا حالانکہ یہ وہم قطعا غلط ہے اور تعالے انکے وجود سے پہلے ایسا ہی واقف و عالم ہے جیسا کہ انکے وجود پر اسکے نزدیک سب یکسان ہے پس جواب اسکا متکلمین نے یہ دیا کہ دلائل عقلیہ دال ہیں کہ اللہ تعالے حوادث کو قبل انکے وقوع کے جانتا ہے اور تغیر اسکے علم میں محال ہے لیکن علم کا اطلاق معلوم پر اور قدرت کا اطلاق مقدور پر مجاز مشہور ہے چنانچہ کہتے ہیں کہ یہ علم فلان ہے یعنے یہ اسکا معلوم ہے اور ایسے ہی یہ قدرت فلان یعنے مقدور فلان مجازا کہا جاتا ہے پس جہاں علم کے نئے پیدا ہونے کا علم ہوتا ہے وہاں معلوم کا تجدد مراد ہے پھر جب یہ معلوم ہوا تو اس آیہ کریمہ میں چند وجوہ کا احتمال ہے اول آنکہ لیعلم ای لیظہر المخلص من غیرہ تاکہ ظاہر ہو جاوے اور متمیز ہو جاوے مخلص از منافق دوم آنکہ لیعلم اللہ بحذف مضاف ہے ای لیعلم اولیاء اللہ جان لے وہ شخص جو اللہ تعالے کا ولی ہے ولیکن تفخیم شان کے واسطے اپنی طرف نسبت فرمایا۔ سوم آنکہ لیعلم اللہ ای لیحکم اللہ بالامتیاز پس چونکہ حکم مذکور بعد علم کے ہوتا ہے اسپر علم کا اطلاق کیا۔ چہارم آنکہ لیعلم اللہ ای لیعلم اللہ تعالیٰ کما کان یعلمہ سیقع یعنے اسکو ازراہ واقع ہونے کے جان لے جیسے جانتا تھا کہ عنقریب واقع ہوگی اسواسطے کہ جزا و سزا کا مدار محض معلوم پر نہیں بلکہ واقع پر ہے اور یہی مراد ہے کلام بیضاوی کی کہ کہا تاکہ جان لے ایسے علم کے ساتھ جس سے جزا و سزا متعلق ہوتی ہے اور وہ علم کسی شے کا اسکے موجود ہونے کے ساتھ ہے۔ مترجم کہتا ہے کہ یہی علم ظاہر ہے جو مفسر نے کہا ولیکن پوشیدہ نہیں کہ علم الٰہی جسکے وجود سے متعلق ہے وہ ضرور موجود ہوگی جیسے جس چیز کے عدم سے متعلق ہے وہ کبھی نہ موجود ہوگی اور علم الٰہی پر ہر شے کی حالت وجود اور غیر وجود میں یکساں ہے جیسا کہ پہلے بیان ہوا پس علم میں کوئی فرق نہیں ہوا فافہم اسی سے بیضاوی نے اسکو لفظ قیل کے ساتھ ضعیف ہونے کی طرف اشارہ کیا اور جو خود اختیار کیا یہ ہے کہ غرض اس سے معلوم کا اثبات ہے بطریق برہان یعنے تاکہ کھل جاوے وہ جو علم الٰہی میں ثابت ہے یعنے معلوم الٰہی ثابت ہو جاوے اور شاید کہ کلام مفسر رح کے بھی یہی معنے ہوں لیکن خلاف اصطلاح ہے اور یہ کلام جید پاکیزہ ہے اور جبر است ترجمان القرآن حضرت ابن عباس رض نے اس آیہ اور اسکے مانند میں کہا ای لنری من یصبر علی مناجزۃ الاعداء تاکہ ہم دیکھیں جو صبر کرتا ہے دشمنان حق کے قتال میں۔ اور مترجم کہتا ہے کہ حق یہ ہے کہ اللہ عزوجل نے بندوں سے انکے محاورات والی سمجھ کے موافق کلام فرمایا اور اسمیں مجاز و استعارات و تمثیل کو جو بلاغت کی گویا اصل ہیں استعمال فرمایا پس یہ کلام بر سبیل تمثیل ہے ای فعلنا فعل من یرید ان یعلم۔ یعنے جیسے کوئی بندہ کسی کام کو کسی بات کی آزمایش و جاننے کو کرتا ہے ہم نے بھی ایسا ہی کیا۔ وَيَتَّخِذَ مِنكُمْ شُهَدَاءَ۔ یعنے تم میں سے بعض کو درجۂ شہادت کرامت فرماوے۔ وَاللَّهُ لَا يُحِبُّ الظَّالِمِينَ۔ الکافرین ای یلعنہم و یعذبہم علیہم استدراج۔ یہ جملہ معترضہ بیان ہے کہ تم میں سے بعض کو کرامت دے جو ثواب جزیل سے ہے اور اللہ تعالے کافروں کو نہیں چاہتا، یعنے انکو عذاب دیگا پس انکو جو ظاہر میں تم پر فتح معلوم ہوتی ہے یہ نعمت انکے حق میں استدراج ہے ای رفتہ رفتہ انکو ہلاکت میں بڑھا دیگا کہ سہل و عیش کی طرف سے فتح سمجھے اور اللہ تعالے کے ساتھ شرک بڑھایا۔ وَلِيُمَحِّصَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا۔ لیطہر ہم من الذنوب بما یصیبہم۔ پھر جو شہید نہیں ہوئے انپر فضل بیان کیا اور تاکہ پاک کرے ایمان والوں کو ان گناہوں سے بسبب اس محنت کے جو انکو پہونچی اور تمحیص کہتے ہیں کسی شے کو اسکے میل کچیل سے پاک کر دینا پس مومن کو جو مصیبت پہونچے اور وہ صبر کرے تو اسکے گناہ معاف ہوتے ہیں اگر ہوں ورنہ اسکے درجات بلند ہوتے ہیں اور ظاہر یہاں یہی اخیر صورت ہے وَيَمْحَقَ الْكَافِرِينَ۔ ای یہلک۔ یعنے تاکہ کافروں کو ہلاک کرے۔ مدارک میں کہا یعنے اگر کافروں پر شکست ہو تو یہ کہ ہلاک ہوں اور مترجم کہتا ہے کہ مومنین میں سے شہداء لیے انکے مقابلہ میں کافروں کو ناپسند رکھا اور مومنین میں سے زندہ کو بلندی درجات و طہارت کا فضل دیا انکے مقابلہ میں زندہ بچے ہوئے کافروں کی ہلاکت فرمائی خواہ انکو فتح ہو تب اور شکست ہو تب اسلیے کہ دونوں طرح وہی موت یا گنا ہونگی

ہلاکت مین پڑے فافہم فی عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے ہذا بیان للناس - حق سبحانہ وتعالے کا کلام یعنے قرآن مجید اسکی صفت ازلیہ ہی جو امور کونین کے حقائق کھولنے والا ہی مگر ایسے شخص پر جسکو لیاقت حاصل ہی پس قرآن کے لایق وہ بندے ہین جنکی روح جلالی اور قلب جمالی ہی نفوس مطمئنہ اور سر بالمنی انکا حق سبحانہ تعالے سے ہر اشارہ قبول کرتا ہی اور اسی گروہ کو معارف کو اتصاف کے واسطے برگزیدہ فرمایا ہی اور جب یہ بات ٹھہری تو حق عزوجل اپنے کلام پاک سے اہل قرآن کے لیے ایسی تجلی فرماتا ہی جس سے انکو مراد حق کھل جاتی ہی اور راہ صواب پر ہدایت ہوتی ہی کیونکہ وہ خزانہ قدم کی کنجی ہی جو اسکے ساتھ موافق رہا اسکو پردہ حروف سے مشاہدہ صفت قدیمہ حاصل ہوتا ہی اور ہر مراد کو پہونچتے ہین قال المترجم اسمین اشارہ ہی کہ حروف قدیم نہین ہین اور یہی حنفیہ وغیرہ محققین کا قول ہی پس شیخ رحمہ اللہ اگرچہ شافعی ہین لیکن جمہور شافعیہ مین ہین جنکا یہی قول ہی پھر جان کھوکہ بعضے اکابر نے تصریح کردی ہی کہ قرآن کے ظہر و بطن سے مراد یہی ہی کہ ظاہر اسکا ظہر ہی اور بطن اسکا اگر بلا حجاب ظہر ہو تو نور سے قاری فنا ہو جاوے اور یہ بات ایسی ہی کہ عوام تو اسکو سمجھتے نہین ہین عجب ان لوگون سے ہی جو علما کی صورت مین ہین جب بات سنتے ہین تو منہ دیکھتے ہین یا انکار کرتے ہین اور یہی حق ہی اگرچہ وہ پڑے انکار کیا کرین - اللھم غفرلی وارحمنی واحسن الھدایہ - امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل اپنے بندون کے واسطے قرآن مین تجلی فرماتا ہی اور جسکو اسکے بیان پاجانے سے اہلیت صفت حاصل ہی اسکو کشف جلال باری تعالے کی ذاتی لیاقت ہی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قران والے اہل اللہ تعالے اور اسکے خاص بندے ہین ہر ایک کو اسیقدر خصوصیت ہی جتنی اسنے مقامات مین ترقی کی ہی مترجم کہتا ہی کہ حضرت صدیق اکبرؓ کی صفت مین آیا ہی کہ قرارۃ قرآن کے وقت اپنی آنکھون کے مالک نہین رہتے تھے یعنے بے اختیار انکو رونا چلا آتا تھا پس یہ ایسی بات ہی کہ صدیقون کے احوال پر قیاس کرین خطاب قرآن سب بندون کو عام ہی کوئی قوم اسکو عقل کانون سے سنتی ہی کہ یہ حکم ہی اور یہ عبرت ہی اور کوئی قوم اسکو دل کے کانون شوق وحلاوت سے سنتی ہی اور کوئی قوم اسکو روح کے کانون محبت ومعرفت وانس سے سنتی ہی اور کوئی قوم اسکو اسرار کے کانون سے ملاحظہ انوار کے ساتھ ازراہ کشف وبیان سنتی ہی اور یہ اسرار وہ قائع منکشف نہین ہوتے مگر آدمیون کے واسطے اور جو شخص کہ خلق آدم علیہ السلام سے آراستہ نہین اور نہ اسکو علم اسماء وصفات سے کچھ بہرہ ہی جو آدم علیہ السلام کو تمام وکمال عطا ہوا تھا تو وہ جنگلی جانور ہی اسکو مشاہدہ قرآن وملاحظہ اسرار کہان ہی کیونکہ اللہ عزوجل نے ہم بندون کو آگاہ فرمایا کہ ہذا بیان للناس معلوم ہوا کہ وہ آدمیون کے واسطے ہی نہ جانورون کے لیے اور آدمی تو وہی ہی جسکا حال ہم نے بیان کیا وہی بیان الٰہی مین اللہ تعالے ہی کے ساتھ باقی رہتا ہی ماسوائے حق کے سب سے قطع ہوتا ہی چنانچہ فرمایا - وہدی وموعظۃ للمتقین حضرت جعفرؒ نے فرمایا کہ بیان کو لوگون کے واسطے ظاہر کردیا لیکن اسپر متنبہ کوئی نہین ہوتا سوائے اسکے جسکو اسکی طرف سے نور یقین اور اسرار پاکیزہ سے تائید وتوفیق ملی ہی کیا تو نہین دیکھتا کہ اسنے فرمایا - ہدی وموعظۃ للمتقین - آگاہ رہو کہ اس بیان سے ایسا ہدایت پانا اور ایسی نصیحت لینا انھین متقیون کو حاصل ہی جنھون نے سوائے حق عزوجل کے سب چیز سے تقوی کیا ہی استاد رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ایک قوم کے واسطے تو یہ قرآن ازراہ دلائل عقلی بیان ہی اور دوسری قوم کے واسطے ازراہ مکاشفہ قلوب اور قوم دیگر کے واسطے ازراہ تجلی حق در اسرار مترجم کہتا ہی کہ عقل سے مراد یہ نہین ہی جو عوام سمجھتے ہین بلکہ اپنی اصطلاح کے موافق ہی اور وہ عقل کل ہی جسپر مین نے بارہا تنبیہ کردی ہی قولہ تعالے ولا تھنوا ولا تحزنوا وانتم الاعلون - اللہ عزوجل نے انکو حقائق ایمان سے آگاہ فرمایا جو کہ یقین ہی اور یقین یہ کہ دل کو پروردگار عزوجل کے وعدے پر سکون ہو مترجم کہتا ہی کہ بعضے جاہلون نے جو اپنے آپکو عالم معقول جانتے ہین تصور کیا کہ منطقی اذعان ایمانی یقین سے اعلی ہی اور یہ مہمل کلام ہی آجتک مین اسکو نہین سمجھا اور اہل حقیقت کے نزدیک یقین وہ نزول سکینہ ہی قلب مین جسکو تصور وتصدیق سے جو علم حصولی کے اقسام ہین کچھ تعلق نہین ہی اور مین نے بعض مقام پر بیان کردیا

کہ فلاسفہ کی تصدیق جسکا مدار استدلال پر ہی محض واہی ہی تو نہیں دیکھتا کہ یونانی سینا لیس الاکذا کو شفاء مین اذعان کہتا ہی اور افلاطون کے نزدیک وہ ہیولی ثابت نہین جسکو ارسطو ثابت کرتا ہی پس ہر ایک اپنے دعوے پر اذعان سے لیس الاکذا کا قائل ہی حالانکہ دونون متناقضین جمع نہین ہوسکتی ایک قطعًا غلط ہی پھر لیس الاکذا کی یہ حقیقت ہی اللہ تعالے ایسی گمراہی سے بچاوے ای اہل ایمان نور نبوت حضرت محمد صلعم سے علم حاصل کرو اور نفس شیطان سے بیزار کر تب تصدیق کے معنے معلوم ہون دیکھو تصدیق ایمانی والون مین سے وہ ہین جنکے سر پر آرا چلایا گیا اور آگ مین جلائے گئے اور وہ اپنی تصدیق پر تھے فافہم واللہ الہادی وہو المضل ونعوذ باللہ من الضلال اس آیت مین اللہ تعالے نے بیان کردیا کہ جب تم معارج ایمان و تصدیق مین ہوے تو تمھارے دشمن پر تمھاری فتح و تمھارا غلبہ جاری ہی پھر غمناکی و ضعف کے کیا معنے ہین کیونکہ جسنے حقیقت حال معائنہ کیا اسکا یقین وہی یقین قوی ہی اور اس سے سب اندوہ جاتے رہے اور عارف کا سرا وار اندوہ وہ ہی جو مشاہدہ سے غیبت طاری ہونے کے وقت قبض پیدا ہونے سے اسکے سینہ کو تنگی ہوتی ہی اور خوشی اسکی وہ ہی جو ملکوت پروردگار کے انکشاف کے وقت اسکی روح کو کشادگی ہوتی ہی - اور محمد بن موسی سے پوچھا گیا کہ آدمی کا کیا حال ہی کہ کبھی اندوہناک اور کبھی فرحناک ہوتا ہی - فرمایا کہ غذاے ارواح پردہ پڑ جانے اور تجلی ہونے مین بدلتی ہی سو تجلی کے وقت اسکو خوشی ہوتی ہی اور پردہ پڑنے کے وقت اندوہ چھا جاتا ہی پس جب پردہ مین محجوب ہوا اندوہناک ہوا اور جب اسنے الطاف کی نظر دیکھی خوش ہوا اور جب سخط و خشم کی نگاہ دیکھی خوفناک قلق مین ہوگیا قال المترجم اسمین حال صحابہ رضی اللہ عنہم کیطرف لطیف اشارہ کیا فافہم

**اَمْ حَسِبْتُمْ اَنْ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ وَلَمَّا يَعْلَمِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ جَاهَدُوْا مِنْكُمْ وَيَعْلَمَ**

کیا تمکو خیال ہی کہ داخل ہوجاؤگے جنت مین اور ابھی معلوم نہین کردیے اللہ نے جو تم مین سے جہاد کرنے والے ہین اور معلوم کرے

**الصّٰبِرِيْنَ ۝ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ ۠ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ وَاَنْتُمْ**

ثابت رہنے والے اور تم تو آرزو کرتے تھے موت کی موت سے ملنے پہلے سو ابھی دیکھا تمنے اسکو اور تم

**تَنْظُرُوْنَ ۝** ع ۱۴

دیکھتے ہو

آم - بل - حسبتم - مفسر رح نے ام کو بل سے تفسیر کرنے مین اشارہ کیا کہ ام منقطعہ ہی اور ہمزہ انکار ہی یعنے (بلکہ تم نے خیال کیا) ای ایسا مت خیال کرو - ان تدخلوا الجنۃ ولما - لم - یعلم اللہ الذین جاھدوا منکم - علم ظہور - کہ داخل ہوجاؤ تم جنت مین اور نہین معلوم کیا اللہ نے ان لوگون کو جنھون نے جہاد کیا تم مین سے علم ظہور کرکے ف مفسر رح نے لما یعلم کی لم یعلم سے تفسیر کرنے مین اشارہ کیا کہ یہ دونون بمعنے واحد ہین جیسا کہ جمہور کا قول ہی اور زمخشری نے کہا کہ لم ولما مین فرق یہ ہی کہ لما مین نفی ماضی و توقع مستقبل ہوتی ہی ای نہین صادر ہوا جہاد تم سے ماضی مین ولیکن آیندہ متوقع ہی علی ما ذکرہ الرازی اور کہا گیا کہ یہ معنے لما کے امام النحاۃ سیبویہ رح نے ذکر کیے ہین مگر ابو حیان نے زمخشری پر اعتراض کیا کہ مجھے نہین معلوم ہوا کہ کسی نحوی نے لما کے یہ معنے کہے ہون بلکہ انھون نے اتنا ہی کہا کہ لما سے نا ابیندم متصل نفی ہوتی ہی پھر بیضاوی نے ذکر کیا کہ اسمین دلیل ہی کہ جہاد فرض کفایہ ہی مترجم کہتا ہی شاید منکم کی لفظ سے نکالا کہ بعض کے ادا کرنے پر دلالت کرتا ہی فتامل - **وَيَعْلَمَ الصّٰبِرِيْنَ** فی الشدائد اور یہ مین جانا سختیون مین صبر کرنے والون کو ف ابھی تک ایسے لوگ متمیز نہین ہوے جو مجاہد صابر ہین اور جو جھوٹے منافق

ہین حتی کہ جب امتحان سخت آجاویگا تب مقبول ہوجاوینگے جو ثابت قدم رہینگے اور یہ غزوہ خندق مین ہوا جسکا بیان احزاب مین ہی۔ وَلَقَدْ كُنْتُمْ تَمَنَّوْنَ ۔ فیہ حذف احدی التائین فی الاصل۔ یعنے تتمنون۔ الْمَوْتَ مِنْ قَبْلِ اَنْ تَلْقَوْهُ حیث قلتم لیت لنا یوما کیوم بدر لننال مانال شہداءہ۔ اور البتہ تم لوگ موت کی تمنا کیا کرتے تھے قبل اسکے کہ موت سے ملاقی ہو ف کیونکہ تمنے کہا کہ کاش ہمکو ایک دن ویسا ملتا جیسا بدر کا دن تھا تاکہ حاصل ہوتا ہمکو جو حاصل ہوا شہداء بدر کو۔ ایسا ہی ابن عباس رض سے منقول ہوا ہی دعا کرنا مروی ہوا ہی۔ اگر کہا جاوے کہ تمنے موت تو منع ہی قرطبی رح نے جواب دیا کہ مسلمانون سے موت کی تمنا کرنا شہادت کی تمنا ہی جو جہاد مین صبر و ثبات پر مبنی ہی نہ اس بات پر کہ کفار انکو قتل کرڈالین اسواسطے کہ یہ تو معصیت و کفر ہی جو نہین جائز ہی پس درخواست شہادت کی تھی اگرچہ مودی بقتل ہو منتر جم کہتا ہی کہ صریح ممانعت تو موت کی بددعا اپنے اوپر کرنے سے ہی اور محققین نے کہا مطلقا موت کی تمنا ممنوع نہین بدلیل آنکہ اللہ تعالے نے یہود کو کہا کہ فتمنوا الموت ان کنتم صادقین۔ اور حضرت یوسف علیہ السلام نے دعا کی کہ توفنی مسلما والحقنی بالصالحین۔ پس آل عمران کا جزع و فزع دنیاوی محنت پر ہی اور یہان شہادت کی امید پر ہی جو قطعا خیر ہی اسیواسطے موت کی تمنا تفسیر کی گئی اور یہی اثر ابن عباس رض مین مصرح ہی کہ شہادت مانگتے تھے پس سوال وارد ہی نہین ہوتا۔ اور یہ جو کہا گیا کہ انہین غلبہ کفار کی دعا ہی کیونکہ انکے غلبہ سے قتل ہونا شہادت ہی تو یہ وہم ہی کیا تو نہین دیکھتا کہ بدر مین باوجود غلبہ مومنین کے بھی شہید ہوے تھے۔ فَقَدْ رَاَيْتُمُوْهُ ۔ سو تم نے موت کو دیکھ لیا ف اسی سببیہ وہو الحرب۔ یعنے سبب موت کو دیکھ لیا جو حرب و لڑائی ہی کیونکہ خود موت کو انھون نے نہین دیکھا تھا۔ وَاَنْتُمْ تَنْظُرُوْنَ ۔ ای تبصرون تتاملون الحال فتعلمون امرہ تم۔ ابصار بضم اول جمع بصیر ہی پس معنے آنکہ اور حال یہ کہ تم بصیر و نظر والے لوگ ہو حالت مین تامل کی نگاہ کرسکتے ہو کہ کیونکر ہی پھر تم کیون بھاگے۔ اصل سوال یہ کہ فقد رایتموہ کے بعد وانتم تنظرون کے کیا معنے ہین۔ پس مفسر رح کا جواب مذکور ہوا اور معالم وغیرہ مین کہا کہ یہ بطور تاکید کے ہی اور یہ انخفش رح کا قول ہی۔ پھر کہا گیا کہ اسمین گونہ توبیخ ہی کہ انھون نے حرب کی تمنا کی پھر بھاگ نکلے اور چاہیے تھا کہ تمنا کرکے مانگی تھی تو دلیرانہ لڑتے اور صبر کرتے اور نیز توبیخ میں یہ بھی اشارہ ہی کہ بلا و امتحان کی تمنا کرنا نہین چاہیے کیونکہ بندہ اسکے امتحان کے لائق نہین ہی وہ خود امتحان مین لانا اور توفیق دیکر خود ہی پار اتارتا ہی اور اسکے مؤید ہی جو صحیحین مین ثابت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ دشمن سے بھڑنے کی تمنا مت کرو اور اللہ تعالے سے عافیت مانگو اور جب تم سے دشمن سے مٹھ بھیڑ ہوجاوے تو صبر سے ثابت قدم رہو اور جان لو کہ جنت تلوارون کے سایہ تلے ہی

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۭ اَفَا۟ىِٕنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ

اور محمد تو ایک رسول ہی ہو چکے پہلے اس سے بہت رسول پھر کیا اگر وہ مرگیا یا مارا گیا تو تم پھر جاؤگے

عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ ۭ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰي عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـــًٔا ۭ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ

الٹے پانون اور جو اپنی الٹے پانون پھر جائیگا وہ اللہ کا کچھ نہ بگاڑے گا اور جلد اللہ ثواب دیگا

الشّٰكِرِيْنَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ كِتٰبًا مُّؤَجَّلًا ۭ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ

بھلا ماننے والون کو اور کسی جان کو یہ نہین کہ مرجاوے مگر اللہ کے حکم ہی سے لکھا ہوا وعدہ اور جو کوئی چاہیگا

الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۚ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۭ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۝

دنیا کا بدلا ہم دنیا سے اسکو دینگے اور جو کوئی آخرت کا بدلا چاہیگا ہم اسمین سے اسکو دینگے اور جلدی ہم ثواب دینگے احسان ماننے والون کو

ونزل فی ہزیمتہم لما اشیع ان النبی صلعم قتل وقال لہم المنافقون ان کان قتل فارجعوا الی دینکم۔ جب عین معرکۂ احد مین یہ آواز فاش ہوئی کہ نبی صلعم قتل ہوے پس صحابہ بھاگے اور منافقون نے اُنسے کہا کہ اگر وہ قتل ہوے تو تم اپنے دین کی طرف لوٹو تب نازل ہوا قولہ تعالے۔ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ۔ نہین محمد مگر رسول اس ایک صفت پر اقتصار کیا بطور مجاز کے ہی اور معنے یہ کہ مقصود انسے یہی رسالت ہی یہ نہین کہ اسکے سوائے یہ بھی مقصود ہو کہ انکو موت نہ آویگی جیسا تم نے بعید جانا کیونکہ حی قیوم صفت باری تعالے ہی اور بات یہ ہوئی تھی کہ بروز احد یہ بات پھیل گئی کہ محمد صلعم مارے گئے اور اس خبر پر جو صحابہ نے ہزیمت اُٹھائی تو ہر چند حضرت صلعم نے آواز دی کہ ادھر میری طرف آؤ ادھر آؤ کسی نے نہ سنا پس جو بھاگے ہوے پہاڑی پر تھے بعض نے کہا کہ ہم کو کوئی ایسا ایلچی مل جاتا جو عبداللہ بن ابی منافق کے پاس مدینہ جاتا کہ وہ ابوسفیان سے ہمارے لیے امان لیتا اور بعضے منافقون نے کہا کہ اگر محمد قتل ہوے تو کیسے نبی تھے تم اپنے پہلے دین مین آؤ اور قریش کو ہاتھ دیدو کہ وہ آخر تمہارے بھائی ہین پس انس بن النضر رضی نے دونون کے کلام سے بیزاری و پناہ مانگی اور حضرت صلعم کے بعد زندہ رہنا بیکار سمجھکر تلوار سے مشرکون پر سخت حملہ کیا آخر کو شہید ہوے اور حضرت صلعم پہاڑی کی طرف لوگون کو پکارتے چلے پہاڑی پر اول جسنے پہچانا وہ کعب بن مالک ہین پھر آواز دی کہ اے مسلمانو خوشخبر ہو کہ رسول اللہ صلعم یہ موجود ہین آنحضرت صلعم نے اشارہ سے منع کیا پھر صحابہ رضی اللہ عنہم مین سے ایک ٹکڑا آپ کی طرف جمع ہوا آپ نے انکو بھاگنے پر ملامت کی بولے کہ ہمارے ماں باپ آپ پر قربان ہم کو جب یہ خبر پہونچی کہ آپ قتل ہوے تو ہمارے دل رعب مین آگئے ہم اُلٹے پانون بھاگے پس اللہ عزوجل نے یہ آیت اُتاری شیخ ابن کثیر رحمہ نے فرمایا کہ ابن ابی نجیح نے اپنے باپ سے روایت کی کہ مہاجرین مین سے ایک شخص پر ایک انصاری کیطرف بھاگتے ہین گذرا اور پوچھا کہ بھائی تم کو معلوم ہو کہ محمد صلعم قتل ہوے تو انصاری نے جو اپنے خون مین لتھڑے پڑے تھے فرمایا کہ اگر محمد صلعم قتل بھی ہوے ہون تو وہ دین تنکو پہونچا چکے تم اپنے دین کیطرف سے لڑو پس نازل ہوا قولہ وما محمد الا رسول الآیۃ۔ رواہ البیہقی۔ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ۔ اس رسول مکرم سے پہلے بہت رسول گذر چکے فَمَضَوْا۔ یعنے محمد بھی انھین رسولون کی طرح عنقریب گذر جائیگا۔ اَفَائِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ کثیر۔ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ۔ رجعتم الی الکفر والجملۃ الاخیرۃ محل الاستفہام الانکاری ای ما کان معبودا فرجعوا۔ کیا اگر مرا یا قتل ہوا (مانند دیگر بعض انبیا کے) تو تم رجوع کروگے اپنی ایڑیون پر (ای لوٹ پڑوگے کفر پر) فمضوا یہی جملہ اخیرہ محل استفہام انکاری ہی یعنے وہ معبود نہین تھا کہ اسکی موت و قتل پر تم لوٹ جاؤ کہ پھر کسکی عبادت کرو۔ یہ آیت حضرت مصعب بن عمیر کی زبان پر اُتری کہ جو احد کے روز حضرت صلعم کے نشان بردار تھے جب ابن قمیہ ملعون نے حضرت صلعم کا قصد کیا اور پتھر مارا کہ آپ کے زخم آگیا درحالیکہ لوگ پریشان تھے تو مصعب نے اُس ملعون کو روکا اور حال یہ ہوا جو ابن سعد رضی نے طبقات مین بطریق واقدی روایت کیا کہ اسکا داہنا ہاتھ کاٹا گیا پس نشان بائین ہاتھ مین لیا اور یون کہتے تھے کہ وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم۔ پھر بایان ہاتھ کاٹا گیا تب نشان پر جھک ہے اور بازو سے چپٹایا اور یہی کہے جاتے تھے پھر قتل ہوے تب نشان گر پڑا۔ محمد بن بشر العبدی عبدری راوی کہتے ہین کہ اسوقت یہ آیۃ وما محمد الا رسول نہین اُتری تھی پھر اسکے بعد اتری ہی اگر کہا جاے کہ مات او قتل شک ہی بحرف او اور یہ جناب باری تعالے سے محال ہی جواب یہ کہ او مساوات حکم کے لیے ہی یعنے خواہ ایسا ہو یا ایسا ہو کوئی بھی مرتد ہونے یا شکست اُٹھانے کا مستوجب نہین ہی اور یہان تو درحقیقت دونون مین سے کچھ بھی نہین واقع ہوا۔ اگر کہا جاے کہ اللہ تعالے نے بہت سی آیات مین بیان فرمایا ہی جس سے ثابت ہوتا ہی کہ حضرت صلعم قتل ہونگے چنانچہ قولہ انک میت وانہم میتون۔ اور وما جعلنا لبشر من قبلک الخلد پھر او قتل کیونکر فرمایا۔ تو جواب دیا گیا کہ

یہ بطریق الزام ہو کہ تم یہود و نصاریٰ سے کم ہوتے ہو حالانکہ یہود نے جانا کہ موسیٰ مر گئے مگر وہ نہیں مرے اور نصاریٰ نے اپنے زعم پر اعتقاد کیا کہ عیسیٰ قتل ہوئے مگر نہیں پھرے تم کیونکر ایسا کر سکتے ہو۔ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْئًا۔ وانما یضر نفسہ۔ اور جو کوئی الٹے پاؤں پھرا وہ اللہ تعالےٰ کا کچھ نہ ضرر کریگا ف بلکہ وہ اپنے آپ ہی کو ضرر پہونچاویگا کیونکہ ثواب سے محروم ہو گا۔ وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ۔ نعمہ بالثبات۔ اور اللہ تعالےٰ ثواب عطا فرماویگا شاکروں کو۔ یعنے ان لوگوں کو جو شکر کرتے ہیں اسکی نعمتوں کا ساتھ ثبات کے۔ یعنے قائم رہتے ہیں اللہ تعالےٰ کی فرمانبرداری پر اور اسکے دین کے واسطے لڑتے ہیں اور اسکے رسول صلعم کی خواہ زندہ ہوں یا انتقال فرمایا ہو پیروی کرتے ہیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہو کہ حضرت صلعم کی زندگی میں کہا کرتے کہ واللہ ہم الٹے پاؤں نہیں پھرینگے بعد اسکے کہ اللہ تعالےٰ نے ہمکو ہدایت فرمائی اور واللہ اگر حضرت صلعم مرے یا قتل ہوئے تو ضرور میں اسی راہ پر لڑے جاؤنگا جس پر حضرت صلعم لڑے یہانتک کہ مرجاؤں رواہ الطبرانی اور بخاری کی حدیث وفات میں ہو کہ ابوبکر نے آکر حضرت صلعم کا چہرہ مبارک کھولا (جب آپ انتقال فرما چکے تھے) اور منہ کے بل آپ پر گر پڑے اور بوسہ لیا اور رو کر کہا کہ میرے ماں باپ آپ پر فدا۔ اللہ تعالےٰ دو موتیں آپ پر جمع نہ کریگا۔ ابن عباس نے کہا کہ ابوبکر نکلے اور عمر لوگوں سے باتیں کرتے تھے (یعنے جو حضرت صلعم کو مردہ کہیگا میں قتل کرونگا) عمر سے کہا کہ بیٹھو ای عمر پھر خطبہ پڑھا اما بعد جو شخص کہ محمد کو پوجتا تھا تو محمد نے تو انتقال کیا اور جو اللہ تعالےٰ کو پوجتا تھا تو اللہ تعالےٰ زندہ ہو کبھی اسکی پاک ذات کو موت نہیں۔ اللہ تعالےٰ نے فرمایا وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم الی قولہ وسیجزی اللہ الشاکرین۔ ابن عباس نے کہا کہ واللہ گویا لوگوں کو یہ آیت ہی معلوم نہ تھی یہانتک کہ ابوبکر نے پڑھی ہو پس کوئی بشر نہیں تھا مگر آنکہ اسکی زبان پر یہی آیت تھی۔ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ الشاکرین ای وہ لوگ جو دین پر ثابت رہے وہ ابوبکر اور اصحاب ہیں پس علی کرم اللہ وجہہ کہتے تھے کہ ابوبکر رضہ شاکروں کے امیر تھے اور سب سے زیادہ شکر گزار اور اللہ تعالےٰ کو محبوب تھے

وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ اَنْ تَمُوْتَ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ بقضائہ۔ كِتٰبًا۔ مصدر ای کتب اللہ ذلک کتابا مؤجلا موقتا لا یتقدم ولا یتاخر فلم انہزمتم والہزیمۃ لا تدفع الموت والثبات لا تقطع الحیوۃ۔ یعنے نہیں سزاوار ہو کسی نفس کو کہ مرجاوے مگر باذن اللہ (یعنے بقضاء الٰہی) لکھا یا اللہ تعالےٰ نے اسکو موقت کر کے (کہ وہ نہ پہلے ہو سکے اور نہ پیچھے) ف پھر تم لوگ کیوں بھاگے حالانکہ بھاگنا موت کو دور نہیں کر سکتا اگر وقت آگیا اور معرکہ میں ثابت رہنا زندگی کو نہیں کاٹتا اگر وقت نہیں آیا ہے۔ نفس کی طرف مرنے کی نسبت کرنا باوجودیکہ اسکو اختیار نہیں ہے مجاز ہے اور اسمیں نامردوں کو شجاعت دلانی اور قتال کی ترغیب دی کہ اللہ تعالےٰ کے حکم سے اقدام کرنا اور جسکو نامرد سمجھتے ہیں اسمیں گھسنا عمر کو کاٹتا نہیں ہے اور نہ اللہ تعالےٰ کے حکم کا خلاف کرنے سے عمر بڑھ سکتی ہے جیسا کہ عیش رہے حبیب بن ظبیان سے روایت کی کہ ملک فارس پر جہاد کرنے کی حالت میں دریائے دجلہ کے ادھر مسلمان اور ادھر ایرانی فوج تھی سو ایک مسلمان نے کہا اور وہ حجر بن عدی ہیں کہ تمکو کون چیز ان دشمنوں کی طرف عبور کرنے سے روکے ہے یہ دجلہ بھلا کیونکر موت دیگا اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے ما کان لنفس ان تموت الا باذن اللہ کتابا مؤجلا یہ کہکر دجلہ میں اپنا گھوڑا ڈال دیا انکے پیچھے مسلمانوں نے بھی گھوڑے ڈالے اور ایرانیوں نے جو یہ حال دیکھا تو اپنی زبان میں ایک دوسرے سے کہا دیوانے ہیں یہ لوگ دیو ہیں اور جنونناک ہو کر بھاگے۔ رواہ ابن ابی حاتم عن العباس بن یزید البجلی عن ابی معاویہ عن الاعمش ہکذا ذکرہ ابن کثیر۔ وَمَنْ يُّرِدْ۔ بعملہ۔ ثَوَابَ الدُّنْيَا۔ ای جزاءہ فیہا نُؤْتِهٖ مِنْهَا۔ ما قسم لہ ولا حظ لہ فی الآخرۃ یعنے اور جسنے چاہا اپنے کام سے ثواب دنیا کا اپنے

کام کی جزا دنیا میں تو دیتے ہیں ہم اسکو دنیا سے لیے اسقدر جو اسکے واسطے مقسوم ہی پھر آخرت میں اسکا کچھ حصہ نہیں اور ظاہر اثواب دنیا فتح وغنیمت ہی اگر کہا جائے کہ آخرت میں حصہ ہونا کہاں سے معلوم ہوا تو میں کہتا ہوں کہ بدلیل حدیث آیندہ اور آگے کے کلام سے جو بر سبیل مقابلہ واقع ہوا ہے۔ وَمَنْ يُّرِدْ ثَوَابَ الْاٰخِرَةِ نُؤْتِهٖ مِنْهَا ۔ ای من ثوابہا ۔ اور جو چاہے ثواب آخرت دینگے ہم اسکو آخرت سے یعنے ثواب آخرت سے وہ جنت ہی جانو کہ ثواب تو ابھی دیدیا مگر اسکو وہاں پہونچنے پر ملیگا اور یہ بعد موت کے شروع ہو جاتا ہی۔ وَسَنَجْزِي الشّٰكِرِيْنَ ۔ اور قریب ہم جزا دینگے شکر گزاروں کو۔ یہ بڑا فضل کا وعدہ ہی کہ انکا ثواب تو ملیگا پھر دینے والے ہم ہیں جسکی مقدار کوئی کیا قیاس کر سکتا ہی۔ اور حدیث صحیح میں آیا کہ اللہ تعالے نے فرمایا میں نے اپنے پرہیزگار بندوں کے لیے وہ کچھ رکھا ہی جسکو کسی آنکھ نے نہیں دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ وہ کسی بشر کے دل میں خطور ہوا یعنے حواس وعقل سب سے بالاتر ہی اور کہا گیا کہ یہ دیدار حضرت باری عزوجل ہی۔ اور آیت میں تعریض ہی ان لوگوں پر جو غنیمت لوٹنے کے واسطے خلاف حکم رسول صلعم کر بیٹھے اور مدح ہی ان لوگوں کی جو حکم پر ثابت رہے۔ اور جان رکھو کہ ثواب دینا چاہنے سے یہ مراد ہی کہ غرض اسکی فقط دنیا ہو پس اسکو دنیا تو قسمت بھر ملتی ہی اور آخرت سے محروم ہوتا ہی اور آخرت چاہنے والوں سے یہ مراد ہی کہ انکا ہر فعل خالص اللہ تعالے کے واسطے ہو پس انکو آخرت کا پورا ثواب ملتا ہی اور دنیا میں بھی قسمت بھر ملتا ہی پس ظاہر ہوا کہ دنیا چاہنے والا بڑا بدبخت ہی اور فرق فقط ایک نیت کا ہی اور عمر بن الخطاب رض سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا سوائے اسکے نہیں کہ اعمال ساتھ نیتوں کے ہیں اور شخص کے لیے وہی ہی جو اسنے نیت کیا پس جس شخص کی ہجرت اللہ ورسول کی طرف ہو تو اسکی ہجرت اللہ ورسول کی طرف ہوگی اور جسکی ہجرت دنیا کی طرف ہو کہ اسکو حاصل کرے یا کسی عورت کی طرف کہ اسکو نکاح میں لاوے تو اسکی ہجرت اسی چیز کے لیے ہوگی جسکی طرف اسنے ہجرت کی رواہ البخاری ومسلم واہل السنن والمسانید وغیرہم حتی قیل انہ حدیث متواتر ف ۲ عرائس البیان میں اشارات آیات میں یوں ذکر کیا کہ قولہ تعالے وما محمد الا رسول قد خلت من قبلہ الرسل ۔ اللہ عزوجل نے اس خطاب میں سب کو عتاب کیا یعنے جب میں نے تمکو اپنے معبود وپروردگار قادر مختار ہونے کے اپنے نبی صلعم کی زبان سے خبر دیدی اور اپنے رسول صلعم کی رسالت سے تمپر اپنی ہی بندگی واجب کی اور تمکو اپنی الوہیت کی نشان پہچنوا دیے کہ بلا واسطہ تمنے جان لیا پھر تمکو کیا ہوا کہ تم نے حضرت صلعم کے درمیان سے جاتے رہنے سے تزلزل کیا اور حالت فترت وامتحان کے وقت تم حقائق ایمان واخلاص سے مضطرب ہو گئے سو تم اگر میرے جلال کے مشاہدے میں رہتے تو اسکی موت سے یا میرے تمہارے درمیان ہر واسطے کے اٹھ جانے سے مضطرب نہ ہوتے اسواسطے کہ جسنے حق عزوجل کو مشاہدہ ومعائنہ کیا تو اسکی محبت وبندگی بغیر واسطہ ربوبیت کے ہمیشہ اسکی ذات سے قائم ہوتی ہی قال المترجم یعنے اسکی محبت اور بندگی کرنا اس واسطہ کی وجہ سے نہیں ہوتا کہ اوتعالے ہمارا پروردگار ہی اور اسکی پرورش کی وجہ سے ہم بندگی کریں اور اس سے محبت کریں بلکہ محبت وبندگی محض ذات باری تعالے عزوجل کے واسطے ہی بدون لحاظ کسی واسطہ کے قال الشیخ اور انبیا واولیا پر کچھ نہیں مگر یہی کہ وہ خبر دیں وآگاہ کریں کہ اوتعالے نے یہ حکم دیا ہی اور اسکی مراد کو ظاہر کر دیں۔ پھر ان سب میں سے حضرت صدیق اکبر اور انکے قریب قریب مرتبہ والے لوگوں کو خاص فرمایا اللہ تعالے ان سب سے راضی ہو ہے کیا تو نہیں دیکھتا کہ جب حضرت سید عالم صلعم نے انتقال فرمایا تو صدیق اکبر رض نے کہا جو شخص محمد صلعم کو پوجتا تھا تو محمد صلعم نے انتقال فرمایا اور جو اللہ تعالے کو پوجتا تھا تو اللہ تعالے زندہ ہی کبھی نہیں فنا ہوگا اور یہ وصف اس آیت کے آخر میں ظاہر ہی مترجم کہتا ہی کہ شیخ نے جو کہا کہ آیت میں سب کو

عتاب فرمایا سوائے حضرت صدیق و انکے مانند رضی اللہ عنہم کے تو یہ سمجھنا چاہیے کہ انکے مراتب میں نقصان ہی بلکہ یوں سمجھو کہ یہ انھیں کا مرتبہ تھا کہ حضرت مالک الملک الحی القیوم وحدہ لاشریک لہ عزوجل نے انکو اس خطاب عتاب سے سرفراز کیا جس سے محبت ٹپکتی ہی بخلاف اُن احکام کے جو کافروں کے حق میں دیے کہ وہ دو قسم کے ہیں بعض ان کافروں کو ہیں جو علم الٰہی میں کافر مرے انکو غضب لعنت کے ساتھ ہی اور بعض انکو جو آیندہ ایمان لانے والے تھے تو انکو جھڑکی اور خشم سے ہی فہمایش ملا ہوا فاہم۔ قولہ تعالے افائن مات او قتل انقلبتم علی اعقابکم ومن ینقلب علی عقبیہ فلن یضر اللہ شیئا۔ اسکے بعد حضرت صدیق اکبر و اسکے مانند لوگوں کے حق میں فرمایا کہ وسیجزی اللہ الشاکرین۔ یعنے ابوبکرؓ اور جسکا قلب انکے قلب کے مثل تھا ایمان و یقین کہتے ہیں یہ مزید جزا شکر کے واسطے یہ شاکرین مراد ہیں اور انکا شکر یہ ہی کہ پروردگار کے معاملہ ولایت میں مستقیم ہے اور منجملہ انکے شکر کی جزا کے تھا کہ اللہ تعالے نے انکو فتح دی اور شریعت کے فراخ خوشنما میدان سے انھوں نے سرکش مردودوں کو بھگا دیا۔ واسطی جو نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات پر سب کی آنکھیں بند ہوگئیں سوائے ایک مرد کے اسی نے ان سب پر فضل ظاہر کیا اسوجہ سے کہ انپر فضیلت دیا گیا تھا اور وہی بصیرت کے ساتھ انکو اللہ تعالے کی طرف بلانے والا تھا وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ ہیں پس گویا اس آیت کی مراد میں وہی مخصوص ہیں اور باقی امت اس سے عاجز رہی بسبب اسکے کہ بصائر میں سستی تھی اور یہ سب معاملہ اللہ ہی کی طرف سے تھا وہ جسکو چاہے اپنے فضل سے خاص کرے اور ابوبکرؓ کی فضیلت اس قول سے ظاہر ہوئی کہ جو محمد صلعم کو پوجتا تھا سو محمد صلعم نے تو انتقال کیا **قال المترجم** اس قول کے معنے یہ ہیں کہ اے لوگو تم اللہ تعالے کی عبادت کرتے ہو کچھ محمد صلعم کو نہیں پوجتے تھے پھر یہ حیرانی و اضطراب شک و بدگمانی کیا ہی تم تو اللہ عزوجل کو پوجتے تھے جسکی طرف تم کو حضرت سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کردی وہی دائمی باقی حی قیوم ہی اب بھی اسکی عبادت کرو اور حضرت صلعم کی تجہیز و تکفین کرو اور ہمیں اشارات و حقائق ہیں کہ میں گنجایش بیان نہیں پاتا ہوں مگر یہ اشارہ کہ قدم نبوت پر وہی قائم ہوے **قال المترجم** اگر کہا جاوے کہ ابن عباس کی روایت میں حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا قول مذکور ہی کہ واللہ ہم الٹے پانوں نہیں پھرینگے بعد از انکہ ہم کو اللہ تعالے نے ہدایت کی و اللہ اگر رسول اللہ صلعم انتقال کریں یا قتل کیے جاویں میں اسی پر قتال کرونگا جسپر حضرت صلعم نے قتال کیا یہانتک کہ مرجاؤں واللہ میں انکا بھائی و ولی اور چچا کا بیٹا ہوں مجھسے زیادہ کون انکے ساتھ احق ہی رواہ البزار۔ تو جواب یہ ہی کہ کمال صدق ایمان ہی اور یہ بات وہ حضرت صلعم کی زندگی میں فرماتے تھے جیسا کہ اسی روایت میں مصرح ہی اور وہ وقت تھا کہ نور ظاہر باہر تھا جب وفات ہوئی اور اس واسطے سے راہ بند ہو کر تاریکی ہوئی تو حیرانی سب پر چھا گئی سوائے اسکے جسکی راہ مستقل کشادہ ہوئی پھر جب اسکی طرف واسطے ہوا تو وہی نور نظر آیا مگر فرق کے ساتھ اسیواسطے ابن عباس نے فرمایا کہ واللہ گویا لوگوں کو معلوم ہی نہ تھا کہ اللہ عزوجل نے یہ آیت اتاری ہی یہانتک کہ ابوبکرؓ نے اوپر پڑھ دی پھر انھیں سے سنکر سب لوگوں نے اسکو پڑھا سو میں کسی بشر کو لوگوں میں سے نہیں سنتا تھا مگر انکہ وہ اسی آیت کو پڑھتا تھا۔ اور سعید بن المسیب نے عمرؓ سے روایت کی کہ یہ سنکر عرق عرق ہو گئے اور زمین کی طرف جھک پڑے من حدیث البخاری اسیواسطے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے ابوبکرؓ کو امیر الشاکرین کہا اور شاکرین کی تفسیر میں کہا کہ وہ ابوبکر اور انکے اصحاب ہیں اور کہا کہ ابوبکر ہی سب سے زیادہ شاکر اور سب سے زیادہ محبوب نکلے اللہ تعالے کی طرف۔ اور یہیں سے اہل حق نے قاطبۃً اتفاق کیا کہ ابوبکرؓ افضل ہیں اور یہی معنے ہیں کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ابوبکر خلیل اللہ ہیں اور فرمایا کہ انکار فرماتا ہی اللہ تعالے اور مومنین سوائے ابوبکر کے دوسرے کو۔ یعنے خلافت لکھنے کی حاجت نہیں خود ہی ارادہ الٰہی عزوجل جاری ہی کہ اوتعالے ابوبکر ہی کو سب سے اول برگزیدہ فرماتا ہی اور اسیکے ارادہ پر مسلمانوں کے دل موافقت کرینگے اور حضرت

یحییٰ منیری قدس سرہ نے کہا کہ کوئی آسمانی ہو یا زمینی مقبول نہیں جب تک ابوبکر کے افضل ہونے کا قائل نہو اور مترجم کہتا ہے کہ بعض کبار کا قول ہے کہ جو ابوبکرؓ کی افضلیت و خلافت حقہ کا قائل نہو اسکا کوئی عمل میرے نزدیک قبول نہو گا کما فی جامع الترمذی و بالجملہ اس میں اہل حق و جنکو نور ایمان حاصل ہے کسی نے خلاف نہیں کیا سوائے انکے جو اپنی ہوائے نفس کے پابند ہیں۔ قال الشیخ اور شیخ حسین نے فرمایا کہ رسول کے واسطے نہیں مگر وہی جسکا انکو حکم دیا گیا یا انپر کشف کیا گیا کیا تو نہیں دیکھتا کہ کیسے اُنسے پوچھا گیا کہ کس چیز میں ملاء اعلیٰ ایک دوسرے سے پیش قدمی چاہتے ہیں یعنے انھوں نے کوئی حس نہیں سُنا اور نہ جانا پھر جبکہ انسے یہ بات پوشیدہ تھی تو انکو مشاہدہ دیا پس صفت انپر واقع ہوئی اور انھوں نے شہود حق عزوجل کے ساتھ مشاہدہ کیا اور بشریت کی یہ خفیف صفت جو مانع تھی جاتی رہی پس انھوں نے تمام علوم کو بیان فرمایا قال المترجم یہ اشارہ اس حدیث کی طرف ہے کہ آپ نے فرمایا میں نے اپنے پروردگار کو نہایت عمدہ صورت میں دیکھا مجھسے فرمایا کہ اے محمد میں نے عرض کیا کہ اے پروردگار میں خدمت میں حاضر ہوں فرمایا کہ کس بات میں ملاء اعلیٰ یعنے فرشتے ایک دوسرے پر پیش قدمی کرتے ہیں تا آخر حدیث رواہ الترمذی والامام احمد والدارمی وغیرہم پس مطلب یہ ہے کہ اگر وہ تمام علوم غیب پر واقف ہوتے تو انسے یہ کیوں پوچھا جاتا پھر شہود حق سے انکو تمام علوم کا جہانتک امکان بشری ہے انکشاف ہوا کیونکہ صفت باری تعالےٰ مخلوق میں قدیم ہو جانا محال ہے۔ فافہم واللہ اعلم۔ قولہ تعالےٰ وما کان لنفس ان تموت الا باذن اللہ کتابا موجلا۔ جل شانہ تعالےٰ نے بیان فرمایا کہ اسکی قدرت سے یہ بات ہے کہ زندہ کو موت دیتا ہے کہ اعظم از ایجاد زندہ ہے اور اعجب از ابقاء زندہ ہے اسواسطے کہ وجود میں تو خود کچھ قدرت ہونے کا وہم بھی ہے بخلاف معدوم کے کہ اسمیں کچھ قدرت نہیں ہے اور نیز اہل ریاضت کیطرف اشارہ ہے کہ نفس امارہ کچھ ریاضت و مجاہدہ سے زائل نہیں ہوتی وہ تو مطمئنہ جبھی ہوتی ہے کہ اللہ تعالےٰ کا اذن و ارادہ متعلق ہو اور اسیکی یاد و مناجات کی حلاوت سے اطمینان پاتی ہے اور واسطیؒ نے فرمایا کہ کوئی نفس نہیں کہ فنا و بقا کی قدرت رکھے بلکہ اجل سب مقدر ہیں۔ جیسے کہ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ولکل اجل کتاب ہر اجل کے واسطے لکھی تقدیر ہے قولہ تعالےٰ ومن یرد ثواب الدنیا نؤتہ منہا ومن یرد ثواب الآخرۃ نؤتہ منہا۔ ثواب دنیا تو معرفت ہے اور ثواب آخرت مشاہدہ ہے مترجم کہتا ہے کہ شاید مشاہدہ سے دیدار عیانی مراد ہے۔ قال اور نیز ثواب دنیا محبت ہے اور ثواب آخرت قربت ہے اور نیز ثواب دنیا تو صحبت اولیاء ہے اور ثواب آخرت صحبت حق جل علا ہے۔ اور بعض نے کہا کہ ثواب دنیا عافیت ہے اور بعض نے کہا کہ شکر نعمت بجالانیکا الہام ہے اور ثواب آخرت جنت و اسکی نعمتیں ہیں قال المترجم یہ تفسیر شبہ بظاہر ہے وحق ثواب آخرت ہے۔ مگر ثواب دنیا مفسرین نے بھی فتح و غنیمت قرار دی ہے

وَكَأَيِّن مِّن نَّبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا وَهَنُوا لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

اور بہت نبی ہیں کہ جنکے ساتھ ہو کر لڑے ہیں بہت خدا کے طالب پھر کچھ ہارے نہیں تکلیف جو پہنچے انسے راہ میں

وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا وَاللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ ۝ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ إِلَّا أَن قَالُوا

نہ سست ہوئے نہ دب گئے اور اللہ چاہتا ہے ثابت رہنے والوں کو اور کچھ نہیں بولے مگر یہی کہا

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

کہ اے رب ہمارے بخش ہمارے گناہ اور جو ہم سے زیادتی ہوئی ہمارے کام میں اور ثابت رکھ ہمارے قدم اور مدد دے ہمکو منکر

الْكَافِرِينَ ۝ فَآتَاهُمُ اللَّهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَحُسْنَ ثَوَابِ الْآخِرَةِ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ ۝

قوم پر پھر دیا انکو اللہ نے ثواب دنیا بھی اور خوب ثواب آخرت کا اور اللہ چاہتا ہے نیکی والوں کو

وَكَأَيِّن۔ کم۔ یعنے کاین یعنے کم خبریہ ہے ای بہت سے۔ پس مفسرؒ کے نزدیک احتمال ہے کہ کاین مفرد لفظ یعنے کم ہو اور احتمال ہے کہ مرکب

ہو جیسا کہ خلیل و سیبویہ نے کہا کہ ای اور کاف تشبیہ سے مرکب ہو کر کم کے معنے میں ہو گیا اور معالم میں فرمایا کہ تنوین کی کوئی خاص صورت نہیں سوائے اس لفظ کے کہ بحرف نون لکھی جاتی ہے۔ مِّن نَّبِيٍّ قُتِلَ۔ وفی روایۃ قاتل والفاعل ضمیر۔ یعنے قتل بوزن مجہول ابو عمرو وابن کثیر و نافع کی قرارۃ ہے اور ایک قرارۃ میں قَاتَلَ از مفاعلت آیا ہے باقیون کی قرارۃ ہے اور فاعل اسکا اسکی ضمیر ہے۔ مَعَهٗ ربیون مبتدا ہ۔ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ۔ جموع کثیرہ۔ یعنے معجز مقدم اور اسکا مبتدا ربیون کثیر موخر ہے ف مفسرین کے اسمیں کئی قول ہیں اول قُتِلَ مجہول ہے اور معنے یہ کہ بہت نبی مقتول ہوئے اور انکے اصحاب سے بہت ربیون مقتول ہوئے پھر باقیون کو اس سے بھی کچھ ضعف ایمان لاحق نہوا اور یہی ابن جریر و ابو حاتم نے اختیار کیا اور اسپر وارد ہوتا ہے کہ سعید بن جبیر اور حسن نے کہا کہ قتال میں کوئی نبی کبھی مارا نہیں گیا۔ مترجم کہتا ہے کہ آیۂ کریمہ میں قتال میں مارا جانا اگرچہ صریح مذکور نہیں اور فی سبیل اللہ یعنے جہاد ہونا ضرور نہیں ولیکن ثبت اقدامنا وانصرنا علی القوم الکافرین۔ سے یہی اظہر ہے۔ بالجملہ قُتِلَ میں اس صورت میں ضمیر راجع بجانب نبی ہوگی (المعنے بہت سے نبی قتل ہوا ہر ایک جسکے ساتھ تھے بہت سی ربانی جماعتیں) دوم آنکہ قتل میں ضمیر نہیں بلکہ مفعول عالم لسیم فاعل ربیون کثیر ہے اور معنے یہ کہ بہت نبی گذرے کہ انکے ساتھ لڑائی میں ربیون کثیر مارے گئے اور اسیکو زمخشری نے ترجیح دی اور اسپر وارد ہوتا ہے کہ فما وہنوا۔ پھر وہ لوگ سست نہوے، یہ بعد مقتول ہونے کے کیونکر کہا جا سکتا ہے اور اگر باقیون کو کہا تو انکے ساتھ انکا نبی موجود رہا ہے۔ اسیواسطے ابو عبید نے قاتل کی قرارۃ اختیار کی کیونکہ اسمیں ہن کے معنے مستقیم رہتے ہیں اور اسوجہ سے کہ جب قتال کرنے والے کی مدح ہوگی تو مقتول کی بدرجۂ اولی ہوگی بخلاف اسکے عکس کے اور یہی وجہ سوم ہے۔ چہارم آنکہ کلام میں حذف ہو تقدیر یہ کہ وکاین من نبی قتل معہ ربیون کثیر۔ یعنے اکثر نبی مارا گیا اور اسکے ساتھ ربیون کثیر تھے پس وہ بعد نبی کے مقتول ہونے کے ضعیف و سست نہوے۔ اور تقدیر واو کی ایسے مقام پر شائع ہے جیسے قتل فلان معہ جیش کثیر سے معالم میں مذکور ہے اور احسن یہ ہے کہ اس صورت میں بدون تقدیر واو کے معہ ربیون کثیر حال ڈالا جاوے ای والحال کہ اسکے ساتھ ربیون کثیر تھے اور یہ وجہ موجہ ہے اور اسکو محمد بن اسحٰق نے ذکر کیا اور سہیلی نے اسی قول کی تائید میں مبالغہ کیا اور واقعی مستقیم ہے اسواسطے کہ اللہ تعالے نے ان آیات میں اور آیات سابقہ میں ان مسلمانوں پر عتاب فرمایا جو بروز احد بھاگ نکلے قتال چھوڑ کر فقط اس آواز کے سنتے ہی کہ محمد مقتول ہوے تو اللہ تعالے نے اسمیں ملامت کی کہ بہت نبی پہلے گذرے کہ نبی مقتول ہوا اور حالیکہ اسکے ساتھ میں ربیون کثیر تھے مگر وہ سست نہوے تم کیون بھاگے کیا نبی کے مقتول ہونے سے کوئی اللہ تعالے کا دین چھوڑ کر بھاگتا ہے قال المترجم لیکن قول حسن و سعید بن جبیر اسپر بھی وارد ہوتا ہے پھر ربیون کثیر کے جو معنے مفسرین نے ذکر کیے یہی ابن کثیر نے ابن عباس و سعید و مجاہد و قتادہ و عکرمہ و حسن و ربیع و عطاء سے ذکر کیے ہیں اور حسن نے کہا علماء کثیر۔ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے ربیون الوف ہزاروں۔ اور کلبی سے کہ ربیہ جو واحد ہے وہ فقط دس ہزار ہے۔ اور کہا گیا کہ ربی منسوب بہ رب پھر کسرہ اول بسبب نسبتی تغیر کے جیسے نضرہ و بصری کسر اول اور بعض نے کہا منسوب بہ جانب ربہ بمعنے جماعت ہے۔ فَمَا وَهَنُوا۔ جبنوا۔ پھر یہ لوگ نامرد نہوے۔ لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ اللَّهِ۔ من الجراح و قتل انبیائہم و اصحابہم۔ بوجہ اس مصیبت کے جو انپر راہ الٰہی میں پہونچی ف کہ زخمی ہوے اور انکے انبیا و ساتھی مارے گئے۔ وَمَا ضَعُفُوا۔ عن الجہاد۔ اور جہاد کرنے سے ضعیف نہوے۔ وَمَا اسْتَكَانُوا۔ ضعفا لعدوہم کما فعلتم حین قیل قتل النبی صلعم خضوع نہین کیا اپنے دشمن کے واسطے یعنے اسکے سامنے پست نہین پڑ گئے ف کہ جو چاہے کرے جیسے تمنے کیا جبکہ کہا گیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم قتل ہوے۔ یہ اشارہ ہے انکے قصد کا جو قصہ میں گذرا کہ عبد اللہ بن ابی منافق کے ذریعہ سے قریش سے امان مانگیں اور ڈھیلے ہو گئے۔ وَاللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ۔ علی البلاء ای یثیبہم۔ بلا و جہاد پر صبر کرنے والون کو اللہ تعالے

دوست رکھتا یعنے ثواب دیتا ہے۔ وَمَا كَانَ قَوْلَهُمْ۔ عند قتل نبیہم مع ثباتہم وصبرہم۔ یعنے انکے پیغمبر کے قتل ہونے کے وقت باوجود صبر و ثبات کے انکی زبان سے کچھ نہین نکلتا تھا سوائے اسکے کہ إِلَّا أَن قَالُوا رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَإِسْرَافَنَا فِي أَمْرِنَا۔ ایدا تا بان ما اصابہم بسبب فعلہم وہضما لانفسہم۔ انھون نے یہی کہا کہ الٰہی ہمکو بخشدے ہمارے گناہ اور ہمارا اسراف یعنے حد سے تجاوز کرنا ہمارے کامون مین ف یہ انکی طرف سے اظہار تھا کہ جو انکو پہونچا وہ انھین کے بُرے کامون کے سبب سے ہوا اور نیز اپنے نفس کا انکسار تھا۔ اور یہ بھی کہتے کہ۔ وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا۔ بالقوۃ علی الجہاد۔ اور جہاد پر قوت دیکر ہمارے قدم ثابت رکھ وَانصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكَافِرِينَ۔ اور ہمکو کافرین قوم پر نصرت دے ف جہاد مین ہم کو غالب کر اور شیطان ہمپر تسلط نہ پاوے۔ فَآتَاهُمُ اللَّهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا۔ النصر والغنیمۃ۔ پس اللہ تعالے نے انکو ثواب دنیا عطا کیا ف نصرت و غنیمت اور عظیم ثواب آخرت بھی دیا۔ مترجم کہتا ہے کہ ایسا ہی بیضاوی و معالم و سراج وغیرہ تفاسیر موجودہ مین فتح و غنیمت سے ثواب الدنیا کی تفسیر موجود ہے لیکن یہ سہو معلوم ہوتا ہے اسواسطے کہ غنیمت کا مال حلال ہونا اس امت محمدی علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام کے خصائص سے ہے سابق مین کسی پر حلال نہین ہوا اسیواسطے شاید شیخ ابن کثیر نے فتح و عافیت سے تفسیر کی۔ وَحُسْنَ ثَوَابِ الْآخِرَةِ۔ ای الجنۃ وحسنہ التفضل فوق الاستحقاق۔ اور حسن ثواب آخرت دیا یعنے ثواب آخرت سے جنت مراد ہے اور حسن ثواب کے کہ استحقاق سے زیادہ دیا اور زمخشری وغیرہ نے کہا کہ ثواب آخرت کے ساتھ حسن کی خصوصیت اسواسطے کردی کہ دلالت ہو کہ اسیکو فضیلت و تقدم ہے اور دنیا کسی شمار مین نہین اور یہ سب انکی نیکوکاری کا عوض ہے۔ وَاللَّهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ۔ اور اللہ تعالے نیکوکارونکو محبوب رکھتا ہے ف اور ثواب جزیل عنایت فرماتا ہے۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تُطِيعُوا الَّذِينَ كَفَرُوا يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ فَتَنقَلِبُوا

ای ایمان والو اگر تم کہا مانوگے منکرون کا تو تمکو پھیر دینگے اُلٹے پانون پھر جاؤگے

خَاسِرِينَ ○ بَلِ اللَّهُ مَوْلَاكُمْ ۖ وَهُوَ خَيْرُ النَّاصِرِينَ ○ سَنُلْقِي فِي قُلُوبِ الَّذِينَ

نقصان مین بلکہ اللہ تمہارا مددگار ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار اب ہم ڈالدینگے کافرون کے دل مین

كَفَرُوا الرُّعْبَ بِمَا أَشْرَكُوا بِاللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا ۖ وَمَأْوَاهُمُ النَّارُ ۚ

ہیبت بسبب اسکے کہ انھون نے شریک ٹھہرایا اللہ کا جسکی اسنے سند نہین اُتاری اور انکا ٹھکانا دوزخ ہے

وَبِئْسَ مَثْوَى الظَّالِمِينَ ○

اور بُری جگہ ہے بے انصافون کے لیے

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِن تُطِيعُوا الَّذِينَ كَفَرُوا۔ ای ایمان والو اگر تم ان لوگون کی جو کافر ہیں اطاعت کرو ف جسکا تمکو حکم کرتے ہین یعنے راے دیتے ہین اگر ایسا کروگے تو۔ يَرُدُّوكُمْ عَلَىٰ أَعْقَابِكُمْ۔ الی الکفر تم کو یہ کفار تمہارے اُلٹے قدم پھیر دینگے ف یعنے کافر بنا دینگے۔ کہا گیا کہ مراد کافرون سے منافق ہین کہ شکست کھانے اور بھاگنے پر مسلمانون سے یہ کہا کہ مشرکین قریش سے امان لے لو کہ وہ تمہارے بھائی ہین یا پہلے دین پر ہو جاؤ کہ محمد صلعم اگر نبی ہوتے تو قتل نہوتے۔ اور کہا گیا کہ مشرکین قریش مراد ہین اور کہا گیا کہ علی العموم کل کافرون کی اطاعت سے ممانعت ہے اگرچہ منافقین کی طرف اشارہ اقرب ہے اسکا حاصل اگر تم کافرون کی بات مانوگے تو اُلٹے پانون کافر ہو جاؤگے۔ فَتَنقَلِبُوا خَاسِرِينَ۔ تو دنیا و آخرت دونون مین خوار ہو جاؤگے نا

ف اسطرح کہ دشمن کی اطاعت ذلت و خواری ہی اور آخر کفر کی طرف مودی ہوکر عاقبت کا عذاب ہی۔ بَلِ اللّٰهُ مَوْلٰكُمْ۔ ناصر کم۔ یعنے مول یعنے ناصر۔ اسی فتح دینے والا ہی اور بعض قراءۃ مین۔ اَللّٰهَ۔ بنصب ہی پس بل اطیعوا اللہ۔ بلکہ اللہ تعالے ہی کی اطاعت کرو وَهُوَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ۔ فاطیعوہ و نہم۔ پس اسیکی طاعت کرو ف نہ کافرون کی۔ سَنُلْقِيْ فِيْ قُلُوْبِ الَّذِيْنَ كَفَرُوا الرُّعْبَ۔ بسکون العین و ضمہا الخوف و قد عرفوا البعد ارتحالہم من احد علی العود و استیصال المسلمین فرعبوا و لم یرجعوا۔ اکثر ونکی قراءۃ رعب بسکون عین اور ابن عامر و کسائی کی قراءۃ بضم عین ہی اور اسمعنے اسیکے خوف ہین اور حال یہ تھا کہ مشرکین جب مکہ کو واپس ہوئے تو راہ مین کہا کہ ہم نے بہت برا کیا کہ اکثرون کو قتل کیا جب تھوڑے باقی رہے تو چھوڑ کے چلے آئے لوٹو کہ انکو جڑ سے کھودین پس اُنپر رعب چھا گیا اور نہین لوٹے یہی اللہ تعالے نے فرمایا یعنے عنقریب ہم کافرون کے دلون مین رعب ڈالدینگے۔ یہ اکثر مفسرین کا قول ہی اور بعض نے کہا کہ آنحضرت صلعم نے پہاڑی پر پہونچکر فرمایا اے اللہ میرے وہ اوپر نہ آوین پس ابوسفیان و مشرکین کو رعب چھا گیا حتی کہ ابوسفیان پہاڑی کے کونے پر آکر یا تین کین اور کہا کہ اے محمد ہمارا تمھارا وعدہ سال آیندہ بدر کا مقام ہی اگر تم چاہو تو آپ نے فرمایا کہ انشاء اللہ تعالے اور اسپر وارد ہوتا ہی کہ سنلقی مین سین استقبال کا ہی پس وزاحد سے کچھ پیچھے ہونا چاہیے مترجم کہتا ہی کہ مطلقاً رعب ڈالنے کے وعدے پر اسواسطے نہین محمول کیا کہ بعد اس لڑائی کے پھر وہ لوگ پندرہ ہزار کی جماعت سے مدینہ پر چڑھ آئے تھے لیکن خائب و خاسر واپس گئے۔ مین کہتا ہون کہ سخت خوفناک ہوکر واپس ہوئے تھے جیسا کہ غزوہ احزاب کی تفسیر مین انشاء اللہ تعالے بیان کرونگا پس اسی پر محمول کرنا اولی ہی واللہ اعلم پھر اسطرح انکے دلون مین رعب ڈالنے کی وجہ فرمائی۔ بِمَآ اَشْرَكُوْا بِاللّٰهِ۔ ای بسبب اشراکہم باللہ۔ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهٖ سُلْطٰنًا۔ حجۃ علی عبادتہ وہو الاصنام۔ یعنے ہم انکے دلون مین رعب ڈالدینگے بسبب انکے شریک لانے کے اللہ تعالے کے ساتھ عبادت مین ایسی چیز کو کہ نہین اُتاری اللہ تعالے نے کوئی حجت اس چیز کی عبادت کرنے پر۔ اور وہ بت ہین حاصل یہ کہ مشرکون نے اپنی رائے سے اللہ تعالے کا شریک بنایا تو اللہ تعالے انکے دلون مین رعب ڈالیگا کیونکہ مشرکین مکہ بت پرست تھے پس تفسیر انکی موافقت سے ہی ورنہ سوائے حق عزوجل کے کسی چیز کی عبادت روا نہین خواہ بت ہون یا کوئی اور صلیب وغیرہ ہو کسی پر حجت نہین اُتاری ہی۔ وَمَاْوٰىهُمُ النَّارُ۔ اور آخرت مین ان مشرکونکا ٹھکانا جہنم ہی۔ وَبِئْسَ مَثْوَى۔ مادی۔ الظّٰلِمِيْنَ۔ الکافرین ہی۔ یعنے بڑا ٹھکانا ہی ظالمون کا یعنے کافرون کا یہ یعنے آگ۔ ف پس لفظ ہی مخصوص بالکذم ہو اور ظلم سے شرک و کفر مراد ہی کیونکہ شرک ظلم عظیم ہی۔ ف رعب سے فتح پانا آنحضرت صلعم کی خصوصیات مین سے ہی چنانچہ ابوامامہ رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلعم سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے مجھے انبیا پر فضیلت دی چار باتون سے۔ اسمین یہ بھی فرمایا کہ فتح دیا گیا مین رعب سے ایک مہینہ کی راہ کہ وہ رعب ڈالا جاتا ہی میرے دشمنون کے دلون مین اور حلال کین گئین میرے لیے غنیمتین رواہ احمد والبزار و قال حسن صحیح و کذا ثبت فیما رواہ سعید بن منصور و مسلم وغیرہم اور عونی نے ابن عباس سے روایت کی کہ اللہ تعالے نے قلب ابوسفیان مین رعب ڈالا وہ مکہ کو لوٹ گیا پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابوسفیان نے تم مین ایک ٹکڑے کو مصیبت پہونچائی اور اب لوٹ گیا اور اللہ تعالے نے اسکے دل مین رعب ڈال دیا کذا قال فی تفسیر قولہ سنلقی فی قلوب الذین کفروا الآیۃ۔ رواہ ابن ابی حاتم اور یعنے اسکے بھی ہی ہونگے کہ راہ مین سے اور عزم قصد نکیا بلکہ مکہ کو لوٹ گیا ف فی العرائس قولہ تعالے بل اللہ مولاکم۔ یعنے محبت ازلی کے ساتھ تمھارا محب ہی اور تمھارے شرور نفس سے تمکو بچانے والا ہی اور ہر خطرہ سے جو غیر حق کی طرف لیجاوے تمھارا نگہبان ہی اور تمھارا ناصر ہی اسوقت مین کہ تم اسکی بندگی ادا کرنے کی مشقتین اُٹھا اگرچہ تمھارے نفوس اسکے اُٹھانے سے انکار کرین۔ اور شیخ ابن عطا نے فرمایا کہ جو اوامر و نواہی بجالانے و باز رہنے کا تمکو حکم دیا ہی انکی

برداشت مین تمہارا معین ہی۔ اور حضرت جعفرؒ نے فرمایا کہ دار آخرت مین تمہارے امور کا متولی ہی اور ابن عطاءؒ نے خیر الناصرین مین کہا یعنے
تمہارے نفس و خواہش سب پر تمکو فتح دینے والا ہی قال المترجم حاصل اسکا یہ کہ جہاد مین جہاد نفس بھی داخل ہی۔

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ بِاِذْنِهٖ ۚ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ وَتَنَازَعْتُمْ

اور ضرور اللہ نے سچ کر دیا اپنا وعدہ جب تم لگے کاٹنے مشرکون کو اسکے حکم سے یہانتک کہ جب تم نے نامردی کی اور جھگڑنے

فِي الْاَمْرِ وَعَصَيْتُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَآ اَرٰىكُمْ مَّا تُحِبُّوْنَ ۭ مِنْكُمْ مَّنْ يُّرِيْدُ الدُّنْيَا وَمِنْكُمْ

اس امر مین اور نافرمانی کی بعد اسکے کہ تمکو دکھادیا تمہاری خوشی کی چیز کوئی تم مین چاہتا تھا اور کوئی تم مین

مَّنْ يُّرِيْدُ الْاٰخِرَةَ ۚ ثُمَّ صَرَفَكُمْ عَنْهُمْ لِيَبْتَلِيَكُمْ ۚ وَلَقَدْ عَفَا عَنْكُمْ ۭ وَاللّٰهُ ذُوْ

چاہتا تھا آخرت کو پھر تمکو پھیر دیا مشرکون سے تاکہ آزماوے تمکو اور البتہ معاف کر دیا تمکو۔ اور اللہ

فَضْلٍ عَلَي الْمُؤْمِنِيْنَ ۝

فضل فرماتا ہی مومنون پر

وَلَقَدْ صَدَقَكُمُ اللّٰهُ وَعْدَهٗٓ۔ ایا کم بالنصر۔ یعنے اللہ تعالے نے جو تمکو نصرت کا وعدہ دیا تھا وہ اللہ تعالے نے
سچا کر دیا۔ معالم مین مذکور ہی کہ محمد بن کعب القرظیؒ سے روایت ہی کہ جب حد سے واپس ہوکر مسلمان مدینہ مین آئے تو بعض صحابہ رضؓ نے
کہا کہ یہ مصیبت ہمکو کہان سے پہونچی حالانکہ حق تعالے نے نصرت کا وعدہ فرمایا تھا پس یہ آیت نازل ہوئی۔ جاننا چاہیے کہ وعدہ سے
مراد یا مطلق وعدۂ نصرت ہی یا وعدۂ انزال الملائکہ ہی۔ شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ یہین سے ایک قول ہی کہ قولہ تعالے ہذا یمددکم ربکم بخمسۃ آلاف
من الملائکۃ مسومین۔ بروز احد واقع ہوا ہی۔ اور بعض نے ذکر کیا کہ عروۃ بن الزبیرؒ نے کہا کہ اللہ تعالے نے انکو صبر و تقوی پر پانچہزار فرشتہ
مسومین سے مدد کا وعدہ فرمایا تھا اور وہ پورا کر دیا لیکن کچھ دیر گذری تھی کہ مسلمانون مین سے بعض نے ناشکری کی اور امر رسول صلعم کی نافرمانی
کی اور جس جگہ رسول صلعم نے مقرر فرمایا تھا وہ جگہ چھوڑ دی اور دنیا کی طرف قصد کیا پس ملائکہ کی مدد اٹھالی گئی۔ بہرحال صدق
وعدہ سے ابتدائے روز مین فتح دینا مراد ہی چنانچہ فرمایا۔ اِذْ تَحُسُّوْنَهُمْ تقتلونہم۔ بِاِذْنِهٖ۔ یا ارادتہ۔ جبکہ کاٹتے تھے تم انکو
یعنے انکو قتل کرتے تھے باذن اللہ۔ یعنے بارادۂ الٰہی۔ اور قاموس مین ہی کہ حس بمعنے قتل و استیصال ہے اور مراد یہان معنے اول ہین کیونکہ
دوسرے معنے متحقق نہین ہوے اور بیضاوی مین ہی کہ حسہ ابطل حسہ۔ اسکی جنبش مٹادی۔ الحاصل اللہ تعالے
نے اول اپنا وعدہ نصرت تم کو پورا کر دیا۔ حَتّٰٓى اِذَا فَشِلْتُمْ۔ جبنتم عن القتال۔ یہانتک کہ جب تم بزدل ہوے
جہاد سے وَتَنَازَعْتُمْ یعنے جہاد سے نظر اٹھاکر دنیاوی غنیمت کی طرف جھکے اور فرمان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مین جھگڑنے لگے
اور صریح حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی تو نصرت اٹھالی گئی اور ابن جریجؒ نے ابن عباس رضؓ سے روایت کی
کہ فشل یعنے نامردی ہی۔ وَتَنَازَعْتُمْ اختلفتم۔ فِي الْاَمْرِ۔ ای امر النبی صلعم بالمقام فی سفح الجبل للرمی
فقال بعضکم ننہب فقد نصر اصحابنا وبعضکم لا نخالف امر النبی صلی اللہ علیہ وسلم۔ اختلاف کیا تم نے حکم معلوم مین ای حکم نبی صلعم مین
کہ سفح جبل مین ٹھہرے رہنے کا حکم کیا تھا تاکہ تیر مارتے رہو پس تم نے یون اختلاف کیا کہ بعض نے کہا کہ ہم مال غنیمت لوٹینگے
کیونکہ ہمارے لوگون کو فتح دی گئی اور بعض نے کہا کہ ہم حکم نبی کی مخالفت نہ کرینگے۔ کہا گیا کہ فشل کی تفسیر اختلاف نہین پس واو عطف

تفسیر ہی کا ہے اور الامر کا الف لام عہد ہے اور اختلاف در اصل انھیں لوگوں نے کیا جو لوٹنے کو کہتے تھے نہ انھوں نے جو وہیں کھڑے رہنے پر جمے تھے لیکن وجود اختلاف چونکہ ہر دو قول سے تھا تو دونوں کی طرف اختلاف کی نسبت کی صرف تصویر اختلاف کے لیے ہے اور یہ سب کو معلوم ہے کہ اختلاف کرنے والوں میں سے جو قول صواب پر ہیں وہ خدا و رسول کے موافق اور اپنی مخالفت والوں سے مخالف ہوتے ہیں لہذا بیان کر دیا کہ خلاف صواب پر کون تھے بقولہ۔ وَعَصَيْتُمْ۔ امرہ وترکتم المرکز لاجل طلب الغنیمۃ۔ اور نافرمانی کی تم نے حکم رسول کی ف پس تمنے مرکز چھوڑ دیا بغرض غنیمت چاہنے کے۔ مِّنْ بَعْدِ مَا أَرَاكُم۔ اللہ۔ بعد اسکے کہ دکھلا دیا تم کو اللہ تعالے نے۔ مَّا تُحِبُّونَ۔ جسکو تم چاہتے تھے ف یعنے فتح کو وجواب اذا دل علیہ ما قبلہ ای منکم نصرہ اور جواب اذا کا محذوف ہے اسپر ماقبل دلالت کرتا ہی یعنے اذا فعلتم کذا وکذا منکم نصرہ۔ جب تم نے ایسا ویسا کیا تو اللہ تعالے نے اپنی فتح تم سے ممنوع کر دی حاصل آنکہ اول اللہ تعالے نے اپنا وعدہ نصرت تمپر سچا کر دیا کہ تم نے اپنی فتح و قتل کفار کو دیکھ لیا یہانتک کہ جب تم نے جہاد چھوڑ کر دنیاوی مال کی جانب نامردی کی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم میں باہم جھگڑنے لگے اور آخر تم نے صریح حکم سے خلاف کیا تو اللہ تعالے نے نصرت منقطع کر دی حالانکہ پہلے تم اپنی مرغوب چیز یعنے فتح کو آنکھوں دیکھ چکے تھے۔ مِنكُم مَّن يُرِيدُ الدُّنْيَا۔ ترک المرکز لاجل الغنیمۃ۔ بعض تم میں سے دنیا چاہتا تھا ف پس اسنے مرکز کو دنیاوی مال مغنیمت کے واسطے چھوڑ دیا اور یہی باعث خشم ہوا۔ وَمِنكُم مَّن يُرِيدُ الْآخِرَةَ۔ بثبت بہ حتی قتل کعبد اللہ بن جبیر واصحابہ اور بعض تم میں سے آخرت کا طالب تھا ف پس آخرت چاہنے والا ثابت رہا مرکز پر یہانتک کہ مشرکین سواروں نے انکو شہید کر ڈالا مانند عبد اللہ بن جبیر اور انکے ان ساتھیوں کے جو انکے ساتھ رہے اور وہ دس سے کم تھے اور باقی چالیس سے زیادہ ایسے تھے کہ من یرید الدنیا میں شامل ہوئے۔ ابن عباس نے فرمایا کہ کسی لڑائی میں ایسی فتح نہ تھی جیسا احد کے روز شروع میں تھے دیکھو اللہ تعالے فرماتا ہی اذ تحسونھم باذنہ۔ تم انکو کاٹتے تھے اللہ تعالے کے حکم سے کما فی روایۃ احمد عنہ مرسلاً۔ اور ابن مسعود رض فرماتے تھے کہ ہم و اصحاب میں سے کوئی دنیا نہیں چاہتا تھا سید وار ہوتا کہ میں سچا ہوں یہانتک کہ اللہ تعالے نے نازل فرمایا ومنکم من یرید الدنیا۔ بالجملہ پہاڑ کی جانب میں سے اکثر نے عصیان کیا اور حدیث ابو داؤد سے ثبوت ہے کہ اللہ تعالے کا حکم کسی قوم پر انکی اکثر جماعت کی بنا پر ہوتا ہے پس یہاں بھی اکثرون کی نافرمانی پر معصیت کا عتاب کیا۔ ثُمَّ صَرَفَكُمْ۔ ای ردکم بالھزیمۃ۔ عَنْهُمْ۔ ای الکفار۔ پھیر دکر دیا تمکو بھگا کر انسے یعنے کافرون سے۔ یعنے بھاگنے سے تمہارے منہ کافرون سے پھر گئے۔ بعض نے کہا کہ بھیدیا ہے کہ جب انھوں نے دنیا کی طلب میں کافرون کی شرکت کی تو اس جہت میں انکے مانند ہوئے پس فضل نصرت سے محروم ہوئے کیونکہ نصرت واسطے اعلاء کلمۃ اللہ تعالے و رفع درجات آخرت تھی نہ آنکہ دنیا خود حاصل کر لو۔ اور نیز آیت میں یہ فقہ ہے کہ اختلاف سخت بدتر چیز ہی جب کوئی قوم اختلاف کرے تو مستوجب محرومی ہوگی اور یہ فقہ ہے کہ جب خشم نازل ہوا تو جماعت کو عموماً شامل ہو جاتا ہے لیکن نیک نیتون کا حشر انکی نیت پر ہوتا ہے اور یہ حدیث صحیح میں بھی آیا ہے۔ بالجملہ تمہارے معصیت وغیرہ پر کافرون سے تمہارا منہ پھیر دیا و نصرت قطع کر دی۔ لِيَبْتَلِيَكُمْ۔ لیمتحنکم فیظھر المخلص من غیرہ۔ یعنے کافرون سے تمہارے منہ پھیرنا اور اپنی مدد کو اٹھا لینا اسواسطے تھا کہ تمکو امتحان کرے پس مخلص وغیر مخلص ظاہر ہو جاوے حالانکہ او تعالے دانا تر ہے۔ وَلَقَدْ عَفَا عَنكُمْ۔ ما ترکتموہ۔ اور البتہ عفو کیا جو تم نے کیا تھا اور یہ نص ہے کہ اللہ عزوجل نے ہزیمت احد کو معاف فرمایا اگرچہ کبیرہ گناہ تھا اور اس سے صریح ثابت ہوا کہ کبیرہ عفو ہوتا ہے برخلاف قول خارجیہ کہ وہ نہیں ملتے ہیں قاتلہم اللہ تعالے اور بعض نے کہا کہ عفا عنکم یعنے القاکم ہوا ای تمکو باقی رکھا میٹ نہیں دیا اور یہ تفسیر ٹھل ہی کیونکہ بیوجہ

عدول از ظاہر ہی۔ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ - بالعفو اور اللہ فضل والا ہی مومنون پر ساتھ عفو کے۔ اس سے صریح معلوم ہوا کہ ارتکاب کبیرہ گناہ سے بندہ مومن رہتا ہی پس رد ہو گیا قول معتزلہ کا کہ کہتے ہین کہ وہ نہ مومن ہوتا ہی نہ کافر بیچ مین انکا کرتا ہی یہانتک کہ توبہ کرے اور توبہ نہ کی تو دائمی جہنمی ہی ف قال الشیخ فی العرائس قولہ تعالے منکم من یرید الدنیا ومنکم من یرید الاخرۃ۔ جاننا چاہیے کہ بہرحال اللہ تعالے نے صحابہ کرام کا ذکر کیا ہی جو در واقع ازل مین اللہ تعالے کے نزدیک خیر امت و بزرگ مرتبہ تھے پس انکی لغزش اگر تھی تو راہ اللہ تعالے کی جناب مین تھی بخلاف کافرون مشرکون کے کہ وہ اس راہ مین آنے ہی نہین پائے ہین انکی لغزش سراسر کج راہ شیطان و وادیہ ضلالت مین ہی پس گویا دونون لغزشون مین اس راہ سے بالکل تہائن و جدائی ہی اور آسمان و زمین کا فرق ہی جب یہ معلوم ہوا تو شیخ رحمہ اللہ نے یہان اشارات کو راہ مستقیم والون کے حق مین ارادہ دنیا پر محمول کیا اور ہر ایک کے مرتبہ کے موافق اسکا ارادہ دنیا بیان کیا چنانچہ کہا کہ تم مین سے بعضون شخص ہی کہ قدیمی غنا سے متصف ہو گیا اور تمکین کے ساتھ اس سے نکلا اور نعمت مین شکر منعم مع دیدار دیکھا جیسے سلیمان علیہ السلام اور بعضے تم مین سے وہ ہی جو تنزیہ و تقدیس کی صفت مین آیا اور قدس قدم کی صفت سے طہارت قدیم سے متصف ہوا پس ایسے بندے خلعت فقر کے ساتھ برآمد ہوتے ہین کہ توحید مین تجرید کرتے ہین اور قدم کو حدوث سے بالکل الگ کرتے ہین جیسے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم چنانچہ روایت ہی کہ الفقر فخری مترجم کہتا ہی کہ یہ لفظ ان کتابون مین معروف بحدیث ہی اور محدثین رحمہم اللہ تعالے کے یہان بالاتفاق موضوع ہی حدیث نہین ہی شیخ رحمہ اللہ نے بالمعنے منسوب کیا واللہ اعلم اور ابو سعید خراز نے کہا کہ جب تک تم اپنے ساتھ و اپنے اوصاف کے ساتھ ہو تمہاری ہمت بھی عوائد و مخلوقات دارین ہونگی اور جب اللہ تعالے نے تمکو اپنی ولایت مین لیا اور تمہاری صفات سے تمکو خالی کر دیا اور تمہارے وجود فنا کیے اور مخلوقات کی طرف سے نظر اور اسکی خواہش سے جدا کیا تو وصل بحق مع الحق ہو گی اور فرمایا کہ انکے اسرار پر طلوع تجلی سے انکے آثار مٹ جاتے ہین جس سے واضح ہو کہ ابتداے جنگ احد مین اللہ تعالے نے فتح و نصرت بجانب مومنین رکھی آخر جب درہ کوہ کے محافظین نے خلاف حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غنیمت لوٹنے کا قصد کیا تو اللہ تعالے نے وہ نصرت پھیر دی اور آخر ایک جماعت نے ہزیمت اٹھا کر پہاڑی کا راستہ لیا چنانچہ آیندہ آیات مین فرمایا بقولہ تعالے۔

إِذْ تُصْعِدُوْنَ وَلَا تَلْوُوْنَ عَلٰٓى أَحَدٍ وَّالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ أُخْرٰىكُمْ فَأَثَابَكُمْ غَمًّا بِّغَمٍّ

جب تم چڑھے جاتے تھے اور پیچھے نہ دیکھتے تھے کسیکو اور رسول پکارتا تھا تمکو پچھاڑی مین پھر تمکو تنگ کیا بدلا تمہارے تنگ کرنیکا

لِّكَيْلَا تَحْزَنُوْا عَلٰى مَا فَاتَكُمْ وَلَا مَآ أَصَابَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ۝ ثُمَّ أَنْزَلَ

تاکہ غم نہ کھایا کرو جو ہاتھ سے جاوے اور جو سامنے آوے اور اللہ کو خبر ہی تمہارے کام کی پھر تم پر اوتارا

عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ

تنگی کے بعد امن کو اونگھ کہ گھیر رہی تھی تم مین سے اور جنھون کو فکر بیڑی تھی اپنے

أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْأَمْرِ

جی کی خیال کرتے تھے اللہ پر جھوٹے خیال جاہلون کے کہتے تھے بھلا کچھ بھی ہمارا کام ہی

مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ أَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ

تو کہہ سب کام ہی اللہ ہی کے ہاتھ چھپاتے ہین اپنے جی مین جو تجھسے ظاہر نہین کرتے کہتے ہین

لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ
اگر ہمارے ہاتھ کچھ بھی کام ہوتا تو ہم یہاں قتل نہ ہوتے تو کہہ اگر ہوتے تم اپنے گھروں میں البتہ باہر نکلتے وہ لوگ
كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ
جنپر لکھا گیا تھا مارا جانا اپنے پڑاؤ پر اور اللہ کو آزمانا تھا جو کچھ تمہارے جی میں ہے اور نکھارنا تھا
مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ
جو کچھ تمہارے دل میں ہے اور اللہ کو جی کی بات معلوم ہے جو لوگ تم میں ہٹ گئے جس دن
الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ۚ وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ
بھڑی دو فوجیں سو یہی تھا کہ انکو ڈگا دیا شیطان نے کچھ انکے گناہ کی شامت سے اور البتہ اللہ انکو عفو کر چکا
عَنْهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ حَلِيْمٌ ۝

اللہ بخشنے والا حلم والا ہے

اذکروا - اِذْ تُصْعِدُوْنَ - تبعدون فی الارض ہارین - یاد کرو جبکہ دور ہوتے تھے ف یعنے زمین میں بھاگتے ہوئے
پس کلمۂ اذ ظرف منصوب بفعل مقدر ای اذکروا ہے اور یہ آسان و بے تکلف ہے اور زمخشری نے کہا کہ صرفکم - یا عفا عنکم یا لیبتلیکم سے
متعلق ہے اور عکبری نے تبیان میں کہا کہ عصیتم یا تنازعتم یا فشلتم کے متعلق ہے پس قول عکبری بحسب المعنی جید ہے اور قول زمخشری
بحسب اللفظ اقرب ہے اور سب سے احسن قول مفسر ہے - پھر جانو کہ اصعد فی الارض - یعنے منہ کے سامنے زمین طے کر گیا پس زمین ہموار و جنگل
وغیرہ کے طے کرنے میں بولا جاتا ہے اور صعد جبہی کہتے ہیں کہ کسی اونچے مقام پر چڑھے مثل پہاڑ یا سیڑھی وغیرہ کے ذکرہ ابو حاتم اللغوی و قتیبی نے
کہا کہ اصعد میں دور جانا بھی ہوتا ہے - اسیواسطے مفسر نے تبعدون فی الارض کہا - پھر یہاں شبہہ ہے کہ بھاگنے والے تو مدینہ پہونچے یا پہاڑ پر چڑھے
پس صعد چاہیئے تھا تو جواب دیا گیا کہ بعضے تو سیدھے مدینہ پہونچے اور کچھ جو پہاڑی پر چڑھے وہ بعد طے کرنے زمین وادی کے چڑھے پس آصعد لائق
ہے اور مفضل نے کہا اصعد و صعد بمعنے واحد ہے - پھر بھاگنا اسوقت ہوا کہ لشکر کے درہ پر جو تیر انداز حضرت صلعم نے بٹھلائے تھے وہ نافرمانی
کرکے کافروں کا مال لوٹنے کو چلے گئے اور فقط اپنے سردار عبداللہ بن جبیر رض سمیت کہ آدمیوں کو چھوڑ گئے اور پشت لشکر خالی پاکر خالد بن الولید کے
سواروں نے حملہ کیا اور مسلمان بے ترتیب غافل گھبرا کر لڑنے لگے اور آپسمیں ایک دوسرے کو قتل کرنے لگے تا انکہ حضرت حذیفہ رض کے والد کو قتل
کر ڈالا ہر چند حذیفہ آواز دیتے تھے کہ میرا باپ ہے کسی نے نہ سنا آخر حذیفہ رض نے معاف کر دیا مگر اسی گھبراہٹ و پریشانی میں اکثر انصار شہید ہوئے تھے
کہ ابن قمیئہ ملعون نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قصد کیا اور پتھر سے آپکے رخسارہ کو زخم پہونچایا پس مصعب بن عمیر رض نے روکا اور ابن قمیئہ نے انکو قتل
کیا اور سمجھا کہ میں نے آنحضرت صلعم کو قتل کیا مشرکین کو یہ مژدہ دیا اور پکارنے والے نے اُحد سے پکارا کہ محمد قتل ہوئے یہ سنتے ہی اصحاب رسول اللہ
صلعم بھاگے اور ایسے بدحواس ہوئے کہ حضرت صلعم ہر چند پکارتے رہے کچھ نہ سنا آنحضرت صلعم کے ساتھ صرف بارہ یا سات آدمی رہ گئے اور
صحیح یہ کہ اول سات پھر نو پھر بارہ ہوئے اور یہ درحقیقت وہی تھے بھاگے نہ تھے مگر جمع ہو گئے اور حضرت صلعم میدان سے نہیں ہٹے یہانتک
کہ کفار آپکے گرد سے پریشان ہوئے اور آپکے دائیں بائیں جبرئیل و میکائیل حفاظت پر تھے کما فی الصحیحین من حدیث سعد بن ابی وقاص
اور طلحہ بن عبیداللہ نے اسدن بڑی جانبازی کی کہ کچھ اوپر اسی زخم اٹھائے حتی کہ حضرت ابوبکر رض فرماتے تھے کہ یہ پورا دن طلحہ کا تھا - اور جو لوگ

بھاگے انھیں کو اللہ تعالے نے یہان فرمایا اذ تصعدون - ابن کثیر کہا ہی فی الجبل ہا ربین من احدا لکم - یعنے یاد کرو جب تم لوگ چڑھے جاتے تھے یعنے اپنے دشمنون سے بھاگ کر پہاڑی پر چڑھے جاتے تھے - وَلَا تَلْوُنَ - تعرجون - عَلٰٓى اَحَدٍ - اور نہین اقامت کرتے تھے تم کسی پر ف بسبب خوف و دہشت کے - وَالرَّسُوْلُ يَدْعُوْكُمْ فِيْٓ اُخْرٰىكُمْ - ای من ورائکم یقول الی عباد اللہ الی عباد اللہ - یعنے رسول پکارتا تھا تمکو تمہارے پیچھے سے ف کہتا تھا کہ میری طرف آؤ اللہ تعالے کے بندو میری طرف آؤ اللہ تعالے کے بندو - فَاَثَابَكُمْ غَمًّا - بالہمزۃ - بِغَمٍّ - بسبب غمکم الرسول بالمخالفۃ وقیل الباء بمعنے علی ای مضاعفا علی غم فوت الغنیمۃ - یعنے ثواب کا اطلاق یہان مجازا ہی معنے یہ کہ دی جزا دی تمکو غم بذریعہ ہزیمت کے بسبب تمہارے غم دینے کے رسول کو اسکے حکم کی مخالفت کرکے - یعنے تمنے رسول کو غم دیا اسکی نافرمانی کرکے ہم نے تم کو اسکے بدلے مین ہزیمت کا غم دیا - اور بعض نے کہا کہ بغم کی باء سببیہ نہین بلکہ بمعنی علی ہی ای پہونچایا تمکو غم پر غم یعنے غنیمت جاتے رہنے کے غم پر ہزیمت کا غم زیادہ کردیا - اور بعض نے کہا کہ غم اول فتح جاتے رہنے کا تھا اور بعض نے کہا کہ اول قتل و جرح کا اور دوسرا خبر قتل آنحضرت صلعم - اور اسکی مؤید ہی جو انس بن النضر نے کہا کہ تم کس غم مین پڑے ہو اگر حضرت قتل ہوے تو حی کریا کروگے اسی راہ پر مرو پھر مسلمانونکی ہزیمت اٹھانے کو اور منافقون کی باتین بنانے کو دیکھکر سب کی طرف سے بیزاری کرکے تلوار کھینچی اور سعد بن معاذ سے کہا کہ کہان جاتا ہی مین تو جنت کی خوشبو احد کے پیچھے سے پاتا ہون پھر مشرکون سے سخت لڑائی لڑکر شہید ہوے کما فی الصحاح - لِكَيْلَا تَحْزَنُوْا - متعلق بفعلا او باتاکم فلا زائدۃ - یعنے تم کو عفو کیا تاکہ تم غمگین نہو - یہ قول رد کیا گیا کہ فصل بہت ہی اور نیز عفو کے واسطے یہ وجہ ظاہر نہین ہی لہذا مفسر نے کہا کہ یا اتاکم کے متعلق ہی مگر اسوقت مین لا زائدہ ہوگا یعنے تمکو غم پر غم کی جزا دی تاکہ غمناک ہو جاؤ - عَلٰي مَا فَاتَكُمْ - من الغنیمۃ اس چیز پر جو تم سے گم گئی - یعنے غنیمت پر - وَلَا مَآ اَصَابَكُمْ - من القتل والہزیمۃ - اور جو تمکو پہونچی یعنے قتل و ہزیمت ہکذا قال ابن عباس و عبد الرحمن بن عوف والحسن وقتادہ والسدی اور بعض نے کہا کہ لا زائدہ نہونے مین بھی یہ معنے ہو سکتے ہین کہ جزا دی تمکو غم پر غم تاکہ غم سہنے کے عادی ہو اور کسی بات کی فوت ہونے و کسی مصیبت پہونچنے پر غمگین نہو جایا کرو جیسے خبر قتل حضرت صلعم سنتے ہی ایسے غمگین ہو گئے کہ اللہ عزوجل کی فتح و نصرت و اسکے دین کی مدد و حمایت بھلا دی ایسا نہین چاہیے تھا - وَاللّٰهُ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ - تم جو کرتے ہو اللہ تعالے اس سے خبردار ہی - ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً - امنا - نُّعَاسًا - بدل - یعنے امنۃ مفعول اور نعاسا اسکا بدل ہوا ای امن وہی کہ جو نعاس ہی اور بعض نے کہا امنۃ حال مقدم اور مفعول نعاسا اور شیخ عکبری نے کہا کہ اصل یہ تھا نعاسا ذا امنۃ اسواسطے کہ نعاس خود امن نہین ہی - يَّغْشٰى - بالیاء والتاء - یعنے اکثرون کی قرارۃ بالیاء التحتیہ ہی اور حمزہ و کسائی کے نزدیک تاء فوقیہ ہو بنا بہ نعاس منہ - طَآئِفَةً مِّنْكُمْ - المعنی پھر بعد غم کے اللہ تعالے نے تم پر امن اتاری وہ اونگھ تھی کہ تم مین سے ایک گروہ پر چھائی ہوئی تھی - وہم المومنون فکانوا یمیلون تحت الحجف وتسقط السیوف منہم - یہ گروہ مومنین تھے پس ڈھالون کے نیچے جھکتے اور انکی تلوارین گر گر پڑتی تھین - وَطَآئِفَةٌ - منکم - قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ - ای حملتہم علی الہم فلا رغبۃ لہم الا نجاتہا دون النبی صلی اللہ علیہ وسلم واصحابہ فلم ینامواہم المنافقون - یعنے اور تم مین سے گروہ دیگر تھا کہ انکی جانون نے انکو غم کھانے پر ڈال دیا پس انکو کوئی رغبت نہ تھی سوا اپنے جانون کی نجات کے پس وہ نہ سوئے اور یہ منافقین تھے جو اپنی جانون کے غم مین تھے سوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے و آپکے اصحاب کے مفسر جلالین کہتا ہی کہ ابن مسعود سے روایت ہی کہ لڑائی مین اونگھ اللہ تعالے کی طرف سے امن ہی اور نماز مین اونگھ آنا شیطان کی طرف سے ہی رواہ ابن ابی حاتم اور حضرت ابو طلحہ سے روایت ہی کہ مین نے بروز احد

اپنا سر اُٹھایا اور دیکھنا شروع کیا اور انمین سے کوئی نہ تھا مگر آنکہ نعاس کی وجہ سے اپنی ڈھال کے نیچے جھکا پڑتا تھا (رواہ الترمذی وغیرہ) اور بخاری کی روایت مین ہی کہ ابو طلحہ نے فرمایا مین بھی ان لوگون مین تھا جنکو نعاس نے گھیرا تھا پس میرے ہاتھ سے تلوار گر پڑتی اور مین اُٹھا لیتا پھر گرتی پھر اٹھاتا کئی بار گر پڑی ۔ ابن کثیر نے کہا کہ یہ اہل ایمان و ثبات و توکل و یقین کے لوگ تھے یعنے صحابہ رسول اللہ صلعم اور جنکو شک و ریب تھا یعنے منافق تو انکو اپنی جان کی پڑی تھی انکو یقین نہ تھا کہ ضرور اللہ تعالے اپنے رسول صلعم کو فتح عطا کریگا بلکہ ایسے بدگمان تھے کہ اسلام کا فیصلہ ہوگیا چنانچہ دوسری آیۃ مین کہا ۔ بل ظننتم ان لن ینقلب الرسول والمومنون الی اہلیہم ابدا ۔ بلکہ یہ گمان کیا کہ رسول و مومنین اپنے لوگون کی طرف اب کبھی پھر کر نجاوینگے ۔ یہان فرمایا ۔ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰہِ ۔ الخ ۔ غَیْرَ ظَنِّ ۔ الْحَقِّ ظَنَّ ۔ ای کظن اہل الجاہلیۃ حیث ظنوا ان النبی قتیل ولا ینصر ۔ گمان کرتے اللہ تعالے کے ساتھ ایسا گمان کرنا جو خلاف گمان حق کے ہی مانند گمان جاہلیت کے ف کیونکہ ان منافقون نے گمان کیا کہ نبی صلعم مقتول رہینگے یا انکو مدد نہ ہوگی اور ابن ابی حاتم نے روایت کی کہ حضرت زبیر بن العوام نے فرمایا کہ مین نے اپنے آپکو رسول اللہ صلعم کے ساتھ دیکھا جب کہ ہم پر خوف شدید ہوا تو اللہ تعالے نے ہمپر اونگھ بھیجدی سو کوئی ہم مین سے نہ تھا مگر آنکہ اسکا سر اسکے سینہ مین لگا تھا ۔ اور کہا کہ واللہ مین معتب بن قشیر منافق کا قول سنتا تھا گویا خواب دیکھتا ہون کہ وہ کہتا تھا ۔ لو کان لنا من الامر شئی ما قتلنا ہہنا ۔ پس مین نے اسکا یہ قول یاد رکھا پس اسی معتب کے قول مین اللہ تعالے نے نازل فرمایا یَقُوْلُوْنَ ہَلْ ۔ ما ۔ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ ۔ ای النصر الذی وعدناہ ۔ مِنْ ۔ زائدۃ ۔ شَیْءٍ ۔ یہ منافقین کہہ رہے ہین کہ نہین ہمارے لیے اس مدد سے جسکا ہم وعدہ دیے گئے تھے کچھ بھی ۔ قُلْ ۔ لہم ۔ اِنَّ الْاَمْرَ کُلَّہٗ ۔ بالنصب توکیدا والرفع مبتدا وخبرہ ۔ لِلّٰہِ ۔ ای بقضاء اللہ یفعل ما یشاء ۔ کہدے ان منافقون سے کام سب کا سب ۔ حاصل ہی واسطے اللہ تعالے کے یعنے حکم نفاذ سب اللہ تعالے کے واسطے ہی جو وہ چاہتا ہی کرتا ہی ۔ پس کلہ بنصب الکثر کی قرارۃ ہی تو الامر کی تاکید ہوگا اور ابو عمرو کی قرارۃ مین کلہ بو رفع ہی پس یہ مبتدا اور ۔ لِلّٰہِ ۔ خبر ۔ جملہ اسمیہ ہوکر خبران ہی ۔ یُخْفُوْنَ فِیْ اَنْفُسِہِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ ۔ یظہرون ۔ لَکَ ۔ اپنے دلون مین وہ چیز چھپاتے ہین جو تجھے نہین ظاہر کرتے یعنے بخوف تلوار کے اللہ تعالے نے اسکو ظاہر کردیا کہ یَقُوْلُوْنَ لَوْ کَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا ہٰہُنَا ۔ ای لو کان الاختیار الینا لم نخرج فلم نقتل لکن اخرجنا کرہا ۔ منافقین کہتے ہین کہ اگر اختیار ہمارا ہوتا تو ہم مدینہ سے باہر نہ نکلتے پس قتل نہ ہوتے ولیکن ہم تو زبردستی نکال لائے گئے ۔ قُلْ ۔ لہم ۔ کہدے انکو ۔ لَوْ کُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِکُمْ ۔ اگر تم اپنے گھرون مین ہوتے ۔ وفیکم من کتب علیہ القتل ۔ اور تم مین ایسا شخص بھی ہوتا جسپر قتل ہونا لکھا گیا ہی ۔ لَبَرَزَ ۔ خرج ۔ الَّذِیْنَ کُتِبَ ۔ قضی ۔ عَلَیْہِمُ الْقَتْلُ ۔ منکم ۔ اِلٰی مَضَاجِعِہِمْ ۔ مصارعہم فیقتلوا ولم یغنہم قعودہم لان قضاء اللہ کائن لا محالۃ ۔ تو البتہ باہر نکلتے ایسے لوگ کہ قضاء الٰہی مین لکھا گیا انپر قتل ہونا طرف اپنے مقتول ہونے کی جگہون کے ف پس قتل ہوتے اور انکا بیٹھ رہنا انکو قتل سے نجات نہ دیتا اسواسطے کہ قضاے الٰہی تو لامحالہ ہونے والی ہوتی ہی ۔ حاصل آنکہ تم مین سے جسپر حکم ازلی ہوچکا ہی کہ فلان جگہ قتل ہونگے اگر تم انکو لیکر گھر مین بیٹھ رہتے اور جہاد سے نافرمانی کرتے تو بھی وہ لوگ نکلکر وہین پہونچتے جہان انکے قتل کی جگہ لکھی گئی ہی کیونکہ قضاء الٰہی خواہ مخواہ واقع ہوتی ہی ف فقہ آیہ مین سے یہ ہی کہ اللہ تعالے نے ہر بندہ کی موت کا ذریعہ و سبب ظاہری و ٹھکانا سبب مقدر کیا ہی اور قضاء و قدر پر ایمان واجب ہی اور جو واقع ہوتا ہی وہ تقدیر ہی تدبیر خود کچھ چیز نہین پھر اے وندبیر و جودرست کہتے ہین تو وہی جو قضاء و قدر کے موافق ہوا اور خطا وہ ہی جو خلاف مقدر ہو تو حاصل ہی اور رجحانا جو تدبیر اپنی مراد کے موافق پڑے

اسکو لوگ راست کہتے ہین حالانکہ تقدیر اتفاق سے اسی طرح جاری تھی علی ہذا القیاس اور جسنے بالکل تدبیر چھوڑدی یہ بھی تقدیر ہی پس واقع ہوگا مگر وہی جو تقدیر ہی اور تقدیر پر ایمان نہ لانا کفر ہی افسوس کہ اس زمانہ مین بہت نادان اسمین گمراہ ہین اور جب کہا جاتا ہی کہ تدبیر سے بادشاہ کیون ہوگئے تو کہتے ہین کہ فلان فلان اسباب میسر ہوئے یا تدبیر مین خطا ہوئی حالانکہ یہ بعینہ تقدیر ہی مگر نہین سمجھتے ہین اور کیونکر اپنی عقل پر بھروسا کرکے کہے جاتے ہین کہ عقل قطعًا راہ صواب پر لیجاتی ہی جو بات عقل مین نہ آوے وہ غلط ہی حالانکہ خود ہی اقرار کیے جاتے ہین کہ فلان تدبیر مین عقل نے خطا کی اور فلان امر مین عقل چوک گئی پھر اس آیہ مین معجزہ غیب ہی کہ جس چیز کو پوشیدہ آپسمین کہتے تھے اسکو اللہ تعالے نے کھول دیا - وَ - فعل ماضی واحد - لِيَبْتَلِيَ - تخبر - اللّٰهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ - قلوبکم - اور یہ کیا جو کیا اس جنگ احد مین تاکہ امتحان کرے اللہ تعالے جو تمھارے سینون مین یعنے دلون مین ہی ف مفسرہ نے لیبتلی کے لام کو بتلایا کہ یہ علت فعل مقدر کی ہی یعنے جو کچھ احد مین اللہ تعالے نے جاری کیا وہ اسواسطے کیا کہ امتحان کرے جو تمھارے سینون مین ہی یعنے اخلاص یا نفاق - اور یہ کلام خوب مربوط ہی کہ پہلے ذکر کردیا کہ انہین نفاق والے ایسے ایسے بھی تھے پھر فرمایا کہ ہمنے اسیواسطے احد مین یہ مصیبت دیدی تاکہ مومن و منافق کھل جاوین حالانکہ اللہ تعالے کو معلوم تھا اور یہ عجیب قدرت تھی کہ اونکھ انھین کو آئی جو مخلص تھے اور منافقون کو بالکل نہ آئی وہ ویسے ہی خوفزدہ رہے - وَلِيُمَحِّصَ - تمیز - مَا فِي قُلُوبِكُمْ - اور تاکہ خالص و متمیز کردے جو تمھارے دلون مین ہی - اور یہ امتحان کرنا اور تمیز کرنا عام اظہار کے واسطے تھا خود اللہ تعالے کو سب معلوم ہی چنانچہ فرمایا - وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ - بما فی القلوب لایخفی علیہ شئی وانما یبتلی لیظہر للناس - حال یہ کہ اللہ تعالے دانا تر ہی ذات الصدور کے ساتھ ف یعنے اس چیز کے ساتھ جو دلون مین ہی اسپر کچھ پوشیدہ نہین اور یہ امتحان کرنا اسو اسطے تھا تاکہ لوگون پر ظاہر ہو جاوے - یا اسواسطے کہ عیب دار اور بے عیب الگ ہو جاوین جیسے صاف پانی مین اگر خراب جراثیم ہوتے ہین اور دانشمند نے اسمین حکمت کو دخل دیا تو اسیواسطے کہ صاف شفاف پانی ایک شیشے مین آگیا اور میل کچیل دوسرے شیشے مین رہگیا یا جیسے گلاب کو آگ سے جوش دیا پس ستا تو الگ نکل آیا اور بھبوک الگ ہوگیا - پھر اللہ عزوجل نے اپنی رحمت خاص سے اُن اہل ایمان کو سرفراز کیا جن سے لغزش صادر ہوئی تھی پس فرمایا - إِنَّ الَّذِينَ تَوَلَّوْا - عن القتال - مِنْكُمْ - تم مین سے جن لوگون نے پیٹھ پھیری - یعنے لڑائی سے يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ - جس دن کہ بھڑین دو جماعتین - جمع المسلمین وجمع الکفرین باحد وہم المسلمون الا اثنی عشر رجلا ایک جماعت مسلمانون کی اور دوسری جماعت کافرون کی مقام احد مین اور پیٹھ دینے والے سب مسلمان تھے سوائے بارہ آدمیون کے إِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطَانُ - ای ازلہم الشیطان - یوسوستہ - سوائے اسکے نہین کہ ڈگادیا انکو شیطان نے ای ازلالا کیا انکو شیطان نے اپنے وسوسہ سے - بِبَعْضِ مَا كَسَبُوا - من الذنوب ہو مخالفۃ امر النبی صلعم سبب بعض اس چیز کے کہ کمائی تھی انھون نے یعنے بعضے گناہون کے سبب سے اور وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت تھی مترجم کہتا ہی کہ استزل بمعنے ازال لیا یعنے استفعال یعنے طلب نہین بلکہ تعدیہ کے واسطے ہی اور بعضے نے طلب کے معنے لیکر یون تفسیر کی کہ بلایا انکو بھاگنے کی طرف اور اسپر آمادہ کیا - اور یہ ازلال یا استزلال جو شیطان کا تھا اسکے وسوسہ کے ساتھ تھا - وَلَقَدْ عَفَا اللّٰهُ عَنْهُمْ - اور البتہ عفو کیا اللہ تعالے نے انکا یہ گناہ یعنے میٹ دیا - إِنَّ اللّٰهَ غَفُورٌ - للمومنین - اللہ تعالے غفور ہی یعنے مومنون کے واسطے حَلِيمٌ - کافرون کے واسطے - حلم والا ہی - یعنے گناہگارون کو جلدی نہین پکڑ لیتا ہی بلکہ توبہ تک مہلت دیتا ہی اور عصاۃ جمع عاصی

مانند دعاۃ و ہداۃ و ولاۃ جمع داعی و ہادی والی کے ف مفسر رحمہ اللہ نے ثابت قدم رہنے والے بارہ ۱۲ آدمی لکھے اور یہی مشہور ہے اور سراج میں تیرہ ۱۳ آدمی بیان کیے جنمیں سے چھ آدمی مہاجرین سے باین نام لکھے کہ ابوبکر و عمر و علی و طلحہ و عبدالرحمن بن عوف و سعد بن ابی وقاص تھے اور بعض اہل سیر نے تیس ۳۰ آدمی بیان کیے اور بعض نے کم و بیش تعداد بیان کی بالجملہ روایات مختلف ہیں ظاہرا احادیث میں حصر مقصود نہیں ہے چنانچہ شعبی کے طریق سے حضرت ابن مسعود کی روایت میں ہے کہ نبی صلعم تنہا رہ گئے تو آدمیوں کے ساتھ سات انصار کے اور دو مہاجرین کے تھے رواہ احمد اور دوسری روایت احمد میں براء بن عازب سے ہے کہ نہ باقی رہے رسول صلعم کے ساتھ مگر بارہ مرد رواہ البخاری ایضا اور بیہقی کی حدیث جابر میں گیارہ مرد انصاری اور بارھویں طلحہ بن عبیداللہ مذکور ہیں حالانکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ بالاتفاق نہیں بھاگے اور ایسی حضرت ابوبکر رضہ اور حدیث بخاری میں ثابت ہے کہ حضرت صلعم نے سعد بن ابی وقاص کے آگے ترکش کھول دیا اور فرمایا کہ تیر مار تجھ پر میرے ماں باپ فدا ہوں۔ اور ثابت ہے کہ ابو عبیدہ بن الجراح نے خود کی کڑیاں حضرت صلعم کے رخسارہ مبارک سے اپنے دانتوں سے کھینچیں کہ دونوں دانت انکے ٹوٹ گئے اور حضرت ابوبکر رضہ کو قسم دلائی کہ تم اسمیں شریک ہو۔ اور مصعب بن عمیر رضہ حضرت کے آڑے آ گئے جبکہ ابن قمیہ ملعون نے حضرت صلعم کو پتھر سے زخمی کیا پس ظاہر ہے کہ فرار کے وقت آپ کے پاس نو آدمی موجود تھے پھر حضرت صلعم کو کافروں نے گھیرا اور باقی چند صحابہ جو میدان رمی تھے حضرت صلعم کی پکار کو سنکر آپ کے پاس جمع ہو گئے اسواسطے کہ نو آدمیوں والی روایت میں ہے کہ آنحضرت صلعم کے پہاڑ تک جاتے جاتے وہ سب شہید ہو گئے حالانکہ قریب پہاڑ کے جب آپ چڑھے کہ تھے کہ ابی بن خلف ملعون گھوڑا دوڑاتا ہوا آیا اور کہا کہ میں نہ بچا اگر محمد بچ گئے اور کہ میں قسم کھایا کرتا تھا کہ اس گھوڑے پر حضرت صلعم کو قتل کرونگا آپ نے فرمایا تھا کہ نہیں بلکہ میں انشاء اللہ تعالے اسکو قتل کرونگا پس اسوقت اسنے حملہ کیا اور بالکل زرہ میں ڈوبا تھا حرث گردن کے وہاں ذرا سی جگہ خالی تھی پس حضرت صلعم نے فرمایا کہ اسنے دو پس جب قریب آیا تو حضرت صلعم نے حرث بن صمہ سے ایک حربہ مانگ لیا اور پھینکا اسکی گردن میں ایک ضرب لگائی جس سے وہ کئی بار گھوڑے پر سے زمین میں گر پڑا پھر آپ نے چھوڑ دیا اور اسکی قوم والے اسکو اٹھا لے گئے وہ بیل کی طرح چلاتا تھا اسکی قوم نے کہا کہ تجھ کو کوئی خوف نہیں ہے تو جیل سا گیا ہے وہ کہتا تھا کہ بالله اگر یہ درد تمام ربیعہ و مضر دونوں گروہ پر ہوتا تو مر جاتے میں نہ بچونگا تمکو معلوم نہیں کہ وہ کہا کرتے تھے کہ ابی بن خلف کو میں قتل کرونگا آخر وہ مردود بلدن رابغ میں پہونچکر مر گیا اور واقدی رح نے محمد بن اسحق کے واسطے سے روایت کی اور لکھا کہ ابن عمر فرمایا کرتے کہ میں رات گئے بطن رابغ میں جاتا تھا کہ ناگاہ میں نے آگ دیکھی کہ مجھے ہیبت معلوم ہوئی اسمیں سے ایک شخص آگ کی زنجیروں میں بندھا ہوا نکلا کہ پیاس پیاس پکارتا ہے اسکے ساتھ ایک شخص ہے وہ فرماتا ہے کہ اسکو پانی نہ پلانا یہ رسول اللہ صلعم کا قتل کیا ہوا ابی بن خلف ہے اور شیخین کے بعد اسکے ذکر کے لکھا کہ صحیحین میں ابوہریرہ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالے کا غضب شدید اسپر ہے جسنے رسول کا چہرہ زخمی کیا اور سخت غضب اللہ تعالے کا اسپر جسکو رسول خدا نے جہاد میں اپنے ہاتھ سے قتل کیا و قد رواہ البخاری عن ابن عباس ایضا پھر زخمی کرنے والوں پر سال نہ گذرا کہ وہ کافر ہلاک ہوئے ایک ابن قمیہ اور دوسرا عتبہ بن ابی وقاص ملعون تھے بالجملہ محمد بن اسحاق نے جو مرسلا روایت کی کہ انس بن مالک کے چچا انس بن النضر چلتے چلتے پہونچے عمر بن الخطاب و طلحہ بن عبیداللہ کے پاس جو مہاجرین و انصار کے چند لوگوں کے ساتھ غمناک بیٹھے تھے پوچھا کہ تم کیا غمناک ہو بولے کہ رسول اللہ صلعم قتل ہوئے کہا کہ پھر آپ کے بعد زندہ رہکر کیا کروگے مشرکوں سے لڑکر شہید ہو یہ کہکر تلوار کھینچی و مشرکوں کی طرف چلدیا پھر سعد بن معاذ سے کہا کہ اے سعد کہاں جاتے ہو میں تو احد کے پیچھے سے جنت کی خوشبو پاتا ہوں یہ کہکر روانہ ہوئے اور لڑکر شہید ہو گئے رضی اللہ عنہ۔ یہ دلیل ہے کہ عمر بن الخطاب حضرت صلعم کے پاس تھے گر بھاگے تھے کہ حضرت صلعم کی آواز پر جمع ہو گئے اور خود ابوبکر رضہ کا

ہوا کہ یکایک جو کفار نے پیچھے سے آکر ہجوم کیا اور خلط ملط ہو گئے تو مسلمانوں میں ایک دوسرے کو خبر نہوئی متفرق ہو گئے چنانچہ ابوداؤد طیالسی کی روایت میں صاف ہو کہ حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ سب سے پہلے میں نے ہی حضرت صلعم کی آواز پر آپ کی طرف رجوع کیا اور خود یہی حال حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا تھا اور یہی سعد بن معاذ کا حالانکہ اُحد کی پہاڑی پر پہونچنے کے وقت مذکور ہی کہ آنحضرت صلعم دونوں سعد کے بیچ میں ظاہر ہوے یعنے سعد بن ابی وقاص اور سعد بن معاذ کے بیچ میں تھے کما فی حدیث ابن عباس الذی رواہ احمد والحاکم وابن ابی حاتم والبیہقی مترجم کہتا ہو کہ غرض میری اس طول کلام سے علاوہ فوائد کے یہ ہو کہ ظاہر لفظ بارہ آدمی پر محمول کرکے یہ دھوکا نہ کھاوین کہ عشرہ مبشرہ وغیرہ صحابہ بھاگ گئے تھے جیسا کہ اکثر اس تحقیق سے نے خبر ہوکر متحیر و متردد ہوتے ہین فافہم۔ ہان حضرت عثمانؓ البتہ بھاگنے والون میں تھے اور عبدالرحمٰن بن عوف نے تعریض کے طور پر کہلا بھیجا تھا کہ میں بروز احد میں بھاگا نہ تھا۔ جسکے جواب میں حضرت عثمان نے کہلا بھیجا کہ اس سے مجھے کیون نکالتے ہو حالانکہ اللہ تعالے نے اسکو معاف فرمایا اور رہی یہ بات کہ میں نے عمر رضی اللہ عنہ کا طریقہ چھوڑ دیا تو حال یہ ہو کہ میں اس طریقہ کو بجالانے کی طاقت نہیں رکھتا ہون اور تم سے بھی ادا نہیں ہو سکتا ہو کما فی روایۃ احمد۔ اور بخاری نے روایت کی کہ ایک شخص حج کرنے آیا اور ایک قوم کو بیٹھا دیکھکر کہا کہ یہ کون لوگ ہین لوگون نے کہا کہ قریش ہین بولا کہ شیخ کون ہو بولے کہ ابن عمرؓ پھر آیا اور کہا کہ میں آپ سے ایک سوال کرنے والا ہون آپ مجھے بیان کیجیے حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ پوچھ اسنے کہا کہ میں آپ کو اسی خانہ کعبہ کی قسم دیتا ہون کہ آپ جانتے ہین کہ عثمان بن عفان اُحد کے روز بھاگے۔ ابن عمرؓ نے فرمایا ہان۔ بولا آپ جانتے ہین کہ بدر میں شریک نہ تھے فرمایا ہان۔ بولا کہ بیعۃ الرضوان میں شریک نہ تھے فرمایا ہان۔ یہ سنکر اس شخص نے تکبیر کہی۔ حضرت ابن عمرؓ نے فرمایا کہ او شخص یہان آ کہ میں تجھے خبر دون اور جو تو نے پوچھا اسکو بیان کر دون عثمان کا بروز احد بھاگنا سو میں گواہی دیتا ہون کہ اللہ عزوجل نے اسکو معاف کر دیا۔ اور رہا بدر سے غائب ہونا تو اسوجہ سے کہ انکے تحت میں حضرت صلعم کی دختر تھیں جو مریضہ تھیں انکی تیمارداری کے لیے چھوڑا اور فرمایا کہ تیرے لیے ثواب ایسے شخص کا جو بدر میں حاضر ہوا اور غنائم کا حصہ لگایا اور رہا بیعۃ الرضوان میں موجود نہونا تو اسوجہ سے تھا کہ اگر مکہ میں کوئی شخص حضرت عثمان سے زیادہ عزیز ہوتا تو بجاے عثمان کے وہ بھیجا جاتا پس خود اللہ تعالے و اسکے رسول کے کام کو بھیجے گئے تھے اور بیعۃ الرضوان انکے جانے کے بعد واقع ہوئی پس رسول اللہ صلعم نے اپنے بائین ہاتھ کو فرمایا کہ یہ عثمان کا ہاتھ ہو اور اپنے داہنے ہاتھ میں مارا یعنے یہ بیعت عثمان ہی پھر ابن عمرؓ نے فرمایا کہ اب ان جوابون کو اپنے ساتھ لیجا و فقد رواہ البخاری وغیرہ بالجملہ اسمیں کوئی شک نہیں کہ اللہ عزوجل نے ان سب لوگون کو جو فرار کر گئے تھے معاف کر دیا شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ وجہ معاف ہونے کے ظاہر ہی کہ مسلمانون کی تعداد و سامان بہت کم تھا اور کافر تعداد میں بہت اور باسامان تھے واللہ اعلم اور سراج میں کہا کہ عفو کے قرینہ سے انکا قوبہ کرنا مقدر ہی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ اِذَا ضَرَبُوْا فِي الْاَرْضِ

اے ایمان والو تم مت ہو انکی طرح جو کافر ہوے اور کہا اپنے بھائیون کو جب سفر کو نکلے ملک میں

اَوْ كَانُوْا غُزًّى لَّوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا ۚ لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ حَسْرَةً فِيْ قُلُوْبِهِمْ ۗ

یا ہوے جہاد میں کہ اگر ہوتے ہمارے پاس تو نہ مرتے اور نہ قتل ہوتے تاکہ کردے اللہ تعالے یہ بات حسرت انکے دلون میں

وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۗ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ۝ وَلَئِنْ قُتِلْتُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ مُتُّمْ لَمَغْفِرَةٌ

اور اللہ ہی جلاتا اور مارتا ہو اور اللہ تعالے تمہارے کام خوب دیکھتا ہو اور اگر تم مارے گئے اللہ تعالے کی راہ میں یا مر گئے تو بخشش

مِّنَ اللّٰهِ وَرَحْمَةٌ خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُوْنَ ۝ وَلَئِنْ مُّتُّمْ اَوْ قُتِلْتُمْ لَاِلَى اللّٰهِ تُحْشَرُوْنَ ۝

اللہ کی اور رحمت بہتر ہے اس سے جو وہ جمع کرتے ہیں اور اگر تم مرے یا مارے گئے البتہ اللہ ہی پاس اکٹھے ہوگے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا - ای المنافقین - اے ایمان والو تم کافروں کے مانند نہ ہو جو ف یعنے منافقین کے مانند نہ ہو جو - جو دنیا کا مال جمع کرنے پر حریص تھے اور جنگ احد میں جب مومنوں کو شکست ہوئی تو کہنے لگے کہ ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے - اور انکو کفر سے تعبیر کرنے میں اشارہ ہے کہ انکا قول انکا کفر ہے کیونکہ وہ تقدیر کا انکار ہے - پس منافقوں میں عیب ہے کہ اول تو انھوں نے کفر کیا اور دوم - وَقَالُوْا لِاِخْوَانِهِمْ - ای فی شانہم - یعنے اپنے بھائیوں کی شان میں کہا - حاصل یہ کہ یہ قول انھوں نے اپنے بھائیوں کی شان میں بعد وقوع موت یا قتل کے کہا - اور بھائیوں سے یا تو اعتقاد نفاق کی موافقت والے مراد ہیں جیسے بعض منافق حضرت صلعم کے ساتھ جنگ احد میں تھے یا نسب کے بھائی مراد ہیں اور جائز ہے کہ ہر آدمی ہو کیونکہ آدمی آپس میں بھائی ہیں اور اول اظہر ہے - اِذَا ضَرَبُوْا - سافروا جب انکے بھائیوں نے سفر کیا - فِى الْاَرْضِ - فاتوا - ملک میں پھر سفر میں مر گئے - اَوْ كَانُوْا غُزًّى - جمع غازٍ فقتلوا - یا انکے بھائی جہاد کرنے نکلے تھے پھر مارے گئے کہ - لَوْ كَانُوْا عِنْدَنَا مَا مَاتُوْا وَمَا قُتِلُوْا - اگر یہ لوگ ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے اور نہ قتل ہوتے ف یہ ان کافروں و منافقوں کا قول ہے جو انھوں نے اپنے بھائیوں کی شان میں کہا پس مومنوں کو ان منافقوں کے مانند ہونے سے جو منع کیا تو اسکے معنے یہ جو مفسر نے کہے ای لا تقولوا کقولہم - یعنے تم انکے قول کی طرح مت کہو اور مراد یہ کہ ایسا اعتقاد مت کیجیو جیسے منافقوں کا حال ہے کہ اول انھوں نے تقدیر سے کفر کیا پھر حماقت میں اپنے اوپر لاعلاج غم لیا کہ ہمارے بھائی اگر سفر میں نہ جاتے یا جہاد میں نہ جاتے تو نہ مرتے - لیکن اللہ تعالے نے ان دنیاوی ذلیلوں کو اسی حماقت میں چھوڑا - لِيَجْعَلَ اللّٰهُ ذٰلِكَ - القول فی عاقبتہ امرتا کرے اللہ تعالے یہ قول انکے انجام کار کے حق میں - حَسْرَةً فِىْ قُلُوْبِهِمْ - حسرت انکے دلوں میں ف پس تمام عمر اسی حسرت کے خیال میں رہے اور عاقبت میں عذاب نے گھیر لیا پس یجعل کا لام صیرورۃ کا اور تجعیل معنے تصییر ہوا اور حاصل یہ کہ عاقبت میں یہ قول انپر حسرت و وبال ہو جائیگا - اور بعض مفسرین نے کہا کہ درصورت ایسے اعتقاد کے موت یا قتل واقع ہونا اپنے سخت حسرت ہے بخلاف مومنین کے جو موت و قتل کو بتقدیر الٰہی سمجھتے ہیں تو وہ حسرت میں نہیں پڑتے کیونکہ انکا یہ اعتقاد نہیں ہے کہ اگر سفر میں تجارت وغیرہ کو نہ گئے ہوتے یا جہاد میں نہ جاتے تو نہ مرتے اور بعض نے کہا کہ تم کو اس سے منع کیا تا کہ یہ قول فقط انھیں کافروں پر حسرت ہو انکے اعتقاد کی وجہ سے - پھر برہان کے طور پر سمجھایا کہ - وَاللّٰهُ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ - اور اللہ تعالے ہی زندگی و موت دیتا ہے ف فلا مانع عن الموت قعود - پس سفر سے یا جہاد سے بیٹھ رہنا موت کو نہیں روکتا ہے - مدارک میں کہا کہ یہ رد ہے انکے قول کا کہ جہاد سے زندگی قطع ہوتی ہے اور حاصل رد یہ ہے کہ یہ امر تو اللہ تعالے کے اختیار میں ہے دیکھو کہ اللہ تعالے اکثر مسافروں و مقاتلوں کو ثواب و غنیمت کے ساتھ زندہ رکھتا ہے اور بہتیرے گھر بیٹھنے والوں کو موت دیتا ہے - وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ - بالتاء اکثروں کی قرات ہے پس خطاب مومنوں کو ہے اور بالیاء التحتیۃ ابن کثیر و حمزہ و کسائی کی قرات ہے بنا بر یہ کہ وعید کافروں کو ہے - بَصِيْرٌ - فیجازیکم - اور اللہ تعالے جو کچھ (تم کرتے ہو) یا (کافر منافق کرتے ہیں) خوب دیکھتا ہے ف تمکو اسپر جزا دیگا یا انکو اسپر سزا دیگا - وَلَئِنْ - لام قسم - یعنے لام قسم ہے اور ان حرف شرط - قُتِلْتُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ - ای الجہاد - یعنے جہاد میں - اَوْ مُتُّمْ - بضم المیم و کسرہا من مات یموت و یمات ای انا کم الموت فیہ - یعنے اکثروں کی قرات تو متم بضم میم ہے از مات یموت اور نافع و حمزہ و کسائی کی قرات متم بکسر میم از مات یمات مانند خاف یخاف ہے پس جیسے خفت و بیع مت اور معنے متم کے ہر دو وجہ یکساں ہیں یعنے راہ خدا میں تمکو موت آئی حاصل یہ کہ اگر تم راہ خدا میں قتل ہوئے یا مرے تو - لَمَغْفِرَةٌ - کائنۃ - مِّنَ اللّٰهِ لذنوبکم - وَرَحْمَةٌ - منہ لکم علی ذلک

خَيْرٌ مِّمَّا يَجْمَعُونَ - من الدنیا بالنار والبیاء - البتہ وہ مغفرت جو حاصل ہو اللہ تعالے کیطرف سے تمہارے گناہوں کے لیے اور وہ رحمت جو حاصل ہو اللہ تعالے کی طرف سے تمہارے لیے اس موت فی سبیل اللہ پر یہ بہتر ہے اس چیز سے جو تم جمع کرتے ہو یعنے مال دنیاوی سے (درصورتیکہ تحصیل مال بالتجارہ ہو جیسا کہ اکثر کی قرارت ہے) یا جمع کرتے ہیں کفار (درصورتیکہ قرارت بیاء تحتانیہ ہو جیسا کہ حفص نے پڑھا ہے) بالجملہ المغفرۃ من اللہ ورحمۃ مبتدا ہے اور خیر مما تجمعون اسکی خبر ہے اور یہ جملہ جواب قسم ہے اور المغفرۃ موضع فعل میں ہے پھر جواب شرط محذوف ہوا کیونکہ جواب قسم ہے اسکے قائم مقام کا ہے - لمغفرۃ ورحمۃ کی تنوین اول یہ ہے کہ تقلیل کی ہو کہ قلیل مغفرت ورحمت بھی اس تمام سے کہ جسے وہ جمع کرتے ہیں اگر کہا جاوے کہ جو وہ جمع کرتے ہیں وہ تو بالکل ہی بہتر نہیں ہوتا جواب کہ انکے زعم کے موافق اسکو بہتر فرض کر لیا اور نیز مال جو صرف آخرت کے واسطے ہو بہتر ہوتا ہے جیسا کہ حدیث صحیح میں ہے کہ نعم المال الصالح للرجل الصالح - یعنے مال نیک مرد نیک کے واسطے بہتر ہوتا ہے ذکرہ فی السراج پھر ارشاد فرمایا کہ سوچ لو کہ تم جاؤ کسی طرح مرو خواہ نخواہ مرو گے اور جب مرو گے تو ضرور اللہ تعالے کی طرف پھر جاؤ گے پس اچھا نمونہ لیکر جانا بہتر ہے - وَلَئِن - لام قسم ہے اور ان شرطیہ بالوجبان - یعنے بضم اول یا بکسر اول دو وجہ سے قرارۃ ہے - أَوْ قُتِلْتُمْ - فی الجہاد وغیرہ - یا قتل ہو جہاد میں یا کسی اور طرح مرو - لَإِلَى اللَّهِ تُحْشَرُونَ - فی الآخرۃ فیجازیکم یعنے اگر تم مرو یا قتل ہو آخر اللہ تعالے ہی کی طرف حشر کیے جاؤ گے نہ کسی اور کی طرف

فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ لِنتَ لَهُمْ وَلَوْ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَانفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ

سو کچھ اللہ کی مہر ہے کہ تو نرم دل ملا انکو اور اگر تو سخت کہنے والا سخت دل ہوتا تو منتشر ہو جاتے تیرے گرد سے

فَاعْفُ عَنْهُمْ وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ

سو انکو معاف کر اور انکے واسطے بخشش مانگ اور انسے مشورت لے کام میں پھر جب ٹھہرا چکا تو بھروسا کر

عَلَى اللَّهِ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ

اللہ پر اللہ دوست رکھتا ہے توکل کرنیوالوں کو

فَبِمَا رَحْمَةٍ - مازائدہ - یعنے مازائدہ ہے جیسا کہ قتادہ نے کہا کہ تقدیر فبرحمۃ من اللہ - ای فبرحمۃ صدرت منہ اور اسکے ساتھ ترجمہ اسکا ہو چکا لِنتَ لَهُمْ - یا کرے اور معرفہ سے لاتے ہیں جیسے قولہ فجاءہم بأسنا تنکرہ سے لاتے ہیں جیسے قولہ عما قلیل یعلمون من اللہ لنت لہم - یا ہم لہم - ای سہلت امرک لہم اخلاقک لہم - یعنے پس اللہ تعالے ہی کی جانب سے رحمت ہے کہ تو نرم ہوا ای ہمارے لیے واسطے یعنے نرم کیا تو نے اپنے اخلاق کو انکے واسطے جبکہ انھوں نے تیری مخالفت کی اور حسن بصری سے روایت ہے کہ یہ خلق محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہی جسکے ساتھ آپکو بھیجا اور ابوامامہ باہلی سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے میرے دونوں ہاتھ پکڑے اور فرمایا کہ اے ابوامامہ مومنین سے بعضے ایسے ہیں کہ انکے واسطے میرا دل نرم ہوتا ہے رواہ احمد - اور حاصل آنکہ نرمی سے انکو سمجھایا سختی سے ملامت نہیں کی - وَلَوْ كُنتَ فَظًّا - ای انحق اور اگر تو بدخلق ہوتا - غَلِيظَ الْقَلْبِ - جافیا فاظ غلظت لہم سخت طبیعت ہونا کہ اپنے جھڑکی اور سختی کرنا - لَانفَضُّوا - تفرقوا - مِنْ حَوْلِكَ - تو متفرق ہو جاتے تیرے گرد سے - اور سراج میں کہا کہ فظ اسکے معنے یہ بیان کیے کہ اگر تو انکے ساتھ ملامت سے پیش آتا تو تجھے جاہ وہیبت کھا کر متفرق ہو جاتے پس باعث ہو جاتا کہ دشمن تجھ پر دلیر ہو کر طمع کرے - فَاعْفُ - تجاوز - عَنْهُمْ - ما تولہ - تجاوز کر انسے جو انھوں نے کیا - وَاسْتَغْفِرْ لَهُمْ - تو بہم حتی اغفر لہم - اور مغفرت مانگ انکے گناہوں کی تاکہ میں انکو بخش دوں - اسمیں کامل خلق یہ بیان فرمایا کہ برائی کرے قومساعت کرے اور اسکے

بدلے اور نیکی کرے اور یہ آنحضرت صلعم کی صفت تھی کہ اگلی کتابون مین مذکور ہی چنانچہ کعب احبار وغیرہ سے روایت ہی وہ فحاش ہونگے نہ غلیظ القلب اور نہ بازارون مین شور کرنے والے اور نہ بدلا دینگے برائی کا برائی سے بلکہ عفو کرینگے اور درگزر کرینگے اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے نے انکو احد کے بھاگنے سے معاف کردیا پھر یہان کیونکر کہا کہ تو انکے واسطے مغفرت مانگ تاکہ مین بخشدون جواب یہ ہی کہ ہزیمت کو تو معاف فرمایا یہان مراد مطلق ہی کہ علی العموم انکے گناہون کی مغفرت مانگ تاکہ معاف کردون۔ اور بعض نے کہا کہ پہلے جو عفو فرمایا ہی وہ عثمان بن عفان اور بعض دیگر اشخاص معین تھے اور یہان باقیون کے واسطے مغفرت چاہنے کا حکم دیا **وَشَاوِرْهُمْ** ۔ استخراجهم ۔ **فِي الْأَمْرِ** ۔ ای شاورهم من الحرب وغیرہ تطییبا لقلوبهم لیستن بک وکان صلی اللہ علیہ وسلم کثیر المشاورۃ لهم۔ اور انکی رائے لی یعنے شان حرب وغیرہ مین انکے دلون کی خوشی کے واسطے اور تاکہ تیرے فعل کے موافق سنت ہوجاوے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا خود یہ حال تھا کہ ان لوگون سے بہت مشورت کرتے تھے اسکو محی السنۃ نے معالم مین اور دوسرون نے روایت کیا ہی اور **حسن** رح نے کہا کہ اللہ تعالے کو معلوم ہی کہ اسکے رسول صلعم کو انکے مشاورت کی کچھ حاجت نہ تھی ولیکن یہ چاہا کہ آپکے بعد کی امت اسی طریقہ پر رہے۔ اور **ابن کثیر** رح نے ذکر کیا کہ آیا یہ آپ پر واجب تھا یا مستحب تھا۔ اسمین فقہا کے دونون قول موجود ہین اور سراج مین ذکر کیا کہ اس بات پر اجماع ہی کہ جس معاملہ مین اللہ تعالے کی طرف سے کوئی وحی آگئی تو اسمین رسول صلعم کو امت سے مشاورت کرنا روا نہین ہی کیونکہ جب کوئی حکم منصوص ہوا تو اسے باطل ہوگئی اور رسول صلعم نے فرمایا کہ آگاہ رہو کہ اللہ تعالے و اسکا رسول اس سے بے پروا ہین ولیکن اللہ تعالے نے اسکو میری امت کے واسطے رحمت کیا ہی سو جسنے میری امت مین سے مشورت کی اوسنے راہ صواب کو گم نہ کیا اور جسنے مشورت نہ کی وہ گمراہی کو نہ چوکا اور **قرطبی** رح نے ابن عطیہ رح سے نقل کیا کہ اسمین خلاف نہین کہ جو شخص مسلمانون کے سردارون مین سے مشورت نہ لیتا ہو اسکا معزول کرنا روا ہی پھر جاننا چاہیے کہ عمرو بن دینار کے طریق سے ابن عباس سے روایت ہی کہ قولہ تعالے وشاورهم فی الامر۔ مین ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما مراد ہین رواہ الحاکم وقال صحیح الاسناد علی شرط البخاری ومسلم اور ایسا ہی کلبی عن ابی صالح عن ابن عباس مروی ہی کہ یہ آیت حضرت ابوبکر و عمر رض کی شان مین اتری یہ دونون بزرگ حضرت صلعم کے حواری اور آپکے وزیر اور مومنون کے باپ تھے۔ اور عبدالرحمن بن غنم رض سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے ابوبکر و عمر رض سے کہا کہ جس مشورہ مین تم دونون اتفاق کرو مین اسمین تم سے مخالفت نہ کرونگا **مترجم** کہتا ہی کہ بعض احادیث مین ہی کہ آپ نے فرمایا کہ آسمان کے میرے دو وزیر جبرئیل و میکائیل ہین اور زمین کے ابوبکر و عمر ہین اور **مترجم** کہتا ہی کہ صوفیہ کرام کہتے ہین کہ حضرت صلعم کے دائین وزیر ابوبکر رض اور بائین عمر رض تھے اور بعد آپ کے حضرت ابوبکر کے دائین حضرت عمر اور بائین عثمان ہوے علی ہذا القیاس قیامت تک یہ سلسلہ امراء اسلام مین جاری ہی اور مدارک مین مذکور ہی کہ اسمین دلالت ہی کہ اجتہاد کرنا جائز ہی اور بیان ہی کہ قیاس حجت ہی فافہم۔ **فَإِذَا عَزَمْتَ** ۔ علی امضاء ما تریدہ بعد المشاورۃ۔ پھر جب تو نے عزم کرلیا **اس چیز کے عمل مین لانیکا جو** بعد مشاورت کے ٹھہری ہی۔ **فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ** ۔ ثق بہ لا بالمشاورۃ۔ تو اعتماد و بھروسا کر اللہ تعالے پر نہ اس مشاورت پر **إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ** ۔ علیہ۔ اللہ تعالے دوست رکھتا ہی ایسے لوگون کو جو توکل کرتے ہین یعنے اللہ تعالے پر نہ یہ اصل مین توکل کے معنے ہین کہ اللہ تعالے پر بھروسا ہو اور یہی مدارک مین کہا کہ توکل بھروسا کرنا اللہ تعالے پر اور اسی کے سپرد کردینا اور **شیخ ذوالنون مصری** رح نے فرمایا کہ خلعار ہا ہے قطع اسباب۔ یعنے سوائے خدائے تعالے کے جو لوگ وسیلہ گمان کیے جاتے ہین اور گمان و وہم انپر بھروسا کرنا ہی انکو چھوڑنا اور جتنے اسباب و سامان کہ کسی کام کے پورے ہونے مین دخل رکھنے والے شمار ہوتے ہین سب کی جڑ کاٹ

دینا قال المترجم حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم سے عزم کے معنے پوچھے گئے تو فرمایا کہ اہل رائے سے مشورت لیکر اسکی پیروی کرنا رواہ ابن مردویہ مترجم کہتا ہی کہ عوام یہ خیال کرتے ہین کہ کوئی تدبیر نہ کرنا اور نہ کسی سبب ظاہری کا میاشر ہونا یہ توکل ہی حالانکہ یہ وہم و غلط ہی بلکہ یہ سخت مذموم ہی اور توکل یہی ہی کہ اللہ عزوجل نے جو امور کہ ظاہر مین اسباب مقرر فرمائے ہین انکو ظاہر کے اسباب سمجھکر بجالاوے اور یہی اعتقاد رکھے کہ پورا ہونا کام کا اللہ تعالے ہی کے سپرد ہی یہ نہین کہ ان اسباب کی طرف یا اسباب کے تئین دل سے پورے کرنے کی طرف اسطرح دل لگاوے کہ انکے نہ پورے ہونے یا ایسی کوشش کرنے سے مقصود فوت ہوجائیگا کیونکہ یہ حماقت ہی اسیواسطے فرمایا کہ مشاورت کرو اور یہ مت سمجھو کہ جو مشورہ مین قرار پایا ایسا مضبوط ہی کہ اس رائے مین خطا نہو گی نہین بلکہ جب اسکو جاری کرو تو اللہ تعالے ہی پر اعتماد کرو یہان سے معلوم ہوا کہ یہ توکل تمام ہر ہر مسلمان بندے کی شان اور اسپر واجب ہی ایسا نہین جیسا عوام گمان کرتے ہین کہ یہ تو ترک دنیا کا نام ہی سوائے فقیرون کے کون کرسکتا ہی یہ گمان غلط اور شیطانی وسوسہ ہی وقال الشیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے فبما رحمۃ من اللہ لنت لہم۔ اللہ سبحانہ نے اس امت مرحومہ کے دلون کو وقت ایجاد کے دیدار جمال قدم مین پیدا کیا اور حسن و امید سے انکو منور کیا اور انکی ارواح کو عالم عدم سے عالم بسط و سرور و نور مشاہدہ کی طرف نکالا اور انکو خلق لطف کا لباس دیا پیش ہ دیدار الطاف کے لیے مستعد اور نور انس کے لیے قابلیت والی ہوگئین اور اللہ عزوجل کے کمال حکمت و لطف مین سے ہمیشہ یہ ہی کہ حضرت صلعم کو خلق بسط و روح انس پیدا کیا پس باہم امت کی روحون کو آپ سے موافقت حاصل ہوئی اور درمیان مین مناسبت سے اہلیت پیدا ہوئی اور ارواح و اشباح مین نزدیکی ہوئی پس حشمت تو باقی رہی اور غلظت فنا ہوگئی اور آنحضرت صلعم اس امت مرحومہ کے واسطے سراسر رحمت ہوگئے سکی تصدیق کلام باری تعالے مین موجود ہی قولہ تعالے ولو کنت فظا غلیظ القلب لانفضوا من حولک۔ اس خطاب سے دونون طرف سے لطف ہونا ظاہر ہوا اور فعل کی نسبت نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف کی یعنے فرمایا کہ تو نرم ہوا حالانکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو تکلف نہین کیا کیونکہ آنحضرت صلعم تو اللہ تعالے ہی کی طرف سے لطف و کرم پر پیدا ہوے تھے۔ انہین صحابہ رضی اللہ عنہم کے ادب دینے کی طرف اشارہ ہی یعنے نبی صلعم اگر اپنے احکام حقائق کے اندر اولاً وقت ڈالتے تو انکے سینے تنگ ہوجاتے اور راہ کے آداب حقیقی کو برداشت نہین کرسکتے لیکن پہلے انکو شریعت کے طور پر بجالانے مین مسامحہ کیا اور حقائق کی طرف اس پردہ سے راہ دی جو درحقیقت انہین واجب ہین اور اسکی تصدیق حق سبحانہ تعالے کے کلام مین ہی قولہ تعالے فاعف عنہم و استغفر لہم۔ پس عفو و استغفار تو انکے واسطے اللہ تعالے کا مسامحہ ہی پس اسلیے انکی تقصیر عفو کر کہ تیرے مرتبون اور قدر کو پورا نہین پہچان سکے اور انکے واسطے استغفار کر کہ جو خطرے انکے دلون مین ایسے گذرتے ہین جو لائق معرفت نہین اور جو حرکتین انکی ظاہری صورتون سے ایسی ہوتی ہین جو تیری صحبت اور تیرے ساتھ بیٹھنے کے لائق نہین ہین انکے واسطے استغفار کر کیونکہ تو ربوبیت مین غرق ہی اور وہ تجکو مقام عبودیت مین چاہتے ہین۔ انکا تو یہ حال ہی کہ وہ وصف محبت و ارادہ مین ہین اور تو محل توحید و مشاہدہ ازل و ابد مین ہی۔ اور واسطی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قولہ فبما رحمۃ من اللہ لنت لہم۔ اے تیرے تمام اوصاف اور جو تیرے انفاس سے نکلے وہ میری طرف سے تجپر اور تیری پیروی کرنے والون پر رحمت ہوا اور ابن عطا رحمہ اللہ نے فرمایا کہ آنحضرت صلعم کا خلق چونکہ تمام خلائق سے اعلی تھا تو اسپر مؤنت بھی عظیم ہوئے پس چشم پوشی و عفو و استغفار کا حکم دیا۔ حارث محاسبی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ قولہ فبما رحمۃ من اللہ لنت لہم۔ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے جو اس بارہ مین نرمی و مدارات ظاہر ہوئی اسکو اپنی ذات پاک کی طرف نسبت فرمایا کہ میری رحمت سے تو انکے لیے نرم ہوا اور اللہ عزوجل اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہنے والا نہ تھا کہ تو نرم ہوا اگر یہ بات نہوتی کہ اللہ عزوجل نے اپنی معرفت سے اسکو نرم و مدارات کی توفیق دی اور فارسی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ تو دیکھ کیسے اللہ تعالے نے اپنے نبی صلعم کو نرمی و شفقت سے وصف فرمایا

پھر انکو انکی وصف سے خالی کر دیا پس قولہ فبما رحمۃ من اللہ لنت لہم - یہ باین معنے کہ نیز اقیام ہمارے ساتھ تحقیقی ہے اور تو معلوق سے بالکلیہ معجوز ہے قال المترجم مراد یہ ہے کہ لنت لہم - تو وصف آنحضرت کا لعم فرمایا ولیکن پہلے فرمادیا کہ فبما رحمۃ من اللہ - یعنے یہ صفت انکی خود قیام سے نہیں بلکہ وصف آلہی ہے - فافہم - کہا جاتا ہے کہ نہایت مخصوص رحمت اللہ عزوجل کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ یہ تھی کہ آپکو لوگون کے ساتھ رہنے پر قوی کیا اور ادا رسالت پر صبر دیا ایسے لوگون کے ساتھ جنکے اخلاق آپکو رنج دیتے تھے باوجود اسکے کہ غلبہ اس سلطان کا تھا کہ جسمین سراپا پڑے تھے اور تمام اوقات مین آپ پر استیلا رحق تھا پس اگر ایسی قوت آلہیہ نہوتی جس سے اللہ تعالے نے آپکو مخصوص فرمایا تھا تو کہان لوگون کے ساتھ رہنے کی طاقت تھی کیا تو موسی علیہ السلام کو نہین دیکھتا کہ کلام آلہی سنتے ہوے چونکہ دیر ہوئی تھی اپنے بھائی سے گفتگو کرنے مین صبر نہ کیا اور بال پکڑ کر اپنی طرف کھینچا - قولہ تعالے وشاورہم فی الامر - یعنے جس وقت کہ محل عبودیت و امور شریعت و عالم عقل مین آئے انکو اللہ عزوجل نے حکم کیا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ اچھے برتاؤ سے رہین اور جو قائع کہ بتقدیر آلہی عزوجل آیندہ ہونے والے ہین انمین ایسے مشورہ لین کہ کیونکر انکو اپنے عقلون اور قلوب سے قبول کرتے ہین فکر کے ساتھ اور کیونکر اسکے احکام مین صبر کرتے ہین کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم بھی آپ ہی کی دریا کی نہرون سے پانی پیتے تھے اور اسوجہ سے کہ صحابہ رضی اللہ عنہم تو مقام ولایت مین تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مقام رسالت و نبوت مین تھے اور یہ دونون مقام اس معاملہ مین عین الجمع کے اندر ایک ہین وہ لوگ تو غیب کو بنور فراست دیکھتے تھے اور آپ اسکو بنور نبوت و رسالت دیکھتے تھے اور آنحضرت علیہ السلام محل عبودیت مین اسکے حاجتمند تھے کہ صحابہؓ دین مین آپ کی مدد کرین - پھر جب آپ مشاہدہ ربوبیت مین ہوے اور تفرقہ سے مقام جمع کو پہونچے تو وہان اللہ عزوجل نے آپکو حکم کیا کہ قدم کو حدوث سے بالکلیہ الگ کرے اور اللہ تعالے کے واسطے جو سیر کہ اللہ تعالے کی طرف ہو اسمین مجرد اللہ تعالے کا ارادہ ہو چنانچہ فرمایا فاذا عزمت فتوکل علی اللہ - کیونکہ جو کچھ تو اس سے چاہے اسمین وہی تجکو کافی ہے (عس) باجملہ اہل ایمان کو معرفت دی اور اپنی عنایت پر بھروسے کا حکم دیا اور فرمایا -

إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللَّهُ فَلَا غَالِبَ لَكُمْ ۖ وَإِنْ يَخْذُلْكُمْ فَمَنْ ذَا الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ

اگر اللہ تمکو مدد دے تو کوئی تمپر غالب نہین اور اگر وہ تمکو چھوڑ دے تو کون تمہاری مدد کریگا اسکے

بَعْدِهِ ۗ وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُونَ ۝ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَغُلَّ ۚ وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ

بعد اور اللہ تعالے پر بھروسا چاہیے مومنون کو اور نبی کا یہ کام نہین کہ کچھ چھپا رکھے اور جو شخص کچھ چھپا دیگا وہ لائیگا

بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُونَ

اپنا چھپایا قیامت کے دن پھر پورا پاویگا ہر کوئی اپنا کمایا اور اونپر ظلم نہوگا

إِنْ يَنْصُرْكُمُ اللَّهُ - یعنے کم علی عدوکم کیوم بدر - اگر اللہ تعالے تمہاری نصرت کرے ف تمہارے دشمن پر تمکو مدد دے جیسے بدر کے روز فرمایا تھا - فَلَا غَالِبَ لَكُمْ - تو تمپر کوئی غالب نہین ف اسمین جنس غالب کی نفی بالکلیہ ہے - وَإِنْ يَخْذُلْكُمْ ترک نصر کم کیوم احد - اور اگر وہ تمہاری مدد چھوڑ دے ف جیسے احد کے روز کیا - اور خذلان کے معنے مددگاری چھوڑنا - فَمَنْ ذَا الَّذِي يَنْصُرُكُمْ مِنْ بَعْدِهِ - بعد خذلانہ ای لانا صر لکم - تو پھر وہ کون ہے کہ اسکے بعد تمہاری نصرت کرے ف یعنے پھر تمہارا کوئی مددگار نہین ہے - اور اسکو بصورت استفہام انکاری ذکر فرمانے مین مومنون پر لطف و رحمت کا اشارہ ہے مع اسکے کہ اول مین فلا غالب لکم کی صریح نفی کر دی فافہم - وَعَلَى اللَّهِ - لاغیرہ - فَلْيَتَوَكَّلِ لیثق - الْمُؤْمِنُونَ - اور توکل کرنا چاہیے مومنون کو - اللہ تعالے ہمپر (نہ

دوسرے پر لعنے تقدیم ظرف بغرض حصر ہی پس معنے یہ ہین کہ اللہ تعالے ہی پر بھروسا کرین - اور متوکلین کی تعریف مین بہت سی احادیث صحیحہ وارد ہین اور حضرت صلعم نے انکو اُن ستر ہزار مین سے شمار فرمایا جو بلا حساب جنت مین داخل ہونگے اسقدر کافی ہی شیخ مفسر رحمہ نے آیندہ آیت کا سبب نزول لکھا کہ نزل لما فقدت قطیفۃ حمراء یوم بدر فقال بعض الناس لعل النبی صلعم اخذہا یعنے آگے کی آیت کا نزول اسوقت ہوا کہ بدر کے مال غنیمت مین سے ایک سرخ مخطط کملی گم ہوئی پس بعض لوگون (منافقون) نے کہا کہ شاید نبی صلعم نے اسکو لیا ہو - رواہ عبد بن حمید والترمذی مصححہ وابوداؤد وابن جریر وابن ابی حاتم عن ابن عباسؓ اور ابن جریر کی روایت مین مصرح ہی کہ یہ آیت وما کان لنبی ان یغل اس امر مذکورہ مین نازل ہوئی کہ بعض لوگون نے کہا کہ شاید رسول اللہ صلعم نے اسکو لیا اور اس باب مین بہت گفتگو کی - وکذا رواہ وغیرہ اور مجاہد رحمہ نے ابن عباس سے روایت کی ایک چیز غنیمت مین سے گم گئی منافقون نے آنحضرت صلعم پر تہمت لگائی پس یہ آیت نازل ہوئی رواہ ابن مردویہ اس سے معلوم ہوا کہ بعض الناس سے مراد منافق ہین اور یہ ظاہر ہی اسواسطے کہ مومن ایسا نہین کہہ سکتا ہی قال تعالے **وَمَا كَانَ** - یعنی لنبی **أَنْ يَغُلَّ** - یخون فی الغنیمۃ فلا تظنوا بہ ذلک - یعنے نہین شان ہی کسی نبی کی کہ غلول کرے یعنے خیانت کرے مال غنیمت مین پس تم لوگ نبی صلعم کے ساتھ ایسا گمان مت کرو ایسا ہی ابن عباس و مجاہد و حسن و بہتیرون نے تفسیر کیا ہی کیونکہ نبوت کا مدار تو صدق و امانت پر ہی جسکو اللہ تعالے نے انمین بھیجا ہی خیانت اسکی شان نہین ہی اور عموماً ہر نبی کی برات کی تو یہ بالبداہۃ ہی یعنے جب کسی پیغمبر کی یہ شان نہین تو بھلا خاتم النبیین و افضل الانبیاء علیہم السلام کی شان مین یہ گمان محض کفر ہی - پھر جاننا چاہیے کہ بنا بر تفسیر مذکور کے یہ آیت جملہ مستقلہ واسطے مذمت غلول کے و تطہیر و تزکیہ شان نبی صلعم کے ہی جو فصلہ حد کے درمیان بیان ہوا اور ذکر ہ ابن کثیر پھر کہا کہ عوفی رحمہ نے ابن عباس سے روایت کیا کہ قولہ وما کان لنبی ان یغل یعنے یون غلول نہین کرسکتا کہ لشکر مین سے بعض کو دے اور بعض کو نہ دے اور یہی ضحاک کا قول ہی مترجم کہتا ہی کہ معنے اسکے وہ ہین جو حجی اسنہ نے معالم مین مقاتل سے ذکر کیے کہ یہ آیت غنائم احد کے بارہ مین نازل ہوئی یا ین معنے کہ تیر اندازون نے اپنی جگہ چھوڑ دی اور غنیمت کی خواہش کی اور کہنے لگے کہ ہم کو خوف ہی کہ رسول اللہ صلعم یہ کہدین کہ جو شخص جو چیز لے لے وہ اسیکی ہی اور غنیمت تقسیم نہو جیسے بدر کی غنیمت تقسیم نہین ہوئی تھی پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انسے فرمایا کہ کیا مین نے تمسے عہد نہین لیا تھا کہ تم اپنی جگہ نہ چھوڑنا جب تک میرا حکم نہ پہونچے تو بولے کہ ہمنے اپنے باقی ساتھیون کو وہین چھوڑ دیا تھا تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کہ نہین بلکہ تمہارا گمان یہ تھا کہ ہم غلول کرینگے اور تمہارا حصہ نہ لگاوینگے اور بعض نے یغل بصیغہ مجہول پڑھا جیسا کہ مفسر رحمہ نے کہا کہ ایک قرارت مین بصیغہ مجہول ہی یعنے روا نہین کہ نبی نسبت کیا جاوے غلول کی طرف - اور بعض نے کہا معنے یہ کہ ما کان لنبی ان یغلہ احد من اصحابہ - یعنے صحیح نہین کہ کسی نبی کے اصحاب مین سے کوئی اسکی خیانت کرے - **وَمَنْ يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ** - حاملا لہ علی عنقہ - اور جسنے غلول کیا وہ قیامت کے روز اسکو لاویگا ف یعنے اسکو اپنی گردن پر اُٹھائے ہوے ہوگا جیسا کہ احادیث مین آیا ہی سراج مین کہا کہ اکثر مفسرین نے فرمایا کہ یہ آیت اپنے ظاہر پر ہی اور یہ نظیر ہی قولہ یوم یحمی علیہا فی نار جہنم فتکوی بہا جباہہم وجنوبہم وظہورہم الآیہ - یعنے اموال زکوۃ آتش جہنم مین گرم کرکے اُس سے ان لوگون کے جبہہ و پہلو و پشت داغ دیے جاوینگے یعنے زکوۃ نہ دینے والون کے ایسی ہی اس آیت مین ظاہر مراد ہی اور اسی پر دلالت کرتا ہی قول آنحضرت صلعم کہ نچا ہیے کہ کوئی تم مین سے مجھے اس حال مین ملے کہ قیامت مین اپنی گردن پر اونٹ لاوے ہو جو بلبلاتا ہوگا لادے ہو جو ہنہناتی ہو یا بکری لادے ہو جو ممیاتی ہو پس مجھے بچانا شروع کرے کہ اے محمد اے محمد پس مین اس سے کہدون کہ مین تیرے واسطے کسی چیز کا مالک نہین ہون مین تجھے پہونچا چکا تھا محققین نے کہا غرض اس سے زیادہ فضیحت ہی اور ابو مسلم رحمہ نے کہا کہ ظاہر مقصود نہین بلکہ

تشدید وعید ہی نظیر اسکی قولہ تعالے انہا ان تک مثقال حبۃ من خردل فتکن فی صخرۃ او فی السموات او فی الارض یات بہا اللہ - یعنے اگر رائی کے دانہ برابر ہو کر کسی پتھر وغیرہ مین پوشیدہ ہو تو بھی اللہ تعالے اسکو قیامت مین لاویگا - اس سے مقصود یہ کہ کوئی ذرہ اسکے علم سے پوشیدہ نہین ایسے ہی یہان غرض ہی کہ ہر غلول کو اللہ تعالے نے مقرر رکھا ہی جسکی وہ سزا دیا جائیگا - ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ - شیئا - پھر پھر پورا دیا جائیگا ہر نفس (خواہ غلول کرنے والا ہو یا کوئی اور ہو بدلا) اس چیز کا جو اسنے کمایا یعنے فعل کیا ہی اور حال یہ کہ وہ ظلم نہ کیے جاوینگے کچھ بھی ف غلول کی مذمت مین بہت احادیث وارد ہین شیخ ابن کثیر نے کلام دراز سے انکو نقل کیا مگر مین بہت ملخص لاتا ہون کہ ابو رافع کی حدیث مین ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ یہ قرفلان شخص کی ہی جسکو مین نے بنی فلان پر صدقہ وصول کرنے کو بھیجا تھا اُسنے ایک پوستین کا غلول کیا جو اس حال مین ویسی ہی آگ کی پوستین پہنایا گیا ہی رواہ احمد اور عمر بن الخطاب رضے سے ہی کہ لوگ ایک مقتول پر آئے اور کہا کہ فلان شہید ہی تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ ہرگز نہین مین نے اسکو آگ مین دیکھا بوجہ ایک چادر یا کملی کے جو اسنے غلول کی پھر فرمایا کہ جاکر لوگون مین پکار دے کہ نہین داخل ہوگا کوئی جنت مین مگر مومنین رواہ مسلم والترمذی اور سالم بن عبد اللہ سے روایت ہی کہ وہ مسلمہ بن عبد الملک کے ساتھ ارض روم مین تھے وہان کسی شخص کے اسباب مین غلول پایا یعنے لوٹ کا مال تقسیم ہونے سے پہلے اسنے کچھ اپنے اسباب مین ملا لیا تھا تو مسلمہ نے سالم رح سے فتوی لیا انہون نے بواسطہ عبد اللہ بن عمر اپنے باپ کے حضرت عمر رض سے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جسکی متاع مین تم غلول پاؤ اس متاع کو جلا دو اور مین خیال کرتا ہون کہ یہ بھی کہا کہ اور اسکو مارو - رواہ احمد والترمذی و ابو داؤد - علی بن المدینی والبخاری وغیرہ نے کہا کہ یہ حدیث منکر ہی اور دار قطنی نے کہا کہ صحیح یہ ہی کہ یہ فقط سالم کا فتوی ہی اور ایسی ہی سنن حسن رح و حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے مروی ہی اور بمقتضاے حدیث مذکور مذہب امام احمد ہی اور امام ابو حنیفہ و مالک و شافعی جمہور نے اسمین خلاف کیا اور کہا کہ اسکا اسباب سب نہین جلایا جائیگا بلکہ جیسے اس فعل کی سزا ہو وہ دیجاویگی ابو بکر بخاری رح نے فرمایا کہ رسول اللہ صلعم نے غلول کرنے والے پر نماز پڑھنے سے انکار کیا مگر اسکے اسباب کو نہین جلایا واللہ اعلم ف شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے ان ینصرکم اللہ فلا غالب لکم - جدال مین سے ایک جدال النفس مع شیطان ہی و علی ہذا نصرت الٰہی سے مراد وہ سکینت ہی جو عارفون کے دلون مین حق سبحانہ کے نور تجلی سے واقع ہوتی ہی جبکہ وہ حادث مخلوقات سے اپنا منہ پھیر کر جلال باری تعالے عزوجل کی طرف توجہ لاتے ہین اور اسکی عظمت کبریائی کے سامنے گر گڑاتے ہین پھر جب نور بسیط و رجاء کے ساتھ اسکو انوار غیبیہ تلبس ہوتا ہی تو اس سے اشباح کو تقویت ہو جاتی ہی پس انکو دل و قوت الٰہی سے تائید دیجاتی ہی پس اسوقت مین لطف و رحمت کے مقابلہ سے قہر کے لشکر ہٹ جاتے ہین بسبب سطوات ہیبت کے لقولہ سبقت رحمتی غضبی - اور اسکے حقائق ہم نے ترقی مقامات نبی صلی اللہ علیہ وسلم مین بیان کیے ہین اور اسیطرف حضرت صلعم نے اپنے سجدے مین اشارہ فرمایا اعوذ برضاک من سخطک و اعوذ بمعافاتک من عقوبتک و اعوذ بک منک - پناہ مانگتا ہون مین تیری رضا مندی کے ساتھ تیرے خشم سے اور تیرے معافات کے ساتھ تیرے عقوبت سے اور تیرے ہی ساتھ تجھسے شیخ نے کہا کہ اللہ تعالے کی نصرت مریدون مین تو یہ ہی کہ انکو اپنے نفس کی شہوات جڑ سے کاٹنے کی توفیق دے اور محبین مین یہ کہ گونہ مدانات سے صبح ازل کی خوشبو دہ برابر دیکر انکے نور یقین کو بڑھاوے اور عارفون مین اسکی نصرت یہ ہی کہ مشاہدات سے انکو وہ علوم صفات دے جنسے وہ جاہل ہین - بعض نے فرمایا کہ نصرت الٰہی اسیکو پہونچتی ہی جو اپنے حول و قوت سے بیزاری کرے اور تمام اسباب مین اپنے پروردگار پر اعتصام کرے کیونکہ جسنے اپنے قوت پر اعتماد کیا تو وہ مردود ہی اور حضرت استاد رح نے فرمایا کہ نصرت الٰہی پہلے تو توفیق کے ساتھ ہوتی ہی وہ اشباح کو ہوتی ہی پھر تحقیق کے ساتھ ارواح کو ہوتی ہی اور کبھی

جاتا ہی کہ نیصر کم یعنے ظاہر کی تائید اور باطن کی درستی کے ساتھ تمکو مدد دے - اور کہا گیا کہ مدد گاری و فتح تو دشمن پر ہوتی ہی اور سب سے بڑا تیرا دشمن وہ نفس ہی جو تیرے دونوں پہلو کے بیچ مین ہی اور نصرت الٰہی سے جو چیزین فتنہ پرداز تمھین بھاگتی ہین اور اسکی عصمت کے نشان نگہبان ہو جاتے ہین یہانتک کہ انوار نازلہ سے شہوات بھاگتے جاتے ہین پس محض ولایت رہجاتی ہی جو شبہات سے خالص ہی یعنے وہا اوصاف بشریت کو اور نفس کی خواہشون کو اور اسکے آثار کو جو نزدیکی سے مانع ہین کچھ دخل نہین رہتا ہی - قولہ تعالے وما کان لنبی ان یغل اللہ عزوجل نے عموم لفظ سے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خطرات کے میل سے پاک فرمایا اور وصف کیا کہ غیب کی خبر دینے مین وہ امین ہین اپنے دل پر شریعت و طریقت بیان کرنے کے وقت کوئی مداہنت کسی شریف و وضیع کو دیکھکر نہین جاری ہوئی اور انھون نے حق عزوجل اسکے بندون پر پوشیدہ نہین کیا اور اہل حق کو علم حق عطا کیا اور جو لوگ محجوب تھے انکو برہان حق کے ساتھ حق کی نشانی دکھلائی اور اپنے حظ نفس کے ساتھ ایک قدم نہین اٹھایا - اور بعضے مشائخ نے کہا کہ نہین واہی کسی نبی کو کہ وحی و شریعت کے علم مین اپنے پیروی والون کو یکسان نہ رکھے اور یہی علوی نے فرمایا کہ کسی نبی کو روا نہین ہی کہ امتیون کے واسطے اغیار کے سامنے اپنے اسرار ضائع کرے -

أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللَّهِ كَمَنْ بَاءَ بِسَخَطٍ مِنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ هُمْ

کیا ایک شخص جو تابع ہی اللہ تعالے کی مرضی کا برابر ہی اسکے جو کمایا غصہ اللہ کا اور اسکا ٹھکانا دوزخ ہی اور کیا بری جگہ لوٹنے کی ہی وہ

دَرَجَاتٌ عِنْدَ اللَّهِ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۝ لَقَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ

لوگ کئی درجے ہین اللہ کے یہان اور اللہ دیکھتا ہی جو کرتے ہین اللہ تعالے نے احسان کیا ایمان والون پر جو بھیجا

فِيهِمْ رَسُولًا مِنْ أَنْفُسِهِمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ

ان مین رسول انھین مین کا پڑھتا ہی اوپر انکے آیتین اسکی اور ستواتا ہی انکو اور سکھاتا ہی انکو کتاب اور کام کی بات

وَإِنْ كَانُوا مِنْ قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُبِينٍ ۝

اور وہ تو پہلے اس سے البتہ کھلی گمراہی مین تھے

أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ اللَّهِ - فاطاع ولم یغل - کیا بھلا جسنے رضوان الٰہی کی پیروی کی ف یعنے اطاعت کی اور غلول نکیا - كَمَنْ بَاءَ رجع - بِسَخَطٍ مِنَ اللَّهِ - بمعصیتہ و غلولہ - کیا وہ ایسے شخص کے مانند ہی جسنے معصیت الٰہی غلول مین رجوع کیا - یعنے جو شخص کہ رضوان الٰہی کا پیرو ہوا بایں طور کہ اسکی شریعت کی پیروی کی اور غلول نہین کیا کیا وہ ایسے شخص کے مانند ہی جسنے غضب الٰہی مین ٹھکانا لیا بایں طور کہ اسکی نافرمانی کی اور غلول کیا یہ استفہام انکاری ہی یعنے ایسا نہین ہی پس مفسر نے متبع رضوان سے غلول نہ کرنے والا اور راجع بغضب سے غلول کرنے والا مراد لیا بقرینہ ذکر سابق اور اسیکو معالم مین کلبی و ضحاک سے نقل کیا اور بعض نے کہا کہ اول مہاجرین ہین اور دوم منافقین ہین یعنے مہاجرین مخلصین نہین ہو سکتے مانند منافقین کے اور بعض نے کہا اول مومنین مطیع ہین اور دوم کافر ہین - اقول یہ عام ہی یعنے عام مومنین منزلہ کفار نہین ہو سکتے ہین اور بیضاوی نے کہا کہ یہ وجوہ تعیین کی اگرچہ محتمل و صحیح ہین لیکن انھین پر لفظ کو مقصور کرنا روا نہین ہی بلکہ اخیر کے معنے عام مراد لینا چاہیے

وَمَأْوَاهُ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ - المرجع ہی لا یعنے مصیر ظرف بمعنے مرجع ہی اور وہی مخصوص بالذم راجع بجہنم ہی - اور - لا جواب استفہام ہی یعنے دونون یکسان نہین ہین - اور مصیر و مرجع مین فرق یہ ہی کہ اول مین تو حالت بدلنا ضرور ہی جیسے یہان کفار گویا بہشت سے جہنم مین گئے اور مرجع کا بدلنا ضرور نہین کیونکہ کبھی اول ہی ہوتا ہی مثلاً زید باغ سے آیا پھر پھر باغ مرجع یعنے باغ کو لوٹ گیا کیونکہ وہین رہتا ہی اور یہ آیت

کمن باء الخ کا بیان ہے یعنے جسنے غضب آلہی مین ٹھکانا بنایا تو اسکا مرجع وماوی جہنم ہوا اور وہ مرجع بہت بُرا ہے۔ هُمْ دَرَجٰتٌ۔ یہ لوگ درجات ہین ف ای اصحاب درجات۔ یعنے یہ لوگ مختلف درجات والے ہین۔ ہم نمیز جو ہر دو فریق کی طرف راجع ہے یونکہ وہ ہین جان نہین لہذا مضاف مقدر کیا ای اصحاب درجات ہین۔ عِنْدَ اللّٰهِ۔ ای مختلفوا المنازل فلمن اتبع رضوانہ الثواب ولمن باء بسخطہ العقاب۔ یعنے اللہ کے نزدیک یہ لوگ مختلف المنازل ہین یعنے انکے درجہ مختلف ہین پس اس شخص کے واسطے جسنے رضوان آلہی کی پیروی کی ہو ثواب ہو اور اس شخص کے واسطے جسنے غضب آلہی مین رجوع کیا ہو عذاب ہو۔ اور جاننا چاہیے کہ قاضی بیضاوی رحمہ نے مانند کشاف کے هُمْ دَرَجٰتٌ عِنْدَ اللّٰهِ مین کچھ مقدر نہین کیا اور اسیکو راجع قرار دیا کہ ہم درجات بر سبیل مبالغہ ہو بحذف حرف تشبیہ یعنے ہم مثل الدرجات ہے آنکہ اسمین بڑا تفاوت ہے موافق انکے اعمال کے جیسے درجات مین تفاوت ہوتا ہے اور ایسا ہی حسن و محمد بن اسحاق نے فرمایا کہ یعنے اہل الخیر والشر درجات ای متفاوتون بحسب الاعمال۔ اسیواسطے فرمایا۔ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا يَعْمَلُوْنَ۔ فیجازیہم بہ اور اللہ تعالے خوب دیکھتا ہے جو یہ لوگ کرتے ہین پس پس انکو انکے اعمال کے موافق جزا دیگا۔ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ ای عربیا مثلہم لیفہموا عنہ ویشرفوا بہ لالکا ولا عجمیا۔ البتہ بہت بڑا احسان کیا اللہ تعالے نے مومنون پر جبکہ انہین مین سے ایک رسول بھیجا الخ یعنے عربی رسول بھیجا جو آدمی ہونے مین انکے مثل ہو تاکہ اسکی بات کو سمجھین اور اس سے شرف پاوین نہ کوئی فرشتہ نہین بھیجا اور نہ کوئی عجمی آدمی بھیجا عجم تمام وہ ملک جو سوائے عرب کے ہے پس یہ اللہ تعالے کا احسان ہے۔ اگر کہا جاوے کہ آنحضرت صلعم کی بعثت عام ہے مومنین کی کیون خصوصیت فرمائی تو جواب یہ ہو کہ آنحضرت صلعم سے انھین کو انتفاع ہوا اور کفار و منافق مردود محروم رہے جیسے قولہ تعالے ہدًی للمتقین مین متقیون کی خصوصیت انکے منتفع ہونے کی وجہ سے ہے۔ پھر واضح ہو کہ لفظ فیہم دلالت کرتا ہے کہ المومنین کا الف لام عہد کا ہے اور مراد صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین ہین اور یہ فضل شریف انکو اور اہل عرب کو ہے باوجودیکہ آپ کی اتباع سب اہل عرب و عجم پر واجب ہے اور باوجودیکہ بعثت عام ہے پھر آنحضرت صلعم کی زبان عربی و قرآن مجید بزبان عربی ہونے سے اس زبان کی فضیلت دیگر زبانون پر ظاہر ہوئی اسیوجہ سے اس زبان پر غیر زبان کا قیاس نہ آسکتا ہے اور امام ابو یوسف و امام محمد و دیگر ائمہ نے فارسی مین قرأۃ قرآن کو نماز مین سوا نہین رکھا اور امام ابو حنیفہ سے اسکا جواز منقول ہے تو صحیح یہ ہے کہ انھون نے اس سے رجوع کیا ہے کما فی الدر وغیرہ پھر جانو کہ انفسہم جمع نفس کی قرأۃ متواترہ ہے اور شاذ قرأۃ مین انفس بصیغۂ اسم تفضیل یعنے نہایۃ نفیس کی یا اور کہا گیا کہ یہی قرأۃ حضرت سیدۃ النساء فاطمہ رضی اللہ عنہا کی تھی اور توجیہ اس قرأۃ کی یہ ہے کہ آنحضرت صلعم حضرت آدم سے لیکر اشرف گروہ مین بطنا بعد بطن ہوتے آئے اور ابو طالب نے جب حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ آپکا نکاح پڑھا تو یہ خطبہ پڑھا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَنَا مِنْ ذُرِّيَّةِ اِبْرَاهِيْمَ وَزَرْعِ اِسْمٰعِيْلَ وَضِئْضِئِ مَعَدِّ بْنِ عَدْنَانَ وَعُنْصُرِ مُضَرَ وَجَعَلَنَا سَدَنَةَ بَيْتِهٖ وَسُوَّاسَ حَرَمِهٖ وَجَعَلَ لَنَا بَيْتًا مَّحْجُوْجًا وَّحَرَمًا اٰمِنًا وَّجَعَلَنَا الْحُكَّامَ عَلَى النَّاسِ وَاِنَّ ابْنَ اَخِيْ هٰذَا مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ لَا يُوْزَنُ بِهٖ فَتًى مِّنْ قُرَيْشٍ اِلَّا رَجَحَ بِهٖ وَهُوَ وَاللّٰهِ بَعْدَ هٰذَا لَهٗ نَبَأٌ عَظِيْمٌ وَّخَطَرٌ جَلِيْلٌ۔ حالانکہ اس نکاح مین سب و سارے بنی ہاشم و مضر کے حاضر تھے۔ رہا یہ کہ اسمین مومنین پر احسان یہ ہو کہ اہل عرب اپنے اشرف کے تابع ہوتے اور اسکی بات مانتے تھے پس ایسا شخص اگر نبی کیا کہ اسکی تصدیق و اطاعت مین انکو مال نہ دا ضع رہے کہ یہ قرأۃ اگرچہ شاذ ہے لیکن چونکہ آنحضرت صلعم کے شرف پر مشتمل ہے اکثر مفسرین نے اسکو بھی ذکر کیا ہے لہذا ہم نے بھی ذکر کیا۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ۔ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ۔ القرآن۔ درحالیکہ رسول موصوف انپر آیات آلہی یعنے قرآن تلاوت کرتا ہے۔ وَيُزَكِّيْهِمْ۔ یطہرہم من الذنوب۔ اور انکو پاک کرتا ہے یعنے انکو گناہون سے پاک کرتا ہے یعنے ایمان توحید لاکر کفر و شرک کی نجاست سے پاک ہون

اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شان تو اعلیٰ تھی آپنے تو کبھی ثون کی طرف رخ بھی نہین فرمایا آپ کے اصحاب مین سے حضرت ابوبکر نے بھی کبھی بت نہین پوجا تھا اور حضرت عمر رض ہمیشہ بت پوجنے والون سے جلتے تھے اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کبھی نہین پوجا بلکہ صغر سنے مین ہی مسلمان ہوگئے اور بقول اصح دس برس کے تھے اور نماز پڑھی اور پیدا ہوتے ہی دودھ نہ پیا اور باپ کا تھوک نہ چھوا یہان تک کہ حضرت صلعم نے اپنا لعاب مبارک اسکے منہ مین دیا تھا جیسا کہ سیر مین مفصل مذکور ہی۔ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ۔ اور اس حال سے کہ رسول انکو تعلیم فرماتا ہی کتاب یعنے القرآن وَالْحِكْمَةَ۔ یعنے السنۃ۔ وَاِنْ كَانُوْا۔ محققہ ای انہم۔ یعنے ان شرطیہ نہین اور نافیہ بھی نہین ہی کیونکہ نفی مین لام سے فرق ہوگیا درمیان محققہ و نافیہ کے پس یہ ان مشددہ کا مخففہ ہی اور اسکا اسم ضمیر شان نہین قرار دی کہ صاحب کشاف نے کہا کیونکہ یہ کسی نحوی کا قول نہین ہی جیسا کہ ابوحیان نے کہا ہی پس اسم اسکا ضمیر راجع بجانب مومنین قرار دی ای وانہم کانوا۔ مِنْ قَبْلُ۔ ای قبل بعثہ۔ اور یہ لوگ آپ کے مبعوث ہونے سے پہلے۔ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ۔ بین۔ کھلی کھلی گمراہی مین پڑے تھے ف عرب زمانہ جہالت مین نرے علم و بے عقل و محض خانہ بدوشی و کشت و خون و فسق و فجور و بت پرست و بھوت پریت ماننے مین سرگردان تھے پس آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ کرامت نہایت اعلیٰ یہ ہی کہ آپ نے انکو اپنے دیدار و ہدایت سے تمام جہان کا پیشوا بنا دیا۔ ف شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ فرمایا تعالے لقد من اللہ علی المومنین اذ بعث فیہم رسولا من انفسہم۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حق عزوجل کا آئینہ تھے کہ اپنے دیدار جلال و جمال سے مومنین و صدیقین کے واسطے تجلی حق دیتے تھے چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ من رانی فقد رای الحق۔ یعنے جسنے مجھے دیکھا اسنے حق دیکھا مترجم کہتا ہی کہ حدیث صحیح ہی اور علماے ربانی اسکے یہ معنے بیان کرتے ہین کہ جسنے مجھے خواب مین دیکھا اسنے تحقیق مجھے دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت نہین بن سکتا ہی پانچویں دوسری روایت صحیح مین مصرح موجود ہی یا ان اسمعیل اشارہ ہوسکتا ہی جو شیخ نے ذکر کیا فافہم اللہ تعالے نے اپنے بندون پر ایسے پاک نبی صلعم کے بھیجنے سے احسان رکھا کہ اسکی تجلی التباسی سے جناب جمع عزوجل تک انکو وصول ہوا اور اگر یہ بندون پر تجلی صرف ہوتی تو سب سے اول ہی سطوت عظمت مین پہل جاتے پس اپنی رحمت سے اسکو واسطہ تجلی کردیا اور یہ تجلی محل التباس مین تھی کہ آنکھون والون کے واسطے اپنے نفس کو ظاہر کردیا قال المترجم کوئی شک نہین کہ حضرت صلعم کے دیدار پاک سے ان لوگون کو جنکی ارواح اللہ عزوجل نے پاک رکھی تھین ایک نظر مین جو کچھ داخل ہوجاتا تھا آج وہ کسی ولی و قطب کو تمام عمر بلکہ لاکھون برس عمر ہو تو بھی میسر نہین آتا ہی کیونکہ یہ آئینہ کہان سے لاویگا اور جو روحین نور سے محروم رہی تھین وہ اسقدر جلتی تھین جسقدر نورانی روحین آپکو محبوب رکھتی تھین اور یہ امر قیامت تک برابر جاری ہی فافہم۔ پھر مومنون پر کون سی نعمت اس سے بڑھکر ہوگی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مانند انکا سردار کیا وہ خلق کے واسطے جمال حق دیکھنے کا آئینہ ہی وہی انکو اللہ عزوجل کے اسماء و صفات و نعوت پہچناتا ہی وہی انکو ہلاک ہونے کی جگہون سے نجات دیتا اور نجات پانی کی جگہین بتلاتا ہی اور بعض مشائخ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل کی بڑی منت اسکے مخلوق پر یہ ہی کہ انبیاء علیہم السلام کو درمیان مین واسطہ کردیا تاکہ انکے وسیلے سے اس تک پہنچ جاوین اور اگر اپنی صفات مین سے کوئی ذرہ اپنا ظاہر فرماتا تو سب کے سب سوختہ ہوجاتے اور راہ سے گمراہ ہوجاتے سواے ان بعض کے جو ازل مین معصوم کیے گئے تھے قال المترجم یہان سے تجھے یقین ہونا چاہیے کہ توحید باری تعالے کیونکر حاصل ہوتی ہی اور مترجم نے جو جابجا لکھا ہی کہ بدون واسطہ حضرت سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہرگز موحد نہوگا اگرچہ زبان دل سے یہ کہے جاوے کہ مین اللہ تعالے کو واحد جانتا ہون اسواسطے کہ صفات حق عزوجل کو کوئی آدمی اپنی عقل سے نہین پاسکتا ہی الا جیسا کہ حضرت صلعم نے ارشاد فرمایا حالانکہ وحدانیت باری تعالے ظاہر ہی اس مقام مین خوب تامل کرنا چاہیے اور وہم کی پیروی نچاہیے۔ پھر واضح ہو کہ جسقت غزوہ احد مین صحابہ مین سے قریب ستر کے شہید

ہوے حالانکہ ایک سال پہلے غزوۂ بدر کے کافروں سے فدیہ لینے میں اقرار کیا تھا کہ ہم کو شہادت اسکے عوض منظور ہے کیونکہ وہی ہمارا عین مقصود ہے
پھر جب اس سال شہادت ہوئی تو بعضے کہنے لگے کہ ہمکو مصیبت کہاں سے پہونچی حالانکہ ہم مومن ہیں تو اللہ تعالےٰ نے نازل فرمایا۔

أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ قَدْ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ أَنَّىٰ هَٰذَا ۖ قُلْ هُوَ مِنْ عِندِ أَنفُسِكُمْ

کیا جسوقت پہونچی تم کو ایک مصیبت کہ تم پہونچا چکے ہو اسکے دوبرابر کہتے ہو یہ کہاں سے آئی تو کہہ یہ آئی تمکو اپنی طرف سے

إِنَّ اللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۝ وَمَا أَصَابَكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعَانِ فَبِإِذْنِ اللَّهِ وَلِيَعْلَمَ

اللہ ہر چیز پر قادر ہے اور جو کچھ تمکو مصیبت پہونچی جسدن بھڑبن دو فوجیں سو اللہ کے حکم سے اور تاکہ معلوم کرے

الْمُؤْمِنِينَ ۝ وَلِيَعْلَمَ الَّذِينَ نَافَقُوا ۚ وَقِيلَ لَهُمْ تَعَالَوْا قَاتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوِ ادْفَعُوا

مومنوں کو اور تاکہ معلوم کرے منافقوں کو اور منافقوں سے کہا گیا کہ آؤ لڑو اللہ کی راہ میں یا دفع کرو دشمن

قَالُوا لَوْ نَعْلَمُ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنَاكُمْ ۗ هُمْ لِلْكُفْرِ يَوْمَئِذٍ أَقْرَبُ مِنْهُمْ لِلْإِيمَانِ ۚ

بولے ہمکو معلوم ہوتی لڑائی تو ہم تمہارے پیچھے چلتے یہ لوگ اس دن کفر کی طرف زیادہ نزدیک ہیں ایمان سے

يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ ۗ وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ ۝ الَّذِينَ

کہتے ہیں اپنے منہ سے جو نہیں ہے انکے دلوں میں اور اللہ خوب جانتا ہے جو چھپاتے ہیں جو لوگ

قَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ وَقَعَدُوا لَوْ أَطَاعُونَا مَا قُتِلُوا ۗ قُلْ فَادْرَءُوا عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ

کہتے ہیں اپنے بھائیوں کو اور آپ بیٹھ رہے ہیں اگر وہ ہماری بات مانتے تو مارے نہ جاتے تو کہہ اب ہٹا دیجیو اپنے اوپر سے موت

إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ ۝

اگر تم سچے ہو

أَوَلَمَّا أَصَابَتْكُم مُّصِيبَةٌ۔ باحد بقتل سبعین منکم۔ کیا بھلا جب تمکو مصیبت پہونچی یعنے احد میں بانعطعد کہ تم میں سے ستر آدمی شہید ہوے۔ قَدْ أَصَبْتُم مِّثْلَيْهَا۔ ببدر بقتل سبعین واسر سبعین منہم۔ حالانکہ تم اس سے دوچند مصیبت پہونچا چکے تھے۔ یعنے بدر میں بایں طور کہ ستر تم نے قتل کیے تھے اور ستر قید کرلائے تھے۔ قُلْتُمْ متعجبین۔ تو اب تم نے تعجب کرتے ہوے کہا۔ أَنَّىٰ۔ من این لنا۔ هَٰذَا۔ الخذلان ونحن مسلمون ورسول اللہ فینا۔ والجملۃ الاخیرۃ فی محل الاستفہام الانکاری کہانسے پہونچی ہمارے واسطے یہ شکست حالانکہ ہم مسلمان ہیں اور رسول اللہ ہم میں موجود ہیں۔ اور یہ اخیر کا جملہ یعنے أَنَّىٰ هَٰذَا یہی محل استفہام انکاری ہے یعنے انی ہذا کہتے ہو حالانکہ بات یون ہے۔ قُلْ۔ لہم۔ هُوَ مِنْ عِندِ أَنفُسِكُمْ۔ لانکم ترکتم المرکز فخذلتم۔ کہدے ان لوگون کو کہ یہ مصیبت تمکو اپنی طرف سے آئی۔ کیونکہ تم نے مرکز چھوڑ دیا جسپر رہنے کا تمکو حکم تھا۔ یہی قول محمد بن اسحاق وربیع بن انس وسدی کا ہے اور یہی ابن جریر نے اختیار کیا۔ اور کما لین میں کہا کہ باسوجہ سے کہ تم نے مدینہ سے نکلکر لڑنا اختیار کیا منہ چکتا ہے کہ قرار وہی ہے قابل کر نہیں ہے۔ ہان یہاں ایک اور قول قابل ذکر ہے وہ یہ کہ ہو من عند انفسکم اسوجہ سے کہ تم نے بدر کے کافر قیدیون کیا۔ اور یہ قصہ یون ہے کہ جب بدر میں ستر کافر قید کرلائے تو مشرکون نے انکا فدیہ دیکر چھوڑانا چاہا پس مسلمانون نے اسکی رائے پر آنحضرت صلعم نے عمل کیا اور عمر نے انکے قتل کی رائے دی اور اصرار کیا مگر مقبول نہوئی بلکہ فرمایا کہ ابوبکر

ابراہیم کے ہیں اور عمرؓ کا دل مانند نوحؑ کے ہے کہ دعا مانگی رب لا تذر علی الارض من الکافرین دیارا۔ پس اسپر عتاب ہوا چنانچہ حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ جبرئیل علیہ السلام حضرت صلعم کے پاس آئے اور کہا کہ ای محمد جو تمہاری قوم نے قیدیون کے حق مین کیا اسکو اللہ تعالے نے مکروہ رکھا ہے اور آپ کو حکم دیا ہے کہ انکو اختیار دو کہ دو باتون مین سے ایک اختیار کرین ایک یہ کہ قیدیون کو پیش کرین کہ انکی گردنین ماری جاوین یا انکا فدیہ لیکر چھوڑین اس شرط پر کہ مسلمانون مین سے اسیقدر جتنے چھوڑے ہین شہید ہونگے پس حضرت صلعم نے لوگون کو بلاکر انسے اختیار لیا تو بولے کہ یہ ہمارے کنبے کے بھائی بند ہین کیا ہم ان سے فدیہ نہین لین گے اس سے ہمکو قتال پر قوت حاصل ہوگی اور انھین کی تعداد ہم مین سے شہید ہوجاوینگے کیونکہ اسمین تو کوئی مکروہ بات نہین ہے۔ فرمایا کہ پھر انھین سے اُحد کے روز ستر آدمی قیدیان بدر کی تعداد پر مارے گئے رواہ ابن جریر والترمذی والنسائی۔ پس یہان جو فرمایا۔ قل ہو من عند انفسکم۔ اسکے یہی معنے ہین کہ تمنے خود فدیہ لیا چنانچہ ابن عباسؓ نے عمر بن الخطابؓ سے روایت کی کہ عمرؓ نے فرمایا کہ پھر جب سال آیندہ مین احد کا روز ہوا تو عذاب دیے گئے جیسا انھون نے بدر کے روز کیا تھا کہ کفار قیدیون سے فدیہ لیکر چھوڑ دیا تھا پس یہ ہوا کہ انمین سے ستر آدمی قتل ہوے اور رسول اللہ صلعم کو چھوڑکر آپ کے ساتھی بھاگ گئے اور آپ کے اگلے دانت شکستہ ہوے اور خود سے سر مبارک پر زخم ہو پہنچا اور آپ کے چہرۂ مبارک پر خون بہنے لگا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا اولما اصابتکم مصیبۃ قد اصبتم مثلیہا قلتم انی ہذا قل ہو من عند انفسکم۔ کیونکہ تم نے فدیہ لے لیا رواہ ابن ابی حاتم وکذا احمد۔ ولکن اطول منہ اور یہی حسن بصری رحؒ نے کہا ہے پھر یہ سب امتحان الٰہی عزوجل ہے تاکہ مبہم طریقہ سے کافرون مومنون کی آزمائش فرماوے۔ اور اگر وہ چاہتا تو دم مین سب کافر فنا ہو جاتے یا ایمان لاتے۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔ اللہ تعالے تو ہر چیز پر قادر ہے جو چاہے کرے فاو نجعلہ ہر شے کے مدد دینا اور نہ دینا بھی ہے۔ وَمَآ اَصَابَکُمْ یَوْمَ الْتَقَی الْجَمْعٰنِ۔ باحد۔ اور جو کچھ تمکو اُس دن پہونچا جس دن دونون جماعتین مومنین و کافرین مقابل ہوکر مل گئین یعنے مقام احد مین فَبِاِذْنِ اللّٰہِ۔ بارادۃ۔ وہ اللہ کے ارادہ سے تھا۔ وَلِیَعْلَمَ۔ اللہ علم ظہور اور تاکہ جان لے اللہ تعالے علم ظہور کا جاننا۔ الْمُؤْمِنِیْنَ۔ حقا۔ ان لوگون کو جو ایمان لائے ہین تحقیقا ف یعنے سب پر ظاہر کردے کہ یہ سچے مومن ہین۔ وَلِیَعْلَمَ الَّذِیْنَ نَافَقُوْا۔ اور تاکہ ان لوگون کو جان لے یعنے متمیز کردے جنھون نے نفاق کیا۔ وَقِیْلَ لَہُمْ اور انھی والدین قیل لہم لما دعوہم الی القتال وہم عبد اللہ بن ابی واصحابہ۔ تَعَالَوْا قَاتِلُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ۔ اور تاکہ ان منافقونکو جان لے جن سے کہا گیا تھا جب لشکر مدینہ مین جانے سے پھر چلے تھے کہ آؤ اللہ تعالے کی راہ مین لڑو۔ یعنے اللہ تعالے کی راہ مین اسکے دشمنون سے لڑو اَوِ ادْفَعُوْا۔ عن القوم بتکثیر سوادکم ان لم تقاتلوا۔ یا دفع کرو ہم سے قوم مشرکین کو باین طور کہ جماعت کی تکثیر کرو اگر تم نہ لڑو۔ حاصل آنکہ کثرت لشکر بھی باعث ہوجاتا ہے کہ دشمن لڑے یا صلح کرلے یا بھاگ جاوے یہ کہ وہ عبد اللہ بن ابی منافق کا تھا کہ احد مین نکلنے سے لوٹ چلے اور یعنے گروہ انصار کو بھی بہکایا چنانچہ سابق مین یہ قصہ گذر چکا ہے۔ حاصل آنکہ اس معاملہ مین اللہ تعالے کی یہ بھی حکمت تھی کہ ان منافقون کو رسوا کرے جن سے کہا گیا تھا کہ آؤ جہاد کرو یا نہ لڑو تو جماعت کو بھاری رکھو۔ قَالُوْا لَوْ نَعْلَمُ۔ حسنا۔ قِتَالًا لَّا اتَّبَعْنٰکُمْ۔ بولے اگر ہم اچھی طرح جانتے قتال کو تو تمہارے پیچھے آتے قال المترجم عبد اللہ بن ابی منافق نے مشورہ دیا تھا کہ مدینہ کے اندر سے لڑو تو اب طعن کرتا ہے کہ ہم تو اچھی لڑائی ہی نہین جانتے ہین کیا تمہارے ساتھ آوین یعنے تم لوگ لڑائی کے قواعد سے واقف نہین ہو پھر اللہ تعالے نے ان منافقون کا نفاق ظاہر کیا بقولہ تعالے ہُمْ لِلْکُفْرِ یَوْمَئِذٍ اَقْرَبُ مِنْہُمْ لِلْاِیْمَانِ۔ آج وہ ایمان کی بہ نسبت کفر سے زیادہ قریب ہین ف بسبب اسکے کہ انھون نے کھلے کھلے مسلمانون کی مددگاری چھوڑ دی پس انکا منافق ہونا معلوم ہوگیا۔ اگر کہا جاوے کہ وہ کبھی ایمان سے زیادہ قریب نہ تھے یہان کیونکر فرمایا تو مفسر رحؒ نے جواب دیا کہ نوا قبل اقرب الی الایمان من حیث الظاہر۔ پہلے تو ظاہر کی راہ سے وہ ایمان سے

لہ قولہ کہ ف بسبب اسکے الخ یہ تفسیر اس صورت مین ہے کہ ف تعلیلیہ ہو اور اگر ف تعقیبیہ ہو جیسے کہ ظاہر ہے تو یہ تفسیر نہ ہوگی

اقرب تھے اگرچہ باطن مین تو اب اور پہلے ہمیشہ کافر تھے - يَقُولُونَ بِأَفْوَاهِهِم مَّا لَيْسَ فِي قُلُوبِهِمْ - وہ علما افتقالا لم یتبعوکم - اپنے منھون سے ایسی بات کہتے ہین جو اُنکے دلون مین نہین ہرف اور اگر وہ جانتے کہ لڑائی واقع ہوگی تو کبھی تمھارے ساتھ نہ آتے اگرچہ منھ سے کہتے ہین کہ لو نعلم قتالا لاتبعناکم - اسپر اسطے اللہ تعالے نے فرمایا - وَاللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا يَكْتُمُونَ - من النفاق - اور جو نفاق چھپاتے ہین اُسکو اللہ تعالے خوب جانتا ہی یعنے اُنکو سزا دے سخت دیگا پھر انھین کی مذمت مین فرمایا - الَّذِينَ - بدل من الذین قبلہ او نعت یعنے یہ الذین - یا تو پہلے الذین نافقوا کا بدل ہی یا اسکی صفت ہی اور مآل واحد ہی - قَالُوا لِإِخْوَانِهِمْ - فی الدین - ایسے لوگ ہین کہ کہتے ہین اپنے بھائیون کے حق مین یعنے دینی بھائیون سے جو اُنکے مانند منافق ہین یون کہتے ہین - وَقَدْ - قَعَدُوا - عن الجہاد - حال آنکہ خود جہاد سے بیٹھ رہے ہین - لَوْ أَطَاعُونَا - ای شہدوا احدا و اخوانا فی القعود - اگر یہ لوگ ہماری اطاعت کرتے - اس امر مین کہ بیٹھ رہتے تو - مَا قُتِلُوا - قتل نہوتے - قُل - لہم - تو انسے کہدے - فَادْرَءُوا - ادفعوا - عَنْ أَنفُسِكُمُ الْمَوْتَ إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ فی ان القعود یعنی - تو اب دفع کر لیجیو اپنی جان سے موت کو اگر تم سچے ہو فی اس بات مین کہ بیٹھ رہنا موت سے نجات دیتا ہی - حاصل آنکہ موت و قتل ہر ایک مقدر ہی اپنے وقت سے پہلے نہین آسکتا ہی اور سراج مین مذکور ہی کہ جس دن ان منافقون نے یہ بات کہی تھی کہ قتال کو نجاتے ہم کہا مانتے تو نہ مرتے اُس دن قضاء الٰہی سے ستر منافق مرے اور نیز سراج مین ہی کہ قولہ فادرأوا عن انفسکم الموت الخ ان ہی قوقون سے استہزا ہی یعنے اگر تم ایسے ہی جی اندر ہو کہ موت کے اسباب اپنی دانائی سے دور کر لیتے ہو تو سب اسباب دور کر لو تاکہ تم کو موت ہی نہ آوے - اور جس دن تم نا چار مرنے کو کہتے ہو کہ یہ وقت ٹل نہین سکتا تھا اسکی کوئی تدبیر نہین تو پھر کیون نہین سمجھتے کہ قتل کا بھی یہی حال ہی بلکہ اطمینان سے گھر بیٹھ کر نفاق مین کٹنے کی مت ہی اور جہاد مین شہادت ہی قال تعالے

وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا ۚ بَلْ أَحْيَاءٌ عِندَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ ۝

اور تو ہرگز مت سمجھ ان لوگون کو جو مارے گئے اللہ کی راہ مین مردے بلکہ زندہ ہین اپنے رب کے پاس روزی پاتے ہین

فَرِحِينَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ وَيَسْتَبْشِرُونَ بِالَّذِينَ لَمْ يَلْحَقُوا بِهِم مِّنْ خَلْفِهِمْ

خوشی کرتے ہین جو دیا اُنکو اللہ نے اپنے فضل سے اور خوشوقتی چاہتے ہین ان لوگون کے ساتھ جو ابھی نہین پہونچے انھین پیچھے سے

أَلَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝ يَسْتَبْشِرُونَ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللَّهِ وَفَضْلٍ وَأَنَّ اللَّهَ

یہ کہ نہ ڈر ہی اُنپر اور نہ وہ غمگین ہین خوشوقتی چاہتے ہین اللہ کی نعمت اور فضل سے اور اس سے کہ اللہ

لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُؤْمِنِينَ ۝

نہین ضائع کرتا مزدوری ایمان والون کی

مترجم کہتا ہی کہ اوپر کی آیت مین تو اس بات کو بیان کر دیا کہ موت و قتل سب مقدر ہی جو اسکا وقت ہی ٹلتا نہین ہی پھر جہاد سے بیٹھ رہنا اور دیگر نافرمانیان کرنا بیکار محض ہی اب فرمایا کہ جسکو یہ لوگ منافق موت سمجھتے ہین اگر قتل فی سبیل اللہ ہو تو نہایت عمدہ زندگی ہی سیوطی نے کہا کہ یہ آیت شہداء احد کے حق مین نازل ہوئی - اور حضرت انس سے طول قصہ کے ساتھ ہی کہ اصحاب بیر معونہ جب شہید ہوئے تو آنحضرت صلعم نے قاتل پر بددعا فرمائی اور اُنکے حق مین قرآن اُترا - بلغوا عنا قومنا انا قد لقینا ربنا فرضی عنا و رضینا عنہ - ہمنے اسکو ایک زمانہ تک پڑھا پھر اللہ تعالے نے اسکو اٹھا لیا اور نازل ہوا قولہ ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ الآیۃ - اور مترجم کہتا ہی کہ میرے نزدیک معنے اس حدیث کے

یہ ہین کہ اصحاب بیر معونہ کے حق مین جو قرآن نازل ہوا تھا اور اسسے خاص ان شہدار کی حیات و زندگی و رفعت درجات معلوم ہوتے تھے وہ اٹھا لیا گیا اور اللہ تعالے نے شہدا احد کے حق مین یہ کلام نازل فرمایا جو عام ہی اور ہر شہید کے حق مین اسکے فضائل و کرامات پر دلالت کرتا ہی اور یہ ہین نے اسواسطے کہا کہ حضرت ابن عباس رضہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ احد کے روز جب تمہارے بھائی شہید ہوے تو اللہ عزوجل نے انکی روحون کو سبز پرندون کے جوف مین کھاوہ جنت کی نہرون پر آتی ہین اور جنت کے پھل کھاتی ہین پھر سونے کی ان قندیلون مین جو عرش کے نیچے لٹکتی ہین لوٹ جاتی ہین پھر جب انھون نے اپنا کھانا پینا و رہنا اچھی خوبی سے پایا تو بولے کہ کاش ہمارے بھائی لوگ بھی جان لیتے جو اللہ تعالے نے ہمارے ساتھ کرم کیا تاکہ جہاد سے بے رغبت نہوتے اور لڑائی سے سست نہوتے پس اللہ عزوجل نے فرمایا کہ مین تمہاری طرف سے انکو خبر پہونچاتا ہون پس اللہ عزوجل نے یہ آیات اتارین - ولاتحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ الآیہ - رواہ احمد و ابن جریر و ابوداؤد و الحاکم و صححہ و ابن حبیدو البیہقی من طرق اور حاکم نے ابن عباس رضہ سے روایت کی کہ یہ آیت حضرت حمزہ رضہ و انکے اصحاب کے حق مین نازل ہوئی - قال الحاکم صحیح علی شرط الشیخین اور معنے یہ کہ حمزہ رضہ اور انکے ساتھ جو لوگ کہ احد مین شہید ہوے سب کے حق مین نازل ہوئی اور یہی قول قتادہ و ربیع و ضحاک کا ہی کہ شہدا احد کے حق مین اتری اور جابر رضہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ مین تجھے کیون غمگین دیکھتا ہون مین نے عرض کیا کہ میرا باپ شہید ہوا اور قرضہ و عیال چھوڑے ہین - فرمایا کہ تجکو خوشخبری دون کہ اللہ عزوجل نے کسی سے کلام نہین کیا مگر پردہ سے اور تیرے باپ سے بالمواجہ کلام کیا اور فرمایا کہ مجھسے مانگ مین تجھے دونگا عرض کیا کہ پروردگار یہ سوال ہی کہ دنیا مین بھیجدے تاکہ مین تیری راہ مین پھر دوبارہ قتل کیا جاؤن اللہ عزوجل نے فرمایا کہ یہ تو مین پہلے مقدر کر چکا ہون تو جانتا ہی کہ شہید یا جو مرین وہ دوبارہ لوٹکر نہ آوینگے - عرض کیا کہ ای پروردگار میرے پیچھے والون کو خبر ہو پہونچا دے ہمارے اس عیش کی پس اللہ عزوجل نے نازل فرمایا ولاتحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا الآیہ رواہ ابن مردویہ و البیہقی - بالجملہ یہی صحیح ہی کہ آیت خصوص شہدا احد کے حق مین اور عموم سب شہدار کے حق مین ہی لیکن انھین شہیدون کے حق مین ہی جو راہ خدا مین شہید ہون - پھر سراج مین ہی کہ وہ ستر شہید تھے جنمین سے چار مہاجرین حمزہ بن عبد المطلب جنکے حق مین جبرئیل علیہ السلام نے اسیوقت آکر خبر دی تھی کہ یا رسول اللہ لوح محفوظ مین سید الشہدا حمزہ بن عبد المطلب لکھے ہین اور مصعب بن عمیر اور عثمان بن شماس اور عبد اللہ بن جحش اور باقی سب انصار مین سے تھے - وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا - بالتخفیف و التشدید یعنے اکثر کی قرارۃ قتلوا از قتل ہی اور ابن عامر کی قرارۃ مین قتلوا از تقتیل ہی بنظر کثرت شہدار کے یا بدین معنے کہ پارہ پارہ کیے گئے - فِي سَبِيلِ اللَّهِ - ای لاعلاء دینہ - یعنے اللہ تعالے کے دین بلند ہونے کی راہ مین - کیونکہ مجاہد وہی ہی جو اسواسطے لڑے کہ اللہ تعالے کا کلمہ بلند ہو - اور یہ خطاب حضرت صلعم کو ہی یا ہر ایسے شخص کو جو اس خطاب کی صلاحیت رکھتا ہی اور وہ ہر مومن ہی جو دین مین خالص اور مقبول ہو - أَمْوَاتًا - یہ دوسرا مفعول ہی حاصل آنکہ راہ خدا مین شہید ہونے والون کو کبھی مردہ مت خیال کیجیو - بَلْ - ہم - أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ - ارواحہم فی حواصل طیور خضر تسرح فی الجنۃ حیث شاءت کما ورد فی حدیث - بلکہ وہ زندے ہین اپنے پروردگار کے نزدیک فَ - انکی روحین سبز پرندون کے پوٹون مین ہین جنت مین جہان چاہتے ہین چرتے پھرتے ہین جیسا کہ حدیث مین وارد ہوا ہی - یہان سے معلوم ہوا کہ زندگی فقط روح کو ہی جسم کو نہین ہی اور صحیح یہ ہی کہ اسوقت انکی روحین اسطرح مثل ستارے کے زندہ ہین اور حشر مین سب کے جسم جیتے زندہ ہونگے تو انکے جسم بھی زندہ ہونگے امتیاز یہ ہی کہ انکی روحین ابھی سے جنت کی نعمت سے سرفراز ہین اور باقیون کی روحین حشر کے حساب کے بعد جاوینگی و لیکن انبیا و صدیقین کا انپر قیاس نہین ہو سکتا ہی کیونکہ انکا مرتبہ شہیدون سے بڑھا ہوا ہی اور جمہور کے نزدیک انکی زندگی تحقیقی ہی اور بعض نے کہا کہ مثالی ہی اور یہ غلط ہی یہ جاننا چاہیے کہ ابن عباس رضہ نے روایت کی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ شہید لوگ بارق

نہر پر دروازہ جنت پر سبز قبہ میں ہیں انکے واسطے صبح و شام جنت سے رزق آتا ہے رواہ احمد و قفر وہ اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ یہ اسناد جید ہے چونکہ سوال وارد ہوتا تھا کہ دیگر احادیث میں تو جنت کے اندر ہونا ثابت ہوا ہے تو شیخ ابن کثیر نے جواب دیا کہ شاید بات یہ ہے کہ شہیدوں کے اقسام میں ایک قسم وہ کہ جو جنت میں انکی ارواح سیر کرتی ہیں اور دوم وہ کہ جو اس نہر پر ہوتے ہیں جو دروازہ جنت پر ہے اور کہا کہ یہ بھی احتمال ہے کہ سب جنت کے اندر ہوں ولیکن انتہائی سیر انکی جنت سے باہر اس نہر تک ہوتی ہے اور یہاں جمع ہوتے ہیں واللہ اعلم یُرْزَقُوْنَ - یاکلون من ثمار الجنۃ - یعنے جنت کے پھل کھاتے ہیں اور صحیح یہ ہے کہ یہ رزق تحقیقی ہے جیسا کہ جمہور کا قول ہے - اور بعض نے کہا کہ مراد اس سے ثنا جمیل ہے اور یہ بدعتی ملحد کا قول ہے جیسے کفار فلاسفہ قائل ہیں کہ جنت فقط علمی صورتیں خوب ہیں اور جہنم نادانی کا الم ہے اور عجب کہ اس زمانہ میں بعضے منتسب ہوئے ہیں جو مسلمانوں کے بھیس میں عوام ہوا و ہوس کی پیروی کرنے والوں کو سکھلاتے ہیں کہ اسلام میں بھی یہی معنے مراد ہیں اور تمکو یہ چیز شراب وغیرہ روا ہے جو فطرت کی راہ سے اچھی ہے یہ فرقہ گمراہ اور ملحد ہے - فَرِحِيْنَ - حال من ضمیر یرزقون یعنے فرحین کو نصب اسواسطے کہ یرزقون کی ضمیر سے حال ہے یعنے رزق دیے جاتے ہیں شہید بندے درحالیکہ خوش ہیں - بِمَآ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ - اس نعمت سے جو اللہ تعالے نے اپنے فضل سے انکو عطا کی - وَ - ہم - يَسْتَبْشِرُوْنَ - یفرحون - بِالَّذِيْنَ لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ - من اخوانہم المومنین - اور انکو خواہش فرحت ہے اپنے پچھلوں سے جو ابھی تک ان تک نہیں پہونچے فان کے مومنین بھائی اور شیخ ابن کثیر نے کہا کہ مسند امام احمد میں ایک حدیث روایت ہے جسمیں ہر مومن کے واسطے بشارت ہے کہ اسکی روح جنت میں جہاں چاہے چرتی ہے اور اسکے پھل کھاتی اور تازگی و سرور و کرامات دیکھکر مسرور ہوتی ہے چنانچہ کہا قال الامام احمد حدثنا محمد بن ادریس ای الامام الشافعی عن مالک بن انس الاصبحی ای الامام مالک عن الزہری عن عبد الرحمن بن کعب بن مالک عن ابیہ کعب بن مالک رض کہا کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ مومن کی روح جنت کی ایک چڑیا ہوتی ہے جو جنت کے درختوں سے کھاتی رہتی ہے یہانتک کہ اللہ تعالے اسکی روح کو حشر کے روز اسکے جسم میں واپس فرماوے - ابن کثیر نے کہا کہ شہداء سے فرق یہ ہے کہ عام مومنوں کی روحوں کی بہ نسبت شہیدوں کی روحیں مثل ستاروں کے روشن ہوتی ہیں پھر شیخ ابن کثیر نے دعا مانگی کہ اللہ عزوجل کریم و رحیم اپنے فضل و کرم سے مجکو ایمان پر موت دے مترجم کہتا ہے آمین و صلی اللہ تعالے علی سیدنا و مولانا محمد و آلہ و اصحابہ و علی جمیع الانبیاء و المرسلین و الحمد للہ رب العالمین - پھر جانو کہ محمد بن اسحاق و سدی نے یستبشرون کی تفسیر یلحقون کے ساتھ کی یعنے سرور ہوتے ہیں - اور سعید بن جبیر نے فرمایا کہ جب وہ لوگ جنت میں داخل ہوئے اور اللہ تعالے نے انمیں جو کرامات شہیدوں کے واسطے رکھی تھیں وہ دیکھیں تو بولے کہ کاش ہمارے وہ بھائی جو دنیا میں ہیں جانتے کہ ہم کس کرامت و بزرگی میں ہیں تاکہ جب جہاد میں حاضر ہوتے تو ایسے لڑتے کہ شہید ہو جاتے پس یہی بھلائی پاتے جو ہمکو ملی ہے پس سوال کیا صلی اللہ علیہ وسلم نے انکے حال سے خبر دی اور پروردگار عزوجل نے شہیدوں کو آگاہ فرمایا کہ میں نے تمہارے نبی صلعم پر تمہارا حال نازل کر دیا پس اس سے مستبشر ہوئے پس یہی اللہ تعالے نے فرمایا یستبشرون بالذین لم یلحقوا بہم من خلفہم - اَنْ - یبدل من الذین - یہ بدل اشتمال ہے الذین سے ای بان - لَّا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ - ای الذین لم یلحقوا بہم - باین طور کہ نہیں خوف انپر ای ان لوگوں پر جو انسے لاحق نہیں ہوئے - وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ - فی الآخرۃ و المعنی یفرحون بامنہم و فرحہم - اور نہ وہ غمگین ہونگے آخرت میں اور معنے یہ ہیں کہ فرحناک ہوتے ہیں انکی امن و فرح سے - اور مترجم کے نزدیک موافق تفسیر حدیث کے یہ معنے اول ہیں کہ وہ لوگ یہ خوشخبری اپنے بھائیوں کے حق میں چاہتے ہیں کہ انکو بشارت دیدی جاوے کہ ہم لوگ ایسی حالت میں ہیں کہ ہمپر خوف و غم کسی طرح نہیں ہے - يَسْتَبْشِرُوْنَ بِنِعْمَةٍ - ثواب مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ - زیادۃ علیہ یعنے فضل

سے مراد ثواب موعود پر زیادتی ہے۔ یعنی اللہ تعالےٰ کی طرف سے نعمت اور اسپر مزید فضیلت پاکر خوشی مین پھولے نہین سماتے ہین۔
وَاَنَّ - بالفتح عطفا علی نعمۃ والکسر استینافا - یعنے ان بالفتح کی قرارۃ مین عطف ہے اس جملہ کا مفرد کے حکم مین ہوکر لفظ نعمت پر۔ اور ان بالکسر کی قرارۃ پر جملہ مستانفہ ہے۔ اَللّٰهَ لَا يُضِيعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ - بل یا جرہم - اور اللہ تعالےٰ مومنون کا اجر ضائع نہین فرماتا بلکہ انکو جزاے جمیل عطا فرماتا ہے۔ اور قرارت بالفتح کے معنے یہ کہ نعمت وفضل وفاے وعدہ پر مسرور ہین۔ بالفتح قرارۃ پر محمد بن اسحٰق نے کہا کہ خوش ہوے جب انھون نے دیکھا کہ جو انسے وعدہ کیا گیا تھا وہ وفا کیا گیا اور جزیل ثواب دیا گیا۔ اور عبدالرحمٰن بن زید بن اسلم نے فرمایا کہ اس آیہ کریمہ مین سب مومنین جمع کیے گئے خواہ شہید ہون یا کوئی اور ہون۔ اور کہتر اللہ تعالےٰ نے کوئی فضل ذکر کیا جو انکیلیے کردیا یا ثواب جو انکو دیا مگر آنکا اسکے پیچھے وہ بھی ذکر کیا جو مومنین کو عطا فرمایا ہے ف عرائس البیان مین ہے قولہ تعالےٰ ولا تحسبن الذین قتلوا فی سبیل اللہ امواتا - اسمین تنبیہ کی کہ جو شخص راہ حق مین قتل ہوا وہ حدوث مکدر سے نکلکر مقام سرور کی طرف پہونچا اور نور ازل کے ساتھ ملتبس ہوا اور صفات حق سبحانہ وحدانیت مین واحد ہین اور جمع وتفرقہ سے خارج ہین انکا فیض افعال مین اسماء کے ساتھ تفرقہ ہے اور غیبت مین انکا نور اہل وحدت کے واسطے جمع ہے اور محل وصول نور صفت بھی ہے۔ اور جب وہ حدوث سے نکلکر جمال رحمن تک پہونچا تو اسکے بعد اسپر حدوث کے صفات سے کچھ بھی جاری نہوگا چنانچہ اسپر موت وفنا اسپر کچھ جاری نہوگا بلکہ وہ زندہ ہوجائیگا یعنے زندہ کہا جائیگا اور یہ زندگی تحقیقی ہے کیونکہ وہ موصوف بزندگانی حق ہوگیا اور زندگانی حق بوجہ کمال کی ابدی ہے اسپر انسانی زندگی وموت کی کوئی علت جاری نہین ہوتی ہے۔ اور یہ مرتبہ اسکے فیض مشاہدہ وعندیت سے ہے اسواسطے کہ جو شخص راہ حق مین مقتول ہوا اسکی زندگی قربت وعندیت کے فیض سے ہے اور جو شخص کہ عندیت مین ہو وہ کیونکر فنا ہوگا حالانکہ اسکو شہود حق مین رکھا گیا ہے اور جو شخص کہ تیغ ارادت سے قتل ہوا وہ باقی بنور قربت ہے اور جو شخص کہ تیغ محبت سے قتل ہوا وہ نور مشاہدہ مین باقی ہے اور جو تیغ معرفت سے قتل ہوا وہ انس وصال مین باقی ہے اور جو تیغ توحید سے قتل ہوا وہ بوحدت فی الوحدت باقی ہے اور مردہ وہ شخص ہے جو اپنے نفس کے دیدار پر زندہ ہو اور اپنی ہوا وہوس کا بندہ ہو اور شیخ ابوسعید قرشی نے اس آیت مین کہا کہ تو ایسے لوگون کو جو راہ ارادت مین اسکے وصال کی آرزو مین ہلاک ہوے ہین یہ مت خیال کر کہ اپنے مقامات مین مردہ ہین بلکہ وہ اپنی مراد اعلی مین پہونچ گئے ابن عطا رح نے کہا کہ اگر منعم کو ابھی دیکھ لیتے تو اسکی نعمت فضل دیکھنے کی خوشی زائل ہوجاتی منتزع جم کہتا ہے بلکہ صحیح مین حضرت جابر کے والد کے ساتھ عبد انا کلام کرنا منصوص ہے فاعرفہ۔

اَلَّذِيْنَ اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ مِنْۢ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ ۛ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ

جن لوگون نے حکم مانا اللہ کا اور اسکے رسول کا بعد اسکے کہ انکو پہونچ چکا تھا گھائل ہونا جو ان مین نیک ہین

وَاتَّقَوْا اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۚ اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ

اور پرہیزگار انکو ثواب عظیم ہے جنکو کہا لوگون نے کہ ان لوگون نے جمع کیا ہے تمھارے مقابلہ کو سامان تم اونسے ڈرو

فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا ۖ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ۝ فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ

سو اور بڑھ گیا انکا ایمان اور بولے کہ بس ہے ہم کو اللہ اور کیا خوب کارساز ہے پھر چلے آئے اللہ تعالےٰ کے احسان سے اور فضل سے

لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ ۙ وَّاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ ۝ اِنَّمَا ذٰلِكُمُ الشَّيْطٰنُ

کہ نہین پہونچی انکو برائی اور چلے اللہ کی رضا پر اور اللہ کا فضل بڑا ہے یہ تو شیطان ہے

يُخَوِّفُ اَوْلِيَآءَهٗ ۠ فَلَا تَخَافُوْهُمْ وَخَافُوْنِ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ

کہ خوف دلاتا ہے اپنے دوستون سے سو تم انکو مت ڈرو اور مجھی سے ڈرو اگر تم ایمان دار ہو

**الَّذِيْنَ** - مبتدأ یعنے یہان سے کلام جدید شروع ہی اور یہ الذین مبتدا ہی اور سابق سے اسکو تعلق یہ ہی کہ غزوہ احد کے بعد ہی واقع ہوا پس الذین موصولہ مع اپنے صلہ قولہ استجابوا الخ کے مبتدا اور اسکی خبر ہی جملہ ہی وہ للذین احسنوا ہی جیسا کہ آتا ہی۔ **اسْتَجَابُوْا لِلّٰهِ وَ الرَّسُوْلِ** - دعاء ہ بالخروج للقتال لما اراد ابو سفیان واصحابہ العود ولتواعدوا مع النبی صلعم سوق بدر العام المقبل من یوم احد یعنے حکم مانا واسطے اللہ و رسول کے اسی بلانا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قتال کے لیے نکلنے کو جبکہ ابو سفیان و اسکے ساتھیون نے لوٹنے کا ارادہ کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ احد کے روز باہم وعدہ کر گیا تھا کہ وعدہ گاہ ہمارا تمھارا سال آیندہ مین بازار بدر ہی ف مترجم کہتا ہی کہ یہ بروز حمراء الاسد واقع ہوا اور بات یہ ہوئی کہ مشرکین نے جب مسلمانون مین سے شہید و مجروح کیے کہ اوپر بیان ہوا تو اپنے دیار کو لوٹے تو راہ مین اپنے چلے آنے پر نادم ہوے کہ ہم نے کیون نہین مدینہ پر حملہ کر کے ان سب کا فیصلہ کر دیا پس جب یہ خبر رسول اللہ صلعم کو پہونچی تو آپ نے مسلمانون کو لڑائی پر چلنے کے واسطے کہا کہ مشرکون کے پیچھے چلو تاکہ مشرکون کو رعب ہو اور جانین کہ انمین قوت و دلیری پایدار ہی اور فقط انھین لوگون کو شرکت کی اجازت دی جو بروز احد موجود تھے انمین سے سب کو چلنے کو کہا سوائے جابر کے کہ انکو اجازت دیدی تھی پس مسلمانون نے باوجود زخمون سے چور چور ہونے کے حکم اللہ و رسول کو قبول کیا پس آپ مسلمانون کو لیکر روانہ ہوے یہانتک کہ حمراء الاسد تک پہونچے تو ابو سفیان رعب مین آگیا اور مشرکون نے کہا کہ آیندہ سال ہم آوینگے پس رسول اللہ صلعم واپس تشریف لائے پس یہ روانگی ایک غزوہ شمار ہوا اور اللہ تعالے نے نازل فرمایا۔ الذین استجابوا للہ والرسول الآیہ رواہ ابن ابی حاتم عن عکرمہ وابن مردویہ من طریقہ عن ابن عباس اور حضرت عائشہؓ سے روایت ہی کہ انھون نے اپنی بہن کے بیٹے عروۃ بن الزبیر سے کہا کہ تیرے دونون باپ یعنے زبیر و ابو بکر بھی ان لوگون مین تھے جنکی نسبت اللہ تعالے نے فرمایا۔ الذین استجابوا للہ والرسول الآیہ۔ کہا عائشہؓ نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو احد کے روز جو کچھ پہونچا جو کچھ پہونچا اور مشرکین لوٹ گئے اور پھر مشرکون کے واپس ہونیکا خوف ہوا تو فرمایا کہ کون انکے پیچھے جاتا ہی پس ان مین سے ستر آدمیون نے قبول کیا جنمین ابو بکر و زبیر بھی تھے رواہ البخاری والحاکم اور نیز معالم وغیرہ مین بھی مذکور ہی کہ آپ کے ان ساتھیون مین بعضے ایسے زخمی تھے کہ ایک دوسرے کو کچھ دور لاد کر لیجاتا پھر وہ اسکو لاد کر لیجاتا اسطرح انھون نے اپنی جانون پر مشقت کا تحمل کیا اور حکم اللہ و الرسول کی نافرمانی و ثواب چھوڑنا گوارا نہ کیا۔ اور ابن جریر کی روایت ابن عباس مین ہی کہ ستر آدمیون قبول کرنے والون مین حضرت صدیق و عمر و عثمان و علی و زبیر و سعد و طلحہ و عبد الرحمن بن عوف و عبد اللہ بن مسعود و حذیفہ بن الیمان و ابو عبیدۃ بن الجراح بھی ہین اور حمراء الاسد مدینہ سے آٹھ کوس کے فاصلہ پر ہی۔ اور محمد بن اسحاق نے ذکر کیا کہ معبد خزاعی نے جو اسوقت اگرچہ مشرک تھا مگر آنحضرت صلعم کا ہمدرد تھا مکہ مین جاکر مشرکون کو دھمکایا کہ محمد کے ساتھ بڑا لشکر ہی تم نکلے اور مارے گئے پس ابو سفیان و اسکے ساتھی مکہ کی طرف بھاگ گئے اور انکو قبیلہ عبد القیس کے کچھ لوگ مدینہ آنے والے ملے انکو ابو سفیان نے کچھ دینا کہا کہ محمد و انکے ساتھیون سے دھمکا دینا کہ ہم نے بڑا لشکر جمع کیا ہی تاکہ وہ موسم بدر مین نہ آوین اور اسوقت واپس جاوین پھر ہم تمکو وہان یہ وعدہ ادا کرینگے۔ ان لوگون نے حضرت صلعم کو حمراء الاسد مین پاکر پیغام مذکور پہونچایا پس یہ سب بولے کہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل۔ اور ابو عبیدہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم کو جب قریش کے لوٹنے کی خبر پہونچی تو فرمایا کہ قسم اس ذات پاک کی جسکے قبضہ قدرت مین میری جان ہی کہ اگر وہ لوگ لوٹتے تو انپر دوزخ کے پتھر برستے جس سے بالکل نابود ہو جاتے اور مانند روایت محمد بن اسحاق کے حسن و عکرمہ و قتادہ وغیرہم سے مروی ہی کہ یہ غزوہ حمراء الاسد کے بارہ مین ہی اور بعض نے کہا کہ احد کے روز جب آنحضرت صلعم اپنے اصحاب کے پاس کوہ احد پر پہونچے تو بعد دیر کے ابو سفیان ظاہر ہوا اور منجملہ اور باتون کے یہ کہا کہ اے محمد ہمارا تمھارا وعدہ گاہ بدر صغری ہی اگر تم چاہو تو آپ نے فرمایا تھا کہ ہان انشاء اللہ تعالے

پس یہ آیت اسکے بیان میں ہی شیخ ابن کثیر نے کہا کہ صحیح تو قول اول ہی کہ غزوہ حمراء الاسد میں نازل ہوا قولہ الذین استجابوا للہ والرسول وہ نیک بندے جنھوں نے اللہ تعالے ورسول کا بلانا قبول کیا۔ مِنْ بَعْدِ مَآ اَصَابَهُمُ الْقَرْحُ۔ باحد۔ بعد از انکہ پہونچی تھی انکو قرح بروز احد۔ ف۔ زخم وجراحت صبکا درد والم ہنوز باقی تھا۔ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا مِنْهُمْ۔ تو ان بیچون میں سے جسنے مرتبہ احسان کا کام کیا ف۔ اسطرح کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری کی۔ وَاتَّقَوْا۔ مخالفت اللہ۔ اور اللہ تعالے یا اسکے رسول کی مخالفت سے پرہیز کیا انکے لیے۔ اَجْرٌ عَظِيْمٌ۔ ہو الجنۃ۔ اجر عظیم ہی وہ جنت ہی۔ ف۔ معلوم ہوا کہ قول الذین استجابوا الخ سے خبر ہی اور فائدہ یہ نکلا کہ الذین استجابوا الخ مبتدا اُسب بندے اس مرتبہ وثواب کے مستحق ہین پھر اللہ تعالے نے انکی مزید فضیلت بیان فرمائی بقولہ تعالے اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ۔ یہی بندے ایسے ہین کہ انسے لوگون نے کہا ف۔ یعنے نعیم بن مسعود اشجعی نے کہا کہ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ۔ تمہارے لیے۔ جماعت جمع کی ہی لوگون نے ف۔ ابوسفیان واسکے ساتھیون نے بڑا لشکر تمہارے مقابلہ کے لیے جمع کیا ہی۔ فَاخْشَوْهُمْ۔ سو تم انسے ڈرو ف۔ اور اب مقام بدر مین لڑنے مت جاؤ۔ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا۔ پس اس کلام نے انکا یقین بڑھا دیا ف۔ اور بزدل نہین ہوے بلکہ اللہ تعالے پر بھروسا کیا۔ وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ اور کہنے لگے کہ اللہ تعالے ہمکو کافی ہی اور وہی اچھا وکیل ہی ف۔ ہم لشکرون وغیرہ پر بھروسا نہین کرتے ہین پس اللہ تعالے نے انکو نعمت دنیا وآخرت سے سرفراز فرمایا۔ قصہ اسکا معالم وغیرہ مین یون مذکور ہی کہ دوسرے سال وعدہ پر ابوسفیان نکلکر مرالظہران پر اترا پھر اللہ تعالے نے اسکے دل مین رعب ڈالدیا کہ وہ لوٹ گیا اور نعیم بن مسعود عمرہ ادا کرنے کو مکہ گیا تھا اس سے ملا اور یہ شخص اسوقت مشرک تھا پھر غزوہ خندق مین مسلمان ہوا ہی پس ابوسفیان نے نعیم بن مسعود سے ملا اور کہا کہ یہ سال قحط ہی ہمکو سال فراخ چاہیے ہی کہ اسمین دودھ پیئین اور چراوین اور مین نے محمد سے بدر مین لڑائی کا وعدہ کیا تھا اب مین اس سال نہین جانا چاہتا اور مجھے بُرا معلوم ہوتا ہی کہ وہ آوین اور مین بجاؤن کہ میری طرف سے وعدہ خلافی ہو سو اگر تجھسے یہ ہو سکے کہ تو انکو ڈرا کر مدینہ مین رکھے اور وہ باہر نہ نکلین تو تجھے دس اونٹ دونگا اور سہیل بن عمرو کے پاس رکھدونگا وہ اسکا ضامن ہی اس قرارداد پر نعیم بن مسعود مدینہ مین آیا یہان دیکھا کہ مسلمان سامان جنگ کرتے اور نکلنے کو تیار ہین اسنے کہا کہ تم کہان جانا چاہتے ہو بولے کہ ہم نے ابوسفیان سے موسم بدر صغری کا وعدہ کیا ہی بولا کہ تمہاری راے بہت بُری ہی وہ تمہارے یہان آئے تو تم مین سے تھوڑے بچے اب تم انکے یہان گھستے ہو دیکھو کیا حال ہو حالانکہ انھون نے بڑا لشکر جمع کیا ہی واللہ تم مین سے کوئی بچ نکلنے والا معلوم نہین ہوتا ہی پس بعض اصحاب رسول اللہ صلعم نے نکلنا مکروہ جانا پس رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ واللہ مین تنہا جاؤنگا اگرچہ تم مین سے کوئی نہ جاوے پھر آپ ستر سوارون کے ساتھ روانہ ہوے جو کہتے تھے کہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ اور انھون نے اس نعیم مذکور کے قول پر التفات نہین کیا مترجم کہتا ہی کہ ابن عبدالبر وابن حجر نے کہا کہ اسکے بارہ مین کوئی روایت اسناد سے نہین ہی فقط ثعلبی نے نقل کیا ہی اور سہیلی اسی طرف گیا ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ اسپر وارد ہوتا ہی کہ نعیم مذکور واحد تھا اسکو الناس کیونکر کہا اور جواب دیا گیا کہ ناس کی ضمیر سے ہی لہذا اسپر اطلاق کیا گیا جیسے کہا جاتا ہی کہ فلان یرکب الخیل۔ وہ گھوڑون پر سوار ہوتا ہی۔ حالانکہ اسکے پاس ایک ہی گھوڑا ہوتا ہی اور جیسے قولہ تعالے ام تحسدون الناس ای محمد صلی اللہ علیہ وسلم۔ پھر پوشیدہ نہین کہ شیخ ابن کثیر نے محمد بن اسحاق وغیرہ کی روایت سے ذکر کیا کہ الناس سے مراد گروہ عبدالقیس ہی جنکے ہاتھ ابوسفیان نے کہلا بھیجا تھا ابن عبدالبر وابن حجر نے کہا کہ اسکی اسناد موجود ہی مگر اسمین انقطاع وابہام ہی اور الناس گروہ عبدالقیس ہی قولہ ان الناس یعنے ناس سے مراد ابوسفیان واسکے ساتھی مشرکین ہین قولہ قد جمعوا لکم۔ یعنے جمع کیا ہی

تمہارے واسطے لشکروں کو تاکہ تم کو جڑ سے نابود کردیں قولہ فاخشوہم پس انسے ڈرو مراد یہ کہ تم نکلکر خود انکی طرف مت جاؤ اسواسطے کہ بہکانے والا اسی غرض سے آیا تھا کہ مسلمانوں کو مدینہ کے اندر روکے قولہ فزادہم ای ذلک القول یعنے اس قول نے انکو بڑھایا یا قولہ ایمانا تصدیقا باللہ ویقینا باللہ تعالے کے ساتھ تصدیق ویقین کو اور مراد یہ ہے کہ انھوں نے یہ قول سنکر بزدلی نہیں کی اور نہ اسپر کچھ التفات کیا بلکہ اللہ تعالے پر اعتماد کیا اور اسی سے اخلاص کیا اور طمانیت ودین کی قوت بڑھ گئی چونکہ اس خلوص کا اور رجوع کا سبب یہ قول ہوا تھا اسوجہ سے اسکی طرف نسبت کردی واضح ہو کہ کلمہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل کے فضائل بکثرت وارد ہوے ہیں۔ حدیث میں ہے کہ جس امر مکروہ پہونچنے کا خوف ہو اور حسبنا اللہ ونعم الوکیل کہکر توکل کرلے تو اللہ تعالے اسکے مکروہ سے بندہ کو محفوظ فرماتا ہے۔ (اسنادہ حسن) پھر ان صحابہ رضی اللہ عنہم نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ساتھ دیا اور نکلکر روانہ ہوے مفسر رح نے لکھا۔ وخرجوا مع النبی صلعم فوافوا سوق بدر والقی اللہ الرعب فی قلب ابی سفیان واصحابہ (۱۲) یہ برکت ہے جاننا چاہیے کہ قولہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل کی بہت تعریف ہے چنانچہ ابن عباس رض سے روایت ہے کہ اس کلمہ پاک کو ابراہیم علیہ السلام نے اسوقت کہا تھا کہ جب نمرود ملعون نے انکو آگ میں ڈالا اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اسوقت کہا کہ جب لوگوں نے آکے کہا کہ مشرکین نے تمہارے مقابلہ کو گروہ جمع کیے ہیں کما فی روایۃ البخاری اور ابن ابی الدنیا رض اوس سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ ہر خائف کے لیے امان ہے رواہ ابو نعیم۔ اور روایت ہے کہ جب کسی چیز سے خوف کرکے یہ کلمہ کہے تو اللہ تعالے اس خوف سے اسکو نجات دیتا ہے (الطبرانی) اسیواسطے صحابہ رضی اللہ عنہم نے یہ کلمہ پڑھا اور مفسر رحمہ اللہ نے لکھا وخرجوا مع النبی صلعم فوافوا سوق بدر والقی اللہ الرعب فی قلب ابی سفیان واصحابہ فلم یاتوا وکان معہم تجارات فباعوا وربحوا یعنے صحابہ رضی اللہ عنہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روانہ ہوکر بازار بدر میں پہونچے اور ابوسفیان سردار قریش کے دل میں اور اسکے ساتھیوں کے دل میں اللہ تعالے نے رعب ڈال دیا تو وہ لوگ مقابلہ میں نہیں آئے اور صحابہ رضی اللہ عنہم کے ساتھ میں اموال تجارت تھے جنکو انھوں نے فروخت کرکے نفع کمایا (دو چند نفع اور آٹھ روز تک وہاں ٹھہرے) قال تعالے۔ فَانْقَلَبُوا۔ رجعوا من بدر۔ بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ۔ بسلامۃ وربح لَّمْ يَمْسَسْهُمْ سُوْٓءٌ۔ من قتل او جرح۔ پس لوٹے بدر سے نعمت کے ساتھ اللہ تعالے کی طرف سے اور فضل کے ساتھ (یعنے سلامتی ونفع کے ساتھ) نہیں چھوا انکو کسی برائی نے (یعنے قتل وجراحت وغیرہ انکو کچھ نہیں پہونچی) وَاتَّبَعُوْا رِضْوَانَ اللّٰهِ۔ بطاعتہ ورسولہ فی الخروج۔ اور انھوں نے پیروی کی رضوان اللہ تعالے کی (بایں طور کہ جہاد کے لیے جانے میں اللہ تعالے اور اسکے رسول کی فرمانبرداری کی۔ مترجم کہتا ہے کہ قولہ ورسولہ اصل میں بطاعتہ وطاعۃ رسولہ۔ تھا کیونکہ عطف ضمیر مجرور پر بہی ولیکن مفسر رح نے مسامحہ کیا۔ وَاللّٰهُ ذُوْ فَضْلٍ عَظِيْمٍ علی اہل طاعتہ۔ اللہ بڑے فضل والا ہے اپنے فرمانبرداروں پر فضل عظیم فرماتا ہے جسکو لوگ نہیں سمجھتے میں مترجم کہتا ہے کہ مفسر رح نے اس فاصلہ کا ربط بتلادیا اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے کا نفع وغیرہ دینے میں تو فضل بسیط اور عام ہے کافروں مومنوں سب کو شامل ہے جواب یہ ہے کہ فضل بنظر حقیقت وانجام ہے اور انجام فقط مومنوں کے واسطے بہتر ہے اگرچہ نفع وغیرہ دنیاوی نعمت میں مومن وکافر سب شامل ہیں فرق یہ ہے کہ مومنوں کے واسطے کرامت ہوتا ہے اور کافروں کے لیے استدراج ہے یعنے وہ اپنی گمراہی میں اور زیادہ پانوں پھیلاتے ہیں نظیر اسکی لڑائی کی فتح وشکست ہے چنانچہ بدر میں معجزہ کے طور پر کافروں کو شکست دی پھر احد میں باوجود مخالفت اہل اسلام کے اول میں فتح ونصرت عظیم تھی حتی کہ کافروں نے خوف بدر سے بھاگنا شروع کیا لیکن اہل ایمان کو آزمائش میں ڈالا تاکہ صدق پر ظاہر ہوں اور کافروں کا غرور بڑھا اور سمجھے کہ یوں ہی ہوا کرتا ہے اور ہمارے بتوں نے ہماری مدد کی۔ اور اہل ایمان مکرر آزمائش کے لیے اس جہاد بازار بدر کے وقت ایک شخص نے شیطان کا پیام کہنے کی اجازت لی تم ڈرو کہ کفار بہت کثرت سے جمع ہیں۔ یعنے تمام کام کا انجام انہیں

تدابیر پیہوا اور قبضۂ قدرت مؤثر حقیقی نہیں ہی تو اسوقت بھی مومنون نے اسکو رد کردیا کہ یہ درمیانی اسباب کچھ نہیں ہین حتی کہ اللہ تعالے چاہے تو ایک مجاہد مومن کو جملہ کافرون پر فتح دے اور چاہے کافرون کو یون ہی ہلاک کردے اور یہ درمیانی اسباب کچھ نہیں ہین۔ اللہ تعالے نے فرمایا۔ اِنَّمَا ذٰلِکُمُ الشَّیْطٰنُ الخ۔ یعنے جسنے تم سے کہا کہ ان الناس قد جمعوا لکم الخ۔ لوگون نے تمہارے مقابلہ کے لیے بڑا جماؤ کیا ہی تم انسے ڈرو) تو یہ کچھ نہین سوائے اسکے کہ الشَّیْطٰنُ شیطان ہی کہ یُخَوِّفُ کم۔ اَوْلِیَآءَہٗ۔ الکفار۔ ڈراتا ہی (تمکو) اپنے دوستون (کافرون) سے) مترجم کہتا ہی کہ شیطان اہل طاعت کو طرح طرح کے خوف دلاتا ہی چنانچہ جہاد مین کافرون کی کثرت وغلبہ کا خوف دلاتا ہی اور زکوۃ دینے مین فقیر ہوجانے کا اسیواسطے حدیث مین آیا کہ جب ایسا وسوسہ پاوے تو الحمد پڑھے اور فضل الٰہی پر یقین کرے کہ کمامر اور جہاد مین کہے کہ حسبنا اللہ ونعم الوکیل۔ اور دیگر مقامات کا بیان اپنے اپنے موقع پر آویگا۔ الحاصل یہ شیطان ہی کہ تم کو اپنے یارون یعنے کافرون سے ڈراتا ہی۔ فَلَا تَخَافُوْھُمْ وَخَافُوْنِ۔ فی ترک امری۔ پس تم شیطان کے یارون سے مت ڈرو اور مجھسے ڈرو یعنے میرا حکم چھوڑنے مین ڈرو کہ کوئی عذاب سے بچانے والا نہین ہی۔ خافون دراصل خافونی تھا اور یہ یا متکلم کثرت سے حذف ہوتی ہی اور معنے یہ کہ ڈرو مجھسے یعنے میرے حکم پر بندگی چھوڑنے مین مجھسے ڈرو اور یہ معنے نہین کہ اللہ تعالے کی ذات پاک سے ڈرو کیونکہ اللہ تعالے کی محبت لازم ہی اگرچہ اسکے معنے یہ بیان ہوے کہ اسکے حکم کی اتباع کرے لیکن اتباع دراصل محبت کا لازمہ ہی۔ پھر نیک بندون کو ہوش دلایا بقولہ تعالے۔ اِنْ کُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ۔ حقا۔ اگر تم مسلمان ہو یعنے سچے مومن ہوسکتے تو مجھی سے ڈرو۔ یہ جزا محذوف ہی ماقبل کی دلالت سے حذف ہوئی خلاصہ یہ کہ تم شیطان کی بات مت مانو اگر مومن ہو اور اللہ تعالے نے یہی مقام امتحان رکھا ہی اور واضح ہو کہ شیطان واسکے یار وتمام جہان کسی کو ایک ذرہ مجال نہین ہی کہ تصرف کرسکے ولیکن اللہ تعالے نے ہر ایک کے پسند واسکا نتیجہ وانجام رکھا ہی پس شیطان واسکے یارون نے دنیا وجہنم اختیار کی ہی اگرچہ انجام جہنم کو نہین جانتے بلکہ جہنم ہی سے منکر ہیں شیطان کے قبضہ مین ہین اور اللہ تعالے نے مومنون کو ارشاد فرمایا کہ تم آخرت وجنت اختیار کرو کہ وہ دار کرامت ہی اور دنیا مین جسکو کافرون نے اختیار کرایا ہی اسکے ساتھ ان قواعد شرع پر بسر کرو کیونکہ کافرون نے دار جنت تم کو دیدیا ہی تو تمنے اسی دنیا سے اسکو لیا پس انصاف کرلو اور دنیا کو اللہ تعالے کے نام پر قربان کرو کیونکہ دنیا وما فیہا وآسمان وزمین سب اسی کی ملک ہی (مسئلہ) اس آیہ کریمہ سے ثابت ہوا کہ جہاد کی خالص نیت ہو تو ذیل مین تجارت کا قصد بھی مضر نہین ہی جیسے حج مین صریح اجازت مذکور ہوئی ہی۔ شعر عائش بین ہی کہ قولہ تعالے الذین استجابوا للہ والرسول۔ حق عزوجل کی دعوت قبول کرنا اسطرح ہی کہ اسکی محبت سے طاعت ہو اور اسکے قرب کے لطائف وکرامت کا شوق ہو مترجم کہتا ہی جو لوگ اللہ تعالے کی یاد مین ہین وہی اسکے مقرب ہین یعنے اسکے نام پاک کے مصاحب ہین کما جاء فی الحدیث اور رسول اللہ صلعم کی استجابت اسواسطے کہ اللہ عزوجل کے انوار صفات کے آثار اپنے موجود ہین۔ اور اسمین اشارہ ہی مقام اتحاد کی طرف کیونکہ امر واحد ہی اور اللہ سبحانہ تعالے نے انکو حسن ارادت سے موصوف کیا کہ اسکی محبت وطلب تقرب مین ارادہ واثق رکھتے اور اپنی جانین صدقہ کرتے ہین اگرچہ جنگ احد مین زخم برداشت کرچکے ہین چنانچہ فرمایا من بعد ما اصابہم القرح۔ اور واسطی نے کہا کہ اللہ تعالے کی استجابت تو یقین وحدانیت ہی اور رسول کی استجابت اسطرح کہ اسکے حکمون کی پیروی اور اسکی مخالفتون سے پرہیز ہو یعنے سر وچشم اسکی شریعت کا قبول ہی قولہ تعالے للذین احسنوا منہم واتقوا اجر عظیم۔ جو لوگ مقام احسان کو پہونچے یعنے استحضار بین اللہ تعالے ہی کو وقت رکھتے رہے اور پرہیز رکھا تمام ان چیزون سے جو اللہ تعالے اور اسکے بندون کے درمیان حجاب ہوتے ہین تو انکو اجر عظیم ہی تفسیر یہ کہ اپنے نفس کو اسکے ہوا جس سے نیچے جھکا انھون نے اپنی مراد سے للکر مراد حق کو قبول کیا۔ اور اجر عظیم یہ ہی کہ جو اللہ تعالے نے انکے واسطے آخرت مین مہیا کرنا فرمایا ہی اور منجملہ اسکے یہ کہ انکو اپنے دیدار تک پہونچانا

بدون ہجر و عتاب و حساب و حجاب کے اور بعض نے فرمایا کہ للذین احسنوا منہم - یعنے جن لوگون نے حضرت مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کو قبول کیا اور اسکی مخالفت سے پرہیز کیا ظاہراً و باطناً تو انکے واسطے اجر عظیم ہی یعنے حق عزوجل کی مجاورت و مشاہدہ مین انکو درجہ ملیگا اور استاد نے فرمایا کہ حق عزوجل کی استجابت یاین طور کہ اسکے وجود پاک کی حقیقی تصدیق کرے اور استجابت رسول علیہ السلام یاین طور کہ جو اسنے حدود فرمائی ہین انھین کے موافق اپنی عادت رکھے اور استجابت حق تعالے صفاء در حق ربوبیت ہی اور استجابت رسول صلعم وفاء در اقامت عبودیت قولہ القرح اشارت ہی کہ ابتدا حال مین رخنہ و جرح سے لغزش ہوتی ہی پھر وہ حسبنا اللہ و نعم الوکیل - کہکر مستقیم ہوے چنانچہ حدیث مین ہی کہ لا یلدغ المومن من جحر مرتین یعنے مومن ایک رخنہ سے دو بار زخم نہین کہاتا ہی - (المترجم) قولہ للذین احسنوا منہم - احسان یہ ہی کہ تو اللہ تعالے کی عبادت کرے گویا تو اسکو دیکھتا ہی اور وہ مشاہدہ ہی و اتقوا - پس اگر تو اوسکو نہ دیکھے تو وہ تجکو دیکھتا ہی اور یہ مراقبہ و حال مجاہدہ ہی - اجر عظیم اہل ہدایت کے واسطے کسی وقت پر اور اہل نہایت کے واسطے فی الحال ہی - قولہ تعالے ولا تخافوہم و خافون ان کنتم مومنین - پاکیزہ کیا حق سبحانہ تعالے نے درگاہ کبریائی کو تہمت اغیار سے لوث پلید کیا شرکت کے وہم کو حضرت جلال سے - چنانچہ فرمایا خافون یعنے مجھی سے خوف کرو اس بات مین کہ تمھارے اسرار کسی غیر کی طرف التفات کرین اور جس صفت کمال کا او تعالے مستحق ہی اسکو ہر شیطان وغیرہ سے دور کیا جو اسکا مستحق نہین ہی اور خوف دلایا اپنی ذات سے اپنے بندونکو اپنے حقوق ربوبیت کا اور اس خوف مین غیر کا کوئی حصہ نہین ہی ایمان کے خوف و امید کو محل برہان مین وقوع امتحان کے وقت ملا دیا پھر جب مشاہدہ ہوگیا تو انوار ہیبت ظاہر ہوجاتے ہین اور خوف کی علت جاتی رہتی ہی - ان لوگون کی کمال بزرگی دیکھو کہ انکو اپنی ذات سے خوف دلایا نہ اپنے عذاب سے جسنے غیر سے خوف کیا وہ حق تعالے کے ساتھ شرک کا محل ہوجاتا ہی حاصل آنکہ جسنے مجھی سے خوف کیا وہ محل ایمان مین ہی اور جسنے میرے غیر سے خوف کیا وہ محل شرک مین ہی اور یہ شرک خفی ہی - اور واسطی رح نے کہا کہ ایمان کی شرطین سے خوف ہی اور علم کی شرطین سے خشیہ ہی اور یہی اشارہ ہی بقولہ تعالے انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء - اور ابن عطاء نے فرمایا کہ جب تک تم طریقہ پر ہو مجھسے خوف رکھو کیونکہ جسنے خوف چھوڑا اسنے راہ مستقیم کو چھوڑ دیا اور کہا گیا کہ ایمان خوف و امید کے درمیان ہی (ع) پھر اللہ تعالے نے اہل ایمان کو یہود وغیرہ مشرکون منافقون کی ذائم قبائح سے تنبیہ فرمائی بقولہ تعالے

وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِينَ يُسَارِعُونَ فِي الْكُفْرِ ۚ إِنَّهُمْ لَنْ يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۗ يُرِيدُ اللَّهُ أَلَّا يَجْعَلَ

اور تجکو غم نہ آوے ان لوگون سے جو کفر کرنے مین دوڑتے ہین وہ نہ بگاڑ سکینگے اللہ کا کچھ اللہ چاہتا ہی کہ نہ دیوے

لَهُمْ حَظًّا فِي الْآخِرَةِ ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ إِنَّ الَّذِينَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْإِيمَانِ لَنْ

انکو حصہ آخرت مین اور انکو بڑی مار ہی جنھون نے خرید کیا کفر کو ایمان کے بدلے

يَضُرُّوا اللَّهَ شَيْئًا ۖ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ ۝ وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ خَيْرٌ

وہ نہ بگاڑ سکینگے اللہ کا کچھ اور انکو دکھ کی مار ہی اور نہ سمجھین منکر لوگ کہ ہم جو فرصت دیتے ہین انکو کچھ بھلا ہی

لِأَنْفُسِهِمْ ۚ إِنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ۝ مَا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ

انکے حق مین ہم تو فرصت دیتے ہین تاکہ بڑھتے جاوین گناہ مین اور انکو ذلت کی مار ہی اللہ وہ نہین کہ چھوڑ دے

الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَا أَنْتُمْ عَلَيْهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ الْخَبِيثَ مِنَ الطَّيِّبِ ۗ وَمَا كَانَ اللَّهُ

مومنون کو جس حال پر تم ہو جب تک جدا نہ کرے ناپاک کو پاک سے اور اللہ وہ نہین

لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَجْتَبِي مِنْ رُسُلِهِ مَنْ يَشَاءُ ۖ فَآمِنُوا بِاللَّهِ

کہ تمکو خبردار کرے غیب پر ولیکن اللہ چھانٹ لیتا ہی اپنے رسولون مین جسکو چاہے سو تم یقین لاؤ اللہ

وَرُسُلِهٖ ؕ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

اور اسکے رسولوں پر اور اگر تم یقین رکھو اور پرہیزگاری کرو تو تمکو بڑا ثواب ہے

وَلَا يَحْزُنْكَ - بضم الیاء وکسر الزاء ویفتحها وضم الزاء من حزنه فتحة في الحزنه - یعنے نافع کی قراءۃ میں یُحْزِنْ بضمۂ یا تحتیہ وکسر زا مخففہ از باب افعال ہے اور باقیوں کی قراءۃ میں یَحْزُنْ بفتح یا وضم زا از ثلاثی مجرد معنوم عین المضارع ہے یعنے از حزنہ - غمگین کیا اسکو جو از حزنہ کے معنے میں ہے جیسے اول قراءۃ مذکور ہوئی - بہرحال معنے یہ ہیں کہ نہ غمناک کریں تجکو الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ - جو مسارعت کرتے ہیں کفر میں ای یقعون فیہ سریعا لنصرتہ وہم اہل مکۃ والمنافقون ای لا تهتم لكفرهم - یعنے گرتے ہیں کفر میں جلدی کرکے کیونکہ کفر کے معاون ہیں اور یہ لوگ اہل مکہ اور منافقین تھے اور حاصل معنے یہ کہ تو بہت غم میں نہو جا انکے کفر کرنے سے - اور بعض نے کہا کہ ایک قوم مرتد ہو گئی تھی پس نبی صلعم کو غم ہوا پس اللہ عزوجل نے آپکو تسلی دی - اور بعض نے کہا کہ یہ سب کفار کے واسطے عام ہے قشیری رح نے کہا کہ کافر کے کفر پر غمناک ہونا ثواب کی بات ہے لیکن نبی صلعم افراط سے غمناک ہوتے تھے چنانچہ فرمایا فلا تذہب نفسک علیہم حسرات - اور فرمایا فلعلک باخع نفسک علی آثارہم الآیۃ - پس اللہ تعالے نے ایسے غمناک ہونے سے منع فرمایا اور ظاہر وجہ غم یہ تھی کہ دیگر اہل ایمان کو انسے ضرر پہونچے اور خود وہ دوزخ کے کندے ہوں پس اللہ عزوجل نے دونوں باتوں کو یہاں دور فرمایا کہ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا - بفعلهم وانما يضرون انفسهم - یعنے وہ کچھ ضرر نہیں پہونچا سکتے ہیں اللہ تعالے کو ف اپنے فعل سے ای کفر کے اندر مسارعت کرنے سے یا اولیا اللہ کو کچھ ضرر نہیں پہونچا سکتے ہیں اپنے فعل سے کیونکہ اللہ تعالے انکا ناصر ہے یہاں یہی ہے کہ اپنے آپ کو ضرر پہونچاتے ہیں کیونکہ انجام کار میں اسکا وبال انھیں پر ہے تو اسکی حکمت فرمائی کہ - يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا - نصیبا - فِي الْاٰخِرَةِ - ای الجنۃ فلذلک خذلہم - اللہ تعالے چاہتا ہے یہ کہ نہ کرے انکے واسطے کوئی حظ یعنے حصہ آخرت میں ف یعنے بسبب ان پس اسیواسطے انکو مخذول کر دیا - حاصل آنکہ اللہ تعالے کی مشیت وارادہ انکے حق میں یوں ہی متعلق ہوا ہے ایک خاص حکمت کے ساتھ جو فہم مخلوق سے باہر ہے اور جو اللہ تعالے کا ارادہ ہے وہ ضرور واقع ہوگا پس غم کھانا بے سود ہے اور یہی دیگر آیات کثیرہ میں مصرح ہے کہ ارادۂ الٰہی متعلق ہے جس سے کافر کا کفر اور مومن کا ایمان واقع ہوتا ہے اور اسمیں دلیل ہے کہ خیر وشر بارادۂ الٰہی ہے اور اس سے معتزلہ وغیرہ کا رد ہو گیا جو کہتے ہیں کہ بندہ اپنے افعال پر خود قادر ہے یہ غلط ہے بلکہ سب تقدیر الٰہی ہے - اور غایت درجہ یہ کہ ہم کو اسکی حکمت نہیں معلوم ہے حالانکہ حکمت الٰہی سبحانہ تعالے صفت پاک ہے اسکا ادراک محال ہے لیکن ہمکو عدل الٰہی معلوم ہے تو ضرور ہے ان کافروں کی مکافات بعدل ہے لہذا انکے حق میں کفر مقدر ہے اور جو تقدیر پر ایمان نہیں لایا وہ کافر ہے اور یہی مذہب آیات واحادیث صحیحہ سے ثابت اور اسی پر صحابہ وتابعین وسلف صالحین تھے - پس یہاں کی آیت سے معلوم ہوا کہ چونکہ ارادۂ الٰہی انکے حق میں حکمت کاملہ کے ساتھ یوں ہی متعلق ہوا اس سبب سے وہ مخذول وکافر ہیں کہ انکے لیے آخرت میں جنت سے کچھ نصیب نہیں بلکہ - وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ - فی النار - انکے واسطے دوزخ میں عذاب سخت ہے کیونکہ انھوں نے ایمان وآخرت کو چھوڑ کر کفر ودنیا کو اختیار کر لیا گویا موتی دیکر خس خرید لیا تو یہ خود خس لائق جہنم ہیں اِنَّ الَّذِيْنَ اشْتَرَوُا الْكُفْرَ بِالْاِيْمَانِ - ای اخذوہ بدلہ - جن لوگوں نے ایمان کے بدلے کفر مول لیا - یعنے لے لیا کفر کو بدلے ایمان کے بایں طور کہ دونوں میں سے کفر کو اختیار کر لیا - لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ - بکفرہم شَيْـًٔا - تو وہ لوگ ہرگز کچھ ضرر نہ پہونچا سکینگے اللہ تعالے یعنے اولیاء اللہ تعالے کو بسبب اپنے کفر کے کچھ بھی - وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

مولم - اور انکے لیے عذاب الیم ہی ف جسکو اپنے لیے خریدا ہی اور الیم بمعنے مولم از ایلام ہی کذا فی ابن عباس رض - وَلَا يَحْسَبَنَّ - بالیاء والتاء الَّذِينَ كَفَرُوا أَنَّمَا نُمْلِي لَهُمْ - ای املاءنا لہم بتطویل الاعمار وتاخیر ہم - خَيْرٌ لِّأَنفُسِهِمْ - وان ومعمولہا سدت مسد المفعولین فی قراءۃ الفتحانیۃ ومسد الثانی فی الاخری - یعنے ابن کثیر وابو عمرو وعاصم وکسائی ویعقوب نے ولا تحسبن بصیغۂ غائب بیاء تحتیہ پڑھا پس الذین کفروا فاعل ہوگا اور انما نملی لہم الخ قائم مقام دو مفعول کے ہوگا - معنے یہ کہ ہرگز نہ خیال کریں وہ لوگ جو کافر ہوے کہ ہمارا ڈھیل دینا انکو اسطرح کہ انکی عمریں دراز کردیں اور عذاب کے ساتھ پکڑنے میں تاخیر دی یہ بہتر ہی انکے واسطے اور باقیوں نے بالتاء الفوقیہ پڑھا پس خطاب آنحضرت صلعم کو یا ہر خیال کرنے والے کو ہی اور تعریض ہی کافروں کو - اور الذین کفروا مفعول ہی اور انما نملی لہم الخ اسکا بدل ہی اسکو مفسر رح نے قائم مقام مفعول دوم رکھا ہی اور بیضاوی رح نے کہا کہ ایک ہی مفعول پر اسواسطے اقتصار کیا کہ اعتماد تو بدل پر ہی - پھر مفسر رح نے املاء نالہم یعنے مصدر سے تفسیر کرنے میں اشارہ کیا کہ ما مصدریہ ہی بیضاوی رح نے کہا کہ چاہیے یہ تھا کہ خط میں وہ الگ لکھا جاوے لیکن مصحف امام میں وہ متصل ہی پایا گیا پس اسکی اتباع سے متصل لکھا جاتا ہی - اور املاء بمعنے امہال وتطویل عمر ہی اور بعض نے کہا کہ انکو انکے حال پر چھوڑنا جیسے بولتے ہیں آملی لفرسہ - اپنے گھوڑے کی رسی ڈھیلی کردی کہ جیسے چاہے چرے - المعنے تو خیال مت کیجیو ان لوگوں کو جو کافر بنے ہیں انکے حال کو کہ ہم جو کچھ انکو ڈھیل دیتے ہیں انکے لیے بہتر ہی - إِنَّمَا نُمْلِي - نہل - لَهُمْ لِيَزْدَادُوا إِثْمًا - بکثرۃ المعاصی ہم تو اسیواسطے املا کرتے ہیں - یعنے ڈھیل دیتے ہیں انکو تاکہ بڑھاویں گناہ بسبب کثرت نافرمانیوں کے - وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِينٌ - ذو اہانۃ فی الآخرۃ - اور انکے لیے عذاب مہین ہی یعنے آخرت میں اہانت دینے والا عذاب ہی - مہین بمعنے اہانت والا اور یہ عذاب جو ہین انکو آخرت میں قطعی ہی اور دنیاوی عذاب گویا اسکے مقابلہ میں کالعدم ہی - مَا كَانَ اللَّهُ لِيَذَرَ - یترک - الْمُؤْمِنِينَ عَلَىٰ مَا أَنتُمْ - ایہا الناس - عَلَيْهِ - من اختلاط المخلص وغیرہ یعنے انتم کا خطاب تو عام آدمیوں کو ہی جسمیں مومن ومنافق سبکو شامل ہیں اور معنے یہ ہیں کہ یہ نہیں ہوسکتا کہ اللہ تعالے چھوڑ دیوے مومنوں کو اسی حال پر جسپر تم ہو ای لوگو کہ مخلص وغیر مخلص سب خلط ملط ہیں آلی حصل تم سب کو اسطرح خلط ملط نہیں چھوڑنا چاہتا تاکہ حَتَّىٰ يَمِيزَ - بالتخفیف والتشدید - یفصل - الْخَبِيثَ - المنافق - مِنَ الطَّيِّبِ - المومن بالتکالیف الشاقۃ المبینۃ لذلک یفعل ذلک یوم احد حتی کہ خبیث کو پاکیزہ سے الگ کرے یا متمیز کردے ف یمیز میں دو قراءۃ ہیں ایک ہ دون تشدید کے از ماز یمیز میزا جبکہ دو چیزوں میں فصل کردیا اور یہ اکثر دون کی قراءۃ ہی یعنے آنکہ یہانتک کہ فصل کردے خبیث کو یعنے منافق کو طیب سے یعنے مومن سے باین طور کہ ایسے مشاق تکالیف دیدی کہ انسے دو دن الگ ظاہر ہوجاویں پس بروز احد یہی کیا - اور حمزہ وکسائی کی قراءۃ میز یمیز تمیزا بتشدید ہی جب دو چیزوں سے زیادہ ہوں تو کہتے ہیں کہ میز بعضہا سان چیزوں میں تمیز کردی پس یہاں باعتبار کثرت افراد مومنین ومنافقین کے ہوگا اور اظہر یہ ہی کہ تشدید واسطے مبالغہ کے ہو کہ خوب امتیاز کردے کہ سب کو معلوم ہوجاوے - وَمَا كَانَ اللَّهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ - فتعرفوا المنافق من غیرہ قبل التمیز اور نہیں ہی اللہ تعالے کہ تمکو غیب پر مطلع کردے یعنے تم قبل تمیز دینے کے منافق کو غیر منافق سے پہچان جاؤ - گویا دفع کیا وہم کو کہ بدون ایسی تمیز کے کیوں خبیث وطیب میں فرق نہیں ہوجاتا اور وجہ دفع یہ کہ اسمیں حکمت الٰہی پوشیدہ ہی اسکو تم نہیں جان سکتے ہو - اور سدی سے روایت ہی کہ منافق لوگوں نے کہا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اگر سچے ہیں تو ہمکو خبر دیں کہ ہم میں سے کون مومن ہوگا اور کون نہیں تو اللہ تعالے نے یہ نازل فرمایا - کذا فی ابن کثیر اور اسمیں وہم تھا کہ آنحضرت صلعم کیوں مطلع نہیں ہوتے اگر ہم اس لائق نہیں ہیں تو فرمایا وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَجْتَبِي - یختار - مِن رُّسُلِهِ مَن يَشَاءُ - فیطلعہ علی غیبہ کما اطلع النبی صلعم علی حال المنافقین ولیکن اللہ تعالے

برگزیدہ کرتا ہے اپنے رسولوں میں سے جسکو چاہتا ہے ف پس اسکو اپنے غیب پر مطلع کر دیتا ہے جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منافقین کے حال پر مطلع کر دیا۔ حاصل آنکہ آنحضرت صلعم کو منافقین کے حال پر وقوف تھا لیکن وہ حکمت سے بھی واقف تھے کہ اسکو موقع پر رکھتے تھے چنانچہ حضرت عمرؓ نے بسا اوقات عرض کیا کہ یا رسول اللہ وہ منافق ہے تو اجازت دیجیے کہ اسکو قتل کروں آپ منع فرماتے کہ نہیں اسکی عمر ہے دے اور ایسے ہی ذوالخویصرہ خارجیوں کا جد اعلیٰ تھا اسکی نسبت بھی حضرت عمرؓ نے قتل کر دینے کی اجازت مانگی آپ نے فرمایا کہ اسکی عمر ہے نہ دے اسکی نسل سے ایسے ایسے لوگ پیدا ہونگے یعنے خارجیوں کے علامات فرمائے اور قتل کی اجازت نہ دی اور ایسے ہی واقعہ حدکا حال جانتے تھے چنانچہ آپکا خواب مروی ہوا جیسا کہ اول قصہ میں ذکر ہو چکا ہے اور جاننا چاہیے کہ آیہ میں خود مذکور ہے اور علما نے بھی تصریح کر دی کہ علم غیب جاننا جو یہاں سے ثابت ہوتا ہے اور بعض دیگر آیات سے ثابت ہوتا ہے یہ جزوی علم غیب ہے حتی کہ تمام آسمانوں و زمین کا سب علم غیب بھی جزوی علم غیب ہے اسپر آنحضرت صلعم مطلع تھے اور وہ بھی بہ اطلاع دینے اللہ تعالےٰ کے نہیں ہوتا ہے اور رہا علم غیب کلی و مطلق تو وہ سوائے حق عزوجل کے اور کوئی نہیں جانتا ہے اسواسطے کہ وہ تو علم ہے جو صفت باری تعالےٰ ہے اور یہ صفت کسی مخلوق میں پیدا ہو جانا غیر ممکن ہے۔ اور ایسا اوقات اسرار آلہی و حکمت کاملہ اس امر کو مقتضی ہوتی ہے کہ بندہ خاص اس امر کو نہ جانے کہ اسکے گھر میں کیا حال ہے اور اسکے سفر میں کیا انجام ہوگا پس آنحضرت صلعم نہ جانتا کہ حضرت عائشہؓ کو جن منافقوں نے بہتان لگایا اسکا کیسا حال ہے حتی کہ جدا کر دینے کا خیال پیدا ہوا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کہا کہ یا رسول اللہ عورتیں بہت ہیں آپکو جدا کرنیکا اختیار ہے ولیکن آپ نے تحقیق تو کر لینی چاہیے تا کہ قرآن مجید نازل ہوا اور حضرت عائشہ رضؓ کی برات ہوئی اور ان آیات میں حکمتیں و اسرار بیان ہوئے اور ایسے ہی بہت سے وقائع واقع ہوئے چنانچہ علم سنت جاننے والے پر پوشیدہ نہیں اور ایسے ہی حضرت یعقوب علیہ السلام کو حضرت یوسف کے چاہ کنعان میں ہونے کی خبر نہ ہونی اور مصر سے انکے پیرہن کی خوشبو سونگھنی اور ایسے ہی حضرت امام حسینؓ کو سفر شام و واقعہ کربلا کی خبر نہ ہوئی اور تقدیر نے پردہ ڈال دیا حالانکہ روایات سے ثابت ہے کہ امام حسن علیہ السلام نے وقت وفات کے آگاہ فرمایا اور حضرت صلعم کو حضرت جبرئیل علیہ السلام کے بیان سے خبر ہو گئی تھی پس حاصل یہ کہ جو شخص اسکا معتقد ہے کہ آنحضرت صلعم کو بالکل غیب کا علم تھا وہ افراط کرتا ہے اور غلو کفر ہے اگر تاویل نہ ہو اور جو شخص یہ کہتا ہے کہ حضرت صلعم مثل دوسروں کے تھے ہر ہر بات پر جبرئیل آتے اور آگاہ کرتے تب ہی خبر ہوتی تو اسنے تفریط کی اور حق وہی ہے جو اوپر مذکور ہوا کیا تو نہیں دیکھتا کہ روایت ابن عباسؓ میں جو خواب آنحضرت صلعم کا پروردگار عزوجل کو دیکھنے کا روایت ہوا ہے اسمیں صریح ہے کہ فعلمت ما فی السموات وما فی الارض۔ میں نے سب جان لیا جو کچھ آسمانوں و زمین میں ہے۔ الحاصل جہانتک اللہ تعالےٰ نے علم دیا تھا وہ جانتے تھے اور حدیث میں فرمایا کہ جو میں جانتا ہوں اگر وہ تم جانتے تو کم ہنستے اور بہت روتے۔ فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ وَاِنْ تُؤْمِنُوْا وَتَتَّقُوْا۔ النفاق فَلَكُمْ اَجْرٌ عَظِيْمٌ۔ پس ایمان لاؤ اللہ تعالےٰ کے ساتھ اور اسکے رسولوں کے ساتھ اور اگر تم ایمان لاؤ اور بچو۔ (یعنے نفاق سے) تو تمہارے واسطے ثواب عظیم ہے ف راس البیان میں مذکور ہے کہ قولہ تعالےٰ ولا یحزنک الذین یسارعون فی الکفر۔ اللہ عزوجل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو توکل و رضا کے بڑے امور میں امتحان فرمایا کیونکہ آنحضرت صلعم کو محزون کر دیا اسطرح کہ کفار نے کفر پر اصرار کیا اور آپ کو خوف دلایا پھر اللہ عزوجل نے اس آیت میں حضرت صلعم کو حکم دیا کہ بطون معانی پر نظر کریں حتی کہ قلب سے تمام حزن دائمہ جو غیر کی طرف سے متصور ہیں جاتے رہتے ہیں کیونکہ سبب حق عزوجل کی معرفت میں استحکام ہوا تو اسکے قلب سے تلوین کے احکام بالکل زائل ہو جاتے ہیں۔ واسطی رحؒ نے فرمایا کہ حزن جملہ احوال میں ہے اور حقیقت میں ان لوگوں کے واسطے تعریف و تنبیہ ہے قولہ تعالےٰ انہم لن یضروا اللہ شیئا۔ اسمیں اللہ عزوجل نے خبر دی کہ نبی صلعم کے کمال اہتمام و شفقت ہے اللہ تعالےٰ کی شریعت و اسکے دین کے انتظام پر چنانچہ خبر دی کہ ولا یحزنک الذین یسارعون فی الکفر۔ اسواسطے کہ

ملال آنحضرت صلعم کو اسی جہت سے تھا اور حاصل یہ کہ تو غمگین مت ہو اسواسطے کہ ساحت کبریائی گمراہوں کی گمراہی کے ہجوم سے پاک ہے۔ قولہ تعالے وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب۔ اللہ تعالے کے یہاں چند طرح کے غیب ہین اول غیب ظاہر دوم غیب باطن سوم غیب الغیب چہارم سر الغیب پنجم غیب السر۔ پس غیب ظاہر تو وہی ہے جسکی اللہ تعالے نے امر آخرت وغیرہ کی خبر دی ہے اور اسپر کوئی مطلع نہین ہوتا مگر وہی جو مقام یقین کو پہونچ گیا ہو اور جو اس مقام کو پہونچا وہ نفس کے شواغل وخطرات شیاطین سے خارج ہوتا ہے لیکن حد استقامت پر نہونے سے دیدار آخرت ہی ہوتا ہے اسواسطے کہ یقین تو خود خطرات ہین اور یہ خطاب بایں معنے خطاب اضداد ہے۔ اور غیب باطن سو وہ غیب ان چیزون کا ہے جو مقدر کرکے چشم اعتبار سے پوشیدہ ہین اور یہ خطاب اہل ایمان کا ہے اور غیب الغیب تو وہ افعال ہین سر صفات کا غیب ہے اور بایں معنی یہ خطاب مریدین کو ہے اور سر الغیب تو وہ صفت ہین نور ذات ہے اور یہ خطاب مقربین کو ہے اور غیب السر تو وہ عینیت قدم ہے کہ اسپر کبھی کوئی مخلوق مطلع نہین ہو سکتا۔ پس قولہ تعالے وما کان اللہ لیطلعکم علی الغیب۔ مین خطاب تمام انبیاء ومرسلین وملائکہ مقربین واصفیاء صدیقین وعارفین کو ہے پس اس سے یہی غیب مراد ہے جسپر کوئی مطلع نہین ہو سکتا اسواسطے کہ رویت تو اس سے پاک ہے کہ کوئی مخلوق اسکو ادراک کر سکے پس تمام مخلوق اسکے احاطہ کرنے سے خارج ہین لیکن ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بایں ایک قوت خاص ہے جو کسی کو میسر نہین اور وہ اسطرح کہ انپر بعض معانی آنحضرت صلعم کو کشف سے منکشف کیے گئے اور یہ ازل ہی مین ہو لیا تھا مگر یہ بصفت ادراک واحاطہ نہین ہے اور یہی فرمایا ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء۔ مثل محمد وعیسی وموسی وابراہیم صلوات اللہ علیہم اجمعین کے پس آنحضرت صلعم تو اس عموم برگزیدہ گی مین بھی شامل ہین اور خصوصیت خاصہ سے بھی سرفراز ہین اور باقی فقط عموم برگزیدگی مین ہین مگر ادراک کسی کو نہین ہے۔ اور یہ دوسری آیت مین مشروح ہے کہ فرمایا عالم الغیب فلا یظہر علی غیبہ احدا الا من ارتضی من رسول۔ اور یہ وہی شخص ہے جو اپنے اوصاف سے فانی ہو وصفات حق سے متصف ہو اور ظاہر کر دیا کہ بعض غیب ہم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ظاہر کر دیے ہین چنانچہ فرمایا ولکن اللہ یجتبی من رسلہ من یشاء۔ یعنے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور یہ حکم بغیب ہے اور حکم بر غیب ہے جیسے حضرت صلعم نے دس صحابہ رضہ کو قطعی جنتی ہونے کو فرمایا یا ماتہ اسکے اللہ عزوجل کی اطلاع سے خبر دین فرمائین جو دنیا و آخرت کو شامل ہین

وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ بِمَا آتَاهُمُ اللَّهُ مِن فَضْلِهِ هُوَ خَيْرًا لَّهُم ۖ بَلْ هُوَ

اور یہ خیال کریں جو لوگ بخل کرتے ہین اس چیز کے ساتھ جو اللہ نے انکو اپنے فضل سے دی کہ یہ بہتر ہو انکے حق مین بلکہ یہ

شَرٌّ لَّهُمْ ۖ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُوا بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۗ وَلِلَّهِ مِيرَاثُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۗ

برا ہو انکے حق مین عنقریب طوق ہو کر پڑیگی جس چیز کا بخل کیا تھا قیامت کے روز اور اللہ ہی وارث ہے آسمانون وزمین کا

وَاللَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ۝

اور اللہ جو کرتے ہو سو جانتا ہے

وَلَا يَحْسَبَنَّ - یا یاء والتاء۔ یعنے بتاء فوقیہ ابو عامر ونافع وحمزہ کی قراءت ہے پس خطاب آنحضرت صلعم یا ہر لائق خطاب کے گا مت خیال کران لوگون کو جو بخل کرتے ہین اس چیز مین جو اللہ تعالے نے انکو دی اپنے فضل سے کہ وہ انکے حق مین بہتر ہے اور یاء تحتیہ باقیون کی قراءت ہے پس الذین یبخلون اسکا فاعل ہوگا یعنے جو لوگ بخل کرتے ہین اس چیز سے جو اللہ تعالے اپنے فضل سے انکو عطا کی تو وہ خیال نہ کرین کہ انکے لیے بہتر ہے۔ الَّذِينَ يَبْخَلُونَ - بخل اصل لغت مین یہ کہ مانع ہو انسان حق واجب کو اور جسنے اہل کے

نہ دیا جو اسپر واجب ہوا تو وہ بخیل نہیں کہلائیگا اور قاموس مین ہی کہ بخل ضد کرم ہی اور کثرت سے حدیثین اس بخل کی مذمت مین وارد ہین اور بداخلاق مین یہ بدتر ہی مفسر محکم کہتا ہی کہ شرع مین بخل وہی ہی جو معروف شرعی طور پر خرچ کرنے مین بغرض محبت مال کے کوتاہی کرے حتی کہ اگر اسنے شرع کے دستور سے اپنے اہل و عیال کے خرچہ مین کمی کی تو بھی اسمین بخل کی صفت ہی - بالجملہ یہ شرط ہی کہ جو کچھ اللہ تعالے نے روزی کیا اسکے موافق حساب سے جو کچھ شرع حکم دے خرچ کرے اسیواسطے فرمایا - بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ - یعنے بخل کرتے ہین اس چیز کے ساتھ جو اللہ تعالے نے انکو اپنے فضل سے دی ہی - پس جو کچھ اللہ تعالے نے دیا اسمین اپنے اہل و عیال کے خرچہ کا خیال کرے اور کپڑے کا اور کسیقدر اپنے وقت حاجت کا پھر حق اللہ تعالے کو بھول بجاوے اگر بچے اور طریق شرعی سورۂ بقر کی آیۂ نفقہ کی تفسیر مین مذکور ہو چکا ہی - پھر جاننا چاہیے کہ بعض نے آیۂ کریمہ کو ایسا ہی عام رکھا ہی جیسا مین نے بخل کی مذمت مین بیان کیا اور مفسرین نے بخل کو زکوٰۃ سے مخصوص کیا یعنے بخل کرے باین طور کہ اسکی زکوٰۃ نہ دے اور یہ اس صورت مین کہ اللہ تعالے نے اسکے پاس بطور معروف شرعی خرچ کرنے کے بعد اتنا بچا دیا ہو کہ ستاون روپیہ سکہ انگریزی یا باون تولہ چاندی ہو اور ائمۂ حنفیہ کے نزدیک اگرچہ زیور ہو بشرطیکہ اسپر اتنا قرضہ نہو کہ اسکو منہا کرنے کے بعد مقدار مذکور مین کمی آوے تو اس مقدار مین ایک روپیہ سال پیچھے زکوٰۃ نہ دے بلکہ بخل کرے اور ایسا ہی دیگر مفسرین نے بخل کو زکوٰۃ سے مخصوص کیا اور حق وہ ہی جو سراج مین فرمایا کہ اکثر علما کے نزدیک اس بخل سے منع واجب مراد ہی نہ مستحب یعنے جو واجب ہوا سکو نہ دے اور اسپر کئی وجہ سے استدلال کیا اول آنکہ آیت کریمہ سخت عذاب کے وعید پر دلالت کرتی ہی اور ایسی وعید واجب ہی کے ساتھ لائق ہی - دوم آنکہ اللہ تعالے نے بخل پر مذمت کی یعنے عذاب کا وعدہ دیا جو ترک واجب ہوتا ہی اور جو چیز نفل ہو اسکے ترک پر وعدۂ عذاب نہین ہوتا ہی - سوم آنکہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ بخل سے بدتر کوئی بیماری نہین ہی - پھر واجب خرچہ کے چند اقسام ہین از انجملہ اپنی جان پر اور اپنے ان اقارب پر خرچ کرنا جنکا نفقہ اسپر واجب ہی از انجملہ زکوٰۃ ہی - از انجملہ اسوقت کہ مسلمان لوگ ایسے دشمن کے دفع کرنے مین جو انکے جان و مال کا قصد کرتا ہی مال کی حاجت رکھتے ہون پس واجب ہی کہ ایسے لوگون پر خرچ کرے جو مسلمانون سے اس دشمن کو دفع کرین - از انجملہ جو شخص مضطر یعنے اسپر اتنے فاقہ گزرین کہ مردار حلال ہو تو اسکو اتنا ضرور کھانا چاہیے کہ رمق ہو - پس یعنے بخیلون کو اللہ تعالے نے فرمایا کہ ایسے بخیل یہ خیال نہ کرین کہ - هُوَ - ای بخلهم انکا بخل کرنا خَيْرًا لَّهُمْ - بہتر ہی انکے واسطے مفعول ثان و الضمیر للفصل فالاول بخلهم مقدر قبل المرصول علی الفوقانیۃ وقبل الضمیر علی التحتانیۃ - یعنے خیرًا کو نصب کو اسواسطے یہ لایحسبن کا مفعول ثانی ہی خواہ کوئی قرارۃ لیجاوے اور ضمیر ہو چونکہ مرفوع ہی لہذا وہ مفعول نہین ہو سکتی بلکہ ضمیر فصل ہی پھر پہلا مفعول بخلهم ہو وہ بنا بر قرارۃ نا و فوقانیہ کے موصول سے پہلے مقدر ہی ای ولا تحسبن بخل الذین یبخلون الخ اور بنا بر قرارۃ یا و تحتانیہ کے ضمیر فصل سے پہلے مقدر ہی ای ولا یحسبن الذین یبخلون بخلهم ہو خیرًا لهم - بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ - بلکہ یہ بخل بدتر ہی انکے واسطے - پھر جاننا چاہیے کہ عوفی نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ اس آیۃ کا نزول اہل کتاب یعنے یہود و نصاری کے حق مین ہی کہ انھون نے جو انکے پاس کتاب الٰہی مین تصدیق آنحضرت صلعم و قرآن مجید کے بارہ مین تھی اسکے بیان سے بخل کیا رواہ ابن جریر اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ صحیح یہ ہی کہ مال سے حق واجب ادا کرنے سے بخل کرنے والون کے حق مین ہی اگرچہ یہ جو ابن عباس سے روایت ہی اسمین داخل ہی اور کہا جاتا ہی کہ اسکا داخل ہونا بدرجۂ اولی ہی مفسر جلال کہتا ہی کہ مانعین حق واجب کے حق مین ہونا ظاہر ہی اور اسی پر دلالت کرتا ہی قولہ - سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ - ای یکلفون یوم القیامۃ - بان یجعل حیۃ فی عنقہ تنهشہ کما ورد فی الحدیث - یعنے جس مال سے بخل کیا وہ قیامت کے روز طوق بنا کر انکی گردن مین ڈالا جائیگا یہ بمنطوق

ہوگا کہ یہ مال ایک سانپ کر کے اسکی گردن میں ڈالا جاویگا جو اسکو کاٹیگا جیسا کہ حدیث میں وارد ہوا ہے مترجم کہتا ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جسکو اللہ تعالے نے مال دیا پھر اسنے اس مال کی زکوۃ ادا نکی تو قیامت میں ایک اژدہا سے نر گنجا سود ار ہو کر اسکی گردن میں طوق پڑیگا پس اسکی دونوں باچھوں کو کاٹے اور چیرگا اور کہیگا کہ میں تیرا مال ہوں میں تیرا خزانہ ہوں پھر یہ آیت پڑھی - ولا تحسبن الذین یبخلون بما اتاہم اللہ من فضلہ ہو خیرا لہم بل ہو شر لہم سیطوقون ما بخلوا بہ یوم القیامۃ الآیۃ - رواہ البخاری وابن حبان اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مال بصورت اژدہا ہوگا اور کنز یعنے خزانہ جسکی ممانعت ہے وہی مال ہے جسکی زکوۃ نہ دیجاوے ورنہ وہ کنز کے حکم میں نہیں اور یہ دوسری حدیث میں مصرح ہے اور ظاہر حدیث یہ ہے کہ بغیر زکوۃ کے کل مال متمثل بصورت اژدہا ہوگا مگر ظاہر کلام مفسر یہ ہے کہ بقدر زکوۃ مال ہوگا واللہ اعلم اور مانند اس حدیث کے حضرت ابن مسعودؓ سے مرفوعاً وموقوفاً امام احمد ونسائی وترمذی وصححہ وابن ماجہ وحاکم وابن جریر وابویعلی وطبرانی وابن مردویہ نے روایت کیا - اگر کہا جاوے کہ حدیث مؤید ہے کہ یہ فقط زکوۃ کے حق میں ہے تو جواب یہ ہے کہ زکوۃ منجملہ مشتملات آیت کے ہے یا سب سے اولی ہے ورنہ اوپر معلوم ہوا کہ ابن عباسؓ اہل کتاب کی حقیت دین اسلام چھپانے سے تفسیر کی اور نیز ابن جریر نے عن ابی قزعہ عن رجل عن النبی صلعم روایت کی کہ اگر کوئی قرابت والا دوسرے قرابت والے کے پاس آوے اور اس سے ایسے مال کا سوال کرے جو اللہ تعالے نے اسکے پاس بڑھتی دیا ہے پھر وہ بخل کر جاوے اور اسکی محتاجی میں ندے تو یہی ہوگا کہ جہنم سے اسکے واسطے ایک اژدہا سے نر بالوں والا نکلیگا جو اسکے پیچھے ہو کر آخر اسکی گردن کا طوق ہو جائیگا وقد روا ہ عن ابی قزعہ عن ابی مالک العبدی موقوفاً وعن ابی قزعہ مرسلا اور مرسلات ثقہ کے ائمہ حنفیہ کے نزدیک حجت ہیں فافہم - بالجملہ یہ حال وعذاب ان لوگوں پر ہے جو مال کو اپنا سمجھتے اور اس سے بخل کرتے ہیں حال یہ ہے کہ جو فرمایا - وَلِلّٰهِ مِيرَاثُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ - اور اللہ ہی کے واسطے ہے میراث آسمانوں وزمین کی ف میراث وہ چیز ہے جو کسی کی موت کے بعد پچھلے باقی کو ملے اور شرع میں میراث تو ناتے والوں کو یا ولاء وعتاق وغیرہ سبب والوں کو یا بیت المال میں اسکے مستحقوں کے ملتی ہے جیسا کہ آگے آویگا انشاء اللہ تعالے پس یہاں میراث کے یہ معنے ہیں جو مفسر رحمہ نے بیان کیے کہ وارث ہوگا اللہ تعالے ان دونوں آسمان وزمین کا بعد فنا ہونے اہل آسمان وزمین کے مترجم کہتا ہے کہ یہ ایک ادنی تصویر ہو سکتی ہے کیونکہ اللہ تعالے اب بھی کل چیز کا مالک وخالق ہے یہ نہیں کہ بعد فنائے اہل آسمان زمین کے وارث ہو کر مالک ہوگا پس وارث ہونا بمعنے حقیقی نہیں ہو سکتا اور مثل اس آیت کے ہے خود تعالے انا نحن نرث الارض ومن علیہا - اس سے ثابت ہوا کہ مال اور مال والے سب کا اللہ تعالے وارث ہے اظہر اس سے قولہ وکنا نحن الوارثین - یعنے تقویت جملہ اسمیہ جو دوام واستمرار پر دال ہے - اسیواسطے بعض مفسرین نے تاویل کی کہ معنے یہ ہیں - اور اللہ تعالے ہی کے واسطے ہے کل وہ چیز جسکے آسمان وزمین والے باہم ایک دوسرے کے وارث ہوتے ہیں - مترجم کہتا ہے کہ زمین والوں میں تو درست ہے مگر آسمان والے باہم کیا وارث ہوتے ہیں اور حق یہ ہے کہ میراث بمعنے حقیقی نہیں جیسا کہ ہم نے اشارہ کیا جیسے فرمایا واورثنا ہا قوما آخرین - اور - اورثنا القوم الذین استضعفوا الخ یعنے بنی اسرائیل کو ملک فرعون کا وارث کیا - یہاں بھی وراثت بحقیقت شرعی نہیں ہو سکتی جیسا کہ پوشیدہ نہیں اور ایسے ہی داؤد علیہ السلام کا وارث سلیمان علیہ السلام کو جو فرمایا ہے وہ بھی بمعنے شرعی نہیں کیونکہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ہم گروہ انبیاء کے کسی کے وارث نہیں ہوتے اور نہ ہمارا کوئی وارث ہوتا ہے جو ہم نے چھوڑا وہ صدقہ ہوتا ہے اور اسی پر خلفائے راشدین جسمیں حضرت علی کرم اللہ وجہہ بھی ہیں عمل کیا ہے الا ان یہاں بعض نے کہا کہ بولا کرتے ہیں کہ ورثہ زید علم خالد یعنے خالد کے علم کا زید وارث ہوا یعنے اب زید منفرد ہوا بعد ازانکہ خالد اسمیں مشارک تھا اور ایسے ہی قولہ تعالے ورث سلیمان داؤد الآیہ میں ہے - اب تفسیر کی طرف رجوع کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل نے تمام آسمانی زمین کو اپنی میراث فرمایا اور سچ فرمایا کہ سب آسمان زمین لوگ ومال اسیکی ملک ہیں پس تنبیہ فرمائی کہ سب تو اسیکا ہے پھر ان بخیلوں کا کیا حال ہے کہ اسکے حکم کے موافق نہیں دیتے ہیں اور یہ کمال کرم ہے کہ اپنے ہی ملک کو

بندے سے دلوا کر اسپر ثواب جمیل عنایت فرمایا۔ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۔ بالیاء والتاء خَبِيْرٌ۔ فیجازیکم بہ۔ جاننا چاہیے کہ تعملون بتا فوقیہ اور بیاء تحتیہ دونوں قراءتیں آئی ہیں مگر قراءت اول کثر قراء کی ہے اور اسیکو مفسر نے اختیار کیا چنانچہ کہا پس جزا دیگا تمکو تمہارے عمل کی اور بیضاوی نے کہا کہ اس قراءۃ میں وعید سخت ہے اور دوسری قراءۃ ابو عمرو و ابن کثیر کی ہے اور اس صورت میں یہ معنے ہونگے اور اللہ تعالے خبردار ہے جو وہ کرتے ہیں پس انکو انکے بخل کی سزا دیگا ف فی العرائس قولہ تعالے ولا تحسبن الذین یبخلون بما آتاہم اللہ من فضلہ۔ مفسر جم کہتا ہے کہ جیسے عوفی نے ابن عباس سے اہل کتاب کے علم ظاہر کرنے سے بخل کرنے سے تفسیر کی ایسے ہی شیخ نے یہاں علوم کشفی کے چھپانے والوں سے اشارہ لیا اور یہ جان لینا چاہیے کہ اس صورت میں سیطوقون کے معنے وہ نہیں کہ انکی گردن میں طوق ہوکر پڑیگا بلکہ یا تو یہ معنے ہیں کہ جہنم میں طوق وزنجیر سے جکڑے جاوینگے بعوض اسکے عذاب کے یا یہ طوق بمعنے طاقت ہے جیسا کہ مجاہد سے روایت آئی ہے کہ انھوں نے کہا ای یکلفون باتیان ما بخلوا۔ یعنے انکو تکلیف دیجائیگی کہ جسکا بخل کرتے تھے وہ اب لاؤ جو انکی طاقت سے باہر ہے جب یہ معلوم ہوگیا تو میں کہتا ہوں کہ شیخ نے کہا کہ اللہ تعالے نے یہاں ان لوگوں کو زجر کیا جو مریدوں طالبان حق سے علم معاملہ ومکاشفہ پوشیدہ کرتے ہیں اسلیے کہ اصل سخاوت یہ ہے کہ متحیروں کو ورطۂ امتحان سے چھڑاوے اور انکو عرفان کی راہ بتادے اور کون سخاوت اس سے بڑھکر ہوگی کہ خالص ارادت والوں پر اللہ تعالے کی دی ہوئی نعمتیں ظاہر کرے تاکہ اللہ تعالے کے ساتھ انکی محبت بڑھے اور نیک کام کرنا اور اللہ تعالے کی بندگی کرنا انکے دلوں میں جچے اور اسکی تصدیق یہ ہے کہ حضرت صلعم کو اللہ عزوجل نے حکم فرمایا وانما نعنہ بذلک فحدث۔ یعنے اللہ تعالے نے جو نعمتیں تجھپر فرمائیں ہیں انکو بیان کر۔ پھر جو شخص یہ کرسکتا ہے جو ہم نے بیان کیا کہ طالبان حق عزوجل کی بہتری کے خواہاں ہے وہ کیونکر ایسا نہ کرسکیگا کہ اپنی جان ومال وروح کو راہ حق میں خرچ کرڈالے جیسے صحابہ نے اپنی جان ومال کو حضرت صلعم پر فدا کردیا کیونکہ وہ لوگ معدن سخاوت ہیں اور سخاوت کی شاخ انھیں سے نکلی ہے پھر مال سے سخاوت کرنا مریدوں کی شان ہے اور جان سے سخاوت کرنا محبین کی شان ہے اور روح سے سخاوت کرنا عارفوں کی شان ہے اور تمام اشیاء مذکورہ سے بخل کرنا نفس امارہ کا اندھاپن ہے قولہ تعالے سیطوقون ما بخلوا بہ یوم القیامۃ۔ مخلوق کو مفلس ہونیکا وصف کیا کہ اپنی ذات پاک کو سلطنت قدیم وبقاء دوام سے وصف کیا اور مخلوق جملہ فانی ہونگی اور اپنے نفس کی امیدوں سے منقطع ہوجاوینگی چنانچہ فرمایا وللہ میراث السموات والارض۔ یعنے اوتعالے ہی مالک عطاء کثیر ومواہب جزیل ہے اور یہ عطیات کبریٰ ان لوگوں کو سب سے اعلیٰ ملتی ہیں جو اسکی راہ میں اپنی جانیں خرچ کرتے ہیں پھر انکو ایسا کچھ دیتا ہے جو مخلوق میں سے کسی کو نہیں دیا ہے اور ابن عطاء نے فرمایا کہ راہ حق میں سخاوت پر چلنا اور بخل سے پرہیز کرنا اور یہ اسطرح ہے کہ نفس ومال وسرور وروح وکل کو راہ حق میں خیرات کردے اور جسنے راہ حق میں کسی چیز سے بخل کیا وہ محجوب ہوا اور اسیکے ساتھ پڑا رہگیا اور جسنے راہ حق میں غیر کی طرف نظر کی وہ فوائد حق وانوار قرب سے محروم رہا قال المترجم یعنے مال وجان وغیرہ کسی پر نظر کرنا محرومی ہے۔

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ ۘ سَنَكْتُبُ مَا قَالُوْا وَ

اللہ نے سنی انکی بات جنھوں نے کہا کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مالدار اب لکھ رکھینگے ہم انکی بات اور

قَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ ۙ وَّنَقُوْلُ ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝ ذٰلِكَ بِمَا قَدَّمَتْ

جو قتل کیے انھوں نے نبیوں کے ناحق اور کہینگے چکھو جلن کی مار یہ بدلا ہے اسکا جو تمنے بھیجا

اَيْدِيْكُمْ وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ ۝ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ عَهِدَ اِلَيْنَآ

اپنے ہاتھوں اور اللہ ظلم نہیں کرتا ہے بندوں پر وہ جو کہتے ہیں کہ اللہ نے ہم سے قرار لیا ہے کہ

قولہ

اَلَّا نُؤْمِنَ لِرَسُوْلٍ حَتّٰى يَاْتِيَنَا بِقُرْبَانٍ تَاْكُلُهُ النَّارُ ؕ قُلْ قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ
ہم یقین نہ کرین کسی رسول کو جب تک نہ لاوے ہمارے پاس ایسی نیاز جسکو آگ کھا جاوے تو کہدے آچکے تمہارے پاس کتنے رسول
قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۝ فَاِنْ
مجھسے پہلے کھلی نشانیان لیکر اور یہ بھی جو تم نے کہا پھر کیون تم نے انکو مارڈالا اگر تم سچے ہو پھر اگر یہ
كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ وَالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ۝
نجکر جھٹلاوین تو جھٹلائے گئے بہت رسول تجھسے پہلے جو لائے تھے نشانیان اور صحیفے اور روشن کتابین

لَقَدْ سَمِعَ اللّٰهُ ۔ البتہ سنا اللہ تعالے نے کشاف مین زمخشری نے کہا کہ اللہ تعالے کے سننے کے یہ معنے ہین کہ اسپر پوشیدہ نہین یعنے اسنے انکے لیے عذاب مہیا کیا ہی ۔ مترجم کہتا ہی کہ زمخشری معتزلہ تھا اسنے صفات باری تعالے سے انکار کیوجہ سے ایسا کہا اور بیضاوی وغیرہ نے جو اسطرح تفسیر کی ہی تو انکی غرض یہ ہی کہ یہ سننا بطور رضامندی کے نہین جیسے سمع اللہ لمن حمدہ مین ہی بلکہ یہ وعید وتہدید ہی جیسے کسی بے ادب وگستاخ سے کہتے ہین کہ خبردار ہم نے سن لیا یعنے تجکو سزا دینگے بالجملہ سننا ہمارے نزدیک اپنے معنے پر ہی یعنے اللہ تعالے نے اپنی حقیقی صفت سے سنا ۔ قَوْلَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ فَقِيْرٌ وَّنَحْنُ اَغْنِيَآءُ
قول ان لوگون کا جنھون نے کہا کہ اللہ فقیر ہی اور ہم تونگر ہین ف وہم الیہود قالوہ لما نزل من ذا الذی یقرض اللہ قرضا حسنا الآیۃ
وقالوا لو کان غنیا ما استقرضنا ۔ اور یہ لوگ یہود تھے انھون نے یہ قول اسوقت کہا جبکہ نازل ہوا قولہ تعالے من ذا الذی یقرض اللہ
قرضا حسنا الآیۃ اور یہ بھی کہا کہ اگر اللہ تعالے تونگر ہوتا تو ہم سے قرض نہ مانگتا مترجم کہتا ہی کہ معالم وغیرہ مین البسا مذکور ہی جو مفسرین نے
ذکر کیا پس اگر بعینہ یہی لفظ ان کافرون نے کہے تھے تو آیت مین انکے الفاظ کی حکایت ہی اور مفسرین نے علوم القرآن مین اسکو اس بات کی
مثال مین بھی ذکر کیا کہ قرآن مین جو آیات زبان غیر پر ہین ازانجملہ یہ ہی ولیکن شیخ ابن کثیر نے ابن عباس سے روایت ذکر کی کہ ان کافرون
نے کہا تھا یا محمد افتقر ربک فسال عباده القرض ۔ یعنے اے محمد آپکا پروردگار محتاج ہوا کہ بندون سے قرض مانگا پس اللہ عزوجل نے
یہ آیت نازل فرمائی رواہ ابن مردویہ وابن ابی حاتم ۔ اور نیز محمد بن اسحاق نے اپنی سند سے ابن عباس سے روایت کیا کہ حضرت ابوبکر صدیق
ایک مرتبہ یہود کے مدراس مین گئے جہان بہت یہودی اپنے ایک بڑے عالم فنحاص کے پاس جمع تھے حضرت صدیق نے کہا کہ اے فنحاص تو
اللہ تعالے سے خوف کر اور محمد صلعم پر ایمان لا کیونکہ واللہ تو جانتا ہی کہ وہ برحق رسول تمہاری توریت مین موصوف ہین وہ بولا کہ واللہ
اے ابوبکر ہم کو اللہ کیطرف محتاجی کی ضرورت نہین اور وہ ہمارا محتاج ہی ہمسے گڑگڑاتا ہی جیسے ہم نہین گڑگڑاتے اور ہم اس سے تونگر ہین اگر
ہم سے تونگر ہوتا تو قرض نہ مانگتا جیساکہ محمد گمان کرتے ہین اور وہ ہمکو سود کھانے سے منع کرتا ہی اور ہم سے قرض مانگتا اور اسپر کچھ گو نہ سود دینے کا
وعدہ کرتا ہی ۔ یہ سنکر حضرت ابوبکر سخت غضبناک ہوے اور بڑے زور سے اسکو تھپڑ مارا اور کہا کہ قسم اس پاک پروردگار کی جسکے قبضہ مین میری
جان ہی کہ اگر ہمارے اور تم لوگون کے درمیان عہدنامہ نہوتا تو مین تیری گردن مارتا اے خدا کے دشمن تو ہمکو جھٹلا جسقدر تجھین وسعت ہو
فنحاص ہان سے اٹھکر حضرت صلعم کے پاس آیا اور کہا کہ آپ کے یار نے دیکھو ہم کو کیا خوار کیا ہی آپنے فرمایا کہ اے ابوبکر تو کیا باعث ہوا
صدیق نے عرض کی کہ یارسول اللہ اس دشمن نے بڑا سخت لفظ کہا کہ اللہ فقیر ہی اور ہم اس سے تونگر ہین مجھے اللہ تعالے کے واسطے غصہ
آیا مین نے اسکو مارا ۔ پس فنحاص مردود اس سے انکار کر گیا اور کہا کہ مین نے نہین کہا پس اللہ عزوجل نے ابوبکر کی تصدیق اور فنحاص کی

تکذیب میں نازل فرمایا۔ لقد سمع اللہ قول الذین قالوا الآیہ۔ رواہ ابن ابی حاتم۔ اس آیت میں بڑی سخت وعید ہے از انجملہ یہ کہ اللہ تعالےٰ نے اپنا سننا مصرح فرمایا اور مقولہ بھی مصرح ذکر فرمایا۔ از انجملہ آنکہ فرمایا۔ سَنَكْتُبُ۔ نامہ کیتب۔ مَا قَالُوْا۔ فی صحائف اعمالہم لیجازوا علیہ۔ یعنے ہم لکھینگے۔ مراد یہ کہ حکم دینگے نیکی بدی لکھنے والے فرشتوں کو لکھنے اس چیز کا جو انھوں نے کہا۔ انکے صحائف اعمال میں تاکہ اسپر وہ جزا دیے جاوین۔ پس فرشتوں کے لکھنے کو اپنے لکھنے سے تعبیر فرمایا جیسے قولہ وانا لہ کاتبون۔ وفی قراءۃ بالیاء مبنیا للمفعول۔ یعنے اور حمزہؒ کی قراءۃ میں سیکتب بصیغۂ غائب مجہول ہے ای لکھا جائیگا جو انھوں نے کہا۔ پھر لکھا جانا خود وعید ہے حالانکہ اوتعالےٰ دانا تر ہے جیسے اہتمام کی چیز کو یاد داشت کر لیتے ہیں یعنے یہ لفظ کفر شدید ہے اسیواسطے اسکے ذیل میں قتل انبیا کو بھی لکھا کہ۔ وَ نکتب۔ قَتْلَهُمُ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ۔ قتلہم بالنصب وبالرفع۔ اور لکھینگے ہم انکا قتل کرنا انبیاء کو ناحق۔ اور یہ ترجمہ اس صورت میں کہ قتلہم کو نصب ہو بنا بر قراءۃ جمہور کے کہ نکتب بنون پڑھا اور بنا بر قراءۃ بیاء تحتیہ کے اسکو رفع ہے یعنے اور لکھا جائیگا قتل کرنا انکا انبیا کو ناحق۔ اور اسمیں ایذا ہے کہ ان لوگوں سے ایسی گفتگو بعید نہیں جنھوں نے انبیاء کو جان بوجھکر ناحق قتل کیا۔ اور قتل انبیاء اگرچہ انکے پرکھوں سے ہوا مگر انکی رضامندی کے سبب انکی طرف منسوب ہوا۔ وَ نَقُوْلُ۔ بالنون والیاء یعنے نکتب پر عطف ہے اور اسمیں بھی دو قراءتیں ایک بنون و دوم بیاء تحتیہ ہے ای اللہ لہم فی الآخرۃ علی لسان الملائکۃ۔ یعنے ہر قراءۃ پر فاعل اسکا اللہ تعالےٰ ہے اور معنے یہ کہ کہینگے ہم یعنے اللہ تعالےٰ ان کافروں سے آخرت میں فرشتوں کی زبان پر۔ حاصل یہ کہ یہ گفتگو انکی اللہ عزوجل کی شان میں اور یہ معاملہ انکا اللہ تعالےٰ کے رسولوں کے ساتھ ہی تو ہم انکو عذاب سخت دینگے اسیواسطے فرمایا ونقول ذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ۔ النار۔ حریق دراصل اسیی آگ کا نام ہے جو ملتہب ہو اور معنے اسکے محرق ہیں یعنے سخت التہاب سے جلانے والی جیسے عذاب الیم بمعنے مولم بولتے ہیں۔ اور حاصل یہ کہ ان کافروں سے یہ کہا جائیگا جب وہ آگ میں ڈالے جاوینگے کہ عذاب سوزان چکھو اور یہاں سے ثابت ہو گیا کہ ان لوگوں کا یہ قول وفعل حد سے زیادہ برا ہے کہ ارحم الراحمین نے انکے واسطے یہ عذاب مقدر فرمایا جسمیں ظلم کا احتمال ہی نہیں اسیواسطے فرمایا۔ ذٰلِكَ۔ العذاب کائن۔ یہ عذاب مذکور حاصل ہوا۔ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْكُمْ۔ بسبب اس چیز کے جو پہلے بھیجی ہے تمہارے دونوں ہاتھوں نے۔ یعنے تم نے چنانچہ مفسر نے کہا۔ عبر بہما عن الانسان لان اکثر الافعال تزاول بہما۔ یعنے ہاتھوں سے تعبیر انسان سے ہے کیونکہ اکثر کام انھیں دونوں ہاتھوں سے مزاولت میں آتے ہیں جیسے دوسری آیہ میں بما قدمت یداہ فرمایا اور ہماری زبان میں بولتے ہیں کہ ای شخص یہ تیرے ہاتھوں کا کیا دھرا ہے یعنے تیرا کیا ہوا ہے خواہ ہاتھ و زبان کسی عضو سے ہو۔ حاصل یہ کہ یہ عذاب تمہارے کیے پر ہے۔ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ۔ بذی ظلم۔ لِّلْعَبِيْدِ۔ فیعذبہم بغیر ذنب۔ اور اللہ نہیں ہے ظلام ای صاحب ظلم۔ واسطے بندوں کے۔ کہ انکو بغیر جرم کے عذاب کرے۔ حضرت ابن عباس رضؓ نے فرمایا یعنے میں عذاب کرنے والا نہیں اس شخص کو جسنے ارتکاب جرم نہیں کیا مترجم کہتا ہے کہ اس سے ظاہر ہوا کہ یہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے بندوں کو وعدہ ہے کہ بدون جرم کے انپر عذاب نہوگا۔ ورنہ ظاہر ہے کہ اللہ عزوجل آسمانوں و زمین و بندوں و مخلوقات میں جسطرح چاہے تصرف کرے وہ کسی طرح ظلم نہیں ہو سکتا اور یہی مذہب اہل سنت ہے۔ اگر کہا جاوے کہ ظلام صیغۂ مبالغہ ہے جو بہ نسبت ظالم کے خاص ہے پس ظلام کی نفی سے ظالم کی نفی نہوگی تو جواب یا کیا کئی وجہ سے اول وہ کہ جو مفسر رحؒ نے اشارہ کیا کہ ظلام یہاں صیغہ نسبت ہے ای ذی ظلم کے معنے ہیں یعنے اسکی طرف ظلم کی نسبت ہی نہیں ہوتی ہے اور نظیر اسکی بزاز و عطار ہے یعنے کپڑا بیچنے والا اور عطر بیچنے والا کہ انمیں نسبت مراد ہے نہ معنے مبالغہ کما لا یخفی اور مفسر رحؒ نے

ذکر کیا کہ ابن مالک نے اس جواب کو محققین سے حکایت کیا ہی دوم آنکہ ظلام مین اگرچہ معنے کثرت ہین لیکن یہان بمقابلہ عبید کے ہی جو جمع کثرت ہی حاصل آنکہ عبید کے مقابلہ مین ظلام فرمایا پس عبید کے مقابلہ مین ظلم رہا پس ہر فرد کی نسبت ظلم ہونے کی نفی ہوئی یعنے کسی بندے کے واسطے ظالم نہین ہی سوم آنکہ جب ظلام سے ظلم کثیر کی نفی کی تو قرینہ مقام سے ظلم قلیل جو عام ہی بدرجۂ اولی منتفی ہوگا اسواسطے کہ ظلم بغرض نفع کے ہوتا ہی پس جب کثیر کو باوجود زیادہ نفع کے ترک کیا تو قلیل بدرجۂ اولی متروک ہوگا چہارم آنکہ ظلام بمعنے ظالم ہی معنے کثرت ملحوظ نہین ہین - بدلیل آنکہ مقصود مطلق ظلم کی نفی ہی پنجم آنکہ اقل قلیل بھی اگر اللہ تعالے کی طرف سے پایا جاتا فرض کیا جاوے تو وہ کثیر ہوگا جیسے بولتے ہین کہ زلۃ العالم کبیرۃ - عالم کی لغزش بھی کبیرہ گناہ ہی ششم آنکہ مراد یہی کہ ظالم نہین بفرض تاکید نفی کے پس اسکو ظلام نہین سے تعبیر کی ہفتم آنکہ یہ جواب اس کافر کا ہی جسنے اوتعالے کو ظلام کہا اور اس صورت مین معنے کثرت کا کچھ مفہوم نہوگا جیسے کوئی شخص زید کو جو بڑا متقی ہی کہے کہ وہ فاجر ہی اور جواب دیا جاوے کہ تو جھوٹا ہی وہ فاجر نہین ہی تو اسکے یہ معنے نہونگے کہ وہ فاجر ہی ہشتم آنکہ اثبات مین اللہ تعالے کے صفات مین صیغہ مبالغہ وغیر مبالغہ یکسان ہین یعنے ہر صفت اسکی حد کمال پر ہی اور وہ واحد ہی پس رحیم و راحم سب مین وہی حد کمال ہی پس نفی مین بھی یہی کہا گیا مفسر جہم کہتا ہی کہ تامل کے ساتھ یہ جواب جید ہی نہم آنکہ اس سے مقصود تعریض ہی یعنے بندون مین بہتیرے حاکم ایسے ہوتے ہین کہ ظلام ہوتے ہین مفسر جہم کہتا ہی تعریض یون بیان کرنا اولی ہی کہ بندون مین بہتیرے کافر ایسے ہین کہ اپنے افعال مین ظلام ہین جیسے یہ یہودی خبیث تھے جنھون نے ان اللہ فقیر ونحن اغنیاء کہا کہ انھون نے اپنے اوپر سخت ظلم کیا اور تعریض کے واسطے اسقدر کافی ہی اگرچہ وہ ظلم مختلف ہو پھر جاننا چاہیے کہ قولہ وان اللہ لیس بظلام للعبید جملہ حالیہ ہی اور بیضاوی نے تبعاً لکشاف کہا کہ اسکا عامل ماقدمت یدہ ہی یعنے وذلک ان اللہ لیس بظلام للعبید - یعنے عذب کی تعلیل ہی ای یعذبہ بسوجہ ہے کہ اللہ تعالے بندون کے واسطے ظلام نہین ہی - یا ین توجیہ کہ نفی ظلم مستلزم عدل ہی اور عدل مقتضی ہی کہ نیکو کار کو ثواب دے اور بدکار کو عذاب دے مفسر جہم کہتا ہی کہ یہ تقریر کچھ نہین چنانچہ اعتراض کیا گیا کہ تعذیب نہ کرنا باوجود سبب موجود ہونے کے کچھ ظلم نہین نہ عقلاً و نہ شرعاً پھر کیونکر نفی ظلم کو عذاب کرنیکا سبب قرار دیتا ہی پھر اللہ عزوجل نے انھین کافرون سے جنھون نے کلمہ کفر کہا تھا ایک اور بد خصلت بہتان بندی اور دروغ دعوی کی فرمائی کہ - الذین - لغت للذین قبلہ - یعنے یہ الذین پہلے الذین قالوا کی صفت واقع ہی - قالوا - لمحہ - یعنے ایسے لوگ جنھون نے کہا محمد صلعم سے کہ - ان اللہ عہد الینا - فی التوراۃ اللہ تعالے نے عہد لیا ہم سے - توریت مین کہ - الا نؤمن لرسول - فصدقہ - ہم نہ ایمان لاوین واسطے کسی رسول کے یعنی نہ تصدیق کرین اسکے رسول ہونے کی حتی یاتینا بقربان تاکلہ النار - یہانتک کہ لاوے وہ ہمارے پاس قربان جسکو آگ کھا جاوے مفسر جہم کہتا ہی کہ غرض انکی آنحضرت صلعم سے کہنے کی یہ تھی کہ فلانون لک حتی تاتینا بہ - ہم تمپر ایمان نہ لاوینگے یہانتک کہ تم ایسا قربان لاؤ - اور یہ قربان بنی اسرائیل مین ہوتا تھا اور معنے اسکے مفسر نے بیان کیے کہ - وہو ما یتقرب بہ الی اللہ تعالے من نعم وغیرہا فان قبل جاءت نار بیضاء من السماء فاحرقتہ والا بقی مکانہ - اور قربان ہر وہ چیز تھی کہ اسکے ساتھ اللہ تعالے کی طرف تقرب ڈھونڈھا جاوے خواہ وہ حلال چوپایہ ہون یا کوئی اور چیز ہو سو بنی اسرائیل مین یہ تھا کہ وہ میدان مین رکھا گیا اور پیغمبر نے تنہا یا مع لوگون کے دعا کی پس اگر قبول ہوتا تھا یا نہین پھر اگر قبول ہوتا تھا تو یہ صورت ہوتی تھی کہ آسمان سے ایک آگ سپید بدون دھنوین کے آتی تھی پس اسکو کھا جاتی تھی یعنے جلا دیتی تھی اور اپنی طبیعت پر مستحیل کر لیتی تھی اور اگر قبول نہ ہوا تو ویسا ہی اپنی جگہ پڑا رہتا تھا - وعہد الی بنی اسرائیل ذلک الا فی المسیح و محمد صلعم مفسر نے کہا کہ بنی اسرائیل پر یہ عہد لیا گیا تھا سوا ے مسیح و محمد صلعم کے بارہ مین چنانچہ سدی نے کہا کہ توریت مین یہ شرط آئی تھی مگر ایک

دوسری شرط کے ساتھ بایں طور کہ اللہ عزوجل نے بنی اسرائیل کو حکم کیا کہ جو شخص تمہارے پاس نبوت کا دعوی کرکے آوے تو اسکی تصدیق نہ کرنا یہانتک کہ قربان رکھے جسکو آگ کھا جاوے یہانتک کہ تمہارے پاس مسیح و محمد آوین کہ ان دونون پر فورًا ایمان لانا کہ یہ دونون بدون قربان کے آوینگے اور ابن عباس و حسن بصری وغیرہ کے بیان سے معلوم ہوتا ہی کہ بنی اسرائیل مین قربان کا طریقہ اسطرح جاری تھا چنانچہ جہاد مین جو غنیمت حاصل کرتے اسکو بھی اسیطرح رکھتے تھے اور یہ نہین تھا کہ اللہ تعالے نے اسکو دعوی نبوت کی تصدیق کے لیے علامت مقرر کیا ہو اسطرح کہ بدون اسکے کسی نبی کے تصدیق نہ کرنا بیضاوی وغیرہ نے کہا کہ یہ بات انکے دروغ و مفتریات مین سے ہی اسلیے کہ قربان کو آگ کا کھا جانا موجب ایمان اسیوجہ سے ہو کہ وہ معجزہ ہی تو یہ معجزہ اور دیگر معجزات اسمین یکسان ہین اسیواسطے اللہ عزوجل نے رد کیا کہ قُلْ - لہم تو بتا - یعنے کہدے ان لوگون سے طلاستہ کے طور پر کہ - قَدْ جَآءَكُمْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِيْ بِالْبَيِّنٰتِ - بالمعجزات وَبِالَّذِيْ قُلْتُمْ - کزکریا و یحیی فقتلتموہم آئے تو تمہارے پاس رسول مجھسے پہلے معجزات کے ساتھ اور اس بات کے ساتھ بھی جو تم کہتے ہو جیسے زکریا و یحیی سو تمنے انکو قتل کیا اگر کہا جاوے کہ ان لوگون نے کہان قتل کیا تو مفسر رحمہ نے جواب دیا کہ - والخطاب لمن فی زمن نبینا وان کان الفعل لاجدادہم لرضاہم بہ - اور خطاب ان بنی اسرائیل کو ہی جو ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین تھے اگرچہ یہ فعل انکے باپ دادا کا تھا اسوجہ سے کہ یہ لوگ اپنے باپ دادا کے فعل پر رضامند تھے مترجم کہتا ہی کہ - بالذی قلتم - کو - بالبینت - پر عطف کرنے مین ایدان ہی کہ بینات یعنے معجزات جس مرتبہ تصدیق نبوت کے واسطے ہین ویسے یہ قربان نہین ہی اگرچہ اسی قبیل سے ہو اور مفسر رحمہ نے فقتلتموہم بڑھایا تاکہ آگے کا قول مرتبط ہو یعنے باوجود قربان کے تم نے انکو قتل کیا - فَلِمَ قَتَلْتُمُوْهُمْ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ - فی انکم تومنون عند الاتیان بہ - پھر کیون تم نے انکو قتل کیا اگر تم سچے ہو ف اس بات مین کہ تم قربان لانے کے وقت ایمان لاتے ہو - پھر اللہ عزوجل نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تسلی فرمائی اور صبر کے واسطے ارشاد کیا - فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقَدْ كُذِّبَ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ جَآءُوْ بِالْبَيِّنٰتِ الخ یعنے بھاگر یہ لوگ تجھے جھٹلاتے ہین تو تجھسے پہلے بہت رسول جھٹلائے گئے جو آئے تھے بینات یعنے معجزات ظاہرہ کے ساتھ - وَالزُّبُرِ - کصحف ابراہیم - اور کتب کے ساتھ جیسے صحائف ابراہیم - زبر جمع زبور ہی ابن کثیر نے کہا کہ کتاب جو آسمان سے ملی مثل صحف ابراہیم وغیرہ کے - اور بعض نے کہا وہ کتاب جسمین فقط حکمتین ہون اور بعض نے کہا جسمین مواعظ و زواجر ہون اور ظاہر ایہ اولی ہی بنظر موافقت زبور داؤد علیہ السلام کے - وَالْكِتٰبِ - وفی قراءۃ بالثبات الباء فیہما - یعنے ابن عامر کی قرارت مین ہی بالزبر و بالکتاب الْمُنِيْرِ - الواضح وہو التوراۃ والانجیل فاصبر کما صبروا - یعنے منیر یعنے واضح ہی اور وہ کتاب منیر توریت و انجیل ہی اور مراد اس آیت سے یہ کہ صبر کر تو ای محمد صلعم جیسے ان لوگون نے صبر کیا - الحاصل جب یہودیون نے بہتان باندھا کہ ہم سے توریت مین عہد لیا گیا ہی کہ جو پیغمبر آوے اگر وہ قربان کا معجزہ دکھلاوے تو ایمان لاوین ورنہ نہین تو رد فرمایا کہ یہ معجزہ تو بہت ہی خفیف ہی جسکا دکھلانا بہ نسبت شق القمر وغیرہ کے بہت ہی خفیف ہی لیکن تم خود مکار عناد سے کہتے ہو دلیل یہ ہی کہ حضرت زکریا و یحیی وغیرہم کے مانند بہت سے معجزات مع قربان و زبر و کتاب منیر لائے تھے تمنے انکو کیون نہ مانا اگر سچے ہو بلکہ انکو قتل کر ڈالا پس تم قوم خبیث جہنمی ہو کہ صرف چند روزہ دنیاوی زندگی کے لیے یہ مکر تم نے باندھا اور تمہارے جاہلون نے تمکو اپنا پیشوا بنایا اب عنقریب تم جانوگے کہ مرکر کس غار جہنم مین جاتے ہو اور موت سے فرار غیر ممکن ہی قال تعالے

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ط وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ

ہر جی کو موت چکھنی ہی اور تمکو پورے بدلے ملینگے قیامت کے دن پھر جو سرکایا گیا آگ سے

لہ ۳ اغلبیہ نصب حین جر حرفہا بقام پرہ وانتصبن ۱۲ م

وَأُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ ۗ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝ لَتُبْلَوُنَّ فِيْٓ
اور داخل کیا گیا جنت میں اسکا کام بن گیا اور دنیا کی زندگی تو یہی دغا کی جنس ہی البتہ تم آزمائے جاؤ گے
اَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ۗ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ
اپنے مالوں اور جانوں سے اور البتہ سنوگے ان لوگوں سے جو دیے گئے کتاب تم سے پہلے اور ان
وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْٓا اَذًى كَثِيْرًا ۗ وَاِنْ تَصْبِرُوْا وَتَتَّقُوْا فَاِنَّ
لوگوں سے جنھوں نے شرک کیا بہت بدگوئی اور اگر صبر کرو اور پرہیزگاری تو یہ البتہ
ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ ۝
ہمت کے کام ہیں

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ۔ ہر نفس موت چکھنے والا ہی ف جمہور کی قرأۃ ذائقۃ الموت باضافت ہی اور معنے یہ ہیں کہ ذائقۃ موت جسد ہا۔ یعنے چکھنے والا ہی موت اپنے جسم کی اسواسطے کہ موت اسی جسم کو ہی نفس کو نہیں اور اگر مرتا بھی تو حالت موت میں کیا چکھیگا کیونکہ چکھنے کے واسطے حیات شرط ہی اور علی ہذا قولہ تعالے اللہ یتوفی الانفس حین موتہا کے معنے بھی یہی ہیں کہ جن قبض اجساد ہا۔ کذا قال الکرخی ۔ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ ۔ جزاء اعمالکم۔ اپنے کاموں کے بدلے۔ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قیامت کے روز یعنے تم تو قیامت کے روز اپنے اعمال کا بدلا پے جاؤ گے ف پس مومن کا اجر تو جنت و ثواب ہی اور کافر و منکر کا اجر دوزخ و عذاب ہی۔ پس آیت میں وعدہ و وعید دونوں ہی۔ اور توفیہ کے معنے بھرپور دینا پس ثنا یاں برزخ میں جو ملیگا وہ بڑھتی ہی اور حدیث میں ہی کہ قبر یا تو ریاض جنت میں سے ایک باغ ہی یا دوزخ کے گھڈوں میں سے ایک گھڈا ہی مترجم کہتا ہی کہ بعض علماے حق نے زعم کیا کہ عذاب القبر فقط اس امت کے لیے ہی تاکہ جو کچھ ہونا ہی قیامت تک ہو جاوے پھر قیامت میں محاسبہ نہو ذکرہ القاری فی شرح الفقہ الاکبر لیکن میرے نزدیک اسمیں تامل ہی اسواسطے کہ اول تو یہ آیت عام ہی سب کو شامل ہی دوم یہ کہ توریت میں بھی عذاب القبر کا ذکر تھا جس سے یہودیہ نے حضرت ام المومنین عائشہ رضہ سے ذکر کیا کہ خدا آپکو عذاب قبر سے پناہ دے ام المومنین نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکا مقولہ بیان کیا تو آپنے فرمایا کہ ای صدقت یہود صحیح ہی جیسا کہ حدیث صحاح و سنن سے ظاہر ہی۔ ہاں یہ احتمال ہی شاید اس یہودیہ کو توریت کے بیان سے مخصوص اس امت کے لیے ظاہر ہوا ہو لیکن یہ احتمال بے فائدہ و بعید ہی۔ اور اسکی بحث قولہ تعالے یثبت اللہ الذین آمنوا بالقول الثابت فی الحیوۃ الدنیا و فی الآخرۃ الآیۃ۔ میں آویگی۔ حاصل سب کے آگاہ فرمایا کہ تم میں سے کوئی موت سے نہیں بچیگا اور ضرور اپنے اعمال نیک و بد کا بدلا قیامت کے روز پانے والا ہی۔ تو فرض ہی کہ اپنے انجام کی خبر رکھے اور اسکا سامان کرے۔ فَمَنْ زُحْزِحَ ۔ بُعِّدَ ۔ دور کیا گیا از تبعید بمعنے دور کر دینا۔ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ
نال غایۃ مطلوبہ۔ پس جو شخص کہ آگ سے دور کیا گیا اور جنت میں داخل کیا گیا تو اسنے پایا اپنی انتہاے مراد کو ف اسواسطے کہ جنت جیسے ان نعمتوں کو شامل ہی کہ انکے مانند و نظیر نہیں ویسے ہی اسمیں بحضاے الٰہی تعالے اسطرح حاصل ہی کہ کبھی ناخوش نہوگا بلکہ دیدار الٰہی عزوجل حاصل ہوگا کہ کوئی نعمت اس سے بڑھکر نہیں بلکہ نعمت سے وہ کہیں اعلیٰ تر ہی اور حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جنت میں ایک کوڑے بھر جگہ دنیا و ما فیہا سے بہت بہتر ہی پڑھو تمہارا جی چاہے کہ فرمایا فمن زحزح عن النار و ادخل الجنۃ تا قولہ متاع الغرور۔ رواہ الترمذی والحاکم و صححہ پھر بھلا تم اس رح نیا کے پیچھے کیوں خراب ہو۔ وَمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا ۔ ای العیش فیہا۔ یعنے دنیا میں زندہ رہنا اور متاع و

چیز جس سے چند روز تمتع حاصل کیا جاوے پھر وہ فنا ہو جاوے اور لفظ دنیا مونث - اولیٰ - ہی - الا متاع الغرور - الباطل تمتع بہ قلیلاً ثم یفنی - یعنے متاع باطل ہی کہ چند روز اس سے تمتع لیجاتی ہی پھر وہ فنا ہی (المعنی) اور یہ زندگانی جو دنیا میں ہی کچھ نہیں سوائے متاع غرور کے کہ فانی و باطل ہی - قتادہ رحمہ نے فرمایا کہ یہ متاع چھوڑ دیے جانے کے لیے ہی قسم اس ذات پاک کی جسکے سوائے کوئی معبود نہیں کہ قریب ہی کہ اپنے لوگوں سے الگ ہو جاوے پس تم لوگ اس متاع سے اللہ تعالے کی فرمانبرداری حاصل کرو اگر تم کو استطاعت حاصل ہو اور بندہ میں کوئی قوت نہیں سوائے قوت اللہ تعالے کے شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اس آیت کریمہ میں تمام چیزوں کی تعریف ہی کیونکہ جن و انس و فرشتہ حتی کہ عرش کے اٹھانے والے فرشتے کوئی بھی باقی نہ رہیگا صرف وہی ذات واحدہ لاشریک لہ باقی رہجائیگا جسکے واسطے ہمیشگی اور بقا رہی وہی اول تھا وہی آخر ہی اور ابن ابی حاتم نے حضرت علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے روایت کی کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وفات پائی تو کوئی آنے والا آیا جسکی آہٹ سنائی دیتی تھی مگر کوئی نظر نہیں آتا تھا اور اسنے کہا کہ السلام علیکم اہل البیت ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - کل نفس ذائقۃ الموت و انما توفون اجورکم یوم القیامۃ - اللہ تعالے کے یہاں ہر مصیبت کی عوض ہی اور ہر مرنے والے کے پیچھے قائم مقام[1] ہی اور ہر گم ہونے والے کے پیچھے ملنے والا ہی پس اللہ تعالے ہی پر بھروسا کرو اور اسی کی طرف سے امید رکھو پس مصیبت تو وہ ہی جسکو ثواب نہ ملے (یعنے جزائے ثواب کا امید نہ ہو) حقیقت اسکو پہونچی جسکو کچھ ثواب نہ ملا والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ - پھر جعفر بن محمد بن علی بن الحسین علیہ السلام نے کہا کہ مجھے میرے باپ نے خبر دی کہ علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ تم جانتے ہو یہ کون تھا یہ خضر علیہ السلام تھے ہکذا اور وہ ابن کثیر اور مترجم کہتا ہی کہ اسکی اسناد میں وہ انقطاع ہیں اور بعضے دیگر محدثین نے بھی اسکو روایت کیا ان سب کو شیخ ابن حجر نے اصابہ فی اسماء الصحابہ میں بھرپور ذکر کیا اور بعد تمام کلام کے شیخ ابن حجر کا میلان عدم ثبوت روایت کی طرف ہی اور نووی رحمہ نے شرح صحیح مسلم میں بھی اسی طرف میل کیا ولیکن لکھا کہ اکابر اہل اللہ تعالے سب متفق ہیں کہ خضر علیہ السلام زندہ ہیں اور انسے بارہا ملاقات واقع ہوئی اور اسکو قشیری رحمہ نے بھی ذکر کیا ہی اور مترجم کہتا ہی کہ طرق روایت کے کئی ہیں جسسے تقویت ہوتی ہی اور ظاہر یہ کہ روایت ثابت ہی اور ظاہر کلام حافظ ابن کثیر بھی اسی طرف مائل ہی لیکن اسمیں البتہ کلام ہو سکتا ہی کہ یہ درحقیقت خضر تھے یا کوئی فرشتہ تھا فافہم واللہ اعلم - اور عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ جو پسند رکھتا ہی کہ آگ سے دور کیا جاوے اور جنت میں داخل کیا جاوے اسکو چاہیے کہ موت اسکو ایسے حال میں آوے کہ وہ اللہ تعالے اور روز قیامت پر ایمان رکھتا ہو اور لوگوں کو اسکی ذات سے وہ پہونچے جسکو وہ انسے خود چاہتا ہی رواہ احمد پھر اللہ تعالے نے اس موعظت بلیغ کے بعد اہل ایمان کو سمجھایا جنھوں نے جہنمیوں کے لیے دنیا چھوڑی اور آخرت لے لی ہی - لتبلون - حذف منہ نون الرفع لتوالی النونات والواو ضمیر الجمع حذفت واو الرفع لالتقاء الساکنین لتختبرن - اس صیغہ میں سے نون رفع تو بسبب اسکے حذف ہوا کہ پے در پے نون جمع ہو جاتے تھے اور واو اسمیں ضمیر جمع ہی اور رہا واو رفع تو وہ حذف کیا گیا بسبب التقاء ساکنین کے اور لام اسمیں قسم محذوف کا ہی اور معنے یہ کہ واللہ تم آزمائے جاؤ گے - فی اموالکم - بالفرائض فیہا والجوائح - اپنے مالوں میں فرض ہونے سے اور کہ ان مالوں میں حقوق فرض کیے جاوینگے اور انمیں قدرتی آفتیں پہونچینگی - جوائح جمع جائحہ بمعنے وہ آفت کہ پھلوں کو پہونچتی ہی اور مراد یہاں مطلق آفت ہی اور حدیث سے ثابت ہوا ہی کہ دین میں جسکا جسقدر مرتبہ بڑا ہی اسیقدر اسپر بلا زیادہ ہی اور نیز ثابت ہی کہ منافق و کافر کی مثال جیسے صنوبر کا درخت کہ اسپر کوئی جھونکا اثر نہیں کرتا یہانتک کہ ایکبارگی جاتا ہی (ھ) اس آیت میں صریح حکمت الٰہیہ کی تنبیہ ہی کہ اگر اللہ تعالے چاہتا تو تم کو تمام امت کا سردار اور تمام امتوں سے افضل اور تمام اہل جنت کا سردار بناوے بدون اسکے کہ تمہارے قلب

[1] قولہ قائم مقام الخ حضرت ابوبکر الصدیق رضی اللہ عنہ کی فضیلت خود بخود ثابت ہوگئی کہ وہی اللہ تعالے کی تقدیر سے آنحضرت صلعم کے قائم مقام ہوئے اور قرآن اگر کسی کو قائم مقام کہہ سکتا ہی تو ابوبکر کو ہی اور کسی کو نہیں ہو سکتا ہی فافہم

ذرہ ذرہ کو آزماوے اور چاہے تمام کافرون کو مقہور کرکے تمہارا مطیع کردے ولیکن اسکی مشیت اسطرح جاری ہوئی ہی کہ تم قطعًا پاکیزہ کیے جاؤ تو واللہ تم آزمائے جاؤگے اپنے مالون مین یعنے انمین قدرتی آفات نازل ہونگی تاکہ تم اسوقت ثابت یقین دیکھے جاؤ اور جو بچا اسمین صدقات فرض کیے جاوینگے تاکہ تمہاری محبت کچھ بھی مال سے باقی نہ رہے۔ پہلے گذرا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم پر ابتدا مین یہان تک فرض تھا کہ روزینہ سے زائد باقی نہ رکھین۔ پھر اول سے بھی بڑھکر آزمائے جاؤگے قال تعالے۔ وَاَنْفُسِكُمْ۔ بالعبادات والبلاء اور اپنے نفسون مین آزمائے جاؤگے ف باین طور کہ عبادات فرض کیے جاوینگے اور بلا مانند قتل وجرح وغیرہ کے اپر طاری ہونگے اور مدارک مین کہا کہ اسمین دلیل ہی کہ نفس یہی جسم ہی جو معائنہ ہی نہ وہ معنے واہی جو بعضے متکلمین نے ذکر کیے ہین مترجم کہتا ہی کہ اسکی تحقیق سورۂ یوسف وغیرہ مین انشاء اللہ تعالے آویگی۔ پھر باوجود جان ومال کے آزمایش کے تمہر کافرون کے منہ کھول دیے جاوینگے بقولہ تعالے۔ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ اُوتُوا الْكِتٰبَ مِنْ قَبْلِكُمْ ای یہود والنصاری اور ضرور سنوگے یہود ونصاری سے۔ وَمِنَ الَّذِينَ اَشْرَكُوْا۔ من العرب اور مشرکین یعنی اہل عرب سے۔ اَذًى كَثِيرًا۔ من السب والطعن والتشبیب بنسائکم۔ کلمات ناگوار طعن تشنیع کے اور اپنی عورتون کے حق مین بدگوئی اور تشبیب یعنی مجمع شعرا مین عورتون کے ذکر سے ہجو کیا جانا۔ وَاِنْ تَصْبِرُوْا۔ علی ذلک اور اگر صبر کرو اس امر مذکور پر۔ وَتَتَّقُوْا۔ اللہ تعالے اور پرہیزگاری رکھو اللہ تعالے کی۔ فَاِنَّ ذٰلِكَ مِنْ عَزْمِ الْاُمُوْرِ۔ ای من معزوماتها التی یعزم علیها بوجوبها۔ تو یہ معزومات امور سے ہی جنپر عزم کیا جاتا ہی بسبب انکے واجب ہونے کے۔ الحاصل تم کو اللہ تعالے ہر طرح اپنے واسطے خالص کرنے والا ہی وہ تمہاری جان ومال مین مصیبت ڈالنے والا ہی اور شیطانی لوگون کی زبان سے تمہارے حق مین بدگوئی سنوانے والا ہی تاکہ تم اپنے نفس سے پاک ہو جاؤ اور اللہ تعالے ہی کے تقوی پر عزم کے ساتھ صبر کرو کہ یہ عزم ہی۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ حکم دلالت کرتا ہی کہ نزول اس آیت کا قبل حکم جہاد کے تھا پس جو قفال سے مذکور ہی کہ نزول اسکا ظاہر اقبل واقعہ احد کے ہوا اور جہاد کا حکم ہونا اسکے منافی نہین ہی تو یہ قول جید نہین ہی اور بخاری نے اسامہ بن زید سے روایت کی جسکا خلاصہ یہ ہی کہ آنحضرت صلعم سعد بن عبادہ کی عیادت کو چلے راہ مین عبداللہ بن ابی منافق کے مجلس مین جہان بعض مسلمان یہود ومشرکین جمع تھے ٹھہر کر نصیحت کی اور عبداللہ مذکور اسوقت کافر تھا اسنے طعن سے انکار کیا اور عبداللہ بن رواحہ نے جو اسی مجلس مین تھے رد کیا پس یہود ومشرکین ومسلمان باہم گالی گلوچ کرنے لگے حضرت صلعم انکو ٹھنڈا کرکے حضرت سعد بن عبادہ کے پاس گئے وہان عبداللہ بن ابی مذکور کی شکایت کی انھون نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اس دیار کے لوگ اسکو اپنا بادشاہ تاجدار بنانا چاہتے تھے یہانتک کہ اللہ تعالے نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا پس وہ خائب رہگیا یہ اسکو جلن ہی آپ عفو کرین پس حضرت صلعم نے عفو کیا اور حضرت صلعم واپ کے صحابہ مشرکون کافرون کی اذیت پر صبر کرتے جیسا کہ اللہ تعالے نے حکم کیا۔ وَلَتَسْمَعُنَّ مِنَ الَّذِينَ اُوتُوا الْكِتٰبَ الآیہ اور فرمایا فاعفوا واصفحوا حتی یاتی اللہ بامرہ الآیۃ یہانتک کہ اللہ عزوجل نے اپنے جہاد کا حکم کیا پس جب حضرت صلعم نے بدر مین جہاد کیا اور وہان قریش کے بڑے بڑے مڈھ مارے گئے تو عبداللہ بن ابی بن سلول نے اپنے ساتھیون سے کہا کہ یہ امر تو آیا پھر ایس چلو رسول صلعم سے بیعت کرلو پس انھون نے آکر ظاہر مین اسلام قبول کرلیا۔ وقد رواہ ابن ابی حاتم مختصرا۔ پس یہ دلالت صریح ہی کہ بدر سے پہلے اسکا نزول ہوا اور بعد اذن قتال کے اسکا حکم جاتا رہا فلیتامل۔ اور مفسر کو اسکے نسخ اصطلاحی ہونے مین کلام ہی اور یہ ظاہر ہی کیونکہ اقوال فحش مثلا جس کسی کافر نے کسی پرہیزگار کی نسبت کہے تو اسکی کچھ حقیقت نہین سوائے اسکے کہ اس کافر نے اپنے صدقہ خیرات وغیرہ کا عوض کھویا جو مرد متقی کے نامۂ اعمال مین گیا اور رہا جان ومال کا نقصان تو اسکو غور سے دیکھو کہ یہ نقصان ہی یا نہایت کمال احسان ہی کہ مال فانی وجسم مردہ کے عوض مین دار جنت باقی وجسم مطہر وقرب منزلت عطا فرمائی۔ ہان البتہ جس کافر کو دار آخرت کا یقین نہین ہی

وہ البتہ اسی دنیا کی متاع غرور مین پڑا ہی اور اسکو نقصان جانتا ہی پس ہر حال مین مومن متقی کو ایسی امور عزیمہ واخلاق کریمہ کا حکم ہی تا کہ نفس کا ایمان ہو بلکہ آخرت کا ایمان حقیقی ہو کیونکہ جو کوئی زبان سے ایمان کہتا ہی مگر ان امور پر غم کرتا اور نقصان سمجھتا ہی تو وہ جھوٹا منافق ہی اور اللہ تعالے سے عافیت کی امید نکر اور اللہ تعالے ہم ضعیفون پر رحم فرما کر یقین صحیح ونور ایمان دل مین پیدا کرے اور عافیت دارین جمع فرماوے آمین یا ارحم الراحمین - پھر اللہ تعالے نے یہود وغیرہ کافرون کی بدعہدی وخیانت بیان فرمائی بقولہ تعالے

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ فَنَبَذُوْهُ

اور جب اللہ نے قرار لیا کتاب والون سے کہ اسکو بیان کروگے لوگون پاس اور نہ چھپاؤگے پھر انھون نے پیچھے ڈال دیا وہ قرار

وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۭ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُوْنَ ۝ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ

اپنی پیٹھ کے پیچھے اور خرید کیا اسکے بدلے مول تھوڑا سو کیا بری خریدتے ہین تو مت سمجھ انکو جو

يَفْرَحُوْنَ بِمَآ اَتَوْا وَّيُحِبُّوْنَ اَنْ يُّحْمَدُوْا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوْا فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ بِمَفَازَةٍ

خوش ہوتے ہین اپنے کیے پر اور تعریف چاہتے ہین کیے پر سو نہ سمجھ کہ وہ خلاصی پاوین

مِّنَ الْعَذَابِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَاللّٰهُ

عذاب سے اور انکو دکھ کی مار ہی اور اللہ ہی کو ہی سلطنت آسمان اور زمین کی اور اللہ

عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ع ۱۹

ہر چیز پر قادر ہی

وَاذکر - اِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ - ای العھد علیھم فی التوراۃ - یعنے اذ ظرف ہی فعل مقدر کا اور وہ اذکر کے مانند ہی اور میثاق بمعنے عہد ہی اور معنے یہ ہین کہ توریت مین انسے عہد لیا تھا اور اس تقدیر پر یہ آیت فقط یہود کے حق مین ہی اور بعض نے کہا کہ یہود ونصاری دونون کو شامل ہی بنا بر یکہ الکتاب کا الف لام جنس کا ہی وابن کثیر نے فرمایا کہ اسمین تبکیت وتہدید ہی ان اہل کتاب پر جنھون نے انبیا کی زبان پر عہد لیا تھا کہ محمد صلعم پر ایمان لاوین اور لوگون کے سامنے اسکا ذکر پھیلاوین پھر جب وہ مبعوث ہوئے تو انکی پیروی کرین - لَتُبَيِّنُنَّهٗ - ای الکتاب یعنے لام قسم محذوف کی ہی اور ضمیر منصوب راجع بجانب کتاب ہی جو مذکور ہی یعنے ضرور اس کتاب کو بیان کرین اور وہ آنحضرت صلعم کی رسالت وصفات تھی اور قتادہ سے ہی کہ دین اسلام کی حقیقت تھی - لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ بالتاء والیاء فی الفعلین - یعنے اکثرون کی قرات لتبیننہ ولا تکتمونہ - دونون فعل مین بنا بر آنکہ خطاب ہی بنا بر آنکہ خطاب کی حکایت ہی - اور ابن کثیر وابو عمرو وعاصم نے بیاء تحتیہ پڑھا بنا بر آنکہ غائب تھے اور تبیین خود کھلا بیان ہی تو اسکے ساتھ کتمان نہین ہو سکتا پس لا تکتمونہ - تاکید ہی الحاصل اللہ تعالے نے توریت وانجیل مین اہل کتاب سے عہد لیا تھا کہ ہم نے کتاب مین جو کچھ فضائل وکمالات محمد صلی اللہ علیہ وسلم وآپکی امت کے توریت وانجیل مین نازل کیے ہین سب کو صاف صاف لوگون سے بیان کرو (یا بیان کرین) اور کچھ بھی کسی طرح مت چھپاؤ - فَنَبَذُوْهُ - طرحوا المیثاق - پس ان کمبختون نے پھینکا میثاق کو - وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ - فلم یعملوا بہ - اپنی پیٹھ پیچھے یعنے اسپر کچھ عمل نہ کیا - بضاعتہم ردت الیھم کہا کرتے ہین جب کوئی سوداگر کسی چیز کے خریدنے سے انکار کرے اور اسکی تنقیص مین قصد المبین کرتا اور پیش نظر رکھتا بولتے ہین - وَاشْتَرَوْا بِهٖ - اخذوا بدلہ - اور لیا اسکے بدلے - ثَمَنًا قَلِيْلًا - من الدنیا من سفلتہم بریاستہم فی العلم فکتموہ خوف فوتہ علیھم - تھوڑا مول یعنے مال

دنیاوی اپنے کمینون سے ف یعنے دنیا کے لیے عالم بنکر ایسی باتین نکالین کہ جس سے دین یہودی مثلاً ہمیشہ کے لیے بتلایا اور یون ہی نصاری نے دھوکا دیا اور اپنے مالدارون اور امراء و شاہون کو جو کمینہ و بے علم تھے یون بتلایا کہ جو کچھ پوپ یا حبر کہے وہ فرض ہی۔ یہ سب اسواسطے کیا کہ ان دنیاوی مالدارون سے جو جہالت کی وجہ سے کمینہ ہین قلیل مال حاصل کرین۔ جسنے علم کو جو شریف ہی چھوڑکر مال متاع کو جو حقیر ہی اختیار کیا وہ کمینہ ہی۔ الحاصل ان لوگون نے وہ علم کتاب اپنے مال والے کمینون کے ہاتھ قلیل دامون بیچڈالا یعنے اس مشاق کو اس خوف سے چھپایا کہ اگر لوگ محمد صلعم و خوبی اسلام سے آگاہ ہون حتی کہ تابع ہوکر دین اسلام مین داخل ہوجاوینگے تو یہ جو کچھ ملتا ہی جاتا رہیگا۔ فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ شراؤہم ہذا۔ پس یہ انکی خرید فروخت کیسی بدتر ہی۔ پھر جاننا چاہیے کہ حسن و قتادہ نے کہا اہل کتاب یہود و نصاری کے اہل قرآن کے شمول کے اقوال بھی آئے ہین وہ باین معنے ہین جو ابن کثیر نے ذکر کیا کہ اس آیت مین علماء اسلام و اہل قرآن کو بھی تحذیر ہی کہ خبردار ان کتابیون کی راہ نہ چلین ورنہ انکو بھی وہی پہونچیگا جو انکو پہونچا بلکہ علم کتاب و سنت جو لوگون کو نافع ہی انکو بتلاوین چنانچہ حدیث مین جو کئی طرق سے مروی ہی آیا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جو کسی علم کو جانتا ہی اس سے پوچھا گیا اور اسنے چھپایا تو قیامت مین اسکو آگ کی لگام دیجائیگی مفسر رح نے کہا کہ اسکو ایک جماعت نے متقارب الفاظ سے روایت کیا اور ترمذی نے فرمایا کہ حدیث حسن ہی مترجم کہتا ہی کہ حدیث مین یہ بھی آیا کہ آخر زمانہ مین یہ لوگ بھی یہود و نصاری کے قدم بقدم چلینگے۔ ۸۔ افسوس اس زمانہ مین یہ حال ظاہر ہی کہ امر توحید سے منہ موڑکر دنیا کے لیے کمینہ لوگ عالم بنے اور دین کو خلط ملط کرکے راہ سنت کو گم کردیا اور مریدون کے حقیر مال کے لالچ سے حق کو چھپا ڈالا۔ اور عجب کہ انکی مخالفت مین ایک فریق قائم ہوا جنکی قلت معرفت اس حد تک ہی کہ انھون نے صرف انکی عداوت کو دین بنالیا اور باہم جدال و تکفیر سے ارکان دین کو ضعیف کردیا اور معارف سے بے نصیب رہے حالانکہ واجب تھا کہ باہم متفق ہوکر دار آخرت کی کوشش کرتے اور معارف قرآن و حدیث سے آراستہ ہوتے و اللہ تعالے ہوالہادی کیونکہ بدون معرفت حق کے خالی دعوی توحید سے مدح کا استحقاق نہین ہوسکتا ہی کیا نہین دیکھتے ہو کہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ لَا تَحْسَبَنَّ بالتاء و الیاء۔ یعنے اسمین بھی وہی دو قراتین ہین جو اوپر مذکور ہوئی ہین اور ترجمہ مین فرق ہوگا کیونکہ یا رتجہ پر معنے یہ کہ گمان نکرین یہ لوگ جنھون نے الخ اور تا، فوقیہ پر معنے یہ کہ تو خیال نہ کیجیو۔ الَّذِينَ يَفْرَحُونَ بِمَا أَتَوْا فعلوا من اضلال الناس۔ ایسے لوگون کو جو خوش ہوتے ہین ایسے فعل پر جو انھون نے کیا یعنے لوگون کا بھٹکانا۔ وَيُحِبُّونَ أَنْ يُحْمَدُوا بِمَا لَمْ يَفْعَلُوا من التمسک بالحق وہم علی ضلال۔ اور دوست رکھتے ہین کہ مدح کیے جاوین یعنے ثواب دیے جاوین ایسے فعل کے عوض جو انھون نے نہین کیا یعنے حق سے تمسک نکیا اور گمراہی سکھلائی پھر چاہتے ہین کہ ثواب و مدح حاصل ہو فَلَا تَحْسَبَنَّهُمْ۔ بتاء فوقیہ یا بیاے تحتیہ۔ بِمَفَازَةٍ۔ بمکان ینجون فیہ من العذاب۔ فی الآخرۃ۔ پس تو انکو خیال نہ کیجیو (یا وہ لوگ اپنے آپکو خیال نہ کرین) ایسی جگہ جہان آخرت مین عذاب سے نجات پاوین ف بلکہ وہ ایسی جگہ ہونگے جہان عذاب پاوین چنانچہ صریح فرمایا۔ وَلَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ۔ اور انکے لیے عذاب دکھ دینے والا ہی ف تو ثابت ہوگیا کہ وہ عذاب کے ٹھکانے مین ہونگے وہ بھی فقط عذاب نہین بلکہ عذاب الیم یعنے مولم فیہا۔ یعنے جہنم مین انکے لیے عذاب مولم ہی۔ واضح ہو کہ فلا تحسبنہم۔ مین بھی موافق اول کے دو قراءت بیاے تحتیہ و تاء فوقیہ ہین پس قولہ لا یحسبن الذین بیاء تحتیہ کے قراءۃ پر۔ الذین۔ فاعل ہی اور مفعول ہے دونون مفعول تو وہ محذوف ہین کیونکہ آگے۔ فلا یحسبنہم کے دونون مفعول انپر دلالت کرتے ہین اور اگر لا تحسبن۔ بتاء فوقانیہ کی قراءۃ لیجاوے تو پہلا مفعول۔ الذین موجود ہی صرف دوسرا مفعول حذف ہوا جسپر لا تحسبنہم کا دوسرا مفعول دلالت کرتا ہی۔ پھر جاننا چاہیے کہ مفسر رح نے آیت کے واسطے کوئی شان نزول نہین بیان کیا ظاہر انکے نزدیک کوئی سبب متعین نہوا بلکہ بہرحال آیت عام ہی کہ جو کوئی ایسا ہو کہ بدکام کو عمل مین لاوے

اور نیک مدح کا خواستگار ہو تو دنیا میں اگرچہ مخفی رہے وہ عذاب آخرت سے نہیں بچیگا۔ اقول یہی صحیح ہے اور شیخ ابن کثیر نے قولہ لا تحسبن الذین یفرحون میں کہا کہ مراد اس سے وہ لوگ ہیں جو ایسا اظہار کرتے ہیں جیسے باطن میں نہیں ہیں اور صحیحین میں بھی حضرت صلعم سے ہے کہ جسنے جھوٹا دعوی کیا تاکہ اس سے زیادتی ظاہر کرے وہ ایسا ہی جیسے زور کے دو کپڑے پہننے والا یعنے جسنے اپنے آپ میں وہ خصلت ظاہر کی جو اسمیں نہیں ہے تو جیسے مکر و فریب کا جوڑا پہن لیا۔ اور امام احمد نے روایت کی کہ مروان بن الحکم نے اپنے دربان رافع سے کہا کہ ابن عباس کے پاس جا اور دریافت کر کہ اگر یہی بات ہے کہ ہم میں سے جو اپنے کیے پر خوش ہوا اور جو نہیں کیا اسپر مدح چاہے پس وہ عذاب کیا جاوے تو ہم سب کے سب عذاب کیے جاوینگے تو ابن عباس نے فرمایا کہ تمکو اس آیت سے کیا بحث ہے یہ تو اہل کتاب کے حق میں نازل ہوئی پھر ابن عباس نے قولہ تعالے واذ اخذ اللہ میثاق الذین سے لیکر ویحبون ان یحمدوا الآیہ تک پڑھکر کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل کتاب سے کچھ پوچھا تھا وہ چھپا گئے اور دوسری بات خلاف بتلائی پھر وہاں سے نکلے اور انھوں نے حضرت صلعم پر ایسا ظاہر کیا کہ جو پوچھا تھا وہ ظاہر کر دیا اور اسپر حضرت صلعم کے نزدیک اپنی مدح کے خواستگار ہوئے اور جو خلاف بیان کیا اور چھپایا تھا اسپر خوش تھے تب یہ آیت نازل ہوئی و ہکذا رواہ البخاری و مسلم والترمذی و النسائی و ابن ابی حاتم و ابن خزیمہ و الحاکم و ابن مردویہ۔ اور نیز بخاری رح نے ابو سعید خدری رض سے روایت کی کہ کچھ لوگ منافق ایسے تھے کہ جب حضرت صلعم جہاد کو جاتے تو پیچھے رہتے اور مدینہ میں بیٹھ رہتے اور حضرت صلعم کے برخلاف بیٹھ رہنے سے خوش ہوتے اور جب آپ تشریف لاتے تو آپ سے اپنی معذوری بیان کرتے اور قسمیں کھا جاتے اور آپ سے مدح کے خواستگار ہوتے ایسی بات پر جو نہیں کی ہے پس نازل ہوا لا تحسبن الذین یفرحون بما اتوا الآیہ۔ و ہکذا رواہ مسلم و ابن مردویہ و مالک۔ اور اس روایت کو ابو سعید رض نے بمواجہہ و شہادت رافع بن خدیج رض و زید بن ثابت کے بیان کیا کما فی روایۃ اخری لابن مردویہ اور اس روایت میں ہے کہ اگر حضرت صلعم کو جہاد میں کچھ مشقت پہونچتی تو اپنے پیچھے رہنے سے خوش ہوتے اور اگر فتح و نصرت ہوتی تو حضرت صلعم و مسلمانوں سے قسمیں کھا کر اعتذار کرتے اور فتح کی خوشی ظاہر کرتے اور اسپر مدح کے خواستگار ہوتے۔ پھر یہ دونوں روایتیں صحیحین کی اثبت ہیں تو شیخ ابن کثیر نے کہا کہ انمیں کوئی منافات نہیں ہے اس واسطے کہ آیت کریمہ اس تمام کو جو ہم نے ذکر کیا عام و شامل ہے اور یہی صحیح ہے۔ اور ثابت بن قیس انصاری سے روایت ہے کہ انھوں نے رسول اللہ صلعم سے عرض کیا کہ اللہ تعالے نے منع کیا کہ آدمی جو نہ کرے اسپر حمد کو دوست نہ رکھے اور میں دوست رکھتا ہوں اور اللہ تعالے نے خیلاء سے منع کیا اور میں جمال یعنے آرائش کو دوست رکھتا ہوں اور اللہ تعالے نے منع کیا کہ آپ کی آواز پر ہم میں کوئی آواز بلند نہ کرے اور میں بلند آواز آدمی ہوں سو میں ڈرتا ہوں کہ میں تباہ ہوا پس حضرت صلعم نے منع کیا کہ اثنا کیا تو راضی نہیں کہ زندگی بھر تو حمید رہے اور مرے تو شہید مرے و جنت میں داخل ہو عرض کیا کہ ہاں یا رسول اللہ کیوں نہیں چاہونگا پس ثابت بن قیس رض حمید زندہ رہے اور مسیلمہ کذاب کی لڑائی میں شہید ہوئے رواہ ابن مردویہ۔ وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔ خزائن المطر و الرزق و النبات وغیرہا۔ اللہ تعالے ہی کے واسطے آسمانوں و زمین کا ملک ہے یعنی خزانے بارش کے اور رزق کے اور پیداوار کے اور سوائے اسکے بیشمار انکی تعداد کو کوئی نہیں جانتا سوائے اسکے۔ اور اسمیں رد ہے ان کافروں کا جنھوں نے اللہ تعالے کو فقیر کہا تھا جسکی تمام مذمت بیان کی جو دلالت کرتی ہے کہ ایسے بدانجام سے جو قول صادر ہو تھوڑا ہے۔ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ۔ و منہ تعذیب الکافرین و انجاء المؤمنین اور اللہ تعالے تو ہر چیز پر قادر ہے فی الجملہ اور کل شی میں سے ادنی چیز یہ بھی ہے کہ کافروں کو عذاب دے اور مومنوں کو نجات و ثواب دے۔ لیکن بیتیرے لوگ بے فکرے جانور ہیں اللہ تعالے کی قدرت کاملہ کو ہر دم ہر وقت آنکھوں دیکھتے ہیں اور سمجھتے نہیں لہذا آگے انکو ارشاد کیا ہے کہ اسطرح غور کرو تو تمھاری آنکھیں کھلیں۔ درمیان میں ان آیات کے اشارات عرائس البیان سے ذکر کر دوں پھر

جو کچھ فکر کرنے کا حکم ارشاد ہوا ہے وہ ذکر کرون - عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے لتبلون فی اموالکم و انفسکم یعنی ایک بیت ہے جسکو حق عزوجل نے لباس ربوبیت سے آراستہ کیا اور قہر و لطف سے بھر دیا اور اسکے لیے زینت یہ اموال و دینار رکھے اور یہ سب ان لوگون کا امتحان ہے جو حق تعالے کی محبت کا اور اسکے معبود برحق ماننے کا بیڑا اُٹھا آئے ہین پس جسنے اپنے نفس کی طرف دیکھا اور زینت حق سے نظر پھیری وہ فرعون ہو گیا اور زبان قہر سے انا ربکم الاعلی بولنے لگا اور یہ مکر و استدراج ہے اور جسنے ربوبیت کی طرف نظر رکھی اور اسکا نفس اس ربوبیت کی تجلی مین فنا ہوا وہ اگر ایسا کلمہ بھی بولا تو کم ظرفی ہے ولیکن زبان ربوبیت سے بولا جیسے ابن منصور حلاج رحمۃ اللہ کی زبان سے انا الحق جاری تھا اور اسکی مثال چاہو تو اس درخت کو غور کرو جس سے موسی علیہ السلام کو آواز آئی انی انا اللہ الآیۃ - کہ یہ حق سبحانہ تعالے نے اس سے نطق فرمایا پس اپنی صفت کے ساتھ اپنے فعل سے بات کی اور جسنے ان اموال مین رب تعالے کی زینت پر نظر رکھی جو ملک نفس کی زینت ہین تو اسکا حال مانند سلیمان علیہ السلام کے ہوا کہ اللہ تعالے کے ملک دیدینے سے بھی سلیمان کو اللہ تعالے کے شرف جلال کی طرف نظر تھی اور جسنے خود اموال کی طرف دیکھا اور دنیا کی تازگی نظر مین سمائی اور اپنے شہوات کا تابع ہوا تو وہ مثل بلعم باعور کے ہو گیا کہ اسکی مثال کتے کی ہے چنانچہ فرمایا - فمثلہ کمثل الکلب ان تحمل علیہ یلہث و ان تترکہ یلہث - اگر لادو تو ہانپے اور اگر چھوڑو تو ہانپے - اور کونسا امتحان اس سے بڑھکر ہے کہ خلق مین ملک دیکھنا اور ربوبیت دیکھنا جمع کیا کیونکہ یہ محل التباس ہے ابن انباری رحمۃ نے فرمایا کہ قولہ لتبلون فی اموالکم - یعنی طور کہ جمع کروگے اور دینے سے باز رہوگے اور جو حقوق الٰہی ان اموال مین متعلق ہونگے انمین قصور کروگے - و انفسکم - یعنی طور کہ شہوات نفس کے تابع ہوگے اور یا صفت چھوڑوگے اور اسکو اسباب بنا کے اپنائے رہوگے اور امور آخرت عین غفلت و نظر کرنے سے نفس کو خالی رکھوگے اور بعض نے کہا کہ قولہ لتبلون فی اموالکم - یعنی طور کہ اسکے لینے دینے مین پھنسے ہوگے قال تعالے واذا اخذ اللہ میثاق الذین اوتوا الکتاب لتبیننہ للناس و لا تکتمونہ اللہ عزوجل نے صادقین کو جو صاحبان الہام خاصہ و محدثین انمقربین ہین حکم دیا کہ حقوق عہد جو انکے اور اللہ تعالے کے درمیان ہین طالبون پر بقدر فہم ظاہر کرین تاکہ اس وسیلہ سے اللہ تعالے کی طرف واصل ہون اور اپنے عار نہو اور یہ صفت ان لوگون کی ہے جو علما ہین سے اہل کمال ہین اور یہ بھی حکم دیا کہ صدیقین کے اوصاف چھپانے مین مداہنت نہ کرین قال المترجم عجب کہ عارف لکھنوی قدس سرہ نے کلمۃ الحق مین صحیح مسئلہ وحدت وجود اظہار کرنا مین ایمان فرض کہا اگر یہ صحیح ہو تو بھی اظہار نہین چاہیے کیونکہ صحیح مسلم مین ثابت ہے کہ لوگون سے انکے عقل کے موافق باتین کرنے کا حکم دیا ہے اور عارف جامی نے شرح فصوص مین صریح کہا کہ غیر عارف کے واسطے زبانی ایسا اقرار و اشہاد کرنے مین خوف کفر ہے کہ عائشہ بغیر بہوت مجھے زیادہ گفتگو کی ضرورت نہین یہی کافی ہے کہ عرب عرباء و صحابہ کرام و تابعین عظام و علماے مجتہدین عامہ صالحین بلکہ کافہ امت اس کلمہ سے وحدت وجود نہین سمجھتے تھے پھر ایسی جماعت کو چھوڑ کر اس بخندہ ذہین پڑنا کس ایماندار کو پسند ہوگا بلکہ مین یہی کہتا ہون کہ احکام کتاب و سنت پر عمل کرین تمام خوبی خود بخود حاصل ہو جائیگی ورنہ زبانی بک بک سوائے گمراہی کے کیا مفید ہو سکتی ہے والسلام قال الشیخ اور بعض نے فرمایا کہ عامہ اولیاء اللہ سے یہ عہد ہے کہ حق کو پوشیدہ نہ رکھین اور ناحق دعوے نہ کرین اور مریدین سے انکا قصد یہی ہو کہ راہ حق اختیار کرین - قولہ تعالے واشتروا بہ ثمنا قلیلا - یہ اس شخص کے حق مین ہے جو صدق ایمان کے مقام تک نہ پہونچا اور اگر پہونچتا تو دنیا کے عوض دین نہ بیچتا - پھر جب وہ مقصد تک نہ پہونچے اور راستے کے شروع ہی مین چند روز اُنکے تھے کہ اُنکے نفس کی وحشت نے انکو گھیرا کیونکہ وصل کی حلاوت پائی نہ تھی تو مخلوق کے نزدیک اپنے واصل ہونے کے دعوے کرنے لگے حالانکہ جانتے ہین کہ اللہ تعالے کی موہبت و کرامت انھون نے مشاہدہ نہین کی پس جو انکے پاس نہین ہے وہ بیچنے لگے اور اولیاء اللہ کے روبرو خجل ہوے کیونکہ یہ لوگ انکی خیانت پہچانتے ہین اور بعض نے کہا کہ ان لوگون نے اپنی ذات کے واسطے ایسے دعوے کیے تاکہ مخلوق کو فتنہ مین ڈالین - قولہ تعالے وہ چاہتے ہین ان تحمدوا بما لم یفعلوا یعنی وہ

ان لوگون کا ہی جو دعوی معاملا مین جھوٹے ہین اور ہنوز آپسمین نہین داخل ہوے وہ ظاہری تقشف سے اور اہل معاملہ کے لباس پہنکر اپنے آپ کو بھی اہل معاملہ مین ظاہر کرتے ہین تاکہ خلق انکی طرف متوجہ ہو پس یہ ریا کار لوگ ہین کہ خلق کی طرف نظر رکھکر اور اپنی تعریف چاہنے کو خال دعوی کرتے ہین بلکہ یہ لوگ تو ریا کارون سے بھی بدتر ہین کیونکہ یہ لوگ تو تعریف و مرتبہ دنیاوی کو طلب کرتے ہین پس ریا کارون جھوٹون سے بھی یہ بدتر قوم ہین واللہ تعالے نے یحبون ان یحمدوا بما لم یفعلوا سے صاف فرمایا کہ یہ لوگ اپنے پردۂ نفس سے خارج ہی نہین ہوے اور ہجران مین پڑے ہین اور یہ اشد عذاب ہی۔ حاتم اصم رحمۃ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے اس آیت سے مومنون کو تحذیر دی اور ڈرایا کہ خبردار ان ریا کارون مقرب زاہد بننے والون کی راہ نہ چلنا اور یہ لوگ گمراہ دوزخ کی طرف جاتے ہین چنانچہ فرمادیا فلا تحسبنہم بمفازۃ من العذاب۔ اور یہ لوگ سمجھتے ہین کہ یہ ظاہری بناؤ انکو عذاب سے چھڑالیگا ہرگز نہین وہی تو عذاب الیم مین پڑے رہینگے اور یہ کتنا بڑا عذاب ہی کہ دیدار الٰہی سے محروم اور اللہ تعالے کے لذیذ خطاب سے ممنوع ہین

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيٰتٍ

آسمان و زمین کی پیدائش مین اور رات و دن کے بدلتے آنے مین عقلمندون کو

لِّأُولِي الْأَلْبَابِ ۝ الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُودًا وَّعَلٰى

نشانیان ہین جو یاد کرتے ہین اللہ کو کھڑے اور بیٹھے

جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا

کروٹ پر لیٹے اور دھیان کرتے ہین آسمان و زمین کی پیدائش مین اے رب ہمارے تونے یہ بیفائدہ نہین بنایا

سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ رَبَّنَآ إِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهٗ ۭ وَمَا

تو پاک ہی عیب سے سو ہمکو بچا دوزخ کے عذاب سے اے رب ہمارے تونے جسکو دوزخ مین ڈالا سو اوسکو رسوا کیا اور

لِلظّٰلِمِينَ مِنْ أَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ إِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِي لِلْإِيمَانِ أَنْ آمِنُوا بِرَبِّكُمْ

ظالمون کا کوئی مددگار نہین اے رب ہمارے ہم نے سنا ایک پکارنے والے کو جو ایمان کے لیے پکارتا ہی کہ ایمان لاؤ اپنے رب

فَآمَنَّا ۚ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا

سو ہم ایمان لائے اے ہمارے پروردگار اب بخش دے ہمارے گناہ اور اوتار ہمسے ہماری برائیان اور موت دے ہمکو نیک بندون کے ساتھ اے رب ہمارے

وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۭ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيعَادَ ۝

اور دے ہمکو جو تونے وعدہ دیا اپنے رسولون کے منہ سے اور رسوا نکر ہمکو قیامت کے روز تحقیق تو خلاف نہین کرتا وعدہ

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ۔ وما فیہما من العجائب۔ آسمانون و زمین کی پیدائش مین ف اور جو کچھ ان دونون مین عجائبات ہین انکی پیدائش مین۔ وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ۔ اور رات و دن کے پے در پے مختلف آنے مین ف بالجملہ والذہاب والزیادۃ والنقصان۔ یعنے اختلاف ان دونون کا باین طور کہ ایک دوسرے کے پیچھے آتے و جاتے ہین اور زیادہ ہوتے اور گھٹ جاتے ہین غرضکہ ان امورمین۔ لَآيٰتٍ۔ دلالات علی قدرۃ تعالے اللہ تعالے کی قدرت پر دلیلین ہین لِّأُولِي الْأَلْبَابِ۔ لذوی العقول۔ ایسے لوگون کے واسطے جو عقل رکھتے ہین ف پس جس شخص کی عقل جسقدر صاف ہوگی اور وہم سے پاک و ہوا و ہوس وغیرہ بد اخلاق سے پاکیزہ ہوگی اور نور ایمان سے منور ہوگی اسیقدر اسکو آسمان و زمین کی پیدائش و اختلاف شب و روز

و دیگر عجائب مخلوقات الٰہی ہین قدرت کاملہ الٰہی نظر آویگی ایک ادنی سی بات ہی کہ ایک درخت کی ٹہنی اگر ہاتھ مین لیوے تو اسکی مثل سے تمام مخلوق عاجز ہی اور بہت بڑی قدرت خود انسان کی خلقت مین ہی ولیکن سچ فرمایا کہ یہ اسی کو نظر آتی ہی جو عقل والا ہی وہ ہی بول اٹھتے ہین کہ اے پاک پیدا کرنے والے تیری ہی قدرت ہی کہ عقلین حیران ہین - یہ لطف ارشاد ہی کہ اہل عقل کو شناسائے قدرت قرار دیا ورنہ عقل کیا اور عقل والا کیا ہی - پھر عقل والون کی پہچان فرمائی - اَلَّذِیْنَ - نعت لما قبلہ او بدل اولی الالباب کی صفت یا بدل ہی یعنے اولوالالباب ایسے لوگ ہین جو - یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِھِمْ - مضطجعا ای فی کل حال یاد کرتے ہین اللہ تعالے کو کھڑے اور بیٹھے و کروٹ پر فی اور مراد یہ کہ ہر حال مین یاد کرتے ہین - اور صحیح مین حضرت عائشہؓ سے روایت ہی کہ حضرت صلعم اپنے ہر وقت مین اللہ تعالے کو یاد کرتے تھے - اور یہ تفسیر اسوقت ہی کہ ذکر سے مطلقًا یاد الٰہی مراد ہو خواہ نماز مین ہو یا کسی اور وقت ہو - وعن ابن عباسؓ یصلون کذلک بحسب الطاقۃ - اور ابن عباسؓ سے اسکی تفسیر یون مروی ہی کہ نماز پڑہتے ہین کھڑے و بیٹھے اور کروٹ سے موافق طاقت کے - یعنے صحیح سالم کھڑے پڑھ سکتے ہین تو کھڑے ورنہ عذر کی حالت مین بیٹھکر ورنہ کروٹ سے بہرحال ترک نہین کرتے ہین کما قال قتادہ اور یہی تفسیر حضرت علیؓ و ابن مسعودؓ سے بھی مروی ہی اور عمران بن حصینؓ سے روایت ہی کہ مجھے بواسیر تھی تب مین نے حضرت صلعم سے سوال کیا آپ نے فرمایا کہ کھڑے ہوکر نماز پڑھ اگر نہو سکے تو بیٹھکر اگر نہو سکے تو کروٹ سے رواہ البخاری و مسلم - وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ - اور آسمانون و زمین کی پیدائش مین غور کرتے ہین ف لیستدلوا بہ علی قدرۃ صانعہا تاکہ اس تفکر سے ان دونون مخلوق کے پیدا کرنے والے کی قدرت کاملہ پر استدلال کرین یعنے راہ پاوین قال ابن کثیر یتفکرون ای فی ایجادہما و ترکیبہما و نقلہما حکمتین دریافت کرتے ہین جنسے خالق عزوجل کی عظمت و عظیم قدرت و علم و حکمت معلوم ہوتی ہی اور اسکا قادر مختار ہونا ظاہر ہوتا ہی و قال الشیخ ابو سلیمان دارانی نے کہا کہ مین اپنے گھر سے نکلتا ہون سو جس چیز پر میری نظر پڑتی ہی اسمین اللہ تعالے کے واسطے اپنے اوپر نعمت اور اپنے حق مین عبرت دیکھتا ہون (رواہ ابن ابی الدنیا) اور حسن بصریؒ سے روایت ہی کہ ایک ساعت کا تفکر تمام رات کھڑے ہوکر نماز پڑھنے سے بہتر ہی اور فضیلؒ نے کہا کہ حسنؒ فرماتے تھے کہ فکر ایسا آئینہ ہی جسمین تیری بھلائیان و برائیان نظر آوینگی - اور سفیان بن عیینہ نے فرمایا کہ تفکر ایک نور ہی جو تیرے قلب مین داخل ہوگا اور بسا اوقات کہتے ہ اذا المرء کانت لہ فکرۃ - ففی کل شیء لہ عبرۃ - آدمی کو جب فکر کا مرتبہ حاصل ہو تو ہر چیز سے اسکو عبرت حاصل ہو جاتی ہی - اور عیسیٰ سے منقول ہی کہ بھلا حال اسکا جسکا بولنا یاد الٰہی اور خاموشی تفکر اور نظر عبرت ہو اور لقمان حکیم نے فرمایا کہ بہت تنہائی سے فکرت کا الہام ہوتا ہی اور فکرت دروازہ جنت تک راہ بتاتی ہی اور عمر بن العزیز نے کہا کہ اللہ تعالے کی نعمت مین فکر کرنا عبادت مین سے افضل ہی اور مغیث اسود اسکا بیان کرتے حتی کہ روکر بیہوش ہو جاتے اور ابن المبارکؒ اور عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی اس باب مین روایت ہی اور ابن عباسؓ نے فرمایا کہ دو رکعتین مختصر جو فکرت سے ہون رات بھر کے غافل قلب کی نماز سے بہتر ہین اور حسنؒ فرماتے کہ تنہائی پیٹ تو تفکر کے لیے خالی چھوڑو - اور بشر حافیؒ فرماتے کہ لوگ اگر اللہ تعالے کی عظمت مین تفکر کرتے تو اسکی نافرمانی نہ کرتے - اور عامر بن قیسؒ نے فرمایا کہ مین دو تین نہین بلکہ زیادہ صحابہؓ سے سنا کہ تفکر نور ایمان ہی اور حدیث مین ہی کہ ذات الٰہی مین فکر نہ کیجیو بلکہ اسکے مخلوقات و نعمتون مین فکر کیا کیجیو - قال تعالے فی الصحیح - مترجم کہتا ہی کہ ذات و صفات خالق عزوجل کی فکر محال ہی تو خواہ مخواہ شیطان کی حد مین قدم گریگا اور چاہیئے کہ اول مین اللہ تعالے کے افعال خلق و رزق وغیرہ کے عجائب دیکھکر نور فعل سے قوت و سامان بہم پہونچاوے تو البتہ نور صفت تک اسی نور حق سے راہ پاوے (م) مترجم

کہتا ہی کہ شیخ محدث ابن کثیر رح نے یہان سلف و صالحین کے اقوال بہت پیش کیے ہین ہمنے یہان بخوف تطویل ترک کیے آیندہ انشاء اللہ اپنے بعض مواقع پر لاوینگے اور آخر مین شیخ نے یہ قول فرمایا کہ اللہ عزوجل نے ان لوگون کی مذمت فرمائی جو اسکی آیات مین تفکر نہین کرتے ہین چنانچہ فرمایا۔ وکاین من آیۃ فی السموات والارض یمرون علیہا وہم عنہا معرضون۔ وما یومن اکثرہم باللہ الا وہم مشرکون۔ یعنے بہتیری نشانیان ہین آسمانون و زمین مین کہ انپر گذرتے ہین درحالیکہ انسے منہ موڑے ہوئے ہین اور بہتیرے ان لوگون مین کے ایمان نہین لاتے اللہ پر مگر اس حال سے کہ مشرک رہتے ہین۔ اور جو لوگ تفکر کرتے ہین انکی تعریف فرمائی اس آیت مین ویتفکرون فی خلق السموات والارض ربنا۔ ای یقولون ربنا۔ مَا خَلَقْتَ هٰذَا۔ ای ہذا الخلق الذی تراہ۔ بَاطِلًا۔ حال عبثا بل دلیلا علی کمال قدرتک۔ ای رب ہمارے یعنے کہتے ہین ای رب ہمارے اور شیخ ابن کثیر وغیرہ نے قائلین مقدر کرکے حال ڈالا ہی ای درحالیکہ کہتے ہین کہ ای پروردگار ہمارے نہین پیدا کی تو نے یہ۔ یعنے یہ مخلوق جو ہم دیکھتے ہین۔ باطل۔ یعنے عبث بلکہ کمال قدرت پر دلیل ہی قولہ باطلا حال واقع ہوا۔ یا یہ معنے کہ باطل نہین بلکہ حق کے ساتھ ہی تاکہ بدکارون کو انکے فعل کی جزا ملے اور نیکیون کو نیکی ملے۔ پھر انھون نے عبث و باطل پیدا کرنے سے حق جل کی پاکی بیان کی۔ سُبْحَانَكَ۔ تنزیہا لک عن العبث۔ یعنے عبث پیدا کرنے سے ہم اپنی طاقت بھر تیری پاکی بیان کرتے ہین فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔ یعنے جسطرح ہم سے ہوسکا ہم نے پاکی بیان کی سو تو اپنے کرم سے ہمکو عذاب دوزخ سے بچادے یعنے ہمکو عذاب دوزخ سے بایں طور کہ اپنی قوت سے ہمکو عمل صالح و مرضی کی توفیق دے اور سب تیری ہی معانی پر ہی۔ رَبَّنَا اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ ای ہمارے رب جس شخص کو تو جہنم مین داخل کرے۔ للخلود فیہا۔ یعنے دوزخ مین ہمیشہ رہنے کے واسطے جسکو تو داخل کرے۔ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ۔ اہنتہ۔ پس تو نے اسکو خوار کیا۔ یا رحمت سے دور کیا یا فضیحت کیا یا ہلاک کیا۔ یہ سب معنے بیان ہوے ہین۔ اور حضرت انس رض سے روایت ہی کہ من تدخل النار ای من تخلد۔ یعنے جسکو ہمیشہ کے لیے اسکو داخل جہنم کریگا۔ اور سعید بن المسیب نے فرمایا کہ یہ اس شخص کے لیے ہی جو دوزخ سے نکالا نہ جائیگا۔ اور اہل الحق بالاجماع کہتے ہین کہ کبیرہ گناہ سے کافر نہین ہوتا اور نہ وہ گناہ نہین بلکہ کفر کہلاتا پس گنہگار اگرچہ کبیرہ گناہ ہو مومن رہا اور اللہ تعالے نے فرمایا کہ یوم لا یخزی اللہ النبی والذین آمنوا معہ یعنے قیامت کے دن خوار نہین کریگا اللہ تعالے اپنے نبی کو اور نہ اسپر ایمان لانے والون کو۔ ھ۔ پس گنہگار پر دائمی عذاب نہوگا بلکہ کافرون مشرکون پر دائمی عذاب ہوگا جو ظالم ہین۔ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ۔ الکافرین۔ مِنْ اَنْصَارٍ۔ اور ظالمون یعنے کافرون کے واسطے کوئی بھی مددگار نہین ہی ف ظالمین سے مراد کافرین و مشرکین ہین اسواسطے کہ کفر و شرک سے بڑھکر کوئی ظلم نہین ہی۔ قولہ من انصار۔ مین من زائدہ تاکید نفی ہی یعنے کوئی بھی مددگار نہین جو انکو عذاب اللہ تعالے سے بچاوے وہ اضح ہو کہ کشاف نے یہان اپنی بداعتقادی سے کہا کہ۔ فلا ناصر لہم من شفاعۃ وغیرہا۔ یعنے معتزلہ تو شفاعت سے منکر ہین تو کشاف والے معتزلی نے انصار سے شفاعت کرنے والے کی بھی نفی نکالی یعنے کوئی انکا مددگار نہوگا نہ شفاعت سے نہ اور کسی وجہ سے مفسر جم کہتا ہی کہ اسنے ظالمون مین گنہگار مسلمانون مرتکب کبیرہ کو بھی داخل کرلیا تھا تو اب اپنی بداعتقادی پر دعوی کرتا ہی کہ اسکی شفاعت بھی نہوگی کیونکہ جب کوئی ناصر نہوا تو شفیع بھی نہوا اور ہم کہتے ہین کہ اول تو اسمین کبیرہ گنہگار داخل نہین ہی کیونکہ ظالم سے کافر مشرک مراد ہی اور کافر کے لیے کوئی شفیع نہین ہی دوم یہ کہ نفی ناصر سے شفیع کی نفی کرنا غلط ہی چنانچہ بیضاوی نے رد کردیا کہ ناصر تو وہ ہی جو اپنے زور سے دور کرے اور شفاعت کرنے مین شفیع تو عاجزی و دعا سے چھڑاتا ہی پھر نصرت کی نفی سے شفاعت کی نفی نہوگی مفسر جم کہتا ہی کہ اوپر معلوم ہوا کہ ظالمین سے مراد کافرین ہین نہ مومن کیونکہ یہان اللہ تعالے نے انکے حق مین خواری فرمائی

ہو وقال تعالے الخزی الیوم والسوء علی الکافرین۔ جو کچھ خزی و خواری ہوگی وہ قیامت مین فقط کافرون پر ہوگی اور مومنون مین سے اگر کسی پر بقدر گناہ عذاب ہو لیکن خواری نہوگی جیسا کہ یوم لایخزی اللہ النبی والذین آمنوا الآیہ۔ سے ثابت ہوا اور شفاعت تو مومنون کے لیے قطعًا متواتر ثابت ہی اگر چہ گناہ کبیرہ ہو لیکن وہ کافرون کے واسطے بالکل نہین ہی۔ الحاصل مومنین فکر کرکے دنیا مین عذاب خواری سے بچنے کی دعا کرتے ہین اور یہ بھی کہتے ہین کہ۔ رَبَّنَا اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ۔ یدعو الناس۔ ہمارے رب ہم نے سنا ایک منادی کو جو بلاتا ہی لوگون کو۔ لِلْاِیْمَانِ۔ الیہ وہو محمد او القرآن۔ ایمان کے لیے یعنے ایمان کی طرف بلاتا ہی۔ وہ اکثر کے نزدیک محمد صلعم ہین اور بعض کے نزدیک قرآن ہی اور پکارنے کا طریقہ یہ ہی۔ اَنْ۔ ای بان۔ اٰمِنُوْا بِرَبِّکُمْ۔ کہ ای لوگو اپنے رب پر ایمان لاؤ۔ فَاٰمَنَّا بِہٖ پس ہم اسپر ایمان لائے یعنے رب تبارک و تعالے پر ایمان لائے۔ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَکَفِّرْ عَنَّا۔ غط عنا۔ سَیِّاٰتِنَا پس ای ہمارے رب ہمکو ہمارے گناہ بخشدے (مواخذہ نہ فرما) اور ڈھانپ دے ہمسے ہمارے گناہ پس ان گناہون کو اسطرح ظاہر نہ فرما کہ تو انپر عذاب کرے۔ وَتَوَفَّنَا۔ اقبض ارواحنا۔ اور قبض کر ہماری روحین۔ مَعَ۔ جملۃ۔ الْاَبْرَارِ۔ الانبیاء والصالحین۔ ساتھ مین جملہ ابرار کے یعنے انبیاء و صالحین کے یعنے جب تو ہماری ارواح قبض فرمائے تو ان نیک بندون کے ساتھ کر دیجیو۔ رَبَّنَا وَاٰتِنَا اعطنا۔ ای ہمارے رب عطا کر ہمکو۔ مَا وَعَدْتَّنَا۔ جو وعدہ کیا تو نے ہم سے۔ عَلٰی۔ لسنۃ۔ رُسُلِکَ۔ من الرحمۃ والفضل اپنے رسولون کی زبان پر۔ یعنے رحمت و فضل ہمکو مرحمت ہو۔ اگر کہا جاوے کہ اللہ تعالے تو وعدہ خلاف نہین فرماتا بلکہ اسپر ایمان فرض ہی پھر انھون نے یہ کیون کہا مفسرین نے جواب دیا بقولہ۔ وسوالہم ذلک وان کان وعدہ تعالے لایخلف سوال ان یجعلہم ممن یستحقہ لانہم لم یتیقنوا استحقاقہم یعنے وہ لوگ خوب جانتے ہین کہ اللہ تعالے کا وعدہ خلاف نہین ہوتا لیکن دعا سے مقصود یہ ہی کہ اللہ تعالے ہمکو بھی اس ثواب کے مستحقین مین کردے کیونکہ باوجود فرمانبرداری کے انکو اپنی نسبت یہ یقین کامل نہین ہوسکتا کہ ہم اسکے مستحق ہین کیا نہین دیکھتے ہو کہ انھون نے اللہ تعالے کی جناب مین صاف اقرار کیا کہ۔ انک لاتخلف المیعاد۔ ای رب کریم تو اپنا وعدہ خلاف نہین فرماتا ہی پس تو ہمکو اس لائق کردے کہ ہم بھی ایسے لوگون مین سے ہو جاوین جنکے حق مین تیرا وعدہ ہی۔ اگر کہا جاوے کہ وہ مومن تو ہو چکے۔ جواب یہ کہ ہان اپنے یقین مین تو بے شک مومن ہین مگر نفس کے پردہ مین حقیقی امر فقط اللہ تعالے کو ہی کہ کیا حقیقت ہی اور کیا انجام ہی تو فضل و رحمت سے قبولیت و خاتمہ بخیر ہونا مانگتے ہین تاکہ وعدہ الٰہی کے لائق ہون پھر تو وعدہ الٰہی خلاف نہوگا اور واضح ہو کہ یہ کمال ادب اور عظمت الٰہی تعالے کا اظہار ہی۔ اور اہل سنت کے نزدیک اللہ تعالے کسی کا حق نہین اور اللہ تعالے مختار ہی جو وہ کرے سب حق ہی اور جو بندہ اسکے خلاف اعتقاد کرے وہ خود جاہل ہی۔ واضح ہو کہ ہر دعا مین کلمہ ربنا۔ مکرر آیا ہی۔ مفسرین نے لکھا کہ ربنا کو جو مکرر بار بار کہا تو تضرع و عاجزی مین مبالغہ ہی تاکہ ترحم نازل ہو۔ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ ہم کو بروز قیامت خوار مت کر جیسے کافر و ظالم خوار ہونگے۔ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ۔ الوعد بالبعث والجزاء۔ میعاد مصدر میمی ظرف ہی یعنے وقت وعدۂ حشر و جزاء یا مراد یہ وعدہ ہو کہ مومنین بروز قیامت خوار نہونگے واللہ اعلم یہانتک تو ان لوگون کی دعا تھی آگے اللہ عزوجل نے اپنے کرم سے اسکی قبولیت کو بیان فرمایا ہی مگر درمیان مین فوائد کو سننا چاہیے واضح ہو کہ سعید بن جبیر کے طریق سے ابن عباس سے روایت ہی کہ قریش کے لوگ یہود کے پاس آئے اور کہا کہ تمہارے پاس موسیٰ کیا کیا نشانیان لائے تھے بولے کہ عصا تھا اور ید بیضا کہ دیکھنے والے اسکو آنکھون دیکھتے تھے پھر وہ نصاری پاس آئے اور کہا کہ عیسیٰ تم مین کیسے تھے بولے لاندہ ماد زاد اور کوڑھی کو اچھا کرے اور مردے کو زندہ کرتے پھر وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہا کہ آپ اللہ تعالے سے دعا کیجیے کہ صفا پہاڑی کو ہمارے واسطے سونا کردے

پس آنحضرت صلعم نے یہ دعا چاہی پس نازل ہوا قولہ ان فی خلق السموات والارض واختلاف اللیل والنہار لآیات لاولی الالباب الآیہ - پس حضرت صلعم نے فرمایا تمکو چاہیے کہ اسمین تفکر کرو - رواہ ابن مردویہ وابن ابی حاتم والطبرانی **شیخ ابن کثیر** رح نے فرمایا کہ اس روایت مین اشکال ہی کہ آیت کریمہ مدنی ہی اور قریش کا یہ سوال کہ کوہ صفا سونیکا ہو جاوے مکہ مین واقع ہوا تھا واللہ اعلم - آیت کریمہ کے مدنیہ ہونے مین شک نہین اور دلیل اسپر حدیث عائشہ رض ہی جسمین آنحضرت صلعم کی بعض رات کی عبادت کے حال مین کہا کہ پھر کھڑے ہو کر نماز پڑھنے لگے پھر روئے یہانتک کہ داڑھی تر ہو گئی پھر سجدہ کیا پھر روئے یہانتک کہ زمین تر ہو گئی پھر کروٹ سے لیٹے پھر روئے یہانتک کہ بلال رض نے آکر نماز صبح کی خبر دی اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ کیون روتے ہین حال یہ ہی کہ اللہ تعالے نے آپ کے اگلے پچھلے گناہ معاف کر دیے ہین فرمایا کہ اے بلال مجھے کون چیز رونے سے روکتی ہی حال یہ ہی کہ آج رات مجپر نازل ہوا قولہ ان فی خلق السموات والارض الآیات - پھر فرمایا کہ کمبختی اسکی جسنے ان آیات کو پڑھا اور انمین تفکر نکیا - رواہ ابن مردویہ وعبد بن حمید وابن ابی حاتم وابن حبان (باسناد جید) اور ابن عباس رض سے روایت ہی کہ ایک رات مین اپنی خالہ میمونہ ام المومنین رضی اللہ عنہا کے یہان سویا پس رسول اللہ صلعم نے ایک ساعت اپنے گھر کے لوگون سے یعنے حضرت میمونہ رض سے باتین کین پھر سو رہے پھر جب تہائی رات آخر تھی کہ اٹھے پس آسمان کی طرف نظر کی اور پڑھا ان فی خلق السموات والارض الآیات پھر کھڑے ہو کر وضو کیا اور مسواک کی پھر گیارہ رکعتین پڑھین پھر بلال رض نے اذان دی پھر دو رکعتین پڑھین پھر نکلکر لوگون کو صبح کی نماز پڑھائی - رواہ البخاری ومسلم اور دوسری روایت مین ہی کہ ان فی خلق السموات الآیات دس آیتین پڑھین - اور اسکو ابو داؤد ونسائی وابن مردویہ وغیرہم نے بھی روایت کیا اور ابن مردویہ کی روایت مین مانند بعض طرق صحیح کے ان آیات کے بعد یہ دعا بھی مذکور ہی کہ کہا اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا وَفِيْ سَمْعِيْ نُوْرًا وَفِيْ بَصَرِيْ نُوْرًا وَعَنْ يَمِيْنِيْ نُوْرًا وَعَنْ شِمَالِيْ نُوْرًا وَمِنْ بَيْنِ يَدَيَّ نُوْرًا وَمِنْ خَلْفِيْ نُوْرًا وَمِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا وَاعْظِمْ لِيْ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ ف۲ عرائس البیان مین ہی کہ قولہ تعالے ان فی خلق السموات والارض واختلاف اللیل والنہار - اس آیت کریمہ مین ایک لطیف اشارہ ہی کہ حق تعالے شانہ نے ظاہر فرمایا کہ جو زبان بندے ہین اپنے رب تعالے کے فعل مین اسکے ظہور قدرت سے انوار صفت نازل پاتے ہین یعنے انکی دلیل خود اسی پاک تعالے شانہ سے اسی کی طرف ہر کچھ مخلوق سے نہین ہی کیونکہ اسکی صنعت ایجاد مین عارف ناظر وحاذق بصیر کو ادراک ہی اور دیدار مخلوق مین یہ بات نہین ہی کیونکہ حادث پر نظر کرنا تو خود ہی دیدار قدیم کا پردہ ہی **قال المترجم** حاصل آنکہ - خلق السموات والارض یعنے انکے پیدا کرنے مین جو فعل باری ہی قدرت کی نشانی فرمائی اور یہ نہین فرمایا کہ خود آسمانون زمین مین دلالت ہی اسلیے کہ فعل باری تعالے سے اسکی صفت کی طرف دلالت ہو جاتی ہی اور یہ طریقہ وصول مستقیم ہی اور خود مخلوق سموات وارض سے وصول نہین ہو سکتا کیونکہ جب نظر حادث پر ہی تو وہ قدیم کے واسطے حجاب ہی **مترجم** کہتا ہی کہ یہ کلام متانت کے ساتھ لطیف اشارہ ہی - پھر شیخ نے کہا کہ آسمان کو ظہور آیات کے واسطے مخصوص کیا کیونکہ وہ مزین بنور جلال وملتبس بانوار جمال ہی کیونکہ وہ آئینہ کو اشف صدیقین ہی کیا تو دیکھتا نہین کہ فرمایا اللہ نور السموات والارض اور نیز فرمایا وکذلک نری ابراہیم ملکوت السموات والارض الآیۃ - اور رہی خصوصیت زمین کی تو بموقع اقدام صدیقین وانبیا ومرسلین علیہم السلام ہی پھر رات کی خصوصیت اسوجہ سے فرمائی کہ وہ مناجات عارفین کا وقت خاص ہی اور موحدین کے لیے اور کشف عظمت بصفت ہیبت اسیوقت ہوتی ہی اور دن کی خصوصیت اسواسطے کہ فرحت محبین اور بسیط مشتاقین کا وقت ہی اور نظر والے آئینہ مخلوقات مین نور قدرت سے معرفت حضرت باری تعالے عزوجل سے فائز ہوتے ہین چنانچہ بعض نے فرمایا کہ مین نے کوئی چیز نہین دیکھی مگر اس حال مین کہ پہلے اسمین اللہ تعالے کے دیدار سے مشرف ہوا

عاقلان حقیقت کو آسمان و زمین رات و دن مین اپنے فعل کے انوار دکھلائے پھر انکو اسمین اپنی قدرت خاصہ صفانیہ کے انوار دکھلائے اور یہ محل التباس ومقام تلوین ہی واضح ہو کہ جس شخص نے یہ حاجت سمجھی کہ آیات کو دیکھکر اس سے وجود حق سبحانہ تعالے ثابت کرے تو وہ عوام مین سے ہی کیونکہ حادث سے قدیم کی شناخت چاہتا ہی حالانکہ مثبت و موجد فقط عزوجل ہی اور فعل اُسی کا مخلوق ہی تو اسکے واسطے کوئی چیز یا دلیل کیونکر مثبت ہو سکتی ہی اور تمام بحث مقدمہ مین محقق ہی سو شیخ جنید رحمہ نے فرمایا کہ جس شخص نے اوتعالے عزوجس کو علت سے ثابت کیا اسنے غیر حق عزوجل کو ثابت کیا اسواسطے کہ علت تو مصاحب اپنے معلول کی ہوتی ہی اور حق عزوجل اس سے پاک برتر ہی و واسطی رحمہ نے اس آیت مین فرمایا کہ عوام کی معرفت مین اور محققین کی معرفت مین امتیاز کرتی ہی - اسواسطے کہ عوام نے تو اسکو ایسی چیز کے ساتھ اعتقاد کیا جو خود انکی طبیع کے لائق ہی اور خواص نے ایسی چیز کے ساتھ جو اوسکے لائق ہی جسمین ال کو عوام نے ثابت کیا اس سبب سے خواص نے انکار کیا پس اوتعالے شانہ ایسے وصف سے پاک ہی جو عوام نے بیان کیا ہی کیونکہ عوام نے اسکو از راہ عبودیت اعتقاد کیا اور خواص نے از راہ ربوبیت اعتقاد کیا ہی قال المترجم شیخ رحمہ نے جہانتک بیان مین گنجایش تھی بیان کیا ولیکن بیان یہان سخت قاصر ہی سمجھنے والا سمجھ جائیگا عبارت مین طاقت کہان ہی سبحانک اللھم استغفرک واتوب الیک - اور بعض اکابر نے فرمایا کہ خواص نے مخلوقات و حوادث کی طرف نظر نہین کی مگر اسیواسطے کہ آیات مشاہدہ کرین اور آیات کو مشاہدہ نہین کیا مگر اسیواسطے کہ اسمین حق عزوجل کا مشاہدہ کرین اور جسنے حق عزوجل کا مشاہدہ کیا اسکے خاطر مین حوادث کا لگاؤ نہین رہتا ہی اور نصر آبادی رحمہ نے فرمایا کہ جو شخص اولوالالباب مین سے نہین اسکو آسمان و زمین کی طرف نظر دنا کچھ عبرت نہین دیتا ہی اور اولوالالباب ہی ہین جو خلق پر بنظر حق آنکھ ڈالتے ہین مترجم کہتا ہی کہ اللہ عزوجل نے خود اولوالالباب کی صفت فرمائی الذین یذکرون اللہ قیاما وقعودا علی جنوبہم الآیۃ - واضح ہو کہ ہر صفت قدس کے واسطے ایک تجلی خاص ہی اور یہ تجلی ذاکرون کے دلون مین ملتی ہی اور ہر ذکر کے واسطے ہر مقام مین ایک خاص عمل ہی اور حالات مین ایک خاص وجدان ہی پس ضاے حق سے ذکر رضا حاصل ہوتا ہی اور حب اللہ تعالے سے ذکر توکل اور جبروت الٰہی تعالے سے ذکر قہر اور ملکوت الٰہی سے ذکر افضال اور تعلق آلہی سے ذکر آلا رہتا ہی اور بقدر کشف صفت کے اُس ذکر کو ہمیشگی کا حصہ ہوتا ہی یعنے کشف اسما و صفات و نعوت و ذات سے جو ذکر متوافق ہو اسکو اسی اصل پر قیاس کرو اور جان رکھنا چاہیے کہ موحد ذکر خود فانی ہوتا ہی صرف باقی وہی ہوتا ہی جسکی توحید بیان کرتا تھا یعنے خاص علم سے اسکا ذکر کرتا تھا جیسا کہ وہ ازل مین وحدہ لاشریک تھا اور واسطی نے فرمایا کہ ہر یاد کرنے والا اسکو اپنے قلب کے مطالعہ کی قدر یاد کرتا ہی پس جسنے اسکو بصفت جلال مشاہدہ کیا وہ جلال کے ساتھ یاد کرتا ہی اور جسنے اسکو صفت رحمت سے مشاہدہ کیا وہ اس سے یاد کرتا ہی علی ہذا القیاس اور نصر آبادی رحمہ نے فرمایا کہ قولہ الذین یذکرون اللہ قیاما - یعنے اوسکی ہیبت کے ساتھ چنانچہ فرمایا افمن ہو قائم علی کل نفس الآیۃ - اور قعودا یعنے ہمنشینی سے چنانچہ حدیث صحیح قدسی مین یہ مضمون ہی کہ مین ہمنشین اسکا ہون جسنے مجھے یاد کیا اور بعض نے فرمایا کہ قولہ الذین یذکرون اللہ قیاما یعنے اسکو یاد کرتے ہین اسطرح کہ اسکے احکام کی فرمانبرداری پر قائم ہوتے ہین و قعودا یعنے اسکی منہیات سے بیٹھ رہتے ہین وعلی جنوبہم یعنے ہر حال مین خلاف مرضی پر نظر رکھنے سے بھی پرہیز کرتے ہین قولہ تعالے ویتفکرون فی خلق السموات والارض خلق السموات والارض مین تفکر کرنے کے دو معنے ہین اول یہ کہ قلب غائب ہو جاوے اُن غیوب مین جو انوار صفات کے خزانہ ہین جن صفات سے مقادیر خلق کا ظہور ہی پس محض ربوبیت مین فکر کرتے ہین اور مراد انکی یہ ہوتی ہی کہ انوار قدرت پاجاوین جس سے مشاہدہ کرنے والا اپنے مشہود کی طرف دیدار و صفت حقیقۃً حاصل ہونے سے پہونچ جاتا ہی دوم معنے یہ ہین کہ تفکر کے ساتھ قلب کو جولانی ہو کہ ملک کو کیونکر خلق فرمایا اور ملک مین تفکر سے مقصود مشاہدہ مالک ہی پس منزل توحید سے منزل جمع مین سائی ہو - اور بعض نے فرمایا کہ تفکر یہ ہی کہ اسکے اشیاء مخلوقہ مین دیدار آلہی حاصل ہو یعنے مشاہدہ

الٰہی ہر چیز مین موجود ہی اور تفکر کا فائدہ یہ ہی کہ نظر آجاوے کہ سب چیزون کا قیام اللہ تعالے ہی کے ساتھ ہی وہی حی قیوم ہی یہ توضیح تفکر ہی اور فاسد تفکر یون ہوتا ہی کہ چیزون کو دیکھکر انسے وجود الٰہی عزشانہ پر استدلال کرے بعض نے فرمایا کہ تفکر صنع باری تعالے مین جو صفت حی عزوجل ہی اور مخلوق مین تفکر نہین مراد ہی قال المترجم کیونکہ وجود الٰہی عزوجل ظاہر باہر ہی اور خود فرمایا کہ قل ہو اللہ احد - اور فرمایا ولئن سالتہم من خلق السموات والارض لیقولن اللہ - پس جسنے یہ زعم کیا کہ یہ تفکر اس غرض سے کہ وجود صانع پر استدلال ہو وہ واہی ہی بلکہ مقصود کنہ یہ ہی کہ صفات الوہیت کو پہچانین جس سے شرک جلی وخفی سب دور ہون قال الشیخ اور اگر یہ مقصود ہوتا کہ مخلوقات مین اثبات صانع کے واسطے تفکر کرو تو یون حکم ہوتا ویتفکرون فی السموات والارض - حالانکہ یہ حکم نہین ہی بلکہ خلق یعنے صنعت مین تفکر کا حکم ہی - قولہ تعالے ربنا ما خلقت ہذا باطلا - مقام ذکر سے چلکر مخلوق کی پیدایش مین تفکر کرنے کی راہ لی تاکہ راحت حاصل کرین اور فوز ذکر سے سوختہ نہو جاوین پس صفاء فعل سے راحت لی تاکہ مشاہدہ مین فنا نہو جاوین اور یہ مریدین مین خواہش فاہیت ہوتی ہی اور جہانتک رخصت دی گئی ہی اسکو لیتے ہین قال المترجم یعنے راہ مستقیم شرع مین ظاہر و باطن جہانتک آسانی دی گئی اسکو بھی لیتے ہین چنانچہ ظاہر کی مثال جیسے شرع مین نفل پڑھنا کھڑے ہوکر اولی ہی اور بیٹھکر جائز ہی یا سفر مین روزہ چھوڑنا بنا بر مذہب شیخ کے رخصت ہی پس اسکو اختیار کرنا اختیار رخصت ہی اور یہ اصح قول کے موافق جائز ہی ایسے ہی باطن کے احکام حالات مین تتبع رخصت کا احراق ذکر سے فکر مین چلے آئے اور نیز جب انھون نے نور فعل مین صفت فاعل کا دیدار دیکھا اور آئینہ فعل مین صفت ازلی کی تجلی حاصل کی تو بولے ربنا ما خلقت ہذا باطلا یعنے یہ مخلوق سب اپنے خالق کی تجلی کے واسطے آئینہ ہی جسمین یہ ہی کہ حق سبحانہ تعالے چاہتا ہی کہ مخلوق کو مشاہدہ خالص اٹھانے کی طاقت نہین پس مخلوق کو ظاہر فرمایا تاکہ مخلوق کے وسیلہ سے اسکی طرف راہ پاوین اور یہ رحمت وشفقت ہی قال المترجم لا الکائی ہیۃ اللہ الحدث نے سنت مین روایت کی کہ حق عزوجل نے موسی علیہ السلام کے دیدار کے سوال پر فرمایا تھا کہ اے موسیٰ کوئی زندہ مجھکو نہین دیکھ سکتا مگر آنکہ مرجاویگا اور جو تر چیز نے مجھے دیکھے قطعا جلکر خشک ہوجائیگی الحدیث وہو فی بعض السنن ایضا - فارس رحمہ اللہ نے فرمایا کہ اظہار مخلوقات مین اسکی حکمت فعلی کا اظہار ہی - اور خواص نے کہا کہ پہلے انکو پیدایش آسمان و زمین مین فکر کرنیکا حکم کیا پھر انکو اس سے قطع کردیا کہ کہتے ہین ربنا ما خلقت ہذا باطلا - حاصل آنکہ پہلے تو انکو صنعت آسمان و زمین دیکھنے کی ہدایت کی پھر انکو آمادہ کیا کہ وہان نہ رکین اور فورا اس سے حق عزوجل کی طرف رجوع کرجاوین پس فرمایا ربنا ما خلقت ہذا باطلا - قولہ تعالے سبحانک فقنا عذاب النار - یعنے جب مقام ذکر خالص سے افعال و آیات مین تفکر کرنے کی طرف آئے تو خالص ذکر سے جو کچھ جاتا رہا اسکی تلافی اس قول سے چاہی کہ سبحانک - یعنے تو ہر ذکر و فکر سے اور ہر خطرہ و اشارہ و عبارت سے پاک ہی اور تو اس سے برتر ہی کہ خلق کے ذریعہ سے کوئی تجکو پاوے تجکو کوئی عارف نہین پاسکتا مگر تیرے ہی ساتھ یعنے تجھی سے تجھ تک رسائی ہی سبحانک پاک ہی تو ہر ایسے وصف سے جو ہم نے زبان حادث سے تیرا وصف بیان کیا - انت کما اثنیت علی نفسک - تو ویسا ہی جیسا تو نے اپنا خود وصف فرمایا - چنانچہ تو نے فرمایا سبحانہ وتعالے عما یصفون یعنے پاک برتر ہی وہ ہر ایسے وصف سے جو مخلوق بیان کرین تو اے تعالے ربنا انتا سمعنا منادیا ینادی للایمان ان آمنوا بربکم فآمنا - اس آیت مین اللہ عزوجل نے خبر دی کہ حال ان لوگون کا ہی جو معاہدہ ازلی پر قائم ہین اور جسمون مین ارواح کے آجانے کے بعد پھر وہ قدم مین فنا ہین کہ انھون نے حق تعالے کے خطاب خالص ازل مین سننے کے بعد واسطے کے ساتھ حق کی منادی کی زبان سے حق عزوجل کا خطاب وندا سن لیا - اور حاصل معنے یہ کہ ہم نے تیری آیا تکو واسطہ و وسیلہ کی زبان سے سن لیا اور یاد کیا کہ تو نے فرمایا تھا کہ الست بربکم اور ہم نے

عرض کیا تھا کہ بلی یعنے بیشک تو ہمارا پروردگار خالق مالک مختار قادر علیم صاحب ارادہ جامع صفات کمالیہ ہی پس ہم نے تیری منادی یعنے رسول علیہ السلام کی ظاہر و باطن پیروی کی اور ہم نے اسکی پوری تصدیق کی اور ایمان کے معنے یہ ہین کہ تصدیق کل بدیہار کل وقت نظر اظہار بجانب انوار و قبول ظاہر یقین باطن اور شروع کرنا بندہ کی کو بعد کشف رویت اور معائنہ کرنا غیب کو غیب کے ساتھ قولہ تعالے ربنا فاغفرلنا ذنوبنا وکفر عنا سیاتنا وتوفنا مع الابرار۔ یعنے تیری معرفت مین جو ہم سے قصور ہوا اسکو بخشدے کہ یہ بڑا گناہ ہی کیونکہ ہم نے خواہش کی کہ ہم جو حادث بے بنیاد ہین قدیم کی معرفت حاصل کرین بھلا قدم بھی حدوث سے کہین مقارن ہوسکتا ہی۔ قولہ کفر عنا سیاتنا۔ ای اپنے کرم سے ہمارے ہر ایسے خطرہ سے تجاوز فرما جو تیرے غیر کی طرف لگاؤ رکھتا ہی اور یہ اسوقت ہم مین آیا جبکہ ہم کو تیرے ایمان کی حلاوت حاصل ہوچکی تھی۔ اور قولہ توفنا مع الابرار یعنے وفات دے ہمکو ان بندون کے ساتھ جنپر تو نے اسطرح انعام فرمایا کہ انکے دلون مین اپنی محبت ڈالدی اور انکے سینون مین اپنے جمال کا شوق دیدیا اور انکو اپنی رضائے قدیم کا لباس پہنایا یہانتک کہ تیری ہر بلا و امتحان مین وہ رضامندی سے تیرے ساتھ قائم رہے اور شیخ ابو عبد الرحمن نے فرمایا کہ جنکا ظاہر تو خلق کے ساتھ اور باطن حق کے ساتھ ہی انھین کے ساتھ ہماری وفات ہو۔ اور بعض نے فرمایا کہ ابرار وہ لوگ ہین جو حد تفرید و توحید پر قائم ہین۔ اور سہل رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ابرار وہی ہین جو طریقۂ سنت کو مضبوط پکڑے ہوے ہین قال المترجم یہ قول جید ہی کیونکہ اس طریق پر جو ولی ہو وہ افضل الاولیا ہوگا جیسا کہ اکابر نے تصریح کی ہی۔ فافہم قولہ تعالے ربنا وآتنا ما وعدتنا علی رسلک۔ یعنے ہمکو اپنے مشاہدہ سے سرفراز فرما جو تو نے اپنے رسول کی زبان سے ہمکو وعدہ دیا ہی چنانچہ فرمایا للذین احسنوا الحسنی وزیادۃ مترجم کہتا ہی کہ احادیث و آثار کثیرہ سے یہ ثابت ہوا ہی کہ زیادۃ سے مراد دیدار الٰہی عزوجل ہی اور عنقریب سوال موسی علیہ السلام مین مسئلۂ دیدار باری تعالے کے بیان مین انشاء اللہ تعالے مفصل آتا ہی قال الشیخ اور نیز رسولون کی زبان پر وعدہ یہ ہی کہ جسنے انکی اتباع کی انکو تو اپنی محبت و کرامت عطا فرماویگا چنانچہ فرمایا۔ قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ الآیۃ۔ پس ہمکو یہ کرامت عطا ہو۔ قولہ تعالے ولا تخزنا یوم القیامۃ۔ یہ دعا کمال معرفت کی ہی اسلیے قدیم تعالے شانہ کو حدوث سے الگ پاک تنزہ کیا اور ظاہر کیا کہ پروردگار عزوجل تمام بندون سے مستغنی ہی حتی کہ اگر تمام انبیا و مرسلین جل جاوین تو اسکو کچھ پروا نہین ہی اور اسکے ملک جلال سے ایک ذرہ کم نہو۔ قال المترجم حدیث قدسی صحیح مین ہی جسکا مضمون یہ ہی کہ اگر تمام مخلوق سب کے سب ایک ایسے قلب پر ہوجاوین جو سب سے متقی ہی تو اسکی بادشاہت مین ذرہ برابر نقص نہ بڑھا دینگے اور اگر سب کے سب ایک ایسے قلب پر ہوجاوین جو سب سے فاجر ہی تو اسکی بادشاہت مین سے کچھ نہ گھٹا دینگے مترجم کہتا ہی کہ اسی حدیث پاکیزہ کی طرف شیخ نے یہان اشارہ کیا قال الشیخ ان لوگون نے وہ عنایت پہچان لی جو انکے واسطے ازل مین ہوچکی تھی پس متواتر انعام کے خواستگار ہوے کیونکہ حق عزوجل نے ایسے لوگون کے دلون کو تسلی دیدی ہی جو اسکے دیدار عظمت سے خائف ہوجاتے ہین یا ین قول کہ سبقت رحمتی غضبی۔ اور شیخ ابو عبد الرحمن نے فرمایا کہ معنے یہ ہین کہ ای ہمارے پروردگار تو ہمکو ہمارے اعمال پر جزا نہ دے اور ہمپر اپنے فضل و رحمت کو اعادہ کردے کیونکہ تو اپنے وعدہ کو خلاف نہین فرماتا جو تو نے اس قول مین فرمایا ہی کہ سبقت رحمتی غضبی۔ یعنے میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی ہی شیخ نے کہا کہ قولہ انک لا تخلف المیعاد۔ کی تفسیر کے نزدیک یہ ہی کہ انھون نے علت حدوث کو میدان کبریا سے ناپید کیا کیونکہ عہد کو توڑنا علت والون کا کام ہی یعنے جنکا وعدہ کسی سبب و غرض سے ہوتا ہی وہ اپنے فائدہ و غرض کے لحاظ سے کبھی خلاف وعدہ کرتے ہین اور اللہ عزوجل اس سے پاک برتر ہی اور حاصل یہ کہ تو پاک ہی اس سے کہ خلاف وعدہ فرماوے اور ہم اس سے مطمئن ہین کیونکہ جو اوصاف حوادث کے ہین وہ حضرت عزت جل جلالہ کی جناب

میں دخل نہیں پا سکتے ہیں۔ اور ابن اسحاق نے اس آیت میں فرمایا کہ مراد یہ ہے کہ کسی پروردگار پورا کردے وہ وعدہ جو اپنے رسولوں کی زبان سے فرمایا ہے کہ ہم پوری رحمت بھیجیں گے اور برائیاں دور کر دینگے اور جو ہوا و ہوس کے پیروی واقع ہوئی ہوگی وہ رحمت سے بخشدینگے بالجملہ جب بندوں نے یہ التجا کی تو اللہ تعالے نے ارشاد فرمایا بقولہ تعالے۔

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ أَنِّي لَا أُضِيعُ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ بَعْضُكُم

پھر قبول کی انکی دعا انکے پروردگار نے کہ میں ضائع نہیں کرتا محنت کسی محنت کرنے والے کی تم میں سے مرد ہو یا عورت ہو تم آپس میں

مِّن بَعْضٍ فَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَأُخْرِجُوا مِن دِيَارِهِمْ وَأُوذُوا فِي سَبِيلِي وَقَاتَلُوا

ایک ہو سو جنھوں نے وطن چھوڑا اور نکالے گئے اپنے گھروں سے اور ستائے گئے میری راہ میں اور لڑے

وَقُتِلُوا لَأُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّئَاتِهِمْ وَلَأُدْخِلَنَّهُمْ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِن تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ

اور مارڈالے گئے میں ضرور اتار دونگا انسے برائیاں انکی اور داخل کرونگا باغوں میں جنکے نیچے بہتی ہیں نہریں

ثَوَابًا مِّنْ عِندِ اللَّهِ وَاللَّهُ عِندَهُ حُسْنُ الثَّوَابِ

ایسا بدلا اللہ کے یہاں سے ہے اور اللہ کے یہاں اچھا ثواب ہے

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ۔ دعا ہم۔ پھر قبول کی انکے لیے انکے پروردگار نے یعنے انکی دعا قبول فرمائی اسیواسطے فاء تعقیب ہے یعنے اس سے پہلی آیات میں جو ان نیک بندوں کی دعائیں مذکور ہوئیں اسکے پیچھے اللہ عزوجل نے خبر دی کہ انکے پروردگار نے انکی دعا قبول کی پس استجاب یعنے اجابت ہے لیکن بہ نسبت اجابت کے اخص واولی ہے لہذا استجاب میں تمام مرادیں حاصل ہونیکا فائدہ نکلا اور اسمیں اشارت ہے کہ بڑی رضامندی سے جواب فرمایا کہ۔ أَنِّي۔ ای بانی۔ لَا أُضِيعُ۔ میں ضائع نہیں کرتا ہوں۔ عَمَلَ عَامِلٍ مِّنكُم تم میں سے کسی کام کرنے والے کا کام کہ ثواب بدوں۔ یہ نکرہ سیاق نفی میں ہے لہذا عموم کے معنے لیے گئے اور منکم عورتوں کو بھی شامل ہے چنانچہ آگے اسکا بیان صریح ہے کہ۔ مِّن ذَكَرٍ أَوْ أُنثَىٰ۔ خواہ مرد ہو یا عورت ہو۔ بَعْضُكُم۔ کائن۔ مِّن بَعْضٍ ای الذکور من الاناث وبالعکس بعض تمہارے حاصل ہیں بعض سے اہم دسید اہوتے ہیں عورتوں سے اور عورتیں ہوتی ہیں مرد سے اور یہ جملہ اپنے ماقبل کی تاکید ہے اور معنے یہ ہیں کہ مرد وعورتیں اعمال خیر پر ثواب پاتی ہیں اور ضائع نہیں کیے جاتے ہیں یکساں ہیں۔ اور شیخ ابن کثیر نے قولہ بعضکم من بعض ہیں کہا یعنے تم سب میرے ثواب میں برابر ہو۔ اور بعض نے کہا کہ دین نصرت میں اور بعض نے کہا موالات میں چنانچہ کہا المومنون والمومنات بعضہم اولیاء بعض۔ لیکن اول اظہر واولی ہے پھر مفسر رحمہ اللہ نے اسکا شان نزول بیان کیا۔ نزلت لما قالت ام سلمۃ یا رسول اللہ لا اسمع اللہ تعالے ذکر النساء فی الھجرۃ بشیء۔ یعنے نزول اس آیت کا اسوقت ہوا کہ جب ام سلمہ رضی اللہ عنہا ام المومنین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں نہیں سنتی ہوں کہ اللہ تعالے نے عورتوں کو ہجرت میں کچھ بھی ذکر کیا ہو۔ رواہ الترمذی والحاکم وصححہ وسعید بن منصور۔ معنے یہ کہ حضرت صلعم کی طرف اپنے وطن چھوڑکر مرد بھی آئے اور عورتیں بھی سو مردوں کے حق میں تو بڑا ثواب مذکور ہی لیکن عورتوں کا ذکر صریح نہیں ہے اور سعید بن منصور کی روایت میں ہے کہ انصار مدینہ رضی اللہ عنہم کہتے تھے کہ مہاجرہ عورتوں میں سے پہلے کوئی حضرت ام سلمہ رضی کی آئی تھی اور نیز حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ قولہ تعالے فاستجاب لھم ربھم الآیۃ۔ یہ آخر آیت ہے جو نازل ہوئی۔ رواہ ابن مردویہ مترجم کہتا ہے کہ تحقیق یہ ہے کہ معاملہ ہجرت میں یہ سب سے آخر آیت نازل ہوئی ہے ورنہ قرآن مجید میں سب سے آخر آیت تو قولہ واتقوا یوما ترجعون فیہ الی اللہ الآیہ ہے کما

اگر کہا جاوے کہ یہ آیت تو غفار تعقیب سے جواب سومنین کی دعا کا ہو یہ کہا جائیگا کہ ہاں اور بات یہ ہی کہ مومن جیسے مرد ویسی عورت تو یہ عام کا جواب ہی اور دعا و سوال یعنے واحد ہین - فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا - من مکۃ الی المدینۃ - پس جن لوگون نے ہجرت کی - یعنے مکہ سے مدینہ کی طرف اور اولی یہ ہی کہ یون کہا جاوے کہ اپنے وطنون سے رسول اللہ صلعم کی طرف ہجرت کی اور مدارک مین کہا کہ اپنے وطنون سے جو دار الکفر تھا دین لیکر اللہ تعالے کی طرف بھاگے جہان اعمال دین کو بے روک ٹوک ادا کر سکین کیونکہ ہجرت تو آخر زمانہ اسلام مین بھی ہوگی جیسے ابتداے اسلام مین تھی منتر جسم کہتا ہی کہ شاید ہجرت کو عام لیا ہی اور ظاہر یہ ہی کہ خطاب تو خاص ہی جیسے لفظ منکم دلالت کرتا ہی ولیکن یہ حق ہی کہ حکم عام ہی اور حدیث مین صحیح ہی اکراد الدین یارز الی الحجاز کما ترز الحیۃ الی جحرہا - یعنے جیسے سانپ اپنی بانبی کی طرف پھر جاتا ہی ویسے ہی دین ملک حجاز یعنے مکہ و مدینہ کی طرف رجوع کر جائیگا یعنے آخر زمانہ مین - اگر کہا جاوے کہ حدیث مین صحیح ہوا کہ لا ہجرۃ بعد الفتح ولکن جہاد و نیۃ واذا استنفرتم فانفروا - یعنے فتح مکہ کے بعد ہجرت نہین رہی ولیکن جہاد و نیت باقی ہی اور جب تم جہاد کے واسطے چلنے کو بلائے جاؤ تو قبول کر کے چلو - اس سے ثابت ہوا کہ ہجرت نہین رہی تو جواب یہ ہی کہ وہ خاص ہجرت جو قبل ظہور اسلام کے فرض تھی کہ ہر جگہ سے مدینہ کی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین جاوین اور اسپر عام ثواب کے ساتھ خاص ثواب کا وعدہ تھا وہ بعد فتح کے نہین رہی اور بعید یہ تھا کہ بعد فتح مکہ کے تمام بلاد دار الاسلام ہوگئے پھر لوگ بامید ثواب ہجرت کے مدینہ مین بھرے جاتے حالانکہ تمام ملکون مین دین پھیلانا مین مقصود ہی پس ظاہر فرمادیا کہ وہ حکم اب باقی نہین ہی فافہم واللہ اعلم پھر جاننا چاہیے کہ فالذین ہاجروا - مبتدا ہی اور زمخشری نے کہا کہ یہ تفصیل عمل العامل کی ہر قسم تقسیم ہی اور بیضاوی و مدارک نے اسکی تبعیت کی اور کرخی نے کہا کہ ظاہر یہ کہ یہ موصول کے بعد کے جملے سب صفات واقع ہین پس جو جزا و ثواب مذکور ہی وہ اسکی واسطے ہوگا جو ان وصاف کا جامع ہو اور مدارک مین کہا کہ گویا یون کہا کہ جسنے یہ اعمال لائق فائق ادا کیے وہ مستحق اس ثواب کا ہی (ف) یہ بھی احتمال ہی کہ جسنے انمین سے کوئی کام کیا وہ مستحق ہی واللہ اعلم - وَاُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ - اور جو بیدے اپنے گھرون سے نکالے گئے (ف) وہ آنحضرت صلعم و مہاجرین کبار صحابہ قریش ہین کہ اہل مکہ نے انکو ننکال باہر کیا اور مال متاع اقارب گھر بار چھوڑا اور ایذا پائی اسیواسطے فرمایا - وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ - دیئے اور میری راہ مین ایذا دیے گئے یعنے میرے دین کے بارہ مین (ف) یعنے راہ خدا سے مراد دین آلہی ہی اور البتہ اہل اسلام کو ابتدا مین سخت ایذا پہونچی اور ایک بلال تھے کہ جس کافر کے مملوک تھے وہ معاذ اللہ تعالے مکہ کی چلکی گرمی مین جلتے پتھر پر لٹاتا اور گرم تیل چپڑ کتا و مارتا و غیر ذلک کہ محمد صلعم سے منکر ہو اور بلال رضی اللہ عنہ سخت درد ناک ہوتے چیختے چلاتے مگر یہی کہے جلتے کہ واللہ مین محمد صلعم سے کفر نہ کرونگا اور صحیح مین ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ابوبکر رضہ تو اللہ تعالے کے ساتھ شرک نہ کرنا اگرچہ قتل کیا جاوے یا آگ مین جلایا جاوے - وَقَاتَلُوْا - الکفار اور لڑے کافرون سے - وَقُتِلُوْا - بالتخفیف والتشدید وفی قراءۃ بتقدیمہ - یعنے جمہور کی قراءۃ مین قتلوا و قاتلوا ہی محی السنۃ نے لکھا بدو وجہ اول آنکہ قتلوا ولا تثم قاتل الباقون یعنے اول قتل کیے گئے پھر باقیون نے قتال کیا اور دوم آنکہ قتل کیے گیے در حالیکہ انھون نے قتال کیا تھا الحاصل جن بندون مین یہ اوصاف ہین کہ انھون نے ہجرت کی اور اپنے گھر بار سے نکالے گئے اور میری راہ مین ایذا دیے گئے اور نصرت آلہی کے لیے قتال کیا و مارے گئے تو انکا ثواب عظیم یہ ہی کہ - لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ - استرہا بالمغفرۃ سو انکے گناہون کو مغفرت سے چھپا لونگا - وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ - اور انکو جنات مین داخل کرونگا جنکے نیچے نہرین جاری ہین - ثَوَابًا - مصدر فی معنی الکون موکدلہ - یعنے ثوابا کی تقدیر یہ ہی کہ لاثیبنہم بذلک اثابۃ پس اپنے ماقبل کا موکد ہی کیونکہ لاکفرن اور لادخلن بمعنے لاثیبن ہی - پس ثواب جیسا

اثابۃ مصدر کے ہے و ہ در اصل وہ ایسی چیز کا نام ہے جس سے ثواب دیا جاتا ہے مانند لفظ عطا کے کہ اس چیز کا نام ہے جو عطیہ دیجاتی ہے۔ عِنْدَ اللّٰهِ - فیہ التفات عن التکلم یعنے من عندنا - کی جگہ من عند اللہ فرمایا پس تکلم سے غیبت کی طرف التفات فرمایا اور فائدہ اسکا تفخیم شان ہے یعنے یہ عطیہ عظمی ثواب از جانب اللہ تعالے مالک کمال ہے۔ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ - الجزاء اور حال یہ کہ اللہ تعالے کے یہاں جزاے جمیل ہے اس آیت مین مہاجرین و انصار رضی اللہ عنہم کے لیے کمال منزلت و قرب عظمی ہے

ف شیخ نے عرائس البیان مین کہا کہ قولہ تعالے فالذین ہاجروا واخرجوا من دیارہم - اس آیت کریمہ مین اشارہ ہے کہ ہاجروا یعنے جو چیز غیر خدا ے تعالے ہے اس سے اللہ تعالے کیطرف ہجرت کی قال المنشر جمی حدیث مین ہے المہاجر من ہجر السیات - مہاجر وہ ہے جسنے گناہون کو چھوڑ دیا رواہ فی الصحاح والسنن پھر اللہ تعالے نے دشمنون کو آمادہ کیا کہ خاص بندون کو انکے دیار سے نکالین تاکہ یہ دنیاوی دنیا کافرون کو ملین اور آخرت کے مومنین وارث ہو جاوین اور صدق یقین مین فائدہ ہو تاکہ وہ طبعی محبت سے بھائیون و وطن کی طرف میل نہ کرین اور بعض نے کہا کہ انھون نے شریرون کو چھوڑا اور بدکارون سے دوری اختیار کی۔ قولہ تعالے واوذوا فی سبیلی۔ اہل ایمان نے جب تک منکرون کی تلخ ایذا نہ چکھی تب تک انکو یہ مرتبہ حاصل نہوا پس دشمنون کی ایذا سے اولیا کے سینے تنگی مین پڑے تاکہ منکرین کی جہت سے انکے نفس مین جو غصہ و غصہ آوے اسکو اللہ تعالے کے واسطے پی جاوین تاکہ اسکے بعد انپر ابواب خطاب مفتوح ہون اور شیخ جنید رحمہ نے فرمایا کہ ہمارے بھائیون کو اللہ تعالے ہماری طرف سے بہتر جزا دے کہ ہم کو اللہ تعالے کی طرف پھیرا اور یہ اللہ تعالے کا طریقہ تمام اہل سلوک و معارف کے واسطے جاری ہے اور اللہ تعالے فرما چکا ہے ولن تجد لسنۃ اللہ تبدیلا۔ پھر یہان شیطان اپنے یارون کو وہم دلاتا ہے کہ اگر یہ بندے مومنین مہاجرین وغیرہ اچھے ہوتے تو کیون تکلیف پاتے اور کیون ایذا اٹھاتے اور کیون مارے جاتے اور کیون گھر بار سے نکالے جاتے حالانکہ احمق کو یہ معلوم نہین کہ آخرت کی خصوصیت و منزلت پر مومنون کو یقین کامل ہے تو دنیاے فانی حقیر سے منھ موڑا اور آخرت کو لے لیا تو دنیا سے ملعونہ کو کافرون کے لیے چھوڑ دیا اور یہ اللہ تعالے کے واسطے ہے پس اللہ تعالے نے آگاہ کیا بقولہ تعالے

لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ۝ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ۝ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ

مت بہک تو اسپر کہ آتے جاتے ہین کافر شہرون مین یہ فائدہ تھوڑا سا ہے پھر انکا ٹھکانا وہ دوزخ ہے

وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

اور کیا برا ٹھکانا ہے لیکن جو ڈرتے رہے اپنے رب سے انکو باغ ہین کہ جنکے نیچے جاری ہین نہرین

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ

رہا کرین گے ہمیشہ مہمانی اللہ تعالے کے یہان سے اور جو اللہ تعالے کے یہان ہے وہ بہتر ہے نیک بندون کے لیے

ونزل لما قال المسلمون اعداء اللہ فیما نری من الخیر ونحن فی الجہد - بعضے مسلمانون نے کہا کہ دشمنان خدا یعنے کافر لوگ تو ہم دیکھتے ہین کہ ایسی بھلائی مین ہین یعنے ایسے عیش و فراغی مین ہین اور ہم لوگ تنگی مین ہین تو یہ آیت نازل ہوئی - لَا يَغُرَّنَّكَ - تجھے دھوکا نہ دیوے - پس خطاب آنحضرت صلعم کو ہے اور مراد امت والے ہین جیسا کہ شان نزول سے معلوم ہوا اور بعض نے کہا بلکہ آنحضرت صلعم کی تثبیت مقصود ہے یعنے آپ مضبوط رہین کچھ خطرہ نہ آوے کہ کافر کیون ایسے عیش مین ہین اور منشر جمی کہتا ہے کہ امام محی السنۃ نے معالم مین قول اول ہی پر اختصار کیا اور میرے نزدیک وہی صحیح ہے اور آنحضرت صلعم خود فرماتے تھے کہ دنیا و ما فیہا ملعون ہے سوا ے ذکر الٰہی

وعالم ومتعلم کے (السنن) اور فرماتے تھے کہ آخرت کے مقابلہ مین دنیا نہین مگر ایسی جیسے کوئی اپنی انگلی سمندر مین ڈالے سو دیکھ لو کہ اس انگلی مین کتنا آتا ہی (رواہ مسلم) اور حضرت عمرؓ سے روایت ہی جسمین یہ مضمون ہی کہ مین آیا تو دیکھا کہ رسول اللہ صلعم ایک مشربہ مین فرش کی کھری چٹائی پر خرما کی چھال بھرا ہوا چمڑے کا تکیہ سر مبارک کے نیچے رکھے لیٹے ہین پس مین نے دیکھا کہ آپ کے بدن مبارک پر چٹائی کا نشان پڑ گیا ہی - یہ دیکھکر مین رونے لگا آپ نے فرمایا کہ کیون روتے ہو مین نے عرض کیا کہ روم کا بادشاہ نصرانی اور ایران کا بادشاہ مجوسی تو اس عیش مین ہون اور آپ اللہ عزوجل کے رسول ہو کر اس حال مین ہین پس آپ اوٹھ بیٹھے اور فرمایا کہ اے ابن خطاب تم اس خیال مین پڑ گئے بھلا تم اس بات پر راضی نہین کہ وہ لوگ دنیا کے واسطے ہین اور ہمارے لیے آخرت ہی (رواہ البخاری وغیرہ) پس صحیح یہ ہی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب فرما کر لوگون کو تنبیہ کی کہ لا یغرنک - تَقَلُّبُ الَّذِينَ كَفَرُوا - تصرفہم - فِي الْبِلَادِ - بالتجارۃ والکسب - یعنے تجھے دھوکا نہ دے کافرون کا تصرف ان ملکون مین ف یعنے شہرون مین تجارت کرتے اور کماتے پھرتے ہین - ایسا ہی سدی سے تقلب کے معنے چلتے پھرتے مذکور ہین اور عکرمہ نے کہا کہ خوشی و نعمت کے ساتھ کافرون کے رات دن پلٹنا مراد ہی - مگر لفظ بلاد کی نظر سے معنے اول راجح ہین ہو - مَتَاعٌ قَلِيلٌ - تمتعون بہ فی الدنیا یسیر او یفنی - یہ متاع قلیل ہی جس سے دنیا مین حقیر نفع لینگے پھر فنا ہو گی - ثُمَّ مَأْوَاهُمْ جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ - پھر اس تمتع بمتاع قلیل کے پیچھے ان کافرون کا ٹھکانا جہنم ہو گا اور بری مہاد ہی - اور مہاد بمعنے ما مہدوا لانفسہم - جو انھون نے اپنی جانون کے لیے کفر کر کے مہد کر رکھی ہی یا اللہ تعالے نے انکے لیے مہیا کی ہی اور ابن عباسؓ نے مہاد کی منزل سے تفسیر فرمائی یعنے اُترنے کی جگہ اور اول سورۂ بقرہ مین مہاد بمعنے فراش مذکور ہوا اور سب معانے متقارب ہین - پھر جبکہ کافرون کی دنیاوی دولت کا حال فرمایا کہ قلیل یا ناپائدار ہی تو اہل ایمان کی اُخروی نعمت جمیل یا پائدار کو بیان کیا بقولہ تعالے - لَٰكِنِ الَّذِينَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ - لیکن وہ بندے جنھون نے اپنے رب کا تقوی کیا - یعنے شرک سے بچے - لَهُمْ جَنَّاتٌ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا - تو انکے لیے جنات ہین جنکے نیچے نہرین جاری ہین اسمین ہمیشہ رہینگے ف کبھی نہین نکلینگے اور نہ فنا ہونگے اگر کوئی کہے کہ جنت مین ابتدا اگر خلود کہان متحقق ہو سکتا ہی کیونکہ خلود خواہ بمعنے دوام ہو یا بمعنے مدت دراز ہو بدون اسقدر مدت گذرنے کے کیونکر متحقق ہو گا پس خالدین حال نہین ہو سکتا تو مفسرؒ نے جواب یا بقولہ ای مقدرین الخلود فیہا - ای درحالیکہ مقدر کیا گیا ہی انکے حق مین خلود اس جنت مین اگر کہا جاوے کہ خلود بمعنے مدت دراز ہی تو کبھی خارج ہونگے جواب ہی کہ اگر خلود بمعنے مدت دراز مان لیا جاوے اور ہمیشگی کے معنے مین نہ لیا جاوے تو دیگر دلائل مانند قولہ تعالے لا یبغون عنہا حولا وغیرہ سے ثابت ہی کہ انکا خلود ہمیشہ کے لیے ہو گا کبھی خارج نہونگے فافہم - پھر اللہ عزوجل نے ان بندونکی تشریف کے لیے ارشاد فرمایا - نُزُلًا مِّنْ عِندِ اللَّهِ - درحالیکہ یہ مہمانی ہی اللہ تعالے کے یہان سے مفسرؒ نے کہا نزل وہ چیز جو مہمان کے واسطے مہیا ہو اور نصب اسکا بنا بر اینکہ جنات سے حال واقع ہی جو نکرہ موصوفہ ہو اور عامل اسمین ظرف کے معنے ہین یعنے ثبت لہم جنات پس جبکہ سلطان عزت کبیر المتعال لم یزل ولا یزال الکریم الوہاب کی طرف سے مہمانی ہی تو اسکی خوبی و قدر و اندازہ کسی کے خیال مین نہین آسکتا اور جو کچھ چیزین اسکی بیان ہوئی ہین اسیقدر کو جو بندون کی فہم مین کچھ آجاوین ورنہ اسکی سب نعمتین فہم بشر سے خارج ہین اسیواسطے یون فرمایا - وَمَا عِندَ اللَّهِ - من الثواب اور اللہ تعالے کے یہان جو ثواب ہی وہ - خَيْرٌ لِّلْأَبْرَارِ - من متاع الدنیا - بہتر ہی ابرار کے لیے یعنے متاع دنیا سے بہتر ہی ف متاع دنیا سے بہتر ہونے کی خصوصیت کی حالانکہ سوائے حضرت حق عزوجل کے سب سے بہتر ہی تو یہ بنظر سیاق کلام کے ہی - پھر شیخ ابن کثیرؒ نے ابرار کی تفسیر مین نقل کیا کہ عمرو بن العاص نے مرفوعاً روایت کی کہ ابرار انکا نام اسوجہ سے ہوا کہ انھون نے اپنے باپ دادا اور مرد گون کی خدمتگاری مین اور بیٹے پوتے اولاد کی پاسداری مین نیکوئی کی جیسے تیرے والدین کا تجھ پر حق ہی ویسے ہی

تیرے فرزندوں کا نیچر حق ہے۔ رواہ ابن مردویہ وقد رواہ ابن ابی حاتم عنہ موقوفا من قولہ قال ابن کثیر وہو الاشبہ واللہ اعلم۔ اور حسن رح نے فرمایا کہ ابرار وہ ہیں جو چیونٹی کو بھی نہیں ستاتے ہیں۔ رواہ ابن ابی حاتم۔ اور ابو الدرداء رض نے فرمایا کہ کوئی مومن نہیں مگر آنکہ موت اسکے لیے بہتر ہے اور کوئی کافر نہیں مگر آنکہ اسکے لیے زندگی خراب اور موت اسکے لیے بدتر ہے اور جو میرے قول کی تصدیق نہ کرے وہ پڑھے کہ اللہ تعالےٰ فرمایا۔ وما عند اللہ خیر للابرار۔ اور فرمایا ولا یحسبن الذین کفروا انما نملی لہم خیر لانفسہم الآیۃ۔ رواہ ابن جریر وروی نحوہ ابن ابی حاتم وعبد الرزاق عن ابن مسعود رض اگر کہا جاوے کہ حدیث میں صحیح ہوا کہ مومن کے واسطے اسکی زندگی بہتر ہے پھر اس روایت مذکورہ کے کیا معنے ہیں تو جواب یہ کہ اس حدیث صحیح میں جو آیا اسکے معنے یہ ہیں کہ اسکی زندگی اسکو نافع ہے جب تک زندہ رہیگا اسکے حق میں نفع ہوگا یعنے برابر نیکی کماویگا یا توبہ کریگا اور اثر مذکور سے یہ بات نکلی کہ موت اسکے واسطے انجام میں عمدہ ہے کیونکہ ان اعمال خیر کا وہاں بہت بڑا اجر پاویگا لقولہ تعالےٰ وما عند اللہ خیر للابرار۔ پس زندگی اسکی کار خیر کے واسطے بہتر ہے اور موت ثواب خیر کے لیے بہتر ہے اور رہا کافر تو اسکی زندگی بدتر ہے کیونکہ جتنا زیادہ جیا اتنا ہی عذاب زیادہ پیٹا اور موت اس سے زیادہ بدتر کہ عذاب میں پڑیگا اور علی ہذا ثابت ہوا کہ کفر کے عذاب میں بھی کمی زیادتی ہوگی لیکن نفس کفر کا جو عذاب ہے کہ دائمی آگ میں جلے اسمیں سب کفار برابر ہونگے اور البتہ صحیح ہوا کہ ابو طالب کے واسطے یہی ہوگا کہ آگ کی دو جوتیاں پہنائی جاوینگی جس سے دماغ ابلیگا اور شاید یہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی برکت سے خاص ابو طالب کے واسطے ہے لیکن دائمی ہونے میں کمی ثابت نہیں ہوئی واللہ تعالےٰ اعلم۔ الف شیخ نے عرائس البیان میں لکھا کہ قولہ تعالےٰ لا یغرنک تقلب الذین کفروا الآیۃ۔ واضح ہو کہ کفر کے تین معنے آتے ہیں اول کفر بمقابلہ ایمان کے جسکی سزا دائمی جہنم ہے دوم کفر جو اعتقاد اسلام کے ساتھ بدعت قبیح مانند خوارج وروافض وغیرہ کے ہو۔ اور یہ جب اول کفر تک نہ پہونچے تو اسلام سے خارج نہیں کرتا اگرچہ اعتقاد کفری ہے سوم اعمال قبیح مانند زنا وغیرہ کے جو اعمال کفریہ ہیں یعنے یہ ایمان کے اعمال نہیں ہیں اور یہ وہ حقیقت دو ہی قسمیں ہوئیں اول کفر حقیقی بمقابلہ ایمان کے اور دوم کفر جو اسلام کے اندر اعمال کفری سے ہو جس سے کفر کا حکم نہ دیا جاوے لیکن یہ کیا جاوے کہ اس شخص کا یہ فعل عمل کفری ہے جب یہ معلوم ہوا تو جن لوگوں نے کفران نعمت کیا وہ بھی اس قسم دوم کے کفار ہیں کما قولہ تعالےٰ ان الانسان لظلوم کفار الآیۃ چنانچہ اسی آیت کی تفسیر میں توضیح وتحقیق آویگی انشاء اللہ تعالےٰ شیخ رح نے کہا کہ اسمیں اشارہ یہ ہے کہ اے مخاطب تجھکو فریب نہ دیں وہ لوگ جو اللہ تعالےٰ سے اخلاص چھوڑ کر ریاکاری وشرک خفی میں دنیا ونفس کے بندے ہوگئے کہ شہروں کو تجھاتے یعنے شہروں شہروں پھرتے ہیں تاکہ فصاحت وبلاغت حاصل کریں اور آداب میں تکلف سیکھیں اور زینت کریں اس غرض سے کہ لوگوں کو اپنی طرف متوجہ کریں اور انکے رئیس بن بیٹھیں اور اولیاء اللہ تعالےٰ کے مقابلہ میں مکاری کریں کیونکہ انکے احوال تو چکمے چٹے ہوتے ہیں اس سے انکی مراد یہ ہوتی ہے کہ اللہ تعالےٰ کے سچے بندوں کی توقیر لوگوں کے دلوں سے اٹھاویں اور اپنی بدعت پھیلاویں اور اللہ عزوجل سچے بندوں کا مرتبہ ہر دم اپنے فضل سے بڑھاتا اور انکا تقرب زیادہ کرتا ہے جس سے نفس پرست ہوا وہوس کے بندوں کی خواری ہوتا ورنیز ان منکروں کی تندرستی وموٹاتازہ ہونا اور دنیا میں عیش کے ساتھ ہونا اور لوگوں کا انکی طرف جھکنا اور دنیا انکی طرف ٹوٹ پڑنا تجھے فریب نہ دے ان خبیثوں نے اللہ تعالےٰ کے ساتھ لڑائی ٹھانی اسطرح کہ اولیاء اللہ تعالےٰ سے عداوت رکھتے ہیں سو یہ چند دن چانگلے ہیں اور بدتون خوار پڑے رہینگے اور حسرت سے اپنی انگلیاں چباوینگے جب دیکھینگے کہ اولیاء اللہ تعالےٰ کے چہرے آفتاب عنایت سے چمکنے لگینگے اور یہ زمین نور حضرت سے منور ہوگی اور نیکوں کی جماعت مجمع حشر اور حضور کتاب واول الالباب وانبیاء صدیقین وشہداء وصالحین ہیں یہ لوگ فضیحت ہونگے شیخ لکھتے ہیں کہ ہمارے زمانہ کے مکار صوفیوں اور بڑے ہوسے شہوت پرست عالموں کے حق میں یہ سخت وعید ہے مترجم کہتا ہے کہ ان زمانہ میں تو حدیث شریف میں جو حالات بطور معجزات

غیب کے ہمکو بتلائے گئے تھے سب موجود ہین اور لوگون نے جاہلون کو اپنے زعم باطل مین بڑا عالم سمجھکر اپنا پیشوا بنا لیا کیونکہ عوام جو بدعتین چاہتے ہین یہ جہال بھی وہی ہانکتے ہین کیونکہ اسرار شریعت و علم قرآن حدیث سے جاہل ہین تو دوسرون کو گمراہ کرتے ہین مسلمانون مین مقلد و غیر مقلد اور وہابی و بدعتی وغیرہ کے فساد پھیلاتے اور جماعت اسلام کو ذلیل کرکے خود خوار ہوتے پھرتے ہین اعاذنا اللہ تعالے ایانا واہل الاسلام من شرہم و وفقنا للایمان والوفاق وہو علی کل شئی قدیر۔ شیخ یوسف رح نے اس آیت کے اشارہ مین کہا کہ تجکو یہ بات فریب نہ دے کہ جاہل لوگ اس دنیا مین کثرت سے بڑھے اور اسکی نعمتون پر گھمنڈ کرتے ہین آخر یہ جہل ہوکر دوزخ کی طرف جانے کا زاد راہ لیجاتے ہین قولہ تعالے وما عند اللہ خیر للابرار۔ اسمین اللہ عزوجل نے متقیون کا درجہ جنت بلند ہونا بیان فرمایا لیکن جو کچھ اسکے واسطے الطاف عظیم اپنے یہان رکھے ہین وہ مبہم کردیے بقولہ وما عند اللہ خیر للابرار یعنے اللہ تعالے کے یہان جو نعمت و قرب منزلت ہو وہ قیاس سے باہر اور نے مثل ہمیشگی ہو اور نیز تصریح کردی کہ مراتب ولایت مین اعلی درجہ متقین کا ہی اور تقوی یہ ہو کہ باطن کو لوث طبیعت سے پاک کرے اور اخلاق کو مخالفت امر و نواہی کے میل کچیل سے صاف رکھے اور راہ سنت پر مستقیم ہو۔ اور ابرار وہ لوگ ہین جو معرفت مین مستقیم ہون اور یہ تقوی سے بھی اعلی مرتبہ ہی اور یہان بیان فرمایا کہ متقین جنت مین ہین اور ابرار منزل خاص مین ہونگے اور نیز طالبان حق کو تنبیہ ہی کہ اے مریدین تم اس دنیا مین امتحانی حسن و طراوت سے تعجب مت کرو بلکہ مجاہدہ مین جو سختی کھینچوگے اسکا نتیجہ تم کو میرے دیدار و قرب و مشاہدہ سے عیش خوشگوار بے مثال حاصل ہوگا۔

وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَنْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْكُمْ وَمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِمْ خَاشِعِينَ

اور کتاب والون مین سے بعضے وہ بھی ہین جو اللہ کو اور جو تمہاری طرف اترا اور جو انکی طرف اترا ڈرتے ہوے

لِلَّهِ لَا يَشْتَرُونَ بِآيَاتِ اللَّهِ ثَمَنًا قَلِيلًا أُولَئِكَ لَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ

اللہ تعالے کے واسطے نہین خریدتے اللہ کی آیتون کے بدلے مول تھوڑا وہ لوگ ہین کہ انکی مزدوری انکے رب کے یہان ہی

إِنَّ اللَّهَ سَرِيعُ الْحِسَابِ

اللہ تعالے بیشک جلد حساب کرنے والا ہی

وَإِنَّ مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ لَمَنْ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ۔ کعبد اللہ بن سلام و اصحابہ و النجاشی اہل کتاب مین سے (یہود و نصاری مین سے) بعضے ہین کہ اللہ تعالے پر ایمان لائے ہین۔ مانند عبداللہ بن سلام و اسکے ساتھیون کے اور مانند نجاشی بادشاہ ملک حبش کے مترجم کہتا ہی کہ شیخ مفسر رح نے اختیار کیا کہ یہ آیت کریمہ تمام اہل کتاب کے حق مین ہی جو مسلمان ہوے اور ایسا ہی ابن ابی نجیح نے مجاہد رح سے روایت کیا کہ مراد مسلمانان اہل کتاب ہین اور اسمین شک نہین کہ حکم آیہ کریمہ کا سب مسلمانان اہل کتاب کے حق مین عام ہی اور اسی پر امام شیخ ابن کثیر رح نے آیت کریمہ کی تفسیر مین اچھی تقریر کی یا ین طور کہ اللہ عزوجل نے ایک گروہ اہل کتاب کی خبر دی کہ وہ اللہ تعالے پر جیسا چاہیے ایمان لاتے ہین اور جانتے ہین کہ وہ خالق قادر مختار ہی جسکو چاہے نبوت دے اور علیم خبیر ہی جو شرع اسنے مقرر فرمائی عین حکمت ہی اور محمد صلعم پر اور جو اپنے نازل ہوا ایمان لاتے ہین باوجود اس ایمان کے جو اگلی کتابون پر جو اور انبیا پر اللہ تعالے نے نازل کی ہین ایمان رکھتے ہین اور وہ اللہ تعالے کے واسطے خاشع ہین یعنے اسیکے مطیع اور اسیکے سامنے گڑگڑاتے اپنے کو ذلیل بناتے اور تمام تعظیم اسیکے واسطے جانتے ہین اور خرید نہین کرتے آیات الہی کے بدلے تھوڑا مول یعنے محمد صلعم کی جو نعت و صفت و بعثت کا حال و رحضرت صلعم کی امت کا حال جو کچھ جانتے ہین وہ دنیا کی لالچ سے نہین چھپاتے ہین اور اہل کتاب مین سے یہ لوگ برگزیدہ و بہتر ہین خواہ یہودی ہون یا نصرانی ہون اور اللہ تعالے نے سورہ قصص

عین فرمایا۔ الذین[۱] اٰتینٰھم الکتاب من قبلہ ھم بہ یومنون واذا یتلی علیھم قالوا اٰمنا بہ انہ الحق من ربنا انا کنا من قبلہ مسلمین اولئک یوتون اجرھم مرتین الآیۃ۔ اور فرمایا الذین اٰتینٰھم الکتاب یتلونہ حق تلاوتہ اولئک یومنون بہ الآیۃ۔ اور فرمایا۔ ومن قوم موسیٰ امۃ یھدون بالحق وبہ یعدلون۔ یعنے موسیٰ کی قوم سے بھی ایک گروہ ایسا ہی کہ حق کی راہ چلتے ہین اور اسی سے اپنے کو ٹھیک کرتے ہین اور دیگر آیات نقل کرکے کہا کہ یہود مین سے بہت تھوڑے لوگ ایسے ہین جیسے عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ مع چند علماے یہود کے جو ایمان لائے مگر انکی قصد دس تک بھی نہین پہونچی اگرچہ عوام کو ملا کر بہت ہون اور رہے نصارے تو انمین ایسے بہت ہین جو ہدایت پر چلے اور حق کے مطیع ہوگئے اور اللہ تعالے عزوجل نے فرمایا۔ ولتجدن اقربھم مودۃ للذین اٰمنوا الذین قالوا انا نصاریٰ الآیہ۔ یعنے مومنون کے ساتھ زیادہ محبت کرنے والے وہ لوگ ملینگے جو اپنے آپکو نصاری کہتے ہین اور صحیح مین ہے کہ جعفر بن ابیطالب رضی اللہ عنہ جب بادشاہ حبشہ کے سامنے سورۂ کہیعص پڑھی تو بادشاہ رونے لگا اور اسکے ساتھ جو بطریق وقس بیٹھے تھے سب یہان تک روئے کہ داڑھیان تر ہوگئین۔ اور صحیحین مین ثابت ہے کہ جب نجاشی بادشاہ حبشہ کی وفات کی خبر جبرئیل علیہ السلام نے دی تو حضرت صلعم نے صحابہ رضی اللہ عنہم سے فرمایا کہ حبش مین تمہارا بھائی مرگیا پھر سب کو لیکر میدان مین گئے اور صف باندھکر اسپر نماز پڑھی متفق علیہ۔ محی السنہ نے معالم مین حضرت ابن عباس جابر و انس رضی اللہ عنہم و قتادہ کا قول بیان کیا کہ یہ آیت اسی بادشاہ نجاشی کے معاملہ مین اتری اور نام اسکا اصحمہ تھا جو عبری زبان مین عطیہ کے معنے رکھتا ہے اور اس روایت مین ذکر کیا کہ حضرت صلعم صحابہ کو لیکر میدان تشریف لیگئے اور آپ کے واسطے زمین حبشہ تک پردہ اٹھ گیا پس آپ نے نجاشی رضی اللہ عنہ کا جنازہ دیکھا اور اسپر نماز پڑھی شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ حضرت انس بن مالک سے روایت ہے کہ جب نجاشی رضی اللہ عنہ نے وفات پائی تو حضرت صلعم نے فرمایا کہ اپنے بھائی کے واسطے استغفار کرو یعنے اسکی مغفرت مانگو (یعنے بعد نماز پڑھنے کے جیسا کہ مذکور ہوا) تو بعض لوگون نے (منافقون نے) کہا کہ دیکھو ہم کو حکم دیتے ہین کہ ایک گبر کے لیے جو حبش مین مرگیا ہے استغفار کرین پس نازل ہوا قولہ وان من اہل الکتاب لمن یومن باللہ وما انزل الیکم الآیہ۔ رواہ ابن ابی حاتم وابن مردویہ من طرق وعبد بن حمید اور حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نجاشی بادشاہ حبشہ کا انتقال ہوا تو ہم سے حضرت صلعم نے فرمایا کہ تمہارا بھائی اصحمہ مرگیا پھر نکلکر نماز پڑھی جیسے جنازہ پر نماز پڑھا کرتے ہین اور چار تکبیرین کہین پھر منافقون نے کہا کہ دیکھو ایک گبر پر نماز پڑھتے ہین جو حبش مین مرگیا پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا وان من اہل الکتاب الآیہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ہم کو خبر ملی تھی کہ برابر نجاشی رضی اللہ عنہ کی قبر پر نور دیکھا جاتا ہے رواہ ابوداؤد اور صحیحین مین ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ تین قسم کے لوگ ہین جنکو دوہرا ثواب ملیگا پھر انمین سے ایک قسم وہ اہل کتاب فرمائے جو پہلے نبی پر ایمان لائے پھر حضرت صلعم پر ایمان لائے محی السنہ نے معالم مین ذکر کیا کہ عطاء رحمہ اللہ نے فرمایا کہ یہ آیت کریمہ اہل حبش کے تیس اور روم کے آٹھ آدمیون کے حق مین اتری جو عیسائی تھے پھر اسلام مین اللہ عزوجل کے مطیع ہوے پس اللہ تعالے نے مدح فرمائی کہ اہل کتاب مین بعضے ایسے ہین کہ اللہ تعالے پر ایمان لائے ہین۔ یعنے پہلے تو شرک پر اپنے زعم کے بنائے ہوے خدا پر ایمان لائے تھے اور اللہ تعالے پر ایمان نہین لائے تھے اب اللہ تعالے پر ایمان لائے ہین۔ وما انزل الیکم۔ ای القرآن اور اس کلام پاک پر جو تمپر اتارا گیا یعنے قرآن پر۔ وما انزل الیھم۔ اور جو انکی جانب اتارا گیا تھا۔ یعنے توریت و انجیل پر خاشعین للہ۔ درحالیکہ اللہ تعالے کے واسطے خشوع کرنے والے ہین ف حال مین ضمیر یومن مراعی فیہ معنی من ای متواضعین۔ یعنے خاشعین کو نصب بنا بر حال ہونے کے ہے اور یہ یومن کی طرف راجع ہو حال ہے اور وہ لفظ مین اگرچہ مفرد ہے مگر معنے مین جمع و واحد سب کو یکسان ہے پس یومن کی ضمیر سے حال اس صورت سے ہے کہ تین کے معنے یعنے جمعیت کی رعایت ہے اور خاشعین کے معنے متواضعین ہین یعنے اللہ تعالے کے سامنے گڑگڑاتے ہین۔ لا یشترون

بِاٰیٰتِ اللّٰہِ - التی عندہم فی التوراۃ والانجیل من نعت النبی صلعم ثَمَنًا قَلِیْلًا - من الدنیا - خریدتے نہین تھوڑا مول بمقابلہ آیات الٰہی کے ف یعنے توریت وانجیل کی آیات مین جو اوصاف حضرت خاتم النبیین کے بیان ہوے ہین انکو دنیاوی حقیر مال کے لیے نہین چھپاتے ہین اور ثمن قلیل سے مال دنیاوی مراد ہی - پھر اس مال دنیاوی کے عوض انکے نہین بیچنے کا طریقہ بتلایا - بان یکتموا خوفًا علی الریاسۃ کفعل غیرہم من الیہود یعنے نہین بیچتے بایں طور کہ ان آیتون کو چھپاوین بخوف اسکے کہ ہماری سرداری جاتی رہیگی جیسے انکے سوائے دوسرے یہود نے اس خوف سے چھپایا - اُولٰٓئِکَ لَھُمْ اَجْرُھُمْ - ثواب اعمالہم - ایسے نیک عہد بندون کے لیے ثواب ہی یعنے انکے کامون کا ثواب ہی - عِنْدَ رَبِّھِمْ یعنے یہ تو نہ مرتین کما فی القصص انکے پروردگار پاس ثواب وچند دیے جاوینگے جیسا کہ سورۂ قصص کی آیت مین ہی اولئک یوتون اجرہم مرتین الآیۃ - اِنَّ اللّٰہَ سَرِیْعُ الْحِسَابِ - یحاسب الخلق فی قدر نصف نہار من ایام الدنیا - اللہ تعالے سریع الحساب ہی چنانچہ حساب لے لیگا تمام مخلوق کا اتنی دیر مین جو دنیا کا آدھا دن ہوتا ہی جیسا کہ حدیث مین آیا ہی اور یہان تحقیق طویل ہی جو آیندہ انشاء اللہ تعالے اپنے موقع پر آویگی - اور مجاہد نے کہا کہ سریع الحساب ای سریع الاحصاء رواہ ابن ابی حاتم یعنے شمار کرنا گن لینا وقد قال لقد احصاہم وعدہم عدا - یعنے اللہ تعالے نے ہر ایک کو خوب شمار مین رکھا ہی کہ اسکے علم سے ایک ذرہ برابر پوشیدہ نہین ہی پس وہ اپنی مخلوق کا حساب نہایت جلد فرماویگا حتی کہ مومن پر روز قیامت ایسا آسان ہوگا جیسے ایک وقت کی نماز کا زمانہ ہوتا ہی - پھر اللہ تعالے نے عمل خالص مومنون کو سب قسم کے مسلمانون سے باہمی اتفاق رکھنے کا اور ارتباط الفت کا اور نفسانیت چھوڑ کر تقوے رکھنے کا حکم فرمایا بقولہ تعالے -

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ف وَاتَّقُوا اللّٰہَ لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ ع ۱۱ ۱۱

ای ایمان والو ثابت رہو اور مقابلہ مین مضبوطی کرو اور لگے رہو اور ڈرتے رہو اللہ سے شاید تم مراد کو پہونچو

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا - علی الطاعات والمصائب وعن المعاصی - ای ایمان والو صبر کرو - یعنے صبر کرو عبادات ادا کرنے پر اور مصیبتین اٹھانے پر اور گناہ کی چیزون سے باز رہنے پر - وَصَابِرُوْا - الکفار فلا یکونوا اشد صبرا منکم - یعنے غالب ہو صبر کرنے اور جمے رہنے مین کافرون پر یہ نہو کہ کافر لوگ تم سے زیادہ صبر کرنے والے ہون لڑائی کی سختیون مین - وَرَابِطُوْا - اقیموا علی الجہاد - قائم رہو جہاد کرنے پر - وَاتَّقُوا اللّٰہَ - فی جمیع احوالکم - ڈرو اللہ تعالے سے اپنے سب حال مین چنانچہ معاذ بن جبل کو جب یمن کی طرف بھیجا تو فرمایا کہ ڈرتا رہ اللہ تعالے سے جہان کہین تو ہوے اور برائی کے پیچھے بھلائی کر جو اسکو مٹا دے اور لوگون سے اچھے خلق کے ساتھ مل چل - لَعَلَّکُمْ تُفْلِحُوْنَ - تاکہ تم فلاح پاؤ - تفوزون بالجنۃ وتنجون من النار یعنے فلاح یہ ہی جنت پاجاؤ اور نجات پاؤ دوزخ سے ف شیخ ابن کثیر نے اس آیت کریمہ کے تحت مین بہت فوائد ذکر فرمائے لیکن مترجم انمین سے اقید کو اثناء بیان مین ذکر کریگا پس حضرت حسن بصری نے فرمایا کہ اصبروا یعنے پسندیدہ دین اسلام پر جمے رہو سختی و آسانی کسی حال مین نہ چھوڑو یہانتک کہ مرو اور قولہ صابروا - یعنے بمقابلۂ دشمنان خدا کے ثابت قدم رہو ایسا ہی بہتیرے سلف نے کہا ہی اور رابطوا قولہ اقیموا جمے رہنا سکان عبادت مین ہی اور سہل بن حنیف و ابن عباس و محمد بن کعب القرظی وغیرہم نے فرمایا کہ وہ نماز کے بعد نماز دیگر کی انتظار مین بیٹھنا - اور بعض نے کہا کہ رباط مراد ہی یعنے سرحد اسلام پر گھوڑے باندھنا تاکہ کفار اسطرف سے داخل نہو سکین اور دوسرون نے اسکو تسلیم نہین کیا اور حدیث مین آنحضرت صلعم نے سردی کے وقت وضو کرنا اور کثرت سے مسجد کی طرف قدم اٹھانا اور نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا اسی کو فرمایا کہ یہی رباط ہی - اور ابو سلمہ سے روایت ہی کہ ایک روز ابو ہریرہ رضی نے میری طرف متوجہ ہوکر فرمایا کہ ای بھتیجے تو جانتا ہی کہ آیہ یا ایہا الذین آمنوا

اصبروا وصابروا ورابطوا کس بارہ میں اتری - میں نے کہا کہ نہیں - فرمایا کہ حضرت صلعم کے زمانہ میں ایسا جہاد تو نہ تھا کہ اسمیں مرابطہ کرتے بلکہ یہ ایسی
قوم کے حق میں نازل ہوئی جو مسجدوں کو آباد رکھتے ہیں اور نماز کو اپنے وقت پر ادا کرتے ہیں پھر بیٹھے اللہ تعالے کو یاد کیا کرتے ہیں تو انھیں سے
حق میں اتری کہ اصبروا - یعنے پانچوں نمازوں پر - اور صابروا - یعنے اپنے نفسوں کو خواہشوں سے روکو - ورابطوا - یعنے اپنی مسجدوں میں
واتقوا اللہ - اپنے ہر حال میں جو ہر طرح ہو - لعلکم تفلحون - اسکو ابن مردویہ نے روایت کیا و کذا رواہ الحاکم فی المستدرک بنحوہ وقد رواہ ابن
جریر من طریق عبداللہ بن المبارک من کلام ابی سلمہ بن عبدالرحمن - مترجم کہتا ہے کہ رباط کے یہ معنے کہ سرحد اسلام پر گھوڑے باندھنا بدین
غرض کہ کفار حملہ آور ہوں میرے نزدیک ایک طور کا رباط ہے اور رباط وہ بھی ہے کہ مجاہد جہاد کے واسطے گھوڑے پر سوار ہو کر جاوے اور وہاں
مقیم ہو کر انتظار کرے تاکہ جب مجاہدین اسقدر جمع ہو جاویں کہ دشمنوں پر چڑھنے کے واسطے کافی ہوں تو داخل ہو اور معنے یہ ہیں کہ پورا سامان
جہاد تیار کرو اور گھوڑے مہیا کرو چنانچہ دوسری آیت میں فرمایا واعدوا لہم ما استطعتم من رباط الخیل ترہبون بہ عدو اللہ وعدوکم - یعنے مہیا کرو
کافروں کے واسطے جہانتک تم سے ہو سکے رباط الخیل یعنے گھوڑے کہ انسے دہشت ناک کرو خدا کے دشمنوں اور اپنے دشمنوں کو اور ظاہر
ہو کہ یہ حکم اس خطاب کے ساتھ صحابہ رضی اللہ عنہم کو نازل ہوا پس جو معنے یہاں رباط کے ہیں وہی حکم الرابطوا میں ہے اور صابروا - باہم ایک دوسرے
کو صبر دلانا بھی اسمیں شامل ہے مترجم کہتا ہے کہ کلام پاک میں عوام بے انتہا ہیں از آنجملہ یہ بھی ہے کہ اگر غیر قوموں سے لوگ ایمان لاویں جنکے دین کو تم پسند
کرو تو انکے ساتھ نکاح بیاہ کرنے میں ہرگز نفس کی خرارت پر مت چلو بلکہ نفس کی ناگواری پر صبر کرو اور حدیث میں ہے کہ جب تمہارے پاس ایسا شخص
آ جاوے جسکے دین کو تم پسند کرتے ہو تو اسکے ساتھ نکاح کر دو اگر ایسا نکاح کرو گے تو زمین میں فتنہ و فساد عریض پیدا ہو گا (رواہ احمد والترمذی وغیرہ) اور جب سے
لوگوں نے فخر و تکبر اختیار کیا تب سے فتنہ و فساد عریض پیدا ہو گیا حتی کہ بہت سے کالبتہ وغیرہ اسوجہ سے اسلام نہیں لاتے کہ وہ تنہارا دری سے خارج
ہو کر پریشان ہونگے اور مسلمان لوگ انکو نومسلم و حقیر بنا دینگے - معاذ اللہ وہ ہمارے حقیقی بھائی سے بہتر ہے جبکہ وہ متقی ہو لیکن جاہلوں سے جو اسنے
فخر کیا وہ ان جاہلوں کے تکبر کے لیے بہتر ہی خوفناک ہے کہ جسکے وبال سے ردین کا پتے ہیں اللہ تعالے ہم کو توفیق دیکر آخرت کے لیے قبول فرماوے اور
نفس و شیطان کے بندہ ہو جانے سے نجات عطا کرے - حدیث میں ہے کونوا عباد اللہ اخوانا - یعنے اللہ تعالے کے بندے بھائی بھائی ہو جاؤ اور حدیث میں
فخر نسب کی جہالت ہو تو مناکحت کا فائدہ ندارد بلکہ فساد ہو گا تو حکم قضا میں فیصلہ کا قانون عرف و کفو پر ہے - کیا نہیں دیکھتے ہو کہ غیر کفو میں بالاجماع نکاح
صحیح ہے ولیکن اولیاء کے اعتراض کی صورت میں قاضی فسخ کریگا فافہم - پھر واضح ہو کہ رباط میں جمیع اقسام کا ربط جو شرعی محمود ہے شامل ہونا چاہیے اور
سب سے بہتر وہ ربط ہے جو احادیث جہاد میں آیا ہے چنانچہ سہل بن سعد الساعدی سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ایک دن کا رباط تمام دنیا و ما فیہا
سے بہتر ہے (رواہ البخاری) اور فضالہ بن عبید سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جو شخص مر گیا اسکے عمل کا خاتمہ ہو جاتا ہے سوائے اس شخص کے
جو ایسے حال میں مرا کہ راہ خدا میں مرابط تھا یعنے جہاد میں مرابط تھا تو اسکا عمل قیامت تک بڑھتا رہتا ہے اور وہ قبر کے فتنہ سے بخوف ہوتا ہے (رواہ
احمد وابوداؤد والترمذی وقال حسن صحیح وابن حبان وقد رواہ احمد عن عقبۃ بن عامر وروی احمد وابن جریر نحوہ عن ابی ہریرہ) پھر مترجم کہتا ہے کہ یہ حکم
شاید بعض ان احکام کے ہو جو قریب وقوع میں آنے والے ہیں نشر طیکہ رباط بمعنے مصطلح حضرت صلعم کے وقت میں ہو حضرت ام الدرداء نے مرفوعاً
روایت کیا کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ جسنے مسلمانوں کے کسی ساحل پر تین روز مرابطہ کیا اسکے واسطے ایک سال کے رباط سے کافی ہے - رواہ الحکیم وغیرہ

اور ظاہر جو مقصود رباط ہے وہ یہ ہے کہ نفس کو راہ جہاد میں روکنا اور انتظار غازیان و موسم وغیرہ کے مانند جو امور بالفعل لڑائی کرنے سے مانع ہوتے ہیں انمیں صابر مرابط رہنا اور اسی پر دلالت کرتی حدیث سلمان رضی اللہ عنہ کہ وہ گذرے وہاں کہ شرحبیل بن السمط مع مجاہدین کے رباط میں تھے اور سر البطہ اب شناق ہو رہا تھا تو فرمایا کہ ای ابن السمط میں تجھے ایسی حدیث سناؤں جو میں نے حضرت صلعم سے سنی تھی انھوں نے کہا کہ ضرور سنائیے - کہا کہ میں نے حضرت صلعم سے سنا فرماتے تھے کہ ایک رات دن کا رباط جہاد میں ایک مہینہ کے روزے مع رات کی نماز سے بہتر ہے تا آخر حدیث رواہ الترمذی و مسلم و النسائی اور سہل بن حنظلیہؓ سے جنگ حنین کی حدیث طویل میں ہے کہ پھر حضرت نے فرمایا کہ آج رات کون شخص ہماری نگاہبانی کریگا پس انس بن ابی مرثد نے کہا کہ یا رسول اللہ میں نگاہبان ہونگا - آپ نے فرمایا کہ سوار ہو جاؤ وہ سوار ہو کر آئے تو فرمایا کہ اس پہاڑی کی چوٹی پر جا - اور آخر حدیث میں ہے کہ صبح کو آپ سے فرمایا کہ رات تو اترا تھا - عرض کیا کہ نہیں مگر آنکہ قضاء حاجت یا نماز کے لیے - فرمایا کہ تو نے واجب کر لی اب تجھ پر کچھ نہیں کہ آیندہ کچھ عمل نہ کرے رواہ ابو داؤد و النسائی مترجم کہتا ہے کہ آیت کریمہ صبر و ثبات و ربط کے حکم میں اور لاجہاد کے لیے اور ثانیاً عام ہے اور زید بن اسلم سے روایت ہے کہ ابو عبیدہ بن الجراح نے عمر بن الخطابؓ کو خط لکھا اور ہمیں رومیوں کا لشکر کثیر جمع ہونا اور خطرناک لکھے پس عمرؓ نے جواب لکھا - اما بعد ہر گاہ بندہ مومن پر کوئی سختی نازل ہوتی ہے تو اسکے بعد اللہ تعالے اسکے لیے آسانی کر دیتا ہے اور دو آسانیوں پر کبھی ایک سختی غالب نہ ہوگی - اور اللہ تعالے فرماتا ہے - کہ یا ایہا الذین آمنوا اصبروا و صابروا و رابطوا و اتقوا اللہ لعلکم تفلحون رواہ ابن جریر مترجم کہتا ہے کہ یہ جنگ یرموک کے واقعات ہیں جنکو امام ابو اسمٰعیل الازدی البصری رحمہ اللہ نے ثقات اسانید کے ساتھ روایت کیا ہے اور شیخ ابن کثیر نے یہاں ایک روایت لکھی جو جامع تفسیر و سیر و اخلاق و حدیث وغیرہ ہی میں بھی بہتر گاہا ہوں قال و روی الحافظ ابن عساکر فی ترجمۃ عبد اللہ بن المبارک من طریق محمد بن ابراہیم بن ابی سکینۃ - کہا کہ عبد اللہ بن المبارک نے طرسوس میں یہ ابیات مجھے لکھائی اور میں نے انکو وداع کیا وہ جہاد کو جاتے تھے اور مجھے فضیل بن عیاض رح کے پاس بھیجا اور یہ غلہ یاکلہ میں واقع ہوا بنا بر دو روایت کے اور ابیات یہ ہیں ؎ یا عابد الحرمین لو ابصرتنا + لعلمت انک فی العبادۃ تلعب + یعنے اے حرمین مکہ و مدینہ کے مشہور عابد - اگر تو ہمکو دیکھے تو جانے کہ تو عبادت نہیں کھیل کرتا ہے + من کان یخضب خدہ بدموعہ + فنحورنا بدمائنا تتخضب + جسکے گال اسکے آنسو سے رنگین ہوتے ہیں + تو ہمارے گلے ہمارے خون سے سرخ ہوتے ہیں + او کان یتعب خیلہ فی باطل + فخیولنا یوم الصبیحۃ تتعب + یا اسکی کوشش امر سخیف میں درماندہ ہوتی ہے + تو صبیحہ تحت آل کو ہمارے گھوڑے درماندہ ہوتے ہیں + ریح العبیر لکم و نحن عبیرنا + رہج السنابک و الغبار الاطیب + اگر تمہارے واسطے خوشبوے عبیر ہے + تو ہمارے واسطے بالوں سے غبار پاک ہی عبیر ہے + و لقد اتانا من مقال نبینا + قول صحیح صادق لا یکذب + ہمارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم سے قول صحیح صادق وارد ہوا جو کذب نہیں ہو سکتا کہ لا یستوی غبار خیل اللہ فی + انف امرء و دخان نار تلہب + کسی بندہ خدا کی ناک میں غبار جہاد اور آتش جہنم کا دھواں جمع نہ ہوگا + ہذا کتاب اللہ ینطق بیننا + لیس الشہید بمیت لا یکذب + کتاب اللہ میں تصریح ہے کہ شہید مردہ نہیں ہے + پھر میں نے مسجد الحرام میں فضیلؒ کو پا کر حضرت عبد اللہ بن المبارک کا خط دیا - پڑھکر آنکھوں سے آنسو جاری ہوے اور کہا کہ ابو عبد الرحمن یعنے عبد اللہ رح نے سچ لکھا اور مجھے نصیحت کی ہے - پھر مجھسے کہا کہ تو حدیث لکھتا ہے - میں نے کہا کہ ہاں + فرمایا کہ اچھا تو میرے پاس ابو عبد الرحمن کا خط لایا اسکی مزدوری میں میرے پاس سے یہ بے بہا چیز یعنے حدیث لے پھر لکھائی کہ حدثنا منصور بن المعتمر عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ رضہ کہ ایک مرد نے رسول اللہ صلعم سے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے وہ کام بتا دیجیے کہ میں اس سے اللہ تعالے کی راہ میں جہاد کرنے والوں کا ثواب پاؤں - آپ نے فرمایا کہ بھلا تو کسی طرح

عبد اللہ بن المبارک امام فقہ و حافظ حدیث و مجاہد و شاعر و ادیب و مورخ و مفسر و محدث و نحوی و لغوی و جامع علوم متداولہ و مصنف کتب کثیرہ مفیدہ متوفی ۱۸۱ھ

علامہ ابن کثیر نے تفسیر کبیر میں جو حدیث و تاریخ و تفسیر و فقہ کی جامع ہے اور دیگر کتب مفیدہ تصنیف فرمائی ہیں متوفی ۷۷۴ھ

مسلم ج ۲ ص

نماز پڑھ سکتا ہی کہ کبھی فتور نہ پڑے اور اسطرح روزہ رکھ سکتا ہی کہ کبھی افطار نہ کرے - اسنے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مین اسکو برداشت کرنے سے عاجز ہون - فرمایا کہ قسم ہی اس ذات پاک کی جسکے قبضہ قدرت مین میری جان ہی کہ اگر تجھے یہ طاقت بھی ہوتی تو بھی تو اللہ تعالے کی راہ مین جہاد کرنے والون کے ثواب کو نہ پہونچتا الحدیث ہکذا رواہ ابن عساکر رحمہ اللہ تعالے قصہ عرائس مین کہا کہ اللہ عزوجل نے صبر کرنے کی تاکید کی یعنے درد دکھ کو صبر سے برداشت کیے رہو جب میری طرف سے بلاؤن مین تمپر صبر کرنا شاق ہو تو مصابرت کرو ربط و باندھے رکھو اپنے دلون کو اور ڈرو اللہ سے ان اسرار کے ظاہر کرنے مین تاکہ اس سے محجوب نہو جاؤ - شاید تم فلاح پاؤ یا ین طور کہ میرے جمال و جلال کی نعمت ملے اور درد فراق سے چھوٹو - جنید رحمہ نے کہا کہ اللہ تعالے نے صبر کو ذکر کیا اور اسکی نشان برگ بیان فرمائی اور صابرین کا اپنے یہان بڑا مرتبہ فرمایا چنانچہ فرمایا یا ایہا الذین آمنوا اصبروا و صابروا انکو صبر پر صبر کرنے کا حکم دیا پھر فرمایا و رابطوا اور یہ ایک تنباد سر باطنی ہی پوشیدگی کے طور پر اللہ عزوجل کے ساتھ اور بلا کے ساتھ ثابت قدم رہنا کھلے کھلے - نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الصبر عند الصدمۃ الاولی مشتر جم کہتا ہی کہ حدیث ایک قصہ کے ساتھ ہی جو صحیحین وغیرہ مین مروی ہی اور معنے یہ کہ صبر تو وہی ہی جو صدمۂ اولے کے وقت ہو - اور حارث رحمہ نے کہا کہ بیڑہلا کا نشانہ ہونا صبر ہی اور بعض نے کہا کہ اصبروا یعنے میرے حکم کی تعمیل مین صبر کرو اور صابروا یعنے میرے دشمنون کے ساتھ لڑائی مین مصابرت کرو اور میری وفات و رضامندی مین قلب کو مربوط رکھو - اور جعفر رحمہ نے فرمایا کہ گناہون سے صبر کرو اور عبادات بجالانے مین مصابرت کرو اور مشاہدہ مین ارواح کو مربوط رکھو اور ڈرو اللہ سے یعنے حق عزوجل کے ساتھ انبساط سے بچو (یعنے اترا ؤ نہین) اور لعلکم تفلحون کے معنے یہ ہین کہ فلاح کے مقام مین اہل صدق کے درجہ پر تمہارے کھڑے ہونے کو بھی جگہ مل جاوے - اور بعض نے فرمایا کہ اپنے تن بدن سے بندگی بجالانے پر صبر کرو اور دل سے اللہ تعالے کی تعظیم مین مصابرت کرو اور اسرار سے راہ شوق و محبت مین مربوط رہو اور ابن عطا رحمہ نے فرمایا کہ صبر تو مطیعین کے واسطے ہی اور مصابرت محبین کے لیے اور رابطہ عارفین کے لیے ہی اور شیخ استاد رحمہ نے فرمایا کہ صبر تو امین جو عہد خاص کیا تھا ادای امانت و طاعات وغیرہ اور مصابرت بمقابلہ دشمن ہی اور رباط ایک نوع صبر ہی ولیکن بروجہ مخصوص ہی اور کہا جاتا ہی کہ اول صبر تو تصبر ہوتا ہی یعنے تکلف سے صابر بنتا ہی پھر صبر حاصل ہوتا ہی پھر مصابرت ہی پھر اصطبار ہی اور یہ انتہاے درجہ صبر کا ہی اور کہا جاتا ہی کہ اصبروا یعنے بندگی بجالانے پر اور مخالفت سے باز رہنے پر اور صابروا یعنے خواہش نفسانی و ہوا و ہوس چھوڑنے اور امیدین و علاقہ قطع کرنے پر - اور رابطوا یعنے ہر حال مین اللہ عزوجل کے ساتھ یا عموماً ہر ایک کی مصاحبت مین استقامت کے ساتھ مربوط رہو

## سورۃ النساء مدنیۃ وہی مائۃ وخمس او ست او سبع وسبعون اٰیۃ

سورۂ نساء مدنیہ ہی اور وہ ایک سو چھتر یا ستتر آیتین ہین ف یہان دو باتین ہین اول آنکہ یہ سورت دوم آیتون کی تعداد ہی پس اول مین نقاش رحمہ نے کہا کہ مکہ سے مدینہ کو ہجرت کرتے وقت اتری اور علقمہ رحمہ نے کہا کہ صدر اسکا مکی ہی مشتر جم کہتا ہی کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بھی فرمایا کہ جہان یا ایہا الناس ہی وہ اہل مکہ کو خطاب ہی اور جواب دیا گیا کہ خطاب ہونے سے وہان نزول ہونا بھی لازم نہین اور جمہور کے نزدیک یہ سورت مدنیہ ہی اور یہی صحیح ہی اور قرطبی رحمہ نے فرمایا سوائے ایک آیت کے قولہ ان اللہ یامرکم ان تودوا الامانات الی اہلہا الآیہ کہ یہ فتح مکہ کے روز عثمان بن طلحہ الحجبی کے حق مین اتری مشتر جم کہتا ہی جبکہ اصطلاح یہ لیجاوے کہ بعد ہجرت کے جو کچھ نازل ہوا وہ مدنی ہی خواہ کہین نازل ہوا ہو تو اس استثنا کے کوئی حاجت نہین بلکہ سب مدنی ہی اور دلیل اسپر ہی کہ حضرت عائشہ رضی نے فرمایا کہ نہین نازل ہوئی سورۂ نساء مگر

اسوقت کہ مین رسول اللہ صلعم کے پاس تھی رواہ البخاری اور مراد یہ کہ آنحضرت صلعم کے پاس خاف کو بھیجی گئی تھین اور علماء نے اتفاق کیا کہ زفاف حضرت عائشہؓ سے مدینہ مین ہوا ہی ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ عوفی نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ سورۂ نساء مدینہ مین نازل ہوئی اور ایسا ہی ابن مردویہ نے عبداللہ بن الزبیر و زید بن ثابتؓ سے روایت کی اور ابن عباس سے ہی کہ سورۂ نساء مین آٹھ آیتین ہین جو اس امت کے واسطے تمام دنیا سے بہتر ہین اول یرید اللہ لیبین لکم و یہدیکم سنن الذین من قبلکم الآیہ دوم واللہ یرید ان یتوب علیکم الآیہ سوم یرید اللہ ان یخفف عنکم - چہارم ان اللہ لا یظلم مثقال ذرۃ الآیہ - پنجم ان تجتنبوا کبائر ما تنہون عنہ الآیہ ششم ان اللہ لا یغفر ان یشرک بہ الآیہ ہفتم ولو انہم اذ ظلموا انفسہم جاؤک الآیہ ہشتم ومن یعمل سوءا او یظلم نفسہ الآیہ - رواہ ابن جریر و قد روی الحاکم من طریق عبدالرحمن بن عبداللہ بن مسعود عن ابیہ فی الخمسۃ التالیۃ دون الثلثۃ الاولیات مثلہ سواء ثم قال صحیح الاسناد ان کان سمع عبدالرحمن عن ابیہ فقد اختلف فیہ - آمدوم مفسرؒ جو اختلاف اسکی آیتون کے شمار مین لکھا وہی معروف ہی اور قول دوم ہمارے مصاحف مین مکتوب ہی اور باوجودیکہ آیات کا علم توقیفی ہی اسمین قیاس کو مجال نہین اسواسطے آلم - و حٰمٓ - و طٰہٰ - یٰسٓ - کو آیت شمار کیا گیا اور طٰسٓ - کو نہین شمار کیا جیسا کہ زمخشری نے کہا ہی پھر اسمین اختلاف کا سبب یہ ہوا کہ آنحضرت صلعم ختم آیت پر آگاہ کرنیکو ٹھہرتے جیسے سکا مقام معلوم ہوجاتا تو پھر وصل قراءت کی وجہ سے کہ وہان مطلق نہین ہوتا تھا ملا دیتے تو سننے والے کو شبہہ ہوجاتا کہ یہان فاصلہ نہین ہی - اور ایسا اختلاف کچھ مضر نہ تھا جسکے خیال سے زیادہ اہتمام کیا جاتا اسلیے کہ شمار آیات کے فوائد مانند آنکہ سورۂ کہف کی اول دس آیتین پڑھنے سے فتنۂ دجّال سے مامون رہیگا یا نماز مین تین آیت سے کم نہون یا تبارک الذی تیس آیت ہی جسنے اپنے پڑھنے والے کی طرف سے بہانتک الحاح کیا کہ اسکو بخشوایا کمافی الصحیح تو یہ اختلاف اسمین کچھ مضر نہین -

کمالا یخفی و رکلمات سورۂ شریف (۴۷۵) ہین و حروف (۱۶۰۳۰) اور باقی کلام مقدر مین مکرر ہی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہی

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا وَ

اے لوگو ڈرتے رہو اپنے رب سے جسنے پیدا کیا تم کو ایک جان سے اور اُسی سے بنایا اُسکا جوڑا اور

بَثَّ مِنْهُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِيْ تَسَآءَلُوْنَ بِهٖ وَالْاَرْحَامَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ

پھیرے ان دونون سے بہت مرد اور عورتین اور ڈرتے رہو اللہ سے جسکا واسطہ دیتے ہو آپسمین اور خبردار رہو ناتون سے البتہ اللہ تعالے

كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا ۝

نگہبان مطلع ہی

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ - ای اہل مکہ - یعنے خطاب بکلہ یا ایہا الناس - مکہ والون کو ہی جو اسوقت مشرک تھے - اور سراج مین کہا کہ تمام اولاد آدم کو خواہ اہل عرب ہون یا عجم ہون - اسپر سوال ہوا کہ قولہ واتقوا اللہ الذی تساءلون بہ والارحام - یہ عادت خاص عرب کی ہی - تو جواب دیا گیا کہ آیت کے خصوص سے اول آیت مین عموم کو مضرت نہین - اسمین شک نہین کہ حکم آیت کا اب عام ہی - اور قیامت تک والون کو شامل ہی چاہے کسی ملک کے ہون اگر کہا جاوے کہ ندا سے بالمشافہہ خطاب انھین کو ہی جو اوقت موجود تھے جواب دیا گیا کہ اسپر اجماع ہی کہ غیر موجودین بھی وہ احکام یکسان جاری ہین جو موجودین کو خطاب کیے گئے جبکہ شرع ہون اور خصوصیت کی دلیل نہو یا موجود کو غلبہ دیا گیا اور مراد غیر موجودین

ع و اتقوا الذی تساءلون بہ والارحام

بھی ہیں۔ اتقوا ربکم۔ ای عقابہ بان تطیعوہ۔ یعنے رب سے ڈرو اسکے یہ معنے ہین کہ عقاب رب سے بچو باین طور کہ اسکی اطاعت کرو ترک نافرمانی ہت کرو پھر پروردگار کی عظمت و قدرت فرمائی جو اسکے معبود ہونے کی دلیل ہی۔ اور جو کچھ بیان ہو تھوڑا ہی۔ تکبر اسی کو شایان ہی۔ الذی خلقکم من نفس واحدۃ۔ آدم۔ جسنے تمکو ایک نفس سے پیدا کیا آدم سے ف یعنے نفس واحدہ آدم علیہ السلام ہین جنکی سب اولاد ہین۔ وخلق منہا زوجہا۔ حوا بالمد من ضلع من اضلاعہ الیسری۔ چانچہ منہا کی ضمیر نفس کی طرف جو لفظا مونث مستعمل ہی اگرچہ مراد آدم علیہ السلام ہین اور زوج یعنے جفت ای جوڑا اور معنے یہ کہ (اور پیدا کیا اُسی ایک نفس سے جوڑا اسکا) مفسر نے کہا کہ یعنے حوا بدہزہ اور منہا کے معنے یہ کہ من ضلعہا الیسری۔ یعنے آدم کی بائین پسلیون مین سے کسی پسلی سے پیدا کیا۔ کعب و وہب و ابن اسحق نے ذکر کیا کہ جنت مین بھیجے جانے سے پہلے اور ابن عباس و ابن مسعود نے کہا بعد جنت مین جانے کے اور آدم سوتے تھے۔ جاگے تو دیکھکر خوش ہوکر باہم مانوس ہوے۔ ابن عباس نے کہا کہ عورت کی پیدایش مرد سے ہی اسکی ہمت مرد ہی مین لگی رہتی ہی اور مرد کی پیدایش زمین سے اسکی ہمت زمین ہی مین لگی رہتی ہی سو اپنی عورتون کو روکے رکھو۔ رواہ ابن ابی حاتم اور صحیح مین ہی کہ عورت کی پیدایش پسلی سے ہی جو ٹیڑھی ہی اگر اسکو سیدھے کرنے کی فکر کرے تو توڑیگا اور اگر نفع لینا چاہے تو یون ہی ٹیڑھی رہنے دے اور نفع اٹھاوے۔ حاصل یہ کہ عورت سے حسن تدبیر سے کام لینا چاہیے وہ کج طبیعت ہوتی ہی اور یہ اس جنس کی کیفیت ہی اسمین سے بعض کا بعض مردون سے بہتر ہونا کچھ منافی نہین ہی الحاصل اسی رب کو معبود مانو جسکی یہ شان ہی کہ اول اسنے ایک نفس آدم پیدا کیا پھر اس سے اسکا جوڑا پیدا کیا۔ وبث۔ فرق و نشر۔ متفرق کیا اور چھٹکایا کما روی عن ابن عباس۔ پس فرق از تفریق و نشر از تکاثر مجرد ہی منہما من آدم و حوا یعنے ضمیر تثنیہ راجع ہی جانب نفس واحدہ و اسکے زوج کے یعنے بجانب آدم و حوا کے ہی۔ رجالا کثیرا و نساء۔ کثیرہ یعنے نساء کثیرہ (المعنی) اور چھٹکائے ان دونون سے بہت مرد اور بہت سی عورتین یعنے تم سب کو اسی ایک نفس اصل سے اس کثرت کے ساتھ بطریق مذکور پیدا کیا۔ اگر کہا جاوے کہ پہلے فرمایا خلقکم من نفس واحدۃ ایک نفس سے پیدا کیا اور یہان فرمایا۔ وبث منہما یعنے دونون سے پیدا کیا۔ تو جواب یہ ہی کہ نفس واحد سے پیدا کرنیکا یہ بیان ہی یعنے باین طور تمکو نفس واحد سے پیدا کیا کہ اس سے اسکا جوڑا نکالا پھر دونون کے اختلاط عجیب سے تم سب کو نکالا۔ اگر کہا جاوے کہ حوا بھی نفس واحد سے پیدا ہونے والون مین ہین چاہیئے کہ حوا کی خلقت نطفہ سے نہ تھی اسلیے اُنکے فروع غیر فروع کے حقوق مین سے کوئی جاری نہین ہو سکتا بخلاف اور لوگون کے کہ یہ دونون کے نطفہ سے پیدا ہین اور آدم و حوا کے ایک وقت کی اولاد کا نکاح دوسرے وقت کی اولاد سے روا تھا پس وقت کا تبدل مزیل تبدل حرم کے قرار دیا گیا پھر تا قیامت منسوخ ہو گیا اور بعض نے جواب یا کہ قولہ وخلق منہا کا عطف فعل مقدر پر ہی تقدیر یون ہی خلقکم من نفس واحدۃ انشأ و خلق منہا زوجہا یعنے پیدا کیا تمکو ایسے نفس واحد سے کہ اسکو بنایا اور اس سے اسکا جوڑا بنایا اور ان دونون سے بہت مرد و عورتون کو چھٹکایا مترجم کہتا ہی کہ یہ قال واہی ہی فافہم بعض نے کہا کہ نساء کو کثیرہ کے وصف سے تصریح نہ کرنے مین لطیف اشارہ ہی کہ مردون کی کثرت بمقتضاے حکمت ہی کیونکہ ایک کے واسطے بہت سی عورتین اسکی خواہش و عفت تک ہین حتی کہ اب بھی چار تک روا ہین اور ایک مرد کئی عورتون کے لیے نکلے کام و حاجات کی اصلاح کر سکتا ہی مترجم کہتا ہی کہ پھر اس صورت مین تو عورتون کو کثیرہ کہنا چاہیے تھا اور مردون مین کثرت کی ضرورت نہ تھی اور جواب یہ ہو سکتا ہی کہ مرد بھی قلیل نہین بلکہ کثیر ہین اور مرد ہی اصل اول ہین۔ الحاصل اللہ تعالے کے ساتھ شرک کرنے سے ڈرو جو حقیقی خالق و مالک ہی۔ واتقوا اللہ الذی تساءلون بہ۔ فیما بینکم میثاق یقول بعضکم لبعض اسالک باللہ و انشدک باللہ۔ اور ڈرو اللہ تعالے سے جسکے نام کے ساتھ تم باہم سوال کرتے ہو ف یعنے بعض تمہارا بعض سے کہتا ہی کہ اسالک باللہ مین تجھسے اللہ تعالے کے واسطے سوال کرتا ہون کہ تو ایسا کر دے اور انشدک باللہ۔ اسی معنے مین کہتے ہو آور انشد بفتح اول و سکون ثانی و ضم ثالث معجمہ پھر دال مہملہ بصیغہ مضارع متکلم بمعنے اسال ہی

اور مفسرؒ نے ذکر کیا کہ تساءلون دراصل تتساءلون تھا تاء فوقیہ کو سین میں ادغام کیا تتساءلون بتشدید سین مہملہ ہوا اور یہ جمہور کی قرارت ہے اور حمزہ وکسائی نے بتخفیف سین پڑھا پس تاء مذکورہ کا حذف ہوا ہے اور بعض نسخہ تفسیر میں الشک اللہ بدون با رہے اور یہ بھی صحیح ہے۔ وَالْاَرْحَامَ۔ ان تقطعوہا۔ اور بجوار حام سے ف ناتوں کو کاٹنے سے یعنے آپس کا ناتا جن حقوق کے ساتھ ہے اسکو ملائے رکھو ہکذا فسرہ ابن عباس وعکرمہ ومجاہد وحسن وضحاک وربیع وغیرہم گویا اسمیں اشارہ ہے کہ ای اہل مکہ سب سے پہلے کفر کرنے والے اور ایذا دینے والے نبی صلعم کے تم مت ہو پھر اتقاء ارحام کے حکم میں تنبیہ ہے کہ اللہ تعالے کے نزدیک ناتے کا ایک مرتبہ ہے۔ اور حدیث میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ رحم لٹکا ہوا ہے عرش الرحمن عزوجل سے کہتا ہے کہ جو مجھے ملائے رکھے اللہ تعالے اوسکو ملائے اور جو مجھے کاٹے اللہ تعالے اسکو کاٹے رواہ البخاری ومسلم اور قرطبیؒ نے کہا کہ ملت کا اتفاق ہے کہ صلہ رحم یعنے ناتے کا ملانا واجب ہے اور کاٹنا حرام ہے پس احسان سے اور ناتے دار محتاج کو نفقہ دینے سے اور کبھی فقط خدمت سے اور کبھی فقط باتوں سے ملانا چاہیے اور حدیث صحیح میں ہے کہ صل من قطعک۔ جو ناتے والا تجھے توڑے تو اس سے مل اور یہ حسن خلق کا بیان ہے۔ پھر امام ابوحنیفہؒ نے ہبہ سے رجوع صحیح نہونا انمیں ناتے والوں کے ساتھ خاص کیا جو ذی رحم محرم ہیں جیسے بھائی بہن کو ہبہ کیا تو رجوع نہیں کرسکتا ہے اگرچہ ذوی الارحام عام ہے محرم وغیر محرم دونوں کو شامل ہے۔ پھر حمزہؒ کی قرارۃ بالجر ہے چنانچہ مفسرؒ نے کہا وفی قرارۃ بالجر عطفا علی الضمیر فی بہ وکانوا یتناشدون بالرحم یعنے حمزہ کی قرارت میں والارحام۔ بالجر ہے بنا بر اینکہ عطف ہے ضمیر بہ پر۔ یعنے بہ وبالارحام اور اہل عرب کا دستور تھا کہ رحم کا واسطہ دیا کرتے تھے اور یہ تقریر اولی ہے بعض مفسرین کے کلام سے کہ تفسیر میں کہا ای یسال بعضکم بعضا باللہ وبالرحم کیونکہ اسطرح ملا کر زمانہ جاہلیت کی قسم تھی جو شرع میں مستنکر ہے پس اگر یوں تفسیر کی جاوے تو تقریر کا وہم ہے یعنے ثابت رکھا اور زمخشری نے اس قرارۃ کو ضعیف کہا وقد تبعہ البیضاوی بنظر عطف بر ضمیر مجرور مگر امام قشیری وغیرہ نے رد کر دیا کہ ضعیف کہنا اہل دین کے نزدیک مردود ہے کیونکہ ثبوت اس قرارۃ کا متواتر ہے اور کمالین میں ہے کہ شیخ ابوحیان نے کہا کہ ضمیر مجرور پر عطف کرنا بدون اعادہ جار کے کوفیوں ویونس واخفش وابوعلی نے جائز رکھا اور بصریوں نے جو انکار کیا تو ہمارے مقابلہ میں بلکہ دلیل کے تابع ہیں اور نظم ونثر کلام عرب میں ایسا ثابت ہوا ہے محی السنہ نے معالم میں کہا کہ یہ قلیل آیا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا۔ حافظا لاعمالکم فیجازیکم بہا ای لم یزل متصفا بذلک۔ رقیب یعنے نگہبان ہے اور معنے یہ ہیں کہ اللہ تعالے تمہارے اعمال کا نگہبان ہے پس تمکو اسکے عوض جزا دیگا چونکہ کان زمانہ ماضی کے واسطے تھا پس لازم آتا ہے کہ زمانہ ماضی میں نگہبان تھا اب نہیں تو مفسرؒ نے جواب دیا کہ کان اگرچہ در اصل ماضی کے لیے ہے مگر دوام واستمرار کے معنے میں آتا ہے اور معنے یہ ہیں کہ لم یزل متصفا بذلک برابر اس صفت سے متصف ہے اور ایسا ہی تمام صفات ذاتیہ کا حال ہے جو کان سے مقترن ہوں کذا ذکرہ فی الاتقان فی علوم البیان میں ہے کہ قولہ تعالے یا ایہا الناس۔ ای ناسی یعنے بھولنے والے اس عہد کے جو تم نے ازل میں قبول کیا تھا کہ ہم عبودیت بجالاویں گے جبکہ میرے خطاب ومعرفت دینے سے مجکو پہچانو گے کیونکہ جب میں نے فرمایا کہ الست بربکم تب تمنے جواب دیا تھا کہ بلی یعنے ہاں تو بیشک ہمارا پروردگار ہے۔ اور نیز ای ایسے بندے جو مخلوقات کی چیزیں اپنی نظر سے خوبصورت دیکھکر انسے مانوس ہو گیا حالانکہ میرا مشاہدہ چاہتا ہے خبردار ہو کہ یہ بڑا پردہ ہے کیونکہ یہ تو حادث چیزیں ہیں اور میری طرف کوئی شخص بدون میرے نہیں پہونچ سکتا ہے اور میرے دیدار میں مخلوق پر نظر رکھنا مکر ہے قال المترجم اسمیں صریح ہمارے زمانہ کے اہل تصوف کو ممانعت ہے جو خوبصورتوں سے انس پیدا کرتے ہیں اور اسکو لوازم تصوف سے جانتے ہیں ۔ مولوی روم نے کہا ؎ عاشق صنع خدا با فر بود ۔ عاشق مصنوع او کافر بود ۔ اور صنع خدا صفت فعلی ہے جسکی تفسیر قولہ ان فی خلق السموات

والارض الآیہ میں اوپر گذری ہو فتدکر اور نیز ای اپنے نفس کو بھولنے والے بندے تیرا نفس تو مخلوق ہو کہ مجھسے آگاہ نہیں بے خبر ہو پھر ڈرتا نہیں کہ تونے میری معرفت کا دعوی کیا حالانکہ میری معرفت کسی حادث سے نہیں بلکہ قدیم سے ہو اور نیز یہ خطاب اولاد آدم کو ہو یعنے ای ایسے لوگو جنھوں نے اپنے کو پانی و مٹی سے بنے ہوے کی طرف منسوب کر رکھا ہے آدم کی طرف اگر تم اپنے آپکو پہچانتے تو مخلوق کی طرف مشغول نہ ہوتے کیونکہ میں نے تم کو تمام مخلوقات میں سے اپنے مشاہدہ وخطاب کے لیے برگزیدہ کیا تمنے میرا کلام نہیں سنا ولقد کرمنا بنی آدم۔ یہ خطاب ان لوگون کو عتاب ہو جو درگاہ سے دور پڑے ہیں۔ تو نہیں دیکھتا کہ جب کوئی بڑے مرتبہ والا اپنے خادم پر غصہ ہوتا ہو تو اسکا نام نہیں لیتا ہو بلکہ کہتا ہو کہ او آدمی اور یہ نہیں کہتا کہ ای زید یا ای خالد اور اشارہ اسمیں یہ ہو کہ اللہ تعالے نے امر معرفت اپنے بندون کو پہچنوایا کیونکہ اسکے سوائے وہ غیر سے مشغول ہو رہے ہیں گویا انکو اس خطاب کی زجر سے انکی غفلت سے متنبہ فرمایا یعنے ای عہد معرفت کے توڑنے والے تم مجھے شرماتے نہیں ہو غیر سے مشغول ہو میرے غضب و عتاب سے ڈرو۔ اور بعض نے یا ایہا الناس کے اشارت میں کہا ای نادانی و فراموشی کی اولاد۔ اور ابن عطاء رح نے کہا یعنے ان لوگون میں سے ہو جو آدمی ہیں اور آدمی وہ ہیں جنکو اسی سے الفت اور اسکے ماسوائے سے وحشت ہو اور جعفر رح نے فرمایا کہ ان آدمیون میں سے ہو جاؤ جو واقعی آدمی ہیں۔ اور اس پاک پروردگار سے غافل مت ہو جسنے پہچنوادیا کہ تم وہ آدمی ہو جسکی خلقت دست قدرت سے مخصوص طرز پر ہو کہ اسکی ہمت پست ہو بلکہ بلند درجہ پر چڑھے اور انتہا اسکی حق عزوجل ہو ثم لے ربک المنتہی۔ اور بلندی ہمت اسکی معرفت و الہام سے ہو جو اسکے ساتھ مخصوص ہو اور بعض نے فرمایا کہ یا ایہا الناس خطاب عوام ہو اور یا عبادی خطاب خاص ہو پھر خاص الخاص کا خطاب یا ایہا النبی اور یا ایہا الرسول ہو قولہ اتقوا ربکم۔ اللہ تعالے نے اپنی ذات سے انکو تحذیر دلائی۔ اسمیں اشارہ ہو کہ اسکی طرف جانے میں جسکا سر باطنی کچھ جھکاوہ اسکی عزت پاک سے محروم ہوا مانند قولہ ویحذرکم اللہ نفسہ۔ اور بعض نے فرمایا کہ حملہ مخالفات کو ترک کرے۔ اور بعض نے کہا اجتناب از ہر ماسوی حق عزوجل تقوی ہو واسطی رح نے کہا تقوی چار وجہ پر ہو عوام کو تقوی شرک۔ خواص کو تقوی معاصی۔ اولیاء خاص کو تقوی توسل بافعال انبیا کو تقوی از اوتعالے از اوتعالے قولہ تعالے الذی خلقکم من نفس واحدۃ اللہ تعالے نے رمز سے اس آیت میں اپنے حکم و مشیت وغیرہ افعال صفات قدیم کو ذکر فرمایا کیونکہ اوتعالے نے جب پیدایش مخلوق کو چاہا تاکہ الوہیت کا اسکو عارف کرے اور چاہا کہ محبت ازلیہ کے انوار قلوب و ارواح میں رکھے تو ذات سے صفات پر اور صفات سے افعال پر تجلی کی اور ایک چیز یعنے امر میں علم و حکمت و قدرت کو جمع کیا پس ارادہ مقترن بامر ہوا پھر امر میں بکاف و نون قدم سے عدم کی طرف نظر کی پس ایک جوہر بسیط ظاہر ہوا جسمیں اجسام و ارواح و جواہر و اعراض سب مجموع تھے پھر اسپر ہیبت عظمت وجود کی نظر فرمائی پس اس سے عرش سے تحت الثری تک جو چیزیں اسکے خواتیم افعال ہیں جس صورت و نقش سے اسکے سابق علم میں تھیں موجود ہوئیں۔ اور یہ مبدا جس سے سب چیزیں موجود ہوئیں حضرت محمد صلوات اللہ وسلامہ علیہ ہیں پھر ارواح و اشباح و انوار و اسرار کو قبضۂ عزت میں جمع کیا اور طینت آدم کو چالیس روز میں صبح ازل و ابد سے خمیر فرمایا یہانتک کہ اسکو اپنے خلق و روح سے پیدا کیا چنانچہ فرمایا خلقت بیدی اور نفخت فیہ من روحی پس دست قدرت ازل و ابد کے فیض سے اسمیں قدس قدیم بہمہ اسماء و صفات و افعال ظاہر ہوا پس اسکو بصورت ملک آراستہ کیا پھر اس سے اولین و آخرین جو محل اسرار قدیم ہیں شاخون کی نکلنا شروع ہوے اور یہی صورت عین الجمع ہی جس سے حق عزوجل نے اوصاف قدیم کو ظاہر فرمایا ہو تو نہیں دیکھتا کہ آنحضرت صلعم نے متشابہات میں کیونکر فرمایا کہ ان اللہ خلق آدم علی صورتہ قولہ وخلق منہا زوجہا وبث منہما رجالا کثیرا ونساء پہلے تو قولہ خلقکم من نفس واحدہ سے مقام عین الجمع سے خبر دی پھر اس قول سے مقام تفرقہ کی خبر دی۔ اور جن چیزون کی طرف میں نے اشارہ کیا اسمیں سے بعض کو استاذ الاساتذہ شیخ التکمین عمرو بن عثمان مکی رح نے

عہ نظر افعال حکم فرمانے سے قبل تعالے و رسول صلعم ۱۲

بیان کیا کہ اللہ تعالے نے عالم کو پیدا کیا اور اسکو اطراف و اکناف و ابتداء و انتہا و اول و آخر و اسفل و اعلیٰ سے بنظر واحد مہیا کر دیا اور ایسا کیا کہ اسمین خلل و تفاوت کچھ نہین اسکو اپنی تدبیر سے محکم کر دیا اور اپنی حد تقدیر پر مقدر کیا اگرچہ اسکے اجزاء بلحاظ تفرقہ اجسام و ہیات و تخطیط و تصویر کے اور بلحاظ تفرقہ اماکن کے مختلف ہین اور جملہ مصالح سے راست کیا پس مربوط بحدود و تقدیر و متصل بحسن تدبیر موجود ہوا اور خلقت آدم سے قدرت کا اظہار کیا پھر اسکی اولاد کو پھیلایا جنمین قدرت و مشیت کی تدبیرین پھیلی ہین آستا جنے فرمایا فاتقوا الارحام ان تقطعوہا یعنے پرہیز کرو ارحام سے اسی قطع ارحام سے سوجسنے رحم قطع کیا وہ خود قطع ہوا اور جسنے ملایا وہ ملایا گیا شیخ نے لکھا اور جب بندہ ابتدا مین اللہ تعالے کی یاد اور نگاہبانی پر نظر رکھتا ہی تو انتہا مین اللہ تعالے اسکی حفاظت خود فرماتا ہی قال المترجم معنے یہ ہین کہ ابتداء حال مین بندہ تکلف سے ہر بات مین اللہ تعالے کی یاد رکھتا ہی پھر جب وہ خودی سے خارج اور فنا ہوتا ہی تو اللہ تعالے اسکو حفظ قدرت مین محفوظ فرماتا ہی کہ اس سے کوئی حرکت خلاف شرع و راہ مستقیم صادر نہین ہوتی ہی فافہم واللہ تعالے اعلم شیخ نے یہ دلیل پیش کی کہ دیکھو حضرت صلعم نے ابن عباس کو فرمایا یا غلام احفظ اللہ یحفظک۔ یعنے اے لڑکے تو اللہ تعالے کو حفظ و یاد رکھ اللہ تعالے تیری حفاظت فرماویگا کما فی روایۃ البخاری) اور اللہ تعالے کی طرف سے حفظ کرنے کے معنے یہ ہین کہ اسکو گناہ و خطا سے محفوظ رکھے اور اسکے واسطے نعم الوکیل ہو جاوے یعنے اسکے نفس کے حوالہ نہ کرے اقول قد قال تعالے ولا تکونوا کالذین نسوا اللہ الآیۃ۔ ابن عطاء رحمے فرمایا کہ فرمایا تعالے ان اللہ کان علیکم رقیبا۔ یعنے جو کچھ تو اپنے سر باطنی مین پوشیدہ کرے اور جو خطرات پوشیدہ رکھے سب کو اللہ تعالے جانتا ہی پس تو ہوشیاری سے نگاہ رکھ اس ذات پاک کو جو تجھپر رقیب ہی

وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى اَمْوَالَهُمْ وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ بِالطَّيِّبِ ۪ وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَهُمْ

اور دیدو یتیمون کو انکے مال اور مت بدل لو گندے کو ستھرے سے اور مت کھاؤ انکے مالون کو

اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ ۭ اِنَّهٗ كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا ۝ وَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تُقْسِطُوْا فِي الْيَتٰمٰى فَانْكِحُوْا

اپنے مالون کے ساتھ یہ بڑا وبال ہی اور اگر ڈرو کہ انصاف نہ کروگے یتیم لڑکیون کی حق مین تو نکاح لاؤ

مَا طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَاۗءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ۚ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا

جو تمکو خوش آوین عورتون مین سے دو دو اور تین تین اور چار چار پھر اگر ڈرو کہ برابری نہ رکھوگے

فَوَاحِدَةً اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۭ ذٰلِكَ اَدْنٰٓى اَلَّا تَعُوْلُوْا ۭ وَاٰتُوا النِّسَاۗءَ

تو ایک ہی یا جو تمہارے ہاتھ کے مال ہین یہ ملتی بات ہی کہ جور نہ کرو اور دیدو عورتون کو

صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۭ فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا فَكُلُوْهُ هَنِيْۗـــًٔا مَّرِيْۗـــًٔا ۝

انکے مہور خوشی سے پھر اگر وہ چھوڑین تمکو مہر مین سے کچھ دل خوشی سے تو اسکو کھاؤ رچا بچا

ونزل فی یتیم طلب منہ ولیہ مالہ فمنعہ۔ یہ کلام ایک یتیم کے حق مین اترا جسنے اپنے ولی سے اپنا مال مانگا تھا اسنے دینے سے انکار کیا۔ چنانچہ محی السنہ نے معالم مین ذکر کیا کہ ایک مرد غطفان کے پاس اسکے یتیم بھتیجے کا مال کثیر تھا اسنے بعد بلوغ کے طلب کیا اور چچا نے دینے سے انکار کیا پھر دونون نے نبی صلعم سے مرافعہ کیا تب یہ آیت اتری پس مرد مذکور نے اطاعت اللہ تعالے و رسول صلعم قبول کی اور حوب کبیر یعنے گناہ کبیر سے پناہ مانگی اور سب مال اپنے بھتیجے کو دیدیا اسنے لیکر سب خیرات کر دیا۔ حضرت صلعم نے فرمایا کہ ثواب پورا ہوا اور گناہ رہا

پوچھا گیا تو فرمایا کہ اس نوجوان کو ثواب ملا اور اسکے باپ پر گناہ باقی رہا۔ وَاٰتُوا الْيَتٰمٰٓى - الصغار الاول للاب لهم - یعنے یتامیٰ جمع یتیم کی یعنے صغیر بچے جنکے باپ نہو۔ اور آدل اسم موصول جمع مذکر بروزن عُلیٰ اور للاب لهم اسکا صلہ ہی اور صحیح ہوا کہ بعد پندرہ برس کے یتیم نہین پس اس سن تک بے باپ کے لڑکے لڑکی کا یتیم کہلاتا ہی۔ اَمْوَالَهُمْ - اذا بلغوا - اور دیدو یتیمون کو انکے مال جبکہ بالغ ہون یہ خطاب یتیم کے ولی و وصی کو ہی اور دینے کے وقت وہ بالغ ہو چکا لیکن پہلے یتیم تھا تو اب اسپر یتیم کا اطلاق باعتبار سابق ہی یا بنا بر اصل لغت ہی کیونکہ دینے کے وقت وہ شرعًا یتیم نہین ہی اور مفسر نے اذا بلغوا کی قید سے یتامیٰ کو حقیقی معنے پر رکھا یعنے عام طور پر یہ حکم دیا گیا کہ جو یتیم ہی اسکو اوسکا مال دینا جب وہ بالغ ہو لیکن حذف قید لازم آویگا لہذا مفسر جلال نے موافق دیگر مفسرین کے تقریر کی پھر شافعیہ وغیرہ کے نزدیک یہان ایک قید دیگر معتبر ہی یعنے رشد ظاہر ہونا کما قال تعالے فان انستم منهم رشدا فادفعوا اليهم اموالهم الآیہ - کذا قیل وَلَا تَتَبَدَّلُوا الْخَبِيْثَ - الحرام خبیث سے مراد حرام ہی - بِالطَّيِّبِ - الحلال - ای لا تاخذوه بدله کما تفعلون من اخذ الجيد من مال اليتيم وجعل الردی من مالکم مکانہ - طیب سے مراد حلال ہی (اور معنے یہ کہ) مت لو حرام کو بدلے حلال کے فما جیسے تم کرتے ہو کہ مال یتیم مین سے کھرے درم یا موٹی بکری لے لیتے ہو اور کھوٹے درم یا دبلی بکری اسکی جگہہ دیتے ہو کما روی عن سعید بن المسیب والزہری والنخعی والضحاک والسدی اور مفسر نے مثال سے اشارہ کیا کہ حلال کے بدلے حرام لینا مطلقًا منع ہی جیسا کہ سعید بن جبیر نے کہا کہ لوگون کے مال سے حرام کو مت بدلو اپنے حلال مال سے اور ابو صالح نے کہا کہ رزق حرام پر جلدی مت کر یہانتک کہ تیرے پاس رزق حلال آوے جو تیرے واسطے مقدر ہی مقسم جسم کہتا ہی کہ یہین سے کہا گیا کہ جو حلال سے سود کھاتا ہی حالانکہ اسکے مذہب مین حرام ہی یا مانند اسکے کمائی اسکی حرام ہی جیسے کسبیان و کاہن و رمال وغیرہ انکے مال سے معاوضہ کرنا مکروہ تحریمی ہی واللہ اعلم - وَلَا تَاْكُلُوْٓا اَمْوَالَكُمْ مضمومتہ - اِلٰٓى اَمْوَالِكُمْ بعض نے کہا کہ لام بمعنے مع ہی ای مع اموالکم اور معنے یہ کہ وہ انکے اموال کو ملا کر اپنے مالون مین مت کھاؤ، اگر کہا جاوے کہ مال یتیم کھانے کی ممانعت اسطرح نکلی کہ اپنے مال سے ملا کر مت کھاؤ پس جو مال اکیلے کھانا جائز رہا تو جواب یہ ہی کہ حنفیہ رحمہم اللہ پر وارد ہی نہین ہوتا اسلیے کہ یہ مفہوم مخالف ہی جسکے وہ قائل نہین ہین اور حق یہ ہی کہ شافعیہ پر بھی وارد نہین ہی اسوجہ سے کہ شرط مفہوم مخالف پائی نہین جاتی کیونکہ یہان ما اشنع ہی تامل اِنَّهٗ - ای اکلها - اسطرح یتیم کے مال کھانا - كَانَ حُوْبًا كَبِيْرًا - ذنبا عظیما - گناہ کبیرہ ہی - فما اسی سے کہا گیا کہ منجملہ گناہ کبائر کے یتیم کا مال ناحق کھانا - ولما نزلت تحرجوا من ولایۃ الیتامی - اور جب یہ آیت نازل ہوئی تو لوگون کو یتیمون کے ولی بننے مین تنگی و حرج لاحق ہوا اتقے وہ آیت اُتری جو سورۂ بقرہ مین گذری ہی ای قولہ وان تخالطوہم فاخوانکم الآیہ - مگر یہان اللہ تعالے نے اُنکے عذر حرج پر گرفت فرمائی کہ کثیر عورتون سے نکاح کرکے تم پر کچھ حرج لاحق نہین ہوتا ہی چنانچہ مفسر نے ذکر کیا وکان فیهم من تحته العشر او الثمان من الازواج ولا یعدل بینهن فنزلت - وَاِنْ خِفْتُمْ اَنْ لَّا تُقْسِطُوْا - تعدلوا - فِى الْيَتٰمٰى - فتحرجتم من امرهم فخافوا ایضًا الا تعدلوا بین النساء اذا نکحتموہن - یعنے حال یہ تھا کہ یتیمون کے اولیا مین سے کوئی کوئی ایسا شخص بھی تھا جسکی تحت مین دس یا آٹھ جورو تھین اور انمین عدل نہین کرتا یعنے انکے حقوق مین برابر نہین کھتا یا انکا نفقہ وغیرہ سب چیزون مین برابری نہین رکھتا تھا تب نازل ہوا یہ حکم فان خفتم تا آخر (یعنے) اگر تمنے خوف کیا کہ عدل نہ کرسکو گے یتیمون کے بارہ مین (چنانچہ تمنے انکے بارہ مین عذر حرج ظاہر کیا) تو اسمین بھی خوف کرو کہ عورتون مین عدل نہ کرسکو گے (جب تم اُنکو نکاح مین لاؤ) خفتم اور مراد خوف سے اہل تحقیق کے نزدیک گمان غالب ہی - پس اگر کسی شخص کو غالب گمان ہو کہ عورتون سے شرعی اعتدال کا برتاؤ نہ کرسکیگا تو اسکو چاہیے کہ نکاح نکرے اور علماء نے کہا کہ اسمین چند عورتون کی شرط نہین ہی

بلکہ ایک عورت سے بھی عدل نہ کرسکے تو نکاح کرنا مکروہ ہی بلکہ جواز بلکہ سنت اسی حد تک ہی کہ عدل کرنیکا اسکو تیقن ہو لہذا فرمایا۔ فَانْكِحُوْا تم نکاح کرو۔ مَا۔ بمعنے من اور عرب کے لوگ ما و من کو ایک دوسرے کی جگہ لاتے ہین وقال تعالے والسماء وما بناہا۔ اور فرمایا۔ فمنهم من يمشي على بطنه۔ یعنے جیسے سانپ وغیرہ پس اسپر من کا اطلاق کیا۔ طَابَ لَكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ۔ ای اثنتین اثنین وثلاثا ثلاثا واربعا اربعا ولا تزیدوا علی ذلک پس نکاح مین لاؤ عورتین یعنے ایک سے زائد کی صورت مین اسقدر نکاح مین لاؤ کہ وہ تمہارے واسطے خوشگوار ہون دو دو اور تین تین اور چار چار۔ اور ایک عورت کا نکاح انمین مشروع ومعلوم تھا صرف زائد مین باری کے ساتھ عدل کرنے مین حرج کا شبہہ تھا تو اسکا حکم بیان کردیا پس اس مقدار سے زائد مت کرو۔ قال المترجم جسطرح مفسرؒ نے یہان ذکر فرمایا ایسا بعض دیگر مفسرین نے بھی ذکر کیا اور حاصل کلام آنکہ ای یتیمون کے ولی ووصی تمکو حکم دیا جاتا ہی کہ جب یتیم بالغ ہوجاوین تو انکو انکا مال جیسا تھا پورا دیدو اور جو تم نے تجارت وغیرہ سے اسکو بڑھایا یا جانورون کے بچہ وغیرہ ہوکر بڑھا ہی سب دیدو اور یہ مت کرنا کہ اسمین سے کھاوعمدہ لیکر بجاے اسکے خراب وکھوٹا اپنا مال ملادو کہ یہ حرام کھانا ہوگا (اسوقت دو کہ انمین صلاحیت اور نیک چلنی دیکھ لو) اور گواہ کرلو اور جب تک یتیم ہین اسکے خراب وکھوٹا اپنا مال ملادو کہ یہ حرام کھانا ہوگا (اسوقت دو کہ انمین صلاحیت اور نیک چلنی دیکھ لو) اور گواہ کرلو اور جب تک یتیم ہین تب تک انکے مال اپنے ساتھ ملاکر مت کھاؤ کیونکہ یہ کبیرہ گناہ ہی پھر اگر تم کو اس معاملہ مین احتیاط وعدل کرنا گران ہوا اور حرج دیکھتے ہو اور خوف ہی کہ انصاف نہو سکیگا تو آٹھ دس عورتین رکھنے مین بھی انصاف نہونیکا خوف کرو پس چاہیے کہ ہر ایک مرد دو عورتین یا اگر زیادہ چاہے تو تین تین یا اگر اس سے بھی زیادہ چاہے تو چار نکاح مین لاوے اور اس سے زیادہ مت بڑھاؤ۔ قال المترجم اور اکثر مفسرین نے قولہ ان خفتم الا تقسطوا فی الیتامی کو ان لڑکیون یتیم کے بارہ مین کہا جنسے وہی شخص نکاح بھی چاہتا ہی جسکی پرورش مین ہین مثلاً زید کا چچا مرگیا اور ایک لڑکی چھوڑی جو زید کی پرورش مین صرف اسطرح ہی کہ یہ اسکا ولی ہی یہ اس سے نکاح چاہتا ہی پس کم مہر پر نکاح مین لاتے تھے اور اسطرح اسکا مال بھی مل جاتا تو اللہ عزوجل نے اسکو عیب مین شمار فرماکر حکم دیا کہ واتوا الیتامی اموالہم یعنے ای ولی ووصی لوگو تمپر فرض ہی کہ یتیم جب بالغ ہون تو انکا مال سب انکو دیدو اور جب تک یتیم ہین انکے مال سے تجارت کرکے انکے لیے بڑھاؤ تاکہ خرچہ مین جاتا رہے اور ہرگز اپنے مال مین ملاکر بھی انکا مال نکھاؤ یعنے یہ قصد مت کرو چنانچہ سورہ بقرہ کی آیت مین اپنے میل مین رکھنے کی اجازت مذکور ہوچکی ہی پس مراد یہی کہ مال تنہا تو کیا ذکر ہی ملاکر کھانے کا قصد مت کرو کہ یہ کبیرہ گناہ ہی اور نہ انکے مال سے اچھا کھا لیکر خراب برا داخل کرو کہ یہ حرام ہی اور یتیمہ سے نکاح کرلینے مین تو مضائقہ نہین لیکن پورے انصاف سے اور اگر تم کو خوف ہو کہ یتیمہ سے نکاح کرلینے مین عدل نہ کرسکوگے تو اسکے سوائے اور بہت عورتین ہین انمین سے تمکو چار تک مباح ہین مترجم کہتا ہی کہ یہ ارتباط حدیث ہی اور بخاری نے حضرت عائشہؓ سے روایت کی کہ ایک مرد کی ولایت مین ایک یتیمہ عورت تھی پس اُس سے نکاح کیا اور اس عورت کا ایک باغ خرما نہایت عمدہ تھا اسکی طرف سے یہی مراد اسکی پرواخت کرتا تھا اور خود اسکا نہ تھا پس اسکے حق مین نازل ہوا قولہ تعالے وان خفتم ان لا تقسطوا۔ اور عروہ بن الزبیر کہتے ہین کہ مجھے خیال آتا ہی کہ میری خالہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا یون کہا تھا کہ یہ عورت اس مرد کے اس باغ ومال مین شریک تھی شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ امام بخاریؒ نے عروہ بن الزبیرؓ سے روایت کی کہ مین نے عائشہؓ سے قولہ تعالے وان خفتم ان لا تقسطوا فی الیتامی الآیہ۔ کی تفسیر پوچھی تو فرمایا کہ اے میری بہن کے لڑکے یہ ایسی یتیمہ عورت کے حق مین ہی جو اپنے ولی کی پرورش مین ہو اور اسکے ساتھ مال مین شریک ہو اور اپنے مال وجمال کی وجہ سے اسکو خوش آتی ہو چاہتا ہو کہ اس سے نکاح کرلے بدون اسکے کہ اسکو اسکا پورا مہر جو کوئی غیر مرد دیتا ہو وہ دیوے پس اللہ عزوجل نے ولی مردون کو منع فرمایا کہ ایسی یتیمہ عورتون سے اسطرح نکاح کرین ہان اگر چاہین تو اسکا پورا مہر اعلی دیکر نکاح کرین

پس حکم دیا گیا کہ اگر ایسا نہ کر سکیں تو ان عورتوں کے سوائے اور عورتیں بہت ہیں جو خوش آویں ان سے نکاح کر لیں۔ پھر حضرت عائشہ رضؓ نے کہا کہ اس آیت کے بعد لوگوں نے رسول اللہ صلعم سے استفتاء طلب کیا تب نازل ہوا قولہ تعالےٰ ویستفتونک فی النساء الآیہ۔ اور عائشہ رضؓ نے فرمایا کہ دوسری آیت میں اللہ عزوجل نے فرمایا۔ وترغبون ان تنکحوہن الآیہ۔ یعنے کوئی تم میں سے اپنی پرورش کی یتیمہ عورت سے بے رغبت ہوتا ہے جبکہ اسکا مال و جمال کم ہو پس منع فرمادیا کہ جب وہ مال و جمال والی ہو تب بھی اس سے نکاح نہ کریں مگر اس طور سے کہ اسکا کامل پورا مہر دیں بجہت اسکے کہ جب کم مال و جمال والی ہوتی ہے تب تو اس سے بے رغبتی کرتے ہیں مترجم کہتا ہے کہ خلط و خبط اقوال پریشان طویل چھوڑ کر مترجم نے اس تفسیر جید صحیح قوی پر اقتصار کیا۔ اب یہاں تک بیان باقی رہا کہ اس آیت کریمہ میں چار ہی عورتوں پر حصر کیونکر ثابت ہوا اور شیخ مفسر نے کچھ بیان نہ فرمایا پس واضح ہو کہ مثنیٰ و ثلث و رباع۔ الفاظ معدولہ ہیں اور کوفیوں و ابو اسحٰق کے نزدیک انمیں قیاس جاری ہو سکتا ہے اور اصح یہ ہے کہ انمیں قیاس کو دخل نہیں بلکہ جہانتک سنے گئے ہیں انمیں پر مقصور ہے اور یہی بصریین کا قول ہے پھر مسموع گیارہ لفظ ہیں۔ احاد۔ موحدہ۔ ثناء۔ مثنیٰ ثلث۔ مثلث۔ رباع۔ مربع۔ مخمس۔ عشار۔ معشر۔ اور سوائے انکے خماس وغیرہ کوئی مسموع نہیں ہیں اور جمہور نحویین کے نزدیک غیر منصرف آئے ہیں پس مثنیٰ و ثلث و رباع کے معنے دو دو۔ اور تین تین اور چار چار ہیں قال البیضاوی اس تکریر یعنے دو دو۔ وغیرہ فرمانے میں ہر ایسے نکاح کرنے والے کو جو جمع کرنا چاہتا ہے یہ اجازت ہے کہ عدد مذکور میں سے جو چاہے لے خواہ سب امت والے بالاتفاق دو ہی دو یا باختلاف کوئی دو اور کوئی تین اور کوئی چار نکاح میں لاوے جیسے کوئی کہے کہ اس توڑے کے دو مونگ دو یا تین تین یا چار چار تقسیم کر لو پس تکریر میں تفریق و توزیع نکلی اور اگر تکریر نہ ہوتی بلکہ مفرد اثنین فی ثلاث و اربع ہوتے تو خلاف مقصود یہ معنے پیدا ہوتے کہ ان اعداد کو جمع کر لو جو نو ہوتے ہیں اور اسی واسطے لفظ واو سے فرمایا تاکہ یہ اختیار رہے کہ کوئی دو نکاح میں لاوے اور کوئی تین اور کوئی چار تک اور اگر لفظ او ہوتا تو یہ بات ممتنع ہو جاتی بسواسطے کہ وہ تو دو امر میں سے ایک ہی کے واسطے ہوتا ہے پس تمام امت جنکو خطاب ہے سب کے سب یا تو اتفاق کر کے دو لیتے یا تین یا چار کیونکہ ان سب میں سے ایک ہی لے سکتے تھے قال المترجم یہاں ایک مقدمہ دیگر ضروری ہے وہ یہ کہ اہل بیان جو شرع پر مامور و مکلف ہیں وہ تمام مخلوق میں سے جس چیز میں تصرف کرنے کے لیے حکم دیے گئے انمیں شرع کی اجازت تک مختار ہیں اگرچہ غیر مامور انکو اصالۃً حاصل ہے پس عورتوں میں نکاح سے تصرف کی اجازت میں چار چار تک حکم ہوا پس یہ یاد رہے اور نہ بھولیں جیسے مال کا مالک کہ تم لوگ اس توڑے کو دو دو یا تین تین یا چار چار کر کے ایک بار لے لو تو اسی پر مقصور ہوگا کہ انمیں سے انتہائے درجہ چار چار سب لے لیں اور باقی چھوڑ دیں یہ نہیں ہو سکتا کہ دس دس کر کے تمام مال ختم کر دیں اور بعض اہل تفسیر نے اعتراض کیا کہ یہ حکم جب مسلم ہے کہ مال معین ہو مثلاً اس توڑے میں سے یا ان ہزار درم میں سے تو یہی حکم ہے اور اگر مطلقاً ہو مثلاً کہا کہ درموں کو باہم بانٹو یعنے جو کچھ کماؤ تو یہ معنے نہیں ہوتے ہیں اور آیت کریمہ اسی قبیل سے ہے از قبیل اول نہیں ہے اور مترجم کہتا ہے کہ یہ دو وجہ سے خطا ہے اول آنکہ معترض نے تمام مال تقسیم کر لینا مبعث قرار دیا حالانکہ میں نے اوپر لکھا کہ یہ مقصد نہیں ہے بلکہ غرض یہ ہے کہ دو یا تین یا چار انہیں سے کسی تعداد پر ایکبار لیلو اور باقی چھوڑ دو پس اسمیں اعتراض کو دخل نہیں اور دوم آنکہ آیت میں عورتیں مانند مردوں کے ہیں کہ ہر ایک متعین نہیں علاوہ بریں اللہ تعالےٰ کے نزدیک سب معلوم معین ہیں پھر مترجم کہتا ہے کہ بعضے اہل تفسیر نے دوسری آیت سے معارضہ کیا کہ قولہ تعالےٰ جاعل الملائکۃ رسلاً اولی اجنحۃ مثنیٰ و ثلث و رباع۔ میں بالاتفاق ملائکہ کے فرشتوں کے بازو فقط چار ہی نہیں ہیں مترجم کہتا ہے کہ یہ بھی میری تقریر پر وارد نہیں ہوتا کیونکہ یہاں فقط اخبار ہے اور انشاء نہیں لفظ آیت میں تو تصرف مباح کا بیان ہے کہ یہانتک تصرف روا ہے اور اسمیں خبر دی کہ فرشتے ایسے ایسے پیدا کیے پھر کہاں یہ اور کہاں وہ

بالجملہ حاصل یہ کہ خطاب جمیع امت کو ہی اور تمام عورتیں انکے لیے محل تصرف اسطرح قرار دی گئیں کہ جو عورتیں جس مرد پر مباح ہیں انہیں سے تصرف بنکاح کے واسطے درصورتیکہ جمع کا ارادہ کرے اجازت ہی کہ دو دو جمع کرے یا تین تین یا چار چار۔ اور اس سے زیادہ کی اجازت ثابت نہیں ہوئی اور آخر میں جو فرمایا۔ فان خفتم ان لا تعدلوا فواحدۃ تو یہ اس صورت میں کہ جمع کا ارادہ نہو پس تکریر تفویض و توزیع ایک صورت میں ہی اور واحدہ دوسری صورت میں ہو پس جو بعض نے زعم کیا کہ خطاب جمع بمنزلہ خطاب واحد ہی بدلیل آخر آیت تو یہ پہلی ہی جہالت پر مبنی ہی جسپر میں نے اول متنبہ کیا اور ایسے شخص سے عجب نہیں جو اس امر کا قائل ہو کہ چار سے زیادہ تو بیک وقت سے نکاح کرنا مباح ثابت ہوتا ہی اور اگر خوف طوالت نہوتا جسکی یہاں گنجایش نہیں ہی تو میں مفصل نقل کرکے اوپر بحث سے جواب دیتا کیونکہ خرق اجماع بڑا مفسدہ ہی اللہ تعالے اپنی راہ مستقیم کی ہدایت کرے اور سنت نبی صلعم پر قائم رکھے آور واضح رہے کہ چار سے زیادہ نکاح میں ایک وقت جمع کرنا حقیقۃً یا حکماً جائز نہیں ہی اور اہل ایمان کسی مفسدہ کے شبہہ میں نہ پڑیں جیسے بعض فرقہ شیعہ قائل ہیں کیونکہ آیت کریمہ سے ثابت ہوا کہ چار سے زیادہ مباح نہیں جیسا کہ بیان ہوا اور محی السنہ نے معالم میں کہا کہ اسپر اجماع ہی کہ امت میں سے کسی فرد کو روا نہیں کہ چار سے زیادہ ایک وقت میں نکاح سے جمع کرے اور زیادہ کا جمع کرنا فقط نبی صلعم کے واسطے مخصوص تھا اسمیں آپ کے ساتھ امت میں سے کسی فرد بشر کو مشارکت نہیں ہی اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ چار ہی عورتوں پر مقصور ہونا اس آیت سے ثابت ہی جیسا کہ ابن عباس و جمہور علما نے فرمایا ہی کیونکہ یہ مقام تو مقام امتنان و اباحت ہی اگر چار سے زیادہ جمع کرنا جائز ہوتا تو ضرور بیان فرمادیا جاتا اور امام شافعی نے فرمایا کہ سنت رسول اللہ صلعم جو اللہ عزوجل کی طرف سے مبین ہی دلالت کرتی ہی کہ سوائے رسول اللہ صلعم کے اور کسی کو چار سے زیادہ جمع کرنا روا نہیں ہی اور یہ جو امام شافعی نے فرمایا ایسا قول ہی کہ اسپر تمام علماے سلف و خلف نے اجماع کیا ہی مترجم کہتا ہی کہ کتاب اللہ تعالے اور اجماع امت سے تو ثابت ہوا کہ چار سے زیادہ جمع کرنا مباح نہیں ہی اب احادیث سننا چاہیے۔ قیس بن الحارث رضی اللہ عنہ کی تحت میں آٹھ عورتیں تھیں پھر جب آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تو چار رکھ لے اور چار چھوڑ دے پس قیس نے جن عورتوں سے انکی اولاد ہوئی تھی کہنا شروع کیا کہ ای فلانہ تو بیٹھ پھیر جا اور جس سے اولاد ہوئی تھی کہا ای فلانہ تو ادھر آ کذا ذکرہ فی المعالم اور ابن ماجہ و نحاس نے قیس بن الحارث سے روایت کی کہ میں مسلمان ہوا اور میرے تحت میں آٹھ عورتیں تھیں میں نے نبی صلعم کے پاس حاضر ہوکر آپ کو خبر دی آپنے فرمایا کہ چار چھانٹ لے اور باقی سب کی راہ چھوڑ دے میں نے ایسا ہی کیا ورواہ ابو داؤد ایضاً شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ امام احمد نے مسند میں کہا کہ۔ حدثنا اسمعیل و محمد بن جعفر قالا حدثنا معمر عن الزھری۔ قال ابن جعفر فی حدیثہ انبانا ابن شہاب عن سالم عن ابیہ (یعنی عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کہ غیلان بن سلمۃ الثقفی مسلمان ہوا اور اسکے تحت میں دس عورتیں تھیں پس نبی صلعم نے اس سے کہا کہ انمیں سے چار کو پسند کرلے پھر جب حضرت عمر رض کی خلافت کا زمانہ ہوا تو اسنے اپنی ان چار عورتوں کو بھی طلاق دیکر اپنا تمام مال اپنی اولاد کے درمیان تقسیم کردیا پس عمر رض کو یہ خبر پہونچی آپنے فرمایا کہ میرا گمان ہی کہ شیطان جن باتوں کو چوری سے کان لگاکر سن آتا ہی وہ تیرے مرنے کی خبر سن آیا اور تیرے دل میں ڈال دیا اور شاید تو زندہ نہ رہیگا مگر تھوڑے دنوں اور قسم ہی اللہ تعالے کی کہ یا تو اپنی عورتوں سے رجعت کرا اور اپنا مال بھی سمیٹ اپس کر ورنہ میں تو ان عورتوں کو تجھسے ضرور میراث دلاؤنگا اور ضرور حکم کرونگا کہ تیری قبر کو سنگسار کیا جاوے جیسے قبر ابو رغال کی سنگسار کی گئی شیخ ابن کثیر نے کہا کہ اس روایت کے راوی سب ثقہ ہیں اور بخاری و مسلم کی شرط پر ہی اور اس روایت کو تا قولہ چار کو پسند کرلے۔ امام شافعی و ترمذی و ابن ماجہ و دار قطنی و بیہقی و ابن ابی شیبہ وغیرہم نے روایت کیا ہی اور قد رواہ عبد الرزاق عن معمر عن الزہری مرسلاً و کذا مالک عن الزہری مرسلاً اور شیخ ابن کثیر نے کہا کہ قد روی

من طرق عن اسمٰعیل بن علیہ وغندر ویزید بن زریع وسعید بن ابی عروبۃ وسفیان الثوری وعیسی بن یونس وعبد الرحمن بن مہدی والفضل بن موسیٰ کلہم من الحفاظ الثقات وقد تابع معمر بل الزہری ایضا فی روایۃ البیہقی من طریق النسائی لبشر بن مشہر عن ایوب عن نافع وسالم عن ابن عمر بہذا رواہ النسائی وقال بعد علی بن الحسکم تفرد بہ بشر بن مشہر وہو ثقۃ وکذا وثقہ ابن معین ۔ مترجم کہتا ہے کہ یہ تخصیص کلام الحافظ ابن کثیرؒ ہے پھر فرمایا کہ اسمیں دلیل ہے کہ اگر چار سے زائد جائز ہوتیں تو رسول اللہ صلعم اسکے واسطے سب کو روا رکھتے حالانکہ سب کے سب اسکے ساتھ مسلمان ہو گئی تھیں جیسا کہ بیہقی ونسائی کی روایت میں مصرح ہے ۔ اور نوفل بن معاویہ الدئلی سے روایت ہے کہ میں مسلمان ہوا اور میرے تحت میں پانچ عورتیں تھیں پس رسول اللہ صلعم نے مجھسے فرمایا کہ چار رکھ لے اور ایک چھوڑ دے رواہ الشافعی ۔ پھر یہ چار کا جواز جمع بھی اسوقت ہے کہ عدل وانصاف رکھنے پر گمان غالب ہو ۔ فَاِنْ خِفْتُمْ اَلَّا تَعْدِلُوْا ۔ فیہن بالنفقۃ والقسم ۔ یعنے پھر اگر خوف کرو تم یہ کہ عدل نہ کر سکو گے ف ان عورتوں میں نفقہ دینے میں اور باری رکھنے میں ۔ فَوَاحِدَۃً ۔ انکحوا ۔ تو ایک ہی کو نکاح میں لاؤ ف اشارہ کیا کہ واحدۃ کو نصب بنا بر بنکہ انکحوا کا مفعول ہو ۔ اَوْ ۔ اقتصروا علی ۔ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ ۔ من الاماء ۔ یا اقتصار کرو اسپر جسکے مالک ہوئے تمہارے داہنے ہاتھ ف یعنے باندیوں پر جنکے تم مالک ہو ۔ اگرچہ وہ کئی ہوں ۔ اذ لیس لہن من الحقوق ما للزوجات ۔ اسواسطے کہ مملوکہ باندیوں کے حقوق ویسے نہیں جیسے نکاح کی ہوئی عورتوں کے ہیں اگر کہا جاوے کہ مفسرؒ نے انکحوا واحدۃ کیوں نہیں کہا تو جواب یہ ہے کہ واحدۃ انکحوا سے اشارہ کیا کہ ما ملکت کا عطف واحدۃ پر نہیں تاکہ انکحوا ما ملکت ہو حالانکہ مملوکہ سے نکاح نہیں ہو سکتا وہ بدون نکاح روا ہے اور نیز انکحوا سے یہ حکم نہیں ہے کہ خوف کی صورت میں ایک عورت سے نکاح ضرور کرو تاکہ واجب ہو بلکہ بیان جواز ہے خوف کرنے والے کے لیے کہ وہ ایک سے زیادہ نکاح میں نہیں لا سکتا ہے ۔ اور قسم بالفتح باری مقرر کرنا اور اسمیں دلالت ہے کہ اپنی مملوکہ باندیوں میں قسم واجب نہیں لیکن مستحب ہے ۔ ذٰلِكَ ۔ ای نکاح الاربعۃ فقط او الواحدۃ او التسری ۔ یعنے ذلک سے اشارہ اس مضمون مذکور کی طرف ہے یعنے فقط چار سے نکاح کرنا یا ایک ہی پر اقتصار کرنا یا باندیوں کو تحت تصرف میں لانا ۔ اَدْنٰى ۔ اقرب الی ۔ نزدیک ہے طرف اس بات کے کہ ۔ اَلَّا تَعُوْلُوْا ۔ نجور وا ۔ تم جور نہ کرو ۔ شیخ ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ زید بن اسلم وسفیان بن عیینہ وشافعیؒ نے الا تعولوا کی تفسیر میں کہا کہ ان لا تکثر عیالکم ۔ یہ کہ تمہارے عیال بہت نہ ہو جاویں اور یہ ماخوذ ہے قولہ تعالے وان خفتم عیلۃ ۔ سے اور عرب کہتے ہیں عال الرجل یعیل عیلۃ ۔ جب کہ فقیر ہو جاوے اور ابن العربی وثعلبی وغیرہ نے کہا کہ کثرت عیال کے معنے میں آعال ہے نہ عال یعنے از باب افعال نہ از باب ثلاثی مجرد ۔ ابو حاتم لغوی نے کہا کہ شافعیؒ زبان عرب خوب جانتے تھے شاید عیال کے معنے انکو معلوم ہوئے ہونگے ولیکن شیخ ابن کثیرؒ نے اسپر اعتراض کیا کہ کثرت عیال کے معنے متسلم بھی یہاں نہیں بنتے ہیں اسواسطے کہ جیسے آزاد عورتوں کی کثرت سے اس امر کا خوف ہے ویسے ہی باندیوں کی کثرت سے بھی یہ خوف موجود ہے پس صحیح اسمیں جمہور کا قول ہے کہ ان لا تعولوا ۔ یعنے ان لا تجوروا ہے کما یقال عال فی الحکم اذا قسط وجار ۔ اور یہی حضرت عائشہؓ سے مروی ہے اور ابن ابی حاتم نے کہا کہ ابن عباس ومجاہد وعکرمہ وحسن وابو مالک وابو رزین ونخعی وشعبی وضحاک وعطا وقتادہ وسدی ومقاتل سے ان لا تعولوا کے معنے ان لا تمیلوا مروی ہیں اور یہ معنے حضرت عائشہؓ سے بھی مروی ہیں پس مراد واحد ہے یعنے میل نہ کرو طرف جور وظلم کے ۔ اور ابن العربیؒ نے کہا کہ عال ۔ ماضی کا صیغہ سات معنے میں آتا ہے ۔ مال ۔ زاد ۔ جار ۔ افتقر ۔ اثقل ۔ قام بمؤنۃ العیال یعنے عیال کی پرداخت کی ۔ غلب ۔ غالب ہوا کما یقال عیل صبری یعنے میرا صبر مغلوب ہو گیا ۔ پس اکثر مفسرین کے نزدیک یعنے جور ہے ۔ وَاٰتُوا ۔ اعطوا ۔ یعنے دیدو ۔ النِّسَآءَ صَدُقٰتِهِنَّ نِحْلَةً ۔ جمع صدقۃ مہور ہیں ۔ عورتوں کو صدقات انکی خوشدلی سے ۔ یہ جمع صدقہ کی ہے یعنے مہور انکے ۔ واضح ہو کہ صداق وکابین میں

فرق یہ ہی کہ کابین سروست دینا ہوتا ہی اور وہ آخر زندگی تک ادا کرسکتا ہی۔ اور نحلہ مصدر بمعنے عطیہ بطیب نفس یعنے نحلہ بخوشی خاطر دینا اور علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس رض سے روایت کی کہ نحلہ مہر ہی اور عن عائشہ ہی الفریضۃ ونحوہ عن قتادۃ ومقاتل وابن جریج ابن کثیر نے ذکر کیا کہ ابن زید نے کہا کہ نحلہ کلام عرب مین واجب ہوا اور مراد یہ کہ عورت سے نکاح نکرے مگر بعوض کسی چیز واجب کے اور سوائے بنی صلعم کے کوئی کسی عورت سے بلا مہر نکاح نہین کرسکتا اور حاصل یہ کہ مرد پر واجب ہی کہ جورو کو اسکا مہر ضرور دے اور خوشی خاطر سے دے جیسے نحلہ دیتے ہین اور مترجم کہتا ہی کہ ائمہ حنفیہ رح کے نزدیک نکاح اگرچہ بلفظ ہبہ جائز ہی مگر مہر مثل واجب ہوگا اور تفصیل اسکی ترجمہ فتاوے عالمگیری سے تلاش کرو اور قرطبی نے ذکر کیا کہ علماء کا اجماع ہی کہ شوہر پر جورو کا مہر واجب ہوتا ہی خواہ مہر مسمی یا مہر مثل اور نیز کہا کہ علما کا اجماع ہی کہ مہر کے زیادہ ہونے کی کوئی حد نہین اور کم کی جانب اختلاف ہی قال المترجم چنانچہ شافعی سے روایت ہی کہ بیع مین جو مول ہوسکتا ہی وہ نکاح مین مہر ہوسکتا ہی اور ائمہ حنفیہ کے نزدیک دس درم سے کم نہین ہوسکتا اور واضح ہو کہ جو لوگ حیثیت سے زائد مہر مقرر کرتے ہین کہ اسکو ادا نہین کرسکتے تو عاقبت مین اپر وبال ہوگا اگر دنیا مین عفو نہوا پس اس سے احتراز واجب ہی اور مہرین سے جبرًا لینا حرام وقبیح ہی فَاِنْ طِبْنَ لَكُمْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ نَفْسًا۔ تمیز محول عن الفاعل ای ان طابت انفسھن لکم عن شئی من الصداق فوھبنہ لکم۔ یعنے نفسا جو تمیز واقع ہونے سے منصوب بہ فاعل سے تحویل کیا گیا یعنے دراصل طبن کا فاعل تھا ای اگر خوش ہون نفس ان عورتون کے تمہارے واسطے کچھ چیز دینے پر اس مہر مین سے جو تمنے انکو خوشی سے ادا کیا ہی پس وہ چیز مہر مین سے تمکو ہبہ کردین۔ فَكُلُوْهُ هَنِيْٓـًٔا مَّرِيْٓـًٔا۔ لیبا۔ تو کھاؤ تم اس چیز کو کھانا پاکیزہ۔ محمود العاقبۃ لاضرر فیہ علیکم فی الآخرہ۔ جسکا انجام کار اچھا ہی آخرت مین تمپر اسکا کچھ ضرر نہین ہی اگر کہا جاوے کہ مال ہبہ تو کھانا جائز معلوم ہی پھر کیا حکمت ہی کہ بیان فرمایا تو مفسر رح نے جواب دیا نزل ردا علی من کرہ ذالک یعنے جس بندے نے اسکو اپنے وہم سے مکروہ سمجھا تھا اسکے رد کرنے کو نازل ہوا۔ اس سے ظاہر ہوا کہ کلوہ کا امر واسطے وجوب کے نہین بلکہ جواز کے واسطے ہی کیونکہ رد ہی اسکا جو مکروہ جانتا تھا بعض نے فرمایا کہ آتوا کا حکم عورت کے اولیاء کو ہی چنانچہ ابو صالح سے روایت ہی کہ حال یہ تھا کہ جب کوئی اپنی دختر کو بیاہ دیتا تو اسکا مہر خود لے لیتا اسکو نہین لینے دیتا پس اللہ عز وجل نے نازل فرمایا واتوا النساء صدقاتھن نحلہ پس اس سے منع کردیا رواہ ابن جریر وابن ابی حاتم

وَلَا تُؤْتُوا السُّفَهَآءَ اَمْوَالَكُمُ الَّتِيْ جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيٰمًا وَّارْزُقُوْهُمْ فِيْهَا وَاكْسُوْهُمْ

اور مت دیدو بے عقلون کو اپنے مال جو بنائے اللہ تعالے نے تمہارے واسطے گذران اور انکو اسمین کھلاؤ اور پہناؤ

وَقُوْلُوْا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوْفًا وَابْتَلُوا الْيَتٰمٰى حَتّٰٓى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ ۚ فَاِنْ اٰنَسْتُمْ

اور کہو انسے بات معقول اور سدھارتے رہو یتیمون کو جب تک پہونچین نکاح کی عمر کو پھر اگر دیکھو ان مین

مِّنْهُمْ رُشْدًا فَادْفَعُوْٓا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ ۚ وَلَا تَاْكُلُوْهَآ اِسْرَافًا وَّبِدَارًا اَنْ

ہوشیاری تو حوالہ کرو انکو انکے مال اور کھا نہ جاؤ انکو اوڑا کر اور گھبرا کر کہ یہ

يَّكْبَرُوْا ۭ وَمَنْ كَانَ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ ۚ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ بِالْمَعْرُوْفِ ۭ

بڑے نہ ہوجاوین اور جو کوئی غنی ہو تو چاہیے کہ بچتا رہے اور جو کوئی محتاج ہو تو کھاوے موافق دستور کے

فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا ۝

پھر جب انکو حوالے کرو انکے مال تو شاہد کرلو ان لوگونپر اور اللہ بس ہی حساب سمجھنے والا

وَلَا تُؤْتُوا - ایہا الاولیاء - یعنے یہ خطاب اولیا کو ہی خواہ مجنون و بیوقوف وغیرہ مردون کے ولی ہون یا عورتون کے یا بچون کے جو بالغ نہین خواہ یتیم ہون یا نہون - السُّفَهَآءَ - المبذرین من الرجال والنساء والصبیان - یعنے ایسے بیوقوفون کو جو بے ڈھنگ مال برباد کرتے ہین مرد ہون یا عورتین یا نابالغ لڑکے لڑکیان - اور نہ دینے کے معنے یہ کہ انکو قابو مت دو اور سفہاء کی تفسیر متین سلف کے اقوال یہ ہین کہ ضحاک عن ابن عباسؓ وہ تیرے بیٹے اور جورو ہین بے ڈھنگ ہین اور یہی قول حضرت ابن مسعود و حکم بن عتیبہ و حسن و ضحاک کا ہے - عن سعید بن جبیر وہ یتیم لڑکے لڑکیان اور مترجم کہتا ہے کہ اس قول پر مراد یہ کہ یتیمون کے مال انکے ہاتھ مت دو کہ برباد کرین پس اموالکم کے یہ معنے کہ انکے مال جو تمہارے پاس ہین نہ آنکہ اپنے ذاتی مال مت دو عن مجاہد و عکرمہ و قتادہ وہ عورتین ہین - اور ابو امامہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ عورتین سب سفیہ ہین سوائے اسکے جو اپنی قیم یعنے کام درست کرنے والے کی اطاعت کرے رواہ ابن ابی حاتم و ابن مردویہ اور ابو ہریرہؓ سے ہے کہ وہ باندی غلام ہین رواہ ابن ابی حاتم - بالجملہ شاید مفسر نے اشارہ کیا کہ سفہاء کا لفظ ان سبکو شامل ہے - لیکن کلام مابعد اسکو مساعد نہین - اَمْوَالَكُمُ - ای اموالہم التی فی ایدیکم - یعنے اموالکم مین اضافت ملک نہین بلکہ قبضہ ہے ای انکے مال جو تمہارے قبضہ مین امانت ہین - الحاصل ای اولیا تمہارے پاس جن بیتیمون لڑکون یا لڑکیون وغیرہ کے اموال ہین تم ان اموال کو انہین سے احمقون کو مت دو بدو کیونکہ ان اموال کو اللہ تعالے نے تمہارے سامان آخرت کا قوام کر دیا ہے چنانچہ ان اموال کی صفت بیان کی اور احتیاط کے سبب کا اشارہ کیا کہ - الَّتِي جَعَلَ اللّٰهُ لَكُمْ قِيَامًا - مصدر قام ای تقوم بہ معاشکم وصلاح اولادکم فیضیعوہا فی غیر وجہہا - یعنے اکثر کی قرارت مین قیاما بالف مصدر قام یقوم قیاما ہے یعنے جس سے تمہاری زندگی اور تمہاری اولاد کی درستی کا قیام ہے اور حاصل یہ کہ مت دو بیوقوفون کو ایسا مال کہ وہ اسکو بے راہ ضائع کر ڈالین - وفی قراءۃ قیما جمع قیمۃ ما یقوم بہ الاشیاء - یعنے نافع و ابن عامر کی قرارت مین قیما بدون الف کے جمع قیمت ہے یعنے وہ چیز جس سے متاع کا اندازہ لگایا جاتا ہے - واشیاء جمع متاع ہے جس سے انسان نفع لگاتا ہے پھر وہ فنا ہوتی ہے اور معنے یہ کہ بیوقوفون کو اپنے وہ مال مت دو جنکو اللہ تعالے نے تمہاری زندگانی کے واسطے قیمت کر دیا ہے - وَارْزُقُوهُمْ فِيهَا - اطعموہم منہا واکسوہم - یعنے انکو کھانا دو انکو ان اموال مین سے - اشارہ کیا کہ فی بمعنے من ہے اور زمخشری نے اپنے معنے پر رکھا ای ان اموال کو انکے رزق دینے کی جگہ بناؤ - یعنے طور کہ تجارت کرکے اسکے نفع سے کھلاؤ اور معالم مین فرمایا کہ فیہا مین اشارہ ہے کہ انکو رزق کا محل تصرف بناؤ یہ مت سمجھو کہ رزق اس سے ہے بلکہ مقدر ہے اور یہ ان لوگون کے حق مین جنکا ان نفقہ اسپر واجب ہے نا آنکہ مراد فقط یتیم کا مال ہون - وَاكْسُوهُمْ وَقُولُوا لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا - عدوہم عدۃ جمیلۃ باعطائہم اموالہم اذا رشدوا - اور انکو کپڑا دو اور انسے قول معروف کہو سے قول معروف کہنے سے یہ مراد ہے کہ انکو بھلا وعدہ دو یعنے طور کہ یہ سب مال تمہارے ہین جب تم راہ پر آؤ ہم تمکو دیدینگے - اور علی بن ابی طلحہ نے ابن عباسؓ سے تمام آیت کے معنے یہ روایت کیے کہ تو یہ مت کر کہ جو مال تجھے اللہ تعالے نے دیا اور تیری معیشت کیا ہے اسکو اپنی جورو یا دختر کو دیدے پھر تو انکا دست نگر ہو جاوے بلکہ اپنے پاس رکھو اور اسکو درست کر اور تو ہی انکے کھانے کپڑے کی خبر گیری کر - وَابْتَلُوا - امتحنوا واستخبروا - الْيَتٰمٰى - قبل البلوغ فی دینہم وتصرفہم فی اموالہم - یتیمون کو انکے بالغ ہونے سے پہلے انکے دین کے معاملہ مین اور انکے اپنے مالون مین تصرف کرنے کے معاملہ مین - یعنے طور کہ اگر پیشہ ور کا بچہ ہے تو اپنے پیشہ مین ڈھنگ سے چلتا ہے یا نہین اور اگر زمیندار ہے تو اسمین انتظام اچھا کرتا ہے اور تاجر ہے تو تجارت مین کماؤ ہے اور خطیب شافعی نے کہا کہ یہ امتحان قبل بلوغ کے ہے اور جس معاملہ کو وہ قرار دے وہ پورا ہوگا یہ صرف امتحان ہے اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اسکو ایسی چیز دیدے جسمین وہ تصرف کرے

یہانتک کہ کھلے کہ اسکا نتیجہ کیا نکلا اور مدارک مین کہا کہ اسمین دلیل ہی کہ طفل عاقل کو تجارت کی اجازت دینا روا ہی اور اگر بدون اجازت تجارت کے اسنے تصرف کیا تو اسکے دل کی اجازت پر موقوف رہیگا حَتّٰۤى اِذَا بَلَغُوا النِّكَاحَ - حتی کہ جب لوگ نکاح کو پہونچ جاوین - ای صاروا اھلا لہ بالاحتلام او السن وھو استکمال خمس عشرۃ سنۃ عند الشافعی - یعنے بلوغ نکاح سے حقیقی وصول نکاح نہین بلکہ مراد یہ کہ نکاح کے لائق ہو جاوین خواہ باین طور کہ طفل یتیم کو احتلام ہوا ور دختر یتیمہ کو حیض آوے یا سن بلوغ کو پہونچ جاوین اور وہ امام شافعی رح کے نزدیک پورے پندرہ برس ہین قال فی الکمالین اور یہی قول اوزاعی و ابن وہب و ابو یوسف و محمد رحمہم اللہ کا ہی اور یہی ایک روایت امام ابو حنیفہ رح سے ہی اور یہی صحیح ثابت از حدیث ابن عمر و صحیحین اور اسی پر فتوی ہی اور دوسری روایت مین اٹھارہ برس ہین اور یہی قول سفیان ثوری رح کا ہی اور امام مالک و احمد و اسحاق و لیث بن سعد کے نزدیک زیر ناف کے کڑے بال جمنے پر ہی اور شافعی رح نے کہا کہ ایسی باتون سے کافر کے حق مین بلوغ کا حکم ہوگا مسلمان کے حق مین نہوگا قال المترجم وجہ یہ کہ مسلمان تو علاج سے ایسا کر لیتے ہین تاکہ بیت المال سے انکا حق مقرر ہو جاوے اور کافر اس خوف سے نہین کرتے کہ انپر جزیہ مقرر ہوگا - شیخ ابن کثیر رح نے کہا کہ صحیح یہ ہی کہ سب کے حق مین بلوغ ہی کیونکہ یہ امر جبلی ہی اور معالجہ کا احتمال بعید ہی اور امام احمد نے عطیہ قرظی سے روایت کی کہ جس روز بنو قریظہ بحکم سعد بن معاذ اپنے قلعہ سے ہتھیار ڈالکر نکلے اور سعد رض نے جنکو حکم بدا تھا یہ حکم لگایا کہ اسمین سے لڑنے والے یعنے بالغ قتل کیے جاوین اور نابالغ قید کیے جاوین یعنے لونڈی غلام بنا کے جاوین تو حضرت صلعم نے حکم کیا کہ دیکھو کس کے بال جمے ہین پس جسکے بال جمے تھے وہ قتل ہوا اور جسکے نہین جمے تھے وہ چھوڑا گیا اور مین اسمین تھا جو چھوڑا گیا و قد رواہ اصحاب السنن بنحوہ و قال الترمذی حدیث حسن صحیح - فَاِنْ اٰنَسْتُمْ - ابصرتم - تم دیکھو اور یہ قلبی دیکھنا ہی نہ آنکھ سے رُشْدًا - صلاحا فی دینہم و مالہم - یعنے رشد سے مراد صلاحیت ہی دین مین اور مال کے تصرف کرنے مین یعنے دین مین صالح ہو حرام و صواب پر مال خرچ کرتا ہی اور مال کی حفاظت رکھتا ہی بخلاف فاسق کے اور یہی تفسیر حضرت ابن عباس و حسن و سعید بن جبیر و دیگر ائمہ فقہا سے مروی ہی یعنے پھر اگر انکی طرف سے رشد دیکھو تو - فَادْفَعُوْۤا اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ - انکو انکا مال دیدو - یعنے حد بلوغ سے بدون تاخیر کے دیدو اور اسکا مفہوم یہ ہی کہ اگر کسیسے رشد نہ دیکھا جاوے تو اسکا مال نہ دیا جائیگا اور یہی قول امام شافعی و ابو یوسف و محمد کا ہی اور امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک بنا بر یکہ اٹھارہ برس کا سن بلوغ ہوتا ہی سات برس زائد یعنے پچیس برس کے سن تک انتظار کیا جائیگا اور سات برس کی مدت تغیر احوال کے واسطے معتبر ہی کہ طفل کو تمیز ہوتی اور اسپر نماز کا حکم کیا جاتا ہی پس اسقدر انتظار کر کے اسکا مال اسکو دیدیا جائیگا اگرچہ اس سے رشد نہ دیکھا جاوے اور مفہوم سے استدلال کرنا ہمارے نزدیک ناتمام ہی اور اگر تسلیم بھی کیا جاوے تو آیت مین لفظ رشد نکرہ ہی پس ادنے رشد جسپر بولا جاتا ہی مراد ہوگا اور اس سن پر اسقدر پایا جاتا ہی کیونکہ اسکی فرع اب اصل ہو جائیگی پس وہ اصل ہونے مین درجہ انتہا پر پہونچ گیا - اگر کہا جاوے کہ امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک آزاد بالغ پر حجر نہین جائز ہی یعنے قاضی اسکو اپنی ملک مین تصرف کرنے سے منع نہین کر سکتا باین طور کہ اسکا تصرف نافذ نہو پھر انتظار کے کیا معنے ہین تو جواب یہ ہی کہ یہ انتظار بغرض حصول رشد ہی نہ آنکہ حجر ہی پھر جاننا چاہیے کہ صاحبین یعنے امام ابو یوسف و امام محمد و دیگر ائمہ مجتہدین جمہور نے آزاد بالغ پر بھی جبکہ سفیہ وغیرہ ہووے حجر جائز رکھا ہی اور اسی آیت سے سفیہ کے محجور ہونے پر استدلال کیا اور مروی ہی کہ جعفر بن ابی طالب نے ساٹھ ہزار درم کو ایک ریتیلی زمین خریدی تو حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کہا کہ مین عثمان رض کے پاس جاتا ہون تجھے محجور کرانے کو پس پہر بن العوام رض نے کہا کہ ہان مین اسکا شریک ہون تو عثمان رض نے کہا کہ بھلا مین ایسے شخص کو کیونکر محجور کرون جسکے شریک زبیر بن العوام ہین پس یہ دلالت کرتا ہی کہ صحابہ رضی اللہ عنہم مین محجور کرانا آزاد بالغ کا جاری تھا اور کلام اسمین طویل ہی - وَلَا

تَاْكُلُوْهَآ۔ ایہا الاولیاء۔ یہ خطاب یتیم کے اولیاء کو ہی۔ اِسْرَافًا۔ بغیر حق۔ مراد اسراف سے بغیر حق ہی ای لاتاکلوہا مسرفین ومبادرین وَبِدَارًا۔ ای مبادرین ال الفاقہا مخافۃ۔ اَنْ یَّكْبَرُوْا۔ رشدًا فیاز مکم تسلیمہا الیہم۔ یعنے ای اولیاء تم مت کھاؤ یتیموں کے مال کو اسراف و بدارًا ای درحالیکہ اسراف اور مبادرت و جلدی کرنے والے ہو اس مال کے خرچ کرنے میں اس خوف سے کہ یہ یتیم بالغ ہوں رشد کے ساتھ پس تم پر بلا تاخیر کے لازم آوے کہ انکو انکے اموال سپرد کردو یعنے اس خوف سے مبادرت نہ کرو کہ یہ رشد سے بالغ ہوے تو سب دینا پڑیگا۔ پس لاتاکلوہا بالفعل ہی کھاجاوے لہذا اسراف وبدار سے کھانا تو مطلقًا حرام کیا خواہ ولی اسکا تونگر ہو یا فقیر ہو اور بدون اسکے تفصیل فرمائی کہ۔ وَمَنْ كَانَ۔ من الاولیاء۔ غَنِيًّا فَلْيَسْتَعْفِفْ۔ ای یعف عن مال الیتیم ویمتنع من اکلہ۔ یعنے اولیاء میں سے جو تونگر ہو اسکو چاہیے کہ استعفاف کرے۔ ای عفت اختیار کرے مال یتیم سے اور اسکو کھانے سے باز رہے۔ اور عفت یعنے باز رہنا اس چیز سے جو حلال نہیں پس استعفاف تو عفت سے بھی زیادہ کمال مبالغہ ہی۔ وَمَنْ كَانَ فَقِيْرًا فَلْيَاْكُلْ۔ منہ۔ بِالْمَعْرُوْفِ۔ بقدر اجرۃ عملہ۔ اور جو فقیر ہو تو مال یتیم سے بقدر معروف کھاوے یعنے بقدر مزدوری۔ یعنے بالمعروف کی یہ تفسیر ہی کہ اپنے کام کی اجرت کے قدر کھاوے۔ اور ایسا ہی بخاری نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت کیا۔ پس مال یتیم میں اگر تجارت کرے یا اسکی زمین میں زراعت کرے یا مانند اسکے تو دستور کے موافق جو کچھ ایسے کام کی کم سے کم مزدوری دیجاتی ہو اسقدر کھاوے اور ضامن نہ ہوگا اور نہ وہ اسپر قرضہ رہیگا اور یہی قول حضرت عائشہؓ و ایک جماعت اہل علم مانند عطاء ابن ابی رباح و عکرمہ و ابراہیم نخعی و حسن بصری وغیرہم کا ہی اور انمیں سے جو کہتے ہیں کہ عوض دینا پڑیگا بعض نے کہا کہ سخت ضرورت کے وقت بدون اجرت کام وغیرہ کے بقدر جان پروری کھالیوے اور بعض نے کہا کہ اجرت مثل اور قدر حاجت میں سے جو کم مقدار ہی وہ کھاوے بالجملہ اصحاب شافعی کے نزدیک یہی صحیح ہی کہ مال یتیم سے جو بطور معروف کھایا اسکی ضمان لازم نہیں ہی اور یہی جمہور فقہا کا قول ہی۔ اور ایک قوم نے فرمایا کہ فلیاکل بالمعروف سے مراد فرض ہی کہ حاجت کے وقت کھالیوے اور جب میسر آوے تو اسکی مثل دیدے اور یہ قول عمر بن الخطاب و ابن عباس و عبیدہ سلمانی و ابن جبیر و شعبی و مجاہد و ابو العالیہ و اوزاعی وغیرہم سے مروی ہی چنانچہ براء ابن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ عمر رضی اللہ عنہ مجھسے فرمایا کہ میں نے اپنے آپ کو اللہ تعالے کے مال میں یعنے خزانہ بیت المال میں بمنزلہ اس شخص کے قرار دیا ہی جو یتیم کا ولی ہوتا ہی کہ اگر مجھے بہت ضرورت پیش آئی تو میں اسمیں سے بقدر ضرورت لیتا ہوں پھر جب اللہ تعالے نے میرے ہاتھ آسانی دی تو جسقدر لیا اسقدر اسمیں واپس کھدیتا ہوں اور اگر حاجت نہیں ہوتی تو اس سے تعفف کرتا ہوں رواہ سعید بن منصور قال ابن کثیر باسناد صحیح ونحوہ ابن ابی الدنیا عن حارثۃ بن مضرب عنہ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ کمال پرہیزگاری و احتیاط ہی اور آیت کریمہ دلالت کرتی ہی کہ دستور کے موافق بقدر اجرت کار کھالینا بدون ضمان کے روا ہی وقد روی الامام احمد من حدیث عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ مرفوعا کہ ایک مرد نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ میرے پاس کچھ مال نہیں اور میری ولایت میں ایک یتیم ہی تو آپنے فرمایا کہ تو اپنے یتیم کے مال میں سے کھا درحالیکہ تو اسراف کرنے والا نہو اور فضول برباد کرنے والا نہو اور نہ مال جمع کرنے والا ہو اور نہ اسکا مال دیکر اپنا مال بچانے والا ہو۔ اور ابن ابی حاتم کی روایت میں فرمایا کہ بطور معروف خرچ کرنے درحالیکہ تو اسراف کرنے والا نہو رواہ ابو داؤد والنسائی وابن ماجہ اور ایسا ہی منصور ابن حبان وابن مردویہ نے جابر رضی اللہ عنہ سے مرفوعا روایت کیا ہی۔ فَاِذَا دَفَعْتُمْ اِلَيْهِمْ۔ ای الیتامی۔ پھر جب تمنے دیدیے انکو۔ یعنے یتیموں کو یعنے اَمْوَالَهُمْ فَاَشْهِدُوْا عَلَيْهِمْ۔ انہم تسلموا ہا وبرئتم لئلا یقع اختلاف فترجعوا الی البینۃ وہذا امر ارشاد۔ انکے مال تو اوپر گواہ کرلو۔ یعنے

گواہ کرلو اپر اسکے کہ انھون نے وصول پایا تمھارے سپرد کرنے سے اور تم یہ بھی ہوسکے تاکہ اختلاف نہ پڑے اور وصول نہ پانے کے
تم گواہون کی طرف رجوع کرو اور یہ حکم امر کا وجوب کے لیے نہیں بلکہ امر ارشاد ہی یعنے دنیاوی کام مین ڈھنگ بتلادیا کہ شرعی مواخذہ ظاہر سے
تمھارے حق مین بچاؤ اسطرح ہی اور بیضاوی وغیرہ مین ہی کہ اس کلام مین دلیل ہی کہ جو متولی یتیم ہی اگر دعوی کرے کہ مین نے یتیم کو اسکا مال دیدیا
اور یتیم وصول پانے سے انکار کرتا ہی تو اسکے قول کی بدون گواہون کے تصدیق نہوگی اور یہی امام شافعی مالک کا مذہب ہی اور امام ابو حنیفہ
نے اسکے خلاف فرمایا ہی کیونکہ یتیم کے متولی کو اللہ تعالے نے امین قرار دیا ہی تو وہ ضمین نہین ہی **وکفی باللہ** - الباء زائدۃ - یعنے باللہ کی باء زائد ہی
**عکبری** نے کہا کہ اسکا فائدہ یہ ہی کہ امر کے معنے پر دلالت کرے کیونکہ تقدیر کلام یہ ہی اکتف باللہ - ای اکتفا کر ساتھ اللہ تعالے کے **حسیبا**
حافظا لاعمال خلقہ و محاسبہم - کہ وہ حافظ ہوا اپنے مخلوق کے کامون کا اور اسپر انکا حساب کرنے والا ہی قیامت وغیرہ مین اور اس کلام مین وعید
شدید ہی پس اولیاء یتیم توڑین کہ انکا مال اسراف وغیرہ سے نہ کھاوین اور بلوغ پر دیدین اور درستی کو پیش نظر رکھین اور یتیمون کو تہدید ہی کہ وصول
پاکر انکار نہ کرین اور شکر گزار رہین **فتح البیان** مین ہی قولہ تعالے فان انستم منہم رشدا - رشد سے یہان واللہ اعلم یہ اشارہ ہی کہ معرفت الٰہی
اور اسکی محبت اور سنت رسول اللہ صلعم کے موافق اللہ تعالے کی راہ پر ثابت رہے اور بعض نے کہا کہ صحابہ رضی اللہ عنہم کے طور پر سنت کا برتاؤ
ہی اور بعض نے کہا کہ سنت طریقہ پر عبادات پر قائم رہے اور ابن عطاء نے کہا کہ رشید وہ ہی جو الہام و وسوسہ مین فرق کرے -

**لِلرِّجَالِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ ۖ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ**

مردون کے لیے حصہ ہی اسمین سے جو چھوڑمرین ماں باپ اور ناتے والے اور عورتون کے لیے بھی حصہ ہی اسمین سے جو چھوڑمرین

**الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ مِمَّا قَلَّ مِنْهُ أَوْ كَثُرَ ۚ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا ۝**

ماں باپ اور ناتے والے اس تھوڑے مین سے یا بہت مین سے حصہ مقرر کیا ہوا

ونزل ردا لما کان علیہ الجاہلیۃ من عدم توریث النساء و الصغار - نازل ہوا یہ کلام اس رسم کے رد کرنے کو جسپر اہل جاہلیت قائم تھے
کہ میراث نہین دیتے عورتون کو اور نہ صغیر بچون کو **مقتر حمہم** کہتا ہی کہ شیخ ابن کثیر رحمہ نے ذکر کیا کہ سعید بن جبیر و قتادہ نے کہا کہ مشرکون کا
قاعدہ تھا کہ میراث کا تمام مال بالغ مردون کا کردیتے اور عورتون کو و اطفال کو اگرچہ لڑکے ہون کچھ نہین دلاتے پس یہ آیت نازل ہوئی اور
ابن مردویہ نے جابر رضہ سے روایت کی کہ ام الحرآئی رسول اللہ صلعم کے پاس اور عرض کیا کہ میری دو بیٹیان ہین انکا باپ مرگیا اور انکے کھانے
کو کچھ نہین ہی پس اللہ تعالے نے یہ آیت نازل فرمائی وسیاتی انشاء اللہ تعالے اور معالم مین ذکر فرمایا کہ اوس بن ثابت الصاری نے
وفات پائی اور تین بیٹیان چھوڑین اسکی جورو نے آکر رسول اللہ صلعم سے عرض کیا کہ اوس بن ثابت انتقال کیا اور اچھا مال چھوڑا جو سوید و عرفجہ اسکے چچازاد بھائیون نے
لیا اب ان بیٹیون کے پاس کچھ کھانے کو نہین ہی اور حضرت صلعم سے سوید و عرفجہ نے کہا کہ یارسول اللہ اسکی اولاد گھوڑے پر سوار ہونے اور دشمن کو دفع کرنے اور
مشقت برداشت کرنے کے لائق نہین ہی پس یہ آیت نازل ہوئی تو رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے اوس کی بیٹیون کا حق مقرر فرمایا ہی تم اسکے مال کو ہاتھ نہ لگاؤ
یہانتک کہ اسکی مقدار نازل ہو پھر اللہ تعالے نے نازل فرمایا **یوصیکم اللہ فی اولادکم الایہ** و عنقریب یہ مواریث مین شان نزول بطریق بسط بیان ہوگا انشاء اللہ تعالے
**بیضاوی** نے کہا کہ خطاب پہلے اولیاء یتیم کو ہی پھر اسکے بعد بیان نازل ہوا تو بیان کی تاخیر عائد ہونا ثابت ہوا **قال المترجم** اسقدر تو آئمہ حنفیہ بھی قائل ہین اور شاید
اسمین تو کسیکو یہ وجہ عجیبہ کلام نہو ہان خلاف اسمین البتہ ہی کہ ضرورت کے وقت سے بیان مین تاخیر ہونا جائز ہی یا نہین فافہم - **للرجال** للاولاد و
الاقارب - یعنے مردون سے عام مراد ہین خواہ اولاد ہون یا ناتے دار ہون اگرچہ استحقاق مین ایک دوسرے کے بعد اپنی اپنی شرط سے ہون

جو آگے بیان ہوگی۔ نَصِيبٌ۔ حظ۔ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ۔ المتوفون۔ مردون کے لیے یعنے اولاد اور اقارب کے لیے حصہ ہے اس مال سے جو والدین و اقارب نے چھوڑا یعنے بعد وفات کے اور یہ ترک کے لفظ سے جو انکے محاورہ مین ایسے مقام پر بولا جاتا ہے کہ بعد چھوڑنے کے پر بولا جاتا ہے مفہوم ہوا اور چونکہ اقربین کے ترکہ سے رجال کا حصہ فرمایا تو معلوم ہوا کہ رجال شامل ہے اولاد و اقارب دونون کو کیونکہ اقربین کا وارث بھی میت کا اقرب ہوگا کیونکہ یہ رشتہ دونون طرف سے ہے۔ وَلِلنِّسَاءِ نَصِيبٌ مِّمَّا تَرَكَ الْوَالِدَانِ وَالْأَقْرَبُونَ۔ نساء سے مراد مونث اولاد و ناتے دارین خواہ بچہ ہون حتی کہ میت کی وفات کے وقت حمل ہون تو بھی اس میراث کے مستحق ہونگے جیسے اگر رجال سے مراد مذکرین خواہ طفل ہون یا مراہق قریب بلوغ یا پورے مرد ہون حتی کہ حمل مذینہ کو بھی شامل ہے اور یون نفرمایا کہ وللنساء کذلک اسمین فقوی دینے کی تعلیم ہے کہ صاف بسط سے ہو اور حدیث صحیح مین ہے کہ حضرت کلمہ جامعہ کو مفصل اور تین بار فرماتے تھے مِّمَّا قَلَّ مِنْهُ۔ ای المال۔ أَوْ كَثُرَ۔ یہ بدل ہے قولہ ماترک سے باعادہ حرف جار اور منہ کی ضمیر مبدل منہ کی طرف راجع ہے اور چونکہ مبدل منہ سے مراد مال متروکہ ہے لہذا مفسر رح نے ضمیر کو مال کی طرف راجع کیا اور حاصل کلام یہ کہ میت کی اولاد یا ناتے دار خواہ مذکر ہون یا مونث ہون بشرطیکہ میت کی وفات کے وقت انکا وجود قطعی[1] ہو اگرچہ نطفہ سے ہو انکو میت کے مال متروکہ مین سے خواہ مال قلیل ہو یا کثیر ہو حصہ ہے پھر اس حصہ کو فرمایا۔ جعلہ اللہ۔ نَصِيبًا مَّفْرُوضًا۔ یعنے کر دیا اسکو اللہ تعالے نے حصہ فرض کیا ہوا۔ پس مفسر رح نے نصیبا جعلہ اللہ۔ مقدر کا دوسرا مفعول قرار دیا اور معالم مین فرمایا کہ نصیبا سکو بقطع ہے یعنے مفعول مطلق فعل محذوف کا ہے اور مفسر رح نے مفروض کی تفسیر کی ای مقطوعا تسلیمہ الیہم۔ یعنے ان وارثون کو اسکا سپرد کرنا مقطوع کیا گیا پس فرض بمعنے قطع لیا۔ اور مترجم کہتا ہے کہ لغت مین فرض بمعنے قطع و تقدیر ہے جیسے قولہ فریضۃ من اللہ۔ مین ہم نے کہا ہے وسیاتی انشاء اللہ تعالے اور یہان بمعنے قطع ہے اور ہمارے نزدیک فرض و واجب مین شرعاً فرق ہے پس فرض وہ ہے جو بدلیل قطعی ثابت ہو اور واجب مین گو نہ ظن و گمان ہوتا ہے لیکن یہ امر بعد رسول اللہ صلعم کے پیدا ہوا اور نہ اسوقت دونون متحد تھے۔ اور فقط اعتقادی فرق ہے ورنہ عمل کرنا تو دونون پر حتمی ہے اور شافعیہ نے یہ فرق نہین کیا اور صحیح یہ ہے کہ یہ فرق معقول ہے اور شارح منہاج بیضاوی نے بھی اسکا اقرار کیا ہے پھر چونکہ آیت کریمہ مین یہ حصہ اللہ تعالے کی طرف سے مفروض ہے تو ثابت ہوا کہ وارثون کے ساقط کرنے سے ساقط نہوگا اور اگر وارث خود اعراض کرے اور قبول نہ کرے تو مانند وصیت کے جو ساقط ہو جاتی ہے یہ ساقط نہوگا اور اگر ایک وارث نے بدون تقسیم و وصول کے اپنا حصہ اور وارثون کو ہبہ کر دیا تو چاہیے کہ امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک صحیح نہوا اسلیے کہ اسمین غیر مقسوم کا ہبہ ہے اور یہ مشاع لنکے نزدیک باطل ہے فافہم

وَإِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ أُولُو الْقُرْبَىٰ وَالْيَتَامَىٰ وَالْمَسَاكِينُ فَارْزُقُوهُم مِّنْهُ وَقُولُوا

اور جب حاضر ہون تقسیم کے وقت ناتے والے اور یتیم اور محتاج تو انکو کچھ رزق دو اور کہو

لَهُمْ قَوْلًا مَّعْرُوفًا ۝ وَلْيَخْشَ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا مِنْ خَلْفِهِمْ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا خَافُوا

انکو بات معقول اور چاہیے کہ ڈرین وہ لوگ کہ اگر چھوڑین اپنے پیچھے اولاد ضعیف خوف کرین

عَلَيْهِمْ فَلْيَتَّقُوا اللَّهَ وَلْيَقُولُوا قَوْلًا سَدِيدًا ۝ إِنَّ الَّذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ الْيَتَامَىٰ

اوپر پس چاہیے کہ ڈرین اللہ سے اور کہین بات سیدھی بیشک جو لوگ کھاتے ہین مالون کو یتیمون کے

ظُلْمًا إِنَّمَا يَأْكُلُونَ فِي بُطُونِهِمْ نَارًا ۖ وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيرًا ۝

ظلم سے یہی ہے کہ کھاتے ہین اپنی پیٹون مین آگ اور جلدی پہونچینگے آگ مین

[1] یعنے کہ اسکا وجود یقینی ہو ظنی نہو جیسے حمل کا وجود ظنی ہے یقینی نہین ہے

ع ۱۰ ۱۲

**وَاِذَا حَضَرَ الْقِسْمَةَ** - للمیراث - ایسا ہی ابن عباسؓ وغیرہم سے روایت ہے یعنے قسمت بٹوارہ سے مراد میراث کی تقسیم ہے اور اولی یہ ہے کہ لفظ ترکہ کہا جاوے جو سابق میں ضمناً مذکور اور یہاں الف لام سے معہود ہے اور ظاہر احضور سے مراد خود بخود حاضر ہونا موافق عادت کے ہے۔ **اُولُوا الْقُرْبٰی** - ذوو القرابۃ ممن لا یرث - یعنے صاحبان قرابت سے مراد وہ قرابتی ہیں جو میت کی میراث نہ پاوینگے خواہ اسوجہ سے کہ ایسے عصبہ ہیں جو دوسرے کے ہوتے ہوئے محروم ہیں یا ذوی الارحام ہیں کذا قیل بالجملۃ اوپر کی آیت سے دلالت پائی گئی کہ میراث پانے والے اہل قرابت کے سوائے یہاں مراد ہیں اور یہی اکثر مفسرین نے کہا ہے۔ **وَالْیَتٰمٰی وَالْمَسٰکِیْنُ فَارْزُقُوْهُمْ مِّنْهُ شَیْئًا قَبْلَ الْقِسْمَةِ** (المعنی) اور جب بٹوارہ میراث میں ایسے صاحبان قرابت حاضر ہوں جو وارث نہونگے اور اطفال یتیم اور مساکین حاضر ہوں تو میراث میں سے بٹوارہ سے پہلے کچھ دیدو یعنے اوس مال متروکہ میں سے اسکے بانٹ لینے سے پہلے انکو کچھ دیدو اور یہ خطاب بالغ وارثان میت کو یا میت کے وصی کو ہے اور حاصل یہ کہ جب وارث بالغ ہوں اور ترکہ تقسیم ہونے کے وقت یہ لوگ جو مذکور ہوئے ہیں حاضر ہوں تو بانٹ لینے سے پہلے ترکہ میں سے انکو بھی کچھ دیدو کیونکہ بعد بانٹ لینے کے ہر ایک اپنے حصہ میں سے دے سکتا ہے پس ترکہ سے انکو کچھ نہیں ملیگا۔ **وَقُوْلُوْا لَهُمْ** - اذا کان الورثۃ صغارا - **قَوْلًا مَّعْرُوْفًا** - اور کہو اولیاے میت یا وصی میت ان حاضرین مذکور سے جبکہ میت کے وارث نابالغ ہوں یا انمیں سے کوئی نابالغ ہو قول معروف - یعنے قول جمیل یا ین طور کہ ان حاضرین سے عذر کرو کہ ہم کچھ دینے کے مالک نہیں ہمکو اختیار نہیں ہے کیونکہ ورثہ تو نابالغ ہیں - چونکہ یہ امر پایا نہیں جاتا ہے تو مفسرین نے اسمیں اختلافی اقوال یوں بیان کیے کہ - قیل ہذا منسوخ وقیل لا ولکن تہاون الناس فی ترکہ وعلیہ فہو ندب وعن ابن عباس واجب - بعض نے کہا کہ یہ حکم منسوخ ہے اور بعض نے کہا کہ منسوخ نہیں ولیکن بات یہ ہوئی کہ لوگوں نے تہاون کرکے اسکو چھوڑ دیا اور اس قول پر صیغۂ امر جو آیت میں مذکور ہے استحباب کے لیے ہوگا یعنے مستحب ہے کہ انکو بھی کچھ دیدیں پس لوگوں نے استحباب چھوڑ دیا اور ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایسا کرنا واجب ہے مفسر جم کہتا ہے کہ وجہ اختلاف یہاں اسطرح ہے کہ فارزقوہم - کا امر وجوب کا ہے یا استحباب کا ہے اور یہ حکم بالغ وارثوں کو ہے یا اولیاء میت کو ہے خواہ وارث بالغ ہوں یا نابالغ پھر منسوخ ہے یا نہیں بلکہ محکم ہے اور روایات و اقوال مفسرین سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر ایک کیطرف جانے والے گئے ہیں چنانچہ شیخ ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ عوفی نے ابن عباسؓ سے قولہ واذا حضر القسمۃ اولوا القربی الآیۃ - میں روایت کیا کہ یہ فرائض کے نازل ہونے سے پہلے تھا پھر اللہ تعالے نے فرائض کو نازل فرمایا پس ہر حقدار کو اسکا حق مفروض کردیا پس صدقہ اسمیں یا جو میت بیان کردے - رواہ ابن مردویہ وقد رواہ ابن ابی حاتم من طریق عطاء عن ابن عباس نحوہ اور قول نسخ کو ابن مردویہ نے من طریق الکلبی عن ابی صالح عن ابن عباس اور من طریق عکرمہ عن ابن عباس بھی روایت کیا اور یہی قول قتادہؒ نے سعید ابن المسیب سے روایت کیا کما رواہ ابن ابی حاتم ورواہ مالک عن الزہری عن سعید رحمہ اللہ اور یہی قول عکرمہ و ابو الشعثاء و قاسم بن محمد و ابو صالح و ابو مالک و زید بن اسلم و ضحاک و عطاء خراسانی و ربیعہ بن ابی عبد الرحمن و مقاتل بن حیان سے مروی ہے کہ یہ آیت منسوخ ہے اور یہی مذہب جمہور فقہاء و چاروں مشہور امامون ابو حنیفہ و مالک و شافعی و احمد اور انکے اصحاب کا ہے اور مفسر جم کہتا ہے کہ بعض نے اعتراض کیا کہ اہل قرابت سے غیر وارثین مراد ہیں اور حق انکا بروجہ میراث نہیں تاکہ کہا جاوے کہ آیت مواریث سے منسوخ ہے لیکن اگر کہا جاوے کہ اولوا القربی جو یہاں مذکور ہیں وہ وارثین ہیں تو نسخ کی وجہ البتہ ہو سکتی ہے مفسر جم کہتا ہے کہ یہ نادانی ہے اور جواب یہ ہے کہ قائلین نسخ کہتے ہیں کہ ابتداء اسلام میں واجب تھا کہ ترکہ میں سے ایک حصہ اہل قرابت غیر وارثین و یتامی و مساکین کو دیا جاوے اور اسوقت تک تمام ترکہ کی مفصل تقسیم وارد نہیں ہوئی تھی پھر جب مفصل تقسیم وارد ہوئی تو ہر ایک حقدار کا حال معلوم ہو گیا اور ما وراے میراث کے صدقہ صرف

وصیت رہا کہ تہائی مال یا اس سے کم مین میت کسی کے واسطے وصیت کرجاوے اور ہمارا مذہب یہ ہی کہ کسی وارث کے حق مین وصیت نہین ہی لقولہ علیہ السلام لا وصیۃ لوارث۔ نہین وصیت کسی وارث کے لیے اور یہ حدیث صحیح حجت ہی کما صرح بہ ابن کثیر وغیرہ۔ پھر جاننا چاہیے کہ حضرت ابن عباس رضی سے یہان روایات مختلف وارد ہوئی ہین چنانچہ منسوخ ہونے کی روایات اوپر گذریں اور بعض روایات مین ہی کہ آیت محکم ہی اور بعض روایات مین ہی کہ مراد اس سے وصیت ہی چنانچہ بیان آفسیر سے معلوم ہوگا شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ بعض نے فرمایا کہ مراد یہ ہی کہ جب تقسیم ترکہ کے وقت صاحبان قرابت جو وارث نہین ہونگے اور یتیم اور مسکین حاضر ہون تو انکو ترکہ سے ایک حصہ نکال دیا جاوے اور ابتداء اسلام مین واجب تھا اور بعض نے فرمایا کہ یہ مستحب ہی پھر اسمین اختلافی دو قول ہین کہ آیا یہ منسوخ ہی یا نہین تو عکرمہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ یہ آیت محکم ہی منسوخ نہین ہی وکذا رواہ سعید بن جبیر عن ابن عباس رواہ البخاری اور مقسم نے ابن عباس سے روایت کی کہ یہ آیت قائم ہی اسپر عمل کیا جاوے رواہ ابن جریر اور مجاہد نے کہا کہ اہل میراث پر یہ واجب ہی جہانتک انکے دل کی خوشی ہی دیوین اور ایسا ہی حضرت ابن مسعود و ابو موسیٰ و عبد الرحمٰن بن ابی بکر و ابو العالیہ و نخعی و حسن سے مروی ہی اور ابن سیرین و سعید بن جبیر و مکحول و ابراہیم نخعی و عطا ابن ابی رباح و زہری و یحیی بن یعمر نے کہا کہ یہ واجب ہی پھر ابن کثیر نے عبد الرزاق کی روایت سے ایراد کیا کہ عبد الرحمن بن ابی بکر الصدیق کے بیٹے عبد اللہ نے اپنے باپ کی میراث تقسیم کی اور حضرت عائشہ زندہ تھین پس انھون نے احاطہ مین کوئی مسکین و قرابت دار نہین چھوڑا مگر آنکہ اسکو اپنے باپ کی میراث سے کچھ دیا اور یہی آیت پڑھی واذا حضر القسمۃ اولوا القربیٰ الآیۃ۔ قاسم نے کہا کہ پھر مین نے ابن عباس سے ذکر کیا تو فرمایا کہ انھون نے ٹھیک نہین کیا یہ تو وصیت کے حق مین ہی یعنے میت جب ان لوگون کے حق مین وصیت کرجاوے رواہ ابن ابی حاتم اور شیخ ابن حجر رحمہ اللہ نے کہا کہ امر مذکور استحباب کے لیے ہی اور یہی صحیح معتمد ہی اور بحسب دلیل راجح ہی جو مجاہد سے مروی ہی کیونکہ امر کے معنے اپنی اصل پر رہتے ہین کما لا یخفی اور امام محی السنہ نے معالم مین بعض کا قول نقل کیا کہ تمام اقوال مین سے اولی یہ ہی کہ امر مذکور استحباب کا ہی وجوب کا نہین ہی اور آیہ کریمہ منسوخ نہین ہی اور بنا بر ین آیت کریمہ کے معنے یہ ہین کہ تقسیم ترکہ کے وقت جب ایسے لوگ حاضر ہون جو میت کے ناتے دار ہین مگر وارث نہونگے تو انکو کچھ دو تاکہ انکی دل شکنی نہو اور یتیم آوین یا مساکین آوین تو انکو دو کہ سبب برکت ہی اور شکر نعمت ہی وَلْيَخْشَ ای لیخف علی الیتامی۔ یعنے اور چاہیے کہ خوف کرین یتیمون پر۔ الَّذِينَ لَوْ تَرَكُوا۔ ای قاربوا ان یترکوا۔ وہ لوگ کہ نزدیک پہونچے اسکے کہ چھوڑین۔ مِنْ خَلْفِهِمْ۔ من بعد موتہم۔ اپنی موت کے بعد۔ ذُرِّيَّةً ضِعَافًا۔ اولادا صغیرا۔ خَافُوا عَلَيْهِمْ۔ الضیاع۔ خوف کرین اوپر یعنے ضائع ہونیکا۔ فَلْيَتَّقُوا اللَّهَ۔ فی امر الیتامی لیاتوا الیہم ما یجبون ان یفعل بذریتہم من بعد موتہم۔ پس چاہیے کہ ڈرین اللہ تعالے سے یتیمون کے معاملہ مین اور چاہیے کہ بحالا وین یتیمون کے ساتھ وہ بات جسکو چاہتے ہین کہ انکی موتہ کے بعد انکی ذریت کے ساتھ برتی جاوے۔ وَلْيَقُولُوا۔ للمیت۔ اور چاہیے کہ کہین میت سے یعنے اسکی موت سے کچھ پہلے جبکہ اسپر موت کے آثار ظاہر ہون اور وہ وصیت وغیرہ کرنے لگے۔ قَوْلًا سَدِيدًا۔ سوا باباں یا مروہ ان یتصدق بدون ثلثہ و یدع الباقی لورثتہ ولا یدعہم عالۃ۔ قول صواب۔ یعنے طور کہ میت کو سمجھاوین کہ اسکے ترکہ مین سے تہائی مال جسکے صدقہ کرنیکا اسکو اختیار ہی اس تہائی سے کم کو صدقہ کرے اور باقی کو اپنے وارثون کے لیے چھوڑ جاوے اور یہ نکرے کہ وارثون کو محتاج چھوڑے خلاصہ یہ کہ اللہ تعالے نے لوگون کو ارشاد کیا خصوص ایسے لوگون کو جو اولاد چھوڑ کر مرنے کے قریب پہونچے ہین کہ تمہارے مرنے کے بعد تم اپنی ذریات سے جو برتاؤ چاہتے ہو وہی تم بھی اپنی حیات مین یتیمون کے حال پر کیا کرو قتادہ نے یہ خطاب عام قرار دیا کہ یتیم کے متولی اور غیر متولی سب کو ہی اور لو ترکوا۔ بجاے قاربوا

ان تبرکوا کے اس فائدہ کے واسطے ہی کہ مرنا امر یقینی ہی پس مفروض مقدر بمنزلہ واقع کے سمجھنا چاہیے اور خافوا کا مفعول محذوف ہی ای ضیاعا بعنے برباد و ضائع و تباہ ہونا اور بدون ثلثہ بعنے کم اپنی تہائی سے اور تہائی کو میت کی طرف مضاف کیا اسلیے کہ بعد موت کے سوائے تہائی کے باقی کل مال بفرض الٰہی وارثان میت کا ہو جاتا ہی میت کا حق اس سے منقطع ہو جاتا ہی حتی کہ اگر تہائی سے زیادہ کی وصیت کرکے مرے تو تہائی کی مقدار مین نافذ ہوگی زیادہ مین باطل ہی الا آنکہ وارث لوگ اپنی طرف سے اجازت دیدین اور یہ اجماعی مسئلہ ہی پھر چونکہ حضرت صلعم نے سعد بن ابی وقاص کو فرمایا ہی کہ تہائی پوری بھی بہت ہی اور یہ بھی فرمایا کہ تو اپنی اولاد کو تونگر چھوڑے تو بہتر ہی اس سے کہ تو محتاج چھوڑ جائے کہ لوگون کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھرین جیسا کہ صحیحین وغیرہ کی حدیث مین ہی لہذا علما نے کہا ہی کہ تہائی سے کمی ہونا وصیت مین مستحب ہی اسی بنا پر مفسر رح نے تفسیر کی ہی اور تہائی سے کم وصیت بھی جب ہی کہ مال بہت کثیر ہو ورنہ میت کو بالکل وصیت نہ کرنے کی فہمائش قول سدید ہوگی چنانچہ ابن عطیہ رح نے فرمایا کہ آدمی اگر وارثون کو بالغ و تونگر خود کمائی والا چھوڑے تو اسکو وصیت پر آمادگی دلانا قول سدید ہی کیونکہ اسکے حق مین یہ بہتر ہی اور اگر نابالغ یا محتاج ہون تو تہائی سے کم کی وصیت کیسی بالکل وصیت نہ کرنے پر آمادہ کرنا قول صواب ہی کیونکہ ذریات محتاج ہو پہونچنے مین مساکین سے زیادہ ثواب ہی - پھر واضح ہو کہ اس خطاب مین بھی مفسرین کا اختلاف ہی چنانچہ بیضاوی وغیرہ نے ذکر کیا کہ قولہ ولیخش الذین لو ترکوا من خلفہم ذریۃ ضعافا خافوا علیہم - یہ حکم ہی ان لوگون کو جنکو میت نے اپنی اولاد یتیم پر وصی مقرر کیا اور غور و پرداخت کی وصیت کر گیا ہی یعنے ان لوگون کو چاہیے کہ یتیمون کے معاملہ مین اللہ تعالے سے ڈرتے رہین اور انکے ساتھ ایسے برتاؤ کرین جیسے اپنے مرنے کے بعد اپنی اولاد سے دوسرون کا برتاؤ چاہتے ہین یا یہ حکم ان لوگون کو ہی جو مریض کی وصیت کرنے کے وقت حاضر ہون یا سنیں یعنے ڈرین اللہ تعالے سے یا خوف کرین اولاد مریض پر اور اپنے اپنی اولاد کے موافق شفقت کرین پس مریض کو ایسی وصیت نہ کرنے دین جو وارثون کے حق مین مضرت پہونچاوے کہ وہ بیچارے چھوٹے چھوٹے بچے مارے مارے پھرین اور علی بن ابی طلحہ رح نے ابن عباس رض سے یہی معنے روایت کیے اور ایسا ہی مجاہد و بہتیرے سلف نے فرمایا ہی و کرہ ابن کثیر اور یہی مفسر رح نے اختیار کیا ہی اور بعض نے کہا کہ یہ خطاب وارثون کو ہی یعنے ضعفاء اقارب یتیم مساکین جو وقت تقسیم ترکہ کے حاضر ہون انپر شفقت کرین یہ تصور کرکے کہ اگر انکی اولاد انکے پیچھے اسطرح چھوٹی تو انکا محروم ہونا پسند کرتے اور مترجم کہتا ہی کہ گویا یہ ربط ماخوذ ہی اصل قصہ اوس بن ثابت اور محرومیت اسکی اولاد و ضبط مال بہ بنت عم فجہ و سوید و رد دعوی ام کجہ و اولاد سے فلیتقوا اور بعض نے کہا کہ خود مریضون کو خطاب ہی کہ وارثون پر نظر رکھین اور وصیت کرنے مین اسراف نہ کرین - بیضاوی رح نے فرمایا کہ لفظ لو ترکوا الی آخر صلہ قرار دیا الذین کا بعنے آنکہ ولیخش الذین حالہم وصفتہم انہم لو شارفوا ان یخلفوا ذریۃ ضعافا خافوا علیہم الضیاع - اور اسی پر امر کو مرتب کرنے مین اس سے مقصود کا اور اسمین علت کا اشارہ ہی اور ترحم پر آمادگی دلانا اور جو اس سے مخالفت کرے اسکو اسکی اولاد کے حال سے تہدید ہی یعنے اسکی اولاد کے ساتھ بھی یہی ہوگا جو خود دوسرے کی اولاد سے کرتا ہی قال تعالے فلیتقوا اللہ ولیقولوا قولا سدیدا پہلے تو انکو خشیہ کا حکم دیا پھر تقوی کا حکم کیا جو انتہا خشیہ ہی بہ رعایت سبب و منتہی اسواسطے کہ اول بدون ثانی کے نافع نہین ہی پھر قول سدید مین بھی موافق اقوال مذکورہ بالا کے مختلف تفاسیر ہین یعنے وصی لوگ یتیمون سے ایسی باتین شفقت و حسن ادب کی کہین جیسے اپنی اولاد کے حق مین پسند کرتے ہین - یا مریض سے سامعین ایسی باتین کہین جس سے وہ وصیت مین اسراف نہ کرے اور وارثون کو برباد نہ کرے اور بعض نے کہا کہ قول سدید یہ کہ میت کو کلمہ شہادت و توبہ یاد دلاوین اور بعض نے کہا کہ جو مساکین و یتیم و محتاج اقارب سے ہین کچھ بہ زیادہ دے اسطے اچھی باتون سے عذر کرین اور اگر بوجہ صغیر وارث ہونے کے نہین دیا تو اچھا وعدہ بھی کرین کہ ہم تو مختار نہین معذور ہین اور یہ صغیر وارث عنقریب بڑے ہو جاوینگے

تو آپ صاحبون کا حق پہچانینگے - یا وصیت کے بارہ مین ایسا قول کہین جو تہائی سے متجاوز ہو نے کو اور وارثون کے ضائع کرنے کو موہوی
مفسر شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ اگر وارثان میت تونگر ہون انکو پروا نہو تو میت کے واسطے مستحب ہی کہ وصیت مین اپنی پوری تہائی کردے
اور اگر فقیر ہون تو مستحب ہی کہ تہائی سے کمی کرے اور بعض نے فرمایا کہ آیت سے مراد یہ ہی کہ چاہیے کہ ڈرین اللہ تعالے سے یتیمون کے مال کے
معاملت مین اور اسکو اسراف و بیدار کے طور پر نہ کہا جاوین حکاہ ابن جریر من طریق العوفی عن ابن عباس اور یہ قول بھی خوب ہی اسکی تائید اسکے
مابعد سے حاصل ہوتی ہی جسمین اموال یتیمان کھانے پر تہدید ہی چنانچہ فرمایا - اِنَّ الَّذِیْنَ یَاْکُلُوْنَ اَمْوَالَ الْیَتٰمٰی
ظُلْمًا - بغیر حق - جو لوگ کہ یتیمون کے مال ظلم سے یعنے ناحق کھا جاتے ہین - اِنَّمَا یَاْکُلُوْنَ فِیْ بُطُوْنِهِمْ نَارًا
وہ تو اپنے پیٹون مین یہی آگ کھاتے ہین یعنے بھرتے ہین - سراج مین کہا کہ فی بطونہم یعنے ملأ بطونہم یعنے بھر پیٹ بنابر محاورۂ عرب
کے ہی چنانچہ بولتے ہین - اکل فلان فی بطنہ او فی بعض بطنہ یعنے پورا پیٹ کھایا یا تھوڑا پیٹ کھایا - معنے یہ کہ بات یہی ہی کہ وہ لوگ
کھاتے ہین بھر پیٹ آگ - کیونکہ جو کھاتے ہین انجام کار مین وہ آگ ہوگا - اور یہ معنے کو محتمل ہی ایک یہ کہ اسوقت جو وہ ماکول معلوم ہوتا ہی
درحقیقت آگ ہی کہ مآل کار مین اسکا ظہور ہوگا اور یہ قول بنابر اسکے کہ جو امور نماز و روزہ وغیرہ کے مانند اعراض معلوم ہوتے ہین انکے واسطے
حقائق ہین چنانچہ نماز کا قیامت مین آنا اور روزہ کا جھگڑنا اور سورتہاے قرآنی کا بصورت پارۂ ابر و نور ہونا جو کثرت سے مذکور ہی
اس گروہ کا موید ہی اور یہی مفسر نے بدور سافرہ اپنی کتاب مین محقق کہا ہی اور یہ بھی احتمال ہی کہ یہ مراد ہو کہ یہان کھانے پر انجام کار عذاب
ہوگا آگ دوزخ سے پس فعل آتش دوزخ پہونچنے کا سبب ہوا پس مجازاً سبب کی تعبیر مسبب سے کردی - اور ابن کثیر نے ذکر کیا کہ
صحیحین مین حضرت ابوہریرہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ بچے رہو سات چیزون سے جو ہلاک و تباہ کرنے والی ہین - عرض کیا گیا
کہ یا رسول اللہ وہ کون کون چیزین ہین فرمایا ایک اللہ تعالے کے ساتھ شرک کرنا دوم سحر کرنا سوم قتل کرنا اس نفس کو جسکو اللہ تعالے نے
حرام کیا ہی الا بایں طور کہ حق کے ساتھ قتل کیا جاوے چہارم بیاج کھانا پنجم مال یتیم کھانا ششم کفار سے لڑائی و جہاد کے وقت بھاگنا
ہفتم شوہردار عورتون مومنہ کو جو بیچاری غافل ہین زنا کاری کی تہمت لگانا اور سدی نے فرمایا کہ مال یتیم کھانے والا قیامت کے روز اس
حال سے اٹھایا جائیگا کہ آگ کی لپٹ اسکے منہ سے نکلتی ہوگی اور اسکے کانون و ناک و آنکھون سے نکلتی ہوگی جو اسکو دیکھیگا پہچان جائیگا
کہ یہ مال یتیم کھانے والا ہی - اور ابو برزۃ الاسلمی سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ قیامت کے روز ایک قوم اپنی قبرون سے نکلینگی
اس حال سے کہ آگ انکے منہ مین سے متاجج ہوگی عرض کیا گیا کہ یہ کون لوگ ہونگے یا رسول اللہ فرمایا کہ تو نہین دیکھتا کہ اللہ تعالے نے فرمایا
ان الذین یاکلون اموال الیتامی ظلما الآیۃ رواہ ابن مردویہ و ابن ابی حاتم و ابن حبان فی صحیحہ و اخرجہ الطبرانی و ابو یعلی و ابن ابی شیبہ
اور یہان اور آثار و احادیث مال یتیم کھانے والے کی مذمت مین بہت ہین اور شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ سورۂ بقرہ مین ابن عباس سے
روایت مذکور ہو چکی ہی کہ جب قولہ ان الذین یاکلون اموال الیتامی ظلما الآیہ - اتری تو جسکے پاس جو کوئی یتیم تھا اسنے اسکا کھانا اپنے
کھانے سے الگ کیا اور اسکا پینا اپنے پینے سے الگ کیا پھر یتیم کے کھانے پینے سے جو کچھ بچ رہتا وہ رکھ چھوڑتا یہانتک کہ یتیم ہی اسکو کھاتا
یا وہ بگڑ جاتا پس یہ برتاؤ اوپر بہت گران گذرا پس انھون نے رسول اللہ صلعم سے ذکر کیا تب اللہ تعالے نے وہ آیت نازل فرمائی جو سورۂ بقرہ
مین ہی ویسئلونک عن الیتامی قل اصلاح لہم خیر الآیۃ - پھر ان لوگون نے انکا کھانا پینا اپنے ساتھ ملایا - وَسَیَصْلَوْنَ
بالتہ للفاعل والمفعول یدخلون - یعنے ابن عامر و شعبہ نے بضم یا پڑھا بر بناء مفعول یعنے یدخلون مجہول یعنے داخل کیے جاوینگے

اور باقیون نے بفتح یا بر بناء فاعل پڑھا ای یدخلون معروف۔ یعنے داخل ہونگے۔ سَعِيرًا۔ نارًا شدیدۃ یتحیرفون فیہا۔ (المعنی) اور ایسے مال یتیم کھانے والے عنقریب داخل ہونگے ایسی سخت آگ مین جسمین جلتے رہینگے محی السنہ نے معالم مین کہا کہ سیصلون بفتح یا از صلی النار یصلی صلیا۔ قال تعالے سیصلی نارا ذات لہب۔ اور فرمایا الامن ہو صال الجحیم اور پھر زید بن اسلم رح نے کہا کہ یہ کلام مذمت مشرکون کی ہی جو یتیمون کو میراث نہین دیتے تھے اور انکے مال کھا لیتے تھے مترجم کہتا ہی کہ مراد یہ ہی کہ ظلم سے اموال یتامی کھانے کے معنے وہ ہین جو مشرک و کفار کرتے تھے کہ جو شخص مر گیا اگر اسکی اولاد یتیم صغیر رہی تو انکو کچھ میراث نہین دیتے تھے پس انکا حق مار کر خود کھاتے تھے پس اللہ تعالے عزوجل نے ان گراہون کی حالت و بد انجام بیان فرمایا کہ اہل اسلام ایسا نہ کرین اور حدیث مین ہی کہ سعید وہ ہی جو غیر سے نصیحت پکڑے مترجم کہتا ہی کہ آگے اللہ عزوجل نے میراث والون مین سے ہر ایک کے حصص بیان فرمائے اور تقسیم ترکہ کا حال بھی اس سے ثابت ہوا اور چونکہ حدیث صحیح مین ترکہ و تقسیم کے علم کو آدھا علم فرمایا ہی لہذا مترجم چاہتا ہی کہ آسان طور پر سب کو کر دے

يُوصِيكُمُ اللَّهُ فِي أَوْلَادِكُمْ لِلذَّكَرِ مِثْلُ حَظِّ الْأُنْثَيَيْنِ ۚ فَإِنْ كُنَّ نِسَاءً فَوْقَ

اللہ تعالے وصیت کرتا ہی تمکو تمہاری اولاد مین نر بینہ اولاد کو دو مونث اولاد کے برابر حصہ پھر اگر نری مونث ہون

اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۖ وَإِنْ كَانَتْ وَاحِدَةً فَلَهَا النِّصْفُ ۚ وَلِأَبَوَيْهِ

دو سے اوپر تو انکو دو تہائی ترکہ کے اور اگر ایک مونث ہی تو اسکے لیے آدھا ترکہ ہی اور میت کے والدین مین

لِكُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ إِنْ كَانَ لَهُ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ وَلَدٌ

ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ اس تمام کا جو چھوڑا بشرطیکہ میت کا کوئی اولاد لڑکا لڑکی ہو اور اگر میت کی کوئی اولاد نہو

وَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ فَلِأُمِّهِ الثُّلُثُ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُ إِخْوَةٌ فَلِأُمِّهِ السُّدُسُ مِنْ بَعْدِ

اور ماں باپ ہی اسکے وارث ہوے تو اسکی ماں کو تہائی اور اگر میت کے کئی بھائی ہون تو اسکی ماں کے لیے چھٹا حصہ ہی بعد اس

وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ

وصیت کے جو کسیکو کر اوا رہی یا بعد قرضہ دینے کے

يُوصِيكُمُ۔ یامرکم۔ حکم دیتا ہی تمکو۔ اللّٰهُ فِيْ۔ شان۔ اَوْلَادِكُمْ۔ اللہ تعالے تمہاری اولاد کے حق مین یعنے جو کچھ ذکر فرماتا ہی کہ۔ لِلذَّكَرِ مِنْهُمْ۔ مذکر کے لیے ان اولاد مین سے مِثْلُ حَظِّ۔ نصیب۔ الْاُنْثَيَيْنِ۔ اذا اجتمعا معہ فلہ نصف المال ولہا النصف فان کان معہ واحدۃ فلہا الثلث ولہ الثلثان وان انفرد جاز المال۔ برابر حصہ دو مونث کے ہی مفسر رح نے کہا چنانچہ اگر جمع ہون مونث و مونث ایک مذکر کے ساتھ مین تو مذکر کو نصف اور دونون مونث کو نصف مال ملیگا اگر ایک مذکر اور ایک مونث ہو تو مونث کو تہائی اور مذکر کو دو تہائی ملیگا اور اگر مذکر تنہا ہو تو سب مال سمیٹ لیگا۔ فَاِنْ كُنَّ۔ ای الاولاد۔ یعنے کن کا اسم اولاد جمع لد ہی اور کن بصیغہ مونث برعایت خبر کے ہی یا اولاد بتاویل مولودات اسم ہی۔ نِسَآءً۔ نقط۔ پھر اگر اولاد عورتین ہون نقط اور کوئی مرد مذکر نہو۔ فَوْقَ اثْنَتَيْنِ فَلَهُنَّ ثُلُثَا مَا تَرَكَ ۔ دو سے اوپر تو انکے لیے دو تہائی اس مال کا جو چھوڑا ہی میت نے اسکا حاصل اگر اولاد مین سے فقط عورتین ہی ہون اگر دو سے اوپر ہون تو انکے لیے دو تہائی ہر حال المترجم چونکہ ظاہر مفہوم یہ تھا کہ دو تہائی کا حصہ دو سے زائد کے لیے ہی پس دو کے واسطے نہو گا جیسا کہ ابن عباس رض سے مروی ہی حالانکہ دو عورتون کے واسطے بھی دو تہائی ہونے کا مذہب ہی تو مفسر رح نے بیان کیا کہ وکذا الاثنتان لانہ للاختین لقولہ فلہما الثلثان ان ماترک ہما اولہ

اور یہی حصہ دو تہائی کا دو دختروں کے واسطے بھی ہی کیونکہ دو تہائی تو دو بہنوں کی میراث ہی بدلیل قولہ تعالے فلہا الثلثان ماترک۔ تو دو دختر کا استحقاق بدرجۂ اولی ہوگا کیونکہ بہ نسبت بہن کے دختر نسبی قرابت مین میت کی طرف بہت متصل ہی۔ یہ قیاس ہی اور دوسرا یہ کہ وللان البنت تستحق الثلث مع الذکر فمع الانثی اولی۔ اور اس دلیل سے کہ دختر تو مذکر یعنے پسر کے ساتھ مین تہائی کی مستحق ہوتی ہی تو دوسری دختر کے ساتھ مین بدرجۂ اولی تہائی کی مستحق ہوگی پس ہر ایک دختر کو دوسری دختر کے ساتھ مین تہائی کا استحقاق ہوا تو دونون کے لیے دو تہائی ترکہ ہوا۔ اب رہا جواب اسکا کہ آیت مین فوق کا لفظ کس حکمت سے مذکور ہی تو مفسر نے کہا۔ وفوق قیل صلۃ۔ یعنے فوق کی لفظ کی نسبت بعض نے جواب دیا کہ یہ صلہ ہی یعنے زائد ہی بول چال کے محاورہ مین یون بولا جاتا ہی اور اوپر کے معنے یا بڑھتی کے معنے مراد نہین ہین وقیل لدفع توہم زیادۃ النصیب بزیادۃ العدد لما فہم استحقاق الثنتین الثلثین من جعل الثلث للواحدۃ مع الذکر۔ اور بعض نے کہا کہ فوق کا لفظ اسواسطے ہی کہ یہ وہم دور ہو کہ حصون کی زیادتی تعداد کی زیادتی پر ہوتی جاویگی یعنے ایک کو ایک تہائی پھر دو کو دو تہائی اور تین کو تین تہائی یعنے کل مال ملجائیگا حالانکہ ایسا نہین بلکہ دو ہون یا زائد انکو دو تہائی ہی ملیگا اور وہم کا منشا یہ تھا کہ دو کا استحقاق دو تہائی مال کا جبھی سے سمجھ لیا گیا تھا کہ مذکر کے ساتھ ایک کو ایک تہائی ملا تھا۔ وَاِنْ كَانَتْ۔ المولودۃ۔ وَاحِدَةً۔ وفی قراءۃ بالرفع وکان تامہ یعنے کانت کا اسم مولودہ دختر ہی پس واحدہ کو نصب بنا بر خبر ہونے کے ہی اور کانت افعال ناقصہ مین سے ہی اور نافع کی قراءۃ مین واحدۃ کو رفع ہی تو معنے حصلت واحدۃ ہی پس کان تامہ ہوگا۔ اور حاصل معنے یہ کہ اگر دختر اکیلی ہو پسر یا کوئی دوسری دختر اسکے ساتھ نہو فَلَهَا النِّصْفُ۔ اسکے واسطے نصف ترکہ ہی پس حاصل یہ کہ اولاد مین مذکر کو مؤنث سے دوچند جبکہ دختر ہو ورنہ پسر کو کل مل جائیگا جبکہ کوئی فرضی حقدار نہو اور اگر پسر نہو بلکہ اکیلی دختر ہو تو اسکو نصف ملے اور اگر دو دختر ہون یا دو سے زیادہ ہون تو دو تہائی ملے۔ اب سوائے اولاد کے دیگر قرابتیون کو بیان کیا چنانچہ والدین کی نسبت فرمایا۔ وَلِاَبَوَيْهِ۔ ای المیت۔ یعنے ضمیر راجع بجانب میت ہی والمعنے اور میت کے والدین کے لیے یعنے دونون کے مجموعہ کے لیے نہین بلکہ۔ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا۔ دونون مین سے ہر ایک کے لیے السُّدُسُ مِمَّا تَرَكَ۔ چھٹا حصہ اس مال کا جو میت نے چھوڑا۔ مگر یہ چھٹا حصہ اس شرط سے کہ۔ اِنْ كَانَ لَهٗ وَلَدٌ۔ ذکر او انثی اگر میت کا کوئی فرزند موجود ہو خواہ پسر ہو یا دختر ہو۔ ونکتۃ البدل افادۃ انہما لا تشترکان فیہ مفسر نے کہا کہ لابویہ سے لکل واحد منہما کو بدل کرنے مین نکتہ یہ ہی کہ معلوم ہو جاوے کہ والدین دونون ملکر چھٹے حصہ مین مشترک نہین ہین۔ اور مترجم کہتا ہی کہ یہ بہت خفیف نکتہ بیان ہوا کیونکہ سدس کی جگہ سدسان کہنے سے بھی بدون بدل کے فائدہ حاصل تھا میرے نزدیک یون کہنا اولی ہی کہ بدون بدل مذکور کے اگر سدس ہوتا تو معلوم ہوتا کہ دونون اس حصہ مین شریک ہونگے اور اگر سدسان ہوتا تو معلوم ہوتا کہ دو چھٹے حصہ مین شریک ہین لیکن مرد عورت کی شرکت مین زیادہ احتمال تھا کہ باپ کو مان سے دوچند ہوگا جیسے پسر کو دختر سے بحکم للذکر مثل حظ الانثیین۔ یا بھائی کو بہنون سے اسی حساب سے ملتا ہی پس صرف بدل سے یہ وہم دور کیا فافہم پھر مفسر نے افادہ فرمایا کہ وَالحق بالولد الابن وبالاب الجد۔ اور لاحق کیا گیا فرزند کے ساتھ پسر کا فرزند خواہ لڑکی یا لڑکا یعنے اگر پسر نہو تو اسکا فرزند بمنزلۂ میت کے فرزند کے ہوگا لیکن دختر کا فرزند ایسا نہو گا کیونکہ وہ میت کے داماد کا نطفہ ہوگا اور بمنزلۂ لاحق کیا گیا باپ کے ساتھ دادا یعنے باپ نہو بلکہ دادا اسکا ہو تو بمنزلۂ باپ کے ہی۔ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلَدٌ وَّوَرِثَهٗۤ اَبَوٰهُ۔ فقط۔ او مع زوج۔ پھر اگر میت کا کوئی فرزند نہو اور وارث ہوئے اسکے دونون ماں و باپ خواہ فقط یا مع زوج کے یعنے جفت کے پس اگر مرد مرا تو جفت اسکی زوجہ ہی یا عورت مری تو جفت اسکا شوہر ہی پس والدین کے ساتھ مین میت کا جفت ہو

فَلِاُمِّهِ - بضم الهمزة - یعنے ام بضم ہمزہ اکثرون کی قرارت ہی - اور حمزہ و کسائی نے اِمّہ بکسر ہمزہ پڑھا - الثُّلُثُ - تو اسکی ماں کے واسطے ایک تہائی ہی - ای ثلث المال او ما بیقی بعد الزوج والباقی للاب - اور تہائی سے یا تو یہ مراد ہی کہ کل مال کی تہائی ہی سو اگر باپ فقط ہو تو بالاتفاق ماں کو کل مال کی تہائی ملیگی اور زوج کے ساتھ ہو تو بھی ابن عباس رض کے نزدیک یہی حکم ہی اور جمہور کے نزدیک زوج کا حصہ نکالنے کے بعد باقی مال کی تہائی ماں کو اور دو تہائی باپ کو ملیگا پس حاصل یہ نکلا کہ والدین بہرحال وارث ہین پس اگر میت کے اولاد بھی ہو تو والدین مین سے ہر ایک کو چھٹا حصہ ملیگا پھر اگر باقی حصہ دارون کو دیکر کچھ بچا تو وہ فقط باپ کو ملجاویگا اور اگر اولاد میت نہو تو دو حال سے خالی نہین کہ یا تو فقط والدین ہین یا میت کا جفت بھی موجود ہی پس ایسی صورت مین حکم یہ ہی کہ میت کے ماں کے واسطے تہائی ہی لیکن جبکہ میت کا شوہر یا میت کی زوجہ ہو تو ابن عباس کے نزدیک ماں کو کل کی تہائی ملیگی اور جمہور کے نزدیک جفت کا حصہ نکالکر باقی مال کی تہائی ملیگا اور اگر یہ نہین بلکہ میت کا بھائی بہنین ہون - تو فرمایا - فَاِنْ كَانَ لَهٗ اِخْوَةٌ - ای اثنان فصاعدا ذکورا و اناثا - فَلِاُمِّهِ السُّدُسُ پھر اگر میت کے اخوۃ یعنے بھائی بہن ہون - یعنے دو ہون یا زیادہ ہون تو ماں کے لیے چھٹا حصہ ہی اور ابن عباس رض نے فرمایا کہ دو پر حکم نہین کیونکہ اخوۃ جمع ہی کم سے کم تین عدد ہونگے اور جمہور نے کہا کہ دو کا بھی یہی حکم ہی خواہ مذکر ہون یعنے بھائی ہون یا مونث ہون یعنے بہنین ہون بہرحال ماں کے لیے چھٹا حصہ کا حکم ہوگا اور ابن عباس رض نے فرمایا کہ نہین یہ جبھی ہی کہ بھائی ہون والباقی للاب ولا شئی للاخوۃ - یعنے اسکی ماں کو چھٹا حصہ دیکر باقی سب مال باپ کا ہوگا اور اخوہ کو کچھ نہین ملیگا اور یہی جمہور کا قول ہی اور ابن عباس رض نے فرمایا کہ انکو بھی چھٹا ملے کیونکہ ان لوگون کی ذات سے انکی ماں بیچاری کو تہائی سے چھٹا ہو گیا پس ایک چھٹے کا اسکو نقصان ہوا وہی ان لوگون کو ملیگا اور باقی دو تہائی باپ کو ملیگا پھر یہ سب میراث مذکور بعد ادائے وصیت و قرضہ کے ہی چنانچہ مفسر رح نے ربط دیا کہ وارث من ذکر ما ذکر - مِنْ بَعْدِ تنفیذ وَصِيَّةٍ يُّوْصِيْ - بالبناء للفاعل والمفعول - بِهَا - اور وارث ہونا ان اشخاص مذکورہ کا حصص مذکورہ کو بعد نافذ کیے جانے وصیت کے جسکے ساتھ میت نے وصیت کی یا وصیت کی گئی ہی پس یوصی اکثرون کی قرارۃ مین بصیغہ معروف بر بناء فاعل ہی اور ابن کثیر و ابن عامر و ابو بکر و عاصم نے بضم اول و فتح صاد بر بناء مفعول یعنے بصیغہ مجہول پڑھا اور حفص نے یہان مانند جمہور کے اور آیندہ مانند ان بعض مذکورکے پڑھا ہی حاصل آنکہ یہ میراث مذکور بعد دو امر کے ہی ایک بعد تنفیذ وصیت جو میت کر گیا ہی اور دوم - اَوْ دَيْنٍ - علیہ - یا ادا کرنے قرضہ کے جو میت پر آتا ہو - پھر اگر کچھ قرضہ بھی ہو اور وصیت بھی ہو تو مذہب یہ ہی کہ اول قرضہ ادا کیا جاوے پھر باقی کی تہائی سے وصیت نافذ کیجاوے پھر بچا ہوا میراث ہی اگر کہا جاوے کہ وصیت تو قرضہ پر مقدم مذکور ہی تم کیونکر کہتے ہو کہ پہلے قرضہ ادا کیا جاوے تو مفسر رح نے جواب دیا کہ وتقدیم الوصیۃ علی الدین فی الکتاب لخرۃ عنہ فی الوفاء للاہتمام بہا اور مقدم کرنا وصیت کا قرضہ پر جیسا آیت کریمہ مین اگرچہ ناخذ کیے جانے مین پیچھے ہی تو فقط اسوجہ سے کہ لوگ اسکا اہتمام رکھین ضائع نہ کرین اور شیخ ابن کثیر رح نے ذکر کیا کہ علماے سلف و خلف نے اجماع کیا ہی کہ قرضہ ادا کرنا وصیت جاری کرنے سے مقدم ہی اور یہ انکے نزدیک اسمان نظر سے آیت کریمہ کے مفہوم سے ثابت ہی و اضح ہو کہ آیت مین میراث بھی ہی اور آنحضرت صلعم نے اسکو نصف العلم فرمایا ابن عیینہ رح نے کہا کہ اسکو نصف اسلیے کہا کہ انسین سب مبتلا ہوتے ہین - ابن مسعود رض سے روایت ہی کہ حضرت صلعم نے فرمایا سیکھو فرائض اور سکھلاؤ لوگون کو کہ میں ایک مرد ہون کہ اللہ تعالے مجھکو وفات دینے والا ہی اور عنقریب علم لوگون سے لیا جائیگا اور فتنہ پھیلینگے حتی کہ دو آدمی فریضہ مین جھگڑینگے اور کوئی ایسا نہ پاوینگے جو ان مین فیصلہ کردے رواہ الحاکم و البیہقی اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ سیکھو فرائض اور وہ لوگون کو سکھلاؤ کیونکہ وہ نصف علم ہی اور یہی سب سے پہلے میری امت سے نکال لیا جائیگا رواہ الحاکم و البیہقی و ابن ماجہ و دار قطنی اور ایک جماعت

سہ یعنے علم فرائض کے موقوف ہونے کا قصہ ہم

صحابہ وتابعین سے اُسکی ترغیب میں آثار وارد ہین مجھے زیادہ تطویل کی گنجائش نہین یہی کافی ہی کہ اس علم کا فضل وکمال وزیادت اجر وثواب کلام الٰہی واسکے برگزیدہ رسول ورسول پاک کے صحابہ وتابعین ومجتہدین امت سے ثابت ہی لہذا مترجم نے چاہا کہ ان آیات کی تفسیر مین اسطرح بیان کردے کہ اہل ایمان وصلحاء امت اس سے واقف ہوکر فرائض کے جاننے والون مین داخل ہوکر ثواب جمیل کے سزاوار ہوجاوین اگرچہ تمام تفصیل یہان میسر نہین ناہم قدر کافی انشاء اللہ تعالے حاصل ہوجائیگی اول اس آیت کریمہ کا سبب نزول جابرؓ سے روایت ہی کہ آنحضرت صلعم وابوبکرؓ نے پیدل آکر بنی سلمہ مین میری عیادت کی اس حال مین کہ مین بیہوشی سے کچھ نہین سمجھتا تھا پس پانی منگاکر وضو فرماکر مجھپر چھڑکا کہ مین ہوش مین آیا پس مین نے عرض کیا کہ مجھے آپ کیا حکم دیتے ہین اپنے مال مین کیا کرون پس نازل ہوا قولہ یوصیکم اللہ فی اولادکم الآیات ۔ رواہ البخاری ومسلم والنسائی والجماعۃ کلھم شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ ظاہر یہ ہی کہ حضرت جابرؓ کے حق مین اس سورہ کی آخری آیت ورباب کلالہ اُتری ہی جیسا کہ آویگا انشاء اللہ تعالے اور اظہر سبب نزول اس آیت کا وہ ہی جو انھین جابرؓ سے روایت ہی کہ سعد بن الربیعؓ کی جورو آئی رسول اللہ صلعم کی حضور مین اور عرض کیا کہ یارسول اللہ یہ لڑکیان دونون دختران سعد بن الربیع ہین جو اُحد مین آپ کے ہمراہ شہید ہوا اور ان دونون کے چچا نے تمام مال لے لیا انکے لیے کچھ نہین چھوڑا اور انسے کوئی نکاح نکریگا جب تک انکے پاس مال نہو پس آپ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل اسمین حکم فرماویگا پس نازل ہوا قولہ یوصیکم اللہ فی اولادکم الآیہ پس رسول اللہ صلعم نے دختران مذکورہ کے چچا کو کہلا بھیجا کہ دختران سعدؓ کو دو تہائی اور ان دونون کی ماں کو آٹھوان حصہ دیدے اور باقی تیرا ہی رواہ احمد وابوداؤد وابن ماجہ وابویعلی وابن ابی حاتم وابن حبان فی صحیحہ والحاکم والبیہقی والترمذی وقال لانعرف الامن حدیث عبداللہ بن محمد بن عقیل اور وہ ثقہ ضابط ہین اب آیات کریمہ کو انکی تفسیر وفوائد سے کان لگاکر سننا چاہیے قال اللہ تعالے یوصیکم اللہ ۔ اللہ تعالے تمکو وصیت کرتا ہی فی اولادکم ۔ تمہاری اولاد کے بارہ مین اور مراد وصیت کرنے سے حکم کرنا ہی اسکو وصیت سے تعبیر فرمایا جسمین بعض اہل استنباط نے نکتہ نکالا ہی کہ بندون کے مان باپ کو خود انکی اپنی اولاد کے حق مین وصیت کی تو ظاہر ہی کہ اوتعالے اپنے بندون پر اس سے زیادہ مہربان ہی جسقدر مان باپ اپنی اولاد پر ہوتے ہین اور حدیث صحیح مین ہی کہ اللہ تعالے اپنے بندون پر اس سے کہین زیادہ مہربان ہی جتنا بچے پر اسکی ماں مہربان ہوتی ہی اور حدیث مین قصہ ہی وقد ذکرناہ فی بعض المواضع ۔ اور یہان سے تفصیل وبیان اس اجمال کا ہی جو قولہ تعالے للرجال نصیب مما ترک الوالدان والاقربون الآیہ ۔ مین گذرا اور یہین سے نکلا کہ بیان مین تاخیر ہونا روا ہی کما مر ہناک اور وہان کے خطاب سے تو زمانۂ جاہلیت کی ناانصافی کی تقسیم کو رد فرمایا اور یہان عدل کی تقسیم کو بیان فرمایا ۔ پھر جانو کہ اولاد جمع ولد کی بمعنے فرزند خواہ لڑکا ہو یا لڑکی ہو خواہ مسلمان ہو یا کافر ہو خواہ آزاد ہو یا غلام ہو خواہ قاتل ہو یا سعید ہو ۔ خواہ ایک ہی ولایت مین ہو جہان مورث نے انتقال کیا یا دوسری ولایت مین ہو اور واضح ہو کہ مملوک اگر مرجاوے تو اُسکا کچھ مال ہی نہین وہ تو خود اپنے مولی کا مملوک ہی پھر آزاد میت کا مال میراث ہی اور اسکی صورت کہ اُسکا بیٹا غلام ہو یہ ہی کہ زید نے عمرو کی لونڈی سے جو جہاد مین پکڑی آئی تھی یا اسکی مان یا نانی اصل اسکی اسطرح کی تھی اور اپنے مالک کے سوائے کسی دوسرے کے نطفہ سے ہی اُس سے زید نے نکاح کیا اور لڑکا پیدا ہوا یا لڑکی تو یہ لڑکا و لڑکی بھی اپنی مان کے تابع قرار دیجاتی ہی پس عمرو کی ملک ہی اور اگر عمرو کی لونڈی سے خود عمرو سے بچہ پیدا ہو تو وہ باپ کے مانند آزاد ہوگا اور یہ صورت کہ باپ مملوک اور بیٹا آزاد ہو ظاہر ہی مثلاً بیٹا آزاد کیا گیا اور باپ رہگیا ۔ پھر جانو کہ اگر زید مرا تو اسکی اولاد مین سے جو لڑکا یا لڑکی کسی دوسرے کی ملک ہو وہ میراث نہ پاویگی اور نیز جو اولاد اسکے دین کے خلاف ہی مثلاً زید مسلمان اور اولاد مین بعض کافر ہو ہے تو کافر کو میراث نہ ملیگی اور اسکے برعکس بھی کہ زید کافر اور اسکا بیٹا مسلمان ہی تو زید کا وارث نہوگا ۔ اور نیز اگر زید دارالاسلام مین ہی اور اسکی اولاد مثلاً لڑکا دارالحرب مین ہی تو کوئی دوسرے کا

وارث نہو گا اور اسیطرح اگر اسنے عمداً قتل کیا ہو تو بھی بالاجماع وارث نہو گا پس قید و اختلاف دین کی اختلاف دار و قتل عمد یہ چار باتین علی الاعموم میراث سے مانع ہین پس اگر اولاد مین بھی کوئی پائی جاویگی تو اسکو میراث نہ ملیگی آگے ذکر کرتا ہی جو میت نے چھوڑا اور میراث اسمین سے وہ ہی جو وارثون کو ملے اور وہ میت کی تجہیز و تکفین و ادائے قرضہ و وصیت کے بعد جو کچھ بچے وہ میراث ہی اور قرینہ ایسی بری بلا ہی کہ اگر میت کی حیثیت ایک روپیہ کے کفن کی تھی تو وہ صورت قرضہ کثیر ہونے کے کہ ترکہ کفایت نہ کرتا ہو اسکو دیتے آنہ گز کا کفن ملیگا اور واضح ہو کہ میت کا حق مال متروکہ سے منقطع ہو جاتا ہی سوائے ایک تہائی کے کہ اس سے متعلق رہتا ہی اور واضح ہو کہ آیات میراث مین چند باتین پہلے جاننا ضرور ہین - اول انکہ کمتر جمع دو ہی دوم وارث چار طرح کے ایک وہ کہ جنکا حصہ فقط فرض مقرر ہی جیسے جورو مرد ہین اور ایسون کو ذوی الفروض کہتے ہین دوم جنکا حصہ مقدر نہین بلکہ وہ ذوی الفروض کا حصہ مقرر ہونے کے بعد باقی سب لے لیتے ہین جیسے بیٹا اور ایسون کو عصبہ کہتے ہین سوم وہ جنکا حصہ بھی مقرر ہی اور باوجود اسکے وہ عصبہ بھی ہو جاتے ہین جیسے باپ کہ درصورت ایک دختر ہونے کے وہ اپنا مقدر حصہ لیگا اور دختر کے مقدر حصہ دینے کے بعد باقی کو عصبہ ہو کر لیگا چہارم وہ کہ کسی صورت مین ذوی الفروض ہین سے اور کسی صورت مین عصبہ مین سے ہوتے ہین جیسے میت کا باپ وہ دختر ہو تو دختر کو نصف مقدر ملیگا اور اگر بیٹا یا بیٹی ہو تو بیٹا دونے اور بیٹی ایک حصہ لیگی - اب مین اللہ تعالے کی توفیق و طاقت سے استعانت پاکر تفسیر شروع کرتا ہون قال تعالے - یوصیکم اللہ فی اولادکم اللہ تمکو حکم دیتا ہی تمہاری اولاد کے حق مین اور مراد اولاد سے وہ تمام بیٹے و بیٹیان ہین جنمین رقیت و اختلاف دین و آختلاف دار و قتل عمد کا کوئی مانع نہو کیونکہ اگر اولاد رقیق ہو یا دین اسلام سے خارج ہو یا کافرون کے ملک مین رہتی ہو یا اسنے باپ مان کو یعنے مورث کو عمداً قتل کیا ہو تو وہ محروم ہی - پھر اولاد جمع کا لفظ کمتر درجہ یعنے اولاد کے بارہ مین حکم دیتا ہی - اگرچہ دو ہون کیونکہ میراث مین کمتر جمع دو ہی اور اولاد مین وہ حمل بھی داخل ہی جسکے علوق کا وقت وفات میت کے ہونا یقینی معلوم ہو باین طور کہ میت کی جورو وقت وفات سے چھ مہینے کے اندر جنے اور اولاد کا لفظ میت کے پسر کی اولاد کو بھی شامل ہی یعنے اگر میت کی صلبی اولاد نہو تو پسر کی اولاد بھی اسیطرح مستحق ہونگی اور یہان آئمہ حنفیہ و شافعیہ و جمہور متقدمین مین اختلاف اسمین ہی کہ یہ شامل ہونا مجازاً ہی یا حقیقۃً ہی تو حنفیہ کہتے ہین کہ حقیقۃً شامل ہی اور شافعیہ مجازاً شمول کہتے ہین بہرحال شمول مین اتفاق ہی اور اولاد مین خنثی بھی شامل ہی یعنے وہ بچہ جسکے نر و مادہ دونون کی علامت موجود ہو اور قرطبی نے کہا کہ علما نے اجماع کیا ہی کہ خنثی اگر مرد کی علامت سے پیشاب کرے تو اسکو مذکر کا حصہ اور اگر مونث کی علامت سے پیشاب کرے تو مونث کا حصہ دیا جاویگا اور اگر دونون سے پیشاب کرتا ہو تو جس سے پہلے نکلے اور اگر دونون علامتون سے یکسان نکلتا ہو تو یہی خنثی مشکل ہی اسکے حصہ مین اختلاف ہی اور اس آیت سے میراث کا وہ قاعدہ جو زمانہ شرک سے لوگون مین جاری تھا کہ حلیف ہونے اور ہجرت اور معاقدت و غیرہ اسباب سے باہم وارث ہوتے تھے منسوخ ہو گیا پھر اللہ تعالے نے اسکی تفصیل فرمائی - للذکر مثل حظ الانثیین - ترجمہ اولاد کو اس حساب سے کہ ایک کو دو مونث کے برابر یعنے لڑکا لڑکی سے دوچند پاویگا اور چونکہ یہ اجمال اول کی تفصیل ہی لہذا اسمین ایک ضمیر چاہیے جو اجمال کی طرف راجع ہو یعنے للذکر منہم - مگر چونکہ معلوم تھا ضمیر حذف ہوئی اگر کہا جاوے کہ اولاد سے شروع کیا جواب ہان دو وجہ سے ایک تو میت کے زیادہ قریب کہلاتے ہین دوم اکثر بعد میت کے یہی ہوتے ہین پس فرمایا کہ پسر کو دختر سے دوچند دیا جاوے اور اسپر اجماع ہی کہ اولاد کے ساتھ جو ذوی الفروض ہون انکو انکا حصہ مقدر دیکر باقی کو اولاد مین اسطرح تقسیم کیا جاوے پس لڑکا عصبہ ہی اور عصبہ وہ ہی جسکا کوئی حصہ مقرر نہین ہی بلکہ ہین لیگون کا حصہ مقدر ہی وہ دیکر باقی سب کا مالک ہی اور جنکا حصہ مقدر ہی انکو ذوی الفروض کہتے ہین حتی اگر ذوی الفروض مین سے کوئی نہو تو بیٹا کل میراث کا

مالک ہو۔ رہی لڑکی تو وہ ایک صورت میں عصبہ ہو اور ایک صورت میں ذوی الفروض سے ہو چنانچہ جب لڑکا ہو تو لڑکی بھی اسکے ساتھ عصبہ ہو اور اگر ساتھ نہ ہو تو ذوی الفروض میں سے ہوگی کہ اسکا حصہ مقدر ہو اور عصبہ وہ ہو کہ اگر تنہا ہو تو سب مال سمیٹ لے واضح ہو کہ میت کے ترکہ سے اولاً تجہیز و تکفین کیجاوے پھر قرضہ ادا کیا جاوے اگر ہو پھر وصیت صرف تہائی مال میت سے ادا کیجاوے اگر ہو پھر جو باقی ہے وہ میراث ہے جسمیں سے ذوی الفروض کو انکا مقرری حصہ دیا جاوے اگر ہوں پھر باقی کو اولاد میں اسطرح تقسیم کیا جاوے۔ اولاد تین حال سے خالی نہیں یا تو مذکر و مونث دونوں ہونگے تو یہ حکم آیت میں مذکور ہے یا فقط مذکر تو سب مال بعد اہل فرائض کے لے لیگا یا فقط مونث تو اللہ تعالے نے آگے فرمایا۔ بقولہ سبحانہ تعالے۔ فان کن نساء فوق اثنتین فلھن ثلثا ما ترک پہلے فرمایا تھا کہ دو لڑکیاں اور ایک لڑکا ہو تو نصیحت دونوں لڑکیوں کو اور نصف ایک پسر کو ملیگا اب فرمایا کہ اگر لڑکیاں دو سے زائد ہوں خواہ تین ہوں یا چار یا زیادہ تو انکو بھی دو تہائی ملیگا۔ اس تقریر سے دو لڑکیوں کا نصف حصہ گویا بیان ہو گیا اور ایک لڑکی کا بیان باقی رہا اور یہی ابن عباسؓ کا قول ہے لیکن جمہور صحابہ نے کہا کہ دو لڑکیوں کا بھی دو تہائی ہے اور اسی کو چاروں اماموں نے اپنا مذہب قرار دیا ہے سو بعضے لوگوں نے خیال کیا کہ یہ قرآن مجید کے اسی نظم سے اسطرح ثابت ہے کہ لفظ فوق زائدہ ہے اور تقدیر یہ کہ فان کن نساء اثنتین۔ جیسے قولہ فاضربوا فوق الاعناق۔ میں فوق زائدہ ہے کیونکہ یہ غرض نہیں کہ کافروں کی گردن کے اوپر سے مارو بلکہ گردن مارو۔ اور نحاسؒ و ابن عطیہؒ نے اسکو رد کر دیا کہ یہ خطا ہے کیونکہ ظروف و تمام اسما کلام عرب میں بے معنے زائد نہیں ہو سکتے اور شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ دونوں آیتوں میں فوق کا زائدہ ہونا غیر مسلم ہے اور ممنوع ہے کہ قرآن مجید میں بیفائدہ کوئی لفظ بھرتی کا ہووے اور اگر یہی ہوتا یعنی مقدر فان کن نساء اثنتین۔ تو آگے فلھما ثلثا ما ترک۔ ہوتا حالانکہ فلھن ثلثا ما ترک ہے مترجم کہتا ہے کہ فوق کو زائد کہنے والے نے اپنے اوپر مشقت اٹھائی اور دوہری مصیبت بڑھائی کیونکہ اگر تین دختر ہوں تو انکا حکم مذکور نہیں اور چار ہوں تو معلوم نہیں علی ہذا القیاس اور بہت سی دقت ہے کہ اسپر کوئی اشارت و دلالت بھی ظاہر نہیں بخلاف اولادوں کے جو زائدہ نہیں کہتے ہیں بلکہ کہتے ہیں کہ اس سے دو سے زیادہ چاہے جسقدر ہوں سب کا حکم معلوم ہو گیا یا فقط دو کا حکم تو یہ دلالت قرآن سے معلوم ہے کیونکہ جب ذکر کے ساتھ ایک دختر کو تہائی بالاتر منفرد دو دختر کو یعنی ہر ایک کو مونث کے ساتھ بدرجہ اولیٰ تہائی ملیگا پس دونوں کی دو تہائی ہوئی اور نحاسؒ نے اسمیں کلام کیا کہ اختلاف تو دو دختر میں ہے کہ پسر سے تنہا ہوں اور نیز معارضہ کیا کہ ایک پسر دو دختر ہوں تو دونوں کے لیے نصف ہے پس معلوم ہوا کہ انکا فرض مقدر بھی یہی ہے اور یہ باطل ہے مذہب ابن عباسؓ سے جیسا کہ ہم نے اوپر اشارہ کیا۔ ونیز جمہور نے قیاس پیش کیا کہ دو بہنوں منفردہ کے لیے دو تہائی فریضہ منصوص ہے تو دو دختر منفردہ کے لیے بدرجہ اولے ہوگا اور مترجم کہتا ہے کہ پوشیدہ نہیں کہ اولویت کا حکم بنظر قرابت قریب رحم ہے لیکن مواریث کی تقدیر میں قرابت رحم کی علت ہونا یا یہی فقط علت ہونا محل مناقشہ ہے پھر قیاس کہاں ہو سکتا ہے خصوص جبکہ فرمایا۔ آباؤکم و ابناؤکم لا تدرون ایہم اقرب لکم نفعا۔ فریضۃ من اللہ۔ ان اللہ کان علیما حکیما اور ایسے ہی شیخ ابن کثیرؒ نے جو استدلال ذکر کیا کہ اللہ تعالے نے ایک دختر کے لیے نصف حصہ منصوص فرمایا اگر دو کے لیے بھی ہوتا تو منصوص ہوتا پس اکیلی منفردہ کی تنصیص بنصف نے دلالت کی کہ دو دختر یکحکم سے دختر ان مترجم کہتا ہے کہ اسمیں وہی مناقشہ ہے جو میں نے بیان مذہب حضرت ابن عباسؓ میں اشارہ کیا یعنے دو کا حکم نصف کا تفصیل بعد اجمال سمجھ گیا یعنے للذکر مثل حظ الانثیین کیونکہ یہ کلام اس قوت میں ہے کہ اگر اولاد میں ایک پسر ہو اور دو دختر ہوں تو دو دختر کا فقط نصف حصہ ہو اور نصف مذکر کا ہو پس جبکہ تنہا ایک دختر کا بیان رہا تھا اگر منصوص فرمایا لیکن یہ وارد ہے کہ للذکر مثل حظ الانثیین سے ایک پسر

وایک دختر کا حصہ بھی ایک تہائی سمجھا گیا پس تنصیص علیحدہ بوجہ حکم انفراد کے ہی مگر آنکہ کہا جاوے کہ انفراد کے ساتھ جبکہ اجتماع وانفراد مین فرق بھی ہو پس دو کا حکم انفراد جو نکہ بلا فرق کے وہی تھا جو اجتماع مذکر کے ساتھ مذکور ہوا لہذا الگ نہین بیان کیا مترجم کہتا ہی کہ حق یہ ہی کہ اجتماع وانفراد دختروں کے حق مین دراصل مختلف ہی کیونکہ اجتماع مین دختر بھی عصبہ بین اور انفراد مین ذوی الفروض مین سے ہین فافہم پس سب سے واضح دلیل جمہور کے واسطے وہ حدیث جابرؓ ہی جو مین نے سبب نزول کے بیان مین اوپر ذکر کی جسمین حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سعد بن الربیع کی دونون دختر کے واسطے دو تہائی کا حکم فرمایا اور یہ حدیث خود حجت ہی اور مؤید اس دلالت کی جو قرآن مجید سے مذکور ہوئی فافہم واللہ اعلم اب آگے اکیلی ایک دختر کا حکم فرمایا - یقولہ تعالے عزوجل - وان کانت واحدۃ فلہا النصف - یعنے اولاد مین اگر اکیلی ایک لڑکی ہو تو اسکے واسطے نصف ہی سکا ہوگا - قولہ علامہ الثالث - یعنے جب فقط والدین وارث ہون تو مان کو تمام مال کی تہائی ملیگی اور مدارک مین فرمایا کہ اگر والدین کے ساتھ شوہر وجورو مین سے کوئی ہو تو مان کے واسطے تہائی تمام مال کا حکم نہین ہیگا بلکہ زوج کا حصہ نکالکر باقی مال کی تہائی کا حکم ہوگا اسواسطے کہ باپ بہ نسبت مان کے میراث مین اقوی ہی کیونکہ درصورت تنہائی کے باپ کا حصہ مان سے دوچند ہی پھر اگر درصورت زوج ہونے کے یعنے جورو یا مرد ہونے کے بھی اسکا حصہ تہائی کل مال سے مقرر ہو تو لازم آویگا کہ باپ کا حصہ مان سے کم ہو جاوے چنانچہ مثلاً ایک عورت مری اور اسنے مان و باپ و خاوند چھوڑے تو خاوند کو سبب اولاد نہونے کے نصف ترکہ ملا اور مان کو بتقدیر مذکور تہائی دیا گیا تو باپ کے لیے چھٹا حصہ رہگیا باین طور کہ کل مال کے چھ حصہ کرکے تین سہام شوہر کو اور دو سہام مان کو اور رہا ایک سہم وہ باپ کو ملا پس للذکر مثل حظ الانثیین کا حکم بدل کر للانثی مثل حظ الذکرین ہو جائیگا حالانکہ یہ خلاف منصوص ہی پس لازم آیا کہ مان کو بعد حصۂ شوہر کے باقی کی تہائی دیا جاوے تو یہ لازم نہ آوے چنانچہ اس مسئلہ مین منجملہ ۱۲ سہام کے شوہر کو تین سہام دیکر باقی تین مین سے مان کو تہائی کا ایک سہم دیا جاوے اور دو سہام باپ کے ہین تو مرد کو عورت سے دوچند ملا - وہو الحق - قولہ سبحانہ تعالے - فان کان لہ اخوۃ فلامہ السدس - یعنے اگر میت کے بھائی بہن ہون (نہ اولاد) تو میت کی مان کے لیے چھٹا حصہ ہی - اسمین مان کے محجوب کرنے مین بھائی ہون یا بہن ہون خواہ میت کے اعیانی ہون یا علاتی یا اخیافی یعنے کسی قسم کے ہون سب برابر ہین لیکن جب دو ہون یا دو سے زیادہ ہون تب مان کو تہائی سے محجوب کرکے چھٹا حصہ پر لاتے ہین اور اگر ایک بھائی یا بہن ہو تو وہ مان کو محجوب نہین کرسکتا - پس اخوہ جمع سے مراد دو یا زیادہ ہی کیونکہ میراث مین کم سے کم جمع دو ہی - اور اخوہ تین طرح کے ہوتے ہین اعیانی یعنے ایک مان باپ سے سگے - علاتی یعنے باپ ایک ہو اور مان دو ہون - اور اخیافی یعنے مان ایک ہو اور باپ دو ہون پس میت کا باپ زندہ ہوتے ہوئے انمین سے کوئی وارث نہوگا کیونکہ باپ عصبہ ہی ایسے ہی میت کی دختر ہو تو بھی باپ باقی کا عصبہ ہی اور اگر پسر ہو تو باپ کو فقط فرض یعنے چھٹا حصہ ملیگا اور اگر میت کے پسر و باپ یا دادا انمین سے کوئی نہو تو اعیانی اخوہ وارث ہونگے ورنہ علاتی - پھر اخیافی ہر ایک بھائی و بہن کو چھٹا حصہ ہی اور اگر ایک سے زائد ہون تو تہائی مین سب مساوی مشترک ہونگے اور اسمین مذکر و مونث یکسان ہی - الحاصل میت کا پسر ہمیشہ عصبہ ہی اور صلبی پسر کے ہوتے ہوئے پوتا محجوب ہی اور اگر کوئی پسر نہو تو پوتا بھی مانند پسر کے عصبہ ہی لیکن جب میت کی دختر و پوتا ہو تو دختر کو نصف دیکر باقی پوتا پاویگا میت کی دختر - اگر پسر کے ساتھ ہو تو عصبہ ہی کہ بعد ذوی الفروض کے حق دینے کے باقی ان بھائی بہنون مین اسطرح تقسیم ہوگا کہ پسر کو دختر سے دوچند ملیگا اگر دختر کے ساتھ پسر نہو تو وہ ذوی الفروض مین سے ہی کہ اگر ایک ہو تو نصف پاویگی اور دو ہون یا زیادہ ہون تو سب کو دو تہائی ملیگا میت کا باپ اگر میت کا پسر موجود ہو تو چھٹا حصہ فریضہ فقط اور اگر دختر ہی ہو تو چھٹا حصہ فریضہ پھر بعد فریضۂ دختر کے باقی مال کا عصبہ ہوگا میت کا دادا

جب باپ نہو تو دادا بمنزلہ باپ کے ہی میت کی ماں اگر میت کا بیٹا یا دختر موجود ہو تو چھٹا حصہ ہی اور اگر کوئی فرزند نہو تو ماں کو کل مال کی تہائی اور اگر عورت میت کا زوج ہو یا مرد میت کی زوجہ ہو تو اسکا فریضہ دینے کے بعد باقی مال کی تہائی ملیگی اور اگر دو سے زیادہ بھائی بہن کسی قسم کے ہون تو ماں کا چھٹا حصہ ہوگا ۔ یہانتک حصص تو آیت کریمہ مین اسنتک مذکور ہوے ہین باقی آگے آتے ہین

آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۚ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ

تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے تم نہین جانتے ہو کہ انمین کون تمہارے نفع کے لیے سب سے نزدیک ہی حصہ باندازہ کی طرف سے

إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا حَكِيمًا ۝

اللہ تعالے خوب دانا وحکمت والا ہی

عوفی کی روایت ابن عباس مین ہی کہ آیت فرائض مین بعض لوگون کو اکراہ ہوا کہ عورت کو چوتھائی یا آٹھوان دیا جاوے اور دختر کو نصف اور اپنے غیر عصبہ ہو حالانکہ انمین سے کوئی بھی نہ دشمن دفع کرے نہ غنیمت لاوے اور زمانہ جاہلیت مین میراث سب سے بڑے مرد کو پہونچتی تھی چھوٹے کو اس ترتیب سے دیتے تھے رواہ ابن ابی حاتم وابن جریر اور عطاء نے ابن عباس سے روایت کی کہ پہلے یہ تھا کہ مال میراث تو اولاد کا تھا اور والدین کے لیے وصیت تھی پس اللہ تعالے نے انمین سے جو چاہا منسوخ فرمایا پس مذکر کو برابر دو مونث کے حصہ دیا اور والدین مین سے ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ و تہائی مقرر کیا اور زوجہ کے لیے آٹھوان یا چوتھائی رکھا اور شوہر کے لیے چوتھائی یا نصف رکھا رواہ البخاری اور حاصل یہ کہ اللہ تعالے نے امر جاہلیت کو دور کیا کہ کل میراث مذکر کو دیتے اور نیز ابتداے اسلام مین جس حال تھے کہ کل مال اولاد کا اور انمین سے وصیت فقط والدین کو تھی منسوخ کیا کیونکہ انسان کو کبھی نفع دینوی یا اخروی یا دونون اسکے باپ سے اسقدر پہونچتا ہو کہ اولاد سے نہین پہونچتا اور کبھی برعکس ہوتا ہی اور اسکا دانا اللہ تعالے ہی ہے نہ بندہ نہین اسلیے بیان فرمایا ۔ آبَاؤُكُمْ وَأَبْنَاؤُكُمْ ۔ مبتدا اور خبر اسکی ۔ لَا تَدْرُونَ أَيُّهُمْ أَقْرَبُ لَكُمْ نَفْعًا ۔ فی الدنیا والاخرۃ فقد ان ایہ النفع لہ فیعطیہ الارث فیکون الامر بالعکس وانما العالم بذلک اللہ تعالے ۔ تمہارے آبا و ابنا تم نہین جانتے ہو کہ کون انمین سے اقرب ہی تمہارے واسطے از راہ نفع کے یعنے دنیا مین اور آخرت مین کون تمکو نافع ہوگا پس گمان کرنے والا اٹکل لگاویگا کہ میرا بیٹا میرے حق مین زیادہ نافع ہی تو اسکو میراث دیگا حالانکہ اسکا باپ اسکے لیے زیادہ نافع ہے یا اسکے برعکس ہو اور بات یہ ہی کہ اس امر کو اللہ تعالے ہی خوب جانتا ہی ۔ فَرِيضَةً مِّنَ اللَّهِ ۔ پس فرض کردی تمہارے لیے میراث فرض کرنا بطور مقاص اللہ تعالے کیطرف سے ۔ ماصول آگے تمہاری رائے اجتہاد پر نہین چھوڑا کیونکہ تم اسکی مقدار جاننے سے عاجز ہو اور یہ جملہ معترضہ ہی اسکے لیے کوئی محل اعراب نہین ہی کما قال المدارک اور ان اللہ مبتدا مرفوع اور اقرب الکم خبر اور نفعا تمیز ہی یعنے اقرب ازروے نفع کے اور یہ جملہ اسمیہ محل نصب مین لا تدرون کا مفعول ہی پھر فریضۃ کو نصب بنا پر آنکہ مفعول مطلق ہی اسیواسطے مفسر نے کہا فرض اللہ الارث فریضۃ من اللہ ۔ اور کما لابن مین کہا کہ مراد یہ ہی کہ یوصیکم کا مصدر موکد بغیر لفظہ ہی از قبیل قولک لہ علی الف درہم اعترافا ۔ اور حاصل یہ کہ مقادیر مختلفہ مفروضہ و مساہمات وارثون مین اصل میراث مین فریضہ ہی اللہ تعالے کی طرف سے اور اسیکی طرف سے حکم کیا گیا و مقدر کیا گیا ہی کیونکہ وہی دانا ہی ہر چیز کو اپنے محل پر رکھتا ہی اسیواسطے فرمایا ۔ إِنَّ اللَّهَ كَانَ عَلِيمًا ۔ مخلقہ ۔ اللہ تعالے علیم ہی یعنے اپنی مخلوق کو ہر طرح جانتا ہی حَكِيمًا ۔ فیما دبرہ لہم ای لم یزل متصفا بذلک ۔ حکیم ہی اس تدبیر مین جو اپنی مخلوق کے

واسطے مقرر فرمائی اور چونکہ کان صیغۂ ماضی تھا تو مفسرؒ نے کہا یعنے برابر ہمیشہ اس صفت علم و حکمت سے متصف ہی اور حاصل جواب یہ کہ کان یہان استمرار و دوام کے معنے مین ہی اور یہ عرب کی زبان مین شائع ہی ف جاننا چاہیے کہ آیۂ یوصیکم اللہ فی اولادکم - یہان تمام ہوئی ہی اور بنظر تسہیل مین نے باپ ماں کے حصص اپنے مذہب کے موافق اوپر ذکر کر دیئے تاکہ عام نفع اٹھاوین اور توضیح یہ ہی کہ ماں باپ کی چند حالتین ہین اول آنکہ میت کی اولاد کے ساتھ جمع ہون تو ہر ایک کے واسطے چھٹا حصہ ہوگا پس اگر میت کی ایک ہی دختر ہو تو اسکو نصف اور ہر ایک والدین کو چھٹا چھٹا دیکر باقی چھٹے حصہ کو بھی میت کا باپ بطور عصبہ لے لیگا پس ایسی حالت مین باپ کو فرض و عصوبت دونون ہونگے - دوم آنکہ والدین تنہا ہون تو ماں کو تہائی دیکر باقی کو باپ محض تعصیب مین لیگا پس باپ اس حالت مین محض عصبہ ہوا اور اگر انکے ساتھ زوج ہو یا زوجہ ہو تو اس صورت مین بسبب اولاد نہونے کے شوہر کو نصف یا زوجہ کو چہارم مل جاویگا پھر علما مین اختلاف ہی کہ ماں کو کیا ملیگا اسمین تین قول ہین ایک قول یہ کہ ہر دو مسئلہ مین ماں کو باقی کا تہائی ملیگا گویا والدین کی نسبت یہی باقی مال ہی کل میراث ہی اور اللہ عزوجل نے ماں کے واسطے باپ کے حصہ کا نصف رکھا ہی پس وہ باقی کا تہائی لیوے اور دو تہائی باپ لیوے اور یہی قول حضرت عمر و عثمان کا اور ہر دو روایت مین اصح روایت کے موافق حضرت علی کا قول ہی اور یہی قول حضرت ابن مسعود و زید بن ثابت کا ہی اور اسیکو فقہاء مدینہ اور چاروں امامون اور جمہور علما نے اختیار کیا ہی - اور دوسرا قول یہ کہ زوج و زوجہ ہو یا نہو ہر حال ماں کو کل مال کی تہائی ملیگی کیونکہ فان لم یکن لہ ولد و ورثہ ابواہ فلامہ الثلث عام ہی اور یہ قول ابن عباس و معاذ بن جبل و شریح و داؤد ظاہری وغیرہ کا ہی شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ یہ قول ضعیف ہی کیونکہ ظاہر عموم آیت تو جمیع ترکہ سے ہی اور یہان بعد حصہ زوج یا زوجہ کے باقی کو جمیع قرار دیا گیا پس باقی کا تہائی لیگی - اور تیسرا قول یہ ہی کہ ماں کو فقط زوجہ کے مسئلہ مین کل مال کی تہائی ملیگی چنانچہ بارہ مین سے چہارم یعنے تین تو زوجہ لیگی اور سوم یعنے چار ماں کو ملینگے اور باقی پانچ باپ کو رہینگے اور اگر شوہر ہو تو ماں کو باقی تہائی ملیگی تاکہ ماں کو باپ سے زیادہ نہ ملے اور یہ قول ابن سیرین سے نقل کیا جاتا ہی اور اسکا ضعف ظاہر ہی پس صحیح وہی قول اول ہی حال سوم آنکہ والدہ کے ساتھ اخوہ ہون خواہ سگے ہون یا باپ کی طرف یا ماں کی طرف سے سوتیلے ہون سو یہ لوگ باپ کے ہوتے ہوئے وارث نہین ہو سکتے لیکن ماں کو تہائی حصہ سے محجوب کر کے چھٹے حصہ پر کر دیتے ہین پس اگر سوائے اخوہ کے اور کوئی نہو تو ماں کے چھٹے حصہ کے بعد باقی باپ کو تعصیب مین ملیگا - پس معلوم ہوا کہ باپ کو محض تعصیب و جگہ ہوتی ہی ایک یہان اور ایک فقط ماں کے ہوتے ہوئے فاحفظہ - پھر واخوہ کا حکم بھی جمہور کے نزدیک یہی ہی جو تین یا زیادہ اخوہ کا ہی اور ابن عباسؓ سے اسمین خلاف بسند ضعیف نقل کیا جاتا ہی اور صحیح سند سے من طریق خارجہ بن زید عن ابیہ روایت ہی کہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ اخوان بھی اخوہ کہلاتے ہین اور ایک بھائی ہو تو وہ ماں کو کچھ محجوب نہین کرتا اور ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ اہل علم کی دانست مین اخوہ کا محجوب کرنا ماں کو اسی جہت سے ہی کہ باپ انکے شادی بیاہ کر دینے کا متکفل ہوگا اور انکا نفقہ باپ پر ہی نہ ماں پر اور یہ اچھا کلام ہی لیکن ابن عباسؓ سے بسند صحیح مروی ہی کہ اخوہ نے حصہ سے ماں کو محجوب کیا تو یہ حصہ انکو مل جائیگا اور یہ قول شاذ ہی اور شیخ ابن جریرؒ نے کہا کہ تمام امت سے مخالف ہی - اب باقی رہا بیان اسکا کہ دادا اعنی مفسرؒ باپ کے ہوتے ہوئے اخوہ ساقط ہون یا نہین ہی تو حضرت ابوبکر صدیقؓ کا مذہب یہ ہی کہ وہ بمنزلہ باپ کے ہی اور انکے ایام خلافت مین صحابہ رضی اللہ عنہم سب متفق تھے پھر انکی وفات کے بعد اختلاف ہوا پس حضرت صدیق رضی اللہ عنہ کے قول پر ابن عباسؓ و عبداللہ بن الزبیرؓ و عائشہ و معاذ بن جبل و ابی بن کعب و ابوالدرداء و ابوہریرہ و عطا و طاؤس و حسن و قتادہ و ابوحنیفہ و ابوثور و اسحاق کا قول ہی اور حضرت علی بن ابیطالبؓ و زید بن ثابت و ابن مسعودؓ کا مذہب یہ کہ دادا کو میت کے بھائیون بہنون کے ساتھ وارث کیا جاوے جبکہ

سگے ہوں یا باپ کی طرف سے ہوں اور انکے ساتھ ہیں جد کی تہائی سے کمی نہو گی اور ذوی الفروض کے ساتھ چھٹے حصہ سے جد کا حصہ کم نہو گا بقول زید و مالک و اوزاعی و ابو یوسف و محمد و شافعی۔ اور بھائیوں کی اولاد دادا کے ہوتے ہوئے جمہور کے قول پر ساقط ہو جاتی ہے اور یہی جدہ یعنے ماں کی ماں تو علما کا اتفاق ہے کہ اگر میت کی ماں نہو تو وہ چھٹا حصہ پاویگی اور اجماع ہے کہ ماں کے ہوتے ہوئے ساقط ہے اور اجماع ہے کہ باپ کے ہوتے ہوئے ساقط نہیں ہے اور اگر میت کے سگے نانی کا بیٹا موجود ہو تو زید بن ثابت و عثمان و علی رضی اللہ عنہم سے مروی ہے کہ جدہ وارث نہو گی یہی قول مالک و ثوری و ابو ثور و اوزاعی و ابو حنیفہ وغیرہم کا ہے اور حضرت عمر و ابن مسعود و ابو موسیٰ سے روایت ہے کہ وارث ہو گی اور یہ عثمان و علی سے بھی مروی ہے اور یہی شریح و حابر بن زید و احمد و اسحاق وغیرہ کا قول ہے **فائدۃ ثانیۃ** عرائس البیان میں ہے کہ قولہ تعالے آباؤکم و ابناؤکم لا تدرون ایہم اقرب لکم نفعا۔ اشارہ یہ کہ بزرگوں کی خدمت کرو اور اولاد پر رحم کرو کیونکہ پتا اوقات انمیں سے کسی فریق سے کوئی ایسا عمل ہو گا جو تمہارے لیے درگاہ الٰہی عزوجل میں سفارش کی اجازت پاویگا اور یہاں مبہم رکھنے میں حکمت یہ ہے کہ سب پر رحمت و شفقت رکھیں بتوقع اس ولی صادق کے۔ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے اقرب لکم نفعا کی تفسیر میں فرمایا ای اباؤ ابناء ہیں تم سے زیادہ فرمانبردار اللہ عزوجل کے اور تم سے بلند درجہ اللہ تعالے کے نزدیک قیامت کے روز۔ اسواسطے کہ اللہ تعالے قیامت کے روز مومنوں میں سے بعض کو بعض کا شفیع فرماویگا پس اگر پیسر اپنے والدین سے بلند درجہ ہو گا تو والدین کو اپنے درجہ پر لاویگا تاکہ اسکے آنکھیں ٹھنڈی ہوں اور اگر والد درجہ اعلی ہو گا تو اسکے ذریعہ سے فرزند کا درجہ بلند ہو گا تاکہ اسکی آنکھیں خنک ہوں

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ

اور تمکو آدھا مال جو چھوڑ مریں تمہاری عورتیں اگر نہو انکی کوئی اولاد اگر انکی اولاد ہی تو تمکو

الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِينَ بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۚ وَلَهُنَّ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ إِنْ لَّمْ

چوتھائی جو چھوڑا بعد وصیت کے جو دلوا مریں یا قرضے کے اور عورتوں کو چوتھائی مال جو تم چھوڑو

يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ ۚ فَإِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ مِّنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوصُونَ

اگر تمہارے کوئی فرزند نہو اور اگر تمہارے فرزند ہو تو تمہاری جوروؤں کو آٹھواں اس سے جو تمنے چھوڑا بعد اس وصیت کے جو دلوا مرو تم

بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۗ وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّورَثُ كَلٰلَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَّلَهٗ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ فَلِكُلِّ

یا قرضہ کے اور کسی ایسے مرد کی میراث ہے جو باپ بیٹا نہیں کلالہ یا عورت ہے اور اس شخص کا کوئی بھائی یا بہن ہے تو دونوں سے

وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ ۚ فَإِنْ كَانُوْا أَكْثَرَ مِنْ ذٰلِكَ فَهُمْ شُرَكَاءُ فِي الثُّلُثِ مِنْ بَعْدِ

ہر ایک کے لیے چھٹا حصہ ہے اور اگر اس سے زیادہ ہوں تو سب کے سب شریک ہونگے تہائی میں بعد

وَصِيَّةٍ يُّوْصٰى بِهَا أَوْ دَيْنٍ ۙ غَيْرَ مُضَارٍّ ۚ وَصِيَّةً مِّنَ اللّٰهِ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَلِيْمٌ

وصیت کے جو کی گئی ہے یا قرضے کے جب اوروں کا نقصان نہ کیا ہو یہ وصیت اللہ کی طرف سے اور اللہ خوب جاننے والا حلم والا ہے

وَلَكُمْ نِصْفُ مَا تَرَكَ أَزْوَاجُكُمْ (یعنی جو زوجہ مرد بیٹے سے مشہور ہے یہاں مراد اول ہے (المعنے) اور تمہارے لیے نصف

اس مال کا جو تمہاری زوجات نے چھوڑا۔ إِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّهُنَّ وَلَدٌ منکم او من غیرکم۔ بشرطیکہ زوجات کا فرزند کوئی نہو نہ لڑکا اور نہ لڑکا کا اور نہ تمہارے نطفہ سے اور نہ پہلے خاوند سے۔ فَإِنْ كَانَ لَهُنَّ وَلَدٌ فَلَكُمُ الرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْنَ مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ

یُوْصِیْنَ بِهَآ اَوْ دَیْنٍ - پھر اگر زوجات کا کوئی فرزند ہو تو تمہارے واسطے انکے ترکہ مین سے چہارم حصہ ہی بعد ادائے وصیت کے جو وہ میت کر گئے مرین یا بعد ادائے قرضہ کے فب یا اگر قرضہ بھی ہو اور وصیت بھی ہو تو دونون دیکر باقی میراث ہی - واضح ہو کہ میت کی تجہیز و تکفین کے بعد کہ قرضہ بالاجماع ہر حال مین مقدم ہی اور وصیت کو آیت مین اسواسطے مقدم کیا تاکہ وصیت کا لحاظ زیادہ رکھا جاوے پھر بعد قرضہ کے میت کی تہائی سے وصیت نافذ کیجاوے پھر وارثون کے حق متعلق ہین اور آخر مین انشاء اللہ تعالے مختصر بیان ہر ایک وارث کا لکھدیا جائیگا تخریج و طریقہ تقسیم کرنے کا انشاء اللہ تعالے - اور یہان آیت مین بیان یہ کہ اگر زوجہ مرے درحالیکہ اسکا کوئی فرزند لڑکا یا لڑکی نہین موجود ہی تو شوہر کو نصف ملیگا اور اگر موجود ہو تو شوہر کو چہارم ملیگا - رہا یہ کہ فرزند تو حقیقت مین وہ ہی جو عورت کے پیٹ سے ہو جیسے مرد کے پیٹھ کا نطفہ اسکا حقیقی فرزند ہی مفسر رح نے کہا کہ و الحق بالولد فی ذلک ولد الابن بالاجماع - یعنے میراث مین پسر کا فرزند بھی فرزند کے ساتھ لاحق کیا گیا اور اسپر اجماع ہی - یعنے سب علما مین اتفاق ہی کہ اگر صلبی فرزند نہو بلکہ پسر کا فرزند موجود ہو تو وہ بمنزلہ صلبی فرزند کے ہی ابن کثیر رح نے فرمایا کہ میت کے شوہر کے لیے دو حال ہین ایک یہ کہ فرزند نہونے کی صورت مین نصف اور دوم فرزند ہونے کی صورت مین چہارم - یہ امر بالاجماع ہی اسمین کچھ خلاف نہین ہی اور ایسے ہی حکم زوجات چنانچہ فرمایا - وَ لَهُنَّ - ای للزوجات تعددن اولا - اَلرُّبُعُ مِمَّا تَرَكْتُمْ - زوجات کے لیے خواہ ایک ہو یا کئی ہون تمہارے ترکہ سے چہارم ہی - یعنے شوہر کے مرنے پر اسکی زوجہ کو ایک ہو یا چار تک ہون فقط چہارم مال لگا پس اگر کل ہی تو کل چہارم لے اور کئی ہین تو بھی چہارم مین برابر شریک ہون - مگر یہ چہارم حصہ اسوقت ہی کہ - اِنْ لَّمْ يَكُنْ لَّكُمْ وَلَدٌ - اگر تمہارے کوئی فرزند نہو - یعنے نہ بیٹا بیٹی اور نہ پوتا پوتی وعلی ہذا القیاس منهن او من غیرهن - نہ اس جورو سے ہو اور نہ کسی دوسری جورو سے ہو یعنے کسی جورو سے تمہارا کوئی فرزند لڑکا یا لڑکی موجود نہو - تیسرے وجات کا چہارم - فَاِنْ كَانَ لَكُمْ وَلَدٌ - منهن او من غیرهن اور اگر تمہارا کوئی فرزند ہو - خواہ موجودہ جورو سے ہو یا اسکے سوائے کسی دوسری جورو سے ہو خواہ منکوحہ ہو یا نکاح فاسد ہو یا اپنی لونڈی سے ہو یا پسر کی لونڈی سے بالاجماع وغیرہ ہو غرضکہ جو کبھی شرعی حلت سے تمہارے تحت مین تھی پھر وہ مرگئی یا طلاق دی گئی یا مانند اسکے جدا ہو گئی بخلاف اسکے اگر زنا سے کوئی اولاد ہو تو وہ بمنزلہ نہونے کے ہی - فَلَهُنَّ الثُّمُنُ مِمَّا تَرَكْتُمْ - تو جورو ایک ہو یا زیادہ ہون سب کو ایک آٹھوان حصہ ملیگا مگر یہ سب اس کل مال سے ملیگا جو بعد قرضہ و تجہیز تکفین کے و وصیت کی باقی رہا مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ تُوْصُوْنَ بِهَآ اَوْ دَيْنٍ - بعد دینے وصیت کے جو تم دلوا مرے یا بعد قرضہ ادا کرنے کے (اگر قرضہ وصیت ہو) رہا یہ کہ اگر صلبی فرزند نہو مگر پسر صلبی کی اولاد ہو تو مفسر رح نے کہا کہ و ولد الابن کالولد فی ذلک اجماعا - اور پسر کی اولاد اس میراث مین مثل فرزند صلبی کے ہی بالاجماع - اور دختر صلبیہ کی اولاد ایسی نہین ہی کما تقدم وَاِنْ كَانَ رَجُلٌ يُّوْرَثُ - صفة والخبر - كَلٰلَةً - یعنے رجل اسم کان اور یورث صفت ہی اور خبر اسکی کلالۃ ہی یعنے وان کان رجل موروث منه کلالة - اور اگر کوئی ایسا مرد ہو کہ اسکی میراث بطور کلالہ لی گئی - یا کہا جائے کہ یورث خبر کان ہی اور کلالۃ حال ہی ضمیر یورث سے کما فی المدارک بہرحال کلالہ کے معنے مفسر رح نے بیان کیے ای لا والد ولا ولد اسکا باپ نہو اور فرزند بھی نہو - اَوِ امْرَاَةٌ - تو ورث کلالۃ یا کوئی عورت ہو کہ اس سے میراث بطور کلالہ لی گئی - وَّلَهٗ - ای للمورث الکلالۃ - اور مورث کلالہ کے خواہ مرد ہو یا عورت ہو - اَخٌ اَوْ اُخْتٌ - ای من ام و قرا ابن مسعود وغیرہ وله اخ او اخت من ام - واقع ہوا ہی - حاصل آنکہ کسی مرد یا عورت کے کوئی فرزند و اب نہو اور اسکی وراثت بطور کلالہ ہو یعنے اسکے بھائی یا بہن ماں کی جانب سے وارث ہون - فَلِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسُ

ماترک۔ تو ہر ایک وارث بھائی یا بہن مذکور کے لیے چھٹا حصہ (ترکہ سے ہی) **قال ابن کثیر** کلالہ مشتق از اکلیل ہی یعنے وہ چیز جو سر کو اسکے کنارہ سے محیط ہو اور مراد یہاں وہ حواشی ہیں جو اصول و فروع کے سوائے آدمی کے وارث ہوں چنانچہ شعبی رحمہ نے حضرت ابوبکر الصدیق رضہ سے روایت کی کہ حضرت صدیق رضہ سے کلالہ دریافت کیا گیا تو فرمایا کہ میں اسمیں اپنی رائے سے کہتا ہوں اگر ٹھیک ہو تو اللہ تعالے کی طرف سے توفیق ہی اور اگر خطا ہو تو میری جانب و شیطان کیطرف سے ہی اور اللہ و رسول اس سے بری ہیں پھر کہا کہ کلالہ وہ ہی جسکا فرزند نہو اور باپ نہو پھر جب عمر رضہ خلیفہ ہوئے تو کہا کہ مجھے شرم آتی ہی کہ ابوبکر کی رائے کے خلاف کروں رواہ ابن جریر وغیرہ اور ایسا ہی حضرت عمر و علی و ابن مسعود نے فرمایا ہی کہ کلالہ وہ ہی جسکا فرزند و باپ نہو اور یہی قول ابن عباس رضہ و زید بن ثابت وغیرہم سے صحیح ہوا اور یہی قول شعبی و نخعی و قتادہ و حسن و جابر بن زید و مکحول کا ہی اور یہی قول اہل مدینہ و اہل کوفہ و اہل بصرہ و فقہاء سبعہ و ائمہ اربعہ و جمہور سلف خلف کا یہی قول ہی اور اس اجماع کو بہت لوگوں نے نقل کیا ہی اور اسمیں ایک حدیث مرفوع بھی آئی ہی اور قولہ تعالے ولہ اخ او اخت ای من ام۔ یعنے ماں کی جانب سے بھائی یا بہن ہو اور یہی قراءۃ بعض سلف کی ہی جنمیں سعد بن ابی وقاص بھی ہیں الحاصل اگر کسی میت کے وارث سوائے اسکے فرزند و باپ کے ایسے لوگ ہوں جنکا تعلق از جانب ولادت مادر ہی اور وہ مادری بھائی بہن ہیں جو ماں کے کسی شوہر سے سوائے پدر میت کے ہوں پس مرکر ایک مادری بھائی یا بہن ہو تو ہر ایک کو چھٹا حصہ ملیگا اور اسمیں مذکر و مونث میں کمی بیشی نہوگی۔ **فان کانوا** ای الاخوۃ والاخوات من الام۔ پھر اگر یہ بھائی و بہنیں جو ماں کی جانب سے ہیں۔ **اکثر من ذلک** ای من واحد۔ اس سے زیادہ ہوں یعنے ایک سے زیادہ ہوں۔ **فھم شرکاء فی الثلث** تو وہ ایک تہائی میں شریک ہونگے۔ یعنوی فیہ ذکورھم و اناثھم۔ اس تہائی میں انکے مذکر و مونث برابر کے حصہ دار ہونگے یعنے بھائی کو بہن سے کچھ زیادہ نہیں ملیگا۔ **قال ابن کثیر** مادری بھائی بہن دیگر وارثوں سے کئی باتوں میں مخالف ہیں اول یہ کہ یہ لوگ اس شخص کے ساتھ میں بھی وارث ہوتے ہیں جسکی وجہ سے قرابت ہی یعنے ماں کے ہوتے ہوئے بھی وارث ہوتے ہیں دوم آنکہ انکا مذکر و مونث برابر کا حصہ دار ہی سوم یہ کہ وارث نہیں ہوتے ہیں مگر جبکہ میت کلالہ ہو پس اگر میت کا باپ موجود ہوگا یا بیٹا یا بیٹی یا پسر کی اولاد تو وارث نہونگے۔ چہارم آنکہ میراث کبھی ایک تہائی سے زائد نہیں ہوتی اگرچہ کسیقدر کثرت سے ہوں اور زہری سے روایت ہی کہ حضرت عمر رضہ نے فیصلہ کیا کہ مادری بھائیوں بہنوں کی میراث آپسمیں اسطرح ہو کہ جسقدر مذکر کو اسیقدر مونث کو۔ **زہری** نے کہا کہ مجھے یہ معلوم نہیں کہ حضرت عمر رضہ نے اسکا حکم رسول اللہ صلعم سے معلوم کیا یا اسی آیت سے لیا ہی رواہ ابن ابی حاتم اور ایک مسئلہ مشترکہ ہیں علماء نے خلاف کیا ہی جسکا نام مسئلہ حمار ہی وہ یوں ہی کہ میت کے ورثہ میں زوج ہی اور مان یا نانی ہی۔ اور دو اولاد مادری اور میت کی حقیقی عینی بھائی ہیں ایک یا زیادہ ہیں تو جمہور کے قول پر نصف شوہر کو اور مان یا نانی کو چھٹا حصہ اور مادری اولاد کی تہائی میں اعیانی شریک ہونگے اور یہ مسئلہ زمانہ حضرت عمر رضہ میں واقع ہوا تو انہوں نے شوہر کو نصف اور مان کو چھٹا حصہ اور اولاد مادری کو تہائی دیا پس میت کے سگے بھائی بہنوں نے جو مان باپ دونوں کی طرف سے تھے کہنے لگے کہ ای امیر المومنین ماناہم نے کر ہمارا باپ حمار یعنے گدھا تھا پھر کیا ہم مادری اولاد کے ساتھ مان کی طرف سے بھی شریک نہیں ہیں کہ ہم سب کی مان ایک ہی پس عمر رضہ نے ان سب کو شریک کر دیا اسی طرح عثمان رضہ سے بھی شریک کر دینا صحیح ہوا ہی اور دو روایتوں میں سے ایک روایت یہی ابن مسعود و زید بن ثابت و ابن عباس سے ہی اور یہی قول سعید بن المسیب و شریح و مسروق و طاؤس و محمد بن سیرین و ابراہیم نخعی و عمر بن عبد العزیز و ثوری و شریک کا ہی اور یہی مذہب امام مالک و شافعی و اسحق بن راہویہ کا ہی۔ اور حضرت علی بن ابی طالب انہیں باہم شریک نہیں کرتے بلکہ تہائی مذکورہ فقط اولاد مادری کو دیتے اور ایسی حالت میں عینی مادری و پدری اولاد کو کچھ نہیں دیتے کیونکہ وہ لوگ عصبہ ہیں اس سے وہ اعتراض دفع ہو گیا جو عینی سگے بھائیوں نے وارد کیا تھا کہ باپ کچھ نہیں تھا مگر ہماری ماں تو ایک ہی

اور حاصل جواب یہ ہے کہ باپ تمھارا سب کوئی ہے اور تم بہ نسبت اولاد مادری کے افضل ہو کیونکہ تم عصبہ ہو اور عصبہ وہ ہے جو اصحاب فرائض کی مقدار دیکر باقی سب مال لے لے لیکن یہاں اسوجہ سے نہ ملا کہ کچھ بچا نہیں اور یہ وجہ نہیں کہ وہ وارث نہیں ہیں فافہم۔ وکیع بن الجراح نے کہا کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے اسمیں کوئی مختلف روایت نہیں ہے اور یہی قول ابی بن کعب رض و ابو موسیٰ اشعری رض کا ہے اور یہی مشہور قول ابن عباس رض کا ہے اور یہی مذہب شعبی ابن ابی لیلیٰ و ابو حنیفہ و ابو یوسف و محمد بن الحسن اور حسن بن زیاد و زفر بن ہذیل و احمد بن حنبل و یحییٰ بن آدم و نعیم بن حماد و ابو ثور و داؤد ظاہری وغیرہ کا ہے۔ **مِنْ بَعْدِ وَصِيَّةٍ يُوصِي بِهَا أَوْ دَيْنٍ غَيْرَ مُضَارٍّ** - یہ سب جو مذکور ہوا بعد ادا ے وصیت کے جو میت کر گیا یا قرضہ کے ہے درحالیکہ وہ وارثوں پر ضرر ڈالنے والا نہیں ہے ف باین طور کہ تہائی سے زیادہ کی وصیت کی ہو آیت کریمہ میں وصیت صرف ایسی ہو کہ غیر مضار ہو یعنے ضرر پہونچانے والی نہو باقی مطلق ہے ولیکن حدیث صحیح سے ثابت ہے کہ تہائی سے زیادہ وصیت روا نہیں ہے اور ائمہ علماے حرمین نے اسپر اتفاق کیا ہے اور قرطبی رح نے کہا کہ وارث کے واسطے وصیت بالاجماع نہیں جائز ہے اور بعض نے ذکر کیا کہ ایسی وصیت بھی باطل ہوگی جس سے محض ضرر رسانی مقصود ہو اسمیں سے تہائی یا کم کچھ بھی نافذ نہو گی۔ اور حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے کہ وصیت میں ضرر پہونچانا کبیرہ گناہ ہے رواہ ابن ابی حاتم و ابن جریر اور ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ آدمی ستر برس نیکیوں کے کام کرتا ہے پھر وصیت کرنے میں جور و ظلم کر جاتا ہے پس خاتمہ بد کام پر ہو کر دوزخ میں داخل ہوتا ہے اور آدمی ستر برس بدوں کے کام کرتا ہے پھر وصیت کرنے میں عدل و انصاف کرتا ہے پس خاتمہ نیک کام پر ہو کر جنت میں داخل ہوتا ہے پھر ابو ہریرہ رض نے کہا کہ پڑھو تمھارا جی چاہے تلک حدود اللہ تا قولہ عذاب مہین رواہ ابن ماجہ و البیہقی و احمد و عبد بن حمید و ابو داؤد و الترمذی و قال حدیث حسن۔ اور حضرت انس رض سے روایت ہے کہ حضرت صلعم نے فرمایا جسنے اپنے وارث کی میراث قطع کی قیامت میں اللہ تعالے اسکو جنت سے قطع کریگا رواہ ابن ماجہ **قال ابن کثیر** اماموں میں اختلاف ہے کہ وارث کے حق میں قرضہ کا اقرار کرنا صحیح ہے یا نہیں اسمیں دو قول ہیں ایک یہ کہ نہیں صحیح ہے بسبب تہمت کے اور حدیث صحیح میں ثابت ہوا کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ اللہ عزوجل نے ہر حقدار کو اسکا حق دیدیا اب کسی وارث کے لیے وصیت نہیں ہے اور یہی مذہب امام مالک و احمد و ابو حنیفہ کا اور قول قدیم شافعی کا ہے اور شافعی کے قول جدید میں صحیح ہے اور یہی مذہب طاؤس و عطا و حسن و عمر بن عبد العزیز کا ہے اور اسیکو امام بخاری رح نے صحیح میں اختیار کیا بدین حجت کہ رافع بن خدیج رض نے وصیت کی کہ فزاریہ کے گھر میں جو کچھ ہے وہ کھولا نجاوے **قال المترجم** یہ احتجاج بچند وجوہ محل نظر ہے اول تو یہ کہ لاتکشف الفزاریۃ عما غلق علیہ بابہا۔ یعنے فزاریہ زوجہ پر جسطرح اسکا دروازہ بند کیا گیا ہے کھولا نجاوے، یہ کچھ اقرار نہیں اور اگر وصیت کہتے ہو تو وارث کے لیے وصیت ہونا حدیث صحیح سے ثابت ہے دوم قول مذکور اس مراد میں نص نہیں کما لا یخفی سوم آنکہ شاید ان لوگوں کی طرف سے اسکے حق میں ضرر پہونچانے کا خوف محسوس کیا ہو واللہ تعالے اعلم خ خلاصہ الفاظ مذکورہ اس بات میں صریح نہیں ہیں فافہم۔ **وَصِيَّةً** مصدر موکد لیوصیکم۔ یعنے وصیۃ منصوب بنا بر آنکہ مفعول مطلق فعل محذوف کا اور موکد مضمون یوصیکم ہے **مِنَ اللَّهِ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَلِيمٌ** - یہ وصیت ہے اللہ تعالے کی طرف سے اور اللہ تعالے علیم حلیم ہے ف یعنے جو کچھ اپنے مخلوق کے واسطے تدبیر فرمائی اسکا دانا ہے اور حلیم باین معنے کہ مجرم سے عقوبت کو تاخیر دیتا ہے اور واضح رہے کہ جن لوگوں کو میراث والی انہیں دلیل سنت سے یہ خصوصیت ہے کہ انمیں کوئی بات وارث ہونے سے مانع نہو اور مفسر رح کے نزدیک مانع یہ ہیں کہ مورث قتل کیا ہو یا اختلاف دین ہو یا رقیت ہو اور مفسر رح نے اوپر بیان کر دیا کہ اختلاف الدار بھی ہمارے نزدیک مانع میراث ہے یعنے وارث و مورث میں سے ایک کا مسکن دار الاسلام ہو اور دوسرے کا مسکن دار الحرب ہو۔ واضح ہو کہ جسکو اسکے مولی نے آزاد کیا اگر وہ مولا وارث قراتی مرا تو آزاد کنندہ اسکی میراث کا مستحق ہے جبکہ

لہ مترجم کا یہ مختار ہے کہ وارث کا اقرار وصیت کے حکم میں ہے

ذوی الارحام نہوں اور میراث ذوی الارحام کا بیان قولہ تعالےٰ واولوا الارحام بعضھم اولیٰ ببعض الآیہ میں ان شاء اللہ تعالےٰ آویگا اور جب کوئی شخص کسی کے ہاتھ پر اسلام لایا اور اسی سے موالات کرلی پھر لاوارث مرا تو یہی مولی اسکا وارث ہوا اور اگر کسی قسم کا وارث نہو تو اسکا مال اہل بیت المال عام ہوگا لیکن ایک جماعت علماء نے اس زمانہ میں فتوی دیا کہ بیت المال کو بادشاہوں نے جن طور پر قائم نہیں کیا لہذا جو کچھ اہل فرائض سے بچ جاوے وہ بھی انہیں پر پھیر دیا جاوے اور لاوارث کا مال اسی کے نام پر خیرات ہو اور یہ تفصیل مطولات فقہ میں مع تحقیق مذکور ہے یہاں مختصر بیان تخریج وتقسیم مناسب ہے جاننا چاہیے کہ فرائض میں حصص تہائی و دوتہائی و چھٹا یا نصف چہارم و آٹھواں ہے اور قواعد موافق کتب فرائض کے طول چاہتے ہیں مختصر بیان ہے کہ قسم اول یعنے تہائی و دوتہائی و چھٹا سے کیا نکالنا چھ سے ممکن ہے اور قسم دوم کا نکالنا آٹھ سے ممکن ہے پس اگر ورثہ قسم اول سے جمع ہوں تو انکے حصص کے لحاظ سے جسکا حصہ سب سے کم ہو وہی عدد مسئلہ رکھکر حصص نکالو مثلاً کسی وارث کا تہائی اور دوسرے کا دوتہائی ہو تو (۳) سے مسئلہ فرض کرکے ۱ و ۲ حصص دیدو اور اگر تہائی و چھٹا مثلاً جمع ہو یعنے ایک وارث کا تہائی حصہ ہو اور دوسرے کے واسطے چھٹا حصہ ہو تو (۶) سے مسئلہ رکھو تہائی کے دو اور چھٹے حصہ کا ایک سہم دیدو۔ اسی طرح اگر قسم دوم کے ورثہ جمع ہوے یعنے مثلاً نصف وچہارم ہو تو (۴) سے مسئلہ رکھو اور اگر نصف وچہارم و آٹھواں مثلاً جمع ہوے تو (۸) سے مسئلہ رکھو اور اگر قسم اول اور قسم دوم کے جمع ہوں مثلاً نصف ودوتہائی و آٹھواں یا دوتہائی و چھٹا و آٹھواں جمع ہوے تو (۲۴) سے مسئلہ رکھو اور اگر نصف و دوتہائی و آٹھواں جمع ہوں تو (۲۴) سے مسئلہ رکھو اور اگر نصف و چہارم و آٹھواں جمع ہوں تو (۲۴) سے مسئلہ رکھو اور اگر نصف و دوتہائی و چھٹا جمع ہوں تو (۱۲) سے مسئلہ رکھو اور اگر نصف و چہارم و چھٹا جمع ہوں تو (۱۲) سے مسئلہ رکھو اور اگر نصف و چھٹا جمع ہو تو (۶) کافی ہیں۔ اسی طرح تہائی و چوتھائی میں (۱۲) سے مسئلہ ہوگا۔ اسی طرح اعداد ورثہ میں اور انکے حصص میں بھی نسبت دیکھکر برابر تقسیم کے لیے مسئلہ ٹھیک کرلو۔ ان مثالوں میں غور کرو (مثال ۱) زید مرا اسکا ایک بیٹا اور ایک بیٹی چھوڑی اور کوئی نہیں ہے تو دختر کی تعداد ایک ہے اسکو پسر کی تعداد ایک کے دوچند یعنے دو میں جمع کرو تین ہوے پس جواب کہ زید کے تمام مال کے تین حصے کرکے دو حصے پسر کو ایک حصہ دختر کو دیدو (مثال ۲) اگر مثال مذکور میں دو پسر تین دختر ہوں تو دختروں کی تعداد ۳ سو کو پسر کی تعداد ۲ کے دوچند ۴ میں جمع کرو ۷ ہوے یہی جواب ہے تمام مال کے سات حصے کرکے ایک ایک حصہ ہر دختر کو اور دو دو ہر پسر کو دیدو۔ (مثال ۳) زید مرا باپ ۔ ماں ۔ ایک پسر ایک دختر چھوڑی تو اولاد کی صورت میں ماں باپ کو چھٹا چھٹا حصہ ہے اور باقی عصبہ میں پس ۶ سے کٹیگی ایک حصہ باپ اور ایک حصہ ماں اور باقی عصبہ میں چار سہام ہیں حالانکہ ۳ سہام ہوتے تو دو پسر کو اور ایک دختر کو دیا جاتا پس ۳ کو ۲ میں ضرب دو تو (۱۸) سے مسئلہ ٹھیک ہوا کہ ۳ باپ کو اور ۳ سہام ماں کو اور باقی ۱۲ میں سے ۸ پسر کو اور ۴ دختر کو مل گئے۔ (مثال ۴) زید مرا ۔ باپ ۔ ماں ۔ دو پسر تین دختر چھوڑے۔ پس ماں باپ کے لحاظ سے چھٹا حصہ چاہیے تو اصل مسئلہ (۶) لیکن ایک ماں و ایک باپ کو دیکر باقی ۴ سہام ہیں حالانکہ دختر سے پسر کو دوچند کے حساب سے (۷) سہام چاہیے تو ۶ کو ۷ میں ضرب سے ۴۲ ہوے پس ماں و باپ کے ششم حصے کے حساب سے ۷ سہام باپ کے ۷ سہام ماں کے ۸ ہر پسر کو اور ۴ ہر دختر کو ملینگے۔ (مثال ۵) زید مرا باپ و ماں چھوڑے تو ظاہر ہے کہ ماں کو تہائی ہے باقی باپ کا پس ۳ حصہ کرکے ایک ماں کو ۲ باپ کو ملیگا (مثال ۶) زید مرا اور باپ ۔ ماں ۔ جورو و چھوڑی۔ تو جورو کا چہارم پس ۴ حصے کرکے ایک جورو کا اور باقی تین سہام میں سے تہائی کا ایک سہم ماں کا اور باقی دو حصے باپ کے ہیں (مثال ۷) باپ ۔ ماں ۔ دو بھائی یا بہن جو ماں کے پیٹ سے پہلے کسی خاوند سے ہیں تو ماں کو چھٹا حصہ اور باقی پانچ حصہ باپ کو ملے اور یہ بھائی محروم ہیں کیونکہ باپ کے ہوتے ہوئے ساقط ہوتے ہیں لیکن انہوں نے اپنی ماں کو تہائی سے محجوب کرکے چھٹے حصہ پر ناقص کردیا اور اگر یہ اولاد نہوتی تو ماں کو تہائی ملتا فافہم (مثال ۸) باپ ۔ بیٹا دو ۔ بیٹی تین جورو ایک ورثہ چھوڑے

باپ کا چھٹا حصہ اور زوجہ کا آٹھواں حصہ ہے اور باقی عصبہ ہیں پھر جب چھٹا و آٹھواں جمع ہوے تو اصل مسئلہ ۲۴ سے ہوگا لیکن چھٹا و آٹھواں نکالکر باقی کی تقسیم ٹھیک نہیں کیونکہ دونوں بیٹے اور تینوں بیٹیوں کے حصص ملکر کم سے کم سات ہونگے مگر ۷ اور ۲۴ میں تباین ہے پس ضرب دو تو ۱۶۸ ہوے پس باپ کا چھٹا حصہ ۲۸ اور جورو کا آٹھواں ۲۱ اور تین دختر کا ۱۵۱ جسمیں سے ہر ایک کے سترہ اور دو پسر کا ۴۰ جسمیں سے ہر ایک کے چونتیس ۳۴ ہوے پس مجموعہ ۱۶۸ ہی پس کل مال کے اسیقدر حصے کیے جاوین (مثال ۹) اگر مثال مذکور میں بجاے ایک زوجہ کے تین جورو ہوں تو زوجہ کے حصہ میں جو ۲۱ سہام آئے وہ تینوں زوجات پر پورے تقسیم ہو جاتے ہیں پس ہر جورو کو ۷ حصے ملینگے اور حساب مذکور میں کچھ تغیر نہو گا اور اگر چار زوجات ہوں تو وجہ تباین کے ۲۱ سہام کی تقسیم چار پر ٹھیک نہوگی پس مجموعہ ۱۶۸ کو چار میں ضرب دینا پڑیگا تاکہ ہر جورو کا حصہ بھی مسلم نکل آوے اور واضح ہو کہ حصص میں کبھی عول ہوتا ہی یعنے وارثوں کے سہام ملکر کل سے زائد ہو جاتے ہیں مثلاً اصل مسئلہ بارہ ۱۲ اور مجموعہ حصص ملکر ۱۳ ہو جاتا ہی مثلاً ہندہ مری اور باپ نان شوہر ایک دختر وارث چھوڑے تو ۱۲ میں سے باپ کو ایک نان کو ایک شوہر کو ۳ اور دختر کو ۶ ملنا چاہیے کیونکہ والدین سے ہر ایک کو چھٹا حصہ شوہر کو چہارم دختر کو نصف ملنا چاہیے حالانکہ یہ سب ملکر ۱۳ ہو جاتے ہیں تو کل مال کے ۱۳ حصے کرکے اسیطرح تقسیم ہونا چاہیے یہی عول ہے اور واضح ہو کہ عول کے برعکس کبھی رد کرنا ہوتا ہی مثلاً میت نے زوجہ و دختر چھوڑی تو زوجہ کو آٹھواں اور دختر کو نصف دینا چاہیے تو (۸) سے مسئلہ ہو کر ایک حصہ زوجہ کو اور ۷ سہام دختر کو دیے اور ۷ سہام باقی بچ رہے تو وہ بھی اسی حساب سے انھیں وارثوں کو واپس دیکے جاوین پس چاہیے کہ کل مال کے پانچ سہام کرکے ایک حصہ زوجہ کو دیدیا اور چار حصہ دختر کو دیدو تو کل مال انھیں میں فرض و رد سے تقسیم ہو گیا اور ہر ایک کے حق میں زیادتی ہو گئی کیونکہ پہلے مثلاً ایک روپیہ میں سے دو آنہ زوجہ کو اور آٹھ آنہ دختر کو ملے تھے اور اب زوجہ کو پانچواں یعنے تین آنہ دو پائی ملے جسکا آنہ کی بارہ پائی ہوتا ہو تو زوجہ کو ۷ پائی ملی اور دختر کو باقی ملا اور اسکا نام اصطلاح میں رد ہی پھر ہر طریقہ جو مذکور ہوا صرف ایک میت کے ورثہ میں تقسیم ہی اور اگر اول میت کا ترکہ تقسیم نہوا پھر ان وارثوں میں سے کوئی مرا پھر اسکے ورثہ میں سے کوئی مرا غرضکہ چند اموات کے بعد جو لوگ موجود رہے انھوں نے تقسیم چاہی تو اسکو مترجم نے عین الہدایہ ترجمہ ہدایہ میں مفصل لکھا ہی وہاں سے تلاش کرو۔ یہاں مختصر قاعدہ لکھا جائیگا لیکن پہلے یہ یاد رکھو کہ اگر تین زوجہ ہیں مثلاً ۲۴ سہام دو تو ہر ایک کو ۸ سہام ملے اور اگر تین کے ۲۱ سہام کرو تو بھی ہر زوجہ کو ۷ پورے ملے لیکن اس سے کم نہیں ہو سکتے ہیں تو فرائض میں یہ ضروری لحاظ ہی کہ اعداد میں کمی کی نسبت رکھو اور نسبت چار ہیں اول تماثل جیسے ۴ و ۴ یا ۵ و ۵ وغیرہ دوم تباین جیسے ۳ و ۵ یا ۷ و ۱۱ یا ۸ و ۹ جنمیں بڑا چھوٹے پر تقسیم نہو سکے سوم تداخل جنمیں تقسیم ہو سکے جیسے ۳ و ۱۲ یا ۴ و ۱۲ یا ۵ و ۱۵ یا ۳ و ۱۵ وغیرہ چہارم توافق دو عدد جو تیسرے عدد پر پوری تقسیم ہو جاوین جیسے ۶ و ۸ ہیں کہ ۲ پر پورے تقسیم ہو جاتے ہیں پس تماثل میں ایک عدد لیلو۔ تباین میں دونوں کو ضرب دے لو۔ تداخل میں فقط بڑا عدد کافی ہی توافق میں ایک کے وفق کو دوسرے میں ضرب دو جیسے ۶ و ۸ میں سے دو سے توافق ہی تو ۴ کو دو پر تقسیم کرکے ۳ حاصل کو ۸ میں ضرب دیکر ۲۴ لے لو وعلی ہذا القیاس تو ایسا کرنے سے حساب میں اختصار ہو گا اور اگر ۶ کو ۸ میں ضرب دو تو اس سے دو چند یعنے ۴۸ ہو جاوینگے حالانکہ جب وارثوں کے حصص ۲۴ سے نکل آتے ہیں تو بیفائدہ ۴۸ حصہ کرنے سے تکلیف اٹھانا جائز نہیں ہی پس جسطرح وارثوں کے حصص مفروضہ یاد رکھے اسی طرح حساب کا قاعدہ بھی مشق کرکے یاد رکھنا چاہیے کہ فرائض میں جو شخص ان تمام حصص کو یاد کرلے جو قرآن مجید میں مذکور ہیں اور اس حساب کو یاد کرلے وہ اعلی میت کی میراث اوسکے وارثوں میں تقسیم کریگا انشاء اللہ تعالے لیکن جب دوسری پشت یا تیسری پشت پر بٹوارہ ہوتا ہی تو اس حساب فرائض میں مشکل ہی اسکو بھی بیان کرتا ہوں انشاء اللہ تعالے سمجھ لینے پر وہ بھی آسان ہو جاویگا۔ جاننا چاہیے کہ پہلے جو میت مرے اسوقت کے موجودہ وارثوں میں تقسیم کرو پھر جو

دوسرے اسکے موجودہ وارثون مین تقسیم کرو تو جو کچھ ہر ایک کا حصہ نکلے اسکو دیکھو کہ اوپر اس میت کے حصہ مین پہلے میت کے مال سے کتنے حصے ملے تھے کیونکہ وہی حصے اس حساب سے اسکے وارثون مین تقسیم ہونگے پھر اگر انمین تداخل ہو تو کچھ ضرورت نہین ورنہ توافق کی صورت مین موافق مذکورۂ بالا کے تیسرے پر ایک کو تقسیم کرکے حاصل سے دوسری ضرب کرو اور وہ اول میت کے مسئلہ مین بھی قائم کرو تاکہ سب حصے برابر نکلین پھر وارثون کے حصے جمع کرو مثلاً زید اور بیٹا مسمی بکر۔ اور بیٹی مسماۃ ہندہ اور جورو مسماۃ سلمی چھوڑی پھر بکر اور دختر مسماۃ کبری اور جورو مسماۃ صغری اور بہن مسماۃ ہندہ مذکورۂ بالا اور ماں مسماۃ سلمی مذکورۂ بالا چھوڑی۔ اب وارثون نے تمام مال کو تقسیم کرنا چاہا تو اسطرح کرنا چاہیے کہ اول زید کی میراث تقسیم کرو تو جورو کو آٹھوان اور باقی بیٹا بیٹی مین للذکر مثل حظ الانثیین ہوگا لہذا ۲۴ سے مسئلہ ہوا تو بکر بیٹا ۱۴۔ اور ہندہ بیٹی کو ۷۔ اور سلمی جورو کو ۳ حصے ملے۔ پھر بکر مرا ہے جسکے پاس اول ترکہ سے ۱۴ سہام ہین تو اسکی ماں کو چھٹا حصہ اور جورو کو آٹھوان حصہ اور بیٹی کو نصف ہے اور بہن عصبہ ہے۔ لہذا یہ مسئلہ بھی ۲۴ سے ہوا یعنے بکر کے مال کے ۲۴ حصے کیے جاوینگے جن مین سے کبری دختر کے ۱۲۔ صغری جورو کے ۳۔ اور ہندہ بہن کے ۵۔ اور سلمی ماں کے ۴ ہوے لیکن اوپر معلوم ہوا کہ بکر کے پاس چودہ سہام ہین اور ۱۴ و ۲۴ مین توافق ہے کیونکہ ۲ پر دونون تقسیم ہوتے ہین لہذا ۷ کو ۲۴ مین ضرب دیا۔ ۱۶۸ ہوے اب اسی عدد سے اوپر کے کل سہام کو مع عدد مسئلہ کے ضرب دو تو بکر ۹۸۔ ہندہ ۴۹۔ سلمی ۲۱ ہوگئے۔ اور اسیطرح بکر کے وارثون کے کبری دختر ۸۴۔ صغری جورو ۲۱۔ اور ہندہ بہن ۳۵۔ اور سلمی ماں ۲۸ ہوگئے پس جو لوگ اپنے مذہ موجود ہین انمین سے فقط ہندہ کو اپنے باپ بھائی دونون کی میراث ملی اور اسیطرح سلمی کو اپنے شوہر و پسر دونون کی میراث ملی ہے اور باقی کو ایک ہی میراث ملی پس کبری کے ۸۴ اور صغری کے ۲۱ اور ہندہ کے ہر دو میراث کے جمع کرو تو ۱۰۴۔ اور سلمی کے ہر دو میراث کے ۴۹ ہوے واللہ تعالےٰ اعلم بالصواب

تِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ۭ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

یہ حدین باندھی اللہ کی ہین اور جو کوئی حکم پر چلے اللہ کے اور اوسکے رسول کے وہ داخل کریگا اپنے باغونمین جنکے نیچے بہتی

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۭ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ

رہ پڑے اونمین اور وہی ہے بڑی مراد ملنی اور جو کوئی بے حکمی کرے اللہ کی اور اوسکے رسول کی اور بڑھ جاوے اوسکی حدون سے

يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا وَلَهٗ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ۝

داخل کریگا اوسکو آگ مین رہ پڑا اوسمین اور اوسکو ذلت کی مار ہے

ع ۲ ۱۳

تِلْكَ۔ الاحکام المذکورۃ من امر الیتامی وما بعدہ۔ یعنے تلک کا اشارہ احکام مذکورہ کی طرف ہے جو یتیمون کے بارہ مین اور اسکے مابعد مین فرائض و مواریث ذکر فرمائے ہین۔ حُدُوْدُ اللّٰهِ۔ شرائعہ التی حدہا لعبادہ لیعملوا بہا ولا یتعدوہا۔ حدود الٰہی ہین ف یعنے شرائع ہین جنکو اللہ تعالےٰ نے بندون کے لیے حد کر دیا ہے تاکہ انپر عمل کرین اور انسے تجاوز نکرین۔ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فیما حکم بہ اور جسنے اللہ تعالےٰ کی فرمانبرداری کی ف یعنے اطاعت کی ایسے امر مین جو حکم کر دیا ہے تو۔ يُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا۔ اللہ تعالےٰ اسکو ایسے باغ نعمتون مین داخل فرماویگا جنکے نیچے نہرین جاری ہین۔ درحالیکہ انمین مقدر ہوگا خلود و ہمیشہ رہنا انکے واسطے۔ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ۔ اور یہ فوز عظیم ہے ف پوری فلاح و پوری مراد ہے۔ یدخلہ یاے تحتیہ اکثر کی قرأت ہے اور ندخلہ بنون متکلم مع الغیر کی قرأت ہے ہم اسکو داخل کرینگے ایسے باغات نعمت مین اس شان سے کہ جسکے داخل ہونے مین ہمیشہ رہنے مین کبھی موت نہ ہے

نہ فنا ہی۔ وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ وَيَتَعَدَّ حُدُوْدَهٗ يُدْخِلْهُ نَارًا خَالِدًا فِيْهَا۔ اور جسنے نافرمانی کی اللہ و اسکے رسول کی اور حدود الٰہی سے تجاوز کیا تو اللہ تعالے اسکو آگ مین داخل فرماویگا درحالیکہ اسکے لیے آگ مین رہنا ہمیشہ کے لیے مقدر ہوگا ف ضحاک نے کہا کہ یہان عصیان سے مراد شرک ہی یعنے کفر و انکار کیا اور ابن عباس رض نے فرمایا یعنے اللہ تعالے کی تقسیم پر راضی نہوا اور جو اسنے حد مقرر فرمائی ہی اس سے تجاوز کیا اور کلبی رح نے کہا کہ میراث کی جو تقسیم اللہ تعالے نے مقرر فرمائی ہی اس سے انکار کیا تو کفر کیا اسیواسطے فرمایا کہ ہمیشہ دوزخ مین پڑا رہیگا۔ قولہ یدخلہ یہان بھی بیاء تحتیہ یا نون ہی یعنے ہم اسکو آگ مین داخل کرینگے۔ وَلَهٗ۔ فیہا۔ اور اس کافر کے لیے (دوزخ مین) عَذَابٌ مُّهِيْنٌ۔ ف ذو اہانۃ ایسا عذاب ہی جو اہانت دینے والا ہو ف یعنے ایسا عذاب ہی جسمین اہانت ہی پس مہین صیغہ نسبت ہی۔ واضح ہو کہ لفظ من مفرد ہی اور معنے اسکے جمع کے بھی ہین اسیوجہ سے برحایت معنے کے خالدین۔ جمع فرمایا اور یدخلہ مین ضمیر مفرد لفظی ہی۔ ف عرائس البیان مین فرمایا کہ قولہ تلک حدود اللہ الآیہ۔ اللہ عزوجل نے امر فرائض و مواریث مین تمام مخلوق کے دخل کو صاف میٹ دیا کہ اسکی مقدار و کیفیت علم قدیم الٰہی مین معلوم و مقدر و محدود ہی تاکہ اسکی درگاہ عظمت و کبریائی مین عاجزی و تواضع کے ساتھ بندگی کی گردن جھکاوین اور اللہ عزوجل نے اسکے علم کو اپنی ہی پاک ذات تک رکھا تاکہ اسکے مخلوق مین سے کوئی بھی اسکی حد سے تجاوز نہ کرے اور اشارہ ہی کہ ہر اہل معرفت کے واسطے بھی ایک حد مقرر ہی جہانتک اسکا کشف و عرفان پہونچتا ہی پھر اسکی صمدیت و احدیت مطالعہ سے باز رکھتی ہی۔ اور حدود اللہ ایک برزخ ہی حدوث و قدم کے درمیان کہ دونون مین کوئی خلط نہین ہوسکتا کیونکہ ہر طرح حدوث سے منزہ و پاک ہی شیخ محمد بن الفضل نے فرمایا کہ حدود اللہ اسکے اوامر و نواہی ہین سو جسنے انسے تجاوز کیا وہ راہ راست سے بھٹک گیا۔ بعض نے کہا کہ تلک حدود اللہ اشارہ ہی کہ اہل ارادت کو انکی طاقت کے لائق احوال پر واقف کیا جاوے اور تعدی و تجاوز اسمین یہ ہی کہ ایسا اظہار کیا جاوے جس سے وہ ہلاک ہو جاوین متترجم کہتا ہی جیسے اول مسئلہ وحدت وجود یا وحدت شہود وغیرہ بیان کرے کیونکہ مبتدی کو خلط و خبط ہوگا بلکہ ابتدا مین اسکو طریق سنت پر استقامت و علم تعلیم کرے پھر علم و عمل کی استقامت سے استعداد حاصل ہونے پر بقدر استعداد کے ترقی دے۔ ابو عثمان رح نے فرمایا کہ جو اللہ تعالے کی حد پر رہا اس سے تجاوز نکیا وہ کبھی برباد نہوگا اور بعضے اہل بغداد نے کہا کہ بندہ کا انقلاب جملہ اوقات مین حدود تک ہوتا ہی پس ہتک حرمت سے بچے اللہ تعالے نے فرمایا کہ تلک حدود اللہ۔ فلا تقربوہا اسواسطے کہ جو چراگاہ سلطانی کے کنارہ کنارہ چرتا ہی وہ کبھی نہ کبھی اسمین جا پڑتا ہی قال المترجم حدیث صحیح مین ہی من حام حول الحمی یوشک ان یقع فیہ۔ جو کوئی چراگاہ سلطانی کے گرد گھومے وہ اسمین جا پڑنے کے قریب ہی فافہم

پھر اللہ عزوجل نے حدود زنا وغیرہ کا حکم ابتدائے اسلام مین اسطرح نازل فرمایا

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ فَاِنْ

اور جو کوئی بد کاری کرے تمھاری عورتون مین تو گواہ لاؤ اون پر چار مرد اپنون مین سے پھر اگر

شَهِدُوْا فَاَمْسِكُوْهُنَّ فِي الْبُيُوْتِ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا ۝

وہ گواہی دیوین تو اونکو بند رکھو گھرون مین جبتک پھیر لیوے اونکو موت یا کردے اللہ اونکی کچھ راہ

وَالّٰتِيْ يَاْتِيْنَ الْفَاحِشَةَ۔ الزنا۔ مِنْ نِّسَآئِكُمْ فَاسْتَشْهِدُوْا عَلَيْهِنَّ اَرْبَعَةً مِّنْكُمْ ای من رجال المسلمین۔ جو عورتین کہ تمھاری عورتون مین سے فاحشہ یعنے زنا کاری کرین تو اپنے اپنون مین سے چار گواہ کر لو ف منکم سے مرد ہونے و مسلمان ہونے کی خصوصیت مراد ہی یعنے چار گواہ مرد مسلمان ہون جنکو تلاش کر لو بشرطیکہ عادل ہون اسواسطے کہ حدود مین عورتون کی گواہی نہین

اور کافر کی گواہی مسلمان پر روا نہیں۔ فَاِنْ شَهِدُوْا علیہن بہا۔ پس اگر چاروں مردوں مسلمان نے ان عورتوں پر فاحشہ زنا کی گواہی دی ف تو بالفعل کوئی سزا سے ضرب نہیں بلکہ۔ فَاَمْسِكُوْهُنَّ۔ احبسوہن۔ فِی الْبُيُوْتِ۔ قید رکھو ان عورتوں کو گھروں میں ف و امنعوہن من مخالطۃ الناس۔ اور منع کرو انکو یعنے باز رکھو لوگوں کے ساتھ خلط ملط ہونے سے اور برابر اسی طرح انکو محبوس رکھو۔ حَتّٰى يَتَوَفّٰهُنَّ الْمَوْتُ۔ یہانتک کہ ملائکہ الموت انکو وفات دیں (انکے وقت مقدر پر) اَوْ۔ اِلٰى اَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا۔ یا یہانتک کہ اللہ تعالے ان عورتوں کے لیے کوئی راہ مقرر کرے ف یعنے قید رکھو اور روکو یہانتک کہ مرین یا یہانتک کہ اللہ تعالے انکے واسطے راہ مقرر کردے پس بطور شک کے نہیں ہے بلکہ ابتدا میں ایک حکم دیا اور دوسرا حکم علم الٰہی میں موجود تھا کہ بعد ایک زمانہ کے نازل ہوگا پس حکم اول کے وقت فرمایا کہ انکو روکو یہانتک کہ دوسرا حکم آئے تاکہ مرچکیں تو انکا معاملہ اسی قدر پر ختم ہوا یا نہ رہیں تو وہ حکم اپر جاری ہوگا اور گواہوں میں عادل ہونا شرط ہے کیونکہ فاسق کی خبر کو پرکھنے کا حکم ہے بقولہ تعالے اذا جاءکم فاسق بنبا الآیۃ۔ اور مترجم کے نزدیک یہاں ایک کہتہ ہے جس سے عادل کا ذکر نہیں فرمایا۔ وہ یہ ہے کہ اللہ تعالے نے اربعۃ منکم۔ فرمایا یعنے تم میں سے چار ہوں حالانکہ تم تو رسول اللہ صلعم کے صحابہ عادل ہو پس عادل کہنے کی ضرورت نہ رہی اور نہ کسی شیطانی شخص کو شبہہ کا موقع رہا کہ شاید صحابہؓ میں بعض عادل و بعض غیر عادل ہیں پھر چونکہ یہ حکم فقط صحابہؓ کے ساتھ نہ تھا بلکہ سورۃ النور نازل ہو کر منسوخ ہو گیا تو وہاں منافقون کو خارج کیا اور فاسق قرار دیا اور عورتوں کے لیے راہ نکال دی حتی کہ کوئی فاسق انپر بہتان باندھنے کی بھی گنجایش نہ پاویگا مفسرؒ نے لکھا کہ قولہ سبیلا۔ ای طریقا الی الخروج منہا۔ یعنے اس قید سے نکلنے کی راہ کردے امر و ابزار اول الاسلام ثم جعل اللہ لہن سبیلا بجلد البکر مائۃ و تغریبہا عاما و رجم المحصنۃ۔ ابتدا اسلام میں مومنوں کو یہ حکم دیا گیا تھا پھر اللہ تعالے نے عورتوں کی راہ نکال دی کہ کنواری عورت اگر زنا کرے تو سو کوڑے ماری جاوے اور ایک سال کے واسطے شہر بدر کیجاوے اور بیاہی ہو تو پتھروں سے سنگسار کرکے ہلاک کردی جاوے اقول یہ شافعیؒ کا قول ہے اور ابو حنیفہؒ کے نزدیک فقط سو کوڑے ہیں اور اگر محصنہ ہو تو بالاجماع اسکو سنگسار کیا جاوے یہانتک کہ مرجاوے۔ و فی الحدیث لما بین الحد قال صلی اللہ علیہ وسلم خذوا عنی خذوا عنی قد جعل اللہ لہن سبیلا رواہ مسلم۔ اور حدیث میں ہے کہ جب حد بیان فرمائی گئی تو آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اے لوگو یہ لو مجھسے یہ حکم لیلو کہ اللہ تعالے نے ان عورتوں کی راہ نکال دی رواہ مسلم ف ابن کثیر رحمہ اللہ نے فرمایا کہ ابتدا اسلام میں یہ حکم تھا کہ جب کسی عورت کا زنا کرنا عادل گواہوں سے ثابت ہوا تو ایک گھر میں محبوس رکھی جاتی اور نکلنے نہیں پاتی تھی یہانتک کہ مرجاتی۔ اور ابن عباس رضؓ نے فرمایا کہ حکم ایسا ہی تھا یہانتک کہ اللہ تعالے نے سورۂ نور کو نازل فرمایا پس اس حکم کو درے یا رجم سے منسوخ کیا اور ایسا ہی عکرمہ و ابن جبیر و حسن و عطاء و ابو صالح و قتادہ و زید بن اسلم و ضحاک سے مروی ہے کہ یہ حکم منسوخ ہے اور یہ امر متفق علیہ ہے قال المترجم سورۂ نور میں ہے قولہ تعالے الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منہما مائۃ جلدۃ الآیۃ۔ اور قول ابن عباسؓ کہ اسکو درے یا رجم سے منسوخ کیا۔ یعنے کنواری کے واسطے درے اور بیاہی کے لیے رجم کا حکم دیا ہے اور جمہور اسی طرف گئے ہیں کہ یہ آیت اور ماعجلہ کی آیت منسوخ ہے اور بعض نے کہا کہ منسوخ نہیں ہے اور حدیث عبادہ رض ہے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ لو مجھسے لو مجھسے اللہ تعالے نے ان عورتوں کی راہ نکال دی کنوارا اگر کنواری سے زنا کرے تو سو درے اور ایک سال کے لیے شہر بدر رہے اور ثیب اگر ثیبہ کے ساتھ زنا کرے تو سو درے اور سنگساری ہے (رواہ الترمذی و قال حسن صحیح و قد رواہ مسلم وغیرہ) یہ حدیث مبارک اس آیت کا بیان واقع ہوئی ہے اور امام احمدؒ بمقتضائے حدیث موصوف کہتے ہیں کہ زانی ثیب کو سو درے بھی مارے جاوین اور سنگسار بھی کیا جاوے اور جمہور کے نزدیک اسکو فقط سنگسار کیا جاوے درے نہیں ہیں اور حجت انکی یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ماعز رضؓ و غامدیہ کو اور یہودی مرد و عورت زنا کاروں کو فقط رجم کیا اور درے نہیں مارے پس معلوم ہوا کہ رجم کرنا

واجب نہین ہی بلکہ وہ منسوخ ہی اور امام شافعیؒ پر وارد ہوتا ہی کہ انھون نے کنوارے کے حق مین ایک سال کا شہر بدر کرنا اسی حدیث سے تجویز کیا حالانکہ ثیب کے لیے قبل رجم کے دے مارنا نہین تجویز کیا بلکہ حدیث کو منسوخ قرار دیا اور صحیح یہ ہی قول امام ابو حنیفہ کا ہی یہ حدیث صحیح ہی اور نسخ کی کوئی دلیل نہین ہی ولیکن حدیث کے معنے یہ ہین کہ ایک سال کا شہر بدر کرنا یا قبل رجم کے کوڑے مارنا یہ بطور سیاست و تعزیر کے ہی جو امام المسلمین کی راے پر ہی ورنہ آیت کریمہ مین جو سورۂ نور مین ہی فقط کوڑے و فقط رجم ہی لیکن اسمین بھی ایک اعتراض یہ وارد ہوتا ہی کہ امام کو سیاست کرنا اسقدر نہین جائز ہی جو کسی حد آلہی تک پہونچ جاوے پھر سو کوڑے تو مقدار حد ہی اور جواب ہو سکتا ہی کہ منع یہ ہی کہ اس بارہ مین جو حد مقرر ہی تو شبہہ پر حد تک نہ پہونچے اور سنگساری مین حد کی مقدار یہ کہ پتھرون سے قتل کیا جاوے تو کوڑے کی سزا بطور سیاست ہو سکتی ہی و فیہ نظر ایضا

فافہم واللہ اعلم وشرائط حد سورۂ نور مین آوینگے انشاء اللہ تعالے

وَالَّذٰنِ يَاْتِيٰنِهَا مِنْكُمْ فَاٰذُوْهُمَا ۚ فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا ۗ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ

جو کرنے والے کرین تم مین سے فاحشہ کام تو انکو ایذا دو پھر اگر توبہ کرلین اور سنورین تو انسے اعراض کرو اللہ تعالے

تَوَّابًا رَّحِيْمًا ۝ اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ

بہت توبہ قبول کرنے والا مہربان ہی توبہ تو اللہ تعالے کو قبول ہی انھین کی جو کرتے ہین برا نادانی سے پھر توبہ کرتے ہین جلدی سے

فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ۗ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا ۝

تو ایسون کو اللہ تعالے معاف فرماتا ہی اور اللہ تعالے سب جانتا حکمت والا ہی

وَالَّذٰنِ بتخفیف النون وتشدیدہا - یعنے اکثرون کی قراءۃ بتخفیف نون ہی اپنی اصل پر اور قیاس صیغہ کا اللذیان تھا سیبویہ نے کہا کہ اسماء مکنہ و مبہمہ مین فرق کے لیے یا تثنیہ حذف ہوئی - اور ابن کثیرؒ کی قراءۃ مین بتشدید نون ہی پس ایک نون بعوض یا محذوفہ ہی - يَاْتِيٰنِهَا - ای الفاحشۃ الزنا واللواطۃ - یعنے ضمیر مونث راجع بجانب فاحشہ مذکورہ بالا ہی اور مراد اس سے زنا اور لواطت ہی مِنْكُمْ ای من الرجال - مردون مین سے (المعنے) اور جو دو مرد کہ تم مین سے اس فعل فاحشہ (زنا و لواطت) کے مرتکب ہون فَاٰذُوْهُمَا - دونون کو ایذا پہونچاؤ - فَاِنْ تَابَا وَاَصْلَحَا فَاَعْرِضُوْا عَنْهُمَا - پھر اگر دونون توبہ کرین اور اپنے آپ کو صالحیت پہ لاوین تو انسے درگذر کرو - ف واضح ہو کہ عورتون کی زنا کرنیکا حکم ابتداء اسلام کا اوپر کی آیت مین مذکور ہوا اور مردون کا بیان نہین ہوا تھا سو اس آیت مین فرمایا - پھر مفسرؒ نے مردون کے حق مین فاحشہ کام کی عام تفسیر کی جو عورت سے زنا کرنے کو یا عام کسی مرد سے لواطت یعنے اغلام کرنے کو بھی شامل ہی اور خطیبؒ نے کہا کہ امام شافعی کے نزدیک لواطت کرنا بھی مانند زنا کے ہی لیکن جس سے لواطت کی گئی اسپر انکے نزدیک رجم نہین ہی اگرچہ وہ محصن ہو بلکہ سو کوڑے مار کر ایک سال کے لیے شہر بدر کیا جاوے قال المفسرؒ یہ منسوخ ہی آیۂ سورۂ نور کے حکم حد سے اور اسیطرح اگر اس سے لواطت مراد ہو تو بھی آیت النور سے منسوخ ہی یعنے لوطی کو بھی حد زنا کی سزا دیجاوے - یہ امام شافعی کے نزدیک ہی لیکن جسکے ساتھ لواطت کی گئی اگرچہ وہ بیاہا ہوا امام شافعیؒ کے نزدیک اسپر حکم سورۃ النور کے موافق رجم نہین ہی بلکہ ہر صورت مین اسپر درے ہین - کمالین مین کہا کہ آیت مین فاحشہ سے زنا مراد ہونا جمہور کا قول ہی اور لواطت مراد ہونا مجاہدؒ سے نقل کیا گیا ہی اور امام مالکؒ و احمدؒ کے نزدیک لواطت مین فاعل و مفعول بہ یعنے اوپر والا و نیچے والا دونون ہر حال مین رجم ہی خواہ محصنین ہون یا نہون - اور حسن بصریؒ سے روایت ہی کہ یہ آیت پہلی آیت سے پہلے اتری پس واللذان مرد و عورت زنا کرنے والی مراد ہین سو پہلے حکم ہوا کہ دونون کو ایذا دو پھر حکم ہوا کہ عورتون کو قید

رکھو لیکن پوشیدہ مذہب ہے کہ اول آیت میں فاحشہ مصرح ہے اور اسمیں فاحشہ کی طرف ضمیر ہے فقاتل۔ اور ابو مسلم اصفہانی نے موافق روایت مجاہد کے اختیار کیا کہ لواطت ہی مراد ہے اور بعض نے کہا کہ قرائن امور اسکے مؤید ہیں۔ واضح ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک لوطی کی حد وہ نہیں جو سورۂ نور میں زنا کی مذکور ہے اور ابن عباسؓ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جسکو تم دیکھو کہ قوم لوط کا عمل کرتا ہے تو فاعل و مفعول دونوں کو قتل کرو (رواہ اصحاب السنن) پس بنا بر یکہ اللذان یاتیانہا سے مراد لواطت ہو سزائے زنا مردوں کے حق میں کچھ مذکور نہ ہوئی جیسے اوپر کی آیت میں عورتوں کی سزائے زنا مذکور ہے۔ اسواسطے شیخ مفسرؒ وغیرہ نے اسمیں زنا و لواطت دونوں کو شامل کیا تاکہ مردوں کی سزائے زنا بھی معلوم ہو جائے اور یہاں ایک خاص حکم لواطت جو مردوں ہی میں ہوتا ہے وہ بھی معلوم ہو جاوے۔ اور بنا بر قول جمہور کے مراد زنا ہے اور اللذان سے زانی مرد و زانیہ عورت مراد ہے لیکن مذکر کو تغلیباً اللذان بصیغہ تثنیہ مذکر فرمایا اور آیت اولیٰ خاصۃً عورتوں کے حق میں قید کی سزا کا بیان ہے چنانچہ قتادہؓ نے فرمایا کہ عورت ہی فقط مقید رکھی جاتی تھی اور ایذا دیئے جانے میں مرد و عورت دونوں مشترک تھے یعنی عورت کو بعد ایذا کے مقید بھی کرو اور بعض نے کہا کہ دوسری آیت خاصۃً مردوں کے حق میں ہے اور تثنیہ باعتبار ہر دو قسم کنوارے مرد و بیاہے مرد کے ہے اسکو قرطبی نے مستحسن کہا اور نحاس نے اختیار کیا یعنے مردوں میں سے خواہ کنوارا ہو یا بیاہا ہو اگر زنا کرے تو دونوں قسم کو سزا دیکر چھوڑو تاکہ ضرورت جہاد وغیرہ میں شریک ہو۔ اور سدی وغیرہ نے کہا کہ اول آیت محصنہ عورتوں کے حق میں ہے اور انکے ساتھ محصن مرد بھی داخل ہیں اور دوسری آیت مرد و عورت کنوارے کے حق میں ہے اور اسکو ابن جریرؒ نے ترجیح دی اور نحاسؒ نے کہا کہ اگر ایسا ہو تو اول آیت میں واللاتی بصیغۂ مونث ہی پھر باوجود شمول مردوں کے تغلیب مونث کی مذکر پر لازم ہوگی اور یہ بعید ہے اور مفسرؒ نے کہا کہ اللذان یاتیانہا۔ میں لواطت مراد ہونا اظہر ہے بدلیل تثنیہ ضمیر مذکر کے اور جسنے زنا مراد لیا اسنے کہا کہ تثنیہ سے زانی مع زانیہ مراد ہے اور یہ قول اسطرح رد ہوتا ہے کہ اللذان کا بیان (منکم) سے موجود ہے اور یہ ضمیر مردوں کے واسطے مخصوص ہے اور علاوہ اسکے اللذان دونوں سزائے اذیت میں اور توبہ و اعراض میں مشترک ہیں اور یہ مخصوص مردوں کے لیے ہے کیونکہ عورتوں کے حق میں پہلے بیان ہوا کہ محبوس کیے جانے کی سزا ہے قال المترجم یعنے عورتوں سے اعراض کا حکم نہیں ہے اور یہاں اعرضوا عنہما فرمایا یعنے ان دونوں سے اعراض کرو پس عورت کیونکر مراد ہو سکتی پس مفسرؒ کے نزدیک ارجح یہ کہ مراد لواطت ہے اور شافعیہ طور پر حاصل یہ نکلا کہ ابتدا میں لواطت کا یہ حکم تھا جو یہاں مذکور ہے پھر حد زنا نازل ہونے سے یہ بھی منسوخ ہوا اور لواطت کی بھی وہی حد ٹھہری جو زنا کے واسطے ہے کیونکہ یہاں جو موقوف وہاں اسی کا حکم نازل ہوا ہے تو عورتوں کی زنا اور مردوں کی لواطت دونوں کا وہاں بیان آیا مگر شافعیؒ کے نزدیک لواطت میں مفعول بہ پر خواہ محصن ہو یا غیر محصن ہو کسی حال میں رجم نہیں ہے بلکہ درے اور ایک سال کی نفی ہے قال المترجم بروایت اصحاب سنن جو اوپر مذکور ہوئی کہ فاعل و مفعول بہ کو قتل کرو امام شافعی یہ حجت ہے اور اسی کے موافق بعض خلفائے راشدین نے عمل فرمایا فافہم۔ قولہ فاذوہما ای بالسب والضرب بالنعال۔ یعنے ایذا دینے سے مراد یہ ہے کہ انکے ساتھ بدزبانی کرو اور جوتیوں سے مارو۔ اور بعض نے کہا کہ عار دلاؤ اور یہی صحیح ہے حضرت ابن عباسؓ و سعید بن جبیرؒ وغیرہ نے فرمایا کہ بدگوئی و عار دلانے و جوتیوں مارنے سے ایذا دو اور حکم یہی تھا یہانتک کہ اللہ تعالےٰ نے اسکو درے مارنے و سنگسار کرنے سے منسوخ کیا اقول یعنے حدود مقرر کر دیئے تو یہ حکم منسوخ ہوا اور یہ مراد نہیں ہے کہ اسکی حد بھی وہی زنا کی حد مقرر ہوئی فقاتل در قولہ فاعرضوا۔ یعنے اعراض کرو مراد یہ کہ ان دونوں کو ایذا دینے سے اعراض کرو۔ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ تَوَّابًا اللہ تعالےٰ تواب ہے ف یعنے تواب کی صفت اس شخص کے حق میں ظاہر فرماتا ہے جو توبہ کرے یعنے نادم ہو کر عزم کرے کہ پھر کبھی ایسا نہ کریگا رَّحِیْمًا اس توبہ کرنے والے کے اوپر مہربان ہے ف پھر اللہ عزوجل نے بیان فرمایا کہ توبہ کن لوگوں کی توبہ ہے۔ اِنَّمَا التَّوْبَۃُ عَلَی اللّٰہِ۔

توبہ قبول کرنا تو اللہ تعالے پر فقط انھین بندون کے واسطے ہی جو جہالت مین بدکاری کرین پھر جلد بیدار ہو کر نادم ہون اگر کہو کہ توبہ تو ہر شخص کر لیتا ہی مفسر رح نے جواب دیا بقولہ التوبۃ التی کتب علی نفسہ قبولہا بالفضل۔ یعنے وہ توبہ کہ لکھ لیا اللہ تعالے نے اپنے اوپر قبول کرنا اسکا محض اپنے فضل سے کہو کہ علی حرف ایجاب ہی پس (علی اللہ) کے مقتضے یہ ہوے کہ واجب ہی اللہ تعالے پر حالانکہ اللہ تعالے پر کوئی چیز واجب نہین یعنے آنکہ اسکا کرنا حتمی ضرور ہو یہ اہل سنت کا اجماعی اعتقاد و مذہب ہی یعنے سبھی اسکے قائل ہین ہان معتزلہ اللہ تعالے پر وجوب اعدل و اصلح وغیرہ واجب بکتے ہین سو یہان شبہہ پڑتا تھا کہ علی حرف ایجاب ہی پس قبول توبہ اللہ تعالے پر واجب ہی سو مفسر رح نے معنے بیان کر دیے جسکا حاصل یہ کہ قبول توبہ کو اللہ تعالے نے اپنے فضل و احسان سے مانند واجب کے کر لیا ہی بمقتضاے وعدہ قبول کرے کیونکہ اللہ تعالے نے قبول توبہ کا وعدہ فرمایا اور وعدہ اسکا خلاف نہین ہوتا تو ضرور پورا ہو گا پس اسکو وجوب سے تعبیر فرمایا (البیضاوی و السراج) اور یہ کلام متین ہی کیونکہ بلا خلاف لفظ قبول محذوف اور خبر بھی محذوف ہی پس انما التوبۃ علی اللہ ای انما قبول التوبۃ مرتب علی فضل اللہ۔ یعنے قبول توبہ کا ظہور تو اللہ تعالے کے فضل پر ہی۔ (ابو حیان رح) اور اہل معانی جنھون نے نظم قرآن مین معانی بیان کیے ہین مانند زجاج و اخفش و سیبویہ وغیرہ کے وہ کہتے ہین کہ معنے یہ ہین کہ واجب کیا اللہ تعالے نے اپنے اوپر بدون کسی کے واجب کرنے کے کیونکہ اللہ تعالے مختار ہی جو چاہتا ہی کرتا ہی پھر جاننا چاہیے کہ اللہ تعالے نے فرمایا و توبوا الی اللہ جمیعا ایہا المومنون یعنے ای مومنو سب کے سب اللہ تعالے کی طرف توبہ و رجوع لاؤ۔ پس تمام امت متفق ہی کہ مومنون پر توبہ کرنا فرض ہی پس اللہ تعالے کے فضل سے کن لوگون کی توبہ مقبول ہی تو فرمایا۔ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السُّوءَ الخ یعنے ان لوگون کی توبہ قبول ہی جو کرتے ہین برائی یعنے گناہ کو۔ بِجَهَالَةٍ۔ حال ای جاہلین اذ عصوا ربہم۔ درحالیکہ جاہل ہین جبکہ رب عزوجل کی نافرمانی کی۔ پس بجہالۃ۔ حال واقع ہی یعملون کی ضمیر سے۔ ثُمَّ يَتُوبُونَ مِن۔ زمن۔ قَرِيبٍ۔ قبل ان یغرغروا۔ پھر توبہ کرتے ہین زمانہ قریب مین یعنے قبل اسکے کہ انکو موت کا گھرا لگے۔ فَأُولَٰئِكَ يَتُوبُ اللَّهُ عَلَيْهِمْ۔ یقبل توبتہم۔ پس ایسے لوگون کی توبہ اللہ تعالے قبول فرماتا ہی ف اگر کہا جاوے کہ اس سے معلوم ہوا کہ توبہ انکی مقبول ہی جو جہالت و نادانی سے گناہ کرین بغیر جانے بوجھے تو مفسر رح نے جواب کا اشارہ کیا کہ جاہل ہین جبکہ انھون نے نافرمانی کی یعنے گناہ صادر ہونا عین نادانی ہی۔ شیخ ابن کثیر رح نے ذکر کیا کہ حضرت مجاہد و سفیان نے فرمایا کہ جسنے اللہ تعالے کی نافرمانی کی خواہ عمدًا یا خطا سے تو وہ جاہل ہی جب تک اس گناہ سے باز نہ آوے۔ اور قتادہ نے ابو العالیہ سے روایت کی کہ وہ فرماتے تھے کہ اصحاب رسول اللہ صلعم فرمایا کرتے تھے کہ بندہ کو جو گناہ پہونچا وہ جہالت ہی۔ رواہ ابن جریر۔ اور عبد الرزاق نے قتادہ رح سے روایت کی کہ اصحاب رسول اللہ صلعم اس بات پر مجتمع ہوے کہ جس فعل مین اللہ تعالے کی نافرمانی ہوئی وہ جہالت ہی خواہ عمدًا نافرمانی کی یا چوک گیا۔ اور مجاہد رح نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالے کی نافرمانی کا کام کرے وہ اس کام کے وقت مین جاہل ہی اور عطا ابن رباح سے اسکے مانند روایت کیا گیا اور ابن عباس سے ابو صالح نے روایت کی کہ بندہ کی جہالت ہی سے بدکاری ہی۔ یا بجملہ اگر بندہ بیوقوف نے جہالت سے خود آتا جاتا ہی عمدًا کانٹے ڈال دیے تو یہ اسکی جہالت بڑھی ہوئی کہلاویگی اور اگر چوک گیا اور گر گئے تو چھوٹی جہالت ہی فافہم رہا اگر کہا جاوے کہ آیت کریمہ سے معلوم ہوا کہ قریب زمانہ مین توبہ کرے تو اسکی توبہ قبول ہی حالانکہ مدتون آدمی گناہ کرتا ہی اور ہوش نہین ہوتا پھر مدت بعد توبہ کی طرف رجوع ہوتا ہی تو جواب کی طرف مفسر رح نے اشارہ کیا کہ بندے کے حق مین موت کا گھرا لگنے سے پہلے سب وقت زمانہ قریب ہی ہی اگرچہ اپنی روح قبض کرنے کے لیے ملک الموت کو دیکھ لیا ہو اگر گھرے سے پہلے توبہ کر لی تو قبول ہی دیکھو اللہ تعالے نے قیامت کو قریب فرمایا۔ شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباس سے روایت کی کہ ملک الموت نظر آنے تک قریب ہی اور ضحاک نے کہا کہ موت سے اجر

قریب ہی اور قتادہ وسدی نے کہا کہ جب تک صحت میں ہی اور حسن بصری نے فرمایا جب تک گھرانہ لگے اور عکرمہ نے فرمایا کہ دنیا سب کی سب قریب ہی منترجم کہتا ہی کہ آدمی کو آخرت کے دوام وہمیشگی کو کبھی ختم نہ ہونے پر نظر نہیں وہ سو پچاس بلکہ ہزار دو ہزار بلکہ لاکھ کروڑ اور ورا ورا پائیدار دنیا کو بعید دیکھتا ہی حالانکہ اُس نے انتہا کے سامنے یہ بہت قریب ہی شیخ ابن کثیرؒ نے یہاں احادیث کو ذکر فرمایا خلاصہ یہ کہ ابن عمرؓ نے نبی صلعم سے روایت کی کہ اللہ تعالےٰ اپنے بندے کی توبہ قبول فرماتا ہی جسدم تک اسکو موت کا گھرانہ لگے۔ رواہ احمد والترمذی وابن ماجہ وحسنہ الترمذی اور ابن مردویہ کی روایت عبداللہ بن عمرؓ نہیں موت سے ایک ساعت پہلے با اخلاص توبہ کا قبول ہونا مذکور ہی وکذا فی روایۃ ابی داؤد الطیالسی اور مانند روایت احمد کے ابن مردویہ نے ابوہریرہؓ سے مرفوعاً روایت کی وقد رواہ ابن جریر عن الحسن البصری وعن بشیر بن کعب عن شداد وعن عباد بن الصامت مرفوعاً اور حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ابلیس نے عرض کیا کہ ای پروردگار میری عزت پاک کی قسم ہی کہ برابر بنی آدم کو اغوا کرونگا جب تک انکی روحیں انکے بدنوں میں ہونگی پس اللہ عزوجل نے فرمایا کہ مجھے اپنی عزت وجلال کی قسم ہی کہ برابر میں انکو بخشتا رہونگا جب تک وہ مجھسے استغفار کرینگے۔ رواہ احمد۔ شیخ کثیرؒ نے کہا کہ ان احادیث میں دلالت ہی کہ جب ایسے بندے نے توبہ کی کہ اسکی زندگی کی امید ہی تو اسکی توبہ قبول ہی اور جبیت زندگی سے یاس ہوگئی اور ملک الموت کو دیکھ لیا اور روح حلق میں اٹکی اور سانس گھرانے لگا تو پھر توبہ مقبول نہیں بسبب اللہ عزوجل نے فرمایا ولیست التوبۃ للذین یعملون السیئات حتی اذا حضر احدہم الموت قال انی تبت الآن۔ یعنے نہیں توبہ ان لوگوں کے لیے جو گناہ کیے جاتے ہیں یہانتک کہ جب انمیں سے کسی کی موت حاضر ہوئی تو کہنے لگا کہ میں اسوقت توبہ کرتا ہوں یہ ویسا ہی جیسا حق عزوجل نے حکم فرمایا کہ مغرب سے آفتاب نکلنے پر پھر کسی اہل میں کی توبہ قبول نہوگی۔ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيمًا۔ بخلقہ۔ دانا ہی اپنے مخلوق کا۔ حَكِيمًا۔ فی صنعہ۔ حکیم ہی اپنی صنعت میں اپنے مخلوق کے ساتھ اور بعض محققین نے کہا کہ جب گھرانا لگا تو ایمان کی توبہ قبول نہیں ہی اور گناہ کی توبہ قبول ہی اور تفصیل شرح فقہ الاکبر ملا علی قاری ومقدمہ عین الہدایہ منترجم باب العقائد میں ہی ف عرائس البیان میں ہی کہ قولہ تعالےٰ انما التوبۃ علی اللہ للذین یعملون السوء بجہالۃ۔ اس آیت کریمہ کے ظاہر معنے پر انما التوبۃ علی اللہ میں علی بمعنے من ہی ای انما التوبۃ من اللہ للذین یعملون السوء بجہالۃ۔ یعنے توبہ اللہ تعالےٰ کی طرف سے انھیں لوگوں کے لیے ہی جو معصیت کرتے ہیں حالت جہالت میں اور اہل تصوف کے نزدیک اسمیں اشارہ یہ ہی کہ جو شخص گناہ میں پڑا وہ اندھیرے اور حیرانی میں پڑگیا اسکو ہدایت کی راہ نہیں نظر آتی ہی اور کسی بشر کا قدرت میں یہ بات خود نہیں ہی کہ راہ حق پاوے کیونکہ ہادی وراہ دینے والا وہی پاک پروردگار ہی اور ہدایت اسیکے اوصاف قدیم سے متعلق ہی اور یہ محال ہی کہ کوئی حادث بھی اوصاف قدیم پر ہوجاوے پس اب سمجھو کہ علی اللہ اسکی نعت وصف ذات کے لیے کہ وہی ہادی ہی کیونکہ وہی ہادی اپنے متحیر بندے کی طرف رجوع فرماوے جسکا قدم اسکی بھی خواہش میں پھسل گیا ہی کہ وہ تو خود اپنے آپکو قہر الٰہی سے خلاص نہیں کرسکتا اسکا چھٹکارا اسی فیاض کریم کی شرط کرم پر ہی جسنے اپنے گنہگار بندوں کی بخشش کرنے سے اپنا وصف فرمایا ہی اور یہ گناہگار وہ بندے ہیں جو بدون اختیار کے بشریت کی خواہشوں کے قصد کر گذرے چنانچہ اوتعالےٰ نے اپنی پاک ذات کا وصف فرمایا۔ کتب بکم علی نفسہ الرحمۃ۔ یعنے اوتعالےٰ نے جو تمھارا پروردگار ہی اپنے اوپر رحمت کرنا لکھ لیا ہی پس حرف علی اپنے ظاہر پر ہا بدلیل قولہ کتب بکم علی نفسہ الرحمۃ۔ اسیکی طرف سے بندے کی طرف رجوع اسکی رحمت واسعہ کی شرط سے ہی جسکے حق میں سبقت رحمتی غضبی میری رحمت میرے غضب پر سبقت لے گئی ہی اور یہ توبہ قبول کرنا بروجہ مذکور حضرت حق عزوجل کی سنت سابقہ ہی کہ ہمارے باپ آدم علیہ السلام پر گیہوں کھانے کے بعد جاری ہوئی چنانچہ فرمایا۔ فتاب علیہ انہ ہو التواب الرحیم۔ اور دوسرے مقام پر فرمایا۔ ثم اجتباہ ربہ فتاب علیہ وہدی۔ یعنے پھر برگزیدہ کیا آدم کو اسکے پروردگار نے پس رجوع فرمایا اسپر اور راہ دیدی۔ اور خصوصیت توبہ ورجوع کی ان لوگوں کے واسطے

جو برا کام جہالت مین کر گذرین - یہ اخبار اور آگاہی ہی اپنی عطوفت و لطف کی ایسی قوم کے ساتھ جو اللہ تعالے کے امتحان کے وقت ابتدا سے مریدی و طلب کی حالت مین اپنے حظ نفس مین تھوڑا گرفتار ہو گئے تاکہ انکے دلون مین ندامت و حیاء و خوف و اجلال واقع ہو جس سے وہ اپنی گردنین نہ بلند کرین بعد ازانکہ نعوت کبریائی سے متصف ہو گئے اور حقائق انبساط اور مقام اتحاد تک پہونچ گئے ہین کیونکہ گردن اٹھانے مین دیدار ازل و مشاہدہ ابد سے گر جاوینگے حالانکہ حدوث سے فنا ہو گئے اور خلق قدم سے آراستہ ہوئے ہین پھر برائی کی نسبت جو ان بندون کی طرف فرمائی اور جہل کیطرف انکو منسوب کیا تو یہ معنے کہ عمدہ طاعات کرتے ہین اس امید پر کہ عوض پاوینگے اور یہ جہالت ہی کہ مکر قدم سے بخوف ہین اور غرت باری عزوجل کو کم پہچانتے گویا نہین پہچانتے ہین اور اس سے آگاہ نہین کہ اسکی درگاہ جلال منزہ و پاک ہی تمام طاعت والون کی بندگی اور تمام گناہگارون کے گناہ سے حالانکہ یہ جہالت سے سمجھتے ہین کہ یہ طاعات بھی کچھ چیز ہین اور یہی چیزین سبب تقرب سمجھتے ہین حالانکہ درگاہ قدیم مین حدوث کی علت کارآمد نہین ہی پھر جب جمال مشاہدہ حضرت باری تعالے کے دیکھنے والے ہو گئے تو اسکے جلال عظمت مین جو انکے گمان اپنی طاعتون کے ساتھ تھے اس سے شرمائے اور یہی فرمایا ثم یتوبون من قریب فاولئک یتوب اللہ علیہم و کان اللہ علیما - یعنے آگاہ تھا انکے شوق کا اپنی طرف اپنے علم قدیم سے - حکیما - انکی تربیت کرنے مین اپنی معرفت کے عطا مین - اور بعض نے اس آیت کے اشارہ مین کہا کہ جو لوگ طاعت سے ایسے پاک پروردگار کی جناب مین تقرب ڈھونڈھتے ہین اپنی جہالت سے جہان نہین تقرب ڈھونڈھا جاتا ہی مگر اسی پاک کے نیاز کے فضل سے اور شیخ محمد بن الفضل نے فرمایا کہ اللہ تعالے نے ضمان کر لی ایسے بندے کے توبہ کی جس سے گناہ بدون قصد صادر ہو نہ اسکے واسطے جو گناہ کرنے کو دل مین پوشیدہ رغبت سے رکھتا ہی اور اسکے صادر ہونے پاتے پر تاسف کرتا ہی چنانچہ دیکھو اللہ تعالے نے فرمایا انما التوبۃ علی اللہ الآیۃ -

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ ۚ حَتَّىٰ إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ

اور نہین توبہ ان لوگون کی جو کیے جاتے ہین برائیان یہان تک کہ جب آ گئی انمین کسیکی موت

قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ وَلَا الَّذِينَ يَمُوتُونَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۚ أُولَٰئِكَ أَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا أَلِيمًا ۝

تو بولا کہ مین نے توبہ کی اسدم اور نہ ان لوگون کی جو مرتے ہین درحالیکہ کافر ہین یہی لوگ ہین کہ مہیا کر دیا ہم نے انکے لیے دکھ دینے والا عذاب

وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِينَ يَعْمَلُونَ السَّيِّئَاتِ - الذنوب - جمع ذنب بفتح اول وسکون ثانی بمعنے گناہ حَتَّىٰ إِذَا حَضَرَ أَحَدَهُمُ الْمَوْتُ - اور ایسے لوگون کے لیے توبہ نہین جو گناہ کیے جاتے ہین یہانتک کہ جب انمین سے کسی پاس موت حاضر ہوئی ف - واخذ فی النزع - اور نزع روح کی حالت شروع ہوئی اور اسنے آخرت کا مشاہدہ کر لیا - قَالَ إِنِّي تُبْتُ الْآنَ - کہنے لگا کہ اب مین نے توبہ کی ف فلا ینفعہ ذلک ولا یقبل منہ - پس اسکو یہ توبہ کرنا نافع نہوگا اور نہ قبول ہوگا اور کلام مفسر صرح مشعر ہی کہ یہ بیا کہ مسلمانون کا بھی حال ہی جیسا کہ تورپشتی سے مروی ہی اور اسی طرف کلام بیضاوی و سراج وغیرہ مشعر ہی اور کمالین مین کہا کہ قبول نہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ ملک الموت و عذاب مشاہدہ ہونے کا وقت ہی پس یہ اضطراری حالت ہی اختیاری نہین ہی اور سراج مین کہا کہ یہ وہ وقت ہوا ہی کہ کسی کافر سے ایمان اور کسی گنہگار سے توبہ اسوقت قبول نہین ہوتی اور اللہ تعالے نے فرمایا فلم یک ینفعہم ایمانہم لما راوا باسنا - پس نہین کہ نفع کرے انکو ایمان لانا انکا جسوقت دیکھ لیا انھون نے ہماری باس کو یعنے عذاب اسکے آثار کو اور کہا کہ اسیواسطے فرعون کا ایمان قبول نہوا کہ جب ڈوبنے مین پڑا تو ایمان لایا اور یہی ایمان الیاس ہی جو مقبول نہین اور کمالین مین لکھا کہ مشہور یہ ہی کہ یاس کے وقت توبہ گناہ مقبول ہی اگرچہ ایمان مقبول نہین ہی چنانچہ خلاصہ وغیرہ مین مذکور ہی لیکن جامع مضمرات مین اسکے خلاف مذکور ہی اور یہی صحیح ہی جو جامع مضمرات مین ہی اور یہی

حاد یفتح صحیحین میں ہو ابہا انتہی اور اسمین خلاف نہین کہ مغرب سے آفتاب نکلنے کے بعد کسی کی توبہ قبول نہوگی اور شیخ ابو العالیہ سے مروی ہو کہ یہ آیت منافقون کے لیے اور یہی قول سعید بن جبیر کا ہو اور ابن عباس سے مروی ہوا کہ مشرک مراد ہین لیکن آیندہ آیت خود مشرکون کے لیے منصوص ہو بقولہ تعالے وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ ۔ اذا تابوا فی الآخرۃ عند معائنۃ العذاب لا یقبل منہم ۔ یعنے اور نہین توبہ ان لوگون کے لیے جو مرتے ہین درحالیکہ وہ کافر ہین ف یعنے جبکہ آخرت مین عذاب دیکھکر توبہ کرینگے تو انسے قبول نہوگی ۔ کیونکہ ہم لوگ جنتے بندے ہین سب مامور ہین کہ غیب پر ایمان لاوین اور جب معائنہ کرلیا تو ایمان کہان رہا وہ تو مشاہدہ ہوگیا ۔ سراج مین ہو کہ اللہ سبحانہ نے ان لوگون کو جو بیباکی سی اپنی توبہ کرنے مین اسراف کرتے ہین موت کا وقت آجانے تک اور ان لوگون کو جو کافر مرتے ہین اس بات مین برابر کردیا کہ دونون کی توبہ نہین ہو اسواسطے کہ موت کا حاضر آنا آخرت کا پہلا حال ہی تو جیسے کفر پر اصرار کرنے والون کی توبہ یقین پر جاتی رہی ایسے ہی جنسے موت آجانے تک توبہ کرنے مین بیباکی کی کیونکہ ہر ایک نے دونون مین وقت اختیاری سے تجاوز کیا اور شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ حضرت ابن عباس و ابو العالیہ و ربیع بن انس نے قولہ والا الذین یموتون وہم کفار ۔ مین کہا کہ یہ اہل شرک کے حق مین نازل ہوا ہی ۔ اور حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ صلعم سے روایت کی کہ اللہ تعالے اپنے بندے کی توبہ قبول کرتا اور اپنے بندے کو بخشتا ہی جب تک حجاب واقع نہو تو عرض کیا گیا کہ حجاب واقع ہونا کیا ہی فرمایا کہ بدن سے جان نکلے ایسے حال مین کہ مشرک ہو رواہ احمد ۔ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا ۔ اعددنا مہیا کیا ہم نے ۔ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا ۔ مولما ۔ ایسے ہی لوگ ہین کہ ہم نے مہیا کیا ہی انکے لیے عذاب مولم یعنے سخت دکھ دینے والا ۔ سراج مین ہو کہ بعضون نے کہا کہ اعتدنا در اصل اعددنا تھا کہ دال اول کو تا سے بدلا اور عذاب الیم سے مراد دوزخ ہی پس معلوم ہوا کہ نہ توبہ کرنے والا دوزخی ہی

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۭ وَلَا تَعْضُلُوْهُنَّ لِتَذْهَبُوْا

اے ایمان والو تمکو حلال نہین کہ تم عورتون کو زبردستی کرکے اور نہ انکو بند کرو کہ لو انسے کچھ

بِبَعْضِ مَآ اٰتَيْتُمُوْهُنَّ اِلَّآ اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ ۚ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ

اپنا دیا ہوا مگر آنکہ وہ کرین بے حیائی کھلی ہوئی اور گذران کرو عورتون سے دستور معقول سے

فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـــًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا ۝

پھر اگر تمکو نہ بھاوین تو شاید تم کو ایک چیز نہ بھاوے حالانکہ اللہ اسمین بہت خوبی کردیگا

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَرِثُوا النِّسَآءَ كَرْهًا ۔ ای ایمان والو تمکو حلال نہین کہ تم عورتونکے وارث بنو زبردستی ف یعنے عورتون کی ذات کے وارث بننے سے ممانعت ہی کرہا بالفتح والضم لغتان ای کرہہن علی ذلک یعنے کرہ بالفتح اکثرون کی قرارت ہی اور بالضم حمزہ و کسائی کی قرارت ہی اور معنے اسکے زبردستی کے ہین یعنے زبردستی کرنے والے عورتون پر وارث ہین نہو اس طرح کہ انکی ذات کے وارث بن جاؤ ۔ اور یہ معنے سبب نزول سے لیلینگے چنانچہ مفسر نے کہا کہ کانوا فی الجاہلیۃ یرثون نساء اقربائہم فان شاء واتزوجہا بلا صداق اوزوجوہا واخذوا صداقہا او عضلوہا حتی تفتدی بما ورثہ او تموت فیرثونہا فنہوا عن ذلک ۔ زمانہ جاہلیت مین اسلام لانے سے پہلے جبکہ خدائے تعالے کی راہ و شریعت سے جاہل تھے تب ان لوگون کا یہ دستور تھا کہ اپنے اقربا یعنے ناتے داروں کی عورتون کے وارث ہو جاتے یعنے میراث مین لے لیتے پھر جو چاہتے تو اس سے بدون مہر کے خود نکاح کر لیتے تھے یا دوسرے سے اسکا نکاح کرکے اسکا مہر خود لے لیتے یا اسکو روک کر بند کر رکھتے یہانتک کہ تنگ ہوکر جو اسنے میراث پائی تھی وہ فدیہ دیکر اپنی جان چھوڑاتی یا مر جاتی تو اسکے

ہو جاتے پس اللہ عزوجل نے انکو اس سے منع کر دیا مترجم کہتا ہے کہ آیت کریمہ کے سبب نزول سے چند اطوار مشرکین سے ممانعت ہے چنانچہ تلخیص کے ساتھ جو شیخ محدث ابن کثیر نے ذکر فرمایا ہے لاتا ہوں۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ ان لوگوں کا یہ طریقہ تھا کہ جب کوئی مرد مرتا تو مرحوم کے اولیا یعنے وارث لوگ اس میت کی جورو کے حقدار ہو جاتے انمین سے کوئی اگر چاہتا تو اس سے نکاح کر لیتا اور اگر چاہتے تو دوسرے سے اسکا نکاح کر دیتے پس میت کے اولیا اس عورت کے حق دار ہوتے اور عورت کے اولیا اسکے حقدار نہ رہتے پس یہ آیت نازل ہوئی رواہ البخاری وابن مردویہ وابوداؤد والنسائی وابن ابی حاتم اور دوسری روایت مین ابن عباس سے ہے کہ مرد اپنے قرابت والے میت کی جورو کا وارث ہوتا اور اسکو نکاح کرنے سے روک رکھتا یہانتک کہ مر جاتی یا جو مہر اسنے لیا ہے واپس کر دیتی رواہ ابوداؤد اور مقسم عن ابن عباس مین ہے کہ قرابت والون مین سے جو میت کی جورو پر کپڑا ڈال دیتا وہی اسکا احق ہو جاتا۔ اور علی بن ابی طلحہ عن ابن عباس مین ہے کہ میت کی جاریہ پر اسکا ولی کپڑا ڈال دیتا پھر خواہ صورت ہوتی تو خود نکاح کرتا ورنہ روک رکھتا جب مرتی تو اسکی میراث لیتا۔ اور عوفی عن ابن عباس مین ہے کہ اہل مدینہ کے جاہلون یعنے اسلام سے پہلے مشرکون کا یہ دستور تھا۔ اور زید بن اسلم نے بھی یہ طریقہ اہل یثرب یعنے اہل مدینہ کا بیان کیا اور کہا کہ اہل تہامہ یعنے مکہ نواح والون کا طریقہ تھا کہ مرد اپنی جورو سے بری گذران رکھتا یہانتک کہ اسکو طلاق دیتا اور اسپر شرط کرتا کہ اسی سے نکاح کرے جسکو مرد چاہے یہانتک کہ کچھ مہر واپس کرے وہ جان چھوڑاتی پس اللہ تعالے نے مومنون کو اس سے منع فرمایا۔ رواہ ابن ابی حاتم اور ابوامامہ سہل بن حنیف سے روایت ہے کہ جب ابوقیس بن الاسلت نے انتقال کیا تو اسکے بیٹے نے چاہا کہ باپ کی جورو سے نکاح کرے اور جاہلیت مین انکا یہ طریقہ تھا تو اللہ تعالے نے یہ حکم نازل فرمایا رواہ ابن جریر وابن مردویہ۔ اور عطا رح نے کہا کہ جاہلیت مین جب کوئی مرتا اور جورو چھوڑ تا تو اسکے وارث اس عورت کو اپنے کسی بچے کے دودھ پلانے کے واسطے بند رکھتے پس یہ آیت نازل ہوئی۔ رواہ ابن جریر۔ عکرمہ نے کہا کہ کبیشہ بنت معن بن عاصم بن الاوس کے حق مین انزی کہ ابوقیس اسکا شوہر مرا اور اسکے بیٹے نے جو اس عورت کے پیٹ سے تھا اس عورت کی طرف میل کیا اسنے حضرت صلعم سے کہا تو یہ آیت انزی رواہ ابن جریر۔ اور سدی نے ابومالک سے روایت کی کہ میت کے ولی نے اگر اسکی جورو پر آکر کپڑا ڈال دیا تو اسکو دودھ پلانے وغیرہ کے لیے محبوس رکھ سکتا اور اگر کپڑا انہین ڈالنے پایا اور عورت بچکر اپنے لوگون مین پہنچ گئی اور ہاتھ سے نکل گئی تو پھر عورت نے نجات پائی خود مختار ہے اور جاہے کہا کہ مرد کے پاس یتیمہ لڑکی پرورش مین ہوتی وہ اسکو روک رکھتا یہ امید کر کے مر جاوے تو میراث لون یا میرا لڑکا بڑا ہو تو اسکو بیاہ دون رواہ ابن ابی حاتم۔ پھر ابن ابی حاتم نے کہا کہ شعبی و عطا و ابن ابی رباح و ابو مجلز و ضحاک و زہری و عطا خراسانی و مقاتل سے مانند اسکے مروی ہے۔ شیخ ابن کثیر رح نے فرمایا کہ مین کہتا ہون کہ آیت کریمہ تمام اسکو شامل ہے جو اہل جاہلیت کرتے تھے جسکا بیان اقوال و آثار مین مذکور ہوا اور جو فعل اسی نوع کا ہو سب کو شامل ہے واللہ اعلم مترجم کہتا ہے کہ یا ایہا الذین آمنوا سے خطاب بطور ندا کے اس وقت کے موجود لوگون کو تھا اور بعد اسکے قیامت تک کے لوگون کو شامل ہے یا بجملہ ایسے افعال سے ممانعت ہے اور یہ حرام ہے اور باپ کی جورو سے نکاح حرام دائمی ہونا آگے آویگا۔ وَلَا تَعْضُلُوهُنَّ۔ ای تمنعوا ازواجکم عن نکاح غیرکم بامساکہن دلا رغبۃ لکم فیہن ضرارا۔ اور نہین حلال ہے تمکو یہ کہ تنگ کر کے عورتون کو وقف یعنے منع کرو اپنی جورو ون کو اس سے کہ تمہارے سوائے دوسرے سے نکاح کر لین اسطرح کہ انکو روک رکھو نہ طلاق دو حالانکہ تمکو انکی طرف کچھ رغبت نہین ہے فقط اس غرض سے روکتے ہو کہ انکو ضرر پہونچاؤ۔ لِتَذْهَبُوا بِبَعْضِ مَا آتَيْتُمُوهُنَّ۔ من المہر تاکہ لے پاؤ کچھ اسمین سے جو تمنے انکو دیا ہے وقف یعنے مہر مین سے کیونکہ آخر تنگ ہو کر وہ عورتین یہی کیا کرتی تھین۔ مترجم کہتا ہے کہ عضل کے معنے حبس و تنگ کرنا کما ذکرہ الزمخشری اور موافق آثار اور اخبار شیخ ابن کثیر رح کے ممانعت مرونکو

اپنی جوروون کے عضل سے اور یتیمہ کو نکاح سے اور میت کی جورو باندی کو دوسرے سے نکاح کرنے سے یہ سب عضل ہی جس سے ممانعت ہی اور بنابرین بعض ماانتیتموہن۔ جوروون کے مہر سے یا میت کی جورو نے جو مہر وترکہ پایا اس سے یا یتیمہ نے جو میراث پائی اس سے لے لو اور ترجمہ اسکو ازواج یعنے شوہرون کے حق مین خطاب قرار دیا۔ حالانکہ مفسر نے اول خطاب کو وارثون کے حق مین ہونا اختیار کیا تھا اسی سبب سے اعتراض کیا گیا کہ ایک کلام مین خطاب ندارد دو شخصون کو بدون تکرار ندا کے روا نہین ہی چنانچہ قم واقعد زید وعمرو دونون کو ایک ندا مین الگ الگ فعل کو نہین کہہ سکتے بلکہ یون کہینگے قم یا زید واقعدیا عمرو اور جواب دیا گیا کہ اہل سلام بحکم واحد ہین اور بعض نے کہا کہ یہ خطاب بھی وارثون کو ہی ای تم لوگ ان عورتون کو نکاح کرنے سے منع مت کرو اور سراج مین کہا کہ صحیح وہی ہی کہ معالم مین فرمایا کہ یہ خطاب شوہرونکو ہی شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ علی بن ابی طلحہ نے ابن عباسؓ سے روایت کی کہ قولہ لاتعضلوہن۔ یعنے مقہور مت کرو انکو تاکہ جو دیا ہی اسمین سے کچھ لے مرد اور مراد اس سے وہ مرد ہی کہ اسکی جورو ہو حالانکہ مرد اس سے کراہت رکھتا ہو اور عورت کا اسپر مہر ہو پس مرد اسکو ضرر پہونچاوے بدین غرض کہ عورت اس سے فدیہ کرا لے اور یہی قول قتادہ وضحاک وبہتون کا ہی اور اسکو ابن جریرؒ نے اختیار کیا اور ابن المبارک وعبدالرزاق نے ابن الیمانی سے روایت کی کہ یہ دونون آیتین ایک امر جاہلیت کے بارہ مین ہی اور دوسرے دربارہ اسلام ہی ابن المبارکؒ نے فرمایا کہ مراد یہ کہ قولہ لایحل لکم ان ترثوا النساء کرہا دربارۂ جاہلیت ہی اور قولہ لاتعضلوہن دربارہ اسلام ہی۔ تحقیق یہ ہی کہ یعنے آیت کریمہ کے یہ ہین کہ ای اہل ایمان تمکو حلال نہین کہ اکراہ سے عورتون کی ذات کے وارث ہو جیسے اہل جاہلیت کیا کرتے تھے اور نیز ای اہل اسلام تمکو حلال نہین کہ اپنی جوروون کو روکو باوجود یکہ تمکو انسے رغبت نہین ہی اور ممکن ہی کہ کہا جاوے کہ دوم بھی اہل جاہلیت کے فعل سے ممانعت ہی یعنے ای اہل اسلام تمکو حلال نہین کہ اپنی جوروون کو عضل کرو جیسے اہل جاہلیت کرتے تھے کما رواہ ابن ابی حاتم عن زید بن اسلم اور شک نہین کہ اسی عضل سے متعلق ہی استثنار مابعد یعنے قولہ۔ اِلَّآ اَنْ یَّاْتِیْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَیِّنَةٍ۔ بفتح الیاء وکسرہا ای بیّنت او ہی بینۃ۔ یعنے ابن کثیر وشعبہ نے بفتح یا تحتیہ پڑھا یعنے مبین کی گئی اور باقیون نے بکسر یا تحتیہ پڑھا یعنے آنکہ وہ خود بینہ ہی ای کھلی ہوئی ہی پس وہ بین سے ہی جو معنے بیّن لازمی ہی اور شاید مفعول محذوف ہو یعنے مبینۃ حال صاحبہا ای ایسی حرکت فاحشہ جو اپنے کرنے والیکا حال کھولنے والی ہی اور مراد اس سے یہ ہی جو مفسرؒ نے ذکر کی ای زنا او نشوز فلکم ان تضاروہن حتی یفتدین منکم وبختلعن۔ یعنے کہ بیٹھین زنا یا سرکشی تو اب البتہ تمکو روا ہی کہ انکو ضرر پہونچاؤ تاکہ مال دیکر تم سے اپنی جان چھڑاوین اور خلع کراوین۔ پھر کہا گیا کہ استثنا متصل ہی اور یہی بیضاوی وغیرہ نے ذکر کیا یعنے استثنار ازمانہ عام یا از علت عامہ ہی یعنے اعم العام ظرف سے یا مفعول لہ سے گویا یون کہا گیا کہ ولاتعضلوہن فی جمیع الاوقات الا وقت اتیانہن بفاحشۃ مبینۃ یعنے جمیع اوقات مین انکو بند نہ کرو الا ایک وقت مین جبکہ وہ فاحشہ مبینہ کرین یا لاتعضلوہن لعلۃ الا لان یاتین بفاحشۃ۔ یعنے کسی علت سے انکو حبس نہ کرو الا اس علت سے کہ فاحشہ مبینہ کرین اور عکبری نے تبیان مین اختیار کیا کہ استثنا منقطع ہی۔ پھر جاننا چاہیے کہ مفسرؒ کی یہ مراد نہین کہ زنا یا نشوز کو ہی مبات کرین تمکو عضل کا اختیار ہی بلکہ اشارہ ہی اختلاف تفسیر کی طرف چنانچہ ابن مسعود وابن عباس وسعید ومجاہد وعکرمہ وعطار خراسانی وضحاک وابو قلابہ وابو صالح وسدی وزید بن اسلم وابن ابی ہلال نے کہا کہ مراد فاحشہ مبینہ سے زنا ہی اور ایک روایت مین ابن عباس وعکرمہ وضحاک سے آیا کہ وہ نشوز وعصیان ہی کما ذکرہ ابن کثیر اور شاید مفسرؒ نے مانند ابن جریر کے یہ اختیار کیا ہو کہ فاحشہ مبینہ یہان زنا ونشوز وعصیان وبدزبانی وغیرہ افعال ناشائستہ سب کو شامل ہی۔ شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ یہ قول جید ہی واللہ اعلم اور یہ مانند اسکے ہی جو سورۂ بقرہ مین فرمایا ولایحل لکم ان تاخذوا مما اتیتموہن شیئا الا ان یخافا الا یقیما حدود اللہ الایۃ۔ اور ابن عباسؓ نے فرمایا کہ مرد اپنی

قرابت دار کی عورت کا وارث بن جاتا پس اسکو عضل کرتا یہانتک کہ وہ مرجاتی یا مہر جو اسنے لیا تھا واپس کردیتی پس اللہ عزوجل نے اس سے منع فرمایا۔ رواہ ابوداؤد شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ یہ مقتضی ہی کہ تمام سیاق امر جاہلیت کے بیان مین ہی ولیکن مومنون کو اسلام مین ایسا کرنے سے ممانعت ہی۔ وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ۔ اور عورتون سے معروف برتاؤ کرو ف ای بالاجمال فی القول والنفقۃ والمبیت یعنے عورتون سے میٹھی معقول بات کہنا اور نفقہ دینا اور انکے ساتھ راتون بسر کرنا برو جمیل کہو شیخ ابن کثیرؒ نے ذکر کیا یعنے اپنے اقوال و افعال مین انکے ساتھ بقدر امکان خوبی رکھو یہانتک کہ ہیأت کو بھی جو از شرعی کے موافق بقدر امکان خوبصورت رکھو جیسے تم انسے یہ بات چاہتے ہو وقد قال تعالے ولہن مثل الذی علیہن بالمعروف الآیہ۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ ابن عباس سے صریح مروی ہوا ہی جیسا کہ سورۂ بقرہ کی اس آیت کی تفسیر مین مذکور ہوا آور نبی صلعم نے فرمایا کہ بہتر تم مین سے وہ ہین جو اپنی گھر والیون کے لیے بہتر ہون اور مین تم سب کی نسبت اپنی گھر والیون کے حق مین بہتر ہون۔ رواہ فی الصحیح اور اسی سے استدلال کیا گیا کہ مرد کو ایسا ہی کرنا چاہیے بقولہ تعالے ولقد کان لکم فی رسول اللہ اسوۃ حسنۃ۔ اور حضرت صلعم کے اخلاق اپنی پاک بیویون کے ساتھ کہانی وغیرہ کہتے و دیگر موانسات مین پاکیزہ تھے جو شمائل وغیرہ مین مروی ہین اور صحیحین وغیرہ مین حدیث حزاقہ معروف اسی قبیل سے ہی اور اس سے احکام متعلق ہین جو باب القسم ترجمہ عالمگیریہ سے تلاش کرو۔ پھر واضح ہو کہ طلاق و نفاق اللہ تعالے کے نزدیک مبغوض ہی چنانچہ آگے اشارہ فرمایا ہی۔ فَاِنْ كَرِهْتُمُوْهُنَّ۔ فاصبروا۔ یعنے پھر اگر تم ان عورتون کو مکروہ جانو کہ تمھارے نفس قبول نہ کرین ف تو بھی صبر سے رہو۔ فَعَسٰٓى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْـًٔا وَّيَجْعَلَ اللّٰهُ فِيْهِ خَيْرًا كَثِيْرًا۔ پس قریب ہی کہ تم ایک چیز کو مکروہ رکھو اور اللہ تعالے اسمین خیر کثیر دیدے ف ولعلہ یحصل فیہن ذلک بان یرزقکم منہن ولدا صالحا پس شاید اللہ تعالے انمین بہ خیر کثیر دیدے مانند اسکے کہ تمکو ایسے فرزند صالح عطا کرے پس مفسرؒ کے بیان سے معلوم ہوا کہ فعسی الخ علت ہی جزا محذوف یعنے فاصبروا کی پس جزا کو حذف کرکے اسکی علت کو بجاے اسکے قائم کیا اور یہ حسن بیان و کمال بلاغت ہی کہ بر تقدیر کراہت کے پہلے سے انکو صبر کرنیکا حکم منصوص نفرمایا کیونکہ وہ متنفر تھے پس پہلے اسکی علت سنادی تاکہ سمجھ لین اور بھلائی کا بیان دیکھکر صبر پر آمادہ ہو جاوین اور نصیحت سودمند ہو فافہم ف عاشروہن بالمعروف۔ یعنے تم لوگ عورتون کی موانست مین بطور معروف رہو مگر نفس کے لگاؤ سے نہین بلکہ مقام انس و روح محبت و فرحت عشق کے ساتھ جبکہ تم حال ولایت مین مخصوص بتمکین و استقامت ہو جاؤ قال المترجم یعنے مرد مبتدی و متلون کو موانست عورتون کی مفید نہین ہی اور جب مقام تمکین و استقامت مین ثابت قدم ہو جاوے اور تعلقات نفس سے چھوٹ جاوے تو وہ مفید ہی قال الشیخ کیونکہ موانست زنان لائق نہین مگر اسیکو جو جناب باری تعالے شانہ سے مانوس ہو جیسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم و جملہ اولیا و ابدال۔ چنانچہ نبی صلعم نے اس امر کو کہ آپکو جناب باری تعالے مین کمال انس ہی اور مشاہدۂ جمال سے کامل فرحت ہی اس شعر سے فرمایا کہ محبوب کی گئین تمھاری دنیا مین سے مجھے تین چیزین خوشبو و عورتین اور میری آنکھون کی ٹھنڈک نماز مین ہی اور یہی حال حضرت یوسف علیہ السلام کا تھا کہ زلیخا سے قصد فرمایا تھا چنانچہ اللہ تعالے نے فرمایا۔ ولقد ہمت بہ وہم بہا۔ اور شیخ ذوالنون رحؒ نے فرمایا کہ جسنے اللہ تعالے سے انس حاصل کیا وہ ہر شی ملیح و چہرہ صبیح سے اور ہر آواز پاکیزہ و ہر خوشبو سے پاکیزہ سے مانوس ہو جاتا ہی قال المترجم بعض اہل اللہ تعالے نے لکھا ہی کہ قطب الاقطاب کی شناخت یہ ہی کہ اسکی رغبت عورتون سے بروجہ حلال و جواز شرعی زیادہ ہو اور نبی صلعم کے پاس تو یازدہ پاک عورتین تھین اور حدیث مین مروی ہی کہ آپ نے ایک عورت کو دیکھا تو فوراً حضرت زینب رضی اللہ عنہا ام المومنین کے مکان مین اندر تشریف لے گئے اور جب باہر آئے تو آپ کے سر مبارک سے پانی ٹپکتا تھا پھر ایسا مضمون فرمایا کہ عورت کے سامنے اور پیچھے شیطان آراستہ کرتا چلتا ہی سو جب تم مین سے

کوئی اچانک نظر سے اپنے دل میں وسوسہ پاوے تو اپنی حلال جورو سے اپنی حاجت پوری کرلے تو شیطانی دخل سے محفوظ رہیگا اور حدیث میں ہی کہ حضرت صلعم کو چالیس طاقت مردآدمیوں کی قوت عطا ہوئی تھی مفسر جم نے ان احادیث کو اہل ایمان کے سوچنے و فکر کرنے کے واسطے ذکر کیا ہی۔ پھر جو شیخ جی نے ذکر کیا وہ ظاہری طور پر یوں نہ سمجھنا چاہیے کہ ہر وجہ صبیح و شی ملیح سے اسکی صورت پر انس ہوتا ہی بلکہ صنعت قدرت جو متعلق بروح ہی مانوس ہوتا ہی اور تمام کلام میں نے اول پارہ بقرہ میں ذکر کیا ہی ولیکن ہوشیار رہنا چاہیے کہ بہت سے جاہل صوفی بیدار و ہوشیار نہیں بنتے انکو قوت حیوانی و شہوانی کے غلبہ کی انس میں اور روحانی انس میں فرق نہیں معلوم ہوتا آخر کار تباہ ہو جاتے ہیں نہیں دیکھتے ہو کہ حضرت صلعم کی پاک بیویاں باعتبار ظاہر کے بہت خوبصورت وغیرہ کچھ تو تھیں ہاں باطن میں پاک تھیں جنکو اللہ تعالے نے اپنے حبیب خاص حضرت محمد مصطفی صلعم کے واسطے مقدر فرمایا اور انکو یہ کرامت دنیا و آخرت میں ملی فتفکر۔ قال الشیخ اور بیز عاشروہن بالمعروف سے غرض کہ تم کو اللہ تعالے اگر کسی سے کوئی فرزند صالح عطا کرے۔ اور بیز عاشروہن۔ اسی مباشرہو اسے جبکہ وہ راغب ہوں اس بات میں جو تمہاری اسے مراد ہی کہ یہ تکدر معروف نہیں واقع ہوتا مگر جبکہ دونوں جانب سے ایک ہی صفت پر مساوات ہو اور بیز عاشروہن بالمعروف اسی پیچھے اور انکو اللہ تعالے کی عبادت و نام پاک اور انکو رغبت دلاؤ کہ اللہ تعالے کو پہچانکر اسکی بندگی میں ثابت قدم ہوں اور انکو اللہ تعالے کے جمال و جلال کا شوق دلاؤ اور بعضوں کا بہ نے فرمایا یعنے انکو سنتیں اور فرض جو اللہ تعالے نے مقرر فرمائی ہیں سب سکھلاؤ اور حضرت عبد اللہ بن المبارک نے فرمایا کہ اچھی گذران عورتوں سے یا اوروں سے وہ ہی کہ انجام کار میں تجھے دنیا و آخرت میں اس سے ندامت حاصل نہو اور ابو حفص نے فرمایا کہ معاشرت بمعروف یوں ہی کہ تو اپنے عیال کے ساتھ خوش خلق رہے اس تمام چیز میں جو تجھے انکی طرف سے ناگوار گذرے اور اس عورت سے جو تجھے بمشکل و بڑی معلوم ہو۔ یعنے دین میں اللہ تعالے کے حکم کے پابند ہو اور تیرے نفس پر اسکا بوجھ ہونا یا خوبصورت نہونا گران ہو تو اپنے نفس کے تابع مت ہو اور اس سے خوش خلقی کے ساتھ برتاؤ کرنا چاہیے۔ قولہ تعالے فعسی ان تکرہوا شیئا ویجعل اللہ فیہ خیرا کثیرا۔ ہر حکم جو اللہ تعالے کی طرف سے آیا ہی وہ اسی بنا پر ہی کہ نفس سے مخالفت رکھواور یہ بنظر امتحان ہی اور نفس کا یہ حال ہی کہ وہ بندگی کرنے سے بھاگتا ہی مگر جب حکم الٰہی کی پابندی کی گئی اور اپنے اوپر مشقت و ریاضت اٹھائی گئی تو قلب پر پہلے پہل قرب و مشاہدہ کے انوار طلوع ہوتے ہیں قال تعالے ونہی النفس عن الہوی فان الجنۃ ہی المأوی۔ اور اندھیرے میں مشقت و ریاضتیں اٹھانے سے عارفوں کے دلوں پر مشاہدات کے سورج و مکاشفات کے چاند طلوع ہوتے ہیں۔ یہاں خیر کی تفسیر میں بعض نے کہا کہ فرزند صالح مراد ہی اور بعض نے فرمایا کہ انجام کار بندوں سے پوشیدہ کیا گیا تاکہ ہر مرغوب چیز سے انسان الفت نہ پیدا کرلے اور ہر مکروہ چیز سے نفرت نہ کرنے لگے کیونکہ انجام نہیں جانتا۔

وَاِنْ اَرَدْتُّمُ اسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ وَّاٰتَيْتُمْ اِحْدٰىهُنَّ قِنْطَارًا فَلَا

اور اگر چاہو تم بدلنا ایک عورت کی جگہ دوسری عورت اور دے چکے ہو ایک کو ڈھیر مال تو

تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا ؕ اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا ۝ وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ

مت واپس لو اسمیں سے کچھ کیا لینا چاہتے ہو ناحق اور صریح گناہ سے اور کیونکر اسکو لے لوگے

وَقَدْ اَفْضٰى بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ وَّاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا غَلِيْظًا ۝

اور پہنچ چکے ایک دوسرے تک اور عورتیں لے چکیں تم سے عہد گاڑھا

وَاِنْ اَرَدْتُّمُ - اور اگر تم نے قصد کیا - اِسْتِبْدَالَ زَوْجٍ مَّكَانَ زَوْجٍ - بدلنے ایک زوج کا بجائے ایک زوج کے
ای اخذ ہا بدلہا بان طلقتموہا - یعنے لینا ایک عورت کا بدلے ایک عورت کے باین طور کہ موجودہ کو طلاق دیدے - پس مراد زوج سے یہاں جورو
ہے اور زبان عرب مین یہ لفظ جو بمعنے جوڑا ہی جورو مرد دونون پر بولا جاتا ہی اور حاصل یہ کہ اگر تمنے یہ چاہا کہ ایک جورو طلاق دیکر الگ کرو اور بجاے
اسکے کسی اور عورت سے نکاح کرو تو جو کچھ اسکو دیا ہی اسمین سے کچھ مت لو اور عورت کو جو دیا ہی اسمین سے کچھ واپس کرلینا بدون خلع کے
بقصد ضرر رسانی مطلقًا حرام ہی خواہ بجاے اسکے دوسری کا نکاح مقصود ہو یا نہو لیکن یہان بیان واقع کے طور پر ہی چنانچہ معالم وغیرہ مین
فرمایا کہ بات یہ تھی کہ جب مرد کو کوئی عورت بھلی معلوم ہوتی اور چاہتا کہ اس سے نکاح کرے تو اپنے تحت والی جورو کو بہتان لگا دیتا تاکہ وہ مجبور ہوکر
جو مہر لیا تھا واپس کرکے اس سے اپنی جان چھڑا دے تو اس سے منع فرمایا - کہ اگر تم ایک جورو کی جگہ چاہو کہ دوسری جورو کرین - وَّ - قَدْ اٰتَيْتُمْ
اِحْدٰىهُنَّ - ای الزوجات - اور حال یہ کہ دیا تم نے زوجات مین سے کسی کو - پس واو حالیہ اور جملہ بتقدیر قد حال ہی اور ہن ضمیر جمع باعتبار
اسکے کہ زوج سے جنس مراد ہی - اور دیدینے سے مراد یہ کہ اپنے اوپر اسکے لیے لازم کرلیا اور ضامن ہو گئے ہو جیسے قولہ اذا سلمتم ما اتیتم مین ہی پس
یہ وارد نہین ہوتا کہ لینے کی حرمت تو ثابت ہی اگرچہ اسکو مہر مسمی نہ دیا ہو بلکہ ہنوز اپنے ذمہ ہو - اور حاصل یہ کہ جو عورت کے واسطے واجب و لازم
ہوا ہی اسمین سے کچھ مت لو - قِنْطَارًا - مالًا کثیرًا صداقًا - یعنے قنطار سے مراد مال کثیر ہی جو صداق دیا ہی اور کہا گیا کہ صداق جو مہر
قبل خلوت کے ادا کیا جاوے اور مہر عام ہی - فَلَا تَاْخُذُوْا مِنْهُ شَيْـًٔا - تو مت لو اس مال کثیر مین سے کچھ بھی الحاصل
جسکو جدا کرنے کی نیت ہی اور اسکو تمنے ڈھیر مال دیا ہی تو تم اس سے کچھ مال واپس مت لو کیونکہ عورت کا کوئی قصور نہین بلکہ تمنے خود چاہا
کہ بجاے اسکے دوسری عورت سے نکاح کرو پیش وارد نہین ہوتا کہ خلع کے بدلے لینا اگرچہ مہر سے زیادہ ہو جائز ہی اور یہان سے ظاہر ہوا
کہ آیت کو منسوخ کہنا بقول تعالے ولا تاخذوا مما اتیتموہن شیئا الا ان یخافا الا یقیما حدود اللہ - وہم ہی بلکہ دونون آیتین محکم ہین - حضرت
ابن عباس نے تفسیر مین کہا ہے اگر تجھے اپنی جورو مکروہ معلوم ہوئی اور دوسری کوئی عورت خوش آئی پس تو نے اپنی جورو کو طلاق دی اور
دوسری کو نکاح مین لیا تو مطلقہ کو اسکا مہر جو کچھ واجبی ہو دیدے اگرچہ وہ قنطار ہو - مترجم کہتا ہی کہ قنطار کے معنے سورہ آل عمران مین فی
تفسیر قولہ زین للناس حب الشہوات من النساء الآیہ - گذر چکے ہین شیخ ابن کثیر وغیرہ نے کہا کہ اس آیت مین دلیل ہی کہ مال کثیر عورت کے
مہر مین دینا و مقرر کرنا روا ہی کیونکہ قنطار مال کثیر کو کہتے ہین اور ابن المنذر کی روایت ممانعت حضرت عمرؓ مین مذکور ہی کہ عبداللہ بن مسعودؓ
کی قرأۃ مین قنطار امن ذہب - تھا یعنے سونے کا ڈھیر - اور حضرت عمرؓ نے جو عورتون کے مہر مین زیادتی کرنے سے ممانعت فرمائی تو اس سے
رجوع کیا ہی چنانچہ سعید بن منصور و ابو یعلی نے مسروقؒ کے طریق سے روایت کی کہ عمر بن الخطابؓ نے منبر پر کھڑے ہوکر فرمایا کہ ای لوگو تم
کیون عورتون کے مہر مین زیادتی کرتے ہو حالانکہ رسول اللہ صلعم و آپ کے اصحاب چار سو درم تک مہر رکھتے تھے یا اس سے کم پھر اگر اللہ
تعالے کے نزدیک زیادتی کرنا کچھ تقوی یا کرامت ہوتا تو تم لوگ انسے سبقت نہ کرتے پس آیندہ مجھے نہ معلوم ہو کہ کسی نے اپنی جورو
کے مہر مین چار سو درم پر بڑھایا ہی پھر اتر آئے پس قریش کی عورتون مین سے ایک عورت سامنے آئی اور کہا کہ ای امیر المومنین تم نے لوگون کو
منع کردیا کہ چار سو درم سے عورتون کا مہر نہ بڑھاوین آپ نے فرمایا کہ ہان وہ بولی کہ کیا آپ نے وہ نہین سنا جو اللہ تعالے نے قرآن مجید
مین فرمایا کہ وآتیتم احدہن قنطارا - پس عمرؓ نے یہ سنکر کہا کہ ای اللہ تعالے مین مغفرت چاہتا ہون سب ہی آدمی عمرؓ سے زیادہ فقیہ ہین
پھر لوٹکر منبر پر چڑھے اور کہا کہ ای لوگو مین نے تمکو منع کیا تھا کہ عورتون کے مہر مین چار سو درم سے زیادہ نہ کرو پس مین کہتا ہون

کہ اسکو اختیار ہے کہ اپنے مال سے جسقدر چاہے دے اور ابو یعلی نے کہا کہ مجھے یاد پڑتا ہے کہ شیخ راوی نے یوں کہا تھا کہ عمر رضی نے کہا سو جسکا جی چاہے وہ ایسا کرے شیخ ابن کثیر و مفسر نے کہا کہ اسکی اسناد صحیح قوی ہے و قد روی نحو ہذا من طرق عن عمر رواہ نہ یہ بن بکار و ابن المنذر و الامام احمد و اصحاب السنن و قال الترمذی حدیث حسن صحیح ۔ الحاصل جو کہ عورت کو دیا اس سے واپس مت لو۔ **اَتَاْخُذُوْنَهٗ بُهْتَانًا** ظلما۔ کیا تم اس مال کو بطور بہتان لے لوگے ف یعنے ظلم کے طور بیضاوی میں ہے کہ بہتان وہ جھوٹ ہے کہ جسپر باندھا جاوے اسکو مبہوت کردے اور کبھی ایسے فعل کو بہتان کہتے ہیں جو باطل ہو اسیواسطے یہاں ظلم سے تفسیر کی گئی یعنے کیا لے لوگے بطور ظلم کے۔ **وَّاِثْمًا مُّبِيْنًا** ۔ بیّنا۔ اور بطور کھلے گناہ کے ۔ مبین از ابان یعنے بان ہے کیونکہ بین یعنے تبین لازمی ہے فافہم اور اصل میں بہتانا و اثما۔ کو نصب بنا بر آنکہ حال واقع ہے ای تاخذونہ باہتین و اثمین ۔ یعنے کیا لے لوگے اسکو درحالیکہ تم بہتان باندھنے والے اور گناہ سمیٹنے والے ہوگے ۔ اور استفہام بطور ملامت ہے اور اسپر مزید تاکید فرمائی بقولہ تعالے۔ **وَكَيْفَ تَاْخُذُوْنَهٗ** ای باہی وجہ اور کیونکر یعنے کس وجہ پر تم اسکو لے لوگے ۔ اور استفہام انکاری ہے حاصل آنکہ جس کسی وجہ پر یہ مال نہیں لے سکتے ہو ل یہ ہے۔ **وَقَدْ اَفْضٰى** ۔ وصل۔ **بَعْضُكُمْ اِلٰى بَعْضٍ** ۔ باجماع المفسرین کہ پہونچ گیا یعنے مل گیا بعض تمہارا بعض سے ف ابن طور کہ جماع کیا جو مہر کو ثابت کرنے والا ہے۔ **هروی و کلبی** وغیرہ نے کہا کہ افضاء یہ کہ جورو و مرد ایک چادر میں ہو جاویں خواہ جماع کیا یا نہ کیا اور فراء نے کہا کہ افضاء یہ کہ جورو و مرد خلوت میں ہو جاویں اگرچہ جماع نہ کیا ہو اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک مہر متقرر و متاکد ہونے کے واسطے ایسی خلوت صحیحہ بھی قائم مقام جماع ہے اور خلوت صحیحہ یہ کہ جورو و مرد اس طرح خلوت میں ہوں کہ انکو جماع کرنے کا قابو حاصل ہو اسطرح کہ کوئی عذر شرعی نہ ہو مثل روزہ وغیرہ کے اور کوئی عذر حسی بھی نہو مثل مرض وغیرہ کے اور نہ ہو انکا بے پردگی و شرم طبعی ہو اور ابن عباس و مجاہد و سدی وغیرہم نے فرمایا کہ افضاء کنایہ از جماع ہے اور اسی پر مفسرین نے تفسیر کی ہے اور بقول حنفیہ یوں کہنا چاہیے کہ تم کیونکر یہ مال لے سکتے ہو حالانکہ تم سے باہم خلوت صحیحہ ہو چکی تمہاری عورتوں نے اپنے آپکو بے حجاب تمہارے سپرد کر دیا **وَاَخَذْنَ مِنْكُمْ مِّيْثَاقًا** ۔ عہدا۔ **غَلِيْظًا** ۔ شدیدا۔ اور ان عورتوں نے تم سے عہد شدید لے لیا ہے ف وہو ما امر اللہ بہ من امساکہن بمعروف او تسریحہن باحسان ۔ اور یہ عہد شدید وہ ہے جو اللہ تعالے نے حکم دیا کہ بطور معروف انکو رکھو یا احسان کے ساتھ انکو رہا کرو اور انکے اپنوں کے یہاں رخصت کرو۔ یہی تفسیر ابن عباس و عکرمہ و مجاہد و ابو العالیہ و حسن و قتادہ و ضحاک و سدی و یحیی بن ابی کثیر سے مروی ہے اگر کہا جاوے کہ یہ عہد تو اللہ تعالے نے لیا ہے ان عورتوں نے کہاں لیا ہے تو مدارک میں جواب دیا کہ اللہ تعالے نے چونکہ یہ عہد انھیں عورتوں کے واسطے لیا ہے پس گویا انھیں عورتوں کی طرف سے عہد ہے اور ابن عباس و مجاہد و سعید بن جبیر سے مروی ہے کہ میثاق غلیظ سے مراد عقد ہے اور ربیع بن انس سے ہے کہ وہ قول حضرت صلعم ہے کہ استوصوا بالنساء خیرا فانکم اخذتموہن بامانۃ اللہ و استحللتم فروجہن بکلمۃ اللہ (صحیح مسلم) یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ حجۃ الوداع میں فرمایا کہ تم لوگ مجھسے اپنی عورتوں کے بارہ میں بھلائی کرنے کی وصیت قبول کرو یعنے میں تم کو وصیت کرتا ہوں کہ اپنی عورتوں سے بھلائی کے ساتھ رہو تم اسکو قبول کرو کیونکہ تم نے انکو اللہ تعالے کی امانت پر لیا اور اللہ تعالے کے کلمہ پر تم نے انکی فروج کو حلال کر لیا ہے۔ ھ۔ اور کلمۃ اللہ خطبہ نکاح ہے اور کہا کہ شب معراج میں منجملہ ان کرامات کے جو حضرت صلعم کو عطا ہوئیں ایک یہ ہے کہ آنحضرت صلعم کو خطاب ہوا کہ میں نے تیری امت کو اسطرح کر دیا کہ انکا کوئی جائز نہو گا یہانتک کہ گواہی دیں کہ تو میرا بندہ و میرا رسول ہے (رواہ ابن ابی حاتم)

وَلَا تَنْكِحُوا مَا نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ اِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ ؕ اِنَّهٗ كَانَ فَاحِشَةً وَّ

اور مت نکاح میں لاؤ جن عورتوں کو نکاح میں لائے تمہارے باپ جو گزرے ہو یہ بیحیائی ہے اور

مَقْتًا ؕ وَسَآءَ سَبِيْلًا ۝

غضب کا اور بری راہ ہے

ع ۳ ۱۴

وَلَا تَنْكِحُوْا مَا - بمعنی من - نَكَحَ اٰبَآؤُكُمْ مِّنَ النِّسَآءِ - اور مت نکاح میں لائیو ایسی عورت کو عورتوں سے جس سے تمہارے باپ نے نکاح کیا ہو ف اگر کہا جاوے کہ ما تو غیر ذوی العقول کے لیے ہی تو جواب یہ ہی کہ نہیں بلکہ ذوی العقول کو بھی شامل ہی جیسا کہ محقق تفتازانی نے ذکر کیا ہی اور معنے یہ ہیں کہ لا تنکحوا التی نکح آباءکم - اور آباء عام ہی خواہ نسبی باپ ہو یا رضاعی باپ ہو اور اسمیں باپ کا باپ سگا دادا اور پردادا چاہے جتنا اونچا ہو سب شامل ہیں غرضکہ باپ دادا کی زوجہ سے مت نکاح کیجیو - اِلَّا - لکن - مَا قَدْ سَلَفَ - من فعلکم فانہ معفو عنہ لیکن جو گذرا تمہارے فعل سے ف کہ وہ عفو کیا گیا ہی - یہ استثناء منقطع ہی بمعنے لکن - اور اس سے مراد یہ کہ جو گذرا اسکا تم پر مواخذہ نہو گا اور یہ مراد نہیں کہ وہ شرع میں مقرر ہوا اور بیضاوی میں ہی کہ نہی کے معنے لازم سے استثناء ہی گویا یوں کہا گیا کہ تستحقون العقاب بنکاح ما نکح آباءکم الا ما قد سلف - یعنے تم اپنے باپ کی منکوحہ سے نکاح کرنے پر عذاب کے مستحق ہوگے الا وہ کہ جو پہلے گذرا کہ اسپر مستحق عذاب نہو گے ملا عصام نے کہا کیونکہ اسلام اس معصیت کو میٹ دیتا ہی جو اس سے پہلے تھی شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ منکوحہ پدر فقط اسکے نکاح سے اولاد پر حرام ہو جاتی ہی خواہ اس سے دخول کیا ہو یا نہ کیا ہو اور اسپر اجماع ہی کسیکے خلاف نہیں ہی اور من طریق عدی بن ثابت عن رجل من الانصار روایت ہی کہ جب ابو قیس بن الاسلت انصاری جو مرد صالح تھے انتقال فرمایا تو انکے بیٹے قیس نے انکی جورو سے یعنے سوتیلی ماں سے خلسہ کیا اور نکاح کا پیغام دیا وہ بولی کہ میں تجکو فرزند شمار کرتی تھی اور تو بھی مرد صالح ہی لیکن میں رسول اللہ صلعم کے پاس جا کر عرض کرتی ہوں پس اسنے آنحضرت صلعم سے یہ بیان کر کے عرض کیا کہ اسمیں آپ کیا حکم دیتے ہیں آپ نے فرمایا کہ تو واپس جا یہانتک کہ اللہ تعالے حکم کرے پس نازل ہوا تو لا تنکحوا ما نکح آباءکم الآیہ - رواہ ابن ابی حاتم - اور عکرمہ سے مروی ہی کہ قیس بن الاسلت اور اسود بن خلف اور صفوان بن امیہ کے مقدمہ میں ہی کہ انھوں نے اپنے اپنے باپ کی جورو سے نکاح چاہا تھا اور سہیلی نے زعم کیا کہ زنان پدر سے نکاح کر لینا زمانہ جاہلیت میں معمول تھا اسیواسطے فرمایا کہ الا ما قد سلف جیسے دو بہنوں کے جمع کرنے میں فرمایا وان تجمعوا بین الاختین الا ما قد سلف - اور کہا گیا کہ کنانہ بن خزیمہ نے جو قریش کے جد اعلی میں سے ہی ایسا کیا تھا کہ اپنے باپ کی جورو سے نکاح کیا اور اس سے نضر بن کنانہ پیدا ہوا حالانکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ میں ہمیشہ نکاح سے پیدا ہوا ہوں سفاح سے نہیں ہوا اور کہا کہ اس سے دلیل نکلی کہ یہ امر انکے واسطے روا تھا یعنے اسکو نکاح شمار کرتے تھے اور من طریق عکرمہ عن ابن عباس رضہ روایت ہی کہ جاہلیت والے بھی وہی سب حرام رکھتے تھے جو اللہ تعالے نے حرام فرمایا سوائے دو باتوں کے کہ باپ کی جورو سے نکاح کرنا اور دو بہنوں کا جمع کرنا روا رکھتے تھے پس اللہ تعالے نے نازل فرمایا - ولا تنکحوا ما نکح آباءکم کہ آخر - رواہ ابن جریر اور ایسا ہی عطا و قتادہ نے کہا ہی - شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ سہیلی نے جو قصہ کنانہ نقل کیا اسمیں کوئی صحیح روایت نہیں ہی - الحاصل معنے یہ ہیں کہ جو کچھ زمانہ جاہلیت میں ہو چکا وہ عفو ہی اور آیندہ تم کسی ایسی عورت سے نکاح مت کیجیو جس سے تمہارے باپ دادا نے نکاح کیا ہو - اِنَّهٗ - ای نکاحھن - یعنے ضمیر راجع بجانب نکاح ان عورتوں کے جنکو باپ نے اپنے نکاح میں لیا ہو جو مذکور بالا سے مفہوم ہی - كَانَ فَاحِشَةً - قبیح ایمان سے اور فعل قبیح ہی - وَّمَقْتًا - سببیا للمقت من اللہ وہو اشد البغض - مقت سے مراد سبب مقت ہی یعنے اللہ تعالے کی طرف سے

مقت کا باعث ہو اور مقت بمعنے اشد بغض ہی (المعنے) ایسا نکاح کرنا بہت قبیح اور اللہ تعالے کی طرف سے سخت بغض کا سبب ہی۔ اور **بیضاوی** مین ہی کہ منکوحات پدر سے نکاح کرنا اللہ تعالے کے نزدیک سخت قبیح ہی کہ بندون مین سے کسی امت کو اسکی اجازت نہین دی اور مخوض ہی اہل مروت کے نزدیک اسیواسطے کسی مرد کا اگر کوئی لڑکا ایسی جورو سے ہوتا ہی جو اسکے باپ کے تحت مین تھی تو اس لڑکے کو مقتی کہتے ہین اور قاموس مین ہی کہ نکاح المقت یہ ہی کہ آدمی اپنے باپ کی جورو سے نکاح کرے بعد وفات پدر کے پس یہ نکاح قبیح و مقت ہی۔ **وَسَآءَ سَبِيلًا** ۔ طریقہ ذلک۔ اور بدراہ ہی **ف** بعض نے فرمایا کہ قبیح ہونے کے تین مرتبہ ہین اور اللہ تعالے نے اس نکاح کو ان مراتب مین سے ہر مرتبہ سے مذمت کی چنانچہ فاحشہ اسکے قبیح عقلی کا بیان ہی اور قولہ مقتا۔ بیان قبیح شرعی ہی اور قولہ وساء سبیلا۔ مرتبہ قبح عادی ہی پس جمیعین یہ سب مراتب قبح کے مجتمع ہین وہ فعل انتہا درجہ کا قبیح ہی اور براء ابن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ مین اپنے ماموں ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ سے ملا اور انکے ساتھ لڑائی کا نشان تھا مین نے کہا کہ آپ کہان جاتے ہین انھون نے کہا کہ مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا ہی ایک خبیث آدمی کی طرف جسنے اپنے باپ کے بعد اسکی جورو سے نکاح کیا سو مجھے حضرت صلعم نے حکم دیا ہی کہ اسکی گردن ماردون اور اسکا مال ضبط کرلون رواہ عبدالرزاق وابن ابی شیبۃ واحمد والحاکم والبیہقی۔ اور دوسری روایت امام احمد بن براء ابن عازب رضی اللہ عنہ سے ہی کہ میرے چچا حارث بن عمیر میری طرف ہو کر گذرے اور انکے ساتھ نشان تھا جو حضرت صلعم نے انکے واسطے تیار فرمایا تھا۔ مین نے کہا کہ اے چچا تم کہان جاتے ہو فرمایا کہ مجھے حضرت صلعم نے ایک مرد کیطرف بھیجا ہی جسنے اپنے باپ کی جورو کے ساتھ نکاح کیا سو مجھے حکم فرمایا ہی کہ اسکی گردن ماردون **شیخ ابن کثیر** نے کہا کہ جو شخص اپنے باپ کی جورو سے نکاح کرے وہ مرتد ہو گیا پس قتل کیا جاوے اور اسکا مال سب اہل بیت المال کیا جاوے اور نیز ذکر کیا علماء نے اجماع کیا ہی کہ باپ نے جس عورت سے بطریق نکاح یا مالک ہو کر یا شبہہ سے وطی کی ہو وہ اسکے پسر پر حرام ہو جاتی ہی۔ اور اگر باپ نے ایک عورت سے جماع نہین کیا مگر سوائے وطی کے دیگر مباشرت کی مثلاً مساس و بوسہ وغیرہ یا اسکی ایسی چیز دیکھی کہ بر تقدیر اجنبیہ ہونے کے اسکا دیکھنا روا نہین ہو تو آیا اس صورت مین بھی وہ بیٹے پر حرام ہی یا نہین قولین علماء کا اختلاف ہی اور امام احمد سے روایت ہی کہ وہ اس سے بھی حرام ہو جائیگی مترجم کہتا ہی یہی ائمہ حنفیہ کا قول ہی کہ جن چیزون سے حرمت مصاہرہ ثابت ہوتی ہی انکے پائے جانے سے حرام ہو جائیگی اور ان چیزون کو ترجمہ عادۃً کہتے ہین سو بلا دوم سے تلاش کرو اور ہمارے نزدیک اگر باپ نے کسی عورت سے زنا کیا تو بھی وہ پسر پر حرام ہو جائیگی بخلاف قول شافعی رح کے بنا برین کہ زنا سے حرمت مصاہرہ ہمارے نزدیک ثابت ہوتی ہی اور انکے نزدیک نہین پھر اللہ تعالے نے تمام ان عورتون کو جنسے یا تو نکاح دائمی یا عارضی نکاح حرام ہی بقولہ تعالے

**حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ وَبَنَاتُكُمْ وَأَخَوَاتُكُمْ وَعَمَّاتُكُمْ وَخَالَاتُكُمْ**

حرام ہوئین ہین تمپر تمھاری مائین اور بیٹیان اور بہنین اور پھوپھیان اور خالائین

**وَبَنَاتُ الْأَخِ وَبَنَاتُ الْأُخْتِ وَأُمَّهَاتُكُمُ اللَّاتِي أَرْضَعْنَكُمْ**

اور بھائی کی بیٹیان اور بہن کی بیٹیان اور جن ماؤن نے تمکو دودھ پلایا

**وَأَخَوَاتُكُمْ مِنَ الرَّضَاعَةِ وَأُمَّهَاتُ نِسَائِكُمْ**

اور تمھاری دودھ شریک بہنین اور تمھاری جورؤن کی مائین

**وَرَبَائِبُكُمُ اللَّاتِي فِي حُجُورِكُمْ مِنْ نِسَائِكُمُ اللَّاتِي دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَإِنْ**

اور تمھاری جورؤن کی بیٹیان جو تمھاری پرورش مین ہین جن جورؤن سے تم نے دخول کر لیا ہی پھر اگر

لَمْ تَكُونُوا دَخَلْتُمْ بِهِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْكُمْ وَحَلَائِلُ

پھر اگر تمنے عورتون سے دخول نکیا ہو تو تمپر کچھ گناہ نہین ہی اور تمھارے

أَبْنَائِكُمُ الَّذِينَ مِنْ أَصْلَابِكُمْ وَأَنْ تَجْمَعُوا بَيْنَ

ان بیٹون کی عورتین جو تمھاری پشت سے ہین اور یہ کہ حرام ہوا کہ جمع کرو تم دو

الْأُخْتَيْنِ إِلَّا مَا قَدْ سَلَفَ إِنَّ اللَّهَ كَانَ غَفُورًا رَحِيمًا

بہنین مگر جو پہلے ہو چکا البتہ بخشنے والا مہربان ہی

اس آیت کریمہ مین اللہ عزوجل نے وہ عورتین بیان کردین جو حرام ہین پس نسبتے کی وجہ سے سات حرام فرمائین اور دودھ کی وجہ سے دو۔ اور صہر کے رشتہ سے چار حرام فرمائین پس نسبتے کی وجہ سے سات یہ ہین۔ مائین۔ اور بیٹیان۔ اور بہنین۔ اور پھوپھیان۔ اور خالائین۔ اور بھائی کی بیٹیان۔ اور بہن کی بیٹیان۔ اور دودھ کی وجہ سے یہ ہین۔ رضاعی مائین۔ رضاعی بہنین اور صہر کے رشتہ سے یہ ہین۔ جوروون کی مائین۔ اور جن جوروون سے دخول کیا انکے پہلے خاوند سے بیٹیان۔ اور اپنی پشت کے بیٹون کی جوروین۔ اور ایکوقت مین دو بہنون کا جمع کرنا یہ سب تیرہ عورتین ہین اور چودھوین وہ عورتین ہین جو باپ کی منکوحہ ہون جیسا کہ اوپر کی آیت مین بیان ہوا اور سنت متواترہ سے دو اور ثابت ہوئین ایک تو اپنی جورو اور اسکی پھوپھی کو ایکوقت جمع کرنا حرام ہی دوم اپنی جورو اور اسکی خالہ کو ایکوقت جمع کرنا حرام ہی پس سب سولہ ہوئین اور سترھوین ایسی عورت جو کسی مرد کے نکاح مین ہو۔ امام طحاوی رح نے فرمایا یہ سب محکم متفق علیہا حرام ہین انمین سے کسی کا نکاح مین لانا نہین جائز ہی اور اسپر اجماع ہی سوائے اپنی غیر مدخولہ کی ماں کے کہ اسمین جمہور کا تو یہی قول ہی کہ اس سے نکاح حرام ہی اور بعض نے اسکو روا کہا ہی ولیکن روایت اختلاف کے ثبوت مین تامل ہی اور آیندہ انشاء اللہ تعالے آتا ہی پھر جاننا چاہیے کہ ان محرمات مین اقسام ہین بعض تو دائمی حرام نہین یعنے بعض احوال مین جائز ہو جاتی ہین اور وہ ایسی عورتین ہین جو غیر کے نکاح مین ہین پس اس حیثیت کے ساتھ کہ غیر کے نکاح مین ہون دائمی حرام ہین اور اگر غیر نے اسکو طلاق دیدی اور عدت گذر کر مائنہ ہو گئی تو اس سے نکاح کرنا روا ہی یا مثلاً شوہر مر جاوے تو بعد عدت کے اس سے نکاح روا ہی بشرطیکہ وہ نکاح کا ارادہ کرنے والے کی ایسی ناتے دار نہو جس سے کبھی نکاح نہین روا ہو اور بعض بہنون کا جمع کرنا حرام ہی اور اگر ایک مر گئی تو دوسری بہن سے نکاح کر سکتا ہی اور یہی حال جورو اور اسکی پھوپھی یا خالہ کے جمع کرنے مین ہی۔ اور بعض دائمی حرام ہین کسی حال مین حلال نہین ہوتی ہین جیسے مان و بہنین وغیرہ اور جو انسے نکاح کرے اگرچہ جانے حالانکہ شرع کا حکم ظاہر ہو چکا تو وہ مرتد ہی قتل کیا جاوے۔ اور حدیث مین اس امت کے بگڑنے و بددین ہونے کے بیان مین ہی کہ یہ امت بھی اگلی امتون کے قدم بقدم چلیگی یہانتک کہ جسنے انمین سے اپنی ماں سے علانیہ حرام کیا اسمین بھی ایسا ہوگا جو اپنی ماں سے علانیہ حرام کرے۔ اللہ تعالے ہمکو مع تمام ایمان والون کے ایسی حرکتون سے محفوظ رکھے آمین یا ارحم الراحمین اب تفسیر کیطرف رجوع ہو قال تعالے حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ أُمَّهَاتُكُمْ۔ ان تمکو حرام ہین وشملت الجدات من قبل الاب او الام۔ حرام کی گئین تمپر تمھاری مائین ف یعنے حرام ہی کہ انسے نکاح کرو اور امہات شامل ہی جدات کو خواہ از جانب پدر ہون یا از جانب مادر ہون یعنے دادیان و نانیان بھی اون مین شامل ہین پھر ظاہر ہی کہ ماؤن کی ذات اپر حرام نہین اور نہ دیگر متعلقات کیونکہ خدمتگزاری مثلاً انکی حرام نہین ہی پس یہان ایکو حرام کیے جانے سے یہی مفہوم ہی کہ انسے نکاح حرام ہی جیسے شراب حرام کیے جانے سے شراب پینے کی حرمت اور گوشت سور حرام ہونے سے اسکے کھانے کی حرمت مفہوم ہی پس اس تحریم مین اسکے مناسب فعل مقدر ہوگا جس

حرمت متعلق ہوا اور امہات جمع اُم ہی جو دراصل امہۃ تھا۔ اور جوہری نے فرمایا کہ مشابطہ یہ ہی کہ ام وہ عورت ہی جو تجھے جنی سو وہ تیری ماں ہی یا جو اسکو جنی جس سے تو پیدا ہی خواہ مذکر ہو مثلاً باپ کو دادی جنی خواہ مونث ہو مثلاً ماں کو نانی جنی تو دادی و نانی بھی ام ہی۔ اور چاہے یوں کہو کہ اُم ہر ایسی عورت ہی جس تک تیرا نانا منتہی ہو اور مترجم کہتا ہی کہ یہ معروف ہی اسمین خود ایسا وضوح ہی کہ طول کلام کی ضرورت نہین ہی اور بیان حکم کا فائدہ یہ ہی کہ مجوسی کمبخت حالت نشہ مین ماں سے وطی جائز رکھتے جیسے دختر سے وطی جائز رکھتے ہین حرمت علیکم امہٰتکم اور تم پر حرام کی گئین تمہاری بیٹیان ف وشملت بنات الاولاد وان سفلن۔ بنات مین اولاد کی بیٹیان یعنے پسر کی بیٹیان جنکو پوتیان کہتے ہین اور دختر کی بیٹیان جنکو نتنیان کہتے ہین شامل ہین۔ پس معلوم ہوا کہ مرد پر اسکی ماں دادی و نانی و پردادی و پرنانی وغیرہ اوپر کے درجہ کی جو فرع ہین حرام ہین اور بیٹیان اور پوتیان و نتنیان کہتے ہی نیچے درجہ کی جو شاخین ہین سب حرام ہین اور واضح رہے کہ دادی و نانی وغیرہ سے یہان سگی مراد ہی اور یہ وہم نہو کہ سگی نانی کی بہن جو سوتیلی نانی کہلاتی ہی وہ بھی حرام ہی تو جواب یہ کہ ہان اسوجہ سے کہ وہ سگی خالاؤن مین داخل ہی جیسا کہ آگے آتا ہی پس سگی و سوتیلی کی تنقیح سے یہ غرض ہی کہ ہندوستان مین مثلاً چچا کی بیٹی کو بہن کہتے ہین تو وہ حرام نہین کیونکہ وہ نہ جڑ کی سگی اور نہ شاخ کی سگی ہی پس حلال ہی والسلام پھر امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بنات کا لفظ پوتیون و نتنیون کو انتہا تک حقیقۃً شامل ہی اور امام شافعیؒ کے نزدیک مجازاً شامل ہی جیسے امہات مین ہی اور صراج مین مشابطہ یہ مذکور ہی کہ بنت یعنے تیری دختر وہ ہی جو مونث کہ تجھسے پیدا ہوا یا جو تجھسے پیدا ہی اُس سے پیدا ہوا اور چاہو یون کہو کہ ہر مونث جسکا نسب تجھپر منتہی ہو وہ تیری دختر ہی۔ پھر صراج مین کہا کہ جو عورت کسی مرد سے زنا سے پیدا ہوئی وہ بنت مین شامل نہین پس اس مرد کو حلال ہی کہ اُس سے نکاح کرے۔ یہ شافعیت کی تقلید ہی اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک حرام ہی اور شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ بنات کا لفظ عام ہی اسی سے جمہور علما نے استدلال کیا کہ کسی مرد کے زنا کرنے سے جو لڑکی پیدا ہو وہ اسکی دختر ہی پس بنات مین شامل ہی اور اسپر حرام ہوگی جیسا کہ مذہب امام ابو حنیفہ و مالک و احمد حنبل کا ہی اور شافعیؒ سے اسکی باحت مین کچھ نقل کیا جاتا ہی کیونکہ وہ شرعی دختر نہین ہی پس جیسے میراث مین وہ قولہ تعالےٰ یوصیکم اللہ فی اولادکم۔ مین داخل نہوئی کیونکہ بالاجماع وارث نہین ہوتی ہی ایسے ہی یہان داخل نہوگی واللہ اعلم۔ اگر کہا جاوے کہ زنا سے جو لڑکا پیدا ہوا وہ بھی شرعی پسر ہوا تو اپنی ماں سے نکاح کر سکتا ہی اسکا جواب یہ ہی کہ نہین ہو سکتا کیونکہ ماں کی طرف اسکا نسب بالاجماع متحقق ہی کیونکہ بالاجماع اسکا وارث ہوتا ہی۔ اور صحیح اسمین قول جمہور ہی اور شیخ محدث ابن کثیرؒ کی تقریر بھی اسکو مشعر ہی اور حدیث مین ہی کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ ذطرحمت نہ فرماویگا اللہ تعالےٰ ایسے مرد پر جیسے ایک عورت کی فرج و اسکی دختر کی فرج پر نظر ڈالی

**وَاَخَوٰتُكُمْ** من جہۃ الاب او الام۔ اور حرام کی گئین تمپر تمہاری بہنین ف مفسرؒ نے کہا کہ خواہ بہن باپ کی طرف سے ہو یا ماں کی طرف سے ہو مثلاً باپ کی دوسری بیوی وجہ سے جو لڑکی ہو وہ بھی بہن ہی جیسے ماں کے دوسرے شوہر سے جو لڑکی ہو وہ بہن ہی چونکہ انمین سے کسی ایک طرف سے جو بہن ہی وہ بھی حرام ہی تو ماں و باپ دونون کیطرف سے جو بہن ہو گی یعنے حقیقی و عینی تو وہ بدرجۂ اولےٰ حرام ہی لہذا مفسرؒ نے اسکو ذکر نہین کیا کیونکہ اخوات کا لفظ اولاً حقیقی بہن کے واسطے ہی ہان باقی دونون مین وہم تھا کہ شاید علاتی بہن جو فقط باپ کی طرف سے ہی یا اخیافی بہن جو فقط ماں کی طرف سے ہی حرام نہو تو مفسرؒ نے اسی وہم کی جڑ کاٹ دی کہ قطعاً وہ اخوات ہین۔ اور ضابطہ یہ ہی کہ ہر مونث جو تیری ماں و باپ یا انمین کسی ایک سے پیدا ہوا وہ تیری بہن ہی۔ **وَعَمّٰتُكُمْ** اور حرام کی گئی تمپر تمہاری پھوپھیان ف ای اخوات آبائکم و اجدادکم یعنے تمہین سے ہر ایک کے باپ کی بہن یا دادا کی یا پردادا کی کتنے ہی اونچے درجہ کی بہن ہو تمپر حرام ہی۔ اور ضابطہ یہ ہی کہ ہر مونث جو تیرے باپ یا دادا وغیرہ اجداد کے ساتھ ماں باپ دونون مین یا ایک مین شریک ہو تو وہ پھوپھی ہی پس باپ کی عینی یا علاتی یا اخیافی کسی قسم کی بہن ہو

وہ تیری پھوپھی ہو علی ہذا اگر تیرے باپ کی اسیطرح کی پھوپھی ہو وہ بھی تیری پھوپھی ہو۔ وَخٰلٰتُكُمْ۔ اور تم پر حرام کی گئیں تمہاری خالائیں
ف اسی اخوات امہاتکم و جداتکم۔ یعنے تم میں سے ہر ایک کی ماں یا نانی کی بہن تم پر حرام ہو اور واضح ہو کہ کبھی باپ کیطرف سے خالہ ہوتی
ہو اور وہ تیرے باپ کی مائی بہن ہو جیسے پھوپھی کبھی ماں کی طرف سے ہوتی ہو اور وہ ماں کے باپ کی بہن ہو سو یہ بھی حرام اور پھوپھی خالہ میں
شامل ہیں۔ وَبَنٰتُ الْاَخِ۔ یعنے بھائی کی بیٹیاں خواہ بھائی عینی ہو یا علاتی یا اخیافی سب کی بیٹیاں حرام ہیں اور یہی حال ہو۔
وَبَنٰتُ الْاُخْتِ۔ اور بہن کی بیٹیوں میں چاہے کسی قسم کی بہن ہو مفسر نے کہا۔ ویدخل فیہ بنات اولادہم۔ اور بھائی و بہن کی
اولاد کی بیٹیاں بھی اسی میں شامل ہیں یعنے کسی قسم کی بھائی یا بہن کی اولاد بیٹا و بیٹی کی حواشی کیان ہیں یعنے سگے بھتیجے یا علاتی کی لڑکیاں
بھی حرام ہیں پس بھائی و بہن کی دختر شامل ہے ہر اس مونث کو جسکا نسب پیدائشی تیرے کسی قسم کے بھائی یا بہن کیطرف منتہی ہووے۔ یہانتک تو
ان عورتوں کا بیان ہوا جو نسب کی وجہ سے دائمی حرام ہیں اب انکا بیان شروع ہوتا ہے جو رضاعت سے دائمی حرام ہیں چنانچہ فرمایا وَاُمَّهٰتُكُمُ
الّٰتِیْٓ اَرْضَعْنَكُمْ۔ اور تمہاری وہ مائیں تم پر حرام ہیں جنھوں نے تمکو دودھ پلایا ف یعنے جیسے تجھ پر تیری وہ ماں حرام ہے جسنے
تجھے جنا اسیطرح تجھ پر تیری وہ ماں بھی حرام ابدی ہے جسنے تجھے دودھ دیا چنانچہ صحیحین میں حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ
رضاعت حرام کرتی ہے اس چیز کو جسکو ولادت حرام کرتی ہے۔ اور ایک روایت صحیح مسلم میں ہے کہ رضاعت سے بھی وہی حرام ہے جو نسب سے حرام ہے اب
یہ بیان ہونا چاہیے کہ رضاعت کب اور کیونکر متحقق ہوتی ہے تو مفسر نے کہا کہ قبل استکمال الحولین خمس رضعات کما یاتی الحدیث۔ یعنے دودھ
پلایا تمکو پہلے دو برس پورے ہونے سے پانچ رضعات جیسا کہ حدیث نے اس مجمل رضاعت کو جو آیت میں مذکور ہے بیان کر دیا ہے یعنے آیت میں
تو مطلقاً رضاعت مذکور ہے یہ بیان نہیں کہ کس سن میں پلایا ہو اور کم سے کم کسقدر پلایا ہو تو مفسر نے اپنے مذہب کے موافق بیان کیا کہ وہ
پلانے والی اسوقت بچہ کی رضاعی ماں ہو جاتی ہے کہ بچہ کو دو برس کا سن پورے ہونے سے پہلے پلایا ہو اور کم سے کم پانچ رضعات ہوں مترجم
کہتا ہے کہ بعض شافعیہ نے اسکے معنے بچہ کی سیری پر معتبر کیے اور بعض نے گھونٹ لیے۔ بالجملہ مفسر نے جو دو برس تک رضاعت کی مدت ذکر کی اسمیں
بقول فتوی ہمارے نزدیک بھی اتفاق ہے اب رہا یہ کہ امام شافعیؒ کے نزدیک کم سے کم پانچ رضعات ہیں شیخ ابن کثیرؒ نے فرمایا کہ اسمیں علماء کا
اختلاف ہے بعض کے نزدیک تین رضعات سے کم نہوں کیونکہ حضرت عائشہؓ سے مرفوعاً روایت ہے کہ ایک چوسنا یا دو چوسنا حرام نہیں کرتا رواہ
مسلم اور امام افضل سے مرفوعاً روایت ہے کہ ایک رضعہ اور دو رضعہ اور ایک مصہ اور دو مصہ حرام نہیں کرتا اور ایک روایت میں الملاجہ اور دو الملاجہ کا لفظ ہے
رواہ مسلم پس جب دو سے زائد ہو یعنے تین ہو جاویں خواہ بچہ مص کرے یا مضغ خود رضعہ الملاجہ کرے تو تحریم ہونا چاہیے یہی مذہب امام احمد بن حنبل
و اسحق بن راہویہ و ابو عبید و ابو ثور کا ہے اور یہی حضرت علی عائشہ و ام الفضل و ابن زبیر و سلیمان بن یسار و سعید بن جبیر سے مروی ہے۔ اور بعض کے
نزدیک پانچ رضعات سے کم محرم نہیں کیونکہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ جو قرآن نازل کیا گیا تھا اسمیں دس رضعات معلومات تھے کہ انسے
حرمت ہوتی تھی پھر پانچ سے منسوخ ہوئی پھر نبی صلعم نے وفات پائی درحالیکہ وہ قرآن میں سے پڑھی جاتی تھی (رواہ مسلم) اور سالم مولی حذیفہ
کے واسطے سہلہ بنت سہیل کو حضرت صلعم نے پانچ رضعات سالم کو پلانے کا حکم کیا (کما فی الصحیح) اور یہی قول شافعی و انکے اصحاب کا ہے قال
المترجم پوشیدہ نہیں کہ سالم مولی حذیفہ جوان تھے جبانکے واسطے حکم دیا پس حکم مخصوص ہے پس حجت نہیں ہو سکتا اور حدیث نسخ میں تاویل
ضرور ہے کیونکہ تلاوت باقی نہیں باجماع صحابہؓ پس مراد یہ ہے کہ ایسا ہوگا اور پانچ رضعات بھی قریب وقت وفات تک
تھے پھر بہت قریب وفات کے منسوخ ہوے اس سے کم نہیں کہ حدیث محتمل و مأول ہے حجت نہیں ہو سکتی کیونکہ بالاجماع قطعاً کسی کا مذہب

نہیں کہ قرآن میں سے کچھ کم ہی یہ تو سوائے بعض فرقہ روافض کے کسی نے نہیں کہا بلکہ روافض میں سے بھی کسی فرقہ کا یہ قول نہیں کہ احکام و ارشاد
قرآن میں سے کچھ کم ہی تو اس روایت منفردہ سے قرآن ثابت نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ قطعاً متواتر بالاجماع صحابہ رضی اللہ عنہم ہی پس روایت میں
صرف کثرت رضاعت کی وجہ سے تسہیل تھی وہ صحابہ کے اجماع سے منسوخ ہی علاوہ بریں بعد تسلیم کے مذہب اول کے دلائل کے ساتھ متعارض ہو کر
دونوں ساقط ہونگے خصوص جبکہ دونوں روایتیں اور دونوں مذہب حضرت عائشہؓ سے روایت ہوتے ہیں اور نیز حدیث عدم حرمت رضعہ و
رضعتان محمول ہی اس صورت پر کہ فقط منہ میں لیا اور دودھ کچھ پیٹ میں نہیں گیا بدلیل دوسری روایت املاجہ و املاجتان کے کیونکہ حقیقت
املاج فقط اسیقدر پر ہی۔ پس جبکہ یہ حالت ہو تو مقتضائے آیت سے تجاوز نہیں ہو سکتا بدیں طور کہ حکم جو بمقتضائے آیت ہو اسمیں آحاد
روایت سے تغیر کیا جاوے اور آیت سے ثابت ہوتا ہی کہ دودھ پینے کے طور پر ایک بار چوس کر پی لیا یا منہ میں دودھ دیا بہرحال
حلق سے اُترنے سے رضاعت ثابت ہو جائیگی کیونکہ آیت عام ہی پس جس مقدار سے باعتبار لغت کے رضاع کہلاوے اس سے حرمت رضاعت
ثابت ہوگی اور یہی مذہب امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ تعالےٰ و مالک و انکے اصحاب کا ہی اور یہی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے مروی ہی اور یہی
قول سعید بن المسیب و عروۃ بن الزبیر و زہری رحمہ اللہ تعالےٰ کا ہی اور پوشیدہ نہیں کہ اسی قول کا اختیار کرنا منظر حرمت اصوب ہی اگر
فرض کریں کہ تین رضعات پر استدلال پورا ہوا تو بھی مقطوع نہیں پس مطلق رضاعت جو عموم آیت سے ثابت ہی مستند رہی اور
پانچ رضعات میں وگونہ اشتباہ ہی کیونکہ تین رضعات پر حرمت کا مذہب مذکور ہو چکا اور مشتبہ سے بچنا واجب ہی پس بیان اختیار مطلق
واجب ہی اور تحقیق دلائل کو مترجم نے عین الہدایہ میں بیان کیا ہی۔ وَاَخَوٰتُكُمْ مِّنَ الرَّضَاعَةِ۔ و یلحق بذلک بنات
البنات منہا و ہن من ارضعتہن موطوءۃ والعمات والخالات و بنات الاخ و بنات الاخت منہا ہی یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب
رواہ البخاری و مسلم۔ یعنے اور حرام ہیں تمپر تمہاری وہ بہنیں جو رضاعت کے سبب سے ہوں ف مفسر نے کہا کہ بدلیل سنت اس سے
لاحق ہیں بیٹیاں رضاعی اور رضاعی بیٹیاں وہ ہوتی ہیں جنکو مرد کی موطوءہ جورو نے دودھ پلایا ہو یعنے مرد نے جس عورت سے وطی کی
اور وہ حبلی ہو پھر اس عورت نے کسی لڑکی کو یہ دودھ پلایا تو یہ لڑکی اس مرد کی بیٹی ہی اور اسپر حرام ہی اور نیز بدلیل حدیث کے اس سے لاحق ہیں
رضاعی پھوپھیاں اور خالائیں اور رضاعی بھائی کی بیٹیاں اور رضاعی بہن کی بیٹیاں موافق اس تفصیل کے جو نسب کے بیان میں گذری
بدلیل اس حدیث کے کہ حرام ہو جاتی ہیں رضاعت سے وہ عورتیں جو حرام ہوتی ہیں نسب سے (رواہ البخاری و مسلم) شیخ ابن کثیر نے
ذکر کیا کہ بعضے فقہاء نے فرمایا کہ کل وہ عورتیں جو نسب سے حرام ہوتی ہیں وہ رضاعت سے بھی حرام ہوتی ہیں سوائے چار صورتوں کے اور بعض
نے چھ صورتوں کو استثنا کیا پھر ابن کثیر نے فرمایا کہ تحقیق یہ ہی کہ انمیں سے کچھ بھی مستثنیٰ نہیں ہی کیونکہ انکے بعض کا ماننہ نسب میں
پایا جاتا ہی اور بعض کی حرمت بوجہ صہریت کے ہی نسب سے نہیں پس حدیث کے کلیہ پر کچھ استثنا وارد نہیں ہوتا اور یہی محققین حنفیہ مانند
ابن الہمام وغیرہ نے مصرح بیان کیا ہی پھر رضاعت فقط عورت ہی کی طرف نہیں بلکہ جس خاوند سے اسکا دودھ ہی وہ بھی رضیع لڑکا
یا رضیعہ لڑکی کا باپ ہو جاتا ہی اور یہی جمہور علماء و چاروں اماموں کا مذہب ہی۔ وَاُمَّهٰتُ نِسَآئِكُمْ۔ یعنے اور حرام ہیں
تمپر تمہاری جوروؤں کی مائیں۔ اسمیں کوئی قید نہیں کہ تم نے اپنی جورو سے جماع کیا ہو یا نہ کیا ہو بلکہ عام ہی کہ جب تم نے کسی عورت
سے نکاح کیا تو اسکی ماں و نانی و پرنانی وغیرہ سب حرام ہو گئیں خواہ اپنی جورو سے دخول کرے یا نہ کرے بلکہ نکاح کے ابھی طلاق
دیدے۔ تب بھی اسکی ماں وغیرہ اونچی جڑ سے نکاح نہیں کر سکتا ہی اور یہ گویا اجماعی ہی و تعرف۔ وَرَبَآئِبُكُمُ جمع ربیبۃ ہی

بنت الزوج - اَلّٰتِیْ فِیْ حُجُوْرِکُمْ - تربوہنا صفۃ موافقۃ للغالب فلا مفہوم لہا - مِنْ نِّسَآئِکُمُ الّٰتِیْ دَخَلْتُمْ بِہِنَّ
ای جامعتموہن - فَاِنْ لَّمْ تَکُوْنُوْا دَخَلْتُمْ بِہِنَّ فَلَا جُنَاحَ عَلَیْکُمْ فی نکاح بناتہن اذا فارقتموہن - یعنے اور حرام
ہوئیں تمپر تمہاری ربائب (اور یہ لفظ جمع ہی ربیبہ کی اور ربیبہ اسکو کہتے ہین جو اپنی جورو کی لڑکی کسی دوسرے خاوند سے ہو - پھر ان ربائب
کی صفت بیان کی کہ وہ ربائب جو تمہارے حجور مین ہون (اور حجور جمع حجر ہی یعنے گود مین ہون) اور مراد یہ کہ تم انکی تربیت و پرورش کرتے ہو - اگر کہا
جاوے کہ پھر ربائب وہی حرام ہوئین جو حجور مین پرورش پاتی ہون اور اگر ایسی نہون مثلاً عورت تو زید کے تحت مین ہو اور اسکے پہلے خاوند کی لڑکی کہین
اور ہو تو زید پر حرام نہو کیونکہ اسمین یہ صفت نہین پائی جاتی کہ پرورش مین ہی حالانکہ بالاجماع یہ بھی حرام ہی مفسر نے جواب دیا کہ یہ صفت جو مذکور ہوئی ہی حرمت
کی قید نہین ہی یعنے یہ مراد نہین ہی کہ حرمت جب ہوگی کہ جب ایسا ہو بلکہ غالب حال کی موافقت سے بیان فرمایا یعنے اکثر یہی ہوتا ہی کہ ربیبہ اپنی
ماں کے ساتھ اسکے جدید خاوند کی پرورش مین ہوتی ہی اور اسمین اشعار اسکے سبب سے حرمت کا ہی کہ وہ تو بمنزلہ اولاد کے پرورش مین ہو گئی جیسکہ
اسکی ماں مدخولہ ہو جاوے کہ اسکی اولاد کے ساتھ اس ربیبہ کی پرورش کے لیے مہیا ہو گئی بخلاف غیر مدخولہ کے چنانچہ فرمایا کہ یہ ربائب اسطرح تمپر حرام
کب ہونگی کہ جو وہ ان کی ہون تو فرمایا من نسائکم اللاتی دخلتم بہن - تمہاری ان جوروون کی ہون جنسے تم نے دخول کیا ہی اور مفسر نے دخول کے
معنے یہ بیان کیے کہ انسے تم نے جماع کیا ہو - مگر جاننا چاہیے کہ علماء نے اسکے معنے مین اختلاف کیا ہی کہ کون دخول موجب تحریم ہی پس ابن المنذر نے
ابن عباس رض سے روایت کی کہ انھون نے دخول کو جماع سے تفسیر فرمایا جیسا کہ مفسر نے ذکر کیا اور ابن کثیر نے کہا کہ ابن عباس رض نے بتحتمو ہن سے
تفسیر کی اور ایسا ہی اورون نے کہا اور شاید معنے نکاح کے جماع ہین اور یہی قول طاؤس و عمرو بن دینار وغیرہ کا ہی اور بیضاوی نے کہا کہ دخلتم بہن
کے معنے داخل ہوے تم انکے ساتھ پردہ مین اور یہ کنایہ ہی جماع سے اور حرمت مین وہ بھی مشروط ہی جو زنا نہو مانند وطی بشبہہ و ملک یمین کے اور امام
ابو حنیفہ و مالک و ثوری و اوزاعی و لیث وغیرہم نے کہا کہ شوہر نے اگر اپنی جورو کو شہوت سے چھوا تو اسپر اس جورو کی دختر جو دوسرے خاوند سے ہو
حرام ہو جائیگی پھر کبھی اس سے نکاح نہین کر سکتا اور امام شافعی کے بھی دو قول مین سے یہی ایک قول ہی اور خفاجی نے حاشیہ بیضاوی
مین اسکو ترجیح دی اور بیضاوی نے جو شہوت سے چھوا تو اسکے مانند کو قیاس قرار دیکر رد کر دیا ہی کہ قیاس کو بعد نص کے مجال نہین ہی اسکو
خفاجی نے دفع کر دیا کہ اسپر تو اتفاق ہی کہ صریح الآیہ قطعاً مراد نہین ہی بلکہ کنایہ سے جو اسکے معنے ہین وہ مراد ہین پس ظاہر ہوا کہ اقوی یہی ہی کہ جورو سے
اگر جماع کیا یا اسکو شہوت سے چھوا یا اسکی فرج کی طرف دیکھا یا اور اسکے مانند کوئی فعل کیا تو ربیبہ اسپر حرام ہو گئی خواہ جورو کی دختر ہو یا دختر کی دختر
ہو کتنے ہی نیچے درجہ کی ہو قالہ قتادہ و ابو العالیہ اور قرطبی نے فرمایا کہ فقہا نے اتفاق کیا ہی کہ جب جورو سے دخول کر لیا تو ربیبہ حرام ہو جاتی ہی خواہ
ربیبہ اسکے حجر مین پرورش پاتی ہو کہین اور رہی ہو اور اگر ماں سے دخول کیا ہو تو اسکا حکم یہ ہی کہ فان لم تکونوا دخلتم بہن فلا جناح علیکم - یعنے پھر اگر تمنے
ان جوروون سے دخول نکیا ہو تو تمپر گناہ نہین مفسر نے کہا یعنے تمپر گناہ نہین کہ جوروون کی دخترون سے یعنے ربائب سے نکاح کر لو بشرطیکہ ان
جوروون کو پہلے بالکل جدا کر دیا یعنے تم سے انسے جدائی ہو جاوے خواہ قبل دخول کے طلاق دیکر یا مر جاوین پس فلا جناح علیکم ای فلا جناح علیکم
فی ان تتزوجوا بناتہن - لیکن حذف حکم صریح مین اشارہ ہی کہ خلاف اولی ہی اگرچہ گناہ نہین - قرطبی نے فرمایا کہ شاذ قول بعضے متقدمین سے یہ بھی
آیا ہی کہ اگر ربیبہ حجر مین نہو بلکہ دوسرے شہر مین ہو تو بعد فراق جورو یعنے ربیبہ کی ماں کے اسکے ساتھ نکاح کر سکتا ہی چنانچہ ابن کثیر نے بروایت
ابن ابی حاتم کے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے یہ قول نقل کیا اور کہا کہ اسناد صحیح بشرط مسلم ہی اور ابن المنذر و طحاوی نے کہا کہ حضرت علی سے
یہ قول ثابت نہین سوا سلطے کہ ابراہیم بن عبید جو اسکا راوی ہی وہ معروف نہین مجہول ہی اور حجور سے مراد یہ کہ اپنی ماں کے ساتھ ماں کے شوہر

کی حمایت مین پرورش پاتی ہو اور بعض نے کہا کہ حجور سے مراد بیوت ہین پس صحیح یہ کہ اللاتی فی حجورکم ۔ بیان غالب حالت کا ہی یہ کوئی قید نہین ہی اور فائدہ اسکا تقویت وتکمیل علت حرمت ہی کما ذکرہ البیضاوی اور اسپر جمہور کا اتفاق ہی اگرچہ داؤد ظاہری وابن حزم وغیرہ نے اسکو قید تصور کیا ہی اور یہ خلاف دلائل ہی اور صحیحین مین ہی کہ ام حبیبہ بنت ابی سفیان نے جو حضرت کی پاک بیویون مین سے ہین کہا کہ یارسول اللہ آپ غرہ بنت ابی سفیان میری بہن سے نکاح کرلین تو فرمایا کہ تو اسکو چاہتی ہی ۔ کہا کہ ہان مین نافع نہین ہون یہ چاہتی ہون کہ بھلائی مین اگر میرے شریک ہو رہونگی تو اس سے بہتر یہی ہی کہ میری بہن ہی میرے شریک ہو آپ نے فرمایا کہ وہ مجھے حلال نہین ہی ۔ عرض کیا کہ مین آپ سے عرض کرون آپ چاہتے ہین کہ ابوسلمہ کی دختر سے نکاح کرین آپنے فرمایا کہ کون ابوسلمہ کیا ام سلمہ کی بیٹی جو ابوسلمہ سے ہی ۔ کہا کہ ہان تو آپ نے فرمایا کہ اگر وہ میری ربیبہ میری حجر مین نہوتی تو بھی مجھے حلال نہین تھی وہ تو میری رضاعی بھائی کی بیٹی ہی ثویبہ نے مجھے اور ابوسلمہ کو دودھ پلایا ہی سو تم لوگ ہرگز اپنی بیٹیان وبہنین مجھپر پیش مت کرو اور ایک روایت بخاری مین ہی کہ اگر مین نے ام سلمہ سے نکاح کیا ہوتا تو بھی مجھے حلال نہ تھی فقط ام سلمہ سے نکاح کرنا مناط تحریم قرار دیا اور یہی مذہب ائمہ اربعہ وفقہاء سبعہ وجمہور سلف وخلف کا ہی اور ابن کثیرؒ نے اپنے استاذ شیخ ذہبیؒ سے نقل کیا کہ شیخ امام تقی الدین حرانی پر مین نے اس مسئلہ کو پیش کیا تو انھون نے مشکل قرار دیا ۔ اب رہا یہ کہ اگر کسی باندی کا مالک ہوا اور اسکی ربیبہ کا بھی مالک ہوا یا نکاح کیا تو دونون سے وطی کرسکتا ہی یا نہین ۔ تو ابن المنذر نے عمر رضی سے اسکا حکم روایت کیا کہ مین پسند نہین کرتا ہون اور ایسا ہی سعید نے ابن عباس سے روایت کیا اور کہا کہ ایک آیت نے دونون کو حلال کیا اور ایک آیت نے حرام کیا شیخ ابن کثیرؒ نے کہا کہ شیخ ابوعمر وبن عبد البر نے فرمایا کہ علما مین کچھ اختلاف نہین کہ کسی مرد کو حلال نہین کہ عورت واسکی دختر سے بملک یمین وطی کرے کیونکہ اللہ تعالے نے اسکو ملک نکاح مین حرام فرمایا ہی اور ملک یمین انکے نزدیک تابع نکاح ہی سوائے اسکے جو عمر وابن عباس سے مروی ہوا اور لیکن ائمہ فتوی وانکی اتباع مین سے کوئی بھی اس قول پر نہین ہی انتہی کلامہ پس خلاصہ تفسیر یہ ہی کہ قولہ وامہات نسائکم یعنے تمپر تمھاری جوروون کی مائین حرام ہین وربائبکم اللاتی فی حجورکم من نسائکم اللتی دخلتم بہن ۔ اور تمپر تمھاری ربائب جو اکثر تمھاری پرورش مین یا تمھارے گھرون مین رہا کرتی ہین تمھاری ان عورتون سے جنسے تم نے دخول کیا ہی یعنے جماع یا جو مانند جماع کے ہی تمپر حرام ہین خواہ ربیبہ ہو یا ربیبہ کی دختر کتنے ہی نیچے درجہ کی ہو اور خواہ منکوحہ مدخولہ کی ربیبہ ہو یا مملوکہ مدخولہ کی ربیبہ ہو ۔ چاہے تمھاری پرورش مین ہو یا کسی اور شہر مین ہو ۔ قولہ فان لم تکونوا دخلتم بہن فلا جناح علیکم ۔ پھر اگر تمنے جوروون سے جماع اور جو چیز جماع کے مانند ہی نہ کی ہو تو ربیبہ سے نکاح کرنے مین مضائقہ نہین یا مملوکہ ہو تو وطی کرنے مین مضائقہ نہین بشرطیکہ ربیبہ کی ماں سے جدائی کرلے پس منکوحہ سے جدائی اسطرح کہ طلاق دیدے یا مر جاوے اور مملوکہ سے یہ عزم یا جزم کرلے کہ اس ربیبہ کی ماں مملوکہ سے وطی نہ کریگا ۔ واضح ہو کہ جوروون کی مائین حرام ہونے کے واسطے کوئی قید دخول وغیرہ کی نہین بلکہ جوروسے نکاح کرتے ہی اسکی ماں ونانی وغیرہ دائمی حرام ہوجاوینگی خواہ جوروسے دخول کرے یا نہ کرے اور ربیبہ حرام ہونے مین قید ہی کہ اگر یہ ربیبہ کی ماں سے دخول کیا ہو تو ربیبہ حرام ہی ورنہ نہین ۔ پس قولہ فان لم تکونوا دخلتم بہن فلا جناح علیکم یہ مخصوص ربائب کے ساتھ ہی ۔ اور ابن کثیرؒ نے ذکر کیا کہ بعض نے اسکو امہات وربائب دونون کے ساتھ سمجھا ہی اور کہا کہ جوروسے مجرد عقد کرنے سے اسکی ماں یا بیٹی کوئی حرام نہین ہوتی جبتک جوروسے دخول واقع نہو اور یہ بروایت ابن جریر وابن المنذر وعبد الرزاق وغیرہ کے حضرت علی وزید بن ثابت وعبد اللہ بن الزبیر ومجاہد وابن جبیر ابن عباس سے مروی ہی اور معاویہ بن ابی سفیان نے اسمین توقف کیا اور شافعیہ مین سے احمد بن محمد صابونی کا بھی مذہب ہی اور ابن ابی حاتم نے ابن عباس سے روایت کی کہ جوروغیر مدخولہ کو اگر طلاق دی تو اسکی ماں حلال نہین اور ابن عباس

کہا کہ وہ مبہم ہی پس اسکو مکروہ رکھا قال ابن ابی حاتم وقد روی عن ابن مسعود وعمران بن حصین ومسروق وطاؤس وعکرمہ وعطاء وحسن ومکحول وابن سیرین وقتادہ والزہری نحو ذلک بیضاوی نے لکھا کہ ربیبہ عموماً جورو کی اولاد کو کہتے ہیں خواہ مذکر ہو یا مونث ہو اور تاء اسمیں تانیث کی نہیں بلکہ اسمیت کی ہی اور اللاتی مع صلہ کے ربائب کی صفت مقیدہ ہی اور جائز نہیں کہ یہ قید امہات کی بھی ہو کیونکہ جب ربائب کی قید قرار دی تو من ابتدائیہ ہوگا اور اگر امہات کی بھی قرار دی تو ایسا ہونا چاہئے نہ ہوگا بلکہ واجب ہوگا کہ نسائکم کا بیان قرار دیا جاوے کیونکہ جمہور کے نزدیک ایک ہی کلمہ دو معنوں پر محمول نہیں ہو سکتا ہی مترجم کہتا ہی کہ روایت اور نظم کلام دونوں سے معلوم ہوا کہ وہ فقط ربائب کی قید ہی شیخ ابن کثیر نے کہا کہ یہی مذہب جماعت اماموں ساتوں فقہاء اور جمہور فقہاء سلف وخلف کا ہی اور قرطبی نے فرمایا کہ حضرت علی سے جو اسکے خلاف مروی ہوا وہ بروایت خلاس ہی اور اسکی روایت حجت نہیں ہو سکتی اور خلاس کی روایت اہل حدیث کے نزدیک صحیح نہیں ہی بلکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے صحیح روایت موافق جمہور کے ہی اور ابن کثیر نے اسپر اجماع کیا اور ابن جریر سے بھی ایسا ہی نقل کیا اور زید کہ صواب اسمیں قول اس شخص کا ہی جو کہتا ہی کہ امہات مبہم ہی کیونکہ انمیں انکی دختروں سے دخول ہونے کی قید مذکور نہیں ہی اور ابن کثیر نے کہا کہ مبہم ہونے سے مراد یہ ہی کہ مدخول بہا وغیر مدخول بہا دونوں کو شامل ہی پس عورت سے مجرد نکاح کرنے سے اسکی ماں حرام ہو جائیگی۔ اور کشاف میں کہا کہ اس بات پر اتفاق ہی کہ عورتوں کی ماؤں کی تحریم مبہم ہی اور ربائب کی تحریم مبہم نہیں بنا بر ظاہر کلام اللہ تعالے کے بالجملہ صحیح یہ ہی کہ جورو سے مجرد نکاح کرنے سے اوسکی ماں حرام ہو جاتی ہی اور ماں سے مجرد نکاح کرنے سے بیٹی حرام نہیں ہوتی جب تک دخول واقع نہو فافہم۔ وَحَلَائِلُ ازواج۔ اَبْنَآئِكُمُ الَّذِيْنَ مِنْ اَصْلَابِكُمْ۔ بخلاف من تبنیتم ہم فلکم نکاح حلائلہم۔ یعنے اور حرام ہوئیں تمپر جورویں تمہارے بیٹوں کی جو تمہاری پشت سے ہیں مفسر نے کہا یعنے برخلاف ان بیٹوں کے جنکو تمنے متبنی کیا ہو کہ انمیں تمکو روا ہی کہ انکی جوروؤں سے نکاح کر لو۔ واضح ہو کہ حلائل جمع حلیلہ ہی بمعنے زوجہ کیونکہ وہ حلال ہی یا بستر چادر کرتی ہی اور علماء نے اجماع کیا ہی کہ جس سے باپ نے عقد کیا وہ بیٹوں پر حرام ہی بقولہ تعالے ولا تنکحوا ما نکح آباؤکم الآیہ۔ اور جس سے بیٹوں نے نکاح کیا وہ باپ پر حرام ہی بدلیل اس آیت کے خواہ عقد کے ساتھ وطی ہو یا نہو اور باپ شامل ہی اوپر کی اصل دادا پردادا وغیرہ کو بھی اور ایسے ہی بیٹوں کا لفظ بھی پوتوں پر پوتوں وغیرہ سب کو شامل ہی اور اسمیں اختلاف ہی کہ اگر عقد فاسد ہو تو اس سے حرمت متحقق ہوتی ہی یا نہیں۔ اور ابن المنذر نے فرمایا کہ علماء امصار میں سے کل شخص جس سے علم محفوظ رکھا جاوے اجماع کیا کہ مرد نے اگر کسی عورت سے بنکاح فاسد وطی کر لی تو وہ اسکے باپ دادا وبیٹے پر حرام ہو گئی اور اسپر بھی اجماع ہی کہ اگر باندی خریدی تو عقد خرید سے وہ باپ بیٹے پر حرام نہو گی پھر بعد خریدنے کے اگر اسکو شہوت سے چھوا یا بوسہ لیا تو اسکے باپ بیٹے پر حرام ہو گئی اور میں نہیں جانتا ہوں کہ انھوں نے اسمیں اختلاف کیا ہو پس انکے اتفاق سے اسکا حرام رکھنا واجب ہی اور چونکہ انھوں نے سوائے چھونے و بوسہ کے نظر کرنے میں اختلاف کیا ہی تو لہذا اختلاف کے بعد نظر کرنے کے وہ باپ و بیٹے پر حلال نہ رہیگی۔ اور کہا کہ جو ہم نے بیان کیا اسکے برخلاف حضرت صلعم کے کسی صحابی سے صحت کو نہیں پہونچا پھر واضح ہو کہ قولہ الذین من اصلابکم۔ جملہ صفت ابناء واقع ہی اور اصلاب جمع صلب بمعنے پیٹھ ہی یعنے وہ بیٹے جو تمہاری پشت سے ہوں خواہ پہلی پشت سے ہوں یا دوسری پشت سے کہ تمہارے بیٹوں کے بیٹے ہوں اور اس احتراز ہی ان لوگوں سے جنکو متبنی کر لیتے تھے کیونکہ وہ منھ بولے بیٹے ہیں درحقیقت بیٹے نہیں ہیں اور اللہ تعالے نے اپنی طرف انکی نسب لگانے سے بھی منع فرمایا بلکہ فرمایا ادعوہم لآبائہم ہو اقسط عند اللہ الآیہ۔ یعنے انکو انکے باپوں کی طرف نسبت دیکر پکارو اور فرمایا وما جعل ادعیاءکم ابناءکم الآیہ۔ یعنے تمہارے منھ بولے ہوؤں کو تمہارے بیٹے نہیں کر دیا۔ پس انکی جوروؤں سے اگر وہ طلاق دیکر الگ کر دیں یا مر جاویں تو تمکو نکاح کرنا حلال ہی اور نبی صلے اللہ

علیہ وسلم نے زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کو متبنی کیا تھا اور وہ زید بن محمد صلعم مشہور تھا پھر جب ممانعت ہوئی تو زید بن حارثہ کے نام سے مشہور ہوئے اور زید رضہ کے نکاح میں زینب رضی اللہ عنہا تھیں زید رضہ نے باوجود فہمائش حضرت صلعم کے جو بطور مشورہ تھی حضرت زینب کو طلاق دیدی تو اللہ عزوجل نے حضرت زینب کا نکاح حضرت صلعم سے باندھا۔ وقد قال فلما قضیٰ زید منہا وطرا زوجناکہا لکیلا یکون علی المومنین حرج فی ازواج ادعیائہم الآیۃ۔ اور زمانہ جاہلیت والے منہ بولے کی جورو سے نکاح نہیں کرتے تھے چنانچہ جب ایسا ہوا تو مشرکین مکہ نے طعن کیا پس نازل ہوا قولہ وما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین الآیۃ۔ بالجملہ اسمیں خلاف نہیں کہ منہ بولے بیٹے ہونے کی وجہ سے اسکی جورو سے نکاح حرام نہیں ہے۔ اگر کہا جاوے کہ جب انھیں بیٹوں کی جوروئیں حرام ہوئیں جو اپنی پشت سے ہیں تو رضاعی بیٹے کی جورو کہاں سے حرام کہی جاتی ہے حالانکہ جمہور کے نزدیک بلکہ اجماع ہے کہ رضاعی بیٹے کے جورو رضاعی باپ پر حرام ہے پس جواب یہ ہے کہ اجماع کے کسی دلیل کی ضرورت نہیں اور حدیث صحیح سے ثابت ہے کہ جو نسب سے حرام ہے وہ رضاع سے حرام ہے۔ اور اسمیں اختلاف ہے کہ وطی زنا مقتضی تحریم ہے یا نہیں و تحریر دلائل طرفین طوالت چاہتا ہے اور مذہب امام ابوحنیفہ و انکے اصحاب کا یہ ہے کہ زنا مقتضی تحریم ہے اور یہی قول عمران بن حصین رضی اللہ عنہ و شعبی و عطاء و حسن بصری و ثوری سے مروی ہے اور یہی مذہب امام احمد و اسحق کا ہے اور نیز اختلاف ہے کہ لواطت موجب تحریم ہے یا نہیں تو امام ثوری سے مروی ہے کہ اگر مرد نے کسی طفل سے لواطت کی تو اسپر اسکی ماں حرام ہو گئی اور یہی قول امام احمد کا ہے اور ماننا اسکے امام اوزاعی سے مروی ہے واللہ اعلم۔ وَاَنْ تَجْمَعُوْا بَیْنَ الْاُخْتَیْنِ۔ من نسب اور رضاع و ملحق بالسنۃ الجمع بینہما و بین عمتہا او خالتہا و یجوز نکاح کل واحدۃ علی الانفراد و ملکہما معا و یطأ واحدۃ۔ یعنے اور حرام ہے تمپر یہ کہ جمع کرو دو بہنوں کو مفسر نے کہا خواہ نسبی بہنیں ہوں یا رضاعی ہوں اور اسی سے ملحق بدلیل سنت ہے یہ کہ حرام ہے جمع کرنا عورت و اسکی پھوپھی کو یا عورت و اسکی خالہ کو۔ ہاں انمیں سے ہر ایک کا نکاح اسطرح روا ہے کہ وہ تنہا ہو یعنے پھر اگر ایک کو طلاق دیدے یا مر جاوے تو دوسری سے نکاح کر سکتا ہے اور یہ روا ہے کہ ایسی دو باندیاں ایک ساتھ یا الگ الگ پیچھے خرید کر کے کسی اور سبب سے اپنی ملک میں جمع کرے جو دونوں بہنیں ہوں یا ایک باندی و اسکی پھوپھی کو یا خالہ کو جمع کرے یعنے ملک میں جمع کرنا منع نہیں مگر وطی ایک ہی سے کریگا بخلاف عقد نکاح کے کہ اگر دو بہنوں سے ایک ساتھ ایک عقد میں یا دو عقدوں میں نکاح کیا تو باطل ہے اور اگر الگ الگ پیچھے ایک پر دوسری سے نکاح کیا تو پہلی کا جائز اور دوسری کا باطل ہے اور تمام کلام ترجمہ عالمگیری جلد دوم سے تلاش کرو اور حرمت عام ہے کہ دو بہنیں ایک مرد کی باپ ہوں یا فقط باپ کی طرف سے ہوں یا فقط ماں کی طرف سے ہوں جمع کرنا حرام ہے اور اسپر امت کا اجماع ہے اور اسپر بھی اجماع ہے کہ دو بہنوں کا اپنی ملک میں جمع کرنا روا ہے پھر اسمیں اختلاف ہے کہ ملک میں دو بہنوں کو جمع کر کے دونوں سے وطی روا ہے یا نہیں تو جمہور علماء کے نزدیک نہیں روا ہے اور یہی مفسر نے اختیار کیا ہے اور شیخ ابن کثیر نے ذکر کیا کہ اگر کوئی شخص مسلمان ہو جاوے اور اسکے تحت میں دو بہنیں ہوں تو ایک کو طلاق دیدے چنانچہ فیروز دیلمی سے روایت ہے کہ میں مسلمان ہوا اور میرے تحت میں دو عورتیں دونوں بہنیں تھیں تو حضرت صلعم نے مجھے حکم دیا کہ ان دونوں میں سے ایک کو چھوڑ دے رواہ احمد و الترمذی و ابن ماجہ و ابوداؤد و ابن حبان شیخ ابن کثیر نے فرمایا کہ ملک یمین میں دو بہنوں کا جمع کرنا یعنے اسطرح کہ دونوں سے وطی کرے یہ بھی حرام ہے کیونکہ آیت عام ہے اور یہی چاروں اماموں و جمہور علماء اسلاف و خلف سے مروی مشہور ہے ہاں بعض سلف نے اسمیں توقف کیا ہے پھر ابن کثیر نے بعد تھوڑے ذکر کے شیخ ابن عبدالبر سے نقل کیا کہ جن لوگوں سے اختلاف منقول ہے اسکی طرف فقہائے حجاز و عراق و شام و مشرق و مغرب کسی نے التفات نہیں کیا سوائے بعض اہل ظاہر کے جو شاذ ہو کر نکل گئے اور قیاس کو نہیں مانتے اور جس امر پر ہم نے اجتماع کیا اسکو ظاہر پر عمل کر کے چھوڑتے ہیں اور فقہا کی جماعت نے

بخلاف ان شاذ لوگون کے اتفاق کیا ہی کہ ملکت یمین مین دو بہنون کا اسطرح جمع کرنا کہ ان دونون سے وطی کرے حلال نہین ہی جیسے نکاح مین جمع کرنا حلال نہین اور مسلمانون نے اجماع کیا کہ تو اتعالے حرمت علیکم امہاتکم و بناتکم و اخواتکم تا آخر آیت کے معنے یہ ہین کہ نکاح و ملک یمین ان سب عورتون کے حق مین یکسان ہی ایسا ہی واجب ہی کہ نظر و قیاس سے دو بہنون کا جمع کرنا اور جورو ون کی ماؤن اور رباب مین ہونے اور یہی ان جمہور فقہا کے نزدیک ثابت ہوا اور یہ لوگ اپنے مخالف پر اور شاذ ہو کر نکل جانے والے پر حجت ہین - پھر واضح ہو کہ اگر ایک مرد کے ملک مین ایک باندی ہو اور اس سے وطی کرتا ہو پھر اسکی بہن کا مالک ہو کر اس سے وطی چاہے تو جمہور کے نزدیک جائز نہین جیسا کہ مذکور ہوا اور ایک جماعت اہل علم کے نزدیک دوسری بہن سے وطی نہین کر سکتا تاوقتیکہ اول کو بیع یا آزاد کرنے یا کسی سے نکاح کر دینے سے اپنی ملک سے خارج نہ کر دے اور خالی زبان سے عزم کر لینا کہ اول سے وطی نہ کریگا جیسا کہ قتادہ کا قول ہی کافی نہین اور یہی امام ابو حنیفہ و انکے اصحاب کا و اوزاعی و شافعی و احمد و اسحق کا قول ہی اور یہی حضرت علی و ابن عمر و حسن بصری سے مروی ہی - اور واضح ہو کہ قرطبی نے ذکر کیا کہ علما نے اجماع کیا کہ اگر مرد نے اپنی موجود کو ایسی طلاق دے کہ اس سے رجعت کر سکتا ہی تو جب تک عدت نہ گذر جائے اسکی بہن سے نکاح نہین کر سکتا ہی اگر ایسی طلاق ہو کہ رجعت نہین کر سکتا تو اختلاف ہی پس ایک گروہ نے کہا کہ جب تک عدت نہ گذرے تب تک مطلقہ مذکورہ کی بہن یا چوتھی عورت سے نکاح نہین کر سکتا اور یہی قول امام ابو حنیفہ و انکے اصحاب و ثوری و احمد بن حنبل کا ہی اور یہی مجاہد و علاء و شعبی سے روایت اور یہی حضرت زید بن ثابت سے مروی ہی اور دوسرے گروہ نے رد کیا ہی اور یہی شافعی کا مذہب ہی - پھر واضح ہو کہ زمانہ جاہلیت مین ایسا ہوتا تھا اور وہ اسکو حرام نہین سمجھتے تھے کہ تمام بہنون کو جمع کرتے تھے اور اب اللہ تعالے نے حکم حرمت نازل فرمایا تو خوف ہوا کہ جن لوگون نے پہلے کیا تھا انکا کیا حال ہی تو یہ خیال ہوا کہ وہ جمع کرنے والا اگر مسلمان ہوا اور دونون صورت مین تو جب کو مثلاً چھوڑا اسکے بچہ کا نسب ثابت نہوگا اور دیگر حقوق ضائع ہوے تو حق تعالے نے اسکو عفو فرمایا بقولہ - الا - لکن - ما قد سلف - ای بجاہلیتہ من نکاحکم بعض ما ذکر فلا جناح علیکم فیہ - یعنی الا لیہان ما سلف یعنی لکن جو ہو چکا - یعنے جاہلیت کے حال مین یہ کہ تم نے ان محرمات مذکور مین سے بعض سے نکاح کیا تو اب اسکا تم پر گناہ نہین ہی - ان اللہ کان غفورا - لما سلف منکم قبل النہی - اللہ تعالے بخشنے والا ہی ف - یعنے ایسے امر کا جو تم سے ہو گذرا ممانعت سے پہلے - رحیما - بکم فی ذلک - رحمت کرنے والا ہی ف - تم پر اس معاملہ مین - یعنے محض رحمت ہی کہ تمکو ماخوذ نہین کیا - اور اسمین اشعار ہی کہ قبل نہی کے افعال ناروا مین ماخوذ ہونا جائز ہی اور حدیث مین یہ مضمون ثابت ہی کہ جو اسلام لایا اسکے پچھلے سب گناہ عفو ہوے اب جو اسلام مین نافرمانی کریگا اسی پر ماخوذ ہوگا اور جو اسلام نہ لایا وہ پہلے و پچھلے سب کے وبال مین پکڑا جاویگا - اور یہ مضمون صحیح مسلم کی حدیث سے ماخوذ ہی - اگر تیرے دل مین شوق ہو کہ اسمین کیا بھید ہی کہ آدمی نے اسلام سے پہلے جو کچھ کیا وہ عفو ہی اور بعد اسلام کے ماخوذ ہوگا حتی کہ اگر زمانہ اسلام مین مسلمان ہوا تو عذاب شدید مین مبتلا ہوگا تو سننا چاہیے اور ذیل بیان مین فوائد کثیرہ ہین - واضح ہو کہ اللہ تعالے نے رفع المؤاخذہ مین ان اوقات کو مستثنے فرمایا کہ جنمین کہ صدور فعل کی حالت مین کہ ساعت قدم تک پہنچنے سے پہلے پہلے قدم کہینچ لینا نفوس اپنے افعال کے خالق نہین ہین تو علم و معرفت کے پیدا کرنے سے کیونکر ہی پھر جو حق تعالے نے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو بھیجا اور ہدایت کا ذریعہ عام و یا تو کتہ بالغہ کے موافق ہر طالب حق کیلئے کر دیا اور یہ حجت کسی شخص کو ادراک مین نہیں آسکتی ہی کیونکہ وہ صفت قدرت الٰہی و قضاء و قدر ہی اور ادراک سے ماورا ہی پس متحقق ہوا کہ زمانہ فترت جو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے زمانہ کے لوگ اپنی جہالت مین گرفتار تھے اگر کہا جاوے کہ حدیث سے معلوم ہوتا ہی کہ لوگ اسلامی خطرات پر مواخذ ہونے مین یہ اشکال باپ اسکا بیان یہ ہی کہ وہ وہی یا الہامی یا جبلی ہین اس سے معلوم ہوا کہ اصل فطرت و جبلت مین اسلامی معرفت تھی نہ یہ حالت جیسا

تم کہتے ہو جواب یہ کہ اول اقرار توحید تو معرفت روحانی سے ہوا اور اب اس الہٰ و امتحان میں خطرات انسانی ہو گئیں حدیث سابق کے بعد یہ کہنا کچھ نہیں
صاف ہوتا ہے اسکا صفحۂ دل ایسا صاف ہوتا ہے جیسا کہ اسلام سے سینہ صاف ہوتا ہے حتی کہ اگر اس حالت پر مر جائے تو اسپر کسی نام کی مہر نہ ہوگی بلکہ وہ دل سادہ
کے مانند صاف ہوگا جس پر ہر ایک طرح کی مہر ہو سکتی ہے پھر جب مولود پیدا ہوا اور رافع کی عقل پر ہی ہوئی تو اسوقت صحت کا اثر ہوتا ہے چنانچہ وہ جن لوگوں پر
اعتماد کرتا ہے اسکے والدین و قوم ہیں پس جنکی تقلید کی وہی مہر اسپر کندہ ہو جائیگی حتی کہ بعد موت کے وہ اس مہر کو متغیر نہیں کر سکتا ہے مثلاً موت کے
بعد ہر کافر کو ظاہر ہو جاتا ہے کہ ایمان توحید حق تھا اور شرک قبیح پر خدا سچا ہے پیغمبر سچے ہیں وہ منکر نکیر سے یہ نہیں کہہ سکتا کہ میرے رب اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک ہے اور محمد
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بلکہ جو اسکے دل پر نقش تھی وہ فوراً موت سے پہلے تک زائل ہو سکتی تھی اور اب کچھ نہیں ہو سکتا ہے کیا یہ نہیں
دیکھتے کہ بندۂ مومن بھی قبر میں منکر و نکیر کی ہولناک صورت سے ہراسان ہو کر چپ ہو گا اور خوف سے چھپا دیگا بلکہ صاف صاف جواب دیگا کہ میرے رب اللہ ہے
ہو ہی جائیگا اور ایسا جیسے کسی شخص کے دل میں شیطان نے توحید کی جانب سے شبہہ ڈالا اور شکوک ظاہر کیے حالانکہ وہ جاہل ہے لیکن اسنے بغیر گفتگو کے
کرنا کہ میں ان شبہات سے بیزار ہوں اور میں ہی یقین کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ وحدہ لاشریک ہے اور اسکے رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو کچھ اسنے پڑھا ہے تو شبہہ
کرنیوالے شیطان کا وسوسہ بیکار ہو گیا کیونکہ اس نے اپنی اس فطرت پر جو اس نے پائی تھی نقش جہالت اور نافی کو جگہ دینے سے انکار کیا برخلاف اسکے کسی بعض کافروں کو
کلمۂ توحید لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا یقین ہوتا ہے مگر وہ دل پر اسکو نہیں جماتا ہے تو وہ کافر ہی ہوتا ہے پھر قول خدا وہم کو یقین تھا کہ محمد رسول اللہ برحق
ہیں مگر اسلام لانے کے لالچ میں ایمان نہ لایا وہ بھی یقین تھا مگر ایمان نہ لانے سے اسکے بھی معنے ہیں کہ اسکے دل میں اسکو اقرار نہ ہوا اگر اقرار ہوتا تو اپنے
انکار و شرک کو جو فطرت پر جما یا اور اس یقین کو دل میں جگہ نہ دی بلکہ وہ کو یا تو کافر ہے پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے سب
لوگوں پر اپنی خلقی فطرت پر نقش کر دیا تھا پس وہ نقش جو فطرت سے تھا پس وہ جما رہا جسنے یہ نقش کیا اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کو اسمیں دخل نہیں یا یہ کہ تمام جہان کا
خالق ہے پھر اگر یہ محفوظ الوقت ہوا اور کہنے لگا کہ میں نہیں بلکہ کل ہی ایسی گزرے کہ کوئی اعتبار نہ دیگا لیکن ہر شخص نے اپنی نقش کو صحیح کیا اور اس
نے یہ دعویٰ کیا کہ وہ ہمیشہ سے ہے تو یہ بیکار ہے اسقدر ضرور ہے کہ بعد بعثت کے اسکا اعتبار نہیں ہو سکتا ہے لیکن ہر وہ شخص جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ہوا ہے
اپنے نفس کا جما ہوا نقش مٹا دیا اور رسول اللہ کا قول مان لیا پھر اللہ تعالیٰ نے مشاہدہ کرا دیا اگرچہ ہوا ہے اس نے اپنا نقش جما لیا ہے
یا بچپن سے نہ کیا ہو یا غلامت کی حالت سے لگی ہوئی ہے سب کا حال اس شخص کی مانند ہے جسنے کبھی کچھ نہ کیا ہو تو اول عمل وہ ہے جبکہ اسنے اسلام
توحید کا اختیار کیا پھر جیسے ہر کافر اسلام میں جسنے کیا تو وہ بھی اول ہی ہے کیونکہ اول سے کوئی نہیں بلا پس قبول نہیں اور اول و آخر سب
ہیں ماضی ہو گا کیونکہ اسلام و ہدایت کی ابتدا نہیں ہوا تھا جسنے کفر و شرک اور غیر سے توبہ کی تو ضرور ہوگا اور کچھ واقعہ نہیں

واللہ اعلم بالصواب وہو حسبنا ونعم الوکیل

سنن ابی داؤد - مجلد ضخیم حسنہ ایک
صحیح اور صحت تمام ہر چہار جلد کامل دو جلد
مین از امام سلیمان بن اشعث سجستانی رحمۃ
معروف بہ ابو الطیب -
دلائل الخیرات - با ترجمہ فارسی و اسماء
شہر کہ و خواص اسماء حسنیٰ معروف -
زاد السبیل الی الجنۃ والسلسبیل -
و خیرۃ احادیث مولانا غلام یحیی -
عناصر الخیرات - با ترجمہ اردو از حکیم
ناصر علی صاحب آروی بے لفظ درود کا مجموعہ

## فقہ اردو

غایۃ الاوطار - ترجمہ اردو در مختار مترجمہ
مولوی فہیم علی و مولوی محمد احسن کامل چار
جلد ہین -
راہ نجات - ضروری مسائل نماز و روزہ وغیرہ
مفتاح الجنۃ - از مولوی کرامت علی جونپوری -
تحفۃ الصلوٰۃ - مع رسالہ ترجمہ شان -
ترجمہ فتاوی عالمگیری - کامل ہر چہار
جلد مع مقدمہ یعنی جلد اول مترجمہ مولانا
احتشام الدین و باقی ہر سہ جلد مع مقدمہ
مترجمہ مولانا امیر علی -
[illegible] از مولوی محمد نور الدین -
انوار البدایہ ترجمہ بدایہ شرح وقایہ اردو
ہر چہار جلد کامل مطبوعہ نولکشوری -
ہر یک مسئلہ شامل بحث رسالہ اردو، ہر یک
مسئلہ در مسائل مختلفہ (۲) مسودی مسئلہ

(۳) مناجات مقبول (۴) گلزار ابرار (۵)
جلاء العیون (۶) گلدستہ (۷) چہل مسائل
مولفہ مولوی عبد احمد بن عبد السلام -
شرح مجمع العلوم - مسائل فقہیہ از مجمع
العلوم -
تنبیہ الغافلین - مسائل رسمیہ -
حقیقت الفقہ - مسائل مشکلہ از مولوی
ابراہیم حسین بنگلوری -
جواب السائلین - بطور استفتا -
کنز الدقائق - اردو ترجمہ از مولوی
محمد سلطان خان -
چہل مسائل فقہ - از مولوی ابراہیم حسین
بنگلوری -
اشرف المسائل - از مولوی اشرف علی خان -
رسالہ تجہیز و تکفین میت - از محمد عمر -

## فقہ فارسی

ہدایہ - ہندی با اصل عربی اردو ترجمہ مترجمہ
فارسی مع شرح از علماء کاملہ بہ بدت
سے متداول ہر دو مجلد کامل -
شرح معانی الآثار - از مولانا عبد الحی
فرنگی محلی مرحوم -
مجمع البحرین - مسمی بہ کفایۃ المشعر از مولانا شاہ
عبد القادر ابن الطاف حسین - احکام جمعہ از مولوی عبد السلام
قریشیان - و حکم جمعہ کہ دو خطبہ از علماء حنفیہ ثابت
ہدایۃ المنظوم - مسائل فقہ منظوم فارسی
از مولانا علیم علی مرحوم -
تاج حنفی - مشہور بہ [illegible] از مولوی نجف

بدایۃ مسائل - بعض مسائل از مولانا احمد عبد
الحق اللہ -
شرح وقایہ فارسی - مع حاشیہ فتح الفکر
از مولانا عبد الحی محدث فرنگی محلی -
مسلک المتقین - مرغوب علماء سے ولایت
از مولوی آل بابا خان -
فتاوی بریسنہ - جامع ابواب فقہ از مفتی
نصیر الدین -
قدوری - مترجمہ مولانا ابو القاسم -
شرح فارسی مختصر وقایہ - از نصیر الدین ابی
الخیر فارسی - از ملتقی نصیر الدین کرمانی مجتبیٰ
مع فرہنگ -
مالا بد منہ - از قاضی ثناء اللہ مع محمد امین
مع وصیت نامہ -
شرح مختصر وقایہ کوہ میری - از مولانا
جلال الدین مرغینانی -
رسالہ تشبیہ الاخوان - در جلسہ و سنت
جلوس -
رسالہ قاضی خطیب - ذکر بانی و ارکان

## فقہ عربی

البدایہ - شرح مختصر وقایہ عبد اللہ
بن مسعود -
ہدایہ - شرح مختصر وقایہ از صدر الشریعۃ
بدایہ کی مختصر شرح -
جامع الرموز - شرح مختصر وقایہ از علامہ شمس
قہستانی متداول -
فتح القدیر - مسائل [illegible] از ابو الفتح

فہرست کتب

فتح القدیر از امام کمال الدین بن الہمام ہدایہ
مسند و باضافت شرح مشہور و معروف
آخر میں تکملہ زین الدین آفندی کامل
مجلد ضخیم جدید الطبع

جلد اول و دوم [illegible]

جلد اول و دوم [illegible]

جلد اول [illegible]

جلد اول [illegible]

جلد اول

CALL No. { ۲۹۷٫۱۴ / ت ۴۰۱ ACC. No. ۴۳۹۴۳

AUTHOR امیر علی

TITLE [۱۳۴۱ھ] تفسیر مواہب الرحمٰن

URDU STACKS

87 OCT 19

ت ۴۰۱ ۲۹۷٫۱۴

امیر علی

۴۳۹۴۳

Date | No. | STACKS No.

13 40

27-

MAULANA AZAD LIBRARY
ALIGARH MUSLIM UNIVERSITY

RULES :–

1. The book must be returned on the date stamped above.
2. A fine of Re. 1/- per volume per day shall be charged for text-books and 10 P. per vol. per day for general books kept over-due.

AZAD LIBRARY A.M.U.